# فیروز اللغات اردو

## جامع

نیا اڈیشن

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

ایک لاکھ پچیس ہزار قدیم و جدید الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال اور علمی، ادبی، فنی اصطلاحات

آ

م ط

فیروزاللغات اُردُو، جامع کا نیا اڈیشن لُغت نگاری کی جدید سائنسی بُنیادوں پر مُرتب کیا گیا ہے۔

اس لحاظ سے یہ دُوسرے مُروّجہ لُغتوں سے زیادہ مُستند ہے اور عہدِ حاضر کے تمام لِسانی تقاضوں کو پُورا کرتا ہے۔

اس اڈیشن میں گزشتہ نصف صدی کے عرصے میں اُردُو میں رائج ہونے والے نئے الفاظ ——— اور

- ✳ علمی
- ✳ ادبی
- ✳ سائنسی
- ✳ فنی

اور

- ✳ دفتری اصطلاحات

کے عِلاوہ

وہ قدیم اور متروک الفاظ بھی شامل کیے گئے ہیں جن کے معنی جانے بغیر اُردُو کی کلاسیکی خصُوصًا دکنی تصنیفات سے مکمل اِستفادہ نہیں کیا جا سکتا۔

تمام الفاظ کے معنی شرح و بسط سے دیے گئے ہیں اور ہر محاورے، ضرب الامثال اور اِصطلاح کی تشریح کی گئی ہے۔

( باقی دُوسرے فلیپ پر )

Rs 450 00

969 0 00514 6

Marfat.com

اُردُو جامع

# فیروز اللُغات

## نیا اڈیشن

نئی ترتیب اور جدید اضافوں کے ساتھ

سوا لاکھ کے قریب قدیم و مروّجہ الفاظ، مرکّبات، مشتقّات،
مُحاورات، ضربُ الامثال نیز جدید علمی، اَدبی اور فنّی اصطلاحات

مرتّبہ

الحاج مولوی فیروز الدّین رحمۃ اللہ علیہ

فیروز سنز

لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی

Marfat.com

مطبوعہ ———————— فیروزسنز لاہور

طابع ———————— عبدالسلام

کوڈ نمبر ———————— 969 0 00514 6

Marfat.com

# پیش لفظ

فیروزاللغات اُردو جامع کے اس نئے ایڈیشن میں تقریباً پچیس ہزار جدید الفاظ اور اصطلاحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جس کے باعث ضخامت بھی بڑھ گئی ہے۔ لُغت کی نظرثانی میں اس امر کو ملحوظ رکھا گیا ہے کہ قدیم و جدید تمام مروّجہ الفاظ آ جائیں۔ اس کی ترتیب و تدوین میں مندرجہ ذیل اُمور کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے :

- حتی الامکان اُردو زبان کے تمام متداول الفاظ، مُحاورات، ضرب الامثال اور جدید علمی، اَدبی، سائنسی اور تکنیکی اصطلاحات درج کر دی گئی ہیں۔
- صرف وہ متروک الفاظ و مُحاورات شامل کیے گئے ہیں جن کا اگرچہ چلن نہیں، مگر قدیم کتابوں میں پائے جاتے ہیں انھیں "ق" کی علامت سے واضح کیا گیا ہے۔
- انگریزی اور دوسری غیر ملکی زبانوں کے وہ الفاظ بھی درج کر دیے گئے ہیں جو اُردو اَدب میں رواج پا چکے ہیں۔ اس بارے میں دفتری اصطلاحات اور سائنسی، فنی اور تکنیکی الفاظ کی جو فرہنگیں مرتب ہو چکی ہیں ان سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ نیز اس ادارے نے اپنے طور پر بہت سی آسان اصطلاحات مہیا کی ہیں۔
- کتابت کے اعتبار سے الفاظ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک بنیادی لفظ، دوسرے ضمنی۔ بنیادی لفظ جس کے ٹکڑے نہ ہو سکیں یا جن کے اجزا بامعنی نہ ہوں جیسے جادو، سادہ وغیرہ۔ ضمنی الفاظ دراصل مرکبات ہیں۔ جیسے جادو بھرا اور سادہ لوح وغیرہ۔
- ہر بنیادی لفظ کو حاشیے سے ملا کر لکھا گیا ہے اور ضمنی الفاظ کو بنیادی لفظ کے تحت حاشیہ چھوڑ کر لکھا گیا ہے۔ البتہ مشتقات کو بنیادی الفاظ کے تحت نہیں لکھا گیا۔ بلکہ انھیں بنیادی الفاظ قرار دیا گیا ہے۔
- ہر بنیادی لفظ کے ارکان کو قوسین میں اعراب کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے تاکہ صحیح تلفُّظ ادا ہو سکے۔
- ہر لفظ کے سامنے لکھ دیا گیا ہے کہ یہ کس زبان سے اُردو میں آیا ہے۔
- اسما کی تذکیر و تانیث کی وضاحت "مذ" و "مث" سے کر دی گئی ہے۔ جن الفاظ کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے ان کے ساتھ "مذ، مث" لکھ دیا گیا ہے۔
- الفاظ کی صرفی حیثیت ظاہر کرنے کے لیے اسم، ضمیر اور صفت وغیرہ کی علامتیں درج کر دی گئی ہیں۔
- ایسے مرکبات کو بنیاد قرار نہیں دیا گیا۔ اس لیے کہ اکثر مرکبات میں اس کا مفہوم باقی نہیں رہتا جیسے جا پہنچنا، اٹھ بیٹھ کر وغیرہ ہیں۔ اس قسم کے مرکبات کو حروفِ تہجی کی ترتیب سے لکھا گیا ہے۔
- جو الفاظ اُردو زبان میں اپنی آزاد حیثیت رکھتے ہیں اور ساتھ ہی کسی شہر یا شخصیت کا نام، لقب یا تخلص بھی ہیں، ان کی

Marfat.com

وضاحت بھی کر دی گئی ہے۔ لیکن کسی ایسی شخصیت کا ذکر نہیں کیا گیا ہے جو بقیدِ حیات ہے۔

- انگریزی الفاظ اردو کے علاوہ انگریزی حروف میں بھی لکھ دیے گئے ہیں اور اُردو میں ان کا وہی تلفظ دیا گیا ہے جس طرح وہ رائج ہیں۔
- قدیم دکنی اُردو کے الفاظ و محاورات مدت سے متروک ہو کر غیر مانوس ہو چکے ہیں جن کے باعث اُردو لغت میں انھیں جگہ نہیں مل سکی لیکن چونکہ اب بہت سے دکنی مخطوطات شائع ہو گئے ہیں، لہٰذا ایک تجربہ کار ماہر سے الفاظ مدوّن کرا کے لغت میں شامل کیے گئے ہیں۔
- عربی اسماء کی جمع کو اور فارسی میں ان کی جمع جو اُردو میں مستعمل ہیں انھیں مفرد الفاظ کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے۔
- اشیاء کے معنی اور مفہوم جدید تحقیقات کے مطابق درج کیے گئے ہیں۔
- الفاظ و محاورات کے معانی لکھتے میں زبان کی صحت و پاکیزگی کا خاص رکھا گیا ہے۔
- کسی ایسے محاورے یا ضربُ الامثال کو درج نہیں کیا گیا جو سماج کے کسی فرقے یا طبقے کے احترام کے منافی ہو یا جس سے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچنے کا اندیشہ ہو۔
- بھ، پھ، تھ، ٹھ وغیرہ ہندی حروف ہیں۔ سب سے پہلے فیروز اللغات میں ہی ان ہندی الفاظ کو ہائے ہوز سے الگ کیا گیا تھا اب یہ الفاظ آپ کو الگ ہندی حروف کے تحت مل سکیں گے۔
- نُون کی تینوں قسموں میں علامات کے ذریعے ان کے نون کو واضح کیا گیا ہے۔ نون ساکن کے علاوہ نون کی دو قسمیں ہیں جس نون کا اعلان نہیں کیا جاتا اور وزن میں شمار نہیں ہوتا اسے (ں) کی علامت سے ظاہر کیا گیا ہے۔ الّا یہ کہ وہ نقطہ کے آخر میں ہو (جس میں نقطہ نہیں ہوتا) مثلاً ہنسی، اندھیرا وغیرہ۔ جس نون کا اعلان نہ ہو لیکن وزن میں شمار ہوتا ہو اُسے (ٛ) سے ظاہر کیا گیا ہے جیسے رنگ، جنگ وغیرہ۔

اگرچہ تصحیح و درستی پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ لیکن پھر بھی اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ عَنِ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَان کے مطابق اغلاط کا رہ جانا ممکنات سے ہے۔ ہم نے آخر میں ایک صحت نامہ درج کر دیا ہے لیکن اس کے باوجود اگر کوئی غلطی یا خامی نظر آئے تو از راہ کرم اُس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔

Marfat.com

# صحت نامہ
## فیروز اللغات اُردو جامع

| صفحہ | کالم | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۱ | ۶ | (اِتّل ۔ ع ) | (ا۔ مثل ) |
| 〃 | ۲ | ۲۴ | کرنا پڑتا ہے | کرنا ہی پڑتا ہے |
| ۷ | ۲ | ۲ | ہاتھ گئی | ہاتھ سے گئی |
| ۱۲ | ۲ | ۱۸ | دوسرے نمبر کیا جائے | دوسرے نمبر پہ کیا جائے |
| ۱۵ | ۲ | ۴ | زرکھی | زیرکھی |
| ۱۶ | ۲ | ۱۵ | ——— | حکم |
| ۲۳ | ۲ | ۱۱ | بغگیر | بغلگیر |
| ۲۶ | ۲ | ۱۴ | آگ پتلا | آگ کا پتلا |
| ۳۷ | ۲ | ۱ | آنکھیں | آنکھوں |
| 〃 | 〃 | ۱۹ | ہوجاتی ہے | ہوجاتی ہیں |
| ۳۸ | ۱ | ۳۱ | اغماض | اغماض برتنا |
| ۴۲ | ۱ | ۱۵ | شوخی دیدہ | شوخ دیدہ |
| ۴۷ | ۲ | ۳۱ | جانے کو کہتے | جانے پر کہتے |
| ۴۸ | ۱ | ۹ | دھوڑ دھوپ | دوڑ دھوپ |
| ۵۵ | ۱ | ۲۶ | زرخیز | زرخیز زمین |
| 〃 | ۲ | ۱۷ | ٹرے | کنڈے |
| ۷۶ | ۲ | آخری سطر | موت | سُوت |
| ۷۷ | ۲ | ۹ | کسی بزرگی | کسی کی بزرگی |
| 〃 | 〃 | ۱۹ | لفظی پیدا | لفظی جدت پیدا |
| ۸۱ | ۲ | ۳۶ | چار حدیثیں | چالیس حدیثیں |
| ۱۰۱ | ۲ | ۱۸ | HONORARY | HONORARIUM |
| ۱۰۶ | ۱ | ۱۷ | تصیح | فصیح |
| ۱۳۶ | ۲ | ۴۴ | پس بھر | لپ بھر |
| ۱۴۱ | ۲ | ۱۲ | لاتی ہے | لاتی ہیں |
| ۱۴۷ | ۲ | ۱۵ | افسوس۔ دوسرے | افسوس ہوتا ہے دوسرے |
| ۱۴۸ | ۱ | ۲ | ایک چُپ لاکھ | ایک چُپ سے لاکھ |
| 〃 | ۱ | ۱۷ | متقضائے | بمقتضائے |
| 〃 | ۱ | ۱۶ | ——— | زندگی مختصر ہے |
| 〃 | ۱ | ۲۱ | آخرنے | آخر مرتے |
| 〃 | ۲ | ۲۵ | ایک چنا | دیکھیے ایک چنا |
| ۱۵۱ | ۲ | ۲۰ | اہم کے | اہم کام کے |
| ۱۵۲ | ۲ | ۱۴ | ہندوستان میں بسنے والا | ہندوستان میں پیدا ہونے والا |
| ۱۵۴ | ۲ | ۱ | نام پہ | (عدالتی اصطلاح) نام پہ |

| صفحہ | کالم | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۱۵۶ | ۱ | ۳۴ | بیشتر کا انداز نہیں | عجب طرح کا انداز ہے |
| ۱۶۳ | ۱ | ۹/۸ | دریائے کے | دریائے جیحوں کے |
| ۱۶۵ | ۱ | ۹ | مل | قلی |
| ۱۶۶ | ۲ | ۱ | ہوتا ہے | پڑتا ہے |
| ۱۷۰ | ۱ | ۳ | من | فن |
| ۱۷۸ | ۱ | ۱۱ | معشوق | عاشق |
| ۱۸۳ | ۲ | ۳۹ | انگلیوں پہ | انگلیوں میں |
| ۱۹۲ | ۱ | ۲۳ | شکایت کرنا | شکایت نہ کرنا |
| ۱۹۳ | ۲ | ۲۵ | جھان | جھانسا |
| ۱۹۵ | ۱ | ۲۹ | قیامت رُو میں | قیامت تک رُو میں |
| ۱۹۹ | ۲ | ۳۷ | لطف | لطف ہو |
| ۲۰۹ | ۲ | ۱۳ | موٹا | موٹا آدمی |
| ۲۱۳ | ۱ | ۱۹ | احمق بے وقوفی | احمق عورت |
| 〃 | ۲ | ۳۲ | خاص کا غذات | خاص کا غذات کی کتاب |
| ۲۱۹ | ۱ | ۱۰ | دروازوں لٹکاتے | دروازوں پر لٹکاتے |
| 〃 | ۱ | ۲۸ | بندگی | بندھی کلی |
| ۲۲۱ | ۱ | ۱۴ | سُن گن جانا | سُن گن لینا |
| 〃 | ۲ | ۱۲ | بوائنے | بونے |
| ۲۳۰ | ۱ | ۱ | کر مصیبت | ایک مصیبت |
| 〃 | ۱ | آخری سطر | کھا | کھانا |
| ۲۳۸ | ۱ | ۳۲ | تحفا | تحفا |
| ۲۴۷ | ۱ | ۳۷ | جس کا کمائی | جس کی کمائی |
| ۲۵۱ | ۲ | ۳۵ | ——— | بیت المعمور |
| ۲۵۴ | ۲ | ۳۴ | اس میں فائدہ کم ہے | خواہ اس میں فائدہ کم ہو |
| ۲۵۸ | ۱ | ۳۳ | بیکلن | بینگن |
| ۲۶۵ | ۲ | ۳۹ | گوادن | گودن |
| ۲۷۴ | ۲ | آخری سطر | ——— | PUBLISHER |
| ۲۸۵ | ۲ | ۳۷ | مسائل تمثیلی | مسائل کو تمثیلی |
| ۳۰۱ | ۱ | ۱ | رسم ار | اسم مکبّر |
| ۳۰۲ | ۲ | ۸ | مانڈی | مبیدہ |
| ۳۱۳ | ۱ | آخری سطر | کھال | گدال |
| ۳۱۶ | ۲ | پہلی سطر | گود | گوز |
| ۳۲۳ | ۱ | ۱۷ | وزن | وزنہ |

Marfat.com

| صفحہ | کالم | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۳۲۵ | ۱ | ۲۰ | دل پلانے والی | دل للچانے والی |
| ۳۳۰ | ۱ | ۲۹ | | آگے بڑھنا |
| ۳۳۱ | ۱ | ۱۱ | گرد | گرد |
| ۳۴۵ | ۲ | ۳۰ | اس کی تمیز میں | اِس کے متعلق |
| ۳۶۲ | ۲ | ۲۳ | سرپوش | بخارات کو سرپوش |
| 〃 | ۲ | ۳۹ | ادا | بیان |
| ۳۷۸ | ۱ | ۱۵ | تولا دار | تولا — |
| ۳۸۶ | ۲ | ۳۶،۳۵ | ایسی سے | ایسی باتوں سے |
| ۳۹۱ | ۱ | ۱۰ | عبارت بن جانا | عبارت یا نام بن جانا |
| ۴۳۱ | ۲ | پہلی سطر | راستے آنا | راستے پر آنا |
| ۴۵۶ | ۲ | ۲۷ | ——— | JOURNAL |
| 〃 | 〃 | ۳۱ | ——— | JOURNALIST |
| ۴۵۸ | ۲ | ۶ | ——— | (ATOM) |
| ۴۶۲ | ۱ | ۲۶ | چر میں پڑ جانا | شکنیں پڑ جانا |
| ۴۶۶ | ۲ | ۸ | محفوظ رکھ | محفوظ رکھے |
| ۴۸۳ | ۲ | ۲۴ | ٹوٹلی | ٹوٹل |
| ۵۰۲ | ۲ | ۷ | آمادہ ہو | آمادہ ہونا |
| ۵۰۶ | ۲ | ۳۲ | تصل اٹھاتے | فصل اُٹھانے |
| ۵۱۵ | ۱ | ۳۵ | چاندی کا کٹا ہوا | چاندی کا کوٹا ہوا |
| ۵۳۲ | ۱ | ۵ | تھکان | تھکان۔ تھکا ہوا |
| 〃 | ۲ | ۹ | بٹیر کا لڑائی | بٹیر کو لڑائی |
| ۵۴۷ | ۱ | ۳۷ | تلوار سے | مقابلے سے |
| ۵۷۷ | ۲ | ۷ | دبنا | دبا |
| ۵۹۸ | ۱ | ۳ | خارج | خارق |
| ۶۰۰ | ۲ | ۲۲ | خوش نصیب | خوش طینت |
| ۶۰۶ | ۱ | ۲۴ | پھنسیوں کا دہ چھتے | پھُنسیوں کے چھتے |
| ۶۰۹ | ۱ | ۳۶ | دال روٹی کھاتے ٹوٹا تو بھاڑ میں پڑے | دال روٹی کھاتے ٹوٹا پڑے تو بھاڑ میں جائے |
| ۶۳۰ | ۱ | ۳۷ | لیکی | تسلی |
| ۶۵۷ | ۱ | ۱۸ | پہاڑی تلہٹی | پہاڑ کی تلہٹی |
| . | ۱ | ۳۴ | دھاڑا | دھاڑنا |
| ۶۹۳ | ۱ | ۴ | دھاگے پڑنا | دھاگے پر ملنا |
| 〃 | ۱ | ۳۵ | برشتن | برتن |
| ۶۸۸ | ۲ | ۲ | ——— | DEMY |
| 〃 | 〃 | ۵ | DEMY | DEAN |
| ۶۸۹ | ۱ | ۲۲ | کشتم | ذات |
| ۶۹۶ | ۲ | ۳۷ | عورت جو مر جانے | عورت جو خاوند کے مرجانے |

| صفحہ | کالم | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۶۹۹ | ۲ | ۳۲ | (ہ۔ا۔ند) | (ف۔ا۔ند) |
| ۷۲۱ | ۲ | ۳۳ | خط وخال | خد وخال |
| ۷۲۲ | ۱ | ۷ | رنگنے۔ بنانے | رنگ بنانے والا |
| ۷۲۳ | ۱ | ۳۹ | بائیں | گیس |
| ۷۵۱ | ۱ | آخری سطر | سبیل | سبیلی۔ گوشیاں |
| ۷۵۳ | ۲ | ۲۵ | دوشالے والا | دوشاخوں والا |
| 〃 | 〃 | ۲۶ | موسیقانہ | موسیقارانہ |
| ۷۵۶ | ۱ | ۳۰ | دیر تک رہنے | دیر تک زندہ رہنے |
| ۷۶۱ | ۲ | ۳۱ | جیسی کھیتی | جیسی کھیسی |
| ۷۶۹ | ۲ | ۲ | ورزش میں | ورزش سے |
| 〃 | ۲ | ۱۵ | گھڑی بھر ہو | گھڑی بھر کی ہو |
| ۷۷۲ | ۲ | ۳۸ | ——— | SUB |
| ۷۷۸ | ۲ | ۳۸ | ——— | ستّر کان بہتّر جھول |
| ۸۱۹ | ۱ | ۷ | معاملہ دبنا | معاملہ نہ بننا |
| ۸۳۲ | ۲ | ۱۳ | شاخیں نکانا | شاخیں نکالنا |
| ۸۳۳ | ۱ | ۲۰ | علیم راستہ | عام راستہ |
| ۸۳۹ | ۲ | ۱۸ | استعار | استعارہ |
| 〃 | ۲ | ۲۹ | سرخ | نرخ نامہ |
| 〃 | ۲ | ۳۳ | خرج | خراج |
| 〃 | ۲ | ۳۴ | آرز | آرزو |
| 〃 | 〃 | آخری سطر | اُڑوانے پر | اُڑوانے والا |
| ۸۴۰ | ۲ | ۱۴ | کسی اور شریک | کسی اور کو شریک |
| ۸۴۱ | ۲ | ۸ | دوتوں | دونوں کی طرف سے |
| ۸۴۲ | ۲ | ۱۱ | اسی | اتنی چالوں |
| ۸۶۳ | ۲ | ۱۱ | کھری کھری ہونا | کھری کھری کہنا |
| ۸۶۴ | ۱ | ۱۱ | بیان کی جائے | بیان کی جائیں |
| 〃 | ۲ | ۳۹ | شخص جھگڑے | شخص جو جھگڑے |
| ۸۶۵ | ۲ | ۱۷ | بیچنے والا | بیچنے والا |
| ۸۶۶ | ۲ | ۱۲ | نااہل | نااہلی |
| 〃 | ۲ | ۲۳ | سوال | سوالی |
| ۸۶۸ | ۱ | ۱۴ | جرائم انسداد | جرائم کے انسداد |
| ۸۷۷ | ۲ | ۲۶ | زلف۔ کاجل | زلف۔ کاکل |
| ۹۱۲ | ۲ | ۲۶ | (عنوان) | غرکی |
| ۹۱۶ | ۲ | ۲۷ | غلہ کرنا | ذخیرہ کرنا |
| ۹۲۴ | ۱ | ۱۴ | گندے ہوئے بالوں | گندھے ہوئے بالوں |
| 〃 | ۱ | ۱۷ | جو کسی کی یادگار | جو کسی فتح کی یادگار |
| ۱۰۴۴ | ۲ | ۳۰ | چابونیا | چابی دینا |

Marfat.com

| صفحہ | کالم | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۱۰۸۹ | ۲ | ۴ | — | پھراؤ |
| ۱۰۹۰ | ۱ | ۲۶ | کسی ذقے | کسی کے ذقے |
| ۱۱۰۹ | ۱ | ۳۹ | — | گنڈوں کا راج (غلط ترکیب) |
| ۱۱۳۷ | ۲ | آخری سطر | گیلا (گی۔لا) | گیلا (گے۔لا) |
| ۱۱۴۱ | ۱ | ۳۹ | جو ہاتھ | جو ہاتھ میں ہو |
| ۱۱۴۳ | ۱ | ۱۹ | رتڑانے | بڑھانے |
| ۱۱۶۵ | ۲ | ۲۳ | پاؤں | پان |
| ۱۱۷۸ | ۲ | ۲۳ | مادام الجہات | مادام الحیات |
| ۱۱۸۷ | ۱ | ۳۰ | سوکے | سوکھے |
| ۱۲۲۴ | ۱ | ۱۶ | — | CONFIRMATION |
| ۱۲۶۸ | ۱ | ۸ | فعل کا | فعل کی |
| ۱۲۷۳ | ۲ | ۲ | — | چاہا گیا |
| 〃 | ۰ | 〃 | — | مصلحت |
| ۱۲۷۸ | ۲ | ۱۶ | بند ہوتا ہے | بند ہو جاتا ہے |
| ۱۲۹۲ | ۲ | ۱۲ | ہٹی | ہٹیلا |
| ۱۲۹۷ | ۲ | ۴ | نیلی پھول | پیلے پھول |
| ۱۲۹۹ | ۲ | ۲۲ | (اضافہ) | شرمندہ ہونا |
| ۱۳۱۱ | ۲ | ۳۰ | کٹی | ہنسا کٹا |
| ۱۳۱۳ | ۲ | ۲۱ | ذخیرہ رہنے کی | ذخیرہ کرنے کی |
| ۱۳۱۵ | ۲ | ۳۴ | (اضافہ) | گانے کے فن کا ماہر |
| ۱۳۱۷ | ۲ | ۱۱ | بنایا جاتا | بنایا جاتا تھا |
| ۱۳۲۳ | ۱ | ۲۵ | ا ہاروں | لوہاروں |
| ۱۳۲۹ | ۱ | ۳۳ | میرا نہ ماننے | میرا کہنا نہ ماننے |
| ۱۳۳۷ | ۲ | ۱۸ | کسی ہو جاتی | کسی کی ہو جاتی |
| ۱۳۷۶ | ۱ | ۳۷ | نگاہ کھبنا | نگاہ میں کھبنا |
| ۱۴۰۳ | ۱ | آخری سطر | — | طنز اور توصیف |
| ۱۴۰۵ | ۲ | | — | VITAMIN |
| ۱۴۰۷ | ۲ | ۱۲ | چلتے وقت | چلنے کا وقت |
| ۱۴۲۴ | ۱ | ۳۱ | عطانا | عطا کرنا |
| ۱۴۲۹ | ۱ | ۱۵ | — | HALL |
| ۱۴۳۸ | ۲ | ۳۰ | شدت کا دھوپ | شدت کی دھوپ |
| ۱۴۳۹ | ۱ | ۲۴ | جب تک ہری پک | جب تک ہری فصل پک |
| ۱۴۴۶ | ۱ | ۱۶ | شگوفہ چھوڑنا | شگوفہ چھوڑنا |
| ۱۴۴۸ | ۲ | ۱۵ | عورتیں | عورتوں |
| ۱۴۵۹ | ۲ | ۳،۴ | رہتے ہیں | رہتی ہے |
| ۱۴۶۱ | ۲ | ۲۰ | — | HEALTH |

Marfat.com

# آ

**آ** [ اُس ] (۱) آگے بڑھنے کا حکم۔ جا کی ضد (۲) کم مرتبے والے کو بلانے کی آواز۔ (۳) کبوتروں کو بلانے کی آواز (۴) سُر یا تان لینے کی آواز (۵) مصدر آنا کا صیغۂ امر واحد حاضر (۶) بازی گروں یا مداریوں کے کسی غائب چیز کو بلانے کی آواز۔

**آ آ۔** پالتوں پرندوں کو بلانے کی آواز۔

**آ بلا گلے پڑ، نہیں پڑتی تو بھی پڑ** (۱۔ مثل) خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کی نسبت کہتے ہیں۔

**آبننا** (۱۔ محاورہ) (۱۔ مثل) بلا نازل ہونا۔ مصیبت پڑنا

**آ بوا لڑیں، لڑے ہماری بلا** (۱۔ مثل) جو خواہ مخواہ مول لڑائی مول لے۔ عورتیں اس کی نسبت کہتی ہیں۔

**آ بے سونٹے تیری باری۔ کان چھوڑ کنپٹی ماری** (مثل) کسی کام میں لگاتار ناکام رہ کر آخری تدبیر کرنا۔

**آ بیل مجھے مار** (مثل) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ لڑائی مول لینا۔

**آ بے لونڈے جا بے لونڈے کرنا** (۱۔ مثل) پھرنا پھرانا، دوڑانا، ہیرا پھیری کرنا۔ وقت گزارنا۔

**آ پڑنا۔** آموجود ہونا، ٹپک پڑنا (۲) ٹوٹ پڑنا۔ حملہ آور ہونا (۳) کسی کے گھر آ رہنا، غیر متوقع مصیبت یا آفت نازل ہونا۔

**آ پڑوسن (لڑ، لڑیں)** (۱۔ مثل) خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے وقت کہتے ہیں

**آ پڑوسن لڑیں۔** بے سبب زبردستی کی چھیڑ چھاڑ کرنا۔

**آ پڑوسن مجھ سی ہو۔** اپنے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کرنا۔

**آ پہنچنا** (۱۔ محاورہ) منزل طے کرنا۔ پہنچ جانا۔

**آ پھنسنا** (۱۔ محاورہ) پھنس جانا (۲) فریب میں آنا۔

**آ پھنسے کی بات ہے یا آ پھنسی کا معاملہ ہے** (۱۔ مثل) مجبوراً سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

**آ جانا** (۱۔ محاورہ) سیکھ لینا۔ پہنچ جانا۔

**آ دبانا** (۱۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ دبوچ لینا۔

**آ دھمکنا** (۱۔ محاورہ) بے دھڑک چلے آنا۔ اچانک آجانا۔

**آ ڈٹنا** ۔ ڈیرہ جما لینا۔ آموجود ہونا۔

**آ رہنا** (۱۔ محاورہ) سکونت اختیار کرنا۔ گر پڑنا۔ ٹھہر جانا۔

**آ لگنا** (۱۔ محاورہ) قریب آجانا۔ پہنچنا۔

**آ لینا** (۱۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ قریب پہنچ جانا۔

**آ مرنا** (۱۔ محاورہ) آموجود ہونا (تحقیراً) آجانا۔

**آ نکلنا** (۱۔ محاورہ) بے ارادہ پہنچ جانا۔ اتفاقاً چلے آنا۔

# آ۔ب

**آب** [ ف۔ ا۔ مذکر ] (۱) پانی (۲) پسینہ (۳) آنسو (۴) عرق (۵) خالص شراب (۶) شوربا (۷) پھولوں کا قدرتی رس (۸) رونق (۹) چمک (۱۰) عزت قدر (۱۱) جوہر۔

**آب آب کر مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی** (۱۔ مثل) مادری زبان پہ دوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی۔

**آب آب کرنا** (۱۔ محاورہ) شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا (۲) نرم کرنا۔

**آب آب ہونا** (۱۔ محاورہ) (۱) پانی پانی ہونا۔ پسینہ پسینہ ہونا (۲) بہہ نکلنا (۳) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔ ہلکا ہونا (۴) لاچار ہونا۔ بے بس ہونا (۵) اُمنڈ آنا۔

**آب آتش رنگ۔ آتش مزاج۔ آتشناک۔ آتشیں** (ف) شراب سرخ (۲) خون کے آنسو۔

**آب آجانا** (۱۔ محاورہ) اوزار یا ہتھیار کی تیز دھار ہونا۔ باڑھ چڑھنا (۲) چمک اور جلا کا آنا۔ صفائی پیدا ہونا۔ رونق آجانا۔

**آب آخرت۔** غسل میت جو مرنے کے بعد دیا جاتا ہے۔

**آبِ آمد، تیمم برخاست** (ف۔ مثل) اصل چیز آنے کے بعد فرع کی ضرورت نہیں رہتی۔ جیسے پانی ملنے کے بعد تیمم بے کار ہو جاتا ہے۔

**آب آنا** (۱۔ محاورہ) چمک آنا۔ ہتھیار کی دھار تیز ہونا۔

**آب آہن** (ف۔ ا۔ مث) لوہے کی چمک۔

**آب آہن تاب** (ف۔ ا۔ مذ) وہ پانی جس میں لوہا گرم کرکے بجھایا جاتا ہو

**آب آئینہ** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آئینہ کی صفائی (۲) قلعی۔ چمک۔ تیزی۔

**آب (اُترنا / اُتر جانا)** (۱۔ محاورہ) (۱) چمک جاتی رہنا (۲) بے عزت ہونا۔ عزت پر حرف آنا۔ عزت دو کوڑی کی رہ جانا۔

**آب (احمر) ارغوانی** (ف۔ ا۔ مذ) سرخ پانی یعنی شراب۔

**آب اڑنا** (۱۔ محاورہ) چمک جاتی رہنا (۲) دھار کند ہو جانا۔

**آب از سر گزشت** (ف۔ مثل) پانی سر سے گزر گیا۔ مصیبت حد سے بڑھ گئی۔

**آب استادہ** (ف۔ ا۔ مذ) ٹھہرا ہوا پانی۔ رکا ہوا پانی۔

**آب آسیا۔** وہ پانی جس کے زور سے پن چکی چلتی ہے۔

**آب انبار۔** بڑا حوض جو قلعوں میں پانی کا ذخیرہ رکھنے کے لیے ہوتا ہے۔

**آب انگور** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) انگور کا پانی۔ انگور کا عرق (۲) مراد شراب

**آب باراں** (ف۔ ا۔ مذ) بارش کا پانی۔

**آب باز۔** پانی میں تیرنے والا۔

**آب بازی** (ف۔ ا۔ مث) پانی سے کھیلنا۔ پانی سے ایک دوسرے پر چھینٹے اڑانا۔

**آب بر آئینہ ریختن** (ف۔ مثل) ایران کی رسم ہے کہ جب کوئی سفر کو جاتا ہے تو آئینے پر سبز پتے رکھ کر پانی ڈالتے ہیں اور خیریت سے واپس آنے کا شگون لیتے ہیں۔

**آب بُردن** (ف۔ محاورہ) بے رونق کرنا۔ خراب کرنا۔

**آب بستہ** (ف۔ ا۔ مذ) جما ہوا پانی۔ برف (۲) اولے (۳) یخ (۴) بلور کا پیالہ



Marfat.com

(۵) شیشہ (۶) تلوار۔

**آبِ بقا** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) آبِ حیات (۲) امرت جل۔

**آب بگڑنا** (ا۔ محاورہ) چمک جاتی رہنا، ماند ہو جانا (۲) دھار کند ہو جانا۔ (۳) عزت میں کمی آجانا۔

**آبِ بینی**۔ ناک کی رطوبت۔ رینٹھ۔

**آب پاش** (۱) درختوں اور پودوں کو پانی دینے کا برتن (۲) سقا۔ بہشتی۔

**آب پاشاں**۔ ایران کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر گلاب چھڑکتے ہیں

**آب پاشی** (۱) سینچنا۔ کھیتی کو پانی دینا (۲) پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔

**آبِ پشت** (ف۔ ا۔ مذ)۔ نطفہ۔ منی۔

**آبِ پیکاں** (ف۔ ا۔ صف) تیر کی نوک کی تیزی۔

**آب پیما** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مقیاس الماء۔ مائعات کی کثافت اضافی معلوم کرنے کا آلہ۔ جس سے مائعات کے خالص، ناخالص ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ (Hydrometer)

**آب تاب** (ف۔ ا۔ مث) (۱) بھڑک۔ چمک دمک (۲) آرائش۔ رونق۔ روپ۔ زیبائش۔

**آب ترسی** (ف۔ ا۔ مث) جنونِ سگ گزیدگی۔ ہڑک۔ پاگل کتے کے کاٹنے کے باعث پانی سے ڈرنا۔

**آبِ تلخ** (ف۔ ا۔ صف) (۱) شراب (۲) تیزاب (۳) کھاری پانی (۴) آنسو۔

**آبِ تیغ**۔ تلوار کی کاٹ۔ تیزی۔ چمک۔ صفائی۔

**آبِ جاری**۔ بہتا ہوا پانی۔ رواں پانی۔

**آب جاتا** (۱) چمک دور ہونا (۲) دھار کند ہونا۔

**آب جو** (ف۔ ا۔ مث) چشمہ۔ ندی۔ نالہ۔ نہر۔

**آب جوش** (۱) یخنی۔ گوشت کا عرق (۲) سوڈا واٹر۔

**آب چڑھانا** (۱) صیقل کرنا۔ صاف کرنا۔ جلا دینا (۲) باڑھ رکھنا۔ پتھر چٹانا

**آب چڑھنا**۔ صیقل ہونا۔ صاف ہونا۔ جلا ہونا۔ باڑھ ہونا۔

**آبِ چشم**۔ آنکھ کا پانی۔ آنسو۔ اشک۔

**آب چک**۔ پانی ٹپکنے کی جگہ۔

**آب چو از سر گزشت، چہ یک نیزہ چہ یک دست** (مثل) جب پانی سر سے اونچا ہو گیا تو پھر کچھ بھی ہو۔ مصیبت یا بدنامی حد سے بڑھ جائے تو پھر احساس ختم ہو جاتا ہے۔

**آبِ حرام** (۱) ناپاک پانی جس کا پینا درست نہیں (۲) شراب وغیرہ۔

**آبِ حیات** (۱) امرت۔ جس کے پینے سے موت نہیں آ سکتی ہے۔ کہتے ہیں حضرت خضر نے آب حیات پیا ہوا ہے۔ آب حیوان۔ مولانا محمد حسین آزاد کی کتاب کا نام ہے جس میں شعرائے اردو کا ذکر کیا گیا ہے۔

**آبِ خاصہ**۔ امیروں یا بادشاہوں کے پینے کا پانی۔

**آبِ خجلت** انفعالت۔ شرم سے پانی پانی ہو جانا۔

**آبِ خضر**۔ آب حیات۔ وہ پانی جسے پی کر حضرت خضر نے ہمیشہ کی عمر پائی

**آبِ خنجر**۔ خنجر کی تیزی۔ کاٹ۔

**آبخورا**۔ پانی پینے کا چھوٹا سا مٹی کا برتن۔ کوزہ۔

**آبخورے بھرنا**۔ آبخوروں میں شربت یا دودھ بھر کر نیاز دلوانا۔

**آب خیز** (۱) نہر۔ موج۔ پانی کا بہاؤ (۲) وہ زمین جہاں پر تھوڑا سا کھودنے پر پانی نکل آئے۔

**آبدار** (۱) تازہ و سیراب (۲) وہ شخص جو امیروں کے ہاں پانی پلانے پر مقرر ہو (۳) چمکیلا، صاف (۴) تیز دھار کا ہتھیار (۵) مجلا۔ خوبصورت (۶) لطیف و نفیس۔

**آبدار خانہ** (ف۔ ا۔ مذ) پانی رکھنے کا کمرہ۔

**آبداری** (ف۔ صف) (۱) باڑھ تیزی (۲) چمک دمک۔ جلا (۳) طراوت لطافت، خوبی (۴) آبدار خانہ کی خدمت۔

**آبداری دینا** (۱) چمکانا۔ پالش کرنا (۲) اوزار پہ پانی چڑھانا۔ اوزار تیز کرنا۔

**آبدان** (ف۔ مذ) تالاب۔ حوض (۲) پانی کا برتن۔

**آب دانہ** (ف۔ ا۔ مذ) دانہ پانی۔ اَن جل۔ روزی۔ رزق۔

**آبِ دُر** (۱) موتی کی چمک (۲) جلا (۳) آب و تاب۔

**آب دست** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) استنجا۔ طہارت (۲) پاکیزگی جو پانی سے کی جائے۔

**آب دست (کرنا) لینا**۔ استنجا کرنا۔ طہارت کرنا۔

**آبِ دندان** (ف۔ صف) دانتوں کی چمک۔

**آبدوز** (ف۔ ا۔ مث) (Submarine) ڈبکنی کشتی۔ تحت البحر کشتی۔ وہ جنگی کشتی جو سطحِ آب کے نیچے بھی چل سکتی ہے اور اوپر بھی۔

**آبِ دہن** (۱) منہ کا لعاب (۲) کلی کا پانی۔

**آبِ دیدہ**۔ آنکھوں کا پانی۔ آنسو۔

**آبدیدہ**۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ہوں۔ رونے پر آمادہ۔ روانسا۔

**آب دیدہ (رہنا) ہونا** (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو بھرے رہنا۔ غمگین ہونا

**آب دینا** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی دھار والی چیز کو سان پر لگانا یا پتھر پہ تیز کرنا (۲) سینچنا (۳) چمکانا۔ جلا دینا۔

**آبِ رحمت** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) بارش۔ مینہ (۲) بخشش۔ معافی۔

**آب (رکھنا) رکھوانا** (ا۔ محاورہ) سان پہ چڑھانا۔ دھار تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا

**آبِ رواں** (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا جو دریا جو نہایت باریک ہوتا ہے (۲) بہتا ہوا پانی۔

**آب ریز** (۱) پانی گرنے کی جگہ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی چچی۔

**آبِ زر** (ف۔ ا۔ مذ) سونے کا پانی جو نقاشی یا کتابت میں کام آتا ہے۔

**آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے**۔ (ا۔ صف) نہایت احترام اور عزت کے قابل بات۔

**آبِ زلال** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) صاف شفاف پانی (۲) نتھرا ہوا پانی (۳) بھیگی ہوئی دوا کا پانی۔

**آبِ زمزم** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) زمزم کا پانی۔ مکہ معظمہ کا ایک خاص چشمہ جو حضرت اسماعیل کے لیے جاری ہوا تھا۔

**آبزن**۔ وہ ظرف جس میں دواؤں کا جوش کیا ہوا پانی بھر کر مریض کو اس میں بٹھاتے ہیں۔

**آبزن کرنا**۔ دوا کے پانی میں بٹھانا (۲) نہانا۔



Marfat.com

آبِ زندگانی (زندگی) آبِ بقا۔ آبِ حیات
آبِ زنی (ف۔ ا۔ مث) چھڑکاؤ۔ پانی ڈالنا۔
آبِ زیرِ کاہ (۱) پانی جو گھاس کے نیچے چھپا ہوا ہو (۲) مکار آدمی۔
آبِ سبیل۔ وہ پانی جو پیاسوں کے لیے سرِ راہ رکھتے ہیں اور مفت پلاتے ہیں
آبِ سرخ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شراب (۲) اشکِ خونیں (۳) وہ پانی جس کا رنگ سرخ ہو۔
آبِ سیاہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شراب (۲) گہرا پانی۔ بھنور کا پانی (۳) دولت کی سیاہی (۴) موتیا بند۔ آنکھ کی بیماری۔
آبشار (ف۔ ا۔ مذ) جھرنا۔ اونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی۔
آبِ شرم (ف۔ ا۔ مذ) شرمندگی کا پانی۔ وہ پسینہ جو ندامت کی وجہ سے آئے۔
آبِ شمشیر (ف۔ ا۔ مذ) تلوار کی چمک یا دھار۔
آب شناس (ف۔ مذ) حقیقت دان۔ ماہر۔ ملّاح۔
آبِ شور (ف۔ ا۔ مذ) کھاری پانی۔ سمندر کا پانی۔ نمکین پانی۔
آبِ شورہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی (۲) لیموں کا شربت
آبِ شیریں (ف۔ ا۔ صف) میٹھا پانی۔
آبِ عنب (ف۔ ا۔ مذ) انگوری شراب
آبکار (ف۔ ا۔ مذ) شراب فروش۔ کلال۔
آبکاری (۱) شراب کھینچنے اور بیچنے کا کارخانہ یا جگہ (۲) وہ محکمہ جس میں مسکرات کا محصول لیا جاتا ہے۔
آب کش۔ کنویں سے پانی نکالنے والا۔ سقّا۔
آبِ کوثر۔ حوضِ کوثر کا پانی۔
آبِ کوثر سے دھلی ہوئی زبان۔ بڑی صاف ستھری شستہ اور پاکیزہ زبان
آبِ گل (ف۔ ا۔ مذ) گلاب کا عرق۔ پھولوں کا پانی۔
آبِ گلرنگ، گلگوں۔ گلاب کے پھول کے رنگ کا پانی۔ مراد سرخ شراب
آبِ گوشت۔ گوشت کا پانی۔ یخنی۔ شوربا۔
آبگوں (۱) پانی کے رنگ کا (۲) آسمانی رنگ کا، ہلکا نیلا (۳) شیشہ (۴) برف (۵) چمکیلی تلوار (۶) گندم کا لشاستہ (۷) آسمان۔
آبِ گوہر (ف۔ صف) موتی کی چمک۔
آبگیر (۱) حوض۔ تالاب (۲) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو (۳) جولاہوں کا ایک اوزار جس سے تنے ہوئے سوت پر پانی چھڑکتے ہیں۔
آبگینہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شیشہ۔ کانچ۔ بلور۔ آئینہ (۲) الماس (۳) انگوری شراب
آبگینۂ فانوس (ف۔ ا۔ مذ) لالٹین کا شیشہ
آب مت جانا۔ آب و تاب جاتی رہنا۔ رونق جاتی رہنا۔
آبِ مرداریہ (۱) موتی کی چمک (۲) موتیا بند۔ آنکھ کی بیماری۔
آبِ مروق۔ صاف پانی۔ نتھرا ہوا پانی۔
آبِ منجمد (۱) ژالہ۔ اولے (۲) بلور کا پیالہ (۳) برف۔ یخ۔
آبنائے (ف۔ ۔۔۔) پانی کا وہ تنگ راستہ جو خشکی کے دو بڑے حصوں کو الگ کرے اور پانی کے دو حصوں کو ملاتے۔
آبِ ندامت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) شرمندگی کے آنسو۔
آب نادیدہ موزہ کشیدہ (ف۔ مثل) پانی دیکھے بغیر موزے اتارنا۔ خطرے میں مبتلا ہونے سے پہلے شور مچانا۔
آبِ نقرہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پارہ (۲) چاندی کا پانی، چاندی کا ملمع، چاندی کا گلٹ۔
آب نہ رہنا (ا۔ محاورہ) (۱) بے رونق ہو جانا (۲) ہتھیار کی دھار کند ہو جانا یا چمک کم ہو جانا (۳) بے عزت ہو جانا (۴) قلعی اتر جانا۔
آبِ نے (ف۔ ا۔ مث) حقّہ میں نیچے کا وہ حصہ جو پانی میں رہتا ہے۔
آبِ نیساں (نیساں رومی ساتویں مہینے کا نام) موسمِ بہار یعنی مارچ اپریل کی بارش۔ مشہور ہے کہ اس کے قطروں سے سیپ میں موتی۔ بانس میں بنسلوچن اور گائے کے کان میں گورُوچن بنتا ہے۔
آب و تاب (۱) چمک دمک، روشنی (۲) رونق۔ تیزی (۳) لطافت، حسن و خوبی۔ آرائش۔ زیبائش۔
آب و خور۔ دانہ پانی۔ رزق۔ کھانا پینا۔ اَن جل۔ خوراک۔
آب و دانہ۔ دانہ پانی۔ اَن جل۔ رزق۔ خوراک۔
آب و دانہ ختم ہونا (ا۔ محاورہ) رزق ختم ہونا، سفر درپیش آنا۔ موت آنا۔
آب و رنگ (۱) آب۔ رونق۔ رنگ۔ خوبی (۲) صفائی۔ بہار۔ چمک۔ روپ۔ خوبصورتی۔ صفائی (۳) دنیا کا مزہ۔ کیفیت۔ سیر۔ تماشا۔
آب و گِل (۱) پانی اور مٹی (۲) عادت۔ سرشت۔ خمیر (۳) کالبد۔ جسم۔ قالب۔
آب و ناں۔ کھانا پانی۔ رزق۔
آب و نمک (۱) ذائقہ۔ مزا۔ سواد (۲) ماحضر۔ دال دلیا۔ کھانا۔ طعام۔
آب و ہوا (۱) پانی اور ہوا (۲) پانی اور ہوا کی کیفیت (۳) موسم۔ رُت۔
آب و ہوا بدلنا (ا۔ محاورہ) صحت و تندرستی کی بحالی کے لیے کسی بہتر جگہ جانا
آب و ہوا کا راس آنا (ا۔ محاورہ) کسی جگہ کا موسم طبیعت کے موافق ہونا۔
آب و ہوا کا بگاڑ (ا۔ محاورہ) موسم کی خرابی۔
آبِ ہند۔ دریائے سندھ۔
آب ہونا۔ (۱) رقیق ہونا۔ پتلا ہونا۔ پانی ہو جانا۔ گھل جانا (۲) شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا۔ جھینپنا (۳) برباد ہونا۔ ضائع ہونا (۴) چمک ہونا۔ جلا ہونا۔ باڑھ ہونا۔ تیزی ہونا (۵) آسان ہو جانا (۶) دھار تیز ہونا۔
آبیاری (ف۔ ا۔ مث) باغوں اور کھیتوں کو سینچنا۔ پانی دینا۔
آبیانہ۔ پانی کا محصول۔
آبا (آ۔ با) [ع۔ ا۔ مذ] آب کی جمع۔ باپ دادا۔ اگلی پیڑھیاں۔
آبا و اجداد۔ باپ دادا۔ مورث۔
آبائے علوی۔ نو آسمان۔ سات سیّارے۔
آباد (آ۔ باد) [ف۔ صف] (۱) بھرا ہوا پانی۔ معمور۔ آدمیوں سے بسا ہوا۔ (۲) بسنے والا۔ رہنے والا۔ (۳) پُررونق۔ چہل پہل کی جگہ (۴) پھلا پھولا۔ سرسبز شاداب۔
آباد رکھنا (۱) بسا رکھنا۔ معمور رکھنا (۲) سلامت رکھنا۔ برقرار رکھنا۔ خوش و خرم رکھنا (۳) رونق پر رکھنا۔
آبادکار۔ وہ شخص جو کسی غیر آباد علاقے میں سکونت اختیار کرے۔ غیر آباد علاقے کو بسانے والا۔ جمع: آبادکاران۔
آبادکاری۔ غیر آباد علاقوں کو آباد کرنا۔ کسی علاقے کے باشندوں کا معاشی



Marfat.com

مقاصد کے تحت کسی دوسرے علاقے میں جا بسنا۔
آباد کرنا (۱) رونق دینا۔ بسانا۔ معمور کرنا (۲) کاشت کرنا۔
آبادان (آ۔ با۔ دان) [ف۔ صف] بسا ہوا۔ خلیج فارس پر ایران کا ایک شہر
آبادانی (آ۔ با۔ دا۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) بستی۔ آبادی۔ آراستگی۔ رونق۔ چہل پہل (۲) بہی خواہی۔ خیر طلبی۔
آبادی (آ۔ با۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) بستی۔ باشندوں کی گنتی (۲) آرام۔ چین سکھ (۳) رونق۔ زیبائش۔ روشنی۔ اجالا۔ گہما گہمی۔ چہل پہل۔ جمع۔ آبادیات
آبان (آ۔ بان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) فارسی کا آٹھواں مہینہ (۲) اس فرشتے کا نام جو اس پر موکل ہے۔ (۳) ہر شمسی مہینے کا دسواں دن۔
آبانگاہ (ف۔ ا۔ مذ۔ مث) ماہ فروردین کا دسواں دن (۲) پانی کا موکل فرشتہ
آبائی (آ۔ با۔ ئی) [ع۔ صف] موروثی۔ باپ دادا کی۔ خاندانی۔ پشتینی۔
آبتین (ف۔ ا۔ مذ) فریدوں کے باپ کا نام۔
آبرو (آب۔ رُو) [ف۔ ا۔ مث] (۱) عصمت (۲) قدر و منزلت۔ شرف۔ ناموری۔ (۳) امارت وجاہت (۴) ساکھ۔ اعتبار۔ بات (۵) شرم۔ لاج (۶) حیثیت (۷) ناموس عزت (۸) اردو زبان کے پہلے دور کے شاعر شاہ مبارک کا تخلص۔ جمع۔ آبروہا۔ کرنا
آبرو اتارنا۔ ذلیل کرنا۔ بے حرمت کرنا۔ عصمت میں دھبہ لگانا بے عزتی
آبرو اتر جانا۔ ذلیل ہونا۔ بے حرمت ہونا۔ ناموس میں دھبہ لگنا۔
آبرو بچانا (محاورہ) عزت بچانا۔ عصمت و ناموس محفوظ رکھنا۔
آبرو بخشنا (ا۔ محاورہ) مرتبہ بڑھانا۔ بزرگی دینا۔ توقیر بڑھانا۔
آبرو برباد ہونا (ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔
آبرو بڑھانا (ا۔ محاورہ) عزت میں اضافہ کرنا۔ توقیر زیادہ کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔
آبرو بڑی دولت ہے (ا۔ محاورہ) عزت بڑی چیز ہے۔
آبرو بگڑنا (ا۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے حیثیت ہونا۔ بے عزت ہونا۔
آبرو بنانا (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھاٹھ درست کرنا۔ حیثیت ٹھیک کرنا (۲) عزت پیدا کرنا۔ ساکھ پیدا کرنا (۳) رتبہ بڑھانا۔ جائداد پیدا کرنا۔
آبرو بنی ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) حیثیت درست ہونا۔ عزت سلامت ہونا۔ (۲) ساکھ قائم رہنا۔ اعتبار قائم رہنا۔
آبرو بیچنا (ا۔ محاورہ) عزت گنوانا۔ ذلیل ہونا۔
آبرو پانا (ا۔ محاورہ) شرف حاصل کرنا۔ عزت حاصل کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔
آبرو پانی ہونا (ا۔ محاورہ) عزت برباد ہونا۔ خوار ہونا۔
آبرو پر پانی پھر جانا (ا۔ محاورہ) (۱) عزت جاتی رہنا۔ قدر جاتی رہنا (۲) بے عصمت ہو جانا۔
آبرو پر پانی پھیر دینا۔ عزت کھو دینا۔ بے عزت کر دینا۔ بدنام کر دینا۔ رسوا کر دینا۔ بے عصمت کر دینا۔
آبرو پر حرف آنا (ا۔ محاورہ) (۱) عزت میں فرق آنا۔ مرتبے میں فرق آنا۔ ذلیل ہونا (۲) عصمت خلل آنا۔
آبرو پیدا کرنا (ا۔ محاورہ) ناموری پیدا کرنا۔ عزت حاصل کرنا (۲) ساکھ جمانا۔
آبرو تھامنا (ا۔ محاورہ) عزت محفوظ رکھنا۔ قدر و منزلت قائم رکھنا
آبرو تھوڑی سی (ذرا سی) ہے (ا۔ محاورہ) بہت معمولی عزت ہے۔
آبرو تیرے ہاتھ ہے۔ (ا۔ محاورہ) عزت بچانا تیرے اختیار میں ہے۔

آبرو ٹکے کی ہو جانا (ا۔ محاورہ) عزت مٹ جانا۔ ساکھ جاتی رہنا۔
آبرو جا کے نہیں آتی (ا۔ مثل) عزت ضائع ہو کر پھر حاصل نہیں ہوتی۔
آبرو جان سے زیادہ عزیز ہے (ا۔ مقولہ) عزت کا خیال جان سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔
آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے (ا۔ مثل) عزت بڑی نعمت ہے جو بادشاہت کے برابر ہے۔
آبرو چاہنا۔ عزت کا خواہش مند ہونا۔ عزت برقرار رکھنے کی کوشش کرنا
آبرو خاک میں مل جانا (ا۔ محاورہ) عزت ختم ہو جانا۔ بالکل عزت نہ رہنا۔
آبرو خدا کے ہاتھ ہے۔ عزت کا رکھنا خدا کے اختیار میں ہے۔
آبرو خراب کرنا۔ (ا۔ محاورہ) عزت بگاڑنا۔ بے عزت کرنا۔ شان کے خلاف کوئی کام کرنا۔
آبرو دار (ف۔ صف) ذی عزت۔ مرتبے والا۔ حیادار۔ غیرت دار۔
آبرو دو کوڑی کی ہو جانا (ا۔ محاورہ) آبرو ٹکے کی ہو جانا۔ عزت ختم ہو جانا۔
آبرو دینا (ا۔ محاورہ) (۱) عزت بخشنا (۲) بے عصمت ہونا۔ عزت گنوانا (۳) وقار کھونا۔
آبرو ڈبو دینا (ڈبونا) (ا۔ محاورہ) عزت کھونا۔
آبرو ڈوب جانا (ا۔ محاورہ) عزت جاتی رہنا۔ قدر و منزلت ختم ہو جانا۔
آبرو رکھنا (ا۔ محاورہ) (۱) بات رکھ لینا۔ عزت بچانا (۲) ذی مرتبہ اور ذی عزت ہونا
آبرو رہ جانا (ف۔ ا۔ مث) بات رہ جانا۔ شرم رہ جانا۔ عزت محفوظ رہنا (۲) عصمت محفوظ رہنا۔
آبرو ریزی (ا۔ محاورہ) بے عزتی۔ ذلت۔
آبرو ساری (دولت) روپے کی ہے (ا۔ مثل) عزت روپے پیسے سے ہوتی ہے۔
آبرو سلامت رہنا (ا۔ محاورہ) عزت قائم رہنا۔ عصمت باقی رہنا۔
آبرو سنبھالنا (ا۔ محاورہ) عزت بچائے رکھنا۔
آبرو سے پیش آنا (ا۔ محاورہ) عزت کے ساتھ برتاؤ کرنا۔
آبرو سے درگزرنا (ا۔ محاورہ) عزت و حرمت کی پروا نہ کرنا۔ عزت کو بالائے طاق رکھ دینا۔
آبرو سے رہنا (ا۔ محاورہ) عزت سے بسر کرنا۔ آن بان بنائے رکھنا۔
آبرو سے ہاتھ (اٹھانا) دھونا (ا۔ محاورہ) عزت سے درگزرنا۔
آبرو سے ہیں (ا۔ محاورہ) عزت سے ہیں۔ اچھے حال میں ہیں۔
آبرو کا بھوکا (ا۔ مذ) عزت کا خواہش مند۔
آبرو کا پاس (ا۔ مذ) عزت کا لحاظ و خیال رکھنا۔
آبرو کا پیاسا (ا۔ محاورہ) (۱) عزت کا خواہشمند (۲) کسی کی عزت کا دشمن۔
آبرو کا صدقہ جان (مثل) عزت پر جان قربان ہے۔
آبرو کا لاگو ہونا۔ (ا۔ محاورہ) عزت کے پیچھے پڑنا۔ بے عزتی کا خواہاں ہونا۔
آبرو کرنا (ا۔ محاورہ) عزت کرنا۔ خاطرداری کرنا۔
آبرو کم کرنا (ا۔ محاورہ) آبرو گھٹا دینا۔
آبرو کوڑی کی ہونا (ا۔ محاورہ) آبرو نہ رہنا۔ بے عزت ہونا۔
آبرو (کھونا) کھو دینا (ا۔ محاورہ) (۱) بے قدری کرنا (۲) عصمت میں داغ لگانا۔



Marfat.com

آبرُو کی چیز (ا۔مث) وہ چیز جس میں عزت ہو۔
آبرُو کے پیچھے پڑنا (ا۔محاورہ) عزت کا لاگو ہونا۔
آبرُو کے درپے ہونا (ا۔محاورہ) آبرُو کا لاگو ہونا۔ عزت کے پیچھے پڑنا۔
آبرُو گرہ میں باندھنا (ا۔محاورہ) عزت کو بہت عزیز رکھنا۔
آبرُو گنوانا (ا۔محاورہ) (۱) عزت کھونا (۲) عصمت میں داغ لگانا۔
آبرُو گھٹانا (ا۔محاورہ) (۱) عزت کم کرنا۔ بے قدری کرنا (۲) پہلی سی عزت نہ کرنا۔
آبرُو لُٹنا (۱) عزت اور مرتبہ کا برباد ہونا (۲) بے آبرو ہونا۔
آبرُو لوٹ لینا۔ بے عصمت کر دینا۔
آبرُو مٹا دینا۔ عزت کھو دینا۔
آبرُو مٹ جانا (ا۔محاورہ) عزت پر پانی پھر جانا
آبرُو ملنا (ا۔محاورہ) عزت حاصل ہونا۔
آبرُو موتی کی آب ہے (ا۔مثل) عزت بہت نازک چیز ہے۔
آبرُو میں بٹا لگ جانا (ا۔محاورہ) عزت میں خلل پڑ جانا۔
آبرُو میں (داغ، دھبہ) لگ جانا۔ (ا۔محاورہ) عزت میں خلل پڑ جانا۔
آبرو ہونا۔ قدر ہونا۔ عزت ہونا۔ رتبہ بڑھنا۔
آبستنی (آ۔بس۔ت۔نی) [ف۔صفت] حاملہ عورت۔
آبلوج (ف۔ا۔مث) مصری۔ قند۔ مٹھائی۔
آبلہ (آب۔لہ) [ف۔ا۔مذ] پھپھولہ۔ چھالہ۔
آبلہ بہنا۔ چھالے سے پانی کا جاری ہونا۔
آبلہ پا۔ وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
آبلہ پائی۔ پاؤں میں چھالے پڑنا۔
آبلہ پڑنا۔ چھالے کا پیدا ہونا۔ چھالا نمودار ہونا۔
آبلہ پکنا۔ چھالے میں پیپ پڑنا
آبلہ پھوٹ بہنا۔ چھالے کا پھوٹ کر رطوبت جاری ہونا۔
آبلہ پھوٹنا (۱) چھالا ٹوٹنا (۲) حسرت نکالنا۔ دل کا غبار نکالنا۔
آبلہ پھوڑنا (۱) چھالا توڑنا (۲) حسرت نکالنا۔ دل کا غبار نکالنا۔
آبلہ پیدا ہونا۔ چھالا نکلنا۔ پھپھولا نمودار ہونا۔
آبلہ ٹپکنا۔ چھالے میں جلن پیدا ہونا۔
آبلہ توڑنا۔ آبلہ پھوڑنا۔
آبلہ ٹوٹنا۔ چھالا پھوٹنا۔
آبلہ چھلنا۔ چھالے میں خراش ہونا۔
آبلہ دار۔ چیچک رو۔ چیچک کے داغوں والا۔
آبلۂ دِل۔ وہ سوزش جو رشک و حسد سے دل میں پیدا ہو۔ اسے دل کا چھالا قرار دیتے ہیں۔
آبلہ ڈالنا۔ چھالا پیدا کرنا۔ تکلیف دینا۔
آبلہ رُو۔ منہ پر چیچک داغ رکھنے والا۔
آبلہ فرنگ۔ آتشک۔
آبلہ مرجھانا۔ چھالے کا خشک ہونا۔
آبلے بھرنا۔ چھالے میں رطوبت کا بھر جانا۔
آبنُوس (آب۔نوس) [ع۔ا۔مذ] ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت، وزنی اور سیاہ ہوتی ہے۔
آبنُوس کا کندہ (ا۔مذ) آبنوس کا ٹکڑا۔ موٹا اور کالا آدمی۔
آبنُوسی (آب۔نو۔سی) [اُ۔صف] سیاہ رنگ کا کالا۔ آبنوس سے بنا ہوا۔
آبنُوسی شاخ۔ آبنوس کی شاخ۔ آبنوس کی لکڑی کی بانسری۔
آبنی سر اپنے چھوڑ پرائی آس (ا۔مثل) مصیبت پڑ جانے پر دوسروں سے امید نہ رکھنی چاہیئے۔
آبی (آ۔بی) [ف۔صفت] (۱) پانی سے منسوب (۲) پانی میں رہنے والا (۳) خمیری روٹی کی ایک قسم (۴) ہلکا ہلکا نیلا رنگ (۵) وہ زمین جس میں آبپاشی ہوتی ہے (۶) سرکش۔ سرکشی، انکار کرنے والا (۷) نمی۔ گیلاپن۔
آبی برُج۔ آسمان کے وہ برُج جن کی صفت آبی ہے۔ یعنی سرطان۔ عقرب۔ اور حوت۔
آبی حرف۔ ابجد کے حساب سے سات حرف جن کی صفت آبی بیان کی گئی ہے یعنی۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث اور ظ۔

# آ۔پ

آپ [ہ۔ض] (۱) خود۔ اپنی ذات سے (۲) ذاتِ خدا (۳) روح۔ آتما (۴) غائب اور حاضر کے لیے تعظیماً مستعمل ہوتا ہے۔
آپ آپ (کرنا) کہنا (ا۔محاورہ) خوشامد کرنا۔
آپ آپ کو (ا۔متعلق فعل) اپنے اپنے نفس کو، اپنی اپنی ذات کو، اپنی اپنی راہ۔ اپنی اپنی طرف۔
آپ آپ میں (ا۔متعلق فعل) آپس میں۔
آپ آپ ہی ہیں اور وہ وہی (ا۔مثل) آپ میں اور اس میں بڑا فرق ہے۔
آپ آئے بھاگ آئے (ا۔مثل) آپ کا آنا باعثِ برکت ہے۔
آپ اپنی قبر کھودنا (ا۔محاورہ) اپنی بربادی کا آپ سامان کرنا۔
آپ اپنی ہی گاتے ہیں (ا۔مثل) آپ اپنی ہی کہے جاتے ہیں۔
آپ اپنے حال میں (گرفتار) ہونا۔ خود اپنی مصیبت یا فکر میں مبتلا ہونا۔
آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا) اپنے ہاتھوں آپ مصیبت پیدا کرنا۔
آپ اپنے سے۔ خود اپنی ذات سے۔
آپ اپنے کو۔ خود اپنی ذات کو۔
آپ اپنے آپ ویسے۔ خوشامد کی باتیں۔
آپ بھلے تو جگ بھلا (ا۔مثل) انسان خود اچھا ہو تو دنیا اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے۔
آپ بھی ارسطو سے کم نہیں (ا۔مثل) (۱) آپ بھی بڑے عقل مند ہیں (۲) (طنزاً) آپ بڑے بے وقوف ہیں۔
آپ بیتی۔ اپنی کہانی۔ اپنا حال، خود نوشت حالاتِ زندگی۔
آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی (ا۔مثل) اپنی کہانی سناؤں یا دنیا کی۔
آپ تو عید کا چاند ہو گئے۔ (ا۔محاورہ) بہت کم نظر آتے ہیں۔ دوست سے بطور شکایت کہا جاتا ہے۔



Marfat.com

آپ تو گرم کر کے شربت پلاتے ہیں (ا۔ مثل) آپ کو اُبھار کر دھیما کرنا خوب آتا ہے۔
آپ تو ہوا کے گھوڑے پر سوار ہیں (ا۔ مثل) آپ بہت جلدی میں ہیں آپ بہت غصے میں ہیں۔
آپ جانیں اور آپ کا ایمان (ا۔ مثل) صحیح فیصلہ کرنا آپ کی دیانت پر موقوف ہے۔
آپ جانے اور آپ کا کام (ا۔ محاورہ) آپ اپنے نیک و بد کے خود ذمے دار ہیں
آپ خور ادے آپ مُرادے (ا۔ مثل) اکھل کھرا۔ اپنی عقل کو بہتر سمجھنے والا (۲) غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ سے رہنے والا۔
آپ خودی۔ خودسری۔ ضد۔ سرکشی۔ (ف)
آپ دھاپ۔ اپنی اپنی فکر۔ اپنے اپنے کام کا دھیان۔
آپ ڈال ڈال ہیں تو ہمیں پات پات (ا۔ مثل) میں تم سے زیادہ ہوشیار اور چالاک ہوں۔
آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (ا۔ مثل) آپ مر گئے تو گویا ساری دنیا ختم ہو گئی
آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے (ا۔ مثل) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی مصیبت میں پھنسا دیا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی برباد کر دیا۔
آپ راہ راہ، دُم کھیت کھیت (ا۔ مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں مکار
آپ روپ۔ اپنی شکل۔ اپنا ظہور۔ خدا اور اس کی تجلی۔
آپ روپ مہا روپ (ا۔ مثل) خدا کا جلوہ سب سے اعلیٰ ہے۔ (۲) کسی کامل فقیر کو کہتے ہیں یعنی آپ کا جلوہ خدا کا جلوہ ہے۔
آپ زندہ جہان زندہ، آپ مُردہ جہان مُردہ (ا۔ مثل) جی ہے تو جہان ہے۔ اپنے دم کا سب کارخانہ ہے۔ اپنی آنکھ بند ہو گئی تو ہوا نہ ہوا برابر ہے۔
آپ سنیں اپنا کہیں سنے (ا۔ مثل) بہت آہستہ سے بات کرنے والا۔
آپ سے (۱) بغیر مانگے۔ از خود۔ خود ہی۔ بلا سبب (۲) بے طلب بے بلائے (۳) آپ کی مانند۔
آپ سے آپ۔ خود بخود۔ بلا سبب۔
آپ سے آئے تو آنے دے۔ کسی کا مال بغیر کوشش کے ہاتھ لگے تو لے لو۔
آپ سے اچھا خدا (ا۔ مثل) (۱) اپنی ذات سے زیادہ عزیز سوائے خدا کے کوئی نہیں (۲) آپ سے برتر خدا کی ذات ہے۔
آپ سے بے آپ ہونا (ا۔ محاورہ) بے خود ہونا۔ بہت بے چین ہونا۔
آپ سے جانا۔ (۱) بے ہوش ہونا بے خود ہونا۔ (۲) بن بلائے جانا۔
آپ سے چار برساتیں میں نے زیادہ دیکھی ہیں (ا۔ مثل) (۱) میں عمر میں آپ سے بڑا ہوں (۲) میں آپ سے زیادہ تجربہ کار ہوں۔
آپ سے چلنا (ا۔ مثل) بے خود ہو جانا۔
آپ سے دُور۔ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں مخاطب کی نسبت بُری بات کہنا بے جا سمجھا جاتا ہے
آپ سے دُور آپ کی جان سے دُور (ا۔ مثل) آپ کو نقصان نہ پہنچے آپ کو خدا بچائے۔
آپ سے گزرنا (ا۔ محاورہ) (۱) بے خود ہو جانا (۲) انسانیت سے گزرنا آدمیت سے گزر جانا (۳) اپنی حیثیت کو بھول جانا (۴) مغرور ہو جانا۔

آپ سے گیا جگ سے گیا (ا۔ مثل) آپ سے گیا جہان سے گیا جو چیز اپنے ہاتھ گئی وہ گویا دنیا ہی میں نہیں رہی۔
آپ فضیحت اور کو نصیحت (ا۔ مثل) دوسرے کو نصیحت کرنا اور خود اس پر عمل نہ کرنا۔
آپ کا بایاں قدم لیجیے (طنزاً) (آپ بہت چالاک ہیں۔ کسی کی عیاری اور چالاکی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
آپ کا پاس ہے (ا۔ محاورہ) آپ کے لحاظ سے مجبور ہوں
آپ کاج مہا کاج (ا۔ مثل) اپنا کام اپنے ہاتھ سے ہی اچھا ہوتا ہے۔
آپ کا سر۔ بدتمیزی اور کسی کے کم سمجھنے کے موقع بولتے ہیں تم غلط کہتے ہو۔ یہ کیا بے ہودہ بات ہے۔
آپ کا قطع کلام (سخن) ہوتا ہے (ا۔ محاورہ) کسی کے بات کرنے وقت درمیان میں بولنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ آپ کی بات کاٹتا ہوں۔
آپ کا کیا بگڑتا ہے (ا۔ محاورہ) آپ کا کیا جاتا ہے۔ آپ کا کیا نقصان۔
آپ کا کیا لیتا ہے (ا۔ محاورہ) آپ کا کیا نقصان کرتا ہے۔
آپ کا گھر ہے۔ تواضع اور خاطر کے موقع پر بولتے ہیں یعنی آپ اپنا ہی گھر سمجھیے۔ خانہ بے تکلف ہے۔
آپ کا مُنہ ملاحظہ ہے (روزمرہ) (۱) آپ کا لحاظ ہے (۲) آپ کی مجال ہے۔
آپ کا نام ہوگا ہمارا کام ہو گا (ا۔ مثل) آپ کی شہرت ہو گی ہمارا مطلب حاصل ہو جائے گا۔
آپ کا نوکر ہوں بینگنوں کا نوکر نہیں ہوں (ا۔ مثل) آپ کی ہاں میں ہاں ملاتا ہوں۔ آپ جو کچھ کہتے ہیں اس کی تائید کرتا ہوں مجھے جھوٹ سچ سے کوئی مطلب نہیں۔
آپ کو آسمان پر کھینچنا (ا۔ محاورہ) غرور و تکبر کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔
آپ کو بھولنا۔ اپنی حیثیت کو بھولنا۔ بے خود ہونا۔ اترانا۔
آپ کو پانا (پہنچنا) اپنی حقیقت کو سمجھنا۔
آپ کو خاک میں ملانا (ا۔ محاورہ) اپنا آپ تجنا۔ اپنے آپ کو تباہ کرنا۔ اگو دور جاننا (سمجھنا)۔ غرور و تکبر کرنا۔ تمام لوگوں سے الگ تھلگ رہنا۔
آپ کو ڈبونا۔ اپنے آپ کو تباہ کرنا۔
آپ کو روکنا۔ اپنے آپ کو قابو میں رکھنا۔ کسی کام کے کرنے سے باز رہنا۔
آپ کو شاخ زعفران (جاننا) سمجھنا یا گننا۔ اپنی ذات کو سب سے نرالا سمجھنا۔ زیادہ مغرور ہونا۔
آپ کو عرش پر پہنچانا (۱) اپنے آپ کو بہت زیادہ بلند سمجھنا (۲) اپنی بے حد تعریف کرنا۔
آپ کو مٹا دینا (۱) اپنے آپ کو برباد کر دینا۔ فنا کر دینا (۲) سخت محنت کرنا
آپ کھائے بلی کو بتائے۔ (ا۔ مثل) اپنی غلطی دوسروں کے سر لگائے۔
آپ کی بلا سے۔ آپ کو کیا۔ آپ سے کیا مطلب۔ آپ سے واسطہ نہیں۔
آپ کی دال یہاں نہ گلے گی۔ (ا۔ مثل) آپ کا داؤ یہاں نہ چلے گا۔
آپ کی شکایت میرے سر آنکھوں پر (ا۔ مثل) آپ کا شکوہ یا اعتراض مانتا ہوں۔
آپ کی کیا بات ہے۔ آپ کے کیا کہنے ہیں۔ آپ نہایت قابل تعریف

ے

Marfat.com

ہیں۔ آپ تو بہت قابلِ تعریف کام کرتے ہیں۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
**آپ کی یہاں کچھ نہ چلے گی**۔ آپ کا یہاں زور نہیں چلے گا۔
**آپ کے دشمن**۔ اس وقت کہتے ہیں جب مخاطب کو کسی بُری بات سے منسوب کرنا نہیں چاہتے۔ جیسے کو توالی جائیں تیرے دشمن۔
**آپ کے منہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا ادھار** (ا۔ مثل) آپ کے آگے کا بچا ہوا ہمارے لیے کافی ہے۔ مالدار کی ادنیٰ توجہ سے غریب کا بھلا ہو جاتا ہے۔
**آپ کیا گاتے ہیں** (ا۔ محاورہ) آپ کی بات سمجھ میں نہیں آتی۔
**آپ مرے جگ (جہان) پرلو** (ا۔ مثل) خود مر گئے تو دنیا ہی ختم ہو گئی۔
**آپ میاں صوبے دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ** (ا۔ مثل) مفلسی میں بنے ٹھنے رہنا۔ ظاہر میں دولت مند اصل میں مفلس۔
**آپ میں**۔ اپنے ہوش میں۔
**آپ میں آنا**۔ ہوش میں آنا۔
**آپ میں پانا**۔ اپنے نفس میں پانا۔ اپنی ذات میں حاصل ہو جانا۔
**آپ میں کیا شاخ زعفران لگی ہے** (ا۔ مثل) آپ میں ایسی کیا خصوصیت ہے
**آپ میں نہ رہنا** (ا۔ محاورہ) ہوش و حواس کھو دینا۔
**آپ میں نہ سمانا** بے خود ہو جانا۔ بہت خوش ہونا۔
**آپ میں نہ ہونا** بے خود ہونا۔ ہوش میں نہ ہونا۔
**آپ نے مجھے مول لے لیا ہے** (ا۔ مثل) آپ نے مجھ پر اتنی زیادہ مہربانی کی ہے گویا خرید لیا ہے۔ آپ نے مجھ پر بے حد احسان کیا ہے۔
**آپ ہارے بہو کو مارے** (ا۔ محاورہ) اپنی خفت دوسرے پر اُتارنا۔
**آپ ہر فن مولیٰ ہیں** (ا۔ محاورہ) آپ بہت ہوشیار ہیں۔
**آپ ہی آپ**۔ آپ ہی آپ۔ خود بخود۔ بلا وجہ۔ بلا سبب
**آپ ہی آپ باتیں کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) خود سے باتیں کرنا۔ پاگلوں کی طرح خود بخود بولے جانا۔
**آپ ہی آپ جلنا**۔ خود بخود رنج سے گھُلا جانا۔ رشک کرنا۔
**آپ ہی اپنی قبر کھودنا**۔ اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کے سامان کرنا۔
**آپ ہی بی بی آپ ہی باندی** (ا۔ مثل) وہ خاتون جو سارے گھر کے کام خود ہی کرتی ہو۔ مراد اکیلی گھر میں تنہا۔
**آپ ہی کا کھاتا ہوں** (ا۔ مثل) آپ ہی کے دیے ہوئے سے بسر کرتا ہوں۔
**آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے** (ا۔ مثل) آپ ہی کی بدولت ہے۔
**آپ ہی مارے آپ ہی چلائے** (ا۔ مثل) خود ہی ظلم کرے اور خود ہی مظلومانہ فریاد کرے۔
**آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں** (ا۔ مثل) (۱) گھر کے دھندوں میں مصروف ہیں۔ دنیا کے بکھیڑوں میں مبتلا ہیں (۲) بڑے نازک مزاج ہیں
**آپ ہیں**۔ کلمۂ تعجب۔ کسی شناسا کو یکایک یا شک کے بعد پہچاننے پر بولتے ہیں۔
**آپا** (آ۔پا) [ہ۔ا۔مث] (۱) اپنی اصلیت۔ ہستی۔ خودی (۲) ہوش و حواس۔ سدھ بدھ (۳) بڑی بہن۔ باجی
**آپا اماں**۔ بڑی بہن کو ادب سے کہتے ہیں۔
**آپا جان، جانی**۔ بڑی بہن کو ادب سے پکارنے کا انداز۔
**آپا تجھے سو ہر کو بجھے** (ا۔ مثل) اپنے آپ کو مٹا کر ہی خدا ملتا ہے۔
**آپا دھاپی**۔ اپنی اپنی فکر۔ اپنی اپنی لگن۔ خود غرضی۔
**آپٹوفون** (Optophone) (آپ۔ٹو۔فون) [انگ۔ا۔مذ] آلۂ سماعتا ایک آلہ جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے۔ اس کی مدد سے اندھے کان کے ذریعے سے پڑھ سکتے ہیں
**آپریٹر** (Operator) (آپ۔رے۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] مشین چلانے والا
**آپس**۔ (آ۔پس) [ہ۔ا۔مث] (۱) یک دیگر۔ باہم (۲) رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔ میل جول۔ یک جہتی۔
**آپس داری**۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔
**آپس کا معاملہ**۔ باہمی معاملہ۔
**آپس کا واسطہ** (ا۔مذ) قرابت کا تعلق۔ راہ و رسم کا علاقہ۔ میل جول کی خصوصیت۔
**آپس کی بات چیت**۔ باہمی گفتگو۔ گھر کا سا معاملہ۔
**آپس کی پھوٹ**۔ باہمی نا اتفاقی۔
**آپس کی گفتگو**۔ باہمی بات چیت۔
**آپس میں** (ا۔ متعلق۔ مثل) ایک دوسرے کے ساتھ رشتہ داری میں
**آپس میں رہنا** (ا۔ محاورہ) مل جل کر رہنا۔ اتفاق کے ساتھ رہنا۔
**آپس میں یک دل ہونا**۔ باہم متفق ہونا۔
**آپستا** (آپس۔تا) [ق۔صف] خوددار۔
**آپہنچنا** (آ۔پ ہنچ۔نا) [ہ۔مص] پہنچ جانا۔ پکڑ لینا۔ منزل طے کرنا۔
**آپھنسنا** (آ۔پھنس۔نا) [مص] فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ گرفتار ہونا۔ اتفاق سے گرفتار ہونا۔ اچانک گھر جانا۔
**آپیچ** (ق۔ص) آپ خود۔ خود ہی۔
**آپے سے باہر ہو جانا** (ا۔ محاورہ) بے خود ہو جانا۔ غصہ میں بے خود ہو جانا۔
**آپے سے جانا** (ا۔ محاورہ) قابو میں نہ رہنا۔ حواس کھو دینا۔
**آپے سے گزر جانا** (ا۔ محاورہ) بے حد غصہ آنا۔
**آپے سے نکلنا** (ا۔ محاورہ) آپے سے باہر ہو جانا۔
**آپے میں (آنا) آجانا** (ا۔ محاورہ) ہوش میں آجانا۔
**آپے میں نہ رہنا** (ا۔ محاورہ) آپ میں نہ رہنا۔ زیادہ غرور کرنا۔
**آپے میں نہ ہونا** (ا۔ محاورہ) (۱) آپ میں نہ ہونا (۲) سخت غصہ آنا۔

# آ۔ت

**آت**: بعض کلمات میں بطور لاحقے کے استعمال ہو کر مصدری فائدہ دیتا ہے جیسے بہتات۔ برسات۔
**آتا** (آ۔تا) [ہ۔ا۔مذ] (ماضی تمنائی) آنے والا (۲) قرض
**آتا جاتا** (۱) مہارت۔ مشق (۲) آنے جانے والا۔ مسافر۔
**آتا نہ چھوڑے جاتا نہ موڑے**۔ جو چیز آ رہی ہو اسے چھوڑنا نہ چاہیئے۔ اور گئی ہوئی چیز کا غم نہ کرنا چاہیئے۔



Marfat.com

آتے آتے (متعلق فعل) پہنچتے پہنچتے۔ چلتے چلتے۔ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ
آتے آتے پھر جانا (۱۔محاورہ) (۱) راستے سے لوٹ جانا۔ راہ سے واپس ہو جانا (۲) ارادہ بدل جانا۔
آتے بھلے نہ جاتے (۱۔مثل) آنا جانا برابر ہے۔
آتے جاتے (۱۔اسم حالیہ) آتے جاتے ہیں۔ چلتے پھرتے۔ راہ چلتے۔ راہ گلی میں
آتے کا منہ دیکھتی تھی جاتے کی پیٹھ (۱۔مثل) بے چینی سے انتظار کرتی تھی
آتش (آ۔تش) [ف۔مث] (۱) آگ۔ نار۔ جلن۔ سوزش (۲) اردو کے مشہور شاعر خواجہ حیدر علی لکھنوی کا تخلص۔
آتش افروز (ف۔صف) آگ بھڑکانے والا۔
آتش افسردہ (ف۔صف) وہ آگ جس میں شعلہ نہ ہو۔ مرجھائی ہوئی آگ۔
آتش انگیز (ف۔صف) آگ بھڑکانے والا۔
آتش بار (ف۔صف) آگ برسانے والا۔
آتش باز (ف۔صف) آتش بازی بنانے والا۔
آتش بازی (ف۔مث) آگ کا کھیل (۲) پھلجھڑی۔ مہتابی وغیرہ جو گندھک اور کوئلے وغیرہ سے بنتی ہیں اور آگ لگا کر تماشا دیکھتے ہیں۔
آتش بیان (ف۔صف) تیز۔ شعلہ بیان۔ وہ مقرر جس کی تقریر سے سامعین کے دلوں میں جوش اور ولولہ پیدا ہو۔
آتش بے دود (ف۔صف) (۱) شراب (۲) سورج (۳) غصہ (۴) بلا دھوئیں کی آگ۔
آتش پا (ف۔صف) بے قرار۔ مضطرب۔ تیز رفتار۔
آتش پرست (ف۔صف) آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ زرتشت کو ماننے والا۔
آتش پیکر۔ جن۔ آفتاب۔ بھوت۔ شیطان۔
آتش تر (ف۔ا۔مث) شراب۔
آتش جاں سوز (ف۔ا۔مث) عشق کی گرمی۔ جان کو جلانے والی آگ۔
آتش خاموش۔ بجھی ہوئی آگ (۲) خاموش گرمی مراد محبت۔
آتش خانہ (ف۔ا۔مذ) آتش پرستوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔
آتش خو (ف۔صف) غصہ ور۔ تیز مزاج۔ غصے والا۔
آتش خوار (ف۔صف) (۱) آگ کھانے والا (۲) ایک جانور کا نام جو سدا آگ کھاتا ہے (۳) ظالم۔ رشوت خور۔
آتش دان (ف۔ا۔مذ) آگ جلانے کی جگہ۔ چولھا۔ انگیٹھی۔
آتش دروں (ف۔ا۔مث) اندر کی آگ۔ محبت۔ سوز و گداز۔
آتش دل (ف۔ا۔مث) دل کی آگ۔ سوز و گداز۔
آتش رخ (ف۔صف) سرخ چہرے والا۔ لال رنگ والا معشوق (۲) غصہ ور۔
آتش رنگ۔ آگ کے رنگ کا۔ سرخ بھبھوکا۔
آتش زبان (ف۔صف) شعلہ بیان۔ اپنے بیان سے طبیعتوں کو گرم کرنے والا۔ پرجوش تقریر کرنے والا۔
آتش زبانی (ف۔ا۔مث) آگ لگانا۔ تیز بیان دینا۔
آتش زدگی (ف۔ا۔مث) آگ لگنا۔
آتش زردشت۔ وہ آگ جو آتش پرستوں کے رہنما زردشت کے آتشکدہ میں تھی۔
آتش زنی (۱) آگ لگانا۔ (۲) فساد کرانا۔
آتش زیر پا (ف۔صف) بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔
آتش سنگ (ف۔ا۔مث) چنگاری جو پتھر میں پوشیدہ رہتی ہے اور کسی چیز کے ٹکرانے سے ظاہر ہوتی ہے۔
آتش سیال (ف۔ا۔مث) بہتی ہوئی آگ (۲) شراب (۳) جوالا مکھی کا لاوا۔
آتش سینہ۔ سینے کی آگ۔ دل کی آگ۔ اندر کی آگ۔ اندر کا دکھ۔
آتش طبع (ف۔صف) غصہ ور۔ تیز مزاج۔
آتش طور (ف۔ا۔مث) وہ آگ جو طور پہاڑ پر حضرت موسیٰ کو نظر آئی تھی۔
آتش عناں (ف۔صف) تیز چلنے والا۔ تیز رو۔
آتش فارسی۔ آتشک کی بیماری۔
آتش فشاں۔ (ف۔صف) آگ برسانے والا۔ شعلے اور چنگاریاں چھوڑنے والا۔
آتش فشاں پہاڑ (ف۔ا۔مذ) جوالا مکھی پہاڑ۔ وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ نکلے۔
آتش قدم (ف۔صف) (۱) آگ جیسے قدم والا (۲) گرم رو۔ تیز قدم۔ تیز چلنے والا۔
آتش کا پرکالہ (ا۔صف) (۱) آگ کا ٹکڑا (۲) چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ شوخ (۳) شریر۔ مفسد۔ (۴) ذہین۔
آتش کبریت (۱) گندھک کی آگ۔ (۲) دیا سلائی۔
آتشکدہ (ف۔مذ) وہ عمارت جہاں آگ کی پرستش ہوتی ہے آتش پرستوں کا معبد۔
آتش گیر (ف۔صف) جلدی آگ پکڑنے والی۔ جلد بھڑک اٹھنے والی چیز (۲) چمٹا۔ دست پناہ۔
آتش گیر مادہ (ف۔ا۔صف) بھک سے اڑ جانے والا مادہ۔ جلدی آگ پکڑنے والا مادہ۔
آتش مزاج (ف۔صف) آگ جیسے مزاج والا۔ جھلّا۔ تیز مزاج۔ تند خو۔
آتش ناک (ف۔صف) آگ سے بھرا ہوا۔ نہایت گرم۔
آتش نمرود (ف۔ع۔مث) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیم کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی اور جو خدا کے حکم سے چمن بن گئی۔
آتشک (آ۔ت۔شک) [ف۔ا۔مث] ایک جنسی بیماری۔ گرمی۔
آتشک لگنا۔ ایک سے دوسرے کو آتشک کی بیماری لگنا۔
آتشکیا (آ۔ت۔شک۔یا) [ار۔صف] وہ شخص جس کو آتشک کی بیماری ہو۔
آتشی (آ۔ت۔شی) [ف۔صف] (۱) آگ سے نسبت رکھنے والا۔ آگ سے بنا ہوا (۲) گرم مزاج۔
آتشی اینٹ (ف۔ا۔مث) ایسی اینٹ جو آگ کی انتہائی تپش سے بھی متاثر نہیں ہوتی [illegible]
آتشی شیشہ (ف۔ا۔صف) محدب شیشہ جس کے ذریعے چھوٹی چیزیں بڑی دکھائی دیتی ہیں (۲) اس کو سورج کے سامنے رکھنے سے سورج کی کرنیں اس میں جمع ہو جاتی ہیں اور نیچے رکھے ہوئے کپڑے کو آگ لگ جاتی ہے۔



Marfat.com

**آتشی شیشی** (ف - ا - مث) ایک خاص قسم کی شیشی جس کے ذریعہ روغن کھینچتے اور جوہر اڑاتے ہیں۔
**آتشیں** (آ-تَ-شِیں) [ف - صف] آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ آگ کی طرح سُرخ۔
**آتشیں رُخ** (رخسار) آگ کی طرح دہکتا چہرہ۔ آگ کی طرح دہکتے ہوئے گال
**آتما** (آت - ما) [س - ا - مث] (۱) دل۔ روح۔ وجود (۲) پیٹ۔ معدہ۔ (۳) بھوک (۴) مامتا۔ محبت۔
**آتما ٹھنڈی کرنا** (ا - محاورہ) جی خوش کرنا۔ بھوکے کا پیٹ بھرنا۔ سکھ پہنچانا۔
**آتما ستانا** (ا - محاورہ) جی دکھانا۔ دل آزاری کرنا۔
**آتما کا کوسنا**۔ دل سے بد دُعا کا نکلنا۔
**آتما کا کلپانا** (ا - محاورہ) جی دُکھانا۔
**آتما کلپنا** (ا - محاورہ) جی دُکھنا۔
**آتما کی آنچ** (ا - مث) ماں باپ کی محبّت۔
**آتما مسوسنا** (ا - محاورہ) مامتا اور محبت کو ضبط کرنا۔
**آتما میں آگ لگی ہے** (ا - محاورہ) (۱) بہت بھوک لگی ہے (۲) محبت کی آگ بہت تیز ہے۔
**آتما میں پڑے تو پرماتما کی سُوجھے** (ا - مثل) پیٹ میں روٹی پڑتی ہے تو خدا بھی یاد آتا ہے۔
**آتو۔ آتوں** (آ - تو، آ - توں) [ت - ا - مث] اُستانی۔ لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے والی۔
**آتی پاتی** (آ - تی، پا - تی) [ہ - ا - مث] ایک کھیل جس میں بہت سے لڑکے جمع ہو کر ایک لڑکے کو چور بناتے ہیں۔ اسے کسی پیڑ کی پتی لینے بھیجتے ہیں اس کے چلے جانے پر سب لڑکے چھپ جاتے ہیں۔ پتی لے کر لوٹ آنے پر وہ لڑکا جس کو ڈھونڈ کر چھو لیتا ہے وہ چور کہلاتا ہے۔ اس لڑکے کو بھی اسی طرح پتی لینے جانا پڑتا ہے۔ یہ کھیل عام طور پر چاندنی راتوں میں کھیلا جاتا ہے۔
**آتی ہے ہاتھی کے پاؤں اور جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں** [ا - مثل] بڑی تیزی سے آتی ہے اور دھیرے دھیرے جاتی ہے۔ عموماً بیماری کے متعلق کہتے ہیں۔

## آ - ٹ

**آٹ** (ق) آکھڑ [ہ] بھر دے۔ پر کر دے۔
**آٹا** (آ - ٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) پسا ہوا غلہ (۲) خشک پسی ہوئی چیز (۳) بوسیدہ فرسودہ۔ گلا ہوا گھن لگا ہوا۔ گھسا ہوا (۴) کسی چیز کا چورن۔ برادہ۔
**آٹم آٹا کر دینا** (ا - محاورہ) بہت باریک کر دینا۔ چورا کر دینا۔ سفوف کرنا سرمہ بنا دینا۔
**آٹم آٹا ہو جانا** (ا - محاورہ) بہت باریک ہو جانا۔ پس جانا (۲) گل جانا۔ گھن لگ جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔
**آٹا دال**۔ کھانا۔ رزق۔ روزی۔
**آٹا دال اُتو بھی ہے** (ا - مثل) (۱) اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں (۲) بے جوڑ بات کہتے وقت بھی بولتے ہیں (۳) بڑی چیز سے لے کر معمولی چیز تک موجود ہے۔
**آٹا کر دینا**۔ بہت باریک پیس ڈالنا۔
**آٹا گیلا ہونا** (۱) آٹے میں پانی زیادہ پڑ جانا (۲) وقت پڑنا۔ کام بگڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔ حیران ہونا۔
**آٹا مائی ٹھونا**۔ خراب ہونا۔ ستیاناس ہونا (ق)۔
**آٹا نبڑا ہو چاہے گا** [ا - مثل] مالدار غریب ہو گیا تو مُفت خورے غائب ہو گئے۔
**آٹا نہیں تو دلیا جب بھی ہو جائے گا** (ا - مثل) تھوڑا بہت فائدہ ضرور ہوگا۔
**آٹا ہو جانا** (۱) باریک ہو جانا (۲) ٹوٹ پھوٹ جانا (۳) گھن لگ جانا۔ سڑ جانا۔
**آٹے دال کا بھاؤ بتانا** (ا - محاورہ) تنبیہ کرنا۔ خوب خبر لینا۔ دھمکانا۔
**آٹے دال کا بھاؤ کھلنا** (۱) آٹے دال کا نرخ معلوم ہونا (۲) دنیا کے نشیب و فراز معلوم ہونا۔ حقیقت معلوم ہو جانا۔
**آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا** (ا - محاورہ) قدر عافیت معلوم ہونا۔ اونچ نیچ کا پتہ چلنا۔
**آٹے دال کی فکر**۔ روزی کی فکر۔
**آٹے کا چراغ، گھر رکھوں تو چوہا کھائے، باہر رکھوں تو کوّا لے جائے** [ا - مثل] ایسی بات جس میں ہر صورت میں نقصان ہو۔
**آٹے کی آپا** (ا - مثل) بھولی بھالی عورت۔ بے وقوف عورت۔
**آٹے کی بلی** (ا - مثل) بہ ظاہر خوف ناک ہے۔ لیکن حقیقت کچھ نہیں۔
**آٹے کے ساتھ گھن پسنا** (ا - محاورہ) گناہ گار کے ساتھ بے گناہ کو سزا ملنا۔
**آٹے میں نمک** (ا - مثل) بہت تھوڑا۔ ذرا سا۔ واجبی سا۔ معمولی سا۔
**آٹم پاٹم** (آ - ٹم، پا - ٹم) [ہ] ہر جگہ۔ اُوپر نیچے۔
**آٹنا** (آٹ - نا) [ہ - مص] دبانا۔ بند کرنا۔ بھرنا۔ پُر کرنا۔
**آٹوگراف** (Autograph) (آ - ٹو - گراف) [انگ - ا - مذ] اپنے ہاتھ کی تحریر۔ خصوصی دستخط۔
**آٹومیٹک** (Automatic) (آ - ٹو - مے - ٹِک) [انگ - صف] دیکھیے خودکار۔
**آٹھ** (ہ - صف) سات اور ایک۔ چار کا دُگنا۔
**آٹھ آٹھ آنسو رونا** (ا - محاورہ) پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ بہت رونا۔
**آٹھ اٹھارہ کرنا** (ا - محاورہ) پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا۔ متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
**آٹھ بار نو تہوار** (ا - مثل) عیش پروری کے اظہار کے لیے کہتے ہیں کہ آٹھ دن میں نو میلے مناتے ہیں۔
**آٹھ پہر** (ا - روزمرہ) (۱) چوبیس گھنٹے، ایک دن رات (۲) ہر وقت۔ ہر لحظہ
**آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی** (ا - مثل) رات دن۔ چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔
**آٹھ پہر سولی ہے** (ا - مثل) ہر وقت بلا کا سامنا ہے۔
**آٹھ پہر میان سے باہر رہنا** (ا - مثل) ہر وقت لڑنے پر مستعد رہنا۔
**آٹھ جولاہے نو حقے، اس پر بھی دھکم دھکے** (ا - مثل) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے پر بھی جھگڑا۔



Marfat.com

آٹھ گاؤں کا چودھری، بارہ گاؤں کا راؤ } (ا۔ مثل) کوئی آدمی خواہ اپنے کام نہ آؤ، تو کیسی تیسی میں جاؤ } کتنا ہی بڑا اور صاحب وسائل ہو اگر کسی کے کام نہیں آتا تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

آٹھواں (آٹھ۔ واں) [ا۔ صف] (۱) ساتویں کے بعد (۲) کسی چیز کا آٹھواں حصہ (۳) حمل کا آٹھواں مہینہ۔

آٹھوں (آ۔ ٹھوں) [ہ۔ صف] (۱) ہولی کا آٹھواں دن۔ آٹھ کے آٹھ۔

آٹھوں پہر۔ چوبیس گھنٹے۔ رات دن۔ ہر وقت۔

آٹھوں کا میلا۔ ہولی کے آٹھویں دن ہندوؤں کا میلہ۔

آٹھوں گانٹھ کمیت (ا۔ مثل) (۱) وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ بہت مضبوط ہوں۔ (۲) شریر۔ چالاک۔ عیبی۔ حرامزادہ۔ عیّار۔ ہوشیار۔ مضبوط

آٹھویں (آٹھ۔ ویں) [ا۔ صف] (۱) مہینے کی آٹھویں تاریخ۔ گنتی میں سات کے بعد کا ہندسہ۔

آٹھویں ساتویں (ا۔ محاورہ) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

## آ-ث

آثار (آ۔ ثار) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) اثر کی جمع (۲) سنت رسول (۳) صحابہ کرامؓ کے اقوال و افعال (۴) نیو۔ بنیاد (۵) دیوار کی چوڑائی (۶) سیر کے معنی میں (وزن کے لیے) (۷) اطوار، طور طریقے (۸) علامات (۹) انداز۔ (۱۰) لچھن (۱۱) نقوش۔ نشان۔

آثار اچھے یا بُرے ہونا (ا۔ محاورہ) ڈھنگ اور علامتیں اچھی یا بُری ہونا۔

آثار باقی ہونا (ا۔ محاورہ) نشان رہ جانا۔

آثارِ بد (ع۔ ف۔ مذ) بُرے شگون بُری فال۔

آثار بندھ جانا (ا۔ محاورہ) علامتیں ظاہر ہونا۔ نشانیاں ظاہر ہونا۔

آثار پائے جانا (ا۔ محاورہ) علامتیں دکھائی دینا۔

آثار پڑنا (ا۔ محاورہ) نیو ڈالنا۔ بنیاد قائم کرنا۔

آثار پیدا ہونا (ا۔ محاورہ) علامت ظاہر ہونا۔

آثار چھا جانا (ا۔ محاورہ) علامات کا کثرت سے ظاہر ہونا

آثارِ حشر۔ آثارِ قیامت۔ آثارِ محشر (ع۔ ا۔ مذ) قیامت کی نشانیاں۔

آثارِ خیر (ع۔ ا۔ مذ) اچھی علامتیں نیکی کی نشانیاں۔

آثار دکھائی دینا۔ آثار نظر آنا۔ ڈھنگ کھلنا۔ لچھن ظاہر ہونا۔ علامتیں ظاہر ہونا۔

آثار ڈالنا (رکھنا) نیو رکھنا۔ کام کا آغاز کرنا۔

آثار شریف (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اولیاء اور انبیاء کے مزار، نشانیاں اور تبرکات۔

آثار صنادید (ع۔ ا۔ مذ) بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں۔ قدیم عمارتیں۔

آثار ظاہر (عیاں) ہونا (ا۔ محاورہ) آثار دکھائی دینا۔ نشان پایا جانا۔ علامت پائی جانا۔

آثار عتیقہ (قدیمہ)۔ پرانے نشانات۔ کھنڈرات۔ پرانی تاریخی عمارتیں

آثار متبرکہ (ع۔ ا۔ مذ) مقدس نشانیاں۔ بزرگوں کی یادگاریں۔

آثار نیک۔ اچھے شگون۔ نیک فال۔ اچھی علامتیں۔

آثم (ع۔ صف) عاصی۔ گناہ گار۔

## آ-ج

آج (ہ۔ صف) (۱) جو دن گزر رہا ہو۔ امروز (۲) ان دنوں۔ اس وقت (۳) عین حیات۔ موجودہ زمانہ (۴) وقت حاضر۔

آج آئے کل چلے (ا۔ مثل) جلدی جانا۔ مہمان کا کم ٹھہرنا۔

آج برس کے پھر نہ برسوں گا (ا۔ مثل) بہت زور کی بارش ہونا۔

آج تک (متعلق فعل) اب تک۔ اس وقت تک۔ آج کے دن تک۔

آج تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں (ا۔ مثل) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی اپنی بداعمالیوں کی سزا بھگت رہا ہو۔ یعنی اب تک مصیبت میں مبتلا ہے۔

آج جو کرنا ہے کر لے، کل کی کل کے ہاتھ ہے [ا۔ مثل] آج عمل خیر کر لے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہے۔

آج زبان کھلی ہے کل بند (ا۔ مثل) زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔

آج سے (متعلق فعل) اب سے۔ اس وقت سے۔

آج سے کل نزدیک ہے (ا۔ مثل) جب کوئی آنے والے زمانے کو دُور سمجھ کر کام میں سستی کرے تو کہتے ہیں کہ آنے والا وقت بہت جلد آجاتا ہے۔

آج صبح (صبح) کس کا منہ دیکھا ہے (ا۔ مثل) سارا دن پریشانیاں آنے کے موقع پر کہتے ہیں کہ صبح کس منحوس کو دیکھ لیا ہے۔

آج کا دن۔ موجودہ دن۔

آج کا کام آج ہی کرنا چاہیے (ا۔ مقولہ) کام دوسرے وقت پر ٹالنا غلط ہے۔

آج کا کام کل پر (اٹھا رکھنا) ٹالنا یا چھوڑنا۔ کام کرنے میں سستی کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ملتوی کرنا۔

آج کدھر بھول پڑے (ا۔ محاورہ) اچانک کس طرح آگئے؟

آج کدھر چاند نکلا (ا۔ محاورہ) آج کس طرح آنے کا موقع مل گیا۔

آج کرے گا کل پائے گا۔ (ا۔ مثل) کیے کا پھل ضرور ملتا ہے

آج کل (ا۔ محاورہ) (۱) ان دنوں۔ اس وقت۔ عن قریب۔ بہت جلدی (۲) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔

آج کل ان کے دَور دَورے ہیں۔ (ا۔ مثل) آج کل ان کا بڑا عروج ہے یا عزت خوب بنی ہوئی ہے۔

آجکل بارہ برس کی بٹیا بر مانگے ہے (ا۔ مثل) آج کل زمانے سے شرم وحیا اٹھ گئی ہے۔ بارہ برس کی بچی بھی خاوند چاہتی ہے۔

آج کل بتانا (ا۔ محاورہ) ٹالنا۔ بیت و لعل کرنا۔ وعدہ وعید کرنا۔

آج کل تمہارے نام کی کمان چڑھتی ہے (ا۔ مثل) ترقی کا زمانہ ہے۔ اقبال مندی کا دَور ہے۔

آج کل کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ ٹالنا۔

آج کل میں (تابع فعل) بہت جلد۔ عنقریب۔

آج کل نہ جانا (ا۔ محاورہ) مکر و فریب سے باز نہ آنا۔

آج کے بنیے کل کے سیٹھ (ا۔ مثل) زمانہ کا انقلاب جو غریب تھا وہ



Marfat.com

امیر ہو گیا۔
آج کے پیچھے آج ہی نہیں چلتے (ا۔ مثل) کام ایک دم نہیں ہوتا۔ آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔
آج کیا جانی دنیا دیکھی (ا۔ مثل) بعد مدت کسی کے آنے پر کہتے ہیں یعنی آپ کو کیا خیال آ گیا۔
آج کے دن۔ موجودہ دن۔ موجودہ زمانہ۔
آج مرے کل دوسرا دن (ا۔ مثل) زندگی بالکل ناپائدار ہے۔
آج ہمیں، کل تو (ا۔ مثل) سب کو مرنا ہے۔ موت سب کو آنی ہے۔
آج ہمیں، ہوں اور وہ ہے (ا۔ مثل) کسی سے لڑنے کے لیے غصے اور لڑائی کا ارادہ کرنا۔
آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو۔ اتفاق سے ملاقات ہوئی ہے۔
آج ہمارے لیے کل تمہارے لیے (ا۔ مثل) کسی کی خصوصیت نہیں۔ سب کے ساتھ ایک جیسا سلوک ہونا چاہیے۔
آج ہے سو کل نہیں (ا۔ مثل) روز بروز حالت خراب ہے (۲) جو آج زندہ ہے کل مُردوں میں ہوگا۔
آجر (آ۔ جر) [ع۔ ا۔ مذ] کام پر لگانے والا۔ اُجرت پر کام لینے والا۔
آجنوں (آ۔ جنوں) [ق] اب تک۔

## آ۔چ

آچا (آ۔ چا) [ت۔ ا۔ مذ] (۱) باپ۔ دادا۔ نانا۔ بزرگ (۲) پُرانا ملازم بوڑھی خادمہ۔ دائی۔ آیا۔ قدیمی ماما۔
آچار (آ۔ چار) [ف۔ ا۔ مذ] پھل یا ترکاری کا مرکب جو سرکہ تیل یا پانی میں مرچ مصالحہ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔ اچار۔
آچار بنانا۔ اچار تیار کرنا۔ اچار ڈالنا۔ کسی پھل کو زخمی کرنا۔
آچار ڈالنا (۱) اچار بنانا (۲) گلانا (۳) سڑانا (۴) پڑا رکھنا۔ بہت دن تک ڈال رکھنا۔
آچار کرنا / نکالنا (ا۔ محاورہ) بہت پیٹنا۔ گت بنانا۔
آچاریہ (س۔ مذ) استاد۔ معلم۔ گورو (۲) برہمن (۳) کسی فرقے کا بانی (۴) ایک خطاب جو لائق آدمیوں کو دیا جاتا (۵) پانڈوؤں کے استاد درون کا لقب۔
آچھیں (ا۔ صوت) چھینکنے کی آواز۔

## آ۔ح

آحاد (آ۔ حاد) [ع۔ صف] احد کی جمع۔ ایک سے نو تک گنتی۔ اکائیاں۔

## آ۔خ

آخ (ا۔ مث) کھانسنے کی آواز کھنکارنا (۲) نفرت کرنے کے لیے بولنے والا لفظ۔
آخ تھو (ا۔ مث) کھنکار کر تھوکنے کی آواز۔ کلمۂ حقارت۔ لعنت ملامت پھٹکار۔ کراہت۔
آختہ (آخ۔ تہ) [ف۔ صف] وہ جانور جس کے فوطے نکال دیئے گئے ہوں۔ خصی۔
آختہ کرنا (مص مرکب) خصیے نکالنا۔ نامرد کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
آخذ (آ۔ خذ) [ع۔ صف] لینے والا۔ پکڑنے والا۔
آخَر (ع۔ صف) اور۔ ایک اور۔ دوسرا۔
آخِر (آ۔ خر) [ع۔ صف] پیچھے۔ پچھلا۔ حد۔ انجام۔ انتہا۔ ختم۔ تمام۔ قریب ختم۔ وقت انتقال۔ موت۔ انجام کار۔ جمع اواخر۔
آخر آخر۔ آخرکار۔ انجام کار۔ سب سے پچھلا۔
آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (ا۔ مثل) سہو اور خطا انسان کی فطرت میں ہے۔
آخر اپنی اصالت پر گیا (ا۔ مثل) پنچ قوم کا آدمی مرتبہ پانے پر بھی ذلیل حرکتوں سے باز نہیں آتا۔
آخر الامر (تابع فعل) آخرکار۔ انجام کار۔
آخر الذکر (آخرُ ذ۔ ذکر) [ع۔ صف] جس کا ذکر ایک کے بعد یا دوسرے نمبر کیا جائے۔ ثانی الذکر۔
آخر بیں۔ انجام پر نظر رکھنے والا۔ عاقبت اندیش۔
آخر زمانہ (ع۔ صف) (۱) قیامت کے قریب کا زمانہ (۲) بڑھاپا۔
آخر فنا (ع۔ مقولہ) (۱) دنیا کا خاتمہ ضرور ہونا ہے (۲) موت ضرور آنی ہے۔
آخرکار (تابع فعل) انجام کار۔ نتیجہ میں۔
آخر کر دینا (ا۔ محاورہ) (۱) ختم کر دینا (۲) مار ڈالنا (۳) ادھ مُوا کر دینا۔
آخر کو۔ نتیجہ میں۔ آخر میں۔
آخر وقت (ع۔ ا۔ مذ) نزع کا وقت۔ سب سے آخر میں۔
آخر ہونا (ا۔ محاورہ) خاتمہ کے قریب پہنچنا (۲) ختم ہونا۔ پورا ہونا (۳) مر جانا۔
آخرت (آ۔ خِ۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] وہ عالم جہاں مرنے کے بعد انسان کی روح جائے گی۔ عاقبت۔ پرلوک
آخرت لگاڑنا (ا۔ محاورہ) عاقبت خراب کرنا۔ بُرے کام کرنا۔
آخرت بگڑنا۔ (ا۔ محاورہ) عاقبت خراب ہونا۔
آخرت بنانا (سنوارنا) (ا۔ محاورہ) زندگی میں نیک کام کرنا کہ عاقبت میں جزا ملے۔
آخرت بن جانا۔ مرنے کے بعد کی زندگی سنور جانا۔
آخرت کا بھلا۔ عاقبت کی خیر
آخرت کا سودا۔ (ا۔ محاورہ) عاقبت سنوارنے کے کام۔
آخرت کی خیر۔ مرنے کے بعد کی زندگی کا بھلا۔
آخرت کی کمائی (ا۔ محاورہ) نیک کام جو مرنے کے بعد فائدہ پہنچائیں۔
آخرش۔ آخرکار۔ انجام کار۔
آخری (آ۔ خِ۔ ری) [ع۔ ف۔ صف] (۱) آخر سے منسوب (۲) پچھلا۔ (۳) اخیر کا۔ بعد کا۔



Marfat.com

آخری اشاعت (ع - ف - مث) آخر مرتبہ شائع ہونا۔ مکرر۔
آخری بہار (ع - ف - مث) اخیر فصل۔ آخری موسم۔ حسن یا موسم کا آخری زمانہ
آخری پوشاک۔ کفن۔
آخری چہار شنبہ (ع - ف - ا - مذ) (۱) آخری بدھ۔ (۲) عربی کے دوسرے مہینے صفر کے آخری بدھ کو حضرت رسول مقبول ﷺ نے غسل صحت فرمایا تھا۔ اس کی رسم۔
آخری دم۔ زندگی کا آخری سانس۔ نزع کا عالم۔
آخری دَور (۱) اخیر زمانہ (۲) آخری گشت۔ جام شراب کی آخری گردش
آخری دیدار (ع - ف - مذ) وقت نزع کا دیدار۔ جنازہ اٹھتے وقت کا دیدار مُردے کا چہرہ قبر میں رکھنے کے بعد دیکھنا۔
آخری ڈگری (ع - ا - مث) وہ ڈگری جو عدالت سے آخری دفعہ دی جائے۔
آخری زمانہ (ع - ف - ا - مذ) (۱) اخیر وقت۔ بڑھاپے کے دن (۲) قرب قیامت کا زمانہ۔
آخری سواری (ع - ف - ا - مث) سواری پر آخری مرتبہ چڑھنا (۲) جنازہ سے مراد ہے۔
آخری صحبت (ع - ا - مث) آخری ملاقات۔
آخری فہمائش (ع - ف - مث) وہ نوٹس جو آخری دفعہ جاری کیا جائے۔ آخری اطلاع نامہ۔
آخری قیمت (ع - ا - مث) وہ زیادہ سے زیادہ دام جو آخر میں لگیں۔ وہ قیمت جس پر سودا طے ہو جائے۔
آخری معلومہ سکونت۔ وہ جگہ جہاں کسی کا آخری قیام معلوم ہو۔
آخری ملاقات۔ وہ ملاقات جس کے بعد ملنے کا اتفاق نہ ہو۔
آخریں (آ - خِ - ریں) [ف - صف] آخر کا۔ سب سے بعد کا۔
آخریں دم۔ آخری سانس۔ نزع کا وقت۔ سب سے اخیر وقت۔
آخور (آ - خور) [ف - ا - مث] (۱) چوپایوں کے گھاس چارے کی جگہ۔ (۲) طویلہ۔ اصطبل (۳) وہ گھاس جو مویشیوں سے بچ رہتی ہے۔ (۴) نکما۔ خراب۔ ناکارہ۔ بے کار (۵) کوڑا کرکٹ۔ ردی۔
آخور سالار۔ طویلہ کا سردار۔ مہتمم پائگاہ۔ اصطبل کا افسر
آخور سنگیں۔ بنجر مقام۔ چٹیل میدان۔
آخور کی بھرتی (ف - ا - مث) بے کام مضامین کی کثرت، نکمے اور نالائق آدمی کا جتھا۔ ناکارہ چیزوں کا ڈھیر۔
آخون۔ آخوند (آ - خون) (آ - خوند) [ف - ا - مذ] استاد۔ معلم۔ میاں جی۔
آخون زادہ۔ استاد کا بیٹا۔

## آ - د

آد [ہ - صف] (۱) اول۔ ابتداء۔ آغاز (۲) سدا۔ ہمیشہ۔
آداب (آ - داب) [اُر - مذ - ج] (۱) ادب کی جمع (۲) مرتبے کا پاس لحاظ (۳) قواعد (۴) تعظیم سے سلام کرنا (۵) تعظیمی الفاظ (۶) تہذیب اخلاق (۷) طرز سے شکریہ ادا کرنے کا انداز۔

آداب بجا لانا (ا - محاورہ) (۱) عجز و انکسار سے سلام کرنا (۲) شکریہ ادا کرنا۔ (۳) رخصت ہونا۔ قائل ہو جانے والے کو طنزاً سلام کرنا۔
آداب (شاہانہ) شاہی (ع - ف - مذ) (۱) بادشاہوں سے بات چیت کرنے اور درباری حاضری کے طریقے (۲) بادشاہوں کا سلام۔
آداب صحبت (ف - ع - ا) محفل کے انداز اور طور طریقے۔
آداب عرض کرنا (ا - محاورہ) (۱) ادب سے سلام کرنا (۲) آداب بجا لانا۔
آداب عرض ہے (ا - محاورہ) (۱) تسلیم عرض ہے (۲) مشکل کام دینے پر فخریہ اور کسی کے ناکام رہنے پر طنزاً سلام کرتے وقت کہتے ہیں۔
آداب فن (ع - ف - مذ) کسی ہنر اور اصول کے قاعدے۔
آداب کرنا (ا - محاورہ) ادب سے سلام کرنا۔
آداب محفل (ع - ف - مذ) مجلس کے قاعدے اور طریقے۔
آداب و القاب (ع - ف - مذ) خط کے آغاز میں مکتوب الیہ کے مرتبے کے موافق جو الفاظ اور فقرے لکھے جاتے ہیں۔
آداب و تسلیمات (ع - ف - مذ) نہایت عاجزی سے سلام کرنا کورنش مجرا۔
آداب ہے (ا - محاورہ) (۱) سلام عرض ہے (۲) رخصت چاہتا ہوں۔
آدرش (س - ا - مذ) آئینہ (۲) اصل نمونہ (۳) اصول (۴) سیرت (۵) معیار (۶) کسی گھرانے کے روائتی اخلاق۔
آدم (آ - دم) [ع - ا - مذ] (۱) آدمی۔ انسان (۲) حضرت آدم ؑ جو پہلے انسان تھے۔
آدم آبی۔ ایک چوپایہ جو آدمی سے مشابہ ہوتا ہے اور پانی میں رہتا ہے
آدم بے سایہ (ع - ف - لقب) (۱) کنایہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف۔
آدم ثانی (ع - ف - لقب) حضرت نوح ؑ کا لقب۔ کیونکہ طوفان نوح ؑ کے بعد دنیا آپ کے ساتھیوں اور آپ کی نسل سے آباد ہوئی۔
آدم خاکی (ع - ف - مذ) (۱) خاک کا پتلا۔ انسان۔ آدمی۔ مٹی کا بنا ہوا۔
آدم خور (ع - ف - صف) آدمی کو کھا جانے والا درندہ یا وحشی لوگ۔
آدم را گندم بہشت نہ سازد (ف - مثل) انسان کو بہشت کے گیہوں موافق نہیں۔ انسان کو اچھا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔
آدم زاد، آدمی زاد (ع - ف - مذ) آدمی کی اولاد۔ انسان۔
آدم شناس (ع - ف - صف) اچھے بُرے آدمی کا پہچاننے والا۔
آدم صحرائی (ع - ف - مذ) جنگلی آدمی۔ وحشی آدمی۔
آدم کی اولاد (ا - مذ) انسان۔ نسل آدم۔
آدم گری (ع - ف - صف) انسانیت۔ شرافت۔ آدمیت۔
آدم نہ آدم زاد (ا - مثل) ویرانہ۔ بیابان۔ وہ جگہ جہاں پر دور تک آبادی نہ ہو۔
آدمی (آ - دَ - می) [ف - ا - مذ] (۱) انسان۔ بنی آدم (۲) انسانی اخلاق والا سمجھدار۔ تمیز دار۔ (۳) ملازم۔ نوکر۔ خادم (۴) قاصد (۵) خاوند۔ آشنا۔
آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ا - مثل) سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کوئی اچھا ہوتا ہے کوئی برا۔
آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے۔ (ا - مثل) انسان اپنی غرض حاصل

Marfat.com

کرنے کے لیے اچھا بُرا سب کچھ کر گزرتا ہے۔
**آدمی اناج کا کیڑا ہے** (ا۔ مثل) آدمی کی زندگی کا مدار کھانے پر ہے۔
**آدمی بنانا** (ا۔ محاورہ) (۱) عدم سے وجود میں لانا (۲) مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔
**آدمی بننا** (ا۔ محاورہ) آدمیت سیکھنا۔ شائستہ ہونا۔ آدمی کی شکل وصورت اختیار کرنا۔ وحشت دُور کرنا (۲) حیثیت درست کرنا۔
**آدمی پانی کا بلبلا ہے** (ا۔ مثل) زندگی عارضی ہے۔ کوئی دم کی زندگی ہے۔
**آدمی پر آدمی گرتا ہے** (ا۔ محاورہ) بہت بھیڑ ہے۔ مخلوق ٹوٹی پڑتی ہے۔
**آدمی پیٹ کا کتا ہے** (ا۔ مثل) رزق کے لیے آدمی سب کچھ کرتا ہے۔
**آدمی ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے** (ا۔ مقولہ) انسان غلطی کرکے یا نقصان کرکے ہی کچھ تجربہ حاصل کرتا ہے۔
**آدمی جانے بسے، سونا جانے کسے** (ا۔ مثل) آدمی کے عیب و ہُنر ساتھ رہنے ہی سے معلوم ہوتے ہیں۔ سونے کا کسنے سے ہی پتہ چلتا ہے۔
**آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں** (ا۔ مثل) آدمی ایک جگہ نہیں رہتا۔ جگہ جگہ پھرتا رہتا ہے۔
**آدمی کا شیطان آدمی ہے** (ا۔ مثل) آدمی آدمی ہی کی صحبت سے خراب ہوتا ہے۔
**آدمی کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے** (ا۔ مثل) نقصان اُٹھانے کے بعد ہی آدمی کو عقل آتی ہے۔
**آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے** (ا۔ مثل) جو اچھے بُرے میں تمیز نہ کرسکے اُسے انسان نہیں کہنا چاہیئے۔
**آدمی کی دوا آدمی ہے** (ا۔ مثل) انسان ہی انسان کے کام آتا ہے۔
**آدمی کی قدر مرے پر ہوتی ہے** (ا۔ مثل) مرنے کے بعد ہی کسی آدمی کی کمی محسوس ہوتی ہے اور قدر ہوتی ہے۔
**آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے** (ا۔ محاورہ) معاملہ پڑنے سے ہی آدمی کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔
**آدمی کے جامے میں آنا** (ا۔ محاورہ) شریف بننا۔ اچھا طریقہ اختیار کرنا۔
**آدمی نے کچا دودھ پیا ہے** (ا۔ مثل) انسان سے ہی خطا ہوتی ہے۔
**آدمی ہو یا بے دال کے بودم** (ا۔ مثل) بالکل ہی بے وقوف ہو بودم کی دال الگ کریں تو بوم بن جاتا ہے یعنی نرے اُلّو ہو۔
**آدمی ہو یا جانور** (ا۔ مثل) بالکل تمیز نہیں۔ نرے احمق ہو۔
**آدمی ہو یا گھن چکر** (ا۔ مثل) بہت زیادہ گھومنے پھرنے والے آدمی کو کہتے ہیں۔ (۲) احمق اور بے وقوف آدمی۔
**آدمی ہونا** (ا۔ محاورہ) انسان ہونا۔ شریف ہونا (۲) معمولی شکل وصورت ہونا
**آدمیّت** (آ۔ د۔ می۔ یَت) [ف۔ ا۔ مث] (۱) اخلاق۔ مروّت۔ ملنساری سلیقہ (۲) عقل وشعور۔ سمجھ۔ انسانیت۔
**آدمیت آنا** (ا۔ محاورہ) تمیز اور سلیقہ حاصل ہونا۔ انسانی خوبیاں پیدا ہونا
**آدمیت اُٹھ جانا** (ا۔ محاورہ) اچھی عادتوں کا ختم ہوجانا۔ انسانیت جاتی رہنا۔ بدتمیز ہوجانا۔ بے عقل ہوجانا۔
**آدمیّت اختیار کرنا** (ا۔ محاورہ) اچھی عادتیں سیکھنا۔ شریف بن جانا۔
**آدمیت سکھانا** (سکھلانا) شائستہ بنانا۔ تہذیب سکھانا۔
**آدمیت سیکھنا**۔ شعور سیکھنا۔ عقل وتمیز حاصل کرنا۔
**آدمیت سے گزر جانا** (ا۔ محاورہ) انسانیت کی باتیں چھوڑ دینا۔ شرافت چھوڑ دینا۔ بدتمیزی اختیار کرنا۔
**آدمیّت کے جامے میں آنا** (ا۔ محاورہ) شریف بن جانا۔ غصہ کم ہوجانا۔
**آدمیت میں لانا** (محاورہ) شرافت سکھانا۔ انسان بنانا۔
**آدنا** (ق۔ مص) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا۔
**آدھ** [ہ۔ صف] آدھا کا مخفف۔ نصف۔ دو برابر حصوں میں ایک حصّہ
**آدھ سیر آٹا** (ا۔ محاورہ) پیٹ بھر کا آٹا۔ رزق۔ روزی۔ گزر اوقات کا ذریعہ
**آدھ سیر آٹے سے لگ جانا** (ا۔ محاورہ) روزی کمانے لگنا۔
**آدھا** (آ۔ دھا) [ہ۔ صف] کسی چیز کے دو برابر حصوں میں سے ایک نصف۔
**آدھا آپ گھر، آدھا سب گھر** (ا۔ مثل) حریص آدمی جو زیادہ حصہ خود رکھ لیتا ہو۔
**آدھا آدھا**۔ نصف۔ نصف۔ ایک چیز کے دو برابر حصے۔
**آدھا آدھا ہونا**۔ کڑھنا۔ شرمندہ ہونا
**آدھا پاؤ** (۱) نصف پاؤ (۲) تھوڑا بہت۔ قدرے۔ کچھ۔ کسی قدر۔
**آدھا تیتر، آدھا بٹیر** (ا۔ مثل) (۱) ان میل۔ بے جوڑ (۲) بدانتظامی اور بدسلیقگی۔
**آدھا رہ جانا** (ا۔ محاورہ) بہت دُبلا ہوجانا۔
**آدھا ساجھا** (ا۔ مذ) برابر کی شرکت۔
**آدھا سیسی** (ا۔ مذ) آدھے سر کا درد
**آدھا کر دینا** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت کم کر دینا۔ بہت دُبلا کر دینا (۲) شرمندہ کر دینا۔
**آدھا نام لینا** (ا۔ محاورہ) حقارت یا محبت سے اُدھورا نام لینا۔
**آدھا ہو جانا** (ا۔ محاورہ) بہت دُبلا ہوجانا۔
**آدھے پیٹ**۔ نصف خوراک۔ جتنی بھوک ہو اس کا آدھا۔
**آدھے دھڑ کا دم نکلنا** (ا۔ محاورہ) آدھے بدن کی جان نکلنا۔ بیماری کا کوئی حملہ جس میں آدھا بدن بے کار ہوجائے۔
**آدھے قاضی قدوہ، آدھے باوا آدم** (ا۔ مثل) کثیر اولاد زیادہ عیالدار
**آدھے کا ساجھی**۔ برابر کا شریک۔
**آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ** (ا۔ مثل) آدھے حصے کا شریک برابر کی حیثیت رکھتا ہے
**آدھے گاؤں دوالی، آدھے گاؤں ہولی** (ا۔ مثل) اپنی اپنی الگ رائے ہونا۔ نا اتفاقی۔
**آدھے میاں محری، آدھے میں سارا گاؤں**
**آدھے میاں موج، آدھے میں ساری فوج** (ا۔ مثل) آدھا خود لینا اور باقی آدھا گھر کے سب لوگوں کو دینا۔
**آدھار** (ق۔ ا۔ مذ) بھروسہ، سہارا۔
**آدھار ہونا** (ا۔ محاورہ) پیٹ بھرنا۔ کافی ہونا۔
**آدھوں آدھ** (آ۔ دھوں۔ آدھ) [ہ۔ صف] نصفا نصف۔ برابر کے حصے۔
**آدھی** (آ۔ دھی) [ہ۔ صف] نصف۔ آدھا کی تانیث۔



Marfat.com

آدھی بات۔ ناتمام بات۔ ادھوری بات۔
آدھی بات نہ اُٹھنا۔ ذرا سی ناگوار بات برداشت نہ ہونا۔
آدھی بات نہ پوچھنا۔ ذرا قدر نہ کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ توجہ نہ کرنا۔ بے عزت سمجھنا۔
آدھی بات نہ سُننا۔ بے توجہی برتنا۔ شان کے خلاف ذرا سی بھی بات نہ سننا۔
آدھی چھوڑ ساری کو دھائے } (ا۔ مثل) زیادہ کا لالچ کرنے سے
آدھی رہے نہ ساری پائے } تھوڑی سے بھی ہاتھ دھونے پڑتے ہیں (۲) قناعت نہ کرنے والا تباہ ہو جاتا ہے۔
آدھی دنیا آباد آدھی ویران (ا۔ مثل) ایک چشم آدمی پر پھبتی کے طور پر کہتے ہیں۔
آدھی ڈھولی (ا۔ مث) پانوں کی ایک ڈھولی جس میں دو سو پان ہوتے ہیں۔ اُن میں سے آدھے یعنی سو پان۔
آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر (ا۔ مثل) آدھی رات کا وقت۔
آدھی رات ڈھلنا۔ آدھی رات بیت جانا۔
آدھی رات جماہی آئے } (ا۔ مثل) وقت سے پہلے منصوبے سوچنے
شام ہی سے منہ پھیلائے } لگ جانا۔ پیش از مرگ واویلا۔
آدھین (ہ۔ا۔ مذ) فرماں بردار۔ مطیع۔ عاجز۔ مسکین۔
آدھی باسی (ہ۔ا۔ مذ) ہندوستان کے قدیم باشندے جنہیں ہندوؤں نے اچھوت بنا رکھا ہے۔
آدش۔ آدیش (آ۔ دیس، آ۔ دیش) [س۔ا۔ مذ] حکم ہدایت۔ ارشاد
آدینہ (آ۔ دی۔ نہ) [ف۔ا۔ مذ] جمعہ۔

## آ۔ ڈ

آڈٹ (Audit) (آ۔ ڈٹ) [انگ۔ا۔ مذ] محاسبہ کرنا۔ جانچ۔ سرکاری حساب کی تنقیح کرنا۔
آڈٹنا (آ۔ ڈٹ۔ نا) [ہ۔ مص] آموجود ہونا۔ آبیٹھنا۔ آدھمکنا۔
آڈیٹر (Auditor) (آ۔ ڈی۔ ٹر) [انگ۔ا۔ مذ] محاسب، محتسب حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا۔
آڈیٹوریم (Auditorium) [انگ۔ مذ] وہ کمرہ جہاں تقریر کی جاتی ہے۔ اور سامعین کی نشستوں کا انتظام ہوتا ہے اور سامعین تک آواز مناسب انداز میں پہنچانے کا انتظام ہوتا ہے۔

## آ۔ ذ

آذار (آ۔ ذار) [ف۔ا۔ مذ] چھٹا رومی مہینہ۔ چیت یا مارچ کا مہینہ۔
آذر (آ۔ ذر) [ف۔ا۔ مذ] (۱) شمسی سال کا نواں مہینہ پوس یا جنوری کے مطابق (۲) آگ۔
آذر پرست (ف۔ صف) آگ کی پوجا کرنے والا۔ پارسی۔ مجوسی۔
آذرفشاں (ف۔ صف) آگ بکھیرنے والا شعلہ۔ گرم
آذوقہ۔ دیکھیے آزقہ۔

## آ۔ ر

آر (ہ۔ا۔ مث) لوہے کی نوکدار کیل جو کاغذ وغیرہ میں سوراخ کرنے اور چمڑہ سینے کے کام آتی (۲) بچھو بھڑ یا زنکھی کا ڈنگ (۳) چمڑا چھیدنے کا سوا یا ستاری (۴) کلمات کے آخر میں مصدری اور کبھی فاعلیت کے معنی دیتا ہے۔ پھنکار، سُنار
آر لگانا (ا۔ محاورہ) آر چھونا۔ سُست آدمی کو اُبھارنا۔
آراء (ع۔ مث) رائے کی جمع۔ مشورے۔ خیالات۔
آرا (ف۔ لاحقہ) آراستن مصدر سے صیغہ امر۔ جو کسی اسم کے ساتھ آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ معنی سجانے والا۔ جیسے چمن آرا، جہاں آرا وغیرہ۔
آرا (آ۔ را) [اُر۔ا۔ مذ] لوہے کا ایک دندانہ دار اوزار جس سے لکڑی چیری جاتی ہے۔
آرا چلانا (۱) آرے سے چیرنا (۲) بہت ظلم کر کرنا۔ زیادتی کرنا۔
آرا چلنا۔ ظلم ہونا۔ دُکھ پہنچنا۔
آراکش۔ آرے سے لکڑی چیرنے کا پیشہ کرنے والا۔
آراکشی کرنا۔ آرا چلانا۔ آراکشی کا پیشہ کرنا۔
آرے چلانا (۱) آرے سے چیرنا (۲) ظلم کرنا۔
آرے چلنا۔ ظلم ہونا۔ دکھ پہنچنا۔
آرے سے چیرنا (۱) آرے سے ٹکڑے کرنا۔ (۲) سخت سزا دینا۔
آراستگی (آ۔ راس۔ تَ۔ گی) [ف۔ا۔ مث] زیبائش۔ سجاوٹ، تکلف، زیب و زینت۔
آراستہ (آ۔ راس۔ تہ) [ف۔ صف] (۱) سجایا ہوا۔ سنوارا ہوا۔ گہنا پہنایا ہوا۔ سنگار کیا ہوا۔ فرش فروش سے درست (۲) تیار۔ آمادہ کیل کانٹے سے لیس۔
آراستہ پیراستہ (ف۔ صف) (۱) سجا سجایا۔ ترشا ترشایا۔ بنا سنورا (۲) مسلح۔ ہتھیار بند۔ لیس۔
آراستہ پیراستہ ہونا (ا۔ محاورہ) سج سجا کر درست ہونا۔ مزین ہونا۔ مسلح ہونا۔ کمربند ہونا۔
آراستہ کرنا (ا۔ محاورہ) سجانا۔ بنانا۔ سنوارنا۔ سنگارنا۔ سنگار کرنا (۲) ترتیب دینا۔ موقع سے لگانا۔ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔
آراضی۔ دیکھیے اراضی۔
آرام (آ۔ رام) [ف۔ا۔ مذ] (۱) قرار۔ تسکین۔ ٹھہراؤ۔ اطمینان (۲) چین۔ سکھ۔ راحت۔ آسائش (۳) استراحت۔ نیند۔ سکھ نیند۔ خواب راحت (۴) صحت۔ شفا۔ تندرستی۔ تخفیف مرض۔ افاقہ (۵) فرصت۔ فراغت چھٹی وقفہ (۶) فائدہ، نفع۔ حاصل۔ منفعت۔
آرام پانا (مرکب مصدر) چین پانا۔ سُکھ پانا۔ خوش ہونا۔ راحت پانا۔ تکلیف



Marfat.com

نہ اٹھانا (۲) صحت پانا۔ تندرست ہونا۔ شفا پانا (۳) فرصت پانا۔ فراغت پانا۔
آرام پائی۔ ایک قسم کی جوتی۔
آرام پسند (ف۔ صف) سُست۔ کاہل۔
آرام تلخ ہونا (۱۔ محاورہ) عیش میں خلل پڑنا۔
آرام جاں (۱) جان راحت (۲) معشوق۔ محبوب۔ دل آرام۔
آرام چاہنا (۱۔ محاورہ) سُکھ ڈھونڈنا۔ راحت تلاش کرنا۔ چین کا طالب ہونا۔
آرام چوکی (ف۔ مث) آرام کرنے کے لیے لکڑی کا چھوٹا تخت۔
آرام چھوڑ دینا (۱۔ محاورہ) راحت سے ہاتھ اٹھانا۔
آرام دینا (۱) آرام پہنچانا۔ سُکھ دینا (۲) شفا دینا۔ چنگا کرنا۔ تندرست کرنا۔ صحت بخشنا۔
آرام رساں (ف۔ صف) چین دینے والا۔ آسائش پہنچانے والا۔
آرام روح۔ روح کے لیے باعث آرام۔ معشوق۔ اولاد۔
آرام سے پاؤں پھیلانا (۱۔ محاورہ) (۱) چین سے سونا۔ سُکھ کی نیند سونا۔ (۲) بے فکر ہونا۔ بے غم ہونا۔ بے فکری سے بسر کرنا۔
آرام سے گذرنا (۱۔ محاورہ) چین سے بسر ہونا۔ فراغت سے گزرنا۔
آرام طلب (ف۔ صف) (۱) آرام چاہنے والا (۲) کاہل۔ سُست
آرام کرسی (ف۔۱۔ مث) ایک قسم کی بڑی تکیہ دار کرسی۔
آرام کرنا (۱) ٹھہرنا۔ قرار پانا (۲) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا (۳) سستانا۔ دم لینا (۴) سونا۔ لیٹنا۔ استراحت کرنا (۵) چین کرنا۔
آرام گاہ (ف۔۱۔ مث) آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کی جگہ۔ خواب گاہ۔
آرام لینا (۱۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ سکون حاصل کرنا۔
آرام میں ہیں (۱۔ مقولہ) (۱) سوتے ہیں (۲) سُکھ کرتے ہیں
آرام ہو جانا (۱) سُکھ ہو جانا۔ چین ہونا (۲) صحت پانا۔ شفا پانا۔ تکلیف کا دُور ہونا۔
آرائش (آ۔را۔اِش) [ف۔۱۔ مث] (۱) زیبائش۔ آراستگی۔ زیب و زینت سجاوٹ۔ بناؤ سنگار (۲) درستی مکان و فرش (۳) کاغذی پھولدار ٹٹیاں۔ پھول۔ ابرق کنول جھاڑ فانوس وغیرہ۔ جو مالدار بارات کے ساتھ لے جاتے ہیں
آرائش پسند (ف۔ صف) (۱) بناؤ سنگار کا شوقین (۲) زیب و زینت کا دلدادہ۔
آرائش کرنا (۱۔ محاورہ) سجانا۔ آراستہ کرنا۔
آرائش محفل (ف۔۱۔ مث) مجلس کی سجاوٹ (۲) اُردو کی مشہور کتاب جس میں حاتم طائی کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔
آرائندہ (آ۔را۔اِن۔دَہ) [ف۔ صف] سجانے والا۔
آر پار (آر۔پار) [ہ۔ صف] یہ کنارا اور وہ کنارا۔ یہ سِرا اور وہ سِرا۔ دونوں رُخ۔
آرپن (ہ۔۱۔ مذ) صدقہ۔ بھینٹ۔ نذر۔ قربانی۔ خیرات۔
آرتھوگرافی Arthrography (آر۔تھو۔گ۔را۔فی) [انگ۔۱۔ مذ] (۱) علم حروف میں گرامر کا وہ حصہ جو الفاظ کا تلفظ بتائے (۲) عمارت کا ایستادہ نقشہ۔
آرتی (آر۔تی) [س۔۱۔ مث] پوجا کی ایک قسم جس میں دیوتاؤں کے سامنے پنج مکھیا دیا پھرایا جاتا ہے۔

آرٹ (Art) (انگ۔۱۔ مذ) (۱) ہنر۔ فن (۲) صفائی (۳) سلیقہ۔ ڈھب۔ (۴) عیاری۔ مکاری۔ حکمت عملی (۵) شاعری۔ مصوری۔
آرٹسٹ (Artist) (آر۔ٹِسٹ) [انگ۔۱۔ مذ] صناع۔ مصور۔ تصویریں بنانے والا۔ کاری گر۔ فن کار۔ نقاش۔
آرٹیکل (Article) (آر۔ٹی۔کل) [انگ۔۱۔ مذ] (۱) مضمون (۲) قانون کی دفعہ۔ (۳) شرط (۴) دفعہ عائد کرنا (۵) پابند بنانا۔
آرٹیکل آف وار (Articles of War) وہ مجموعہ قوانین جو افواج کے انتظام اور سزاؤں وغیرہ سے متعلق ہو۔ ضابطہ جنگ۔ آئین لشکری۔
آرچ بشپ (Archbishop) (آرچ۔ب۔شَپ) [انگ۔۱۔ مذ] لاٹ پادری۔ پادریوں کا اعلیٰ افسر۔
آرد (آ۔رَد) [ف۔۱۔ مذ] آٹا۔ چون۔ پسان۔
آرڈر (Order) (آر۔ڈر) [انگ۔۱۔ مذ] (۱) حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ فرمائش۔ (۲) تمغہ (۳) طرز (۴) درجہ (۵) صنف (۶) آداب۔ ضابطہ (۷) امن و امان۔ (۸) ہنڈی (۹) پاس۔ داخلہ۔
آرڈر بک Order Book حکم لکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں خریدار وہ چیزیں تحریر کر دے جو وہ مول لینا چاہتا ہے۔
آرڈر (دینا) کرنا۔ کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش کرنا۔
آرڈر لینا (۱) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش لینا۔ حکم حاصل کرنا۔
آرڈنری (Ordinary) (انگ) معمولی۔ سرسری۔ عام۔
آرڈی نینس (Ordinance) (آر۔ڈی نینس) [انگ۔۱۔ مذ] وہ ضابطہ جو حکومت فوری ضرورت کے پیش نظر وقتی طور پر ملک میں نافذ کر دیتی ہے
آرزو (آر۔زو) [ف۔۱۔ مث] (۱) خواہش۔ تمنا۔ چاہ (۲) مراد۔ مقصد۔ مطلب۔ جمع۔ آرزوہا۔
آرزو بر آنا (۱۔ محاورہ) مراد پوری ہونا۔ امید حاصل ہونا۔
آرزو ٹپکنا (۱۔ محاورہ) دلی خواہش کا نہ چھپنا۔ تمنا کے آثار نظر آنا۔
آرزو خاک میں مل جانا (۱۔ محاورہ) مایوس ہو جانا۔ ناکام ہو جانا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔
آرزو عیب نہیں (۱۔ مقولہ) کسی چیز کی خواہش کرنے میں برائی نہیں۔
آرزو کا خون ہونا (۱۔ محاورہ) خواہش کا پورا نہ ہونا۔
آرزو کرنا (۱۔ مص) خواہش کرنا۔ منت اور التجا کرنا۔
آرزو گاہ (ف۔۱۔ مث) امید پوری ہونے کی جگہ (۲) دنیا۔
آرزو گور میں لے جانا (۱۔ محاورہ) زندگی میں تمنا پوری نہ ہونا۔
آرزو مٹانا (۱۔ محاورہ) امید کے خلاف کرنا۔ شوق کو خاک میں ملانا۔
آرزو مر جانا (۱۔ محاورہ) خواہش ختم ہو جانا۔ امید مٹ جانا۔
آرزو مند۔ خواہش مند۔ شائق۔ مشتاق۔
آرزو مند ہونا (۱۔ محاورہ) خواہش مند ہونا۔ ملتجی ہونا۔
آرزو مندی (ف۔۱۔ مث) امیدواری۔ خواہش۔
آرزو نکلنا (۱۔ محاورہ) مراد پوری ہونا۔ مطلب بر آنا۔ خواہش پوری ہونا۔
آرزوئے خام۔ وہ آرزو جس کا بر آنا ممکن نہ ہو۔ خیال خام۔
آرسی (آر۔سی) [ہ۔۱۔ مث] (۱) آئینہ (۲) ایک زیور جو عورتیں ہاتھ کے



Marfat.com

انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ اس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔
**آرسی تو دیکھو** (ا۔محاورہ) اپنی اصل تو ذرا دیکھو۔
**آرسی ٹوٹ گئی** (ا۔محاورہ) بدصورت عورت جب حسن کا دعویٰ کرے تو ایسے موقع پر اسے اپنی اصلیت سمجھانے کے لیے بولتے ہیں۔ یعنی ذرا شکل تو دیکھو۔
**آرسی مصحف دکھانا** (ا۔محاورہ) عقد کے بعد دولہا اور دلہن کو آئینہ اور قرآن دکھانے کی رسم دولہا دُلہن کو ایک دوسرے کا منہ دکھانا۔
**آرکیالوجی** (Archaealogy) (آر۔کِ۔یا۔لو۔جی) [انگ۔ا۔مث] علمِ آثارِ قدیمہ۔ قدیم عمارتوں کا علم۔
**آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ** (Archaeological Department) محکمہ آثارِ قدیمہ۔
**آرکیسٹرا** (Orchestra) (آر۔کیسٹ۔را) [انگ۔ا۔مذ] سازندوں کا طائفہ۔
**آرگن** (Organ) (آر۔گن) [انگ۔ا۔مذ] (۱) ارگن باجا (۲) آلہ۔ اوزار (۳) واسطہ۔ رابطہ۔ ترجمان۔
**آرمیڈا** (Armada) (آر۔مے۔ڈا) [انگ۔ا۔مذ] جنگی جہازوں کا بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں فلپ دوم شاہ ہسپانیہ نے انگلستان پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کیا تھا۔
**آرندہ** (آ۔رنْ۔دَہ) [ف۔صف] لانے والا۔ جمع۔ آرندگان۔
**آرنبھ۔ آرمبھ** (س۔ا۔مذ) تمہید۔ دیباچہ۔ مقدمہ۔ آغاز۔ شروع۔
**آرنبھ کرنا**۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔
**آروغ** (آ۔روغ) [ف۔ا۔مث] ڈکار
**آرہنا** (آ۔رہ۔نا) [اُر۔مص] (۱) آپہنچنا۔ چلے آنا (۲) گھر پڑنا (۳) آبسنا۔ آباد ہونا۔
**آری** (آ۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) لکڑی چیرنے کا ایک اوزار
**آرے** (آ۔رے) [ف] کلمۂ ایجاب۔ بے شک۔ ہاں۔
**آرے بلے کرنا** (ا۔محاورہ) ہاں ہاں کرنا۔ ٹالنا۔ ٹالے بالے کرنا۔
**آرے چلنا** (ا۔محاورہ) جان پر بننا۔ مصیبت اٹھانا۔
**آریہ** (آر۔یہ) [س۔ا۔مث] (۱) بزرگ۔ معزز (۲) قدیم قوم جس کی نسل کے لوگ پاکستان، ہندوستان، ایران اور یورپ میں آباد ہیں (۳) کاشت کار۔ کھیتی کرنے والا۔ ڈھور چرانے والا (۴) آرین قوم کی زبان۔
**آریہ سماج** (ہ۔ا۔مث) (۱) آریہ مذہب یا آریہ لوگوں کے اعتقاد طریق پر چلنے والی ہندو جماعت (۲) پنڈت دیانند سرسوتی کی پیرو جماعت۔
**آریہ ورت**۔ آریوں کے رہنے کی جگہ۔ دریائے جمنا اور گنگا کا وسطی علاقہ

## آ۔ڑ

**آڑ** [ہ۔ا۔مث] (۱) اوٹ۔ بچاؤ۔ پناہ (۲) مددگار۔ ضامن (۳) ٹیکن۔ سہارا (۴) اٹکاؤ۔ باڑھ (۵) بندی۔ ممانعت۔ مناہی۔ روک۔
**آڑبند۔ آڑبندن**۔ ایک کپڑا جو دھوتی کی طرح پیٹ کر آگا پیچھا ڈھکنے کو باندھتے ہیں۔ ایک قسم کا لنگوٹ کا پھا۔ لنگر۔

**آڑ باندھنا** (ا۔محاورہ) اوٹ کرنا۔ پردہ ڈالنا۔
**آڑ پکڑنا** (ا۔محاورہ) اوٹ میں آنا۔ سہارا لینا۔ پناہ لینا۔ بہانا کرنا۔
**آڑ توڑنا** (ا۔محاورہ) پردہ اٹھا دینا۔ حجاب توڑنا۔
**آڑ ڈھونڈنا** (ا۔محاورہ) پناہ چاہنا۔ بچاؤ تلاش کرنا۔
**آڑ کرنا** (ا۔محاورہ) پردہ کرنا۔
**آڑ لینا** (ا۔محاورہ) پناہ لینا۔
**آڑ میں آجانا** (ا۔محاورہ) اوٹ میں آجانا۔
**آڑ میں آنا** (ا۔محاورہ) مداخلت کرنا۔ درمیان میں آنا۔ بیچ میں پڑنا۔ سدِ راہ ہونا۔ راستہ میں آنا۔
**آڑ ہونا** (ا۔محاورہ)۔ حجاب ہونا۔ اوٹ ہونا۔ پردہ ہونا۔
**آڑے آجانا۔ آنا** (ا۔محاورہ) درمیان میں آنا۔ بیچ میں پڑنا۔ حائل ہونا۔ (۲) پشت پناہ ہونا۔ کام آنا۔ حمایت لینا۔ مددگار ہونا۔
**آڑے ہاتھوں لینا** (ا۔محاورہ) لتاڑنا۔ قائل و معقول کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
**آڑا** (آ۔ڑا) [ہ۔صف] (۱) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ اُریب۔ ال (۲) ایک دھاری کپڑا۔
**آڑا اتارنا** (ا۔محاورہ) (۱) کپڑے کو ترچھا پھاڑنا (۲) زوردار پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اتارنا۔
**آڑا پاجامہ** (ا۔مذ) ایک قسم کا چوڑی دار پائجامہ۔
**آڑا ترچھا** (ا۔مذ) ٹیڑھا بانکا۔
**آڑا ترچھا ہونا** (ا۔محاورہ) (۱) ٹیڑھا بانکا ہونا (۲) ترش رو ہونا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔
**آڑا چوتالا**۔ موسیقی میں ایک تال۔
**آڑا گوڑی**۔ کشتی کا ایک پیچ۔ حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کر اس کا پاؤں زمین سے اکھاڑ دینا۔ ٹنگڑی مار کر گرا دینا۔
**آڑا ہونا** (۱) ٹیڑھا ہونا۔ ترچھا ہونا (۲) پیٹھا پھیرنا۔ چوتڑ موڑنا۔ اوندھا ہونا۔ چوتڑ سامنے کرنا۔
**آڑو** (آ۔ڑو) [ہ۔ا۔مذ] ایک مشہور پھل۔ شفتالو۔
**آڑھت** (آ۔ڑھت) [ہ۔ا۔مث] (۱) دکان یا کوٹھی جہاں سوداگروں کا مال کمیشن لے کر بیچا جاتا ہے (۲) دلالی۔ دستوری۔ ایجنسی۔ کمیشن۔ دلالی پر فروخت۔
**آڑھتی۔ آڑھتیا** (آڑھ۔تی) (آڑھ۔ت۔یا) [ہ۔ا۔مذ] آڑھت کی دکان رکھنے والا۔ کمیشن پر لوگوں اور بیوپاریوں کا مال بیچنے والا۔ تھوک فروش۔
**آڑی** (آ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) حمایتی۔ مددگار (۲) ٹیڑھی۔ کج۔ ترچھی۔ (۲) جب لڑکے دو جماعتیں بن کر کھیلتے ہیں تو ہر جماعت کا ایک سردار ہوتا ہے۔ باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں۔
**آڑی بیل** (ہ۔ا۔مث) ترچھی بیل جو عورتیں اپنے کپڑوں میں لگاتی یا کاڑھتی ہیں۔
**آڑی ترچھی سنانا** (ا۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔
**آڑی ترچھی سننا** (ا۔محاورہ) بُرا بھلا سننا۔



Marfat.com

**آڑی کرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) زرکوبی کی اصطلاح میں طولاً ورق کوٹ کر عرضاً کوٹنا (۲) کھیل میں دوست بتانا۔
**آڑی گوٹ**۔ ترچھی تراش کی گوٹ۔
**آڑی ہیکل** (ا۔ مث) ایک زیور کا نام جو گلے میں بدھی کی طرح پہنا جاتا ہے۔

# آ۔ز

**آز** (ف۔ ا۔ مث) حرص۔ طمع۔ لالچ۔
**آزاد** (آ۔ زاد) [ف۔ صف] (۱) بری۔ رُستگار (۲) خود مختار۔ فارغ (۳) بےغم بے قید۔ جو کسی کا پابند نہ ہو۔ غلام کی ضد۔ جمع: آزادگان (۴) سَرو کی ایک قسم۔ سروِ آزاد (۵) مولانا محمد حسین مصنف آبحیات اور مولانا ابوالکلام کا تخلص۔
**آزاد رَو۔ آزادہ رَو** (۱) آزاد طبیعت والا (۲) وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔ خود مختار۔ بے تعصب (۳) فقیر (۴) نڈر۔ بے خوف۔
**آزاد طبع** (۱) وہ شخص جس کی طبیعت میں آزادی ہو۔ (۲) بے خوف طبیعت رکھنے والا۔ صاف گو۔
**آزاد کا سونٹا** (ا۔ مذ) آزاد فقیر کا ڈنڈا (۲) منہ پھٹ۔ اکھڑ۔ بے باک۔
**آزاد کا قشقہ** (ا۔ مذ) ماتھے پر آزاد فقیر ہونے کی نشانی۔ آزاد فقیر ماتھے پر الف بنا لیتے ہیں۔
**آزاد کرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) رہا کرنا۔ چھٹکارا دینا۔ خلاصی دینا (۲) نوکری سے جواب دینا۔ موقوف کرنا۔ رخصت کرنا۔ نکال دینا۔
**آزاد لوگ** (ا۔ مذ) آزاد فقیروں کا گروہ (۲) کسی قید کی پابندی نہ کرنے والے۔
**آزاد مرد** (ف۔ ا۔ مذ) نڈر۔ بے خوف۔ کھرا اور صاف گو آدمی۔
**آزاد منش** (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔ وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے۔ صاف گو۔
**آزاد نامہ** (ف۔ مذ) وہ نوشتہ یا دستاویز جو غلام کی آزادی کے لیے لکھی جائے۔
**آزاد ہونا** (ا۔ محاورہ) (۱) چھوٹنا۔ رہا ہونا۔ بری ہونا (۲) خود مختار ہونا (۳) بے پروا ہونا بے شرم ہونا۔ بے ادب ہونا۔
**آزادانہ** (آ۔ زا۔ دا۔ نہ) [ف۔ صف] (۱) آزاد کی طرح (۲) آزادی کے ساتھ۔ کسی روک ٹوک کے بغیر۔ بے باکانہ۔
**آزادانہ رائے**۔ وہ رائے جس میں کسی کی طرف داری یا دباؤ نہ ہو۔ بے تعصب رائے۔
**آزادانہ وضع** (۱) آزاد فقیروں کا طور طریق (۲) اوباشوں کی وضع۔
**آزادگی** (آ۔ زاد۔ گی) [ف۔ ا۔ مث) آزادی۔ رہائی۔
**آزادہ** (آ۔ زا۔ دہ) [ف۔ صف] آزاد۔ قید سے چھوٹا ہوا۔
**آزادہ مزاجی**۔ طبیعت کی سادگی۔ بے تکلفی۔ بے پروائی۔
**آزادی** (آ۔ زا۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) رہائی۔ چھٹکارا (۲) خود مختاری باختیاری۔ بے پروائی۔
**آزادی کا (خط) کاغذ** (ا۔ مذ) رہائی کا پروانہ۔
**آزار** (آ۔ زار) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بیماری۔ دکھ۔ مرض (۲) تکلیف۔ سختی بپتا۔ جنجال۔ بکھیڑا۔
**آزار اُٹھانا** (ا۔ محاورہ) صدمہ برداشت کرنا۔ درد دکھ جھیلنا۔
**آزار پہنچانا** (ا۔ محاورہ) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ ستانا۔
**آزار پہنچنا** (ا۔ محاورہ) تکلیف پہنچنا۔ ستایا جانا۔
**آزار پھیلنا** (ا۔ محاورہ) کسی بیماری کا بڑھنا۔
**آزار پیدا ہونا** (ا۔ محاورہ) روگ لگنا۔
**آزار دینا** (ا۔ محاورہ) دکھ دینا۔ تکلیف دینا۔
**آزار لگنا** (ا۔ محاورہ) بیماری لگنا۔ عذاب لگنا۔ جنجال لگنا۔
**آزر** (آ۔ زر) [ع۔ ا۔ مذ] حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام جو بت پرست اور بُت تراش تھے۔
**آزُردگی** (آ۔ زُر۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) خفگی۔ ناخوشی۔ ناراضگی (۲) بگاڑ۔ رنجش۔ ملال (۳) اُداسی۔ غمگینی۔
**آزُردہ** (آ۔ زُر۔ دہ) [ف۔ صف] (۱) ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ رنجیدہ جمع: آزردگان۔
**آزردہ خاطر** (ف۔ ا۔ مذ) آزردہ دل۔ اُداس۔ غمگین۔ خفا۔ رنجیدہ۔
**آزردہ کرنا** (ا۔ محاورہ) رنجیدہ کرنا۔ خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔ دل دُکھانا۔
**آزردہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناخوش ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ خفا ہونا (۲) مایوس ہونا۔
**آزرم** (آ۔ زرم) [ف۔ ا۔ مث] شرم و حیا۔ نرمی۔
**آزقہ۔ آزوقہ** (آ۔ ز۔ قہ) (آ۔ زو۔ قہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تھوڑی سی غذا (۲) کم تنخواہ (۳) پرند کا چوگا۔
**آزما** (آز۔ ما) [ف۔ صف] امتحان لینے والا۔ تجربہ کرنے والا۔ جمع۔ آزمایاں۔
**آزما لینا** (ا۔ محاورہ) جانچ لینا۔ امتحان کر لینا۔ خوب دیکھ بھال لینا۔
**آزمانا** (آز۔ ما۔ نا) [اُر۔ مص] جانچنا۔ امتحان کرنا۔ پرکھنا۔
**آزمائش** (آز۔ ما۔ اِش) [ف۔ ا۔ مث] جانچ پڑتال۔ امتحان۔ تجربہ۔
**آزمائش کرنا**۔ آزمانا۔ پرکھنا۔ جانچنا۔
**آزمائشی** (آز۔ ما۔ اشی) [ف۔ صف] امتحانی۔
**آزمودہ** (آز۔ مُو۔ دہ) [ف۔ صف] (۱) مجرّب۔ دیکھا بھالا۔ جانچا ہوا۔ آزمایا ہوا۔ تجربہ کیا ہوا۔ امتحان کیا ہوا۔ پرکھا ہوا (۲) عندیہ۔ منشا۔
**آزمودہ را آزمودن جہل است** (ف۔ مثل) آزمائے ہوئے کو آزمانا غلطی ہے۔
**آزمودہ کار** (ف۔ صف) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ ہنرمند۔ پختہ کار۔ خرانٹ (۳) عقلمند۔ چالاک۔ مستعد۔
**آزمودہ لینا** (۱) عندیہ یا منشا دریافت کرنا۔ ٹوہ لینا۔ بھید لینا (۲) امتحان لینا۔ جانچنا۔
**آزو بازو** (ق) آس پاس۔ اِدھر اُدھر۔



Marfat.com

# آ-س

آس [ہ-ا-مث] (۱) آشا۔ اُمید (۲) خواہش۔ آرزو۔ آسرا۔ بھروسہ۔ سہارا۔

آس اولاد (ہ-ا-مث) بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔

آس اولاد والی۔ صاحب اولاد عورت۔

آس باندھنا (ا-محاورہ) اُمید کرنا۔ آسرا لگانا۔

آس بندھنا (ا-محاورہ) اُمید بندھنا۔ توقع ہونا۔

آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مرجائے۔ (ا-مثل) پرائے بھروسہ پر زندہ رہنے سے مرجانا بہتر ہے۔

آس بی بی کی ٹکیاں۔ وہ میٹھی ٹکیاں جن پر حضرت عائشہؓ کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔

آس پھلنا (ا-محاورہ) امید بر آنا۔ مراد حاصل ہونا۔

آس پوری ہونا (ا-محاورہ) امید پوری ہوجانا۔ کام بن جانا۔

آس تجنا (ا-محاورہ) اُمید چھوڑ دینا۔ آرزو سے ہاتھ دھولینا۔

آس تکنا (ا-محاورہ) (۱) انتظار کرنا۔ امیدوار ہونا (۲) راہ دیکھنا۔

آس توڑنا (ا-محاورہ) ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔

آس ٹوٹنا (ا-محاورہ) ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔

آس چھوٹنا (ا-محاورہ) ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔

آس چھوڑنا (ا-محاورہ) مایوس ہونا۔ امید سے ہاتھ اُٹھانا۔ ہاتھ دھو بیٹھنا۔

آس دینا (ا-محاورہ) امید بندھوانا۔ ڈھارس بندھوانا۔

آس (رکھنا) کرنا (ا-محاورہ) بھروسہ رکھنا۔ امید رکھنا۔

آس لگانا (ا-محاورہ) اُمید باندھنا۔

آس مراد (ا-مث) (۱) آل اولاد (۲) دھن دولت۔

آس مراد والی (ا-مث) (۱) آل اولاد والی (۲) دھن دولت والی (۳) صاحبِ نصیب عورت۔

آس ہونا (ا-محاورہ) (۱) امید ہونا۔ بھروسہ ہونا۔ اطمینان ہونا (۲) حمل ہونا۔

آسا (آ-سا) [ہ-ا-مث] (۱) امید۔ بھروسہ۔ (۲) امیدوار۔

آسا جیے نراسا مرے (ا-مثل) انسان امید کے سہارے جیتا ہے اور مایوسی سے مرجاتا ہے۔

آسا (آ-سا) [ف] مانند۔ مثل۔

آسا (ہ-مذ) ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آسان (آ-سان) [ف-صف] سہل۔ سہج۔

آسان (کردینا) کرنا (ا-محاورہ) سہل کردینا۔ مشکل دور کردینا۔

آسان ہونا۔ سہل ہونا۔ سہج ہونا۔ مشکل رفع ہونا۔

آسانی (آ-سا-نی) [ف-ا-مث] (۱) سہولت۔ سہج پن۔ بلا وقت۔ (۲) آرام۔ آسائش۔ راحت۔ جمع۔ آسانیاں۔

آسائش (آ-سا-اِش) [ف-ا-مث] راحت۔ آرام۔ سکھ۔ چین۔ جمع ا۔ آسائشیں۔

آس پاس (آس-پاس) [ہ] (۱) اردگرد۔ قرب وجوار۔ پاس پڑوس گردوپیش۔ اغل بغل۔

آس پاس برسے، دلی پڑی ترسے (ا-مثل) اغیار فائدہ اٹھائیں اور حقدار محروم رہیں۔

آس پاس پھرنا۔ چوگرد پھرنا۔ طواف کرنا۔ صدقہ ہونا۔

آس پاس ہونا۔ اردگرد ہونا۔ نزدیک ہونا۔

آستا (ق-ا-مذ) آسرا۔

آستان۔ آستانہ (آس-تان، آس-تا-نہ) [ف-ا-مذ] (۱) چوکھٹ ڈیوڑھی۔ دروازہ (۲) بزرگوں کے مزار۔ روضہ کا دروازہ۔

آستان بوس (۱) چوکھٹ چومنے والا (۲) معتقد۔ عقیدتمند۔ خادم۔

آستاں بوسی (۱) چوکھٹ چومنا (۲) غلامی۔ خدمت گاری (۳) کسی بزرگ سے نیاز حاصل کرنا۔

آستائی (آس-تا-ای) [ہ-ا-مث] (۱) کسی گیت کا ابتدائی ٹکڑا۔ (۲) خیال کو بھی استائی کہتے ہیں۔

آستین (آس-تین) [ف-ا-مث] شیروانی کوٹ۔ کُرتے یا قمیص وغیرہ کی بانہہ۔

آستین چڑھانا (ا-محاورہ) آستین اوپر کھینچنا (۲) کام کے لیے مستعد ہونا۔ (۳) لڑنے مرنے کو تیار ہونا (۴) ذبح کرنے پر آمادہ ہونا۔

آستین کا سانپ (ا-مذ) چھپا ہُوا دُشمن۔ دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔

آستین میں سانپ پالنا (امثل) دشمن کی پرورش کرنا۔ اپنے بدخواہ کو اپنے پاس رکھنا۔

آسرا (آس-را) [ہ-ا-مذ] (۱) سہارا۔ بھروسہ۔ آس۔ اُمید (۲) وسیلہ۔ توقع۔

آسرا پکڑنا (ا-محاورہ) سہارا لینا۔ بھروسہ کرنا۔ اُمید کرنا۔

آسرا تکنا (ا-محاورہ) (۱) سہارا ڈھونڈنا۔ پناہ چاہنا

آسرا ٹوٹنا (ا-محاورہ) امید ختم ہونا۔ سہارا نہ رہنا۔

آسرا دینا (ا-محاورہ) سہارا دینا۔ اُمید دلانا۔

آسرا ڈھونڈنا (ا-محاورہ) سہارا تلاش کرنا۔

آسرا کرنا (ا-محاورہ) اُمید کرنا۔ توقع کرنا۔

آسرا لگانا (ا-محاورہ) اُمید باندھنا۔

آسرا لینا (ا-محاورہ) پناہ لینا۔ حمایت چاہنا۔ مدد ڈھونڈنا۔

آسرا ہونا (ا-محاورہ) اُمید ہونا۔ بھروسہ ہونا۔ سہارا ہونا۔

آسمان (آس-مان) [ف-ا-مذ] چکی کی مانند (۲) فلک۔ چرخ۔ گردوں۔ آکاش۔ پرانے زمانے میں زمین کو ساکن اور آسمان کو متحرک مانتے تھے۔ اس لیے آسمان نام ہوگیا۔ جیسے چکی کے اوپر کا پاٹ گھومتا ہے۔ نیچے کا ساکن ہوتا ہے۔

آسمان پر اُڑنا (ا-محاورہ) (۱) اترانا۔ غرور کرنا۔ شیخی مارنا (۲) بلند پروازی کرنا۔

آسمان پر تھوکنا (ا-محاورہ) ایسی حرکت کرنا جس سے اپنی ہی ذلت ظاہر ہو۔ بے ہودہ اور بے فائدہ کام کرنا۔ (۲) بڑوں کا منہ چڑانا۔



Marfat.com

**آسمان پر چڑھا کے اُتارنا** (ا۔ مثل) عزت بڑھا کے گھٹانا۔
**آسمان پر چڑھانا** (ا۔ محاورہ) سر بلند کرنا۔ مرتبہ بخشنا (۲) حد سے زیادہ تعریف و توصیف کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
**آسمان پر دماغ کھینچنا** (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اپنے کو بہت بڑا سمجھنا۔
**آسمان پر قدم رکھنا** (ا۔ محاورہ) دُور کی لینا۔ شیخی مارنا (۲) غرور کرنا۔
**آسمان پر ہونا** (ا۔ محاورہ) بلند مرتبہ ہونا (۲) خود پسند ہونا۔ مغرور ہونا۔
**آسمان پھٹ پڑنا** (ا۔ محاورہ) قہر الٰہی نازل ہونا۔ سخت مصیبت پڑنا۔
**آسمان تھر آنا** (ا۔ محاورہ) شدید ظلم ہونا (۲) واقعہ عظیم ہونا۔
**آسمان ٹل جانا** (ا۔ محاورہ) (۱) آسمان کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ مراد امر محال ہے (۲) ناممکن انقلاب ہوجانا۔
**آسمان ٹوٹ پڑنا** (**ٹوٹنا**) (ا۔ محاورہ) (۱) آسمان گر پڑنا (۲) سخت آفت آنا۔ سخت مصیبت پڑنا۔ غضب الٰہی نازل ہونا۔
**آسمان جاہ** (ف۔ صف) (۱) آسمان کی طرح بلندی والا۔ آسمان کی اونچائی والا۔ (۲) بہت عزت والا۔ بڑے رتبے والا۔
**آسمان جھانکنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آسمان دیکھنا (۲) اُڑنے کا ارادہ کرنا (۳) مرغ کا مستی میں تیار ہونا۔
**آسمان دیکھنا** (ا۔ محاورہ) (۱) ناامیدی کے عالم میں نظر بجدا ہونا۔ مجبوری کی حالت میں آسمان کی طرف نظر اُٹھانا (۲) متلی کی حالت میں عورتیں اوپر دیکھنے کو کہتی ہیں تاکہ طبیعت دوسری طرف متوجہ ہوجائے۔
**آسمان زمین ایک** (**کر دینا**) **کر ڈالنا** (ا۔ مثل) (۱) ہل چل ڈال دینا۔ ہلڑ مچا دینا (۲) بے حد کوشش کرنا۔ بہت دوڑ دھوپ کرنا۔
**آسمان زمین ایک ہونا** (ا۔ محاورہ) بڑا تغیر ہونا۔ زمانہ الٹ پلٹ ہوجانا۔ سخت مصیبت پڑنا
**آسمان زمین کا فرق** (ا۔ محاورہ) بہت بڑا فرق۔
**آسمان زمین کے قلابے ملانا** (ا۔ محاورہ) (۱) انتہا درجے کی کوشش کرنا۔ (۲) بہت جھوٹ بولنا۔ گپ مارنا۔
**آسمان زمین شق کیوں نہیں ہوجاتے** (ا۔ روزمرہ) قیامت کیوں نہیں آجاتی۔ جب کوئی بُرا کام کرے تو اس وقت کہتے ہیں۔
**آسمان زمین میں دھوم پڑنا** (ا۔ محاورہ) عام شہرت ہونا۔ دنیا بھر میں مشہور ہونا۔
**زمین آسمان میں سناٹا چھا جانا۔ ہوجانا۔** (ا۔ محاورہ) ہر طرف خاموشی چھا جانا۔ ہمہ تن گوش ہوجانا۔
**آسمان زمین ہلا دینا** (ا۔ محاورہ) ہل چل ڈال دینا۔ طوفان برپا کردینا۔
**آسمان سر پر اُٹھانا** (ا۔ محاورہ) بہت غل مچانا۔ شور شر کرنا۔ ادھم مچانا۔
**آسمان سے آگ برسنا** (ا۔ محاورہ) سخت گرمی پڑنا۔
**آسمان سے اُترنا** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا نہایت عمدہ ہونا (۲) کوئی نیا مضمون ذہن میں آنا۔
**آسمان سے باتیں کرنا** (۱) نہایت بلند ہونا۔ (۲) بہت مغرور ہونا۔
**آسمان سے ٹکر کھانا** - (۱) بہت اونچا ہونا۔
**آسمان سے ٹکر لینا** (ا۔ محاورہ) زبردست کا مقابلہ کرنا۔ بہت بلند ہونا۔

**آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا** (ا۔ مثل) (۱) اونچی سرکار سے کام نکل گیا۔ مگر معمولی اہل کار کی مخالفت سے رک گیا۔ (۲) ایک مصیبت سے چھوٹا دوسری میں جا پھنسا۔
**آسمان سے گرنا** (ا۔ محاورہ) آسمان سے نیچے آنا (۲) اونچے مرتبے سے گرنا۔ (۳) مفت ہاتھ آنا۔ بے وقعت ہونا۔
**آسمان قدر** (ف۔ صف) نہایت بلند مرتبہ۔ عالی جاہ۔ عالی پایہ۔ عالی شان۔
**آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے** (ا۔ مثل) کسی نیک آدمی پر بدی لگانے سے اپنے ہی اوپر بدنامی آتی ہے۔
**آسمان کا رکھا نہ زمین کا** (ا۔ مثل) غارت کر دیا۔ برباد کر دیا۔ کہیں کا نہ رکھا۔
**آسمان کا رنگ بدلنا** (ا۔ محاورہ) انقلاب آنا۔ حالات تبدیل ہونا۔
**آسمان کھونچا** (۱) اونچی چیز (مزاحاً) لمبا آدمی (۲) ایک طرح کا حقہ جس کی نے کوٹھے تک پہنچتی ہے۔
**آسمان کھا گیا یا زمین** (**نگل گئی**) (ا۔ مثل) خدا جانے کہاں غائب ہوگئی بہت تلاش کیے بعد چیز کے نہ ملنے پر کہا جاتا ہے۔
**آسمان کی باتیں** (ا۔ مث) سمجھ میں نہ آنے والی باتیں۔
**آسمان کی چیل زمین کی اصیل** (ا۔ مثل) بہت چالاک عورت۔ جو ایک جگہ نہ ٹکے اور دوڑ دوڑ کر کام کرے۔
**آسمان کی خبر لانا** (ا۔ محاورہ) بہت اونچا ہونا۔ بہت بلند پروازی کرنا۔
**آسمان کی سوجھنا** (ا۔ محاورہ) دُور کی سوجھنا۔
**آسمان کی سیر کرنا** (ا۔ محاورہ) خیالات کا دور پہنچنا۔ عموماً اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص نشے کی حالت میں ہو۔
**آسمان کے تارے توڑنا** (ا۔ محاورہ) (۱) ناممکن اور دشوار کام کرنا۔ نہایت سخت اور مشکل بات میں کامیاب ہونا۔
**آسمان میں تھگلی لگانا** (ا۔ محاورہ) آسمان میں پیوند لگانا جہاں کوئی نہ پہنچے وہاں پہنچنا (۲) عیاری کرنا چالاکی کرنا۔
**آسمان میں چھید کرنا** (ا۔ محاورہ) نہایت عیاری اور چالاکی کرنا۔
**آسمان میں چھید ہوجانا** (ا۔ محاورہ) لگاتار مینہ برسنا۔ دھواں دھار مینہ برسنا۔ بھادوں مینہ پڑنا۔ موسلا دھار بارش ہونا۔
**آسمان پھٹ پڑے** (ا۔ محاورہ) قیامت نہ آجائے۔ عذاب نازل نہ ہوجائے بہت ظلم اور گناہ ہونے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
**آسمان و زمین سیاہ ہوجانا** (ا۔ محاورہ) حد سے زیادہ پریشانی اور غم ہونا۔
**آسمان و زمین کے پردے میں نہیں** (ا۔ مثل) نایاب ہے۔ عنقا ہے۔ کہیں پتہ نشان نہیں ہے۔
**آسمان ہلا دینا** (ا۔ محاورہ) آہ و زاری کا اثر ہونا۔ بہت زور سے چیخنا چلانا
**آسمانی** (آس۔ ما۔ نی) [ف۔ صف] (۱) آسمان کا۔ آسمان کی طرف منسوب (۲) مثل آسمان نیلگوں۔ آبی۔ نیلا۔ ہلکا نیلا (۳) اوپری۔ بالائی (۴) ناگہانی۔ اچانک۔ اتفاقیہ (۵) [مث] بھنگ۔ شراب۔ تاڑی۔ (۶) بلندی [ق]
**آسمانی آفت** (ع۔ ا۔ صف) آسمانی بلا۔ ناگہانی بلا۔ قہر خدا۔ وہ مصیبت جو خدا کی طرف سے ہو۔



Marfat.com

**آسمانی پلانا۔** بھنگ یا تاڑی پلانا۔ نشہ پلانا۔
**آسمانی تیر** (۱) ہوائی تیر۔ وہ تیر جو آسمان کی طرف چھوڑتے ہیں (۲) بے فائدہ اور بے ہودہ کام۔ وہ کام جس کا نتیجہ کچھ اچھا نہ ہو۔
**آسمانی دھکا۔** غیبی صدمہ۔ بلائے ناگہانی۔
**آسمانی رنگ۔** آسمان کے رنگ کا۔ نیلا رنگ۔ آبی رنگ۔ ہلکا نیلا رنگ۔
**آسمانی کتاب۔** کتاب الٰہی۔ وہ کتاب جو خدا تعالےٰ کی طرف سے پیغمبروں پر نازل ہوئی ہو۔ مراد توریت۔ زبور۔ انجیل اور قرآن۔
**آسمانی گولا** (۱) وہ صدمہ جس کا وقت معلوم نہ ہو۔ قہر الٰہی (۲) برف، اولے وغیرہ جن سے اچانک صدمہ پہنچے۔
**آسن** (آ۔ سَن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بیٹھک (۲) بیٹھنے کی حالت (۳) ران کے نیچے کا حصہ (۴) ران جانگھ (۵) ڈھیر یا اُون کی بنی ہوئی چیز مثل کمبل یا بستر جس پر ہندو لوگ پوجا پاٹ کرتے وقت بیٹھتے ہیں۔ جیسے بیٹھنا۔ گدی۔ مسند (۶) جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ۔ جوگیوں کی چوراسی بیٹھکیں (۷) سمادھ اور وہ جگہ جہاں جوگی رہتے ہیں اور جوگ مارتے ہیں (۸) مباشرت کرنے کا طریقہ۔ جماع کی بیٹھک۔ وہ چھتیس طریقے جو کوک شاستر میں لکھے ہیں (۹) سوار کے بیٹھنے کا طریقہ۔ گھوڑے پر جمنے کا ڈھنگ (۱۰) ہاتھی کی وہ جگہ جہاں مہاوت بیٹھتا ہے۔
**آسن اکھڑنا** (ا۔ محاورہ) سوار کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ گھوڑے پر جما نہ رہنا ران نہ جمنا۔
**آسن باندھنا** (ا۔ محاورہ) رانوں میں جکڑنا۔ رانوں میں کسنا۔ دونوں زانوؤں کے بیچ میں دبا لینا۔ زانوؤں میں بھینچنا۔ آسن لینا۔
**آسن پائی** (ا۔ مث) بیٹھنے کا بچھونا۔ جو بان اور گھاس کا بنا ہوتا ہے۔
**آسن پاٹی ٹلے کر پڑنا** (ا۔ محاورہ) روٹھ کر پڑ جانا۔ کھٹوائی کھٹوائی لے کر پڑ جانا۔
**آسن تلے آنا** (ا۔ محاورہ) (۱) ران تلے آنا۔ سواری کے تلے آنا۔ سواری دینا (۲) جسم کا بوجھ اٹھانا (۳) اطاعت میں آنا۔ تابع ہونا۔ فرمانبرداری کرنا بس میں آنا۔ قابو میں آنا۔
**آسن جلنا** (ا۔ محاورہ) ایک طرح بیٹھے بیٹھے ران یا زانو میں گرمی پیدا ہو جانا۔
**آسن جمانا** (ا۔ محاورہ) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ قیام کرنا۔ رہنے لگنا (۳) قابو کرنا۔ قبضے میں لانا (۴) دیر تک ہم بستر رہنا۔
**آسن جمنا** (ا۔ محاورہ) ران جمنا۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔
**آسن جوڑنا۔ آسن سے آسن جوڑنا** (ا۔ محاورہ) رانوں کے بل بیٹھنا۔ ران سے ران ملا کر بیٹھنا۔
**آسن ڈگانا** (ا۔ محاورہ) (۱) عبادت کی بیٹھک سے اٹھا دینا (۲) تپسیا سے دل اچاٹ کر دینا۔ نیت میں فرق ڈالنا۔
**آسن لگانا** (۱) جوگیوں کا اڈہ کر بیٹھنا (۲) بستر اجمانا۔ بسرام کرنا۔ رات گزارنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔
**آسن لینا** (ا۔ محاورہ) ٹانگیں اٹھانا۔ جماع کرنے پر مستعد ہونا۔ رانوں میں دبانا۔
**آسن (مارنا) مار کر بیٹھنا** (ا۔ محاورہ) جوگیوں کا عبادت کے واسطے بیٹھنا کسی جگہ جم کر بیٹھنا (۲) ایک ہی بیٹھک سے بیٹھنا (۳) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا چار زانو بیٹھنا (۴) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔
**آسنی** (آس۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] گھاس کی بنی ہوئی چھوٹی چٹائی (۲) ریشمی یا اونی کپڑا جس پر بیٹھ کر عبادت کی جاتی ہے (۳) فقیروں کے بیٹھنے کا بستر۔
**آسودگانِ خاک** (آ۔ سُو۔ دَ۔ گا۔ نِ۔ خاک) [ف۔ ا۔ مذ] خاک میں آرام کرنے والے۔ اہل قبور۔ مرحومین۔
**آسودگی** (آ۔ سُو۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) امن و امان چین۔ آرام۔ راحت (۲) دولت مندی۔ مرفہ الحالی۔ فارغ البالی۔
**آسودہ** (آ۔ سُو۔ دَہ) [ف۔ صف] (۱) آرام کرنے والا (۲) مطمئن (۳) خوشحال۔ دولت مند (۴) مدفون۔ مرحوم۔ جمع۔ آسودگان۔
**آسودہ حال** (ف۔ صف) خوش حال۔ مالدار۔ امیر۔
**آسودہ خاطر۔ آسودہ حال** (ف۔ صف) فارغ البال۔ بے فکر۔ بے غم۔
**آسودہ ہو جانا** (ا۔ محاورہ) پیٹ بھر جانا۔ سیر ہو جانا۔
**آسودہ ہونا۔** دولت مند ہونا۔ فارغ البال ہونا۔
**آسیا** (آ۔ سِی۔ یا) [ف۔ ا۔ مث] چکی۔ آٹا پیسنے کی کل۔
**آسیاب** (ف۔ ا۔ مث) پانی سے چلنے والی چکی۔ پن چکی۔
**آسیائے باد** (ف۔ مث) ہوا سے چلنے والی چکی۔ پون چکی۔
**آسیانہ** ( ا۔ مذ) وہ پتھر جس پر ہتھیار کی دھار تیز کی جاتی ہے۔ فسان۔ سان۔
**آسیب** (آ۔ سیب) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) صدمہ (۲) نقصان (۳) خوف (۴) دکھ۔ آزار۔ تکلیف۔ الم۔ مصیبت (۵) جن۔ پری۔ دیو۔ پریت سایا۔
**آسیب آنا** (ا۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچنا۔ آفت آنا۔ ضرر پہنچنا۔ چوٹ لگنا۔ (۲) جن، بھوت کا ستانا۔
**آسیب اتارنا** (ا۔ محاورہ) جن اتارنا۔ بھوت بھگانا۔ منتر یا عمل کے زور سے جن کو دفع کرنا۔
**آسیب پہنچانا** (ا۔ محاورہ) صدمہ دینا۔ نقصان پہنچانا۔ دکھ یا تکلیف دینا۔
**آسیب پہنچنا۔** (ا۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ نقصان پہنچنا۔ تکلیف پہنچنا۔
**آسیب زدہ** (ف۔ صف) آسیب کا مارا ہوا۔ بھوت پریت۔ جن و پری کا ستایا ہوا۔
**آسیب سر پہ چڑھنا** (ا۔ محاورہ) کسی پر جن بھوت کا اثر ہونا۔
**آسیب سر سے اتارنا** (ا۔ محاورہ) جن بھوت کا اثر زائل کرنا۔
**آسیب کا اثر۔ آسیب کا خلل۔ آسیب کا دخل۔** جن بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔
**آسیب کا سر پہ کھیلنا۔** عوام میں قاعدہ ہے کہ جب آسیب کسی کا پیچھا نہیں چھوڑتا تو آسیب زدہ کے سامنے پھول اور خوشبو رکھ کر اور بخور۔ ۔۔۔ گا کر گانا سنواتے ہیں۔ اس وقت آسیب زدہ خوب سر ہلاتا ہے اور کھیلتا اچھلتا ہے۔
**آسیبی** (آ۔ سے۔ بی) [ف۔ صف] وہ شخص جس پر آسیب ہو۔ آسیب زدہ۔



Marfat.com

آسیبی مکان۔ وہ مکان جس میں بھوت پریت وغیرہ کا گزر ہو۔
آسیہ (آ-سی-یہ) [ع-ا-مذ] فرعون کی بیوی جو حضرت موسیٰؑ پہ ایمان لے آئی تھیں۔

## آ-ش

آش [ف-ا-مث] حریرہ۔ شوربا۔ پتلی غذا۔
آش پکانا (ا۔محاورہ) (۱) شوربا پکانا (۲) کسی کے خلاف سازش کرنا۔ (۳) ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ بلیغن نکالنا۔
آش پلاؤ [ف-ا-مذ] ایک قسم کا جو کا پلاؤ جو مریض کو دیا جاتا ہے۔
آش جو (ف-ا-مذ) جو کا جوش دیا ہوا پانی۔
آشا (آ-شا) [س-ا-مث] امید۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔
آشام (آ-شام) [ف-صف] پینے والا۔ (مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے خون آشام
آشتی (آش-تی) [ف-ا-مث] صلح۔ دوستی۔ اتفاق۔ میل۔ ملاپ۔
آشرم (آش-رم) [س-ا-مذ] (۱) رشیوں اور سادھوؤں کے رہنے کی جگہ کٹی۔ مٹھ۔ مکان۔ (۲) جھونپڑی جو کسی خوشی کے موقع پر بنائی جائے (۳) مدرسہ۔ سکول۔ کالج۔ (۴) جنگل۔ درختوں کا جھنڈ (۵) برہمن کی زندگی کا ایک حصہ۔
آشفتگی (آ-شف-ت-گی) [ف-ا-مث] (۱) پریشانی۔ پراگندگی (۲) حیرانی۔ (۳) دیوانہ پن۔
آشفتہ (آ-شف-تہ) [ف-صف] پریشان۔ سراسیمہ۔ پراگندہ۔ بدحواس جمع: آشفتگان۔
آشفتہ بیان (ف-صف) یادہ گو۔ فضول باتیں کرنے والا۔
آشفتہ بیانی۔ یادہ گوئی۔ بکواس۔
آشفتہ حال۔ آشفتہ دل۔ آشفتہ خاطر (ف-ا-مذ) پریشان حال خراب۔ خستہ (کنایۃً) عاشق۔
آشفتہ حالی (ف-ا-مث) پریشان حالی۔ پراگندگی۔
آشفتہ سر (ف-صف) سڑی۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔
آشفتہ سری (ف-ا-مث) دیوانگی۔ جنون۔ پاگل پن۔
آشفتہ طبع۔ آشفتہ مزاج (ف-صف) پریشان خاطر۔
آشفتہ مو (ف-صف) (۱) جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں (۲) غمگین۔ پریشان حال۔
آشفتہ نوا (ف-صف) جس کی آواز سے پریشانی کا اظہار ہوتا ہو۔
آشفتہ نوائی (ف-ا-مث) پریشان کر دینے والا۔ نالہ و فریاد۔ پریشانی کا اظہار۔
آشکار۔ آشکارا (آش-کار) (آش-کا-را) [ف-صف] ظاہر۔ نمایاں کھلا ہوا۔ واضح۔ فاش۔
آشکارا کرنا (ا) ظاہر کرنا۔ پردہ اٹھانا۔ بے حجاب کرنا۔
آشکارا ہونا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔
آشمال (آش-مال) [ف-ا-مذ] (۱) نوکر چاکر۔ خدمت گار۔ ملازم (۲) کمینہ۔ نالائق۔ (ق)
آشنا (آش-نا) [ف-صف وا-مذ و-مث] (۱) واقف کار۔ شناسا (۲) جان پہچان والا۔ ملاقاتی (۳) غیر مرد یا عورت جو ایک دوسرے سے ناجائز تعلق رکھے۔ جمع۔ آشنایان۔
آشنا پرست (ف-صف) (۱) دوست کو پوجنے والا (۲) یار کی قدر کرنے والا۔ سچا دوست۔
آشنا ہو جانا (ا-محاورہ) واقف ہو جانا۔ مانوس ہو جانا۔ دوست بن جانا۔
آشنائی (آش-نا-ای) [ف-ا-مث] (۱) شناسائی۔ ملاقات (۲) دوستی۔ محبت (۳) مرد و عورت کا ناجائز تعلق۔
آشنائی چھوٹنا (ا-محاورہ) ملاقات ترک ہونا۔
آشنائی کا جھوٹا (ا-صف) جھوٹی دوستی کرنے والا۔ نباہ نہ کر سکنے والا بے وفا۔
آشنائی کا سچا (ا-صف) دوستی میں پورا۔ وہ شخص جو دوستی نباہ سکے۔
آشنائی کرنا (ا-محاورہ) (۱) دوستی کرنا (۲) آنکھ لڑانا۔
آشنائی ملا کا سبق (ا-مثل) ملا کی دوستی سبق تک ہے۔ مطلب پرست اور خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔
آشنائی نباہنا (ا-محاورہ) دوستی اور محبت میں وفادار رہنا۔
آشنائی نبھنا (ا-محاورہ) محبت قائم رہنا۔
آشوب (آ-شوب) [ف-ا-مذ] (۱) ہلچل۔ فتنہ و فساد۔ پریشانی شور و غل (۲) بکھیڑا۔ طوفان۔ غدر۔ بلوہ (۳) آنکھ دکھنا۔
آشوب آگہی (ف-ا-مذ) دنیا کی فکریں۔
آشوب اٹھانا (ا-محاورہ) فتنہ و فساد برپا کرنا۔
آشوب چشم (ف-ا-مذ) آنکھ دکھنا۔
آشوب زمانہ۔ (روزگار، زمانہ، عالم، زمانے کی ہلچل۔ زمانے کا فتنہ۔ شور۔ شر۔ ہنگامہ (۲) (کنایۃً) معشوق۔
آشوب گاہ (ف-ا-مث) فتنہ و فساد کا مقام۔
آشوب محشر (ف-ع-ا-مذ) (۱) ہنگامۂ قیامت (۲) بہت زیادہ شور و ہنگامہ۔
آشوبیدہ (آ-شو-بی-دہ) [ف-صف] پریشان۔ حیران۔
آشیاں (آش-یاں) [ف-ا-مذ] گھونسلا۔ نشیمن۔
آشیاں اٹھانا (ا-محاورہ) گھونسلا چھوڑنا۔ (۲) جگہ تبدیل کرنا۔
آشیاں باندھنا (ا-محاورہ) آشیاں بنانا۔ آشیاں چھانا۔ آشیاں کرنا۔ آشیاں لگانا۔ گھونسلا بنانا۔
آشیانہ (آش-یا-نہ) [ف-ا-مذ] آشیاں۔ گھونسلا۔
آشیر باد (آ-شیر-باد) [ہ-ا-مث] دعائے خیر۔

## آ-ص



Marfat.com

**آصَف** (آ-صَف) [عبرانی-ا-مذ] (۱) حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام (۲) [مجازاً] ہر لائق وزیر (۳) جمع کرنا۔ ضبط کرنا۔
**آصفُ الدولہ** [ع-ا-مذ] اودھ کے ایک ادب نواز اور فیاض حکمران کا نام۔
**آصف جاہ** [ف-ا-مذ] آصف کے مرتبے والا (۲) بعض امراء کا لقب۔
**آصف خانی**۔ ایک قسم کا شلوکہ یا واسکٹ۔
**آصفی۔ آصفیہ** (آ-صَ-فی) (آ-صَ-فی-یہ) [ف-صف] آصف کی طرف منسوب۔

## آ-غ

**آغا** (آ-غا) [ت-ا-مذ] (۱) آقا۔ صاحب۔ مالک۔ خداوند (۲) بڑا بھائی (۳) کابلیوں اور مغلوں کا خطاب۔
**آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی** (ا-مثل) اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو سب گنوں پوری ہو۔ نہایت چالاک اور عیار۔
**آغا مینا** (ا-مث) بنگال کی مینا جس کے منہ سے آغا بہت صاف نکلتا ہے (۲) وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے۔ (۳) خوش آواز خوش گلو۔
**آغاز** (آ-غا-ز) [ف-ا-مذ] شروع۔ ابتدا۔ عنوان۔
**آغاز انجام جاننا** (ا-محاورہ) اوّل و آخر کا علم ہونا۔
**آغاز انجام نہ سوچنا** (ا-محاورہ) آگا پیچھا نہ دیکھنا۔ بے سوچے سمجھے کام کر بیٹھنا۔ نتیجہ کا خیال نہ رکھنا۔
**آغاز بد کا انجام بد ہے** (ا-مثل) جس کام کی ابتدا بُری ہو اس کی انتہا بھی بُری ہوتی ہے۔
**آغازِ کار**۔ (ف-ا-مذ) کسی کام کی ابتداء۔ شروع۔
**آغاز کرنا**۔ شروع کرنا۔ ابتداء کرنا۔ پہل کرنا۔
**آغانی** (آ-غا-نی) [ع-ا-مذ] وہ باجا جو ہاتھ سے بجایا جائے۔ مثلاً چنگ و رباب وغیرہ۔
**آغشتہ** (آ-غِش-تہ) [ف-صف] تر کیا ہُوا۔ آلُودہ۔
**آغشتہ خوں** [ف-صف] خون میں تھڑا ہوا۔ خون میں ڈوبا ہوا۔ ناکام
**آغوش** (آ-غو-ش) [ف-ا-مذ و مث] گود۔ بغل۔ کنار۔
**آغوش آباد کرنا** (ا-محاورہ) گود میں آنا۔ گود گرم کرنا۔
**آغوش آباد ہونا** (ا-محاورہ) گود گرم ہونا۔ محبوب بغل میں ہونا۔
**آغوش بھرنا** (ا-محاورہ) گود میں بھرپور آنا۔ عورت کا اولاد والی ہونا۔
**آغوش پھیلانا** (ا-محاورہ) گود میں لینے کو بڑھنا۔
**آغوش خالی کرنا** (ا-محاورہ) (۱) گود سے نکل جانا (۲) کنارہ کشی کرنا۔
**آغوش خالی ہونا** (ا-محاورہ) کسی کا گود سے نکل جانا (۲) بچہ مرجانا۔ بے اولاد ہو جانا۔
**آغوش کا پروردہ**۔ گود کا پالا۔ گودوں میں پرورش کیا ہُوا۔ اولاد۔
**آغوش کشادہ** (کُشادہ) کشودہ [بغیر اضافت] گود پھیلائے ہوئے (۲) (با اضافت) پھیلی ہوئی گود۔
**آغوش کشائی**۔ گود پھیلنا۔ گود پھیلانا۔
**آغوش کھولنا** (ا-محاورہ) گود پھیلانا۔
**آغوش گرم کرنا** (ا-محاورہ) (۱) گود میں آنا (۲) پیار سے گود میں لینا۔
**آغوش لبریز ہونا** (ا-محاورہ) گود کا بھرا ہونا۔
**آغوش لحد میں سونا** (ا-محاورہ) مرجانا۔ قبر میں دفن ہونا۔
**آغوش مادر میں سونا** (ا-محاورہ) (۱) ماں کی گود میں سونا (۲) آرام اور چین کی حالت میں سونا۔
**آغوش میں آنا** (ا-محاورہ) گود میں آنا۔ ہم کنار ہونا۔
**آغوش میں رہنا** (ا-محاورہ) پہلو میں رہنا (۲) پاس رہنا۔
**آغوش میں لینا** (ا-محاورہ) محبت سے بغل میں لینا۔ شوق سے بغلگیر ہونا۔
**آغوش وا ہونا** (ا-محاورہ) گود کھلنا۔
**آغوں** (آ-غوں) [ف-ا-مث] دودھ پیتے بچے کی آواز۔
**آغوں غٹے، دودھ پی کر میاں ہوئے مٹے** (ا-محاورہ) دودھ پلانے والی انا بچوں کو یہ کلمہ کہہ کر کھلاتی بہلاتی اور دودھ پلاتی ہیں۔
**آغوں کرنا**۔ دودھ پیتے بچے کا آواز نکالنا۔

## آ-ف

**آفات** (آ-فا-ت) [ع-ا-مث] آفت کی جمع۔ مصیبتیں۔
**آفات آسمانی** سماوی۔ آسمانی حادثات۔ غضب کی آندھی۔ طوفانی بارش۔ بجلی۔ اولے۔ پالا۔ برفباری وغیرہ۔
**آفات ارضی** (ع-ف-مث) زمین سے پیدا ہونے والی مصیبتیں۔ مثلاً سیلاب۔ آتش فشانی وغیرہ۔
**آفاق**۔ (آ-فا-ق) [ع-ا-مذ] (۱) اُفق کی جمع۔ آسمان کے کنارے (۲) عالم سنسار۔ جگ۔ دنیا۔ جہان (اردو میں واحد مستعمل ہے)
**آفاق گیر** (ع-ف-صف) [ع-ا-مذ] (۱) عالمگیر۔ دنیا کو فتح کرنے والا (۲) دنیا پر چھا جانے والا۔
**آفاقی** (آ-فا-قی) [ع-صف] ساری دنیا کا۔ عالمگیر۔
**آفت** (آ-فت) [ع-ا-مث] (۱) دُکھ۔ مصیبت۔ بلا (۲) فتنہ۔ ظلم۔ ستم (۳) مشکل (۴) غضب الٰہی۔ وبا۔ قحط وغیرہ (۵) نا انصافی۔ زبردستی۔ (۶) ناگوار طبع (۷) شور غوغا۔ فتنہ و آشوب (۸) عتاب۔ غصہ (۹) [صف] شوخ۔ چالاک۔ عیار۔ فتنہ انگیز۔ جمع۔ آفات۔
**آفت آنا** (ا-محاورہ) (۱) مصیبت پڑنا (۲) وبا پھیلنا۔ قحط آنا۔
**آفت اٹھانا** (ا-محاورہ) (۱) مصیبت جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا (۲) غُل کرنا۔ فساد برپا کرنا۔
**آفت پڑنا** (ا-محاورہ) (۱) قہر نازل ہونا۔ مصیبت آنا۔ (۲) صدمہ پہنچنا۔
**آفت توڑنا** (ا-محاورہ) (۱) غصے ہونا۔ (۲) ظلم کرنا۔ غضب ڈھانا
**آفت ٹالنا** (ا-محاورہ) مصیبت سے بچانا۔ مشکل آسان کرنا۔
**آفت ٹلنا** (ا-محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔



Marfat.com

**آفت ٹوٹنا** (ا-محاورہ) مصیبت پڑنا۔ صدمہ یا بلا نازل ہونا (۲) جھگڑا ہونا۔
**آفت جان** (ع-ف-صف) جان کا روگ۔ بلائے جان (۲) (مجازاً) معشوق۔
**آفت جان پر لینا** (ا-محاورہ) دُکھ سہنا۔ مصیبت اُٹھانا۔
**آفت جھیلنا** (ا-محاورہ) مصیبت برداشت کرنا۔ صدمہ سہنا۔
**آفت خیز** (ف-صف) آفت برپا کرنے والا۔ فساد اُٹھانے والا۔
**آفت ڈالنا** (ا-محاورہ) بلا نازل کرنا۔ مصیبت ڈالنا۔
**آفت ڈھانا** (ا-محاورہ) (۱) قیامت برپا کرنا (۲) ستم توڑنا (۳) ہنگامہ کرنا۔ شور کرنا۔
**آفت رسیدہ** (ف-صف) مصیبت زدہ۔ دُکھیا۔
**آفت سر پر لینا** (ا-محاورہ) مصیبت اپنے ذمے لینا۔ جھگڑا مول لینا۔ جھگڑے میں پڑنا۔
**آفت سہنا**۔ مصیبت سہارنا۔ دُکھ برداشت کرنا۔
**آفت کا پرکالا** (ع-ف-صف) شوخ و شنگ۔ طرّار (۲) شریر۔ عیّار (۳) (مجازاً) معشوق۔
**آفت کا ٹکڑا** (ا-محاورہ) غضب کا پُتلا۔ بدذات۔ شریر۔ عیّار
**آفت کا مارا** (ا-محاورہ) ستم زدہ۔ مصیبت کا شکار۔
**آفت کی** (تابع-فعل) انتہا درجہ کی۔ بہت زیادہ۔ بے حد۔
**آفت کی پڑیا، پوٹ** (ا-مث) عیّار۔ دغا باز۔ شریر۔ چالاک
**آفت مچانا** (ا-محاورہ) غل مچانا (۲) غضب ڈھانا۔ (۳) دنگا کرنا۔
**آفت میں پھنسنا** (ا-محاورہ) غضب میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
**آفت میں جان آنا** (ا-محاورہ) بہت مشکل درپیش آنا۔ بہت مصیبت ہونا
**آفت میں مبتلا ہونا** (ا-محاورہ) رنج و غم میں مبتلا ہونا۔ بلاؤں میں گھرنا۔ عذاب میں پڑنا۔
**آفت ہے** (ا-محاورہ) غضب ہے۔ قیامت ہے۔ بڑا چالاک اور عیّار ہے۔ نہایت شریر اور فتنہ انگیز ہے۔ بڑا ذہین ہے۔
**آفتاب** (آف-تاب) [ف-ا-مذ] (۱) سورج (۲) دھوپ (۳) شراب کا پیالہ (۴) گنجفہ کا ایک پتہ (۵) [کنایۃً] یکتائے زمانہ۔ لاجواب۔ جس کا ثانی نہ ہو۔ معشوق۔
**آفتاب آمد دلیل آفتاب** (ف-مثل) ظاہر بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں
**آفتاب برآمد ہونا** (ا-محاورہ) سورج کا نکلنا۔ صبح ہونا۔
**آفتاب بر سر دیوار** (ف-محاورہ) زوال کے بڑھاپا۔
**آفتاب بنا دینا** (ا-محاورہ) درجہ بلند کرنا۔ مرتبہ اونچا کرنا۔
**آفتاب پرست** (ف-صف) (۱) آفتاب کی پرستش کرنے والا (۲) نیلوفر کا پھول (۲) گرگٹ (۳) سورج مکھی۔
**آفتاب ڈھلنا** (ا-محاورہ) سورج کا وسطِ آسمان سے مغرب کی طرف جھکنا۔ دن کا زوال شروع ہونا۔
**آفتاب سر پر آنا** (ا-محاورہ) دوپہر ہونا۔ بارہ بجے کا وقت ہونا۔
**آفتاب سر کوہ** (۱) ڈوبنے کے قریب آفتاب (۲) [کنایۃً] مرنے کے قریب۔
**آفتاب سوا نیزے پر آنا** (ا-محاورہ) (۱) قیامت آنا۔ دھوپ کی تیزی بہت بڑھ جانا۔
**آفتاب غروب ہونا** (ا-محاورہ) سورج ڈوبنا۔ شام ہونا۔
**آفتاب کا مغرب سے نکلنا** (ا-محاورہ) مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ قیامت کے قریب آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا۔ قربِ قیامت۔ قیامت آنا۔
**آفتاب کو (چراغ) دیا دکھانا** (ا-محاورہ) تجربہ کار آدمی کو کام کے ڈھنگ بتانا۔ قابل کے سامنے ناقابل کا سخن بگھارنا۔
**آفتاب لب بام** (۱) قریب غروب آفتاب (۲) نہایت بوڑھا۔
**آفتاب محشر** (۱) قیامت کے دن کا سورج۔ وہ سورج جو اہل اسلام کے اعتقاد میں قیامت کے دن سوا نیزہ پر ہوگا (۲) نہایت گرم۔ تیز سورج۔ (۳) معشوق۔ نہایت حسین خوبصورت۔
**آفتاب نصف النہار پر ہونا** (ا-محاورہ) دوپہر ہونا (۲) اوج کمال پر ہونا۔
**آفتابہ** (آف-تا-بہ) [ف-ا-مذ] ڈھکنے دار اور دستہ لگا ہوا لوٹا۔
**آفتابہ لے کر کھڑے ہونا** (ا-محاورہ) منہ ہاتھ دھلانے کے واسطے پانی لے کر کھڑا ہونا (۲) غلام بننا۔ خدمت گار بننا۔
**آفتابی** (آف-تا-بی) [ف-صف] (۱) آفتاب سے منسوب (۲) وہ چیز جو دھوپ میں خشک ہوئی ہو۔ (۳) گول۔ مدور (۴) چمک دار (۵) (امث) ایک قسم کی آتش بازی۔
**آفتابی چہرہ** (ف-ا-مذ) گول چہرہ۔
**آفتابی دائرہ**۔ بالکل گول دائرہ (دائرے کی دو قسمیں ہیں۔ آفتابی اور بیضوی۔ بیضوی دائرہ انڈے کی شکل کا ہوتا ہے۔)
**آفتابی گلقند** (ف-ا-مذ) وہ گلقند جسے دھوپ میں رکھ کر تیار کیا گیا ہو۔
**آفریدگار** (آف-رید-گار) [ف-صف] پیدا کرنے والا خالق۔
**آفریدگان** (آف-رید-گان) [ف-صف] آفریدہ کی جمع۔ پیدا کیے ہوئے مخلوق۔
**آفریدہ** (آف-ری-دہ) [ف-صف] پیدا کیا ہوا مخلوق۔
**آفریدی** (آف-ری-دی) [ف-ا-مذ] پٹھانوں کی ایک قوم۔
**آفریں** (آف-ریں) [ف-ا-مث] شاباش۔ کلمہ تحسین و مبارک باد۔ واہ وا۔ مرحبا۔ کیا کہنا۔
**آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ تو** (ف-مقولہ) تیری مردانہ ہمت پر شاباش ہے
**آفریں صد آفریں** (کلمہ تحسین) واہ وا پر واہ وا۔ صد رحمت (مدح و ذم دونوں کے لیے۔
**آفریں کرنا** (ا-محاورہ) شاباشی دینا۔ واہ وا کرنا۔ تحسین و ستائش کرنا۔ سراہنا۔ آفریں ہے۔ کیا کہنا ہے۔ شاباش ہے۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔
**آفرینش** (آف-ری-نش) [ف-ا-مث] پیدائش۔ مخلوق۔ دنیا۔
**آفرینندہ** (آف-ری-نن-دہ) [ف-صف] پیدا کرنے والا (مراد خداوند تعالےٰ)
**آفس** (Office) (آ-فس) [انگ-ا-مذ] (۱) دفتر (۲) فرض منصبی



Marfat.com

مخصوص کام یا خدمت (۳) عہدہ۔ منصب۔
**آفندی** (آ۔ فن۔ دی) [ت۔ ا۔ مذ] صاحب، بزرگ۔ محترم۔ مالک۔ عثمانی دور میں ترکی میں چھوٹے افسروں کا لقب۔
**آفیسر** (Officer) [آ۔ فی۔ سر] (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) افسر۔ حاکم۔ عہدہ دار (۲) اہل کار۔ عامل۔
**آفیشل** (Official) (آ۔ فی۔ شل) [انگ۔ صف] (۱) سرکاری۔ دفتری۔ محکمانہ (۲) اہل کارانہ (۳) باضابطہ۔ مستند [مذ] عہدیدار۔ منصب دار

## آ-ق

**آقا** (آ۔ قا) [ت۔ ا۔ مذ] (۱) مالک۔ خداوند۔ صاحب (۲) خاوند۔ شوہر (۳) حاکم۔ افسر۔ جمع۔ آقایان۔
**آقائے ولی نعمت**۔ خداوند نعمت۔ سرکار۔
**آقاسی** (آ۔ قا۔ سی) [ت۔ ا۔ مذ] دیوان خانہ کا داروغہ۔

## آ-ک

**آک** [ہ۔ ا۔ مذ] ایک پودے کا نام جسے مدار اور اکوا بھی کہتے ہیں۔
**آک کی بڑھیا** (ا۔ مث) (۱) وہ روئی جو آک کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے (۲) بہت بوڑھی عورت۔
**آکا** (آ۔ کا) [ت۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ خطاب۔ میاں صاحب وغیرہ کی جگہ۔
**آکا بھائی**۔ ادب اور پیار سے بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔
**آکار** (آ۔ کار) [س۔ ا۔ مذ] (۱) روپ۔ صورت (۲) ڈیل ڈول۔
**آکاس۔ آکاش** (س۔ ا۔ مذ) آسمان۔ خلا۔ حدِ نگاہ۔
**آکاس بیل** (ہ۔ ا۔ مث) ایک زرد رنگ کی دھاگے کی طرح بیل، جو درختوں سے چمٹ جاتی ہے اور اپنی خوراک حاصل کرتی ہے۔ اس کی جڑ نہیں ہوتی۔ امربیل۔ افتیموں۔
**آکاش اگن گولا** (س۔ ا۔ مذ) شہاب ثاقب۔ ٹوٹنے والا تارہ۔
**آکاش بانی** (س۔ ا۔ مث) غیبی آواز۔ خدا کی طرف کی آواز۔ الہام۔ مکاشفہ القائ (۲) ریڈیو۔
**آکاش پھل**۔ اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔
**آکاش چوٹی**۔ سمت الراس۔ سر کی سیدھ۔
**آکاش دیا**۔ وہ چراغ جو کاتک میں ہندو قندیل میں رکھ کر اور اونچے بانس کے سرے پر باندھ کر جلاتے ہیں۔
**آکسفورڈ** (Oxford) [انگ] انگلستان کا ایک شہر جس میں اسی نام کی ایک یونیورسٹی ہے۔
**آکسن** (Oxon) (انگ۔ صف) آکسفورڈ یونیورسٹی سے نسبت رکھنے والا۔ آکسفورڈ کا طالب علم۔
**آکسیجن** (Oxygen) (آک۔ سی۔ جن) [انگ۔ ا۔ مث] ایک بے رنگ اور بے ذائقہ گیس جو زندگی کے لیے ضروری ہے۔
**آکل** (آ۔ کل) [ع۔ صف] کھانے والا۔ جمع۔ آکلین۔
**آکھر** (ہ۔ ا۔ مذ) نیشکر کی پھوٹ (۲) درندوں کے رہنے کی جگہ۔
**آکھر** (آ۔ کھر) [ہ۔ ا۔ مث] چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔ شیر کا مسکن۔
**آکھلاپن** (آکھ۔ لا۔ پن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گھوڑے کی کود پھاند (۲) شوخی۔ شرارت۔

## آ-گ

**آگ** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) آتش (۲) جلن۔ تاپ۔ گرمی (۳) کام کا شوق یا جذبہ (۴) پریم۔ محبت (۵) دشمنی (۶) شہوت (۷) آتشک۔ پیاس (۸) دھن۔ شوق۔ اشتیاق (۹) آفت۔ مصیبت۔ جھونجل۔ خفگی (۱۰) کھولتا ہوا۔ گرم جلتا ہوا (۱۱) مزاجاً گرم (۱۲) سرخ۔ دہکتا ہوا۔ انگارا۔ نہایت گرم (۱۳) تیز مزاج۔ (۱۴) نہایت گراں۔ چڑھا ہوا۔ (۱۵) حسد۔ عداوت۔
**آگ اٹھانا** (ا۔ محاورہ) جھگڑا اٹھانا۔ لڑائی کھڑی کرنا۔
**آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے** (ا۔ مثل) تھوڑی آگ اور کمزور دشمن کو بھی حقیر نہ سمجھنا چاہیے۔
**آگ اور پھوس میں بیر ہے** (ا۔ مثل) آگ اور پھوس اکٹھے ہوں تو جلے بغیر نہیں رہتے۔ اس طرح جوان عورت اور مرد ایک جگہ رہ کر پاکدامن نہیں رہ سکتے۔
**آگ اور روئی کی کیا دوستی** (ا۔ مثل) دو جانی دشمنوں کا ملاپ نہیں ہو سکتا۔
**آگ ببولا** (ا۔ صف) (۱) دہکتا ہوا۔ لال سرخ۔ دیکھیے آگ بگولا۔
**آگ بجھانا** (۱) آگ ٹھنڈی کرنا۔ آگ پر پانی ڈالنا (۲) فساد یا جھگڑا مٹانا۔ (۳) خواہش پوری کرنا (۴) رشک۔ جلن۔ حسد نکالنا۔ دشمنی نکالنا (۵) تشنگی رفع کرنا۔ پیاس بجھانا (۶) بھوک مٹانا۔ سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔
**آگ بجھنا** (۱) آگ ٹھنڈی ہونا۔ بجلانا۔ (۲) فساد یا جھگڑے کا مٹنا۔ غصہ اترنا (۳) جھل مٹنا۔ شہوت مٹنا (۴) رشک یا حسد کا پورا ہونا (۵) پیاس بجھنا بھوک رفع ہونا (۶) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا (۷) رسوائی مٹنا۔ بدنامی دور ہونا۔ (۸) سوزش اور جلن کا مٹنا۔
**آگ بتانا** (ا۔ محاورہ) آگ دکھانا۔ توپ بندوق داغنا۔
**آگ برسانا** (۱) آتش بازی چھوڑنا (۲) شدت کی گرمی پہنچانا (۳) گولہ باری کرنا۔ گولے اور گولیوں کی بوچھاڑ کرنا۔ گولے مارنا (۴) باہم نفاق ڈالنا۔
**آگ برسنا** (۱) نہایت تیز گرمی پڑنا۔ (۲) سخت گولہ باری ہونا۔
**آگ بگولا** (ا۔ صف) جلتا۔ بھنتا۔ دہکتا ہوا۔ لال سرخ۔ غصہ میں بھرا ہوا۔
**آگ بگولا ہو جانا (ہونا)** (۱) بہت غصے میں آنا۔ غضب ناک ہونا۔
**آگ بنانا** (ا۔ محاورہ) آگ جلانا۔ آگ سلگانا (۲) غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔ بھڑکانا۔
**آگ بن دھواں کہاں** (ا۔ مثل) ہر بات کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔
**آگ (بن جانا) بننا**۔ غصے میں لال ہو جانا۔ بھڑک اٹھنا۔



Marfat.com

**آگ بھبھوکا۔** دیکھیے آگ بگولا۔
**آگ بھری ہونا** (ا۔محاورہ) (۱) سوز و گداز ہونا (۲) جلن ہونا (۳) دشمنی ہونا۔ (۴) گرم مزاج ہونا (۵) پُر شہوت ہونا (۶) آتشک ہونا۔
**آگ بھڑکانا** (ا۔محاورہ) (۱) آگ کو ہوا دے کر مشتعل کرنا (۲) فساد بڑھانا (۳) غصہ دلانا (۴) شوق اور محبت بڑھانا۔
**آگ (بھڑکنا) بھڑک اُٹھنا** (ا۔محاورہ) (۱) شعلہ اُٹھنا۔ آگ دہکنا (۲) برافروختہ ہونا (۳) عشق کا ولولہ اٹھنا۔ آتش شوق کا بھڑکنا (۴) لڑائی پھیلنا (۵) گرمی اور جلن زیادہ ہونا۔
**آگ بھی نہ لگاؤں** (ا۔روزمرہ) (عو) کسی چیز سے نفرت کا اظہار کرتے وقت عورتیں کہتی ہیں۔
**آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے** (ا۔مثل) دو مخالف چیزیں ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں۔
**آگ پانی کا بیر** (ا۔مذ) آگ اور پانی کی طبیعت میں ضد ہے۔ فطری مخالفت۔
**آگ پانی کا کھیل** (ا۔مذ) (۱) جب کوئی چیز پکانے میں بگڑ جائے تو کہتے ہیں۔ کہ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے (۲) آگ پانی سے چلنے والی کلیں۔
**آگ پانی میں لگانا** (۱) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو وہاں لڑائی کرا دینا (۲) عیاری و چالاکی میں کمال دکھانا (۳) ناممکن بات کرنا۔
**آگ پر پانی ڈالنا** (ا۔محاورہ) آگ بجھانا۔ جھگڑا مٹانا۔ فساد ختم کرانا۔
**آگ پر تیل (چھڑکنا) ڈالنا** (ا۔مثل) (۱) آگ کو بھڑکانا (۲) جھگڑے کو اور زیادہ کرنا۔ غصے کو تیز کرنا۔
**آگ پر لٹانا** (ا۔محاورہ) بے حد بے قرار کرنا۔ بہت جلانا۔ تڑپانا۔
**آگ پر لوٹنا** (ا۔محاورہ) بہت بے قرار ہونا۔ تڑپنا (۲) رشک و حسد سے جلنا۔
**آگ پڑنا** (۱) دھوپ میں تیزی ہونا۔ گرمی ہونا۔
**آگ پھانکنا** (ا۔محاورہ) جھوٹ بولنا۔ چغلی کرنا۔ بہتان لگانا۔
**آگ پھونکنا** (ا۔محاورہ) (۱) آگ سلگانا۔ آگ جلانا (۲) سوزش پیدا کرنا (۳) گرمانا۔ بھڑکانا (۴) عشق بھڑکانا (۵) لگائی بجھائی کرنا۔
**آگ پھیلانا** (ا۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔ فتنہ اٹھانا۔ سخن بڑھانا۔
**آگ پھیلنا** (ا۔محاورہ) فساد کھڑا ہونا۔ فتنہ برپا ہونا۔
**آگ ٹھنڈی کرنا** (ا۔محاورہ) آگ بجھانا۔ (۲) فساد مٹانا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
**آگ جاگ اٹھنا** (ا۔محاورہ) بجھی ہوئی آگ بھڑک اٹھنا (۲) دوبارہ جھگڑا شروع ہو جانا (۳) شوق بڑھ جانا (۴) دشمن ہونا۔
**آگ جاگنا** (ا۔محاورہ) جلائی ہوئی آگ کا دہک اٹھنا (۲) عشق بھڑک اٹھنا
**آگ جانے، لوہار جانے، دھونکنے والے کی بلا جانے** (ا۔مثل) حکم دینے والا ذمہ دار ہے۔ تعمیل کرنے والے کا قصور نہیں۔
**آگ تلووں سے لگنا** (ا۔محاورہ) نہایت غصے ہونا۔
**آگ جگانا** (ا۔محاورہ) آگ جلانا۔ شوق بڑھانا۔ خواہش تیز کرنا۔
**آگ جوڑنا** (ا۔محاورہ) اُپلے یا لکڑی آپس میں ملا کر آگ سلگانا۔
**آگ جھاڑنا** (ا۔محاورہ) آگ سے راکھ دور کرنا (۲) چقماق سے آگ نکالنا۔

**آگ (دابنا) دبانا** (ا۔محاورہ) انگاروں کو راکھ وغیرہ سے چھپا دینا (۲) فتنہ و فساد مٹانا۔ غصہ دور کرنا۔
**آگ دکھانا** (ا۔محاورہ) آگ لگانا۔ فلیتہ دینا۔ تشتابا لگانا۔
**آگ دوڑنا** (ا۔محاورہ) (۱) آگ کا پھیلنا (۲) شورش پھیلنا۔
**آگ دھونا** (ا۔محاورہ) آگ سے راکھ دُور کرنا۔
**آگ دینا** (ا۔محاورہ) (۱) جلانا۔ آگ لگانا (۲) مٹانا (۳) چتا میں آگ دینا۔
**آگ سرد ہونا** (ا۔محاورہ) (۱) آگ بجھنا (۲) فساد مٹنا (۳) شوق نہ رہنا۔
**آگ سلگانا** (ا۔محاورہ) آگ روشن کرنا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔
**آگ سلگنا** (۱) آگ جلنا۔ آگ سے دھواں نکلنا۔ سوزِ عشق ہونا۔ جلن ہونا۔
**آگ سے پانی ہو جانا** (ا۔محاورہ) غصہ دُور ہو جانا۔ خفگی جاتی رہنا۔
**آگ کا باغ** (ا۔مذ) (۱) سنار کا آتش دان (۲) آتش بازی (۳) آتش نمرود جو حضرت ابراہیمؑ کے لیے باغ بن گئی تھی۔
**آگ کا بنا ہوا** (ا۔محاورہ) نہایت تند خو۔ بہت گرم مزاج
**آگ کا پتلا** (ا۔مذ) (۱) آگ کا بنا ہوا۔ گرم مزاج۔ آتش کا پرکالہ۔
**آگ کا پتلا آگ کو دھائے** (ا۔مثل) ہر چیز اپنی اصل کو جاتی ہے۔
**آگ کا پتنگا** (ا۔مذ) شرارہ۔ چنگاری۔ جلتا ہوا کوئلہ۔
**آگ کا پرکالہ** (۱) آگ کا پتلا۔ انگارا (۲) (کنایۃً) معشوق۔
**آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے** (ا۔مثل) آگ کے جلے کو سینکنا مفید پڑتا ہے۔ علاج بالمثل (۲) جس نے دکھ دیا اسی سے آرام ملتا ہے۔
**آگ کا کھیل** (۱) آتش بازی۔ (۲) پکانے ریندھنے کا کام (۳) کیمیاگری۔
**آگ کجلانا** (ا۔محاورہ) آگ کا ٹھنڈا پڑ جانا۔
**آگ کرنا** (ا۔محاورہ) آگ سلگانا۔ غصہ دلانا۔
**آگ کھانا انگارے ہگنا** (ا۔مثل) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ جیسا بونا ویسا کاٹنا۔ عوض بدی بھگتنا۔
**آگ کھائے منہ جلے، اودھار کھائے پیٹ جلے** (ا۔مثل) قرض سے پیٹ بھر کر سخت تکلیف ہوتی ہے۔
**آگ کہتے منہ نہیں جلتا** (ا۔مثل) کسی چیز کا نام لینے سے اس کا اثر نہیں ہوتا۔ زہر کا نام لینے سے آدمی مرتا نہیں۔
**آگ کے لُوکے اُٹھنا** (ا۔محاورہ) (۱) آگ کے شعلے بلند ہونا (۲) جی جلنا۔ (۳) گرم زمین سے پانی چھڑکنے کے وقت بھپکے اُٹھنا۔
**آگ کے مول۔** بہت قیمتی۔ گراں۔
**آگ گاڑنا۔** آگ دبانا۔
**آگ لگا (کے) پانی کو دوڑنا** (ا۔محاورہ) لڑائی کروا کر صلح کے درپے ہونا عیاری دکھانا۔ صلح کی باتیں بنانا۔
**آگ لگانا** (۱) آگ دینا۔ جلانا۔ پھونکنا۔ بالنا (۲) سوزش پیدا کرنا (۳) لَو لگانا۔ شوق بڑھانا۔ سوزِ محبت اُبھارنا۔ جوش پیدا کرنا۔ سیخ دینا۔ (۴) پھونکنا۔ (۵) رشک دلانا (۶) غصہ دلانا۔ بھڑکانا (۷) جھگڑا اٹھانا۔ دشمنی پھیلانا (۸) آفت برپا کرنا۔ شرارت کرنا (۹) گراں سودا خریدنا (۱۰) نقصان دینا۔ غبن کرنا (۱۱) ترک کرنا (۱۲) ضائع کرنا۔ غارت کرنا۔ تباہ کرنا۔ (۱۳) خوب دھوم دھام کرنا (۱۴) بگاڑنا۔ خراب کرنا (۱۵) لگائی بجھائی کرنا۔



Marfat.com

(۱۶) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا
**آگ لگاؤ** (ا۔ مذ) (۱) جلانے والا۔ رنج دینے والا۔ دُکھ دینے والا (۲) لڑائی کرا دینے والا۔ مفسد۔ فتنہ پرداز۔
**آگ لگاؤں۔** نفرت ظاہر کرنے کے لیے۔ کیا کروں۔ چولھے میں ڈالوں۔
**آگ لگائے تماشا دیکھے** (ا۔ مثل) اس عیار اور مکار شخص کے متعلق کہتے ہیں جو فساد کرا کے تماشا دیکھے۔
**آگ لگ جائے** (۱) (ایک کوسنا) جل جائے۔ اُجڑ جائے۔ غارت ہو۔ ملیا میٹ ہو۔ ناپید ہو (۲) عورتوں کا تکیہ کلام۔
**آگ (لگ جانا) لگنا** (۱) جلنا۔ جل اٹھنا۔ مشتعل ہونا۔ بھڑکنا (۲) جھلسنا (۳) غارت ہونا۔ چولھے میں پڑنا (۴) غائب ہونا۔ کھویا جانا (۵) جان سے جانا (۶) نہایت بھوک لگنا (۷) محبت کا جوش مارنا (۸) بے چین ہونا۔ تڑپنا (۹) رشک ہونا (۱۰) بُرا لگنا (۱۱) رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (۱۲) غصہ آنا۔ دل جلنا۔ غصہ بھڑکنا (۱۳) سوزش ہونا۔ مرچیں لگنا۔ جھلا جانا (۱۴) سُرخ پھولوں کا کھلنا۔ بہت سے چراغ جلنا (۱۵) بہت مہنگا ہونا (۱۶) بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا (۱۷) شہرہ ہونا (۱۸) رخصت ہونا۔ دفع ہونا۔
**آگ لگنتا جھونپڑا جو نکلے سو لابھ
آگ لگنتی جھونپڑی جو نکلے سو لابھ** (ا۔ مثل) جاتی ہوئی چیز میں سے جو کچھ مل جائے وہی غنیمت ہے۔
**آگ لگے** (۱) (بد دعا) برباد ہو۔ غارت ہو جائے۔
**آگ لگے پر بلی کا موت ڈھونڈنا** (ا۔ مثل) بے وقت کوشش کرنا۔ بے سود کام کرنا۔
**آگ لگے پر پانی کہاں** (ا۔ مثل) غصے میں کچھ ہوش اور صبر نہیں رہتا (۲) محبت اور غرض میں عقل اور غیرت نہیں رہتی۔
**آگ لگے پر کنواں کھودنا** (ا۔ مثل) صدمہ پہنچنے کے بعد اس کا تدارک کرنا۔ فضول اور بے وقت کام کرنا۔
**آگ لگے تو بجھے جل سے، جل میں لگے تو بجھے کیسے** (ا۔ مثل) بچے کی اصلاح کی جا سکتی ہے۔ مگر عادی مجرم کسی طرح درست نہیں ہو سکتا۔
**آگ لہکنا۔** یکایک آگ بھڑک اٹھنا۔ مشتعل ہونا۔
**آگ لینے آنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگ مانگنے آنا (۲) آکر جلدی چلے جانا۔ الٹے پاؤں واپس ہو جانا۔
**آگ لینے آئی گھر والی بن بیٹھی** (ا۔ مثل) ذرا سا بہانہ بنا کر قبضہ جما لینا۔
**آگ مٹنا** (ا۔ محاورہ) جلن جاتی رہنا۔ سوزش مٹنا (۲) حسد نہ رہنا۔
**آگ میں آگ لگانا** (ا۔ محاورہ) (۱) جلے کو اور جلانا۔ رنجیدہ کو اور صدمہ دینا۔ (۲) فساد میں اور فساد کرنا (۳) غصے میں اور غصہ دلانا۔
**آگ میں پانی ڈالنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگ بجھانا (۲) لڑائی کو دبانا۔ جھگڑا مٹانا۔ (۳) غصے کو دھیما کرنا۔
**آگ میں پڑنا** (ا۔ محاورہ) مصیبت یا بلا میں پھنسنا۔
**آگ میں جلانا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگ میں ڈالنا (۲) رشک و حسد میں جلانا (۳) سوزِ عشق میں پھونکنا۔
**آگ میں جلنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگ میں بھننا (۲) سوزشِ عشق میں جلنا۔
**آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے** (ا۔ مثل) جیسی صحبت میں رہے گا ویسا ہی ہو جائے گا۔ ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد۔
**آگ میں (جھونک دینا) جھونکنا** (ا۔ محاورہ) دیدہ دانستہ بلا میں پھنسا دینا۔ آفت میں مبتلا کر دینا۔
**آگ میں کود پڑنا** (ا۔ محاورہ) نتیجہ سوچے بغیر کسی مشکل کام کو اپنے ہاتھ میں لے لینا۔ زندگی اور موت کا خیال نہ کرنا۔ (۲) مصیبت میں پڑنا۔
**آگ میں گرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگ میں پڑنا۔ آگ میں کودنا (۲) مصیبت یا بلا میں پڑنا۔
**آگ میں لوٹنا** (۱) مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا (۲) رشک کرنا۔
**آگ نکالنا** چقماق سے آگ جھاڑنا۔ آگ پیدا کرنا۔
**آگ نہ اُگل لعل اُگل** (ا۔ مثل) بُری باتیں چھوڑ۔ اچھی باتیں کر۔
**آگ (ہو جانا) ہونا** (ا۔ محاورہ) غصے میں لال پیلا ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
**آگا** (آ۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) اگلا حصہ۔ سامنا۔ اگاڑی (۲) جسم کا اگلا رُخ (۳) آئندہ (۴) انجام۔ آخرت۔
**آگا باندھنا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنا روکنا۔ سدِ راہ ہونا۔
**آگا بھاری ہونا** (۱) حمل ہونا (۲) سڑک پر ٹھوکر یا گڑھا ہونا (۳) راستے کا پُر خطر ہونا۔
**آگا پیچھا** (۱) لباس کا اگلا پچھلا حصہ (۲) انسان کا پس و پیش (۳) ہر کام کی ابتدا و انتہا۔ آغاز و انجام۔
**آگا پیچھا (دیکھنا) سوچنا** (ا۔ محاورہ) دور اندیشی کرنا۔ آغاز و انجام پر نگاہ رکھنا۔
**آگا پیچھا کرنا** (ا۔ محاورہ) پس و پیش کرنا۔ ہچر مچر کرنا۔ ہچکچانا۔
**آگا تاگا لینا** (ا۔ محاورہ) خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔
**آگا دیکھا نہ پیچھا** (ا۔ محاورہ) آغاز سوچا نہ انجام۔ بُرا بھلا کچھ بھی نہ سوچا۔
**آگا دیکھ کے** (ا۔ روزمرّہ) سامنے دیکھ کر۔ سمجھ بوجھ کے ساتھ۔
**آگا روکنا** (ا۔ محاورہ) سامنا روکنا (۲) مقابل ہونا۔ سدِ راہ ہونا (۳) پردہ کرنا۔
**آگا سنبھالنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگے کا بندوبست کرنا۔ فوج یا شکار کا سامنا روکنا (۲) آئندہ کا بندوبست کرنا۔
**آگا مارنا** (ا۔ محاورہ) (۱) حملہ کرنا۔ شکست دینا (۲) آگے کی فوج پر حملہ کرنا۔
**آگاہ** (آ۔ گاہ) [ف۔ صف] خبردار۔ واقف۔ جاننے والا۔
**آگاہ کرنا** (ا۔ محاورہ) واقف کرنا۔ جتانا۔ اطلاع دینا۔ بتلانا۔
**آگاہی** (آ۔ گا۔ ہی) [ف۔ ا۔ مث] واقفیت۔ خبر۔ علم۔ واقف کاری۔
**آگاہی پانا** (ا۔ محاورہ) خبر پانا۔ واقف ہونا۔
**آگاہی دینا** (ا۔ محاورہ) اطلاع دینا۔ خبر دینا۔
**آگاہی رکھنا۔** خبر رکھنا۔ واقفیت رکھنا۔
**آگہ** (آ۔ گہ) [ف۔ صف] آگاہ کا مخفف۔
**آگہی** (آ۔ گ۔ ہی) [ف۔ ا۔ مث] آگاہی کا مخفف۔
**آگے** (آ۔ گے) [ہ] (۱) پیچھے کی ضد (۲) سامنے۔ مقابل میں (۳) جیتے جی۔ (۴) اس کے پیچھے (۵) آگے کو (۶) بعد۔ فرق (۷) شروع میں (۸) زیادہ (۹) گود میں (۱۰) آئندہ۔ بعد ازیں (۱۱) دوبارہ (۱۲) دوسرا۔ اور۔ پھر (۱۳) علاوہ۔ پرے۔ (۱۴) پیشتر۔ قبل۔ گزشتہ زمانہ میں (۱۵) ہاتھ کے نیچے



Marfat.com

پاس۔ قریب۔ پینڈی میں۔
**آگے آگرہ، پیچھے لاہور** (ا۔ مثل) غلط راستے پر پڑے ہیں۔
**آگے آگے** (مرکب تاکیدی) آگے کی تاکیدی صورت (۲) آئندہ کو۔ زمانہ مستقبل میں۔ رفتہ رفتہ۔ چند روز میں۔
**آگے آگے چلنا۔** کسی کے آگے بڑھ کر قدم رکھنا۔ خدمت میں آگے چلنا۔
**آگے آگے رنگ لانا** (ا۔ محاورہ) آئندہ زیادہ شورش برپا کرنا۔ آگے کو خرابی لانا۔ آئندہ سر اُٹھانا۔
**آگے آگے گرو، پیچھے پیچھے چیلا** (ا۔ مثل) جس لیاقت کا اُستاد ہوتا ہے۔ شاگرد بھی ویسی ہی قابلیت حاصل کرتا ہے۔
**آگے آگے ہونا** (ا۔ محاورہ) پیش پیش ہونا۔ سربراہ ہونا۔
**آگے آنا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنے آنا (۲) نزدیک آنا (۳) سامنا کرنا (۴) پشت پناہ ہونا۔ (۵) واقع ہونا۔ پاداش پانا
**آگے آیت** (ا۔ روزمرّہ) بات ختم ہوئی۔ مطلب تمام ہوا۔ نقرہ پورا ہوا۔ بس
**آگے بڑھانا** (ا۔ محاورہ) آگے چلانا۔
**آگے بڑھنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگے جانا۔ آگے چلنا (۲) لڑنے کے واسطے سامنے ہونا (۳) بڑھ جانا۔ دُور نکل جانا (۴) سبقت لے جانا (۵) پیشوائی کرنا (۶) چلا جانا۔
**آگے پانا** (ا۔ محاورہ) کیے کی سزا پانا۔ تکلیف اُٹھانا۔
**آگے پیچھے** (تابع فعل) (۱) سامنے اور عقب میں (۲) یکے بعد دیگرے۔ لگاتار۔ (۳) دیر سویر (۴) خلافِ قاعدہ۔
**آگے پیچھے چلنا** (ا۔ محاورہ) ایک کے پیچھے دوسرے کا چلنا (۲) بے ترتیبی سے چلنا۔
**آگے پیچھے سب چل بسیں گے** (ا۔ مثل) سب کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔
**آگے پیچھے نہ ہونا** (ا۔ محاورہ) تن تنہا ہونا۔ بے وارث ہونا
**آگے پیچھے ہاتھ دھرتے ہونا** (ا۔ محاورہ) ننگا ہونا۔ نہایت مفلس ہونا۔
**آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں** (ا۔ مثل) جہاں پر کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے دونوں میں خرابی ہو وہاں بولتے ہیں (۲) مجبوری ومعذوری۔ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔
**آگے جانا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگے بڑھنا (۲) رستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا (۳) سبقت لے جانا۔
**آگے چلنا** (ا۔ محاورہ) آگے بڑھ کر چلنا۔ سبقت لے جانا۔ غالب آنا۔
**آگے خدا کا نام** (ا۔ محاورہ) (۱) خدا کے نام کے سوا کچھ نہیں (۲) بس خاتمہ ہے۔ (۳) اس کے آگے کچھ نہیں۔
**آگے خیریت ہے** (ا۔ محاورہ) آئندہ کچھ نہیں ہے۔
**آگے دوڑ پیچھے چوڑ** (ا۔ مثل) ایک کام تمام نہیں ہوا کہ دوسرا شروع کردیا۔
**آگے دھرا ہے** (ا۔ مثل) سامنے رکھا ہے۔ پیش آتا ہے۔
**آگے دھر لینا، آگے رکھ لینا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنے رکھ لینا۔ آگے کر لینا۔ (۲) آنکھ سے اوجھل نہ ہونے دینا (۳) گرفتار کر لینا۔
**آگے دھرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنے رکھنا۔ رُوبرو رکھنا۔
**آگے دیکھ کے** (تابع فعل) (۱) سامنے نظر کرکے (۲) سنبھل کر ...

**آگے دیکھنا** (۱) سامنے دیکھنا۔ آنکھیں کھولنا (۲) ہوشیار ہونا۔ آگے کی خبر رکھنا۔
**آگے دیکھیے کیا ہوتا ہے** (ا۔ مثل) نہیں معلوم آئندہ کیا ہونے والا ہے۔
**آگے دے کے** (تابع فعل) (۱) سامنے کرکے۔ پیش کرکے (۲) جان بوجھ کر دیدہ ودانستہ (۳) دھکیل کر۔ زبردستی۔
**آگے ڈالنا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنے رکھ دینا۔ روبرو ڈال دینا (۲) گزارہ کے واسطے بیوہ عورت کی روپیہ سے مدد کرنا۔
**آگے ڈولنا** (۱) سامنے پھرنا (۲) بال بچے ہونا۔ صاحب اولاد ہونا۔
**آگے رکھ لینا** (ا۔ محاورہ) نشانہ بنالینا۔ (۲) ڈھال بنا لینا (۳) قابو کر لینا۔
**آگے رکھنا** (۱) سامنے رکھنا (۲) نذر کرنا۔ شیرینی رکھنا۔ اُستاد بنانا۔
**آگے رنگ لانا** (ا۔ محاورہ) آئندہ گل کھلانا۔ آئندہ کو خرابی لانا۔
**آگے سے** (۱) سامنے سے (۲) پہلے سے۔ ابتدا سے۔
**آگے سے بھانپنا** (ا۔ محاورہ) (۱) پہلے سے ارادہ کرنا (۲) پہلے سے نتیجہ نکالنا۔
**آگے سے روکنا** (ا۔ محاورہ) پہلے سے روک دینا۔ پیش بندی کرنا۔
**آگے سے سوچنا** (ا۔ محاورہ) پہلے سے فکر کرنا۔
**آگے سے گانٹھنا** (ا۔ محاورہ) پہلے سے راضی کر لینا۔ پہلے سے یار بنانا۔
**آگے سے ہٹانا۔** سامنے سے دُور کرنا۔ ایک طرف کرنا۔
**آگے سے ہوتی آئی ہے** (ا۔ مثل) قدیم سے دستور ہے۔ پہلے سے یہ بات چلی آرہی ہے پرانی رسم ہے۔
**آگے قدم (دھرنا) رکھنا** (ا۔ محاورہ) پہل کرنا۔ پیش قدمی کرنا۔ ترقی کرنا۔
**آگے قسمت** (ا۔ روزمرّہ) آئندہ جو نصیب میں ہو۔
**آگے کا اُکھٹا۔** جھوٹا۔ پس خوردہ۔ بچا کھچا کھانا۔
**آگے کا قدم پیچھے پڑنا** (ا۔ محاورہ) (۱) پیچھے ہٹنا (۲) تنزل کرنا۔ گھٹنا (۳) رُعب چھا جانا۔ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ کچھ نہ سوجھنا۔
**آگے کرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) سامنے کرنا (۲) پیش کرنا
**آگے کنواں پیچھے کھائی** (ا۔ مثل) دونوں طرف سے خطرہ۔ کام کرنے میں بھی خرابی ہے اور نہ کرنے میں بھی۔
**آگے مقدر** (ا۔ روزمرّہ) آگے قسمت۔ آئندہ جو قسمت میں ہو۔
**آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا۔ سب سے اچھا کمہار کا گدھا** (ا۔ مثل) جس کا والی وارث کوئی نہ ہو۔ نا تھا۔ نگوڑا۔
**آگے نکل جانا (نکلنا)** (ا۔ محاورہ) آگے بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
**آگے ہاتھ پیچھے پات** (ا۔ مثل) اس قدر تنگ اور غریب ہے کہ تن پر کپڑا بھی نہیں۔ ایک ہاتھ آگے اور ایک پتا پیچھے لگا ہوا ہے۔
**آگے ہونا** (ا۔ محاورہ) (۱) آگے بڑھنا۔ پیش قدمی کرنا (۲) پردہ نہ ہونا (۳) روبرو آنا (۴) مقابلہ کرنا۔
**آگے ہی۔** پہلے ہی۔ اول ہی۔ اوّل ہی سے۔
**آگیا** (آ۔گ۔یا) [س۔ا۔مث] (۱) فرمان (۲) ہدایت (۳) اجازت۔ حکم۔ رخصت۔ رضا۔
**آگیا پالنا** (ا۔ محاورہ) حکم بجالانا۔ فرماں برداری کرنا۔
**آگیا دینا** (ا۔ محاورہ) (۱) حکم دینا (۲) اجازت دے دینا۔ ہدایت کرنا۔



Marfat.com

آ گیا ماننا (۱- محاورہ) حکم ماننا- اطاعت کرنا-
آگیں (ف- لاحقہ) فارسی لاحقہ نسبت جو کسی فارسی اسم کے بعد آکر اسے صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا اور لبالب کے معنی دیتا ہے- جیسے خلوص آگیں- شرم آگیں وغیرہ-

# آ-ل

آل (ہ-۱- مث) نئے پیاز کے ہرے پتے (۲) گھیا- تری (۳) زمین کی نمی (۴) ایک درخت جس کی جڑ سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل (ت-۱- مث) سُرخ رنگ- لال-
آل ((All) (انگ) کل- تمام- سب- اردو میں یہ لفظ مجرد استعمال نہیں ہوتا- مرکبات میں استعمال ہوتا ہے- جیسے آل پاکستان مسلم لیگ-
آل (ع-۱- مث) (۱) اولاد، بیٹے پوتے (۲) کُنبہ (۳) نسل
آل اولاد- بال بچے، بیٹا بیٹی- نواسا- نواسی- اخلاف-
آلِ پیمبر، آلِ رسول، آلِ نبی- رسول مقبولؐ کی بیٹی کی اولاد- قوم سادات-
آل تمغا (ت-۱- مذ) سرخ مہر (۲) شاہی فرمان معافی یا شاہی جاگیر کی سند (۳) انعام میں بخشی ہوئی جاگیر-
آل عبا- وہ لوگ جن پر رسول اکرمؐ نے اپنی کملی ڈال کر محبت ظاہر فرمائی یعنی حضرت علی و فاطمہ و حسن اور حسین رضی اللہ عنہم-
آل و اطفال- بال بچے- پوتا پوتی- نواسا- نواسی-
آل کا انڈا (۱- مذ) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں کسی غریب اور سیدھے سادے لڑکے کے سر پر چپتیں مارتے ہیں-
آل کا رنگ (۱- مذ) لال رنگ، وہ سُرخ رنگ جو آل درخت کی جڑ سے نکلتا ہے-
آل (ق-۱- مذ) گھر- گھونسلا- آشیانہ
آلا (آ-لا) [ہ- صف] (۱) گیلا- تر- نم (۲) کچا زخم، ہرا زخم (۳) [مذ] دیوار پر چراغ یا کسی چیز کے رکھنے کی جگہ- طاق- طاقچہ (۴) آلا اودل کا قصہ (۵) لمبی چوڑی داستان (۶) ٹھگ آپس میں ایک دوسرے کو اس نام سے پکارتے تھے (۷) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں دونوں طرف سر کرنا-
آلا پٹ جانا (۱- محاورہ) گنجفے میں دونوں طرف سر کرنے سے فارغ ہو جانا-
آلا دے نوالا- اسے طاق پر دے- کوئی نگینہ اعلیٰ درجے کو پہنچے مگر نظرًا اس کو کمینہ پن نہ جانے تو کہتے ہیں-
آلا رہنا- زخم تازہ رہنا- مندمل ہونے میں نہ آنا-
آلا کرنا- گنجفے میں دونوں طرف سر کرنا-
آلا گانا (۱) اپنا جھینکنا سنانا- اپنا رونا رونا (۲) ایک ہی داستان کہے جانا ایک مضمون کے سر ہو جانا-

آلا ہونا (۱) گیلا ہونا- تر ہونا- بھیگنا (۲) زخم ہرا ہو جانا- پھر سے ز[خم] کا تازہ ہو جانا-
آلا بالا (آ-لا، با-لا) [ہ-۱- مذ] (۱) ٹال مٹول- دم دلاسا- بہانہ (۲) ج[ل] فریب (۳) سستی- کاہلی-
آلا بالا بتا دینا (بتانا) (۱- محاورہ) ٹال دینا (۲) فریب دینا- دھوکا د[ینا]
آلاپ (آ-لاپ) [ہ-۱- مث] (۱) بول- چال- آواز- نغمہ (۲) آواز کا اتار چڑھا- گانے میں سُروں کا اونچا کرنا- گیت کی اٹھان- تان- سُر[...]
آلاپنا (آ-لاپ-نا) [ہ- مص] اونچے سروں میں گانا- تان اڑانا- آواز[...]
آلات (آ-لات) [ع-۱- مذ] آلہ کی جمع- اوزار- ہتھیار-
آلاتِ حرب- لڑائی کے ہتھیار- اسلحہ جنگ-
آلات کشاورزی (ع- ت-۱- مذ) کھیتی باڑی کے اوزار-
آلا راسی (آلارسی) (آ-لا-را-سی) (آ-لا-ر-سی) [ہ- صف] (۱) بے پرواہ- بے فکر- لاابالی (۲) [مث] بے پروائی- بے فکری (۳) سستی- کاہلی-
آلا راسی خصم خدا (۱- مثل- عو) سُست اور کاہل آدمی کا اللہ ہی ما[لک] ہے- خود کچھ نہیں کرتا- اس کا کام اللہ ہی کر دے تو کر دے-
آلام (آ-لام) [ع-۱- مذ] الم کی جمع- رنج و غم-
آلان (آ-لان) [س-۱- مذ و مث] (۱) وہ کڑا یا زنجیر جس سے ہاتھی کا پاؤ[ں] باندھا جاتا ہے (۲) ہاتھی کی پیٹھ کا گدا-
آلائش (آ-لا-اِش) [ف-۱- مث] (۱) آلودگی- غلاظت- میل کچیل- (۲) پھوڑے (۳) انتڑیاں-
آلپٹنا (آ-لِ-پٹ-نا) [اُر- مص] آ کر لپٹ جانا-
آلت (آ-لت) [ف-۱- مذ] (۱) آلہ- اوزار- ہتھیار (۲) جہاز کی رسی (۳) برتن (۴) عضو تناسل-
آلتی پالتی (آل-تی-پال-تی) [ہ-۱- مث] ایک قسم کی بیٹھک- چار زانو-
آلتی پالتی مارنا- چار زانو بیٹھنا- چوکڑی مار کر بیٹھنا
آلسی (آل-سی) [ہ- صف] سُست- کاہل- ڈھیلا-
آلسی سدا روگی (۱- مقولہ) سُست آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے-
آلکس (آل-کس) [ہ-۱- مث] (۱) سستی کاہلی، کسل (۲) نیند- اونگھ-
آلکس آنا- سستی یا کاہلی آنا- ماندگی معلوم ہونا- نیند آنا- اونگھ آنا-
آلکسی- (آل-ک-سی) [ہ-۱- مث] سستی- کاہلی-
آلکسیا (آل-ک-سِ-یا) [ہ- صف] (۱) کاہل- سُست (۲) مجہول-
آلگنا (آ-لگ-نا) [اُر- مص] (۱) قریب تر ہونا- (۲) گھات میں بیٹھ رہنا (۳) پڑ جانا- پہنچنا-
آلن (آ-لن) [ہ-۱- مذ] بیسن یا آٹا جو ساگ میں گھول کر ڈالتے ہیں
آلنا (آل-نا) [ہ-۱- مذ] آشیانہ- گھونسلا-
آلنگ (آ-لنگ) [س-۱- مث] گھوڑی کی مستی (۲) عورت کا خواہش پر آنا-
آلنگ پر (آنا) ہونا (۱- محاورہ) (۱) گھوڑی کا متانا- مد میں بھرنا-



Marfat.com

عورت کا مستانا (۲) جوان ہونا۔
**آلو** [ف-ا-مذ] ایک مشہور ترکاری۔
**آلو بخارا** [ف-ا-مذ] ایک قسم کا شیریں و ترش پھل۔ جو بخارا سے منسوب ہے
**آلوچہ** [ف-ا-مذ] آلو بخارے سے ملتا جلتا ایک ترش میوہ۔
**آلود** (آ-لُود) [ف-صف] لتھڑا ہوا۔ مرکبات میں بطور لاحقے کے استعمال ہوتا ہے جیسے خون آلود۔
**آلودگی** (آ-لو-د-گی) [ف-ا-مث] (۱) ناپاکی۔ آلائش۔ دنیاوی تعلقات
**آلودہ** (آ-لو-دہ) [ف-صف] (۱) لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ناپاک۔ نجس (۲) پھنسا ہوا (۳) گناہ گار۔ پاپی۔ جمع آلودگان۔
**آلودہ دامن۔ آلودہ عصیاں۔ آلودہ گناہ** (ف-صفت) گناہ گار۔
**آلودہ کرنا**۔ بھرنا۔ لتھیڑنا۔ تباہی میں شامل کرنا۔
**آلو شفتالو** (آ-لو-شف-تا-لو) [اُر-ا-مذ] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا دوسرے لڑکے کی چڑھی پر سوار ہو کر اس کی دونوں آنکھیں اپنے دونوں ہاتھوں سے بند کر لیتا ہے اور باقی لڑکوں میں سے ایک لڑکا اس سوار کی پیٹھ کے پیچھے کھڑا ہو کر اپنی جتنی چاہے انگلیاں بلا کر گھوڑی سے پوچھتا ہے کہ کتنی انگلیاں۔ اگر اس نے انگلیوں کی تعداد اتفاقاً صحیح بتادی تو گھوڑی سوار بن جاتی ہے اور پوچھنے والا گھوڑی۔ دن کھیل اسی طرح جاری رہتا ہے۔
**آلہ** (آ-لہ) [ع-ا-مذ] اوزار۔ ہتھیار۔ راچھ۔ جمع۔ آلات
**آلۂ تناسل** (۱) نسل بڑھانے کا اوزار (۲) ذکر۔ عضو تناسل۔ قضیب۔ لنگ۔
**آلۂ تنفس** (ع-ف-ا-مذ) (۱) وہ عضا جس کے ذریعے سانس لی جاتی ہے۔
**آلۂ کار** (ع-ف-ا-مذ) کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔
**آلے بالے** (آ-لے-با-لے) [ہ-ا-مذ] حیلے۔ حوالے۔ بہانے۔ ٹال مٹول۔

## آ م

**آم** [ہ-ا-مذ] منطقہ حارہ کا ایک مشہور اور لذیذ پھل۔ انبہ۔ اس کی بے شمار اقسام ہیں
**آم بوؤ آم کھاؤ، املی بوؤ املی کھاؤ** [ا-مثل] جیسا کرو گے ویسا بھرو گے
**آم پال (رکھنا) ڈالنا**۔ ایک خاص طریقے سے گدرائے ہوئے آموں کو گرم چیزوں میں دبانا تاکہ پک جائیں۔
**آم ٹپکنا**۔ آم کا پختہ ہو کر ڈال سے گرنا۔
**آم چوسنا**۔ پختہ آم کو نرم کرکے اس کا رس چوسنا۔
**آم ڈھلنا جانا**۔ آم کا زیادہ ملائم ہو کر بے مزا ہو جانا۔
**آم کا ٹپکا لگنا** (ا-محاورہ) درختوں سے پک کر آم ٹپکنا شروع ہونا۔
**آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے** (ا-مثل) اپنے مطلب سے مطلب ہے۔ حجت سے غرض نہیں۔

**آم کھائے پال کا خربوزہ کھائے ڈال کا، پانی پئے تال کا۔** (ا-مثل) ان چیزوں کے استعمال کا صحیح طریقہ یہی ہے۔ یہ اسی صورت میں لذیذ ہوتی ہیں۔
**آم کے آم گٹھلی کے دام** (ا-مثل) آم کھائے گٹھلیوں کو بیچ کر دام وصول کیے۔ کسی کام میں ہر صورت سے نفع ہونا۔ دوہرا فائدہ ہونا۔
**آم گھاس**۔ الم غلم۔ بھلا برا۔ عام خاص کی بگڑی ہوئی صورت۔
**آم میں (بور) مور آنا**۔ آم کے درخت میں پھول آنا۔
**آماج** (آ-ماج) [ف-ا-مذ] نشانہ۔ ہدف۔
**آماجگاہ** (ف-ا-مث) نشانہ کی جگہ۔
**آمادگی** (آ-ما-د-گی) [ف-ا-مث] رضامندی۔ مستعدی۔ تیاری۔
**آمادہ** (آ-ما-دہ) [ف-صف] رضامند۔ مستعد۔ تیار۔
**آماس** (آ-ما-س) [ف-ا-مذ] سوجن۔ ورم۔
**آمال** (آ-مال) [ع-ا-مث] امل کی جمع۔ امیدیں۔
**آمد** (آ-مد) [ف-ا-مث] (۱) آنا۔ تشریف لانا۔ از خود خیال آنا۔ بلا تکلف مضمون ذہن میں آنا۔ (۲) آمدنی (۳) محاصل۔ یافت۔
**آمد آمد** (ف-ا-مث) آنے کا چرچا۔ آنے کا ذکر۔ جلد آنے کا توقع۔
**آمد برآمد کے دن** (ا-محاورہ) قسمت پھرنے کا زمانہ۔ فصل تبدیل ہونے کا وقت۔ موسم بدلنے کے دن۔
**آمد سخن**۔ کلام کا بلا تکلف ذہن میں آنا۔
**آمد بر سر مطلب** (ف-مثل) اب میں اصل مطلب بیان کرتا ہوں۔
**آمد و خرچ**۔ آمدنی اور خرچ۔ آنا اور نکلنا۔ حاصل اور صرف۔
**آمد و رفت** (۱) آنا جانا (۲) میل ملاپ۔ تعلق۔ واسطہ (۳) ٹریفک۔
**آمد و رفت ہونا** (ا-محاورہ) راہ و رسم رہنا۔ آتے جاتے رہنا۔
**آمد و رفت رکھنا** (ا-محاورہ) آنا جانا۔ جاری رکھنا۔
**آمد و رفت لگی رہنا** (ا-محاورہ) آنے جانے کا تار بندھا رہنا۔
**آمد و شد** (ف-مث) (۱) آنا جانا۔ آمد و رفت (۲) رہگذر (۳) راہ و رسم۔
**آمدن** (آ-م-دن) [ف-مص] آنا (۲) [اُر] آمدنی۔ یافت۔
**آمدن بہ ارادت رفتن بہ اجازت** (ف-مثل) اپنی خوشی سے آنا دوسرے کی خوشی سے جانا۔
**آمدنی** (آ-م-د-نی) [ف-ا-مث] محاصل۔ یافت۔ فائدہ۔ بچت۔ نفع۔ منافع۔
**آمدنی کا موسم** (۱) وہ دن جن میں غلہ یا سوداگری کا مال آتا ہے۔ وسارر آنے کا دن (۲) یافت کا زمانہ۔
**آمدنی کے سر سہرا ہے** (ا-مثل) آمدنی ہی سے سارا ٹھاٹھ درست ہوتا ہے۔
**آمر** (آ-مر) [ع-صف-و-ا-مذ] حکم دینے والا۔ مطلق العنان۔ ڈکٹیٹر (Dictator)
**آمرانہ** (آ-م-را-نہ) [ف-صف] منسوب بہ آمر۔ حاکمانہ۔
**آمرزش** (آ-مر-زش) [ف-ا-مث] بخشش۔
**آمرزگار** (آ-مرز-گار) [ف-صف] بخشنے والا۔ معاف کرنے والا۔ مراد


Marfat.com

خدا تعالےٰ۔
**آمریت** (آ-م-ری-یت) [ع-ا-مث] آمر یا ڈکٹیٹر کا منصب۔ مطلق العنانی کی اختیار و اقتدار۔
**آملہ** (آ-مُ-لہ) [ف-ا-مذ] آنولہ۔ ایک ترش پھل۔
**آملیٹ**۔ (Omelette) (آم-لیٹ) [انگ-ا-مذ] انڈوں کا چلا۔ پیاز ملے ہوئے نمکین انڈے۔
**آمنا سامنا** (آم-نا-سام-نا) [ہ-ا-مذ] (۱) مقابلہ۔ مڈھ بھیڑ (۲) لڑائی۔ باہم سخت و سست باتیں۔
**آمنّا و صدّقنا** (آ-من-نا-وَصد-دَق-نا) [ع] (۱) ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی۔ (۲) بجا ہے۔ درست ہے۔ ٹھیک ہے۔
**آمنے سامنے** (ا-مذ) (آم-نے-سام-نے) [ہ] (۱) ایک دوسرے کے آگے۔ ایک دوسرے کے مقابل۔
**آمنے سامنے ہونا** (ا-محاورہ) روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔
**آموختہ** (آ-موخ-تہ) [ف-ا-مذ] پڑھا ہوا سبق۔ پچھلا سبق۔
**آموختہ (پڑھنا) پھیرنا**۔ پڑھے ہوئے کو دہرانا۔
**آموختنی** (آ-موخ-تَ-نی) [ف-صف] سیکھنے کے لائق۔ سکھانے کے قابل۔
**آموز** (آ-موز) [ف-صف] آموختن کا صیغہ امر سکھانے والا۔ سیکھنے والا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے سبق آموز)
**آموزش** (آ-مو-زش) [ف-ا-مث] سکھائی۔
**آموزش گاہ** (ف-ا-مث) درس گاہ۔ مکتب۔ مدرسہ۔
**آموز گار** (آ-موز-گار) [ف-صف-وا-مذ] سکھانے والا۔ اُستاد۔ معلم۔ جمع: آموزگاران۔
**آمیختہ** (آ-میخ-تہ) [ف-صف] ملایا ہوا۔ مرکب۔
**آمیز** (آ-میز) [ف-صف] ملنے والا۔ ملانے والا (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے کم آمیز)
**آمیزش** (آ-مے-زش) [ف-ا-مث] ملاوٹ۔ ملونی۔
**آمیزش ہونا** (۱) ایک ذات ہونا (۲) گھُل مل جانا۔
**آمیزہ** (آ-مے-زہ) [ف-ا-مذ] مرکب محلول (دواؤں) دو یا دو سے زائد چیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات ہو جائیں۔ مکسچر۔
**آمین** (آ-مین) [ع] (۱) اے خدا ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے۔ (۲) ختم قرآن شریف کی تقریب۔
**آمین۔ آمین**۔ آمین کا تاکیدی فقرہ۔
**آمین آمین ہونا** (ا-محاورہ) (۱) امن چین ہونا (۲) خوشیاں منانا۔ مراد بر آنا۔
**آمین اللہ** (۱) خدا یوں ہی کرے۔ خدا قبول کرے۔ خدا کی پناہ۔ دُور پار خدا نہ کرے۔ توبہ۔ نعوذ باللہ۔
**آمین پڑھنا** (ا-محاورہ) ختم قرآن کے بعد جو کچھ دعائیہ اشعار پڑھے جاتے ہیں، اُنھیں آمین پڑھنا کہتے ہیں۔
**آمین کہنا** (ا-محاورہ) دعا مانگنے کے بعد لفظ آمین زبان پر لانا یعنی خدا تعالےٰ قبول کرے۔ خدایا یوں ہی کرے (۲) قبول کرنا۔ ماننا۔

**آمین کہنے والے** (ا-مذ) ہاں میں ہاں ملانے والے۔ خوشامدی۔

# آ-ن

**آن** (ہ-ا-مث) (۱) قسم۔ عہد (۲) بڑوں کی رسم۔ رواج (۳) ضد۔ ہٹ (۴) عادت خصلت (۵) آرزو۔ خواہش (۶) لاج (۷) شرم۔ حیا عزت حرمت۔
**آن توڑنا** (ا-محاورہ) (۱) قول قرار توڑنا۔ قسم توڑ دینا (۲) رسم کے خلاف کرنا۔
**آن جانا** (ا-محاورہ) بات خراب ہونا۔ آبرو جانا۔
**آن رہ جانا** (ا-محاورہ) بات رہ جانا۔ آبرو رہ جانا۔
**آن کہاں ہو گیا** (ا-مثل) تباہ ہو گیا۔ برباد ہو گیا۔ عزت جاتی رہی۔
**آن** (ف-ا-مث) (۱) شان و شوکت (۲) ادا۔ معشوقانہ چھب (۳) وضع۔ ڈھنگ (۴) غرور۔ گھمنڈ۔
**آن بان**۔ شان و شوکت۔ وضع۔ ٹھاٹ۔ بانکپن۔
**آن بان سے رہنا** (ا-محاورہ) شان و شوکت سے بسر کرنا۔ ٹھاٹھ سے رہنا۔ وضع بنائے رہنا۔
**آن بان والا** (۱) شان و شوکت والا۔ ناز و ادا والا۔ (۲) وضع دار۔ عزت دار۔
**آن تان میں پورا ہونا** (ا-محاورہ) شان و شوکت میں کامل ہونا۔ وضع کا پابند ہونا۔
**آن نکلنا** (ا-محاورہ) معشوقانہ انداز پیدا ہونا۔ حسن و خوبی کا چمکنا۔
**آن** (ع-ا-مث) وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ ساعت۔
**آن کا مہمان**۔ کوئی دم کا مہمان۔ جلد دنیا سے جانے والا۔
**آن کی آن میں** (تابع فعل) آناً فاناً۔ ایک لمحہ میں۔ ذرا سی دیر میں۔
**آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے** (ا-مثل) متلون مزاج ہے۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔
**آن واحد میں** (تابع فعل) ایک آن میں لمحے بھر میں۔
**آن** [ہ] آنا کا مخفف۔
**آن بننا** (ا-محاورہ) مصیبت پڑنا۔ بلا نازل ہونا۔ آپھنسنا۔
**آن پڑنا** (ا-محاورہ) یکایک آگرنا۔ دفعتاً نازل ہونا۔ ایکا ایکی وارد ہونا۔ (۲) بے کوشش ہاتھ لگنا۔ (۳) ٹوٹ پڑنا۔ حملہ کرنا (۴) مصیبت پڑنا (۵) گرفتار ہونا۔ (۶) کسی کے سر پہ بوجھ پڑنا (۷) پناہ میں آنا۔
**آن پہنچنا** (ا-محاورہ) داخل ہونا۔ کنارے لگنا۔ آجانا۔
**آن لینا** (ا-محاورہ) آلینا۔ آکر مل جانا۔
**آن ملنا** (ا-محاورہ) آجانا۔ مل جانا۔
**آں** (ف-ض و اشارہ) (نون غنہ) وہ۔
**آنجناب** (کلمہ تعظیم) جناب والا۔ عالی قدر۔ مخاطب کو بجائے آپ کے تعظیماً آں جناب کہتے ہیں۔
**آنحضرت**۔ آں سرور (کلمہ تعظیم) وہ بزرگ۔ وہ سردار۔ تعظیماً



Marfat.com

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نام کی جگہ بولتے ہیں۔

**آں دفتر را گاؤ خورد** (ف۔ مثل) اس دفتر کو بیل کھا گیا۔ ایسی چیز کے متعلق کہتے ہیں جس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا ہو۔

**آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک** (ف۔ مثل) جس کا حساب صاف ہو اُسے پڑتال کا خوف نہیں۔

**آں قدح بشکست و آں ساقی نماند** (ف۔ مثل) وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ پلانے والا نہ رہا۔ وہ مزہ اور لطف جاتا رہا۔ وہ زمانہ ہی نہ رہا، وہ صحبتیں ہی نہ رہیں۔

**آنا** (آ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جانا کی ضد۔ آ پہنچنا۔ نازل ہونا۔ حاضر ہونا۔ نمودار ہونا۔ داخل ہونا (۲) واقف ہونا۔ جاننا۔ سیکھ لینا (۳) مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ (۴) دُکھنا۔ پُر آشوب ہونا (آنکھ کے لیے مستعمل ہے)

**آنات**۔ وقت۔

**آنا جانا** (۱) آمد و رفت (۲) میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط۔

**آنا نہ پائی کڑی پاؤں گھسائی** (ا۔ مثل) بے کار دوڑ دھوپ۔ مُفت کی محنت۔

**آنا فانا** (آ۔ ن۔ فا۔ ن) [ع۔ تابع فعل] ایکا ایکی۔ جھٹ پٹ۔

**آنا کانی** (آ۔ نا۔ کا۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سنی ان سنی کرنے کی حالت۔ نہ دھیان دینے کی حالت (۲) ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔

**آنا کانی (دینا) کرنا** (ا۔ محاورہ) سنی ان سنی کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا۔

**آنب** (ہ۔ ا۔ مذ) آم۔

**آنبا ہلدی** (آن۔ با۔ ہل۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی سرخ ہلدی۔ آما ہلدی۔

**آنت** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) انتڑی (۲) (کنایۃً) لمبی چیز۔

**آنت (اُترنا) بڑھ آنا** (مص۔ مرکب) ایک بیماری جس میں آنت فوطوں میں اُتر آتی ہے اور اس سے آدمی کے خصیوں میں درد پیدا ہوتا ہے۔

**آنت بھاری تو بات بھاری** (ا۔ مثل) فتور ہضم سے دردِ سر ہوتا ہے۔ پیٹ کے بگاڑ سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔

**آنت کی آنت** (ا۔ محاورہ) بہت لمبی چیز۔ طول طویل بات۔

**آنتوں کا بل کھلنا**۔ بہت سی بھوک کے بعد خوب ڈٹ کر کھانا۔

**آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا** (ا۔ محاورہ) سخت بھوکا ہونا۔

**آنتوں میں بل پڑنا** (ا۔ محاورہ) پیٹ میں بل پڑنا۔ پیٹ میں درد شروع ہو جانا۔

**آنتیں اُلٹ جانا** (ا۔ محاورہ) قے ہونا۔ بہت اُبکائیاں آنے سے جی اوپر تلے ہونا۔

**آنتیں سمٹنا** (ا۔ محاورہ) بھوکا رہنا۔ بھوک کی برداشت کرنا۔

**آنتیں سوکھنا** (ا۔ محاورہ) بھوک کے مارے انتڑیوں کا سوکھ جانا۔ فاقہ کشی کرنا۔

**آنتیں کوسنی ہیں** (ا۔ مثل) بھوک سے آنتیں فریاد کرتی ہیں۔ بہت زیادہ بھوک لگی ہے۔

**آنتیں گلے آنا۔ آنتیں گلے میں آنا** (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پڑنا۔ بلا میں مبتلا ہونا۔

**آنتیں منہ کو آنا** (ا۔ محاورہ) ناک میں دم آنا۔ بیزار ہونا۔ جی اُکتانا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔

**آنتیں مُوسنا**۔ بھوکا رہنا۔ بھوک کی برداشت رہنا۔

**آنٹ** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہتھیلی میں انگوٹھے اور اُنگلی کے درمیان کی جگہ (۲) داؤں۔ قبضہ۔ پیچ (۳) دشمنی (۴) گرہ۔ گانٹھ (۵) پُولا۔ گٹھا۔

**آنٹ پڑنا** (ا۔ محاورہ) گرہ پڑنا (۲) دل میں فرق آنا۔ دشمنی ہونا۔

**آنٹ سانٹ** (ا۔ مث) سازش۔ توڑ جوڑ۔ باہمی صلاح مشورے۔

**آنٹ لگانا** (۱) روک پیدا کرنا (۲) چاندی کو تپا کر کھوٹا کھرا پہچاننا

**آنٹ نکلنا**۔ دل کا فرق نکلنا۔ دل صاف ہونا۔

**آنٹی** (آں۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) گٹھا۔ پولا (۲) سوت یا ریشم کی لچھی۔ (۳) لڑکوں کے کھیلنے کی گُلی۔ (۴) کشتی کا ایک پیچ جس میں ٹانگ اڑا کر حریف کو چت کرتے ہیں۔

**آنٹی دینا** (۱) اڑنگا مارنا۔ حریف کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر اسے گرا دینا۔

**آنٹی کاٹنا**۔ کشتی میں آنٹی لگنے پر اس کی کاٹ کرنا۔

**آنٹی (لگانا) مارنا** (۱) مخالف کی ٹانگ میں ٹانگ اڑانے کا داؤں چلانا۔ (۲) گرہ باندھنا۔

**آنٹے جھونٹے** [ق] جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک کا دوسرے کی گود میں پاؤں رکھنا۔

**آنچ** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) گرمی (۲) آگ کی لپٹ۔ شعلہ (۳) آگ (۴) تاؤ۔ جوش (۵) مادری جوش۔ ماتا (۶) صدمہ (۷) نقصان۔ ضرر (۸) آبداری۔ دھار۔ چمک (۹) شہوت۔ جوش (۱۰) مصیبت (۱۱) بھوک کی آگ

**آنچ آنا** (ا۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچنا۔ چوٹ لگنا (۲) نقصان ہونا (۳) مصیبت۔

**آنچ دکھانا** (ا۔ محاورہ) گرم کرنا۔ جلانا۔ آگ دکھانا۔

**آنچ کا کھیل ہے** (ا۔ مذ) آگ کا کام ہے۔

**آنچ کڑی ہونا** (ا۔ محاورہ) تیز آگ ہونا۔

**آنچ کھانا** (ا۔ محاورہ) (۱) تاؤ کھانا (۲) گرم ہونا (۳) پگھلنا۔ گلنا۔

**آنچ نہ آنا** (۱) صدمہ نہ پہنچنا (۲) نقصان نہ ہونا۔

**آنچ نہ آنے دینا** (ا۔ محاورہ) (۱) آسیب یا صدمہ نہ پہنچنے دینا (۲) نقصان یا ضرر نہ ہونے دینا۔

**آنچیں نکلنا** (ا۔ محاورہ) شعلے اُٹھنا۔

**آنچل** (آں۔ چل) (ہ۔ ا۔ مذ) دوپٹے کا سرا۔ اوڑھنی کا پلو۔ دامن کا پلو۔ دامن کا کنارہ۔ گھونگھٹ (۲) پستان۔ چھچی۔

**آنچل پڑنا**۔ آنچل چھوایا جانا۔ کسی چیز پر آنچل پڑ جانا۔

**آنچل پلو** (ا۔ مذ) مقیش کی جھالر جو بھاری جوڑوں کے دوپٹے اوڑھنی وغیرہ کے کناروں پر لٹکتے ہیں۔

**آنچل پھاڑنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آنچل کترنا (۲) ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا۔ جس عورت کے بچے جیتے نہ ہوں وہ بچوں والی عورت کا آنچل کتر لیتی ہے اور اس کو جلا کر کھا لیتی ہے۔ جس سے حسب اعتقاد مستورات اُس کے بچے تو مر جاتے ہیں اور کھانے والی کے زندہ رہتے ہیں (۳) دلہن کا بے باکی سے باتیں کرنا۔



Marfat.com

آنچل دبانا۔ بچے کا دودھ پینا۔ چھاتی منہ میں لینا۔
آنچل دینا۔ بچہ کے منہ میں چھاتی دینا۔ بچے کو دودھ پلانا۔
آنچل ڈالنا۔ عورتوں میں ایک رسم ہے۔ جب دولھا نکاح کے بعد دلہن کے گھر ادائے رسوم کے لیے جانے لگتا ہے تو اس کی بہنیں دروازے سے اپنے بھائی کے سر پر آنچل ڈال کر صدر مقام تک لے جاتی ہیں اور اس آنچل ڈالنے کا نیگ ان کو دیا جاتا ہے۔
آنچل سر پر ڈالنا (ا۔ محاورہ) (۱) دوپٹہ سر پر ڈالنا (۲) آرسی مصحف کی رسم کے وقت دولھا دلہن کے سر پر سرخ کپڑا ڈالنا۔
آنچل سنبھالنا (ا۔ محاورہ) آنچل اٹھانا۔ آنچل درست کرنا۔
آنچل لینا (ا۔ محاورہ) مہمان آنے والی عورت کا استقبال کرنا اور اس کے دوپٹہ کا کنارہ تعظیماً چھونا۔
آنچل میں بات باندھ رکھو (ا۔ مثل) خوب یاد رکھو۔ ہرگز نہ بھولو۔
آنچل میں بات باندھنا (ا۔ محاورہ) (۱) بات پلے باندھنا (۲) کسی کی نصیحت یا قول کو یاد رکھنا۔
آنچل میں باندھنا (ا۔ محاورہ) (۱) پلے میں باندھنا۔ دوپٹہ میں گرہ لگانا۔ (۲) کسی چیز کو دینے کے لیے ہر وقت اپنے پاس رکھنا (۳) یاد رکھنے کے لئے آنچل میں گرہ دے لینا۔ یاد رکھنا۔
آنچل میں سات بائیں باندھنا (ا۔ محاورہ) ٹونا ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا۔
آندُو (آن۔ دُو) [س۔ ا۔ مث] زنجیر جسے نامی پہلوان کشتی جیتنے کے بعد پاؤں میں پہنتے ہیں۔
آندوسن (ہ۔ ا۔ مذ) تحریک۔ مہم چلانا۔
آندھل جھپٹ (آن۔ دھل۔ جھ۔ پٹ) [ہ۔ تابع فعل] اندھا دھند۔ جلد جلد (صف) بے ہودہ۔ فضول۔
آندھی (آن۔ دھی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تیز ہوا کا طوفان۔ جھکڑ۔ گرد و غبار (۲) [صف] بہت تیز چلنے والا۔ چالاک۔
آندھی آنا (ا۔ محاورہ) جھکڑ چلنا۔ اندھیاو آنا۔
آندھی آئے بیٹھ جائے مینہ آئے بھاگ جائے (ا۔ مثل) تھوڑی سی مصیبت جس کو جھیل سکے جھیلے زیادہ ہو تو الگ ہو جائے۔
آندھی آئے یا مینہ بڑھیا پلنیھڑ (بازار) سے نہ رہے (ا۔ مثل) کوئی شخص اپنی عادت یا اپنے کام سے کسی حالت میں باز نہ رہے تو کہتے ہیں۔
آندھی اٹھنا (ا۔ محاورہ) طوفان اٹھنا۔
آندھی جائے مینہ جائے (ا۔ مثل) اچھا ہے کچھ بھی ہو۔ ہر حالت میں۔
آندھی چھانا (ا۔ محاورہ) آندھی کا غبار چھانا۔
آندھی حضرت بی بی کے دامن میں بدھی (ا۔ مثل) آندھی آنے کے وقت جاہل عورتیں یہ کہہ کر چلاتی ہیں۔ ان کے عقیدے سے اس طرح آندھی چلی جاتی ہے۔
آندھی روگ (ا۔ مذ) مصیبت۔ آفت چلتے چلتے تھک جانے کی جگہ بولتے ہیں۔
آندھی کاٹنا (ا۔ محاورہ) افسوں پڑھ کے انگلی سے آندھی روکنا۔
آندھی کا کوا (ا۔ صف) کوا آندھی کی حالت میں نہ کہیں بیٹھ سکتا ہے نہ اُڑ سکتا ہے۔ مصیبت کا مارا۔ نہایت پریشان حال۔
آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا (ا۔ محاورہ) آتے ہی جلدی سے رخصت ہو گیا۔
آندھی کی طرح طبیعت آنا (ا۔ محاورہ) بے اختیار کسی چیز پر مائل ہونا۔
آندھی کے آم (ا۔ محاورہ) (۱) آندھی کے گرے ہوئے آم (۲) بہت سستی چیز (۳) چند روزہ۔ تھوڑے دن کے۔
آندھی ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کام میں نہایت سرگرمی سے مصروف ہونا (۲) بہت تیز اور چالاک ہونا۔
آندُو (آن۔ ڈُو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ شخص یا جانور جس کے بڑے بڑے خصیے ہوں۔ (۲) سانڈ (۳) [صف] پُر شہوت۔ شہوتی۔
آنڈر بیل (ہ۔ ا۔ مذ) وہ بیل جو خصی نہ کیا گیا ہو (۲) بڑے فوطوں کا آدمی یا جانور جو فوطوں کے بوجھ سے نہ چل سکے۔ منتھا۔ سست کاہل۔
آنڈی (آن۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] پیاز کی گٹھی
آنڈے بانڈے کھانا (آن۔ ڈے، بانڈے۔ کھا۔ نا) [ہ۔ مص] ادھر اُدھر گھومنا۔ مارے مارے پھرنا۔
آنر (Honour) (آ۔ نر) [انگ۔ ا۔ مث] عزت۔ بڑائی۔ مرتبہ۔
آنریبل (Honourable) (انگ۔ صف) ذی عزت۔ صاحب رتبہ۔
آنریری (Honorary) (آن۔ رے۔ ری) [انگ۔ صف] (۱) اعزازی۔ امتیازی۔ (۲) بلا تنخواہ کام کرنے والا۔ اعزازی خدمت انجام دینے والا۔
آنریری جج (Honorary Judge) اعزازی جج۔ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا جج۔
آنریری سیکرٹری (Honorary Secretary) معتمد اعزازی وہ سیکرٹری جو تنخواہ نہ لے۔
آنریری مجسٹریٹ۔ (Honorary Magistrate) اعزازی مجسٹریٹ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا مجسٹریٹ۔
آنس (آ۔ نس) [ع۔ صف] محبت رکھنے والا۔ گھل مل جانے والا۔
آنسو (آن۔ سو) [ہ۔ ا۔ مث] اشک۔ وہ پانی جو زیادہ تکلیف، رنج یا خوشی میں آنکھوں سے جاری ہو جاتا ہے۔
آنسو آنا (ا۔ محاورہ) آنسو بھر آنا۔ آنکھ میں پانی بھر آنا۔
آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک (ا۔ مثل) بظاہر رنج و غم ظاہر کرنا لیکن دل میں مکاری بھری ہونا۔
آنسو بہانا (ا۔ محاورہ) رونا۔ آنسو بہانا۔ گریہ زاری کرنا۔
آنسو بھر آنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں پانی بھر آنا۔ آبدیدہ ہونا۔
آنسو بھر لانا (ا۔ محاورہ) آبدیدہ ہونا۔ آنکھوں سے پانی بہانا۔
آنسو بہنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں سے پانی جانا۔ ڈھلکا لگنا۔ رونا۔
آنسو تھمنا (ا۔ محاورہ) رونا تھمنا۔ تسلی اور تشفی ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔
آنسو پونچھنا (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھوں کا پانی خشک کرنا (۲) تسلی دینا۔ تسکین بخشنا۔ ڈھارس بندھانا۔
آنسو (پی جانا) پینا (ا۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔ دکھ درد کے وقت



Marfat.com

خاموش رہنا۔ نہ رونا۔
**آنسو توڑ** (ا۔ مذ) غیر موسم کی بارش۔ بِن رُت کا مینہ۔
**آنسو تھمنا** (ا۔ محاورہ) رونا موقوف ہونا۔ رونا بند ہونا۔
**آنسو ٹپکانا** (ا۔ محاورہ) رونا۔
**آنسو ٹپک پڑنا** (ا۔ محاورہ) آنسو گر پڑنا۔ کسی صدمہ کے اثر سے رو پڑنا۔
**آنسو چلنا** (ا۔ محاورہ) اشک رواں ہونا۔ آنکھوں سے پانی جاری ہونا۔
**آنسو خشک ہونا** (ا۔ محاورہ) آنسو سوکھنا۔
**آنسو ڈالنا** (ا۔ محاورہ) آنسو گرانا۔ رونا۔
**آنسو ڈبڈبانا** (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔
**آنسو ڈھال** (ا۔ مث) گھوڑوں کی ایک بیماری جس سے ان کی آنکھوں سے ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے۔
**آنسو کی دھار۔** آنسوؤں کا تار۔ پے در پے آنسو نکلنا۔
**آنسو کی لڑی** (۱) آنسوؤں کا تار (۲) مسلسل آنسو بہنا۔
**آنسو گرانا** (ا۔ محاورہ) (۱) ماتم کرنا۔ پُرسا دینا۔ رونا (۲) تعزیت کرنا۔
**آنسو (گر پڑنا) گرنا** (ا۔ محاورہ) آنسو ٹپکنے لگنا۔
**آنسو گیس** (Tear Gas) ایک قسم کی گیس جس سے آنکھ میں مرچیں سی لگتی ہیں اور پانی بہنے لگتا ہے۔ غیر قانونی ہجوم کے مظاہرہ کو منتشر کرنے کے لیے پولیس استعمال کرتی ہے۔
**آنسو نکل (آنا) پڑنا** (ا۔ محاورہ) آنسو ٹپک پڑنا۔ بے اختیار آنسو گرنا۔
**آنسو نکلنا** (ا۔ محاورہ) آنسو بہنا۔
**آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی** (ا۔ مثل) رونے سے دل کی حسرت نہیں نکلتی۔ غم دور نہیں ہوتا۔
• **آنسوؤں سے منہ دھونا** (ا۔ محاورہ) زار زار رونا۔ بہت رونا۔
**آنسوؤں کا تار (بندھنا) چلنا** (ا۔ محاورہ) زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔
**آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا** (ا۔ محاورہ) مسلسل رونا۔
**آنسوؤں کا چھالا** (ا۔ مذ) وہ چھالا جو آنسوؤں کی گرمی سے پڑ جائے۔
**آنسوؤں کی جھڑی لگنا** (ا۔ محاورہ) مسلسل روتے رہنا۔
**آنسوؤں کی سیلی۔** آنسوؤں کا تار۔ آنسوؤں کی لڑی۔
**آنسوؤں کے تار باندھنا** (ا۔ محاورہ) برابر آنسو بہاتے جانا۔
**آنسوؤں کے دریا میں نہانا** (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ رونا۔ اتنا رونا کہ آنسوؤں سے منہ بھیگ جائے۔
**آنِسَہ** (آ۔ نِ۔ سہ) [ع۔ صف] محبت کرنے والی۔ کنواری لڑکی۔ مِس
**آنک** (س ا۔ مث) (۱) نشان (۲) حرف (۳) بات (۴) حصّہ۔ (۵) چھکڑے یا بیل گاڑی کی بلیوں کے نیچے دیا ہوا لکڑی کا مضبوط ڈھانچہ جس میں پہیے کی دھُری ڈالی جاتی ہے (۹) عدد۔ ہندسہ۔ رقم۔ نمبر (۱۰) سکہ۔ حروفِ سکہ۔ ضربِ سکّہ (۱۱) جانچ۔ اندازہ۔ اٹکل۔
**آنکڑا** (آنک۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) عدد۔ گنتی کا نشان (۲) پیچ (۳) مویشیوں کی ایک بیماری (۴) کانٹا۔ ہک۔ لوہے کا کانٹا۔ آڑی لکڑی۔
**آنکس** (آں۔ کس) [ہ۔ ا۔ مذ] بانک۔ آنکڑا۔ ہاتھی کو ہانکنے کا آلہ۔
**آنکنا** (آنک۔ نا) [ہ مص] (۱) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا (۲) جھاڑنا۔ دم کرنا۔

منتر پڑھ کر پھونکنا۔ عمل یا منتر سے زہریلے جانور کے کاٹے کا اثر دُور کرنا۔
**آنکو** (آں۔ کو) [ہ۔ صف] آنکنے والا۔ اندازہ لگانے والا۔
**آنکھ** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نین۔ دیدہ۔ چشم۔ نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔ بصارت۔ (۳) اشارہ۔ ایما۔ عشوہ۔ غمزہ (۴) توجہ۔ نظرِ التفات (۵) امتیاز۔ شناخت۔ پہچان (۶) مہارت۔ واقفیت (۷) اولاد۔ بیٹا بیٹی (۸) اندازہ۔ تخمینہ (۹) امید۔ توقع۔ آسرا (۱۰) پاس۔ مروّت (۱۱) چشمِ حقیقت۔ بالغ نظری۔ (۱۲) گنّے اور بانس کی گانٹھ میں جو کونپل یا شاخ پھوٹتی ہے (۱۳) گھنٹے کی چپنی یا پالی کے پاس گڑھے (۱۴) آسیب۔ سایا۔ صورت دیکھی۔
**آنکھ آشنا ہونا** (ا۔ محاورہ) واقف ہونا۔ روشناس ہونا۔
**آنکھ آنا** (ا۔ محاورہ) آشوبِ چشم ہونا۔ آنکھیں دُکھنا۔
**آنکھ اُبل آنا** (ا۔ محاورہ) آنکھ کے آشوب کا زور کرنا۔
**آنکھ اٹک جانا** (ا۔ محاورہ) آنکھ لگ جانا۔ محبت ہو جانا۔
**آنکھ اُٹھا کر دیکھنا** (ا۔ محاورہ) (۱) نظر بھر کر دیکھنا۔ (۲) نظر ملا کر دیکھنا۔ (۳) التفات کی نظر سے دیکھنا۔ توجہ کرنا۔
**آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا** (ا۔ محاورہ) نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) نہایت بے پروائی کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ گھمنڈ ہونا (۳) نادم ہونا۔ شرمانا۔
**آنکھ اُٹھانا** (ا۔ محاورہ) نظر اونچی کرنا۔ آنکھ سامنے کرنا (۲) باز رہنا۔ درگزر کرنا۔ دست بردار ہونا۔
**آنکھ اُٹھ جانا** (ا۔ محاورہ) نگاہ اونچی ہو جانا۔ دیکھ لینا۔
**آنکھ اُٹھ نہ سکنا** (ا۔ محاورہ) شرم کے مارے آنکھ اونچی نہ ہونا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔
**آنکھ اُچٹ جانا** (ا۔ محاورہ) جاگ پڑنا۔ نیند میں آنکھ کھل جانا۔
**آنکھ اُلجھنا** (ا۔ محاورہ) آنکھ لگنا۔ محبت ہونا۔
**آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل، آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ** (ا۔ مثل) جو چیز آنکھ سے پوشیدہ ہو وہ گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں وہ اگر قریب بھی ہو پھر بھی دُور ہے۔
**آنکھ اونچی نہ ہونا** (ا۔ محاورہ) شرم سے آنکھ نہ اُٹھنا۔
**آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نو نو** (ا۔ مثل) آنکھ ایک نہیں سرمہ دانیاں نو نو موجود ہیں۔ بدصورتی میں بناوٹ سجاوٹ کا شوق ہونا۔
**آنکھ بچا جانا** (ا۔ محاورہ) کترا جانا۔ اغماض کرنا۔ آنکھ چرا لینا۔
**آنکھ بچا کر کچھ کرنا** (ا۔ محاورہ) نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چھپا کر کوئی کام کرنا۔
**آنکھ بچا کے آنا** (ا۔ محاورہ) چھپ کر آنا۔ چوری چھپے آنا۔
**آنکھ بچانا** (ا۔ محاورہ) کسی کی نظر سے اپنے کو چھپانا (۲) کترانا۔ نہ دکھائی دینے کا بہانہ کرنا۔ آنکھ چُرانا۔
**آنکھ بچنا** (۱) نگاہ چُوکنا (۲) خیال ہٹنا۔ دھیان ہٹنا۔
**آنکھ بچی مال دوستوں کا** (ا۔ مثل) ذرا سی نظر چوکی اور چیز غائب ہوئی۔
**آنکھ بچے کا چانٹا۔** لڑکوں میں ایک قسم کی شرط بدی جاتی ہے کہ جو جسے ذرا بے خبر دیکھے اسی کے چانٹا جڑ دے۔
**آنکھ بدل جانا** (ا۔ محاورہ) پہلی سی نظر نہ رہنا۔ اگلی سی بات نہ رہنا (۲)



Marfat.com

بے مروّتی اور بے رُخی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔
آنکھ برابر کرنا (۱۔ محاورہ) آنکھ ملانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ روبرو کرنا۔
آنکھ برابر نہ کر سکنا (۱۔ محاورہ) آنکھ نہ ملا سکنا۔ شرمندہ ہونا۔ مجل ہونا (۲) حیا کرنا۔ شرم کرنا۔ لاج کرنا۔
آنکھ بگڑنا (۱۔ محاورہ) آنکھ میں پانی اُتر آنا۔ جالا پڑ جانا۔ بینائی میں فرق آنا۔
آنکھ بند کر کے کچھ دے دینا (۱۔ محاورہ) بے دیکھے بھالے دے دینا (۲) پوشیدہ سلوک کرنا (۳) جی کڑا کر کے کچھ دے دینا۔
آنکھ بند کر کے کچھ کرنا (۱۔ محاورہ) آنکھ میچ کے کوئی کام کرنا (۲) بے پروائی سے کچھ کام کرنا۔ بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
آنکھ بند (کر لینا) کرنا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ موند لینا۔ سو جانا (۲) بے خبر ہو جانا۔ توجہ اٹھا لینا (۳) مر جانا۔ دنیا سے گزر جانا (۴) عہد و پیمان سے پھر جانا۔ بے وفا ہو جانا (کنایۃً) تصور باندھنا۔
آنکھ بند کیے چلے جاؤ (۱۔ مثل) بے دھڑک چلے جاؤ۔ بے خوف اور بے کھٹکے چلے جاؤ (۲) سیدھے چلے جاؤ۔
آنکھ بند کی سال گزرا (۱۔ مثل) بہت جلد ایک سال گزر گیا۔
آنکھ بند (ہو جانا) ہونا (۱۔ محاورہ) (۱) سو جانا (۲) مر جانا (۳) خوف چھا جانا۔
آنکھ (آنکھیں) بنوانا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ یا آنکھیں درست کرانا۔ آنکھ کی پتلی کو صاف کرانا (۲) شیشے یا پتھر کی آنکھ بنوانا۔
آنکھ بھر آنا (۱۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو آ جانا۔
آنکھ بھر کر (کے) دیکھنا (۱۔ محاورہ) پوری طرح دیکھنا۔ گہری نگاہ سے دیکھنا۔
آنکھ بھر لانا (۱۔ محاورہ) آب دیدہ ہونا۔
آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا (۱) تیوری پر بل ڈال کر قہر کی نظر سے دیکھنا (۲) غصہ ہونا۔ خفا ہونا (۳) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
آنکھ بھوں چڑھانا (۱۔ محاورہ) (۱) ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ (۲) بگڑنا۔ نفرت کرنا۔
آنکھ بیٹھ جانا (۱۔ محاورہ) آنکھ پھوٹ جانا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھ پر پردہ پڑنا (۱۔ محاورہ) (۱) غافل ہونا۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آ جانا۔
آنکھ پڑنا (۱۔ محاورہ) (۱) گرفت کرنا۔ قابل اعتراض لفظ کو فوراً دیکھ لینا (۲) نگاہ پڑنا (۳) شوقیہ نگاہ پڑنا (۴) طمع اور رغبت کی نگاہ پڑنا۔ لالچ سے دیکھنا (۵) حسد کی نگاہ پڑنا۔ رشک سے دیکھنا (۶) توجہ کی نظر پڑنا۔ میل ہونا (۷) اتفاقیہ نظر پڑنا (۸) ذلت اور حقارت کی نگاہ پڑنا [ ۵ ] شوق ہونا۔
آنکھ پسارنا (۱۔ محاورہ) آنکھیں پھاڑنا (۲) دُور اندیش ہونا۔
آنکھ پسیجنا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ نم ہونا۔ آنسو آنا (۲) شرمانا۔ لجانا
آنکھ پلٹنا (۱۔ محاورہ) نظر پھرنا۔ نگاہ بدلنا۔
آنکھ (آنکھیں) پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا (۱۔ محاورہ) (۱) بڑے غور سے دیکھنا (۲) حیرت کی نگاہ سے دیکھنا (۳) محبت اور پیار کی نگاہ سے دیکھنا۔
آنکھ پہ پٹی باندھنا (۱۔ محاورہ) آنکھ بند کر لینا۔ نہ دیکھنا۔
آنکھ (پھر جانا) پھرنا (۱۔ محاورہ) (۱) نگاہ پھرنا۔ رُخ پھرنا (۲) دشمن ہونا۔ بیزار ہو جانا۔ خفا و ناراض ہونا۔

آنکھ پھڑکنا۔ خود بخود پلک یا پوٹے میں حرکت ہونا۔ پپوٹوں کا جنبش کرنا۔ شگون لینا۔
آنکھ پھڑکے بائیں بیر ملے یا سائیں } (۱۔ مثل) عورت کی بائیں آنکھ
آنکھ پھڑکے دہنی ماں ملے یا بہنی } پھڑکے تو کہتے ہیں کہ بھائی یا خاوند سے ملاقات ہوگی۔ مرد کی دائیں آنکھ پھڑکے تو کہتے ہیں کہ ماں یا بہن سے ملاقات ہوگی۔
آنکھ (آنکھیں) پھوٹ جانا (۱۔ محاورہ) آنکھ کا کسی ضرب یا صدمہ سے جا[تا] رہنا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھ پھوٹی پیڑ گئی (۱۔ مثل) بلا سے ایک دفعہ نقصان ہوا تو ہوا مگر آئے دن کا جھگڑا تو مٹ گیا۔
آنکھ پھوٹے گی تو کیا بھوں سے دیکھیں گے (۱۔ مثل) جو چیز جس کام کی ہے وہ کام اسی سے نکلتا ہے۔
آنکھ پھوڑ ٹڈا (۱۔ مذ) بے مروّت۔ احسان فراموش۔ حاسد (۲) ایک قسم کا ٹڈا جو ڈنک مار کر آنکھ پھوڑ دیتا ہے۔
آنکھ (آنکھیں) پھوڑ لینا (۱۔ محاورہ) اپنے آپ کو اندھا کر دینا
آنکھ (آنکھیں) پھوڑنا (۱۔ محاورہ) اندھا کرنا۔
آنکھ (آنکھیں) پھیرنا (پھیر لینا) (۱۔ محاورہ) (۱) بے مروّت ہو جانا۔ (۲) مرنا۔ دنیا سے رخصت ہونا۔
آنکھ پھیلانا۔ دیکھیے آنکھ پسارنا۔
آنکھ پیدا کرنا (۱۔ محاورہ) دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا۔
آنکھ تاڑ جانا (۱۔ محاورہ) تیور سے عندیہ دریافت کر لینا۔
آنکھ (آنکھیں) طوطے کی طرح بدل لینا (۱۔ محاورہ) بے مروّتی کرتے دیر نہ لگنا۔
آنکھ (آنکھیں) ٹھنڈی کرنا (۱۔ محاورہ) تسلی و تشفی دینا۔ دل خوش کرنا۔
آنکھ ٹیڑھی کرنا (۱۔ محاورہ) بے وفائی کرنا۔ ترش روئی سے پیش آنا۔
آنکھ ٹیڑھی ہونا (۱۔ محاورہ) برہم ہونا۔ ترش رُو ہونا۔
آنکھ جھینپنا (۱۔ محاورہ) شرمانا۔ نظر نیچی ہونا۔
آنکھ چرا جانا (۱۔ محاورہ) آنکھ بچا جانا۔ کترا جانا۔
آنکھ چرا کر دیکھنا (۱۔ محاورہ) دوسرے کی نگاہ بچا کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔
آنکھ چرا کے کرنا (۱۔ محاورہ) نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چوری چھپے کام کرنا۔
آنکھ چرانا (۱۔ محاورہ) (۱) اغماض کرنا (۲) غرور۔ شرم یا کراہیت کی وجہ سے نہ دیکھنا۔
آنکھ چمکانا (۱۔ محاورہ) آنکھ مٹکانا۔ دیدے مٹکانا۔
آنکھ (آنکھیں) چندھی ہونا (۱۔ محاورہ) بیماری کے سبب آنکھ پوری نہ کھلنا۔ آشوب چشم ہونا۔
آنکھ چوکنا (۱۔ محاورہ) نظر بچنا۔ غافل ہونا۔
آنکھ چھپا لینا۔ آنکھ چھپانا (۱۔ محاورہ) (۱) نہ دیکھنا۔ شرم کرنا (۲) پرانی واقفیت کو فراموش کرنا (۳) مغرور ہونا۔
آنکھ (آنکھیں) چیر چیر کر دیکھنا (۱۔ محاورہ) آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔



Marfat.com

آنکھ (آنکھیں) خیرہ ہونا (ا۔ محاورہ) آنکھ میں چکاچوند ہو جانا۔
آنکھ (داب) دبا کر دیکھنا (ا۔ محاورہ) آنکھ میچ کر دیکھنا۔
آنکھ (دکھانا) دکھلانا (ا۔ محاورہ) (۱) گھور کر دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ چشم نمائی کرنا۔ گھُڑکی دینا (۳) اشارہ وکنایہ کرنا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں باتیں کرنا (۴) علاج کی غرض سے معالج کو آنکھوں کا معاینہ کرانا۔
آنکھ دھوئی دھلائی ہے (ا۔ مثل) آنکھ بالکل صاف ہے (۲) ذرا بھی حیا نہیں ہے۔ مروّت نہیں ہے۔ ڈھٹائی ہے۔
آنکھ دیکھتے جانا (ا۔ محاورہ) منشا معلوم کرتے رہنا۔ اندازہ لگاتے جانا۔
آنکھ دیکھ کے کچھ کرنا (ا۔ محاورہ) منشا سمجھ کر کام کرنا۔
آنکھ دیکھنا (ا۔ محاورہ) صحبت برتنا۔ تعلیم پانا۔ تربیت پانا۔
آنکھ ڈالنا (ا۔ محاورہ) (۱) نظر کرنا۔ سرسری نظر سے دیکھنا (۲) راغب ہونا آنکھ لگانا۔ توجہ کرنا (۳) نیت رکھنا۔
آنکھ (آنکھیں) ڈبڈبانا (ا۔ محاورہ) آنسو بھر آنا۔ آبدیدہ ہونا۔
آنکھ ڈھکنا (ا۔ محاورہ) آنکھ بند کرنا۔ آنکھ مُوندنا۔
آنکھ رکھنا (ا۔ محاورہ) (۱) پیار کی نظر سے دیکھنا۔ محبت رکھنا (۲) آس کرنا۔ امید رکھنا۔
آنکھ (آنکھیں) روشن ہونا (ا۔ محاورہ) کسی کو دیکھ کر خوش ہونا۔ دیکھ کر مسرور ہونا۔
آنکھ سامنے نہ کرنا (ا۔ محاورہ) نظر سامنے نہ کرنا۔ شرمانا۔
آنکھ سامنے نہ ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) روبرو نہ ہونا (۲) کسی چیز کے دیکھنے کی برداشت نہ کرنا (۳) شرم کے مارے آنکھ نہ اُٹھانا۔
آنکھ (آنکھیں) سرخ ہونا (ا۔ محاورہ) غصہ کرنا۔ خفا ہونا۔ لال پیلا ہونا۔
آنکھ سیدھی (رکھنا) ہونا (ا۔ محاورہ) مہربانی کی نظر ہونا۔ اچھا برتاؤ ہونا۔
آنکھ سے آنکھ ملانا (ا۔ محاورہ) آنکھ چار ہونا (۲) برابری کرنا (۳) محبت کرنا۔
آنکھ سے آنکھ ملنا (ا۔ محاورہ) چَو نظرا ہو جانا۔ روبرو ہونا۔ محبت ہونا۔
آنکھ سے اوجھل ہونا (ا۔ محاورہ) آنکھ کے سامنے نہ ہونا۔ نظر سے دُور ہونا۔
آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو گرنا (ا۔ محاورہ) آنکھ سے متواتر آنسو گرنا۔
آنکھ سے دیکھ کے کچھ کرنا (ا۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا۔ دیکھ بھال کر کوئی کام کرنا۔
آنکھ سے دیکھنا (ا۔ محاورہ) اپنی نظروں سے دیکھنا
آنکھ سے سلام لینا (ا۔ محاورہ) آنکھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا۔
آنکھ سے گرنا۔ (ا۔ محاورہ) نظر سے گرنا۔ بے قدر ہونا۔ ذلیل وخوار ہونا۔ عزت باقی نہ رہنا۔
آنکھ سے لہو ٹپکنا (ا۔ محاورہ) آنکھ سے خون جاری ہونا۔ رونے میں مبالغہ کے لیے بولتے ہیں۔
آنکھ سے نکل جانا (ا۔ محاورہ) دیکھنے میں آنا۔ نگاہ سے گزر جانا۔
آنکھ (سینکنا) سیکنا (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھ گرم کرنا (۲) حسینوں کو دیکھنا۔ نظارہ بازی کرنا۔
آنکھ سے نہ دیکھنا (ا۔ محاورہ) نظر نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔
آنکھ شرمانا (ا۔ محاورہ) حیا کرنا۔ لاج کرنا۔
آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا (ا۔ مثل) بے وقوف مالدار۔ نادان۔ فضول خرچ

آنکھ کا پانی (ڈھلنا) مرنا (ا۔ محاورہ) بے شرم ہونا۔ بے حیا ہونا۔ لاج نہ رہنا۔
آنکھ کا پردہ (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھ کی جھلی (۲) آنکھ کا لحاظ۔ آنکھ کی لاج۔
آنکھ کا تارا (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھ کا تِل۔ آنکھ کی پتلی (۲) آنکھ کی روشنی۔ آنکھ کی جوت۔ نور۔ اجالا (۳) نہایت پیارا۔ نہایت عزیز (۴) مجازاً بیٹا۔
آنکھ کا تارا ہونا (ا۔ محاورہ) بہت عزیز اور پیارا ہونا۔
آنکھ کا جالا (ا۔ مذ) جھلی جو آنکھ کی پتلی پر آجاتی ہے۔
آنکھ کا حجاب۔ آنکھ کی شرم۔ حیا۔
آنکھ کا ڈورا (ا۔ مذ) جاگنے یا نشے کی صورت میں آنکھ کی سفیدی پر اُبھر آنے والی سرخ رگیں۔
آنکھ کا ڈھلکا (ا۔ مذ) ایک بیماری جس میں آنکھ سے پانی بہتا رہتا ہے۔
آنکھ کا ڈھیلا (ا۔ مذ) آنکھ کے اندر کا گول حصہ جس میں پتلی ہوتی ہے۔
آنکھ کا غبار (ا۔ مذ) آنکھ کا دھندلا پن۔ آنکھ سے صاف نظر نہ آنا۔
آنکھ کا کاجل چرانا (ا۔ محاورہ) چوری کے فن میں یکتا ہونا۔ کمال عیار ہونا۔
آنکھ کا لہو کی بوٹی ہو جانا (ا۔ محاورہ) آنکھ کا سرخ ہو جانا۔
آنکھ کان سے درست ہے (ا۔ مثل) بالکل درست ہونا۔ جس جانور میں کوئی عیب نہ ہو اس کی نسبت بولا جاتا ہے۔
آنکھ (کھل جانا) کھلنا (ا۔ محاورہ) جاگ اُٹھنا۔ نیند سے بیدار ہونا (۲) عبرت حاصل کرنا (۳) حقیقتِ حال معلوم ہونا۔
آنکھ کھولنا (ا۔ محاورہ) (۱) جاگنا۔ بیدار ہونا (۲) ہوش سنبھالنا (۳) پیدا ہونا۔
آنکھ کی بدی (برائی) بھوؤں کے آگے (ا۔ مثل) کسی شخص کا عیب یا قصور اس کے عزیز یا دوست کے آگے بیان کرنا۔
آنکھ کی پتلی (ا۔ مث) مردمکِ چشم (۲) لاڈلا۔ نہایت پیارا۔
آنکھ کی پتلی (پھر جانا) پھرنا (ا۔ محاورہ) علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا۔
آنکھ (آنکھوں) کی ٹھنڈک (ا۔ مث) وہ عزیز دوست یا پیارا جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔
آنکھ کی حیا (ا۔ مث) آنکھ کا لحاظ
آنکھ کی سِیل (ا۔ مث) آنکھ سے بہنے والا پانی۔
آنکھ کی کیچڑ (ا۔ مث) وہ کثافت جو آنکھ کے کونوں میں جمع ہو جاتی ہے۔ پنجابی۔ گِڈ۔
آنکھ کی مروّت (ا۔ مث) شرم حیا۔ عورت کا فطری حجاب۔
آنکھ کے آگے، آنکھ کے سامنے (۱) آنکھ کے روبرو (۲) موجودگی میں۔
آنکھ کے بل چلنا (ا۔ محاورہ) انتہائے شوق کا اظہار کرنا
آنکھ (گاڑنا) گڑونا (ا۔ محاورہ) گہری نگاہ سے دیکھنا۔ نظر جما کر دیکھنا۔
آنکھ گرم کرنا۔ (ا۔ محاورہ) نظارہ بازی کرنا
آنکھ گڑ جانا (ا۔ محاورہ) نظر جمنا۔
آنکھ لال کرنا (ا۔ محاورہ) آنکھ سرخ کرنا۔ غضب ہونا۔ خفا ہونا۔ خشمگین ہونا۔ غصے ہونا۔
آنکھ لجانا (ا۔ محاورہ) شرم وحیا سے آنکھ نیچی کرنا۔ لحاظ کرنا۔ مروّت کرنا۔
آنکھ لجائی دھی ہوئی پرائی (ا۔ مثل) لڑکی کے عزیز واقارب پیغام پہنچے پر لڑکے کے عزیزوں سے آنکھیں نیچی کر لیتے ہیں تو اس سے معلوم ہو



Marfat.com

جاتا ہے کہ انہیں نا تا منظور ہے۔
آنکھ (آنکھیں) لڑانا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ ملانا (۲) گھورنا۔ تاکنا۔ لگاوٹ سے دیکھنا (۳) عاشق ہونا (۴) مقابلہ کرنا۔
آنکھ لڑ جانا (لڑنا) (۱۔ محاورہ) شیفتہ ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہو جانا۔
آنکھ لگانا (۱۔ محاورہ) (۱) محبت کرنا۔ آشنائی کرنا (۲) سونا (۳) تاک میں رہنا
آنکھ (لگ جانا) لگنا (۱۔ محاورہ) (۱) نیند آنا (۲) عاشق ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ لگی (۱۔ مث) آشنا عورت۔ ناجائز تعلق رکھنے والی عورت۔
آنکھ للچانا (۱۔ محاورہ) جی للچانا۔ خواہش مند ہونا۔
آنکھ للچائی ہوئی پڑنا (۱) نہایت محبت سے دیکھنا۔ پیار اور بے تابی سے دیکھنا (۲) حرص یا لالچ کی نظر سے دیکھنا۔
آنکھ مارنا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ پلک مارنا۔ چشمک زنی کرنا۔ (۲) کسی کام کے کرنے کو آنکھ سے منع کرنا (۳) غمزہ کرنا۔
آنکھ مچ جانا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ بند ہو جانا (۲) مرجانا۔ جہان سے کوچ کرنا۔
آنکھ مچکانا (۱۔ محاورہ) بار بار آنکھ کو کھولنا اور بند کرنا۔ آنکھ مٹکانا۔ پلکیں مارنا۔
آنکھ مچولی (۱۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے باقی لڑکے چھپ جاتے ہیں۔ پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا پھرتا ہے اور جسے پا کر چھو لیتا ہے اسے آنکھ بند کر کے بیٹھنا پڑتا ہے۔
آنکھ ملانا (۱۔ محاورہ) (۱) متوجہ ہونا۔ آنکھ لڑانا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا (۲) سامنے ہونا۔ ملاقات کرنا۔
آنکھ ملنا (۱۔ محاورہ) (۱) مقابل ہونا (۲) نگاہ لڑنا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ مُندنا (۱۔ محاورہ) آنکھ بند ہونا (۲) سونا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آجانا۔ (۳) مرجانا (۴) بے خبر ہونا۔
آنکھ مُندی اندھیرا پاک (۱۔ مثل) آنکھ بند ہونے کے بعد اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔
آنکھ موچگی دَھپ۔ بچوں کا ایک کھیل۔ ایک بچہ کی آنکھیں بند کر کے اس کے سر پر دھپ لگاتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں کہ کس نے مارا۔ اگر وہ ٹھیک بتا دے تو لگانے والا چور بن جاتا ہے اور سب اس کے دھپ لگاتے ہیں۔ اسے دھول دھپا بھی کہتے ہیں۔
آنکھ موند کے کام کرنا (۱۔ محاورہ) بے دیکھے بھالے کوئی کام اختیار کرنا۔ بے سمجھے بوجھے کسی کام کو کر بیٹھنا۔
آنکھ موندنا (میچنا) (۱) آنکھ بند کرنا۔ آنکھ میچنا (۲) سونا۔ آرام کرنا (۳) بے خبر ہونا (۴) مرجانا۔
آنکھ میلی کرنا (۱۔ محاورہ) (۱) بے مروّت ہو جانا (۲) تیوری پر بل لانا۔
آنکھ میلی نہ ہونا۔ رنج نہ کرنا۔ کسی صدمے سے متاثر نہ ہونا۔
آنکھ میں آنکھ (ڈالنا) ڈال کر دیکھنا (۱۔ محاورہ) ڈھٹائی سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ بے حیائی و بے باکی سے دیکھنا۔
آنکھ میں بسنا (۱۔ محاورہ) نظر میں سمانا۔ پسند آنا۔
آنکھ میں بھی شرم دل کی بھی نرم (۱۔ مثل) عورتیں ایسی جگہ بولتی ہیں جہاں کوئی عورت مروّت سے نہ ماننے والی کوئی بات بھی مان لے۔

آنکھ (آنکھیں) میں چبھنا (۱۔ محاورہ) آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسـ
آنکھ میں خار ہونا (۱۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔ آنکھوں کو بُرا لگنا۔
آنکھ میں ذرا (آنسو) سیل نہیں (۱۔ مثل) ذرا مروّت اور رحم نہیں ہے جـ اور بے شرم ہے۔
آنکھ میں خاک (دھول) جھونکنا (۱۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
آنکھ میں ذرا پانی نہیں ہے۔ دل میں بالکل رحم نہیں۔ بالکل شرم نہیں۔
آنکھ میں سُرمے کی تحریر کھنچنا (۱۔ محاورہ) آنکھوں میں ہلکا سا سرمہ لگاـ
آنکھ میں سمانا (۱۔ محاورہ) آنکھ میں کھبنا۔ آنکھ میں بسنا۔
آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے (۱۔ مثل) شرم و حیا بہتـ قابلِ عزت چیز ہے۔
آنکھ میں (کھب جانا) کھبنا (۱۔ محاورہ) نظر پہ چڑھنا۔ پسند آجانا۔
آنکھ میں کھٹکنا (۱۔ محاورہ) آنکھ میں چبھنا۔ ناگوار ہونا۔
آنکھ میں مروّت نہ ہونا (۱۔ محاورہ) بے مروّت ہونا۔ طوطا چشم ہونا۔
آنکھ (آنکھوں) میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا (۱۔ محاورہ) آنکھوں کا بہت خوبصورت ہونا۔
آنکھ میں میل ہے اور اس میں میل نہیں (۱۔ مثل) کسی چیز کی صفائی اور ستھرے پن کے متعلق مبالغہ کے طور پر کہتے ہیں۔
آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا (۱۔ محاورہ) اندھا کرنا (نیل کی سلائی پھیرنے سے آنکھیں اندھی ہو جاتی ہے۔
آنکھ ناک سے درست ہونا (۱۔ محاورہ) بے عیب ہونا۔ تندرست ہوناـ شکل و صورت میں کوئی خرابی نہ ہونا۔
آنکھ ناک سے ڈرنا (۱۔ محاورہ) کسی کے جھوٹ بولنے پر عورتیں کہتی ہیں کہ خدا سے ڈر۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی سزا میں خدا تعالےٰ اندھا یا ذلیل کر دےـ
آنکھ نم کرنا (مص۔ مرکب) رونا۔ آبدیدہ ہونا۔
آنکھ نہ پڑنا (۱۔ محاورہ) نظر نہ پڑنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ نظر نہ ٹھہرنا
آنکھ نہ پسیجنا (۱۔ محاورہ) آنسو نہ نکلنا (۲) رحم نہ کرنا۔
آنکھ نہ پھرنا (۱۔ محاورہ) بے مروّت نہ ہونا۔ بے زار نہ ہونا۔ تیوری پر بل نہ ڈالنا۔
آنکھ نہ ٹھہرنا (۱۔ محاورہ) نظر نہ جمنا۔ تاب نہ لانا۔ چکا چوندی لگنا۔
آنکھ نہ جمنا (۱۔ محاورہ) نظر قائم نہ رہ سکنا۔ روشنی یا چمک کی تاب نہ لانا۔
آنکھ نہ جھپکنا (۱۔ محاورہ) (۱) پلک سے پلک نہ لگنا۔ نیند نہ آنا (۲) شرمندہ نہ ہونا۔ احسان نہ اٹھانا (۳) بے باک ہونا۔ دلیرانہ مقابلہ کرنا۔
آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ (۱۔ مثل) لیاقت کچھ نہیں دعوے بڑے بڑے
آنکھ نہ ڈالنا (۱۔ محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔
آنکھ نہ ناک بنّو چاند سی (۱۔ مثل) بدصورتی کی حالت میں سنگار کرنے کی دھن۔ آنکھ ناک نہ ہوتے ہوئے سنگار کے ذریعہ خوبصورت بننے کی کوشش۔
آنکھ نیچی (کرنا) ہونا (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ سامنے نہ کرنا (۲) لجانا۔ شرمانا۔
آنکھ والا (۱۔ مذ) آنکھ رکھنے والا (۲) پہچاننے پرکھنے والا جوہر شناس۔ (۳) صاحب بصیرت۔



Marfat.com

**آنکھ ہی پھُوٹی تو بھوؤں سے کیا کام** (ا۔ مثل) جب اصل تعلق ہی نہیں رہا تو پھر آنا جانا کیسا۔

**آنکھ ہے** ۔ منظر ہے۔ نیت ہے۔ ارادہ ہے۔ خواہش ہے۔ پسند ہے۔

**آنکھوں آنکھوں میں** (ا۔ تابع فعل) نظروں نظروں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں۔

**آنکھوں آنکھوں میں چُرا لینا** (ا۔ محاورہ) چپکے سے اُڑا لینا۔ کسی چیز کو اس طرح چُرانا کہ پتہ نہ چل سکے۔

**آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو جانا** (ا۔ محاورہ) ساری رات جاگتے کٹنا۔

**آنکھوں پر (آؤ) آیئے** } تشریف لایئے۔
**آنکھوں پر (بیٹھو) بیٹھیے** } جم جم آیئے۔

**آنکھوں پر بٹھانا** (ا۔ محاورہ) نہایت عزت اور احترام کرنا۔ بے حد مدارات کرنا۔

**آنکھوں پر پٹی باندھنا** (ا۔ محاورہ) احسان فراموش ہونا۔ جان بوجھ کر بے خبر ہونا (۲) اندھا بننا۔ غافل اور بے خبر ہونا (۳) بے درد اور بے مروت ہو جانا۔

**آنکھوں پر پردے (پردہ) پڑنا** (ا۔ محاورہ) (۱) غفلت کرنا۔ خیال نہ رہنا (۲) بے وقوف بن جانا۔ دھوکا کھا جانا (۳) کچھ نہ سوجھنا۔

**آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا** (ا۔ مثل) اپنا پیارا کبھی ناگوار نہیں گزرتا۔

**آنکھوں پر ٹھیکری (رکھ لینا) رکھنا** (ا۔ محاورہ) (۱) بے مروتی کرنا۔ دیدہ دانستہ اغماض (۲) بے حیا بننا۔

**آنکھوں پر جگہ دینا** (ا۔ محاورہ) کمال محبت اور حسنِ عقیدت سے بٹھانا۔ نہایت اعزاز و اکرام کرنا۔

**آنکھوں پر چربی چھا جانا** (ا۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔ بے مروتی کرنا۔ بے خبر ہو جانا۔ مغرور ہو جانا۔

**آنکھوں پر دیوار اٹھانا** (ا۔ محاورہ) مکر جانا۔ جان بوجھ کر انکار کرنا۔

**آنکھوں پر رکھنا** (ا۔ محاورہ) محبت کرنا۔ پیار کرنا۔

**آنکھوں پر قدم رکھیں** (ا۔ محاورہ) شوق سے آئیں۔ آپ کے قدم سر آنکھوں پر۔

**آنکھوں (پر) پہ قدم لینا** (ا۔ محاورہ) نہایت عزت سے استقبال کرنا۔ خاطر کے مارے بچھے جانا۔

**آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا** (ا۔ محاورہ) جھینپ جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔

**آنکھوں تلے پھرنا** (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ خیال میں پھرنا۔

**آنکھوں تلے لہو اترنا** (ا۔ محاورہ) غصے کے مارے آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ غیظ و غضب میں بھر جانا۔

**آنکھوں (دیکھا) دیکھی** ۔ چشم دید۔ دیکھا ہوا۔

**آنکھوں دیکھتے** (۱) جان بوجھ کر (۲) دیکھتے دیکھتے (۳) اپنے زمانے میں۔

**آنکھوں دیکھے مکھی نہیں نگلی جاتی** (ا۔ مثل) جانتے بوجھتے کوئی مشکل میں نہیں پڑتا۔

**آنکھوں دیکھیں گے** (ا۔ مثل) کوئی خوشی دیکھنے کی امید یا خواہش۔

**آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک** (ا۔ مثل) ہر طرح عیش و آرام۔ سراپا راحت و موجب آرام۔

**آنکھوں سے** (ا۔ محاورہ) نہایت خوشی سے۔ کمال رضا و رغبت سے۔ دل و جان سے۔

**آنکھوں سے آنکھیں ملانا** (ا۔ محاورہ) نظر رو برو کرنا۔ چار آنکھیں کرنا۔

**آنکھوں سے اُترنا** (ا۔ محاورہ) دل سے اترنا۔ حقیر و ذلیل ہونا۔

**آنکھوں سے اُٹھانا** (ا۔ محاورہ) کمال اعزاز و اکرام سے کسی چیز کو اٹھانا نہایت شوق سے اُٹھانا۔

**آنکھوں سے اوجھل ہونا** (ا۔ محاورہ) نظر سے چھُپ جانا۔ سامنے سے کہیں چلے جانا۔

**آنکھوں سے بجا لانا** (ا۔ محاورہ) کسی حکم کی تعمیل خوشی سے کرنا۔

**آنکھوں سے بلانا** (ا۔ محاورہ) اشاروں سے بلانا۔

**آنکھوں سے پاؤں لگانا** (ا۔ محاورہ) حسنِ عقیدت اور فرطِ محبت سے کسی کے پاؤں کو اپنی آنکھوں سے رگڑنا۔

**آنکھوں سے پردہ اُٹھ جانا** (ا۔ محاورہ) غفلت دور ہو جانا (۲) لاعلمی دور ہو جانا۔

**آنکھوں سے تلوے سہلانا** (ا۔ محاورہ) تلووں سے آنکھیں ملنا۔ انتہائی محبت کا اظہار کرنا۔

**آنکھوں سے جان (دم) نکلنا** (ا۔ محاورہ) آنکھوں کے رستے سے دم نکلنا (۲) راہ تکتے تکتے مر جانا۔

**آنکھوں سے چنگاریاں اُڑنا** (ا۔ محاورہ) بہت جی جلنا۔ بہت دکھ ہونا۔

**آنکھوں سے خون برسنا** (ا۔ محاورہ) بہت غصے میں ہونا۔ خون کے آنسو رونا۔

**آنکھوں سے دریا بہانا** (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ رونا۔

**آنکھوں سے دیکھا نہ کبھی کانوں سُنا** (ا۔ مثل) عجیب و غریب یا خلاف قیاس واقعہ کا ظہور پذیر ہونا۔

**آنکھوں سے شعلے نکلنا** (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ غصہ آنا۔ آنکھوں میں جلن ہونا۔

**آنکھوں سے صُورت نہ جانا** (ا۔ محاورہ) ہر وقت تصور میں نقشہ قائم رہنا خیال میں صورت سامنے پھرتی رہنا۔

**آنکھوں سے کام (کرنا) بجا لانا** ۔ عین اطاعت سے کوئی خدمت ادا کرنا۔

**آنکھوں سے گرانا** (ا۔ محاورہ) ذلیل و حقیر سمجھنا۔

**آنکھوں سے (گر جانا) گرنا** (ا۔ محاورہ) نظروں سے اُترنا۔ بے قدر ہونا۔

**آنکھوں سے (لگا رکھنا) لگا کر رکھنا** (ا۔ محاورہ) بہت عزیز رکھنا۔ سینت کر رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

**آنکھوں سے لگانا** (ا۔ محاورہ) بہت قدر کرنا۔ آنکھوں پر رکھنا۔ تعظیم اور ادب سے لینا۔

**آنکھوں سے نور جاتا رہنا** (ا۔ محاورہ) آنکھوں کی روشنی کا جاتا رہنا۔ اندھا ہو جانا۔

**آنکھوں سے نیل ڈھلنا** (ا۔ محاورہ) مرنے لگنا۔ مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا۔



Marfat.com

**آنکھوں سے نیند اُڑنا** (۱۔ محاورہ) نیند اُچٹ جانا۔ بے قراری سے نیند نہ آنا۔

**آنکھوں کا برسنا** (۱۔ محاورہ) زار زار رونا۔

**آنکھوں کا پانی ڈھلنا** (۱۔ محاورہ) بے حیا ہونا۔ بے شرم و بے لحاظ ہونا۔

**آنکھوں کا تارا** (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھ کا تِل (۲) نہایت پیارا۔ نہایت عزیز

**آنکھوں کا تیل نکالنا** (۱۔ محاورہ) دیدہ ریزی کرنا۔ باریک کام کرنا۔ نگاہ پر زور ڈالنا۔

**آنکھوں کو بدل کر دیکھنا** (۱۔ محاورہ) تیور بدل کر دیکھنا۔ ناک بھوں چڑھا کر دیکھنا۔

**آنکھوں کو تلووں سے ملنا** (۱۔ محاورہ) کسی دشمن کی آنکھوں کو اپنے پیروں سے مسلنا۔ دشمنی کی حسرت نکالنا (۲) بیحد خوشامد کرنا۔

**آنکھوں کو کھو (رو) بیٹھنا** (۱۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔ آنکھوں کی روشنی کھو دینا۔

**آنکھوں کی پتلی** (۱۔ مث) آنکھ کا تارا (۲) بہت پیارا۔

**آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا** (۱۔ محاورہ) مرنے کے وقت پتلیاں آنکھ کے گوشوں میں چھپ جانا۔

**آنکھوں کی سوئیاں رہ گئی ہیں۔ آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئی ہیں** (۱۔ مثل) تھوڑی تکلیف دُور ہونی باقی رہ گئی ہے۔

**آنکھوں کی سیاہی سفید ہونا** (۱۔ محاورہ) موت کی علامتیں ظاہر ہونا۔ بے وفا ہو جانا۔

**آنکھوں کی صفائی** (۱۔ محاورہ) چالاکی۔ ڈھٹائی۔ بے مروتی۔

**آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ** (۱۔ محاورہ) دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو۔

**آنکھوں کی قسم**۔ عورتیں ان الفاظ سے قسم کھاتی ہیں۔

**آنکھوں کے آگے** (تابع فعل) روبرو۔ نظر کے سامنے۔

**آنکھوں کے آگے آئے** (بددُعا) تیری یا اپنے پیاروں کی بُری حالت آنکھوں کے سامنے آئے۔

**آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا** (۱۔ محاورہ) (۱) آنکھوں میں تاریکی چھانا۔ ضعف یا غم کے باعث کچھ نہ سُجھائی دینا۔

**آنکھوں کے آگے پلکوں کی برائی کرنا** (۱۔ محاورہ) عزیز یا دوست کی برائی دوست یا عزیز کے روبرو کرنا۔

**آنکھوں کے آگے پھر جانا۔ آنکھوں کے تلے پھر جانا۔ آنکھوں کے پیچھے پھر جانا۔ آنکھوں کے نیچے پھرنا** (۱۔ محاورہ) تصور میں کسی بات کا ہو بہو سامنے آجانا۔

**آنکھوں کے آگے تارے (چھٹکنا) چھوٹنا** (۱۔ محاورہ) صدمے یا ضعف سے چکر آجانا۔ ترمرے نظر آنا۔

**آنکھوں کے آگے (جہان) عالم تاریک ہونا** (۱۔ محاورہ) غم کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔

**آنکھوں کے آگے چاندنا ہونا** (۱۔ محاورہ) تیورا جانا۔ تارے نظر آجانا شدت ضعف کے باعث آنکھوں کے سامنے چمکتے ذرے نظر آنا۔

**آنکھوں کے آگے (سامنے) رکھنا** (۱۔ محاورہ) نظروں سے دُور نہ ہونے دینا۔ نظروں میں رکھنا۔ نگاہوں میں رکھنا۔

**آنکھوں کے آگے سے سرکنا** (۱۔ محاورہ) نظر سے غائب ہونا۔ پاس سے ہٹنا

**آنکھوں کے آگے ناک۔ سوجھے کیا خاک** (۱۔ محاورہ) چیز سامنے ہوتے ہوئے نظر نہ آنا۔ اپنا اور اپنے پیاروں کا عیب دکھائی نہ دینا۔ بیوقوفی کے اظہار کے لئے طنزاً کہا جاتا ہے۔

**آنکھوں کے اشارے**۔ کرشمے۔ عشوے۔ غمزے۔

**آنکھوں کے اندھے نام (سخ روشن) نین سکھ** (۱۔ مثل) غلط نام یا غلط تعریف۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔ اس نادان کی نسبت کہتے ہیں جو دانا بنے۔

**آنکھوں کے بل چلنا** (۱۔ محاورہ) نہایت تعظیم اور ادب سے جانا۔

**آنکھوں کے تارے چھٹنا** (۱۔ محاورہ) نظر یا دماغ کی کمزوری کے باعث ترمرے نظر آنا۔

**آنکھوں کے ترمرے**۔ وہ تارے جو چکر، ضعف یا صدمے کے باعث آنکھوں کے آگے نظر آتے ہیں۔

**آنکھوں کے آگے اندھیرا** (۱۔ محاورہ) کچھ نہ سوجھنا۔ چکر آنا۔

**آنکھوں کے تلے لہو اترنا** (۱۔ محاورہ) غصے کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔

**آنکھوں کے حلقے** (۱۔ مذ) آنکھوں کے گرد پڑ جانے والے دائرے۔

**آنکھوں کے ڈورے**۔ آنکھوں کی لال لال رگیں، جو نشے یا خمار سے پیدا ہو جاتی ہیں۔

**آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا** (۱۔ محاورہ) ضعف یا کمزوری سے آنکھوں میں تاریکی چھا جانا۔

**آنکھوں کے سامنے رہنا** (۱۔ محاورہ) آنکھوں سے دور نہ ہونا۔ ہر وقت روبرو رہنا۔

**آنکھوں کے ناخن (ناخُن) لو** (۱۔ مثل) غفلت دُور کرو۔ کچھ پرکھ پیدا کرو۔ آنکھیں کھولو۔

**آنکھوں میں** (۱۔ تابع فعل) نظروں میں، نگاہوں میں۔

**آنکھوں میں آنا** (۱۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ نظر پر چڑھنا۔

**آنکھوں میں باتیں کرنا** (۱۔ محاورہ) اشاروں میں باتیں کرنا۔

**آنکھوں میں بچن ہونا** (۱۔ محاورہ) آنکھوں میں قول و قرار ہونا۔

**آنکھوں میں بسنا** (۱۔ محاورہ) آنکھ میں سمانا۔ بھانا۔ پسند آنا۔

**آنکھوں میں بہار آنا۔ آنکھوں میں بہار پھیلنا۔ آنکھوں میں بہار چھانا** (۱۔ محاورہ) نگاہوں میں خوشی ٹپکنا۔ دل شگفتہ ہونا۔

**آنکھوں میں بھنگ گھٹنا** (۱۔ محاورہ) گہرا نشہ ہونا۔ بھنگ کے نشہ میں سرشار ہونا۔

**آنکھوں میں بیٹھنا** (۱۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ نظروں میں بھلا لگنا پسند آنا۔ بھانا۔

**آنکھوں میں پالنا** (۱۔ محاورہ) نہایت پیار اور محبت سے پرورش کرنا۔

**آنکھوں میں (پھر جانا) پھرنا** (۱۔ محاورہ) نقشہ سامنے آنا۔ کسی چیز کا سماں یاد آجانا۔



Marfat.com

آنکھوں میں پھیکا لگنا (ا۔ محاورہ) نظروں میں اچھا معلوم نہ ہونا۔

آنکھوں میں پی جانا (ا۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ خاموش رہنا۔

آنکھوں میں تکلے چبھونا (ا۔ محاورہ) آنکھیں پھوڑنا۔ نہایت تکلیف دینا۔ دشمن سے بدلہ لینا۔

آنکھوں میں تلنا (ا۔ محاورہ) نظروں میں جچنا۔ نہایت ہلکا ہونا۔ اندازہ ہونا۔

آنکھوں میں تیل لگانا (ا۔ محاورہ) آنکھ کی خرابی کا بہانہ بنانا (تیل لگانے سے آنکھیں آشوب کی ہوئی معلوم ہوتی ہیں)

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (ا۔ محاورہ) دل خوش ہونا۔ تسکین ہونا۔ تسلی ہونا۔

آنکھوں میں ٹھہرنا۔ نظروں میں جچنا۔ قدر پانا۔ اچھا معلوم ہونا۔

آنکھوں (کے آگے) میں ٹیسو پھولنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں سرسوں پھولنا۔ ہر چیز زرد ہی زرد نظر آنا۔ آنکھوں میں زردی چھا جانا۔

آنکھوں میں (جان) (جی) آنا (ا۔ محاورہ) (سارے جسم سے روح کا کھنچ کر آنکھوں میں آجانا۔ مرنے کے قریب پہنچنا (۲) آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔

آنکھوں میں جچنا (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھوں میں کھبنا۔ نظر پر چڑھنا (۲) بھلا لگنا۔ پسند آنا (۳) سمجھ میں آجانا۔ انگ جانا۔

آنکھوں میں جفتے پڑنا (ا۔ محاورہ) کچھ کا کچھ دکھائی دینا۔ آنکھوں میں فرق آنا۔ بینائی میں فرق آنا۔

آنکھوں میں جگہ دینا (ا۔ محاورہ) آنکھوں پر بٹھانا۔ تعظیم کرنا۔ عزیز سمجھنا۔ قدر کرنا۔

آنکھوں میں جہان (دنیا) اندھیر ہونا۔ } (ا۔ محاورہ) غم یا رنج کے
آنکھوں میں جہان (زمانہ۔ عالم) سیاہ ہونا } مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔ شدت غم کے باعث ہر طرف اندھیرا دکھائی دینا۔

آنکھوں میں چرانا (ا۔ محاورہ) سب کے سامنے سے چرا لینا۔ چوری میں کمال کرنا۔ چالاکی دکھانا۔

آنکھوں میں چربی چھانا (۱) آنکھوں پر پردہ پڑنا (۲) مغرور ہونا (۳) اچھے برے میں تمیز نہ کرنا (۴) مستی میں اندھا ہو جانا۔

آنکھوں میں چڑھنا (۱) آنکھوں میں جچنا۔ نظر پر چڑھنا (۲) قدر پانا۔ منظور نظر ہونا۔ بھانا۔ پسند آنا۔ بھلا لگنا۔

آنکھوں میں چکا چوند ہونا (ا۔ محاورہ) تیز روشنی میں نظر قائم نہ رہ سکنا۔

آنکھوں میں چھانا۔ نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔ آنکھوں میں سماں بندھنا

آنکھوں میں خار (گزرنا۔ لگنا) ہونا (ا۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ طبیعت پر گراں معلوم ہونا۔ برا لگنا۔ باعث تکلیف ہونا۔

آنکھوں میں خاک (ا۔ محاورہ) (۱) چشم بد دور۔ خدا نظر بد سے بچائے۔ (۲) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔

آنکھوں میں خاک بھی نہ دوں، آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ ڈالوں۔ (ا۔ مثل) کچھ بھی نہ دوں۔ ذرا سی چیز بھی نہ دوں۔

آنکھوں میں خاک (ڈالنا) جھونکنا (ا۔ محاورہ) (۱) ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا (۳) غائب کر دینا۔ چرا لینا

آنکھوں میں خون (اترنا) اتر آنا (ا۔ محاورہ) بہت غصہ آنا۔ آنکھیں سرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں دم اٹکا ہونا۔ آنکھوں میں دم (آنا) ہونا (ا۔ محاورہ) دم آنکھوں میں باقی رہنا۔ نزع میں ہونا۔ موت کا وقت قریب آجانا۔

آنکھوں میں دنیا تاریک (سیاہ) ہونا (ا۔ محاورہ) شدت غم سے کچھ دکھائی نہ دینا۔

آنکھوں میں رات کاٹنا (ا۔ محاورہ) ساری رات جاگتے گزارنا۔ نیند بالکل نہ آنا۔

آنکھوں میں رات کٹنا (ا۔ محاورہ) پلک سے پلک نہ لگنا۔ بالکل نہ سونا۔ بے قرار رہنا۔ بے کل رہنا۔ رات بھر نہ سونا۔

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا (ا۔ محاورہ) آنکھوں کا خوبصورت ہونا۔

آنکھوں میں رکھنا (ا۔ محاورہ) نظروں میں رکھنا۔ نظر بندی میں رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ ناز اور لاڈ میں پالنا۔

آنکھوں میں رہنا (ا۔ محاورہ) سامنے رہنا۔ نگاہوں میں رہنا۔ نہایت عزیز اور پیارا ہونا۔

آنکھوں میں (سبک) ہلکا ہونا (ا۔ محاورہ) نظروں میں حقیر ہونا۔ آنکھوں سے گرنا۔ بے قدر اور بے وقر ہونا۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا (ا۔ محاورہ) زرد ہی زرد دکھائی دینا (۲) ہر چیز بھلی معلوم ہونا۔ خوش ہونا۔

آنکھوں میں سرمہ (دینا) کھلانا (ا۔ محاورہ) سرمہ لگانا۔

آنکھوں میں سرمہ گھلنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں اچھی طرح سرمہ لگنا۔ آنکھوں میں سرمہ پڑنا۔

آنکھوں میں سفیدی چھا جانا (ا۔ محاورہ) (۱) اندھا ہو جانا (۲) نہایت پسند آنا۔

آنکھوں میں سمانا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں چڑھنا

آنکھوں میں سوال و جواب ہونا (ا۔ محاورہ) اشاروں میں بات چیت ہونا۔

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے (ا۔ مثل) جن آنکھوں میں حیا نہ ہو ان آنکھوں کے ڈھیلوں سے مٹی کے ڈھیلے اچھے۔

آنکھوں میں صورت (پھر جانا) پھرنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں کے سامنے نقشہ پھر جانا

آنکھوں میں صبح کرنا (ا۔ محاورہ) جاگتے جاگتے صبح کر دینا۔

آنکھوں میں طراوت آنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں ٹھنڈک آنا۔

آنکھوں میں غبار آجانا۔ آنکھوں میں غبار چھا جانا۔ آنکھوں میں غبار ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) دھندلا نظر آنا۔

آنکھوں میں کاجل بن کر پھرنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھوں میں کوٹ کوٹ کر موتی بھرے ہیں (ا۔ مثل) نہایت خوبصورت آنکھیں ہیں۔

آنکھوں میں کھلے جانا (ا۔ محاورہ) برا اثر نگاہ ڈالنا۔ رغبت یا غصہ کی نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھوں میں کھبنا (ا۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ بھلا لگنا۔

آنکھوں میں کھٹکنا (ا۔ محاورہ) نظروں میں برا لگنا۔

آنکھوں میں کھٹک ہونا (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں درد ہونا۔ چبھن ہونا



Marfat.com

**آنکھوں میں کہنا** (ا-محاورہ) اشارے سے بات کرنا۔
**آنکھوں میں گھر کرنا** (ا-محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں سمانا۔ عزیز ہونا۔
**آنکھوں میں سے جانا** (ا-محاورہ) سامنے سے چیز دھوکا دے کر چرا لینا۔
**آنکھوں میں نقشہ پھر جانا** (ا-محاورہ) کسی شے کی ہو بہو تصویر نگاہوں میں آ جانا۔
**آنکھوں میں (نمک) نون ڈالنا** (ا-محاورہ) آنکھیں پھوڑنا۔ اندھا کرنا۔
**آنکھوں میں نون رائی**۔ نظر بد دور کرنا۔
**آنکھوں میں نہ آنا** (ا-محاورہ) نظروں میں نہ جچنا۔ آنکھوں میں نہ سمانا۔
**آنکھوں میں نیند (آ جانا) بھر آنا (سمانا)** (ا-محاورہ) نیند سے آنکھیں بند ہونے لگنا۔ اُونگھنا۔
**آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا** (ا-محاورہ) کوئی عجیب یا خلافِ قیاس واقعہ ہونا۔
**آنکھوں والو! آنکھیں بڑی نعمت ہیں** (ا-مقولہ) اندھے فقیر صدا لگاتے وقت کہتے ہیں کہ آنکھیں قدرت کا بہت بڑا عطیہ ہیں۔ ان کی قدر کرو۔
**آنکھوں ہی آنکھوں میں** (ا-محاورہ) اشاروں ہی اشاروں میں۔
**آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا** (ا-محاورہ) سب کے سامنے چرا لینا۔ کمال چالاکی کرنا۔
**آنکھیں آسمان سے لگی (رہتی) ہیں** (ا-مثل) (۱) نظر ہر وقت اوپر رہتی ہے نیچے دیکھتے ہی نہیں (۲) حسرت و یاس کا اظہار۔
**آنکھیں آنا** (ا-محاورہ) آنکھیں دکھنے آنا۔ آشوبِ چشم ہونا۔
**آنکھیں اِدھر اُدھر ہونا** (ا-محاورہ) نگاہیں پریشان ہونا۔
**آنکھیں اُبلی پڑنا** (ا-محاورہ) دیدوں کا بہت اُبھرنا۔ سخت بیماری کی حالت ہونا۔
**آنکھیں اُلٹ جانا** (ا-محاورہ) آنکھیں سوج جانا (۲) پتلیاں چڑھ جانا۔ (۳) زیادہ نشہ ہونا (۴) مرنے کے قریب ہونا۔
**آنکھیں اُمنڈنا** (ا-محاورہ) رونے کا جوش ہونا۔
**آنکھیں اندر دھنس جانا** (ا-محاورہ) آنکھوں کے ڈھیلوں کا حلقے میں بیٹھ جانا۔
**آنکھیں انگارا بن جانا** (ا-محاورہ) غصے یا بیماری سے آنکھیں بہت سرخ ہو جانا۔
**آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا** (ا-محاورہ) خوف یا شرم سے آنکھیں اونچی نہ کرنا۔ لحاظ یا حیا سے اوپر نہ دیکھنا۔
**آنکھیں بچھانا** (ا-محاورہ) بڑی خاطر و مدارات کرنا۔ نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔
**آنکھیں بدلنا** (ا-محاورہ) نگاہیں پھیر لینا۔ بے توجہی اور بے مروتی کرنا۔ (۲) جان کنی کے وقت پتلیاں بدلنا۔
**آنکھیں بند کر کے کوئی کام کرنا** (ا-محاورہ) اندھے پن سے کام کرنا۔ بے تامل کسی بات کو کر بیٹھنا۔
**آنکھیں بند کرنا** (ا-محاورہ) آنکھیں موندنا (۲) سونا آرام کرنا (۳) مرنا۔ انتقال کرنا۔
**آنکھیں بند ہونا** (۱) آنکھیں مچنا (۲) نیند آنا۔ غافل ہو جانا (۳) مر جانا۔

**آنکھیں بھر لانا** (ا-محاورہ) روانسا ہو جانا۔ آبدیدہ ہو جانا۔
**آنکھیں بے نور ہو جانا** (ا-محاورہ) آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔
**آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا** (ا-محاورہ) اشارۃً کہ آنکھیں خراب ہو جائیں۔
**آنکھیں پتھرانا** (ا-محاورہ) آنکھوں کا بے نور ہونا۔ جاں بلب ہونا۔
**آنکھیں پٹ پٹانا (پٹر پٹر مارنا)** (ا-محاورہ) جلدی جلدی آنکھیں بند کرنا
**آنکھیں پٹم ہونا** (ا-محاورہ) اندھا ہو جانا۔ آنکھوں میں روشنی نہ رہنا۔ بینائی کا جاتا رہنا۔
**آنکھیں پُر آب ہونا** (ا-محاورہ) آنکھوں میں آنسو آ جانا۔
**آنکھیں پڑنا** (ا-محاورہ) خاص توجہ ہونا۔ التفات کی نظر سے دیکھا جانا۔
**آنکھیں (پلٹ جانا) پلٹنا** (ا-محاورہ) بے مروت ہو جانا۔ تیور بدل لینا۔ (۲) مغرور ہونا۔
**آنکھیں پونچھ ڈالنا** (ا-محاورہ) آنسو پونچھ ڈالنا۔ رو دھو کر چپکا ہو رہنا۔ رونا بند کرنا۔
**آنکھیں پونچھنا** (ا-محاورہ) کسی کے آنسو پونچھنا۔ تسلی دینا۔ ڈھارس بندھانا۔
**آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا** (ا-محاورہ) بہت غور شوق یا رغبت سے دیکھنا (۲) حسرت سے دیکھنا (۳) مصیبت میں گھبرا کر دیکھنا۔
**آنکھیں پھٹ گئی ہیں** (ا-مثل) دولت پا کے مغرور ہو گئے ہیں۔
**آنکھیں پھٹنا** (ا-محاورہ) (۱) حیران ہونا۔ ہکا بکا ہونا (۲) مغرور ہونا (۳) آنکھوں میں درد ہونا۔
**آنکھیں پھٹی جاتی ہیں، آنکھیں پھٹی پڑتی ہیں** (ا-مثل) سر اور آنکھوں میں شدت سے درد ہونے پر کہتے ہیں۔
**آنکھیں پھٹی ہوئی ہیں** (ا-مثل) بہت کچھ دیکھا ہے۔ تھوڑی سی چیز نظر میں نہیں سماتی۔
**آنکھیں پھرا کے رہ جانا** (ا-محاورہ) تیورا کے مر جانا۔
**آنکھیں پھرانا** (ا-محاورہ) آنکھیں نچانا۔ آنکھیں مٹکانا۔ عشوہ و غمزہ کرنا (ق)
**آنکھیں پھر جانا** (ا-محاورہ) (۱) دیدے پھر جانا۔ علامت مرگ ظاہر ہونا (۲) بے مروت ہونا۔ مغرور ہونا (۳) تیوری چڑھا لینا۔
**آنکھیں پھڑکانا** (ا-محاورہ) ناز و غمزے سے دیدے مٹکانا۔
**آنکھیں پھوٹ بہنا** (ا-محاورہ) بے اختیار آنسو جاری ہونا۔
**آنکھیں پھوٹ جائیں (پھوٹیں)** (بد دعا) (۱) دوسرے کو بد دعا کے طور پر (۲) اپنے متعلق بطور قسم۔
**آنکھیں پھیر کے چل دینا** (ا-محاورہ) کترا کے نکل جانا۔ منہ پھیر کے چلے جانا۔
**آنکھیں پھیرے طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی** (ا-مثل) اس آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو میٹھی باتیں کرے اور بے مروت ہو۔ ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔
**آنکھیں ترسنا** (ا-محاورہ) کسی چیز کے دیکھنے کو آنکھوں کا مشتاق ہونا۔
**آنکھیں ترش ہونا** (ا-محاورہ) نظر سے غصہ ظاہر کرنا۔
**آنکھیں تلووں سے رگڑنا (ملنا)** (ا-محاورہ) عقیدت کا اظہار کرنا۔ اُلفت ظاہر کرنا (۲) خوشامد کرنا۔
**آنکھیں تلی ہونا** (ا-محاورہ) نظروں سے کسی بات کی آمادگی ظاہر ہونا۔



Marfat.com

**آنکھیں نیلے اوپر ہو جانا** (ا- محاورہ) نزع کے وقت پتلیاں پھر جانا۔

**آنکھیں تھک جانا** (ا- محاورہ) دیکھتے دیکھتے آنکھوں کا گھبرا جانا۔ انتظار کی زیادتی کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔

**آنکھیں تیورا جانا** (ا- محاورہ) آنکھیں خیرہ ہو جانا۔ آنکھوں میں اندھیرا آ جانا

**آنکھیں مٹمٹانا** (ا- محاورہ) آنکھوں کا ذرا ذرا کھلنا۔

**آنکھیں لوٹ آنا** (ا- محاورہ) آنکھیں آ جانا۔ آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھیں جھک آنا۔

**آنکھیں ٹھنڈی رہیں**۔ اپنی اولاد کی خوشیاں دیکھو اور ان کے دیدار سے ہمیشہ آنکھیں ٹھنڈی رہیں (دُعا)

**آنکھیں جاتی رہنا** (ا- محاورہ) آنکھوں کی روشنی کا جاتا رہنا۔ اندھا ہو جانا۔

**آنکھیں جلنا** (ا- محاورہ) آنکھوں میں سوزش ہونا۔ آنکھوں میں جلن ہونا۔

**آنکھیں چھپکنا** (ا- محاورہ) آنکھیں کھلنا اور بند ہونا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔ آنکھیں سامنے نہ ہو سکنا۔ آنکھیں نیچی ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ (۳) نیند نہ آنا۔

**آنکھیں جُھکنا** (۱) شرمسار ہونا۔ شرم سے نیچی نگاہ رکھنا۔ (۲) آنکھیں دُکھنے آنا

**آنکھیں چار طرف چکر مکر چلی جاتی ہیں** (ا- مثل) شوخی سے نگاہ ایک طرف نہیں ٹھہرتی۔ نہایت شوخ دیدہ ہے۔

**آنکھیں چار طرف (رکھنا) رہنا** (ا- محاورہ) چاروں طرف دیکھتے رہنا۔ نگرانی رکھنا۔

**آنکھیں چار نہ کرنا** (ا- محاورہ) آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔ شرمانا۔

**آنکھیں چار ہونا** (ا- محاورہ) ایک دوسرے کے سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ روبرو ہونا۔ دوچار ہونا۔ ملاقی ہونا۔ محبت ہونا۔

**آنکھیں چرانا** (ا- محاورہ) چشم پوشی کرنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ کترانا۔

**آنکھیں چرنے گئی ہیں**۔ کیا آنکھیں غیر حاضر ہیں۔ کیا دکھائی نہیں دے رہا۔ جب کوئی شخص اپنے سامنے کی چیز کو نہ دیکھے تو اس سے یہ کلمہ کہتے ہیں۔

**آنکھیں چڑھانا** (ا- محاورہ) (۱) تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔

**آنکھیں چڑھنا۔ آنکھیں چڑھی ہوئی ہونا** (ا- محاورہ) آنکھوں میں شراب یا نیند کا خمار ہونا۔

**آنکھیں چمکانا** (ا- محاورہ) دیدے مٹکانا۔ ناز نخرے سے آنکھیں گھمانا۔

**آنکھیں (چندھیا جانا) چندھیانہ** (ا- محاورہ) چکا چوند ہونا۔ آنکھیں جھپک جانا۔

**آنکھیں چندھی ہونا** (ا- محاورہ) آنکھیں چھوٹی ہونا اور پوری نہ کھلنا۔

**آنکھیں چھت (سے) کو لگ جانا** (ا- محاورہ) (۱) آنکھیں اوپر چڑھ جانا آنکھوں کی پتلی پھر جانا۔ علامت مرگ ظاہر ہونا (۲) نہایت انتظار کرنا۔ نہایت متفکر ہو کر چھت سے آنکھیں لگانا (۳) ٹکٹکی بندھ جانا۔ کسی چیز کو گھڑیوں تکتے رہنا۔

**آنکھیں چیرکے نمک بھرنا** (ا- محاورہ) نیند مٹانے کی تدبیر کرنا۔

**آنکھیں خون میں ڈوبنا** (ا- محاورہ) مارے غصے کے آنکھیں لال ہونا۔

**آنکھیں در پر لگی ہونا**۔ انتظار میں ہونا۔ راہ دیکھنا

**آنکھیں (دکھانا) دکھلانا** (۱) غضب کی نگاہ سے دیکھنا۔ ڈرانا۔ دھمکی دینا غصہ کرنا۔ (۲) سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔

**آنکھیں دُکھنا۔ آنکھیں دُکھنے آنا** (ا- محاورہ) آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ آنکھوں میں آشوب آنا۔

**آنکھیں دوڑانا** (ا- محاورہ) نظر ڈالنا۔ سب طرف دیکھنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ چاروں طرف نظر ڈالنا۔

**آنکھیں (دیکھا کرنا) دیکھتے رہنا** (ا- محاورہ) (۱) لطف و عنایت کا امیدوار رہنا (۲) اطاعت پر اس طرح آمادہ رہنا کہ اشارہ ہو اور تعمیل کرے۔

**آنکھیں دیکھتی ہیں** (ا- مثل) آنکھیں منتظر ہیں۔ آنکھیں مشتاق ہیں۔

**آنکھیں دیکھی ہیں** (ا- محاورہ) صحبت اٹھائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔

**آنکھیں دیوار ہو جانا** (ا- محاورہ) کچھ نہ سوجھنا۔ کچھ دکھائی نہ دینا۔

**آنکھیں ڈبڈبانا** (ا- محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔

**آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا** (ا- محاورہ) آنکھوں سے ناتوانی ظاہر ہونا۔ ضعف نقاہت اور کمزوری کا اظہار۔

**آنکھیں ڈھلنا** (ا- محاورہ) مائل نظارہ ہونا۔ نظارہ کرنا۔

**آنکھیں ڈھونڈتی ہیں** (ا- محاورہ) آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔ دیکھنے کا بے حد اشتیاق ہے۔

**آنکھیں رکھنا** (ا- محاورہ) تمیز رکھنا۔ تجربہ کار ہونا۔ جانچ اور پرکھ رکھنا۔

**آنکھیں رگڑنا**۔ کسی چیز پر آنکھیں زور زور سے ملنا۔

**آنکھیں رو رو کے (لال) خون کبوتر کرنا** (ا- محاورہ) بہت رونا جس سے آنکھیں سرخ ہو جائیں۔

**آنکھیں روشن کرنا** (ا- محاورہ) (۱) کسی چیز، عزیز یا بزرگ کے دیدار سے آنکھوں کو تازگی دینا (۲) اندھے کی آنکھوں کو علاج سے بینا کرنا۔

**آنکھیں روشن ہونا** (ا- مثل) آنکھیں کھلنا۔ آنکھوں میں روشنی ہونا۔ آنکھوں میں بینائی ہونا۔ آنکھوں میں تازگی و طراوت آنا۔

**آنکھیں زمین سے لگ جانا** (ا- محاورہ) نہایت ندامت حاصل ہونا۔ شرم کے مارے آنکھ اٹھ نہ سکنا۔

**آنکھیں سفید ہونا** (ا- محاورہ) (۱) حد درجہ انتظار کرنا (۲) آنکھیں چشم ہونا۔ اندھا ہونا۔

**آنکھیں سی کھل گئیں** (ا- مثل) (۱) آنکھوں میں طراوت اور تازگی آگئی۔ کسی عمدہ چیز کے مل جانے یا نظر آنے پر حیرانی ظاہر کرنے کے لیے یا کسی چیز کی حقیقت معلوم ہو جانے کی جگہ۔

**آنکھیں سینا** (ا- محاورہ) (۱) پلک سے پلک سی دینا (۲) کسی چیز پر ہر وقت آنکھیں لگاتے رہنا۔

**آنکھیں سینکنا**۔ پوٹلی بنا کر آنکھوں پر لگانا (۲) حسینوں کی دید بازی کرنا۔

**آنکھیں فرش راہ کرنا**۔ قدموں کے نیچے آنکھیں بچھانا۔ تعظیم و تواضع سے پیش آنا۔

**آنکھیں قدموں پر ملنا۔ آنکھیں قدموں تلے بچھانا** (ا- محاورہ) کمال اخلاص و محبت سے پیش آنا۔ بہت تواضع اور تکریم کرنا۔

**آنکھیں کڑوانا** (ا- محاورہ) آنکھوں میں نیند بھرنا۔ نیند کا خمار ہونا (۲) آنکھیں کھٹکنا (۳) دھوئیں کی وجہ سے آنکھوں میں ہلکی خارش ہونا۔

**آنکھیں کور ہو جانا** (ا- محاورہ) اندھا ہو جانا۔

**آنکھیں کھل جانا** (ا- محاورہ) (۱) جاگ اٹھنا (۲) متنبہ ہونا۔ ہوشیار ہو جانا۔



Marfat.com

حقیقت کھلنا۔ عبرت ہونا۔ (۳) حیران ہو جانا۔

آنکھیں کھُلنا (ا۔ محاورہ) جاگنا۔ بیدار ہونا (۲) حقیقت واضح ہونا (۳) جنم لینا۔ ہوش سنبھالنا۔ (۴) ہکا بکا رہ جانا۔

آنکھیں کھُلی کی کھُلی رہ جانا (ا۔ محاورہ) (۱) سکتے کی حالت میں دم نکل جانا۔ (۲) حیران ہو جانا۔ دم بخود ہو جانا۔

آنکھیں کھُلی ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) پوری آنکھیں بند نہ ہونا (۲) زندہ ہونا۔ صحیح سلامت ہونا (۳) ہوشیار ہونا۔ چوکس ہونا۔

آنکھیں کھولنا (ا۔ محاورہ) چشم وا کرنا۔ جاگنا۔ ہوشیار رہنا (۲) عبرت پکڑنا (۳) پیدا ہونا۔

آنکھیں کھونا (ا۔ محاورہ) اندھا ہونا۔ بے بصر ہونا۔ بینائی زائل کرنا۔

آنکھیں کیا پھوٹ گئی ہیں؟ نظر نہیں آتا؟ غفلت یا بے پروائی سے کام کرنے والے سے کہا جاتا ہے

آنکھیں گُدّی میں ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) گُدّی کے پیچھے آنکھیں ہونا۔ سامنے کی چیز دکھائی نہ دینا۔ (۲) خود بینی کے نشہ میں اندھا ہونا۔ اچھا بُرا نہ دیکھنا۔ سمجھے بوجھے بغیر کوئی کام کر بیٹھنا۔ عالم شباب کے باعث حرکات ناشائستہ میں اندھا ہونا۔ مستی کے سبب نیک و بد کا دھیان نہ کرنا۔

آنکھیں گرم کرنا (ا۔ محاورہ) غصے سے دیکھنا۔ گھورنا۔ دید بازی کرنا۔

آنکھیں گڑ جانا (ا۔ محاورہ) کسی چیز پر نظر گڑ جانا۔ کسی چیز کو برابر تکے جانا۔ گھورنا۔ ہمیدوں کی طرح دیکھنا۔

آنکھیں گلابی ہونا (ا۔ محاورہ) آنکھیں سرخ ہونا۔ آنکھوں میں سرور آنا۔ آنکھوں میں نشہ ظاہر ہونا۔

آنکھیں لال کرنا (ا۔ محاورہ) غصے سے نیلا پیلا ہونا۔ رو رو کر آنکھیں سرخ کرنا۔

آنکھیں لگائے رہنا (ا۔ محاورہ) برابر دیکھتے رہنا۔ نظر جمی ہونا۔

آنکھیں لگنا (۱) ٹکٹکی بندھنا۔ انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا (۲) عشق ہونا۔ محبت ہونا۔

آنکھیں مانگنا (ا۔ محاورہ) آنکھوں کی روشنی چاہنا۔ بینائی مانگنا۔ بصارت کا طالب ہونا۔

آنکھیں مٹکانا (ا۔ محاورہ) آنکھیں گھمانا۔ نخرے کرنا۔ آنکھیں نچانا۔

آنکھیں مَلنا (۱) آنکھوں کو ہاتھ سے رگڑنا۔ آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر نیند کا خمار دور کرنا۔ آنکھیں کھولنے کی تدبیر کرنا (۲) حسن عقیدت یا فرطِ محبت کے باعث کسی چیز سے آنکھیں گھسنا۔

آنکھیں مندتے کیا دیر ہے (ا۔ مثل) آنکھ بند ہوتے یعنی مرتے دیر نہیں لگتی۔ زندگی کا کیا بھروسہ ہے۔

آنکھیں موندلینا (موندنا) (ا۔ محاورہ) آنکھیں بند کر لینا (۲) مر جانا (۳) بے خبر ہونا۔

آنکھیں نکالنا (ا۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ ڈرانا۔ ڈانٹنا (۲) خنجر یا چھری کی نوک سے آنکھوں کو باہر نکال ڈالنا۔ اندھا کرنا۔

آنکھیں نہ اٹھانا (ا۔ محاورہ) آنکھیں سامنے نہ کرنا۔ شرم یا حیا سے آنکھیں اونچی نہ کرنا۔ شرمانا۔

آنکھیں نہ کھولنا (ا۔ محاورہ) (۱) چشم وا کرنا۔ شرم حجاب یا نفرت کے باعث آنکھیں کھول کر کسی چیز کو نہ دیکھنا (۲) ہوش میں نہ آنا (۳) بیماری کے سبب غفلت میں پڑا رہنا۔

آنکھیں نہ ملانا (ا۔ محاورہ) (۱) شرمانا۔ آنکھ سامنے نہ کرنا (۲) متوجہ نہ ہونا۔ بات نہ پوچھنا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا (ا۔ محاورہ) غصہ کرنا۔ چین بجبیں ہونا۔ تیوری چڑھانا۔

آنکھیں ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) سبق حاصل ہونا (۲) حواس درست ہونا۔ سمجھ آنا۔ ہوش آنا۔ عقل آنا۔

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔ آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آئی کھوٹ (ا۔ مثل) سامنے محبت کرنا اور پیچھے بالکل بھول جانا۔

آنکھیں ہیں یا بھینس کے چوتڑ (ا۔ مثل) دیکھ کر کام نہ کرنا۔ بے توجہی سے کام کرنا۔

آنگن (آں۔ گن) [ہ۔ امذ] گھر کے اندر کا صحن۔ انگنائی۔

آنگھی (آں۔ گھی) [س۔ ا۔ مث] مہین کپڑے کی منڈھی ہوئی چھلنی جس سے میدا چھانتے ہیں۔

آنگی (آں۔ گی) [ہ۔ ا۔ مث] انگیا۔ چولی۔

آنند (آ۔ نند) [ہ۔ صف] شادمانی۔ روحانی خوشی۔ راحت۔ آرام چین۔

آنند بدھاوا (ہ۔ ا۔ مذ) مبارکبادی۔ خوشی کا گیت۔ خوشی کا نیگ۔ بدھائی۔ شادیانہ۔

آنند رہنا (مص۔ مرکب) خوش رہنا۔ مگن رہنا۔

آنند کرنا (مص۔ مرکب) خوشی منانا۔ چین کرنا۔

آنند کے تار بجانا (ا۔ محاورہ) بے فکری سے اوقات بسر کرنا۔ عیش و عشرت سے گزارنا۔

آنند منگل (ا۔ مذ) (۱) خوشی۔ عیش و عشرت۔ ہنسی مذاق (۲) آرام۔ راحت۔

آنند ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا۔ مگن ہونا (۲) سیر ہونا۔

آنندی (آ۔ نن۔ دی) [ہ۔ ا۔ مذ] خوشی۔ سکھ۔ شادمانی۔

آنندی پرش (ہ۔ ا۔ مذ) ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ ظریف۔

آنو (آں۔ او) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا چکنا سفید لیس دار مادہ۔ جو پیچش میں پاخانہ کے ساتھ آتا ہے۔

آنو آنا (ا۔ محاورہ) آنو کا اجابت میں نکلنا۔

آنو پڑنا (ا۔ محاورہ) پیٹ میں آنو کا پیدا ہونا۔ پیچش ہو جانا۔

آنو کے پیچھے نکلے۔ آنو گلے میں اٹکی (ا۔ مثل) بے محل قراءت چھانٹنے یا اچھو ہو جانے پر کہتے ہیں۔

آنول (آں۔ ول) [ہ۔ ا۔ مث] وہ جھلی جو بچے کی پیدائش کے وقت اس کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔

آنول نال۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کی ناف انتڑی کی طرح بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ دائی اُسے اسی وقت کاٹ ڈالتی ہے۔ اس کے اخیر میں ایک تھیلا بھی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کل ہیئت مجموعی کا نام آنول نال ہے۔



Marfat.com

آنول پتی (آن ۔ ول ۔ پت ۔ تی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ایک قسم کی سلائی جس میں پتی کی طرح دونوں طرف ترچھے ٹانکے مارے جاتے ہیں۔

آنول کٹا (آن ۔ ول ۔ کٹ ۔ ٹا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] آنولے کا سوکھا ہوا پھل۔ آنولے کا ڈال میں سوکھا ہوا پھل۔

آنولہ (آن ۔ ولہ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک کسیلا پھل۔ دیکھئے آملہ۔

آنولہ سار گندھک (ا ۔ مث) صاف کی ہوئی گندھک جس کا رنگ آنولے کے رنگ سے مشابہ ہوتا ہے۔

آنولے کا کھایا بڑے کا کہا پیچھے مزہ آیا (ا ۔ مثل) ناگوار نصیحت کا نتیجہ بعد میں معلوم ہوتا ہے۔

آنہ (آ ۔ نہٗ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] پرانے روپے کا سولھواں حصہ پرانے چار پیسے۔ پرانا سکہ جو چار پیسوں کے برابر ہوتا تھا ۔ آنا۔

آنہ پائی (ا ۔ مذ) کوڑی کوڑی۔ پورا پورا

آنہ پائی کا حساب کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کفایت شعاری کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ (۲) قرض ادا کرنا۔

آنی (آ ۔ نی) [ ت ۔ ا ۔ مث ] دودھ سے مکھن نکالنے کا آلہ۔ متھانی۔ مدھانی۔

آنی بانی (ہ ۔ ا ۔ مث) چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی مذاق۔

آنی جانی [ ہ ۔ صف ] بے ثبات۔ ناپائدار۔ فانی۔

## آ - و

آوا (آ ۔ وا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] کمہار کی بھٹی۔ کمہاروں کے برتن پکانے کا گڑھا۔ پنزاوہ ۔ بھٹا۔

آوا اُترنا ۔ برتنوں کا پک کر بھٹی سے نکلنا۔

آوا بگڑنا ۔ آوے کا آوا بگڑنا (۱) تمام برتنوں کا بگڑنا (۲) خاندان کا خاندان بگڑنا۔ سارے خاندان کا برائیوں میں مبتلا ہو جانا۔

آوا چڑھنا ۔ بھٹی میں برتنوں کا پکنے کے واسطے رکھا جانا۔

آوے کا آوا خراب ہے (ا ۔ مثل) سارا خاندان خراب ہے

آوے میں ناند کھو گئی (ا ۔ مثل) بد دیانتی کر کے معصوم بننے کی کوشش۔

آوا جائی (ہ ۔ ا ۔ مث) آمد و رفت ۔ آنا جانا۔

آوا جائی لگا رکھی ہے (ا ۔ مثل) بے موقع اور بلا ضرورت آمد و رفت۔

آوا دانی (ا ۔ ا ۔ مث) (۱) بستی ۔ آبادی (۲) رونق۔ کھما کھمی ۔ چہل پہل (۳) بوئی جوتی زمین۔

آوارجہ (آ ۔ وار ۔ جہ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] روزنامچہ جمع خرچ۔

آوارگی (آ ۔ وا ۔ ر ۔ گی) [ ف ۔ ا ۔ مث ] (۱) ابتری ۔ پریشانی ۔ پراگندگی ۔ خرابی (۲) بد معاشی۔ شہد پن ۔ گمراہی۔

آوارہ (آ ۔ وا ۔ رہ) [ ف ۔ صف ] (۱) بے ہودہ ۔ پریشان ۔ خراب و خستہ (۲) اوباش ۔ بدچلن ۔ شہدا۔

آوارہ پھرنا (ا ۔ محاورہ) خراب و خستہ پھرنا ۔ بھٹکتا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

آوارہ کرنا (ا ۔ محاورہ) بدچلن بنانا ۔ بگاڑنا ۔ اوباش بنانا ۔ خراب کرنا۔

آوارہ گرد (ا ۔ مذ) مارا مارا پھرنے والا ۔ بدچلن۔

آوارہ گردی (ا ۔ مث) بدچلنی ۔ سرگردانی ۔ مارا مارا پھرنا۔

آوارہ مزاج (ا ۔ مذ) لاابالی ۔ بدچلن۔

آوارہ وطن (ا ۔ مذ) مسافر ۔ پردیسی۔

آوارہ ہونا (ا ۔ محاورہ) پریشان ہونا ۔ پراگندہ ہونا ۔ سرگرداں ہونا ۔ بدچلن ہونا ۔ بدراہ ہونا۔

آواز (آ ۔ واز) [ ف ۔ ا ۔ مث ] (۱) لفظ ۔ بول ۔ الاپ ہانک ۔ پکار ۔ صدا (۲) غل ۔ شور ۔ چیخ (۳) فقیر کی صدا ۔ پکار کر بیچنے کی صدا (۴) کھڑکا ۔ آہٹ دھماکا ۔ (۵) راگ ۔ نغمہ ۔ آہنگ (۶) شہرہ ۔ چرچا ۔ نیک نامی کا آوازہ۔

آواز آنا (ا ۔ محاورہ) لفظ سنائی دینا ۔ کان میں بول پڑنا ۔ کان میں بھنک آنا۔ ندائے غیب آنا۔

آواز اُٹھانا (ا ۔ محاورہ) گانے میں آواز کا اونچا کرنا ۔ اونچے سُر لگانا۔

آواز (اکھڑنا) اکھڑ جانا (ا ۔ محاورہ) آواز بے سُری ہو جانا۔

آواز بدل جانا (ا ۔ محاورہ) کسی وجہ سے آواز میں فرق آنا ۔ لہجہ تبدیل ہو جانا

آواز بدلنا (ا ۔ مص) اصلی آواز بدل دینا ۔ لہجہ تبدیل کرنا۔

آواز بڑھانا (ا ۔ محاورہ) آواز بلند کرنا۔

آواز بگڑ جانا (ا ۔ محاورہ) اچھی آواز کا بُرا ہو جانا۔

آواز بلند کرنا (ا ۔ محاورہ) چلا کے بولنا ۔ اونچی آواز سے پڑھنا۔

آواز بند کر دینا (مص مرکب) خاموش کر دینا ۔ چپ کر دینا۔

آواز بند ہونا ۔ آواز بھاری ہونا ۔ آواز بھر آنا ۔ آواز بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) آواز پڑنا ۔ گلا جکڑ جانا ۔ آواز نہ نکلنا ۔ گانے یا چلانے سے آواز کا پھٹ جانا۔

آوازِ پا (ف ۔ ا ۔ مث) پاؤں کی آہٹ ۔ پاؤں کی آواز۔

آواز پر آنا (ا ۔ محاورہ) پکارنے کے ساتھ ہی آنا ۔ سدھائے ہوئے پرند کا آواز سنتے ہی آ جانا۔

آواز پر کان (دھرنا، رکھنا) لگانا (ا ۔ محاورہ) نہایت غور سے سننا۔ دھیان دے کر سننا ۔ توجہ سے سننا۔

آواز پر گولی لگانا (ا ۔ محاورہ) (۱) دیکھے بغیر آواز پر نشانہ لگانا (۲) قادر اندازی۔

آواز پر لگانا (ا ۔ محاورہ) جانوروں کو ایسا سدھانا کہ وہ آواز سنتے ہی پاس چلے آئیں یا جو کام کرنے کو کہا جائے کرنے لگیں۔

آواز پر (پہ) لگنا (ا ۔ محاورہ) آواز پہچاننا ۔ آواز پر بولنا ۔ آواز پہ آنا ۔ ہل جانا ۔ مانوس ہو جانا ۔ بولی سمجھنا۔

آواز پڑنا (ا ۔ محاورہ) (۱) گلا بیٹھنا ۔ آواز بھاری ہونا ۔ (۲) بلانے کے لیے نام لے کر کسی کو پکارا جانا ۔ عدالت میں کسی کے نام کی آواز بلند ہونا۔

آواز پھٹنا (ا ۔ محاورہ) آواز بھاری ہونا ۔ آواز کا آہنگ خراب ہو جانا۔

آواز پھولنا (ا ۔ محاورہ) آواز کا بھاری ہونا اور صاف نہ نکلنا۔

آواز پیدا ہونا (مص مرکب) آواز نکلنا۔

آواز تھرتھرانا (مص مرکب) آواز کانپنا ۔ آواز بھرانا ۔ آواز میں لرزش ہونا۔

آواز جانا (مص مرکب) آواز کا پہنچنا۔



Marfat.com

آوازِ جرس۔ آوازِ درا (ف۔ا۔ مث) گھنٹے کی آواز۔ قافلے کے پیچھے پیچھے گھنٹے کی آواز۔

آواز جکڑ جانا (ا۔ محاورہ) نزلہ کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا۔

آواز دب جانا (ا۔ محاورہ) آواز کا پست ہو جانا۔

آواز دہندہ (ا۔ مذ) (۱) آواز دینے والا۔ (۲) بولی بولنے والا۔ نیلام پکارنے والا۔ نیلام کنندہ۔

آواز دینا (ا۔ محاورہ) پکارنا۔ طلب کرنا۔ بلانا (۲) صدا کرنا۔

آواز ڈَھک میں آنا (ا۔ محاورہ) زمانہ بلوغ میں کنٹھ پھوٹنے سے آواز بھاری ہو جانا۔

آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدا را (ف۔ مثل) کتوں کے بھونکنے سے گداگر کی خیرات بند نہیں ہوتی۔ یعنی بدباطن لوگوں کے باعث کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔

آواز سنانا (ا۔ محاورہ) اپنی آواز دوسرے کے کان تک پہنچانا۔

آواز سننا۔ آواز سنائی (پڑنا) دینا (ا۔ محاورہ) کانوں میں آواز پہنچنا۔

آواز سے آواز ملنا (ا۔ محاورہ) (۱) سُر سے سُر ملنا (۲) ایک آواز کا دوسری آواز سے مشابہ ہونا۔

آواز سے شگون لینا (ا۔ محاورہ) عورتیں اور عوام بعض جانوروں کی آواز سے فال لیتے ہیں۔

آواز صاف (ہو جانا) ہونا (ا۔ محاورہ) گلا صاف ہو جانا۔ آواز کا بھاری پن زائل ہو جانا۔ درست آواز نکلنا۔

آوازِ صُور۔ صُور کی آواز۔ مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق صور ایک باجے یا بگل کی مانند ہے۔ خدائے تعالےٰ کے حکم سے حضرت اسرافیل (فرشتہ) جس وقت اس میں پھونک لگائیں گے، ہر چیز فنا ہو جائے گی اور قیامت آجائے گی۔

آوازِ غیب (ف۔ ع۔ مث) الہام کی آواز۔ ہاتف کی آواز۔ آواز جو عالمِ غیب سے آئے۔

آوازِ قدم (ف۔ا۔ مث) پاؤں کی آہٹ۔

آواز کا اتار چڑھاؤ۔ آواز کا نیچا اونچا ہونا۔

آواز کا پاٹ۔ آواز کی رسائی۔ آواز کی حد۔

آواز کا پاٹ نہ ملنا۔ (ا۔ محاورہ) آواز کا بہت بلند ہونا۔

آواز کرنا (ا۔ محاورہ) (۱) پکارنا۔ آواز دینا (۲) بندوق چھوڑنا۔ توپ داغنا (۳) چیخنا (۴) فقیر کا صدا دینا۔

آواز کسنا (ا۔ محاورہ) تان کی آواز لگانا۔

آواز (کھلنا) کھل جانا (ا۔ محاورہ) آواز صاف ہونا۔ آواز میں سے خشونت کا دور ہونا۔

آواز کی اٹھان (ا۔ مث) آواز کی ابتدا۔ گاتے وقت شعر کا بلند آواز سے شروع کرنا اور نچلے سُر میں آواز ہونا۔

آواز گرنا (ا۔ محاورہ) آواز کا ہلکا ہونا۔ نیچے سروں میں آواز ہونا۔

آوازِ گریہ۔ رونے کی آواز۔

آواز گوش آشنا ہونا (ا۔ محاورہ) آواز کا پہلے سے سنا ہوا ہونا۔ آواز کی پہچان ہونا۔

آواز گوش زد ہونا (ا۔ محاورہ) آواز سنائی پڑنا۔

آواز گونجنا (مص مرکب) دیر تک کسی بند مکان یا گنبد میں آواز کا اثر باقی رہنا۔

آواز لڑنا (ا۔ محاورہ) آواز ملنا۔ آواز کا ٹپا کھانا۔ آواز میں آواز ملنا۔ ہم آہنگ ہو جانا۔ ایک سر پہ پہنچنا۔

آواز لگانا (ا۔ محاورہ) (۱) آواز دینا۔ پکارنا (۲) پکار کے بیچنا۔ (۳) صدا دینا۔ مانگنا۔ بھیک مانگنا (۴) گانا۔ تان لگانا۔

آواز ملانا (ا۔ محاورہ) باہم آواز ملا کر گانا۔

آواز میں آواز ملانا (ا۔ محاورہ) بول سے بول ملانا ہم آہنگ ہونا۔ سُروں میں برابر آجانا۔ سُر سے سُر ملانا۔

آواز میں پتی لگ جانا (ا۔ محاورہ) کسی سبب سے آواز کھرکھرانے لگنا۔

آواز میں پیچ دینا (ا۔ محاورہ) تان لیتے وقت خوبصورتی کے ساتھ آواز نکالنا۔

آواز میں چھریاں (کٹاریاں) بھری ہیں (ا۔ مثل) بہت موثر اور دردناک آواز ہے۔

آواز میں کھٹکا ہونا (ا۔ محاورہ) آواز میں بہت ہی پراثر اور پسندیدہ کیفیت ہونا۔

آواز میں لوچ ہونا (ا۔ محاورہ) آواز میں نرمی اور نزاکت ہونا۔

آواز میں نمک ہونا۔ آواز میں درد ہونا۔ سوز ہونا۔

آواز نکالنا (ا۔ محاورہ) (۱) بولنا۔ منہ سے بات نکالنا (۲) رونا۔ چیخنا (۳) گانا شروع کرنا۔

آواز نکلنا (ا۔ محاورہ) (۱) صدا آنا (۲) مُنہ سے بات نکلنا۔

آواز نہیں چلتی۔ آواز کام نہیں دیتی۔

آواز ہونا (ا۔ محاورہ) کسی چیز سے آواز نکلنا۔

آوازہ (آ۔ وا۔ زہ) [ف۔ا۔ مذ] (۱) شہرہ۔ ناموری۔ غلغلہ۔ افواہ۔ دھوم (۲) غل۔ شور (۳) طعنہ (۴) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ صدا۔ تڑاقا۔ (۵) گوز۔ پاد۔ پھڑاکا۔

آوازہ بلند ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) مشہور ہونا۔ بڑا نام ہونا۔ ناموری ہونا۔ دھوم مچنا۔ (۲) شور پیدا ہونا۔

آوازہ پہنچنا (ا۔ محاورہ) شہرت پہنچنا۔

آوازہ پھیلنا (ا۔ محاورہ) شہرت ہونا۔

آوازہ پھینکنا۔ آوازے پھینکنا (ا۔ محاورہ) فقرہ کسنا۔ طعنہ دینا۔ آوازہ کسنا۔ آوازہ توازہ۔ بولی ٹھولی۔ طعنہ مہنہ۔ طعن تشنیع۔

آوازہ سنانا (ا۔ محاورہ) طعنہ دینا۔ بولی ٹھولی مارنا (۲) پادنا۔

آوازہ کرنا (ا۔ محاورہ) (۱) پھنکارنا۔ چنگھارنا (۲) بندوق یا توپ چھوٹنا داغنا (۳) کسی چیز کو توڑنا۔ اوپر سے دے مارنا۔ پٹک دینا (۴) طعنہ دینا (۵) طنز کرنا۔ ٹھٹھا مارنا۔

آوازہ کسنا (ا۔ محاورہ) طنز کرنا۔ چھیڑنا۔ نقرہ چست کرنا۔

آوازہ مارنا (ا۔ محاورہ) (۱) طعنہ دینا۔ چھیڑخانی کرنا (۲) آواز سنانا۔

آوازے سُننا (ا۔ محاورہ) طعن و تشنیع سننا۔



Marfat.com

آوازے کرنا (ا۔ محاورہ) طنز سے کچھ کہنا۔
آوازے کسنا (ا۔ محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔ چھیڑنا۔
آواگون (آ۔ وا۔ گ۔ وِن) [ہ۔ ا۔ مذ] آنا۔ جانا۔ آمد و رفت۔ ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق بار بار مرنے اور جنم لینے کا سلسلہ۔ تناسخ۔
آور (آ۔ وَر) [ف۔ صف] لانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خواب آور۔
آورد (آ۔ ورد) [ف۔ ا۔ مث] تکلف اور بناوٹ۔ (۲) تکلف سے شعر کہنا۔ کوشش سے بات پیدا کرنا۔
آوردہ (آ۔ ور۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذ] لایا ہوا۔ متوسل۔ طفیلی۔
آویختہ (آ۔ ویخ۔ تہ) [ف۔ صف] لپٹا ہوا۔ لٹکا ہوا۔
آویزاں (آ۔ وے۔ زاں) [ف۔ صف] لٹکا ہوا۔ معلق۔
آویزاں کرنا۔ لٹکانا۔
آویزش (آ۔ وے۔ زِش) [ف۔ ا۔ مث] چپقلش۔ لڑائی۔ فساد
آویزہ (آ۔ وے۔ زہ) [ف۔ ا۔ مذ] کان کا زیور۔ بُندہ۔ بالا۔

# آ - ہ

آہ (ف۔ ا۔ مث) (۱) کلمۂ افسوس۔ ہائے۔ وائے۔ افسوس۔ اُف (۲) سانس۔ دم۔ نفس۔
آہ آہ اٹھنا۔ دل سے آہ نکلنا۔
آہ آہ کرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔
آہ اللہ۔ ہائے افسوس۔ حالت رنج و غم میں خدا کا نام زُبان پر آنا۔
آہ بھر کر رہ جانا (ا۔ محاورہ) کلیجہ تھام کے رہ جانا۔ افسوس کر کے رہ جانا۔ صدمہ پر صبر کر کے چُپ ہو رہنا۔
آہ بھرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔ افسوس کرنا۔
آہ پڑنا (ا۔ محاورہ) کسی کی آہ سے تکلیف پہنچنا۔ بد دعا کا اثر ہونا۔
آہِ جگر (ف۔ ا۔ مث) دل سے نکلی ہوئی ہائے۔
آہ خالی نہ جانا (ا۔ محاورہ) فریاد کا با اثر ہونا
آہ روکنا (ا۔ محاورہ) آہ کا ضبط کرنا
آہِ سرد بھرنا (ا۔ محاورہ) ٹھنڈے سانس بھرنا۔ اوپر کے سانس لینا۔
آہ سر کرنا۔ دیکھیے آہ بھرنا۔
آہِ سوزاں (ف۔ ا۔ مث) آہ گرم۔ جلانے والی آہ۔ آگ لگا دینے والی آہ۔ وہ آہ جو آگ کا کام کرے۔
آہِ شب (ف۔ ا۔ مث) وہ آہ جو مظلوم کے دل سے رات کو نکلے۔
آہ صد آہ (ف۔ ا۔ مث) سیکڑوں آہیں۔ افسوس صد افسوس
آہ کا نعرہ (ا۔ محاورہ) زور سے آہ کرنا۔ آہ کھینچنا۔
آہ کر کے رہ جانا (ا۔ محاورہ) کلیجہ تھام کے رہ جانا۔ کسی صدمہ پر صبر کرنا۔
آہ کرنا۔ آہ کھینچنا (ا۔ محاورہ) کراہنا۔ نالہ و فریاد کرنا
آہ لگنا۔ آہ پڑنا۔
آہ لینا (ا۔ محاورہ) کسی کا صبر لینا۔ کسی کو ستا کر اس کی آہ سننا۔ بد دعا لینا۔

آہ نکلنا (ا۔ محاورہ) ہائے نکلنا۔
آہ نہ آئے (ا۔ محاورہ) درد نہ آئے۔ ذرا افسوس نہ آئے۔ ذرا رحم نہ آئے۔
آہِ نیم شب (ف۔ ا۔ مث) آدھی رات کو کی جانے والی فریاد۔
آہِ نیم کش (ف۔ ا۔ مث) وہ آہ جو پوری نہ ہو۔ آدھی کھینچی ہوئی آہ۔
آہ و بکا، آہ و فغاں، آہ و زاری (ف۔ ا۔ مث) رونا۔ پیٹنا۔ واویلا کرنا۔ ہائے وائے۔ نالہ و فریاد۔
آہا (کلمہ تحسین) تعجب اور خوشی کا کلمہ۔
آہار (آ۔ ہا۔ ر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ماندی۔ لیئی۔ کلف (۲) غذا۔ کھانا۔
آہار کرنا (مص مرکب) (۱) کھانا۔ بھوجن کرنا (۲) کلف دینا۔ ماوا چڑھانا۔
آہار وہار۔ کھانا پینا۔ سونا۔ رہن سہن۔
آہٹ (آ۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پاؤں کی آواز۔ کھٹکا۔
آہٹ پانا (ا۔ محاورہ) چلنے کی آواز سن لینا۔ کھٹکا محسوس کر لینا۔
آہٹ پر کان ہونا (ا۔ محاورہ) پاؤں کی آواز کا منتظر ہونا۔
آہٹ لینا (ا۔ محاورہ) آواز پر کان رکھنا۔ کھڑکے پر دھیان رکھنا۔ ہوشیار ہونا
آہٹ ہونا (ہ۔ مص) کھڑکا ہونا۔ کھٹکا ہونا۔
آہرن (آہ۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مذ] سندان۔ نہائی جس پر لوہار لوہا پیٹتے ہیں۔
آہستگی (آ۔ ہس۔ تَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] دھیما پن۔ نرمی۔ سہولت۔ آسانی
آہستہ (آ۔ ہس۔ تہ) [ف۔ صف] (۱) دھیما۔ نرم۔ نرمی۔ سہج سے۔ ملائمت سے۔
آہستہ آہستہ (تابع فعل) ہولے ہولے۔ دھیرے دھیرے۔ رفتہ رفتہ۔
آہک (آ۔ ہک) [ف۔ ا۔ مذ] چونا۔ قلعی۔
آہن (آ۔ ہن) [ف۔ ا۔ مذ] لوہا۔
آہن رُبا (ف۔ ا۔ مذ) چمبک پتھر۔ مقناطیس۔
آہنگر (ف۔ ا۔ فاعل) لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔ جمع آہن گراں۔
آہنگری (ف۔ ا۔ مث) لوہار کا پیشہ۔
آہنی۔ آہنیں (آہ۔ نی، آہ۔ نیں) [ف۔ صف] لوہے کی۔ لوہے کی بنی ہوئی۔
آہنیں جگر (ف۔ ا۔ صف) لوہے کے جگر والا۔ دلیر۔ بہادر۔
آہنی کارخانے (ا۔ مذ) وہ کارخانے جہاں لوہے کا کام کیا جاتا ہے۔
آہنگ (آ۔ ہنگ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) نغمہ۔ زمزمہ۔ آواز (۲) قصد۔ ارادہ (۳) وقت۔
آہو (آ۔ ہو) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ہرن۔ مرگ (۲) عیب۔ نقص۔
آہو بره (ف۔ مذ) ہرن کا بچہ
آہو چشم (ف۔ ا۔ صف) ہرن جیسی آنکھ والا۔ مرگ نین۔ خوبصورت آنکھوں والا۔ معشوق۔
آہو گیر (ف) (۱) عیب جُو (۲) ہرن کا شکار کرنے والا۔
آہوئے حرم (ف سا۔ مذ) (۱) مکہ معظمہ کی ایک مقررہ حد میں رہنے والا ہرن۔ جہاں شکار ممنوع ہے (۲) [کنایتاً] معشوق۔
آہوئے ختا (ف۔ ا۔ مذ) مقام ختا کا ہرن جو مشک کے لیے مشہور ہے۔
آہوئے زریں۔ آہوئے فلک (ف۔ ا۔ مذ) سنہرا ہرن۔ آسمان کا ہرن۔ (کنایتاً) سورج۔ آفتاب۔



Marfat.com

آہوئے مشکی، مشکیں (ف - ا - مذ) مشک کے نافے والا ہرن۔
آہے (آ - ہے) [اُر - ا - مث] آہ - ہائے۔

# آ - ۶

آئیڈیا (Idea) (آ - ئے - ڈ - یا) [انگ - ا - مذ] خیال - تصور - فکر۔
آئرش (Irish) (آئر - رِش) [انگ - صف] (۱) آئرلینڈ کا (۲) آئرلینڈ کا باشندہ (۳) آئرلینڈ کی زبان۔
آئرش فری اسٹیٹ (Irishfree State) آئرلینڈ کا آزاد حصہ۔
آئل (Oil) (آ - اِل) [انگ - ا - مذ] تیل - روغن۔
آئل پیپر (Oil Paper) روغنی کاغذ جو پینٹنگ وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔
آئل پینٹنگ (Oil Painting) (۱) روغنی رنگوں کی مصوری (۲) روغنی تصویر۔
آئل کلاتھ (Oil Cloth) روغنی کپڑا - موم جامہ۔
آئل کلر (Oil Colour) روغنی رنگ جو پینٹنگ میں کام آتا ہے۔
آئنتی پائنتی (آ - اِن - تی، پا - اِن - تی) [ہ - ا - مث] سرہانے اور پاؤں کے نیچے کی جگہ۔
آئندہ (آ - اِن - دہ) [ف - صف] (۱) آنے والا (۲) دوسری بار - پھر - آگے کو - پھر کبھی - اب۔
آئندہ اختیار بدست مختار (ف - مثل) مانو نہ مانو جو چاہو کرو - مختار ہو۔ نصیحت کرنے کے بعد کہا جاتا ہے۔
آئندہ کو کان ہو گئے (ا - مثل) آئندہ کے لیے احتیاط ہو گئی۔
آئندہ کو کیا ہونا ہے (ا - مقولہ) آگے کیا ہونے والا ہے۔
آئندہ و روندہ - آتا جاتا - آنے جانے والا۔
آؤ (آ - او) [ہ] (۱) پیار اور محبت سے بلانے کا طریقہ (۲) آنا مصدر سے جمع امر حاضر۔
آؤ آدر - تعظیم و تکریم - آؤ بھگت - خاطر و تواضع۔
آؤ بھگت (ا - مث) خاطرداری - خاطر تواضع - خیر مقدم
آؤ بھگت کرنا (ا - محاورہ) تواضع کرنا - خاطر مدارات کرنا۔
آؤ پڑوسن گھر کا بھی لے جاؤ (ا - مثل) کسی نفع کی امید پر اپنی گرہ سے بھی کچھ کھو بیٹھنے کے موقع پر عورتیں کہتی ہیں۔
آؤ پڑوسن لڑیں (ا - مثل) دیکھیے آپڑوسن لڑیں۔
آؤتاؤ (ا - مذ) رنگ - ڈھنگ۔
آؤ تو جاؤ کہاں (ا - مثل) کسی کے بگڑنے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں
آؤ جانے دو - چلو لڑائی دور کرو - بخشو - چھوڑو - غصہ تھوک دو۔
آؤ جاؤ (۱) چلت پھرت (۲) آمد و رفت - آنا جانا۔
آؤ جاؤ گھر تمہارا کھانا مانگے دشمن ہمارا (ا - مثل) کنجوس آدمی جو کھانا نہ دے اور زبانی آؤ بھگت کرے۔
آؤ دیکھا نہ تاؤ (ا - مثل) بغیر سمجھے بوجھے کام کرنا۔

آؤٹ (Out) (آ - وُٹ) [انگ - صف] باہر - خارج (۲) ظاہر - افشا - شائع
آؤٹ ڈور (Out Door) بیرونی - خارجی - گھر کی چار دیواری سے باہر کا - کھلی ہوا کا۔
آئی (آ - ای) [ہ - ا - مث] (۱) موت - قضا - آئی ہوئی چیز (۲) آنا مصدر سے ماضی (مث) کا صیغہ
آئی بات کا روکنا ذہن کند کرنا ہے (ا - مثل) بات منہ پر آ کر اسے روکنا ذہن کو خراب کرنے کے برابر ہے۔
آئی بلا ٹلنا (ا - محاورہ) مصیبت دور ہو جانا۔
آئی بلا سے ٹلنا (ا - محاورہ) سر پر مصیبت آ کر دور ہو جانا۔
آئی بلا کو ٹال دینا (ا - محاورہ) آفت کو دور کرنا۔
آئی پر نہ چوکے (ا - مثل) جس بات کا جی چاہے کر گزرے - یا کہہ ڈالے۔
آئی پر نہیں چوکتے ہیں (ا - مثل) موقع ملنے پر خاموش نہیں رہتے۔
آئی تو رمائی نہیں تو خالی چارپائی (ا - مثل) روزی ملی تو کام بن گیا ہے ورنہ خیر سلا۔
آئی تو روزی نہیں تو روزہ (ا - مثل) ملا تو کھا لیا نہیں تو فاقہ سے پڑے رہے۔
آئی تو نوش نہیں تو فراموش (ا - مثل) روزی مل گئی تو بہتر ورنہ کچھ نہیں۔
آئی تھی آگ کو رہ گئی رات کو (ا - مثل) بے حیا عورت کو کہتے ہیں۔ کہ اسے بدچلنی کے لئے ذرا سا حیلہ کافی ہوتا ہے۔
آئی ٹل جانا (ا - محاورہ) آفت کا آ کر دور ہو جانا۔
آئی ٹلے ہر ساسوں جیے (ا - مثل) مصیبت ٹل جائے تو آدمی بہت دیر تک زندہ رہتا ہے۔
آئی عقل جانا (ا - محاورہ) بدحواس ہو جانا - ہوش جاتے رہنا۔
آئی گئی میرے ماتھے (ا - مثل) سارا الزام میرے ہی سر ہو گیا۔
آئی موج فقیر کی، دی جھونپڑی پھونک (ا - مثل) بے پروا اور آزاد منش کا اپنی چیز ضائع کر دینا۔
آئی نہ گئی، کون؟ ناتے بہن (ا - مثل) جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام - زبردستی واقفیت نکالنا۔
آئی ہوئی ٹل جانا (ا - محاورہ) موت یا مصیبت آتے آتے دور ہو جانا۔
آئی ہوئی نہیں ٹلتی (ا - مثل) آنے والی موت یا مصیبت آ کر رہتی ہے۔
آئی ہے جان کے ساتھ جائے گی جان کے ساتھ (ا - مثل) پیدائشی عادت مرتے دم تک ساتھ رہتی ہے۔
آئی بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (ا - مثل) ناواقف مگر کام میں دخل دینے والی عورت - ہر کام میں خواہ مخواہ دخل دینے والی۔
آئے (آ - اے) [ہ - فعل ماضی] آ گئے
آئے ہم - جائے بلیدا (ا - مثل) کسی نہ کسی طرح مطلب حاصل ہونا چاہیے۔
آئے بلائے گھاٹ کے پاٹے (ا - مثل) بے معنی باتیں (درست: آئیں بائیں شائیں)
آئے بھی تو کیا آئے (ا - مثل) کسی کے ذرا سی دیر آ کر جانے کو کہتے ہیں۔
آئے پیر بھاگے بیر (ا - مثل) بد لوگ نیکوں کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے۔



Marfat.com

پیروں کے سامنے بھوت کی کیا اصل ہے۔
آئے تو کیا آئے (ا۔ مثل) آنا نہ آنے کے برابر ہوا۔
آئے حواس جانا (ا۔ محاورہ) ہوش جانا۔ حواس کھونا۔
آئے دن (تابع فعل) ہر روز۔ نت۔ ہمیشہ۔ بار بار۔
آئے ڈلو کے دیے (ا۔ مثل) جو آدمی بے کار اِدھر اُدھر مارا پھرے اس کی بابت بولتے ہیں۔
آئے گا تو اپنے پاؤں سے جائے گا کس کے پاؤں سے (ا۔ مثل) دشمن کو اس کے پاؤں سے واپس نہیں جانے دوں گا۔ زندہ نہ چھوڑوں گا
آئے گا کتا تو پلائے گا تکا (ا۔ مثل) بغیر دوڑ دھوپ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
آئے گئے (ا۔ صف) (۱) آنے جانے والے (۲) مسافر۔
آئے گئے کا سودا (ا۔ مثل) مرنے کے لیے بالکل ہی تیار ہونا۔
آئے نہ آئے برابر (ا۔ مقولہ) آنا نہ آنا ایک جیسا ہے۔
آئین (آ۔ ئین) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) قاعدہ۔ دستور العمل۔ قانون۔ ضابطہ۔ ملک کا بنیادی قانون۔ دستور اساسی۔ رواج۔
آئین جاری کرنا (مص مرکب) قانون نافذ کرنا۔ دستور اساسی جاری کرنا۔
آئین دیوانی (ف۔ ا۔ مذ) لین دین کا قانون۔ وہ قانون جو مالی معاملات سے متعلق ہو۔
آئین فوج داری (ف۔ ا۔ مذ) وہ قانون جس میں فساد اور لڑائی جھگڑے کی دفعات اور سزاؤں کا بیان ہو۔
آئین لشکری (ف۔ ا۔ مذ) فوج کے نظم و نسق کا قانون۔
آئین مال (ف۔ ا۔ مذ) قواعد مال گزاری۔ رسوم سرکاری۔ قانون خراج۔
آئین ملکی (ف۔ ا۔ مذ) کسی ملک کا بنیادی قانون یا دستور اساسی۔
آئیں بائیں (آ۔ ایں۔ با۔ ایں) اناپ شناپ۔ لغو باتیں۔ انٹ شنٹ۔ وہ بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو۔
آئیں بائیں شائیں (ا۔ مثل) ٹال مٹول بہانے (۲) فضول باتیں۔
آئیں تو جائیں کہاں۔ غصے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔
آئینتی پائینتی (ہ۔ ا۔ مث) سرہانے اور پاؤں کی طرف۔
آئینہ (آ۔ ای۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) منہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن۔ (۲) حیران ششدر (۳) روشن۔ ظاہر (۴) صاف۔ اُجلا۔
آئینہ الٹا دکھانا (ا۔ محاورہ) نظر بد کا اثر دُور کرنے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر الٹا شیشہ دکھانا۔
آئینہ اندھا (ہو جانا) ہونا (ا۔ محاورہ) آئینہ دھندلا پڑ جانا کہ عکس دکھائی نہ دے۔
آئینہ باطن (ف۔ ع۔ صف) صاف دل۔ روشن ضمیر۔ نیک دل۔
آئینہ بنا دینا (ا۔ محاورہ) حیران کر دینا (۲) قلعی کرکے یا مانجھ کر چمکا دینا۔
آئینہ بن جانا (ا۔ محاورہ) (۱) متحیر ہو جانا۔ ششدر رہ جانا (۲) صاف و شفاف ہو جانا۔ چمک دار ہو جانا۔
آئینہ بندی کرنا (ا۔ محاورہ) شیشہ وغیرہ سے مکان سجانا۔ آرائش کرنا۔
آئینہ تمثال (ف۔ ا۔ صف) آئینے کی طرح صاف شفاف۔

آئینہ جڑنا (مص مرکب) چوکھٹے میں آئینہ لگانا۔
آئینہ خانہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں۔
آئینہ دار (ف۔ ا۔ مذ) جس کے پاس آئینہ ہو۔ (۲) نائی۔ حجام۔ سنگار کرانے والا۔ (۳) عیب یا خوبی ظاہر کرنے والا۔
آئینہ داری (ف۔ ا۔ مث) آئینہ دکھانے کی خدمت۔ خدمت گاری۔ اطاعت۔
آئینہ دکھانا (ا۔ محاورہ) (۱) شیشہ دکھانا۔ آئینہ داری کرنا۔ (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔
آئینہ دیکھنا (ا۔ محاورہ) آئینے میں اپنی شکل دیکھنا۔
آئینہ رخسار (ف۔ ا۔ صف) وہ شخص جس کے رخسار آئینہ کی طرح چمکتے ہوں۔
آئینہ (رُخ) رُو (ف۔ ا۔ صف) آئینہ کی طرح شفاف چہرہ رکھنے والا۔
آئینہ ساز (ف۔ ا۔ مذ) شیشے بنانے والا۔ آئینہ گر۔
آئینہ سازی (ف۔ ا۔ مث) آئینہ گری۔ آئینے بنانے کا کام۔
آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا (ا۔ محاورہ) ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔
آئینہ سکندری (ف۔ ا۔ مذ) لوہے سے بنا ہوا آئینہ جس کی بابت کہتے ہیں سکندر نے ایجاد کیا تھا۔
آئینہ سیما (ف۔ ا۔ صف) آئینہ جیسی پیشانی رکھنے والا۔ مراد معشوق۔
آئینہ صفر میں دیکھنا۔ ماہ صفر کا چاند دیکھ کر آئینہ دیکھنا مبارک سمجھا جاتا ہے
آئینہ کا جوہر (ف۔ ا۔ صف) موجِ آئینہ۔ آئینہ کی چمک۔
آئینہ کر دینا (ا۔ محاورہ) (۱) بالکل صاف کر دینا۔ چمکا دینا۔ (۲) ظاہر کر دینا۔
آئینہ گر (ف۔ ا۔ مذ) آئینہ بنانے والا۔
آئینہ گری (ف۔ ا۔ مث) آئینہ بنانے کا کام۔ آئینہ سازی۔
آئینہ لے کر منہ تو دیکھو (ا۔ مثل) جب کوئی شخص کسی ایسی بات کا دعوی یا ارادہ کرے جس کا وہ اہل نہ تو اس کے لیے کہا جاتا ہے۔
آئینہ میں منہ تو دیکھو۔ آئینہ میں صورت تو دیکھو۔ آئینہ لے کر منہ تو دیکھو۔ (ا۔ مثل) ذرا اپنی شکل تو ملاحظہ کرو۔ تم یہ کام نہ کر سکو گے۔
آئینہ (ہونا) ہو جانا (۱) ظاہر ہونا۔ کھل جانا (۲) صاف شفاف ہونا۔
آئینے میں بال (آ جانا) پڑ جانا (ا۔ محاورہ) آئینے میں خفیف سا خط نمودار ہونا۔
آئینی (آ۔ ای۔ نی) [ف۔ صف] دستور اساسی کے مطابق۔ آئین کے مطابق۔
آئیے (آ۔ ای۔ یے) (ا۔ فعل) تشریف لائیے۔ قدم رنجہ فرمائیے۔

# آ-ی

آیا (آ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دایہ۔ بچوں کو دودھ پلانے والی انا (۲) [ف] کلمہ استفہام۔ کیا؟ (۳) [اُر] آ گیا۔ (۴) حاضر ہوا (بلانے کے جواب میں) آنا مصدر کا ماضی مطلق۔
آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی (ا۔ مثل) آدمی کا رزق اس کے ساتھ ہے۔
آیا رمضان بھاگا شیطان (ا۔ مثل) نیکی کے آنے پر بدی چلی جاتی ہے۔



Marfat.com

**آیا سمجھو (جانو)** (ا۔ محاورہ) ابھی آیا۔ آیا کر آیا۔ دیر نہیں کروں گا۔

**آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا** (ا۔ مثل) بے فکر اور غافل عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

**آیا گری** (ا۔ مث) آیا کا پیشہ۔ دائی پنا۔

**آیا گیا** (ا۔ مذ) (۱) آنے جانے والا۔ (۲) مہمان۔ مسافر۔ (۳) بھولا۔ بسرا۔

**آیا گیا ہونا** (ا۔ محاورہ) بھول جانا۔ فراموش ہو جانا۔

**آیات** (آ۔ یات) [ع۔ ا۔ مث] (۱) آیت کی جمع (۲) اوقات۔ قرآن میں سے ایک وقفے کا نام جو دائرے کی شکل کا ہوتا ہے۔ (۳) نشانیاں۔

**آیاتِ متشابہات** (ع۔ مث) قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح نہ ہوں۔

**آیاتِ محکمات** (ع۔ مث) وہ قرآنی آیات جن میں تاویل کی ضرورت نہیں۔

**آیت** (آ۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) نشان (۲) فقرہ قرآن یا توریت یا انجیل (۳) معجزہ ظاہری۔

**آیت اُترنا**۔ آسمان سے آیت نازل ہونا۔

**آیت اُترنا** (ا۔ محاورہ) آیت نازل ہونا۔

**آیت سجدہ**۔ قرآن پاک کی وہ آیت جسے پڑھنے اور سننے سے سجدہ کرنا لازم ہو جاتا ہے۔

**آیت لا** (ا۔ مث) وہ آیت جس پر لا لکھا ہوتا ہے۔ قاریوں نے ایسی آیت پر نہ ٹھہرنا بہتر خیال کیا ہے۔

**آیت مطلق** (ع۔ مث) وہ آیت جس پر قطعی ٹھہرنا پڑے جس کے آگے گول دائرے کے سوا کوئی علامت نہ ہو۔

**آیت الکرسی** (ع۔ مث) قرآن مجید کی سب سے لمبی آیت سورہ البقرہ پارہ تیسرا۔

**آیت نازل ہونا**۔ خدا کی طرف سے اس کے رسولؐ پر آیت آنا۔

**آیت و حدیث ہے** (ا۔ مثل) (۱) قرآن پاک کی آیت۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد (۲) وہ بات جس میں شک کی گنجائش نہ ہو۔ بالکل حق۔

**آیوڈوفارم** (Iodoform) (آ۔ یو۔ ڈو۔ فارم) [انگ۔ ا۔ مث] زرد رنگ کی ایک بدبودار مرکب دوا جو زخم پر چھڑکی جاتی ہے۔

**آیوڈین** (Iodine) (آ۔ یو۔ ڈین) [انگ۔ ا۔ مث] ایک کیمیادی عنصر جو دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**آیورویدک** (ہ۔ ا۔ مث) ہندی طریقہ علاج۔

**آیہ** (آ۔ یہ) [ع۔ ا۔ مث] آیت۔

**آیہ رحمت**۔ قرآن مجید کی وہ آیت جس میں خدا کی رحمتوں کا ذکر ہے۔

---



Marfat.com

# ا

## اب

اَب۔ [ع - ا - مذ] باپ - والد - جمع : آباء۔
جمع : آباء
اَب وجَد۔ باپ دادا - خاندان کے بزرگ - پُرکھے - جمع : آباؤ اجداد
جمع : آباؤ اجداد۔
اَب۔ [ہ] (۱) اس وقت - اس گھڑی - آج کل (۲) اس دم - اس زمانہ میں (۳) اسی وقت - فوراً - جھٹ پٹ (۴) آئندہ - آگے کو - پھر - پھر کبھی (۵) تھوڑی دیر پہلے (۶) اس حالت میں - اس مرحلے پر (۷) اس وقت - تب۔
اب آئے - ابھی آتے ہیں - ذرا سی دیر میں آنے والے ہیں۔
اب اب کرکے - تھوڑے دنوں سے - چند روز سے - حال میں۔
اب اب کرنا (محاورہ) ٹال مٹول کرنا - وعدہ خلافی کرنا - آج کل کرنا۔
اب اِدھر یا اُدھر - (محاورہ) اب فیصلہ ہو جانا چاہیئے بات کو ختم کرنا چاہیئے
اب اللہ ہی اللہ ہے - سب سہارے ٹوٹ گئے - اب کوئی اُمید نہیں۔
اب ایسا بھی کیا - یہ بات نہیں ہو سکتی - یہ ناممکن ہے۔
اب بتاؤ (بتایئے) اب بولو - اب کہو - (محاورہ) (قائل کرنے کے لیے) اب کوئی راہ نہیں - مان جاؤ - اب کیا کریں (۲) حیرت و بے چارگی کے اظہار کے لیے) اب کیا کیا جائے - کوئی چارہ نہیں رہا۔
اب بھی (۱) اس وقت بھی - اس حال یا اس صورت میں بھی (۲) تس پر بھی پھر بھی - تاہم۔
اب بھی کچھ نہیں گیا - (محاورہ) اب بھی وقت ہے - اس وقت بھی اصلاح و درستی ہو سکتی ہے۔
اب بھی میرا مُردہ تیرے زندہ پر بھاری ہے [مثل] باوجود گئی گذری حالت کے میں تم سے طاقتور ہوں - تمہارا مقابلہ کر سکتا ہوں۔
اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت [مثل] موقع ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے سے کیا حاصل - نقصان ہو جانے کے بعد پشیمان ہونے کا کیا فائدہ۔
اب تب - حیلہ بہانہ - ٹال مٹول - اس وقت - اُس وقت - بہت جلد۔
اب تب لگنا (ہونا) مرنے کا وقت قریب آنا - جاں بلب ہونا۔
اب تک - اب تلک - اس گھڑی تک - اس وقت تک - ابھی تک - ہنوز۔
اب تو - (۱) اس کے بعد، آئندہ - (۲) ان حالات میں - اس صورت میں (۳) آج کل - اس وقت - اس دفعہ (۴) آخر کار - بدرجہ مجبوری۔
اب جا کے (جا کر) اتنے دن پیچھے - بہت دیر بعد۔
اب جب میں - آن کی آن میں - کوئی دن میں - امروز و فردا میں - بہت جلد۔
اب رنگ لائی گلہری [مثل] اب اصل حقیقت ظاہر ہوئی - اب کرتوت ظاہر ہو گئے۔
اب سے - اس وقت سے - آئندہ سے۔
اب سنتونتی ہو کر بیٹھی لوٹ کھایا سنسار [مثل] تمام دنیا کو لوٹ کر پرہیزگار بن جانا - نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔
اب سے آئے گھر سے آئے - [مثل] جو کچھ نادانستگی میں کر چکے وہ کر چکے - اب ایسا نہ کریں گے - توبہ ہے۔
اب سے دور (دُور پار) خدا نہ کرے - خدا پھر ایسا موقعہ نہ دکھائے۔
اب کا - اس وقت کا - اس زمانے کا - موجودہ حال کا - اس مرتبہ کا۔
اب کہاں جاتا ہے - قابو میں آ جانے پر کہتے ہیں - پکڑ لیا ہے - جانے نہیں پائے گا۔
اب کھائی تو کھائی - اب کھاؤں تو رام دہائی [مثل] اب جو کچھ ہوا سو ہوا - آئندہ ایسا نہیں ہوگا - اس دفعہ چوک ہو گئی - آئندہ نہ ہوگی
اب کی بات اب کے ساتھ جب کی بات جب کے ساتھ - [مثل] پہلے جو کچھ تھا - وہ گزر گیا - اب جو رنگ زمانے کا ہے - اس کے موافق کرنا چاہیئے۔
اب کی بچے تو گھر گھر بچے - [مثل] قماربازوں کی اصطلاح میں جب چوسر کی گوٹ زد میں ہوتی ہے اور دوسرے شخص کے ہاتھ میں پانسہ جاتا ہے تو کہتے ہیں - اب کی مرتبہ بچ جائے تو پھر ہر خانے میں جانے تک کوئی مزاحمت نہ کر سکے - پکی ہو جائے۔
اب کے - اس دفعہ - اس مرتبہ - آئندہ زمانہ میں - 'اب کا' کی جمع۔
اب کیا پوچھنا ہے (محاورہ) اب مزے ہیں - اب پوری آزادی ہے۔
اب کیا تھا - دیر ہی کیا تھی - فوراً۔
اب کیا ہوتا ہے - وقت او نکل گیا - اب کوئی چارہ کار نہیں۔
اب نہ تب - نہ اس وقت - نہ پھر کبھی - کبھی نہیں۔
اب وہ پانی ملتان بہ گیا - جب کوئی موقع ہاتھ سے جاتا ہے یا کسی کام کا وقت گزر جائے تو یہ کہتے ہیں - موقع جا چکا ہے۔
اَبّ۔ [ع - ا - مذ] سبزہ - گھاس۔
اَبا۔ (اَ - با) [ع - ا - مذ] باپ
اَبا عن جَدٍ۔ باپ دادا سے - قدیم سے۔
اَبّا (اب - با) [اُر - ا - مذ] باپ - جنم دینے والا - خاندان کے بزرگ (۲) تعظیم کے لیے جیسے چچا ابّا - خالو ابّا۔
ابّا جان - ابّا جانی - ابّا جی - ابّا حضور - ابّا میاں - بچے اپنے باپ کو ان لفظوں سے پکارتے ہیں۔
اِبا - (اِ - با) [ع - ا - مث] انکار - نفرت - پرہیز - اختلاف - نافرمانی۔
ابا کرنا - انکار کرنا۔
اَبابیل - (اَ - با - بیل) [ع - ا - مث] ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا پرندہ جس کا سینہ سفید ہوتا ہے - اندھیری جگہوں پر رہتی ہے۔
ابابیلیا - (اَ - با - بیل - یا) [اُر - ا - مذ] ابابیل سے ملتا جلتا ایک قسم کا کبوتر



Marfat.com

جس کا رنگ ابابیل سے مشابہ ہے۔
اِباحَت (اِ-با-حَت) [ع-ا-مث] اجازت۔ جائز کرنا۔ جواز۔ مباح ہونا۔ شرع میں جائز ہونا۔
اِباحتی۔ (ا-با-حَ-تی) [ع-ف-ا-مذ] حرام کو مباح اور جائز سمجھنے والا۔
اِباحی۔ (اِ-با-حی) [ع-ف-ا-مذ] اباحتی۔ اباحیہ فرقہ کا پیرو۔
اِباحیّت (ا-با-حی-یت) [ع-ف صف] فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل۔
اِباحیّہ (اِ-با-حی-یَہ) [ع-ف-اسذ] ایک فرقہ ہے جس کا عقیدہ ہے کہ انسان میں گناہوں سے اجتناب اور فرائض کو بجا لانے کی قدرت نہیں۔ دنیاوی لذائذ کا قائل۔
اُبارنا۔ (اُ-بار-نا) [ا-مص] رہائی دینا۔ بچانا (۲) باقی رکھنا۔ جمع کرنا۔
اُباس (اُ-باس) [ا-ا-مث] بُو۔ بدبُو۔
اُباسی۔ (اُ-با-سی) [ہ-صف] سڑاندا۔ خمیر اُٹھا ہوا۔ بدبُودار۔
اَباطیل۔ (ابا-طِیل) [ع-ا-مذ] بے اصل۔ ناحق یا غلط بات۔
اِباق۔ (اِ-باق) [ع-ا-مذ] بالغ غلام یا لونڈی کا فرار۔ بھاگ جانا۔
اُباک (ہ-صف) خاموش۔ مبہوت۔ گونگا۔
اُباکنا۔ (اُ-باک-نا) [ہ-مص] اُبکائیاں لینا۔ قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔
اُبال۔ (اُ-بال) [ہ-ا-مذ] جوش۔ پھدپھداہٹ۔ بھبک (۲) جوش۔ غصّہ (۳) کف۔ پھین (۴) خون وغیرہ کا جوش۔ گرمی کا جوش حرارت
اُبال (آنا) اُٹھنا۔ اُبھنا۔ جوش آنا۔ پھدپھدانا۔
اُبالا۔ (اُ-بالا) [ہ-صف] (۱) جوش دیا ہوا (۲) بے گھی کا سالن۔ (۳) بے مزہ کھانا۔
اُبالا سُبالا۔ بے گھی اور بے مسالے کا۔ بے مزا صرف اُبلا ہوا۔ غریبانہ کھانا۔
اُبالنا۔ (اُ-بال-نا) [ہ مص] جوش دینا۔ اوٹنا۔ کھولانا (۲) غصّہ دلانا۔ بھڑکانا۔
اُبالی۔ (اُ-با-لی) [ہ صف] جوش دی ہوئی۔
اُبالی بھاتی ہے۔ یہی بہت ہے۔ اسی میں خوش ہے۔
اُبالی دال ملنا۔ معمولی خوراک ملنا۔
اُبالی سُبالی۔ معمولی غذا۔ سادہ کھانا۔
اُبانا۔ (اُ-با-نا) [ہ مص] اُگانا۔ بونا (۲) بے لطف بنانا۔ اجیرن کرنا۔
اُبائی۔ (اُ-با-ای) [ہ-ا-مث] اُگانے کی اجرت۔ بوائی۔
اَبْ تَث۔ (اب-تث) [ع-ا-مذ] عربی حروفِ ہجا۔ جو یہ ہیں۔ ا-ب-ت-ث-ج-ح-خ-د-ذ-ر-ز-س-ش-ص-ض-ط-ظ-ع-غ-ف-ق-ک-ل-م-ن-و-ہ-ء-ی-ے۔
اِبتدا۔ (اِب-تِ-دا) [ع-ا-مث] (۱) آغاز۔ شروع۔ انتہا کی ضد۔ اوّل۔ ازل (۲) نکاس۔ نکلنے کی جگہ۔ سرا۔ بچپن۔
ابتدا ابتدا میں۔ اوّل اوّل۔ شروع شروع میں۔
ابتدا بگڑنا۔ آغاز خراب ہو جانا۔ بچپن کی تربیت کا خراب ہونا۔
ابتدا پڑنا۔ بنیاد قائم ہونا۔
ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ پہل کرنا۔
اِبتداءً۔ (اِب-تِ-دا-اَن) [ع-تابع فعل] شروع شروع میں۔

پہلے پہل۔ اوّل اوّل۔
اِبْتِدائی۔ (اِب-تِ-دا-ای) [ا-صف] (۱) شروع کا۔ پہلا۔ سرسری۔ قدیم۔ اصلی (۳) اُصولی۔ بُنیادی۔ تبدیلی۔
ابتدائی تعلیم۔ شروع کی تعلیم۔ پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم۔
ابتدائی رُسوم۔ پہلا سرکاری حق۔ پہلا محنتانہ۔ زمینداری کا حق۔ شکرانہ۔ نذرانہ۔ فیس کورٹ کا حق۔ شروع کی رسمیں۔
ابتدائی عدالت۔ ماتحت عدالت۔ پہلی کچہری۔
ابتدائی مدارس۔ مدرسے جن میں شروع کی چار یا پانچ جماعتیں ہوتی ہیں۔
ابتدائیہ۔ وہ مضمون جو کسی کتاب کے شروع میں ہو۔ افتتاحیہ۔ مقدمہ۔ دیباچہ۔ شروع کا۔ آغاز کا۔
ابتذال۔ (اِب-تِ-ذال) [ع-ا-مذ] اخلاقی پستی۔ کمینہ پن۔ بے قدری۔ ہلکا پن۔ شاعری کا رکیک انداز۔
اَبتَر۔ (اَب-تَر) [ع-صف] (۱) بدحال۔ تتر بتر۔ پراگندہ۔ منتشر۔ بے ربط (۲) لنڈا۔ لنڈورا (۳) خراب خستہ (۴) علم عروض کے ایک زحاف کا نام (۵) گنجفہ میں بے سری بازی (۶) بدچلن۔ آوارہ (۷) سانپ کی ایک قسم۔
اَبتر کرنا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا۔
ابتر ہونا۔ بگڑنا۔ بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا۔
اَبتَری۔ (اَب-تَ-ری) [ف-ا-مث] (۱) خرابی۔ بدحالی۔ بے ترتیبی۔ انتشار (۲) گڑبڑ۔ سراسیگی (۳) گنجفہ یا تاش کے پتوں کی تقسیم میں غلطی۔
اَبتری پڑنا۔ بے ترتیبی ہو جانا۔ گڑبڑ ہونا۔
ابتری ڈالنا۔ خرابی ڈالنا۔ گڑبڑ کرنا۔
ابتسام۔ (اِب-تِ-سام) [ع-ا-مذ] مسکراہٹ۔ شگفتگی۔ تبسم۔
ابتغا۔ (اِب-تِ-غا) [ع-ا-مذ] طلب۔ خواہش۔
اِبتلا۔ (اِب-تِ-لا) [ع-ا-مث] آزمائش۔ امتحان۔ جانچ (۲) مصیبت۔ بلا
اِبتہاج۔ (اِب-تِ-ہاج) [ع-ا-مذ] خوشی۔ مسرت۔
اُبٹن۔ اُبٹنا۔ اُبٹنا۔ (اُب-ٹَن) (اُب-ٹ-نا) (اُ-بَٹ-نا) [ہ-ا-مذ] ایک خوشبودار مسالہ جو جسم کو صاف اور ملائم بنانے کے لیے مَلا جاتا ہے۔
اُبٹن (ابٹنا) کھیلنا۔ شادی میں جب دولہا دلھن کے ابٹنا ملا جاتا ہے تو ہمجولیاں دل لگی میں ایک دوسرے کے منہ یا بدن پر ابٹنا مل دیتی ہیں۔
اَبْجَد۔ (اَب-جَد) [ع-ا-مذ] (۱) حروفِ تہجی جو عربی میں اٹھائیس فارسی میں بتیس اور اردو میں پینتیس ہیں (۲) کسی علم یا فن کی مبادیات ابتدائی باتیں
ابجد خواں۔ الف بے تے پڑھنے والا۔ مبتدی۔ نوآموز۔
ابجد کا قفل۔ ایک قسم کا قفل جو بغیر کنجی کے کھلتا اور بند ہوتا ہے اس پر کچھ حروف لکھے ہوتے ہیں۔ قفل کے پرزے گھمانے سے جب حرف خاص ترتیب پر آجاتے ہیں قفل کھل جاتا ہے۔
ابجد کے اعداد۔ عربی حروفِ ہجا کی عددی قیمتیں:-

| ک ل م ن | ح ط ی | ہ و ز | ا ب ج د |
|---|---|---|---|
| ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ | ۸ ۹ ۱۰ | ۵ ۶ ۷ | ۱ ۲ ۳ ۴ |



Marfat.com

| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

اَبحار۔ (اَب۔حار) [ع۔ا۔مذ] بحر کی جمع۔ بہت سے سمندر۔
اَبخرات (اَب۔خَ۔راث) [ع۔ا۔مذ] ابخرہ کی جمع۔ بخارات۔ بھاپیں۔
اَبخرہ۔ (اَب۔خِ۔رہ) [ع۔ا۔مذ] بخار۔ بخور کی جمع۔ بخارات۔ بھاپیں۔ دھوئیں۔ جمع ابخرات۔
ابخرے اُٹھنا۔ بھاپیں اُٹھنا۔ دُھوآں اُٹھنا۔
ابخرے چڑھنا۔ بھاپ کا اُوپر چڑھنا۔ دُھوآں اُوپر اُٹھنا۔
ابخرے دماغ کو چڑھنا۔ دماغ میں گرمی کا اثر کر جانا۔ سودائی ہو جانا۔
اَبخَل۔ (اَب۔خَل) [ع۔صف] بہت بخیل۔ نہایت کنجوس۔ مہا بیچڑ۔
اَبَد۔ (اَ۔بَد) [ع۔ا۔مث] ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو۔
ابدالآباد۔ ہمیشہ۔ دوام۔
اَبَداً۔ (اَ۔بَ۔دَن) [ع] ہمیشہ کے لیے۔ ابد تک۔ قطعاً۔
اِبدا۔ (اِب۔دا) [ع۔ا۔مذ] پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔ ظاہر کرنا۔
ابدا ابد۔ (اَ۔بَ۔دا۔اَ۔بَد) [ع] ہمیشہ ہمیشہ۔ قیامت تک۔
اِبداع۔ (اِب۔داع) [ع۔ا۔مث] اختراع۔ ایجاد۔ نئی چیز نکالنا۔
ابدال۔ (اَب۔دال) [ع۔ا۔مذ] (۱) اہلِ تصوف کے نزدیک اولیاء اللہ کا وہ گروہ جس کے سپرد دُنیا کا انتظام ہے۔ اولیاء اللہ کے دس طبقات میں سے پانچواں طبقہ (۲) افغانوں کے ایک جرگے کا مورثِ اعلیٰ۔
ابدالی۔ (اَب۔دا۔لی) [ف۔ا۔مذ] افغانوں کے ایک قبیلے سے منسوب۔
ابدان (اَب۔دان) [ع۔ا۔مذ] بدن کی جمع۔ بہت سے جسم۔
اَبدُھوت۔ (اَب۔دُھوت) [ہ۔ا۔مذ] سدھ جوگی۔ ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو واجب الوجود کے سوا کسی کو نہیں مانتا اور نہ کسی خاص قاعدے سے خدا کی پرستش کرتا ہے۔
اَبدی۔ (اَ۔بَ۔دی) [ع۔صف] دائمی۔ جاودانی۔ غیر فانی۔ سرمدی۔
اَبدیت۔ (اَب۔دی۔یت) [ع۔ا۔مث] ہمیشگی۔ بقائے دوام۔
اَبر۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) بادل۔ گھٹا۔ بدلی (۲) جوہرِ شمشیر اور وہ نشان جو ہتھیاروں وغیرہ پر تیزاب کے ذریعہ ڈالتے ہیں۔
ابر اُٹھنا۔ بادل آنا۔ آسمان پر بادل چھانا۔
ابرِ آذری۔ [ا۔ف۔مذ] بہار کا بادل جو برستا کم ہے اور گرجتا زیادہ ہے۔
ابرِ باراں۔ (ف۔مذ) برسنے والا بادل۔
ابرِ بہار۔ موسمِ بہار کا بادل۔
ابرِ بہمن۔ شمسی مہینے بہمن کا بادل۔
ابر پھٹنا۔ بادلوں کا ٹکڑے ہو کر منتشر ہو جانا۔
ابرِ تصویر۔ کاغذ پر ابر کی شکل۔
ابرِ تنک۔ ہلکا سا ابر۔
ابرِ تیرہ۔ کالی گھٹا۔ سیاہ بادل۔
ابرِ تیغ۔ تلوار میں جوہروں کے مثل زرنگاری خطوط کا سلسلہ۔

ابر چھٹنا۔ ابر کھلنا۔ گھٹا کا کھل جانا۔ مطلع صاف ہونا۔
ابرِ دریا بار۔ بہت برسنے والا بادل۔
ابرِ رحمت۔ رحمت کا بادل۔ وہ بادل جس کی بارش سے مخلوق کا بھلا ہو۔
ابرِ سیہ تاب۔ کالی گھٹا۔
ابرِ غلیظ۔ گہرا بادل۔ کالی گھٹا۔
ابرِ قبلہ۔ وہ بادل جو پچھم کی طرف سے اُٹھے۔
ابر کا لکہ۔ ابر کا ٹکڑہ۔
ابرِ کرم۔ (۱) بخشش کا بادل (۲) بادل کی طرح سخاوت۔ فیاض۔ سخی۔
ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا [مثل] موہوم اُمید پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا۔
ابرِ کوہسار۔ ابرِ کہساری۔ وہ بادل جو پہاڑ کی طرف سے اُٹھے۔
ابرِ گوہر (گہر) بار۔ موتی برسانے والا بادل۔ ابرِ نیساں۔
ابر گھرنا۔ بادل کا اُمنڈنا۔ گھٹا چھانا۔
ابرِ محیط۔ چاروں طرف چھایا ہوا بادل۔ ہر طرف پھیلی ہوئی گھٹا۔
ابرِ مردہ۔ اسفنج یا اسپنج
ابرِ نیساں۔ شمسی مہینے نیساں میں (جو کہ ستمبر کے مطابق ہوتا ہے) برسنے والا بادل۔ مشہور ہے کہ اس سے سیپی میں موتی۔ کیلے میں کافور۔ بانس میں بنسلوچن اور سانپ میں زہر بنتا ہے۔
ابر و باد۔ آندھی اور پانی۔
اَبرا۔ اَبرہ۔ (اَب۔را۔اَب۔رَہ) [ف۔ا۔مذ] دوہرے کپڑے کی اُوپری پرت۔
اَبرار۔ (اَب۔رار) [ع۔ا۔مذ] بَر کی جمع۔ نیکوکار۔ پرہیزگار لوگ۔ اولیاء اللہ۔
اِبرام۔ (اِب۔رام) [ع۔ا۔مذ] تنگ کرنا۔ طول کرنا۔ رنجیدگی۔ التماس۔ کبیدگی۔ کسی کام کا مضبوط کرنا۔
اَبرش۔ [ع۔صف۔مذ] چتکبرا۔ سیاہ و سفید۔ ابلق۔ وہ گھوڑا جس میں سُرخ اور سفید رنگ ہوں۔
اَبرَص۔ (اَب۔رَص) [ع۔ا۔صف] سفید کوڑھ کا بیمار۔ کوڑھی۔
اُبرَق۔ اَبرک۔ (اَب۔رَق) (اَب۔رَک) [پہلا عربی۔ دوسرا ہندی ا۔مث] ایک قسم کی چمکیلی دھات۔
اَبرَن۔ اَبرہن۔ (اَب۔رَن) (اَب۔رَ۔ہن) [ہ۔ا۔مذ] گہنا۔ سنگھار۔ لباس۔
اَبرُو۔ (اَب۔رُو) [ف۔ا۔مث] آنکھوں کے اوپر والے ہلالی شکل کے بال۔ بھوں۔ جمع۔ ابرواں۔
ابرو پر بل پڑنا۔ ابرو پر شکن آنا (پڑنا) (محاورہ) خفا ہونا۔ تیوری چڑھانا۔
ابرو پر میل نہ آنا۔ ذرا بھی صدمے کا اثر نہ ہونا۔ کوئی افسوس نہ ہونا۔
ابرو تاننا۔ غصے میں بھنویں اُوپر چڑھانا۔
ابرو کمان۔ وہ شخص جس کے ابرو کمان کی طرح ہوں۔ خوبصورت عورت۔
ابرو کھنچ جانا۔ بھنویں تن جانا۔ غصہ ہونا۔
ابرو کے خم کھلنا۔ غصہ اُتر جانا۔
ابرو میں چین آنا۔ ابرو میں بل آنا۔
ابرو ہلانا۔ ابرو کو جنبش دینا۔ ابرو سے اشارہ کرنا۔
ابروئے پیوستہ۔ وہ بھنویں جو ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہوں۔



Marfat.com

ابرُوئے فلک - ہلال - پہلی رات کا چاند۔
اَبْرَہَہ - [ع - مذ] یمن کا حبشی گورنر جس نے چھٹی صدی عیسوی کے نصف اوّل میں ہاتھیوں سے خانہ کعبہ پر حملہ کیا تھا لیکن ابابیلوں کے کنکر پھینکنے سے اس کی ساری فوج ختم ہو گئی۔ یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے کچھ عرصہ پہلے ہوا۔
اَبْرِی - (اَب - ری) [ف - ا - مث] ایک قسم کا رنگدار کاغذ جس پر ابر سے نشان بنے ہوتے ہیں اور اُسے کتابوں کی جلدوں پر لگاتے ہیں۔
ابری تلوار - تلوار جس میں ابر کی صورت کے جوہر ہوں۔
اَبْرِیشَم - (اَب - ری شم) [ف - ا - مذ] کچا ریشم۔
اَبْرِیشَمِینَہ (اَب - ریش - می - نہ) [ف صف] ریشم کی چیز۔
اِبْرِیق - (اِب - ریق) [ع - ا - مذ] (۱) چھاگل - صراحی - پانی پینے کا لوٹا - پانی کا ایک ٹونٹی اور دستہ دار برتن (۲) چمکیلی تلوار - جمع : اباریق۔
اُبْسَنا - (اُ - بس - نا) [ہ - مص] گلنا سڑنا - کھانے کی چیز میں سڑنے کے آثار پیدا ہو جانا - ذائقے میں فرق آ جانا۔
اَبْصَار - (اَب - صار) [ع - ا - مذ] بصر کی جمع - آنکھیں - نظریں
اِبْصَار - (اِب - صار) دیکھنا - نگاہ - بصیرت - دانائی۔
اَبْطَال - (اَب - طال) بطل کی جمع - بہادر لوگ - بڑے انسان - ہیرو۔
اِبْطَال - (اِب - طال) [ع - ا - مذ] باطل کرنا - جھوٹا کرنا - غلط قرار دینا۔
اَبْعَاد - (اَب - عاد) [ع - ا - مذ] بُعد کی جمع - دوریاں - فاصلے - کسی چیز کی پیمائش یا وزن کی حد یعنی لمبائی - چوڑائی - موٹائی - گہرائی - حجم - رقبہ وغیرہ۔
ابعادِ ثلاثہ - تین بُعد یعنی لمبائی و چوڑائی اور گہرائی۔
اَبْکَار - (اَب - کار) [ع - ا - مث] جمع بکر کی - کنواری لڑکیاں - اچھوتے اور نادر مضامین۔
اُبکار - (اُب - کار) [ع - ا - مث] مہربانی - عنایت - توجہ - کرم - احسان
اُبکَائی - (اُب - کا - ای) [ہ - ا - مث] متلی - طبیعت کا مالش کرنا۔
ابکائی آنا - متلی ہونا - جی مالش کرنا - قے آنا۔
اُبکائی لگنا - بار بار قے آنا - متلی ہونا۔
اُبکنا - (اُ - بک - نا) [ق مص] اُبھرنا - اُٹھنا - اُدیرانا - غوطہ کھا کر اُوپر آنا۔
اُبل آنا - (اُ - بل - آنا) [ہ مص] کسی سیال چیز کا جوش کھانا - جوش مارنا۔ (۲) سُوجنا - آشوب ہو جانا۔
اُبل پڑنا - (محاورہ) بُرا بھلا کہنا - خفا ہونا (۲) باہر نکل آنا (۳) پھوٹ پڑنا ظاہر ہو جانا۔
اَبْلا - (اَب - لا) [س - ا - مث] کمزور عورت - نازک عورت - کامنی۔
ابلا پری - نازک اندام - خوبصورت عورت۔
اَبلابلی - (اَب لا - ب لی) [ق - صف] (۱) بہت طاقتور - نہایت قوی۔ (۲) دکنی بادشاہ علی عادل شاہ کا لقب۔
اِبْلاغ - (اِب - لاغ) [ع - ا - مذ] پہنچانا - بھیجنا (۲) تبلیغ - اشاعت
اُبل (پڑنا) چلنا - [ہ - مص] (۱) بہت خفا ہونا (۲) کم ظرفی سے کچھ کہہ بیٹھنا - اوچھے پن سے بھید نہ چھپا سکنا (۳) کثرت سے ہونا - (۴) کسی سیال شے کا اُبل جانا۔

اُبل جانا - (اُبل - جا - نا) [ہ مص] جوش کھا جانا - چھلک پڑنا۔
اَبْلَق - (اَب - لق) [ع - صف] (۱) دورنگا چتکبرا خصوصاً سیاہ و سفید (۲) دورنگا گھوڑا (۳) کوڑھی۔
ابلقِ ایّام - ابلقِ لیل و نہار - رات دن۔
ابلق چشم - خوبصورت آنکھوں والا۔
ابلق روزگار - رات دن۔
اَبْلَقا - اَبْلَقَہ - (اَب - لَ - قا) (اَب - لَ - قہ) [اُر - ا - مذ] مینا سے ملتا جلتا ایک پرند جس کے پر سیاہ اور پوٹا سفید ہوتا ہے۔
اُبلنا - (اُ - بل - نا) [ہ - مص] (۱) کھولنا - جوش کھانا - جوش کھا کر باہر نکل آنا (۲) دولت یا اولاد پر مغرور ہونا - چھلک پڑنا - کناروں سے باہر نکل جانا (۳) ظاہر ہونا - عیاں ہونا (۴) کم ظرفی دکھانا (۵) غصہ میں آنا (۶) سُوجنا - پھولنا۔
اَبْلَہ - (اَب - لہ) [ف - صف] نادان - بیوقوف - احمق - جمع ابلہان
ابلہ فریب (صف) دھوکا باز - مکّار - بے وقوف کو دھوکا دینے والا۔
ابلہ فریبی - ابلہ طرازی - دغا - مکر - عیاری (۲) بہکانا - سبز باغ دکھانا (۳) بے وقوف بنانا۔
اَبْلَہی - (اَب - لَ - ہی) [ف - ا - مث] حماقت - سادگی - بیوقوفی - احمق پن۔
اِبْلِیس - (اِب - لیس) [ع - ا - مذ] (۱) خُدا کی رحمت سے نا اُمید۔ (۲) شیطان (۳) خبیث - پلید (۴) شریر - سرکش - فسادی جھگڑالو
ابلیس کا پیشاب - ابلیس کا جنا - شیطان کا نطفہ - بدذات
اِبْلِیسِیَّت - (ع - مث صف) سرکشی - شیطنت - فتنہ انگیزی۔
اِبْن - [ع - ا - مذ] بیٹا - فرزند - پسر - پُتر - جمع : ابناء
اِبنُ الاَخ - (ع) بھائی کا بیٹا - بھتیجا۔
اِبنُ الاُخت - (اب - نل - اُخت) بہن کا بیٹا - بھانجا۔
اِبنُ السّبیل - مسافر - راہی (فقہ) جو شخص مال تو رکھتا ہو مگر اس پر قابض نہ ہو
اِبنُ الوقت - زمانہ ساز - قابوچی - وہ شخص جو مقتضائے وقت کام کرتا ہو
اِبنُ الغرض - (اِب - نل - غرض) غرض کا بندہ - مطلبی۔
اِبنِ مریم - بی بی مریم کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
ابنِ ملجم - (ع - کنیت) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قاتل۔
اَبْنَاء - (اب - ناء) [ع - ا - مذ] ابن کی جمع - بیٹے۔
ابنائے جنس - ہم جنس - ایک ہی جنس کے۔
ابنائے جہاں - افرادِ انسانی - اولادِ آدم جو از روئے انسان بھائی بھائی ہیں۔
ابنائے زمانہ - ابنائے وقت - زمانے کے لوگ - زمانہ ساز لوگ۔
ابنائے وطن - اہلِ وطن - دیس کے لوگ۔
اُبْنَہ - (اُب - نہ) [ع - مث] ایک مرض جس میں اغلام کرانے کی خواہش ہوتی ہے
اِبْنِیَّت (اِب - نیّت) [ع - مث] بیٹا ہونا - فرزندی - بیٹا ہونے کی حیثیت۔
اَبّو - (اَب - بو) [اُر - ا - مذ] پیار سے باپ کو کہتے ہیں۔
اَبُو - (اَ - بو) [ع - ا - مذ] (۱) باپ - پدر (۲) صاحب - مالک۔
ابوالآبا - (ابل - آبا) مورثِ اعلیٰ - جدِ اعلیٰ (۲) بزرگِ خاندان (۳) سرخیل



Marfat.com

امام - (۴) حضرت آدم -
**اَبُوالانبیا** - (اَبُل - اَن - بیا) [ع - کُنیت] حضرت آدم علیہ السلام
**ابوالبشر** - انسان کا باپ - حضرت آدم علیہ السلام -
**اَبُوالحسن** - (اَبُل - حَسَن) (ع - کنیت) حضرت علیؓ کی کُنیت
**اَبُوالخیر** - (اَبُل - خے - ر) (ع - کنیت) مشہور فارسی شاعر ابوسعید ابوالخیر -
**اَبُوالقاسم** - حضرت محمد رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی کُنیت -
**اَبُوالہول** - ایک خیالی جانور جس کا چہرہ مثل عورت کے اور جسم شیر کی مانند ہے
**اَبُوبکرؓ** - مسلمانوں کے خلیفہ اوّل کی کُنیت -
**اَبُوتراب** - مٹی کا باپ - حضرت علیؓ کی کُنیت -
**اَبُوجہل** - (ع - کُنیت) ابوحکم عمر بن ہشام مخزومی کی کنیت - اسلام دشمنی کی بنا پر مُسلمانوں نے اسے ابوجہل کہنا شروع کیا -
**اَبُوحنیفہ** - (ع - کُنیت) امام اعظم حضرت نعمان بن ثابت علیہ الرحمۃ کی کُنیت - فقہ حنفیہ کے امام -
**اَبُوذر** - (ع - کنیت) جندب بن جنادہ الغفاری مشہور صحابی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی کنیت -
**اَبُوطالب** - (ع - کُنیت) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چچا - جنھوں نے حضورؐ کی پرورش کی - حضرت علیؓ کے والد محترم -
**اَبُولہب** - (ع - کُنیت) حضورؐ کے چچا - مگر اسلام کے بدترین دشمن -
**اَبُوعلی سینا** - مشہور طبیب حسین بن عبداللہ کی کنیت - کتاب شفا کا مصنف -
**ابواب** - (اَب - وَاب) [ع - ا - مذ] (۱) باب کی جمع - کتاب کے حصے (۲) دروازے -
**اُبھار** - (اُ - بھار) [ہ - ا - مذ] (۱) اونچائی جو کسی چیز کے پھُولنے یا اُبھرنے سے ظاہر ہو - اٹھان - نمو (۲) ظہور (۳) بڑھنے کا عمل - پستان
**اُبھارنا** - (اُ - بھا - رنا) [ہ - مص] (۱) اُکسانا - تحریک کرنا (۲) سہارا دینا - اونچا اُٹھانا - اُونچا کرنا (۳) بھگا لے جانا (۴) بہکانا - ورغلانا (۵) تِرانا - ڈوبتے کو سنبھالنا (۶) فروغ دینا (۷) باہر کرنا - اُوپر لانا -
**اُبھاگ** - (صف) بدقسمت - بدنصیب -
**ابھاگن** - بدنصیب عورت -
**ابہام** - (اب - ہام) [ع - ا - مذ] (۱) انگوٹھا (۲) صاف بیان نہ کرنا - گول مول بات کہنا (۳) ادب میں ایک صنعت کا نام
**اُبھرن** - (اُبھ - رَن) [ق] (۱) زیور (۲) لباس (۳) آرائش -
**اُبھرنا** - (اُ - بھر - نا) [ہ - مص] (۱) اُونچا ہونا - اُوپر آنا (۲) پھُوٹنا - پودا نکلنا (۳) جوان ہونا - قد نکالنا - بڑھنا (۴) ترنا - غوطہ کھا کر نکلنا (۵) چلتا بننا - رفوچکر ہونا - چل دینا (۶) ظاہر ہونا (۷) الگ ہونا - جدا ہونا -
**اُبھروان** - (صف) اُبھرتا ہوا - اُکھڑا ہوا -
**اَبھلاک** (ابھ - لاک) [ق - ا - مذ] خواہش - آرزو (۲) فرض (۳) لذت - مزا
**ابھمان** - (اَ - بھ - مان) [ہ - ا - مذ] غرور - گھمنڈ - تکبّر (۲) خودداری -
**ابھی** - (اَ - بھی) [ہ] (۱) فی الحال (۲) فوراً - اس وقت (۳) تھوڑی دیر پہلے (۴) ذرا سی دیر بعد (۵) اتنی جلدی (۶) ہنوز - اب تک -
**ابھی ابھی** - اسی وقت - فوراً - اسی دم (۲) ذرا دیر پہلے -

**ابھی تُم (بچے) صاحبزادے ہو** - (محاورہ) ابھی تم ناتجربہ کار ہو - ابھی عقل نہیں آئی -
**ابھی چھٹی کا دُودھ نہیں سُوکھا** - [مثل] کسی کے لڑکپن - نادانی اور ناتجربہ کاری ظاہر کرنے پر کہتے ہیں - ابھی نادان بچے ہو -
**ابھی دلّی دُور ہے** - [مثل] ابھی مقصد پُورا ہوتا نظر نہیں آتا - ابھی بہت وقت پڑا ہے - اس مقام پر بولتے ہیں جہاں کسی بات کو بہت زمانہ باقی ہو - (نیز دیکھیے ہنوز دلّی دُور است)
**ابھی دُودھ کے دانت نہیں ٹوٹے** [مثل] ابھی بچے ہو - ناتجربہ کار ہو
**ابھی دیکھا کیا ہے** - (محاورہ) ناتجربہ کار ہیں - دُنیا کا تجربہ نہیں -
**ابھی سویرا ہے** [مثل] ابھی کچھ حرج نہیں ہوا ہے - ابھی کچھ نہیں گیا ہے
**ابھی سے** - (۱) اسی وقت سے (۲) پیشتر سے قبل از وقت (۳) اس عمر میں -
**ابھی سیر میں سے پُونی بھی نہیں کتی** - [مثل] ابھی کام شروع ہی ہوا ہے ابھی بہت تھوڑا کام ہوا ہے - بہت کام باقی ہے -
**ابھی کچا برتن ہے** - ابھی کچی لکڑی ہے - کمسن اور ناتجربہ کار ہے ابھی تجربہ نہیں ہے -
**ابھی کچھ نہیں بگڑا ہے (گیا ہے)** ابھی وقت ہے - اب بھی کچھ ہو سکتا ہے -
**ابھی کچے گھڑے پانی بھرتا ہے** [مثل] ابھی بہت مشکل کام باقی ہے -
**ابھی کل کی بات ہے** - تھوڑے زمانہ کا واقعہ ہے - تھوڑی مدت گزری
**ابھی کیا ہے** (محاورہ) ابھی کیا ہوا ہے - معاملہ ختم نہیں ہو گیا - آئندہ اس سے زیادہ ہوگا -
**ابھی کے دن ہوتے** (محاورہ) ابھی وقت ہے - اب بھی کچھ ہو سکتا ہے
**ابھی مُنہ سے دودھ ٹپکتا ہے** - [مثل] ابھی لڑکپن ہے -
**ابھی منہ کی رال نہیں جھڑی** - ابھی ناتجربہ کاری کا عالم ہے -
**ابھی ہونٹوں کا دُودھ نہیں سُوکھا** - ابھی بالکل بچے ہو - نادان اور ناسمجھ ہو -
**ابھیاس** - (س - مذ) کام کو بار بار کرنا (۲) روحانی ریاضت (۳) عادت یا مہارت پیدا کرنا -
**اِبّی دِبّی** - (اِب - بی - دِب - بی) [ہ - ا - مث] گلی ڈنڈا کھیلنے میں جب گلّی کو اُچھالتے ہیں اور ڈنڈے پر روکتے ہیں تو ضرب اوّل کو ابّی اور دُوسری کو دِبّی کہتے ہیں -
**اَبے** (اَ - بے) [ہ] ارے - او - اپنے سے بہت چھوٹی عمر یا کم درجے والے کو مخاطب کرنے کا ایک طریقہ -
لَبے تبے کرنا - بدتہذیبی سے پیش آنا - بیہودگی کرنا - بازاری بول چال -
**اَبیات** - (اَب - یات) [ع - ف - ا - مذ] بیت کی جمع - اشعار (۲) بہت سے گھر -
**اَبیر** - (اَ - بیر) [ہ - ا - مذ] ابرک کا برادہ جو ہولی میں خوشی کے وقت ہندو آپس میں ایک دُوسرے پر چھڑکتے ہیں -
**اَبیض** - (اَب - یض) [ع - صف] اُجلا - سفید -
ہُو



Marfat.com

# ا - پ

اَپاپ۔ (اَ۔پا۔پ) [ہ۔صف] بے گناہ۔ معصوم

اَپا دِھی۔ (اَ۔پا۔دِھی) [ہ۔صف] ظالم۔ فسادی۔ ناانصاف۔

اُپادھیائی۔ (س۔مذ) معلّم۔ اُستاد (۲) دیدوں کا پڑھنے والا (۳) برہمنوں کی ایک قسم۔

اَپار۔ (س۔صف) ناقابلِ عبور (۲) بہت زیادہ۔ بے حد۔ بے شمار

اُپاڑ۔ (اُ۔پاڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تیز دوا وغیرہ سے بدن کی کھال اُڑنا (۲) آبلہ پڑنا (۳) اکھاڑنا۔ اُدھیڑنا۔

اُپاڑنا۔ (اُ۔پاڑ۔نا) [ہ۔مص] اکھاڑنا۔ زمین سے درخت یا پودا الگ کرنا۔ درختوں کو نوچنا کھسوٹنا (۲) بگاڑنا۔ (۳) کاجل وغیرہ کا تیار کرنا۔

اَپالو۔ (Apollo) (اَ۔پا۔لو) [یو۔ا۔مذ] یونانی دیومالا میں روشنی۔ جوانی۔ موسیقی اور مردانہ حُسن کا دیوتا

اَپاہج۔ (اَ۔پا۔ہج) [ہ۔صف] (۱) لُولا لنگڑا۔ لُنجا۔ چلنے پھرنے سے معذور (۲) سُست۔ نِکمّا۔ ناکارہ۔

اَپائنٹ مِنٹ۔ (Appointment) (اَ۔پائنٹ۔مِنٹ) [انگ۔ا۔مذ] تقرر۔ تعیّن۔

اُپائے۔ (اُ۔پا۔اے) [س۔ا۔مذ] تدبیر۔ ترکیب۔ منصوبہ۔

اُپَتّن۔ (اُپ۔تن) [ہ۔ا۔مث] پیدائش۔ نسل۔ کنبہ۔ پیداوار۔ وصول شدہ معاملہ۔

اُبٹن۔ (اُب۔ٹن) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے اُبٹن۔

اُپٹنا۔ (اُ۔پٹ۔نا) [ق۔مص] (۱) بلند ہونا (۲) بگڑنا۔ غصّے میں آنا۔

اُپج۔ (اُ۔پج) [ہ۔ا۔مث] (۱) اُگنا۔ نمو۔ اُبھار۔ (۲) نئی بات۔ ایجاد۔ اختراع۔

اُپج کی لینا۔ (محاورہ) نئی بات نکالنا۔ ایجاد کرنا (۲) نئی تان لگانا (۳) جودتِ طبع دکھانا۔ جدّت پیدا کرنا۔ شیخی دکھانا۔

اُپجانہارا (اُپجنہارا۔ اُپجانہارا) (اُپ۔جان۔ہا۔را) [ق۔ا۔مذ] خالق۔ پیدا کرنے والا۔ خدا۔

اُپجاؤ۔ (اُپ۔جا۔ؤ) [ہ۔صف] زرخیز جس میں پیداوار اچھی ہو۔

اُپجنا۔ (اُپج۔نا) [ہ۔مص] پیدا ہونا۔ اُگنا۔

اُپچ۔ (اُپ۔چ) [ق] ظاہر۔ وجود۔ نمو۔

اُپجان ہاری۔ (اُپ۔جان۔ہا۔ری) [ق۔ا۔مث] اُبھرنے والی۔ اُٹھنے والی۔

اُپجاؤنا۔ (اُپ۔جاؤ۔نا) [ق۔مص] آباد کرنا۔

اُپچھری۔ (اُپ۔چھ۔ری) [ق۔ا۔مث] حور۔ پری۔ خوبصورت عورت۔ اُپسرا

اُپدیش۔ (اُپ۔دیش) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نصیحت۔ مشورہ۔ نیک صلاح۔ فہمائش (۲) تعلیم۔ وعظ (۳) تجویز۔ ہدایت۔

اُپدیشک۔ [ہ۔ا۔مذ] ناصح۔ اُستاد۔ واعظ۔ لیکچرار۔

اَپرادھ۔ (اَپ۔رادھ) [س۔ا۔مذ] پاپ۔ قصور۔ جُرم (۲) بھول چُوک۔

اَپرادھی۔ (اَپ۔را۔دھی) [س۔صف] پاپی۔ ملزم

اَپر۔ (Upper) [انگ۔صف] (۱) بلند۔ اعلیٰ۔ (۲) اُوپر کا۔ بالائی۔

اپرنٹس (Apprentice) (اَپ۔رن۔ٹس) [انگ۔ا۔مذ] ملازمت کا اُمیدوار (۲) نوآموز (۳) بغیر اُجرت یا کم اُجرت پر کام سیکھنے والا۔

اَپریشن۔ (Operation) (انگ۔مذ) علاج کے لیے جسم کے کسی حصّے کو کاٹنا۔ فاسد مادہ نکالنے کے لیے چیرپھاڑ کرنا۔ عملِ جرّاحی۔

اپریل۔ (April) (اَپ۔ریل) [انگ۔ا۔مذ] انگریزی سال کا چوتھا مہینہ

اپریل فول (April Fool) پہلی اپریل کو دوسرے کو احمق بنانے کی رسم۔

اُپڑنا (اُبڑنا) (اُ۔پڑ۔نا) [ق۔مص] پہنچنا۔ رسائی ہونا۔

اُپڑنا۔ (ہ۔مص) اُکھڑنا۔ نشان پڑنا۔

اَپس۔ (اَ۔پس) (ق) (۱) حکم (۲) اپنا۔ اپنے۔ آپ

اَپسنا۔ (اَ۔پس۔نا) [ق۔ض] آپ سے

اَپسرا۔ (اَپ۔سَ۔را) [س۔ا۔مث] (۱) جنت کی پری (۲) رنڈیوں کی ایک قسم۔ اندر کی سبھا میں ناچنے والی پری۔ طوائف (۳) خوبصورت عورت۔

اَپسے۔ (اَپ۔س۔سے) [ق۔ض] "آپ سے" کا بگاڑ۔ مراد از خود۔

اُپکار۔ (اُپ۔کار) [س۔ا۔مث] مہربانی۔ عنایت۔ توجّہ۔ احسان۔

اُپلا۔ (اُپ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کنڈا۔ گوبر۔ ایندھن کے لیے گوبر کے سکھائے ہوئے ٹکڑے (۲) تھاپی (۳) بدقطع۔ بدنما۔

اُپلا پاتھنا (تھاپنا) (مص) اپلے بنانا۔ گوبر جمع کرکے اُپلے گھڑنا۔

اَپلائی (Apply) (اَپ۔لا۔ای) [انگ۔مص] درخواست کرنا۔ عرضی دینا۔

اُپلی۔ (اُپ۔لی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا اُپلا۔ کنڈی۔

اپلی کیشن (Application) (اَپ۔لی۔کے۔شن) [انگ۔ا۔مث] درخواست۔ عرضی۔

اَپن۔ (اَ۔پن) (ق۔ض) اپنے سے متعلق۔ اپناپن۔ خود۔

اَپنا۔ (اَپ۔نا) (ہ۔ض) (۱) میرا۔ ہمارا (۲) ذاتی۔ نج کا۔ خاص (۳) تمہارا (۴) رشتہ کا۔ کنبہ کا۔ بھائی برادر۔ اولاد۔ یگانہ (۵) ہمدرد۔ دوست (۶) مقبوضہ۔ مملوکہ۔ زرخرید۔

اپنا آپا۔ اپنا نفس۔ اپنا دل۔ اپنی جان۔

اپنا اپنا۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ ہر ایک کا۔

اپنا اپنا پرایا پرایا۔ [مثل] عزیز سے لاکھ بگڑی ہو پھر بھی عزیز ہے اور غیر کتنا ہی دم بھرے لیکن عزیز کے برابر نہیں ہوسکتا۔

اپنا اپنا جی۔ اپنی اپنی طبیعت یا رائے۔

اپنا اپنا (راستہ) رستہ لینا۔ اپنی اپنی طرف چلے جانا۔ اپنی اپنی مرضی کرنا۔

اپنا اپنا کرنا اپنا اپنا بھرنا [مثل] جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔

اپنا اپنا کمانا اپنا اپنا کھانا۔ اپنی قوتِ بازو سے پیدا کرکے گزارہ کرنا (۲) ہر شخص اپنی جگہ مختار ہے۔ آزاد ہے۔

اپنا اپنا گھولو اپنا اپنا پیو۔ اپنے کام کے لیے اپنی گرہ سے صرف کرو۔ پرائی چیز میں حصّہ نہ لگاؤ۔

اپنا اپنا لہنا ہے۔ [مثل] اپنی اپنی قسمت ہے۔

اپنا اپنا مذاق۔ ہر شخص کا اپنا اپنا شوق اور خواہش الگ الگ ہوتی ہے۔

اپنا اپنا مقدر۔ اپنا اپنا مقسوم۔ اپنا اپنا نصیب۔ اپنا اپنا نصیبہ۔ ہر



Marfat.com

شخص کی قسمت الگ الگ ہے۔
**اپنا اپنا ہی ہے پرایا پرایا ہی ہے۔** [مثل] عزیز عزیز ہی ہے غیر غیر ہے۔ (۲) اپنی چیز پر پورا اختیار ہوتا ہے غیر کی چیز پر کیا اختیار۔
**اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔** اپنا مطلب نکالنا۔ اپنا کام بنانا۔ کسی کو احمق بنا کر اپنا کام نکال لینا۔
**اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا۔** ہمارا مطلب ہر حال میں نکل ہی آئے گا۔ (۲) کوئی نفع اٹھائے یا نقصان ہم اپنے ٹکے سیدھے کر ہی لیں گے (۳) ہمارا کام تو ہو کر رہے گا۔
**اپنا بالا اور پرایا ڈھینگرا۔** اپنا پوت پرایا ڈھینگر۔ ایک ہی بات پر اپنے بچے کو نادان کہہ کر چھوڑ دینا مگر دوسرے کے بچے کو بُرا بھلا کہنا۔
**اپنا بس چلنا۔** اپنا قابو ہونا۔
**اپنا بنا لینا۔** موافق کر لینا۔ اپنے ساتھ ملا لینا۔ دوست بنا لینا۔
**اپنا بنانا۔** (محاورہ) طرف دار بنانا۔ دوست بنانا (۲) رشتہ جوڑنا۔ کسی چیز کو اپنی ملکیت قرار دینا (۳) فریفتہ بنانا۔ دلدادہ بنانا۔
**اپنا بوجھ ڈالنا۔** اپنا بار دوسرے کے سر ڈالنا۔
**اپنا بھلا چاہنا۔** اپنے ہی فائدے کا خواہاں ہونا۔
**اپنا بھی خدا ہے۔** جب کسی طرف سے مایوسی ہو تو کہتے ہیں یعنی اگر فلاں نے یا تم نے مدد نہیں کی تو خیر خدا ہمارا کام کر دے گا۔
**اپنا (بیگانہ) پرایا۔** بیگانہ و یگانہ۔ عزیز وغیرہ۔
**اپناپن۔** اپنایت۔ یگانگت۔
**اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے۔** [مثل] اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی تن پروری کرے اور دوسروں کی خبر نہ لے۔
**اپنا پیٹ کاٹ کر قرض اُتارنا۔** [مثل] بھوکا رہ کر اور پیسہ بچا کر قرض ادا کرنا۔
**اپنا پیٹ مارنا۔** (محاورہ) اپنی خواہش کو مٹانا۔ اپنے نفس کو دبا دینا۔ (۲) ایثار کرنا۔
**اپنا پیسہ (سونا) کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش۔** [مثل] اپنی ہی اولاد لائق نہیں تو دوسرے کی کیا خطا۔
**اپنا تن پہلے ڈھانکو دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا۔** [مثل] اپنی بُرائیاں تو پہلے دُور کر لو پھر دوسرے کو بُرا کہنا۔
**اپنا توشہ پہلے بھروسہ۔** [مثل] اپنا بندوبست خود کرنا۔ دوسرے کے بھروسے پر نہ رہنا چاہیے۔
**اپنا ٹھکانہ (کرنا) کر لینا۔** اپنے گزارے کی تدبیر کرنا۔ اپنے لئے کوئی جگہ تلاش کرنا۔ اپنے رہنے کی جگہ پیدا کرنا۔
**اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹھیک نہیں۔** [مثل] بیوقوف اور ناسمجھ شخص کے متعلق کہتے ہیں کہ نہ اپنی عقل ہے نہ دوسرے کی رائے پسند آتی ہے۔
**اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور کی پھلی دیکھے۔** [مثل] اپنے بڑے بڑے عیبوں کو نہیں دیکھتے لیکن دوسروں کی ذراسی خطا کو بھی معاف نہیں کرتے۔
**اپنا (اپنے) جوہر دکھانا۔** (محاورہ) (۱) اپنا ہنر ظاہر کرنا (۲) اپنے عیبوں کو ظاہر کرنا۔
**اپنا جی۔** اپنی طبیعت یا خواہش۔
**اپنا حساب کر لو۔** (محاورہ) اپنا معاملہ صاف کر لو۔ اپنا لین دین چُکا لو۔

(۲) نوکری چھوڑ دو۔
**اپنا خون پینا۔** (محاورہ) رنج و غم سہنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ ناگوار بات پر صبر کرنا۔ تاؤ کھانا مگر کچھ نہ کہنا۔
**اپنا دل۔** اپنی خواہش یا نیّت یا مرضی۔
**اپنا دیجئے پرایا لیجئے۔** [مثل] قرض دے کر دشمنی مول لو۔
**اپنا رکھ پرایا چکھ۔** [مثل] اپنی چیز حفاظت سے رکھنا اور دوسرے کی ہڑپ کر جانا۔
**اپنا راستہ لو۔** اپنے کام سے لگو۔ جاؤ چلے جاؤ۔
**اپنا (ہی) رونا رونا۔** اپنا دُکھ درد بیان کرنا۔ دل کا رنج ظاہر کرنا۔ اپنا ہی درد بیان کرتے رہنا۔
**اپنا سا۔** مقابل۔ خود جیسا۔
**اپنا سا جاننا ہے۔** دوسرے کو اپنا جیسا خیال کرنا۔
**اپنا سا حال دوسروں کا بھی جانو۔** (مقولہ) دوسروں کی تکلیف کا بھی خیال رکھو۔
**اپنا سا منہ (لے کر) لے کے رہ جانا۔** (محاورہ) خفیف و نادم ہونا۔ سوال پورا نہ ہونے کی شرم سے چُپ رہ جانا۔ شرمندگی اُٹھانا۔ بات کا جواب نہ بن پڑنا۔
**اپنا سُبیتا دیکھ کے۔** (محاورہ) اپنی فکر کر کے۔ اپنا انتظام کر کے۔
**اپنا سُبیتا کرنا۔** اپنے لیے کوئی فکر یا تدبیر کرنا۔ اپنے لیے آرام کی صورت پیدا کرنا۔
**اپنا سر۔** (روزمرہ) کچھ نہیں۔ خاک نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔
**اپنا سر پیٹو۔** (محاورہ) اپنے کیے کا خمیازہ بھگتو۔ اپنی کرنی پر پشیمان ہو۔
**اپنا سر کھاؤ۔** (محاورہ) جو مرضی ہو کرو۔ بات نہیں سنتے تو تم جانو اور تمھارا کام۔
**اپنا سلام ہے** (محاورہ) ہم تو دُور بھاگتے ہیں جلتے ہیں۔ پرہیز کرتے ہیں معاف رکھو۔
**اپنا سمجھو۔** (محاورہ) تکلف نہ کرو۔ مغایرت کو دخل نہ دو۔
**اپنا سوپ مجھے دے تو ہاتھوں پچھوڑ۔** [مثل] اپنا چھاج مجھے دے دے اور تو اپنا غلہ اپنے ہاتھوں سے پھٹک لے۔ اپنی چیز دے کر خود محتاج ہونا۔
**اپنا سُوجھتا کرنا۔** (محاورہ) اپنی فکر کرنا۔ عاقبت اندیشی کرنا۔
**اپنا قلم شجرہ رکھ چھوڑیئے۔** اپنا قلمہ شجرہ سنبھال لو۔ اپنا کام خود سنبھالو۔ اب آپ کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں رہا۔
**اپنا کام کرو۔** (محاورہ) اپنے کام میں لگو۔ ہٹو۔ سرکو۔ پرے ہو۔
**اپنا کتا باندھو ہم بھیک سے باز آئے۔** [مثل] ہم فائدے سے درگزرے۔ ہمیں نقصان نہ پہنچائیے۔ نفع نہ پہنچاؤ تو دُکھ بھی نہ دو۔
**اپنا کر لینا۔** (۱) قبضے میں لے آنا۔ مال مار لینا (۲) دوست بنا لینا۔ موافق بنا لینا۔
**اپنا کرنا اپنا بھرنا۔** (محاورہ) انسان جو کچھ کرتا ہے۔ اس کی سزا یا جزا پاتا ہے۔
**اپنا کہا کرنا۔** (محاورہ) اپنی رائے پر چلنا۔ کسی کی نہ ماننا۔
**اپنا کھانا اپنا پہننا۔** (محاورہ) کسی کا دست نگر نہ ہونا۔
**اپنا کیا آگے آیا۔** [مثل] بُرے فعل کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔
**اپنا کیا پانا۔** (محاورہ) اپنے فعل کی سزا بھگتنا۔ کیفر کردار کو پہنچنا۔
**اپنا گوشت کھانا۔** (محاورہ) مجبوری کے عالم میں غصہ آنا۔
**اپنا گھٹنا کھولیے آپ ہی لاجوں مریئے۔** (کہاوت) اپنا عیب ظاہر کیجئے



Marfat.com

اور آپ ہی شرمندگی اُٹھاتے ہے۔
**اپنا گھر بھرنا** - (محاورہ) کسی کی دولت کو رفتہ رفتہ اپنے قبضہ میں لانا۔
**اپنا گھر جاننا** (محاورہ) مغائرت کو دُور کر کے اپنا گھر سمجھنا - عزیز سمجھنا۔
**اپنا گھر بگ بھر، پرایا گھر تھوک کا ڈر** - [مثل] اپنے گھر میں آدمی کو جو اختیار اور آزادی ہوتی ہے وہ غیر کے گھر میں کہاں۔
**اپنا گھر دُور سے سُوجھتا ہے** - [مثل] اپنے مطلب پر سب سے پہلے نظر جاتی ہے۔
**اپنا گھر دیکھنا** - (محاورہ) اپنے فائدے پر نظر رکھنا۔
**اپنا لال گنوا کے در در مانگے بھیک** - [مثل] اپنی دولت لُٹا کر دوسروں کا محتاج ہونا۔
**اپنا لہو پینا** - (محاورہ) رنج و غم سہنا۔ پیچ و تاب کھانا۔
**اپنا لینا کیا پرایا دینا کیا** - [مثل] نہ اپنا قرض لینا نہ دوسرے کا قرض دینا۔
**اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا** - [مثل] عزیز لاکھ دُکھ دے پھر بھی اُس کو رحم آ ہی جاتا ہے۔
**اپنا مال اپنی چھاتی تلے** - اپنی چیز کی خود ہی پوری پوری حفاظت ہو سکتی ہے۔ مالِ عرب پیشِ عرب۔
**اپنا مال جائے آپ ہی چور کہلائے** - [مثل] نقصان بھی اپنا ہو اور الزام بھی اپنے پر آئے۔
**اپنا مرن جگت کی ہنسی** - [مثل] خود برباد ہونا اور دوسروں کو اپنے آپ پر ہنسانا۔
**اپنا مطلب نکالنا** - اپنی غرض حاصل کرنا۔ اپنا کام بنانا۔
**اپنا مکان کوٹ سمان** - [مثل] اپنا گھر قلعے کی طرح ہوتا ہے ہر شخص اپنے گھر میں اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے۔
**اپنا مُنہ بنواؤ - بنوائیے** - قابلیت پیدا کرو - مرتبہ حاصل کرو۔
**اپنا مُنہ دھو رکھو** - تم اس چیز کے لائق نہیں - یہ کام تمھارے بس کا نہیں اس خیال سے درگزرو - یہ کام تم سے نہ ہوگا۔
**اپنا مُنہ لے کے رہ جانا** (محاورہ) دیکھیے اپنا سا مُنہ لے کے رہ جانا شرمندہ ہونا
**اپنا نام بدل ڈالیں** - ضرور ایسا ہی ہوگا - اگر ایسا نہ ہو تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں - شرط اور دعویٰ کے موقع پر کہتے ہیں۔
**اپنا ہنگر پرایا ڈھینگر** - [مثل] دیکھیے اپنا بالا اور کا ڈھینگر۔
**اپنا ہاتھ اپنے سر پر** - کوئی والی وارث نہیں جو کچھ ہے وہ آپ ہی کا ہے۔
**اپنا ہاتھ کٹوا ڈالوں** - کہتا ہوں کہ ایسا ضرور ہوگا۔
**اپنا ہارا اور جورو کا مارا کون کہتا ہے** - [مثل] جواری اپنا نقصان اور جورو سے مار کھانے والا کسی کو نہیں بتاتا - اپنی خواری اور ذلت پر پردہ ڈالتا ہے
**اپنا ہونا** - دوست ہونا - یگانہ بننا۔
**اپنانا** - (اَپ - نا - نا) [ف - مص] اپنا کرنا - اپنی ملکیت بنانا - اپنی طرف کرنا۔
**اپنائیت** - (اَپ - نا - اِ - یت) [ف - صف] (۱) یگانگت - عزیزداری - قرابت (۲) واحد معاملہ (۳) کُنبہ۔
**اپنڈے سائٹس** (Appendicitis) [ انگ - ا - مذ] دیکھیے التہابِ زائدہ۔

**اُپنشد** - (اُپ - ن - شد) [ف - ا - مث] ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں ویدوں کا انتخاب درج ہے۔
**اپنوں پر آگیا** - (محاورہ) ہرگز نہ ماننا - ضد چڑھ گئی ہے۔
**اپنی** - (اَپ - نی) [ف - ص] اپنا کی تانیث - ذاتی۔
**اپنی آبرو اپنے ہاتھ** - [مثل] انسان وہ کام ہی نہ کرے جس سے عزت میں فرق آئے۔
**اپنی آگ میں آپ جلنا** - رشک و حسد اور غصے سے آپ ہی پھنکنا - کسی کو خوشحال دیکھ کر رنجیدہ ہونا۔
**اپنی آنکھ میں** - اپنی نظر میں۔
**اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آجاتا ہے** - [مثل] اپنے بڑے عیبوں پر نظر نہیں جاتی اور دوسرے کا معمولی قصور بڑا بن جاتا ہے۔
**اپنی اپنی بولیاں بولنا** - ہر ایک کا الگ رائے ظاہر کرنا - اپنے اپنے مطلب کی کہنا۔
**اپنی اپنی پڑنا** - نفسی نفسی ہونا - اپنا ہی اپنا خیال ہونا - آپا دھاپی ہونا۔
**اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ** - [مثل] ہر شخص الگ الگ راہ پر ہے۔
**اپنی اپنی سب بھگت لیں گے** - جس پر جیسی پڑے گی وہ نباہ لے گا۔
**اپنی اپنی (سمجھ ہے) طبیعت ہے** - اپنی اپنی عقل ہے جس کی سمجھ میں جیسے بھی آجائے اپنی اپنی مرضی ہے۔
**اپنی اپنی قسمت** - اپنا اپنا نصیب۔
**اپنی اپنی کھال میں مست ہونا** - [مثل] دوسروں سے الگ تھلگ ہو کر اپنا ٹھاٹھ قائم رکھنا سب سے علیحدہ رہنا جماعت سے انحراف کرنا - خود رائی۔
**اپنی اپنی (کہنا) گانا** - اپنی اپنی رائے کا اظہار کرنا - اپنا مطلب ظاہر کرنا۔
**اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل** - [مثل] کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا - ہر ایک کے نیک و بد اعمال اس کی اپنی ذات سے تعلق رکھتے ہیں۔
**اپنی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا** - [مثل] دوسروں سے الگ تھلگ ہو کر اپنا ٹھاٹھ قائم رکھنا سب سے علیحدہ رہنا - جماعت سے انحراف کرنا - خود رائی۔
**اپنی اصل (اصالت) پر آجانا** - اپنی ذات کے موافق کوئی کام کرنا - پیچ قوم کا کوئی بُرا کام کرنا۔
**اپنی اور تیری جان ایک کردوں گا** - نہایت غصہ میں کہنا کہ تجھے مار ڈالوں گا اور اپنے آپ کو بھی ہلاک کر لوں گا۔
**اپنی اولاد سے پائے** - (عو - محاورہ) بددعا - کوسنا - ظالم کو اس کے ظلم کا بدلہ اس کی اولاد سے ملے۔
**اپنی ایڑی دیکھو** - (محاورہ) نظر نہ لگاؤ - ٹوکو نہیں - جب کوئی بے ساختہ کسی کے حُسن کی تعریف کرے تو اس خیال سے کہ نظر لگ جائے - عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں۔
**اپنی ایسی تیسی کرا لینا** - (محاورہ) اپنا ہی کچھ بگاڑ لینا - کسی کو نقصان پہنچانے کے بدلے میں اپنا نقصان کر لینا۔
**اپنی ایسی تیسی میں جائے** - اپنا سر کھائے - بھاڑ میں جائے - کچھ بھی ہو ہمیں کیا غرض۔



Marfat.com

اپنی بات (عزت) اپنے ہاتھ [مثل] اپنا وقار اپنے ہاتھ میں ہے۔
اپنی بات اپنے ہاتھوں کھونا - (محاورہ) خود ہی کوئی ایسا فعل کرنا جس سے اپنی عزت اور توقیر میں فرق آجائے۔
اپنی بات پر (آجانا) آنا۔ اپنے کہے پر اڑ جانا۔ ضد کرنا۔
اپنی بات کا ایک ہے۔ پکا ہے۔ پورا ہے۔ (محاورہ) بات کا پکا ہے۔ راسخ القول ہے۔ عہد کا نباہنے والا ہے۔
اپنی باقی نہ چھوڑنا۔ اپنے ہتھکنڈے نہ چھوڑنا۔ [مثل] اپنی حرکت سے باز نہ آنا۔
اپنی بساط کو دیکھو۔ (محاورہ) اپنی حیثیت دیکھو۔ اس قابلیت پر یہ دعویٰ کرنا درست نہیں۔
اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔ (محاورہ) اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرنا۔
اپنی بکنا اور کسی کی نہ سننا۔ (محاورہ) اپنی بات کہے جانا اور دوسرے کی نہ سننا۔
اپنی بلا اور کے سر دھرنا۔ اپنی مصیبت دوسرے کے سر ڈالنا۔
اپنی بلا سے۔ ہم کو کچھ پرواہ نہیں۔
اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا۔ [مثل] آزادی سے زندگی بسر کرنا۔ کسی کا مطیع نہ ہونا۔
اپنی پڑی ہے۔ (محاورہ) اپنی ہی فکر ہے۔
اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے۔ [مثل] اپنی عزت اپنے ہاتھ میں ہوتی ہے۔
اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی۔ [مثل] اپنا عیب اپنے آپ کو نظر نہیں آتا۔
اپنی پیڑ پرائی باتیں۔ [مثل] اپنی مصیبت تو مصیبت ہے دوسرے کی مصیبت نہیں۔
اپنی تقدیر کو رونا۔ اپنی قسمت کی شکایت کرنا۔
اپنی ٹانگ (ران) کھولیے آپ ہی لاجوں مرے۔ [مثل] اپنی برائی یا تکلیف بیان کرنے سے اپنی ہی بے عزتی ہوتی ہے (نیز دیکھئے اپنا گھٹنا کھولئے)
اپنی ٹکی لگائے جانا۔ اپنے ہی مطلب کی کہے جانا۔
اپنی جان پر کھیلنا۔ (محاورہ) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان دینے کو تیار رہنا۔
اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے۔ اپنی جان بچانے کی سب کوشش کرتے ہیں۔ خطرے کے کام سے ہر ایک جان چراتا ہے۔
اپنی جان کو رونا - (محاورہ) شکوے، شکایتیں کرنا۔
اپنی جگہ - اپنے عوض۔ اپنے بدلے میں۔
اپنی جمانا - (محاورہ) اپنا اثر بٹھانے کی کوشش کرنا۔
اپنی جوانی سے پلٹے - (بددعا) جوانی میں مرجائے۔
اپنی چال سے نہ چوکنا۔ اپنے کرتوت سے باز نہ آنا۔
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو۔ [مثل] اپنے تھوڑے سے فائدے کے لئے مجھ غریب کا اتنا بڑا نقصان کرتے ہیں۔
اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو۔ اپنا سا حال دوسروں کو بھی جانو۔ دوسرے کے دکھ کو بھی دکھ سمجھو۔ انصاف کرو۔

اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔ [مثل] اپنی چیز کو سب اچھا بتلاتے ہیں۔ اپنے کام میں کوئی عیب نظر نہیں آتا۔
اپنی خبر لینا۔ اپنے گریبان میں منہ ڈالنا۔ اپنے حال کو دیکھنا۔
اپنی خبر نہیں۔ بالکل بے خود ہیں۔
اپنی خوشی کا۔ خود رائے۔ ضدی۔
اپنی دفعہ۔ اپنا نمبر آنے پر۔ اپنی بار۔
اپنی ڈاڑھی کتنے کے پیشاب سے منڈوا ڈالیں۔ [مثل] کام نہ ہو تو جو چاہے کر لینا۔ شرط اور دعوےٰ کے طور پر کہتے ہیں۔
اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا۔ [مثل] سب سے الگ ہو کر رہنا کسی کی رائے نہ ماننا۔ اپنی ہی رائے پر قائم رہنا۔
اپنی ذات سے اچھے ہیں۔ (محاورہ) اپنے دم سے اچھے ہیں۔
اپنی رادھا کو یاد کرو۔ (محاورہ) اپنا کام کرو۔ جاؤ ہم سے تم سے کچھ واسطہ نہیں۔ اپنا راستہ پکڑو۔
اپنی ران کھولنا۔ (محاورہ) اپنا پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔
اپنی راہ (پکڑنا) لگنا۔ اپنی راہ لینا۔ اپنے کام میں مصروف رہنا۔
اپنی راہ (لو) لے۔ اپنا کام کرو۔ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دو۔
اپنی سدھ نہ رہنا۔ (محاورہ) بے خبری کے عالم میں رہنا۔
اپنی سی۔ مقدور بھر۔ تا بحد امکان۔ اپنی مرضی کے مطابق۔
اپنی سی بہت (کرلی) کی۔ تا بمقدور کوشش کرلی۔ اپنی طرف سے پوری سعی کرلی۔
اپنی سی کر چلنا۔ اپنی سی کر دیکھنا۔ اپنی سی کر گزرنا۔ اپنا کام کر جانا جیسی ہو سکے بسر کر جانا۔ حتی المقدور کوشش کرنا۔
اپنی سی نباہنا۔ اپنے امکان بھر وضعداری کا برتاؤ کرنا۔
اپنی طرف خیال کرنا۔ دھیان کرنا۔ دیکھنا۔ اپنے مرتبے عزت اور بڑائی کا لحاظ رکھنا۔
اپنی طرف سے۔ آپ ہی۔ اپنے ذہن سے۔ اپنی طبیعت سے۔
اپنی طرف کھینچنا۔ اپنی طرف مائل کرنا۔
اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی معلوم ہوتی ہے [مثل] ہر شخص اپنی عقل اور دوسرے کی دولت کو بہت زیادہ خیال کرتا ہے۔
اپنی عمر سے مرنا۔ (محاورہ) عمر طبعی کو پہنچ کر مرنا۔
اپنی غرض کا آشنا ہونا۔ (محاورہ) خود غرض ہونا۔ اپنا مطلب نکلنے تک یار ہونا۔
اپنی غرض کو۔ (محاورہ) اپنے مطلب کی خاطر۔
اپنی غرض کو گدھے چراتے ہیں۔ [مثل] غرض مند کو ذلیل سے ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے۔
اپنی غرض کو گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں۔ [مثل] غرض مند آدمی کو ذلیل سے ذلیل انسان کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔
اپنی قدر آپ ہی نہ جانی۔ (۱) خود ہی اپنے آپ کو ذلیل کرایا (۲) اپنی حیثیت کا خیال نہ کیا۔
اپنی قسمت کا لے اترنا۔ اپنی روزی اپنے ساتھ لانا۔



Marfat.com

اپنے اُوپر لے لینا ۔ اپنے اُوپر اوڑھ لینا ۔ کسی کی بُرائی یا قصور کو اپنے ذمے لے لینا ۔

اپنے بچھڑے کے دانت سب کو معلوم ہوتے ہیں ۔ [مثل] والدین یا عزیز اپنی اولاد یا اپنے عزیز کی عمر اور اخلاق و عادات کو خوب جانتے ہیں

اپنے بچے کو ایسا ماروں کہ پڑوسن کی چھاتی پھٹے ۔ [مثل] کسی کے دکھانے کو اپنا نقصان کرنا ۔

اپنے بس ۔ اپنے اختیار ۔

اپنے بھاویں ۔ اپنے نزدیک ۔ اپنے حسابوں ۔

اپنے بیروں کو کنجڑا کھٹے نہیں بتاتا ۔ [مثل] اپنی چیز کو کوئی خراب نہیں کہتا ۔

اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ۔ کسی امداد کے بغیر اپنا کام خود چلانا ۔ خود کفیل ہونا ۔

اپنے پاؤں چلنا ۔ اپنے پاؤں سے چلنا ۔ بغیر سہارے کے پیدل چلنا ۔

اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا ۔ [مثل] اپنا بُرا آپ کرنا ۔ خود ہی اپنا نقصان کر لینا ۔

اپنے پر ۔ اپنی ذات پر ۔

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا ۔ عزیزوں اور غیروں سے دُکھ اٹھانا ۔ یگانوں اور بیگانوں میں ذلیل ہونا ۔

اپنے پرائے کی سمجھ ۔ یگانے بیگانے کی پرکھ ۔

اپنے پوت کنوارے پھریں ۔ پڑوسن کے پھیرے ۔ [مثل] اپنے کنوارے لڑکوں کی تو فکر نہیں ۔ پڑوسن کے بچوں کی شادی کی فکر ہے (۲) عزیز محروم رہیں اور دوسرے فائدے اٹھائیں ۔

اپنے پیر کو مان ۔ واسطہ دلانے کی جگہ کہتے ہیں ۔ تجھے اپنے مرشد یا بڑے کی قسم ہے ۔

اپنے تک رکھنا ۔ (محاورہ) راز رکھنا ۔ پردہ فاش نہ کرنا ۔ کسی سے نہ کہنا ۔

اپنے تئیں ۔ آپ کو ۔ اپنی ذات کو ۔ اپنے کو ۔

اپنے تئیں لیے دیئے رہنا ۔ خودداری کا لحاظ رکھنا ۔ متانت سے کام لینا ۔

اپنے جامے سے باہر ہونا ۔ پھولا نہ سمانا ۔ نہایت خوش ہونا ۔ خوشی یا غصے میں قابو سے باہر ہونا ۔ آپے میں نہ رہنا ۔

اپنے جامے سے (باہر) نکل جانا ۔ بے خود ہو جانا ۔

اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو ۔ اپنے قدح کی خیر مناؤ ۔ [مثل] تمھیں دوسروں کی کیا پڑی ہے ۔ اپنی بہتری کی کوشش کرو ۔

اپنے چلتے ۔ مقدور بھر ۔ حتی الوسع ۔

اپنے حال پر رہنا ۔ بدستور سابق رہنا ۔ اپنی حالت تبدیل نہ کرنا ۔

اپنے حال میں مست ہیں ۔ (محاورہ) جس طرح بھی گزر رہی ہے اس میں خوش ہیں ۔

اپنے حال میں نہ رہنا ۔ (محاورہ) اپنی حیثیت میں نہ رہنا ۔ بے خود ہو جانا ۔

اپنے حساب (حسابوں) اپنی دانست میں ۔ اپنے نزدیک ۔

اپنے حق میں کانٹے بونا ۔ اپنے حق میں زہر کرنا ۔ اپنے لیے بُرائی کرنا ۔ ایسا کام کرنا جس سے خود کو نقصان پہنچے ۔

اپنے خدا کو مان ۔ خدا کا خیال کر کے بات کر ۔ خدا کا واسطہ دینے کو کہتے ہیں ۔

اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کا کیا دوس ۔ [مثل] اپنی چیز میں بُرائی ہو تو برائی نکالنے والے پر کیا الزام ۔

اپنے دل پر ہاتھ (دھرو) دھر دیکھو ۔ اپنی حالت کا اندازہ کر لو ۔ پھر کسی سے کچھ کہنا ۔

اپنے دل کے (بادشا) مختار ہیں ۔ جو چاہیں سو کریں ۔ کسی کے پابند نہیں ۔

اپنے دم سے اچھے ہیں ۔ اپنی ذات سے بھلے ہیں خود اچھے ہیں ۔

اپنے دنوں کو پورا کرنا ۔ تنگی ترشی سے بسر کرنا ۔ موت کا انتظار کرنا ۔

اپنے دنوں کو رونا ۔ (۱) اپنی قسمت اور مصیبت پر افسوس کرنا ۔ (۲) اپنی بدنصیبی کا بیان کرنا ۔

اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے ۔ [مثل] اپنی چیز کو کوئی بھی بُرا نہیں بتاتا ۔

اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا یا ڈھائی چاولوں کی کھچڑی الگ پکانا ۔ سب کی رائے سے الگ رائے رکھنا ۔ کسی کے کہے پر عمل نہ کرنا ۔ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا ۔

اپنے ڈھب کا ۔ (محاورہ) اپنے رنگ کا ، اپنی روش کا ۔ اپنے مطلب کے موافق ۔

اپنے رنگ میں رنگنا ۔ اپنے جیسا کر لینا ۔ اپنا ہم مشرب بنا لینا ۔

اپنے زور میں آپ آ رہنا ۔ (محاورہ) ایسی بے موقع زور آزمائی کرنا کہ آدمی خود ہی گر پڑے (۲) کوئی ایسا کام کر بیٹھنا جو نقصان پہنچائے ۔

اپنے ساتھ لیٹنا ۔ (محاورہ) اپنے ساتھ دوسروں کو بھی شامل کرنا ۔

اپنے ساتھ لے ڈوبنا ۔ (محاورہ) اپنے ساتھ تباہی میں ڈالنا ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو نقصان پہنچانا ۔

اپنے سائے سے وحشت کرنا ۔ (محاورہ) حد سے زیادہ وہمی ہونا ۔

اپنے سائے سے وحشت ہونا ۔ (محاورہ) اپنے آپ سے بھی خوف کے مارے گھبرانے لگنا ۔ بہت زیادہ وہمی ہونا ۔

اپنے سایہ سے بچنا ۔ (محاورہ) ملنے سے پرہیز کرنا ۔ دوسروں سے بہت بدکنا ۔ بے حد احتیاط کرنا ۔

اپنے سر آفت (بلا) لینا ۔ اپنے سر مصیبت لینا ۔ اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا کوئی مشکل کام کو اپنے ذمے لینا ۔

اپنے سر اوڑھ لینا ۔ (محاورہ) بُرائی یا قصور کو اپنے ذمے لینا ۔

اپنے سر پر کھیلنا ۔ (محاورہ) ہر قسم کی تکلیف جھیلنا ۔ جان ہتھیلی پر رکھنا ۔

اپنے سر (لے) لینا ۔ (محاورہ) اپنے ذمے لینا ۔

اپنے سے بہتر خدا ۔ [مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے برابر کسی کو نہ سمجھے ۔

اپنے فرض سے ادا ہونا ۔ (محاورہ) جو بات اپنے ذمے واجب ہو اسے پورا کرنا ۔ بیٹی کی شادی سے فارغ ہونا ۔

اپنے کام سے کام ۔ (محاورہ) اپنے مطلب سے مطلب ۔ اپنی غرض سے غرض ہے

اپنے کام سے کام رکھتے ہیں ۔ (محاورہ) اپنے کام میں مصروف رہتے ہیں کسی طرف متوجہ نہیں ہوتے ۔ اپنے مطلب سے مطلب رکھتے ہیں ۔

اپنے کام کا نہیں ۔ (محاورہ) ہمارے مطلب کا نہیں ۔

اپنے کو ۔ (محاورہ) اپنی ذات کو ۔ اپنے تئیں

اپنے کو اپنے کا پاس ہونا ۔ (محاورہ) دوستوں اور عزیزوں کو ایک دوسرے کا خیال ہونا ۔



Marfat.com

اپنی قسمت (تقدیر) کو رونا ۔(محاورہ) اپنی بدنصیبی کی شکایت کرنا ۔ بے بسی کی حالت میں بسر کرنا ۔
اپنی کرکے نہ رکھنا ۔ (۱) حفاظت سے نہ رکھنا (۲) عورت کو اپنا موافق نہ بنا لینا (۳) احتیاط سے نہ برتنا ۔
اپنی کرنی ۔ اپنی حرکت ۔ اپنی مرضی کا کام ۔ اپنے کرتوت ۔
اپنی کرنی اپنی بھرنی ۔ [مثل] جو جیسا کرے گا ویسا پائے گا ۔
اپنی کرنی پار اترنی ۔ [مثل] اپنے ہی اعمال اپنے کام آتے ہیں ۔ اپنی ہی محنت سے پورا پڑتا ہے ۔
اپنی کرنی پروان کیا ہندو کیا مسلمان ۔ [ اپنے اعمال اپنے کام آئیں گے چاہے کوئی ہندو ہو یا مسلمان ہو ۔
اپنی کرنی کرنا ۔ اپنی ضد پر اڑا رہنا ۔ جو ٹھان لینا وہی کر گزرنا ۔
اپنی کملی میں مست ہونا ۔ اپنی کھال میں مست ہونا ۔ اپنے حال میں خوش ہونا غریبی میں مگن رہنا ۔
اپنی کھال میں مست ہونا ۔ مگن ہونا ۔ (محاورہ) اپنی تھوڑی حیثیت میں بھی خوش رہنا ۔
اپنی کہنا اور کی نہ سننا ۔ خود ہی کہے جانا ۔ دوسرے کی بات کی طرف خیال نہ کرنا ۔
اپنی کہو نہ اور کی سنو ۔ اپنا خیال نہ ظاہر کرنا اور نہ دوسرے کی بات سننا ۔
اپنی کہی کرنا ۔ (محاورہ) اپنی ضد پر اڑے رہنا ۔
اپنی کہی، نہ اور کی سنی ۔ چٹ پٹ مر گئے کچھ کہنے سننے بھی نہ پائے ۔
اپنی کھچڑی الگ پکانا ۔ (محاورہ) جھنجھٹ سے بچنا ۔ الگ ہو جانا ۔
اپنی گانا ۔ صرف اپنی کہنا ۔ اپنی ہی بات کا گیت گانا ۔
اپنی گانٹھ نہ ہو پیسہ تو پرایا آسرا کیسا ۔ [مثل] وقت پر اپنی جیب کا پیسہ ہی کام آتا ہے دوسرے کی گرہ کا کام نہیں آتا ۔
اپنی گرہ کا ۔ اپنی جیب کا ۔ اپنی ذات کا ۔ اپنے پلے کا ۔
اپنی گرہ کا (سے) کیا جاتا ہے ۔ ہمارا کیا ہرج ہوتا ہے ۔ ہمارا کیا نقصان ہوتا ہے ۔
اپنی گرہ (گانٹھ) نہ ہو پیسا، پرایا آسرا کیسا [مثل] اپنے بھروسے پر ہی کام ہو سکتا ہے دوسرے کے بھروسے پر نہیں ۔
اپنی گڑیا سنوار دینا ۔ اپنے مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا ۔
اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے ۔ [مثل] اپنے گھر پر کمزور کو بھی حوصلہ ہوتا ہے حمایت کے بھروسے پر بزدل بھی بہادر بن جاتا ہے ۔
اپنی گوں کا یار ۔ اپنی غرض کا یار ۔ مطلبی دوست ۔ مطلب پرست ۔
اپنی گوں کو (محاورہ) اپنے مطلب کے لیے ۔ اپنی غرض کے لیے ۔
اپنی گوں گانٹھنا ۔ چاپلوسی سے اپنا کام نکالنا ۔
اپنی لینا ۔ (محاورہ) تغافل برتنا ۔ من مانی کرنا ۔
اپنی مانی منوانا ۔ (محاورہ) قائل کرنا ۔ اپنی بات دوسروں سے منوانا ۔
اپنی مراد کو پہنچ جانا ۔ مقصد پورا ہو جانا ۔
اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے ۔ ہر آدمی اپنی ضرورت اور موقع کو خود ہی ٹھیک سمجھ سکتا ہے ۔

اپنی موت مرنا ۔ (محاورہ) طبعی موت مرنا ۔
اپنی مونچھ منڈا ڈالیں ۔ اگر ایسا نہ ہوگا تو ہم اپنی مونچھیں منڈا دیں گے دعویٰ چھوڑ دیں گے ۔
اپنی ناک چوٹی میں گرفتار ۔ اپنے بناؤ سنگار میں مصروف ۔
اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی ۔ [مثل] اپنی بدنامی اور ذلت ہو کر بھی دوسرے کو اگر تھوڑا نقصان پہنچ جائے تو خوش ہونا ۔
اپنی نبیڑنا ۔ (محاورہ) اپنی فکر کرنا ۔ اپنی دھن میں رہنا ۔
اپنی نظر میں ۔ اپنی جانچ میں ۔ اپنے اندازے میں ۔
اپنی نوبت بجانا ۔ (محاورہ) عمر بسر کرنا ۔ وقت گزارنا ۔
اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا ۔ اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا ۔ آزادی سے زندگی بسر کرنا جب جی چاہے سو رہنا ۔ جب دل چاہے کھا لینا ۔ چین سے عمر کاٹنا ۔ بے فکر اور بے غم رہنا ۔
اپنی والی ۔ جہاں تک ہو سکے ۔ حتی المقدور (۲) ہٹ ۔ ضد ۔
اپنی والی پر آنا ۔ (۱) کسی بات پر اڑ جانا ۔ اپنی بات کی ترجیح کرنا (۲) اپنی لیاقت اور حیثیت کا اظہار کرنا ۔
اپنی ہانکنا ۔ (محاورہ) اپنی بات ہی کہے جانا دوسرے کی نہ سننا ۔
اپنی ہائے اوروں پر (چھائی) گنوائی ۔ [مثل] اپنی سبکی اور خفت دوسروں پر ڈال دینا ۔ اپنا الزام دوسروں پر تھوپنا ۔
اَپنے ۔ (آپ ۔ نے) [ ہ ۔ ض ] (۱) عزیز ۔ یگانے (۲) مملوکہ (۳) خاص ۔ خود (۴) اپنے دم کے ۔ اپنے تعلق کے ۔
اپنے آپ ۔ خود ہی ۔ اپنی ذات سے ۔
اپنے آپ سے گزر جانا ۔ بے حد مغرور ہونا ۔ غصے یا غرور میں بدحواس ہو جانا ۔
اپنے آپ کو ۔ آپ کو ۔ اپنی ذات سے ۔
اپنے آپ کو کچھ سمجھنا ۔ (محاورہ) اپنے آپ کو لائق فائق سمجھنا (۲) خوش فہمی کا شکار ہونا ۔ خود کو بڑا سمجھنا ۔
اپنے آپ کو کھینچنا ۔ الگ تھلگ رہنا ۔ غرور کرنا ۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ۔
اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہو؟ اپنی کس بات پر نازاں ہو کس بات پر مغرور ہو
اپنے آپ میں آنا ۔ (محاورہ) ہوش میں آنا ۔ حواس میں آنا ۔ غصہ دور کرنا ۔
اپنے آپے سے گزرنا (نکل جانا) اعتدال سے بڑھنا ۔ حد سے نکل جانا ۔ جامے سے باہر ہونا ۔ اپنی ہستی کو بھول جانا ۔
اپنے آگے پائے ۔ (محاورہ ۔ ) بددعا ۔ خدا سمجھے ۔
اپنے آگے کسی کو نہیں گننے ۔ اپنے برابر کسی کو نہیں سمجھتے ۔ خود پسند اور مغرور بن جانا ۔
اپنے اپنے حال میں مست ہیں ۔ کسی کو کسی کی فکر نہیں ۔ ہر شخص اپنے حال میں مگن ہے ۔
اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں ۔ اپنے اپنے گھر کا ہر شخص کو اختیار ہے اپنے اپنے گھر کے سب مالک ہیں ۔ اپنے گھر چیونٹی بھی شیر ہے ۔
اپنے اختیار میں نہ ہونا ۔ مجبور ہونا ۔ اپنے بس میں نہ ہونا ۔
اپنے اللہ سے پائے ۔ (بددعا) خدا سمجھے ۔ خدا اس کی سزا دے ۔



Marfat.com

اپنے کو کھا لم گھولا اور کی بار کوٹال مٹولا۔ [مثل] اپنی غرض کا بہت خیال رکھنا اور گھل مل جانا اور دوسرے کے کام کے وقت ٹال مٹول کرنا۔

اپنے کہے کا ہے (محاورہ) بڑا ضدی ہے۔ جو جی میں آتا ہے وہی کرتا ہے۔

اپنے کیے پر پچھتانا۔ (محاورہ) خود ہی کوئی فعل کرکے پشیمان ہونا۔

اپنے کیے کا علاج نہیں۔ اپنے کئے کا کیا علاج۔ (محاورہ) اپنی کی ہوئی غلطی یا بُرائی کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔

اپنے کئے کو پانا۔ اپنے کئے کا مزہ چکھنا۔ (محاورہ) جیسا کرنا ویسا بھرنا جزا و سزا حسب اعمال ملنا۔

اپنے کئے کو رونا۔ (محاورہ) غلطی کرکے پشیمان ہونا۔

اپنے کئے کی سزا پانا۔ (محاورہ) جیسا کیا ہے اس کے بدلے میں سزا پانا۔ بدفعلی کی سزا پانا۔

اپنے کہے کی لاج ہونا۔ (محاورہ) اپنے قول کا لحاظ ہونا۔

اپنے گریبان میں مُنہ (ڈالنا) ڈال کر دیکھنا۔ (محاورہ) اپنے عیب دیکھنا اپنے کئے پر گردن نیچی کرنا

اپنے گھر آئے ہوئے کتے کو نہیں دھتکارتے۔ [مثل] مہمان کیسا ہی کم حیثیت ہو اس سے بُرا برتاؤ نہیں کرنا چاہیے۔

اپنے گھر بار کا ہونا۔ (محاورہ) شادی شدہ ہونا۔ بیوی بچوں والا ہونا۔

اپنے گھر پر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے۔ [مثل] اپنے مکان میں ہر ایک دلیر ہوتا ہے۔ اپنے دروازے پر کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

اپنے گھر خوش رہو۔ (محاورہ) ہم سے کچھ تعلق نہیں۔ اپنا کام کرو۔

اپنے گھر سے خوش۔ بے نیاز۔ خوش حال۔ غنی۔

اپنے گھر کو آتا کس کو بُرا لگتا ہے۔ (محاورہ) آتا ہوا مال سب کو اچھا معلوم ہوتا ہے۔ اپنا نفع کسی کو بُرا معلوم نہیں ہوتا۔

اپنے گھر کی راہ لو۔ (محاورہ) چلے جاؤ۔ جاؤ۔ چلتے ہو جاؤ۔

اپنے لکھے کو رونا۔ (محاورہ) اپنی قسمت کا گلہ شکوہ کرنا۔

اپنے لگے تو جیٹھ ہیں اور کے لگے تو بھیٹ ہیں۔ [مثل] اپنی تکلیف کو تکلیف سمجھنا مگر دوسرے کے دُکھ کی پروا نہ کرنا۔

اپنے مرے بن سورگ نہیں ملتا۔ [مثل] اپنی کوشش کے بغیر کامیابی نہیں ہوتی۔

اپنے مزے کے آگے کچھ نہیں سوجھنا۔ [مثل] اپنے فائدے اپنی نفسانی خواہش اور اپنی زبان کے ذائقے کے آگے نیک اور بد اور جائز و ناجائز کی تمیز نہیں رہتی۔

اپنے مطلب کا۔ خود غرض۔ مطلبی۔

اپنے مطلب کی کہنا۔ اپنے فائدے کی بات کہنا۔

اپنے مطلب کے ہیں۔ خود غرض ہیں۔ اپنی غرض کے آشنا ہیں۔

اپنے مطلب کے یار۔ غرض آشنا (دیکھیے اپنے گوں کے یار)

اپنے من سے جانئے پرائے من کی بات۔ [مثل] اپنی تکلیف اور دُکھ سے دوسرے کی تکلیف اور دُکھ کو سمجھنا چاہیئے۔

اپنے مُنہ پر طمانچے مارنا۔ (محاورہ) اپنے کیے پر پشیمان ہونا۔

اپنے مُنہ پر جاؤ۔ (محاورہ) اپنی طرف دیکھو۔ اپنی شرافت کا خیال کرو۔

اپنے مُنہ سے دھنّا بائی۔ [مثل] اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنی امارت اور فضل و کمال کا دعویٰ کرنا۔ اپنے مُنہ میاں مٹھو۔

اپنے مُنہ سے کہنا۔ (محاورہ) خود کہنا۔ شرم کو بالائے طاق رکھ کر کہنا (۲) مُنہ پھوڑ کر کہنا۔

اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا [مثل] اپنی تعریف خود کرنا۔ اپنی بڑائی آپ کرنا۔

اپنے موتی سوروں کے آگے نہ پھینکو۔ (محاورہ) بے قدروں کو اپنا ہُنر نہ دکھاؤ۔

اپنے میں۔ اپنے بدن میں۔ اپنے جسم میں۔

اپنے میں آنا۔ (محاورہ) ہوش میں آنا۔

اپنے نام کا ایک ہی نکلنا۔ بے مثل ہونا۔

اپنے نام کا ایک ہے۔ (محاورہ) آفت کا پرکالہ ہے۔ بڑا ضدی ہے۔

اپنے نام کا پاس ہے۔ (محاورہ) اپنی عزت کا لحاظ ہے۔

اپنے نزدیک۔ (محاورہ) اپنے حساب میں۔ اپنی دانست میں۔

اپنے نصیبوں کو رونا۔ (محاورہ) اپنی بدنصیبی کی شکایت کرنا۔ بُری تقدیر کا گلہ شکوہ کرنا۔

اپنے نین گنوا کے در در مانگے بھیک۔ [مثل] اپنی دولت برباد کرکے دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانا۔ اپنی چیز کھو کر دوسروں کے گھر سے مانگتے پھرنا۔

اپنے نینا مجھے دے تو گھوم پھر کر دیکھ۔ [مثل] اپنی آنکھیں میرے حوالے کر اور ٹکریں مارتا پھر (۲) دوسرے کا نقصان کرکے اپنے فائدے چاہنا۔

اپنے وقت کا (ارسطو) افلاطون ہے۔ بڑا دانا ہے۔ بہت عقلمند ہے اپنے وقت کا حاتم ہے۔

اپنے وقت کا لال بجھکڑ۔ [مثل] بے وقوف مگر عقل کا دعویٰ۔

اپنے ہاتھ کا۔ (۱) اپنے آپ کرنے کا (۲) اپنے ہاتھ کا لکھا، بنایا یا کیا ہوا۔

اپنے ہاتھ کٹا لینا۔ (محاورہ) قول یا تحریر دے کر بے بس ہو جانا۔

اپنے ہاتھ کرنا۔ (محاورہ) قبضے میں کرنا۔ موہ لینا۔

اپنے ہاتھ کے بل بل جائیے جیسا من ہو ویسا کھائیے۔ [مثل] جب کوئی کام اپنے ہاتھ سے بن پڑے تو اس وقت فخریہ کہتے ہیں۔

اپنے ہاتھ ہے۔ اپنے اختیار میں ہے۔ اپنے اختیار سے ہے۔

اپنے ہاتھوں۔ اپنے آپ۔ بالارادہ۔ اپنے ہی فعلوں سے۔ آپ سے۔ دیدہ و دانستہ۔

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا۔ کنواں کھودنا۔ کانٹے بونا۔ (محاورہ) اپنی موت کا آپ سامان کرنا۔ خود مصیبت میں پھنسنا۔ خود برباد ہونا۔ خود بلا میں گرفتار ہونا۔

اپنے ہاتھوں خراب ہونا۔ اپنی تباہی خود لانا۔

اپنے ہاتھوں کانٹے بونا۔ اپنی بربادی کے سامان خود پیدا کرنا۔

اپنے ہی تک رکھنا۔ دوسرے سے نہ کہنا۔ اپنے ہی جی میں رکھنا۔



Marfat.com

اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے۔ [مثل] عزیزوں قریبیوں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے۔

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے۔ اپنوں نے ہی فساد برپا کیا ہے۔

**اپوزیشن**۔ (Opposition) (انگ-مث) حزبِ اختلاف۔ مخالف پارٹی۔

**اپھار۔ اپھارہ**۔ (اَ-پھار۔ اَ-پھا-رَا) [ہ-ا-مذ] پیٹ پھولنا۔

**اپھرا**۔ (اَپھ-رَا) [ہ-صف] پھولا ہوا۔ معدہ بھرا ہوا۔ غرور سے پھولا ہوا۔

**اپھرانا**۔ (اَپھ-رَا-نا) [ہ-مص] پیٹ بھرنے سے پریشانی اور تکلیف میں ہونا۔

**اپھر جانا**۔ (اَ-پھر-جا-نا) [اُ-مص] (۱) پیٹ پھولنا۔ اتنا کھانا کھا لینا کہ سانس پھولنے لگے (۲) مغرور ہو جانا۔

**اپھرنا**۔ (اَ-پھر-نا) [ہ-مص] (۱) پھولنا۔ ہوا بھرنا۔ نفخ ہونا (۲) موٹا ہونا۔ تیار ہونا (۳) مغرور ہونا۔ علم و ہنر یا دولت پر نازاں ہونا۔

**اپھل**۔ (ہ-صف) بے ثمر۔ وہ درخت جسے پھل نہ لگے (۲) بانجھ عورت۔

**اُپھن جانا**۔ (اُ-پھن-جا-نا) [ہ-مص] اُبل جانا۔ جوش آ جانا۔

**اُپھننا**۔ (اُپھن-نا) [ہ-مص] (۱) اُبلنا۔ اُٹھنا۔ آنچ یا گرمی سے پھین کے ساتھ اوپر اٹھنا (۲) اُمنڈنا۔

**اُپی**۔ (اُ-پی) [ہ-صف] (۱) چمک دار (۲) میان سے باہر نکلی ہوئی شمشیر۔ سان پر چڑھی ہوئی تلوار۔

**اپیل**۔ (Appeal) (اَ-پیل) [انگ-ا-مذ] چھوٹے حاکم کے فیصلے کے خلاف بڑے حاکم کے پاس درخواست کرنا۔ مُرافعہ۔

اپیل بحال ہونا۔ اپیل کا منظور ہونا۔

اپیل (خارج) مسترد ہونا۔ اپیل کا نا منظور ہونا۔

اپیل داخل کرنا۔ اپیل کرنا۔ حاکمِ بالا کے پاس مقدمہ لے جانا۔

اپیل گذار۔ (Appellant) اپیل داخل کرنے والا۔

اپیل متخالف۔ ایک دوسرے کے خلاف اپیل۔

**اپیلانٹ** (Appellant) (اَ-پی-لانٹ) [انگ-ا-مذ] اپیل کرنے والا۔

# ا - ت

**اَت**۔ [س-ا-مذ] نہایت۔ ازحد۔ بے انتہا۔ حد سے زیادہ۔ شدید۔

اَت چپل۔ [ق-صف] نہایت تیز۔

اَت کومل۔ [ہ-مذ] (موسیقی) وہ سُر جو شدھ سُر سے دو درجے نیچے ہو۔

اَت کا بھلا نہ برسنا اَت کی بھلی نہ دھوپ۔ اَت کا بھلا نہ بولنا اَت کی بھلی نہ چُپ۔ [مثل] ہر چیز کی زیادتی بُری اور نقصان دہ ہوتی ہے۔

**اَتا**۔ (اَ-تا) [ت-ا-مذ] باپ۔ والد۔ بزرگ۔ پیر۔ شیخ (۲) آقا۔

اتابک۔ (۱) بزرگ باپ (۲) شاہانہ خطاب۔ شیراز کے ترک بادشاہوں کا لقب۔

اتاترک۔ (۱) ترکوں کا باپ (۲) غازی مصطفیٰ کمال پاشا کا لقب۔

**اتاپتا**۔ (اَتا-پَ-تا) [ہ-ا-مذ] نشانی۔ علامت۔ سُراغ (۲) موقع محل۔ (۳) متعلقات جو پہیلی بوجھنے میں مدد دیں۔

**اُتار**۔ (اُ-تار) [ہ-ا-مذ] (۱) اُترنا۔ نشیب (۲) رَد (۳) کمی۔ تنزل۔ گھٹاؤ (۴) طغیانی میں کمی (۵) کسی چیز کا اثر زائل کرنا (۶) صدقہ (۷) جادو کا توڑ (۸) جذر۔ بھاٹا۔

اُتار چڑھاؤ۔ (۱) اُونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ مدوجزر۔ جوار بھاٹا۔ بلند و پست (۲) کمی بیشی گھٹاؤ بڑھاؤ (۳) عروج و زوال۔ فتح و شکست (۴) چھل فریب۔ جوڑ توڑ

اتار چڑھاؤ (بتانا) (محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔

اتار چڑھاؤ کی باتیں (محاورہ) فریب کی باتیں۔ چالیں۔

اُتاری لوئی کیا کرے گا کوئی۔ [مثل] بے حیا سے کچھ بعید نہیں بے شرم سب کچھ کر سکتا ہے۔

اُتار لینا۔ (محاورہ) جگہ دینا۔ ٹھہرا لینا (۲) ننگا کر دینا۔ چھین لینا۔ لے لینا (۳) پھاڑ ڈالنا (۴) نقل کر لینا (۵) کاٹ ڈالنا۔ توڑ ڈالنا (۶) گرانا۔ معزول کرنا (۷) گھسنا۔ مٹا دینا۔

مُتار ہونا۔ (محاورہ) نشہ اُترنا۔ کسی چیز کی کمی یا گراوٹ کی طرف آنا۔

**اُتارا**۔ (اُ-تا-رَا) [ہ-ا-مذ] (۱) ڈیرہ ڈال لینے یا ٹکنے کا نام (۲) اُترنے کی جگہ پڑاؤ۔ مقام (۳) ندی پار کرنے کی حالت (۴) صدقہ (۵) گھاٹ۔

اُتارا اُتارنا۔ (محاورہ) صدقہ اتارنا۔

اُتارا جانا۔ [ق] مارا جانا۔

اُتارا ہونا۔ (محاورہ) قیام ہونا (۲) قبر میں اُتارنا (۳) قربان کیا جانا (۴) دریا کے پار اُترنا۔ آمادہ ہونا۔ ٹل جانا۔

**اُتارن۔ اترن**۔ (اُتا-رَن) [ہ-ا-مث] پہنا ہوا لباس نیا ہو یا پُرانا۔

**اُتارنا**۔ (اُ-تار-نا) [ہ-مص] (۱) اونچی جگہ سے نیچی جگہ لانا (۲) دریا کے پار اُترنا لے جانا (۳) بدن سے لباس جُدا کرنا (۴) نثار کرنا۔ وارنا (۵) چربہ کھینچنا۔ (۶) نقل کرنا (۷) کاٹنا۔ جُدا جُدا کرنا (۸) ٹھہرانا۔ جگہ دینا (۹) گرانا۔ ذلیل اور حقیر کرنا (۱۰) معزول کرنا (۱۱) نگلنا۔ حلق سے نیچے اتارنا (۱۲) نازل کرنا (۱۳) مسمار کرنا۔ ڈھانا (۱۴) مٹانا۔ اڑانا (۱۵) گھٹانا۔ کم کرنا (۱۶) داخل کرنا۔ پہنچانا (۱۷) پورا کرنا (۱۸) کپڑے وغیرہ کے واسطے قطع کرنا (۱۹) تیار کرنا۔ اُن چیزوں کے لیے جو کسی چیز پر چڑھا کر تیار کی جاتی ہیں (۲۰) کسی عضو کا اس کی اصل جگہ سے اکھاڑنا (۲۱) پیوست کرنا (۲۲) ادا کرنا (۲۳) ذہن نشین کرنا (۲۴) مونڈنا۔

**اُتارو**۔ (اُتا-رُو) [ق-ا-مذ] پار لے جانے والا۔ (۲) ماہر۔ حاذق

اُتارے ہونا۔ [ہ-مص] (۱) سواروں کا گھوڑوں سے اتر کر تلواروں سے لڑنا متوجہ و مستعد ہونا۔ لڑنے کو اُتر پڑنا۔ پیچھے پڑ جانا (۲) صدقے اُترنا۔

**اُتاق**۔ (اُ-تاق) [ف-ا-مذ] خیمہ۔ ڈیرہ۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔

**اُتاقہ**۔ (اُ-تا-قہ) [ف-ا-مث] کلغی۔ طرّہ۔ ہُما کا پر۔

**اُتالی**۔ (اُ-تا-لی) [ق-صف] بے تاب۔ بے چین۔ بیقرار۔

**اَتالیق**۔ (اَ-تا-لیق) [ت-ا-مذ] اُستاد۔ ادب سکھانے والا۔ تربیت سکھانے والا۔ سدھانے والا۔

**اَتالیقی**۔ (اَ-تا-لی-قی) [ت-ا-مث] اُستادی۔ معلّمی۔ علم سکھانے کا کام۔

**اُتاوَل**۔ (اُ-تا-وَل) [ہ-صف] جلدی جلدی۔

**اُتاوَلا**۔ (اُ-تا-وَ-لا) [ہ-ا-مذ] جلدی مچانے والا۔ جلد باز۔ بے چین۔ بیقرار۔ تلون مزاج۔



Marfat.com

اُتاولا دھنا مُوںج کی تانت ۔[مثل] بہت ہی جلدی کرنے والا اناڑی آدمی۔
اُتاولا سو باولا۔[مثل] بے سوچے سمجھے جلدی سے کام کرنے والا دیوانہ ہوتا ہے
اُتاوَلی۔(اُ۔تا۔وَ۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) جلدی عجلت۔ جلدبازی (۲) چنچل پن۔ (۳) اُتاولا کی تانیث۔
اُتائی۔(ا۔تا۔ای) [ہ۔صف] بے اُستاد جس نے کسی فن یا علم کو باقاعدہ حاصل نہ کیا ہو یا وہ اس کا آبائی پیشہ نہ ہو۔
اِتباع۔(اِت۔تِ۔باع) [ع۔ا۔مذ] پیروی کرنا۔تقلید (۲) اطاعت فرمانبرداری۔
اُتپَن۔(اُت۔پَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) پیدائش۔نسل۔کنبہ (۲) پیداوار۔وصول شدہ معاملہ۔
اِتحاد۔(اِت۔تِ۔حاد) [ع۔ا۔مذ] (۱) یگانگت۔ ملاپ۔ دوستی۔ ایکا۔ (۲) محبت۔ اخلاص (۳) میل جول (۴) باہمی موافقت
اِتحادی۔(اِت۔تِ۔حا۔دی) [ع صف و ا۔مذ] (۱) اتحاد سے متعلق (۲) ساتھی رفیق۔دوست۔حلیف (۳) باہمی معاہدہ سے وابستہ۔مُعاہد۔مُعاہدین۔
اِتحاف(اِت۔تِ۔حاف) [ع۔ا۔مذ] تحفہ دینا۔ارمغان۔سوغات۔
اُتَّر۔(اُت۔تَر) [س۔ا۔مذ] (۱) شمال (۲) جواب (۳) ایک ویدک گیت۔
اُتّر جاؤ کہ دکھن، وہی کرم کے لچھن۔[مثل] جہاں بھی جاؤ قسمت اپنے ساتھ ہے۔
اُتّر میمانسا۔ ویدانت فلسفے کی ایک مشہور کتاب
اُترا۔(اُت۔را) [ہ۔صف] (۱) اترا ہوا۔معزول (۲) پہن کر اترا ہوا لباس۔
اُترا شحنہ مردک نام [مثل] عہدے سے علیحدہ ہونے پر عزت نہیں رہتی۔
اُترا گھاٹی ہوا ماٹی۔[مثل] جو چیز کھا کر حلق سے اُتار لی جائے وہ مٹی کے برابر ہے۔
اُترا ہوا۔ بجھا ہوا (۲) باسی۔ زوال پذیر۔ بوسیدہ۔
اُتر آنا۔(اُتر۔آ۔نا) [ہ۔مص] (۱) آمادہ ہونا (۲) اُوپر سے نیچے آنا۔
اِترانا۔(اِت۔را۔نا) [ہ۔مص] گھمنڈ کرنا۔غرور کرنا۔نازاں ہونا۔
اُترانا۔(اُت۔را۔نا) [ہ۔مص] پانی کے اُوپر آنا۔پانی کی سطح پر تیرنا۔
اِتراہٹ۔(اِت۔را۔ہَٹ) [ہ۔ا۔مث] گھمنڈ۔غرور۔تکبر۔
اُتراؤ۔(اُت۔را۔او۔ واؤ مجہول) [ہ۔ا۔مذ] اُتار۔ ڈھال۔
اُترائی۔(اُت۔را۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) نشیب (۲) دریا سے پار ہونے کا محصول (۳) پہاڑ سے اترنے کا کرایہ (۴) بدلہ۔احسان کا بدلہ (ق)
اِترائے پھرنا۔(اِت۔را۔ئے۔پھرنا) [ہ۔مص] اینٹھنا۔ناز کرتے پھرنا۔گھمنڈ کرنا۔
اُتر پڑنا۔[ہ۔مص] (۱) کسی کام یا کسی مصیبت پر آمادہ ہو جانا (۲) ٹھہرنا ٹھہر جانا۔
اُترتا پانی۔ دریا یا ندی کا پانی کم ہو جانا۔
اُترتا چاند [ہ۔صف] آخر ماہ۔ زوال ماہ۔ اندھیرا پاکھ۔ مہینے کا آخری حصہ۔
اُترتی۔(اُ۔تَر۔تی) [ہ۔صف] نیچے آتی ہوئی۔ گرتی ہوئی۔ ڈھلتی ہوئی۔
اُترتی برسات۔ نکلتی برسات۔برسات کا آخری زمانہ۔
اُترتی ندی کنارے ڈھائے۔[مثل] انسان کا جب کوئی بس نہیں چلتا تو غریب کو ستاتا ہے۔

اُتر جانا۔(اُ۔تر۔جا۔نا) [ہ۔مص] (۱) اُوپر سے نیچے آجانا۔ ڈھل جانا (۲) دُبلا ہو جانا (۳) ناپسند ہو جانا (۴) خراب ہو جانا۔
اُترسوں۔(اُ۔تر۔سوں) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آنے والے پرسوں کے آگے کا دن (۲) (۲) گزرے ہوئے پرسوں سے پہلے کا دن۔
اُترکے۔(اُ۔تر۔کے) [ہ] گھٹ کے۔کم۔نیچے۔
اُتر گئی لوئی پھر کیا کرے گا کوئی۔[مثل] جب بے شرمی اختیار کی تو پھر کسی کا کیا ڈر ہے۔بے لحاظ آدمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔
اُترن۔(اُت۔رَن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پہنے ہوئے پرانے کپڑے۔پرانا لباس۔ (۲) لکڑی یا پتھر کی پٹی جو دروازے میں لگائی جاتی ہے۔
اُترن پترن۔ اُتارے ہوئے پرانے کپڑے۔پرانا لباس۔
اُترنا۔(اُ۔تر۔نا) [ہ۔مص] (۱) اوپر سے نیچے آنا (۲) گھٹنا۔تنزل پر ہونا۔گھٹا ہوا ہونا (۳) بدن میں جوڑ، نس یا ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۴) آواز کا دھیما پڑنا یا بگڑنا (۵) کسی اثر کو دور کرنا مثلاً غصہ اُترنا۔ نشہ اُترنا۔ بخار اُترنا (۶) کسی سال، ماہ یا موسم کا ختم ہونا (۷) صُوت سے تیار ہونے والی کوئی چیز مکمل ہونا مثلاً موزہ اترنا۔ تھان اترنا۔ بنیان اُترنا (۸) ایسی چیز کا تیار ہونا جو خراد وغیرہ پر تیار کی جاتی ہے (۹) نرخ کا کم ہونا (۱۰) ڈیرہ کرنا۔ٹھہرنا (۱۱) گھسنا۔ داخل ہونا (۱۲) بچوں کا مر جانا (۱۳) بھر آنا۔غصہ نکالنا (۱۴) پھلوں کا پکنے پر توڑا جانا (۱۵) گرم پانی یا بھبکے میں کسی چیز کا تیار کرنا۔ (۱۶) لگی لپٹی چیز کا الگ ہونا۔ صفائی کے ساتھ کٹنا اُدھڑنا (۱۷) سلی ہوئی چیز کا الگ ہونا (۱۸) تول میں ٹھہرنا (۱۹) کسی ساز کی کسن کا ڈھیلا ہو جانا جس سے اُس کی آواز ڈھیلی ہونے لگے (۲۰) جنم لینا (۲۱) سامنے آنا ظاہر ہونا (۲۲) کشتی یا لڑائی کے لیے اکھاڑے یا میدان میں آنا (۲۳) پار ہونا (۲۴) شطرنج میں کسی پیادے کا کوئی بڑا مہرہ بن جانا (۲۵) وصول ہونا (۲۶) مجامعت سے فارغ ہونا (۲۷) آگ پر چڑھائی جانے والی چیز کا پک کر تیار ہونا (محاورہ) اُتر کر من سے اترنا۔چہرہ اترنا (۲۸) سوار ہونا اور چڑھنا کی ضد (۲۹) بد رنگ ہونا۔ماند پڑنا (۳۰) پُورا ہونا۔ بیباق ہونا (۳۱) عکس کھینچنا۔نقل اُتارنا۔
اُترنگ۔(اُت۔رنگ) [ہ۔ا۔مذ] وہ لکڑی جو دروازے کی اُوپر کی طرف چوکھٹ میں لگائی جاتی ہے۔اُترنگا فصیح ہے۔
اُتروانا۔(اُ۔تر۔وا۔نا) [ہ۔مص] کسی دوسرے سے کوئی چیز اُتارنے میں مدد دینا۔
اُتروائی۔[ا۔مث] اُتارنے کی اُجرت (۲) استقبال۔
اُتری پھل۔(اُت۔ری۔پھل) [ہ۔ا۔مذ] ترپھلا۔ہڑ۔بہیڑا اور آملہ کا مُرکّب۔
اُتری جوانی۔(ا۔مث) ڈھلا ہوا شباب۔
اُتری کمان۔ وہ کمان جس کا چلہ چڑھا ہوا نہ ہو۔
اُتری ہوئی۔(اُت۔ری۔ہُو۔ای) [ہ۔صف] چھوٹی ہوئی۔استعمال کی ہوئی۔
اُتری ہوئی پاپوش۔(۱) پرانا جوتا (۲) بے عزت۔حقیر آدمی یا عورت (۳) نظروں سے گری ہوئی بے قدر اور بے حقیقت چیز (۴) چھوڑی ہوئی عورت۔



Marfat.com

**اُتسو**۔ (اُت۔ سُو) [س۔ ا۔ مذ] (۱) خوشی کا عام مظاہرہ۔ (۲) تہوار۔ جشن۔ (۳) غصہ۔ ناراضی۔ بے صبری۔
**اِتّصاف**۔ (اِت۔ تِ۔ صاف) [ع۔ ا۔ مذ] صفت رکھنا۔ تعریف کیا جانا۔
**اِتّصال**۔ (اِت۔ تِ۔ صال) [ع۔ ا۔ مذ] ملاپ۔ میل۔ قرب۔ نزدیکی۔ کسی کام کا لگاتار ہونا۔ (۲) اصول حدیث کسی حدیث یا روایت کا سلسلہ غیر منقطع ہونا یا سلسلہ سند کے راویوں کا نام بنام ذکر کرنا۔
**اتصالِ حقیقی**۔ بالکل ایک جان ہونا۔ دوئی مٹنا۔ ٹوٹ کر ملنا (تصوف) واصل باللہ ہونا۔
**اِتّفاق**۔ (اِت۔ تِ۔ فاق) [ع۔ ا۔ مذ] موافقت۔ میل جول۔ اتحاد۔ محبت دوستی (۲) اچانک۔ دفعتہً۔ ایکاایکی۔ جمع: اتفاقات۔
**اتفاق بڑھنا**۔ اتحاد زیادہ ہونا۔ ایکا بڑھنا۔ محبت زیادہ ہونا۔
**اتفاق پڑنا**۔ (محاورہ) موقع پڑنا۔ موقع ملنا۔
**اتفاقِ حسنہ**۔ اچھا موقع۔ مبارک موقع۔
**اتفاقِ رائے**۔ رائے کا متفق ہونا۔ باہمی ہم خیالی۔ رضامندی۔
**اتفاق سے**۔ (۱) گاہے بگاہے۔ کبھی کبھی (۲) بالاتفاق (۳) اچانک
**اتفاق کرنا**۔ ایک ہو جانا۔ شریک رائے ہونا۔ متفق الرائے ہونا۔ مال لینا۔
**اتفاق کی بات**۔ اتفاقیہ۔ اتفاقاً۔
**اتفاق ہونا**۔ (محاورہ) ایکا ہونا۔ متفق الرائے ہونا (۲) موقع پڑنا۔ موقع ملنا۔
**اِتّفاقاً**۔ (اِت۔ تِ۔ فا۔ قن) [ع۔ تابع فعل] اچانک۔ ناگاہ۔ یکایک۔
**اِتّفاقات**۔ (اِت۔ تِ۔ فا۔ قات) [ع۔ ا۔ مذ] اتفاق کی جمع۔ واقعات۔ حادثات۔ سانحات (۲) غیر متوقع۔ ناگہانی۔
**اِتّفاقی**۔ (اِت۔ تِ۔ فا۔ قی) [ع۔ صف] ایک دم۔ اچانک۔ وہ بات جو اتفاق سے ہو جائے۔
**اتفاقی رخصت**۔ (ا۔ مث) غیر متوقع ضرورت پر لی جانے والی چھٹی (انگ) (Casual Leave)
**اتفاقی شگوفہ**۔ (۱) وہ غنچہ یا شگوفہ جو خود بخود زمین سے اُگتا ہے (۲) خود رو گھاس کی مانند۔
**اِتّفاقیہ**۔ (اِت۔ تِ۔ فا۔ قی۔ یہ) [ع۔ صف] اچانک۔ اتفاق سے۔
**اِتّقا**۔ (اِت۔ تِ۔ قا) [ع۔ ا۔ مذ] پرہیزگاری۔ گناہ سے بچنا۔ پرہیز کرنا تقویٰ زہد۔
**اَتقیا**۔ (اَت۔ قِ۔ یا) [ع۔ ا۔ مذ] تقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔
**اِتّکا**۔ (اِت۔ تِ۔ کا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تکیہ۔ (۲) بھروسہ کرنا۔
**اَتگہ**۔ (اَت۔ گہ) [ت۔ ا۔ مذ] انّا یا دائی کا شوہر۔
**اِتلاف**۔ (اِت۔ لاف) [ع۔ ا۔ مذ] بربادی۔ ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔
**اُتم**۔ (اُت۔ تم) [س۔ صف] (۱) سب سے اچھا۔ سب سے بڑا۔ سب سے بھلا (۲) کامل۔ پورا۔ تمام تر۔
**اُتم سے اتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ۔ پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ**۔ [مثل] شریف شریف سے اور رذیل رذیلوں سے ملتے ہیں جو جیسا ہوتا ہے ویسوں سے ہی ملتا ہے۔
**اُتم کھیتی مدھم بیوپار نکھد چاکری بھیک دوار**۔ [مثل] کاشتکاری سب سے افضل ہے۔ اس کے بعد تجارت، اور نوکری تو بھیک مانگنے کے برابر ہے۔
**اُتم گانا مدھم بجانا**۔ گانے کا درجہ اعلیٰ ہے اس کے بعد بجانے کا۔
**اِتمام**۔ (اِت۔ مام) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) کمال۔ تکمیل
**اتمامِ حجت**۔ (۱) حجت کا پورا ہونا۔ فیصلہ کن بات۔ آخری دلیل۔ معاملہ طے کرنا۔ جھگڑا مٹانا (۲) انتہائی کوشش کرنا۔
**اِتنا**۔ (اِت۔ نا) [ہ۔ صف] (۱) اس قدر۔ اس قسم کا۔ اِتّا (۲) اس درجہ یہاں تک۔ اس قابل (۳) بہت زیادہ (۴) بہت کم۔
**اتنا بھرا کہ چھلک گیا**۔ [مثل] (۱) زیادہ خیانت کرنا۔ بہت رشوت کھانا جس کا چھپنا مشکل ہو (۲) اتنا زیادہ مذاق کرنا جو برداشت سے باہر ہو (۳) اتنا کھانا جو ہضم نہ ہو سکے (۴) اتنا نفع لینا جس سے بدنامی ہو۔
**اتنا پکا کہ باسی ٹھرکا**۔ [مثل] (۱) کھانا اتنا زیادہ پکایا کہ باسی ہو کر خراب ہو گیا۔ (۲) بات اتنی بڑھی کہ بڑی فضیحت ہوئی۔
**اتنا جھوٹ بولو جتنا آٹے میں نمک**۔ [مثل] جھوٹ اتنا بولو کہ نبھ سکے۔
**اتنا سا**۔ (ا۔ صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا (۲) چھوٹا سا۔ ننھا سا۔
**اتنا سارا**۔ (ا۔ صف) بہت سا۔ بہت سارا۔
**اتنا سا فتنہ۔ اتنی سی فتنی**۔ (۱) مکار بچہ یا بچی (۲) چھوٹی سی یا معمولی سی بات جس کے باعث کوئی جھگڑا ہو۔
**اتنا سا کام**۔ تھوڑا سا کام۔
**اتنا سا مُنہ نکل آیا**۔ (۱) چہرہ اُتر گیا۔ نہایت دُبلا ہو گیا (۲) شرمندہ ہو گیا۔
**اتنا کھائیے جتنا پچے**۔ [مثل] لوٹ نہ مچانی چاہیے۔ خیانت یا رشوت اتنی نہ ہو جس کا چھپانا مشکل ہو۔
**اتنا ہے**۔ (محاورہ) اتنی بات ہے۔ یہ پیشِ نظر رہے۔
**اتنے سے اتنا کر دینا**۔ (ہ) چھوٹے سے بڑا کر دینا۔ بڑھانا۔ بڑا کرانا۔
**اتنے سے اتنا ہونا** (۱) چھوٹے سے بڑا ہونا (۲) غریب سے مال دار ہونا۔
**اتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا**۔ [مثل] اتنا فائدہ نہ ہوا جتنا نقصان ہو گیا۔
**اتنے میں**۔ اس عرصہ میں۔ اس مقدار میں۔ ناگاہ۔ اتفاق سے۔
**اُتنا**۔ (اُت۔ نا) [ہ۔ صف] اس قدر۔ اس درجہ۔ اُس حد تک۔
**اِتنی**۔ (اِت۔ نی) [ہ۔ صف] اس قدر۔
**اتنی سی جان گز بھر کی زُبان**۔ [مثل] چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ چھوٹی عمر میں زبان درازی۔
**اتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے**۔ [مثل] زیادہ عقل بھی بعض اوقات نقصان کا باعث ہوتی ہے۔
**اتنی ہی تھی**۔ اسی قدر تھی۔
**اتنی ہی لکھی تھی**۔ اتنی ہی عمر تھی۔
**اُتنی**۔ (اُت۔ نی) [ہ۔ صف] اُس قدر۔
**اُتو**۔ (اُت۔ تُو) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) وہ آلہ جس پر نقش کرتے اور بیل بوٹے بناتے ہیں (۲) کشیدہ کاری۔ بیل بوٹے۔
**اُتو اُتو کرنا**۔ مارتے مارتے کھال ادھیڑ دینا۔ پرزے اُڑانا۔



Marfat.com

اُتّو ساز - اتّو کرنے والا - کپڑے پر نقش و نگار بنانے والا۔
اُتّو کرنے چلنا - گِن گِن کر قدم رکھنا - آہستہ آہستہ چلنا - جیسے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کی سُوئی چل رہی ہے۔
اُتّو کرنا - کپڑے پر پھول کاڑھنا - (۲) کھال اُدھیڑ دینا - زخمی کرنا (۳) نقش و نگار بنانا۔
اُتّو کش - اُتّو گر - اتّو کا کام کرنے والا۔

**اتوار** - (اِت - وار) [ہ - ا - مذ] ہفتہ اور پیر کے درمیان کا دن - یک شنبہ۔

**اِتِہاس** - (اِت - ہاس) [س - ا - مث] (۱) تاریخ - حکایت - روایت (۲) بیان قصہ (۳) تاریخی نظم۔

**اِتّہام** - (اِتْ - تِ - ہام) [ع - ا - مذ] (۱) تہمت - الزام - بُہتان - شک و شبہ - دوش (۲) تہمت لگانا - الزام لگانا - جمع : اتہامات۔
اتہام دینا - اتہام رکھنا - اتہام لگانا - تہمت لگانا - عیب دھرنا - بُہتان لگانا۔

**اتھاہ** - (اَ - تھاہ) [س - صف] جس کی تھاہ نہ ہو - جس کی گہرائی کا پتہ نہ چلے بہت ہی گہرا۔

**اُتھک** - (اُ - تھک) [ہ - صف] نہ تھکنے والا - بڑا محنتی۔

**اُتھل - اُتھّل - اُتھلا** - (اُ - تھَل - اُتھ - تھَل - اُتھ - لا) [ہ - صف] (۱) کم گہرا (۲) چھچھورا (۳) چغل خور - پیٹ کا ہلکا (۴) [ا - مذ] کم گہرا برتن۔
اُتھل پتھل - اُلٹ پُلٹ - اوپر نیچے (۲) منّلائی ہُوئی طبیعت۔
اُتھل پتھل کرنا - اوپر نیچے کرنا - اُلٹ پُلٹ کرنا - بے ترتیب کرنا۔
اُتھل پتھل ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا۔

**اُتھلنا** - (اُ - تھل - نا) [ہ - مص] (۱) ڈگمگانا - ڈانواں ڈول ہونا (۲) اُلٹ پلٹ ہونا - نیچے اوپر ہونا (۳) پانی کا کم ہونا۔

**اتھوا** - (اَتھ - وا) [س] یعنی - یا - علاوہ - سوا - بھی۔

**اَتنے** - [ق] اتنے ہی - اس قدر۔

**اَتیا چار** - (اَت - تیا - چار) [س - مذ] (۱) مقررہ فرائض کی عدم پابندی (۲) مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر (۳) ظلم - زیادتی۔

## ا - ٹ

**ٹ** - (ا - مث) میل چکیٹ - زنگ (۲) جھمگٹ (۳) گرد و غبار۔

**ٹ جانا** - (۱) بھر جانا (۲) جمع جانا (۳) مٹی گرد اور دھوئیں کا کسی چیز پر بیٹھ جانا (۴) بند ہو جانا۔

**ٹ سٹ** - (ا - مث) بے تکی - اُلٹی سیدھی (۲) سازش - جوڑ توڑ۔

**ٹا** - (اٹ - ٹا) [س - ا - مذ] (۱) اٹاری - بالاخانہ - کوٹھا - گھر کے اوپر کی کوٹھڑی یا چھت (۲) اٹالا - ڈھیر۔

**ٹا اَٹ - اٹاٹٹ** - (اَٹا - اَٹ) [ا - صف] اوپر تک بھرا ہُوا - بھرپُور۔

**ٹالوٹ** - (اَ - ٹا - لُو - ٹ) [س - صف] بالکل - ایک دم - تمام کا تمام۔

**ٹاچی - (اٹاشی)** (Attache) (اَ - ٹا - چی) [انگ - ا - مذ] (۱) شامل ملا ہُوا (۲) سفارت خانے کا عہدہ دار - جو سفیر سے وابستہ ہو۔

**ٹاچی کیس** - (Attache Case) (انگ - مذ) ہاتھ میں پکڑنے کا چھوٹا سا صندوقچہ۔

**اٹارا - اٹّارا** - (ا - مذ) ساز و سامان - اسباب۔

**اٹاری** - (اَ - ٹا - ری) [ہ - ا - مث] (۱) بالاخانہ - چھت کے اوپر کا مکان (۲) بلند مکان۔

**اُٹالا** - (اُ - ٹا - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) ڈھیر - انبار - اٹم (۲) سامان - اثاثہ (۳) فضول اسباب - نکمّا اور ناکارہ اسباب (۴) کاٹھ کباڑ۔

**اٹرنی - اٹارنی** - (Attorney) (ا - ٹر - نی) [انگ - ا - مذ] ایسا وکیل جو صرف مقدمہ مرتب کر کے بیرسٹر یا وکیل کو دے اور خود بحث نہ کرے۔

**اٹامک انرجی** (Atomic Energy) (انگ) ایٹمی توانائی - وہ قوت جو ایٹم سے حاصل کی جاتی ہے۔

**اَٹک** - (اَ - ٹک) [ہ - ا - مذ] (۱) روک - رکاوٹ - اڑچن - الجھن - جھجک - اٹکاؤ (۲) دریائے سندھ پر ایک مقام۔
اٹک کر رہ جانا - رکاوٹ سے آگے نہ بڑھنا - ٹھہر جانا - رُک جانا۔

**اٹک مٹک** (ا - مث) ناز و نخرا - غرور تکبر۔

**اٹکا بنیا سودا کرے** - (مثل) جب تک کوئی غرض نہ ہو - انسان کام نہیں کرتا - انسان مجبور ہو کر کام کرتا ہے۔

**اٹکا رکھنا** - (محاورہ) لٹکائے رکھنا - لیت و لعل میں ڈالنا۔

**اٹکانا** - (اَٹ - کا - نا) [ہ - مص] (۱) روکنا - ٹھہرانا (۲) پھنسانا - اُلجھانا - ڈال رکھنا (۳) تھوڑی دیر کے لیے پہننا - ذرا کی ذرا گلے میں ڈالنا - اُلجھانا (۴) لگانا - مصروف کرنا - مشغول کرنا۔

**اٹکاؤ** - (اَٹ - کاؤ) [ہ - ا - مذ] روک - رکاوٹ - مزاحمت - دیر - التوا (۲) تعلق - وابستگی۔
اٹکاؤ ہونا - رکاوٹ یا مزاحمت کرنا۔

**اٹکل** - (اَٹ - کل) [ہ - ا - مث] (۱) اندازہ - قیاس - تخمینہ (۲) سلیقہ - شعور - قدرتی صلاحیت - تمیز (۳) پرکھ - شناخت۔
اٹکل باز - تاڑنے والا - قیاس کرنے والا - اندازہ کرنے والا - بھانپنے والا۔
اٹکل پچو - خیالی قیاسی - اوٹ پٹانگ - بغیر اندازے کے - بے قرینہ۔
اٹکل پچو غیر (مقرر) مقام - اوٹ پٹانگ - بے سوچی بات - بادہوائی۔
اٹکل سے - اندازے سے۔
اٹکل کرنا - اندازہ کرنا - تخمینہ کرنا۔

**اٹکلنا** - (اٹ - کل - نا) [ہ - مص] اندازہ کرنا - پرکھنا - آنکنا۔

**اٹکنا** - (اٹک - نا) [ہ - مص] (۱) رُکنا - ٹھہرنا (۲) پھنسنا - مبتلا ہونا - محبت کرنا (۳) لڑنا جھگڑنا - اُلجھنا۔

**اٹکن بٹکن** - (اَٹ - کن - بٹ - کن) [ہ - ا - مذ] چھوٹے بچوں کا ایک کھیل جس میں کئی لڑکے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کو زمین پر ٹیک کر بیٹھ جاتے ہیں - ایک لڑکا سب کے پنجوں پر اُنگلی رکھتا ہُوا یہ کہتا جاتا ہے - اٹکن بٹکن - دہی چٹکن - اکلا جھولے - بگلا جھولے - ساون ماس کریلا پھولے - پھول پھول کی بالیاں - بابل گئے گنگا - لائے سات پیالیاں - ایک پیالی پھوٹ گئی - نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی - جس لڑکے پر آخری لفظ پڑتا ہے - اس سے پوچھتا ہے تو کھنڈا لے گا یا چھری - اگر وہ کہتا ہے کھنڈا - تو اس کا ہاتھ اٹھا کر اس کے مُنہ پر رکھتا ہے اور



Marfat.com

کہتا ہے ۔ تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا ۔ اگر وہ کہتا ہے چُھری تو کہتا ہے تیری ماں بُری ۔

اٹکن بٹکن کھیلنا ۔ (مجازاً) بے کار شغل اور فضول کام کرنا ۔

**اٹکھیلی** ۔ (اَٹ ۔ کھے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) خرام ناز (۲) شوخی ۔ طراری چلبلاہٹ چنچل پن ۔

اٹکھیلی چال ۔ (۱) مستانہ چال معشوقانہ چال ۔ خراماں خراماں چلنا (۲) شوخی بھری ہُوئی چال ۔ خرام ناز ۔

اٹکھیلیاں کرنا ۔ ناز و نخرہ کرنا ۔ الھڑ پنے کی حرکتیں کرنا ۔ جھوم کر چلنا ۔ شوخیاں دکھانا

اٹکھیلیوں سے چلنا ۔ ناز سے چلنا ۔ اترا کر چلنا ۔ خراماں خراماں چلنا ۔

**اٹکی رہنا** ۔ (اَٹ ۔ کی ۔ رہ ۔ نا) [ہ مص] کام بند ہونا ۔ حاجت روا نہ ہونا ۔

**اٹل** ۔ (اَ ۔ ٹل) [ہ ۔ صف] (۱) نہ ٹلنے والا ۔ ناگزیر ۔ قائم ۔ لازوال (۲) مست ۔ بے پروا ۔

اٹل ہونا ۔ چھکنا ۔ سیر ہونا ۔ پیٹ بھر جانا ۔ نیت بھر جانا ۔

**اٹلس** ۔ (Atlas) (اَٹ ۔ لس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ملکوں کے نقشوں کی کتاب ۔

**اٹلانٹک** (Atlantic) ، بحرِ اوقیانوس ۔

**اٹم** ۔ (اَ ۔ ٹم) [ہ ۔ ا ۔ مذ] تودہ ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔

اٹم ہونا ۔ انبار لگنا ۔ ڈھیر لگنا (ق)

**اٹمبر** ۔ (اَٹم ۔ بَر) [س ۔ ا ۔ مذ] ڈھیر ۔ انبار ۔

**اٹنا** ۔ (ا ۔ مص) بھر جانا ۔ پُر ہو جانا ۔ گرد و غبار سے آلودہ ہو جانا ۔ جمع ہونا ۔ جم جانا ۔

**اُٹنگ** (اُ ۔ ٹنگ) [ہ ۔ صف] وہ کپڑا جو پہننے میں اونچا یا چھوٹا ہو ۔

**اُٹنگا** ۔ (اُ ۔ ٹن ۔ گا) [ہ ۔ صف] ٹانگوں سے اونچا ۔ بدقطع ۔ ٹخنوں سے اونچا قد سے چھوٹا کپڑا ۔

**اُٹنگن** ۔ (اُٹ ۔ گن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک خاردار پودا جس کی پتیاں چھو جانے سے خارش ہونے لگتی مگر اس کے بیج دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں ۔

**اٹواٹی کھٹواٹی** ۔ (اَٹ ۔ وا ۔ ٹی ۔ کھٹ ۔ وا ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) کھاٹ کھٹولا (۲) اوڑھنا بچھونا ۔ بدھنا بوریا ۔

اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑنا ۔ سوگ منانا ۔ غصّے یا غم کے باعث چارپائی پر الگ پڑے رہنا ۔

**اٹوٹ** ۔ (اَ ۔ ٹوٹ) [ہ ۔ صف] (۱) نہ ٹوٹنے والا ۔ مضبوط جو ٹوٹ نہ سکے (۲) لگاتار ۔ مسلسل ۔

**اٹوک** ۔ (اَ ۔ ٹوک) [ہ ۔ صف] بلا روک ٹوک ۔

اٹھ آنا ۔ (محاورہ) ایک مکان سے دوسرے مکان میں جا کر رہنا ۔

اٹھ کر پانی نہ پینا (محاورہ) سست اور کاہل ہونا ۔

**اٹھ** ۔ (اَ ۔ ٹھ) [ہ ۔ صف] آٹھ ۔

اٹھ پتیا ۔ پتھر کی نقاشی جس میں آٹھ پتیوں کے پھول بنائے جاتے ہیں ۔

اٹھوں پہری ۔ آٹھوں پہر کا ۔ ہر وقت کا ہمہ وقتی (۲) نگہبان کھیتوں کا محافظ (۳) سحری کھائے بغیر روزہ ۔ ہر وقت بجائی جانے والی نوبت ۔

اٹھ پہلا ۔ آٹھ کونے والا جس میں آٹھ گوشے ہوں ۔

اٹھ ماسا ۔ وہ کھیت جو اساڑھ سے ماگھ تک آٹھ مہینے وقتاً فوقتاً جوتا جائے اور جس میں ایکھ بوئی جائے (۲) اٹھوانسا ۔ وہ بچہ جو آٹھ ماہ میں پیدا ہو جائے ۔

اٹھلاری ۔ ایک قسم کا شکنجہ جس میں آٹھ نالیں ہوتی ہیں ۔

اٹھوارہ ۔ آٹھ دن کا وقت ۔

اٹھواری ۔ وہ دستور جس کے مطابق آسامی جوتائی کے وقت آٹھویں دن اپنا ہل بیل زمیندار کو کھیت جوتنے کے لیے دیا جاتا ہے (۲) آٹھ دن کے بعد باری آنا ۔

اٹھوانس ۔ آٹھ کونوں والا ۔ ہشت پہلو ۔ مثمن ۔

اٹھوانسا ۔ (۱) وہ بچہ جو آٹھ مہینے میں پیدا ہو جائے (۲) وہ کھیت جو اساڑھ سے ماگھ تک بار بار جوتا جاتا رہے اور جس میں ایکھ بوئی جائے ۔

**اَٹھا** ۔ (اَٹھ ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] تاش کا ایک پتا جس پر کسی رنگ کے آٹھ نشان بنے ہوں ۔

**اُٹھا** ۔ (اُ ۔ ٹھا) [ہ] اُٹھ بیٹھا ۔

اُٹھا بیٹھی ۔ اُٹھ بیٹھ ۔ گھڑی اُٹھنا گھڑی بیٹھنا ۔

اُٹھا بیٹھی لگا رکھنا ۔ لگاتار اُٹھنا بیٹھنا ۔

اُٹھا دینا ۔ (۱) دے دینا ۔ اُٹھا کر دینا (۲) بوجھ سر یا کندھے پر رکھوا دینا (۳) مجلس یا محفل سے نکال دینا (۴) کاروبار بند کر دینا ۔ کوئی کام چھوڑ دینا (۵) خرچ کر دینا ۔ صرف میں لے آنا (۶) دیوار چن دینا (۷) پردہ اونچا کر دینا ۔

اُٹھا رکھنا ۔ (۱) باقی رکھنا ۔ روک رکھنا (۲) سینت رکھنا ۔ سنبھال رکھنا (۳) موقوف رکھنا ۔ ملتوی رکھنا ۔

اُٹھا لانا ۔ (۱) لے آنا ۔ بیٹھے کو لے آنا ۔ بلا لانا (۲) خرید لانا ۔

اُٹھا لے جانا ۔ (۱) کسی چیز کو لے جانا (۲) مردہ کو لے جانا ۔ لاش کو لے جانا ۔

اُٹھا لینا ۔ (۱) بلند کر لینا ۔ اُدھر کر لینا (۲) تعمیر کر لینا (۳) ہاتھ میں لے لینا ۔ (۴) صرف کر ڈالنا (۵) سنبھال لینا ۔ برداشت کر لینا (۶) تعلق توڑ لینا ۔ الگ کر لینا ۔ ہٹا لینا (۷) اپنے اوپر لے لینا (۸) دُنیا سے اُٹھا لینا ۔ جان لے لینا ۔ مار ڈالنا ۔

اُٹھا مارنا ۔ زمین پر چت گرا دینا ۔ غالب آنا ۔ پٹخ دینا ۔ پچھاڑنا ۔

**اٹھارہ** ۔ (اَٹھ ۔ ٹھا ۔ رَہ) [ہ ۔ صف] دس اور آٹھ ۔

**اٹھاسی** (اَ ۔ ٹھا ۔ سی) [ہ ۔ صف] اسّی اور آٹھ ۔ ستاسی کے بعد کا عدد ۔

اٹھاسی واں ۔ جس کی گنتی ستاسی کے بعد ہو ۔

**اُٹھان** ۔ (اُ ۔ ٹھا ۔ ن) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) اُٹھنا ۔ اُٹھنے کی حالت (۲) شروع آغاز (۳) اُبھار ۔ بالیدگی

**اُٹھانا** ۔ (اُ ۔ ٹھا ۔ نا) [ہ مص] (۱) اونچا کرنا (۲) اختیار کرنا (۳) صاف کرنا (۴) باہر کر دینا (۵) جان سے لینا (۶) بنانا ۔ تعمیر کرنا (۷) چھوڑ دینا ۔ توڑ دینا (۸) جگانا (۹) خرچ کرنا (۱۰) موقوف کرنا (۱۱) سنبھالنا ۔ (۱۲) نکالنا ۔ لے جانا (۱۳) برپا کرنا ۔ قائم کرنا (۱۴) حاصل کرنا (۱۵) انجام دینا (۱۶) ملتوی کرنا (۱۷) ہٹانا ۔ اُلٹنا (۱۸) برداشت کرنا ۔ (۱۹) چھوڑ دینا ۔ باقی رکھنا (۲۰) پھیلانا (۲۱) اتارنا (۲۲) کھینچنا ۔ (۲۳) دُور کرنا (۲۴) اُبھارنا ۔ بند کرنا (۲۵) لے لینا (۲۶) پکڑنا (۲۷) دے دینا (۲۸) چکانا (۲۹) قسم کھانے کے لیے ہاتھ میں لینا (۳۱) دُہرانا ۔ شاعر کا مصرع سُن کر اُسے بلند آواز سے دُہرانا ۔



Marfat.com

**اَٹھانوے** (اَ۔ ٹھان۔ وے) [ہ۔ صف] نوّے اور آٹھ۔ ستانوے کے بعد کا عدد۔
**اَٹھاون** ۔ (اٹھ۔ ٹھا۔ وَن) [ہ۔ صف] پچاس اور آٹھ۔ ستاون کے بعد کا عدد۔
**اُٹھاؤ**۔ (اُ۔ ٹھا۔ او (واوٴ مجہول) [ہ۔ ا۔ مذ] اٹھان۔ ترقی (۲) اٹھانا مصدر کا امر
**اُٹھاؤ چولہا**۔ (محاورہ) (۱) وہ چولہا جسے ہر جگہ لے جا سکیں (۲) آدمی جو ایک جگہ جم کر نہ رہے۔ خانہ بدوش۔
**اٹھاؤ میرا مکنا میں گھر سنبھالوں اپنا**۔ [مثل] بے شرم عورت کو کہتے ہیں جو بیاہ ہوتے ہی شوہر کے گھر کا انتظام کرنے لگے اور میاں کو لے کر الگ ہو جائے۔
**اُٹھاوَنی**۔ (اُٹھا۔ اَ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تیجا۔ سوم پھول۔ ہندوؤں کی ایک رسم جب مُردے کی ہڈیاں گنگا میں ڈالنے کے لیے لے جاتے ہیں۔
**اَٹھائیس**۔ (اَ۔ ٹھا۔ ئیس) [ہ۔ صف] بیس اور آٹھ۔ ستائیس کے بعد کا عدد۔
**اٹھائی جائے نہ دھری جائے**۔ [مثل] مشکل مصیبت (۲) ایسی بات جو برداشت نہ کی جائے اور اس کا جواب بھی نہ دیا جا سکے۔
**اُٹھائی گیرا**۔ (اُ۔ ٹھا۔ اِی۔ گی۔ را) [ہ۔ صف] (۱) اُچکا۔ آنکھ بچا کر چھوٹی چھوٹی چیزیں چرا لینے والا۔ جیب کترا (۲) بدمعاش۔ لُچا۔
**اُٹھ بیٹھ**۔ (اُٹھ۔ بیٹھ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) اٹھا بیٹھی۔ بار بار اُٹھنا بیٹھنا (۲) ایک قسم کی سزا جو اُستاد شاگردوں کو دیا کرتے ہیں۔
**اُٹھ بیٹھنا**۔ (اُٹھ۔ بیٹھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جاگ اُٹھنا۔ بیدار ہو جانا (۲) بیٹھے سے کھڑا ہو جانا (۲) تندرست ہو جانا۔ چنگا ہو جانا۔
**اُٹھتا بیٹھتا**۔ (اُٹھ۔ تا۔ بیٹھ۔ تا) [ہ۔ صف] گرتا پڑتا۔ درجہ بہ درجہ
**اُٹھتا جوبن**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] آغازِ شباب۔ سینے کے اُبھار کا زمانہ۔
**اَٹھتّر**۔ (اَٹھ۔ تَر) [ہ۔ صف] ستّر اور آٹھ۔ ستتر کے بعد کا عدد۔
**اُٹھتی**۔ (اُٹھ۔ تی) [ہ۔ صف] (۱) اُٹھتی ہوئی۔ کھڑی ہوتی ہوئی (۲) اُبھرتی ہوئی (۳) ختم ہوتی ہوئی (۴) شروع ہوتی ہوئی۔
**اُٹھتی پینٹھ**۔ (ا۔ مث) بازار یا ہاٹ جو بند ہونے کے قریب ہو (۲) اُجڑنے والا میلہ (۳) چل چلاؤ۔ رخصت کا وقت۔
**اُٹھتی پینٹھ آٹھویں دن**۔ (مثل) وقت کے ہاتھ سے نہ دینا چاہئے۔ ورنہ پھر موقع ہاتھ نہ آئے گا۔
**اُٹھتی جوانی**۔ آغازِ جوانی۔ شباب کے دن۔
**اُٹھتی جوانی میں اُٹھ گیا**۔ نوجوان مر گیا۔
**اُٹھتی کونپل**۔ (۱) نئی اور بڑھتی ہوئی ٹہنی (۲) نوجوانی۔ نوعمر۔ نوخیز۔ شروعِ شباب۔
**اُٹھتے**۔ (اُٹھ۔ تے) [ہ۔ صف] کھڑے ہوتے ہوئے۔
**اُٹھتے اٹھلتے**۔ صبح حوائج ضروریہ سے فارغ ہوتے ہوئے (۲) خرچ ہو ہوا کر۔
**اُٹھتے بیٹھتے**۔ (۱) گرتے پڑتے افتاں خیزاں (۲) ٹھہر ٹھہر کر۔ بڑی دقت سے (۳) ہر وقت۔ اکثر و بیشتر۔
**اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات**۔ [مثل] ہر وقت بے عزّتی۔ نہایت ذلّت و خواری کا برتاؤ۔
**اُٹھ جانا**۔ (اُٹھ۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چلا جانا۔ رخصت ہو جانا (۲) مر جانا۔ (۳) خرچ ہو جانا۔ (۳) جاتا رہنا۔ عمل یا حکومت بدل جانا۔
**اُٹھ رہنا**۔ [ہ۔ مص] ملتوی رہنا۔

**اُٹھ سکنا**۔ [ہ۔ مص] لیٹے سے بیٹھ سکنا۔ کھڑا ہو سکنا۔ برداشت ہو سکنا۔ متحمل ہو سکنا۔
**اُٹھ کر پانی نہیں پیا جانا**۔ [مثل] بے حد کاہل یا نہایت ضعف اور ناتوانی کے موقع پر بولتے ہیں۔
**اُٹھ کھڑا ہونا**۔ (۱) چلنے کو تیار ہونا (۲) قائم ہونا۔ برپا ہونا (۳) اُبھرنا۔ دفعتہً کسی مرض کا پیدا ہونا (۴) لڑنے کو تیار ہونا۔ (۵) بیماری سے صحت پانا۔
**اَٹھ کھیل**۔ (اَٹھ۔ کھیل) [ق۔ ا۔ مث] اٹھکیلی۔ دل لگی۔ مذاق۔
**اِٹھلانا**۔ (اِٹھ۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) اترانا (۲) چونچلا کرنا۔ نخرہ کرنا (۳) مستی دکھانا (۴) چھیڑنے کے لیے جان بوجھ کر انجان بننا۔ اغماض کرنا۔
**اِٹھلاہٹ**۔ (اِٹھ۔ لا۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ناز۔ نخرہ۔ غمزہ (۲) ٹھسک۔ ٹھسکا۔
**اُٹھلو**۔ (اُٹھل۔ لو) [ہ۔ صف] ایک جگہ پر نہ رہنے والا۔ جم کر کام نہ کرنے والا۔
**اُٹھنا**۔ (اُٹھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کھڑا ہونا۔ ایستادہ ہونا (۲) اونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ اُبھرنا (۳) جاگنا۔ بیدار ہونا (۴) آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا (۵) چلنا۔ نکلنا۔ روانہ ہونا (۶) برپا ہونا (۷) دوکان یا مکان چھوڑنا۔ خالی کرنا۔ شروع کرنا (۸) نشوونما پانا (۹) حاصل ہونا (۱۰) اڑنا۔ پرواز کرنا۔ (۱۱) گھوڑی وغیرہ کا مست ہونا (۱۲) خرچ ہونا (۱۳) موقوف ہونا۔ (۱۴) پڑھا جانا (۱۵) نقش ہونا۔ ٹھپہ ہونا (۱۶) زمین کا اجارہ پر ہونا۔ ٹھیکہ ہونا (۱۷) تربیت یافتہ ہونا (۱۸) اچار کا ترشی پر آ جانا۔ کھٹا ہونا (۱۹) مرنا۔ فوت ہونا (۲۰) سوار ہونا (۲۱) تمام ہونا۔ تیار ہونا۔ کام سمٹنا (۲۲) جیسے درد وغیرہ اُٹھنا۔
**اُٹھنا بیٹھنا**۔ نشست و برخاست رکھنا۔ صحبت رکھنا۔
**اُٹھ نہ سکنا**۔ (۱) کھڑا نہ ہو سکنا (۲) برداشت نہ ہو سکنا (۳) جواب نہ بن پڑنا۔
**اٹھنّی**۔ (اَ۔ ٹھن۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] آٹھ آنے کا چاندی کا سکہ۔ آدھا روپیہ پچاس پیسے کا سکہ۔
**اُٹھنے آنا**۔ (اُٹھ۔ نے۔ آ۔ نا) [ہ۔ مص] آشوب کرآنا۔
**اُٹھوانا**۔ (اُٹھ۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کھڑا کروانا۔ کسی جگہ سے نکلوانا۔ (۲) تعمیر کروانا۔ (۳) خرچ کروانا۔
**اُٹھواڑا**۔ آٹھواڑہ۔ (ہ۔ مذ) ایک ہفتہ۔ آٹھ دن۔
**اُٹھوال**۔ (ہ۔ صف) اُٹھا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔
**اَٹی**۔ (اَٹ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] اٹیرن پر لپیٹا ہوا اون یا سوت۔ لچھا۔ (۲) پولا۔ گٹھا۔ گیہوں کی بالوں کا مٹھا۔ (۳) پگڑی۔
**اٹیرن**۔ (اَ۔ ٹے۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سوت کی انٹی بنانے کا آلہ (۲) دُبلا پن (۳) پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک پیچ کا نام (۴) گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔
**اٹیرن پھیرنا**۔ گھوڑے کو کاوا دینے کا ایک طریقہ۔ دُہرا کاوا۔ یہ چکر اس لچھے سے مشابہ ہوتا ہے جو اٹیرن سے اُترتا ہے۔
**اٹیرن کر دینا**۔ کشتی میں داؤ پیچ جس سے آدمی چکرا جائے (۲) دم نہ لینے دینا۔
**اٹیرن ہونا**۔ (۱) بڑی نکل آنا۔ بہت دُبلا ہو جانا (۲) گھوڑے کو چابک مار کر چکر دینے کی ایک شکل۔
**اٹیرنا**۔ (اَ۔ ٹیر۔ نا) [ہ۔ مص] اٹیرن سے سوت کی انٹی بنانا۔ سوت لپیٹنا۔



Marfat.com

## ا۔ث

**اَثاث**۔ (ع۔مذ) اَثاثہ کی جمع۔ سامان۔ سرمایہ۔ زیور (۲) زیادہ ہونا۔
**اَثاثُ البَیت**۔ (اَ۔ثا۔ثُل۔بَیت) [ع۔ا۔مذ] اسباب خانہ داری۔ گھر کا سامان۔ منقولہ جائداد۔
**اَثاثَہ**۔ (اَ۔ثا۔ثَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا (۲) سرمایہ۔ اسباب کپڑا لتّا وغیرہ۔ سامان جو جمع کیا ہوا ہو۔ جمع: اثاث
**اَثارت**۔ (اَ۔ثا۔رَت) [ع۔مث] کسی کیفیت کا بقیہ نشان۔
**اَثالب**۔ (اَ۔ثا۔لِب) [ع۔مذ] ثعلب کی جمع۔ وہ مکان جو عربوں نے پہاڑوں کو کھود کر بنائے تھے اور ان میں نقش و نگار کیے جاتے تھے۔
**اِثبات**۔ (اِث۔بات) [ع۔ا۔مذ] (۱) ابطال کی ضد۔ ثبوت۔ دلیل۔ تصدیق (۲) نقش بنانا (۳) قیام۔ بحال (۴) استقامت
**اثباتِ جُرم**۔ جُرم ثابت ہونا۔
**اثبات کو پہنچنا**۔ (محاورہ) ثبوت فراہم کرنا۔ ثابت ہو جانا۔
**اَثَر**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) سنّتِ نبویؐ۔ حدیث کی قسموں میں سے ایک قسم (۲) تاثیر (۳) نشان۔ زخم کا داغ (۴) کھنڈر (۵) کھوج (۶) نتیجہ۔ فائدہ۔ جمع: آثار۔ اثرات (۷) آسیب کا سایہ۔
**اثر آنا**۔ (محاورہ) تاثیر پیدا ہونا۔
**اثر آنے لگنا**۔ تاثیر ہونا شروع ہو جانا۔
**اثر اُتارنا**۔ (محاورہ) نشہ اُتارنا۔ آسیب دُور کرنا۔
**اثر بخشنا**۔ تاثیر پیدا کرنا۔
**اثر پڑنا**۔ اثر ہونا۔ متاثر ہونا۔
**اثر پزیر**۔ (پذیر) اثر قبول کرنے والا۔
**اثر دکھانا**۔ تاثیر پیدا کرنا۔
**اثر ڈالنا**۔ (محاورہ) (۱) تاثیر پیدا کرنا (۲) زور ڈالنا۔ متاثر کرنا۔
**اثر رکھنا**۔ (محاورہ) اپنی ذات میں کسی طرح کی خاصیت رکھنا (۲) با اثر ہونا۔ تاثیر رکھنا (۳) قابو رکھنا۔
**اثر کرنا**۔ (محاورہ) خاصیت کا فعل صادر ہونا۔ تاثیر ہونا (۲) سرایت کرنا۔ پیٹھنا۔ گھسنا (۲) رنگ جمانا۔
**اثر کھلنا**۔ (محاورہ) تاثیر ظاہر ہونا۔
**اثر ہونا**۔ (محاورہ) تاثیر ہونا۔ رنگ جمنا (۲) سمجھ میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔
**اَثری**۔ (ع۔صف) آثارِ قدیمہ سے متعلق۔ تاریخی۔
**اَثقال**۔ (اَث۔قال) [ع۔ا۔مذ] ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ وزن۔
**اِثم**۔ (ع۔مذ) بکسرِ اوّل و سکونِ ثانی و ثالث۔ گناہ۔ معصیت۔ اخلاقی یا مذہبی جرم۔
**اَثمار**۔ (اَث۔مار) [ع۔ا۔مذ] ثمر کی جمع۔ پھل۔ خوشے۔ میوے۔
**اُثمد**۔ (اُث۔مِد) [ع۔ا۔مذ] سُرمہ کا پتھر۔
**اَثنا**۔ (اَث۔نا) [ع] وقفہ۔ درمیان۔ بیچ۔ دوران۔
**اثنائے تجویز**۔ تحقیقات کے دوران میں۔
**اثنا عشر** (اِث۔نا۔عَ۔شَر) [ع۔صف] بارہ۔ اصطلاحاً بارہ امام علیہم السلام
**اثنا عشری**۔ اثنا عشریہ۔ شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کو مانتا ہے۔ امامیہ۔
**اِثنان**۔ (اِث۔نان) [ع۔صف] دو کا عدد۔ دوسرا۔
**اِثنَین**۔ (اِث۔نَین) [ع۔صف] دو۔
**اَثیر**۔ (اَ۔ثیر) [ع۔صف] (۱) عالی۔ بلند۔ آسمان (۲) ایتھر
**اَثیم**۔ (اَ۔ثیم) [ع۔صف] گنہگار۔ عاصی۔ مجرم۔ خاطی۔

## ا۔ج

**اجابت**۔ (اِ۔جا۔بت) [ع۔ا۔مث] (۱) جواب دینا۔ قبولِ دُعا۔ مقبولیت (۲) رفع حاجت (۳) پاخانہ۔ براز۔
**اجابت ہونا**۔ (محاورہ) فضلہ خارج ہونا۔ پاخانہ آنا۔
**اَجاتی**۔ (اَ۔جا۔تی) [س۔صف] قوم سے باہر۔ قوم سے نکالا ہوا۔
**اِجارَہ**۔ (اِ۔جا۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) کسی چیز کی تجارت پر بلا شرکت غیرے قبضہ (۲) اُجرت پر دینا (۳) کرایہ۔ ٹھیکہ (۴) دعویٰ۔ حکومت۔ قبضہ۔ قابو۔ اختیار۔ جمع: اجارات۔
**اجارہ اُجاڑا**۔ ٹھیکے کا کام خراب ہوتا ہے۔
**اجارہ باندھنا**۔ قبضے میں لانا۔ قبضہ کرنا۔ (۲) ٹھیکے پر لینا (۳) اُجرت پر مزدوروں کی خدمات حاصل کرنا۔
**اجارہ دار**۔ (۱) وہ شخص یا ادارہ جس کو کسی چیز کی تجارت کا بلا شرکت غیرے حق حاصل ہو (۲) ٹھیکہ دار (۳) کرایہ پر لینے والا۔
**اجارہ داری**۔ کسی تجارت پر بلا شرکت غیرے قبضہ۔ مکمل قبضہ۔ ٹھیکیداری۔
**اجارہ کار**۔ زمین یا مکان وغیرہ کو کرایہ پر دینے والا۔
**اجارہ کرنا**۔ (محاورہ) (۱) ٹھیکے پر کوئی کام ٹھہرانا (۲) ذمّے لینا (۳) ٹھیکہ لینا۔
**اجارہ کیا ہے**۔ (محاورہ) قابو نہیں ہے۔ کچھ دعویٰ نہیں ہے۔
**اجارے لینا**۔ ٹھیکے پر لینا۔
**اُجاڑ**۔ (اُ۔جاڑ) [ہ۔صف] ویران۔ غیر آباد۔ جنگل۔ آباد کی ضد۔
**اُجاڑ صورت**۔ بدصورت۔ بدنما۔
**اُجاڑ کا**۔ ویرانے کا۔
**اُجاڑنا**۔ (اُ۔جاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ویران کرنا۔ برباد کرنا (۲) مسمار کرنا۔ ڈھانا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا (۳) اکھاڑنا۔ (۴) ضائع کر دینا۔
**اُجاڑُو**۔ (اُ۔جا۔ڑو) [ہ۔صف] برباد کرنے والا۔ کھاؤ۔ لٹاؤ۔
**اِجازت** (اِ۔جا۔زت) [ع۔ا۔مث] حکم۔ ارشاد۔ پروانگی۔ منظوری۔ کسی پیر کا اپنے مُرید کو وظیفہ پڑھنے کا اختیار دینا۔
**اجازت طلب**۔ اجازت چاہنے والا۔
**اجازت نامہ**۔ وہ تحریر جس کے ذریعے کسی بات کی اجازت دی گئی ہو۔ سند۔ پٹہ۔
**اِجازَہ**۔ (اِ۔جا۔زہ) [ع۔ا۔مذ] پروانہ راہداری۔
**اُجاغ**۔ (اُ۔جاغ) [ت۔ا۔مذ] چولھا۔ دیگدان۔
**اُجاگر**۔ (اُ۔جا۔گر) [ہ۔صف] (۱) روشن۔ تاباں۔ درخشاں (۲) ظاہر۔ عیاں
**اُجالا**۔ (اُ۔جا۔لا) [ہ۔ا۔مذ] نُور۔ روشنی۔ چمک۔



Marfat.com

اُجالا ہونا - (۱) روشنی ہونا - دن نکلنا (۲) لُٹ جانا - صفایا ہو جانا - کچھ باقی نہ رہنا۔
اُجالے کا پہرا - پچھلی رات کا پہرہ جو صبح کو شروع ہوتا ہے۔
اُجالے کا تارا - صبح کا ستارا - زہرہ۔

**اُجالنا** - (اُ - جال - نا) [ہ - مص] چمکانا - جلا کرنا - صاف کرنا - نکھارنا - زیور کا میل نکالنا - صیقل کرنا۔

**اَجان** - (اَ - جان) [ہ - صف] (۱) اَن جان - نہ جاننے والا - ناسمجھ (۲) نہ جانا ہُوا۔

**اَجانب** - (اَ - جا - نِب) [ع - ا - مذ] اجنب کی جمع - بیگانے - اجنبی لوگ

**اِجبار** - (اِج - بار) [ع - مذ] جبر - زبردستی (۲) مجبوری۔

**اُجبک** - (اُج - بَک) [ت - ا - مذ] اُردو میں بگڑا ہوا اصل ازبک ہے (۱) ترکوں کی ایک قوم (۲) اُجڈ - بے وقوف - اناڑی۔

**اِجتماع** - (اِج - تِ - ماع) [ع - ا - مذ] مجمع - بھیڑ - اکٹھا ہونا - سمٹنا - جمع ہونا
جمع: اجتماعات۔

**اجتماعِ ضدین - اجتماعِ نقیضین** - دو مخالف چیزوں کی یک جائی۔

**اِجتماعی** - (اِج - تِ - ما - عی) [ع - صف] منسوب بہ اجتماع - پورے طور پر - مجموعی طور پر۔

**اِجتماعیت** - (اِج - تِ - ما - عی - یَت) [ع - ا - مث] (۱) ایک جگہ اکٹھا ہونا (۲) ایک نظریہ جس کی رُو سے ملکیت انفرادی نہیں اجتماعی ہونی چاہیئے۔

**اِجتناب** - (اِج - تِ - ناب) [ع - ا - مذ] (۱) پہلو بچانا - پرہیز کرنا (۲) بچاؤ - کنارہ - علیحدگی - پرہیز - گوشہ گیری۔

**اِجتہاد** - (اِج - تِ - ہاد) [ع - ا - مذ] (۱) جدوجہد - کوشش کرنا - ٹھیک راہ ڈھونڈنا (۲) بہت سوچنا - غور و خوض سے کسی مسئلہ کا حل کرنا (۳) ایجاد - نئی بات پیدا کرنا (۴) فقہ اسلامی کی اصطلاح میں قرآن و حدیث اور اجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا اخذ کرنا - جمع: اجتہادات۔

**اِجداد** - (اَج - داد) [ع - ا - مذ] جد کی جمع - باپ - دادا - بُزرگ۔

**اُجڈ** - (اُ - جَڈ) [ہ - صف] (۱) گنوار - بے وقوف (۲) جاہل مطلق - ہندی اکھڑ۔
اُجڈپن - بے ہُودہ پن - گنوارپن۔

**اَجر** - (ع - ا - مذ) نیک کام کا عوض - ثواب - بدلہ - پھل - اُجرت - مزدوری
اجر جائز - قانوناً جائز محنتانہ۔
اجر غیر ممنون - بے نقصان ثواب - ایسا بدلہ جس پر احسان نہ جتایا جائے۔

**اِجرا** - (اِج - را) [ع - ا - مذ] جاری کرنا - شروع کرنا - کام چلانا۔
اجرائے ڈگری - ڈگری کا جاری کرنا
اجرائے سمن - گواہ کے نام طلبی کے واسطے سمن جاری کرنا۔

**اَجرام** - (اَج - رام) [ع - ا - مذ] جِرم کی جمع - جسم - ستاروں اور جواہرات کے جسم۔
اجرامِ فلکی - سُورج - چاند - ستارے اور سیارے وغیرہ۔

**اُجرت** - (اُج - رَت) [ع - ا - مث] مزدوری - کام کا عوض - حق الخدمت۔
اُجرتِ خالص - نقد مزدوری - کسی کام کا عوض نقدی کی صورت میں۔

**اُجرتی** (اُ - ج - ر - تی) [ع - صف] اُجرت پر کام کرنے والا - مزدوری کا کام۔

**اُجڑا** - (اُج - ڑا) [ہ - صف] (۱) ویران - برباد (۲) لُٹا پٹا (۳) خانہ خراب۔
اجڑا بچھڑا - لُٹا پٹا - برباد شدہ - ویران۔

اُجڑا گھر بسا دینا - (۱) غیر آباد اور پریشان حال کو آباد اور مطمئن کر دینا (۲) رنڈوے کا نکاح کرا دینا۔
اُجڑا گھر بس گیا - (۱) گھر میں رونق ہوگئی - گھر میں چہل پہل ہوگئی (۲) رنڈوے کا نکاح ہوگیا (۳) بے اولاد کے ہاں بچہ پیدا ہونے پر کہتے ہیں۔

**اُجڑ جانا** - (اُجڑ - جانا) [ہ - مص] لُٹ جانا - برباد ہو جانا - ویران ہو جانا۔

**اُجڑ گیا** - (اُ - جڑ - گ - یا) [اُ - صف] اجڑا - تباہ ہوگیا۔

**اُجڑنا** - (اُ - جڑ - نا) [ہ - مص] (۱) ویران ہونا - (۲) تباہ ہونا (۳) اکھڑنا - پامال ہونا (۴) مٹ جانا - غارت ہونا۔

**اُجڑی** - (اُج - ڑی) [ہ - صف] (۱) تباہ - برباد (۲) تباہ ہوگئی - برباد ہوگئی۔
اُجڑی بات - کسی بات کی بابت بیزاری اور تحقیر سے کہتے ہیں۔
اُجڑی نگری سُونا دیس - (مثل) ویران - تباہ شدہ جگہ۔
اُجڑے گاؤں سے کیا ناتا - (مثل) جس جگہ رہنا چھوڑ دیا پھر وہاں سے کیا واسطہ
اُجڑے گھر کا بلینڈا - (مثل) جہاں سارا گھر تباہ ہو جائے اور ایک نکما آدمی رہ جائے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

**اَجزا** - (اَج - زا) [ع - ا - مذ] جُز کی جمع - حصے - ٹکڑے۔
اجزائے ترکیبی - جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو۔
اجزائے متناسبہ - وہ اجزا جو اجتماعی صورت میں تناسب کے لحاظ سے موزوں ہوں اور اُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی نہ پائی جائے۔

**اَجساد** - (اَج - ساد) [ع - ا - مذ] جسد کی جمع - بہت سے جسم۔

**اَجسام** - (اَج - سام) [ع - ا - مذ] جسم کی جمع - بہت سے جسم - تن۔

**اَجگر** - (اَج - گر) [ہ - ا - مذ] (۱) اژدہا - بہت بڑا سانپ - بھاری یا نہایت وزنی سانپ (۲) بڑی بھاری چیز۔
اجگر کے داتا رام - [مثل] جو چلنے پھرنے اور کام کرنے سے مجبور ہیں انھیں خدا دیتا ہے - کاہل کو بھی اللہ روزی دیتا ہے۔

**اَجَل** - (اَجَل) [ع - ا - مث] (۱) وقت (۲) موت - مرگ - قضا - جمع: آجال
اجل تو کہیں سر پر سوار نہیں ہے - موت نے تو کہیں نہیں گھیرا ہے۔
اجل رسیدہ (گرفتہ) وہ شخص جس کی موت آئی ہو - جان ہار - موت کے پھندے میں پھنسا ہُوا۔
اجل سر پر سوار ہے - خطرناک کام کرنے لگا ہے - موت کو دعوت دے رہا ہے
اجل سر پر کھڑی ہے - موت کا وقت بہت قریب ہے۔
اجل سر پر کھیلنا - موت کا آ پہنچنا - ایسا کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو۔
اجل طبعی - طبعی یا فطری موت - حادثے کی موت کی ضد۔
اجل کا پیغام آنا - مرنے کا وقت قریب آ جانا - مرنے کے آثار ظاہر ہونا۔
اجل کا تمانچہ - اجل کا تھپیڑا - مہلک ضرب - مہلک مرض۔
اجل کے مُنہ سے پھرنا - مہلک مرض سے نجات پانا - کسی بلائے ناگہانی سے بچ جانا۔

**اَجَل** - (اَ - جَل) [ع - صف] بہت بُزرگ - بڑا ذی شان - جلیل القدر۔

**اُجلا** - (اُج - لا) [ہ - صف] (۱) صاف ستھرا - سفید - میلا کی ضد (۲) دھوبی۔



Marfat.com

اُجلاپن ۔ صفائی ۔ چمک ۔ روشنی ۔ رونق ۔
اُجلا کارخانہ ۔ خوش سلیقگی اور خوش انتظامی سے گھر کی رونق اور ظاہر درست ہونا۔
اُجلا کام ۔ صاف کام جس میں گنجلک اور کسی قسم کی ابتری نہ ہو۔
اُجلا مُنہ ۔ (۱۔ مذ) سرخرو ۔ بے گناہ ۔
اِجْلَاس ۔ (اِج ۔ لاس) [ع ۔ ا ۔ مذ] حاکم کے بیٹھنے کی جگہ ۔ کچہری ۔ دربار ۔ جلسہ ۔ اجتماع ۔ نشست ۔
اجلاس کرنا ۔ دربار کرنا ۔ کچہری کرنا ۔
اَجْلَاف ۔ (اَج ۔ لاف) [ع ۔ ا ۔ مذ] جلف کی جمع ۔ کمینے ۔ سفلے ۔ شُودر ۔ ذلیل پیشوں کے لوگ ۔ اشراف کی ضد ۔
اِجلال ۔ (اِج ۔ لال) [ع ۔ ا ۔ مذ] بزرگی ۔ شان و شوکت ۔ عظمت ۔
اَجِلّہ ۔ (اَ ۔ جِلْ ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] جلیل کی جمع ۔ بڑے لوگ ۔
اُجلی ۔ (اُج ۔ لی) [ہ ۔ صف] (۱) اچھی ۔ سفید ۔ نرمل ۔ صاف (۲) دھوبن ۔
اُجلی سمجھ ۔ فہم رسا ۔ بات کی تہہ کو جلد پہنچنے والی سمجھ ۔
اُجلی طبیعت ۔ طبع رسا ۔ سلجھی ہُوئی طبیعت ۔
اُجلی گزران ۔ خوش گزران ۔ اچھی خوراک اور اچھے لباس سے بسر کرنا ۔
اِجماع ۔ (اِج ۔ ماع) [ع ۔ ا ۔ مذ] جمع کرنا ۔ اکٹھا ہونا ۔ اتفاق رائے (فقہ) مسلمان مجتہدین کا کسی امر شرعی پر متفق ہو جانا ۔
اِجمال ۔ (اِج ۔ مال) [ع ۔ ا ۔ مذ] کھول کر کہنا اختصار کے ساتھ کہنا (۲) ابہام ۔
اِجمالی ۔ (اِج ۔ مالی) [ع ۔ صف] (۱) مشترکہ جس میں حصّہ کشی نہ کی گئی ہو (۲) مبہم ۔ گول ۔ مختصر ۔ سرسری ۔ چھچھلتی ہُوئی نظر ۔
اَجمَل ۔ (اَج ۔ مَل) [ع ۔ صف] بہت خوبصورت ۔ حسین و جمیل ۔
اَجناس ۔ (اَج ۔ ناس) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جنس کی جمع ۔ غلّہ (۲) چیزیں ۔ اشیا ۔
اَجنَبی ۔ (اَج ۔ نَ ۔ بی) [ع ۔ صف] (۱) پردیسی ۔ غیر دلیس کا مسافر (۲) ناآشنا ۔ ناواقف ۔ غیر ۔ وہ شخص جس سے جان پہچان نہ ہو ۔ بیا ۔ انجان ۔ جمع : اجانب
اَجنَبِیَّت ۔ (اَج ۔ نَ ۔ بی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] بیگانگی ۔ غیریت ۔ واقفیت نہ ہونا ۔
اَجنِحَہ ۔ (اَج ۔ نِ ۔ حَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] جناح کی جمع ۔ پر ۔ بازو ۔
اَجوائن ۔ (اَج ۔ وا ۔ ان) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک دوا کا نام ۔
اُجُورَہ ۔ (اُ ۔ جُو ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] مزدوری ۔ کام کا معاوضہ ۔ اُجرت ۔ حق المحنت ۔ کرایہ
اَجوَف ۔ (اَج ۔ وَف) [ع ۔ صف] (۱) کھوکھلا ۔ خالی پیٹ (۲) صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے عین کلمے میں حرف علت (و ۔ ا ۔ ی) ہو ۔
اُچھالنا ۔ (اُ چھال ۔ نا) [ہ ۔ مص] اُنڈیلنا ۔ ایک برتن سے کوئی شئے دوسرے برتن میں ڈالنا ۔
اُجھڑ ۔ (اُج ۔ جھڑ) [ہ ۔ صف] جھگڑالو ۔ بات بات پر تکرار کرنے والا ۔
اَجْہَل ۔ (اَج ۔ ہَل) [ع ۔ صف] بڑا جاہل ۔ بہت ہی اُجڈ ۔ نہایت بے وقوف ۔
اُجھینا ۔ (اُجھے ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چُولھے میں اُپلے جوڑنے کا ایک طریقہ ۔ دُودھ وغیرہ کی ہانڈی کے نیچے ایک بار اُپلے لگا دینا جو اس کے پکنے تک کفایت کریں ۔
اَجی ۔ (اَ ۔ جی) اے جناب ۔ اے حضرت ۔ اے صاحب
اجی بس ۔ اے صاحب رہنے دیجئے ۔ حضرت ۔ ختم بھی کیجیے ۔
اُجیالا ۔ (اُج ۔ یا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] روشنی ۔ رونق ۔ چمک ۔

اُجیالی ۔ (اُج ۔ یا ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) اجیالا کی تانیث (۲) گھوڑے کی اندھیری ۔
اَجِیت (اَ ۔ جِیت) [ہ ۔ صف] (۱) غیر مفتوح (۲) جسے کوئی جیت نہ سکے ۔ ناقابل فتح (۳) نہایت زبردست (۴) نہایت مضبوط ۔
اَجِیٹَن ۔ انگریزی لفظ (Adjutant) ایڈجوٹینٹ کا اردو بنایا ہُوا [ا ۔ مذ] (۱) فوجی عہدے کا نام (۲) سارس کی قسم کا ایک پرندہ ۔
اَجِیر ۔ (اَ ۔ جِیر) [ع ۔ ا ۔ مذ] مزدوری پر کام کرنے والا ۔ مزدور ۔ محنتی ۔
اَجِیرَن ۔ (اَ ۔ جی ۔ رَن) [ہ ۔ صف] (۱) ناگوار ۔ بارِ خاطر ۔ دُوبھر (۲) وہ بات جس سے طبیعت اُکتا جائے ۔ وہ کام جو مشکل سے تمام ہو (۳) بدہضمی ۔
اجیرن کو اجیرن ہی جھیلے نہیں تو سر جوتے کھیلے [مثل] طاقت والے کا مقابلہ طاقت والا ہی کر سکتا ہے اگر کمزور کرے گا تو مارا جائے گا ۔
اجیرن ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ ناپسند ہونا ۔ سخت یا دشوار ہونا ۔ دُوبھر ہونا ۔

## ا ۔ چ

اُچاپَت ۔ (اُ ۔ چا ۔ پَت) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دُکاندار سے قرض کا لین دین (۲) شور و غل ۔ گو و پکار ۔
اُچاپت اُٹھانا ۔ (۱) اُدھار سودا دینا (۲) مشکل کام انجام دینا ۔
اچاپت اُٹھنا ۔ (۱) اُدھار سودا بِکا جانا (۲) دشوار کام انجام دیا جانا ۔
اُچاپَتی ۔ (اُ ۔ چا ۔ پَ ۔ تی) [ہ ۔ صف] اُدھار لین دین ۔ فسوخ اور شریر ۔
اُچاٹ ۔ (اُ ۔ چاٹ) [ہ ۔ صف] بیزار ۔ برداشتہ خاطر ۔ اُکتایا ہُوا ۔ اُداس اکھڑا ہونا ۔
اُچاٹ دینا ۔ اُچاٹ کر دینا ۔ اُکھاڑ دینا ۔ کسی کو برگشتہ خاطر کر دینا ۔
اُچاٹ ہونا ۔ (۱) دل ہٹ جانا ۔ برداشتہ خاطر ہو جانا (۲) نیند اُڑ جانا ۔
اُچاٹنا ۔ (اُ چاٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] برداشتہ خاطر کرنا ۔ دل ہٹانا (۲) بیزار کرنا ۔
اَچار ۔ (اَ ۔ چار) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کسی پھل یا ترکاری کا مرکب جسے تیل ۔ سرکے یا پانی اور مسالے سے تیار کیا جائے ۔
اَچار اُٹھنا ۔ اَچار کا ترش ہو کر تیار ہو جانا ۔
اچار پڑنا ۔ اچار بننا ۔ پھل وغیرہ کا سرکے ، پانی یا تیل میں گلنے اور ترش ہونے کے لیے ڈالا جانا ۔
اچار ڈالنا ۔ (۱) اچار بنانا (۲) بے ضرورت کسی چیز کو مدت تک رکھ چھوڑنا کسی شخص کو زیادہ دیر تک بٹھلانا ۔
اچار کر دینا ۔ بہت پیٹنا ۔ مارتے مارتے صورت بگاڑ دینا ۔
اچار (نکال دینا) نکالنا ۔ خوب مارنا ۔ بے انتہا مارنا ۔
اچار نکلنا ۔ بہت خراب حالت ہونا ۔
اچار ہو گئے ۔ بُری حالت ہو گئی ۔ صورت بگڑ گئی ۔ اصلی حالت باقی نہ رہی ۔
اَچارج ۔ (اَ ۔ چا ۔ رج) [ہ ۔ ا ۔ مذ] معلّم ۔ استاد ۔ ادیب ۔ دیکھیے اچاریہ
اُچانا ۔ (اُ ۔ چا ۔ نا) [ہ ۔ مص] اُونچا کرنا ۔ اُٹھانا ۔ بلند کرنا ۔
اَچانک ۔ (اَ ۔ چا ۔ نک) [ہ ۔ صف] (۱) یکایک ۔ ناگاہ ۔ یک بیک ۔ ناگہاں ۔ دفعتہً ۔ یکبارگی ۔ ایکا ایکی (۲) نامعلوم ۔



Marfat.com

**اَچپَل** - (اَچ۔پَل) [ہ۔صف] (۱) چنچل۔ چلبلا۔ وہ شخص جو نچلا نہ رہے۔ شوخ۔ طرار (۲) تیز۔ چالاک (۳) مضطر۔ بے قرار۔

**اَچپلا** - (اَچ۔پَ۔لا) [ہ۔صف] شوخ۔ چلبلا۔ چنچل۔

**اَچپلاپن** - شوخی۔ ناز۔ کرشمہ۔ چلبلاپن۔

**اَچپلاہٹ** - (اَچ۔پَ۔لا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] (۱) شوخی۔ طراری۔ چنچل پن (۲) بے قراری۔ اضطراب۔

**اَچپلی** - (اَچ۔پَ۔لی) [ہ۔ا۔مث] شوخ۔

**اُچتی** - (اُ۔چَ۔تی) [ق] بے خیالی سے۔ نادانستہ۔

**اُچاٹنا** - (اُچ۔ٹا۔نا) [ہ۔مص] (۱) الگ کرنا۔ بکھیرنا۔ نوچنا (۲) پھیر اندھا کرنا۔ پھینکنا۔ بیزار کرنا۔ رنجیدہ کرنا (۳) بھڑکانا۔ بدکانا (۴) اُچاٹنا کسی کے ربط میں فرق ڈالنا۔ بہکا کر جُدا کروا دینا۔ اُکھیڑ دینا (۵) نشانے پر نہ لگنے دینا (۶) اُڑانا۔ دور کرنا (۷) منتشر کرنا۔

**اُچٹتا** - (اُچٹ۔تا) [ہ۔صف] اُدھورا۔ ناتمام۔ سرسری۔ نشانے پر نہ بیٹھنے والا۔

اچٹتا سا - اُدھورا سا۔ نشانے پر نہ لگتا ہوا۔

اچٹتا ہوا - اُدھورا۔ سرسری۔ جیسا چاہئے ویسا نہ ہو۔

**اچٹتی ہُوئی باتیں** - (محاورہ) سرسری باتیں۔ دل کو نہ لگنے والی باتیں۔

**اُچٹ جانا** - (محاورہ) (اُچَٹ۔جا۔نا) [ہ۔مص] اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ اُچل جانا۔ پنچ جانا۔ بدک جانا۔

**اُچٹ کر پڑنا** - (اُچُٹ۔کَر۔پڑنا) پلٹ کر لگنا۔ اُلٹی آلگنا۔

**اُچٹنا** - (اُچَٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جمی ہُوئی چیز کا اُکھڑنا (۲) بھڑکنا۔ بدکنا (۳) ہٹنا۔ برداشتہ خاطر ہونا (۵) پورا ہاتھ نہ پڑنا (۶) نشانہ پر نہ لگنا۔ وار خالی جانا۔ بھرپور وار نہ پڑنا (۷) غائب ہونا (۸) بھڑکنا۔ اُکھڑنا۔

**اَچرج** - (اَچ۔رَج) [ہ۔ا۔مذ] اچنبھا۔ تعجب۔ حیرت۔ انوکھا۔

**اُچک** - (اُ۔چک) [ہ۔ا۔مث] (۱) اُبھار۔ بلندی (۲) جست۔ چھلانگ۔

اُچک پھاند - کُود پھاند۔ جست۔

اُچک جانا - (۱) کود جانا۔ پھاند جانا (۲) نشانہ خطا کر جانا۔

اُچک لے جانا - اڑا لے جانا۔ چھین کر لے جانا۔

اُچک لینا - اُڑا لینا۔ چھین لینا۔

**اَچکا** - (اَچ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] ڈور لپیٹنے کی چرخی۔ ہچکا۔

**اُچکّا** - (اُچک۔کا) [ہ۔صف] (۱) اُچک کر چیز لے بھاگنے والا آدمی (۲) بدمعاش لُچّا۔ اٹھائی گیرا۔ چور۔

اچکاپن - بدمعاشی۔ چوری۔ بدچلنی۔

**اچکا ہوا** - (اُچ۔کا۔ہُو۔آ) [ہ۔صف] (۱) پُرزور (۲) بلند عالی

**اَچکَن** - (اَچ۔کَن) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا مردانہ پہناوا۔ کوٹ کی ایک شکل شیروانی۔

**اَچکَن** - (اَچ۔کَن) [ہ۔ا۔مث] اینٹ پتھر وغیرہ کا وہ ٹکڑا جسے نیچے دے کر کسی چیز کو اونچا کرتے ہیں۔

**اُچکنا** - (اُچک۔نا) [ہ۔مص] (۱) اُچھلنا۔ کُودنا (۲) لپکنا۔ جھپٹنا (۳) لے اُڑنا۔ لے بھاگنا (۴) اوپر ہی اوپر لے لینا (۵) اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔

**اچکی ہوئی تقدیر** - خوش قسمت۔ بلند تقدیر۔

**اَچل** - (اَچل) [س۔صف] ٹھہرا ہوا۔ جو اپنی جگہ سے نہ چل سکے۔

**اچنبا۔ اچنبھا** - (اَ۔چم۔با) (اَ۔چم۔بھا) [ہ۔ا۔مذ] حیرت۔ تعجب۔ حیرانی۔

اچنبھا آنا۔ اچنبھا گزرنا۔ اچنبھا ہونا۔ حیرت ہونا۔ تعجب ہونا۔

اچنبھا دانہ - ایک قسم کی مٹھائی جو خشخاش کے دانوں پر شکر کا قوام چڑھا کر بنائی جاتی ہے۔ نُقل۔ خشخاش۔

اچنبھے کی بات - تعجب خیز بات۔

اچنبھے میں رہنا - تعجب میں رہنا۔ متحیر ہو جانا۔

**اَچنت** - (اَچِن۔ت) [صف] بے خیالی میں۔ اچانک (۲) بے فکر۔ مطمئن۔

**اَچُوک** - (اَ۔چُو۔ک) [ہ۔صف] (۱) جو نہ چُوکے۔ جو خالی نہ جائے۔ جو ٹھیک بیٹھے۔ جو صحیح نتیجہ دکھائے۔

**اَچھا** - (اَچھ۔چھا) [ہ۔صف] (۱) بُرا کی ضد۔ بہتر۔ مناسب۔ ٹھیک۔ درست (۲) تندرست۔ بے روگ (۳) بہت خوب (۴) مبارک۔ مسعود۔ نیک (۵) مفید۔ سزاوار۔ موافق (۶) (طنزاً) بے ڈھب۔ بُرا (۷) افضل۔ اعلیٰ۔ (۸) تسلی۔ اطمینان۔ دیکھا جائے گا (بُرائی کے لیے) سمجھے (۱۰) سُن لیا (تاکید یا تنبیہ کے لیے) (۱۱) اجازت ہے۔

اچھا بُرا - (۱) نیک و بد۔ بُرا۔ بھلا (۲) معمولی۔ جیسا ہو سکا۔

اچھا بھلا - تندرست۔ بھلا چنگا۔ بے عیب۔ صاف صاف۔ پُورا۔ سالم۔

اچھاپن - نیکی۔ بھلائی۔

اچھا خاصا - (۱) اچھا بچھا۔ صحیح سالم۔ بھلا چنگا۔ تندرست۔ بے عیب (۲) بہت ٹھیک۔ درست۔ جیسا چاہئے (۳) پُورا (۴) نمایاں۔ صاف صاف۔

اچھا رہنا - (محاورہ) مرضی کے موافق کام بن پڑنا۔ بڑھ کر رہنا (۲) تندرست رہنا۔

اچھا سلوک کیا - (محاورہ) (۱) نیک برتاؤ کیا۔ (۲) (طنزاً) بہت بُرا کیا اچھا نہیں کیا۔

اچھا کرنا - (محاورہ) بھلا کرنا۔ تندرست کرنا (۲) خوب کرنا۔ مناسب کرنا۔

اچھا کہنا - (محاورہ) (۱) تعریف کرنا۔ اچھے الفاظ سے یاد کرنا (۲) عمدہ شعر کہنا۔

اچھا کیا خدا نے بُرا کیا بندے نے - [مثل] خیر خدا کی طرف سے ہے اور شر انسان کی طرف سے۔

اچھا لگنا - (محاورہ) بھلا معلوم دینا۔ پسند خاطر ہونا۔

اچھا ہوا - (محاورہ) (۱) خوب ہوا۔ (۲) (طنزاً) بُرا ہوا۔

اچھا ہونا - (۱) تندرست ہونا (۲) مرضی کے موافق ہونا (۳) خوش خلق ہونا۔

اچھا ہی اچھا ہے - (محاورہ) ہر طرح آرام ہے۔ چین ہی چین ہے۔

اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں - [مثل] نیک لوگوں کی اولاد نیک ہی ہوتی ہے

اچھے آئے - (محاورہ) (۱) خوب آئے۔ خوب وقت پر آئے (۲) (طنزاً) واہ کیا کہنا۔

اچھے اچھوں - (۱) بڑے بُڈوں (۲) نامی گرامیوں (۳) بڑے امیروں یا زور آوروں۔

اچھے اچھے - (محاورہ) بڑے آدمی۔ ذی علم۔ دولت مند۔ حسین۔ اہلِ کمال۔ بہادر آدمی۔

اچھے بُرے میں چار اُنگل کا فرق ہے - [مثل] اچھے کام کرنے میں بُرے کام کرنے سے کچھ زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی ہے۔

اچھے جی سے - (محاورہ) خوشی سے۔ رضا و رغبت کے ساتھ۔ بلا اکراہ۔

اچھے حالوں گزرنا - (محاورہ) آرام سے بسر ہونا۔

اچھے دام - (ا۔مذ) مناسب۔ معقول۔ اندازہ سے زیادہ قیمت۔

اچھے دل سے - خوشی اور رغبت سے۔ محبت اور خلوص سے۔

اچھے دن آنا - (محاورہ) خوش اقبالی کے دن آنا۔ نصیب جاگنا۔



Marfat.com

اچھے رہے ۔ (۱) مزے میں رہے ۔ آرام سے رہے (۲) سبحان اللہ ۔ واہ ۔ کیا خوب
اچھے سے پالا پڑا ہے ۔ [مثل] بے ڈھب آدمی سے سابقہ ہوا ہے ۔
اچھے کو اچھا بُرے کو بُرا نظر آتا ہے ۔ [مثل] نیک کو بُرا بھی نیک نظر آتا ہے اور بد کو نیک بھی بد معلوم ہوتا ہے ۔
اچھے کی صحبت بیٹھیے کھایئے ناگر پان ۔ بُرے کی صحبت بیٹھیے کٹوایئے ناک اور کان ۔ [مثل] اچھے لوگوں کی صحبت سے فائدہ پہنچتا ہے اور بُروں کی صحبت سے نقصان ۔
اچھے گھر بیعانہ دیا ۔ [مثل] ایسے شخص سے معاملہ کیا ہے جس سے نفع کی جگہ نقصان ہی ہوگا ۔
اچھے وقت ۔ عین ضرورت کے وقت ۔ عین موقع پر ۔
اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے ۔ [مثل] ظاہر میں اچھے ہیں لیکن واسطہ پڑنے پر حقیقت معلوم ہوتی ہے ۔
اِچّھا ۔ (اِ ۔ چّھا) [ہ ۔ ا ۔ مث] خواہش ۔ چاہت ۔ مرضی ۔ آرزو ۔ تمنّا
اُچھالا ۔ (اُ ۔ چھا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جوش ۔ اُبال (۲) قے ۔ رَد ۔
اُچھال چھکا ۔ (اُ ۔ چھال ۔ چھک ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مث] فاحشہ ۔ چھنال ۔ بدکار عورت ۔
اُچھالنا ۔ (اُ ۔ چھال ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کسی چیز کو اوپر پھینکنا ۔ اُچکانا ۔ اُبھارنا ۔ (۲) ظاہر کرنا ۔ مشہور کرنا (۳) منتشر کرنا ۔ بکھیرنا ۔ (۴) شہرت دینا (۵) ایک طرف سے دوسری طرف پھینکنا (۶) اُبھارنا ۔ انگیختہ کرنا ۔
اچھائی ۔ (اچھ ۔ چھا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] اچھاپن ۔ خوبصورتی ۔ تندرستی ۔
اچھر ۔ (اچھ ۔ چھر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) حرف (۲) بول ۔ لفظ ۔ کلمہ ۔
اُچھل پڑنا ۔ (اُ ۔ چھل ۔ پڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] محبت، خوف یا خوشی کے مارے بے اختیار اپنی جگہ سے اچھل جانا ۔ غصّے میں آگ ہو جانا ۔ چونک اُٹھنا (۲) جست کرنا کود پڑنا (۳) شدید جذبہ کا اظہار کرنا ۔
اُچھل کود ۔ (اُ ۔ چھل ۔ کود) [ہ ۔ ا ۔ مث] کھیل کود ۔ چل چل ۔ چہلنا ۔
اُچھلنا ۔ (اُ ۔ چھل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) اُبھرنا (۲) دھڑکنا (۳) مرغ پلٹنا (۴) ناز و غرور کرنا ۔ کسی کے بل بوتے پر اترانا ۔ (۵) اوپر کی طرف جست کرنا کودنا (۶) دل کا دھڑکنا ۔ (۷) کناروں سے نکل پڑنا چھلکنا (۸) پانی کی سطح پر آ جانا (۹) غصّے کا اظہار کرنا ۔
اُچھلنا کودنا ۔ (۱) کود پھاند کرنا (۲) جوش میں آنا (۳) بہت غصہ ظاہر کرنا ۔
اُچھو ۔ (اُچھ ۔ چھو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کھانسی جو سانس کی نالی میں پانی وغیرہ جانے سے آنے لگتی ہے ۔ پھندا ۔
اُچھو آنا (ہونا) ۔ گلے میں پانی یا کھانے کا پھندا پڑنا ۔
اُچھوانی ۔ (اُچھ ۔ وا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا حریرہ جو زچہ کو دیا جاتا ہے ۔
اُچھوت ۔ (اُ ۔ چھوت) [ہ ۔ صف] (۱) بغیر چھوا ہوا ۔ کورہ ۔ تازہ (۲) [مذ] ہندوؤں میں وہ ادنیٰ قومیں جن کے ہاتھ کا چھوا کھانا یا پانی اونچی ذات کے ہندو استعمال نہیں کرتے ۔ شودر ۔ بھنگی ۔ چمار وغیرہ ۔
اُچھوتا ۔ (اُ ۔ چھو ۔ تا) [ہ ۔ صف] (۱) بغیر چھوا ۔ بے ہاتھ لگا (۲) محفوظ (۳) غیر مستعمل جوں کا توں ۔ بغیر برتا ہوا ۔ نیا (۴) نیاز نذر کا ۔ دیوی دیوتا کے نام کا ۔ پاک ۔ ستھرا (۵) انوکھا ۔ نرالا ۔ نادر (۶) تازہ ترین ۔ ان سنا (۷) کنوارا (۸) پارسا ۔ عفیف ۔

اُچھوتی ۔ (اُ ۔ چھو ۔ تی) [ہ ۔ صف] (۱) بغیر چھوئی ہوئی ۔ نذر نیاز کی (۲) وہ عورت جسے مرد نے ہاتھ نہ لگایا ہو ۔ کنواری ۔ نصیر الدین بادشاہ لکھنؤ کے زمانے میں وہ بن بیاہی عورتیں جو امام مہدی کی حرم بن جاتی تھیں اور شاہی دربار کی ملازم ہوتی تھیں (۳) عیسائی راہبہ
اَچھوتی کوکھ ۔ وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو ۔
اَچھی ۔ (اچھ ۔ چھی) [ہ ۔ صف] اچھا کی تانیث (۱) خوشامد اور پیار کا لفظ پیاری ۔ مہربان ۔ عمدہ ۔ خوب (۲) نیک ۔ بھلی ۔ (۳) بے عیب ۔ تندرست ۔
اچھی بات ہے ۔ [ہ ۔ صف] (۱) خوب بات ہے (۲) (طنزاً) نازیبا بات ہے نامناسب حرکت ہے ۔
اچھی چیز اپنے لیے آپ جگہ کر لیتی ہے ۔ [مثل] اچھی چیز خود اپنی قدر و منزلت کرا لیتی ہے ۔
اچھی خاصی ۔ بھلی چنگی ۔ تندرست ۔
اچھی دل لگی کی ۔ نازیبا مذاق کرنے یا دھوکہ دینے کی جگہ طنز سے کہتے ہیں ۔
اچھی راہ ۔ نیک صلاح ۔
اچھی طرح ۔ (۱) خاطر خواہ ۔ خوب جیسا چاہیے (۲) خیر و عافیت اور چین سے
اچھی کٹنا ۔ آرام و آسائش کے ساتھ بسر ہونا ۔ عزت و آبرو سے بسر ہونا ۔
اچھی کہی ۔ طنز و تعریض کا کلمہ ۔ اچھی بات نہیں ہے ۔

# ا ۔ ح

اَحَاد ۔ (اَ ۔ حَاد) [ع ۔ ا ۔ مذ] احد کی جمع ۔ اکائیاں ۔ ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے ۔
اَحَادث ۔ (ع ۔ مذ) حادثہ کی جمع ۔
اَحَادِیث ۔ (اَ ۔ حَا ۔ دِیث) [ع ۔ ا ۔ مث] حدیث کی جمع (۱) باتیں ۔ خبریں ۔ (۲) پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال ۔
اِحَاطَہ ۔ (اِ ۔ حَا ۔ طَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گھیرا ۔ حلقہ ۔ چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ (۲) پریزیڈنسی ۔ صوبہ ۔ سرکل (۳) گردہ ۔ منڈل (۴) دائرہ عمل و اختیار (۵) جامعیت (۶) حدود میں آنے اور لائے جانے کی صورت (۷) پھیلاؤ وسعت ۔
احاطہ کرنا ۔ (۱) گھیرنا ۔ حصار کرنا (۲) حد باندھنا ۔ محصور کر لینا (۳) کلیات و جزئیات کو پوری طرح جاننا یا سمجھنا ۔ (۴) پوری طرح محیط یا حاوی ہونے کی کیفیت ۔ جامعیت ۔
اَحِبّا ۔ (اَ ۔ حِبْ ۔ بَا) [ع ۔ ا ۔ مذ] حبیب کی جمع ۔ احباب ۔ دوست ۔ عزیز ۔ پیارے
اَحباب ۔ (اَح ۔ باب) [ع ۔ ا ۔ مذ] حبیب کی جمع ۔ بہت سے دوست ۔ یار ۔ آشنا ۔
اَحبار ۔ (اَح ۔ بار) [ع ۔ ا ۔ مذ] حبر کی جمع (۱) یہودیوں کے علماء (۲) عقلمند لوگ ۔
اِحْتِبَاس ۔ (اِح ۔ تِ ۔ باس) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) حبس ۔ روک (۲) بند ہونا رُکنا ۔
اِحْتِجَاب ۔ (اِح ۔ تِ ۔ جاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] چھپنا ۔ پردہ میں ہونا ۔ جمع احتجابات
اِحْتِجَاج ۔ (اِح ۔ تِ ۔ جاج) [ع ۔ ا ۔ مذ] اعتراض ۔ حجت ۔ انکار ۔ (انگ)



Marfat.com

(Protest) مخالفانہ آواز اُٹھانا۔ اظہارِ ناپسندیدگی کرنا۔

**احتداد**۔ (ع۔ مذ) حدت کی شدت۔ گرمی کی زیادتی۔

**احتراز**۔ (اِح۔ تِ۔ راز) [ع۔ ا۔ مذ] پرہیز۔ کنارہ کشی۔ بچاؤ۔ علیحدگی۔

**احتراق**۔ (اِح۔ تِ۔ راق) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) گرمی کی شدت (۲) جلن۔ سوزش جل جانے کی کیفیت (۳) (نجوم) کسی سیارے کے آفتاب کے ساتھ ایک برج میں ہونے کے سبب اُس کی شعاعوں میں چھپ جانا۔

**احترام**۔ (اِح۔ تِ۔ رام) [ع۔ ا۔ مذ] حرمت۔ عزت۔ توقیر۔ آؤ بھگت۔

**احتساب**۔ (اِح۔ تِ۔ ساب) [ع۔ ا۔ مذ] حساب۔ جانچ۔ پڑتال۔ آزمائش۔

**احتشام**۔ (اِح۔ تِ۔ شام) [ع۔ ا۔ مذ] شان و شوکت۔ دبدبہ۔ لاؤ لشکر۔

**احتضار**۔ (اِح۔ تِ۔ ضار) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حاضر آنا (۲) موت کا آنا۔

**احتظاظ**۔ (اِح۔ تِ۔ ظاظ) [ع۔ ا۔ مذ] لذت اٹھانا۔ مزہ پانا۔

**احتقار**۔ (ع۔ مذ) حقیر جاننا۔ تعارف۔

**احتکار**۔ (اِح۔ تِ۔ کار) [ع۔ ا۔ مذ] ناجائز ذخیرہ اندوزی۔ اجناس بازاری کو ذخیرہ کرنا۔ انگ۔ (Hoarding)

**احتلام**۔ (اِح۔ تِ۔ لام) [ع۔ ا۔ مذ] خواب میں ناپاک ہونا۔ خواب میں جماع کرنا۔ بدخوابی۔

**احتمال**۔ (اِح۔ تِ۔ مال) [ع۔ ا۔ مذ] شک و شبہ۔ وہم۔ گمان۔ جمع: احتمالات۔

**احتمالِ قانونی**۔ قانون کی رُو سے کوئی گمان یا قیاس۔

**احتیاج**۔ (اِح۔ تِ۔ یاج) [ع۔ ا۔ مث] حاجت۔ ضرورت۔ خواہش۔ چاہنا۔

**احتیاج بر آنا**۔ مطلب نکلنا۔ ضرورت رفع کرنا۔

**احتیاج رکھنا**۔ کسی چیز کی حاجت رکھنا۔ ضرورت ہونا۔

**احتیاج لانا**۔ کسی بات کی درخواست کرنا

**احتیاط**۔ (اِح۔ تِ۔ یاط) [ع۔ ا۔ مث] (۱) بچاؤ (۲) ہوشیاری۔ چوکسی (۳) دُور اندیشی (۴) توجہ۔ تجسّم (۵) روک تھام۔ ضبط (۶) بصیرت عاقبت اندیشی (۷) شیطان سے بچنا۔ حفاظت۔

**احتیاط برتنا**۔ (محاورہ) احتیاط سے کام لینا۔ دُور اندیشی سے کام لینا۔

**احتیاط رکھنا**۔ (محاورہ) دیکھ بھال کرنا۔

**احتیاطاً**۔ (اِح۔ تِ۔ یا۔ طن) [ع۔ صف] احتیاط کے طور پر۔ خبرداری سے۔ ہوشیاری سے۔ دُور اندیشی سے۔

**احجار**۔ (اِح۔ جار) [ع۔ ا۔ مذ] حجر کی جمع۔ پتھر۔

**اَحَد**۔ (اَ۔ حَد) [ع۔ صف] (۱) ایک۔ اکیلا۔ یگانہ۔ لاشریک (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔ جمع: احاد

**اُحُد**۔ (اُ۔ حُد) [ع۔ مذ] مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑ جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کفارِ مکہ میں جنگ ہوئی تھی۔

**احداث**۔ (اِح۔ داث) [ع۔ ا۔ مذ] نئی بات نکالنا۔

**احدی**۔ (اَ۔ حَ۔ دی) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) یکتا (۲) جلال الدین اکبر کے وہ ملازم جو مالگذاری وصول کرنے کا کام کرتے تھے۔ (۳) [صف] سُست۔ کاہل۔ جمع: احدیان

**احدی نیل**۔ بھٹس مٹھا۔ بہت ہی سست۔ کاہلوں کا کاہل۔

**احدیت**۔ (اَح۔ دِی۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] ایک ہونا۔ یکتائی۔

**احرار**۔ (اَح۔ رار) [ع۔ ا۔ مذ] حُر کی جمع۔ آزاد لوگ۔

**احراز**۔ (اِح۔ راز) [ع۔ ا۔ مذ] محفوظ رکھنا۔ بچا کے رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔

**احراق**۔ (اِح۔ راق) [ع۔ ا۔ مذ] جلانا۔ جلنا

**احرام**۔ (اِح۔ رام) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حج یا عمرہ کرنے والوں کے لیے مقررہ جگہوں سے چند جائز باتوں کا اپنے اُوپر حرام کر لینا (۲) بدن ڈھانکنے کے لیے دو بے سلی چادریں استعمال کرنا۔ مطلقاً سفر کا ارادہ۔ قصد۔ نیت۔

**احرام باندھنا**۔ حرم میں جانے کی شرطیں بجا لانا۔ خانہ کعبہ کے قریب پہنچ کر بعض حلال اور مباح چیزوں کو اپنے اوپر حرام کر لینا۔ بے سلا کپڑا پہننا۔

**احزاب**۔ (اَح۔ زاب) [ع۔ ا۔ مذ] حزب کی جمع (۱) گروہ۔ جماعتیں (۲) فوجیں

**احزان**۔ (اَح۔ زان) [ع۔ ا۔ مذ] حُزن کی جمع۔ غم۔ اندوہ۔ رنج۔

**احزم**۔ (اَح۔ زَم) بہت دُور اندیش۔ نہایت محتاط۔ ہوشیار۔

**احساس**۔ (اِح۔ ساس) [ع۔ ا۔ مذ] حواسِ خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے کچھ معلوم کرنا۔

**احساسِ برتری**۔ (صف۔ مذ) (نفسیات) ایک مرض۔ اپنے آپ کو دوسروں سے بالاتر سمجھنا

**احساسِ کمتری**۔ (نفسیات) ایک بیماری۔ اپنے آپ کو دوسروں سے گھٹیا سمجھنا خود اعتمادی نہ ہونا۔

**احساسِ محرومی**۔ (صف) ناکامی یا خاطر خواہ کامیابی نہ ہونے کے باعث پیدا ہو جاتا ہے۔

**احسان**۔ (اِح۔ سان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نیکی۔ اچھا سلوک۔ بھلائی۔ مہربانی (۲) برتاؤ (۳) اچھے سلوک کا اعتراف۔ ممنونیت (۴) عملِ خیر۔

**احسان اُتارنا**۔ سلوک کے بدلے سلوک کرنا۔ بھلائی کا عوض دینا۔

**احسان اُٹھانا**۔ ممنون ہونا۔ احسان لینا۔ شکرگزار بننا۔ منت کش ہونا۔

**احسان جتانا**۔ اپنی نیکی کا ذکر زبان پر لانا۔ اپنا سلوک یاد دلانا۔

**احسان (دھرنا) رکھنا**۔ ممنون بنانا۔ شکرگزار بنانا۔

**احسان سر پر ہونا**۔ مہربانی کا بار ہونا۔

**احسانِ عظیم**۔ بہت بڑا احسان۔

**احسان فراموش**۔ احسان بھلا دینے والا۔

**احسان کا عوض احسان ہے** (مثل) نیکی کا بدلہ نیکی ہے۔

**احسان کرنا**۔ سلوک کرنا۔ بھلائی یا نیکی کرنا۔

**احسان کھینچنا**۔ احسان لینا۔

**احسان گردن سے اُتارنا**۔ احسان کا بدلہ دے دینا۔

**احسان لیجیے جہان کا نہ احسان لیجیے شاہ جہان کا**۔ [مثل] دُنیا بھر کا احسان اُٹھا لینا چاہیے مگر کسی دولت مند کا یا امیر رشتہ دار کا احسان نہ اُٹھانا چاہیے۔

**احسان لینا**۔ احسان اٹھانا۔ شکرگزار بننا۔

**احسان ماننا**۔ ممنون ہونا۔ شکرگزار ہونا۔

**احسان مند**۔ ممنون۔ شکرگزار۔ احسان ماننے والا۔

**احسان مندی**۔ احسان ماننا۔

**احسان ناشناس**۔ احسان فراموش۔ جو احسان نہ مانے۔ ناشکرا۔

**احسان ناشناسی**۔ احسان فراموشی۔ احسان نہ ماننا۔



Marfat.com

احسان ہے۔ شکر ہے۔ کرم ہے۔

**اِحسانات** - (اِح-سا-نات) [ع-ا-مذ] احسان کی جمع۔ مہربانیاں۔ نوازشیں

**اَحسَن** - (اَح-سَن) [ع-صف] بہت اچھا۔ بہت نیک۔ بہت خوبصورت۔

**اَحسَن تقویم** - عمدہ طور سے درست کرنا۔ سب سے اچھی صورت۔ مُراد انسان۔

**اَحسَنت** - (اَح-سَنَت) [ع-ف-ا-مث] مرحبا۔ آفرین۔ شاباش۔ واہ واہ۔ (عربی میں احسنت تھا جس کے معنی "تُونے بہت اچھا کیا" ہیں۔ فارسی والوں نے 'ت' ساکن کرکے شاباش وغیرہ کے معنی میں استعمال کیا ہے)

**اَحسَنت کہنا** - (کلمۂ تحسین) تعریف کرنا۔ تحسین و آفرین کرنا۔ مرحبا کہنا۔ شاباشی دینا۔

**اَحشا** - (اَح-شا) [ع-ف-ا-مذ] حشو کی جمع۔ جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو۔

**اِحصا** - (اِح-صا) [ع-ا-مذ] گننا۔ شمار کرنا۔ ضبط کرنا۔

**اِحصار** (اِح-صار) [ع-ا-مذ] گھیرنا۔ حصار میں لانا۔

**اِحضار** - (اِح-ضار) [ع-ا-مذ] (۱) حاضر کرنا۔ بُلانا۔ لانا۔ موجود کردینا (۲) طلبی کا حکمنامہ۔

**احضار بالجبر** - جبر سے حاضر کرنا۔ بالجبر طلب کرنا۔

**اِحظاظ** - (اِح-ظا-ظ) [ع-مذ] لطف اندوزی۔ لذت یابی (۲) مزہ۔ حظ

**اَحفاد** - (اَح-فاد) [ع-ا-مذ] حافد کی جمع۔ پوتے نواسے وغیرہ۔

**اَحَقّ** - (اَ-حَقّ) [ع-صف] زیادہ حق دار۔

**اِحقاق** - (اِح-قاق) [ع-ا-مذ] کسی کا حق قائم یا ثابت کرنا۔ قائم کرنا۔ ثبوت دینا۔

**احقاف** (ع-مذ) حقف کی جمع۔ ریت کے ٹیلے جو دُور تک پھیلے ہوں۔

**اَحقَر** - (اَح-قَر) [ع-صف] زیادہ حقیر۔ نہایت ذلیل۔ فدوی۔ بندہ (بعض لوگ انکسار سے اپنی بابت یہ لفظ استعمال کرتے ہیں۔ جمع: احقران

**احقر العباد** - سب بندوں سے زیادہ حقیر ناچیز (عموماً انکسار کے طور پر متکلم اپنے لیے استعمال کرتا ہے)

**اَحکَام** - (اَح-کام) [ع-ا-مذ] حکم کی جمع۔ ارشادات۔ فرامین۔ حکمنامے۔

**احکام درمیانی** ضمنی یعنی بیچ کے احکام۔ اخیر فیصلے سے پہلے کے احکام۔

**احکامِ مستزاد** - مزید احکام۔ غیر ضروری احکام۔

**احکامِ ناطق** - قطعی اور یقینی احکام۔

**اَحکَم** - (اَح-کَم) [ع-صف] (۱) بہت مضبوط۔ بڑا حاکم۔

**احکم الحاکمین** - سب حاکموں سے بڑا حاکم۔ حاکموں کا حاکم۔ خدا تعالیٰ۔

**اِحمال** - (اِح-مال) [ع-ا-مذ] بوجھ اٹھانا۔ حمل کی جمع

**اَحمَد** - (اَح-مَد) [ع-صف] بہت تعریف اور حمد و ثنا کرنے والا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک۔

**اَحمد ثانی** - امام حسینؓ کے صاحبزادے علی اکبر کا لقب۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے۔

**احمد کی پگڑی محمود کے سر** - [مثل] ایک سے لے کر دوسرے کا پُورا کرنا۔ کسی کا مواخذہ کسی اور سے کرنا۔ حق تلفی۔ ناانصافی۔

**احمد کی داڑھی بڑی یا محمود کی** - [مثل] فضول باتیں۔ بیکار بحث۔

**اَحمَدی** - (اَح-مَ-دی) [ع-صف] (۱) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو کار (۲) سونے کا ایک سکہ جو سلطان ٹیپو کے زمانے میں جاری ہوا (۳) احمد شاہ کا سکہ جو اس نے دہلی میں جاری کیا۔

**اَحمَر** - (اَح-مَر) [ع-صف] بہت سُرخ۔ لال

**احمرین** - (ع-صف) سُرخ رنگ رکھنے والا۔ سُرخ رنگ کا۔

**اَحمَق** - (اَح-مَق) [ع-صف] مورکھ۔ بیوقوف۔ نادان۔ ناسمجھ۔ جمع: احمقان

**احمق الذی** - بہت بیوقوف آدمی۔ بڑا نادان۔ حماقت سے بھرا ہوا۔

**احمق النّاس** - انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف۔ بے وقوف آدمی۔

**احمق بنانا** - کسی کو بیوقوف بنانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ چالاکی کرنا۔

**احمق پن** - احمق پنا۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

**اَحناف** - (اَح-ناف) [ع-ا-مذ] حنفی کی جمع۔ امام ابوحنیفہؒ کے پیرو۔ سُنت

**اَحوال** - (اَح-وال) [ع-ا-مذ] حال کی جمع کیفیتیں۔ حالات۔ بیان۔ سرگزشت (۲) حال چال۔ خیر خیریت (اُردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے)

**احوال پُرسی** - حال پوچھنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔

**اَحوَل** - (اَح-وَل) [ع-صف] بھینگا۔ جس کو ایک کے دو نظر آئیں۔

**اَحیا** - (ع-مذ) حیّ کی جمع (۱) زندہ لوگ (۲) قبیلے خانوادے۔

**اِحیا** - (اِح-یا) [ع-ا-مذ] (۱) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا (۲) کسی چیز کا دوبارہ رائج کرنے کی کوشش کرنا۔

**احیاءالعلوم** - (۱) علوم کو زندہ کرنا (۲) حضرت امام غزالیؒ کی مشہور تصنیف۔

**اَحیا** - (اَح-یا) [ع-ا-مذ] - (۱) حیّ کی جمع (۲) زندہ لوگ۔ (۳) قبیلے۔

**اَحیان** - (اَح-یان) [ع-ا-مذ] حین کی جمع۔ زمانے۔ اوقات۔

**اَحیاناً** (اَح-یا-نن) [ع-ا-مذ] (۱) اتفاقاً۔ اتفاق سے (۲) شاید کبھی۔ بھولے سے۔ کسی وقت۔

## ا-خ

**اَخ** - [ع-ا-مذ] بھائی۔ برادر۔ جمع: اخوان

**اَخ** - (اَخ) [ا-صوت-مث] گلا صاف کرنے یا کھنکارنے کی آواز۔ نفرت کا کلمہ۔ تھُو۔ لعنت (۳) (مجازاً) کف۔ تھوک۔

**اَخ تھُو** - [ا-صوت-مث] (۱) کھنکارنے کی آواز (۲) نفرت اور کراہت کا اظہار (۳) لعنت ملامت۔ نفرت کرنے کی آواز۔

**اَخّاہ** - (اَخ-خاہ) [ا-کلمۂ تعجب] بہت خوب۔ آہا۔

**اخبار** - (اَخ-بار) [ع-ا-مذ] خبر کی جمع (۱) خبریں (۲) خبر کا کاغذ۔ پرچہ۔ ملک کا روزنامچہ۔

**اخبار کے فرشتے** - کراماً کاتبین۔

**اخبار میں آنا** - (۱) کسی بات کا حدیث شریف میں مذکور ہونا (۲) روزنامچہ میں لکھا ہونا۔

**اخبار نکالنا** - اخبار جاری کرنا۔ اخبار شائع کرنا۔

**اخبار نویس** - خبریں لکھنے والا۔ ایڈیٹر۔ نامہ نگار۔

**اخبار نویسی** - صحافت۔ اخبار کا کام۔ ایڈیٹری۔

**اَخباری** - (اَخ-با-ری) [ف-صف کم] (۱) اخبار سے متعلق (۲) [مذ] غیر مقلد فرقہ

**اَخبَث** - (اَخ-بَث) [ع-صف] سب سے بڑا خبیث۔



Marfat.com

**اُخت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] بہن ۔ ہمشیر ۔ جمع : اخوات

**اختتام** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ تام) [ع ۔ ا ۔ مذ] خاتمہ ۔ آخر ۔ انجام ۔

**اختتام پر (آنا) پہنچنا** ۔ تمام ہونے کے قریب ہونا ۔

**اختتام کو پہنچنا** ۔ پورا ہو جانا ۔ ختم ہو جانا ۔

**اختتامیہ** ۔ (ع ۔ مذ) وہ مختصر سا مضمون جو آخر میں ہوتا ہے جس میں مندرجات کے تمام پہلوؤں کی جانب اشارہ کر کے بات کو انجام تک پہنچایا جاتا ہے ۔

**اختر** ۔ (اَخ ۔ تَر) [ف ۔ ا ۔ مذ] تارا ۔ ستارا ۔ سیّارہ ۔ جمع : اختراں ۔

**اخترِ دُنبالہ دار** ۔ دُم دار ستارہ ۔

**اختر سوختہ** ۔ جلا ہوا ستارہ ۔ بُری تقدیر ۔ منحوس نصیبہ ۔

**اختر شماری** ۔ تارے گنا ۔ انتظار میں جاگنا ۔ بے چینی سے جاگ کر رات کاٹنا ۔

**اختر شناس** ۔ ستاروں کی چال کا علم جاننے والا ۔ نجومی ۔ منجم ۔

**اختر چلنا** ۔ (محاورہ) نصیب جاگنا ۔ دِن پھرنا ۔

**اِختراع** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ راع) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نئی بات نکالنا ۔ ایجاد کرنا ۔ طبیعت سے نئی بات پیدا کرنا (۲) ایجاد ۔ جمع : اختراعات ۔

**اختر بختر ۔ اخترا بخترا** ۔ (اَخ ۔ تَر ۔ بَخ ۔ تَر ۔ اَخ ۔ تَ ۔ را ۔ بَخ ۔ تَ ۔ را) [اُر ۔ ا ۔ مذ] اوڑھنا بچھونا ۔ استرا بسترا ۔ بدھنا بوریا ۔ برتن بھانڈا ۔

**اختصار** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ صار) [ع ۔ مذ] کوتاہی ۔ کمی ۔ چھوٹا پن ۔ خلاصہ ۔ طوالت کی ضد

**اختصار نویس** ۔ اشارات میں لکھنے والا ۔ مختصر نویس ۔

**اختصار نویسی** ۔ (صف ۔ مث) اشارات اور علامات میں لکھنے کا فن ۔ (انگ)
(Short Hand Writing)

**اختصاص** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ صاص) [ع ۔ ا ۔ مذ] خاص کرنا ۔ خصوصیت رکھنا ۔ خاص ہونا ۔ خصوصی مہارت رکھنا ۔ کسی کام میں امتیاز و برتری ۔ ماہرِ خصوصی ۔ (انگ) (Specialization)

**اِختصاصی** ۔ (ع ۔ صف) کسی فن یا شعبہ میں خاص مہارت رکھنے والا ۔ ماہرِ خصوصی (انگ) (Specialist)

**اِختصام** ۔ (ع ۔ مذ) مخالفت ۔ دشمنی ۔ فساد ۔

**اِختلاج** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ لاج) [ع ۔ ا ۔ مذ] پھڑکنا ۔ دھڑکنا ۔ بے چین ہونا ۔ بے قرار ہونا (عام طور پر دل کا دھڑکنا مُراد ہے)

**اختلاجِ قلب** ۔ ہول دلی ۔ ایک مرض جس میں دل بہت زور زور سے دھڑکتا ہے ۔

**اِختلاط** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ لاط) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ربط ضبط ۔ میل جول ۔ پیار ۔ اخلاص میل ملاپ (۲) محبت کی گرمجوشی ۔ چھیڑ چھاڑ ۔

**اختلاط کی باتیں** ۔ پیار اور محبت کی باتیں ۔

**اِختلاف** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ لاف) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ناموافقت کرنا ۔ خلاف ہونا (۲) فرق ۔ تفاوت (۳) عداوت ۔ بگاڑ ۔ اَن بن ۔ دشمنی ۔ (۴) ضد ۔ ہٹ ۔ تعصب ۔ جمع : اختلافات ۔

**اختلاف بیانی** ۔ (صف ۔ مث) جھوٹ ۔ غلط بیانی ۔ کذب ۔

**اختلافِ رائے** ۔ رائے کی ناموافقت ۔

**اختلافِ طبائع** ۔ طبیعتوں کی ناموافقت ۔ طبیعتوں کا فرق ۔

**اِختلافی** ۔ (ع ۔ ف) وہ بات جس میں ایک سے زیادہ اقوال اور آراء ہوں ۔

**اِختلال** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ لال) [ع ۔ ا ۔ مذ] خلل ڈالنا ۔ خلل پڑنا ۔

**اختلالِ حواس** ۔ حواس میں فتور آنا ۔ بدحواسی ۔

**اِختناق** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ ناق) [ع ۔ مذ] دم گھٹنا ۔ حلق میں ورم ہو جانا ۔ خناق ۔

**اِختناق الرحم** ۔ (اِخ ۔ تنا ۔ قر ۔ رِحم) [ع ۔ مذ] ایک ورم جس سے بچہ دانی کا مُنہ بند ہو جاتا ہے ۔ ہسٹیریا ۔

**اَختو بختو** ۔ (اَخ ۔ تُو ۔ بَخ ۔ تُو) [اُر ۔ ا ۔ مث] کاٹھ کی دو پتلیاں جن کو کٹھ پتلی کا تماشہ دکھانے والے آپس میں لڑاتے ہیں ۔

**اَختہ** ۔ (اَخ ۔ تَہ) [ف ۔ صف] (۱) وہ چوپایہ جس کے بیضے نکال دیے گئے ہوں بدھیا ۔ خصّی (۲) خواجہ سرا ۔

**اختہ بیگی** ۔ وہ شخص جس سے جانوروں کے اختہ کرنے کی خدمت لی جائے ۔

**اختی گھوڑی** ۔ [اُر ۔ ا ۔ مث] بازاری لوگ پھبتی کے طور پر اُس عورت کو کہتے ہیں جس کی چھاتیاں نہ ہوں ۔ سینہ سپاٹ (عورت)

**اختیار** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ یار) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھانٹنا ۔ پسند کرنا (۲) قبول ۔ منظور (۳) اجازت ۔ روا ۔ جائز (۴) قابو ۔ قدرت ۔ قبضہ (۵) حکومت ۔ خلعت ۔ ملا (۶) کسی معاملہ پر پُورا اختیار (۷) اپنے ارادے سے کام کرنے کی قدرت (۸) حقِ منصب ۔ جمع : اختیارات ۔

**اختیار بدستِ مختار** ۔ (مثل) حکومت حاکم کے ہاتھ ہے ۔ صاحبِ اختیار جو چاہے سو کرے ۔

**اختیار چلنا** ۔ (محاورہ) زور چلنا ۔ قابو ہونا ۔

**اختیار دینا** ۔ (محاورہ) اقتدار دینا ۔ مختار بنانا ۔

**اختیار رکھنا** ۔ قدرت رکھنا ۔ طاقت رکھنا ۔ حکومت حاصل ہونا ۔

**اِختیارِ سماعت** ۔ مقدمہ سُننے کا اختیار ۔

**اِختیار سے باہر (جانا) ہونا** ۔ (۱) بے خود ہونا ۔ آپے میں نہ ہونا (۲) امکان میں نہ ہونا ۔ قابو میں نہ ہونا (۳) نافرمان ہو جانا ۔

**اختیار کرنا** ۔ (محاورہ) منظور کرنا ۔ پسند کرنا ۔ ماننا ۔ گوارا کرنا ۔

**اختیار (لینا) لے لینا** ۔ (محاورہ) (۱) اجازت لینا ۔ منظوری لینا (۲) اجازت یا منظوری واپس لے لینا ۔

**اختیار ملنا** ۔ (محاورہ) اجازت ملنا ۔ قبضہ ملنا ۔ قانونی اجازت لینا ۔ حکومت ملنا

**اختیار میں ہونا** ۔ قابو میں ہونا ۔ بس میں ہونا ۔ حکومت میں ہونا ۔

**اختیار ہے** ۔ (محاورہ) آپ مختار ہیں ۔ آپ جانیں اور آپ کا کام جو چاہے کیجیے ۔

**اِختیارات** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ یا ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذ] اختیار کی جمع ۔ حکومت زور ۔ مداخلت ۔

**اختیاراتِ ابتدائی** ۔ ابتدائی سماعت کے اختیار ۔

**اختیاراتِ انفکاکِ رہن** ۔ گرو توڑنے کے اختیارات ۔

**اختیاری** ۔ (اِخ ۔ تِ ۔ یا ۔ ری) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بس کی (۲) قابو کی (۳) امکان کی (۴) جس کا کرنا اپنی مرضی پر موقوف ہو ۔ لازمی کی ضد ۔ غیر ضروری ۔

**اخذ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) لے لینا ۔ پکڑنا ۔ اختیار کرنا ۔ استفادہ ۔ استنباط (۲) سیکھنے یا دیکھا دیکھی اختیار کرنے کا عمل ۔

**اخذ بالجبر** ۔ زبردستی لینا ۔ بلا رضامندی لینا ۔



Marfat.com

اَخذ کرنا۔ لینا۔ چُننا۔ اختیار کرنا۔ بات میں سے بات نکالنا۔

**اُخریٰ**۔ (اُخ۔ را) [ع۔ امث] (۱) آخری۔ (۲) پچھلی

**اَخراج**۔ (ع۔ مذ) خرج کی جمع۔ خرچ اخراجات۔

**اِخراج**۔ (اِخ۔ راج) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نکاس (۲) خرچ۔ صرف (۳) شہر بدر کرنا۔ باہر کرنا۔ الگ کرنا۔

**اَخراجات**۔ (اَخ۔ را۔ جات) [ع۔ ا۔ مذ] اخراج کی جمع۔ بہت سے خرچ

**اَخروٹ**۔ (اَخ۔ روٹ) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا میوہ

**اُخروی**۔ (اُخ۔ رَ۔ وی) [ع صف] آخرت کی بابت۔ اگلے جہان کے متعلق۔

**اَخَسّ**۔ (اَ خَس) [ع صف] بڑا خسیس۔ بڑا کنجوس۔

**اَخَصّ**۔ (اَخَص) [ع۔ صف] (۱) نہایت خصوصیت والا۔ خاص (۲) نہایت اعلیٰ۔ نہایت افضل۔

**اَخضَر**۔ (اَخ۔ ضَر) [ع صف] ہرا۔ سبز۔

**اَخضری**۔ (اَخ۔ ضَ۔ ری) [ع صف] ہرے رنگ کا۔ اخضر سے منسوب۔

**اِخفا**۔ (اِخ۔ فا) [ع۔ ا۔ مذ] پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

**اِخفاف**۔ (اِخ۔ فاف) [ع۔ ا۔ مذ] ہلکا کرنا۔ سبک بار ہونا۔

**اَخفش**۔ (اَخ۔ فَش) [ع صف] (۱) چُندھا (۲) ایک بہت بڑے نحوی ابوالحسن سعید کا لقب۔ کمزور نظر والا۔

**اَخگر**۔ (اَخ گَر) [ف۔ امث] چنگاری۔ انگارا۔ جمع: اخگراں۔ اخگرہا۔

**اِخلاص**۔ (اِخ۔ لاص) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) خلوص۔ خالص۔ پاک صاف (۲) عبادت بے ریا۔ طاعت خالص (۳) دوستی۔ محبت۔ پیار (۴) میل ملاپ۔ ربط ضبط ارتباط (۵) قرآن مجید کی ایک سُورت کا نام۔ (قُل ھواللہ)

اخلاص انگیز۔ خلوص والا۔ سچا مخلص۔

اخلاص بڑھانا۔ (محاورہ) آپس میں پیار و محبت کو بڑھانا۔ محبت میں اضافہ کرنا۔

اخلاص جوڑنا۔ دوستی کرنا۔ ربط پیدا کرنا

اخلاص چارگانہ۔ (صف۔ مذ) اکبر کے دینِ الٰہی میں شامل ہونے کی چار شرائط ترکِ مال۔ ترکِ جان۔ ترکِ ناموس اور ترکِ دین۔

اخلاص رکھنا۔ محبت رکھنا۔ دوستی رکھنا۔ خلوص برتنا۔

اخلاص رہنا۔ محبت اور خصوصیت رہنا۔

اخلاص کرنا۔ دوستی کرنا۔ محبت کرنا۔ ربط حاصل کرنا۔

اخلاص مند۔ مخلص۔ دوست۔ خیر خواہ۔ یار صادق۔

اخلاص مندی۔ خیر خواہی کے ساتھ دوستی۔ خلوص۔

**اَخلاط**۔ (اَخ۔ لاط) [ع۔ ا۔ مذ] (طب) خلط کی جمع۔ چاروں خلطیں یعنی سودا صفرا۔ بلغم۔ خون۔

اخلاطِ اربعہ (طب) چار خلطیں یعنی صفرا۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔

اخلاطِ فاسدہ۔ بگڑے ہوئے خلط۔

**اَخلاف**۔ (اَخ۔ لاف) [ع۔ ا۔ مذ] خلف کی جمع (۱) پیچھے آنے والے بعد میں آنے والے (۲) اولاد

**اَخلاق**۔ [اَخ۔ لاق] (ع۔ ا۔ مذ) خُلق کی جمع (۱) پسندیدہ عادتیں۔ اچھی خصلتیں (۲) خوش خوئی۔ اچھا برتاؤ۔ ملنساری۔ کشادہ پیشانی۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت۔ (۳) (فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیبِ نفس اور سیاست مُدن پر بحث کی جاتی ہے۔ علم الاخلاق۔ اخلاقیات۔

اخلاقِ حسنہ۔ عمدہ عادتیں۔

اخلاق سوز۔ شرافت کے منافی کام۔ بے حیائی اور بے شرمی کی عادتیں۔

اخلاقِ فاضلہ۔ اچھی عادتیں۔

اخلاقِ معاشرت۔ باہم مل جل کر رہنے سہنے کے آداب۔

**اَخلاقیات**۔ (اَخ۔ لاقیات) [ع۔ ا۔ مذ] اصول۔ اخلاق۔ علم الاخلاق تعلیم و تربیت کا وہ شعبہ جس کے ذریعے اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے

**اَخلاقیت**۔ (اَخ۔ لا۔ قی۔ یت) [ع۔ مث] معیار اخلاق۔ اخلاقی اصول کا برتاؤ۔

**اَخنُوخ**۔ حضرت ادریس علیہ السلام کا نام۔

**اَخنی**۔ (اَخ۔ نی) [ت۔ امث] یخنی۔

**اَخنی پخنی**۔ (اَخ۔ نی۔ پَخ۔ نی) [اُر۔ امث] ذلیل۔ بدوضع اور بدچلن عورت۔

**اَخوان**۔ (اَخ۔ وان) [ع۔ ا۔ مذ] (بکسر اوّل) اخ کی جمع۔ بھائی۔ برادران۔ سگے بھائی۔ (بفتح اول) اخ کا تثنیہ۔ دو بھائی۔

اخوانُ الشیاطین۔ شیطان کے بھائی بند۔ بہت زیادہ شریر لوگ۔

اخوانُ الصّفا۔ بھلے لوگ۔ اچھے لوگ۔ پاک دل لوگ۔ ابرار۔

**اُخُوَّت** (اُ۔ خُو۔ وَت) [ع۔ امث] برادری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارہ۔

**اَخی**۔ (اَ۔ خی) [ع۔ ا۔ مذ] میرا بھائی۔

**اَخیار** (اَخ۔ یار) [ع۔ ا۔ مذ] خیر کی جمع۔ نیک لوگ۔ پارسا (۲) شر سے بچنے والے لوگ

**اَخیافی**۔ (اَخ۔ یا۔ فی) [ع۔ صف] وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ ہوں ماں ایک ہو۔

**اَخیر**۔ (اَ۔ خیر) [ع صف] پچھلا۔ آخر کا۔ آخری۔ تمام۔ انتہا۔ حد۔

اخیر کو۔ انجام کار

اخیر وقت۔ ہر چیز کے خاتمے کا وقت۔ بڑھاپے کا زمانہ (کنایۃً) نزع کا وقت۔

اخیر ہونا۔ (محاورہ) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔

## ا۔ د

**اَدا**۔ (اَ۔ دَا) [ف۔ امث] (۱) انداز۔ ناز (۲) اشارہ۔ رمز (۳) قرینہ۔ اسلوب۔ روش (۴) طریقہ۔ ڈھنگ (۵) عادت (۶) انداز معشوقانہ حُسن کی دلکشی۔

ادابند۔ اس سخن گو کو کہتے ہیں جو معشوق کی ادائیں کلام میں اس طرح باندھے کہ آنکھوں میں تصویر کھنچ جائے۔

ادابندی۔ معشوق کی ادائیں کلام میں باندھنا۔

ادا دکھانا۔ معشوقانہ انداز کے ساتھ ناز کرنا۔

اداشناس۔ ادا فہم۔ ایما اشارے یا قرینے سے عندیہ پہچاننے والا۔

اداکار۔ ڈرامے یا فلم میں کام کرنے والا۔ نقال۔ سوانگیا۔ ایکٹر۔ (۲) ڈرامے میں کام کرنے والی عورت۔ ایکٹرس۔

اداکارانہ۔ اداکاری سے منسوب۔ ایکٹنگ سے متعلق۔

اداکاری (۱) کسی کی نقل اتارنا۔ ڈرامے میں کام کرنا (۲) ایکٹنگ



Marfat.com

ادا کرنا۔ (محاورہ) ناز و انداز کرنا۔
ادا نکالنا۔ (محاورہ) ناز و انداز ایجاد کرنا۔
ادا نکلنا۔ (محاورہ) معشوقانہ شان پیدا کرنا۔ بانکپن پیدا ہونا۔
**اَدا**۔ (اَ۔دا) [ع۔ا۔مث] (۱) پُورا کرنا (۲) بیباق (۳) دینا۔ اُتارنا (۴) بیان۔
ادا شُدہ حصّے۔ کسی لمیٹڈ کمپنی کے وہ حصّے جن کی رقم ادا کر دی گئی ہو۔
ادا شُدہ سرمایہ۔ کسی لمیٹڈ کمپنی کے اعلان شدہ سرمائے کا وہ حصّہ جو جمع ہو چکا ہو۔
ادا کرنا۔ (۱) بے باق کرنا۔ چکانا (۲) بجا لانا (۳) عمل میں لانا (۴) لکھنا (۵) کہنا (۶) بھاؤ بتانا (۷) قاعدے سے گانا (۸) پڑھنا (۹) قاعدہ اور قرأت کے مطابق پڑھنا (۱۰) معشوقانہ حرکات کرنا (فقہ) مقررہ وقت پر عبادت کرنا۔
ادا کنندہ۔ رقم یا محصول ادا کرنے والا
ادائے دَین۔ قرض کی ادائگی
ادائے شہادت۔ گواہی دینا۔
ادائے لگان۔ لگان ادا کرنا۔
ادائے مال گزاری۔ لگان ادا کرنا۔
**اِدارات**۔ (اِ۔دا۔رات) [ع۔ا۔مذ] ادارہ کی جمع۔ بہت سے ادارے۔
اداراتِ قانونی۔ کسی قانون کے تحت قائم کی ہوئی مجلسیں۔
**اِدارت**۔ (اِ۔دا۔رت) [ع۔ا۔مث] (۱) ایڈیٹری۔ جریدہ نگاری (۲) رسالہ۔ اخبار۔ کتاب وغیرہ مرتب کرنا۔
**اِدارہ**۔ (اِ۔دا۔رہ) (۱) دفتر۔ محکمہ (۲) نظام ضبط۔ سررشتہ
ادارۂ بلدیہ۔ دفتر میونسپل بورڈ۔ سٹی کارپوریشن۔
**اِداریہ**۔ (اِ۔دا۔ری۔یہ) [ع۔ا۔مذ] اخبار کے ایڈیٹر کا اپنا خاص مضمون۔ مقالۂ افتتاحیہ۔ ایڈیٹوریل۔ لیڈنگ آرٹیکل (انگ) (Editorial)
**اُداس**۔ (اُ۔داس) [ہ۔صف] (۱) مغموم۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ سوگوار (۲) ویران سُونا (۳) بے رونق۔ پھیکا پھیکا۔
اُداس کرنا۔ افسردہ کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔
اُداس ہونا۔ (۱) رنجیدہ اور غمگین ہونا (۲) بے رونق ہونا۔
**اُداسا**۔ (اُ۔دا۔سا) (محاورہ) [ہ۔صف] (۱) آزاد فقرا اپنی اصطلاح میں اپنے بستر ے اور اوڑھنے بچھونے کو کہتے ہیں (۲) تیار (۳) اوڑھنا بچھونا۔
اُداسا کسنا۔ سامانِ سفر باندھنا۔ بوریا بستر باندھنا۔ ارادہ سفر کرنا۔
اُداسا کھینچنا۔ ہر طرف سے قطع تعلق کر کے ایک طرف دھیان لگانا۔ یکسُو ہونا۔
**اُداسی**۔ (اُ۔دا۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) غمگینی (۲) ویرانی۔ بے رونقی۔ (۳) فقیروں کا ایک فرقہ جو گورو نانک صاحب کے بیٹے کا پیرو ہے (۴) فقیر۔ جوگی۔
اُداسی برسنا۔ پریشانی ظاہر ہونا۔ بے رونقی معلوم ہونا۔
اُداسی پھیلنا۔ سناٹا ہو جانا۔ بے رونقی ہو جانا۔

اُداسی چھانا۔ اُداسی کی حالت طاری ہونا۔
**اِدام**۔ (ع۔مذ) شوربا۔ سالن
**اَدام**۔ (اَ۔دام) [ع] ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رکھے۔
ادام اللہ فیوضہم۔ اللہ تعالیٰ ان کے فیض کو ہمیشہ رکھے۔
**اُداہٹ**۔ (اُ۔دا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] اُودا پن۔ بینگنی رنگ۔
**اَدائیگی۔ ادائی**۔ (ادا۔اے۔گی۔ا۔دا۔ای) [اَر۔ا۔مث] رقم۔ محصول یا لگان وغیرہ کا ادا ہونا۔
**اَدَب**۔ (اَ۔دَب) [ع۔ا۔مذ] (۱) ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا (۲) حفظ مراتب کسی بزرگی یا عظمت کا پاس۔ (۳) تہذیب۔ شائستگی۔ تمیز۔ احترام۔ (۴) علمِ زبان جس میں نحو۔ لغت۔ عروض۔ انشا۔ معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں (۵) پسندیدہ طریقہ (۶) زبان کا سرمایہ (لٹریچر) جمع: آداب
ادب آداب۔ تہذیب۔ احترام۔ شائستگی۔ تمیز۔ لحاظ۔ حفظ مراتب۔ معاشرے کے پسندیدہ طریقے۔
ادب آموز۔ (۱) ادب سکھانے والا (۲) وہ شخص جو ادب سیکھے ہوئے ہو۔ تعلیم و تربیت دینے والا۔
ادب آموزی۔ ادب سکھانا۔ تعلیم دینا۔
ادب برائے ادب۔ ادب کا بجائے خود کوئی مقصود نہ ہو (۲) کلام میں محاسن معنوی و لفظی پیدا کر کے لطف اندوز ہونا۔
ادب برائے زندگی۔ ادب میں زندگی کی عکاسی اور ہر شعبۂ زندگی کے متعلق سماجی تقاضوں کے مطابق بحث کرنا۔
ادب پارہ۔ (صف۔مذ) ادبی قدر و قیمت رکھنے والی نظم یا نثر۔
ادب (پانا) پکڑنا۔ ادب سیکھنا۔ تہذیب اختیار کرنا۔
ادب دینا (سکھانا)۔ تہذیب کی تعلیم دینا۔ شائستگی سکھانا۔
ادب سیکھنا۔ تمیز حاصل کرنا۔
ادب کرنا۔ لحاظ کرنا۔ پاس کرنا۔ حفظِ مراتب کا خیال کرنا۔
**اُدَبا**۔ (اُ۔دَ۔با) [ع۔ا۔مذ] ادیب کی جمع (۱) ادب سکھانے والے (۲) نثا پرداز لوگ۔ شعرا۔ نثار۔
**اَدَباً**۔ تعظیم و احترام سے۔ پاس مراتب سے۔
**اِدبار**۔ (اِد۔بار) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیٹھ دکھانا (۲) دولت کا منہ موڑنا (۳) بدنصیبی۔ بداقبالی (۴) نحوست۔ ولدر (۵) ہزیمت۔ شکست (۶) تنزل افلاس۔ مفلسی۔ ناداری۔ فلاکت۔
**ادیدا (کر) کے**۔ (اَدْ۔بَ۔دا۔کر۔کے) [ہ۔تابع فعل] (۱) خواہ مخواہ ضرور (۲) ضد سے۔ شرارت سے (۳) جان بوجھ کے۔ دانستہ۔
ادیدا کے کرنا۔ جان بوجھ کر کرنا۔ ضد سے کرنا۔
**اَدَبی**۔ (اَ۔دَ۔بی) [ع۔صف] ادب سے منسوب۔ ادب سے متعلق۔
**ادبیات**۔ (ع۔مث) لٹریچر۔ نظم و نثر (۲) لٹریچر سے متعلق رکھنے والے علوم یا مسائل۔
**اَدبیت**۔ (اَ۔دَ۔بی۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) ادب پن۔ تمیز۔ تہذیب۔ زبان دانی (۲) ادبی شان۔ ادب کا حسن۔



Marfat.com

**اِدْخال**۔ (اِد-خال) [ع-ا-مذ] (۱) داخل کرنا (۲) داخل کرانا۔ درج رجسٹر کرانا (۳) شامل کرنا۔ شریک کرنا۔

**اِدرار**۔ (اِد-رار) [ع-ا-مذ] (۱) بہنا۔ جاری ہونا (۲) کُھل کر پیشاب آنا۔

**اِدراک**۔ (اِد-راک) [ع-ا-مذ] (۱) پانا۔ دریافت کرنا (۲) عقل۔ فہم۔ رسائی۔

**اَدْرسا**۔ (اَ-د-رَ-سا) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کا سفید اور باریک سوتی کپڑا جس کی بناوٹ میں جھر جھرا پن ہوتا ہے۔

**اَدْرک**۔ (اَد-رَک) [ف-ا-مث] ایک قسم کی خوشبودار جڑ جو خشک ہوجانے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔

**ادرک کا لچھا**۔ باریک کتری ہوئی ادرک۔

**اَدرکی**۔ (اَد-رکی) [اُ-ا-مث] تازے گڑ میں ادرک ملی ہوئی دوا۔

**اِدریس**۔ (اِد-ریس) [ع-ا-مذ] ایک مشہور پیغمبر کا نام۔

**اُدڑ گُدڑ۔ اوڑا گدڑا**۔ (اُ-دُڑ-گُ-دڑ-اُ-دَ-ڑا-گُد-ڑا) [ہ-ا-مذ] (۱) پھٹے پُرانے کپڑے (۲) وہ شخص جس نے پھٹے پُرانے کپڑے پہن رکھے ہوں۔

**اُدڑ گدڑ سو وے مرجا دوالا روئے**۔ [مثل] غریب مزے سے سوتا ہے۔ امیر کو نیند نہیں آتی۔

**اِدّعا**۔ (اِد-دِعا) [ع-ا-مذ] دعویٰ کرنا۔ بے دلیل بات کہنا۔ اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو۔

**ادعائے ملکیّت**۔ مالک ہونے کا دعویٰ کرنا۔

**اَدعیہ**۔ (اَد-عِ-یہ) [ع-ا-مث] دُعا کی جمع۔ دُعائیں۔

**ادعیہ ماثورہ**۔ وہ دُعائیں جو سرکارِ دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے منقول ہیں۔

**اِدْغام**۔ (اِد-غام) [ع-ا-مذ] (۱) شامل کر دینا۔ ملا دینا (۲) ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا (۳) ادب میں ایک صنعت کا نام۔

**اَدَق**۔ (اَ-دَ-ق) [ع-صف] نہایت باریک۔ نہایت مُشکل۔ دُوبھر۔ کٹھن۔

**اَدچپہ**۔ (اَ-دَق-چہ) [ت-ا-مذ] کارچوبی سفید حاشیے کی چادر جو بطور آرائش توشک کے نیچے بچھائی جاتی ہے اور اس کے حاشئے وار کنارے باہر لٹکتے رہتے ہیں۔

**اَدک**۔ (اَ-دَک) [ت-صف] زیادہ۔ بہت۔

**اَدگدرا**۔ (اَد-گَد-را) [ہ-صف] نیم پختہ۔ کچا پکا۔ آدھا کچا۔ آدھا پکا۔

**اَدلا**۔ (اَد-لا) [اُ-ا-مذ] بڑے بڑے حلال جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت (اصل عربی عضلہ)

**اَدلا بدلا۔ اَدَل بَدَل**۔ (اَد-لا-بَد-لا-اَ-دَل-بَ-دَل) [ہ-ا-مذ] عوض معاوضہ۔ اُلٹ پھیر۔ تغیر و تبدل۔ ایک چیز دے کر اس کے عوض دوسری چیز لینا۔

**اَدِلّہ**۔ (اَ-دِل-لہ) [ع-ا-مث] دلیل کی جمع۔ دلیلیں۔

**اُدّم**۔ (اُد-دَم) [ہ-ا-مذ] محنت۔ کوشش۔

**اُدّم سے دلدر گھٹے**۔ [مثل] محنت اور کوشش سے نحوست دُور ہوتی ہے۔

**اَدْنیٰ**۔ (اَد-نا) [ع-صف] (۱) کمینہ۔ چھوٹے درجہ کا۔ کم قدر۔ نیچ۔ اعلیٰ کی ضد۔ (۲) ضعیف۔ تھوڑا (۳) فقیر۔ کنگال۔ مفلس۔ بے دولت۔

**اَدْوار**۔ (اَد-وار) [ع-ا-مذ] دَور کی جمع۔ گردشیں۔ چکّر (۲) زمانے۔ عرصے۔ مدّتیں۔

**اَدوان۔ اَدوائن**۔ (اَد-وان-اَد-وا-اِن) [ہ-ا-مث] وہ رسّی جو چارپائی کی پائنتی کی طرف اس کے کسنا دینے کے لیے ڈالتے ہیں۔

**اَدْوِیَہ**۔ (اَد-وِ-یہ) [ع-ا-مث] دوا کی جمع۔ دوائیں۔

**اَدْھ**۔ [ہ-صف] آدھے کا مخفف۔ نصف۔

**اَدھ بیچ**۔ نصف فاصلہ۔ درمیان کا حصّہ۔ اَدھ بیچ۔ اَدھ بیچ۔

**اَدھ بیچ**۔ درمیان۔

**اَدھ پئی**۔ ایک سیر کے آٹھویں حصّے کا تول۔ دو چھٹنکی۔ دس پیری۔ ادھ پاؤ۔ آدھ پاؤ۔

**اَدھ جل گگری چھلکت جائے**۔ [مثل] کم ظرف اور کمینہ آدمی تھوڑی سی عزت مل جانے پر اترانے لگتا ہے۔

**اَدھ سیرا**۔ نصف سیر کا باٹ۔ دو پاؤ کا وزن۔

**اَدھ کچا**۔ جو پوری طرح پکا ہوا نہ ہو۔ آدھا کچا ہو۔

**اَدھ کچرا**۔ (۱) ادھورا جو پورا نہ ہو۔ گدر پھل۔ آدھا کچا آدھا پکا پھل (۲) آدھا کٹا اور پسا ہوا۔ دردرا۔ اَدھ کٹا

**اَدھ کچری**۔ اَدھ کچرا کی تانیث۔

**اَدھ کچلا**۔ آدھا کٹا ہوا۔ نیم کوفتہ۔

**اَدھ کھلا**۔ آدھا کھلا ہوا۔ نیم شگفتہ۔

**اَدھ کھُلا**۔ آدھا کھُلا ہوا۔

**اَدھ گلا**۔ جو پوری طرح گلا نہ ہو۔

**اَدھ مرا۔ اَدھ مُوا**۔ آدھا مرا ہوا۔ نیم جان۔

**اَدّھا**۔ (اَد-دھا) [ہ-صف] (۱) غیر معینہ مقدار کا۔ نصف (۲) [مذ] شراب کی آدھی بوتل (۳) لڑکوں میں کھیل کے وقت ایک قسم کی شرط جس میں وہ باہمی اقرار کرتے ہیں کہ جب ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھیں تو آدھی بانٹ لیں گے۔

**اَدھنا** (ا-مذ) آدھ یا دو پیسے کا سکہ جواب متروک ہے۔

**اَدھا سیسی**۔ آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ۔

**اَدھار**۔ (اَ-دھار) [ہ-ا-مذ] (۱) خوراک۔ طعام۔ کھانا (۲) سہارا۔ آسرا۔ وسیلہ۔

**اُدھار**۔ (اُ-دھار) [ہ-ا-مذ] قرض۔ نقد کی ضد۔

**اُدھار بیوپار**۔ قرض سے کاروبار کرنا۔

**اُدھار پٹہ**۔ (Lend Lease) وہ تجارتی سمجھوتہ جس کے تحت امریکہ نے دوسری جنگِ عظیم میں اتحادی طاقتوں کو مال اور سامانِ جنگ فراہم کیا اور معاوضے میں عارضی طور پر اُن کے بعض علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

**اُدھار دیجئے دشمن کیجئے**۔ [مثل] قرض دینا دوست کو دشمن بنانا ہے۔

**اُدھار دینا**۔ (محاورہ) قرض دینا۔

**اُدھار کھاتہ**۔ (محاورہ) وہ کتاب یا رجسٹر جس میں واجب الادا رقم کا اندراج ہو۔

**اُدھار کھانا** (محاورہ) قرض کھانا۔ قرض لینا (۲) دشمن ہونا۔ درپے ہونا۔

**اُدھار کھانا بھُوس کا تاپنا برابر ہے**۔ [مثل] ادھار کی چیز میں برکت نہیں ہوتی ہے۔

**اُدھار کھائے ہیں۔ اُدھار کھائے ہوئے ہیں۔ اُدھار کھائے بیٹھے ہیں**
ہمہ تن مستعد بیٹھے ہیں۔ درپے ہیں۔



Marfat.com

**اُدھار کی کیا ماں مری ہے۔** قرض ملنا مشکل نہیں ہے۔ کہیں نہ کہیں سے مل جائے گا۔

**اُدھار لینا۔** (محاورہ) قرض لینا۔

**اُدھار ہونا۔** (ہوجانا) قرض ہونا۔ قرض چڑھنا۔

**اُدھارمِک۔** (اَ۔دھار۔مِک) [ہ۔صف] (۱) لامذہب (۲) پاپی۔ بُرے کام کرنے والا۔

**اَدھر۔** (اَ۔دَھر) [ہ۔صف] (۱) مُعلّق۔ وہ چیز جو کسی پر ٹکی ہُوئی نہ ہو۔ زمین سے الگ۔ (۲) اَدھر بیچ۔ بے سہارا۔

**اَدھر اُٹھا لینا۔** (محاورہ) بے لاگ اُٹھا لینا۔ زمین سے اُونچا کر لینا۔

**اَدھر کر لینا۔** معلّق کر لینا۔

**اَدھر میں پڑے ہیں۔** (محاورہ) بیچ میں لٹکے ہیں۔ کسی طرف کے نہیں۔ یکسُوئی نہیں ہے۔

**اَدھر میں چھوڑنا۔** (محاورہ) اَدھر بیچ میں چھوڑنا۔ اِدھر کا رکھنا نہ اُدھر کا۔ بے سہارے چھوڑ دینا۔

**اَدھر میں لٹکنا۔** (محاورہ) یک سُوئی کی حالت نہ ہونا۔ نہ مرنا نہ جینا۔ بیچ میں لٹکا ہُوا ہونا۔

**اِدھر۔** (اِ۔دَھر) [ہ] اِس جانب۔ اِس طرف۔ ورے۔ قریب۔ پاس۔ نزدیک۔

**اِدھر اُدھر۔** جہاں تہاں۔ ایسی ویسی جگہ۔ یہاں وہاں۔ آس پاس۔

**اِدھر آیا اُدھر گیا۔** (محاورہ) تھوڑی دیر ٹھہرنا۔ ذرا قیام کرنا۔ آتے ہی چلے جانا۔ خرچ ہو جانا۔

**اِدھر اُدھر کی باتیں۔** لغو اور بے ہودہ باتیں۔ معمولی باتیں۔

**اِدھر سے اُدھر کرنا۔** (۱) کسی چیز کو غائب کر دینا۔ چُرا لینا (۲) ایک جگہ سے اُٹھا کر دوسری جگہ رکھ دینا۔ بے ٹھکانے کر دینا۔ بے ترتیب کر دینا۔

**اِدھر سے اُدھر ہونا۔** (۱) کسی چیز کا بے موقع یا بے ٹھکانے ہو جانا۔ سرک جانا (۲) پلٹ جانا۔ غائب ہو جانا۔

**اِدھر قبلہ اُدھر قبر، خدیجہ سوئے کدھر۔** [مثل] کوئی بات کرتے نہیں بنتی۔ یوں بھی مشکل ووں بھی مشکل۔

**اِدھر کا نہ اُدھر کا۔** (محاورہ) کسی شمار میں نہیں۔ کسی کی طرف نہیں۔

**اِدھر کی اُدھر کرنا۔** (محاورہ) چغلی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

**اِدھر کاٹے اُدھر (اُلٹ) پلٹ جائے۔** [مثل] آپ ہی ستائے اور آپ ہی مکر جائے۔ تکلیف پہنچائے اور کانوں پر ہاتھ رکھنے لگے۔

**اِدھر کنواں اُدھر کھائی۔** [مثل] ہر طرح نقصان۔ ہر صورت میں مشکل۔ کچھ کرتے بن نہیں پڑتی۔

**اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا** (ہوجانا) (محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔ دُنیا پلٹ جانا۔

**اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی۔** [مثل] اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔

**اِدھر کے نہ اُدھر کے۔** (محاورہ) دین کے نہ دُنیا کے۔ دوست کے نہ دشمن کے۔ مردودِ خلائق۔

**اِدھر ہاتھ (دینا) لانا۔** (محاورہ) جب کسی بات کی داد دینی منظور ہوتی ہے تو خوشی کا اظہار کرنے کے لئے مصافحہ کرتے وقت کہتے ہیں۔

**اِدھر ہونا یا اُدھر ہونا۔** (۱) ایک طرف ہو جانا۔ کسی ایک کی طرفداری کرنا (۲) مر جانا یا بچ جانا۔

**اُدھر۔** (اُ۔دَھر) [ہ] اُس طرف۔ اُس جانب۔ پرے۔

**اُدھر سے۔** (۱) اُس طرف سے۔ اُن کی جانب سے (۲) غیب سے۔ خدا کی طرف سے۔

**اَدھِراج۔ اَدھیراج۔** (اَ۔دھ۔راج۔ اَ۔دھ۔ی۔راج) [س۔ا۔مذ] مہاراجہ چکرورتی راجہ۔ بادشاہ۔ شہنشاہ۔

**اَدھرم۔** (اَ۔دَھرَم) [ہ۔ا۔مذ] پاپ۔ ظلم۔ بُرا کام۔

**اُدھڑنا۔** (اُ۔دَھڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سیون کھلنا۔ ٹانکا ٹوٹنا (۲) کھل جانا (۳) کھال اُدھڑنا (۴) تباہ اور زیر بار ہونا (۵) چھت یا پوشش کھل کر الگ ہونا۔ بہت مار کھانا۔

**اَدھِک۔** (اَ۔دِھک) [ہ۔صف] (۱) بہت زیادہ (۲) سوا۔ فالتو۔

**اَدھکار۔** (اَ۔دِھ۔کار) [س۔ا۔مذ] قبضہ۔ اختیار (۲) ورثہ۔ ترکہ۔ مکان۔

**اِدھکاری۔** (اِ۔دِھ۔کا۔ر۔ی) حق دار۔ مستحق۔

**اُدھل جانا۔** (اُ۔دھل۔جا۔نا) [ہ۔مص] آوارہ اور خراب ہو جانا۔ جوشِ مستی میں آپے سے باہر ہو جانا (۲) عورت کا غیر مرد کے ساتھ بھاگ جانا۔

**اَدْہَم۔** (اَدْ۔ہَم) [ع۔ا۔مذ] (۱) مشکی گھوڑا۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا (۲) بلخ کے ایک مشہور بادشاہ کا لقب جو تختِ سلطنت چھوڑ کر فقیر بن گئے تھے۔ ابراہیم ادھم۔

**اُدھم۔** (اُدھ۔دھم) [ہ۔ا۔مذ] شور و غل۔ ہنگامہ۔ چیخ پکار۔

**اُدھم اُٹھانا۔ اُدّم جوتنا۔ اُدھم مچانا۔** (محاورہ) ادھم مچانا۔ شور و غل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔

**اُدھمی۔** (اُدھ۔دھ۔ی) [ہ۔صف] اُدھم مچانے والا۔

**اَدھن۔** (اَدھَن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ پانی جو کھچڑی یا چاول پکانے کے واسطے جوش کیا جاتا ہے (۲) [صف] گرم۔ کھولتا ہُوا۔

**اَدھواڑ۔** (اَدھ۔واڑ) [ہ۔ا۔مث] بیچوں بیچ جہاں سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ درمیان۔ اوسط۔ لِصفا لِصف (۲) (پن) ٹوٹا چاول۔

**اُدھوت۔** (اُ۔دھوت) [ق۔صف] بہادر۔ طاقت ور۔

**اَدھوتر۔** (اَ۔دھوتَر) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا دیسی سوتی کپڑا۔ دھوتر۔

**اَدھوتی۔** (اُ۔دھوتی) [ق۔ا۔مث] دھوتی۔

**اَدھورا۔** (اَ۔دھو۔را) [ہ۔صف] (۱) آدھا۔ ناتمام۔ ناقص۔ نامکمل۔ پُورا کی ضد۔ (۲) کچا بچہ۔ اسقاط کا بچہ۔

**اَدھورا پڑنا۔** پُورا نہ پڑنا۔ پُورا نہ ہونا۔

**اَدھوڑی۔** (اَ۔دھو۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] کچا موٹا چمڑا۔ گائے بھینس کا چمڑا۔

**اَدھوڑی استر۔** وہ جوتا جس کے استر میں ادھوڑی اور اوپر نری لگی ہوتی ہے۔

**اَدھوڑی تاننا۔** (محاورہ) خوب پیٹ بھرنا۔ اتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن جائے۔

**اَدھی۔** (اَدھ۔دھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) دمڑی کا نصف پیسے کا آٹھواں حصّہ (۲) ایک قسم کا نہایت نفیس باریک اور سفید سوتی کپڑا۔

**ادھی ادھی پر جان جاتی ہے۔** [مثل] بڑا بخیل ہے۔



Marfat.com

اَدھی اَدھی کا حِساب۔(محاورہ) ذرا ذرا سی چیز کا حساب۔
اَدھی کی چُوں چُوں۔ (۱) نہایت حقیر اور کم قیمت چیز (۲) بچوں کا ایک کھلونا۔
اَدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں۔ [مثل] معمولی سا کام بھی سوچ سمجھ کے کرنا چاہیے۔
اَدھی کے نُون کو جاؤں لاؤ میری پالکی۔[مثل] اس شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جسے نئی نئی دولت ملی ہو اور وہ اپنا چھچھورا پن دکھائے۔
ادھی کے واسطے پیسے کا تیل جلانا۔ [مثل] تھوڑے فائدے کے لیے بہت نقصان اُٹھانا۔

اَدھیاپک۔(اَدھ۔یا۔پک) [س۔ا۔مذ] گرو۔ اُستاد۔معلم۔
اَدھیاپَن۔(اَدھ۔یا۔پَن) [س۔صف] پڑھانے کا کام۔
اَدھیار۔(اَدھ۔یار) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کسی جائداد میں آدھا حصہ (۲) آدھے کا مالک۔ وہ زمیندار یا کاشت کار جو گاؤں یا زمین میں آدھے کا مالک ہو۔
اَدھیاری۔(اَدھ۔یا۔ری) [ہ۔ا۔مث] کسی جائداد میں آدھی حصہ داری۔
اَدھیانا۔(اَدھ۔یا۔نا) آدھا کرنا۔ دو برابر حصوں میں بانٹنا۔
اَدھیائے۔(اَدھ۔یائے) [س۔ا۔مذ] پاٹھ۔حصہ۔سبق۔باب۔
اَدھیڑ۔(اَ۔دھیڑ) [ہ۔صف] بڑھاپے اور جوانی کے درمیان متوسط عمر کا نہ جوان اور نہ بوڑھا۔
اَدھیڑ ہونا۔متوسط عمر کا ہونا۔ ڈھلی ہوئی عمر کا ہونا۔
اَدھیڑ بُن۔(اَ۔دھیڑ۔بُن) [ہ۔ا۔مث] (۱) اُدھیڑنا اور بُننا۔ سوچ بچار غور و فکر۔ تردد۔
اُدھیڑ دینا۔ (اُ۔دھیڑ۔دے۔نا) [ا۔مص] (۱) ٹانکے توڑ دینا۔ سلائی توڑ دینا۔ چمڑی اُتار دینا۔ بہت زیادہ مارنا۔
اُدھیڑنا۔(اُ۔دھیڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سیون کھولنا۔ ٹانکے الگ کرنا (۲) بنی ہوئی چیز کی چھت اُکھاڑنا (۳) پرنوچنا (۴) مارنا پیٹنا۔ کھال اُتارنا۔ چمڑا الگ کرنا (۵) راز فاش کرنا (۶) بنی ہوئی چیز کھولنا۔
اَدھیلا۔(اَ۔دھے۔لا) [ہ۔ا۔مذ] آدھا پیسہ۔ دھیلا۔ ایک پیسے کا ½ واں حصہ۔
اَدھیلی۔(اَ۔دھے۔لی) [ہ۔ا۔مث] آدھا روپیہ۔ دھیلی۔ اٹھنی۔
اَدِھین۔(اَ۔دِھین) [س۔صف] تابعدار۔ فرماں بردار۔ مطیع۔
ادھینتا۔ (اَ۔دھین۔تا) [س۔ا۔مث] (۱) ماتحتی (۲) لاچاری۔ بے بسی۔ غریبی۔
اَدْیان۔(اَدْ۔یان) [ع۔ا۔مذ] دین کی جمع۔ مذہب۔
اَدِیب۔(اَ۔دِیب) [ع۔ا۔مذ] (۱) ادب سکھانے والا۔ اتالیق (۲) علم و ادب جاننے والا۔ زبان دان۔
اَدِیبانہ۔(اَ۔دِی۔با۔نہ) [ع۔صف] ادیب سے منسوب۔
اَدیبہ۔(اَ۔دی۔بہ) [ع۔ا۔مث] علم ادب جاننے والی۔ زبان دان عورت۔
ادیکھا۔(اَ۔دے۔کھا) [ہ۔صف] کم بین۔ حاسد۔
اَدِیم۔(اَ۔دِیم) [ع۔ا۔مذ] (۱) ادھوڑی۔ چمڑا (۲) سطح زمین۔

## ا۔ڈ

اَڈّا۔(اَڈ۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کو بنائی جاتی ہے (۲) جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا مستطیل چوکھٹا (۳) ہوائی جہازوں۔ بسوں اور تانگوں وغیرہ کے ٹھہرنے کی جگہ (۴) کسبیوں اور طوائفوں کے رہنے کا مقام۔ چکلا (۵) وہ جگہ جہاں کوئی شخص اکثر بیٹھا کرے (۶) چوکی۔ اسٹیشن (۷) جوتی کا کھڑا اور پچھلا حصہ۔ ایڑی۔ (۸) چڑیوں کے پنجرے کے اندر لکڑی یا لوہے کی چھڑ جو بیٹھنے کے لیے لگائی جاتی ہے (۹) بُنے ہوئے کپڑے یا گوٹے کناری کا تھان (۱۰) نواڑ بُننے کا لکڑی کا بنا ہوا ایک خاص قسم کا چوکھٹا۔
اُڈُّو اُڈُّو۔(اُڈ۔ڈُو۔ اُڈ۔ڈو) [ہ۔ا۔مث] آوارہ پھرنے والی عورت۔
اُڈو اُڈو کرنا (ہونا) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا یا ہونا۔ عیب لگانا۔ نظروں سے گرانا یا گرنا۔
اُڈھنگا۔(اُڈھ۔ڈھن۔گا) [ہ۔صف] بے ڈھنگا۔ بدوضع۔
اَڈّی۔(اَڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] (۱) جوتے کا پچھلا حصہ۔ ایڑی (۲) کپڑے کی وہ کلی جو عورتوں کے شلوکے میں کٹوری اور آستین کے بیچ ہوتی ہے۔
اِڈیٹر (Editor) (اِ۔ڈِی۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] اخبار یا رسالے کو مرتب کرنے والا۔ مدیر۔
اڈیٹوریل (Editorial) (اَ۔ڈی۔ٹو۔رِ۔یَل) [انگ۔ا۔مذ] مقالۂ افتتاحیہ۔ اداریہ۔
اِڈیشن (Edition) (اے۔ڈی۔شن) [انگ۔ا۔مذ] (۱) طبع۔ چھاپا (۲) جوڑ۔ جمع
اِڈیشنل (Additional) (اِ۔ڈی۔شَ۔نَل) [انگ۔صف] بڑھا ہوا۔ اضافہ کیا گیا۔ زائد۔ فالتو۔

## ا۔ذ

اَذان۔(اَ۔ذان) [ع۔ا۔مث] (۱) کان میں خبر یا آواز پہنچانا (۲) نماز کے واسطے بلانے کی صدا (۳) مرغ کا بولنا۔ بانگ۔
اذان دینا۔ اذان کہنا۔(محاورہ) بانگ دینا۔ نماز کے لیے بلانا۔
اِذعان۔ (اِذ۔عان) [ع۔ا۔مذ] (۱) فرماں برداری۔ طاعت (۲) یقین کرنا۔ اعتبار۔ بھروسہ۔
اَذفر۔[ع۔صف] خالص (۲) تیز بُو رکھنے والی چیز
اَذقان۔ [ع۔مث] ذقن کی جمع۔ ٹھوڑیاں۔
اَذکار۔(اَذ۔کار) [ع۔ا۔مذ] ذکر کی جمع (۱) بیانات (۲) قصے کہانیاں (۳) وعظ (۴) ورد۔ وظیفے۔
اَذکیا۔(اَ۔ذک۔یا) [ع۔صف۔و۔ا۔مذ] ذکی کی جمع۔ ذہین اور ہوشیار لوگ۔
اَذل۔(اَ۔ذَل) [ع۔صف] سب سے زیادہ ذلیل۔ ذلیل ترین۔
اِذن۔ [ع۔ا۔مذ] حکم۔ اجازت۔ پروانگی۔ آگیا۔
اذنِ عام۔(۱) اجازت (۲) وہ اجازت جو میت کا وارث جنازہ کی نماز کے بعد ضروری کام والوں کو چلے جانے کے لیے دیتا ہے۔
اَذہان۔(اَذ۔ہان) [ع۔ا۔مذ] ذہن کی جمع۔ عقل۔ سمجھ۔ ادراک۔
اَذِیّت۔(اَ۔ذی۔یت) [ع۔ا۔مث] ایذا۔ دکھ۔ تکلیف۔



Marfat.com

# ا - ر

**اَر** - [اَر - ا - مذ] (۱) ایک قسم کی بہت ہلکی لکڑی جس سے صندوق اور تلوار کی میان وغیرہ بناتے ہیں (۲) [ف] اگر

**اَر** - [ف] صرف شرط - اگر

**اُر** - قدیم عراق کا ایک شہر جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مسکن تھا۔

**اَر ارا کے بیٹھ جانا** - گر پڑنا - (محاورہ) دفعتہً گر پڑنا - عمارت کا بیٹھ جانا۔

**اَرابَہ** - (اَ - رَا - بَہ) [ف - ا - مث] (۱) بیل گاڑی چھکڑا - سامان لادنے کی گاڑی (۲) وہ گاڑی جس پر توپ کا سامان گولہ بارود رکھتے ہیں۔

**اِرادَت** - (اِ - رَا - دَت) [ع - ا - مث] (۱) خواہش - عقیدت - اعتقاد - آرزو - یقین جمع : ارادات

**ارادت مند** - معتقد - اعتقاد رکھنے والا - مُرید -

**ارادت مندی** - اعتقاد - یقین

**اِرادَہ** - (اِ - رَا - دَہ) [ع - ا - مذ] (۱) قصد - عزم (۲) منصوبہ - نیت - منشا (۳) مرضی - خواہش - اِچھا

**ارادہ باندھنا** - ارادہ کرنا - قصد کرنا - ٹھاننا - منصوبہ باندھنا -

**ارادہ بندھنا** - قصد ہونا۔

**ارادہ رکھنا** - قصد رکھنا - نیت رکھنا۔

**اِرادی** - (اِ - رَا - دی) [ع - ا - صف] اختیاری - ارادہ سے متعلق -

**اَراذِل** - (اَ - رَا - ذِل) [ع - صف] ارذل کی جمع - نالائق لوگ - کمینے - کم ذات اور نیچ لوگ۔

**اَراروٹ** - (اَ - رَا - روٹ) [اَ - ا - مذ] ایک قسم کی غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی اور بچوں اور مریضوں کو پانی یا دودھ میں پکا کر دی جاتی ہے۔

**اَراضی** - (اَ - رَا - ضی) [ع - ا - مث] ارض کی جمع (۱) زمین - دھرتی (۲) زمین کاشت - کھیت (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے) جمع : اراضیات

**اراضی اُفتادہ** - بے کاشت اور بنجر زمین - بنجر۔

**اراضی بندوبستی** - وہ زمین جس کا بندوبست کیا گیا ہو۔

**اراضی جل کر** - وہ اراضی جس میں برساتی پانی آبپاشی کے لیے جمع کیا جائے۔

**اراضی خالصہ** - خالص سرکاری زمین۔

**اراضی دریا برآمد** - وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے ظاہر ہو جائے۔

**اراضی دریا برد** - وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو۔

**اراضی سکنی** - وہ اراضی جس پر رہنے سہنے کے لیے مکانات بناتے ہیں۔

**اراضی (شاملات) شاملاتی** - گاؤں کی مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔

**اراضی شور** - ناقابل کاشت - کلر زمین - وہ زمین جس میں کھار کے باعث کاشت نہ ہو سکے۔

**اراضی معافی** - وہ زمین جس کی مالگذاری معاف ہو۔

**اراضی نوتردد** - نئی کاشت کی ہوئی زمین -

**اراضی وقف** - وہ اراضی جو کسی کی ملکیت نہ ہو اور کار خیر کے لیے چھوڑی گئی ہو۔

**اراضیات** - (اَ - رَا - ضی - یات) [ع - ا - مث] اراضی کی جمع - زمینیں۔

**اَراکین** - (اَ - رَا - کین) [ع - ا - مذ] رُکن کی جمع الجمع (۱) کھمبے - اڑاڑبیں - (۲) ممبران (۳) اُمراء - وزرا۔

**اَرانا** - [ا - مص] (۱) کنکوے کا ہوا کے رُخ گھومنا (۲) دن چڑھے تک سونا (۳) کسی چیز کا کثرت سے ہونا۔

**اَرَب** - (اَ - رَب) [ہ - صف] سو کروڑ

**ارب کھرب** - بے شمار - لاانتہا دولت - ارب سے لے کر کھرب تک۔

**اَرباب** - (اَر - باب) [ع - ا - مذ] رب کی جمع (۱) صاحب - خداوند - مالک - والی - (۲) پالنے والے

**ارباب اقتدار** - صاحب اختیار - صاحبانِ حکومت - اقتدار میں آئے ہوئے لوگ۔

**ارباب بست وکشاد** - حکومت پر بااثر لوگ - عقل مند لوگ۔

**ارباب بصیرت** - ذی فہم - ذی شعور - زیرک۔

**ارباب حجت** - (کنایتہً) منطقی لوگ۔

**ارباب دانش** - صاحب علم لوگ۔

**ارباب دولت** - دولت والے - مالدار لوگ۔

**ارباب سخن** - شعراء - ادباء۔

**ارباب سیر** - سوانح نگار - مؤرخ۔

**ارباب شرع** - قانونِ شریعت نافذ کرنے والے لوگ - حکامِ قضاء

**ارباب عدالت** - عدالت کے عہدہ دار۔

**ارباب عشرت** - محفلِ عشرت کے لوگ - ناچ رنگ دیکھنے والے۔

**ارباب قلم** - (۱) لکھنے پڑھنے والے لوگ (۲) انشاپرداز - مصنف - مؤلف۔

**ارباب معنی** - حقیقت شناس - عارف۔

**ارباب نشاط** - ناچنے گانے والے۔

**ارباب نظر** (بینش) عقل و شعور رکھنے والے۔

**ارباب وفا** - باوفا لوگ۔

**ارباب ہمم** - ہمت والے - فراخ حوصلہ۔

**ارباب ہنر** - صاحبانِ فن - ہنرمند لوگ - فنکار۔

**اَربَتی** - (اَر - بَ - تی) [ہ - ا - مث] (۱) راجہ اندر کے اکھاڑے کی ایک پری (۲) بھوت - پریت - سایہ (۳) چمک دمک - روشنی (۴) ایک زیور۔

**اَربَع - اَربَعَہ** - (اَر - بَع - اَر - بَعہ) [ع - صف] چار۔

**اربع عناصر** - چار عنصر یعنی مٹی - ہوا - آگ - پانی۔

**اربع جیوں کا تیوں کُنبہ ڈوبا کیوں** - [مثل] اپنی بے وقوفی سے اپنا گھر تباہ کر دینا اور پھر قائل نہ ہونا۔

**اَربعِ متناسبہ** - حساب کا ایک قاعدہ جس میں تین معلوم عددوں کے ذریعے چوتھا نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے

**اَربَعین** - (اَر - بَ - عین) [ع - ا - مذ] (۱) چالیس (۲) چالیس دن - چلّہ - (۳) مختلف قسم کی چار حدیثیں۔

**اَربَل** - (ہ - مث) گھوڑے کے کان کی جڑ میں ایک بھونری - ایک ہو تو منحوس سمجھی جاتی ہے دو ہوں تو مبارک۔

**اَربن کرنا** - (ہ - محاورہ) قربان کرنا - نذر کرنا - تحفہ پیش کرنا۔

**اِرتِباط** - (اِر - تِ - باط) [ع - ا - مذ] ربط ضبط - میل ملاپ - دوستی - راہ و رسم۔



Marfat.com

تعلق۔ آشنائی۔ محبت۔

**اِرْتجال**۔ (اِر۔تِ۔جال) (۱) جلدی کرنا (۲) بغیر سوچے جلدی کرنا۔

**اِرْتجالاً**۔ بے ساختہ۔ فی البدیہہ۔ بے سوچے سمجھے بولنا۔

**اِرْتحال**۔ (اِر۔تِ۔حال) [ع۔ ا۔مذ] رحلت کرنا۔ مرجانا۔

**اِرْتداد**۔ (اِر۔تِ۔داد) [ع۔ ا۔ مذ] پھر جانا۔ مرتد ہونا۔ اسلام چھوڑ دینا۔

**اِرْتسام**۔ (اِر۔تِ۔سام) [ع۔ا۔مذ] نقش و نگار کرنا۔ نقاشی کرنا۔

**اِرْتعاش**۔ (اِر۔تِ۔عاش) [ع۔ا۔مذ] کانپنا۔ رعشہ۔ کپکپی۔

**اِرْتفاع**۔ (اِر۔تِ۔فاع) [ع۔ا۔مذ] اُونچان۔ بلندی۔ اُبھار۔

ارتفاع پیما۔ بلندی ناپنے والا۔

**اِرْتقا**۔ (اِر۔تِ۔قا) [ع۔صف] (۱) اُوپر چڑھنا (۲) بتدریج ترقی کرنا۔ بتدریج نشوونما ہونا۔ بالیدگی۔ عروج۔

ارتقا کا نظریہ۔ وہ نظریہ جس کے مطابق مادے میں نشوونما اور تبدیلی ہوتی رہتی ہے اور مادّی اشیا ترقی کرتی رہتی ہیں۔ یہ نظریہ ڈاروِن کے نام سے منسوب ہے۔

**اِرْتقائی**۔ (اِر۔تِ۔قا۔ای) [ع۔صف] ترقی پذیر۔ نشوونما۔ ارتقا سے متعلق۔

**اِرْتکاب**۔ (اِر۔تِ۔کاب) [ع۔ا۔مذ] (۱) اختیار کرنا۔ عمل کرنا۔ (۲) گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔

ارتکابِ جُرم۔ جُرم کرنا۔

**اِرْتکاز**۔ (اِر۔تِ۔کاز) [ع۔ا۔مذ] اجتماع۔ ایک جگہ اکٹھا ہونا۔ ایک مرکز پر جمع ہونا

**اَرْتھ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) معنی۔ بیان۔ ترجمہ (۲) نیّت۔ مُراد۔ مطلب۔ ارادہ۔

**اَرْتھ مَیٹِک**۔ (Arithmetic) (اَرْتھ۔مے۔ٹِک) [انگ۔ا۔مذ] علم حساب۔ علم حساب کی کتاب۔

**اَرْتھی**۔ (اَر۔تھی) [ہ۔ا۔مث] ہندوؤں کا جنازہ۔

ارتھی نکلے۔ (بددُعا) مرجائے۔ جنازہ نکلے۔

**اِرْث**۔ [ع۔ا۔مث] میراث۔ ترکہ۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اُس کے وارث کو ملے۔

**اَرْج**۔ [ف۔ا۔مث] (۱) قدر و قیمت (۲) جوہر۔ لیاقت (۳) شان و شوکت۔

**اِرْجاع**۔ (اِر۔جاع) [ع۔ا۔مذ] (۱) دائر کرنا (۲) رجوع کرنا۔ رجعت۔

ارجاعِ نالش۔ نالش دائر کرنا۔

**اَرْجَل**۔ (اَر۔جَل) [ع۔ا۔مذ] بڑے پاؤں کا آدمی (۲) وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید ہو اور تین اور رنگ کے ہوں۔ ایسا گھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

اَرجمند۔ قدر و قیمت والا۔ ذی شان۔ ذی رُتبہ۔

**ارجنٹ**۔ (Urgent) (اُر۔جنٹ) [انگ۔صف] نہایت ضروری۔ تاکیدی۔ فوری۔ تعمیل طلب۔

**اَرْحام**۔ (اَر۔حام) [ع۔ا۔مذ] رحم کی جمع۔ بچہ دان۔ کوکھ۔

**اَرْحَم**۔ (اَر۔حَم) [ع۔صف] زیادہ رحم کرنے والا۔ بہت مہربانی کرنے والا۔

اَرحم الرّاحمین۔ مہربانوں کا مہربان۔ مراد اللہ تعالیٰ۔

**اَرْد**۔ (اَرْد) [ہ۔ا۔مذ] اُڑد۔ ماش۔ ایک غلّہ۔

اُرد پر سفیدی۔ بہت قلیل مقدار میں۔

اُرد پر پڑھ کر مارنا۔ (محاورہ) جادوگر کا ماش کے دانوں پر کچھ پڑھ کر کسی طرف پھینکنا تاکہ جادو کا اس پر اثر ہو جائے۔

اُرد کے آٹے کی طرح اینٹھنا۔ [مثل] بہت اکڑنا۔ خواہ مخواہ اکڑنا۔

**اُرْدابیگنی**۔ (اُر۔دا۔بیگ۔نی) [ا ر۔ت۔ا۔مث] وہ باوردی اور ہتھیار بند عورت جو شاہی حرم سرا کے دروازے پر پہرہ دیتی تھی۔ سپاہی عورت۔

**اَرْداس**۔ (اَر۔داس) [ہ۔ا۔مث] (۱) آس۔ اُمید۔ توقع۔ آسرا (۲) عرض معروض۔ التجا۔ التماس۔

**اُرْدادا**۔ (اُر۔دا۔دا) [ہ۔ا۔مذ] جوار اور گیہوں کا موٹا پسا ہوا آٹا جو پانی میں گوندھ کر گھوڑے کو دیا جاتا ہے۔

**اَرْدب**۔ (اَر۔دب) [ف۔ا۔مذ] (۱) درمیان میں آنے والا (۲) شطرنج کی اصطلاح میں شاہ کو شکست سے بچانے کے لیے بیچ میں آنے والا مہرہ۔

**اِرْدگِرْد**۔ (اِرْد۔گِرْد) [ہ] چاروں طرف۔ چوگرد۔ گرداگرد۔ آس پاس۔

اردگرد پھرنا۔ چاروں طرف گھومنا۔

**اَرْدَلی**۔ انگریزی لفظ (Orderly) کی اردو شکل [ہ۔ا۔مذ] (۱) پیادہ۔ ساتھ رہنے والا سپاہی (۲) اطلاع لانے اور لے جانے والا ہرکارہ۔

اردلی اتارنا۔ بہت سے آدمیوں کا کسی حورت کے ساتھ باری باری جماع کرنا۔

اردلی بازار۔ بادشاہ اور حکام کے دورے میں ساتھ رہنے والا بازار۔

اردلی سارجنٹ۔ حوالدار۔ جمعدار۔ دارو غہ۔

اردلی میں چلنا۔ حاکم کی سواری کے ساتھ چلنا۔

اردلی میں رہنا۔ حاکم کی سواری کے ساتھ رہنا۔

**اُرْدُو**۔ (اُر۔دو) [ت۔ا۔مذ] (۱) لشکر۔ لشکرگاہ (۲) [مث] پاک و ہند کی وہ زبان جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے۔

اُردو بازار۔ لشکر کا بازار۔ چھاؤنی کا بازار۔ صدر بازار۔

اُردوئے مُعَلّیٰ۔ دلی کی اعلیٰ زبان جو قلعہ شاہی میں بولی جاتی تھی۔ فصیح اور مستند اُردو۔

**اُردی بہشت**۔ (اُر۔دی۔ب۔ہشت) [ف۔ا۔مذ] ایرانیوں کا دُوسرا مہینہ جو ہندی جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے۔

**اَرْذَل**۔ (اَرْ۔ذَل) [ع۔صف] بہت ذلیل۔ نہایت کمینہ۔

**اَرَرَ**۔ (اَ۔رَ۔رَ) [ہ۔ا۔مث] تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ کلمۂ استعجاب (اَرر یہ کیا ہوا؟)

**اَرْڑانا**۔ (اَرْڑانا) (محاورہ) چیخنا۔ چلانا۔ گرجنا۔

**اَرْز**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) مول۔ قیمت (خ) (۲) عزت۔ قدر و مرتبہ۔ بزرگی۔

**ارزاق**۔ (اَر۔زاق) [ع۔ا۔مذ] رزق کی جمع۔ روزیاں۔

**اَرْزاں**۔ (اَر۔زاں) [ف۔صف] سستا۔ کم قیمت۔ گراں کی ضد۔

ارزاں بعلت گراں بحکمت۔ [مثل] کم قیمت میں کوئی نہ کوئی عیب اور بیش قیمت میں کوئی نہ کوئی وصف ضرور ہوتا ہے۔

**اَرْزانی**۔ (اَر۔زا۔نی) [ف۔ا۔مث] (۱) سستاپن (۲) کثرت۔ بہتات۔ زیادتی (۳) کم قدری۔ بے توقیری۔

**اَرْزَق**۔ (اَر۔زَق) غلط ہے۔ دیکھئے اَزرَق۔

**اَرْزَن**۔ (اَر۔زَن) [ف۔ا۔مذ] ایک غلّے کا نام۔ چینا۔



Marfat.com

**اَرژنگ** - (اَر-ژَنگ) [ف-ا-مذ] (۱) چین کے مشہور مصوّر کا نگار خانہ (۲) چین کے ایک مشہور مصوّر کا نام۔

**اِرسال** - (اِر-سال) [ع-ا-مذ] بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ روانگی۔

**اَرسطو۔ ارسطاطالیس** - (اَ-رَس-طُو۔ اَ-رَس-طا-طا-لِیس) [یو-ا-مذ] (۱) کامل و فاضل شخص (۲) یونان کا مشہور عالم جو فلسفہ کا معلّم اوّل کہلاتا ہے اور سکندر کا استاد و مشیر تھا۔

**اَرسلان** - (اَر-سَ-لان) [ت-ا-مذ] شیر۔

**اِرشاد** - (اِر-شاد) [ع-ا-مذ] (۱) ہدایت (۲) حکم۔ آگیا۔ جمع: ارشادات۔

**ارشاد بجالانا** - حکم کی تعمیل کرنا۔

**ارشاد (فرمانا) کرنا** - حکم دینا۔ کہنا

**اَرشَد** - (اَر-شَد) [ع-صف] نہایت ہدایت یافتہ۔

**اَرض** - [ع-ا-مث] زمین۔ دھرتی۔ جمع: اراضی

**ارضِ مقدّس** - (۱) پاک زمین (۲) فلسطین

**اَرض و سَما** - زمین و آسمان۔

**اَرضی** - (اَر-ضِی) [ع-صف] زمینی۔ زمین کا۔ زمین سے متعلق۔

**اَرضیات** - (اَر-ضِ-یات) [ع-ا-مذ] زمین کے طبقوں کا علم۔ طبقات الارض (Geology)

**اَرغن۔ اَرغنون** - (اَر-غَن۔ اَر-غَ-نُو-ن) [یو-ا-مذ] ارگن باجا۔ ایک قسم کا باجہ جو افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

**اَرغوان** - (اَر-غَ-وان) [ف-ا-مذ] سُرخ اور نارنجی رنگ۔ ایک سُرخ رنگ کے پھول کا نام۔

**اَرغوانی** - (اَر-غَ-وا-نی) [ف-صف] کُسم کے رنگ کا۔ لال رنگ کا۔ نہایت سُرخ۔ نارنجی رنگ کا۔

**اَرفع** - (اَر-فَع) [ع-صف] (۱) نہایت بُلند (۲) عالی مرتبہ۔

**اِرقام** - (اِر-قام) [ف-ا-مذ] لکھنا۔ تحریر کرنا (عربی رقم سے فارسی والوں نے افعال کے وزن پر بنا لیا ہے)

**اَرکان** - (اَر-کان) [ع-ا-مذ] رُکن کی جمع (۱) تھم۔ ستون (۲) مجازاً وزیر امیر جن پر اُمورِ سلطنت کا دارومدار ہو (۳) ممبر (کسی جماعت کے) (۴) وہ امور جن پر خاص خاص دینی یا دنیوی مسائل کا مدار ہو۔

**ارکان ادا کرنا** - عبادت کو قواعد اور اصول کے مطابق صحیح طور پر پُورا کرنا۔

**ارکان ادا ہونا** - کسی کام کے لوازمات پورے ہو جانا۔

**ارکانِ (دولت) سلطنت** - وزرا۔ امرا۔ سلطنت کے حکام۔

**اَرگجا** - (اَر-گَ-جا) ایک مشہور مرکب عطر جو صندل۔ گلاب۔ مشک کا فور۔ عنبر اور چنبیلی سے تیار ہوتا ہے۔

**اَرگل** - (اَر-گَل) [ہ-ا-مث] لکڑی کی چٹخنی جو کواڑوں کو بند کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

**اَرگن** - (Organ) (اَر-گَن) [انگ-ا-مذ] ایک باجہ

**اَرل** - (Earl) (انگ-ا-مذ) نواب۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیر کا خطاب۔

**اِرَم** - (اِ-رَم) [ع-ا-مذ] (۱) شدّاد کی بنائی ہوئی بہشت کا نام (۲) مجازاً بہشت۔ جنّت۔

**اَرمان** - (اَر-مان) [ف-ا-مذ] (۱) تمنّا۔ آرزو۔ حسرت۔ چاہ۔ خواہش (۲) شوق۔ اشتیاق (۳) افسوس۔ تاسف۔ دریغ۔

**ارمان بھرا۔ ارمان بھری** - حسرت مند۔ آرزوؤں اور حسرتوں سے پُر۔

**ارمان بھری گھونگا** - (محاورہ) دل میں بہت سے ارمان رکھنے والی عورت۔

**ارمان پُورا ہونا** - (محاورہ) آرزو پُوری ہونا۔

**ارمان جاتا رہا** - (محاورہ) کسی بات کی آرزو مِٹ جانا۔

**اَرمان جی کے جی میں رہنا** - (محاورہ) حسرت رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ ارمان نہ نکلنا

**اَرمان خاک میں ملنا** - (محاورہ) مایوسی ہونا۔ نااُمیدی ہونا۔

**ارمان (رہ جانا) رہنا** - (محاورہ) حسرت رہ جانا۔ جی کی جی میں رہنا۔

**ارمان کا خون ہونا** - (محاورہ) آرزو پُوری نہ ہونا۔

**ارمان کرنا** - محاورہ) تمنا کرنا۔ آرزو کرنا۔

**ارمان نکالنا** - (محاورہ) شوق پُورا کرنا۔ حسرت نکالنا۔

**اَرمغان** - (اَر-مَ-غان) [ف-ا-مذ] تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذر۔ پیشکش (بضم و بفتح ثالث دونوں صحیح ہیں)

**اَرنا** - (اَر-نا) [ہ-صف] جنگلی۔

**اَرنا اُپلا** - (۱) گائے بھینس کا گوبر جو جنگل میں سُوکھ جاتا ہے۔ جنگلی کنڈا۔

**ارنا بھینسا** - (۱) جنگلی بھینسا (۲) مجازاً بہت موٹا اور طاقتور آدمی۔

**اَرنڈ** - (اَ-رَنڈ) [ہ-ا-مذ] ایک درخت جس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔

**ارنڈ خربوزہ** - ایک قسم کا پھل۔ پپیتا۔

**ارنڈ کی جڑ** - (۱) ارنڈ کے پیڑ کی جڑ (۲) نہایت ناپائیدار چیز۔

**اَرنڈی** - (اَ-رَن-ڈِی) [ہ-ا-مث] ارنڈ کا بیج۔ رینڈی جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

**ارنڈی کا تیل** - ارنڈ کے بیج سے نکالا ہوا تیل جو عموماً جلاب کے لیے پیا جاتا ہے۔ کسٹر آئل۔

**اَرِنی** - (اَ-رِ-نی) [ع] دِکھا مجھے (حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر خدا سے درخواست کی تھی۔ رَبِّ اَرِنی۔ الٰہی! مجھے اپنا جلوہ دکھا۔ جواب ملا۔ لَن تَرانی۔ تو مجھے نہ دیکھ سکے گا۔

**اَرِنی کہنا** - طالب دیدار ہونا۔ دیدار کی التجا کرنا۔

**اَرِنی گو** - اَرِنی کہنے والا۔ طالب دیدار۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ سے مُراد ہے۔

**اَروَاح** - (اَر-وَاح) [ع-ا-مث] رُوح کی جمع (۱) رُوحیں۔ جانیں (۲) نیت۔ اندرونی خواہش (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے (۳) فرشتے (ق)

**ارواح اُدھر ہی لگی ہے** - عورتیں، مُردے کا ذکر کرتے وقت یہ محاورہ بولتی ہیں۔ تا کہ اس کی رُوح انھیں ستانے نہ آئے۔

**ارواح بھٹکنا** - (محاورہ) رُوح کا پریشان ہونا۔ کسی چیز کی تلاش میں جان بکل رہنا۔ کسی چیز کی حسرت لے کر مر جانا۔

**ارواح (اُبھرنا) بھر جانا** - (محاورہ) نیت بھرنا۔ طبیعت سیر ہونا۔ جی بھرنا۔

**ارواح پڑی رہنا** - (محاورہ) نیت پڑی رہنا۔ دھیان پڑا رہنا۔

**ارواح (پھر جانا) پھرنا** - (محاورہ) جی بیزار ہونا۔ رغبت نہ رہنا۔ نیت بھر جانا۔

**ارواح خبیثہ** - بد رُوحیں۔ بھوت پریت۔



Marfat.com

اِرداح لگی رہنا۔ (محاورہ) نیت لگی رہنا۔
ارداح نہ شرمائے۔ (محاورہ) عورتیں کسی مُردے کی بُرائی کرتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔
اَرُوپَت۔ (اَ-رُوپَت) [س-ا-مذ] (۱) بھدا پن۔بدنمائی (۲) [صف] بدشکل بھدا۔
اَرُوپا۔ (اَ-رُو-پا) [انگریزی یورپ (Europe) کا مفرس] [ص-ا-مذ] یورپ فرنگستان۔فرنگ
اَرُوپائی۔ (اَ-رُو-پائی) [ف-صف] یورپی۔یورپ والا۔یورپ سے متعلق۔
اروڑا۔ (اَ-رُو-ڑا) [ہ-ا-مث] پنجابی ہندوؤں کی ایک ذات۔
اَروگی۔ (ا-رو-گی) [ہ-صف] جسے کوئی بیماری نہ ہو۔بھلا چنگا۔
اَروَل۔ (اَر-وَل) [ہ-ا-مث] وہ بھونری جو گھوڑے کے کان کی جڑ میں گردن کی طرف ہوتی ہے اور دونوں طرف مبارک اور ایک طرف بُری خیال کی جاتی ہے۔
اَروَلی۔ (اَر-وَ-لی) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کا سفید اور موٹا کاغذ۔
اَروَن گھروَن۔ [ہ-ا-مذ] بچوں کا ایک کھیل۔چھوٹے بچے پاؤں پھیلا کر ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں اور یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں
اَروِی۔ (اَر-وی) [ہ-ا-مث] ایک لیس دار ترکاری جو جڑ کی قسم سے ہوتی ہے گھُیاں۔
اَرّہ۔ (اَر-رہ) [ف-ا-مذ] لکڑی چیرنے کا اوزار۔آرہ۔
اَرّہ کش۔ (ف-مذ) لکڑی چیرنے والا۔
اَرہر۔ (اَر-ہر) [ہ-ا-مث] ایک غلہ جس کی دال پکا کر کھاتے ہیں۔
ارہر کی ٹٹیا گجراتی تالا۔ [مثل] ناموزوں کام۔غیر مناسب چیزوں کا میل۔
اَرَئی۔ (اَ-رَ-ئی) [ہ-ا-مث] بیل ہانکنے کی چھڑی جس کے سرے پر لوہے کی نکیلی کیل ہوتی ہے۔
اَری۔ (اَ-ری) [ہ-اَر] کلمۂ خطاب۔کم رُتبہ عورت کے لیے۔
اَرے (ا-رے) (اَر-ا-مذ) کلمۂ ندا و خطاب۔اے۔او (کم رتبہ شخص کے لیے) (۲) کلمۂ تعجب۔
ارے ترے کرنا۔ (محاورہ) بے ادبی سے بولنا۔ابے تبے کرنا۔گستاخی سے پیش آنا۔
ارے رے رے۔ (کلمۂ تعجب) نہایت حیرانی اور تعجب ظاہر کرنے کے موقع پہ بولتے ہیں۔
ارے لوگو۔اے آدمیو۔اے مردو!
اُریب۔ (اُ-ریب) [ف-صف] آڑا۔ترچھا۔
اُریب دار پاجامہ۔ آڑا پاجامہ جس کی مُہری اتنی تنگ ہوتی ہے کہ پنڈلی سے چپک جاتی ہے۔
اریب کی باتیں۔پیچیدہ باتیں۔پیسٹواں باتیں۔فریب کی باتیں۔دھوکے کی گفتگو۔
اُریب کی چال۔ دغا و فریب کی بات۔ٹیڑھی چال۔
اُریبواں۔ (اُ-ریب-واں) [اُر-صف] آڑا۔ترچھا۔
اَریب۔ (ع-صف) عقلمند۔دانا۔

# ا-ڑ

اَڑ۔ [ہ-ا-ہ-مث] (۱) ضد۔ہٹ۔پیچ (۲) سُدا۔تعالت۔
اَڑ بیٹھنا۔ (محاورہ) ضد کرنا۔اصرار کرنا۔ہٹ کرنا۔
اَڑ جانا۔ (محاورہ) ہٹ کرنا۔ضد کرنا (۲) جم جانا۔تھم جانا۔رُک جانا۔
اَڑ کر لینا۔ (محاورہ) دھرنا دے کر لینا۔بے وصول کیے نہ چھوڑنا۔پکڑ کر لینا۔
اَڑ کھڑا ہونا۔ (محاورہ) سدِّ راہ ہونا۔راستہ روک کر کھڑا ہونا۔
اَڑ کے بیٹھنا۔ (محاورہ) جم کر بیٹھنا۔اس قصد سے بیٹھنا کہ جب تک کام پورا نہ ہو اُٹھیں گے نہیں۔دھرنا دینا۔
اَڑا اَڑا۔ (اَڑا-ڑا) [ہ-ا-مذ] (۱) مکان یا دیوار گرنے کی آواز (۲) دریا کا کراڑا۔
اڑا اڑا دھم۔ اَڑا اَڑا دھڑیم۔اڑا اڑا دھول۔کسی چیز کے بے تحاشا گرنے کی آواز۔
اڑا اڑا کر کے گرنا۔دھماکے سے گرنا۔مکان کا بلند آواز سے گرنا۔
اُڑا۔ (اُ-ڑا) [ہ] (۱) اُڑگیا (۲) نایاب۔کم یاب۔
اُڑا آنا۔ (محاورہ) بہت جلد آنا۔تیز روی سے آنا۔
اُڑا پڑ جانا۔ (محاورہ) ناپید ہو جانا۔نایاب ہو جانا۔
اُڑا پھرنا۔ (محاورہ) جلد جلد گشت لگانا۔ہوا میں اِدھر اُدھر گشت کرنا۔
اُڑا جانا۔ (محاورہ) (۱) تیز تیز جانا (۲) اُڑتے ہوئے جانا (۳) ٹال جانا (۴) کھا جانا
اُڑا دینا۔ (محاورہ) (۱) مشہور کر دینا (۲) موقوف کر دینا۔بند کر دینا (۳) چوری کر لینا غائب کر دینا (۴) خرچ کر ڈالنا (۵) اُدھیڑنا۔
اُڑا لانا۔ (محاورہ) (۱) ہوا کی مدد سے کسی چیز کو بالا بالا لانا۔چالاکی سے کوئی چیز حاصل کرنا۔
اُڑا لینا۔ (محاورہ) (۱) چُرا لینا (۲) اس طرح لے جانا کہ معلوم نہ ہو (۳) بغیر بتائے کوئی چیز دیکھ کر سیکھ لینا۔ہو بہو نقل کر لینا۔
اَڑان۔ (اَ-ڑا-ن) [ہ-ا-مذ] تھم۔ستون۔وہ لکڑی جس سے کسی گرتی ہوئی دیوار یا چھت کو سہارا دیتے ہیں۔
اُڑان۔ (اُ-ڑا-ن) [ہ-ا-مث] (۱) پرواز۔اڑنا (۲) چھلانگ۔جست
اُڑان گھائی۔ (محاورہ) (۱) بندھی ہوئی چوٹیں (۲) انگلیوں کی جڑ کا حصہ (۳) شعبدہ بازی چالاکی۔ہوشیاری۔فریب دہی۔
اُڑان گھائی بتانا۔ (محاورہ) اَنٹی مارنا۔دغا دینا۔دھوکہ دینا۔فریب دینا۔بہکانا۔
اَڑانا۔ (اَڑا-نا) [ہ-مص] (۱) اٹکانا۔پھنسانا۔اُلجھانا (۲) روکنا۔ٹھہرانا۔حائل کرنا۔ (۳) شامل کرنا۔ملانا۔شریک کرنا (۴) [مذ] بڑا اور موٹا اڑان۔تھم۔ستون۔ وہ مضبوط لکڑی جو دیوار یا چھت کے سنبھالنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔
اَڑّانا۔ (اَڑ-ڑا-نا) [ہ-مص] (۱) دُکھ یا بیماری کے باعث گلے کی طرح چلانا۔کراہنا۔ (۲) سخت آواز سے بولنا۔
اُڑانا۔ (اُ-ڑا-نا) [ہ-مص] (۱) پرواز میں لانا۔پرواز کرانا۔پرندوں یا پتنگ وغیرہ کو فضا میں پہنچانا (۲) کاٹنا۔تراشنا۔کترنا۔جدا کرنا (۳) بغیر بتائے کوئی کام دیکھ کر سیکھ لینا۔ہو بہو نقل کرنا (۴) چُرا کر لانا۔مفت حاصل کرنا۔ چھپانا (۵) اکھاڑنا۔خراب کرانا۔جمنے نہ دینا۔نکالنا۔موقوف کرنا (۶) ٹالنا اَن سُنی کرنا۔بھلاوا دینا (۷) دُور کرنا۔پرے کرنا۔ہٹانا۔ضائع کرنا (۸)



Marfat.com

فضول خرچی کرنا۔ روپیہ برباد کرنا (۹) بے جا تعریف کرنا۔ بنانا۔ ہنسی میں ڈالنا۔ رسوا و بدنام کرنا (۱۰) بھگا لے جانا۔ چھپا دینا۔ غائب کر دینا (۱۱) مجامعت کرنا۔ کام بنانا۔ کھیل بنانا (۱۲) رونق بڑھانا۔ زینت بخشنا۔ جان ڈالنا۔ خوش ذائقہ بنانا (۱۳) جھٹکانا۔ جھلنا۔ نکالنا (۱۴) ٹپکانا۔ بھگانا۔ دوڑانا (۱۵) لگانا کھڑا کرنا۔ (۱۶) برسانا۔ پھٹکنا۔ صاف کرنا (۱۷) مشہور کرنا۔ شہرت دینا (۱۸) پینا۔ نوش کرنا۔ مے نوشی کرنا۔ شراب پینا (۱۹) کھانا۔ چٹ کرنا (۲۰) حاصل کرنا (۲۱) چھینا۔ کھرچنا۔ قلم پھیرنا۔ مٹانا۔ خارج کرنا۔ نام و نشان نہ رکھنا (۲۲) ادھیڑنا (۲۳) اکھاڑ کر پھینکنا۔ کھود ڈالنا (۲۴) مارنا۔ ٹکانا۔ جمانا۔ (۲۵) تان اڑانا۔ گانا (۲۶) پراگندہ کرنا۔ پریشان کرنا (۲۷) پھینکنا۔ اُچھالنا۔ جھٹکانا (۲۸) بے جا تعریف کرنا (۲۹) ٹھیک نشانہ لگانا (۳۰) کسی کا انداز اُڑا لینا۔ گانا۔ جیسے تان اُڑانا۔

**اَڑانی**۔ (اَڑا۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بڑا پنکھا (۲) کشتی کا ایک داؤ۔ اڑنگا۔ دوسرے کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دینے کا پیچ۔

**اَڑا ہونا** (محاورہ) (اَ۔ڑا۔ہو۔نا) [اُ۔مص] ضد پر قائم ہونا۔ سدّ راہ ہونا۔ حائل ہونا۔

**اُڑاؤ**۔ (اُ۔ڑا۔اُؤ) [ہ۔صف] اُڑنے والا۔ فضول خرچ۔ گھر لٹا دینے والا۔

**اُڑاؤ کھاؤ**۔ فضول خرچ۔ کھانے لٹانے والا۔

**اَڑبَڑ**۔ (اَڑ۔بَڑ) [ہ۔صف] ناہموار۔ اونچا نیچا۔ بے محل۔ بے معنی۔

**اَڑبنگ**۔ (اَڑ۔بنگ) [ہ۔صف] (۱) ٹیڑھا میڑھا۔ اونچا نیچا (۲) مشکل (۳) انوکھا۔

**اَڑبنگا**۔ (اَڑ۔بن۔گا) [ہ۔صف] (۱) بانکا اور آڑا۔ ٹیڑھا ترچھا (۲) ضدی (۳) [مذ] روک۔ آڑ۔ (۴) جھمیلا۔ بکھیڑا۔ رخنہ۔

**اُڑبھاگنا**۔ (اُڑ۔بھاگ۔نا) [ہ۔مص] تیزی سے چلا جانا۔

**اُڑ بھنبیری ساون آیا** [ہ۔مثل] کسی کو اتفاقاً مل جائے اور وہ گلچھرے اڑانے لگے تو طنزاً کہتے ہیں۔ یہی دن ہیں خوب مزے کر لے۔

**اَڑتالیس**۔ (اَڑ۔تا۔لیس) سینتالیس کے بعد کا عدد۔ چالیس اور آٹھ۔

**اَڑتلا**۔ (اَڑ۔ت۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پناہ۔ آسرا۔ سہارا (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ عذر۔

**اڑتلا (پکڑنا) لینا** (۱) پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ سہارا لینا (۲) بہانہ کرنا۔ عذر کرنا

**اُڑتلا**۔ (اُڑ۔ت۔لا) [ق۔ا۔مذ] آسرا۔ پناہ گاہ۔

**اُڑتی**۔ (اُڑ۔تی) [ہ۔صف] (۱) اُڑتی ہوئی۔ (۲) تول میں کچھ کم۔

**اُڑتی بیٹھک**۔ دونوں پاؤں کو سمیٹ کر اُٹھتے بیٹھتے ہوئے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا۔ بیٹھک کا ایک انداز۔

**اُڑتی بیماری**۔ وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے۔ متعدی مرض۔ چھوت کی بیماری۔

**اُڑتی پڑتی خبر**۔ افواہ۔

**اُڑتی تول**۔ کم تولنا۔

**اُڑتی چڑیا کو پہچاننا**۔ اُڑتی چڑیا کے پر گننا۔ کمال نظر باز ہونا۔ دل کی بات سمجھ جانا۔ بھانپنا۔ تاڑنا۔ تیور پہچاننا۔ قیافہ شناس ہونا۔

**اُڑتی سی (خبر)** افواہ۔ بھنک۔ بازاری اور بے تحقیق بات۔ اڑتی پڑتی خبر۔ گپ۔

**اَڑتیس**۔ (اَڑ۔تیس) [ہ۔صف] تیس اور آٹھ۔ سینتیس کے بعد کا عدد۔

**اُڑجانا**۔ (اُڑ۔جانا) [ہ۔مص] (۱) پرندے کا اُڑ جانا۔ پرواز کر جانا (۲) بھاگ جانا۔ کافور ہو جانا (۳) غائب ہو جانا (۴) دُور ہو جانا (۵) کسی چیز کا رنگ جاتا رہنا یا پھیکا پڑ جانا (۶) کٹ جانا۔ قلم ہو جانا۔ جد[ا] ہو جانا (۷) مٹ جانا (۸) غارت ہو جانا۔

**اُڑجائے**۔ (اُڑ۔جا۔اے) مٹ جائے۔ غارت ہو (بددعا)

**اُڑچلنا**۔ (اُڑ۔چل۔نا) [ہ۔مص] (۱) اترانا۔ مغرور ہونا (۲) اوقات سے با[ہر] قدم رکھنا (۳) بدراہ ہونا۔ بدچلنی اختیار کرنا۔ آوارہ ہو جانا۔

**اَڑچن**۔ (اَڑ۔چن) [ہ۔ا۔مث] رکاوٹ۔ دقت۔ تعطل۔ بحران

**اُڑس**۔ (اُڑ۔س) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کھٹمل۔ (۲) اُڑسنا کا امر۔ گھسیڑ

**اُڑس لینا** (محاورہ) (اُ۔ڑس۔لے۔نا) [ہ۔مص] اٹکا لینا۔ ٹھونس لینا۔ داخل کر لینا۔

**اَڑسٹھ**۔ (اَڑ۔سٹھ) [ہ۔صف] ساٹھ اور آٹھ۔ سڑسٹھ کے بعد کا عدد۔

**اُڑسنا**۔ (اُ۔ڑس۔نا) [ہ۔مص] (۱) گھسیڑنا۔ داخل کرنا (۲) چھیدنا (۳) گھبونا۔ چبھونا (۴) تہہ کرنا (۵) بھر دینا۔ (۶) منہ بند کر دینا۔

**اُڑکے**۔ (اُڑ۔کے) [ہ۔تابع فعل] (۱) پرواز کر کے۔ اچھل کے (۲) زیادہ سے زیادہ۔ بہت سے بہت۔ (۳) تیزی سے۔

**اُڑکے (کر) کہاں جاؤ گے**۔ (محاورہ) کہاں بھاگ کر جا سکتے ہو بچ کر کہاں جاؤ گے

**اُڑکے لگنا**۔ (محاورہ) ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جانا۔

**اُڑکے ملنا**۔ (۱) از خود پہنچ جانا (۲) بغیر وسیلے کے پہنچ جانا (۳) بڑے اشتیاق سے ملنا۔

**اُڑکے منہ میں کھیل نہیں گئی ہے**۔ [ہ۔مثل] کچھ نہیں کھایا ہے۔ ذرا بھی غذا نہیں کھائی۔

**اَڑگڑا**۔ (اَڑ۔گَ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گھوڑوں کے دوڑانے اور سدھانے کی جگہ۔ (۲) گاڑیوں کا اڈا۔

**اُڑگیا**۔ (اُڑ۔گَ۔یا) [ہ۔صف] اُجڑ گیا۔ خانہ خراب۔ غارت شدہ۔ ناپید۔

**اَڑم**۔ (اَ۔ڑم) [ہ۔ا۔مذ] انبار۔ ڈھیر۔

**اُڑن**۔ (اُ۔ڑن) [ہ۔صف] (۱) اُڑنے والا۔ پرواز کرنے والا۔ جو اُڑ سکے (۲) غائب ہو جانے والا۔ ناپید ہو جانے والا۔

**اُڑن پھل**۔ وہ فرضی پھل جس کے کھانے سے اُڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

**اُڑن جوگا**۔ مٹ جانے کے قابل۔ مرنے جوگا۔

**اُڑن چھو ہونا**۔ چل دینا۔ ناپید ہونا۔ غائب غلہ ہو جانا۔

**اُڑن فاختہ**۔ سیدھا سادا۔ مُورکھ۔

**اُڑن کھٹولا**۔ اُڑنے والا تخت۔ تخت رواں۔ پریوں کے سیر کرنے کا تخت۔

**اُڑن گھائی**۔ دیکھیے اڑان گھائی۔

**اَڑنا**۔ (اَڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سدّ راہ ہونا۔ مزاحم ہونا (۲) ڈٹنا۔ جمنا (۳) بھڑنا۔ الجھنا۔ جھگڑنا (۴) ضد کرنا (۵) داؤں پر لگانا یا رکھنا (۶) دخل دینا (۷) آمادہ ہونا (۸) ٹس سے مس نہ ہونا۔ سرکنا۔ جنبش نہ کرنا۔

**اُڑنا**۔ (اُڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پرواز کرنا۔ بلند ہونا (۲) ترشنا۔ کٹ کر علیحدہ ہونا۔ تہ اُتر جانا (۳) نقل اُترنا (۴) غائب ہونا۔ چوری ہونا (۵) بہت جلد صرف ہو جانا (۶) اترانا۔ غرور کرنا (۷) بھاگ جانا۔ چل دینا (۸) گھوڑے کا طرارے بھرنا (۹) کھایا پیا جانا (۱۰) حاصل ہونا (۱۱) مٹنا (۱۲) اُدھڑنا۔ (۱۳) ہلاک ہو جانا (۱۴) گانا (۱۵) نابود ہو جانا (۱۶) اُچٹنا (۱۷) نشانے پر لگنا۔ نشانہ ہونا (۱۸) نوچنا (۱۹) بے تکی ہانک لگانا (۲۰) پھٹنا۔ پرزے پرزے ہونا (۲۱) سناٹا ہونا۔ ویرانی ہونا (۲۲) تباہ و برباد ہونا (۲۳) پھڑکنا



Marfat.com

(۲۴) جلنا - شعلہ دینا (۲۵) پھیلنا - مشہور ہونا (۲۶) رنگ پھیکا پڑنا
(۲۷) پریشان و پراگندہ ہونا (۲۸) عیش و عشرت کرنا (۲۹) تیز چلنا -
(۳۰) ہنسی مذاق ہونا -

**اُڑ (ناگن) ناگنی** - (اُڑ - نا - گن) نا - گ - نی ) [ہ - امث ] (۱) سانپنی جو اُڑ کے کاٹتی ہے (۲) (مجازاً) غصے والی عورت - جھگڑالو عورت

**اُڑنکو** - ( اُ - ڑَن - کو ) [ہ - صف ] اُڑنے والا - اُڑنے کی صلاحیت رکھنے والا - جو اُڑ سکے -

**اڑنگ** - ( اَ - ڑَنگ ) [ ہ - ا - مذ ] ڈھیر - انبار -

**اڑنگ بڑنگ** - (۱) مہمل اور بے سر و پا باتیں - بے تکی باتیں (۲) پیچ دار خم دار ٹیڑھا (۳) لڑکوں کا کھیل -

**اڑنگ بڑنگ ہو جانا** - ( محاورہ ) جگہ سے ہٹ جانا - بے ترتیب ہو جانا -

**اَڑنگا** - ( اَ - ڑَن - گا ) [ ہ - ا - مذ ] (۱) کشتی کا ایک پیچ جس سے حریف کو اُس کی ٹانگ میں اپنی آڑی ٹانگ آنکڑی کی طرح مار کر گرا دیتے ہیں (۲) روک - آڑ - مزاحمت - دِقت - رخنہ -

**اَڑنگا لگانا** - ( محاورہ ) ہوتے ہوئے کام کو روک دینا - رخنہ ڈالنا - خارج ہونا -

**اڑنگا مارنا** - ( محاورہ ) (۱) اڑنگے کا پیچ کرنا (۲) حارج ہونا - سدِ راہ ہونا - رخنہ انداز ہونا -

**اڑنگے پر (چڑھانا) مارنا - اڑنگے پر چڑھا کر مارنا** - (محاورہ) داؤں پر چڑھانا - فریب دے کر قابو میں لانا -

**اَڑواڑ** - ( اَڑ - واڑ ) [ ہ - امث ] ٹیکن - ٹیک - تھونی - ستون - کھم - اُڑان - اڑانا وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کے نیچے لگا دیتے ہیں تاکہ وہ گرے نہیں -

**اَڑوس پڑوس** - ( اَ - ڑوس - پَ - ڑوس ) [ ہ - ا - مذ ] قرب و جوار - آس پاس -

**اڑوسی پڑوسی** - ( اَ - ڑو - سی - پَ - ڑو - سی ) [ ہ - ا - مذ ] آس پاس کا رہنے والا ہمسایہ -

**اُڑھانا** - ( اُ - ڑھا - نا ) [ ہ - مص ] اوڑھنا کا متعدی المتعدی -

**اَڑھائی** - ( اَ - ڑھا - ئی ) [ ہ - صف ] دو اور آدھا - ڈھائی -

**اڑھائی اکھر** - مختصر مگر نہایت پُر تاثیر باتیں -

**اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا - اڑھائی چاول الگ گلانا** - (محاورہ) سب سے الگ راستہ رکھنا -

**اڑھائی بکائن میاں باغ میں کالی حرم محل خانہ میں** - [ مثل ] جب کوئی بے حقیقت آدمی شیخی مارتا ہے تو یہ مثل کہتے ہیں - کم ظرف ہے - اوچھا ہے -

**اڑھائی چلو لہو (پینا) پی لینا** - مار ڈالنا - (عورتیں نہایت غصہ کی حالت میں کہتی ہیں)

**اَڑھائی دن سقے نے بھی بادشاہت کی ہے** [ مثل ] انقلاب زمانہ سے کبھی ادنےٰ بھی اعلیٰ مرتبے پر پہنچ جاتا ہے (نظام سقے کی طرف اشارہ ہے جس نے ہمایوں کی جان بچائی تھی اور اس کے عوض ہمایوں نے اسے ڈھائی دن کے لیے بادشاہ بنایا تھا)

**اڑھائی دن کی بادشاہت** - [ مثل ] ناپائدار یا تھوڑے دنوں کی حکومت -

**اڑھائی گھڑی کی موت آئے** - ( بددعا ) فوراً مر جائے -

**اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج** - [ مثل ] بچہ شرارت میں ماں سے بھی بڑھا ہوا ہے -

**اَڑھنا** - [ ہ - مص ] اڑنا - رکنا - ٹھہر جانا -

**اڑھیا** - ( اَ - ڑھی - یا ) [ ہ - امث ] (۱) ڈھائی سیر کا وزن (۲) اڑھائی گنے کا پہاڑا - (۳) نجومیوں کی اصطلاح میں سنیچر (زحل ستارے) کا ایک مقام -

**اَڑی** - ( اَ - ڑی ) [ ہ - ا - مث ] (۱) مشکل - سختی - مصیبت - تنگی - (۲) ضرورت - حاجت (۳) قمار بازوں کی اصطلاح میں مشکل داؤں -

**اڑی مار** - (۱) بار بار (۲) فریبی - دغاباز

**اڑی مشکل** - مشکل میں مشکل -

**اُڑی اُڑی طاق پر بیٹھی** - [ مثل ] رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی

**اُڑی پڑی بات** - [ ہ - ا - مث ] افواہ - گپ - ناقابل اعتبار خبر -

**اُڑی ڈالی قاضی کے سر پڑی** - [ مثل ] پرائی بلا اپنے سر آوے - دوسرے کی مصیبت اپنے سر پڑنا -

**اڑے تھڑے میں** - ( اَ - ڑے - تھ - ڑے - میں ) [ ہ ] ضرورت کے وقت - مصیبت کے وقت -

**اَڑے وقت** - ( محاورہ ) ( اَ - ڑے - وَقت ) [ ہ - ا - مذ ] مصیبت کے وقت

**اڑے وقت کا گہنا** [ مثل ] اس چیز کے متعلق کہتے ہیں جو سخت ضرورت کے وقت کام آنے کے قابل ہو -

**اُڑے یم ڈھائے** ( اُ - ڑے - اُڑ - جائے ) [ ہ ] تباہ ہو - برباد ہو جائے - بند ہو جائے - ( بددعا )

**اُڑے اُڑے پھرتے ہو** - [ ہ ] ( محاورہ ) دکھائی نہیں دیتے - ملتے نہیں قابو میں نہیں آتے -

**اَڑیل** - ( اَڑ - یَل ) [ ہ - صف ] اڑ جانے والا - ضدی - ہٹیلا - سرکش -

**اُڑیچ** - ( اُ - ڑ - یچ ) [ د - مث ] کپٹ - بیر - عداوت - دشمنی

**اُڑیچ رکھنا** - دشمنی رکھنا - بغض رکھنا -

**اُڑیچ نکالنا** - دشمنی کا بدلہ لینا -

## ا - ز

**اَز** - [ ف - حرف جر ] سے

**از ابتدا تا انتہا** - ( ف ) شروع سے آخر تک -

**ازاں** - ( اَز - آں ) [ ف ] اس سے -

**ازاں بعد** - ( ف ) اس کے بعد - اس وقت تک -

**ازاں جملہ** - سب میں سے - ان ہی سے -

**اَز بر** - نوک زبان - زبانی یاد کر لینا - حفظ کر لینا -

**اَزبر کر لینا** - زبانی یاد کر لینا - حفظ کر لینا -

**از برائے خدا** - خدا کے لیے - خدا کے واسطے -

**ازبس** - (۱) بہت زیادہ - نہایت - (۲) نتیجہ - غرض - غایت -

**ازبس کہ** - [ ف - حرف شرط ] چونکہ -

**از حد** - نہایت - بے حد - حد سے زیادہ -

**از خرداں خطا و از بزرگاں عطا** - [ مثل ] چھوٹوں سے غلطی ہوتی ہے بڑوں



Marfat.com

کا کام بخش دینا ہے۔

ازخرسِ مُوئے بس است۔ [مثل] ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے نالائق سے تھوڑی سی بھلائی بھی بہت ہے۔ کنجوس سے تھوڑی خیرات بھی اچھی ہے۔

ازخود۔ (۱) آپ سے۔ خود ہی۔ اپنے آپ۔ خود بخود (۲) قصداً۔ عمداً۔ (۳) بلا امدادِ غیرے۔ بلا سہارے۔

ازخود رفتگی۔ آپے سے باہر ہونا۔ بے خودی۔

ازخود رفتہ۔ آپے سے باہر۔ دیوانہ۔ باؤلا۔ مجنون۔ بے ہوش۔ بے خود۔ متوالا۔

از دیدہ دُور از دل دُور۔ [مثل] جو نظر سے دُور ہو وہ دل سے بھی دُور ہو جاتا ہے۔

از راہ۔ (ف) طریقے سے۔ نظر سے۔ بطور جیسے ازراہِ عنایت۔ ازراہِ کرم وغیرہ

ازراہِ محبت۔ پیار کے طریق سے۔ دوستی کے طور سے۔

از رُوئے۔ بغرض۔ برنا۔ کسی چیز کی بنیاد پر۔

از سرتا پا۔ سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔ بالکل۔ تمام۔

از سرِ نو۔ نئے سرے سے۔

از غیب۔ غیب سے۔

از غیبی۔ (۱) پوشیدہ طور سے۔ نامعلوم طریقے سے۔ گپت (۲) خُدا کی طرف سے۔ عالم غیب سے۔ غیب سے۔

از غیبی تھپڑ (دھکا۔ طمانچہ۔ گولا۔ گھونسا۔ آسمانی بلا۔ آفتِ سماوی۔ وہ مصیبت جو یکایک وارد ہو جائے۔

از غیبیا۔ ولد الزنا۔ حرامی۔

از کار رفتہ۔ نکما۔ کام کے ناقابل۔

از ماست کہ بر ماست [مثل] ہم پر جو مصیبت آئی ہے وہ اپنے ہی ہاتھوں کی لائی ہوئی ہے۔ اپنے کیے کی سزا ہے۔

ازیں۔ (ف) اس سے (از۔ ایں کا مرکب)

ازیں پیش۔ (ف) اس سے پہلے۔

ازیں سُو رانده و ازاں سُو درمانده۔ [مثل] اِدھر سے پھٹکار اُدھر سے دھتکار نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ اِدھر سے مردود۔ اُدھر سے ملعون۔

اِزار۔ (اِ۔زار) [ع۔ا۔مث] پاجامہ۔ سُتھنا۔ سُتھن۔ شلوار۔

ازاربند۔ ناڑا۔ کمربند۔

ازاربند کا رشتہ۔ ازاربندی رشتہ۔ جُورو کی طرف کا رشتہ۔ سُسرالی رشتہ۔ (عموماً اس کا استعمال غیر کفو کی رشتہ داریوں میں ہوتا ہے)

ازاربند کی ڈھیلی۔ بدکار۔ فاحشہ عورت۔

ازاربند کی سچی۔ باعصمت عورت۔

ازاربند نہ کُھلنا۔ عورت کا کنوارا ہونا۔

ازار سے باہر ہو جانا۔ مارے غصے کے آپے میں نہ رہنا۔ جامے سے باہر ہونا۔

ازار میں ڈال کر بیٹھنا۔ کسی کا ڈر نہ ہونا۔ خیال میں نہ لانا۔ خاطر میں نہ لانا۔

اِزالہ۔ (اِ۔زا۔لَہ) [ف۔ا۔مذ] زائل کرنا۔ دُور کرنا۔ مٹانا۔

ازالۂ بکر۔ کنوارپن کھونا۔ کنواری عورت سے پہلی بار ہمبستری کرنا۔

ازالۂ حیثیت عرفی۔ عزت میں خلل ڈالنا۔ آبروریزی کرنا۔ شہرتِ عام بگاڑنا۔

اُزبک۔ (اُز۔بَک) [ت۔ا۔مذ] ترکوں کے ایک قبیلے کا نام۔

اِزدحام۔ (اِز۔دِ۔حام) [ع۔ا۔مذ] انبوہ۔ بھیڑ۔ مجمع۔

اِزدواج۔ (اِز۔دِ۔واج) [ع۔ا۔مذ] شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔

اِزدیاد۔ (اِز۔دِ۔یاد) [ع۔ا۔مذ] زیادہ ہونا۔ کثرت۔ زیادتی۔

اَزرق۔ (اَز۔رَق) [ع۔صف] نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔

اَزرق چشم۔ کرنجا۔ گربہ چشم۔ نیلی آنکھ والا۔

اَذکیا۔ (اَذ۔کِ۔یا) [ع۔ا۔مذ] ذکی کی جمع۔ ذہین لوگ۔ ستھرے لوگ۔

اَزَل۔ (اَ۔زَل) [ع۔ا۔مث] (۱) وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو (۲) مخلوق کی پیدائش کا دن (۳) شروع۔ آغاز۔ مبدا۔

اَزَلی۔ (اَ۔زَ۔لی) [ع۔صف] ہمیشہ سے۔ دوامی جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔

اَزمنہ۔ (اَز۔مِ۔نَہ) [ع۔ا۔مذ] زمانہ کی جمع۔ زمانے۔

اَزواج۔ (اَز۔واج) [ع۔ا۔مذ] (۱) زوج کی جمع۔ جوڑیاں (شوہر اور بیوی) (۲) [مث] زوجہ کی جمع۔ بیویاں۔ منکوحہ عورتیں۔

اَزواجِ مطہرات۔ (۱) پاک بیبیاں (۲) سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں۔

اَزہار۔ (اَز۔ہار) [ع۔ا۔مذ] زہر کی جمع۔ کلیاں۔ بے کھلے پھول۔

اِزہار۔ (اِز۔ہار) [ع۔ا۔مذ] (۱) چراغ جلنا (۲) آگ سلگانا (۳) پھول کھلنا۔

اَزہر۔ (اَز۔ہَر) [ع۔صف] نہایت چمکیلا۔ بہت روشن۔ خوبصورت (۲) مصر کی مشہور درس گاہ جامعہ ازہر جو فاطمی حکمران نے قائم کی اور اب تک قائم ہے۔

اَزہری۔ جس نے جامعہ ازہر میں تعلیم حاصل کی ہو۔ جامعہ ازہر سے منسوب۔

## ا-ژ

اَژدر۔ (اَژ۔دَر) [ف۔ا۔مذ] سانپوں کی ایک عظیم الجثہ قسم۔ اجگر۔ اژدہا۔ جمع: اژدہا

اَژدر مار۔ سانپ کی ایک بڑی قسم۔

اَژدرِ ماہی۔ ایک مچھلی جو غصے کی حالت میں اپنے جسم سے نہایت خطرناک برقی شعاعیں خارج کرتی ہے۔

اَژدرِ موسیٰ۔ حضرت موسیٰ کا وہ عصا جو اژدہا بن جاتا تھا۔

اَژدہا۔ (اَژ۔دَہا) [ف۔ا۔مذ] اژدر۔ اجگر۔ بہت بڑا سانپ۔

اژدہے کے منہ سے پھرے۔ [مثل] بڑی مصیبت سے نجات پائی موذی کے پنجے سے چھٹے۔

اژدہے کے منہ میں پاؤں رکھنا۔ [مثل] خطرناک جگہ جانا۔

اژدہے کے منہ میں جھونکنا۔ (محاورہ) بُرے آدمی یا موذی کے حوالے کرنا خطرناک جگہ بھیج دینا۔

اژدہے کے منہ میں ہاتھ (دینا) ڈالنا۔ (محاورہ) خطرناک کام کرنا۔ نہایت موذی اور ضرر رساں شخص کو چھیڑنا۔

اژدہے کے منہ میں ہونا۔ (محاورہ) دشمن کے چنگل میں پھنسنا۔ موذی سے سابقہ پڑنا۔

اَژدھات۔ (اَژ۔دھات) [ف۔ا۔مث] ہفت جوش یعنی سونے چاندی تانبے پیتل۔ رانگ جست اور لوہے کی مرکب دھات۔

اَژدھام۔ دیکھیے ازدحام۔



Marfat.com

# ا-س

**اِس** ۔ [اشارۂ قریب اور ضمیر حاضر] یہ ۔ یہی ۔

**اِس باغ کی اور ہی ہوا ہے** ۔ [مثل] یہاں کے طور طریقے الگ ہیں ۔ یہاں صورت حال مختلف ہے ۔

**اِس برتے پر تتا پانی** ۔ [مثل] نا قابلیت پر لیاقت کا دعویٰ ۔ نامردی پر مردمی کا اظہار ۔

**اِس بھول کا خدا حافظ** ۔ [مثل] اس بھول کا کوئی علاج نہیں (بہت بھولنے والے سے کہتے ہیں)

**اِس پار** ۔ دریا کا قریبی کنارہ ۔

**اِس پر بھی** ۔ باوجود اس کے ۔ اتنا کچھ ہو لینے کے بعد ۔

**اِس پر نہ بھولو** ۔ پھولو ۔ اس بات پر گھمنڈ نہ کرو ۔ اس پر نہ پھولو ۔

**اِس پر نہ جاؤ** ۔ یہ خیال نہ کرو ۔ اس پر توجہ نہ کرو ۔

**اِس پھیر میں نہ پڑو** ۔ (محاورہ) اس چکر میں نہ پھنسو ۔ دھوکا نہ کھاؤ ۔

**اِس جا** ۔ اس موقع پر ۔ اس مقام پر ۔

**اِس دم** ۔ اس وقت ۔ فوراً ۔

**اِس سوا** ۔ بجز اس کے ۔ اس کو چھوڑ کے ۔

**اِس سے** ۔ اس سبب سے ۔ اس وجہ سے ۔

**اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے** ۔ [مثل] بہت اچھی چیز ہے ۔ اس سے بڑھ کر کوئی اچھی چیز نہیں ۔

**اِس سے تو کٹے کی ناک بھی نہیں کٹتی** ۔ [مثل] بہت کند ہے چھری یا چاقو کے متعلق کہتے ہیں ۔

**اِس سے کیا پورا پڑے گا** ۔ یہ کافی نہیں ۔ یہ شخص اچھی طرح کام نہ کر سکے گا

**اِس سے ہاتھ دھولو** ۔ (محاورہ) اس کا خیال چھوڑ دو ۔ اس سے صبر کرو

**اِس طرح** ۔ اس طریقہ سے ۔ یوں ۔

**اِس قدر** ۔ اس مقدار میں ۔

**اِس قدر کا** ۔ اتنا زیادہ ۔ بہت زیادہ ۔

**اِس کاندھے چڑھ اُس کاندھے اتر** ۔ [مثل] ہم کو کسی بات میں عذر نہیں ہے آپ کی خاطر اور رعایت ہر طرح منظور ہے ۔

**اِس کان سن کے اُس کان اڑا دینا** ۔ بات خیال میں نہ رکھنا ۔ بات پر کوئی توجہ نہ کرنا ۔ کہنا نہ ماننا ۔

**اِس کو بھٹی کے دھان اُس کو بھٹی میں کرنا** ۔ [مثل] بیکاری میں چیزوں کی اُلٹ پھیر کرتے رہنا ۔ بے فائدہ کام کرنا ۔

**اِس کو چیل کوؤں کو دوں** ۔ (محاورہ) بوٹی بوٹی چیل کوؤں کو دے دوں غصے میں عورتیں کوسنے کے طور پر کہتی ہیں ۔

**اِس کو کیا کہتے ہیں** تعجب اور حیرت کے موقع پر بطور سوال کے مستعمل ہے ۔

**اِس کو وہاں ماریں جہاں پانی نہ ہو** ۔ [مثل] بددعا ۔ اس پر ہرگز ترس نہ کھایا جانا چاہیے ۔ یہ تو اس سزا کا مستحق ہے کہ مر جائے تو اس کے منہ میں پانی ٹپکانے والا کوئی نہ ہو ۔

**اِس کی چھاتی دیکھ کر سراہیے** ۔ [مثل] اس کے حوصلے اور جرأت کی تعریف کیجیے ۔

**اِس کے دل گردے کو دیکھو اس کے جگر کو دیکھو** ۔ [مثل] اس کی جرأت و دلیری ۔ ہمت اور حوصلہ کی داد دیجئے ۔

**اِس گھر کا باوا آدم نرالا ہے** ۔ [مثل] یہاں کا دستور سب سے جدا ہے یہاں کا طریقہ سب سے الگ ہے ۔

**اِس مرض کا تو نام ہی نہیں جانتا** ۔ میں اس بکھیڑے میں نہیں پڑتا ۔

**اِس میں کچھ نی ہے** ۔ اس میں کوئی چال ہے ۔ دال میں کچھ کالا ہے ۔

**اِس وقت تم کہاں ہو** ۔ (محاورہ) تم کس سوچ میں ہو ۔ اس وقت ہوش میں نہیں ہو ۔

**اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے** ۔ ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے

**اُس** ۔ [اشارۂ بعید] وہ ۔ وہی

**اُس پار** ۔ (۱) دریا کے دوسرے کنارے پر

**اُس پر بھی** ۔ اس کے باوجود ۔

**اُس کا بھی منہ جھلس دو** ۔ اس کو بھی کچھ دے دلا کر ٹالو ۔

**اُس کا منہ کالا** ۔ (محاورہ ۔ بددعا) روسیاہ ۔ منہ کالا ۔

**اُس کا منہ کالا ہو گیا** ۔ (محاورہ) سخت جھوٹا ثابت ہوا ہے ۔ اب وہ منہ بھی نہ دکھائے گا

**اُس کی جان کو صبر** ۔ (محاورہ) کسی کے ہاتھوں تکلیف پہنچنے پر ۔

**اُس کی جوتی کو** ۔ (محاورہ) اس کو کیا غرض پڑی ہے ۔

**اُس ہاتھ دے اِس ہاتھ لے** ۔ [مثل] ہر کام کا فوراً بدلہ ملتا ہے جو جیسا کرے گا ویسا پائے گا ۔

**اُس کی قدرت کے (کارخانے) کھیل ہیں** ۔ خدا کی شان کے جلوے ہیں (ایسی تعجب اور حیرت کی بات پر کہتے ہیں جو خلاف قیاس و امید ہو)

**اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں** ۔ خدا کا قہر ناگہانی ہوتا ہے ۔

**اُس کے چھپر پر تو پھوس بھی نہیں** ۔ [مثل] نادار ہے ۔ قلاش ہے ۔ کنگال ہے ۔

**اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں** ۔ بندوں کو دینے کے لیے خدا کے پاس بے شمار ذرائع ہیں ۔

**اُس کے منہ کی** ۔ کسی کی زبان سے نکلی ہوئی بات ۔

**اُس کے نام کا تو کتا بھی نہیں پالتے** ۔ [مثل] کسی سے انتہائی نفرت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں

**اُس نے رکھا اُس نے اٹھایا** ۔ [مثل] جب دو آدمیوں میں ایک جیسی عادت ہو تو کہتے ہیں ۔

**اُسی کی جوتی اُسی کے سر پر** ۔ [مثل] جب کسی کے ہاں سے کچھ ملے اور اسے اُس کی کسی ضرورت یا کام پر صرف کر دیا جائے تو کہتے ہیں ۔

**اُسی اثنا میں** ۔ اُسی وقت ۔ اسی اثنا میں

**اُسی برتے پر** ۔ اُسی حوصلے پر ۔ اسی قوت پر ۔ جب کوئی کسی کام کا دعویٰ کرے لیکن نہ کرپائے تو کہتے ہیں ۔

**اسی دن کو پالا تھا** ۔ پال کر بڑا کیا تھا ۔ [مثل] اپنی اولاد یا پروردہ سے رنج اور تکلیف پہنچے تو کہتے ہیں ۔

**اسی میں بہتری ہے (خیریت ہے)** [مثل] سمجھاتے ہوئے یا دھمکاتے ہوئے کہتے ہیں ۔

**اسی وقت** ۔ ابھی ۔ فوراً ۔ اب ۔



Marfat.com

**اُسے چُھپاؤ اُسے دکھاؤ** - [مثل] دو شخصوں یا دو چیزوں میں گہری مشابہت ہو تو کہتے ہیں -

**اساتذہ** - (اَ - سا - تِ - ذَہ) [ع - ا - مذ] اُستاذ کی جمع - استاد - کاملانِ فن معلّم

**اسارا** - (اَ - سا - را) [ہ - ا - مذ] ریشم کا ڈورا جس پر کلابتوں کا تار چڑھاتے ہیں -

**اَسارا** - (اُ - سا - را) [ہ - ا - مذ] چھپر - سائبان - برآمدہ - مد - دہلیز - آبِ زلال بھگوئی ہوئی دواؤں کا نتھرا ہوا پانی -

**اسارت** - [ع - مث] قید - اسیری

**اسارنا** - [ ا - مص] پانی نکالنا - دوا بھگو کر اس کا پانی نتھرانا - [ ا - پ] عمارت بنانا (۲) [ہ] ختم کرنا - ہٹانا - علیحدہ کرنا -

**اساڑھ** - (اَ - سا - ڑھ) [ہ - ا - مذ] ہندی کا چوتھا مہینہ - برسات کا پہلا مہینہ - یہ عموماً نصف جون سے نصف جولائی تک رہتا ہے -

**اساڑھ جو ڑانٔے برکھا ہووے** - [ہ مثل] اساڑھ میں گرمی پڑے تو بارش ہو -

**اساڑھ کے درزی** - اس کو کہتے ہیں جو بیکار مارا مارا پھرے - اور اس کو کوئی نہ پوچھے

**اساڑھا** - (اَ - سا - ڑھا) [ہ - ا - مذ] (۱) باریک بٹے ہوئے ریشم کا تاگا (۲) ایک قسم کی کھانڈ - کچی چینی -

**اساڑھی** - (اَ - سا - ڑھی) [ہ - ا - مث] (۱) فصل ربیع - گیہوں - جو - چنا وغیرہ (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار -

**اساس** - (اَ - ساس) [ع - ا - مث] بنیاد - نیو - جڑ -

**اساسی** - (اَ - سا - سی) [ع - صف] بنیادی

**اساطیر** - (اَ - سا - طیر) [ع - ا - مث] اسطارہ اور اسطورہ کی جمع - قصّے کہانیاں -

**اساطیر الاوّلین** - اگلے لوگوں کے قصے کہانیاں -

**اساطین** - (اَ - سا - طین) [ع - ا - مذ] اسطوانہ کی جمع - بہت سے ستون -

**اسافل** - (اَ - سا - فِل) [ع - ا - مذ] اسفل کی جمع - کمینے لوگ -

**اسالیب** - (اَ - سا - لیب) [ع - ا - مذ] اسلوب کی جمع - طریقے - طرزیں - انداز - ڈھنگ - وضع -

**اسامی** - (اَ - سا - می) [ع - ا - مث] اسم کی جمع الجمع (۱) نام (۲) لوگ (۳) آدمی شخص (۴) کسان - کاشت کار (۵) لین دین رکھنے والا - گاہک - خریدار (۶) عہدہ - نوکری (۷) مالدار - امیر - روپے والا (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے -

**اسامی بلاحق دخیل کاری** - وہ اسامی جو دخل یابی کا حق نہ رکھتی ہو -

**اسامی (بنانا) ٹھگنا** - بے وقوف بنا کر فائدہ اٹھانا - اپنا مطلب نکالنا -

**اسامی شکمی** - ماتحت کاشت کار - جیبنری ساجھی - چھوٹا کسان - وہ شخص جسے اپنی طرف سے ساجھی کریں -

**اسامی غیر موروثی** - غیر موروثی کاشت کار - وہ کسان جس کا دوامی حق نہ سمجھا جائے -

**اسامی مستقل** - وہ کاشت کار جو زمین پر دخل پانے کا مستحق ہو -

**اسامی موروثی** - دوامی کاشت کار - وہ کاشت کار جو کاشت کاری کے باعث درانت کا حق پیدا کرلے -

**اسامی وار** - اسامیوں کی ترتیب ناموں کے لحاظ سے -

**اَسانا** - (اَ - سا - نا) [ہ - مص] برسانا - چھٹکنا - تنکے کو بھوسے سے جدا کرنا

**اسانید** - (اَ - سا - نید) [ع - ا - مث] اسناد کی جمع - وہ کتابیں جن میں محدثین راویوں کے ناموں کی لکھی گئی ہیں مثلاً بخاری، مسلم وغیرہ -

**اساوری** - (اَ - سا - وَ - ری) [ہ - ا - مث] (۱) ایک راگنی (۲) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا -

**اساول** - (ف - مذ) قاصد - پیامبر

**اَسپ** - [ف - ا - مذ] (۱) گھوڑا - اسپ (۲) شطرنج کا ایک مہرہ

**اسباب** - (اَس - باب) [ع - ا - مذ] سبب کی جمع (۱) وجہیں - وسیلے - باعث (۲) ضرورت کا سامان - اثاثہ (معنی ۲ میں بطور واحد مستعمل ہے)

**اسبابِ مانعِ ارث** - ایسے سبب جو ورثہ لینے سے روک دیں -

**اسباط** - (اَس - باط) [ع - ا - مث] سبط کی جمع - پوتے پوتیاں - دوہتے دوہتیاں وغیرہ

**اسباق** - (اَس - باق) [ع - ا - مذ] سبق کی جمع -

**اسبغول - اسپغول** - (اَسب - غول - اَسپ - غول) [ع - ا - مذ] ایک مشہور دوا جس سے لعاب نکلتا ہے -

**اَسبق** - (اَس - بَق) [ع - صف] سب سے اوّل - زیادہ آگے -

**اَسپ** - [ف - ا - مذ] (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا مہرہ - جمع : اسپاں -

**اسپات** - (اَس - پات) [ہ - ا - مذ] ایک قسم کا سخت لوہا - فولاد -

**اسپتال** - (اَس - پ - تال) (انگریزی لفظ (Hospital) کا مورّد - [ا - مذ] شفاخانہ - ہسپتال - بیمارستان -

**اسپرٹ** - (Spirit) (اِس - پِ - رِٹ) [انگ - ا - مث] (۱) روح - نفس (۲) جوہر مجرد - جوہر محض - ست (۳) شراب (۴) حوصلہ - ہمت - دل گردہ - سرگرمی -

**اسپرنٹو** (Esperanto) (اِس - پ - رَن - ٹو) [انگ - ا - مث] ایک زبان جو ڈاکٹر زمن ہاف نے اہل یورپ کے مشترکہ استعمال کے لیے بنائی تھی -

**اسپرنگ** - (Spring) (اِس - پ - رِنگ) [انگ - ا - مث] پیچ دار کمانی

**اسپناخ** - (اِس - پ - ناخ) [ف - ا - مذ] پالک - بتھوا -

**اسپند** - (اِس - پند) [ف - ا - مذ] کالا دانہ - ایک قسم کا تخم جو عورتیں نظرِ بد دفع کرنے کی غرض سے جلاتی ہیں - (اپن) ہرمل -

**اسپی** - (اَس - پی) [ف - صف] گھوڑے سے متعلق -

**اسپی طاقت** (۱) گھوڑے کی طاقت (۲) (علم سکون و حرکت) اتنی طاقت جس سے 550 پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اٹھایا جاسکے ہارس پاور (Horse Power)

**اسپی عرض البلد** - کرۂ زمین کا وہ حصّہ جو عرض البلد شمالی ۳۰ درجہ اور ۳۵ درجہ کے درمیان ہے -

**اسپیچ** - (Speech) (اِس - پیچ) [انگ - ا - مث] تقریر - بیان - لیکچر -

**اسپیڈ** - (Speed) (اِس - پیڈ) [انگ - ا - مذ] (۱) رفتار - (۲) قوت کار

**اسپیشل** - (Special) (اِس - پے - شل) [انگ - صف] (۱) خاص - مخصوص - (۲) غیر معمولی (جیسے اسپیشل ٹرین وغیرہ)



Marfat.com

**اِسپیشلسٹ** - (Specialist) (اِس-پ-شَ-لِسٹ) [انگ صف-ا-مذ] ماہرِ خصوصی متخصص۔

**اِسپیکر** - (Speaker) (اِس-پی-کر) [انگ-ا-مذ] (۱) تقریر کرنے والا۔مقرر (۲) اسمبلی کا صدر۔

**اِسپینیل** - (Spaniel) (اِس-پے-نِ-یل) [انگ-ا-مذ] ایک قسم کا شکاری کتا۔ (۲) خوشامدی۔

**اُستا** - (اُس-تا) [ف-ا-مث] آتش پرستوں کے پیشوا زرتشت کی تصنیف ژند کی شرح۔

**اِستاد** - (اِس-تاد) [ف-ا-مذ] (۱) خیمے کا کھڑا ہونا (۲) خیمے اور شامیانے کی چوب۔ستون (۳) کھڑا۔ایستادہ۔

**اُستاد** - (اُس-تاد) [ف-ا-مذ] (۱) سکھانے والا۔معلم۔گرو۔ماسٹر (۲) تجربہ کار مشتاق۔کامل فن (۳) چالاک۔ہتھے باز۔ جمع: اُستادان۔

**اُستاد بیٹھے پاس۔کام آئے راس** [اَیشل] اُستاد کے پاس بیٹھنے سے کام درست ہوتا ہے۔اُستاد کے پاس بیٹھنے والا کامیاب ہوتا ہے۔

**اِستادگی** - (اِس-تا-دگی) [ف-ا-مث] (۱) کھڑے ہونے کی حالت۔کھڑا ہونا قیام۔ (۲) مضبوطی۔پائداری

**اِستادہ** - (اِس-تا-دہ) [ف-صف] کھڑا ہوا۔ جمع: استادگان۔

**اُستادی** - (اُس-تا-دی) [ف-ا-مث] (۱) اُستاد ہونا۔کمال ہنرمندی۔مشاقی (۲) چالاکی۔ہوشیاری۔

**اُستاذ** - (اُس-تاذ) [ع-ا-مذ] مدرس۔معلم۔اُستاد۔ جمع: اساتذہ

**اُستاذالانام** - دُنیا بھر کا اُستاد۔استادِ روزگار۔

**اُستاذی** - (اُس-تا-ذی) [ع-ا] میرا اُستاد۔میرے استاد۔

**اُستاکار** - (ف-مذ) اُستاد۔ماہرِ فن۔چالاک۔

**اُستانی** - (اُس-تا-نی) [ا-ا-مث] (۱) معلمہ۔آتون۔وہ عورت جو لکھنا پڑھنا یا کوئی کام سکھائے (۲) اُستاد کی بیوی۔

**اِستبداد** - (اِس-تِب-داد) [ع-ا-مذ] ظلم و جور سے حکومت کرنا۔مطلق العنانی خود مختاری۔خود رائی (۲) ضد۔ہٹ۔استقلال۔

**اِستبدادی** - (اِس-تِب-دا-دی) [ع-صف] مطلق العنان حکومت سے متعلق۔نظامِ استبداد کا حامی۔رجعت پسند۔

**اِستبدادیت** - (اِس-تِب-دا-دی-یت) [ع-ا-مث] خود رائی پن۔مطلق العنانی۔نظامِ حکومت (۲) ظلم و جور۔

**اِستبرق** - (اِس-تَب-رَق) [ع-ا-مذ] سبز اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا۔

**اِستبشار** - (اِس-تِب-شار) [ع-مذ] بشارت۔خوشخبری پانا۔

**اِستبصار** - (اِس-تِب-صار) [ع-ا-مذ] دانائی۔بینائی۔سوجھ بوجھ ہونا۔

**اِستبعاد** - (اِس-تِب-عاد) [ع-ا-مذ] دُوری۔علیحدگی چاہنا۔

**اِستثنا** - (اِس-تِث-نا) [ع-ا-مذ] (۱) علیحدہ کرنا۔جُدا کرنا۔الگ کرنا (کسی عام حکم سے کسی شخص یا چیز کو علیحدہ کرنا۔

**اِستجابت** - (اِس-تِ-جا-بَت) [ع-ا-مث] قبولیت۔التجا کو سننا اور قبول کرنا۔

**اِستحاضہ** - (اِس-تِ-حا-ضَہ) [ع-ا-مث] حیض کثرت سے آنا۔وہ خون جو بیماری کے سبب حیض کے ایام کے سوا دوسرے دنوں میں بھی آتا ہے۔

**اِستحالہ** - (اِس-تِ-حالہ) [ع-ا-مذ] حالت تبدیل ہو جانا۔ایک حالت سے دوسری حالت پر ہو جانا۔شکل و صورت اور خاصیت کا بدل جانا۔

**اِستحالۂ کیمیائی** - (ع-ف) مختلف چیزوں کا مل کر کیمیائی ترکیب سے ایک ہو جانا جیسے تانبا اور گندھک کے مل جانے سے نیلا تھوتھا بن جاتا ہے۔

**اِستحسان** - (اِس-تِح-سان) [ع-ا-مذ] پسندیدگی۔اچھا جاننا۔پسند کرنا۔

**اِستحصال** - (اِس-تِح-صال) [ع-ا-مذ] طلبِ حصول۔حاصل کرنا (۲) چھین لینا (انگ) (Exploitation)

**اِستحصال بالجبر** - زبردستی حاصل کرنا۔ڈرا دھمکا کر کوئی چیز لے لینا۔

**اِستحصالِ ناجائز** - خلافِ قانون طریق پر حاصل کرنا۔

**اِستحضار** - (اِس-تِح-ضار) [ع-مذ] حاضری چاہنا (۲) یاد۔یادداشت

**اِستحقار** - (اِس-تِح-قار) [ع-ا-مذ] ذلیل جاننا۔حقارت سے دیکھنا (۲) نفرت کرنا۔

**اِستحقاق** - (اِس-تِح-قاق) [ع-ا-مذ] (۱) حق طلب کرنا۔سزاوار ہونا۔حق دعویٰ۔قابلیت۔ جمع: استحقاقات۔

**اِستحقاقِ ترکہ** - ورثے کا حق۔

**اِستحقاقِ تشخیص** - جمع بندی کی جانچ پڑتال۔

**اِستحقاقِ شفع** - حقِ شفع۔ہمسائگی کا حق۔ہمسائگی کی بنا پر ترجیحی حق داری۔

**اِستحقاقِ شفع بر بنائے جار و خلیط** - ہمسائگی اور شرکت کی بنا پر خریداری کا حق۔

**اِستحقاقِ نالش** - قانوناً نالش کرنے کا حق۔

**اِستحکام** - (اِس-تِح-کام) [ع-ا-مذ] (۱) مضبوطی۔استواری۔پختگی (۲) استقلال۔قیام۔ جمع: استحکامات۔

**اِستخارہ** - (اِس-تِ-خارہ) [ع-ا-مذ] طلبِ خیر۔نیکی کی توفیق مانگنا۔اصطلاح شرع میں کسی بات کے کرنے نہ کرنے میں ایک خاص طریق پر خدا تعالیٰ سے اشارہ چاہنا۔

**استخارہ آنا** - استخارہ کا راہ دینا۔فال کا حسبِ مُراد نکلنا۔استخارے کا جواب اثبات میں آنا۔

**استخارہ کرنا** - کوئی کام کرنے کے لیے غیبی اشارہ چاہنا۔

**اِستخراج** - (اِس-تِخ-راج) [ع-ا-مذ] (۱) نکالنا۔برآمد کرنا۔چھانٹنا۔ (۲) علیحدہ کرنا۔جُدا کرنا (۳) اصطلاح حساب میں بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقموں کو تفریق کرنا۔ جمع: استخراجات۔(انگ) (Deduction)

**اِستخفاف** - (اِس-تِخ-فاف) [ع-ا-مذ] خفت۔سبکی (۲) ہلکا سمجھنا۔

**اِستخلاص** - (اِس-تِخ-لاص) [ع-ا-مذ] (۱) آزاد کرانا۔آزادی چاہنا (۲) خلاصی۔چھٹکارا۔رہائی۔آزادی۔

**اُستخوان** - (اُس-تُ-خوان) [ف-ا-مذ] (۱) ہاڑ۔ہڈی۔(۲) گٹھلی۔

**اُستخواں فروشی** - مرے ہوئے باپ دادا کے نام پر عزت چاہنا۔

**اِستدراج** - (اِس-تِد-راج) [ع-ا-مذ] (۱) خلافِ معمول کام کرنا۔خارقِ عادت عمل (۲) غیر مسلم سے خرقِ عادات افعال کا ظاہر ہونا۔

**اِستدراک** - (اِس-تِد-راک) [ع-ا-مذ] پانا۔سمجھ حاصل کرنا۔جا پکڑنا۔پہنچنا۔سمجھنا۔ذہن نشین کرنا (۲) کسی امر کی تلافی کرنا۔

**اِستدعا** - (اِس-تِد-عا) [ع-ا-مث] خواہش۔درخواست۔دعوے۔



Marfat.com

چاہنا۔طلب۔

**اِستدلال** ۔ (اِس۔تِد۔لال) [ع۔ا۔مذ] دلیل۔برہان۔ثبوت (۲) دلیل چاہنا۔دلیل لانا۔

**اَستر** ۔ (اَس۔تَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) دوہرے کپڑے کی نیچے کی تہ۔ ابرہ کے خلاف مطلق تہ جیسے چونے وغیرہ کا استر (۲) خچر۔

استرکاری۔چونے کی پتائی۔

**استراحت** ۔ (اِس۔تِ۔را۔حت) [ع۔ا۔مث] آرام چاہنا۔راحت طلب کرنا۔سکھ۔چین۔

**اِسترخا** ۔ (اِس۔تِر۔خا) [ع۔ا۔مذ] ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا۔ڈھیلاپن۔

**اِسترداد** ۔ (اِس۔تِر۔داد) [ع۔ا۔مذ] رَدّ کرنا۔واپس لینا۔واپسی چاہنا۔

استردادِ نیلام۔نیلام کا توڑ دینا۔

**اِسترضا** ۔ (اِس۔تِر۔ضا) [ع۔ا۔مذ] (۱) خوشنودی (۲) رضامندی پوچھنا۔

**اُسترہ** ۔ (اُس۔تَ۔رَہ) [ف۔ا۔مذ] بال مونڈنے کا اوزار

اُسترہ لینا۔ناف کے نیچے کے بالوں کا مونڈنا۔پاکی لینا۔

**اِستری** ۔ (اِس۔تَ۔رِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لوہے یا پیتل کا اوزار جیسے گرم کر کے کپڑوں کی سلوٹیں مٹاتے یا سیون بٹھاتے ہیں (۲) عورت زوجہ۔بیوی۔

استری دھن۔غیر منقولہ جائداد جو عورت کو ماں باپ سے ملے۔زیور وغیرہ جو شادی کے وقت خاوند سے ملے۔بیوی کا مال۔

**اِستسقا** ۔ (اِس۔تِس۔قا) [ع۔ا۔مذ] (۱) پانی مانگنا۔تشنگی (۲) ایک بیماری جس سے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے۔جلندر کا روگ۔

**اِستشہاد** ۔ (اِس۔تِش۔ہاد) [ع۔ا۔مذ] طلبِ شہادت۔گواہی چاہنا۔شہادت طلب کرنا۔

استشہاد نامہ۔سند۔ڈپلوما۔

**اِستصلاح** ۔ [ع۔مث] صلاح پوچھنا۔مشورہ لینا۔

**اِستصواب** ۔ (اِس۔تِص۔واب) [ع۔ا۔مذ] مشورہ لینا۔رائے پوچھنا۔تجویز چاہنا۔ جمع : استصوابات

استصوابِ رائے (عامہ) شورائے عام۔کسی خاص مسئلے کے بارے میں عوام سے بلاواسطہ رائے لینا۔ (Referendum Plebiscite)

**اِستطاعت** ۔ (اِس۔تِ۔طا۔عت) [ع۔ا۔مث] قدرت۔طاقت۔مقدور۔بساط۔دسترس۔ جمع : استطاعات۔

**اِستعارات** ۔ (اِس۔تِ۔عا۔رات) [ع۔ا۔مذ] استعارہ کی جمع۔

**اِستعارہ** ۔ (اِس۔تِ۔عا۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) مانگ لینا (۲) علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم جس میں کسی لفظ کے مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے اور بغیر حروفِ تشبیہ کے حقیقی معنی کو مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

استعارہ بالتصریح۔اگر مشبہ بہ کا ذکر کریں اور مشبہ کو چھوڑ دیں یا مضاف مشبہ بہ موجود ہو اور مضاف الیہ غیر موجود تو اس صورت میں استعارہ بالتصریح ہوگا۔

استعارہ بالکنایہ۔اگر مشبہ بہ کو چھوڑ کر مشبہ کا ذکر کریں تو اس کو استعارہ بالکنایہ کہتے ہیں۔

**اِستعانت** ۔ (اِس۔تِ۔عا۔نت) [ع۔ا۔مث] (۱) مدد۔معاونت (۲) مدد مانگنا۔

**اِستعجاب** ۔ (اِس۔تِع۔جاب) [ع۔ا۔مذ] تعجب۔حیرانی۔اچرج۔

**اِستعجال** ۔ (اِس۔تِع۔جال) [ع۔ا۔مذ] جلدی کرنا۔جلدی چاہنا۔عجلت۔

**اِستعداد** ۔ (اِس۔تِع۔داد) [ع۔ا۔مث] (۱) لیاقت۔قابلیت۔فطری صلاحیت (۲) آمادگی۔آمادہ ہونا۔

**اِستعفا** ۔ (اِس۔تِع۔فا) [ع۔ا۔مذ] (۱) عفو چاہنا۔معافی مانگنا (۲) نوکری کرنے سے معافی مانگنا۔نوکری چھوڑنے کی درخواست دینا۔ جمع : استعفاجات

استعفا دینا۔نوکری چھوڑ دینا۔ترکِ ملازمت کرنا۔نوکری چھوڑنے کی درخواست کرنا۔

**اِستعلا** ۔ (اِس۔تِ۔لا) [ع۔ا۔مذ] بلندی طلب کرنا۔برتری چاہنا۔

**اِستعلاج** ۔ (ع۔مذ) علاج چاہنا۔مداواجوئی۔

**اِستعلام** ۔ (اِس۔تِع۔لام) [ع۔ا۔مذ] دریافتِ حال۔آگاہی چاہنا۔خبر کرنا جتلانا۔جاننے کی خواہش کرنا۔

**اِستعمار** ۔ (اِس۔تِع۔مار) [ع۔ا۔مذ] نو آبادی قائم کرنا۔کسی مقام پر قابض ہو کر اس کی آبادی بڑھانا (۲) کسی آزاد ملک کو غلام بنا لینا۔

**اِستعماریت** ۔ (ع۔مث) زبردستی کسی قریبی ملک کو اپنے ساتھ ملا لینا یا دوسری مکمل آبادیوں پر قابض ہو جانا۔(انگ) (Imperialism)

**اِستعمال** ۔ (اِس۔تِع۔مال) [ع۔ا۔مذ] کام میں لانا۔برتنا۔

**اِستعمالی** ۔ (اِس۔تِع۔ما۔لی) [ف۔صف] (۱) برتا ہوا۔کام میں آیا ہوا۔مستعمل۔پرانا۔ (۲) کام میں لانے کی چیز (۳) [مذ] ایک قسم کا عمدہ اور باریک چاول۔

**اِستغاثہ** ۔ (اِس۔تِ۔غا۔ثہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) داد۔فریاد۔دعویٰ (۲) انصاف چاہنا۔دعویٰ کرنا۔ جمع : استغاثات۔استغاثے۔

**اِستغراق** ۔ (اِس۔تِغ۔راق) [ع۔ا۔مذ] محویت۔کسی خیال میں ڈوب جانا (۲) خدا کی یاد میں محو ہو جانا (۳) جائداد کو ادائے قرض کے لیے ذمہ دار کر دینا۔

استغراقِ فصل۔فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا۔

**اِستغفار** ۔ (اِس۔تِغ۔فار) [ع۔ا۔مذ] (۱) بخشش چاہنا۔توبہ

استغفار کرنا۔توبہ کرنا۔بخشش چاہنا۔

**اَستغفراللہ** ۔ (اَس۔تَغ۔فِ۔رُل۔لاہ) [ع] (۱) میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں (۲) توبہ۔نفرت یا کسی فعل سے انکار کی جگہ بولتے ہیں۔

**اِستغنا** ۔ (اِس۔تِغ۔نا) [ع۔ا۔مذ] بے پروائی۔بے نیازی۔بے فکری۔

**اِستفادہ** ۔ (اِس۔تِ۔فا۔دہ) [ع۔ا۔مذ] فائدہ حاصل کرنا۔نفع اٹھانا۔

**اِستفاضہ** ۔ (اِس۔تِ۔فا۔ضہ) [ع۔ا۔مذ] فیض پانا۔فائدہ اٹھانا۔

**اِستفتا** ۔ (اِس۔تِف۔تا) [ع۔ا۔مذ] مسئلہ پوچھنا۔شرعی حکم دریافت کرنا فتویٰ چاہنا۔

**اِستفراغ** ۔ (اِس۔تِف۔راغ) [ع۔ا۔مذ] فراغت چاہنا (۲) قے۔اُلٹی

**اِستفسار** ۔ (اِس۔تِف۔سار) [ع۔ا۔مذ] دریافت کرنا۔پوچھنا۔پوچھ گچھ۔ جمع : استفسارات

**اِستفہام** ۔ (اِس۔تِف۔ہام) [ع۔ا۔مذ] دریافت کرنا۔سمجھنے کی خواہش کرنا۔پوچھنا۔

**اِستفہامیہ** ۔ [ع۔صف] سوالیہ جس میں سوال پایا جائے (؟) علامت

**اِستقامت** ۔ (اِس۔تِ۔قا۔مت) [ع۔ا۔مث] استقلال۔قیام۔



Marfat.com

راست کرداری۔ مستقیم ہونا۔ کسی امر پر مضبوط رہنا۔ سیدھا ہونا۔ پائیداری۔ مضبوطی۔

**اِستقبال** (اِس۔تِق۔بال) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیشوائی۔ خیر مقدم۔ تعظیماً آگے بڑھنا۔ سواگت (۲) زمانۂ آئندہ۔ مستقبل۔

**اِستقدام**۔ (اِس۔تِق۔دام) [ع۔ا۔مذ] استقبال کرنا۔ درپیش ہونا۔

**اِستقرا** (اِس۔تِق۔را) [ع۔ا۔مذ] (۱) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۲) پیروی کرنا۔

**اِستقرار**۔ (اِس۔تِق۔رار) [ع۔ا۔مذ] ٹھہرنا۔ قرار پکڑنا۔ طے پانا۔ قائم ہونا۔

**اِستقراریہ ڈگری**۔ [اُ۔ا۔مث] خاص شرط پر ٹھہری ہوئی ڈگری۔

**اِستقصا**۔ (اِس۔تِق۔صا) [ع۔مذ] سعیِ بلیغ۔ انتہائی کوشش۔ پوری کوشش کرنا۔

**اِستقلال**۔ (اِس۔تِق۔لال) [ع۔ا۔مذ] قیام۔ مضبوطی۔ قرار۔ استحکام۔ مستقل مزاجی (۲) سلطنت یا قوم کا خود مختار ہونا۔

**اِستکبار**۔ (اِس۔تِک۔بار) [ع۔ا۔مذ] گھمنڈ کرنا۔ غرور۔ نخوت۔ شیخی۔ زعم۔

**اِستکراہ**۔ (اِس۔تِک۔راہ) [ع۔ا۔مذ] گھن کرنا۔ ناپسند کرنا۔ مکروہ جاننا۔ کراہیت۔

**اِستکشاف**۔ (اِس۔تِک۔شاف) [ع۔ا۔مذ] کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا۔ ظہور۔ وضاحت۔ کھولنا۔

**اِستکمال**۔ (اِس۔تِک۔مال) [ع۔ا۔مذ] تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچانا۔

**اِستلام**۔ (ع۔مذ) وصول کرنا (۲) پتھر کو ہاتھ یا منہ سے چومنا (۳) اصطلاحاً خانہ کعبہ کا طواف کرتے وقت حجرِ اسود کو بوسہ دینا۔

**اِستلزام**۔ (اِس۔تِل۔زام) [ع۔ا۔مذ] لازم کرنا۔ ضروری بنانا۔

**اِستماع**۔ (اِس۔تِ۔ماع) [ع۔ا۔مذ] غور سے سننا۔

**اِستمالت**۔ (اِس۔تِ۔ما۔لت) [ع۔ا۔مث] دلجوئی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مائل کرنا۔

**اِستمداد**۔ (اِس۔تِم۔داد) [ع۔ا۔مث] مدد چاہنا۔ امداد طلب کرنا۔

**اِستمرار**۔ (اِس۔تِم۔رار) [ع۔ا۔مذ] ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ دوام۔

**اِستمراری**۔ (اِس۔تِم۔را۔ری) [ع۔صف] دوامی۔ ہمیشہ کے لیے۔

**استمراری بندوبست**۔ بندوبست دوامی۔ ہمیشہ کا بندوبست۔

**استمراری پٹا**۔ ایسا پٹا جو ہمیشہ کے لیے دیا جائے۔

**اِستمزاج**۔ (اِس۔تِم۔زاج) [ع۔ا۔مذ] (۱) مزاج پوچھنا (۲) مرضی پوچھنا رائے دریافت کرنا۔ عندیہ لینا۔

**اِستمنا بالید**۔ (ع۔مذ) مشت زنی۔ جلق۔ ہاتھ سے منی خارج کرنا۔

**اِستناد**۔ (اِس۔تِ۔ناد) [ع۔ا۔مذ] سند میں پیش کرنا۔ سند لانا۔
جمع: استنادات

**اِستنباط**۔ (اِس۔تِم۔باط) [ع۔ا۔مذ] نکالنا۔ چننا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔ چھانٹنا۔
جمع: استنباطات۔

**اِستنبول**۔ (ت۔مذ) اسلام بول کا بگاڑ۔ ترکی کا مشہور شہر۔ قسطنطنیہ۔ استانبول۔

**اِستنجا**۔ (اِس۔تِن۔جا) [ع۔ا۔مذ] پیشاب پاخانے کے بعد نجاست سے اپنے آپ کو پاک کرنا۔ طہارت۔ آب دست لینا۔ ڈھیلا لینا۔

**استنجا لڑنا**۔ تار در ملنا۔ موافقت اور دوستی ہو جانا۔

**استنجے کا ڈھیلا**۔ (۱) وہ ڈھیلا جس سے استنجا سکھاتے ہیں (۲) نکما ناکارہ۔ کم قدر۔

**اِستوا**۔ (اِس۔تِ۔وا) [ع۔ا۔مذ] (۱) برابری۔ ہمواری۔ برابر ہونا۔ یکساں ہونا۔ (۲) (جغرافیہ) وہ فرضی خط جو قطبین کے درمیان برابر فاصلے پر شرقاً غرباً کھنچا ہوا مانا گیا ہے اور کرۂ ارض کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے جن ملکوں سے یہ خط گزرتا ہے وہاں سورج کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہیں جن کے باعث وہاں گرمی زیادہ ہوتی ہے اور بارش بھی زیادہ ہوتی ہے۔

**اُستوار**۔ (اُس۔تُ۔وار) [ف۔صف] مضبوط۔ محکم۔ پائدار۔ مستحکم۔

**اُستواری**۔ (اُس۔تُ۔وا۔ری) [ف۔ا۔مث] مضبوطی۔ پائیداری۔ استحکام۔

**اِستوائی**۔ (اِس۔تِ۔وا۔ئی) [ع۔صف] خطِ استوا سے منسوب۔ خطِ استوا کے علاقے کا۔

**اَستھاپت**۔ (اِس۔تھا۔پت) (اُس۔تھا۔پت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مندر میں مورتی رکھنا (۲) قائم کرنا۔ نصب کرنا۔ لگانا۔

**اَستھاپن**۔ (اُس۔تھا۔پن) [ہ۔ا۔مذ] لگانے، قائم کرنے یا نصب کرنے کا فعل۔ تنصیب۔ تقرر۔

**استھاپن کرنا**۔ قائم کرنا۔ نصب کرنا۔ لگانا۔

**اَستھان**۔ (اُس۔تھان) [ہ۔ا۔مذ] جگہ۔ مقام۔ مسکن (۲) مندر۔ مزار۔ آستانہ۔

**اِستہزا**۔ (اِس۔تِہ۔زا) [ع۔ا۔مذ] ہنسی مذاق۔ ٹھٹھول۔ مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

**اِستہلال**۔ (اِس۔تِہ۔لال) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیدائش کے وقت بچے کی آواز جس کے ظاہر اور ثابت ہونے سے وراثت پر اثر پڑتا ہے (۲) نیا چاند دیکھنا۔ نیا چاند نکلنا۔

**اِستیصال**۔ (اِس۔تی۔صال) [ع۔ا۔مذ] بیخ کنی۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

**اِستیعاب**۔ (اِس۔تی۔عاب) [ع۔ا۔مذ] ساری چیز لینا۔ کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کو شروع سے آخر تک پڑھنا۔ کل۔ تمام۔

**اِستیلا**۔ (اِس۔تی۔لا) [ع۔ا۔مذ] غلبہ۔ غالب ہونا (۲) قابو میں رکھنا۔

**اِسٹابری** (Strawberry) (اِس۔ٹا۔بِ۔ری) [انگ۔ا۔مث] ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اس کا پھل جو بیدانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

**اِسٹار** (Star) (اِس۔ٹار) [انگ۔ا۔مذ] (۱) تارہ۔ ستارہ۔ کوکب (۲) ستارے جیسی کوئی شے (مثلاً تمغہ وغیرہ) (۳) سب سے بڑھیا اور ممتاز ایکٹر۔

**اِسٹارٹ** (Start) (اِس۔ٹارٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) ابتدا۔ آغاز (کام یا دوڑ) (۲) روانگی۔

**اِسٹاف**۔ (Staff) (اِس۔ٹاف) [انگ۔ا۔مذ] (۱) عملہ۔ محکمہ کے ملازمین (۲) ڈنڈا۔ لاٹھی۔

**اسٹاک** (Stock) (اِس۔ٹاک) [انگ۔ا۔مذ] (۱) ذخیرہ۔ مال۔ سامان۔ (تجارت اور پیشے وغیرہ کا) (۲) کسی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ (۳) تمسک

**اِسٹاک ایکسچینج** (Stock Exchange) وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

**اسٹاک ٹیکنگ** (Stock Taking) دکان کے سامان کا جائزہ

**اِسٹاکسٹ** (Stockist) (اِس۔ٹا۔کسٹ) [انگ۔ا۔مذ] تھوک فروش (کسی خاص مال کا)



Marfat.com

اِسٹال۔ (Stall) (اِس-ٹال) [انگ-ا-مذ] (۱) میلے یا بازار میں عارضی دوکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں۔ سینما میں سب سے پچھلی نشستیں۔

اسٹام۔اسٹامپ۔ (اِس-ٹام-اس-ٹامپ) انگریزی سٹیمپ (Stamp) کا مورد-ا-مذ] (۱) مہر۔چھاپ (۲) دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ جس پر سکہ مع قیمت چھپا ہوتا ہے۔

اسٹائل۔ (Style) (اِس-ٹا-اِل) [انگ-ا-مذ] (۱) طرز۔اسلوب (۲) اسلوبِ بیان۔طرزِ ادا (۳) وضع۔انداز۔قسم (۴) شکل۔ساخت۔نمونہ۔

اسٹپل۔ (Stipple) (اِس-ٹِ-پل) [انگ-ا-مذ] نقطوں سے تصویر بنانا۔نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری۔

اسٹرلنگ۔ (Sterling) (اِس-ٹر-لنگ) [انگ-ا-مذ] برطانوی کرنسی (سکہ

اِسٹریٹ (Street) (اِس-ٹریٹ) [انگ-ا-مث] کھر نجے کی سڑک۔گلی۔سڑک۔

اِسٹنٹ۔ (Stunt) (اِس-ٹنٹ) [انگ-ا-مذ] کمال۔کارِ نمایاں وہ کام جس سے بیا کام دکھانا مقصود ہو۔

اِسٹو۔ (Stew) (اِس-ٹو) [انگ-ا-مذ] گوشت۔آلو اور پیاز وغیرہ کا دم پخت سالن۔

اسٹوو۔ (Stove) (اِس-ٹوو) [انگ-ا-مذ] ولایتی چولھا۔

اِسٹوڈینٹ۔ (Student) (اِس-ٹو-ڈینٹ) [انگ-ا-مذ] طالب علم۔

اِسٹوڈیو۔ (Studio) (اِس-ٹو-ڈِ-یو) [انگ-ا-مذ] (۱) فوٹوگرافی کا کمرہ یا دکان (۲) فلم کمپنی کا کارخانہ (۳) ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں۔گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔

اسٹور۔ (Store) (اِس-ٹور) [انگ-ا-مذ] (۱) ذخیرہ (۲) بڑی دُکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہیں۔

اسٹوری۔ (Story) (اِس-ٹو-ری) [انگ-ا-مث] قصہ۔کہانی افسانہ۔داستان۔حکایت۔

اسٹیٹ۔ (State) (اس-ٹیٹ) [انگ-ا-مث] ریاست ملک۔سلطنت۔

اسٹیج۔ (Stage) (اِس-ٹیج) [انگ-ا-مذ] (۱) چبوترا۔نمایاں جگہ ممتاز جگہ۔ (۲) تماشا گاہ کا وہ چبوترا جہاں ڈرامہ کھیلا جاتا ہے (۳) مرحلہ۔دور۔نوبت۔

اسٹیچو۔ (Statue) (اِس-ٹے-چو) [انگ-ا-مذ] مجسمہ۔بت۔مورت۔

اسٹیڈیم۔ (Stadium) (اِس-ٹے-ڈِ-یم) [انگ-ا-مذ] ورزشی۔کھیلوں کا میدان۔

اسٹیشن۔ (Station) (اِس-ٹے-شن) [انگ-ا-مذ] مستقر۔مقام قیام گاہ۔ٹھہرنے کی جگہ۔ٹھکانا۔چوکی۔اڈا۔

اسٹیشنر۔ (Stationer) (اِس-ٹیشن-نر) [انگ-ا-مذ] تاجرِ سامانِ تحریر۔قلم۔کاغذ۔دوات وغیرہ بیچنے والا۔

اِسٹیشنری۔ (Stationery) (اِس-ٹیش-نَ-ری) [انگ-ا-مذ] سامانِ تحریر۔کاغذ۔قلم۔دوات وغیرہ۔

اِسٹیل۔ (Steel) (اِس-ٹیل) [انگ-ا-مذ] اسپات۔فولاد۔

اِسٹیم (Steam) (اِس-ٹیم) [انگ-ا-مث] بھاپ۔دُخان۔

اسٹیم انجن (Steam Engine) دُخانی انجن۔

اسٹیمر (Steamer) (اِس-ٹی-مر) [انگ-ا-مذ] دخانی کشتی یا چھوٹا جہاز۔

اسٹیمیٹ۔ (Estimate) (اِس-ٹی-میٹ) [انگ-ا-مذ] (۱) تخمینہ۔تخمینی مقدار۔اندازہ۔جانچ۔

اسٹینڈ۔ (Stand) (اِس-ٹینڈ) [انگ-ا-مذ] (۱) مقام۔محل۔جگہ۔ (۲) میز۔چوکی۔کھڑونچی (۳) گاڑیوں کا اڈا۔

اِسٹینسل۔ (Stencil) (اِس-ٹین-سل) [انگ-ا-مذ] دھات کی پتلی سی تختی جس میں کاٹ کر حروف یا نقش وغیرہ بنائے جاتے ہیں اور اس کے ذریعے کسی سطح پر نقاشی کی جاتی ہے۔نقش ساز تختی۔

اسٹینوگرافر۔ (Stenographer) (اِس-ٹے-نوگ-رافر) [انگ-ا-مذ] مختصر نویس۔

اسٹینوگرافی (Stenography) (اِس-ٹے-نوگ-را-فی) [انگ-ا-مث] مختصر نویسی۔

اِسحاق۔ (اِس-حاق) [ع-ا-مذ] ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے تھے۔

اَسخیا۔ (اَس-خِ-یا) [ع-صف] سخی کی جمع۔فیاض لوگ۔

اَسد۔ (اَ-سَد) [ع-ا-مذ] (۱) شیر۔ (۲) ایک آسمانی بُرج کا نام۔

اَسدُ اللہ۔ خدا کا شیر۔امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔اُردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا اصلی نام۔

اَسرار۔ (اَس-رار) [ع-ا-مذ] (۱) سر کی جمع (۲) بھید۔پوشیدہ باتیں۔

اِسراف۔ (اِس-راف) [ع-ا-مذ] فضول خرچی۔بے جا خرچ۔

اسرافیل۔ (اِس-رافیل) [ع-ا-مذ] ایک مقرب فرشتے کا نام جس کو قیامت کے دن صور پھونکنے کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔

اسرائیل۔ (اِس-را-ئیل) [ع-ا-مذ] (۱) رات کو آنے والا (۲) حضرت یعقوب علیہ السلام کا دوسرا نام کیونکہ آپ رات کو پیدا ہوئے تھے۔

اسرائیلی۔ (اِس-را-ای-لی) [ع-صف] اسرائیل سے منسوب۔حضرت اسرائیل کی اولاد۔فرقہ بنی اسرائیل۔یہودی۔

اسسٹنٹ۔ (Assistant) (اَ-سس-ٹنٹ) [انگ-ا-مذ] مددگار معاون۔

اُسطبل۔ (اُس-طَ-بل) [ع-ا-مذ] دیکھیے اصطبل۔

اُسطرلاب۔ (اُس-طُر-لاب) [ع-ا-مذ] دیکھیے اُصطرلاب۔

اُسطوانہ۔ [ع-مذ] ستون۔تھم۔کھمبا۔لاٹھ۔پایہ۔

اُسطوخودوس۔ (اُس-طو-خو-دوس) [یو-ا-مذ] ایک دوا کا نام۔

اُسطورا۔ [ع] قصہ۔کہانی۔افسانہ۔بات۔

اَسعد۔ (اَس-عَد) [ع-صف] نہایت خوش نصیب۔بہت مبارک۔



Marfat.com

**اِسفاناج** - (اَس-فا-ناج) [ف-ا-مث] پالک -

**اَسفل** - (اَس-فل) [ع-صف] نہایت نیچا-انتہا کا ذلیل-ادنیٰ-نیچ-کمیں
جمع :- اَسفلین - اسافل -

**اسفلِ اسافلین** - دوزخ کا سب سے نیچا یعنی ساتواں طبقہ-ہاویہ-

**اِسفنج** - (اِس-فنج) [ع-ا-مذ] ابرِ مردہ-ایک سمندری مخلوق-اس کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے -

**اِسفند-اِسفندار** - (اِس-فند-اس-فن-دار) [ف-ا-مذ] فارسی کا ساتواں مہینہ -

**اِسفندیار** - (اِس-فن-دِ-یار) [ف-ا-مذ] (۱) قدرتِ حق-لطفِ خدا (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام -

**اِسقاط** - (اِس-قاط) [ع-ا-مذ] گرانا-حمل گرانا -

**اسقاطِ حمل** - حمل کا ضائع ہونا-حمل کا گر جانا -

**اِسقام** - (اَس-قام) [ع-ا-مذ] سُقم کی جمع-عیوب-بُرائیاں-نقائص

**اِسقربوط** - (اِس-قر-بُوط) [ع-ا-مذ] ایک مرض جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے - فسادِ خون -

**اُسقف** - (اُس-قُف) [ع-ا-مذ] لاٹ پادری-پادریوں کا سردار-لارڈ بشپ -

**اسکاٹ** - (Scot) (اِس-کاٹ) [انگ-ا-مذ] اسکاچ-اسکاٹ لینڈ کا باشندہ -

**اسکاٹ لینڈ یارڈ** - (Scotland Yard) لندن کی خفیہ پولیس-خفیہ پولیس کا صدر مقام -

**اِسکاچ** - (Scotch) (اِس-کاچ) [انگ-ا-صف] (۱) سکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں کے متعلق (۲) [مث] اسکاٹ لینڈ کی انگریزی بولی (۳) [مذکر] سکاٹ لینڈ کا باشندہ -

**اِسکالر** - (Scholar) (اِس-کا-لر) [انگ-ا-مذ و مث] (۱) متعلّم-تلمیذ-طالب علم (۲) عالم-فاضل-ادیب -

**اِسکاوٗٹ** - (Scout) (اِس-کا-وٗ-ٹ) [انگ-ا-مذ] (۱) ایک عالمگیر جماعت جس کا مقصد لڑکوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے-اس جماعت کے رُکن لڑکے ایک خاص وردی پہنتے ہیں (۲) وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات مہیا کرنے کی خاطر بھیجے جاتے ہیں -

**اِسکرپٹ** - (Script) (اِس-کِ-رِپٹ) [انگ-ا-مذ] تحریر-مسودہ

**اِسکرٹ** - (Skirt) (اِس-کرٹ) [انگ-ا-مذ] لہنگا-سایا (یورپی عورتوں کا)

**اِسکرو** - (Screw) [انگ-مذ] بوتل کا کارک کھولنے کا پیچ-پیچ جو لکڑی وغیرہ میں کسا جاتا ہے -

**اِسکرین** - (Screen) (اِس-کرین) [انگ-ا-مث] (۱) پردہ (۲) ٹٹی-آڑ-اوٹ -

**اسکندر** - (اس-کن-در) [ع-ا-مذ] یونان کے مشہور بادشاہ کا نام

**اسکندریہ** - بحیرہ روم کے کنارے مصر کی مشہور بندرگاہ -

**اسکوائر** - (Esquire) (اِس-کِ-وا-ئر) [انگ-ا-مذ] صاحب-عموماً شرفا کے نام کے ساتھ آتا ہے -

**اسکور** - (Score) (اِس-کور) [انگ-ا-مذ] (۱) وہ نمبر جو کوئی کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرے (۲) بیسی-کوڑی -

**اِسکُول** - (School) (اِس-کُول) [انگ-ا-مذ] مدرسہ-مکتب-پاٹھ شالا -

**اسکول ٹیچر** - (School Teacher) اُستاد یا اُستانی-مُعلّم یا مُعلّمہ-

**اسکول ماسٹر** - (School Master) اُستاد-مُعلّم

**اسکول مسٹرس** - (School Mistress) اُستانی-مُعلّمہ

**اِسکوائش** - (Squash) (اِس-کِ-وِش) [انگ-ا-مذ] (۱) عرق-شربت (۲) ایک کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے -

**اِسکیچ** - (Sketch) (اِس-کیچ) [انگ-ا-مذ] (۱) تصویر کا خاکہ (۲) ڈھانچہ-خاکہ (۳) خلاصہ-مسودہ-مختصر مضمون -

**اِسکیم** - (Scheme) (اِس-کیم) [انگ-ا-مث] (۱) تجویز-ترکیب-منصوبہ (۲) چال-خفیہ ریشہ دوانی-سازش -

**اسکینڈل** - (Scandal) (اِس-کین-ڈل) رسوائی-تہمت-فضیحت-بدنامی-شرمناک واقعہ-

**اسگند-اسگندھ** - (ہ-مذ) (آشو بمعنی گھوڑا-گند بمعنی بو) ایک سفید جڑ جس سے گھوڑے کے پسینے کی بو آتی ہے اور دواؤں میں استعمال ہوتی ہے -

**اَسلاف** - (اَس-لاف) [ع-ا-مذ] سلف کی جمع-اگلے وقتوں کے لوگ-بزرگ-بُڑھے-

**اِسلام** - (اِس-لام) [ع-ا-مذ] (۱) گردن جھکانا-اطاعت کرنا (۲) مسلمانوں کا دین -

**اسلام قبول کرنا** - اسلام لانا-دینِ محمدی میں آنا -

**اسلامی** - (اِس-لامی) [ع-صف] اسلام کا-اسلام سے متعلق (مذکر) مسلم-مسلمان-

**اَسلحہ** - (اَس-لِ-حَہ) [ع-ا-مذ] سلاح کی جمع-لڑائی کے ہتھیار-آلاتِ جنگ -

**اُسلحہ خانہ** - ہتھیار خانہ-سلاح خانہ-

**وَاَسلم** - (اَس-لَم) [ع-صف] (۱) نہایت محفوظ جگہ (۲) مار گزیدہ-

**اُسلوب** - (اُس-لوب) [ع-ا-مذ] طریقہ-طرز-روش - جمع : اسالیب

**اِسم** - (ع-ا-مذ) نام-وہ کلمہ جس سے کسی شخص-جانور-جگہ یا چیز کو پہچانا جائے
جمع : اسماء

**اسم آلہ** - وہ اسم جو اوزار یا ہتھیار کے معنی دے (قلم-چاقو-بندوق وغیرہ)

**اسم استفہام** - وہ اسم جس کے ذریعہ کوئی بات پوچھی جائے جیسے کیا-کون-کہاں؟

**اسم اشارہ** - وہ اسم جس سے کسی کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے وہ-یہ-اِن

**اسمِ اعظم** - خداوند تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک بزرگ تر نام-

**اسم بامسمّیٰ** - جیسا نام ویسا گُن - وہ شخص جس کا نام اس کے اوصاف کو ٹھیک ٹھیک ثابت کرے -

**اسم تصغیر** - وہ اسم جس میں چھٹائی کے معنی پائے جائیں جیسے پہاڑی-ڈبیا-کھٹولا-گھڑیلا-دیگچی وغیرہ-

**اسم جامد** - وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو نہ اس سے کچھ بنے جیسے کٹورا-گوبھی



Marfat.com

**اسمِ جلالی** - اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شانِ جلالی کا اظہار ہو جیسے قہار و جبار۔
**اِسمِ جمالی** - اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اظہار ہو جیسے رحمٰن۔ رحیم۔
**اسمِ جنس** - وہ اسم جو کسی پُوری جنس کے لیے بولا جائے جیسے ہرن۔ نافہ۔
**اسمِ حالیہ** - وہ اسم جس سے فاعل یا مفعول کی حالت معلوم ہو جیسے دوڑتا ہُوا۔ مارتا ہُوا۔
**اسمِ ذات** - وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دُوسری چیزوں سے الگ سمجھی جائے اور اس سے کوئی وصف معلوم نہ ہو جیسے اونٹ۔ ہاتھی۔ گھوڑا۔
**اسمِ صفت** - وہ اسم جس سے کسی چیز یا شخص کی خصوصیت خوبی یا بُرائی ظاہر ہو جیسے سچا۔ جھوٹا۔ کالا۔ گورا۔
**اسمِ ضمیر** - وہ اسم جو بجائے نام کے استعمال کیا جائے جیسے ہم۔ تم۔ وہ۔
**اسمِ ظرف** - وہ اسم جس میں زمانہ یا جگہ کے معنی پائے جائیں۔ اگر زمانے کے معنی ہوں تو ظرفِ زمان اور اگر جگہ کے معنی ہوں تو ظرفِ مکان کہیں گے۔ (صبح۔ شام۔ دن۔ رات۔ گھر۔ مدرسہ وغیرہ)
**اسمِ عدد** - وہ اسم جس سے تعداد یا گنتی ظاہر ہو جیسے دس بارہ۔
**اسمِ علم** - وہ اسم جو کسی خاص شخص یا چیز کا نام ہو۔ (صدیق۔ ہارون۔ راوی۔ چاند وغیرہ)
**اسمِ فاعل** - وہ اسم جو مصدر سے بنے اور فاعل کے معنی دے جیسے آنے والا۔ جلنے والا۔
**اسمِ فرضی** - فرض کیا ہُوا نام۔ کسی کہانی کے کردار کا نام۔
**اسمِ مُعاوضہ** - وہ اسم مشتق جو کسی کام کی اُجرت کے معنے دے (دُھلائی۔ لکھائی۔ رنگائی وغیرہ)
**اسمِ معرفہ** - وہ اسم جو کسی خاص شخص۔ مقام یا چیز کا نام ہو جیسے حامد۔ لاہور۔ تختِ طاؤس۔
**اسمِ مفعُول** - وہ اسم جو مصدر سے بنے اور مفعول کے معنے دے جیسے گھرا ہُوا۔ مرا ہُوا۔
**اسمِ مکبّر** - وہ اسم جس میں بڑائی کے معنی پائے جائیں (پگڑی سے پگڑ۔ چھتری سے چھتر۔ بات سے بتنگڑ)
**اسمِ مَوصول** - وہ اسم ناتمام کہ جب تک اُس کے ساتھ ایک جُملہ مذکور نہ ہو۔ کسی جملے کا جزوِ تام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا یعنی اکیلا نہ فاعل ہو سکتا ہے نہ مفعول۔ نہ مبتدا۔ نہ خبر جیسے جو جس۔ اس کے بعد جو جملہ آتا ہے اُسے صلہ کہتے ہیں جیسے جو غنی ہیں احتیاجِ بیش و کم رکھتے نہیں۔
**اسمِ نکرہ** - وہ اسم جو ایک ہی قسم کی تمام چیزوں پر بولا جائے جیسے آدمی آم۔ کتاب۔
**اسم نویسی** - (۱) ناموں کی فہرست (۲) وہ کاغذ جو نسبت کے رقعے سے پہلے لکھا جاتا ہے (۳) رجسٹر میں درج کرنا (۴) نام درج کرنے کا رجسٹر۔
**اسم نویسیٔ گواہان** - (۱) گواہوں کی فہرست (۲) گواہوں کو حاضر کرنے کی درخواست۔
**اسم وار** - نام بنام۔ گوشوارہ میں ناموں کے مطابق اندراج۔
**اَسما** - (اس۔ما) [ع۔ا۔مذ] اسم کی جمع۔ بہت سے نام۔
**اِسماءُالرّجال** - (اس۔ما۔ اُر۔ رجا۔ل) [ع۔مذ] (۱) لوگوں کے نام (۲) اصطلاحِ محدثین میں احادیث کے راویوں کے نام (۳) علم حدیث کا شعبہ جس میں راویانِ حدیث کے نام اور حالات سے بحث کی جاتی ہے۔
**اسمائے حُسنیٰ** - (ع۔صفت) اچھے نام۔ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

**اسماعیل۔ اِسمٰعیل** - حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے کا نام جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے۔ لقب ذبیح اللہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جدِ امجد۔
**اِسماعیلی** - (اس۔ما۔عی۔لی) [ع۔صف۔و۔مذ] (۱) امام جعفر صادق کے فرزند حضرت اسمٰعیل کے فرقے سے متعلق (۲) امام اسمٰعیل کا پیرو۔
**اِسماعیلیہ۔ اسمٰعیلیہ** - (اِس۔ما۔عی۔لِ۔یہ) [ع۔امذ] اہلِ تشیع کے فرقہ امامیہ کا ایک گروہ جو امام جعفر صادق کے چھوٹے صاحبزادے حضرت موسیٰ کاظم کے بجائے آپ کے بڑے صاحبزادے حضرت اسماعیل کو آپ کا جانشین مانتا ہے [صف] حضرت امام اسمٰعیل سے متعلق۔
**اَسمبلی** - (Assembly) (اَ۔سمب۔لی) [انگ۔ا۔مذ] جرگہ۔ انجمن۔ مجلس (خصوصاً) (مجلس شوریٰ یا مجلس قانون ساز)
**اِسمگلر** (Smuggler) (اِس۔مگ۔لَر) [انگ۔ا۔مذ] خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنے والا۔
**اِسمگل کرنا** - (Smuggle) (اِس مگل کرنا) [انگ۔مص] خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنا۔ چنگی ادا کیے بغیر مال لے جانا۔
**اِسمگلنگ** - (Smuggling) (اس۔مگ۔لنگ) [انگ۔ا۔مث] خلافِ قانون درآمد یا برآمد۔
**اِسمی** - (اِس۔می) [ع۔صف] (۱) اسم کے متعلق۔ نام کے متعلق (۲) اسم وار نام بنام۔
**اَسناد** - (اَس۔ناد) [ع۔ا۔مذ] سند کی جمع۔ سندیں۔ دستاویزیں۔ سرٹیفکیٹ۔
**اَسوار** - (اَس۔وار) [ف۔ا۔مذ] سوار۔ سواری پر چڑھنے والا۔ جمع: اسواراں۔
**اَسواری** - (اَس۔وا۔ری) [ہ۔ا۔مث] سواری۔
**اَسوانسی** - (اَس۔واں۔سی) [ہ۔ا۔مث] زمین ناپنے کا پیمانہ جو کچوانسی کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔
**اَسوج** - (اَ۔سوج) [ہ۔ا۔صف] ہندی ساتواں مہینہ۔ آسن۔ کنوار کا مہینہ۔
**اَسود** - (اَس۔وَد) [ع۔صف] کالا۔ سیاہ رنگ کا۔
**اسود و احمر** - (۱) سیاہ اور سُرخ (۲) بحیرۂ اسود اور بحیرۂ قلزم (۳) عرب و عجم۔
**اُسوہ** - (اُس۔وہ) [ع۔صف] (۱) نمونہ۔ مثال (۲) چال ڈھال۔ ڈھنگ۔
**اسوۂ حسنہ** - بہت اچھا نمونہ۔ نیک مثال۔
**اِسہال** - (اِس۔ہال) [ع۔ا۔مذ] (۱) پتلا پاخانہ۔ دست (۲) پیٹ چلنا۔
**اِسہام** - (اِس۔ہام) [ع۔ا۔مذ] تیروں کے ذریعے سے قرعہ نکالنا۔
**اَسہل** - (اَس۔ہل) [ع۔صف] نہایت سہل۔ بہت آسان۔
**اَسّی** - (اَس۔سی) [ہ۔صف] آٹھ دہائیاں۔ ستر اور دس۔
اسّی برس کی عمر نام میاں معصوم۔ [مثل] بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا جان بوجھ کر بھولاپن دکھانا۔
**اَسیر** - (اَ۔سیر) [ع۔ا۔مذ] قیدی۔ بندی۔ جمع: اساریٰ۔ اسیراں۔
اسیرِ سُلطانی - شاہی قیدی۔ نظربند۔
**اَسیس** - (اَ۔سیس) [ہ۔ا۔مث] دُعائے خیر۔ اچھی دُعا۔
**اَسیسر** (Assessor) (اَ۔سے۔سَر) [انگ۔ا۔مذ] (۱) تشخیص کرنے والا (۲) ثالث۔ حکم۔ پنچ۔ (۳) وہ اشخاص جو قتل کے مقدمات میں کارروائی مقدمہ



Marfat.com

سننے کے بعد سیشن جج کو رائے دیتے ہیں۔ یہ لوگ عوام میں سے مقرر کیے جاتے ہیں (۴) بلدیات میں ٹیکس لگانے کے لئے لوگوں کی ملکیت اور جائداد کا اندازہ کرنے والے حکام۔

# ا-ش

**اش۔** [ ق ] اُف۔

**اشا۔** ( ا-شا ) [ س-ا-مث ] (۱) طلوعِ سحر۔ صبح صادق کی روشنی۔ صبح۔ پَو پھٹنے کا وقت (۲) کام دیو کے بیٹے انیردھ کی بیوی۔

**اِشارات۔** ( ا-شا-رات ) [ ع-ا-مذ ] اشارہ کی جمع (۱) رمزیں۔ کنائے (۲) بو علی سینا کی کتاب کا نام۔

**اشارت۔** ( اِ-شا-رَت ) [ ف-ا-مث ] ایما۔ رمز۔ اشارہ (اصل عربی اشارۃٌ)

**اشارہ۔** ( ا-شا-رَہ ) [ ع-ا-مذ ] رمز۔ کنایہ۔ ایما۔

اشارہ پانا۔ منشا معلوم کرنا۔ عندیہ بھانپ جانا۔

اشارہ چلنا۔ آنکھ سے اشارہ ہونا۔ رمز و کنایہ ہونا۔

اشارہ فہم۔ اشارے سے مطلب سمجھنے والا۔ قرینے سے بات سمجھ جانے والا۔

اشارہ کرنا۔ (۱) ایما کرنا۔ آنکھ بھووں یا کسی اور عضو کے وسیلے سے دل کی بات ظاہر کرنا (۲) مجملاً یا کنایتہً کسی بات کو تحریر و تقریر میں ظاہر کرنا (۳) بھڑکانا۔ بہکانا۔

اشاروں میں پُورا ہونا۔ اس طرح اقرار ہو جانا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔

اشارے پر چلنا۔ کسی کے حسبِ منشا کام کرنا۔ کسی کے ایما پر چلنا۔

اشارے پر لگانا۔ ایسی تربیت دینا کہ اشارہ پا کر حکم بجا لائے۔

**اشاریہ۔** ( اِشا-رِ-یہ ) [ ع-ا-مذ ] کسی کتاب کے مضامین کی تفصیلی فہرست حروفِ تہجی کے اعتبار سے (کتاب میں کوئی مضمون۔ موضوع یا نام ایک سے زیادہ مقام پر آئے تو تمام متعلقہ صفحات کے نمبر ایک ہی عنوان کے تحت دے دیئے جاتے ہیں)

**اشاعت۔** ( ا-شا-عَت ) [ ع-ا-مث ] (۱) شائع کرنا۔ پھیلانا۔ شہرت دینا (۲) طبع۔ ایڈیشن (Edition)

**اَشاعِرہ۔** دیکھیے اشعریہ۔

**اِشباع۔** ( اِش-باع ) [ ع-ا-مذ ] (۱) حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہو جائے (۲) علمِ عروض میں حرفِ دخیل کی حرکت کا نام۔

**اَشباہ۔** ( ع-مذ ) شبہ کی جمع۔ شبیہیں۔ شکلیں۔ صورتیں۔

**اِشباہ۔** ( ع-مذ ) مشابہ ہونا۔ کسی کی مانند ہونا۔

**اِشتباہ۔** ( اِش-تِ-باہ ) [ ع-ا-مذ ] (۱) مشابہ ہونا۔ دو چیزوں کا اس طرح ہم شکل ہونا کہ دھوکا ہو جائے (۲) گمان۔ شبہ۔ شک۔

**اِشتداد۔** ( اِش-تِ-داد ) [ ع-ا-مذ ] شدت۔ زیادتی۔

**اُشتر۔** ( اُش-تر ) [ ف-ا-مذ ] اونٹ۔

**اِشتراک** ( اِش-تِ-راک ) [ ع-ا-مذ ] شرکت۔ ساجھا۔ حصہ داری۔

**اِشتراکی۔** ( اِش-تِ-را-کی ) [ ع-صف ] (۱) اشتراکیت سے منسوب۔ اشتراکیت کا حامی (Communist) سوشلزم سے متعلق (۲) [ ا-مذ ] اشتراکیت کا پیرو۔ سوشلسٹ (Socialist)

**اِشتراکیت۔** ( اِش-تِ-را-کی-یت ) [ ع-ا-مث ] (۱) اجتماعیت (۲) ساجھا۔ شرکت (۲) ایک اعتدال پسند فلسفہ یا نظریۂ حیات جس کے مطابق ذرائع پیداوار پر عوام کی مشترکہ ملکیت ہونی چاہیے۔ (انگ) (Communism)

**اِشتعال۔** ( اِش-تِ-عال ) [ ع-ا-مذ ] (۱) شعلہ اٹھانا۔ آگ لھکانا بھڑکانا۔ (۲) (کنایتہً) جوش۔ غصہ۔

اشتعال دینا۔ دلانا۔ بھڑکانا۔ جوش دلانا۔ غصہ دلانا۔

اشتعالِ طبع۔ طبیعت میں جوش اور غصے کی بھڑک۔

**اِشتعالک۔** ( اِش-تِ-عا-لک ) [ ف-ا-مث ] (۱) ننھا سا شعلہ۔ چنگاری (۲) جوش۔ غصہ (۳) تحریک۔ اُکساہٹ (۴) چراغ کی بتی اُکسانے کا تنکا۔

اِشتعالک دینا۔ بھڑکانا۔ اُکسانا۔ جوش دلانا۔

**اِشتغال۔** ( اِش-تِ-غال ) [ ع-ا-مذ ] مشغول ہونا۔ مصروف ہونا۔ مصروفیت۔

**اِشتقاق۔** ( اِش-تِ-قاق ) [ ع-ا-مذ ] (۱) کسی شے کو پھاڑ کر کچھ نکالنا (۲) اصطلاح۔ علمِ صرف میں ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانا۔

**اِشتمال۔** ( اِش-تِ-مال ) [ ع-ا-مذ ] شامل کرنا یا ملانا۔ جمع: اشتمالات

اشتمالِ اراضی۔ زمین کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو یکجا کرنا تاکہ کاشت میں آسانی ہو۔

**اِشتمالی۔** ( اِش-تِ-مالی ) [ ع-صف ] اشتمالیت سے منسوب (مذ) اشتمالیت کا پیرو۔ کمیونسٹ۔

**اِشتمالیت۔** ( اِش-ما-لی-یَت ) [ ع-ا-مث ] (۱) مساوی ہونا۔ برابر ہونا (۲) ایک انقلابی نظریۂ حیات جو نجی ملکیت اور جسمانی امتیاز کے خلاف ہے۔ اس کی رُو سے ملک کے تمام وسائل پیداوار پر ریاست (عوام) کا قبضہ ہونا چاہیے۔ اور ان میں سے ہر فرد کو اس کی ضرورت کے مطابق حصہ دیا جائے۔ کمیونزم (Communism)

**اِشتہا۔** ( اِش-تِ-ہا ) [ ع-ا-مث ] (۱) خواہش۔ (۲) بھوک۔

**اِشتہار۔** ( اِش-تِ-ہار ) [ ع-ا-مذ ] (۱) مشہور کرنا۔ شہرت دینا (۲) نوٹس۔ اعلان (۲) وہ چھپا ہوا کاغذ جس کے ذریعے کسی چیز کی شہرت کی جائے۔ جمع: اشتہارات۔

اشتہار دینا۔ مشہور کرنا۔ اشتہار کے ذریعے عوام کو مطلع کرنا۔

اشتہار لگانا۔ عوام کی آگاہی کے لیے کسی مقام پر اشتہار چسپاں کرنا۔

**اِشتہاری۔** ( اِش-تِ-ہا-ری ) [ ف-صف ] (۱) اشتہار سے منسوب (۲) وہ مجرم جس کے پکڑنے کے لیے اشتہار دیا گیا ہو۔

**اِشتیاق۔** ( اِش-تِ-یاق ) [ ع-ا-مذ ] شوق۔ آرزو۔ تمنا۔

**اَشٹمی۔** ( اَش-ٹ-می ) [ س-ا-مث ] ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ۔

**اَشجار۔** ( اَش-جار ) [ ع-ا-مذ ] شجر کی جمع۔ بہت سے درخت۔

**اَشجع۔** ( اش-جَع ) [ ع-صف ] بہت بہادر۔

**اَشخاص۔** ( اَش-خاص ) [ ع-ا-مذ ] شخص کی جمع۔ لوگ۔

**اَشد۔** ( اَ-شد ) [ ع-صف ] سخت تر۔ نہایت شدید۔



Marfat.com

**اَشُدھ** ۔ (اَ۔شُدھ) [س۔صف] (۱) ناپاک (۲) غلیظ۔
**اَشَر** ۔ (اَ۔شَرّ) [ع۔صف] بہت شریر۔
**اَشرار** ۔ (اَش۔رار) [ع۔ا۔مذ] شریر کی جمع۔ بُرے لوگ۔ شرارتی لوگ۔
**اَشراف** ۔ (اَش۔راف) [ع۔ا۔مذ] (۱) شریف کی جمع۔ بھلے مانس لوگ (۲) عالی خاندان۔ عالی نسب۔ ذی رتبہ۔ ذی عزت لوگ (۳) مہذب اور شائستہ لوگ (اردو میں واحد بھی مستعمل ہے)
اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے۔ [مثل] شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے اور کمینہ سر چڑھتا ہے۔
اشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے۔ اس زمانے میں اشراف مالدار کو ہی سمجھا جاتا ہے۔
**اَشرافیہ** ۔ (اَش۔راف۔یَہ) [ع۔ا۔مث] حکومت اُمرا جس میں چند مخصوص اور با اثر لوگ ہی اقتدار اعلیٰ کے مالک ہوتے ہیں۔ خواص کی حکومت۔
**اِشراق** ۔ (اِش۔راق) [ع۔ا۔مذ] آفتاب طلوع ہونا۔ آفتاب نکلنے کا وقت یا اس وقت کی نماز (۲) حکمت۔ روشن ضمیری۔ تصفیۂ باطنی۔
**اشراقیین** ۔ (اِش۔را۔قِ۔یین) [ع۔ا۔مذ] حکما کا وہ خاص گروہ جو تصفیۂ قلب اور کشف کے ذریعے شاگردوں کو دور بیٹھے ہوئے تعلیم دیا کرتا ہے۔
**اَشرَف** ۔ (اَش۔رَف) [ع۔صف] بہت شریف۔ بزرگ ترین۔
اَشرفُ الاشراف۔ شریفوں کا شریف۔ نہایت شریف۔
اَشرفُ المخلوقات۔ (۱) ساری مخلوق سے بزرگ تر (۲) آدمی۔ انسان۔
اشرفُ النّاس۔ سب سے شریف۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
**اشرفی** ۔ (اش۔رَ۔فی) [ف۔ا۔مث] (۱) سونے کا ایک سکّہ۔ مُہر۔ دینار۔ پونڈ۔ سلورن گنّی (۲) ایک بوٹی کا نام جس کا پھول گول اور زرد ہوتا ہے۔
اشرفی بوٹی۔ اشرفی کی قد و قامت کی بوٹیاں جو کمخواب یا دوسری قسم کے چھینٹ کے کپڑے پر بنی ہوتی ہیں (۲) ایک بوٹی کا نام جس کا پھول اشرفی کی مانند زرد اور گول ہوتا ہے۔
اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مُہر۔ [مثل] فضول مصارف پر تو لاکھوں اڑیں مگر ضروری اخراجات میں بخل کیا جائے۔
**اَشعار** ۔ (اَش۔عار) شعر کی جمع۔ ابیات۔
**اَشعَر** ۔ (اَش۔عَر) [ع۔صف] (۱) زیادہ شعر کہنے والا (۲) بہت اور لمبے بالوں والا۔
**اَشعری** ۔ (اَش۔عَ۔ری) [ع۔صف] بہت لمبے بالوں والا [ا۔مذ] ایک آدمی تھا جب پیدا ہوا تو اس کے سارے جسم پر لمبے لمبے بال تھے۔
**اَشعریہ** ۔ (اَش۔عَ۔ری۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] حکمائے اسلام کا ایک طبقہ۔ جمع: اشعریین۔ ابوالحسن اشعری کے پیرو کار۔
**اَشغال** ۔ (اَش۔غال) [ع۔ا۔مذ] شغل کی جمع۔ مشغلے۔ کام۔
**اُشغلا** ۔ (اُش۔غُ۔لا) [اُ۔ا۔مذ] فتنہ و فساد کی بات۔
اُشغلا اٹھانا۔ طوفان اٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ بہتان لگانا۔
اشغلا چھوڑنا۔ انوکھی بات کرنا۔ چٹکلا چھوڑنا۔ کوئی بات بنا کر دو آدمیوں کو لڑوا دینا۔
**اَشفاق** ۔ (اَش۔فاق) [ع۔ا۔مذ] شفقت کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔
**اِشفاق** ۔ (اِش۔فاق) [ع۔ا۔مذ] نرمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔
**اَشقیا** ۔ (اَش۔قِ۔یا) [ع۔ا۔مذ] شقی کی جمع۔ بدبخت۔ سنگدل۔ بے رحم ظالم لوگ۔

**اَشک** ۔ [ف۔ا۔مذ] آنسو۔ ٹسوا۔
اَشکبار۔ اشک فشاں۔ آنسو برسانے والا۔ رونے والا۔
اشکباری۔ آنسو برسانا۔ رونا۔
اشک بھر آنا۔ آنکھوں میں آنسو آ جانا۔
اشک جگر سوز۔ جگر کو جلانے والا آنسو۔ گرم آنسو۔
اشک سحر گاہی۔ صبح کا رونا۔
اشک شادی۔ وہ آنسو جو فرطِ مسرت سے آنکھوں میں آ جائیں۔
اشک شفق گوں۔ خون کے آنسو۔ شام کی سُرخی جیسے سُرخ آنسو۔
اشکِ شمع۔ [ف۔صف] جلتی ہوئی موم بتی کے گرتے ہوئے مومی قطرے۔
اشک شوئی (۱) آنسو پونچھنا۔ رونے کی آنکھ پونچھنا (۲) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔
اشک فشانی۔ آنسو بہانا۔ رونا۔
اشک کباب۔ وہ پانی جو آگ پر رکھنے سے کباب میں سے نکلتا ہے۔
اشکِ ندامت۔ [ف۔صف] شرمندگی اور پشیمانی کے باعث نکلنے والا آنسو۔
**اَشکال** ۔ (اَش۔کال) [ع۔ا۔مث] شکل کی جمع۔ شکلیں۔ صورتیں۔
**اِشکال** ۔ (اِش۔کال) [ع۔ا۔مذ] مشکل۔ دشواری۔
اِشکال پیش آنا۔ دشواری پیش آنا۔
**اُشلُک** ۔ (اُش۔لُک) [ت۔ا۔مث] تہمت۔ بہتان۔
اشلک لگانا۔ تہمت لگانا۔ بہتان لگانا۔
**اَشلوک** ۔ (اَش۔لوک) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نظم۔ شعر۔ بیت۔ دوہا (۲) حمد۔ نعت
**اَشنان** ۔ (اَش۔نان) [ہ۔ا۔مذ] غسل۔ نہانا۔
**اَشوک** ۔ (اَ۔شوک) [س۔ا۔مذ] (۱) ایک درخت کا نام (۲) قدیم ہندوستان کے ایک مشہور راجہ کا نام۔
اشوک منجری۔ راگ کا ایک سُر جس میں ۲۸ حروف ہوتے ہیں۔
**اَشہاد** ۔ (اَش۔ہاد) [ع۔ا۔مذ] شاہد کی جمع۔ گواہ۔
**اِشہاد** ۔ (اِش۔ہاد) [ع۔ا۔مذ] شہادت دینا۔ ثبوت پیش کرنا۔
**اَشہب** ۔ (اَش۔ہب) [ع۔ا۔مذ] (۱) سیاہ رنگ کا گھوڑا جس میں سفیدی غالب ہو۔ سبز گھوڑا (۲) مطلق گھوڑا۔
**اَشہر** ۔ (اَش۔ہَر) [ع۔صف] زیادہ مشہور و معروف۔
**اَشیا** ۔ (اَش۔یا) [ع۔ا۔مث] شے کی جمع۔ چیزیں۔
اشیائے صرف۔ روزمرہ استعمال کی چیزیں (Consumer' Goods)
**اَشیرباد** (س۔مث) دعائے خیر۔ آشیش۔ دعائے برکت۔

## ا۔ص

**اِصابت** ۔ (اِ۔صا۔بَت) [ع۔ا۔مث] رسائی۔ پہنچ (۲) ٹھیک بات کہنا صحیح نتیجے پر پہنچنا۔
**اَصابع** ۔ (ع۔مث) ہاتھ کی انگلیاں۔
**اَصاغر** ۔ (ع۔تصغیر) اصغر کی جمع۔ چھوٹے۔ سب سے چھوٹے۔
**اَصالت** ۔ (اَصا۔لَت) [ع۔ا۔مث] اصلیت۔ اصل پن۔ پیدائشی خاصیت۔ پچھلی عادت۔ قومی اثر۔ نطفہ کا اثر۔



Marfat.com

اصالت پر آجانا ۔ جانا ۔ قدرتی یا خاندانی اثر دکھانا (۲) شرارت پر اتر آنا (۳) کمینہ پن پر اتر آنا
اَصالتاً ۔ (اَ۔صا۔لَ۔تن) [ع ۔ تابع مہمل] بذاتِ خود ۔ بلا وسیلہ ۔ خود آپ بہ نفسِ نفیس (وکالتاً کی ضد)
اصالتاً حاضری ۔ (کسی وکیل کے بغیر) خود حاضر ہونا ۔
اَصباح ۔ (ع ۔ مث) صبح کی جمع ۔
اِصباح ۔ (اِص ۔ باح) [ع ۔ ا ۔ مث] سویرا ۔ صبح کرنا ۔
اَصَحّ ۔ (ع ۔ تفضیل) درست ترین ۔ بہت صحیح ۔
اِصحا ۔ (ع ۔ مذ) صحو ۔ ہوشیاری ۔ مستی سے ہوشیاری میں آنا ۔
اَصحاب ۔ (اَص ۔ حاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] صاحب کی جمع (۱) ہم نشین ۔ دوست ۔ (۲) وہ بزرگ جنھوں نے بحالتِ ایمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور ایمان پر فوت ہوئے ۔
اصحابُ الأخدود ۔ خندق والے یمن کا بادشاہ ذو نواس اور اس کے پیرو کار جنھوں نے اپنے ملک کے عیسائیوں کو خندق میں زندہ دفن کرا دیا تھا ۔
اصحابُ الرائے ۔ [ع ۔ مذ] وہ فقہا جو مسائل کے استنباط میں قیاس اور رائے سے کام لیں ۔
اصحابُ الشمال ۔ بائیں طرف والے جن کی صفیں تختِ رب العالمین کے بائیں طرف ہوں گی ۔ دوزخی لوگ ۔
اصحابُ الفرائض ۔ اصحابُ الفروض ۔ (فقہ) میں وہ وارث جن کے حصے قرآن مجید نے متعین کر دیئے ہیں ۔ ان کی تفصیل سورۃ النساء میں درج ہے ۔
اصحابُ المیراث ۔ حنفی فقہ کی رُو سے وہ وارث جن کو اصحاب الفرائض کے بعد حصہ ملتا ہے ۔
اصحابُ الیمین ۔ داہنی طرف والے لوگ ۔ بہشت والے لوگ ۔
اصحابِ صُفّہ ۔ صحابۂ کرام کا ایک گروہ جو ہر وقت عبادتِ الٰہی میں مصروف رہتا تھا ۔ حضرت بلالؓ ۔ حضرت سلمانؓ ۔ حضرت ابوذر غفاریؓ اور حضرت زید ابن الخطابؓ اسی گروہ میں سے تھے ۔
اصحابِ ظاہر (ظواہر) وہ لوگ جو قرآن و حدیث کے ظاہری یا لفظی پر بھروسہ کرتے ہیں اور ان کے خلاف کوئی معنی سننے درست نہیں سمجھتے ۔
اصحابِ فیل ۔ ہاتھی والے ۔ ابرہہ شاہِ یمن اور اس کا لشکر جو ہاتھیوں پر چڑھ کر خانہ کعبہ ڈھانے آیا تھا اور جن کو خدا کے حکم سے پرندوں نے کنکر مار مار کر تباہ و برباد کر دیا تھا ۔
اصحابِ کہف ۔ (۱) صاحبانِ غار (۲) مسلمانوں کے عقیدے میں پانچ یا سات یا نو آدمی جو ہزاروں سال کہف یعنی غار میں سو رہے ہیں اور قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے ۔ ان کے ساتھ ایک کتا بھی ہے ۔
اِصرار ۔ (اِص ۔ رار) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہٹ ۔ ضد ۔ اڑ ۔ (۲) تاکید ۔
اَصراف ۔ (اَص ۔ راف) [ع ۔ ا ۔ مذ] صرف کی جمع ۔ بہت سے خرچ ۔
اِصراف ۔ (اِص ۔ راف) [ع ۔ ا ۔ مذ] صرف ۔ خرچ ۔ خرچ کرنا ۔
اِصطباغ ۔ (اِص ۔ طِ ۔ باغ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) رنگ چڑھانا ۔ رنگنا ۔ مذہب میں لانا (۲) عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم ادا کرنا ۔ بپتسمہ ۔

اصطباغ دینا ۔ (۱) رنگنا (۲) عیسائی مذہب میں لانا ۔ بپتسمہ دینا ۔
اصطباغ لینا ۔ عیسائی مذہب اختیار کرنا ۔ بپتسمہ لینا ۔
اِصطبل ۔ (اِص ۔ طبل) [ع ۔ ا ۔ مذ] گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ ۔ طویلہ ۔
اُصطُرلاب ۔ (اُص ۔ طُر ۔ لاب) [یو ۔ ا ۔ مذ] ایک آلہ جس سے ستاروں کی بلندی ۔ ارتفاع اور رفتار دریافت کرتے ہیں ۔
اِصطِفا ۔ (ع ۔ مذ) برگزیدگی ۔ انتخاب (۲) چننا ۔ منتخب کرنا ۔
اِصطلاح ۔ (اِص ۔ طِلا ۔ ح) [ع ۔ ا ۔ مث] کسی علمی یا فنی گروہ کا کسی لفظ کے عام معنوں کے علاوہ کوئی خاص مفہوم مقرر کر لینا ۔ مرادی معنی ۔
اصطلاحات ۔ (اِص ۔ طِ ۔ لا ۔ حات) [ع ۔ ا ۔ مث] اصطلاح کی جمع ۔
اِصطلاحی ۔ (اِص ۔ طِ ۔ لا ۔ حی) [ع ۔ صف] منسوب بہ اصطلاح ۔ کسی خاص مفہوم اور محاورے کے متعلق ۔
اَصغر ۔ (اَص ۔ غر) [ع ۔ صف] نہایت چھوٹا ۔ جمع : اصاغر
اصفہان نصفِ جہان ۔ [ف ۔ مثل] ایران کا شہر اصفہان آدھی دنیا کے برابر ہے ۔ کسی زمانے میں یہ شہر بہت آباد تھا ۔
اَصفیا ۔ (اَص ۔ فِ ۔ یا) [ع ۔ ا ۔ مذ] صفی کی جمع ۔ بزرگ لوگ ۔ چنے ہوئے لوگ ۔ پاک باطن لوگ ۔
اَصل ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بیخ ۔ بنیاد ۔ جڑ (۲) منبع ۔ سرچشمہ ۔ نکاس ۔ مادہ (۳) تخم ۔ بیج (۴) ست ۔ عطر ۔ خلاصہ (۵) سرشت ۔ طینت ۔ جبلت (۶) حقیقت ماہیت ۔ کائنات (۷) نسب ۔ نطفہ کا اثر ۔ خاندانی اثر (۸) سبب (۹) سرمایہ ۔ پونجی ۔ مول ۔ بخلاف سود ۔ مال (۱۰) ذات (۱۱) شریف ۔ خاندانی (۱۲) کتاب کی عبارت ۔ متن ۔ قول (۱۳) اوّل ۔ مقدم (۱۴) ٹھیک ۔ سوائی (۱۵) خالص ۔ چوکھا ۔ بے کھوٹ ۔ کھرا ۔ جمع : اُصول ۔
اَصلُ الاُصول ۔ (ع ۔ مذ) خلاصہ ۔ لبِ لباب ۔ علتِ غائی ۔
اَصلُ السُّوس ۔ ایک قسم کی جڑ جو دوا میں کام آتی ہے ۔ ملٹھی ۔
اصل اصل ہے نقل نقل ۔ [مثل] جو عمدگی اصل میں ہو سکتی ہے نقل میں نہیں ہو سکتی ۔
اصلِ اُصول ۔ جڑوں کی جڑ ۔ اصلی بات ۔ جڑ کی بات ۔ حقیقی اور بنیادی شے ۔ علتِ غائی ۔
اصلِ بد از بدی خطا نہ کند ۔ [مثل] بد ضرور بدی کرتا ہے ۔ کمینہ بدی کو چھوڑ نہیں سکتا ۔
اصل پر آجانا ۔ (محاورہ) اپنے کاموں سے نسل یا فطری پستی میں آجانا ۔
اصل خیر سے ۔ خیریت سے ۔ بخیر ۔ سلامتی سے ۔
اصل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں ۔ [مثل] شریف برائی نہیں کر سکتا اور رذیل سے بھلائی نہیں ہوتی ۔
اَصلا ۔ (اَص ۔ لا) [ع] مطلقاً ۔ ہرگز ۔ کبھی کسی حالت میں ۔ بالکل ۔ مطلق ۔
اَصلاً ۔ (اَص ۔ لَن) [ع ۔ تابع فعل] اصل کے اعتبار سے ۔
اِصلاح ۔ (اِص ۔ لاح) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) صحت ۔ درستی ۔ درستگی (۲) ترمیم تصحیح ۔ نظرِ ثانی (۳) طب کی اصطلاح ادویہ کو مناسب مزاج پر لانا (۴) [اُر ۔ ا ۔ مث] حجامت ۔ درستیٔ خط ۔ جمع : اصلاحات ۔
اصلاح بنوانا ۔ حجامت بنوانا ۔ خط بنوانا ۔



Marfat.com

اِصلاح پذیر۔ (ع۔ف) اصلاح قبول کرنے والا۔
اِصلاح لینا۔ (محاورہ) اپنی تحریر یا اپنا کلام دُرستی کے لیے اُستاد کو دکھانا۔
اِصلاحات۔ (اِص۔لا۔حات) [ع۔ا۔مث] اصلاح کی جمع (۱) دُرستیاں ترمیمیں (۲) سیاسی اصطلاح میں حکومت کی وہ اصلاحیں جو نظامِ حکومت کی خرابیاں دُور کر کے رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے کی جائیں (Reforms)
اَصلوں۔ (اَص۔لوں) [اُر] بالکل۔ مطلق۔ اصل میں۔
اَصلی۔ (اَص۔لی) [ع۔صف] (۱) حقیقی۔ خلقی۔ ذاتی۔ جنمی۔ پیدائشی۔ جبلّی۔ فطری۔ (۲) مقدم۔ اوّل (۳) عمدہ۔ ٹھیک۔ سچ۔ واقعی۔ نقل کی ضد۔
اَصلیت۔ (اَص۔لی۔یت) [ع۔ا۔مث] حقیقت۔ اصلی بات۔ واقعیت۔
اَصم۔ (اَصم) [ع۔صف] بہرا۔ کانوں سے بٹ۔
اَصناف (اَص۔ناف) [ع۔ا۔مث] صنف کی جمع۔ انواع۔ قسمیں۔ طرحیں۔
اَصنام (اَص۔نام) [ع۔ا۔مذ] صنم کی جمع (۱) پتھر وغیرہ کے بُت (۲) (مجازاً) معشوق۔
اَصوات۔ (اَص۔وات) [ع۔ا۔مذ] صوت کی جمع۔ آوازیں۔
اُصول۔ (اُ۔صُول) [ع۔ا۔مذ] اصل کی جمع (۱) جڑیں۔ بنیادیں (۲) قاعدہ ڈھنگ۔ طور طریقہ۔ دستور۔ (ان معنوں میں اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے)
اُصول باندھنا۔ قاعدہ مقرر کرنا۔
اُصولِ کلام۔ علمِ کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔
اُصولِ موضوعہ۔ قائم کیے ہوئے قاعدے مقرر کیے ہوئے اُصول۔
اُصولی۔ (اُ۔صُو۔لی) [ع۔صف] (۱) اُصول کے مطابق۔ کسی قاعدے قانون کے تحت (۲) [مذ] مسلمانوں کا ایک فرقہ جو تقلید مجتہد کا قائل ہے۔
اَصہار۔ (ع۔مذ) وہ رشتہ دار جن سے از روئے شریعت شادی ناجائز ہے۔
اَصیل۔ (اَ۔صیل) [ع۔صف] (۱) خالص نسل کا۔ شریف۔ نجیب۔ عالی خاندان (۲) [مث] ماما۔ خادمہ۔
اَصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں۔ [مثل] (۱) اصیل گھوڑا مار کھائے بغیر سیدھا اور اچھا چلتا ہے۔ (۲) شریف آدمی سے کام لینے کے لیے سختی کی ضرورت نہیں۔
اَصیل مُرغ ٹکے ٹکے۔ [مثل] خاندانی لوگوں کی بے قدری۔ شریف کی قدر نہ ہونا۔

## ا-ض

اِضافت۔ (اِ۔ضا۔فت) [ع۔ا۔مث] (۱) نسبت۔ لگاؤ۔ میل۔ ایک کلمے کا دوسرے کلمے سے لگاؤ جو فارسی اور عربی الفاظ میں مضاف کے نیچے زیر لگانے اور اُردو میں مضاف الیہ کے آگے کا، کی، کے لگانے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے غلامِ زید یا زید کا غلام۔
اضافتِ ابنی۔ [ع۔صفت] اولاد اور والدین کا تعلق جیسے اکبر کا لڑکا۔
اضافتِ استعارہ۔ جب استعارہ تخییلہ استعارہ بالکنایہ کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اس اضافت کو اضافتِ استعارہ کہتے ہیں۔ جیسے "پائے فکر"۔
اضافتِ بیانی۔ مادہ اور مصنوع کا تعلق۔ جس سے کوئی چیز بنی ہو اور وہ مضاف الیہ اور جو چیز بنی ہو۔ وہ مضاف ہو جیسے چاندی کا ہار۔
اضافتِ تشبیہی۔ مشبہ اور مشبہ بہ کا تعلق۔ اس میں مشبہ مضاف الیہ اور مشبہ بہ مضاف ہوتا ہے جیسے گلِ رُخسار۔
اضافتِ تخصیصی۔ وہ تعلق جس سے مضاف کا مضاف الیہ کے لیے خاص ہونا ظاہر ہو جیسے عارف کا ہاتھ۔ میرا کام۔
اضافتِ تملیکی۔ وہ تعلق جس سے مضاف اور مضاف الیہ کی ملکیت ہونا ظاہر ہو جیسے اسلم کا گھوڑا۔
اضافتِ توصیفی۔ وہ تعلق جو صفت اور موصوف کے درمیان پایا جائے۔ اس میں مضاف موصوف اور مضاف الیہ صفت ہوتا ہے جیسے روزِ روشن۔
اضافتِ توضیحی۔ وہ تعلق جس میں مضاف الیہ مضاف کی وضاحت کرے جیسے ملتان کا شہر۔
اضافتِ ظرفی۔ ظرف اور مظروف کے درمیان تعلق۔ اس میں مضاف مظروف اور مضاف الیہ ظرف ہوتا ہے جیسے کنوئیں کا پانی۔
اِضافہ (اِ۔ضا۔فہ) [ع۔ا۔مذ] بیشی۔ ترقی۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔
اِضافی۔ (اِ۔ضا۔فی) [ع۔صف] (۱) نسبتی۔ زائد (۲) غیر اصلی۔
اِضافیت (اِ۔ضا۔فی۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) تلازم۔ نسبتی یا اضافی ہونا۔ (۲) نظریۂ اضافیت (آئن سٹائن کا یہ نظریہ کہ حرکت محض اضافی چیز ہے)
اَضحیٰ۔ (اَض۔حیٰ) [ع۔ا۔مث] قربانی۔ قربانی کا دن۔
اُضحوکہ (اُض۔حُو۔کہ) [ع۔ا۔مذ] جس سے ہنسی آئے۔ مضحکہ خیز چیز۔
اُضحیہ۔ (اُض۔حِ۔یہ) [ع۔ا۔مث] قربانی کا جانور۔
اَضداد۔ (اَض۔داد) [ع۔ا۔مث] ضد کی جمع۔ ضدیں۔ متضاد چیزیں۔
اَضراب۔ (اَض۔راب) [ع۔ا۔مث] ضرب کی جمع۔ ضربیں۔ چوٹیں۔
اَضرار۔ (اَض۔رار) [ع۔ا۔مذ] ضرر کی جمع۔ نقصانات۔
اِضطراب۔ (اِض۔طِ۔راب) [ع۔ا۔مذ] بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ گھبراہٹ۔ بوکھلاہٹ۔ جمع: اضطرابات۔
اِضطرابی۔ (اِض۔طِ۔را۔بی) [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) اضطراب۔ بے چینی۔ گھبراہٹ۔ بوکھلاہٹ (۲) [صف] اضطراب سے متعلق۔
اِضطرار (اِض۔طِ۔رار) [ع۔ا۔مذ] بے قراری۔ بے اختیاری
اِضطراری۔ (اِض۔طِ۔را۔ری) [ع۔ا۔مث] (۱) بے قراری۔ بے چینی۔ (۲) [صف] اضطرار سے منسوب۔
اَضعاف۔ (اَض۔عاف) [ع۔صف] ضعف کی جمع۔ دُگنا تگنا وغیرہ۔
اِضعاف۔ (اِض۔عاف) [ع۔ا۔مذ] دُگن کرنا۔ دُور کرنا۔
اَضعف (اَض۔عف) [ع۔صف] نہایت ضعیف۔ بہت کمزور۔
اَضغاثِ احلام۔ (اَض۔غاث۔اَح۔لام) [ع۔ا۔مذ] پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ ہو
اَضلاع۔ (اَض۔لاع) [ع۔ا۔مذ] ضلع کی جمع (۱) خطۂ زمین۔ صوبے کا حصہ (۲) اشکال کے خطوط۔ مثلث یا مربع و مستطیل وغیرہ کی حدیں۔
اَضلال۔ (اَض۔لال) [ع۔ا۔مذ] گمراہ کرنا۔ بہکانا۔
اِضمار۔ (اِض۔مار) [ع۔ا۔مذ] کلام میں اسم کی جگہ ضمیر استعمال کرنا۔
اِضمار قبل الذکر۔ کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کے لیے ضمیر لانا۔



Marfat.com

**اُضمحلال**۔ (اض۔مح۔لال) [ع۔ا۔مذ] پژمردگی۔کسل۔سُستی۔کاہلی۔افسردگی۔

## ا۔ط

**اطاعت**۔ (اِ۔طا۔عت) [ع۔ا۔مث] تابع داری۔بندگی۔فرماں برداری۔
تعمیلِ حکم۔ جمع۔ اطاعات۔
اطاعت گزار۔ اطاعت کرنے والا۔فرماں بردار۔
**اُطاق**۔ (اُ۔طاق) [ت۔ا۔مذ] کمرہ۔حجرہ۔دالان۔
**اَطال**۔ (اَ۔طال) [ع۔فعل ماضی] لمبا کرے۔بڑھائے۔
**اَطالَ اللّٰہُ عُمرَہٗ**۔ خدا اس کی عمر بڑھاتے۔دُعائیہ القاب جو چھوٹوں کو لکھا جاتا ہے۔
**اطالوی**۔ (اِ۔طال۔وی) [ع۔صف] اطالیہ (اٹلی) سے منسوب۔اٹلی کا باشندہ۔
**اطالیہ**۔ یورپ کا ایک مشہور ملک (اٹلی)
**اطبّا**۔ (اَ۔طب۔با) [ع۔ا۔مذ] طبیب کی جمع۔وید۔حکیم۔ڈاکٹر۔دوادارد کرنے والے۔
**اطراف** (اَط۔راف) [ع۔ا۔مث] طرف کی جمع۔سمتیں۔طرفیں۔کنارے۔
**اِطریفل**۔ (اِط۔ری۔فل) اِتری پھل کا معرّب۔دیکھیے اتری پھل۔
**اَطعمہ**۔ (اَط۔ع۔مہ) [ع۔ا۔مذ] طعام کی جمع۔کھانے۔غذا۔بھوجن۔
**اِطفا**۔ (اِط۔فا) [ع۔ا۔مذ] آگ بجھانا۔
**اطفال**۔ (اَط۔فا۔ل) [ع۔ا۔مذ] طفل کی جمع۔لڑکے بالے۔بال بچّے۔
**اطّلاع**۔ (اِط۔طِ۔لاع) [ع۔ا۔مث] (۱) آگاہی۔خبر۔رپورٹ (۲) نوٹس اعلان۔اشتہار۔ جمع: اِطّلاعات۔
اطلاع نامہ۔ وہ چٹھی جو خبر دینے کے لیے بھیجی جائے۔سمن۔نوٹس۔پروانہ حکم نامہ۔
**اِطّلاعاً**۔ (اِط۔طِ۔لا۔عَن) [ع۔تابع فعل] برائے اطلاع۔آگاہی کے لیے باخبر کرنے کے لیے۔
اطلاع یابی۔ [ع۔ف۔مث] خبر پانا۔آگاہ ہونا۔باخبری۔
**اِطّلاعی**۔ (اِط۔طِ۔لا۔عی) [ع۔ف۔صف] خبر دینے والی۔آگاہ کرنے والے (چٹھی۔نوٹس یا خبر وغیرہ) وہ چیز جو کسی کے متعلق اطلاع دے۔
**اِطلاق**۔ (اِط۔لاق) [ع۔ا۔مذ] رواں کرنا۔جاری کرنا۔بولا جانا۔استعمال ہونا منطبق ہونا۔عائد ہونا۔کسی چیز کا دوسری پر محمول کرنا۔
اطلاق نویس۔ سمن کے اجرا اور خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر۔
**اطلس**۔ (اَط۔لس) [ع۔ا۔مذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
**اِطمینان**۔ (اِط۔می۔نان) [ع۔ا۔مذ] دل جمعی۔ڈھارس۔خاطر جمع۔تسلّی دلاسا۔صبر۔طمانیت۔
**اَطناب**۔ (اَط۔ناب) [ع۔ا۔مذ۔مث] طُنُب کی جمع۔طنابیں۔تنبو کی رسّیاں
**اِطناب**۔ (اِط۔ناب) [ع۔ا۔مذ] بات کو طول دینا۔
**اطوار**۔ (اَط۔وار) [ع۔ا۔مذ] طور کی جمع۔وضع۔ڈھنگ۔طریقے۔چال چلن روش۔
**اطول**۔ (اَط۔ول) [ع۔صف] بہت طویل۔بہت لمبا۔

**اَطہار**۔ (اَط۔ہار) [ع۔ا۔مذ] طاہر کی جمع۔پاک لوگ۔
**اَطہر**۔ (اَط۔ہر) [ع۔صف] بہت پاک۔
**اَطیب**۔ (اَط۔یَب) [ع۔صف] نہایت پاک۔نہایت خوشبودار۔بہت اچھا۔

## ا۔ظ

**اَظلال**۔ (اظ۔لال) [ع۔ا۔مذ] ظِل کی جمع۔سائے۔
**اِظلال**۔ (اظ۔لال) [ع۔ا۔مذ] سایہ ڈالنا۔
**اَظلام**۔ [ع۔مذ] تاریک کرنا۔
**اَظلم**۔ (اَظ۔لَم) [ع۔صف] بہت بڑا ظالم۔نہایت تکلیف دینے والا۔
**اِظہار**۔ (اظ۔ہار) [ع۔ا۔مذ] (۱) کھولنا۔ظاہر کرنا۔ظاہر ہونا (۲) بیان۔شہادت کیفیت۔حقیقت (۳) وہ بیان جو عدالت میں دیا جائے۔
اظہارِ حلفی۔ قسمیہ گواہی۔
اظہار دینا۔ عدالت میں گواہی دینا۔بیان لکھوانا۔
اظہارِ قانونی۔ قانون کی رُو سے درست گواہی۔
اظہار کرنا۔ (محاورہ) بیان کرنا۔ظاہر کرنا۔
اظہار لینا۔ (محاورہ) بیان لینا۔گواہی لینا۔اہلِ مقدمہ سے مقدمہ کے حالات سُننا۔
اظہار نامہ۔ عدالت کا سمن۔اطلاع نامہ۔
اظہار نویس۔ وہ محرر جو بیان اور شہادت لکھتا ہے۔
**اَظہر**۔ (اَظ۔ہَر) [ع۔صف] خوب ظاہر۔نہایت صریح اور واضح۔
اَظہَرُ مِنَ الشّمس۔ سُورج سے زیادہ ظاہر۔سُورج کی طرح ظاہر اور عیاں۔

## ا۔ع

**اِعادہ**۔ (اِ۔عا۔دہ) [ع۔ا۔مذ] لوٹانا۔پھیر کر لوٹانا۔دوہرانا۔بار بار کرنا۔
**اعادۂ شباب**۔ (ع۔مذ) بڑھاپے میں جوانی کی دوبارہ طاقت۔اُمنگ پیدا کرنا۔
**اَعاظم**۔ (اَ۔عا۔ظم) [ع۔ا۔مذ] اعظم کی جمع۔بہت بڑے لوگ۔
**اعانت**۔ (اِ۔عا۔نت) [ع۔ا۔مث] مدد۔سہارا۔جمع: اعانات۔
اعانتِ مجرمانہ۔ جُرم میں مدد دینا۔
**اِعتاق**۔ (اِع۔تاق) [ع۔ا۔مذ] غلام یا باندی کو آزاد کرنا۔
**اِعتبار**۔ (اِع۔تِ۔بار) [ع۔ا۔مذ] (۱) تکیہ۔بھروسا۔ساکھ۔اعتماد (۲) یقین (۳) لحاظ (اس اعتبار سے وہ تم سے اچھا ہے) جمع: اعتبارات۔
اعتبار آنا۔ یقین آنا۔
اعتبار اُٹھ جانا۔ اعتبار جاتا رہنا۔اعتماد میں نہ رہنا۔ساکھ نہ رہنا۔
اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا۔یقین کرنا۔
اعتبار نامہ۔ سند۔سرٹیفکیٹ۔
**اعتباری**۔ (اِع۔تِ۔با۔ری) [ع۔صف] قابلِ اعتبار۔معتبر۔بھروسے کے لائق۔
**اِعتدال**۔ (اِع۔تِ۔دال) [ع۔ا۔مذ] نہ کمی نہ زیادتی۔درمیانی درجہ۔میانہ روی۔
اعتدال پر رہنا۔ (محاورہ) میانہ روی رکھنا۔ہر کام مناسب طریق پر کرنا۔
اعتدال پسند۔ میانہ روی پسند کرنے والا۔



Marfat.com

**اعتذار** - (اِع - تِ - ذار) [ع - ا - مذ] عُذر کرنا - عذر خواہی۔
**اعتراض** - (اِع - تِ - راض) [ع - ا - مذ] (۱) نکتہ چینی - عیب گوئی - گرفت (۲) حُجّت - مخالفت - جمع : اعتراضات۔
**اعتراض اُٹھانا** - (۱) نکتہ چینی کرنا (۲) نکتہ چینی کا جواب دینا۔
اعتراض جڑنا - **اعتراض جمانا** - اعتراض کرنا (بے تکلفی کے موقع پر بولتے ہیں)
اعتراض کرنا - ٹوکنا - گرفت کرنا - نکتہ چینی کرنا - عیب نکالنا۔
**اعتراضی** - [ق - امث] ناراضی - خفگی [صف] اعتراض کرنے والا۔
**اعتراز** - [ع - مذ] اثر - خوبی - پھیلاؤ - جوہر۔
**اعتراف** - (اِع - تِ - راف) [ع - امذ] اقرار کرنا - تسلیم کرنا - مان لینا۔
**اعتزال** - (اِع - تِ - زال) [ع - ا - مذ] عزلت نشینی - گوشے میں بیٹھنا - الگ ہو بیٹھنا - علیحدگی - تخت چھوڑ دینا - دست بردار ہونا۔
**اعتصام** - (اِع - تِ - صام) [ع - ا - مذ] (۱) مضبوطی سے پکڑنا (۲) پرہیزگار ہونا - اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔
**اعتقاد** - (اِع - تِ - قاد) [ع - ا - مذ] عقیدہ - یقین - بھروسا - ایمان - دھرم - جمع : اعتقادات
اعتقاد اُٹھ جانا - یقین نہ رہنا - عقیدہ جاتا رہنا۔
**اعتقاد رکھنا** - یقین رکھنا - معتقد ہونا۔
**اعتقادی** - (اِع - تِ - قا - دی) [ع - صف] (۱) اعتقاد سے متعلق [ق] اعتقاد رکھنے والا - معتقد۔
**اعتکاف** - (اِع - تِ - کاف) [ع - ا - مذ] نفس کو دنیاوی لذائذ سے باز رکھنا - مسجد میں معینہ مدت کے لیے گوشہ نشین ہونا۔
**اعتکاف سے نکلنا** - اعتکاف سے باہر آنا - معینہ گوشہ نشینی کو ختم کرنا۔
**اعتلا** - (اِع - تِ - لا) [ع - ا - مذ] بلندی - اونچائی۔
**اعتماد** - (اِع - تِ - ماد) [ع - ا - مذ] اعتبار - بھروسا - یقین۔
**اعتنا** - (اِع - تِ - نا) [ع - ا - مذ] (۱) غم خواری کرنا - ہمدردی کرنا (۲) پروا کرنا - غور و پرداخت کرنا۔
**اعجاز** - (اِع - جاز) [ع - ا - مذ] معجزہ - خرقِ عادت - کرامت - کرشمہ
**اعجازِ بیان** - (۱) (بغیر اضافت) جادو بیان - نہایت فصیح البیان (۲) (با اضافت) کلام کا معجزہ - تقریر کا جادو۔
**اعجاز دکھانا** - (محاورہ) حیرت انگیز کام کرنا - معجزہ کرنا۔
**اعجازِ (عیسوی) مسیحائی** - (۱) حضرت عیسیٰ کا معجزہ جن کے دم سے بیمار تندرست اور مُردے زندہ ہوتے تھے (۲) بیمار کا تندرست ہونا - مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا۔
**اعجوبہ** - (اِع - جو - بہ) [ع - ا - مذ] عجیب شے - انوکھی چیز - طرفہ تماشا۔
**اعدا** - (اَع - دا) [ع - ا - مذ] عُدو کی جمع - دشمن - بیری - مخالف۔
**اعداد** - (اَع - داد) [ع - ا - مذ] عدد کی جمع - گنتی - ہندسہ - رقم جیسے ۱، ۲، ۳، ۱۰
**اعدادِ متبائن** - وہ طاق ہندسے جنہیں کوئی ہندسہ پورا تقسیم نہ کرسکے جیسے ۱، ۳، ۱۰، ۱۰
**اعدادِ متداخل** - وہ ہندسے جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کرسکے جفت اعداد ۹، ۱۰، ۲۵ وغیرہ۔
**اعدادِ متماثل** - ایک دوسرے سے مشابہ عدد (۲ - ۴ وغیرہ)

**اعدادِ متوافق** - وہ ہندسے جو دوسرے ہندسوں کو پورا تقسیم کرسکیں۔
**اعداد و شمار** - شماریات - کسی ملک کے باشندوں کی تعداد اور اُن کے پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات - کسی ملک کی صنعتی - تجارتی - تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے متعلق مجمل اطلاعات (Statistics)
**اَعدل** - (اَع - دَل) [ع - صف] بہت عدل کرنے والا - بہت بڑا منصف۔
**اَعراب** - (اَع - راب) [ع - ا - مذ] بدو - عرب کے صحرا نشین۔
**اِعراب** - (اِع - راب) [ع - ا - مذ] زبر زیر پیش کی علامتیں - حروف کی حرکات ظاہر کرنے والی حرکات۔
**اَعرابی** - (اَع - را - بی) [ع - ا - مذ] عرب کا بدو - صحرا نشین عرب - گنوار اُجڈ۔
**اِعراض** - (اِع - راض) [ع - ا - مذ] منہ پھیرنا - بچنا - روگردانی۔
**اعراف** - (اَع - راف) [ع - ا - مذ] (۱) دوزخ اور بہشت کے درمیان کا مقام - (۲) قرآن کی ایک سورت کا نام۔
**اعزاز** - (اِع - زاز) [ع - ا - مذ] عزت - رُتبہ - مرتبہ - جمع : اعزازات
**اعزازی** - (اِع - زا - زی) [ع - صف] (۱) تعریفی - نمائشی (۲) عزت بڑھانے والا - (۳) تحفۃً - ہدیۃً
**اعزازیہ** - [ع - مذ] وہ نذرانہ جو کسی کی خدمات کے اعتراف کے طور پر پیش کیا جائے - (انگ) (Honorary)
**اعزّہ** - (اَ - عِز - زہ) [ع - ا - مذ] عزیز کی جمع - بھائی بند - رشتے دار
**اَعصاب** - (اَع - صاب) [ع - ا - مذ] عصب کی جمع - پٹھے۔
**اعصابی** - (اَع - صا - بی) [ع - صف] اعصاب سے متعلق۔
**اعصابی جنگ** - سرد جنگ - ایسی جنگ جس میں دو مخالف ملک یا بلاک سیاسی میدان میں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کریں۔ (Coldwar)
**اعضا** - (اَع - ضا) [ع - ا - مذ] عضو کی جمع - بدن کے اعضا - ہاتھ پاؤں وغیرہ۔
**اعضا شکنی** - جوڑوں میں درد ہونا - بدن ٹوٹنا۔
**اعضائے رئیسہ** - دل - دماغ - جگر وغیرہ۔
**اعطا** - (اِع - طا) [ع - ا - مذ] بخشش کرنا - عطا کرنا - دینا۔
**اعظم** - (اَع - ظم) [ع - صف] نہایت بڑا - بزرگ تر - جمع : اعاظم۔
**اعقاب** - (اَع - قاب) [ع - ا - مذ] عقب کی جمع - پس ماندگان - آل و اولاد جو باپ کے مرجانے کے بعد باقی رہے - پچھلی نسل۔
**اِعلا** - (اِع - لا) [ع - ا - مذ] بلند کرنا - غالب کرنا۔
**اَعلام** (اَع - لام) [ع - ا - مذ] علم کی جمع - جھنڈے۔
**اِعلام** - (اِع - لام) [ع - ا - مذ] خبر دینا - آگاہ کرنا - جتلانا - ظاہر کرنا - کھولنا (۲) پروانہ - نوٹس۔
**اعلامیہ** - (اِع - لا - می - یہ) [ع - ا - مذ] اعلان - سرکاری اعلان۔
**اعلان** - (اِع - لان) [ع - ا - مذ] ظاہر کرنا - شہرت دینا - مشہور کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا - جمع : اعلانات۔
**اَعلَم** - (اَع - لم) [ع - صف] بہت جاننے والا - بہت بڑا عالم۔
**اعلیٰ** - (اَع - لا) [ع - صف] بہت بلند - بہت اونچا - بلند مرتبہ۔



Marfat.com

**اعلیٰ علیین** - بلند بہشت - بہشت کا سب سے بڑا درجہ۔
**اَعماق** - (اَع - ماق) [ع - ا - مذ] عُمق کی جمع - گہرائیاں۔
**اعمال** - (اَع - مال) [ع - ا - مذ] عمل کی جمع (۱) کام - افعال - کرنی (۲) ورد - وظائف۔
**اعمال نامہ** - (۱) وہ رجسٹر جس میں کراماً کاتبین انسان کے بُرے بھلے کام لکھتے ہیں - (۲) وہ رجسٹر جس میں سرکاری ملازموں کی کارگذاریاں لکھی جاتی ہیں - (انگ) (Service Book)
**اعمام** - (اَع - مام) [ع - ا - مذ] عَم کی جگہ - چچا اور پھوپھا۔
**اعمیٰ** - (اَع - ما) [ع - صف] اندھا - نابینا - جمع : عمیان۔
**اعنی** - (اَع - نی) [ع] میں مراد رکھتا ہوں - میری یہ مراد ہے (متکلم کا صیغہ)
**اعوان** - (اَع - وان) [ع - ا - مذ] عون کی جمع - بہت سے حامی اور مددگار۔
**اعیان** - (اَع - یان) [ع - ا - مذ] عَین کی جمع (۱) آنکھیں (۲) چشمے (۳) اُمرا و وزرا سرکردہ لوگ۔

## ا - غ

**اغذیہ** - (اغ - ذیہ) [ع - ا - مث] غذا کی جمع - غذائیں - خوراکیں - کھانے۔
**اغراض** - (اَغ - راض) [ع - ا - مذ - مث] غرض کی جمع - مطالب - مقاصد - نیتیں ارادے - حاجتیں۔
**اِغراق** - (اِغ - راق) [ع - ا - مذ] بہت مبالغہ کرنا - بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا (۲) ڈبو دینا۔
**اغلاط** - (اَغ - لاط) [ع - ا - مذ - مث] غلط کی جمع - بھول چوک - خطائیں۔
**اِغلاق** - (اِغ - لاق) [ع - ا - مذ] کلام کو مشکل کرنا - پیچیدہ کرنا۔
**اِغلام** - (اِغ - لام) [ع - ا - مذ] لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا - لواطت - لونڈے بازی خلاف وضع فطری۔
**اِغلامی** - (اِغ - لا - می) [ف - صف] (۱) لونڈے باز - اغلام کرنے والا۔ (۲) اغلام کرانے والا۔
**اغلب** - (اَغ - لب) [ع - صف] غالب تر - زیادہ غالب - یقین کے قریب - ضرور - یقینی۔
**اَغل بغل** - (اَ غل - بَ - غَل) [اُ] اِدھر اُدھر - آس پاس۔
**اَغلط** - (اَغ - لَط) [ع - صف] بہت غلط۔
**اغماز** - (اَغ - ماز) [ع - ا - مذ] (۱) ناز کرنا - غمزہ - ناز و ادا (۲) غرور - گھمنڈ - اترانا۔
**اِغماض** - (اِغ - ماض) [ع - ا - مذ] رُوگردانی کرنا - درگذر - چشم پوشی۔
**اغنیا** - (اغ - نِ - یا) [ع - ا - مذ] غنی کی جمع - دولت مند لوگ۔
**اِغوا** - (اِغ - وا) [ع - ا - مذ] (۱) ورغلانہ - بہکانا (۲) بہکا کر بھگا لے جانا - لے بھاگنا (۳) اُبھارنا - اُکھیڑنا - اُکسانا۔
**اغوا کرنا** - (۱) بہکانا - ورغلانا (۲) کسی کو بہکا کر لے بھاگنا۔
**اَغیار** - (اَغ - یار) [ع - ا - مذ] غیر کی جمع (۱) اجنبی - بیگانے جن سے رشتہ داری نہ ہو (۲) عدو - دشمن - رقیب۔

## ا - ف

**اُف** [ع] (۱) آہ - اوہ (حیرت) درد یا رنج کے اظہار کے لیے (۲) افسوس (تاسّف کے لیے) (۳) کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
**اُف اُف کرنا** - کراہنا - آہ آہ کرنا۔
**اُف تیرا کاٹا نہ جیئے** - سخت ظالم - مردم آزار یا فریبی و مفسدہ پرداز کی نسبت کہتے ہیں۔
**اُف رے** - (کلمۂ حیرت) آہ رے - اوہ رے - اللہ رے - ہائے رے۔
**اُف کر دینا** - (محاورہ) جلا کر خاکستر کر دینا (۲) اجاڑ دینا - تباہ کر دینا۔
**اُف نہ کرنا** - (محاورہ) (۱) سانس نہ نکالنا - صدمہ کے باوجود مُنہ سے آہ نہ نکالنا (۲) کچھ نہ بولنا - شکایت زبان پہ نہ لانا (۳) ضبط کرنا۔
**اُف ہو جانا** - (محاورہ) خاک اُڑ جانا - کچھ باقی نہ رہنا - صفایا ہو جانا - جل کر راکھ ہو جانا - مٹ جانا - فنا ہو جانا۔
**اِفادہ** - (اِفا - دَہ) [ع - ا - مذ] فائدہ پہنچانا (۲) نفع - یافت (۳) تعلیم - تلقین تربیت - جمع : افادات
**افادۂ عام** - سب کو فائدہ پہنچانا۔
**افاضل** - (اَ - فا - ضِل) [ع - ا - مذ] افضل کی جمع - عالم و فاضل لوگ - بزرگ لوگ۔
**اِفاضہ** - (اِ - فا - ضہ) [ع - ا - مذ] فیض پہنچانا - فائدہ پہنچانا - جمع : افاضات
**اَفاعیل** - (اَ - فا - عیل) [ع - ا - مذ] علم عروض کے ارکان جن سے بحریں بنائی جاتی ہیں
**افاغنہ** - (اَ - فا - غِ - نہ) افغان کی جمع - افغانستان کے لوگ - پٹھان۔
**افاقہ** - (اِ - فا - قہ) [ع - ا - مذ] (۱) ہوش میں آنا (۲) قدرے آرام - مرض میں کمی صحت - آرام - شفا۔
**افتا** - (اِف - تا) [ع - ا - مذ] فتویٰ دینا۔
**اُفتاد** - (اُف - تاد) [ف - ا - مث] (۱) دُکھ - مُصیبت (۲) اتفاقیہ اور اچانک سانحہ (۳) بنیاد - ابتدا - شروع (۴) فطرت - طبیعت۔
**اُفتاد پڑنا** - حادثہ پیش آنا - مصیبت آنا۔
**اُفتادگی** - (اُف - تا - دَ - گی) [ف - ا - مث] عاجزی - انکسار - خاکساری - تنگدستی - افلاس۔
**اُفتادہ** - (اُف - تا - دہ) [ف - صف] (۱) گرا پڑا - درماندہ (۲) بغیر جوتی ہوئی ناکارہ زمین - غیر مزروعہ زمین - جمع : اُفتادگان
**اُفتاں و خیزاں** - (اُف - تاں و خے - زاں) [ف - تابع فعل] (۱) گرتے پڑتے بدحواسی کی حالت میں (۲) بہت مشکل سے۔
**اِفتتاح** - (اِف - تِ - تاح) [ع - ا - مذ] شروع کرنا - کھولنا - ظاہر کرنا - بے نقاب کرنا۔
**افتتاحیہ** - (اِف - تِ - تا - ح - یہ) [ع - ا - مذ] (۱) اخبار کا اداریہ - اڈیٹوریل (۲) کتاب کا دیباچہ [صف] افتتاح سے منسوب۔
**اِفتخار** - (اِف - تِ - خار) [ع - ا - مذ] فخر - بزرگی - عزت - ناز - گھمنڈ۔
**اِفترا** - (اِف - تِ - را) [ع - ا - مذ] تہمت - بہتان - جھوٹا الزام۔
**افترا باندھنا** - تہمت لگانا - بہتان باندھنا۔
**افترا پرداز** - تہمت لگانے والا - الزام لگانے والا۔



Marfat.com

**افترا پردازی** - بہتان لگانا۔ الزام دینا۔ تہمت رکھنا۔

**افتراق** - (اِف ۔ تِ ۔ راق) [ع ۔ ا ۔ مذ] جدائی پیدا کر دینا ۔ جدائی ۔ اختلاف ۔

**افتیمون** - (اَف ۔ تی ۔ مُون) [ع ۔ ا ۔ مث] اکاس بیل ۔ امربیل ۔ ایک دوا ۔

**افراتفری** - (اَف ۔ را ۔ تَف ۔ ری) [اُ ۔ ا ۔ مث] افراط و تفریط کا مخرب ۔ رل چل ۔ تہلکہ ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ کھلبلی ۔

**افراد** - (اَف ۔ راد) [ع ۔ ا ۔ مذ] فرد کی جمع ۔ لوگ ۔

**افراز** - [ف ۔ لاحقہ] افراختن کا صیغہ امر ۔ جو اسم کے آنے کے بعد اسے فاعل بنا دیتا ہے ۔ اونچا کرنے والا ۔ بلند کرنے والا ۔ جیسے سرافراز ۔

**افراسیاب** - (اَف ۔ را ۔ سِ ۔ یاب) [ف ۔ ا ۔ مذ] توران کے ایک بہادر بادشاہ کا نام ۔

**افراط** - (اِف ۔ راط) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) زیادتی ۔ کثرت ۔ بہتات ۔ فراوانی ۔ افزونی (۲) حدِ اعتدال سے بڑھ جانا ۔

**افراطِ زر** - (۱) روپے پیسے کی زیادتی (۲) ملک میں سکے کا پھیلاؤ زیادہ ہو جانا ۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب کہ اشیائے صرف کی پیداوار (رسد) کم اور سکے کی اشاعت (طلب) زیادہ ہو ۔ افراطِ زر کی حالت میں چیزوں کی قیمتیں بے تحاشا چڑھ جاتی ہیں (انگ) (Inflation)

**افراط و تفریط** - کمی بیشی ۔ غیر معتدل حالت ۔

**افرنجی** - (اِف ۔ رن ۔ جی) [معرب ۔ ا ۔ مذ] فرنگی ۔ یورپ کا باشندہ ۔

**افرنجیت** - (اَف ۔ رن ۔ ج ۔ یت) [معرب ۔ ا ۔ مث] فرنگی پن ۔

**افرنگ** - (ف ۔ مذ) انگریز ۔ یورپ ۔

**افرنگی** - [ف ۔ صف] یورپ کا باشندہ ۔

**افروختہ** - (اَف ۔ رو ۔ ختہ) [ف ۔ صف] (۱) جلا بھنا ۔ جلتا ہوا (۲) روشن

افروختہ کرنا - (۱) آگ جلانا (۲) روشن کرنا ۔

**افروز** - (اَف ۔ روز) [ف ۔ صف] روشن کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے جہاں افروز)

**افروزہ** - (اَف ۔ رو ۔ زہ) [ف ۔ ا ۔ مث] چراغ کی بتی ۔

**افریقہ** - (جغرافیہ) ایک براعظم جو یورپ اور بحیرہ روم کے جنوب میں اور بحرِ ہند اور بحرِ اوقیانوس کے درمیان واقع ہے خطِ استوا اس کے درمیان میں سے گزرتا ہے ۔

**افریقی** - (اَف ۔ ری ۔ قی) [ع ۔ صف] (۱) براعظم افریقہ سے منسوب (۲) افریقہ کا باشندہ ۔

**افزا** - (اَف ۔ زا) [ف ۔ صف] بڑھانے والا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے صحت افزا ۔

**افزائش** - (اَف ۔ زا ۔ ئش) [ف ۔ ا ۔ مث] بیشی ۔ زیادتی ۔ افزونی ۔ بڑھوتری ۔

**افزائندہ** - (اَف ۔ زا ۔ اِن ۔ دہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] بڑھانے والا ۔

**افزود** - (اَف ۔ زُود) [ف ۔ صف] زیادہ ۔ فاضل ۔ زائد ۔

**افزوں** - (اَف ۔ زُوں) [ف ۔ صف] زیادہ ۔ بڑھ کر ۔ بیش ۔ بہت ۔

**افزونی** - (اَف ۔ زُو ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] زیادتی ۔

**افساد** - (اِف ۔ ساد) [ع ۔ ا ۔ مذ] فساد کرنا ۔ تباہ کرنا ۔

**افسان** - (اَف ۔ سان) [ف ۔ ا ۔ مث] سان ۔ چھری چاقو وغیرہ تیز کرنے والا آلہ ۔

**افسانوی** - (اَف ۔ سا ۔ نَ ۔ وی) [ع ۔ صف] افسانے سے منسوب ۔

**افسانویت** - (اَف ۔ سا ۔ نَ ۔ وِ ۔ یت) [ف ۔ ا ۔ مث] افسانہ پن ۔ افسانہ کی کیفیت ۔

**افسانہ** - (اَف ۔ سا ۔ نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) داستان ۔ قصہ ۔ کہانی (۲) چھوٹی بات (۳) سرگذشت ۔ حال ۔ روئداد (۴) طویل بات (۵) ذکر ۔ مذکور ۔ چرچا ۔

افسانہ گو - افسانہ کہنے والا ۔ داستان گو ۔

افسانہ گوئی - کہانی کہنا ۔ داستان گوئی ۔

افسانہ (نگار) نویس - افسانہ لکھنے والا ۔

افسانہ (نگاری) نویسی - افسانہ لکھنا ۔

**افسر** - (اَف ۔ سر) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) سردار ۔ عہدہ دار (۲) تاج ۔ مکٹ ۔ (انگ) (Officer)

**افسرِ مال** - محکمہ مال کا عہدیدار جس کے پاس ضلع کی مالگزاری کی وصولی کا کام ہو ۔ (انگ) (Revenue Officer)

**افسردگی** - (اَف ۔ سُر ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] کملاہٹ ۔ اضمحلال ۔ پژمردگی ۔

**افسردہ** - (اَف ۔ سُر ۔ دہ) [ف ۔ صف] ٹھٹھرا ہوا ۔ مرجھایا ہوا ۔ پژمردہ ۔ غمگین ۔ اُداس ۔ رنجیدہ ۔ دلگیر ۔ جمع : افسردگان ۔

افسردہ (خاطر) دل - رنجیدہ ۔ بجھے ہوئے دل والا ۔ اُداس ۔ بددل ۔

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را - [ف ۔ ا ۔ مقولہ] غمزدہ آدمی ساری انجمن کو غمگین کر دیتا ہے ۔

**افسری** - (اَف ۔ سَری) [ف ۔ ا ۔ مث] حکومت ۔ سرداری ۔

**افسنطین** - (اَف ۔ سَن ۔ طِین) [یو ۔ ا ۔ مذ] ایک دوا کا نام ۔

**افسوس** - (اَف ۔ سوس) [ف ۔ ا ۔ مذ] دریغ ۔ پچھتاوا ۔ غم ۔ رنج ۔ قلق ۔ صدمہ ۔

افسوس آنا - قلق ہونا ۔ تاسف ہونا ۔

افسوس (کرنا) کھانا - رنج کرنا ۔ تاسف کرنا ۔

افسوسناک - افسوس سے بھرا ہوا ۔ قابلِ افسوس ۔

**افسوں** - (اَف ۔ سوں) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) جادو ۔ سحر ۔ منتر (۲) فریب (۳) دھوکا ۔

افسوں (پھونکنا) کرنا - (محاورہ) (۱) منتر پھونکنا ۔ جادو کرنا (۲) بہکانا ۔

افسوں چل جانا - (محاورہ) قابو میں آجانا ۔ دھوکا کھا جانا ۔ فریب میں آجانا ۔

افسوں ساز - (ف) جادوگر ۔ ساحر ۔

**افشا** - (اِف ۔ شا) [ع ۔ ا ۔ مذ] ظاہر کرنا ۔ فاش کرنا ۔ آشکار کرنا ۔ کھولنا ۔

افشائے راز - بھید کھلنا ۔ پردہ فاش ہونا ۔ کسی چھپی ہوئی بات کا ظاہر ہو جانا ۔

**افشار** - (اِف ۔ شار) [ف ۔ صف] نچوڑنے والا ۔

**افشاں** - (اَف ۔ شاں) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) سونے چاندی کا برادہ یا مقیش کی باریک کترن جو خوبصورتی کے لیے عورتیں بالوں پر چھڑکتی یا ماتھے پر چنتی ہیں (۲) جو چیز چھڑکی جائے ۔

افشاں اُترنا - (محاورہ) چُنی ہوئی افشاں کا چھوٹ جانا ۔

افشاں اُڑانا - (محاورہ) حاضرین پر افشاں ڈالنے کے لیے ہوا میں اُڑانا ۔

افشاں (بنانا) کترنا - (محاورہ) مقیش یا گوٹے کو کتر کے افشاں تیار کرنا ۔

افشاں جمانا - (محاورہ) سلیقے سے پیشانی اور رخساروں پر افشاں لگانا ۔

افشاں چُننا - (محاورہ) ماتھے پر افشاں ملنا ۔

افشاں چھڑانا - (محاورہ) لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا ۔

افشاں کرنا - (محاورہ) بالوں پر افشاں ڈالنا ۔



Marfat.com

افشاں کرنا۔ رنگ چھڑکنا۔

**افشانی**۔ (اَف۔شانی) [ف۔صف] افشاں سے منسوب [مث] چھڑکنا۔ بکھیرنا

افشانی کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر رنگ یا افشاں چھڑکی ہوئی ہو۔

**افشردہ**۔ (اَف۔شر۔دہ) [ف۔صف] نچوڑا ہوا [مذ] وہ شربت جو پھل وغیرہ نچوڑ کر بنایا جائے۔

**افصح**۔ (اَف۔صح) [ع۔صف] بہت فصیح۔ نہایت خوش کلام۔ نہایت خوش بیان۔

**اَفضال**۔ (اَف۔ضال) [ع۔صف] فضل کی جمع۔ کرم۔ مہربانیاں۔

**اِفضال**۔ (اِف۔ضال) [ع۔ا۔مذ] مہربانی کرنا۔ کرم کرنا۔

**افضل**۔ (اَف۔ضل) [ع۔صف] بزرگ ترین۔ بہترین۔ عمدہ ترین۔ نہایت اچھا

جمع : افاضل

**افضلیت**۔ (اَف۔ضَ۔لی۔یت) [ع۔ا۔مث] بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت

**افطار**۔ (اِف۔طار) [ع۔ا۔مذ] روزہ کھولنا۔

**افطاری**۔ (اِف۔طا۔ری) [اُ۔ا۔مث] (۱) وہ چیز جس سے روزہ کھولیں (۲) روزہ کھولنا۔

**افعال**۔ (اَف۔عال) [ع۔ا۔مذ] فعل کی جمع (۱) کام۔ اعمال (۲) مشتقاتِ مصدر جن میں زمانہ پایا جائے (۳) تاثیریں۔ خواص۔

**افعی**۔ (اَف۔عی) [ع۔ا۔مذ] ناگ۔ ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ۔ کالا سانپ

افعی سیرت۔ سانپ کی خصلت والا۔ موذی اور ضرر رساں شخص

**افغان**۔ (اَف۔غان) [ف۔ا۔مذ] (۱) فریاد۔ فغان (۲) پٹھان۔ افغانستان اور سابق صوبہ سرحد کا رہنے والا۔ جمع : افغاناں

**اُفق**۔ (اُ۔فُق) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارا۔ جمع : آفاق۔

**افقر**۔ (اَف۔قر) [ع۔صف] بہت غریب۔ نہایت محتاج۔

**اُفقی**۔ (اُف۔قی) [ع۔صف] (۱) اُفق سے متعلق۔ افق کے قریب (۲) افق کے متوازی (۳) چپٹا۔ مسطح۔

**افکار**۔ (اَف۔کار) [ع۔ا۔مذ] فکر کی جمع (۱) فکریں۔ تردّدات۔ پریشانیاں (۲) شعرا کا کلام۔ اشعار۔

افکارِ عالیہ (۱) بلند خیالات (۲) بلند رتبہ اشعار۔

**افگار**۔ (اَف۔گار) [ف۔صف] زخمی۔ مجروح۔ گھائل۔

**افگن**۔ (اَف۔گن) [ف۔صف] ڈالنے والا۔ گرا دینے والا۔ پچھاڑنے والا۔ (مرکبات میں آتا ہے) جیسے شیر افگن۔

**افگندہ**۔ (اَف۔گندہ) [ف۔صف] (۱) گرا ہوا (۲) عاجز۔ منکر۔

**اِفلاس**۔ (اِف۔لاس) [ع۔ا۔مذ] مُفلسی۔ تنگدستی۔ غریبی۔ ناداری۔ فلاکت۔

**افلاطون**۔ (اَف۔لا۔طُون) [یو۔ا۔مذ] (۱) نہایت چوڑے چکلے سینہ والا شخص (۲) یونان کے ایک بہت بڑے حکیم کا نام جو بقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد تھا۔

افلاطون کا سالا۔ زور آور کا رشتہ دار۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر۔

افلاطون کا سالا بنا پھرتا ہے [مثل] خواہ مخواہ دوسروں کو ڈرانا پھرتا ہے بڑا متکبر ہے۔ اپنی عقل پر بڑا مغرور ہے۔

**افلاک**۔ (اَف۔لاک) [ع۔ا۔مذ] فلک کی جمع۔ آسمان۔ گردوں۔ چرخ۔

**افواج**۔ (اَف۔واج) [ف۔ا۔مث] فوج کی جمع۔ فوجیں۔ بہت سے لشکر۔

**افواہ**۔ (اَف۔واہ) [ع۔ا۔مذ۔مث] بازاری خبر۔ بے اصل بات۔ اڑتی خبر۔ مشتبہ خبریں۔ گپ (عربی میں مذکر ہے اردو میں مونث مستعمل ہے)

افواہ اڑانا۔ بے اصل بات مشہور کرنا۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔

**اُفوہ**۔ (اُف۔فوہ) [اُ۔] تعجب، تاسف یا کثرتِ درد کے اظہار کے لیے زبان سے نکلنے والی آواز۔

افوہ ہے تیری فیل بازی۔ (محاورہ) تُو تو بڑا مکار ہے۔

**افواہاً**۔ افواہ کے طور پر۔

**اَفہام**۔ (اَف۔ہام) [ف۔ا۔مث] فہم کی جمع۔ عقلیں۔ سمجھیں۔

**اِفہام**۔ (اِف۔ہام) [ع۔ا۔مذ] سمجھانا۔

**اَفیم**۔ (اَ۔فیم) [اُ۔ا۔مث] افیون۔ مشہور زہریلی اور نشیلی چیز جو پوست کے رس کو منجمد کرکے بنائی جاتی ہے۔

افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر۔ [مثل] افیمی آدمی از خود رفتہ اور بے کار ہو جاتا ہے۔ اس لیے افیم امیر یا فقیر ہی کھا سکتا ہے۔

**افیمچی - افیمی**۔ (افیم۔چی) [اُ۔صف۔ا۔مذ] افیون کا عادی۔

**اَفیمن**۔ (اَ۔فی۔من) [اُ۔ا۔مث] وہ عورت جو افیون کا نشہ کرے۔

افیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے۔ [مثل] افیمی کی پہچان بہت دور سے ہو جاتی ہے۔ افیمی کی صورت ہی الگ ہوتی ہے۔

**افیون**۔ (اَف۔یون) [ع۔ا۔مث] افیم۔ تریاک۔

افیون پینا۔ افیون کو پانی میں گھول کر پینا۔

افیون چڑھنا۔ افیم کے نشے کا زور ہونا۔

افیون دینا۔ ننھے بچوں کو افیون کھلانا۔

افیون کا چوگا۔ افیون کا میل اور فضلہ جو گھولنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

افیون کا گھولا۔ پانی میں گھلی ہوئی افیون۔

افیون کی پینک۔ افیون کا نشہ۔

افیون گھلنا (گھولنا)۔ افیون گھول کر پینے کے لیے تیار کرنا۔

**افیونی**۔ (اَف۔یونی) [ع۔ف۔ا۔مذ] افیمی۔ افیون کا عادی۔

افیونی جنونی۔ افیونی پاگل سا ہوتا ہے۔

## ا-ق

**اَقادیمہ**۔ (اَ۔قا۔دی۔مہ) [انگریزی لفظ اکیڈمی (Academy) کا معرب۔ ا۔مث] علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکادمی۔

**اَقارب**۔ (اَ۔قا۔رب) [ع۔ا۔مذ] اقرب کی جمع۔ رشتہ دار۔ اعزا۔ اقربا۔

**اَقالہ**۔ (اِ۔قا۔لہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) بیع کو منسوخ کرنا۔ معافی چاہنا۔

**اَقالیم**۔ (اَ۔قا۔لیم) [ع۔ا۔مث] اقلیم کی جمع۔ ممالک۔ سلطنتیں۔

**اِقامت**۔ (اِ۔قا۔مت) [ع۔ا۔مث] (۱) قیام۔ قرار۔ سکون (۲) وطن۔ مسکن (۳) تکبیرِ نماز با جماعت۔

اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔ قیام کرنے والا۔

**اَقانیم**۔ (اَ۔قا۔نیم) [ع۔ا۔مذ] اقنوم کی جمع (۱) اصل۔ بنیادیں (۲) مقدس



Marfat.com

تثلیث کے افراد۔

اقانیمِ ثلاثہ۔ تثلیث کے افراد (خدا۔ عیسیٰ۔ روح القدس)

**اقبال۔** (اِق۔ بال) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) خوش قسمتی۔ عروج۔ خوشحالی۔ ادبار کی ضد (۲) زمانے کا موافق ہونا (۳) اقرار۔ اعتراف۔ تسلیم (۴) عالمِ اسلام کے مشہور مفکر و شاعر علامہ اقبال کا نام اور تخلص۔

اقبال بلند ہونا۔ (محاورہ) اقبال کا اوج پر ہونا۔ خوش نصیبی ترقی پر ہونا۔

اقبالِ جُرم۔ جرم کا اقرار۔ مجرم ہونے کا اعتراف۔

اقبال چمکنا۔ دولت اور مرتبے میں ترقی ہونا۔ دولت اور مرتبہ حاصل ہونا نصیبہ یاور ہونا۔

اقبالِ دعویٰ۔ مخالف کے دعوے کو تسلیم کرنا۔

اقبالِ دعویٰ داخل کرنا۔ حاکم کے روبرو کسی کے دعویٰ کا تحریری اقرار کرنا۔

اقبال کرنا۔ قبول کرنا۔ اقرار کرنا۔ اعتراف کرنا۔

اقبال مند۔ خوش قسمت۔ صاحبِ نصیب۔ بھاگوان۔

اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔ طالع وری۔

**اِقبالی۔** (اِق۔ با۔ لی) [ع۔ صف] اقبال کرنے والا۔ مان لینے والا جس نے اپنے کرتوت کا اعتراف کر لیا ہو۔

**اقبالیات۔** (اِق۔ با۔ لِ۔ یات) [اُر۔ ا۔ مث] حکیم الامت علامہ اقبال کے نظریات اور ان سے متعلق لٹریچر۔

**اقتباس۔** (اِق۔ تِ۔ باس) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) چھانٹنا۔ چننا۔ اخذ کرنا (۲) چنا ہوا کلام (۳) روشنی لینا۔ جمع : اقتباسات۔

**اقتدا۔** (اِق۔ تِ۔ دا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پیروی کرنا (۲) امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔

**اقتدار۔** (اِق۔ تِ۔ دار) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) زور۔ مقدرت۔ طاقت۔ بڑائی۔ شان و شوکت (۲) اختیار۔ حکومت۔ مرتبہ۔

اقتدارِ اعلیٰ۔ ملک کا سب سے بڑا اختیار۔

اقتدارِ جائز۔ وہ اختیار جو قانوناً درست ہو۔

**اِقتران۔** (اِق۔ تِ۔ ران) [ع۔ ا۔ مذ] نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ نزدیکی۔

**اِقتصاد۔** (اِق۔ تِ۔ صاد) [ع۔ ا۔ مذ] میانہ روی۔ کفایت شعاری۔ اعتدال سے کام لینا۔

**اقتصادی۔** (اِق۔ تِ۔ صا۔ دی) [ع۔ صف] اقتصاد سے متعلق۔ مالی۔ معاشی۔

**اِقتصادیات۔** (اِق۔ تِ۔ صا۔ دِ۔ یات) [ع۔ ا۔ مث] معاشیات۔ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔

**اقتضا۔** (اِق۔ تِ۔ ضا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) خواہش کرنا۔ چاہنا (۲) تقاضا۔ لازمہ۔ ضرورت۔

**اَقدار۔** (اَق۔ دار) [ع۔ ا۔ مث] قدر کی جمع۔ قدریں۔

**اَقدام۔** (اَق۔ دام) [ع۔ ا۔ مذ] قدم کی جمع۔

**اِقدام۔** (اِق۔ دام) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) قدم بڑھانا۔ آگے جانا۔ پیش قدمی کرنا (۲) ارتکاب عمل (۳) ارادہ۔ قصد۔ جمع : اقدامات

اقدامِ خودکشی۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرنا۔

اقدامِ قتل۔ کسی کے مار ڈالنے کا قصد کرنا۔

اقدامِ قتلِ عمد۔ جان بوجھ کر کسی کے قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔

**اَقدس۔** (اَق۔ دس) [ع۔ صف] بہت پاک۔ اطہر۔

**اِقرار۔** (اِق۔ رار) [ع۔ ا۔ مذ] ہاں۔ ہامی۔ قبول۔ منظور۔ قول قرار۔ عہد و پیمان۔ وعدہ کرنا۔

اقرارِ جُرم۔ اصلاحِ جُرم۔ [مثل] جرم کا مان لینا اس کی سختی کو کم کرنا ہے۔

اقرار سے پھرنا۔ وعدہ کر کے انکار کرنا۔

اقرارِ صالح۔ (۱) صحیح اقرار (۲) حلفی بیان۔ عدالت میں وہ بیان جو یہ کہہ کر "سچ کہوں گا" دیا جاتا ہے۔

اقرار کا سچا۔ قول کا پورا۔ وعدہ وفا کرنے والا۔

اقرار کرنا۔ قبول کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا۔ وعدہ کرنا۔

اقرار لینا۔ وعدہ لینا۔ عہد لینا۔

اقرار مدار۔ عہد و پیمان۔ قول و قرار۔

اقرار نامہ۔ (۱) اقرار کی تحریر (۲) وہ دستاویز جس میں کسی بات کا وعدہ لکھا ہو۔

**اِقراری۔** (اِق۔ را۔ ری) [ع۔ صف] اقبالی۔ اعتراف کرنے والا۔

**اَقران۔** (اِق۔ ران) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) قرین کی جمع۔ پاس کے لوگ۔ ہم عصر لوگ۔ معاصرین (۲) قرن کی جمع۔ زمانے

**اَقرب۔** (اَق۔ رب) [ع۔ صف] بہت نزدیک۔ جمع : اقارب۔ اقربا۔

**اقربا۔** (اَق۔ رِ۔ با) [ع۔ ا۔ مذ] قریب کی جمع۔ قریب کے رشتہ دار۔ بھائی بند۔ اقارب۔ اپنے۔ یگانے۔ اعزہ۔

**اقساط۔** (اَق۔ ساط) [ع۔ ا۔ مذ و مث] قسط کی جمع۔ قسطیں۔ ٹکڑے حصے۔ اجزا۔

**اقسام۔** (اَق۔ سام) [ع۔ ا۔ مث] قسم کی جمع۔ قسمیں۔ طرحیں۔ انواع۔

**اقسوس۔** (اَق۔ سوس) [یو۔ ا۔ مذ] ایک خاردار درخت۔ ایک بوٹی۔

**اقصیٰ۔** (اَق۔ صا) [ع۔ صف] بہت دور۔ بیت المقدس۔

**اقطاب۔** (اَق۔ طاب) [ع۔ ا۔ مذ] قطب کی جمع۔

**اقطار۔** (اَق۔ طار) [ع۔ ا۔ مذ] قُطر کی جمع۔ کنارے۔

**اقطاع۔** (اَق۔ طاع) [ع۔ ا۔ مذ] قطع کی جمع۔ ٹکڑے۔ قطعے۔

**اقل۔** (اَ۔ قل) [ع۔ صف] بہت تھوڑا۔

اقل درجہ۔ کم سے کم۔

اقل قلیل۔ تھوڑے کا بھی بہت تھوڑا۔ قلیل ترین۔

**اَقلیت۔** (اَ۔ قل۔ لی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) کمی۔ تھوڑا ہونا (۲) کم تعداد (۳) کسی ملک میں کوئی خاص گروہ جس کی تعداد دوسروں سے کم ہو۔

**اُقلیدس۔** (اُق۔ لی۔ دس) [یو۔ ا۔ مذ] (۱) کلیدِ ہندسہ یعنی غوامضِ ہندسہ کا کھولنے والا (۲) ایک یونانی حکیم کا نام جس کے نام سے علم جیومیٹری کی بنیاد پڑی (۳) اشکالِ ریاضی اور ہندسے کا علم۔

**اِقلیم۔** (اِق۔ لیم) [ع۔ ا۔ مث] ولایت۔ ملک۔ جمع : اقالیم

**اَقمار۔** (اَق۔ مار) [ع۔ ا۔ مذ] قمر کی جمع (۱) بہت سے چاند (۲) بکسرِ اوّل چاندنی میں سیر کرنا۔ روشن کرنا۔

**اَقمشہ۔** (اَق۔ مِ۔ شہ) [ع۔ ا۔ مذ] قماش کی جمع۔ پونجیاں۔ پشمینے کے کپڑے۔

**اَقنوم۔** (اَق۔ نوم) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ہر چیز کی اصل بنیاد (۲) دینِ مسیحی میں خدا کا ہر جزو (باپ۔ بیٹے اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں)



Marfat.com

جمع : اقانیم

**اِقوا۔** (اِق۔وا) [ع۔ا۔مذ] اعراب کی تبدیلی سے قافیے کا بدل جانا جو کہ علم قافیہ کا ایک عیب ہے۔

**اقوال۔** (اَق۔وال) [ع۔ا۔مذ] قول کی جمع۔ باتیں۔ مقولے۔

**اقوام۔** (اَق۔وام) [ع۔ا۔مذ] قوم کی جمع۔ قومیں۔ گروہ۔ مختلف ملکوں کے باشندے۔

# ا۔ک

**اِک۔** [ہ۔صف] ایک کا مخفف [ف] ایک

اِک اکیلا۔ تن تنہا۔

اِک بات کی بات۔ (محاورہ) بہت قلیل مدت۔ دم بھر۔

اِک بار۔ (۱) ایک مرتبہ (۲) دفعتاً۔ اچانک۔ یکایک۔ بے تامل۔

اِک بارگی۔ (۱) دفعتاً۔ اچانک۔ ناگہاں (۲) ایک دم۔ اکٹھا۔ (یکبارگی۔ زیادہ صحیح)

اِک پولیا۔ وہ دروازہ جو ایک ہی کواڑ کا ہو۔

اِک پیچا۔ (۱) ایک ترچھی پگڑی جو بانکے لوگ باندھتے ہیں (۲) صرف ایک پیچ کا پیچوان۔

اِک تارا۔ (۱) ایک قسم کا باریک کپڑا (۲) ایک تار کا تنبورا۔

اِک تالا۔ طبلے کی ایک گت۔

اِک ترا۔ وہ بخار جو ایک روز بیچ آئے۔

اِک جا۔ ایک جگہ۔ اکٹھا۔ (یکجا فصیح)

اِک جہان۔ پوری دُنیا۔ سارا جہان۔

اِک چِت۔ ایک بات پر قائم رہنے والا (۲) اکٹھے مل کر۔ ایک دل ہو کر۔

اِک چیز ہونا۔ (محاورہ) یکتا ہونا۔ نایاب ہونا۔

اِک خدائی۔ ساری دُنیا۔ تمام لوگ۔ بہت لوگ۔

اِک درا۔ ایک دَر کا دالان۔

اِک دل ہونا۔ (محاورہ) متفق ہونا۔

اِک دم۔ دفعتاً۔ اچانک۔ اک بارگی۔

اِک دن۔ کسی دن۔ عنقریب۔

اِک ذرا۔ تھوڑا سا۔ کچھ۔ ذرا۔

اِک ڈال۔ وہ شے جو پوری ایک ہی چیز کی بنی ہو اور اس میں جوڑ نہ ہو (۲) یکساں۔

اِک رُخی۔ جس کے دونوں رُخ ایک جیسے نہ ہوں۔ یک طرفی۔

اِک سار۔ ایک قسم کے۔ یکساں۔ برابر۔ ہموار۔

اِک سُو ہونا۔ (محاورہ) طے ہونا۔ جھگڑے کا فیصلہ ہونا۔

اِک طرف۔ چھوڑو اس کو۔ اس کا ذکر نہ کرو۔

اِک عمر۔ بہت عرصہ۔ بہت مدت۔

اِک گُونہ۔ کسی قدر۔ تھوڑا سا۔

اِک لخت۔ پورے کا پورا۔ (۲) فوراً۔ صحیح۔ یکلخت۔

اِک لڑا۔ اک لڑی والا ہار۔

اِک منزلا۔ ایک منزل والا مکان۔

اِک نظر دیکھنا۔ تھوڑی دیر دیکھنا

اِک نہ اک طرح۔ اک نہ اک صورت سے۔ کسی طرح۔ کسی تدبیر سے۔

**اِکّا۔** (اِک۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک گھوڑے کی گاڑی (۲) ایک قسم کا زیور جس میں نگینہ جڑ کر بازو پر باندھتے ہیں (۳) شمعدان جس میں ایک بتی جلائی جاتی ہے (۴) ایک بھاری مگدر جسے پہلوان اُٹھاتے ہیں (۵) گنجفہ کا ایک ورق یا تاش کا وہ پتہ جس میں ایک بوٹی ہو (۶) زمانۂ شاہی میں وہ عہدیدار جو اپنے ماتحتوں کو بہرہ چپ کی تقسیم کرتا تھا [صف] (۷) اکیلا۔ تنہا (۸) یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔

اِکّا دُکّا۔ اکیلا دُکیلا۔ کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔ بہت کم۔ خال خال۔

**اکابر۔** (اَ۔کا۔بِر) [ع۔صف] اکبر کی جمع۔ بڑے لوگ۔ مقتدر آدمی۔

**اکاؤ۔** (ا۔کاؤ) [ق۔صف] ایک۔

**اِکادشی۔** (اِ۔کا۔دشی) [ہ۔ا۔مث] ہر ہندی مہینے کی گیارھویں تاریخ۔

**اِکادمی۔** (اِ۔کا۔د۔می) [معرّب۔ا۔مث] دیکھیے اکیڈمی۔

**اکاذیب۔** (اَ۔کا۔ذیب) [ع۔ا۔مث] کذب کی جمع۔ جھوٹی باتیں۔

**اکارت۔** (اَ۔کا۔رَت) [ہ۔صف] بے فائدہ۔ لاحاصل۔ ضائع۔ برباد

اکارت جانا۔ ضائع ہونا۔ برباد جانا۔ بے فائدہ گزرنا۔

**اکاس۔** (اَ۔کاس) [ق۔ا۔مذ] آکاش۔ آسمان۔

اکاس بیل۔ امربیل۔ وہ بیل جو بغیر جڑ کے درختوں پر پھیل جاتی ہے۔ دیکھیے افتیمون۔

**اکاسرہ۔** (اَ۔کا۔سِ۔رہ) [ع۔ا۔مذ] کسریٰ کی جمع۔ قدیم شاہانِ ایران کا لقب۔

**اِکاسی** (اِ۔کا۔سی) [ہ۔صف] اسی اور ایک۔ اسی کے بعد کا عدد۔

**اکال۔** (ا۔کال) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بے وقت (۲) کال۔ خشک سالی۔ گرانی (۳) نہ مرنے والا۔

**اکالی۔** (اَ۔کا۔لی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) سکھوں کا ایک فرقہ (۲) اس فرقے کا آدمی۔

**اکانوے** (ا۔کان۔وے) [ہ۔صف] نوّے اور ایک۔ نوّے کے بعد کا عدد۔

**اکاون۔** (اِ۔کا۔وَن) [ہ۔صف] پچاس اور ایک۔ پچاس کے بعد کا عدد۔

**اکاؤنٹ** (Account) (اَ۔کا۔اُنٹ) [انگ۔ا۔مذ] حساب کتاب۔

**اکاؤنٹینٹ** (Accountant) (ا۔کا۔اُن۔ٹینٹ) [انگ۔ا۔مذ] محاسب۔ حساب کی پڑتال کرنے والا۔ جانچ کرنے والا۔

اکاؤنٹنٹ جنرل (Accountant General) محکمۂ حساب و کتاب کا اعلیٰ افسر۔

**اِکائی۔** (اِ۔کا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) واحد۔ ایک (۲) شمار کا پہلا درجہ ریاضی میں سے ایک سے ۹ تک ہر ہندسہ اکائی شمار کیا جاتا ہے۔

**اَکبر۔** (اَک۔بَر) [ع۔صف] بہت بڑا۔ جمع : اکابر

اکبری نورتن۔ اکبر اعظم کے نو صاحب کمال وزیر (۱) مرزا عبدالرحیم خانخاناں (۲) خانِ اعظم مرزا عزیز کوکلتاش (۳) حکیم ابوالفتح گیلانی (۴) فیضی (۵) ابوالفضل (۶) حکیم ہمام (۷) ٹوڈرمل (۸) بیربل۔ (۹) راجہ مان سنگھ۔

**اُکت۔** (اُکت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ذہنی طاقت۔ ادراک۔ ذہانت۔ ذہن وکا (۲) اختراع۔ ایجاد۔ نئی بات۔

**اکتالیس۔** (اِک۔تا۔لیس) [ہ۔صف] چالیس کے بعد کا عدد۔ چالیس اور ایک



Marfat.com

**اُکتانا**۔ (اُک۔تا۔نا) [ہ۔مص] دل برداشتہ ہونا۔ اُچاٹ ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ آنا۔

اُکتائی کُمہاری ناخن سے مٹی کھودے۔ [مثل] بے دلی سے کام کرنا۔ طبیعت سے کام نہ کرنا۔

**اِکتساب** (اِک۔تِ۔ساب) [ع۔ا۔مذ] کمانا۔ ذاتی محنت سے حاصل کرنا۔

**اِکتشاف** (اِک۔تِ۔شاف) [ع۔ا۔مذ] کسی نامعلوم بات کا دریافت کرنا۔

**اکتشافات** (اِک۔تِ۔شا۔فات) [ع۔ا۔مذ] اکتشاف کی جمع۔ ایجادات معلومات۔ تحقیقات۔

اکتشافاتِ جدیدہ۔ جدید معلومات۔ نئی تحقیقات۔

**اِکتفا** (اِک۔تِ۔فا) [ع۔ا۔مذ] کفایت کرنا۔ کافی سمجھنا۔

اکتفا کرنا۔ کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ بس کرنا۔ قناعت کرنا۔

**اکتوبر**۔ (October) (اَک۔تُو۔بَر) [انگ۔ا۔مذ] سنِ عیسوی کے دسویں مہینے کا نام۔

**اِکتیس**۔ (اِک۔تیس) [ہ۔صف] تیس اور ایک۔ تیس کے بعد کا عدد۔

**اَکَٹ**۔ (اَ۔کَٹ) [ہ۔صف] (۱) مضبوط اور سخت چیز جو کاٹے کٹے نہ توڑے ٹوٹے (۲) یکتا۔ کامل۔

**اِکٹھا**۔ (اِ۔کٹھ۔ٹھا) [ہ۔صف] جمع کیا ہوا۔ ایک جگہ۔ فراہم۔ ایک ساتھ

اکٹھا کرنا۔ ایک جگہ کرنا۔ جمع کرنا۔

**اکثر**۔ (اَک۔ثَر) [ع۔صف] بہت زیادہ [تابع فعل] زیادہ تر۔ بار ہا۔ عموماً۔ عام طور پر۔ کبھی کبھی۔

اکثر اوقات۔ بار ہا۔ بیشتر۔ ہمیشہ۔

اکثر کرکے۔ (محاورہ) بیشتر۔ بار ہا۔

**اکثریت** (اَک۔ثَ۔ری۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) زیادتی۔ کثرت (۲) کسی ملک میں وہ گروہ جو تعداد میں دوسروں سے زیادہ ہو۔

**اکرا**۔ (اَک۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک ادنیٰ قسم کا غلہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے۔ [صف] (۲) گراں۔ مہنگا۔

**اکرام**۔ (اِک۔رام) [ع۔ا۔مذ] (۱) کرم۔ بخشش۔ عطا (۲) عزت۔ بزرگی تعظیم و تکریم۔

**اکراہ**۔ (اِک۔راہ) [ع۔ا۔مذ] گھن۔ نفرت۔ کراہت۔ ناخوشی۔

**اکرم**۔ (اَک۔رَم) [ع۔صف] بہت کریم۔ بہت مہربان۔ بہت سخی۔ بہت بخشنے والا۔

اکروڑا۔ (اَک۔رو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] وہ کسیلی دوا جو زچہ کو اسقاطِ حمل میں پلاتے یا جس سے آبدست کراتے ہیں۔

اکری۔ (اَک۔ری) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہل میں بیج گرانے کے لیے جو نرم بانس لگا ہوتا ہے۔ اس کے اوپر کا چونگا جس میں بیج ڈالتے ہیں (۲) [مث] ایک قسم کا پودا یا جھاڑی۔

اکڑ۔ (اَ۔کڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) اینٹھ۔ مروڑ۔ بل (۲) گھمنڈ۔ غرور (۲) سرکشی خودسری۔ بدمزاجی۔

اکڑ باز۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ شیخی خورا۔

اکڑ بازی۔ شیخی۔ غرور۔

اکڑ بائی۔ اینٹھن۔ بدن کی نسوں کا درد کی وجہ سے ایک دم کھنچ جانا۔

اکڑ تکڑ۔ اینٹھن۔ تیزی۔ تناؤ۔ گھمنڈ۔ آن بان۔

اکڑ جانا۔ (۱) اینٹھ جانا۔ سخت ہو جانا (۲) کشیدہ خاطر ہو جانا۔ بگڑ بیٹھنا۔

اکڑ فوں۔ بانکپن۔ غرور۔ گھمنڈ۔ شیخی۔

اکڑ کے چلنا۔ اینٹھ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا۔

اکڑ نکالنا۔ شیخی نکالنا۔ مار پیٹ کر سیدھا کر دینا۔

**اکڑا**۔ (اَک۔ڑا) [ہ۔ا۔مث] مویشیوں کی ایک بیماری۔

**اکڑاؤ**۔ (اَک۔ڑا۔ؤ) [ہ۔ا۔مذ] اینٹھن۔ کھنچاؤ۔

**اکڑنا**۔ (اَ۔کڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سوکھ کر سکڑنا اور کڑا ہونا (۲) ٹھٹھرنا۔ (۳) تننا۔ چھاتی کو اُبھارنا (۴) شیخی کرنا۔ گھمنڈ دکھانا (۵) ڈھٹائی کرنا (۶) ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ اَڑنا۔

**اکڑنت**۔ (اَک۔ڑنت) [ہ۔ا۔مث] اکڑ۔ غرور۔

**اکڑو** (اَک۔ڑو) [ہ۔صف] اکڑ دکھانے والا۔ اکڑ باز۔

**اُکڑوں** (اُک۔ڑوں) [ہ۔صف] ایک بیٹھک۔ پاؤں کے تلوے زمین پر اور بوجھ پاؤں پر۔

اُکڑوں بیٹھنا۔ تلووں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ گھٹنے کھڑے رہیں۔

**اکڑیت** (اَک۔ڑیت) [ہ۔صف] اکڑ باز۔ اینٹھو۔ ٹیڑھے خاں۔

**اُکسانا**۔ (اُک۔سا۔نا) [ہ۔مص] (۱) اُبھارنا۔ آمادہ کرنا۔ اشتعال دینا (۲) بھڑکانا۔ روشنی تیز کرنے کے لیے چراغ کی بتی آگے بڑھانا۔

**اکسائز** (Excise) (اِک۔سا۔ئز) [انگ۔ا۔مذ] چنگی وغیرہ کا محصول

اکسائز ڈپارٹمنٹ (Excise Department) آبکاری کا محکمہ۔

**اکسپرٹ** (Expert) (اِکس۔پرٹ) [انگ۔صف] ماہر۔ مشاق۔

**اکسپورٹ** (Export) (اِکس۔پورٹ) [انگ۔ا۔مذ] ملک کا تجارتی مال جو باہر بھیجا جائے۔ مال برآمد۔ برآمد۔

**اکسٹرا** (Extra) (اِکس۔ٹ۔را) [انگ۔صف] فالتو۔ ضرورت سے زائد۔

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (Extra Assistant Commissioner) زائد مددگار کمشنر۔

**اِکسٹھ** (اِک۔سٹھ) [ہ۔صف] ساٹھ کے بعد کا عدد۔ ساٹھ اور ایک۔

**اُکسنا**۔ (اُ۔کس۔نا) [ہ۔مص] اُبھرنا۔ اٹھنا۔ نمودار ہونا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔

**اُکسنے نہ دینا**۔ (اُکس۔نے۔نہ۔دے۔نا) [ہ۔مص] ہلنے نہ دینا۔ اُبھرنے نہ دینا۔ بہتر حالت میں نہ ہونے دینا۔

**اکسیر**۔ (اِک۔سیر) [ع۔ا۔مث] (۱) کیمیا۔ وہ شے جو تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بنا دے۔ رسائن (۲) نہایت مؤثر دوا۔ لازمی اثر کرنے والی دوا (۳) نہایت مفید۔

اکسیر گر۔ کیمیاگر۔ مہوس۔ اکسیر بنانے والا۔

**اکشر**۔ (اَک۔شَر) [س۔ا۔مذ] حرف۔ رُکنِ تہجی۔ لفظ کا وہ ٹکڑا جو ایک بار میں ادا ہو سکے۔ (Syllable)

**اِکفا**۔ (اِک۔فا) [ع۔ا۔مذ] عیوبِ قافیہ میں سے ایک عیب۔ قافیے کا حرفِ روی بدل جانا۔

**اَکفر**۔ (اَک۔فَر) [ع۔صف] نہایت کافر۔ سخت کافر۔



Marfat.com

اکل۔ [ع۔ ا۔ مذ] کھانا۔ غذا۔
اکلِ حلال۔ حلال کی روزی۔
اکل و شرب۔ کھانا پینا۔
اکل و شرب حرام ہونا۔ کھانا پینا حرام ہونا۔
**اکل** (اَ۔کل) [ہ۔صف] اکیلا۔ تنہا۔
اکل کھرا۔ (۱) سب سے الگ رہنے والا۔ بے مروّت۔ دوسروں سے مانوس نہ ہونے والا۔ (۲) بدمزاج۔ تُند خُو۔
اکل کھرا جگ سے بُرا [مثل] بے مروّت دُنیا بھر سے بُرا ہے۔ بدمزاج سب سے بُرا ہے۔
**اکلّا**۔ (اَ۔کل۔لا) (اِ۔کل۔لا) [ہ۔صف] اکیلا۔ تنہا۔
**اُکلانا**۔ اُکتانا۔ گھبرانا۔ تھک جانا۔ تنگ آنا۔
**اکلوتا**۔ (اِک۔لو۔تا) [ہ۔صف] اپنے ماں باپ کا ایک ہی بیٹا۔
**اکلوتی**۔ (اِک۔لو۔تی) [ہ۔صف] اکلوتا کا مؤنث۔ اکیلی بیٹی۔
**اکلیل** (اِک۔لیل) [ع۔ ا۔ مذ] تاج مرصّع۔ جواہرات کا سرپیچ۔
**اکلیل الملک**۔ ایک دوا کا نام جو ضماد کے کام آتی ہے (ہندی۔ اسیرک)
**اکمل**۔ (اَک۔مل) [ع۔صف] بڑا کامل۔ نہایت ماہرِ فن۔
**اکناف**۔ (اَک۔ناف) [ع۔ا۔مذ] کنف کی جمع۔ اطراف۔ طرفیں۔ کنارے۔ سمتیں۔
**اکنالجمنٹ** (Acknowledgement) (اک۔نا۔لج۔منٹ) [انگ۔ ا۔مث] رسید۔ اقرار۔
**اِکنگ**۔ (اِ۔کنگ) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک کھیل کا نام جو بیٹے کی طرح سپر کے بغیر صرف ایک لکڑی سے کھیلا جاتا ہے (۲) [صف] ایک رنگ۔ یک جہت۔ یک دل۔ یک جان (۳) اپنے قول سے نہ پھرنے والا۔
**اِکواہی** (اِک۔وا۔ہی) [ہ۔ا۔مث] ایک زانو بیٹھنا۔ ایک پہلو لیٹنا۔
**اُکوتنا**۔ (اُ۔کوت۔نا) [ہ۔ا۔مذ] کسی چیز کو بے ناپ جوکھ قیمت چُکا کر خرید لینا۔
**اکوتا**۔ (اِ۔کو۔تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک سوداوی مرض جس میں ہاتھوں اور پیروں کی جلد پر ننھے ننھے دانے نکل آتے ہیں اور ان سے رطوبت نکلتی رہتی ہے۔
**اکول**۔ (اَ۔کول) [ع۔صف] بڑا کھانے والا۔ پیٹو۔ پُرخور۔
**اکونا**۔ (اِک۔و۔نا) [ہ۔صف] (۱) ایک ایک کر کے چُنا ہوا (۲) صاف اور چُنا ہوا اناج۔ پھٹکا ہوا اناج۔
**اکوسنے**۔ (اَ۔کو۔سنے) [ہ۔ا۔مث] وہ متلی جو حاملہ عورت کو ہوتی ہے۔
**اُکھاڑ**۔ (اُ۔کھاڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) اکھاڑنے کا عمل۔ بیخ کنی۔ بربادی (۲) کشتی کا ایک داؤ۔
اُکھاڑ پچھاڑ۔ (۱) درہمی برہمی (۲) اُلٹ پلٹ (۳) لگائی بجھائی۔ چغلی۔ غیبت (۴) ادھر کی چیز اُدھر اور اُدھر کی ادھر کرنا۔
**اکھاڑا**۔ (اَ۔کھا۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ جگہ جو کشتی لڑنے اور کسرت کرنے کے لیے بنائی گئی ہو۔ دنگل۔ (۲) سادھوؤں کی منڈلی (۳) تماشہ دکھانے والوں یا گانے بجانے والوں کی منڈلی (۴) ناچ رنگ کی محفل۔ حسینوں کا جمگھٹ۔
اکھاڑا جمنا۔ (محاورہ) (۱) کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا (۲) کسی مقام پر بہت سے آدمیوں کا مجمع ہونا۔
اکھاڑا گرم ہونا۔ (محاورہ) زیادہ مجمع ہونا۔ مجمع میں رونق ہونا۔
اکھاڑے کا جوان (محاورہ) مضبوط۔ مردِ میدان۔ لڑا بھڑا جوان۔
اکھاڑے میں آنا۔ (محاورہ) مقابلے کے لیے آنا۔
اکھاڑے میں اُتارنا۔ (محاورہ) لڑانے اور مقابلہ کرانے کے لیے بھیجنا۔
**اکھاڑنا**۔ (اُ۔کھاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جڑ سے کھودنا (۲) جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔ (۳) دل برداشتہ کرنا (۴) نکالنا۔ باہر نکالنا۔ کاڑھنا (۵) کسی صحبت سے خارج یا بے دخل کرنا (۶) نوچنا۔ کھسوٹنا۔
**اکھتّر**۔ (اِ۔کھت۔تر) [ہ۔صف] ستّر اور ایک۔ ستر کے بعد کا عدد۔
**اکھٹّا**۔ (اِ۔کھٹ۔ٹا) [ہ۔صف] دیکھیے اکٹھا۔
**اُکھٹ جانا**۔ (اُ۔کھٹ۔جا۔نا) [ت۔مص] اُکھڑ جانا۔
**اکہرا**۔ (اِ۔کہ۔را) [ہ۔صف] ایک پرت کا۔ ایک پٹ کا۔ ایک تہ کا۔
اکہرا بدن کا۔ پتلا جسم۔ دُبلا پتلا۔ چھریرا جسم۔
**اکھرنا**۔ (اَ۔کھر۔نا) [ہ۔مص] ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ گمانِ خاطر گزرنا۔
**اِکہری**۔ (اِ۔کہ۔ری) [ہ۔صف] اکہرا کی تانیث۔
اکہری سواری۔ ڈولی یا پینس میں ایک شخص کا سوار ہونا۔
**اکھڑ**۔ (اکھ۔کھڑ) سخت مزاج۔ جاہل۔ اُجڈ۔ بدتمیز۔ جھگڑالو۔ سرکش۔
اکھڑپن۔ (اَکھ۔کھڑ۔پن) [ہ۔صف] اُجڈپن۔ سرکشی۔ بدتمیزی۔ سخت مزاجی۔ جہالت۔
**اُکھڑا اُکھڑا**۔ (اُکھ۔ڑا، اُکھ۔ڑا) [ہ۔صف] (۱) اپنی جگہ سے الگ (۲) دُور دُور۔ الگ الگ (۴) رنجیدہ۔ دل برداشتہ۔
اُکھڑا اُکھڑا رہنا۔ دُور دُور رہنا۔ میل ملاپ نہ رکھنا۔ ناراض رہنا۔
**اُکھڑنا**۔ (اُ۔کھڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جڑ سے الگ رہنا (۲) عضو کا جوڑ سے جُدا ہونا (۳) بیزار اور برداشتہ خاطر ہونا (۴) ٹوٹ جانا۔ سانس کا سلسلۂ آمد و رفت ٹوٹ جانا (۵) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا (۶) آواز کا بے تال اور بے سُر ہو جانا (۷) بھڑک جانا (۸) اُوپر اٹھ جانا (۹) اُچٹ جانا (۱۰) ٹوٹنا پھوٹنا۔ ٹیڑھے جانا (۱۱) کھُلنا۔ الگ ہونا (۱۲) خیمہ اُٹھنا (۱۳) پیچھے ہٹ جانا (۱۴) کھُدنا۔ گڑی ہوئی چیز کا باہر نکل آنا۔
**اُکھڑوانا**۔ (اُ۔کھڑ۔وا۔نا) [ہ۔مص] اُکھڑنا کا متعدی المتعدی۔
**اُکھڑی اُکھڑی**۔ (اُکھ۔ڑی۔اُکھ۔ڑی) [ہ۔صف] اُکھڑا اُکھڑا کی تانیث۔
اُکھڑی اُکھڑی باتیں۔ (محاورہ) (۱) دل برداشتگی کے ساتھ گفتگو کرنا۔ بے دلی سے باتیں کرنا (۲) اَنمل بے جوڑ گفتگو کرنا۔
اُکھڑی اُکھڑی لگاوٹ۔ (محاورہ) کبھی کبھی کی محبت۔ غیر مستقل اتحاد۔ اوپری محبت۔
اُکھڑی گفتگو۔ (محاورہ) رنجش کی بات چیت۔ بے دلی کی بات چیت
اُکھڑی لینا۔ (۱) بے پروائی کرنا۔ توجہ نہ کرنا (۲) ایسی باتیں کرنا جس سے رنجش ظاہر ہو۔
**اکھل**۔ (اَ۔کھل) [س۔صف] تمام۔ کُل۔ پورا۔ مکمل۔



Marfat.com

**اُکھل** - (اُ-کھل) [ہ-ا-مذ] دیکھیے اُکھلی۔
**اُکھلی** - (اُکھ-لی) [ہ-ا-مث] لکڑی کا ایک برتن جس میں دھان وغیرہ ڈال کر کوٹتے ہیں تاکہ چھلکا الگ ہو جائے۔
اُکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) کا کیا ڈر۔ [مثل] جب کوئی خطرے کا کام اپنے ذمے لے لیا تو کسی کے ڈرانے دھمکانے کا کیا ڈر۔
اُکھلی میں سر دینا - (محاورہ) کوئی مشکل کام خود اپنے ذمے لینا۔ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔
**اکھنڈ** - (ا-کھنڈ) [س-صف] جس کے ٹکڑے نہ ہوں۔ سالم۔ پورا (۲) نو عمر۔ بچھڑا
**اکھوٹ - اکھوٹا** - (اَ-کھوٹ - اَ-کھو-ٹا) [ہ-ا-مث] (۱) چکی کی کیلی جس پر اوپر کا پاٹ گھومتا ہے (۲) لکڑی یا لوہے کا ڈنڈا جس پر چرخی یا گراری گھومتی ہے۔
**اکھولا** - (اَ-کھو-لا) [ہ-ا-مذ] گنے کی چوٹی۔ اگولا۔ گنے کا وہ حصہ جو پھیکا ہوتا ہے۔
**اکھّو مکھّو** - (اَکھ-کھو-مکھ-کھو) [ہ-ا-مث] چراغ کی لو تک ہاتھ لے جا کر بچے کے منہ پر پھیرنا۔ ہندو عورتیں پوجا کے وقت چھوٹے بچوں کے چہرے پر اس طرح ہاتھ پھیرتی ہیں اور یہ کہتی جاتی ہیں۔ اکھو مکھو دیا برکھو۔ جو کوئی میرے بچے کو تکے اس کی پھوٹیں دونوں آنکھیں۔
**اُکھیڑ** - (اُ-کھیڑ) [ہ-ا-مث] پہلوانوں کی اصطلاح میں زمین سے اٹھانا۔
اکھیڑ مارنا - (۱) داؤں مارنا۔ پیچ کرنا (۲) مخالفت کرنا۔
**اکھیڑنا** - (اُ-کھیڑ-نا) [ہ-مص] دیکھیے اُکھاڑنا۔
اِکّی - (اِک-کی) [ہ-ا-مث] تاش کا وہ پتہ جس میں ایک بوٹی ہو۔ اِکا۔
**اِکّے دُکّے** - (اِک-کے-دُک-کے) [ہ-صف] اکیلے دکیلے۔ تنہا تنہا۔
**اکید** - (ا-کید) [ع-صف] محکم۔ مضبوط۔ استوار۔ محکم۔ پائیدار (تاکید کے ساتھ بولتے ہیں)
**اکیڈمی** - Academy (اَ-کے-ڈ-می) [انگ-ا-مث] علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکادمی۔ اکادیمہ۔
**اکّیس** - (اِک-کیس) [ہ-صف] بیس کے بعد کا عدد۔ بیس اور ایک۔
اکیس پان کا بیڑا - شادی میں آرسی مصحف دکھانے کے بعد اکیس پان کا بیڑا دولہا کو کھلاتے ہیں۔
اکیس (ہونا) رہنا - غالب ہونا۔ غالب رہنا۔
**اکیلا** - (اَ-کے-لا) [ہ-صف] (۱) تنہا۔ (۲) یکتا۔ لاثانی۔
اکیلاپن - اکیلا کی اسم کیفیت۔
اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا - [مثل] تنہا آدمی سے بہت سے لوگوں کے مل کر کرنے کا کام انجام پانا غیر ممکن ہوتا ہے۔
اکیلا حسنو روئے کہ قبر کھودے - [مثل] مصیبت اور پریشانی کی حالت میں کام کثرت سے اور کام کرنے والا تنہا ہو۔ تو اس جگہ بولتے ہیں۔
اکیلا دکیلا - تن تنہا۔ بغیر ساتھی کے۔
اکیلا دم - (ا-مذ) اکیلی جان۔ تن تنہا۔ اکیلا۔
اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا - [مثل] اکیلے آدمی سے کوئی بات نہیں بن پڑتی۔ اکیلا آدمی نہ دکھ سہار سکتا ہے نہ عیش و آرام کا مزہ پا سکتا ہے۔
اکیلے اکیلے - تنہا۔ الگ الگ۔
اکیلے دکیلے - ایک دو آدمی۔ یک و تنہا۔
اکیلے دکیلے کا اللہ بیلی - [مثل] تنہا آدمی کا خدا ہی مددگار ہوتا ہے۔
اکیلے چلیے نہ باٹ جھاڑ بیٹھیے کھاٹ - [مثل] اکیلے سفر نہ کرنا چاہیے اور چارپائی کو جھاڑ کر بیٹھنا چاہیے۔
**اُکیلنا** - (اُ-کیل-نا) [ہ-مص] (۱) اُدھیڑنا۔ چھیلنا۔ مغز سے پوست الگ کرنا (۲) بٹے ہوئے دھاگے کا بل نکالنا۔
**اکیلی** - (اَ-کے-لی) [ہ-صف] تنہا۔ اکیلا کی تانیث
اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی - [مثل] تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔
اکیلی جان - تن تنہا جس کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو۔

# ا - گ

**اُگار** - (اُ-گا-ر) [ہ-ا-مذ] (۱) اُگال (۲) آہستہ آہستہ نچڑ کر اکٹھا ہونے والا پانی (۳) کپڑا رنگنے پر بچا ہوا پانی جو پھینک دیا جاتا ہے۔
**اُگارنا** - (اُ-گا-رنا) [ہ-مص] کنواں صاف کرنا۔ کنوئیں کی مٹی نکالنا۔
**اگاڑ** - (اَ-گا-ڑ) [ہ-ا-مث] حقہ کی نکالی۔ منہالی۔ دھبنگلی کے سرے پر لگی ہوئی پتلی لکڑی۔
**اگاڑا** - (اَ-گا-ڑا) [ہ-ا-مذ] (۱) کچھار۔ ترائی (۲) مسافر کا وہ سامان جو پہلے سے آگے کے پڑاؤ پر بھیج دیا جاتا ہے۔ پیش خیمہ۔
**اگاڑی** - (اَ-گا-ڑی) [ہ-ا-مث] (۱) آگے کا حصہ (۲) انگرکھے یا کرتے کا سامنے کا حصہ۔ گھوڑے کے اگلے پیروں کی دو رسیاں جو دائیں بائیں دو کھونٹیوں سے باندھی جاتی ہیں (۳) [تابع فعل] آگے آگے۔ سامنے۔
**اُگال** - (اُ-گال) [ہ-ا-مذ] (۱) پیک۔ پان کا تھوک (۲) اُگلی ہوئی چیز۔
اُگالدان - پیک دان تھوکنے کا برتن۔
**اُگالنا** - منہ سے نکال کر تھوکنا (۲) جگالی کرنا۔
**اُگانا** - (اُ-گا-نا) [ہ-مص] (۱) جمانا۔ پیدا کرنا (۲) روشن کرنا۔ ظاہر کرنا۔
**اگاہنا** - (اُ-گاہ-نا) [ہ-مص] وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔ لوگوں سے ان کے وعدے کے مطابق غلہ یا روپیہ اکٹھا کرنا۔
**اُگاہی** - (اُ-گا-ہی) [ہ-ا-مث] (۱) مختلف لوگوں سے ان کے وعدے کے مطابق غلہ یا روپیہ کی وصولی۔ روپیہ وصول کرنے کا کام (۲) وصول کیا ہوا روپیہ پیسہ (۳) زمین کا لگان (۴) ایک قسم کے روپے کا لین دین جس میں ساہوکار روپیہ دے کر ہفتہ وار یا ماہوار اس وقت تک وصول کرتا ہے جب تک سود در سود رقم وصول نہ ہو جائے۔
**اُگت** - (اُ-گت) [ف-ا-مث] حالت۔
**اگٹاپیچی** - (اگ-ٹا-پے-چی) [ہ-ا-مث] غصے کی حالت میں طعنے دینا اور اپنے احسانات جتانا۔
**اُگٹنا** - (اُ-گٹ-نا) [ہ-مص] (۱) غصے کی حالت میں طعنے دینا اور اپنے احسانات جتانا (۲) جھلا کے کسی کے عیب کھول دینا (۳) بے جا



Marfat.com

یا نامناسب بات کو بار بار کہنا۔

**اَگد۔** (اَ۔گد) [ہ۔امث] ہاتھی کو تیز چلانے اور آگے بڑھانے کی آواز۔

**اَگر۔** (اَ۔گر) [ہ۔امث] عودِ ہندی۔ ایک قسم کی لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے۔

**اگربتی۔** وہ بتی جو اگر کی لکڑی پیس کر بنائی جاتی ہے۔

**اگردان۔** اگرسوز۔ وہ ظرف جس میں اگر کی بتیاں لگا کر جلاتے ہیں۔

**اَگر۔** (اَ۔گر) [ف۔حرفِ شرط] جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔

**اگرچہ۔** ہرچند۔ باوجودیکہ۔ گوکہ

**اگر باندشبے ماند شبے دیگر نمے ماند۔** [مثل] (۱) اگر رہی تو ایک رات دوسری رات تک نہ رہے گی (۲) تھوڑی دیر کی رونق۔

**اگر مگر۔** بیت ولعل۔ حیلہ حوالہ۔

**اگر مگر کرنا۔** (۱) حجت کرنا۔ جھگڑا کرنا (۲) آگا پیچھا کرنا۔ پس و پیش کرنا۔

**اُگر۔** (اُ۔گر) [س۔صف] (۱) سامنے۔ آگے (۲) پہلا۔ اولین (۲) [مذ] آگے کا حصّہ۔ سامنے کا حصّہ۔

**اگرسوچ۔** دُور اندیشی۔ احتیاط۔

**اَگر دھوں دھوں۔** (اَ۔گر۔دھوں۔دھوں) [ہ۔ا۔مث] (۱) دھونسے کی کی سی آواز (۲) [صف] موٹا آدمی۔ بدن کا بھاری اور ٹھِگنا آدمی۔

**اُگرنا۔** (اُگر۔نا) [ہ۔مص] کنوئیں کا صاف ہو جانا۔ کنوئیں سے مٹی وغیرہ کا نکالا جانا۔

**اگروال۔** (اگ۔گر۔وال) [ہ۔ا۔مذ] بنیوں کی ایک ذات۔

**اگرئی۔** (اگ۔رَ۔ای) [ہ۔صف] (۱) سیاہی مائل۔ صندلی رنگ کا (۲) [مث] ایک قوم کا نام جو چماروں سے ملتی جلتی ہے (۳) شاہانِ دہلی کی ایک پلٹن کا نام جس کی وردی اگرئی تھی۔

**اگری۔** (اگ۔ری) [ہ۔امث] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) لکڑی یا لوہے کا چھوٹا ڈنڈا جو کواڑ کے پلّے میں کُنڈا لگا کر ڈال دیتے ہیں۔ اس کے اِدھر اُدھر کھینچنے پر کواڑ کھلتے اور بند ہو جاتے ہیں (۳) بُری بات۔

**اگڑا۔** (اگ۔ڑا) [ہ۔امث] جوار باجرے وغیرہ کی بال جس میں دانہ جھاڑ لیا گیا ہو۔ کھکھری۔ اکھرا۔

**اگڑبگڑ۔** (اگڑ۔بگڑ) [ہ۔صف] انڈبنڈ۔ بے سرپیر کا۔ اوَل جلُول۔

**اگڑ دھتّا۔** (اَ۔گڑ۔دھت۔تا) [ہ۔صف] (۱) لمبا تڑنگا (۲) اونچا (۳) بڑھا چڑھا

**اگڑم بگڑم۔** (اگ۔ڑم۔بگ۔ڑم) [ہ۔صف] (۱) بیکار۔ مہمل بے معنی (باتیں) (۲) الم غلم۔ گڈمڈ (۳) [مذ] فضول چیزیں۔ بیکار اشیا۔

**اگزامینیشن** (Examination) (اگ۔زا۔می۔نے۔شن) [انگ] امتحان۔

**اگزکٹو۔** (Executive) (اگ۔زک۔ٹیو) [انگ۔صف] انتظامی

**اگزیبیشن** (Exhibition) (اگ۔زی۔بی۔شن) [انگ۔امث] نمائش۔

**اگزیمنر** (Examiner) (اگ۔زے۔م۔نر) [انگ۔ا۔مذ] امتحان لینے والا۔ ممتحن۔

**اگست** (August) (اَ۔گسْت) [انگ۔ا۔مذ] سن عیسوی کا آٹھواں مہینہ۔

**اُگل آنا۔ اُگل پڑنا۔** (اُ۔گل۔آ۔نا، اُ۔گل۔پڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) نگلی ہوئی چیز کا مُنہ سے باہر آنا (۲) تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا (۳) دل کی بات کا ظاہر کرنا۔

**اُگل دینا۔** (۱) کسی چیز کا مُنہ سے نکال دینا (۲) سچ سچ کہہ دینا (۳) بُرا بھلا کہنا

**اُگل نگل کے کھانا۔** (محاورہ) بڑی بے رغبتی سے کوئی چیز کھانا۔

**اگلا۔** (اگ۔لا) [ہ۔صف] (۱) آگے کا (۲) پہلے کا۔ پہلا (۳) پُرانا۔ گزشتہ (۴) آئندہ۔ پیش رو (۵) ہوشیار۔ چلتا ہوا۔ اُستاد۔

**اگلا پچھلا۔** پہلا اور آخری۔ آئندہ اور گزرا ہوا۔

**اگلا جنم۔** ہندوؤں کے عقیدے میں اگلی پیدائش۔

**اگلا زمانہ۔** گزرا ہوا زمانہ۔ پُرانا زمانہ۔

**اگلا کرے پچھلا پر آئے۔** [مثل] قصور بڑے کریں اور سزا چھوٹے پائیں

**اگلا کہتا ہو تو آپ چپ رہیئے۔** [مثل] بات کاٹ کر نہ کہنی چاہیئے پہلا بات کہنے والا جب تک ختم نہ کرے چپ رہو۔

**اگلا لیپا دے بہا۔ اب کا لیپا آگے لا۔** [مثل] (۱) پہلے احسانوں کی ناشکری کر کے نئے احسان کی اُمید کرنا (۲) پہلے کیے کام کو مٹا کر نئے سرے سے دوبارہ کرنا (۳) فضول محنت کرنا۔ کام کا بڑھانا۔

**اگلے دفتر کھولنا۔** گزری ہوئی باتیں کرنا۔ پچھلی شکایتیں کرنا۔

**اگلے زمانے والے۔ اگلے لوگ۔** (۱) پہلے وقتوں کے لوگ۔ متقدمین (۲) (مجازاً) بھولے بھالے۔ سادہ لوح۔ بے وقوف۔

**اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی۔** [مثل] نہایت بدانتظامی ہے۔ بہت گڑبڑ ہے۔ کچھ بندوبست نہیں۔

**اگلے نے کیا پچھلے پر آئی۔** [مثل] بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی۔ افسر نے خطا کی ماتحت ملزم ٹھہرا۔ بزرگوں نے غلطی کی اولاد کو سزا بھگتنی پڑی۔

**اگلے ہوئے پچھلے۔ پچھلے ہوئے پردھان۔** [مثل] آزمائے ہوئے لوگوں کو غیر آزمائے ہوئے لوگوں پر ترجیح دینا۔ معزز آدمی کو معزول کر کے غیر معزز کو عزت بخشنا۔

**اَگل پچھل۔** (اَ۔گل۔پچھل) [ہ۔امث] (۱) آگے پیچھے (۲) پس و پیش۔ (۳) گھوڑے کی جوڑی بجائے برابر جوڑنے کے آگے پیچھے جوڑنا۔

**اُگلنی تلوار اور بیبوا لگائی خصم کو مار رکھتی ہے** [مثل] ننگی تلوار اور بدکار بیوی سے ہر وقت جان خطرے میں رہتی ہے۔

**اُگلنا۔** (اُ۔گل۔نا) [ہ۔مص] (۱) مُنہ سے باہر نکالنا (۲) تھوک دینا (۳) ہضم کیا ہوا مال بے بس ہو کر واپس کرنا (۴) کسی بات کو پیٹ میں نہ رکھنا (۵) بھید کھول دینا۔

**اُگلوانا۔ اُگلانا۔** (اُ۔گل۔وا۔نا۔ اُگ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) مُنہ سے نکلوانا (۲) اقبال کرانا۔ جرم کا اقرار کرانا (۳) ہضم کیے ہوئے مال کو نکلوانا۔

**اُگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی۔** [مثل] مشہور ہے کہ اگر سانپ چھچھوندر کو اُگل دے تو اندھا اور کھا جائے تو کوڑھی ہو جاتا ہے نہ چھوڑے بنے نہ کھائے بنے۔ کرنا نہ کرنا دونوں صورتوں کا ناممکن ہونا۔

**اَگم۔** (اَ۔گم) [ہ۔ا۔مذ] (۱) عاقبت (۲) آئندہ زمانے کی باتیں جو نجوم سے معلوم کی جائیں۔ علمِ غیب۔



Marfat.com

اَگم باندھنا - آئندہ کا حال بتانا۔
اَگم شاستر - علم نجوم کی کتاب۔
**اَگن** - (اَ-گن) [ہ-ا-مذ] (۱) اگنی - آگ (۲) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ۔
اَگن باؤ - (۱) گھوڑوں کا ایک مرض جس میں اُن کی کھال اُدھڑ جاتی ہے اور رونگیں گر جاتے ہیں (۲) گرمی - آتشک (۳) بادِ سموم۔
**اَگن بوٹ** - اسٹیمر - دخانی کشتی۔
اَگن چڑیا - آگ کا کیڑا جسے سمندر بھی کہتے ہیں۔
اَگن کے پیچھے کوچری بنانا - (محاورہ) ٹال مٹول کرنا - بہانے کرنا۔
**اَگُن** - (اَ-گُن) [س-صفت] اناڑی - مورکھ - بے ہنر - پھوہڑ - بد سلیقہ۔
**اُگنا** - (اُگ-نا) [ہ-مص] ظاہر ہونا - نمود پانا - پیدا ہونا۔
**اگنی** - (اگ-نی) [ہ-ا-مث] آگ۔
اگنی بان - وہ تیر جس سے آگ لگائی جاتی تھی۔
**اگنی کنڈ** - [س-مث] آگ کا تالاب - دوزخ (۲) وہ گڑھا جس میں آگ جلائی جاتی ہے (۳) آگ کا وہ الاؤ (ہندو روایت کے مطابق) جس میں سے چھتری پیدا ہوتے گئے جنھوں نے بدھمت کا خاتمہ کیا۔
**اگواکار** - (اگ-وا-کار) [ہ-ا-مذ] (۱) آگے چلنے والا (۲) مکھیا - پیشوا - سردار - نائک (۳) راستہ بتانے والا (۴) شادی کا پیغام لانے والا۔
**اگواڑا** - (اَگ-واڑا) [ہ-ا-مذ] مکان کا سامنے والا حصّہ - پچھواڑے کی ضد۔
**اگوانا** - (اگ-وا-نا) [ہ-مص] آگے کرنا - سردار مقرر کرنا۔
**اگوائی** - (اَگ-وا-ئی) [ہ-ا-مث] (۱) (برات کی) پیشوائی - استقبال (۲) رہنمائی (۳) اُوپر کا کام کاج کرنے والا۔
**اَگوٹ** - (ا-گوٹ) [ہ-ا-مث] روک - اوٹ - آڑ۔
**اگوچر** - (ا-گو-چر) [س-صفت] خفیہ - پوشیدہ - پُراسرار۔
**اگولا** - (اَ-گو-لا) [ہ-ا-مذ] گنے کا اوپر کا حصّہ جو پھیکا ہوتا ہے۔
**اگھاری** - (اَ-گھا-ری) [ہ-صفت] لالچی - حریص۔
**اگھاڑ** - (اَ-گھا-ڑ) [ق] آگے - سامنے۔
**اگھاڑنا** - (اُ-گھا-ڑ-نا) [ہ-مص] (۱) کھولنا - پردہ فاش کرنا۔
**اگھانا** - (اَ-گھا-نا) [ہ-مص] سیر ہونا - اپھرنا۔
**اگھائی** - (اَ-گھا-ای) [ہ-ا-مث] سیری - آسودگی۔
**اگھن** - (اگ-گھن) [ہ-ا-مذ] ہندی سال کا نواں مہینہ مگھر جو تقریباً نصف نومبر سے نصف دسمبر تک رہتا ہے۔
**اگھور** - (اَ-گھور) [س-صفت] (۱) خوفناک - ہیبت ناک (۲) [مذ] شیوجی کا ایک لقب
**اگھور پنتھ** - ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ جو شوجی کا پجاری ہے اور پاخانہ پیشاب اور کھانے پینے کی چیزوں میں تمیز نہیں کرتا۔
**اگھوری** - (اَ-گھو-ری) [ہ-صفت] اگھور پنتھ کا فرد (۲) لالچی - پیٹو۔
**اگیا بیتال** - (اگ-یا-بے-تال) [ہ-ا-مذ] غول بیابانی - ایک دخانی مادہ جو اکثر دلدل - پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں رات کو جلتا ہوا نظر آتا ہے عام لوگ اسے بھوت پریت خیال کرتے ہیں۔
**اگیاری** - (اگ-یا-ری) [ہ-ا-مث] (۱) آگ جلانا - ہون - ہوم - دیوتاؤں کے پوجنے کے لیے آگ جلا کر اس میں خوشبوئیں - میوہ جات گھی وغیرہ ڈال کر پھونکنا۔
**اگیانا** - (اگ-یا-نا) [ہ-مص] دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا۔
**اِگیانی** - (ہ-صفت) بے علم - نادان - بے سمجھ - جاہل۔
**اَگیتا** - [ہ-صفت] وقت سے پہلے - آگے آنے والا۔
**اَگیرا** - [ہ-مذ] آگے کا (۲) پہلی پولی جو کاشتکار کو دی جاتی ہے۔

# ا - ل

**اَل** - (ع-تعریف) عربی زبان میں وہ اسم اور صفت کے ساتھ آ کر اس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کر دیتا ہے۔
**اَلآن** - [ع] ابھی - اسی وقت۔
**اَلآن کَمَا کَان** - [ع-فعل] جیسا تھا ویسا ہی ہے - ہنوز روز اوّل است۔
**اَلا** - (اَ-لا) [ع-کلمہ تنبیہ] ہوشیار رہو - خبردار رہو۔
**اِلّا** - (اِ-لّا) [ع] مگر - لیکن - بجز - سوا۔
اِلا الذی نہ اِلا الذی - نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا - مذبذب۔
اِلّا اللّٰہ - (۱) مگر اللہ - کلمہ طیبہ کا جُز (۲) اہلِ ذکر بزرگوں کا وظیفہ۔
اِلّا ماشاءاللہ - (۱) مگر جو چاہا اللہ نے (۲) (مجازاً) شاذ و نادر - کہیں کہیں
**الابلا** - (اَ-لا-بَ-لا) [اُر-ا-مث] بُری سے بُری - خراب سے خراب چیز - وبال - مصیبت۔
الابلا بر گردنِ مُلّا - [مثل] سارا وبال مُلّا کی گردن پر۔
الابلا لینا [ق] بلائیں لینا - مصیبت مول لینا۔
الالوں بلالوں صحنک سرکالوں - [مثل] چکنی چپڑی باتیں کر کے مطلب نکالنا
**اَلاپ** - (اَ-لاپ) [ہ-ا-مث] آواز کا اتار چڑھاؤ - آلاپ - تان - سُر۔
**اَلاپنا** - (اَ-لاپ-نا) [ہ-مص] سُر کھینچنا - تان لگانا - گانا۔
**الاٹمینٹ** ( (Allotment) ) (اَ-لا-ٹ-مینٹ) [انگ-ا-مث]
(۱) حصّہ مفروزہ - حصّہ مفتوحہ (۲) بٹوارا (۳) نامزدگی - تعین - تقسیم۔
**اِلاچا** - (اِ-لا-چا) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کا ملتانی کپڑا جو ریشم اور سوت ملا کر بنایا جاتا ہے - (بن) لاچا۔
الاچا بیگ (۱) کٹھ پتلی کے تماشے میں ایک دبلی پتلی مضحکہ شکل کا نام (۲) سوکھا - دُبلا اور بد قطع شخص۔
**اِلاچی - اَلائچی** - (اِ-لا-چی - ا-لا-ا-چی) [ہ-ا-مث] ایک خوشبودار چھوٹے سے پھل کا نام جس کے دانے خوشبو کے لیے کھانے یا گرم مصالحہ اور پان وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں - بڑی الائچی - اور چھوٹی الائچی۔
الاچی (الائچی) دانہ - (۱) الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھی ہوئی مٹھائی (۲) (کنایۃً) کمسن معشوق۔
**اَلادا** - (اَ-لا-دا) "علیحدہ" کا قدیم تلفظ۔
**اَلار** - (اُ-لار) [ہ-صفت] پچھلے حصّے میں بوجھ زیادہ ہونے کے باعث گاڑی



Marfat.com

کا اگلا حصّہ اُوپر کو اُٹھ جانا۔

**الاراسی** - (اَ-لا-را-سی) [د صف] بے پروا۔ بے فکر۔ لااُبالی۔
الاراسی کا کارخانہ - بے پروائی کا کام۔ بے توجہی کا کارخانہ۔

**اَلارم** (Alarm) (اَ-لا-رم) [انگ-ا-مذ] (۱) خطرے سے آگاہی (۲) گھنٹی۔ گھڑی کی جگانے والی گھنٹی۔

**اُلارنا** - (اُ-لار-نا) [ہ مص] لٹا دینا۔ پہلو بدلنا۔ سُلا دینا (۲) اُچکنا

**اُلاس** - (اُ-لاس) [س-ا-مذ] جوش۔ اُمنگ۔ ولولہ (۲) پھُرتی۔ چالاکی۔

**اُلاسا** - (اُ-لا-سا) [ق-ا-مذ] دلاسا۔ تسلی۔ تشفّی۔

**اِلاسٹک** (Elastic) [اِ-لاس-ٹِک] [انگ-ا-مث] لچک والی چیز۔ ربڑ کا بنا ہوا فیتہ۔

**اُلاسنا** - (اُ-لاس-نا) [ق مص] جوش میں آنا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔

**اُلاغ** - (اُ-لا-غ) [ع-ا-مث] (۱) چھوٹی کشتی (۲) ڈاک کا گھوڑا۔ خرِ بار کش۔

**اَلاَقارِبُ کالعقارِب** - [ع مثل] عزیز بچھّو کی طرح نیش زنی کرتے ہیں۔ عزیزوں سے ہی زیادہ تر تکلیف پہنچتی ہے۔

**اُلالا** - (اُ-لا-لا) [ق-ا-مث] ولولہ۔ جوش۔

**اُلالی** - (اُ-لا-لی) [ق-ا-مث] ناز۔ نخرہ۔ ادا

**الامان** - (اَل-اَ-مان) [ع] امن چاہنا۔ (۱) پناہ بخدا (۲) [مث] امن پناہ۔ رحم۔
الامان کہنا - (محاورہ) پناہ مانگنا۔

**اَلامرُ فوقَ الاَدَب** (ع۔ مقولہ) حکم ادب پر فوقیت رکھتا ہے۔

**الانا** - (اَل-لا-نا) [ہ مص] چلانا۔ کراہنا۔ گلا پھاڑ کر بولنا۔

**اَلانتظارُ اشدُّ من المَوت** [ع مثل] انتظار کی تکلیف موت سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔

**اُلانگنا - اُلانگھنا** - (اُ-لانگ-نا۔ اُ-لانگھ-نا) [ہ مص] (۱) پھلانگنا (۲) کسی چیز کے اُوپر سے اس طرح کُود جانا کہ اس پر پاؤں نہ پڑے (۳) چابک سواروں کی اصطلاح میں گھوڑے پر اوّل مرتبہ چڑھنا۔

**اُلاہنا** - (اُ-لاہ-نا) [ہ-ا-مذ] (۱) گلہ شکوہ کرنا (۲) بدنامی۔ بُرائی۔ دوش۔
الاہنا دینا - (۱) گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا (۲) الزام دینا۔

**الاؤ** - (اَ-لا-ؤ) [ہ-ا-مذ] آگ کا ڈھیر۔

**الاؤنس** (Allowance) (اَ-لا-ؤنس) [انگ-ا-مذ] بھتّا۔ زائد خرچ

**الباب** - (اَل-باب) [ع-ا-مث] لُب کی جمع۔ عقلیں (مرکبات میں مستعمل ہے)

**البتّہ** (اَل-بت-تہ) [ع تابع فعل] (۱) بے شک۔ ضرور۔ قطعی۔ بے شبہ۔ بالیقین (۲) ہاں۔ بہت خوب۔ بہت بہتر (۳) مگر۔ اِلّا۔ لیکن۔

**اَلبُرز** - (ف-مذ) ایران کا ایک مشہور پہاڑ۔

**اِل بِل** - (اَل-بِل) [ہ-ا-مذ] (۱) خود رو گھمنڈ (۲) فرق کمی بیشی (۳) صدقے قربان۔
ال جاؤں بل جاؤں جلوے کے وقت ٹل جاؤں - [مثل] یوں تو صدقے قربان جاتے ہیں۔ جان دیتے ہیں لیکن وقت پڑنے پر شکل بھی نہیں دکھاتے۔

**اَلبم** (Album) (اَل-بم) [انگ-ا-مذ] تصویریں رکھنے کی بیاض۔ مُرقّع۔

**البیٹ** - (اَل-بیٹ) [ہ-ا-مث] بل۔ مروڑ۔ لپیٹ۔ گرہ۔ پیچ۔

**البیلا** - (اَل-بے-لا) [ہ صف] (۱) جوانِ رعنا۔ بانکا ترچھا (۲) بے پروا۔ آزاد طبع (۳) انوکھا (۴) سیدھا سادا (۵) معصوم (۶) خوبرو۔ دلربا۔
البیلاپن - چھبیلاپن۔ بانکپن۔ الھڑپن۔

**البیلی** - (اَل-بے-لی) [ہ صف] البیلا کی تانیث۔
البیلی چال - مستانہ چال۔ بانکی ترچھی چال۔
البیلی نے پکائی کھیر دُودھ کی جگہ ڈالا پنیر - [مثل] بے ڈھنگے پن نے کام بگاڑ دیا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔
البیلی وضع - بانکی ترچھی وضع۔

**اَلپاکا** (Alpaka) (اَل-پا-کا) [انگ-ا-مذ] (۱) امریکہ کا ایک جانور جس کے بال لمبے اور اُون کی طرح ملائم ہوتے ہیں (۲) الپاکا کا اُون (۳) ایک کپڑا جو ریشم یا سُوت کے ساتھ الپاکا کے اُون سے ملا کر بنایا جاتا ہے اور اُسے الپکا بھی کہتے ہیں۔

**اَلپین** - [ا-مث] گھُنڈی والی سُوئی۔ (پِن) (Pin)

**اِلتباس** - (اِل-تِ-باس) [ع-ا-مذ] (۱) یکسانیت کے سبب شُبہ پڑنا (۲) ہم شکل ہونا (۳) مشکوک ہونا (۴) ابہام و تخمین۔

**اِلتجا** - (اِل-تِ-جا) [ع-ا-مث] (۱) آرزو۔ تمنّا (۲) منّت سماجت۔ عاجزی (۳) عرض۔ گذارش۔ درخواست۔
التجا کرنا - منّت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ گڑگڑانا۔ درخواست کرنا۔
التجا لے جانا - عرض لے جانا۔ آرزو پیش کرنا۔

**اِلتزام** - (اِل-تِ-زام) [ع-ا-مذ] کسی بات کو لازم کر لینا۔ ضروری قرار دے لینا۔ جمع : التزامات۔

**اِلتفات** - (اِل-تِ-فات) [ع-ا-مث] (۱) متوجہ ہونا (۲) توجہ۔ مہربانی رغبت۔ خیال۔ دھیان۔

**اِلتماس** - (اِل-تِ-ماس) [ع-ا-مذ] درخواست۔ عرض۔ گذارش۔ التجا
جمع : التماسات

**اِلتماسی** - (اِل-تِ-ماسی) [ق-ا-مذ] عرضی گزار۔ ملتمس۔ ملتجی۔

**التمش** - (اَل-تَ-مش) [ت-ا-مذ] (۱) آگے کی فوج۔ ہراول (۲) خاندان غلاماں کے بادشاہ شمس الدین کا لقب (صحیح - ال تتمش)

**التمغا** - (اَل-تم-غا) [ت-ا-مذ] (۱) سُرخ مہر (۲) (مجازاً) فرمانِ شاہی۔ (۳) معافی یا جاگیر کی سند۔

**اَلتنی** - (اَل-تَ-نی) [ہ-ا-مث] ہاتھی کی گردن میں باندھنے کی رسی جس پر فیل بان رکاب کی طرح پاؤں رکھتا ہے۔

**اِلتوا** - (اِل-تِ-وا) [ع-ا-مذ] آئندہ پر اُٹھا رکھنا۔ ٹال دینا (۲) ملتوی کرنا۔

**التہاب** - (اِل-تِ-ہاب) [ع-ا-مذ] شعلہ بھڑکنا۔ آگ مشتعل ہونا۔
التہاب زائدہ - ایک مرض جس میں اندھی آنت سُوج جاتی ہے اور اس میں سوزش ہوتی ہے۔ (Appendicitis)



Marfat.com

**اِلتیام** (اِل۔ تِ۔ یام) [ع۔ امذ] (۱) زخم بھرنا۔ تندرست ہونا (۲) دو چیزوں کا باہم مل جانا (۳) میل ملاپ۔ میل جول۔
**التیام پانا۔ التیام دینا**۔ زخم بھرنا۔
**اُلٹ**۔ (اُ۔ لٹ) [ہ۔ صف] اُلٹنا کا امر (۱) برعکس۔ مخالف (۲) ٹیڑھا (۳) پلٹا ہوا اوندھا (۴) برگشتہ (۵) خلافِ قاعدہ (۶) واپس (۷) نقیض۔ ضد۔
**اُلٹ آنا** (محاورہ) ہٹ آنا۔ جہاں سے چلے وہیں آکر گرنا یا واپس آنا۔
**اُلٹ پڑنا** (محاورہ) واپس ہونا (۲) پلٹ کر حملہ کرنا (۳) بگڑ جانا۔ غصے ہونا۔ برہم ہونا۔ (۴) مخالف ہو جانا (۵) اوندھا ہو جانا (۶) خلافِ امید نتیجہ برآمد ہونا۔
**اُلٹ پلٹ** (محاورہ) درہم برہم۔ اُلٹا سیدھا۔ اُلٹا پلٹا۔ بے ترتیب۔ گڈمڈ۔
**اُلٹ پلٹ دینا** (محاورہ) بے ترتیب کر دینا۔ تلے اوپر کر دینا۔ ادھر کا اُدھر کر دینا۔
**اُلٹ پلٹ کرنا** (محاورہ) تلے اوپر کرنا۔ درہم برہم کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔
**اُلٹ پلٹ ہونا** (محاورہ) بے ترتیب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
**اُلٹ پیچ**۔ اُلٹی سیدھی بات۔ چکر کی بات (۲) گردش (۳) چھل۔ داؤ پیچ۔
**اُلٹ پھیر** (۱) اول بدل۔ ہیر پھیر (۲) مکر و فریب (۳) دو بدو۔ گالی گلوچ۔ تکرار
**اُلٹ پھیر میں آجانا** (محاورہ) فریب میں آجانا۔ دھوکہ کھا جانا۔
**اُلٹ جانا** (۱) پلٹ جانا (۲) مدہوش ہو جانا۔ سرشار ہو جانا (۳) موٹا ہو جانا (۴) اوندھا ہو جانا۔ پیچھے کے رُخ پھر جانا (۵) مفلس ہو جانا (۶) منحرف ہو جانا۔ پھر جانا (۷) گر پڑنا۔ آ رہنا (۸) بدل جانا۔ خلاف ہونا۔ مکر جانا۔
**اُلٹ دینا** (۱) اِدھر سے اُدھر کر دینا (۲) اُٹھا دینا۔ (۳) چت کو پٹ کر دینا۔ (۴) تباہ کر دینا۔
**اُلٹ کے جواب دینا** (۱) پیام کا جواب لا دینا (۲) ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
**اُلٹ کے خبر نہ لینا**۔ کسی کی طرف سے بے خبر ہو جانا۔ انتہا کی غفلت برتنا۔
**اُلٹ کے کروٹ نہ لینا**۔ خبر نہ لینا۔ انتہائی غفلت کرنا۔
**اُلٹا** (اُل۔ ٹا) [ہ۔ صف] (۱) پلٹا ہوا۔ اوندھا (۲) برعکس (۳) واپس۔ سیدھا کی ضد۔
**اُلٹا پانسا پڑنا**۔ (۱) جوئے میں پانسہ غلط پڑنا۔ ہار جانا (۲) معاملہ اپنے خلاف ہونا۔ کوشش رائیگاں جانا۔
**اُلٹا پلٹا**۔ (۱) بے ترتیب۔ تلے اوپر (۲) اُلٹا سیدھا (۳) بے ڈھنگا۔ اوندھا سر کچل۔
**اُلٹا پلٹی**۔ اول بدل۔ اِدھر کا اُدھر کرنا۔
**اُلٹا پھر آنا** (محاورہ) لوٹ آنا۔ جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ بہت جلد مراجعت کرنا۔
**اُلٹا پھرنا**۔ (محاورہ) واپس آجانا۔ ناکام پلٹ آنا۔ جاتے ہی واپس چلے آنا۔
**اُلٹا پھیرنا**۔ (محاورہ) لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔ فوراً واپس کر دینا۔
**اُلٹا توا**۔ (محاورہ) نہایت کالا۔ کالا کوکلا۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگا۔
**اُلٹا ٹانگنا**۔ (محاورہ) ٹانگیں باندھ کے سر کے بل لٹکانا۔ سخت سزا دینا۔
**اُلٹا جننا** (محاورہ) بچے کا اس طرح پیدا ہونا کہ پہلے پیر نکلیں اور پھر سر۔
**اُلٹا جواب دینا**۔ (محاورہ) خلافِ توقع جواب دینا۔ ٹیڑھا جواب دینا۔
**اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے**۔ [مثل] اپنے کرتوت پر شرمانے کے بجائے ڈانٹنے والے ہو آتے ہیں الخ۔
**اُلٹا دریا بہنا**۔ (محاورہ) خلافِ دستور کوئی بات ہونا۔ ناممکن کام ہونا۔
**اُلٹا اُلٹے دم لینا**۔ (محاورہ) نزع کے وقت سانس کا اُکھڑ جانا۔

**اُلٹا دھڑا باندھنا**۔ (محاورہ) برعکس کرنا۔ خلاف کرنا۔ اپنی خطا دوسروں کے سر تھوپنا۔
**اُلٹا زمانہ**۔ (محاورہ) ایسا زمانہ جس میں سیدھی بات ٹیڑھی اور بُری بات بھلی سمجھی جائے۔ بُرا زمانہ۔ کلجگ۔
**اُلٹا زمانہ آیا ہے۔ اُلٹا زمانہ لگا ہے۔ اُلٹا زمانہ ہے**۔ (محاورہ) بُرا وقت آگیا ہے۔
**اُلٹا سبق پڑھانا**۔ (محاورہ) خلاف بات سکھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔
**اُلٹا سیدھا**۔ بے قاعدہ۔ بے ترتیب۔ جا بجا۔
**اُلٹا سیدھا جواب دینا**۔ (محاورہ) خلاف جواب دینا۔ نا ملائم جواب دینا۔ نامعقول جواب دینا۔
**اُلٹا لٹکانا**۔ (محاورہ) اُلٹا ٹانگنا۔
**اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا**۔ جہاں کسی بھی طرح کوئی شخص قابو میں نہ آئے اور نہ قائل ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں۔
**اُلٹا مزاج**۔ وہ جس پر بات کا اُلٹا اثر پڑے۔
**اُلٹا نصیبا**۔ بُری قسمت۔ بدنصیبی۔
**اُلٹا ہاتھ مارنا**۔ حسرت و افسوس ظاہر کرنا۔
**اُلٹے اُسترے سے سر مونڈنا** [مثل] بڑی ذلت کی سزا دینا۔
**اُلٹے بانس بریلی کو** [مثل] برعکس بات۔ حماقت کا کام۔ بے فائدہ کام۔
**اُلٹے بل کی چوٹی**۔ وہ چوٹی جس کے گوندھنے میں بال نیچے سے اُوپر لائے جائیں۔
**اُلٹے پاؤں پڑنا**۔ آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے ہٹنا۔
**اُلٹے پاؤں پھرنا**۔ فوراً واپس ہونا۔ جلد پلٹ جانا۔ ترنت لوٹنا۔
**اُلٹے پاؤں چلنا**۔ پُشت کی طرف چلنا۔
**اُلٹے پھر آنا**۔ فوراً پلٹ آنا۔
**اُلٹے سر ہو جانا**۔ خوش ہونے کے بجائے ناراض ہونا۔ مفت میں پیچھے پڑ جانا۔
**اُلٹے سیدھے**۔ حق ناحق۔ جا بے جا۔
**اُلٹے کانٹے تولنا**۔ کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔
**اُلٹے گدھے پر چڑھانا**۔ پُرانے زمانے میں سزا دینے کا طریقہ۔ ملزم کا سر منڈوا کر اور گدھے کی دُم کی طرف منہ کر کے سارے شہر میں گھماتے تھے۔ نہایت ذلیل و رسوا کرنا۔
**اُلٹے مُلک کے ہو**۔ احمق ہو۔ بے وقوف ہو۔
**اُلٹے ہاتھ کا داؤں کھیل** (کرتب) بہت آسان۔ نہایت سہل۔
**اُلٹانا**۔ (اُل۔ ٹا۔ نا) [ہ۔ مص] لا پلٹانا۔ لوٹانا۔ پیچھے پھیرنا (۲) اور کا اور کرنا یا کہنا (۳) پھیرنا۔ دوسری حالت میں رکھنا۔
**اُلٹنا**۔ (اُ۔ لٹ۔ نا) [ہ۔ مص] پلٹنا۔ اوندھا کرنا (۲) اُٹھانا۔ ہٹانا (۳) پھیرنا (۴) مدہوش کرنا (۵) تہ و بالا کرنا (۶) بدل دینا (۷) گرانا بچھاڑنا (۸) اُجاڑنا (۹) بار بار کہنا (۱۰) انڈیلنا (۱۱) مفلس کر دینا (۱۲) سیدھا کرنا (۱۳) رد کرنا (۱۴) چڑھانا لنڈھانا (۱۵) نیچے سے اوپر کو کرنا۔



Marfat.com

**اُلٹو اَنسی**۔ (اُلَٹ ۔ واں ۔سی) [ہ ۔ ا ۔مث] اپنا الزام دوسرے پر تھوپنا۔ سیدھی بات کو پلٹ دینا۔ اُلٹے کام کرنا۔
**اُلٹی**۔ (اُل ۔ ٹی) [ہ ۔صف] اُلٹا کی تانیث (۱) خلاف۔ مخالف (۲) اوندھی (۳) [مث] قے
**اُلٹی آنتیں گلے پڑنا**۔ لینے کے دینا پڑنا۔ نیکی کا بدلا بدی میں ملنا۔
**اُلٹی آنکھیں دکھانا**۔ بے جا غصہ کرنا۔ خود ہی قصور کرنا خود ہی دوسرے پر خفا ہونا۔
**اُلٹی اُلٹی باتیں**۔ بے تکی باتیں۔ آڑھی ترچھی بات چیت۔
**اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا**۔ اوپر کے دم کھینچنا۔ آخری سانسیں لینا۔ مرنے کے قریب ہونا۔
**اُلٹی بات**۔ خلاف بات۔ بے ڈھنگی بات۔
**اُلٹی پٹی پڑھانا**۔ (۱) غلط سبق پڑھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا (۲) دل پھیر دینا برگشتہ کر دینا۔
**اُلٹی پڑے سیدھی پڑے**۔ خدا جانے نتیجہ اچھا ہو یا بُرا۔
**اُلٹی پلٹی باتیں**۔ بے ترتیب باتیں۔ بے ڈھنگی باتیں۔
**اُلٹی تقدیر**۔ اُلٹا نصیبا۔ بدقسمتی۔
**اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا**۔ اپنی باتوں سے آپ ہی قائل ہونا۔ اپنے ہاتھوں مصیبت مول لینا۔ اپنے داؤں سے خود پچھڑنا۔
**اُلٹی چُھری سے حلال کرنا**۔ نہایت ظلم کرنا۔ بڑی زیادتی کرنا۔
**اُلٹی رات کا**۔ بے وقوف۔ احمق۔
**اُلٹی رسم**۔ اُلٹی ریت۔ موقع محل کے خلاف رسم۔ دستور کے خلاف بات۔
**اُلٹی سانس چلنا**۔ نزع کی حالت میں سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
**اُلٹی سمجھ**۔ حماقت۔ نافہمی۔ بے عقلی۔
**اُلٹی سمجھے نہ سیدھی**۔ کسی طرح نہیں مانتا۔ ضدی ہے۔
**اُلٹی سُنو**۔ کسی سے خلاف دستور بات کا ذکر کرتے وقت ابتدا اس جملے سے کرتے ہیں۔
**اُلٹی سُوجھنا**۔ عقل اور رسم و رواج کے خلاف کوئی بات ذہن میں آنا۔
**اُلٹی سیدھی باتیں کرنا**۔ بے تُکی بات کہنا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔
**اُلٹی سیدھی پڑنا**۔ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔ چوٹ لگنا۔
**اُلٹی سیدھی سُنانا**۔ بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔
**اُلٹی سیدھی نہ سمجھنا**۔ اچھی بُری بات کو ذہن میں نہ لانا۔
**اُلٹی سیدھی ہانکنا**۔ اول جلول باتیں کرنا۔ اول فول بکنا۔
**اُلٹی سیفی**۔ (۱) اُلٹی تلوار (۲) دعائے بد (۳) وہ جلالی وظیفہ جو دشمن کی تباہی یا ہلاکت کے لیے پڑھا جائے اور خود عامل پر اس کا اثر ہو جائے۔
**اُلٹی قسمت**۔ بُری قسمت۔ بدنصیبی۔
**اُلٹی کرنا**۔ قے کرنا۔
**اُلٹی کھوپڑی اندھا گیان**۔ [مثل] احمق۔ بے وقوف۔ اندھی کھوپری میں اندھی عقل۔
**اُلٹی کھوپری کا**۔ کج فہم۔ کوڑ مغز۔ اوندھی سمجھ کا۔
**اُلٹی گنگا بہانا**۔ خلاف دستور کام کرنا۔
**اُلٹی مالا پھیرنا**۔ اُلٹی تسبیح پڑھنا۔ خلاف دستور کرنا۔ اُلٹی باتیں کرنا۔ کسی کی ہلاکت کے لئے کچھ پڑھنا۔

**اُلٹی مت**۔ سیدھی بات کو اُلٹی سمجھنے والی عقل۔ غلط سمجھ۔
**اُلٹی ہوا چلنا**۔ خلاف دستور کام ہونا۔ اُلٹا زمانہ آنا۔
**الٹی میٹم** (Ultimatum) (اَل ۔ ٹی ۔ مے ۔ ٹم) [انگ ۔ ا ۔مذ] مشروط اعلانِ جنگ۔ آخری انتباہ۔ وہ آخری تجاویز یا شرائط جنھیں فریق ثانی منظور نہ کرے تو شرائط پیش کرنے والا فریق اس کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیتا ہے یا اس سے تعلقات منقطع کر لیتا ہے۔
**الجبرا**۔ (اَل ۔ جب ۔ را) [ع ۔ ا ۔مذ] علم جبر و مقابلہ۔ ریاضی کی ایک شاخ کا نام۔
**الجوع**۔ (اَل ۔ جُوع) [ع ۔ ا ۔مذ] بھوک کی شدت کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔
**اُلجھا**۔ سُلجھا کی ضد۔ پھنسا ہوا۔ پیچ در پیچ گتھی یا پھندا۔
**اُلجھانا**۔ (اُل ۔ جھا ۔ نا) [ہ ۔مص] سلجھانا کی ضد (۱) پھنسانا (۲) اٹکانا (۳) بکھیڑے میں ڈالنا (۴) گرہ در گرہ اور پیچ در پیچ کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔ (۵) کام سے لگانا۔ (۶) لڑوانا۔ گتھوانا (۷) شادی کرانا (۸) فریب میں لانا (۹) باتوں میں لگانا۔ (۱۰) تھوڑی دیر کے واسطے کپڑے کو پہننا۔ (۱۱) کسی کام میں روپیہ لگانا۔ (۱۲) بحث کرانا (۱۳) لپیٹنا۔ لپٹانا (۱۴) تصفیہ نہ کرنا (۱۵) التوا میں ڈالنا۔ دیر کرنا (۱۶) عشق میں مبتلا کرنا۔ (۱۷) طُول دینا۔
**اُلجھاؤ۔ اُلجھاوا**۔ (اُل ۔ جھا ۔ او ۔ اُل ۔ جھا ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔مذ] (۱) بکھیڑا۔ دقت۔ مشکل۔ جنجال (۲) جھگڑا (۳) پھندا۔ گتھی۔ پیچ۔
**اُلجھ پڑنا**۔ (اُ ۔ لجھ ۔ پڑ ۔ نا) [اُ ۔مص] بحث کرنے لگنا۔ جھگڑا کرنا۔
**اُلجھ جانا**۔ (اُ ۔ لجھ ۔ جانا) [اُ ۔مص] (۱) گتھی پڑ جانا (۲) مشغول ہو جانا۔
**اُلجھ جائے گا سُلجھ جائے گا**۔ [مثل] بیاہ ہو جانے پر ٹھیک ہو جائے گا۔
**اُلجھن**۔ (اُل ۔ جھن) [ہ ۔ ا ۔مث] گھبراہٹ۔ کشمکش۔ پیچیدگی۔ بے چینی۔ پریشانی۔ (۲) تشویش۔ خلش۔
**اُلجھنا**۔ (اُ ۔ لجھ ۔ نا) [ہ ۔مص] (۱) گتھی پڑنا۔ پھنسنا (۲) حجت کرنا (۳) تکرار کرنا (۴) گرہ در گرہ ہونا (۵) اٹکنا۔ مبتلا یا گرفتار ہونا۔ (۶) بکھیڑے میں پڑنا (۷) جھگڑا۔ گتھنا (۸) کام سے لگنا (۹) التوا ہونا۔ رُکنا (۱۰) دقت میں پڑنا (۱۱) اٹک اٹک کر پڑھنا (۱۲) فلطاں پیچاں ہونا (۱۳) خواہ مخواہ چھیڑ نکالنا۔ سُلجھانے کی ضد۔
**اُلجھنا آسان سُلجھنا مشکل**۔ (مقولہ) مصیبت میں انسان آسانی سے پھنس جاتا ہے۔ مگر پھر اس سے نکلنا مشکل ہوتا ہے
**اُلجھیڑا**۔ (اُل ۔ جھے ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔مذ] جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کشمکش۔ فتنہ و فساد۔ اُلجھیڑے میں (پڑنا) پھنسنا۔ (محاورہ) کشمکش میں گرفتار ہونا۔ بلا میں پھنسنا۔
**اُلچنا**۔ (اُ ۔ لچ ۔ نا) [ق ۔مص] (۱) اُلیچنا۔ انڈیلنا (۲) خالی کرنا۔
**الحاج**۔ (اَل ۔ حاج) [ع ۔ ا ۔مذ] حاجی۔ جمع: الحجاج۔
**اِلحاح**۔ (اِل ۔ حاح) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گڑگڑانا۔ منت کرنا (۲) خوشامد گریہ و زاری۔
**اِلحاد**۔ (اِل ۔ حاد) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) سیدھے راستے سے کترا جانا (۲) دینِ حق سے پھر جانا۔ ملحد ہو جانا۔
**الحاصل**۔ (اَل ۔ حا ۔ صل) [ع ۔ تابع فعل] آخرکار۔ قصہ کوتاہ۔ مختصر یہ کہ
**اِلحاق**۔ (اِل ۔ حاق) [ع ۔ ا ۔مذ] شامل ہونا۔ ملنا۔ داخل ہونا۔



Marfat.com

**الحال**۔ (اَل۔حال) [ع۔تابع فعل] ابھی۔اسی وقت۔فی الحال۔

**الحان**۔ (ال۔حان) [ع۔ا۔مذ] (۱) اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا (۲) لَے سُر۔ (۳) بفتح اوّل۔لحن کی جمع۔گیت۔

**الحذر**۔ (اَل۔حَ۔ذَر) [ع۔ا۔مذ] الامان۔خدا کی پناہ۔خبردار۔

**الحفیظ**۔ (اَل۔حَ۔فیظ) [ع۔ا۔مذ] (۱) حفاظت کرنے والا (۲) الٰہی پناہ۔خدا بچائے۔

**الحق**۔ (اَل۔حق) [ع۔تابع فعل] (۱) فی الحقیقت۔واقع میں (۲) بے شک درست۔بجا۔

**الحکم للہ**۔ اللہ ہی کا حکم ہے۔

**الحمد**۔ (اَل۔حمد) [ع۔ا۔مث] (۱) سب تعریفیں (۲) قرآن کی پہلی صورت۔سورۃ فاتحہ
الحمد للہ۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔خدا کا شکر ہے۔خدا کی عنایت ہے۔

**الحمرا**۔ [ع۔مذ] غرناطہ (اسپین) میں مسلمانوں کا خوبصورت سُرخ پتھر کا محل۔

**الخ**۔ (اَ۔لخ) [ع] الیٰ آخرہٖ کا مخفف۔آخر تک۔تمام۔سب۔کُل (جب کسی عبارت کا تھوڑا سا حصّہ لکھ کر باقی کو بخوفِ طوالت نہیں لکھتے تو الخ لکھ دیتے ہیں)

**الخالق**۔ (اَل۔خا۔لق) [ع۔ا۔مث] رُوئی دار قبا جس کا سینہ اور آستینوں سمیت چاک کھلے ہوتے ہیں)

**الخاموشی نیم رضا**۔ [مثل] چُپ ہونے میں بھی ایک قسم کی رضامندی پائی جاتی ہے۔

**الرجی** (Allergy) (اِ۔لَر۔جی) [انگ۔ا۔مث]
حساسیت۔کسی چیز کے کھانے، پینے، پہننے، اوڑھنے اور کیڑے کے کاٹنے سے جسم میں کسی ردِ عمل کا ظہور پذیر ہونا۔حساسیت ہر شخص میں نہیں پائی جاتی۔اس بیماری کا مریض بعض چیزوں سے نفرت کرنے لگتا ہے اور اس کے ذہن میں یہ خیال بیٹھ جاتا ہے کہ وہ اس کے لیے ضرر رساں ہیں۔

**الڑبلڑ**۔ بچوں کی سی حرکتیں۔بے دقوفی۔

**الزام**۔ (اِل۔زام) [ع۔ا۔مذ] اتہام۔تہمت۔بہتان۔جمع: الزامات
الزام آنا۔ (محاورہ) قصوروار ٹھہرانا۔خطاوار ثابت ہونا۔تہمت لگنا۔
الزام اُٹھانا۔ (محاورہ) اپنے سر پہ بدنامی لینا۔موردِ ملامت بننا۔
الزام پانا۔ (محاورہ) قابلِ ملامت ٹھہرنا۔بدنام ہونا۔
الزام (تھوپنا) دینا۔ عیب لگانا۔قصوروار ٹھہرانا۔تہمت دھرنا۔
الزام (دھرنا) رکھنا۔ (محاورہ) (۱) قصوروار ٹھہرانا۔ملزم لگانا (۲) تہمت لگانا۔بہتان جوڑنا۔
الزام کا کام۔الزام کی بات۔الزام کی چیز۔ (محاورہ) ایسی بات جس سے اپنے سر بدنامی آتے۔
الزام کے ذمّے رکھنا۔ (محاورہ) الزام پہ الزام لگانا۔
الزام لگانا۔ (محاورہ) تہمت دھرنا۔مجرم ٹھہرانا۔
الزام لگنا۔ (محاورہ) ملزم قرار دیا جانا۔الزام ذمّے لینا۔
الزام لینا۔ (محاورہ) اپنے اوپر بدنامی لینا۔
الزام ملنا۔ (محاورہ) الزام پانا۔خطاوار ٹھہرایا جانا۔

**الزامات**۔ (اِل۔زا۔مات) [ع۔ا۔مذ] الزام کی جمع۔

**الساناا**۔ (اَل۔سا۔نا) [ہ۔مص] سُست ہونا۔سستی میں پڑنا۔اونگھنا۔

**اَلَسْت**۔ (اَ۔لَسْتُ) [ع۔حرفِ استفہام۔لَسْتُ۔واحد متکلم] کیا نہیں ہُوں میں۔یہ اشارہ ہے قرآن مجید کی آیۃ اَلَسْتُ بِرَبِّکُم کی طرف۔

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم**۔ (اَ۔س۔سَ۔لَا۔مُ۔عَ۔لَے۔کُم) [ع] سلامتی ہو تم پر۔ مسلمانوں کا سلام۔

**اَلسِنہ**۔ (اَل۔سِ۔نہ) [ع۔ا۔مث] لسان کی جمع۔زبانیں۔

**اَلسی**۔ (اَل۔سی) [ہ۔ا۔مث] ایک پودا اور اُس کے بیج کا نام۔اس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے۔

**السی کا جھوڑا نہ گدھا کھائے نہ گھوڑا**۔ [مثل] کسی کام کا نہیں۔کسی مصرف کا نہیں۔عمر رسیدہ شخص اکثر اپنے متعلق کسرِ نفسی کے طور پر کہتے ہیں۔

**السیٹ۔السیٹھ**۔ (اَل۔سیٹ۔اَل۔سیٹھ) [ہ۔ا۔مث] دھاندلی۔فریب دغابازی۔بدمعاملگی (۲) اُلجھاؤ۔رکاوٹ۔اَڑنگا۔

**السیٹیا**۔ (اَل۔سے۔ٹِ۔یا) [ہ۔صفت] (۱) دھاندلی کرنے والا۔دغاباز۔فریبی (۲) جھگڑالو۔ (۳) نادہند۔

**اُلش**۔ (اُ۔لش) [ت۔ا۔مذ] پس خوردہ۔جُھوٹا کھانا۔بچا ہُوا کھانا۔

**اِلصاق**۔ (اِل۔صاق) [ع۔ا۔مذ] ملانا۔چسپاں کرنا۔چپکانا۔

**اَلطاف**۔ (اَل۔طاف) [ع۔ا۔مذ] لطف کی جمع۔مہربانیاں۔نوازشیں۔
الطاف نامہ۔ مہربانی کا خط۔نوازش نامہ۔

**اَلعَاقِلُ تَکْفِیْہِ الْاِشَارَہ** [ع۔مثل] عقل مند کو اشارہ ہی کافی ہے۔

**اَلعَبد**۔ (اَل۔عَبْد) [ع۔ا۔مذ] بندہ۔فدوی۔ناچیز (عام طور پر دستاویزوں اور رسیدوں کے نیچے دستخط کرنے سے پہلے لکھتے ہیں۔جمع: العباد

**اَلعطش**۔ (اَل۔عَ۔طَش) [ع۔ا۔مث] (۱) پیاس (۲) پیاس کی شدت کے موقع پر بولتے ہیں۔بہت پیاس لگی ہے

**اَلعَظمَۃُ للہ**۔ [ع] بزرگی اللہ کے لیے ہے۔قدرتِ الٰہی کی عظمت پر حیرت ظاہر کرکے یا کسی مہیب اور خوفناک چیز سے پناہ مانگنے کے طور پر کہتے ہیں۔

**اَلغار**۔ (اَل۔غار) [ق۔ا۔مث] یلغار۔

**اَلغارُون**۔ (اَل۔غا۔رُون) [ت۔تابع فعل] بہت۔بافراط۔کثرت سے۔

**اَلغرض**۔ (اَل۔غَ۔رَض) [ع۔تابع فعل] حاصل مطلب۔قصہ مختصر۔الحاصل۔

**اَلغوزہ**۔ (اَل۔غو۔زہ) [ع۔ا۔مذ] ایک قسم کی دوہری بانسری۔
الغوزہ بلغوزہ۔ پیٹ کی انتڑیاں اور فضلہ وغیرہ۔

**الغیاث**۔ (اَل۔غِ۔یاث) [ع] (۱) فریاد (۲) فریاد ہے۔دُہائی ہے کوئی بچاؤ۔

**اَلف**۔ [ع۔صف] ہزار۔دس سَو۔جمع: اُلوف۔آلاف
الف لیلہ۔ (۱) ہزار راتیں (۲) عربی کی ایک مشہور داستان۔

**الف**۔ (اَ۔لِف) [ع۔ا۔مذ] عربی فارسی۔اردو کے حروفِ تہجی کا پہلا حرف دیکھیے "ا"

**الف آزاد کا**۔ آزاد فقیر جو اپنے ماتھے پر ایک سیدھی لکیر کھینچتے ہیں۔اس لکیر کو آزاد کا الف کہتے ہیں۔

الف اللہ۔ (۱) بے لاگ (۲) تنہا۔اکیلا (۳) مفلس۔غریب اور محتاج (۴) آزاد



Marfat.com

فقیروں کا ٹیکہ جو ناک کی نوک سے سر کے بالوں تک سیدھا کھینچ دیتے ہیں۔

**الف بے** ۔ الف بے تے۔ حروفِ تہجی۔ الف سے ے تک حروف۔

**الف بے تے پڑھانا** ۔ (محاورہ) (۱) بچے کو ابتدائی قاعدہ پڑھانا (۲) نا سمجھ اور بے وقوف کو کوئی بات سمجھانا یا سکھانا۔

**الف سے بے نہ سُننا** (محاورہ) اپنی نسبت ذرا بھی بُری بات نہ سُننا۔

**الف سے بے نہ کہنا** ۔ (محاورہ) کسی کو ذرا بھی بُرا نہ کہنا۔ نا ملائم کلمہ زُبان پر نہ لانا۔

**الف کھینچنا** ۔ (محاورہ) آزاد فقیر بننا۔ فقیری لینا۔

**الف کے نام بے نہیں جانتے** (محاورہ) بالکل ان پڑھ ہیں۔ جاہل آدمی۔

**الف مقصورہ** ۔ وہ الف جس پر مد نہ ہو۔

**الف ممدودہ** ۔ مد والا الف۔ لمبی آواز والا الف۔ وہ الف جسے کھینچ کر پڑھا جائے۔

**الف ہونا** ۔ (۱) چراغ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ مادرزاد برہنہ ہونا۔

**اِلف** ۔ [ع۔ ا۔ مث] (۱) دوستی۔ یاری (۲) عادی ہونا۔

**الفابیٹ** (Alphabet) (ال۔فا۔بیٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] حروفِ تہجی

**اِلفاظ** ۔ (ال۔فا۔ظ) [ع۔ ا۔ مذ] لفظ کی جمع۔ لفظیں۔

**اُلفت** (اُل۔فت) [ع۔ ا۔ مث] پیار۔ محبت۔ دوستی۔

**اُلفت جتانا** ۔ (محاورہ) محبت کا اظہار کرنا۔

**اُلفت کا بندہ** ۔ (صف) محبت کا غلام۔

**اُلفت کرنا** ۔ (محاورہ) محبت کرنا۔

**الفتہ** ۔ (اَلف۔تہ) [ف۔ صف] (۱) پریشان۔ مفلس۔ قلاش۔ مفت خورہ (۲) غیر۔ بیگانہ (۳) بدمعاش۔ آوارہ۔ بدچلن۔

**الفراق** ۔ (اَل۔ف۔راق) [ع] جدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمہ

**الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی** [مثل] موٹے آدمی کو مذاق سے کہتے ہیں۔

**اَلفَقرُ فَخری** ۔ (ال۔فق۔ رُ۔ فخ۔ ری) [ع] فقر میرے لیے باعث فخر ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی مشہور حدیث (۲) (مجازاً) فقیری میں خوش رہنا۔

**الفن** ۔ (ال۔فن) [ف۔ ا۔ مث] ایک قسم کی پتنگ۔ بڑا پتنگ۔

**الفی** ۔ (اَل۔فی) [ف۔ صف] (۱) اقلیدسی لکیریں جو کپڑے۔ برتن یا چھڑی پر کھنچی ہوں (۲) پتنگ جس کے ٹھڈے پر دوسرے رنگ کے کاغذ کی پٹی لگی ہو (۳) بغیر آستین کا کرتا۔ کفنی۔ فقیرانہ لباس۔

**الفی قاب** ۔ وہ قاب جس پر چھوٹے چھوٹے سیدھے خط پڑے ہوتے ہیں۔

**الفی کنکوا** ۔ وہ کنکوا جس میں اوپر سے نیچے تک دوسرے رنگ کے کاغذ کی چوڑی پٹی لگی ہو۔

**اِلقا** ۔ (اِل۔قا) [ع۔ ا۔ مذ] ڈالنا۔ غیب سے دل میں ڈالنا۔ وہ بات جو خدا دل میں ڈال دے۔

**القا ہونا** ۔ (۱) دل میں کوئی بات پڑنا (۲) غیب سے دل میں کوئی بات آنا۔

**القاب** ۔ (اَل۔قاب) [ع۔ ا۔ مذ] لقب کی جمع۔ وہ خطاب جو مکتوب الیہ کے لیے خط کے عنوان میں لکھے جاتے ہیں۔

**القصّہ** ۔ (ال۔قِص۔صہ) [ع] الحاصل۔ حاصل کلام مطلب بقصہ مختصر غرضیکہ۔ خلاصہ یعنی۔

**القط** ۔ (اَل۔غلط) [ع] (۱) الگ سے بے کار۔ غلط۔ بے موقع (۲) کاٹ دینا۔ الگ کر دینا۔ موقوف کر دینا۔

**القط (کرنا) ہو جانا** ۔ ترکِ تعلق ہو جانا۔ مراسم ختم ہو جانا۔ نکال دینا۔ الگ کرنا۔

**اَلکحل** ۔ (اَل۔کُ۔حَل) [ع۔ ا۔ مث] شراب۔ اسپرٹ

**اَلکریم اِذا وَعَدَ وَفا** ۔ [ع] کریم جب وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے۔

**اَلکسانا** ۔ (اَل۔کَ۔سا۔نا) [ہ۔ مص] کاہلی آنا۔ تھکن یا سستی محسوس کرنا۔ نیند آنا۔ اونگھ آنا۔

**اَلکسی۔ اَلکس** ۔ (اَل۔کَ۔سی۔ ال۔کس) [ہ۔ ا۔ مث] کاہلی۔ سستی۔

**الکسی آنا** ۔ سستی محسوس کرنا۔ کاہلی سے کسی کام کو جی نہ چاہنا۔

**اَلکن** ۔ (اَل۔کن) [ع۔ صف] ہکلا۔

**اَلکھ** ۔ (اَ۔لکھ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جو دیکھنے میں نہ آئے۔ بے پتا اور بے نشان۔ پوشیدہ۔ انوپ۔ غائب۔ مُراد خدا تعالیٰ (۲) جوگیوں کا سلام۔

**الکھ پُرش کی مایا کہیں دھوپ کہیں سایا** ۔ [مثل] خدا کی قدرت ہے کہ کہیں دھوپ ہے اور کہیں سایا۔ کسی کو امیر کیا کسی کو غریب۔ کہیں شادی ہے کہیں غمی۔

**الکھ جاگے** ۔ جوگیوں کے مانگنے کی صدا۔

**الکھ جگانا** ۔ (محاورہ) خدا کا نام لینا۔ خدا کے نام کی منادی کرنا۔ مناجات کرنا (۲) خدا کا نام لے کر مانگنا۔

**الکھ دھاری** ۔ ایک قسم کے ہندو فقیر جو خدا کے سوا کسی کو نہیں مانتے

**اَلگ** ۔ (اَ۔لگ) [ہ۔ صف] (۱) جُدا۔ علیحدہ (۲) پرے۔ دور (۳) بے سہارا معلق (۴) تنہا۔ اکیلا (۵) مستثنیٰ۔ خارج (۶) آزاد۔ بے تعلق (۷) اچھوتا۔ غیر مستعمل (۸) محفوظ۔ بچا ہوا (۹) صاف۔ بے لاگ (۱۰) [فعل] پرے ہٹ۔ پرے سرک۔ چل۔ رستہ لے (۱۱) چُپکے سے بے آہٹ۔ کھٹکے سے بچا کر۔ آہستہ۔

**الگ الگ** ۔ جُدا جُدا۔ دُور دُور۔ پرے پرے۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔

**الگ الگ پھرنا** ۔ (محاورہ) دُور دُور رہنا۔

**الگ الگ رہنا** ۔ (محاورہ) دُور دُور رہنا۔ خفا رہنا۔ کھچے کھچے رہنا۔

**الگ بٹھانا** ۔ (محاورہ) علیحدہ رہنا۔ فاصلے پر بٹھانا۔

**الگ بچا کے رکھنا** ۔ (محاورہ) کسی کا حصہ نکال کر محفوظ رکھ دینا۔

**الگ پڑنا** ۔ (محاورہ) جُدا سو رہنا۔

**الگ تھلگ** (۱) کنارہ کش۔ جُدا۔ علیحدہ۔ تنہا (۲) محفوظ۔ اچھوتا۔

**الگ رہنا** ۔ (محاورہ) جُدا رہنا۔ بے تعلق رہنا۔

**الگ کرنا** ۔ (۱) جُدا کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) اُتارنا۔ تراشنا۔ کاٹنا (۳) کھولنا۔ سلجھانا (۴) موقوف کرنا۔ نوکر کو چھڑانا (۵) چُننا۔ انتخاب کرنا (۶) نکالنا۔ باہر کرنا۔ خارج کرنا (۷) فرد خست کرنا (۸) نمٹانا۔ ختم کرنا (۹) توڑنا۔ جگہ سے بے جگہ کرنا (۱۰) چھپانا۔ غائب کرنا (۱۱) چُرا لینا (۱۲) غبن کرنا (۱۳) ہٹانا۔ سرکانا (۱۴) ترک کرنا (۱۵) موقوف کرنا۔ چھڑانا۔

**الگ کھسکنا** ۔ (محاورہ) علیحدہ ہٹ جانا۔ دُور رہنا۔

**الگ ہونا** ۔ (محاورہ) (۱) جُدا ہونا (۲) ٹوٹنا (۳) موقوف ہونا (۴) ہٹنا۔ سرکنا۔



Marfat.com

**الگ ہی الگ** - دُور ہی دُور - دُوری سے - اکیلے اکیلے - اُوپر ہی اُوپر -

**اَلگنی** - (اَل - گ - نی) [ہ - امث] الگن - کپڑے لٹکانے کی ڈوری یا رسّی -

**الگنی پر ڈالنا** - (محاورہ) سکھانے یا ہوا دینے کے لیے ڈوری پر ڈالنا -

**الگنی پر ڈالنے کے قابل ہو گئے** - (محاورہ) بہت ہی لاغر ہو گئے -

**اَلل بچھیرا** - جمع اَلہل بچھیرا - گھوڑے کا نوخیز بچہ جس پر ابھی سواری نہ کی گئی ہو - (۲) ناتجربہ کار - بے کار - بے پروا جوان -

**اَلل ٹپ** - اَلل ٹپو - [صف] خیالی - اٹکل پچو -

**اَلل جھپ** - [صف] متزلزل - ایک جگہ قرار نہ پکڑنا (۲) بے پروا - غیر مستقل مزاج -

**اللہ** - (ال - لاہ) [ع - ا - مذ] خُدا - معبُود - خُدا کا اسم ذات (۲) اے خُدا - الٰہی - (۳) واہ - آہ - آہا - اوہا -

**اللہ آمین سے پالنا** - (محاورہ) دُعائیں مانگ مانگ کر پرورش کرنا - کمال محبت اور شفقت سے پالنا - لاڈ پیار سے پالنا -

**اللہ آمین کا** - (محاورہ) دُعاؤں اور التجاؤں کا - ناز پروردہ - نازوں کا پالا ہوا -

**اللہ آمین کرنا** (محاورہ) غور و پرداخت کرنا - خیر و خوبی کی دُعا مانگنا -

**اللہ آمین ہونا** (محاورہ) غور و پرداخت ہونا -

**اللہ اُٹھا لے** - (محاورہ) موت آ جائے - مر جائے -

**اللہ اکبر** (۱) خُدا بہت بڑا ہے - تکبیر جو نماز میں - جنگ میں حملہ کرتے اور جانور کو ذبح کرتے وقت کہی جاتی ہے (۲) تعجب - عظمت - شکوے شکایت - کمال مبالغے اور فخر و مباہات کے موقع پر استعمال کرتے ہیں -

**اللہ اللہ** - (۱) کلمۂ تعجب (۲) کلمۂ تحسین - واہ واہ - آفرین (۳) شکوے شکایت کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں - (۴) بعض فقرا کا سلام -

**اللہ اللہ خیر سلا** - (محاورہ) فراغت ہوئی - فرصت ملی - اس کے آگے کچھ نہیں - اور کچھ نہیں -

**اللہ اللہ رے** - (محاورہ) مبالغے کا کلمہ -

**اللہ اللہ کر کے** - (محاورہ) خدا خُدا کر کے - بڑی مشکل سے -

**اللہ اللہ کرنا** - (محاورہ) خدا کا نام لینا - تسبیح پڑھنا (۲) صبر و توکل کرنا -

**اللہ اللہ کرو** - (محاورہ) (۱) خدا خُدا کرو - خدا کا نام لو (۲) جھوٹ نہ بولو

**اللہ بچائے** - خُدا محفوظ رکھے -

**اللہ بخشے** - خدا مغفرت کرے -

**اللہ بس باقی ہوس** (مقولہ) اللہ کے سوا سب ہیچ ہیں

**اللہ بسم اللہ کرنا** - کمال غور و پرداخت کرنا - منتیں ماننا - مُرادیں ماننا -

**اللہ بھلا کرے** - (۱) فقیروں کی صدا (۲) کسی کے سلوک اور نیکی پر دُعائیہ کلمہ -

**اللہ بیلی** - (محاورہ) اللہ نگہبان - خدا حافظ -

**اللہ پر نظر رکھو** (محاورہ) خدا پر بھروسہ رکھو - ہراساں نہ ہو -

**اللہ پیر (مشانا) ماننا** - (محاورہ) منتیں ماننا - نذر و نیاز ماننا -

**اللہ توکلی** - خدا پر بھروسہ (۲) اتفاق سے - اتفاقاً -

**اللہ توکلی کارخانہ ہے** - (محاورہ) توکل پر بسر اوقات ہے - کسی کی امداد نہیں ہے - بے پروائی ہے -

**اللہ جانتا ہے** - خدا واقف ہے - خدا کو علم ہے -

**اللہ جانے** - خُدا کو علم ہے - کسی امر سے واقف نہ ہونے، بات کے سمجھ میں نہ آنے پر کہتے ہیں -

**اللہ جھُوٹ نہ بُلوائے** (محاورہ) جب کسی بات کے متعلق یقینی طور پر نہ کہا جا سکے اس وقت بولتے ہیں -

**اللہ حافظ** - خدا نگہبان - اللہ بیلی -

**اللہ خیر کرے** (محاورہ) خطرے اور اندیشے کے مقام پر بولتے ہیں -

**اللہ دے اور بندہ لے** - (محاورہ) کسی بات کی کثرت خصوصاً کسی پے انتہا غصہ ہونے پر کہتے ہیں -

**اللہ رکھے** - (کلمۂ دُعا) خُدا سلامت رکھے - دُکھ درد سے محفوظ رکھے زندہ رکھے - قائم رکھے - (۲) سلامتی سے - بخیر - ماشاء اللہ چشم بد دُور - نام خُدا -

**اللہ رکھے تو کون چکھے** - [مثل] جسے اللہ صحیح سالم رکھنا چاہے اسے کون مار سکتا ہے -

**اللہ رے** - واہ واہ - کلمۂ تعجب - جو کسی چیز کی زیادتی یا خوبی پر دلالت کرے

**اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی** - [مثل] اف تیری بے حیائی تیری ڈھٹائی کی حد نہیں -

**اللہ رے میں** - (محاورہ) واہ رے میں - میرا کیا کہنا -

**اللہ سلامت رکھے** - (محاورہ) خدا زندہ رکھے - خدا برقرار رکھے -

**اللہ سے ڈرو - اللہ کو مانو** - (محاورہ) خدا کا خوف کرو -

**اللہ سے کام پڑا ہے** - (محاورہ) جان کے لالے پڑے ہیں سخت مصیبت اور آفت میں گرفتار ہے -

**اللہ سے لو لگی ہے** - خدا کی طرف دھیان ہے - اللہ سے امید ہے -

**اللہ شاہد ہے** - خدا گواہ ہے - قسم کی جگہ کہتے ہیں -

**اللہ غنی** - اظہار عظمت میں مبالغہ پر کسی صدمہ یا تکلیف کے وقت یا تعجب کے موقع پر بولتے ہیں -

**اللہ غنی تو کاہے کی کمی** - خدا کے پاس سب کچھ ہے - اگر وہ چاہے تو ایک دم میں امیر کر دے -

**اللہ کا الف** - وہ الف جو آزاد فقیر ماتھے پر کھینچتے ہیں -

**اللہ کا بندہ** (۱) خدا کا غلام (۲) اللہ کی بندگی کرنے والا (۳) آدمی - انسان (۴) [طنزاً] بیوقوف - سیدھا آدمی -

**اللہ کا پیارا** - خدا کا محبوب (۲) بزرگ -

**اللہ کا دیا سر پر** - [مثل] کوئی بات یا معاملہ قابو سے باہر ہو جائے تو اور اسے گوارا کرنا پڑے تو کہتے ہیں کہ اللہ کی طرف سے جو کچھ ہے اسے گوارا کرنا ہی پڑتا ہے -

**اللہ کا دیا نُور کبھی نہ ہووے دُور** - [مثل] اللہ کی دی ہوئی چیز کو زوال نہیں (۲) خضاب لگاتے ہوئے اگر کچھ بال سفید رہ جاتے ہیں تو مزاحاً کہا جاتا ہے -

**اللہ کا کلام** - قرآن شریف -

**اللہ کا گھر** (۱) خانہ کعبہ - (۲) مسجد (۳) دل

**اللہ کا گھر بڑا ہے** - خدا کے گھر میں کمی نہیں ہے - وہ بڑا کارساز بندہ نواز ہے



Marfat.com

**اللہ کا محبوب** ۔ (۱) خدا کا پیارا (۲) حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم۔
**اللہ کا نام سچا** (محاورہ) خدا کے نام کے سوا سب جھوٹا کارخانہ ہے۔ فقیروں کی صدا۔
**اللہ کا نام لو** ۔ (محاورہ) خدا کو یاد کرو۔ خدا خدا کرو (۲) توبہ کرو جھوٹ نہ بولو۔ (۳) اب صبر کرو۔
**اللہ کا نام محمدؐ کا کلمہ** ۔ (۱) کچھ بھی موجود نہیں ہے (۲) بالکل خالی۔ ناداری ہے۔
**اللہ کا نام ہے** ۔ کچھ پاس نہیں ہے۔ کچھ موجود نہیں ہے۔
**اللہ کا نور** (۱) خدا کی تجلی (۲) نہایت حسین (۳) متبرک شکل کا آدمی۔ فرشتہ صورت۔ وہ شخص جس کے چہرہ پر عبادت کرتے کرتے نور آجائے (۴) داڑھی۔
**اللہ کرے** ۔ (کلمۂ تمنا) کاش کہ۔ کاش خدا ایسا ہی کرے۔
**اللہ کو پیارا ہوا** ۔ خدا نے اُٹھا لیا۔ مرگیا۔
**اللہ کو تکنا** ۔ کمال یاس میں خدا ہی پر نظر ہونا۔ بےبسی میں ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔
**اللہ کو سونپنا** ۔ (۱) خدا کے سپرد کرنا (۲) رخصت کے وقت خدا حافظ کہنا۔
**اللہ کو مانو** ۔ (محاورہ) خدا کا خوف کرو۔ باز آؤ۔
**اللہ کو مُنہ دکھانا ہے** ۔ (۱) خدا کے سامنے جانا ہے (۲) کسی کو بداعمالیوں سے منع کرنے وقت کہتے ہیں کہ باز آجاؤ۔ ایک دن خدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔
**اللہ کو یاد کرو** ۔ صبر کرو۔ گھبراؤ نہیں۔ خدا پر نظر رکھو۔
**اللہ کی امان** ۔ خدا بچائے۔ خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔
**اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ** ۔ خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔ پیر اور پیغمبر کا کرم شامل رہے۔ سفر کے وقت کی دُعا۔
**اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے** ۔ خُدا کے بھید وہی بہتر جانتا ہے۔
**اللہ کی پناہ** ۔ خدا کی امان۔ خدا محفوظ رکھے۔
**اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری** ۔ علانیہ ڈھٹائی اور بےحیائی سے کسی بیہودہ فعل کرنے کے وقت کہتے ہیں۔
**اللہ کی سنوار** ۔ اعتراض یا ڈانٹ ڈپٹ کا کلمہ (۲) مہذب بددُعا۔
**اللہ کی شان** ۔ (محاورہ) خلاف توقع اور خلاف مرتبہ کام ہونے پر کہتے ہیں۔
**اللہ کی قدرت ہے** ۔ اللہ کی قدرت کا تماشا نظر آتا ہے۔ (کلمۂ تعجب) کسی عجیب بات پر اظہارِ تعجب کے لیے یا حُسن و کمال کی تعریف کے لیے خلاف توقع کام پر اظہار حیرت کے طور پر کہتے ہیں۔
**اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں** ۔ [مثل] خدا اس طرح ظلم کی سزا دیتا ہے جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا۔
**اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں** ۔ [مثل] اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع ہے۔ اس سے مایوس نہ ہونا چاہئے (۲) کسی کے ظلم اور زیادتی پر کہتے ہیں۔
**اللہ کے گھر سے پھرنا** ۔ سخت مرض سے صحت پانا۔ مرمر کے بچنا۔
**اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے** ۔ (محاورہ) خدا کے گھر کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔
**اللہ کے لوگ** ۔ اللہ لوگ۔ وہ شخص جو دُنیا و مافیہا سے بےخبر ہو۔ بھولا بھالا فرشتہ سیرت۔ سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔
**اللہ کے مست** ۔ مجذوب۔ پہنچے ہوئے لوگ۔
**اللہ کے نام پہ** ۔ خدا کی راہ میں۔ فی سبیل اللہ۔ خدا کے لیے۔

**اللہ لاٹھی لے کے تھوڑا ہی مارتا ہے** ۔ خُدا گناہ کی سزا اس طرح دیتا ہے جس کا وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔
**اللہ لگتی** ۔ (محاورہ) صحیح بات۔ حق کی بات۔ انصاف کی بات۔
**اللہ مارا** ۔ خدائی خوار۔ بدبخت۔ مصیبت زدہ۔ راندۂ درگاہ۔
**اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی** ۔ [مثل] دونوں ایک جیسے ہیں۔ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہے۔
**اللہ میاں** ۔ خدا۔ اللہ تعالیٰ۔
**اللہ میاں بھرتے کو بھرتے ہیں** ۔ (مقولہ) اس موقع پر کہتے ہیں جب ضرورت والا محروم رہے اور جسے ضرورت نہ ہو اُسے مل جائے۔
**اللہ میاں کا رحم** ۔ عورتیں رت جگے میں گلگلوں کے علاوہ چاولوں کے آٹے میں کھانڈ ملا کر پیڑے بناتی ہیں جسے اللہ میاں کا رحم کہتے ہیں۔
**اللہ میاں کا طاق بھرنا** ۔ (محاورہ) مسجد کے طاق میں گلگلے اور رحم رکھنا۔
**اللہ میاں کی بھینس** ۔ (۱) سیاہ رنگ کا ایک کیڑا جو بہت سخت جان ہوتا ہے۔ (۲) سیاہ فام موٹا آدمی۔
**اللہ میاں کی گائے** ۔ نہایت بھولا بھالا اور سیدھا آدمی۔ بڑا نیک آدمی۔
**اللہ نگہبان** ۔ خدا حافظ
**اللہ نہ دکھائے** ۔ (محاورہ) خدا کرے ایسا نہ ہو
**اللہ نے یہ دن دکھایا** ۔ (محاورہ) خوشی کے موقع پر کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنی مہربانی سے یہ دکھایا ہے۔
**اللہ والا** ۔ (۱) درویش۔ بزرگ۔ ولی (۲) فقیر۔
**اللہ ہی اللہ ہے** ۔ (۱) خدا کی ذات کے سوا سب ہیچ ہے (۲) کلمۂ تعریف (۳) مسلمان فقیروں کی صدا۔
**اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے** ۔ خدا مددگار ہے تو کل مشکلیں آسان ہیں
**اللّے تللّے** ۔ (اَ۔ لَل۔ لے۔ تَ۔ لَل۔ لے) [ہ۔ ا۔ مذ] بےجا خرچ۔ فضول خرچی۔ عیش و عشرت۔
**اللّے تللّے کرنا** ۔ خوب مزے اُڑانا۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ برباد کرنا۔
**اللّے تللّے ہونا** ۔ خوب خرچ کر کے مزے اُڑانا۔ بےدریغ صرف کرنا۔ عیش و عشرت میں گزارنا۔ چین کرنا۔
**اَلَم** ۔ (اَ۔ لَم) [ع۔ ا۔ مذ] رنج۔ غم۔ دُکھ۔ جمع: آلام
**اَلَم اُٹھانا** ۔ رنج برداشت کرنا۔ غم کھانا۔
**اَلَم انگیز** ۔ دُکھ دینے والا۔
**اَلَم پہنچنا** ۔ رنج پہنچنا۔ دُکھ پہنچنا۔
**اَلماری** ۔ (اَل۔ ما۔ ری) [پُر۔ ا۔ مث] وہ لمبا دراز دار صندوق جس میں کتابیں برتن یا کپڑے رکھتے ہیں۔ دیوار میں تخت دار تختے۔
**الماس** ۔ (اَل۔ ماس) [ف۔ ا۔ مذ] ہیرا۔ ایک نہایت قیمتی جواہر جو نہایت چمکیلا ہوتا ہے۔
**اَلماغونچی** ۔ (اَل۔ ما۔ غُون۔ چی) [ا۔ صف] (۱) وہ شخص جس کے نسب کا پتہ نہ ہو۔ (۲) خراب اور بیکار چیزیں۔
**المانی** ۔ [ع۔ صف] جرمنی سے منسوب (۲) جرمن باشندہ۔
**المانیہ** ۔ [ع۔ مذ] جرمنی۔ یورپ کا ایک ملک۔



Marfat.com

اُلما (اُ۔لَم۔با) [ہ۔ا۔مذ] گلشی۔
المختصر۔ (اَل۔مُخ۔تَ۔صَر) [ع] الحاصل۔ القصہ۔ مختصر یہ کہ۔
المدد۔ (اَل۔مَ۔دَد) [ع] مدد کر۔ سہارا دے۔ آسرا دے۔
المرءُ یقیسُ علیٰ نفسہٖ۔ (مقولہ) ہر شخص دوسرے کو اپنے نفس کے مطابق خیال کرتا ہے۔ ہر ایک کو اپنے پر قیاس کرنا۔
الَست۔ (اَل۔مَست) [ا۔صف] مدہوش۔ بدمست۔ سرشار۔
المضاعف۔ (اَل۔مُ۔ضا۔عف) [ع۔صف] دوگنا۔ دوچند۔
المعنی فی بطنِ الشاعر۔ [ع۔مثل] معنی شاعر کے پیٹ میں۔ نہایت دقیق اور بے معنی شعر پر طنزاً کہتے ہیں۔
اَلم غَلم۔ (اَل۔لَم۔غَل۔لَم) [ا۔ا۔مذ] (۱) نکمی اور بیکار چیزیں۔ اناپ شناپ (۲) لغو اور بے ہودہ بات۔ مہمل سی بات۔ انٹ سنٹ۔
الم غلم بکنا۔ بکواس کرنا۔ فضول باتیں کرنا۔
الم غلم کرنا۔ غبن کرنا۔
الم غلم کھانا۔ اِدھر اُدھر کی چیزیں کھانا۔ کھانے میں بے احتیاطی کرنا۔
المکتوبُ نِصفُ الملاقات۔ [مثل] خط آدھی ملاقات کے برابر ہوتا ہے۔
المُلک للہ۔ ہر ملک اللہ ہی کا ہے۔
اَلَل ڈھلل۔ (اِل۔لِل۔ڈھل۔لِل) [ہ۔ا۔مذ] مذبذب۔
الم نشرح۔ (اَ۔لَم۔نَش۔رَح) [ع] (۱) کیا ہم نے نہیں کھولا (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ۔ اس سورۃ کی پہلی آیت کے پہلے دو لفظ (۳) آشکارا۔ واضح۔ ظاہر۔
الم نشرح۔ ظاہر ہونا۔ مشتہر ہونا۔ واضح ہونا۔
المنۃ للہ۔ (اَل۔مِن۔نَ۔تُ۔لِل۔لاہ) [ع] (۱) احسان اللہ کے واسطے ہے۔ (۲) خدا کا شکر ہے۔
اَلموت۔ (ع۔اسم) قزوین اور گیلان کے ایک مشہور قلعہ کا نام جو حسن بن صباح کا مرکز تھا (۲) عقاب کا آشیانہ۔
اَلمیہ (اَل۔مِی۔یہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) دردناک واقعہ۔ سانحہ ہائلہ (۲) ایسی نظم، نثر یا ڈراما جس کا انجام ہولناک ہو۔ ٹریجڈی (Tragedy)
(۳) [صف] المناک۔ درد انگیز۔
اَلَن۔ (اَل۔لَن) [ہ۔صف] بے وقوف عورت۔
النادر کالمعدوم۔ [ع] بہت کم دستیاب ہونے والی چیز نہ ہونے کے برابر ہے۔
النڈنا۔ (اُ۔لنڈ۔نا) [ہ۔مص] انڈیلنا۔ الٹانا۔
النگ۔ (اَ۔لنگ) [ہ۔ا۔مث] (۱) طرف۔ جانب۔ سمت۔ پہلو۔ جانب (۲) دیوار۔ فصیل (ق)
النگ جانا۔ دیوار پھاندنا۔ پھلانگ جانا۔
اُلو۔ (اُل۔لو) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چیل کی قسم کا ایک پرند جو ویرانوں اور کھنڈروں میں رہتا ہے (۲) بے وقوف۔ احمق۔
الو بنانا۔ (محاورہ) احمق بنانا۔
الو بننا۔ (محاورہ) احمق بننا (۲) نشہ میں مدہوش ہونا۔
الو بولنا۔ (محاورہ) ویرانہ ہونا۔ آبادی نہ رہنا۔ اجڑنا۔
الو پھنسنا۔ (محاورہ) کسی بے وقوف کا قابو میں آنا۔ فریب کھا جانا۔

اُلو کا پٹھا۔ (محاورہ) نہایت بے وقوف۔ نرا احمق۔
اُلو کا گوشت کھایا ہے۔ (محاورہ) بے وقوف ہو گئے ہو۔
اُلو کا گوشت کھلانا۔ (محاورہ) احمق بنانا۔
اُلو کرنا۔ (محاورہ) بے وقوف بنانا۔
اُلو کی خاصیت رکھنا۔ منحوس ہونا۔ بہت زیادہ تنہائی پسند ہونا۔
اُلو کی دُم فاختہ۔ نہایت بے وقوف۔
اُلو ماں کا خبطی بیٹا۔ [مثل] بے وقوف ماں کا احمق بچہ۔ احمق پن موروثی ہوتا ہے۔
اُلو ہونا (۱) بے وقوف ہونا۔ (۲) نشہ میں چور ہونا (۳) گنگ ہونا۔
اُلو ہے۔ (محاورہ) بے وقوف ہے۔
اَلواح۔ [اَل۔واح] (ع۔ا۔مذ) لوح کی جمع۔ پتھر کی تختیاں۔
الواط۔ (اَل۔واط) [ع۔ا۔مذ] لوطی کی جمع۔ اغلام باز۔ رند۔ تماش بین لوگ۔
الوان۔ (اَل۔وان) [ع۔ا۔مذ] لون کی جمع۔ بہت سے رنگ۔ قسمیں (۲) رنگین پشمینہ۔ اُونی چادر۔ گوشت۔
الوپ۔ (اَ۔لُوپ) [ہ۔صف] غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
الوپ انجن۔ افسانوی سرمہ جس کے لگانے سے آدمی خود تو سب کو دیکھے مگر اسے کوئی نہ دیکھ سکے۔
الوداع۔ (اَل۔وِداع) [ع۔ا۔مث] رخصت۔ بدا۔ سلام رخصت۔
اِلول کلول۔ (اِ۔لول۔کِ۔لول) [ہ۔ا۔مذ] کھیل کود
الومینیم (اَ۔لو۔مِی۔نِ۔یَم) [ا۔ا۔مث] سفید رنگ کی ایک ہلکی دھات سلور۔ (انگ) (Aluminium)
الونا۔ (اَ۔لو۔نا) [ہ۔صف] بے نمک۔ پھیکا۔ بے مزہ۔
الوند۔ (ایران) ایران کا ایک بہت بڑا پہاڑ۔
اُلوہیت۔ (اُ۔لو۔ہی۔یت) [ع۔ا۔مث] خدائی۔ خداوندی۔ شانِ خداوندی۔ ربانیت۔ معبودیت۔
اِلٰہ۔ (اِ۔لاہ) [ع۔ا۔مذ] اللہ۔ خدا۔ معبود۔
الٰہ العالمین۔ تمام جہانوں کا معبود۔ خدا۔
الٰہا۔ (ا۔لا۔ہا) [ع] اے خدا۔ یا اللہ۔
الہام (اِل۔ہام) [ع۔ا۔مذ] خدا کی طرف سے دل میں آئی ہوئی بات۔ القا۔ جمع: الہامات۔
الہامی۔ (اِل۔ہا۔می) [ع۔صف] الہام سے متعلق۔ وحی کا۔ تنزیل کا۔
اَلھڑ۔ (اَل۔ھڑ) [ہ۔صف] (۱) من موجی۔ بے پرواہ۔ نادان (۲) چھوٹی عمر کا۔ کمسن (۳) وہ بچھڑا جس کے دانت نہ نکلے ہوں۔
الھڑ (پن) پنا۔ کمسنی۔ نادانی۔ بھولاپن۔
اُلہنا۔ (اُ۔لہ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] الزام۔ جھڑا۔ تہمت۔ بہتان۔ شکایت۔
اِلٰہی (اِ۔لا۔ہی) [ع۔ا۔مذ] اے خدا۔ اے میرے اللہ۔ اے میرے خدا۔
الٰہی پناہ۔ یا اللہ خیر۔ یا اللہ بچانا۔
الٰہی توبہ۔ (محاورہ) اے اللہ! میں تیری طرف آتا ہوں۔ آئندہ کسی گناہ کے نہ کرنے کا اللہ سے وعدہ کرنا۔
الٰہی خرچ۔ بے ترتیب خرچ۔ شاہی خرچ۔ اصراف۔ فضول خرچی۔
الٰہی خیر۔ اے اللہ خیر کرنا۔ اللہ بہتر کرے۔



Marfat.com

الٰہی گز - اکبر بادشاہ کا چلایا ہوا گز جو ۳۳ اِنچ کا ہوتا تھا اور عمارت ناپنے میں اب تک کام آتا ہے۔
الٰہی مذہب - اکبر بادشاہ کا رائج کردہ دینِ الٰہی۔
الٰہی مُہر (مث) مُہرِ شاہی - وہ قرض جو لازمًا ادا کرنا پڑے - لازمی اور ضروری قرضہ۔
اِلٰہیات - (اِ - لا - ہی - یات) [ع - ا - مذ] علمِ الٰہی فلسفۂ حکمت - وہ علم جس میں خُدا کے وجُود اور ذات وصفات سے بحث کی جاتی ہے۔
اِلی الآن - (اِ - لَل - آن) [ع] ابھی تک - اس وقت تک۔
اِلیہِ [ع] اس تک - اس کی طرف۔
اَلیے (اَل - یے) [ق - ا - مذ] ایک راگ کا نام۔
الیاس - (اِل - یاس) [ع - ا - مذ] ایک پیغمبر کا نام جو لوگوں کے عقیدے میں قیامت تک زندہ رہیں گے اور حضرت خضرؑ کے برعکس خشکی پر بھولے بھٹکوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔
اُلیچنا - (اُ - لیچ - نا) [ہ - مص] پانی پھینکنا - ہاتھ یا برتن سے پانی اُچھال کر دوسری طرف ڈالنا۔
الیکٹرک (Electric) (اِ - لیک - ٹِ - رک) [انگ - ا - صف] بجلی کے متعلق - بجلی کا - برقی۔
الیکشن (Election) (اِ - لیک - شن) [انگ - ا - مذ] انتخاب - چُناؤ۔
اُلیل - (اُ - لیل) [ہ - ا - صف] (۱) بے دانت کا بچھڑا (۲) بے پروا - الھڑ - نوجوان - ناتجربہ کار - دُنیا کے کاروبار سے بے خبر۔
اَلیم (اَ - لیم) [ع - صف] دردناک - تکلیف دہ۔
اُلینڈنا - (اُ - لینڈ - نا) [ہ - مص] اُنڈیلنا۔
اَلیا - (اَ - لی - یا) [ہ - ا - مث] چھوٹا طاق۔

# ا - م

اَم - [ا - صوت] دُودھ پیتے بچے کی زبان میں پانی کا اشارہ۔
اِم - [ت - مث] اس - مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے جیسے امسال - امروز۔
اُم - [ع - ا - مث] ماں - والدہ - جمع: اُمّہات
اُمّ الامراض - بیماریوں کی ماں - کھانسی - زکام یا قبض
اُمّ الخبائث - بُرائیوں کی ماں - شراب۔
اُمّ الصبیان - بچوں کو مسان کی بیماری - بچّوں کی مرگی - ڈبہ اطفال۔
اُمّ العلوم - علمِ صرف۔
اُمّ القریٰ - شہروں کی ماں - مکہ معظمہ
اُمّ الکتاب - (۱) کتابوں کی ماں - قرآن شریف (۲) سورۃ فاتحہ یعنی الحمد۔
اُمّ الوَلد - وہ کنیز جس کی اپنے آقا سے اولاد پیدا ہوئی ہو۔
اُمّ غیلان - ببول - کیکر۔
اَمّا - (اَم - ما) [ع] لیکن - پر - مگر - تاہم - پھر بھی۔
اَمّا بعد - اس کے بعد - بعد ازاں۔

اِمارت - (اِ - ما - رت) [ع - ا - مث] دولت مندی - سرداری - حکومت۔ جمع: امارات۔
اَمّارہ - (اَم - ما - رہ) [ع - صف] (۱) کثرت سے حکم دینے والا (۲) بدی کی طرف رغبت دلانے والا - بُری بات کا حکم دینے والا (۳) سرکش - ظالم - انسانی نفس کی ایک قسم
اَماس - (اَم - اس) [ق - ا - مث] اندھیری رات - چاند کی ۲۸ تاریخ کی رات جو مکمل طور پر اندھیری ہوتی ہے - اماوس۔
اَماکن - (اَ - ما - کن) [ع - ا - مذ] مکان کی جمع الجمع - جگہیں - مقامات۔
اماکن (شریفہ) متبرکہ - زیارت گاہیں - مقدس مقامات۔
اِمالہ - (اِ - ما - لہ) [ع - ا - مذ] (۱) مائل کرنا (۲) علمِ صرف کی اصطلاح میں الف یا ہائے ہوز کو ے سے بدلنا جیسے لڑکا سے لڑکے - بندہ سے بندے۔
اِمام - (اِ - مام) [ع - ا - مذ] (۱) پیشوا - ہادی (۲) نماز پڑھانے والا (۳) تسبیح کے دانوں کے اوپر کا لمبا دانہ - جمع: اَئمّہ۔
امام اعظم - دیکھیے ابوحنیفہ۔
امام باڑہ - وہ عمارت جس میں شہدائے کربلا کی یاد میں مجلسیں اور تعزیہ داری ہوتی ہے
امام ضامن کا روپیہ - وہ روپیہ یا سکہ جو مسافر کے بازو پر حفاظت سے پہنچنے کے خیال سے امام ضامن کے نام پر باندھا جاتا ہے۔
امام ناطق - حضرت امام جعفر صادق کا لقب۔
امامت (اِ - ما - مت) [ع - ا - مث] (۱) رہنمائی - رہبری (۲) جماعت کو نماز پڑھانے کا کام یا پیشہ۔
امامیہ - (اِ - ما - م - یہ) [ع - صف] اہلِ تشیع جو صرف بارہ اماموں کو مانتے ہیں۔
اَمان - (اَ - مان) [ع - ا - مذ] (۱) پناہ - حفاظت (۲) آرام - آسائش - عافیت۔
امان پانا - پناہ ملنا - حفاظت حاصل ہونا - امن نصیب ہونا۔
امان دینا - پناہ دینا۔
امان مانگنا - پناہ کی درخواست کرنا۔
اَماں - (اِ - کلمۂ خطاب) اے - ارے - اے جی۔
اَمّاں - (اَم - ماں) [ہ - ا - مث] ماں - والدہ۔
اماں باوا - ماں باپ - والدین۔
امانا - (اَ - ما - نا) [ہ - مص] بھرنا - سمانا - اٹ جانا۔
امانت - (اَ - ما - نت) [ع - ا - مث] سپرد کی ہوئی چیز - تحویل (۲) دیانت کا کام (۳) امین کا عہدہ (۴) وہ چیز جس میں تصرف نہ کیا گیا ہو - جمع: امانات
امانت خانہ - وہ مکان یا جگہ جہاں امانتیں رکھی جائیں۔
امانت خانی زردہ - (ا - صف) ایک قسم کا کھانے کا تمباکو۔
امانت دار - امین - معتمد - رازدار (۲) امانت رکھنے والا - تحویل دار (۳) ایماندار۔
امانت رکھنا - حفاظت کے لیے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا۔
امانت گزار - وہ شخص جو کوئی چیز امانت میں رکھے۔
امانت میں خیانت - کسی کی رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا۔
امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی - (مقولہ) الزام اور ملامت کے طور پر کہا جاتا ہے - کہا جاتا ہے کہ اگر کسی لاش کو بطور امانت



Marfat.com

زمین میں دفن کر دیا جائے تو وہ خراب نہیں ہوتی - امانت میں خیانت نہ کرنی چاہیئے -
امانت نامہ - امانت رکھنے کی دستاویز -
**اَمانت** (اَ-ما-نت) [ف-ا-مث] (۱) ہو بہو - (۲) مستعار -
**امانت** (ف-ا-مث) منت - عاجزی -
**امانی** - (اَ-ما-نی) [اُر-ا-مث] وہ کام جو اپنے طور پر کرایا جائے ٹھیکہ کی ضد
امانی آبادی اجارہ اُجاڑا [مثل] امانی میں کام اچھا ہوتا ہے اور ٹھیکہ میں خراب ہو جاتا ہے -
**اَماوس** - (اَ-ما-وَس) [س-ا-مث] پاکھ کی پندرھویں تاریخ - قمری مہینے کا آخری دن -
**امبر** - (اَم-بر) [ہ-ا-مذ] (۱) چادر (۲) آسمان (۳) بادل (۴) راجہ کی پوشاک -
**امبولنس** Ambulance [انگ-مث] مریضوں کو لے جانے والی گاڑی -
**اَمپائر** - (Umpire) (اَم-پا-ار) [انگ-ا-مذ] مقابلے کی کھیلوں کا فیصلہ کرنے والا -
**اِمپائر** (Empire) (اِم-پا-ار) [انگ-ا-مث] سلطنت - بادشاہت -
**اِمپراطور** - (اِم-پِ-را-طور) [ف-ا-مذ] انگریزی اِمپِرر سے فارسی بنایا ہوا - شہنشاہ -
**امپراطریس** - (اِم-پ-را-طِ-ریس) [ف-ا-مث] انگریزی امپریس کا فارسی بنایا ہوا - شہنشاہ بیگم - ملکہ - مہارانی -
**امپرر** (Emperor) (اِم-پَ-رَر) [انگ-ا-مذ] شہنشاہ -
**اِمپورٹ** - (Import) (اِم-پورٹ) [انگ-ا-مذ] تجارتی مال جو دساور سے آئے - در آمد کیا ہوا مال -
**امپیریل** - (Imperial) (اِم-پِی-ری-یَل) [انگ-صف] شاہی بادشاہی -
**اُمّت** - (اُم-مَت) [ع-ا-مث] (۱) گروہ - جماعت (۲) پیرو - تابع
جمع : اُمَم -
اُمّتِ مرحومہ - وہ اُمت جس پر اللہ کی رحمت ہو - مسلمان -
**اِمتثال** - (اِم-تِ-ثال) [ع-ا-مذ] حکم ماننا - تعمیل حکم -
امتثالِ امر - حکم کی تعمیل -
**امتحان** - (اِم-تِ-حان) [ع-ا-مذ] آزمائش - جانچ - پڑتال - جمع : امتحانات -
امتحان پاس کرنا - کامیاب ہونا - آزمائش میں پورا اُترنا -
امتحان میں پورا اُترنا - (محاورہ) آزمائش میں کامیاب ہو جانا -
**امتداد** - (اِم-تِ-داد) [ع-ا-مذ] طوالت - درازی - لمبائی - مدت -
**امتزاج** - (اِم-تِ-زاج) [ع-ا-مذ] ملاوٹ - آمیزش - ہم آہنگی -
امتزاجِ کیمیائی - کئی چیزوں کو ملا کر ایک نئی شے تیار کرنا -
**امتعہ** - (اَم-تِ-عہ) [ع-ا-مث] متاع کی جمع - دولت - پونجی -
**امتلا** - (اِم-تِ-لا) [ع-ا-مذ] (۱) پُر ہونا - معدے کا غذا سے پُر ہونا - جی متلانا (۲) بدہضمی -

**اِمتناع** - (اِم-تِ-ناع) [ع-ا-مذ] (۱) روک - ممانعت - مناہی (۲) منع کرنا - روکنا -
**اِمتناعی** - [ع-صف] روکنے والا -
**اِمتنان** - (اِم-تِ-نان) [ع-ا-مذ] احسان کرنا -
**اُمّتی** (اُم-مَ-تی) [ع-صف] اُمت کے لوگ - فرقے کے آدمی - جمع : اُمّتیان
**اِمتیاز** - (اِم-تِ-یاز) [ع-ا-مذ] (۱) فرق - تمیز - ترجیح (۲) تفریق (۳) سمجھ شعور - جمع : امتیازات -
امتیاز کرنا - فرق کرنا - تمیز کرنا -
امتیاز نامہ - لائسنس -
**امتیازی حقوق** [ع-ف-ا-مذ] وہ رعایتیں جو کسی گروہ یا شخص کو اس کے عہدہ اور منصب کی وجہ سے حاصل ہوں اور اُسے دوسروں سے ممتاز بنا دیں -
**اَمِٹ** - (اَ-مِٹ) [ہ-صف] نہ مٹنے والا - غیر فانی - لازوال -
**اَمثال** - (اَم-ثال) [ع-ا-مث] مِثل اور مَثَل کی جمع (۱) کہاوتیں (۲) ہم صورت ہم شکل -
**اَمثلہ** - (اَم-ثِ-لہ) [ع-ا-مث] مثال کی جمع - مثالیں -
**اَم جانا** - (اَم-جا-نا) [م-مص] شل ہو جانا - اعضا کا بھاری ہو جانا -
**اَمجد** - (اَم-جد) [ع-صف] نہایت بزرگ - جمع : اَماجد -
**اَمچور** - (اَم-چور) [ہ-ا-مذ] (۱) سکھائے ہوئے کچے آم کی پھانکیں - آم کی کھٹائی (۲) سوکھا جھرّیاں پڑا ہوا آدمی -
**امداد** - (اِم-داد) [ع-ا-مث] مدد - حمایت - اعانت - سہارا - سلوک -
امداد باہمی - باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا - ایک سرکاری محکمہ -
**امدادی** - (اِم-دا-دی) [ع-صف] مدد کیا ہوا - سہارا دیا ہوا - وسیلے والا -
**اَمْر** [ع-ا-مذ] (۱) حکم - فرمان (۲) بات - فعل - کام (۳) معاملہ - باب -
جمع : اُمور - اَوامر -
امر بالمعروف نہی عن المنکر - نیک کاموں کا حکم اور بُرائی سے روکنا -
امرِ منقح طلب - وہ امر جس میں کسی چیز کی تفصیل یا تشریح مطلوب ہو -
امرِ غیر منقولہ - وہ بات جو مقدمے کی بحث سے خارج ہو -
**اَمَر** (اَ-مَر) [ہ-صف] (۱) نہ مرنے والا - ہمیشہ رہنے والا - لازوال (۲) اپسرا کا ایک نام -
امرلوک - ہمیشگی کی دنیا - جنت - بہشت - سورگ - عالم بقا -
امر ہونا - غیر فانی ہونا - ہمیشہ زندہ رہنا - ابد الآباد تک رہنا -
**اُمرا** - (اُم-را) [ع-ا-مذ] امیر کی جمع (۱) دولت مند لوگ - رئیس - مالدار - معزز -
**امراض** - (اَم-راض) [ع-ا-مذ] مرض کی جمع - بیماریاں -
**اَمرائی** - (اَم-را-ای) [ہ-ا-مذ] آم کا باغ - آم کی باڑی
**اَمربیل** - (اَمر-بیل) [ہ-ا-مث] ایک بیل جس کی جڑ نہیں ہوتی - آکاس بیل -
**امرت** - (اَم-رت) [س-ا-مذ] (۱) اکسیر - آبِ حیات (۲) شربت - شہد (۳) بہت لذیذ اور شیریں چیز -
امرت دھارا - آبِ حیات - ایک مشہور دوا کا نام -
امرت سار - (۱) مکھن - (۲) گھی -
**امرتی** (اَم-رِ-تی) [ہ-ا-مث] ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبی سے مشابہ ہوتی ہے -



Marfat.com

اَمرد - (اَم - رد) [ع صف] نوجوان لڑکا جس کے خط نہ نکلا ہو - نوخیز - کمسن -

امرد پرست - [ف صف] لڑکوں سے عشق کرنے والا -

اَمرس - (اَم - رَس) [ہ - ا - مذ] آم کے رس کی سوکھی ہوئی موٹی تہ - اَماوٹ -

امرود - (اَم - رُود) [ف - ا - مذ] جام پھل - مشرق کا ایک پھل جو میٹھا ہوتا ہے -

امروز - (ام - رُوز) [ف] آج - آج کا دن -

امروز فردا - (۱) آج کل (۲) ٹال مٹول (۳) صبح شام - جلد - عنقریب - تھوڑے دن -

اَمریان - (اَم - رِی - یان) [ہ - ا - مث] آم کا باغ -

امریکن (American) (اَم - رِی - کن) [ انگ - صف] امریکہ کا رہنے والا - امریکہ سے نسبت رکھنے والا -

امریکی - (ام - رِی - کی) [اُر صف] امریکہ سے نسبت رکھنے والی شے

اُمڑنا - (اُم - ڑ - نا) [ہ - مص] (۱) پانی یا کسی اور چیز کا کثرت کی وجہ سے بڑھنا (۲) اُٹھ کر پھیلنا چھانا - گھیرنا -

اَمزجہ - (ام - زِ - جہ) [ع - ا - مذ] مزاج کی جمع -

اُمس - (اُمس) [ہ - ا - مث] گھمس - حبس - گھٹی ہوئی گرمی -

اِمساک - (اِم - ساک) [ع - ا - مذ] (۱) کنجوسی (۲) رکاوٹ - قبض - روک - دیر کی کھینچ (۴) دیر سے انزال ہونا (۵) خشک سالی -

امساکِ باراں - بارش نہ ہونا - خشک سالی -

امسال - (اِم - سال) [ف] اس سال - اب کے برس -

امشب (اِم - شب) [ف] آج کی رات - اس رات -

اَمصار - (ام - صار) [ع - ا - مذ] مصر کی جمع - بہت سے شہر

امضا - (اِم - ضا) [ع - ا - مذ] (۱) سرکاری مہر - دستخط - نشان (۲) حکم جاری کرنا

اَمطار - (ع - مذ) مطر کی جمع - بادل

اِمطار - (ع - مذ) بارش - مینہ برسنا -

اَمعاء (ام - عا) [ع - ا - مث] انتڑیاں -

اِمعان (ام - عان) [ع - ا - مذ] گہری نظر - غور و فکر - خوب سوچنا - تیز فہمی -

امکا ڈھمکا (ام - کا - ڈھم - کا) [ہ] یہ وہ - ایسا ویسا - ایرا غیرا -

امک ڈھمک (اِمک - ڈھمک) [ہ - ا - مث] خراب اور نکمی چیزیں -

امکان - (اِم - کان) [ع - ا - مذ] (۱) ہو سکنا - ممکن ہونا (۲) مجال - طاقت - مقدور - مقدرت (۳) قابو - اختیار - جمع :- امکانات -

امکان بھر - طاقت بھر - مقدور بھر -

امکان سے خارج ہونا - (محاورہ) محال ہونا - ناممکن ہونا -

اَمکنہ - (اَم - کِ - نہ) [ع - ا - مذ] مکان کی جمع - مکانات -

اُمگا - (اُم - گا) [ ہ - صف] اُبھرا - اُبھرا ہوا -

اَمل (ا - مل) [ہ - ا - مذ] نشہ (سوائے شراب)

امل پانی کرنا - نشہ پانی کرنا - نشہ پینا - بھنگ پینا -

اَمل - (اَ - مل) [ع - ا - مذ] اُمید - آرزو - خواہش - جمع : آمال -

املا - (اِم - لا) [ع - ا - مث] (۱) رسم الخط (۲) یاد سے لکھنا (۳) لکھوانا

اَملاک (اَم - لاک) [ع - ا - مث] مِلک کی جمع - جائداد -

اَمل بید - (اَ - مل - بید) [ہ - ا - مذ] لیموں کی ایک نہایت ترش قسم

امل بتی - (اَ - مل - بت - تی) [ہ - ا - مث] وہ ترین جو املی کی پتی کے برابر چوڑی تراشی جاتی ہے (۲) نشہ لانے والی بتی (بھنگ)

اَملتاس - (اَمل - تاس) [ہ - ا - مذ] ایک لمبی پھلی جس کا مغز مسہل کے لیے دیا جاتا ہے - خیار شنبر -

اَملنا - (اَ - مل - نا) [ہ - مص] (۱) کند ہونا - ترش ہونا (۲) پیٹ کے پٹھوں کا کھنچنا - اعصاب میں تشنج ہونا -

اِملی - (اِم - لی) [ہ - ا - مث] ایک ترش پھلی - اس کے درخت کو بھی املی کہتے ہیں - تمر ہندی -

اُمم - (اُمَم) [ع - ا - مذ] اُمت کی جمع - اُمتیں -

اَمن - [ع - ا - مذ] چین - اطمینان - سکون و آرام (۲) صلح - آشتی - پناہ

امن چین - امن و امان - آرام و اطمینان - سکون اور خیریت - حفاظت - بچاؤ - آرام -

اُمنڈ اُمنڈ کر آنا - (اُ - منڈ - اُ - منڈ - کر - آنا) [ہ مص] ہجوم کرکے آنا - گھر گھر کر آنا -

اُمنڈنا - (اُ - منڈ - نا) [ہ مص] (۱) جوش میں آنا - بھر آنا (۲) گھر آنا - ہجوم کرنا - جمع ہونا (۳) چڑھنا - طغیانی پر آنا -

اُمنگ - (اُ - منگ) [ہ - ا - مث] جوش - ولولہ - شوق - ترنگ -

اُمنگ پر - امنگوں پر - ترنگ میں بھرا ہوا - مستی میں -

اُمنگ کے دن - شوق اور ولولے کا زمانہ -

اَمنیت (اَم - نی - یت) [ع - ا - مث] امن و امان - امن چین -

اَموا - (اَم - وا) [ہ - ا - مذ] آم -

اَموا - (اَ - مو - وا) [ہ - صف] آم کی رنگت سے مشابہ رنگ - ماشی - پیلا سنہرا کشمشی -

اموات - (اَم - وات) [ع - ا - مث] موت اور میت کی جمع (۱) وفات - مرنا (۲) مرے ہوئے -

امواج - (اَم - واج) [ع - ا - مث] موج کی جمع - لہریں -

اموال - (ام - وال) [ع - ا - مذ] مال کی جمع - مال و دولت - روپیہ پیسہ دھن دولت -

اُمور - (اُ - مُور) [ع - ا - مذ] امر کی جمع - بہت سے کام -

امورِ ملکی - وہ کام یا باتیں جو ملک سے متعلق ہوں -

اَمول - (اَ - مول) [ہ - صف] بے بہا - نہایت قیمتی -

امولا (اَ - مو - لا) [ہ - ا - مذ] آم کا نیا پودا -

اُمومت - اُمومیت - [ع مث] ماں ہونا - ماں پن -

امونیا (Ammonia) [ انگ - مذ] ایک بے رنگ گیس جو پانی میں حل ہو جاتی ہے -

امونیشن (Ammunition) [انگ - مذ] سامان جنگ - گولہ بارود -

اُموی - (اُم - وی) [ع - صف] بنی اُمیہ کی طرف منسوب -

اُمہات - (اُم - مَ - ہات) [ع - ا - مث] اُم کی جمع - مائیں -

اُمہاتِ سفلی - زمین کے چاروں عناصر - ہوا - پانی - مٹی - آگ -

اُمہاتِ علوی - علوم - نفوس - ارواح -

اَمی - (اَم - می) [ اُ - ا - مث] ماں - والدہ -

اُمی (اُم - می) [ع - صف] بلا پڑھا لکھا - ان پڑھ -

اَمیبا - (Amoeba) (اَ - مے - با) [ انگ - ا - مذ] بدلو - ایک قسم کا



Marfat.com

خلوی کیڑا جو صرف خوردبین سے دکھائی دیتا ہے ۔ سائنس دانوں کے بقول زندگی کی ابتدا اسی جانور سے ہوئی ۔
**اُمیٹھنا** (اُ-میٹھ-نا) [ہ-مص] مروڑنا - بل دینا - اینٹھنا ۔
**اِمی ٹیشن** - (اِ-می-ٹے-شَن) (Imitation) [ انگ - ا-مذ ] مصنوعی جاہ ملمع ۔
**اُمی جمی** - (اُ-می-جَ-می) [ہ-ا-مث] اطمینان کی حالت - بے فکری کا زمانہ - خیریت - امن امان ۔
**اُمید** - (اُم-مید) [ف-ا-مث] (۱) آرزو - توقع - آس (۲) حمل ۔
**اُمید اُٹھ جانا** - (محاورہ) توقع نہ رہنا ۔
**اُمید بر آنا** - (محاورہ) آرزو پوری ہونا ۔
**اُمید بر لانا** - (محاورہ) آرزو پوری کرنا - مقصد حاصل ہونا ۔
**اُمید بندھانا** - (محاورہ) ڈھارس دینا - توقع دلانا - تسلی دینا ۔
**اُمید بندھنا** - (محاورہ) توقع ہونا - آس ہونا - آسرا ہونا ۔
**اُمید پڑنا** - (محاورہ) آسرا بندھنا ۔
**اُمید (توڑ دینا) توڑنا** - (محاورہ) مایوس کر دینا - نراس کرنا - توقع نہ رہنا ۔
**اُمید (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا** - (محاورہ) آس چھوٹ جانا - نا اُمید ہو جانا - مایوس ہو جانا ۔
**اُمید دلانا** - (محاورہ) سہارا دینا ۔
**اُمید رکھنا** (محاورہ) توقع رکھنا - آس رکھنا ۔
**اُمید سے ہونا** - (محاورہ) عورت کا حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا ۔
**اُمید قطع کرنا** - (محاورہ) آسرا چھوڑ دینا - توقع توڑ دینا ۔
**اُمید کرنا** - (محاورہ) آرزو کرنا - توقع رکھنا ۔
**اُمید گاہ** - اُمید کی جگہ - جس پر اُمید کا دارومدار ہو ۔
**اُمید لگائے رکھنا** - (محاورہ) کسی پر بھروسہ کرنا ۔
**اُمید لگی ہے** - سہارا باقی ہے - آسرا لگا ہے ۔
**اُمیدوار** - (۱) آرزومند - خواہش رکھنے والا (۲) آئندہ کے بھروسے پر کام کرنے والا ۔ جمع : اُمیدواران ۔
**اُمید و بیم** - مشتبہ حالت - اُمید اور ڈر - دُبدا ۔
**اُمیدوارانہ** - آرزومندانہ - اُمیدوار کے طور پر ۔
**اُمیدوار کرنا** - (محاورہ) کسی بات کا وعدہ کرنا ۔
**اُمیدواری** - (۱) آرزومندی (۲) آئندہ ملازمت کا انتظار - آئندہ ملازمت کی اُمید میں کام کرنا ۔
**امیر** - (اَ-میر) [ع-صف] (۱) امر کرنے والا - حکم دینے والا - سردار - حاکم (۲) مالدار - دولت مند (۳) اُردو کے مشہور شاعر منشی امیر احمد مینائی کا تخلص ۔ جمع : اُمرا
**امیر الامرا** - (۱) امیروں کا امیر - بہت بڑا رئیس - نہایت دولت مند (۲) مُغل حکومت میں ایک معزز خطاب ۔
**امیر البحر** - بحری فوجی بیڑے کا افسر اعلیٰ ۔
**امیر المومنین** - مسلمانوں کا سردار - خلیفۂ وقت - اسلام کا حاکم اعلیٰ ۔
**امیرزادہ** - امیر کا لڑکا - امیر آدمی کی اولاد - رئیس زادہ ۔
**امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری** - (مثل) امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا پسند نہیں ۔
**امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنائے** - [مثل] غریب کو امیر کے پڑوس میں دُکھ ہی ملتا ہے - مالدار ہمسایہ سے ہر طرح دُکھ پہنچتا ہے ۔
**امیر لشکر** - فوج کا سردار ۔
**امیرانہ** - (اَ-می-را-نہ) [ع-ف-صف] امیر کی مانند - امیر کی مثل ۔
**امیری** (اَ-مِی-ری) [ع-امث] (۱) سرداری (۲) مالداری - دولت مندی ۔
**امیری اور فقیری کی بُو چالیس برس تک نہیں جاتی** [مثل] دولت مندی اور غریبی کا اثر بڑی مدت میں جاتا ہے ۔
**امیری کارخانہ ہے** - رئیسانہ ٹھاٹ ہے ۔
**امین** - (اَ-مِین) [ع-صف] (۱) امانت دار - امانت رکھنے والا (۲) معتمد ایمان دار (۳) ایک عہدے کا نام ۔

## ا - ن

**اَن** - (س-ا-مذ) (۱) بِنا - بغیر (۲) اور - دُوسرا (۳) اناج - غلہ - غذا ۔
**اَن بدھا** - بے سُوراخ - جس میں چھید نہ ہو ۔
**اَن بَن** - ناموافقت - بگاڑ - رنجیدگی - رنجش - ناچاقی ۔
**اَن بوجھ** - [ہ-صف] بے وقوف - بے عقل - نہ سمجھنے والا ۔
**اَن بولا** - رنجش کی وجہ سے آپس میں بات نہ کرنا - کھُٹ ۔
**اَن پانی** - اَن جل - دانہ پانی - کھانا پینا ۔
**اَن پڑھ** - ناخواندہ - اُمی ۔
**اَن جان** - اجنبی - بیگانہ - ناواقف ۔
**انجان بننا** - (محاورہ) جانتے بُوجھتے انجان بننا - جانتے ہوئے یہ ظاہر کرنا کہ مجھے علم نہیں ۔
**اَن جل (تیاگنا) چھوڑنا** - کھانا پینا چھوڑنا ۔
**اَن جوکھا** - بِنا جوکھا ہوا - بنا تولا ہوا ۔
**اَن چیت** - [ہ-صف] اچانک - یکایک - خلاف توقع ۔
**اَن داتا** - روٹی دینے والا - آقا - مالک ۔
**اَن دیکھا** - (۱) بن دیکھا - نادیدہ (۲) مخفی - غائب ۔
**اَن سمجھ** - ناسمجھ - بے وقوف ۔
**اَن سُنی** - (۱) نہ سُنی ہوئی (۲) عجیب ۔
**اَن سُنی کرنا** - جان بُوجھ کر سُنی ہوئی بات کو بے سُنی کرنا یا ٹالنا ۔
**اَن کا کیڑا** - غلہ کھانے والا - انسان ۔
**اَن کہی** - جو بات کہنے کے قابل نہ ہو - بُرا بھلا ۔
**اَن گنا** - (۱) بغیر شمار کیا ہوا (۲) شمار سے باہر - حمل کا آٹھواں مہینہ ۔
**اَن گنا برس** - عمر کا آٹھواں سال جس میں عورتیں اولاد کے لیے خطرہ محسوس کرتی ہیں ۔
**اَن گنا مہینہ** - حمل کا آٹھواں مہینہ ۔
**اَن گنت** - [ہ-صف] جو شمار میں نہ آسکے - بے شمار - لاتعداد ۔
**اَن گھڑ** - (۱) بن گھڑا - بے ڈول - ناموزون - ناتراشیدہ - بے ڈھنگا ۔



Marfat.com

(۳) ناشائستہ۔ آدمیت سے خارج۔ جاہل۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ خام۔ بے تُکا۔

**اَن گھڑت بات۔** بے تُکی۔ بے ڈھنگی۔ بے میل اور اول جلول بات۔

**اَن مل** (۱) بے جوڑ۔ بے میل۔ بے تُکا۔ بے سرپیر کا (۲) الگ۔ بیگانہ خو۔ غیر جنس۔

**اَن ملا۔** بے گانہ خو۔ جو مل جل کے نہ رہے۔ جو ملنسار نہ ہو۔

**اَن ملی۔** بے جوڑ۔ بے ربط کلام۔

**اَن منا۔** اُداس۔ سُست۔ بے دل۔ بے زار۔

**اَن منا پن۔** اُداسی۔ بے دلی۔

**اَن منا ہونا۔** بیمار ہونا۔ اُداس ہونا۔ بے دلی۔

**اَن مول۔** بے بہا۔ نہایت بیش قیمت۔

**اَن میل۔** بے جوڑ۔ ناموزوں۔

**اَن نیائی۔** بے انصافی۔ بے دردی۔ بے رحمی۔ بے ایمانی۔

**اَن ہوت۔** نہایت غریبی۔

**اَن ہونا۔** (۱) نردھن۔ غریب (۲) اَن ہونا۔ اچنبھے کا۔

**اَن ہونی۔** نہ ہونے والی۔ غیر ممکن۔ ناشُدنی۔

**اَن ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہون ہار** [مثل] نہ ہونے والی بات نہیں ہو سکتی اور ہونے والی ہو کر رہتی ہے۔

**اِن۔** [ہ۔ ض] اس کی جمع۔ جمع اور تعظیم کے لیے بولتے ہیں۔ اشارہ قریب۔

اِن آنکھوں سے کیا کیا نہیں دیکھا۔ (فقرہ) بہت کچھ دیکھ چکے ہیں۔ بہت تجربہ ہو چکا ہے۔ بہت مصیبتیں جھیل چکے ہیں۔

اِن باتوں میں کیا رکھا ہے۔ (محاورہ) یہ باتیں بے فائدہ ہیں۔ یہ چیزیں فضول اور بے نتیجہ ہیں۔

اِن بے چاروں نے ہینگ کہاں پائی۔ یہ اس قابل کہاں۔ ان کو اتنی عقل کہاں۔

اِن تلوں میں تیل نہیں۔ [مثل] بہت بے مروت اور بے فیض ہیں۔ بہت خسیس ہیں۔ یہاں کام نہیں بنے گا۔

اِن دنوں۔ آج کل۔ فی زمانہ۔ فی الحال۔

اِن مولوں کیا مہنگا ہے۔ اس طرح حاصل ہو تو کچھ مہنگا نہیں۔

اِن نینوں کا یہی بیکھ۔ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ۔ [مثل] دُنیا کبھی ایک حال پر نہیں رہتی۔ آنکھوں کا کام ہے کہ بُرا بھلا جو سامنے آئے اُسے دیکھیں انسان کو دُکھ سُکھ سب برداشت کرنا چاہیے۔

**اُن۔** [ہ۔ ض] اُس کی جمع۔ اشارہ ضمیر کا اشارہ بعید۔ ضمیر جمع غائب۔

اُن کی سی کہنا۔ (محاورہ) اُن کی طرف داری کرنا۔

**اَنّا۔** (اَن۔ نا) [ت۔ ا۔ مث] دایہ۔ دُودھ پلانے والی عورت۔

اَنّا ددا والے۔ عہدِ شاہی میں محلات کی دائیوں کھلائیوں کی سفارش سے جو لوگ فوج میں بھرتی ہو جاتے تھے۔ ان کی وقعت نہ ہوتی تھی اور تحقیر سے اَنّا ددا والے کہلاتے تھے۔ غیر شریف۔ ایسے ویسے۔

**اَنا۔** (اَ۔ نا) [ع۔ ض] میں۔ ضمیر متکلم واحد۔

اَنَا البحر۔ میں سمندر ہوں۔

اَنَا البرق۔ میں بجلی ہوں۔

اَنَا الحق۔ میں خدا ہوں۔ حضرت منصور محویت کی حالت میں یہ کلمہ کہا اُٹھے تھے اور علماء کے فتوے سے سُولی پر چڑھائے گئے۔

**اَنا۔** (اَ۔ نا) [ع۔ ا۔ مث] شعور۔ بیدار۔ خودی۔ خودداری۔

**اِنابت** (اِ۔ نا۔ بَت) [ع۔ ا۔ مث] خدا کی طرف رجوع کرنا۔ توبہ۔ عاجزی۔

**اَنابیب۔** (اَ۔ نا۔ بِیب) [ع۔ ا۔ مث] نبوب کی جمع۔ نرکل کی پوریں۔ نالیاں۔

انابیب شعری۔ بال جیسی باریک نالیاں یا پوریں۔ (۲) وہ خاصیت جن کے ذریعے مائعات اُوپر کی طرف چڑھتے ہیں جیسے تیل بتی میں۔

**اَناپ شناپ۔** (اَ۔ ناپ۔ شَ۔ ناپ) [ہ۔ صف] (۱) اوٹ پٹانگ (۲) انٹ سنٹ۔ آئیں بائیں۔ بکواس۔ اندھا دُھند۔

**اَناتھ۔** (اَ۔ ناتھ) [س۔ صف] (۱) بغیر مالک کا (۲) جس کا کوئی پالنے والا نہ ہو۔ بے سہارا۔

**اناتھ آشرم** [س۔ مذ] یتیم خانہ۔ لاوارث بچوں کی پرورش گاہ (۲) وہ جگہ جہاں دُکھی اور بے سہارا لوگوں کی پرورش ہوتی ہے۔

**اَناٹمی** (Anatomy) (اَ۔ نا۔ ٹ۔ می) [انگ۔ ا۔ مث] علم تشریح الابدان انسانی جسم کی بناوٹ معلوم کرنے کا علم۔

**اِناث۔** (اِ۔ ناث) [ع۔ ا۔ مث] اُنثیٰ کی جمع۔ عورتیں۔

**اَناج۔** (اَ۔ ناج) [ہ۔ ا۔ مذ] غلہ۔ جنس۔

اناج کا دُشمن۔ زیادہ کھانے والا۔ وُہ شخص جو کھائے تو زیادہ مگر کام کچھ نہ کرے۔

اناج کال نہیں ہے پر راج کال ہے [مثل] یہ مہنگائی حکومت کے باعث ہے۔

**اَناجیل۔** (اَ۔ نا۔ جیل) [ع۔ ا۔ مث] انجیل کی جمع۔

اناجیل اربعہ۔ متی۔ مرقس۔ لوقا اور یوحنا کی چار انجیلیں۔

**اناچیت۔ اناچیتی۔** (اَنا۔ چیت۔ ا۔ نا۔ چے۔ تی) [ق] بے خبری میں۔ بے خیالی میں۔ اچانک۔ بیٹھے میں۔

**اناد۔ انادی۔** (اَ۔ ناد۔ اَ۔ نا۔ دی) [س۔ صف] جس کی ابتدا نہ ہو۔ مُراد خدا تعالیٰ۔

**انار۔** (اَ۔ نار) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک پھل کا نام (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

**انارا۔** (اَ۔ نا۔ را) [ا۔ مذ] سُرخ آنکھوں والا کبوتر۔

**اناردانہ** (۱) سُرخ اناروں کے سکھائے ہُوئے دانے (۲) ایک قسم کے چارخانے کپڑے کا نام۔

اناردانہ بنا ہوا ہے۔ خوب سُرخ ہو رہا ہے۔

**اَنارکسٹ** (Anarchist) (اَ۔ نار۔ کسٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] انتہا پسند حکومت کے نظم و ضبط کا مخالف شخص۔ سلطنت کا دُشمن۔ بے نظمی کا حامی۔

**اَنارکی** (Anarchy) (اَ۔ نار۔ کی) [انگ۔ ا۔ مث] ضبط اور نظام کا فقدان۔ بے نظمی۔ حکومت کا نہ ہونا۔ قانون کا تعطل۔

**اناری۔** (اَ۔ نا۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) انار کے رنگ کا۔ لال (۲) کبوتر جس کی آنکھیں سُرخ ہوں (۳) ایک قسم کا سموسہ۔

**اناڑی۔** (اَ۔ نا۔ ڑی) [ہ۔ صف] نا سمجھ۔ انجان۔ ناتجربہ کار۔ بے سلیقہ۔

اناڑی پن۔ حماقت۔ ناتجربہ کاری۔

اناڑی کا سونا بارہ باٹ [مثل] ناتجربہ کار کسی کام سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ بے وقوف کی قیمتی چیزیں کوڑیوں کے مول جاتی ہیں۔

**اُناس۔** (اُ۔ ناس) [ع۔ اُ۔ مذ] ناس کی جمع۔ بہت سے لوگ۔ آدمی۔



Marfat.com

اَناسی۔ (اَ۔نا۔سی) [ہ۔صف] ستر اور نو۔ اٹھتر کے بعد کا عدد۔
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ [ع] تحقیق ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ یہ آیت مصیبت یا کسی کے مرنے کی خبر سُن کر پڑھتے ہیں۔ مُراد سب کو اُدھر ہی جانا ہے۔ سب کو مرنا ہے۔
اَنام (اَ۔نام) [ع۔ا۔مذ] خلقت۔ پیدا کی ہُوئی چیزیں۔ مخلوق۔ دُنیا۔ موجودات۔
اَنامِل۔ (اَ۔نا۔مِل) [ع۔ا۔مذ۔مث] انملہ کی جمع۔ اُنگلیاں۔ اُنگلیوں کے سرے۔
اَنانیّت۔ (اَ۔نا۔نی۔یت) [ع۔ا۔مث] خودی۔ پندار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ خود بینی۔ خود ستائی۔ غیر ذمہ داری۔ مطلق العنانی۔
اَناوَنسر (Announcer) (اَ۔ناؤن۔سر) [انگ۔ا۔مذ] مُنادی یا اعلان کرنے والا۔
انبار۔ (اَم۔بار) [ف۔ا۔مذ] ڈھیر۔ ذخیرہ۔ تودہ۔
انباری (اَم۔با۔ری) [ہ۔ا۔مث] عماری۔ ہودہ۔ ہاتھی کی کاٹھی۔
انباز۔ [ف۔مذ] شریک۔ ساتھی۔ ہمسفر [مث] سوت۔ سوکن۔
انبان۔ (اَم۔بان) [ف۔ا۔مث] (۱) پکا چمڑہ۔ دباغت کی ہُوئی کھال (۲) فقیروں کی زنبیل۔ خرجین۔
انبساط۔ (اِم۔ب۔ساط) [ع۔ا۔مث] خوشی۔ کھِلنا۔ پھیلنا۔ شادمانی۔
انبعاث (اِم۔ب۔عاث) [ع۔ا۔مذ] اُٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ برانگیختہ ہونا۔
انبوہ۔ (اَم۔بوہ) [ف۔ا۔مذ] مجمع۔ بھیڑ۔ اژدہام۔ ہجوم۔ کثرت۔ زیادتی۔ بہتات۔
انبہ (اَم۔بہ) [ف۔ا۔مذ] آم۔ ایک مشہور میوے کا نام۔
اَنبیا۔ (اَم۔بِ۔یا) [ع۔ا۔مذ] نبی کی جمع۔ رسول۔ پیغمبر۔
انبیا۔ (اَمب۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) کیری۔ کچا آم جس میں جالی نہ پڑی ہو (۲) چھوٹا آم۔
انبیق۔ امبیق (ع۔مذ) بھبکا۔ وہ برتن جس میں نالی لگا کر عرق کشید کرتے ہیں۔
اَنپڑنا۔ (اَن۔پڑ۔نا) [ف۔مص] (۱) پہنچنا (۲) پانا۔
اَنت [س۔ا۔مذ] انتہا۔ خاتمہ۔ انجام۔
انت بُرے کا بُرا۔ انت بھلے کا بھلا۔ [مثل] بُرے کا انجام بُرا اور اچھے کا انجام اچھا ہوتا ہے۔
انت بگڑنا۔ انجام خراب ہونا۔
انت بھلا سو بھلا۔ [مثل] جس کا انجام اچھا ہو وہی کام اچھا ہے۔
انت سمے کال۔ آخری وقت۔ مرنے وقت۔
اَنتالیس۔ (اُن۔تا۔لیس) [ہ۔صف] تیس اور نو۔ اڑتیس کے بعد کا عدد۔
اِنتباہ (اِن۔تِ۔باہ) [ع۔ا۔مذ] آگاہی۔ خبردار ہونا۔ خبردار کرنا۔ جمع: انتباہات۔
اِنتخاب۔ (اِن۔تِ۔خاب) [ع۔ا۔مذ] چناؤ۔ پسند کرنا۔ چھانٹنا۔ جمع: انتخابات۔
اَنتر۔ (اَن۔تر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فاصلہ۔ دُوری۔ فرق (۲) دو چیزوں کے بیچ کی جگہ (۳) دل۔ خاطر (۴) بھید۔ راز۔
انتر بھومی۔ زمین کا بالکل اندرونی حصّہ۔ پاتال۔
انتر بید، بیدی۔ دو دریاؤں کے درمیان کی زمین۔ دوآبہ۔
انتر جامی۔ (۱) ہر چیز کا اندر۔ روحِ اعلیٰ (۲) پرماتما۔ بیوگی۔ دانائے راز۔ واقفِ حال
انتردوار۔ گھر میں آنے جانے کے لیے بڑے دروازے کے علاوہ دروازہ۔ کھڑکی۔ چور دروازہ۔
انتردھیان۔ قیاس سے باہر۔ غائب۔ غائب غلّہ۔
اَنتر منتر۔ جادو۔ ٹونا۔ جھاڑ۔ پھونک۔
اَنترا۔ (اَنت۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کڑی۔ سلسلہ (۲) گانے کا وہ ٹکڑا جو استھائی کے بعد ہو (۳) لکڑی پھینکنے کی اصطلاح میں ہاتھ کی ضرب۔
انتڑی۔ (اَنت۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] آنت۔
انتڑی میں روپ اور لیفی میں چھپ [مثل] غذا سے رنگ روپ نکلتا ہے اور پوشاک سے بدن کی زیبائش نکلتی ہے۔
انتڑیاں جلنا۔ (محاورہ) بہت بھُوکا رہنا۔
انتڑیوں کے بل کھولنا۔ (محاورہ) بہت دن بعد کھانا ملنے پر خوب پیٹ بھر کر کھانا۔
انتڑیوں میں بل پڑنا۔ (محاورہ) (۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) مارے ہنسی کے پیٹ دُکھنے لگنا۔
اِنتزاع۔ (اِن۔تِ۔زاع) [ع۔ا۔مذ] اکھاڑنا۔ اُکھڑنا۔ نکال لینا۔ معزول۔
اِنتساب (اِن۔تِ۔ساب) [ع۔ا۔مذ] (۱) منسوب کرنا۔ نسبت دینا (۲) لگاؤ۔ تعلق۔ واسطہ۔ رشتہ۔
اِنتشار۔ (اِن۔تِ۔شار) [ع۔ا۔مذ] (۱) پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ تردد۔ فکر (۲) شہوت۔
اِنتصاف۔ (اِن۔تِ۔صاف) [ع۔ا۔مذ] (۱) انصاف پانا (۲) نصف ہونا۔
اِنتظار۔ (اِن۔تِ۔ظار) [ع۔ا۔مذ] (۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا۔ اُمید۔
انتظار کرنا۔ (۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا تکنا۔
اِنتظام۔ (اِن۔تِ۔ظام) [ع۔ا۔مذ] (۱) اہتمام۔ تدبیر۔ بندوبست (۲) ترتیب۔ آراستگی (۳) قاعدہ۔ ضابطہ۔ جمع: انتظامات
انتظامیہ۔ (اِن۔تِ۔ظا۔م۔یہ) [ع۔ا۔مذ] حکومت کا ایک شعبہ جو مجلس قانون ساز کے بنائے ہوئے قوانین کو مُلک میں نافذ کرتا اور ان پر عمل کراتا ہے
اِنتفاع۔ (اِن۔تِ۔فاع) [ع۔ا۔مذ] (۱) فائدہ اٹھانا۔ نفع پانا (۲) منافع فائدہ۔ آمدنی۔ حاصل۔
اِنتقاد۔ (اِن۔تِ۔قاد) [ع۔ا۔مذ] (۱) نقد لینا (۲) پرکھنا۔ تنقید کرنا۔ تبصرہ کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
انتقاض۔ (اِن۔تِ۔قاض) [ع۔ا۔مذ] توڑ دینا۔ شکست۔
انتقاض شرط۔ شرط توڑ دینا۔
انتقاض معاہدہ۔ معاہدہ توڑ دینا۔
اِنتقال۔ (اِن۔تِ۔قال) [ع۔ا۔مذ] (۱) مقام تبدیل کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا۔ بدلی (۲) موت۔ وفات جمع: انتقالات۔
انتقالِ اراضی۔ زمین دوسرے کے نام منتقل کرنا۔
انتقال بہی۔ وہ بہی جس میں انتقالِ جائداد کا حساب کتاب رہتا ہے۔
انتقالِ جائداد۔ جائداد کا ایک شخص کے قبضہ سے دوسرے شخص کے قبضے میں جانا۔



Marfat.com

**اِنتقالِ ذہنی** - ایک بات سے دوسری بات کی طرف ذہن کا جانا -
**اِنتقالِ رہن** - رہن کی تبدیلی - رہن در رہن - گرو در گرو -
اِنتقال کرنا - مرنا - فوت ہونا -
**اِنتقام** - (اِن - تِ - قام) [ع - ا - مذ] بدلہ - عوض - پاداش جمع : اِنتقامات
**اِنتقاماً** - (اِن - تِ - قا - مانہ) [ع - صف] بدلہ لینے کے طور پر -
**اِنتقامی** (اِن - تِ - قا - می) [ع - صف] انتقام سے منسوب - انتقام سے متعلق -
**اِنتہا** - (اِن - تِ - ہا) [ع - ا - مث] اخیر - حد - سرا - انجام - خاتمہ -
انتہا پسند - کسی کام یا چیز کی انتہا چاہنے والا - اعتدال پسند کی ضد -
انتہا پسندی - انتہا پسند کرنا -
انتہا کا - پرلے درجے کا -
**اِنتہائی** - (اِن - تِ - ہا - ای) [ع - صف] آخری -
انتہائی نقطے - وہ نقطے جو جبر و مقابلہ کے علم میں خطوط کے ختم کرنے والے ہوں -
**اَنتی** - (اَن - تی) [ہ - ا - مث] کان میں پہننے کا عورتوں کا ایک زیور -
**اُنتیس** - (اُن - تی - س) [ہ - صف] بیس اور نو - اٹھائیس کے بعد کا عدد -
**اَنٹا** - (اَن - ٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) افیون کی بڑی گولی (۲) سوت یا ریشم کا لچھا (۳)
بڑی کوڑی (۴) بلیرڈ (۵) اُوپر کا کوٹھا -
**انٹا چت** - (۱) پیٹھ کے بل (۲) نشے میں چور - بدمست -
انٹا چت ہونا (محاورہ) پیٹھ کے بل پڑنا (۲) نشہ میں سُدھ نہ رہنا -
انٹا غفیل - بے ہوش - بے سُدھ مست -
انٹا غفیل ہونا - نہایت مدہوش ہونا -
انٹا گھر - (۱) وہ گھر جس میں گولی یا جوئے کا کھیل کھیلا جائے - بلیرڈ کھیلنے کی جگہ
**اِنٹر** (Inter) (اِن - ٹر) [انگ - صف] درمیانی -
**انٹرسٹ** (Interest) [انگ - مذ] دلچسپی (۲) فائدہ - سُود
**انٹرمیڈیٹ** (Intermediate) درمیانی درجہ - وسطی درجہ
ایف - اے -
**انٹرینس** (Entrance) [انگ - مذ] ابتدا - شروع - دروازہ -
امتحانی داخلہ - وہ امتحان جسے پاس کرنے کے بعد طالب علم کالج میں داخلہ لے سکتا ہے
**انٹرنیشنل** (International) بین الاقوامی -
**انٹرنیشنل لا** (International Law) بین الاقوامی قانون
**انٹروڈیوس** (Introduce) (انٹ - رو - ڈیوس) [انگ - ا - مذ]
تعارف - ملاقات -
**اِنٹرویو** (Interview) (اِن - ٹر - ویو) [انگ - ا - مذ] (۱) باضابطہ
ملاقات (۲) اخبار کے نمایندے کا کسی سے مل کر سوال جواب کرنا
(۳) اخبار - ریڈیو - ٹیلیویژن یا کسی انتخابی ادارے کے ارکان کا سوالات
کے ذریعے کسی کے نظریات و خیالات معلوم کرنا -
**انٹ کا سنٹ** - (انٹ - کا - سنٹ) [ہ - صف] اوٹ پٹانگ - بے ہودہ
**انٹی** - (اَن - ٹی) [ہ - ا - مث] (۱) دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ - گھاٹی (۲)
گانٹھ - گرہ (۳) دھوتی کا وہ حصہ جو کمر کے گرد باندھتے ہیں (۴) سوت
یا ریشم کی لچھی -
**انٹی (دباز)** مار (۱) جواریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو انگلیوں کی درمیانی جگہ
میں کوئی چیز چھپا لے (۲) چالاک - فریبی - دغا باز -
انٹی پر چڑھ جانا - قابو میں آجانا - دھوکہ میں آجانا - دام میں آنا -
انٹی دینا - کَردلی دینا - گردن ناپنا -
**انٹی رکھنا** - (۱) چھپا رکھنا - دبا رکھنا - ظاہر نہ ہونے دینا - ایک ہاتھ کی
دو انگلیاں ایک دُوسرے پر چڑھانا -
**انٹی کرنا** - (۱) سوت لپیٹ کر انٹی بنانا (۲) کسی کا مال اُڑا لینا -
**انٹی مارنا** - جُوا کھیلتے وقت کوڑی کو انگلیوں کے بیچ میں چھپا لینا (۲)
آنکھ بچا کر دوسرے کی چیز غائب کر دینا - دھوکہ دے کر چیز اُڑا لینا
(۳) کم تولنا ڈنڈی مارنا -
**اَنٹیا** - (اَن - ٹِ - یا) [ہ - ا - مث] گھاس یا پتلی لکڑیوں کا بندھا ہوا مٹھا
چھوٹا گٹھا - پُولا -
**انٹیانا** - (اَن - ٹِ - یا - نا) [ہ مص] (۱) انگلیوں کے بیچ میں چھپانا - ہتھیلی
میں چھپانا (۲) چاروں انگلیوں میں لپیٹ کر ڈورے کی پنڈی بنانا (۳)
گھاس یا پتلی لکڑیوں کا مٹھا باندھنا (۴) غائب کرنا - ہضم کرنا -
**اُنثیٰ** (اُن - ثا) [ع - ا - مث] عورت - زن - جمع : اُناث
**اُنثیین** - (اُن - ثَ - یین) [ع - ا - مذ] ہر دو - دونوں خصیے -
**انجاح** - (اِن - جاح) [ع - ا - مذ] حاجت روا ہونا یا کرنا - مطلب پُورا ہونا -
**انجام** - (اِن - جام) [ع - ا - مذ] نتیجہ - خاتمہ - آخر - انتہا -
انجام بخیر ہونا - (۱) نتیجہ اچھا نکلنا - مآل کار اچھا ہونا - خاتمہ اچھا ہونا (۲)
ایمان کے ساتھ مرنا -
انجام پانا - تکمیل کو پہنچنا - پُورا ہونا -
انجام پر پہنچنا - ختم کے قریب پہنچنا -
انجام دینا - بجا لانا - پُورا کر دینا - مکمل کرنا -
انجام سوچنا - دُور اندیشی کرنا - عاقبت بینی کرنا - نتیجے پر نظر کرنا - اخیر کا خیال رکھنا -
انجام کار - آخر کار - آخر کو - الغرض - نتیجۃً -
انجام کو پہنچانا - پُورا کرنا - ختم کرنا -
انجام کو پہنچنا - مکمل ہونا - مکمل ہو جانا -
انجام (ہو جانا) ہونا - ختم ہو جانا - پُورا ہونا - تمام ہونا - مرنا -
**انجب** - (اَن - جب) [ع - صف] (۱) بڑا شریف (۲) لونڈی بچہ -
**انجذاب** (اِن - جِ - ذاب) [ع - ا - مذ] جذب کرنا یا ہونا -
**انجر پنجر** (اَن - جر - پَن - جر) [ہ - ا - مذ] بدن کے جوڑ - ہڈی پسلی -
انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا (محاورہ) اعضا کا تھک جانا - مضمحل ہو جانا -
**اُنجل** - (اُن - جل) [س - ا - مذ] دُعا کی طرح ملے ہُوئے ہاتھ - لپ -
**اُنجلی** - (اُن - جَ - لی) (۱) اوکھ - چُلّو (۲) لپ بھر (۳) اناج کی ڈھیری میں سے
خیرات کے لیے نکالا ہوا اناج -
انجلی نکالنا - (محاورہ) کسان غلّہ تیار کرنے کے بعد فقیروں اور مالی کو لپ
بھر بھر کر جو اناج دیتے ہیں اُسے انجلی نکالنا کہتے ہیں -
**اَنجم** - (اَن - جم) [ع - ا - مذ] نجم کی جمع - ستارے -
انجم شناس - نجومی - ستاروں کے حساب سے پیشین گوئی کرنے والا - منجم -
**انجماد** - (اِن - جِ - ماد) [ع - ا - مذ] جمنا - ٹھوس ہونا -



Marfat.com

**اَنجمن** (اَن۔جُ۔مَن) [ف۔ا۔مث] (۱) مجلس۔محفل۔سبھا (۲) کمیٹی
**انجن۔** (اَن۔جَن) [ہ۔ا۔مذ] سُرمہ۔کاجل۔
انجن سار۔ سُرمگیں۔
انجن لگانا۔ سُرمہ لگانا۔
**اِنجن** (Engine) (اِن۔جن) [انگ۔ا۔مذ] مشین۔بھاپ کی کل۔آلہ
انجن ڈرائیور (Engine Driver) انجن چلانے والا۔
**اَنجن ہاری۔** (اَن۔جَن۔ہا۔ری) [س۔ا۔مث] آنکھ کی پلک کے کنارے کی پھنسی۔بلنی۔گُہانجنی۔گہانی۔انجنا (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہاری یا بلنا بھی کہتے ہیں۔
**انجیر۔** (اَن۔جیر) [ف۔ا۔مذ] ایک مشہور پیڑ اور اس کا پھل جو گولر کے برابر اور کھانے میں میٹھا ہوتا ہے۔
**انجیل۔** (اِن۔جیل) [ع۔ا۔مث] (۱) مژدہ۔خوش خبری (۲) عیسائیوں کی مقدس کتاب۔ جمع: اناجیل۔
**انجینیر** (Engineer) (اِن۔جی۔نی۔یَر) [انگ۔ا۔مذ] تعمیر آیا مشینوں کا کام جاننے والا۔
**اِنچ** (Inch) [انگ۔ا۔مذ] فٹ کا بارھواں حصہ۔
**اِنچارج** (Incharge) (اِن۔چارج) [انگ۔ا۔مذ] وہ شخص جس کے اہتمام میں کوئی چیز یا انتظام ہو (۲) قائم مقام۔
**اُنچاس۔** (اُن۔چاس) [ہ۔صف] چالیس اور نو۔اڑتالیس کے بعد کا عدد۔
**اُنچاؤ۔** (اُن۔چا۔ؤ) (نون غنہ اور واو مجہول) [ہ۔ا۔مذ] بلندی۔اونچائی۔
**اُنچائی۔** (اُن۔چا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] بلندی۔
**اَنچت** (اَن۔چت) [ہ۔صف] (۱) بے فکر (۲) اچانک (۳) یکایک۔یکبارگی۔
**اَنچھر** (اَن۔چھر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) جادو کے بول۔منتر (۲) حرف (۳) بچھو (ن)
**انچھر پڑھ کے مارنا۔** جادو کرنا۔منتر پڑھ کر پھونکنا۔
**اِنحراف** (اِن۔حِ۔راف) [ع۔ا۔مذ] (۱) پھر جانا۔برخلاف ہونا (۲) انکار۔مخالفت۔نافرمانی۔
**انحراف معاہدہ۔** اقرار سے پھر جانا۔
**انحصار۔** (اِن۔حِ۔صار) [ع۔ا۔مذ] منحصر ہونا۔گھرنا۔محصور ہونا۔سمانا۔موقوف ہونا۔
**انحطاط۔** (اِن۔حِ۔طاط) [ع۔ا۔مذ] کم ہونا۔گھٹنا (۲) کمی۔گھٹاؤ۔تنزل۔
**انحلال۔** (اِن۔حِ۔لال) [ع۔ا۔مذ] کسی مرکب شے کے عناصر ترکیبی کا الگ الگ ہونا۔
**انخلا۔** (اِن۔خِ۔لا) [ع۔ا۔مذ] (۱) کٹا ہوا ہونا (۲) خالی کرنا۔
**اندارا۔** (اِن۔دا۔را) [ہ۔ا۔مذ] بہت بڑا اور گہرا کنواں۔
**انداز۔** (اَن۔داز) [ف۔ا۔مذ] (۱) قیاس (۲) طریقہ۔وضع۔طور۔طریق (۳) معشوقانہ لگاوٹ (۴) اعتدال۔مقدار معین (۵) نمونہ۔پیمانہ۔
**انداز اڑانا۔** (محاورہ) کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا۔کسی کی وضع اڑانا۔کسی کے طریقے پر چلنا سیکھنا۔حاصل کرنا۔
**انداز بیٹھی۔** اپنی خوب صورتی اور چال ڈھال پر اترانے والی عورت کو کہتے ہیں
**اندازِ خسروانہ۔** (ف۔مذ) شہنشاہوں کے طریق۔
**اندازے سے باہر ہونا۔** (محاورہ) حد سے بڑھ جانا۔حیثیت سے نکل جانا۔
**انداز ملنا۔** (محاورہ) اٹکل ہو جانا۔تخمینہ ہو جانا (۲) طرز ملنا۔
**انداز نکلنا۔** (محاورہ) شان پائی جانا۔ڈھنگ نکلنا۔
**اندازہ۔** (اَن۔دا۔زہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) اٹکل۔تخمینہ (۲) نمونہ (۳) مانند (۴) حدِ اعتدال۔پیمانہ (۵) مقدور۔
اندازہ پانا۔ (محاورہ) اٹکل ملنا۔تخمینہ ہونا۔
اندازہ کرنا۔ (محاورہ) تخمینہ کرنا۔امتحان کرنا۔جانچنا۔
**اَندام۔** (اَن۔دام) [ف۔ا۔مذ] جسم۔بدن۔رنگ۔
اندامِ نہانی۔ شرمگاہ۔فرج۔نُتر۔
**اَندر۔** (اَن۔دَر) [ف] بیچ۔درمیان۔اندرون۔بھیتر۔باہر کی ضد۔
اندر کی سانس اندر باہر کی سانس باہر۔ [مثل] دہشت یا حادثے سے شرم وندامت یا انتہائی حیرت سے سانس رک جانا۔
اندروار۔ اندر کی طرف۔اندر کے رُخ۔
اندر والا۔ (۱) دل۔جی۔من (۲) بچہ جو رحمِ مادر میں ہو۔
**اِندر۔** (اِن۔دَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چترائی۔چالاکی (۲) دیوتاؤں کا راجہ (۳) بہشت کا راجہ (۴) مینہ برسانے والا دیوتا (۵) رعد۔گرج۔بجلی۔
اندر جال۔ فریب۔دھوکا۔طلسم۔شعبدہ۔چھل۔
اِندر جو۔ ایک درخت کا پھل جو جَو کے ہم شکل ہوتا ہے۔
اِندر کا اکھاڑا۔ راجہ اندر کی محفل۔
**اِندراج۔** (اِن۔دِ۔راج) [ع۔ا۔مذ] درج ہونا۔لکھا جانا۔داخل ہونا۔ جمع: اندراجات۔
**اندرائن۔** (اِن۔دِ۔را۔ئن) [ف۔ا۔مث] حنظل۔پھر پھیندوا۔خربوزے کی شکل کا ایک پھل جو دیکھنے میں خوبصورت اور مزے میں بہت تلخ ہوتا ہے۔
اندرائن پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں۔ [مثل] ظاہر اچھا ہے باطن خراب۔صحبت کے لائق نہیں۔صورت اچھی ہے سیرت خراب ہے۔
اندرائن کا پھل (۱) ایک کڑوا پھل۔ (۲) بدمزاج۔تندمزاج (۳) لڑائی کرنے والا۔دشمنی ڈالنے والا۔دلوں میں کدورت پیدا کرنے والا۔
**اندرسا۔** (اَن۔دِر۔سا) [ہ۔ا۔مذ] ایک مٹھائی جو چاول کے آٹے کو شکر میں ملا کر اور گھی میں تل کر بناتے ہیں۔
**اندرون۔** (اَن۔دَ۔رُون) [ف۔ا۔مذ] (۱) اندر۔بیچ۔درمیان (۲) دل۔باطن۔
اندرونِ خانہ۔ گھر میں۔باہم۔آپس میں۔
**اندرونی۔** (اَن۔دَ۔رُو۔نی) [ف۔صف] اندر کی۔داخلی۔
**اندری۔** (اِند۔ری) [ہ۔ا۔مث] احساس۔ادراک کا آلہ۔حواسِ خمسہ (۲) عضو تناسل۔اندامِ نہانی (۳) خواہش نفسانی۔
**اِندفاع۔** (اِن۔دِ۔فاع) [ع۔ا۔مذ] دفع کرنا۔دُور ہونا۔
**اَندک۔** (اَن۔دک) [ف۔صف] کم۔ذرا۔تھوڑا۔
**اَندکار** [ق۔ا۔مذ] اندھیرا۔
**اِندمال۔** (اِن۔دِ۔مال) [ع۔ا۔مذ] (۱) زخم بھرنا (۲) تسلی۔اطمینان۔
**اندوختہ۔** (اَن۔دوخ۔تہ) [ف۔صف] جمع کیا ہوا۔بچا ہوا۔پس انداز۔



Marfat.com

انروز۔ (اَن۔ روز) [ف] جمع کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں لاحقے کے طور پر آتا ہے جیسے نصف اندوز۔

اَندوہ۔ (اَن۔ دوہ) [ف۔ ا۔ مذ] رنج۔ غم (۲) فکر۔ تردد۔

اندوہ رُبا۔ [ف صفت] غم مٹانے والا۔ دُکھ دُور کرنے والا۔

اندوہ گیں۔ رنجیدہ۔ مغموم۔

اندوہ ناک۔ رنج سے بھرا ہوا۔ غمناک۔

اَندھا۔ (اَن۔ دھا) [ہ۔ صفت] (۱) بغیر آنکھ کا جس کی آنکھوں میں روشنی نہ ہو جسے کچھ نہ دکھائی دیتا ہو۔ کور۔ نابینا (۲) دیکھ کر کام نہ کرنے والا۔ اندھا دُھند چلنے والا (۳) غیر شفاف۔ دُھندلا (۴) ناواقف۔ بے وقوف۔

اندھا آئینہ۔ وہ شیشہ جس میں شکل صاف نہ دکھائی دے۔ دُھندلا شیشہ۔ بے خبر۔ جاہل۔

اندھا اندھا جلنا۔ (محاورہ) بجھی بجھی سی روشنی دینا۔ مدھم روشنی دینا۔

اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر کے اپنوں ہی کو دے۔ [مثل] اپنے رشتہ داروں کو ہر طرح زیادہ فائدہ پہنچانے والے کو کہتے ہیں۔

اندھا بگلا۔ گھبراہٹ میں بدسلیقگی سے کام کرنے والا۔

اندھا بنانا۔ آنکھ میں دُھول ڈالنا۔ بیوقوف بنانا۔ دھوکہ دینا۔

اندھا بننا۔ جان بوجھ کر کسی بات پر دھیان نہ دینا۔ دانستہ دھوکا کھانا۔

اندھا بھینسا۔ (۱) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے دوسرا لڑکا کمر پر سوار ہو جاتا ہے۔ باقی لڑکے باری باری اس کے نیچے ہو کر نکلتے ہیں۔ سوار لڑکا نیچے والے سے نکلنے والے لڑکے کا نام دریافت کرتا جاتا ہے۔ اگر صحیح نام بتا دیتا ہے تو پوچھنے والا بھینسا بنتا ہے اور نام بتلانے والا اس پر سوار ہوتا ہے (۲) بدراہ اور اُجڈ آدمی۔

اندھا بے ایمان۔ (مقولہ) نظر نہ آنے کے باعث ڈر رہتا ہے کہ لوگ اُسے دھوکا دیں گے۔ اس لیے اس کا ایمان دُرست نہیں رہتا۔

اندھا پن۔ (۱) ضعفِ بصارت۔ نظر نہ آنا۔ بے بصری۔ (۲) جہالت ناواقفیت۔ بیوقوفی۔ احمق پن۔

اندھا تب پتیائے جب دو آنکھیں پائے۔ اندھا دیکھے تو پتیائے۔ [مثل] کام ہو جائے تو جانیں۔ غرض مند کو اس وقت اطمینان ہو جب اس کی غرض پوری ہو جاتے۔

اندھا جانے آنکھوں کی ساد [مثل] آنکھوں کی قدر اندھا ہی جان سکتا ہے۔

اندھا دربار۔ بُرا راج جس میں ظلم و ستم بہت ہوتے ہیں۔

اندھا دُھند۔ (۱) بڑا اندھیرا (۲) اندھیر۔ ظلم۔ گڑبڑ (۳) بے سوچے سمجھے بے احتیاطی سے (۴) بے ٹھکانے سے۔ بے حساب۔

اندھا دُھند لٹانا۔ (محاورہ) بے دریغ خرچ کرنا۔

اندھا دُھند مچنا۔ (محاورہ) ظلم کا دورِ دورہ ہونا۔ بے انصافی ہونا۔

اندھا دیا۔ وہ چراغ جو کم اور آہستہ جلتا ہو۔ دُھندلی روشنی دینے والا چراغ۔

اندھا راجہ چوپٹ نگری۔ [مثل] ظالم اور بے وقوف بادشاہ کی بابت کہتے ہیں جو ملک میں انتظام نہ کر سکے۔

اندھا کرنا۔ (محاورہ) نابینا کر دینا (۲) جوش اور شوق سے بدحواس کرنا۔ عقل پر پردہ ڈال دینا۔

اندھا کنواں (۱) وہ کنواں جس میں پانی نہ ہو (۲) لڑکوں کا ایک کھیل۔

اندھا کیا جانے (بسنت) لالے کی بہار۔ [مثل] جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو۔ وہ کسی چیز کی قدر کیا جانے۔

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ [مثل] ضرورت مند ہمیشہ اپنی حاجت روائی چاہتا ہے۔

اندھا گائے بہرا بجائے [مثل] نااہل لوگوں کی مجلس۔ نالائقوں کا مجمع بے وقوفوں کی سوسائٹی۔

اندھا گھوڑا۔ سادھو فقیر لوگ جوتے کو کہتے ہیں۔

اندھا گیا سگائی کو آپ کو کہ بھائی کو۔ [مثل] خود غرض کو اپنا کام ہی مقدم ہوتا ہے۔ دوسرے کی ضرورت کا خیال نہیں رکھتا۔

اندھا مُلّا ٹوٹی مسجد [مثل] ناقص کو ناقص ہی چیز ملتی ہے۔

اندھا ہونا۔ (محاورہ) (۱) نابینا ہونا۔ (۲) گمراہ ہونا (۳) نشہ یا جوش جوانی میں بدمست ہونا (۴) مغرور ہونا (۵) دیکھ کر نہ چلنا۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔

اندھوں میں کانا راجا۔ [مثل] بے وقوفوں میں ذرا عقل رکھنے والا ہی لائق سمجھا جاتا ہے۔

اندھے حافظ کانے راجا۔ [مثل] مذاق سے اندھے مسلمان کو حافظ اور کانے کو راجا کہتے ہیں۔

اندھے کو اندھا راستہ کیوں کر بتائے۔ [مثل] جو خود گمراہ ہو۔ وہ اوروں کی کیا رہبری کر سکتا ہے۔

اندھے کو رات دن برابر ہے۔ [مثل] نافہم اور جاہل اچھے بُرے میں تمیز نہیں کر سکتا۔

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی۔ [مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنی چیز کی اچھی طرح حفاظت نہیں کر سکتا۔

اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا۔ [مثل] معذور کا کوئی جرم قابلِ سزا و ملامت نہیں مجبور شخص کی غلطی جرم نہیں ہے (۲) بچوں کا ایک کھیل ہے۔

اندھے کی (لکڑی) لاٹھی۔ (۱) سہارا۔ آسرا (۲) وہ لڑکا جو کئی لڑکوں میں بچا ہوا۔ اکلوتا لڑکا۔ بڑھاپے کا سہارا۔

اندھے کے آگے روئیے اپنے بھی نین کھوئیے۔ [مثل] نااہل کو نصیحت کرنا مفت کی دردسری ہے۔

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگنا۔ [مثل] کسی شخص کو اس کی حیثیت یا لیاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جانا۔

اندھے گھوڑے پر سوار کر دے۔ (فقیروں کا کلمہ) جوتا پہنا دے

اَندھارا۔ [ق۔ ا۔ مذ] اندھیرا۔

اَندھاری۔ [ن۔ ا۔ مذ] چھپر کٹ۔ پلنگ کا پردہ۔

اَندھ بائی۔ (اندھ۔ با۔ ای) [س صفت] تیز ہوا جس میں گرد کی وجہ سے کچھ دکھائی نہ دے۔ آندھی۔ طوفان۔ طوفانِ باد۔

اَندھکار۔ (اندھ۔ کار) [ہ۔ ا۔ مذ] آندھی کا طوفان۔ طوفانِ گرد و باد۔

اندھکاری۔ (اَندھ۔ کا۔ ری) [س۔ ا۔ مث] ایک راگنی۔ بھیروں راگ کی



Marfat.com

پانچ رُتوں میں ایک۔

اَندھ کھوپڑی (اندھ۔ کھوپ۔ ڑی) [ہ۔صف] جس کے دماغ میں عقل نہ ہو۔ احمق۔ ناسمجھ۔ بے وقوف۔

اندھی۔ (اَن۔ دھی) [ہ۔صف] آنکھوں سے معذور عورت۔ نابینا عورت۔

اندھی آنت۔ زائد آنت۔ فالتو آنت جو بڑی آنت کے اوپر لگی ہوتی ہے (Appendicitis) نیز دیکھئے التہاب زائدہ۔

اندھی پیسے کتا کھائے۔ [مثل] بدسلیقگی اور پھوہڑپن کے موقع پر کہتے ہیں

اندھی سرکار۔ ایسی حکومت جس کا انتظام بُرا ہو۔ ناانصاف حاکم۔ ظالم بادشاہ۔

اندھیار۔ (اندھ۔ یار) [ہ۔ا۔مذ] اندھیرا۔ تاریکی۔

اندھیارا (اندھ۔ یا۔ را) [ہ۔ا۔مذ] اندھیرا (۲) دُھندلاپن۔ دُھند۔

اندھیاری۔ (اندھ۔ یا۔ ری) [ہ۔ا۔مث] اندھیری۔ تاریکی۔

اندھیاری کوٹھڑی۔ (۱) اندھیرا چھوٹا کمرہ (۲) پیٹ۔ کوکھ۔

اندھیاری کی کر چور [مثل] ہر وقت حفاظت اور احتیاط کرنی چاہیئے۔

**اندھیر۔** (اَن۔ دھیر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ظلم وستم۔ غضب۔ آفت (۲) بے انصافی بدنظمی (۳) دغا۔ فریب۔ بے ایمانی (۴) سیاہی۔ تاریکی۔

اندھیر چھانا۔ اندھیرا ہو جانا۔ سیاہی پھیل جانا۔ بدنظمی کا دور دورہ ہونا۔

اندھیر ڈھانا۔ کمال ظلم کرنا۔

اندھیر کرنا۔ بے انصافی کرنا۔ ظلم کرنا۔

اندھیر کھاتا (۱) حساب کتاب اور کاروبار میں گڑبڑ (۲) سخت بدمعاملگی۔ ظلم

اندھیر مچانا۔ ظلم وستم کرنا۔ آفت برپا کرنا (۲) لوٹ مچانا (۳) بے انصافی کرنا۔

اندھیر نگری چوپٹ راجا ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا [مثل] ناانصاف حاکم۔ بے پروا حکومت۔ بے قانون بادشاہت۔ جہاں حاکم کی بے پروائی سے اندھا دُھند لوٹ مچی ہو۔

اندھیر ہونا۔ بے حد تاریکی ہونا (۲) ظلم ہونا۔ ناانصافی ہونا۔

**اندھیرا۔** (اَن۔ دھے۔ را) [ہ۔ا۔مذ] اُجالے کی ضد۔ تاریکی۔ سیاہی۔

اندھیرا جُھک آنا۔ تاریکی بڑھ جانا۔

اندھیرا چھانا۔ تاریکی ہو جانا۔

اندھیرا کرنا۔ روشنی کو روکنا۔ چراغ گُل کرنا۔

اندھیرا گھپ۔ نہایت تاریکی۔ ایسا اندھیرا جس میں کچھ نہ سُوجھے۔

**اندھیری۔** (اَن۔ دھے۔ ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) تاریکی۔ سیاہی (۲) تاریک۔ سیاہ (۳) چمڑے یا کپڑے کا پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھ دیتے ہیں۔

اندھیری (جھکنا) چھانا۔ (محاورہ) تاریکی چھانا (۲) کالی گھٹا کے سبب اندھیرا ہو جانا۔

اندھیری دینا (محاورہ) گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا (۲) کسی شخص کی آنکھوں کو ڈھک کر اس کی گت بنانا۔ مکمل اندھا بنانا (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

اندھیری ڈالنا۔ گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا۔

اندھیری رات۔ تاریک رات۔

اندھیری کوٹھڑی۔ تاریک کوٹھڑی۔ جسم کا اندرونی حصّہ۔

اندھیرے اُجالے۔ اوپر سویر۔ موقع بے موقع۔ وقت بے وقت

اندھیرے گھر کا اُجالا چراغ۔ [مثل] اکلوتا بیٹا۔ گھر کا چراغ (۲) نہایت پیارا جس سے گھر کی رونق اور آزادی ہو۔

اندھیرے مُنہ۔ بہت سویرے۔ تڑکے ہی۔ علی الصبح۔

**اندیش۔** (اَن۔ دیش) [ف] سوچنے والا۔ فکر کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں لاحقے کے طور پر آتا ہے جیسے دُور اندیش۔

**اندیشہ۔** (اَن۔ دے۔ شہ) [ف۔ا۔مذ] فکر۔ سوچ۔ تردّد (۲) خوف۔ کھٹکا۔

اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ خیال کرنا (۲) ڈرنا۔ خوف کرنا۔

اندیش ناک۔ اندیشہ ناک۔ پُرخطر۔ خوفناک۔

**انڈا۔** (اَن۔ ڈا) [ہ۔ا۔مذ] بیضہ۔ مادہ پرند یا جانور کے جسم سے نکلا ہوا اور سخت چھلکے سے ڈھکا ہوا سیال مادہ جس میں نئی زندگی کے جراثیم ہوتے ہیں۔

انڈا بٹھانا۔ (محاورہ) انڈا سینے کی غرض سے رکھنا۔

انڈا کھٹکنا۔ (محاورہ) انڈا پھوٹنا۔ انڈے کا تڑکنا جو بچہ نکلنے کی علامت ہے۔

انڈا گندہ ہونا۔ انڈے کا خراب ہو جانا۔

انڈا نیم برشت۔ آدھا تلا ہوا انڈا۔

انڈوں پر ہے۔ انڈے سیتی ہے۔ انڈے دے رہی ہے۔

انڈے اڑانا۔ جھوٹ بولنا۔

انڈے ببول میں بچے کھجور میں [مثل] کوئی چیز کہیں اور کوئی کہیں ہونا۔ بدانتظامی۔ ناقابلیت۔

انڈے بچے۔ لڑکے بالے۔ آل اولاد۔

انڈے سینا۔ انڈوں سے بچے نکالنے کے لیے پرندوں کا انڈوں پر بیٹھ کر انھیں گرمی پہنچانا۔

انڈے سیوے فاختہ اور کوے بچے کھائیں [مثل] محنت کوئی کرے مزے کوئی اُڑائے۔

انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی [مثل] ایک محنت کرے دوسرا فائدہ اُٹھائے

انڈے کا سنارا۔ گھی میں تلا ہوا خالی انڈا۔

انڈے کا شہزادہ۔ وہ شخص جو کبھی گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ بھولا بھالا۔

انڈے لڑانا۔ ایک قسم کا جُوا۔ جو ایک قسم کے انڈوں کو لڑا کر کھیلا جاتا ہے۔

انڈے ہوں گے تو بچے بہت ہو رہیں گے [مثل] جڑ قائم رہے گی تو سر سبز ہو ہی جائے گی۔ درخت سلامت ہے تو پھلوں کی کیا کمی۔

اَنڈ بنڈ۔ (اَنڈ۔ بَنڈ) [ہ۔صف] بے سروپا۔ اوٹ پٹانگ۔ اناپ شناپ۔

انڈر (Under) (اَن۔ ڈر) [انگ۔ تابع فعل] (۱) نیچے۔ تحت۔ زیر [صف] (۱) ماتحت۔ (۲) نائب۔

انڈر آرم (Under Arm) (کرکٹ) گیند جو ہاتھ نیچا کر کے پھینکی جائے (۲) (ٹینس) اسٹروک جو ہاتھ نیچا کر کے مارا جائے۔

انڈر سکرٹری (Under Secretary) نائب معتمد۔

انڈر گراؤنڈ (Underground) (۱) زیر زمین۔ زمین دوز۔ (۲) روپوش۔ چھپا ہوا۔



Marfat.com

انڈرویئر (Underwear) زیرجامہ، پاجامہ وغیرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔
اَنڈلانا۔ (اَنڈ۔لانا) [ہ۔مص] اٹھلانا۔مچلنا۔شوخیاں کرنا۔
اَنڈل پڑنا۔ (اَن۔ڈل۔پڑ۔نا) [ہ۔مص] گر پڑنا۔اُلنڈ جانا۔
اِنڈنٹ (Indent) (اِن۔ڈنٹ) [انگ۔ا۔مذ] سرکاری تحریر جس میں سامانِ رسد کا مطالبہ ہو۔
انڈوا۔ (ان۔ڈ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] کنڈلی۔کپڑے یا بان کا حلقہ جسے سر پہ رکھ کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔
اَنڈوائی۔انڈیائی۔ (اَنڈ۔وا۔ای۔اَنڈ۔یا۔ای) [ہ۔صف] مرغی یا اَور کوئی مادہ پرند جو انڈے دینے والی ہو۔
انڈوائی (انڈیائی) ہوئی ہے۔انڈیا گئی ہے۔ انڈے دینے پر ہے۔
انڈور پیشنٹ (Indoor Patient) (اِن۔ڈ۔ڈر۔پے۔شنٹ) [انگ۔ا۔مذ] وہ مریض جو ہسپتال میں داخل ہو۔
انڈی۔ (اَن۔ڈی) [س۔ا۔مث] (۱) ریڈی۔ ریند کے پھل کا بیج (۲) ارنڈ کا پیڑ۔ (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
اَنڈیانا۔ (اَنڈ۔یا۔نا) [ہ۔مص] (۱) انڈے دینے کے قریب ہونا (۲) بیل یا بھینسے کے خصیوں کو ملنا تاکہ وہ جلدی چلے۔
اَنڈیکس (Index) (اِن۔ڈیکس) [انگ۔ا۔مذ] فہرست۔ضمیمہ۔
اُنڈیلنا۔ (اُن۔ڈیل۔نا) [ہ۔مص] اوندھانا۔لوٹنا۔لنڈھانا۔ اُلینڈنا۔
اِنڈین (Indian) (اِن۔ڈ۔ین) [انگ۔صف] ہندوستان کا۔ہندوستان سے منسوب۔
انڈین امپائر (Indian Empire) سلطنتِ ہند۔
انڈین پینل کوڈ (Indian Penal Code) تعزیراتِ ہند۔ہندوستان کا قانونِ فوجداری۔
انڈین سول سروس (Indian Civil Service) ہندوستان کی اعلیٰ ملکی ملازمت جس کا مخفف آئی۔سی۔ایس ہے۔انگریزی دور میں اس منصب کے لیے مقابلے کا امتحان پاس کرنا پڑتا تھا۔
انڈین کونسل (Indian Council) دیکھیے کونسل آف انڈیا۔
انڈین نیشنل کانگرس (Indian National Congress) ہندوستان کی سیاسی جماعت جس کا آغاز لارڈ ڈفرن کے عہد میں ۱۸۸۵ء میں ہوا۔
اَنرتھ۔ (اَن۔رتھ) [س۔صف] بے معنی۔مہمل۔غیر واجب۔بیجا۔نامناسب خلافِ دستور۔
اِنزال۔ (اِن۔زال) [ع۔ا۔مذ] (۱) اُترنا۔اُتارنا (۲) منی نکلنا۔جھڑنا۔
انزال ہونا۔ جھڑنا۔منی نکلنا۔
اِنزجار۔ (اِن۔زِ۔جار) [ع۔ا۔مذ] ہٹ جانا۔پلٹ جانا۔
اَنس۔ [ ۔ا۔مذ] (۱) توانائی۔طاقت (۲) حصہ۔درجہ۔بھاگ (۳) منی تخم۔بیج۔
اَنس نکلنا۔ جان نکلنا۔طاقت جانا۔ناتواں ہونا۔
اِنس۔ [ع۔ا۔مذ] انسان۔آدمی۔ جمع: اُناس۔
اِنس وجان۔ انسان اور جن
اُنس۔ [ع۔ا۔مذ] محبت۔پیار۔اختلاط۔رغبت۔میل جول۔

اَنساب (اَن۔ساب) [ع۔ا۔مذ] نسب کی جمع۔نسلیں۔خاندان۔شجرے۔
اِنسان۔ (اِن۔سان) [ع۔ا۔مذ] (۱) آدمی۔بشر (۲) محبت رکھنے والا۔اخلاق سے آراستہ (۳) آنکھ کی پتلی۔ جمع: اُناس۔
اِنسان بنانا۔ (محاورہ) اچھی تربیت دینا۔آدمی بنانا۔مہذب بنانا۔
اِنسان بننا۔ (محاورہ) آدمیت سیکھنا۔
اِنسان دوستی۔ بنی نوعِ انسان سے محبت کی تعلیم۔
اِنسانِ کامل۔ [ف۔صف] مکمل انسان۔مردِ مومن۔
اِنسان کیا گھیرو ہے۔ [مثل] بہت سیر و سیاحت کرنے والا۔
اِنسان میں کچھ نہیں۔ آدمی کی زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔
اِنسان ہی تو ہیں۔ آدمی سے خطا ہو ہی جاتی ہے۔
انسانی۔ (ان۔سا۔نی) [ع۔صف] منسوب بہ انسان۔شہری۔
اِنسانیت۔ (اِن۔سا۔نی۔یت) [ع۔ا۔مث] آدمیت۔بشریت۔تمیز شعور۔عقل۔
اِنسانیت (برتنا) سے پیش آنا۔ مروت کا برتاؤ کرنا۔اخلاق و تہذیب سے بات چیت کرنا۔
انسائیکلوپیڈیا (Encyclopaedia) (ان۔سا۔ای۔کل۔و۔پی۔ڈیا) [انگ۔ا۔مث و مذ] قاموس۔قاموس العلوم۔دائرۃ المعارف۔وہ کتاب جس میں جملہ علوم و فنون کے متعلق معلومات درج ہوں۔مخزن العلوم۔
اَنسب۔ (اَن۔سب) [ع۔صف] زیادہ مناسب۔بہت ٹھیک۔
انسپکٹر (Inspector) (اِنس۔پک۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] معائنہ کرنے والا۔دیکھ بھال کرنے والا۔
انسپکٹر جنرل (Inspector General) معائنہ کرنے والا بڑا افسر۔اعلیٰ نگران۔
اُنسٹھ۔ (اُن۔سٹھ) [ہ۔صف] پچاس اور نو۔اٹھاون کے بعد کا عدد۔ (۵۹)
انسٹیٹیوٹ۔انسٹی چیوٹ (Institute) (انس۔ٹی۔ٹیوٹ۔ انس۔ٹی۔چیوٹ) [انگ۔ا۔مذ] ادارہ۔محکمہ۔
انسٹی ٹیوشن (Institution) (انس۔ٹی۔ٹیو۔شن) [انگ۔ا۔مث] علمی مجلس۔اصولوں یا قاعدوں کا ضابطہ۔ادارہ۔
اِنسداد۔ (اِن۔سِ۔داد) [ع۔ا۔مذ] (۱) بند کر دینا (۲) روک تھام۔بندش۔روکنے کا بندوبست۔
اُنسیت۔ (اُن۔سی۔یت) [ع۔ا۔مث] محبت۔مہر۔حُب۔
انشا۔ (اِن۔شا) (۱) عبارت لکھنا۔بات پیدا کرنا (۲) عبارت۔طرزِ تحریر (۳) کوئی بات پیدا کرنا۔وہ کتاب جس میں خط و کتابت کے قواعد اور خطوط لکھے ہوں (۴) اردو کے مشہور شاعر انشاء اللہ خاں کا تخلص۔عربی میں ہمزہ کے ساتھ تھا۔فارسی میں حذف کر دیا گیا۔
انشا پرداز۔ مضمون نگار۔ادیب۔منشی۔نثّار۔نثر لکھنے والا۔
انشا پردازانہ۔ ادیب کی مانند۔عبارت آرائی کی شان والی۔
انشا پردازی۔ (۱) عبارت نویسی۔مضمون نگاری۔عبارت آرائی (۲) خط یا عبارت لکھنے کا ڈھنگ۔مضمون لکھنے کا طریقہ۔
انشاء اللہ تعالیٰ۔ [ع] اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔



Marfat.com

**اِنشائیہ**۔ (اِن۔شا۔ئِیہ) [ع۔صف] انشا سے منسوب۔ نحو کی اصطلاح میں وہ جملہ جس میں سچ جھوٹ کا احتمال نہ ہو۔ غیر سنجیدہ مضمون۔

**اِنشراح**۔ (اِن۔شِ۔راح) [ع۔ا۔مذ] کھلنا۔ کشادہ ہونا۔ واضح ہونا۔

**اِنشقاق**۔ (اِن۔شِ۔قاق) [ع۔ا۔مذ] شق ہونا۔ تڑخنا۔ ٹوٹ کر الگ ہونا۔

**انشورنس** (Insurance) (اِن۔شو۔رِنس) [انگ۔ا۔مث] بیمہ۔

**اَنصار**۔ (اَن۔صار) [ع۔ا۔مذ] ناصر کی جمع (۱) مددگار (۲) مدینہ کے وہ باشندے جنھوں نے سردارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی تھی۔

**اَنصاری**۔ (اَن۔صا۔ری) [ع۔صف] جماعت انصار کا فرد۔ انصار سے منسوب۔

**اِنصاف** (اِن۔صاف) [ع۔ا۔مذ] (۱) داد۔ عدل (۲) دو ٹکڑے کرنا (۳) فیصلہ کرنا۔

**انصاف چاہنا**۔ (محاورہ) دادرسی چاہنا۔ فریاد کرنا۔ استغاثہ کرنا۔

**انصاف (چکانا) کرنا**۔ (محاورہ) دادرسی کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔

**انصاف سے دیکھنا**۔ (محاورہ) حق پر نظر رکھنا۔

**انصاف کا خون کرنا** (محاورہ) انصاف نہ کرنا۔ بے انصافی کرنا۔

**انصاف کرنا** (محاورہ) فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ نیاؤ کرنا۔ حق کے مطابق فیصلہ کرنا۔

**اِنصراف** (اِن۔صِ۔راف) [ع۔ا۔مذ] پھر آنا۔ لوٹ آنا۔

**اِنصرام**۔ (اِن۔صِ۔رام) [ع۔ا۔مذ] (۱) پورا ہونا (۲) انتظام کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ (۳) بندوبست۔ انتظام۔

**اِنضباط**۔ (اِن۔ضِ۔باط) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیوستگی۔ مضبوطی (۲) ضابطہ۔ ڈھنگ تعین۔

**انضباطِ اوقات**۔ وقت کی تقسیم۔ وقت کی پابندی۔ وقت کا تعین۔ ٹائم ٹیبل۔

**انضباطی**۔ [ع۔صف] انضباط سے منسوب۔ نظم و نسق کے متعلق۔ تادیبی۔ [انگ] (Disciplinary)

**انضمام**۔ (اِن۔ضِ۔مام) [ع۔ا۔مذ] ملنا۔ پیوست کرنا۔ وصل ہونا۔ شمولیت۔ اتصال۔

**اِنطباع**۔ (اِن۔طِ۔باع) [ع۔ا۔مذ] چھپنا۔ طبع ہونا۔ نقش ہونا۔

**اِنطاق** (ع۔ہ) بات۔ بات کرنا۔

**اِنطباق**۔ (اِن۔طِ۔باق) [ع۔ا۔مذ] جڑنا۔ باہم ملنا۔ منطبق ہونا۔ حل ہونا۔

**اِنطفا**۔ (اِن۔طِ۔فا) [ع۔ا۔مذ] بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔

**اَنظار**۔ (اَن۔ظار) [ع۔ا۔مث] نظر کی جمع۔ نظریں۔

**اِنعام**۔ (اِن۔عام) [ع۔ا۔مذ] تحفہ۔ خلعت۔ بخشش۔ بدلہ۔ اجر۔ معاوضہ۔ کارگزاری کا صلہ۔ جمع: انعامات۔

**انعام و اکرام**۔ خلعت۔ عزت۔ عطیات وغیرہ۔

**انعدام**۔ (اِن۔عِ۔دام) [ع۔ا۔مذ] نیست ہونا۔ نابید ہونا۔ ختم ہونا۔

**انعطاف**۔ (اِن۔عِ۔طاف) [ع۔ا۔مذ] لوٹنا۔ پھرنا۔ جھکنا۔ میلان۔

**انعقاد**۔ (اِن۔عِ۔قاد) [ع۔ا۔مذ] منعقد ہونا۔ بندھنا (۲) اجتماع۔ عقد۔ قیام۔

**انعکاس**۔ (اِن۔عِ۔کاس) [ع۔ا۔مذ] (۱) عکس جھلکنا۔ اُٹھنا (۲) سایہ۔ عکس۔

**اَنف**۔ [ع۔ا۔مث] ناک۔ بینی۔ جمع: آناف۔ اُنوف۔

**اَنفار**۔ (اَن۔فار) [ع۔ا۔مذ] نفر کی جمع۔ لوگ۔

**انفارمر** (Informer) (اِن۔فار۔مر) [انگ۔ا۔مذ] اطلاع دینے والا۔ مخبر۔

**انفارمیشن** (Information) (اِن۔فار۔مے۔شن) [انگ۔ا۔مذ] اطلاع۔ خبر۔

**انفارمیشن بیورو** (Information Bureau) محکمہ اطلاعات۔

**اَنفاس**۔ (اَن۔فاس) [ع۔ا۔مذ] نفس کی جمع۔ سانسیں۔ دم۔

**انفراد**۔ (اِن۔فِ۔راد) [ع۔ا۔مذ] اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔

**انفرادی**۔ (اِن۔فِ۔را۔دی) [ع۔صف] شخصی۔ ذاتی۔ کسی شخص کی ذات سے مخصوص۔

**انفرادیت**۔ (اِن۔فِ۔را۔دی۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) خودی۔ انانیت (۲) ذاتی خصوصیت۔ فرد کا الگ وجود۔ (۳) عمرانیات) ایک نظریہ جس کی رُو سے افراد کو فکر و عمل کی آزادی ہونی چاہیے۔

**اِنفراغ**۔ (اِن۔فِ۔راغ) [ع۔ا۔مذ] فراغت پانا۔ فرصت ملنا۔ کام ختم ہونا۔

**اِنفراق**۔ (اِن۔فِ۔راق) [ع۔ا۔مذ] شگافتہ ہونا۔ پھٹا ہونا۔

**اَنفس**۔ (اَن۔فَس) [ع۔صف] بہت نفیس۔ نہایت اچھا۔

**اَنفُس**۔ (اَن۔فُس) [ع۔ا۔مذ] نفس کی جمع۔ نفوس۔ روحیں۔ بہت سے آدمی۔

**اِنفساخ**۔ (اِن۔فِ۔ساخ) [ع۔ا۔مذ] فسخ ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ خاتمہ۔

**انفساخ معاہدہ**۔ معاہدے کا ٹوٹنا۔

**اِنفصال**۔ (اِن۔فِ۔صال) [ع۔ا۔مذ] (۱) جُدا ہونا (۲) فیصلہ ہونا۔ طے پانا۔

**اِنفعال**۔ (اِن۔فِ۔عال) [ع۔ا۔مذ] الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔

**اِنفعالی**۔ [ع۔صف] اثر پذیرانہ۔ مجہولی (انگ) (Passive)

**اِنفعالیت**۔ (ع۔مث) مجہولیت۔ فاعل کا اثر قبول کرنے کی کیفیت۔ فعالیت کی ضد (انگ) (Passivity)

**اِنفکاک**۔ (اِن۔فِ۔کاک) [ع۔ا۔مذ] الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔

**انفکاک رہن**۔ روپیہ ادا کر کے رہن کی ہوئی جائداد واپس لینا۔

**انفکاک رہن**۔ عدالتی اصطلاح میں زرِ رہن ادا کر کے رہن کی ہوئی چیز واپس لینا۔

**انفلوئنزا**۔ (Influenza) (اِن۔فِ۔لو۔این۔زا) [انگ۔ا۔مذ] وبائی زکام۔ فلو

**انفینٹری** (Infantry) (اِن۔فَینٹ۔ری) [انگ۔ا۔مث] پیادہ فوج۔ پیدل پلٹن۔

**انقباض**۔ (اِن۔قِ۔باض) [ع۔ا۔مذ] (۱) سکڑنا۔ کھنچنا۔ رُکنا (۲) گرفتگی۔ بستگی۔ قبض۔

**اِنقراض**۔ (اِن۔قِ۔راض) [ع۔ا۔مذ] (۱) مدت پوری ہونا (۲) مٹا ہوا ہونا قطع ہونا۔

**انقسام**۔ (اِن۔قِ۔سام) [ع۔ا۔مذ] حصہ حصہ ہونا۔ منقسم ہونا۔ بٹوارا۔

**اِنقضا**۔ (اِن۔قِ۔ضا) [ع۔ا۔مذ] مدت پوری ہونا۔ گزرنا۔ (۲) تکمیل۔ اختتام۔

**اِنقطاع**۔ (اِن۔قِ۔طاع) [ع۔ا۔مذ] کاٹا ہوا ہونا۔ بُریدہ ہونا۔ کٹ جانا۔

**اِنقلاب**۔ (اِن۔قِ۔لاب) [ع۔ا۔مذ] (۱) تغیر و تبدل۔ گردش۔ دور (۲) زمانہ کا چکر کھانا۔ نیرنگِ زمانہ۔ بنیادی تبدیلی۔ پرانے سیاسی یا معاشی نظام کی جگہ نئے نظام کا نفاذ۔ (انگ) (Revolution) جمع: انقلابات

**انقلابِ آسمان**۔ انقلابِ دہر۔ انقلابِ زمانہ۔ آسمان کا چکر۔ زمانے کی گردش۔ وقت کی کایا پلٹ۔



Marfat.com

**اِنقلابی**۔ (اِن۔قِ۔لابی) [ع۔ا۔مذ] (۱) انقلاب سے منسوب (۲) انقلاب برپا کرنے والا۔ تبدیلی پیدا کرنے والا۔ تغیّر و تبدّل کرنے والا [انگ۔ (Revolutionary)]

**اِنقیاد** (اِن۔قِ۔یاد) [ع۔ا۔مذ] (۱) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ رام ہونا (۲) فرماں برداری

**اَنک** [س۔ا۔مذ] (۱) نشان (۲) حرف۔ تحریر (۳) گنتی کے اعداد (۴) حصّہ قسمت (۵) کاجل کی بندی جو بچے کے ماتھے پر لگائی جائے۔ داغ۔ دھبّہ (۶) ایک سے نو تک گنتی (۷) ناٹک کا ایک پارٹ (۸) گود (۹) پاپ دُکھ۔ (۱۰) بار۔ دفعہ۔ مرتبہ (۱۱) صورت۔ روپ۔

**اِنکار**۔(اِن۔کار) [ع۔ا۔مذ] (۱) نہ ماننا۔ منظور نہ کرنا (۲) انحراف۔ مخالفت۔

**انکڑی**۔(اَن۔کَ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ہُک۔ مُڑے ہوئے سرے کی لوہے کی سلاخ (۲) ہل کی لکڑی جس میں پھال لگایا جاتا ہے (۳) تانگہ کے پہیے کے جوڑوں پر لگی ہوئی لوہے کی کیل۔

**انکڑی دار**۔ جس میں انکڑی لگی ہو جس میں اٹکانے کے لیے ہُک لگی ہو۔

**اِنکسار**۔ (اِن۔کِ۔سار) [ع۔ا۔مذ] ٹوٹ جانا۔ عاجزی۔ فروتنی۔ خاکساری۔

**اِنکشاف** (اِن۔کِ۔شاف) [ع۔ا۔مذ] کھولنا۔ کُھلنا۔ ظاہر ہونا۔ جمع: انکشافات

**اَن کلیمڈ** (Unclaimed) (اَن۔کِ۔لیمڈ) [انگ۔صف] جس مال کا کوئی دعوے دار نہ ہو۔ لاوارث۔

**انکم ٹیکس** (Incometax) (اِن۔کم ٹیکس) [انگ۔ا۔مذ] آمدنی پر سرکاری محصول۔

**انکنا**۔ (انک۔نا) [ہ] (۱) جچنا (۲) اندازہ۔ تخمینہ۔

**اَنکھڑی**۔ (اَنکھ۔ڑی) [س۔ا۔مث] (۱) آنکھ۔ (۲) چتون

**اَنکھڑیاں**۔(آنکھ۔ڑی۔یاں) [ہ۔ا۔مث] آنکھیں۔ دیدے۔

**اَنکھوا** (اُنکھ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آنکڑا۔ نوک۔ بیج سے پھوٹ کر نکلی ہوئی ٹیڑھی نوک جس سے پہلی پتیاں نکلتی ہیں۔ کلّا۔ کونپل۔ پھُنگی (۲) آٹے کا شگوفہ جسے گھی اور شکر کے قوام سے تیار کرتے ہیں۔

**انکھیا**۔(اَنکھ۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) لوہے کا ایک ٹھپّہ یا قلم جس سے برتن پر ہتھوڑی سے ٹھونک ٹھونک کر نقاشی کا کام کرتے ہیں (۲) آنکھ۔

**انکھیارا**۔ (اُنکھ۔یا۔را) [ہ۔ا۔مذ] آنکھوں والا۔

**انکھیاں**۔(اُنکھ۔یاں) [ہ۔ا۔مث] (۱) آنکھیں (۲) آٹے کے شگوفے جنہیں گھی میں تل کر اور شیرے میں ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

**انگ** [ہ۔ا۔مذ] (۱) بدن۔ تن۔ جسم (۲) بند۔ عضو۔ جوڑ۔

**انگ بدیا**۔ علم الاجسام۔ علم تشریح بدن۔ علم طب۔ ڈاکٹری۔

**انگ توڑنا**۔ انگڑائی لینا۔

**انگ لگنا**۔ (محاورہ) (۱) بغل گیر ہونا۔ بدن سے بدن ملنا۔ چھاتی سے لگنا (۲) غذا کا جزوِ بدن ہونا۔

**انگ لگو**۔ [ہ۔صف] جو بچّہ ہر وقت ماں کی گود میں رہے۔

**اَنگا**۔(اَن۔گا) [ہ۔ا۔مذ] انگرکھا۔ جامہ۔ پیراہن۔ کھُلا لباس یا لبادہ۔

**اَنگا**۔ [ف۔مث] دایہ۔ کھلائی۔ دودھ پلانے والی۔

**اَنگار**۔ (اَن۔گار) [س۔ا۔مذ] (س) چنگاری۔ آگ (ف) انگارہ۔

**اَنگارا**۔ (اَن۔گا۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا۔ جلتا ہوا بڑا کوئلہ (۲) نہایت سُرخ۔ چمکتا ہوا۔

**انگارا بننا**۔ (محاورہ) کھا پی کر لال ہونا۔ موٹا تازہ ہونا۔ تندرستی میں رنگ کا سُرخ ہونا (۲) غصّے میں لال پیلا ہونا۔

**انگاروں پر پیر رکھنا**۔ (محاورہ) جان بوجھ کر نقصان کی طرف جانا۔

**انگاروں پر لٹانا** (محاورہ) تڑپانا۔ بہت دُکھ دینا۔ اذیت دینا۔

**انگاروں پر لوٹنا**۔ (محاورہ) رشک اور حسد میں جلنا۔ بیتاب و بے قرار رہنا۔ تڑپنا۔

**انگارے اُگلنا**۔ (محاورہ) سخت باتیں مُنہ سے نکالنا۔

**انگارے برسنا** سخت گرمی پڑنا۔ لُو چلنا (۲) خُدا کا غضب نازل ہونا۔

**انگارے برسیں**۔ (بددُعا) اللہ کا غضب نازل ہو۔

**انگارے پھانکنا** (محاورہ) کوئی ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بہت بُرا ہو۔

**انگارے کی طرح دہکنا**۔ بہت تیز بخار ہے۔ بدن آگ کی مانند جلنا۔

**اَنگبین**۔ (انگ۔بین) [ع۔ا۔مذ] شہد۔ عسل۔

**اَنگرکھا**۔(اَن۔گر۔کھا) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا مردانہ لباس۔ قبا۔

**انگریز** (انگ۔ریز) [اُر۔ا۔مذ] انگلستان کا باشندہ۔

**انگریزی**۔ (انگ۔ریے۔زی) [اُر۔ا۔مث] (۱) انگریزوں کی زبان۔ (۲) انگلستان سے متعلق۔

**انگریزی راج تن کو کپڑا نہ پیٹ کو اناج**۔ [مثل] انگریزوں کے دورِ حکومت کی حالت کہ لوگ کپڑے اور روٹی سے محروم تھے۔

**انگڑانا**۔(انگ۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] انگڑائی لینا۔ بدن توڑنا۔ بستر پر کروٹ بدلنا۔

**انگڑائی**۔ (انگ۔ڑا۔ای) [ہ۔ا۔مث] ہاتھوں کا کھینچنا۔ بدن ٹوٹنا۔ جسم کے بالائی حصّہ کا تناؤ۔

**انگڑائی آنا**۔ سُستی اترتے وقت بدن اینٹھنا۔

**انگڑائی توڑنا**۔ سُستی اتارنا۔ انگڑائی لینا۔ بدن توڑنا۔

**اَنگڑ کھنگڑ**۔ (اَن۔گڑ۔کھن۔گڑ) [ہ۔صف] ٹوٹا پھوٹا اسباب۔ فضول سامان۔ کاٹھ کباڑ۔

**اُنگُسان**۔ (اُن۔گُس۔تان) [ق۔ا۔مذ] انگوٹھے کا چھلّہ۔

**اُنگُستانہ**۔ (اُن۔گُس۔تانہ) [ق۔ا۔مذ] انگوٹھے کا چھلّہ۔

**اَنگ سنگ**۔ (اَنگ۔سنگ) [ہ۔ا۔مذ] میل جول۔ مُلاقات۔

**انگش بنگش**۔(اَن۔گش۔بن۔گش) [اُر۔صف] اول جلول۔ بیہودہ۔ لغو۔ مہمل۔

**اَنگشت**۔(اَن۔گشت) [ف۔ا۔مث] اُنگلی۔

**اُنگشت بدنداں ہونا**۔ (محاورہ) دانتوں میں اُنگلی دینا۔ حیرت۔ تعجب۔ افسوس یا حسرت کا اظہار کرنا۔

**اُنگشت بر لب ہونا**۔ (محاورہ) خاموش رہنے کا اشارہ۔

**اُنگشت ششم**۔ وہ زائد اُنگلی جو بعض لوگوں کی چھنگلیا میں ہوتی ہے۔

**اُنگشتِ شہادت**۔ سیدھے ہاتھ کی انگوٹھے کے پاس والی اُنگلی جسے نمازی التحیات میں کلمۂ شہادت پڑھتے وقت اُٹھاتے ہیں۔

**اُنگشتِ نر**۔ انگوٹھا۔

**اُنگشت نما**۔ بدنام جس کی طرف اُنگلی اٹھائی جائے۔ رسوائے زمانہ۔

**اُنگشت نما ہونا**۔ (محاورہ) بدنام ہونا۔

**اُنگشت نمائی**۔ بدنامی۔ رُسوائی۔

**اُنگشت نمائی کرنا**۔ (محاورہ) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ عیب نکالنا۔



Marfat.com

**اُنگشتانہ**۔ (اَن۔گُش۔تا۔نہ) [ف۔ا۔مذ] دھات کی بنی ہُوئی ٹوپی جسے کپڑا سیتے وقت اُنگلی میں پہن لیتے ہیں۔

**اُنگشتری**۔ (اَن۔گُش۔تَ۔رِی) [ف۔ا۔مث] انگوٹھی۔

**اُنگل۔ اَنگل** (اُن۔گَل۔اَن۔گُل) [ہ۔ا۔مذ] اُنگلی کی موٹائی کے برابر۔

**اُنگلانا**۔ (اُنگ۔لا۔نا) [ہ۔مص] اُنگلی کرنا۔ دق کرنا۔ اُکسانا۔

**اِنگلش** (English) (اِنگ۔لش) [انگ۔صف] انگلستان کا۔ انگلستان سے منسوب۔ انگریزی زبان۔

**اُنگلی**۔ (اُنگ۔لی) [اُر۔ا۔مث] انگشت۔ ہاتھ اور پاؤں کے وہ مخروطی حصّے جن میں ناخن ہوتے ہیں۔

**اُنگلی پکڑنا۔ اُنگلی پکڑ کے چلانا**۔ (محاورہ) چھوٹے بچوں کو چلنا سکھانا۔ سہارا دینا۔

**اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا**۔ (محاورہ) [مثل] ذرا منہ لگانے پر سر چڑھنا۔

**اُنگلی پکڑنا**۔ سہارا لینا۔

**اُنگلی (چٹکانا) چٹخانا**۔ (محاورہ) اُنگلیوں کی سُستی دُور کرنا۔

**اُنگلی دانت تلے دبانا**۔ حیران ہونا۔ افسوس کرنا۔

**اُنگلی دکھانا**۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔

**اُنگلی (دھرنا) رکھنا**۔ (محاورہ) اعتراض کرنا۔ عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

**اُنگلی کرنا**۔ (محاورہ) پریشان کرنا۔ ستانا۔

**اُنگلی لگانا**۔ (محاورہ) چھُونا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ چھیڑنا۔

**اُنگلی ملاؤ**۔ ناچ کا ایک انداز جس میں دونوں ہاتھ سر کے اُوپر اُٹھا کر اُنگلیاں ملا دی جاتی ہیں۔

**اُنگلیاں اُٹھانا**۔ (محاورہ) اشارہ کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

**اُنگلیاں اُٹھنا** (محاورہ) رُسوا ہونا۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔ نکو ہونا۔ مطعون ہونا۔

**اُنگلیاں توڑنا**۔ (محاورہ) اُنگلیوں کو اس طرح توڑنا کہ چٹ چٹ کی آواز نکلے۔ اُنگلیوں کی سُستی دُور کرنا۔

**اُنگلیاں (چمکانا) مٹکانا**۔ (محاورہ) ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر اُنگلیاں نچانا۔ عورتوں کا غمزے سے یا لڑائی سے اُنگلیاں نچانا۔

**اُنگلیاں دانتوں میں دبانا**۔ (محاورہ) حیرت کا اظہار کرنا۔ حیران ہونا۔

**اُنگلیاں کاٹنا**۔ حیرانی۔ تاسف کے ساتھ حیران ہونا۔

**اُنگلیاں کانوں میں دینا**۔ (محاورہ) بیزاری کا اظہار کرنا۔

**اُنگلیاں گھِسنا**۔ (محاورہ) کوئی ایسا کام کرنا جس سے اُنگلیوں پر رگڑ لگے۔

**اُنگلیاں نچانا**۔ بدتہذیبی سے بیہودہ حرکت۔ حماقت۔ مسخرہ پن۔ چلبلا پن۔ چڑانا۔

**اُنگلیوں پر نچانا**۔ بہت تنگ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

**اُنگلیوں پر گننا**۔ (محاورہ) تھوڑی تعداد میں ہونا۔

**انگلیٹ۔ انگلیٹھ**۔ (اَنگ۔لیٹ۔انگ۔لیٹھ) [ہ۔ا۔مث] جُثہ۔ ڈیل ڈول وضع قطع۔ اُٹھان۔ جسم کی بناوٹ۔ قدوقامت۔

**انگنائی**۔ (اَنگ۔نا۔ای) [ہ۔ا۔مث] آنگن۔ صحن۔ گھر کے اندر کھلی جگہ۔

**انگنیا**۔ (اَنگ۔نی۔یا) [ہ۔ا۔مث] آنگن کی تصغیر۔ چھوٹا آنگن۔

**انگوٹھا**۔ (اَن۔گو۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذ] ہاتھ اور پیر کی پہلی اور سب سے موٹی اُنگلی انگشت نر۔

**انگوٹھا چومنا**۔ (محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ عاجزی۔ نہایت عقیدت و محبت کا اظہار کرنا۔

**انگوٹھا دکھانا**۔ (محاورہ) چھیڑنا۔ انکار کرنا۔ چڑانا۔ صاف جواب دینا۔ بددیانتی اور خیانت کرنا۔ کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا۔

**انگوٹھا نچانا**۔ (محاورہ) انگوٹھا دکھا کر چڑانا۔

**انگوٹھے باندھنا**۔ (محاورہ) میت کے پاؤں کے دونوں انگوٹھے آپس میں باندھنا تاکہ پاؤں سیدھے رہیں۔

**انگوٹھے پر مارنا**۔ (محاورہ) پرواہ نہ کرنا۔

**انگوٹھی**۔ (اَن۔گو۔ٹھی) [ہ۔ا۔مث] انگشتری۔ خاتم۔ انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور۔

**انگوچھا**۔ (اَن۔گو۔چھا) [ہ۔ا۔مذ] بدن پونچھنے کا کپڑا۔ بڑا رومال۔ تولیا

**انگور**۔ (اَن۔گُور) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایک شیریں میوہ۔ تاک۔ عنب۔ داکھ (۲) زخم کا کھرنڈ۔ پیڑی۔

**انگور (بندھنا) بھرنا**۔ (محاورہ) گھاؤ بھر کر کھرنڈ جمنا۔

**انگور پھٹ جانا** (محاورہ) بھرے ہوئے زخم کا تڑخ جانا۔ زخم کھُل جانا۔

**انگور (تڑکنا) تڑقنا**۔ (محاورہ) بھرتے ہوئے زخم پر بندھی ہُوئی جھلی یا گوشت کا الگ ہو جانا۔

**انگور شفا**۔ ایک بُوٹی جس کی جڑ اور پتیاں دست اور درد کو دُور کرتی ہیں۔

**انگور کھٹے ہیں**۔ [مثل] میسّر نہیں اس لیے خراب ہیں۔ کسی چیز کے حاصل نہ ہونے پر اس میں عیب نکالنا۔

**انگور کی ٹٹیاں**۔ بانس کی ٹٹیاں جس پر انگور کی بیلیں چڑھی ہوں۔

**انگوری**۔ (اَن۔گُو۔ری) [ف۔صف] (۱) انگور سے بنا ہُوا (۲) انگوری رنگ کا ہلکا ہرا رنگ۔

**انگوری باغ**۔ وہ باغ جس میں انگور کے درخت ہوں۔

**انگوری بیل**۔ کپڑے پر کڑھی یا بنی ہُوئی بیل جو انگور کے مشابہ ہوتی ہے۔

**انگوری شراب**۔ انگوری شراب۔ انگور سے بنائی ہُوئی شراب۔

**انگول**۔ (اَن۔گول) [ق۔ا۔مذ] ایسا غسل جس میں سر پر پانی نہ ڈالا جائے۔

**انگھڑا**۔ (اَنگھ۔ڑا) [س۔ا۔مذ] کالسی کا چھلا۔

**انگیا**۔ (اَنگ۔یا) [ہ۔ا۔مث] چولی۔ چھوٹا کپڑا۔ عورتوں کا ایک پہناوا جس سے صرف چھاتیاں ڈھکی رہتی ہیں۔ سینہ بند۔

**انگیا کا بنگلہ**۔ انگیا کی کٹوریوں پر کھُردنا ٹکنے سے جو چھجا نکیں بن جاتی ہیں۔

**انگیا کا ٹھڑا**۔ وہ بٹا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر رہتا ہے۔

**انگیا کا گھاٹ**۔ انگیا کا گلا اور گریبان۔ انگیا کی بناوٹ۔ کتر بیونت۔

**انگیا کی چڑیا**۔ انگیا کی وہ سیون جو دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے۔

**انگیا کی خواصی**۔ انگیا میں بغل کے برابر ایک دھجی سی جسے گھائی ڈھی کہتے ہیں۔

**انگیا کی دیوار یا دیواریں**۔ انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کا حصّہ۔

**انگیا کی ڈوری**۔ وہ ڈور جو عورتیں انگیا کے گریبان کے گرد لگاتی ہیں۔

**انگیا کی (کٹوری) کٹوریاں**۔ انگیا کا وہ حصّہ جو چھاتیوں کے اُوپر رہتا ہے۔

**انگیا کے پان**۔ انگیا کی کٹوریوں میں کپڑے کے دو ٹکڑے ہوتے ہیں جو چھوٹے کو پان اور بڑے کو دیوار کہتے ہیں۔

**انگیا کے پیچھے**۔ انگیا کی چوڑی گوٹ جو انگیا کی آستینوں میں لگاتے ہیں۔



Marfat.com

**اَنگیٹھی**- (اَن-گی-ٹھی) [ہ-ا-مث] آگ رکھنے کا برتن- آتش دان-
**اَنگیخت**- (اَن-گیخ-ت) [ف-مث] اشتعال- تحریک- انگیختن کا حاصل مصدر-
**اَنگیز**- (اَن-گیز) [ف] (۱) برداشت (۲) اُٹھانے والا- بطور لاحقہ آتا ہے جیسے فتنہ انگیز-
**اَنگیزنا**- (اَن-گیزنا) [اُ-مص] سہنا- برداشت کرنا- گوارا کرنا- سہارنا-
**اَنُمان**- (اَن-مان) [س-ا-مذ] اٹکل- گمان- اندازہ- قیاس- نتیجہ- چل-
**اِنمناہت**- (اَن-مَنا-ہَت) [ق-ا-مث] ناسازی- علالت- بیماری-
**اَنناس**- (اَ-نَن-ناس) [پُر-ا-مذ] ایک مشہور پھل جو لمبوترا ہوتا ہے- ذائقہ میں شیریں و ترش اور خوشبودار ہوتا ہے- جڑ کے قریب لگتا ہے-
**اَننت**- (اَ-ننت) [ہ-صف] (۱) جس کا اخیر نہ ہو- بے حد (۲) بہت زیادہ (۳) طاقت ور (۴) آسمان (۵) شیش ناگ (۶) ایک گہنا جو بازو میں پہنا جاتا ہے-
اننت چودس- بھادوں کی چودھویں تاریخ جس دن وشنوجی کا تہوار منایا جاتا ہے-
**اَنند**- (اَ-نند) [ہ-صف] خوش- مگن- شاداں- اس کے مرکبات آنند الف ممدودہ میں دیکھیے-
اَنند بدھائی- خوشی کی رخصت- روانگی (ق)
**انوار**- (اَن-وار) [ع-ا-مذ] نُور کی جمع- روشنی- اُجالا- تجلی- ضیا- چمک-
**انواسنا**- کورے برتن کو کھنگال کر کام میں لانا
**اَن واسی**- (اَن-وا-سی) [ہ-صف] کنواری کی ضد- بیاہی ہوئی- کھنگالی ہوئی-
**اَنواع**- (اَن-واع) [ع-ا-مذ] نوع کی جمع- قسمیں- رنگا رنگ- بھانت بھانت
**اَنُوپ** (اَ-نُوپ) [ہ-صف] بے مثال- بے نظیر- یکتا- لاثانی-
**اَنوپان**- (اَ-نو-پان) [ہ-ا-مذ] طریقۂ استعمال- کھانے کا قاعدہ- وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جاتی ہے کہ وہ حلق سے اُتر جائے-
**اَن وَٹ**- (اَن-وَٹ) [ہ-ا-مث] (۱) پیر کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک گھنگرو دار چھلا- (۲) چھب- انداز- ناز- نخرہ- لپک-
**انوٹھا**- (اَ-نو-ٹھا) [ہ-صف] (۱) انوکھا- خوب صورت- اچھا- بڑھیا (۲) جھوٹے کی ضد- کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو-
**انوٹھی بات**- (اَنوٹھی-بات) [ہ-صف] انوکھی بات- نئی بات- نادر بات-
**اَنور**- (اَن-وَر) [ع-صف] بہت روشن- خوب صورت- نہایت نورانی زیادہ چمکیلا-
**انوکھا**- (اَ-نو-کھا) [ہ-صف] نرالا- نادر- عجیب و غریب- سب سے الگ-
انوکھاپن- نرالاپن-
**اُنھ**- (اُنھ) [ہ] بے پروائی اور نفرت کا کلمہ-
**اَنہار**- (اَن-ہار) [ع-ا-مث] نہر کی جمع- نہریں-
**اُنہتر**- (اُ-نہت-تر) [ہ-صف] ساٹھ اور نو- اڑسٹھ کے بعد کا عدد (۶۹)
**اِنہدام**- (اِن-ہِ-دام) [ع-ا-مذ] ڈھانا- گرانا- مسمار کرنا- بربادی-
**اِنہزام**- (اِن-ہِ-زام) [ع-ا-مذ] تتر بتر ہونا- بھاگ پڑنا- شکست کھانا-
**اِنہضام**- (اِن-ہِ-ضام) [ع-ا-مذ] ہضم ہونا-
**اِنہماک**- (اِن-ہِ-ماک) [ع-ا-مذ] مصروفیت- محویت- انتہائی مشغولیت-

**اَنھوریاں**- (اَ-نھو-ری-یاں) [ہ-ا-مث] گرمی دانے-
**اِنھیں**- (اِ-نھیں) [اُ] قریبی اشارہ- اِن کو-
**اُنھیں**- (اُ-نھیں) [اُ] دُور کا اشارہ- اُن کو-
**اَنی**- (اَ-نی) [ہ-ا-مث] (۱) نیزے کی نوک- برچھی کی نوک (۲) جوتے کی نوک
**اَنیائی**- (اَن-نِ-یا-ای) [س-ا-مذ] ظالم- ناانصاف-
**اَنیائے** (اَن-نِ-یا-ے) [ہ-ا-مذ] ظلم- بے انصافی- اندھیر-
**اَنیت**- (اَ-نیت) [س-صف] بے انصافی- ظلم-
**اَنیتی**- (اَ-نی-تی) [س-ا-مث] (۱) شرارت- بُرائی- بدی (۲) بے انصافی- ظلم-
**اَنیس**- (اَ-نیس) [ع-صف] (۱) اُنس رکھنے والا- محبت کرنے والا- دوست- ہمدم (۲) مشہور مرثیہ گو میر ببر علی لکھنوی کا تخلص-
**اُنیس**- (اُن-نیس) [ہ-صف] دس اور نو- اٹھارہ کے بعد کا عدد (۱۹)
اُنیس بیس- تھوڑا سا- معمولی سا-
اُنیس بیس کا فرق- (محاورہ) معمولی سا فرق- تھوڑا سا فرق-
اُنیس بیس ہونا (محاورہ) حادثہ پیش آنا- ایسی ویسی بات ہونا-
**اُنیسواں**- (اُن-نیس-واں) [ہ-صف] گنتی میں انیس کی جگہ پر آنے والا- اٹھارھویں کے بعد-
**اَنیسون**- (اَ-نی-سُون) [ہ-ا-مث] ایک دوا کا نام-
**اَنیق- اَنیقہ**- (اَ-نیق- اَ-نی-قہ) [ع-صف] خوش آئند- خوب- عجیب- نادر-
**اَنیک**- (اَ-نیک) [س-صف] بہت- ایک سے زیادہ- جو گنا نہ جاسکے- اَن گنت-
**اَنیلا**- (اَ-نی-لا) [ہ-صف] ناتجربہ کار- نادان- بھولا- ناواقف- خام-
اَنیلاپن- نادان پن- بھولاپن- ناتجربہ کاری- ناواقفیت-
**اَنیلی**- (اَ-نی-لی) [ہ-صف] ناتجربہ کار- نادان- بھولی بھالی-
**اَنیمیا** (Anaemia) (اَنی-م-یا) [انگ-ا-مذ] جسم میں خون کی کمی- ایک مرض-

## ا-و

**او** [ہ] (واؤ معروف) حرف ندا- اے- ارے- اپنے سے چھوٹے اور کم رتبہ شخص کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں-
**اَواخر** (اَ-وا-خِر) [ع-ا-مذ] آخر کی جمع- انتہا- حد- ختم- انجام-
**اِوارجہ- اَوارجہ** (اَ-وا-رجہ- اِ-وا-رِجہ) [ف-ا-مذ] روزنامچہ- حساب کی کتاب- بہی- رسید بک-
**اَوازہ تَوازہ**- (اَ-وا-زہ- تَ-وا-زَہ) [اُ-ا-مذ] طعن و تشنیع- بولی ٹھولی-
**اَواسط**- (اَ-وا-سِط) [ع-ا-مذ] اوسط کی جمع- درمیانی باتیں یا چیزیں-
**اَوامر**- (اَ-وا-مِر) [ع-ا-مذ] امر کی جمع- احکام-
**اَوائل**- (اَ-وا-اِل) [ع-صف] (۱) اوّل کی جمع- ابتدا- آغاز- پہلے حصے (۲) [ا-ر] چرخے کی مال-
اوائل عمر- ابتدائے عمر- بچپن- چھوٹی عمر- لڑکپن- بالپن- کم سنی-
**اَوائی**- (اَ-وا-ای) [ہ-ا-مث] (۱) آمد (۲) کسی کے آنے کی خبر (۳) جھوٹی خبر-



Marfat.com

اوائی (اُڑانا) اُڑنا - جھوٹی خبر پھیلنا یا پھیلانا۔

اُوب - [ہ - ا - مث] کچھ عرصہ تک ایک ہی حالت میں رہنے پر طبیعت کی بے چینی گھبراہٹ - اُکتاہٹ - بے چینی - بیزاری۔

اوباش - (او - باش) [ع - صف] بوش کی خلاف قیاس - جمع - لچا - غنڈہ - لوفر کمینے لوگ - بدمعاش - بدچلن - آوارہ۔

اوباشی (او - با - شی) [ع - ا - مث] بدمعاشی - بدچلنی - عیاشی - زناکاری۔

اُوبنا - (اُوب - نا) [ہ - مص] اکتانا - گھبرانا۔

اُوبی - (اُو - بی) [ہ - ا - مث] وہ گڑھا جو ہاتھی کے پھنسانے کے لیے جنگل میں خس پوش کیا جاتا ہے۔

اُوپ [ہ - ا - مث] چمک - جلا - آب و تاب - صیقل۔

اوپچی - (اوپ - چی) [ف - ا - مذ] ہتھیار بند - سر سے پاؤں تک ہتھیار سے سجا ہوا بانکا سپاہی۔

اُوپر - (اُو - پر) [ہ] نیچے کی ضد - اُونچا - بالا - (۲) بالاخانہ - کوٹھا - (۳) باہر (۴) اس سے پہلے (۵) اپنی ذات پر (۶) زیادہ (۷) سہارے - برتے پر (۸) ظاہری دکھاوٹ۔

اوپرا - [ا - صف] دکھاوے کا - ظاہری (۲) اجنبی - غیر موزوں۔

اُوپر اُوپر (۱) بالا بالا - چپکے چپکے - الگ الگ - پوشیدہ (۲) بے اثر۔

اُوپر اُوپر جانا - (محاورہ) بیکار اور بے اثر ہو جانا۔

اُوپر تلے - نیچے اُوپر - پے در پے - متواتر - لگاتار - ایک کے اُوپر ایک۔

اُوپر تلے کے - وہ بچے جن کے بیچ میں کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔

اُوپر دھڑی - ناحق کا الزام - مُفت کی تہمت۔

اُوپر سے - اُونچے سے - بلندی سے (۲) اس کے علاوہ - ماسوا (۳) رشوت یا بالائی یافت۔

اُوپر سے دینا - (محاورہ) طمانچہ یا تھپڑ مارنا۔

اُوپر کی سُوجھنا - دُور کی سُوجھنا۔

اُوپر کے دم (آنا) بھرنا - اُلٹی سانسیں چلنا - آخری سانسیں لینا - نزع کی حالت ہونا۔

اُوپر وار - اُوپر کی طرف۔

اُوپر والا (۱) خدا (۲) نیا چاند - ماہِ نو (۳) نوکر چاکر - کارکُن - پیش خدمت (۴) اجنبی - غیر (۵) اوپر کے کام کا نوکر۔

اُوپر والے (۱) غیر - بے تعلق - دوسرے (۲) حکام (۳) کوٹھے پر رہنے والے۔

اُوپر والیاں (۱) پریاں - چڑیلیں (۲) چیلیں (۳) پیش خدمت عورتیں - ماما - اصیلیں۔

اُوپر ہی اُوپر - بالا بالا - الگ ہی الگ - پوشیدہ - چھپواں۔

اُوپر ہی اُوپر ملنا - بغیر کسی کو خبر ہوتے ملتے رہنا - چپکے چپکے - الگ ہی الگ ملاقات کرنا۔

اوپری - (اُو - پ - ری) [ہ - صف] (۱) اوپر کا (۲) باہر کا - باہری (۳) نمائشی - دکھاوٹی - (۴) اجنبی - غیر - ناموزوں۔

اوپری دل سے - ظاہرا طور سے - دکھاوے کو۔

اوپیرا - (Opera) (او - پے - را) [انگ - ا - مذ] غنائی تمثیل - وہ ناٹک جس میں موسیقی کا عنصر غالب ہو۔

اوت - [ہ - صف] (۱) وہ شخص جو جوان ہو کر بن بیاہا مر جائے (۲) لاولد (۳) نامراد ناکام (۴) بیوقوف - احمق - نادان (۵) پلید الروح (۶) منحوس۔

اُوت کسر ماری جانا - نفع یا نقصان ہونا۔

اُوت نپوتا - بن بیاہا اور بے اولاد - وہ شخص جو کنوارا اور بے اولاد ہے ایک قسم کا کوسنا بھی ہے جیسے اُوت نپوتا جائے۔

اُوت نپوتی - وہ عورت جو کنواری اور بے اولاد ہے۔

اوتاد - (اَو - تاد) [ع - ا - مذ] میخیں (۲) اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ۔

اوتار - (اَو - تار) [ہ - ا - مذ] (۱) ہندوؤں کے عقیدے میں خدا کا کسی جسم میں داخل ہو کر مخلوق کی اصلاح کے لیے دُنیا میں آنا (۲) [صف] نیک - فرشتہ خو - مقدس - ولی - خدا رسیدہ آدمی۔

اوتاولا - [ہ - صف] جلدباز - بے قرار۔

اوتاولاپن - جلدبازی - بے صبری۔

اُوتر پاتر - (اُو - تر - پا - تر) [ہ - صف] الگ کیا ہوا - بچا ہوا - ادا کیا ہوا۔

اُوتر پاتر ہونا - بیباق ہونا۔

اوٹ - [ہ - ا - مث] روک جس سے سامنے کی چیز دکھائی نہ دے - پردہ - آڑ - گھونگھٹ - نقاب (۲) پناہ - سایہ - حمایت (۳) عقب - پیچھے - پوشیدہ - غائب از نظر (۴) گھات - کمین گاہ (۵) گاڑی کے اونگنے کی لکڑی۔

اوٹ میں بیٹھنا - آڑ میں بیٹھنا - پس پردہ بیٹھنا۔

اوٹا - (او - ٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) پردے کی دیوار (۲) کپاس اوٹنے والا آدمی (۳) کپاس اوٹنے کی چرخی پنہاریوں کے بیٹھنے کا چبوترا (۴) سناروں کا ایک اوزار جس سے وہ بازو بند کے دانوں کی تولیں بناتے ہیں (۵) وہ پتھر جو دروازے کے آگے دائیں اور بائیں ہاتھ پر بیٹھنے کے لیے لگا دیتے ہیں۔

اُوٹانا - (اُو - ٹا - نا) [ہ - مص] کھولانا - دودھ یا کسی اور رقیق چیز کا خوب گرم کرنا۔

اُوٹ پٹانگ (اُوٹ - پ - ٹانگ) [ہ - مص] مہمل بے معنی - بیہودہ - بے تکا بے جوڑ۔

اوٹل ہو جانا - نظر سے چھپ جانا۔

اوٹن - (اَو - ٹن) [ہ - ا - مث] (۱) اُبال - تاؤ (۲) تمباکو کاٹنے کی چھری (۳) چرخی کے دو ڈنڈے جن کے گھومنے سے روئی میں سے بنولے الگ ہو جاتے ہیں۔

اوٹنا - (اوٹ - نا) [ہ - مص] (۱) بیلنا - روئی کو بنولوں سے جُدا کرنا۔

اوٹنی - (اوٹ - نی) [ہ - ا - مث] (۱) کفچی یا چمچ - آنچ پر چڑھے ہوئے دودھ اور کسی تر چیز کو ہلانے یا چلانے کی چیز (۲) کپاس اوٹنے کی چرخی - بیلنی۔

اَوج - [ع - ا - مث] اُونچائی - بلندی (۲) شان - رفعت - عروج۔

اوج موج - خوش حالی - فارغ البالی - بلند اقبالی۔

اَوجاع - (اَو - جاع) [ع - ا - مذ] وجع کی جمع - درد۔

اُوجڑ - (اُو - جڑ) [ہ - صف] اجڑا ہوا - ویران - غیر آباد - خراب۔

اُوجڑ نگری سُونا دیس - [مثل] ویران مقام - غیر آباد جگہ۔

اوجھ - [ہ - ا - مذ] چوپایوں کا معدہ - پیٹ - شکم - بطن۔

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے - [مثل] کسی قدر بھوک رکھ کر کھانا بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔



Marfat.com

**اوجھا** ۔ (او۔جھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مُعلّم۔ نجومی۔ رمّال ۔ جوتشی (۲) جادوگر۔ ساحر سیانا۔ جھاڑ پھونک کرنے والے برہمنوں کی ایک ذات ۔

**اوجھڑ** ۔ (او۔جھڑ) [ہ۔ا۔مث] ڈھال کی جھڑپ (۲) صدمہ۔ ضرب۔ ٹھوکر۔

اوجھڑ (لگانا) مارنا ۔ ڈھال کی جھڑپ لگانا ۔ دُشمن کے سر پر سپر مارنا ۔ دھکا دینا ضرب لگانا ۔ صدمہ دینا ۔

**اوجھڑی** ۔ (اوجھ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] جانوروں کا معدہ ۔ اوجھ ۔

**اوجھل** (او۔جھل) [ہ۔ا۔مث] آڑ۔ پردہ۔ حجاب (۲) پوشیدہ ۔ غائب از نظر۔

**اوجھنا** ۔ (اوجھ۔نا) [ہ۔مص] انڈیلنا ۔ ایک برتن سے دوسرے برتن میں اُنڈانا ۔

**اوچھا** ۔ (او۔چھا) [ہ۔صف] کم ظرف ۔ کمینہ ۔ احسان جتانے والا (۲) اُدھورا ہلکا (۳) اُتھلا ۔ چھوٹا ۔ (۴) کم گہرا ۔

**اوچھا برتن اُبلتا ہے اُچھلتا ہے** ۔ [مثل] کم ظرف تھوڑی پونجی پر اترانے لگتا ہے ۔

اوچھاپن ۔ چھچھوراپن ۔ کم ظرفی ۔ کمینگی ۔

اوچھاوار ۔ [ہ۔مذ] ضرب جو کاری نہ ہو ۔

اوچھا ہاتھ پڑنا ۔ ہلکا ہاتھ پڑنا جس سے ضرب کم آئے ۔

**اوچھن پوچھن** ۔ (او۔چھن۔پو۔چھن) [ہ۔ا۔مث] کھانا کھا چکنے کے بعد برتنوں میں سے جو بچا ہوا نکالا جائے ۔

**اوچھی بات** ۔ نازیبا بات ۔ ہلکی بات ۔ نامناسب بات ۔

**اوچھی پونجی خصم کو کھائے** ۔ [مثل] تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں اصل بھی برباد ہو جاتا ہے ۔

اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے ۔ کم ظرف کا احسان کبھی نہ لینا چاہیے ۔ کمینے سے مدد نہ لینا چاہیے ۔

**اوچھے کی پیت بالو کی بھیت** [مثل] کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں

**اوچھے کے گھر کا کھانا جنم جنم کا طعنہ** ۔ [مثل] کم ظرف تھوڑا احسان کر کے ہمیشہ طعنہ دیا کرتا ہے ۔

اوچھے ہتھیاروں پر اُتر آنا ۔ (محاورہ) بس نہ چلنے پر نازیبا حرکات پہ اُتر آنا ۔ کمینگی پر اُتر آنا ۔

**او خویشتن گم است کرا رہبری کُند** ۔ [مثل] جو شخص خود بھٹکا ہوا ہے ۔ وہ بھلا کس کی رہبری کر سکتا ہے ۔

**اُودا** (اُو۔دا) [ہ۔صف] سُرخی لئے ہوئے کالے رنگ کا ۔ بینگنی رنگ کا ۔

**اُوداسا ۔ اُودسا** ۔ (اُو۔دا۔سا ۔ اُود۔سا) [ہ۔ا۔مث] بپتا ۔ مُصیبت تکلیف ۔ دُکھ ۔ آفت ۔

**اُوداہٹ** ۔ (اُو۔دا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] بینگنی رنگ کا ہونا ۔

**اُود بلاؤ** ۔ (اُود۔ب۔لاؤ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بلی سے مشابہ ایک جانور جو دریا کے کنارے رہتا اور مچھلی مینڈک کھاتا ہے (۲) بے وقوف آدمی ۔

**اُود بلاؤ کی ڈھیری** ۔ وہ جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو ۔ اود بلاؤ دو پہر تک دریا سے مچھلیاں پکڑتے رہتے ہیں ۔ پھر ان کی ڈھیریاں لگا کر ہر ایک ان میں سے ایک ڈھیری کے سامنے بیٹھ جاتا ہے ۔ لیکن یہ خیال کر کے کہ حصے برابر نہیں لگائے گئے ہیں ۔ سب اُٹھ کر لڑنے لگتے ہیں اور مچھلیاں ملا کر پھر ڈھیریاں لگاتے ہیں یہی ہوتا رہتا ہے ۔ یہاں تک کہ کوئی شکاری ان کا

شور سُن کر آجاتا ہے اور انھیں بھگا کر مچھلیوں پر قبضہ کر لیتا ہے ۔

**اُودھم** ۔ (اُو۔دھم) [ہ۔ا۔مذ] شور و شر ۔ ہنگامہ ۔ فساد ۔ بلوہ ۔ غلغلہ ۔

**اُودھم اُٹھانا ۔ اُودھم مچانا** ۔ ہنگامہ و فساد برپا کرنا ۔ جھگڑا اٹھانا ۔ نہایت شور و غل کرنا ۔

اُودھم مچا رکھنا ۔ شور و شغب کرنا ۔

**اُودھمی** ۔ (اُو۔دھ۔می) [ہ۔صف] جھگڑالو ۔ فسادی ۔ شریر ۔

**اُدھو کا لین نہ مادھو کا دین** ۔ [مثل] کسی سے کوئی واسطہ نہ رکھنا ۔ الگ تھلگ رہنا ۔

**اَور** ۔ [ہ] (کلمۂ عطف) (۱) دو لفظوں کو ملانے والا لفظ (۲) دوسرا (۳) زیادہ (۴) پھر دوسرا ۔ مختلف (۶) صرف ۔ فقط (۷) یا ۔ سوا ۔ مگر نہ (۸) نیا ۔ جدید (۹) علاوہ ماسوا (۱۰) بجز ۔ بلکہ ۔ سوا (۱۱) غیر (۱۲) خلاف ۔ برعکس (۱۳) معلوم ہو گیا ۔ وہ (۱۴) ہاں ۔ یونہی ہے ۔

اَور ارادے سے دیکھنا ۔ (محاورہ) بُری نیت سے نظر کرنا ۔

اَور اَور باتیں ۔ عجیب عجیب باتیں ۔ کچھ کی کچھ باتیں ۔

اَور بات ہے ۔ (محاورہ) الگ معاملہ ہے ۔ دوسری بات ہے ۔

اَور بھی سُنا ۔ نئی بات سُنی ۔ تم نے عجیب بات سُنی ہے ۔

**اَور تماشا دیکھو** ۔ نئی انوکھی بات سُنو ۔

**اَور تو اَور** ۔ حیرت کی بات یہ ہے ۔ اوروں کو جانے دو ۔

اَور سُنو ۔ (روزمرّہ) ابھی ٹھہرو ۔ یہ تازہ بات ہوئی ۔ اسے تو دیکھو ۔

اَور سے اَور (ہو جانا) ہونا ۔ (محاورہ) حالت پلٹ جانا ۔ ترقی یا تنزل ہونا ۔

اَور طرف کی راہ لینا ۔ (محاورہ) دوسرے راستے جانا ۔

**اَور عالم میں ہونا** ۔ (محاورہ) اور رنگ میں ہونا ۔ اور کیفیت میں ہونا ۔ آپے میں نہ ہونا ۔

اَور عالم ہو جانا ۔ (محاورہ) دوسری کیفیت پیدا ہو جانا ۔

**اَور عالم ہونا** ۔ دوسرا رنگ ہونا ۔

**اَور کیا** ۔ (استفہام) تصدیق اور تحسین کے لیے بولا جاتا ہے بیشک یقیناً ۔ کیا خوب ۔

**اَور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت** [مثل] اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اوروں کو نصیحت کرے مگر خود عمل نہ کرے ۔

**اَور کے نام انڈے نیچے ہمارے نام گڑک** ۔ [مثل] اوروں سے سلوک کرنے ہو ہم سے نہیں ۔ غیر مزے کریں اپنے بھوکے مریں ۔

**اَور کیا کیا کہنا ہے** ۔ کیا خوب ۔ یوں ہی چاہئے ۔ یہی بات ہے ۔ ٹھیک ۔ بے شک ۔

اَور گھر (دیکھنا) تلاش کرنا ۔ (محاورہ) دوسری جگہ ٹھکانہ کرنا ۔

**اَور نہیں تو کیا** ۔ (فقرہ) یہی بات تو ہے ۔

اَور ہوا میں اُڑنا ۔ دوسرے رنگ میں ہونا ۔ بدلا ہوا انداز ہونا ۔

اَور ہی بات ہے (فقرہ) نرالی کیفیت ہے ۔ تعریف کی جگہ کہتے ہیں ۔

اَور ہے ۔ تازہ ۔ انوکھا ۔ عجیب ۔ طرفہ ۔ خلاف واقع ۔ خلاف ۔ برعکس ۔

**اور** ۔ (شور کے وزن پر) [ہ] (۱) طرف ۔ سمت ۔ جانب (۲) شروع ۔ ابتدا (۳) کنارہ ۔ چھور (۴) حمایت ۔ جانب داری (۵) منڈلی ۔ فریق (۶) حد ۔ انتہا ۔ انتہا ۔



Marfat.com

اوربھانا۔(۱) حمایت لینا۔پاسداری کرنا (۲) انجام کو پہنچانا۔حدتک پہنچا دینا۔

اَوراد۔(اَو۔راد) [ع-ا-مذ] ورد کی جمع۔وظائف۔

اَوراق (اَو۔راق) [ع-ا-مذ] ورق کی جمع۔کاغذ کے تاؤ کاغذ کا ٹکڑا کسی چیز کا پارچہ جیسے چاندی کے ورق۔

اُوَر (Over) (او-ور) [انگ۔حرف جار] (۱) پر۔اُوپر (۲) [مذ] (کرکٹ) ایک طرف سے بولر کی گیند پھینکنے کی باری (جس میں چھ گیندیں پھینکی جاتی ہیں) (۳) ایمپائر کا اعلان ایک باری ختم ہو گئی (۴) [تابع فعل] اُوپر کا بالائی۔باہر کا۔

اُوَرایکٹنگ (Overacting) ڈراما۔پارٹ میں ضرورت سے زیادہ اداکاری دکھانا۔

اُوَرٹائم (Over Time) زائد وقت (جس میں مزدور مقررہ وقت کے علاوہ کام کرے)

اُوَرکوٹ (Over Coat) پاؤں تک لمبا کوٹ جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں۔فرغل۔

اُوَرہال (Overhaul) مشین کے کل پرزوں کی صفائی اور مرمت۔

اَورس چَورس۔[ہ۔صف۔مث] آس پاس۔اطراف و جوانب۔

اُورما۔(اُور۔ما) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کی سلائی۔

اورما بنانا یا کرنا۔(۱) اورمے کی سلائی کرنا (۲) بہت مارنا۔مارتے مارتے بھُرکس نکال دینا۔

اَورنگ۔(اَو۔رنگ) [ف-ا-مذ] (۱) شاہی تخت (۲) ایک پھول کا نام

اَورنگ زیب۔تخت کو زینت دینے والا۔مغلیہ خاندان کے چھٹے بڑے باجبروت بادشاہ محی الدین عالمگیر کا لقب۔

اَورنگ زیبی پھوڑا۔مغلی پھوڑا۔ایک قسم کا سخت تکلیف دہ دنبل جس کا علاج نہایت مشکل ہے۔کاربنکل۔دکن میں عرصہ تک قیام کے باعث شہنشاہ اورنگ زیب کی فوج میں یہ مرض پھیل گیا تھا۔

اوریب۔(او۔ریب) [ہ-ا-مث] (۱) ترچھی چال (۲) کپڑے کی ترچھی کاٹ۔ (۳) پیچ۔اُلجھن۔ (۴) بگاڑ۔مشکل (۵) جھگڑا۔کھینچا تانی۔

اوریجنل (Original) (او۔ری۔جی۔نل) [انگ۔صف] طبع زاد۔ابتدائی۔

اورے دھورے (او۔رے۔دھو۔رے) [ہ] آس پاس۔اردگرد۔اِدھر اُدھر۔

اورینٹل (Oriental) (او۔ری۔این۔ٹل) [انگ۔صف] مشرق سے متعلق۔مشرقی۔

اورینٹلسٹ (Ortentalist) [انگ۔صف] علوم مشرقی کا ماہر۔غیر مشرقی۔مستشرق۔

اُوڑا۔(اُو۔ڑا) [ہ-ا-مذ] کمی۔توڑا۔تنگی۔

اوڑا پڑنا۔ناپید ہونا۔غارت ہونا۔کھو یا جانا۔ٹوٹنا۔کمی یا ٹوٹا پڑنا۔

اوڑھانا۔(او۔ڑھا۔نا) [ہ۔مص] اُڑھانا۔کسی کے بدن پر کپڑا ڈالنا۔

اوڑھی لوئی تو کیا کرے گا کوئی۔[مثل] بے غیرتی لادلی تو اب کس کی پروا ہے۔بے حیا اور بے شرم کے متعلق کہتے ہیں۔

اوڑھ لینا۔(اوڑھ۔لے۔نا) (محاورہ) [ہ۔مص] (۱) کپڑا بدن پر ڈال لینا گوارا کرنا۔اپنے ذمے لے لینا۔

اوڑھنا۔(اوڑھ۔نا) [ہ۔مص] کپڑے یا اسی قسم کی دوسری چیز کو بدن پر لینا۔ (۲) اپنے سر لینا۔ذمے لینا (۳) [ا۔مذ] دوپٹہ۔چادرہ۔

اوڑھنا اُتارنا۔(محاورہ) بے عزت کرنا۔ہتک کرنا۔سر برہنہ کرنا۔بدن عریاں کرنا۔

اوڑھنا (اُڑھانا) ڈالنا (محاورہ) رانڈ یا بیوہ کے ساتھ شادی کرنا۔

اوڑھنا بچھونا۔(محاورہ) ہر وقت استعمال میں لانا۔لحاف۔توشک۔استر بستر۔

اوڑھنا گلے میں ڈالنا۔(محاورہ) لپٹانا۔سر ہونا۔دامن گیر ہونا۔پلہ پکڑنا۔

اوڑھنی۔(اوڑھ۔نی) [ہ-ا-مث] چھوٹا دوپٹا۔

اوڑھنی اوڑھنا (محاورہ) زنانہ لباس پہننا۔مرد کا عورتوں کی مانند ہو جانا۔

اوڑھنی بدلنا۔(محاورہ) بہنا پا کرنا۔بہن بنانا۔

اوڑھوانا۔(اوڑھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] کپڑے سے ڈھکوانا۔

اوڑھوں کہ بچھاؤں۔(محاورہ) [ہ] کسی کام کا نہیں۔فضول ہے۔بیکار ہے۔

اوڑھی چادر ہوئی برابر میں بھی شاہ کی خالہ ہوں۔[مثل] تھوڑی حیثیت پر اترانا۔بڑے آدمی سے خواہ مخواہ کا رشتہ ظاہر کرنا۔

اَوزار۔(اَو۔زار) [ع-ا-مذ] وزر کی جمع۔آلات۔ہتھیار۔

اَوزان۔(او۔زان) [ع-ا-مذ] وزن کی جمع۔بٹ بٹے۔تولنے کے پیمانے

اوس۔[ہ-ا-مث] شبنم۔(بن) تریل۔

اوس (پڑنا) پڑجانا۔[مثل] شبنم گرنا (۲) پژمردہ ہونا۔کملانا۔بے رونق ہونا بجھنا۔ٹھٹھرنا۔جوش فرو ہونا (۳) شرمندہ ہونا۔لجانا (۴) رونق نہ رہنا۔اداسی رہنا

اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی۔[مثل] تھوڑی مقدار سے تسکین نہ ہونا ذرا سی چیز سے آسودگی نہیں ہوتی۔

اوس سی پڑنا۔بے رونقی چھانا۔بدھم ہونا۔اداسی رہنا۔

اوس کے موتی۔(۱) شبنم کے قطرے (۲) [مجازاً] زائل یا فنا ہونے والی چیز۔

اَوسان (اَو۔سان) [ہ-ا-مذ] (۱) ہوش و حواس (۲) جرأت۔ہمت۔حوصلہ۔

اُوسان آنا۔(محاورہ) حواس بجا ہونا۔

اُوسان اُڑانا۔(محاورہ) ہوش اُڑانا۔بدحواس کر دینا۔

اُوسان اُڑجانا۔(محاورہ) اوسان جاتے رہنا۔اوسان خطا ہو جانا۔ہوش و حواس بجا نہ رہنا۔عقل کا چکرا جانا۔خبط ہو جانا۔گھبرا جانا۔سٹ پٹا جانا۔

اُوسان ٹھکانے ہونا۔(محاورہ) حواس بجا رہنا۔

اوسان جانا۔حواس جاتے رہنا۔

اُوسان خطا ہو جانا۔(محاورہ) حواس بجا نہ رہنا۔

اُوسان درست رہنا۔(محاورہ) ہوش و حواس قائم رہنا۔

اُوسان کھو (جانا) دینا۔(محاورہ) گھبرا جانا۔گھبرا دینا۔بدحواس کر دینا۔

اُوسان گُم ہونا۔(محاورہ) حواس جاتے رہنا۔

اُوسان گئی۔حواس باختہ عورت۔بدحواس مضطرب۔بے قرار۔

اوسان لے جانا۔بدحواس کر دینا۔

اُوسان میں آنا۔اوسانوں میں آنا۔ہوش میں آنا۔

اوسان میں نہ رہنا (محاورہ) ہوش میں نہ رہنا۔ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔

اُوسر۔اُوسریا۔(اُو۔سر۔اُو۔سر۔یا) [ہ-ا-مث] گائے یا بھینس جو گابھن ہونے کی عمر کو پہنچ گئی ہو۔

اُوسر۔(اُو۔سر) [ہ۔صف] بنجر زمین جس میں کچھ نہ پیدا ہوتا ہو۔



Marfat.com

ادھر کھیت میں کیسر [مثل] بد لوگوں میں نیک کا پیدا ہونا۔ کم نصیب اور مفلس کے یہاں صاحبِ اقبال اولاد ہونا۔ بدصورتوں میں خوب صورت۔ نا اہلوں میں اہل۔

**اُوسرا۔** (اوس۔را) [ہ۔ا۔مذ] باری۔ نوبت۔ دَور۔

**اَوسط۔** (اَو۔سط) [ع۔صف] بیچ کا۔ درمیانی۔ جمع: اواسط۔

**اَوشدھ۔** (س۔ا۔مث) دوا۔ وہ چیز جس سے بیماری دُور ہو۔

**اَوشدھالیہ۔** (اَوشدھ۔آ۔ل۔یہ) [س۔ا۔مذ] دواخانہ۔

**اَوصاف۔** (اَو۔صاف) [ع۔ا۔مذ] وصف کی جمع۔ خوبیاں۔ اچھائیاں۔

**اَوصیا۔** (اَو۔ص۔یا) [ع۔ا۔مذ] وصی کی جمع۔ وہ لوگ جنھیں وصیت کی گئی ہو۔

**اَوضاع** (اَو۔ضاع) [ع۔ا۔مث] وضع کی جمع۔ ڈھنگ۔ طریقے۔ افعال و کردار

**اَوطان۔** (اَو۔طان) [ع۔ا۔مذ] وطن کی جمع۔ دیس۔

**اَوقات۔** (اَو۔قات) [ع۔ا۔مذ] (۱) وقت کی جمع۔ زمانے (۲) [ا۔امث] حیثیت۔ بساط۔

اوقات بسری۔ گزران۔ گزر اوقات۔

اوقات تلخ ہونا۔ (محاورہ) ناگوار بات پیش آنا۔ بُری طرح زندگی بسر کرنا۔

اوقات چلی جانا۔ (محاورہ) گزر بسر ہوتے جانا۔

اوقات ضائع کرنا۔ (محاورہ) بے کار کاموں میں وقت کھونا۔

اوقات کیا ہے۔ (محاورہ) حیثیت کیا ہے۔ حقیقت کیا ہے۔

اوقات ہونا۔ (محاورہ) بساط ہونا۔ حیثیت ہونا۔

**اَوقاف۔** (اَو۔قا۔ف) [ع۔ا۔مذ] وقف کی جمع۔ ایک محکمہ جو وقف جائداد کا انتظام کرتا ہے۔

**اوقاف و رموز۔** [ع۔مذ] تحریر میں ٹھہراؤ اور وقفہ کی علامات کا استعمال تاکہ مطلب واضح ہو سکے۔ [انگ] (Punctuation)

**اُوقیہ۔** (اُو۔قی۔یہ) [ع۔ا۔مذ] چالیس درم کا وزن۔ انگریزی اونس کے برابر

**اوک۔** [ہ۔ا۔مث] چلّو۔

اوک سے پینا۔ چلّو سے پینا۔

**اُوک چوک۔** (اوک۔چوک) [ہ۔ق۔امث] بھول چوک۔ اتفاق سے کبھی کبھی۔

**اوکنا۔** (اوک۔نا) [ہ۔مص] قے کرنا۔ رد کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

**اَوکھ۔** [ہ۔ا۔مث] ایکھ۔ گنّا۔ پونڈا۔ نیشکر۔

**اَوکھالنا** [ق۔مص] قے کرنا۔ زمین کی طرف دیکھنا۔

**اَوکھد۔** (اَو۔کھد) [ہ۔ا۔مث] دوا۔ دارو۔ علاج۔ معالجہ۔

**اَوکھلی۔** (اوکھ۔لی) [ہ۔ا۔مث] لکڑی یا پتھر کی بنی اور زمین کی گڑی ہوئی کونڈی جس میں غلہ وغیرہ موصلوں سے کوٹتے ہیں۔

اوکھلی میں سر دینا۔ (محاورہ) خود ہلاکت میں پڑنا۔ خوف و خطر کے موقع میں قدم رکھنا۔ جان بوجھ کر خطرہ میں پڑنا۔

اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) سے کیا ڈر [مثل] جب ایک خطرناک کام شروع کر دیا تو اندیشوں سے کیا ڈرنا۔

**اَوکھی۔** (او۔کھی) [ہ۔صف] بے جا۔ بے موقع۔ کھوٹی۔ ناقص۔

اوکھیاں (آنا) چھوڑنا۔ اوکھیاں سُنانا۔ آوازے کسنا۔ طعنہ زنی کرنا۔

**اوکھے گوکھے۔** [ہ۔صف] ایسے ویسے۔ گنوار۔ دیہاتی۔ احمق۔ بے وقوف۔

**اُوکیلنا۔** (اُو۔کیل۔نا) [ہ۔مص] بٹی ہوئی ڈوری کا بل کھولنا۔

**اُوگرا۔** (اُوگ۔را) [ہ۔صف] اُبالا ہوا۔ بے گھی کا بچا یا ہوا کھانا۔ بے مزہ کھانا۔

**اَوگُن۔** (اَو۔گُن) [ہ۔ا۔مذ] گُن کی ضد (۱) عیب۔ نقص (۲) بے ہنری (۳) بُرائی (۴) بدتہذیبی (۵) بگاڑ۔ خلل (۶) جُرم۔

اَوگُن لگانا۔ تہمت دھرنا۔ الزام لینا۔ عیب لگانا۔

**اُوگنا۔** (اُوگ۔نا) [ہ۔مص] (۱) غصے کے وقت سلوک اور احسان جتانا (۲) طلوع ہونا (ق)

**اَوگھٹ۔** (اَو۔گھٹ) [ہ۔صف] (۱) بیڑھا۔ ناہموار (۲) دشوار۔ ناقابلِ گزر۔

**اَوگھٹ گھاٹی۔** [ہ۔مث] دشوار گزار راستہ جس راہ سے گزرنا محال ہو۔

**اُوگھی۔** (اُو۔گھی) [ہ۔ا۔مث] لمبا چابک۔ وہ لمبی رسّی جسے جھٹکا دے کر پھٹکارنے سے زور کی آواز نکلتی ہے۔ گھوڑوں کے سدھانے اور پرندوں کے اڑانے میں کام آتا ہے۔

**اَوگی۔** (اَو۔گی) [ہ۔امث] کارچوبی جُوتے کا پتا۔ مخملی جوتے کا کامدار پتا۔

**اَول۔** [ہ۔امث۔مذ] (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) وہ آدمی جو ضمانت میں دیا جائے (۳) ضمانت

اَول میں جیو ل دہی میں موسل [مثل] اس جگہ کہتے ہیں جب کسی بات کے ذکر میں کوئی اور بات جس کا اس ذکر سے کچھ مناسبت نہ ہو چھیڑ دی جائے یا ہوتے ہوئے کام میں کوئی اڑنگا لگ جائے۔

اَول میں دینا۔ اپنے بیٹے یا رشتہ دار کو بطور ضمانت سپرد کرنا۔ ضمانت میں دینا۔

**اَوّل۔** (اَو۔وَل) [ع۔صف] (۱) پہلا۔ مقدم۔ پہلے (۲) آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ (۳) بہتر۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ افضل۔ جمع: اوائل۔

اوّل آخر۔ (۱) ابتدا۔ انتہا (۲) باپ دادا۔ آل اولاد۔

اوّل اوّل۔ پہلے پہلے۔ ابتدا میں۔

اوّل با آخر نسبتے دارد۔ [ف۔ مقولہ] آغاز اور انجام میں تعلق ہوتا ہے ابتدا سے ہی انجام کا اندازہ ہونا۔

اوّل خویش بعدہٗ درویش [مثل] پہلے اپنے اعزہ کے ساتھ سلوک کرنا چاہیے۔ اس کے بعد غیروں سے۔

اوّل دن سے۔ ابتدا سے۔ شروع سے۔

اوّل طعام بعدہٗ کلام۔ [مثل] کھانا باتوں پر مقدم رکھنا چاہیے۔ کھانا مقدم ہے۔ کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔

اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا۔ [مثل] جب ایک دن مرنا ہی ہے۔ پھر موت سے خوف کیسا؟

اوّل منزل۔ قبر سے مُراد ہے۔ گور۔ لحد۔

اوّل منزل پہنچانا۔ (محاورہ) دفن کرنا۔ قبر میں اتارنا۔

اوّل منزل کر دینا۔ (محاورہ) دفن کر دینا۔

**اَولا۔** (اَو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بخارات کے جمے ہوئے قطرے جو برف کی شکل میں آسمان سے گرتے ہیں (۲) شکر یا قند سے بنائے ہوئے لڈو (۳) نہایت سرد

اولا ہو جانا۔ بہت ٹھنڈا ہو جانا۔

اولوں کا مارا کھیت باقی کا مارا گاؤں چیلوں کا مارا جولاہا نہیں پنپتا۔ [مثل] جس کھیت میں اولے پڑ جائیں بمشکل سرسبز نہیں ہوتا۔ جس گاؤں کی مال گذاری ادا نہیں ہوتی کبھی آباد نہیں ہوتا جس جولاہے سے وہ مدام چلم بھری جائے اس میں آگ نہ ہو نہیں کھاتی



Marfat.com

اولوں ماری فاختہ۔ مصیبت زدہ۔ دُکھیاری۔
اولے پڑنا (محاورہ) ژالہ باری ہونا۔
اولے قلے برساتوں جیسے۔ [ہ۔مثل] آفت دُور ہو جائے تو آرام ہو جاتا ہے
اَوّلاً۔ (اَو۔وَ۔لن) [ع۔تابع فعل] سب سے پہلے۔
اولاد۔ (اَو۔لاد) [ع۔امث] ولد کی جمع۔ بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ آل و عیال۔ لڑکے بالے۔ نسل۔
اولادِ آدم۔ [ع۔مذ] انسان۔ آدمی۔
اولادِ اناث۔ بیٹیاں۔
اولادِ ذکور۔ بیٹے۔
اولادِ صحیح النسب۔ حلال کی اولاد۔
اولاد کی آنچ بری ہوتی ہے [مثل] اولاد کی مامتا بہت بُری چیز ہے اولاد کی محبت میں آدمی سب کچھ کر بیٹھتا ہے۔
اولاس۔ [ق] شوق۔
اولاسا۔ [ق۔امث] دلاسا۔ تسلی۔
اولالا۔ [ق۔امذ] دلولہ۔ جوش۔
اولالی۔ [ق] بے ہوشی۔ بے راہ روی۔
اولامولا۔ (اَو۔لا۔مو۔لا) [اُ۔صف] بیہودہ۔ اُول جلول۔
اولتی۔ (اول۔تی) [ہ۔امث] کھپریل یا چھپر کا وہ حصّہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔
اولتی کا پانی بلینڈی نہیں چڑھتا [مثل] کمینہ شرافت کے مرتبے کو نہیں پہنچ سکتا۔
اولتی تلے کا بھوت، سنہ پرکھوں (پشتوں) کا نام جانے۔ [مثل] گھر کا بھیدی ہی خراب کرتا ہے۔
اولتیوں بھنگ جو ادی۔ [مثل] سب کو بے وقوف بنا دیا۔
اولتیوں کا بھنگ جونا۔ بدمستی کرنا۔
اولڈٹام (Oldtom) (اولڈ۔ٹام) [انگ۔امث] ایک قسم کی انگریزی شراب
اول جلول۔ (اَول۔ج لول) [اُ۔صف] بے ہودہ۔ بے ڈھنگا۔ بے قرینہ
اول جلول ہونا (محاورہ) بے عقل۔ بے وقوف۔ بے سلیقہ۔
اول فول بکنا۔ (محاورہ) (اول۔فول بک۔نا) [اُ۔مص] لغویات کرنا۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔ فحش بکنا۔
اولچا۔ (اول۔چا) [ہ۔امذ] کھیت کا پانی الیچنے کا برتن۔
اولکھن۔ (او۔لکھن) [ق] بدچلنی۔
اولما۔ (اُول۔ما) [اُ۔امذ] (۱) انتڑیوں میں قیمہ بھر کے پکانا (۲) کھال اتارنا گرم پانی جسم میں ڈال کر یا جسم کو گرم پانی میں ڈال کر کھال اتارنا۔
اولما کرنا۔ قیمہ قیمہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اولمپک۔ (Olympic) (او۔لم۔پک) [انگ۔صف] یونان کے ایک میدان "اولمپیا" سے منسوب جہاں ہر چوتھے سال اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے ہوا کرتے تھے۔
اولمپک کھیل (Olympic Games) (۱) اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے تھے (سب سے پہلا مقابلہ ۷۷۶ ق م میں ہوا تھا) (۲) زمانہ حال کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے ہیں۔
اَولو۔ (اَو۔لو) [ہ۔صف] اوپری۔ نیا۔ ناموزون۔ انوکھا۔
اولو اولو۔ اوپری اوپری۔ نیا نیا۔ اکھڑا اکھڑا۔
اُولو۔ (اُو۔لو) [ع] مالکان۔ قابضان۔ صاحبان۔
اُولو الابصار۔ صاحب بصیرت۔ دانا۔ سمجھ دار لوگ۔
اُولو الالباب۔ صاحبانِ عقل و خرد۔ شعور والے۔
اُولو الامر۔ صاحبانِ حکم۔ با اختیار لوگ۔
اُولو العزم۔ صاحبانِ عزم و ارادہ۔ صاحبِ عزم۔ دل چلا۔ عالی حوصلہ۔ دل گردے کا۔ بہادر۔
اُولو العزمانہ۔ اولو العزم کی طرح۔
اُولو العزمی۔ بلند ہمتی۔ جرأت۔ استقلال۔
اَولیٰ۔ (اَو۔لا) [ع۔صف] بہتر۔ اچھا۔
اولیٰ تر۔ زیادہ بہتر۔ بہت اچھا۔
اولیٰ ترین۔ سب سے بہتر۔
اَولیا۔ (اَو۔لِ۔یا) [ع۔صف] ولی کی جمع۔ صاحب۔ خداوند۔ مالک۔ زبیں۔ دوست (اصطلاحاً) اہل اللہ۔ خدارسیدہ۔ سیدھا اور بھولا بھالا آدمی۔
اولیاء اللہ۔ وہ لوگ جنھیں قربِ خداوندی حاصل ہے۔ عارفانِ الٰہی۔ اہل اللہ۔
اولیائے دولت۔ ارکانِ حکومت۔ امیر وزیر۔ سردار۔
اولیا کے گھر بھوت [مثل] نیکوں کے گھر بد۔ بھلے آدمی کے گھر بد اولاد۔
اُولی اجنحہ۔ (اُو۔لی۔اَج۔نِ۔حَہ) [ع۔صف] بال و پروں والے۔ (کنایتہً) فرشتے۔
اَوّلیّت۔ (اَو۔وَ۔لی۔یَت) [ع۔امث] اول ہونا۔ بہتری۔ فوقیت۔ تقدم۔
اَولیل۔ اولول (اَو۔لیل۔ اَو۔لول) [ہ۔امث] گھوڑے کی اچھل کود۔
اَوّلین۔ (اَو۔وَ۔لین) [ف۔صف] پہلا۔ اگلے لوگ۔ پہلے زمانے والے۔
اولینڈنا۔ (اَولے ن ڈنا) [ق۔مص] اَنڈیلنا۔ لوٹانا۔
اوم۔ [س۔امذ] (۱) ایشور کا سب سے مقدس نام (۲) ہاں۔ واقعی۔ آمین۔
اُون۔ [ہ۔امذ] پشم۔ جانوروں کی کھال کے بال (۲) صوف۔
اُونا۔ (اُو۔نا) [ہ۔صف] جو پورا نہ بھرا ہو (۲) چھوٹا۔ کم۔ ناقص (۳) [امث] ایک قسم کی تلوار جو پتلی اور چھوٹی ہوتی ہے۔
اونا ہو جانا۔ (محاورہ) تلوار کی دھار کا اُتر جانا۔ خراب ہو جانا۔
اونبھی۔ (اون۔بھی) [ہ۔امث] (۱) کچے پکے گیہوں کے بھنے ہوئے دانے (۲) جنگلی ہاتھیوں کو پکڑنے کا خس پوش گڑھا۔
اونٹ۔ [ہ۔امذ] شتر۔ ایک پالتو جانور جو ریگستانوں میں سواری اور باربرداری کے کام آتا ہے۔
اونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا [مثل] اتنا بڑا ہوا مگر تمیز نہ آئی۔
اونٹ برابر ڈیل بڑھایا پونچھ بھر عقل نہ آئی۔ [مثل] اتنا بڑا ڈیل ڈول اور عقل ذرا نہیں۔ اونٹ کی برابر بڑھ گیا مگر تمیز خاک نہ آئی۔
اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے۔ [مثل] اس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کام کرتے وقت بڑبڑاتا ہو۔



Marfat.com

**اُونٹ بلّیاں لے گئیں ہاں جی ہاں جی کہتے۔** [مثل] ناجائز خوشامدی کے متعلق کہا جاتا ہے جو کسی کو خوش کرنے کے لیے دن کو رات کہنے کو تیار ہو۔

**اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو۔ اُونٹ مکّے ہی کی طرف بھاگتا ہے** [مثل] ہر ایک اپنی اصل کی طرف رجوع کرتا ہے۔

**اُونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے اپنے سے اُونچا کسی کو نہیں جانتا** [مثل] اپنے سے زبردست کا مقابلہ ہونے پر اپنی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

**اُونٹ چڑھے بونٹ مانگے** [مثل] بے موقع، بے محل بات کرنے کی جگہ کہتے ہیں۔

**اُونٹ چڑھے کتا کاٹے** [مثل] نہایت بدنصیبی کے موقع پر کہتے ہیں۔

**اُونٹ دیکھیے کس (کل) کروٹ بیٹھتا ہے۔** [مثل] کسی معاملہ کی نسبت کہتے ہیں کہ دیکھا چاہیے کہ کیا ہو اور کیا نتیجہ نکلے۔ انجام کیا ہو۔

**اُونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں۔** [مثل] اس جگہ کہتے ہیں جہاں کسی امیر بڑوں کی حقیقت نہ ہو اور ادنیٰ آدمی اپنی چلانے کی کوشش کرے۔ بڑی مصیبت والے فریاد نہیں کرتے معمولی تکلیف والے چلاتے ہیں (۲) جہاں بڑے کی حقیقت نہ ہو وہاں چھوٹے اپنی چلاتے ہیں۔

**اُونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی** [مثل] بے ڈھنگے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کی کوئی بھی بات ٹھکانے کی نہ ہو۔

**اونٹ سستا ہے پٹّا مہنگا ہے** [مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب معمولی کام کے ساتھ کوئی بڑا جھگڑا ہوتا ہے۔

**اونٹ فرشتے کی ذات ہے** [مثل] اونٹ نہایت حلیم صابر اور قانع جانور ہے۔ بڑا ہی نیک ہے۔

**اونٹ کا پاد۔** بے اثر بات۔ گوزِ شتر۔ بے فائدہ بات۔ بے تکی بات۔

**اونٹ کا پاد زمین کا نہ آسمان کا** [مثل] بے تکی بات۔ نہ اِدھر کی نہ اُدھر کی۔

**اونٹ کا پاد اُونچا جائے** [مثل] بڑوں کی بُرائی اور عیب اکثر چھپے رہتے ہیں۔

**اُونٹ کٹارا۔** ایک خاردار جھاڑی جو زمین پر پھیلتی ہے۔ اُسے اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے۔

**اونٹ کو کن نے چھپر چھائے** [مثل] بے ضرورت باتیں کون کرتا ہے۔

**اونٹ کی پکڑ اور عورت کے مکر سے خُدا بچائے** [مثل] اونٹ پکڑ کر پھر نہیں چھوڑتا۔ بدن کا حصّہ الگ کر دیتا ہے اور عورت کے مکر و فریب انسان نہیں جان سکتا۔

**اونٹ کی پکڑ کتے کی جھپٹ** [مثل] اونٹ پکڑ لیتا ہے تو چھوڑتا نہیں اور کتا جب کسی پر جھپٹتا ہے تو رُکتا نہیں۔

**اونٹ کی چوری نہورے نہورے یا اُونٹ کی چوری جھکے جھکے** [مثل] ایسی بُرائی کی کوشش جو چھپ نہ سکتی ہو۔

**اونٹ کی چوری سر پر کھیلنا۔** (محاورہ) اتنے بڑے جانور کی چوری چھپی نہیں رہتی **اونٹ کے گلے میں بلّی۔** [مثل] (۱) بے میل رشتہ (۲) بیجا الجھاؤ نقل ہے کہ ایک شخص کا اُونٹ گُم ہو گیا۔ اس نے قسم کھائی کہ اگر مل گیا تو ٹکے میں فروخت کر دوں گا۔ لیکن اونٹ مل جانے پر بڑی تشویش ہوئی کہ اسے ٹکے میں کیسے بیچ دوں۔ اُس نے اُونٹ کے گلے میں ایک بلّی باندھ دی اور آواز لگائی کہ اونٹ کو ٹکے میں اور بلّی کو ڈیڑھ سو روپے میں بیچتا ہوں مگر ایک دوسرے سے علیحدہ فروخت نہ ہوگا۔

**اُونٹ کے مُنہ میں زیرہ** [مثل] بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھلانے کو دینا۔ کسی چیز کا ضرورت سے کم ہونا۔

**اُونٹ گاؤ۔** زرافہ۔ افریقہ کا ایک جانور جس کی گردن اونٹ کی طرح لمبی، آگے کے پاؤں لمبے اور پیچھے کے چھوٹے ہوتے ہیں۔

**اُونٹ لدے سے گا ری۔** [مثل] اُونٹ بیگار میں خوب لدتا ہے جتنا بوجھ چاہا لاد دیا کوئی درد نہیں۔ جب کسی کو کسی کام پر مجبور کیا جائے اُس وقت کہتے ہیں۔

**اونٹانا۔** (اون۔ ٹانا) [ف۔ ص] (۱) جوش دینا۔ کھولانا (۲) غصّہ میں جلانا۔

**اونٹنا۔** (اُونٹ۔ نا) [ف۔ ص] (۱) کھولنا۔ جوش کھانا (۲) غصّہ میں جلنا۔

**اُونٹنی۔** (اُونٹ۔ نی) [ف۔ امث] مادہ اُونٹ۔ سانڈنی۔ ناقہ۔

**اُونٹنی۔** (ہ۔ مث) بیلن۔ کپاس بیلنے کی مشین۔

**اُونچ۔** (ہ۔ امث) اُونچا۔ بلندی۔ فراز۔ اُوپر اُٹھا ہوا۔ بڑا اچھا۔

**اُونچ نیچ** (محاورہ) اُونچا نیچا۔ اُتار چڑھاؤ (۲) بھلائی بُرائی۔ نیک و بد نفع و نقصان۔

**اُونچ نیچ بتانا۔ اُونچ نیچ دکھانا۔ اُونچ نیچ سمجھانا۔** (محاورہ) نیک و بد جتانا۔ نشیب و فراز سمجھانا۔

**اُونچ نیچ (سمجھنا) سوجھنا۔** (محاورہ) نیک و بد کی پہچان ہونا۔

**اُونچ نیچ ہو جانا** (محاورہ) (۱) بھلائی بُرائی پیش آنا (۲) خرابی پڑ جانا۔ قباحت واقع ہونا۔

**اُونچا۔** (اُون۔ چا) [ہ۔ صف] (۱) بلند۔ بالا۔ (۲) دراز قد (۳) امیر۔ دولت مند (۴) عالی مرتبہ۔ معزّز۔

**اُونچا بول بولنا** (محاورہ) تکبّر کرنا۔ مغرور ہونا۔ فخر کرنا۔

**اُونچا چڑھنا۔** (محاورہ) اُونچی جگہ پر چڑھنا۔ اعلیٰ درجہ حاصل کرنا۔ ترقی کرنا۔

**اُونچا سُر** (۱) وہ سُر یا تان جو موسیقی میں انترا کہلاتی ہے (۲) بلند آواز۔

**اُونچا (سُننا) سُنائی دینا۔** (محاورہ) کم سُننا۔ بہرہ ہونا۔

**اُونچا (گھر) گھرانا۔** امیر گھر۔ معزّز خاندان۔

**اُونچا نیچا۔** ناہموار۔ غیر مسطح۔

**اُونچا ہاتھ۔** بالادست۔ مخیّر۔ بافیض۔

**اُونچا ہاتھ رہنا۔** (محاورہ) سب سے بڑھ جانا۔ ہمیشہ دیتے رہنا۔ قابو پانا۔

**اُونچی۔** (اُون۔ چی) [ہ۔ صف] بلند۔ اُونچا کی تانیث۔

**اُونچی اسامی۔** مالدار آدمی۔

**اُونچی چوٹی۔** پہاڑ کی بلند چوٹی۔

**اُونچی دکان پھیکا پکوان۔** [مثل] خوب سجی ہوئی دکان مگر مال خراب۔ نام اور شہرت کے خلاف پایا جانا۔ نام مشہور مگر اصل میں ذلیل۔ بطور طعن و تشنیع کہتے ہیں۔

**اُونچی ناک کرنا۔** (محاورہ) آبرو بخشنا۔ عزت دینا۔

**اُونچی ناک والا۔** بڑا مغرور۔ شیخی خورا (طنزاً) بے غیرت۔



Marfat.com

اُونچی ناک ہونا۔ (۱) معزز ہونا (۲) ہمسروں میں آبرو پانا۔

اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھلتا [مثل] کنگال ہو کر آدمی پھر مالدار ہو سکتا ہے مگر بے عزت ہو کر ویسی عزت نہیں پاتا۔ بلندی سے گرا ہوا اُٹھ سکتا ہے مگر نظروں سے گرا ہوا پھر کبھی نظر میں نہیں سما سکتا۔

اُونڈ۔ [ہ۔ا۔مث] وہ رسی جس سے چھپر کو اوپر کی طرف کھینچ کر مضبوط باندھتے ہیں۔

اوندھا۔ (اوں۔دھا) [ہ۔صف] (۱) اُلٹا۔ چت (۲) منقلب (۳) ٹیڑھا (۴) بیوقوف۔ اُلٹی سمجھ کا۔

اوندھا کرنا۔ (محاورہ) اُلٹا۔ منہ کے بل کر دینا۔ پٹ کرنا (۲) رشوت دے کر ملا لینا (۳) مغلوب کر لینا (۴) نشہ میں، بیہوش ہونا۔

اوندھا ہو جانا (محاورہ) (۱) چت لیٹ جانا۔ منہ کے بل پڑ جانا (۲) نشہ میں لوٹ جانا۔ بیہوش و بے خبر ہو جانا۔ اُلٹ جانا۔

اوندھانا۔ (اوں۔دھانا) [ہ۔مص] اُلٹنا۔ اُلٹ دینا۔ پٹ کر دینا۔ نیچا کرنا۔ لٹکانا۔

اوندھ جانا۔ (اوندھ۔جانا) [ہ۔مص] اوندھا۔ پٹ ہو جانا۔

اوندھی۔ (اوں۔دھی) [ہ۔صف] (۱) پیٹ کے بل پڑی ہوئی۔ چت کا اُلٹی (۲) غلط

اوندھی پیشانی کا۔ اُلٹی سمجھ کا۔ جو سیدھی بات اُلٹی سمجھے۔

اوندھی (سمجھ) عقل۔ بے عقلی۔ حماقت۔

اوندھی کھوپڑی اُلٹی مت۔ احمق کی بے وقوفی کی نسبت کہتے ہیں۔

اوندھی کھوپڑی کا آدمی۔ بے وقوف۔ احمق۔

اوندھے منہ دودھ پینا۔ نہایت نادان اور ناسمجھ ہونا۔

اوندھے منہ شیطان کا دھکا۔ [مثل] (بددعا) اوندھے منہ گرے اوپر سے شیطان کی مار پڑے۔

اوندھے منہ گرنا۔ (محاورہ) (۱) منہ یا پیٹ کے بل گرنا۔ اُلٹا گرنا۔ آگے کو گرنا (۲) زک اُٹھانا۔ ذلیل ہونا۔ مات کھانا۔ پچھڑنا (۳) بے طرح راغب ہونا۔

اُونڑی۔ (اوں۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] مشک کی رسی۔

اُونس۔ [انگ۔مذ] پونڈ کا سولھواں حصہ۔ ایک وزن۔

اُونگنا۔ (اونگ۔نا) [ہ۔مص] گاڑی کے دھرے کو چکنائی دینا۔ پہیوں میں چکنائی لگانا۔

اُونگھ [ہ۔مث] نیند کی جھپکی۔ غنودگی۔

اُونگھتا۔ (اونگھ۔تا) [ہ۔صف] نیند میں جھومتا ہوا۔

اُونگھتا جائے موئے کی خبر لائے [مثل] ہر چیز کی علامتوں سے اس کا انجام معلوم ہو جاتا ہے۔ سست نوکر کی نسبت بولتے ہیں۔

اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ۔ [مثل] اس جگہ بولتے ہیں جہاں کسی کام کے کرنے کو خود جی نہ چاہے اور دوسرے کے منع کرنے سے باز رہے۔ جہاں کوئی شخص کسی بات پر پہلے سے آمادہ ہو اور نہ کرنے کو کوئی بہانہ بن جائے۔ تھوڑا سا بہانہ ہاتھ لگ جانا۔

اُونگھتے کو سوجھاتے کیا دیر۔ [مثل] کسی کام کے کرنے کا ارادہ کر لیا جائے تو اس کے مکمل ہونے میں کوئی دیر نہیں لگتی۔

اُونگھتے گزرنا۔ نیند کے خمار میں وقت گزارنا۔

اُونگھن۔ (اوں۔گھن) [ہ۔ا۔مث] جھپکی۔ اُونگھ۔

اُونگھنا۔ (اُونگھ۔نا) [ہ۔مص] جھپکی لینا۔ نیند میں جھونکے لینا (۲) غافل ہونا (مجازاً) سُست کام کرنا۔

اُونہہ۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) کراہنے کی آواز (۲) کلمۂ نفرت۔ بلا سے۔ کیا پرواہ ہے۔

اُونی۔ (اُو۔نی) [ہ۔صف] اون کا۔ پشمینے کا۔

اُونے پونے۔ (اُو۔نے پو۔نے) [ہ۔صف] کم و بیش داموں میں۔ کم قیمت میں۔

اوہ۔ [ہ] کیا پرواہ ہے۔ کچھ فکر نہیں۔

اوہا (اوہا) [ہ۔ا۔مذ] چولھے کا گول حلقہ جس پر توا یا پتیلی رکھ کر کھانا پکاتے ہیں۔

اوہام۔ (اَو۔ہام) [ع۔ا۔مذ] وہم کی جمع۔ ذہنی تصور۔ تخیل افکار۔

اوہو۔ اُہو۔ (او۔ہو۔اُہ۔ہو) کلمۂ تعجب۔ آہا۔ خراب۔

اوہوت۔ (اوہوت) [ہ] بازاری لوگ کسی کے پکارنے کے لیے بولتے ہیں۔

اُوہی۔ اُوئی۔ (اُو۔ہی۔اُو۔ہی) [ہ] عورتوں کا ایک تکیہ کلام ہے جو اکثر ناز نخرے۔ دہشت۔ تکلیف یا تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہے۔

اویر۔ (اَ۔ویر) [ہ] دیر۔ عرصہ۔

اویر سویر۔ جلدی یا دیر میں۔ وقت بے وقت۔

## ا - ہ

اہا اہا۔ (ا۔ہا۔اہ۔ہا) آہاہا۔ کلمۂ تعجب و انبساط۔

اہاہا۔ اہاہاہا [ہ] واہ واہ۔ سبحان اللہ۔

اہار۔ (اَ۔ہار) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نشاستہ۔ لئی۔ کلف (۲) کھانا۔ بھوجن خورش۔ (۳) بھروسہ۔

اہار کرنا۔ (۱) بھروسہ کرنا۔ ناشتہ کرنا۔ کھانا۔

اہارنا۔ (اَ۔ہار۔نا) [ہ۔مص] (۱) کھانا۔ بھوجن کرنا (۲) کلف دینا۔ مادا چڑھانا۔

اہالی۔ (اَ۔ہا۔لی) [ع۔ا۔مذ] اہل کی جمع۔ صاحبان۔ کام والے لوگ۔

اہالی موالی۔ اعیان و ارکان۔ مصاحبین۔ نوکر چاکر۔

اہانت۔ (اِ۔ہا۔نت) [ع۔ا۔مث] (۱) توہین کرنا۔ ذلیل کرنا (۲) حقارت ہتک۔ ذلت۔ سبکی۔ بے عزتی۔

اہتدا۔ (اِہ۔ت۔دا) [ع۔ا۔مذ] (۱) راہ راست پانا (۲) راہ پر لانا۔ ہدایت کرنا۔

اہتزاز۔ (اِہ۔ت۔زاز) [ع۔ا۔مذ] (۱) جھومنا۔ ہلنا۔ (۲) ستارہ کا ڈوبتے وقت جھکنا (۳) خوشی۔ خوش حالی۔ خوشی سے وجد کرنا (۴) ہوا کا چلنا۔

اہتمام۔ (اِہ۔ت۔مام) [ع۔ا۔مذ] انتظام۔ بندوبست۔ سرانجام کرنا۔ جمع : اہتمامات۔

اہرام مصری۔ [ع۔صف] مصر کے مثلث نما مینار۔ یہ عمارتیں دریائے نیل سے پانچ میل کے فاصلہ پر واقع ہیں۔

اہرتہر۔ (اَ۔ہر۔تَ۔ہر) [ہ۔ا۔مث] تلاطم۔ گھبراہٹ۔ خصوصاً نزع کی بے چینی۔

اہرمن۔ (اَہ۔رَ۔مَن) [ف۔ا۔مذ] آتش پرستوں کا بدی کا خدا۔

اہرن۔ (اَہ۔رَن) [ہ۔ا۔مذ] سندان۔ لوہے کی بنائی ہوئی جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں اور سنار سونا چاندی گھڑتے ہیں۔



Marfat.com

اہل۔ [ع - ا۔ مذ] (۱) صاحب۔ مالک۔ خداوند (۲) کُنبہ۔ خاندان (۳) لائق قابل۔ ہُنرمند (۴) شریف۔ بامروّت۔ سیر چشم۔ جمع: اہالی۔ اہالیان۔
اہلُ اللہ۔ اللہ والے۔ بزرگانِ دین۔ خدا رسیدہ۔ عارف۔
اہل (باطن) دل۔ وہ لوگ جن کا دل صاف ہو۔ صاحبِ کشف و کرامات۔
اہلِ بیت۔ (۱) گھر کے۔ خاندانی رشتے دار۔ متعلقین۔ کنبے والے۔ کنبہ کے لوگ۔ (۲) خصوصاً رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے کنبہ کے لوگ جن سے حضرت محمدؐ رسول اللہ۔ علیؓ۔ فاطمہؓ۔ حسنؓ اور حسینؓ مراد ہیں۔
اہلِ تسنّن۔ اہلِ سنّت و جماعت مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں خلفا کو مانتا ہے۔
اہلِ تشیّع۔ شیعہ لوگ جو خلفائے راشدین میں سے صرف حضرت علیؓ کو مانتے ہیں۔
اہلِ جیوری۔ معتبر اشخاص کا گروہ جو عدالت کو مقدمہ کا فیصلہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔
اہلِ حدیث۔ مسلمانوں کا ایک غیر مقلد فرقہ جو صرف قرآن اور حدیث پر عمل کرنے کا مدعی ہے۔
اہلِ حرفہ۔ پیشہ ور۔ کاریگر۔
اہلِ خانہ۔ (۱) گھر کے لوگ (۲) گھر والی۔ بیوی۔ زوجہ۔ گھر کی مالک۔
اہلِ خرابات۔ [مذ] شراب خانے کے رند۔ مجازاً وہ لوگ جن کا ظاہر و باطن ایک جیسا ہو۔
اہلِ خرد۔ [ع۔ مذ] عقل مند لوگ۔ دانشور۔
اہلِ دل۔ [ع۔ مذ] حوصلہ مند۔ بہادر (۲) سخی۔ ہمدردی۔
اہلِ دُنیا۔ دُنیا کے لوگ۔ دُنیا دار۔ دُنیا کے بندے۔
اہلِ دُوَل۔ دولت مند۔ مال دار۔ امرا و وزرا۔
اہلِ الرائے۔ دانش مند لوگ۔ عقل مند۔
اہلِ رزم۔ فوجی لوگ۔ سپاہی آدمی۔
اہلِ روزگار۔ زمانے کے لوگ۔
اہلِ زُبان۔ [ع۔ مذ] کسی زبان کے ماہر وہ لوگ جن کی وہ مادری زبان ہو اور اس پر ان کو مکمل عبور حاصل ہو۔
اہلِ سُخن۔ شاعر۔ اہلِ زبان۔
اہلِ سنت والجماعت۔ سنت کے ماننے والے۔ سنّی فرقہ۔
اہلِ سیف۔ تلوار والے۔ فوجی آدمی۔
اہلِ شر۔ [ع۔ مذ] شریر لوگ۔ فسادی۔
اہلِ شرع۔ متشرع آدمی۔ شرع پر چلنے والے۔
اہلِ صفا۔ [ع۔ مذ] صاف باطن لوگ۔ نیک لوگ۔
اہلِ صفہ۔ [ع۔ مذ] دیکھیے اصحابِ صفہ۔
اہلِ صنعت۔ کاریگر۔ دستکار۔
اہلِ صورت۔ ظاہر بین لوگ۔
اہلِ طریقت۔ [ع۔ مذ] صوفی۔ بزرگ۔
اہلِ عرفان۔ عارف لوگ۔ اولیاء اللہ۔
اہلِ عزا۔ ماتم کرنے والے۔
اہلِ علم۔ علم والے لوگ۔
اہلِ غرض۔ (۱) ضرورت والے۔ غرض مند۔ (۲) مطلب کا یار۔ مطلبی۔

اہلِ قبلہ۔ خانہ کعبہ کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھنے والے مسلمان۔
اہلِ قرآن۔ مسلمانوں کا ایک مقامی فرقہ جو صرف قرآن کو مانتا ہے اور حدیث و سنت کا منکر ہے۔ اُنھیں چکڑالوی کہتے ہیں۔
اہلِ قریہ۔ شہر کے لوگ۔
اہلِ قلم۔ پڑھے لکھے۔ منشی۔ مضمون نگار۔
اہلِ کار۔ کارندہ۔ عملہ۔ عامل۔ محرر وغیرہ۔
اہلِ کتاب (۱) کتاب والے (۲) اُن پیغمبروں کے پیرو جن پر آسمانی کتاب اتری۔ یہودی اور عیسائی اور مسلمان وغیرہ۔
اہلِ محلّہ۔ محلّہ والے۔
اہلمد۔ کسی ایک صیغے کا کام کرنے والا جس کے متعلق مسلوں کی ترتیب اور معمولی کاغذات کی تعمیل ہوتی ہے۔
اہلِ معرفت۔ خدا پرست۔ پرہیزگار۔ خدا کا عرفان رکھنے والے لوگ۔ عارف۔
اہلِ نشاط۔ [ع۔ مذ] عیش پرست لوگ (۲) ناچنے والے لوگ (۳) طوائفیں
اہلِ نظر۔ (۱) نظر والے۔ آنکھوں والے (۲) نگاہ میں اثر رکھنے والے (۳) نقاد جانچنے والے۔ پرکھنے والے (۴) نظر باز۔ حسن پرست (۵) صاحبِ بصیرت لوگ۔
اہل و عیال۔ بال بچے۔ عیال و اطفال۔ گھر کے لوگ۔
اہلِ ہُنر۔ ہنر مند۔ صاحبِ فن۔ کام کے جاننے والے۔
اہلاً و سہلاً و مرحباً۔ (اَہْ۔ لَنْ۔ سَہ۔ لَنْ۔ وُ۔ مَر۔ حَ۔ بَنْ) [ع] مطلب: تو اپنے عزیزوں میں آیا ہے۔ تو نے نرم زمین کی سیر کی اور تیری جگہ فراخ ہے۔ ماحصل تیرا آنا مبارک ہے۔ خوش آمدید۔
اہلاک۔ [ع۔ مذ] ہلاکت۔ بربادی۔ تباہی۔
اَہلی۔ (اَہ۔ لی) [ع۔ صف] پالتو جانور۔ گھریلو جانور۔
اہلیت۔ (اَہ۔ لی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) لیاقت۔ استعداد۔ قابلیت۔ لیاقت (۲) سمجھ۔ تمیز۔
اہلیت نہ رکھنا۔ (محاورہ) قابلیت نہ رکھنا۔ صلاحیت نہ رکھنا۔
اہلے گہلے۔ (اَہ۔ لے۔ گہ۔ لے) [ہ۔ صف] غرور اور ناز و انداز کی چال۔
اہلے گہلے پھرنا۔ خوش و خرم پھرنا۔ اتراتے پھرنا۔ ناز اور نخرے سے پھرنا۔
اہلیہ۔ (اَہ۔ لِ۔ یہ) [ع۔ ا۔ مث] جورو۔ زوجہ۔ گھر والی۔ بیوی۔ خاتونِ خانہ۔
اہم۔ (اَہم) [ع۔ صف] نہایت ضروری (۲) بہت مشکل۔ کٹھن۔ دشوار۔
اہمال۔ [ع۔ مذ] مہمل ہونا۔ بے پروائی۔ سستی۔ غفلت۔ تاخیر۔
اہمیت۔ (اَہم۔ می۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] ضرورت۔ وقعت۔ منزلت۔ اردو میں بسکون دوم و بلا تشدید یا مستعمل ہے۔
اہوں۔ (اَ۔ ہوں) [ہ] نہیں۔
اہنسا [س۔ مث] بچاؤ۔ عدم تشدد۔ سلامتی۔
اہو ہو۔ اہو ہو ہو (اَ۔ ہو ہو۔ اُ۔ ہو ہو ہو) [ہ] کلمہ تحسین و انبساط۔ آہاہا۔ واہ واہ سبحان اللہ۔
اہیر۔ (اَ۔ ہیر) [ہ۔ ا۔ مذ] گوالا۔ گائے بھینس چرانے اور دودھ بیچنے والا۔ ہندوؤں کی ایک ذات۔
اہیر بھیروں۔ [ہ۔ مذ] ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔
اہیرن۔ اہیرنی۔ اہیری۔ (اَ۔ ہی۔ رَن۔ اَ۔ ہیر۔ نی۔ اَ۔ ہی۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث]



Marfat.com

(۱) گوالن (۲) اہیر کی عورت (۳) اہیر قوم کی عورت۔

## ا-ع

اِئتلاف۔ (اِ-ءِ-تِ-لاف) [ع-ا-مذ] (۱) میل ملاپ۔ اتحاد۔ محبت۔ (۲) بے تکلفی۔ تعلق (۳) خط و کتابت۔
ائمہ۔ (اَ-ءِم-مہ) [ع-ا-مذ] امام کی جمع (۱) پیشوا (۲) نماز پڑھانے والے۔ پیش امام۔

## اے

اَے۔ [ف] حرفِ ندا۔
اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تُست [مثل] اے ہوا یہ سب تیرا ہی لایا ہُوا ہے۔ یہ سارا فسا دتمہارا ہی اُٹھایا ہُوا ہے۔
اے روشنیٔ طبع تُو بر من بلا شُدی [مثل] اے طبیعت کی تیزی تو میرے لئے مصیبت بن گئی ہے۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں اپنی ہی ذہانت و لیاقت اپنے لیے مُصیبت یا ضرر کا باعث بن جائے۔
اے زر تو خدا نۂ ولیکن بخدا۔ ستار العیوب و قاضی الحاجاتی۔ [مثل] (۱) اے زر تُو خدا نہیں ہے لیکن خدا کی قسم تُو عیبوں کو چھپانے والا اور ضرورتوں کو پُورا کرنے والا ہے (۲) روپیہ تمام عیبوں کو چھپاتا اور ضرورتوں کو پُورا کرتا ہے۔
اے گل بتو خورسندم تو بوئے کسے داری۔ [ف مثل] کسی عزیز سے تعلق رکھنے (مشابہت رکھنے) والی چیز کو دیکھ کر کہا جاتا ہے کہ میں تجھ سے خوش ہوں کہ تجھ میں کتنی مشابہت ہے۔
اے لو۔ (روزمرہ) یہ لیجیے۔
اے واہ۔ کیوں نہ ہو۔ کیا خوب۔ طنزاً کہتے ہیں۔
اے وائے۔ ہائے افسوس۔
اے وقت تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی۔ [مثل] تو خوش رہے کہ تُو نے ہمیں خوش کر دیا۔ دعائیہ کلمہ یعنی تُو نے ہمیں خوش کر دیا تو بھی خوش رہے۔
اے ہاں۔ نفرت یا بیزاری کے موقع پر یا بھُولی ہُوئی بات یاد آنے کے وقت عورتیں بولتی ہیں۔
اے ہے۔ کلمۂ افسوس جس میں کسی قدر تعجب کا بھی لگاؤ ہے۔
اے یہی تو ہے۔ قریب ہے۔ سامنے ہے۔ بہت نزدیک ہے۔
ایاز قدرِ خود بشناس۔ [مثل] ایاز اپنی حقیقت پہچان۔ اپنی حیثیت کا خیال کرکے بات کرنی چاہیے۔
ایاغ۔ (اَ-یاغ) [ت-ا-مذ] پیالہ۔ جام۔ ساغر۔
ایال۔ (اَ-یال) [اَر-ا-مذ] (۱) گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال۔ جانور کی گردن کے لمبے بال۔
ایام۔ (اَی-یام) [ع-ا-مذ] (۱) یوم کی جمع۔ دن (۲) زمانہ (۳) حیض کے دن۔
ایامِ اسود۔ تاریک دن۔ قمری مہینے کی ۲۷-۲۸-۲۹ تاریخیں۔
ایامِ بیض۔ قمری مہینے کی ۱۳-۱۴-۱۵ تاریخ۔ روشن دن۔
ایامِ تشریق۔ [ع-مذ] عید الاضحیٰ کے تین دن۔
ایام سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔
ایام گزاری۔ دن گزارنا۔ وقت کاٹنا۔
ایامِ معلومات۔ ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے دسویں تک کے دس دن۔
ایانا۔ [ن-ا-مذ] مورکھ۔ بے وقوف۔ بچوں کے لیے پنجابی میں یہ لفظ اب بھی مستعمل ہے۔ سلطان قطب الدین کا لاحقہ جس کا مزار لاہور میں ہے۔
ایبک۔ (اَے-بَک) [ت-ا-مذ] (۱) غلام (۲) قاصد۔ ہرکارہ (۳) معشوق۔ بت۔ صنم۔
ایپرن (Apron) (ایپ-رن) [انگ-ا-مذ] پیش بند وہ کپڑا جو کام کرتے وقت لباس کی حفاظت کے وقت آگے باندھ لیتے ہیں۔
ایتا۔ اَتا۔ (ای-تا) [ق] (۱) اب (۲) اتنا۔
ایتام۔ (اَے-تام) [ع-صف] یتیم کی جمع۔ وہ بچے جن کے باپ مر گئے ہوں۔ پنجابی بول چال میں زیادہ آتا ہے۔
ایتر (ای-تَر) [ہ صف] کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ اوچھا۔
ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر [مثل] اس کم ظرف کی نسبت کہتے ہیں جس کو اپنی حیثیت سے بڑھ کر دولت اور مرتبہ حاصل ہو جائے۔
ایتلاف۔ (ای-تِ-لاف) [ع-ا-مذ] دیکھیے ائتلاف
ایتھر (Ether) (ای-تھَر) [انگ-ا-مذ] ایک مائع چیز جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ ایک مادہ جو ماہرینِ طبیعات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے۔
ایٹم (Atom) (اے-ٹم) [انگ-ا-مذ] (۱) ذرہ۔ ریزہ (۲) جوہر (۳) وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ یا مادہ جو حکمائے قدیم کی رائے میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا تھا اور وہ اسے جزو لا یتجزیٰ کہتے تھے مگر جدید سائنس نے اُسے توڑ کر اس سے عظیم طاقت حاصل کی ہے۔
ایٹم بم۔ توپ کا گولہ جو ایٹمی طاقت سے چلتا ہے۔
ایٹمی۔ (اے-ٹ-می) (Atomic) کا مورد۔ صف] ایٹم سے متعلق۔ ایٹم کا۔ جوہری۔
ایٹمی طاقت۔ جوہری طاقت۔ وہ طاقت جو ایٹم بم سے حاصل کی جائے۔
ایٹ ہوم (At Home) [انگ] گھر پر۔ مکان میں۔ گھر پہ دعوت کھلانا۔
ایٹی کیٹ (Etiquette) (اے-ٹی-کیٹ) [انگ-ا-مذ] آدابِ مجلس۔
ایثار۔ (ای-ثار) [ع-ا-مذ] اپنے سے دوسرے کا فائدہ مقدم جاننا۔ دوسرے کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا۔
ایجاب۔ (ای-جاب) [ع-ا-مذ] منظور کرنا۔ قبول کرنا۔
ایجاب و قبول۔ قبول و منظور۔ نکاح کے وقت دولھا دلھن کی میاں بیوی بننے کی منظوری۔
ایجاد۔ (ای-جاد) [ع-ا-مذ] وجود میں لانا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ اختراع جمع : ایجادات
ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ۔ جب کوئی اپنی بیہودہ ایجاد کی تعریف کرتا ہے تو اس



Marfat.com

جگہ طنز سے کہتے ہیں۔

**ایجاز۔** (ای جاز) [ع۔ا۔مذ] چھوٹا کرنا۔ مختصر کرنا۔

**ایجنٹ** (Agent) [انگ۔ا۔مذ] گماشتہ۔ آڑھتی۔ قائم مقام

**ایجنڈا۔** (Agenda) (اے۔جنڈا) [انگ۔ا۔مذ] (کسی جلسے کا) کاروائی۔ نامہ پیش نامہ کسی انجمن یا جماعت کی وہ گشتی چٹھی جو اس کے اجلاس سے قبل تمام ارکان کو بھیجی جاتی ہے اور اس میں وہ امور درج ہوتے ہیں جن پر اجلاس میں بحث کی جاتی ہے۔

**ایجنسی** (Agency) (اے۔جن۔سی) [انگ۔ا۔مث] کمیشن۔ آڑھت وہ دوکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو۔

**ایجوکیشن** (Education) تعلیم۔ ودیا

**ایجی ٹیٹر** (Agitator) تحریک کرنے والا۔ جوش پھیلانے والا۔

**ایجی ٹیشن** (Agitation) (اے۔جی۔ٹے۔شن) [انگ۔ا۔مذ] سنسنی گرہ۔ شورش۔ تحریک۔

**ایچ پیچ۔** (ایچ۔پیچ) [ہ۔صف] چکر۔ مکر و فریب۔

ایچ پیچ نہ جاننا۔ زمانے کے مکر و فریب سے واقف نہ ہونا۔ سیدھا سادا ہونا۔

**ایڈوانس** (Advance) (ایڈ۔وانس) [انگ۔ا۔مذ] زر پیشگی۔ پیشگی۔

**ایڈووکیٹ** (Advocate) (ایڈ۔وُ۔کیٹ) [انگ۔ا۔مذ] وکیل ہائی کورٹ میں پیش ہونے والا وکیل۔

ایڈووکیٹ جنرل۔ سرکاری وکیل جو صوبائی یا مرکزی حکومت کی جانب سے ہائی کورٹ میں پیش ہو۔

**ایڈیٹر** (Editor) مدیر۔ کسی کتاب۔ قلم۔ رپورٹ۔ اخبار یا رسالے کو ترتیب دینے والا۔

**ایڈیٹوریل** (Edetorial) [انگ۔مذ] اداریہ۔ مقالہ افتتاحیہ۔

**ایڈیشن** (Edition) طبع۔ اشاعت۔

**ایڈی کانگ** (Aid-De-Camp) (اے۔ڈی۔کانگ) [انگ۔ا۔مذ] حاکم اعلیٰ کے ماتحت حکم بردار افسر۔ مصاحب۔

**ایذا۔** (ای۔ذا) [ع۔ا۔مث] (۱) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا (۲) تکلیف دُکھ۔ اذیت۔

ایذا دہندہ (رساں) [ف۔صف] تکلیف دینے والا۔

ایذا طلبی۔ [ف۔مث] تکلیف چاہنا۔

**ایرا۔** اردیب۔ [ا۔مذ] شطرنج میں ایک مہرہ جو بادشاہ کو شکست سے بچانے کے لیے بیچ میں ڈالا جاتا ہے (۲) آڑ۔ بلاک۔

**ایرا پھیری۔** (اے۔را۔پھے۔ری) [ہ۔ا۔مث] ہیرا پھیری۔ الٹ پلٹ بار بار آنا جانا۔

**ایراد۔** (ای۔راد) [ع۔ا۔مذ] اعتراض۔ عیب جوئی۔

**ایرا غیرا۔** (اے۔را۔غے۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) اجنبی (۲) ادھر اُدھر کا (۳) معمولی حیثیت کا آدمی۔

ایرا غیرا نتھو خیرا۔ کم حیثیت آدمی۔ ادنیٰ حیثیت والا۔ ہر کوئی۔

**ایران توران کرنا۔** [ا۔مص] زمین و آسمان کے قلابے ملانا۔ فضول اور مبالغے کی گفتگو کرنا۔ تلاش کرنا۔

**ایرانی۔** (ای۔را۔نی) [ف۔صف] ایران سے منسوب۔ ایران کا باشندہ۔ ایران کی کوئی شے۔

**ایرپھیر۔** (ایر۔پھیر) [ہ۔ا۔مث] (۱) بار بار مال کی خرید و فروخت (۲) چالاکی۔ فریب۔

ایرپھیر کے تولنا۔ جنس کو کبھی ایک پلڑے میں اور کبھی دوسرے میں رکھ کر تولنا تاکہ پاسنگ کی کمی زیادتی نہ رہے۔

**ایرے پھیرے۔** (اے۔رے۔پھے۔رے) [ہ۔ا۔مذ] بار بار آنا جانا۔

**ایرے غیرے۔** (اے۔رے۔غے۔رے) [ہ۔ا۔مذ] اجنبی معمولی آدمی کم حیثیت۔

ایرے غیرے پنچ کلیان۔ اجنبی لوگ۔ دیکھیے ایرا غیرا۔

**ایریا۔** (Area) (ایریا) [انگ۔ا۔مذ] (۱) اراضی۔ زمین (۲) رقبہ۔ علاقہ۔

**ایریل** (Aerial) (ایریل) [انگ۔صف] (۱) صفائی۔ ہوائی (۲) [مذ] وائرلیس یا ریڈیو۔ ٹی۔ وی کا وہ تار جو فضا سے ہوائی لہریں وصول کرتا ہے

**ایڑ۔** [ہ۔ا۔مث] مہمیز۔ ایڑی۔

ایڑ (لگانا) کرنا۔ (محاورہ) پاؤں کی ایڑی سے گھوڑے کو دوڑنے کا اشارہ کرنا

ایڑ کھانا۔ ایڑی کی چوٹ کھانا۔

ایڑ مارنا۔ (محاورہ) ہوتے ہوئے کام میں اڑنگا لگا دینا (۲) اکسانا۔ ابھارنا (۳) گھوڑے کو چلانا۔

**ایڑی۔** (اے۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] ٹخنے کے نیچے پیر کی گدی کا حصہ۔ جوتے کا پچھلا حصہ۔

ایڑی چوٹی پر سے وارنا۔ ایڑی چوٹی پر سے قربان کرنا۔ ایڑی چوٹی پر سے نثار کرنا۔ (محاورہ) حقیر و ذلیل سمجھنا۔ ذرا عزت نہ کرنا۔

ایڑی چوٹی پر صدقے کروں (محاورہ) ایڑی چوٹی پر قربان کروں۔ اپنے سر پاؤں پر سے قربان کروں۔

ایڑی چوٹی کا پسینہ (ایک کر دینا) بہا دینا۔ (محاورہ) سر کا پسینہ پاؤں کے پسینے سے جا ملنا۔ بہت زیادہ کوشش کرنا۔ بے انتہا جدوجہد کرنا۔

ایڑی چوٹی کا زور لگانا (محاورہ) پوری کوشش کرنا۔

ایڑی دیکھنا۔ (محاورہ) نظر بد دور کرنے کے لیے کسی عزیز کی ایڑی پر نظر ڈالنا۔

ایڑی سے چوٹی تک (۱) سر سے پاؤں تک (۲) اوّل سے آخر تک۔

ایڑی کا پسینہ سر کو آنا۔ حد سے زیادہ دوڑ دھوپ کرنا۔

ایڑیاں رگڑنا۔ (محاورہ) بڑی تکلیف کے ساتھ چلنا (۲) نہایت مصیبت کے ساتھ زندگی گزارنا (۳) آخری عمر کی بیماریاں جھیلنا۔ (۴) جھٹ کرنا بچنا (۵) جانکنی کی اذیت اٹھانا۔

ایڑیاں رگڑوا کر (محاورہ) خراب کر کے محنت و مشقت کرا کے۔

ایڑیاں رگڑوانا (محاورہ) بہت زیادہ خوشامد کرانا۔ بے حد دوڑ دھوپ کرانا۔

ایڑیاں گھس جانا۔ (محاورہ) بہت دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت محنت کرنا۔

ایڑیاں گھس گھس۔ (محاورہ) انتہائی دوڑ دھوپ کی۔ بے حد کوشش کی

**ایزاد۔** (ای۔زاد) [ع۔ا۔مذ] زیادہ کرنا۔ اضافہ۔ زیادتی۔

**ایزادی۔** (ای۔زا۔دی) [ع۔ا۔مث] زیادتی۔



Marfat.com

ایزد۔ (اے۔زد) [ف۔ا۔مث] اللہ تعالیٰ۔خدائے کریم۔
ایزدی۔ (اے۔زَ۔دی) [ف۔صف] ایزد سے منسوب۔خُدائی۔
ایسا۔ (اے۔سا) [ہ] اس قسم کا۔اس ڈھنگ کا۔اس طرح کا۔اس قدر۔
ایسا تیسا۔ معمولی۔فضول۔کمینہ۔نالائق۔کلمۂ حقارت۔
ایسا جیسے رُپے کے ٹکے بھنا لیئے [مثل] صاف معاملہ اور کھرا آدمی۔
ایسا کیا گیا گزرا ہے۔ بالکل نکما تو نہیں ہے۔اتنا ذلیل و خوار نہیں ہے۔
ایسا گیا گزرا ہے۔ بالکل نکما ہے۔فضول ہے۔
ایسا مُنہ نہیں۔ اتنا ہمت نہیں۔اتنا حوصلہ نہیں۔
ایسا میٹھا کیا ہے۔ کچھ فائدہ نہیں۔نفع کیا ہے۔
ایسا نہ نکلنا۔ جواب نہ ہونا۔ہمسر نہ ہونا۔
ایسا نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔خدا نخواستہ۔مُبادا۔
ایسا ویسا۔ (۱) بُرا بھلا (۲) ادنیٰ۔کم قدر۔کمینہ۔گھٹیل (۳) بے اعتبار۔نکما۔ناکارہ۔ناچیز (۴) واہیات۔بیہودہ۔
ایسا ویسا بھانا نہیں خوان حلوکا آتا نہیں [مثل] جو میسر ہے وہ پسند نہیں بادشاہی کھانا نصیب نہیں۔محتاجی میں شاہی مزاج ہیں۔
ایس۔اے۔وی (Senior Anglo Vernacular) سینیئر اینگلو ورنیکلر کا مخفف۔ایک امتحان جسے دسویں جماعت کے بعد پاس کرنے سے اُمیدوار سکول میں مدرس ہو سکتا ہے۔
ایسٹ انڈیا کمپنی (East India Company) (ایسٹ۔اِن۔ڈِ۔یا۔کم۔پ۔نی) [انگ۔ا۔مث] مشرقی ہند کمپنی۔انگلستان کے تاجروں کی وہ جماعت جو ملکہ الزبتھ اوّل کے زمانے میں بغرض تجارت پہلے مشرقی ہند میں آئی۔پھر رفتہ رفتہ تمام مُلک پر قبضہ کر لیا۔
ایسٹر (Easter) (ایس۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] عیسائیوں کے اعتقاد میں حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کے بعد دوبارہ جی اُٹھنے کا دن عیسائیوں کا ایک تہوار جو ۲۱ مارچ یا اس کے بعد کے اتوار کو (حضرت عیسیٰؑ کے وفات کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
ایسڈ (Acid) (اے۔سِڈ) [انگ۔ا۔مذ] تیزاب۔کھٹی چیز۔کھٹائی۔تُرشی۔
ایسر۔ (ای۔سر) [ہ۔ا۔مث] مال۔دولت۔روپیہ۔پیسہ۔
ایسر آئیں دلدر جائیں۔ [ہ۔مثل] دولت آئے۔ذلت دُور ہو۔
ایسر سے بھینٹ نہیں دلدر سے بگاڑ۔ [ہ۔مثل] مال داروں سے جان پہچان نہیں غریبوں سے دشمنی ہے۔
ایسوسی ایشن (Association) (اے۔سو۔سی۔ایشن) [انگ۔ا۔مث] انجمن۔سبھا۔بزم۔مجلس۔
ایسی۔ (اے۔سی) [ہ] اس قسم کی۔اس طرح کی۔اس نمونے کی۔اس مانند۔
ایسی تقدیر کہاں۔ (محاورہ) ایسے نصیب کہاں۔
ایسی تیسی کرنا۔ (محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا۔سخت کلامی کرنا (۲) بہت خراب کام کرنا۔
ایسی تیسی میں جائے۔ (محاورہ) ہمیں کیا غرض جو ہو سو ہو۔بھاڑ میں جائے۔
ایسی کہی کہ چھاگئی۔ (محاورہ) جب کوئی چبھتا فقرہ کسی پر کسا جائے تو اس جگہ مذاق سے کہتے ہیں۔
ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے۔ اتنی سخت بات کہی کہ اس کا اثر ہرگز نہیں جائے گا۔دل کی لگی ہوئی جس کا جواب نہ ہو۔
ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہہ رہی ہے۔ [مثل] تجھ میں کیا خصوصیت ہے۔کیا تو ہی بڑا مالدار ہے اور کوئی نہیں۔
ایسی کیا قاضی کی گدھی چُرائی ہے۔ [مثل] میں نے کیا جُرم کیا ہے مجھے کسی کا کیا ڈر ہے۔
ایسی ویسی۔ رسمی۔بے حقیقت۔
ایسی ویسی بات کرنا۔ کوئی نازیبا بات کرنا۔ناشائستہ حرکت کرنا۔
ایسی ویسی چیز۔ خراب چیز۔بے حقیقت چیز۔
ایسی ویسی ہونا۔ (محاورہ) (۱) مصیبت واقع ہونا۔مر جانا (۲) خلاف شان بات ہونا۔
ایسے۔ (اے۔سے) [ہ] اس ڈھنگ سے۔اس طرح سے۔
ایسے بر تو ایسی کا جل ڈال بیٹے پر کیسی [مثل] بغیر بناؤ سنگار کے تو یہ کیفیت ہے۔بناؤ سنگار پر کیا حال ہوگا۔
ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں (محاورہ) لعن طعن کرتے ہیں۔بُرا جانتے ہیں
ایسے تو میری جیب میں پڑے رہتے ہیں (محاورہ) تم جیسے کتنوں کو چلا دیتا ہوں۔میں تمہارے فریب میں نہیں آسکتا ہوں۔
ایسے کہاں کے ہیں۔ (محاورہ) ایسے کیا سُرخاب کے پر لگے ہوں۔کہاں کے غیر معمولی ہیں۔کون سی خصوصیت ہے۔
ایسے کیا لعل لگے ہیں۔ (محاورہ) ایسی کون عجیب بات ہے۔
ایسے کیا کیڑے پڑے ہیں (محاورہ) کیا خرابی ہے۔کیا بُرائی ہے۔
ایسے کیڑے پڑیں گے۔ (محاورہ) ایسی بُری حالت ہوگی۔
ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ (محاورہ) معدوم محض ہو گئے نشان تک باقی نہیں رہا۔ایسے غائب ہوئے کہ پتہ تک نہ لگا۔
ایسے لڑکے بہت کھلائے ہیں۔ (محاورہ) میری جیب میں ایسے بہت پڑے ہیں۔
ایسے پیر سے بھولے۔ جب کوئی شخص جان بوجھ کر ناواقف بنتا ہے تو اس کو طنزاً کہتے ہیں۔
ایسے میں۔ اس حالت میں۔ایسے موقع پر۔اس دوران۔
ایسے ویسے۔ معمولی۔کم درجہ کے۔
ایسے ہوتے تو بقر عید کے کام آتے۔ نکمے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔
ایسے ہی۔ اسی طرح۔بغیر کسی وجہ یا سبب کے۔
ایسے ہی بھولے ہیں (طنزیہ) یعنی نادان نہیں ہیں بڑے ہوشیار اور چالاک ہیں
ایشو۔ (Issue) (ای۔شو) [انگ۔ا۔مذ] (۱) اجرا (۲) شمارہ (اخبار وغیرہ کا) (۳) متنازع فیہ مسئلہ۔
ایشور۔ (ایش۔ور) [س۔ا۔مذ] پرمیشور۔بھگوان۔خُدا۔اللہ۔
ایشیا۔ [انگ۔مذ] دُنیا کا سب سے بڑا برِاعظم۔جس کے مشرق میں بحرالکاہل شمال میں بحر منجمد شمالی۔جنوب میں بحر ہند اور مغرب میں یورپ ہے برصغیر پاک و ہند کے ممالک اسی برِاعظم میں ہیں۔
ایشیائی۔ (اے۔شِ۔یا۔ای) [ف۔صف] برِاعظم ایشیا سے نسبت رکھنے

Marfat.com

والی کوئی شے - ایشیا کا باشندہ -

**ایصال** - (اِی۔صال) [ع - ا - مذ] (۱) پہنچانا - ملانا - (۲) وصول کرنا -

**ایصالِ ثواب** - ثواب پہنچانا -

**ایصالِ حرارت** - علم طبعی میں وہ عمل جس کے ذریعے سے سیّال اشیأ میں حرارت ایک جگہ سے دُوسری جگہ پہنچ جاتی ہے -

**ایصالِ مالگذاری** - مال گزاری وصول کرنا - یا داخل کرنا -

**ایضاً** - (اے۔ضن) [ع] وہی - بشرح صدر - ویسا ہی - اُسی طرح کا - بجنسہٖ -

**ایضاح** (اِی۔ضاح) [ع - ا - مذ] روشن کرنا - ظاہر کرنا - وضاحت کرنا -

**ایطا** - (اِی۔طا) [ع - ا - مذ] (۱) روندنا - پامال کرنا (۲) اصطلاح عروض میں ایک ہی قافئے کو لفظاً و معناً ایک شعر کے دونوں مصرعوں میں لانا -

**ایطائے جلی** - شعر میں قافئے کی خوب واضح تکرار - شعر کے دونوں مصرعوں کے قافئے کو لفظاً و معناً مکرّر لانا جیسے (درد) ؎

مدرسہ یا دَیر تھا یا کعبہ یا بُت خانہ تھا ہم سبھی مہماں تھے واں تو ہی تو صاحب خانہ تھا

**ایطائے خفی** - شعر کے جن قافیوں میں تکرار کی طرف ذہن فوراً منتقل نہ ہو مثلاً (ناسخ) ؎

معطّر ان کے نہلانے سے لبِ کرآب ہوا: حباب بحر ہر ایک شیشۂ گلاب ہوا

**ایفا** - (اِی۔فا) [ع - ا - مذ] پُورا کرنا - وفا کرنا - ادا کرنا -

**ایفائے عہد** (وعد) عہد پُورا کرنا - قول و قرار کا پُورا کرنا -

**ایف - اے** (First Arts) فرسٹ آرٹس کا مخفف - بی - اے سے نیچے کا درجہ -

**ایقان** - (اِی۔قان) [ع - ا - مذ] یقین ہونا -

**ایک** - (اَر۔صفت) (۱) واحد - اکیلا - ایک عدد (۲) دوسرا (۳) بڑا - نہایت (۴) صرف - تنہا (۵) منتخب - یکتا - بے نظیر (۶) کوئی - یکساں متحدہ - برابر (۷) متفق ہو سارا - تمام - پُورا -

**ایک آتا ہے ایک جاتا ہے** - آنے جانے والوں کا تانتا بندھا ہے -

**ایک آدھ** - اِکّا دکّا - کوئی کوئی - خال خال -

**ایک آم کی دو پھانکیں ہیں** - [مثل] دونوں ایک ہی شکل و صورت کے ہیں -

**ایک آن** - ایک لمحہ -

**ایک آن میں** - دم بھر میں - لمحہ بھر میں -

**ایک آنچ کی کسر رہ گئی** - (محاورہ) ذرا سا نقص باقی رہ گیا - تھوڑی کمی ہو گئی -

**ایک آنکھ** - (۱) ذرا - مطلق - بالکل (۲) برابر -

**ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پہ ہاتھ رکھتے ہیں** - [مثل] ایک دفعہ دھوکا کھا کر تجربہ ہو جاتا ہے - ایک بار نقصان اٹھانے کے بعد انسان محتاط ہو جاتا ہے -

**ایک آنکھ سے سب کو دیکھنا** - (محاورہ) سب کو یکساں سمجھنا - انصاف پسند ہونا -

**ایک آنکھ میں** - ایک نظر میں -

**ایک آنکھ میں لہر بہر ایک آنکھ میں خدا کا قہر** - [مثل] تھوڑی دیر میں مہربان - تھوڑی دیر میں ناراض - ایک عزیز پر مہربانی اور دوسرے سے ناراضگی ظاہر کرنا -

**ایک آنکھ نہ بھانا** - ذرا پسند نہ آنا - بالکل نہ بھانا -

**ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ** - دونوں سے یکساں محبت ہے - دونوں برابر ہیں -

**ایک آوے کے برتن ہیں** - [مثل] سب ایک ہی جیسے ہیں -

**ایک اکیلا دو کا میلا** - محبت اور اتفاق میں برکت ہے -

**ایک انار سو بیمار** - [مثل] ایک چیز کے بہت سے خواہش مند ہونا -

**ایک انڈا وہ بھی گندا** - [مثل] ایک بیٹا وہ بھی نالائق - تھوڑی اور خراب چیز -

**ایک اور ایک گیارہ** - اتفاق ہو تو طاقت بن جاتی ہے - دو آدمیوں میں اتفاق ہو تو بڑا کام ہو جاتا ہے -

**ایک اور (دس) سو کا فرق** - (محاورہ) بہت زیادہ فرق -

**ایک ایک** - ہر ایک - سب - فرداً فرداً - باری باری -

**ایک ایک ادا پر لوٹ جانا** - (محاورہ) فدا ہو جانا - کسی کی ہر ایک بات کو پسند کرنا -

**ایک ایک دم سو سو رنگ بدلتا ہے** - (محاورہ) ایک بات پر قائم نہیں رہتا - گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ -

**ایک ایک دن ایک ایک مہینے کے برابر ہوتا ہے** - (محاورہ) انتظار کا زمانہ بڑی مشکل سے گزرتا ہے -

**ایک ایک دو دو** - باری باری - الگ الگ - جُدا جُدا -

**ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہونا** - (محاورہ) سخت رنج یا تکان سے قدم اُٹھانا - ہر قدم پر تکلیف ہونا -

**ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا** - (محاورہ) ہر ایک کے سامنے اپنا دُکھ بیان کرنا - ہر ایک سے مدد چاہنا -

**ایک ایک کا منہ (تکنا) دیکھنا** - (محاورہ) حیرت اور حسرت کے عالم میں ہونا (۲) ہر ایک سے اُمید رکھنا - محتاجی کا عالم -

**ایک ایک کر کے** (۱) رفتہ رفتہ - ایک ایک کو چن چن کر (۲) سب - کُل - (۳) فرداً فرداً - جُدا جُدا -

**ایک ایک کی چار چار لگانا** - (محاورہ) مبالغے کے ساتھ چغلی کھانا - ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا -

**ایک ایک کے دس دس ہونا** - (محاورہ) تجارت میں زیادہ منافع ہونا -

**ایک ایک کے دو دو (کرنا) ہونا** - (محاورہ) تجارت میں دُگنا نفع کمانا - دُگنا فائدہ ہونا -

**ایک ایک گھڑی (بھاری) پہاڑ ہونا** - (محاورہ) ایک ایک لمحہ مُشکل سے گزرنا -

**ایک ایک گھڑی گننا** - (محاورہ) وقت شماری کرنا - شدّتِ انتظار کا اظہار -

**ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا** - (محاورہ) تھوڑے سے فائدے کے لیے بہت سا نقصان گوارا کرنا - دُنیا کے واسطے دین کھونا -

**ایک بات** - (۱) ادنیٰ و سہل کام (۲) واحد معاملہ (۳) ٹھیک قیمت (۴) پختہ اور معقول بات -

**ایک بات تھی کہ منہ سے نکل گئی** - [مثل] معافی مانگنے کے موقع پر کہا جاتا ہے - معمولی بات تھی جو کہی گئی -

**ایک بات میں** - ذرا سی جنبش لب میں - ادنیٰ سے اشارے میں -

**ایک بات میں سو مزے دیکھنا** - (محاورہ) ایک ہی چیز سے طرح طرح کے لطف اُٹھانا -



Marfat.com

ایک بات ہزار مُنہ - [مثل] اس جگہ کہتے ہیں جب کسی امر میں ہر شخص نئی بات کہے۔ ایک ہی موضوع پر مختلف باتیں بننا۔
ایک بات ہونا - (محاورہ) معمولی بات ہونا۔ کچھ بھی اہم نہ ہونا۔
ایک بات ہے - (محاورہ) اس کی کوئی اصلیت نہیں (۲) ادنیٰ اور آسان ہے بہت سہل ہے۔ (۳) ایک خاص اولہ ہے (۴) معاملہ واحد ہے (۵) یکساں ہے کچھ فرق ہے (۶) افواہ ہے
ایک (بار) بارگی - ایک دفعہ۔ ایک مرتبہ (۲) دفعتاً۔ اچانک۔ ناگہاں۔
ایک بازار بند ہونا (محاورہ) یک چشم ہونا۔ کانا ہونا۔
ایک بال چل نہیں - [مثل] سرِ مُو فرق نہیں۔
ایک بال کا مول - [مثل] حُسن کی تعریف میں مبالغے کے طور پر کہتے ہیں کہ وہ ایسا حسین ہے کہ اتنی قیمت تو اس کے ایک بال کا مول نہیں۔
ایک بغل ہو جاؤ - (محاورہ) بیچ سے ہٹ جاؤ۔ ایک طرف ہو جاؤ۔
ایک بھی نہ ماننا - (محاورہ) کسی بات پر بھی راضی نہ ہونا۔
ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے (مقولہ) ایک شخص کی بدچلنی سے گھر کا گھر بدنام یا برباد ہو جاتا ہے
ایک پانی - بارش کا ایک جھالا۔
ایک پانی کی کسر ہے - ایک بارش کی اور حاجت ہے۔ ایک بار اور سینچنے کی ضرورت ہے۔
ایک پاؤں پھرنا (محاورہ) برابر پھرتے رہنا۔ دم نہ لینا۔ بہت دوڑ دھوپ کرنا۔
ایک پاؤں رکاب میں رہنا (محاورہ) سفر کے لیے مستعد رہنا۔
ایک پاؤں سے کھڑا رہنا (محاورہ) بڑی مستعدی سے خدمت کے لیے حاضر رہنا۔
ایک پاؤں کہیں ایک کہیں - ایک جگہ قیام نہیں ہے۔
ایک پاؤں اندر (گھر) میں ایک پاؤں باہر - (محاورہ) لگاتار اندر یا باہر آنا جانا۔
ایک پٹا - ایک پاٹ کا جس کی چوڑائی میں جوڑ نہ ہو۔
ایک پر ایک - اوپر تلے۔ لگاتار متواتر۔
ایک پر ایک گرنا (محاورہ) اوپر تلے گرنا۔ کثرت سے متوجہ ہونا۔ ٹوٹ کر گرنا۔ ہاتھوں ہاتھ لینا
ایک پر بیٹھ رہنا - (محاورہ) ایک شوہر یا ایک آشنا پر قناعت کرنا۔
ایک پرہیز سو علاج - [مثل] پرہیز علاج سے بہتر ہے۔
ایک بڑا لوٹے دوسرا کہے مجھے بھی کچھ دے - [مثل] ایک شخص کسی لذت کا نتیجہ بھگت رہا ہو اور دوسرا نا عاقبت اندیشی سے اس سے اعلیٰ تر کی خواہش کرے۔
ایک پل میں (مقولہ) ایک لحظہ میں۔ بہت جلد۔ فوراً۔
ایک پنتھ دو کاج [مثل] ایک تدبیر میں دو کام انجام پانا۔
ایک پیٹ کے - حقیقی بھائی بہن۔
ایک پیچا (۱) ایک پیچ کا جس میں ایک ہی پیچ یا اینٹھن ہو (۲) ایک قسم کی پگڑی۔
ایک تارا دیکھ کے ایڑی دیکھنا (عو۔ محاورہ) عورتوں کا خیال ہے کہ ایک تارا دیکھنا نحس ہے۔ اس لیے ایک تارا دیکھ کر ایڑی دیکھ لیا کرتی ہیں تاکہ نحوست کا اثر کم ہو جائے۔
ایک ترکش کے تیر ہیں - [مثل] ایک آوے کے برتن ہیں۔ آرام پہنچنے والا کوئی نہیں سب دُکھ دینے والے ہیں۔
ایک تل بھر - بہت ذرا سا۔ خفیف سا۔
ایک تم کیا ہو - اکیلے تم پر ہی موقوف نہیں ہے۔
ایک تندرستی ہزار نعمت - [مثل] تندرستی سب نعمتوں سے بہتر ہے۔
ایک تنکا نہیں چھوڑا - (محاورہ) ایک تنکا نہیں چھوڑا۔ سب کچھ اٹھا کر لے گیا۔
ایک تنکے کا احسان نہ لینا - (محاورہ) نہایت مستغنی اور صابر ہونا کسی کا سہارا نہ ڈھونڈنا۔
ایک تنکے کا بھی احسان بھاری ہوتا ہے - احسان کتنا ہی تھوڑا کیوں نہ ہو مگر احسان مند پاس کا بار بہت ہوتا ہے۔
ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے - ناداری اور بے کسی میں تھوڑا سا سہارا بھی بہت غنیمت معلوم ہوتا ہے۔
ایک تنکے کا سہارا نہیں [مثل] کسی سے امداد کی توقع نہیں ہے۔
ایک تو - اوّل تو۔ پہلے تو۔
ایک تو آپ دوسرے بغل چاپ (محاورہ) اوّل تو خود ہی بے موقع اور بے وقت آئے اور دوسرے اپنے ساتھ ایک اور کو بھی لگا لائے۔
ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پر آئی بہار [مثل] آوارہ کے لیے آوارگی کا سامان بھی مہیا ہو گیا۔
ایک تو چوری اس پر سینہ زوری - [مثل] قصور کر کے اُلٹا ڈھٹائی کی باتیں کرنا۔
ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے - [مثل] ایک تو مہیب اور غصہ ور تھے ہی دوسرے ذی اختیار بھی ہو گئے۔
ایک تو کانی جائی (بیٹی) دوسرے پوچھنے والوں نے جان کھائی [مثل] عیب دار کو ایک تو اپنے عیب کا افسوس۔ دوسرے لوگ اس کا ذکر چھیڑ چھیڑ کر اور بھی شرمندہ کرتے ہیں۔
ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا - [مثل] ایک تو بُرے تھے ہی دوسرے اور بھی برائی کے اسباب مہیا ہو گئے۔
ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھائی بھنگ [مثل] کاہل آدمی کا کاہلی بڑھانے والے کام کرنا۔
ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی - [مثل] ایک خاندان کے لوگ ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں حیثیت و صورت شکل کی کمی بیشی کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔
ایک تیر سا سینے میں لگا (محاورہ) بہت سخت رنج ہوا۔ بہت دُکھ ہوا۔
ایک تھیلی کے چٹے بٹے (محاورہ) سب ایک سے ہیں۔ کوئی نیک نہیں سب شریر ہیں۔
ایک ٹانگ پھرنا - (محاورہ) برابر پھرتے رہنا۔ ایک دم پھرتے جانا۔
ایک ٹک (۱) لگاتار۔ متواتر۔ بغیر پلک جھپکے۔
ایک ٹکے پر مسجد ڈھانا - ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا۔ ذرا سے نفع کے لیے دین برباد کرنا۔
ایک ٹنگا - ایک ٹانگ کا۔ لنگڑا
ایک ٹھوکر سے آنکھ کی چربی اُتر گئی - (محاورہ) ایک ہی صدمہ سے عقل ٹھکانے آ گئی۔
ایک جان دو تن - ایک جان دو قالب۔ کمال اتحاد اور انتہا کی دوستی۔ گہری دوستی۔
ایک جان کرنا - کئی چیزوں کا بالکل مل جانا۔
ایک جان ہزار امید - ایک جان ہزار ارمان۔ زندگی بھر آدمی کے ساتھ ہزاروں اُمیدیں لگی رہتی ہیں۔
ایک جان ہونا - کئی چیزوں کا بالکل مل جانا۔
ایک جاننا - برابر جاننا۔ یکساں سمجھنا۔
ایک جان ہے چاہے خدا لے چاہے بندہ [مثل] جب کوئی مشکل کام کرنا ہو اور جان کی پروا نہ کی جائے تو کہتے ہیں۔
ایک جنگلے میں دو شیر نہیں رہ سکتے - ایک میان میں دو چھریاں نہیں رہ سکتیں۔
ایک جہان کی تکلیف - تمام دُنیا کی مصیبت۔

Marfat.com

ایک چال چلنا ۔ یکساں رہنا ۔ ایک انداز پر زندگی بسر کرنا۔
ایک چُپ لاکھ بلا ٹلتی ہے ۔ چُپ رہ کر بہت سی آفتوں سے نجات مل جاتی ہے۔
ایک چُپ ہزار سُکھ (ا۔محاورہ) خاموش رہنے میں بڑا سُکھ ہے۔
ایک چلّو پانی میں ڈوب مرنے کو بہت ہے ۔ بےحیائی کی حرکت پر غیرت دلانے کو کہتے ہیں۔
ایک چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا ۔ (محاورہ) وہ کام جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو۔ اسے لائق یا ہمت انسان بھی اکیلا نہیں کر سکتا۔
ایک چنے کی دو دالیں ہیں ۔ (محاورہ) نہایت متفق ہیں (۲) بالکل ہم شکل ہیں۔
ایک چھوڑ دو دو ۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں ایک کی جگہ دو ہوں۔
ایک چھینکے ایک ناک کاٹے ۔ [مثل] آدھا کام کوئی کرے اور آدھا کام کوئی دوسرا انجام دے۔
ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان ۔ بے انتہا چیخنا چلانا۔
ایک حال پر بسر ہونا ۔ ایک حال میں گزرنا ۔ یکساں بسر ہونا۔
ایک حُسن آدمی ہزار حُسن کپڑا، لاکھ حُسن زیور کروڑ حُسن نخرا ۔ کپڑے سے عورت کا حُسن زیادہ ہو جاتا ہے اور زیور اور ناز نخرے سے اور بھی بڑھ جاتا ہے۔
ایک حمام میں سب ننگے ۔ [مثل] جتنے ہیں سب کا ایک ہی رنگ ہے کون کس کو بُرا کہے ۔ سب ایک ہی حال میں گرفتار ہیں۔
ایک خطا دو خطا تیسری خطا مادر بخطا ۔ [مثل] دو ایک مرتبہ چوک ہو جانا مقتضائے بشریت ہے مگر بار بار کی خطا کمینہ پن اور شرارت کی دلیل ہے۔
ایک در بند ہزار در کھلے [مثل] ایک ذریعہ ختم ہونے پر خدا اور بہت سے ذریعے پیدا کر دیتا ہے۔
ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں [مثل] یعنی ادھر بھی خیال لگا ہوا ہے اور ادھر بھی ۔ کام کیوں کر ٹھکانے سے ہو۔
ایک دل یہ کہتا ہے ۔ ایک خیال یہ آتا ہے۔
ایک دم ۔ بلاتوقف ۔ برابر ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ فوراً۔
ایک دم آیا نہ آیا ۔ ایک دم کا بھروسا نہیں ۔ (محاورہ) زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
ایک دم کا دم ہے ۔ [مثل] ایک ذات کے باعث رونق اور شان و شوکت ہے زندگی کے لیے سارے بکھیڑے ہیں۔
ایک دم ہزار دم (محاورہ) جاں بلب مریض کے لیے ڈھارس کے طور پر کہتے ہیں۔ یعنی جب تک سانس باقی ہے بڑی اُمید ہے۔
ایک دن خدا کو منہ دکھانا ہے ۔ (مقولہ) آخر مرنے کے بعد خدا کے سامنے پیش ہونا ہے
ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان [مثل] ایک دو دن مہمان کی تواضع ہو سکتی ہے ۔ پھر وبال معلوم ہوتا ہے۔
ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول تیسرے دن کا مہمان گیا گھر کیوں بھول [مثل] مہمان پہلے دن بہت عزیز ۔ دوسرے دن اس سے کمتر تیسرے دن دل اس سے بیزار ہو جاتا ہے مہمان کی خاطر چند روز ہی خوب ہوتی ہے
ایک دن گھوڑا پیسا بھی کام آتا ہے [مثل] ناقص چیز بھی کبھی کام دے جاتی ہے۔
ایک دو ۔ تھوڑے سے ۔ چند۔
ایک دو بول ۔ (ا۔محاورہ) نکاح میں ایجاب و قبول۔
ایک دمڑی نہیں چھوڑی ۔ محاورہ) کچھ نہیں چھوڑا ۔ سب لوٹ لے گیا۔
ایک دینے کو دس پاوے گا ۔ خیرات کرنے والے کو ایک کا دس گنا ثواب ملے گا۔
ایک ڈھال ۔ (ا) ایک میل کا ۔ ایک طرح کا ۔ ایک ہی کپڑے کا بنا ہوا۔
ایک ڈر دو طرف ہوتا ہے ۔ دو مخالف شخصوں میں دشمنی کا خوف طرفین کو ہوتا ہے
ایک ڈوبے تو سب سمجھائیں سب ڈوبیں تو کون سمجھائے ۔ [مثل] ایک شخص خطا پر ہو تو اور لوگ سمجھا کر اس کو راہ پر لا سکتے ہیں مگر جب سب کے سب عقل کے دشمن ہوں ۔ ان کی اصلاح کیسے ہو۔
ایک (ذات) راس ۔ ایک جنس ۔ ایک قسم۔
ایک ذات کرنا ۔ حل کرنا ۔ باہم خوب ملا دینا۔
ایک رسّی میں بندھنا ۔ (محاورہ) بہت سے آدمیوں کا ایک ہی جرم میں ماخوذ ہونا (۲) ایک رائے ہونا ۔ ہم خیال ہونا۔
ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے (محاورہ) خوف یا صدمے سے چہرے کا رنگ فق ہے ۔ منہ پر ہوائیاں چھُٹ رہی ہیں۔
ایک رنگ پر نہ رہنا ۔ (محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا ۔ تغیر ہوتا رہنا۔
ایک رنگ میں ہیں ۔ ایک حالت پر جمے ہوئے ہیں۔
ایک زبان ۔ متفق اللفظ ۔ ہمزبان ۔ ایک بات ۔ ہم آہنگ۔
ایک زبان رکھنا (محاورہ) بات کا پکا ہونا ۔ جو کہنا سو کرنا ۔ قول و قرار نباہنا۔
ایک زمانہ ۔ تمام عالم ۔ ساری دنیا۔
ایک سا ۔ ایک ساں ۔ برابر ۔ یکساں۔
ایک ساتھ ۔ ساتھ ساتھ۔
ایک سال کے تین سو ساٹھ دن ہیں ۔ بدلہ لینے کو سال بھر پڑا ہے کبھی نہ کبھی موقع مل ہی جائے گا۔
ایک سانچے کے ڈھلے ہیں ۔ سب ایک ہی سے ہیں ۔ وضع قطع میں بال برابر فرق نہیں ۔ ہم شکل ہیں۔
ایک سانس میں کچھ دوسری سانس میں کچھ ۔ ابھی جو کچھ کہا تھا اس کے خلاف کہنے لگا
ایک سخنیا ۔ وہ شخص جو ایک دام کہے اس میں کمی بیشی نہ کرے ۔ بات کا پکا۔
ایک سر ہزار سودا ۔ ایک جان سو جنجال ۔ ایک دم کے پیچھے ہزاروں جھگڑے۔
ایک سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ۔ [مثل] ایک چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا۔
ایک سی ۔ یکساں ۔ ایک ہی طرح کی ۔ ایک جیسی۔
ایک سے ایک ۔ بہتر سے بہتر۔
ایک سے ایک اعلیٰ سُبحان ربّی الاعلیٰ ۔ [مثل] اس جگہ طنز سے کہتے ہیں جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو۔
ایک سے دن نہ رہنا ۔ (محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا ۔ زمانہ کا انقلاب۔
ایک سے دو بھلے (مقولہ) ایک سے دو بہتر ۔ تنہائی سے کسی کا ساتھ رہنا اچھا۔
ایک سے لے ایک کو دے [مثل] خدا کسی کو غریب اور کسی کو امیر بنا دیتا ہے۔
ایک سے ہزار تک ۔ ایک سے لاکھ تک ۔ بہتات اور کثرت کی جگہ کہتے ہیں
ایک سے ہزار ہونا ۔ تھوڑے سے بہت ہونا۔
ایک سے ہونا (محاورہ) ہم شکل ہونا ۔ ایک جیسے ہونا ۔ ہم رائے ہونا۔
ایک شیر مارتا ہے سولہ گیدڑ کھاتے ہیں ۔ [مثل] ہمت والا اپنی کمائی سے بہت سے کمزوروں کی پرورش کرتا ہے۔
ایک صورت سے ۔ (ا) ایک طرح سے (۲) یکساں حالت سے۔
ایک طرح ۔ ایک طرح پر ۔ ایک حالت سے ۔ ایک وضع سے۔
ایک طرح پر گزرنا ۔ (محاورہ) یکساں گزرنا ۔ ایک حالت پر بسر ہونا۔



Marfat.com

ایک طرح کا۔ ایک قسم کا۔ ایک جیسا۔
ایک طرف کا بازار بند ہے۔ ایک طرف کی دُنیا غائب ہے۔ (محاورہ) ایک آنکھ نہ دارد ہے۔ کانا ہے۔
ایک طرف ہو جاؤ۔ کنارے ہو جاؤ۔ کسی ایک کے شریک ہو جاؤ (۲) راستہ چھوڑ دو۔
ایک عالم۔ سارا جہان۔ تمام دُنیا۔
ایک عالم ہے۔ (محاورہ) عجب بہار ہے۔ طرفہ کیفیت ہے۔ نرالا جوبن ہے
ایک عُمر۔ تمام عُمر۔ عرصۂ دراز۔ جُگ۔
ایک غریب مارا اٹھا نو من چربی نکلی تھی [مثل] جب کوئی شخص اپنی غریبی کا اظہار کرے اور وہ دراصل غریب نہ ہو تو اس موقع پر یہ جملہ طنز سے کہتے ہیں۔
ایک فرہاد سو تیشے ایک جان سو اندیشے [مثل] ایک آدمی کے لیے کیا کیا مصیبتیں ہوتی ہیں۔
ایک قلم۔ یک لخت۔ فوراً۔ بالکل۔ برابر۔ ایک زبان۔
ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جا سکتا ہے سو کا مُنہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا۔ [مثل] ایک شخص کی کاربرآری تو ہر طرح ہو سکتی ہے مگر بہت لوگوں کی تھوڑی تھوڑی حاجت روائی دشوار ہوتی ہے۔
ایک کان بہرا ایک گونگا کر لینا۔ (محاورہ) کسی طرف سے بالکل بے خبر ہو جانا۔ مطلق التفات نہ کرنا۔
ایک کانٹے میں تولنا۔ (محاورہ) یکساں وزن کرنا۔
ایک کا ہو رہنا (محاورہ) ایک کے سوا دوسرے کی طرف مائل نہ ہونا۔
ایک کچی گھڑی۔ لمحہ بھر۔ بہت مختصر مدّت۔
ایک کرے دس بھریں (محاورہ) ایک شخص خطا کرے اور اس کا خمیازہ سب کو اٹھانا پڑے۔
ایک کنارے ہونا (محاورہ) ایک طرف ہو جانا۔ کنارے ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔
ایک کو ایک کھائے جاتا ہے۔ [مثل] ایک دوسرے سے رشک و حسد کرتا ہے۔ ایک دوسرے سے جلتا ہے۔
ایک کو پانی ایک کو پیچ [مثل] ناانصافی۔ نامنصفی۔ جانبداری۔
ایک کو دے رتبۂ عالی ایک کو دے کھڑیا جالی [مثل] خدا کسی کو امیر اور کسی کو غریب بنا دیتا ہے۔
ایک کوڑی کی بھی آمد نہیں۔ کچھ بھی آمدنی نہیں۔
ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔ [مثل] ہر کسی سے وعدہ۔ ہر ایک سے اقرار۔ سب کو امید پر لگائے رکھنا۔
ایک کھائے ملیدا ایک کھائے ... [مثل] اپنا اپنا نصیب ہے۔ کوئی عیش کرے کوئی دُکھ بھرے۔
ایک کہو گے تو دس سنو گے (محاورہ) تھوڑی سی بدزبانی کر کے بہت کچھ سننا پڑے گا۔
ایک کھیل ہونا۔ (محاورہ) بہت معمولی بات ہونا۔
ایک کھیل ہے۔ (محاورہ) بہت آسان ہے۔
ایک کہے نہ چار سُنے۔ [مثل] نہ کسی کو بُرا کہو نہ تو دو سُنو
ایک کی ایک سے کہنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
ایک کی ایک سے بننا۔ اتفاق نہ ہونا۔ باہم تکرار ہونا۔
ایک کی دارو دو۔ ایک کی دوا دو۔ ایک کی دوا دو دو کی دوا چار [مثل] قلیل تعداد کو کثیر تعداد مغلوب کر لیتی ہے۔

ایک کی (دس دس) سو سو سُنانا۔ (محاورہ) ذراسی بات پر بہت بُرا بھلا کہنا جو پیغام دیا جائے۔ اس میں مبالغہ کر کے پہنچانا۔
ایک گال ہنسنا ایک گال رونا۔ (محاورہ) گھڑی ہنسنا اور گھڑی رونا۔ متلون مزاج
ایک گرو کے بالکے ہیں۔ ایک آوے کے برتن ہیں۔ ایک جیسے ہیں۔
ایک گھاٹ اُتارنا (محاورہ) سب کے ساتھ ایک ہی سا معاملہ رکھنا۔ یکساں برتاؤ
ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ [مثل] سب کے ساتھ یکساں انصاف ہے۔
ایک گھر بچے تو سب گھر بچے [مثل] شطرنج اور چوسر وغیرہ کے کھیل میں کسی مشکل چال کے متعلق کہتے ہیں کہ اس گھر پہ مہرہ یا گوٹ بچ جائے تو گویا بازی جیت لی
ایک گھر کے دو بننا۔ (محاورہ) نااتفاقی ہونا۔ باہمی اتحاد نہ ہونا۔
ایک لاٹھی سے سب کو ہانکنا۔ (محاورہ) اعلیٰ وادنیٰ میں تمیز نہ کرنا۔ سب کے ساتھ یکساں برتاؤ
ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو [مثل] تنہا آدمی کیا کر سکتا ہے۔ ایک آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔
ایک لوئی کڑاہی۔ وہ کڑاہی جو ایک ہی توے کی بنی ہو اور اس کے پیندے میں جوڑ نہ ہو۔
ایک ماں باپ کا ہونا (محاورہ) حلالی ہونا۔ دوغلہ نہ ہونا۔ غیرت اور غصہ دلانے کے موقع پر کہتے ہیں (۲) حقیقی بہن بھائی ہونا۔
ایک مت۔ ایک رائے۔
ایک مٹھ۔ ایک گھٹ۔ اتفاق۔ اتحاد (ف)
ایک مچھلی سارے (تالاب) جل کو گندہ کرتی ہے [مثل] ایک شخص کی نالائقی سارے خاندان کو بدنام کر دیتی ہے۔
ایک مُرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی۔ [مثل] تھوڑی سی چیز بہت سے لوگوں میں نہیں بانٹی جا سکتی۔
ایک مُشت۔ اکٹھا۔ ایک ہی دفعہ۔ یکمُشت۔
ایک مُنہ ایک زبان ہونا۔ متفق ہونا۔ ایک ہی بات کہنا۔
ایک مُنہ دو بات (محاورہ) متضاد باتیں کرنا۔
ایک مُنہ میں ہزار باتیں کہہ جانا۔ (محاورہ) لگاتار سینکڑوں باتیں سنانا۔ بے حساب بُرا بھلا کہنا۔
ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں [مثل] ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہشمند کبھی مل کر نہیں رہ سکتے۔
ایک مُنہا۔ ایک مُنہ کا۔ ایک مُکھی۔ ایک مُنہ والا۔
ایک میرے گھر آنا دوسرے رونا۔ [مثل] پھر بڑا سامان اور کارخانہ نہیں ہے تھوڑے سے نوکر چاکر ہیں۔
ایک میں ایک میرا بھائی تیسرا حجام نائی۔ [مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی شخص بہت سے آدمی ساتھ لائے اور ظاہر یہ کرے کہ بہت کم آدمی ہیں۔
... تار جب دو سے رتّی جیسے ایک تیسے اسّی [مثل] عورت کی پارسائی ... ہے۔
ایک ... ہرا نہیں ... ہرا نکار۔ بالکل انکار۔
ایک نٹ ھٹ ... ھیٹ۔
ایک نشد دو شد [مثل] ایک کے بعد دوسری عجیب بات واقع ہونا۔
ایک نظر دیکھنا (محاورہ) ایک بار یا سرسری طور پر دیکھ لینا۔

Marfat.com

**ایک نظر سے دیکھنا** (محاورہ) سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔ سب سے ایک ہی طرح سے پیش آنا۔
**ایک نظر کے گنہگار ہیں۔** (محاورہ) صرف ایک بار دیکھا ہے۔
**ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا** [مثل] لباس سے آدمی کا حسن بہت بڑھ جاتا ہے۔
**ایک نہ ایک۔** کوئی نہ کوئی۔ تھوڑا بہت۔
**ایک نہ چلنا** (محاورہ) کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا (۲) کچھ اثر نہ ہونا۔
**ایک نہ دو۔** (محاورہ) ایک دو پر ہی بس نہیں بلکہ بہت زیادہ۔
**ایک نہ سُننا، ماننا** (محاورہ) دھیان نہ دینا۔ کوئی بات قبول نہ کرنا۔ توجہ نہ دینا۔
**ایک نہ سو سکھ۔** (ا۔ محاورہ) ایک انکار سے انسان کئی آفتوں سے بچ جاتا ہے۔
**ایک نہیں سو بلا ٹالتی ہے۔** (محاورہ) کبھی تھوڑی بے مروتی بہت سی آفتوں سے بچا لیتی ہے۔
**ایک نیم سو کوڑھی۔** [مثل] دیکھیے ایک انار سو بیمار۔
**ایک ہاتھ چھوڑنا (لگانا)** (محاورہ) ایک ضرب لگانا۔ ایک تلوار مارنا۔
**ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی۔** [مثل] محبت یا عداوت دونوں طرف سے ہوتی ہے (۲) صرف ایک فریق کی زیادتی سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔
**ایک ہاتھ کا ہے۔** (محاورہ) ایک ہی ضرب میں کام ختم ہے۔
**ایک ہاتھ کی لینی ایک ہاتھ کی دینی۔** نیکی کی جزا فوراً مل جاتی ہے۔ اس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے۔
**ایک ہاتھ میں دو ٹکڑے** (محاورہ) ایک ضرب میں دو ٹکڑے۔
**ایک ہنر اور ایک عیب ہر آدمی میں ہوتا ہے۔** عیب اور ہنر سے کوئی بشر خالی نہیں۔
**ایک ہو جانا (ہونا)** (محاورہ) متفق ہو جانا۔ اتفاق کر لینا۔ سازش کر لینا۔
**ایک ہی ہونا۔** بے مثل ہونا۔
**ایک ہی کہی۔** لاجواب بات کہی۔
**ایک ہے۔** بے مثل ہے۔ فرد ہے۔ اپنا جواب نہیں رکھتا۔ یکتا ہے۔
**ایکا۔** (اے۔کا) [ہ۔ا۔مذ] میل۔ اتفاق۔ اتحاد۔ یک جہتی۔ سازباز۔
**ایکا ایک۔ ایکا ایکی۔** اچانک۔ یکایک۔ یک دم۔
**ایکا ہونا۔** اتفاق ہونا۔
**ایکادشی۔** (اے۔کا۔دَ۔شی) [ہ۔ا۔مث] چاند کی گیارھویں تاریخ۔
**ایکاونت۔** (اے۔کا۔نت) [ہ۔ا۔مث] الگ۔ اکیلا۔
**ایکٹ** (Act) [انگ۔ا۔مذ] (۱) عمل۔ کارروائی (۲) قانون۔ آئین جو مجلس قانون ساز نے منظور کیا ہو (۳) ڈرامے کا ایک حصہ۔ باب۔
**ایکٹر** (Actor) (ایک۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] اداکار۔ نقال۔
**ایکٹریس** (Actress) (ایکٹ۔ریس) [انگ۔ا۔مث] اداکار عورت تماشا کرنے والی۔
**ایکٹنگ** (Acting) (ایک۔ٹنگ) [انگ۔ا۔مث] اداکاری۔
**ایکسپورٹ** (Export) (ایکس۔پورٹ) [انگ۔ا۔مذ] نکاسی (۲) مال برآمد
**ایکسچینج** (Exchange) (ایکس۔چینج) [انگ۔ا۔مذ] باہمی تبادلہ مبادلہ۔ ادلا بدلا۔ (۲) ہنڈی کا لین دین۔
**ایکس ریز** (X-Ray) (ایکس۔ریز) [انگ۔ا۔مذ] شعاعیں۔ نامعلوم شعاعیں۔ ایک قسم کی خاص شعاعیں جنہیں رونتجن نامی جرمن سائنسدان نے اتفاقیہ طور پر دریافت کیا تھا۔ یہ شعاعیں غیر شفاف اجسام میں سے گزر جاتی ہیں اور ان کی مدد سے انسانی جسم کے اندرونی اعضا کے فوٹو لیے جاتے ہیں۔
**ایکڑ** (Acre) [انگ۔ا۔مذ] آٹھ کنال یا ۴۸۴۰ مربع گز کا رقبہ۔
**ایکلا۔** (ایک۔لا) [ہ۔صف] اکیلا۔ تنہا۔
**ایکونائٹ** (Aconite) (ایکو۔نائٹ) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا زہر
**ایکھ۔** [ہ۔ا۔مث] اُوکھ۔ گنا۔ پونڈا۔
**ایل۔ ایل۔ بی** (L.L.B) [انگ] (Bachelor of Law) بیچلر آف لا کا مخفف۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان۔
**ایل۔ ایل۔ ڈی** (L.L.D) [انگ] (Doctor of Law) ڈاکٹر آف لا کا مخفف۔ قانون میں سب سے اعلیٰ ڈگری
**ایلاسٹک** (Alasotic) [انگ۔مذ] لچکیلا فیتہ جو سوت اور ربڑ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔
**ایلچی۔** (ایل۔چی) [ت۔ا۔مذ] قاصد۔ پیغام بر۔ سفیر۔
**ایلچی کو زوال نہیں** (مقولہ) پیام کے نفع و ضرر سے پیام رساں محفوظ رہتا ہے۔
**ایلچی گری۔** سفارت۔ وکالت۔ رسالت۔
**ایل کلی۔** (ایل۔کَ۔لی) [ہ۔ا۔مث] سجی۔ ایک قسم کا کھار۔
**ایلوا۔** [ہ۔ا۔مذ] گھیکوار کے گودے کا خشک کیا ہوا رس۔ مصبر۔
**ایلوپیتھی۔** [انگ۔مذ] علاج بالضد۔ انگریزی طریق علاج۔ (Allopathy)
**ایلومینیم** (Aluminium) (اے۔لو۔می۔نِ۔یم) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کی ہلکی دھات۔ قلت کثافت حرارت اور برق کی اعلیٰ درجہ موصل کے لیے مشہور ہے۔ برتن۔ بجلی کے تار اور طیارے بنانے میں کام آتی ہے۔
**ایلیا۔** (عبر۔مذ) (۱) یروشلم (۲) الیاس کا عربی تلفظ۔
**ایما۔** (ای۔ما) [ع۔ا۔مذ] اشارہ۔ اشارہ کرنا۔
**ایما لینا۔** عندیہ یا منشا دریافت کرنا۔
**ایما ہونا۔** اشارہ ہونا۔ منشا ہونا۔
**ایمان۔** (ای۔مان) [ع۔ا۔مذ] ماننا (۲) بے خوفی۔ امان (۳) عقیدہ۔ مذہب۔ دھرم۔
**ایمان اُٹھا کر طاق میں رکھنا۔** (محاورہ) بے ایمان ہو جانا۔
**ایمان بغل میں (دبانا) مار لینا** (محاورہ) ہٹ دھرمی کرنا۔ بے ایمانی کی باتیں کرنا۔
**ایمان بیچنا۔** (محاورہ) دُنیا کے لیے دین کھونا۔ لالچ میں صداقت چھوڑنا۔ ایمان کے خلاف کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔
**ایمان پر چھوڑ دینا** (محاورہ) بھروسہ پر موقوف کرنا۔ اعتبار پر منحصر کرنا۔
**ایمان پھرنا۔** (محاورہ) نیت بدل جانا۔ عقیدہ بدل جانا۔
**ایمان پھسلنا۔** (محاورہ) نیت خراب ہونا۔
**ایمان ٹھکانے نہ ہونا** (محاورہ) دھرم پر قائم نہ ہونا۔ نیت ٹھیک نہ ہونا۔
**ایمان (جاتا رہنا) جانا۔** نیت بگڑ جانا۔ عقیدہ خراب ہونا۔
**ایمان (چور) چوٹّا۔** (محاورہ) بے ایمان۔ دغاباز۔
**ایمان چھوڑنا** (محاورہ) بے ایمانی کرنا۔ حق سے کنارہ کرنا۔
**ایمان دار۔** (۱) دیندار۔ صاحبِ ایمان (۲) دیانت دار۔ امین۔ راستباز (۳) سچا۔ صادق۔ باوفا۔ منصف۔
**ایمان دار کھائے بوٹی بے ایمان کھائے روٹی** [مثل] ایمان دار دیانت کی وجہ سے ہمیشہ کوفت اٹھاتا ہے اور بے ایمان عیش کرتا ہے۔



Marfat.com

**ایمان داری** - صداقت - راست بازی - دیانت داری -
**ایمان داری اُٹھنا** - راست بازی اور دیانتداری کا جاتے رہنا -
**ایمان ڈانواں ڈول ہوجانا** - نیت میں فرق آجانا -
**ایمان ساتھ جاتا ہے** (محاورہ) ایمان ہی عاقبت میں نفع پہنچاتا ہے -
**ایمان سے بولنا - کہنا** - خدالگتی کہنا - سچ سچ کہنا -
**ایمان سے پوچھو** - (محاورہ) حق یہ ہے - انصاف تو یہ ہے -
**ایمان کا سودا ہونا** - (محاورہ) ایمان داری کا معاملہ ہونا -
**ایمان کا پلنا** - (محاورہ) خدا کا خوف ہے -
**ایمان کھونا** - (محاورہ) ہٹ دھرمی کرنا -
**ایمان کی** - حق حق - سچی بات -
**ایمان کی تو یہ ہے** (محاورہ) سچ بات تو یہ ہے - حق بات تو یوں ہے -
**ایمان کی کہنا** - (محاورہ) سچ بات کہنا - خدالگتی کہنا -
**ایمان (لانا) لے آنا** - (محاورہ) (۱) یقین کرنا - ماننا تسلیم کرنا (۲) بھروسہ کرنا - اعتبار کرنا (۳) خدا اور مذہب پر یقین لانا -
**ایمان لگتی کہنا** - (۱- محاورہ) حق بات کہنا - کسی کی طرفداری نہ کرنا -
**ایمان میں آنا** - (محاورہ) مناسب ہونا - انصاف سے کہنا - اندازہ میں آنا -
**ایمان میں فرق آنا** - (محاورہ) بدعقیدت ہونا - اعتقاد ڈگمگانا - نیت بگڑنا -
**ایمان ہونا** - (محاورہ) یقین ہونا - اعتقاد ہونا -
**ایمان ہے** - کامل اعتقاد ہے - پورا یقین ہے -
**ایمان ہے تو سب کچھ** - ایمان سب سے بڑی دولت ہے -
**ایم - آر - اے - ایس** (Member of Royal Academy of Science) ممبر آف رائل اکیڈمی آف سائنس کا مخفف [انگ] سائنس کی شاہی مجلس کا رکن -
**ایم - او - ایل** (M.O.L.) (Master of Oriental Languages [انگ] ماسٹر آف اورینٹل لینگویجز کا مخفف - مشرقی زبانوں کی اعلیٰ ڈگری -
**ایم - اے** (Master of Arts (M.A.) [انگ] ماسٹر آف آرٹ کا مخفف - تعلیم کی ایک اعلیٰ ڈگری -
**ایم - ایس - سی** (M.Sc.) [انگ] (Master of Science) ماسٹر آف سائنس کا مخفف -
**ایم - این - اے** - پاکستان کی مرکزی مجلس قانون ساز کا ممبر - انگریزی الفاظ (Member National Assembly) مخفف -
**ایم - ایل - اے** (M.L.A.) [انگ] (Member of Legislative Assembly) ممبر آف لیجسلیٹو کونسل کا مخفف - قانون ساز کونسل کا رکن -
**ایمبولینس** (Ambulance) [انگ - مذ] سفری شفاخانہ - جنگی ہسپتال - زخمیوں اور بیماروں کو لے جانے والی گاڑی -
**ایم - بی - بی - ایس** - (M.B.B.S.) [انگ] ڈاکٹری کی یونیورسٹی کی ڈگری -
**ایم - پی** (M.P.) [انگ] (Member of Parliament) پارلیمنٹ کا ممبر
**ایم - پی - اے** - پاکستان کی صوبائی اسمبلی کا ممبر (Member Provincial Assembly) کے پہلے حروف سے بنی ہوئی اصطلاح
**ایم - ڈی** - (M.D.) انگ [ڈاکٹری کی اعلیٰ ڈگری -

**ایمفی تھیٹر** (Amphi Theatre) (ایم - فی - تھے - ٹر) [انگ - مذ] (۱) گول تماشا گاہ (۲) دنگل - اکھاڑہ (۳) وہ مدوّر اکھاڑا جو قدیم زمانے میں رومیوں نے شہر روم میں تعمیر کرایا تھا اور جس میں وہ وحشی جانوروں کی لڑائیاں دیکھا کرتے تھے -
**اَیمن** - (اے - من) [ع - صف] (۱) دائیں جانب (۲) مبارک - بے وقوف - (۳) امن دیا ہوا - محفوظ [ف - مث] ایک راگ یا راگنی کا نام جو شام کو گایا جانے والا راگ - کہتے ہیں یہ راگ امیر خسرو کا ایجاد کردہ ہے -
**امونیا** - (Ammonia) (اے - مو - نِ - یا) [انگ - ا - مذ] چونے اور نوشادر کا مرکب -
**ایمونیشن** (Ammunition) (اے - مو - نے - شن) [انگ - ا - مذ] گولہ بارود - سامانِ جنگ -
**ایمہ** - (اے - مہ) [ت - ا - مذ] معافی - جاگیر (۲) وہ زمین یا جاگیر جو علماء و فقہا کو بادشاہ کی طرف سے بطور انعام دی جاتی ہے -
**اَئمّہ** (ع - مذ) امام کی جمع -
**اَیں** - [اُرد] تعجب تنبیہ - اصرار اور مکرر پوچھنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے -
**اِیں** [ف] یہ - اشارۂ قریب -
**ایں خانہ (تمام) ہمہ آفتاب است** [ف - مثل] یہ سارا گھر ہی روشن ہے (۲) یہ گھر کا گھر لائق ہے (۳) (طنزاً) یہ پورا گھر نالائق ہے -
**ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند** [مثل] کیا کہنا ہے یہ کام تمہیں سے ہو سکتا ہے اور مرد ہی ایسا ہی کرتے ہیں - کسی اہم کے انجام دینے والے سے تحسین و آفرین کے طور پر کہتے ہیں -
**ایں گل دیگر شگفت** [ف - مثل] یہ اور گل کھلا (۲) تماشا دیکھیے - کوئی نئی بات واقع ہونے پر کہتے ہیں -
**ایں و آں** (۱) یہ وہ (۲) حجت و دلیل - چون و چرا کرنا (۳) ہر کس و ناکس
**ایں و آں کرنا** - (محاورہ) دلیلیں چھانٹنا - حجت کرنا - بحث کرنا -
**ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر** [ف - مثل] (۱) محبت میں دوسرے غموں پر ایک یہ بھی غم ہے (۲) مصیبت پر مصیبت آنے کے موقع پر کہتے ہیں
**ایں ہم بچۂ شتر است** [ف - مثل] (۱) یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے (۲) یہ بھی اسی گروہ سے ہے - یہ بھی اسی قبیل کا ہے -
**ایں ہم بر سر علم** - [مثل] بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی - ایک چور درزی کو کسی مولوی صاحب نے سمجھایا کہ قیامت میں تیرے چرائے ہوئے کپڑوں کا جھنڈا بنا کر اس کے نیچے تجھے کھڑا کیا جائے گا - اس سے تمام میدانِ حشر میں تیری رسوائی ہوگی - درزی بہت ڈرا اور آئندہ کے لئے توبہ کرلی مگر ایک مرتبہ ایک نہایت قیمتی کپڑے پر نیت بدل گئی - دیر تک سوچتا رہا - آخر یہ کہہ کر کپڑا چرا لیا - ایں ہم بالائے علم -
**اینٹ** - [ہ - ا - مث] مٹی کے کچے یا پکے ہوئے ٹکڑے جن سے دیوار بنائی جاتی ہے - خشت (۲) سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈلے (۳) تاش کا ایک رنگ جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور اس پر مربع شکل کا نشان ہوتا ہے
**اینٹ اُلٹنا** - (محاورہ) جب کسی سے عداوت ہوتی ہے تو مسجد میں اس کا نام لے کر اینٹ الٹی کر کے رکھ دیتے ہیں - عورتوں کا خیال ہے کہ اس عمل سے



Marfat.com

دشمن ہلاک ہوجاتا ہے۔
اینٹ سے اینٹ (بجا دینا) بجانا (محاورہ) مسمار کردینا۔ ڈھا دینا۔ برباد کرنا۔ گرانا۔
اینٹ سے اینٹ بج جانا۔ مسمار اور برباد ہوجانا۔
اینٹ کا گھر مٹی کا در۔ بے جوڑ بات۔
اینٹ کا گھر مٹی کر دینا۔ دولت کو خاک میں ملا دینا۔ روپیہ برباد کر دینا۔
اینٹ کا گھر مٹی ہوگیا۔ کیا کرایا سب خاک میں مل گیا۔ گھر تباہ ہوگیا۔
اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا۔ چھوٹے سے فائدے کے لیے بڑا نقصان کرنا۔
**اینٹا** (ایں۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] بڑی اینٹ۔
**اینٹھ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] غرور۔ بل۔ اکڑ۔ تکبر (۲) بل۔ پیچ۔ مروڑ۔
اینٹھ جانا (محاورہ) اکڑ جانا۔ ناراض ہوجانا۔
اینٹھ رکھنا (محاورہ) (۱) کینہ رکھنا۔ بل رکھنا (۲) دبا رکھنا۔ دبا لینا۔ ہتیا لینا۔
اینٹھ کر چلنا (محاورہ) اکڑ کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔
اینٹھ لینا۔ (محاورہ) چھین لینا۔ زبردستی لے لینا۔
**اینٹھا**۔ (ایں۔ ٹھا) [ہ۔ ا۔ مذ] رسی بٹنے کا آلہ۔
**اینٹھن**۔ (ایں۔ ٹھن) [ہ۔ ا۔ مث] پیچ۔ مروڑ۔ بل۔ کھنچاؤ۔ تشنج۔
**اینٹھنا**۔ (اینٹھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بٹنا۔ بل دینا۔ مروڑنا (۲) روٹھنا۔ آزردہ ہونا۔
(۳) دھوکہ دے کر لینا (۴) اکڑ دکھانا۔ گھمنڈ کرنا۔
**اینٹھو**۔ (ایں۔ ٹھو) [ہ۔ صف] اکڑباز۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ ٹرا۔
**اینٹھوانا**۔ (ایں ٹھ۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] مروڑنے کا کام دوسرے سے کروانا۔
**اینچ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کشش (۲) پھیلاؤ۔ دباؤ (۳) ٹیڑھاپن۔
اینچ پینچ۔ (۱) اُلجھاؤ (۲) مکر۔ فریب۔
اینچ دینا۔ (محاورہ) سُولی دینا۔ پھانسی چڑھانا۔
**اینچا**۔ (ایں۔ چا) [ہ۔ صف] کھینچا ہُوا۔ تنا ہوا۔
اینچا تانا۔ جس کی پتلی تاکنے میں دوسری طرف کو کھنچی ہے۔ بھینگا۔
اینچا تانی۔ کھینچا کھینچی۔ گھسیٹا گھسیٹی۔ کشاکش۔
**اینچن**۔ (ایں۔ چن) [ہ۔ ا۔ مث] کشاکش۔ کھینچا تانی۔
اینچی چھوڑ گھسیٹن میں پڑے (عو۔ مثل) اُلٹی بلا گلے پڑی۔ ایک آفت سے دوسری بڑھ کر ثابت ہُوئی۔
**ایندھن**۔ (ایں۔ دھن) [ہ۔ ا۔ مذ] لکڑی۔ کنڈے وغیرہ جلانے کی چیزیں۔
ایندھن ہوجانا۔ (محاورہ) جلانے کے قابل ہوجانا۔ ناکارہ ہوجانا۔
**اینڈ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) اینٹھ۔ غرور۔ ٹھسک (۲) نکما۔ اَدھورا (۳) بھنور۔
اینڈ ہوجانا) ہونا۔ نکما ہوجانا کام کا نہ رہنا۔
**اینڈا**۔ (ایں۔ ڈا) [ہ۔ صف] (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) [اُر۔ ا۔ مذ] تخمینہ۔ اندازہ۔
اینڈا اینڈا پھرنا۔ اتراتے پھرنا۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا۔
اینڈا بینڈا۔ اُلٹا سیدھا۔ آڑا ترچھا (۲) بے ہودہ۔ ناشائستہ۔
اینڈتے ہوئے پھرنا۔ (محاورہ) (اینڈ۔ تے۔ ہُوئے۔ پھر۔ نا) اٹھلاتے ہُوئے پھرنا یا گھومنا۔
**اینڈنا**۔ (اینڈ۔ نا) [ہ۔ مص] (محاورہ) بل کھانا (۲) انگڑانا۔ انگڑائی لینا (۳) اترانا۔
**اینڈوا۔ اینڈوی** (اینڈ۔ وا۔ اینڈ۔ وی) [ہ۔ ا۔ پہلا مذ۔ دوسرا مث] موبخ وغیرہ کی بنی ہُوئی چھوٹی گول گدی جسے بوجھ اُٹھاتے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں۔
**اینڈی بینڈی**۔ (ایں۔ ڈی۔ بیں۔ ڈی) [ہ۔ صف] (۱) آڑھی ترچھی (۲) ناشائستہ۔ سخت و سُست۔ بُری بھلی۔
**اینگلو انڈین** (Anglo Indian) (اینگ۔ لو۔ اِن۔ ڈی۔ ین) [انگ۔ صف] ہندوستان میں رہنے والا انگریز۔
**اینگلو عربک**۔ (Anglo Arabic) انگریزی عربی۔
**اینگلو ورنیکلر** (Anglo Vernacular) دیسی اور انگریزی
**ایوارا**۔ (اے۔ وا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ مکان جو مویشیوں کے لیے جنگلوں میں بناتے ہیں۔
**ایوارڈ** (Award) (اے۔ وارڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) عدالتی فیصلہ۔ حکم (۲) تاوان۔ جرمانہ۔ سزا وغیرہ (جو عدالت سے دلائی جائے) صلہ۔ انعام
**ایوان**۔ (اے۔ وان) [ف۔ ا۔ مذ] محل۔ مکان۔
**ایوانِ تجارت**۔ انجمن تجار۔ تجارت پیشہ لوگوں کی انجمن [انگ۔ مذ] (Chamber of Commerce)
ایوان ہائے پارلیمنٹ۔ وہ مکان جہاں عوام کے نمائندے بیٹھ کر قانون بناتے ہیں۔
**ایوب**۔ [ع۔ مذ] ایک مشہور پیغمبر جن کا صبر مشہور ہے۔
**ایورسٹ**۔ کوہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی جو ۲۹۰۰۲ ہزار فٹ اُونچی ہے۔
**ایہام** (ای۔ ہام) [ع۔ ا۔ مذ] شک یا وہم میں ڈالنا (۲) اصطلاح شعر میں وہ صنعت جس میں شاعر اپنے کلام میں ایک ایسا لفظ لائے جس کے دو معنی ہوں ایک اُس مقام کے قریب دوسرے بعید لیکن شاعر بعید سے مُراد لے۔
**اے ہے**۔ [کلمۂ تاسف] ہائے وائے۔



Marfat.com

# ب

**ب** ابے [مونث] اردو فارسی اور عربی کا دوسرا اور ہندی کا تیئسواں حرف۔ حساب ابجد میں اس کے دو عدد مقرر ہیں۔ یہ حرف فارسی ترکیبوں میں مندرجہ ذیل معانی دیتا ہے اور ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ (۱) جیسے بسر و چشم۔ بایں ریش و فش (۲) طرف جیسے رُو بقبلہ۔ رُو براہ (۳) آمنے سامنے جیسے رو برو (۴) صلہ اتصال جیسے ماہ بماہ۔ روز بروز۔ در بدر۔ دم بدم (۵) قسم جیسے بخدا۔ برب کعبہ (۶) مطابق جیسے بقول شخصے (۷) وسیلہ۔ توسل جیسے برسالت رسول الثقلین (۸) میں جیسے حاکم بدہ (۹) نام (۹) بعض جگہ یہ حرف زائد ہوتا اور اسے بائے زائد کہتے ہیں۔ جیسے بجز۔ بغیر وغیرہ عربی ترکیبوں میں ب ہمیشہ مکسور ہوتی ہے۔ اور اس کے حسب ذیل معانی ہوتے ہیں۔ (۱) سے۔ ساتھ جیسے بالارادہ۔ بالواسطہ (۲) قسم جیسے واللہ باللہ (۳) وسیلے سے۔ جیسے بحرمت النبیؐ۔ بعض اوقات حرف ذیل سے بدل جاتا ہے جیسے (پ) بادشاہ۔ پادشاہ۔ بناشا۔ پتاشا (ج) بھلنا۔ جھلنا (د) کب اکد۔ اگ ابھولا۔ بگولا۔ سابودانہ۔ ساگودانہ (ل) ٹبا۔ ٹیلا (م) نیب۔ نیمو۔ نیمو (و) سیب۔ سیو۔ بابا۔ باوا۔

**ب** ابالفتح [ف۔ حرف جر] (۱) ساتھ۔ مع (۲) لیے۔ واسطے (۳) سے
از (۴) قسم (۵) مطابق (۶) میں۔ اندر۔ (۷) پر۔ اوپر۔ (۸) مقابل (کسی لفظ
کے شروع آتی ہے جب تنہا آتی ہے تو اس کا املا "بہ" ہوتا ہے)

**بآسانی**۔ آسانی سے۔ سہولت سے۔ بغیر دقت کے
**بآواز بلند**۔ اونچی آواز سے۔
**باجرا** (قانون) کسی حکم کے نافذ کرنے سے۔ کسی کے عمل لانے سے
**باجلاس**۔ اجلاس میں۔ کچہری میں۔ بیٹھی میں۔
**باستثنا**۔ چھوڑ کے۔ الگ کرکے۔ جدا کرکے۔
**بافراط**۔ کثرت سے۔ بہت سے۔ وافر۔
**بایں**۔ اس کے ساتھ۔
**بایں ریش و فش**۔ یہ ڈاڑھی اور یہ طرہ اور ایسی حرکتیں۔ شکل مومنوں کی اور کرتوت کافروں کے۔
**بایں ہمہ**۔ ان تمام باتوں کے باوجود
**بایں ہئیت کذائی**۔ اس وضع سے
**بتراضی طرفین**۔ فریقین کی رضامندی سے
**بتنگ**۔ عاجز۔ مجبور۔ بیزار۔
**بتنگ آنا۔ بتنگ ہونا** (محاورہ) (۱) اڑ جانا۔ اصرار کرنا۔ (۲) کوشش کرنا۔
**بجِد** (۱) کوشش کرنے والا۔ (۲) ضد کرنے والا۔ مصر
**بجِد ہونا** (محاورہ) (۱) اڑ جانا۔ اصرار کرنا۔ (۲) کوشش کرنا۔
**بجز**۔ سوا۔ مگر۔ بغیر۔
**بجہت**۔ وجہ سے۔ بسبب۔ بوجہ
**بچشم**۔ سر آنکھوں پر۔ بسر و چشم۔
**بحدِ**۔ **بحدے کہ**۔ اس حد تک۔ یہاں تک۔
**بحساب**۔ اس حساب سے
**بحضور**۔ پیشی میں۔ روبرو۔ سامنے۔
**بحق**۔ حق میں۔ موافقت میں۔ معاملہ میں
**بحکم**۔ حکم سے۔ ارشاد سے۔
**بخدا**۔ خدا کی قسم
**بخلاف**۔ برعکس۔ برخلاف۔

**بخوبی**۔ اچھی طرح۔ پوری طرح۔ عمدگی سے۔
**بخیر**۔ خیریت کے ساتھ۔ اچھی طرح۔
**بخیر انجام** (۱) محاورہ۔ اچھا نتیجہ نکلنا۔
**بخیر و عافیت**۔ خیریت سے۔ اچھی طرح۔
**بدرجہ غایت**۔ حد سے زیادہ۔ انتہا تک
**بدرجہا**۔ بہت زیادہ۔ کہیں زیادہ
**بدست**۔ ہاتھ میں۔ ذریعہ۔
**بدستور**۔ حسب سابق۔ دستور کے مطابق۔ قاعدے کے موافق۔ جوں کا توں
**بدفعات**۔ کئی دفعہ۔ بار بار۔ کئی مرتبہ۔
**بدقت**۔ مشکل سے۔ دشواری سے۔
**بدولت**۔ سبب سے۔ ذریعے سے۔ طفیل سے۔ اقبال سے (مجازاً) آسرا
**بدون**۔ بغیر۔ بجز۔ سوا
**بدیں**۔ بایں۔ اس سے
**بدیں حال**۔ اس حال میں۔
**بدیں سبب**۔ اس سبب سے۔ اس وجہ سے۔
**بدیں غرض**۔ اس غرض سے۔ اس مقصد کے لیے۔
**بدیں نظر**۔ اس خیال سے۔ اس پر نظر ڈالتے ہوئے۔
**بذات خود**۔ خود بخود۔ آپ ہی۔ اپنے دم سے۔
**برب کعبہ** (قسم) کعبے کے رب کی قسم۔ خدا کی قسم۔
**برنگ** (۱) مثل۔ شکل۔ مانند۔
**بروئے**۔ منہ پر۔ سامنے (۲) بمطابق۔ بلحاظ۔
**بزور**۔ زور سے۔ طاقت سے۔ زبردستی۔ جبراً۔ حکماً۔
**بسبب**۔ سبب سے۔ وجہ سے۔ اس کارن۔
**بسفر رفتنت مبارک باد۔ بسلامت روی و باز آئی**۔ مسافر کو رخصت کرتے وقت دعا کے طور پر کہتے ہیں۔ یعنی تمہارا سفر پر جانا مبارک ہو۔ سلامتی سے جاؤ اور پھر سلامتی سے واپس آؤ۔
**بسر و چشم**۔ سر آنکھوں پر۔ بڑی خوشی سے۔ پوری رضامندی سے۔
**بشرح صدر** (۱) جو کچھ اوپر لکھا ہے۔ وہی یہاں بھی سمجھئے۔ ایضاً (۲) دل یا سینے کی صفائی سے۔



Marfat.com

بشرطیکہ۔ اس شرط پر۔
بشکل (ف) صورت سے۔ انداز سے۔
بشمول۔ شامل کر کے۔ ساتھ۔ سے۔
بصد (ف۔ عدد) کثرت کے اظہار کے لیے۔
بصراحت۔ وضاحت سے۔ کھلم کھلا۔ صاف طور پر۔
بصورت۔ صورت میں، حال میں، وجہ سے۔
بصورت دیگر۔ اگر کوئی دوسری صورت پیش آئی۔ اس کے خلاف اگر کوئی اور حالت ظہور پذیر ہوئی۔
بصیغہ۔ مد میں۔ ضمن میں۔ سلسلہ میں۔
بصیغہ دیوانی۔ دیوانی میں۔
بضد۔ ہٹ پر۔ ضد پر۔ مصر۔ اڑا ہوا۔
بضد ہونا (محاورہ) ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ ضد کرنا۔
بطرز۔ انداز سے۔ طریقے سے۔
بطرف۔ جہت میں۔ سمت میں۔
بطریق۔ طریقہ سے۔ انداز سے۔
بطور۔ طرز سے۔ طریقہ سے۔
بطور خود۔ اپنی طرف سے، اپنے طریقے سے۔ آپ ہی آپ
بطوع خاطر۔ رضامندی سے۔ دل کی خوشی سے۔
بطیب خاطر۔ خوشی خوشی سے۔ رضا و رغبت سے دل کی رضامندی سے
بظاہر۔ ظاہر میں۔ دیکھنے میں۔
بعوض۔ بجائے۔ بدلے میں۔
بغیر۔ بدوں۔ بجز۔ سوا۔
بعون خدا۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔
بقدر ضرورت۔ ضرورت اور حاجت کے مطابق۔ جتنا کام نکالنے کے لیے ضروری ہو۔
بقول۔ کہنے کے مطابق۔ قول کے مطابق۔
بقول شخصے۔ کسی کے کہنے کے مطابق
بقید حیات۔ زندگی کی قید میں۔ زندہ۔
بکار۔ کام سے۔ کام کا۔
بلطائف حیل۔ بلطائف الحیل۔ حیلے بہانے سے۔ کسی اچھی تدبیر سے۔ بلطائف الحیل۔ فارسی و اردو والوں کا بنایا ہوا ہے۔
بمدارج۔ درجہ بدرجہ۔
بمراتب۔ مرتبوں کے لحاظ سے۔
بمشکل۔ مشکل سے۔ دشواری کے ساتھ۔
بمرگش بگیر تا بہ تب راضی شود (ف۔ مقولہ) موت کی دھمکی دے تاکہ تپ پر راضی ہو جائے۔ زیادہ تکلیف کے مقابلے میں تھوڑی تکلیف برداشت کرنے پر تیار ہو جائے۔
بمنزلہ۔ بجائے۔ قائم مقام۔
بموجب۔ مطابق۔ موافق۔
بنا راضی (قانون) برخلاف۔ یادداشت اپیل کے عنوان میں کہتے ہیں

بنام۔ نام پر۔
بنفس نفیس۔ خود۔ آپ۔
بوجہ احسن۔ اچھے طریقے سے۔ خوش اسلوبی سے۔
بہر (ف) کسی۔ کوئی۔ تنہا استعمال نہیں ہوتا۔
بہر تقدیر۔ ہر طرح سے۔ ہر حال میں۔
بہر حال، بہر طور، بہر کیف۔ ہر حالت میں۔ ہر طرح پر۔ ہر طریقے سے۔
بہر زمیں کہ رسیدیم آسمان پیداست۔ بہر کجا رسیدیم آسمان پیداست جہاں بھی جائیں مصیبت کا سامنا ہو جاتا ہے۔
بہر صورت۔ ہر طرح۔ ہر انداز میں۔ ہر شکل سے۔
بہر طور۔ ہر طرح۔ ہر صورت سے۔ ہر طریقے سے۔
بہر عنوان۔ ہر طریقہ سے۔ ہر طرح سے۔
بہر کیف۔ ہر حالت میں۔ ہر صورت میں۔
بہزار۔ بہت کثرت کے لیے۔
بہزار دقت۔ بڑی مشکل سے۔ بڑی مصیبت سے۔
باہم (ب۔ ہم) آپس میں۔ ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ۔
باہم پہنچنا (محاورہ) میسر آنا۔ مہیا ہونا۔ حاصل ہونا۔
باہم کرنا۔ (محاورہ) حاصل کرنا۔ فراہم کرنا۔
بہیئت مجموعی۔ مجموعی شکل سے۔ مکمل طور سے۔
بیک بینی و دو گوش۔ ایک ناک اور دو کان سے۔ تن تنہا۔ بغیر کسی ساز و سامان کے۔ بالکل نادار۔ خالی ہاتھ۔
بیک کرشمہ دو کار۔ بیک گز دو فاختہ (ف) مثل۔ دوہرا فائدہ
ب (بالکسر) [ع۔ حرف جر] (۱) مع۔ ساتھ۔ (۲) سے (۳) میں۔ در (۴) قریب (۵) پر (۶) مطابق۔
باسمہ (ب۔ اس۔ م۔ ہی) (ع) آغاز کلمہ (اس کے نام سے یعنی اللہ کے نام سے۔ بنام خدا خط لکھتے وقت شروع میں لکھتے ہیں۔
بالآخر۔ آخر کار۔ آخر میں۔
بالاتفاق۔ اتفاق کے ساتھ۔ متحد ہو کر۔ متفقہ طور پر۔
بالاجماع۔ سب کے اتفاق سے۔ ساری جماعت کی رضامندی سے۔
بالاجمال۔ مختصر طور پر۔ اختصار کے ساتھ۔
بالارادہ۔ ارادے سے۔ ارادۃً۔ قصداً۔
بالاستقلال۔ مضبوطی سے۔ محکم طور پر۔ استقلال سے۔
بعون اللہ۔ بعونہ (ع) اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔
بالتخصیص۔ خاص کر۔ خصوصیت سے (تلفظ۔ بت تخصیص)
بالتصریح۔ صراحت سے۔ صاف صاف اچھی طرح۔ ظاہر کر کے۔ صراحتہً۔ وضاحتہً (تلفظ۔ بت تصریح)
بالتفصیل۔ تفصیل سے۔ واضح طور پر۔ کھول کر (تلفظ۔ بت تفصیل۔)
بالجبر۔ زبردستی۔ جبری طور پر۔ جبراً
بالجملہ۔ ساری بات کا حاصل یہ کہ۔ حاصل کلام
بالخاصہ (بل۔ خاصہ) مزاج کی حالت سے۔ اپنے اثر سے۔
بالخصوص۔ خاص کر۔ خاص طور سے۔



Marfat.com

بالخیر۔ خیر سے۔ اچھی طرح۔ اچھے طریقے سے۔
بالذات۔ اپنی ذات سے۔ اپنی حقیقت سے۔ بے واسطہ۔ بے شرکت غیرے۔ (تلفظ بذّات)
بالرّاس والعین۔ سر آنکھوں پر۔ بسر و چشم۔ پوری خوشی اور رضامندی سے (تلفظ بر راس)
بالضرور۔ یقینی طور پر۔ ضروری۔ یقیناً (تلفظ بِض۔ ضرور)
بالطبع (بِط۔ طبع) (ع) ذاتی طور پر۔ فطری طور پر۔
بالعشی والابکار (بِل۔ عشی۔ وَل۔ اب کار) (ع) صبح و شام۔
بالعکس۔ برعکس۔ برخلاف۔
بالعموم۔ عام طور پر۔ عموماً۔
بالغدوّ والاصال (بِل۔ غدو۔ وَل۔ اصال) صبح و شام۔
بالفرض (بِل۔ فرض) فرض کرتے ہوئے۔ مانتے ہوئے۔ تسلیم کرکے۔ قبول کرکے۔
بالفعل۔ اس وقت۔ سردست۔ اب۔ فی الحال
بالقابہ (ب ال۔ قا بِہ) اپنے تمام القاب و اعزاز کے ساتھ (یا ممدوح) جس کے القاب بہت سے ہوں تو اختصار کے لیے یہ کلمہ بولتے اور لکھتے ہیں)۔
بالقصد۔ ارادے سے۔ قصداً۔ جان بوجھ کر۔
بالقوہ (۱) قوت اور طاقت سے۔ از روئے قوت (۲) (منطق کی اصطلاح) اس قوت سے جو ابھی وجود میں نہیں آئی لیکن آسکتی ہو
بالکل (بِل۔ کُل) سارا۔ سب۔ تمام۔ پوری طرح سے۔ ہو بہو
بالکنایہ۔ اشارے سے۔ پوشیدہ طور پر۔ رمز کے طور پر
باللہ (بِل۔ لاہ) اللہ کی قسم
باللہ العظیم (بِل۔ لا۔ ہِل۔ عظیم) (ع) خدائے بزرگ و برتر کی قسم
بالمرّہ (بِل۔ مر۔ رہ) ہمیشہ۔ بالکل۔ ایک ہی دفعہ۔
بالمشافہہ (بِل۔ مشا فہہ) روبرو۔ آمنے سامنے۔
بالمضاعف (۱) دُگنا۔ دوچند (۲) کئی گنا۔
بالمقابل (۱) آمنے سامنے۔ روبرو۔ موجودگی میں
بالمقطع۔ بغیر بھاؤ تاؤ کے چکا کر۔ فیصل کرکے۔ چکتا۔ اکٹھا۔ کل قیمت
بالمواجہہ (بِل۔ موا جہہ) آمنے سامنے۔ بالمشافہہ
بالواسطہ (بِل۔ واسطہ) وسیلے سے۔ ذریعے سے۔ کسی وساطت سے
بلاواسطہ۔
بالیقین۔ یقینی طور پر۔ یقیناً۔
بتمامہ (ب۔ تما مِہی) بالکل۔ سب۔ تمام (تلفظ بتمامے ہی)
بجنسہٖ (ب۔ جنس۔ ہی) جوں کا توں۔ کل۔ ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو (۲) دراصل۔ ویسا ہی۔ اسی حالت سے۔
بحمداللہ۔ بحمدہٖ۔ اللہ کی تعریف کے ساتھ۔ خدا کے فضل سے۔ (تلفظ۔ بحمدہی)
بذاتہٖ۔ اپنی ذات سے۔ بہ نفس نفیس۔ آپ۔ خود (تلفظ بذات ہی)
بالاشتراک (بِل۔ اِش ترا ک) (ف) شرکت میں۔ ساجھے میں۔

بالاعلان (ع) اعلان کے ساتھ۔ کھلم کھلا۔ علانیہ
بالانفراد (ع) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔
بالتحقیق (بت۔ تحقیق) بلا شک و شبہ۔ یقینی طور پر
بعینہٖ۔ ہو بہو۔ ویسا ہی۔ جوں کا توں۔ بالکل وہی (تلفظ بعینِ ہی)
بفضلہٖ۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔ خدائے بزرگ برتر کے فضل و کرم سے (تلفظ۔ بفضلِ ہی)

# ب۔ ا

با (ف۔ حرف ربط) (۱) ہمراہ۔ ساتھ۔ مع (۲) وجود (۳) صاحب والا۔ (۴) مطابق۔ موافق۔
باآبرو۔ عزت والا۔ آبرو رکھنے والا جس کی لوگ عزت کریں۔
باآنکہ۔ باوجود اس کے۔ اس کے ہوتے ہوئے۔
بااثر (۱) اثر والا۔ تاثیر رکھنے والا۔ (۲) صاحب رسوخ۔
بااختیار (۱) اختیار رکھنے والا۔ مختار۔ (۲) جسے قانونی طور پر اختیار حاصل ہو
بااخلاص۔ خلوص والا۔ سچے دل سے محبت رکھنے والا۔
باادب۔ (۱) ادب سے (۲) مؤدب۔ ادب کرنے والا۔ تمیز رکھنے والا
باادب بانصیب بے ادب بے نصیب (مثل) ادب کرنے والا خوش نصیب اور گستاخ بدبخت ہوتا ہے۔
باایمان (۱) ایمان والا۔ ایماندار۔ دیندار (۲) سچا۔ دیانتدار۔
بااین ہمہ۔ باوجود ان باتوں کے۔ ان سب کے ہوتے ہوئے
باتدبیر (۱) سوچ بچار والا۔ مدبر۔ منتظم۔ (۲) ہوشیار۔ دانا۔
باتمیز۔ تمیزدار۔ شائستہ۔ مہذب۔ مؤدب۔ خوش سلیقہ۔
باحیا (۱) حیادار۔ شرم و لحاظ رکھنے والا (۲) نیک۔
باخبر۔ اطلاع یا خبر رکھنے والا۔ واقف۔ ماہر۔ آگاہ۔ عقل مند (۲) ہوشیار۔
باخدا۔ خدا پرست۔ عبادت گزار۔ نیک۔
باشرع (ف۔ صف) پابند شرع۔ دیندار۔ نیک۔
بادلِ نخواستہ (ف۔ مذ) مجبوری سے۔ نہ چاہتے ہوئے بھی۔
باشعور (۱) شعور رکھنے والا۔ عقل مند۔ سلیقہ مند۔ ہوشیار (۲) سمجھدار۔ تمیز رکھنے والا۔
باشوق۔ خوشی کے ساتھ۔ رضا و رغبت سے۔
باضابطہ۔ دستور کے مطابق۔ قاعدے کے ساتھ۔ حسب قانون۔
باطہارت (۱) پاکی کے ساتھ (۲) وضو کیے ہوئے (۳) غسل کیے ہوئے
باعمل (۱) عمل کرنے والا۔ (۲) اچھے کام کرنے والا۔
بافراغت۔ اطمینان سے۔ اچھی طرح۔ آرام کے ساتھ۔ تسلی سے۔
باقاعدہ (۱) قرینے سے۔ قاعدے اور قانون کے مطابق (۲) موقع سے قرینے سے۔ ترتیب وار۔ درست۔ صحیح۔
باقرینہ۔ قاعدے سے۔ قرینے اور ترتیب سے۔ سلیقے کے ساتھ۔
باکمال۔ کمال رکھنے والا۔ کامل۔ ماہر۔



Marfat.com

بامُراد۔ مراد حاصل کیے ہوئے۔ مطلب اور مقصد پائے ہوئے۔ کامیاب
بامُرَوَّت (۱) ملنسار۔ خوش اخلاق مروت اور لحاظ کرنے والا (۲) سخی۔ فیاض۔
بامَزہ (۱) مزے دار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ (۲) دلچسپ۔
بامسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام (مثل) ہر ایک سے دوستی کسی سے دشمنی نہیں۔ صلح کل۔ مرنجاں مرنج۔
بانَصیب۔ اچھی قسمت والا۔ خوش قسمت۔ بھاگوان۔
باوَجُود۔ باوصف۔ اگرچہ۔ کسی چیز کے ہوتے ہوئے۔
باوَضع (۱) خوش اخلاق۔ شائستہ (۲) وضع کا پابند (۳) خوش سلیقہ۔ سجیلا
باوُضُو۔ وضو کے ساتھ۔ وضو کیے ہوئے۔ پاک
باوَفا (۱) وفادار۔ ساتھ دینے والا (۲) بات کا پورا۔ قول و قرار کا سچا۔ (۳) خیر خواہ۔ ہمدرد۔ نمک حلال۔
باوقار (۱) عزت والا۔ معزز۔ محترم۔ بلند مرتبہ (۲) وقار سے۔ عزت سے۔
باہمہ و بے ہمہ۔ سب سے ملا ہوا۔ اور سب سے الگ۔ مرنجاں مرنج۔ آزاد۔ شریف۔
باہمیں مردماں بباید ساخت (ف مقولہ) انہی لوگوں کے ساتھ نباہ کرنا چاہیئے۔ خواہ اچھے ہوں یا بُرے۔
باب (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دروازہ۔ (۲) مقدمہ۔ معاملہ (۳) کتاب کا حصہ فصل۔ (۴) قسم۔ نوع (۵) بابت۔ پارہ۔ معاملہ۔ متعلق۔ امر (۶) مطلب۔ مقصد۔ غرض (۷) تذکرہ۔ مضمون۔ بحث (۸) دربار۔ بارگاہ (۹) لائق۔ قابل (۱۰) ایران کی بابی تحریک کے بانی سید علی محمد کا۔ لقب۔ جمع ابواب۔
بابِ اجابت۔ دعا قبول ہونے کا دروازہ۔
بابِ توبہ بند ہونا۔ (محاورہ) مسلمانوں کے عقیدے میں قیامت کے نزدیک کسی کی توبہ قبول نہ ہو گی اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔
بابِ عالی (۱) اونچی بارگاہ (۲) عثمانی عہد میں حکومت کے دارالوزرا کا نام
بابِ وا ہونا۔ دروازہ کھلنا۔
بابا [ف۔ ا۔ مذ] (۱) باپ۔ والد۔ پتا۔ دادا۔ (۲) درویش۔ فقیر۔ بزرگ (۳) خطاب کا عام لفظ جسے فقیر استعمال کرتے ہیں (۴) محبت سے بچوں کو بھی اس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں۔
بابا آدم (ا۔ مذ) حضرت آدم۔ انسان کا مورث اعلیٰ۔
بابا آدم نرالا ہے (مثل) نئی وضع ہے۔ پیشتر کا انداز نہیں۔
بابا آدم کے پوتے ہیں۔ انسان ہیں۔ حضرت آدم کی اولاد ہیں۔
باباجان۔ پیار سے چھوٹے اپنے بڑوں کو کہتے ہیں۔
بابا لوگ۔ انگریزوں کے ملازم ان کے بچوں کو کہتے ہیں۔
بابَت (با۔ بَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) بارہ (۲) حصہ (۳) لیے۔ واسطے (۴) معاملہ (۵) سبب۔ نسبت۔ متعلق (۶) بدلہ۔ عوض۔ اجرت۔ مزدوری
بابَر (با۔ بَر) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی گھاس جس سے بان بناتے ہیں
بابُر (با۔ بُر) [ت۔ ا۔ مذ] شیر ببر (۲) ہندوستان کے پہلے مغل بادشاہ کا نام۔

بابِرَنگ (با۔ بِ۔ رنگ) [ہ۔ ا۔ مث] ایک دوا کا نام۔
بابُل (با۔ بُل) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) باپ۔ پتا۔ پدر۔ والد (۲) وہ گیت جو لڑکی کی رخصتی کے وقت گاتے ہیں۔
بابِل (ع۔ ا۔ مذ) دریائے فرات کے کنارے عراق کا ایک قدیم اور مشہور شہر کا نام۔ سکندر اعظم برصغیر سے واپسی کے بعد اسی شہر میں فوت ہوا تھا۔
بابِن (Bobbin) (با۔ بِن) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) ڈوری باریک فیتہ جو سپاہیوں کے کوٹوں میں لگایا جاتا ہے (۲) ریل۔ گٹا۔ سلائی مشین کا وہ پرزہ جس پر دھاگہ لپیٹتے ہیں۔
بابِنیٹ (Bobbinnet) (با۔ ب۔ نیٹ) [انگ۔ ا۔ مث] ایک نہایت باریک جالی دار کپڑا۔
بابُو (با۔ بو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) شہزادہ (۲) بالک بچہ (۳) انگریزی پڑھا لکھا جنٹلمین (۴) فیشن پرست نوجوان (۵) کلرک۔ منشی۔
بابُونہ (با۔ بُو۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک بوٹی جس کے پھولوں کا روغن جوڑوں کے درد میں استعمال کیا جاتا ہے۔
بابی (با۔ بی) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ایک مذہبی فرقہ جس کے بانی سید علی محمد باب تھے (۲) بابی فرقے کا پیرو (۳) (ف) بابی فرقے سے متعلق۔
باپ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پتا۔ پدر۔ والد۔ ابا۔ (۲) بزرگ
باپ بنانا (محاورہ) (۱) باپ کے برابر سمجھنا۔ بزرگ ماننا (۲) خوشامد کرنا
باپ بنیا پوت نواب (مثل) باپ کوڑی کوڑی جوڑتا ہے۔ بیٹا فضول خرچی کرتا ہے۔
باپ مداری پوت بھنڈاری (مثل) باپ بھیک مانگ کر جمع کرتا ہے اور بیٹا خزانے لٹاتا ہے (۲) باپ کی حیثیت نہ دیکھ کر بیٹا فضول خرچی کرتا ہے۔
باپ بھلا نہ بھیا سب سے بھلا روپیا (مثل) انسان کے روپیہ ہی کام آتا ہے۔ روپے سے سب کام نکل سکتے ہیں۔
باپ پر پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا (مثل) ہر شخص پر کچھ نہ کچھ خاندانی اثر ضرور ہوتا ہے۔
باپ تک جانا۔ باپ تک پہنچنا۔ کسی کے باپ کو بُرا بھلا کہنا۔ بڑوں کو گالی دینا۔
باپ دادا (۱) اوپر کی پشت کے لوگ (۲) بڑے بوڑھے۔
باپ دادے سے۔ پشتوں سے۔ پیڑھیوں سے۔
باپ دادے کا نام برباد کرنا۔ (محاورہ) خاندانی عزت کو بٹہ لگانا۔
باپ دادا کی ہڈیاں۔ خاندانی عزت۔
باپ رے باپ (کلمہ تعجب) ڈر، خوف یا تعجب کے اظہار کے لیے بولتے ہیں
باپ سے بیر پوت سے سگائی (مثل) بڑوں سے دشمنی اور اولاد سے دوستی۔
باپ کا (۱) باپ کی ملکیت (۲) موروثی۔ باپ کی طرف سے ملا ہوا حصہ
باپ کا سمجھنا۔ (محاورہ) اپنی ملکیت سمجھنا۔ اپنا مال سمجھنا۔
باپ کرے باپ پائے بیٹا کرے بیٹا پائے (مثل) ہر شخص اپنے

Marfat.com

اپنے عمل کی جزا پاتا ہے جو کرے سو بھرے۔
**باپ مارے کا بیر** قدیم دشمنی۔ پرانی عداوت۔ پرانا رنج
**باپ مرے کا بیٹا جئیں گے** (مثل) اس وقت کہا جاتا ہے جب اولاد باپ کے مرنے کا انتظار کر رہی ہو۔
**باپ مرے تو راج کریں۔** (مثل) باپ کے مرنے کے بعد اولاد گلچھرے اڑانے لگے تو یہ ضرب المثل بولتے ہیں۔
**باپ نہ دادا سو پشت کا حرامزادہ** (مثل) حسب نسب کا پتہ نہیں۔ قدیمی کمینہ ہے۔ مجہول النسب اور پرانا پاجی ہے۔
**باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیر انداز** (مثل) باپ تو بزدل اور نامرد تھا بیٹا بہادر بنتا ہے (۲) بزدل باپ کی اولاد کے ڈینگ مارنے پر کہتے ہیں۔
**بابو (با-بو)** [ہ-ا-مذ] (۱) باپ۔ پتا۔ والد (۲) باپ کے برابر کا کوئی آدمی۔ بزرگ (۳) بڑی عمر کا شخص۔
**بات** [ہ-ا-مث] (۱) آواز۔ صدا (۲) لفظ۔ فقرہ۔ کلمہ۔ کلام جو انسان کے منہ سے نکلے (۳) مثل۔ کہاوت۔ ضرب المثل (۴) حال احوال۔ ماجرا سرگزشت (۵) قصہ۔ کہانی۔ ذکر (۶) چرچا۔ افواہ (۷) پیام۔ سندیسہ (۸) شادی کا پیغام۔ سگائی۔ (۹) مضمون۔ عبارت (۱۰) گلہ۔ شکوہ۔ (۱۱) الزام (۱۲) ڈھکوسلا (۱۳) حیلہ بہانہ (۱۴) ضد۔ ہٹ۔ (۱۵) وجہ سبب (۱۶) قول۔ عہد و پیمان (۱۷) ساکھ۔ اعتبار۔ (۱۸) عزت۔ احترام (۱۹) پند۔ نصیحت (۲۰) نکتہ۔ حکمت (۲۱) دانائی۔ عقلمندی (۲۲) چٹکلا۔ لطیفہ (۲۳) کیفیت۔ لطف (۲۴) وصف۔ خوبی (۲۵) ہنر۔ کام (۲۶) سوال (۲۷) عندیہ۔ منشا (۲۸) مفہوم۔ مافی الضمیر (۲۹) مقصد۔ مدعا (۳۰) خواہش۔ ضرورت (۳۱) تدبیر۔ علاج (۳۲) تجویز صلاح (۳۳) باب۔ مقدمہ۔ معاملہ (۳۴) کام کاج۔ کاروبار (۳۵) راز بھید (۳۶) ڈھنگ۔ اطوار (۳۷) عادت۔ سبھاؤ (۳۸) موقع۔ محل (۳۹) نہایت آسان کام (۴۰) بہت مشکل امر (۴۱) چیز (۴۲) حوصلہ (۴۳) ریت رسم (۴۴) رائے۔ سمجھ (۴۵) خیال۔ دھیان (۴۶) قضیہ۔ جھگڑا۔ قصہ فساد (۴۷) طنز۔ طعنہ (۴۸) غیبت۔ برائی (۴۹) قصور۔ تقصیر (۵۰) تمنا۔ آرزو۔ (۵۱) اختلاط (۵۲) اخلاص (۵۳) شغل۔ تعلق (۵۴) رمز۔ اشارہ (۵۵) مول۔ قیمت (۵۶) دلیل۔ وجہ۔ ثبوت (۵۷) مقولہ۔ کہن۔ (۵۸) دعویٰ (۵۹) لہر۔ موج۔ ترنگ (۶۰) آن۔ انداز (۶۱) پھل۔ نتیجہ۔ ثمرہ (۶۲) لہو و لعب۔ گپ شپ۔
**بات آ پڑنا** (محاورہ) الجھاؤ پڑ جانا۔ پیچ آ پڑنا۔ اتفاق پیش آنا۔
**بات آزمانا** (محاورہ) تجربہ کرنا۔
**بات آگے آنا** (محاورہ) کہا پورا ہونا۔
**بات آنا** (۱) الزام آنا۔ برائی آنا (۲) شادی کا پیغام آنا۔ سگائی آنا (۳) بول چال کر سکنا۔
**بات آنچل (پلو) میں باندھنا** (محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنا۔
**بات آئینہ ہونا** (محاورہ) بات کا کھل کر سامنے آنا۔
**بات آئی گئی ہو گئی** (محاورہ) رفت گزشت ہو جانا۔ بات بھول جانا

**بات آئے پر چوکنا** (محاورہ) ذہن میں آئی ہوئی موقع کی بات نہ کہنا
**بات اتنی ہے** (محاورہ) حقیقت یہ ہے۔ اصلیت یہ ہے۔
**بات اٹھا رکھنا** (محاورہ) کسی معاملے کو ملتوی کر دینا
**بات اٹھا نہ رکھنا** (محاورہ) کوئی کسر نہ چھوڑنا۔
**بات اٹھانا** (۱) بات کا گوارا کرنا۔ تلخ بات کا برداشت کرنا (۲) آرزو پوری کرنا (۳) حکم بجا لانا (۴) اعتراض کرنا۔
**بات اڑانا** (محاورہ) افواہ پھیلانا (۲) مطلب کو ٹال دینا (۳) نقل اتارنا۔
**بات اڑا دینا** (محاورہ) بات کو ٹال دینا۔ معاملے کا بھول میں پڑ جانا۔
**بات اس کان سے سننا۔ اس کان سے اڑا دینا** (محاورہ) بے پروائی کرنا نصیحت کی پروا نہ کرنا۔
**بات الٹنا** (محاورہ) کہہ کر مکر جانا۔ بات بدلنا۔ تردید کرنا۔
**بات اور ہے** (محاورہ) جو سمجھا گیا تھا وہ نہیں کوئی اور بات ہے
**بات بات پر۔** ذرا ذرا سے معاملے میں۔ ہر کام میں۔
**بات بات میں** (محاورہ) (۱) ہر بات میں (۲) ہر بار۔ ہر دفعہ۔ (۳) بالکل سرتاسر۔
**بات بات میں چھری کٹاری** (محاورہ) ہر بات پر لڑائی جھگڑے کو تیار ہر معاملے میں کشت و خون پر آمادگی۔ بات بات پر فساد۔
**بات بات میں کھنچنا** (محاورہ) خواہ مخواہ روٹھنا (۲) ہر بات کو برا ماننا۔
**بات بات میں موتی پرونا** (محاورہ) سخن سازی کرنا۔ پیاری پیاری باتیں کرنا
**بات باندھنا** (محاورہ) جھوٹی بات بنانا۔ کسی کے خلاف جھوٹا الزام لگانا۔ مکرنا۔
**بات بدلنا** (محاورہ) کہہ کر بدل جانا۔ مکر جانا۔ قول سے پھر جانا۔
**بات بدلی ساکھ بدلی** (مثل) بات میں فرق آتے ہی اعتبار میں فرق آجاتا ہے۔ وعدہ خلافی سے سارا اعتبار جاتا رہتا ہے۔
**بات بڑھانا** (محاورہ) (۱) بات کو طول دینا۔ بحث بڑھانا (۲) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔ تکرار کرنا (۳) کسی بات کو ترجیح دینا (۴) عزت دینا
**بات بڑھنا** (محاورہ) تکرار ہونا۔ بحث ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
**بات بڑی کرنا** (محاورہ) بات کو طول دینا (۲) ہاں میں ہاں ملانا۔ بات کاٹنا
**بات بگاڑنا** (محاورہ) کام بگاڑنا (۲) موقع کھونا (۳) عزت میں فرق لانا۔ ساکھ مٹانا۔
**بات بگڑنا** (محاورہ) کام بگڑنا (۲) ساکھ میں فرق آنا۔ دیوالہ نکلنا۔ برباد ہونا۔ حیثیت بگڑنا۔
**بات بنانا** (بات کو ہیر پھیر کر کے اپنے مطلب کے مطابق کہنا۔ (۲) جھوٹ بولنا (۳) سخن سازی کرنا (۴) بھرم قائم رکھنا (۵) سدھارنا۔ درست کرنا۔
**بات بنا لینا** (محاورہ) کوئی بات دل سے گھڑ لینا۔
**بات بن پڑنا** (محاورہ) ساکھ قائم ہونا۔ تدبیر بن پڑنا۔
**بات بن جانا** (محاورہ) معاملہ درست ہو جانا۔
**بات بننا** (۱) کامیاب ہونا۔ (۲) عزت پانا۔ بزرگی ملنا۔ سرداری ملنا۔ آبرو پیدا ہونا۔ (۳) موقع ملنا۔



Marfat.com

بات پانا (۱) مطلب سمجھ جانا (۲) عمدگی اور بھلائی دیکھنا۔ بات کی اصلیت کا معلوم ہو جانا۔
بات پچنا (۱) بات کا پوشیدہ رکھا جانا (۲) بات کا ضبط کرنا۔ بات ہضم ہونا
بات پر (۱) بولنے پر۔ محض گفتگو پر (۲) عزت پر۔ نام پر (۳) ضد پر۔ خطا پر۔ حرکت پر۔
بات پر (آنا) آجانا (۱) بات پر پکا ہونا۔ ضد کرنا۔ اپنی بات پر اڑنا۔ قول کی پچ کرنا۔ آبرو کا پاس کرنا۔
بات پر بات چلنا۔ ایک بات کے سلسلے میں اسی قسم کا دوسرا ذکر چل نکلنا۔ ایک واقعے کے بیان میں اسی قسم کے دوسرے واقعے کا بیان ہونا۔
بات پر بات یاد آنا (محاورہ) باتیں کرتے ہوئے بھولی ہو بات یاد آجانا۔ بات میں سے بات پیدا ہونا۔
بات پر ٹھہرنا (محاورہ) اپنے قول پر قائم رہنا۔ کہے پر ثابت قدم رہنا۔
بات پر جانا (محاورہ) کسی کی بات کا خیال کرنا۔ کسی کے کہے پر اعتماد کرنا۔
بات پر جان دینا (محاورہ) قول نبھانا۔ ضد پر قائم رہنا۔ اپنا کہا منوانے پر جان قربان کرنا۔
بات پر چلنا (محاورہ) وضع بنا رہنا۔ لکیر کا فقیر ہونا۔ اپنا طریقہ نہ چھوڑنا۔
بات پر خاک ڈالنا (محاورہ) درگزر کرنا۔ بات کو بھلا دینا۔
بات پر زبان کٹنا (محاورہ) زبان بندی ہونا۔ بات کرنے کی اجازت نہ ہونا۔
بات پر قائم رہنا (محاورہ) ضد پر آڑ جانا۔ قول پر اڑا رہنا۔ وعدہ پورا کرنا
بات پر کان رکھنا (محاورہ) بات کو غور سے سننا۔
بات پر مٹنا۔ بات پر مر مٹنا (محاورہ) نام کے لیے تباہ ہونا (۲) آبرو پر جان دینا۔
بات پکڑنا (محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ (۲) کسی شخص کو اس کے قول سے قائل کرنا۔
بات پکی ہونا (محاورہ) کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا۔ منگنی مضبوط طور پر طے کرنا۔
بات پلٹنا (محاورہ) کہہ کر مکر جانا۔ بات بدلنا۔ (۲) کسی سے جو سننا، اس کو ویسے ہی الفاظ میں جواب دینا
بات پلّے باندھنا (محاورہ) کسی کی بات کا پورا پورا خیال رکھنا۔ نصیحت کو یاد رکھنا۔
بات پوچھنا (محاورہ) (۱) حال دریافت کرنا (۲) بات دریافت کرنا۔ (۳) خبر لینا۔ ذکر کرنا۔ عزت و آبرو کرنا۔ خاطر مدارات کرنا۔
بات پوچھنا۔ بات کی جڑ پوچھنا (محاورہ) کرید کرید کر پوچھنا (۲) بال کی کھال نکالنا۔
بات پہنچنا (محاورہ) بات معلوم ہونا۔ بات کا کانوں تک پہنچ جانا۔
بات پھوٹنا (محاورہ) بھید کھلنا۔ بات کا پتہ لگ جانا۔ اطلاع ملنا۔ راز افشا ہو جانا۔
بات پھیرنا (محاورہ) بات بدلنا۔ کہی ہوئی بات کے خلاف کہنا۔

بات پھیلانا (محاورہ) کسی بات کو مشہور کرنا۔
بات پھیلنا۔ بات کا مشہور ہو جانا۔ راز کھل جانا۔
بات پھینکنا (محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ مارنا۔
بات پی جانا (محاورہ) بُرا بھلا سُن کر خاموش ہو جانا۔
بات پیدا کرنا (محاورہ) (۱) خوبی پیدا کرنا (۲) حیلہ بہانا کرنا (۳) کمال حاصل کرنا۔ (۴) عزت پیدا کرنا۔
بات پیش نہ جانا (محاورہ) دال نہ گلنا۔ گفتگو یا بحث میں دوسرے کو قائل نہ کر سکنا۔
بات تاڑنا (محاورہ) اندازے سے معاملے کو سمجھ لینا۔ قیاس سے بات کو معلوم کر جانا۔ غور و خوض کر کے بات کا پتہ لگا لینا۔
بات تلخ ہونا (محاورہ) بات کا ناگوار ہونا۔ بات کا دل پر گراں گزرنا۔
بات تو یہ ہے (مثل) خلاصہ یہ ہے۔ مختصر یہ ہے۔ اصل یہ ہے مطلب تو یہ ہے
بات تہ کر رکھنا۔ گفتگو کو ملتوی کر دینا۔
بات تھل کی نہ بیڑے کی۔ وعدہ کبھی پورا نہ کیا۔ قول پر کبھی قائم نہیں رہا۔ متلوّن مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں۔
بات تیر لگنا (محاورہ) بات کا بے حد ناگوار معلوم ہونا۔ بات کا سخت بُرا لگنا
بات ٹالنا (محاورہ) بات کا جواب نہ دینا۔ دوسرا تذکرہ چھیڑ دینا یا بات سن کر چپ رہنا (۲) تعمیل حکم سے پہلو تہی کرنا۔ سُنی ان سُنی کرنا۔
بات ٹپکنا (محاورہ) بات ظاہر ہونا۔ کسی بات کا اشارہ معلوم ہونا۔
بات ٹلنا (ٹل جانا) (محاورہ) بات کا بھول میں پڑنا۔ معاملہ رفت گزشت ہو جانا۔
بات ٹوٹنا (محاورہ) بات نہ رہنا۔ وعدے کا پورا نہ ہونا۔ معاہدہ منسوخ ہونا
بات ٹھاننا (محاورہ) منصوبہ باندھنا۔ کسی کام کا قصد کرنا۔ کسی ارادے پر جم جانا۔
بات ٹھن جانا (محاورہ) کسی بات کا ارادہ کر لینا۔ کوئی بات دل میں بیٹھ جانا۔
بات ٹھنڈی پڑنا (محاورہ) معاملے کا دب جانا۔ کسی بات کے متعلق فساد ختم ہونا۔
بات ٹھہرانا (۱) کوئی تجویز قائم کرنا۔ کسی امر کا طے کر لینا۔ منگنی کرنا۔
بات ٹھہرنا (محاورہ) (۱) تجویز قرار پانا (۲) نسبت یا منگنی قرار پانا۔
بات جا پڑنا (محاورہ) دوران گفتگو میں کسی اور ذکر کا چھڑ جانا۔
بات جانا (محاورہ) (۱) اعتبار جاتا رہنا (۲) عزت میں فرق آنا۔ ساکھ نہ رہنا
بات جب ہے۔ اثر اس وقت ہے۔ تعریف تب کی جائے گی۔
بات جمنا (محاورہ) بات ذہن نشین ہونا۔ کسی بات کا اثر پیدا ہونا۔
بات جو چاہے اپنی، پانی مانگ نہ پی (مثل) اگر اپنی عزت چاہتے ہو تو پانی تک کا احسان نہ اٹھاؤ۔ کسی کا تھوڑا سا احسان اٹھانے میں بھی عزت نہیں رہتی۔
بات جھٹلانا (محاورہ) بات کو غلط سمجھنا۔ بات کی تردید کرنا۔
بات جھنڈے پر چڑھانا (محاورہ) کسی بڑی بات کا مشہور کرنا (۲) کسی کی بے عزتی کر دینا۔



Marfat.com

**بات جی سے گھڑنا** (محاورہ) جھوٹی بات بنانا۔ اپنی طرف سے بات تراش لینا۔

**بات جی کو لگنا** (محاورہ) (۱) بات کا اچھا معلوم ہونا (۲) بات کا ذہن نشین ہونا۔

**بات جی میں بیٹھنا** (محاورہ) (۱) بات کا دل پر اثر ہونا (۲) کسی واقعے یا خبر کا قرین قیاس معلوم ہونا۔

**بات جی میں نہ رہنا** (محاورہ) راز کا ظاہر ہو جانا۔ پیٹ کا ہلکا ہونا۔

**بات چبانا۔ چبا جانا** (محاورہ) بات ٹال جانا۔ کہتے کہتے رک جانا۔ کلام کے رخ کو پلٹ دینا۔

**بات چبا چبا کے کرنا** (محاورہ) (۱) صاف صاف گفتگو نہ کرنا۔ اصل بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) دبا دبا کے بات کہنا (۳) اترانا

**بات چٹکیوں میں اڑانا** (محاورہ) کسی کو ہنسی میں ٹالنا۔

**بات چلانا** (محاورہ) تذکرہ شروع کرنا۔ ذکر چھیڑنا۔

**بات چلنا** (محاورہ) سلسلہ گفتگو شروع ہونا۔ تذکرہ ہونا۔

**بات چلی جانا** (محاورہ) بات کا سلسلہ نہ ٹوٹنا۔ بات کا تسلسل قائم رہنا

**بات چندرا کے کہنا** (محاورہ) انجان بن کے بات کہنا۔

**بات چھڑنا** (محاورہ) گفتگو کا شروع ہونا۔

**بات چھیڑنا** (محاورہ) گفتگو کا آغاز کرنا۔ کسی امر کے متعلق بات شروع کرنا

**بات چیت**۔ بول چال۔ گفتگو۔ گفت و شنید (۲) مول تول (۳) عہد و پیمان

**بات دبانا** (محاورہ) چھپانا۔ معاملہ کو خفیہ رکھنا۔ ضبط کرنا

**بات دل پر نقش ہو جانا۔ دل میں اتر جانا** (محاورہ) بات کا اثر ہونا بات ذہن نشین ہونا۔

**بات دل میں کھب جانا** (محاورہ) بات کا دل پر نقش ہو جانا۔

**بات دماغ سے نکالنا** (محاورہ) نئی بات کہنا (۲) ایجاد کرنا۔ بات کو ذہن سے نکال دینا۔

**بات دور پہنچنا** (محاورہ) (۱) بات کا پھیلنا۔ بات کا مشہور ہو جانا۔ (۲) معاملے کا طول پکڑنا۔

**بات دو کوڑی کی ہونا** (محاورہ) ساکھ جاتی رہنا۔ بھرم نہ رہنا۔ بے وقعت ہونا

**بات دہرانا۔** (محاورہ) ایک بات کو دوبارہ کہنا۔

**بات دھری اٹھائی نہیں رہتی**۔ نہ بات کا جواب دیتے بنتی ہے نہ چپ رہتے۔ نہ اقرار کر سکتے ہیں نہ انکار۔

**بات دینی آنا** (محاورہ) جواب دہی کا ذمہ دار ہونا (۲) باز پرس ہونا۔ پوچھ گچھ ہونا۔

**بات ڈالنا** (محاورہ) معاملہ پیش کرنا۔ ذکر چھیڑنا۔

**بات ڈبونا** (محاورہ) اعتبار کھونا۔ بات ہلکی کرنا۔ وقار مٹانا۔ کام بگاڑنا

**بات ڈھال کے کہنا** (محاورہ) اشارے کنائے میں کہنا۔ بات کا سیدھے اور صاف الفاظ میں نہ کہنا۔

**بات ڈھالنا** (محاورہ) الزام رکھنا۔ تہمت لگانا۔

**بات ذہن پر چڑھنا** (محاورہ) بات کا خیال میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔

**بات ذہن میں آنا۔** (محاورہ) بات کا خیال میں آنا۔ بات کا دل پر اثر کرنا

**بات ذہن میں اُتر جانا۔ بات ذہن میں بیٹھ جانا** (محاورہ) (۱) بات کا ذہن نشین ہونا۔ (۲) تدبیر کا دل میں جم جانا۔

**بات رفت گذشت ہونا** (محاورہ) بات ٹل جانا۔ بات کا بھول میں پڑنا

**بات رکھ لینا** (محاورہ) کہا مان لینا (۲) عزت رکھ لینا (۳) وقت پر کام آنا۔ آڑے وقت کام آنا۔

**بات رو میں نکل جانا** (محاورہ) گفتگو کے جوش میں آکر بات کا منہ سے نکل جانا۔ بات کا بے اختیار لب پر آجانا۔

**بات رہ جاتی ہے۔ وقت نکل جاتا ہے** (مثل) ضرورت کی گھڑی نکل جاتی ہے لیکن ضرورت کے وقت کام نہ آنے والا یاد رہ جاتا ہے

**بات رہ جانا** (محاورہ) آبرو رہ جانا۔ عزت رہ جانا (۲) تذکرہ باقی رہ جانا (۳) آرزو پوری ہو جانا۔ (۴) شکوہ رہ جانا۔

**بات زبان پر آنا** (محاورہ) کسی امر کا تذکرہ ہونا۔

**بات زبان پر لانا** (محاورہ) کسی بات کا بیان کرنا۔ بات کہنا۔

**بات زبان سے نکلنا** (محاورہ) بات ظاہر ہونا۔ بات کہی جانا۔

**بات زہر سے بھری ہونا** (محاورہ) بات میں شرارت بھری ہونا۔ بات میں فساد کا مادہ ہونا۔

**بات زہر لگنا۔ بات زہر ہونا** (محاورہ) گفتگو کا بے حد ناپسند ہونا۔ بات کا دل کو بہت بُرا لگنا۔

**بات سبک ہونا** (محاورہ) بات ہلکی ہونا۔ ساکھ مٹنا۔

**بات سجھانا** (محاورہ) کسی امر سے واقف کرنا۔ خبردار کرنا (۲) نکتہ بتانا۔ مضمون بتانا۔

**بات سرسبز ہونا**۔ بات کا کامیاب ہونا۔ التجا کا قبول ہونا۔ درخواست کا منظور ہونا۔

**بات سنوارنا** (محاورہ) بات بنانا۔ برہمی کی اصلاح کرنا۔

**بات سننے کا دماغ ہونا**۔ بات سننے کی برداشت رکھنا۔ متحمل مزاج ہونا

**بات سو بات**۔ جیسا موقع ہوگا۔ دیکھا جائے گا۔ ہر بات موقع پر کی جائے گی۔

**بات سُنی ان سُنی کر دینا** (محاورہ) بات سن کر ٹال دینا۔ توجہ نہ دینا۔

**بات سوجھنا** (محاورہ) (۱) خیال میں نیا مضمون آنا (۲) کسی کے سوال کا جواب سوجھ جانا۔

**بات سوچنا** (محاورہ) (۱) تدبیر سوچنا۔ غور کرنا۔ تجویز کرنا۔

**بات سہنا** (محاورہ) کڑوی بات برداشت کرنا۔ سخت بات سن کر صبر کرنا

**بات سے بات نکلنا** (محاورہ) بات کرتے ہوئے کوئی نئی بات نکل آنا

**بات سے پھرنا** (محاورہ) کہہ کے مکرنا۔ بدعہدی کرنا۔ قول سے پھرنا

**بات سے نکل جانا** (محاورہ) کہی بات سے مکر جانا۔

**بات شیر و شکر ہونا** (محاورہ) بات خوشگوار ہونا۔ بات کا دل کو پسند آنا۔

**بات شیریں ہونا**۔ بات کا خوشگوار ہونا۔ بات کا بہت پسند آنا۔

**بات ظاہر ہو جانا۔ ہونا** (محاورہ) بھید یا راز کھلنا۔ نتیجہ نکلنا۔

**بات کا ادرکھو** (۔مذ) بات کا اصل مطلب۔ بات کا سرپیر۔

**بات کا ایما پانا** (محاورہ) مطلب سمجھنا۔ اشارہ سمجھنا۔ کنایہ تاڑ جانا



Marfat.com

**بات کا تبنگڑ بنانا / کرنا** ذراسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ ذراسی بات کو طول دینا۔ سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔
**بات کا پا جانا** (محاورہ) بات کو سمجھ لینا۔ تہہ تک پہنچ جانا۔
**بات کا پہلو۔** بات کا انداز۔ بات کا اشارہ۔ کنایہ۔
**بات کا پورا۔ بات کا پکا۔ دھنی۔** اپنے کہے کو پورا کرنے والا۔ صادق القول۔ وعدے کا سچا۔ باوفا۔ راست باز۔
**بات کا ٹنا۔** گفتگو میں خلل در معقولات کرنا۔
**بات کا چوکا آدمی، ڈال کا چوکا بندر، پھر سنبھلتا نہیں** (مثل) جو شخص موقع پر چوک جاتا ہے۔ وہ پھر اس کی تلافی نہیں کرسکتا جس طرح بندر کے ہاتھ سے درخت کی ٹہنی چھوٹ جائے تو وہ گر پڑتا ہے۔
**بات کا چھینٹا۔** اشارہ۔ کنایہ۔
**بات کا ذہن سے اتر جانا۔** بات کا بھول جانا۔ دھیان سے اتر جانا۔
**بات کا رنگ پانا** (محاورہ) بات کا با اثر ہونا۔ بات کا میاب ہونا۔
**بات کارگر ہونا** (محاورہ) نصیحت میں اثر ہونا۔ تدبیر کا با اثر ہونا۔
**بات کا سر پیر نہ ہونا** (محاورہ) گفتگو کا بے ترتیب اور بے تکا ہونا۔ بات کا نامکمل ہونا۔ بے تکی اور ناقص گفتگو ہونا۔
**بات کا موقع** (محاورہ) بات چیت کرنے کی فرصت۔ گفتگو کا محل۔
**بات کان پڑنا** (محاورہ) اتفاقاً کوئی بات سن لینا۔
**بات کان تک پہنچنا** (محاورہ) بات سنائی دینا۔ خبر پہنچنا۔
**بات کان سے سننا** (محاورہ) غور سے سننا۔ کسی بات کی طرف توجہ دینا۔
**بات کان میں پڑنا۔** گوش گزار ہونا۔
**بات کان میں (پھونک دینا) ڈال دینا** (محاورہ) (۱) باخبر کر دینا۔ کہہ دینا (۲) کسی کے کان میں آہستہ سے کوئی بات کہنا۔
**بات کا (کچا) ہیٹا** (محاورہ) بے اعتبار۔ ناقابل۔ غلبا جو بات پر قائم نہ رہے۔
**بات کتر دینا۔** (محاورہ) بات کاٹنا
**بات کٹ جانا** (محاورہ) بات کرتے ہوئے کاٹ دینا۔ بیچ میں بول پڑنا۔ گفتگو کا سلسلہ کٹ جانا۔
**بات کرتے پتھر مارتا ہے۔** (محاورہ) سخت بدکلام ہے۔
**بات کرسی نشین ہونا** (محاورہ) بات ٹھیک بیٹھ جانا۔ بات کا مان لیا جانا۔
**بات کرنا** (محاورہ) (۱) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ متوجہ ہونا۔ مخاطب ہونا۔ کلام کرنا۔
**بات کرنے میں پھول جھڑنا** (محاورہ) شیریں کلام ہونا۔
**بات کرید کرید کر پوچھنا** (محاورہ) جرح کرنا۔ بال کی کھال نکالنا۔
**بات کڑوی ہونا۔ لگنا** (محاورہ) بات تلخ ہونا۔ بات ... ہونا
**بات کو آنچل میں باندھنا** (محاورہ) کسی قول کو یاد رکھنا۔ ... نصیحت پر عمل کرنا۔
**بات کو چکر دینا** (محاورہ) بات کو پھیر پھار کے کہنا۔ بات کو سیدھی طرح بیان نہ کرنا۔
**بات کو طول دینا** (محاورہ) بات کو لمبا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔
**بات کو گرہ میں باندھنا۔** دیکھیے بات کو آنچل میں باندھنا۔

**بات کو منہ سے لے لینا** (محاورہ) کوئی بات کرنے لگے اس سے پہلے خود کر دینا
**بات کھٹائی میں پڑنا** (محاورہ) کام میں دیر لگ جانا۔ ملتوی ہو جانا۔ آئندہ پر اٹھ جانا۔
**بات کھٹائی میں ڈالنا** (محاورہ) بات لٹکائے رکھنا۔ ملتوی کر دینا (۲) ٹال مٹول کرنا۔
**بات کھٹکنا** (محاورہ) بات دل میں چبھنا۔ دل میں خلش ہونا۔ ناپسند ہونا۔
**بات کہہ کے گنہگار ہونا** (محاورہ) کچھ کہہ کر الزام اٹھانا۔ کچھ کہہ کر پچھتانا۔ یا شرمندہ ہونا۔
**بات کھلنا** (محاورہ) صحیح بات کا پتہ لگنا۔ افشائے راز ہونا۔
**بات کہنا** (محاورہ) (۱) منہ سے بولنا (۲) ذکر کرنا۔ قصہ بیان کرنا۔ (۳) نصیحت کرنا۔
**بات کہنے کو رہ گئی ہے** (محاورہ) شکایت رہ گئی ہے۔ یادگار رہ گئی ہے
**بات کہنے میں۔** جھٹ پٹ۔ بہت جلد مجھے بھر میں۔
**بات کہنے میں آتی ہے** (محاورہ) اچھی ہو یا بری کہنی ہی پڑتی ہے۔
**بات کھونا۔** بے آبرو ہونا۔ عزت گنوانا۔
**بات کہی اور پرائی ہوئی** (مثل) منہ سے نکلی ہوئی بات چھپائے نہیں چھپتی۔ بھید ظاہر کر کے انسان بے بس ہو جاتا ہے۔
**بات کہے کی لاج** (محاورہ) قول کی شرم۔ کہے کا نباہ۔
**بات کیا ہے؟** (۱) واقعہ کیا ہے۔ مطلب کیا ہے۔ (۲) اصل کیا ہے۔ (۳) آسان کیا ہے۔
**بات کی بات کو** (محاورہ) تھوڑی دیر کے لیے۔ دم بھر کے لیے۔
**بات کی بات میں** (محاورہ) آناً فاناً۔ فوراً۔
**بات کی بات لات کی لات۔ بات کی بات خرافات کی خرافات بکری کے سینگوں کو چر گئے بیری کے پات** (مثل) جب مذاق کے پیرائے میں کوئی ناگوار بات کہی جائے تو اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔
**بات کی تاب لانا** (محاورہ) بدزبانی کو برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔
**بات کی تہ۔** اصل مطلب۔ بات کی حقیقت۔
**بات کی جان۔** اصل بات۔ صحیح معاملہ۔ اصلی واقعہ۔
**بات کی رٹ لگنا** (محاورہ) ایک ہی بات بار بار کہنا۔ رٹ لگانا۔
**بات کی کر باندھنا** (محاورہ) بات کو معمول مقرر کرنا۔ بات کو ایک رسم بنانا
**بات کی گرفت ہونا** (محاورہ) بات پر اعتراض ہونا۔ نکتہ چینی ہونا۔ روک ٹوک
**بات کے شاخسانے** (محاورہ) بات کے مختلف پہلو۔ بات کے کئی پھندنے
**بات (گرہ) گانٹھ میں باندھنا** (محاورہ) بات کو خوب یاد رکھنا۔
**بات گزشتنی ہونا** (محاورہ) فضول اور بے کار بات ہونا۔ ناقابل سماعت ہونا
**بات گول کرنا** (محاورہ) بات ٹالنا۔ صاف صاف کچھ نہ بتانا۔
**بات گھڑنا** (محاورہ) جی سے بات بنانا۔ اپنے دل سے بات بنا کے کہنا۔ خلاف واقعہ کہنا۔ سخن سازی کرنا۔
**بات گئی گزری ہونا** معاملہ رفت گزشت ہونا۔ بات کا بھلا دینا۔
**بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی** (محاورہ) ایک دفعہ اعتبار جاتا رہے تو پھر



Marfat.com

نہیں جمتا۔
بات لاکھ کی کرنی خاک کی (مثل) باتیں بنانے میں استاد لیکن عملاً کچھ نہیں
بات لانا (۱) نسبت کا پیغام لانا۔ (۲) الزام لگانا۔
بات لب تک آنا۔ بات کا زبان سے نکلنا۔ بات کا منہ سے بیان ہونا۔
بات لٹکائے رکھنا (محاورہ) معاملے کا فیصلہ نہ کرنا۔ صاف صاف نہ کہنا
بات لکھ رکھنا (محاورہ) بات کو یقینی سمجھ کر یاد رکھنا۔ بات کو بھولنے نہ دینا
بات لگانا (محاورہ) چغلی کرنا لگائی بجھائی کرنا۔ غیبت کرنا۔ کان بھرنا (۲) نسبت یا منگنی ٹھہرانا (۱) الزام رکھنا۔ تہمت لگانا۔
بات لگنا (محاورہ) نسبت قرار پانا۔ سگائی ہونا۔
بات لمبی چوڑی ہونا (محاورہ) بات میں طوالت ہونا (۲) معاملہ کا بڑھ جانا۔
بات مات کرنا۔ چال چلنے نہ دینا۔ کسی فریب میں نہ آنا۔ کسی کی تدبیر کو ناکام بنا دینا۔
بات ماننا نصیحت پر عمل کرنا۔ بات قبول کرنا۔
بات مغز سے نکالنا (اتارنا) ذہانت سے کوئی نازک بات پیدا کرنا بہت اچھی تجویز سوچنا۔ مضمون بیان کرنا۔
بات مقدور سے باہر کرنا (محاورہ) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔
بات من میں بسنا (محاورہ) بات دل کو پسند لگنا۔ بات یاد رہنا۔
بات منگوانا (محاورہ) نسبت منگوانا۔ سگائی کا پیغام طلب کرنا۔
بات منہ پر آنا (محاورہ) چرچا ہونا۔ تذکرہ ہونا
بات منہ پر رکھنا (محاورہ) کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔
بات منہ پر کہنا (محاورہ) روبرو کہہ دینا۔ کسی سے خوف نہ کھانا۔
بات منہ سے نہ نکالنا (محاورہ) شکوہ نہ کرنا۔ عذر نہ کرنا چپ ہو رہنا صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔
بات منہ سے نہ نکلنا (محاورہ) لاجواب ہونا۔ عاجز ہونا۔
بات منہ سے نکلی پرائی ہوئی (مثل) منہ سے جو بات نکل جائے وہ مشہور ہو جاتی ہے۔
بات میں۔ لمحہ بھر میں۔ فوراً۔ ترت
بات میں بات ملانا (محاورہ) (۱) ہاں میں ہاں ملانا (۲) کسی کی بات میں دخل دینا (۳) کسی بات میں باریکی نکالنا۔
بات میں بات نکالنا (محاورہ) کوئی نئی بات نکالنا۔ باریکی نکالنا (۲) جس قسم کی بات ہو رہی ہو اس میں کوئی نئی بات کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
بات میں بولنا۔ (محاورہ) کسی کے معاملے میں دخل دینا (۲) بیچ میں بول پڑنا
بات میں پخ نکالنا (محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔
بات میں پہلو نکالنا (محاورہ) بات میں سے کوئی نئی بات نکالنا۔
بات میں پھول جھڑنا (محاورہ) پیاری پیاری باتیں کرنا۔ دل پسند باتیں کرنا۔
بات میں تورنا (محاورہ) کسی کو قائل کرنا۔ گفتگو میں عاجز کرنا۔
بات میں چھیپیاں لگانا (محاورہ) صاف صاف نہ کہنا۔ اصلی بات چھپانے کی کوشش کرنا۔
بات میں دخل دینا (محاورہ) کسی کی گفتگو میں بول اٹھنا۔ دخل در معقولات کرنا۔
بات میں رخنے نکالنا (محاورہ) نکتہ چینی کرنا عیب جوئی کرنا۔ نقص نکالنا
بات میں زہر ہونا۔ فساد ڈالنا۔ شرارت کرنا۔
بات میں سے بات نکالنا (۱) سلسلہ گفتگو میں اسی قسم کی اور باتیں بیان کرنا (۲) کوئی نازک پیرایہ نکالنا۔ ایک بات سے دوسری بات پیدا کرنا۔
بات میں فی نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی۔ عیب نکالنا۔
بات میں قند گھولنا۔ ہنسی مذاق سے باتیں پر لطف بنانا۔
بات میں فرق آنا (محاورہ) عزت کم ہو جانا۔ اعتبار نہ رہنا۔ وضع کے خلاف ہونا
بات میں کلام ہونا (محاورہ) شبہ ہونا۔ اعتراض ہونا۔
بات میں کھڑ پیچ نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ مین میکھ نکالنا۔
بات میں لگانا۔ گفتگو میں مشغول کرنا۔ فریب دینا۔
بات میں ہلدی کی چمڑی نکالنا (محاورہ) (۱) کرید کرید کے پوچھنا (۲) بال کی کھال اتارنا۔
بات میں ہیٹی ہونا (محاورہ) کسی بات میں کمی ہونے کی وجہ سے بے عزت ہونا
بات نباہنا (محاورہ) وضع پر قائم رہنا۔ کہے کی لاج رکھنا۔
بات نشتر ہونا (محاورہ) بات ناگوار ہونا۔
بات نظر میں ہونا (محاورہ) معاملہ یاد ہونا۔ دھیان میں ہونا۔
بات نکالنا (محاورہ) تذکرہ کرنا (۲) مضمون پیدا کرنا (۳) تدبیر نکالنا۔
بات نکلنا (۱) منہ سے کوئی کلمہ نکلنا۔ (۲) نتیجہ نکلنا۔ (۳) راز ظاہر ہونا۔
بات نہ آنا (محاورہ) جواب نہ آنا۔ کچھ کہتے نہ بن پڑنا۔
بات نہ پوچھنا (محاورہ) خبر نہ لینا بے پروائی کرنا۔ خاطر تواضع نہ کرنا۔ منہ نہ لگانا۔
بات نہ سننا (محاورہ) توجہ نہ دینا بے پروائی کرنا۔
بات نہ کر آنا (محاورہ) بھولے پن، سیدھے پن یا خوف کی وجہ سے بات کرتے نہ بن پڑنا۔
بات نہ کرنا (محاورہ) مغرور ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔
بات نہ ہونا (محاورہ) آسان ہے۔ معمولی بات ہے۔
بات نہیں تنگڑ ہے (محاورہ) معمولی بات نہیں۔ فساد کی بات ہے سخت جھگڑے کی بات ہے۔
بات نیچی پڑنا (محاورہ) آبرو جاتی رہنا۔ بے وقعت ہونا۔
بات وزنی ہونا (محاورہ) بات با وقعت ہونا۔ بات درست ہونا۔
بات ہاتھ آنا (لگنا) (محاورہ) نتیجہ حاصل ہونا۔ مقصد پا لینا۔ مراد مل جانا
بات ہلکی ہونا (محاورہ) دوسروں کی نظر میں بے وقعت ہونا۔ قدر گھٹنا بات کا پایہ اعتبار سے گرنا۔
بات ہنس کے ٹال دینا (محاورہ) فضول سمجھ کر بات کا جواب نہ دینا
بات ہنسی میں اڑا دینا (محاورہ) بات کا مذاق میں اڑا دینا۔ بات کو حقارت سے ٹال دینا۔
بات ہیٹی ہونا (محاورہ) سبکی ہونا۔ عزت میں فرق آنا۔ ساکھ بگڑنا۔
بات ہی کیا ہے (محاورہ) آسان سی بات ہے کچھ مشکل نہیں۔
بات یہ ہے۔ (محاورہ) بات تو یہ ہے۔ اصل مطلب یہ ہے۔ اصل مقصد



Marfat.com

یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔
باتوں باتوں میں۔ اثنائے کلام میں۔ دوران گفتگو میں۔
باتوں باتوں میں کام نکالنا (محاورہ) ترکیب سے کام بنانا۔ مفت میں کام بنا لینا۔
باتوں باتوں میں کہنا (محاورہ) کسی اور تذکرے میں مطلب کی بات کہنا
باتوں بوڑھا کرتب خوار۔ باتوں چکنا کاموں خوار (۱) (مثل) باتیں تو تجربہ کاروں کی سی ہیں۔ لیکن افعال بے وقوفوں کے سے ہیں (۲) باتیں خوب بنانا مگر کام نہ کرنا۔
باتوں سے ڈر جانا (محاورہ) دھمکی میں آ جانا۔
باتوں سے کام نہیں چلتا (محاورہ) کام کرنے سے ہوتا ہے۔ باتوں سے نہیں
باتوں سے کلیجہ پک جانا (محاورہ) کسی کی تلخ یا بری باتوں سے دکھ ہونا۔
باتوں کا تار۔ باتوں کا سلسلہ
باتوں کا جھاڑ باندھنا (محاورہ) لگاتار بولے جانا۔
باتوں کا دفتر کھولنا (محاورہ) گلہ شکوہ کرنا۔
باتوں کا دھنی (ا۔ صف) باتیں کرنے میں استاد۔ بہت باتیں بنانے والا
باتوں کی تنسوئیاں لینا (محاورہ) باتوں کی ٹوہ لگانا۔
باتوں میں (محاورہ) بات چیت میں (۲) واہیات میں۔ مزخرفات میں۔
باتوں میں آنا (محاورہ) کہنے کا یقین کر لینا۔ فریب کھانا۔ بھکاوے میں آنا
باتوں میں اڑانا (محاورہ) (۱) ہنسی میں ٹالنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
باتوں میں الجھانا (محاورہ) باتوں میں لگانا (۲) بات چیت میں دیر کر دینا۔
باتوں میں بہلانا (محاورہ) محض باتوں سے خوش کرنا (۲) دم جھانسا دینا۔
باتوں میں پھسلانا ما باتوں کے ذریعہ بہکا لینا۔ دم دینا۔
باتوں میں تاڑ لینا (محاورہ) باتیں کرتے ہوئے اندازہ لگا لینا کہ کہنے والا کیا کہنا چاہتا ہے۔
باتوں میں ٹالنا (محاورہ) باتوں میں وقت گزارنا
باتوں میں ٹٹولنا (محاورہ) باتیں کرتے ہوئے کسی کے دلی عندیے کو معلوم کرنا
باتوں میں دھر لینا (محاورہ) لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔
باتوں میں کھل جانا (محاورہ) بے تکلف ہو جانا۔ دل کی بات کہہ دینا
باتوں میں لگانا (محاورہ) دیکھیے بات میں لگانا۔
باتیں بگھارنا (۱) باتیں بنانا۔ سخن سازی کرنا۔ جھوٹ بولنا (۲) خوشامد کرنا (۳) شیخی مارنا (۴) الزام دھرنا۔
باتیں بنانا (محاورہ) جھوٹ بولنا۔ شیخی بگھارنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ حیلے بہانے بنانے
باتیں جوڑنا (محاورہ) لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔
باتیں چبا چبا کے کرنا (محاورہ) غرور کے ساتھ باتیں کرنا۔
باتیں چھانٹنا (۱) باتیں بنانا۔ جھوٹی باتیں کرنا (۲) طعنے مارنا۔ طنز آمیز باتیں کرنا۔
باتیں سنانا (محاورہ) برا بھلا کہنا۔ طعنے دینا۔ سخت سست کہنا۔
باتیں سننا (محاورہ) کسی کی گفتگو سننا۔ کلام پر دھیان دینا (۲) کڑوی باتوں کو برداشت کرنا۔ برا بھلا سہنا۔
باتیں ملانا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ جی ہاں جی ہاں کرنا۔

باتیں ہیں۔ دھوکے ہیں۔ ڈھکوسلے ہیں۔ دھمکیاں ہیں۔
باتیں ہی باتیں ہیں (۱) کہنا ہی کہنا ہے حقیقت کچھ نہیں (۲) صرف باتیں ہی کرنا آتی ہیں۔ نکما ہے (۳) محض دھمکی ہی دھمکی ہے۔
باتون۔ باتونی۔ باتونیا (با۔ تُن۔ با۔ تو۔ نی۔ با۔ تو۔ نِ۔ یا) [ہ۔ صف] بہت باتیں بنانے والا۔ فضول گو۔ بکواسی۔ بکی۔
باٹ [ہ۔ مذ] وزن تولنے کے بٹے (۲) [مث] راستہ۔ راہ۔ طریق۔ سڑک پگڈنڈی۔
باٹ چلے جانیے یا با پڑے جانیے (مثل) کسی کے ساتھ سفر کرنے یا واسطہ پڑنے ہی سے اس کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔
باٹ دیکھنا (۱) بٹے کی جانچ پڑتال کرنا۔ (۲) راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔
باٹ سا رہرو۔ راہ رو۔ مسافر۔ (ق)
باٹ کا آٹا۔ وہ آٹا جو چکی کے گرنڈ میں گرنے سے خود بخود جمع ہو جاتا ہے
باٹ کا روڑا (۱) اینٹ کا وہ ٹکڑا جس سے راہ چلنے میں رکاوٹ ہو۔ (۲) (مجازاً) غریب۔ مفلس۔ نادار۔
باٹ مارنا دانستہ کھوٹا کرنا۔ نقصان پہنچانا۔
باٹی (با۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] روٹی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو انگاروں پر رکھ کر سینک لیتے ہیں۔
باج (ف۔ ا۔ مذ) خراج۔ محصول۔ زر مالگذاری۔
باج دار۔ خراج دینے والا۔ محصول دینے والا۔
باج گزار۔ خراج گزار۔ ریاست کو محصول دینے والا۔ رعیت
باج گیر (ف۔ صف) محصول لینے والا۔ محصل۔ کلکٹر
باجا (با۔ جا) [ہ۔ ا۔ مذ] بجنے کی چیز۔ ساز۔ مزامیر۔
باجا گاجا۔ گانا بجانا۔ ڈھول دھمکا۔ دھوم دھام۔ گاجا تابع مہمل ہے
باجپئی (با۔ ج۔ پ۔ ای) [ہ۔ ا۔ مذ] برہمنوں کی ایک ذات
باجرا (با۔ ج۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) مجازاً ننھی ننھی بوندیں (۳) نہایت باریک کٹی ہوئی چھالیا۔
باجرا برسنا (محاورہ) پھوار پڑنا۔ ننھی ننھی بوندیں گرنا۔
باجرا سا بکھرنا (محاورہ) بے کل ہونا۔ بے چین ہونا۔ پریشان ہونا (۲) منتشر ہونا (۳) تھک کر چور ہونا۔
باجرا مرغ۔ ایک قسم کا سیاہ پرندہ۔ جس کے پروں پر باجرے کے برابر زرد رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔
باجری (باج۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چھوٹی قسم کا باجرا۔
باجن (با۔ جن) [ہ۔ ا۔ مذ] ڈھول تاشے وغیرہ
باجنا (باج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بجنا۔ مشہور ہونا۔ موسوم ہونا۔
باجنتر۔ باجنتری (با۔ جن۔ تر۔ با۔ جن۔ ت۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) باجے والا (۲) وہ ٹیکس جو گانے بجانے والوں سے لیا جاتا ہے۔
باجی (با۔ جی) [ت۔ ا۔ مث] (۱) آپا۔ بڑی بہن۔ ہمشیر۔ خواہر (۲) اپنے سے بڑی خاتون۔
باچھ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) گوشۂ لب (۲) پنی۔ چندہ۔ لگان (۳) جمعبندی۔ کھاتہ۔



Marfat.com

باچھڑ ڈالنا۔ محصول (دا کرنا۔
باچھڑ کرنا۔ چندہ کرنا
باچھیں آنا۔ باچھیں پکنا۔ باچھیں پھٹنا (محاورہ) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔
باچھیں کھِل جانا (محاورہ) (۱) ہنسنا کھلکھلانا۔ قہقہہ لگانا (۲) نہایت خوش ہونا
باچھا (با۔ چھا) [ع۔ ا۔ مذ] بچھڑا۔
باختر (با۔ خَ۔ تَر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) مشرق۔ مغرب (عموماً مشرق ہی کے معنی میں مستعمل ہے۔ (۳) ایک علاقہ جو کوہ ہندوکش اور دریائے کے درمیان واقع ہے۔
باختری اونٹ (ا۔ مذ) دو کوہان والا اونٹ
باختہ (ف۔ صف) اُڑا ہوا۔ مرکبات میں جیسے حواس باختہ۔
باد [ف۔ ا۔ مث] ہوا۔ بادِ پُروا
باد آبستنی۔ وہ ہوا جو نباتات کو بارور کرے۔ جس ہوا سے پودوں میں پھل وغیرہ لگتے ہیں۔
باد آور۔ آورد (ف۔ مث) خسرو پرویز کے خزانے کا نام۔ وہ دولت جو بغیر محنت کے ہاتھ آئے (۲) ایک دوا کا نام
بادبان۔ (۱) مستول (۲) وہ کپڑا جو کشتی کی رفتار کو تیز کرنے اور اس کا رخ موڑنے کے لیے لگاتے ہیں۔
بادبانِ اخضر (کنایۃً) آسمان لفظی معنی سبز آسمان۔
بادبانی جہاز (ا۔ مذ) وہ جہاز جو بادبان کے ذریعے چلتے ہیں۔
بادبہار۔ بادِ بہاری۔ موسم بہار کی ہوا۔
بادپا (ف۔ مذ) تیز چلنے والا۔ تیز رفتار گھوڑا۔
بادپیما (۱) بے ہودہ گو شخص (۲) ہوا کا دباؤ یا وزن ناپنے کا آلہ۔ مقیاس الہوا (Aerometer) (۳) بہت تیز رفتار گھوڑا
بادِ تند۔ جھکڑ۔ تیز ہوا۔ آندھی۔ طوفان باد۔
باد خایہ۔ ایک بیماری جس سے گھوڑے کے فوطے بڑھ جاتے ہیں
بادِ خزاں۔ پت جھڑ کی ہوا۔
باد خنک (ف۔ مث) ٹھنڈی ہوا۔
بادِ خواں۔ خوشامدی۔ چاپلوس
باد خورہ۔ بادِ خورہ۔ گنج۔ وہ بیماری جس سے گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں۔
باد رفتار (۱) ہوا کی طرح تیز چلنے والا (۲) مجازاً نہایت چالاک اور تیز گھوڑا۔
باد ریہ۔ چھت کا ہوادان۔
بادزن (ف۔ مذ) پنکھا۔
بادِ سرخ۔ ایک بیماری کا نام
بادِ سموم۔ بہت گرم ہوا۔ لُو۔ سموم
بادِ سنج۔ بے فائدہ کام کرنے والا۔ بے ہودہ گو
بادِ سیر (۱) تیز گھوڑا (۲) مغرور شخص
بادِ موافق (ف۔ مث) وہ ہوا جو جہاز اور کشتی کو آگے بڑھنے میں مدد دے۔
بادِ شمال (ف۔ مث) شمال سے چلنے والی ہوا خوشگوار ہوا
بادِ صبا (۱) صبح کی ٹھنڈی ہوا جو شمال مشرق کی طرف سے آتی ہے (۲) بہشت کی ہوا۔ (۳) نسیم۔ پُروا
بادِ صرصر۔ تیز و تند ہوا
بادِ فتق۔ ایک مرض جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں۔
بادِ فرنگ۔ آتشک
بادِ فروش۔ باتونی۔ خوشامدی۔
بادکش (۱) پنکھا۔ لٹکانے والا پنکھا جس کو رسی لگا کر ہلاتے ہیں (۲) روشندان۔ ہوادان۔
بادگرد۔ بگولا۔
بادِ مخالف (۱) آگے بڑھنے سے روکنے والی ہوا۔ (۲) طوفان۔ آندھی
باد مراد۔ بادِ موافق۔ وہ ہوا جو آگے بڑھنے میں مدد دے۔
بادنما۔ وہ آلہ جس کے ذریعے ہوا کا رُخ معلوم کرتے ہیں۔
بادِ ہوائی۔ بے ہودہ۔ بے معنی۔ آوارہ۔ بے کار۔ نکما۔
بادام (با۔ دام) [ف۔ ا۔ مذ] ایک خشک میوہ۔
بادگیر (ا۔ مذ) چاندی۔ سونے تانبے یا پیتل کا پترا جسے صندوقوں اور صندوق کے کونوں پر لگا دیتے ہیں۔
بادامہ (با۔ دا۔ مہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
بادامی (با۔ دا۔ می) [ف۔ صف] (۱) بادام کے رنگ کا سرخی مائل زرد ہلکا زرد۔ [ا۔ مث] چھوٹی سی مخروطی ڈبیہ (۳) [مذ] خواجہ سرا۔ جس کا عضو تناسل بہت چھوٹا ہو (۴) ایک قسم کا چاول۔
بادامی آنکھ۔ وہ آنکھ جو بادام سے مشابہ ہو۔
بادرنج (باد۔ رنج) بادرنگ کا معرب
بادرنگ (باد۔ رنگ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا کھیرا۔ ترنج
بادریسہ۔ بادریشہ (با۔ دَ۔ ری۔ سہ۔ با۔ دَ۔ ری۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی گول سوراخ دار لکڑی جسے چرخے کی چوب کے اوپر رکھا جاتا ہے۔
بادشاہ۔ بادشہ (باد۔ شاہ۔ باد۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) سلطان۔ شاہ تخت کا مالک (۲) مالک۔ حاکم۔ مختار (۳) امیرزادہ۔ کامل۔ اُستاد۔ (صحیح لفظ پادشاہ ہے۔ بادشاہ مہند ہے)
بادشاہزادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔
بادشاہزادی۔ بادشاہ کی بیٹی
بادشاہوں اور دریاؤں کا پھیر کس نے پایا ہے (مثل) بادشاہوں کے خیالات ایک وقت بدل جاتے ہیں۔
بادشاہوں کی باتیں بادشاہ ہی جانیں (مثل) بڑے لوگوں کی باتیں بڑے لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں۔
بادشاہانہ (باد۔ شا۔ ہا۔ نہ) [ف۔ صف] (۱) بادشاہوں سے متعلق (۲) بادشاہوں کے لائق۔
بادشاہت (باد۔ شا۔ ہت) [ف۔ ا۔ مث] راج۔ سلطنت۔ حکومت
بادشاہی (باد۔ شا۔ ہی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) سلطنت۔ حکومت۔ راج



Marfat.com

(۲) (صف) شاہانہ۔ شاہی۔ بادشاہ کا۔
**بادشاہی حکم**۔ سلطنت کا حکم۔ شاہی حکم۔
**بادشاہی خرچ** (۱) شاہانہ خرچ۔ امیرانہ خرچ (۲) فضول خرچی حیثیت سے بڑھ کر خرچ۔
**بادشاہی سند**۔ شاہی فرمان۔ شاہی سرٹیفکیٹ۔
**بادل** (با۔ دَل) [ہ۔ ا۔ مذ] ابر۔ گھٹا۔
**بادل آنا** (محاورہ) ابر کا نمودار ہونا۔ آسمان پر گھٹا دکھائی دینا۔
**بادل اٹھنا** (محاورہ) بادل کا آسمان پر نمودار ہونا۔
**بادل اُمڈ، اُمنڈ، اُمڈ، اُمنڈ کے آنا** (محاورہ) بہت زور کی گھٹا آنا بہت زور شور سے بادل کا آنا۔
**بادل اُمنڈنا** (محاورہ) بادل گھر کے آنا۔ بہت زور سے گھٹا چھانا۔
**بادل برسنا** (محاورہ) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔
**بادل پھٹنا**۔ ابر کھلنا۔ مطلع صاف ہونا۔ گھٹا کا ہٹنا۔
**بادل جھکنا** (محاورہ) بادلوں کا بہت نیچے ہو جانا۔
**بادل جھوم جھوم کے برسنا** (محاورہ) زور شور سے مینہ برسنا۔
**بادل چھانا** (محاورہ) آسمان پر بادلوں کا محیط ہونا۔ ابر گھرنا۔
**بادل چھٹنا** (محاورہ) بادلوں کا منتشر ہونا۔ آسمان کھل جانا
**بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا** (مثل) اُمید بر آنے کے آثار دیکھ کر نقصان کر بیٹھنا۔
**بادل کا آسمان پر گھر آنا** (محاورہ) بادل کا آسمان پر پھیل جانا۔ گھٹا چھا جانا
**بادل پھیلنا**۔ بادل چھانا۔ بادل گھرنا۔
**بادل کڑکنا**۔ بادل گرجنا۔ (محاورہ) بادلوں کے باہم ٹکرانے سے آواز پیدا ہونا
**بادل کھلنا** (محاورہ) آسمان کا بادلوں سے صاف ہو جانا۔
**بادل کی طرح گرجنا** (محاورہ) غصے میں آکر شور مچانا۔
**بادل گھر آنا**۔ بادل گھرنا (محاورہ) بادل چھانا۔ آسمان پر بادلوں کا جمع ہونا۔
**بادلا۔ بادلہ** (باد۔ لا، باد۔ لَہ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سونے چاندی کا تار جس سے گوٹا وغیرہ بناتے ہیں (۲) زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی سونے کے تاروں سے بنا جاتا ہے۔ زر بفت۔
**بادلا منڈھے سے نیم نہیں چھپتا** (مثل) صورت بدلنے سے سیرت نہیں بدلتی۔
**بادمُہرہ** (باد۔ مُہ۔ رَہ) [ف۔ ا۔ مذ] سانپ کا مہرہ جو مار گزیدہ کے لیے تریاق ہے۔
**بادنجان** (با۔ دن۔ جا۔ ن) [ع۔ ا۔ مذ] بینگن۔
**بادنجانِ فرنگی**۔ ٹماٹر۔
**بادہ** (با۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذ] شراب۔ مے۔ خمر
**بادہ پرست**۔ بادہ پیما۔ بادہ خوار۔ بادہ کش۔ بادہ گسار۔ بادہ نوش۔ شراب پینے والا۔ شرابی۔
**بادہ پرستی**۔ بادہ پیمائی۔ بادہ خواری۔ بادہ کشی۔ بادہ گساری۔ بادہ نوشی۔ شراب خوری۔
**بادہ گلرنگ**۔ (ف۔ صف) سرخ شراب۔
**بادھا** (با۔ دھا) [س۔ ا۔ مث] (۱) رکاوٹ۔ مخالفت۔ مزاحمت۔ خلل (۲) تنازع (۳) خطرہ۔ (۴) نقصان (۵) دُکھ۔ درد (۶) پلنگ کی ڈوری رسی۔ نواڑ۔ (۷) [ہ] بڑھوتری۔ زیادتی۔
**بادھا پڑنا**۔ خلل پڑنا۔ رکاوٹ ہونا۔ کسی معاملے میں تعطل یا بحران پیدا ہونا
**بادی** (با۔ دی) [ف۔ صف] (۱) ہوا پیدا کرنے والا۔ ریحی۔ نفاخ (۲) سرد۔ ٹھنڈا (۳) [مث] بدہضمی اور ریاح پیدا کرنے والا مادہ (۴) بائی۔ گٹھیا (۵) شرارت۔ نقصان۔
**بادی پن** (ا۔ مذ) نفخ پیدا کرنے کی کیفیت۔
**بادی پھیلانا** (محاورہ) سستی اتارنا۔ جھگڑا کرنا۔
**بادِیٔ** (با۔ دی) [ع۔ صف] (۱) شروع۔ اوّل (۲) شروع کرنے والا۔
**بادیٔ الرّائے** (با۔ دِ۔ یُر۔ رائے) سرسری رائے۔ ابتدائی فکر۔
**بادی النظر** (با۔ د۔ ین۔ نظر) سرسری نظر سے۔ ابتدائی نظر میں۔ دیکھتے ہی (اردو میں اس کے ساتھ "میں" لگاتے ہیں)۔
**بادِیان** (با۔ دِ۔ یان) [ف۔ ا۔ مث] سونف
**بادیانِ رُومی**۔ انیسون۔ ایک دوا کا نام۔
**بادِیہ** (با۔ دِ۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذ] صحرا۔ بیابان۔ جنگل۔ دشت۔
**بادیہ پیما**۔ بادیہ گرد۔ جنگل میں پھرنے والا۔
**بادِیہ** (با۔ دِ۔ یہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا پیالہ۔ بڑا۔ کٹورا۔ (۲) مُشک (ق)
**باڈِس** (با۔ ڈِس) [انگ۔ ا۔ مث] عورتوں کا تنگ شلوکہ۔ انگیا۔
**باڈی** (Body) (با۔ ڈی) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) مادی وجود۔ جسم (۲) دھڑ یا ڈھانچہ (کسی چیز کا) (۲) آدمی۔ شخص (۳) جماعت۔ گروہ۔ انجمن
**باڈی بلڈر** (Body Builder) (۱) تن ساز۔ ورزش سے جسم بنانے والا (۲) موٹر وغیرہ کا ڈھانچہ بنانے والا۔
**باڈی بلڈنگ** (Body Building) (۱) جسم بنانے کا عمل یا پیشہ (۲) گاڑیوں کے ڈھانچے بنانے کا عمل یا پیشہ
**باڈی گارڈ** (Body Guard) محافظ دستہ (کسی شخص کا)
**باذِل** (با۔ ذِل) [ع۔ ا۔ مذ] سخی۔ فیاض۔ بخشش کرنے والا۔ سخاوت کرنے والا
**بار** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) عرصہ۔ دیر (۲) نوبت۔ مرتبہ۔ دفع۔ موقع (۳) گھر کے ساتھ بطور تابع بمعنی اہل و عیال (۴) ہفتہ کا دن۔ شنبہ۔
**بارّ** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نیکی کرنے والا۔ نیکوکار (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**بار** [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بوجھ۔ گرانی۔ وزن۔ اسباب (۲) دخل۔ رسائی (۳) نوبت مرتبہ۔ دفعہ۔ شمار (۴) اجازت۔ لائسنس (۵) حمل۔ گربھ (۶) فرض۔ ذمہ داری (۷) ثمر۔ پھل۔ (۸) عدالت۔ جناب۔ دربار (۹) [صف] جلیل بزرگ۔ (۱۰) ناگوار۔ تکلیف دہ (۱۱) برسانے والا (جیسے گوہر بار) (۱۲) کار کے ساتھ بطور تابع (کاروبار) (۱۳) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے (جیسے بار۔ سنگ بار)
**بار آنا**۔ (۱) پھل آنا (۲) موقع آنا۔ باری آنا۔ اب اس جگہ باری مستعمل ہے



Marfat.com

بار آور (۱) پھل لانے والا۔ پھل دار (۲) حاملہ عورت۔ وضع حمل کرنیوالی (۳) نتیجہ خیز۔
بار آور ہونا۔ پھلنا۔ پھل لانا۔
بارِ الٰہ۔ بارِ خدا (۱) خدا کی جناب (۲) اے بزرگ خدا۔
بارِ الٰہا۔ بارِ خدایا۔ اے خدائے بزرگ۔
بار بار۔ گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ لگا تار
بار بٹا لینا۔ ذمہ داری میں شریک ہونا
بار بٹائی۔ غلے کے گاہنے سے پیشتر نسل کے گٹھے باندھ کر تقسیم کرنا۔
بار بردار۔ بوجھ اٹھانے والا۔ قلی۔ پانڈی۔
بار برداری۔ بوجھ اٹھانا (۲) مزدوری۔ بوجھ ڈھونے کی اجرت (۳) چھکڑے وغیرہ کا کرایہ (۴) بوجھ ڈھونے کے ذرائع (گاڑی چھکڑا۔ چوپائے وغیرہ)
بارِ تردید۔ اعتراض کو رد کرنے کا ذمہ۔ جواب دہی کی ذمہ داری۔
بار پانا (محاورہ) رسائی ہونا۔ دخل ہونا۔
بارِ ثبوت۔ ثابت کرنے کا ذمہ۔ ثبوت دینے کی ذمہ داری۔
بارِ ثبوت منتقل کرنا۔ ثبوت کی ذمہ داری دوسرے فریق پر ڈالنا
بار خاص (۱) خاص اجازت (۲) دربار خاص۔ جج کا اجلاس۔
بار خاطر۔ ناگوار خلاف طبع۔ ناپسند
بار خاطر نہیں یار شاطر ہوں (مثل) چالاک دوست ہوں تکلیف نہیں دوں گا
باردار (۱) پھل دار۔ میوہ دار (۲) حاملہ۔ گیابھن (۳) صاحب اولاد (۴) خوش قسمت۔ نصیبے والا (۵) مال دار۔ دولت مند (۶) بوجھ سے لدا ہوا۔
باردانہ۔ کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) اسباب رکھنے اور باندھنے کا سامان (۳) فوج کے کھانے پینے کا سامان (۴) سوداگری کے سامان کی بوریاں اور صندوق وغیرہ (۵) باورچی خانے کا سامان۔ انگڑ کھنگڑ
بار رہن۔ گروی ہونے کا بوجھ۔ کسی چیز کو گروہ رکھنے کی رقم۔
بار عام۔ عام اجازت۔ دربار عام۔
بار کش۔ بوجھ کھینچنے والا۔ سامان لے جانے والا۔
بارگاہ۔ اجلاس کی جگہ۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار کا مقام۔
بارگیر (۱) بوجھ اٹھانے والا جانور۔ بارکش۔ لدو گھوڑا اونٹ وغیرہ (۲) وہ سوار جس کا ذاتی گھوڑا نہ ہو۔
بارگیری۔ گھوڑے پر سواری کی نوکری۔
بارور۔ دیکھیے بار آور۔
بارہا (بار کی جمع) بار بار۔ کئی بار۔ کئی مرتبہ۔ اکثر۔ بہت۔ دفعہ۔
باریاب۔ اجازت پانے والا۔ دربار میں پہنچ جانے والا۔ ملاقات کرنیوالا۔
باریابی۔ بارگاہ میں حاضری۔ دربار میں داخلہ۔
بار (Bar) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وکیلوں کی جماعت (۲) مجرم کا کٹہرا (۳) ہوٹل میں وہ جگہ جہاں شراب تقسیم ہوتی ہے (۴) شراب خانہ
بار ایٹ لا (Bar-At-Law) بیرسٹر ایٹ لا کا مخفف۔
بار ایسوسی ایشن (Bar Association) انجمن وکلا۔ وکیلوں کی جماعت
بار روم (Bar Room) وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرہ (کچہری میں)

بارا (با۔را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ راگ جو بارانی کا چرس کھینچتے وقت گاتے ہیں (۲) وہ شخص جو آبپاشی کی غرض سے کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی سے بھرا ہوا چرس لیتا ہے (۳) جنتری میں تار کھینچنے کا فعل (۴) وہ کھانا جو بوڑھے شخص کے مرنے پر دیا جاتا ہے (۵) ہوا (۶) [صف] دس اور دو ۱۲ بارہ۔
بارہ جوری (جوری) زور کا بگاڑ لغوی معنی بارہ گنا طاقت (زبردستی جبر سے۔ سینہ زوری سے۔
بارات (با۔رات) [ہ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے برات۔
باران (با۔ران) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) مینہ۔ بارش (۲) برسنے والا۔
باران دیدہ (۱) وہ جس پر مینہ پڑ چکا ہو (۲) تجربہ کار۔
بارانِ رحمت۔ رحمت کی بارش۔ وہ بارش جو مخلوق کے حق میں فائدہ مند ہو
باران گیر (ف۔ صف) چھجا۔
بارانی (با۔را۔نی) [ف ۔ صف] زمین جس کی سرسبزی بارش پر منحصر ہو (۲) [مث] بارانی زمین۔ چاہی زمین کی ضد (۳) وہ چغہ یا کوٹ جو بارش کا بچاؤ کرتا ہے۔ برساتی۔
بارانی زمین۔ وہ زمین جس کی زراعت صرف مینہ سے ہوتی ہے۔
باراہ (با۔راہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سؤر۔ خنزیر۔ خوک (۲) وشنو کا تیسرا اوتار جو سور کے روپ میں ہوا تھا (۳) گاؤں کے قریب کی زمین۔
باربر (Barber) (بار۔بر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] نائی۔ حجام۔ اصلاح ساز
بارتنگ (بار۔تنگ) [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک دوا۔
بارد (با۔رد) [ع ۔ صف] سرد۔ ٹھنڈا۔ جمع بوارد
بارڈر (Barder) (بار۔ڈر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) حد۔ سرحد (۲) حصار (۳) کنارہ حاشیہ۔
بارز (با۔رز) [ع ۔ صف] آشکار۔ ظاہر (جمع بوارز)
بارش (با۔رش) [ف ۔ ا ۔ مث] مینہ۔ برکھا۔ برشگال۔
بارک (Barrack) (با۔رک) [انگ ۔ ا ۔ مذ] فوجیوں کے رہنے کے مکانات۔ سپاہیوں کے رہنے کی کوٹھڑیوں کی قطار (صحیح تلفظ بیرک)
بارک ماسٹر (Barrack Master)، فوجی مکانات کا محافظ اور مہتمم۔
بارک اللہ (با۔رَ۔کَل۔لاہ) [ع] اللہ تجھے برکت دے (تعریف و تعجب کے موقع پر استعمال کرتے ہیں)
بارگی (با۔ر۔گی) [ف ۔ ا ۔ مث] دفعہ۔ عرصہ۔ مرتبہ (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے اکبارگی۔ فوراً)
بارندہ (با۔رن۔دہ) [ف ۔ صف] برسنے والا۔
بارو (با۔رو) [ہ ۔ ا ۔ مث] بالو۔ ریت۔
باروت۔ بارود (با۔رُوت) (با۔رُود) [ف ۔ ا ۔ مث] گندھک شورے اور کوئلے وغیرہ کا مرکب جو آتشیں اسلحہ اور آتشبازی میں کام آتا ہے۔
بارود اڑنا۔ بارود کا آگ پکڑنا۔



Marfat.com

**باروت‌خانہ** (۱) بارود جمع کرنے کا مقام (۲) بارود بنانے کا مقام۔
**بارود میں آگ لگانا۔** اشتعال پیدا کرنا۔
**بارَہ** (با۔ رَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) معاملہ۔ باب۔ تعلق (۲) نوبت۔ بار۔ دفعہ
**بارَہ** (با۔ رَہ) [ہ۔ صف] دس اور دو۔ ۱۲!
**بارہ ابھرن سولہ سنگھار** (ہ۔ مرکب عددی) بارہ اُبھرن۔ سر، پیشانی کان، ناک، گلا، سینہ، بازو، ہاتھ، کمر، ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کے زیور اور سولہ سنگار یہ ہیں۔ غسل، تیل لگانا، سر گوندھنا، چندن پھیرنا، سر کا زیور پہننا، کوئی ہار پہننا، مہندی لگانا، کمر میں کمربند، پان کھانا، پاؤں اور گلے میں زیور پہننا، کاجل لگانا، بُندے پہننا، نتھ پہننا وغیرہ۔
**بارہ امام۔** مسلمانوں کے فرقہ امامیہ کے بارہ پیشوایان دین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت سے ہوئے ہیں (۱) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (۲) امام حسن رضؓ (۳) امام حسینؓ (۴) امام زین العابدینؓ (۵) امام باقرؓ (۶) امام جعفر صادقؓ (۷) امام موسےٰ کاظمؓ (۸) امام رضاؓ (۹) امام محمد تقیؓ (۱۰) امام محمد نقیؓ (۱۱) امام حسن عسکریؓ (۱۲) آنے والے امام مہدی۔
**بارہ باٹ** (۱) بارہ راستے (۲) مجازاً آوارہ۔ منتشر (۳) حیران پریشان (۴) متفرق۔ جدا جدا (۵) ضائع۔ بے کار (۶) مختلف الرائے (۷) برباد۔ ویران۔ تباہ۔
**بارہ باٹ کرنا** (محاورہ) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔
**بارہ باٹ ہونا** (محاورہ) تتر بتر ہونا۔ بگڑنا۔ اُجڑنا۔ برباد ہونا۔
**بارہ بارہ چوبیس کوس۔** بہت دور تک (زیادہ فاصلہ بتلانے کیلیے مستعمل ہے
**بارہ بانی۔ بارہ بانی کا** (۱) پورا کامل۔ بڑا ماہر (۲) بے نقص بے عیب (۳) تھوڑی تھوڑی دیر میں بات بدلنے والا (۴) خالص۔ کھرا (۵) صحیح سلامت (۶) تجربہ کار۔
**بارہ بچے والی** (۱) بہت سے بچوں والی عورت (۲) سور کی مادہ
**بارہ بُرج** (ا۔ ع) سورج کی بارہ منزلیں جنہیں سورج ایک سال میں طے کرتا ہے۔ علم نجوم کے اعتبار سے ان کے یہ نام ہیں (۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت۔
**بارہ برس بعد گُورڑے (گھورے) کے دن بھی پھرتے ہیں** (مثل) مصیبت اور پریشانی کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا۔ کچھ عرصہ بعد کم درجے کے لوگ بھی بڑے مرتبے پر پہنچ جاتے ہیں۔
**بارہ برس تک فقیری اور امیری کی بو نہیں جاتی** (مثل) عادت بہت عرصے کے بعد بدلتی ہے۔
**بارہ برس دلی میں رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا کیے** (مثل) اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ نہ سیکھا۔ اچھے لوگوں کے پاس رہ کر بھی ترقی نہ کی۔
**بارہ پتھر** (۱) چھاؤنی یا شہر کی وہ حدود جن کو بارہ ستونوں سے گھیرتے ہیں (۲) حدود شہر۔ چھاونی کی چہار طرفہ حد تک۔
**بارہ پتھر باہر کرنا** (۱) چھاؤنی کی حدود سے نکال دینا (۲) شہر بدر کرنا۔
**بارہ پنی توپ** (۱) وہ توپ جس میں بارہ پونڈ (قریباً چھ سیر) کا گولہ ہوتا ہے (۲) مجازاً بہت موٹا آدمی۔
**بارہ ٹوپی** (۱) یورپ کی بارہ قومیں یا حکومتیں (۲) عقلمندوں اور مدبروں کی مجلس۔
**بارہ خانوادے۔** فقرا کے بارہ فرقے جو صوفیائے کرام کے نام سے منسوب ہیں (۱) قادریہ منسوب بہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (۲) نقشبندیہ منسوب بہ خواجہ نقشبندؒ (۳) صفویہ منسوب بہ شیخ صفویؒ (۴) عبدالرؤسیہ منسوب بہ شیخ عبدالرؤس (۵) نوریہ منسوب بہ شیخ ابوالحسن نوریؒ (۶) شطاریہ منسوب بہ شیخ عبداللہ شطاریؒ (۷) یوسفیہ منسوب بہ شیخ احمد یوسفیؒ (۸) انصاریہ منسوب بہ شیخ عبداللہ انصاریؒ (۹) زاہدیہ منسوب بہ خواجہ بدرالدین زاہدؒ (۱۰) قلندریہ منسوب شیخ محمد قلندرؒ (۱۱) خضرویہ منسوب بہ خواجہ احمد خضرویؒ (۱۲) حسینیہ منسوب بہ حضرت امام حسین رضؓ
**بارہ دری** (۱) بارہ دروازوں والا مکان جو عموماً باغ میں یا دریا کے کنارے بنایا جاتا ہے (۲) مجازاً ہوادار کھلا مکان۔
**بارہ سنگا (سنگھا)** ایک قسم کا ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہیں
**بارہ کھڑی۔** ہندی میں حروف صحیح کو اعراب سے ملا کر پڑھنا۔
**بار ماسہ۔** بارہ مہینوں کا ہندی گیت جس میں عورت بارہ مہینوں کے فراق کے مصائب کا ذکر کرتی ہے۔
**بارہ ماسی** (۱) ایسا درخت جو سارہ سال سرسبز اور باردار رہے (۲) ایسا قلی جو مستقل خدمت کرے۔
**بارہ مسالے** (ا۔ مذ) زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ۔ الائچی۔ مرچ سیاہ سُرخ مرچ۔ نمک۔ دھنیا۔ ہلدی۔ لونگ۔ اجوائن۔ دارچینی۔
**بارہ مہینے** (۱) تمام سال (۲) ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ عمر بھر
**بارہ مہینے تیس دن۔** ہر وقت۔ ہر ساعت۔ ہمیشہ۔
**بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک** (مثل) اگر برسات کے تین مہینوں میں بارش نہ ہوئی تو زمیندار تو تباہ ہوگیا۔
**بارہ وفات** (۱) ربیع الاول کا مہینہ (۲) ربیع الاول کے وہ ابتدائی بارہ بارہ دن جن میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم بیمار رہے اور وفات پائی۔
**بارہ ہاتھ کی زبان ہونا۔** بہت زبان دراز ہونا۔
**بارہا۔** اکثر۔ کئی بار۔
**باری** (با۔ ری) [ع۔ صف] (۱) پیدا کرنے والا۔ خالق (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**باری** (با۔ ری) [اُر۔ ا۔ مث] موقع۔ نوبت۔ نمبر۔ وقت۔ دفعہ۔ چوکی پہرہ۔ (۲) کھڑکی دریچہ (۳) [مذ] ہندوؤں کی ایک ذات۔
**باری باری۔** اپنے اپنے نمبر پر۔
**باری بھرنا۔** اپنے اپنے وقت پر پہرا چوکی دینا۔
**باری دار** (۱) اپنی باری پر کام کرنے والا (۲) چوکی والا۔ دربان۔ چوکیدار محافظ۔ پاسبان۔
**باری کا بخار۔ باری کا تپ۔** وہ تپ جو ایک دن چھوڑ کر آئے۔
**باری سے۔** ایک دن چھوڑ کر نمبر پر۔



Marfat.com

بارے (با۔ رے) [ف] (۱) لیکن (۲) الغرض۔ آخر کار۔ آخر الامر۔
باریک (با۔ ریک) [ف۔ صف] (۱) پتلا۔ مہین۔ نازک (۲) مشکل دقیق (۳) خفیف (۴) لطیف۔
باریک بات (۱۔ ف۔ صف) لطیف بات۔ نکتہ۔ نازک بات۔
باریک بین (ف۔ صف) تیز فہم۔ رمزدان۔ باریک باتیں سمجھنے والا۔
باریک بینی (ف۔ مث) تیز فہمی۔ رمز دانی۔ بات کی تہہ کو سمجھنا۔
باریک خیال (۱۔ صف) نازک خیال۔ عالی خیال۔
باریک کام۔ دقیق کام۔ نازک اور دیدہ ریزی کا کام۔
باریک میان (۱) پتلی کمر والا۔ (۲) کنایتاً معشوق۔
باریک نظر (۱۔ صف) باریک بین۔ بلند نظر
باریکر (با۔ ری۔ کر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) باریک باتوں کا قلم جس سے مصور باریک خط کھینچتے ہیں (۲) حاشیہ۔ کنارہ (۳) وہ باریک خط جو جدول کے علاوہ کتاب کے صفحات کے کناروں پہ ہوتا ہے۔
باریکی (با۔ ری۔ کی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) پتلا پن (۲) نکتہ۔ دقیقہ (۳) نزاکت۔ لطافت۔
باریکی (باریکیاں) نکالنا۔ چھانٹنا (محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ موشگافی کرنا۔ اچھائیوں کی تلاش کرنا۔ نازک باتیں نکالنا۔
باڑا (ہ۔ مذ) احاطہ۔ مکان۔ گھر۔ چار دیواری۔ (۲) گورستان (۳) خانقاہ میدان۔ کھیت (۴) تماشا گاہ (۵) خیرات جو ہندو شادی کے موقع پر دیتے ہیں۔
باڑ۔ باڑھ (ہ۔ مث] (۱) دھار۔ آب (۲) کنارہ۔ حد۔ حاشیہ (۳) چڑھاؤ۔ زور طغیانی (۴) اٹھان۔ جوش (۵) قطار۔ صف (۶) احاطہ گھیرا۔ چار دیواری (۷) سامنے آگے۔ زد پر (۸) ایک دم بہت سی توپوں یا بندوقوں کی بوچھاڑ (۹) ایک قسم کی مٹھائی۔ اندرسہ
باڑھ اڑانا۔ باڑھ جھاڑنا۔ باڑھ چھوڑنا۔ باڑھ مارنا (محاورہ) ایک ساتھ کئی توپیں یا بندوقیں داغنا۔ بندوقوں یا توپوں کا مسلسل چھوڑنا
باڑھ باندھنا (محاورہ) کانٹوں یا جھاڑی سے گھیرنا (۲) کسی چیز کو محفوظ کرنا۔ حد بندی کرنا۔
باڑھ پر آنا (محاورہ) زور پر آنا۔ نمو ہونا۔
باڑھ پر چڑھانا (محاورہ) (۱) دھار تیز کرنا۔ سان پر رکھنا (۲) اکسانا کسی کام کے لیے تیار کرنا (۳) دم میں لانا۔
باڑھ پر چڑھنا (محاورہ) دھار تیز ہونا۔ (۲) آمادہ ہونا۔ (۳) طبیعت کا تیز ہونا (۴) دم میں آنا۔
باڑھ پر رکھنا (محاورہ) زد پر رکھنا۔ نشانے پر رکھنا (۲) اشتعال دینا تیز کرنا۔
باڑھ پر ہونا (محاورہ) ترقی پر ہونا۔ سیلاب ہونا۔ نمو پر ہونا۔
باڑھ پکڑنا (محاورہ) اکسانا۔ سکھانا۔ پٹی پڑھانا (ق)
باڑھ تیز کرنا (محاورہ) دھار تیز کرنا۔
باڑھ جاتی رہنا (محاورہ) دھار کا کند ہونا۔ (ہو جانا)
باڑھ داغنا (محاورہ) کئی توپوں۔ بندوقوں یا پٹاخوں کا ایک ساتھ چھوٹنا
باڑھ درردی ہونا۔ دھار کا کھردرا ہونا۔ تلوار یا چھری وغیرہ کو پتھر پر رگڑا جائے تو پھل پر رگڑ سے لکیریں سی پڑجاتی ہیں جس سے وہ کھردری ہو جاتی ہے اور اس میں کاٹنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔
باڑھ دینا (محاورہ) کسی کام پر آمادہ کرنا۔ اشتعال دینا۔
باڑھ رکھنا (محاورہ) باڑھ چڑھانا۔ دھار تیز کرنا۔
باڑھ روکنا (محاورہ) آگے نہ بڑھنے دینا۔ سامنے سے روکنا۔
باڑھ کاٹے نام ہو تلوار کا (مثل) کام کرے کوئی۔ نام ہو کسی اور کا۔
باڑھ کا ڈورا (محاورہ) خط شمشیر۔ وہ خفیف نشان جو تلوار کی دھار پر پڑ جاتے
باڑھ گر جانا (محاورہ) دھار کا خراب ہو جانا۔ کند ہو جانا۔
باڑھ مڑنا۔ باڑھ کا پھر جانا۔
باڑھیا (با۔ ڑھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] دھار تیز کرنے والا۔ سان پر رکھنے والا۔ صیقل گر۔
باڑی (با۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) مسکن۔ رہنے کی جگہ (۲) باغیچہ چھوٹا سا چمن (۳) کپاس کا کھیت۔
باز [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک شکاری پرند شکرا (۲) [تابع فعل] دوبارہ مکرر۔ پھر پیچھے واپس (۳) [صف] کھیلنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے کبوتر باز۔ پتنگ باز (۴) کھلا ہوا
باز آمدم برسر مطلب۔ میں پھر اصلی بات کی طرف آیا ہوں۔ درمیان میں ادھر ادھر کی باتیں آگئی تھیں۔ اب اصلی معاملہ پھر شروع ہوتا ہے
باز آنا (۱) پلٹنا۔ واپس آنا۔ (۲) ہاتھ اٹھانا۔ کسی بات کو چھوڑ دینا (۳) توبہ کرنا
باز پرس۔ پوچھ گچھ۔ تحقیقات۔ محاسبہ۔
باز پس۔ باز پسیں۔ پیچھے ہٹنے والا۔ واپس ہونے والا۔
باز خواست۔ جواب طلبی۔ مطالبہ۔ واپس مانگنا۔
باز خواہ۔ جواب طلب کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔
باز دعویٰ۔ دعویٰ سے دست بردار ہونا۔
باز دہی۔ واپسی۔ واپس دینا۔
باز دید (ف۔ مث) کوئی ملاقات کے لیے آئے تو اس کے بعد اسے خود ملنے جانا۔ جوابی ملاقات۔
باز رکھنا (محاورہ) روکنا۔ منع کرنا۔
باز رہنا (محاورہ) رکنا۔ ٹھہرنا۔ عادت چھوڑنا۔
باز کی آنکھیں سینا (محاورہ) باز کی آنکھیں سی کر یا ان پر ٹوپی چڑھا کر رکھتے ہیں۔ شکار پر چھوڑنے کے وقت آنکھیں کھول دیتے ہیں۔
بازگشت۔ واپسی۔ مراجعت۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا۔ پھرنا۔
بازگیری۔ ضبطی۔ واپس لینا۔
بازیاب۔ پھر پانے والا۔ دوبارہ حاصل کرنے والا۔
بازیابی۔ پھر پانا۔ دوبارہ حاصل کرنا۔
بازیافت۔ کھوئی ہوئی چیز کی دست یابی۔ پھر مل جانا۔ پھر پانا۔
بازار (با۔ زار) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) دکانوں کا سلسلہ۔ منڈی۔ خرید و فروخت کی جگہ (۲) نرخ۔ بھاؤ (۳) اعتبار۔ ساکھ (۴) بکری۔ خرید و فروخت۔
بازار اتر جانا۔ نرخ گھٹ جانا۔ بھاؤ گر جانا۔



Marfat.com

بازار اُٹھ جانا۔ بازار بند ہو جانا۔
**بازار اس کا جو سے کے دے** (مثل) اعتبار اسی کا ہوتا ہے جو قرض ادا کر دے۔
بازار بٹا۔ کٹوتی۔ منہائی۔ ڈسکاؤنٹ (Discount)
بازار بڑھ جانا۔ بڑھنا (محاورہ) نرخ چڑھ جانا۔ قیمت کا زیادہ ہو جانا۔
بازار بند ہونا (محاورہ) (۱) بازار کی دکانوں کا بند ہونا (۲) ہڑتال ہونا۔
بازار بیٹھک۔ بازار میں بیٹھنے کا ٹیکس۔ نیز بازاری۔
بازار تیز ہونا۔ بازار چڑھنا (محاورہ) گرانی ہونا، چیزوں کی قیمتیں بڑھ جانا
بازار ٹھنڈا (پڑنا) ہونا۔ بازار سرد ہونا (محاورہ) سرد بازاری ہونا۔ بازار میں بکری نہ ہونا۔
بازار چمکنا۔ دیکھیے بازار گرم ہونا۔
بازار خرچ۔ جیب خرچ۔
بازار دکھانا۔ کسی چیز کو بیچنے کے لیے بازار لے جانا۔ بیچ ڈالنا۔
بازار دیکھنا (محاورہ) بازار میں سودا لینے جانا۔ بازار میں کسی سودے کی تلاش کرنا۔
بازار کا بھاؤ۔ بازار کا مول۔ بازار کا عام نرخ (۲) واجبی قیمت۔
بازار کا چلن۔ بازار کا دستور۔ خرید و فروخت کا اخلاقی ضابطہ۔
**بازار کی چھینک رانڈ کا رونا** (محاورہ) دونوں بے اثر ہوتے ہیں یعنی نہ کوئی بازار کی چھینک پر توجہ دیتا ہے اور نہ بیوہ کے رونے پر۔
**بازار کی گالی ہنس کی؟ جو پھر کے دیکھے اس کی۔ بازار کی گالی جس سے سنی اس پر پڑی** (مثل) بازار میں جو شخص گالی دینے والے کو دیکھے گا۔ لوگ سمجھیں گے کہ اسی کو گالی دی گئی ہے (۲) جو کسی عام الزام یا طعن کا جواب دے گا۔ لوگ سمجھیں گے کہ وہی اس طعن یا الزام کا ہدف ہے۔
بازار کی مٹھائی (محاورہ) آسانی سے مل جانے والی چیز (۲) مجازاً کسبی عورت
بازار کے بھاؤ پٹنا (محاورہ) خوب پٹنا۔ شارع عام پر مار کھانا۔ لوگوں کے سامنے ذلیل ہونا۔
بازار گرم ہونا (محاورہ) خوب خرید و فروخت ہونا۔ زیادہ مانگ ہونا۔
بازار گرنا (محاورہ) بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا (۲) بے قدری ہونا۔ بے وقعت ہونا۔
بازار لگانا (۱) منڈی لگنا (۲) دکان کھولنا (۳) چیزوں کو پھیلانا (۴) بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا
بازار لگا نہیں گٹھنے والے ہوت (مثل) وقت سے پہلے موقع ڈھونڈنا
بازار مندا ہونا۔ بکری کم ہونا۔
بازار میں آگ لگنا (محاورہ) غلہ گراں ہونا، چیزوں کا مہنگا ہونا۔
بازار میں سر منڈا کر نہ کہنا (مثل) بات مشہور ہو جائے تو چھپانے کی کوشش بے کار ہے۔
بازار ناپنا (محاورہ) آوارہ پھرنا۔ بغیر کسی مقصد کے بازاروں کے چکر لگانا
بازارو (با۔زا۔رو) [ا۔ صف] (۱) وہ چیز جو جلدی بک جائے۔ عام بکری کی چیز (۲) نمائشی چیز۔ ہلکی۔ بودی چیز۔

بازاری (با۔زا۔ری) [ف۔ا۔مذ] (۱) بازار سے نسبت رکھنے والا (۲) عام آدمی۔ معمولی شخص (۳) بازار کا بیٹھنے والا۔ اوباش۔ غیر معتبر۔ (۴) رنڈی
بازاری آدمی (۱) عام شخص (۲) بداخلاق شخص۔ بے آبرو شخص۔ غیر معتبر آدمی۔
بازاری عورت۔ کسبی عورت۔ بیسوا۔ رنڈی
بازاری قیمت۔ بازار کا بھاؤ۔ بازار کا مول۔ عام قیمت۔ عام بھاؤ۔
بازاری گپ۔ افواہ۔ لوگوں کی جھوٹی اڑائی بات۔
بازرگاں (ف۔مذ) دکاندار۔ سوداگر۔ لین دین کرنے والا۔
بازندہ (ف۔صف) (۱) کھلاڑی۔ کھیلنے والا (۲) ایک قسم لوٹن کبوتر۔
بازو (با۔زو) [ف۔ا۔مذ] (۱) کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ ڈنڈ۔ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پر ہوتے ہیں (۳) (مجازاً) معاون مددگار۔ (۴) دائیں بائیں کی فوج۔ میمنہ میسرہ (۵) ساتھی۔ دوست (۶) مرثیہ خواں کا جوڑی دار (۷) دروازے کے دونوں طرف کی لکڑیاں
بازو بند۔ بازو پر باندھنے کا زیور۔
بازو پھڑکنا (محاورہ) بازو میں یک لخت حرکت کا پیدا ہونا۔ بازو میں جھٹکا محسوس ہونا (کسی دوست کے ملنے کا شگون)
بازو تولنا (۱) اڑنے کے لئے مستعد ہونا (۲) آمادہ ہونا۔
بازو ٹوٹنا (۱) بازو کا ٹوٹ جانا [مجازاً] قوت کا جاتا رہنا (۲) بھائی یا عزیز دوست فوت ہو جانا۔
**بازو ٹوٹے باز کو باز ہی لقمہ دے** (مثل) ہم جنس کو تکلیف پہنچے تو ہم جنس ہی اس کی مدد کرتا ہے۔
بازو دعوی۔ (۱) وہ دعوی جو عورت کے خاوند کے ساتھ نہ رہنے کی صورت میں اسے ہمراہ رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے (۲) عورت کا تاوان۔
بازو دینا۔ مدد کرنا۔ مدد دینا۔
بازو رہ جانا (محاورہ) بازو کا تھک جانا بے کار ہو جانا۔ شل ہو جانا۔
بازو کی مچھلی۔ بازو کا گوشت جو کسی قدر ابھرا ہوا ہوتا ہے۔
بازی با زی / [ف۔ا۔مث] (۱) کھیل۔ تماشا (۲) فریب۔ دھوکا (۳) کبوتر کا پلٹیاں کھانا۔ (۴) داؤں۔ روک (۵) شرط کی رقم تاش، گنجفہ شطرنج کا کھیل۔
بازی آنا (محاورہ) کھیل سے واقف ہونا (۲) تقسیم میں گنجفے یا تاش کے اچھے اچھے اوراق کا ملنا۔
بازی اٹھنا (محاورہ) کھیل ختم ہونا۔
بازی اڑنا (محاورہ) کھیل میں طوالت ہونا۔ کھیل کا لمبا ہو جانا۔
بازی بازی با ریش بابا ہم بازی (ف۔ مثل) باپ کی ڈاڑھی سے کھیلنا جب کوئی چھوٹا بڑے آدمی سے الجھے اس وقت کہتے ہیں۔
بازی بدنا (محاورہ) شرط لگانا۔ داؤ لگانا۔
بازی پانا (محاورہ) بازی جیتنا۔ شرط جیتنا۔ کامیاب ہونا۔
بازی چڑھنا (محاورہ) بازی کا غالب آنا۔
بازی دینا (محاورہ) ہرا دینا۔ مات دینا۔



Marfat.com

**بازی کرنا** (۱) نٹوں کا قلا بازیاں کھانا (۲) کبوتروں کا کھیلنا اور پلٹیاں کھانا۔ کسی چیز سے کھیلنا۔

**بازی کھانا** (محاورہ) مات ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا (۲) کبوتر کا پلٹیاں کھانا (۳) فریب کھانا (۴) نٹوں کا قلا بازیاں کھانا۔

**بازی کھیلنا** (محاورہ) تاش۔ گنجفہ اور شطرنج کھیلنا

**بازی گاہ**۔ کھیلنے کی جگہ۔ کھیل کا میدان۔

**بازی گر**۔ تماشا دکھانے والا۔ شعبدہ باز۔ نٹ۔

**بازی (گرن) گرنی**۔ تماشا کرنے والی عورت۔ نٹنی

**بازی گری** (۱) شعبدہ بازی۔ چالاکی۔ فریب۔

**بازی لگانا** (محاورہ) شرط بدنا۔

**بازی لے جانا** (محاورہ) غالب آجانا۔ فتح پانا جیت جانا۔

**بازی ہاتھ (آنا) رہنا** (محاورہ) کامیاب ہونا۔ جیت جانا۔ جانا

**بازی (ہارنا)** ہرنا۔ شرط میں مغلوب ہونا کھیل میں مغلوب ہونا کھیل بگڑ

**بازیچہ** (با۔ زی۔ چہ) [ف۔ ا۔ مذ] کھیل۔ تماشا۔ کھلونا۔

**بازیچۂ اطفال** (ف۔ مذ) بچوں کا کھیل۔ غیر اہم بات۔

**باس** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بو۔ (۲) بدبو (۳) خوشبو (۴) علامت۔ نشانی

**باسمتی** (۱) خوشبو والا (۲) ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول۔

**باس۔ باسا** (با۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] سکونت بسنے کی جگہ رہنے سہنے کا مقام

**باسا کرنا**۔ بسیرا کرنا۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا۔ بسنا۔ رہنا۔

**باس** (Boss) [انگ۔ ا۔ مذ] آقا۔ مالک۔ سیٹھ۔ افسر

**باسٹھ** (با۔ سٹھ) [ہ۔ صف] ساٹھ اور دو (۶۲)

**باسط** (با۔ سِط) [ع۔ صف] (۱) فراخی دینے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

**باسُک۔ باسکی** (با۔ سُک، با۔ س۔ کی) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ سانپ جس پر ہندو زمین کو قائم خیال کرتے ہیں۔ سانپوں کا بادشاہ شیش ناگ

**باسکٹ** (Basket) با۔ س۔ کٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] ٹوکری پٹاری چھابا

**باسلیق** (با۔ س۔ لیق) [یو۔ ا۔ مث] ایک رگ کا نام جو دل اور جگر سے ہوتی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے۔

**باسن** (با۔ سن) [ہ۔ ا۔ مذ] برتن۔ ظرف۔ بھانڈا

**باسنا** (باس۔ نا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خوشبو۔ مہک۔ بو [مص] خوشبو میں بسانا۔

**باسور** (با۔ سُور) [غ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا مسّا جو مقعد میں ہوتا ہے جمع بواسیر

**باسی** (با۔ سی) [ہ۔ صف] (۱) رات کا بچا ہوا۔ تازہ کی ضد (۲) مرجھایا ہوا۔ ساکن رہنے والا (مذ) باشندہ۔

**باسی بچے نہ کتا کھائے** (مثل) نہ بچا کر رکھا جائے نہ بے کار کر کے پھینکنا پڑے۔ جتنی آمدنی اتنا ہی خرچ (بے حد افلاس ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

**باسی بھات میں اللہ میاں کا تھوڑا** (مثل) ناقص چیز میں احسان جتانا کیا؟

**باسی پھولوں میں باس نہیں، پردیسی بلم نری آس نہیں** (مثل) جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی۔ اسی طرح پردیسی سے محبت کے نباہ کی امید نہیں ہوتی۔

**باسی تباسی**۔ دو تین دن کا بچا ہوا کھانا۔

**باسی داتون**۔ منہ ہاتھ دھونے سے پہلے۔ نہار منہ

**باسی عید**۔ عید کا دوسرا دن۔ بڑو

**باسی کڑھی میں ابال آنا** (مثل) بڑھاپے میں جوانوں کا سا جوش آنا وقت گزر جانے کے بعد کسی کام کرنے کا جذبہ پیدا ہونا۔

**باسی کھانا**۔ بچا ہوا کھانا۔ وہ کھانا جس پر رات گزر گئی ہو۔

**باسی منہ**۔ نہار منہ۔ ناشتہ نہ کیے ہوئے۔ صبح کچھ کھائے بغیر۔

**باشد** (با۔ شد) [ف] ہو۔ ہوا کرے۔ کچھ بھی ہو۔ پروا نہیں۔

**باشندگان** (با۔ شِن۔ دَ۔ گان) [ف۔ ا۔ مذ] باشندہ کی جمع۔

**باشندہ** (با۔ شِن۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] ساکن۔ رہنے والا۔ بسنے والا۔ (وہ شخص جو کسی شہر یا ملک کی حدود میں رہتا ہو۔ کاروبار رکھتا ہو۔ جائیداد کا مالک ہو۔ یا وہاں کے شہری حقوق رکھتا ہو۔

**باشہ** (با۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک شکاری پرندے کا نام۔

**باصِر** (با۔ صِر) [ع۔ صف] دیکھنے والا۔ بینائی رکھنے والا۔

**باصِرہ** (با۔ صِ۔ رَہ) [ع۔ صف] دیکھنے والی۔ بینائی رکھنے والی (۲) [مث] دیکھنے کی قوت۔ بینائی کی قوت۔

**باطِل** (با۔ طِل) [ع۔ صف] (۱) جھوٹ۔ بے اصل۔ غلط۔ ناحق (۲) لغو۔ بے ہودہ۔ نکما۔

**باطِن** (با۔ طِن) [ع۔ ا۔ مذ] پوشیدہ چیز۔ اندرونی حصہ۔ اندرون۔ ظاہر کی ضد۔ (۲) پیٹ۔ شکم (۳) دل۔ ضمیر

**باطِنی** (با۔ طِ۔ نی) [ع۔ صف] (۱) پوشیدہ۔ اندرونی۔ ظاہر کی ضد۔ (مذ) فرقہ باطنیہ کا پیرو۔

**باطِنیّہ** (با۔ طِ۔ نِی۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مذ] اہلِ تشیع کے فرقے کا نام جس کا لیڈر حسن بن صبّاح تھا۔ اس کے اعتقاد میں ہر شرعی امر کے ایک ظاہری معنی ہوتے تھے، دوسرے باطنی۔ یہ لوگ اپنے مخالفین کو فریب سے قتل کر دیا کرتے تھے۔ ان کو حشیشین بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ بھنگ پیا کرتے تھے (۲) [صف] باطن سے منسوب۔ باطنی۔

**باعِث** (با۔ عِث) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) وجہ۔ سبب۔ علت۔ موجب۔ (۲) حقیقت۔ اصل۔ بنیاد۔ جمع بواعث۔

**باعث کھلنا** (محاورہ) وجہ معلوم ہو جانا۔ سبب ظاہر ہونا۔

**باعث ہونا** (محاورہ) سبب ہونا۔ مصر ہونا۔

**باغ** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گلزار۔ پھلواڑی چمن۔ جہاں بہت سے درخت لگائے جائیں (۲) مجازاً آل اولاد۔ بال بچے (۳) دنیا۔ جمع باغات

**باغِ ابراہیم**۔ وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا۔ اور وہ خدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی۔ گلزارِ ابراہیم۔ گلزارِ خلیل

**باغ باڑی** (۱) پھلواڑی۔ پھولوں کا تختہ (۲) مجازاً بال بچے۔ اولاد۔

**باغ باغ**۔ نہایت خوش۔ بہت خوش و خرم۔ شاداں و فرحاں۔



Marfat.com

**باغ باغ ہونا** - بہت خوش ہونا - خوشی میں پھولے نہ سمانا -
**باغبان** - مالی - باغ کا محافظ - باغ میں پودے وغیرہ لگانے والا -
**باغبانی** (۱) باغ کی حفاظت (۲) مالی کا عہدہ (۳) وہ فن جس میں درختوں سے متعلق تعلیم دی جاتی ہے -
**باغ پیرا** - مالی - باغ کو کانٹ چھانٹ کے آراستہ کرنے والا -
**باغ خلیل** (تلمیح) دیکھیے باغ ابراہیم -
**باغ رضوان** - جنت - بہشت -
**باغ شداد** (تلمیح) باغ ارم جو شداد نے بنائی تھی مگر جس کے دروازے پر قدم رکھتے ہی وہ مرگیا تھا -
**باغ قالی** - باغ قالین (۱) وہ بیل بوٹے جو قالین پر بنے ہوئے ہوتے ہیں (۲) نمائشی - خیالی -
**باغ قدس** - بہشت - جنت -
**باغ لگانا** (۱) درخت لگانا (۲) [مجازاً] اچھے اچھے رنگین مضامین جمع کرنا - (۳) رونق دینا -
**باغ لگا نہیں - منگتوں نے ڈیرے ڈال دیے** [مثل] فصل پکی نہیں - مانگنے والے پہلے ہی آ دھمکے - کام بنا نہیں فقیر پہلے ہی خیرات لینے کے لیے آگئے ہیں -
**باغ والا** - باغ کا مالک -
**باغ و بہار** (۱) آراستہ - سجا ہوا - بارونق (۲) [مجازاً] ہنس مکھ - ظریف طبع - خوش مزاج - (۳) اردو نثر کی ایک مشہور کتاب کا نام - جو میرامن دہلوی کی تالیف کردہ ہے (قصہ چہار درویش) -
**باغات** (با - غات) [ف - ا - مذ] باغ کی جمع - عربی قاعدے سے - باغہا
**باغاتی** (با - غا - تی) [ف - صف] باغ کا - باغ سے متعلق -
**باغچہ - باغیچہ** (باغ - چہ ، با - غی - چہ) [ف - ا - مذ] باغ کی تصغیر چھوٹا سا باغ - چمن -
**باغی** (با - غی) [ع - صف - و - مذ] (۱) بغاوت کرنے والا (۲) نافرمان سرکش (۳) مخالف - منحرف - پھرا ہوا - برگشتہ -
**باغی ہونا** (۱) پھر جانا - سرکشی اختیار کرنا - بغاوت کرنا (۲) حکومت کے مخالف ہو جانا -
**باف** (ف - صف) بننے والا مرکبات میں مستعمل ہے جیسے زرباف - پارچہ باف -
**بافت** (ف - ا - مذ) بنائی - بناوٹ (۲) بہت باریک بنی ہوئی چیز (۳) تشریح جسم کی باریک رگیں - [انگ] (Tissue)
**بافتہ** (باف - تہ) [ف - صف] (۱) بنا ہوا - مرکبات میں مستعمل ہے جیسے زربافتہ (۲) [مذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) ایک قسم کے کبوتروں کا رنگ -
**بافندگی** (با - فن - دَ - گی) [ف - ا - مث] (۱) بننے کا کام (۲) بنائی - جولاہے کا پیشہ
**بافندہ** (با - فن - دہ) [ف - صف - وا - مذ] بننے والا - کپڑا بننے والا جولاہا - جمع بافندگان -

**باقر** (با - قر) [ع - صف] بہت بڑا عالم - صاحب مال کثیر - لقب ابو جعفر محمد بن علی ابن الحسین رضؓ -
**باقر خانی** - ایک قسم کی روغنی چپاتی جو مکھن دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے
**باقلا** (ع - مذ) مٹر اور لوبیا ایسی پھلیاں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں
**باقی** (با - قی) [ع - صف] بچا ہوا (۲) واجب الادا - واجب الوصول ہمیشہ موجود رہنے والا (۳) خداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام - جمع باقیات -
**باقی آنا** (محاورہ) حساب میں جمع سے خرچ مجرا کرنے کے بعد رقم باقی نکلنا
**باقی بیباق کرنا** (محاورہ) باقی چکانا - حساب بیباق کرنا - کل رقم ادا کرنا
**باقی پڑنا** (محاورہ) مال گزاری کا بیباق نہ ہونا - بقایا ذمے رہنا -
**باقی جمع** - معاملے کی رقم جو گزشتہ سالوں کے معاملے میں سے باقی ہو
**باقی دار** - جس پر کوئی مطالبہ باقی ہو -
**باقی دارد** (ف) باقی پھر سہی - ابھی باقی ہے - باقی آئندہ
**باقی غیر ممکن الوصول** (صف) وہ بقایا جس کا وصول کرنا غیر ممکن ہو -
**باقی ماندہ** - باقی بچا ہوا - باقی رہا ہوا -
**باقی نام اللہ کا** (مثل) خدا کے سوائے کوئی ہمیشہ زندہ رہنے والا نہیں اللہ تعالیٰ کے سوا سب کو فنا ہے -
**باقی نکالنا** (محاورہ) حساب میں باقی رقم ظاہر کرنا -
**باقی نکلنا** (محاورہ) مجرائی کے بعد کسی رقم کا واجب الادا رہنا -
**باقیات** (با - قی - یات) [ع - ا - مث] باقی کی جمع (۲) وہ رقمیں جو وصول نہ ہوئی ہوں (۳) بچے ہوئے - باقی ماندہ چیزیں یا لوگ -
**باقیات حساب رواں** - چلتے حساب کا بقایا -
**باقیات الصالحات** (۱) ایسے نیک کام جن کا ثواب ہمیشہ ملتا ہے رفاہِ عام کیلیے کوئی کام (۲) صدقہ جاریہ (۳) نیک اور صالح اولاد -
**باک** (ف - ا - مذ) خوف - ڈر - اندیشہ - دہشت -
**باکرہ** (با - کِ - رہ) [ع - ا - مث] دوشیزہ - کنواری لڑکی -
**باکس** (Box) [انگ - ا - مذ] بکس - صندوق - تھیٹر وغیرہ میں علیحدہ نشست گاہ (۳) سنتری یا سگنل والے کی کاٹھ کی کوٹھڑی -
**باکس آفس** (Box Office) - تھیٹر کا ٹکٹ گھر
**باکسر** (Boxer) (باک - سر) [انگ - ا - مذ] مکہ باز
**باکسنگ** (Boxing) (باک - سنگ) [انگ - ا - مث] مکے بازی (کھیل)
**باکلی** (باک - لی) [ہ - ا - مث] گھنگنی - اُبلا ہوا اناج -
**باکھ** (ہ - ا - مذ) گائے - بھینس بکری وغیرہ کے تھنوں کا اوپر کا حصہ ہوانا - کھیری - بین - شیردان
**باکھڑی** (باکھلی) (باکھ - ڑی) باکھ - لی) [ہ - ا - مث] وہ گائے بھینس بکری وغیرہ جو صرف پانچ مہینے دودھ دے کر رک جائے -
**باکھل** (با - کھل) [ہ - ا - مذ] مویشیوں کا باڑا - احاطہ -
**باگ** (ہ - ا - مث) لگام - راس - عنان -



Marfat.com

باگ اُٹھانا (محاورہ) (۱) باگ ہاتھ میں لینا (۲) (کنایتہً) گھوڑا دوڑانا روانہ ہونا۔ چل پڑنا۔

باگ پکڑائی۔ ایک غیر اسلامی رسم جب دولہا گھوڑے پر سوار ہوتا ہے تو بہنیں باگ پکڑ کر دولہا بھائی سے کچھ روپے لیتی ہیں جسے نیگ کہا جاتا ہے۔

باگ چھوڑ دینا (۱) گھوڑے کو اس کی مرضی پر جانے دینا (۲) (مجازاً) آزاد کر دینا۔ نگرانی اٹھا لینا۔

باگ ڈال دینا۔ باگ چھوڑ دینا۔

باگ ڈور۔ وہ رسی جو سائیس گھوڑے کی لگام میں ڈال کر اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ کسی کام کے کرنے کا اختیار۔

باگ ڈھیلی (چھوڑنا / کرنا) (۱) باگ کو ڈھیلا چھوڑ دینا تاکہ گھوڑا اپنی مرضی کے مطابق چلے (مجازاً) کسی شخص کو آزاد چھوڑ دینا (۳) تنبیہ نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا

باگ روکنا (۱) گھوڑا ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا۔ (۲) (مجازاً) زیادہ باتیں کرنے سے روکنا۔ تنبیہ کرنا۔

باگ سنبھالنا۔ سوار کا چلنے پہ مستعد ہونا۔

باگ کھینچنا (محاورہ) باگ روکنا۔ گھوڑا ٹھہرانا۔

باگ لینا (محاورہ) دیکھیے باگ اٹھانا۔

باگ مڑنا (محاورہ) گھوڑے کا رُخ دوسری طرف ہو جانا (۲) (مجازاً) توجہ کا دوسری طرف پھرنا (۳) چیچک کا مرجھانا۔

باگ موڑنا (محاورہ) گھوڑے کا رُخ پھیرنا (۲) گھوڑے کو موڑنا۔ (۳) (مجازاً) توجہ دُوسری طرف کرنا۔

باگ ہاتھ سے چھوٹنا (محاورہ) بے قابو ہو جانا۔ بے اختیار ہو جانا موقع ہاتھ سے جاتا رہنا۔

باگ ہاتھ سے چھوڑنا (محاورہ) لگام کو ڈھیلا کر دینا (۲) (مجازاً) انتظام سے بے پروائی کرنا (۳) تنبیہ موقوف کر دینا۔ نگہبانی ترک کر دینا

باگا (با۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دولہا کا جوڑا (۲) پوشاک خلعت (اردو میں یہ لفظ جوڑے کے ساتھ مستعمل ہے۔ جوڑے باگے)

باگڑ (با۔ گڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] ہرنوں کا گلہ

باگڑ بلا۔ باگڑ کا بلا۔ وہ پتلا جو جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں (عورتیں بچوں کو اس نام سے ڈراتی ہیں) ایک قسم کا بڑا بلا۔

باگھ [ہ۔ ا۔ مذ] شیر۔ چیتا۔ تیندوا۔

باگھ بکری ۔۔۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔

باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ (مثل) چھوٹے بڑے دونوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے (انصاف اور امن و امان کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔ باگھ کا بچہ۔ چیتے کا بچہ۔

باگھن۔ باگھنی (با۔ گھن۔ باگھ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چیتے کی مادہ۔ شیرنی

باگھی (با۔ گھی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کی وجہ سے جوڑوں پر پڑ جاتی ہے۔

باگیسری (با۔ گیس۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] ایک راگنی۔

بال [س۔ ا۔ مث] جوار باجرا یا گیہوں وغیرہ کا خوشہ۔ بالی (۲) [مذکر] بچہ۔ بالک (۳) (مذ) مُو۔ رُواں۔ رونگٹا (۴) وہ خط جو کسی صدمے سے شیشے یا چینی میں پڑ جاتا ہے۔ بہت باریک شگاف یا دراڑ (۵) مصری کلمہ

بال آنا (محاورہ) (۱) شگاف پڑ جانا۔ شیشے یا چینی میں خط پڑنا۔ دراڑ پڑنا (۲) خوشہ نکلنا (۳) بدن پر بال اگنا۔

بال اُترنا (محاورہ) (۱) بال گرنا (۲) بال مونڈے جانا۔ مونڈن ہونا۔

بال بال (۱) ہر ایک بال (۲) ذرا ذرا۔ بالکل (۳) مُو بمو۔ صاف صاف۔

بال بال بچنا (محاورہ) حادثے کی لپیٹ میں آتے آتے بچنا۔ ذرا آنچ نہ پہنچنا۔

بال بال بندھنا (جکڑنا) (محاورہ) بہت بُری طرح پھنسنا۔ بہت زیادہ مقروض ہونا

بال بال دشمن ہونا (محاورہ) ہر کس و ناکس کا دشمن ہو جانا۔ تمام زمانے کا دشمن ہو جانا۔

بال بال گج موتی پرونا۔ بال بال موتی پرونا (محاورہ) ہر بال میں موتی پرونا۔ خوب آراستہ و پیراستہ ہونا۔

بال بال گناہ گار ہونا (محاورہ) سرتاپا گناہ گار ہونا۔ بہت زیادہ گنہگار ہونا

بال بال میں موتی ہونا (محاورہ) انتہائی درجہ کا آراستہ ہونا۔

بال باندھا (محاورہ) غلاموں کی مانند (۲) بے عذر فرمانبردار۔ تابع و مطیع

بال باندھا چور (محاورہ) پورا چور۔ مشاق چور۔

بال باندھا غلام۔ نہایت تابع اور فرمانبردار غلام جو ہر کام کرنے والا

بال باندھی (کوڑی) نشانہ اڑانا (محاورہ) تیر بہدف۔ نشانہ لگانا۔ ٹھیک نشانہ لگانا (۲) ایسی احتیاط سے کام کرنا کہ خطا نہ ہو۔

بال بچوں والی۔ اولاد والی عورت۔ ماتا۔ (۲) [مجازاً] چیچک۔

بال بچے۔ بیوی بچے۔ اہل و عیال۔

بال بدھ [ہ۔ مث] لڑکپن کی عقل۔ ناتجربہ کاری۔ بچوں کی سی سمجھ۔

بال بدھوا [ہ۔ مث] نوعمر بیوہ۔ بچپن کی رانڈ۔

بال برابر (صف) ذرا سا تھوڑا سا۔ نہایت قلیل (۲) نہ ہونے کے برابر خفیف۔

بال برابر فرق نہ ہونا (محاورہ) ایک جیسا ہونا۔ معمولی سا فرق بھی نہ ہونا

بال برابر کمی نہ رکھنا (محاورہ) ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا۔

بال بکھرنا (محاورہ) بالوں کا پریشان ہونا۔ (۲) [کنایتہً] پریشان ہونا۔

بال بنانا (محاورہ) چوٹی گوندھنا۔ کنگھی کرنا۔ مانگ چوٹی کرنا۔ (۲) حجامت بنانا۔ خط بنانا۔

بال بھر (ا۔ صف) ذرا سا۔ خفیف۔

بال بھوکری (ا۔ مث) گھوڑے کا ایک نقص جس میں بالوں کی ایک خاص شکل بن جاتی ہے۔

بال بیکا نہ ہونا (محاورہ) ذرا صدمہ نہ پہنچنا۔ آنچ نہ آنا۔

بال پکنا۔ (محاورہ) بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔ (۲) خوشے کا پختہ ہونا۔

بال توڑ (ا۔ مذ) پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے۔

بال جنجال۔ بال سنگار [مثل] بال تکلیف کا باعث بھی ہیں اور خوبصورتی کا موجب بھی۔

بال جنجال پیلے تو بال۔ نہیں تو مونچھوں کو ٹال (مثل) بالوں کو اچھی طرح رکھ سکتے ہو تو رکھو ورنہ منڈوا دو۔



Marfat.com

**بال چھڑ** (۱ - مذ) ایک خوشبودار گھاس جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے سنبل الطیب۔

**بال خورہ**۔ ایک مرض کا نام جس سے بدن کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

**بال رکھنا** (محاورہ) بال بڑھانا۔

**بال دھوپ میں سفید کرنا** (محاورہ) بوڑھا ہو جانے پر بھی ناتجربہ کار رہنا

**بال ڈالنا** (محاورہ) خط ڈالنا۔ نشان ڈالنا۔

**بال سے باریک** (۱ - صف) بہت مہین۔ بہت دُبلا۔ نہایت لاغر

**بال صفا**۔ بال اُڑانے والی دوا۔

**بال کا کمل بنانا۔ بال کی کھیر بنانا** (محاورہ) چھوٹی بات کو بڑا کر کے دکھانا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

**بال کترنے سے مردہ ہلکا نہیں ہوتا** (مثل) بڑے ذخیرے میں سے تھوڑا نکال لینے سے کوئی حرج نہیں ہوتا۔ (۲) بڑی مصیبت یا بیماری میں تھوڑا سا افاقہ بھی ہو جائے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

**بال کمانی**۔ گھڑی کے اندر کی وہ کمانی جو نہایت ہی باریک ہوتی ہے۔ چھوٹا سا سپرنگ۔

**بال کھچڑی ہونا** (محاورہ) سیاہ بالوں میں سفید بالوں کا آجانا۔

**بال کھڑے ہونا** (محاورہ) رونگٹے کھڑے ہونا۔ خوف لگنا۔ ڈر معلوم ہونا

**بال کی کھال نکالنا** (۱) بہت باریکی نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص ڈھونڈنا

**بال گوپال** (۱) لڑکے بالے۔ بال بچے (۲) چیلے چانٹے۔ مُرید

**بال لینا**۔ استرہ لینا۔ مونڈنا۔ نہار کا مونڈنا۔ پاکی لینا۔

**بال ہتیا** (۱) بچوں کا قتل۔ (۲) حمل گرانا۔

**بال ہٹ**۔ بچوں کی ضد۔

**بال** (۱) پرندوں کے بازو (۲) پر

**بال و پر نکالنا** (۱) اُڑنے لگنا۔ اُڑان بھرنا۔ پرواز کرنا (۲) شرارت کرنا پر پُرزے نکالنا۔ چالاکی کرنا۔ بدمعاشی کرنا۔ (۳) مخالفت کرنا۔ مقابلے پر آنا۔

**بال و پر نکلنا**۔ (۱) اُڑنے کے قابل ہونا۔ ہوش سنبھالنا (۲) شریر ہونا۔ فتنہ انگیز ہونا۔

**بال** (Ball) [انگ - ا - مث] (۱) گیند (۲) اُون یا سوت کا گولہ (۳) گولی (بندوق وغیرہ کی) مجلس رقص

**بال بیرنگ** (Ball-Bearings) وہ دھرا جس میں رگڑ کم کرنے کے لئے گولیاں لگادی جاتی ہیں۔

**بال روم** (Ball Room) ناچ گھر۔

**بالا** (با۔لا) [ہ - ا - مذ] (۱) بڑی بالی۔ کان میں پہننے کا ایک زیور (۲) ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کے پودوں میں لگ جاتا ہے۔ (۳) بچہ (لڑکا کے ساتھ۔ لڑکے بالے)

**بالا بھولا** (۱) معصوم بچہ۔ وہ لڑکا جو مکر و فریب نہ جانے (۲) سیدھا سادا۔ بے ریا (۳) سید سالار مسعود غازی کا لقب۔

**بالا** (با۔لا) [ف - ا - مذ] (۱) اوپر کا حصہ۔ چوٹی (۲) قد و قامت۔ (صف) اونچا۔ بلند (۳) فاعل فعل) اوپر۔ اوپر لکھا ہوا۔

**بالا بالا**۔ اوپر ہی اوپر۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ پوشیدہ۔ بے اطلاع۔

**بالا بتانا** (۱) اوپری اوپر ٹالنا۔ بہانا کرنا۔ فریب دینا۔

**بالا بَر**۔ انگرکھے کا بڑھا ہوا دامن۔ اوپر کا دامن۔

**بالا پن** (با۔لا۔پن) [ہ - ا - مذ] بچپن۔

**بالا پوش**۔ لحاف۔ غلاف۔ پلنگ پوش (۲) وہ کپڑا جو لحاف یا توشک کے اوپر ڈالا جاتا ہے (۳) اوور کوٹ۔ سب سے اوپر پہننے کا چغہ

**بالا خانہ**۔ مکان کے اوپر کا کمرہ۔ چوبارہ۔ اٹاری۔ طواف کا کوٹھا

**بالا تر** (ف - صف) بڑے اونچے مرتبے والا۔ بہت اونچا۔

**بالا تنگ** (ف - مذ) گھوڑے کی کاٹھی کے اوپر کسا جانے والا تنگ

**بالا جوبن** (ہ - مذ) اٹھتی جوانی۔ نئی جوانی۔

**بالا دست**۔ زبردست۔ با اختیار۔ اعلیٰ و حاکم وغیرہ

**بالا دستی** (ف - مث) کسی پر اختیار ہونا۔

**بالائی** (با۔لا۔ئی) [ف - صف] (۱) اوپری۔ سطحی۔ (۲) فاضل۔ فالتو (۳) (مث) پکے ہوئے دودھ پر جمی ہوئی تہ۔ ملائی۔

**بالائی آمد۔ بالائی آمدنی۔ بالائی یافت** (ف - ا - صف) تنخواہ کے علاوہ اوپر کی آمدنی۔ رشوت۔ کمیشن۔

**بالائی باتیں** (۱ - مث) فضول باتیں۔ ادھر اُدھر کی باتیں۔

**بالائی مزے** (۱) چوری چھپے کے لطف (۲) بوسہ بازی۔ مساس بغل گیری (جو جماع پر منتج نہ ہوں)

**بالائے طاق رکھنا**۔ بھلا دینا۔ دھیان نہ دینا۔ خیال نہ رکھنا فراموش کر دینا۔

**بالائے طاق ہونا** (۱) دفع ہونا۔ دُور ہونا (۲) بھولنا۔ خیال نہ رہنا۔ دھیان نہ کرنا۔

**بالا و پست** (ف - صف) اونچ۔ نیچ۔ نشیب و فراز۔ آسمان و زمین۔

**بالا دینا**۔ دیکھئے بالا بتانا۔

**بالا نشین** (۱) صدر نشین۔ میر مجلس (۲) کرسی نشین۔ معزز۔ صاحب حیثیت

**بالائے بام** (ف - مذ) کوٹھے پر۔ چھت پر۔

**بالٹی** (بال۔ٹی) [رہ - ا - مث] ٹین، جست یا لوہے کا ڈول۔

**بالش** (با۔لش) [ف - ا - مذ] تکیہ۔ مسند۔ سرہانہ۔

**بالشت** (با۔لشت) [ف - ا - مذ] بارہ انگل کا پیمانہ۔ کھلے ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیاں کی نوک تک کا فاصلہ۔ ۹ انچ چار گرہ کا فاصلہ

**بالشتیا** (با۔لش۔تِ۔یا) [اُر - ا - مذ] بالشت کے برابر آدمی۔ بونا۔ پست قد

**بالشوزم** (Bolshevism) (بال۔شِو۔اِزم) [انگ - ا - مث] روسی کمیونسٹوں کی تحریک۔

**بالشوِک** (Bolshevik) (بال۔شے۔وک) [انگ - ا - مذ] انقلاب پسند۔ (سیاسی) انتہا پسند روسی کمیونسٹ پارٹی کا رکن۔

**بالِغ** (با۔لِغ) [ع - ا - مذ] (۱) پہنچا ہوا۔ پورا۔ (۲) جوان۔ سیانا۔ اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا (۳) ہوشیار۔ تجربہ کار۔ جمع۔ بالغان۔

**بالغ نظر**۔ ذہین۔ سمجھ دار۔ تجربہ کار۔ حقیقت کو جاننے والا۔



Marfat.com

**بالغہ** (با۔ لِ۔ غَہ) [ع۔ ا۔ مث] جوان عورت۔ پُوری عورت۔ جوانی کو پہنچی ہوئی عورت۔

**بالغہ بالسِّن** (ع۔ ا۔ صف۔ مث) عمر کے لحاظ سے بالغ عورت پندرہ سال کی عورت خواہ جسم کے لحاظ سے چھوٹی ہو۔

**بالغہ بالعلامات**۔ علامات اور نشانیوں کی رو سے بالغ عورت۔ یعنی وہ لڑکی جس کی عمر پندرہ سال کی نہ ہوئی ہو مگر حیض وغیرہ علامات بلوغت اس سے پیشتر ہی پائی جائیں۔

**بالک** (با۔ لَک) [س۔ ا۔ مذ] (۱) بچہ۔ بالا۔ (۲) کم عمر۔ نادان۔

**بالکا** (بال۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] جوگی کا چیلا۔ مُرید۔ شاگرد۔ بچہ

**بالکپن** (بالک پن) [ہ۔ ا۔ مذ] بچپن۔ لڑکپن۔ طفلی (۲) نادانی کی بات

**بالک جانے ہیا مانس جانے کیا** (ہ۔ مثل) بچہ محبت کو پسند کرتا ہے اور انسان کام سے نتیجہ نکالتا ہے۔ بچے سے جو محبت کرتا ہے اسے اچھا سمجھتا ہے اور تجربہ کار آدمی کسی کے کام کو دیکھ کر نتیجہ نکالتا یا رائے قائم کرتا ہے۔

**بالکونی** (بال۔ کو۔ نی) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) شہ نشین بالا خانے کا برآمدہ (۲) نشستوں کی وہ قطار جو شہ نشینوں پر ہو۔ (سینما وغیرہ میں) (Balcony)

**بالگیر** (ف۔ ا۔ مذ) بار گیر کا بگاڑ۔

**بالم۔ بالما** (با۔ لم) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خاوند۔ شوہر (۲) عاشق (۳) معشوق محبوب

**بالم کھیرا**۔ بڑا کھیرا جو اکثر برسات میں ہوتا ہے۔

**بالمیک۔ والمیک** (ہ۔ مذ) راماین کا مصنف۔ سنسکرت یا ہندی کا مشہور شاعر۔

**بالمیکی** (ہ۔ مذ) بالمیک کا پیرو کار (۲) اچھوت۔ بھنگی

**بالن** (ہ۔ مذ) ایندھن۔

**بالنگو** (با۔ لَن۔ گو) [ف۔ ا۔ مذ] ایک دوا۔ بادرنگ۔ تخم لنگا۔

**بالو** (با۔ لُو) [ہ۔ ا۔ مذ] ریت۔ ریگ (۲) بھٹے کے وہ ریشے جو ڈاڑھی کی طرح ہوتے ہیں۔

**بالو بُرد** (ہ۔ ف۔ مذ) وہ زمین جو دریا کی طغیانی کے باعث ریت میں چھپ گئی ہو

**بالوشاہی** (اُر) ایک قسم کی مٹھائی

**بالی** (با۔ لی) [ہ۔ صف] (۱) چھوٹی۔ کم سن (۲) [مث] چھوٹی بچی (لڑکی کے ساتھ) لڑکی بالی (گندم وغیرہ کا خوشہ۔ بال۔

**بالی عمریا**۔ لڑکپن کی عمر

**بالی** (با۔ لی) [س۔ ا۔ مث] کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ

**بالیدگی** (با۔ لی۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) افزائش۔ بڑھوتری (۲) روئیدگی۔

**بالیدہ** (ف۔ صف) خوش۔ بڑھا ہوا۔ نمودار۔ روئیدہ۔ جوش سے پُر۔

**بالین** (با۔ لین) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) تکیہ (۲) سرہانا (پائینتی کی ضد)

**بام** [ہ۔ ا۔ مث] سانپ کی شکل کی مچھلی۔

**بام** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھت کے اوپر کا حصہ۔ بالاخانہ۔ کوٹھا۔ بالائی منزل۔ (۲) صبح۔ سویرا۔

**بام داد۔ بام دادان** (۱) صبح سویرا (۲) صبح کو۔ صبح کے وقت۔ صبح سویرے

**بام** (Balm) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) مرہم (۲) خوشبودار پانی، جو بعض درختوں سے نکلتا ہے اور طبی خواص رکھتا ہے۔

**بامِ گردوں** (ف۔ ا۔ مذ) آسمان کی چھت۔ مجازاً آسمان۔

**بامِ مسیح** (ف۔ مذ) چوتھا آسمان۔

**بامِ نہم** (ف۔ مذ) نواں آسمان۔ عرش۔

**بامن** (با۔ مَن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بونا۔ ٹھگنا (۲) وِشنو کا پانچواں اوتار۔ (۳) برہمن۔

**بامن منتری بھاٹ خواص، اس لجہ کا ہوئے ناس** (مثل) جس راجا کا وزیر براہمن اور بھاٹ دوست ہو اس کی حکومت کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ اچھے صلاح کار نہیں ہوتے۔

**بامنی** (با۔ م۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھپکلی کی شکل کا ایک خوش رنگ چمکیلا کیڑا (۲) کنول کے پھول کا زرد زیرہ (۳) بامن کی عورت پنڈتانی

**بان** (ف) اسم کے آخر میں آ کر محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے۔ (جیسے فیلبان۔ نگہبان) ہندی میں اس کا متبادل "وان" ہے۔

**بان** [ہ۔ ا۔ مث] عادت۔ خُو۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۲) [مذ] جوار۔ مد۔ جزر اور بھاٹا کی ضد (۳) ہندوؤں میں شادی سے پہلے دولہا دلہن کی ایک رسم (۴) تیر۔ راکٹ۔ ہوائی (۵) مونج وغیرہ کی رسی جس سے چارپائی بنتے ہیں۔

**بان** (ع۔ مذ) ایک خوشبودار درخت جو عرب میں ہوتا ہے۔ اس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔ (۲) بید مشک۔

**بانا** (با۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) لباس۔ پوشاک (۲) وضع۔ روپ۔ بہروپ (۳) عادت۔ سبھاؤ (۴) وہ تار جن سے کپڑے بنتے ہیں (۵) ایک قسم کا ہتھیار۔

**بانا باندھنا** (محاورہ) مسلح ہونا (۲) تیار ہونا (۳) پکا ارادہ کرنا۔ ٹھان لینا کسی کام میں بے نظیر اور لاثانی ہونے کا دعویٰ کرنا۔

**بانات** (با۔ نات) [اُر۔ ا۔ مث] ایک قسم کا موٹا گرم اونی کپڑا۔

**بانبی** (بان بی) [ہ۔ ا۔ مث] سانپ کا بِل۔ سانپ کے رہنے کا سوراخ

**بانٹ** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تقسیم۔ حصہ۔ بٹوارا (۲) خارج قسمت۔ حاصل قسمت (۳) دودھ نکالنے کے وقت چوپائے کے آگے رکھنے کا چارہ

**بانٹ چونٹ کر۔ دے دلا کر**۔ تقسیم کر کے۔

**بانٹنا** (بانٹ۔ نا) [ہ۔ مص] تقسیم کرنا۔ حصہ لگانا۔ بخرہ کرنا۔

**بانجھ** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو (۲) بنجر زمین کلر۔ شور (۳) [مذ] ایک پہاڑی درخت کا نام جس کے پھل کی گٹھلیاں بعض ہندو بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رکھنے کیلئے ڈالتے ہیں

**بانجھ کیا جانے پرسوتی کی پیڑ** (مثل) جو تکلیف خود نہ اٹھائی ہو اس کو کوئی دوسرا نہیں سمجھ سکتا۔

**بانچنا** (بانچ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) بغور دیکھنا۔

**باندا** (بان۔ دا) [ہ۔ مذ] زرد رنگ کی وہ بیل جو دوسرے درختوں پر



Marfat.com

پیدا ہو کر انہیں تباہ کر دیتی ہے آکاس بیل

**باندھ** [ہ۔ا۔مث] (۱) بندش۔ روک (۲) قید (۳) پشتہ۔ بند۔

**باندھ رہے موئے تو مہنگ کی پرچی، میری بیٹی کاتے تو ککڑی** (مثل) اپنی نہایت معمولی چیز کی بے حد تعریف کر کے اسے ٹھکانے لگانا۔

**باندھ رکھنا** (محاورہ) قید کر کے رکھنا۔ زبردستی روک رکھنا۔

**باندھنا** (باندھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بندش کرنا۔ کسنا (۲) گرہ لگانا (۳) لگانا (۴) لپیٹنا۔ تہ کرنا (۵) مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ شرط لگانا (۶) التزام لگانا۔ پکڑنا۔ گرفتار کرنا (۷) اثر کھونا۔ باطل کرنا (۸) عقد کرنا۔ نکاح کرنا پابند کرنا (۱۰) بال گوندھنا (۱۱) لگانا۔ ذمے ڈالنا (۱۲) جوڑ ملانا (۱۳) لکھنا۔ بیان کرنا (۱۴) جمانا۔ بٹھانا (۱۵) تجویز کرنا (۱۶) گھیرنا۔ احاطہ کرنا (۱۷) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔

**باندھنوں** (باندھ۔نوں) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بندش کی گرہیں جو اکثر رنگریز مختلف رنگوں کے لیے ڈورے سے باندھتے ہیں (۲) تہمت۔ بہتان۔ الزام (۳) ارادہ۔ قصد (۴) خیال۔ تصور۔

**باندی** (باں۔دی) [ہ۔ا۔مث] لونڈی۔ کنیز۔ چھوکری۔

**باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو باندی ہوئی** (مثل) نوکرانی مالک کے منہ لگ کر رانی بن گئی اور بیوی کی اس کے سامنے کچھ پیش نہ چلی (یہ مثل اس وقت کہی جاتی ہے جب نوکر، مالک کی نگاہ میں عزت پا کر گھر والوں سے زیادہ مقرب ہو جائے)۔

**باندی کے آگے باندی مینہ گئے نہ آندھی** (مثل) کمینے دولت مند یا حاکم نوکروں کی قدر نہیں کرتے کمینے لوگوں کی خدمت مصیبت ہے

**بانڈ** (Bond) (انگ۔ا۔مذ] (۱) معاہدہ۔ اقرار نامہ (۲) بندش۔ دستاویز۔

**بانڈا** (باں۔ڈا) [ہ۔صف۔وا۔مذ] (۱) ٹیڑھی ٹانگوں والا (۲) کبڑا دم کٹا سانپ۔

**بانڈی** (باں۔ڈی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی۔ سونٹی (۲) ایک قسم کا لباس۔

**بانڈی باز** (۱) بانڈی سے لڑنے والا۔ لٹھ باز (۲) فسادی جھگڑالو۔

**بانڈی چلنا**۔ مار کٹائی ہونا۔ لڑائی ہونا۔ لاٹھی چلنا۔

**بانس** [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک لمبا اور پتلا گرہ دار درخت جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے (۲) اس کی لکڑی (۳) سوا تین گز کا پیمانہ جس سے کھیتوں کو ناپتے ہیں۔

**بانس پر چڑھانا** (۱) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا (۲) تعریف کرنا۔ مشہور کرنا

**بانس پر چڑھنا**۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔

**بانس پر چڑھے کر کھائے**۔ جو شخص بے حیائی اختیار کرے، وہ مزے میں رہتا ہے۔

**بانس واڑی**۔ بانسوں کا جنگل

**بانسوں اچھلنا / کودنا** (۱) غصے یا خوشی کی حالت میں کودنا۔ (۲) خوشی منانا۔

**بانسوں پانی ہونا**۔ دریا وغیرہ کا انتھاہ ہونا۔

**بانسا** (باں۔سا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی (۲) ریڑھ کی ہڈی (۳) بانس کی قسم کا ایک درخت جس کے پتوں سے سرخ رنگ نکالتے ہیں (۴) بانس کی نلکی جس کے ذریعے چکی میں اناج ڈالتے ہیں۔

**بانسا پھر جانا** (محاورہ) بانسا ٹیڑھا ہو جانا۔ (جو موت کی علامات میں سے ایک علامت سمجھی جاتی ہے)

**بانسری۔ بانسلی** (بانس۔ری)۔ (بانس۔لی) [ہ۔ا۔مث] نے۔ مرلی۔ ایک قسم کا منہ باجا۔

**بانسی** (باں۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ہلکی قسم کا نرسل جس سے حقے کے نیچے بناتے ہیں (۲) ایک قسم کا پتھر۔

**بانک** [ہ۔ا۔مث] (۱) خمیدگی۔ ٹیڑھا پن (۲) خطا۔ جرم۔ شرارت۔ (۳) خنجر کٹار۔ جس کا پھل خمدار ہوتا ہے (۴) ایک دھار دار آلہ جس سے بانس اور گنا وغیرہ کاٹتے ہیں۔ یہ نعل کی شکل کا ہوتا ہے (۵) کلائی دھنک (۶) ایک زیور جو ہندو عورتیں پاؤں میں اور مسلمان بازو میں پہنتی ہیں (۷) ایک قسم کی چوڑی (۸) دریا کا گھماؤ۔ ندی کا موڑ۔ گاڑی کے پہیے کے بیرونی طرف کی ایک ٹیڑھی اور لمبی لکڑی جو پہیے کو گاڑی میں روکے رکھتی ہے (۱۰) فنون سپہ گری کی ایک قسم کی ورزش

**بانک بگڑنا** (محاورہ) بنا بنایا کام خراب ہونا (۲) رانڈ ہونا۔

**بانک پٹا** (ا۔مذ) لکڑی کے بنے ہوئے خنجر یا تلوار سے محرم کے دنوں میں کھیلتے ہیں۔

**بانک کا چھلا** (ا۔مذ) ایک قسم کا ٹیڑھا چھلا جو سینگ یا ہڈی وغیرہ سے بناتے ہیں۔

**بانکا** (باں۔کا) [ہ۔صف] (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) البیلا۔ رنگیلا۔ وضعدار (۳) دلیر۔ بہادر [مذ] لچا۔ شہدا۔ نڈر۔ آزاد۔

**بانکا چھیلا** (ا۔صف) خوش وضع۔ طرحدار۔ (۲) معشوق۔

**بانکپن** (بانک۔پن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ٹیڑھا پن۔ خمیدگی (۲) البیلا پن۔ ناز و ادا۔ وضعداری جو خود نمائی کے ساتھ ہو (۳) سرکشی۔ شہد پن۔ لچر پن

**بانکڑی** (بانک۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی لیس جو کھجور کے کی طرح ہوتی ہے۔

**بانکی** (باں۔کی) [ہ۔صف] بانکا کی تانیث۔

**بانکی ادا**۔ انداز معشوقانہ۔

**بانکی چتون** (ا۔صف۔مث) نگاہ شوخ۔ نگاہ ناز۔ شوخ نظر۔

**بانکیا** (باں۔کِ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] تانبے یا پیتل کا باجا جو جنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے۔

**بانگ** [ف۔ا۔مث] (۱) آواز۔ صدا (۲) اذان۔ نماز کا بلاوا (۳) مرغ کی آواز۔ مرغ کی اذان۔

**بانگ جرس**۔ گھنٹی کی آواز۔

**بانگ درا**۔ قافلے کی رخصت کے وقت گھنٹی کی آواز۔ علامہ اقبال کی ایک کتاب کا نام۔



Marfat.com

بانگ دینا (۱) آواز دینا۔ پکارنا۔ (۲) اذان دینا
بانگا (بان۔ گا) [ہ۔ا۔ مذ] کپاس۔ کپاس کا پودا۔
بانگر (بان۔ گر) [ہ۔ا۔ مذ] اونچی ہموار زمین۔ کھادر کی ضد۔
بانگڑو (بانگ۔ ڑو) [ہ۔ صف] بے وقوف۔ احمق۔ بے تمیز۔
بانگی (بان۔ گی) [ا۔ا۔ مذ] بانگ دینے والا۔ اذان دینے والا موذن۔
بانگی (بانْ۔ گی) [ہ۔ا۔ مث] نمونہ
بانگی دینا۔ نمونہ دکھانا
بانو (با۔ نو) [ف۔ا۔ مث] بیگم۔ بیوی۔ شہزادی۔ خاتون۔ ملکہ۔
بانوا (بان۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] ایک قسم کا آبی پرند۔
بانوے (بان۔ وے) [ہ۔ صف] نوّے اور دو (۹۲)
بانھ (ہ۔ا۔ مث) (۱) بازو (۲) کنایۃً وسیلہ۔ سہارا۔ رفیق۔ مددگار (۳) آستین (۴) حقیقی بھائی (۵) ضامن۔ کفیل (۶) طاقت۔ زور۔ قوت
بانھ پکڑنا (۱) مدد کرنا۔ دستگیری کرنا۔ سہارا دینا۔ مدد کرنا۔
بانھ ٹوٹنا (۱) بازو ٹوٹ جانا (۲) پنکھ اکھڑ جانا (۳) مددگار مر جانا (۴) بھائی کا مر جانا۔
بانھ دینا (محاورہ) کسی کی مدد کرنا۔ سہارا دینا۔
بانھ گہے کی لاج۔ دستگیری کی شرم۔ حمایت کا پاس۔
بانھیں چڑھانا (۱) آستینیں چڑھانا۔ آستینیں اٹھانا (۲) لڑنے کی تیاری کرنا۔
بانی (با۔ نی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) آواز۔ صدا (۲) بول چال (۳) وعظ تقریر (۴) فقیروں کی صدا (۵) اصول (۶) رباعی طرز کے ہندی گیت (۷) قول۔ مقولہ (سنسکرت لفظ "وانی" کا بگاڑ)
بانی (با۔ نی) [ع۔ صف وا۔ مذ] (۱) بنیاد رکھنے والا (۲) شروع کرنے والا۔ موجد۔
بانیِ جفا/ستم [ع۔ ف۔ صف] ظالم۔ سفاک (۲) معشوق۔
بانیِ فساد۔ فسادیوں کا سرغنہ۔ مفسد۔ فسادی۔ فساد برپا کرنے والا
بانیِ کار (۱) کام کا موجد (۲) بہت چالاک اور ہوشیار۔ فساد کی جڑ (۳) تیز آدمی۔ کسی کام کی ابتدا کرنے والا۔
بانی مبانی (ا۔ مذ) اصل ذمہ دار۔ اصل باعث۔ وجہ سبب
بانی (ہ۔ مث) (۱) صدا۔ آواز (۲) تقریر۔ بیان۔ بات (۳) گیت (۵) ساخت۔ بناوٹ (۶) کپڑا بنانے کا دھاگا (۷) ایک زرد رنگ کی مٹی جسے کمہار کچے خشک برتنوں پر پکانے سے پہلے پھیرتے ہیں۔
باوا (با۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) باپ۔ بابا (۲) فقیر (۳) گرو (۴) سردار
باوا آدم۔ حضرت آدمؑ۔ نسل انسانی کے مورث اعلیٰ۔ ابوالبشر
باوا آدم نرالا ہونا۔ نیا انداز ہونا۔ سب سے الگ ڈھنگ ہونا۔ سب سے جدا کام کرنا۔ کسی سے تعلق نہ ہونا۔
باوا بھلا نہ بھیا۔ سب سے بھلا روپیا۔ دیکھیے "باپ بھلا نہ بھیا"
باوا کا۔ موروثی۔ ذاتی۔ جدی۔

باوجود (ف) اگرچہ۔ باوصف۔
باوَر (با۔ وَر) [ف۔ا۔ مذ] یقین۔ بھروسا۔ اعتماد۔ اعتبار۔
باورا (ہ۔ صف) پاگل۔ دیوانہ۔ باؤلا۔
باور کرنا۔ یقین کرنا۔ مان لینا۔ اعتماد کرنا۔
باورچن۔ باورچنی (با۔ ور۔ چن) (با۔ ور۔ چ۔ نی) [ا۔ا۔ مث] باورچی کی تانیث۔ کھانا پکانے والی عورت۔ باورچی کی بیوی۔
باورچی (با۔ ور۔ چی) [ف۔ ت۔ا۔ مذ] کھانا پکانے والا۔ رسوئیا۔ طباخ
باورچی خانہ۔ مطبخ۔ رسوئی۔ کھانے پکانے کی جگہ۔
باورچی گری۔ کھانا پکانے کا فن۔ کھانا پکانے کا پیشہ۔
باوگ (با۔ وگ) بیج بونے کا وقت۔
باون (با۔ وَن) [ہ۔ صف] بچاس اور دو (۵۲)
باون بیر (۱) باون بہادر (۲) فطری۔ فتنی۔
باون تولے پاؤ رتی (امثال) جیسے کا تیسا۔ بجنسہٖ۔ جوں کا توں۔ ٹھیک و درست۔ عمدہ۔
باون گز کا (۱) لمبا۔ طویل۔ دراز قامت (۲) فسادی۔ شریر۔
باہ (ع۔ا۔ مث) قوت مردمی۔ قوت جماع۔
باہ (ہ۔ا۔ مذ) معاملہ۔ واسطہ۔ تعلق۔ کام۔
باہا (با۔ ہا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) پانی نکلنے کا راستہ۔ نالی۔ نہر۔ (۲) وہ برتن جس میں گنے پیلتے وقت رس گرتا ہے۔
باہر (با۔ ہر) [ع۔ صف] روشن۔ واضح۔ صاف صاف (اردو میں ظاہر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
باہر (با۔ ہَر) [ہ۔ تابع فعل] (۱) بیرون۔ خارج۔ اندر کی ضد۔ کھلے میدان میں۔ کھلی ہوا میں (۲) پردیس میں۔ سفر میں (۳) [صف] علاحدہ۔ جدا۔ خارج
باہر باہر (۱) بالا بالا۔ اوپر ہی اوپر (۲) دور دور۔ الگ الگ۔
باہر بھیتر۔ اندر باہر۔
باہر جانا (۱) سفر کو جانا (۲) پاخانے جانا (۳) احاطے سے نکل جانا۔
باہر سدھارنا۔ گھر سے باہر جانا۔ پردیس جانا۔
باہر کا (۱) اجنبی۔ غیر (۲) دیہاتی۔
باہر کا اٹھنے بیٹھنے والا۔ مردوں میں نشست و برخاست رکھنے والا
باہر کرنا (۱) نکال دینا۔ خارج کرنا (۲) چھوڑنا۔ قطع تعلق کرنا۔
باہر کی پھرنے والی۔ پردے سے نکلنے والی۔ گلی بازار میں بے پردہ نکلنے والی عورت۔
باہر کی ہوا لگنا (محاورہ) خارجی اثر قبول کرنا۔ (۲) کنایۃً آوارہ ہونا۔
باہر کے پھرنے والے (مجاز) نوکر چاکر۔
باہر کے کھائیں گھر کے گائیں۔ باہر کے کھائیں گھر کے گیت گائیں (امثال) غیروں کو فیض ہو اور اپنے محروم رہیں۔ محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اٹھائے
باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کرموں کی ماری۔ باہر میاں صوبے دار۔ گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (امثال) میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں اور بیوی نصیبوں کو رو رہی ہے۔ اس موقع پر بولتے



Marfat.com

ہیں جب کوئی اپنی حیثیت سے زیادہ ٹھاٹھ کرے۔
**باہر نکلنا** ۔ (محاورہ) گھر سے برآمد ہونا (۲) پردیس جانا۔
**باہر والا** (۱) ہوٹل یا چائے خانہ کا ملازم جو باہر چائے وغیرہ لے کر جائے (۲) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور
**باہری باہر** ۔ دیکھیے باہر باہر۔
**باہرا** (باہ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی کا ڈول لیتا ہے۔
**باہم** (با۔ ہم) [ف۔ تابع فعل] ساتھ۔ ساتھ۔ یکجا۔ بالاتفاق۔ آپس میں
**باہم دگر** ۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ آپس میں۔
**باہمی** (با۔ ہ۔ می) [ف۔ صف] آپس کا۔ ساتھ کا۔
**باہن** (با۔ ہن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) گاڑی چھکڑا۔ (۲) پہیئے کا نشان۔ (۳) جوتی ہوئی زمین جس میں ابھی بیج نہ بکھیرا گیا ہو۔
**باہنا** (باہ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھیلانا۔ کھولنا (۲) ہل چلانا۔ تخم ریزی کرنا۔ بونا۔ (۳) محنت کرنا (۴) پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا (۵) کنگھی کرنا۔ گھسانا۔ داخل کرنا۔
**بائب** (با۔ اب) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ سمت جو اتر پچھم کے کونے میں ہے (۲) بے اثر کلام (۳) کسی چیز کا نشانے پر پہنچنا (کم) [صف] عجیب حیرت انگیز (۵) علیحدہ۔ جدا۔
**بائع** [با۔ اع] [ع۔ صف، وا۔ مذ] بیع کرنے والا۔ بیچنے والا۔ جمع بائعین۔ بائعان۔
**بائن** (با۔ ان) [ع۔ صف] جدا کر دینے والی۔ ایسی طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے۔ رجعی کی ضد
**باؤ** (با۔ او) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ہوا۔ باد (۲) گھمنڈ۔ غرور (۳) گوز۔ پاد (۴) آتشک
**باؤ آنا** ۔ ریح خارج ہونا۔
**باؤ باندھنا** ۔ ہوا باندھنا۔ خوشامد کر کے اپنا مطلب نکالنا۔
**باؤ بندی** (۱) خیال باطل۔ مبالغہ آرائی۔ بے اصل بات (۲) فریب۔ دھوکا۔
**باؤ بھڑکنا** ۔ سودائی ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ بکواس کرنا۔ لڑنا۔
**باؤ بھک** ۔ باؤ بھک۔ باتونی۔ یاوہ گو۔ ادھر ادھر کی ہانکنے والا۔
**باؤ پر آجانا** ۔ مغرور ہو جانا۔
**باؤ ڈنڈی پھرنا** ۔ واہی تباہی پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔ آوارہ پھرنا
**باؤ سرنا** ۔ پاد آنا
**باؤ شول** ۔ درد ریح
**باؤ کھمبا** ۔ ایک دوا کا نام۔
**باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا** (۱) نہایت اترانا۔ بے حد ناز سے چلنا (۲) جلد باز ہونا۔
**باؤ گولا** ۔ وہ درد جو تلی میں ہوا بھر جانے سے ہوتا ہے۔ درد قولنج
**باؤ بتاس** [با۔ او۔ ب۔ تاس] [ہ۔ ا۔ مث] مصیبت۔ آفت۔ بلا۔ تکلیف۔

**باؤٹا** (با۔ او۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جھنڈا۔ پھریرا۔ (۲) ایک قسم کا زیور جسے ہندو عورتیں ہاتھ پر پہنتی ہیں۔
**باؤٹا اڑانا** (۱) جھنڈا بلند کرنا (۲) بھڑاس نکالنا۔ خوب پیٹنا۔
**باوڑی** (با۔ او۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] باؤلی۔ بڑا کنواں۔
**باؤلا** [ہ۔ صف] دیوانہ۔ پاگل۔
**باؤلا کتا** (۱) دیوانہ کتا (۲) وہ آدمی جو خواہ مخواہ دوسروں کو ایذا پہنچائے
**باؤلی** [ہ۔ صف]۔ دیوانی۔
**باؤلی کھاٹ کے باؤلے پائے۔ باؤلی رانڈ لے جائے** (مثل) ایک جیسے ہیں۔
**باؤلی** (با۔ او۔ لی) [ف۔ ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ پرند جس کے ذریعے پرندوں کو شکار کرنے کی مشق کرائی جاتی ہے (۲) فریب۔ چال۔ جھانسا
**باؤلی** (با۔ او۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] بڑا۔ پکا کنواں جس میں سیڑھیاں بنی ہوئی ہیں (۲) پاگل عورت۔
**باؤلی بتانا** (۱) جھانسا دینا (۲) اشتعال دینا۔
**باؤلی دینا** ۔ اشتعال دینا۔ ہمت بڑھانا۔ شکاری پرند کو کسی دوسرے پرند پر جھپٹنے کی مشق کرانا۔
**باؤنی** (با۔ او۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] بیج بونے کا وقت۔
**بائی** (با۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) مہارانی۔ رانی۔ بیگم (۲) بہن۔ ہمشیر (۳) گانے والی عورت (۴) ریح۔ باد (۵) اینٹھن۔ تشنج (۶) سرسام
**بائے برنگ** (با۔ اے۔ ب۔ رنگ) [ہ۔ ا۔ مث] دیکھیے بابرنگ
**بائیس** (با۔ ایس) (ہ۔ صف) بیس اور دو (۲۲)
**بائیسکل** (Bicycle) (با۔ ای۔ س۔ کل) [انگ۔ ا۔ مث] سائیکل ایک قسم کی دو پہیا گاڑی جو پاؤں کی حرکت سے چلتی ہے۔
**بائیسی** (با۔ ای۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] بہت بڑی شاہی فوج (جو کہ بائیس صوبوں میں سے چنی گئی ہو) (۲) بائیس ہزار فوج کی سپہ سالاری۔ بڑی سپہ سالاری۔ بڑی کمان۔
**بائیسی ٹوٹنا** ۔ پورے زور سے حملہ کرنا۔ پوری فوج سے کر یلغار کرنا۔
**بائیکاٹ** (Boycott) (با۔ ای۔ کاٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] قطع تعلق۔ مقاطعہ۔ حقہ پانی بند (کرنا)
**بائیکاٹ کرنا** ۔ قطع تعلق کرنا۔ مقاطعہ کرنا۔ تجارتی یا معاشرتی تعلقات سے خارج کرنا۔
**بائیں** (با۔ ایں) [ہ۔ صف] بایاں کا مونث۔ الٹی۔ کھبی۔
**بائیں آنکھ پھڑکنا** ۔ بائیں آنکھ کے پپوٹے میں خود بخود حرکت ہونا جو بدشگونی سمجھی جاتی ہے۔
**بائیں بائیں کرنا** (محاورہ) شور مچانا۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔
**بائیں طرف** ۔ چپ کی سمت۔ الٹے ہاتھ کی جانب۔
**بائیں ہاتھ سے رکھوا لینا** (محاورہ) زبردستی لے لینا۔
**بایاں** (با۔ یاں) [ہ۔ صف]۔ الٹا۔ کھبا۔ چپ (مذ) وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔
**بایاں بازو** (۱۔ صف) (۱) الٹا بازو (۲) (سیاست) حزب مخالف۔



Marfat.com

**بایاں بولنا۔** تیتر کا بائیں رُخ بولنا جو کامیابی کا شگون سمجھا جاتا ہے
**بایاں پاؤں پوجنا۔** کسی کے ہنر یا کمال کا اعتراف کرنا۔ استاد ماننا
**بایاں پاؤں لینا۔ بایاں پاؤں چومنا** (محاورہ) تعظیم کرنا۔ عظمت ماننا۔ چالاکی کا اعتراف کرنا۔
**بائیں ہاتھ کا داؤں** (کھیل) بائیں ہاتھ کا کام (کرتب) بہت آسان کام۔ نہایت سہل کام۔
**باید و شاید** (با۔ ید۔ و۔ شا۔ ید) [ف] جیسا چاہیئے۔ جیسا لائق ہے نہایت مناسب۔ درست۔

# ب ۔ ب

**بِب** (Bib) [انگ ۔ا۔ مذ] وہ چھوٹا سا کپڑا جو ننھے بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ہے تاکہ لباس خراب نہ ہو۔
**بباد** (ب۔ باد) [ہ۔ا۔ مذ] بحث۔ تکرار۔ لفظی نزاع۔
**بباد اٹھانا۔** جھگڑا کرنا۔ فساد اٹھانا۔ فساد برپا کرنا۔
**ببر** (ع۔ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں۔
**ببر** (ب۔ بر) [ہ۔ا۔ مذ] وہ نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالے رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔
**بَبر** (ب۔ بر) [ہ۔ا۔ مذ] وہ شخص جو اونٹ اور گھوڑوں کے بال کاٹتا ہے
**ببروتا** (ب۔ رو۔ تا) [ہ۔ا۔ مذ] الھڑ آدمی۔ اکھڑ شخص
**ببری** (ب۔ ری) [ہ۔ا۔ مث] (۱) زلف۔ کاکل۔ پیشانی کے بال جو عورتیں خوبصورتی کے لیے چھوٹے کرکے ماتھے پر ڈالتی ہیں (۲) وہ نیلی کبوتری جس کے بازوؤں پر کالیاں چتیاں ہوتی ہیں۔
**ببریاں چھوڑنا۔** زلفیں چھوڑنا۔ چوٹی گوندھتے وقت دونوں طرف خوبصورتی کے لیے بال چھوڑنا۔ لٹیں چھوڑنا۔
**ببوا** (ب۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] مٹی یا پلاسٹک کا پتلا جس سے بچے کھیلتے ہیں (۲) [پیار سے] بچہ۔ لڑکا
**ببول** (ب۔ بول) [ہ۔ا۔ مذ] ایک خاردار درخت۔ کیکر۔ مغیلاں
**ببول کے پیڑ بونا** (محاورہ) کیکر کے درخت لگانا (۲) (مجازاً) بڑے کام کرنا۔
**ببولا** (ب۔ بو۔ لا) [ہ۔ا۔ مذ] گرد باد۔ بگولا۔ وہ ہوا جو خلا کی وجہ سے چکر کھا کر بلند ہوتی ہے۔
**ببھاس** (ب۔ بھاس) [ہ۔ا۔ مث] صبح دن نکلنے کی ایک راگنی وقت صبح۔
**ببی** (ب۔ بی) [ہ۔ا۔ مث] ایک خوشبودار بوٹی کا نام (۲) اس بوٹی کا بیج (۳) ایک قسم کی ملیا۔
**ببی** (ب۔ بی) [ہ۔ا۔ مث] بوسہ۔ چوما۔ پیار
**ببیا** (ب۔ بیا) [ہ۔ا۔ مث] بی بی کی تصغیر۔ چھوٹی بی (۲) نا تشکی بیلم
**ببیانا** (ب۔ بیا۔ نا) [ار۔ صف] (۱) زنانہ (۲) وہ چیز جو صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہو (۳) وہ چیز جو یورپین عورتوں کے استعمال کے لیے ہو۔
**ببیس۔ ببیسی** (ب۔ بیس۔ ب۔ بے۔ سی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) اغلام کرانے کی علت (۲) بواسیر۔
**ببیسیا** (ب۔ بے۔ س۔ یا) [ہ۔ا۔ مذ] وہ شخص جسے اغلام کرانے کی علت ہو۔

# ب ۔ پ

**بپا** (ب۔ پا) [ف۔ صف] برپا۔ کھڑا۔ قائم۔
**بپا کرنا** (محاورہ) کھڑا کرنا۔ برپا کرنا۔
**بپا ہونا** (محاورہ) کھڑا ہونا۔ برپا ہونا۔
**بپت۔ بپتا** (ہ۔ مث) (ب۔ پت۔ بپ۔ تا) بلا۔ مصیبت۔ آفت تکلیف۔ دکھ
**بپت پڑنا۔ بپتا پڑنا** (۱) مصیبت آنا (۲) خاوند کا مرجانا۔ رانڈ ہوجانا۔
**بپت اپنا برابر سکھ نہیں جو تھوڑے دن کی ہو** (مثل) مصیبت آسودہ حالی کی قدر کا باعث ہوتی ہے۔
**بپتا میں کوئی ساتھی نہیں** (محاورہ) مصیبت کے وقت کوئی کام نہیں آتا
**بپتسما** (ب۔ پتس۔ ما) (انگ Baptism) نام۔ اُر۔ا۔ مذ (اصطلاح) عیسائی مذہب کی ایک رسم جس میں بچے کے پیدا ہونے پر اس کے سر پر مقدس پانی کے چھینٹے ڈالے جاتے ہیں اور اسے عیسائی مان لیا جاتا ہے۔
**بپوتی** (ب۔ پو۔ تی) [ہ۔ا۔ مث] میراث۔ ورثہ
**بپھارا** (ب۔ پھا۔ را) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) بھاپ۔ بخارات (۲) پسینہ لانے والی دوا (۳) بھاپ سے کر پسینہ نکالنا۔
**بپھرنا** (ب۔ پھر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ضد کرنا۔ بگڑنا۔ مچلنا (۲) خشمناک ہونا۔ جھلانا (۳) سخت جوش میں آنا۔ قابو سے باہر ہونا (۴) گھوڑے کا چمکنا۔ بدکنا (۵) لڑنے پر آمادہ ہونا (۶) بغاوت کرنا۔
**بپھرے رذیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیئے** (مثل) اشریف بھوک کی حالت میں اور رذیل غصے کی حالت میں ہو تو خطرناک ہوتا ہے

# ب ۔ ت

**بَت** (ف۔ا۔ مث) ایک قسم کی مرغابی (بط اسی کا معرب ہے)
**بَت** (ہ۔ا۔ مث) بات کا مخفف
**بت بنا۔** جھوٹی باتیں کرنے والا۔ باتونی۔ چرب زبان
**بت کہا۔** باتیں کرنے والا۔ باتونی
**بت** (ہ۔ا۔ مث) (۱) طاقت۔ قوت۔ بساط۔ قدرت۔ حوصلہ (۲) دولت مال۔ دھن (۳) شان و شوکت۔ دبدبہ (۴) عمر (۵) قد و قامت۔ ڈیل ڈول۔



Marfat.com

**بِتّ باہر** (ہ - صف) ہمت۔ طاقت یا بساط سے زیادہ۔
**بُتّ** (ہ - ا - مذ) (۱) پانسہ پھینکنے یا چوسر کی گوٹیاں لڑھکانے کا تختہ (۲) مُکّا۔ گھونسا۔
**بُت** (ف - ا - مذ) (۱) مورتی۔ مجسمہ (مجازاً) معشوق۔ محبوب (۲) (صف) چپ۔ خاموش۔ گُنگ (۳) احمق۔ مورکھ۔ جمع بتان۔
**بتانِ آذری** (ف - مذ) آذر کے بنائے ہوئے بُت جو بہت خوبصورت ہوتے تھے۔
**بُت بن جانا**۔ بننا (محاورہ) چپ اور خاموش ہو جانا۔
**بُت بن کر بیٹھنا** (محاورہ) بالکل خاموش رہنا۔ کوئی بات نہ کرنا۔
**بُت بے پیر** (ا - مذ) بے رحم معشوق۔
**بُت پرست**۔ مورتی پوجنے والا (۲) کافر۔ مشرک (۳) معشوق۔
**بُت پرستی**۔ بتوں کی پوجا۔ مورتی پوجا۔
**بُت تراش**۔ بت گر۔ مورتی بنانے والا۔
**بُت تراشی**۔ بُت گری۔ بُت بنانے کا پیشہ۔ مورتیاں بنانے کا کام
**بُت خانہ**۔ بُت کدہ۔ شوالا۔ مندر۔ صنم کدہ۔ مورتی پوجا کی جگہ۔
**بُت خانۂ آذر**۔ مجوسیوں کا آتش کدہ۔
**بُت شکن**۔ بُت توڑنے والا۔ موحّد (۲) محمود غزنوی۔
**بُت ہرجائی** (ف - مث) بے وفا معشوق۔ جو کسی ایک عاشق کا ہو کے نہ رہے۔
**بُتّا** (بُت - تا) [ہ - ا - مذ] (۱) دم۔ فریب۔ جھانسا (۲) حیلہ۔ بہانہ (دھوکا گھونسا۔ مُکّا۔
**بُتّا بتانا**۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ فقرہ دینا۔
**بُتّا دینا** (۱) دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ دغا دینا (۲) بہانہ کرنا۔ ٹالنا
**بُتّے بازی**۔ حیلہ سازی۔ فریب دہی۔
**بُتّے میں آنا**۔ فریب آنا۔
**بِتّا** (بِت - تا) [ہ - ا - مذ] (۱) ایک ہاتھ کی چوڑائی۔ بالشت۔
**بَتاس** (بَ - تاس) [ہ - ا - مث] (۱) ہوا۔ باد (۲) بتاسا کا مخفف
**بتاس پھینی**۔ ایک قسم کی مٹھائی۔
**بتاسا۔ بتاشا** (بَ - تا - سا۔ بَ - تا - شا) [ہ - ا - مذ] (۱) حباب۔ بُلبلا (۲) ایک قسم کی شیرینی جو حباب کی شکل کی ہوتی ہے (۳) آتشبازی کا چھوٹا انار۔
**بتاسا سا گھلنا** (محاورہ) غم یا بیماری سے آہستہ آہستہ دُبلا ہو جانا۔
**بتاسے کا قفل**۔ ایک چھوٹا سا گول تالا۔
**بتاسے کی طرح بیٹھ جانا** (۱) بتاشے کی طرح گھل جانا (۲) دفعتہً لاغر اور کمزور سا ہو جانا۔ بیماری میں گھل جانا۔
**بتام۔ بوتام** (ا - مذ) بٹن۔
**بتانا** (بَ - تا - نا) [ہ - مص] (۱) کہنا۔ جتانا (۲) دکھانا (۳) اظہار کرنا کھولنا (۴) اشارہ کرنا (۵) سمجھانا (۶) پہچاننا (۷) سکھانا۔ پڑھانا۔ تعلیم دینا (۸) ناچنے میں ہاتھ پاؤں ابرو کے اشارے سے پتہ دینا (۹) بیان کرنا (۱۰) نام ظاہر کرنا (۱۱) کام دینا (۱۲) پہچان کرنا (۱۳) [مذ] سونے چاندی وغیرہ کے گھنگھرودار چوڑی (۱۴) وہ لوہے کا کڑا جو منہار کے پاس ہاتھ کا ناپ سمجھنے اور چوڑی چڑھانے کے لیے ہوتا ہے (۱۵) وہ دستار جسے پگڑی کے نیچے اس لیے رکھتے ہیں کہ اوپر کی طرف گولائی آ جائے (۱۶) (مجازاً) امداد (۱۷) گھوڑے کی نبض۔
**بِتانا** (بِ - تا - نا) [ہ - مص] گزارنا۔ بسر کرنا۔
**بُتانا** (بُ - تا - نا) [ہ - مص] بجھ جانا
**بتاؤں** (بَ - تا - اُوں) [ہ] (۱) کہوں؟ (۲) سمجھاؤں (۳) مدد دوں (۴) دکھاؤں؟ (۵) [مذ] بینگن
**بَتَّر** (بَ - تَر) [ہ - ا - مث] زمین کی وہ حالت جب وہ ہل چلانے کے قابل ہو جائے
**بَتَر۔ بِتَر** (بَ - تَر۔ بِت - تَر) [ف - صف] "بدتر" کا مخفف۔ نہایت بُرا۔ بہت نکما۔ بہت ناقص۔
**بُترا** (بُت - را) [ہ - صف] کند۔ کھوٹا۔ ہتھیار جس کی دھار بگڑی ہوئی ہو
**بَترانا** (بَت - را - نا) [ہ - مص] بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔
**بِترانا** (بِت - را - نا) [ہ - مص] (۱) عیب نکالنا (۲) الزام لگانا (۳) جھٹلانا
**بِترنا** (بِ - تَر - نا) [ہ - مص] بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ دینا۔
**بَتسا** (بَت - سا) [ہ - ا - مذ] چاول کی ایک قسم
**بَتَک** (بَ - تَک) [ہ - ا - مث] بط۔ بطخ۔
**بَتکا** (بَت - کا) [ہ - ا - مذ] نر بطخ۔ بطخا۔
**بتکڑ۔ بتنگڑ** (بَ - تک - کڑ۔ بَ - تَن - گڑ) (۱) مبالغہ۔ ذرا سی بات کو بڑی بات بنانا۔ بتنگڑ۔ باتونی۔
**بتلانا** (بَت - لا - نا) [ہ - مص] دیکھیے بتانا (بتانا فصیح ہے)
**بِتنا** (بِت - نا) (ہ - مص) بیتنا۔ گزرنا۔
**بُتورا** (بُ - تَو - را) [ہ - ا - مذ] خشک اُپلوں کا ڈھیر۔
**بتورن۔ بتولن** (بَ - تو - رَن) (بَ - تو - لَن) [ہ - ا - مذ] اگاہنے کے بعد غلے کا ڈھیر۔
**بتورنا** (بَ - تور - نا) [ہ - مص] غلّے کو اکٹھا کرنا۔ غلے کو ایک جگہ جمع کرنا
**بتوری** (بَ - تَو - ری) [ہ - ا - مث] وہ ورم جو پتھر کی مانند سخت ہو۔
**بتول** (بَ - تول) [ع - صف] (۱) کنواری (۲) (مث) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب۔
**بتولا** (بَ - تو - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) دھوکا (۲) ہنسی کی بات۔
**بتولے بنانا**۔ سخن سازی کرنا۔ باتیں بنانا۔
**بتولے دینا**۔ فریب دینا۔ جھانسے دینا۔
**بتولے میں آنا**۔ دھوکا کھانا۔ جُل میں آنا۔ فریب میں آنا۔
**بتولن** (بَ - تو - لَن) [ہ - صف] باتونی عورت۔ دغا باز۔ چالاک عورت
**بِتھا** (بِ - تھا) [ہ - ا - مث] درد۔ دُکھ۔ تکلیف۔
**بِتھارنا** (بِ - تھار - نا) [ہ - مص] بکھیرنا۔ چھڑکنا
**بِتھرنا** (بِ - تھَر - نا) [ہ - مص] بکھرنا۔ تتر بتر ہونا۔
**بتھوا** (بتھ - وا) ایک قسم کا ساگ جو گیہوں کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔
**بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں۔ خلیا ساس کن ساسوں میں۔**



Marfat.com

(مثل) ادنیٰ چیز کی کچھ قدر و قیمت نہیں۔ دُور کا رشتہ کوئی رشتہ نہیں ہوتا۔

**بَتّی** (بت۔تی) [ہ۔ا۔مث] (۱) فتیلہ (۲) سوت کی ڈوری جو لیمپ اور چراغ وغیرہ میں جلائی جاتی ہے اور زخم میں بھی رکھی جاتی ہے۔ (۳) موم یا چربی کی شمع۔ دیا (۴) پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ (۵) بانس یا سرکنڈے کی گدی جو چھپر میں آڑی باندھتے ہیں (۶) لاکھ۔ اگر صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ (۷) حیوانات کا گوشت جو پیٹھ کی ہڈی کے دونوں جانب ہوتا ہے۔

**بتّی اُکسانا**۔ روشنی بڑھانے کے لیے چراغ کی بتی کو آگے بڑھانا۔

**بتّی بٹنا** (۱) روئی یا کاغذ یا کپڑے کا لپیٹنا (۲) چراغ میں بتی ڈالنے کے لیے روئی سے بتی بنانا۔

**بتّی بنا کر رکھ چھوڑو** (محاورہ) بے کار ہے۔ مطلب کی نہیں۔ ناراضگی کی صورت میں کسی چیز کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**بتّی بنانا** (محاورہ) کسی چیز کو لپیٹنا۔

**بتّی جلانا**۔ چراغ جلانا۔ روشنی کرنا۔

**بتّی چڑھانا** (۱) فانوس یا کنول میں چربی کی بتی رکھنا (۲) زخم میں دوا کی بتی بنا کر داخل کرنا (۳) بتی کا اوپر کو سرکانا۔

**بتّی دکھانا** (۱) بندوق، توپ یا گولا چھوڑنا۔

**بتّی دینا**۔ آگ لگانا۔ داغنا۔

**بتّی** (بت۔تی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا گول ٹھیکری پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں رکھ کر پھینکتا ہے اور دوسرا لڑکا اسی ٹکڑے کو پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں رکھ کر ایک سانس میں اٹھا لاتا ہے اور بتی بتی کہتا جاتا ہے (۲) گول ٹھیکری (۳) دوڑ۔

**بتّی بُلا دینا**۔ عاجز کر دینا۔ ہار منوانا۔

**بتّی بول جانا**۔ عاجز ہو جانا۔ بے کار ہو جانا۔

**بتیا** (بت۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) ہرا اور کچا پھل (۲) لمبا بینگن۔

**بتیس** (بت۔تیس) [ہ۔صف] تیس اور دو (۳۲)

**بتیس ابرن**۔ بتیس زیور۔

**بتی دانت کی بھا کا خالی نہیں جاتی** (ہ۔مثل) مظلوم کی آہ یا بددعا رائیگاں نہیں جاتی۔

**بتیس دانتوں میں زبان** (مثل) دشمنوں سے گھرا ہوا۔

**بتیس دھار**۔ ماں کا دودھ۔

**بتیس دھار ہو کر نکلنا**۔ بتیس زخموں کے راستے سے نکلنا۔ پھوٹ پھوٹ کے نکلنا۔ (بددعا)

**بتیس دھاریں دودھ بخشنا**۔ ماں کا اپنا پلایا ہوا دودھ مرتے وقت اولاد کو بخش دینا۔

**بتیسا** (بت۔تی۔سا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا مقوی حلوا جو عورتوں کو بچہ جننے کے بعد بتیس دوائیں ڈال کر دیا جاتا ہے (۲) وہ دوا جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد بتیس دوائیں ڈال کر دی جاتی ہے (۳) سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی۔

**بتیسی** (بت۔تی۔سی) [ہ۔ا۔مث] آدمی کے دانتوں کی دونوں لڑیاں۔ کل دانت۔

**بتیسی بجنا** (محاورہ) دانت بجنا۔ کپکپانا۔ دانتوں کا آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرانا۔

**بتیسی بند ہونا** (محاورہ) حالت غشی میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ اوپر اور نیچے کی لڑی کا مل کر بند ہو جانا۔

**بتیسی حلق میں ہو گی** (محاورہ) اتنی مار پڑے گی کہ دانت ٹوٹ کر حلق میں چلے جائیں گے۔

**بتیسی دکھانا** (محاورہ) بے ہودہ ہنسنا۔ دانت دکھانا۔ منہ چڑانا۔ (۲) انکساری کرنا۔ عاجزی کرنا (۳) لجاجت اور خوشامد کرنا۔

## ب۔ٹ

**بٹ** (ہ۔ا۔مذ) ٹکڑا۔ حصہ (۲) بل۔ سلوٹ (۳) تولنے کا وزن۔ بٹا۔ (۴) وہ شکن جو فربہی کے باعث بدن پر نمودار ہو (۵) راہ۔ پگڈنڈی باٹ کا مخفف (۶) وہ سوجن جو کسی ضرب کی وجہ سے ہو جاتی ہے (۷) ادھڑی کا موٹا موٹا گوشت جس میں تار نہیں ہوتے۔ (۸) کشمیریوں کی ایک ذات۔

**بَٹ مار**۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ راہ زن۔

**بٹ ماری**۔ رہزنی۔ ڈاکا۔

**بٹ موگرا** (۱) ایک قسم کا بڑا موگرا (۲) ایک خوشبودار پھول کا نام

**بٹّا** (بَٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تولنے کا وزن۔ باٹ (۲) کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ کسر (۳) فرق (۴) کھوٹ۔ خرابی (۵) دھبا۔ عیب (۶) مسالہ پیسنے کا پتھر (۷) زیور رکھنے کا ڈبا (۸) گول آئینہ (۹) مداریوں کے گول گول ڈھکنے جن میں گولیاں رکھ کر غائب کرتے ہیں (۱۰) فصّاد کا وہ کاٹھ کا گولا جو خون نکالتے وقت ہاتھ میں پھرانے کے لیے دیا جاتا ہے (۱۱) رباب نشاط کا انعام (۱۲) پیتل کی لٹیا (۱۳) کمی جو ایک ملک کے سکے کو دوسرے ملک کے سکے میں بدلتے سے کرنی پڑتی ہے۔

**بٹا آنا**۔ کمی پڑنا۔

**بٹا دینا**۔ کمی پوری کرنا۔

**بٹا ڈھال**۔ ہموار۔ برابر۔ سپاٹ۔

**بٹا سٹا**۔ ایک قسم کی زرہ (۲) سازش (۳) تبادلہ۔ لین دین۔ بعض گھرانوں میں بٹا سٹا کا رشتہ بھی ہوتا ہے۔

**بٹا لگانا** (۱) کمی پوری کرنا (۲) کٹوتی کاٹنا۔ (۳) عیب لگانا

**بٹا لگنا**۔ کٹوتی لگنا۔ کمی ہونا (۲) عیب لگنا۔ حرف آنا۔ ساکھ بگڑنا۔

**بٹے باز** (۱) چالاک۔ دغاباز (۲) بازی گر۔ شعبدہ باز۔

**بٹے بازی**۔ چالاکی۔ شعبدہ بازی۔ دغابازی۔

**بٹے پر خریدنا**۔ نفع نقصان پر خریدنا۔

**بٹے دار روپیہ**۔ ناقص روپیہ۔ جس پر بٹا پڑے۔



Marfat.com

**بٹے کھاتے۔** ناقابل وصول رقم
**بٹے کھاتے میں لکھنا۔ (ڈالنا)** کسی رقم کو ناقابل وصول قرار دینا
**بٹالین** (بَ۔ٹا۔لی۔اَن) (Battalion) [انگ۔ا۔مث] چار کمپنیوں یا ایک ہزار فوجیوں کی پیدل رجمنٹ۔
**بٹانا** (بَ۔ٹا۔نا) [ہ۔مص] (۱) تقسیم کرنا۔ بانٹ لینا (۲) ہٹانا اور دوسری طرف کرنا (خیال، دھیان)
**بٹاؤ** (بَ۔ٹا۔او) [ہ۔ا۔مذ] تقسیم۔ حصہ۔ بانٹ۔
**بٹاؤ** (بَ۔ٹا۔اُو) [ہ۔ا۔مذ] راہ گیر۔ مسافر۔
**بٹائی** (بَ۔ٹا۔ای) [ہ۔ا۔مث] تقسیم۔ پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پائے (۲) غلّہ تیار ہوکر بٹنے کا موسم (۳) کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت (۴) رسی بٹنے کی اُجرت۔
**بٹائی دار۔** مالک سے فصل کا حصہ بانٹنے والا۔ کاشتکار۔ مزارع
**بٹرنا** (بَ۔ٹر۔نا) [ہ۔مص] (۱) ایک جگہ جمع ہونا (۲) تڑپا جانا
**بٹلر** (بٹ۔لر) (Butler) [انگ۔ا۔مذ] خانساماں۔ زرکا بدار جمعدار۔
**بٹلوہی۔ بٹلوئی** (بٹ۔لو۔ہی/بٹ۔لو۔ای) [ہ۔ا۔مث] پتیل کا وہ برتن جس میں پانی بھرتے یا دودھ دوہتے ہیں
**بٹن** (بَ۔ٹن) (Button) [انگ۔ا۔مذ] بوتام۔ گھنڈی۔ تکمہ
**بٹنا** (بٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) تقسیم ہونا۔ حصے ہونا (۲) پریشان ہونا۔ منتشر ہونا (۳) بل دینا۔ بٹنا (۴) ایک طرف سے دوسری طرف ہونا۔ ہٹنا۔ خیال۔ دھیان (۵) [مذ] وہ آلہ جس سے رسی بٹتے ہیں
**بٹنا** (بُٹ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] ابٹنا کا مخفف۔ ابٹن۔ غازہ۔
**بٹنگ** (بَ۔ٹنگ) [ہ۔ا۔مذ] ناشپاتی کی قسم کا ایک پھل۔
**بٹنی** (بٹ۔نی) [ہ۔ا۔مث] عورت کی چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے۔ پستان کی ڈوڈی۔
**بٹوا** (بٹ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] روپے پیسے وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا کیسہ [انگ۔مذ] (Purse)
**بٹوا سا منہ۔** چھوٹا سا منہ۔ خوبصورت منہ، پیاری شکل غنچہ سا دہن۔
**بٹوا** (بٹ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] بٹا کی تصغیر۔
**بٹوار** (بٹ۔وار) [ہ۔ا۔مذ] محصول اکٹھا کرنے والا۔ اگاہی کرنیوالا۔
**بٹوارا** (بٹ۔وا۔را) حصہ۔ تقسیم۔ بانٹ۔
**بٹوارا خانگی۔** بیچ کی تقسیم۔ آپس کی تقسیم
**بٹوارا سرکاری۔** سرکاری طور پر یا عدالت اَمال سے جائداد وغیرہ کی تقسیم
**بٹوارا غیر اکمل۔** مالگزاری ادا کرنے والی جائداد کی اس طرح تقسیم کہ ہر حصے کی مالگزاری الگ الگ نہ ہو۔
**بٹوارا اکمل۔** کسی محال، موضع یا پٹی کی اس طرح تقسیم کہ ہر حصے کی مالگزاری الگ الگ ہو جائے۔
**بٹوانا۔** تقسیم کرانا (۲) بل دلوانا۔

**بٹوائی** (بٹ۔وا۔ای) [ہ۔ا۔مث] بٹنے کی اُجرت
**بٹورا** (بَ۔ٹو۔را) [ہ۔ا۔مذ] سوکھے اُپلوں کا ڈھیر۔
**بٹورن** (بَ۔ٹو۔رن) [ہ۔ا۔مث] بچی کچھی چیز۔ کوڑا کرکٹ۔ (۲) چنی ہوئی۔ فراہم کی ہوئی چیز
**بٹوری** (ب۔ٹو۔ری) [ہ۔ا۔مث] محصول جو دیہاتی دکانداروں پر لگایا جائے۔
**بٹورنا** (ب۔ٹور۔نا) [ہ۔مص] جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔
**بٹورے میں اُپلے ہی نکلیں گے** (مثل) بُروں سے بُرے ہی لچھن ظاہر ہوں گے۔
**بٹونا** (ب۔ٹو۔نا) [ہ۔مص] بکھیرنا۔ چھڑکنا۔
**بٹوہی۔ بٹوئی** (بَ۔ٹو۔ہی، ب۔ٹو۔ای) [ہ۔ا۔مذ] راہ گیر۔ مسافر
**بٹھا دینا** (ب۔ٹھا۔دے۔نا) [ہ۔مص] بیٹھنے پر مجبور کرنا (۲) مدرسے میں داخل کرانا (۳) ہمت پست کرنا (۴) پتلا کر دینا۔ کھتی کر دینا (۵) ڈھا دینا۔ مسمار کر دینا (۶) کسی فعل سے دست بردار کرنا (۷) یکساں کرنا۔ برابر کرنا (۸) غرق کر دینا (۹) وضع دینا۔ اندر کر دینا (۱۰) دبا کر بھرنا۔ ٹھونسنا (۱۱) جذب کر دینا۔ کھپا دینا۔
**بٹھا رکھنا** (ب۔ٹھا۔رکھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) کنوارا رکھنا (۲) شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا (۳) بے کار رکھنا۔ گھر پہ رکھنا۔ انتظار کرنا
**بٹھالنا** (ب۔ٹھال۔نا) [ہ۔مص] بٹھانا (بٹھانا فصیح ہے)
**بٹھانا** (ب۔ٹھا۔نا) (۱) بیٹھنا کا متعدی۔ کھڑا کرنا کی ضد (۲) داخل کرانا (مدرسے میں بچوں کو) (۳) درست کرنا۔ رواں کرنا۔ پختہ کرنا (ہاتھ خوشنویسی میں) (۴) اتارنا۔ پیوست کرنا۔ اندر تک گھسانا (۵) لگانا۔ ٹھیک جگہ پر لگانا۔ کام پہ لگانا (۶) تخت نشین کرنا (۷) مقرر کرنا (۹) جمانا۔ منجمد کرنا (۱۰) مادہ پرند کو انڈوں پر چھوڑنا (۱۱) پاخانہ کرانا (بچوں کو پاؤں پر بٹھا کر)
**بٹھک** (ب۔ٹھک) [ہ۔ا۔مذ] دیمک کا گھر۔
**بٹھلانا** (بٹھ۔لا۔نا) [ہ۔مص] بٹھانا۔
**بٹھور** (ب۔ٹھور) [ہ۔ا۔مث] چولھے کی جلی ہوئی لال مٹی۔
**بھٹئی۔ بٹئی** (بھ۔ٹ۔ای/ب۔ٹ۔ای) [ہ۔ا۔مث] کلابتون بٹنے کا کام۔ سوت، مونج یا سن بٹنے کا کام
**بٹی** (بٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوٹا پھل (۲) ناریل کا گولا (۳) شمع۔ (۴) عرق کھینچنے کا بھبکا۔
**بٹیا** (بٹ۔یا) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا باٹ۔ پتھر یا سنگریزہ (۲) پگڈنڈی تنگ راستہ (۳) ناریل کی گری۔ کھوپرے کا گولہ (۴) ریشمی ڈوری جس سے عورتیں بال باندھتی ہیں۔
**بٹیا** (بَ۔ٹی۔یا) [ہ۔ا۔مذ] کلابتون، سوت یا مونج بٹنے والا۔
**بٹیا** (بٹ۔یا) [ہ۔ا۔مث] بیٹی کی تصغیر۔
**بٹیر** (بَ۔ٹیر) [ہ۔ا۔مذ و مث] تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ
**بٹیر باز۔** بٹیر پالنے اور لڑانے والا۔
**بٹیر کا بیر جانا۔** دانہ نہ ملنے کی وجہ سے بٹیر کا دُبلا ہو جانا۔



Marfat.com

**بٹیر لڑانا** (محاورہ) پانی میں بٹیروں کو لڑانا (۲) لڑانا۔ جھگڑا پیدا کرنا۔
**بٹیری** (بَ۔ ٹے۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] ہندوؤں میں بیٹی والوں کی طرف سے دولہا کا نذرانہ۔ خلعت دینے کی رسم۔

# ب۔ ج

**بج** (ا۔ فعل) بجنا مصدر کا صیغہ امر
**بجا**۔ بجانا مصدر کا صیغہ امر
**بجا** (بَ۔ جا) [ف۔ صف] (۱) درست ٹھیک۔ صحیح۔ مناسب۔ جائز (۲) [تابع فعل] مناسب موقع پر۔ ٹھکانے پر
**بجا آوری** تعمیل حکم۔ انجام دہی۔
**بجا رہنا**۔ درست رہنا۔ ٹھیک رہنا۔ قائم رہنا۔
**بجا کرنا**۔ ٹھیک کرنا۔
**بجا کہے جسے عالم، اُسے بجا سمجھو** (مثل) جس بات کو دنیا ٹھیک کہتی ہو اسے ٹھیک سمجھنا چاہیئے۔
**بجا لانا**۔ تعمیل حکم کرنا۔ انجام دینا۔ کہنے کے موافق کرنا۔ پورا کرنا۔
**بجا ہونا**۔ درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔
**بجاج** (بَ۔ جاج، بج۔ جاج) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بزاز کا بگاڑ (۲) ہندوؤں کی ایک ذات۔
**بجار** (بِ۔ جار) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سانڈ۔ موٹا تازہ بیل جو گایوں میں نسل کشی کے لیئے چھوڑا جاتا ہے (۱) وہ بیل جو ہندو اپنے کسی مردے کے نام پر داغ دے کر چھوڑ دیتے ہیں (۳) [کنایۃً] پُر شہوت آدمی (۴) زبردست، زور آور اور خوب تندرست آدمی۔
**بجانا** (بَ۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) باجے کی آواز نکالنا (۲) پرکھنا۔ کھوٹا کھرا دریافت کرنا (۳) خدمت کرنا۔ تعمیل کرنا (۴) مارنا پیٹنا (۵) داغنا۔ سر کرنا (۶) مجامعت کرنا۔
**بجائے** (بَ۔ جا۔ ے) [ف۔ تابع فعل] (۱) بعوض۔ بدلے میں (۲) جگہ پر۔ قائم مقام کے طور پر۔
**بج بجانا** (بج۔ بَ۔ جا۔ نا) کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں بلبلے اٹھیں۔ سڑ جانا۔ ابل جانا۔
**بجٹ** (Budget) (بَ۔ جَٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] میزانیہ۔ ملکی جمع خرچ کا حساب۔
**بجر** (بج۔ جر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پتھر (۲) [صف] بوجھل کرا۔ کٹھن۔ مشکل۔ (۳) سست۔ کاہل۔
**بجرا** (بج۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی گول اور خوبصورت کشتی۔
**بجر بٹو** (بَ۔ جر۔ بٹ۔ ٹو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سیاہ جنگلی پھل (۲) ایک قسم کا کھلونا۔
**بجرنگ** (بج۔ رنگ) [س۔ ا۔ مذ] ہنومان کا لقب۔
**بجری** (بج۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سنگ ریزہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ (۲) اولوں کی پھوار۔ چھوٹے چھوٹے اولے

**بجلی** (بج۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) برق۔ صاعقہ۔ چمک۔ برقی قوت (۲) آم کی گٹھلی کا مغز (۳) عورتوں کے کان کا ایک زیور (۴) [صف] چالاک۔ پھرتیلا۔ چست۔ تیز۔
**بجلی بسنت**۔ بسنت رُت کی بجلی۔ موسم بہار کی کڑک جو اور موسموں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔
**بجلی پڑنا** (۱) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا۔
**بجلی ٹوٹے۔ بجلی گرے، بجلی پڑے**۔ آگ لگ جائے۔ مر جائے۔ تباہ و برباد ہو جائے۔ (بددعا)
**بجلی کا کڑکا**۔ وہ آواز جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔
**بجلی کڑکنا**۔ بادلوں کی رگڑ سے آواز پیدا ہونا۔
**بجلی کوندنا**۔ بجلی چمکنا۔
**بجلی کی تلوار**۔ بجلی کی طرح کاٹ کرنے والی تلوار۔ تیغ برّاں۔
**بجلی کی لپک**۔ بجلی کی چمک۔
**بجلی کے بالے**۔ کانوں میں پہننے کے چوڑے حلقے
**بجلی گرانا**۔ آفت ڈھانا۔ قہر ڈالنا۔ صدمہ پہنچانا۔
**بجلی گرنا** (۱) آسمانی بجلی کے شعلے کا کسی کو جلا دینا (۲) مجازاً آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔
**بجلی گھر**۔ وہ عمارت جس میں بجلی پیدا کرنے اور تقسیم کرنے کے آلات نصب ہوتے ہیں (انگ۔ مذ) (Power House)
**بجلی مہمان گھر میں نہیں تنکا** (مثل) خود غریب ہے اور امیروں کو دعوت دیتا ہے۔
**بجنا** (بج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) آواز نکلنا۔ بولنا (۲) مشہور ہونا (۳) [مذ] دلالوں کی اصطلاح میں روپیہ (۴) [صف] آواز دیتے والا۔ بجنے والا (۵) سردی یا قوت سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز پیدا کرنا۔
**بُجنا** (بج۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] حیض کی گدی۔ حیض کا لتا۔
**بجنتری** (بَ۔ جنت۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذ] گانے بجانے والے۔ باجنتر
**بجنتری محل**۔ وہ محل جہاں گانے بجانے والے رہتے ہوں۔
**بِجّو** (بج۔ جو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا گوشت خور جانور جو دن بھر بلوں میں رہتا ہے اور رات کو باہر نکلتا ہے۔ اس کی آنکھیں بہت چھوٹی ہوتی ہیں [مجازاً] چھوٹی آنکھوں والا آدمی۔ چالاک آدمی
**بجوانا** (بج۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] بجانا کا متعدی
**بِجوٹھا** (بِ۔ جو۔ ٹھا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا زیور جسے ہندو عورتیں بازو بند کی جگہ استعمال کرتی ہیں۔
**بجورا** (ہ۔ ا۔ مذ) ترنج۔ گلگل کی قسم کا ایک ترش پھل۔
**بجوڑنا** (بَ۔ جوڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) خوب پیٹنا (۲) رگڑنا (۳) مجامعت کرنا
**بجوگ** (بِ۔ جوگ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) منحوس ستاروں کا طالع میں قِران (۲) جدائی۔ مصیبت۔ صدمہ۔ حادثہ (۴) بدنصیبی۔
**بجوگ پڑنا** (۱) مفارقت پڑنا۔ بچھڑنا (۲) مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔
**بجوگی** (بِ۔ جو۔ گی) [ہ۔ صف] بدنصیب، بدقسمت۔ مصیبت زدہ۔
**بجھا۔ بُجھا** (بُ۔ جھا۔ بُ۔ جھا) (۱) بجھا ہوا (۲) افسردہ۔ غمگین۔ ملول۔

Marfat.com

**بُجھارت** (بُ۔جھا۔رَت) [ہ۔ا۔مث] پہیلی۔ معمّا۔ چیستان (۲) حساب کا تصفیہ

**بُجھانا** (بُ۔جھا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آگ پر پانی ڈالنا (۲) خاموش کرنا دُور کرنا۔ رفع کرنا (۳) آب دینا۔ آب چڑھانا (۴) چاندی سونے یا اینٹ کو آگ میں لال کر کے پانی میں ڈالنا تاکہ اس کی رطوبت زائل ہو جائے (۵) پژمردہ کرنا۔ حوصلہ توڑنا (۶) دھیما کرنا۔ ملائم کرنا۔

**بُجھاؤ** (بُ۔جھا۔او) [ہ۔ا۔مذ] تیزی۔ کاٹ۔

**بُجھایا پانی** (بُ۔جھا۔یا۔پا۔نی) [ہ۔ا۔مذ] وہ پانی جس میں سونے یا لوہے کا خوب تپا کر ڈالا گیا ہو۔

**بُجھ۔ بُجھوّل** (بُجھ۔بُ۔جھو۔ول) [ہ۔ا۔مث] پہیلی۔ بُجھارت۔ چیستان

**بُجھرا** (بُجھ۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بُجھر (۲) جو گیہوں اور چنا ملا ہوا غلہ (۳) [صف] ملا ہوا۔ آمیزہ۔

**بُجھرا** (بُ۔جھَ۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گگرا جس میں گرم پانی رکھتے ہیں (۲) ایک خاص وضع کا سرپوش جیسے گھڑوں پر رکھتے ہیں۔

**بُجھ گاہ** (بُجھ۔گاہ) [ہ۔ا۔مذ] پرندوں کے ڈرانے کا پُتلا۔ کالی ہنڈیا جو پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھیتوں میں لکڑی پر لٹکا دیتے ہیں یا گڑ بلا۔

**بُجھنا** (بُجھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا (۲) تپتی ہوئی اینٹ یا لوہے وغیرہ کا پانی میں سرد ہونا (۳) سیری ہونا۔ (۴) افسردہ ہونا۔ مایوس ہونا (۵) دھیما ہونا۔ نرم پڑنا۔

**بُجھوتا** (بُ۔جھو۔تا) [اُ۔ا۔مذ] (۱) حساب فہمی (۲) سالانہ پیداوار کا اوسط۔

**بُجھوّل** (بُ۔جھو۔ول) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے بُجھ بُجھول۔

**بُجھی آگ** (ا۔مث) آگ جو سرد ہو گئی ہو۔ فساد جو مٹ گیا ہو۔

**بُجھی آواز۔** دھیمی آواز۔ افسردہ آواز۔

**بُجھی بُجھی** (بُ۔جھی۔بُ۔جھی) [ہ۔ا۔مث] بجھا۔ بجھا کی تانیث۔

**بُجھے ہوئے تیور۔ بُجھے تیور** (ہ۔ا۔مث) وہ نگاہ جس سے ملال اور افسردگی ظاہر ہو۔

**بُجھیرا** (بُ۔جھے۔را) [ہ۔ا۔مذ] لکڑی کا آڑہ جس پر صراحی رکھتے ہیں گھڑونچی (۲) ڈھکنا۔

**بجیل** (بُ۔جیل) [ہ۔صف] لدا ہوا۔ بھاری۔ بوجھ والا۔

**بجیے** (بِ۔جے) [ہ۔ا۔مذ] اصل سنسکرت وجے۔ فتح۔ جیت۔ جے

**بجیا** (بِج۔یا) [ہ۔ا۔مث] بھنگ۔ سبزی۔

**بجیلا** (بِ۔جے۔لا) [ہ۔صف] (۱) وہ اراضی جس میں بیج کثرت سے پیدا ہو (۲) وہ پھل جس میں بکثرت بیج ہوں۔

## ب ۔ چ

**بچ** (ہ۔ا۔مث) ایک مشہور کڑوی دوا۔ (۲) بچنا کا امر۔

**بچ رہنا** (محاورہ) چھٹنا۔ باقی رہنا۔ چھوٹ رہ جانا۔

**بچ کے چلنا** (محاورہ) راہ چھوڑ کے چلنا (۲) احتیاط سے چلنا۔

**بچا** (بَ۔چا) [ہ۔صف] باقی رہا ہوا۔ باقی ماندہ۔ بقیہ۔

**بچّا** (بچ۔چا) جس کے کان نہ ہوں۔ چھوٹے کانوں والا۔

**بچا بچایا۔ بچا کھچا۔** باقی ماندہ۔ بچا ہوا۔ بقیہ۔

**بچا جانا** (۱) زد سے بچ جانا۔ (۲) مقابلے سے ہٹ جانا۔

**بچا لانا۔** چھڑا لانا۔ محفوظ کرنا۔

**بچار** (بِ۔چار) [ہ۔ا۔مث] (۱) وچار۔ سوچ۔ غور۔ فکر۔ دھیان (۲) قیاس۔ اندازہ۔ اٹکل (۳) سمجھ۔ عقل۔ تمیز۔ تدبیر (۴) ارادہ۔

**بچار کرنا۔ بچارنا** (محاورہ) سوچنا۔ فکر کرنا (۲) خیال کرنا۔ غور کرنا۔ (۳) عقل لڑانا۔ سمجھنا (۴) امتیاز کرنا (۵) قیاس کرنا (۶) اندازہ لگانا۔ جانچنا (۷) اشمار کرنا۔ (۸) ستاروں کی چال دیکھنا (۹) تخمینہ کرنا (۱۰) بدگوئی کرنا (۱۱) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

**بچارا** (بے۔چا۔را) [اُ۔صف] (۱) بےچارہ۔ سیدھا سادا۔ بھولا۔ (۲) غریب۔ مفلس۔

**بچالی** (بَ۔چا۔لی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی گھاس۔ وہ گھاس جو گھوڑوں کے تھان پر بچھائی جاتی ہے۔

**بچانا** (بَ۔چا۔نا) [ہ۔مص] (۱) حفاظت کرنا۔ پناہ دینا۔ حمایت کرنا (۲) رکھنا۔ جمع کرنا (۳) بری کرنا (۴) سنبھالنا۔ روکنا (۵) نجات دینا۔ چھڑانا (۶) چرانا۔ غبن کرنا (۷) اڑانا۔ الگ کرنا (۸) چھپانا (۹) مدد کرنا۔ دستگیری کرنا (۱۰) آزاد کرنا۔ چھوڑ دینا (۱۲) راستہ چھوڑنا (۱۳) مصیبت سے نجات دلانا۔

**بچاؤ** (بَ۔چا۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) حفاظت۔ آسرا۔ آڑ (۲) پناہ۔ سلامتی (۳) نجات۔ مخلصی (۴) عذر (۵) بہانہ (۶) حفاظت کی جگہ۔

**بچاؤ کرنا۔** حفاظت کرنا۔ دفاع کرنا۔

**بچپن** (بَچ۔پن) [ہ۔ا۔مذ] لڑکپن۔ کم عمری۔ صغرسنی۔

**بچپن کرنا۔** نادانی کرنا۔

**بچپن کی باتیں۔** ناسمجھی کی باتیں۔ الھڑپن کی باتیں۔

**بچپنا** (بچ۔پ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] بچپن۔ صغرسنی۔

**بچت** (بَ۔چت) [ہ۔ا۔مث] (۱) پس انداز۔ بچا کر رکھی ہوئی چیز (۲) نفع۔ فائدہ (۳) باقی۔ بقیہ۔

**بچتر** (ہ۔مذ) مصور۔ نقاش۔

**بچک** (بِ۔چک) [ہ۔ا۔مث] (۱) خوف۔ ڈر (۲) مایوسی

**بچکانا** (بچ۔کا۔نا) [اُ۔صف] بچوں کا بچوں کا سا۔ بچوں کے لائق

**بچکانا** (بِچ۔کا۔نا) [ہ۔مص] (۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) پیچھے ہٹانا (۳) ناامید کرنا (۴) وعدے سے پھر جانا۔

**بچکانی** (بچ۔کا۔نی) [اُ۔صف] (۱) بچکانا کی تانیث (۲) [مث] چھوٹی لڑکی (۳) ناٹکہ کی پالی ہوئی لڑکی۔

**بچ کچ** (ا۔ا۔مذ) اہل و عیال۔ بچے کچے۔

**بچکنا** (بِ۔چک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ڈرنا (۲) ہٹ جانا (۳) موچ آنا (۴) ناامید ہونا۔

Marfat.com

**بچگان** (ف۔ مذ) بچہ کی جمع۔
**بچگانہ** (ف۔ صف) بچوں کے متعلق۔ طفلانہ۔ بچپنے کا۔ بچوں کی طرح
**بچگی** (بچ۔ چ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] کم سنی۔ نابالغی۔ بچپن۔ طفلی
**بچل** (ب۔ چل) [ہ۔ صف] بیچ کا۔ وسطی۔
**بچلا** (ہ۔ صف) درمیانہ۔ منجھلا۔ بیچ کا۔
**بچلنا** (ب۔ چل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھسلنا (۲) بہکنا۔ بھولنا۔ غلطی کرنا (۳) گم ہو جانا۔ رستہ بھولنا۔ (۴) مچلنا۔ اڑنا۔ ضد کرنا۔ (۵) بدکنا۔ بھڑکنا (۶) دیوانہ ہونا۔ جنون ہونا۔
**بچن** (ب۔ چن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) قول۔ بات۔ گفتگو۔ کلام (۲) عہد و پیمان۔ شرط
**بچن پال** (ہ۔ صف) بات کا پورا۔ قول پر قائم رہنے والا
**بچن پالنا** (محاورہ) (۱) اپنے قول پر قائم رہنا۔ ایمان پر ثابت قدم رہنا
**بچن توڑنا۔ بچن چھوڑنا** (محاورہ) وعدہ توڑنا۔ قول سے پھر جانا۔
**بچن دینا** (محاورہ) قول کرنا۔ عہد و پیمان کرنا۔ زبان دینا۔
**بچن ڈالنا** محاورہ) سوال کرنا۔ پوچھنا۔
**بچن لینا** (محاورہ) (۱) اقرار لینا۔ وعدہ لینا۔ عہد لینا۔ قول و قرار لینا (۲) قسم لینا۔
**بچن ماننا** (محاورہ) اطاعت کرنا۔ مان لینا۔
**بچن نباہنا** محاورہ) اپنی بات پر قائم رہنا۔ بات کا پاس کرنا۔
**بچن ہارنا** (محاورہ) (۱) زبان دینا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا (۲) قول سے پھرنا۔ بات پر قائم نہ رہنا
**بچنا** (بچ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) الگ رہنا۔ محفوظ رہنا (۲) باقی رہنا۔ بڑھنا (۳) زندہ رہنا۔ جینا۔ شفا پانا (۴) ہٹنا (۵) آرام ہونا۔ اچھا ہونا (۶) پرہیز کرنا (۷) رہائی پانا (۸) بہانہ کرنا (۷) رہائی پانا (۸) بہانہ کرنا (۹) خرچ نکال کر فائدہ ہونا۔ جمع ہونا۔ نفع ہونا (۱۰) جدا رہنا
**بچو** (بچ۔ چو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بچہ کی تصغیر (۲) حقارت سے مخالف کو بھی کہتے ہیں۔
**بچورنا** (ب۔ چور۔ نا) (ہ مص) مالیدہ کرنا۔ ملنا۔ رگڑنا۔
**بچولیا** (ب۔ چو۔ لیا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ثالث۔ پنچ۔ (۲) دلال ضامن فیصلہ کرنے والا۔ نزاع دور کرنا والا۔
**بچونگڑا** (ب۔ چونگ۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بچہ۔ بالک (۲) [صف] نادان بے وقوف۔
**بچوں سے گود بھری رہے** (دعا) اولاد زندہ رہے۔ کثرت سے اولاد ہو۔
**بچوں کا کھیل** (۱) آسان کام۔ سہل بات (۲) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۳) فضول بات۔ بے کار کام۔
**بچوں والی** (ہ۔ مث) ماں۔ صاحب اولاد عورت (۲) چیچک۔ سیتلا۔ خسرہ۔
**بچہ** (بچ۔ چہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) طفل۔ بال۔ بالک (۲) چھوٹی عمر کا پودا نادان شخص (۴) جوزہ (۵) فقیروں کا تکیہ کلام (۶) معصوم اور بے گناہ آدمی۔ جمع بچگان۔
**بچہ بازی**۔ لونڈے بازی۔ اغلام۔
**بچہ دان**۔ رحم۔ بچے دانی۔
**بچہ کش**۔ وہ عورت جو بہت بچے جنے۔ بچے دینے والی۔
**بچہ کشی**۔ بال ہتیا۔ بچے کا قتل۔
**بچہ مینا** (کنایۃً) شراب۔
**بچے بھرانا**۔ جانوروں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا۔ چوگا دینا
**بچے کچے**۔ لڑکے بالے۔ چھوٹے بڑے بچے۔
**بچے نکلوانا**۔ پرندوں کو انڈوں پر بٹھانا تاکہ بچے نکل آئیں۔
**بچے والی**۔ بچے دار۔ اولاد والی۔
**بچھ** (ہ۔ ا۔ مذ) بچھڑا۔
**بچھا** (بچھ۔ چھا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) فاصلہ۔ وقفہ۔ عرصہ۔ فرق۔ مہلت۔ درمیان۔ بیچ۔
**بچھا جانا** (ب۔ چھا۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) عجز و انکسار کرنا۔ جھکنا (۲) بہت تواضع و مدارت کرنا۔
**بچھتیا** (ب۔ چھت۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] چھپکلی
**بچھ جانا** (محاورہ) فرش ہو جانا (۲) مائل ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) کثرت سے زمین پر گر کر بچھ جانا (۴) انکسار کے ساتھ جھکا جانا۔
**بچھرو** (بچھ۔ رو) [ہ۔ ا۔ مذ] بچھڑا۔
**بچھڑا۔ بچھرا** (بچھ۔ ڑا۔ بچھ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] گائے کا بچہ۔
**بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے** (مثل) ہر شخص اپنے حمائتی پر گھمنڈ کرتا ہے۔
**بچھڑا** (ہ۔ صف) دور افتادہ۔ جدا۔
**بچھڑاؤ** (بچھ۔ ڑا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] جدائی۔
**بچھڑا ہوا** (بچھ۔ ڑا۔ ہ۔ وا) [ہ۔ صف] (۱) گم شدہ۔ کھویا ہوا (۲) علیحدہ جدا۔ الگ۔
**بچھڑ جانا۔ بچھڑنا** (ب۔ چھڑ۔ جا۔ نا) (ب۔ چھڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جدا ہونا۔ (۲) پیچھے رہ جانا۔ (۳) کھو جانا۔
**بچھنا** (بچھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) فرش ہونا (۲) عجز کرنا۔ انکساری کرنا۔ بہت آؤ بھگت کرنا۔
**بچھناک** (بچھ۔ ناک) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک زہریلی اور مہلک دوا۔
**بچھو** (بچھ۔ چھو) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک زہریلے جانور کا نام۔ کژدم۔ عقرب (۲) ایک پہاڑی پودا۔ جس کا پتہ چھو جانے سے بچھو کے کاٹنے کی طرح جلن ہوتی ہے۔
**بچھو کا منتر نہ جانے سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے۔ بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے** (مثل) چھوٹا کام تو کر نہیں سکتے بڑے کام میں دخل دینے لگے۔
**بچھوا** (بچھ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بچھو (۲) خنجر کی ایک قسم۔ چھوٹا چھرا (۳) ایک زیور جو پاؤں کی انگلیوں پر پہنا جاتا ہے (۴) ایک قسم کا تیز اچار۔

Marfat.com

بچھوانا (بچھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] فرش کرانا۔
بچھورنا۔ بچھوڑنا (ب۔چھور۔نا، ب۔چھوڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جدا کرنا (۲) کپاس میں سے بیج نکالنا۔ اوٹنا
بچھونا (ب۔چھو۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بستر (۲) چٹائی۔ یا فرش جس پر ہندو عورتیں بیٹھ کر ماتم کرتی ہیں (۳) کوئی چیز بچھائی جائے۔
بچھونا اُٹھانا (محاورہ) سوگ ختم کرنا۔
بچھونا بچھانا۔ بچھونا کرنا۔ فرش کرنا (۲) بہت زیادہ مار پیٹ کرنا۔
بچھوہا (ب۔چھو۔ہا) [ہ۔ا۔مذ] جدائی۔ مفارقت۔ ہجر۔
بچھیا (بچھیا۔یا) [ہ۔ا۔مث] گائے کا مادہ بچہ
بچھیا کا باوا (۱) بیل (۲) (کنایۃً) نہایت بے وقوف شخص
بچھیرا (ب۔چھے۔را) [ہ۔ا۔مذ] گھوڑے کا نر بچہ
بچھیرا پلٹن (۱) نوعمر بچے (۲) نوعمر بچوں کی فوج
بچھیری (ب۔چھے۔ری) [ہ۔ا۔مث] بچھیرا کی تانیث۔ گھوڑے کا مادہ بچہ۔
بچی (بچ۔چی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوٹی لڑکی (۲) وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں۔ ڈاڑھی کا امام۔
بچی (بچ۔چی) [ہ۔ا۔صف] کان کٹی۔
بچے (ہ۔ا۔مذ) بچہ کی جمع۔
بچے تو آپ سے، نہ بچے تو باپ سے (مثل) عورت حفاظت سے نہیں اپنی مرضی سے برائی سے بچ سکتی ہے۔
بچے کچے (ا۔مذ) بال بچے۔ لڑکے بالے۔
بچیانا (بچ۔یا۔نا) [ہ۔مص] گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

# ب۔ح

بحار (ب۔حار) [ع۔ا۔مذ] بحر کی جمع۔ سمندر
بحال (بَ۔حال) [ف۔صف] (۱) برقرار۔ قائم۔ بدستور۔ اصلی حالت پر (۲) سابق حیثیت میں۔ سابق کی طرح (۳) اچھی حالت میں خوش (۴) شفایافتہ (۵) دوبارہ کام پر لگایا ہوا۔
بحال رکھنا۔ قائم کرنا۔ بدستور رکھنا
بحال کرنا (۱) دوبارہ اسی عہدے پر مقرر کرنا (۲) خوش کرنا۔
بحال ہونا (۱) تندرست ہونا (۲) پھر اُسی عہدے پر مقرر ہونا۔
بحالی (ب۔حا۔لی) [ف۔ا۔مث] (۱) افاقہ۔ طبیعت کی درستی (۲) پھر اسی عہدے پر تقرر (۳) قبضے کی واپسی (۴) فرحت۔ تازگی۔ جمع بحالیات۔
بحث (ع۔ا۔مث) (۱) چھان بین (۲) لفظی تکرار۔ مباحثہ۔ تقریر۔ حجت۔ دلیل (۳) جھگڑا۔ سوال و جواب۔ گفتگو۔ مناظرہ (۴) واسطہ۔ تعلق۔
بحث آپڑنا (محاورہ) تکرار ہو جانا۔ مقابلہ

بحث بڑھنا (محاورہ) گفتگو میں طوالت ہونا۔ بات لمبی ہونا۔
بحث پڑنا (محاورہ) زبانی معاملہ ہونا۔ تکرار ہونا۔ حجت ہونا۔
بحث چھڑنا (محاورہ) (۱) تذکرہ ہونا (۲) مناظرہ ہونا۔
بحث قانونی۔ ایسی بحث جو کسی قانون کی رُو سے کی جائے۔
بحث کرنا (محاورہ) جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔
بحث نکال کھڑی کر دینا (محاورہ) جھگڑا پیش کر دینا۔
بحثنا (بحث۔نا) (اُ۔مص) بحث کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ تکرار کرنا۔ مناظرہ کرنا۔
بحث واقعاتی۔ ایسی بحث جو واقعات مقدمہ سے متعلق ہو۔
بحد۔ بحدیکہ (ف) یہاں تک۔ اس حد تک۔
بحر (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑا دریا۔ جہاں ساگر۔ بڑا سمندر (۲) شعر کا وزن۔ جمع بحور۔
بحران (بح۔ران) [ع۔ا۔مذ] (۱) بیماری کے زور کا دن (۲) تعطل۔ اُلجھن
بحر و بر (عف۔مذ) تری اور خشکی (۲) تمام دُنیا۔
بحری (بح۔ری) [ع۔صف] بحر سے منسوب۔ سمندری۔
بحری بیڑا۔ سمندری جہازوں کا قافلہ۔ عام طور پر یہ اصطلاح جنگی جہازوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
بحری رو۔ سمندر کی لہر کا وہ باقاعدہ بہاؤ جو مسلسل کسی سمت کو جاری رہتا ہے۔
بحریہ (بح۔ری۔یہ) [ع۔ا۔مث] (۱) جنگی جہازوں کا بیڑا (۲) بحری فوج
بحل (ب۔حل) [ع۔ا۔مذ] (۱) معافی۔ درگزر (صف) قابلِ معافی
بحور (بُ۔حور) [ع۔ا۔مذ] بحر کی جمع۔
بحیرہ (بُ۔حے۔رہ) [ع۔ا۔مذ] بحر کی تصغیر۔ چھوٹا سمندر۔

# ب۔خ

بُخار (بُ۔خار) [ع۔ا۔مذ] (۱) دُھواں۔ بھاپ (۲) حرارت۔ تپ (۳) غصہ۔ رنج۔ کدورت۔ غبار۔ جمع۔ بخارات اور ابخرہ
بخار آنا۔ بخار چڑھنا (۱) تپ چڑھنا۔ بدن گرم ہونا (۲) ڈرنا۔ خوف آنا
بخار اُٹھنا (محاورہ) دُھواں اٹھنا۔
بخار بھرا ہونا (محاورہ) شکوے سے لبریز ہونا (۲) دل میں کدورت ہونا
بخار دل میں رکھنا (محاورہ) عداوت رکھنا۔ کینہ و بغض رکھنا۔
بخار رکھنا (محاورہ) بغض، کینہ یا عداوت رکھنا۔
بخار نکالنا (محاورہ) دل کا جوش نکالنا۔ غصہ اتارنا (۲) حسرت نکالنا ہوس نکالنا۔
بخارات (بُ۔خا۔رات) [ع۔ا۔مذ] بخار کی جمع۔ ابخرے۔
بخاری (بُ۔خا۔ری) [اُ۔ا۔مث] (۱) باورچی خانہ یا دالان کی کوٹھڑی جو غلے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں (۲) چمنی یا انگیٹھی جو دیوار میں بنائی جاتی ہے اور اس کا دھواں چھت پر نکالا جاتا ہے۔
بُخاری (بُ۔خا۔ری) (ف۔صف) شہر بخارا سے منسوب (۲) [مذ]



Marfat.com

بخارا کا باشندہ (۳) احادیث نبویہ کی ایک مشہور کتاب جو اپنے مؤلف امام بخاری کے نام سے موسوم ہے۔
بَخت (ف۔ا۔مذ) حِصّہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت۔
بَخت آزمائی (ف۔صف) تقدیر آزمانا۔ مقدر کا آزمانا۔ نصیب کا پرکھنا (۲) کوشش۔ سعی۔ جد وجہد
بخت آور (ف۔مذ) (بختاور) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
بخت آوری (ف۔صف) خوش نصیبی۔ خوش قسمتی۔
بخت اُڑ گئے بلندی رہ گئی (مثل) (۱) ریاست یا جاگیر تو جاتی رہی محض نام باقی رہ گیا ہے (۲) گرہ میں پیسہ نہیں نواب بنتے پھرتے ہیں اس کی نسبت بولتے ہیں جو مفلسی میں ڈینگ مارے یا مزاجدار بننے کی کوشش کرے۔
بخت اُلٹنا (محاورہ) بخت پھرنا۔ قسمت کا ناموافق ہونا۔
بخت برگشتہ (ف۔صف) بدقسمت۔ بدنصیب
بخت پھرنا (محاورہ) قسمت خراب ہونا۔
بخت جلا۔ کم بخت۔ بدنصیب۔
بخت جواں (ف۔صف) خوش نصیب (۲) ترقی کرنے والا
بخت چمکنا (محاورہ) طالع کا بیدار ہونا۔ نصیب جاگنا۔
بخت خفتہ (ف۔صف) سویا ہوا نصیب۔ بگڑا ہوا اقبال۔
بخت رسا (محاورہ) اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔
بخت رسیدہ (ف۔مذ) بدقسمتی۔ خراب قسمت۔
بخت سیدھا ہونا (محاورہ) قسمت جاگنا۔ نصیب کا موافق ہونا۔
بخت کھلنا (محاورہ) نصیب جاگنا (۲) کنوارے کی شادی ہونا
بخت واژوں (واژگوں) [ف۔صف] اوندھی قسمت۔ بگڑا ہوا نصیب۔
بخت یار (بختیار) خوش نصیب۔ نصیبے والا۔ اقبال مند۔
بخت یاور ہے (محاورہ) نصیبہ یا قسمت مددگار ہے۔ کامیاب ہے۔
بخت یاری (بختیاری) خوش بختی۔ خوش نصیبی۔
بختوں جلی (۱) بدنصیب۔ بدقسمت عورت (۲) بے اولاد عورت (۳) رانڈ۔ بال بدھوا۔
بختوں کے بلیا، پکائی کھیر ہو گیا دَلیا (مثل) بدنصیبی میں اچھا کام بھی خراب ہو جاتا ہے۔
بُختی (بخ۔تی) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا بڑا اونٹ (۲) تیز رفتار اونٹ
بختے (بخ۔تے) [اُر۔ا۔مذ] بھنے ہوئے چنوں کے دلے ہوئے دانے جن پر چھلکا نہ ہو۔
بخرا، بخرہ (بخ۔را، بخ۔رہ) [ف۔ا۔مذ] حصّہ۔ بانٹ۔ تقسیم۔ ٹکڑا۔
بخرا کرنا۔ حصوں میں تقسیم کرنا۔
بخش (ف۔صف) (۱) معاف کرنے والا۔ بخشنے والا (۲) دینے والا معطی (مرکبات میں مستعمل ہے) جیسے گنج بخش۔ تاج بخش (۲) [مذ] حصہ۔ بخرہ (۳) عطیہ۔ وظیفہ (۴) (اُر) کھانے کا پورا حصّہ جو تقریبات میں بانٹا جاتا ہے۔ (۵) بخشنا کا امر۔

بخش دینا (۱) بلا معاوضہ دے دینا۔ مفت دے دینا (۲) معاف کر دینا۔ سزا نہ دینا۔
بخشائش (بخ۔شا۔اِش) [ف۔ا۔مث] گناہ کی معافی۔
بخشش (بخ۔شِش) [ف۔ا۔مث] انعام عطیہ (۲) معافی عفو۔ درگزر۔
بخشش نامہ۔ ہبہ نامہ۔ وہ دستاویز جس کے ذریعے کوئی جائیداد بلا معاوضہ کسی کو دی جائے۔
بخشنا (بخش۔نا) [اُر۔مص] (۱) عطا کرنا (۲) معاف کرنا (۳) ثواب پہن...
بخشندہ (بخ۔شن۔دہ) [ف۔صف] بخشنے والا۔ جمع بخشندگان۔
بخشو (۱) معاف کرو۔ پیچھا چھوڑیے۔
بخشوانا (بخش۔وا۔نا) (اُر۔مص) معاف کرانا۔ عفو کرانا۔
بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا (مثل) مجھے آپ کی عنایت نہیں چاہیئے۔ میں یوں ہی اچھا ہوں۔ اس موقعے پر بولتے ہیں جب مخاطب بھلائی کے پردے میں برائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔
بخشی (بخ۔شی) [ف۔ا۔مذ] (۱) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب رکھنے والا عہدیدار۔ چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا (۲) سپہ سالار جنرل
بخشی خانہ۔ فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے کا دفتر۔
بخشی کا دھگڑا۔ سپہ سالار کا آشنا۔ زور آور کا دوست۔ رستم کا سالا کوتوال کا یار۔
بخشی گری۔ فوج کی تنخواہ بانٹنے کا عہدہ۔
بُخل [ع۔ا۔مذ] (۱) لالچ۔ طمع۔ حرص (۲) کنجوسی۔ تنگ دلی۔
بُخلا (بُ۔خ۔لا) [ع۔ا۔مذ] بخیل کی جمع۔
بخور (بَ۔خُور) [ع۔ا۔مذ] وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوشبو نکلتی ہے۔ عود۔ لوبان وغیرہ
بخیانا (بخ۔یا۔نا) [اُر۔مص] بخیہ کرنا۔ سینا۔
بخیر انجام پانا (ا۔محاورہ) اچھا نتیجہ نکلنا۔
بخیر گزرنا۔ اچھی طرح گزری۔
بخیر یاد کرنا (ا۔محاورہ) بھلائی سے یاد کرنا۔
بخیل (بَ۔خِیل) [ع۔صف] کنجوس۔ تنگ دل۔ جمع بُخلاء
بخیلی (بَ۔خی۔لی) [ف۔ا۔مث] کنجوسی۔ بخیل کی خاصیت۔
بخیہ (بخ۔یہ) [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کی مضبوط سیون جو پاس پاس ہوتی ہے
بخیہ اُدھڑنا۔ ٹانکے کھلنا (۲) راز فاش ہونا۔ قلعی کھلنا۔ عیب ظاہر ہونا (۳) (مجازاً) طاقت ختم ہونا۔
بخیہ ادھیڑنا (محاورہ) حقیقت ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔
بخیہ زن (گر) [ف۔صف] بخیہ کرنے والا۔
بخیے ادھیڑنا (۱) ٹانکے کھولنا۔ (۲) راز فاش کرنا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔

## ب۔و

بَد [ہ۔ا۔مث] وہ پھوڑا جو جوڑوں میں نکلتا ہے (۲) ساہوکاروں کی

Marfat.com

اصطلاح) ذِمّہ۔
بَد (ف۔ صف) (۱) بُرا۔ خراب (۲) ناقص۔ نکما (۳) شریر۔ فسادی۔ نیک کی ضد۔
بَدآموز (ف۔ صف) (۱) بُری باتیں سکھانے والا (۲) جس نے بُری تعلیم پائی ہو۔
بدآئین۔ بداطوار۔ وہ شخص جسے کسی اصول کا پاس نہ ہو۔ خراب اصولوں والا
بداچھا بدنام بُرا (مثل) رسوا اور بدنام ہونا بدکار ہونے سے بھی زیادہ خراب ہے۔
بداختر (ف۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
بداخلاق (ف۔ صف) بداطوار۔ ناشائستہ۔ نالائق۔ بُری عادت والا
بداسلوب (ف۔ صف) (۱) بے ڈھنگا۔ بُری شکل (۲) بدچلن۔ بدکردار
بداصل (ف۔ صف) (۱) پاجی۔ (۲) بدذات۔ کم اصل
بداطوار (ف۔ صف) بُرے چال چلن کا۔ بُرے ڈھنگوں کا۔
بداعتقاد (ف۔ صف) جس کا عقیدہ خراب ہو۔ یقین نہ رکھنے والا
بداعمال (ف۔ صف) بدچلن۔ بُرے کام کرنے والا۔ بدکردار
بداعمالی۔ بدچلنی۔ بدمعاملگی۔
بدافعال (ف۔ صف) بُرے کام کرنے والا۔ بدمعاش۔
بدامنی (ف۔ مث) گڑبڑ۔ انتشار۔ بغاوت۔
بدانتظامی (ف۔ مث) بدعملی۔ اندھیر۔ انتظام کی خرابی
بدانجام (ف۔ صف) جس کا اخیر اچھا نہ ہو۔
بداندیش (ف۔ صف) بُرا چاہنے والا۔ مخالف۔ دشمن
بدباطن (ف۔ صف) کینہ پرور۔ سیاہ دل۔ بُرے دل والا۔
بدبخت (ف۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت
بدبلا۔ نہایت شریر۔ ظالم (۲) چڑیل۔ ڈائن۔
بدبُو۔ سڑاند۔ خراب بو۔ خوشبو کی ضد۔
بدبو آنا۔ کسی شئے سے عفونت آنا۔ ناگوار بو پھیلنا
بدپرہیز۔ کھانے پینے میں پرہیز نہ کرنے والا۔ بے احتیاط۔
بدپرہیزی (۱) بے احتیاطی۔ بے اعتدالی (۲) [مجازاً] فضول خرچی
بدتر (ف۔ صف) زیادہ خراب۔ بہت بُرا۔ بہت خراب۔
بدتمیز (ف۔ صف) گستاخ۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ
بدتمیزی (ف۔ مث) بدسلیقگی۔ پھوہڑپن۔ گستاخی۔
بدتہذیب (ف۔ صف) غیر مہذب۔ بدتمیز
بدجانور۔ سوّر۔ خنزیر۔
بدچشم (ف۔ صف) حاسد۔ لالچی۔ وہ شخص جس کی نگاہ دوسروں کی دولت پر ہو۔ خاص کر عورتوں پر۔
بدچلن (ف۔ صف) بداطوار۔ بدکار۔ بدوضع۔ بُرے چال چلن والا۔
بدچلنی۔ بدوضعی۔ بدکرداری۔ بداعمالی۔ بدکاری۔
بدحال (ف۔ صف) بُری حالت والا۔ بدحیثیت۔ بدبخت۔
بدحالی (ف۔ مث) بدبختی۔ بُری حالت۔
بدحواس (ف۔ صف) (۱) بے ہوش۔ بے حواس (۲) حیران پریشان
بدحواسی (ف۔ ع۔ مث) گھبراہٹ۔ پریشانی (۲) بے عقلی۔ کم عقلی
بدخبر (ف۔ مث) بُری اطلاع۔ موت کی خبر
بدخصال یا خصلت [ف۔ صف] بُری عادت والا۔ بدمزاج۔ بدطینت
بدخط (ف۔ صف) وہ شخص جس کا خط خراب ہو۔
بدخطی (ف۔ صف) بُری لکھائی۔
بدخلق (ف۔ صف) بدمزاج۔ اکھڑ۔ بُرے اخلاق کا۔
بدخو (ف۔ صف) بُری خصلت والا۔
بدخواب ہونا (ف۔ صف) (۱) بُرا سپنا دیکھنا (۲) احتلام ہونا۔ (۳) نیند اُچٹ جانا۔
بدخوابی (ف۔ مث) ڈراؤنا خواب (۲) احتلام۔ بے چینی۔ نیند نہ آنا
بدخواہ (ف۔ صف) بُرا چاہنے والا۔ دشمن۔ بیری۔ مخالف۔
بدخواہی (ف۔ مث) دشمنی۔ بیر۔ مخالفت۔
بددعا دینا یا کرنا (محاورہ) کوسنا دینا۔
بددعا لگنا (محاورہ) کسی کے کوسنے کا اثر ہونا۔
بددعا لینا (محاورہ) کوسنے کا مستحق ہونا۔
بددل (ف۔ صف) (۱) ناخوش۔ ناراض (۲) دل برداشتہ
بددلی (ف۔ مث) ناامیدی (۲) خاموشی۔ ناراضگی۔ بزدلی۔
بددماغ (ف۔ صف) (۱) چڑچڑا۔ ناک چڑھا۔ نازک مزاج (۲) مغرور۔ گھمنڈی
بددماغی (ف۔ مث) (۱) غرور۔ گھمنڈ (۲) نازک مزاجی۔ چڑچڑاپن۔
بددیانت (ف۔ صف) خیانت کرنے والا۔ دغاباز۔ بے ایمان۔
بددیانتی (ف۔ مث) بے ایمانی۔ خیانت۔ دغابازی۔
بدذات (ف۔ صف) کمینہ۔ کم ذات (۲) شوخ۔ شریر (۳) سفلہ۔ پاجی۔
بدذاتی (ف۔ مث) شرارت۔ کمینگی۔ پاجی پن
بدذاتی پر آنا (محاورہ) شرارت پر آمادہ ہونا۔
بدذائقہ (ف۔ صف) بدمزہ۔ جس کا مزہ خراب ہو۔
بدذوق (ف۔ صف) بدمذاق۔ جس کی پسند اچھی نہ ہو۔ غیر معیاری چیزوں کو پسند کرنے والا۔
بدذہن (ف۔ صف) کند ذہن۔ کوڑ مغز۔ غبی۔
بدراہ (ف۔ صف) بُرے راستے پر چلنے والا۔ بدوضع۔ بدچلن۔ بدکار گمراہ۔
بدرکاب (ف۔ صف) (۱) وہ گھوڑا جو رکاب میں پاؤں نہ رکھنے دے (۲) شریر۔
بدرگ (ف۔ صف) کینہ۔ بُری خصلت والا۔ بدسرشت۔
بدرنگ (ف۔ صف) (۱) خراب رنگ کا (۲) رنگ اُڑا ہوا۔ تاش کا وہ پتہ جو بازی کے رنگ کا نہ ہو۔
بدرو (ف۔ صف) وہ گھوڑا جو بُری طرح چلے۔
بدروز (ف۔ صف) بدبخت۔ مصیبت زدہ۔
بدروزگار (ف۔ صف) جس کا زمانہ ناموافق ہو۔ بدنصیب۔ بدقسمت
بدزبان (ف۔ صف) بدکلام۔ گستاخ۔ گالی گلوچ بکنے والا۔
بدزیب (ف۔ صف) بے ڈول۔ نازیبا۔



Marfat.com

بدساعت (ف۔صف) منحوس گھڑی
بدسرشت (ف۔صف) بدطینت۔ خراب طینت کا۔
بدسگال (ف۔صف) بدخواہ۔ بُرا چاہنے والا۔
بدسگالی (ف۔مث) بدخواہی۔ بُرا چاہنا۔
بدسلوکی (ف۔مث) بُرا برتاؤ۔ بُری طرح پیش آنا۔
بد سے بدنام بُرا (مثل) بد ہونے سے بدنام ہونا بُرا ہے۔
بدسیرت (ف۔صف) بُری عادت والا۔
بدشکل (ف۔صف) بُری صورت والا۔ بدصورت۔
بدشگونی (ف۔صف) نحوست۔ بدفالی۔
بدصُورت (بھونڈی صورت والا۔ بُری شکل والا۔ بدشکل
بدصُورت کرنا صورت بگاڑ دینا۔ شکل بگاڑنا۔ چہرہ بگاڑنا۔
بدصورتی (ف۔مث) بُری صورت۔ خراب شکل
بدطالع (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت
بدطرازی (ف۔مث) بے ڈھنگا پن۔ مصیبت۔ بُری روش
بدطینت (ف۔صف) بُری عادت والا۔ بدخصلت۔ بدمزاج
بدظن (ف۔صف) شکی۔ بدگمان
بدعقیدہ (ف۔صف) جس کا عقیدہ ٹھیک نہ ہو۔
بدعمل (ف۔صف) گناہ گار۔ خطار کار۔ بُرے کام کرنے والا۔
بدعملی (ف۔مث) اندھیر۔ بدنظمی۔ بدانتظامی۔
بدعنوان (ف۔صف) رشوت خور۔ ہیرا پھیری کرنے والا۔ بدقماش۔ بداطوار۔
بدعہد (ف۔صف) بے وفا۔ قول سے پھر جانے والا۔ وعدہ خلاف۔
بدعہدی (ف۔مث) بے وفائی۔ وعدہ خلافی۔ دغا بازی
بدفرجام (ف۔صف) وہ شخص جس کا انجام بخیر نہ ہو۔
بدفعل (ف۔صف) بدکار۔ اغلام باز۔
بدفعلی (ف۔مث) بدکاری۔ حرام کاری۔ بدچلنی۔ بدکرداری۔
بدقطع (ف۔صف) بے ڈھنگا۔ بدصورت۔ بدشکل۔
بدقمار (ف۔صف) دھوکا دے کر روپیہ بٹورنے والا (۲) ہمیشہ ہارنے والا جواری (۳) بدطینت (۴) شریر
بدقماش (ف۔صف) بدچلن۔ بدوضع۔
بدقدم (ف۔صف) منحوس
بدکار۔ زناکار۔ فاسق۔ بدچلن۔ بدکردار
بدکاری (ف۔مث) زناکاری۔ حرام کاری بدچلنی۔ بدفعلی۔ لواطت
بدکردار (ف۔صف) بدعمل بدچلن
بدکیش (ف۔صف) بے دین۔ (۲) بدخو۔
بدگمان (ف۔صف) بدگمان رکھنے والا۔ بُرا خیال رکھنے والا۔ بدظن۔ شکی
بدگمانی (ف۔مث) بے جا شبہ۔ بدظنی۔ خیال فاسد۔
بدگو (ف۔صف) گالیاں بکنے والا۔ بری باتیں کہنے والا۔
بدگوشت (ف۔صف) وہ زائد گوشت جو کسی مادہ فاسد کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔

بدگوہر۔ بدذات۔ بداصل۔ کمینہ
بدگوئی (ف۔مث) غیبت۔ چغلی۔ بُرائی۔ جھوٹ۔
بدگہر (ف۔صف) بداصل۔ بدسرشت۔ شریر گھوڑا۔
بدلحاظ (ف۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ
بدلحاظی (ف۔مث) بے شرمی۔ بے حیائی۔ حفظ مراتب کا خیال نہ رکھنا گستاخی۔
بدلگام (ف۔صف) (۱) وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔ بے قابو (۲) [مجازاً] بے ادب۔ منہ پھٹ۔
بدلگامی کرنا (محاورہ) گستاخی اور سرکشی کرنا (۲) منہ پھٹ ہونا (۳) وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔
بدلہجہ (ف۔صف) بدآواز۔ بدالحان۔
بدمآل (ف۔صف) جس کا نتیجہ اچھا نہ ہو۔
بدمذہب (ف۔صف) بے ایمان۔ بدکیش۔ بدطریق۔
بدمزاج (ف۔صف) چڑچڑا۔ غصہ ور۔ تندخو۔
بدمزاجی (ف۔مث) ترش روئی۔ تندخوئی۔ چڑچڑا پن۔
بدمزگی (ف۔مث) بدذائقہ پن (۲) رنجش۔ مخالفت۔
بدمزہ (ف۔صف) بے سواد۔ بدذائقہ۔
بدمزہ ہونا (محاورہ) بے ذائقہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ ترش رو ہونا۔
بدمست (ف۔صف) (۱) مدہوش۔ بے ہوش۔ مست۔ نشے میں چور۔ (۲) پُرشہوت (۳) شریر۔
بدمستی (ف۔مث) (۱) بدہوشی ۲ شہوت پرستی (۳) شرارت۔
بدمعاش (ف۔صف) (۱) وہ شخص جس کی روزی بُرے کاموں پر منحصر ہو (۲) حرام خور۔ شریر۔ لچا۔
بدمعاشی (ف۔مث) شرارت۔ حرام خوری۔ بدذاتی۔ بدچلنی۔
بدمعاملگی (ف۔صف) بے ایمانی۔ لین دین کی صفائی نہ رکھنا (۲) بدعہدی کھوٹا پن۔
بدمعاملہ (ف۔صف) (۱) لین دین کا کھوٹا۔ بے ایمان۔ بددیانت (۲) بدعہد
بدنام (ف۔صف) رُسوا۔ وہ شخص جس کی خراب شہرت ہو۔
بدنام کنندہ نکونامے چند (مثل) نیک ناموں کو بدنام کرنے والا۔
بدنامی۔ رسوائی۔ ذلت۔ بُری شہرت۔
بدنامی اٹھانا (محاورہ) رُسوائی برداشت کرنا۔
بدنامی کا ٹوکرا۔ رسوائی کا الزام۔ بدنامی کا سبب۔ رسوائی رنج۔
بدنامی کا ٹیکا۔ رسوائی کا داغ۔
بدنامی سمیٹنا (محاورہ) رسوائی کا چھپانا یا دور کرنا (۲) رسوائی مول لینا۔ بدنام ہونا۔
بدنسل (ف۔صف) خراب نسل کا۔ کمینہ۔ بداصل۔
بدنصیب (ف۔صف) کم بخت۔ بدقسمت۔
بدنظر (بدنگاہ) بُری نظر سے دیکھنے والا۔
بدنظر سے دیکھنا (محاورہ) بُری نگاہ سے یا نفسانی خواہش کے ارادے سے گھورنا۔ (۲) دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا۔

Marfat.com

بدنظمی (ف ۔ مث) گڑبڑ ۔ بے انتظامی ۔ فساد
بدنما (ف ۔ صف) بدزیب ۔ بھونڈا ۔ بدشکل ۔ برا ۔ بھدا
بدنہاد (ف ۔ صف) بدسرشت ۔ بدخو ۔
بدنیت (ف ۔ صف) (۱) برے ارادے والا (۲) لالچی ۔ حریص ۔ بری نیت والا (۳) حرامکاری کی خواہش رکھنے والا ۔ زنا کا ارادہ کرنے والا ۔
بدنیتی (ف ۔ مث) نیت کی خرابی ۔ نیک نیتی کی ضد ۔
بدوضع (ف ۔ صف) (۱) بدچلن ۔ بداطوار (۲) بدصورت، بھونڈا ۔
بدہضمی (ف ۔ مث) سوئے ہضم ۔ غذا کا ہضم نہ ہونا ۔
بدہیئت (ف ۔ صف) بدصورت ۔ بدشکل ۔ مہیب صورت والا
بدّ (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ چھوٹا سا گڑھا جس میں بچے کھیلتے وقت گیند یا روڑے پھینکتے ہیں
بَدا (بَ ۔ دا) [ہ ۔ صف] طے شدہ ۔ مقرر ۔ متعین ۔ قسمت میں لکھا ہوا
بدابدی (۱) شرطی ۔ حکمی ۔ (۲) بحث ۔ تکرار ۔ ضدم ضدا ۔
بدا ہونا ۔ قسمت میں ہونا ۔ نصیب میں ہونا (۲) شرطیہ ہونا ۔
بدا (ہ ۔ ا ۔ مث) وداع ۔ رخصت ۔ روانگی ۔ جدائی ۔
بُداہت (بَ ۔ دا ۔ ہت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) فی البدیہہ بات کہنا (۲) ناگہانی واقعہ (۳) یقینی ہونا ۔ صریحی ہونا ۔
بداہتہً (ف ۔ متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے ۔ ارتجالاً ۔
بَدائع (بَ ۔ دا ۔ ئِع) [ع ۔ ا ۔ مذ] بدیع کی جمع ۔ عجائبات ۔ نئی چیزیں
بدایت (بَ ۔ دا ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] شروع کرنا ۔ آغاز کرنا ۔
بدایوں کے للّا (بَ ۔ دا ۔ یوں کے ۔ ل ۔ لا) [ہ ۔ صف] نادان ۔ مورکھ احمق ۔ بے وقوف ۔
بُدبُدانا (بُد ۔ بُ ۔ دا ۔ نا) [ہ ۔ مص] چپکے چپکے کہنا ۔ بڑبڑانا ۔
بدخشی (بَ ۔ دَخ ۔ شی) [ف ۔ صف] (۱) بدخشانی ۔ شہر بدخشاں سے منسوب (۲) [مذ] بدخشاں کا باشندہ
بَدر [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چودھویں رات کا چاند ۔ ماہ کامل (۲) مدینہ منورہ کے متصل ایک موضع اور کنواں جہاں مسلمانوں کی پہلی جنگ بدر واقع ہوئی
بدرالدجیٰ (ع ۔ صف) اندھیری رات کا چاند ۔ اجالا پھیلانے والا (۲) آنحضرت صلعم کا لقب کیونکہ آپ نے جہالت کے اندھیرے کو دور کیا تھا ۔
بدر کے بعد ہلال ہے (مثل) کمال کے بعد زوال ہے ۔
بدر (بَ ۔ دَر) [ف ۔ صف] بیرون ۔ باہر (۲) غلطی ۔ نقص ۔
بدررو ۔ گندہ پانی باہر جانے کا راستہ ۔ موری ۔ نالی ۔
بدرقہ (ف ۔ مذ) وہ شخص جو راہ میں مسافر کی حفاظت کرے (۲) اصطلاح طب میں وہ ایسی دوا جو کسی دوسری دوا کی معاون ہو (۳) قافلے کا رہنما ۔ نگہبان ۔ محافظ (۴) وہ ٹیکس جو زمانہ سابق میں راستہ کی حفاظت کے لئے لیا جاتا تھا ۔
بدر کرنا ۔ نکالنا ۔ خارج کرنا (شہر ملک کے ساتھ)
بدرنویس ۔ ان رقموں کا لکھنے والا جو حساب میں قابل اعتراض ہوں
بدرنویسی (۱) حساب کی جانچ پڑتال (۲) ملازمین دفتر کے جرمانوں کی فہرست (۳) مطالبہ کے وجوہ جن کی بنا پر عمال سے مواخذہ کیا جاتا ہے ۔
بُدر بُدر (بُ ۔ دَر، بُ ۔ دَر) [ہ ۔ تابع فعل] آہستہ آہستہ
بُدر بُدر کرنا ۔ آہستہ آہستہ برا بھلا کہنا ۔
بدرہ (بَد ۔ رَہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چمڑے کی تھیلی ۔ بٹوا ۔ ہمیانی ۔ توڑا ۔
بدری (بَد ۔ ری) [اُر ۔ ا ۔ مث] چھوٹی تھیلی ۔
بدری (بِد ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] جست کے برتن پر چاندی کا کام (یہ کام بیدر شہر سے شروع ہوا ۔ اس لئے بیدری یا بدری کے نام سے مشہور ہو گیا)
بدعت (بِد ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) دین میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا ۔ نیا دستور یا نیا رسم و رواج (۲) سختی ۔ ظلم (۳) جھگڑا ۔ فساد شرارت ۔ جمع بدعات ۔
بدعتی (بِد ۔ عَ ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) مذہب میں نئی رسم نکالنے والا ۔ (۲) بری رسم نکالنے والا (۳) شرارت یا فساد پھیلانے والا ۔ خرابی ڈالنے والا ۔ نقص پیدا کرنے والا ۔
بدکانا (بِد ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] گھوڑے کو ڈرانا ۔ بھڑکانا ۔ چمکانا ۔
بدکنا (بِ ۔ دَک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ڈر کر چونکنا ۔ بھڑکنا (۲) ڈرنا ۔ چمکنا
بُدکنا (بُ ۔ دَک ۔ نا) [ہ ۔ مص] اچھلنا ۔
بدل (بَ ۔ دَل) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) عوض ۔ معاوضہ (۲) اجرت ۔
بدل اشتراک (ف ۔ مذ) بدلے میں (مجازاً) اخبار، رسالے کی خریداری کا چندہ یا قیمت ۔
بدل جانا (محاورہ) (۱) اور کا اور ہو جانا ۔ پھر جانا ۔ تبدیل ہو جانا ۔ وعدہ خلافی کرنا ۔ مکرنا ۔
بدل لینا ۔ پلٹ لینا ۔ ایک چیز دے کر دوسری چیز لے لینا ۔
بدلا ۔ بدلہ (بَد ۔ لا، بَد ۔ لہ) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) عوض ۔ معاوضہ (۲) جزا (۳) صلہ ۔ بخشش ۔
بدلہ اتارنا ۔ عوض کرنا ۔ احسان اتارنا ۔
بدلہ لینا ۔ عوض لینا ۔ قصاص لینا ۔ انتقام لینا ۔
بدلانا (بَد ۔ لا ۔ نا) [اُر ۔ مص] تبدیل کرانا ۔
بَدلنا (بَ ۔ دَل ۔ نا) [اُر ۔ مص] (۱) تبادلہ کرنا (۲) پلٹنا ۔ پھرنا (۳) متغیر ہونا (۴) تبدیل ہونا (۵) منتقل ہونا (۶) ایک پہلو سے دوسرے پہلو ہونا (۷) خیالات کا بدل جانا (۸) کسی چیز کے عوض میں دینا (۹) لباس یا شکل و صورت کو مختلف بنا لینا (۱۰) غلط بیانی کرنا (۱۱) مکان تبدیل کرنا
بدل نصیب ہونا ۔ (محاورہ) گمشدہ ... دوسری چیز مل جانا ۔
بدلوائی (بَ ۔ دَل ۔ وا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مث] بٹا ۔ تبدیلی ۔ سکہ کا معاوضہ ۔ تبادلے کی قیمت ۔
بدلی (بَد ۔ لی) [اُر ۔ ا ۔ مث] (۱) تبدیلی ۔ منتقلی ۔ ایک شخص کے کام پر دوسرے کا جانا (۲) بادل کی تصغیر ۔ بادل کا ٹکڑا
بدلی کی چھاؤں (ا ۔ مث) ناپائدار چیز
بدلی ہونا ۔ (محاورہ) تبدیل ہونا (۲) ابر ہونا ۔ بادل ہونا ۔



Marfat.com

بدن (بَ۔ دن) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تن۔ جسم۔ اندام (۲) شرم گاہ بستر۔ جمع ابدان
بدن اُلو کرنا (محاورہ) مارتے مارتے جسم پر نیل ڈال دینا۔
بدن اندر سے پھوڑا ہونا (محاورہ) سارا جسم دُکھنا۔
بدن بگڑ جانا (محاورہ) جذام یا کوڑھ ہو جانا۔
بدن پاک کرنا (محاورہ) بدن سے نجاست دھونا۔
بدن پر بوٹی نہ ہونا (محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔
بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ (مثل) غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ۔
بدن پھل جانا (محاورہ) تمام جسم پر پھوڑے پھنسی یا گرمی دانے نکلنا۔
بدن پھیکا ہونا (محاورہ) پنڈا گرم ہونا۔ بخار ہونا۔ حرارت ہونا۔
بدن پختہ ہو جانا (محاورہ) بدن اکڑ جانا۔
بدن توڑنا (محاورہ) انگڑائیاں لینا (۲) ورزش کرنا۔
بدن ٹوٹنا (محاورہ) اعضا شکنی ہونا۔ کسمساہٹ ہونا۔
بدن جلنا (محاورہ) بہت تیز بخار ہونا۔
بدن چُرانا (محاورہ) شرم سے جسم کو سکیڑنا۔
بدن چور چور ہونا (محاورہ) بہت تھک جانا۔
بدن سانچے میں ڈھلنا (محاورہ) بدن کا موزوں ہونا۔ بدن کے ہر عضو کا موزوں اور خوبصورت ہونا۔
بدن سنسنانا (محاورہ) جسم میں سنسنی پیدا ہونا۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔
بدن سوکھ کر کانٹا ہونا (محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔
بدن سے چنگاریاں اُڑنا (محاورہ) سخت گرمی محسوس کرنا۔
بدن کا کپڑا۔ پہننے کا کپڑا۔ پہنا ہوا کپڑا۔
بدن کو غذا نہ لگنا (محاورہ) کھانے پینے سے بدن پر تازگی اور توانائی نہ آنا۔ غذا کا جزو بدن نہ ہونا۔
بدن گدرانا (محاورہ) جسم کا تر و تازہ ہونا۔
بدن گھل جانا (محاورہ) بہت لاغر ہو جانا۔
بدن ملوانا۔ جسم کی مالش کرانا۔
بدن میں آگ لگنا (۱) بہت گرمی محسوس ہونا (۲) نہایت غصہ آنا۔
بدن میں جان نہ ہونا (محاورہ) کمال ناطاقتی اور ضعف ہونا۔
بدن میں مرچیں لگنا۔ غصے کی شدت سے بے تاب ہونا۔ جھنجلانا۔
بدن میں دم نہیں نام زورآور خاں (مثل) ان صفات سے موسوم جو اس میں موجود نہ ہوں۔ شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
بدنا (بد۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) شرط لگانا۔ اقرار کرنا (۲) خاطر میں لانا۔ سمجھنا
بدنی (بَ۔ دَ۔ نی) [ع۔ صف] جسمانی۔ بدن سے متعلق
بدو (بَ۔ دُو) [ع۔ ا۔ مث] (۱) کسی چیز کا آغاز۔ ابتدا۔ شروع (۲) جنگل صحرا
بدو (بَد۔ دُو) [اُ۔ ا۔ مذ] (۱) بدوی۔ عرب کے خانہ بدوش لوگ (۲) [صف] بدچلن۔ بدنام
بدو کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
بدوی (بَ۔ دَ۔ وی) [ع۔ ا۔ مذ] صحراؤں میں رہنے والا عرب۔ خانہ بدوش عرب (۲) [صف] صحرا کا۔ جنگل سے متعلق
بدھ (س۔ ا۔ مذ) قتل۔

بدھ ڈنڈ۔ قتل کی سزا۔
بدھ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) خدا۔ پرمیشر (۲) چاند۔ قمر۔ ماہ (۳) وضع۔ طور۔ ڈھ...
(۴) اچھے ستاروں کا ملنا (۵) جوڑ۔ میزان۔ حساب کا ٹھیک بیٹھنا۔
بدھ کھانا۔ بدھ ملنا (محاورہ) میزان درست ہونا (۲) اتفاق رائے ہو...
(۳) بات قرار پا جانا (۴) زائچہ مطابق ہونا (۵) کام بن جانا۔
بدھ ملانا (محاورہ) جنم پتری ملانا (۲) میزان کا مقابلہ کرنا (۳) موافق...
پیدا کرنا۔ قیمت لگانا۔
بُدھ (س۔ ا۔ مذ) عقل مند آدمی۔ مرد دانا (۲) سیارہ عطارد (۳) چہار ش...
(۵) خدا شناس۔
بدھاوا (ب۔ دھا۔ وا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بیاہ کی مبارک باد۔ بیاہ کا ا...
(۲) نغمۂ عیش شادمانی (ق)
بدھائی (بَ۔ دھا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خوشی کا گیت۔ شادیانہ...
(۲) خوشی (۳) مبارک باد (۴) وہ انعام جو بچہ پیدا ہونے کی خوشی ...
ملازمین وغیرہ کو دیتے ہیں۔
بدھائی دینا۔ مبارک باد دینا۔
بَدھنا (بدھ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] لوٹا۔ ٹونٹی والا برتن۔
بِدھنا (بِدھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بِھدنا۔ پیوست ہو جانا (۲) سوراخ ہو...
بدھنی (بدھ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] مٹی کی ٹونٹی دار لٹیا۔
بُدھو (بُد۔ دھو) [ہ۔ ا۔ مذ] بے وقوف۔ نادان مورکھ۔ کم عقل۔
بدھوا (بدھ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مث] بیوہ۔ رانڈ۔ ودھوا۔
بدھی (بدھ۔ دھی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پھولوں کا ہار (۲) تلوار کا آڑا زخم (۳)
چھڑی یا کوڑے کی مار کا نشان (۴) پٹکا جو گلے میں ڈال لیتے ہیں (۵) گلے
میں پہننے کا ایک زیور (۶) چمڑے کا ڈورا جس کے ذریعے برتنے کو
گھماتے ہیں۔ (۷) استرا تیز کرنے کا چمڑا۔
بدھیاں پڑنا (محاورہ) چوٹ کے نشان پڑنا۔
بدھیاں ڈالنا (محاورہ) مار مار کر کھال پر چوٹ کے نشان ڈالنا۔
بُدھی (بُدھ۔ دھی) [ہ۔ ا۔ مث] دانائی۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ گیان۔
بدھیا (بدھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) آختہ بیل۔ نوطے نکلا ہوا بیل (۲) ادو شلخ...
کنا (۳) نامرد۔ ہیجڑا۔ خوجہ۔
بدھیا بیٹھنا (محاورہ) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا (۲) نقصان ہونا۔ دیوالہ نکلنا
مفلس ہو جانا۔
بدھیا کرنا (محاورہ) آختہ کرنا۔ خصی کرنا۔ نامرد کرنا۔
بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا (مثل) تھوڑی آسائش کے لیے زیادہ نقصان اٹھانا۔ تھوڑی تفریح کے لیے زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا۔
بدی۔ بدی (بد۔ ای، ب۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] چاند کے مہینے کے آخری پندرہ دن
بدی (ب۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) برائی۔ بدخواہی (۲) غیبت
بدی پر آنا (محاورہ) برائی پر آمادہ ہونا۔ دشمنی پر کمر باندھنا (۲) سرکشی کرنا۔
بدی کرنا (محاورہ) برائی کرنا۔ دشمنی کرنا (۲) تکلیف دینا۔ ستانا (۳) غیبت کرنا
بدیا (بد۔ دیا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) واقفیت۔ علم۔ ہنر (۲) چالاکی۔ دھوکا۔ چال (۳) علم کی دیوی (۴) جادو۔ ٹوٹکا۔ شعبدہ بازی۔

Marfat.com

بِدّیارتھی (ہ۔ صف) وِدیارتھی۔ طالب علم۔ متعلم۔ علم کا خواہش مند۔
بِدیس (بِ۔ دیس) [ہ۔ ا۔ مذ] پردیس، غیر ملک۔
بِدیسی (بِ۔ دے۔ سی) [ہ۔ صف] (۱) غیر ملک کا۔ دوسرے دیس کا۔ (۲) [مذ] پردیسی۔ مسافر۔ اجنبی۔
بَدیع (بَ۔ دِیع) [ع۔ صف] (۱) بنانے والا۔ مُوجد (۲) نادر (۳) نوایجاد شے۔ (۴) انوکھا۔ نادر (۵) ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
بدیہہ (بَ۔ دِیہ) [ع۔ صف] (۱) صریح۔ ظاہر (۲) برجستہ۔ منطق کی اصطلاح میں وہ بات جس کے لیے دلیل کی ضرورت نہ ہو۔
بدیہہ گوئی۔ برجستہ کہنا۔ بے غور و فکر کے کہنا۔ برمحل کہنا۔
بدیہی (بَ۔ دی۔ ہی) [ع۔ صف] وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو۔ ظاہر۔ روشن۔ الم نشرح۔
بدیہیات (بَ۔ دی۔ ہی۔ یات) [ع۔ ا۔ مث] بدیہہ کی جمع۔ وہ باتیں جن میں غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے۔ واضح امور۔ ظاہر باتیں۔

## ب۔ ڈ

بڈارنا (بَ۔ ڈار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جلا وطن کرنا۔ نکال دینا (۲) چیرنا پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۳) بے ترتیب کرنا۔ خراب کرنا۔
بڈھا (بَ۔ ڈھا) [ہ۔ ا۔ مذ] لمبا۔ چوڑا گڑھا۔ کھائی۔
بڈھا لگانا (۱) کھدائی کا کام شروع کرنا (۲) نقب لگانا۔
بُڈھا (بُڈھ۔ ڈھا) [ہ۔ صف وا۔ مذ] بوڑھا۔ عمر رسیدہ شخص۔
بڈھا پھونس۔ بہت بوڑھا۔ سال خوردہ۔ بہت کمزور۔
بڈھا کھڈڑا۔ بہت بوڑھا۔
بڈھڑا۔ بڈھڑی (بڈھ۔ ڑا، بڈھ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
بڈھی (بڈھ۔ ڈھی) [ہ۔ صف] (۱) بڈھا کی تانیث۔ بوڑھی (۲) (مث) بوڑھی عورت
بڈھی گھوڑی لال لگام (مثل) بڑھاپے میں جوانوں کی طرح بناؤ سنگار کرنا۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص بڑھاپے میں جوانی کی حالت رکھے۔
بڈھے کی مرے نہ جورو، بالے کی مرے نہ ماں (مثل) بڈھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرنے سے بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## ب۔ ذ

بَذل (ع۔ ا۔ مذ) انعام بخشش۔ جود و سخا۔
بذلہ (بَذ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) لطیفہ۔ چٹکلا۔ خوش طبعی کی بات۔
بذلہ سنج۔ بذلہ گو۔ خوش طبع۔ لطیفہ گو۔ نکتے بیان کرنے والا۔ ہنس مکھ
بذلہ سنجی (ف۔ مث) ظرافت۔ خوش طبعی۔ لطیفہ گوئی۔

## ب۔ ر

بَر [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) انتخاب۔ پسند۔ چناؤ (۲) منگیتر۔ پتی۔ شوہر (۲) کپڑے کی چوڑائی۔ عرض (۳) تمنا۔ مراد (۴) دعا۔ آشیرباد۔ برکت
برجوگ۔ (۱) جوان۔ بیاہنے کے لائق۔ (۲) ٹھیک جوڑ۔ دولھا دلہن کا درست جوڑا۔
بردار۔ چوڑائی رکھنے والا (کپڑا)
بردکھوا۔ شادی سے قبل سسرال میں منگیتر کی رونمائی
بر دینا۔ شادی کر دینا۔
بر مانگنا (۱) دعا چاہنا۔ مراد مانگنا۔ منگنی کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کا تقاضا کرنا
بَرْ (ف) (۱) اوپر۔ پر (۲) باہر۔ بیرون (۳) یاد (حفظ ہو از کے ساتھ) (۴) بلند۔ غالب (۵) بعض کلمات کے شروع میں زائد بھی ہوتا ہے جیسے برعکس۔ برجستہ وغیرہ (۶) [مذ] پھل۔ ثمر (۷) کپڑے کی چوڑائی (۸) چھاتی سینہ (۹) [صف] اٹھانے والا لے جانے والا (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے۔ جیسے نامہ بر۔ دل بر
برار (ف صف) پورا کرنے والا۔ لے جانے والا۔
برآشفتہ (ف۔ صف) غصے سے بھرا ہوا۔ ناراض۔
برآمد (۱) باہر آنے کا فعل۔ ظہور۔ طلوع۔ نمود (۲) روانگی۔ باہر جانا (۳) مال کی نکاسی وہ اشیا جو بیرونی ممالک کو بھیجی جائیں۔ ایکسپورٹ (انگ) (Export) (۳) خرچ۔ مصارف (۴) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے۔
برآمد کرنا (محاورہ) کھوج لگانا۔ نکالنا۔ ظاہر کرنا (۲) ملکی مال بیرونی ممالک کو بھیجنا (۳) تنخواہ (روپیہ) بنک سے لانا۔
برآمدگی (ف۔ مث) وصولی۔ سراغ (۲) نکاسی (۳) چور سے مسروقہ مال کی واپسی۔
برآمدہ (۱) مکان کے سامنے بغیر دروازوں کے کمرا (۲) پیش گاہ۔ ایوان (۳) اوپر کی منزل کا باہر نکلا ہوا کمرہ (۴) سائبان۔ غلام گردش۔
برآنا (محاورہ) حاصل ہونا۔ پورا ہونا۔ کامیاب ہونا۔
برآورد (ف۔ مث) تخمینے کی فرد۔ بل۔ تنخواہ کا کاغذ۔ گوشوارہ۔
برآوردہ (ف۔ صف) رقم جو ایک مد سے نکال کر دوسری میں ڈالی جائے
برافروختہ (۱) آگ پر رکھا ہوا۔ جلتا ہوا (۲) غصے میں بھرا ہوا۔
برافروختگی۔ طیش۔ خفگی۔ غصہ۔
برانداز (ف۔ صف) ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ نقاب (۲) اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ برقع۔ (۳) پائیدان۔ پا انداز (۴) برباد کرنے والا۔
برانگیختہ (ف صف) بھڑکایا ہوا۔ مشتعل۔ طیش میں بھرا ہوا۔
برانگیختہ کرنا (ف۔ صف) بھڑکانا۔ غصہ دلانا۔ اکسانا۔ آمادہ کرنا۔
برپا (محاورہ) پاؤں پر قائم۔ برقرار۔ ٹھہرا ہوا
برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ مچانا۔ اٹھانا۔
برتر (ف۔ صف) زیادہ۔ بہتر۔ افضل۔ زیادہ بلند۔



Marfat.com

برتری (ف ۔ مث) فضیلت ۔ عمدگی ۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ بہتری ۔
برجستہ (ف ۔ صف) بروقت ۔ بے ساختہ ۔ برمحل ۔ بے تکلف ۔
برحق (ف ۔ صف) حق ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح ۔ بجا ۔
برخاست (ف ۔ صف) ملازمت سے علٰحدہ ۔ برطرف ۔ موقوف ۔ ختم ۔
برخاست کرنا (۱) علٰحدہ کرنا ۔ موقوف کرنا (۲) ختم کرنا ۔ ملتوی کرنا ۔
برخاستگی (ف ۔ مث) برطرفی ۔ موقوفی ۔ رخصت ۔
برخلاف (ف ۔ صف) خلاف ۔ برعکس ۔ الٹ ۔ مخالف ۔
برخود غلط (ف ۔ صف) اپنے متعلق غلط رائے قائم کرنے والا ۔ شیخی خورا
برخوردار (ف ۔ صف) (۱) اقبال مند ۔ صاحب نصیب (۲) زندگی کا پھل کھانے والا (۳) بیٹا ۔ فرزند ۔
برخوردارانہ ۔ بیٹے کی طرح ۔ سعادت مندی سے ۔
برخورداری (ف ۔ مث) سعادت مندی ۔ اولاد جیسی فرمانبرداری (۲) اولاد کی کثرت ۔
بردار (ف ۔ صف) رکھنے والا ۔ اٹھانے والا ۔ برداشتن کا اسم فاعل ۔ مرکبات میں مستعمل ہے ۔ جیسے علم بردار ۔ بلم بردار وغیرہ
برداری (ف ۔ صف) اٹھانے کا عمل ۔ رکھنے کا عمل ۔
برداشت (ف ۔ مث) (۱) صبر ۔ تحمل ۔ تاب (۲) جانوروں کی نگہبانی ۔ (۳) قرض پر سودا لینا ۔ فصل اٹھانا
برداشت خانہ (ف ۔ مذ) وہ مکان جس میں مال و اسباب رکھتے ہیں گودام
برداشتہ (ف ۔ صف) (۱) اٹھایا ہوا (۲) ہٹایا ہوا (مرکبات میں جیسے دل برداشتہ ۔
برداشتہ خاطر، برداشتہ دل (ف ۔ صف) اُچاٹ ۔ بے دل ۔ رنجیدہ گھبرایا ہوا ۔ آزردہ ۔
بردوختہ (ف ۔ صف) سیا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔
بردوش (ف ۔ مذ) کندھے پر ۔
برزبان (ف ۔ صف) زبان ۔ حفظ ۔ یاد
برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر (ف ۔ مثل) زبان پر اللہ کا نام اور دل میں بیلوں اور گدھوں کا خیال ۔ ظاہر میں نیک اور باطن میں بد ۔ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ
برسبیل (ف ۔ ع) بہ طور ۔
برسبیل تذکرہ ۔ تذکرے کے طور پر ۔
برسر بازار ۔ کھلم کھلا ۔ آشکارا ۔
برسر پرخاش ۔ برسر جنگ ، لڑائی پر آمادہ ۔
برسر فرزند آدم ہرچہ آید بگذرد (ف ۔ مثل) انسان پر جو گزرتی ہے وہ اُسے بھگت لیتا ہے ۔ انسان پر جو مصیبت آتی ہے وہ گزر ہی جاتی ہے
برسر کار ۔ کام پر ۔ ملازمت میں ۔
برسر کوہ ۔ پہاڑ کی چوٹی پر
برسر کین ۔ (ف ۔ صف) کینگی پر آمادہ ۔ فساد یا دشمنی پر تیار ۔ مخالف ۔ دشمن ۔
برسر مطلب (ف ۔ صف) اصل مقصد پر ۔

برطرف ۔ برخاست ۔ موقوف ۔ جدا ۔ علٰحدہ ۔
برطرفی ۔ موقوفی ۔ علٰحدگی ۔ معزولی ۔
برعکس ۔ برخلاف ۔ اُلٹ ۔ خلاف ۔ مخالف ۔
برعکس نہند نام زنگی کافور (ف ۔ مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس میں وہ صفت نہ پائی جائے جس سے وہ منسوب ہو ۔
برقرار (ف ۔ صف) قائم ۔ بحال ۔ مستقل (۲) صحیح سالم ۔ باقی ۔ زندہ ۔ موجود ۔
بر کریماں کارہا دشوار نیست (مقولہ) بخشش کرنے والوں کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ہے ۔
برگزیدہ (ف ۔ صف) منتخب ۔ چنا ہوا ۔ پسندیدہ ۔
برگشتگی (ف ۔ مث) پھرنا ۔ انحراف ۔ بغاوت ۔
برگشتہ ۔ پھرا ہوا ۔ منحرف ۔ مخالف (۲) سرکش ۔ باغی ۔
برگشتہ ایام ، برگشتہ اختر ، برگشتہ طالع (ف ۔ صف) بدقسمت ۔ بدنصیب قسمت کا ہیٹا ۔
برلانا (محاورہ) پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا (آرزو و تمنا کے ساتھ)
برمحل (ف) موقع پر ۔ اچھے وقت پر ۔ برجستہ ۔ موزوں ۔ مناسب ۔
برملا ۔ کھلم کھلا ۔ کھلے خزانے ۔ علانیہ ۔ منہ پر ۔
برمن منگر بکرم خویش بنگر (ف ۔ مثل) میری طرف نہ دیکھ اپنی مہربانی کو دیکھ ۔ میرے گناہوں کا خیال نہ کر اپنی بخشش کا خیال کر ۔
بروقت (ف) عین وقت پر ۔ برمحل ۔
برومند ۔ پھل لانے والا ۔ فائدہ حاصل کرنے والا (جب کسی دو حرفی لفظ کو مند کے ساتھ لاتے ہیں تو درمیان میں 'و' زیادہ کر دیتے ہیں جیسے تنومند ۔
برومندی ۔ کامیابی ۔
برّ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) خشکی (۲) جنگل ۔ بیابان ۔
برّ اعظم ۔ خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک ہوں ۔
برصغیر (ف ۔ مذ) چھوٹا برّ اعظم ۔ مجازاً پاکستان اور بھارت ۔
برّی (ع ۔ صف) خشکی کا ۔ زمینی ۔ جنگلی ۔
برّی فوج (ع ۔ ا ۔ مث) خشکی پر لڑنے والی فوج
بِرّ (ع ۔ ا ۔ مث) نیکی ۔ بخشش ۔
بُر (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) عورت کا اندام نہانی ۔ فرج (۲) کپڑے کے اوپر کا رواں ۔
بُرا (بے ۔ را) (ع ۔ صف) خراب ۔ نکما ۔ ناقص ۔ بدمزہ (۲) نازیبا ۔ ناشائستہ ۔ (۳) بدذات ۔ شریر (۴) دشمن ۔ مخالف ۔ اچھائی کی ضد ۔
بُرا آزار ۔ دق کا مرض ۔ سل کا مرض ۔
بُرا بننا (محاورہ) ملزم ہونا ۔ مخالف بننا ۔ دشمن ہونا ۔
بُرا بھلا (ا ۔ صف ۔ مذ) (۱) نیک و بد (۲) نازیبا ۔ خلاف تہذیب (۳) سخت سست (۴) گالی گلوچ ۔
بُرا بھلا آنا (محاورہ) اچھا بُرا جاننا ۔ سلیقہ ہونا ۔
بُرا بھلا کرانا (محاورہ) زنا کرانا ۔ بدفعلی کرانا ۔
بُرا بھلا کہنا (محاورہ) لعنت ملامت کرنا ۔ سخت سست کہنا (۲) جھڑکنا
بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے (مثل) وقت پڑا ہی بُری

Marfat.com

اور معمولی چیز بھی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔
بُرا چاہنا (محاورہ) کسی کی بُرائی کی خواہش کرنا۔ حسد کرنا۔
بُرا حال کرنا (محاورہ) مارنا پیٹنا۔ دق کرنا۔ ستانا (۲) حال خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔
بُرا زمانہ (محاورہ) پُرآشوب وقت (۲) افلاس یا پریشانی کے دن (۳) مصیبت کا وقت۔
بُرا سا منہ بنانا (محاورہ) چہرہ ایسا بنانا جس سے ظاہر ہو کہ کوئی بات ناگوار ہوئی ہے۔ چہرے سے ناگواری ظاہر ہونا۔
بُرا کام (۱۔ مذ) ادب اور تہذیب کے خلاف حرکت۔ ناشائستہ فعل۔ اخلاق کے خلاف کام (۲) حرام کاری۔ زنا کاری۔
بُرا کرنا (محاورہ) (۱) نقصان پہنچانا (۲) نامناسب فعل کرنا (۳) بدنام کرنا
بُرا کہنے والے پر تین حرف (مثل) بُرا کہنے والے پر لعنت (تین حرف ل۔ ع۔ ن یعنی لعن۔ معنی پھٹکار
بُرا لکھا (۱۔ مذ) خراب تقدیر (۲) بدخط
بُرا لگنا (محاورہ) ناگوار معلوم ہونا۔ گراں گزرنا۔ بدنما معلوم ہونا۔
بُرا ماننا (محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ آزردہ خاطر ہونا۔ بگڑنا
بُرا مانو یا بھلا (۱۔ فقرہ) اچھا سمجھو یا بُرا۔ پسند آئے یا نہ آئے
بُرا وقت (۱۔ مذ) تکلیف و مصیبت کا زمانہ۔ غریبی کا وقت۔
بُرا ہو (دعائے بد) آفت آئے۔ مصیبت پڑے۔
بُرے حالوں جینا۔ بُری حالت میں زندگی بسر کرنا
بُرے دل سے (۱) بے پروائی سے (۲) ناخوشی سے۔ ناگواری سے
بُرے دن۔ مصیبت کے دن۔
بُرے کی جان کو رونا۔ جبر و ستم اور ظلم پر صبر کرنا۔ ظالم کی شکایت کرنا۔
بُرے لچھن۔ بُری عادتیں۔
بُرے وقت آڑے آنا۔ مصیبت کے وقت کام آنا۔ افلاس کی حالت میں مدد کرنا
بُرے وقت کا کوئی شریک (ساتھی) نہیں (مثل) مصیبت کی حالت میں ہمدردی کرنے والا کوئی نہیں۔
برابر (ب۔ را۔ بر) [ف۔ صف] (۱) مساوی۔ ہمسر۔ ہم عمر۔ ہم پایہ (۲) یکساں۔ مسطح۔ ہموار (۳) پورا (۴) سیدھا (۵) پہلو۔ بازو۔ کنارہ۔ جانب۔ مقابل۔ آگے (۶) ترتیب وار۔ مسلسل۔ بلاناغہ (۷) ایک ساتھ۔ ایک دم۔ بے روک (۸) نصفا نصفی۔ آدھا (۹) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ سدا۔ (۱۰) قریب۔ پاس۔ نزدیک (۱۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۱۲) بے باق (۱۳) ہم عمر (۱۴) ہم رتبہ۔ ہمسر (۱۵) نصفا نصف (۱۶) پے درپے۔ باربار (۱۷) مدمقابل۔ حریف۔
برابر آنا (محاورہ) (۱) امتحان میں ایک جیسے نمبر لینا (۲) دو کھلاڑیوں کا ایک جیسا رہنا۔ ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا
برابر اُترنا (محاورہ) یکساں ہونا۔ تول میں برابر ہونا۔
برابر اُٹھ جانا (اُٹھنا) (محاورہ) شطرنج کی بازی کا بغیر ہارے جیتے ختم ہوجانا۔

برابر برابر (۱) پہلو بہ پہلو۔ پاس پاس۔ قریب قریب (۲) مسلسل۔ لگاتار۔ ترتیب وار۔ باقاعدہ (۳) نصفا نصفی (۴) ساتھ ساتھ۔ کنارے
برابر پیش آنا (محاورہ) ایک جیسا برتاؤ کرنا۔
برابر چھوٹنا۔ کشتی میں فریقین کا کسی کو ہرا نہ سکنا۔
برابر سرابر (۱) یکساں۔ مساوی (۲) بے باق۔
برابر سے نکلنا۔ قریب سے نکلنا۔
برابر سے جواب دینا۔ ترکی تبرکی جواب دینا۔ گستاخی سے جواب دینا۔
برابر کا (۱) ہم قد (۲) جوڑ کا۔ ہمسر۔ ہم رتبہ (۳) صنف کا (۴) قریب کا (۵) ہم عمر۔ مقابل کا۔ ٹکر کا۔ جوڑ کا (۶) یکساں۔ مساوی۔
برابر کا بیٹا (۱۔ مذ) جوان بیٹا۔
برابر کا جواب دینا (محاورہ) ہمسری کرنا۔ ترکی تبرکی جواب دینا۔
برابر کرنا (محاورہ) (۱) یکساں کرنا (۲) مطابق کرنا۔ ہم وزن کرنا (۳) بیباق کرنا۔ کمی بیشی دور کرنا۔ نصفا نصفی (۵) شکایت رفع کرنا (۶) تباہ و برباد کرنا (۷) گنوانا۔ صرف کر دینا۔ ختم کر دینا۔ درست کرنا۔ ترتیب دینا مسلسل کیے جانا۔ بلاناغہ کرنا۔
برابر کی بیٹی (۱۔ مث) جوان لڑکی جو قد میں ماں کے برابر ہو۔
برابر کی ٹکر (۱۔ صف) ہم مرتبہ۔ ہم پایہ۔ ہمسر۔ مقابلے کا۔ جوڑ کا۔
برابر کی چوٹ (۱۔ صف) برابر کی ٹکر۔
برابر میں۔ ساتھ ساتھ۔ پاس پاس۔
برابر نکلنا (محاورہ) ایک جیسا ہونا۔
برابر والا۔ ہمسر۔ جوڑ کا۔ مقابل کا۔
برابر ہونا (محاورہ) (۱) ایک سطح پر ہوجانا۔ بیباق ہونا (۲) یکساں ہونا۔ ہمسر ہونا (۳) ہم وزن ہونا (۴) ضائع ہوجانا (۵) آمنے سامنے ہونا (۶) لبریز ہوجانا (۷) ضائع ہوجانا۔
برابری (ب۔ را۔ ب۔ ری) [اُ۔ مث] (۱) ہم چشمی۔ ہمسری۔ ٹکر۔ مقابلہ۔ (۲) ہمواری (۳) بے ادبی۔ گستاخی۔
برابری کرنا (محاورہ) (۱) نقل کرنا (۲) ہمسری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ گستاخی کرنا۔
بَرات (بَ۔ رات) [ف۔ ا۔ مث] (۱) حصہ۔ بخرا (۲) فرمان۔ حکمنامہ (۳) وہ تحریر جس کے ذریعے تنخواہ ملے۔ (شب) شعبان کی چودھویں رات۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق اس رات ہر شخص کی عمر کا حساب اور رزق کی تقسیم ہوتی ہے۔
برات عاشقاں بر شاخ آہو (مثل) امید موہوم۔ اس موقعے پر بولتے ہیں جہاں مقصد برآری کا امکان نہ ہو۔
برات (بَ۔ رات) [ع۔ ا۔ مث] (۱) دولھا کی سواری کا جلوس (۲) انبوہ ازدحام (۳) گنجفہ کی ایک بازی کا نام
برات اُترنا (محاورہ) براتیوں کا کسی مقام پر ٹھہرنا۔
برات پیچھے دھونسا، عید پیچھے ٹر (مثل) موقع گزر جانے پر کوئی بات یا کام کرنا۔
برات چڑھنا۔ دولھا کا جلوس کے ساتھ دلھن کے گھر جانا۔
براتی (بَ۔ را۔ تی) [ع۔ ا۔ مذ] دولھا کے ہمراہی۔

Marfat.com

براتی تو کھاپی کر الگ ہوجاتے ہیں کام دولھا دلھن سے پڑتا ہے (مثل) غرض کے وقت شادی کرنے کے موقع پر بولتے ہیں کہ براتی تو کھاپی کر علیحدہ ہوجاتے ہیں اور مصیبت دولھا دلھن پر آتی ہے۔

برسات کا پھیلا، ساون کا کھیلا (مثل) (پھیلا خوشی اور کھیلا گھاس) شادی کی خوشی ساون کے گھاس کی طرح عام ہوتی ہے۔

براٹ (بَ۔راٹ) [ہ۔ا۔مث] خوبصورتی۔ شان و شوکت۔

براجمان (بِ۔راج۔مان) [ہ۔صف] (۱) روشن چمکنے والا (۲) عظیم الشان عصائے شاہی (۳) دربار میں بیٹھنے والا (۵) صدر مجلس۔

براجمان ہونا۔ رونق افروز ہونا۔ تشریف رکھنا۔

براجنا (بِ۔راج۔نا) [ہ۔مص] رونق افروز ہونا۔ تشریف لانا۔

برادر (بِ۔را۔دَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) بھائی (۲) رشتہ دار (۳) ہم مذہب ہم قوم (۴) ہم پیشہ۔

برادر اخیافی، برادر بطنی۔ وہ بھائی جن کے باپ جدا جدا اور ماں ایک ہو۔

برادر اعیانی۔ برادر حقیقی۔ سگا بھائی۔ حقیقی بھائی۔ ایک ماں باپ سے۔

برادران یوسف (ف۔مذ) جو بھائی ہو کر دشمنی کریں۔ بے مروت بھائی۔

برادر پرور۔ عزیزوں پر مہربانی کرنے والا۔

برادر توام۔ جڑواں بھائی۔

برادر حقیقی۔ سگا بھائی۔ برادر اعیانی۔

برادر حقیقی دشمن مادر زاد ہے (مثل) اگر سگے بھائیوں میں جھگڑا ہو جائے تو وہ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کا لحاظ نہیں کرتے۔

برادر خواندہ۔ منہ بولا بھائی۔

برادر رضاعی۔ دودھ شریک بھائی۔ کوکہ۔

برادر زادہ۔ بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا۔

برادر زادی۔ بھتیجی۔ بھائی کی لڑکی۔

برادر علاتی (۱) سوتیلا بھائی (۲) وہ بھائی جو ایک باپ سے ہوں مگر مائیں جدا جدا ہوں۔

برادر نسبتی (۱) سالا (۲) بہنوئی۔

برادرانہ (بِ۔را۔دَ۔رانہ) [ف۔تابع فعل وصف] بھائی کی طرح۔ برادری کی مثل کا۔ آپس کا۔

برادری (بِ۔را۔دَ۔ری) [ف۔ا۔مث] (۱) گوت۔ ذات (۲) یگانگت۔ رشتہ داری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارہ۔ قرابتداری (۳) گروہ۔ جماعت

برادری باہر کرنا۔ برادری سے باہر کرنا۔ برادری سے نکال دینا۔ ذات سے خارج کر دینا۔ جتھے سے علیحدہ کر دینا۔

برادہ (بُ۔را۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) لکڑی یا کسی دھات کا چورا جو آری یا ریتی سے نکلتا ہے (۲) سفوف۔ چورا۔

براڈکاسٹ کرنا (Broadcast) (بِ۔راڈ۔کاسٹ۔کرنا) [انگ۔ا۔مص] ریڈیو سے نشر کرنا۔

براڈکاسٹنگ (Broadcasting) (ب۔راڈ۔کاس۔ٹنگ) [انگ۔ا۔مث] ریڈیو پر پروگرام نشر کرنے کا عمل۔

براز (بَ۔راز) [ع۔ا۔مذ] فضلہ۔ گندگی۔ غلاظت۔ گوہ۔ پاخانہ۔ میلا نجاست۔

برازی (بَ۔را۔زی) [ع۔ا۔مذ] جنگل۔ اوسر زمین۔

براعت (بَ۔را۔عت) [ع۔ا۔مث] روشنی۔ فصاحت۔ فضیلت ہنر میں کامل ہونا۔

براعت الاستہلال۔ علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جس میں ایسے الفاظ یا جملے شروع میں لاتے ہیں جن سے تمام عبارت کے اصل مضمون کا پتہ چلتا ہو۔

برّاق (بَر۔راق) [ع۔صف] (۱) چمکدار۔ جگمگاتا ہوا (۲) بجلی کی طرح تیز رفتار (۳) ہوشیار۔ مشتاق (۴) تیز ذہن (۵) صاف شفاف۔

بُراق (بُ۔راق) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ بہشتی چوپایہ جس پر رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب معراج کو سوار ہو کر آسمان پر تشریف لے گئے تھے (۲) تعزیہ جس کا دھڑ گھوڑے کا اور چہرہ آدمی کا سا ہے۔

براگ (ہ۔مذ) نفس کش۔ خواہشوں کا ترک۔ دنیا چھوڑ دینا (۲) پرہیز نفرت۔ بے پروائی (۳) خوشی یا غم سے چھٹکارا۔

براگی (ہ۔مذ) خوشی اور غم سے بے پروا (۲) ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ۔

بُرّاں (بُ۔راں) [ف۔صف] بہت کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز۔

بَرّانا (بَر۔را۔نا) [ہ۔مص] بکنا۔ بہکنا۔ بے معنی گفتگو کرنا۔ بڑبڑانا۔ ہذیان بکنا۔

برانچ (Branch) (بِ۔رانچ) [انگ۔مث] شاخ۔ ڈالی۔ شعبہ۔

برانڈ (Brand) (بِ۔رانڈ) [انگ۔ا۔مذ] تجارتی مارکہ۔ خاص قسم کا مال۔

برانڈی (بَ۔ران۔ڈی) [انگ۔ا۔مث] اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔ بارانی برساتی۔

براوا دینا (محاورہ) حیلہ بہانہ کرنا۔ جھانسا دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔

براہٹ (بَر۔را۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] (۱) فضول۔ بکواس (۲) سوتے میں بولنا۔

براہمن (بَ۔راہ۔من) [س۔ا۔مذ] دیکھیے برہمن۔

براہمہ (بَ۔راہ۔مَہ) [ف۔ا۔مذ] برہمن کی جمع جو فارسی والوں نے بنائی ہے۔ مگر درست نہیں۔

براہی (بَ۔را۔ہی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی قسم کا گنا۔ نیشکر (۲) ہندوؤں کے اعتقاد میں ایک دیوی۔ کھجلی والی ماتا۔

براہین (بَ۔را۔ہین) [ع۔ا۔مذ و مث] برہان کی جمع۔ دلائل۔ دلیلیں

براءت (بَ۔را۔ءَت) [ع۔ا۔مث] نجات۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ صفائی۔ بیزاری۔

براؤ (بَ۔را۔ؤ) [ہ۔ا۔مذ] احتیاط۔ حفاظت۔

براؤن (Brown) (بِ۔را۔ؤن) [انگ۔ا۔مذ] (۱) بھورا رنگ۔ یا روغن (۲) [صف] بھورے رنگ کا۔ خاکی۔ بادامی۔

بُرائی (بُ۔را۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) بدی۔ نقصان۔ خرابی۔ عیب۔ نقص (۳) نحوست (۴) شرارت (۵) غیبت (۶) بدگوئی (۷) الزام۔ جھوٹ۔



Marfat.com

برائی آگے آنا (محاورہ) برائی کی سزا ملنا کیے کی سزا بھگتنا۔
برائے (ب۔را۔ اے) [ف۔ حرف ربط] (۱) واسطے۔ لیے (۲) وسیلے سے برکت سے۔ صدقے میں
برائے خدا۔ خدا کے لیے۔ فی سبیل اللہ۔
برائے مصلحت (ف۔ صف) کسی بہتری کے لیے۔
برائے نام۔ صرف نام کے طور پر۔ یونہی۔ فرضی۔ صرف دکھاوے کیلیے
بَرایا (بَ۔را۔یا) [ع۔ا۔مث] بریّہ کی جمع۔ مخلوق۔ جہان۔ دنیا۔
برباد (بَر۔باد) [ف۔صف] تباہ۔ ویران۔ خراب۔ ضائع۔ تلف
بربادی (بر۔با۔دی) [ف۔ا۔مث] تباہی۔ ویرانی۔ خرابی۔
بُربُرانا (بُڑ۔بُ۔را۔نا) [ہ۔مص] کسی خشک پسی ہوئی چیز کا کسی دوسری چیز پر چھڑکنا۔
بَربَری (بر۔بَ۔ری) [ع۔صف] (۱) علاقہ بربر (شمالی افریقہ) سے متعلق (۲) [مذ] اس علاقے کا باشندہ (۳) [مث] اس علاقے کی بکری
بربری خانہ۔ بکریوں کے رہنے کی جگہ۔ باڑا۔
بربریّت (بَر۔بَ۔ری یت) [ع۔ا۔مث] وحشت۔ وحشی پن۔ خونخواری
بَربَط (بَر۔بَط) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کا ساز۔ عُود۔
بُرَت (بَ۔رَت) [ہ۔ا۔مذ] ہندوؤں کا روزہ۔
بَرَت (ہ۔مث) ایک قسم کی بیماری جو چاول کاشت کے باعث ہو جاتی ہے کنوئیں سے پانی نکالنے والی رسی (۲) تسمہ (۳) بدھی۔ کسی لچکیلی چیز سے جسم پر ضرب کا نشان۔
بِرت (س۔ا۔مث) (۱) معیشت۔ وجہ معاش (۲) آمدنی (۳) مال جائداد (۴) معافی زمین (۵) حق۔ ورثہ۔ انعام (۶) ججمان۔ پرورش کرنیوالا
بُرتا (بر۔تا) [ہ۔ا۔مذ] طاقت۔ بل۔ زور (۲) بھروسا۔ امید (۳) حوصلہ ہمت (۴) لیاقت۔ استعداد (۵) وسعت۔ گنجائش (۶) مدد۔ اعانت (۷) کارگزاری۔ عمل۔
برتاؤ۔ برتاوا (بَر۔تا۔ؤ۔ بَر۔تا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) راہ رسم۔ میل جول (۲) سلوک۔ طرز عمل۔ روش
برتش (بر۔تش) [ہ۔ا۔مث] وہ زمین جس میں چاول کی فصل کاٹ لینے کے بعد گنا بو دیا جائے۔
بَرتن (بَر۔تن) [ہ۔ا۔مذ] ظرف۔ باسن۔ بھانڈا
برتن بھانڈے (ہ۔مذ) ظروف۔ بہت سے برتن۔
برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے۔ (مثل) گھر والوں میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے۔
برتن کھنکنا (محاورہ) مٹی کے ظروف کا وہ آواز دینا جس سے اس کا ٹوٹا یا پکّا ہوا معلوم ہو۔
برتنا (بَ۔رَت۔نا) [ہ۔مص] (۱) کام میں لانا۔ استعمال کرنا (۲) تجربہ کرنا (۳) خرچ کرنا (۴) نباہنا (۵) برتاؤ کرنا۔
برتھ ڈے (BIRTHDAY) [انگ۔مذ] یوم پیدائش۔ جنم دن۔
برتھ کنٹرول (BIRTH CONTROL) (برتھ۔کنٹ۔رول) [انگ۔ا۔مذ] بچوں کی پیدائش کو قابو میں رکھنا۔ زیادہ بچے نہ ہونے دینا
ضبط تولید۔
بُرتیا (بَر۔تِ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) برت رکھنے والا (۲) وہ کاشتکار جس کا لگان ناقابل تبدیل ہو۔
برتے پر رہنا (محاورہ) بھروسے پر رہنا۔ نازاں رہنا۔
بَرتیتر (ہ۔مذ) ایک قسم کا جنگلی تیتر جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے
برج (Bridge) (بِرِج) [انگ۔ا۔مذ] پُل
بِرَج [ہ۔ا۔مذ] متھرا کا علاقہ جس میں متھرا۔ گوکل اور بندرابن شامل ہیں یہ کرشن جی کی پیدائش کا مقام ہے۔
برج بھاشا۔ برج بھاکا۔ بِرج کی بول چال۔ متھرا اور بندرابن کی زبان
بُرج (ع۔ا۔مذ) (۱) گنبد۔ گمٹ (۲) راس یعنی ستارے کا مقام۔ دائرہ آسمان کا نظری طور پر بارھواں حصہ۔ جمع بُروج۔
بُرجِ آبی۔ تین برجوں سے مراد ہے۔ برج سرطان۔ برج عقرب اور برجِ حوت
بُرجِ آتشی۔ بُرج حمل۔ بُرج اسد اور بُرج قوس۔
بُرجِ اسد۔ آسمان کا وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر شیر کی شکل میں واقع ہیں (اسد یعنی شیر)
بُرجِ بادی۔ تین برجوں سے مراد ہے۔ بُرج جوزا۔ بُرج میزان اور برج دلو
بُرجِ ثور (ع۔مذ) وہ آسمانی برج جس کی شکل بیل کی سی ہوتی ہے۔
بُرجِ جدی۔ بکری کی شکل کا آسمانی برج۔
بُرجِ جوزہ (ع۔مذ) دو جڑواں بچوں کی شکل کا برج۔
بُرجِ حمل۔ آسمان کے برجوں میں سے پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہوتی ہے۔ جس دن آفتاب اس برج میں آتا ہے۔ شرف آفتاب ہوتا ہے۔ اور یہی نوروز کا دن ہے۔
بُرجِ حوت (ع۔مذ) مچھلی کی شکل کا برج
بُرجِ خاکی۔ تین برجوں سے مراد ہے۔ ثور۔ سنبلہ اور جدی۔
بُرجِ دلو (ع۔مذ) وہ بُرج جس کی شکل گھڑا یا ڈول اُٹھائے ہوئے شخص کی ہے
بُرجِ سرطان۔ وہ بُرج جس کی شکل کیکڑے جیسی ہے۔
بُرجِ سنبلہ (ع۔مذ) وہ بُرج جس کی شکل ایک کنواری لڑکی کی ہے۔ جو ہاتھ میں بالی لیے کھڑی ہے۔
بُرجِ شرف۔ (ع۔مذ) وہ برج جس میں کسی ستارے کو عروج حاصل ہوتا ہے
بُرجِ عقرب۔ بچھو کی شکل کا بُرج۔
برجِ میزان۔ ترازو کی شکل کا بُرج۔
بُرجی (بر۔جی) [اُر۔ا۔مث] بُرج کی تصغیر۔ چھوٹا بُرج۔
برجیس (بِر۔جیس) [ف۔ا۔مذ] ایک ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے۔ مشتری۔ قاضی فلک۔
برچھ (ہ۔مذ) درخت۔ پیڑ۔ پودا۔
برچھا (بر۔چھا) [ہ۔ا۔مذ] بھالا۔ بلم۔ نیزہ
برچھک (بر۔چھک) [ہ۔ا۔مذ] برج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں بُرج
برچھول اُڑنا۔ گھوڑے یا ہرن کا بہت تیز دوڑنا۔ اُچھلنا۔
برچھی (بر۔چھی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا بھالا۔ بلم۔ نیزہ۔
برچھی اتر جانا (محاورہ) برچھی کا کسی چیز کے پار ہونا۔



Marfat.com

**برچھی تاننا** (محاورہ) برچھی مارنے پر آمادہ ہونا۔ حملہ کرنے کے لیے تیار ہونا۔
**برچھی تولنا** (محاورہ) برچھی مارنے کی تیاری کرنا۔ آمادگی ظاہر کرنا۔
**برچھی جگر کے پار ہونا** (محاورہ) برچھی لگنا۔ بے حد صدمہ ہونا۔
**برچھی چبھنا** (محاورہ) برچھی لگنا۔ بہت صدمہ ہونا۔
**برچھی چلنا** (محاورہ) برچھی سے وار ہونا۔
**برچھی سیدھی کرنا**۔ نیزہ مارنے کو تیار ہونا۔
**برچھی لگانا** (۱) برچھی مارنا (۲) صدمہ پہنچانا۔ بہت تکلیف دینا۔
**برچھیت** (بَر۔ چھَیت) [ہ۔ ا۔ مذ] نیزہ باز۔ برچھا رکھنے والا۔
**بَرْد** (ع۔ ا۔ مذ) سردی جاڑے کا موسم۔ ٹھنڈک
**بردِ اطراف**۔ موت کی سردی جس میں بیمار کے ہاتھ پاؤں سرد ہونے لگتے ہیں
**بُرد** (ع۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چادر یا کملی۔
**بردِ یمانی**۔ یمن کی چادر۔
**بُرد** (ف۔ ا۔ مث) (۱) لے جانے یا اٹھانے کا عمل (۲) نفع۔ یافت۔ رشوت بالائی آمدنی (۳) شرط۔ (۴) شطرنج کی بازی میں بادشاہ کا اکیلا رہ جانا۔
**بُردبار**۔ برداشت کرنے والا۔ صابر۔ متحمل (یہ اردو ترکیب)
**بُردباری**۔ تحمل۔ صبر۔ برداشت۔ سہار۔
**برد مارنا**۔ بازی جیتنا۔ (۲) رشوت لینا۔ فائدہ حاصل کرنا۔
**بردہ** (بَر۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] غلام۔ داس۔ بندہ۔
**بردہ فروش**۔ غلاموں کی تجارت کرنے والا۔
**بردھائی۔ بردھوئی** (بَر۔ دھا۔ ای، بَر۔ دھو۔ ی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ بازار جس میں گلے بیل فروخت ہوتے ہیں۔
**بردا** (بَر۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مث] ریتلی اور پتھریلی زمین۔
**بردنا** (ہ۔ مص) کسی چیز کا زیادہ خشک ہونے یا بوجھ تلے دب کر ٹیڑھا ہوجانا۔ اینٹھنا۔ (۲) غرور کرنا۔
**بَرزخ** (بَر۔ زَخ) [ع۔ ا۔ مذ و مث] (۱) آڑ۔ پردہ۔ روک (۲) مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ (۳) دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز (۴) مصیبت اور آرام کا درمیانی درجہ (۵) وہ عالم جس میں مرنے کے بعد سے قیامت تک روحیں رہیں گی۔ جمع برازخ۔
**برزن** (بَر۔ زن) [ف۔ ا۔ مذ] گلی۔ کوچہ۔ بازار۔ سڑک۔
**بَرَس** (بَ۔ رَس) [ہ۔ ا۔ مذ] ورش۔ سال۔ سنہ۔ بارہ مہینے کی مدت زمین کا سورج کے گرد گھومنے کی مدت جو تقریباً ۳۶۵ دن ہے۔
**برس برس کے دن**۔ وہ خوشی یا جشن کا دن جو سال بھر کے بعد آتا ہے۔ سالانہ تہوار کا دن۔
**برس بھر**۔ سال بھر۔
**برس گانٹھ**۔ سالگرہ۔ بچے کی پیدائش کے سال یاد رکھنے کے لیے ڈورے میں ہر سال ایک گانٹھ لگانے کی رسم۔
**برسوں جھلانا**۔ عرصہ تک امیدوار رکھنا۔
**برسوں جھولنا**۔ مدتوں کسی امید میں رہنا۔ مدتوں کسی تلاش یا کوشش میں رہنا۔

**برسوں کا مرض**۔ پرانا مرض۔
**برسوں کا فاصلہ۔ برسوں کی راہ** (ا۔ مذ۔ مث) طویل راستہ۔ لمبی مسافت
**برسویں دن**۔ ہر سال۔ سال میں ایک بار
**برسا برس** (بَر۔ سا۔ بَ۔ رس) [ہ۔ تابع فعل] ہر سال۔ سارا برس کئی سال
**برسات** (بَر۔ سات) [ہ۔ ا۔ مث] بارش کا موسم۔ برکھا رُت۔
**برسات بر کے سات** (مثل) برسات کا لطف عجیب ہے کہ شوہر پاس ہو۔
**برسات کھا جانا** (محاورہ) برسات کا اثر قبول کرنا۔
**برسات کی چاندنی** (ا۔ مث) ناپائدار چیز۔
**برساتی** (بَر۔ سا۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) گھوڑوں یا اونٹوں کی ایک بیماری جو برسات میں ہو جاتی ہے (۲) سائبان (۳) وہ فصل جو برسات کے موسم میں تیار ہو یا بوئی جائے (۴) بارانی۔ بارش سے بچنے کا کوٹ (۵) (صف) برسات سے متعلق۔
**برساتی پھنسیاں**۔ وہ پھوڑے پھنسیاں جو برسات کے اثر سے ہو جاتی ہیں
**برساتی فصل**۔ وہ غلہ جو برسات کی فصل میں تیار ہو۔
**برسام** (بَر۔ سام) [ف۔ ا۔ مذ] چھاتی کی سوجن۔ سینے کا درد۔ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔
**برسانا** (بَر۔ سا۔ نا) [ہ۔ ا۔ مص] (۱) بارش کرنا (۲) اناج کو ہوا میں اڑا کر بھوسا علیحدہ کرنا۔
**برساؤ** (بَر۔ سا۔ اُو) [ہ۔ صف] برسنے والا۔ برسنے کے لائق۔
**برس پڑنا** (بَ۔ رَس۔ پَڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گالیاں دینا۔ مارنے لگنا۔ برا بھلا کہنے لگنا۔ غصے ہونا (۲) مینہ کا یکایک برسنا۔
**برسنا** (بَ۔ رس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مینہ پڑنا (۲) غصہ اتارنا۔ خفا ہونا۔ (۳) کسی شے کا کثرت سے ہونا۔
**برسے ساون تو پانچ کے ہوں باون** (مثل) ساون میں اگر اچھی بارش ہو جائے تو فصل خوب ہوتی ہے۔
**بُرسوڑی** (بُر۔ سَو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سالانہ محصول یا کرایہ (۲) سالانہ آمدنی (۳) سالانہ شرح۔
**بَرسی** (بَر۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] مُردے کے سال پورا ہونے کی فاتحہ خوانی۔
**برسی۔ بروسی** (بُر۔ سی، بُ۔ رُو۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) آگ جلانے کا مٹی کا برتن (۲) سنار کی انگیٹھی۔ کٹھالی۔
**بُرش** (ف۔ ا۔ مذ) ایک مرکب دوائی کا نام جس کا جزو اعظم افیون ہے۔
**بُرش** (Brush) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) مُوقلم۔ (۲) کوچی (۳) کپڑے وغیرہ صاف کرنے کا آلہ (۴) دانت صاف کرنے کا آلہ۔ ٹوتھ برش (صحیح انگریزی تلفظ بَرَش (Brush)
**بُرِش** (بُ۔ رِش) [ف۔ ا۔ مث] تیزی۔ کاٹ۔
**بِرِشتہ** (بِ۔ رِش۔ تہ) [ف۔ صف] بھونا ہوا۔ بریاں۔
**بَرشگال** (بَرش۔ گال) [ف۔ ا۔ مث] برسات۔ بارش۔ برکھا۔ ہند فارسی والوں نے اسے ہندی برش کال سے بنایا ہے۔
**بَرَص** (بَ۔ رَص) [ع۔ ا۔ مذ] سفید کوڑھ۔ ایک مرض۔



Marfat.com

برف (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) جما ہوا پانی ۔ جمے ہوئے قطرات (۲) پالا ۔
(۳) [صف] نہایت سفید ۔ بہت ٹھنڈا ۔
برفاب (ف ۔ مذ) برف کا پانی ۔ ٹھنڈا پانی ۔
برفانی (ف ۔ مذ) برف سے متعلق (۲) نہایت سرد ۔
برف باری (ف ۔ مث) برف پڑنے کا عمل ۔
برف پڑنا (محاورہ) برف برسنا ۔ پالا پڑنا ۔ نہایت سردی پڑنا ۔
برف کا زمانہ ۔ وہ وقت جب دنیا برف سے ڈھکی پڑی تھی ۔
برف میں لگانا (محاورہ) برف میں رکھ کر سرد کرنا ۔
برف ہونا (محاورہ) نہایت سرد ہونا ۔
برفی (بَر ۔ فی) [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ اور کھانڈ
کے قوام سے تیار ہوتی ہے ۔
برفیا (بَر ۔ ف ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] برف بیچنے والا ۔
برق [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) آسمانی بجلی ۔ صاعقہ (۲) مصنوعی بجلی (۳) [صف]
تیز ۔ چالاک ۔
برق آسا (عف ۔ صف) بجلی کی مانند ۔ بہت تیز ۔
برق بن کر گرنا (محاورہ) بجلی کی سی تیزی کے ساتھ ٹوٹ پڑنا ۔ تباہ کرنا
برق آب (ف ۔ صف) بجلی کی طرح چمکنے والا ۔ روشن ۔ پانی سے پیدا ہونے والی بجلی ۔ پن بجلی ۔
برق ٹوٹنا ۔ برق گرنا ۔ بجلی گرنا ۔ مصیبت نازل ہونا ۔ تباہی آنا ۔
برق خاطف ۔ بجلی کی چمک جو آنکھ کو خیرہ کر دے ۔
برق خرام (ف ۔ ا ۔ صف) تیز رفتار ۔
برق دم ۔ بجلی کی طرح تیز رفتار ۔ چالاک (۲) تیز دھار والی تلوار وغیرہ
برق دم ہونا (۱) مستعد ہونا ۔ تیز ہونا (۲) چمکدار ہونا ۔
برق ربا ۔ بجلی کا کنڈکٹر ۔ آسمانی بجلی کو زمین میں اتارنے والا آلہ
برق رخسار (ع ۔ ف ۔ صف) حسین ۔ خوبرو ۔
برق رفتار ۔ برق خرام (ع ۔ ف ۔ صف) بجلی کی طرح تیز رفتار ۔
برق زدہ (۱) بجلی کا جلایا ہوا (۲) وہ جس پر بجلی گری ہو ۔
برق نگاہ (عف ۔ صف) شوخ نظر ۔
برق نما ۔ ایک آلہ جس کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر برقی بار
ہے یا نہیں ۔ اور اگر ہے تو منفی ہے یا مثبت
برق وش ۔ بجلی کی طرح شوخ ۔ چمکیلا ۔ تیز ۔
برقاب (بر ۔ قاب) [ف ۔ ا ۔ مث] پانی سے نکالی ہوئی بجلی ۔ ہائیڈرو
الیکٹرسٹی ۔ (۲) پانی سے پیدا ہونے والی بجلی ۔
برقانا ۔ کسی چیز میں بجلی بھرنا یا بجلی کی رو دوڑانا ۔
بُرقع (بُر ۔ قع) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نقاب ۔ پردہ ۔ گھونگھٹ ۔ چادر (۲) وہ کپڑا
جسے عورتیں پردے کے لیے سر سے پاؤں تک اوڑھتی ہیں
برقع اٹھانا (محاورہ) (۱) بے پردہ کرنا ۔ منہ سے نقاب ہٹانا (۲) راز فاش کرنا
برقع اوڑھنا (محاورہ) برقع پہننا ۔
برقع پوش (ف ۔ صف) برقع پہننے والی ۔ نقاب پوش ۔ پردہ دار
برقع ڈالنا (محاورہ) برقع اوڑھنا ۔
برقع میں چھچھڑے لگانا ۔ نیک چلنی کے پردے میں بد چلنی کرنا ۔

بَرقنداز (بَر ۔ قن ۔ داز) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) بندوقچی ۔ چپراسی ۔ سپاہی ۔ اردلی ۔ محافظ
برقی (بَر ۔ قی) [ع ۔ صف] برق سے منسوب ۔ بجلی کا ۔
برقی اکائی ۔ وہ مقررہ اکائی جس سے صرف شدہ بجلی کی مقدار معلوم ہوتی ہے
برقی رَو ۔ بجلی کی لہر جو بٹن دبانے سے اجسام میں سے گزرتی ہے ۔
(Electric Current)
برقی گھنٹی ۔ وہ گھنٹی جو بجلی سے بجتی ہے ۔ الیکٹرک بیل (Electric Bell)
برقی لیمپ ۔ بجلی سے جلنے والا لیمپ
برقیہ (بَر ۔ قِی ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تار ۔ ٹیلیگرام (۲) الیکٹرون (Electron)
برک (بَ ۔ رَک) [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ جو اونٹ کے بالوں
سے بنایا جاتا ہے ۔
برکات (بَ ۔ رَ ۔ کات) [ع ۔ ا ۔ مث] برکت کی جمع ۔
برکت (بَ ۔ رَ ۔ کت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) زیادتی ۔ بہتات ۔ کثرت (۲) نعمت
کی زیادتی ۔ خوش قسمتی ۔ رونق ۔ عروج (۳) بنئے تولتے وقت پہلی تول
پر ایک کی بجائے برکت کہتے ہیں ۔
برکت اٹھنا ۔ برکت اُڑ جانا ۔ برکت جانا ۔ (محاورہ) نحوست آنا ۔ نکبت
آنا ۔ رونق نہ رہنا ۔
برکت دینا (محاورہ) ترقی دینا ۔ کام میں زیادتی نصیب کرنا ۔ بڑھانا ۔
برکت کے دن ۔ وہ زمانہ جب چیزیں سستی ملتی ہیں ۔
برکت ہونا (محاورہ) زیادتی ہونا ۔ اضافہ ہونا (۲) تمام ہونا ۔
برکت سے (مقولہ) مقدور نہ ہونا ۔ فقیروں کو کچھ نہ دینا ہو تو عورتیں کہتی ہیں ۔
برکلا ۔ برکلا (بر ۔ ک ۔ لا ۔ بُرک ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گو بر کے چھوٹے چھوٹے
ہار جو ہولی ماتا کو چڑھایا جاتا ہے ۔
بُرکنا (بُ ۔ رک ۔ نا) [ہ ۔ مص] چھڑکنا ۔ ڈالنا ۔ بکھیرنا ۔ چھینٹا لگانا ۔
برکھ [ہ ۔ ا ۔ مذ] آسمان کے دوسرے برج کا نام جو بیل کی شکل کا ہے
برج ثور ۔
برکھا (بَر ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مث] بارش ۔ مینہ ۔ برسات ۔ برشگال
برکھا رت ۔ برسات کا موسم ۔
بُرکی (بُر ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چٹکی بھر سفوف ۔ اتنا سفوف جو انگوٹھے
اور اس کے پاس کی انگلی سے اٹھایا جا سکے ۔
بَرگ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پتا ۔ ورق ۔ پات (۲) سامان ۔ توشہ ۔
برگ سبز (ف ۔ ا) سبز پتا
برگ تنبول ۔ پان کا پتا ۔
برگ ریز (ف ۔ صف) پتے گرانے والا ۔ موسم خزاں ۔ پت جھڑ
برگ سبز است تحفۂ درویش (ف ۔ مثل) سبز پتا فقیر کا ہدیہ ہے ۔ تحفہ
یا پان پیش کرتے وقت انکسار سے کہا جاتا ہے ۔
برگ و بار (ف ۔ مذ) پھل اور پتے ۔
برگ و بار لانا (محاورہ) پروان چڑھنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔
برگ و ساز (ف ۔ مذ) ساز و سامان ۔ معاش کا اسباب ۔ زندگی کا سامان
برگا (بَر ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چھوٹا شہتیر ۔ چھوٹی کڑی ۔
برگد (بَر ۔ گَد) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑ کا درخت ۔ بڑ ۔



Marfat.com

برگد کی جٹا ڈاڑھی ۔ برگد کے وہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں ۔
برلا (ہ ۔ مذ) کہیں کہیں ۔ خال خال ۔
برما (بَر ۔ ما) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لکڑی میں چھید کرنے کا اوزار ۔ سُنبا
برمانا (بَر ۔ مانا) [ہ ۔ مص] برمے سے سوراخ کرنا ۔ چھیدنا ۔
بِرمانا (بِر ۔ مانا) [ہ ۔ مص] (۱) تابع کرنا ۔ مطیع کرنا (۲) دق کرنا ۔ ترسانا ۔ ستانا ۔ کلپانا ۔
برم راکس ۔ برہم راکشش (بَ ۔ رَم ۔ را ۔ کس ۔ بر ۔ ہم ۔ راک ۔ شش) [س ۔ ا ۔ مذ] ایک خاص قسم کا خبیث ۔ بدروح ۔
بُرموہی (بُر ۔ مُو ۔ ہی) [ہ ۔ صف] (۱) بدشکل ۔ ہیبت ناک ۔ بدنما (۲) (مث) بلی ۔
برن (بَ ۔ رَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رنگ ۔ روپ ۔ نقشہ ۔ بناؤ ۔ جسم ۔ بدن ذات ۔ قوم ۔ جنس ۔ فرقہ ۔ نسل ۔ نوع (۴) مذہب ۔ پنتھ
برن شنکر ۔ وہ شخص جس کی ماں اور قوم کی ہو اور باپ کسی اور قوم کا ۔ دوغلا
برن مالا (ہ ۔ مث) حرفوں کا ہار ۔ حروف تہجی ۔ الف ۔ ب ۔ ت ۔
برنا (بَر ۔ نا) [ف ۔ صف] جوان ۔ نوعمر [ہ] ایک درخت ۔
برنائی (بَر ۔ نا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] جوانی ۔
برنج (بِ ۔ رَنج) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) چاول (۲) پیتل
برنج کابلی ۔ باؤبڑنگ ۔
برنج مشک ۔ ایک دوا کا نام (بالنگو)
برنجن (بِ ۔ رَن ۔ جَن) [ف ۔ ا ۔ مث] سونے یا چاندی کی چوڑی
برنجی (بِ ۔ رَن ۔ جی) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پیتل کا برتن (۲) چھوٹی کیل
برنگا (بَ ۔ رَن ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لکڑی کا چھوٹا تختہ جو چھت پاٹنے کے کام آتا ہے ۔ برگا ۔
برنن (بَر ۔ نَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بیان ۔ اظہار (۲) تحریر (۳) تعریف
برنی (بَرنی) [ہ ۔ ا ۔ مث] وہ جگہ جہاں پلکیں نکلتی ہیں ۔ پپوٹوں کا کنارہ
بَردا (بَر ۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) خراب قسم کی ریتلی زمین (۲) ایک راگنی کا نام جو سہ پہر کے وقت گائی جاتی ہے کہتے ہیں اسے سن کر وحشی جانور رام ہو جاتے ہیں ۔
بروا (بِر ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پودا (۲) درخت (۳) بچہ ۔ کم عمر کا ۔
بُروت (بُ ۔ رُوت) [ف ۔ ا ۔ مث] مونچھ ۔ مونچھیں ۔
بروٹ (بَر ۔ وَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی گلٹی جو پیٹ میں ریاح جمع ہونے کے باعث نکل آتی ہے ۔ پیٹ کا پھوڑا ۔
برو ٹھا (بَ ۔ رو ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ڈیوڑھی ۔ دروازہ ۔
بُروج (بُ ۔ رُوج) [ع ۔ ا ۔ مذ] برج کی جمع
برودت (بُ ۔ رو ۔ دت) [ع ۔ ا ۔ مث] سردی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈک
بروکر [ب ۔ رو ۔ کر] (Broker) [انگ ۔ ا ۔ مذ] دلال ۔ ایجنٹ
بروگ (بِ ۔ روگ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] جدائی ۔ فراق ۔ ہجر ۔
بروگن (بِ ۔ رو ۔ گن) [ہ ۔ ا ۔ مث] فراق زدہ عورت ۔ مجبور عورت
بروگی (بِ ۔ رو ۔ گی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] فراق زدہ مرد ۔ مجبور ۔

بردن (بِ ۔ رُون) (ف) بیرون کا مخفف ۔ باہر ۔ باہر کی طرف
بَرّہ (بَر ۔ رہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ ۔ برغالہ
برۂ فلک ۔ برج حمل ۔ آسمان کا پہلا برج ۔
بِرَہ (بِ ۔ رَہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہجر ۔ جدائی ۔ فراق (۲) جدائی کا گیت ۔
بَرہا (بَرہا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رسی ۔ دھاگا ۔ تسمہ (۲) پانی کی نالی (۳) گاؤں کی زمین جو دور ہو ۔ چرپایوں کے چرنے کی زمین ۔
برہا (بِر ۔ ہا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے برہ ۔
بُرہان (بُر ۔ ہان) [ع ۔ ا ۔ مث] دلیل جس میں شک و شبہ نہ ہو ۔ حجت ۔ جمع براہین ۔
برہان انی ۔ دلیل کی ایک قسم جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں ۔
برہان لمی ۔ دلیل کی ایک قسم جس میں علت سے معلول کی طرف استدلال کرتے ہیں ۔
برہسپت (ب ۔ رہس ۔ پت) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک ستارے کا نام ۔ مشتری ۔ برجیس (۲) جمعرات ۔ پنجشنبہ
برہم ۔ برہما (ب ۔ رہم ۔ ب ۔ رہ ۔ ما) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) رب الارباب قادر مطلق ۔ خالق کائنات ۔ مبداء عالم ۔ خدائے تعالیٰ ۔ روح مجرد ۔
برہمچاری ۔ چاریہ ۔ وہ شخص جو علم وید حاصل کرنے کے لیے بیاہ نہ کرے (۲) ویدانتی ۔ ایشور کا متلاشی (مجازاً) تارک الدنیا ۔
برہم چرج (س ۔ مذ) عفت ۔ پاک دامنی
برہم (بر ۔ ہم) [ف ۔ صف] رنجیدہ ۔ خفا ۔ ناراض ۔ پراگندہ
برہم و برہم (ف ۔ صف) خراب ۔ پریشان ۔ تتر بتر ۔ الٹ پلٹ
برہمن (بَ ۔ رہ ۔ مَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پنڈت ۔ عالم (۲) ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات ۔
برہمنی (ب ۔ رہ ۔ ما ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] برہمن کی عورت ۔ برہمن ذات کی عورت ۔
برہمو سماج (ب ۔ رہ ۔ مُو ۔ س ۔ ماج) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ہندوؤں کا ایک مکتبہ فکر جس کی بنیاد سنہ ۱۸۳۰ء میں راجہ رام موہن رائے نے بنگال میں رکھی ۔
برہمی (بَر ۔ ہَ ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ابتری ۔ گڑبڑ ۔ خرابی (۲) ناراضی خفگی ۔
برہن (بِر ۔ ہن) [ہ ۔ ا ۔ مث] مجبورہ ۔ بروگن ۔ فرقت زدہ عورت ۔
برہنگی (ب ۔ رہ ۔ ن ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] عریانی ۔ ننگا پن ۔
برہنہ (بَ ۔ رہ ۔ نہ) [ف ۔ صف] ننگا ۔ عریاں ۔ کھلا ہوا ۔
برہی (بَر ۔ ہی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) روٹی جس کے اندر دال قیمہ یا ساگ وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں (۲) ایک قسم کی گھاس جس میں سے لیموں کی خوشبو آتی ہے
برہیانا (برھ ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بیری کے درختوں کا باغ ۔
برہیلا ۔ بڑ ہیلا (بر ۔ ہے ۔ لا ۔ بڑ ۔ ہے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] جنگلی سور ۔
برئی (بَ ۔ رَ ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پان بونے اور بیچنے والا ۔
بری (ب ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] ساچق کا سامان ۔ میوہ ۔ پارچہ جات وغیرہ



Marfat.com

جو دولہا کی جانب سے دلھن کے ہاں بھیجے جاتے ہیں۔
بَری (بَ ۔ رِی) [ع ۔ صف] (۱) آزاد ۔ چھوٹا ہوا ۔ (۲) بے گناہ ۔ بے قصور ۔ پاک ۔ فارغ۔
بَری الذمہ ۔ ذمہ داری سے محفوظ ۔ جواب دہی سے مستثنیٰ۔
بَرّی (بَر ۔ رِی) [ع ۔ صف] خشکی کا ۔ زمین سے متعلق۔
بَری (بِ ۔ رِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ہاتھی کو ہانکنے کا حکم جو فیلبان بولتے ہیں۔
بُری (بُ ۔ رِی) [ہ ۔ صف] بُرا کی تانیث۔
بُری آنکھ ڈالنا (محاورہ) بُری نظر سے دیکھنا ۔ خراب نیت سے دیکھنا
بُری بات (ا ۔ مث) نازیبا بات ۔ بُرا فعل۔
بُری نیت (ا ۔ مث ۔ عو) حرام چیز ۔ بُری چیز ۔ ناقص شے
بُری نیت بکھانا (محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔
بُری بھلی جاننا (محاورہ) نیک و بد کی تمیز ہونا۔
بُری بھلی کہنا (محاورہ) اچھی بُری حالت بیان کرنا ۔ ہر قسم کی باتوں کا ذکر کرنا
بُری بننا (محاورہ) (۱) صدمہ ہونا (۲) ملزم ٹھہرنا ۔ قصور وار ٹھہرنا۔ (عورت کا کسی کی نظروں میں)
بُری خبر (ا ۔ مث) کسی کی مصیبت یا موت کی خبر۔
بُری زبان (ا ۔ مث) بدزبانی ۔ بیہودہ گوئی۔
بُری ساعت (ا ۔ مث) منحوس گھڑی۔
بُری سنانا (محاورہ) ناگوار بات کی ۔ بُری خبر سنانا (مرضی کے خلاف کسی بات کے سننے پر بولتے ہیں۔
بُری صحبت (ا ۔ مث) خراب اور آوارہ لوگوں کی مجلس۔
بُری صحبت کا بُرا اثر (مثل) بُروں کی صحبت میں بیٹھنے والا اچھا بھی بُرا بن جاتا ہے۔
بُری طرح پیش آنا (محاورہ) سختی اور بدتہذیبی سے برتاؤ کرنا۔
بُری گت ۔ بُری حالت۔
بُری گھڑی (ا ۔ مث) منحوس گھڑی ۔ بُرا وقت۔
بُری لت (ا ۔ مث) خراب عادت۔
بُری لگنا (محاورہ) ناگوار لگنا۔
بُری نظروں سے تکنا ۔ دیکھنا ۔ (ا ۔ مث) (۱) غصے کی نظر سے دیکھنا (۲) بدنیتی سے تکنا۔

بریار ۔ بریارا (بَر ۔ یار ۔ بَر ۔ یا ۔ را) [ہ ۔ صف] طاقتور ۔ زرخیز (زمین)
بِریان (بِر ۔ یان) [ف ۔ صف] بھنا ہوا۔
بِریانی (بِر ۔ یا ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا پلاؤ جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے۔
بَرَیت (بَر ۔ یت) [ہ ۔ ا ۔ مث] وہ نشان جو کسی چکیلی چیز کی مار سے جسم پر پڑ جائے۔
بَرَیت (بَر ۔ یت) [ہ ۔ ا ۔ مث] چرس کھینچنے کی موٹی رسی۔
بَریت (بَ ۔ رِی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مث] رہائی ۔ نجات ۔ آزادی ۔ سبکدوشی ۔ بے جرم ہونا ۔ بے قصور ہونا۔
بریٹھا (بَ ۔ رے ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] دھوبی۔

بریٹھن (بَ ۔ رے ۔ ٹھن) [ہ ۔ ا ۔ مث] دھوبن۔
بریچ لوڈر (Breach Loader) (بَ ۔ ریچ ۔ لو ۔ ڈر) [انگ ۔ مث] پچھلی جانب سے بھری جانے والی بندوق۔
برید (بَ ۔ رِید) [ف ۔ ا ۔ مذ] قاصد ۔ پیغام بر ۔ ایلچی (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک
برید فلک (۱) چاند (۲) برج زحل (۳) سنیچر۔
بُرے حالوں جینا (محاورہ) خراب حالت میں ۔ غریبی اور مصیبت میں دن گذارنا۔
بُرے دل ۔ بے پروائی سے ۔ ناگواری سے ۔ بدنیتی سے۔
بُرے بچھ سے کیا ڈریے تیری بُرائی سے ڈریے (مثل) بُرے آدمی کی مذمت کے لیے کہا جاتا ہے۔
بُرے کا انجام بُرا (مقولہ) بُرے کام کی سزا ضرور ملتی ہے۔
بُرے کا سر (روزمرہ) غصے اور بیزاری کے عالم میں کہتے ہیں ۔ فضول بکواس
بُرے کی بُرائی میں نہ بھلے کی بھلائی میں (مثل) سب سے الگ کسی سے واسطہ نہیں۔
بُرے کی جان کو رونا (محاورہ) ظلم و ستم پر صبر کرنا (۲) ظالم کی شکایت کرنا
بُرے لچھن (ا ۔ مذ) بُری عادت ۔ بُرے کام
بُرے وقت آڑے آنا (محاورہ) مصیبت کے وقت مدد کرنا۔
بُرے وقت سب آنکھ چراتے ہیں (مثل) مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔
بُرے وقت کا اللہ بیلی (مثل) مصیبت میں اللہ کے سوا کوئی مدد نہیں کرتا۔
بریشم (بَ ۔ رے ۔ شم) [ف ۔ ا ۔ مذ] ابریشم ۔ ریشم۔
بریک (Brake) (بِ ۔ ریک) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گاڑی روکنے کا آلہ (۲) بریک کا ڈبا ۔ گارڈ کا ڈبا۔
بریکٹ (Bracket) (بِ ۔ رے ۔ کٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قوسین ( ) [ ] { } جن میں جملہ معترضہ یا مشکوک عبارت بند کی جاتی ہے (۲) دیوارگیری ۔ دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری ۔ دیوار کھنی یا کفچہ دیوار (جو مورتیں وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں)
بریگیڈ (Brigade) (بِ ۔ ری ۔ گیڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کوئی منظم جماعت (۲) سب ڈویژن۔
بریگیڈیر (Brigadier) (بِ ۔ ری ۔ گے ۔ ڈِ ۔ یر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بریگیڈ کا سالار اعلیٰ۔
بریل (Braille) (بَ ۔ رے ۔ ل) [انگ ۔ ا ۔ مذ] اندھوں کے لیے ایک نظام تحریر و طباعت۔
بریں (بَ ۔ ریں) [ف ۔ صف] (۱) اعلیٰ ۔ بلند ۔ برتر (۲) برایں ۔ اس پر
بریں عقل و دانش بباید گریست (مثل) ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے۔
بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست (مثل) اس خوشخبری پر اگر میں جان بھی قربان کردوں تو جائز ہے۔
بریں ہمہ (ف) اس کے باوجود ۔ اس پر بھی۔



Marfat.com

بُرَیَن (بُ۔رَ۔یَن) [ہ ۔ا ۔ مذ] کسم کا بیج۔
بَرِیَّہ (ب۔ رِی۔ یہ) [ع ۔ا ۔ مث] مخلوق۔ خلق اللہ۔ جمع برایا۔

# ب۔ ڑ

بڑ (ہ ۔ا ۔ مث) چوڑے پتوں والا ایک درخت۔ برگد۔ بوہڑ (۲) بکواس۔ مجنونانہ باتیں۔
بڑ (ہ ۔ صف) بڑا کا مخفف۔ جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بڑبولی
بڑباگڑ۔ ایک قسم کی بڑی چمگادڑ۔
بڑبولا (۱) بڑا بول بولنے والا۔ شیخی مارنے والا (۲) یاوہ گو۔ زیادہ بولنے والا۔
بڑبھاگی۔ بڑے بھاگ والا۔ بڑے نصیبے والا۔ اقبال مند
بڑبھکوا (ہ ۔ صف) احمق۔ بے وقوف۔
بڑپن۔ بڑپنا۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عزت۔ شان و شوکت
بڑ (پیٹا) پیٹو (۱) بڑے پیٹ والا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص۔ لالچی
بڑتلے کا بھوت (ا ۔ مثل) وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے
بڑدنتا۔ بڑے دانتوں والا۔
بڑکنا۔ بڑے کان والا۔
بڑگرو۔ بڑا گرو۔ بڑا استاد۔ گرو گھنٹال۔
بڑلگانا۔ ہانکنا (محاورہ) بڑ مارنا۔ بڑ ہانکنا۔ بیہودہ باتیں کرنا۔
بڑ (مُہی) مونہی (۱) بڑے منہ والی۔ بڑی تھوتھنی والی (۲) سورنی
بڑمیں آنا (محاورہ) جوش میں آنا۔ شیخی یا بڑائی جتانا۔
بڑنکا۔ بڑی ناک والا۔
بڑا (ب۔ ڑا) [ہ ۔ صف] (۱) بزرگ۔ کلاں۔ اعلیٰ۔ برتر (۲) لمبا دراز (۳) بلند اونچا (۴) معزز امیر۔ دولت مند (۵) زیادہ۔ بہت بیش (۶) بھاری۔ ضخیم (۷) فیاض۔ بلند حوصلہ (۸) عمر میں زیادہ (۹) مرتبے میں زیادہ (۱۰) [ا ۔ مذ] مونگ اڑد وغیرہ کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیا جسے دہی میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ بھلا
بڑا آدمی۔ دولت مند۔ امیر۔ ذی عزت
بڑا آزار (۱) تپ دق۔ سل (۲) بڑی مصیبت۔ بھاری دکھ۔ لا علاج مرض
بڑا آیا (طنزاً) اتنی وقعت نہیں ہے۔ منصب نہیں ہے۔ حق نہیں ہے
بڑا استاد (ا ۔ مذ) بہت چالاک۔ ہوشیار۔ گرو۔
بڑا استنجا کرنا۔ آبدست لینا۔ پاخانہ پھرنے کے بعد طہارت کرنا۔
بڑا اندھیر ہے (محاورہ) بہت ظلم ہے۔ کوئی انصاف نہیں۔
بڑا بچارا (محاورہ) تحقیر کے لیے کہتے ہیں۔
بڑا بوڑھا (ہ ۔ صف) سرپرست۔ بزرگ (۲) معمر۔ بہت زیادہ عمر کا
بڑا بول (ا ۔ مذ) شیخی۔ غرور۔ تکبر۔ ڈینگ۔
بڑا بول آگے (پیش) آنا (محاورہ) غرور کی سزا ملنا۔ مغرور کا ذلیل ہونا
بڑا بول بولنا۔ (محاورہ) نخوت کا کلمہ منہ سے نکالنا۔ غرور کرنا۔

بڑا بول، قاضی کا پیادہ (ا ۔ مثل) ایک نہ ایک دن آگے آئے گا۔ مغرور بہت جلد ذلیل ہوتا ہے۔
بڑا بے پیر ہے (ا ۔ فقرہ) بہت بے رحم ہے۔ بڑا بے مروت ہے۔ بڑا بے اصول ہے۔
بڑا پتھر ہے (محاورہ) بڑا ظالم ہے۔ بڑا سنگ دل ہے۔
بڑا پیٹ ہے (محاورہ) (۱) بہت کھانے والا ہے (۲) بہت رقم ہضم کرنے والا ہے۔
بڑا تقدیر والا ہے (محاورہ) بڑا خوش قسمت ہے۔ بہت خوش نصیب ہے
بڑا تیر مارا (محاورہ) طنزاً بہت بڑا کام کیا۔ بہت ہمت کی (۲) کوئی اہم کام نہیں کیا۔
بڑا جگر (جگرا) (محاورہ) بڑا حوصلہ۔ بڑی ہمت۔
بڑا چِلّا (ا ۔ مذ) زچہ کے چالیسویں دن کا غسل۔
بڑا داتا (ا ۔ مذ) بڑا سخی۔ بہت دینے والا (۲) اللہ میاں۔
بڑا دل ہے (ا ۔ مذ) بڑا حوصلہ ہے۔
بڑا دم گلا ہے (محاورہ) سخت چالباز اور بدمعاش ہے۔
بڑا دن۔ دسمبر کی ۲۵ تاریخ جو حضرت مسیحؑ کی پیدائش کا دن ہے کرسمس۔ عیسائیوں کا تہوار
بڑا دیدہ ہے (محاورہ) (۱) شوخ چشم اور نڈر ہے۔ بے باک اور بے خوف ہے۔
بڑا راستہ پکڑنا (محاورہ) دور کا سفر اختیار کرنا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (۳) سب سے بہتر اور عمدہ طریق اختیار کرنا۔
بڑا روگ (ا ۔ مذ) تپ دق۔
بڑا سُوَر ہے (محاورہ) بہت بدذات ہے۔ بہت شریر اور موذی ہے
بڑا شخص۔ نہایت تجربہ کار اور جہاں دیدہ آدمی۔ عالی دماغ (طنزاً) شریر۔ شیطان۔
بڑا شُہدہ ہے (محاورہ) بڑا شریر ہے۔ کمینہ اور ذلیل ہے۔ بڑا بیہودہ ہے
بڑا صاحب (ا ۔ مذ) حاکم اعلیٰ۔ بڑا افسر
بڑا کام کرنا (محاورہ) قابل تحسین کام کرنا (۲) اہم کام کرنا۔
بڑا کرنا (محاورہ) (۱) بڑھانا۔ بلند کرنا۔ کھینچنا۔ تاننا (۲) جوان کرنا۔ پرورش کرنا۔ عزت دینا۔ (۳) تائید کرنا (۵) بجھانا۔ گل کرنا (چراغ)
بڑا کفر توڑا (محاورہ) بڑے ضدی کو قابو میں لائے۔ بڑا کام کیا۔
بڑا گرو ہے (محاورہ) چالاک ہے۔ ہوشیار ہے۔ مرشد ہے۔ گرو ہے متفنی ہے۔ بے ڈھب ہے۔
بڑا گھاں مارا ہے (محاورہ) بہت بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔
بڑا گھر (ا ۔ مذ) امیر گھرانا۔ (۲) قید خانہ۔
بڑا گھرانا (ا ۔ مذ) اعلیٰ خاندان۔ امیر گھرانا۔ معزز گھر۔
بڑا مزہ ہو (محاورہ) بڑا لطف۔ خوب سیر ہو۔
بڑا نام کرنا (محاورہ) عزت و شہرت حاصل کرنا۔
بڑا نکیلا (محاورہ) بڑی آن والا ہے۔ بڑا وضع دار ہے۔
بڑا نوالہ حلق کا دربان (ا ۔ مثل) مغرور بہت جلد ذلیل ہوگا کہ ایک



Marfat.com

(ن) کام کیا آگے آئے گا۔
بڑا نوالہ کھائے. بڑا بول نہ بولے (مثل) غذا عمدہ کھاتے مگر شیخی نہ بگھارے۔
بڑا ہی سخت ہے (محاورہ) بہت بدمزاج ہے (۲) بہت بے رحم ہے (۳) موذی ہے (۴) بہت محنتی ہے۔
بڑوں کی بڑی بات (۱) بزرگوں کی بات تجربے کی وجہ سے پختہ اور صحیح ہوتی ہے (۲) بڑے مرتبے والوں کی بات اونچی ہوتی ہے۔
بڑے آدمی (لوگ) (۔ مذ) عالی خاندان اور ذی حیثیت لوگ
بڑے ابا (۔ مذ) تایا۔ سسر۔
بڑے باپ کا بیٹا (۔ صف) عالی خاندان۔ صاحب عزت۔ ذی حیثیت
بڑے برتن کی کھرچن بھی بہت ہے (مثل) بڑے گھرانے کی معمولی بات بھی بڑی ہوتی ہے۔
بڑے بڑے (۔ مذ) معززین۔ نامی گرامی لوگ۔
بڑے بول کا سر نیچا (مثل) غرور کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔ شیخی باز بے عزت ہوتا ہے۔
بڑے دل کا (محاورہ) ہمت والا۔ عالی حوصلہ۔ اولوالعزم
بڑے سے تکلے ہو (محاورہ) واہیات بکتے ہو
بڑے بے ڈھب ہو (محاورہ) بڑے چالاک اور شرارتی ہو۔
بڑے پاپڑ بیلے ہیں (محاورہ) بڑی تکلیف اٹھائی ہے (۲) بہت قسم کے کام کیے ہیں۔
بڑے پاک ہو (محاورہ) (طنزاً) بڑے بے شرم ہو
بڑے پاؤں پھیلائے (محاورہ) بہت جھگڑالو۔
بڑے چلتے پرزے ہیں (محاورہ) بہت چالاک ہیں۔
بڑے چور کا حصہ نہیں (مثل) زبردست جو چاہے لے لے۔ اس کا حصہ مقرر نہیں ہوتا۔
بڑے حضرت ہیں (محاورہ) (طنزاً) بڑے شریر ہیں۔
بڑے دانت پیسے (محاورہ) بہت غصے ہوئے (۲) بہت لالچ کیا
بڑے دا تا ہیں (محاورہ) (طنزاً) بڑے کنجوس ہیں۔
بڑے دھڑلے کا آدمی ہے (بڑی مضبوطی سے پارٹی کا ساتھ دینے والا آدمی ہے۔
بڑے رستم ہیں (محاورہ) بڑے بہادر ہیں۔
بڑے زہد کا پیسا (۔ مذ) بڑی محنت سے کمایا ہوا روپیہ۔
بڑے صاحب (۔ صف۔ مذ) بڑے میاں۔ بزرگ (۲) امیر آدمی کا بڑا بیٹا (۳) اعلیٰ افسر (۴) ڈپٹی کمشنر
بڑے کڑاہی میں تلے جاتے ہیں (مثل) بڑے آدمیوں کو بہت مصیبت جھیلنا پڑتی ہے۔ معززین کو زیادہ آفتوں کا سامنا رہتا ہے
بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھٹائی (مثل) بدلحاظ اور بدتمیز کی نسبت بولتے ہیں۔ نہ بڑے کا ادب نہ چھوٹے کا لحاظ۔
بڑے گھر جانا (محاورہ) (۱) مرجانا (۲) جیل جانا
بڑے مرشد ہو (مقولہ) بڑے شریر ہو۔ چالاک ہو۔

بڑے میاں۔ بزرگ۔ معمر۔ تعظیماً ہر بوڑھے آدمی کو کہتے ہیں۔
بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ (مثل) بڑے تو بدمعاش تھے ہی چھوٹے ان سے بڑھ کر نکلے۔
بڑاپا۔ بڑاپن (ب۔ ڑا۔ پا (ب۔ ڑا۔ پن) [ہ۔ ا۔ مذ] بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی
بڑا جانا (بڑ۔ ڑا جا۔ نا) [ہ۔ مص] گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ کسی مصیبت کے سبب چلا اٹھنا۔
بڑانا (بڑ۔ ڑا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) دخول کرنا۔ گھسانا (۲) دھکیلنا۔
بڑانا (بڑ۔ ڑا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بڑبڑانا۔ سوتے میں بڑبڑ کرنا۔ ہذیان بکنا (۲) بکنا۔ بڑ مارنا (۳) غل مچانا۔
بڑائی (ب۔ ڑا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] عظمت۔ بزرگی (۲) عمر میں بڑا ہونا وسعت۔ کشادگی (۳) موٹائی۔ حجم (۵) تعریف۔ مدح (۶) درازی۔ لمبائی فضیلت۔ برتری۔ منصب (۸) غرور۔ شیخی۔ لاف زنی۔
بڑائی چھٹائی ہونا (۔ مث) فرق ہونا۔ عمر یا قد میں اختلاف ہونا۔
بڑائی دینا (محاورہ) عزت دینا۔ مرتبہ دینا۔
بڑائی کرنا (محاورہ) (۱) تعریف کرنا۔ ستائش کرنا (۲) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ خود ستائی کرنا۔
بڑائی مارنا (محاورہ) خود ستائی کرنا۔ بڑ ہانکنا
بڑبڑ (ہ۔ ا۔ مث) جھک جھک۔ بکواس۔ بک بک۔
بڑبڑانا (بڑ۔ ب۔ ڑا۔ نا (بُڑ۔ ب۔ ڑا۔ نا) [ہ۔ مص] چپکے چپکے بکنا۔ زیر لب کچھ کہنا۔ چپکے چپکے پڑھنا۔
بڑبڑیا (بڑ۔ بڑ۔ یا) [ہ۔ صف۔ ا۔ مذ] بڑ ہانکنے والا۔ بکی۔ جھکی۔ بیہودہ گو
بڑ بڑی (بڑ۔ ب۔ ڑے۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] مرے ہوئے بزرگوں کی نا تحقیق جو عورتیں شادی کی تقریب میں کرتی ہیں۔
بڑ بھس (بڑ۔ بھس) [ہ۔ ا۔ مث] بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا بوالہوسی۔ بڑ بھس لگنا۔ بڑھاپے میں مستی چھوٹنا۔
بڑرا (بڑ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] گیہوں اور چنے کا ملا ہوا اناج۔
بڑک (ب۔ ڑک) [ہ۔ ا۔ مث] ڈبکی۔
بڑما (بڑ۔ ما) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بڑی اماں (۲) [تحقیراً] بوڑھی عورت
بڑنا (بڑ۔ نا) [ہ۔ مص] داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر پہنچنا۔
بڑنگا (ب۔ ڑن۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] کڑی۔ شہتیر۔
بڑھولی (ب۔ ڑو۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] بڑ کے درخت کا پھل۔
بڑونکھا (ب۔ ڑون۔ کھا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا بڑا گنا۔
بڑوں کی بڑی بات (مثل) بڑے آدمیوں کے خیالات اعلیٰ ہوتے ہیں۔
بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا (محاورہ) چرب زبانی کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔
بڑھ بڑھ کے بولنا (محاورہ) فخر کرنا۔ بساط سے بڑھ کر باتیں کرنا۔ لاف گزاف کرنا۔
بڑھ جانا (محاورہ) آگے نکل جانا (۲) آگے چلے جانا (۳) عزت، مرتبہ اور دولت میں ترقی ہو جانا (۴) طوالت ہو جانا۔ چراغ یا شمع کا گل ہو جانا (۶) ایک چیز کا دوسری چیز سے زیادہ ہو جانا (۷) اکھڑ جانا۔
بڑھ چڑھ کے (۔ صف) بہتر۔ برتر۔ بالا۔ فائق۔ زیادہ۔



Marfat.com

**بڑھ کے لینا** (محاورہ) پیشوائی کرنا۔
**بڑھاپا** (بڑ۔ھا۔پا) [ہ۔ا۔مذ] پیری۔کہن سالی۔پیرانہ سالی۔
**بڑھ چڑھ** (ہ۔صف) نامی گرامی۔زیادہ اچھا۔بالاتر۔
**بڑھا چڑھا کر**۔ مبالغے کے ساتھ۔
**بڑھا دینا** (ہ۔مص) (۱) آگے کھسکانا (۲) بجھا دینا۔
**بڑھار** (ب۔ڑھار) [ہ۔ا۔مث] دلھن والوں کی طرف سے رخصتی کی دعوت
**بڑھانا** (ب۔ڑھا۔نا) [ہ۔مص] (۱) زیادہ کرنا۔بڑا کرنا (۲) لمبا کرنا (۳) پھیلانا (۴) کھینچنا (۵) بلند کرنا۔اونچا کرنا (۶) ترقی کرنا (۷) آگے لانا۔نزدیک کرنا (۸) تعریف میں مبالغہ کرنا (۹) امیر کرنا۔دولت مند کرنا (۱۰) اٹھانا۔اتارنا (۱۱) چراغ بجھانا (۱۲) کنکوے یا پتنگ کو اونچا کرنا (۱۳) دسترخوان سامنے سے اٹھانا۔
**بڑھاوا** (ب۔ڑھا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) زیادتی (۲) جھوٹی تعریف (۳) لوبھ۔لالچ (۴) خوشامد (۵) دام۔فریب۔
**بڑھاوا دینا** (محاورہ) جھوٹی ہمت باندھنا۔لالچ دینا۔جھوٹی تعریف کرکے کسی کام پر آمادہ کرنا۔
**بڑھاوے میں آنا** (محاورہ) خوشامد میں آنا۔دھوکے میں آنا۔تعریف پر پھولنا۔
**بڑھاؤ** (ب۔ڑھا۔او) [ہ۔ا۔مذ] زیادتی۔ترقی۔
**بڑھتی** (بڑھ۔تی) [ہ۔صف] (۱) معمول سے زیادہ فاضل۔فالتو (۲) [مث] زیادتی۔برکت۔بہتات۔کثرت۔
**بڑھتی دولت**۔ ترقی کرنے والی دولت۔
**بڑھتی کا پہرا**۔ ترقی کے دن۔بہتری کا زمانہ۔
**بڑھتی مناتا**۔ ترقی چاہنا۔
**بڑھل** (بڑ۔ہل) [ہ۔ا۔مذ] ایک درخت کا نام جس کا پھل گول اور زرد ہوتا ہے۔
**بڑھنا** (بڑھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بلند ہونا۔اونچا ہونا (۲) حجم اور ضخامت میں زیادہ ہونا (۳) لمبا ہونا۔دراز ہونا (۴) حد سے گزرنا (۵) زیادہ ہونا۔بچنا۔فالتو ہونا (۶) ترقی کرنا (۷) امیر ہونا (۸) آگے بڑھنا (۹) نفع ہونا (۱۰) چراغ گل ہونا (۱۱) دکان بند ہونا۔
**بڑھنت** (ب۔ڑھنت) [ہ۔ا۔مث] زیادتی۔اضافہ۔افزونی۔
**بڑھوا** (بڑھ۔وا) [ہ۔صف] بوڑھا۔
**بڑھوا منگل** (ہ۔مذ) بنارس کا ایک میلہ جو منگل کو لگتا ہے۔
**بڑھوتری** (ب۔ڑھوت۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) زیادتی۔بیشی (۲) منافع (۳) ترقی۔افزونی۔
**بڑھوتی** (ب۔ڑھو۔تی) [ہ۔ا۔مث] بڑھاپا
**بڑھئی** (ب۔ڑھئی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نجار۔ترکھان (۲) ایک پرند۔کٹھ بڑھئی۔
**بڑھیا** (بڑھ۔یا) [ہ۔صف] اعلیٰ درجے کا۔اعلیٰ قسم کا۔بہت عمدہ۔بیش قیمت
**بڑھیا** (بڑ۔ھیا) [ہ۔صف۔وا۔مث] بوڑھی۔بوڑھی عورت۔کہن سال ... آگ کے ڈھڈے کی روئی۔

**بڑھیا آفت کی پڑیا**۔ فتنہ انگیز بوڑھی عورت۔کٹنی۔
**بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اٹھانے لگی** (مثل) بڑھیا کو دیوانگی میں بھی اپنا فائدہ سوجھتا ہے۔مطلب کی دیوانی ہے۔
**بڑھیا کا کاتا**۔ ایک قسم کی لچھے دار مٹھائی
**بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** (مثل) ایک بار کا نقصان آئندہ کے خطروں کی تمہید ہے۔
**بڑھیل** (ب۔ڑھیل) [ہ۔صف] تحقیراً بہت بوڑھی عورت۔
**بڑی** (ب۔ڑی) [ہ۔صف] بڑا کی تانیث۔بزرگ (۲) [ا۔مث] مونگ یا ارڈ کی دال سے بنی ہوئی ٹکیہ جس کا سالن پکاتے ہیں۔
**بڑی آبرو سے گزر گئی** (فقرہ) بڑی عزت سے وقت گزر گیا۔
**بڑی آفت**۔ وہ آفت جس سے نقصان خارج ہوتا ہے۔
**بڑی اسامی** (ا۔مث) مالدار شخصیت۔امیر ہستی۔
**بڑی الائچی** (ا۔مث) سیاہی مائل سرخ الائچی جو گرم مصالحے میں استعمال ہوتی ہے۔
**بڑی بات** (ا۔مث) امر محال۔مشکل (۲) عمدہ اور اچھی بات۔
**بڑی بات نہیں**۔ کچھ مشکل نہیں۔آسان ہے۔
**بڑی بڑی باتیں کرنا** (محاورہ) بہت کچھ کہنا۔برا بھلا کہنا۔
**بڑی بڑی زبانیں ہونا** (محاورہ) (۱) بدزبانی کی عادت ہونا (۲) زبان درازی کرنا۔
**بڑی بڑائی ہوئی** (محاورہ) بہت ہوا تو۔بہت کوشش ہوئی تو زیادہ سے زیادہ ہوا تو۔
**بڑی بوڑھی** (ا۔مث) زیادہ عمر کی۔تجربہ کار عورت۔
**بڑی بہو** (۱) بڑے بیٹے کی بیوی۔بڑی دلھن (۲) [تحقیراً] بیوقوف جو
**بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نون (نمک) ڈالے** (مثل) باوجود بڑی عمر ہونے کے ناتجربہ کاری کے کام پر بولتے ہیں۔یعنی فلاں کام خراب کرنے میں مشہور ہے۔
**بڑی بی** [تعظیماً] بوڑھی عورت
**بڑی پوچھ کا آدمی** (طنزاً) مغرور شخص۔
**بڑی ٹیڑھی کھیر ہے** (محاورہ) بڑا مشکل کام ہے۔
**بڑی چیز** (۱) قرآن شریف (۲) غیر معمولی (۳) قیمتی (۴) طویل۔جسیم۔عریض بھاری۔لمبی چوڑی (۵) نایاب۔قابل تعریف۔
**بڑی چیز اٹھانا**۔ بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا (۱) قرآن شریف کی قسم اٹھانا۔حلف اٹھانا (۲) قیمتی چیز لینا یا پسند کرنا (۳) وزنی چیز یا لمبی چوڑی چیز کو پکڑنا (۴) نایاب اور قابل تعریف چیز ہاتھ میں لینا (۵) مشکل کام کی ذمہ داری لینا (۶) دولت مند اسامی کو قابو کرنا۔
**بڑی خیر گزری یا ہوئی** (ا۔فقرہ) اچھا ہوا۔بہتر ہوا۔کسی ناگہانی مصیبت سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے
**بڑی دور کی بات ہے**۔ (محاورہ) (۱) عقل مندی اور دور اندیشی کی بات ہے۔نکتہ کی بات ہے۔ (۲) مشکل ہے۔
**بڑی دور کی سوجھنا** (محاورہ) نہایت اچھا خیال آنا۔



Marfat.com

بڑی دون کی لینا (محاورہ) بہت اترانا ۔ شیخی مارنا ۔
بڑی دھاک ہے (مثل) بڑا رعب ہے ۔ بڑی ہیبت ہے ۔ ڈرتے ہیں ۔ بڑی عزت ہے ۔
بڑی دیر کے بعد اونٹ پہاڑ تلے آیا (مثل) بڑی دیر کے بعد سرکش قابو میں آیا ۔
بڑی رات آنا (محاورہ) رات کا بہت سا حصہ گزر جانا
بڑی فجر ۔ صبح تڑکے ۔ صبح سویرے ۔
بڑی فجر جو لگے (چوکے) (مقولہ) صبح سویرے ہی کھانے کا دھیان اس آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے جسے ہر وقت کھانے کی فکر رہتی ہے ۔
بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھاتی ہے (مقولہ) زبردست زیردست کو تنگ کرتا ہے ۔
بڑی ناک والا ۔ عزت والا ۔ غیرت والا ۔
بڑی نند بجلی پسند یا بڑی نند شیطان کی چھڑی جب دیکھو تیری کھڑی (مقولہ) دلہنوں کی اکثر نندوں سے نہیں بنتی ۔
بڑیاں توڑنا ۔ چھاج یا بوریا وغیرہ پر بڑیاں بنانا ۔ پکوڑیاں بنانا ۔

## ب ۔ ز

بُز (ف ۔ امث) بکرا ۔ بکری ۔ گوسفند ۔
بزاخفش ۔ اخفش کا بکرا ۔ بے سمجھے گردن ہلانے والا بے وقوف نا سمجھ ۔
بُزدل (ولا ۔ ڈرپوک ۔ بے ہمت ۔ کم حوصلہ ۔
بُزدلی ۔ ڈرپوک پن ۔ نامردی ۔ کم ہمتی ۔
بُزغالہ (۱) بکری کا بچہ (۲) جنگلی یا پہاڑی بکرا ۔
بُزا (بز ۔ زا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک پرندے کا نام ۔ سیاہ سفید بگلا ۔
بَزّاز (بَزْ ۔ زاز) [ع ۔ ا ۔ مذ] کپڑا بیچنے والا ۔ پارچہ فروش ۔
بزازا (بَزْ ۔ زا ۔ زا) [اُ ۔ ا ۔ مذ] کپڑا منڈی ۔ کلاتھ مارکیٹ ۔
بزازی (بز ۔ زا ۔ زی) [ف ۔ ا ۔ مث] پارچہ فروشی ۔ کپڑا فروخت کرنے کا پیشہ
بُزرجمہر (ف ۔ مذ) نوشیرواں کا عقلمند وزیر (مجازاً) عقلمند ۔ دانا ۔
بزرقطونا (ب ۔ زر ۔ قُ ۔ طو ۔ نا) [ف ۔ ا ۔ مذ] اسبغول ۔
بزرگ (بُ ۔ زُرگ) [ف ۔ صف] (۱) کلاں ۔ بڑا (۲) عمر رسیدہ ۔ بڑی عمر کا (۳) بالغ ۔ سیانا (۴) معزز شریف (۵) عارف ۔ خدا رسیدہ ولی ۔ (۶) آباؤ اجداد ۔ سرپرست (۷) سنجیدہ ۔ سمجھدار (۸) [طنزاً] شریر برا ۔ جمع بزرگان ۔
بزرگ داشت (ف ۔ مث) خاطر داری ۔ خدمت گزاری ۔ مہمانداری
بزرگ زادہ (ف ۔ مذ) شریف زادہ ۔ عالی خاندان ۔ شریف خاندان
بزرگ سال (ف ۔ مذ) بوڑھا ۔ سن رسیدہ ۔
بزرگ منش (ف ۔ صف) اچھی عادت والا ۔ بزرگانہ طبیعت کا رکھنے والا
بزرگوار (ف ۔ صف) بزرگ کی مانند ۔ بزرگ ۔

بزرگوں کا ٹھیکرا (محاورہ) موروثی جائداد
بُزرگانہ (بُ ۔ زر ۔ گا ۔ نہ) [ف ۔ صف و تابع فعل] بزرگ سے منسوب بزرگوں کی طرح ۔ بزرگوں کے لائق
بزرگی (بُ ۔ زر ۔ گی) بڑائی ۔ عزت ۔ عظمت ۔ شرافت ۔
بزرگی بعقل است نہ بسال (مثل) بزرگی عقل پر موقوف ہے عمر پر نہیں ۔
بزلہ (بز ۔ لہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے بذلہ ۔
بزم (ف ۔ امث) سبھا ۔ محفل ۔ مجلس ۔ خوشی کی محفل ۔
بزم آرا (ف ۔ مذ) مجلس آراستہ کرنے والا ۔ صاحب مجلس ۔ میر مجلس
بزم افروز (ف ۔ صف) مجلس کو رونق بخشنے والا
بزم سخن (امث ۔ ف) شعر خوانی کی محفل ۔ مشاعرہ ۔
بزم طرب (ف ۔ مث) مجلس نشاط ۔ گانے بجانے کی مجلس ۔
بزم عیش (ف ۔ مث) راگ رنگ کی مجلس ۔ گانے بجانے کی مجلس
بزم گاہ (ف ۔ صف) عیش کی جگہ ۔ مجلس کی جگہ ۔
بزم گرم ہونا (محاورہ) محفل خوب جمنا ۔
بزم ماتم (ف ۔ مث) غم کی مجلس ۔
بزم نشاط (ف ۔ مث) خوشی کی مجلس ۔ مجلس رقص و سرود ۔
بزم نشین (ف ۔ صف) امیر مجلس ۔ صاحب مجلس ۔
بزن (بَ ۔ زن) [ف ۔ امذ] قتل ۔ قتل کا حکم ۔ قتل عام
بزن بولنا (محاورہ) قتل عام کا حکم دینا ۔ حملہ کرنا ۔
بزن کرنا (محاورہ) قتل عام کرنا ۔
بزنس (BUSINESS) [بز ۔ نس] [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) پیشہ شغل ۔ کاروبار (۲) کام ۔ فرض منصبی ۔

## ب ۔ س

بس (BUS) [انگ ۔ مث] چار پہیوں والی ایک موٹر گاڑی ۔ جو مسافروں کے نقل و حمل کے کام آتی ہے ۔ لاری ۔
بس (ا ۔ مذ) (۱) قابو ۔ زور ۔ طاقت ۔ اختیار ۔ مجال ۔
بس (ف ۔ متعلق فعل) (۱) کثرت سے ۔ بہت زیادہ (۲) موقوف ۔ تمام ختم (۳) القصہ (۴) ٹھہرو ۔ رکو ۔ دم لو (۵) صرف ۔ فقط (۶) اب ۔ (۷) سب ۔ تمام ۔ کل (۸) اور نہیں ۔ اب نہیں ۔
بس چلنا (محاورہ) قابو پانا ۔ اختیار ہونا ۔ قبضہ ہونا ۔ زور چلنا ۔
بس میں پڑنا ۔ کسی کے پنجے میں پھنسنا ۔ قابو میں آنا ۔
بس کی بات (محاورہ) قابو کی بات ۔ اختیاری معاملہ ۔
بس میں کرنا ۔ بس میں لانا (۱) قابو میں لانا ۔ مغلوب کرنا ۔ زیر کرنا (۲) موہنا ۔ فریفتہ کرنا ۔
بَس (ف ۔ صف) (۱) کافی ۔ بہت (۲) صرف ۔ فقط (۳) بمعنی امر چپ رہو ۔ خاموش رہو ۔



Marfat.com

بس بس (۱) بہت ہے۔ کافی ہے۔ (۲) خاموش ہو جاؤ۔
بس بیٹھو بھی۔ چپ رہو۔ باتیں نہ بناؤ۔
بس دیکھ لیا۔ اب آزمانے کی حاجت نہیں۔ خوب آزما لیا۔ بہت آزما لیا۔ تمہارا حال کھل گیا۔
بس کرو۔ جانے دو۔ ٹھہرو۔ ختم کرو۔
بس میں آنا (محاورہ) قابو میں آنا۔ اختیار میں آنا۔
بس نہ چلنا (محاورہ) زور نہ چلنا۔ علاج نہ ہونا۔
بس ہو چکی نماز مصلّا اُٹھائیے (مثل) مذاقاً اس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام ختم ہو جائے۔
بس کہ (۱) چونکہ (۲) القصہ۔ حاصل کلام۔ غرض۔
بِس [ہ۔ا۔مذ] (۱) زہر (۲) کھوٹ۔ عیب (۳) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد (۴) [صف] شریر۔ فتنہ پرداز۔
بِس بونا (محاورہ) بدی کا بیج بونا۔ فساد کی ابتدا کرنا۔
بِس اُگلنا (۱) زہر تھوکنا (۲) بُرا کہنا (۳) بدلہ لینا۔ جھگڑا کھڑا کرنا (۴) چغلی کھانا۔
بِس بھری (۱) زہر آلود۔ زہریلی (۲) کینہ پرور۔ فسادی۔
بِس کی پڑیا اکا نٹھ (۱) زہر قاتل (۲) شریر۔ مفسد (۳) کینہ ور
بِس گھولنا۔ زہر پھیلانا۔ فتنہ فساد پھیلانا۔
بسا (ب۔سا) [ف۔صف] بہت۔ اکثر۔
بسا اوقات۔ بہت دفعہ۔ اکثر مرتبہ
بِسار۔ بِسارا (بِ۔سار۔ بِ۔سا۔را) [ہ۔ا۔مذ] ادھار لیا ہوا بیج جو فصل کی تیاری پر ادا کیا جائے۔
بسارنا (بِ۔سار۔نا) [ق۔مص] بھلانا۔ فراموش کر دینا۔ دل سے نکال دینا۔ چھوڑ دینا۔
بساط (ب۔ساط) [ع۔ا۔مذ] (۱) بستر۔ بچھونا۔ فرش (۲) چوسر اور شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا تختہ (۳) سرمایہ۔ پونجی (۴) حوصلہ۔ ہمت۔ وسعت۔ طاقت۔ قدرت۔
بساط خانہ (ف۔مذ) وہ مقام جہاں بساطی بیٹھتے ہیں۔ بساطیوں کا بازار۔
بساط سے باہر (محاورہ) مقدور سے زیادہ۔ طاقت سے زیادہ
بساط کیا ہے (محاورہ) حیثیت کیا ہے۔ ہستی کیا ہے۔
بساطی (ب۔سا۔طی) [ف۔ا۔مذ] خردہ فروش۔ ضرورت کی چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔
بسالت (بَ۔سا۔لت) [ع۔ا۔مث] دلیری۔ بہادری
بسالٹ (BASALT) (بَ۔سالٹ) [انگ۔ا۔مذ] گہرا سبز یا بادامی۔ آتش انگیز پتھر جس میں بالعموم کھڑے پرت ہوتے ہیں
بسان (بَ۔سان) [ف۔صف] حرف تشبیہ۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ طرح
بسانا (بَ۔سا۔نا) [ہ۔مص] آباد کرنا۔ معمور کرنا (۲) معطر کرنا۔
بِسانا (بِ۔سا۔نا) [ہ۔مص] (۱) خریدنا۔ حاصل کرنا (۲) اپنے سر مصیبت لانا
بساند۔ بسا ہند (بِ۔ساند۔ بِ۔سا۔ہند) [ہ۔ا۔مث] بو۔ گوشت یا مچھلی وغیرہ کی بو۔
بساندا (بِ۔ساں۔دا) [ہ۔صف] بدبودار۔ بدمزہ (گوشت کے لیے
بساندی)
بِساوٹ (بِ۔سا۔وٹ) [ہ۔ا۔مث] مہک
بساوری (بِ۔سا۔و۔ری) [ہ۔ا۔مث] زمین کا لگان۔
بساہا (بِ۔سا۔ہا) [ہ۔ا۔مذ] کتا جس کے بیس ناخن اور زہریلے دانت ہوتے ہیں۔
بسائط (بَ۔سا۔ئط) [ع۔ا۔مذ] بسیط کی جمع۔ اربع عناصر
بسباسہ (بِس۔با۔سہ) [ع۔ا۔مذ] ایک دوا کا نام۔ جاوتری
بِسْت (ہ۔ا۔مث) اسباب۔ اثاثہ (تنہا مستعمل نہیں چیز بست کہتے ہیں
بَسْت (ف) بستہ کا مخفف (۱) بندھا ہوا (۲) بند (۳) جما ہوا۔
بست وکشاد (ف) بند اور کھلا ہوا۔ حل وعقد۔
بِسْت (ف۔صف) بیس۔ ۲۰
بَسْت دربست کا تعویذ (ا۔مذ) ایک قسم کا نقش۔
بستار (بِس۔تار) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پھیلاؤ۔ کشادگی (۲) بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔
بستار کرنا۔ پھیلانا۔ بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔
بُستان (بُس۔تان) [ف۔ا۔مذ] بوستان کا مخفف۔ باغ۔
بستان افروز (ف۔صف) چمن کی رونق بڑھانے والا۔ چمن کی رونق۔
بستان پیرا۔ باغ کو کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنے والا۔
بستان سرا۔ وہ مکان جس میں باغیچہ لگا ہوا ہو۔
بُستانی (بُس۔تا۔نی) [ف۔صف] بوستان سے منسوب۔ باغ کے متعلق
بِستر (بِس۔تر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لباس۔ پوشاک۔ کپڑے (۲) سامان۔ اسباب
بِستَر (بِس۔تر) [ف۔ا۔مذ] بچھونا۔ فرش
بستر اُٹھانا (محاورہ) (۱) بچھونا اُٹھانا (۲) سکونت ترک کرنا۔
بستر بچھانا۔ بستر کرنا۔ بستر لگانا (محاورہ) بچھونا بچھانا (۲) قیام کرنا۔
بستر سے پیٹھ لگ جانا۔ صاحب فراش ہو جانا۔ بہت بیمار ہونا
بسترا (بِس۔ت۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بچھونا (۲) فقیروں اور درویشوں کا بچھونا دری۔ توشک۔ لحاف وغیرہ۔
بُستگی (بُس۔ت۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) قبض۔ بند ہونا (۲) تفریح نہ ہونا طبیعت کا بیزار ہونا۔
بستم بستہ (بس۔تم۔بس۔تہ) [ہ۔ا۔مث] بولنے کی روک ٹوک۔ بات چیت کی مناہی۔ زبان بندی۔
بستنی (بس۔ت۔نی) [ف۔ا۔مث] (۱) غلاف۔ پنجرے یا ستار وغیرہ کی پوشش (۲) وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھ کر رکھیں۔
بستہ (بس۔تہ) [ف۔صف] (۱) بندھا ہوا۔ رکا ہوا۔ جما ہوا (۲) [مذ] جزدان۔ بقچہ۔
بستی (بس۔تی) [ہ۔ا۔مث] گاؤں۔ قصبہ۔ آباد جگہ۔
بُسَّد (بُس۔سد) [ف۔ا۔مذ] مونگا۔ مرجان۔
بَسَر (بَ۔سر) [ف۔ا۔مث] گزر۔ گزارنا۔
بسر آنا (محاورہ) کامیاب ہونا۔ غالب آنا۔
بسر اوقات (ا۔مذ) گزر بسر۔ وقت کاٹنا۔ وقت گزارنا۔



Marfat.com

**بسر کرنا** (محاورہ) (۱) گزر کرنا۔ گزارنا (۲) نباہنا۔
**بِسر** (بِ۔سر) [ہ۔ا۔مذ] بھول۔
**بسر جانا**۔ بھول جانا۔ چوک جانا۔ یاد نہ رہنا۔
**بِسرا** (بِس۔را) (ہ۔صف) بھولا ہوا۔
**بِسرام** (بِس۔رام) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آرام۔ سکھ۔ چین۔ (۲) ٹھہراؤ۔ توقف
**بسرام کرنا (لینا)** (محاورہ) ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ مقیم ہونا۔
**بِسرانا** (بِس۔را۔نا) [ہ۔مص] بھلانا۔ دل سے اتارنا۔
**بَسط** (ع۔ا۔مذ) فراخی۔ کشادگی۔ شرح۔ تفصیل۔ تشریح۔ وضاحت
**بِسکٹ** (بِس۔کُٹ) [انگ۔ بسکٹ (BISCUIT) کا مورد۔ ا۔مذ] ایک قسم کی میٹھی یا نمکین ٹکیا۔
**بس کھپرا** (بِس۔کھپ۔رُا) [ہ۔ا۔مذ] ایک پودا جس سے دوا بناتے ہیں (۲) ایک زہریلا جانور جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔
**بسم اللہ** (بِس۔مِل۔لاہ) (ع) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ اللہ کا نام لیتا ہوں (۲) مکتب نشینی کی رسم۔
**بسم اللہ اللہ اکبر**۔ ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں۔
**بسم اللہ اللہ اکبر کر دینا** (محاورہ) ذبح کر دینا۔
**بسم اللہ کا طغرا**۔ خوشنویس بسم اللہ کے حروف اس طرح لکھتے ہیں کہ کوئی شکل بن جاتی ہے۔
**بسم اللہ کا گنبد** (۱) جائے پناہ۔ مقام امن۔ بچاؤ کی جگہ۔ حفاظت کا مقام (۲) ابتدائی منزل۔
**بسم اللہ کا مرغ**۔ وہ مرغ کی تصویر جو بسم اللہ کا طغرا لکھ کر بناتے ہیں
**بسم اللہ کرنا** (۱) شروع کرنا۔ بنیاد ڈالنا (۲) کھانا تناول کرنا۔
**بسم اللہ کرو** (۱) ابتدا کرو۔ شروع کرو۔ (۲) کھانا شروع کرو۔
**بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا (رہنا)** سلامتی کی جگہ میں بیٹھنا۔ امن و امان میں رہنا۔ پناہ میں رہنا۔ (۲) ناتجربہ کار ہونا۔
**بسم اللہ سے تمت تک** (محاورہ) شروع سے اخیر تک۔ ابتدا سے انتہا تک۔
**بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا** (ع۔ دعا) وہ دعا جو سفر کرتے وقت پڑھی جاتی ہے کہ چلنا اور ٹھہرنا اللہ ہی کے نام سے ہے۔
**بسم اللہ ہونا** (محاورہ) آغاز ہونا۔ شروع ہونا۔ ابتدا ہونا۔
**بسم اللہ ہی غلط** (محاورہ) ابتدا ہی غلط۔ چھوٹتے ہی غلط۔ پہلا ہی کام خراب۔
**بسمل** (بِس۔مِل) [ف۔صف] بسم اللہ اللہ اکبر کا مخفف جو جانور ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں (۱) گھائل۔ زخمی (۲) تڑپنے والا۔ بیقرار (۳) مجازاً عاشق
**بسمل کرنا**۔ ذبح کرنا۔ زخمی کرنا۔
**بسنا** (بَس۔نا) [ہ۔مص] (۱) رہنا۔ گھر بنانا۔ آباد ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) رچنا معطر ہونا۔
**بُسنا** (بُس۔نا) [ہ۔مص] سڑنا۔ بدبودار۔ باس دینا۔
**بسنت** (ب۔سنت) [ہ۔ا۔مذ و مث] (۱) بہار کا موسم۔ موسم بہار کا ایک تہوار (۲) بسنت کے موسم میں گائے جانے والے گیت (۳) سری راگ کی چوتھی راگنی۔ (۴) سیتلا چیچک (۵) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد رنگ کے پھول۔
**بسنت پنچمی** (ہ۔مث) ہندوؤں کا ایک تہوار جو ماگھ سدی پنچمی کو منایا جاتا ہے
**بسنت پھولنا** (محاورہ) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا (۲) زردی چھانا۔
**بسنت کی خبر نہیں** (محاورہ) ناتجربہ کار ہے۔ ناواقف ہے۔
**بسنت منانا** (محاورہ) بسنت کی خوشی کرنا۔
**بسنتی** (بَ۔سن۔تی) [ہ۔صف] (۱) زرد۔ پیلا۔ زعفرانی (۲) [مث] زرد رنگ۔ (۳) چیچک کی دیوی۔ سیتلا مائی۔
**بسنتی پوش**۔ زرد لباس پہننے والا۔ زرد پوش۔
**بسنی** (بس۔نی) [ہ۔ا۔مث] تھیلی۔
**بسنی** (بس۔نی) [ہ۔صف] آوارہ مرد۔ آوارہ عورت۔
**بِسوا۔ بِسوہ** (ہ۔مذ) ایک بیگھے کا بیسواں حصہ۔ زمین ناپنے کا ایک پیمانہ۔ صحیح۔ بِسوا
**بِسوا دار** (ہ۔مذ) زرعی اراضی کا مالک۔ گاؤں میں حصہ دار۔ دخیل کار
**بُسوار** (ہ۔مذ) پِسا ہوا مصالحہ۔
**بَسواری** (بَس۔وا۔ری) [ہ۔ا۔مذ] بانسوں کا باغ۔ بانس کا جنگل
**بِسواس** (بِس۔واس) [ہ۔ا۔مذ] وشواش۔ اعتماد۔ یقین۔ اعتقاد۔ ایمان
**بِسوانسی** (بِس۔واں۔سی) [ہ۔ا۔مث] بسوے کا بیسواں حصہ۔
**بِسورنا** (ب۔سُور۔نا) [ہ۔مص] آہستہ آہستہ رونا۔ رونے کی شکل بنانا رونے کا ارادہ کرنا۔
**بسولا** (بَ۔سُو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] تیشہ لکڑی چھیلنے کا ایک اوزار۔
**بسولی** (بَ۔سُو۔لی) [ہ۔ا۔مث] معماروں کا تیشہ۔ اینٹیں گھڑنے کا اوزار
**بِسوہ بِسوے کی گانٹھ** (مثل) گاؤں میں زمین کا حصہ فساد کی جڑ ہے۔
**بِسہا** (بِس۔ہا) [ہ۔صف] (۱) زہریلا (۲) [مذ] زہریلا جانور (۳) ایک کتا جس کے دانت زہریلے اور تیز ناخن ہوتے ہیں
**بسہری** (ب۔سہ۔ری) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی زہریلی مکھی جو ہاتھ کی انگلیوں میں ہوتی ہے۔
**بسے** (ف۔صف) زیادہ۔ کثرت سے۔
**بسیار** (بس۔یار) [ف۔صف] بہت زیادہ۔ بے انتہا۔
**بسیار خور** (ف۔صف) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔
**بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے** [ف۔مثل] بہت سفر کرنے سے تجربہ ہوتا ہے۔ تجربے سے آدمی ہوشیار ہوتا ہے۔
**بسیار گو**۔ زیادہ بولنے والا۔ پُرگو۔ بکی۔ جھکی۔
**بسیت** (بَ۔سیت) [ہ۔ا۔مذ] گاؤں کا چودھری۔ مقدم
**بسیٹے۔ بسیٹھ** (بَ۔سیٹے۔ بَ۔سیٹھ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) قاصد۔ ایلچی (۲) ثالث۔ درمیانہ آدمی (۳) چغل خور۔
**بسیرا** (بَ۔سے۔را) [ہ۔ا۔مذ] شب باشی۔ قیام۔ رات کو ٹھہرنے کی جگہ
**بسیرا بولنا**۔ شام کے وقت چڑیوں کا بولنا۔
**بسیرا کرنا (لینا)**۔ شب باش ہونا۔ رات کو ٹھہرنا۔ درختوں پر پرندوں کا رات کو ٹھہرنا۔



Marfat.com

**بسیرے کا وقت** ۔ سرِ شام پرندوں کے گھونسلے میں جانے کا وقت
**بسیط** (بَ ۔ سِیط) [ع ۔ صف] (۱) کشادہ ۔ وسیع ۔ پھیلا ہوا (۲) غیر مرکب (۳) [مث] عروض کی ایک بحر ۔ جمع بسائط ۔
**بسیکھ** (بِ ۔ سیکھ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) خاصیت (۲) عادت ۔ سبھاؤ (۳) فرق امتیاز
**بسیلا** (بِ ۔ سے ۔ لا) [ہ ۔ صف] زہریلا ۔ زہردار ۔
**بسیندھا** (بِ ۔ سین ۔ دھا) [ہ ۔ صف] بدبودار ۔ سڑا ہو ۔ بُسا ہوا ۔

## ب ۔ ش

**بوشرٹ** (انگ ۔ مث) ایک قسم کی اونچی قمیض جس کا گریبان کوٹ کی مانند کھلا ہوتا ہے اور دامن نہیں ہوتا ۔
**بشارت** (بِ ۔ شا ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) خوشخبری ۔ مژدہ (۲) الہام غیبی آواز ۔ القاء ۔ جمع بشارات ۔ بشائر
**بشارت دینا** (۱) مژدہ سنانا (۲) خواب میں جتانا ۔
**بشاش** (بَش ۔ شاش) [ع ۔ صف] خوش و خرم ۔ مسرور ۔ مگن ۔ شگفتہ ۔ ترو تازہ
**بشاشت** (بَ ۔ شا ۔ شت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) خوشی ۔ مسرت (۲) تازگی فرحت (۳) خوش اخلاقی ۔ خندہ روئی ۔
**بشپ** (Bishop) (بِ ۔ شپ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بڑا پادری ۔ دین عیسوی کا مجتہد ۔
**بشر** (بَ ۔ شر) [ع ۔ ا ۔ مذ] آدمی ۔ انسان ۔ منش
**بشرہ** (بَش ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چہرہ ۔ مکھڑا (۲) حلیہ ۔ قیافہ
**بشری** (بَ ۔ شَ ۔ ری) [ع ۔ صف] بشر سے منسوب ۔ انسانی ۔
**بشریت** (بَ ۔ شَ ۔ ری ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مث] آدمیت ۔ انسانیت ۔
**بشقاب** (بُش ۔ قاب) (ت ۔ ا ۔ مث) بڑی رکابی ۔
**بشکل** ۔ صورت سے ۔ انداز سے سے ۔
**بشن** (بِ ۔ شن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وشنو ۔ خدا ۔ پروردگار ۔
**بشن پد** ۔ حمد کا گیت ۔ وشنو کی تعریف کا گیت ۔ ایک قسم کا ہندی گیت
**بشنوی بشنی** (بِش ۔ نَ ۔ وی ، بِش ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وشنو جی کا ماننے والا (۲) رنڈی باز ۔
**بشیر** (بَ ۔ شیر) [ع ۔ صف ۔ وا ۔ مذ] (۱) خوشخبری دینے والا ۔ بشارت سنانے والا ۔ نیک بات بتلانے والا ۔ (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صفاتی نام ۔

## ب ۔ ص

**بصارت** (بَ ۔ صا ۔ رت) [ع ۔ ا ۔ مث] نظر ۔ بینائی ۔ آنکھ کی روشنی
**بصائر** (بَ ۔ صا ۔ ئر) [ع ۔ ا ۔ مث] بصیرت کی جمع ۔
**بصد** ۔ کثرت کا اظہار کرنے کے لیے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے ۔
**بصر** (بَ ۔ صر) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) نظر ۔ بینائی (۲) [مجازاً] آنکھ ۔ جمع ابصار
**بصل** (بَ ۔ صل) [ع ۔ ا ۔ مذ] پیاز ۔

**بصیر** (بَ ۔ صیر) [ع ۔ صف] (۱) بینا ۔ دیکھنے والا (۲) دانا ۔ ماہر ۔ ہوشیار (۳) خداوند پاک کا ایک صفاتی نام ۔
**بصیرت** (بَ ۔ صی ۔ رت) [ع ۔ ا ۔ مث] بینائی ۔ دل کی بینائی ۔ عقلمندی دانائی ۔ آگاہی ۔ رائے ۔ خیال ۔ جمع ۔ بصائر ۔

## ب ۔ ض

**بضاعت** (بِ ۔ ضا ۔ عت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پونجی ۔ سرمایہ ۔ دھن دولت سامان ۔ اسباب (۲) پتی ۔ حصہ ۔
**بضعہ** (بِض ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مث] گوشت کا ٹکڑا (اردو میں مذکر ہے)

## ب ۔ ط

**بَط** [ع ۔ ا ۔ مث] ایک آبی جانور ۔ بطخ ۔
**بطِ بادہ** ۔ شراب ۔ صہبا ۔ مے
**بطِ مے** ۔ شراب کی صراحی جو بطخ کی شکل کی ہوتی ہے ۔
**بطّال** (بَط ۔ طال) [ع ۔ ا ۔ مذ] بہت جھوٹا شخص ۔ بہت مکار آدمی ۔ بہت نکما آدمی ۔
**بطالت** (بَ ۔ طا ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مث] نکماپن ۔ بے ہودگی ۔
**بطانہ** (بِ ۔ طا ۔ نہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] پگڑی کے نیچے باندھنے کا کپڑا ۔ ٹوپی
**بطحا** (بَط ۔ حا) [ع ۔ ا ۔ مذ] لغوی معنی فراخ اور کشادہ زمین ۔ مراد مکہ معظمہ ۔
**بطخ** (بَ ۔ طخ ۔ بطر طخ) [اُر ۔ ا ۔ مث] پالتو بط ۔
**بطخا** (بط ۔ خا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] نر بطخ ۔
**بطخی** (بط ۔ خی) [ف ۔ ا ۔ مث] بارود کی کپی (۲) چھوٹی بطخ ۔
**بطریق** (بِط ۔ ریق) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پادریوں کا سردار (۲) آتش پرستوں کا پیشوا ۔
**بطلک** (بَ ۔ طلک) [ف ۔ ا ۔ مث] بط کی تصغیر ۔ چھوٹی بطخ (۲) شراب کا چھوٹا شیشہ
**بطل** (بَ ۔ طل) [ع ۔ ا ۔ مذ] بہادر (۲) ہیرو (۳) نامور (۴) غازی ۔
**بُطلان** (بُط ۔ لان) [ع ۔ ا ۔ مذ] تردید ۔ ضائع ہونا ۔ باطل ہونا ۔
**بطن** [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پیٹ ۔ شکم (۲) کسی چیز کا اندرونی حصہ ۔ جمع بطون ۔
**بطن بطون** [ع ۔ مث] بہت گہرائی ۔
**بطناً بعد بطن** (بَط ۔ نَن ۔ بَعد ۔ بَط ۔ نِن) [ع] نسلاً بعد نسل ۔ پشت در پشت ۔ خاندانی ۔ موروثی ۔
**بطنی** (بَ ۔ طَ ۔ نی) [ع ۔ صف] بطن سے منسوب ۔ پیٹ کا ۔
**بُطون** (بُ ۔ طون) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بطن کی جمع (۲) اردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے بمعنی راز ۔ بھید ۔ حال ۔ ارادہ ۔
**بطی** (بَ ۔ طی) [ع ۔ صف] دیر کرنے والا ۔ سست ۔
**بطی الحرکت** ۔ وہ جو آہستہ آہستہ حرکت کرے ۔



Marfat.com

**بطیخ** (بط۔ طیخ) [ع۔ ا۔ مذ] خربوزہ۔ تربوز
**بطین** (ع۔ قسم (نجوم) (۱) بچھتر یا منزل بھرنی (۲) توندیلا۔ بڑے پیٹ والا۔

## ب - ع

**بعث** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بھیجنا۔ پیغام پر بھیجنا (۲) اُٹھانا۔ اُبھارنا (۳) مُردے کو زندہ کرنا (۴) فوج جو بھیجی جائے (۵) قیامت۔
**بعث و نشر**۔ روزِ قیامت جس روز انسان قبروں سے اٹھائے جائینگے اور پھر پھیلا دیے جائیں گے (النشر یعنی بکھرنا۔ پھیلانا)
**بعثت** (بع۔ ثت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) رسالت۔ پیغمبر کا بھیجا جانا (۲) رسالت کا زمانہ خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا۔
**بعد** [ع] پیچھے۔ آخر۔
**بعد از خرابیِ بسیار** (ف) بڑی خرابی کے بعد۔ بڑی مشکل سے۔
**بعد از مرگ واویلا** (ف۔ مثل) کسی کام کے ہو چکنے کے بعد شور مچانا
**بُعد** [ع۔ ا۔ مذ] دوری۔ فاصلہ۔ مسافت۔ جمع ابعاد
**بُعد المشرقین**۔ پورب پچھم کی دوری۔ بہت زیادہ فرق۔
**بعدہٗ** (ع۔ متعلق فعل) اس کے بعد۔
**بعض** [ع۔ صف] چند۔ متعدد۔ مختلف۔ کوئی۔
**بعض اوقات** (ف۔ مذ) کسی وقت۔ کبھی کبھار
**بعل** (ع۔ مذ) عربوں کا ایک دیوتا تھا (۲) خاوند۔ مالک
**بعید** (ب۔ عید) [ع۔ صف] دُور۔ فاصلے پر۔ علیحدہ۔
**بعید از وہم، خیال، قیاس** (ع۔ ف) وہ بات جو خیال میں بھی نہ آسکے
**بعید العقل**۔ عقل کے خلاف۔ سمجھ میں نہ آنے والا۔
**بعید القیاس**۔ قیاس کے خلاف۔
**بعیر** (ع۔ مذ) اونٹ۔

## ب - غ

**بُغارہ** (ب۔ غا۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) رخنہ۔ کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید (۲) گہرا زخم۔ گھاؤ۔
**بغال** (ب۔ غال) [ع۔ ا۔ مذ] بغل کی جمع۔ بہت سے خچر۔
**بغاوت** (ب۔ غا۔ وت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سرکشی۔ نافرمانی۔ سرتابی۔ (۲) بلوہ۔ غدر۔
**بغبغا** (بغ۔ ب۔ غا) [ع۔ ا۔ مذ] غبغب۔ ٹھوڑی کے نیچے کے وہ بل جو اکثر فربہی کے باعث پڑ جاتے ہیں۔
**بغبغانا** (بغ۔ ب۔ غا۔ نا) [ا۔ مص] (۱) مست ہونا۔ خاص کر کبوتر یا اونٹ کے مست ہو کر بولنے کی نسبت کہتے ہیں۔ شہوت میں آنا (۲) فخر کرنا۔

**بغچہ** (بغ۔ چہ) [ت۔ ا۔ مذ] بقچہ۔ گٹھڑی
**بغچی** (بغ۔ چی) [ا۔ ا۔ مث] بغچہ کی تانیث۔ چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی۔
**بُغدا** (بغ۔ دا) [ف۔ ا۔ مذ] قصابوں کا قیمہ کوٹنے کا چھرا۔
**بُغدی** (بغ۔ دی) [ع۔ ا۔ مذ] ایک اعلیٰ نسل کا اونٹ۔
**بُغرا** (بغ۔ را) [ف۔ ا۔ مذ] وہ پھین جو اونٹ کے منہ سے مستی میں نکلتی ہے۔
**بُغض** (ع۔ ا۔ مذ) نفرت۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ حسد۔
**بغض للّٰہی**۔ خدا واسطے کا بیر۔ ناحق کی دشمنی۔
**بغضی** (بغ۔ ضی) [ف۔ صف] بغض رکھنے والا۔ کینہ ور۔
**بغل** (ب۔ غل) [ف۔ ا۔ مث] (۱) شانے کے نیچے کا حصہ (۲) پہلو۔ بازو کنارہ۔ طرف۔ جانب۔ کروٹ (۳) برابر۔ ایک طرف۔
**بغل بلائی** (ف۔ مث) بغل کا پھوڑا۔ کنکرالی۔ عورتوں کا خیال ہے کہ بغلی پھوڑے کو بلی چاٹ لے تو اچھا ہو جاتا ہے۔
**بغل بجانا**۔ (محاورہ) خوشی منانا (۲) مضحکہ اڑانا۔
**بغل پروردہ** (ف۔ صف) گودیوں میں پلا ہوا۔ لاڈلا۔
**بغل سونگھنا** (محاورہ) پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ متلی دور کرنے کے لیے بغل سونگھتے ہیں۔
**بغل کا پھوڑا** (ف۔ ا۔ مذ) بغل میں نکلنے والا پھوڑا (۲) ایذا پہنچانے والا۔ دُکھ دینے والا۔
**بغل کا دشمن**۔ دغاباز یار۔ دوست نما دشمن۔ آستین کا سانپ۔
**بغل گرم کرنا** (محاورہ) پہلو میں لیٹنا۔ ساتھ سونا۔
**بغل گند**۔ بغل کی بدبو۔ جو ایک بیماری ہے۔
**بغل گیر ہونا** (محاورہ) گلے لگنا۔ ہم آغوش ہونا۔
**بغل گیری** (۱) گلے ملنا۔ سینہ بہ سینہ ملنا (۲) کشتی کے ایک داؤ کا نام
**بغل میں ایمان دبانا** (محاورہ) ایمان کو بالائے طاق رکھنا۔ بددیانتی کرنا
**بغل میں بیٹھنا** (محاورہ) کسی کے پہلو میں بیٹھنا
**بغل میں پرورش** (محاورہ) کسی کی حمایت حاصل ہونا۔
**بغل میں چھری منہ میں رام رام** (مثل) ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن
**بغل میں دابنا، دبانا** (۱) کسی چیز کو بغل میں چھپانا (۲) فریب دے کر کسی چیز پر قبضہ کرنا (۳) بغل میں سنبھالنا۔
**بغل میں سونٹا نام غریب داس** (مثل) جو شکل و صورت سے تو شریف معلوم ہو۔ لیکن لڑنے کو ہر وقت تیار۔
**بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا** (مثل) چیز تو پاس ہے اور دنیا بھر میں تلاش کی جاتی ہے۔
**بغل میں منڈی ڈالنا**۔ شرمندہ ہونا۔ (ق)
**بغلیں بجانا** (۱) کسی کے نقصان، دکھ یا مصیبت پر خوش ہونا (۲) فخر کرنا۔ خوشی میں اچھلنا کودنا۔
**بغلیں جھانکنا** (۱) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا (۳) پریشان ہونا۔
**بغلیں لینا**۔ بغلوں کے بال مونڈنا۔



Marfat.com

**بغلول** (بَغ۔لول) [ا۔ صف] کوڑ مغز۔ احمق۔ بے وقوف۔
**بغلی** (بَغ۔لی) [ف۔ صف] (۱) پہلو کا۔ کنارے کا (۲) ایک طرف کا۔ (۳) [۔ مث] مگدر ہلانے کا ایک طریقہ (۴) تلے دانی جس میں سوئی دھاگا رکھتے ہیں (۵) فقیر کی جھولی (۶) کشتی کے ایک داؤ کا نام (۷) ڈنڈے کھیلنے کا طریقہ (۸) وہ تکیہ جو بغل میں رکھتے ہیں۔
**بغلی تکیہ**۔ بغل کے نیچے رکھنے کا تکیہ
**بغلی ڈوبنا**۔ حریف کی بغل میں سے نکل کر اُسے پکڑ لانا۔
**بغلی گور** ایک قسم کی قبر۔ لحد جس میں میت کے لٹانے کی جگہ درمیان کے بجائے ایک طرف کو ہوتی ہے۔
**بغلی گھونسا** (۱) آستین کا سانپ (۲) فریبی دشمن
**بغلی چور** (ا۔ مذ) خفیہ مخالف۔ وہ خائن جو ہر وقت ساتھ رہے۔
**بغیا** (بَغ۔یا) [ا۔ ا۔ مث] چھوٹا سا باغ۔ باغیچہ۔

## ب۔ف

**بفا** (ب۔فا) [ف۔ ا۔ مث] وہ خشکی جو انسان کے سر سے نکلتی ہے۔
**بفر اسٹیٹ** (Buffer State) (ب۔فر۔اس۔ٹیٹ) [انگ ا۔ مث] فاصل ریاست یا مملکت جو دو متخاصم مملکتوں کے درمیان ہو۔

## ب۔ق

**بقا** (بَ۔قا) [ع۔ ا۔ مث] قیام (۲) ہمیشگی۔ دوام (۳) پائداری (۴) باقی رہنا۔ زندہ رہنا۔
**بقائے اصلح** (ا۔ مث) بہترین چیز کا باقی رہنا (۲) کمزور اور نکمی چیزیں برباد ہو جاتی ہیں۔ حیوانات و نباتات میں طاقتور اور قابل افراد بچ جاتے ہیں اور نسل جاری رکھنے کا باعث بنتے ہیں۔ (انگ)
(Survival of the Fittest)
**بقائے باہم** (ا۔ مث) خود بھی زندہ رہنا اور دوسروں کو زندہ رہنے دینا۔ ہم وجودی [انگ] (Co-Existence)
**بقائے دوام** (ع۔ مث) ہمیشہ کی زندگی یا شہرت۔ حیات جاودانی
**بقال** (بَق۔قال) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سبزی فروش۔ ترکاری بیچنے والا (۲) "مجازاً" بنیا۔ دال۔ نمک، آٹا بیچنے والا۔ جمع بقالاں۔
**بقایا** (بَ۔قا۔یا) [ع۔ ا۔ مذ] بقیہ کی جمع۔ واجب الادا چیز۔ بچا کھچا۔ جو کچھ خرچ کرنے کے بعد بچ جائے (اردو میں بطور واحد استعمال ہوتا ہے۔ جمع بقایاجات۔
**بقایا تقاوی**، اس روپے کا بقیہ جو کاشتکاروں کو زراعت کی امداد کے لیے دیا جاتا ہے۔

**بق بق** (ا۔ ا۔ مث) بک بک۔ بکواس۔
**بق بق، زق زق**۔ بک بک، جھک جھک
**بقچہ** (بُق۔چہ) [ف۔ ا۔ مذ] چھوٹا بستہ۔ بغچہ (۲) سامان کی گٹھڑی۔
**بقچی** (بُق۔چی) [ا۔ ا۔ مث] کپڑوں کی چھوٹی گٹھڑی۔ چھوٹا سا بقچہ
**بقر** (ب۔قر) [ع۔ ا۔ مذ و مث] گائے۔ بیل۔
**بقر عید**۔ عید الاضحیٰ۔ قربانی کی عید۔
**بُقعہ** (بُق۔عہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) خانقاہ۔ مندر (۲) زمین کا ایسا ٹکڑا جو اور ٹکڑوں سے ممتاز ہو (۳) جگہ۔ گھر۔
**بقعۂ نور** (ع۔ ا۔ مذ) منور مقام۔ وہ مکان یا جگہ جہاں بہت زیادہ روشنی ہو۔
**بقل۔ بقلہ** (بقل۔ بق۔لہ) [ع۔ ا۔ مث] سبزی۔ ترکاری۔ ساگ۔
**بقلۃ الحمقاء** خرفہ۔ ایک قسم کا ساگ۔
**بقولات** (بَ۔قو۔لات) [ا۔ ا۔ مذ] بقل یا بقلہ کی جمع بقول ہے لیکن اُردو والوں نے بقولات بنالی ہے۔ سبزیاں۔ ترکاریاں۔
**بقیہ** (بَ۔قی۔یہ) [ع۔ ا۔ مذ] بچا۔ کھچا۔ بچا ہوا۔ جمع بقایا۔ حصہ
**بقیۃ السلف** (ع۔ صف) پرانے لوگوں یا بزرگوں میں جو بچ گئے ہوں
**بقیۃ السیف**۔ وہ لوگ جو قتل ہونے سے بچ جائیں۔ فوج کا وہ حصہ جو لڑائی کے بعد بچ رہے۔

## ب۔ک

**بک** (ہ۔ ا۔ مث) بڑ۔ بکواس۔ بے کار بات۔ فضول گوئی۔ یاوہ گوئی۔
**بک بک**۔ بڑ بڑ۔ بکواس۔ بے ہودہ گفتگو۔ فضول باتیں۔
**بک بک جھک جھک**۔ بکواس۔
**بک بک کرنا** (محاورہ) بے ہودہ بکنا۔ بکواس۔
**بک بک کے بھیجا پکا دینا** (محاورہ) بہت باتیں کرکے دماغ کھانا
**بک بک کرکے مغز کھانا**۔ فضول گوئی سے دماغ پریشان کرنا۔
**بک بک کے کان کھا جانا**۔ بکواس کرکے تھکا دینا۔ کانوں کا بکواس سنتے سنتے تھک جانا۔
**بک جھک کے**۔ رو پیٹ کر۔ غم و غصہ کھا کر۔ واویلا کرکے غل غپاڑا مچا کے۔
**بک دینا** (محاورہ) جو جی میں آئے کہہ دینا (۲) مان لینا۔ خیال کرنا۔
**بک لگانا**۔ بہت بکنا۔ لگاتار بکنا۔
**بُک** (Book) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) کتاب (۲) بیاض۔ لکھنے کی کاپی
**بک اسٹال** (Book Stall) کتابوں کی عارضی دکان جو میلوں ٹھیلوں یا کسی خاص جگہ لگا جائے۔
**بک بائنڈر** (Book Binder) جلد ساز۔
**بک پوسٹ** (Book Post) ایسا پلندہ جس کے دونوں طرفین کھلی ہوں اور اسے بذریعہ ڈاک پیکٹ کے طریق پر بھیجا جائے۔
**بک سیلر** (Book Seller) کتب فروش۔



Marfat.com

**بُک کرنا** (۱) کسی کا پتہ لکھ لینا (مال بھیجنے کے لیے) (۲) کسی کے لیے نشست محفوظ کرنا (ریل یا تھیٹر وغیرہ میں)۔
**بُک کیپنگ** (Book Keeping)، حساب کتاب رکھنے کا علم۔
**بُکا** (بُ۔کا) [ع۔ا۔مث] چیخ پکار۔ گریہ زاری۔ فریاد۔ دہائی۔ رونا پیٹنا
**بُکّا** (بُک۔کا) [ہ۔ا۔مث] مٹھی۔ لپ۔
**بِگار** (بِ۔گار) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خرابی۔ نقص۔ بگاڑ (۲) بیماری۔ روگ۔ مرض
**بُکارا** (بُ۔کا۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) راہبر (۲) مخبر (۳) زبانی خبر پوچھنا (۴) بھوت پریت کے سامنے والے کا جواب۔ پیغام۔ خط۔
**بکارت** (بَ۔کا۔رت) [ع۔ا۔مث] دوشیزگی۔ کنوارپن۔
**بکان۔ بکائن** (بَ۔کان، بَ۔کا۔ئن) [ہ۔ا۔مذ] ایک درخت کا نام۔ جس کی پتی نیم کی طرح ہوتی ہے (بن ڈریک)۔
**بکاول** (بَ۔کا۔وَل) [ف۔ا۔مذ] باورچی۔ کھانا پکانے والا۔ رسوئیا۔ خانساماں۔
**بکاؤ** (بِ۔کا۔ؤ) [ہ۔صف] بکنے کا۔ قابل فروخت۔
**بکبکا** (بَک۔بَ۔کا) [ہ۔صف] بدمزہ۔ بے لذت۔
**بکتر** (بَک۔تَر) [ف۔ا۔مذ] لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ۔ زرہ
**بکٹ** (بِ۔کَٹ) [ہ۔صف] (۱) خوفناک۔ ڈراؤنا (۲) مشکل۔ کٹھن (۳) (انگ۔ (Picket)) کا مہند۔ فوجی دستہ۔ گارد۔
**بکٹ پہاڑ** کسروں کا پہاڑا۔ جیسے ڈیوڑھا۔ ڈھونچا۔ سوایا۔ پونا۔
**بکٹے** (بَ۔کٹے) [ہ۔ا۔مذ] پنجہ۔ چنگل (کاف کی تشدید سے بھی مستعمل)
**بکٹا** (بَک۔ٹا، بَ۔کٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] وہ مقدار جو چنگل میں آجائے۔
**بکٹا بھرنا، بکٹا مارنا** (محاورہ) چنگل مارنا۔ نوچنا۔
**بک جانا** (بِک۔جا۔نا) [ہ۔مص] (۱) فروخت ہونا۔ بکنا (۲) ممنون ہونا۔ بے دام غلام بننا۔
**بکر** [ع۔ا۔مث] (۱) دوشیزگی۔ کنوارپن (۲) ہر نیا کام (۳) غیر مستعمل جو کام نہ آئی ہو۔
**بکر توڑنا**۔ ازالۂ بکارت کرنا۔ کنواری عورت کے ساتھ پہلی مرتبہ ہم بستر ہونا
**بکرا** (بَک۔را) [ہ۔ا۔مذ] بکری کا نر۔
**بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی** (مثل) ماری جرم کا ایک دن پکڑا جانا ضروری ہے۔ بدکاری کب تک چھپ سکتی ہے۔ بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے۔ ایک نہ ایک دن ذبح ہوگا۔
**بکرم** (Buckrum) (بَک۔رَم) [انگ۔ا۔مث] کوٹ وغیرہ کی آستینوں میں تہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا۔
**بکری** (بَک۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) بکرا کی مادہ۔ بز مادہ (۲) [مجازاً] غریب مسکین طبع۔
**بکری جان سے گئی، کھانے والے کو مزہ نہ آیا** (مثل) سخت مصیبت سے کام کیا گیا لیکن ناشکری ہی ہوئی۔ کوئی قدر نہ کی گئی۔
**بکری کی اولاد** (مجازاً) ولد الزنا۔
**بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہے؟ بی بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہو** (مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کو بے وجہ دکھ دینا یا نقصان پہنچانا منظور ہو
**بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنیوں بھرا** (مثل) کام کرکے پھر خراب کر دینا اس کرنے سے نہ کرنا اچھا تھا۔ ایسا دینا نہ دینے سے بدتر۔
**بکری** (بِک۔ری) [ہ۔ا۔مث] فروخت۔ حاصل فروخت۔
**بکری بٹا** [ہ۔مذ] روپیہ جو فروخت سے حاصل ہوا ہو۔
**بکری کھاتہ** [ہ۔مذ] حساب فروخت۔
**بکس** (بَ۔کس) [انگ باکس (Box) کا مہند۔ ا۔مذ] (۱) صندوق پیٹی (۲) ڈبیا۔ ڈبا، نیز دیکھیے باکس۔
**بکسا** (بَک۔سا) [ہ۔صف] (۱) کسیلا۔ کڑوا۔ تلخ (۲) [مذ] بکس۔ صندوق
**بکساہٹ** (بَک۔سا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] کسیلاپن۔ کڑواپن۔
**بکسنا** (بِ۔کس۔نا) [ہ۔مص] (۱) کلی کھلنا۔ کلی چٹکنا (۲) مسکرانا۔ خوش ہونا (۳) پژمردہ ہونا۔ کملانا۔ مرجھانا۔
**بکسوا** (بَک۔سُ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] لوہے کا وہ کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کے لیے حلقہ لگا رہتا ہے۔
**بکسیلا** (بَک۔سے۔لا) [ہ۔صف] کسیلا۔ کڑوا
**بکل۔ بکلا** (بَک۔ل۔ بَک۔لا) [ہ۔ا۔مذ] چھلکا۔ چھال۔ چھڑا
**بکل اتارنا۔ بکل اڑانا** (محاورہ) (۱) درخت کی چھال اتارنا (۲) [مجازاً] خوب مارنا۔
**بکل مارنا** (محاورہ) عورتوں کا دوپٹہ وغیرہ اوڑھ کر ایک سرا کندھے سے پیٹھ کی طرف ڈال دینا۔
**بکلانا** (بَک۔لا۔نا) [ہ۔مص] واہیات باتیں کرنا۔ فضول بکنا۔
**بکلس** (انگ۔مذ) لوہے کا ایک چھوٹا سا کانٹا جس میں کسی چیز کو اٹھانے کے لیے ایک کانٹا سا لگا ہوتا ہے۔ جیسے واسکٹوں، پتلونوں۔ پیٹیوں اور گھوڑے کے ساز اور زینوں وغیرہ میں لگاتے ہیں
**بُکم** (ع۔صف) ابکم کی جمع۔ گونگے
**بکنا** (بَک۔نا) [ہ۔مص] یاوہ گوئی کرنا۔ بکواس کرنا۔ بک بک کرنا۔
**بکنا** (بِک۔نا) [ہ۔مص] فروخت ہونا (۲) مطیع ہونا۔ غلام بننا۔
**بکنگ آفس** (Booking Office) (بُک۔کنگ۔ آفس) [انگ۔ا۔مذ] ٹکٹ گھر۔
**بکنگ کلرک** (Booking Clerk) (بُک۔کنگ۔ کِ۔لرک) [انگ۔ا۔مذ] ٹکٹ بابو۔ ٹکٹ بیچنے والا۔
**بکنی** (بُک۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چورن۔ سفوف۔ پوڈر۔ برادہ (۲) [صف] بوسیدہ۔
**بکوا۔ بکواس** (بَک۔وا۔ بَک۔واس) [ہ۔ا۔مث] بک بک۔ جھک جھک۔ فضول باتیں۔
**بکواسی** (بَک۔وا۔سی) [ہ۔مذ] بہت بکنے والا۔
**بکوانا** (بِک۔وا۔نا) [ہ۔مص] فروخت کرانا۔
**بکوائی** (بِک۔وا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] بیچنے کی اجرت۔
**بکوٹنا** (بَ۔کوٹ۔نا) [ہ۔مص] ناخن سے نوچنا۔
**بکولا** (ہ۔مذ) کمبل یا کپڑے کا وہ ٹکڑا جو فقیر اپنے سر پر ڈال لیتے ہیں۔



Marfat.com

**بکولی** (بَ۔کو۔لی) [ہ۔ا۔مث] سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے۔
**بکّہ** (ع۔ا۔مذ) مکہ معظمہ کا پرانا نام، جو قرآن مجید میں آیا ہے۔
**بکھ** (ہ۔ا۔مذ) زہر۔بِس
**بکھار** (بَ۔کھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مال گودام۔ سامان رکھنے کی جگہ۔سٹور (۲) کھتی۔ اناج کا گودام۔
**بکھاری** (بَ۔کھا۔ری) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے بکھار۔
**بکھان** (بَ۔کھان) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تعریف۔ توصیف۔ بیان (۲) تشریح تفصیل (۳) فضیحت۔ نکا فضیحتا (اردو میں صرف ذم کے پہلو سے مستعمل ہو)
**بکھان ڈالنا** (محاورہ) ذلیل کرنے کی غرض سے کسی کا پوشیدہ حال کھول کر بیان کرنا۔
**بکھان کرنا**۔ بُرا بھلا کہنا۔ بے جا بات کہنا۔ پوشیدہ حال بتا دینا
**بکھاننا** (بَ۔کھان۔نا) [ہ۔مص] (۱) بار بار بیان کرنا (۲) راز کھولنا۔ پوشیدہ بات ظاہر کرنا (۳) بُرا کہنا۔ گالی دینا۔
**بکھر** (بکھ۔کھر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کچی شکر کا میل (۲) ایک قسم کا بیل (۳) مکان (۴) احاطہ کا سے بھینس باندھنے کی جگہ (۵) روغن دار بیج۔
**بکھر پکانا** (محاورہ) کچی کھانڈ یا شکر کا شیرا یا قوام کرکے اس سے میل نکالنا۔ کچی شکر سے نکلا ہوا میل پکانا۔
**بکھراجانا** (بکھ۔را۔جا۔نا) [ہ۔مص] (۱) منتشر ہو جانا (۲) گرا پڑنا۔ بیٹھے جانا (۳) قابو سے باہر ہونا۔ ہاتھوں سے نکلا جانا۔
**بکھرنا** (بِ۔کھر۔نا) [ہ۔مص] (۱) پراگندہ ہونا۔ منتشر ہونا۔ تتر بتر ہونا پریشان ہونا (۲) خستہ ہونا۔ بھر بھرا ہونا (۳) گر پڑنا۔ الٹ جانا (۴) بپھرنا۔ غصے ہونا (۵) بدحال ہونا۔
**بکھری** (بکھ۔ری) [ہ۔ا۔مث] جھونپڑی۔ چھوٹا مکان۔
**بکھل** (بکھ۔کھل) [ہ۔ا۔مث] مکان۔ احاطہ۔
**بکھی** (بکھ۔کھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ (۲) بغل کے پیچھے کا گوشت
**بکھیر** [ہ۔ا۔مث] (۱) وہ چیز جو بکھیر دی جائے (۲) وہ روپیہ پیسہ جو شادی کے موقع پر دولھا کے سر پر سے نچھاور کیا جاتا ہے۔
**بکھیرنا** (بِ۔کھیر۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھیلانا۔ گرانا (۲) منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا
**بکھیڑا** (بَ۔کھیے۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) الجھاؤ۔ جنجال۔ کھڑاک (۲) جھگڑا ٹنٹا۔ غل شور۔ دنگا۔ فساد۔ ہنگامہ (۳) حجت۔ تکرار (۴) پھیلاؤ۔ طوالت (۵) حرج۔ روک (۶) دقت۔ دشواری (۷) مال اسباب۔ لنگر کھنکھڑ (۸) کام۔ دھندا (۹) تردد۔ کشمکش۔ پیچ
**بکھیڑا چکانا** (محاورہ) جھگڑا ختم کرنا۔ معاملہ طے کرنا۔ لڑائی بند کرنا اندیشہ دور کرنا۔
**بکھیڑا ڈالنا** (محاورہ) جھگڑا ڈالنا۔ خرابی ڈالنا۔ کام بڑھانا۔
**بکھیڑے میں ڈالنا** (محاورہ) جھگڑے میں ڈالنا۔ دقت میں ڈالنا عذاب میں پھنسانا۔
**بکھیڑیا** (بَ۔کھے۔ڑیا) [ہ۔ا۔مث] (۱) جھگڑالو۔ فسادی (۲) کام

بڑھانے والا (۳) پاکھنڈی۔ مکار۔
**بکی** (بک۔کی) [ہ۔صف] بکواسی۔ بہت باتیں کرنے والا۔
**بگی** (بگ۔کی) [ہ۔ا۔مث] وہ کپڑا جو بغل کے پیچھے سے کندھے پہ لا کر باندھ دیتے ہیں۔
**بکی مارنا**۔ بغل کے پیچھے سے کپڑا نکال کر کندھے کے اوپر باندھنا
**بکیت** (بَ۔کیت) [ہ۔ا۔مذ] بانک کا فن جاننے والا۔ بانکا۔ معشوق
**بکیلو** (بَ۔کے۔لُوا) [ہ۔ا۔مذ] گھاس کی جڑ جس سے رسی بناتے ہیں موہج۔

# ب۔گ

**بگ** (ہ۔ا۔مث) باگ کا مخفف۔ لگام۔ عنان۔ راس۔
**بگ ٹٹ** (۱) باگ ٹوٹی ہوئی۔ باگ چھوٹی ہوئی (۲) سرپٹ۔ بے تحاشا بہت تیز (گھوڑے کی نسبت بولتے ہیں)
**بگچھوٹ**۔ باگ کا ہاتھ سے چھوٹ جانا (۲) گھوڑے بہت تیز دوڑانا
**بگا** (بگ۔گا) [ہ۔صف] (۱) بھولا۔ معصوم (۲) بے وقوف (۳) موٹا۔
**بگارنا** (ہ۔مص) پھیلانا۔ منتشر کرنا۔ بکھیرنا۔ پھیلانا۔
**بگاڑ** (بِ۔گاڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خرابی۔ رنجش۔ بیر۔ دشمنی۔ خفگی (۳) نقصان ضرر (۴) کھوٹ۔ عیب۔ نقص (۵) خطا۔ قصور۔ جرم (۶) روگ۔ مرض (۷) نا اتفاقی (۸) بغاوت۔ سرکشی (۹) نفاق (۱۰) جھگڑا۔ ناچاقی
**بگاڑ بیٹھنا** (محاورہ) رنجش کر لینا۔ ان بن کر لینا (۲) خراب کر دینا۔
**بگاڑ پر آنا** (محاورہ) غصے میں آنا (۲) لڑنے پہ آمادہ ہونا۔
**بگاڑ پڑنا** (محاورہ) رنجش ہو جانا۔ ملال ہو جانا۔ لڑائی ہونا۔
**بگاڑ دینا** (محاورہ) خراب کر دینا۔
**بگاڑ ڈالنا** (محاورہ) رنجش کرا دینا۔ دشمنی پیدا کرنا۔
**بگاڑ کرنا** (محاورہ) دشمنی ڈالنا۔ ناراض کرنا (۲) خرابی پیدا کرنا
**بگاڑنا** (بِ۔گاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) خراب کرنا (۲) ناراض کرنا (۳) بدحال کرنا۔ اصلی حالت کو بدل دینا (۴) بدصورت کر دینا (۵) ناپاک کرنا (۶) ناکارہ کرنا (۷) بے جا خرچ کرنا (۸) نقصان پہنچانا (۹) تباہ کرنا (۱۰) ورغلانا۔ بہکانا (۱۱) عصمت خراب کرنا (۱۲) بدچلن کرنا (۱۳) چھوڑ دینا (۱۴) مٹانا (۱۵) پریشان کرنا (۱۶) تعلقات خراب کرنا (۱۷) جھگڑا کرنا۔
**بگاڑو** (بِ۔گا۔ڑو) [ہ۔صف] (۱) بگاڑنے والا (۲) فضول خرچ (۳) دشمنی کرنے والا۔
**بگانا** (بِ۔گا۔نا) [اُ۔صف] بیگانہ کا بگڑا ہوا۔ اجنبی۔
**بگانی** (بِ۔گا۔نی) [اُ۔صف] بگانہ کی تانیث
**بگانی کھیتی پر جھینگر ناچے** (مثل) پرائے مال پر فخر کرنا۔
**بگربلی** (بگ۔ربے۔لی) [ہ۔ا۔مث] ایک چھوٹا سا پہاڑی پرندہ۔
**بگڑ** (بَ۔گڑ) [ہ۔ا۔مذ] چیل کی ایک قسم
**بگڑا** (بگ۔ڑا) [ہ۔صف] دھوکا۔ فریب (۲) جھگڑا۔ فساد



Marfat.com

**بگڑا** (بگ۔ڑا) [ہ۔ا۔ مذ] خراب شدہ۔ بگڑا ہوا۔ ناقص۔ ناکارہ۔ نکما
**بگڑا بیٹا اور کھوٹا پیسہ بھی کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتا ہے۔** (امثل) اپنی چیز کیسی ہی خراب کیوں نہ ہو ضرورت کے وقت کام آجاتی ہے
**بگڑا شاعر مرثیہ گو، بگڑا گویا مرثیہ خواں** (امثل) ادنیٰ شاعر مرثیہ لکھتا ہے معمولی گویا مرثیہ پڑھتا ہے۔
**بگڑا وقت۔** مصیبت کا زمانہ۔ مصیبت
**بگڑا ہوا** (۔صف) ناراض۔ آزردہ۔ بدوضع۔ آوارہ
**بگڑ بیٹھنا** (ب۔گڑ۔ بیٹھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ناراض ہوجانا۔ خفا ہوجانا (۲) باغی ہوجانا (۳) جھگڑے پر آمادہ ہونا (۴) لڑ پڑنا۔
**بگڑنا** (ب۔گڑ۔نا) [ہ۔مص] سنورنا کی ضد۔ خراب ہونا (۲) عصمت کھونا (۳) ضائع ہونا (۴) بدمزہ ہونا (۵) باغی ہونا (۶) نقصان ہونا (۷) خفا ہونا (۸) فرق آنا (۹) بے آسرا ہونا (۱۰) غریب ہونا (۱۱) بدگمان ہونا (۱۲) بپھر بیٹھنا (۱۳) ماہیت بدلنا (۱۴) مٹنا (۱۵) لوٹ پھوٹ جانا (۱۶) بے ترتیب ہونا (۱۷) ناپاک ہونا (۱۸) زہریلا ہونا (۱۹) معاملہ خراب ہونا امتحان میں پورا نہ اترنا (۲۱) شریر یا سرکش ہونا (۲۲) بدچلن ہونا (۲۳) لڑائی ہونا (۲۴) عداوت ہونا۔ دشمنی ہونا۔ (۲۵) حالت کا غیر ہونا۔ (۲۶) ساکھ میں فرق آنا (۲۷) محبت ترک ہونا (۲۸) مفلس ہونا (۲۹) برباد ہونا۔
**بگڑی** (بگ۔ڑی) بگڑا کی تانیث۔ خراب شدہ
**بگڑی بات بنانا** (محاورہ) خراب معاملہ سدھارنا۔
**بگڑی بات بننا** (محاورہ) بگڑے معاملہ کا درست ہونا۔
**بگڑی بن جانا** (محاورہ) خراب حالت کا درست ہوجانا
**بگڑی بنی** (۔صف) اچھی بری۔ نیک و بد
**بگڑی پر دوست بھی کنارہ کش ہوجاتے ہیں** (امثل) مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔
**بگڑی تو بگڑی ہی سہی** (محاورہ) دشمنی ہوئی تو ہوتی رہے۔
**بگڑی زبان** (۔مث) وہ زبان جو سخت کلامی کی عادی ہو۔
**بگڑے دل کا** (محاورہ) (۱) وہ شخص جس کا دل قابو میں نہ ہو۔ دل جلا۔ (۲) نڈر۔ بے باک (۳) ہر ایک سے الجھنے والا۔
**بگل** (ب۔گل) [انگ (Bugle) کا مورد۔ ا۔ مذ] قرنا۔ نرم۔ نرسنگا۔
**بگلا** (بگ۔لا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) ایک سفید آبی پرندہ (۲) [صف] نہایت سفید۔
**بگلا بھگت۔** وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں شریر ہو۔
**بگلا مارے پنکھ ہاتھ** (امثل) بے سود کام کرنا (چونکہ بگلے میں گوشت بہت کم ہوتا ہے اس وجہ سے اس کے مارنے سے سوائے پروں کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا۔
**بگلے کا پر۔** بہت سفید۔
**بگولا** (ب۔گو۔لا) [ہو۔ ا۔ مذ] ببولا۔ گرد باد۔ ہوا کا چکر۔ (مرکبات ببولا کے ماتحت دیکھیے۔
**بگھار** (ب۔گھار) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) وہ گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر داغ دیا گیا ہو (۲) داغ دیا ہوا۔ پیاز یا مسالا۔
**بگھار ڈالنا۔** ریزہ ریزہ کرنا۔
**بگھار لگانا** (۱) داغ کرنا (۲) شراب پی کر حقہ کا دم لینا۔
**بگھارنا** (ب۔گھار۔نا) [ہ۔مص] (۱) جھونکنا (۲) داغ دینا۔ بھوننا۔ تلنا (۳) شراب پی کر حقہ پینا (۴) جامنوں کو تلے اوپر دو برتنوں میں رکھ کر اور پسا ہوا نمک ڈال کر اس طرح ہلانا کہ پھل پھٹ جائیں اور نمک پیوست ہوجائے۔
**بگ ہنس** [ہ۔ مذ] سیاہی مائل سفید رنگ کا ہنس
**بگھی** (بگھ۔گھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گھوڑا گاڑی (۲) ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت ستاتی ہے۔
**بگھیل۔ بگھیلا** (ب۔گھیل، ب۔گھے۔لا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) راجپوتوں کے ایک قبیلے کا نام (۲) بیتر کا بچہ۔
**بگیری** (ب۔گے۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا۔
**بگیلنا** (ب۔گیل۔نا) [ہ۔مص] دھکیلنا۔ (۲) پھینکنا۔
**بگینی** (ب۔گے۔نی) [ہ۔ا۔مث] وہ گائے یا اونٹ جس کا دودھ کم ہوگیا ہو۔

# ب۔ل

**بل** (س۔ا۔ مذ) (۱) زور۔ طاقت۔ قوت۔ شکتی (۲) [ہ] پیچ و تاب۔ مروڑ۔ اینٹھ (۳) خم۔ کجی۔ ٹیڑھا (۴) رخ۔ سمت (۵) فرق۔ تفاوت دوری (۶) غرور۔ گھمنڈ (۷) قربانی۔ فدیہ۔ نذر۔ بھینٹ۔ وہ قربانی جو خاص دیوتاؤں کے لیے کی جائے۔ دیوتا کا بھوگ (۸) بغض۔ کینہ (۹) رنجش۔
**بل آنا** (محاورہ) زور آنا۔ طاقت آنا (۲) پیچ پڑنا (۳) خم پڑنا۔ ٹیڑھا ہونا (۴) فرق پڑنا حساب میں میزان کا برابر نہ بیٹھنا (۵) شکن پڑنا سلوٹ آنا
**بل اُترنا** (محاورہ) پیچ دور ہونا۔ غصہ دور ہونا۔
**بل بل جانا** (محاورہ) صدقے جانا۔ قربان ہونا۔
**بل بوتا۔** زور۔ طاقت۔
**بل بھرنا** (محاورہ) (۱) طاقت جتانا۔ زور دکھانا (۲) اینٹھنا۔ ناراض ہونا
**بل بے** (۔ کلمۂ تحسین)۔ آہا۔ واہ وا۔ خوب۔ مرحبا۔
**بل پڑنا۔ پڑجانا** (محاورہ) (۱) شکن پڑنا۔ خرابی آنا۔ (۳) رنجش ہونا (۴) مروڑی پڑنا (۵) فرق پڑنا۔
**بل پر کودنا** (محاورہ) بھروسے پر ناز کرنا۔ سہارے پر نازاں ہونا۔
**بل دار** (ہ۔ مذ) مڑا ہوا۔ پیچیدہ۔ خمیدہ۔ آڑا۔ ترچھا۔
**بل دان** (ہ۔ ف۔صف) نذر چڑھاوا۔ دیوتا یا خدا کے نام پر قربانی۔
**بل دینا** (محاورہ) (۱) بٹنا (۲) مروڑنا (۳) اینٹھنا۔ قربانی کرنا۔ نذر چڑھانا۔
**بل ڈالنا** (محاورہ) شکن ڈالنا۔ پیچ ڈالنا (۲) فرق نکالنا۔
**بل رہنا** (محاورہ) پیچ رہنا۔ عداوت رہنا۔ رنجش رہنا۔
**بل کرنا** (محاورہ) اکڑنا۔ زور دکھانا (۲) غرور کرنا (۳) کینہ رکھنا۔



Marfat.com

بَل کھانا (محاورہ) (۱) پیچ و تاب کھانا (۲) خم کھانا۔ ٹیڑھا ہو جانا (۳) اکڑنا۔ اینٹھنا
بَل کھلنا (محاورہ) (۱) پیچ و تاب دُور ہونا۔ خم نکلنا (۲) سیدھا ہونا (۳) غرور دور ہونا (۴) غصہ کا رفع دفع ہونا۔
بَل کی بات (۱۔ مث) شرارت۔ چالاکی۔ پیچ دار بات۔
بَل میں آنا (محاورہ) مغرور ہونا۔
بَل نکالنا (۱) کجی دور ہونا (۲) سزا دینا (۳) درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ (۴) صحیح کرنا۔
بَل ہونا (محاورہ) قوت طاقت ہونا (۲) سہارا ہونا (۳) حساب کتاب میں فرق ہونا۔
بلوان۔ بلونت۔ زور آور۔ طاقت ور۔ شجاع۔ دلیر۔ بہادر۔
بِل [ہ۔ ا۔ مذ] سوراخ۔ چھید۔ حشرات الارض کے رہنے کا سوراخ
بِل ڈھونڈنا (محاورہ) چھپنا۔ رُوپوش ہونا۔ چھپنے کی جگہ تلاش کرنا۔
بِل (Bill) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) فردِ حساب (۲) مسودہ قانون (۳) چھوٹے چھوٹے اشتہار جو چسپاں کیے جائیں یا بانٹے جائیں (۴) ہنڈی
بِل ادا کرنا (محاورہ) فردِ حساب کے بموجب رقم ادا کرنا۔
بِل بنانا (محاورہ) فردِ حساب تیار کرنا۔
بِل پاس ہونا (۱) حساب کی فرد کا منظور ہونا (۲) کسی مسودۂ قانون کا منظور ہو کر قانون بن جانا۔
بَلا (بَ۔ لا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سختی۔ زحمت (۲) مصیبت۔ دُکھ۔ آفت۔ قہر غضب (۳) چڑیل۔ ڈائن۔ آسیب (۴) چست و چالاک (۵) قیامت غضب (۶) [صف] ہیبت ناک۔ خوفناک (۷) ڈراونا (۸) بہت۔ نہایت۔ بے حد۔
بلا اپنے گلے باندھنا (محاورہ) کوئی مصیبت اپنے اوپر لینا
بلا پالنا (محاورہ) بکھیڑے کی چیز اپنے ساتھ لگا رکھنا۔
بلا پڑنا (محاورہ) جھگڑا پیش آنا۔ مصیبت آنا۔
بلا پیچھے لگانا (محاورہ) دُکھ مول لینا (۲) الزام لگانا۔ دُکھ میں ڈالنا۔ جھگڑے میں پھنسا دینا۔
بلا پیچھے لگنا (محاورہ) روگ پیچھے لگنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔
بلا ٹلنا (محاورہ) مصیبت کا دور ہونا۔ جھگڑے سے نجات ہونا۔
بلا جانے (محاورہ) کچھ خبر نہیں (بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں
بلا جھیلنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔
بلا چٹ (۱۔ صف) اناپ شناپ کھانے والا
بلا خیز (ف۔ صف) مصیبت انگیز۔ ہیبت ناک۔
بلا دفع کرنا (رد کرنا) (محاورہ) مصیبت ٹالنا۔ تکلیف رفع کرنا۔
بلا سر پڑنا (محاورہ) خواہ مخواہ مصیبت آنا (۲) جھگڑا کسی کا مصیبت میں کوئی دوسرا پھنسے۔
بلا سر سے ٹالنا (محاورہ) مصیبت دور کرنا۔ ذمہ داری دور کرنا۔
بلا سر لینا (محاورہ) تکلیف یا ذمہ داری اپنے اوپر لینا۔
بلا سر منڈھنا (محاورہ) الزام لگانا۔ بلا وجہ مصیبت پڑنا۔
بلا سے (۱۔ متعلق مثل) کیا پروا ہے۔ جوتی سے۔

بلا کا (۱) غضب کا۔ بے انتہا۔ بے حد (۲) چالاک (۳) سخت۔
بلا کا آدمی ہے (۱۔ فقرہ) بڑا ہوشیار ہے (۲) بہت محنتی آدمی ہے۔
بلا کا بنا ہوا (۱۔ مثل) بہت تیز و چالاک ہے۔ بڑا فطرتی ہے۔ آفت غضب کا بنا ہوا ہے۔
بلا کا پتلا (۱۔ مذ) بڑا چالاک۔ بہت پھرتیلا۔
بلا کٹنا (محاورہ) جھگڑا ختم ہونا۔ مصیبت دور ہونا۔
بلا کش (۱۔ صف) آفت جھیلنے والا۔ مصیبت برداشت کرنے والا۔
بلا کی (۱۔ صف) بے حد۔ بے انتہا کی۔
بلا کی طرح (پیچھے پڑنا) لپٹنا (محاورہ) سر ہو جانا۔ چمٹ جانا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔
بلا کی طرح نازل ہونا (محاورہ) یکایک تکلیف دینے کے لیے آجانا
بلا گردان۔ دوسرے کی آفت اپنے اوپر لینے والا۔ قربان ہونے والا۔
بلا گلے پڑنا (محاورہ) مصیبت آنا
بلا لوں (محاورہ) قربان جاؤں۔ صدقے جاؤں۔
بلا لینا (محاورہ) نثار ہونا۔ صدقے جانا (۲) نہایت پیار کرنا۔
بلا میں پڑ جانا (محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہو جانا۔ دکھ میں گرفتار ہونا
بلا مول لینا (محاورہ) آفت یا مصیبت کو خود اپنے اوپر لینا۔
بلا نازل ہونا (محاورہ) مصیبت آنا۔
بلا نصیب۔ بد نصیب۔ بدبخت۔
بلا نوش (۱) بہت شراب پینے والا (۲) جو ملے کھا جانے والا۔
بلائے آسمانی۔ ناگہانی مصیبت۔ قہر خدا۔ وہ مصیبت جو آسمان سے نازل ہو۔ جیسے ژالہ باری وغیرہ۔
بلائے بے درماں۔ لا علاج مصیبت۔
بلائے جان۔ جی کا جنجال۔
بلائیں لینا (محاورہ) واری جانا۔ صدقے جانا۔ قربان ہونا۔ پیار کرنا۔
بَلّا (بل لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ڈنڈا۔ تھاپی۔ کرکٹ اور ٹینس وغیرہ کھیلنے کا آلہ۔
بِلّا (بِ۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] بل کی تصغیر۔ چھوٹا سوراخ۔
بِلا (بِ۔ لا) [اُر] بغیر۔ سوا۔ بنا۔ بن (یہ کلمہ اردو والوں کا بنایا ہوا ہے۔ اکثر فصحا نے اس سے احتراز کیا ہے)
بلا اجازت۔ اجازت کے بغیر۔ اجازت حاصل کیے بغیر۔
بلا ارادہ۔ ارادے کے بغیر۔ قصد کے بغیر۔ بلا قصد۔
بلا اشتباہ۔ بے شبہ۔ شک و شبہ کے بغیر۔
بلا اکراہ و اجبار۔ زبردستی کے بغیر۔ رضا و رغبت سے۔ اپنی خوشی سے
بلا تامل۔ بے سوچے سمجھے۔ غور کیے بغیر۔
بلا تردد۔ بے تامل۔ کسی تذبذب کے بغیر۔
بلا تشبیہ (ف۔ صف) بغیر نسبت۔ جو کوئی ایسی تشبیہ دیتے ہیں جو ناموزوں ہو اس وقت کہتے ہیں۔
بلا تصرّف (ع۔ ف۔ صف) بغیر مداخلت کے۔
بلا شرکتِ غیرے (ف۔ صف) بغیر کسی شرکت کے۔ بغیر ساجھے کے



Marfat.com

جس میں کسی کا دخل نہ ہو۔
**بلا تصنّع**۔ بغیر بناوٹ کے۔ ٹھیک ٹھیک
**بلا تکلّف** (۱) بے روک ٹوک (۲) بے ساختہ۔ برجستہ
**بلا توقّف** (ف۔ صف) فوراً۔ بہت جلد۔ بغیر دیر کیے۔
**بلا حساب** (ف۔ صف) بے حساب۔ حساب کیے بغیر۔ بہت زیادہ
**بلا ریب**۔ بے شک۔ بے شبہ۔ بالکل صحیح۔ قطعی درست۔
**بلا سان و گمان** (ف۔ صف) غیر متوقع۔ جس کا پہلے سے خیال نہ ہو
**بلا سبب** (ف۔ صف) خواہ مخواہ۔ بغیر وجہ کے۔
**بلا سمجھے سوچے** (ا۔ صف) بغیر توقف کے۔ بغیر سوچے سمجھے۔
**بلا شبہ**۔ بغیر شبہ کے۔ بغیر شک کے۔
**بلا شرط**۔ بغیر کسی قسم کی شرط کے۔ عہد و پیمان کے بغیر۔ یونہی۔
**بلا فصل** (ف۔ صف) بغیر رکے کے۔ بغیر فاصلہ کے۔ لگاتار جاری رہنا
**بلا کم و کاست**۔ بغیر کسی کمی کے۔ پورا پورا
**بلا میعاد**۔ میعاد یا زمانہ مقرر کرنے کے بغیر۔
**بلا ناغہ**۔ ناغہ کیے بغیر۔ روزانہ۔ مسلسل متواتر۔
**بلا واسطہ**۔ براہِ راست۔ بغیر کسی ذریعہ کے۔ سیدھا۔
**بلا وجہ**۔ بے سبب۔ ناحق۔ خواہ مخواہ۔
**بِلّا** (بِل۔لا) [ہ۔ا۔ مذ] بلی کا نر۔
**بُلّا** (بُل۔لا) [ہ۔ا۔ مذ] بلبلا۔
**بُلا بھیجنا** (بُ۔لا بھیج۔نا) [ہ۔ مص] بلوانا۔ طلب کرنا۔
**بلاٹنگ پیپر** (Blotting Paper) (بَ۔لا ٹنگ۔ پے پر) [انگ۔ ا۔ مذ] سیاہی چوس۔ جاذب
**بلا جانا** (بَ۔جا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) غائب ہونا (۲) مٹنا (۳) غائب کرنا۔ (۴) مٹانا۔
**بلاخ** (بَ۔لاخ) [ق۔ا۔ مذ] نخنے۔
**بلاد** (بِ۔لاد) [ع۔ا۔ مذ] بلدہ کی جمع۔ شہر۔ قصبے۔
**بلادت** (بَ۔لا۔دَت) [ع۔ا۔ مث] کند ذہنی۔ بے وقوفی۔
**بلاس** (بِ۔لاس) [ہ۔ا۔ مذ] خوشی۔ عیش و عشرت۔ انبساط۔ لہو لعب۔ رنگ رلیاں۔ سوانگ۔ تماشے۔
**بلاسنا** (بِ۔لاس۔نا) [ہ۔ مص] عیش اڑانا۔ رنگ رلیاں منانا۔ سوانگ تماشے کرنا۔
**بلاغ** (بَ۔لاغ) [ع۔ا۔ مذ] پہنچانا۔
**بلاغت** (بَ۔لاغت) [ع۔ا۔ مث] کلام میں انتہائی درجے تک پہنچنا۔ فصیح کلام۔ حسب موقع گفتگو۔
**بُلاق** (بُ۔لاق) [ت۔ا۔ مذ] (۱) ناک میں پہننے کا ایک زیور (۲) چشمہ آب۔ پانی کا سوتا۔
**بلاک** (Block) (بُ۔لاک) [انگ۔ا۔ مذ] (۱) لکڑی کا کندا (۲) چھپائی کے سانچے کا کالبد۔ قالب (۳) کسی چیز کا بھاری ٹکڑا (۴) سلسلہ عمارات۔
**بلا لانا** (بُ۔لا۔لا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ساتھ لے جانا۔ ہمراہ لے جانا (۲) راضی کر لینا۔ منا لانا۔
**بِلّانا** (بِل۔لا۔نا) [ہ۔ مص] تڑپنا۔ زار و قطار رونا۔
**بُلانا** (بُ۔لا۔نا) [ہ۔ مص] طلب کرنا۔ پکارنا۔ آواز دینا۔
**بلاند** (بِ۔لاند) [ہ۔ا۔ مث] بالشت۔
**بُلاوا** (بُ۔لا۔وا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) طلب۔ دعوت۔ طلبی (۲) خواہش (۳)
**بلاول** (بَ۔لا۔وَل) [ہ۔ا۔ مث] رات کو ایک گانے کی راگنی۔
**بلاؤ** (بِ۔لا۔او) [ہ۔ا۔ مذ] گربہ نر۔ بلا
**بلاؤز** (Blouse) (بِ۔لا۔اُز) [انگ۔ا۔ مذ] عورتوں کی کرتی۔ جو وہ ساڑھی کے نیچے پہنتی ہیں۔
**بلائی کند** (بِ۔لا۔ای۔کند) [ہ۔ا۔ مذ] ایک دوا کا نام
**بلائی نہ جلائی میں دلھن کی تائی** (ا۔ مثل) جب کوئی بن بلائے آ جائے اور رشتہ جتائے تو عورتیں اس وقت کہتی ہیں۔
**بلب** (Bulb) [انگ۔ا۔ مذ] قمقمہ۔ برقی قمقمہ۔
**بُلبُل** (بُل۔بُل) [ف۔ا۔ مذ و مث] عندلیب۔ ایک نہایت خوش آواز ہزار داستان۔
**بلبل چشم** ایک کپڑے کا نام جس میں بلبل کی سی آنکھیں بنی ہوتی ہیں
**بلبل شیراز**۔ شیخ سعدیؒ کا لقب۔
**بلبل ہزار داستان**۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔
**بُلبُلا** (بُل۔بُ۔لا) [ہ۔ا۔ مذ] پانی کا بلبلا۔ حباب (۲) [مجازاً] ناپائدار چیز
**بلبلا اٹھنا** (بِل۔بِ۔لا۔اٹھ۔نا) [ہ۔ مص] بے قرار ہو جانا۔
**بلبلانا** (بَل۔بَ۔لا۔نا) [ہ۔ مص] اونٹ کا آواز نکالنا (۲) اونٹ کے بولنے کی سی آواز پیدا کرنا (۳) مستی میں بکنا (۴) غصے میں بکنا جھکنا۔
**بلبلانا** (بِل۔بِ۔لا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۲) بے حد مشتاق ہونا۔ خواہش مند ہونا (۳) بے قراری سے رونا (۴) گڑگڑانا۔
**بلبل ٹین** (بِل۔بِل۔ٹین) [انگ (Velveteen) کا مہند۔ا۔ مث] سوتی مخمل۔ نقلی مخمل۔
**بَل بَل جانا** (بَل۔بَل۔جا۔نا) [ہ۔ مص] واری جانا۔ صدقے جانا۔ نثار ہونا۔ بلائیں لینا۔
**بُلبُلی** (بُل۔بُ۔لی) [ف۔ا۔ مث] (۱) بلبل کے رنگ کی شراب (۲) [صف] بلبل کے رنگ کی۔
**بُلبُوس** (ع۔ مث) جنگلی پیاز۔ ایک نبات جو طبی اعتبار سے پیاز سے زیادہ مفید ہے۔
**بُل بھکوا** (بُل۔بھک۔وا) [ہ۔ صف] بوالہوس۔ بڑھاپے میں جوانی کی خواہشات رکھنے والا۔
**بل تاڑ** (بل۔تاڑ) [ہ۔ا۔ مذ] وہ نر تاڑ جس میں پھل کی بجائے بالیں نکلتی ہیں۔
**بلتوڑ** (بل۔توڑ) [ہ۔ا۔ مذ] بال توڑ۔ وہ پھنسی جو بال ٹوٹنے سے انسان کے جسم میں نکل آتی ہے۔
**بلٹانا** (بل۔ٹا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ضائع کرنا۔ صرف کرنا (۲) الٹ دینا۔
**بلٹنا** (بِ۔لَٹ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ضائع ہونا۔ صرف ہونا۔



Marfat.com

**بلٹی** (بل۔ ٹی) [انگ (Billeti) کا مہند۔ ا۔ مث] چھوٹا بل۔ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے۔

**بلچک** (بل۔ چک) [ہ۔ ا۔ مث] ضرب۔ قبضۂ شمشیر

**بلد** (ب۔ لد) [ع۔ ا۔ مذ] شہر۔ نگر۔ بستی۔ جمع۔ بلدان۔

**بلدہ** (بل۔ دہ) [ع۔ ا۔ مذ] شہر۔ نگر۔ بستی۔ قصبہ۔ جمع بلاد۔

**بلدیہ** (بل۔ دی۔ یہ) [ع۔ ا۔ مث] محکمہ جو شہر کی صفائی اور حفظانِ صحت کے لیے ہو۔ میونسپلٹی۔ میونسپل کارپوریشن۔ جمع بلدیات۔

**بلڈاگ** (بل۔ ڈاگ) [انگ۔ ا۔ مذ] (Bulldog) بڑے سر کا خوفناک کتا

**بل رانڈ** (بل۔ رانڈ) [ہ۔ ا۔ مث] بال بدھوا۔ چھوٹی عمر کی بیوہ۔ بل بال بمعنی بچہ۔ کا مخفف ہے۔

**بلسان** (بل۔ سان) [ع۔ ا۔ مذ] مصر کے ایک مشہور درخت کا نام جس کے پتوں سے روغن نکلتا ہے۔

**بلسنا** (ب۔ لس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سکھ پانا۔ لطف اٹھانا (۲) استعمال میں لانا۔ برتنا۔ کام میں لانا۔ کام نکالنا۔

**بلغا** (ب۔ ل۔ غا) [ع۔ ا۔ مذ] بلیغ کی جمع۔ فاضل لوگ۔ عالم۔

**بلغم** (بل۔ غم) [ع۔ ا۔ مذ] کف۔ کھنکار۔ انسانی چار خلطوں میں سے ایک خلط

**بلغم آنا** (محاورہ) بلغم خارج ہونا۔

**بلغمی** (بل۔ غ۔ می) [ع۔ صف۔] (۱) بلغم پیدا کرنے والی چیز (۲) وہ جسم جس میں بلغمی خلط زیادہ ہو۔ (۳) موٹا۔ پھسپھسا۔

**بلقیس** (بل۔ قیس) [ع۔ ا۔ مث] ملکۂ سبا کا نام۔

**بلکانا** (بل۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ترسانا (۲) بے چین کرنا۔ بے قرار کرنا۔

**بلکنا** (ب۔ لک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) رونا۔ بلبلانا (۲) بے قرار ہونا۔ بے تاب ہونا

**بلکہ** (بل۔ کہ) (۱) پھر بھی۔ سوا۔ اس سے بڑھ کر (۲) شاید۔

**بل گوندھن** (بل۔ گوں۔ دھن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) شادی کی ایک تقریب جس میں عروس کے سر کے بال گوندھے جاتے ہیں (۲) لڑکیوں کے بال گوندھنے کی تقریب۔

**بلّلا** (ب۔ لل۔ لا) [ہ۔ صف] (۱) احمق۔ لغو۔ بے ہودہ بے سلیقہ۔ اول جلول

**بللے پن کی باتیں**۔ بے وقوفی کی باتیں۔ وہ باتیں جن سے حماقت ظاہر ہو

**بللی** (ب۔ لل۔ لی) [ہ۔ صف] بللا کی تانیث۔ احمق بے وقوف۔ پگلی

**بلم۔ بلما** (ب۔ لم۔ بل۔ ما) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خاوند۔ خصم۔ (۲) عاشق

**بلم** (بل۔ لم) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بھالا۔ برچھا۔ نیزہ (۲) عصا۔ نشان۔ بڑی لاٹھی وہ سنہری یا روپہلی عصا جو امیروں اور بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں (۳) شوہر۔ مالک (۴) معشوق۔

**بلم بردار** (۱) نیزہ اٹھانے والا۔ نیزہ باز۔ (۲) وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے عصا لے کر چلتا ہے۔ نشان لے کر چلنے والا۔

**بلمانا** (بل۔ ما۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) شادی کرنا۔ خاوند بنانا (۲) معشوق بنانا۔ مطلوب بنانا۔

**بلمب** (ب۔ لمب) [ہ۔ ا۔ مذ] دیر۔ تاخیر۔

**بلمبنا** (ب۔ لمب۔ نا) [ہ۔ مص] دیر کرنا۔ توقف کرنا۔

**بلمپت** [ہ۔ مث] موسیقی کی ایک دھیمی لے۔

**بلم ٹیر** (ب۔ لم۔ ٹیر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) والنٹیر (Volunteer) کا بگاڑ رضاکار (۲) وہ شخص جو اپنی خوشی سے فوج میں بھرتی ہو۔

**بلنا** (بل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جلنا۔ سلگنا۔ روشن ہونا (۲) بلنا۔ بل دینا

**بلند** (بُ۔ لند) [ف۔ صف] اونچا۔ عالی۔ برتر۔ لمبا۔ طویل۔

**بلند آشیاں** (ف۔ صف) وہ جو اپنا مکان اونچی جگہ پر بنائے۔

**بلند آواز۔ بلند آہنگ**۔ (۱) اونچی آواز۔ اونچا سُر (۲) بڑی سُر والا۔

**بلند اختر** (ف۔ صف) خوش نصیب خوش قسمت۔

**بلند ارادہ** (ف۔ صف) اولوالعزم۔ عالی حوصلہ۔

**بلند بالا** (ف۔ صف) اونچے قد کا۔ دراز قد۔

**بلند پایہ**۔ عالی مقام۔ اونچا رتبہ۔ عالی رتبہ۔

**بلند پرواز** (۱) اونچا اڑنے والا (۲) عالی خیال۔ گہری فکر والا۔

**بلند پروازی** (۱) عالی خیالی۔ عالی دماغی (۲) خود ستائی۔ لاف گزاف۔

**بلند حوصلہ** (۱) عالی ہمت۔ دل چلا۔ جرّی۔ بہادر۔ بڑا سخی۔ دلاور۔

**بلند قامت**۔ اونچے قد والا۔ اونچا۔ دراز قد۔

**بلند نظر۔ نگاہ** (ف۔ صف) بڑے حوصلے والا۔ عالی ہمت۔ چھوٹی باتوں پر خیال نہ کرنے والا۔

**بلندی** (بُ۔ لن۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) اونچائی۔ بڑائی۔ برتری (۲) درازی۔ لمبائی۔

**بلندی و پستی** [مجازاً] آسمان و زمین۔ نشیب و فراز۔

**بلنگنا** (ب۔ لنگ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کودنا۔ اچھل کر پکڑنا (۲) کسی شے کی طرف اٹھنا یا چڑھنا۔ (۳) لٹکنا (۴) پکڑنا۔

**بلنگنی** (ب۔ لنگ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] الگنی۔ کپڑے وغیرہ لٹکانے کی ڈوری

**بلنی** (بل۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پلکیں جھڑ جاتی ہیں (۲) طاقتور عورت۔

**بلوا۔ بلوہ** (بل۔ وا۔ بل۔ وہ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہنگامہ۔ دنگا۔ فساد۔ سرکشی۔ بغاوت (۲) ہلچل۔ بدانتظامی۔

**بلوائے عام** (۱) بہت سے آدمیوں کی سرتابی (۲) عام بدانتظامی

**بلوائی**۔ بلوہ کرنے والا۔

**بلوان** [ہ۔ صف] طاقتور۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔

**بلوانا** (بل۔ وا۔ نا) بلانا کا متعدی (۱) طلب کرنا۔ کہلوانا۔

**بلو بک** (انگ۔ مث) (Blue Book) [ب۔ لو۔ بک] پارلیمنٹ خاص کا نذرانہ (۲) خاص نوٹ بک۔

**بلوٹا** (بِ۔ لو۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] بلی کا بچہ۔ بلونگڑا۔

**بلوچ** (ف۔ مذ) بلوچستان کا رہنے والا۔ ایک قوم۔

**بلور** (بل۔ لور) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ایک چمکدار معدنی جوہر کا نام (۲) صف صاف۔ شفاف۔ چمک دار۔

**بلوری۔ بلورین** (بل۔ لو۔ ری، بل۔ لو۔ رین) [ف۔ صف] بلور کی بنی ہوئی

**بلوط** (ب۔ لوط) [ع۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا درخت۔ سیتا برچھ۔

**بلوغ۔ بلوغت** (بُ۔ لوغ، بُ۔ لو۔ غت) [ع۔ ا۔ پہلا۔ مذ۔ دوسرا مث] جوانی۔ شباب۔ کمال حد کو پہنچنا۔



Marfat.com

**بلونا** (ب۔لو۔نا) [ہ۔مص] متھنا۔ گھنگھولنا۔ پے درپے حرکت دینا۔

**بلوں بلوں** (ب۔لوں ب۔لوں) [ہ] (۱) واویلا۔ ہائے ہائے (۲) عسرت تنگی۔ کمی۔

**بلوں بلوں کرنا۔** (محاورہ) ہائے وائے کرنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ (۲) مصیبت کے مارے چیخ اٹھنا۔

**بلونی** (ب۔لو۔نی) [ع۔ا۔مث] وہ ظرف جس میں دودھ متھتے ہیں

**بلہار۔ بلہاری** (بل۔ہار۔ بل۔ہا۔ری) صدقے۔ تصدق۔ نثار ہونے والا۔

**بلہاری جانا** (محاورہ) واری جانا۔ قربان جانا۔

**بلہرا** (ب۔لہ۔را) [ہ۔ا۔مذ] پان رکھنے کا لمبا ڈبہ۔

**بلہری** (ب۔لہ۔ری) [ہ۔ا۔مث] بلہرا کی تانیث

**بلی** (ب۔لی) [ہ۔صف] طاقتور۔ مضبوط۔ بل والا۔ زور دار۔

**بلی** (بل۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لمبا بانس (۲) لکڑی یا بانس کا کھمبا (۳) ناؤ کھینے کا بانس۔

**بلی مارنا۔** چپو مارنا۔ کشتی چلانا۔

**بلیوں پانی ہونا۔** دریا میں بہت زیادہ پانی ہونا (دریا کے پانی کی مقدار بلیوں سے ناپتے ہیں۔)

**بلی** (بل۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک چھوٹا سا جانور جو شیر کے مشابہ ہوتا ہے (۲) وہ چھوٹی لکڑی جو کواڑوں میں اس غرض سے لگائی جاتی ہے کہ دونوں پٹ بند کرکے اس کو چڑھا دیں تو پھر کواڑ از خود نہ کھلیں

**بلی الانگنا** (محاورہ) بلی کا سامنے ہو کر گزرنا جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔ (۲) آمادہ فساد ہونا (۳) بے سبب غصے ہونا۔

**بلی بنا رہنا** (محاورہ) مسکین صورت بنا رہنا۔

**بلی بھی لڑتی ہے تو پنجہ منہ پر دھر لیتی ہے۔** (مثل) حیوان بھی لڑنے میں شرم کرتے ہیں۔

**بلی جب گرتی ہے تو پنجوں کے بل** [مثل] ہوشیار آدمی اپنے آرام اور حفاظت کا خیال رکھتا ہے

**بلی خدا واسطے چوہا نہیں مارتی** (مثل) ہر شخص جو کام کرتا ہے اپنے نفع کے لیے کرتا ہے۔

**بلی سے چھیچھڑوں (دودھ) کی رکھوالی** [مثل] بددیانت کو خزانچی بنانا، چور کو امین بنانا۔

**بلی کا گو نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا** (مثل) نکما آدمی کسی کام کا نہیں۔

**بلی کو چھیچھڑوں کے خواب** (مثل) ہر ایک کو اپنے مطلب کی سوجھتی ہے

**بلی کھائے گی نہیں تو پھیلائے گی ضرور** (مثل) بدذات بے فائدہ نقصان پہنچاتا ہے۔

**بلی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے** (مثل) زور آور کا رعب ہی کافی ہے ظالم کا خوف بہت ہوتا ہے۔

**بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا** (مثل) اس چیز کا مل جانا یا ہو جانا جس کا سان گمان نہ ہو۔ (۲) مراد پوری ہو جانا۔

**بلی کے خواب میں چھیچھڑے** (مثل) ہر شخص اپنے ہی مطلب کی سوجھتا ہے۔

**بلی لوٹن۔** بالچھڑ۔ ایک خوشبودار گھاس جس کی خوشبو بلی کو بہت ہی پسند ہے۔

**بلی نے شینہہ (شیر) پڑھایا۔ بلی کو کھانے آیا** (مثل) شاگرد استاد کے مقابلے پر آئے تو کہتے ہیں۔

**بلیٰ** (ب۔لا) [ع] ہاں۔ کیوں نہیں۔

**بلے** (ب۔لے) [ف۔ تابع فعل] ہاں۔ صحیح ہے۔ درست ہے۔

**بلیات** (ب۔لی۔یات) [ع۔ا۔مث] بلیہ کی جمع۔ بلائیں۔ مصیبتیں۔

**بلیاں لینا** (ہ۔مص) بلائیں لینا۔ صدقے جانا۔ قربان ہونا۔

**بلیٹن** (Bulletin) (بُ۔لی۔ٹن) [انگ۔ا۔مذ] سرکاری اطلاع خبرنامہ۔ اہم واقعات یا بیمار کی کیفیت کی اطلاع۔

**بلیچنگ پوڈر** (Bleaching Powder) [بَ۔لی۔چنگ۔ پو۔ڈر] (انگ۔ا۔مذ) رنگ کاٹ سفوف۔ ایک سفوف جس سے کپڑے وغیرہ کا رنگ اور دھبے دور کرتے ہیں۔

**بلید** (بَ۔لید) [ع۔صف] کند ذہن۔ غبی۔ کم عقل۔

**بلیڈ** (Blade) (ب۔لیڈ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) دھار۔ چاقو وغیرہ کا پھل (۲) لوہے کا وہ تیز دھار ٹکڑا جس سے ڈاڑھی مونڈتے ہیں۔

**بلیرڈ** (Billiard) (بل۔یرڈ) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کھیل۔ جو میز کے اوپر لمبی چھڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

**بلیزر** (Blazer) (ب۔لے۔زر) [انگ۔ا۔مذ] ایک خاص کپڑے کا رنگین کوٹ۔ کھلاڑیوں کا۔ اکثر کالج کے طالب علموں کی وردی میں شامل ہوتا ہے۔

**بلیغ** (بَ۔لیغ) [ع۔صف] (۱) پورا۔ کامل (۲) انتہا کو پہنچا ہوا۔ فاضل (۳) حسب موقع گفتگو کرنے والا۔ جمع۔ بلغاء۔

**بلیک مارکیٹ** (Black Market) [انگ۔مث] مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت پر چوری مال فروخت کرنا۔

**بلیک میلر** (Blackmailer) (بَ۔لیک۔مے۔لر) [انگ۔ا۔مذ] افشائے راز کی دھمکی دے کر رشوت لینے والا۔

**بلیک میل کرنا** (Blackmail) (ب۔لیک۔میل۔کر۔نا) [اُر۔مص] افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنا۔

**بلیک میلنگ** (Black Mailing) (ب۔لیک۔مے۔لنگ) [انگ۔ا۔مث] افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنے کا عمل۔

**بلیلہ** (بَ۔لی۔لہ) [ف۔ا۔مذ] ایک دوا کا نام۔ بہیڑا

**بلیوں دل (کلیجہ) اچھلنا** (محاورہ) سخت ڈر یا گھبراہٹ ہونا۔ دل بہت دھڑکنا۔

**بلینڈا** (ب۔لین۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چھت کی کڑی (۲) چھپر کی منڈیر یا بیچ کا بڑا بانس۔

**بلیہ** (ب۔لی۔یہ) [ع۔ا۔مث] بلا۔ مصیبت۔ آفت۔ آزمائش۔ جمع بلیات۔



Marfat.com

# ب م

**بم** (ف ۔ا ۔مث) راگ یا باجے کی اونچی آواز۔ آواز کا چڑھاؤ۔ زیر کی ضد
**بم** ۔ [ ہ ۔ا ۔مث ] (۱) چشمہ ۔ سوتا (۲) غل شور (۳) نقارہ (۴) بگھی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے۔
**بم بلانا** (محاورہ) خراب کرنا۔ سخت تکلیف دینا۔ نقارے کی طرح بجانا
**بم بولنا** ۔ بجے پکارنا۔
**بم پھوٹنا** ۔ کنوئیں کی تہ سے پانی کا زور سے نکلنا۔
**بم پولیس** ۔ عوام کے لیے پاخانہ، لشکری۔
**بم تخ** ۔ شور و غل۔
**بم تخ مچانا** ۔ شور و غل کرنا ۔ دہائی دینا۔
**بم مہادیو** ۔ اے مہادیو مدد کرو۔ مہادیو کا بول بالا۔ مہادیو کی جے۔
**بم** (انگ (Bomb) کا مورد ۔ا ۔ مذ) آتش گیر مادے کا بنا ہوا۔ گولا بم کا گولا۔
**بمبار** ۔ بم برسانے والا ہوائی جہاز۔ (Bomber)
**بمباری** ۔ بم برسانا خصوصاً ہوائی جہاز سے
**بم کا گولا** (۱) بم (۲) [ مجازاً ] ناگہانی مصیبت۔
**بمان** (ب ۔ مان) [ ہ ۔ا ۔ مذ ] (۱) دیوتاؤں کا رتھ ۔ تخت رواں (۲) اڑن کھٹولا (۳) ہوائی جہاز ۔ بیلون ۔ غبارہ (۴) تابوت ۔ بہت سجی ہوئی ارتھی (س ۔ بوان)
**بمبا** (بم ۔ با) [ اُ ۔ا ۔ مذ ] منبع ۔ چشمہ ۔ نہر ۔ نالی ۔ نل۔
**بمبو** (بم ۔ بُو) [ ہ ۔ا ۔ مذ ] (۱) بانس ۔ بم (۲) چنڈو پینے کی نلکی (۳) ناڑ اور نیچے کی لکڑی۔
**بمبو کاٹ** ۔ ایک قسم کا ٹمٹم (Bamboo Cart)
**بمپر** ، (Bumper) (بَم ۔ پَر) [ انگ ۔ا ۔ مذ ] موٹر کا ٹکر روک ، جو انجن کے آگے لگا ہوتا ہے۔
**بمرگش گیرتا بہ تپ راضی شود** (ف ۔ مثل) موت کی دھمکی دوگے تو تپ پر راضی ہو جائے۔ زیادہ ایذا کے خوف سے انسان تھوڑی ایذا برداشت کرنے پر راضی ہو جاتا ہے۔
**بمنا** (بم ۔ نا) [ ہ ۔ا ۔ مذ ] ایک رنگ کبوتر ۔ سرخ ۔ سبز ۔ زرد وغیرہ
**بمنی** (بم ۔ نی) [ ہ ۔ا ۔ مث ] بمنا کی تانیث ۔ ایک رنگ کبوتری۔
**بمینا** (بم ۔ نے ۔ نا) [ ہ ۔ا ۔ مذ ] (تحقیراً) برہمن کا بیٹا۔

# ب ن

**بَن** [ ہ ۔ا ۔ مذ ] جنگل ۔ بیلا ۔ جہاں کثرت سے درخت ہوں (۲) صحرا بیابان ۔ میدان ۔ ریگستان (۳) باڑی (۴) کپاس کا پودا۔
**بن باس** ۔ جنگل میں جا کر رہنا سہنا ۔ دیس نکالا ۔ جلاوطنی۔
**بن باس کرنا** ۔ آبادی سے نکال دینا ۔ جنگل میں رہنے کا حکم دینا
**بَن باسی** (۱) جنگل میں رہنے والا ۔ جنگلی (۲) آبادی سے باہر رہنے والا۔
**بَن بلاؤ** ۔ جنگلی بلا ۔ گربہ دشتی ۔ بیابانی بلا۔
**بَن بھانٹا** ۔ جنگلی بینگن۔
**بَن پرستھ** (ہ ۔ مذ) سنیاسی ۔ سادھو ۔ جنگل میں رہنے والا۔
**بَن تیتر** ۔ جنگلی تیتر۔
**بَن جانا** (محاورہ) (۱) تیار ہونا ۔ مجبور ہونا (۲) خوش نما ہونا (۳) بارونق ہونا وضع اختیار کرنا (۵) مصیبت پڑنا (۶) بگڑا ہوا کام ٹھیک ہونا۔
**بن ککڑا** ۔ ایک خاردار بوٹی۔
**بَن کریلا** ۔ جنگلی کریلا جو چھوٹا اور بہت کڑوا ہوتا ہے۔
**بَن کھنڈ** ۔ جنگل ۔ صحرا۔
**بن کنڈا** ۔ خشک جنگلی اپلا
**بن کھنڈی** ۔ ایک جنگلی درخت کا نام
**بَن مانس** (۱) جنگلی ۔ وحشی انسان (۲) انسانی صورت سے مشابہ بندر گوریلا
**بن** ۔ بننا ۔ مصدر کا صیغہ امر۔
**بَن آنا** (محاورہ) مراد حاصل ہونا (۲) درست ہونا (۳) کارگر ہونا (۴) بس چلنا (۵) قسمت کھلنا (۶) تدبیر کارگر ہونا۔
**بَن آئے کا سودا (بات) ہے** (مثل) بس چلنے کا کام ہے ۔ موقع ملنے کی بات ہے۔
**بَن بنا کر** ۔ تیار ہو کر ۔ بن سنور کے ۔ سنگار کر کے۔
**بَن بن کے بگڑ جانا** (محاورہ) کسی کام کا درست ہو کے خراب ہو جانا
**بَن پڑنا** (محاورہ) موقع ہاتھ آنا (۲) مراد حاصل ہونا (۳) مجبور ہونا (۴) سمجھ میں آنا (۵) ہو سکنا۔
**بَن ٹھن کے** (۱) سج سجا کر ۔ بن سنور کر۔
**بِن** (ع ۔ا ۔ مذ) بیٹا ۔ جمع ۔ ابناء
**بِن** [ ہ ] سوا ۔ بجز ۔ بغیر ۔ بدوں۔
**بِن آئی** (محاورہ) ناگہانی موت۔
**بن آئی مرنا** (محاورہ) (۱) بے موت مرنا (۲) ناحق تباہ ہونا ۔ بے گناہ مارا جانا
**بن بلائی احمق لے دوڑی صحنک** (مثل) ایک تو بلا طلب آنا اور دوسرے کھانا ساتھ لے جانے کا سامان کرنا حماقت میں داخل ہے
**بن بیاہا** ۔ کنوارا
**بن بیاہی** ۔ کنواری۔
**بن جانے بوجھے** ۔ بغیر واقفیت کے۔
**بن جانے کون مانے** (مثل) بغیر دیکھے اعتبار نہیں آتا۔
**بن داموں غلام** (۱ ۔ صف) (۱) مفت کا غلام (۲) نہایت فرمانبردار (۳) نہایت زیر بار احسان۔
**بن داموں کی لونڈی** (ا ۔ صف ۔ مث) بے حد مطیع عورت ۔ فرمانبردار عورت۔
**بن روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی** (مثل) بے طلب کچھ نہیں ملتا
**بن سیوا میوہ نہیں** (مثل) خدمت کیے بغیر کچھ نہیں ملتا۔
**بن مارے کی توبہ** ۔ ناحق کی فریاد ۔ بے جا فریاد۔



Marfat.com

**بِن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک** (مثل) بغیر سوال کیے قیمتی چیز مل جاتی ہے۔ لیکن جس کی طلب ہو مانگنے سے بھی نہیں ملتی۔

**بُن** (ع ۔ ا ۔ مذ) قہوہ ۔ کافی ۔ ایک تخم کا نام ہے جسے بھون کر کھاتے ہیں اور چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں۔

**بُن** (ف ۔ ا ۔ مث) جڑ۔ بنیاد (۲) سرا۔ نوک۔

**بُن گوش۔** کان کی لَو کا نچلا حصّہ۔

**بُن مو۔** بال کی جڑ۔

**بَنا بَنا ہوا** (ب ۔ نا ۔ ب ۔ نا ۔ ہُ ۔ وا) [ہ ۔ صف] (۱) مرکب (۲) تیار (۳) طے شدہ (۴) مرتب (۵) نقلی جعلی مصنوعی (۶) بے بنیاد خیالی ۔ وہمی

**بنا بنایا۔** ٹھیک ۔ درست ۔ تیار ۔ مکمل ۔

**بنا بیٹھنا** (محاورہ) دھج بنائے ہونا ۔ وضع اختیار کیے ہونا۔

**بنا ٹھنا۔** سنگار کیے ہوئے ۔ بنا سنورا ۔ ٹھیک ٹھاک ۔ سجا سجایا۔

**بنا رہنا** (محاورہ) (۱) زندہ رہنا ۔ سلامت رہنا (۲) موجود رہنا ۔ حاضر رہنا (۳) برقرار رہنا ۔ خوش و خرم رہنا ۔ سرسبز رہنا ۔ آباد رہنا (۴) اقبال و دولت کی ترقی ہونا۔

**بنا لینا** (۱) تیار کر لینا (۲) انتظام کر لینا ۔ حاصل کر لینا ۔ پیدا کر لینا ۔

**بَنا** (بَ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دولھا ۔ نوشہ (۲) پیارا ۔ لاڈلا ۔

**بِنا** (بِ ۔ نا) [ع ۔ ا ۔ مث] جڑ ۔ بنیاد ۔ نیو ۔ اصل (۲) باعث ۔ سبب (۳) شروع ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ جمع اَبْنِیَہ

**بنا بریں۔** اس بنیاد پر ۔ اس لیے ۔ اس وجہ سے ۔

**بنا پڑنا۔** ابتدا ہونا ۔ آغاز ہونا ۔ تعمیر کی بنیاد رکھی جانا ۔ بنیاد قائم ہونا۔

**بنا ڈالنا** (۱) بنیاد رکھنا ۔ ڈھنگ ڈالنا (۲) شروع کرنا ۔ نیو جمانا

**بناءً علیہ۔** اس بناء پر ۔ اس وجہ سے ۔ اس لیے ۔

**بنائے دعویٰ** (مرکب اضافی) استغاثہ کا باعث ، دعویٰ کی وجہ ۔

**بنائے مخاصمت** (ع ۔ مرکب اضافی) (۱) وہ فعل جس سے نالش کرنے کا حق پیدا ہو (۲) لڑائی جھگڑے کی بنیاد ۔

**بَنات** (بَ ۔ نات) [ع ۔ ا ۔ مث] بِنت کی جمع بیٹیاں ۔

**بناتُ النعش۔** سات ستاروں کا جھمکا ۔ عقد ثریا ۔

**بَنادر** (بَ ۔ نا ۔ دِر) [ع ۔ ا ۔ مذ] "بندر" کی جمع (بندر بمعنی بندرگاہ)

**بَنادیق** (بَ ۔ نا ۔ دیق) [اُر ۔ ا ۔ مث] بندوق کی جمع (عربی قاعدے سے) بندوقیں۔

**بنا راضی** (قانون) اپیل کے عنوان میں لکھتے ہیں جیسے اپیل بنا راضی عدالت ماتحت ۔

**بناس پتی** (بَ ۔ ناس ۔ پَ ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) نباتات ، گھاس پھوس (۲) گھاس کی پتی ۔

**بناگوش** (بُ ۔ نا ۔ گوش) [ف ۔ ا ۔ مث] کان کی لَو

**بنالا** (بُ ۔ نا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گوٹہ ۔ کناری وغیرہ کا بانا ۔

**بنامی** (بِ ۔ نا ۔ می) [ہ ۔ ا ۔ مث] رہن یا بیع کی وہ معاملت جو دوسرے کے نام سے کی جائے اور اصل شخص کوئی اور ہو ۔

**بَنان** (بَ ۔ نان) [ع ۔ ا ۔ مذ] بنانہ کی جمع ۔ انگلیوں کے سرے ۔

**بنانا** (ب ۔ نا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) درست کرنا ۔ تیار کرنا (۲) آراستہ کرنا (۳) تعمیر کرنا (۴) گھڑنا (۵) تصنیف و تالیف کرنا (۶) تنکار کو صاف کرنا ۔ (۷) ہنسی اڑانا ۔ احمق بنانا (۸) سنوارنا ۔ تہذیب سکھانا (۹) اصلاح کرنا (۱۰) ایجاد کرنا (۱۱) دولت مند کرنا (۱۲) حاصل کرنا ۔

**بَناوٹ** (بَ ۔ نا ۔ وٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ساخت (۲) تکلف ۔ تصنّع (۳) دکھلاوا ۔ نمود (۴) سخن سازی (۵) جھوٹ ۔ مکر و فریب ۔ جعل سازی (۶) وضع ۔ شکل (۷) کاری گری ۔ صنعت ۔

**بُناوٹ** (بُ ۔ نا ۔ وٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] بُننے کی وضع ۔ بُنائی ۔ بننے کا کام

**بناوٹی** (بَ ۔ نا ۔ وٹی) [ہ ۔ صف] مصنوعی دکھاوے کا ۔ ظاہری ۔

**بناؤ** (ب ۔ نا ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) آراستگی ۔ سجاوٹ ۔ آرائش ۔ سنگار ۔ سنوار (۲) درستی ۔ موافقت (۳) بنانا مصدر سے فعل امر ۔ سنوارو ۔ درست کرو ۔ بگاڑ کی ضد ۔

**بناؤ سنگار ۔** آرائش ۔ آراستگی ۔

**بناؤ کرنا** (محاورہ) سنگار کرنا ۔ سنوارنا ۔ آراستہ کرنا ۔

**بنائے نہ بننا** (ب ۔ نا ۔ ے ۔ نہ ۔ بن ۔ نا) [ار مص] اختیار سے باہر ہونا ۔ تدبیر کارگر نہ ہونا ۔ مجبور ہونا ۔

**بَنَت** (ب ۔ نت) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک طرح کی توئی جس میں گھوکھرو سلما ستارا لگا ہوتا ہے ۔

**بنت کی چھنی۔** شیشے کے ریزے جو بنت میں ٹکے ہوتے ہیں۔

**بِنت** (ع ۔ ا ۔ مث) لڑکی ۔ دختر ۔ بیٹی ۔ جمع بنات ۔

**بنتُ البحر۔** ایک افسانوی سمندری مخلوق جس کا اوپر کا دھڑ انسانی شکل کا اور نچلا مچھلی کی طرح ہوتا ہے ۔ جل پری

**بنتُ العنب۔** لغوی معنی انگور کی بیٹی ۔ مراد انگوری شراب۔

**بنتی** (بن ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) معذرت ۔ عذر خواہی (۲) عرض ۔ التجا (۳) منت سماجت ۔

**بنٹا** (بن ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کھانا پکانے کا بڑا برتن ۔ پیتل کا گھڑا ۔

**بنٹا ڈھار کرنا** (محاورہ) (۱) برتن توڑ دینا (۲) برباد کر دینا ۔ نہس نہس کر دینا

**بنج** [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) خرید و فروخت ۔ تجارت ۔ لین دین ۔ بیوپار ۔ سوداگری (۲) رشتہ ناتا ۔ (۳) پیشہ ۔ کار ۔ کسب ۔

**بنج کریں گے بانئے اور کریں گے ریس ، بنج کیا تھا جاٹ نے رہ گئے سوکے تیس۔** (مثل) بنج بیوپار کرنا بنیوں کا کام ہے ۔ یعنی ہر شخص کو اپنا پیشہ کرنا چاہیئے ۔ دوسروں کی ریس سے نقصان ہوتا ہے۔

**بنجارا** (بن ۔ جا ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) غلّے کا سوداگر ۔ چاول کا تاجر (۲) سوداگر بیوپاری (۳) ایک پہاڑی قوم (۴) ایک قسم کے خانہ بدوش ہندو ۔

**بنجارن** (بن ۔ جا ۔ رن) [ہ ۔ ا ۔ مث] بنجارے کی بیوی (۲) بنجاروں کا ڈیرا سوداگری ۔ تجارت ۔

**بَن جانا** [ہ ۔ مص] (محاورہ) (۱) تیار ہونا ۔ درست ہونا (۲) اثر ہونا ۔ مجبوری ہونا (۳) ایجاد ہونا (۴) مکمل ہونا (۵) ہونا ۔ قائم رہنا ۔ سلامت رہنا ۔ (۶) کام ہونا (۷) سنور جانا (۸) ترکاری وغیرہ تیاری کرنا (۹) تعمیر ہونا ۔ چنا جانا (۱۰) امیر ہونا ۔ دولت مند ہونا (۱۱) خوش ذائقہ ہونا (۱۲) صحیح ہونا ۔



Marfat.com

(۱۳) بیتنا۔ گزرنا (۴) آراستہ ہونا (۵) موزوں ہونا (۶) حاصل ہونا۔ (۷) بیوقوف ٹھہرنا (۸) بھیس بدلنا۔

**بنجر** (بَن۔ جَر) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) غیر مزروعہ زمین (۲) ناقابلِ کاشت زمین (۳) جنگل۔

**بنجر توڑنا۔** غیر مزروعہ زمین کو قابلِ کاشت بنانا

**بنجر جدید۔** وہ زمین جس میں چار سال تک لگاتار کوئی جنس پیدا نہ ہو اور میوہ دار درخت بھی نہ ہوں۔

**بنجر خارج الجمع۔** وہ غیر مزروعہ زمین جس کا معاملہ نہ لیا جائے۔

**بنجر قدیم۔** وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے۔

**بنجنا** (بنج۔ نا) [ہ۔ مص] تجارت کرنا۔

**بنچ** (bench) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) بیٹھنے کے لیے لانبا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوتے ہیں (۲) منصفین۔ جج۔ حکام۔ عدالت۔

**بنچنا** (بنچ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) پڑھنے میں آنا۔ پڑھایا جاسکنا۔

**بند** [ف۔ ا۔ مذ] جوڑ۔ عضو (۲) گرہ۔ گانٹھ (۳) روک۔ پشتہ۔ مینڈھ (۴) سہارا۔ بندھن۔ بندش (۵) ڈورا۔ فیتہ (۶) قید۔ حبس (۷) داؤں پیچ (۸) ٹیپ کا مصرعہ یا شعر (۹) مسدود۔ روکا گیا (۱۰) مقفل (۱۱) رکا ہوا۔ وہ پانی جو ایک جگہ ٹھہرا ہوا ہو (۱۲) افسردہ۔ پژمردہ (۱۳) گھِرا ہوا۔ تنگ (۱۴) ڈبل روٹی کی ایک قسم (۱۵) ٹھہرا ہوا (۱۶) گوبھی کی ایک قسم (۱۷) خاموش۔ چپ۔

**بند باندھنا** (۱) گرہ لگانا (۲) پشتہ باندھنا (۳) داؤں لگانا (۴) انتظام کرنا۔ تدبیر کرنا (۵) پیش بندی کرنا (۶) منصوبہ گانٹھنا (۷) روک تھام کرنا (۸) تہمت لگانا۔ بہتان جوڑنا۔

**بند بند** (۱) جوڑ جوڑ (۲) گرہ گرہ (۳) چُپ۔ افسردہ۔ پژمردہ۔

**بند بند ٹوٹنا۔** ہر جوڑ میں درد ہونا۔

**بند بند جُدا کرنا۔** جوڑ جوڑ الگ کرنا۔ پرزے اڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الگ کرنا

**بند بند جکڑ جانا۔** جوڑ جوڑ میں اینٹھن ہو جانا۔ ہر جوڑ کا بستہ ہونا۔

**بند بند دُکھنا۔** بدن کے ہر ایک جوڑ کا درد کرنا۔

**بند بند ڈھیلے کرنا۔** جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ بہت تھکا دینا۔

**بند پانی۔** پانی جو رُکا ہوا ہو۔ جاری نہ ہو۔

**بند چھڑانا** (۱) قید سے آزاد کرانا (۲) فکر سے چھڑانا (۳) جوڑ الگ کرنا۔ عضو جدا کرنا۔

**بند رہنا** (۱) رُکا رہنا (۲) دبا رہنا (۳) خاموش رہنا۔ قید رہنا

**بند سوالات۔** سوالات کی وہ فرد جو بغرض استفسار حالات مقدمہ بتدائر کسی شخص کے پاس جوابات دینے کی غرض سے بذریعہ عدالت بھیجی جائے۔

**بند سے بند جدا کرنا۔** ہر عضو کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کاٹ ڈالنا۔

**بند کرنا** (۱) روکنا (۲) مقفل کرنا (۳) قید کرنا (۴) خاموش کرنا۔ چپ کرانا

**بند کشاد۔** عضو تناسل کے سوراخ کا بڑھ جانا۔

**بند کے جانے بند ابھی اہی نہیں رہتے** (مثل) یہ ضروری نہیں کہ غریب لوگ ہمیشہ غریب ہی رہیں۔

**بند لگانا۔** سانپ کے کاٹے کا منتر پڑھنے والے مریض کے جسم پر ایک پٹی باندھ دیتے ہیں کہ زہر آگے نہ بڑھے۔ اسے بند لگانا کہتے ہیں۔

**بند میں گرہ دینا۔ بند میں گرہ لگانا۔** یادداشت کے لیے انگرکھے کے بند میں گرہ لگانا کہ یاد رہے۔

**بند نہ ہونا** (محاورہ) خوف نہ کرنا۔ عاجز نہ ہونا۔ منکر نہ ہونا۔

**بند و کشاد۔** بند کرنا اور کھولنا۔ حل و عقد

**بند (ہو جانا) ہونا** (۱) رکنا۔ تھمنا (۲) مسدود ہونا (۳) کسی کام کا چالو نہ ہونا (۴) ختم ہو جانا (۵) جاری نہ رہنا (۶) چُپ رہنا (۷) جکڑ جانا (۸) چال نہ رہنا (۹) آمد و رفت نہ رہنا (۱۰) کند ہو جانا۔ دھار موٹی ہو جانا

**بند ہیضہ۔** وہ ہیضہ جس میں قے اور دست جاری نہ ہوں۔

**بند ہیضہ کرنا۔** بند ہیضے کے مرض میں مبتلا ہونا۔

**بنس** (انگ۔ بَن (Bun) کا مو۔ د۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا انگریزی کلچہ۔ ڈبل روٹی کی ایک قسم۔

**بِند۔ بِندی** (بِن۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] صفر۔ نقطہ۔

**بَندا** (بَن۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) درختوں پر پھیل جانے والی ایک قسم کی بیل (۲) مکان جو اناج کے لیے بناتے ہیں۔ اناج کا گودام۔

**بِندا** (بِن۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] قشقہ۔ وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگانے میں

**بُندا** (بُن۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] کان کا ایک زیور۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔

**بُندا بڑھانا** (۱) بُندا کان سے اتارنا (۲) منت بڑھانا (جن عورتوں کے بچے نہیں جیتے وہ بچوں کے کان چھید کر بُندا پہناتی ہیں اور جب بچہ بڑا ہو جاتا ہے۔ نیاز کر کے اتار لیتی ہیں۔

**بِندال** (بِن۔ دال) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی تلخ گھاس جو دوا کے طور پر کام آتی ہے (۲) ایک قسم کا پھل۔

**بندال پھلا۔** بندال ڈوڈا۔ بندال کا پھل۔

**بَندر** (بَن۔ در) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک مشہور جانور کا نام۔ بوزنہ۔ میمون

**بندر بانٹ۔** ایسی تقسیم جس میں تقسیم کرنے والے کا فائدہ ہو اور جن کی چیز ہے وہ گھاٹے میں رہیں۔

**بندر بھبکی۔** دکھاوے کی دھمکی۔

**بندر کا پھوڑا۔ گھاؤ** (۱) اچھا نہ ہونے والا زخم۔ دور نہ ہونے والی مصیبت

**بندر کو ملی ہلدی کی گرہ پنساری بن بیٹھا** (مثل) چھچھورا آدمی ذرا سی چیز پر بہت اترانے لگتا ہے

**بندر کیا جانے ادرک کا سواد** (مثل) ناقدر اچھی چیز کی قدر نہیں کر سکتا۔

**بندر کی دوستی جی کا جنجال** (مثل) کمینے دوست سے ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے۔

**بندر کی طرح نچانا۔** نہایت ستانا۔ بے حد تنگ کرنا۔

**بندر کی کیا آشنائی** (مثل) بے مروّت کا کیا بھروسا۔

**بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا** (مثل) رذیل کو شریفوں کی پوشاک۔ نالائقوں کی تعریف کرنا۔ حقیر اور ذلیل شخص کو عزت دینا۔



Marfat.com

**بندر والا۔** بندر نچانے والا۔

**بندروں کی سی کونسل** (مجازاً) نادانوں کی محفل

**بَندَر۔ بندر گاہ** (بَن۔ دَر، بن۔ در گاہ) [ف۔ا۔مذ و مث] جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

**بندری۔ بندریا** (بن۔ دَ۔ ری، بَن۔ در۔ یا) [ہ۔ا۔مث] بندر کی مادہ

**بندش** (بن۔ دش) [ف۔ا۔مث] (۱) گرہ۔ بندھن۔ حسب موقع اور با ترتیب ہونا (۲) خیال (۳) سازش (۴) تمہید۔ اٹھان (۵) داؤں۔ گھات (۶) تدبیر۔ پیش بندی (۷) بناوٹ۔ تکلیف (۸) مسافت (۹) تہمت۔ الزام (۱۰) ترتیب الفاظ۔ عبارت کی ترکیب الفاظ کا ربط۔ (۱۱) باندھنے کا فعل یا کیفیت۔

**بُندکی** (بُند۔ کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بوند کی تصغیر (۲) چھوٹے چھوٹے نقطے (۳) چھینٹے (۴) پھوار کی بوندیں۔

**بندگان** (بَن۔ دَ۔ گان) [ف۔ا۔مذ] بندہ کی جمع۔ غلام۔ خادم۔ ملازم۔

**بندگانِ عالی** (۱) ملازمانِ حضور (تعظیماً) حضور۔ خود بدولت۔

**بندگی** (بن۔ دَ۔ گی) [ف۔ا۔مث] (۱) عبادت۔ پرستش (۲) آداب۔ تسلیم۔ کورنش (۳) عجز۔ انکسار (۴) خدمت۔ نوکری۔ فرمانبرداری غلامی (۵) سلام۔ خدا حافظ۔

**بندگی بجا لانا** (محاورہ) (۱) سلام کرنا (۲) تعظیم کرنا۔ جھکنا (۳) آداب کرنا۔ حکم کی تعمیل کرنا (۴) فرمانبرداری کرنا۔

**بندگی بےچارگی** (مثل) تابعداری میں اپنا کچھ اختیار نہیں رہتا

**بندگی پہنچے۔** سلام قبول ہو۔

**بندگی کرنا** (محاورہ) سلام کرنا (۲) خدا کی عبادت کرنا۔

**بندلی** (بن۔ دَ۔ لی) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا چاول جو روہیل کھنڈ میں ہوتا ہے۔

**بندلی** (بن۔ د۔ لی) [ہ۔ا۔مث] شیشے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

**بَندوبست** (بن۔ دو۔ بست) [ف۔ا۔مذ] (۱) انتظام (۲) اہتمام (۳) ضابطہ۔ قاعدہ (۴) سلیقہ (۵) زمین کی حد بندی اور انتظام تحصیلات (۶) ترتیب (۷) تدبیر۔ تجویز۔

**بندوبست اسامی وار۔** وہ بندوبست جو اسامیوں کی ترتیب سے ہو

**بندوبست استمراری۔** دائمی بندوبست۔ ایک بار مالگذاری قائم کرنا ہمیشہ کے لئے ایک ہی دفعہ مالگزاری کی تشخیص کر دینا۔

**بندوبست دیہی۔** زمین کے کاغذات تیار کرنا۔ مالگذاری تشخیص کرنا۔ محصول لگانا۔ زمین کی حیثیت اور پیداوار کا اندازہ کرنا۔

**بندوبست سرسری۔** عارضی بندوبست جو قانونی بندوبست تک کے لیے کیا جائے۔

**بندور، بندوڑ** (بن۔ دور، بن۔ دوڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) باندی کی تصغیر معمولی سی باندی (۲) کم مرتبہ لونڈی (۳) وہ لونڈی جسے بیوی بنا لیں۔

**بندوق** (بن۔ دُوق) [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) گولی (۲) [اُر] وہ لوہے کی نلی جس میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں۔ تفنگ۔ جمع بنادیق

**بندوق بھرنا۔** بندوق میں چھرہ ڈالنا۔

**بندوق چھتیانا۔** بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا بندوق چھوڑنے پر آمادہ ہونا۔

**بندوق چھوٹنا۔** بندوق چلنا۔

**بندوق سر ہونا۔** بندوق چلنا۔

**بندوق کا پیالہ۔** توڑے دار بندوق میں اوپر کی طرف ایک کٹوری سی بنی ہوتی ہے جس میں تھوڑی سی بارود رکھتے ہیں۔ اس پیالے میں سوراخ ہوتا ہے

**بندوق لگنا۔** بندوق کی گولی لگنا۔

**بندوقچی** (بن۔ دوق۔ چی) [ار۔ا۔مذ] بندوق رکھنے والا۔ قراول۔ بندوق چلانے والا

**بندہ** (بن۔ دَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) غلام (۲) نوکر۔ ملازم (۳) نیاز مند۔ خاکسار (۴) انسان۔ بشر۔ آدمی (۵) عابد۔ زاہد۔ سر جھکا دینے والا۔ حکم ماننے والا۔ جمع بندگان۔

**بندۂ آزاد** (ف۔مذ) آزاد کیا ہوا غلام (۲) ایسا شخص جو مذہبی قیود اور ضروریاتِ زندگی سے بے پروا ہو۔

**بندہ بشر** (ف۔مذ) انسان۔

**بندہ بشر ہے** (مثل) سہو اور خطا انسان کی فطرت میں ہے۔

**بندہ بنا لینا۔** (محاورہ) مطیع کر لینا۔ قابو میں کر لینا۔ غلام کر لینا۔

**بندہ بے دام۔** بندہ بے درم۔ بندہ بے زر۔ مفت کا غلام۔ بہت اطاعت گزار۔

**بندہ پرور** (ف۔صف) (۱) غلام کو پالنے والا بندہ نواز (۲) حضور۔ جناب۔ حضرت

**بندہ پروری** (ف۔مث) پالنے کا عمل۔ احسان۔ عنایت۔

**بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھائے کُپا** [مثل] بندہ تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور خدا ایک ہی دفعہ سارا خرچ کرا ڈالتا ہے۔

**بندۂ درگاہ** (ف۔مذ) (۱) ملازم شاہی (۲) نیاز مند (۳) خادم۔ غلام

**بندہ زادہ** (ف۔مذ) غلام کی اولاد۔ غلام کا بچہ۔ انکسار سے اپنے بیٹے کو کہتے ہیں۔

**بندہ زر** (ف۔مذ) روپیہ کا غلام۔ لالچی۔ حریص۔

**بندہ عاجز ہے** (۱) انسان مجبور ہے۔ بے اختیار ہے (۲) میں مجبور ہوں

**بندہ کی خدا سے نہیں چلتی** (مثل) مشیت ایزدی کے سامنے انسان کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔

**بندہ ناچیز** (ف۔مذ) حقیر۔ بے وقعت شخص۔

**بندہ نواز** (ف۔صف) غلام کو عزت دینے والا۔ مالک۔ مختار۔ حاکم۔

**بندہ نوازی** (ف۔مث) بندہ پروری۔ مہربانی۔ عنایت۔

**بندھ** [س۔ا۔مذ] ضمانت۔ امانت

**بندھا** (بن۔ دھا) [ہ۔صف] جکڑا ہوا۔ اٹکا ہوا۔ مقررہ۔

**بندھا ٹوٹا۔** پوری تھیلی۔

**بندھا خرچ۔** خرچ جس کی مقدار معین ہو۔

**بندھا خوب مار کھاتا ہے** [مثل] مجبور کو جو چاہو، سزا دو۔ قابو میں



Marfat.com

اَیا ہوا مجبور ہوتا ہے۔
**بندھائی** (بن۔دھا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) بندش (۲) باندھنے کی اجرت۔
**بندھک** (بن۔دھک) [ہ۔ا۔مذ] (۱) رہن۔گروی (۲) رہن نامہ۔ تمسک
**بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر** [ہ۔مثل] (۱) جیسا کچھ بھی ہوگیا۔ غنیمت ہے (۲) جو کچھ ہاتھ آگیا وہی سب کچھ ہے (۳) انسان ہنر والا ہے تو انسان ہے ورنہ حیوان۔
**بندھن** (بن۔دھن) [ہ۔ا۔مذ] بندش۔ بیڑی (۲) روک۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ (۳) لگاؤ۔ تعلق۔ میل۔ رشتہ ناتا (۴) وظیفہ۔ روزینہ۔ تنخواہ (۵) دستور العمل (۶) وہ رسی یا فیتہ جس سے کوئی چیز باندھیں۔
**بندھن وار**۔ پھول پتوں کا ہار جو خوشی کے موقع پر دروازوں پر لٹکاتے ہیں
**بندھنا** (بندھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرہ لگنا (۲) بندش میں آنا۔ پابند ہونا۔ (۳) گرفتار ہونا۔ قید ہونا۔ پکڑا جانا۔ پھنسنا (۴) تقرر ہونا۔ ملازم ہونا نوکری ہونا۔ مقرر ہونا۔ (۵) شعر کا ٹھیک اور درست ہونا (۶) شادی ہو جانا (۷) ضابطہ میں آنا۔ معمول کے مطابق کام کرنا۔
**بندھنا** (بندھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سوراخ ہونا۔ چھدنا۔ پرویا جانا۔
**بندھو** (بَن۔دھو) [س۔ا۔مذ] رشتہ دار۔ بھائی بند۔ برادری۔ دوست متعلقین واسطہ رکھنے والا۔
**بندھوا** (بندھ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] بندھا ہوا۔ قیدی۔ اسیر (۲) پابند۔ غلام خدمت گار۔
**بندھوانا** (بندھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) قید کرانا (۲) پکڑوانا (۳) جکڑوانا گرہ دلوانا (۴) باندھنے کا حکم دینا (۵) الزام لگانا۔ مجرم بنانا۔
**بندھی** (بَن۔دھی) [ہ۔صف] معمولی۔ مقررہ (۲) بند شدہ۔ باندھی ہوئی
**بندھی آواز**۔ وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور سُر پر قائم رہے۔
**بندھی بات** (۱) ایک بات (۲) ٹھیک (۳) حسب دستور۔ معمول کے مطابق (۴) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطے کے مطابق۔
**بندھی چوٹ**۔ مقررہ شوخی وہ انداز جس کی عادت پڑی ہو یا جو برابر ہوتا رہا ہو۔
**بند کلی** (۱) بن کھلی کلی۔ غنچہ (۲) (مجازاً) غم زدہ، افسردہ شخص۔
**بندھی مٹھی** پوشیدہ راز۔ بستہ (۲) سلوک۔ اتحاد۔ اتفاق۔ جتھا۔ ایکا۔ (۳) اکٹھی یک مشت (۴) چپ چاپ۔ خاموش۔ بے خوف۔ بے کھٹکے
**بندھی مٹھی لاکھ برابر** (مثل) رازداری سے اعتبار بنا رہتا ہے۔ اتفاق سے خوب کام چلتا ہے۔ یک دل آدمی لاکھوں پر فتح یاب ہوتے ہیں
**بَندی** (بن۔دی) [ا۔ا۔مث] لونڈی۔ باندی (۲) عاجز۔ خادمہ۔
**بندی** (بن۔دی) [ف۔ا۔مذ] قیدی۔ اسیر۔
**بندی خانہ**۔ قید خانہ۔ جیل خانہ۔ زندان۔
**بَندی** (بن۔دی) [ہ۔ا۔مث] (۱) روک۔ ممانعت (۲) ایک زیور کا نام
**بِندی** (بن۔دی) [ہ۔ا۔مث] (۱) صفر۔ نقطہ (۲) نشان (۳) چھوٹا سا ٹیکا (۴) قشقہ۔ تلک (۵) کانچ کی رنگین ٹکلی جو عورتیں ماتھے پر چپکاتی ہیں۔
**بندیا** (بِند۔یا) [ہ۔ا۔مث] گوندی۔ بندی۔

**بُندیلا** (بُن۔دے۔لا) [ہ۔ا۔مذ] ہندوؤں کی ایک قوم
**بندیلن** (بُن۔دے۔لن) (۱) بندیلا کی تانیث۔ بندیل قوم کی عورت۔ عطر پھلیل بیچنے والی عورت۔
**بنڈا** (بن۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) نصف۔ دُم کٹا۔
**بنڈا** (بن۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لکڑیوں کا گٹھا (۲) گھاس پھونس کا گٹھا۔
**بنڈل** (بن۔ڈل) (Bundle) [انگ۔ا۔مذ] پلندا۔ گٹھڑی۔ گٹھڑ
**بنڈی** (بن۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] آستینوں کے بغیر چھوٹا کوٹ۔ منڈی آستین کی فراخ کمری۔
**بنڈیری** (بَن۔ڈے۔ری) [ہ۔ا۔مث] لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھتے ہیں
**بنڈیلا** (بن۔ڈے۔لا) [ہ۔ا۔مذ] جنگلی سؤر
**بنرا۔ بنڑا** (بَن۔را، بن۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ شوہر (۲) شادی کا گیت۔
**بنڑی** (بَن۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] بنڑا کی تانیث۔ دلہن۔ عروس۔
**بنس** [ہ۔ا۔مذ] (۱) اولاد۔ نسل۔ خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ (۲) بانس کا مخفف
**بنس پھوڑ**۔ بانس یا بید سے کام کرنے والا۔
**بنسلوچن**۔ طباشیر۔ ایک سفید دوا کا نام جو بانس کی گرہوں سے نکلتی ہے
**بنسواڑی**۔ وہ جگہ جہاں کثرت سے بانس ہوں۔ بانسوں کا جنگل۔
**بنسی** (بَن۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بانسلی۔ نے۔ مرلی (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈوری اور کانٹا۔
**بنصر** (بِن۔صَر) [ع۔ا۔مث] بیچ کی انگلی اور چھنگلیا کی درمیانی انگلی۔
**بنفشہ** (بَ۔نَف۔شَہ) [ف۔ا۔مث] ایک خود رو بوٹی جو برفانی پہاڑوں پر بالب دریا پیدا ہوتی ہے اور نزلہ زکام وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے۔
**بنفشی** (ب۔نف۔شی) [ف۔صف] بنفشہ کے رنگ کا۔ ارغوانی۔
**بنفشی شعاعیں**۔ ارغوانی رنگ کی شعاعیں جو ایک خاص آلے کے ذریعے سورج سے اخذ کی جاتی ہیں (الٹرا وائلٹ ریز) [انگ] (Ultra Violet Rays)
**بنفشین** (ب۔نف۔شین) [ف۔ا۔مث] دو دواؤں کی مرکب جو چوٹ اور درد کے لیے مفید ہے۔
**بنک** (Bank) [انگ۔ا۔مذ] دیکھیے بینک
**بنکارنا** (بَن۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) غل مچانا۔ دھاڑنا۔ شور کرنا۔ چیخ کر بولنا (۲) بھوت پریت کے سایہ کا سر پر آ کر بولنا (۳) ڈینگ مارنا۔ شیخی مارنا
**بنکڑی** (بنک۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] بل دار۔ ایک قسم کی بلدار چوڑی۔
**بنکیا** (ف۔مث) ایک قسم کی ٹیڑھی چھری جس سے قلم تراشتے ہیں۔
**بنکیت** (ہ۔مث) بانک کے فن کا ماہر (۲) مسلح لڑائی پر تیار رہا نکا۔
**بنگ** (ف۔ا۔مث) بھنگ۔ ایک نشیلی بوٹی۔
**بنگا** (بن۔گا) [ہ۔ا۔مذ] بانس۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔
**بنگا ٹھونکنا** (محاورہ) میخ لگانا (۲) روک دینا۔ بند کر دینا۔ خرابی ڈالنا۔ روڑا اٹکانا۔
**بنگالن** (بن۔گا۔لن) [ہ۔ا۔مث] بنگال کے رہنے والی عورت



Marfat.com

بنگالی (بن۔گا۔لی) [ہ۔صف] (۱) بنگال یا بنگالہ سے منسوب (۲) [مذ] بنگال کا باشندہ (۳) [مث] بنگال کی زبان۔
بنگالی جادو۔ تیز اور با اثر جادو۔
بُنگاہ (بن۔گاہ) [ف۔ا۔مث] جگہ۔مکان۔ اسباب رکھنے کی جگہ
بنگری۔ بنگڑی (بنگ۔ری۔ بنگ۔ڑی) [ہ۔صف] (۱) بانکڑی۔ ٹیڑھی۔ مروڑ دار (۲) [مث] ایک قسم کی بل والی چوڑی۔
بنگش (بن۔گش) [ف۔ا۔مذ] (۱) کشمیر کے قریب علاقہ، بنگش کا باشندہ
بنگلا (بنگ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پان کی ایک قسم۔ بنگال کا پان (۲) چھپر کا چوبی ڈار مکان (۳) کوٹھی۔
بنگلہ (Bungalow) [انگ۔مذ] موتر۔ کوٹھی۔ انگریزی طرز کا مکان
بنگلیا (بنگ۔لے۔یا) [ہ۔ا۔مث] بنگلا کی تصغیر۔ چھوٹا بنگلہ۔ چھپر کا چھوٹا سا مکان۔
بنگی (بن۔گی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بجنے والا لٹو۔ جس میں چھید ہوتا ہے (۲) [صف] ٹیڑھی۔ کج۔
بننا (بن۔نا) [ہ۔مص] (۱) درست ہونا (۲) آراستہ ہونا (۳) تعمیر ہونا (۴) گھڑا جانا (۵) تہذیب سیکھنا (۶) ایجاد ہونا (۷) دولت مند ہونا۔ حاصل ہونا (۹) خفیف ہونا۔ احمق بننا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ بننا ٹھننا سنورنا (۱۰) مشکل پیش آنا۔
بُننا (بُن۔نا) [ہ۔مص] دھاگوں کو ترتیب سے لگا کر کپڑا تیار کرنا یا بنیان، موزے، آزار بند وغیرہ تیار کرنا۔
بن نہ آنا۔ بن نہ پڑنا (ا۔ مص) (۱) بندوبست نہ ہو سکنا۔ کام نہ بننا۔ (۲) مجبور ہونا (۳) جواب نہ دے سکنا۔
بنّو (بن۔نو) [ا۔ا۔مث] بانو کا مخفف (۱) بیوی۔ بیگم (۲) دلہن۔ عروس۔ بہو (۳) چھوٹی۔ لاڈلی۔ نئی بیاہی عورت۔
بنواں (اُپلا) کنڈا (بن۔واں اُپ۔لا) کن۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] گائے بھینس کا گوبر جو چراگاہ میں خشک ہو جاتا ہے اور جلانے کے کام آتا ہے
بنوانا (بن۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) تیار کرانا۔ درست کرانا (۲) تعمیر کرانا چنوانا (۳) کھانا پکوانا۔
بُنوانا (بُن۔وا۔نا) [ہ۔مص] کپڑوں وغیرہ کے تاروں کو اکٹھا کرانا۔ (۲) چارپائی وغیرہ میں بان لگوانا (۳) گندھوانا۔
بنوائی (بن۔وا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] بنوانے کی اجرت۔
بُنوائی (بُن۔وا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] بُننے کی اجرت۔
بنوٹ (بن۔نوٹ) [ہ۔ا۔مث] فن سپہ گری کی ایک قسم۔
بَنولا (بِ۔نو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ
بِنولی (بِ۔نو۔لی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹے چھوٹے اولے۔ بجری۔
بنّی (بن۔نی) [ہ۔ا۔مث] دُلھن (۲) خوش اقبالی (۳) موافقت میل جول (۴) [صف] بنی ہوئی۔ تیار۔ طے شدہ۔ موافق۔
بنی بنائی بات۔ طے شدہ معاملہ۔ سدھرا ہوا معاملہ۔
بنی رہنا (محاورہ) قسمت کا موافق رہنا۔
بنی کے سب ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں [مثل] خوش اقبالی میں سب یار ہیں۔ بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں۔
بَنی (بَ۔نی) [ع۔ا۔مذ] بنین، کا مخفف۔ بیٹے۔ اولاد۔ نسل
بنی آدم۔ آدم علیہ السلام کی اولاد۔ انسان۔
بنی اسرائیل۔ اولاد اسرائیل۔ یہود کی قوم۔ اسرائیل یعقوبؑ کا لقب ہے
بنی جان۔ جنات کی نسل اور قوم۔
بنی عم۔ چچیرے بھائی۔
بنی نوع (انسان)، بشر۔ انسان۔ انسان کی اولاد۔
بنیا (بن۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بقال۔ آٹا دال بیچنے والا (۲) [صف] بزدل۔ بودا (۳) کنجوس۔ بخیل۔
بنیا اپنا گُڑ بھی چھپا کر کھاتا ہے [مثل] اپنا عیب ظاہر کرنے سے چھپانا بہتر ہے۔ اپنا راز کسی پر ظاہر نہ کرنا چاہیئے۔
بنیا بھولتا ہے تو بھی زیادہ بتاتا ہے [مثل] بنیا بھول چوک میں بھی اپنا ہی مفاد پیش نظر رکھتا ہے۔
بنیا جب بولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے [مثل] ہوشیار آدمی ہر حال میں اپنا مطلب نہیں جانے دیتا۔
بنیا جس کا یار اس کو دشمن کیا درکار [مثل] قرض دینے والا سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے۔ بنئے کی دوستی عین دشمنی ہے۔
بنئے سے سیانا، سو دیوانہ [مثل] لین دین کے معاملہ میں بقال سے بڑھ کر کوئی ہشیار بنے تو دیوانہ سمجھو۔
بنئے بہکایا اور جوگی کا پھٹکار اخراب ہوتا ہے [مثل] ایسا شخص تکلیف اٹھاتا ہے اور کبھی نہیں سدھرتا۔
بنئے کا بیٹا کچھ دیکھ ہی گرتا ہے [مثل] عقل مند آدمی کا کوئی کام فائدے سے خالی نہیں ہوتا۔ سیانا آدمی کسی نفع کی خاطر ہی کوئی کام کرتا ہے
بنئے کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا [مثل] کاروباری آدمی شوقینی نہیں کر سکتا۔
بنئے کی سی چال۔ بنیوں کا سا چلن۔ بہت کفایت شعاری۔
بنئے کی کمائی، مکان یا بیاہ نے کھائی [مثل] بنئے کی آمدنی مکان بنوانے یا بیاہ رچانے پر خرچ ہوتی ہے۔
بنیاد (بُن۔یاد) [ف۔ا۔مث] (۱) جڑ۔ اصل۔ نیو (۲) طاقت۔ مقدور۔ بساط۔ حوصلہ
بنیاد (ڈالنا) رکھنا (۱) نیو رکھنا (۲) کام شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔
بنیاد کا پتھر رکھنا۔ کنایتاً، ابتدا کرنا۔
بنیاد نہ ہونا۔ وجود نہ ہونا۔ اصلیت نہ ہونا۔ حقیقت نہ ہونا۔
بُنیادی (بن۔یا۔دی) [ف۔صف] (۱) اصلی۔ حقیقی (۲) ابتدائی۔
بُنیان (بن۔یان) [ع۔ا۔مث] ایک خاص قسم کا لباس جو کرتے کے نیچے پہنا جاتا ہے۔
بُنیان (بن۔یان) [ع۔ا۔مث] عمارت۔ نیو۔ بنیاد جیسے انسان ضعیف البنیان۔
بنیٹھی۔ بنیٹھی (بَ۔نے۔ٹی۔بَ۔نے۔ٹھی) [ہ۔ا۔مث] وہ بانس جس



Marfat.com

دونوں سروں پر کپڑا لپٹا ہوتا ہے اور اسے آگ لگا کر سر اور بدن کے گرد پھراتے ہیں۔ ایک ورزش۔

**بنیٹھی پھیلنا** (ہلانا) بنیٹھی کی ورزش کرنا۔

**بنینی** (بَ۔ نے۔ نی) [ہ۔ا۔مث] بنیا کی تانیث۔ بنیئے کی جورو۔

**بنینی پان دمڑی کے کھائے گھر رہے کہ جائے** (مثل) بخیل آدمی تھوڑے خرچ کو بہت سمجھتا ہے۔

# ب۔و

**بُو** (ف۔ا۔مث) (۱) باس۔ مہک۔ خوشبو (۲) بدبو۔ سڑاند (۳) خبر۔ بھنک۔ رسم (۴) آن بان۔ شان۔ اثر (۵) شبہ اور شک کی جگہ۔

**بُو آنا** (۱) مہک آنا۔ خوشبو آنا (۲) بدبو آنا۔ سڑاند آنا (۳) خوشبو کا ظاہر ہونا۔

**بُو باس** (۱) جسم یا پھول کی خوشبو (۲) سراغ۔ کھوج۔ پتہ۔ نشان (۳) انداز۔ طور۔ ڈھنگ۔ روش۔

**بُو بسنا۔** بُو کا سما جانا۔ بُو کا کسی چیز میں اثر ہو جانا۔

**بُو پانا۔** خبر پانا۔ سُن گن جانا (۲) کتے کا کسی چیز کی بُو سونگھ کر پیچھا کرنا۔

**بُو پر لگنا** (محاورہ) ناک میں ہونا۔

**بُو پھوٹنا** (محاورہ) بُو پھیلنا (۲) افشائے راز ہونا۔ بھید کھلنا۔

**بُودار** (ا۔صف) بدبو دینے والا (۲) شکار کی بو پر لگا ہوا کتا۔

**بو دینا** (محاورہ) (۱) بُو نکالنا (۲) اپنا دینا۔ علامت ظاہر کرنا۔

**بو سمانا** (محاورہ) کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا۔ بو کا اثر ہونا

**بو کا مست ہونا** (محاورہ) خوشبو کا نہایت خوشگوار ہونا۔

**بو گئی بودار گئی۔ رہی کھال کی کھال** (مثل) شان و شوکت جاتی رہی اصلی حالت رہ گئی۔

**بو نکلنا** (۱) بو کا زائل ہونا (۲) بُو آنا۔

**بو ہونا** (محاورہ) تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا۔ کچھ اثر ہونا۔

**بوئے محبت** (ا۔صف) محبت کی علامت۔ محبت کا نشان۔

**بوئے طفلی** (ا۔مث) لڑکپن کا اثر۔ بچپن کا اثر۔

**بو** [ع۔ا۔مذ] بُو کا مخفف۔ باپ۔

**بوالعجب** (۱) بازی گر۔ شعبدہ باز (۲) انوکھا۔ عجیب شخص (۳) حیران۔ متحیر (۴) احمق۔ بے وقوف (۵) اچنبھا پیدا کرنے والی شے۔

**بوالفضول۔** بکواسی۔ وہ شخص جو بیٹھا باتیں بنایا کرے۔

**بوالہوس۔** بڑا۔ لالچی۔ بہت حریص۔ انسانی خواہشات کا بہت سخت حریص۔

**بوالہوسی۔** بہت زیادہ حرص۔ نفسانی خواہشات پر بہت زیادہ چلنا

**بوتراب۔** حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ کی کنیت۔

**بو** (فعل) بونا مصدر کا صیغہ امر۔ کاشت کر۔

**بوا** (بُ۔ وا) [ہ۔ا۔مث] (۱) خواہر۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ آپا (۲) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔

**بوّاب** (ع۔ا۔مذ) چوکیدار۔ دربان۔

**بوا بھنسکو نے سلیقہ کیا۔ میانی پھاڑ گھٹنے پر پیوند کیا** (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنے خیال میں عقلمندی کا کام کرے لیکن اصل میں وہ بے وقوفی ہو۔

**بُوار** (بُ۔وار) [ہ۔ا۔مذ] بونے کا موسم

**بواسیر** (بَ۔ وَ۔ سیر) [ع۔ا۔مث] باسور کی جمع (۱) پھنسیاں (۲) (اصطلاحاً) مقعد کی پھنسیاں۔ مسّے۔ مقعد کی ایک بیماری

**بُوانا** (بُ۔ وا۔ نا) [ہ۔مص] بیج ڈلوانا۔ کاشت کرانا۔ بوائی کرانا۔

**بوائلر** (Boiler) (بَ۔ وا۔ اِ۔ لَر) [انگ۔ا۔مذ] گرم پانی کا برتن جو کسی مشین میں لگا ہوتا ہے اور جس میں بھاپ بنتی ہے

**بُوائی** (بُ۔ وا۔ ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) بیج بونے کا موسم (۲) بیج بونے کا موسم۔ بجائی۔

**بِوائی** (بِ۔ وا۔ ای) [ہ۔ا۔مث] وہ شگاف جو سردی یا خشکی کی وجہ سے پاؤں کی ایڑی میں ہو جاتا ہے اور تکلیف دیتا ہے۔

**بوائی پھٹنا۔** ایڑی کے شگاف کا پھٹ جانا۔

**بوائے** (Boy) (بو۔ آ۔ اے) [انگ۔ا۔مذ] (۱) لڑکا۔ طفل (۲) نوکر (گھر ہوٹل وغیرہ کا)

**بُوبا** (بو۔ با) [ہ۔ا۔مذ] پیٹ (تحقیر سے) (۲) مال اسباب۔ سامان۔ مال متاع

**بوبک** (بو۔ بک) [ہ۔صف] (۱) بوڑھا۔ بڈھا (۲) نابالغ (۳) احمق بے وقوف۔

**بوبو** (بو۔ بو) [ہ۔ا۔مث] (۱) بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ (۲) وہ ذی عزت بوڑھی کنیز جس کی گود میں بچے نے پرورش پائی ہو۔

**بوتا** (بو۔ تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) درخت کا تنہ (۲) نیچے یا حقے کی نالی۔

**بُوتا** (بُو۔ تا) [ہ۔ا۔مذ] بل۔ طاقت۔ زور۔ مقدور۔ حیثیت۔

**بُوتام** (بُو۔ تام) [انگ (Button) کا مہند۔ا۔مذ] بٹن۔ گھنڈی۔ تکمہ

**بوتل** (بو۔ تل) [انگ (Bottle) کا مہند۔ا۔مث] شیشہ۔ مینا کانچ کا لمبا برتن جس کا اوپر کا منہ یا گردن پتلی ہوتی ہے جس میں سیال چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

**بوتل اٹھانا یا چڑھانا** (محاورہ) بوتل کی بوتل پی جانا (۲) بوتل کی ساری شراب پی جانا۔

**بوتل کا نشہ** [کنایتاً] شراب کا نشہ

**بوتہ** (بو۔ تہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) مٹی کا برتن جس میں سونے چاندی کو پگھلایا جاتا ہے (۲) اونٹ کا بچہ (۳) چھوٹا درخت (۴) بھدا آدمی۔

**بوتہ خاک** (۱) مٹی کا برتن (۲) [کنایتاً] قالب انسانی۔ آدمی کا بدن

**بُوتھ** (Booth) [انگ۔ا۔مذ] کنج وغیرہ کا عارضی سائبان (نیز دیکھیے پولنگ بوتھ۔

**بوتیمار** (بو۔ تی۔ مار) [ف۔ا۔مذ] بگلا۔

**بوٹ** [ہ۔ا۔مذ] کچے سبز چنے۔



Marfat.com

**بوٹ پلاؤ**۔ پلاؤ جس میں کچے چنوں کو چاولوں میں ملا کر پکاتے ہیں۔
**بُوٹ**۱ (Boot) [انگ۔ا۔مذ] انگریزی جوتا۔
**بُوٹ**۲ [انگ۔ا۔مث] کشتی۔ ناؤ۔ (Boat)
**بوٹ** (ہ۔مذ) پرندوں کا بے بال و پر بچہ۔
**بُوٹا** (بو۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گوشت کی بڑی بوٹی (۲) شہتیر کا ٹکڑا۔
**بوٹا** (بو۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چھوٹا درخت۔ پودا (۲) گلکاری۔ جھاڑ۔ پھول پتی۔
**بُوٹا سا قد**۔ چھوٹا اور خوبصورت قد۔ موزوں قد۔
**بوٹی** (بو۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] گوشت کا ٹکڑا۔
**بوٹی بوٹی پھڑکنا**۔ (۱) عضو عضو کا حرکت کرنا (۲) شوخ شنگ ہونا چنچل اور نہایت شریر ہونا
**بوٹی بوٹی کانپنا** (محاورہ) غصے یا خوف کے باعث جسم کا کانپنے لگنا
**بوٹی توڑنا** (۱) زور سے چٹکی لینا۔ (۲) نکا نوچنا۔
**بوٹی چڑھنا**۔ موٹا ہونا۔ بدن پر گوشت آنا۔
**بوٹیاں اُتارنا** (۱) بہت زیادہ مارنا۔ سخت سزا دینا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا
**بوٹیاں توڑنا۔ کاٹنا۔ نوچنا** (۱۔ محاورہ) جسمانی سزا دینا۔ گودنا (۲) طعنے دینا۔
**بوٹیاں کاٹ کاٹ کر کھانا**۔ بہت غضبناک ہونا۔
**بوٹیاں کتوں کوؤں سے نچوانا** (۱۔ محاورہ) کوسنا (بوٹیاں نوچ کر کھانا [کنایتاً] ایذا دینا۔ دق کرنا۔
**بوٹیاں کھانا** (۱) رنج دینا۔ ستانا (۲) فکر میں مبتلا ہونا (۳) گوشت کے تکے کھانا۔
**بُوٹی** (بو۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) جڑی۔ گھاس پودا (۲) دوا (۳) بھنگ سبزی (۴) چھوٹا پھول (۵) پھول پتی جو کسی کاغذ یا کپڑے پر بنائی جاتی ہے۔
**بوٹی بنانا** (محاورہ) گلکاری کرنا۔ کاغذ یا کپڑے پر پھول پتی بنانا۔
**بوجوت** (بو۔جوت) [ہ۔ا۔مث] بونے جوتنے کا کام۔
**بوجھ** [ہ۔ا۔مذ] وزن۔ بار۔ حمل۔ بوجھا (۲) گٹھڑی (۳) پاسنگ (۴) فکر۔ خیال (۵) دقت۔ مشکل (۶) حصّہ۔
**بوجھ اُتارنا** (محاورہ) چھٹکارا پانا۔ بری الذمہ ہونا (۲) قرض ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۳) بے پروائی سے کام کرنا (۴) کسی کے احسان کا بدلہ ادا کرنا
**بوجھ اُٹھانا** (محاورہ) بار سر پر رکھنا (۲) ذمہ لینا (۳) سنبھالنا (۴) بے فکر کرنا۔ سبکدوش کرنا (۵) برداشت کرنا (۶) احسان کرنا۔
**بوجھ بٹانا** (محاورہ) مصیبت میں شریک ہونا۔
**بوجھ بٹائی** (ا۔ مث) اناج کا گٹھڑیوں میں باندھنا۔
**بوجھ پڑنا** (محاورہ) دباؤ پڑنا۔
**بوجھ ڈالنا** (محاورہ) کسی کو ذمہ دار ٹھہرانا (۲) دباؤ ڈالنا۔
**بوجھ سر پر ہونا** (محاورہ) فکر ہونا۔ ذمہ داری ہونا۔ احسان ہونا۔
**بوجھ سر سے اُتارنا** (محاورہ) (۱) احسان اتارنا (۲) بار کا سر سے اتارنا
**بوجھ گردن پر رہنا** (۱) بار احسان رہنا (۲) فکر رہنا۔

**بُوجھ** [ہ۔ا۔مث] فہم۔ سمجھ۔ دانش۔ فراست۔ عقل۔ تمیز۔ ادراک۔
**بوجھ بجھکّڑ** (۱) ہوشیار (۲) [طنزاً] نادان جو عقلمند بنے۔
**بوجھ۔ بجھوّل**۔ پہیلی۔ معمّا۔ چیستاں
**بوجھ کیا جکی کا پاٹ** (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو علم و فضل کا دعویٰ کرنے کے باوجود سخت بے وقوف ہو۔
**بوجھا بوجھی** [ہ۔ا۔مث] لڑکوں کا ایک کھیل۔
**بوجھل** (بو۔جھل) [ہ۔صف] (۱) بھاری وزنی (۲) لدا ہوا۔ گراں بار (۳) دولت مند۔ مالدار (۴) معزز خاندانی۔
**بُوجھنا** (بُوجھ۔نا) [ہ۔مص] سمجھنا۔ خیال کرنا (۲) جاننا۔ واقف ہونا (۳) پوچھنا۔ دریافت کرنا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا (۵) شگون دیکھنا۔ فال نکالنا (۶) پہیلی کا بتانا چیستان حل کرنا (۷) سوچنا۔ دھیان۔ کرنا۔
**بوجھوں** (ہ۔مذ) بوجھ کی جمع۔
**بوجھوں مرنا** (محاورہ) سخت ذمہ داری لینا (۲) زیادہ بوجھ اٹھانا۔
**بُوچا** (بُو۔چا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کیکر کی چھال کا وہ برادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد رہ جاتا ہے (۲) [صف] کن کٹا۔ چھوٹے کانوں والا۔ بے کان (۳) بے شرم۔ بے لحاظ۔
**بوچا سب سے اونچا** (مثل) ڈینگیا۔ جس نے کبھی کوئی کام نہ کیا مگر ڈینگ بہت مارتا ہو۔
**بُوچڑ** (بو۔چڑ) [انگ (Butcher) کا مہند۔ا۔مذ] قصاب۔ قصائی خصوصاً گائے کا گوشت بیچنے والا۔
**بوچھار، بوچھاڑ** (بو۔چھار۔ بو۔چھاڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) مینہ کا کثرت سے اور جھٹکے کے ساتھ پڑنا۔ مینہ کا ہوا کے تھپیڑے سے ترچھا برسنا (۲) کثرت۔ زیادتی۔ بہتات۔
**بوچھاڑ پڑنا** (محاورہ) کسی بات کا لگاتار ہونا۔ چاروں طرفوں سے اعتراض ہونا۔ تیر یا گولیوں وغیرہ کا کثرت سے پڑنا۔
**بوچھاڑ کرنا** (محاورہ) بہت زیادہ برا بھلا کہنا۔ بہت گالی گلوچ دینا۔ خوب پھٹکارنا (۲) بکثرت خرچ کرنا (۳) تتر بتر کرنا (۴) برسانا (۵) اعتراض کرنا۔ بکھیرنا۔ لٹانا (۶) باتوں کا تار باندھ دینا۔
**بُوچھاڑی** (بُو۔چھا۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] سائبان جو بوچھاڑ سے بچنے کے لیے مکان کے سامنے ڈالتے ہیں۔
**بُوچی** (بُو۔چی) [ہ۔صف] (۱) بن کانوں کی۔ کن کٹی (۲) ننگے کان والی عورت (۳) چھوٹے چھوٹے کانوں والی (۴) بے غیرت بے شرم۔ بے حیا عورت۔
**بُود** [ف۔ا۔مث] وجود۔ قیام۔ ہستی۔
**بُود و باش۔ بود و ماند** (ف۔مث) سکونت۔ قیام۔
**بود و نابود** (ف۔مث) ہستی و نیستی ہونا نہ ہونا۔ بقا و فنا۔
**بُود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن** (مقولہ) ایک قسم کے پیشے والوں میں عداوت ہوتی ہے۔
**بودا** (بو۔دا) [ہ۔صف] تھڑدلا۔ بزدل۔ کم ہمت۔ ڈرپوک (۲) لاغر



Marfat.com

کمزور۔ دُبلا۔ ناتواں (۳) پھُس پھُسا۔ بے مزہ۔ گلا ہوا۔ فرسودہ پُرانا۔

**بودا کرنا** (۱) ہمت توڑانا (۲) ضعیف و ناتواں بتانا۔

**بودلا** (بود۔ لا) [ہ۔ صف] سیدھا سادا۔ بھولا بھالا۔ احمق بیوقوف

**بودلی** (بود۔ لی) [ہ۔ صف] احمق بے وقوف عورت۔ بودلا کی تانیث

**بودم بے دال** (ف) 'دال' کے بغیر بودم یعنی بوم۔ اُلو۔

**بودھ۔ بدھ** [س ا۔ مذ] (۱) معرفت۔ علم۔ گیان۔ سمجھ (۲) بدھ مذہب کا پیرو۔

**بودی** (بو۔ دی) [ہ۔ صف] بودا کی تانیث۔

**بودی بات** (ہ۔ مث) اوچھی اور ہلکی بات۔ رتبے سے گری ہوئی بات

**بُور** (ہ۔ ا۔ مث) بہ افراط خیرات کرنا (۲) نچھاور، نثار (۳) بھوسی چوکر (۴) خرابی۔ نقص۔

**بُور بُور:** ٹکڑے ٹکڑے پاش پاش۔ ریزے ریزے۔ دھجی دھجی۔

**بُور بُور کرنا** (محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔

**بُور کے لڈو** (ہ۔ مذ) (۱) بھوسی میں کھانڈ ملا کر بنائے ہوئے خوبصورت لڈو (۲) دھوکا چالبازی۔ دغا۔ فریب۔

**بُور کے لڈو کھائے تو پچتائے اور نہ کھائے تو پچتائے** [مثل] وہ کام جس کے کرنے پر افسوس ہو اور نہ کرنے پر حسرت ہو۔

**بور** (Bore) [انگ۔ صف] وبال جان۔ بیزار کرنے والا۔ مغز چاٹ

**بَورا** (بَو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] باؤرا۔ باؤلا۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ مجنون

**بوراپن** ۔ سودا۔ جنون۔ دیوانگی۔

**بورا** (بو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] تھیلا۔ بڑی بوری۔

**بُورا** (بُو۔ را) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) شکر سفید۔ کھانڈ۔ چینی (۲) برادہ۔ چورن سفوف۔ پوڈر۔

**بَورانا** (بَو۔ را۔ نا) سودائی ہو جانا۔ دیوانہ ہونا۔

**بُورانی** (بُو۔ را۔ نی) [فـ۔ ا۔ مث] تلے ہوئے بینگن اور دہی سے ملا کر بنایا ہوا سالن۔ بینگن کا رائتہ

**بورڈ** (Board) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) لکڑی کا تختہ (۲) کمیٹی۔ مجلس ارکان مجلس۔

**بورڈ آف ڈائرکٹرز** (Board of Directors) کسی بینک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی۔

**بورڈ آف ریونیو** (Board of Revenue) [انگ۔ مذ] صیغہ مال کا ایک اعلےٰ محکمہ۔

**بورڈر** (Boarder) (بور۔ ڈر) [انگ ا۔ مذ] بورڈنگ ہاؤس میں رہنے والا طالب علم

**بورڈنگ ہاؤس** (Boarding House) [انگ ا۔ مذ] مدرسے کا اقامت خانہ۔ دار الاقامہ۔

**بورژوا** (Bourgeoisie) (بور۔ ژ۔ وا) [انگ ا۔ مذ] شہری متوسط طبقہ۔ آجر۔ تاجر اور دیگر سماجی قدر و منزلت رکھنے والے صاحب جائداد لوگ۔ سرمایہ دار۔

**بورژوائی** (بور۔ ژوا۔ ای) [ا۔ صف] صاحب ثروت لوگوں سے منسوب ثروت و دولت سے منسوب۔

**بورسٹل انسٹی ٹیوٹ** (Borstal Institute) (بور س۔ ٹل۔ انس ٹی۔ ٹیوٹ) [انگ ا۔ مذ] کم سن مجرموں کا تادیب خانہ (جیل)

**بَورَق** (ع۔ مذ) سہاگہ۔ ایک دوا۔

**بوری** (بَو۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) باؤلی۔ پگلی۔ دیوانی (۲) [ا۔ مث] بھنے اور صاف کیے ہوئے جَو۔

**بَوری** (بَو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چھوٹا بورا۔ ٹاٹ کا بورا جس میں غلہ رکھتے ہیں

**بوریا** (بو۔ ریا) [ف ا۔ مذ] چٹائی (۲) غریبانہ بستر۔

**بوریا باف** ۔ چٹائی بُننے والا۔ چٹائی بنانے والا۔

**بوریا باندھنا، سنبھالنا** (محاورہ) کوچ کرنا۔ کوچ کی تیاری کرنا۔

**بوریا بغل میں دابنا** (محاورہ) [مجازاً] چلے جانا۔ رخصت ہونا۔

**بوڑ۔ بوڑھ** [ہ۔ صف] بوڑھی۔ عمر رسیدہ۔

**بوڑ** (بوڑھ) **سہاگن ہو** [دعا] خاوند بڑھاپے تک زندہ رہے۔ بڑھاپے تک جوڑی قائم رہے۔ مرتے دم تک رانڈ نہ ہو۔

**بوڑنا** (بوڑ۔ نا) [ہ۔ مص] ڈبونا۔ غوطہ دینا۔ بھگونا۔

**بُوڑھا** (بُو۔ ڑھا) [ہ۔ صف۔ وا۔ مذ] بڈھا۔ کہن سال (۲) ضعیف مرد۔

**بوڑھا بالا برابر** [مثل] بوڑھے بچے کی عقل برابر ہوتی ہے۔

**بوڑھا بوبک** (ہ۔ صف) بڑھاپے میں شوقینی۔ سنج دھج اور جوانی کے انداز۔ حریص بوڑھا۔

**بوڑھا بونگ** (ہ۔ صف) بے وقوف بڈھا۔ پیر فرتوت۔

**بوڑھا پھونس** (ہ۔ صف) بہت بوڑھا۔

**بوڑھا جانے کیا بالا جانے ہیتا** ۔ (مثل) بڑی عمر کا شخص کام کو دیکھتا ہے اور بچہ پیار کو۔

**بوڑھا چوچلا** (ہ۔ مذ) بڑھاپے کا غمزہ۔ نخرا۔

**بوڑھا چونچلا جنازے کے ساتھ** (مثل) مرتے دم تک ناز و انداز اور سج دھج سے باز نہ آنا (طنزاً بولا جاتا ہے)

**بوڑھا چونڈا** (ہ۔ مذ) بوڑھی عورت کے سفید بال۔ پیرانہ سال عورت

**بوڑھا خرانٹ** (ہ۔ صف) ہوشیار۔ تجربہ کار بوڑھا۔

**بوڑھا طوطا** (ا۔ صف) بڑی عمر کا بے وقوف آدمی۔

**بوڑھا کھیات** کھیٹ (ا۔ مث) بہت بڈھا۔ پیر فرتوت

**بوڑھا گھاگ** (ا۔ صف) جہاں دیدہ بوڑھا۔ چالاک۔ خرانٹ۔

**بوڑھی** (بو۔ ڑھی) [ہ۔ صف] بوڑھا کی تانیث۔

**بوڑھی جڑوا** (ہ۔ مث) بڑی عمر کی زوجہ۔ سن رسیدہ عورت۔

**بوڑھی ڈھڈو** (ہ۔ مث) بڈھی پھونس۔

**بوڑھی عید** (ا۔ مث) رمضان مبارک کے پورے تیس روزوں کے بعد آنے والی عید۔

**بوڑھی گھوڑی لال لگام** (ا۔ مثل) بڑھاپے میں جوانوں کا سا بناؤ سنگار۔

**بوڑھے** (ا۔ صف۔ مذ) بوڑھا کی جمع۔

**بوڑھے بارے خلق دوارے** (مثل) بوڑھا آدمی در بدر خراب ہوتا ہے

**بوڑھے طوطے کہیں پڑھتے ہیں** (ا۔ مثل) عمر رسیدہ لوگ علم حاصل



Marfat.com

نہیں کر سکتے۔ جس نے جوانی میں کچھ نہیں سیکھا وہ بڑھاپے میں کیا سیکھے گا۔
**بوڑھے منہ مہاسے لوگ چلے تماشے** (مثل) بڑھاپے میں جوانوں کی سی باتیں۔ مہاسہ پھنسی جو جوانی میں نکل آتی ہے۔
**بوڑی** (بو۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] نیزے کی نوک۔
**بوڑیا** (بو۔ڑ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] غوطہ زن۔ ڈبکی لگانے والا۔ غوّاص۔
**بوزا۔ بُوزہ** (بُوزا۔ بو۔زَہ) [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کی شراب جو چنے جو اور چاول وغیرہ کے شیرے سے بنتی ہے۔
**بوزنہ۔ بُوزینہ** (بوز۔نہ۔ بو۔زی۔نہ) [ف۔ا۔مذ] بندر۔ میمون۔
**بوستان** (بوس۔تان) [ف۔ا۔مذ] (۱) باغ۔ باغیچہ (۲) [مث] شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مشہور منظوم کتاب کا نام۔
**بوس وکنار** (بو۔سو۔کَ۔نار) [ف۔ا۔مذ] بوسہ بازی۔ چوما چاٹی۔ چومنا اور بغل میں لینا۔ محبت اور پیار کرنا۔
**بوسہ** [بو۔سہ] [ف۔ا۔مذ] چومنا۔ چوما چاٹی۔ پیار۔
**بوسہ بازی**۔ چوما چاٹی۔ بوسے لینا دینا۔
**بوسہ دینا** (۱) چومنا (۲) تعظیم کرنا۔ عزت دینا۔
**بوسہ زن**۔ بوسہ لینے والا۔ چومنے والا۔
**بوسہ گاہ**۔ وہ مقام جسے چوما جائے۔
**بوسیدگی** (بو۔سی۔دَ۔گی) [ہ۔ا۔مث] پرانا پن۔
**بوسیدہ** (بو۔سی۔دَہ) [ف۔صف] پھٹا پرانا۔ گلا سڑا۔ ٹوٹا پھوٹا
**بُوغ بند** (ف۔مذ) بڑا بقچہ۔ وہ کپڑا جس میں لحاف وغیرہ باندھ کر رکھتے ہیں۔
**بُوغما** (بوغ۔ما) [ف۔ا۔مذ] (۱) گھوڑے کا ایک مرض جس میں اس کے سارے جسم سے پسینہ آتا ہے (۲) چیتھڑے۔ گودڑے (۳) کوڑا کرکٹ (۴) فالتو بے کار (۵) الا بلا۔ بھوت چڑیل (۶) بدشکل عورت۔ بھونڈی (۸) بے اصل۔ بے حقیقت (۹) گلے کا پھوڑا
**بُوق** [ع۔ا۔مث] بگل
**بوقلموں** (بُو۔قل۔مُوں) [ف۔صف] رنگا رنگ۔ مختلف رنگوں کا۔
**بوقلمونی** (بو۔قل۔مو۔نی) [ف۔ا۔مث] رنگا رنگی۔ تنوع۔
**بوک** (ہ۔ا۔مذ) (۱) مست اور جوان بکرا (۲) بوڑھا بکرا۔
**بوکا** (بو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] ٹوکری یا چمڑے کا ڈول۔ جس سے پانی نکالتے ہیں
**بوکھل** (بو۔کھل) [ہ۔صف] گھبرایا ہوا۔ بدحواس۔ وحشی۔
**بوکھلانا** (بوکھ۔لا۔نا) [ہ۔مص] گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔
**بوکھلاہٹ** (بوکھ۔لا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] گھبراہٹ۔ بدحواسی۔
**بوگس** (Bogus) بوگس [انگ۔صف] مصنوعی بناوٹی۔ غیر حقیقی۔
**بوگی** (Bogie) بو۔گی [انگ۔ا۔مث] ریل کا ڈبا۔
**بَول** [ع۔ا۔مذ] پیشاب۔ موت۔
**بول خطا ہونا** (محاورہ) پیشاب نکل جانا۔

**بول وبراز** (ع۔مذ) پیشاب۔ پاخانہ
**بول** (ہ۔ا۔مذ) (۱) سخن۔ بات۔ قول۔ کلام (۲) حکم (۳) طعن تشنیع (۴) گیت کا ٹکڑا۔ بولنا مصدر کا صیغہ امر۔
**بول اُٹھنا** (محاورہ) (۱) بات کرنے لگنا۔ کر دینا (۲) چیخ اٹھنا۔ پکارنے لگنا (۳) ہار مان جانا۔
**بول بالا ہونا** (محاورہ) بات بڑی ہونا (۲) اقبال یاور ہونا۔ دولت کی ترقی ہونا۔ جاہ وجلال کا بڑھ جانا۔
**بول جانا** (محاورہ) (۱) ختم ہونا۔ تمام ہونا (۲) جواب دے دینا۔ ہار جانا۔ تھک جانا (۳) چلا اٹھنا (۴) حواس باختہ ہو جانا (۵) پرانا ہو جانا۔ دم نہ رہنا (۶) دیوالا نکل جانا (۷) برداشت نہ رہنا (۸) استقلال نہ رہنا (۹) کوچ کر جانا (۱۰) سخت سست کہہ جانا۔
**بول چال** (ا۔مث) (۱) گفت وگو۔ بات چیت (۲) گفت وشنید (۳) روزمرہ بولنے کا طریقہ (۴) اتحاد۔ میل۔ ملاپ (۵) تکرار۔ بحث۔
**بول چال ہو جانا** (محاورہ) (۱) آپس میں بات چیت ہونا۔ موافقت ہو جانا (۲) تکرار ہو جانا
**بول دھرنا** (محاورہ) الزام دینا۔
**بول سنانا** (محاورہ) (۱) باتیں سنانا (۲) طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
**بول مارنا** (محاورہ) طعنے دینا۔ سنی ان سنی کرنا۔
**بولا چالی** (بو۔لا۔چا۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بات چیت (۲) لڑائی جھگڑا (۳) ملاپ دوستی۔
**بولانا** (بو۔لا۔نا) [ہ۔مص] بدحواس ہو جانا۔ گھبرانا۔ پاگل سا ہونا۔
**بولر** (Bowler) بو۔لر [انگ۔ا۔مذ] گیند پھینکنے والا۔
**بولنا** (بول۔نا) [ہ۔مص] (۱) بات کرنا۔ بجنا (۲) پرندوں کا خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا (۳) نیلام کی آواز نکالنا۔ بلانا۔ پکارنا (۶) جواب دینا۔ (۷) منت ماننا (۸) حقّے کا آواز دینا۔
**بولنا چالنا** (محاورہ) غصہ کرنا (۲) روکنا۔ ٹوکنا (۳) بے جا بات کہنا۔ (۴) عذر کرنا۔
**بولنگ** (Bowling) بو۔لنگ [انگ۔ا۔مث] گیند پھینکنے کا عمل۔
**بولنگ کریز** (Bowling Crease) وہ خط جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے۔
**بولی** (بو۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گفتگو۔ زبان۔ بھاشا۔ بول (۲) جانوروں کی آواز (۳) کلام (۴) نیلام کی آواز (۵) طعن وتشنیع۔
**بولی بڑھانا** (محاورہ) نیلام میں مال کی قیمت بڑھ کر لگانا۔
**بولی بڑھنا** (محاورہ) نیلام میں قیمت کا زیادہ ہو جانا۔
**بولی بولنے والا** (۱) نیلام کرنے والا (۲) جانوروں کی بولی بولنے والا۔
**بولی ٹھولی** (ا۔مث) آواز سے آواز۔ طعن وتشنیع
**بولی دینا** (محاورہ) نیلام میں قیمت لگانا۔
**بولیاں بولنا** (۱) اپنی اپنی آوازیں نکالنا۔ قسم قسم کی آوازیں نکالنا۔ اپنی



Marfat.com

اپنی رائے ظاہر کرنا (۲) طعنے مارنا۔ آوازے کسنا
بولیاں سُننا۔ طعنے سننا۔ لعن طعن برداشت کرنا۔
بولیاں مارنا (محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔
بُوم (ف ۔ا۔ مذ) اُلو (۲) جگہ۔ مقام (مجازاً) تنہائی پسند۔ منحوس۔ بے وقوف۔
بوم خصلت۔ ویرانہ پسند۔ منحوس۔
بونا (بو۔ نا) [ہ ۔صف] پستہ قد۔ ٹھگنا۔
بونا (بو۔ نا) [ہ ۔مص] تخم ریزی کرنا۔ بیج ڈالنا۔ بوائی کرنا۔
بونا جوتنا۔ کھیت میں بیج ڈالنا اور ہل جوتنا
بونبی (بوں نی) [ق ۔ا ۔مث] ناف۔
بونٹے (ہ ۔ا۔ مذ) (۱) بوٹ۔ سبز کچے چنے (۲) چھوٹا مضبوط گھوڑا
بونٹ پلاؤ۔ سبز چنے کا پلاؤ۔
بوند (ہ ۔ا۔ مث) (۱) قطرہ (۲) نطفہ (۳) ایک قسم کا کپڑا۔
بوند بوند تالاب بھرتا ہے (مثل) تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے
بوند بھر (ا ۔صف) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ بہت کم۔
بوند پڑنا۔ بوند ٹپکنا (گرنا۔ قطرہ گرنا۔
بوند ٹھہرنا (محاورہ) حاملہ ہونا۔ نطفہ ٹھہرنا
بوند کا چُوکا گھڑے ڈھلکائے (مثل) موقع نکل جانے پر بڑی زحمت اٹھانا پڑتی ہے۔
بوندا (بوں۔ دا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) چھوٹی ٹکلی پچی کی (۲) پوست کا ڈوڈا (۳) بڑا قطرہ
بوندا باندی (ا۔ مث) تھوڑی تھوڑی بارش۔ ترشح۔
بوندی (بوں۔ دی) [ہ ۔ا ۔مث] (۱) چھوٹی بوند۔ چھوٹا قطرہ (۲) ایک مٹھائی کا نام۔
بونڈ (Bond) [انگ ۔ مذ] سود والے قرضے کا تمسک جو حکومت جاری کرتی ہے۔ اور میعاد گزر جانے کے بعد مع سود ادا کر دیا جاتا ہے۔ (۲) معاہدہ۔
بونڈری (Boundary) بونڈ۔ ری [انگ ۔ا ۔مث] (۱) حد مینڈھ۔ باڑھ (۲) حد بندی۔
بونڈر (ہ ۔ مذ) گرد باد۔ بگولا۔ چکر کھاتی ہوئی ہوا۔
بونڈی (بوں۔ ڈی) [ہ ۔ا ۔مث] (۱) جوار کی بالی کھلنے کے قریب کی
بونس (Bonus) بونس [انگ ۔ا ۔مذ] (۱) انعام جو ملازمین کو اجرت کے علاوہ دیا جاتا ہے (۲) زائد منافع جو کمپنی کے حصے داروں کو ملے (۳) بیمہ کرانے والوں کا منافع۔
بونگا (بوں۔ گا) [ہ ۔صف] بے وقوف۔ احمق۔ بے موقع اور بے محل بات کرنے والا۔
بونگا (بوں۔ گا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) بھُس کا مخروطی ڈھیر (۲) کھوکھلا بانس
بونگی (بوں۔ گی) [ہ ۔صف] بونگا کی تانیث۔ بے وقوف عورت
بونی (بو۔ نی) [ہ ۔ا ۔مث] بیج بونے کا موسم۔ کھیت میں بیج بونے کا کام۔

بوہابا (بو۔ ہا۔ با) [ہ ۔ا ۔ مذ] آتشک کا بیمار
بوہائی (بو۔ ہا۔ ای) [ہ ۔ا ۔مث] عورت جو آتشک کے مرض میں مبتلا
بوہرا (بوہ۔ را) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) ساہوکار (۲) ایک مسلمان تاجر قوم
بوہری (ہ ۔ مث) بھنے ہوئے جو۔
بوہنی (بوہ۔ نی) [ہ ۔ا ۔مث] پہلی بکری۔ وہ رقم جو دن میں پہلے پہل ملے۔
بوہنی ہونا۔ پہلی بکری ہونا۔
بوئی (بوُ۔ ای) [ا ۔ا ۔مث] (۱) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام (۲) ایک قسم کی گھاس۔
بوئیا (بو۔ ای۔ یا) [ہ ۔ا۔ مذ] چھوٹی اور تنگ منہ کی ٹوکری۔
بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا۔ (ا ۔ مثل) بے مشقت کام بن گیا۔
بویام (بو۔ یام) انگریزی وضع کا مرتبان۔ بیام
بوئے سیاب (وے۔ س۔ یا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) فضول بکنے والا (۲) وہ شخص جسے اغلام کرانے کی علت ہو۔

# ب ۔ ہ

بہ (ہ ۔ا۔ مذ) عورتوں کے کان یا ناک کا وہ چھید جس میں وہ موتی یا زیور پہنتی ہیں
بہ (ف ۔صف) بہتر۔ اچھا۔ عمدہ
بہا (ب۔ ہا) [ف ۔ا ۔ مذ] مول۔ دام۔ قیمت۔
بہا بہا پھرنا (ہ ۔مص) (۱) سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا (۲) کسی چیز کی کثرت یا زیادتی ہونا۔
بہا بہا ڈولنا (ہ ۔ مص) واہی تباہی گھومنا۔ مارا مارا پھرنا۔
بہادر (ب۔ ہا۔ دُر) [ف ۔صف ۔و ۔مذ] (۱) جوانمرد۔ شجاع۔ سورما (۲) دلیر۔ نڈر۔
بہادری (ب۔ ہا۔ دُ۔ ری) [ف ۔ا ۔مث] جرأت۔ دلیری۔ شجاعت جوانمردی۔
بہا دینا (محاورہ) لٹا دینا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔
بہار (ب۔ ہار) [ف ۔ا ۔مث] (۱) پھول کھلنے کا موسم۔ بسنت رُت۔ موسم ربیع (۲) نارنج کا پھول۔ گیندے کا پھول (۳) لطف۔ مزہ رونق۔ جوبن (۴) خوشی۔ شباب (۶) سرسبزی۔ شادمانی۔ تروتازگی (۷) سیر تماشا۔ تفریح (۸) آنند۔ سرور (۹) نشہ کا چڑھاؤ
بہار آنا (محاورہ) موسم بہار آنا (۲) رونق آنا۔ لطف آنا۔
بہار الاپنا (ا ۔صف) بہار کی راگنی گانا۔
بہار پر آنا (محاورہ) (۱) جوان ہونا۔ جوبن پر آنا (۲) پھولوں کا کھلنا۔
بہار دکھانا (محاورہ) سماں دکھانا۔ کیفیت دکھانا۔
بہار دیکھنا (محاورہ) سرسبزی دیکھنا۔ لطف دیکھنا۔
بہار کھلنا (محاورہ) رونق ہونا۔
بہار کے دن (ا ۔صف) بہار کا موسم۔
بہار لوٹنا (محاورہ) عیش کرنا۔ مزے اڑانا (۲) تماشا دیکھنا۔ سیر کرنا۔



Marfat.com

(۳) تباہ و برباد کرنا۔ کسی رونق دار جگہ کو بے رونق کرنا۔
بہاراں (بَ۔ ہا۔ راں) [ف۔ ا۔ مذ] موسم بہار (الف نون زائد ہے)
بہارَن (بُ۔ ہا۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مذ] جھاڑن۔ جھاڑنے کا کپڑا۔
بُہارنا (بُ۔ ہار۔ نا) [ہ۔ مص] جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔
بُہارو (بُ۔ ہا۔ رو) [ہ۔ ا۔ مذ] جھاڑو کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے
بُہاری (بُ۔ ہا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] جھاڑن۔ جھاڑو۔
بِہاری (بِ۔ ہا۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) ہندوستان کے صوبہ بہار سے منسوب (۲) [مذ] بہار کا باشندہ (۳) ایک قسم کا رنگ (۴) ایک قسم کا لیموں (۵) ایک قسم کا سہرا۔ (۶) کرشن جی کا نام۔
بہاگ (ہ۔ مذ) بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ جو رات کے وقت گایا جاتا ہے۔ اس کا مزاج پرسکون ہے۔
بہانا (بَ۔ ہا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) لنڈھانا پانی گرانا (۲) پانی میں بہانا۔ پانی کی رو میں ڈالنا (۳) ضائع کرنا (۴) سستا بیچنا۔ کوڑیوں کے مول بیچنا۔
بہانہ (بَ۔ ہا۔ نہ) (۱) حیلہ۔ عذر۔ ٹال مٹول (۲) دھوکا۔ فریب (۳) ظاہرداری (۴) سبب۔ وجہ۔ وسیلہ (۵) موقع۔ ڈھب۔
بہانہ بنانا (محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹالنا۔
بہانہ جُو (ف۔ صف) بہانہ ڈھونڈنے والا۔ حیلہ گر۔ دھوکے باز۔ فریبی
بہانہ جوئی (ف۔ مث) حیلہ کی تلاش۔
بہانہ چلنا (محاورہ) حیلہ کارگر ہونا۔ تدبیر کا اثر ہونا۔
بہانہ خور (ف۔ صف) مکار۔ بہانہ بنانے والا۔ فریبی۔
بہانہ ڈھونڈنا (محاورہ) موقع تلاش کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا۔ عذر تلاش کرنا
بہانہ ساز (ف۔ صف) حیلہ کرنے والا۔
بہانہ کرنا۔ (محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔
بہانہ ملنا (محاورہ) حیلہ ہاتھ آنا۔
بہانے سے۔ حیلے سے۔
بہانے موت حیلے رزق (مثل) موت کا کوئی سبب ہوتا ہے اور رزق پہنچنے کا کوئی حیلہ ہوتا ہے۔
بہائم (بَ۔ ہا۔ ئِم) [ع۔ ا۔ مذ] بہیمہ کی جمع۔ چوپائے۔ مویشی حیوان
بہاؤ (بَ۔ ہا۔ اؤ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ڈھلاؤ۔ روانی (۲) چڑھاؤ طغیانی
بہائی (بَ۔ ہا۔ ای) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بہاء اللہ کے مذہب کا پیرو (۲) [صف] اس مذہب سے متعلق۔
بہبود (بِہ۔ بُود) [ف۔ ا۔ مث] بہتری۔ نفع۔ فائدہ۔ بھلائی۔
بہت (ہ۔ صف) [بَ۔ ہُت] (۱) زیادہ۔ نہایت (۲) [تابع فعل] کثرت سے۔ افراط سے۔
بہت اچھا (کلمہ ایجاب) (۱) بہت بہتر۔ بالکل مناسب (۲) کیا مضائقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔
بہت اڑنا (محاورہ) ڈدن کی لینا۔ چالاکی کرنا۔
بہت بڑی عمر ہے (محاورہ) ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی شخص ذکر ہو اور وہ آجائے۔

بہت بہت پوچھنا (محاورہ) کسی کو کسی کی مزاج پرسی کا پیغام دینا
بہت بہت سلام کہنا (محاورہ) کسی کو تاکید سے سلام کا پیغام دینا
بہت چل نکلنا (محاورہ) بہت ہوشیار یا چالاک ہو جانا (۲) غرور کرنا۔ اترانا (۳) گستاخ ہو جانا
بہت خاک چھاننا (محاورہ) بہت کوشش کرنا۔ آوارہ گردی کرنا (۳) بہت تلاش کرنا۔
بہت خوب (کلمہ ایجاب) دیکھیے بہت اچھا۔
بہت دم دینا (محاورہ) بہت فریب کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔
بہت دن چڑھنا (محاورہ) آفتاب بلند ہو جانا۔
بہت دن پڑے ہیں (محاورہ) بہت وقت ہے۔
بہت دنوں یاد کرنا (محاورہ) عرصے تک پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
بہت دُور (۱۔ صف) زیادہ فاصلہ (۲) [مجازاً] بڑا چالاک۔ بہت ہوشیار۔
بہت رات آئی (محاورہ) رات کا کافی حصہ گزر گیا
بہت سر پٹخا (محاورہ) بڑی کوشش کی۔ بہت سمجھایا۔
بہت قریب زیادہ رقیب (مثل) قرابتی کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔
بہت قصائیوں میں گائے مردار (مثل) بہت صلاح کاروں سے کام خراب ہوتا ہے۔
بہت کٹ گئی تھوڑی رہ گئی (مثل) تھوڑی سی زندگی رہ گئی ہے
بہت کرکے عموماً۔ اکثر۔ بکثرت۔ باوجود۔
بہت گھول میل ہے (محاورہ) بڑا یارانہ ہے۔ بہت میل جول ہے
بہت مار میں آدمی تو یہ بھول جاتا ہے (۱۔ مثل) جب ہر طرف سے حملہ ہو تو آدمی بدحواس ہو جاتا ہے۔
بہت مار میں رونا نہیں آتا (۱۔ محاورہ) بہت تکلیف میں شکایت نہیں کی جاتی۔
بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (مثل) زیادہ دوستی اور بے تکلفی میں لڑائی ہو جاتی ہے۔ زیادہ میل کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔
بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکو (مثل) بہت عیب والوں میں ایک بے عیب بھی عیب والا سمجھا جاتا ہے۔
بہت ننھا کاتتے ہو (مثل) بڑے غور سے کام لیتے ہو۔
بہت ہو گا (محاورہ) زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا۔
بہت ہے (مقولہ) برکت ہے (۲) نہیں ہے۔
بہتا (بَہ۔ تا) [ہ۔ صف] جاری۔ بہتا ہوا۔ تیرتا ہوا۔
بہتا ہوا جوڑا (محاورہ) جلد جلد انڈے دینے والا کبوتروں کا جوڑا
بہتے پانی میں ہاتھ دھونا۔ بہتے دریا میں ہاتھ دھونا۔ بہتی گنگا میں چلو بھرنا۔ (۱۔ مثل) اچھے حالات سے فائدہ اٹھانا۔ کسی کی فیاضی سے فائدہ اٹھانا۔
بہتات (بَہ۔ تا۔ ت) [ہ۔ ا۔ مث] کثرت۔ زیادتی۔ افراط۔ فراوانی۔
بہتان (بُہ۔ تان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تہمت۔ افترا۔ الزام (۲) عیب۔ بدنامی۔ کلنک۔



Marfat.com

**بہتان اٹھانا** (محاورہ) الزام لگانا۔ تہمت لگانا
**بہتان باندھنا۔** بہتان جوڑنا۔ بہتان دھرنا۔ بہتان دینا۔ بہتان رکھنا۔
**بہتان لگانا۔** الزام لگانا۔ عیب دھرنا۔
**بہتان لینا** (محاورہ) اعتراض لینا۔
**بہتر** (بہ۔ تر) [ف۔ صف] (۱) اعلیٰ۔ عمدہ۔ افضل (۲) زیادہ اچھا (۳) (کسی بات یا حکم کے جواب میں) بہت خوب۔
**بہتر** (ب۔ ہت۔ تر) [ہ۔ صف] (۱) ستر اور دو ۷۲ (۲) اظہار کثرت کیلیے
**بہتری** (بہ۔ تَ۔ ری) [ف۔ا۔ صف] (۱) بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ فائدہ (۲) فضیلت۔ بڑائی۔ بزرگی
**بہترین** (بہ۔ تَ۔ رین) [ف۔ صف] سب سے اچھا۔
**بہتیرا** (ب۔ ہُ۔ تے۔ را) [ہ۔ صف] زیادہ۔ بہت زیادہ۔ کافی
**بہتیرے پاؤں پیٹے** (محاورہ) بہت کوشش کی۔ بڑی مشقت کی
**بہتیری** (ب۔ ہُ۔ تے۔ ری) [ہ۔ صف] بہتیرا کی تانیث۔
**بہجت** (ع۔ مث) تازگی۔ خوشی۔ شادمانی۔ انتہائی مسرت۔
**بہدانہ** (بہ۔ دا۔ نہ) [ہ۔ ا۔ مذ] بہی کا بیج۔ ایک مشہور دوا کا نام۔
**بہر عنوان۔** ہر طرح۔ ہر طریقے سے۔
**بہرا** (بہ۔ را) [ہ۔ صف۔ وا۔ مذ] وہ شخص جو سن نہ سکے۔
**بہرا بادل۔** بہرا بھنڈ۔ اونچا سننے والا۔
**بہرا بہشتی، اندھا دوزخی** (مقولہ) بہرا برائی بھلائی نہ سننے کے باعث نیک ہوتا ہے اور اندھے کی نیت نہ دیکھنے کے سبب ڈانواڈول رہتی ہے۔
**بہرا پتھر** (ا۔ صف) وہ شخص جس کی سننے کی قوت بالکل زائل ہوگئی ہو
**بہرا سو گہرا** (مقولہ) بہرا بڑا چالاک ہوتا ہے۔
**بہرام** (بہ۔ رام) [ف۔ا۔ مذ] (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ مریخ (۲) عراق کے ایک بادشاہ کا نام جسے گورخر کے شکار کا بہت شوق تھا اسے عام طور پر بہرام گور کہتے ہیں۔
**بہروپ** (بہ۔ رُوپ) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) دھوکا۔ مکر۔ فریب (۲) سوانگ بھیس۔
**بہروپ بدلنا** (محاورہ) بھیس بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ بنا روپ دکھانا
**بہروپ (بھرنا) لانا** (محاورہ) وضع اختیار کرنا۔ سانگ بنانا۔ نئی حالت میں نظر آنا۔
**بہروپیا** (بہ۔ رُوپ۔ یا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) نقال۔ سانگ بنانے والا (۲) مکار اور فریبی شخص
**بہرہ** (بہ۔ رَہ) [ف۔ا۔ مذ] (۱) نصیب۔ قسمت (۲) حصہ۔ بھاگ۔ (۳) دلیری۔ حوصلہ۔
**بہرہ رکھنا** (محاورہ) حصہ دار ہونا (۲) کچھ ملنا (۳) دسترس رکھنا۔
**بہرہ کھلنا** (محاورہ) نصیب کھلنا۔ قسمت یاور ہونا۔ بھاگ جاگنا۔ حصہ ملنا۔ دل روشن ہونا۔ (۳) بڑا بھلا کہنا۔
**بہرہ مند، بہرہ ور، بہرہ یاب** (ف۔ صف) صاحب قسمت۔ خوش قسمت۔ فائدہ اٹھانے والا۔

**بہرہ مندی** (ف۔ مث) خوشحالی۔ اقبال مندی۔ خوشی۔
**بہری** (بہَ۔ ری) [ہ۔ا۔ مث] ایک شکاری پرندہ (۲) [صف] وہ عورت جس کی قوت سماعت جاتی رہے۔
**بہُریا** (بُ۔ ہر۔ یا) [ہ۔ا۔ مث] بہو کی تصغیر۔ بیٹے کی بیوی۔ کسی پدر دہ لڑکے کی بیوی۔ لونڈی کے بیٹے کی جورو۔
**بہزار دقت۔** بڑی مشکل۔ مصیبت سے۔
**بہشت** (ب۔ ہشت) [ف۔ا۔ مذ و مث] (۱) جنت۔ فردوس۔ باغ (۲) عیش و آرام کا مقام۔ فضا کی جگہ۔
**بہشت بریں** (ف۔ مذ) سب سے اعلیٰ درجہ کی جنت۔
**بہشت شداد** (ف۔ مذ) شداد ایک بادشاہ گذرا ہے۔ جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور ایک باغ تیار کرایا تھا جسے وہ بہشت کہتا تھا۔ اس میں اسے جانا نصیب نہ ہوا۔
**بہشت کا جانور** [ا۔ مذ] (مجازاً) مور۔ طاؤس۔
**بہشت کا میوہ** (ا۔ مذ) [مجازاً] انار۔ انجیر۔
**بہشت کی قمری** (ا۔ مث) کنچنی۔ ناچنے گانے والی عورت۔
**بہشت کی ہوا** (ا۔ صف) خوشگوار ہوا۔ نسیم سحری۔
**بہشت میں لات مارنا** (۱) نیکوں کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۲) ماں باپ سے بدسلوکی سے پیش آنا (۳) خدا کی نعمتوں کی ناشکری کرنا۔
**بہشتا** (ب۔ ہش۔ تا) [ا۔ا۔ مذ] سقہ۔
**بہشتن** (ب۔ ہش۔ تن) [ا۔ا۔ مث] بہشتی کی تانیث۔ پانی پلانے والی عورت۔
**بہشتی** (ب۔ ہش۔ تی) [ف۔ صف] (۱) بہشت کا رہنے والا (۲) جنتی بھلا آدمی۔ نیکوکار (۳) [ا۔ مذ] ماشکی۔ پانی بھرنے والا سقا۔
**بہک** (ب۔ ہک) [ہ۔ا۔ مث] (۱) گمراہی۔ غلطی۔ لغزش (۲) شراب کے نشے میں بڑبڑاہٹ۔ بدمستی (۳) بہکی باتیں۔ ایسی باتیں جن کا سر پیر نہ ہو۔ (۴) بہکنا مصدر کا صیغہ امر۔
**بہک اٹھنا** (محاورہ) نشے میں بکنا۔ ترنگ میں آنا (۲) باؤلی باتیں کرنا بڑبڑانا (۳) غلطی کرنا۔
**بہک جانا** (محاورہ) گمراہ ہوجانا۔ غلطی کرنا (۲) بدمست ہوجانا۔ (۳) دھوکا کھانا۔
**بہک چلنا** (محاورہ) (۱) اترانا۔ مغرور ہونا (۲) بہکانے میں آنا۔ مست ہونا
**بہکا بہکا پھرنا** (ا۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔
**بہکا لے جانا** (محاورہ) [ہ۔ مص] کسی کو دھوکا دے کر بھگا لے جانا
**بہکانا** (بہ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ورغلانا۔ فریب دینا (۲) اغوا کرنا۔ بھگا لے جانا (۳) غلطی کرانا (۴) جھوٹی امید بندھانا (۵) کان بھرنا۔ بدگوئی کرنا (۶) سست کرنا۔
**بہکاوا** (بہَ۔ کا۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔
**بہکاوے میں آنا** (محاورہ) (۱) دھوکے میں آنا (۲) محابت پر بھولنا۔ (۳) فریب میں آنا۔
**بہکاوٹ** (بہ۔ کا۔ وٹ) [ہ۔ا۔ مث] دم۔ فریب۔ جھانسا۔

بھکنا (بَ۔ہک۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھٹکنا (۲) دھوکا کھانا (۳) پھسلنا (۴) نشہ، نیند، ہذیان یا بخار میں بکنا (۵) لڑکھڑانا (۶) نشے میں شور مچانا۔ (۷) اترانا۔
بہکی بہکی باتیں کرنا (ہ۔ محاورہ) بے سر و پا باتیں کرنا۔ الٹی پلٹی باتیں کرنا
بہکی ہوئی آواز (ہ۔ا۔مث) بے سُری آواز۔ آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو۔
بہل (بَ۔ہل) [ہ۔ا۔مث] سواری کی بیلوں کی گاڑی۔ بہلی
بہلا (بَہ۔لا) [ہ۔صف] بانجھ گائے بکری وغیرہ
بہلا دینا (محاورہ) بچوں کو رونے سے باز رکھنے کے لیے کھیل میں لگا دینا، دوسری طرف متوجہ کر دینا۔
بہلانا (بَہ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کھیل میں لگانا۔ بچے کو رونے سے باز رکھنا۔ دل خوش کرنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
بہلاوا (بَہ۔لا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] تفریح۔ دل خوش کرنے کا مشغلہ۔
بہلنا (بَ۔ہل۔نا) [ہ۔مص] (۱) سیر تماشے سے خوش ہونا۔ تفریح ہونا (۲) دوسری طرف جی لگ جانا۔
بہلہ (بَہ۔لہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) نقدی اور کاغذات رکھنے کا بڑا بٹوا (۲) چمڑے کا دستانہ جو شکاری لوگ ہاتھ میں پہن کر اس پر باز وغیرہ بٹھاتے ہیں۔
بہلی (بَہ۔لی) [ہ۔ا۔مث] یکے کی مانند بیلوں کی چھوٹی گاڑی۔
بہلیا (بَہ۔ل۔یا) [ہ۔ا۔مذ] بہل یا بہلی ہانکنے والا۔
بہلیا (بَ۔ہل۔یا) [ہ۔ا۔مذ] پرندوں کا شکاری۔ مسلح
بہم (بَ۔ہم) [ف] باہم کا مخفف۔ اکٹھے۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔
بہم آنا (محاورہ) حاصل ہونا۔ میسّر آنا۔ مہیا ہونا۔ دیا جانا۔
بہم پہنچانا۔ مہیا کرنا۔ فراہم کرنا۔
بہم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا۔
بہم دیگر۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔
بہمن (بَہ۔من) [ف۔ا۔مذ] (۱) چالاک۔ ذہین (۲) برستا ہوا بادل (۳) دھوپ سے پگھل کر پہاڑ سے نیچے گرنے والی برف (۴) ایرانی گیارھواں مہینہ (۵) لدو جانوروں کا مؤکل (۶) [مث] ایک بوٹی
بہن (بَ۔ہِن، بَ۔ہن) [ہ۔ا۔مث] (۱) ہمشیرہ۔ خواہر۔ باجی۔ (۲) سہیلی۔
بہن بھلی نہ بھیّا سب سے بھلا روپیہ (مثل) روپیہ سب سے بڑی چیز ہے۔
بہن کے گھر بھائی کتا، سسرے گھر جنوائی کتا (بہن کے گھر بھائی اور خسر کے گھر داماد کے پڑے رہنے سے ان کی کوئی عزت نہیں ہوتی
بہنیں بہنیں آپس میں لڑیں لوگوں نے جانا بیر پڑا (مثل) عزیزوں میں تکرار سے دشمنی نہیں ہو جاتی۔
بہن (ب۔ہن) [ہ۔ا۔مذ] بیج جسے کاشتکار بوتے ہیں۔
بہنا (بَہ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جاری ہونا۔ رواں ہونا (۲) پھیل جانا (۳) حمل گرنا (۴) مواد نکلنا (۵) پگھلنا (۶) برباد ہونا۔ خراب ہونا۔ غارت ہونا۔ پریشان ہونا (۷) تتّر بتّر ہونا (۸) کثرت سے انڈے دینا۔ (۹) [مث] بہن کی تصغیر۔
بہنا (بِہ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] دھنا۔ ندّاف۔ روئی بنجنے والا۔
بہناپا (بَہ۔نا۔پا) [ہ۔ا۔مذ] دوستی۔ سہیلی پن۔ بہن بننا۔
بہناپا (جوڑنا) کرنا۔ سہیلی بننا۔ دوستی کرنا۔
بہنگم (بے۔ہن۔گم) [ہ۔صف] "بے ہنگم" کا مخفف۔ بے ڈول۔ بدقطع۔ بدنما۔
بہنگی (بَہن۔گی) [ہ۔ا۔مث] وہ لکڑی جس کے دونوں طرف رسیاں لٹکتی ہیں جن پر بوجھ لاد کر کندھے پر اٹھا کر لے جاتے ہیں۔
بہنوئی (بَہ۔نو۔ای) [ہ۔ا۔مذ] بہن کا خاوند۔ دولہا بھائی۔
بہنی (بَہ۔نی) [ہ۔ا۔مث] دکان کھولنے کے بعد پہلی بکری۔
بہنیلی (بَہ۔نے۔لی) [ہ۔ا۔مث] سہیلی۔ منہ بولی بہن۔
بہو (بَہ۔ہو) [ہ۔ا۔مث] (۱) بیٹے کی جورو (۲) معزز ہندو عورت
بہو بیٹی تکنا (محاورہ) غیر عورت پر بری نظر ڈالنا۔
بہو باتوں بڑی کرتب (مقولہ) بے ہنر زبان دراز عورت کے متعلق کہتے ہیں۔
بہو بیگم نام رکھنا۔ اپنے آپ کو معزز اور بڑا جتانا۔
بہوجی (ا۔صف) (۱) عزت دار عورت (طنزاً) وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے۔ زنانہ۔
بہو رہی کنواری، ساس رہی داری، بہو آئی بیاہی، پڑ گئی خوار ہی (مثل) منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر مدارات کی جاتی ہے۔ لیکن بیاہ کے بعد جھگڑے فساد شروع ہو جاتے ہیں۔
بہولانا (محاورہ) بیٹا بیاہنا۔
بہوار (بِہ۔وار) [ہ۔ا۔مذ] لین دین معاملت۔
بہوار کی بات (ہ۔مث) لین دین کی بات۔ ٹھیک ٹھیک بات معاملے کی بات۔
بہوڑا (بَ۔ہوڑ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) واپسی کا کھانا۔ ولیمہ (۲) دلہن کے ساتھ جو کھانا برات کی واپسی کے وقت بھیجا جاتا ہے
بہی (بَ۔ہی) [ہ۔ا۔مث] وہ رجسٹر جس میں حساب وغیرہ لکھتے ہیں روزنامچہ۔
بہی پر (اتارنا) چڑھانا (محاورہ) بہی پر نقل کرنا۔ یادداشت میں درج کرنا۔ بہی میں لکھنا۔
بہی خسرہ (ہ۔ف۔مذ) روزنامچہ
بہی دھوڑا (ہ۔مذ) پرکھے ہوئے حساب کی بہی۔
بہی کھاتا۔ روزنامچہ۔ حساب کی کتاب۔ نام بنام۔ آمد و خرچ کا حساب
بہی (بِ۔ہی) [ہ۔ا۔مث] ایک پھل کا نام جو سیب سے مشابہ ہے اور کابل و کشمیر میں پیدا ہوتا ہے
بہیر (بَ۔ہیر) [ہ۔ا۔مث] (۱) فوج کے متعلقین اور سامان فوج۔ فوج کے بازار کا ملازم۔
بہیر بھنگا۔ بہیر و بھنگا (صحیح بہیر و بنگاہ ہے) فوج کے شاگرد پیشہ



Marfat.com

اور خیمہ و خرگاہ۔

**بہیڑا** (بَ۔ ہے۔ ڑا) [ہ۔ا۔مذ] بلیلہ۔ ایک قسم کی جڑ

**بہیمہ** (ع۔ مذ) چرپایہ۔ مویشی۔

**بہیمی** (ع۔ مث) حیوانیت۔

## بھ

**بھابھر** (بھا۔ بھر) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جس سے رسیاں بٹی جاتی ہیں (۲) ہلکے سیاہ رنگ کی مٹی۔

**بھابی۔ بھابھی** (بھا۔ بی۔ بھا۔ بھی) [ہ۔ا۔مث] بھائی کی بیوی بھاوج

**بھاپ** [ہ۔ا۔مث] دھواں۔ بخارات۔

**بھاپ بھرانا** (محاورہ) پرندوں کا مُنہ سے اپنے بچوں کے پیٹ میں ہوا بھرنا

**بھات** (ہ۔ا۔مذ) (۱) اُبلے ہوئے چاول (۲) خشکا (۳) جو سامان بطور امداد بھائی کی طرف سے بہن کے ہاں کسی تقریب میں بھیجا جائے (۴) میٹھے چاول جو ہندو سیتلا پر چڑھاتے ہیں۔

**بھات چھوڑا جاتا ہے ساتھ نہیں چھوڑا جاتا** (مثل) باوضع لوگ نقصان برداشت کر لیتے ہیں۔ لیکن مروت ترک نہیں کیا کرتے

**بھات ہوگا تو کوے بہت آ رہیں گے** (مثل) دولت ہوگی تو خوشامدی بہت مل جائیں گے۔

**بھاتی** (بھا۔ تی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شادی کا بھات لے کر آنے والا۔ (۲) وہ سامان جو ننہال کے لوگ شادی میں لائیں۔

**بھاٹ** [ہ۔ا۔مذ] (۱) تعریف کر کے سب کو بھلانے والا۔ خوشامدی (۲) گیت بنانے یا سنانے والا (۳) وہ برہمن جن کا کام خاندانی شجرے یاد رکھنا اور بیاہ وغیرہ کے موقع پر لوگوں کو سنانا ہوتا ہے۔

**بھاٹ، بھٹیاری، بیسوا، تینوں جات کجات، آنے کا آدر کریں جاتے نہ پوچھیں بات** (ہ۔ مثل) یہ تینوں گروہ مطلب پرست ہوتے ہیں۔ فائدہ کی امید پر آنے والے کی خاطر تواضع کرتے ہیں مگر واپسی کے وقت قطعاً پروا نہیں کرتے۔

**بھاٹا** (بھا۔ ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تنزل۔ آتار۔ کمی پر ہونا۔ سمندر کا پانی اترنا۔ (۲) بلیکی۔

**بھاجڑ** (بھا۔ جڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) سامان اسباب۔ اثاثہ (۲) پریشانی حیرانی۔

**بھاجی** (بھا۔ جی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پکا ہوا ساگ یا ترکاری (۲) وہ کھانا جو کسی تقریب میں برادری کے لوگوں میں تقسیم کیا جائے (۳) حصہ بخرا۔ کھانے پینے کی چیز کا حصہ

**بھاجی بٹ جانا** (محاورہ) کسی چیز کا تقسیم ہو کر ختم ہو جانا [مجازاً] کسی امر کا عام ہو جانا۔ گھر گھر شہرت پا جانا۔

**بھاجی کی بھاجی گیا دوسرے کی محتاجی** (مثل) احسان کے بدلے احسان کر دینا چاہیے۔ دوسرے کا احسان اپنے سر پر نہ رکھنا چاہیئے۔

**بھادوں** (بھا۔ دُوں) [ہ۔ا۔مذ] ہندی سال کا پانچواں مہینہ جو نصف اگست سے نصف ستمبر تک رہتا ہے۔

**بھادوں سے بچے تو پھر ملیں گے** (مثل) اگر بھادوں میں زندہ رہے تو پھر ملیں گے (بھادوں میں اکثر وبائیں پھیلتی ہیں)۔

**بھادوں کا جھالا** (ہ۔ مذ) بھادوں کی بارش جو مقدار میں کم ہوتی ہے مگر زوردار ہوتی ہے۔

**بھادوں کا جھلا ایک سینگ سوکھا ایک گیلا** (مثل) بھادوں کی بارش عام نہیں ہوتی ہے۔ تھوڑی سی ایک جگہ تھوڑی سی دوسری جگہ۔ یہاں مبالغہ سے کام لیا گیا ہے۔

**بھادوں میں برکھا ہو وے تو کال پچھوکڑ رووے** (مثل) بھادوں کی بارش فصلوں کے لیے اچھی ہوتی ہے۔ بھادوں کی بارش سے قحط کا خطرہ نہیں رہتا۔

**بھادوں کی بھرن**۔ بھادوں کے مہینے کی بارش جس سے تالاب اور کھیت وغیرہ بھر جاتے ہیں۔

**بھار** (ہ۔ مذ) (۱) بوجھ۔ وزن (۲) ناگوار۔ احیرن۔

**بھارکس** (ہ۔ صف) (۱) بارکش کا بگاڑ۔ چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی (۲) وہ کسم جو کبھی بایکے کے پیٹ سے لپٹا رہتا ہے۔

**بھاری** (بھا۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) وزنی۔ بوجھل (۲) دو بھر۔ ناگوار۔ (۳) منحوس۔ وبال جان (۴) آسیب زدہ (۵) وہ چیز جس پر بہت سا کلابتونی کام کیا ہوا ہو (۶) بیش قیمت (۷) لمبا۔ دراز (۸) مشکل (۹) خوفناک (۱۰) غالب (۱۱) مضبوط (۱۲) بڑی۔ ضخیم (۱۳) ثقیل۔ دیر ہضم (۱۴) ... (۱۵) جسیم موٹا۔

**بھاری آواز** (ہ۔ مث) موٹی آواز جو قدرتی طور پر بھدی ہو۔

**بھاری بھرکم** (ط۔ صف) (۱) موٹا تازہ (۲) عزت والا (۳) بردبار۔ سنجیدہ متین۔ باوقار۔

**بھاری پتھر** (ہ۔ مذ) وزنی پتھر (مجازاً) وزنی چیز۔ قابو سے باہر۔

**بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا** (محاورہ) مشکل سمجھ کر کسی کام سے دستبردار ہو جانا۔

**بھاری پیر (پاؤں)** (ہ۔ صف) حاملہ۔

**بھاری رات** (ہ۔ مث) تکلیف دہ رات۔ غم کی رات۔ لمبی رات

**بھاری لگنا** (محاورہ) دوبھر ہونا۔ ناگوار معلوم ہونا۔

**بھاری منزل** (ہ۔ مث) دُور دراز کی منزل۔ کڑی منزل

**بھاری ہونا** (محاورہ) (۱) وزنی ہونا (۲) قیمتی ہونا (۳) سخت مشکل معلوم ہونا (۴) ناگوار ہونا (۵) غالب آنا۔

**بھاڑ** (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ چولھا جس میں بھڑبھونجے چنے بھونتے ہیں (۲) بھٹی۔ تنور

**بھاڑ پڑ بھن رہا ہے** (محاورہ) سخت گرمی ہے (۲) تیز بخار ہے

**بھاڑ جھونکنا** (محاورہ) (۱) بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالتے رہنا (۲) ذلیل و خوار ہونا (۳) بے ہنر رہنا۔ کوئی فن یا ہنر نہ جاننا۔

**بھاڑ سا بھُننا** (محاورہ) کثرت سے کثیل ہونا۔



Marfat.com

**بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا** (مثل) کم مصیبت سے نکال کے زیادہ مصیبت میں ڈال دیا۔
**بھاڑ میں پڑے (جائے)** (دعائیہ) چولھے میں جائے۔ آگ لگے ہمارے کس کام کا۔
**بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان** (مثل) سنگار اتنا ہی زیبا ہے جو تکلیف کا موجب نہ ہو۔ بھاری بالی ڈال کر کان توڑ لینے کا کیا فائدہ۔ وہ دولت کس کام کی جو تکلیف کا سبب بنے۔
**بھاڑ میں جھونکنا۔ بھاڑ میں ڈالنا** (محاورہ) (۱) آگ میں ڈالنا (۲) ضائع کرنا (۳) تذکرہ نہ کرنا۔ نام نہ لینا۔
**بھاڑا** (بھا۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کرایہ۔ محصول۔ اجرت (۲) دودھ دینے والی گائے یا بھینس کا خاص چارہ جو دودھ دینے سے پہلے انہیں دیا جائے۔
**بھاڑے کا ٹٹو** (ہ۔ صف) (۱) کرائے کا گھوڑا [مجازاً] وہ چیز جس کی ہمیشہ مرمت ہوتی رہے (۳) کام کرنے کے لیے نشے کا محتاج (۴) وہ شخص جو اجرت پر کام کرے۔
**بھاشا** (بھا۔ شا) [س۔ ا۔ مث] (۱) زبان۔ بولی (۲) روزمرہ کی گفتگو (۳) ہندی زبان۔
**بھاکا۔ بھاکھا** (بھا۔ کا، بھا۔ کھا) [ہ۔ ا۔ مث] دیکھیے بھاشا۔
**بھاگ** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) حصہ۔ بخرا۔ ٹکڑا (۲) قسمت۔ نصیب (۳) ورثہ (۴) محصول (۵) تقسیم (۶) اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔
**بھاگ** (۱) بھاگنا مصدر کا امر۔ چلے جاؤ۔ چل دو۔
**بھاگ بھری** (ہ۔ صف۔ مث) (۱) خوش نصیب عورت (۲) ہندو عورتوں کے ایک تہوار کا نام (۳) [طنزاً] بد قسمت عورت
**بھاگ پھوٹنا** (محاورہ) قسمت بگڑنا۔
**بھاگ جاگنا۔ بھاگ کھلنا۔ بھاگ لگنا** (محاورہ) قسمت کا اچھا ہونا۔ عزت پانا۔ اچھے دنوں کا آجانا۔ خوش حال ہونا۔
**بھاگ لگنا** (محاورہ) نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ دن پھرنا۔
**بھاگوان** (۱) اقبال مند۔ صاحب نصیب (۲) دولت مند (۳) سخی۔ فیاض (۴) سعادت مند۔ بھلا مانس۔ شریف (۵) صاحب اولاد۔ دودھ پوت والا (۶) [طنزاً] بدنصیب۔ بدقسمت۔
**بھاگا بھاگ، بھاگم بھاگ، بھاگوں بھاگ** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بھاگنے کی ہلچل (۲) [تابع فعل] تیزی اور جلدی سے۔ جھپٹ کر۔
**بھاگتے بھوت (چور) کی لنگوٹی ہی سہی** (مثل) جاتی ہوئی چیز یا ڈوبی ہوئی رقم کا جو حصہ بھی مل جائے غنیمت ہے۔
**بھاگتے راستہ نہ ملنا** (ہ۔ مص) جواب نہ بن پڑنا۔ جواب دینے کے قابل نہ رہنا۔ عاجز اور مغلوب ہو جانا۔
**بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے** (مثل) بزدل اور نامرد شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ جو بہادری کی لاف مارے مگر کر کچھ نہ سکے۔
**بھاگ جانا** (ہ۔ مص) (۱) فرار ہو جانا۔ چلا جانا (۲) پیٹھ دکھا دینا (۳) ہمت ہار دینا (۴) شکست کھانا (۵) کام چھوڑ دینا (۶) بے وفائی کرنا (۷) حسب وعدہ پورا نہ اترنا (۸) تیزی سے جانا۔
**بھاگڑ** (بھا۔ گڑ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بھاگ دوڑ (۲) شکست (۳) بے سروسامانی سے بھاگنا۔
**بھاگڑ پڑنا (مچنا)** (محاورہ) ہلچل مچنا۔ شکست ہو جانا۔ بدانتظامی ہونا بے ترتیبی۔
**بھاگنا** (بھاگ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) دوڑنا۔ فرار ہونا (۲) پیٹھ دکھانا (۳) پرہیز کرنا (۴) بے وفائی کرنا۔
**بھاگو** (بھا۔ گو) [ہ۔ صف] بھاگ جانے والا۔ بھگوڑا
**بھاگوں بھاگ کرنا** (محاورہ) بھاگنے پر تلا ہونا۔ دوڑے دوڑے آنا۔ بھاگنے پر آمادہ ہونا۔
**بھال** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) راجپوتوں کی ایک ذات (۲) برچھی کا پھل۔ انی (۳) تیر کی نوک۔ سنگین کی نوک (۴) دیکھ کے ساتھ بطور تابع فعل مستعمل ہے۔ (دیکھ بھال)
**بھالا** (بھا۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] برچھا۔ نیزہ
**بھالنا** (بھال۔ نا) [ہ۔ مص] دیکھنا۔ تلاش کرنا (دیکھنا کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے۔
**بھالو** (بھا۔ لو) [ہ۔ ا۔ مذ] ریچھ
**بھان** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سورج۔ آفتاب (۲) اجالا۔ نور۔ چمک (۳) [مث] ریزگاری۔ ریزہ۔ ٹکڑا (۴) بہن [ق]
**بھانا** (بھا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ گوارا ہونا (۲) راس آنا
**بھانپ لینا** (محاورہ) جانچ لینا۔ سمجھ لینا۔ تاڑ لینا۔ پہچان لینا۔
**بھانپنا** (بھانپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) صورت سے جانچ لینا (۲) تاڑنا۔ پہچاننا (۳) غور سے دیکھنا۔
**بھانپو** (بھان۔ پو) [ہ۔ ا۔ مذ] بھانپنے والا۔ جانچنے والا۔ تاڑو۔ تاڑنے والا
**بھانت** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) طرح۔ قسم (۲) انداز۔ طور۔ طریقہ۔ رنگ ڈھنگ وضع قطع۔
**بھانت بھانت کا** (ہ۔ صف) طرح طرح کا۔ مختلف قسموں کا۔ الگ الگ وضع قطع کا۔
**بھانت بھانت کی بولیاں بولنا** (ہ۔ صف) اپنی اپنی رائے کے مطابق باتیں کرنا۔ مختلف آوازیں نکالنا۔
**بھانتیا** (بھانت۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک عمدہ قسم کا کبوتر جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں۔
**بھانج** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ کمی جو روپیہ بھناتے وقت دینی پڑے (۲) روپے کا خوردہ۔
**بھانجا** (بھان۔ جا) [ہ۔ ا۔ مذ] بہن کا بیٹا۔ ہمشیرزادہ۔
**بھانجنا** (بھانج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) رسی کا بٹنا۔ بل دینا (۲) فرمے کو موڑنا چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا۔
**بھانجی** (بھان۔ جی) [ہ۔ ا۔ مث] بہن کی بیٹی۔ خواہرزادی۔
**بھانجی** (بھان۔ جی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) روک۔ آڑ (۲) برائی (۳) چغلی



Marfat.com

بھاجی خور (صف) کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا۔ خلل انداز (۲) چغل خور۔

بھاجی مارنا (محاورہ) رخنہ ڈالنا۔ خلل انداز ہونا (۲) چغلی کھانا۔ خرابی ڈالنا

بھانڈ (ہ۔ا۔مذ) (۱) نقال۔ مسخرا (۲) پیٹ کا ہلکا (۳) جھوٹی تعریف کرنے والا (۴) کسی کی برائی بیان کرنے والا (۵) راز فاش کرنے والا

بھانڈ بھگتیے (ا۔مذ) نقالوں کا پیشہ کرنے والے۔

بھانڈا (بھاں۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مٹی کا برتن۔ مٹکا (۲) بھید۔ راز۔ پوشیدہ بات۔

بھانڈا پھوٹ جانا (پھوٹنا) (محاورہ) بھید کھل جانا۔ راز افشا ہونا۔

بھانڈا پھوڑ۔ راز فاش کرنے والا۔ پیٹ کا ہلکا۔ چغل خور۔

بھانڈا پھوڑنا (۱) راز فاش کرنا (۲) عیب کا کھولنا۔ نقص کا ظاہر کرنا

بھانگ [ہ۔ا۔مث] بھنگ۔

بھان متی (بھان۔م۔تی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مداری۔ شعبدہ باز (۲) دھوکا باز۔ فریبی

بھان متی کا سوانگ (ا۔مذ) (۱) تماشا جو بھان متی دکھاتے ہیں (۲) [مجازاً] وہ معاملہ جو سمجھ میں نہ آئے۔ حیرت انگیز بات۔

بھان متی نے کنبہ جوڑا کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا (۱) مثل بے میل رشتہ جتانا۔ واہی تباہی لوگوں کا مجمع۔

بھاننا (بھان۔نا) [ہ۔مص] (۱) بل دینا (۲) خراد پر چڑھانا (۳) گھمانا پھیرنا (۴) رٹنا۔ بار بار کہنا۔ (۵) توڑنا

بھانور۔ بھانوری (بھان۔ور، بھان۔و۔ری) [ہ۔ا۔مث] بھنور گردش۔ چکر۔

بھانوری پھرنا (محاورہ) (۱) گرد پھرنا۔ قربان ہونا (۲) ہندوؤں کی رسم کے مطابق عروس و نوشہ کا ساتھ ساتھ آگ کے گرد طواف کرنا تاکہ بیاہ مکمل ہو جائے۔

بھانویں (بھا۔ویں) [ہ] (۱) نزدیک۔ حساب میں (۲) اثر۔ خیال۔ توجہ (۳) خواہ۔ چاہے۔

بھاوج (بھا۔وج) [ہ۔ا۔مث] بھائی کی بیوی۔

بھاؤ (بھا۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) حالت۔ کیفیت۔ روپ۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق (۲) مول قیمت۔ دام۔ نرخ (۳) شرح (۴) سمجھ۔ مت (۵) عادت (۶) محبت۔ الفت (۷) نخرہ۔ ناز و ادا (۸) عزت۔ خاطر تواضع۔

بھاؤ اترنا (محاورہ) نرخ ارزاں ہونا۔ قیمت گھٹنا۔ سستا ہونا۔

بھاؤ بتانا (محاورہ) (۱) حالت ظاہر کرنا (۲) نرخ بتانا (۳) ناچ گانے میں ہاتھوں آنکھوں یا دوسرے اعضا کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا۔ راگ کے مضمون کی تصویر کھینچنا۔

بھاؤ بگاڑنا (محاورہ) نرخ خراب کرنا۔

بھاؤ بگڑنا (محاورہ) نرخ خراب ہونا۔

بھاؤ بننا (محاورہ) قیمت طے ہونا۔ سودا چکنا۔

بھاؤ بھانا (محاورہ) مول گھٹا کر قدر کم کرنا۔ کم قیمتی سے چیزیں خرید کرنا

بھاؤ تاؤ (ا۔مذ) نرخ۔ قیمت (۲) کیفیت۔ حالت

بھاؤ تیز ہو جانا (محاورہ) قیمت چڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔ گراں ہونا۔

بھاؤ چڑھانا۔ نرخ بڑھانا۔ قیمت زیادہ کرنا۔

بھاؤ چڑھنا (محاورہ) قیمت بڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔

بھاؤ کاٹنا (محاورہ) نرخ مقرر کرنا۔ نرخ طے کر لینا۔

بھاؤ کرنا (محاورہ) مول چکانا۔ قیمت طے کرنا۔ مول کا فیصلہ کر لینا۔

بھاؤ گرنا (محاورہ) بھاؤ گھٹنا۔ بھاؤ اترنا۔ قیمت کم ہو جانا۔

بھاؤ نہ جانے راؤ [مثل] بازاری قیمت پر کسی کا زور نہیں چلتا۔

بھاؤ نکلنا (ا۔محاورہ) نرخ مقرر ہونا۔

بھائی (بھا۔ای) [ہ۔ا۔مذ] (۱) برادر حقیقی۔ چچا زاد بھائی (۲) رشتہ کا بھائی (۳) رفیق۔ دوست۔ ساتھی (۴) آدمی کو خطاب کرنے کا عام طریقہ

بھائی بند (ا۔مذ) ہم قوم۔ ہم مذہب۔ رفیق۔ رشتہ دار۔

بھائی بندی (ا۔مث) (۱) برادری۔ رشتہ داری (۲) یگانگت۔

بھائی جیسا دوست نہیں بھائی جیسا دشمن نہیں [مثل] بھائی دوستی کرے تو سب سے بڑھ کر کرتا ہے اور دشمنی پر اتر آئے تو دشمنی بھی سب سے بڑھ کر کرتا ہے۔

بھائی چارا (ا۔مذ) پکی دوستی۔ سچی دوستی (۲) خوب میل جول۔

بھائی دور پڑوسی نیڑے (مثل) ہمسایوں کے ساتھ بھائیوں سے زیادہ اچھے تعلقات ہونے چاہئیں۔

بھائیں (بھا۔ایں) [ہ۔صف] خوفناک۔ ہیبت ناک۔ ڈراؤنا۔

بھائیں بھائیں کرنا (محاورہ) بے آبادی کی وجہ سے جگہ کا خوفناک معلوم ہونا

بھبھاس (بھ۔بھاس) [ہ۔ا۔مذ] ایک راگ کا نام

بھبک۔ بھبھک (بھ۔بک، بھ۔بھک) [ہ۔ا۔مث] گرم بھاپ۔ (۲) شعلے کی ہمک (۳) تیز بدبو۔ تعفن۔

بھبک اٹھنا (بھڑکنا) (محاورہ) نہایت گرم ہو جانا۔ بھڑک جانا۔

بھبکا۔ بھبھکا (بھب۔کا، بھ۔بھ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) عرق کھینچنے کا ظرف (۲) شعلہ (۳) تعفن کا جھونکا۔

بھبکنا (بھبھکنا) (بھ۔بک۔نا، بھ۔بھک۔نا) [ہ۔مص] نہایت گرم ہونا۔ خوب کھولنا (۲) شعلہ اٹھنا۔ بھڑک اٹھنا۔ آگ لگنا (۳) اعزا: غصہ ہونا

بھبکی (بھبھکی) (بھب۔کی، بھ۔بھ۔کی) [ہ۔ا۔مث] گھرکی۔ دھمکی۔

بھبکی دینا (محاورہ) بھبکیاں دینا۔ غصے کی شکل بنا کر ڈرانا۔ دھمکانا۔

بھبکی میں آجانا (محاورہ) ڈر جانا۔ دھمکی میں آجانا۔

بھبوت۔ بھبھوت (بھ۔بوت، بھ۔بھوت) [ہ۔ا۔مث] وہ راکھ جو جوگی یا سنیاسی لوگ اپنے بدن پر ملتے ہیں۔

بھبوت رمانا (محاورہ) فقیروں کا اپنے جسم پر راکھ ملنا (۲) فقیر ہونا۔ جوگ لینا۔ برہاگ لینا۔

بھبوکا (بھ۔بو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آگ کا شعلہ۔ انگارہ (۲) [صف] گرم دہکتا ہوا (۳) غضب ناک۔ لال پیلا (۴) نہایت سرخ۔ بہت روشن چمک دار۔

بھبوکا بننا (ہونا) (محاورہ) غضب ناک ہونا۔ آگ بگولا ہونا (۲) مجازاً



Marfat.com

سرکا پرٹے پھننا۔

**بھبوکے اُٹھنا** (محاورہ) شعلے اُٹھنا۔ آگ لگنا (۲) حسد کرنا۔ جلنا۔ کُڑھنا

**بھپارا** (بھ۔پا۔را) [ہ۔ا۔مذ] جوش دی ہوئی دوا (۲) دم۔ فریب۔ جھوٹ (۳) بھاپ (۴) اُبال (۵) دھونی۔

**بھپارا دینا** (محاورہ) (۱) بھاپ دینا (۲) سینک دینا (۳) فریب دینا

**بھپارے دینا** (محاورہ) جھانسا دینا۔ دم دلاسا دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

**بھپارے میں آنا** (محاورہ) دھوکے میں آنا۔ جُل میں پھنسنا۔

**بھپوری** (بھ۔پو۔ری) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی مونچھی جو بیماروں کی غذا ہے۔

**بھتا** (بھت۔تا) [ہ۔ا۔مذ] اُبلے ہوئے چاول کا خشکہ (۲) خوراک۔ سفر خرچ (۳) وہ رقم جو ملازم کو تنخواہ کے علاوہ ملے۔ الاؤنس۔

**بھت کلھیا** (بھت۔کلھ۔یا) [ہ۔ا۔مث] بھات کی کلھیا۔ چھوٹی ہنڈیا میں لڑکیوں کی پکائی ہوئی چیزیں۔

**بھتنا** (بھت۔نا) [ہ۔ا۔مذ] بھوت کی تصغیر۔ ناپاک روح۔ پلید۔ خبیث

**بھتنے کی چدھی** (ہ۔مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

**بھتنی** (بھت۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چڑیل۔ بلا (۲) [مجازاً] بدصورت عورت (۳) لڑاکا عورت۔

**بھتی** (بھت۔تی) [ہ۔ا۔مث] کسی کے مرنے پر عزیزوں کے گھر سے آیا ہوا کھانا۔

**بھتی پکاؤں** [بددعا] تجھے روؤں۔ تو مر جائے تیری موت پر کھانا پکاؤں

**بھتی کھانا** (محاورہ) کسی کے مرنے پر اس کے قریبی رشتے کے گھر سے آئی ہوئی روٹی کھانا (۲) ماتم کرنا۔

**بھتی کھائے** (بددعا) ماتم کرے۔ روئے۔ پیٹے۔

**بھتیج** (بھ۔تیج) [ہ۔ا۔مذ] بھتیجا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

**بھتیج بہو** (ہ۔مث) بھتیجے کی بیوی۔

**بھتیج داماد** (ہ۔مذ) بھتیجی کا خاوند۔ بھائی کی بیٹی کا شوہر

**بھتیجا** (بھ۔تی۔جا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھائی کا بیٹا۔ برادر زادہ۔

**بھتیجی** (بھ۔تی۔جی) [ہ۔ا۔مث] بھائی کی بیٹی۔

**بھٹ** (س۔ا۔مذ) (۱) غار۔ کھوہ (۲) سانپ کا بل (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ (۴) چولھا۔ بھٹی

**بھٹ پڑے** (محاورہ) بھاڑ میں جائے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔

**بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان** (مثل) دیکھیے بھاڑ میں پڑے وہ سونا۔

**بھٹ تیتر**۔ ایک قسم کا تیتر جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے

**بھٹا** (بھٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) اینٹ یا چونا پکانے کی بھٹی۔

**بھٹا لگانا** (محاورہ) (۱) چونا اینٹ پکانے کا کارخانہ لگانا (۲) بھٹے میں اینٹیں پکانے کے لیے آگ دینا۔

**بُھٹا** (بھُٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] جوار مکی وغیرہ کی بالی۔ سِٹا۔

**بھٹا سا اُڑانا** (محاورہ) ایک ہی ضرب میں چیز کا کاٹ دینا۔

**بھٹے کی بالی**۔ جوار مکی وغیرہ کا بھٹا پکنے سے پہلے۔

**بھٹاچارج بھٹاچاریہ** (بھٹ۔ٹا۔چارج۔چار۔یہ) [س۔ا۔مذ] (۱) بہت بڑا عالم (۲) بنگالی برہمنوں کا ایک بڑا خطاب۔

**بھٹک** (بھ۔ٹک) [ہ۔ا۔مث] گمراہی۔ سیدھی راہ سے دوری۔ (۲) کوٹتے ہوئے لوہے کی خاک (۳) [صف] فوراً۔ جلدی۔

**بھٹکا پھرنا** (بھٹ۔کا۔پھر۔نا) [ہ۔مص] ڈانواں ڈول پھرنا۔ آوارہ پھرنا

**بھٹکانا** (بھٹ۔کا۔نا) [ہ۔مص] دھوکا دینا (۲) گمراہ کرنا۔ ڈانوا ڈول پھرانا

**بھٹکاؤ** (بھٹ۔کا۔او) [ہ۔ا۔مذ] وسوسہ۔ تردّد۔

**بھٹکتے پھرنا** [ہ۔مص] حیران اور سرگرداں پھرنا (۲) جستجو کرنا۔ تلاش کرنا۔ (۳) بھولا بھٹکا پھرنا۔ گم ہونا۔ راہ بھول جانا۔

**بھٹ کٹیا بھٹ کٹائی** (بھٹ۔ک۔ٹیا۔ یا بھٹ۔ک۔ٹا۔ای) [س۔ا۔مث] ایک خاردار بوٹی

**بھٹکنا** (بھ۔ٹک۔نا) [ہ۔مص] (۱) گمراہ ہونا۔ راہ بھولنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) کسی کو ڈھونڈتے پھرنا (۴) بے چین اور بے قرار ہونا۔

**بھٹنا** (بھٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) کسی چیز پر زنگ یا میل کا چھا جانا آلودہ ہونا۔

**بھِٹنا** (بھِٹ۔نا) [ہ۔مص] بھِڑنا۔ آمنا سامنا ہونا۔ مقابلہ ہونا (۲) چھو جانا۔ پلید ہونا۔

**بھٹناگر** (بھٹ۔نا۔گر) [ہ۔ا۔مذ] کائستھوں کی ایک گوت کا نام

**بھٹنی** (بھٹ۔نی) [ہ۔ا۔مث] سرپستان (۲) تکمہ

**بھُٹو** (ہ۔مذ) بے وقوف۔ احمق۔

**بھٹوا** (بھٹ۔وا) [ہ۔ا۔مث] خشک زمین جو صرف موسم خزاں میں فصل دے

**بھٹواس**۔ (بھٹ۔واس) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا غلہ۔

**بھٹئی** (بھ۔ٹ۔ای) [ہ۔ا۔مث] مدح سرائی (۲) بھاٹ کا پیشہ (۳) گدائی

**بھٹی** (بھٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] لوہاروں کا آتشدان۔ بڑا چولھا۔ دھوبیوں کا آتشدان جس پر کپڑے رکھ کر انہیں بھاپ دیتے ہیں (۳) کارخانہ شراب (۴) راجپوتوں کی ایک گوت۔

**بھٹی چڑھانا** (محاورہ) (۱) بھٹی گرم کرنا (۲) کپڑوں یا کسی شے کو صاف کرنے کے لیے اسے آگ پر پکانا۔

**بھٹی وارا** (صف) مے فروش۔ بادہ فروش۔ شراب بیچنے والا۔ کلال۔

**بھٹیارا** (بھٹ۔یا۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) روٹی پکانے والا۔ نانبائی (۲) وہ شخص جو سرائے چلاتا ہو اور مسافروں کی خدمت کرتا ہے۔

**بھٹیارپن** (بھٹ۔یار۔پن) [ہ۔ا۔مذ] باورچی گری (۲) کمینہ پن۔ کمینگی

**بھٹیارخانہ** (بھٹ۔یار۔خانہ) [ہ۔ا۔مذ] سرائے

**بھٹیارن۔ بھٹیاری** (بھٹ۔یا۔رن، بھٹ۔یا۔ری) [ہ۔ا۔مث] بھٹیارے کی بیوی (۲) مسافر کو سرائے میں ٹھہرانے والی عورت۔

**بھٹیاروں کی سی لڑائی** [مثل] سخت لڑائی (۲) معمولی بات پر جھگڑا

**بھج** (س۔ا۔مذ) (۱) مثلث کا ضلع (۲) بازو۔ کہنی سے اوپر کا حصہ۔



Marfat.com

بھج بند۔ ایک زیور کا نام۔ بازو بند۔
بھجالی (بُھ۔جا۔لی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی ٹیڑھی چھری۔
بھجاوٹ (بھُ۔جا۔وَٹ) [ہ۔ا۔مذ] موٹا تختہ جو شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام آتا ہے۔
بھجن (بھَ۔جَن) [س۔ا۔مذ] وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو۔ حمد۔ ثنا۔ مدح۔
بھجن کرنا (محاورہ) خدا کا نام لینا (۲) وظیفہ پڑھنا۔ عبادت کرنا۔
بھجن گانا (محاورہ) خدا کا دھیان کرنا (۲) خوشی منانا (۳) شکریہ ادا کرنا (۴) گیت گانا۔
بھجنا (بھَج۔نا) [ہ۔مص] سراہنا۔ تسبیح پڑھنا۔ جپنا۔ پوجا کرنا۔
بھجنگ (بھُ۔جنگ) [ہ۔صف] نہایت کالا (۲) [مذ] کالا سانپ
بھجنگا (بھُ۔جَن۔گا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے (۲) نہایت ہی سیاہ
بھجنگے اُڑنا (محاورہ) بہت مصیبت ہونا (۲) مفلس ہونا (۳) جھوٹی خبریں اڑنا۔
بھجنیا (ہ۔صف) بھجن گانے والا۔
بھجوانا (بھِج۔وا۔نا) [ہ۔مص] بھیجنا سے متعدد المتعدی۔ ارسال کرانا
بھجیا (بھُج۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھنے ہوئے دانے (۲) بھنے ہوئے دھان جن کے ستو بناتے ہیں (۳) پکا ہوا ساگ (۴) شلغم مولی وغیرہ کے پکے ہوئے پتے۔
بھچ [ہ۔صف] (۱) بہت موٹا۔ بہت کالے رنگ کا (۲) ان پڑھ گنوار (۳) نوگرفتار۔
بھچا (بھَ۔چا) [ہ۔صف] تنگ۔ دبا ہوا۔ پست
بھچک (بھَ۔چک) [ہ۔صف] ڈرا ہوا۔ سہما ہوا (۲) ہکا بکا۔ حیران
بھچک رہ جانا (محاورہ) حیران پریشان ہونا۔ ہکا بکا ہونا ہونا۔ متحیر ہونا
بھچکنا (بھَ۔چک۔نا) [ہ۔مص] حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔ ہکا بکا ہو جانا۔
بھچنا۔ بھچ جانا (بھچ۔نا۔بھچ۔جانا) [ہ۔مص] (۱) سمٹنا (۲) دبنا۔ پچکنا (۳) مجبور ہونا۔ شرمانا۔
بھد (ہ۔مث) (۱) کسی چیز کے ریت یا کسی اور نرم چیز پر گرنے کی آواز (۲) ذلت۔ بے وقعتی۔ بدنامی۔
بھد بھد (۱) موٹے آدمی یا بطخ کے چلنے کی آواز (۲) ریت یا خاک پر کسی چیز کے گرنے کی آواز (۳) وہ آواز جو بھرے ہوئے پیٹ کے بجانے سے نکلے۔
بھدا (بھَد۔دا) [ہ۔صف] (۱) بہت موٹا (۲) بدصورت۔ بدشکل (۳) بے وقوف (۴) سست۔ کاہل۔
بھداکا (بھ۔دا۔کا) [ہ۔ا۔مذ] گرنے کی آواز۔ دھماکا۔
بھداکا دینا۔ بھداکا سنانا (محاورہ) زور سے مارنا۔ گرا دینا۔
بھدانا (بھد۔دا۔نا) [ہ۔مص] کسی چیز میں نمک جذب کرانا۔
بھدرا (بھَد۔را) [س۔ا۔مذ] (۱) جوتش کی رو سے منحوس دن۔ یعنی چاند کی دوسری ساتویں اور بارھویں تاریخ (۲) کسی عزیز کی موت پر سر مونچھ ڈاڑھی وغیرہ کا منڈانا۔ چار ابرو کا صفایا (۳) [مث] سری کرشن جی کی ایک استری کا نام۔
بھدرا کرانا (محاورہ) کریا کرم کے واسطے یا کسی تیرتھ پر سر ڈاڑھی اور مونچھوں کا منڈوانا۔ چار ابرو کا صفایا کرانا۔
بھدرا ہونا (محاورہ) چار ابرو کا صفایا ہونا (۲) بالکل لٹ جانا۔
بھدر بھدر دوڑنا (بھ۔در۔بھ۔در۔دوڑ۔نا) [ہ۔مص] اس طرح دوڑنا کہ پاؤں کے زمین پر لگنے سے بھد بھد کی آواز پیدا ہونا۔
بھدرک (بھَد۔رک) [س۔ا۔مث] (۱) لطف۔ مزہ۔ خوبی۔ سلیقہ شعور (۲) استقلال۔ استحکام۔ مضبوطی۔ پائداری۔
بھدکنا (بھد۔دک۔نا) [ہ۔مص] کشتی میں گرا دینا۔ ہرا دینا۔ اکھاڑے میں پچھاڑنا۔
بھدنا (بھَد۔نا) [ہ۔مص] کسی سفوف کا کسی چیز میں سرایت کر جانا (۲) کسی چیز میں گھس جانا۔
بھدوار (بھد۔وار) [ہ۔ا۔مث] وہ زمین جو گنے کی فصل کے لیے تیار کی جائے۔
بھدئی (بھَد۔ئ۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھادوں کی پیداوار (۲) موسم برسات کا چاول جو بھادوں میں کاٹا جاتا ہے۔
بھدی (بھد۔دی) [ہ۔صف۔مث] (۱) بدشکل۔ بدصورت (۲) گنوار بے وقوف (۳) کاہل سست (بھدا کی تانیث)
بھدی آواز۔ موٹی آواز۔ بری آواز جسے سننے کو جی نہ چاہے۔
بھدیسلا (بھد۔دے۔س۔لا) بدشکل۔ بھدا۔
بھدیسل (بھ۔دے۔سَل) [ہ۔صف] گنوار
بھر [ہ۔صف] (۱) تمام۔ سارا۔ کل (۲) تھوڑا۔ قدرے (۳) مقدار۔ انداز (۴) ہندوؤں کی ایک گوت۔
بھر آنا (محاورہ) زخم بھر جانا۔ زخم مندمل ہو جانا۔ انگور بندھنا (۲) رقت آنا۔ ہمدردی ہونا۔ رحم آنا (۳) آنسو لانا (۴) پر ہونا۔ لبریز ہونا۔
بھر پانا (محاورہ) (۱) وصول کرنا (۲) باز آنا (۳) نجات پانا (۴) اپنے کیے پر پچھتانا۔
بھر پائی (ہ۔مث) پورے داموں کی رسید۔
بھرپور (ہ۔صف) پورا۔ تمام۔ کمال۔ اچھی طرح۔
بھر پیٹ (محاورہ) اچھی طرح۔ پیٹ بھر کے۔
بھر دینا (۱) لبریز کر دینا۔ مالا مال کر دینا (۲) نقصان پورا کرنا۔ تاوان ادا کرنا (۳) آسودہ کر دینا (۴) آلودہ کرنا۔ لتھڑ دینا۔ دے دینا۔ ادا کرنا۔ آبپاشی کرنا۔ سیراب کرنا۔
بھر لینا (محاورہ) پر کر لینا۔ لبریز کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) آلودہ کر لینا
بھرمار (ہ۔صف) کثرت۔ بہتات۔
بھرمار کرنا (ہ۔مث) بہت زیادہ کرنا۔ بکثرت دینا۔ بہ افراط لینا یا دینا
بھرا (بھ۔را) [ہ۔صف] (۱) بھرا ہوا (۲) موٹا تازہ (۳) بوجھل (۴) گوتی بارور (۵) موجود (۶) آباد۔
بھرا بھرا۔ آباد۔ معمور (۲) موٹا تازہ پُر گوشت۔



Marfat.com

بھرا بیٹھنا (محاورہ) غصے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔ شکوہ شکایت کے لیے تیار ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔
بھرا پُرا (ا۔ صف) (۱) آسودہ۔ فارغ البال (۲) صاحب اولاد (۳) اصحاب مال۔ خوش نصیب
بھر اجانا (محاورہ) (۱) پُر ہوجانا (۲) آلودہ ہوجانا (۳) حاملہ ہوجانا۔
بھرا دینا (۱) لبریز کردینا۔ مالا مال کردینا (۲) نقصان پورا کرنا (۳) آسودہ کردینا (۴) لتھڑ دینا (۵) ادا کرنا (۶) آبپاشی کرنا۔
بھرا گھر (ا۔ مذ) آباد گھر۔ مال اور آدمیوں کی افراط (۲) اسباب خانہ داری سے بھرا ہوا مکان۔
بھرا گھر برباد ہونا (محاورہ) گھر کی رونق جاتی رہنا۔
بھرا وقت (ا۔ مذ) شام۔ جب دونوں وقت ملیں۔ [ق]
بھرا ہونا (محاورہ) (۱) آزردہ ہونا (۲) کثرت سے موجود ہونا (۳) پُر ہونا۔
بھرے بھرے۔ تیار موٹے تازے۔
بھرے بیٹھے ہیں بھرے ہوئے ہیں (محاورہ) خفا ہیں۔ ناراض ہیں (۲) شکوے سے پُر ہیں (۳) رونے کو تیار ہیں۔
بھرے رہنا (محاورہ) (۱) لبریز رہنا (۲) جمع رہنا (۳) ناخوش رہنا
بھرے کو بھرنا (محاورہ) ایسے شخص کے ساتھ حسن سلوک کرنا جس کو اس کی حاجت نہ ہو۔ کھاتے پیتے پر احسان کرنا۔
بھرّا (بھر۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ترغیب۔ تحریک۔ تحریص (۲) دھوکا۔ فریب (۳) کبوتروں کے یکبارگی اُڑنے کی آواز۔
بھرا بھرنا (۱) فالتو مد میں صرف کرنا (۲) رشوت دینا (۳) قرض ادا کرنا کنبہ پالنا (۵) تنگدستی سے گزارا کرنا (۶) عمر پوری کرنا۔
بھرا دینا (محاورہ) (۱) دم دینا۔ جھانسا دینا۔ (۲) کبوتروں کو یکبارگی اُڑانا
بھرّے پر چڑھانا (محاورہ) (۱) جھانسے میں لانا (۲) تعریف کرکے کسی بات پر آمادہ کرنا۔
بھرّے میں آنا (محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں پھنسنا۔
بھُرّا (بھر۔ را) [ہ۔ صف] نہایت کالا۔
بھرّاٹا (بھر۔ را۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔
بھرانا (بھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا۔ کھلانا (۲) پر گرانا (۳) چوپائے کو گیا بھن کرانا۔
بھرّانا (بھر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] گلا بیٹھ جانا۔ آواز بھاری ہونا۔
بُھرّانا (بُھر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] پروں تھرتھرانے کی آواز نکالنا۔
بھراؤ (بھ۔ را۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بھرتی۔ گڑھے وغیرہ بھرنے کی مقدار
بھرائی (بھ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] بھرنے کا فعل (۲) بھرانے کی اُجرت
بُھربُھرا (بُھر۔ بُھ۔ را) [ہ۔ صف] (۱) خستہ۔ کرکرا (۲) بکھرا ہوا۔
بھربھرانا (بھر۔ بھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سوجنا (۲) تمتمانا۔
بُھربُھرانا (بُھر۔ بُھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) خستہ کرنا (۲) بکھیرنا۔ بکھرنا۔ (۳) ولولہ پیدا کرنا۔ جوش دلانا (۴) دل کا گدگدانا۔
بھربھراہٹ (بھر۔ بھ۔ را۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] ورم۔ سوجن۔ آماس
بُھربُھراہٹ (بُھر۔ بُھ۔ را۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] خستگی۔ خستہ پن۔

بھربھری (بھر۔ بھ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] سوجن۔ ورم۔ بھراہٹ۔
بُھربُھری (بُھر۔ بُھ۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) بُھربُھرا کی تانیث۔ خستہ (۲) اُمنگ۔ طبیعت کا متوجہ ہونا۔
بھربھنڈا (بھر۔ بھنڈا) [ہ۔ ا۔ مث] گڑبڑ۔ افراتفری۔ سخت گھبراہٹ
بھرت [ہ۔ ا۔ مث] ایک مرکب دھات کا نام جو جست، تانبے اور سیسے سے مرکب ہوتی ہے۔
بھرت (بھ۔ رَت) [س۔ ا۔ مذ] (۱) رام چندرجی کے چھوٹے بھائی کا نام (۲) [ہ] بھرتی کی چیز (۳) اسباب (۴) بوجھ کی گاڑی (۵) جگہ (۶) روانگی کا محصول (۷) پوری ادائی۔
بھرت بھرنا (محاورہ) سوداگری کے مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا۔ دساور کو لادنا (۲) کمی پوری کرنا۔
بھُرتا (بھُر۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایسے بُھنے ہوئے پھل۔ دال ترکاری وغیرہ جنہیں پیس کر اور بھون بگھار کر سالن کے طور پر تیار کیا جائے۔
بھُرتا کر دینا (محاورہ) (۱) کسی چیز کو مل کر اس کا رگ و ریشہ الگ کر دینا [مجازاً] بہت مارنا۔
بھرتی (بھر۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بھراؤ کسی چیز کی کمی کو پورا کرنے کی تجویز (۲) محکمہ جہاں سپاہی وغیرہ نوکر رکھے جاتے ہیں (۳) تکمیل (۴) بے کار اسباب۔ فضول بوجھ۔
بھرتی بھرنا (محاورہ) گودڑ وغیرہ ڈال کر کسی کو بھر دینا (۲) سوداگری کا مال بھرنا۔
بھرتی کا شعر (ا۔ مذ) جس شعر میں کوئی خاص بات یا خوبی نہ ہو۔ صرف غزل پوری کرنے کے لیے اسے داخل کیا ہوا ہو (۲) معمولی شعر۔ بے لطف شعر
بھرتی کا مال (ا۔ مذ) سوداگری کا مال (۲) وہ مال جو بہت قیمتی نہ ہو۔ معمولی مال۔
بھرتی کرنا (محاورہ) نوکر رکھنا۔ کسی محکمے میں داخل کرنا۔
بھرتیا (بھرت۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] کانسی پیتل کے برتن بنانے یا بیچنے والا۔ کسیرا۔ ٹھٹھیرا (۲) پیتل یا بھرت کا بنا ہوا برتن۔
بھرٹی (بھر۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے
بھرشٹ (بھر۔ شٹ) [س۔ صف] (۱) ذلیل (۲) ناپاک۔ پلید (۳) رذیل
بھرشٹ کرنا (محاورہ) بگاڑنا۔ خراب کرنا (۲) گندا کرنا۔ ناپاک کرنا
بُھرکس (بُھر۔ کس) [ہ۔ ا۔ مذ] ریزہ۔ چورا۔ بھوسی
بھرکس نکالنا (محاورہ) مار مار کر ہڈی پسلی توڑ دینا۔ کچومر نکالنا (۲) چورا چورا کرنا۔
بھرم (بھ۔ رَم) [ہ۔ ا۔ مذ] ساکھ۔ اعتبار۔ دھوکا (۲) ناموری۔ راز۔ بھید
بھرم باندھنا (محاورہ) ساکھ جمانا۔ ہوا باندھنا۔ اعتبار قائم رکھنا۔
بھرم بنا رکھنا (محاورہ) آبرو قائم رکھنا۔ لوگوں کی نظروں میں معزز رہنا
بھرم جانا (محاورہ) ساکھ جاتی رہنا۔ اعتبار نہ رہنا (۲) بداعتقادی میں پڑنا
بھرم رکھنا (محاورہ) گمان کرنا۔ شک کرنا۔ بدظن ہونا۔
بھرم کھل جانا۔ کھلنا (محاورہ) بھید ظاہر ہونا (۲) اعتبار اُٹھنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔ بھروسہ نہ رہنا۔



Marfat.com

**بھرم گنوانا** (محاورہ) ساکھ کھونا۔ اعتبار ضائع کرنا۔ شہرت اور ناموری میں بٹا لگانا۔
**بھرمانا** (بھر۔ مانا) [ہ۔مص] للچانا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔
**بھرمنا** (بھ۔ رم۔ نا) [ہ۔مص] بھٹکنا۔ ڈانواں ڈول ہونا۔
**بھرن** (بھ۔ رن) [ہ۔ا۔مث] زور شور کی بارش جو دم بھر میں جل تھل کر دے۔
**بھرنا** (بھر۔ نا) [ہ۔مص] (۱) پُر کرنا۔ لبالب کرنا۔ پُر ہونا (۲) پورا کرنا ختم کرنا (۳) آلودہ کرنا (۴) سج میں عمر بسر کرنا۔ نباہنا (۵) سمانا (۶) تاوان ادا کرنا (۷) سیر ہونا (۸) برداشت کرنا (۹) موٹا ہونا (۱۰) غضبناک ہونا (۱۱) حاملہ ہونا (۱۲) دام وصول کرنا (۱۳) بھگتنا (۱۴) بندوق یا توپ وغیرہ میں گولی بارود ڈالنا (۱۵) بہکانا (۱۶) غیبت کرنا۔ چغلی کھانا۔ (۱۷) ناراض کرنا (۱۸) آب پاشی کرنا۔ پانی دینا (۱۹) بجالانا۔ تعمیل کرنا (۲۰) رنگ چڑھانا (۲۱) [مذ] قرض ادا کرنا (۲۲) روزانہ کے مصارف (۲۳) زخم پر انگور آنا (۲۴) چلم میں تمباکو ڈالنا اور آگ رکھنا (۲۵) لحاف وغیرہ میں روئی ڈالنا (۲۶) تاوان دینا۔ تلافی کرنا (۲۷) رونے کے قریب ہونا (۲۸) خسارہ اٹھانا۔
**بھرنا بھرنا** (محاورہ) کسی کا خرچ برداشت کرنا۔ کفالت کرنا (۲) مصیبت جھیلنا۔
**بھرنی** (بھر۔ نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بانا۔ جولاہوں کا ایک آلہ۔ نالی۔
**بھروانا** (بھر۔ وا۔ نا) [ہ۔مص] دیکھیے بھرانا۔
**بھروکی** (بھ۔ رو۔ کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) مکمل ادائی کی رسید (۲) معاوضہ
**بھروٹا** (بھ۔ رو۔ ٹا) [ہ۔ا۔مذ] گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ سر کا بوجھ۔
**بھروسا** (بھ۔ رو۔ سا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) اعتبار۔ یقین۔ اعتماد (۲) امید آسرا۔ توکل۔
**بھرول** (بھ۔ رول) [ہ۔ا۔مذ] بہت پھل والی فصل۔ خوب بھرا ہوا کھیت
**بھری** (بھ۔ ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھرا کی تانیث (۲) روپیہ بھر کا ایک وزن (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) [پن] فصل کا اتنا گٹھا جو ایک آدمی اٹھا سکے۔
**بھری برسات** (ا۔مث) برسات کا موسم۔ زور کی بارش۔ بارش کا سماں
**بھری بھری** (ا۔صف۔مث) پُر گوشت اور گول گول (رانیں اور پنڈلیوں کے ساتھ)۔
**بھری تھالی میں لات مارنا** (محاورہ) اپنے آرام کو آپ چھوڑنا۔ لگی نوکری ترک کرنا۔ ناشکری۔
**بھری جوانی مانجھا ڈھیلا** (مثل) اس آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو سستی یا پست ہمتی کا اظہار کرے۔
**بھری ڈاڑھی**۔ نہایت گھنی ڈاڑھی۔
**بھری رکعت** (ا۔مث) چار رکعت والی فرض نماز جس کی پہلی دو رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ کوئی سورت ہوتی ہے۔
**بھری گود خالی ہونا** (کنایۃً) شیر خوار اولاد کا مرجانا۔
**بھری مجلس (محفل) میں** (۱) سب لوگوں کے سامنے (۲) سارے جلسے میں۔ پوری مجلس میں۔
**بھڑ** (ہ۔ا۔مث) (۱) کسی چیز کے پھٹنے یا بندوق وغیرہ کے چلنے کی آواز (۲) گوز کی آواز (۳) جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز۔
**بھڑ** (ہ۔ا۔مث) (۱) زرد تتیا۔ زنبور۔ [پن] ڈہموں۔ دھموڑی۔
**بھڑوں کا چھتا** (۱) بھڑوں کے رہنے کا گھر (۲) [مجازاً] مفسد لوگ (۳) لڑاکا شخص جسے چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔
**بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا۔ بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا** (محاورہ) مفسد لوگوں کو چھیڑ کر اپنے گلے مصیبت ڈال لینا۔
**بھڑا بھڑ** (بھ۔ ڑا۔ بھڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) لگاتار گوز خارج کرنے کی آواز۔
**بھڑا دینا** [ہ۔مص] مقابلہ کرا دینا۔ لڑائی کرا دینا۔
**بھڑاس** (بھڑ۔ راس) [ہ۔ا۔مث] دل کا غبار۔ کینہ۔ کدورت۔ عداوت سخت رنجش
**بھڑاس نکالنا** (محاورہ) جی کا بخار نکالنا۔ دل کی کدورت کا اظہار کرنا۔ دل کا دکھ بیان کرنا۔
**بھڑبھڑانا** (بھڑ بھ۔ ڑا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) بھڑ بھڑ کرنا (۲) طبلہ بجانا۔
**بھڑبھڑیا** (بھڑ بھ۔ ڑیا) [ہ۔صف] (۱) فضول باتیں کرنے والا۔ بیوقوف (۲) پیٹ کا ہلکا۔
**بھڑبھونجا** (بھڑ بھون۔ جا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھاڑ جھونکنے والا۔ اناج بھوننے والا۔
**بھڑبھونجے کی لڑکی کیسر کا تلک** (مثل) غریب آدمی کا امیرانہ ٹھاٹھ کرنا
**بھڑبھونجن** (بھڑ بھون۔ جن) [ہ۔ا۔مث] بھڑبھونجا کی مؤنث۔ اناج بھوننے والی عورت۔
**بھڑپڑنا** (بھڑ۔ پڑنا) [ہ۔مص] لڑنا۔ لڑ پڑنا۔ بحث کرنے لگنا۔
**بھڑتنگا** (بھڑ۔ تن۔ گا) [ہ۔ا۔مذ] غل غپاڑا۔ شور
**بھڑجانا** (بھڑ۔ جا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) لڑ پڑنا (۲) مقابلہ پر آجانا (۳) بند ہو جانا
**بھڑک** (بھ۔ ڑک) [ہ۔ا۔مث] (۱) چمک دمک۔ سنگار۔ رونق (۲) وحشت۔ جھجک (۳) اشتعال۔ ابھار۔
**بھڑک اٹھنا** (محاورہ) (۱) مشتعل ہونا (۲) جل پڑنا (۳) غصے ہونا (۴) چمک جانا (۵) رونق پانا۔
**بھڑک جانا** (محاورہ) (۱) برا مان جانا۔ رنجیدہ ہو جانا (۲) اکھڑ جانا۔
**بھڑک دار** (ا۔صف) (۱) چمکیلا (۲) بارونق۔ خوبصورت۔
**بھڑکانا** (بھڑ۔ کا۔ نا) [ہ۔مص] آگ کو تیز کرنا۔ مشتعل کرنا (۲) بہکانا۔ غصہ دلانا (۳) ڈرانا۔ چونکانا۔ وحشت دلانا (۴) اتنا کو جلد سوختہ کر دینا۔
**بھڑکنا** (بھ۔ ڑک۔ نا) (۱) مشتعل ہونا۔ جل اٹھنا۔ آگ کے شعلے اٹھنا۔ (۲) ڈرنا۔ چونکنا۔ خوف کھانا (۳) غصے ہونا۔ تیز ہونا (۴) اعصاب کھنچ جانا تشنج ہونا (۵) اتنا کو جلد جل جانا (۶) گرمی کا بڑھنا (۷) چمک آجانا۔
**بھڑ کے بیٹھنا** (محاورہ) (بھڑکے۔ بیٹھ۔ نا) [ہ۔مص] مل کر بیٹھنا۔ قریب قریب بیٹھنا۔ زانو بہ زانو بیٹھنا۔
**بھڑکیل** (بھڑ۔ کیل) [ہ۔صف] وحشی۔ بھڑکنے والا۔ ڈرنے والا۔



Marfat.com

بھڑکیلا (بھڑ۔کی۔لا) [ہ۔صف] چمکیلا۔ بھڑکنے والا۔ زرق برق۔
بھڑمل (بھڑ۔مل) [ہ۔صف] بے شرم۔ مسخرا۔ بھڑوا
بھڑنا (بھڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ بالکل نزدیک ہونا۔ (۲) مقابلہ کرنا۔ (۳) ٹکر کھانا۔ ٹکرانا۔
بھڑنگ (بھڑ۔ڑنگ) [ہ۔صف] بکواس کرنے والا۔ واہیات شخص
بھڑوا (بھڑ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دیوث۔ عورتوں کا دلال۔ قرم ساق۔ بھاڑو (۲) بے غیرت۔ بے شرم۔ بے حیا۔
بھڑوے کو بھی منہ پر بھڑوا نہیں کہتے [کسی بُرے شخص کا عیب اس کے مُنہ پر اس طرح نہیں کہتے کہ اسے بُرا لگے۔
بھڑوائی (بھڑ۔وا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھڑواپن (۲) عورتوں کی دلالی (۳) بھڑوے کی کام کی اجرت۔
بھڑولنا۔ بھڑول دینا (بھ۔ڑول۔نا، بھ۔ڑول۔دے۔نا) [ہ۔مص] راز کھول دینا۔
بھڑی (بھ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لالچ (۲) کبوتروں کو اڑانے کی آواز
بھڑی (بھڑ بال) دینا (محاورہ) کبوتروں کو مار مار کر اڑانا (۲) تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔
بھڑیری (بھ۔ڑے۔ری) [ہ۔ا۔مث] برتنوں کا اوپر تلے ڈھیر
بھس [ہ۔ا۔مث] راکھ۔ خاکستر (۲) خاک [مجازاً] ہیچ
بھس [ہ۔ا۔مذ] چوکر۔ بھوسی۔ اناج کا چھلکا۔ بھوسا۔ پھٹکن
بھس اڑانا (محاورہ) بھوسی اڑانا [مجازاً] اظہارِ غم کرنا۔ ماتم کرنا
بھس بھروانا (محاورہ) کھال کھنچوا کر اس میں بھس بھروانا۔ ایک سزا
بھس لینا (محاورہ) فضول کام کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
بھس کھا جانا (محاورہ) جب کوئی شخص بے تکی باتیں کرے تو اس کو کہتے ہیں۔ بے وقوفی کی باتیں کرنا بے ہودہ باتیں کرنا۔
بھس کے مول ملیدہ۔ قیمتی چیز کا نہایت سستے داموں فروخت ہونا
بھس ملانا (۱) اناج میں بھوسہ ملانا [مجازاً] خرابی پیدا کرنا۔
بھس میں چنگاری (چنگی) ڈال جمالو دور کھڑی [مثل] لڑائی کرا کے الگ ہو جانا
بھساکو (بھ۔سا۔کو) [ہ۔ا۔مذ] ہلکا سا تمباکو جس میں کڑواہٹ نہ ہو بھس کی طرح تمباکو
بھسٹر (بھس۔سٹر) [ہ۔صف] نہایت موٹا اور بھدا
بھسٹرا (بھس۔ٹرا) [ہ۔صف] بہت موٹا آدمی
بھسٹری (بھس۔ٹری) [ہ۔صف] بہت موٹی عورت
بھسکنا (بھ۔سک۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھینس کی طرح کھانا (۲) بدتہذیبی سے چبانا۔ کھانا (۳) گرنا۔
بھسکو (بھ۔سک۔کو) [ہ۔صف] بہت کھانے والا۔ بہت کھانے والی۔ پیٹو۔
بھسم (بھ۔سم) [ہ۔ا۔مذ] راکھ۔ خاک۔ بھبوت۔
بھسم کر دینا (محاورہ) راکھ کر دینا۔ جلا دینا (۲) حسد یا غصے میں جلنا (۳) ہضم ہو جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا۔
بھسم ہونا (محاورہ) جل کر راکھ ہونا (۲) ہضم ہو جانا (۳) غصے سے آگ ہو جانا

بھسمنت (بھس۔منت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) راکھ بھبوت (۲) وہ چیز جو بھسم ہو گئی ہو۔
بھسنڈ (بھُ۔سنڈ) [ہ۔صف] (۱) ایک قسم کا بڑا کوا (۲) موٹا۔ فربہ (۳) مشٹنڈہ
بھُسورا (بھُ۔سو۔را) [ہ۔ا۔مذ] مکان میں بھوسا رکھنے کی جگہ۔
بھُسوری (بھُ۔سو۔ری) [ہ۔ا۔مذ] بھسورا کی تانیث۔
بھُسونڈا (بھُ۔سون۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] ہاتھی کی کنپٹی کا مقام۔
بھشٹل (بھش۔ٹل) [ہ۔صف] ناپاک۔ غلیظ۔ نجس (۲) پھوہڑ (۳) بدشکل
بھق بھق [ہ۔ا۔مث] انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (۲) تیز بدبو۔
بھقر بھقر بو آنا (محاورہ) [بھ۔قر بھ۔قر۔بو۔آ۔نا] [ہ۔مص] تیز بو آنا۔
بھک [ہ۔ا۔مث] (۱) اڑ جانے والی چیز (۲) چورا۔
بھک سے اُڑ جانا (محاورہ) بارود یا کسی آگ پکڑنے والی چیز کا دفعتہً اڑ جانا۔
بھک [ہ۔ا۔مث] بھیک کا مخفف
بھک منگا (۱) بھیک مانگنے والا۔ بھکاری (۲) کنگال غریب [مث] بھک منگی
بھُکا (بھُک۔کا) [ہ۔صف] بھوکا کا مخفف
بھکا پیر (۱) وہ خبیث جو سب اشیاء نگل جائے (۲) بہت کھانے والا (۳) لالچی۔
بھکارن [ہ۔ا۔مث] بھیک مانگنے والی عورت۔
بھکاری (بھ۔کا۔ری) [ہ۔ا۔مذ] فقیر۔ منگتا۔ گداگر۔
بھُکرانا (بھک۔را۔نا) [ہ۔مص] بدبو دینا۔
بھکراند، بھکراہنڈ (بھک۔راند، بھک۔را۔ہنڈ) [ہ۔ا۔مث] سڑے گلے اناج کی بدبو۔ ناگوار بدبو۔
بھکراندا (بھک۔ران۔دا) [ہ۔صف] بدبودار
بھکشا (بھک۔شا) [س۔ا۔مث] (۱) بھیک۔ خیرات (۲) مانگ۔ طلب
بھکشو (بھک۔شو) [س۔ا۔مذ] (۱) بھیک پر بسر کرنے والا۔ فقیر۔ بدھ مت کا درویش۔
بھکل (بھک۔کل) [ہ۔ا۔مث] گرم ہوا جو کسی محدود مکان میں بند ہو گئی ہو
بُھکنا (بھک۔نا) [ہ۔مص] (۱) گھس جانا۔ چبھنا (۲) سیر ہونا۔ آسودہ ہونا
بھکوا (بھک۔وا) [ہ۔صف] (۱) نادان۔ احمق۔ بیوقوف (۲) بھڑوا (۳) مسخرا
بھکوسنا (بھ۔کوس۔نا) [ہ۔مص] جلدی جلدی کھانا۔ نگلنا۔
بھکوی (بھک۔وی) [ہ۔صف] بھکوا کی تانیث۔ نادان عورت۔ مسخری۔
بھگ [س۔ا۔مث] عورت کا اندامِ نہانی۔ فرج۔
بھگا (بھگ۔گا) [ہ۔صف] وہ جانور جو لڑائی میں اپنے مقابل سے بھاگ گیا ہو
بُھگا (بھُگ۔گا) [ہ۔صف] (۱) بیوقوف۔ ناتجربہ کار (۲) چورا۔ بُرادہ۔ چچوڑن۔ سفوف
بھگا لے جانا (بھ۔گا لے جانا) [ہ۔مص] (۱) اغوا کرنا۔ فریب دے کر لے جانا (۲) تیز چال سے لے جانا۔
بھگانا (بھ۔گا۔نا) [ہ۔مص] (۱) دوڑانا (۲) ورغلا کر لے جانا (۳) شکست دینا
بھگت (بھ۔گت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھگت۔ عابد۔ پرہیزگار (۲) گنڈے تعویذ کرنے والا۔ بھوت پریت اتارنے والا (۳) سازندہ۔
بھگت باز۔ ہندوؤں کا فرقہ جو لڑکوں کو نچاتا اور سوانگ وغیرہ بھر



Marfat.com

کرتماشا دکھاتا ہے۔ سوانگی۔
**بھگت لینا** (بھُ۔گت۔ لے۔نا) [ہ۔ مص] (۱) بدلہ لینا۔ عوض لینا (۲) وصول کرنا (۳) سزا دینا۔ مار پیٹ کرنا (۴) کیفر کردار کو پہنچانا۔
**بھگتان** (بھگ۔تان) [ہ۔ا۔مذ] سزا (۲) قرضہ کی بے باقی۔
**بھگتانا** (بھگ۔تا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) پورا کرنا۔ ادا کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) تعمیل کرنا۔ بجا لانا (۳) بے باق کرنا (۴) فیصلہ کرنا (۵) تقسیم کرنا بھگتان کرنا۔ دینا (۶) حساب کرنا۔ جھگڑا چکانا۔
**بھگتنا** (بھُ۔گت۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ختم ہونا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا (۳) بے باق ہونا (۴) بھرنا۔ بھوگنا (۵) فیصلہ ہونا (۶) نباہنا (۷) تاوان دینا (۸) سمجھنا۔
**بھگتی** (بھگ۔تی) [ہ۔ا۔مث] عبادت [مذ] بھگتی کرنے والا۔ عابد۔ زاہد۔ پرہیزگار۔
**بھگتی بھگتیا** (بھگ۔تی، بھگ۔ت۔یا) [ہ۔ا۔مذ] ناچنے والا۔ بھانڈ۔ رقص کرنے والا۔ رقاص۔
**بھگدر** (بھگ۔در) [ہ۔ا۔مث] بھاگنے کی ہلچل۔ افراتفری۔
**بھگر** (بھ۔گر) [ہ۔ا۔مذ] گلا سڑا اناج۔
**بھگل** (بھ۔گل) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا [مث] ہاری ہوئی۔ بزدل۔
**بھگل بنانا** (۱) دھوکا دینا (۲) جھوٹا افلاس ظاہر کرنا۔
**بھگندر** (بھ۔گن۔در) [س۔ا۔مذ] نواسیر۔ ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد میں یا آس پاس ہوتا ہے۔
**بھگو** (بھگ۔گو) [ہ۔صف] بھگوڑا۔ بھاگ جانے والا۔ بزدل۔
**بھگوان** (بھگ۔وان) [ہ۔ا۔مذ] خدائے تعالےٰ۔ پرمیشر۔ ایشر
**بھگو بھگو کے لگانا (مارنا)** [ہ۔ مص] (۱) بھگو بھگو کر جوتیاں مارنا (۲) سخت لعنت ملامت کرنا۔
**بھگوتی** (بھگ۔و۔تی، بھ۔گو۔تی) [س۔ا۔مث] دیبی۔ دُرگا دیوی
**بھگوڑا** (بھ۔گو۔ڑا) [ہ۔صف وا۔مذ] ڈرپوک۔ بھاگ جانے والا۔ بزدل۔ نامرد۔
**بھگونا** (بھ۔گو۔نا) [ہ۔ مص] تر کرنا۔ گیلا کرنا۔
**بھگی** (بھگ۔گی) [ہ۔ا۔مث] ہلچل۔ بھاگڑ۔
**بھگی پڑنا** (۱۔مص) (۱) ہلچل ہونا۔ خوف کے مارے بھاگنا (۲) شکست کھانا۔ ہارنا۔
**بھگیلا** (بھ۔گے۔لا) [ہ۔صف] وہ پرندہ جو لڑائی میں بھاگ گیا ہو۔ بھگوڑا
**بھل** [ہ] (۱) سہارے۔ ذریعے۔ بل (۲) [ا۔مذ] طاقت۔ زور۔ رُخ۔ پہلو۔
**بھلا** (بھ۔لا) [ہ۔صف] (۱) عمدہ۔ خوب۔ اچھا۔ مناسب (۲) نیک۔ پاک (۳) عجیب۔ انوکھا۔ سہانا۔ دلکش (۴) تندرست۔ تروتازہ (۵) کلمۂ تنبیہ۔ ٹھہر۔ صبر کر۔
**بھلا آدمی** (۱۔صف) (۱) اچھا آدمی۔ نیک آدمی (۲) [طنزاً] شریر۔ چالاک۔ بدچلن۔ بدمعاش۔

**بھلا بچہ** (۱۔ دھمکی) سمجھ لوں گا۔ بدلہ لوں گا۔
**بھلا بُرا کہنا** (محاورہ) سخت سُست کہنا۔ بدزبانی کرنا۔
**بھلا جی۔** بھلا صاحب [طنزاً] کیا مضائقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔
**بھلا چاہنا** (۱۔ مص) خیر خواہی کرنا۔ بہتری کی خواہش کرنا۔
**بھلا چنگا** (۱۔صف) تندرست۔ اچھا خاصا۔ صحیح سالم۔
**بھلا کرنا** (۱۔مص) نیکی کرنا۔ خیرات کرنا۔ اچھا سلوک کرنا۔
**بھلا لگنا** (۱۔مص) اچھا معلوم ہونا۔ زیب دینا۔
**بھلا مانس** (۱) بھلا آدمی۔ مہذب شخص (۲) ملنسار۔ خوش مزاج (۳) شریف (۴) نیک بخت (۵) سیدھا سادا۔ صاف دل (۶) [طنزاً] شریر۔ بد۔
**بھلا وا دینا** (۱۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
**بھلا ہو** [دعا] (۱) بھلائی اور خوش نصیب ہو (۲) [طنزاً] بددعا۔ بُرا ہو۔
**بھلا ہوا میری مٹکی پھوٹی میں دہی بیچنے سے چھوٹی** [مثل] تھوڑے نقصان کا غم نہیں روز روز کا جھگڑا تو ختم ہوا۔
**بھلا ہونا** (محاورہ) خوشی حاصل ہونا۔ بھلائی ملنا۔
**بھلائی** (بھ۔لا۔ای) [ہ۔ا۔مث] نیکی۔ بہتری (۲) خیر خواہی (۳) نیک نامی (۴) فائدہ (۵) حُسن۔ خوبی۔ عمدگی۔ احسان۔ سلوک۔
**بھلائی رہنا** (محاورہ) نیکی کی یادگار باقی رہنا۔
**بھلائی کی بات** (۱۔صف۔مث) نیک بات۔
**بھلائی لینا** (محاورہ) سلوک کرنا۔ احسان کرنا۔ نیکی کرنا۔ ثواب حاصل کرنا نیک نامی حاصل کرنا۔
**بھلے آدمی کو ایک بات بھلے گھوڑے کو ایک چابک** [مثل] سمجھدار کو ایک بار کی فہمائش کافی ہے
**بھلے آئے** [طنزاً] (۱) خوب آئے (۲) بہت دیر سے آئے (۳) وعدہ پورا نہیں کیا۔
**بھلے بُرے** (۱۔صف) (۱) اچھے بُرے۔ نیک و بد (۲) خراب آدمی۔ بدمعاش۔ ٹھگ
**بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے** [مثل] ظاہر میں تو سب لوگ ایک جیسے ہی ہیں۔ اچھے یا بُرے کا فرق صرف اعمال سے ہے
**بھلے دن** (۱۔ مذ) اچھا زمانہ۔ اقبال کا زمانہ۔ خوشحالی کا وقت۔
**بھلے دن آنا** (محاورہ) اقبال کا زمانہ آنا۔ خوشحالی کا وقت آنا۔
**بھلے کا زمانہ نہیں** (مثل) (۱) نیکی کرنے کا وقت نہیں (۲) دنیا میں احسان فراموشی ہے (۳) سیدھے آدمی کے لیے مصیبتیں ہی مصیبتیں ہیں اسے آرام نہیں مل سکتا۔
**بھلے کو۔** خوب ہوا۔ اچھا ہوا۔ خیر ہوئی (۲) خیر خواہی کے لیے۔ حسنِ اتفاق سے۔
**بھلے کی** (۱۔صف۔مث) فائدے کی۔
**بھلے کے لیے۔** بہتری کے واسطے۔ فائدے کے لیے۔
**بھلے مانس کی سب طرح خرابی ہے** (مثل) شریف آدمی کو ہر حالت میں دشواریاں پیش آتی ہیں
**بھلا** (بھل۔لا) [ہ۔ا۔مذ] ہندوؤں کی ایک ذات



Marfat.com

**بھلانا** (بھُ۔لا۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) یاد سے اتارنا۔ یاد نہ رکھنا۔ فراموش کرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
**بھلاوا** (بھُ۔لا۔وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مغالطہ۔ دھوکا۔ فریب۔
**بھلاواں** (بھِ۔لا۔واں) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک پھل کا نام ہے جو اکثر دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
**بھل بھل** (بھَل۔بھَل) [ہ ۔ ا ۔ مث] پانی کے بکثرت گرنے کی آواز۔ دھا بندھ کر خون، پانی یا کسی اور رقیق شے کے گرنے کی آواز۔
**بھُل بھُل** (بھُل۔بھُل) [ہ ۔ ا ۔ مث] بھوبل۔ جلی ہوئی راکھ۔
**بھلبھلانا** (بھَل۔بھَ۔لا۔نا) [ہ ۔ مص] بہنا۔ پانی وغیرہ کا بکثرت گرنا۔
**بھُلبھُلانا** (بھُل۔بھُ۔لا۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) بھوبل یا بھاڑ میں کسی چیز کو بھوننا (۲) نیم برشتہ کرنا۔ ادھ بھنی کرنا۔
**بھُلسانا** (بھُل۔سا۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا (۲) بھوننا جھُلسانا۔
**بھُلسنا** (بھُ۔لس۔نا) [ہ ۔ مص] جھُلسنا۔ جلنا۔ بھوبل یا کسی گرم چیز سے جل کر بھُرتا ہو جانا۔
**بھلک بھلک رونا** (بھَ۔لک۔بھَ۔لک۔رو۔نا) [ہ ۔ مص] جی کھول کر رونا۔ زار و قطار رونا۔
**بھُلکڑ** (بھُ۔لک۔کڑ) [ہ ۔ صف] بھولنے والا۔ بھول جانے والا۔ غبی کُند ذہن۔
**بھلمنساہت** (بھَل۔مَن۔سا۔ہَت) [ہ ۔ ا ۔ مث] آدمیت۔ شرافت۔ انسانیت
**بھلمنسائی۔ بھلمنسی** (بھَل۔مَن۔سا۔ای۔بھَل۔مَن۔سی) [ہ ۔ ا ۔ مث] انسا۔
**بھلی** (بھَ ۔ صف] بھلا کی تانیث۔ اچھی
**بھلی بُری سنانا** (محاورہ) بدزبانی کرنا۔ گالیاں بکنا۔
**بھلی چلائی** (محاورہ) (۱) بھلی کہی۔ خوب کہا (۲) بے ضرورت ہے۔ بے فائدہ ہے۔
**بھلی کہی** (کلمۂ تعجب) اظہارِ حیرت کے لیے کہتے ہیں (۱) اس معاملے کا کیا ذکر کرتے ہو۔ یہ بات قابلِ توجہ نہیں (۲) سند نہیں (۳) بے مزہ ہے (۴) اچھی ہے۔
**بھمباکا** (بھَم۔با۔کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑا سوراخ۔ وہ بڑا چھید جو آر پار ہو جائے
**بھمبو** (بھَم۔بو) [ہ صف] بہت موٹی اور بھدی عورت۔
**بھمنا** (بھَم۔با) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پرانا سانپ۔
**بھُننا** (بھُن۔نا) [ہ مص] (۱) بریاں ہونا (۲) جلنا۔ تپنا (۳) حسد کرنا بغض کرنا۔ کینہ رکھنا (۴) روپے وغیرہ کا خوردہ ہونا۔
**بھُناس** (بھُن۔ناس) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہاتھی کے باندھنے کا موٹا کھونٹا (۲) موٹا قصہ (۳) آلۂ تناسل۔
**بھنّانا** (بھِن۔نا۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) سر چکرانا (۲) طیش میں آنا۔ گھبرانا و پریشان ہونا (۳) مکھیوں یا بھڑوں کا ہجوم ہونا (۴) عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔
۔مص] (۱) بریاں کرانا (۲) روپیہ پیسہ تڑوانا۔
**بھنائی۔ بھنوائی** (بھُ۔نا۔ای۔بھن۔وا۔ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] بھنانے کی اجرت (۲) بٹا۔ کٹوتی۔

**بھنبوڑنا۔ بھنبھوڑنا** (بھَم۔بوڑ۔نا۔بھَم۔بھوڑ۔نا) [ہ مص] درندہ جانور کا کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔ پھاڑنا۔ نوچنا۔
**بھن بھن** (بھِن۔بھِن) [ہ ۔ ا ۔ مث] مکھیوں کے اُڑنے کی آواز
**بھنبھنا** (بھِن۔بھِ۔نا) [ہ ۔ صف] (۱) ناک میں بولنے والا (۲) میلا کچیلا
**بھنبھنانا** (بھِن۔بھِ۔نا۔نا) [ہ ۔ مص] مکھیوں کے اڑنے کی آواز نکلنا (۲) ناک میں بولنا۔
**بھنبھناہٹ** (بھِن۔بھِ۔نا۔ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] مکھیوں کے اُڑنے کی آواز۔
**بھنبھنیا** (بھِن۔بھِ۔نے۔یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جو ہر جگہ مارا مارا پھرے
**بھنبھوا** (بھَم۔بھُ۔وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بھوک کے مارے لوٹ مار کرنے والا فقیر (۲) بھوک کی شدت میں دوسروں کی چیزیں کھا جانے والا شخص
**بھنبھیری۔ بھنبیری** (بھَم۔بھی۔ری۔بھَم۔بی۔ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) تیتری کی شکل کا ایک پردار برساتی کیڑا (۲) لٹو کی شکل کا ایک تیز پھرنے والا چھوٹا سا کھلونا (۳) [صف۔ مجازاً] تیز دوڑنے والا پھرتیلا۔ چست و چالاک۔ چھریرا۔
**بھنجن** (بھِن۔جن) [ہ ۔ ا ۔ مث] روپیہ خوردہ کرانے کا بٹا۔
**بھنڈ** [ہ ۔ ا ۔ مذ] تباہی۔ بربادی۔
**بھنڈ پیرا۔ بھنڈ قدما** [ہ ۔ صف] منحوس قدم۔
**بھنڈ کرنا** (محاورہ) خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔
**بھنڈ۔ بھنڈا** (بھَن۔ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سوکھا ہوا ڈلا (۲) بنا ہوا تمباکو (۳) ایک قسم کا حقہ
**بھنڈا۔ بھنڈیے** (ہرکارہ) حقہ پلانے والا ملازم۔
**بھنڈیے خانہ**۔ وہ کوٹھڑی یا مکان جس میں حقے کا سامان رکھا جاتا ہے۔
**بھنڈار** (بھَن۔ڈار) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گودام۔ ذخیرہ۔ سٹور
**بھنڈارا** (بھَن۔ڈا۔را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) عالم خیرات۔ فقیروں کا لنگر (۲) کھوپری۔ سری (۳) پیٹ۔ شکم۔
**بھنڈاری** (بھَن۔ڈا۔ری) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بھنڈار کا مالک (۲) گودام کا داروغہ۔
**بھنڈسار۔ بھنڈسال** (بھُنڈ۔سار۔بھنڈ۔سال) [ہ ۔ ا ۔ مث] غلے کا کھتی جس میں غلہ بغرض تجارت بھرا جاتا ہے۔
**بھنڈسالی** (بھنڈ۔سا۔لی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ارزانی میں غلہ خرید کر مہنگا بیچنے کے لیے کوٹھے میں ذخیرہ کر رکھنے والا (۲) بودار غلہ۔ گلا سڑا غلہ۔
**بھنڈی** (بھِن۔ڈی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک ترکاری کا نام جو لمبی سی ہوتی ہے اور اس پر رونئیں ہوتے ہیں۔
**بھنڈیلا** (بھَن۔ڈے۔لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) نقال۔ بھانڈ (۲) پھکڑباز (۳) جگت باز۔
**بھنک** (بھِ۔نک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دھیمی آواز (۲) اڑتی ہوئی خبر۔ اطلاع (۳) مکھیوں کی آواز۔



Marfat.com

**بھنکار** (بھن۔کار) [ہ۔ا۔مث] مکھیوں یا مچھروں کا ہجوم (۲) مکھیوں یا مچھروں کی آواز۔

**بھنکانا** (بھن۔کا۔نا) [ہ۔مص] کسی چیز کو بے احتیاطی سے رکھنا کہ مکھیاں اس پر بیٹھیں۔

**بھنکنا** (بھ۔نک۔نا) [ہ۔مص] (۱) مکھیوں کا بھنبھنانا (۲) سُست بیٹھنا۔ بے کار رہنا (۳) میلا کچیلا رہنا۔ غلیظ رہنا۔

**بھنگ** [ہ۔ا۔مث] (۱) بنگ۔ ایک قسم کی نشیلی پتی (۲) بربادی تباہی۔ خاتمہ۔

**بھنگ تو نہیں کھائی** (محاورہ) بدحواسی کی باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

**بھنگ رہنا** (محاورہ) مست رہنا۔ بدحواس رہنا۔ پریشان رہنا۔

**بھنگ کرنا** (محاورہ) خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ توڑنا۔ مسمار کرنا۔

**بھنگ کھانا** (محاورہ) بدحواس ہونا۔ نشے میں ہونا۔

**بھنگ کے بھاڑے میں جانا** (محاورہ) مفت جانا۔ ضائع ہونا۔

**بھنگا** (بھن۔گا) [ہ۔مذ] ایک چھوٹا سا کیڑا۔

**بھنگا سا** (ہ۔صف) ضعیف۔ لاغر۔ کمزور

**بھنگرا۔ بھنگڑا** (بھنگ۔را۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] ایک گھاس جو دوائیں میں کام آتی ہے

**بھنگراج** (بھنگ۔راج) [ہ۔ا۔مذ] ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند

**بھنگڑ** (بھن۔گڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھنگ پینے والا (۲) پی۔ بادہ کو۔

**بھنگڑا** (ہ۔مذ) ایک دیہاتی ناچ۔

**بھنگڑ خانہ**۔ بھنگ پینے کا اڈا

**بھنگن** (بھن۔گن) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھنگ پینے (۲) بھنگ بیچنے والی (۳) مہترانی۔ خاکروب۔

**بھنگی** (بھن۔گی) [ہ۔ا۔مذ] بھنگ پینے والا (۲) خاکروب مہتر۔

**بھنگی** (بھن۔گی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا لٹو جس سے بچے کھیلتے ہیں

**بھنگیا جانا۔ بھنگیانا** (بھن۔گ۔یا۔جا۔نا۔ بھن۔گ۔یا۔نا) [ہ۔مص] نشہ میں ہونا۔ بدحواس ہو جانا۔

**بھنگیڑا** (بھن۔گے۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] بھنگ بیچنے والا۔ بھنگ بنانے والا

**بھنگیڑ خانہ** (بھن۔گیڑ۔خانہ) [اُر۔ا۔مذ] دیکھیے بھنگڑ خانہ

**بھنگیڑ خانے کی گپ** (محاورہ) بے سر و پا بات۔ بے بنیاد گپ۔

**بھنگیڑن** (بھن۔گے۔ڑن) [ہ۔ا۔مث] بھنگ پلانے والی خادمہ (۲) حقہ تیار کرکے پلانے والی۔

**بھننا** (بھن۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے بُھنّا۔

**بھننک** (بھ۔ننک) [ہ۔ا۔مث] دھیمی دھیمی آواز

**بھنور** (بھن۔ور) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پانی کا چکر۔ گرداب (۲) بلا۔ غم۔ دُکھ

**بھنور پڑنا** (ہ۔مص) پانی کا چکر کھانا۔ گرداب پڑنا۔

**بھنور جال** (ہ۔مذ) دنیا کے جھگڑے بکھیڑے

**بھنور کلی** (ہ۔مث) لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کتے یا بکری وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ کنڈی۔

**بھنیج۔ بھنیجا** (بھ۔نیج۔ بھ۔نے۔جا) [ہ۔ا۔مذ] بہن کا بیٹا۔ بھانجا۔

**بھنیج بہو** (ہ۔مث) بھانجے کی بیوی۔

**بھنیج داماد** (ہ۔مذ) بھانجی کا خاوند۔

**بھو** (ہ۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔

**بھو** (ہ۔مث) بھیٹ (۲) زمین۔ دھرتی۔

**بھَو** (ہ۔مذ) خوف۔ ڈر۔ دہشت۔

**بھُوا** (بھو۔آ) [ہ۔ا۔مث] باپ کی بہن۔ پھوپھی

**بھوانی** (بھ۔وا۔نی) [س۔ا۔مث] (۱) درگا۔ پاربتی۔ شبوجی کی استری (۲) چیچک۔

**بھُوبل** (بھُو۔بل) [ہ۔ا۔مث] (۱) گرم راکھ (۲) ریت۔ خاک۔

**بھوپالی** (بھُو۔پا۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک راگنی کا نام (۲) [صف] بھوپال سے نسبت رکھنے والا۔

**بھُوت** [س۔ا۔مذ] (۱) بھتنا۔ پریت۔ شیطان۔ خبیث۔ ناپاک رُوح۔ (۲) [صف] پیچھا نہ چھوڑنے والا (۳) بدشکل (۴) نشے میں چور۔

**بھُوت اتارنا** (محاورہ) خبیث روح کو دفع کرنا (۲) غصے سے نجات دلانا۔

**بھُوت اترنا** (محاورہ) خبیث روح کا دفع ہونا۔ غصہ دُور ہونا۔

**بھوت بن کر چمٹنا۔ بھوت بن کر لپٹنا**۔ بُری طرح پیچھے پڑنا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ کسی بات کے سر ہو جانا۔

**بھُوت بننا** / ہو جانا (محاورہ) (۱) نشے میں سرشار ہونا (۲) غصے میں آپے سے باہر ہونا (۳) خاک آلود ہونا (۴) ہمہ تن مصروف ہونا۔

**بھُوت بن کر چمٹنا** (محاورہ) بُری طرح پیچھے پڑ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا

**بھُوت پریت** (ہ۔مذ) خبیث روحیں۔

**بھُوت چڑھنا** / سوار ہونا (محاورہ) سخت غصہ آنا۔

**بھُوت کا پکوان** (۱) بھوت کے ذریعے سے ملا ہوا پکوان (۲) مُفت کی دولت۔ آسانی سے حاصل کیا ہوا مال۔

**بھُوتنی۔ بھُتنی** (بھوت۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھوت کی تانیث۔ چڑیل بھتنی

**بھوتنی والا** (۱) چڑیل کا۔ ایک گالی (۲) بدمعاش۔ شریر۔ بے ایمان

**بھوٹیا** (بھوٹ۔یا) [ہ۔صف] (۱) بھوٹان کا رہنے والا (۲) ناٹے قد کا آدمی

**بھوج** (س۔ا۔مذ) (۱) کھانا (۲) دعوت۔ ضیافت۔ بھنا ہوا غلہ۔

**بھوج پتر**۔ بھوج درخت کے پتے۔ قدیم زمانے میں انہیں بجائے کاغذ کے استعمال کرتے تھے۔

**بھوجائی۔ بھوجی** (بھو۔جا۔ای۔ بھو۔جی) (ہ۔ا۔مث) بڑے بھائی کی بیوی بھاوج۔

**بھوجن** (بھو۔جن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کھانا کھانے کی چیز (۲) ترکاری۔ بھنی ہوئی ترکاری (۳) بھونی ہوئی شے۔

**بھوچک۔ بھوچکا** (بھوچک۔ بھو۔چک۔کا) [ہ۔صف] بدحواس پریشان حیران۔ متحیر (۳) بھولا ہوا۔ غلط راستہ پر پڑا ہوا (۴) ڈرتا ہوا۔ خوف زدہ۔

**بھوچکا ہونا** (محاورہ) حیران و متعجب ہونا۔

**بھوڈل** (بھو۔ڈل) [ہ۔ا۔مذ] ابرک۔

**بھور** [ہ۔ا۔مث] (۱) صبح۔ نور کا تڑکا۔ علی الصبح (۲) خاتمہ۔



Marfat.com

بھور کر دینا (محاورہ) خوب زدو کوب کرنا۔
بھور ہونا (محاورہ) (۱) صبح ہونا۔ صبح کی سفیدی پھیلنا (۲) بڑھاپا آنا۔ بال سفید ہونا (۳) خاتمہ ہونا۔ مرنا۔
بھُورا (بھُو۔ را) [ہ۔ صف] (۱) مٹیالا زردی مائل۔ سیاہ (۲) [مذ] نیلا کبوتر جس کا کوئی پر سفید نہ ہو۔
بھُوری (بھو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی روٹی جو کنڈوں کی گرم راکھ پر پکائی جاتی ہے (۲) [صف] بھورا کی تانیث۔
بھَوڑ [ہ۔ ا۔ مث] ریگستان۔ ریتلی زمین۔
بھُوسا (بھُو۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] بھُس۔
بھُوسی (بھُو۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بھوسا کی تانیث۔ چوکر۔ غلہ کا فضلہ۔ چھلکا
بھُوشن [بھُو۔ شن] [س۔ ا۔ مذ] (۱) سجاوٹ۔ آرائش (۲) زیورات جواہرات (پوشاک)
بھُوک [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کھانے کی خواہش۔ اشتہا (۲) خواہش۔ ضرورت حاجت (۳) کمی۔ کسر۔
بھوک (اُترنا) بھاگنا (محاورہ) کھانے کی خواہش جاتی رہنا۔ کھانے کی پروا نہ رہنا۔
بھوک بند ہونا (محاورہ) بھوک نہ لگنا (۲) خواہش نہ ہونا۔
بھوک پیاس (۱) کھانے پینے کی ضرورت (۲) غریبی۔ کنگالی۔ فقر و فاقہ تنگی۔ مفلسی۔
بھوک پیاس اُڑجانا (محاورہ) بھوک پیاس مٹ جانا۔
بھوک جاتی رہنا (محاورہ) کھانے کی خواہش ختم ہونا۔
بھوک جنم کی ہُوک (مثل) بھوکا رہنا زندگی کی سب سے بڑی تکلیف ہے۔
بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا (مثل) سخت بھوک میں انسان کو جو کچھ مل جائے اسے کھا لیتا ہے اور سخت نیند میں انسان ہر جگہ سو جاتا ہے۔ بستر کا خیال بھی نہیں کرتا۔
بھوک کی جھانجھ (ا۔ مث) وہ غصہ جو بھوک کی شدت میں آئے۔
بھوک گئے بھوجن ملے، جاڑا گئے قبا۔ جوانی گئے تریا ملے تینوں ان سبھا (مثل) وقت پر چیز نہ ملے تو اس کا کیا فائدہ۔ جیسے بھوک مٹ جانے سے کھانا۔ سردی نکل جانے پر لباس اور جوانی ختم ہونے پر بیوی کا ملنا کوئی فائدہ نہیں دیتا۔
بھوک لگی تو گھر کی سُوجھی (محاورہ) کھیل کود میں مصروف رہنے والے بے پروا کے متعلق کہتے ہیں۔
بھوک لگنا۔ کھانے کی خواہش ہونا۔ اشتہا ہونا۔
بھوک مرنا۔ بھوک جاتی رہنا۔
بھوک میں بھجن بھی نہ ہو (مثل) بھوک لگی ہو تو عبادت میں بھی مزہ نہیں آتا۔ بھوک میں کوئی کام نہیں ہوتا۔
بھوک ہڑتال (ا۔ مث) کوئی مطالبہ منوانے یا کسی غصے کی وجہ سے کھانا پینا چھوڑ دینا۔ مقاطعہ جوعی۔
بھوک ہونا (محاورہ) اشتہا ہونا خریداری کی خواہش ہونا۔

بھُوکا (بھو۔ کا) [ہ۔ صف] (۱) جسے بھوک لگی ہوئی ہو (۲) خواہشمند (۳) محتاج۔ فاقہ کش (۴) نہایت مفلس۔ کنگال (۵) عاشق (۶) مشتاق۔
بھوکا اُٹھاتا ہے بھوکا سلاتا نہیں (مثل) اللہ تعالیٰ سب کو رزق دیتا ہے۔ کوئی بھی بھوکا نہیں سوتا۔ کچھ نہ کچھ کھانے کو مل جاتا ہے۔
بھوکا بنگالی (ا۔ صف) بہت غریب۔ بہت مفلس۔
بھوکا سو رُوکھا (مثل) بھوکا آدمی کسی سے اچھی طرح نہیں ملتا۔
بھوکا مرتا کیا نہ کرتا (مثل) مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔ مجبوری سب کچھ کروا دیتی ہے۔
بھوکا (بھوکوں) مرنا (محاورہ) فاقہ کشی کرنا (۲) مشکل سے گزر بسر ہونا۔
بھوکے شریف سے اور پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہیئے۔ (مثل) فاقہ کش شریف اور آسودہ حال کمینہ نہایت خطرناک ہوتا ہے
بھوکی (بھُو۔ کی) بھوکا کی تانیث۔
بھوگ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بھوجن۔ کھانا۔ تبرک (۲) دیوتاؤں کا چڑھاوا (۳) خوشی۔ آرام۔ عیش (۴) صحبت۔ جماع۔ ہم بستری (۵) بدلہ۔ نتیجہ۔ عوض۔ سزا۔ جزا (۶) تخلص یعنی وہ مختصر نام جو شاعر اپنے کلام میں لاتے ہیں
بھوگ بلاس (ا۔ مذ) عیش و سرور۔ رنگ رلیاں۔ زندگی کے مزے۔ سیر و تماشا۔ کھیل کود۔ راگ۔ رنگ۔ لہو و لعب۔
بھوگ پڑنا (محاورہ) گالیاں پڑنا۔ لعنت پڑنا۔ دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا
بھوگ (دینا) سنانا (۱) گالیاں دینا۔ ملامت کرنا (۲) تبرک دینا۔
بھوگ کرنا۔ جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
بھوگلی (بھوگ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ناک کا ایک کھوکھلا زیور۔
بھوگنا (بھوگ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ لطف اُٹھانا (۲) برداشت کرنا۔ بھگتنا (۳) مجبور ہونا (۴) بدلہ پانا۔ نتیجہ بھگتنا۔ سزا پانا (۵) جرمانہ ادا کرنا۔
بھوگی (بھو۔ گی) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) عیاش۔ شہوت پرست (۲) زانی (۳) دیوتاؤں کے بھوگ دینے والا۔ چڑھاوا چڑھانے والا (۴) عیش پسند (۵) گرہست۔
بھُول [ہ۔ ا۔ مث] (۱) فراموشی۔ سہو۔ نسیان۔ چُوک۔ غلطی (۲) قصور۔ دھوکا
بھُول بھُلیّاں (ہ۔ مث) پیچ در پیچ راستے کا مکان (۲) ایسا راستہ جس پر چلتے چلتے انسان چکرا کر راستہ بھول جائے (۳) گورکھ دھندا (۴) وہ کام یا بات جو بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آئے۔
بھُول پڑنا (محاورہ) غلطی ہو جانا۔ یاد سے اتر جانا۔ دھیان نہ رہنا۔
بھُول جانا (محاورہ) یاد سے اتر جانا۔ خیال نہ رہنا۔ فراموش ہو جانا۔
بھُول چُوک (ا۔ مث) (۱) فراموشی (۲) غلطی۔ قصور۔
بھُول چُوک لینی دینی (ا۔ مث) کمی بیشی کی دی جائے گی حساب بعد میں اچھی طرح کر لیا جائے گا اور جو دینا ہو گا وہ دیا جائے اور جو لینا ہو گا لیا جائے گا۔
بھُول کے نہ کرنا (محاورہ) کبھی نہ کرنا۔ ہرگز نہ کرنا۔ کسی حال میں نہ کرنا
بھول گئے ناچ رنگ بھول گئی چھکڑی (مثل) بیاہ شادی کے بعد انسان دنیا کے تین چیزیں یاد رہیں نون، تیل، لکڑی



Marfat.com

دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے۔
**بھُولا** (بھو۔لا) [ہ۔صف] (۱) وہ جو بھول جائے (۲) غافل بھولنے والا (۳) فراموش۔ گم شدہ۔
**بھولا بسرا** (بچھڑ گا) (ہ۔صف) یاد سے اترا ہوا۔ ذہن سے ہٹا ہوا
**بھولا بھٹکا** (ہ۔صف) راستہ بھولا ہوا۔ راستہ کھویا ہوا
**بھولا چیتا** (ہ۔صف) (۱) خراب حافظہ۔ بھول کا مادہ (۲) بھولا ہوا کام یاد آنا
**بھولے بھٹکے**۔ کبھی کبھی راستہ بھول کر۔ بھولے چوکے۔
**بھولا** (بھو۔لا) [ہ۔صف] (۱) سیدھا سادا بے تکلف۔ چھل کپٹ نہ کرنے والا (۲) ناتجربہ کار۔ بھلے بُرے کی تمیز نہ رکھنے والا۔
**بھولا بھالا** (ہ۔صف) سیدھا سادا۔ معصوم۔ بے گناہ بچہ۔
**بھولاپن۔ بھولپن** (ہ۔مذ) (۱) سادگی۔ سادہ پن (۲) نادانی۔ سادہ لوحی (۳) ناتجربہ کاری (۴) خوبصورتی جس میں شرارت نہ ہو۔
**بھُولنا** (بھُول۔نا) [ہ۔مص] (۱) یاد نہ رہنا۔ فراموش کرنا۔ دھیان نہ رکھنا (۲) غلطی کرنا۔ خطا کرنا (۳) بھٹکنا۔ گم ہونا۔ کھو جانا (۴) دھوکا کھانا (۵) غرور کرنا (۶) بے خبر رہنا۔
**بھولنا چوکنا** (محاورہ) ذہن سے ہٹنا۔ سہو ہونا۔ فروگزاشت ہونا۔
**بھولی بسری باتیں** (ہ۔مث) وہ باتیں جو یاد سے محو ہو گئی ہوں۔ پرانی اور گزری ہوئی باتیں۔
**بھُولے سے**۔ سہواً۔ دھوکے سے۔
**بھُولے سے بھی یاد نہ کرنا** (محاورہ) بھول کر بھی کبھی یاد نہ کرنا۔ ہرگز یاد نہ کرنا۔ فراموش کر دینا۔
**بھولی** (بھو۔لی) [ہ۔صف] بھولا کی تانیث۔ سیدھی سادی۔ نادان
**بھولی بھالی صورت** (ہ۔مث) پیاری صورت۔ وہ شکل جس سے بھولاپن ٹپکے۔
**بھولی بھالی باتیں** (ہ۔مث) بچوں کی سی باتیں۔ پیاری پیاری باتیں سادہ لوحی کی باتیں۔
**بھُوم** (س۔ا۔مث) (۱) زمین۔ دھرتی (۲) دنیا۔ سنسار (۳) جگہ۔ مقام (۴) ملک۔ ولایت (۵) دیس۔ وطن۔
**بھُومی** (بھُو۔می) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے بھوم۔
**بھُومیا** (بھُو۔م۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) زمیندار۔ زمین کا مالک (۲) پرانا باشندہ (۳) وہ بہت پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں۔
**بھوں** [ہ۔ا۔مث] (۱) ابرو یعنی آنکھ اور ماتھے کے درمیانی بال (۲) ساز کی آواز (۳) موٹی اور بھدی آواز (۴) کتے کی آواز
**بھوں پر بل پڑنا** (محاورہ) چہرے پر غصے کے آثار ظاہر ہونا۔ ناپسندیدگی کا اظہار ہونا۔
**بھوں بھوں** (۱) کتے کی آواز (۲) رونے کی آواز۔
**بھوں بھوں کرنا** (محاورہ) (۱) کتے کا بھونکنا (۲) کتے کی آواز کی نقل کرنا [مجازاً] بکواس کرنا۔ بکنا (۳) کرخت اور سخت آواز سے بولنا (۵) زور زور سے رونا۔
**بھُون** (۱) فعل بھوننا مصدر کا صیغہ امر۔

**بھُون بھُلس لینا** (محاورہ) کچا پکا پکا کر کھا لینا۔ بھون کھانا۔ اپنے لیے
**بھَوَن** (بھَ۔وَن) [س۔ا۔مذ] (۱) مقام۔ جگہ۔ گھر۔ مسکن (۲) دیوی کا استھان
**بھونپو** (بھوں پو) [ہ۔ا۔مذ] نرسنگھا۔ سنکھ۔ پھکنی (۲) بڑی بھاری بھدی آواز
**بھونچال** (بھوں۔چال) [ہ۔ا۔مذ] زلزلہ۔ زمین کا لرزہ۔
**بھونچکا** (بھوں۔چک۔کا) [ہ۔صف] دیکھیے بھوچکا۔
**بھوندو** (بھو۔دُو) [ہ۔صف] سادہ لوح۔ بے وقوف۔ احمق۔
**بھونڈا** (بھوں۔ڈا) [ہ۔صف] (۱) بدصورت۔ بدشکل (۲) بدوضع۔ بے ڈول۔
**بھونڈاپن** (ہ۔مذ) بھونڈاپنا۔ بدصورتی۔ بدشکلی (۲) بدتمیزی۔
**بھونڈا نخرہ** (ہ۔مذ) بے جا ناز۔ نستر عمزہ۔ بھدی اور نامعقول ادا۔
**بھونڈی** (بھوں۔ڈی) [ہ۔صف] بھونڈا کی تانیث۔ بدشکل بھدی
**بھونڈی باتیں** (ا۔مث) بدتمیزی کی باتیں۔ واہیات باتیں۔
**بھونڈی صورت** (ہ۔صف) بری اور بھدی صورت۔ ناموزوں شکل
**بھونرا** (بھوں۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا بڑا سیاہ پردار کیڑا (۲) [مجازاً] بہت سیاہ۔
**بھونری** (بھوں۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھونرا کی مادہ (۲) گھوڑے یا آدمی کے جسم کے بالوں کا چکر جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
**بھونسنا** (بھونس۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھونکنا (۲) بکنا۔ بکواس کرنا۔
**بھونکانا** (بھوں۔کا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کتے کو چھیڑنا کہ وہ بھونکنے لگے (۲) [مجازاً] بکواس کرانا (۳) دق کرنا۔ ستانا۔
**بھونکڑا** (بھونک۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] موٹی ناک۔ چوڑی چپٹی ناک (۲) بُرا ناکا۔ بے تمیزی کا سینا۔ بے قاعدہ سیون (۳) [مجازاً] بھدا۔
**بھونکنا** (بھونک۔نا) [ہ۔مص] کتے کا چلانا۔ بھوں بھوں کرنا (۲) [مجازاً] بکنا۔ بکواس کرنا (۳) غل مچانا۔ شور کرنا۔ چیخنا۔
**بھونکنا** (بھونک۔نا) [ہ۔مص] (۱) گھونپنا۔ چھیدنا (۲) موٹی موٹی سلائی کرنا
**بھونگ** [ق۔ا۔مذ] سانپ
**بھُوننا** (بھون۔نا) [ہ۔مص] بریاں کرنا۔ تلنا (۲) سوختہ کرنا۔ جلانا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ دل جلانا
**بھونی بھانگ نہ ہونا** (محاورہ) کچھ بھی نہ ہونا۔ مفلس اور کنگال ہونا۔
**بھئی** (بھ۔ای) [ہ۔ا۔مذ] بھائی کا مخفف (کلمہ خطاب)
**بھی** [ہ۔کلمہ ربط] نیز اور۔ علاوہ۔ زیادہ۔
**بھے** [ہ۔ا۔مذ] ڈر۔ اندیشہ۔
**بھیا** (بھی۔یا) [ہ۔ا۔مذ] بھائی۔
**بھیاچارہ** (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھائی چارہ (۲) شرکت۔ شاملات۔
**بھیاچارہ غیر مکمل**۔ شاملات کی زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔
**بھیادوج**۔ ایک تہوار جس میں ہندو عورتیں بھائیوں کے لیے شیرینی بھیجتی پالنے جاتی ہیں۔
**بھیانک** (بھ۔یا۔نک) [ہ۔صف] (۱) ڈراونا۔ خوفناک۔ مہیب (۲) ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔ گھبرایا ہوا (۳) سنسان۔ ویران۔ بے رونق۔
**بھیت** [ہ۔ا۔مث] (۱) دیوار۔ پاکھا۔ چاردیواری۔ فصیل (۲) راز۔ بھید



Marfat.com

بھیتر (بھی۔تر) [ہ۔صف] (۱) پوشیدہ۔ مخفی (۲) اندر۔ درمیان
بھیتری (بھیت۔ری) [ہ۔صف] داخلی۔ اندرونی۔ اندر کا۔
بھیتری مار (ا۔مث) (۱) وہ مار جس کا نشان نظر نہ آسکے۔ اندرونی چوٹ (۲) دلی صدمہ۔ جگری غم۔
بھینٹ (ہ۔ا۔مث) (۱) مٹ بھیڑ۔ ٹکراؤ (۲) ملاقات۔ میل (۳) پیشکش۔ سوغات۔ ڈالی۔ تحفہ۔ نذرانہ (۴) قربانی۔ صدقہ (۵) رشوت
بھینٹ بکرا (۱) منت کا بکرا۔ نذر کا بکرا (۲) قربانی کی چیز۔
بھینٹ چڑھانا (محاورہ) (۱) نذرانہ دینا۔ چڑھاوا دینا (۲) قربانی دینا (۳) رشوت دینا۔
بھینٹ لینا (محاورہ) نذر لینا۔ چڑھاوا لینا (۲) رشوت لینا (۳) قربانی منظور کرنا
بھیجا (بھے۔جا) [ہ۔ا۔مذ] مغز۔ دماغ۔ گودا (۲) بھیجنا کا صیغہ ماضی
بھیجا پکنا (محاورہ) کسی کی بک بک سے دماغ پریشان ہوتا۔ نہایت درد سر ہونا۔
بھیجا کھانا (محاورہ) باتیں کر کر کے کسی کا دماغ پریشان کرنا۔ سمع خراشی کرنا
بھیجنا (بھیج۔نا) [ہ۔مص] روانہ کرنا۔ چلتا کرنا۔ ارسال کرنا۔
بھینچنا (بھینچ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دبانا۔ مروڑنا۔ دبوچنا (۲) کچلنا۔ مسلنا (۳) مجبور کرنا۔ بوجھ ڈالنا۔
بھید (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوشیدہ بات۔ دلی بات۔ راز (۲) سراغ۔ پتا نشان (۳) پہیلی۔
بھید پانا (محاورہ) سراغ پانا۔ پتہ لگانا (۲) چھپی ہوئی بات سمجھ جانا۔
بھید کھولنا (محاورہ) (۱) راز ظاہر کرنا۔ دل کی بات بتا دینا (۲) بھرم کھولنا
بھید لینا (محاورہ) راز معلوم کرنا۔ عندیہ لینا۔ پتہ لگانا۔ چھان بین کرنا
بھیدی (بھے۔دی) [ہ۔صف وا۔مذ] (۱) ہم راز۔ بھید جاننے والا۔ محرم راز (۲) کھوجی۔ سراغ رسان۔ مخبر۔ جاسوس۔
بھیروں (بھے۔روں) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شیوجی کا اوتار (۲) چھ راگوں میں سے ایک راگ (۳) [مجازاً] کالا آدمی۔
بھیروں چڑھنا (محاورہ) دیوانوں کی سی باتیں کرنا۔
بھیروں ناچنا (محاورہ) صحبت کا بدمزہ ہونا۔ رنگ میں بھنگ پڑنا (۲) اجاڑ ہونا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔ کام بگڑ جانا۔
بھیرویں (بھیر۔ویں) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھیروں کی استری (۲) بھیروں کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
بھیرویں اڑانا۔ گانا۔ (محاورہ) بھیرویں راگ کا الاپنا (۲) خوشی سے گیت گانا (۳) عیش منانا۔
بھیرویں سے تو ہماری بھی واہ [مثل] اگر ہماری مرضی کی بات ہو رہی ہے تو ہم بھی تعریف کرتے ہیں۔ بالکل غافل اور انجان کے بارے میں کہتے ہیں۔
بھیڑ [ہ۔ا۔مث] (۱) انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام (۲) مصیبت۔ آفت
بھیڑ بھاڑ (ا۔مث) (۱) کثرت۔ زیادتی۔ بہتات (۲) دھوم دھام۔ شان و شوکت۔
بھیڑ بھڑکا (ا۔مذ) بھیڑ بھاڑ۔ دھوم دھام۔

بھیڑ پڑنا (محاورہ) (۱) آفت آنا۔ مصیبت آنا (۲) مہم پیش آنا (۳) وقت ضائع ہونا۔
بھیڑ چھٹنا (محاورہ) ہجوم کا کم ہونا۔ مجمع منتشر ہونا۔
بھیڑ (ہ۔ا۔مث) (۱) مینڈھے کی مؤنث۔ میش۔ بھیڑی (۲) [مجازاً] سیدھا سادہ مسکین آدمی۔
بھیڑ پر اون کس نے چھوڑی [مثل] غریب کی چیز ہر کوئی لے جاتا ہے۔ غریب کو سب لوٹتے ہیں۔
بھیڑ جہاں جائے گی وہیں مونڈی جائے گی (مثل) (۱) غریب کمزور آدمی جہاں بھی جائے گا کمزور ہی رہے گا (۲) امیر اور مالدار آدمی کو ہر جگہ کچھ خرچ ہی کرنا پڑتا ہے
بھیڑ چال (ا۔مث) بے سوچے سمجھے، دیکھا دیکھی کام کرنا۔ رسم و رواج کے پیچھے اندھا دھند ہو لینا۔
بھیڑ کی لات ٹخنوں تک [مثل] کمزور کی بہادری اور سختی سے بھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچ سکتی۔ کمزور سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا
بھیڑنا (بھیڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پٹ لگانا۔ دروازہ بند کرنا (۲) قفل لگانا (۳) دے دینا۔ حوالہ کرنا۔
بھیڑنی (بھیڑ۔نی) [ہ۔ا۔مث] بھیڑیے کی مادہ۔
بھیڑکی (بھے۔ڑکی) [ہ۔ا۔مث] بھیڑ۔
بھیڑیا (بھے۔ڑیا) [ا۔ا۔مذ] ایک درندے کا نام۔ گرگ۔
بھیڑیا کھائے نہ کھائے منہ لال (مثل) الزام ہمیشہ بدنام کے سر آتا ہے خواہ وہ جرم کرے نہ کرے۔
بھیس [ہ۔ا۔مذ] (۱) رنگ روپ۔ وضع۔ طرق۔ طور (۲) لباس۔ پوشاک۔
بھیس بدلنا (۱) روپ بھرنا۔ سوانگ بھرنا (۲) ہیئت پلٹنا (۳) لباس تبدیل کرنا۔
بھیک (ہ۔ا۔مث) گدائی۔ خیرات۔ سوال۔ بھکشا۔
بھیک کا ٹکڑا (ا۔مذ) (۱) خیرات کا لقمہ۔ گدائی کی روٹی (۲) حرام کا بچہ۔ نطفۂ تحقیق۔
بھیک کا ٹھیکرا (ا۔مذ) (۱) کچکول۔ کاسۂ گدائی۔ مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ (۳) کسب فن۔
بھیک کے لوالوں کا مزہ پڑنا (محاورہ) مفت خوری کی عادت ہونا۔
بھیک مانگ کر گڑیا سنوار دینا (محاورہ) کسی نہ طرح مصیبت جھیل کر لڑکی کا جہیز تیار کر لینا۔
بھیک مانگنا (۱) گداگری کرنا (۲) خیرات چاہنا۔ مفت مانگنا۔
بھیگا (بھی۔گا) [ہ۔صف] پانی پڑا ہوا۔ گیلا۔ تر۔
بھیگنا (بھیگ۔نا) [ہ۔مص] گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ نم دار ہونا (۲) رات کا نصف سے زیادہ حصہ گزرنا (۳) رات عیش میں کٹنا۔ آواز میں سوز پیدا ہونا۔
بھیگی (بھی۔گی) [ہ۔صف] بھیگا کی تانیث۔ گیلی۔ تر۔
بھیگی بلی (ا۔مث) گربہ مسکین۔ ذلیل۔ عاجز۔ بے وقعت۔



Marfat.com

بھیگی بلی بتانا (محاورہ) بہانا کرنا۔ ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
بھیگی رات (ا۔مث) آدھی رات گزر جانے کے بعد رات کا باقی حصہ
بھیگی مرغی (ا۔مث) عاجز۔ نہایت غریب۔ مسکین صورت
بھیگی مسیں (ا۔مث) سبزۂ آغاز۔ مونچھوں کے روئیں کے بال جو شروع میں نکلتے ہیں۔ جوانی کا آغاز۔
بھیل (ہ۔ا۔مذ) ہندوستان کی ایک قدیم نسل کے لوگ جو راجپوتانہ کے علاقے میں پائے جاتے ہیں۔
بھیلی (بھے۔لی) [ہ۔ا۔مث] گڑ کا گول ڈلا جس کا وزن تین چار سیر کا ہوتا ہے۔
بھیمڑا (بھیم۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] منہ۔ مکھڑا
بھیمڑا پسارنا (محاورہ) ضدی بچے کا بُری طرح منہ بنا بنا کر زور سے رونا
بھیں (ہ۔ا۔مث) بھیڑ کے بولنے کی آواز
بھینا (بھی۔نا) [ہ۔صف] ہلکا۔ سبک۔ لطیف۔
بھینٹ [ہ۔ا۔مث] دیکھیے۔ بھیٹ۔
بھینٹ چڑھانا۔ قربانی دینا۔ نذر دینا۔
بھینٹنا (بھینٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ملنا۔ چھو جانا (۲) نذر دینا۔ تحفہ پیش کرنا۔
بھینچنا (بھینچ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دبانا۔ سکیڑنا (۲) کچلنا۔ مسلنا (۳) انگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کر لینا (۴) مجبور کرنا (۵) زور کے ساتھ سینے سے لگا لینا۔

بھینس (ہ۔ا۔مث) (۱) گاؤمیش۔ بھینسے کی مادہ (۲) [مجازاً] موٹی عورت
بھینس کے آگے بین بجائے بھینس کھڑی پگرائے (مثل) بیوقوف شخص کے سامنے ہنر دکھانا بے سود ہے۔ وہ ہنر کی کوئی قدر نہیں کرے گا۔ احمق کے آگے دانائی کی باتیں کرنا فضول ہیں۔
بھینسا (بھیں۔سا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھینس کا نر (۲) [مجازاً] بہت موٹا آدمی
بھینسا داد۔ ایک قسم کا بڑا اور سخت داد جو فساد خون سے ہوتا ہے
بھینسا گوگل۔ ایک قسم کا گوند جو دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔
بھینسا لہسن۔ ایک بڑا نشان جو اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد پر پڑ جاتا ہے۔
بھینگا (بھیں۔گا) [ہ۔صف] (۱) آنکھ دبا کر دیکھنے والا (۲) ایک کو دو دیکھنے والا۔ احول۔
بھینگی (بھیں۔گی) [ہ۔صف] بھینگا کی تانیث
بھینی (بھی۔نی) [ہ۔صف] ہلکی۔ مدھم۔ نرم۔ لطیف۔
بھینی بھینی بُو۔ (ا۔صف) پھولوں کی ہلکی ہلکی خوشبو۔ تازہ پھولوں کی بھینی بو۔ لطیف بو۔
بھینی بھینی روشنی (ا۔صف) ہلکی روشنی۔ مدھم روشنی جو تیز نہ ہو دھیمی سی روشنی۔

# ب۔ی۔ے

بی (ا۔ر۔ا۔مث) (۱) بی بی کا مخفف۔ کلمہ خطاب ہے جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں (۲) بیوی۔ بیگم۔ رانی۔
بی۔اے (Bachelor of Arts) [انگ۔صف] کا مخفف شعبۂ فنون کی پہلی ڈگری۔ چودھویں جماعت پاس۔
بی۔ایس۔سی (مخفف (Bachelor of Science) سائنس کی پہلی ڈگری۔
بی بنو (ا۔ کلمہ خطاب) عورتوں کو خطاب کرنے کا ایک خطاب۔
بی بی (ا۔مث) بیگم۔ خانم۔ خاتون (۲) امیر زادی۔ شریف زادی (۳) گھر والی۔ صاحب خانہ (۴) [صف] نیک۔ پاک۔ عفیفہ۔ پارسا۔ عورت (۵) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب۔
بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے [مثل] بڑے کی خطا پر چھوٹے کی کم بختی۔ اپنی خطا کو نوکر یا خادم کے سر تھوپنا
بی بی خیلا دو چلے اک میلا (مثل) پھوہڑ کو موز و زینت کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔
بی بی کا جھاڑو پھرے (بددعا) مرے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔
بی بی کا دانہ (ا۔مذ) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز کا کھانا
بی بی کا کونڈا (ا۔مذ) جلیبیاں جن پر حضرت فاطمہؓ کی نیاز ہوتی ہے
بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی (مقولہ) پاک دامن یا پارسا عورت جو حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی اہلیت رکھتی ہو۔
بی بی کی پڑیا (ا۔مث) وہ مٹھائی جو حضرت فاطمہؓ کی نیاز کے واسطے پڑیا میں منگاتے ہیں۔
بی بی صحنک (ا۔مث) حضرت فاطمہ کی نیاز کا کھانا جو مٹی کی کوری رکابی میں ڈال کر کھلایا جائے۔
بی بی کی گڑیا (ا۔مث) [مجازاً] گھریلی۔
بی بی کی نیاز (ا۔مث) حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ کا کھانا جو صرف پاکدامن عورتیں کھاتی ہیں۔
بی بی والے باندی کھائے، گھر کی بلا گھر میں جائے (مثل) دیا نہ دیا برابر ہوا۔ خدا کی راہ میں دی جانے والی چیز اپنے عزیزوں ہی کو کھلا دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔
بی۔جی (۱) بیوی جی کا مخفف (۲) [مذاقاً] زنانہ مزاج رکھنے والا مرد۔
بی دوگتی اندر ہی اندر کھولتی (مثل) حسد سے اندر اندر جلنے والی کو کہتے ہیں۔
بی دیا سلائی صبح کو گئی شام کو آئی (مثل) بہت غیر حاضر رہنے والی کی نسبت کہتے ہیں۔
بی شادی (ا۔مث) ایک فرضی نام جو عورتوں نے بچوں کو ڈرانے کے لیے تجویز کر رکھا ہے۔
بے (ا) حرف ندا و تخاطب۔ ابے کا مخفف۔



Marfat.com

بے [ہ. ف] حرف نفی. بغیر. بن. سوا۔
بے آب (ف. صف) (۱) پانی کے بغیر (۲) بے رونق۔
بے آبرو (ف. صف) بے حیا. بے عزت۔
بے آبروئی (ف. مث) بے عزتی۔ بے حیائی۔
بے آب و رنگ (ف. صف) بے رونق۔
بے آرامی (ف۔ مث) بے چینی. دکھ. تکلیف۔
بے آزار (ف. صف) بے ضرر. جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔
بے آس (۱۔ مث) مایوس۔ نا امید۔
بے اثر (ف. صف) جس کا اثر نہ ہو. بے کار. بے فائدہ
بے اجل مارنا (محاورہ) قبل از موت مار دینا. بے موت ہلاک کرنا.
بے احتیاط (ف. صف) جو احتیاط نہ کرے. غیر محتاط.
بے احتیاطی۔ احتیاط نہ کرنا. بیجا و غیرہ کرنا۔
بے اختیار (ف. صف) (۱) بے قابو، بے بس. مجبور. ناچار (۲) بہت زیادہ (۳) خود بخود۔
بے اختیاری (ف. مث) مجبوری. بے چارگی. کمزوری۔
بے ادب (ف. صف) گستاخ. شوخ. شریر (۲) ناشائستہ. غیر مہذب
بے ادب بے نصیب، باادب بانصیب [مثل] جو ادب نہ کرے وہ بے نصیب رہتا ہے اور جو بزرگوں کا ادب کرے وہ خوش قسمت ہوتا ہے۔
بے ادبی (ف. مث) بے عزتی. گستاخی، بے تمیزی۔ شوخی و شرارت
بے اشتباہ (ف. صف) بے شک. یقینی۔
بے اصل (ف. صف) (۱) بے بنیاد. بے ٹھکانے (۲) خلاف. غلط بے حقیقت جس میں سچائی نہ ہو.
بے اعتبار (ف. صف) جس پر اعتبار نہ ہو. ناقابل اعتبار۔
بے اعتدالی (ف. مث) (۱) حد سے بڑھنا. بد پرہیزی (۲) ناانصافی (۳) غیر معتدل۔
بے اعتنائی (ف. مث) بے پروائی۔
بے امتیاز (ف. صف) (۱) تمیز کے بغیر (۲) بد تمیز. بے ادب۔
بے انتہا (ف. صف) بے اندازہ. بے حد۔
بے اندازہ (ف. صف) (۱) بے حد (۲) بے قیاس. بے اٹکل۔
بے اولاد (ف. صف) لاولد. جس کے بال بچہ نہ ہو۔
بے ایمان (ف. صف) (۱) بے دین (۲) بد اعتقاد (۳) بدنیت (۴) بددیانت (۵) دغاباز. فریبی. مکار (۶) جھوٹا. دروغ گو (۷) غیر منصف
بے ایمانی (ف. مث) (۱) بے دینی. بد دیانتی. بدنیتی (۳) دغابازی (۴) فریب. مکر. دروغ (۵) بے انصافی۔
بے باق۔ کچھ باقی نہ ہونا۔ قرض سے سبکدوش۔
بے باق کرنا (۱) حساب صاف کرنا (۲) ادا کرنا. چکانا. نمٹانا. مجھگتنا (۳) ختم کرنا. پورا کرنا (۴) سبکدوش ہونا یا کرنا (۵) فیصلہ کرنا۔
بے باک (ف. صف) (۱) بے خوف. نڈر (۲) آزاد (۳) دلیر. بہادر

(۴) شوخ. مسخرا (۶) بے ادب (۶) آوارہ. بے پروا.
بے باکانہ۔ بے باکی سے. شوخی سے۔
بے باکی۔ (ف. مث) شوخی. شرارت. بے حیائی۔
بے بال و پر (ف. صف) (۱) بے یار و مددگار. جس کا کوئی رفیق نہ ہو. تنہا. اکیلا. بے سہارا (۲) مفلس. عاجز. مجبور (۳) کمزور. ناطاقت (۴) جس کے بازو اور پر نہ ہو. لنڈ منڈ (بال بمعنی بازو)
بے بدل (ف. صف) لاثانی. بے نظیر جس کی مثال نہ ہو۔
بے برگ (ف. صف) پتوں کے بغیر (مجازاً) محتاج بے نوا۔
بے برگ و نوا (ف. صف) عاجز. بے سر و سامان۔
بے بس (ف) (۱) ناچار. مجبور. عاجز. ناتواں. ضعیف (۲) بے قابو بے اختیار (۳) مقید. محبوس۔
بے بسی (۱. مث) بے کسی. بے اختیاری۔
بے بصر (ف. ع. صف) اندھا. نابینا (۲) ناواقف۔
بے بلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے۔ (مثل) بے طلب کوئی کہیں نہیں جاتا۔ اپنی بے نیازی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
بے بہا (ف. صف) (۱) بیش قیمت. انمول. بے اندازہ قیمت والی چیز. بہت زیادہ قیمت کی شے (۲) نایاب. کم یاب (۳) نفیس عمدہ. عجیب و غریب۔
بے بھاؤ کی پڑنا (محاورہ) (۱) بہت مار پڑنا (۲) بہت زیادہ جوتیاں پڑنا
بے بہرہ (ف. صف) محروم. بے نصیب (۲) آوارہ. خراب خستہ (۳) بدتمیز. گستاخ. بے ادب۔
بے بہرہ پھرنا (محاورہ) آوارہ پھرنا. خراب و خستہ پھرنا۔
بے بہرہ ہونا (محاورہ) (۱) بدتمیز ہونا. خود مختار و آزاد ہونا (۲) بے خبر ہونا۔
بے پایاں (ف. صف) بے حد. بے انتہا. بے اندازہ. بیکراں۔
بے پر (ف. صف) (۱) لنڈ منڈ. بے پر بریدہ. کٹے پروں والا (۲) بے بس. غریب. مفلس. بے سر و سامان (۳) کمزور. ناتواں (۴) مجبور ناچار. محتاج۔
بے پردگی (ف. مث) بے شرمی. بے لحاظی (۲) بے حجابی (۳) بھید کا اظہار. افشائے راز۔
بے پردہ (ف. صف) پردے کے بغیر. بغیر برقع (۲) کھلم کھلا
بے پر کی اڑانا (محاورہ) غلط اور بے معنی بات کہنا. گپ اڑانا. بے بنیاد خبر مشہور کرنا۔
بے پروا (ف. صف) غافل. بے فکرا. مستغنی (۲) دولت مند (۳) سُست. کاہل. توجہ نہ کرنیوالا. دھیان نہ دینے والا (۵) بے غرض. متوکل
بے پروائی (ف۔ مث) بے فکری. آزادی. غفلت۔
بے پروانگی (ف. مث) بے اجازت۔
بے پوچھے گچھے (۱. صف) بغیر دریافت کیے. بے اجازت۔
بے پیر. بے پیرا (۱) جس کا پیر و مرشد کوئی نہ ہو (۲) جس کا کوئی استاد



Marfat.com

نہ ہو۔ (۳) بے ایمان ۔ لا مذہب ۔ بد اعتقاد (۴) بے درد ۔ بے رحم (۵) سنگ دل (۶) بدذات ۔ شریر (۷) بے ہنر ۔ بے کمال

**بے پیندی کا بدھنا** (ا ۔ صف) (۱) وہ بدھنا جس میں پیندی نہ ہو (۲) [مجازاً] مختلف الیقین ۔ ڈھلمل یقین ۔ غیر مستقل مزاج ۔

**بے تاب** (ف ۔ صف) (۱) بے طاقت ۔ ناتواں ۔ کمزور (۲) بے چین ۔ مضطرب ۔ بے قرار (۳) برداشت نہ کرنے والا ۔

**بے تابانہ** (۱) گھبرایا ہوا (۲) بلا تامل ۔ فوراً ۔ بہت جلد ۔

**بے تابی** (ف ۔ مث) بے چینی ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی ۔ شتابی ۔

**بے تاثیر** (ف ۔ صف) (۱) بے اثر (۲) بے فیض ۔ بے فائدہ ۔

**بے تالا** (ا ۔ صف) وہ شخص جو گانے میں تال سے باہر ہو جائے ۔

**بے تامل** (ف ۔ صف) بے اندیشہ ۔ بے دھڑک ۔ بے فکر ۔

**بے تحاشا** (۱) بے حواس ۔ بے اطمینانی سے (۲) اندھا دھند ۔ بے دھڑک ۔ مضطربانہ (۳) بے حد ۔ بہت زیادہ ۔

**بے تدبیر** (ف ۔ صف) بے اندیشہ ۔ بے پروا ۔ بے سوچے سمجھے ۔

**بے ترتیب** (ف ۔ صف) گڈمڈ ۔ بے سلسلہ ۔ بے قاعدہ ۔

**بے تردد** (ف ۔ صف) (۱) بغیر فکر اور اندیشے کے (۲) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی گئی ہو ۔

**بے ترکیب** (ف ۔ صف) بے انداز ۔ بے جوڑ ۔ بے تعلق ۔ علیحدہ ۔

**بے تصدیع** (ف ۔ صف) بے محنت ۔ بلا تکلف ۔

**بے تعلق** (ف ۔ صف) کنارہ کش ۔ علیحدہ ۔

**بے تعویق** ۔ بلا تامل ۔ بلا توقف ۔

**بے تقصیر** (ف ۔ صف) (۱) بے قصور ۔ بے خطا ۔ بے گناہ ۔ بے جرم (۲) ناحق ۔ بے وجہ ۔

**بے تکا** (ا ۔ صف) ناموزوں ۔ بے جوڑ ۔

**بے تکان** (ا ۔ صف) آسانی سے ۔ بے تکلف (۲) بے حد ۔

**بے تکلف** (ف ۔ صف) (۱) بناوٹ کے بغیر ۔ قدرتی (۲) بے تامل ۔ بے دھڑک ۔ بے ساختہ (۳) بے اندیشہ (۴) بے حجاب ۔ آزادانہ (۵) سیدھا سادا (۶) راز داں ۔ محرم راز ۔

**بے تکلفی** (ف ۔ مث) بے حجابی ۔ محرم راز ہونا ۔ ہم رنگی ۔ آزادی ۔

**بے تکی** (ا ۔ مث) بے موقع ۔ بے محل ۔ بے جوڑ ۔ بے ڈھنگی ۔

**بے تمیز** (ف ۔ صف) (۱) بے ادب ۔ بے لحاظ (۲) جاہل ۔ نا مہذب ۔ نالائق (۳) پہچان نہ رکھنے والا ۔ فرق نہ کرنے والا ۔

**بے توجہ** (ف ۔ صف) بے فکر ۔ بے پروا ۔ غافل جس کا دھیان دوسری طرف ہو ۔

**بے توفیق** (ف ۔ صف) کم حوصلہ ۔ پست ہمت ۔

**بے ٹھکانے چوری نہیں ہوتی** (مقولہ) سازش کے بغیر چوری نہیں ہوتی ۔

**بے تھاہ** (ا ۔ صف) (۱) نہایت گہرا (۲) بے پایاں ۔ جس کے نیچے زمین نہ ہو ۔

**بے ٹکٹ** (ا ۔ صف) ٹکٹ لیے بغیر (۲) بیرنگ خط ۔

**بے ٹھکانہ** (ا ۔ صف) (۱) بے موقع ۔ بے قرینہ ۔ بے جا (۲) بے اصل ۔ بے بنیاد (۳) وہ شخص جس کا گھر بار نہ ہو ۔

**بے ٹھور ٹھکانے** (ا ۔ صف) آوارہ گرد ۔ بے گھر ۔

**بے ثبات** (ف ۔ صف) ناپائدار ۔ بودا ۔ کمزور ۔ متزلزل ۔

**بے جا** (ف ۔ صف) بے موقع ۔ بے وقت ۔ بے محل (۲) نامناسب ۔ نازیبا ۔ فضول ۔ ناجائز ۔ بے کار (۳) ناحق ۔ بلا سبب ۔

**بے جا بات** (ا ۔ مث) نامناسب بات ۔ بے موقع بات ۔

**بے جا صرف کرنا** ۔ فضول خرچ کرنا ۔ بے موقع روپیہ لٹانا ۔

**بے جان** (ف ۔ صف) (۱) مردہ ۔ مرا ہوا (۲) مرجھایا ہوا ۔ پژمردہ (۳) نحیف ۔ ضعیف ۔ کمزور (۴) گلا ہوا ۔ بوسیدہ (۵) جمادات ۔

**بے جانے بوجھے** (۱) بغیر شناسائی اور بغیر واقفیت کے ۔ (۲) بے سوچے سمجھے ۔

**بے جرم** (ف ۔ صف) بے گناہ ۔ بے خطا ۔ بغیر قصور کے

**بے جگر** (ف ۔ صف) بے پروا ۔ بہادر ۔ دلیر ۔

**بے جگری** (ف ۔ مث) بے پروائی ۔ بہادری ۔ دلیری ۔

**بے جوڑ** (۱) خراب ۔ غیر موزوں ۔ نامناسب ۔ بے میل ۔ نادرست (۲) وہ برتن یا چیز جس میں جوڑ نہ لگا ہو (۳) جس کے مقابلے کا کوئی نہ ہو ۔ لاثانی ۔

**بے جہت** (ف ۔ صف) بے سبب ۔ بلا وجہ ۔

**بے چارہ** (ف ۔ صف) (۱) بے بس ۔ مجبور ۔ عاجز (۲) غریب ۔ مفلس ۔ نادار (۳) لاعلاج (۴) بدبخت ۔ بدنصیب

**بے چراغ** (ف ۔ صف) (مجازاً) ویران ۔ خراب ۔ برباد ۔ تباہ ۔ غیر آباد

**بے چگوں** (ف ۔ صف) وہ جس کی صفات تک عقل کی رسائی نہ ہو (خدائے تعالےٰ) بے مثل ۔

**بے چوبہ** (ف ۔ صف) وہ خیمہ جس میں چوب نہیں لگائی جاتی ۔ بغیر کھمبے کے شامیانہ (۲) (مجازاً) آسمان ۔

**بے چوں** (ف ۔ صف) بے مثل ۔ بے نظیر ۔ (مجازاً) اللہ تعالیٰ ۔

**بے چون وچرا** (ف ۔ صف) کسی عذر کے بغیر ۔ بے دلیل ۔

**بے چھری حلال کرنا** (محاورہ) بے حد ظلم و ستم ڈھانا ۔

**بے چین** (ا ۔ صف) بے قرار ۔ بے آرام ۔ بے کل ۔

**بے چینی** (ا ۔ مث) بے قراری ۔ بے آرامی ۔ پریشانی ۔ بے کلی ۔

**بے حاصل** (ف ۔ صف) بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔

**بے حال** (ف ۔ صف) خراب خستہ (۲) قریب مرگ (۳) ماندہ ۔ ضعیف ۔ بیمار (۴) کمزور ۔ دبلا ۔ نحیف (۵) مفلس ۔

**بے حجاب** (ف ۔ صف) (۱) بے پردہ ۔ بے آڑ (۲) بے شرم ۔ بے لحاظ ۔ (۳) بے تکلف ۔

**بے حجابانہ** (ف) بے تکلف ۔ بے جھجک ۔ بے روک ٹوک ۔

**بے حد** (ف ۔ صف) بے انتہا ۔ بے شمار ۔ بے انداز ۔ بے حساب ۔ بہت زیادہ ۔

**بے حرکت** (ف ۔ صف) نہ ہلنے والا ۔ ساکن ۔ قائم ۔



Marfat.com

بے حرمت (ف۔ صف) ذلیل۔ بے عزت۔
بے حرمت کرنا (محاورہ) (۱) عزت اتارنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ (۲) عصمت دری کرنا۔
بے حرمتی (ف۔ مث) (۱) بے عزتی۔ ذلت۔ خواری (۲) عصمت دری۔
بے حس (ف۔ صف) سُن۔ جو حرکت نہ کر سکے جس کو تمیز یا احساس باقی نہ ہو۔
بے حس و حرکت (ف۔ صف) (۱) غیر متحرک۔ بے حرکت۔ ساکن۔ (۲) حیران۔ ششدر۔
بے حساب (ف۔ صف) بے شمار۔ لاتعداد۔ بے انتہا۔
بے حقیقت (ف۔ صف) بے اصل۔ ذلیل۔ بے وقعت۔ ناچیز
بے حکمت (ف۔ صف) بے تمیز۔ بے عقل (۲) نادان۔ اناڑی۔
بے حکم پتا نہیں ہلتا (مقولہ) خدا کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔
بے حلاوت (ف۔ صف) بے مزہ۔ بے لطف۔
بے حمیت (ف۔ صف) بے شرم۔ بے غیرت (مجازاً) بے مروت۔
بے حواس (ف۔ صف) بدحواس۔ بے اوسان۔ بے خود۔ آپے سے باہر۔ پاگل۔ دیوانہ۔
بے حواس ہونا (محاورہ) پریشان ہونا۔ حواس کا درست نہ رہنا۔ پاگل ہونا۔
بے حوصلہ (ف۔ صف) بغیر دلیری کے (۲) کمینہ۔ ذلیل (۳) پست ہمت۔ مردہ دل (۴) بغیر قابلیت کے۔
بے حیا (ف۔ صف) بے شرم۔ بے غیرت (۲) بے ادب۔ گستاخ۔ بدلحاظ (۳) بدکار۔ بدچلن۔
بے حیائی۔ قربلا (مثل) بے حیا کو عزت کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔ ہر جگہ جس طرح ہو سکتا ہے کام نکال لیتا ہے۔
بے حیائی (ف۔ مث) بے شرمی۔ بے غیرتی۔
بے حیائی کا برقع منہ پر لینا۔ بے حیائی کا جامہ پہننا (محاورہ) بے شرمی کا نقاب چہرے پر ڈالنا (۲) بہت ڈھیٹ اور بے حیا ہو جانا۔
بے خار (ف۔ صف) کانٹوں کے بغیر (۲) بے خوف (۳) نوجوان۔ نوخیز۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔
بے خانماں (ف۔ صف) بے گھر۔ بے وطن۔ بے ٹھکانے۔
بے خبر (ف۔ صف) (۱) غافل۔ بے ہوش (۲) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ جاہل۔ ان جان۔ لاعلم۔
بے خبری (ف۔ مث) (۱) غفلت۔ بے ہوشی (۲) ناسمجھی۔ جہالت۔
بے خرد (ف۔ صف) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ بے عقل۔
بے خطا (ف۔ صف) بے گناہ۔ بے قصور۔ معصوم۔
بے خطر۔ نڈر۔ بے خوف۔ محفوظ۔ مطمئن۔
بے خلش (ف۔ صف) بغیر تشویش۔ بغیر فکر۔ اندیشہ۔
بے خواب (ف۔ صف) بیدار۔ بے آرام۔ بے نیند کے۔
بے خوابی۔ نیند نہ آنا۔
بے خود (ف۔ صف) آپ سے بے خبر۔ از خود رفتہ۔ مدہوش۔ سرشار
بے خودی (۱) بے ہوشی۔ از خود رفتگی۔ (۲) سرشاری۔ مستی۔

بے خور و خواب (ف۔ صف) (۱) بغیر کھانے اور سونے کے (۲) [مجازاً] آرام کے بغیر۔ بے قرار۔
بے خوف (ف۔ صف) بے پروا۔ نڈر۔ دلیر۔
بے خیال (ف۔ صف) وہ جس کا خیال ایک طرف نہ رہے۔ بے دھیان۔ بے پروا
بے داد (ف۔ صف) ظلم و ستم۔ بے انصافی (داد بمعنی انصاف)
بے دادگر (ف۔ صف) ظالم۔ بے انصاف
بے دادگری (ف۔ مث) ظلم۔ بے انصافی۔
بیدار (ف۔ صف) جاگتا ہوا۔ جاگنے والا۔
بیدار باش (ف۔ کلمہ) جاگتے رہو۔ چوکیداروں آواز۔
بیدار بخت (ف۔ صف) خوش نصیب۔ صاحب اقبال۔
بیدار مغز (ف۔ صف) عالی دماغ۔ ہوشیار۔
بے داغ (ف۔ صف) صاف۔ بے عیب۔ بے گناہ۔ بے قصور (۲) بے نشان
بے دال کا بودم (محاورہ) اُلّو (بودم کی دال دور کرنے سے 'بوم' بنتا ہے) (۲) بے وقوف۔ احمق۔
بے دام (ف۔ صف) بے قیمت۔ مُفت
بے دام کا غلام (ا۔ م۔) مفت کا نوکر۔ فرماں بردار۔ بے حد مطیع۔
بے دانش (ف۔ صف) بے عقل۔ جاہل۔ بے علم۔ بے وقوف۔
بے دانہ (ف۔ صف) وہ پھل جس میں بیج نہ ہو (۲) ایک قسم کا انار۔
بے دخل (ف۔ صف) خارج۔ محروم۔ غیر قابض۔
بے دخل کرنا۔ خارج کرنا۔ قبضہ ہٹانا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔
بے دخلی (ف۔ صف) خارج کرنا۔ محرومی۔ اخراج۔
بے درد (۱) بے رحم۔ سنگ دل۔ کٹھر (۲) (مجازاً) معشوق۔
بے درد قصائی کی جانے پیڑ پرائی (مثل) ظالم دوسرے کے دکھ درد کو نہیں محسوس کرتا۔ ظالم کو مظلوم پر رحم نہیں آتا۔
بے دردی (ف۔ مث) ظلم۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔
بے دردی سے مارنا۔ بے رحمی سے مارنا۔ بہت مارنا۔
بے درماں (ف۔ صف) جس کا کوئی علاج نہ ہو۔ لا علاج۔ ناامید
بے درنگ (ف۔ صف) دیر لگائے بغیر۔ فوراً (۲) تیز۔ چالاک۔
بے دریغ (ف۔ صف) بغیر رنج اور افسوس کے (۲) بے سوچ بچار۔ بلا توقف۔ بلا تامل (۳) فیاض۔ سخی۔ (۴) کثرت سے۔ افراط سے۔
بے دست و پا (ف۔ صف) ہاتھ پاؤں بغیر۔ لنجا۔ اپاہج۔ لولا۔ لنگڑا (۲) عاجز۔ مجبور۔ لاچار۔
بے دستور (ف۔ صف) بے قاعدہ۔ رواج کے خلاف۔ خلاف قانون
بے دل (ف۔ صف) (۱) رنجیدہ۔ اداس۔ مغموم (۲) اچاٹ۔ افسردہ دلگیر۔ بے نفس۔ تارک الدنیا (۴) دل برداشتہ (۵) نڈر۔ بہادر۔ سورما۔ بے جگر۔
بے دم (ف۔ صف) بے جان۔ مردہ۔ کمزور۔ بودا (۳) پرانا۔ کہنہ۔ بوسیدہ (۴) تھکا ماندہ (۵) سست۔ کاہل۔
بے دماغ (ف۔ صف) نازک مزاج۔ زود رنج۔ ناخوش۔
بے دودھ کا لڑکا رکھنا (محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا



Marfat.com

**بے دوش** (۔صف) بے گناہ ۔ بے قصور ۔ بے خطا (۲) بے عیب
(۳) عمدہ ۔ اچھا ۔

**بے دولت** ۔ بد نصیب ۔ غریب ۔ مفلس ۔

**بے دولھا کی برات** (۔مث) بے معنی جلسہ ۔ بے مطلب اجتماع ۔

**بے دھڑک** (۔صف) (۱) بے خوف ۔ بے اندیشہ (۲) بے تکلف
بے تامل ۔ (۳) دلیر ۔ بہادر ۔

**بے دہن** (ف ۔صف) وہ شخص جو بات کہنے پر قادر نہ ہو ۔ دہن معنی منہ ۔

**بے دید** (۔صف) بے مروت ۔ بے لحاظ ۔ بے حیا ۔

**بے دیکھے بھالے** (۔صف) بغیر تحقیقات کیے ۔ بے سوچے سمجھے ۔
آزمائے بغیر ۔

**بے دین** (ف ۔صف) بے ایمان ۔ بد مذہب ۔

**بے ڈول** (۔صف) بے ڈھنگا ۔ بدنما ۔ بھونڈا ۔ بد زیب ۔ ناموزوں

**بے ڈھب** (۱) بے طرح (۲) بے موقع (۳) بے قابو (۴) بے ٹھکانا ۔
(۵) بہت زیادہ (۶) عجیب ۔ انوکھا ۔ طرفہ (۷) چالاک ۔ منفنی (۸)
ظالم ۔ بے رحم (۹) داؤ پیچ میں نہ آنے والا ۔ زور آور (۱۰) دلیر (۱۱)
کٹھن ۔ دشوار (۱۲) مہلک ۔ خطرناک

**بے ڈھنگا** (۔مذ) (۱) بے سلیقہ ۔ بے قاعدہ (۲) ناشائستہ ۔ ناموزوں ۔
بد تہذیب ۔ بدنما (۳) بد چلن ۔ بد اطوار ۔ بے راہ ۔

**بے ڈھنگی** (۔مث) بے ڈھنگا کی تانیث ۔

**بے ڈھنگی بات** (۔مث) وہ بات جو خلاف دستور ہو ۔ بے موقع بات

**بے ذوق** (ف ۔صف) بے مزہ ۔ پھیکا ۔

**بے راہ** (ف ۔صف) (۱) گمراہ ۔ بے طریق (۲) بے اصول (۳) غلط ۔ بے جا
(۴) خلاف قاعدہ (۵) بد چلن ۔ بد اطوار (۶) ناجائز ۔ خلاف رسم و رواج

**بے راہ رو** (ف ۔صف ۔مذ) غلط رستے پر چلنے والا ۔ بد چلن ہونا ۔

**بے راہ روی** (۔مث) بد چلنی ۔ آوارگی ۔

**بے ربط** (ف ۔صف) بے تعلق ۔ بے واسطہ (۲) بے موقع ۔

**بے رُت** (۔صف) بے موسم ۔ بے فصل ۔

**بے رحم** (ف ۔صف) سخت ظالم ۔ نامہربان ۔ سنگ دل ۔

**بے رخ ہونا** (محاورہ) (۱) منہ پھیرنا ۔ بے مروت ہونا (۲) ناراض ہونا ۔
خفا ہونا ۔ (۳) دھیان نہ کرنا ۔

**بے رخی** (ف ۔مث) بے مروتی ۔ بے لحاظی ۔ بے توجہی ۔

**بے رخی کرنا** (محاورہ) توجہ نہ کرنا ۔ پروا نہ کرنا ۔

**بے رنگ** (۔صف) بے موقع ۔ اس چیز کی نسبت کہتے ہیں جس میں
کوئی لطف نہ ہو ۔ بے لطف ۔ پھیکا ۔

**بے روپ** (۔صف ۔مث) (۱) بدشکل (۲) بد رنگ (۳) ناقص ۔ خراب
(۴) بے رونق ۔ بھدا ۔

**بے روزگار** (ف ۔صف) جس کا کمائی کا کوئی ذریعہ نہ ہو ۔ بے کار

**بے روزہ** (ف ۔صف) جس کا روزہ نہ ہو ۔

**بے روک ٹوک** (۔صف) بے خوف ۔ بے خطر ۔ بے اندیشہ اطمینان
سے ۔ بغیر روکے جانے کے ۔

**بے رونق** (۔صف) بے لطف ۔ سُونا ۔ بغیر چہل پہل کے

**بے روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی** (مثل) بغیر کوشش کیے
کچھ نہیں ملتا ۔

**بے ریا** (۱) دکھاوے کے بغیر ۔ بلا تصنع ۔ صاف باطن (۲) ایمان دار
آدمی ۔ مخلص ۔

**بے ریش** (ف ۔صف) (۱) ڈاڑھی کے بغیر (۲) ناتجربہ کار ۔ نادان
بے وقوف ۔

**بے ریشہ** (ف ۔صف) صوف کے بغیر ۔ صاف ۔ جس میں کیچ نہ ہوں

**بے زار** (ف ۔صف) (۱) ناخوش ۔ ناراض (۲) افسردہ ۔ پریشان ۔

**بے زبان** (ف ۔صف) نہ بولنے والا ۔ گونگا (۲) خاموش ۔ چپ ۔ کم گو
(۳) باشرم ۔ باحیا (۴) مظلوم ۔ مجبور (۵) حیوان ۔ جانور

**بے زر** (ف ۔صف) مفلس ۔ غریب ۔ کنگال ۔ تنگ دست ۔

**بے زر عشق ٹیں ٹیں** (مثل) بغیر زر کے عشق عاشقی یا یاری آشنائی
نہیں چلتی ۔

**بے زری** (ف ۔مث) افلاس ۔ احتیاج ۔ محتاجی ۔

**بے زوال** (ف ۔صف) قائم پائدار ۔ نہ گھٹنے والا

**بے زہرہ** (ف ۔صف) بغیر پتے کے ۔ بغیر غصے کے ۔ بغیر کینے کے
(۲) قانع ۔ صابر ۔ نیک مزاج ۔

**بے ساختگی** (ف ۔صف) سادگی ۔ بناوٹ نہ ہونا ۔ بھولپن

**بے ساختہ** (ف ۔صف) (۱) خود بخود ۔ بلا تصنع ۔ بے ارادہ ۔ برجستہ
فی البدیہہ ۔ بلا تامل ۔ غور و فکر کیے بغیر (۲) نیچرل ۔ قدرتی ۔ سادہ ۔

**بے ساختہ پن** (ف ۔ا ۔مذ) سادہ پن ۔ بے تکلفی ۔ برجستگی ۔ بے ساختگی ۔

**بے ساز** ۔ بے ساز و سامان ۔ **بے سامان** (ف ۔صف) بغیر مال
اسباب کے ۔ بغیر بوریا بستر کے ۔ ہتھیاروں کے بغیر ۔

**بے سامانی** (ف ۔ا ۔مث) بے زری ۔ مفلسی ۔ اسباب و آلات کا نہ ہونا

**بے سبب** (ف ۔صف) بے ضرورت ۔ بے وجہ ۔ بلا نتیجہ ۔

**بے ست** (ف ۔صف) بے طاقت ۔ بے قابو ۔

**بے ستر** (ف ۔صف) بے پردہ ۔ ننگا (۲) بے عزت ۔

**بے ستون** (ف ۔صف) بغیر ستونوں کے ۔ بغیر پایوں کے (۲) بے بنیاد
ناچیز (۳) ایران کا ایک پہاڑ ۔

**بے سدھ** (۔صف) بے ہوش ۔ نافہم ۔ بے عقل ۔

**بے سرا** (۱) آوارہ ۔ بد چلن (۲) بے سردار (۳) خودسر (۴) لاوارث

**بے سُرا** ۔ بے تالا ۔ بد آواز ۔

**بے سروپا** (ف ۔صف) حیران و پریشان ۔ بے معنی ۔ غلط ۔ جھوٹ ۔
بے بنیاد ۔ مہمل ۔

**بے سُرت** (۔صف) بے ہوش ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ محتاج

**بے سروسامان** (ف ۔صف) بے زر ۔ مفلس ۔ بے نوا ۔ فقیر ۔ کنگال

**بے سلیقہ** (ف ۔صف) (۱) بے شعور ۔ بے تمیز ۔ بے ڈھنگا (۲) پھوہڑ

**بے سود** (ف ۔صف) بے فائدہ ۔ رائیگاں ۔

**بے شائبہ** ۔ یقیناً ۔ بے شبہ



Marfat.com

بے شعور (ف ۔ صف) بے عقل ۔ بے تمیز ۔ نادان ۔ احمق ۔
بے شک (ف ۔ صف) (۱) بے شبہ (۲) درست ۔ ٹھیک ۔ صحیح (۳) لازمی ۔ ضروری ۔
بے شمار (ف ۔ صف) (۱) بے حساب ۔ شمار سے باہر (۲) بکثرت ۔ زیادہ
بے صبر (ف ۔ ا ۔ صف) جو صبر نہ کر سکے ۔ بے چین ۔ بے قرار ۔ مضطرب
بے صبری (ف ۔ صف) بے قراری ۔ بے اطمینانی ۔ گھبراہٹ ۔
بے صرفہ (ف ۔ صف) بے فائدہ ۔ بہت زیادہ ۔ بغیر احتیاط کے ۔
بے ضابطہ (ف ۔ صف) بے قاعدہ ۔ خلاف قانون ۔ بے طریقہ ۔
بے ضابطگی (ف ۔ صف) بے قاعدگی ۔
بے ضرورت (ف ۔ صف) جس کی ضرورت نہ ہو ۔
بے طالع (ف ۔ صف) بد نصیب ۔ بد قسمت ۔
بے طرح (ف ۔ صف) (۱) بری طرح ۔ عجیب طور پر (۲) بے حد زیادہ (۳) خلاف دستور (۴) وہ غزل جو مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے
بے طریق (ف ۔ صف) ناجائز طور پر ۔ بے قاعدہ ۔
بے طلب (ف ۔ صف) بغیر مانگے ۔ بن بلائے ۔
بے طمع (ف ۔ صف) بغیر لالچ کے ۔ مستغنی ۔
بے طور (ف ۔ صف) بری طرح بہت زیادہ ۔
بے عدیل (ف ۔ ع ۔ صف) بے مثال ۔ بے نظیر ۔
بے عزت (ف ۔ صف) ذلیل ۔ خوار ۔ بدنام ۔ بے آبرو ۔
بے عزتی کرنا (محاورہ) بے آبرو کرنا ۔ بے توقیر کرنا ۔
بے عقل (ف ۔ صف) ناسمجھ ۔ کم فہم ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔
بے علت (ف ۔ صف) بے وجہ ۔ بے سبب ۔
بے عنوان (ف ۔ صف) جس کا کوئی عنوان نہ ہو ۔ سرخی کے بغیر ۔ بے فائدہ ۔
بے عنوانی ۔ بے قاعدگی ۔ بے ضابطگی ۔ بد انتظامی ۔
بے عیب (ف ۔ صف) (۱) پاک ۔ صاف (۲) عمدہ ۔ اچھا ۔ کھرا (۳) بے داغ ۔ بے نقص ۔
بے عیب ذات خدا کی (۱ ۔ مقولہ) خدا تعالیٰ کی ذات میں کسی قسم کا عیب اور نقص نہیں ۔
بے غایت (ف ۔ ع ۔ صف) بے حد ۔ بے انتہا ۔
بے غرض (ف ۔ صف) خواہش نہ رکھنے والا ۔ بے تعلق ۔ بے پروا ۔ بے طمع
بے غل و غش (ف ۔ ع ۔ صف) (۱) بلا تکلف ۔ بے دریغ ۔ اندھا دھند ۔ بے پروائی سے (۲) بلا محنت و تکلیف (غل و غش بمعنی کدورت)
بے غم (ف ۔ صف) جسے غم نہ ہو ۔ خوش ۔ مگن ۔ بے فکر ۔
بے غیرت (ف ۔ صف) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے حمیت ۔ بے حیا ۔
بے غیرتی پر کمر باندھنا (محاورہ) بے حیائی پر آمادہ ہونا ۔ بے شرم بن جانا
بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا ۔ بے غیرتی کا جامہ پہننا ۔ (محاورہ) بے غیرت بن جانا ۔ بے حیا بن جانا ۔
بے فائدہ (ف ۔ صف) بے کار ۔ فضول ۔ ناحق ۔ بے وجہ ۔ بے ضرورت

بے فصل (ف ۔ صف) بے وقت ۔ موسم کے خلاف (۲) فاصلے کے بغیر ۔ مسلسل
بے فصل کی بہار (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) موسم کے خلاف (۲) بے موسم پھل بیچتے وقت پھیری والے کی صدا ۔
بے فکر ۔ بے فکرا (ف ۔ ا ۔ صف) فکر سے بری ۔ بے پروا ۔ غور و فکر نہ کرنے والا ۔ آزاد ۔
بے فیض (ف ۔ صف) (۱) شوم ۔ بخیل ۔ کنجوس (۲) وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ ہو ۔
بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے (مثل) جس سے اپنا مطلب پورا نہ ہو وہ کسی کام کا نہیں ۔
بے قابو (ف ۔ صف) (۱) قابو سے باہر ۔ اختیار سے باہر (۲) آزاد ۔ خود مختار
بے قاعدہ (ف ۔ صف) اصول کے خلاف ۔ بے ترتیب ۔ قاعدے کے خلاف
بے قدر (ف ۔ صف) (۱) بے عزت ۔ ذلیل (۲) قدر نہ کرنے والا ۔ ناقدر دان ۔ ناشکرا ۔
بے قرار (ف ۔ صف) بے صبر ۔ بے تاب ۔ بے چین ۔
بے قرینہ (ف ۔ صف) بے موقع ۔ بے ٹھکانے ۔ پریشان ۔ بے ترتیب
بے قصد (ف ۔ صف) بے ارادہ ۔ یوں ہی ۔ دفعتاً ۔
بے قضا مارا جانا (محاورہ) بے موت مارا جانا ۔
بے قصور (ف ۔ صف) بے خطا ۔ بے گناہ ۔ بے جرم ۔
بے قیاس (ف ۔ صف) خیال سے باہر ۔ سمجھ سے دور (۲) لا انتہا ۔ بہت ۔ بے شمار ۔
بے قید (ف ۔ صف) (۱) آزاد ۔ خود مختار (۲) بے روک ۔ جو کسی پابندی کو اختیار نہ کرے
بے کار (ف ۔ صف) نکما ۔ ناکارہ (۲) ناقص ۔ خراب (۳) بے روزگار ۔ (۴) معطل ۔ خالی ۔
بے کار سے بیگار بھلی (مثل) بے کار رہنے سے بغیر معاوضہ کے کام کرنا اچھا ہے
بے کار مباش کچھ کیا کر ۔ کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر (مثل) خالی رہنے سے کپڑوں کا ادھیڑ کر سینا ہی اچھا ہے ۔ آدمی کو کچھ شغل ضرور چاہیے ۔
بے کاری ۔ بے روزگاری ۔ نکماپن
بے کراں (ف ۔ صف) بہت زیادہ ۔ نہایت وسیع (۲) بے کنارہ
بے کس (ف ۔ صف) بے یار و مددگار ۔ دوست آشنا کے بغیر تنہا ۔ اکیلا ۔ محتاج ۔ کنگال (۴) مسافر ۔ پردیسی (۵) یتیم ۔
بے کسی (ف ۔ مث) اکیلاپن ۔ بے مددگاری ۔ عاجزی ۔ لاچاری ۔
بے کل (۱ ۔ صف) بے چین ۔ بے قرار ۔ بے آرام ۔ بے تاب ۔
بے کلی (۱ ۔ مث) (۱) بے چینی ۔ بے قراری ۔ بے آرامی
بے کم و کاست (ف ۔ صف) بالکل درست ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ کمی بیشی کے بغیر ۔
بے گانگی (ف ۔ ا ۔ مث) بے تعلقی ۔
بے گانہ (ف ۔ صف) غیر ۔ پرایا ۔ یگانہ کی ضد (۲) اجنبی ۔ پردیسی



Marfat.com

(۳) خودرو۔

**بے گانہ وار** (ف۔ مث) غیروں کی طرح۔ اجنبی کی طرح۔

**بے گانی کھیتی پر جھینگر ناچے** (مثل) دوسرے کے بھروسے یا حیثیت پر غرور کرنا۔

**بے گماں** (ف۔ صف) بے شک۔ بے شبہ۔

**بے گناہ** (ف۔ صف) بے قصور۔ بے خطا۔ بے جرم۔

**بے گناہی** (ا۔ مث) بے جرم ہونا۔ بے قصور ہونا۔

**بے گنت** (ا۔ صف) بے حساب۔ بے شمار۔ بے انتہا۔

**بے گوروکفن** (ف۔ صف) جسے نہ کفن ملے اور نہ دفن ہو سکے۔

**بے گھر** (ا۔ صف) (۱) بے ٹھکانے۔ بے ٹھور۔ خانہ خراب۔ برباد (۲) آوارہ۔ سرگرداں (۳) بیوی بچے نہ رکھنے والا۔

**بے لاگ** (ا۔ صف) بے غرض۔ صاف۔ ستھرا۔ پاک (۲) غیر طرف دار۔ بے تعصب۔

**بے لحاظ** (ف۔ صف) (۱) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت (۲) شوخ۔ بے ادب۔

**بے لطف** (ف۔ صف) بے مزہ۔ بے لذت۔ بے ذائقہ۔

**بے لگام** (ف۔ صف) (۱) منہ زور۔ سرکش۔ شریر گھوڑا (۲) (کنایتاً) گستاخ۔ منہ پھٹ۔ بے ادب۔ بدزبان۔

**بے لگاؤ** (ا۔ صف) (۱) بے جوڑ۔ بے ربط (۲) بے لاگ۔

**بے لوث** (ف۔ صف) خالص۔ بے آمیزش (۲) بے غرض۔ پُر خلوص۔

**بے لیے دیے** (ا۔ صف) بغیر صرف کرنے کے۔ بغیر خرچ کیے بغیر رشوت دیے۔

**بے ماتا، ماترا** (ا۔ صف) سوتیلا۔ سوتیلی۔ بغیر ماں کا۔ بغیر ماں کی۔

**بے ما و من** (ف) تصوف میں کے بیخودی بے خودی کی حالت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

**بے مائگی** (ف۔ صف) مفلسی۔ دولت اور مایہ کا نہ ہونا۔

**بے مایہ** (ف۔ صف) بے دولت۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔

**بے مثال** (مثل) جس کی مثال نہ ہو۔ لاجواب۔ لاثانی۔

**بے محابا** (ف۔ صف) بے خوف۔ بے دھڑک۔ بلا تامل۔

**بے محل** (ف۔ صف) بے موقع۔ بے جا۔ نامناسب۔

**بے مروت** (ف۔ صف) (۱) لحاظ نہ کرنے والا۔ طوطا چشم (۲) نامہربان۔ بے درد۔ ظالم۔

**بے مزگی** (ف۔ مث) (۱) بے لطفی (۲) رنجیدگی۔ شکر رنجی (۳) ناسازی علالت۔

**بے مزہ** (ف۔ صف) بے لذت۔ بد ذائقہ۔ بے لطف (۲) ناساز۔ علیل۔ بیمار (۳) رنجیدہ۔ ناراض۔ خفا۔

**بے مصرف** (ف۔ صف) بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ بے کار۔ نکما۔

**بے معنی** (ف۔ صف) مہمل۔ لغو۔ بے ہودہ۔ بے سر و پا۔

**بے مغز** (ف۔ صف) خالی۔ کھوکھلا۔

**بے مقدور** (ف۔ صف) غریب۔ مفلس۔ بے حیثیت۔

**بے منت** (ف۔ صف) (۱) بے احسان (۲) بے نیاز۔ بے پروا۔ مستغنی (۳) بے محنت۔ بلا کوشش (۴) بلا غور و خوض۔

**بے منتا** (۱) کسی کا احسان نہ اٹھانے والا (۲) دو شاخی لکڑی جس میں کپڑا باندھ کر بھنگیڑ لوگ بھنگ چھانتے ہیں۔

**بے موت مرنا** (محاورہ) قبل از وقت مرنا۔

**بے موجب** (ف۔ صف) (۱) بے سبب۔ بلا وجہ (۲) ناحق۔ ناواجب

**بے موسم** (ف۔ صف) بے رُت۔ بے وقت۔

**بے موقع** (ف۔ صف) (۱) بے محل۔ بے وقت (۲) نامناسب۔ نازیبا

**بے مہار** (ف۔ صف) آزاد۔ بے روک۔

**بے مہر** (ف۔ صف) بے محبت۔ بے رحم۔ بے مروت۔

**بے مہری**۔ بے محبتی۔ بے رخی۔ بے توجہی

**بے میل** (ا۔ صف) جو کسی سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔ بے جوڑ۔ بے ربط۔

**بے نام** (ا۔ صف) گُم نام۔

**بے نام و نشان** (ف۔ صف) بے پتا۔ بے ٹھکانا۔

**بے نصیب** (ف۔ صف) (۱) بدبخت۔ بدنصیب۔ محروم (۲) نالائق۔ ناشائستہ

**بے نظیر** (ف۔ صف) لاثانی۔ بے بدل۔ بے مانند۔ بے مثال۔ بے مثل

**بے نقط** (ف۔ صف) وہ لفظ جس پر کوئی نقطہ نہ ہو۔ غیر منقوط

**بے نقط سنانا** (محاورہ) بے انتہا گالیاں سنانا۔ بے تعداد طعنے دینا۔

**بے نقط گالیاں دینا** (محاورہ) فحش گالیاں دینا۔

**بے نماز** (ف۔ صف) (۱) نماز نہ پڑھنے والا۔ تارک نماز (۲) حائضہ۔ ایام ماہواری سے۔

**بے نماز ہونا** (محاورہ) (۱) نماز نہ پڑھنے والا ہونا (۲) حائضہ ہونا۔ ماہواری ایام سے ہونا۔

**بے نمک** (ف۔ صف) (۱) اَلونا۔ پھیکا۔ بے مزہ (۲) رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا۔ رنگت کا کشش نہ کرنا۔ چہرے کا بے رونق ہونا

**بے نمک آواز** (ف۔ صف) وہ آواز جس میں کچھ لطف نہ ہو۔

**بے نمود** (ف۔ صف) غیر نمایاں۔ غیر اہم۔ غیر مشہور۔ کم رتبہ۔

**بے ننگ** (ف۔ صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت۔

**بے ننگ و نام، ناموس** (۱) بے شرم۔ بے حیا (۲) بد وضع۔ بد چلن۔ آزاد

**بے نوا** (ف۔ صف) بے سامان۔ فقیر۔ بے کس۔

**بے نوائی کرنا** (محاورہ) بے نوا فقیر کا انداز اختیار کرنا۔

**بے نیاز** (ف۔ صف) بے پروا۔ لاطمع۔ بے غرض۔ مستغنی

**بے نیازی** (۱) بے پروائی۔ استغنا (۲) آزادی۔ خود مختاری۔

**بے نیل مرام** (ف۔ ع۔ صف) ناکام و نامراد۔ مقصد حاصل کیے بغیر (نیل بمعنی پہنچنا۔ اور مرام بمعنی غرض۔ مطلب)

**بے وارثا** (ا۔ صف) جس شخص کا کوئی مددگار نہ ہو۔

**بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول** (مثل) لاوارثی چیز کی فکر کسی کو نہیں ہوتی۔ بغیر مالک کے سب کام خراب ہوتے ہیں۔

**بے وجہ** (ف۔ صف) بغیر کسی سبب کے۔

**بے وجہ** (تابع فعل) بغیر کسی سبب کے۔



Marfat.com

بے وحدت (ف۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بے ادب۔ بد لحاظ۔
بے وطن (ف۔صف) (۱) وطن اور ملک سے نکالا ہوا (۲) مسافر جو اپنے ملک میں نہ رہو۔
بے وطنی (ف۔مث) پردیس۔ اپنے ملک سے باہر ہونا۔
بے وسواس (ہ ) بے کھٹکے۔ بلا تامل۔
بے وفا (ف۔صف) بدعہد۔ وعدہ نہ پورا کرنے والا (۲) بے مروت نامہربان (۳) ناشکر گزار (۴) جو دوستی کا حق ادا نہ کر سکے۔
بے وفائی (ف۔مث) (۱) بدعہدی۔ بے مروتی (۲) دغابازی نمک حرامی۔ (۳) بدکاری۔ (۴) ناشکر گزاری۔
بے وقار (ف۔صف) بے عزت۔ بے قدر۔ ذلیل۔ خوار۔ اوچھا۔
بے وقت (ف۔صف) بے موقع۔ بے محل۔ اَویر سویر۔
بے وقت کا الاپ (راگ) (۱۔مذ) نامناسب جھگڑا۔ بے موقع بات
بے وقت کی راگنی، شہنائی (محاورہ) بے موقع کام۔ وہ کام جو مناسب وقت پر نہ کیا جائے۔
بے وقت کی سوجھنا (محاورہ) بے موقع بات کرنا۔ نامناسب جھگڑا
بے وقر (ف۔صف) بے عزت۔ ذلیل۔ کم ظرف۔ فرومایہ۔
بے وقری۔ بے عزتی۔ ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔
بے وقعت (ف۔صف) بے عزت۔ بے اعتبار۔ بے وزن۔
بے وقوف (ف۔صف) بے عقل۔ احمق۔ نادان۔
بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں (مثل) بیوقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان یا علامت نہیں ہوتی۔
بے وقوفی (ف۔مث) نادانی۔ حماقت۔ بے عقلی۔ جہالت۔
بے ہمت (ف۔صف) (۱) کم حوصلہ۔ پست ارادے والا (۲) سست کاہل (۳) بزدل۔ نامرد۔
بے ہمتا (ف۔صف) بے مثل۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو۔ بے نظیر۔
بے ہمہ و باہمہ (ف۔صف) (۱) خداوند پاک جو سب کا مددگار ہے اور کسی کا محتاج نہیں (۲) ایسا شخص جو مکروہات دنیوی اور جھگڑے فسادے الگ رہ کر تمام لوگوں سے میل جول رکھے۔
بے ہنر۔ بے ہنرا (ف۔ا۔صف) وہ شخص جسے کوئی کام نہ آتا ہو۔ نکما۔ پھوہڑ۔
بے ہنگام (ف۔صف) بے وقت۔ بے موقع۔
بے ہنگم (ف۔صف) بے ڈول۔ غیر موزوں۔ بدزیب۔ بھونڈا۔
بے ہودگی (ف۔ا۔مث) پھوہڑپن۔ بے ڈھنگاپن۔ نادانی۔ ناشائستگی۔
بیہودہ پھرنا (محاورہ) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔
بیہودہ گو (ف۔صف) فضول بکنے والا۔
بیہودہ گوئی (ف۔مث) غیر مہذب گفتگو۔ فضول باتیں۔
بے ہوش (ف۔صف) بے خبر۔ ناواقف (۲) مدہوش بے خود۔ غافل
بے ہوشی (ف۔مث) (۱) ناواقفیت۔ بے خبری (۲) غفلت۔ مدہوشی۔ بے خودی۔

بے یار و مددگار۔ (ف۔صف) بے سہارا۔ بے کس۔ اکیلا۔ جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔
بیّا (ب۔یا) [ہ۔ا۔مذ] چڑیا کی طرح ایک پرندہ۔ اس کا گھر بنانا بڑا مشہور ہے۔
بیابان (بِ۔یا۔بان) [ف۔امذ] ریگستان جنگل۔ ویرانہ۔ اُجاڑ۔ جہاں کوسوں تک پانی اور درخت نہ ہو۔
بیاباں گرد۔ بیاباں نورد (ف۔صف) جنگلوں میں پھرنے والا۔ وہ شخص جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو۔
بیاباں مرگ (ف۔صف) وہ شخص جو جنگل میں مرے اور کوئی اس کا پُرسان حال نہ ہو۔
بیابانی (بِ۔یا۔با۔نی) [ف۔صف] جنگل کا۔ جنگلی۔ جنگل میں پھرنے پھرانے والا۔
بیاپنا (بِ۔یاپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سمانا۔ بسانا۔ بیٹھنا (۲) سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔ (۳) گزارنا۔ کھٹکنا
بیاج (بِ۔یاج) [ہ۔ا۔مذ] سود۔ ربا۔ نفع۔ بڑھوتری۔ زیادتی۔
بیاج بھرنا (ہ۔مص) بیاج ادا کرنا، سود دینا۔
بیاج پر بیاج (ہ۔مذ) سود در سود، سود مرکب۔ بیشی پر بیشی۔
بیاج خور (ہ۔ف۔صف) (۱) سود خوار، رباخوار (۲) ناجائز مال کھانے والا۔
بیاجو (بِ۔یا۔جو) [ہ۔ا۔مذ] سود پہ دیا ہوا مال۔ سودی روپیہ
بیار۔ بیال (بِ۔یار۔بِ۔یال) [ہ۔ا۔مث] (۱) باد۔ ہوا (۲) آندھی جھکڑ۔
بیاری (بِ۔یا۔ری) [ہ۔مث] رات کا کھانا۔
بیاسی (بِ۔یا۔سی) [ہ۔صف] اسی اور دو، ہشتاد و دو (۸۲)
بیاض (بَ۔یاض) [ع۔ا۔مث] (۱) اسفیدی۔ اُجلاپن (۲) یادداشت کی کاپی، پاکٹ بک (۳) وہ کتاب جس میں اشعار لکھتے ہیں۔
بیّاع (بَیْ۔یاع) [ع۔ا۔مذ] بیچنے یا خریدنے والا۔ خرید و فروخت کرنے والا۔ دلال۔
بیاکرن (بِ۔یا۔کَ۔رن) [س۔ا۔مث] دیاکرن۔ وہ علم جس سے لفظ عبارت اور نظم وغیرہ کا صحیح لکھنا اور بولنا آئے۔ گریمر۔ قواعد
بیاکل (بِ۔یا۔کل) [ہ۔صف] بے کل۔ مضطرب۔ بے چین۔ بے قرار۔ مضطر۔ متفکر۔
بیاکھیان (بِ۔یا۔کھ۔یان) [ہ۔ا۔مث] دیاکھیان۔ تشریح توضیح
بیاگرفی (Biography) بِ۔یا۔گ۔رے۔فی [انگ۔ا۔مث] سوانح عمری۔
بیالو (بِ۔یا۔لو) [ہ۔ا۔مذ] رات کا کھانا۔
بیالیس (بِ۔یا۔لیس) [ہ۔صف] چالیس اور دو (۴۲)
بیان (بَ۔یان) [ع۔ا۔مذ] (۱) صاف۔ روشن۔ واضح (۲) وعظ۔ تقریر۔ لیکچر (۳) گفتگو۔ بات۔ ذکر (۴) اظہار۔ شہادت۔ گواہی (۵) رپورٹ۔ خبر۔ اطلاع (۶) ایک علم جس میں تشبیہ۔ استعارہ۔ مجازاً



Marfat.com

کنایہ وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے (۶) مقولہ۔ بات۔ کلام۔ جمع۔ بیانات

بیانِ امرِ واقعی (ع۔ا۔مذ) ٹھیک ٹھیک بات کا اظہار۔

بیان بدلنا (محاورہ) اپنے قول اظہار یا شہادت کو پلٹنا۔ کہے ہوئے کے خلاف کہنا۔

بیانِ تائیدی (ع۔ا۔مذ) کسی کی تائید میں گواہی۔

بیانِ تحریری (ع۔ا۔مذ) وہ تحریر جو مدعا علیہ عرضی دعویٰ کے جواب میں داخلِ عدالت کرتا ہے (۲) وہ بیان جو لکھا گیا ہو۔

بیانِ تقریری (ع۔ا۔مذ) زبانی بیان۔

بیانِ دعویٰ (ع۔ا۔مذ) ثبوت دعویٰ۔ صورت حال حقیقت حال

بیانِ ضمنی (ع۔ا۔مذ) وہ جو اصل مطلب کے درمیان یونہی آجائے۔

بیان سے باہر ہونا (محاورہ) مفصل کیفیت ادا نہ ہو سکنا۔

بیان کرنا (۱) ظاہر کرنا۔ گفتگو کرنا۔ کہنا (۲) سرگذشت دہرانا۔

بیانا (بِ۔یا۔نا) [ہ۔مص] جننا۔ مویشی کا بچہ دینا۔

بیاہ (بِ۔یاہ) [ہ۔ا۔مذ] شادی۔ کتخدائی۔ عقد۔ نکاح۔

بیاہ پیچھے پتّل بھاری (مثل) بڑے مصارف کے بعد تھوڑا خرچ بھی ناگوار ہوتا ہے۔

بیاہ رچانا (محاورہ) شادی کا سامان کرنا۔ (۲) خوشی منانا۔

بیاہ کا جوڑا (ا۔مذ) وہ کپڑے جو نوشہ یا عروس شادی کے موقع پر پہنتے ہیں۔

بیاہ مانگنا (محاورہ) شادی کی خواہش کرنا (۲) بالغ ہونا (۳) برات لانے کی تاریخ دریافت کرنا۔ بیاہ کا دن ٹھہرانا۔

بیاہ نہیں کیا برات تو دیکھی ہیں [مثل] اگرچہ یہ کام خود نہیں کیا اوروں کو کرتے تو دیکھا ہے۔

بیاہا (بِ۔یا۔ہا) [ہ۔صف] نکاح شدہ۔ شادی شدہ۔ کتخدا۔

بیاہتا (بِ۔یاہ۔تا) [ہ۔ا۔مث] وہ بیوی جسے شرعی طور پر عقد میں لایا گیا ہو۔ منکوحہ۔

بیاہنا (بِ۔یاہ۔نا) [ہ۔مص] شادی کرنا۔ کتخدا بننا۔

بیاہی (بِ۔یاہ۔نا) شادی کرنا۔ کتخدا بننا۔

بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے [مثل] لڑکی کی شادی کے بعد اسے گھر میں رکھنا ایسا ہے جیسے ہاتھی کا باندھنا۔ یعنی مصارف بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

بیاہی لڑکی پڑوسن داخل (مثل) بیاہ ہو جانے پر بیٹی کا تعلق پڑوسن کا سا ہوتا ہے

بیاہی نہ برات چڑھی، ڈولی میں بیٹھی نہ چوں چوں ہوئی (مثل) جس بات کو دیکھا سنا ہی نہیں اس کا پتہ کیونکر ہو سکتا ہے۔

بیائی (بِ۔یا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) غلہ تولنے والے کو اجرت میں دیا ہوا غلہ (۲) غلہ تولنے کی اجرت۔

بے بی (Baby) [انگ۔ا۔مذ] بچہ

بیپار (بے۔پار) [ہ۔ا۔مذ] بیوپار۔ تجارت۔ سوداگری۔ بنج۔

بیپاری (بے۔پا۔ری) [ہ۔ا۔مذ] بیوپاری۔ تاجر۔ سوداگر۔

بیت (ع۔ا۔مث) (۱) گھر۔ حویلی۔ مکان۔ محل۔ جمع بیوت

بیت الاقصیٰ (ع۔مذ) بیت المقدس۔

بیت الامراء۔ وہ مقام جو امراء کے طبقے کے لیے مخصوص ہو۔ جہاں وہ مجلس مشاورت منعقد کرتے ہیں۔

بیت الحرام (ع۔مذ) خانہ کعبہ (۲) مکۂ معظمہ (۳) وہ احاطہ جہاں قتل شکار اور گرفتاری منع ہے۔

بیت الحزن (ع۔مذ) غم کدہ۔ رنج کا مقام۔ مصیبت کا گھر (۲) (مجازاً) عاشق کے رہنے کی جگہ۔

بیت الخلا (ع۔مذ) جائے ضرور۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔ بول و براز سے فراغت پانے کا کمرہ۔

بیت السقر (ع۔مذ) دوزخ۔

بیت السلاح (ع۔مذ) اسلحہ خانہ۔ میگزین۔

بیت الشرف (ع۔مذ) (۱) رسائی کا مقام جہاں پہنچ کر بزرگی اور عزت حاصل ہو (۲) بزرگی کا گھر۔ عزت کا گھر (۳) معشوق کا گھر (۴) قصر شاہی۔ بادشاہ کا ملاقاتی مکان (۵) آفتاب کے لئے برج حمل چاند کے لیے برج ثور۔ مشتری کو برج سرطان۔ زہرہ کو حوت عطارد کو سنبلہ۔ مریخ کو جدی اور زحل کو میزان۔ وہ برج جس میں کوئی سیارہ عروج کو پہنچے۔

بیت الصنم (ع۔ا۔مذ) بت خانہ۔ شوالہ۔ مورتی کا استھان (۲) خانۂ محبوب۔

بیت العتیق (ع۔مذ) (۱) پرانا مکان۔ قدیم گھر (۲) خانہ کعبہ جو عبادت الٰہی کے لیے دنیا میں سب سے پہلا مقام اور مکان ہے جسے حضرت آدم علیہ السلام نے خدا کی عبادت کے لیے تعمیر کیا تھا۔

بیت العروس (۱) دلہن کا کمرہ (۲) خانۂ کعبہ۔

بیت العلوم۔ کالج۔ یونیورسٹی

بیت العنکبوت۔ مکڑی کا جالا یعنی گھر۔

بیت العوام (ع۔مذ) ایوانِ زیریں۔ مجلس قانون ساز کا وہ ادارہ جس میں عوام کے نمائندے ہوں۔

بیت الغزل (ع۔مذ) غزل کی روح۔ غزل کی جان۔ غزل کا بہترین شعر

بیت اللہ (ع۔مذ) اللہ کا گھر۔ خانہ کعبہ

بیت المال (ع۔مذ) (۱) مال گھر۔ خزانہ عامرہ۔ سرکاری خزانہ۔ شاہی خزانہ (۲) خیرات فنڈ۔ (۳) ملک کا ماحصل (۴) وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو۔ عام لوگوں کا حصہ ہو اور جس سے ہر مستحق کو مدد دی جائے۔

بیت المعمور (ع۔مذ) بھرا گھر۔ آباد مکان (۲) (اصطلاحاً) خانہ کعبہ کے عین اوپر آسمانوں پر خانۂ خدا جہاں فرشتے کثیر تعداد میں طواف اور عبادت کرتے رہتے ہیں

بیت المقدس (۱) پاک گھر۔ متبرک مکان (۲) [مجازاً] خانہ خدا (۳) مسجد اقصیٰ۔ یروشلم کی عبادت گاہ جس کی بنیاد حضرت داؤدؑ نے ڈالی اور تکمیل حضرت سلیمان علیہ السلام نے کی۔



Marfat.com

**بیت** (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک وزن کے دو مصرعے۔ شعر۔
**بیت بازی**۔ شعروں سے مقابلہ کرنا۔ لڑکوں کا ایک مشغلہ۔ ایک لڑکا شعر پڑھتا ہے۔ جواب میں دوسرا لڑکا ایسا شعر پڑھتا ہے جو اس حرف سے شروع ہوتا جس پر پہلا شعر ختم ہوا تھا۔
**بیت بندی**۔ نظم کہنا۔ شعر کہنا۔
**بیتال** (بے ۔ تال) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بھوت پلید۔ نجس روح۔ بھوت پریت بلا۔ آسیب۔
**بیتالا** (بیت ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی مدعی نہ ہو (۲) خراب اور نکما مال (۳) کم بخت۔ بدنصیب۔
**بیتنا** (بیت ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گزرنا۔ بسر ہونا (۲) رفع دفع ہونا (۳) واقع ہونا۔
**بیتی** (بی ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گزری ہوئی بات (۲) سرگزشت۔ کہانی۔
**بیٹ** (بیٹ) (Bat) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بلا۔ کرکٹ کھیلنے کا آلہ۔
**بیٹ** (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بیٹھال۔ پرندوں کا گوہ (۲) ایک قسم کا نمک جس میں گندھک ملی ہوئی ہوتی ہے۔
**بیٹا** (بے ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ولد۔ فرزند۔ لڑکا (۲) بیٹے کی طرح عزیز پیارا۔
**بیٹا بنانا**۔ متبنیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔
**بیٹا بن کر کھاتے ہیں باپ بن کر نہیں کھاتے** (مثل) خدمت کرکے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا ہے زبردستی کوئی کھانے نہیں دیتا۔
**بیٹا بیٹی بس کا اچھا** (مقولہ) اولاد وہی اچھی جو ماں باپ کا کہنا مانے۔
**بیٹا جن کر نہ چلے۔ سونا پہن کر ڈھک چلے** (مثل) مال و دولت اور اولاد کا غرور نہ کرنا چاہیئے۔
**بیٹری** (بے ۔ ٹ ۔ ری) (Battery) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) برقی مورچہ (۲) دھاتوں کا تیزابی سلسلہ (۳) توپ خانہ۔
**بیٹھا** (بے ۔ ٹھا) [ہ ۔ صف] بیٹھا ہوا۔
**بیٹھا بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی دھرے** (مثل) بیکار آدمی فضول کام کرنے لگتا ہے۔
**بیٹھا جانا** (محاورہ) سخت بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔
**بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا**۔ (محاورہ) فوراً مر جانا۔ حیرت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ سناٹا ہو جانا۔
**بیٹھ جانا** (ہ ۔ مص) (۱) بیٹھنا (۲) سوار ہو جانا (۳) پسند آنا (۴) سما جانا (۵) جگہ کر لینا (۶) درست ہونا۔ صحیح ہونا (۷) صبر کرنا۔ سہارا لینا (۸) بے کار ہونا۔ موقوف ہونا (۹) دریا میں ڈوب جانا (۱۰) پگھل جانا۔ (۱۱) دیوالہ نکل جانا۔ بگڑنا (۱۲) ہمت ہارنا۔ استقلال چھوڑ دینا (۱۳) انکار کرنا۔ آمادہ نہ ہونا (۱۴) نرم ہو جانا (۱۵) ٹھکانے لگنا۔ درست ہونا (۱۶) جم جانا (۱۷) تخت نشین ہونا (۱۸) جلوس کرنا (۱۹) گر پڑنا (۲۰) طاقت ہونا۔ کمزور ہونا۔ جیسے وہ دکھوں سے بیٹھ گیا (۲۱) خانہ نشین ہونا۔ کام کاج چھوڑ دینا (۲۲) کھل جانا۔ کلیتی ہو جانا (۲۳) منجمد ہونا۔ نیدھ جانا۔
**بیٹھ رہنا**۔ (ہ ۔ مص) (۱) صبر کرنا (۲) آس چھوڑ دینا (۳) دیر لگانا۔

سستی کرنا (۴) ہمت ہارنا (۵) چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ (۶) دست بردار ہو جانا (۷) ہار جانا (۸) شکست کھا جانا (۹) برخاست ہو جانا۔ الگ ہونا (۹) تہہ میں چلے جانا۔
**بیٹھک** (بے ۔ ٹھک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) نشست (۲) نشست گاہ دیوان خانہ۔ مردانہ مکان۔ (۲) پنیدی۔ تلا (۳) بیٹھنے کا طریقہ۔ آسن (۴) ورزش کی قسم (۵) پریوں اور جنوں وغیرہ کی حاضرات۔
**بیٹھک دینا** (محاورہ) پریوں جنوں وغیرہ کی حاضرات کرنا (۲) تعظیم دینا۔ منت پوری کرنا۔
**بیٹھکو** (بیٹھ ۔ کو) [ہ ۔ صف] (۱) بہت بیٹھنے والا (۲) وہ کبوتر جو اڑنے کے فوراً بعد بیٹھ جائے۔
**بیٹھن** (بے ۔ ٹھن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بستہ۔ بندھن (۲) کپڑا جس میں سوداگر پارچہ اور گوٹہ وغیرہ احتیاط سے باندھ کر رکھتے ہیں (۳) چادر جو میز پر بچھا کر اس پر کپڑوں کو استری کیا جاتا ہے۔
**بیٹھنا** (بیٹھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بیٹھ جانا (۲) لاگت آنا (۳) قائم مقام ہونا (۴) کام چل جانا (۵) وزن کا اتر جانا (۶) داخل ہونا۔ بھرتی ہونا (۷) مشق ہونا۔ درست ہونا (۸) قمار بازی کی اصطلاح جوا کھیلنا۔ داؤں پر رکھنا (۹) چاند کے متعلق دیر کرکے نکلنا (۱۰) (ہندوں کے متعلق) جفتی کھانا۔ انڈے سینا (۱۱) شطرنج کے متعلق مہرے کا گھر پر رکھنا (۱۲) تخت نشین ہونا (نیز دیکھیے بیٹھ جانا)
**بیٹھو بھی** (محاورہ) چپ رہو۔ دخل نہ دو۔ الگ رہو۔
**بیٹھواں** (بیٹھ ۔ واں) [ہ ۔ صف] بیٹھا ہوا۔ چپٹا۔ جن کی پیندی چپٹی ہو۔
**بیٹھے بٹھائے** (ہ ۔ تابع فعل) (۱) خواہ مخواہ (۲) اچانک۔ یک لخت دفعتہ۔
**بیٹھے بیٹھے** (ہ ۔ تابع فعل) (۱) بہت دیر تک بیٹھ کر (۲) یکایک اچانک۔ ناگہاں (۳) بلا وجہ خواہ مخواہ ناحق۔
**بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا** (محاورہ) بے حد انتظار کرنا۔ انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔
**بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے** (مثل) بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی جائداد ہو ختم ہو جاتی ہے۔
**بیٹھے بیٹھے کیا سوجھی** (مقولہ) خواہ مخواہ کیا کرنے لگے کیسی فضول بات کی۔
**بیٹھنے کا سہارا** (ا ۔ مثل) امن کی جگہ
**بیٹھے سے بیگار بھلی** (ہ ۔ مثل) بے کار رہنے کی بجائے کچھ کرنا ہی چاہیئے۔ اس میں فائدہ بہت کم ہے۔
**بیٹی** (بے ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دختر۔ لڑکی (۲) بیٹے کی دلہن۔ بہو (۳) پیاری لڑکی جو بیٹی کی طرح عزیز ہو۔
**بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہے** (مثل) دونوں بہت جلد بڑھتی ہیں۔ بیٹی بہت جلد جوان ہو جاتی ہے۔
**بیٹی دینا** (محاورہ) بیٹی بیاہنا۔ بیٹی کی شادی کرنا (۲) داماد بنانا
**بیٹی روٹی کرنا** (محاورہ) گالی دینا۔



Marfat.com

**بیٹی کا باپ** (۱۔صف) کمزور۔ ا... بے بس آدمی۔
**بیٹی دھن بیانا آتے بھی رُلائے جاتے بھی رُلائے** (مثل) بیٹی کی پیدائش، شادی اور موت پر ماں باپ غمگین ہوتے ہیں۔
**بیج** (Badge) [انگ ۔ا۔ مذ] نشان۔
**بیج** [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) تخم (۲) اصل و بنیاد (۳) نطفہ۔
**بیج بونا** (محاورہ) (۱) تخم ریزی کرنا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) باعث ہونا۔ سبب ہونا۔
**بیج پڑنا** (محاورہ) تخم پاشی ہونا۔ بنیاد پڑنا (۲) حمل ہونا۔ نطفہ پڑنا۔
**بیج پھوٹنا** (محاورہ) بیج سے پودے کا ظاہر ہونا۔ بیج کا اُگنا۔
**بیج جمنا** (محاورہ) (۱) اُگنا۔ نکلنا۔ پھوٹنا (۲) حمل ٹھہرنا۔ نطفہ قرار پانا۔
**بیج دارا** (محاورہ) بہت بیجوں والا۔ جس میں بکثرت بیج ہوں۔
**بیج دبانا** (محاورہ) گنے کی کاشت کے اس کے بیج کو چند دن کے لیے مٹی میں دبا کر رکھنا۔
**بیج ڈالنا** (محاورہ) تخم ریزی کرنا۔
**بیج کھاد** (۱۔ مذ) وہ غلہ جو کاشت کاروں کو کاشت اور خوراک کے لیے دیا جاتا ہے۔
**بیج مارا جانا** (محاورہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ غارت ہونا۔ کسی چیز کو آگے کے لیے ناپید ہونا۔
**بیج مار دینا** (محاورہ) بالکل غارت کر دینا۔ کسی چیز کو بالکل مٹا دینا۔
**بیج ناس کرنا** (محاورہ) تباہ کرنا۔ بالکل نابود کرنا۔ جڑ اکھیڑ دینا۔
**بیجا** (ہ۔ مذ) ایک ڈراؤنی شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے منہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔
**بیجائی** (ہ۔ مث) بیجنے کا موسم۔ بیجنے کی اجرت۔
**بیجک** (بی۔ جک) [ہ ۔ا۔ مذ] مال کی فرد۔ مال کی فہرست جس میں ہر چیز کا نرخ، قیمت اور میزان درج ہو۔ بیچک زیادہ مستعمل ہے۔
**بیجنا** (بیج۔ نا) (۱) [ہ ۔ا۔ مذ] پنکھا۔ بادکش (۲) [ہن۔ مص] بونا۔ تخم ریزی کرنا۔
**بیجنا ڈھلانا** (محاورہ) پنکھا ہلانا۔ بادکش جھلنا۔
**بیجو** (بی۔ جو) [ہ۔ صف] بونے کا غلہ۔ بونے کے لائق اناج۔ بونے کے لائق بیج (۲) [ہ۔ مذ] ایک جانور بجو۔
**بیجھر۔ بیجھڑ۔ بیجھڑا** (بے۔ جھر، بے۔ جھڑ، بے۔ جھ۔ ڑا) [ہ ۔ا۔ مذ۔ مث] (۱) جو، چنے، گیہوں ملے جلے، مٹر ملے جو (۲) موٹا اناج۔ ملی جلی فصل۔
**بیجھنا** (بیجھ۔ نا) [ہ۔ مص] سینگوں سے زمین اکھیڑنا۔
**بیجھی** (بی۔ جھی) [ہ ۔ا۔ مث] نیولا۔
**بیچ** (Batch) [انگ ۔ا۔ مذ] جتھا۔ گھان۔
**بیچ** [ہ] درمیان میں۔ اندر۔ بھیتر۔ مابین (۲) [۱۔ مذ] وسط۔ میانہ۔ تلبیس۔ ناف (۳) فرق۔ دُوری۔ فاصلہ۔ بُعد۔ تفاوت (۴) باہم۔ بایک دیگر۔ آپس میں (۵) مرکز۔
**بیچ بچاؤ** (۱۔ مذ) (۱) فیصلہ۔ تصفیہ (۲) رفع شر۔ لڑائی دور کرنا۔ جھگڑا چکانا (۳) صلح و میل ملاپ۔ اتفاق۔ اتحاد۔

**بیچ چوراہے میں** (مقولہ) منظر عام پر۔ ایسی جگہ جہاں سب دیکھیں
**بیچ کا** (۱۔صف) منجھلا۔ درمیانی۔ متوسط۔
**بیچ کھیت** (محاورہ) (۱) عین وسط میں۔ کھیت کا مرکز (۲) میدان کے بیچ میں۔ موقع پر (۳) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ۔ سب سے آگے (۴) میدان جنگ رزم گاہ۔ لڑائی کا میدان (۵) ضرور بالضرور لازمی۔
**بیچ کی اُنگلی** (ہ۔ مث) انگشت درمیانہ۔ درمیانی اُنگلی۔ بڑی اُنگلی۔
**بیچ کی اُنگلی بڑی ہوتی ہے** (مثل) ہر بات میں اعتدال اچھا ہوتا ہے
**بیچ کی بات** (۱۔ مث) درمیان کا معاملہ۔ باہمی گفتگو۔
**بیچ کی راس** (ہ۔ صف) درمیانی۔ اوسط۔ معمولی۔
**بیچ کے گھڑے کی** (ہ۔ صف) نہایت تیز خالص شراب (۲) درمیان رکھے ہوئے گھڑے سے۔
**بیچ میں آجانا** (محاورہ) حائل ہو جانا۔ دوران میں آجانا (۲) منصف بننا۔ فیصلہ کرانا۔
**بیچ میں بول اٹھنا** (محاورہ) دو شخصوں کی گفتگو میں تیسرے کا دخل دینا یا کچھ کہنا
**بیچ میں پڑنا** (محاورہ) ثالث بننا۔ پنچ بننا (۲) درمیان میں پاؤں دینا (۳) ذمہ لینا۔ حمایت کرنا۔ کفیل ہونا۔ وکالت کرنا (۴) راستے میں آنا۔
**بیچ میں ڈالنا** (محاورہ) حکم کرنا۔ ثالث کرنا۔
**بیچ میں سان لینا** (محاورہ) بے وجہ کسی جھگڑے میں کسی کو شریک بنا لینا
**بیچ میں قدم ہونا** (محاورہ) واسطہ ہونا۔ حائل ہونا۔
**بیچ میں کود پڑنا** (محاورہ) پرائی بات میں بے سبب دخل دینا۔
**بیچ والا** (۱۔ صف) وہ شخص جو درمیان میں پڑ کر کوئی کام ٹھہرا دے
**بیچوں بیچ** (۱۔ صف) وہ وسط جس کے ٹھیک درمیان ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔
**بیچ** (۱) مصدر بیچنا کا صیغہ امر (۲) بکری۔
**بیچا** (بے۔ چا) [ہ ۔ا۔ مذ] بیچنے والا۔ بیچنے کا ارادہ رکھنے والا۔ فروشندہ فروخت کرنے والا۔
**بیچ کھانا** (ہ۔ مص) (۱) بیچ کر کھا لینا (۲) ضائع کر دینا۔
**بیچلر** (Bachelor) (بیچ ۔ اے ۔ لر) [انگ۔ صف] کنوارا۔ نا کتخدا۔ بن بیاہا۔
**بیچلر آف آرٹس** (Bachelor of Arts) بی۔ اے۔ چودہ جماعتیں پاس کر کے گریجوایٹ۔
**بیچلر آف سائنس** (Bachelor of Science) جس نے سائنس میں بی۔ اے کیا ہو۔ بی۔ ایس۔ سی
**بیچلر آف کامرس** (Bachelor of Commerce) جس نے تجارت میں بی اے کیا ہو۔ فاضل تجارت۔ بی کام
**بیچنا** (بیچ۔ نا) [ہ۔ مص] فروخت کرنا۔ مول دینا۔ بیع کرنا (۲) ہنڈی کی پشت پر بیچا لکھ دینا۔
**بیچو** (بے۔ چو) [ہ ۔ا۔ مذ] بیچنے والا۔ فروشندہ۔



Marfat.com

بیخ (ف۔ا۔مث) (۱) اصل۔ جڑ (۲) بنیاد۔ نیو۔
بیخ کُن (ف۔صف) تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔
بیخ کنی کرنا (محاورہ) جڑ سے اکھاڑنا۔ بنیاد کھود ڈالنا۔ ستیاناس کر دینا۔ نیست و نابود کر دینا۔
بیخ و بُن۔ بیخ و بنیاد (ف۔صف) جڑ اور بنیاد۔
بیخ و بن سے اکھڑ جانا (محاورہ) بالکل اکھڑ جانا۔ جڑوں سے اکھڑنا۔
بَید (ہ۔ا۔مذ) وَید۔ طبیب۔
بید (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کی مقدس کتاب وید۔
بید (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں نہایت لچکدار ہوتی ہیں۔
بیدا نجیر (ف۔مذ) ارنڈ کا درخت۔
بید باف (ف۔صف) بید کا کام کرنے والا۔ بید کی ٹوکریاں بنانے والا۔
بید بافی۔ بید کا کام کرنا۔ بید کی ٹوکریاں بنانے کا فن۔
بید برگ (ف۔مث) (۱) بید کی پتی (۲) ایک قسم کی برچھی کی انی جو بید کے پتے کی شکل کی ہوتی ہے۔
بید کی طرح کانپنا (محاورہ) خوف کے مارے تھر تھر کانپنا۔ بید کی طرح لرزنا۔
بید مال (ف۔صف) بید کی لکڑی جس سے اسلحہ وغیرہ کا زنگ چھڑاتے ہیں۔ ہتھیاروں کو صاف کرنے اور رگڑنے کی لکڑی۔ (مال۔ مالیدن سے بمعنی رگڑنا۔ ملنا)
بید مجنوں (ف۔مذ) ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں جھکی رہتی ہیں شاعر لوگ اسے مجنوں سے تشبیہ دیتے ہیں جس کا جسم عشق کے مارے کمزور ہو کر جھک گیا تھا۔
بید مشک۔ ایک قسم کا درخت جس کا عرق بطور دوا فرحت دل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے
بیدار (بے۔دار) [ف۔صف] خفتہ کی ضد۔ ہوشیار۔ چوکنا۔ جاگتا ہوا
بیدار بخت (ف۔صف) خوش نصیب۔ اقبال مند۔
بیدار دل (ف۔صف) روشن طبع۔
بیدار مغز۔ عالی دماغ۔ عقلمند۔ سمجھدار
بیداری (بے۔دا۔ری) [ف۔ا۔مث] ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ جاگنے کی حالت۔
بیدانت (بے۔دانت) [ہ۔ا۔مذ] بیاس جی کا بنایا ہوا وہ شاستر جس میں توحید کی بحث ہے۔ ویدانت۔
بیدانتی (بے۔دان۔تی) [ہ۔ا۔مذ] وید کا علم جاننے والا۔ توحید کا مسئلہ سمجھنے والا۔
بیدانہ (بے۔دانہ) [ہ۔صف۔ وا۔مذ] دیکھیے بے کے تحت۔
بیدک (بے۔دک) [ہ۔ا۔مذ] ویدک۔ طبابت۔ حکمت۔
بیدن (بے۔دن) [ہ۔ا۔مذ] درد۔ دکھ۔ تکلیف۔
بیدنا (بید۔نا) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے بیدن۔
بیدوا (بید۔وا) [ہ۔ا۔مذ] بیدوں کا پڑھنے والا۔ بیدوں کا علم جاننے والا۔
بیدھ (ہ۔ا۔مذ) سوراخ۔ چھید۔
بیدھا (بے۔دھا) [ہ۔صف] وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو۔ وہ شخص جو کسی آفت میں مبتلا ہو۔
بیدھنا (بیدھ۔نا) [ہ۔مص] چھیدنا۔ سوراخ کرنا
بیدھی (بے۔دھی) [ہ۔صف] سوراخ کرنے والا۔ چھید کرنے والا۔
بیئر (Beer) (بی۔اَر) [انگ۔ا۔مث] ایک قسم کی شراب جو جو سے بنائی جاتی ہے۔
بَیر (ہ۔ا۔مذ) (۱) دشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ بغض (۲) بدلہ۔ معاوضہ۔
بیر باندھنا (محاورہ) عداوت پر تل جانا۔ خصومت پر آمادہ ہونا۔ ضد کرنا۔ مخالفت پر اٹھنا۔
بیر بسانا (محاورہ) دشمنی مول لینا۔ دشمنی کرنا۔
بیر پڑنا (محاورہ) عداوت ہو جانا۔ دشمنی ہونا۔
بیر گزشتہ (ا۔مذ) نند۔ بھاوج۔ دیورانی۔ جٹھانی۔ ساس بہو اور سوت سوتیلوں کا رشتہ۔
بیر لینا۔ بیر نکالنا (محاورہ) بدلہ لینا۔ عوض لینا۔ انتقام لینا۔
بیر (ہ۔صف) (۱) ویر۔ بہادر۔ دلیر۔ زور آور۔ سورما (۲) [ا۔مذ] پہلوان (۳) بھائی۔ برادر۔
بیر بر۔ بیر بل (۱) زور آور۔ پہلوان (۲) راجہ مہیش داس کا عرفی نام جو شہنشاہ اکبر کا مشہور درباری تھا۔
بیر [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا پھل۔ بیری کے درخت کا پھل۔
بیر کھانسی کا گھر ہیں (کہاوت) بیر کھانے سے اکثر کھانسی ہو جاتی ہے۔
بیروں میں گٹھلیاں ملانا (محاورہ) گڈمڈ کر دینا۔ بنی بنائی بات بگاڑنا۔ کسی معاملہ کو گڑبڑ کر دینا۔
بیرا (بی۔را) [ہ۔ا۔مذ] بھائی۔ عزیز۔ خویش۔
بیرا (بے۔را) [انگ بیئرر (Bearer) کا مورد۔ا۔مذ] (۱) خدمت گار (۲) ہوٹل کا ملازم جس کے ذمے گاہکوں کے آگے کھانا رکھنے کی خدمت ہوتی ہے۔
بیراج (Barrage) (بے۔راج) [انگ۔ا۔مذ] بند۔ پشتہ
بیرا کھیری (بیر۔را۔کھے۔ری) [ہ۔ا۔مث] دشمنی
بیراگ (بے۔راگ) [ہ۔ا۔مذ] نفس کشی۔ فقیری۔ ترک دنیا۔ خواہش نفسانی کو مارنا
بیراگ لینا۔ فقیری اختیار کرنا۔
بیراگا (بے۔را۔گا) [ہ۔ا۔مذ] چھوٹی سی ٹیڑھی لکڑی جس پر بیراگی فقیر ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔
بیراگن (بے۔را۔گن) [ہ۔ا۔مث] (۱) بیراگی فقیر کی بیوی (۲) جوگن فقیرنی۔
بیراگی (بے۔را۔گی) [ہ۔ا۔مذ] تارک الدنیا۔ جوگی۔
بیر بہٹی۔ بیر بہوٹی (بیر۔بہ۔ٹی، بیر۔ب۔ہو۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کا تیل



Marfat.com

اکثر دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

**بیرسٹر** (Barrister) (بے۔رِس۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] وہ وکیل جس نے ولایت سے وکالت کی ڈگری حاصل کی ہو۔

**بیرسٹرایٹ لا** (Barrister-at-Law) بیرسٹرایٹ لا۔

**بیرق** (بے۔رَق) [ف۔ا۔مذ] چھوٹا جھنڈا۔ پھریرا۔ علم۔

**بیرم** (بے۔رَم) [ت۔ا۔مذ] (۱) عید۔ جشن (۲) برچھا تیر۔ برماد برچھی کا اوزار۔

**بیرن** (بے۔رن) [انگ۔ا۔مذ] (۱) انگلستان کا وہ امیر جسے لارڈ کا خطاب ملا ہو (۲) تعلق دار۔ جاگیردار۔

**بیرن** (بی۔رن) [ہ۔ا۔مذ] بھائی۔ برادر۔

**بیرن** (بے۔رَن) [ہ۔ا۔مث] دشمن عورت۔ وہ عورت جس کے دل میں بیر ہو۔ بدخواہ عورت۔

**بیرنگ** (بے۔رنگ) [انگ (Bearing) کا مُوَرّد۔صف] وہ مال یا خط وغیرہ جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو۔

**بیروزا** (بے۔رو۔زا) [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا مادہ جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے۔

**بیروگراف** (Barograph) (بے۔رو۔گ۔راف) [انگ۔ا۔مذ] ہوا کا دباؤ ظاہر کرنے کا آلہ۔

**بیرومیٹر** (Barometer) (بے۔رو۔می۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] بادپیما۔ مقیاس الہوا۔

**بیرون** (بے۔رُون) [ف] باہر۔ اندر کی ضد۔

**بیرون جات** (کنایتاً) شہر کے باہر آبادیاں۔ قصبے۔ دیہات۔

**بیرون جاتی**۔ دیہاتی۔ شہر سے باہر کے لوگ۔

**بیری** (بے۔ری) [ہ۔ا۔مذ] دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔

**بیری** (بے۔ری) [ہ۔ا۔مث] بیر کا درخت۔

**بیریرا** (Barrier) (بے۔ری۔اَ۔را) [انگ۔ا۔مذ] سد۔ روک باڑھ۔ جنگلا۔

**بیڑ** (ہ۔ا۔مذ) احاطہ۔ باڑھ۔ مینڈھ۔

**بیڑ بندی کرنا** (محاورہ) کھیت کے گرد باڑھ لگانا۔

**بیڑا** (بے۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ناؤ۔ کشتی۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھا جس کے ذریعے سے دریا پار کرتے ہیں (۲) جہازوں یا کشتیوں کی قطار (۳) رسالہ۔ فوج۔ جتھا۔

**بیڑا باندھنا** (محاورہ) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔ مجمع اکٹھا کرنا۔

**بیڑا پار (کرنا) لگانا** (محاورہ) کشتی وغیرہ کو سلامتی کے ساتھ کنارے پر پہنچانا (۲) مصیبت دور کرنا۔ آڑے آنا۔ مراد بر لانا۔

**بیڑا پار ہونا** (محاورہ) (۱) ناؤ یا جہاز کا سلامتی کے ساتھ منزل مقصود پر پہنچنا (۲) مشکل آسان ہونا۔ کامیاب ہونا (۳) خاتمہ ہونا۔ پورا ہونا انجام کو پہنچنا۔

**بیڑا ڈوبنا** (محاورہ) کشتیوں کا ڈوبنا۔ کام بگڑنا۔ تباہ ہونا۔

**بیڑا** (بی۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] گلوری۔ بنا ہوا پان۔

**بیڑا اٹھانا** (محاورہ) ذمہ لینا۔ عہد لینا۔ عزم بالجزم کرنا (۲) آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا۔

**بیڑا چبانا** (محاورہ) پان چبانا۔

**بیڑا چھننا** (محاورہ) ہندوؤں میں شادی کی رسم ہے کہ عروس کے جسم پر مصری اور پان رکھ دیتے ہیں جس کو دولھا چن چن کر کھاتے ہیں۔

**بیڑا دینا** (محاورہ) ناچنے گانے والیوں کو سائی دینا۔

**بیڑا ڈالنا** (محاورہ) پرانے زمانے میں رواج تھا کہ کسی مہم کے پیش آنے پر لوگوں کو جمع کر کے پان کی گلوریاں سامنے رکھ دی جاتیں جو گلوری اٹھا لیتا۔ وہی اس مہم کو سر کرنے کا ذمہ دار ہوتا۔

**بیڑا کھلانا** (محاورہ) پان کھلانا (۲) نسبت کا پکا کرنا۔

**بیڑنی۔ بیڑھنی** (بیڑ۔نی، بیڑھ۔نی) [ہ۔ا۔مث] گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ۔

**بیڑوی** (بیڑ۔وی) [ہ۔ا۔مث] پیٹھی سے بھری ہوئی روٹی۔ کچوری۔ پوری۔

**بیڑھا** (بے۔ڑھا) [ہ۔صف] ٹیڑھا (اُردو میں ٹیڑھا کے ساتھ بولتے ہیں۔

**بیڑھی** (بے۔ڑھی) [ہ۔صف] بیڑھا کا مؤنث۔ ٹیڑھی (ٹیڑھی کے ساتھ مستعمل ہے۔)

**بیڑھی روٹی**۔ دال بھری روٹی۔

**بیڑی** (ہ۔مث) ایک قسم کا دیسی سگریٹ جو تمباکو کو ڈھاک کے پتے میں لپیٹ کر بنایا جاتا ہے (۲) بیڑا کی تصغیر (۳) پان کی گلوری

**بیڑی** (بے۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لوہے کی زنجیر جو مجرموں اور ہاتھی گھوڑے وغیرہ کو ڈالتے ہیں (۲) چمڑے کا ڈول یا ٹوکرا جس سے کھیتوں کو پانی دیتے ہیں (۳) (کنایتاً) جورو بچے۔ بیاہ شادی (۴) پازیب (۵) چاندی کی کڑی جو بچوں کو منت کے طور پر پہناتے ہیں۔ دنیوی تعلقات۔

**بیڑی بڑھانا** (محاورہ) منت کی زنجیر یا حلقہ میعاد مقررہ کے بعد نذر نیاز دلا کر اُتارنا۔

**بیڑی پڑنا** (محاورہ) (۱) قید ہونا۔ پابند ہونا (۲) بال بچوں میں گرفتار ہونا۔ شادی ہونا۔

**بیڑی سونے کی بھی بُری** (مثل) قید بُری چیز ہے خواہ اس میں کیسا ہی آرام ہو۔

**بیڑی کٹنا** (محاورہ) (۱) زنجیر اترنا (۲) آزاد ہونا۔ رہا ہونا۔

**بیز** (ف۔مقولہ) فارسی مصدر بیختن کا صیغہ امر جو اسم کے بعد آکر اسم فاعل بن جاتا ہے۔ بکھیرنے پھیلانے چھاننے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے عطر بیز۔

**بیزار** (بے۔زار) [ف۔صف] متنفر۔ ناخوش۔ خفا۔ ناراض۔

**بیزاری** (بے۔زا۔ری) [ف۔ا۔مث] نفرت۔ خفگی۔ پریشانی۔

**بیس** (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کی تیسری ذات جس کا کام تجارت اور زراعت ہے اسے ویش بھی کہتے ہیں۔



Marfat.com

**بیس** (ہ-صفت) دس اور دس۔ بست (۲۰)

**بیس بسوئے** (ا-مذ) (۱) ایک بیگھہ (۲) سارا گاؤں۔ کل تمام۔ پورا (۳) غالباً۔ یقیناً۔

**بیس راہ لگا دینا** (محاورہ) مختلف کاموں میں خرچ کر ڈالنا۔

**بیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا** (محاورہ) (۱) بہت جگہ نوکری کرنا (۲) ناجائز تعلقات رکھنا۔ بہت عورتوں سے شادی کرنا۔

**بیسا** (بی۔سا) [س-ا-مذ] ایک قسم کا کتا جس کے بیس ناخن ہوتے ہیں

**بیسا سو برس کی عمر ہو** (دعا) ایک سو بیس سال کی عمر ہو۔ بہت لمبی عمر ہو۔

**بیساکھ** (بے۔ساکھ) [ہ-ا-مذ] سمت بکرمی کا مہینہ جو ۱۳ اپریل سے شروع ہوتا ہے۔

**بیساکھی** (بے۔سا۔کھی) [ہ-ا-مث] وہ مشہور تہوار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

**بیسانڈو** (بے۔سان۔ڈو) [ہ-صفت] سست۔ کاہل۔ نکما۔

**بیستون** (بے۔س۔تون) [ف-ا-مذ] ایک مشہور پہاڑ کا نام جسے فرہاد نے کھودا تھا۔

**بیسر** (بے۔سر) [ہ-ا-مث] ناک میں پہننے کی چھوٹی نتھ۔ نتھنی۔

**بیسن** (بے۔سن) [ہ-ا-مذ] چنے کی دال کا آٹا۔

**بیسنی** (بے۔س۔نی) [ہ-صفت] بیسن والی۔ بیسن کی بنی ہوئی۔

**بیسنی روٹی**۔ بیسن کی روٹی۔ چنے کے آٹے کی روغنی اور مسالے دار روٹی۔ سا پن (مستی روٹی)۔

**بیسوا** (بیس۔وا) [ہ-ا-مث] رنڈی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔

**بیسوا ستی نہ گاگا جتی** (مثل) رنڈی اور کتا نیک نہیں ہو سکتے۔

**بیسواں** (بیس۔واں) [ہ-ا-مذ] (۱) کسی کے مرنے کے بیسویں دن کھانا پکوا کر بطور خیرات مسکینوں کو کھلانے کی رسم (۲) [صفت] بیس عدد والا (۳) بیس کے۔

**بیسوں** (ا-عدد) بیس کے بیس۔ تمام (۲) بہت سے۔

**بیسوں بسوئے** (ا-مذ) (۱) تمام کا تمام گاؤں (۲) یقیناً۔ بلاشبہ

**بیسی** (بی۔سی) [ہ-ا-مذ] (۱) کوڑی (۲) غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ (۳) (صفت) بیس سال کی۔

**بیسی کھیسی ساٹھا پاٹھا** (مثل) عورت بیس سال کی عمر میں کمزور ہو جاتی ہے اور مرد ساٹھ سال کی عمر تک جوان رہتا ہے۔

**بیش** (ف-صفت) زیادہ۔ افزوں۔

**بیش از بیش** (ف-صفت) بہت زیادہ۔ زیادہ سے زیادہ۔ غایت درجہ

**بیش باد** (دعا) زیادہ ہو۔ اللہ زیادہ کرے۔ بڑھتی دولت اور بڑھ جائے۔

**بیش بہا** (ف-صفت) بھاری قیمت کا۔ قیمتی۔ بڑھیا۔

**بیش تر** (ف-صفت) (۱) اکثر۔ زیادہ تر (۲) بارہا۔

**بیش قرار** (ف-صفت) معقول۔

**بیش قیمت** (ف-صفت) (۱) بہت قیمت والا۔ قیمتی۔ بیش بہا (۲) نفیس۔ عمدہ۔

**بیش و کم** (ف-صفت) کم یا زیادہ۔ کچھ نہ کچھ۔

**بیشہ** (بے۔شہ) [ف-ا-مذ] جنگل بیابان۔ وہ جنگل جس میں شیر رہتا ہے۔

**بیشی** (بے۔شی) [ف-ا-مث] زیادتی۔ افزونی۔ بڑھوتری۔

**بیض** (ع-ا-مذ) دستخط۔

**بیضا** (بے۔ضا) [ع-صفت] روشن۔ سفید۔

**بیضاوی** (بے۔ضا۔وی) [ف-صفت] (۱) شہر بیضا کا رہنے والا (۲) (مذ) ایک مشہور مفسر قرآن کا لقب جن کا نام عبداللہ بن عمر تھا (۳) (مث) ان کی تفسیر اصل نام تفسیر بیضاوی ہے۔ مشہور صرف بیضاوی شریف ہے (۴) آفتابی۔ شمسی (۵) آفتابی

**بیضوی** (بے۔ض۔وی) [ع-صفت] انڈے کی مانند۔ انڈے کی طرح گول لمبوترا۔

**بیضہ** (بے۔ضہ) [ع-ا-مذ] (۱) انڈا (۲) فوطہ۔ خصیہ۔ جمع بیضات

**بیضۂ نوروز** (ف-صفت) ماہ فروردین کی پہلی تاریخ (جو مارچ کی بارھویں تاریخ ہوتی ہے) پارسی اس دن جشن مناتے ہیں اور بچے بازی لگا کر انڈوں سے کھیلتے ہیں۔

**بیطار** (بے۔طار) [ع-ا-مذ] سلوتری۔ مویشیوں کا ڈاکٹر

**بیع** (ع-ا-مث) بکری۔ فروخت۔

**بیع بالمرابح** (ع-مث) بامنافع بکری۔

**بیع بالوفاء** (ع-مث) وہ سودا جس میں میعاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ کرنے سے چیز آئی گئی ہو جائے۔ شرطی رہن کا پورا ہو جانا۔ بیع کا پورا ہو جانا۔

**بیع سلطانی** (ع-ف-مث) جو بیع بادشاہ کے حکم سے ہو۔

**بیع شرطی** (ع-ف-مث) وہ بکری جو کسی شرط کے پورا ہونے پر موقوف ہو چکی بیع۔

**بیع قطعی** (ع-ف-مث) پکی بکری۔ مکمل بیع۔ فروخت کامل۔

**بیع کرنا** (ا-مص) فروخت کرنا۔ بیچنا۔

**بیع میعادی** (ع-ف-مث) مشروط فروخت

**بیع ناجائز** (ع-ف-مث) خلاف قانون فروخت۔ وہ فروخت جس کا اختیار نہ ہو۔

**بیع ناقص** (ع-ف-مث) وہ بیع جو پوری نہ ہوا اور جس کے قبضے کا فیصلہ ملتوی رہے۔

**بیع نامہ** (ع-ف-مذ) قبالہ۔ کسی چیز کی فروخت کی دستاویز

**بیع نمائشی** (ع-ف-ا-مث) دکھاوے کی اور فرضی بیع۔

**بیع و شری** (ع-ف-مث) خرید و فروخت۔ لینا اور بیچنا۔

**بیعانہ** (بے۔عا۔نہ) [ف-ا-مذ] سائی کی وہ رقم جو کسی سودے کا پکا کرنے کے لئے ساری قیمت ادا کرنے سے پہلے بائع کو دی جائے اور حساب بیباق کرتے وقت وضع کر لی جائے۔

**بیعت** (بے۔عت) [ع-ا-مث] (۱) اطاعت کا عہد (۲) مرید بننا

**بیعت کرنا** (ا-مص) کسی پیر کا مرید ہونا۔

**بیعت لینا** (ا-مص) اطاعت اور فرمانبرداری کا عہد پیمان لینا۔



Marfat.com

**بیکا** (بی۔کا) [ہ۔صف] (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا
**بی کام** (Bachelor of Commerce) کا مخفف ([انگ۔صف] وہ شخص جس نے کامرس میں بی۔اے کیا ہو۔ فاضل تجارت۔
**بیکر** (بے۔کر) (Baker) [انگ۔ا۔مذ] نانبائی۔ روٹی پکانے والا۔ بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا۔
**بیکری** (بے۔ک۔ری) (Bakery) [انگ۔ا۔مؤ] ڈبل روٹی بسکٹ وغیرہ بنانے کا تنور یا کارخانہ۔
**بیکنٹھ** (بے۔کنٹھ) [ہ۔ا۔مذ] بہشت جنت۔
**بیکنٹھ باشی** (ہ۔صف) مرحوم۔ مغفور۔ جنت آشیان۔
**بیگ** (ت۔ا۔مذ) صاحب امیر۔ سردار۔ مغلوں کا خطاب
**بیگ** (Bag) [انگ۔ا۔مذ] تھیلا۔ بورا۔
**بیگار** (بے۔گار) [ف۔ا۔مؤ] اجرت کے بغیر کام لینا۔ جبراً کسی کو کام کے لیے پکڑنا وہ کام جو بغیر مزدوری دیے کسی سے لیا جائے۔
**بیگار ٹالنا** (محاورہ) بے دلی اور کم توجہی سے کوئی کام کرنا۔
**بیگار کے لیے پکڑا جانا** (محاورہ) بغیر اجرت کام کرنے کے لیے کسی کو مجبور کیا جانا۔
**بیگاری** (بے۔گا۔ری) [ف۔ا۔مذ] (۱) بیگار میں کام کرنے والا۔ (۲) بے دلی سے کام کرنے والا۔
**بیگانگی** (بے۔گا۔ن۔گی) [ف۔ا۔مث] غیریت۔ اجنبیت بے تعلقی
**بیگانہ** (بے۔گا۔نہ) [ف۔صف] غیر۔ پرایا۔ اجنبی۔
**بیگانہ خو** (ف۔صف) جس کی سرشت میں میل جول نہ ہو۔ اکھڑ۔ غیر مانوس
**بیگانہ سر پنسیری کی جگہ۔ بیگانہ سر کدو کے برابر** (مثل) جب کوئی دوسرے کے سر کی قسم کھاتا ہے۔ تو دونوں طرح کہتے ہیں۔ منشا یہ ہوتا ہے کہ اس قسم کا اعتبار نہیں۔
**بیگانہ وار۔ بیگانہ وش** (ف۔صف) اجنبی کی طرح۔
**بیگانے بردے آزاد کرتے ہیں** (مثل) پرائے غلام چھوڑ کر مفت میں ثواب کماتے ہیں۔ غیر کے مال پر فیاض بنتے ہیں۔
**بیگانی** (بے۔گا۔نی) [ف۔صف] بیگانہ کی تانیث۔
**بیگم** (بے۔گم) (ت۔ا۔مث) بیگ کی تانیث۔ خاتون۔ بانو۔ جمع بیگمات
**بیگمی** (بے۔گ۔می) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کے نہایت عمدہ اور نفیس چاول (۲) ایک قسم کا کافوری عمدہ پان۔
**بیگہ** (بی۔گہ) [ہ۔ا۔مذ] زمین کی ایک مقدار۔ چار کنال یا ۸۰ مرلے۔
**بیل** (ہ۔ا۔مذ) (۱) نر گاؤ (۲) (مجازاً) بیوقوف۔ احمق۔ گاؤدی۔
**بیل نہ کودا کودی گون۔ یہ تماشا دیکھے کون** (مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی امید کے خلاف کام کرے یا دخل در معقولات دے جس کو کودنا یا شکایت کرنا چاہیے۔ وہ چپکا رہے اور جس کو شکایت نہ کرنا چاہیے۔ وہ الٹی شکایت کرنے لگے۔
**بیل سرکاری یاروں کی ٹھکاری** (مثل) کسی کے مال کو کوئی اور استعمال کرے۔ جب کوئی چیز کسی کو مفت مل جائے اس وقت کہتے ہیں۔

**بیل** (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں۔ (۲) فیتہ یا نیچی کا کنارہ (۳) وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھتے ہیں (۴) نثار۔ تصدق۔ نچھاور۔ صدقہ (۵) وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے (۶) ناؤ کھینے کا بانس۔ چپو (۷) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام (۸) آل جیال۔ نسل۔
**بیل بٹا** (ہ۔مذ) نثار۔ نچھاور۔ وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے
**بیل بڑھنا** (محاورہ) درخت یا پودے وغیرہ کی بیل کا پھیلنا (۲) بال بچے زیادہ ہونا۔ (۳) قد بڑھنا۔
**بیل بوٹا** (ا۔مذ) نقش و نگار۔
**بیل دار** (ا۔صف) وہ چیز جس میں بیل یا بیلیں لگی ہو۔
**بیل منڈھے چڑھنا** (محاورہ) شادی کا وقت آنا (۲) مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔
**بیل** (ف۔ا۔مذ) زمین کھودنے کا اوزار۔ بیلچہ۔
**بیلدار**۔ وہ شخص جس کا پیشہ زمین کھودنا ہو۔ محکمہ نہر کے کارندے جو گڑھے وغیرہ بھرتے ہیں۔
**بیلا** (بے۔لا) [ہ۔ا۔مذ] بڑا کٹورا (۲) ایک قسم کا باجا جو سارنگی کی طرح ہوتا ہے (۳) وہ جنگل جو دریا کے کنارے واقع ہو (۴) وہ نقدی جو بیاہ شادیوں کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے (۵) یاسمین۔ چنبیلی کی قسم کا پودا۔
**بیلا بٹنا**۔ خیرات تقسیم کرنا۔ نقدی بٹنا۔
**بیلٹ** (بے۔لٹ) (Ballot) [انگ۔ا۔مذ] قرعہ اندازی۔ پوشیدہ رائے دہندگی۔
**بیلٹ بکس** (Ballot Box) ووٹ کی پرچیاں جمع کرنے کا صندوق
**بیلچہ** (بیل۔چہ) [ف۔ا۔مذ] چھوٹی کدال۔ چھوٹا پھاوڑا
**بیلک** (بے۔لک) [ف۔ا۔مذ] تیر کی انی۔
**بیلن** (بے۔لن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لکڑی کا وہ مدور اوزار جس سے روٹی یا پوری کو بڑھاتے ہیں (۲) پتھر کا وہ گول ڈھول نما اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے ہیں یا چونہ وغیرہ پیستے ہیں۔
**بیلنا** (بیل۔نا) [ہ۔مص] (۱) بیلن سے روٹی وغیرہ کو پھیلانا (۲) روئی سے بنولے وغیرہ علیحدہ کرنا (۳) [مذ] روئی سے بنولے علیحدہ کرنے کا آلہ۔ بڑا بیلن (۴) گنے کا رس نکالنے کا کولھو۔
**بیلنس** (بے۔لنس) (Balance) [انگ۔ا۔مذ] باقی۔ فاضلات بچت۔
**بیلنس شیٹ** (Balance Sheet) چٹھا۔ واصل باقی۔ روشن باقی
**بیلون** (بے۔لون) (Balloon) [انگ۔ا۔مذ] غبارہ۔
**بیلی** (بے۔لی) [ہ۔ا۔مذ] نگہبان۔ محافظ۔ مددگار۔ ساتھی۔
**بیم** (ف۔ا۔مذ) خوف خطر۔ اندیشہ۔ ڈر۔
**بیما** (بی۔ما) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے بیمہ۔
**بیمار** (بی۔مار) [ف۔صف] (۱) مریض۔ روگی (۲) عاشق۔ جمع بیماراں
**بیمار پرسی** (ف۔مث) عیادت۔ بیمار کا حال پوچھنا۔ بیمار کی خبر لینا۔



Marfat.com

**بیمار پڑنا** (۱) علیل ہو جانا۔ روگ لگنا۔
**بیمار خانہ** (ف۔ مذ) بیماروں کے رہنے اور علاج کرانے کی جگہ۔ شفاخانہ۔
**بیمار دار** (ف۔ صف) بیمار کی خدمت کرنے والا۔
**بیمار داری** (ف۔ مث) تیمارداری۔ بیمار کی خبر گیری یا خدمت گزاری ذمہ داری۔
**بیمارستان** (بی۔ ما۔ رس۔ تان) [ف۔ ا۔ مذ] ہسپتال۔ شفاخانہ۔
**بیماری** (بی۔ ما۔ ری) [ف۔ ا۔ مث] (۱) روگ۔ مرض۔ علالت (۲) عادت۔ علت۔ لت۔
**بیماری سے اٹھنا** بیماری سے صحت پانا۔
**بیمہ** (بی۔ مہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ٹھیکا۔ ضمانت۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر مال پہنچانے کی ذمہ داری (۲) مقررہ مدت یا مر جانے پر معینہ رقم بھر دینے کی ذمہ داری۔ انشورنس (Insurance)
**بین** (ہ۔ ا۔ مذ) مُردے کی خوبیاں بیان کر کے رونا اور رُلانا۔ نوحہ۔
**بین** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) درمیان۔ بیچ (۲) فاصلہ۔ فرق۔
**بین الاقوامی** (International) مختلف اقوام کے درمیان۔ مختلف اقوام کا۔
**بین السطور** (ع۔ مذ) سطروں کے بیچ کا فاصلہ۔ سطروں کے درمیان۔
**بین بین** (ع۔ صف) (۱) متوسط۔ درمیانی۔ بیچ کا (۲) ملا جلا۔
**بین** (ف۔ صف) دیکھنے والا مرکبات میں مستعمل ہے۔
**بین** [ہ۔ ا۔ مث] منہ سے بجانے کا ایک ساز۔
**بیّن** (بے۔ یِن) [ع۔ صف] ظاہر۔ صاف۔ آشکارا۔
**بینا** (بے۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] مٹھائی یا کھانے کی چیز کا حصہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
**بینا** (بی۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) جھومر کی قسم کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔
**بینا** (بی۔ نا) [ف۔ صف] (۱) دیکھنے والا (۲) مبصر (۳) دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔
**بیّنات** (بے۔ یِ۔ نات) [ع۔ ا۔ صف] بیّنہ کی جمع۔ روشن دلائل (۲) گواہان صادق (۳) ایک قسم کی ابجد کا حساب۔
**بینائی** (بی۔ نا۔ ای) [ف۔ ا۔ مث] (۱) بصارت۔ آنکھ کی روشنی (۲) دانائی۔ ہوشیاری۔
**بینتی** (ہ۔ مث) التجا۔ منت سماجت۔
**بینٹ** (انگ۔ مث) بندوق کی کرچ۔ سنگین۔ انگریزی لفظ (Bayonet) کا بگاڑ۔
**بینجنی** (بین۔ ج۔ نی) [ا۔ صف] (ورا) سیاہ مائل بہ سرخی۔ بینگن کے رنگ کا۔
**بینچ** (Bench) [انگ۔ ا۔ مذ] دیکھیے بنچ۔
**بیندھنا** (بیندھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) طعنے دینا۔
**بینڈ** (Band) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) گروہ۔ منڈلی۔ خصوصاً باجے والوں کی (۲) بینڈ باجا۔
**بینڈ ماسٹر** (Bandmaster) باجے والوں کا افسر۔
**بینڈھ** [ہ۔ ا۔ مث] سرکنڈوں یا نرسول کا مٹھا۔

**بینڈا** (بین۔ ڈا) [ہ۔ صف] (۱) ترچھا۔ آڑا۔ ٹیڑھا (۲) سخت۔ مشکل۔ بے ڈھب (۳) ناشائستہ۔ اجڈ۔ اکھڑ (۴) [مذ] وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے تاکہ دروازہ کھل نہ سکے۔
**بینڈا** (بین۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک کیڑا جو برسات میں درختوں پر پیدا ہوتا ہے۔
**بینڈی** (بین۔ ڈی) [ہ۔ صف] بینڈا کی تانیث۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔
**بینڈی چال** (ہ۔ مث) ٹیڑھی چال۔ ترچھی چال۔ بُری وضع۔
**بینڈی سنانا** (محاورہ) سخت جواب دینا۔
**بینڈی کھوپڑی** (ا۔ صف) [مجازاً] کم فہم۔ جاہل۔ اکھڑ۔
**بینڈی** (بین۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بالوں کا جوڑا (۲) بالوں کی لچھی۔
**بینڈیا** (بین۔ ڈیا) [ہ۔ ا۔ مذ] تیسرا یا پانچواں بیل جو جوت کے آگے سہارا دینے کے لیے جوڑا جاتا ہے۔
**بینش** (بی۔ نش) [ف۔ ا۔ مث] (۱) نظر۔ نگاہ۔ دیکھنے کی طاقت (۲) دانائی۔
**بینک** (Bank) [انگ۔ ا۔ مذ] لین دین کی کوٹھی۔ ساہوکارا۔
**بینک ریٹ** (Bank Rate) شرح سود۔ بٹا۔
**بینک کار** (۱) صراف۔ مہاجن۔ ساہوکار (۲) بینک کا منتظم۔ انگریزی بینکر سے اردو بنایا گیا ہے۔
**بینک کریڈٹ** (Bank Credit) قرض ساکھ۔ بینک سے وہ سمجھوتا جس کی رو سے ضمانت دینے پر قرض لیا جا سکے۔
**بینک نوٹ** (Bank Note) بینک کا کاغذی سکہ۔ نوٹ۔
**بینکر** (Banker) [انگ۔ ا۔ مذ] دیکھیے بینک کار۔
**بینگ** (ہ۔ ا۔ مذ) مینڈک۔
**بینگن** (بین۔ گن) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی ترکاری۔
**بیننا** (بین۔ نا) [ہ۔ مص] چننا۔ علیحدہ کرنا۔ چھانٹنا۔
**بینندہ** (بی۔ نن۔ دہ) [ف۔ صف] دیکھنے والا۔ دانا شخص۔
**بیّنہ** (بے۔ یِ۔ نہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) روشن دلیل (۲) گواہ۔ جمع بیّنات۔
**بیں ہتھا** (بیں۔ ہتھ۔ تھا) [ہ۔ صف۔ و ا۔ مذ] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کھبا۔
**بیں ہتھی** (بیں۔ ہتھ۔ تھی) [ہ۔ صف و ا۔ مث] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والی۔ کھبی۔
**بینی** (بی۔ نی) [ا۔ ا۔ مث] (۱) وہ لمبی لکڑی جو کواڑوں میں اس لیے لگاتے ہیں کہ بند کرتے وقت بیچ میں جھری نہ رہے اور مل کر دونوں کواڑ ایک ہو جائیں (۲) کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اوپر آ جاتا ہے۔
**بینی** (بی۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] ناک۔
**بینی بریدہ** (ف۔ صف) ناک کٹا۔ نکٹا۔
**بینی پاک** (ف۔ مذ) ناک صاف کرنے کا رومال۔
**بینی کوہ** (ف۔ مث) پہاڑ کی چوٹی۔ کلہ کوہ۔



Marfat.com

**بیوپار** (پ۔ یو۔ پا۔) [ہ۔ ا۔ مذ] تجارت۔ لین دین۔ سوداگری۔ بنج
**بیوپاری** (پ۔ یو۔ پا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذ] تاجر۔ سوداگر۔ بنجارا۔
**بیوت** (بُ۔ یوت) [ع۔ ا۔ مث] بیت کی جمع۔ مکانات۔
**بیوتات** (بُ۔ یُو۔ تات) [ع۔ ا۔ مث] بیوت کی جمع اور بیت کی جمع الجمع۔
**بیُورا** (پ۔ یو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خبر۔ پیغام۔ بات (۲) حال احوال۔ (۳) خوشخبری۔ بشارت۔ مژدہ (۴) بھید۔ پتا۔ نشان (۵) تفصیل۔ تشریح۔ وضاحت (۶) تخمینہ۔
**بیورا کرنا** (۱) اطلاع دینا۔ خبر کرنا۔ (۲) تخمینہ کرنا۔
**بیورے دار** (ہ۔ صف) تفصیل وار۔ مفصل۔
**بیورو** (Bureau) (پ۔ یوُ۔ رو) [انگ۔ ا۔ مذ] سرکاری محکمہ۔ دفتر
**بیوستھا** (بے۔ وَس۔ تھا) [ہ۔ ا۔ مذ] فتویٰ۔ مذہبی حکم۔ شاستر کے بموجب فیصلہ۔ (ویوستھا (س))
**بیوگ** (پ۔ یو۔ گ) [ہ۔ ا۔ مذ] جُدائی۔ مفارقت۔ مہجوری۔ فراق۔
**بیوگی** (بے۔ و۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] بیوہ ہوجانا۔ بیوہ ہونے کی حالت رنڈاپا۔
**بیونت** (پ۔ یونت) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کاٹ۔ تراش۔ قطع و بُرید (۲) اندازہ۔ ناپ (۳) حساب۔ پرت۔ تقسیم (۴) موقع۔ ڈھب (۵) کفایت شعاری کا طریقہ۔
**بیونت پھیلنا**۔ پرت گھٹنا۔ حساب پھیلنا۔ اندازہ نہ ہونا۔
**بیونتنا** (پ۔ یونت۔ نا) [ہ۔ مص] تراشنا۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ کپڑے کی قطع و برید کرنا۔
**بیونگا** (پ۔ یوں۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] چمڑا کھرچنے اور صاف کرنے والا اوزار
**بیوہ** (بے۔ وہ) [ف۔ ا۔ مث] رانڈ۔ بدھوا۔ جمع۔ بیوگان۔

**بیوہ قابض**۔ وہ بیوہ جو اپنے خاوند کی جائداد پر قابض ہو۔
**بیوہار** (ب۔ یو۔ ہار) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بیوپار۔ تجارت۔ بنج۔ سوداگری لین دین (۲) کام کاج۔ پیشہ (۳) معاملہ۔ واسطہ۔ تعلق (۴) قاعدہ دستور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۵) خط و کتابت۔ نامہ و پیام (۶) بیاہ شادی۔ نسبت۔ مناکحت۔
**بیوہار کی بات**۔ معاملے کی بات۔ کاروباری بات۔ دستور کی بات اصول کی بات۔ قاعدے کی بات۔
**بیوی** (بی۔ وی) [اُ۔ ا۔ مث] (۱) زوجہ (۲) گھر کی مالکہ۔ عورت۔ مالکن
**بیوی بیوی عید آئی چل دور مجھے اپنی دال ٹکیے سے کام** (مثل) دُنیا کی عیش و عشرت سے غریب کو کیا سروکار۔
**بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے۔ دُھر کتیا مردار وے دن ٹل گئے** (مثل) عورتیں اپ عورت کے متعلق کہتی ہیں جو خوشحالی نصیب ہونے پر اپنا پہلا غریبی کا زمانہ بھول جاتی ہیں۔
**بیوی کا دانہ کھانے والا** (ا۔ مذ) جورو کی روٹیوں پر پڑنے والا دیوث۔ محتاج زن۔ جورو کی کمائی کھانے والا۔ سسرال میں پڑا رہنے والا۔
**بیوی کا غلام** (ف۔ مذ) زن مرید۔ عورت کے اشاروں پر چلنے والا۔
**بیوی کو باندی کھو منس دے۔ باندی کو باندی کھو جل مرے** (مثل) شریف کو کمینہ کھو منس دیتا ہے۔ کمینے کو کمینے کھونا راض ہوجاتا ہے
**بیوی نیک بخت۔ دمڑی کی دال تین وقت** (مثل) نیک عورت کفایت شعاری کرتی ہے۔
**بیوی وارے باندی کھائے۔ گھر کی بلا باہر نہ جائے** (مثل) دیکھیے بی بی وارے۔
**بیہ** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سوراخ (۲) کان یا ناک کا سوراخ۔
**بیہڑ** (بے۔ ہَڑ) [ہ۔ صف۔ و ا۔ مث] (۱) ناہموار زمین (۲) جنگل۔ چراگاہ



Marfat.com

# پ

پ ۔ (پے ) اُردو اور فارسی کا تیسرا ، ہندی کا اکیسواں حرف ۔ ابجد کے حساب میں اس کے تین عدد مقرر ہیں ۔ بعض ہندی الفاظ کے بعد آئے تو مصدر کے معنی دیتا ہے جیسے ملاپ ۔ فارسی میں یہ کئی حرفوں سے بدل جاتا ہے جیسے تب ۔ تپ ۔ سفید ۔ سپید ۔

## پ ـــــ ا

**پا ۔** (ف ۔ ا ۔ مذ ) (۱) پاؤں ۔ قدم ۔ پیر (۲) نیچے ۔ زیریں ۔ تحت (۳) پائیداری ۔ قدرت ۔ قوت ۔ مضبوطی ۔ استقلال ۔ ٹھہراؤ (۴) بیخ ۔ بنیاد (۵) گرامر میں بطور لاحقہ جیسے موٹاپا ۔ بڑھاپا ۔ یا دیرپا (۶) پاؤ کا مخفف جیسے آدھ پا ۔

**پا افزار ۔** جوتی ۔ پاپوش ۔

**پا اُفتادہ ۔** (ف ۔ صف ) بے کس ۔ بے سہارا ۔ عاجز ۔ جمع : اُفتادگان ۔

**پا افشار ۔** کھڑاؤں ۔

**پا انداز ۔** (ف ۔ مذ ) لوہے ، ٹاٹ ، ربڑ یا مونج کا ٹکڑا جو دروازے کے آگے جوتے صاف کرنے کے لیے رکھ دیتے ہیں ۔ گاڑی میں پیر رکھنے کی جگہ بھی رکھ دیتے ہیں ۔

**پا بجولاں ۔** (ف ۔ صف ) (۱) پاؤں میں بیڑی ۔ پاؤں میں زنجیر ۔ پابزنجیر (۲) مقید ۔ محبوس (۳) مجبور ۔ محتاج (۴) ملازم ۔ نوکر ۔ خدمت گار (۵) بیاہا ہوا ۔

**پا بدامن ۔** (پا ۔ بہ ۔ دامن ) (ف ۔ صف ) دامن میں پاؤں سمیٹے ہوئے گوشہ نشین ۔ جس نے چلنا پھرنا چھوڑ دیا ہو ۔

**پا بدست دگرے دست بدست دگرے ۔** (ف ۔ محاورہ ) (۱) پاؤں ایک کے ہاتھ میں ۔ ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں (۲) کشاں کشاں ۔ (۳) جبر سے ۔

**پا بُرکاب ۔** (ف ۔ صف ) جانے پر آمادہ ۔ چلنے پر مستعد ۔

**پا بُرہنہ ۔** (ف ۔ صف ) ننگے پاؤں ۔

**پا بزنجیر ۔** (پا ۔ بہ ۔ زنجیر ) (ف ۔ صف ) وہ جس کے پاؤں میں زنجیر پڑی ہوئی ہو

**پا بست ۔ پابستہ ۔** (ف ۔ صف ) مستحکم ۔ مضبوط (۲) گرفتار ۔

**پا بگل ۔** (پا ۔ بہ ۔ گل ) (ف ۔ صف ) (۱) کیچڑ میں پاؤں ۔ جس کے پاؤں مٹی میں ہوں (۲) قیدی ۔ بے بس ۔ حیران ۔ بند

**پابند (پائے بند ) ۔** (۱) عادی ۔ خوگر (۲) نوکر ۔ ملازم ۔ محکوم (۳) ماتحت مطیع (۳) گرفتار ۔ رُکا ہوا ۔ قیدی (۴) قائم ۔ ٹھیرا ہوا ۔ مستقل ۔ مضبوط (۵) بیڑی ۔ زنجیر ۔ پچھاڑی (۶) وہ رسی جس سے گھوڑے کے پچھلے پاؤں باندھتے ہیں (۵) کسی بات پر قائم رہنے والا ۔

**پابند کرنا ۔** (ا ۔ محاورہ ) (۱) مقید کرنا (۲) روکنا (۳) نوکر رکھنا (۴) شادی کرنا (۵) روک دینا (۶) کسی کام کا ذمہ دار بنانا ۔

**پابندی ۔** (ف ۔ مث ) (۱) روک تھام (۲) بندش (۳) ملازمت ۔ نوکری متابعت ۔ غلامی ۔ فرماں برداری ۔ مناہی (۴) قید ۔ گرفتاری (۵) استقلال ۔ قیام ۔ استحکام (۶) بیڑی ۔ جولاں (۷) لحاظ ۔ خیال ۔ دھیان (۸) عادت ۔ خو ۔

**پابوس ۔** (ف ۔ صف ) (۱) قدم چومنے والا (۲) پاؤں پڑنے والا ۔ قدم بوس ۔ (۳) جھکنے والا (۴) تسلیم کرنے والا (۵) خوشامدی ۔

**پابوسی ۔** (ف ۔ ا ۔ مث ) (۱) پاؤں چومنا ۔ قدم لینا ۔ قدم بوس ہونا (۲) جھکنا تسلیم کرنا (۳) بڑوں کی ملاقات (۴) خاطر ۔ تواضع ۔ تعظیم ۔

**پاپ ۔** (ہ ۔ مذ ) گناہ ۔

**پاپ کا پھل ۔** گناہ کا نتیجہ (۲) منحوس ۔ بدشگون ۔

**پاپ کی ناؤ آج نہیں تو کل ، کل نہیں تو پرسوں ڈوبے گی ۔**
(ا ۔ مثل ) ظالم کو ضرور سزا ملتی ہے ۔

**پاپیوں کو مٹانے کو پاپ مہابلی ۔** (ہ ۔ مثل ) گنہگار اپنے گناہوں کی وجہ ہی سے تباہ ہوتا ہے ۔

**پاپوش ۔** (ف ۔ مث ) جُوتا ۔ پیزار ۔ کفش (تحقیر سے ) بیزاری کا اظہار ۔

**پاپوش نہ مارنا ۔** (ا ۔ محاورہ ) جوتا بھی نہ مارنا ۔ نہایت بے وقعت سمجھنا ۔

**پاپوش پر مارنا ۔** (ا ۔ محاورہ ) ذلیل اور حقیر سمجھنا ۔ بے عزت جاننا (۲) ذلیل کرنا (۳) ٹھکرانا (۴) خاطر میں نہ لانا ۔ پرواہ نہ کرنا ۔

**پاپوش جانے ۔** (محاورہ ) (کلمۂ حقارت ) ۔ کچھ خبر نہیں ۔ پتہ نہیں ۔

**پاپوش سے ۔ پاپوش کی نوک سے ۔** بلا سے ۔ جوتی سے ۔ کچھ پرواہ نہیں ۔

**پاپوش کاری ۔** (ف ۔ ا ۔ مث ) جوتیاں پڑنا ۔ جوتیوں کی مار ۔

**پاپوش کے برابر نہ سمجھنا ۔** (محاورہ ) (۱) ذرا بھی خاطر میں نہ لانا (۲) نہایت حقیر اور ذلیل سمجھنا ۔

**پاپوش کی گرد سمجھنا ۔** (محاورہ ) حقیر جاننا ۔ کوئی اہمیت نہ دینا ۔

**پاپوش کی نوک پر مارنا ۔** (محاورہ ) پرواہ نہ کرنا ۔ ذلیل جاننا ۔

**پاپوش مارنا ۔** (محاورہ ) (۱) جوتی مارنا (۲) بے توجہی کرنا ۔ بے پروائی کرنا ۔

**پا پیادہ ۔** (ف ۔ صف ) پیدل ۔ سواری کے بغیر ۔ پاؤں پاؤں ۔

**پاتابہ ۔ پائے تابہ ۔** (ف ۔ مذ ) (۱) تلا ۔ چمڑا جو پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر ڈالا جاتا ہے ۔ (۲) کپڑے کا بنا ہوا جُوتا جو موزے کے اُوپر پاؤں میں پہنتے ہیں جس سے موزہ محفوظ رہتا ہے (۳) موزہ ۔ جُراب ۔

**پاتراب ۔ پائے تراب ۔** (ف ۔ مذ ) (۱) مقام بدلنا ۔ جگہ تبدیل کرنا (۲) شگون سفر کے لیے گھر سے نکلنا ۔

**پاجامہ ۔ پائے جامہ ۔** (ف ۔ ا ۔ مذ ) (۱) مشرقی لباس جو جسم کے نچلے حصے میں پہنا جاتا ہے ۔ شلوار یا پتلون کی مانند ۔



Marfat.com

**پاجامے سے باہر (ہو جانا) نکل پڑنا۔ پائے جامے سے باہر ہونا۔** (محاورہ) آپے سے باہر ہو جانا۔ حد سے زیادہ خفا ہونا۔ بہت خفا ہونا۔

**پاجامے میں ڈال کر پہن لینا۔** (محاورہ) بد لحاظ ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ ادب لحاظ نہ کرنا۔

**پاجی۔** (ہ۔ مذ) کمینہ۔ بدکردار۔

**پاجی بطوافِ کعبہ حاجی نمی شود۔** (ف۔ مثل) کمینہ آدمی کسی صورت میں شریف نہیں بن سکتا۔

**پا چراغ۔** (ف۔ مذ) ایک پاؤں پر کھڑا۔

**پا چراغ کرنا۔** (محاورہ) ایک پاؤں پر کھڑا ہونا۔

**پاچک۔** (ف۔ مذ) اوپلا۔ کنڈا۔ ارنا۔

**پاخانہ۔** (ف۔ا۔ مذ) (١) جائے ضرورت۔ بیت الخلا۔ ٹٹی۔ کھڈی (٢) براز۔ گُو۔ سنڈاس۔ گندگی۔ فضلہ۔

**پاخانہ پھرنا۔** (محاورہ) ہگنا۔ رفع حاجت کرنا۔

**پاخانہ خطا ہونا۔** (محاورہ) (١) بے اختیار گُوہ کا باہر نکلنا (٢) سخت خوف زدہ ہونا۔

**پاخانے میں لوٹا نہ رکھواؤں۔** (محاورہ) بہت حقیر سمجھنے کی جگہ بولا جاتا ہے۔

**پادراز۔** (ف۔ صف) پاؤں پھیلائے ہوئے۔ آرام میں۔ مزے میں۔

**پا در رکاب۔** چلنے کو تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔

**پا در ہوا۔** (ف۔ صف) بے بنیاد۔ خیالی۔ وہمی۔

**پاروب۔** (ف۔ مذ) وہ لکڑی جس سے گھوڑوں کے نیچے سے گھاس اور لید صاف کی جاتی ہے۔

**پازیب۔ پائے زیب۔** (ف۔ا۔ مث) (١) پاؤں کی زینت (٢) ایک زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔ خلخال۔ چھاگل۔ گوجری۔

**پاشکستہ۔** (ف۔ صف) چلنے پھرنے سے معذور (٢) بے بس۔ مجبور۔

**پاشویہ۔** پاؤں دھونا۔ پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔

**پاکوب (پائے کوب)۔** (ف۔ صف) ناچنے والا۔ رقاص۔

**پائے کوبی۔** (ف۔ا۔ مث) پاؤں دے دے مارنا۔

**پامال۔** (ف۔ صف) (١) روندا ہوا۔ پاؤں سے مسلا ہوا۔ پاؤں سے رگڑا ہوا (٢) برباد۔ تباہ۔ خراب۔ خستہ۔ شکستہ حال۔ ویران۔

**پامال کرنا۔** (١) روندنا (٢) تباہ کرنا۔ خاک میں ملانا۔ ویران کرنا۔

**پامالی۔** (ف۔ا۔ مث) (١) پاؤں سے روندنا (٢) تباہ و برباد کرنا (٣) مصیبت تکلیف۔ تباہی۔ بربادی۔

**پامرد۔** (ف۔ صف) ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ باہمت۔ مددگار۔ معاون۔

**پامردی۔** (ف۔ا۔ مث) (١) استقلال۔ مضبوطی (٢) ہمت۔ بہادری (٣) طاقت۔ زور۔

**پاموز۔** (ف۔ صف) کبوتر۔ مرغ اور دوسرے پرندوں کے پاؤں کو پروں نے موزوں کی طرح ڈھک رکھا ہو۔

**پاورق۔** (ف۔ مذ) حاشیے کے نیچے اگلے صفحے کا پہلا لفظ۔

**پایاب۔** (ف۔ صف) پانی میں پیادہ چلے جانے کا راستہ۔ کم گہرا پانی۔ گھاٹ۔

**پایابی۔** (ف۔ا۔ مث) کم گہرائی۔ اتھلا پن۔ وہ پانی جس میں آدمی پاؤں سے چل کر گزر سکے۔

**پاپ۔** (س۔ا۔ مذ) (١) گناہ۔ جرم۔ قصور (٢) دکھ۔ عذاب۔ آفت (٣) برائی۔ عیب۔ نقص۔ خرابی (٤) ظلم۔ جبر۔

**پاپ ابھرے پر ابھرے۔** (مثل) برا کام پوشیدہ نہیں رہتا۔

**پاپ بسانا۔** (محاورہ) عذاب مول لینا۔ جنجال میں پڑنا (٢) برا کام کر۔

**پاپ رُوپ۔** (ہ۔ مذ) (١) بدشکل۔ بدصورت (٢) ظالم۔ جابر۔ بے رحم (٣) پاپی گنہگار۔

**پاپ۔** (ہ۔ مذ) بداعمالی سے پیدا ہونے والا مرض جیسے آتشک۔

**پاپ کا گھڑا (بیڑا) بھر کر ڈوبتا ہے۔** (مثل) ظالم کو ایک دن ضرور سزا ملتی ہے۔

**پاپ کاٹنا۔** (محاورہ) (١) جھگڑا چکانا۔ تصفیہ کرنا (٢) جدا کرنا (٣) قرضہ ادا کرنا۔ نجات دینا (٤) قصور معاف کرنا۔ خطا بخشنا (٥) تکلیف سے بچانا۔

**پاپ کٹنا۔** (محاورہ) جھگڑا دور ہونا۔ تصفیہ پاک ہونا۔ عذاب دور ہونا۔ مصیبت ٹلنا۔

**پاپ کرنا۔** جرم کرنا۔ گناہ کرنا۔ برا کام کرنا۔

**پاپ کمانا۔** (محاورہ) برا کام کرنا۔ گناہ کرنا۔ زنا کرنا۔

**پاپ کی پوٹ۔** (ا۔ صف) سراپا گناہ۔ مجسم گناہ۔ گناہ کی گٹھڑی۔

**پاپ لگنا۔** (محاورہ) (١) جھگڑا سر ہونا (٢) عذاب پلے بندھنا۔ دقت پیش آنا۔ روگ لگنا۔

**پاپا۔** (Papa) (انگ۔ا۔ مذ) (١) باپ۔ پدر۔ والد۔ ابا۔ بابا (٢) پوپ۔ عیسائیوں کا بڑا پادری۔

**پاپائیت۔** (ف۔ مث) پاپا کا منصب۔ پاپا کا اختیار۔

**پاپا۔** (ہ۔ا۔ مذ) چاول کا کیڑا۔ پٹاری۔ گھن۔

**پاپاخ۔ (پا۔ پاخ)** (ف۔ا۔ مث) سیاہ دُنبے کے کھال کی لمبی ٹوپی۔

**پاپڑ۔ (پا۔ پڑ)** (س۔ا۔ مذ) (١) باریک۔ پتلا۔ کاغذ سا۔ پان کی مثل۔ پتے کی مانند۔ پاپر (٢) ارد۔ مونگ۔ چنے وغیرہ کے میدے کی نہایت پتلی اور ہلکی مسالہ دار چپاتی جو تیل یا گھی میں تلی جاتی ہے۔ پاپڑی (٣) نہایت خشک۔ سوکھا (٤) نہایت کمزور (٥) کھرنڈ۔

**پاپڑ بیلنا۔** (محاورہ) (١) مصیبت برداشت کرنا (٢) تنگی اور مفلسی میں دن گزارنا۔ رنج و مصیبت میں عمر کاٹنا (٣) بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا۔ ہیر پھیر کرنا۔

**پاپڑا۔ (پاپ۔ ڑا)** (س۔ا۔ مذ) (١) ایک درخت۔ گار ڈینیا (٢) ایک قسم کا کیلے کا درخت (٣) ڈھاک کے درخت کا پھل۔

**پاپڑا کھار۔ پاپڑ کھار۔** (ہ۔ مذ) وہ نمک جو پاپڑ میں ڈالتے ہیں۔

**پاپلین۔** (Poplin) (پاپ۔ لین) (انگ۔ا۔ مث) ایک قسم کا کپڑا۔

**پاپن۔ پاپنی۔ (پا۔ پن۔ پاپ۔ نی)** (ہ۔ صف) (١) گنہگار عورت۔ خطاکار۔ مجرم (٢) ظالم۔

**پاپی۔ (پا۔ پی)** (ہ۔ صف) (١) پاپ کرنے والا۔ گنہگار۔ قصور والا۔ مجرم (٢) ظالم (٣) بدکار۔ بدچلن (٤) بے رحم۔ کٹھور (٥) کنجوس۔ بخیل۔

**پاپی کنواں۔** (ا۔ مذ) وہ کنواں جس میں ہر سال کوئی نہ کوئی ڈوبتا ہو۔

**پاپی کی ناؤ ڈوبی پر ڈوبی۔** (مثل) برائی کا نتیجہ ضرور برا ہوتا ہے۔

**پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے۔** (مثل) گنہگار کو اس کے خروج کے



Marfat.com

وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔ گنہگار کو نہایت سخت سزا ملتی ہے۔

**پاپی کے من میں پاپ ہی بسے**۔ (مثل) شریر آدمی ہر وقت شرارتیں ہی سوچتا رہتا ہے۔ گنہگار ہر وقت گناہ کی سوچتا ہے۔

**پات**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) پتا۔ برگ۔ ورق۔ ساگ (۲) کان میں پہننے کا زیور (۳) زیادہ ہوشیار ہونا۔

**پات پات ڈال ڈال**۔ ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔

**پات تیرتے ہیں۔ پتھر ڈوبتے ہیں**۔ (مثل) غریب اور ادنیٰ درجے کے لوگ مزے میں رہتے ہیں۔ امیر یا عزت والے دکھ اٹھاتے ہیں۔

**پاتال**۔ (پا۔ تال) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہندو دیومالا کے متعلق زمین کے سات طبقوں میں سے سب سے نیچے کا طبق جہاں ناگ رہتے ہیں۔ تحت الثریٰ - اسفل السافلین (۲) دوزخ۔ نرک (۳) غار۔ گڑھا۔

**پاتال جنتر**۔ (ہ۔مذ) وہ برتن جس میں کشتہ بناتے ہیں۔

**پاتر**۔ (س۔ا۔مث) (۱) کسبی۔ رنڈی۔ بیسوا۔ قحبہ (۲) پتلا۔ دُبلا۔ ناتواں۔

**پاتر**۔ (س۔ا۔ مذ) برتن۔ پیالہ۔ شراب کا پیالہ۔

**پاترتا**۔ (پا۔ تر۔ تا) (ہ۔ا۔ مث) پاک دامن۔ عصمت مآب عورت۔

**پاترتا کو گزی نہیں۔ بیسوا اوڑھے خاصا**۔ (مثل) نیک تکلیف میں رہتے ہیں اور بُرے مزے اُڑاتے ہیں۔

**پاتک**۔ (پا۔ تک) (س۔ا۔مذ) کسی گھر میں موت واقع ہونے سے اس گھر والوں کو ایک خاص مدت تک ناپاک سمجھنا (۲) عیب۔ گناہ۔ خطا۔

**پاتن**۔ (پا۔ تن) (س۔ا۔مث) (۱) پاپوش۔ جوتی (۲) خزاں۔ پت جھڑ (۳) زوال۔ گراؤ۔ اکھاڑ

**پاتھر**۔ (پا۔ تھر) (س۔ا۔مذ) پتھر۔ سنگ۔ حجر۔

**پاتھنا**۔ (پاتھ۔ نا) (ہ۔معں) تھاپنا۔ بنانا۔ ڈھالنا۔ تھوپنا۔

**پاتی**۔ (پا۔ تی) (س۔ا۔مث) (۱) چٹھی۔ خط۔ رقعہ (۲) پیغام۔ سندیسہ (۳) پتہ۔ کھوج۔

**پاٹ**۔ (Pot) (انگ۔ا۔مذ) (۱) برتن۔ ظرف (۲) پاخانے کا طشت۔

**پاٹ**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) عرض۔ چوڑائی (۲) چکی کا پاٹ۔ پتھر (۳) تخت۔ مسند۔ گدی۔ (۴) پٹڑا۔ وہ پتھر جس پر کپڑے دھوئے جاتے ہیں (۵) کولھو بیلن کی لمبی لکڑی جس میں جوا باندھ کر بیل جوتے جاتے ہیں اور اس کے ذریعہ سے کولھو چلتا ہے۔ (۶) لکڑی کا لٹھا جو کنویں سے پانی کھینچنے کے لیے اس کی من پر رکھا جاتا ہے (۷) ریشم (۸) تخت۔ چوکی۔ تختہ (۹) الاپ۔ اونچا سر۔ تان (۱۰) کپڑے کی ایک طرف کا کنارہ (۱۱) ریشمی کپڑے کے کرنے (۱۲) موٹا سن (۱۳) دریا کی چوڑائی۔ (۱۴) اناج کی بوری۔

**پاٹ دار آواز**۔ (ا۔مث) بلند آواز۔ دُور تک جانے والی آواز۔

**پاٹ دینا**۔ (ا۔معں) ڈھیر کر دینا۔ کثرت سے کوئی چیز ڈال دینا (۲) کسی کو مال و زر دے کر دولت مند بنا دینا (۳) بھر دینا۔ پُر کر دینا (۴) چھت ڈالنا۔

**پاٹ رانی**۔ (ہ۔مث) بڑی رانی۔ وہ رانی جس کی اولاد گدی کی وارث ہو۔

**پاٹا**۔ (ہ۔ا۔ مذ) تختہ۔ پٹڑا۔ دھوبی کا پٹڑا۔

**پاٹنا**۔ (پاٹ۔ نا) (ہ۔معں) (۱) ڈھانپنا۔ چھت ڈالنا (۲) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا (۳) ڈھیر کرنا (۴) مالا مال کرنا (۵) بکثرت دینا (۶) سینچنا۔ سیراب کرنا (۷) کڑیاں لگانا تختے پھیلانا۔ چھپر ڈالنا (۸) گڑھے کو بھرنا۔

**پاٹھ**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) سبق۔ درس (۲) ورد۔ وظیفہ۔ پوجا۔ عبادت۔ دُعا (۳) متن۔ مضمون۔ اپدیش

**پاٹھ سالا۔ پاٹھ شالا**۔ (ہ۔مذ) مدرسہ۔ مکتب۔ اسکول۔ تعلیم گاہ۔ پڑھنے کا مکان

**پاٹھا**۔ (پا۔ ٹھا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) جوان (۲) پہلوان (۳) ہاتھی کا نر بچہ۔

**پاٹھک۔ پاٹھی**۔ (پا۔ ٹھک) (پا۔ ٹھی) (س۔ا۔ مذ) (۱) اُستاد۔ معلم (۲) واعظ۔ اپدیشک (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ جو رزمیہ نظمیں اور پُران پڑھتے ہیں۔

**پاٹی**۔ (پا۔ ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چارپائی کے بازو (۲) تختی (۳) ایک قسم کی چٹائی (۴) (بالوں کے درمیان) مانگ (۵) ایک مٹھائی۔

**پاجانا**۔ (پا۔ جا۔ نا) (اُر۔معں) (۱) حاصل کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) بات سمجھ لینا (۴) سمجھنا

**پاجی**۔ (پا۔ جی) (ف۔صف) (۱) کمینہ۔ رذیل (۲) شریر۔ بدمعاش (۳) کنجوس۔ ذلیل

**پاجی پرست**۔ (ف۔صف) سفلہ پرور۔ کمینوں کا مددگار۔ رذیلوں کا حامی۔ بدمعاشوں کا ساتھی۔ پاجیوں کی خوشامد کرنے والا۔

**پاجی پنا۔ پاجی پن**۔ (ا۔مذ) (۱) کمینگی۔ سفلہ پن۔ رذالت (۲) شرارت۔ بدمعاشی شہدپن۔

**پاجی مزاج**۔ (ف۔صف) سفلہ مزاج۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ کمینہ۔

**پاجیانہ**۔ (پا۔ ج۔ یا۔ نہ) (ف۔صف) رذیلوں کی طرح کا۔

**پاچ**۔ (ق۔ا۔ مذ) (۱) زمرد (۲) شیشہ۔ کانچ (۳) مکڑی کا جالا۔

**پاچک۔ پاچن**۔ (پا۔ چک) (پا۔ چن) (س۔صف) (۱) ہضم۔ بچانے والا۔ ہضم کرنے والا (۲) چورن (۳) رسوئیا۔ باورچی (۴) (ف) اُپلا۔ کنڈا۔ گوبر۔

**پاچک دشتی**۔ جنگلی کنڈے۔

**پاچھنا**۔ (پاچھ۔ نا) (ہ۔معں) پچھنے لگانا۔ گودنا۔ جوک لگانا۔ فصد کرنا۔

**پاچھی**۔ (پا۔ چھی) (ہ۔ا۔ مث) دولتی۔ چوپائے کی دونوں ٹانگوں کی لات۔

**پاچھی کرنا**۔ پچھلے پاؤں سے مارنا۔

**پاچھے۔ پاچھیں**۔ (پا۔ چھے۔ پا۔ چھیں) (ہ۔ا۔مذ) پیچھے۔

**پاد**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) پھسکی۔ گوز۔ ریح۔ بادشکم۔ باؤ۔ ہوا جو پاخانے کے مقام سے خارج ہوتی ہے (س۔ا۔ مذ) (۲) پاؤں درخت کی جڑ۔ دامن کوہ۔ کرن۔ چوتھائی۔

**پاد اڑانا**۔ (محاورہ) گوز اڑانا۔ ریاح خارج کرنا۔ پادنا۔

**پاد بند ہونا**۔ (محاورہ) (۱) گوز نہ آنا (۲) خوف غالب آنا۔ دم بند ہونا۔ ڈرنا۔

**پاداپولی**۔ (پا۔ دا۔ پو۔ لی) (ہ۔صف) ناتواں۔ نازک۔ کم زور۔ نحیف۔

**پاداش**۔ (پا۔ داش) (ف۔ا۔مث) نتیجہ۔ سزا۔ بدلہ۔ عوض۔ مکافات عمل۔ معاوضہ

**پادامی**۔ (پا۔ دا۔ می) (ف۔ا۔ مذ) شکاری جو چڑیوں کو جال سے پکڑتا ہے۔

**پادری**۔ (پا۔ دری) (پر۔ا۔ مذ) عیسائی مذہب کا پیشوا۔ اسقف۔ عیسائی مذہب کی تلقین کرنے والا۔

**پادشاہ۔ پادشہ**۔ (پاد۔ شاہ) (پاد۔ شہ) (ف۔ا۔مذ) بادشاہ۔ سلطان۔ جمع پادشاہان

**پادشاہانہ**۔ (ف۔صف) بادشاہوں کی طرح۔ بادشاہوں جیسا۔

**پادشاہزادہ**۔ (۱) بادشاہ کا بیٹا۔ ابن سلطان۔ شہزادہ (۲) بادشاہی خاندان کا۔

**پادشاہ سلامت**۔ (دعائیہ القاب) سلطان زندہ رہے۔

**پادشاہِ نیم روز**۔ (۱) آفتاب (۲) مبارک قدم (۳) آدم (۴) سرورِ کائنات۔

**پادشاہی**۔ (پاد۔ شا۔ ہی) (ف۔ا۔مث) (۱) بادشاہت۔ سلطانی۔ حکمرانی۔ (۲) بادشاہ سے منسوب۔

**پادنا**۔ (پاد۔ نا) (اُر۔معں) (۱) گوز مارنا۔ باد نکالنا (۲) گھبرانا۔ ہمت ہارنا۔ پیٹھ دکھانا

**پادو**۔ (پا۔ دو) (ہ۔صف) (۱) بھدوڑا۔ پاد مارنے والا (۲) بزدل۔



Marfat.com

**پار** - (ف - ا - مذ) گزرا ہوا سال - پچھلا سال (س - مذ) (۲) جھیل یا دریا کا دوسرا کنارہ - دوسری طرف (۳) آخری حد - تمام - ختم (۴) عمق - گہرائی - تہ (۵) غیر - بیگانہ۔

**پار اُتارنا** - (محاورہ) کنارے لگانا - دوسرے کنارے پر پہنچانا - پار کرانا - پار لگانا - عبور کرانا (۲) خاتمے پر پہنچانا - انجام کو پہنچانا - ختم کرنا (۳) مار ڈالنا۔

**پار اُترنا** - (۱) دریا عبور کرنا - دوسرے کنارے پر پہنچنا (۲) ختم کرنا - پار ہونا - انجام کو پہنچانا - تمام کرنا (۳) نجات ہونا - چھٹکارا پانا (۴) ادا کرنا - بے باق ہونا (۵) کامیاب ہونا - مطلب پانا (۶) مرنا - خاتمہ بالخیر ہونا۔

**پار اُتروں تو بکری دوں** - (مثل) جھوٹے وعدے - کام نکل جانے کے بعد وعدہ فراموش ہونا۔

**پارسال** - (ف - مذ) گئے برس - پچھلے سال - پرلے سال - سالِ گزشتہ۔

**پار کرنا** - (۱ - محاورہ) (۱) اِدھر سے اُدھر کرنا (۲) سوراخ کرنا (۳) باہر نکالنا - حد سے پرے کرنا (۴) بازی جیتنا - ادھیڑنا (۵) گزارنا - پورا کرنا - نباہنا۔

**پار لگانا** - (۱ - محاورہ) (۱) دوسرے کنارے پر پہنچانا - خاتمہ بالخیر کرنا - نجات دینا - کامیابی حاصل کرنا۔

**پار لے جانا** - (۱ - محاورہ) جیتنا - سبقت لے جانا۔

**پار نکالنا** - پار کر دینا۔

**پار ہو جانا - پار ہونا** - (۱ - محاورہ) (۱) عبور کرنا (۲) دریا سے اُتر جانا (۳) کسی چیز سے گزرنا (۴) توڑ کر نکل جانا (۵) کام ہو جانا - مراد پا جانا (۶) ختم ہو جانا (۷) بچ جانا (۸) چلا جانا - بھاگ جانا۔

**پارا** - (پا - را) (ہ - ا - مذ) (۱) سیماب - ایک رقیق دھات جو سفید اور بھاری ہوتی ہے (۲) بے قرار - بے چین۔

**پارا اُڑانا** - (۱ - محاورہ) گرمی پہنچا کر پارے کو گیس بنا دینا۔

**پارا بھرا ہونا** - (۱ - محاورہ) بہت وزنی ہونا - بہت بھاری ہونا

**پارا پلانا** - (۱ - محاورہ) وزنی کرنا - بھاری کرنا - بوجھل کرنا (۲) کسی چیز میں پارے کو جذب کر دینا۔

**پارا پینا** - (۱ - محاورہ) بھاری ہونا - وزنی ہونا

**پارا مارنا** - (۱ - محاورہ) پارے کو کشتہ کرنا۔

**پارے کا پیالہ** - (۱ - صف) پارے کو بوٹیوں کے ذریعے منجمد کر کے پیالے کی شکل بنا لیتے ہیں۔

**پارے کا کافور** - پارے کا کشتہ

**پارے کا کشتہ** - دواؤں کے ساتھ ملا کر پارے کو آگ دیتے ہیں - اس طرح پارہ خاک ہو جاتا ہے اُسے کشتہ کہتے ہیں۔

**پارار** - (پا - رار) (ف - صف) پیوستہ برس - پیورس۔

**پاربتی - پاروتی** - (پار - بَ - تی) (پار - وَ - تی) (س - ا - مث) (۱) پہاڑ کی بیٹی (۲) درگا - شیوجی کی بیوی کا ایک نام (۳) حضرت آدمؑ کی بیوی حضرت حوّا۔

**پارٹ** - (Part) (انگ - ا - مذ) (۱) حصہ - جزو - ٹکڑا (۲) حصے کا کام - مقررہ خدمت (۳) ایکٹر کا کام (۴) ایکٹر کے مکالمے۔

**پارٹنر** - (Partner) (پاٹ - نر) (انگ - ا - مذ) (۱) ساتھی - رفیق (۲) شریک - ساجھی۔

**پارٹی** - (Party) (پار - ٹی) (انگ - ا - مث) (۱) جماعت - حزب - (۲) دعوت - جلسہ (۳) فریق (۴) شریک - معین۔

**پارچہ** - (پار - چہ) (ف - ا - مذ) (۱) کپڑا - تھان (۲) لباس - پوشاک - بستر (۳) ٹکڑا - پارہ (۴) قاش - پھانک (۵) گوٹ - بگھٹ (۶) ایک ریشمی کپڑا (۷) گوشت کا ٹکڑا (۸) مچان۔

**پارچہ باف** - (ف - ا - مذ) کپڑا بُننے والا - جولاہا۔

**پارچہ فروش** - کپڑا بیچنے والا۔

**پارس** - (ف - ا - مذ) ملک ایران - فارس - ہوشنگ بادشاہ کے بیٹے کا نام جس کے نام پر کل ایران کو پارس کہتے ہیں۔

**پارس** - (پا - رَس) (ہ - ا - مذ) (۱) ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ دھات کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے - اکسیر (۲) تندرست - غیر فانی - مضبوط - پختہ - مستحکم (۳) فیاض - داتا - سخی - غنی۔

**پارس پیپل** - (ہ - مذ) ایک درخت۔

**پارس ناتھ** - (ہ - مذ) (۱) پارس پتھر اور ناتھ مالک یعنی پتھر کا مالک (۲) جین مت کا تیسرا پیشوا (۳) جین مذہب کی مورتی۔

**پارس ناتھ سے چکی بھلی جو آٹا دیوے پیس }**
**گڑھ نر سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے بیس }** (مثل) بے فیض سے وہ شخص اچھا جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔

**پارسا** - (پار - سا) (ف - صف) (۱) متقی - پرہیز گار - نیک - پاک - صالح۔

**پارسائی** - (پار - سا - ای) (ف - ا - مث) نیکی - پاکی (۲) عفت - زہد - پرہیز گاری۔

**پارسل** - (Parcel) (پار - سل) (انگ - ا - مذ) ڈھیر - حصہ - تودہ - بنڈل - وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر اور اوپر سے باندھ کر ڈاک یا ریل کے ذریعے بھیجتے ہیں۔

**پارسی** - (پار - سی) (ف - ا - مذ) (۱) ایک قوم جس کا بانی زردشت یا زرتشت ہوا (۲) گبر - آتش پرست - آگ کا پجاری - مجوسی (۳) فارس کا باشندہ (۴) فارس کی بنی ہوئی یا فارس کی کوئی شے (۵) فارسی زبان۔

**پارک** - (Park) (انگ - مذ) احاطہ یا گھرا ہوا مقام جو شہریوں کی سیر و تفریح کے لیے ہو (۲) وسیع باغ۔

**پارکی - پارکھی** - (ہ - صف) پرکھنے والا - جوہر شناس۔

**پارلیمان** - (پار - لی - مان) (انگریزی پارلیمنٹ (Parliament) کا مورد - ا - مث) کسی آزاد ملک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز

**پارلیمانی** - (پار - لی - ما - نی) (اُ - صف) (۱) پارلیمان سے متعلق - پارلیمان کا وضع کردہ یا منظور کردہ (۲) پارلیمان کے شایانِ شان (زبان الفاظ وغیرہ)۔ (Parliamentary)

**پارلیمانی حکومت** - (Parliamentary Government) وہ جمہوری نظامِ حکومت جس میں حکومت پارلیمان کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔

**پارلیمنٹ** - (Parliament) (پار - لی - منٹ) (انگ - ا - مث) دیکھیے پارلیمان۔

**پارلیمنٹری** - (Parliamentary) (پار - لی - منٹ - ری)

(انگ - صف) دیکھیے پارلیمان - (Parliamentary Govt.)

**پارنا** - (پار - نا) (ہ - مص) (۱) چراغ کے دھوئیں سے کاجل بنانا (۲) شکل کرنا (۳) نکالنا - کھونا - ختم کرنا (ق) -

**پارنی** - (پا رَن - نی) (ق - ا - مث) چوٹی -

**پارہ** - (پا - رہ) (ف - ا - مذ) (۱) پارچہ - ٹکڑا - ریزہ - جزو (۲) پرچہ - پرزہ (۳) قاش - پھانک (۴) پیوند - جوڑ (۵) پتھر کی چھوٹی سی دیوار -

**پارہ پارہ کرنا** - (ا - محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - دھجیاں اُڑانا - پرچے اُڑانا -

**پارۂ جگر** - (ف - مذ) (۱) جگر کا ٹکڑا (۲) بہت عزیز - کلیجے کا ٹکڑا -

**پارہ دوز** - (۱) ٹکڑوں کو جوڑنے والا - کترن کو سینے والا - پیوند لگانے والا (۲) درزی (۳) موچی (۴) خیمہ کی مرمت کرنے والا -

**پاری** - (پا - ری) (ہ - مث) گُڑ کی بڑی بھیلی - گُڑ کا بڑا گول ٹکڑا -

**پارے کا قائم النار ہونا** - (ا - محاورہ) جڑی بوٹیوں کے ملانے سے پارے میں یہ خاصیت پیدا ہو جانا کہ وہ آگ پر نہ اُڑے بلکہ کُشتہ ہو جائے -

**پارے کا کشتہ** - (ا - مذ) وہ راکھ جو پارے کو قائم النار کرکے آگ دے کر بنائی جاتی ہے -

**پارے کی دیوار** - گارے یا چونے کے بغیر اینٹوں یا پتھروں کی چنی ہوئی دیوار -

**پارینہ** - (پا - ری - نہ) (ف - صف) پرانا -

**پاڑ (پاڑھ)** - (ہ - مث) (۱) مچان (۲) وہ مچان - لکڑی یا بانس کی بنائی ہوئی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر معمار بلندی پر کام کرتے ہیں (۳) پھانسی کا تختہ (۴) پہاڑ (۵) لکڑی کا جال جو کنوئیں پر ڈالتے ہیں -

**پاڑ آنا** - (ق - محاورہ) مصیبت آنا -

**پاڑ پڑنا** - (ق - محاورہ) صدمہ اُٹھانا - مصیبت جھیلنا -

**پاڑوے** - (ق - ا - مذ) مہینے کے آخری دن جبکہ راتیں اندھیری ہوتی ہیں -

**پاڑھا** - (پا - ڑھا) (ہ - ا - مذ) چیتل - ایک قسم کا ہرن -

**پاژند** - (پا - ژند) (ف - ا - مذ) پارسیوں کی مذہبی کتاب - ژند کی ایک تفسیر -

**پاس** - (ف - ا - مذ) (۱) پہر - وقت - تین گھنٹے کا وقت (۲) خیال - لحاظ - ادب - خاطر (۳) جانب داری - طرف داری (۴) پہرہ - چوکی -

**پاسِ آبرو** - (ف - مذ) عزت کا لحاظ - حرمت کا خیال -

**پاسِ ادب** - (ف - مذ) ادب کا خیال - ادب کا لحاظ -

**پاسِ انفاس** - (ف - مذ) ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ جاری ہونا -

**پاسبان** - (ف - مذ) رکھوالا - دیکھ بھال کرنے والا - نگہبان - پہرے دار - چوکیدار -

**پاسبانی** - (ف - مث) رکھوالی - دیکھ بھال - نگہبانی - پہرہ - چوکیداری - دربانی -

**پاس خاطر** - (ف - مذ) لحاظ - رعایت - مروّت -

**پاس داری** - (ف - مث) (۱) لحاظ - مروّت - خیال - ادب (۲) خاطر - جانبداری - طرف داری - حمایت (۳) نگہبانی - رکھوالی - دیکھ بھال -

**پاس شرع** - (ف - مذ) شرع کا لحاظ - شرعی حکم کی تعمیل -

**پاس کرنا** - (ف - ا - مص) لحاظ کرنا - رعایت کرنا -

**پاس نمک** - (ف - مذ) کھانا کھانے کا لحاظ - ملازم رہنے کا لحاظ -

**پاس** - (Pass) (انگ - ا - مذ) (۱) اجازت کا پروانہ - راہداری کا ٹکٹ - اجازت نامہ - منظوری کی چٹھی (۲) کامیابی (۳) وثیقہ -

**پاس بک** - (Pass Book) بہی - حساب کی کتاب - بنک سے لین دین کی کتاب -

**پاسپورٹ** - (Passport) پروانۂ راہداری (بیرون ملک جانے کیلیے)

**پاس کرنا** - (۱) منظور کرنا - پسند کرنا (۲) کامیاب ہونا (۳) لحاظ کرنا - ادب کرنا (۴) جانب داری - طرف داری (۵) دیکھ بھال (۶) اجازت دینا (۷) عبور کرنا - طے کرنا (۸) ترقی دینا (۹) چھوڑنا - نظر انداز کرنا -

**پاس ہونا** - کامیاب ہونا - امتحان میں پورا اُترنا -

**پاس** - (ہ) (۱) قریب - نزدیک (۲) قابو میں - قبضے میں - تصرف میں - ملکیت میں -

**پاس آلگنا** - (ا - محاورہ) قریب آنا -

**پاس آنا** - (ا - محاورہ) (۱) نزدیک آنا - قریب آنا (۲) ہم بستر ہونا - صحبت کرنا -

**پاس بیٹھنا** - (ا - محاورہ) (۱) صحبت پانا - تعلیم حاصل کرنا - تربیت پانا (۲) قریب بیٹھنا -

**پاس پاس** - (۱) قریب قریب - نزدیک نزدیک (۲) گرداگرد - چاروں طرف - (۳) جُڑ کر - مل کر -

**پاس پڑوس** - (ا - مذ) (۱) ارد گرد - قرب و جوار - آس پاس (۲) ہمسائگی -

**پاس پھٹکنے نہ دینا** - (ا - محاورہ) نزدیک بھی نہ جانے دینا -

**پاس جانا** - (ا - محاورہ) (۱) قریب جانا (۲) ہم بستر ہونا - جماع کرنا -

**پاس رہیے جانیے یا باٹ چلے جانیے** - (مثل) ساتھ رہنے یا سفر میں ساتھی بننے سے ہی کسی کی نیکی بدی کا پتہ چلتا ہے -

**پاس کوڑی نہ بازار لیکھا** - (مثل) قلاش - نادار - کنگال -

**پاس نہ کھڑے ہونا** - (ا - محاورہ) متنفر ہونا - دُور رہنا - پرہیز کرنا -

**پاسا - پانسا** - (پا - سا) (پان - سا) (س - ا - مذ) (۱) قرعہ - مکعب (۲) پہلو - طرف - (۳) چوسر کی بازی میں وہ شش پہل ٹکڑا جسے باری باری کھلاڑی پھینکتے ہیں (۴) اعلیٰ درجے کا ہونا -

**پاسا اُلٹا پڑنا** - (۱) بازی ہار جانا (۲) مطلب حاصل نہ ہونا -

**پاسا پڑنا** - (۱) داؤں لگنا - جیت ہونا (۲) کامیاب ہونا - فتح پانا - مرضی کے مطابق ہونا (۳) بخت رسا ہونا - اقبال یاور ہونا -

**پاسا پلٹنا - پاسا اُلٹنا** - (۱) داؤں پھرنا - ہار ہونا (۲) شکست ہوتے ہوتے فتح ہونا (۳) مفلس سے اقبال مند ہونا - انقلاب ہونا -

**پاسا پھینکنا** - (۱) قرعہ ڈالنا (۲) قسمت آزمانا -

**پاستان** - (پاس - تان) (ف - ا - مذ) پُرانا - قدیم - گزرا ہوا -

**پاسخ** - (پا - سُخ) (ف - ا - مذ) جواب - اُتر -

**پاسنا** - (پاس - نا) (ہ - مص) (۱) دُودھ اُتارنا (۲) دودھ کا تھن میں آجانا -

**پاسنجر - پسنجر** - (Passenger) (پا - سِن - جَر - پ - سِن - جَر) (انگ - ا - مذ) مسافر - سواری -

**پاسنجر ٹرین - پسنجر ٹرین** - (انگ - مث) مسافر گاڑی - وہ ریل گاڑی جو عام طور پر ہر سٹیشن پر رُکے -

**پاسنگ** - (پا - سَنگ) (ف - ا - مذ) (۱) جُزوی - تھوڑا سا - نہایت خفیف - بہت کم - ذرا سا - ہیچ - کچھ نہیں (۲) بل - فرق - کمی - ترازو کے پلڑوں کا فرق (۳) ترازو کے پلڑوں کی کمی بیشی کو پورا کرنے کی غرض سے جو وزن ترازو کی ڈنڈی سے باندھا



Marfat.com

جاتا ہے یا کم وزن پلڑے میں ڈالا جاتا ہے۔

**پاسنگ بھی نہیں۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کچھ بھی نہیں۔ ہیچ ہے (۲) جزوی ہے۔ بہت تھوڑا ہے (۳) برابر نہیں۔

**پاسی۔** (پا۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) جالی۔ گھاس یا بھُوسے باندھنے کی رسّی کی بُنی ہوئی جال (۲) پھندا۔ جھانسا۔ گانٹھ۔ گرہ۔ پاسبان۔ چوکیدار (۳) پچھاڑی (۴) ایک قوم (۵) چڑی مار۔ بہیلیا۔ پرندوں کو پکڑ کر بیچنے والا (۶) تاڑی اُتارنے والا۔

**پاش۔** [ف۔صف] (۱) چھڑکنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے آب پاش۔ گلاب پاش (۲) پریشان۔ تتر بتر۔

**پاش پاش۔** (ف۔صف) ریزہ ریزہ۔ چوُر چوُر۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ پُرزے پُرزے۔

**پاش پاش کرنا۔** (ا۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ چوُر چوُر کرنا۔

**پاشا۔** [ت۔ا۔مذ] حاکم۔ عامل۔ گورنر۔ نواب۔ سردار۔ لارڈ۔ ترکی سرداروں کا خطاب و لقب۔

**پاشنہ۔** (پاش۔نہَ) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایڑی (۲) عقب۔ پیچھے (۳) گھوڑے کی ایک چال۔

**پاشنہ کُوب جانا۔** پیچھے پیچھے دوڑے چلے جانا۔ تعاقب میں لگے جانا۔

**پاشی۔** (ف۔ا۔مث) چھڑکن۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے نمک پاشی۔

**پاک۔** [س۔ا۔مذ] ایک قسم کی مٹھائی۔

**پاک۔** [ف۔صف] (۱) صاف۔ نرمل۔ غیر آلود۔ ستھرا ہوا (۲) بے گناہ۔ معصوم (۳) بے لگاؤ۔ الگ تھلگ (۴) محفوظ۔ بری۔ مامون (۵) جائز۔ حلال (۶) پوتر (۷) نیک۔ شریف (۸) ازحد۔ نہایت۔ بے حد (۹) آزاد۔ بے باک۔ (۱۰) بے باق۔ فارغ۔

**پاک باز۔** (ف۔صف) (۱) صاف دل۔ صاف طبیعت۔ سچا۔ صاف گو (۲) صاحبِ عصمت۔ مجرد۔ آزاد (۴) نیک نیت۔ نیک نظر۔ نیک باطن (۵) عاشق صادق (۶) بے تعلق۔ بے لاگ (۷) بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی۔

**پاک بیں۔** (ف۔صف) پاک نظر سے دیکھنے والا۔

**پاک داماں۔ پاک دامن۔** (ف۔صف) عفیف۔ باعصمت۔ پارسا۔

**پاک دامنی۔ پاک دامانی۔** (ف۔مث) عفت۔ عصمت۔ پارسائی۔

**پاک ذات۔** (ف۔صف) ہر عیب سے مبرّا۔ اللہ تعالیٰ کی تعریف۔

**پاک رہ بے باک رہ۔** (مقولہ) ایمان دار اور دیانتدار انسان کو کوئی ڈر نہیں ہوتا۔

**پاک زاد۔** (ف۔صف) (۱) نیک طینت۔ نیک۔ اصیل (۲) خالص نسل کا۔ جو دوغلا نہ ہو۔

**پاک زادہ۔** دھوبی۔ کپڑے دھونے والا۔

**پاک صاف۔** (ف۔صف) (۱) بہت ستھرا۔ صاف۔ پاک (۲) بے تعلق۔ بے لوث (۳) نیک نیت (۴) اچھوتا۔ غیر مستعمل (۵) خالص۔ بے میل۔ پوتر۔

**پاک کرنا۔** (۱) شُدھ کرنا۔ پوتر کرنا (۲) جائز کرنا۔ مُباح کرنا۔ درست کرنا (۳) آلائش صاف کرنا۔ خرابی دُور کرنا (۴) مونڈنا (۵) پھٹکنا (۶) کوڑا کرکٹ دُور کرنا۔

**پاک محبت۔** (ف۔مث) بے غرض پیار۔ بے مطلب کی محبت۔ وہ محبت جس میں جنسی رشتہ نہ ہو۔ بے نفس دوستی۔

**پاک مغز۔ پاک رائے۔** (ف۔صف) اچھے خیالات رکھنے والا۔ نیک رائے۔ صحت مند خیالات کا مالک۔

**پاک نظر۔ پاک نگاہ۔** (ف۔صف) پاک بین (۲) نیک نیت جس کی نیت نیک اور صاف ہو۔

**پاک نہاد (سرشت)۔** (ف۔صف) نیک مزاج۔ نیک طینت۔ نیک نیت۔

**پاک ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) صاف ہونا۔ میل دُور ہونا (۲) تمام ہونا۔ حساب ختم ہو جانا (۳) نجاست دُور ہونا (۴) حیض سے فارغ ہونا۔

**پاکٹ۔** (Pocket) (پا۔کٹ) [انگ۔ا۔مث] جیب۔ خریطہ۔

**پاکٹ بُک۔** (Pocket Book) جیب میں رکھنے کی نوٹ بُک۔

**پاکستانی۔** (پا۔کس۔تا۔نی) (ف۔صف) پاکستان سے متعلق۔ پاکستان کی کوئی چیز۔ پاکستان کا باشندہ۔

**پاکنا۔** (پاک۔نا) [ہ۔مص] شربت میں اُبالنا۔

**پاکھ۔** [س۔ا۔مذ] پندرھواڑہ۔ پندرہ روزہ۔ قمری مہینہ۔ نصف حصّہ۔

**پاکھا۔** (پا۔کھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بازو۔ پہلو (۲) جانب۔ طرف (۳) بازو کی دیوار (۴) سایہ (۵) چھپر۔ اُسارا (۶) ایوان (۷) ڈیوڑھی (۸) چھوٹا مکان۔

**پاکھر۔** (پا۔کھر) [ہ۔ا۔مث] (۱) چار آئینہ۔ آہنی پوشاک جو لڑائی کے وقت ہاتھی، گھوڑوں کو پہناتے ہیں (۲) ترپال۔ ٹاٹ کی جھُول (۳) ایک درخت۔

**پاکھنڈ۔** (پا۔کھنڈ) [س۔ا۔مذ] (۱) بدعت۔ خرابی۔ نقص۔ جھگڑا۔ مذہب میں نئی ایجاد کرنا (۲) دغا۔ فریب۔ چھل۔ کپٹ (۳) بناوٹ۔ دکھاوا۔ تصنع۔ (۴) بدمعاشی۔ بدذاتی۔ شرارت۔

**پاکھنڈ پھیلانا۔** (ا۔محاورہ) بدعت پھیلانا۔ مکر کا جال بچھانا۔ فریب دینا۔

**پاکھنڈی۔** (پا۔کھن۔ڈی) [ہ۔صف] بدعتی۔ منافق۔ ریاکار۔ کپٹی۔ گندم نما جو فروش فریبی۔ شریر۔ جھگڑالو۔

**پاکی۔** (پا۔کی) [ف۔ا۔مث] (۱) صفائی۔ ستھرائی۔ طہارت (۲) پرہیزگاری۔ تقویٰ عفت۔ عصمت (۳) نیکی (۴) ناف کے نیچے کے بالوں کی صفائی۔

**پاکی لینا۔** (ا۔محاورہ) ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا۔ جھانٹیں مونڈنا۔ اُسترا لینا۔

**پاکیزگی۔** (پا۔کیز۔گی) [ف۔ا۔مث] صفائی۔ ستھرائی۔ طہارت۔

**پاکیزہ۔** (پا۔کی۔زہَ) [ف۔صف] (۱) شُدھ۔ پوتر۔ صاف۔ ستھرا۔ طاہر (۲) بے نقص و بے عیب (۳) عمدہ۔ خوب۔ خوش اسلوب (۴) بے جرم۔

**پاکیزہ صُورت۔** (ہ۔صف) حسین۔ خوب صورت۔ گورا چٹا۔

**پاگ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) دوپٹہ۔ پگڑی۔ لنگی۔ دستار (۲) پاؤں۔ قدم (۳) مٹھائی۔

**پاگ جوڑنا۔** (ا۔محاورہ) پاؤں جوڑنا۔ جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک خاص طریقے سے جھولے کی رسّی میں پاؤں اُلجھانا۔

**پاگاہ۔** [ت۔ا۔مذ] فوج۔ لشکر۔

**پاگُر۔** (پا۔گُر) [ہ۔ا۔مث] جگالی۔ کھانے کو چبا کر باریک کرنا۔ چوپایوں کا چارہ چرنے کے بعد آرام سے بیٹھنا اور چارے کو منہ میں چبا کے باریک کرنا۔

**پاگرانا۔** (پا۔گُ۔را۔نا) [ہ۔مص] (۱) جگالی کرنا (۲) مال ہضم کر جانا۔

**پاگل۔** (پا۔گل) [ہ۔صف] (۱) باؤلا۔ دیوانہ۔ سِڑی۔ خبطی (۲) بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ نادان۔ کودن (۳) پریشان۔ متفکر۔ متوحش۔ حیران۔ سرگرداں۔

**پاگل بنانا۔** (ا۔محاورہ) اتنا تنگ کرنا کہ دماغ سٹ پٹا جائے۔



Marfat.com

**پاگل پن** - (ا - مذ) (۱) دیوانگی - خبط - جنون (۲) بے وقوفی - حماقت - نادانی -
**پاگل خانہ** - (ف - ا - مذ) وہ عمارت جہاں پاگل رکھے جاتے ہیں۔
**پاگلوں کے سر کیا سینگ ہوتے ہیں؟** (مثل) پاگلوں کی کوئی خاص نشانی نہیں - وہ باتوں اور حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں -
**پاگنا** - (پاگ - نا) (ہ - مص) غلاف چڑھانا - لپیٹنا - لتھیڑنا - کسی چیز پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا -
**پال** - (ہ - ا - مذ) (۱) چھوٹا خیمہ (۲) بادبان - پتوار - کشتی کا پردہ (۳) پُشتہ - بند - گھاس پھوس وغیرہ جس میں کچے پھل کو پکانے کے لیے رکھتے ہیں (۴) کبوتروں کی جفتی -
**پال ڈالنا** - (۱) گدرائے ہوئے میوے کو پھونس میں دبانا (۲) عرصے تک رکھ چھوڑنا -
**پال کا** - (۱ - صف) پال میں رکھ کر پکایا ہوا -
**پال لینا** - (پال - لے - نا) (اُرِ - مص) پرورش کرنا -
**پالا** - (ہ - ا - مذ) (۱) کُہر - برف (۲) نہایت سردی (۳) گروہ - جماعت (۴) بازی - جیت - فتح (۵) تعلق - واسطہ - سروکار (۶) پرورش کیا ہوا - (۷) اکھاڑا - دنگل (۸) صدر مقام - ہیڈ کوارٹر (۹) جھڑبیری کے سوکھے پتے (۱۰) تودۂ خاک جو کبڈی میں حد فاصل ہوتا ہے -
**پالا پڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) کام پڑنا (۲) تعلق ہونا - واسطہ ہونا - سروکار ہونا - سابقہ ہونا - (۳) ملاقات ہونا - جان پہچان ہونا (۴) کُہر پھیلنا - برف گرنا - (۵) بے حد سردی ہونا - بہت جاڑا پڑنا - ٹھر ہونا -
**پالا پوسا** - (ہ - صف) پرورش کیا - پرورش کیا ہوا - پالا ہوا -
**پالا جیتنا** - بازی جیتنا - شکست دینا -
**پالا چھوڑ کے بھاگ جانا** - (ا - محاورہ) مقابلے سے بھاگ جانا - مقابلے سے گریز کرنا -
**پالا چھونا** - (ا - محاورہ) کبڈی میں درمیانی لکیر ہی سے لوٹ آنا (۲) کوئی کام بہت جلد کرنا -
**پالا گرم ہونا** - (ا - محاورہ) محفل میں رونق ہونا - مجلس جمنا - چہل پہل ہونا -
**پالا گرنا** - کُہر پڑنا - برف باری ہونا - بہت ٹھر ہونا -
**پالا مار جانا** - (ا - محاورہ) برف یا کُہرے کا کسی سبز چیز کو خشک کر جانا -
**پالا مار لینا** - (ا - محاورہ) فتح پانا - بازی جیت لینا - میدان ہاتھ رہنا -
**پالے کا مارا** - (ا - مثل) سردی سے ٹھٹھرا ہوا سردی کی وجہ سے خشک ہوا ہوا پودا -
**پالاگن** - (پا - لا - گن) (س - ا - مث) (۱) قدم بوسی - پاؤں پڑنا - پاؤں لگنا - پاؤں پر گرنا (۲) سلام - آداب - تسلیم - نمستے (۳) اپنے سے بڑے کو سلام کرنا جس میں اپنے عجز و انکسار اور خاکساری کا اظہار ہو۔
**پالان** - (پا - لان) (ف - ا - مذ) (۱) گدی - وہ گدگدا کپڑا جو گدھے یا اونٹ کی پیٹھ کے بچاؤ کے لیے اس کی پُشت پر ڈالتے ہیں (۲) خوگیر۔
**پالتو** - (پال - تُو) (ہ - صف) پالا ہوا - گھر میں پرورش کیا ہوا - سدھایا ہوا -
**پالتی - پالتھی** - (پال - تی) (پال - تھی) (ہ - ا - مث) آلتی پالتی - پاؤں کو موڑ کر اور گھٹنوں کو اٹھا کے چوتڑوں کے بل بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا -
**پالتی مار کر بیٹھنا** - چار زانو بیٹھنا -

**پالٹ** - (پا - لٹ) (ہ - ا - مث) پچھے بازی میں پاؤں پر چوٹ لگانا۔
**پالٹ مارنا** - (ا - محاورہ) پالٹ کا ہاتھ مارنا -
**پالسی** - (Policy) (پا - لِ - سی) (انگ - ا - مث) (۱) مصلحت - تدبیر - چال - (۲) دُور اندیشی - حکمت عملی - عقلمندی (۳) اصُول سیاسی -
**پالسی چلنا** - تدبیر کارگر ہونا -
**پالش** - (Polish) (پا - لِش) (انگ - ا - مذ و مث) (۱) روغن - ملمع (۲) جلا - چمک (۳) صیقل - صفائی (۴) ریگ مال -
**پالک** - (پا - لک) (ہ - ا - مث) ایک قسم کا ساگ (۲) پلنگ - چارپائی (۳) (مذ) پالنے والا - سرپرست (۴) (صف) پالا ہوا - پروردہ - پرورش کیا ہوا -
**پالک جُوہی** - ایک قسم کی گھاس -
**پالکڑا** - پالا ہوا - متبنّٰی - (ق) -
**پالکڑی** - (پا - لک - ڑی) (ہ - ا - مث) لکڑی کے وہ ٹکڑے جو پلنگ کے پایوں کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ سرہانا اونچا ہو جائے -
**پالکی** - (پال - کی) (ہ - ا - مث) پینس - نفس - محافہ - ڈولی -
**پالکی نشین** - (ہ - ف - صف) (۱) پالکی میں بیٹھنے والا (۲) امیر - حاکم -
**پالن** - (پا - لن) (س - ا - مذ) (۱) پرورش - تربیت - تعلیم (۲) دیکھ بھال - حفاظت -
**پالن ہار** - (ہ - صف) پالنے والا - دیکھ بھال یا پرورش کرنے والا -
**پالنا** - (پال - نا) (ہ - مص - و - ا - مذ) (۱) پرورش کرنا - تربیت کرنا (۲) تازہ و نم سے رکھنا (۳) پنگوڑا - گہوارہ - جھولا -
**پالنا پوسنا** - (ا - مص) پرورش کرنا - تربیت کرنا
**پالو** - (پا - لو) (ہ - صف - و - ا - مث) (۱) گھر کا پالا ہوا جانور (۲) وحشی کے خلاف (۳) جڑ کا مقابل نرکل اور گنے کا ابتدائی حصہ جو پتلا ہوتا ہے (۴) لکڑی - شہتیر -
**پالودہ** - (پا - لُو - دَہ) (ف - ا - مذ) (۱) صاف کیا ہوا (۲) فالودہ -
**پالہنگ** - (پال - ہنگ) (ف - ا - مث) باگ ڈور - وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں لگاتے ہیں -
**پالی** - (پا - لی) (ہ - ا - مث) (۱) شمال مشرقی ہندوستان کی قدیم زبان - بدھ مذہب کی مقدس کتابوں کی زبان (۲) سرپوش (۳) ڈھکنا - چپنی (۴) پرندوں کی لڑائی کی مقررہ جگہ - پرندوں کی لڑائی -
**پالی باہر ہونا** - (ا - محاورہ) بٹیر وغیرہ کا ہار کر بھاگ جانا (۲) مقابلے سے ہٹ جانا (۳) ہار مان لینا -
**پالی مارنا** - (ا - محاورہ) فتح پانا - لڑائی جیت لینا -
**پالیٹکس** - (Politics) (پا - لی - ٹِکس) (انگ - ا - مث) سیاسیات - سیاست کا علم -
**پالیٹیشن** - (Politician) (پا - لی - ٹی - شَن) (انگ - ا - مذ) سیاسیات کا ماہر - سیاسی آدمی - سیاست دان - مدبّر -
**پالیز** - (پا - لیز) (ف - ا - مذ) فالیز - سبزہ زار - ہریاول کی جگہ - خربوزہ - ککڑی کا کھیت
**پام** - (ہ - ا - مث) ریشم یا سُوت کا گوٹا - گوٹے کی کناری -
**پام** - (Palm) (انگ - ا - مذ) (۱) ناریل - کھجور - درخت جن کے پتے چوڑے لمبے اور بے شاخ ہوتے ہیں (۲) ہتھیلی -
**پامسٹ** - (پا - مِسٹ) (Palmist) (انگ - ا - مذ) ہاتھ کی لکیروں سے



Marfat.com

حالات بتانے والا۔ فراست الید کا ماہر۔ دست شناس۔

**پامسٹری** - (Palmistry) (پا۔مِسٹ۔ری) (انگ۔ا۔مث) ہاتھ کی لکیروں سے حالات بتانے کا علم۔ دست شناسی۔

**پان** - (ہ۔ا۔مذ) (۱) برگِ تنبول۔ ناگر بیل۔ ایک قسم کا پتہ (۲) پان کی شکل کا جوتے میں ایڑی کی طرف لگا ہوا چمڑے کا ٹکڑا (۳) لنگوٹ کے اوپر باندھنے کا چمڑا۔ (۴) تاش کا پتہ جس پر پان کی شکل بنی ہو (۵) لیٹی۔ کلف۔ مانڈی (۶) پان کی مانند نقش و نگار۔ کڑھاوٹ۔ بناوٹ جو کپڑوں یا کسی دوسری چیز پر ہو۔ (۷) پانچ (۸) ہاتھ۔ دست۔

**پان اُٹھانا** - (ا۔محاورہ) (ق) بیڑا اُٹھانا۔ کسی ذمہ داری کو قبول کرنا۔

**پان بنانا۔ پان لگانا** - (ا۔محاورہ) (۱) پان کو چونا کتھا لگانا۔ گلوری بنانا۔ بیڑا جمانا (۲) مانڈی دینا (۳) پھول کاڑھنا (۴) پان کی شکل کے نقش بنانا۔

**پان پتّا** - (ا۔مذ) (۱) سودا سلف۔ کھانے پکانے اور ضروریات کی چیزیں۔ لوازم خانہ داری (۲) پان۔ برگ تنبول۔ ناگر بیل کا پتا (۳) بیوی کی خبر گیری۔

**پان پھول** - (ا۔مذ) (۱) بُرائی بھلائی (۲) اچھا بُرا نتیجہ (۳) نازک اندام لڑکے نازک بدن۔

**پان چبانا** - پان کھانا۔

**پان چیرنا** - (ا۔محاورہ) (۱) پان کو پھاڑنا۔ پان کے ٹکڑے کرنا (۲) فضول اور بے کار رہنا (۳) بے فائدہ کام کرنا۔

**پان دان** - (ہ۔ف۔مذ) پان رکھنے کا ڈبّہ یا پٹاری۔ دھات کا برتن جس میں چونا۔ کتّھا۔ ڈلی۔ الائچی وغیرہ پان کے لوازمات رکھے جاتے ہیں۔

**پان دینا** - (ا۔محاورہ) (۱) پان کھلانا (۲) محبت کرنا۔ پیار کرنا (۳) عزّت کرنا۔ خاطر داری کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۴) رخصت کرنا۔ جانے کی اجازت دینا (۵) سگائی منظور کرنا۔ منگنی کرنا۔

**پانسو** - پانچ سیکڑے۔ پنج صد۔ ۵۰۰۔

**پان سے پتلا چاند سے چکلا** - (ا۔مثل) نہایت نازک اور خوب صورت۔

**پان صد** - پانچ سو۔ پانسو۔

**پانصدی** - مغلوں کے عہد کا ایک منصب جس میں منصب دار کو اتنی جاگیر ملتی تھی کہ وہ پانچ سو سپاہیوں کا خرچ برداشت کر سکتا تھا۔

**پان کا بیڑا** - (ا۔مذ) پان کی گلوری۔

**پان کا لاکھا** - (ا۔مذ) پان کی تحریر۔ پان کا رنگ جو ہونٹوں پر جمایا جائے۔

**پان کھلانا** - (ا۔محاورہ) منگنی کی رسم ادا کرنا۔

**پان کھلائی** - (ا۔مث) (۱) وہ حق جو حجاموں کو پان کھلانے کے عوض گھر چڑھی کے وقت دیا جاتا ہے (۲) منگنی (۳) پان کھلانے کی اُجرت (۴) پان کھلانے کا نیگ۔

**پان مرجانا** - پان کا خشک ہو جانا۔ مُرجھانا۔

**پان** - (Pan) (انگ) ایک سابقہ بمعنی ہمہ۔ سب۔ کُل (صحیح تلفظ پین)

**پان اسلامک** - (Pan-Islamic) ہمہ اسلامی۔ کُل اہلِ اسلام کا۔

**پان افریکن** - (Pan-African) ہمہ افریقی۔ کُل اہلِ افریقہ کا۔

**پان اینگلیکن** - (Pananglican) ہمہ انگلیکی۔ کلیسائے انگلستان کی کل شاخوں کا۔

**پانا** - (پا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پتہ لگنا۔ کھوج ملنا۔ معلوم ہونا۔ دریافت ہونا (۲) کھانا۔ نوش کرنا (۳) وصول کرنا۔ ہاتھ آنا۔ کسی چیز کا مل جانا (۴) پہچاننا۔ تاڑنا۔ بھانپنا۔ جاننا (۵) واپس لینا (۶) بھوگنا۔ بھرنا۔ اُٹھانا۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھگتنا۔

**پانپ** - (ق) سخت تکلیف۔ دُکھ۔ پاپ۔

**پانت** - (ہ۔ا۔مث) (۱) قطار (۲) سپاہیوں کی لائن۔

**پانتھ** - (س۔ا۔مذ) (۱) مسافر۔ سیّاح (۲) سورج۔

**پانجر** - (پان۔جَر) (ہ۔ا۔مذ) ڈھانچ۔ پسلی۔ پہلو۔

**پانجنا** - (پانج۔نا) (ہ۔مص) ٹانکا لگانا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ بند کرنا۔

**پانچ** - (ہ۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) چار اور ایک پانچ۔ پنج (۵) (۲) چلتا ہوا۔ چالاک تجربہ کار (۳) زمرّد۔ پنّا۔

**پانچ اِندری** - اصل پنج اِندری ہے۔ حواسِ خمسہ (لامسہ۔ شامہ۔ سامعہ۔ باصرہ۔ ناطقہ)

**پانچ پنچ کیجے کاج، ہارے جیتے نہ آوے لاج** - (مثل) جو کام صلاح و مشورہ سے کیا جائے اس میں ناکامی بھی ہو تو ذلّت نہیں ہوتی۔

**پانچ جوتیاں اور حقّے کا پانی** - (ا۔مثل) جب کوئی شخص بہت زیادہ مانگتا ہے تو حقارت کے لیے اُسے کہتے ہیں۔

**پانچ سات** - تھوڑے۔ چند۔

**پانچ میر چودہ خانوادے** - (مقولہ) فقیری کی بنیاد یعنی پانچ میروں میں حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت حسن بصریؒ اور کمیل ابن زیاد اسی طرح فقیروں کے چودہ سلسلے ہیں۔

**پانچ مہینے بیاہ کو نوتے پیٹ کہاں سے لائی** - (ا۔مقولہ) جب کوئی بے قابو بات ہو تو کہتے ہیں۔

**پانچ ہاتھ کی زبان** - (ا۔مث) زبان دراز۔ گستاخ اور شوخ۔ بہت بولنے والا۔

**پانچواں** - (پانچ۔واں) (ہ۔صف) پنجمیں۔ پنجم۔ ⅕ ایک بٹا پانچ۔

**پانچوں** - (پاں۔چوں) (ہ۔صف) ہر پانچ۔ پانچ کے پانچ۔

**پانچوں انگلیاں برابر (یکساں) نہیں ہوتیں** - (ا۔مثل) (۱) ہر انگلی میں فرق ہے (۲) سب آدمی یکساں نہیں۔ ہر آدمی کا مزاج جُدا ہے۔ سب انسانوں کی طبیعتیں الگ الگ ہیں۔

**پانچوں اُنگلیاں۔ پانچوں چراغ** - (ا۔مثل) بہت لائق ہے۔ بے عیب۔

**پانچوں اُنگلیاں گھی میں ہیں** - (ا۔مثل) سب کام ہاتھ میں ہے۔ سب کچھ قابو میں ہے۔ کارمختار ہیں (۲) بڑے عیش میں ہیں۔ مزے کرتے ہیں (۳) کھانے پینے کی افراط ہے۔

**پانچوں پانڈے، چھٹے نارائن** - (ا۔مثل) (۱) پانچ پانڈو اور چھٹے کرشن جی وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کے اتفاقیہ آجانے پر بہت خوشی ہو (۲) مشورے میں برکت ہوتی ہے۔ کرشن جی پانڈوں کے صلاح کار تھے۔

**پانچوں تر ہیں** - (ا۔مثل) کام خوب بن رہا ہے۔ مطلب حاصل ہے۔

**پانچوں حواس ٹھکانے لگنا** - (ا۔محاورہ) بدحواس ہو جانا۔

**پانچوں سواروں میں نام لکھوانا** - (ا۔مثل) خواہ مخواہ ناموروں کے زمرے میں اپنے آپ کو شامل کرنا۔ لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا۔ کم رتبہ آدمی کا اپنے آپ کو معزز آدمیوں کے ساتھ شمار کرنا۔



Marfat.com

**پانچوں عیب شرعی** - (ا۔ مذ) چوری۔ زنا۔ جھوٹ۔ جوا۔ شراب۔
**پانچوں گھی میں سر کڑاہی میں** - (مثل) دیکھیے پانچوں اُنگلیاں گھی میں۔
**پانچوں ہتھیار** - (ا۔ مذ) ڈھال۔ تلوار۔ برچھی۔ تیر کمان۔
**پانڈ** - [س۔ صف] (۱) وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں۔
**پانڈا** - (پاں۔ ڈا) [س۔ ا۔ مذ] (۱) مندر میں پُوجا کرنے والا برہمن (۲) برہمنوں کا ایک فرقہ (۳) عالم۔ فاضل۔ اُستاد۔
**پانڈو** - (پاں۔ ڈو) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ زمین جو ریت اور چکنی مٹی سے مرکب ہو (۲) بالائی زمین
**پانڈو** - [س۔ ا۔ مذ] راجہ پانڈو کی اولاد۔ پانڈو کا خاندان۔ پانچ بھائی۔ یدھشٹر۔ ارجن بھیم۔ نکل۔ سہدیو جو مہابھارت کی جنگ میں شریک ہوئے۔
**پانڈی** - (ہ۔ صف) بوری اُٹھانے والا۔ قلی۔ حمّال۔ بوجھ اُٹھانے والا۔
**پانڈے** - (پاں۔ ڈے) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پنڈت۔ برہمن۔ اُستاد۔ مُعلّم (۲) برہمنوں کا ایک خطاب
**پانڈے جی پچھتاؤ گے پھر وہی چنے کی کھاؤ گے** - (مثل) (۱) کہنا نہ سُنو گے تو آخر کو پچھتاؤ گے۔
**پانڈے جی دونوں سے گئے۔ حلوا ملا نہ مانڈے** - (مثل) کچھ فائدہ نہ ہوا۔ کچھ نہ ملا۔ نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے۔
**پانڑی** - (پان۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خوشبودار پتوں والی ایک بیل (۲) پان کی بیل۔
**پانزدہ** - (پانز۔ دہ) [ف۔ صف] پندرہ۔ ۱۵۔
**پانزدہم** - (پانز۔ دہ۔ ہُم) [ف] پندرھواں۔
**پانس** - [ہ۔ ا۔ مذ] کھاد۔ میلا جو کھیتوں میں بطور کھاد ڈالتے ہیں۔
**پانس دینا۔ پانسنا** - کھیت میں کھاد دینا۔
**پانسو** - (پان۔ سُو) [ہ۔ ا۔ مذ] پسلی۔ پنجر۔ ڈھانچہ (۲) پانچ سو کا مخفف۔
**پانسی** - (پان۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ جال جس میں گھاس رکھتے ہیں۔ پاسی۔
**پانو۔ پانوں** - (پاں۔ او) (پاں۔ اوں) [ہ۔ ا۔ مذ] پاؤں۔ قدم۔ پیر۔
**پانہ** - (پا۔ نہَ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت درز میں رکھتا ہے۔ پچانہ (۲) وہ آلہ جسے موچی جُوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔
**پانی** - [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آکسیجن اور ہائیڈروجن گیس کا بے رنگ۔ بے مزہ۔ بے مہک اور سیال مرکب جسے گرم کرو تو بھاپ اور ٹھنڈا کرو تو برف بن جاتا ہے (۲) آب۔ ماء۔ جل (۳) بارش (۴) پسینہ (۵) دھات۔ منی۔ نطفہ (۶) شراب (۷) شرم۔ حیا (۸) آنسو۔ اشک (۹) رطوبت۔ سیل (۱۰) رقیق۔ پتلا (۱۱) ٹھنڈا (۱۲) پھیکا (۱۳) نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا (۱۴) کم زور۔ نڈھال (۱۵) جرأت۔ ہمت۔ قصد۔ استقلال۔
**پانی آنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) مینہ برسنا۔ بارش ہونا (۲) گھٹا اُٹھنا۔ بادل ہونا (۳) موتیا بند ہو جانا (۴) آنسو بہنا (۵) زخم سے رطوبت خارج ہو جانا۔
**پانی اُتارنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) پانی نیچے لانا (۲) پانی ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف بہانا (۳) پانی گھٹانا۔ پانی کم کرنا (۴) پانی کو دولہا دولھن کے سر پر وارنا
**پانی اُتر آنا** - (ا۔ محاورہ) موتیا بند ہو جانا۔
**پانی اُترنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) بارش ہونا۔ مینہ برسنا (۲) موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا (۳) پانی کا ندی یا جھیل میں کم ہو جانا۔

**پانی باندھنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) روک لگانا۔ بند باندھنا (۲) تالاب کھودنا (۳) پانی کو ٹھیرانا۔ روکنا (۴) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔
**پانی بجھانا** - (ا۔ محاورہ) کسی دھات یا اینٹ کو خوب گرم کر کے پانی میں ڈال دینا۔
**پانی برسنا** - (ا۔ محاورہ) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔
**پانی بہانا** - (ا۔ محاورہ) کسی کے مر جانے پر گھر کے کواڑوں پر پانی ڈالنا (۲) رونا۔
**پانی بہہ جانا** - (ا۔ محاورہ) پانی کا بہہ کر ضائع ہو جانا (۲) شرم جاتی رہنا۔ لحاظ نہ رہنا۔
**پانی بھرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) کنوئیں، تالاب یا جھیل سے پانی لانا (۲) برتن کو پانی سے پُر کرنا (۳) عاجزی و انکساری کرنا (۴) غلام ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
**پانی پانی کرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ کرنا (۲) پگھلانا۔ پتلا کرنا (۳) پسینہ پسینہ کرنا۔ پانی مانگنا۔
**پانی پانی ہونا** - (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۲) پسینہ پسینہ ہونا (۳) تر ہونا۔ بھیگنا (۴) پتلا ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا (۵) بہت زیادہ پانی برسنا۔
**پانی پر بنیاد ہونا** - (ا۔ محاورہ) بودا اور کچا ہونا۔ غیر مستقل اور بے قیام ہونا۔ ناپائیدار ہونا۔
**پانی پڑنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔ برکھا ہونا (۲) پھوڑے یا چھالے کا پک جانا۔
**پانی (پھر جانا) پھرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) حقیر ہو جانا (۲) خراب ہو جانا۔ نقصان ہونا۔ ضائع ہونا (۳) برتن یا زیور پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا (۴) برتن کا قلعی ہونا (۵) رونق ہونا۔
**پانی پھونکنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) پانی دَم کرنا (۲) حُقّہ کا زائد پانی پھونک کر نکالنا۔
**پانی پھیر دینا** - (ا۔ محاورہ) (۱) محنت برباد کرنا۔ محنت رائگان کرنا (۲) احسان بھول جانا (۳) کام خراب کر دینا۔ کام بگاڑ دینا۔
**پانی پیا مُنہ پر آتا ہے** - (مثل) راز چھپائے سے نہیں چھپتا۔
**پانی پی پی کر دُعا دینا** - (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ دُعا دینا۔ ہر وقت اور ہر دم دُعا دینا۔
**پانی پی پی کر کوسنا** - (ا۔ محاورہ) بے انتہا بددُعا دینا۔ بہت کوسنا۔
**پانی پی کر ذات پُوچھنا** - (ا۔ محاورہ) بے موقع اور بے وقت کام کرنا۔ موقع گزار کر کام کرنا۔
**پانی پیجئے چھان کے، گُرو کیجئے پہچان کے** - (مثل) ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے۔
**پانی پینا** - (ا۔ محاورہ) پانی حلق سے نیچے اُتارنا۔ پیاس بجھانا۔
**پانی تارا ہونا** - (ا۔ محاورہ) پُرانے گہرے کنوئیں میں جو پانی چمکتا دکھائی دیتا ہے کنوئیں کی گہرائی میں پانی کا تارا سا چمکنا۔
**پانی توڑنا۔ پانی کاٹنا** - (۱) پانی گھٹانا (۲) پانی کاٹ لینا (۳) بند یا نہر سے پانی چھوڑنا۔
**پانی چُرانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) زخم کا پانی جذب کرنا (۲) اپنے کھیت میں ناجائز طور پر پانی لے جانا (۳) بلا اجازت پانی لے جانا (۴) حاملہ ہونا۔ نطفہ حاصل ہونا۔ بُوند چُرانا۔
**پانی چُوانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) قطرہ قطرہ پانی گرانا۔ بُوند بُوند پانی ٹپکانا۔
**پانی چھاجوں برسنا** - (ا۔ محاورہ) تیز بارش ہونا۔
**پانی دکھانا** - (ا۔ محاورہ) جانور کو پانی پلانا یا پانی کے پاس لے جانا۔



Marfat.com

**پانی دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آب پاشی کرنا۔ کھیت کو سیراب کرنا۔ سینچنا (۲) کسی کو پانی عنایت کرنا۔ پانی پلانا۔

**پانی ڈھل جانا۔ ڈھلنا۔** (ا۔ محاورہ) آب و تاب اور رونق نہ رہنا (۲) جوانی کے دن گزر جانا۔

**پانی سر سے (اونچا ہونا) گزر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سخت آفت نازل ہونا۔ (۲) کسی بات کی انتہا ہو جانا (۳) معاملے کا طول پکڑ جانا۔

**پانی سمونا۔** گرم پانی میں ٹھنڈا پانی ملا کر معتدل کرنا۔

**پانی سو نیزے چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) حد سے گزر جانا (۲) ناحق بدنام ہونا۔

**پانی سے پتلا۔** (۱) نہایت رقیق۔ بہت پتلا (۲) ذلیل۔ بے عزت (۳) بہت آسان (۴) کم زور۔ دبلا۔ پتلا۔

**پانی سے پہلے پل باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) طوفان آنے سے پہلے بانڈ تیار کرنا۔ مرنے سے پہلے واویلا کرنا (۲) تکلیف سے پہلے اُس کا علاج کرنا (۳) پیش بندی کرنا

**پانی قدِ آدم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پانی گہرا ہونا۔ اتنا پانی ہونا کہ اس میں آدمی ڈوب جائے۔

**پانی کا (بتاشہ) بلبلا۔** (ا۔ مذ) (۱) بلبلا۔ حباب (۲) بے حقیقت۔ بے اصل۔ فانی۔ جلد ختم ہو جانے والا۔

**پانی کر دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت آسان کر دینا۔ ہر شخص کے سمجھ لینے کے لائق کر دینا (۲) غصے کو دھیما کرنا۔ ٹھنڈا کر دینا۔ شرمندہ کر دینا (۴) پتلا کرنا (۵) پگھلانا۔

**پانی کی چادر۔** (ا۔ مث) پانی کی چوڑی دھار جو اوپر سے گرتی ہے۔

**پانی کی لکیر۔** (ا۔ صف) فانی۔ ناپائیدار۔

**پانی کی لہریں گننا۔** (ا۔ محاورہ) فضول کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔

**پانی کے پیچھے گھڑے بھروانا۔** (ا۔ محاورہ) مشکل کام کو پورا کرنا۔

**پانی کے گھڑے پڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ منفعل ہونا۔

**پانی کے مول۔** (ا۔ صف) نہایت ارزاں۔ بہت سستا۔ کوڑیوں میں۔ مفت۔

**پانی گلے تک آ جانا۔** (ا۔ محاورہ) انتہا ہو جانا۔

**پانی لینا۔** (ا۔ محاورہ) آب دست لینا۔ طہارت کرنا۔ استنجا کرنا (۲) پانی پینا۔

**پانی مرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پانی کا سرایت کرنا۔ پانی جذب ہونا (۲) خرابی کا ظاہر ہونا عیب کا معلوم ہونا (۳) ہیچ ہونا۔ کم اصل ہونا (۴) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

**پانی میں آگ لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چغل کھانا (۲) دوستوں میں لڑائی کرانا (۳) کدورت پیدا کرا دینا (۴) فتنہ و فساد برپا کرنا (۵) شعبدہ بازی کرنا (۶) ناممکن بات کر دکھانا۔

**پانی میں گرہ باندھنا (دینا۔ لگانا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ناپائیدار کام کرنا (۲) جلدی ہونا (۳) مٹ جانا۔

**پانی میں مچھلی۔ نو نو ٹکڑے حصّہ۔** [مثل] چیز ابھی ملی نہیں اُس کی تقسیم کے متعلق جھگڑے پہلے ہی شروع ہو گئے۔

**پانی نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اخراجِ منی ہونا۔ انزال ہونا (۲) پانی خارج ہونا۔ پانی جاری ہونا۔

**پانی نہ پچنا۔** (ا۔ محاورہ) پیٹ کا ہلکا ہونا۔ بھید کھول دینا۔

**پانی نہ مانگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) یکایک مر جانا۔ اچانک دم نکل جانا (۲) دم نہ مارنا۔

**پانی مارنا۔** (ا۔ محاورہ) مُرغ یا بٹیر کا مارنا جب لڑتے لڑتے کسی مرغ کو کوئی عارضہ لاحق ہو اور اسے اٹھا کر پانی یا پھونک سے تازہ دم کریں تو اس ایک بار کے اُٹھا لینے کو ایک پانی مارنا کہتے ہیں۔ مُرغ باز فتح شکست کے لیے پانی کی تعداد مقرر کر لیتے ہیں۔

**پانی ہو جانا (ہونا)۔** (۱) سخت چیز کا رقیق ہونا۔ گداز ہونا (۲) دشوار کام کا آسان ہونا۔ شرم سے پسینے پسینے ہونا (۳) نرم پڑ جانا۔

**پاور۔** (Power) (پا۔ وَر) [انگ۔ ا۔ مث] طاقت۔ قوت۔

**پاور ہاؤس۔** (Power House) بجلی گھر جہاں بجلی پیدا ہوتی ہے۔

**پاہ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تین سال سے بوئی ہوئی زمین (۲) ایک پتھر جسے پھٹکڑی اور رنگ کے ساتھ گھس کر آنکھوں کے لیے لیپ تیار کرتے ہیں۔

**پاہن۔ پاہُنا۔** (پا۔ ہُن) (پا۔ ہُ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) مہمان (۲) وہ گیت جو ڈومنیاں دلہن کی رخصتی کے وقت گاتی ہیں۔ بابل۔

**پاہی۔** (پا۔ ہی) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ کاشت کار جو اس گاؤں میں نہ رہے جس میں وہ کاشت کرتا ہو۔ عارضی کاشت کار۔ کاشت کار۔ ٹھیکہ دار۔ کھیت مزدور۔

**پائپ۔** (Pipe) (پا۔ اِپ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) ٹونٹی۔ سوراخ۔ نے (۲) نلی نال (۳) چلم۔ حُقّہ۔ ولائتی حُقّہ۔

**پائریا۔** (Pyorrhoea) (پا۔ اے۔ ریا) [انگ۔ ا۔ مذ] دانتوں کی ایک بیماری۔ سیلانِ صدیدی۔

**پائڑی۔** [ق۔ ا۔ مث] بنیاد۔ نیو۔

**پائلٹ۔** (Pilot) (پا۔ اے۔ لٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) ہوا باز۔ طیارہ باز (۲) ماہر جہاز رانی (۳) رہبر۔ کسی بڑے حاکم کے آگے موٹر سائیکل پر چلنے والا۔

**پائندہ۔** (پا۔ اِن۔ دَہ) [ف۔ صف] ٹھیرنے والا۔ قائم رہنے والا۔ جمع: پائندگان۔

**پاؤ۔** (پا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] رُبع۔ چوتھائی۔ چوتھا حصّہ۔ ¼۔

**پاؤ آنا۔** (ا۔ محاورہ) آنہ کا چوتھائی حصّہ۔ ایک پیسہ۔

**پاؤ روٹی۔** (ا۔ مث) نان پاؤ۔ ڈبل روٹی۔

**پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی۔** (مثل) تھوڑی سی حیثیت میں بڑا کرّوفر۔ جو شخص شیخی بگھارے اُس کے بارے میں بولتے ہیں۔

**پاؤلا۔** (ا۔ مذ) چونّی۔ روپیہ کا چوتھا حصّہ۔ چار آنے کا سکّہ۔

**پاؤلی۔** (ا۔ مث) پاولا کی تانیث۔ چونّی۔ چار آنے کا سکّہ۔

**پاؤں۔** (پا۔ اوں) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پگ۔ چرن۔ پا۔ پیر۔ قدم (۲) جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ اصل۔ (۳) دخل۔ قبضہ (۴) استحکام۔ استقلال (۵) آخر۔ انجام۔

**پاؤں آگے بڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) حد سے متجاوز ہونا (۲) آگے بڑھنا۔

**پاؤں آگے نہ پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہونا۔

**پاؤں اُتر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں موچ آ جانا۔ پاؤں مڑ جانا۔

**پاؤں اُٹھا کے جانا۔** (ا۔ محاورہ) تیز جانا۔ جھٹ پٹ جانا۔ تیزی سے جانا۔

**پاؤں اُٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) قدم بڑھانا (۲) جھگڑے سے الگ ہو جانا (۳) تیز چلنا۔

**پاؤں اُکھڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بھاگ پڑنا (۲) میدان سے نکل بھاگنا۔ پاؤں اُکھڑ جانا۔

**پاؤں اَڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا۔ مزاحم ہونا (۲) پاؤں لگانا۔

**پاؤں اُکھاڑ دینا (اُکھاڑنا)۔** (۱) بھگا دینا۔ شکست دینا (۲) ارادے سے باز



Marfat.com

رکھنا (۳) جگہ سے ہٹا دینا۔

**پاؤں اُکھڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) جگہ چھوڑ بھاگنا۔ ہٹ جانا۔ بھاگ نکلنا (۲) شکست تسلیم کرنا۔ ہار مان جانا (۳) ہمت ہارنا۔ حوصلہ ہار جانا (۴) قدم نہ جمنا۔

**پاؤں اُلٹا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) آگے جانے کو جی نہ چاہنا۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔

**پاؤں اُلجھنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی قضیے میں گرفتار ہو جانا۔

**پاؤں باندھ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) روک رکھنا۔ جانے نہ دینا۔

**پاؤں باہر نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حد سے بڑھنا (۲) حیثیت سے باہر قدم رکھنا رُتبے سے زیادہ بات کرنا (۳) گھمنڈ کرنا (۴) بدچلن ہونا (۵) گھر سے باہر جانا۔

**پاؤں بچلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں بہکنا۔ پاؤں پھسلنا۔ پاؤں ڈگمگانا (۲) استقلال میں فرق آنا (۳) نیّت بدلنا۔ ایمان میں فرق آنا۔

**پاؤں بڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) قدم تیز چلنا۔ جلدی جلدی چلنا (۲) آگے چلنا (۳) دخل بڑھانا۔ قبضہ کرنا (۴) اپنی حد سے بڑھنا۔

**پاؤں بھاری کرنا۔** (ا۔ محاورہ) آمد و رفت موقوف کرنا (۲) نہ آنے کا عہد کرنا۔

**پاؤں بھاری ہونا۔** (۱) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا (۲) ہمّت پست ہو جانا (۳) رُک رُک کر چلنا۔

**پاؤں بھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں کا لڑکھڑانا (۲) لغزش کرنا۔

**پاؤں بھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں تھرّا جانا۔ پاؤں گندہ ہو جانا (۲) پاؤں سوجانا۔

**پاؤں بیچ میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ذمّہ داری ہونا (۲) دخل ہونا۔ مداخلت ہونا (۳) شراکت ہونا۔

**پاؤں پاؤں۔** (۱) پیروں سے (۲) چلتے ہوئے۔

**پاؤں پاؤں چلنا۔** (۱) اپنے پاؤں سے چلنا۔ پیادہ پا چلنا (۲) بچے کا بغیر سہارے کے چلنا۔

**پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھنا (سونا)۔** (ا۔ محاورہ) بے فکری سے بسر کرنا۔ چین سے رہنا۔ پروا نہ کرنا۔

**پاؤں پر پاؤں رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سیدھے راستے چلنا (۲) قدم پر قدم رکھنا۔ پیچھے پیچھے چلنا (۳) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا (۴) پاؤں کو پاؤں سے دبانا۔

**پاؤں پر ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) قصور معاف کرنے کے لیے کسی کو قدموں پر جُھکانا (۲) قربان کرنا۔

**پاؤں پر سر جھکانا۔** (ا۔ محاورہ) عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ (۲) پاؤں پر گرنا۔

**پاؤں پر سر رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں پر گرنا (۲) عجز و انکسار کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ منّت سماجت کرنا (۴) معافی مانگنا۔

**پاؤں پر سنیچر سوار ہونا۔** (۱) آوارہ گرد ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔

**پاؤں پر کھڑے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سنبھل جانا۔ بچ جانا۔

**پاؤں پر گرنا۔** (ا۔ محاورہ) عجز و انکسار کرنا۔ خوشامد کرنا۔ تعظیم سے پیش آنا۔

**پاؤں پر لوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) عاجزی کرنا۔

**پاؤں پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں پر سر رکھنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔

**پاؤں پسارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں پھیلانا۔ ٹانگیں لمبی کرنا (۲) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا مچل جانا (۳) انتقال کرنا (۴) آرام کرنا۔ لیٹنا (۵) خواہش کرنا۔

**پاؤں پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پناہ چاہنا۔ مدد چاہنا۔ معافی مانگنا (۲) پناہ میں آنا۔

(۳) نہایت منّت سماجت کرنا (۴) تعظیم کرنا (۵) بہت خاطر مدارات کرنا۔

**پاؤں پوجنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت عزّت کرنا (طنزاً) قائل کرنا۔

**پاؤں پھٹنا۔** (ا۔ مص) پاؤں پر زخم ہو جانا۔ پاؤں میں بوائی نکل آنا۔

**پاؤں پھسلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) قدم ڈگمگانا۔ لغزش ہونا (۲) لالچ آنا۔ جی چاہنا خواہش کرنا۔

**پاؤں پھنسنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں پاؤں اٹک جانا یا پھنس جانا (۲) کسی معاملے میں پھنس جانا۔

**پاؤں پھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں سوجن ہو جانا (۲) کم زور ہو جانا۔ طاقت نہ رہنا (۳) ہمّت ہارنا۔ حوصلہ نہ پڑنا (۴) تکان ہونا۔ تھکنا۔

**پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) احتیاط کرنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ احتراز کرنا۔ ڈرنا۔

**پاؤں پھیرنے جانا۔** (ا۔ محاورہ) زچگی یا شادی کے بعد عورت کا اپنے میکے میں چند روز کے لیے جانا۔

**پاؤں پھیلا کر سونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لمبے پاؤں کر کے سونا (۲) آرام سے سونا۔ بے فکر ہو جانا۔

**پاؤں پھیلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مچلنا۔ ضد کرنا (۲) لالچ کرنا۔

**پاؤں پھیلائے پڑے رہنا۔** (ا۔ محاورہ) سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا۔ مجہول ہو جانا۔

**پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا۔** (ا۔ محاورہ) ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا۔ نہایت دُکھ اور مصیبت سے مرنا۔ بہت تکلیف سے مرنا۔

**پاؤں پیٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تکلیف اور اضطراب کے باعث پاؤں دے دے مارنا (۲) کمال سختی سے جان دینا (۳) نزع کی حالت میں ہونا (۴) ذلیل و خوار ہونا

**پاؤں پیچھے ہٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا (۲) ثابت قدمی میں فرق آنا۔

**پاؤں تلے چیونٹی کی مثال۔** (مثل) نہایت ادنیٰ۔ بہت کم زور۔ بے حد ذلیل۔ ضعیف۔ بے بس۔

**پاؤں تلے کی زمین (سرک) نکل جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہوش اُڑ جانا۔ بھونچکا ہونا۔ اوسان جاتے رہنا۔ حواس باقی نہ رہنا (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ ڈگمگانا (۳) نہایت ڈرنا۔

**پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا۔** (ا۔ محاورہ) دیکھیے "پاؤں تلے کی زمین نکل جانا"۔

**پاؤں تلے ملنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں سے روندنا (۲) تکلیف دینا (۳) تباہ و برباد کرنا۔

**پاؤں توڑ کر بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مایوس ہونا۔ ناامید ہونا (۲) کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ ہمّت ہارنا (۳) صبر کرنا۔ بھروسہ کرنا (۴) گوشہ نشین ہو جانا۔ (۵) سست ہو جانا۔ محنت نہ کرنا۔

**پاؤں توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) فضول آنا جانا۔ بے کار آمد و رفت رکھنا (۲) حیران کرنا۔ پریشان کرنا (۳) بڑی دوڑ دھوپ کرنا۔ بے حد کوشش کرنا۔

**پاؤں تھرتھرانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پاؤں لڑکھڑانا (۲) کسی کام کے ارتکاب سے خائف ہونا۔

**پاؤں تھکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چلتے چلتے تھک جانا (۲) عاجز ہونا۔



Marfat.com

**پاؤں ٹکانا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) ٹھیرنا۔ قیام کرنا (۲) دم لینا۔ سانس لینا (۳) پاؤں دھرنا (۴) قبضہ کرنا۔ قابو میں لانا (۵) ٹھکانا بنانا۔

**پاؤں جمانا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) قبضہ کرنا۔ قائم ہونا (۲) ہمت کرنا۔ استقلال کرنا۔ (۳) سہارا ڈھونڈنا (۴) اُمیدوار ہونا (۵) تعلق پیدا کرنا (۶) پاؤں رکھنا۔

**پاؤں جمنا۔** (۱۔ محاورہ) بات پر قائم رہنا (۲) میدانِ جنگ میں ڈٹے رہنا۔ اثر ہونا۔ رسوخ ہونا۔

**پاؤں جھنّانا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں کا سُن ہونا۔ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔

**پاؤں چپّی کرنا۔** (۱۔ محاورہ) ٹانگیں دابنا۔ مٹھیاں بھرنا۔

**پاؤں چلنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) بچّے کا اپنے قدموں سے چلنا (۲) پیدل چلنا۔ (۳) لاتیں پڑنا۔

**پاؤں چومنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں کا بوسہ دینا (۲) تعظیم کرنا۔

**پاؤں چھلنی ہونا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں آبلے ٹوٹنے سے سوراخ پڑ جانا۔ (۲) بہت زیادہ چلنا۔

**پاؤں چھٹنا (چھوٹنا)۔** (۱۔ محاورہ) (۱) حیض کا کثرت سے جاری ہونا۔ ایام سے ہونا (۲) فراغت پانا۔ بڑی الذمہ ہونا۔ آزاد ہونا (۳) بےتعلق ہونا (۴) پابند نہ رہنا (۵) آوارہ ہونا۔

**پاؤں دابنا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں چپّی کرنا۔

**پاؤں درمیان سے نکال لینا۔** (۱۔ محاورہ) تعلق نہ رکھنا۔ ذمّہ داری ہٹا لینا۔

**پاؤں دوڑی۔** (۱۔ مث) دوڑ دھوپ۔ ہمّت۔ محنت۔ کوشش۔

**پاؤں دھرنے کو جگہ ملنا۔** (۱۔ محاورہ) آسرا ملنا۔ سہارا ملنا۔

**پاؤں دھو دھو کر پینا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) تعظیم و تکریم کرنا۔ بہت عزّت کرنا (۲) بے حد خوشامد کرنا (۳) اُمید رکھنا۔ تمنّا کرنا۔ بہت پیار کرنا (۴) بہت خلوص سے پیش آنا۔ (۵) حکم ماننا (۶) بہت خدمت کرنا۔

**پاؤں ڈالنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) آغاز کرنا۔ شروع کرنا (۲) کسی کام میں دخل دینا۔

**پاؤں ڈگمگانا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں کا لغزش کرنا۔ پاؤں قائم نہ رہنا۔ ہمّت ہارنا۔

**پاؤں رکاب میں ہونا۔** (۱۔ محاورہ) چلنے کو تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

**پاؤں رگڑنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں ملنا (۲) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں ہونا (۳) نزع کی حالت میں ہونا (۴) خوشامد کرنا۔ منّت کرنا۔

**پاؤں رہ جانا۔** (۱) تھک جانا۔ ہار جانا (۲) عاجز ہونا (۳) پاؤں شل ہو جانا۔ ٹانگیں ناکارہ ہو جانا۔

**پاؤں زمین پر نہ ٹھیرنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں لغزش ہونا۔ کانپنا۔ ڈگمگانا۔ (۲) بے چین ہونا (۳) سفر میں رہنا (۴) نہایت مصروف ہونا (۵) مغرور ہونا۔ تکبّر ہونا۔

**پاؤں زمین پر نہ رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) بہت اترانا۔ ناز کرنا۔

**پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا۔** (۱۔ محاورہ) بے تحاشا بھاگنا۔ بدحواس ہو کر بھاگنا۔

**پاؤں سرکنا۔** (۱۔ محاورہ) استقلال میں فرق آنا۔ قدم ہٹنا۔

**پاؤں سکیڑنا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں ہٹا لینا۔ کنارہ کشی کرنا۔ قطع تعلق کرنا۔

**پاؤں سنسنانا۔** (۱۔ محاورہ) ضعف اور سستی سے پاؤں میں سوئیاں سی چبھنا۔

**پاؤں (سما جانا) سمانا۔** قدموں پر کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔

**پاؤں سُن ہو جانا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں میں دورانِ خون رُک جانا۔ پاؤں بے

حس و حرکت ہو جانا۔

**پاؤں سے لگی سر میں بجھی۔** (مثل) (۱) بہت غصّہ آیا۔ تن بدن جل گیا۔ بہت جلن پیدا ہوئی۔ بہت جھلاہٹ ہوئی۔

**پاؤں شل ہو جانا۔** (۱۔ محاورہ) بہت تھک جانا۔

**پاؤں کاٹھ میں دینا۔** (۱۔ محاورہ) قید کرنا۔ بیڑی ڈالنا۔

**پاؤں کٹ جانا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں قلم ہونا (۲) آمد و رفت بند ہونا (۳) دُنیا سے اُٹھ جانا۔

**پاؤں کو بوسہ دینا۔** (۱۔ محاورہ) بہت عزّت و تکریم کرنا۔ عقیدت کا اظہار کرنا۔

**پاؤں کھل جانا۔** (۱۔ محاورہ) چلنے کی طاقت آ جانا۔ آمد و رفت میں جھجک نہ رہنا۔

**پاؤں کھینچ لینا۔** (۱۔ محاورہ) ذمّہ داری سے علیحدہ ہو جانا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔

**پاؤں کہیں سے کہیں پڑنا۔** (۱۔ محاورہ) نشہ۔ اضطراب۔ گھبراہٹ یا بہت تھکاوٹ سے پاؤں اِدھر اُدھر پڑنا۔

**پاؤں کی آہٹ۔** (۱۔ مث) چلنے کی آواز۔ چاپ۔

**پاؤں کی بیڑی۔** (۱) بیوی (۲) زنجیر۔ قید۔ جیل (۳) روک۔ مزاحمت (۴) بال بچے۔ بچی۔ بیاہی بیٹی۔

**پاؤں کی جوتی۔** (۱۔ مث) (۱) پاپوش۔ جوتا (۲) جورو۔ بیوی (۳) خادم۔ غلام (۴) خوشامدی۔ جی حضوری (۵) نالائق (۶) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزّت۔ (۷) نیچ۔ رذیل۔

**پاؤں کی جوتی سر کو لگنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کمینے کا منہ لگنا۔ رذیل کا سر چڑھنا۔ (۲) کمین اور نیچ شخص کو شریف کے برابر درجہ ملنا۔

**پاؤں کی خاک ہونا۔** (۱۔ محاورہ) بہت بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔

**پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی۔** (مثل) کوئی مناسبت نہیں۔ کوئی تعلق نہیں۔ زمین آسمان کا فرق ہے۔

**پاؤں گاڑنا۔** (۱۔ محاورہ) قدم جمانا۔

**پاؤں گردش میں ہونا۔** (۱۔ محاورہ) مارے مارے پھرنا (۲) کوئی کام نہ بننا (۳) بدنصیب ہونا۔

**پاؤں گن گن کر رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) ٹھہر ٹھہر کر چلنا (۲) نخرے سے چلنا۔ (۳) احتیاط سے چلنا۔

**پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں۔** (مثل) (۱) مرنے کو تیار ہیں۔ قریب مرگ ہیں (۲) بہت بیمار ہیں (۳) بہت کمزور ہیں۔ بہت بوڑھے ہیں۔

**پاؤں گھسنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) زیادہ دوڑ دھوپ سے پاؤں کا تھکنا (۲) بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا۔

**پاؤں کا گہنانا۔** (۱۔ محاورہ) زمانہ حمل میں گہن لگنے سے بچّے کے کسی عضو کا ناقص رہ جانا۔

**پاؤں لڑکھڑانا۔** (۱۔ محاورہ) پاؤں ڈگمگانا۔ پاؤں تھرتھرانا۔

**پاؤں لگانا۔** پاؤں چھوانا۔ پاؤں مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔ پاؤں رکھنا۔

**پاؤں لینا۔** (۱۔ محاورہ) قدم لینا۔ آداب بجا لانا۔ عاجزی کرنا۔

**پاؤں مُرید۔** (۱۔ ف۔ صف) غلام۔ تابع۔ مُطیع۔ مُعتقد۔ فرماں بردار۔

**پاؤں میں بیڑی پڑنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) شادی ہونا (۲) منگنی ہونا (۳) قید ہونا۔



Marfat.com

**پاؤں میں جوتی نہ سر پر ٹوپی۔** (ا۔ مثل) (۱) بہت زیادہ غریبی اور مفلسی کی حالت (۲) پریشان اور مصیبت زدہ۔
**پاؤں میں چکر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں میں گردش ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔
**پاؤں میں سر دینا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت عاجزی کرنا۔ بے حد خوشامد کرنا۔
**پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے؟** کیا عذر ہے۔ کون سی مجبوری ہے۔ انکار کی کیا وجہ ہے نہ جانے یا نہ آنے کا کیا سبب ہے۔
**پاؤں میں مہندی لگنا۔** (ا۔ محاورہ) عذر ہونا۔ بہانہ ہونا۔ حیلہ ہونا۔ سبب ہونا۔ عذرِ لنگ ہونا۔
**پاؤں نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حد سے باہر قدم رکھنا۔ بڑھ کر چلنا (۲) سرکشی کرنا۔ تمرّد کرنا۔ باغی ہونا۔
**پاؤں نہ دُھلوانا۔** (ا۔ محاورہ) اپنی خدمت اور غلامی کے قابل نہ سمجھنا۔ بہت کراہت اور حقارت سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
**پاؤں نہ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) نہ جانا۔ قدم نہ رکھنا (۲) غرور کرنا۔
**پاؤں نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مقابلے کی طاقت نہ ہونا۔ مقابلے کی تاب نہ لانا۔
**پاؤنڈ۔** (Pound) (پا۔ اُنڈ) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک انگریزی سکہ جو بارہ تیرہ روپے کے برابر ہوتا ہے (۲) ایک انگریزی وزن جو آدھ سیر کے برابر ہوتا ہے۔
**پائی۔** (پا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) آنے کا بارھواں حصّہ۔ پیسے کا تیسرا حصّہ (۲) اناج کا ایک پیمانہ۔
**پائے۔** (پا۔ اے) (ف۔ ا۔ مذ) پاؤں۔ پگ۔ قدم۔ پا۔
**پائے بند۔ پابند۔** (ف۔ صف) (۱) مقیّد۔ گرفتار (۲) عادی۔ خوگر۔
**پائے تخت۔** (ف۔ صف) ریاست کا صدر مقام۔ دارالخلافہ۔ دارالسلطنت راج دھانی۔ بادشاہ کے رہنے کا مقام۔
**پائے ثبات۔** (ف۔ ا۔ صف) استقلال۔ ثابت قدمی۔
**پائے ثبات میں لغزش آنا۔** (ا۔ مثل) مضبوط ارادے بھی ڈانواں ڈول ہو جانا۔
**پائے در گِل۔** (ف۔ مثل) دلدل میں پاؤں۔ مُقیّد۔ بے بس۔ دنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا۔
**پائیدار۔** (ف۔ صف) مضبوط۔ پختہ۔ پکّا۔ دیرپا۔ مستحکم۔
**پائیداری۔** (ف۔ مث) استحکام۔ مضبوطی۔
**پائدان۔** (ف۔ مذ) (۱) کفش (۲) جوتی اُتارنے کی جگہ (۳) گہوارہ (۴) گاڑی کی وہ جگہ جس پر پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔
**پائے رفتن نہ جائے ماندن۔** (ف۔ مقولہ) نہ جانے کی طاقت نہ رہنے کی جگہ۔ نہ جاتے بن پڑے نہ ٹھیرتے۔
**پائے کاشت۔** (ف۔ مث) وہ کاشت جو دوسری جگہ کا آدمی کسی گاؤں میں کرے۔
**پائے گاہ۔ پائگہ۔** (ف۔ مث) (۱) مرتبہ (۲) طویلہ۔ اصطبل (۳) کچہری۔ اجلاس (۴) چھوٹی ریاست۔
**پائے گدا لنگ نیست۔ مُلکِ خُدا تنگ نیست۔** (مثل) مانگنے والے کے لیے سارا جہان پڑا ہے جہاں چاہے مانگتا پھرے۔

**پائے مال۔ پامال۔** (ف۔ صف) روندا ہوا۔ کُچلا ہوا۔
**پائے مالی۔** (ف۔ مث) تباہی۔ بربادی۔ پاؤں سے روندنا۔
**پائے نظر (نگاہ) پھسلنا۔** (ا۔ محاورہ) نظر کا نہ ٹھیرنا۔ نظر بھر کر نہ دیکھ سکنا۔
**پائے ہمّت گاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ثابت قدم رہنا۔ استقلال قائم رکھنا۔
**پائیز۔** (پا۔ ایز) (ف۔ ا۔ مذ) موسمِ خزاں۔ پت جھڑ کا موسم۔
**پائیل۔** (ق۔ ا۔ مذ) ایسا بچہ جس کی ولادت پاؤں کی طرف سے ہو۔
**پائیں۔** (پا۔ ایں) (ف۔ ا۔ مذ) نیچے۔ پائنتی۔ سرہانے کے مقابل۔
**پائیں باغ۔** (ف۔ ا۔ مذ) قلعے کے نیچے کا باغ۔ باغ زیرِ محل۔ مکان کے پیچھے کا باغ۔
**پائینت۔** (پا۔ اینت) (ہ۔ ا۔ مث) اَدوائن۔ پائنتی۔ پاؤں کی طرف کا پلنگ کا حصّہ۔
**پائنتی۔** (پا۔ ئیں۔ تی) (ہ۔ ا۔ مذ) پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصّہ۔
**پائینچا۔** (پا۔ ئیں۔ چا) (ا۔ مذ) پائچہ۔ ٹانگ کا غلاف۔ پاجامے کا وہ حصّہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔
**پائینچا بھاری کرنا۔** (ا۔ محاورہ) گوشہ نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔ خانہ نشین کرنا۔
**پائینچا سے باہر نکلی پڑتی ہے۔** (ا۔ محاورہ) غصّے میں آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔
**پایاں۔** (پا۔ یاں) (ف۔ ا۔ مذ) آخر۔ انجام۔
**پائیک۔** (پا۔ ئیک) (ف۔ ا۔ مذ) پیک۔ پیام بر۔ ایلچی۔ سفیر۔ ہرکارہ۔ چٹھی رساں۔ (۲) پیادہ۔ پیدل۔
**پائل۔** (پا۔ ئل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پازیب۔ ایک گھونگرو دار زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے (۲) پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ (۳) تیز رو ہاتھی۔
**پایہ۔** (پا۔ یہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پاؤں۔ قدم (۲) زینہ۔ قدمچہ (۳) مدرجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عزّت (۴) چوپائے کا پاؤں۔
**پایہ بہ پایہ۔** (ف) درجہ بہ درجہ۔
**پایہ بلند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مرتبہ بڑھانا۔
**پایۂ تخت۔** (ف۔ ا۔ مذ) راج دھانی۔ دارالحکومت۔
**پایۂ ثبوت کو پہنچنا۔** ثابت ہونا۔
**پایہ شناس۔** (ف۔ صف) رُتبہ شناس۔ رُتبہ کو پہچاننے والا۔
**پایہ شناسی۔** (ف۔ ا۔ مث) مرتبہ شناسی۔ مرتبہ کو پہچاننا۔
**پایۂ عرش ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) عرش تک اثر پہنچنا۔ فریاد کرنا۔ خدا سے منّت و زاری کرنا۔
**پایہ پر کھینچنا۔** (ا۔ محاورہ) تپنچے یا بندوق کے گھوڑے کو اس کی حد تک کھینچنا۔
**پائندہ۔** (ف۔ صف) استوار۔ قائم۔
**پائندہ باد۔** (ف۔ کلمۂ دُعا) استوار رہے۔ قائم رہے۔

## پ ـــــ ب

**پَبلِشَر۔** (پب۔ لِ۔ شَر) (انگ۔ ا۔ مذ) کتاب یا اخبار کا



Marfat.com

شائع کرنے والا۔

**پبلک۔** (Public) (پَب۔ لِک) [انگ۔ا۔مث] (۱) عوام۔ عام انسان تمام آدمی۔ کُل خلقت (۲) عام۔ تمام۔ سب۔ جملہ۔

**پبلک انسٹرکشن۔** (Public Instruction) تعلیم عامہ۔ محکمۂ تعلیم کا صدر دفتر۔

**پبلک پراسیکیوٹر۔** (Public Prosecutor) سرکاری وکیل گورنمنٹ کی طرف سے کسی مقدمہ کی پیروی کرنے والا۔

**پبلک سروس۔** (Public Service) (۱) سرکاری ملازمت (۲) عام لوگوں کی خدمت۔

**پبلک سروس کمیشن۔** (Public Service Commission) وہ بورڈ جو سرکاری عہدہ داروں کا انتخاب کرتا ہے۔

**پبلک وَرکس۔** (Public Works) اُمورِ عامہ۔ تعمیرات کا محکمہ۔

**پَبّی۔** (پَب۔ بی) [ہ۔ا۔مث] ایک خوش آواز پرند جسے پِلّی اور پَرُپی بھی کہتے ہیں۔

**پبیانا۔** (پَب۔ یا۔ نا) [ہ۔مص] زخم میں پیپ پڑ جانا۔

## پ ـــ پ

**پپَرمنٹ۔** (Peppermint) (پِپ۔ پَر۔ مِنٹ) [انگ۔ا۔مذ] پودینہ کا ست۔

**پپَڑ۔** (پَپ۔ پڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دیوار کی کہگل کا وہ حصہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے (۲) پاپڑا۔

**پپڑا۔** (پَپ۔ ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پاپڑا۔ ایک پودا (۲) اوپر کا چھلکا۔ چھال۔

**پپڑانا۔ پپڑا جانا۔** (پَپ۔ ڑا۔ نا) (پَپ۔ ڑا۔ جا۔ نا) [اُر۔مص] بالائی حصہ خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھ جانا۔ کھُرنڈ بندھ جانا۔ پپڑی جمنا۔

**پپڑی۔** (پَپ۔ ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) خشکی۔ کرنڈ۔ کھُرنڈ۔ اوپر کا خشک پرت۔ سوکھا پوست (۲) چھوٹا پاپڑ (۳) حلوا سوہن کی ایک قسم۔

**پپڑی آنا۔** (۱۔ محاورہ) تہ جمنا۔ اوپر کا حصہ خشک ہو کر پرت کی شکل ہو جانا۔

**پپڑی بندھنا۔** (۱۔ محاورہ) پپڑانا۔ خشک ہو جانا۔

**پپڑی جمانا۔** (۱۔ محاورہ) تہ جمانا۔ حق قائم کرنا۔

**پپڑی جم جانا۔** (۱۔ محاورہ) کتھے وغیرہ کا جمنا (۲) تہ جمنا۔ پرت جمنا (۳) بالائی جمنا۔

**پپڑیا کتھا۔** (پَپ۔ ڑِ۔ یا۔ کَتھ۔ تھا) [ہ۔ا۔مذ] سفید اور ہلکے رنگ کا کتھا (کتھے کی ایک قسم)۔

**پپڑیلا۔** (پَپ۔ ڑی۔ لا) [ہ۔ا۔مذ] پرت والا۔ چھلکے والا۔ پپڑی والا۔

**پپل۔** (پِپ۔ پَل) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پیپل (۲) نفس پرستی۔

**پپلا۔** (پَپ۔ لا) [ہ۔ا۔مذ] جس کے منہ میں دانت نہ ہوں۔ پوپلا۔

**پپلی۔** (پِپ۔ لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) لمبی مرچ (۲) ایک قسم کی بوٹی۔

**پپنی۔** (پَپ۔ نی) [ہ۔ا۔مث] پلک۔ مژگاں۔

**پپوٹا۔** (پَپ۔ پو۔ ٹا) [ہ۔ا۔مذ] جسم کا وہ حصہ جو آنکھ سے ملا ہوا ہوتا ہے۔ آنکھ کا غلاف پلک۔ پُشتِ چشم۔

**پپوٹا ابھرنا۔** (۱۔ محاورہ) پپوٹے کا پھول جانا۔

**پپوٹا بھاری ہونا۔** (۱۔ محاورہ) پپوٹے پر ورم ہونا۔

**پپوٹن۔** (پَپ۔ پو۔ ٹن) [ہ۔ا۔مث] ایک پودے کا نام جس کے پتے بطورِ دوا استعمال ہوتے ہیں۔

**پپولنا۔** (پَپ۔ پول۔ نا) [ہ۔مص] چیز کو منہ میں پھرانا۔ بے دانت لگائے رس چوسنا۔ پپلانا۔

**پپیا۔** (پَپ۔ پی۔ یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) آم کی گری نکالی ہوئی گٹھلی جسے بطور پی پی بجاتے ہیں۔ سیٹی (۲) نہایت تیز آواز جو باریک ہو۔

**پپیتا۔** (پَپ۔ پی۔ تا) [پر۔ا۔مذ] ارنڈ۔ ایک پھل دار درخت جس میں شاخیں نہیں ہوتیں البتہ بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں۔ اور جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

**پپیانا۔** (پَپ۔ یا۔ نا) [ہ۔مص] پیپ پڑ جانا۔ زخم یا پھوڑے پھنسی کا پک جانا۔

**پپیہا۔** (پَپ۔ پی۔ ہا) [ہ۔ا۔مذ] زرد رنگ کا ایک خوش آواز پرند جو پی پی کی صدا لگاتا ہے۔

## پ ـــ ت

**پَت۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) عزت۔ آبرو (۲) ساکھ۔ اعتبار (۳) شوہر۔ پتی۔ خاوند (۴) لاج۔ شرم (۵) پات کا مخفف۔ برگ۔ پتا (۶) چاشنی۔ قوام۔

**پت اُتارنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) چاشنی پکانا۔ قوام کرنا (۲) پتے توڑنا (۳) بے عزت کرنا (۴) ساکھ بگڑنا۔

**پت جھڑ۔** [ہ۔ا۔مذ] خریف۔ خزاں۔ پتوں کے جھڑنے کا موسم۔

**پت رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) آبرو رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔

**پت گنوانا۔** (۱۔ محاورہ) آبرو کھونا۔ بے عزت ہونا۔ ساکھ گنوانا۔

**پِت۔** [س۔ا۔مذ] صفرا۔ تلخہ۔ چاروں خلطوں میں سے ایک خلط ہے۔ زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے۔

**پت ڈالنا۔** زرد رنگ کی قے کرنا۔ قے میں صفرا نکلنا۔

**پُت۔** [ہ۔ا۔مذ] پوت کا مخفف۔ پُتر۔ بیٹا۔

**پِتا۔** (پِ۔ تا) [س۔ا۔مذ] باپ۔ والد۔ پدر۔

**پتا۔** (پَ۔ تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نشان۔ علامت۔ سُراغ (۲) مقام۔ ٹھکانا (۳) اشارہ (۴) سرنامہ (۵) مکتوب الیہ کا پورا نام اور جائے سکونت لکھنا۔

**پتا پوچھنا۔** (۱۔ محاورہ) ٹھکانا دریافت کرنا۔ سُراغ لگانا۔

**پتا لگانا۔** (۱۔ محاورہ) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ سُراغ لگانا۔

**پتا ملنا۔** (۱۔ محاورہ) سُراغ لگنا۔ نشان معلوم ہو جانا۔

**پتا نکالنا۔** (۱۔ محاورہ) سُراغ چلانا۔ نشان معلوم کر لینا۔

**پتے پر آنا۔** (۱۔ محاورہ) کسی نشان سے تلاش کرنا۔ کسی نشان کے مطابق کھوج لگانا۔



Marfat.com

**پتّے کی سُنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عیب ظاہر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ بھید کی کہنا۔ واقعات کہنا۔ ٹھیک ٹھیک کہنا (۲) چُبھتی ہوئی کہنا۔ چوٹ کرنا۔

**پَتّا۔** (پَت۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) برگ۔ پات۔ پتّر (۲) ورق۔ پتّا۔ کارڈ۔ جیسے تاش کا پتّا (۳) کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے۔

**پتّا باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) زخم پر پتّا باندھنا۔

**پتّا بھی بے حکم خدا نہیں ہلتا۔** (ا۔ مثل) کوئی کام بغیر خدا کی مرضی کے نہیں ہوتا۔

**پتّا توڑ کر بھاگنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت تیز دوڑنا۔ پیچھے مڑ کر نہ دیکھنا۔ رفوچکر ہو جانا۔

**پتّا کھڑکا بندہ سرکا (سٹکا)۔** (مثل) کمال عیّار اور چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں

**پتّا کھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پتّے کی آواز ہونا۔ آہٹ ہونا (۲) اندیشہ ہونا۔ خوف ہونا۔

**پتّا چلنا۔** (ا۔ محاورہ) سُراغ ملنا۔

**پتّا دینا۔** (ا۔ محاورہ) سُراغ بتانا۔ نشان بتانا۔ ٹھکانا بتا دینا۔

**پتّے کی بات۔** (ا۔ بول چال) چبھتی ہوئی بات۔

**پتّے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) پھلوں میں داغ لگنا۔

**پتّا نہ ہلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا بند ہونا (۲) حبس ہونا (۳) پتّے نہ سرکنا۔

**پتّا ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) خفیف حرکت دینا۔

**پتّا (ہو جانا) ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔ تیزی کے ساتھ بھاگنا۔

**پتّوں والی۔** (ہ۔ مث) مُولی۔

**پِتّا۔** (پِت۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) جگر کے نیچے ایک چھوٹی تھیلی جس میں پت جمع رہتی ہے (۱) مَرارہ۔ زَہرہ۔ خلطِ صفرا کا مقام (۲) حوصلہ۔ ہمّت (۳) غصّہ۔ جوش۔ حرارت (۴) شرم۔ لاج۔ حیا (۵) خواہش نفسانی۔

**پِتّا پانی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ فرو ہونا (۲) جوش دب جانا۔ برداشت ہونا۔

**پِتّا لگانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کام میں جی لگانا۔

**پِتّا مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ روکنا۔ جوش کو قابو کرنا (۲) دل پر جبر کرنا۔ سختی برداشت کرنا (۳) ہمّت کرنا (۵) دل لگانا۔ محنت کرنا۔

**پِتّا مَرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ دھیما ہونا۔ تیزی نہ رہنا۔ گرمی نہ رہنا (۲) مزاج نرم ہو جانا (۴) صفرا کی کمی ہو جانا (۵) ہمّت نہ رہنا۔ حوصلہ کم ہو جانا۔

**پِتّا نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جان نکال لینا (۲) تنگ کرنا (۳) بہت مارنا۔

**پتال۔ پاتال۔ پتّال۔** (پ۔ تال) (پت۔ تال) (س۔ ا۔ مث) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔

**پتال جنتر۔** آگ پر رکھ کر کسی شے سے تیل نکالنے کا آلہ۔ آگ پر رکھ کر تیل نکالنے کا طریقہ۔ کل حکمت کرنا۔

**پتال کی خبر لانا۔** (ا۔ محاورہ) بات کی تہ تک پہنچنا (۲) دُور کی خبر لانا۔

**پِتانا۔** (پت۔ تا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) حیران ہونا (۲) شرمندہ ہونا (۳) حواس باختہ ہونا۔

**پتاور۔** (پ۔ تا۔ وَر) (ہ۔ ا۔ مذ) چھپّر بنانے کا پھوس۔

**پتائی۔** (پ۔ تا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پوتنا (۲) پوتنے کی مزدوری، پلستر یا لپائی کرنے کی اُجرت۔

**پَتّر۔** (پَت۔ تَر) (س۔ ا۔ مذ) (۱) برگ۔ پتّا۔ دال (۲) پان (۳) پتّہ۔ دستاویز۔ رُقعہ۔ پرچہ۔ خط (۴) طبق۔ تختہ (۵) سونے چاندی اور لوہے کے پتلے ٹکڑے۔

**پُتّر۔** (پُت۔ تر) (س۔ ا۔ مذ) بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ پُوت۔

**پَتّرا۔** (پَت۔ تَ۔ را) (س۔ ا۔ مذ) (۱) تقویم۔ جنتری۔ خطِ تقدیر (۲) ورق۔ صفحہ (۳) دھات کا ٹکڑا۔

**پترے کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) قلعی کھولنا۔ راز ظاہر کرنا۔ عیب بیان کرنا حقیقت کا اعلان کرنا۔

**پتّرائی۔** (پت۔ را۔ ای) (س۔ ا۔ مث) رشتہ داری۔ تین پُشت سے باپ کی طرف سے رشتہ داری۔

**پترنگا۔** (پت۔ رن۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک چڑیا۔

**پترَوَل۔** (Patrol) (پَت۔ رَول) (انگ۔ ا۔ مذ) رات کو گشت کرنے والی گارڈ۔ اصل لفظ پیٹرول ہے۔

**پَتّری۔** (پَت۔ ت۔ ری) (س۔ ا۔ مث) (۱) چٹھی۔ خط (۲) خطِ تقدیر۔ زائچہ۔ جنم۔ کنڈلی (۳) چھوٹا ٹکڑا۔

**پُتّری۔** (پُت۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پُتلی۔

**پُتّری۔** (پُت۔ تَ۔ ری) (س۔ ا۔ مث) لڑکی۔ دُختر۔ بیٹی۔

**پَتُریا۔** (پ۔ تُر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) رنڈی۔ فاحشہ عورت۔ بیسوا۔ کنچنی۔

**پتُریا کا ڈیرا جیسے ٹھگوں کا گھیرا۔** (ا۔ مثل) رنڈی کے گھر جا کر آدمی لُٹ جاتا ہے۔

**پَتُکی۔** (پ۔ تُ۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک چھوٹا برتن۔ پتیلی۔

**پتّل۔** (پت۔ تل) (س۔ ا۔ مث) (۱) پتّوں کی بنائی ہوئی تھالی جس میں ہندو کھانا کھاتے ہیں۔ ایک آدمی کی خوراک۔

**پتّل پروسنا۔** (ہ۔ محاورہ) پتّل میں کھانا رکھنا۔ پتّوں کے تھال میں کھانے کی چیزیں چُننا

**پتّل پھاڑی اور چل دیئے۔** (مثل) مطلب نکالا اور چل دیئے۔

**پتلا۔** (پَت۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) رقیق۔ بہنے والا۔ عرق (۲) باریک۔ ہلکا (۳) لاغر دُبلا (۴) کم زور (۵) نرم۔ نازک۔

**پتلا حال کرنا۔** (ا۔ صف) (۱) تنگ کرنا۔ ستانا (۲) بے حال کرنا (۳) بہت مارنا۔

**پتلا حال ہونا۔** (۱) بُرا حال ہونا (۲) قریب مرگ ہونا۔ سخت بیمار ہونا۔ (۳) نہایت کم زور ہونا (۴) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۵) رقیق ہونا (۶) مفلس اور کنگال ہونا (۷) بے عزّت ہونا۔

**پُتلا۔** (پُت۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تصویر۔ پیکر۔ بُت۔ صنم۔ مُورتی (۲) جسم۔ قالب ڈھانچہ۔ بے جان انسانی یا حیوانی مُورت۔ مجسمہ (۳) قبضہ (۴) بہت خوبصورت سجیلا۔ جوان۔ خوش رُو۔

**پُتلا گاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) آٹے کے آٹے یا کسی اور چیز کا پُتلا بنا کر تسخیر کے لیے زمین میں دفن کرنا۔

**پتلانا۔** (پت۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) کساؤ آنا۔ کسیا جانا۔ کھانے میں دھات کا زہریلا اثر ہو جانا۔ کھانے میں دھات کے برتن کے زہریلے مادے کا سرایت کر جانا۔

**پتلون۔** (Pantaloon) (پَت۔ لُون) (انگ۔ ا۔ مذ و مث) (۱) پینٹ



Marfat.com

مغربی طرز کا پاجامہ (۲) جانگیا۔ پاجامہ۔ شلوار۔

**پتلون ڈھیلی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرانا۔ پریشان ہونا (۲) ہمت ہار دینا۔

**پتلی۔** (و۔ صف) باریک۔ مہین۔

**پتلی آواز۔** (ا۔ صف) باریک آواز۔

**پتلی دال کھانے والا۔** (ا۔ محاورہ) کم زور۔ بزدل۔ کم ہمت۔

**پتلی کمر۔** (ا۔ صف) باریک اور نازک کمر۔

**پُتلی۔** (پُت۔ لی) (و۔ ا۔ مث) (۱) پُتلا کی تانیث (۲) گڑیا (۳) مٹی یا کاٹھ کی بنی ہوئی مُورت۔ تار یا ڈورے کے ذریعہ سے ناچنے والی گڑیا (۴) مردمک آنکھ کی سیاہی۔ آنکھ کا تل (۵) گھوڑے کے تلوے کا ابھار (۶) مشین۔ کل۔ (۷) نہایت خوبصورت۔ نہایت حسین۔

**پتلی پھیر لینا۔** (ا۔ محاورہ) بے وفائی کرنا۔ بے مروتی کرنا۔

**پتلی گھر۔** (ا۔ مذ) کارخانہ۔ کپڑے کا کارخانہ۔

**پتلیاں پھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پُتلی چڑھ جانا۔ مردمکِ چشم کا اوپر کو ہو جانا۔ (۲) حالت غیر ہو جانا۔ مرنے کے قریب ہو جانا۔

**پتلیاں نچانا۔** (ا۔ محاورہ) پتلیوں کا تماشا کرنا (۲) آنکھیں مٹکانا۔ آنکھوں کے اشارے کرنا۔

**پتلیوں کا تماشا۔** گڑیوں کا کھیل۔ پتلیوں کا کھیل۔ تصویروں کا کھیل۔

**پتلیوں میں گھر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت عزیز ہونا۔ پیارا ہونے کی جگہ۔

**پتمبر۔** (پ۔ تم۔ بر) (و۔ ا۔ مذ) ریشمی دھوتی۔ ریشمی کپڑا۔

**پتن۔** (پت۔ تن) (و۔ ا۔ مذ) دریا کی گزرگاہ۔ گھاٹ۔

**پُتنا۔** (و۔ مص) سفیدی ہونا۔ پوچی ہونا۔ پچارا پھرنا۔ قلعی ہونا۔

**پتنگ۔** (پت۔ تنگ) (و۔ ا۔ مذ) (۱) کنکوا۔ گڈی (۲) پروانہ۔ پتنگا (۳) ایک لکڑی جس سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔

**پتنگ اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) کنکوا اُڑانا۔

**پتنگ بازی۔** (ا۔ ف۔ مث) پتنگ کا کھیل۔ گڈی اڑانے کا تماشا۔ کنکوے اُڑانا۔

**پتنگ چھری۔** (ا۔ صف۔ مث) (۱) تیز۔ تند۔ چالاک (۲) حرافہ۔ لگائی بجھائی کرنے والی۔

**پتنگ ڈھا دینا۔** (ا۔ محاورہ) بڑھے ہوئے کنکوے کو گرا دینا۔

**پتنگ کٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کنکوے کی ڈور کا کٹ جانا (۲) کہیں سے نکالا جانا۔

**پتنگا۔** (پت۔ تن۔ گا) (و۔ ا۔ مذ) (۱) پتنگ۔ پروانہ (۲) چنگاری۔ شرارہ۔ آگ کا ذرّہ۔

**پتنگے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مرچیں لگنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا (۲) غصّے ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔ سخت ناراض ہونا۔

**پتنی۔** (پت۔ نی) (س۔ ا۔ مث) بیوی۔

**پتوار۔ پتوال۔** (پت۔ وار) (پت۔ وال) (و۔ ا۔ مث) (۱) پاتا۔ کشتی کا دُنبالہ سُکّان کشتی کا رُخ موڑنے کی لکڑی۔

**پتواس۔** (پت۔ واس) (و۔ ا۔ مث) کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری۔ پرند کے بیٹھنے کا اڈا۔

**پتوہ۔ پتوہو۔** (پ۔ توہ) (پ۔ تو۔ ہو) (و۔ ا۔ مث) بہو۔ بیٹے کی بیوی۔

**پتھ۔** (س۔ ا۔ مذ) رستہ۔ سڑک۔ راہ۔ شاہ راہ۔

**پتھر۔** (پتھ۔ تھر) (و۔ ا۔ مذ) (۱) چٹان کا ٹکڑا۔ سنگ۔ حجر (۲) ژالہ۔ اولا (۳) ہیرا۔ پنا۔ لال۔ زمرد۔ یاقوت وغیرہ (۴) چکی (۵) (صف) بھاری۔ بوجھل۔ (۶) نہایت۔ بہت۔ زیادہ (۷) کٹھن۔ مشکل (۸) بے رحم۔ ظالم۔ کند ذہن (۹) بے وقوف۔ نافہم (۱۰) ثقیل۔ دیر میں ہضم ہونے والی چیز۔

**پتھر اُدھیڑنا۔** (ا۔ محاورہ) پتھر اکھیڑنا۔

**پتھر برسانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت تعداد میں پتھر گرانا۔ پتھر مارنا۔

**پتھر برسنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پتھر پڑنا۔ پتھر گرنا (۲) اولے پڑنا۔ ژالہ باری ہونا۔

**پتھر بن جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خاموش ہو جانا (۲) گونگا بننا (۳) سنگ دل ہو جانا (۴) رحم نہ کرنا۔

**پتھر پانی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رحم آنا۔ ظالم کو ترس آنا (۲) سختی کاٹنا۔ مصیبت گزر جانا۔

**پتھر پر لگانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی دھار والی چیز کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا۔

**پتھر پر جونک نہیں لگتی۔** (ا۔ مثل) جس پر کسی بات کا اثر نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں۔

**پتھر پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پتھر برسنا۔ پتھر گرنا (۲) ژالہ باری ہونا۔ اولے پڑنا۔ (۳) دکھ میں گرفتار ہونا (۴) قحط پڑنا (۵) عقل و فہم اور سوجھ بچار کا جاتے رہنا۔

**پتھر پڑیں سمجھ پر۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تم نہیں سمجھتے۔ بے وقوف ہو (۲) سمجھ پر لعنت (۳) بہت بُرا کام کیا۔

**پتھر پسیجنا (پتھر پگھلنا)** (۱) پتھر میں تری آنا (۲) ظالم کا پگھلنا۔ نرم ہونا۔ سخت دل کا نرم ہونا۔ بخیل آدمی کا کچھ دینے پر آمادہ ہونا۔

**پتھر پھوڑ۔** (ا۔ مذ) (۱) سنگ تراش۔ پتھر پھوڑنے والا (۲) کھٹ بڑھئی۔ ہُدہُد۔

**پتھر تلے ہاتھ دبنا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسنا۔

**پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) فارغ ہونا۔ آزاد ہونا۔ مصیبت یا غم سے نجات پانا۔

**پتھر تلے کا ہاتھ۔** (ا۔ محاورہ) مجبوری۔ ناچاری۔ بے اختیاری۔

**پتھر چٹا۔** (۱) صیقل گر۔ اوزار کو سان پر رکھنے والا (۲) کنجوس۔ ممسک (۳) سانپ کی ایک قسم (۴) گھاس کی ایک قسم۔

**پتھر چٹانا۔** (ا۔ محاورہ) دھار تیز کرنا۔ پتھر پر رگڑنا۔ پتھر پر رگھسنا۔

**پتھر چلنا۔** (ا۔ محاورہ) پتھروں کی بوچھاڑ ہونا۔

**پتھر چھاتی پر دھرنا (دھر لینا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) صبر کرنا۔ استقلال رکھنا۔ (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا۔

**پتھر ڈھونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سخت محنت کرنا۔ نہایت دشوار کام کرنا (۲) فضول کام کرنا۔

**پتھر سا پھینک مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سختی سے جواب دینا۔ کرخت گفتگو کرنا (۲) کرخت خو سے بولنا۔

**پتھر سے چکی بھلی جو پیس کھائے سنسار۔** (ا۔ مثل) بُت پرستی پر طنز ہے۔



Marfat.com

**پتھر سے سر (پھوڑنا) مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے وقوف کو سمجھانا (۲) بے سُود اور بے فائدہ کوشش کرنا (۳) بہرے سے گفتگو کرنا۔
**پتھر کا جگر**۔ (ا۔ صف) (۱) سخت کلیجا (۲) بے رحم (۳) سنگ دل۔
**پتھر کا جگر پانی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سنگدل کو ترس آنا۔
**پتھر کا جواب پتھر**۔ (ا۔ مقولہ) سخت بات کا سخت جواب۔
**پتھر کا دل (جگر۔ کلیجا)**۔ (ا۔ صف) (۱) سنگ دل۔ ظالم۔ جابر۔ سخت دل۔ (۲) مضبوط۔ نڈر۔
**پتھر کلا**۔ (ہ۔ مذ) توڑے دار بندوق۔ چقماق کے ذریعے سے چلنے والی بندوق۔
**پتھر کا کلیجا کر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) دل کو سخت کر لینا۔
**پتھر کلیجے پر دھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) صبر کرنا۔
**پتھر کو پانی (موم) کر دینا یا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سنگ دل کو نرم کر دینا۔ بے رحم کو متاثر کرنا۔
**پتھر کھینچ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایسی بات کہنا جو سُننے والے کو ناگوار گزرے۔
**پتھر کی تصویر بننا**۔ (ا۔ محاورہ) خاموش ہو جانا۔ سکتے میں آ جانا۔
**پتھر کی چھاتی کر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) انتہائی ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔
**پتھر کی چھاتی**۔ (ا۔ مث) (۱) سخت دلی۔ سنگ دلی (۲) حوصلہ مندی ہمت بہادری (۳) دل جگر کا استقلال (۴) چھاتی مضبوط ہونا۔ سینہ سخت ہونا۔
**پتھر کی لکیر**۔ (ا۔ صف) (۱) نہ مٹنے والی چیز (۲) نقش کالحجر (۳) مضبوط۔ مستحکم۔
**پتھر کے نیچے ہاتھ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت مصیبت میں ہونا۔
**پتھر لڑھکانا**۔ (ا۔ محاورہ) ثقیل اور بھدے الفاظ استعمال کرنا۔
**پتھر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سنگسار کرنا (۲) سخت کلامی کرنا۔
**پتھر مارے مَوت نہیں**۔ (ا۔ مثل) نہایت سخت جان ہے۔ بہت بے حیا ہے۔ انتہائی بے شرم ہے۔
**پتھر میں جونک نہیں لگتی**۔ (ا۔ مثل) (۱) کنجوس کو رحم نہیں آتا۔ بخیل پیسہ خرچ نہیں کرتا (۲) بُزدل پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔
**پتھر نچوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ظالم سے رحم کی اُمید کرنا۔ کنجوس سے سخاوت چاہنا۔ بد سے نیکی کا خیال رکھنا (۲) بے سُود اور بے کار کام کرنا۔
**پتھر نہیں پگھلتے**۔ (ا۔ محاورہ) سنگ دل کو رحم۔ بخیل کو سخاوت۔ جفا کار کو وفا پتھر کو نرمی وغیرہ ہونا ناممکن ہے۔
**پتھر ہونا (ہو جانا)**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل ہونا۔ سخت ہونا (۲) بھاری ہونا۔ (۳) منجمد ہونا (۴) ایک جگہ پڑے رہنا۔ بے حس و حرکت ہونا (۵) بہرا ہونا (۶) اندھا ہونا (۷) بے کار ہونا (۸) بے رحم ہونا (۹) بُت ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
**پتھرا جانا۔ پتھرانا**۔ (پتھ۔ را۔ جا۔ نا) (پتھ۔ را۔ نا) [اُ۔ مص] (۱) پتھر ہو جانا۔ سخت ہو جانا (۲) آنکھ کا نور جاتے رہنا۔
**پتھرا دینا**۔ (پتھ۔ را۔ دے۔ نا) [اُ۔ مص] پتھر بنا دینا۔
**پتھراؤ**۔ (پتھ۔ را۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سنگ باری۔ پتھروں کی بوچھاڑ۔
**پتھروٹا**۔ (پتھ۔ رَو۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] پتھر کا کٹورا۔ بٹا۔ کونڈی۔ سِل۔ پتھر کا پیالہ۔
**پتھری**۔ (پتھ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سنگ ریزہ۔ سنگِ مثانہ۔ سنگ گردہ (۲) پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چقماق وغیرہ (۳) اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا آلہ (۴) سنگ دان۔ پرند کا ایک عضو جس میں پتھر وغیرہ ہضم ہو جاتے ہیں پوٹا۔
**پتھریلا**۔ (پتھ۔ ری۔ لا) [ہ۔ صف] پتھر ملا ہوا۔ سنگ آمیز۔ پتھرکا۔
**پتھریلی**۔ (پتھ۔ ری۔ لی) [ہ۔ صف] پتھر کی۔ پتھر ملی ہوئی چیز یا زمین۔
**پتھنا**۔ (پتھ۔ نا) [ہ۔ مص] ٹھوپنا۔ گوبر کے اُپلے بنانا (۲) زدوکوب کرنا۔
**پتھواری**۔ (پتھ۔ وا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] وہ جگہ جہاں اُپلے پاتھے جاتے ہیں۔
**پتھیر**۔ (پَ۔ تھیر) [ہ۔ ا۔ مث] اینٹیں بنانے کی جگہ۔
**پتھیرا**۔ (پَ۔ تھے۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] تھاپنے والا۔ پاتھنے والا۔ بنانے والا۔ ڈھالنے والا۔ اینٹیں یا اُپلے وغیرہ بنانے والا۔
**پُتھی**۔ (پُتھ۔ تھی) [ہ۔ ا۔ مث] پیاز کی گانٹھی۔
**پَتی**۔ (پَت۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا پتّا۔ کونپل۔ بُوٹی جڑی کے پتّے (۲) سبزی بھنگ۔ بوٹی (۳) چندہ۔ شرکت۔ ساجھا (۴) پترا۔ ٹکڑا۔
**پتی دار**۔ (ا۔ ف۔ صف) شریک۔ ساجھی۔ حصّہ دار۔ بہرہ ور۔
**پِتّی**۔ (پِت۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پِت کا فساد۔ پِت کی خرابی۔ صفرا کا بگاڑ (۲) ایک بیماری کا نام جو جوشِ خون سے پیدا ہوتی ہے۔
**پتی اُچھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) پِت کے فساد کا بدن پر ظاہر ہونا۔ صفرا کے بگاڑ کا جسم پر نمایاں ہونا۔
**پَتی**۔ (پَ۔ تی) [س۔ ا۔ مذ] شوہر۔ خاوند۔ سوامی۔ مالک۔
**پتی برتا**۔ (ہ۔ صف) (۱) پاک دامن۔ عفیفہ۔ نیک (۲) خاوند کی خدمت گار۔
**پتیانا**۔ (پَت۔ یا۔ نا) [اُ۔ مص] (۱) اعتبار کرنا۔ یقین کرنا۔ ساکھ کرنا (۲) خاطر میں لانا۔ دھیان دینا۔
**پَتیل**۔ (پَ۔ تیل) [ہ۔ صف] (۱) باریک۔ پتلا۔ کم زور۔ حبین (۲) چھرچھرا۔
**پَتیل**۔ [ف۔ ا۔ مذ] چراغ کی بتی۔
**پتیل سوز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) شمع دان۔
**پتیلا**۔ (پَ۔ تی۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] دیگچہ۔ بڑی پتیلی۔
**پتیلی**۔ (پَ۔ تی۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] دیگچی۔ دھات کی ہنڈیا۔

# پ ــ ٹ

**پَٹ**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کواڑ۔ تختہ (۲) اوندھا۔ اُلٹا۔ برگشتہ (۳) نقاب۔ اوٹ۔ برقع (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) فوراً۔ تُرت (۶) عرض۔ چوڑائی۔ پاٹ (۷) سنگھاسن۔ تخت۔
**پَٹ بھیڑنا**۔ (ا۔ مص) کواڑ بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا۔
**پَٹ۔ پَٹ**۔ (ا۔ مث) (۱) متواتر گرنے کی آواز۔ تڑاتڑ (۲) جھجک (۳) پیٹنے کی آواز۔
**پَٹ پَٹ بولنا**۔ (ا۔ محاورہ) تڑاق پڑاق بولنا۔ بے جھجک باتیں کرنا۔
**پَٹ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خلاف ہونا۔ غیر مؤثر ہونا (۲) بے سُود ہونا۔ تدبیر یا کسی حیلے کا بے اثر ہونا (۳) ہار جانا۔ ناکام ہو جانا۔
**پَٹ کھولنا**۔ (مص۔ مرکب) دروازہ کھولنا۔ گھونگھٹ اُٹھانا۔ نقاب ہٹانا۔



Marfat.com

پردہ ہٹانا۔

**پَٹ**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) کسی چیز کا سکڑنا یا تنگ ہونا (۲) کسی چیز کو تہ کرنا یا دوہرا کرنا (۳) تہ۔ گڑھا (۴) گولائی۔ دَور (۵) چادر اوڑھنا (۶) غلاف (۷) لنگوٹا۔ انگوچھا (۸) گھوڑے کا سُم (۹) دونا (۱۰) پگھلانے یا گھلانے والی چیز۔ ملین۔ محلّل۔

**پَٹ دیوی (رانی)**۔ (ہ۔ا۔مث) راجہ کی بڑی رانی۔

**پٹ**۔ (ہ۔ا۔مث) شائبہ۔ بُو۔ آمیزش۔ چاشنی۔ خمیر۔

**پٹّا**۔ (پَ۔ٹّا) (ہ۔ا۔مذ) پھری گدکے کا کھیل۔ لکڑی کا تماشا۔ سپہ گری کا فن۔

**پٹّا باز۔ پٹّے باز**۔ (ہ۔ف۔صف) (۱) پٹّے باز۔ پٹّے کا کھلاڑی۔ لکڑی کھیلنے والا۔ (۲) کھلونے کا نٹ جو ہلانے سے پٹّا کھیلتا ہے (۳) ایک آتشبازی

**پٹّے کے ہاتھ (دکھانا) نکالنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھوں کو اس طرح حرکت دینا جیسے پٹّے میں دیتے ہیں (۲) (مجازاً) جھوٹی دھمکی دینا۔ نمائشی دھاک بٹھانا۔

**پٹّا**۔ (پٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گلوبند۔ طوق۔ چوپائے کے گلے میں پہنانے کا چمڑے وغیرہ کا قلادہ (۲) اجارہ نامہ۔ مالک زمین کی طرف سے زمین کو کام میں لانے کا اجازت نامہ (۳) سر کے لمبے بال۔ پٹّے (۴) تختہ۔ پٹڑا۔ پٹڑی۔ بیٹھنے کا آلہ (۵) اوگی۔ چیکی۔ بانات۔ مخمل وغیرہ کی جوتی کے پتے جن پر کام بنا ہو (۶) دوپٹہ۔ اوڑھنا۔ ایک عرض کا (۷) پٹکا۔ پھینٹا۔ لنگی۔ کمر میں باندھنے کا کپڑا۔ چپراس۔ پیٹی (۸) دستور۔ نیگ۔ انعام۔ رواج۔ حق الخدمت جو دُلھن کے کمینوں اور خادموں کو بیٹے والے کی طرف سے رُخصت کے وقت دیا جاتا ہے۔ (۹) کرایہ یا محصول وصول کرنے کا دستور العمل۔

**پٹّا اُتارنا**۔ (۱) چپراس لے لینا۔ پیٹی اُتار لینا۔ برخاست کرنا۔ موقوف کرنا (۲) گلوبند کھول لینا (۳) جانور کو آزاد کر دینا (۴) نکال دینا۔ ملکیت سے خارج کر دینا (۵) ملازمت سے علیحدہ ہونا۔ آزاد ہونا۔

**پٹّا پھیر**۔ (ہ۔صف) دُولھا دُلھن کا پٹڑا بدلنا۔ شادی کی ایک رسم۔

**پٹّا پھیرنا**۔ (ا۔محاورہ) ہندوؤں کی ایک رسم جو پھیروں کے وقت ہوتی ہے۔

**پٹّا تڑانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بے زار ہونا۔ تنگ ہونا۔ عاجز آنا (۲) آوارہ ہونا۔ بھاگنے کا ارادہ کرنا۔ آزادی چاہنا (۳) زنجیر یا رسہ توڑنا۔

**پٹّا لکھوا لینا**۔ (ا۔محاورہ) قول و قرار کر لینا۔ معاہدہ کر لینا۔

**پٹاپَٹ**۔ (پَ۔ٹا۔پَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بوند یا پھلوں وغیرہ کے گرنے کی آواز (۲) سٹراسٹر۔ لگاتار۔ پٹنے کی آواز (۳) بکثرت۔ بافراط۔ کثرت کے ساتھ پھلوں کا گرنا (۴) پے در پے۔ متواتر۔

**پٹاپَٹ بولنا**۔ (ا۔محاورہ) متواتر یا لگاتار بولنا۔

**پٹاپٹی**۔ (پَ۔ٹا۔پَ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) ایک دھاری دار کپڑا۔

**پٹاپٹی کا پردہ**۔ [illegible] کا پردہ۔ مینا کاری کا پردہ۔

**پٹاپٹی کی گوٹ**۔ (ا۔مث) رنگا رنگ پھول پتی سے کاڑھا ہوا کنارہ۔ رنگ برنگی۔ پھول بیل سے تیار کیا ہوا حاشیہ۔

**پٹاپَر**۔ (پَ۔ٹا۔پَر) (ہ۔ا۔مذ) ایک پھل۔ رس بھری۔

**پٹاپڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (پَ۔ٹا۔پڑ۔نا) کثرت سے ہونا۔ بہت ہونا۔

**پٹّا دینا (پٹانا)**۔ (ا۔محاورہ) چھت ڈلوانا (۲) پوشش کرانا (۳) فرش بنوانا (۴) گڑھے کو پڑ کرا دینا (۵) سودا کرنا۔

**پٹاخ**۔ (پَ۔ٹاخ) (ہ۔ا۔مث) پٹاخہ۔ بندوق یا تھپڑ کی آواز۔

**پٹاخ سے بولنا**۔ (ا۔محاورہ) تڑت بولنا۔ فوراً جواب دینا۔ زور سے بولنا۔

**پٹاخا**۔ (پَ۔ٹا۔خا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پڑاخا (آتش بازی کی ایک قسم) (۲) بندوق کی ٹوپی (۳) شوخ۔ چنچل۔ چالاک (۴) تڑاق پڑاق بولنے والا۔ خوش آواز۔ (۵) نمکین۔ خوب صورت۔ معشوق۔

**پٹارا**۔ (پِ۔ٹا۔را) (ہ۔ا۔مذ) بید، لکڑی یا بانس کا بنا ہوا بکس۔

**پٹارا توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) چوری کرنا۔

**پٹاری**۔ (پِ۔ٹا۔ری) (ہ۔ا۔مث) بید یا بانس کی بنی ہوئی صندوقچی (۲) میوہ رکھنے کی ٹوکری (۳) ایک کیڑا جو چاولوں میں پیدا ہوتا ہے۔

**پٹاری کا خرچ**۔ (ا۔مذ) (۱) پاندان کا خرچ۔ پان چھالیہ کا صرفہ (۲) حرام کاری کی اُجرت۔

**پٹاری میں بند رکھنے کے قابل**۔ (ا۔صف) (طنزاً) عجیب و غریب۔ نادر۔

**پُٹاش**۔ (Potash) (پُ۔ٹاش) (انگ۔ا۔مذ) ایک آتش گیر مادّہ۔ کھار سجی۔ مٹی۔

**پٹاک۔ پٹاق**۔ (پَ۔ٹاک) (پَ۔ٹاق) (ہ۔ا۔مذ) پَٹ پَٹ۔ بھد بھد۔ پھل گرنے کی آواز۔

**پٹاکا**۔ (پَ۔ٹا۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پٹاخا۔ چنچل۔ شوخ (۲) خوبصورت۔

**پٹانا**۔ (پَ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) وصول کرنا (۲) آب پاشی کرنا (۳) چھت ڈلانا (۴) سودا کرنا۔ لین دین کرنا۔

**پٹاؤ**۔ (پَ۔ٹا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوشش۔ چھت۔ کڑی۔ تختہ (۲) آب پاشی۔

**پَٹ بندھک**۔ (پَٹ۔بن۔دھک) (ہ۔ا۔مث) کفالت و اصالت۔ جس میں سے سُود اور اصل دونوں مقررہ میعاد میں ادا کیے جاتے ہیں۔

**پیٹ بھرا**۔ (پیٹ۔بھ۔را) (ہ۔صف) دیکھیے پیٹ بھرا۔ آسودہ۔ مطمئن۔

**پَچھتانا**۔ (پَٹ۔پَ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) حسرت و افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ رنج کرنا۔

**پَٹ پُچھنا**۔ (پَٹ۔پُچھ۔نا) (ہ۔صف) آخری اولاد۔

**پھٹکارنا**۔ (پھٹ۔کار۔نا) (اُ۔مص) (۱) پھٹکارنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) پیٹنا۔ دھمکانا۔

**پٹخنا**۔ (پَ۔ٹخ۔نا) (اُ۔مص) (۱) پٹکنا۔ دے مارنا۔ پچھاڑنا (۲) سُوجن کم ہونا

**پٹخنی**۔ (پَ۔ٹخ۔نی) (ا۔ا۔مث) (۱) کشتی میں زمین پر دے مارنا۔ گرانا۔

**پٹخنیاں دینا**۔ (ا۔محاورہ) بار بار زمین پر دے مارنا۔

**پٹخنیاں کھانا**۔ (ا۔محاورہ) پچھاڑیں کھانا۔ لوٹنیاں لینا۔ گر گر پڑنا۔ تڑپنا۔ لوٹنا۔

**پٹر پٹر**۔ (پَ۔ٹَر۔پَ۔ٹَر) (ہ۔تابع فعل) (۱) تڑاق پڑاق۔ بے روک ٹوک۔ (۲) آنکھ ملا کر۔ آنکھیں کھول کر۔

**پٹر پٹر باتیں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بہت باتیں کرنا۔ تڑاق پڑاق باتیں کرنا۔

**پٹڑا۔ پٹڑا**۔ (پَٹ۔ڑا) (پَٹ۔ڑا) (س۔ا۔مذ) (۱) تختہ۔ چوکی (۲) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا تختہ۔ لکڑی یا پتھر کی سِل (۳) چپٹی لکڑی کا ایک لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لیے کھیت میں پھیرتے ہیں (پن) سہاگہ۔

**پٹڑا (پٹڑا) پھیرنا**۔ (ا۔محاورہ) صفایا کر دینا (۲) سہاگہ پھیرنا۔

**پٹڑا (پٹڑا) کر دینا**۔ (ا۔محاورہ) تباہ کر دینا (۲) ہموار کر دینا (۳) کمزور کر دینا۔



Marfat.com

**پَٹ رانی۔** (پَٹ۔را۔نی) (ہ۔ا۔مث) پہلی ملکہ۔ بھا مانی۔ بڑی رانی۔ وہ رانی جس کی اولاد گدّی کی حقدار ہو۔

**پٹرول۔** (Petrol) (پٹ۔رول) (انگ۔ا۔مذ) وہ معدنی تیل جس سے موٹر چلتی ہے۔ انجن کا تیل۔

**پٹری۔ پٹڑی۔** (پٹ۔ری) (پٹ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تختی۔ چھوٹا تختہ۔ لوح۔ (۲) نہر کا کنارہ۔ سڑک کا کنارہ۔ حاشیہ۔ پینڈ۔ ڈول (۳) باغ کی چھوٹی روش (۴) ران (۵) کھپریل کا کھپرا جس پر نلیاں جمائی جاتی ہیں۔

**پٹری جمانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) آلتی پالتی لگانا (۲) گھوڑے پر ران جما کر بیٹھنا۔

**پِٹس۔** (پِٹ۔ٹس) (ہ۔مص) پیٹنا۔ رونا۔ ماتم۔ دُکھڑا رونا۔ زدوکوب۔

**پَٹ سَن۔** (پَٹ۔سَن) (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جس میں سے سَن نکالتے ہیں۔

**پٹکا۔** (پٹ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیٹی۔ کمربند۔ کمرپیچ۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ یا رومال (۲) مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔

**پٹکا باندھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کمر باندھنا (۲) کسی کام کے لیے مستعد ہونا۔

**پٹکا پکڑنا۔** (ا۔محاورہ) دامن پکڑنا۔ روکنا۔ مزاحم ہونا۔ تعرض کرنا۔

**پٹکار۔** (پٹ۔کار) (ہ۔ا۔مث) چابک یا رسّی جو گھوڑے کو چلانے اور پرندوں کو کھیت سے اُڑانے کے کام آتی ہے۔

**پٹکن۔** (پَٹ۔کَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) بے چینی۔ بے کلی (۲) دھکا (۳) گرنا (۴) سوچن کا کم ہونا۔

**پٹکنا۔** (پٹ۔ک۔نا) (ہ۔مص) پٹخنا۔ دے مارنا۔ گرانا۔

**پٹکنی۔** (پٹ۔ک۔نی) (ہ۔ا۔مث) پٹخنی۔ زمین پر گرانے کا عمل۔

**پٹکی۔** (پٹ۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مرگِ ناگہانی (۲) بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے اکثر ساگ یا سالن میں ڈالتے ہیں (۳) آفت۔ مصیبت (۴) غصہ۔

**پٹکی پڑنا۔** (ا۔محاورہ) خدا کا غضب نازل ہونا۔ آفت ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔

**پٹکی پڑے۔** (ا۔بددُعا) غارت ہو۔ غضب نازل ہو۔

**پٹکی ڈالنا۔** اندھا کر دینا۔ آنکھیں بند کر دینا۔

**پٹل۔** (پَ۔ٹل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھٹت۔ چھپر (۲) ڈھکنا۔ دوپٹہ۔ نقاب (۳) آنکھ کی جھلی (۴) تعداد۔ مقدار (۵) گروہ۔ بھیڑ (۶) ٹوکری (۷) حشم قدم (۸) کتاب۔ باب (۹) منتر۔ اشلوک (۱۰) ماتھے پر صندل کا ٹیکہ۔

**پٹلا۔** (پُٹ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) پُشتارہ جس میں چیزیں باندھتے ہیں۔ پوٹلا۔

**پٹلی۔** (پُٹ۔لی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا پُٹلا۔ پوٹلی۔

**پٹم۔** (پٹ۔ٹم) (ہ۔صف) بند۔ مُندا ہوا۔

**پٹم ہونا۔** (ا۔محاورہ) اندھا ہونا۔ چوپٹ ہونا۔

**پٹمی لگانا۔** (پٹ۔می۔ل۔گا۔نا) (اُ۔مص) گتے کے ٹکڑے سے بونا۔

**پٹن۔** (پٹ۔ٹن) (س۔ا۔مذ) گھاٹ۔ دریا کو عبور کرنے کی جگہ۔ پتّن (۲) آبادی۔ بستی۔

**پٹن۔** (پٹ۔ٹن) (ہ۔ا۔مث) پیٹن۔ ماتم۔ کہرام۔

**پٹنا۔ پَٹ جانا۔** (پٹ۔نا) (پَٹ۔جا۔نا) (اُ۔مص) (۱) وصول ہونا۔ حاصل ہونا (۲) ہاتھ لگنا۔ سودا بننا (۳) پوشش ہونا۔ چھایا جانا۔ کڑی تختے سے دُرست ہونا (۴) آب پاشی ہونا (۵) بھرنا۔ لبالب ہونا۔ بکثرت ہونا۔

**پِٹنا۔** (پِٹ۔نا) (اُ۔مص) (۱) مار کھانا (۲) ماتم۔ کہرام (۳) رنج۔ غم (۴) مصیبت۔

**پٹنی۔ پٹونی۔** (پٹ۔نی) (پ۔ٹو۔نی) (ہ۔ا۔مذ) ملاح۔ ماجھی۔ کھویا۔

**پٹو۔** (پٹ۔ٹو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا۔ ہاتھ سے کاتا اور بُنا ہوا اُونی کپڑا۔

**پِٹّو۔** (پِٹ۔ٹو) (اُ۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) پٹنے والا۔ مار کھانے والا۔ ذلیل (۲) ہار جانے والا۔ بھاگ جانے والا۔

**پٹوا۔** (پٹ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) گوٹے اور زیور وغیرہ میں ڈورے ڈالنے والا۔ طاقہ بند۔ زری باف۔

**پٹواری۔** (پٹ۔وا۔ری) (ہ۔ا۔مذ) کارندہ۔ گاؤں کے رقبے۔ پیمائش۔ پیداوار لگان اور مال گزاری کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

**پٹوانا۔** (پٹ۔وا۔نا) (اُ۔مص) (۱) وصول کرانا۔ دلوانا (۲) سودا کرانا۔ معاملہ کرانا۔ طے کرانا۔ چھت ڈلوانا (۳) آب پاشی کرانا (۴) بھروانا۔ پُر کرانا۔

**پِٹوانا۔** (پِٹ۔وا۔نا) (ہ۔مص) (۱) مار کھلوانا۔ ضرب لگوانا (۲) جھک جھک کرانا۔ بکوانا (۳) ماتم کرانا۔

**پٹوتن۔** (پ۔ٹو۔تن) (ہ۔ا۔مث) چھت پاٹنے کے تختے۔

**پٹوڑ۔** (پ۔ٹو۔ڑ) (ہ۔ا۔مث) ماتم۔ کہرام۔

**پٹولا۔** (پ۔ٹو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) ریشم کا کپڑا۔

**پٹولی۔** (پ۔ٹو۔لی) (ہ۔ا۔مذ) پٹوا۔ ہار یا زیور میں ریشم کا ڈورا ڈالنے والا۔

**پٹونی۔** (پ۔ٹو۔نی) (ہ۔ا۔مذ) کشتی چلانے والا۔ ملاح۔

**پٹہ۔** (پٹ۔ٹہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ تحریر جس کے ذریعے سے جائداد غیر منقولہ لگان یا کرائے پر دی یا لی جائے۔ وہ دستاویز جو کاشت کار مالکِ زمین کو اجارے کی بابت تحریر کر دے۔ ٹھیکہ داری ہر قسم کی دستاویز (۲) چپراس۔

**پٹہ دار۔** (ا۔ف۔مذ) پٹہ لینے والا۔

**پٹہ میعادی۔** (ا۔صف) وہ پٹہ جو ایک محدود زمانے کے لیے دیا جائے۔

**پٹھیا۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) نوجوان بکری (۲) خوب صورت۔ جوانی میں بھری ہوئی۔

**پٹھو۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) آمیزش (۲) پُٹھا۔ جانور کی دُم کے اُوپر کا حصّہ۔ پیٹھ اور دُم کا درمیانی حصّہ۔

**پَٹھا۔** (پٹھ۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پہلوان۔ ریل (۲) بدن کے وہ ریشے جن کے ذریعہ جسمانی اعضا سکڑتے اور پھیلتے ہیں (۳) نوجوان۔ نوخیز۔ جوان بچہ (۴) تنکا۔ شاخ۔ ٹہنی (۵) کتاب کے دونوں طرف جو موٹا کاغذ حفاظت کے لیے لگاتے ہیں (۶) چوڑی چوڑی جو باریک چوڑیوں کے درمیان میں پہنی جاتی ہے (۷) اطلس یا ساٹن وغیرہ کی چوڑی گوٹ جو دوپٹوں اور لُنگیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے (۸) گھاس کا پتا۔

**پٹھوں (پٹھوں) میں (بیٹھنا) گھسنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پٹھوں میں اثر کر جانا (۲) دل میں گھر کرنا۔ طبیعت میں دخل پانا (۳) گہرا دوست بننا۔ رفیق دمِ دم بننا۔

**پُٹھا۔** (پُٹھ۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جانور کا چوتڑ۔ سُرین کا بالائی حصّہ۔

**پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا۔** پاس نہ پھٹکنے دینا۔ پاس نہ آنے دینا (۲) راضی نہ ہونا۔ پسند نہ کرنا (۳) گھوڑے کا سوار نہ ہونے دینا۔ بدکنا۔ وحشت کرنا۔



Marfat.com

**پٹھان** - (پَ۔ ٹھان) [اُ۔ ا۔ مذ] (۱) افغان (۲) پاکستان کی مغربی سرحد کے علاقوں میں رہنے والے مسلمان (۳) بہادر۔ دلیر۔ جنگی سپاہی۔ لڑاکا۔

**پٹھان کا پُوت گھڑی میں اولیا، گھڑی میں بھُوت۔** (مثل) متلوّن مزاجی ظاہر کرنے پر کہتے ہیں کہ پٹھان کے مزاج کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ ذرا سی بات میں ناراض ہو جاتے ہیں اور ذرا سی بات میں خوش۔

**پٹھانا۔ پٹھاونا** - (پَ۔ ٹھا۔ نا، پَ۔ ٹھا۔ و۔ نا) [ہ۔ مص] بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ ارسال کرنا

**پٹھانی** - (پَ۔ ٹھا۔ نی) [اُ۔ ا۔ مث] پٹھان کی تانیث۔

**پٹھ بلا** - (پِٹھ۔ بل۔ لا) [ہ۔ ا۔ مث] لباس کی کمر۔ کپڑے کا وہ حصہ جو پہننے کی حالت میں پیٹھ سے ملا رہے۔

**پٹھو** - (پِٹھ۔ ٹھو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دُم چھلا۔ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا (۲) رفیق۔ مددگار (۳) اسباب بھرنے کا پٹارا (۴) غلام۔ خوشامدی۔

**پٹھوال** - (پِٹھ۔ وال) [ہ۔ ا۔ مذ] ساتھی۔ رفیق۔ مددگار۔ پُشت پناہ۔ پیچھے سے حفاظت کرنے والا۔ چور کا محافظ۔

**پٹھور** - (پَ۔ ٹھور) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چوزہ (۲) نوجوان بکری۔

**پٹھوری** - (پَ۔ ٹھو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] نوجوان بکری۔

**پٹھی پیٹھی** - (پِٹ۔ ٹھی) (پی۔ ٹھی) [ہ۔ ا۔ مث] دھلی اور پسی ہوئی دال۔

**پٹھے** - (پِٹھ۔ ٹھے) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) رگ۔ نس۔ بہت سے پٹھے۔ اعصاب (۲) نوعمر۔ نوجوان (۳) سر کے دونوں طرف کے بال۔

**پٹھیا** - (پِٹھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بکری۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کا مادین جوان بچہ۔ (۲) نوعمر لڑکی۔

**پٹی** - (پِٹ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دھجی (۲) حصہ۔ جزو۔ ٹکڑا (۳) سربند۔ بندھن (۴) گاؤں کا چھوٹا حصہ۔ قطعۂ زمین (۵) پگڑی کی بندش کی قسم (۶) شیرینی کی لمبی قاشیں گزک کی لمبی چپٹی چوکور قاشیں (۷) بازو۔ بلی جو چارپائی کے دو جانب لگی ہوتی ہے (۸) صف۔ قطار۔ بھاگ (۹) لمبی دوڑ (۱۰) ماتھے پر گوند وغیرہ سے جمائے ہوئے بال (۱۱) تختی۔ لوح (۱۲) سبق۔ باب (۱۳) دھوکا۔ فریب۔ بدظنی۔ مخالفت۔ غیبت (۱۴) تلگوٹ (۱۵) حاشیہ۔ کنارہ۔ روش۔ پٹڑی (۱۶) جانب (۱۷) گرم کپڑے کا لمبا ٹکڑا جو فوجی یا پولیس کے سپاہی پنڈلیوں پر لپیٹتے ہیں (۱۸) وہ کپڑا جو بچہ اور زچہ کے سر پر بعد وضع حمل باندھتے ہیں۔ (۱۹) کاغذ کی وہ رنگین دھجی جو کنکوے میں آڑی ڈالی جاتی ہے۔

**پٹی آنکھوں پر باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا (۲) بے مروتی کرنا۔

**پٹی باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) بندھن باندھنا۔ زخم یا آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجی باندھنا۔

**پٹی جمانا۔** (ا۔ محاورہ) پانی یا تیل سے بالوں کی تہ ماتھے پر جمانا۔ بال بنانا۔ سنگار کرنا۔

**پٹی پڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سبق پڑھانا۔ سمجھانا (۲) بہکانا۔ ورغلانا۔

**پٹی تلے کا۔** (ا۔ صف) بے وقعت۔ کم رُتبہ۔ حقیر۔ ذلیل۔

**پٹی چڑھنا۔** (۱) بہکاوے میں آجانا (۲) زخم یا ضرب پر کپڑا لپیٹنا۔

**پٹی دار۔** (۱) حصہ دار۔ شریک۔ حق دار۔ ساجھی (۲) پٹی کا مالک۔ گاؤں کا شریک (۳) پتنگ جس میں آڑی دھجیاں ہوتی ہیں۔

**پٹی دار گولا** - [ہ۔ ا۔ مذ] وہ گولا جو خاص طریقے سے (پتنگ کی ڈور) لپیٹنے سے بنتا ہے۔

**پٹی داری۔** [ہ۔ ا۔ مث] حصہ داری۔ شرکت۔ پتی داری۔ ساجھا۔

**پٹی داری ناُمکمل** - [ہ۔ ا۔ مث] وہ پٹی داری جس میں کچھ اراضی تقسیم شدہ ہو اور کچھ مشترک۔

**پٹی داری مطلق** - [ہ۔ ا۔ مث] شاملاتی۔ بھیّا چارہ۔

**پٹی دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) تختی دینا (۳) گھوڑے کو لمبا اور سیدھا دوڑانا۔

**پٹی سے پٹی ملانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت قریب ہونا۔

**پٹی سے لگ کے رونا۔** (ا۔ محاورہ) پلنگ کی پٹی کے پاس بیٹھ کر رونا۔

**پٹی نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) سر کے بالوں کی آرائش کرنا۔

**پٹی وار۔** [ہ۔ ف۔ مث] حصہ رسد کے مطابق۔

**پٹیاں جمانا۔** (۱) بالوں کو ماتھے کے دونوں طرف جمانا (۲) چوکے قائم کرنا۔ پتھر کی سلوں کو چھت یا دیواروں میں لگوانا۔

**پٹے** - (پَٹ۔ ٹے) [ہ۔ ا۔ مذ] پٹا کی جمع۔ سر کے بال جنہیں مرد سر کے دونوں طرف کانوں تک یا گردن تک لٹکاتے ہیں۔

**پٹے چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سر کے بالوں کا بڑھنے دینا۔ سر کے بالوں کو گردن کے اوپر چھوڑنا۔

**پٹیا** - (پَٹ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پتھر کی سل۔ پتھر کا تختہ یا چوکا (۲) پٹی۔ ماتھے پر بالوں کا جمانا۔

**پٹیت** - (پَ۔ ٹیت) [ہ۔ صف] (۱) پٹا کھیلنے والا۔ پٹے کا کھلاڑی (۲) بے وقوف (۳) سیاہ۔ سُرخ۔ زرد۔ نیلا کبوتر جس کے گلے میں سفید دھاری ہو (۴) دشمن (۵) [ا۔ مذ] ٹھیکیداری (۶) گاؤں کی کسی پٹی کا مالک۔

**پٹیتی** - (پَ۔ ٹے۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پٹے کے فن میں مہارت (۲) دُشمنی۔ عداوت (۳) وہ عداوت جو پڑوس میں رہنے سے ہو۔

**پٹیر۔ پٹیرا** - (پَ۔ ٹیر) (پَ۔ ٹے۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) بانس کا کاغذ۔

**پٹیل** - (پَ۔ ٹیل) [ہ۔ ا۔ مذ] گاؤں یا علاقے کا سردار۔ مکھیا۔ ایک ذات۔

**پٹیل** - (پَ۔ ٹیل) [ہ۔ ا۔ مذ] پٹے باز۔

**پٹیل** - (پَ۔ ٹیل) [ہ۔ صف] مار کھانے والا۔ دبیل۔

**پٹیلا** - (پَ۔ ٹے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی چٹائی بنتی ہے۔ (۲) بیڑا۔ بانسوں کی لکڑیوں کو باندھ کر سطح آب پر بنا ہوا چبوترہ جو کشتی کا کام دیتا ہے (۳) کھیت میں پھیرنے کا تختہ۔ سہاگہ (۴) سل۔ چٹان۔

**پٹیل ڈالنا** - (پَ۔ ٹیل۔ ڈال۔ نا) [ہ۔ مص] کم قیمت پر بیچ ڈالنا۔

**پٹیلنا** - (پَ۔ ٹیل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بازی لینا۔ جیتنا (۲) حاصل کرنا۔ کمانا (۳) ٹھونکنا۔ پیٹنا۔ مارنا (۴) شکست دینا۔ نیچا دکھانا۔

**پٹیلوں** - (پَ۔ ٹی۔ لوں) [ہ۔ ا۔ مث] تیتر کی آواز۔



Marfat.com

**پٹیلی**۔ (پ۔ ٹی۔ لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک چھوٹی کشتی۔
**پٹیلی**۔ (پَ۔ ٹے۔ لی) [ہ۔ا۔مث] گاؤں کی نمبرداری۔
**پٹیلی**۔ (پ۔ ٹے۔ لی) [ہ۔صف] پٹنے والی۔ مار کھانے والی۔
**پٹیما**۔ (پَ۔ ٹی۔ ما) [ہ۔ا۔مذ] تختہ جسے کپڑا چھاپنے کے لیے بچھایا جاتا ہے۔
**پٹین**۔ (پٹ۔ ٹین) [انگ۔ا۔مذ] (۱) حلوے کی قسم کا ایک لذیذ کھانا (۲) لکڑی کی دروازوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا مسالہ۔ شیشوں کو کواڑوں میں چپکانے کا مسالہ۔ لُگدی۔

## پ ـــ ج

**پجا**۔ (پُ۔ جا) [ہ۔صف] بھرا۔ آباد۔
**پجاپا**۔ (پُ۔ جا۔ پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پُوجنے کا سامان۔ چڑھاوے کی چیزیں (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ مصیبت۔
**پجاپا پھیلانا**۔ (ا۔ محاورہ) بکھیڑا پھیلانا۔ بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا۔
**پجاری**۔ (پُ۔ جا۔ ری) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پُوجنے والا۔ عبادت کرنے والا (۲) مجاور (۳) (مجازاً) بُتوں کی پُوجا کرنے والا۔ پانڈے۔
**پجانا**۔ (پُ۔ جا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) تکمیل کرنا (۲) بھرنا۔ پورا کرنا۔
**پجاوا**۔ (پَ۔ جا۔ وا) [انگ۔ا۔مذ] پزاوہ۔ آوہ۔ بھٹہ۔
**پجنا**۔ (پُج۔ نا) [ہ۔مص] (۱) پرستش کیا جانا (۲) مانا جانا۔
**پجوانا**۔ (پُج۔ وا۔ نا) [ہ۔مص] عبادت کرانا۔ بندگی کرانا۔ پرستش کرانا۔
**پجوڑا**۔ (پَ۔ جو۔ ڑا) [ہ۔صف] نہایت پاجی۔ بہت کمینہ۔ سخت نالائق۔
**پجوڑی**۔ (پ۔ جو۔ ڑی) [ہ۔صف] پاجی عورت۔ پجوڑا کی تانیث۔

## پ ـــ چ

**پچ**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ رعایت (۲) تعصب۔ ضد (۳) کوشش (۴) پانچ کا مخفف مرکبات میں (۵) پچنا کا امر۔
**پچ پر ہونا۔ پچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) طرف دار ہونا۔ طرف داری کرنا۔ جانب داری کرنا۔
**پچ پچوانی**۔ پانچ شادیاں جو ہندو دعوت میں دیتے ہیں۔
**پچ پہلو**۔ مخمس۔ وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں۔
**پچ پھولا رانی بنی ہیں**۔ (مثل) نہایت نازک ہیں۔ نزاکت پر بہت گھمنڈ ہے
**پچ درہ**۔ پانچ دروں کا مکان۔
**پچ دھات**۔ (ہ۔صف) پانچ دھاتوں کا مرکب جس کے گھنگھرو بنتے ہیں۔
**پچ رنگ۔ پچ رنگا**۔ (ہ۔ا۔صف) پانچ رنگ کا۔ رنگا رنگ کا۔
**پچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طرف داری کرنا۔ رعایت کرنا (۲) تعصب کرنا (۳) کوشش کرنا۔ اپنے منہ سے نکلی ہوئی بات پر اڑے رہنا۔
**پچکلیان**۔ (ہ۔صف) وہ جانور جس کے چاروں پیر اور ماتھا سفید ہو۔ خصوصاً گھوڑا (۲) دوغلا۔
**پچ گنا**۔ (ہ۔صف) پانچ سے ضرب دیا ہوا۔ پانچ حصے زیادہ۔
**پچلڑا**۔ (ہ۔ا۔مذ) پانچ لڑیوں کا۔ ہار۔
**پچلڑی**۔ پچلڑا کی تانیث۔ پانچ لڑیوں والی۔
**پچلونا**۔ (ہ۔صف) (۱) پانچ نمکوں سے بنا ہوا چورن (۲) پانچ ذائقوں ۔ پانچ مزوں کا۔
**پچ محلہ۔ پچ منزلہ**۔ (ہ۔صف) پانچ منزلوں کا مکان۔
**پچ میل**۔ (ہ۔صف) (۱) پانچ چیزوں کا مرکب (۲) ہر قسم کا۔ سب طرح کی۔
**پچ ہتھا۔ پچ ہتا**۔ (۱) پانچ ہاتھ کے قد کا (۲) لمبے قد کا (۳) پورا آدمی
**پچا بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہضم کر جانا۔ غضب کرنا۔
**پچارا**۔ (پُ۔ چا۔ را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چونا پھیرنے کی کوچی۔ برش (۲) ہلکا رنگ سفیدی وغیرہ کی پتلی تہ۔
**پچارا پھیرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چونا پھیرنا۔ رنگائی کرنا۔ سفیدی کرنا۔ پوتنا (۲) صفائی کرنا۔ مٹانا (۳) بہکانا۔ ترغیب دینا۔
**پچارا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دیکھیے پچارا پھیرنا (۲) روغن تاز ملنا (۳) خوشامد کرنا۔
**پچارے میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) فریب میں آنا۔
**پچاس**۔ (پَ۔ چاس) [ہ۔صف] پانچ دھائی۔ پنجاہ۔ ۵۰۔
**پچاسا**۔ (پَ۔ چا۔ سا) [انگ۔ا۔مذ] (۱) پچاس روپیہ کا وزن (۲) پچاس روپیہ۔ وزن تولنے کا کانٹا (۳) پچاس کی تعداد۔ پچاس کی رقم۔
**پچاسواں**۔ (پَ۔ چاس۔ واں) [انگ۔صف] اگر ایک کو پچاس حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ان حصوں میں سے ایک ۔ $\frac{1}{50}$
**پچاسوں**۔ (پَ۔ چا۔ سوں) [ہ۔صف] (۱) پچاس کے پچاس (۲) بہت۔ بکثرت۔ زیادہ۔
**پچاسی**۔ (پ۔ چا۔ سی) [ہ۔صف] پانچ اوپر اسی۔ اسی اور پانچ (۸۵)۔
**پچانا**۔ (پَ۔ چا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) ہضم کرنا۔ برداشت کرنا (۲) مال مار کر کھا جانا۔ چٹ کرنا۔
**پچانوے**۔ (پَ۔ چان۔ وے) [ہ۔صف] نوے اور پانچ۔ نود و پنج ۔ ۹۵۔
**پچاؤ**۔ (پَ۔ چا۔ او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہضم کی طاقت (۲) برداشت۔ سہارا۔
**پچ پچ**۔ [ہ۔ا۔مث] کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔
**پچ پچ کرنا۔ پچ پچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیک تھوکنا (۲) کیچڑ میں چلنے سے آواز نکلنا۔
**پچ پچ**۔ [ہ۔ا۔مث] پیار کی آواز جس سے جانور کو بُلاتے یا اُس کے غصے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔
**پچ پچا**۔ (پچ۔ پ۔ چا) [ہ۔صف] (۱) وہ کچا کھانا جس کا پانی خشک نہ ہوا ہو۔ نرم۔ ڈھیلا۔
**پچپچانا**۔ (پچ۔ پ۔ چا۔ نا) [ہ۔مص] رطوبت سے بھرا ہونا۔
**پچپچاہٹ**۔ (پچ۔ پ۔ چا۔ ہٹ) [ہ۔ا۔مث] پچپچانے کی کیفیت۔



Marfat.com

**پچپن** ۔ (پَچ۔پَن) [ہ۔صف] پانچ اُوپر پچاس۔ پنجاہ و پنج۔ ۵۵۔

**پچتانا** ۔ (پَچ۔تا۔نا) [ہ۔مص] (۱) افسوس کرنا۔ حسرت (۲) شرمانا۔ نادم ہونا۔

**پچتاوا** ۔ (پَچ۔تا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) حسرت۔ افسوس (۲) شرم۔ ندامت۔ پشیمانی۔ شرمندگی۔ پچھتانا۔

**پچتولیا۔ پچتولیہ** ۔ (پَچ۔تو۔لِ۔یا ۔ پَچ۔تو۔لِ۔یہَ) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کپڑا۔

**پچخنا** ۔ (پِ۔چَخ۔نا) [ہ۔مص] پچکنا۔ دب جانا۔

**پچڑ** ۔ (پَچ۔چَڑ) [ہ۔ا۔مث] (۱) روک۔ مزاحمت۔ تعرّض (۲) میخ۔ کھونٹی لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو لکڑی چیرتے وقت دراز کُھلی رہنے کے لیے لگایا جائے۔

**پچڑ اڑانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) کھونٹی گاڑنا (۲) فانہ لگانا (۳) [کنایۃً] روک ٹوک کرنا (۴) لکڑی کی دراز میں لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا پھنسانا۔

**پچڑ پڑنا** ۔ ناگہانی آفت پڑنا۔

**پچڑ ٹھونکنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا (۲) مزاحمت کرنا۔ روک ٹوک کرنا۔

**پچڑ مارنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) رخنہ ڈالنا (۲) بھانجی مارنا۔ کام بگاڑنا۔ چُغلی کھانا۔

**پچک** ۔ (پَ۔چَک) [ہ۔ا۔مث] مُرغی کے انڈے کا نچلا حصّہ۔

**پچکار** ۔ (پَچ۔کار) [ہ۔ا۔مث] (۱) چُمکار۔ پیار (۲) اطمینان۔ دلاسا۔ تھپک۔

**پچکارنا** ۔ (پُچ۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) چُمکارنا۔ پیار کرنا (۲) تسلّی دینا۔ اطمینان کرنا۔ دلاسا دینا۔ تھپکنا۔ تھپکی دینا۔

**پچکاری** ۔ (پُچ۔کا۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) چُمکاری (۲) پچکار (۳) پیار کی آواز۔

**پچکاری دینا** ۔ (ا۔محاورہ) جانور یا بچے کو پیار کرنے کے لیے بُلانا۔

**پچکاری** ۔ (پِچ۔کا۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) دَم کلا۔ دم گیر (۲) رنگ پاشی کا آلہ (۳) فوارہ (۴) مُنہ سے پان کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا (۵) حُقنہ۔

**پچکانا** ۔ (پَچ۔کا۔نا) [ہ۔مص] دبانا۔ بھینچنا۔ دھسانا۔

**پچک جانا** ۔ (پِ۔چک۔جا۔نا) [ہ ۔ مص] دھات کے برتن میں گڑھا پڑ جانا یا دَب جانا (۲) مغلوب ہو جانا۔ دب جانا۔

**پچکنا** ۔ (پِ۔چک۔نا) [ہ۔مص] دبنا۔ بھچنا۔ پچٹنا۔ سکڑنا۔ دھنسنا۔ گڑنا۔

**پچلانا** ۔ (پَچ۔لا۔نا) [ق۔مص] کھسکا دینا۔

**پچنا** ۔ (پَچ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہضم ہونا۔ گلنا (۲) ضبط ہونا۔ برداشت ہونا (۳) جانب داری کرنا۔ پچ کرنا (۴) بہت کوشش کرنا (۵) واپس نہ ہونا۔ چوری کا پتہ نہ لگنا۔

**پچنا** ۔ (پِچ۔نا) [ہ۔مص] دبنا۔ کُچل جانا۔

**پچوترا** ۔ (پَ۔چوت۔را) [ہ۔ا۔مذ] پانچ فی صدی رقم جو عموماً مالیہ میں زیادہ لی جاتی ہے۔

**پچونی** ۔ (پَ۔چو۔نی) [ہ۔ا۔مث] معدہ۔

**پچھاڑ** ۔ (پَ۔چھاڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پٹخنی۔ پیٹھ کے بل زمین پر گرنا (۲) بے ہوش ہو کر گرنا (۳) صدمے سے گر پڑنا۔

**پچھاڑیں کھانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) لوٹنا۔ تڑپنا۔ پٹخنیاں کھانا (۲) صدمے اُٹھانا۔

**پچھاڑنا** ۔ (پَ۔چھاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پٹخنی دینا۔ پٹخنا۔ گرانا۔ دے مارنا (۲) ہرانا۔ عاجز کرنا (۳) بے حال کر دینا۔ تھکانا (۴) قتل کرنا (۵) فتح پانا۔ جیتنا۔ بڑھ جانا (۶) گرا دینا۔ ڈالنا۔ زیر کرنا۔

**پچھاڑی** ۔ (پِ۔چھا۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پیچھے۔ پُشت۔ عقب میں (۲) غیر حاضری (۳) پاؤں میں باندھنے کی رسّی یا زنجیر۔ پکھڑا۔ پگا۔

**پچھان** ۔ (پَ۔چھان) [ہ۔ا۔مذ] پچھم۔ مغرب۔

**پچھاوا۔ پچھایا** ۔ (پَ۔چھا۔وا) (پَ۔چھا۔یا) انگیا کا وہ حصّہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

**پچھتانا** ۔ (پَچھ۔تا۔نا) [ہ۔مص] پشیمان ہونا۔ پچتانا۔ افسوس کرنا۔

**پچھتاوا** ۔ (پَچھ۔تا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] حسرت۔ پشیمانی۔ افسوس۔

**پچھتر** ۔ (پَ۔چھت۔تر) [ہ۔صف] پانچ اوپر ستر۔ ۷۵۔

**پچھڑنا** ۔ (پَ۔چھڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) چت ہونا۔ گرنا (۲) بیمار ہونا۔ علیل ہونا (۳) شکست کھانا۔ ہار جانا (۴) پیچھے رہ جانا (۵) برابری نہ کر سکنا۔

**پچھڑنا** ۔ (پِ۔چھڑ۔نا) [ہ۔مص] پیچھے رہ جانا۔

**پچھلا** ۔ (پِچھ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پیچھے کا۔ اخیر کا (۲) پڑھا ہوا۔ آموختہ۔

**پچھلا پہر** ۔ (ہ۔ا۔مذ) رات کا آخری حصّہ۔

**پچھلا کھانا** ۔ (ہ۔ا۔مذ) وہ کھانا جو رمضان میں سحر کے وقت کھاتے ہیں۔ سحری۔

**پچھلے پاؤں پھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) اُلٹے قدموں لوٹنا۔ فوراً واپس ہونا (۲) پسپا ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔

**پچھلے پہر۔ پچھلے پہرے** ۔ (ا۔مذ) رات کا آخری حصّہ۔

**پچھلا** ۔ (پَ۔چھل۔لا) [ہ۔ا۔مذ] دُم گزا۔

**پچھل پائی** ۔ (پِ۔چھل۔پا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) جس کے پاؤں کا رُخ آگے کی بجائے پیچھے کو ہو (۲) ڈائن۔ چڑیل (۳) جادوگرنی۔

**پچھ لگو** ۔ (پِچھ۔لگ۔گو) [ہ۔ا۔مذ] (۱) طفیلیا۔ پیچھے چلنے والا۔ دُنبالہ (۲) [صف] پچھلی اولاد۔

**پچھلن** ۔ (پِچھ۔لَن) [ق۔ا۔مذ] دوسرا۔ آخری (بچہ)۔

**پچھلی** ۔ (پِچھ۔لی) [ہ۔صف] آخری۔ آخر کی۔

**پچھلی ٹکیا** ۔ (ہ۔ا۔مث) آخری روٹی۔ تمام روٹیاں پکنے کے بعد کی پکی ہوئی روٹی۔

**پچھلی رات** ۔ (ہ۔ا۔مث) آخرِ شب۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔ پچھلا پہر۔

**پچھلی روٹی کھائے پچھلی مت آئے** ۔ (مثل) سب سے آخر میں روٹی کھانے والا بے وقوف ہوتا ہے۔

**پچھلی مت** ۔ (ہ۔ا۔مث) اُلٹی مت۔

**پچھم** ۔ (پَچھ۔چھم) [ہ۔ا۔مذ] مغرب۔ وہ سمت جدھر سُورج ڈوبتا ہے۔

**پچھم جاؤ کہ دکھن۔ وہی کرم کے لچھن** ۔ (مثل) روزی کی تلاش میں جو چاہو کرو اور جہاں چاہو جاؤ جو قسمت میں ہوگا وہی ملے گا۔

**پچھمی** ۔ (پَچھ۔چھ۔می) [ہ۔صف] پچھاں کی۔ مغرب کی۔ پچھم کی۔ مغربی۔

**پچھنا** ۔ (پَچھ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دشنہ۔ اُسترا۔ نشتر۔ گودنے کا آلہ (۲) فصد۔ ٹیکا۔ گودنا۔



Marfat.com

**پچھنے دینا** ۔ (۱) پچھنے لگانا ۔ فصد لینا ۔ خون نکالنا (۲) طعنے دینا ۔

**پچھوا** ۔ (پچھ ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پچھم کی ہوا (۲) انگیا کی پیٹھ ۔

**پچھوا چلے کھیتی پھلے** ۔ (ا ۔ مثل) پچھم کی ہوا گرم ہوتی ہے لہٰذا کھیتی جلدی پکتی ہے ۔

**پچھواڑ** ۔ (پچھ ۔ واڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) بارش جو ہوا کے زور سے مکان میں آئے ۔

**پچھواڑ ۔ پچھواڑا ۔ پچھواڑی** ۔ (پچھ ۔ واڑ) (پچھ ۔ وا ۔ ڑا) (پچھ ۔ وا ۔ ڑی) عقب خانہ ۔ گھر کی پشت ۔ مکان کی پیٹھ ۔

**پچھوانا** ۔ (پچھ ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) کسی دوسرے کے ذریعہ سے پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔

**پچھوائی** ۔ (پچھ ۔ وا ۔ ای) (اُر ۔ صف) پچھوا ہوا ۔

**پچھوت** ۔ (پ ۔ چھوت) (ہ ۔ صف) (۱) پچھائی ۔ آخری ۔ پچھلی ۔ اخیر کی پیداوار (۲) بعد میں ۔ پیچھے آنے والی ۔

**پچھورا ۔ پچھوری** ۔ (پ ۔ چھو ۔ را) (پ ۔ چھو ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ کپڑا جسے کبھی کمر سے باندھتے ہیں ۔ کبھی سر پر ڈال لیتے ہیں ۔

**پچھوڑ ۔ پچھوڑن** ۔ (پ ۔ چھوڑ) (پ ۔ چھو ۔ ڑن) (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ کوڑا کرکٹ جو غلہ صاف کرنے پر نکلتا ہے ۔

**پچھوڑنا** ۔ (پ ۔ چھوڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) چھاج سے غلہ صاف کرنا ۔

**پچھوتیا** ۔ (پچھ ۔ وی ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دریافت کرنے والا ۔ خبر لینے والا ۔ مددگار ۔

**پچھیا ۔ پچھیاؤ** ۔ (پچھ ۔ یا) (پچھ ۔ یا ۔ اؤ) (ہ ۔ ا ۔ مث) پچھم کی ہوا ۔

**پچھیت** ۔ (پ ۔ چھیت) (ہ ۔ ا ۔ مث) مکان کے پیچھے کی دیوار ۔ پچھواڑا ۔

**پچھیتی کھیتی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) فصل جو دیر سے بوئی جائے اور دیر سے پکے ۔

**پچی** ۔ (پچ ۔ چی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پچر ۔ دھانس (۲) جوڑ ۔ پیوند ۔ چیپی (۳) جڑا ہوا ۔ (۴) مضبوط ۔ پختہ (۵) ہم آواز ۔

**پچی کاری** ۔ (ا ۔ صف) جواہر اور رنگ دار پتھروں کا کام ۔ پتھروں میں پتھر جڑنا ۔ جڑاؤ کام ۔ پچر لگانا ۔ چپاں کرنا ۔ چونے اور اینٹ کا مضبوط کام ۔

**پچی کاری کرنا** ۔ اینٹ اور چونے کو آپس میں اچھی طرح وصل کرکے ہموار کرنا ۔ نقاشی کا کام کرنا ۔ مرصع کرنا ۔

**پچی کرنا** ۔ پیوست کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ پھنسا دینا ۔

**پچی** ۔ (پچ ۔ چی) (ہ ۔ ا ۔ مث) پچکا ہوا ۔ دبا ہوا ۔ کسی چیز کا چوٹ سے چوڑا ہو جانا ۔

**پچیت** ۔ (پ ۔ چیت) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پہلوان ۔ پیچ جاننے والا (۲) ہنرمند ۔ (۳) تجربہ کار ۔ ہوشیار (۴) چالاک ۔ دغاباز ۔ چال باز (۵) آٹھوں گانٹھ کمیت ۔ چوکس ۔

**پچیتی** ۔ (پ ۔ چے ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) داؤں ۔ چالاکی ۔ چال بازی (۲) پہلوانی ۔

**پچیس** ۔ (پچ ۔ چیس) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پانچ اوپر بیس ۔ بست و پنج ۔ ۲۵ ۔

**پچیسواں** ۔ (پچ ۔ چیس ۔ واں) (اُر ۔ صف) ایک کا پچیسواں حصہ ۔ $\frac{1}{25}$ ۔

**پچیسی** ۔ (پچ ۔ چی ۔ سی) (ہ ۔ ا ۔ مث) چوسر ۔ ایک کھیل جو سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے

## پ — خ

**پخ** ۔ (اُر ۔ ا ۔ مث) (۱) روک ۔ پابندی ۔ اٹکاؤ (۲) جھگڑا ۔ خرابی (۳) بک بک ۔ غل ۔ شور (۴) فالتو چیز ۔ بیکار کی علت ۔

**پخ پھیلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھگڑا ڈالنا ۔ شور و شر کرنا ۔ فساد کرانا ۔

**پخ کرنا** ۔ (۱) جھگڑا ڈالنا ۔ شور و شر کرنا (۲) خرابی ڈالنا (۳) شرط قائم کرنا ۔

**پخ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) روک لگانا ۔ جھگڑا لگانا (۲) تکرار بے جا کرنا (۳) شرط لگانا

**پخ مچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) شور کرنا ۔ ہم پخ کرنا (۲) بے ہودہ بکنا ۔ مذاق کرنا ۔

**پخ نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خرابی ڈالنا ۔ نقص ظاہر کرنا (۲) اعتراض کرنا ۔ حجت نکالنا ۔

**پخال** ۔ (پ ۔ خال) (اُر ۔ ا ۔ مث) پکھال ۔ چرسہ ۔ مشک جو بیل یا بھینسے پر لادی جاتی ہے ۔

**پخال پیٹیا** ۔ (ا ۔ صف) بڑ پیٹو ۔ زیادہ کھانے والا ۔ بسیار خور ۔

**پخت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پکنے کا فعل ۔

**پخت و پز** ۔ (۱) ٹھیک ٹھاک (۲) قول فیصل ۔ قطع حجت (۳) وعدہ ۔ قول و قرار (۴) بات چیت (۵) کھانا پکانا ۔

**پختریاں** ۔ (پخ ۔ تر ۔ یاں) (اُر ۔ ا ۔ مث) (۱) چپاتیاں (۲) منفعت کی روٹی ۔

**پختگی** ۔ (پخ ۔ تہ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) مضبوطی ۔ خامی کے خلاف ۔ پھل کا پک جانا یا گل جانا (۲) بلوغت کو پہنچنا (۳) تجربہ کاری ۔

**پختہ** ۔ (پخ ۔ تہ) (ف ۔ صف) (۱) مضبوط ۔ پائیدار (۲) تجربہ کار ۔ ہوشیار (۳) بالغ (۴) عمر رسیدہ (۵) مکمل (۶) طے ۔ قطع حجت (۷) بریاں ۔ پکا ہوا ۔ سینکا ہوا (۸) مستقل ۔ جمع : پختگان ۔

**پختہ بات** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ٹھیک بات ۔ طے شدہ امر ۔

**پختہ رائے** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مضبوط رائے والا ۔ پختہ مغز ۔ دانا ۔ ہوشیار ۔

**پختہ کار** ۔ (ف ۔ مذ ۔ صف) تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ واقف کار ۔ ہنرمند ۔

**پختہ کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) مضبوط کرنا ۔ پکانا ۔ پائدار کرنا (۲) تجربے میں لانا ۔ امتحان کرنا (۳) طے کرنا ۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۴) تجربہ کار بنانا ۔ ہوشیار کرنا (۵) پورا کرنا (۶) خامی دور کرنا ۔

**پختہ مزاج** ۔ (ا ۔ صف) مستقل مزاج ۔ مضبوط ارادے کا ۔

**پختہ مزاجی** ۔ (ا ۔ مث) مستقل مزاجی ۔ استقلال ۔ مضبوطی ۔

**پختہ مغز** ۔ عقل مند ۔ ہوشیار ۔

**پختو** ۔ (پخ ۔ تو) (پش ۔ ا ۔ مث) پشتو زبان ۔

**پختون** ۔ (پخ ۔ تون) (پش ۔ ا ۔ مذ) پٹھان قوم ۔ پشتو بولنے والے ۔

**پخنا** ۔ (پخ ۔ نا) (اُر ۔ صف) (۱) بے ہودہ ۔ کمینہ (۲) بے تمیز ۔ نامعقول (۳) یاوہ گو (۴) ڈرپوک ۔

**پخنی** ۔ (پخ ۔ نی) (اُر ۔ صف) پخنا کی تانیث ۔ بے ہودہ ۔ غل مچانے والی ۔ کمینی ۔ رذیل

**پخیا** ۔ (پخ ۔ یا) (اُر ۔ صف) جھگڑالو ۔ فسادی ۔ بے ہودہ ۔ کمینہ ۔

## پ — د



Marfat.com

**پَد**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) پاؤں۔ پگ۔ قدم۔ چرن (۲) فقرہ۔ مصرع۔ گیت (۳) کھوج۔ نشان (۴) درجہ۔ عزّت (۵) (پُن) اُگز۔

**پِدّا**۔ (پِد۔دا) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک چھوٹی سی چڑیا۔ پِھدکی (۲) غلیل میں غُلّہ رکھ کر چلانے کی جگہ (۳) بے حیثیت (۴) کم طاقت۔

**پِدّے کی ضمانتی**۔ (ا۔محاورہ) ناقابلِ اعتبار آدمی کی ضمانت۔

**پدارتھ**۔ (پَ۔دا۔رتھ) (س۔ا۔مذ) (۱) شے۔ چیز۔ بست (۲) عُمدہ کھانا۔ لذیذ چیز۔

**پَدانا**۔ (پَ۔دا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پادنے کا سبب کرنا (۲) تھکانا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا۔ بے چین کرنا۔

**پِدَر**۔ (پِ۔دَر) (ف۔ا۔مذ) باپ۔ والد۔ پتا۔ اَبّا۔ جمع: پدراں۔

**پدرانہ**۔ (پِ۔د۔را۔نہ) (ف۔صف) باپ کی طرح۔ باپ سے منسوب۔ باپ جیسا

**پدرسوختہ**۔ (ف۔صف) ایک گالی۔

**پدرم سُلطان بود**۔ (فقرہ۔مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی اپنے باپ دادا کے متعلق شیخی بگھارے۔

**پدر نتواند پسر تمام کند**۔ (ف۔مثل) (طنزیہ) باپ نے جو کام نہ کیا وہ بیٹے نے پُورا کر دیا۔

**پدرُود**۔ (پَد۔رُود) (ف۔ا۔مذ) (۱) رُخصت۔ اجازت (۲) الوداع۔ سلام۔

**پدری**۔ (پِ۔دَ۔ری) (ف۔ا۔مذ) باپ کی۔ والد کی۔ پتا کی۔ باپ سے ورثے میں ملی ہوئی۔

**پِدڑی**۔ (پِد۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پدّی۔ پھدکی (۲) بے حقیقت۔ بہت کمزور ناچیز۔ دُبلا پتلا۔

**پَدَک**۔ (ق۔ا۔مذ) (۱) نادر (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔

**پدم**۔ (پَ۔دَم) (س۔ا۔مذ) (۱) گول چکردار نشان جو آدمی کی اُنگلیوں پر ہوتا ہے (۲) نیلوفر۔ کنول (۳) ہاتھی کی کھال کے نشان (۴) علمِ ہندسہ میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔

**پدم بھوشن**۔ (ہ۔مذ) بھارت کا سب سے بڑا ادبی خطاب۔ جو شمس العلماً کے برابر ہے۔

**پدم شری**۔ (ہ۔مذ) پدم بھوشن سے چھوٹا۔ بھارت کا ادبی خطاب۔

**پدما**۔ (پد۔ما) (س۔ا۔مث) (۱) دولت کی دیوی (۲) بنگلہ دیش کا ایک دریا۔

**پدمنی**۔ (پَد۔م۔نی) (س۔ا۔مث) (۱) نہایت خوب صورت۔ نازک اندام۔ عورتوں میں اوّل درجے کی شکیل و خوب صورت اور نازک عورت (۲) جل مانس کی عورت

**پدمنی چماروں میں ہوتی ہے**۔ (مثل) بعض دفعہ نیچ قوموں میں بھی بہت خوبصورت عورت پائی جاتی ہے۔

**پدنا**۔ (پِد۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ ہار جانا۔ بے چین ہونا۔

**پدنا۔ پدّو۔ پدوڑا**۔ (پد۔نا) (پد۔دو) (پ۔دو۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) پادنے والا (۲) نامرد۔ بزدل۔ ڈرپوک۔

**پدنی**۔ (پد۔نی) (ہ۔ا۔مث) رنڈی۔ بے سوا۔

**پدوی**۔ (پَد۔وی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سڑک۔ راہ (۲) جگہ۔ مقام (۳) درجہ۔ مرتبہ (۴) خطاب۔ تخلص۔

**پدوی دینا**۔ خطاب دینا۔ رُتبہ دینا۔

**پدھارنا**۔ (پَ۔دھار۔نا) (ہ۔مص) (۱) آنا۔ تشریف لانا (۲) تشریف لے جانا سدھارنا (۳) بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔

**پدھان**۔ (پَ۔دھان) (ہ۔ا۔مذ) چودھری۔ مقدّم۔ پردھان۔ صدر۔ میر۔

**پدھت**۔ (پَ۔دھت) (س۔ا۔مث) طور۔ طریقہ۔ عادت۔ رسم و رواج۔

**پِدّی**۔ (پِد۔دی) (ہ۔ا۔مث) ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا۔ پدّا کی مادہ۔

**پدید۔ پدیدار**۔ (پَ۔دید) (پَ۔دی۔دار) (ف۔صف) صاف۔ عام بات واضح۔ آشکارا۔ کھُلا۔

## پ ـــ ڈ

**پُڈنگ**۔ (Pudding) (پُ۔ڈنگ) (انگ۔ا۔مث) ایک انگریزی میٹھا کھانا۔ پڈن۔

## پ ـــ ذ

**پذیر**۔ (پَ۔ذیر) (ف۔صف) لینے والا۔ حاصل کرنے والا۔ متاثر ہونے والا۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے دل پذیر۔ صحت پذیر۔

**پذیرا**۔ (پَ۔ذی۔را) (ف۔صف) مقبول۔ منظور۔ پسند۔

**پذیرائی**۔ (پَ۔ذی۔را۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) قبولیت۔ منظوری۔ (۲) استقبال۔

## پ ـــ ر

**پَر**۔ (ہ) (۱) اُوپر کا مخفف (۲) لیکن۔ مگر (۳) کیونکہ (۴) فاصلہ یا وقت ظاہر کرنے کے لیے (۵) وجہ اور سبب ظاہر کرنے کو (۶) علامت مفعول کے طور پر۔

**پَر**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) پتّا (۲) پرندوں کے بدن پر اُگے ہوئے بال۔ پنکھ (۳) تیر کے بازو (۴) مجازاً قوّت۔ طاقت۔ سہارا۔

**پَرافشاں**۔ (۱) پَر جھاڑتا ہوا (۲) پریشان۔ بے تاب (۳) پھڑپھڑاتا ہوا۔

**پَربال (پڑبال)**۔ (ہ۔ا۔مذ) آنکھ کی ایک بیماری۔ جس میں پلکوں کے اندر سے مڑے ہوئے بال نکل آتے ہیں اور آنکھ کے ڈھیلے میں چبھتے رہتے ہیں۔

**پَر باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پرندے کے پروں کو باندھ دینا (۲) مجبور کرنا۔ بے بس کرنا۔ عاجز کرنا (۳) طاقت گھٹانا۔ کمزور کرنا۔

**پَر بریدہ**۔ (ف۔صف) کٹے ہوئے پروں والا (۲) بے سہارا۔

**پَربستہ**۔ جس کے پَر بندھے ہوئے ہوں (۲) قیدی۔ بے بس۔

**پَرپرزہ**۔ (ف۔صف) سازوسامان۔ اپنے پیشے کے متعلق چیزیں۔



Marfat.com

**پَر پُرزوں سے درست ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۲) بناؤ سنگار کرنا (۳) تیار ہونا۔ مسلح ہونا (۴) سامان تیار کرنا (۵) کمی پوری کرنا۔ (۶) مقابلے پر آمادہ ہونا۔

**پَر پُرزے جھڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضعیف ہونا۔ سکت نہ رہنا۔ قوت زائل ہونا۔

**پَر پُرزے نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا۔ ہوشیار ہونا (۲) شرارت پر آمادہ ہونا (۳) جوبن نکھارنا۔

**پَر تولنا**۔ (ا۔ محاورہ) پرندے کا اُڑنے کو تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

**پَر ٹوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پنکھ ٹوٹنا۔ بال و پر شکست ہونا (۲) قوت کم ہونا۔ سہارا نہ ملنا (۳) حمایتی کا مخالف سے سازش کر جانا۔

**پَر جلتے ہیں**۔ (ا۔ بول چال) کسی کا گزر نہیں۔ باریابی نہیں ہو سکتی۔

**پَر جلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طاقت نہ رہنا۔ کس بل جاتا رہنا (۲) خوف ہونا۔ مرعوب ہونا (۳) رسائی نہ ہونا۔ پہنچ نہ ہونا۔

**پَر جمنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پر اُگنا۔ پر نکلنا (۲) غرور پیدا ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

**پَر جھاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پر گرانا۔ کریز میں آنا (۲) پروں کو جھٹکنا۔ پروں کو کھولنا (۳) اُڑنے کا ارادہ کرنا۔

**پَر دار**۔ پروں والا۔ اُڑنے والا۔ پرندہ۔

**پَر شکستہ**۔ (ف۔ ا۔ صف) پر ٹوٹا ہوا۔ مصیبت زدہ (۲) بے سہارا۔ بے کس۔

**پَر قینچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پروں کو کاٹنا۔ بے پر کرنا (۲) بے بس کرنا۔ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔

**پَر کا قلم**۔ (ا۔ مذ) لکھنے کا قلم جو پر سے بنایا جاتا ہے۔

**پَر کا کوا بنا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) حد سے زیادہ مبالغہ کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

**پَر کاہ**۔ (ف۔ صف) بہت ہلکا۔

**پَر لگا کے اُڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیزی سے اُڑ جانا (۲) غائب ہو جانا۔

**پَر لگ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اُڑنے کے قابل ہونا (۲) تیز ہو جانا (۳) رونق بڑھانا۔ شان و شوکت زیادہ کرنا (۴) ترقی دینا (۵) ہوشیار ہو جانا۔

**پَر لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بال و پر پیدا ہو جانا۔ بازو اور پنکھ نکلنا (۲) اترانا۔ شیخی مارنا۔

**پَر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) پر کاٹنا۔ پر کترنا۔ پر قینچ کرنا۔

**پَر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اُڑنا۔ پرواز کرنا۔ فضا میں جانا (۲) پروں سے چوٹ دینا (۳) پھڑپھڑانا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۴) کوشش کرنا۔

**پَر نہ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) پاس نہ پھٹکنا۔ رسائی نہ ہونا۔

**پَر و بال نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوش سنبھالنا۔ شعور ہونا۔ عقل پیدا ہونا (۲) جوبن نکالنا (۳) شرارت پر آنا۔

**پُر**۔ (ف۔ صف) (۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۲) مکمل۔ بھرپور۔ بافراط۔

**پُر آب**۔ (ف۔ صف) (۱) پانی سے بھرا ہوا (۲) آنسوؤں سے بھرا ہوا۔

**پُر آبلہ**۔ (ف۔ صف) چھالوں سے بھرا ہوا۔

**پُر آرزو**۔ (ف۔ صف) خواہش مند۔ آرزو رکھنے والا

**پُر آشوب**۔ (ف۔ صف) فتنہ انگیز۔ فساد سے بھرا ہوا۔

**پُر ارمان**۔ (ف۔ صف) اُمیدوں سے بھرا ہوا۔

**پُر از اشتیاق**۔ (ف۔ صف) شوق سے بھرا ہوا۔

**پُر از دشمناں**۔ (ف۔ صف) جس کے بہت سے دشمن ہوں۔

**پُر از زر و جواہر**۔ (ف۔ صف) مال و دولت سے بھرا ہوا۔

**پُر از فتنہ و شر**۔ (ف۔ صف) شرارتوں اور فسادوں سے بھرا ہوا۔

**پُر اشک**۔ (ف۔ صف) آبدیدہ۔ آنسوؤں سے پُر۔

**پُر افشاں**۔ (ف۔ صف) افشاں سے بھرا ہوا۔

**پُر الم**۔ (ف۔ صف) غمگین۔ درد ناک۔

**پُر باد**۔ (ف۔ صف) ہوا سے بھرا ہوا۔ پھولا ہوا (۲) متورم (۳) مغرور۔

**پُر بار**۔ (ف۔ صف) حاملہ۔

**پُر بخار ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت مستعد ہونا۔

**پُر بہار**۔ (ف۔ صف) سرسبز پھولوں سے بھرا ہوا۔

**پُر پیچ**۔ (ف۔ صف) پیچ دار۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔

**پُر تاب**۔ (ف۔ صف) روشنی۔ چمک اور نور سے بھرا ہوا۔

**پُر جفا**۔ (ف۔ صف) ظالم۔ سفاک۔ جفاکار۔

**پُر حذر**۔ (ف۔ صف) محتاط۔ دُور اندیش۔ چوکس۔

**پُر حسرت**۔ (ف۔ صف) حسرت سے بھرا ہوا۔

**پُر خار**۔ (ف۔ صف) کانٹوں سے بھرا ہوا۔ تکلیف دہ۔

**پُر خطر**۔ (ف۔ صف) خطروں سے بھرا ہوا۔ خطرناک۔

**پُر تکلف**۔ (ف۔ صف) بہت آراستہ۔ بڑی محنت اور اہتمام سے بنایا ہوا۔

**پُر خم**۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔

**پُر خمار**۔ (ف۔ صف) نشے سے چُور۔ مدہوش۔

**پُر درد**۔ (ف۔ صف) درد سے بھرا ہوا۔

**پُر دل**۔ بہادر۔ شجاع۔ جری۔

**پُر دلی**۔ بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔

**پُر سوز**۔ (ف۔ صف) جس کی آواز میں درد ہو۔

**پُر شکم**۔ پیٹ بھرا۔ آسودہ۔

**پُر شکوہ**۔ (ف۔ صف) عظمت والا۔ عظیم الشان۔

**پُر غم**۔ (ف۔ صف) غم سے بھرا ہوا۔ اندوہناک۔ غمگین۔

**پُر فریب**۔ (ف۔ صف) دھوکے باز۔ دغا باز۔

**پُر فضا**۔ بہار دار۔ کشادہ۔ وسیع۔ بارونق۔ خوش منظر۔ سرسبز۔

**پُر فن**۔ (ف۔ صف) ہوشیار۔ چالاک۔ فنون میں ماہر۔

**پُر کار**۔ (۱) جڑاؤ۔ مرصع (۲) دبیز۔ گاڑھا (۳) محکم۔ پائدار (۴) دانا۔ ہوشیار۔

**پُر کین (کینہ)**۔ (ف۔ صف) دشمن۔ بداندیش۔ کینہ ور۔

**پُر گو**۔ (ف۔ صف) بہت باتیں کرنے والا۔ باتونی۔

**پُر گوئی**۔ (ف۔ مث) بہت باتیں بنانا۔ بہت بولنا۔

**پُر متن**۔ (ف۔ صف) وہ چادر یا دوشالہ جس کے حاشیے پر کام بنا ہوا۔

**پُر محن**۔ (ف۔ صف) مغموم۔ غمناک۔

**پُر مغز**۔ (ف۔ صف) عمدہ مضمون سے بھرا ہوا۔ عالمانہ۔

**پُر ملال**۔ (ف۔ صف) رنجیدہ۔ رنج سے بھرا ہوا۔



Marfat.com

**پُرنَم** ۔ (ف ۔ صف) گیلا ۔ تر ۔ آنسوؤں سے بھرا ہوا ۔
**پُرنُمود** ۔ (ف ۔ صف) ظاہری نمائش والا ۔
**پُرنُور** ۔ (ف ۔ صف) روشن ۔ چمک دار ۔ صاحب بصیرت عموماً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۔
**پُرہَول** ۔ (ف ۔ صف) خوف سے بھرا ہوا ۔ ڈراؤنا ۔ خوفناک ۔
**پُرہُنر** ۔ (ف ۔ صف) لائق ۔ کاریگر ۔
**پُری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بھرا ہوا ہونا ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے غلہ پُری (۲) بُہتات ۔ کثرت ۔
**پُرا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) محلہ ۔ بستی ۔ گاؤں ۔
**پَرا** ۔ (پَ ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) صف ۔ قطار ۔ سلسلہ ۔ ٹولی (۲) گروہ ۔ غول ۔
**پَرا باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قطار بنانا ۔ صف بستہ ہونا ۔ سلسلہ وار کھڑا ہونا ۔
**پَرا جمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صف بنانا ۔ قطار قائم کرنا ۔
**پرے خالی کرنا (ہونا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) آدمیوں کا قتل عام ہونا ۔
**پرے سے پرا ملانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک ہی قطار میں کھڑے ہونا ۔
**پرے کے پرے صاف کر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے انتہا آدمیوں کو قتل کر دینا ۔
**پرابلم** ۔ (Problem) (پ ۔ راب ۔ لَم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] قضیہ ۔ مسئلہ ۔ امرِ دشوار ۔
**پرَاپَت** ۔ (پ ۔ را ۔ پَت) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) فائدہ ۔ نفع (۲) پیدا ۔ یافت ۔ حاصل (۳) پہنچ ۔ رسائی (۴) ترقی ۔ بہتری (۵) قسمت کا لکھا ہوا ۔ بقرہ (۶) موزوں ۔
**پراپرٹی** ۔ (Property) (پ ۔ را ۔ پَر ۔ ٹی) [انگ ۔ ا ۔ مث] جائداد ۔ جاگیر ۔ املاک ۔
**پراپرٹی ٹیکس** ۔ (Property Tax) جائداد کا ٹیکس ۔
**پَراُپکار** ۔ (پَر ۔ اُپ ۔ کار) [ق ۔ ا ۔ مذ] بے غرض احسان کرنے والا ۔
**پَرات** ۔ (پَ ۔ رات) [ہ ۔ ا ۔ مث] طشت ۔ لگن ۔ تھال ۔
**پُراتَم** ۔ (پُ ۔ را ۔ تَم) [ہ ۔ صف] (۱) پُرانا ۔ قدیم ۔ بُوڑھا ۔ اگلے زمانے کا (۲) تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔
**پُراتمان** ۔ [ق] بوڑھے بزرگ ۔
**پراٹسٹنٹ** ۔ (Protestant) (پ ۔ را ۔ ٹِس ۔ ٹنٹ) [انگ ۔ ایضاً] (۱) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو سولھویں صدی عیسوی میں اختلاف کے باعث احتجاجاً کلیسائے روم سے الگ ہو گیا اور پوپ کو نہیں مانتا (۲) معترض ۔
**پَراٹھا** ۔ (پَ ۔ را ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گھی میں پکی ہوئی روٹی جس میں تہیں ہوتی ہیں ۔
**پُراچین** ۔ (پُ ۔ را ۔ چین) [س ۔ صف] (۱) پُرانا (۲) قدیم ۔
**پَرادھین** ۔ (پَ ۔ را ۔ دھین) [س ۔ صف] ماتحت ۔ محکوم ۔ تابع ۔
**پرادھین سپنے سُکھ ناہیں** ۔ (مثل) دوسرے کا محکوم ہو کر خواب میں بھی آرام نہیں مل سکتا ۔
**پرارتھنا** ۔ (پَ ۔ را ۔ تھ ۔ نا) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) دُعا ۔ عرض ۔ التماس ۔ التجا ۔ (۲) منت ۔ سماجت ۔ عجز ۔ انکسار ۔
**پراسپکٹس** ۔ (Prospectus) (پ ۔ راس ۔ پک ۔ ٹس) [انگ ۔ ا ۔ مذ]

وہ رسالہ یا کتابچہ جس میں کسی تعلیمی یا تجارتی ادارے کی خصوصیات اور ضوابط درج ہوں ۔
**پَراسچِت** ۔ (پَ ۔ راس ۔ چِت) [س ۔ ا ۔ مذ] گناہوں کا کفارہ ۔
**پَراکرت** ۔ (پَ ۔ را ۔ کرت) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) عوامی ۔ دیہاتی ۔ نیچ ۔ گنوار (۲) سنسکرت سے نکلی ہوئی کوئی مقامی بولی یا زبان (۳) گنوارو زبان ۔
**پراکسی** ۔ (Proxy) [انگ ۔ مث] مختار نامہ ۔ دوسرے شخص کو ووٹ دینے کا حق دینا (۲) کوئی کام کرنے کا اختیار دینا ۔
**پَراگندگی** ۔ (پَ ۔ را ۔ گن ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] پریشانی ۔ حیرانی ۔ انتشار ۔ تشویش ۔ تردد ۔ تذبذب ۔
**پَراگندہ** ۔ (پَ ۔ را ۔ گن ۔ دَہ) [ف ۔ صف] پریشان ۔ حیران ۔ متردد ۔ متفکر ۔ مذبذب ۔ منتشر ۔ تتر بتر ۔
**پراگندہ روزی پراگندہ دل** ۔ (ا ۔ مثل) بے کار اور مفلس ہمیشہ پریشان رہتا ہے ۔ اسے کبھی اطمینان نصیب نہیں ہوتا ۔
**پَرال** ۔ (پَ ۔ رال) [ہ ۔ ا ۔ مث] بھُس ۔ نالی ۔ پھال ۔ دھان کے پودوں کی نالی ۔
**پرالبدھ** ۔ (ہ ۔ صف) قسمت ۔ تقدیر ۔
**پرامپٹر** ۔ (Prompter) (پ ۔ رامپ ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (تھیٹر) وہ شخص جو اسٹیج کے پیچھے بیٹھ کر ایکٹروں کی سماعت کرتا ہے اور جہاں کہیں وہ رکتے ہیں وہاں لقمہ دیتا ہے ۔
**پرامیسری نوٹ** ۔ (Promissary Note) (پ ۔ را ۔ می ۔ سَ ۔ ری ۔ نوٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] تمسک ۔ دستاویز ۔ وہ تحریر جو روپیہ ادا کرنے کے متعلق کسی سے خاص وقت تک کے لیے لکھوائی جائے ۔
**پَرّاں** ۔ (پَرّ ۔ راں) [ف ۔ صف] اُڑنے والا ۔ اُڑتا ہوا ۔
**پَران** ۔ (پَ ۔ ران) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) دَم ۔ سانس ۔ نفس ۔ ہوا (۲) رُوح ۔ آتما بولتا ۔ جان (۳) دِل بَر ۔ جانی ۔ دِل دار ۔ معشوق ۔ پیارا ۔ دُلارا ۔
**پَران پتی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) زندگی کا مالک ۔ روح ۔ دِل (۲) خاوند ۔
**پَران تج دینا ۔ پَران تجنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مرجانا ۔ جان دے دینا ۔ (۲) گھبرا جانا ۔ ہمت ہارنا ۔
**پَران چھڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جان لینا ۔ مار ڈالنا ۔ رُوح نکالنا (۲) معشوق سے جُدا کرنا (۳) جان بچانا ۔ آزاد کرنا ۔
**پَران چھُوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دَم نکلنا ۔ موت آنا (۲) ہمت نہ رہنا ۔ طاقت نہ رہنا (۳) حواس باختہ ہونا ۔ دَم بخود ہونا ۔
**پَران چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جی چھوڑنا ۔ ہمت ہارنا ۔ حوصلہ پست ہونا ۔ (۲) دَم چھوڑنا ۔ مرنا ۔ رُوح نکلنا ۔
**پَران لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جان لینا ۔ دَم نکالنا ۔ قتل کرنا (۲) ستانا ۔ تنگ کرنا ۔
**پُران** ۔ (پُ ۔ ران) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) پُرانا ۔ قدیم ۔ دیرینہ (۲) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں وید کے مسائل تمثیلی قصّوں اور کہانیوں سے واضح کیا گیا ہے ان کی تعداد بہت زیادہ ہے مگر اٹھارہ پران زیادہ مشہور ہیں ۔ یہ کتابیں شاعر ویاس جی سے منسوب ہیں ۔
**پُرانا** ۔ (پُ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ صف] (۱) کہنہ ۔ پارینہ ۔ عمر رسیدہ ۔ قائم ۔ مدت کا ۔ دیرینہ



Marfat.com

(۲) فرسودہ - بوسیدہ - مستعمل - کام میں آیا ہوا (۳) جہاں دیدہ (۴) پیر - بُڈھا (۵) پُرانے زمانے کا۔

**پُرانا پڑنا**۔ (ا - محاورہ) کُہنہ ہوجانا - بوسیدہ ہوجانا - عمر رسیدہ ہوجانا۔

**پُرانا ٹھیکرا**۔ (ا - مذ) بوسیدہ چیز - پُرانا مال (۲) پُرانی عورت۔

**پُرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک**۔ (اِمثل) اس بوڑھی عورت کی نسبت کہتے ہیں جو جوانوں کی سی وضع اختیار کرے۔

**پُرانا خرانٹ**۔ (ا - صف) (۱) بہت پُرانا - نہایت بُوڑھا (۲) بڑا تجربہ کار (۳) چالاک۔

**پُرانا دُھرانا**۔ (ا - صف) بوسیدہ - دیرینہ - کُہنہ - فرسودہ - نکمّا - مستعمل - بیکار۔

**پُرانا دُکھڑا**۔ (ا - مذ) پُرانی شکایت - پُرانا غم۔

**پُرانا گھاگ**۔ (ا - صف) پُرانا تجربہ کار - گرگِ باراں دیدہ۔

**پرانی**۔ (پَ - را - نی) (س - صف) (۱) ذی روح - جان دار (۲) انسان - شخص۔

**پُرانی**۔ (پُ - را - نی) (ہ - صف) (۱) کُہن سالہ - دیرینہ - ضعیفہ (۲) بوسیدہ - فرسودہ (۳) ناکارہ - نکمّی - ناقابلِ استعمال۔

**پُرانی آنکھیں دیکھے ہُوئے ہیں**۔ (ا - مثل) تجربہ کار ہیں - بڑوں کی صحبت سے فیض حاصل کیا ہے۔

**پُرانی کھوپری**۔ (۱) پُرانا آدمی - ضعیف آدمی - بُوڑھا آدمی (۲) تجربہ کار - کار آموز (۳) پُرانے رنگ کے - اگلے وقتوں کے۔

**پُرانی لکیر کا فقیر**۔ (ا - صف) پُرانی وضع کا پابند - پُرانی رسومات کا مقلد۔

**پُرانی ملاقات**۔ مدت کا میل جول - دیرینہ واقفیت۔

**پُرانے چاول**۔ (کنایۃً) تجربہ کار - جہاندیدہ۔

**پُرانے لوگ**۔ (ا - صف) (۱) ملازمانِ قدیم - پُرانے نوکر (۲) بُوڑھے - دانا۔

**پُرانے مُردے اُکھیڑنا**۔ (ا - محاورہ) پُرانی شکایتیں کرنا - اگلے پچھلے جھگڑے نکالنا۔

**پراونس**۔ (Province) (پ - را - وِنس) (انگ - ا - مذ) صُوبہ۔

**پراونشل**۔ (Provincial) (پ - را - وِن - شل) (انگ - ا - مذ) صُوبے کے متعلق - صُوبائی۔

**پراوِنشل پولیس**۔ کسی خاص صوبے کی پولیس جو اس سے باہر تبدیل نہ کی جاسکے۔

**پراوِنشل سِول سروس**۔ (Provincial Civil Service) صوبے میں غیر فوجی سرکاری افسروں کی بھرتی کا نظام۔

**پراویڈنٹ فنڈ**۔ (Provident Fund) (پ - را - وی - ڈنٹ - فنڈ) (انگ - ا - مذ) وہ رقم جو ملازم کی تنخواہ میں سے ہر ماہ ایک خاص شرح کے مطابق وضع کی جاتی ہے اور ملازمت کے خاتمے پر اُسے واپس ملتی ہے۔

**پَراچہ**۔ (پَ - را - چہ) (ف - صف) (۱) بزاز - پارچہ فروش - پارچہ کا کام کرنے والا (۲) سِلے ہوئے کپڑے بیچنے والا (۳) ایک قوم جو ٹوپیاں وغیرہ بناکر فروخت کرتی ہے (۴) چیتھڑا - کپڑے کا ٹکڑا۔

**پرائز**۔ (Prize) (پ - را - اِز) (انگ - ا - مذ) انعام - صلہ - اجر۔

**پرائمر**۔ (Primer) (پ - را - اِ - مَر) (انگ - ا - مث) قاعدہ - طالب علموں کی ابتدائی کتاب۔

**پرائم منسٹر**۔ (Prime Minister) (پ - را - اِم - مِ - نِس - ٹر) (انگ - ا - مذ) وزیر اعظم - سب سے بڑا وزیر۔

**پرائمری**۔ (Primary) (پ - را - اِ - مَ - ری) (انگ - صف) (۱) ابتدائی - اوّل - پہلا - سب سے پہلا (۲) اصلی۔

**پرائی**۔ (پَ - را - ای) (ہ - صف) غیر کی - دوسرے کی - پرایا کی تانیث۔

**پرائی آس پوطے پاس**۔ (اِمثل) دوسرے کے سہارے نہ رہنا چاہیئے۔

**پرائی آگ میں کودنا**۔ (ا - محاورہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔

**پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں**۔ (مثل) دوسرے کے سہارے پر کام درست نہیں ہوتا - غیر شخص کام نہیں آتا۔

**پرائی بات**۔ (ا - مث) غیر کی بات - دوسرے کا معاملہ۔

**پرائی کیا پڑی ہے**۔ (ا - مثل) دوسروں کی کیا فکر ہے۔

**پرائیویٹ**۔ (Private) (پ - را - ای - ویٹ) (انگ - صف) (۱) نجی - خانگی (۲) غیر سرکاری (۳) انفرادی - ذاتی - شخصی (۴) مخفی - خفیہ - راز کا - بصیغۂ راز۔

**پَرایا**۔ (پَ - را - یا) (ہ - صف) غیر کا - اور کا - دوسرے کا - بیگانہ - اجنبی۔

**پَرایا دھن** (مال)۔ کنواری لڑکی۔

**پَرایا سَر دیوار کی برابر**۔ (اِمثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی دوسرے کی تکلیف کی پرواہ نہ کرے

**پرائے بَرتے آزاد کرنا**۔ (ا - محاورہ) دوسروں کے مال پر فیاضی کرنا - دوسرے کی کمائی پر فخر کرنا۔

**پَرائے بس میں**۔ دوسرے کے اختیار میں (ہونا کے ساتھ)۔

**پَرائے سَر کی بلا لینا**۔ (ا - محاورہ) دوسرے کی مصیبت اپنے ذمّہ لینا - دوسرے کی ذمّہ داری اپنے سَر لینا۔

**پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹائی**۔ (ا - مثل) دوسروں کے فائدے کے لیے اپنا نقصان کرلیا۔

**پرائے گھر کا ہونا**۔ (ا - محاورہ) بیٹی کی شادی ہونا - لڑکی کا بیاہ کردینا۔

**پرائے مال پر دیدے لال**۔ (اِمثل) دوسرے کی چیز پر بیجا عزور۔

**پرائے مال پر یا حسین**۔ (اِمثل) حلوائی کی دوکان پر دادا جی کی فاتحہ - غیر کے مال پر شیخی بگھارنا - چیز کسی کی اور خفا کوئی اور ہو۔

**پرائے ہاتھ پر شکرا پالنا**۔ (اِمثل) دوسرے کے بھروسے کوئی کام کرنا - دوسرے کے سہارے زندگی بسر کرنا۔

**پَرایا سَر لال دیکھ کر اپنا سَر پھوڑنا**۔ (ا - محاورہ) دوسروں کی نقل کرکے اپنا نقصان کرنا۔

**پَرَب**۔ (ہ - ا - مذ) (۱) باب - مقدمہ - فصل - آدھیائے (۲) میلہ - ہجوم - بھیڑ (۳) ہیرے کی قسم (۴) جوڑ - گانٹھ - گرہ - عضو۔

**پَرَباس**۔ (پَرَ - باس) (ہ - ا - مذ) سفر - سیاحت۔

**پَرَبَت**۔ (پَرَ - بَت) (ہ - ا - مذ) پہاڑ - کوہ - جبل۔

**پَرَبتی**۔ (پَرَ - بَ - تی) (ہ - صف) پہاڑی - پہاڑ کا رہنے والا۔

**پَربندھ**۔ (پَرَ - بندھ) (س - ا - مذ) بندوبست - انتظام - انصرام - ٹھیک ٹھاک (درستی)



Marfat.com

**پَرْ بولی** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] غیر زبان ۔ غیر ملکی زبان ۔
**پَرْ بھات** ۔ (پَر ۔ بھات) [س ۔ ا ۔ مذ] علی الصبح ۔ صبح سویرے ۔
**پَرْبھاؤ** ۔ (پَر ۔ بھا ۔ اُو) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) اثر ۔ فیض ۔ تاثیر ۔ کشش (۲) مزاج ۔ خاصیت ۔ سرشت ۔ عادت ۔ حالت (۳) طاقت ۔ قوت ۔
**پَرْبھو** ۔ (پَر ۔ بھو) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) مالک ۔ سوامی ۔ ناتھ ۔ صاحب (۲) برتر ۔ فائق ۔ غالب (۳) ایک دیوتا (۴) خدا ۔ پرمیشور ۔
**پَرْبِین** ۔ (پَر ۔ بِین) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہوشیار ۔ چتر ۔ عقل مند (۲) ہنرمند ۔ کاریگر ۔ کام کا جاننے والا (۳) حسین ۔ جمیل ۔
**پَرْپرانا** ۔ (پر ۔ پ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] چڑچڑانا ۔ بدن میں سنسنی پیدا ہونا ۔
**پَرْپَنْچ** ۔ (پَر ۔ پنچ) [س ۔ ا ۔ مذ] فریب ۔ دھوکا ۔
**پَرْپوتا** ۔ (پَر ۔ پو ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بیٹے کا پوتا ۔
**پَرْپوتی** ۔ (پَر ۔ پو ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] بیٹے کی پوتی ۔
**پَرْپُھلا** ۔ (پَر ۔ پُھل ۔ لا) [س ۔ صف] پھول کی طرح کھلا ہوا ۔ ہشاش بشاش ۔
**پَرْپیٹھ** ۔ (پَر ۔ پیٹھ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ہُنڈی کا تیسرا پرت ۔ تیسری نقل ۔ طبق ثالث ۔
**پَرْت** ۔ (پ ۔ رت) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ورق ۔ تختہ ۔ طبق ۔ چھلکا ۔ تہ ۔ پوست ۔ پپڑی ۔
**پَرْتا** ۔ (پَر ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) اوسط (۲) مناسبت ۔ نسبت ۔ موزوں ۔
**پَرْتاب ۔ پرتاپ** ۔ (پَر ۔ تاب) (پَر ۔ تاپ) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) سخت گرمی ۔ (۲) زیب و زینت ۔ شان و شوکت (۳) مرتبہ (۴) برتری (۵) سخاوت ۔ مہربانی ۔
**پَرْتال** ۔ (پَر ۔ تال) [اُر ۔ ا ۔ مث] دیکھ بھال ۔ جانچ ۔ جائزہ ۔ نظرِ ثانی ۔ دوبارہ دیکھنا ۔
**پُرْتگالی** ۔ (پُر ۔ ت ۔ گا ۔ لی) [ف ۔ صف] پرتگال سے متعلق ۔ پرتگال کی کوئی شے ۔ پرتگال کا باشندہ یا زبان ۔
**پَرْتگیا** ۔ (پ ۔ رَ ۔ تگ ۔ گ ۔ یا) [س ۔ ا ۔ مث] اجازت ۔ منظوری (۲) وعدہ ۔ عہد
**پَرْتل** ۔ (پَر ۔ تل) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ سامان جو بیل یا گھوڑے پر لادا جائے ۔
**پَرْتل کا ٹٹو** ۔ [ہ ۔ مذ] لدا ٹٹو ۔ مزدور آدمی ۔
**پَرْتلا** ۔ (پَر ۔ ت ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پیٹی جو تلوار لٹکانے کے لیے کندھے پر ڈالتے ہیں ۔ پوڑاسترہ ۔ پٹا ۔ بیلٹ ۔ کمرپٹکا ۔
**پَرْتو** ۔ (پَر ۔ تو) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) سایہ ۔ عکس ۔ پرچھائیں (۲) روشنی ۔ کرن ۔ چمک
**پَرْتوافگن ۔ پرتوفگن** ۔ شعاع ڈالنے والا ۔ روشنی ڈالنے والا ۔
**پَرْتوا** ۔ (پَر ۔ ت ۔ وا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) سایہ ۔ عکس (۲) صحبت کا اثر ۔ فیضِ صحبت ۔
**پَرْتھوی** ۔ (پَر ۔ تھ ۔ وی) [ہ ۔ مث] (۱) زمین ۔ دُنیا ۔ ارض ۔ بھومی ۔ عالم ۔
**پَرْتی** ۔ (پَر ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] غیر مزروعہ زمین ۔ بن جُتی اراضی ۔
**پَرْتے** ۔ [ق ۔ صف] بساط ۔ مقدرت ۔
**پَرْتیت** ۔ (پَر ۔ تیت) [س ۔ ا ۔ مث] یقین ۔ بھروسا ۔ اعتماد ۔ اعتبار ۔
**پَرْج** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک راگنی ۔ ڈھال کا دستہ ۔ تلوار کا قبضہ ۔
**پَرْجا** ۔ (پَر ۔ جا) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) رعایا ۔ محکوم (۲) کرایہ دار ۔ پرائی جگہ میں رہنے والا (۳) مخلوق ۔ عام لوگ (۴) خاندان ۔ کنبہ ۔ مالک کی ضد ۔
**پَرْجاپت ۔ پرجاپتی** ۔ (۱) راجہ ۔ بادشاہ ۔ حاکم ۔ سرکار ۔ مالک (۲) خالق ۔ پیدا کرنے والا (۳) سورج (۴) کوزہ گر ۔ کمہار (۵) داماد (۶) باپ ۔

**پَرْجوت** ۔ (پَر ۔ جوت) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مکانات کی زمین کا محصول ۔ مقررہ لگان ۔ چکوتا
**پَرْچ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] پیالی ۔ طشتری ۔ چھوٹی طشتری ۔
**پَرْچا** ۔ (پَر ۔ چا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پرکھ ۔ شناخت ۔ پہچان (۲) ثبوت (۳) امتحان ۔ (۴) معجزہ ۔ اتمامِ حجت ۔ برہان قاطع (۵) خوش خبری ۔
**پَرْچا دینا** ۔ (۱) ثبوت دینا ۔ کرامت دکھانا ۔ بشارت دینا (۲) خوش کر لینا ۔
**پَرْچارَک** ۔ (پَر ۔ چا ۔ رَک) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) مبلغ (۲) چوبدار (۳) نقیب ۔
**پَرْچاری** ۔ (پَر ۔ چا ۔ ری) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) خدمت کرنا ۔ ملازمت کرنا ۔ تابعداری کرنا (۲) ملازم ۔ نوکر ۔
**پَرْچانا** ۔ (پَر ۔ چا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) راضی کرنا (۲) بہلانا ۔ پھسلانا (۳) رجوع کرنا ۔ مانوس کرنا (۴) بس میں لانا ۔
**پَرْتچ** ۔ (پَر ۔ تچ) [اُر ۔ ا ۔ مذ] پرزے ۔
**پَرْتچ اُڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پرزے پرزے ہو جانا ۔
**پَرْچَک** ۔ (پَر ۔ چَک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) پیار ۔ چمکار ۔ تھپکی (۲) تسلی ۔ دلاسا ۔ اطمینان (۳) حمایت ۔ سہارا (۴) اشارہ ۔ کنایہ ۔
**پَرْچَک دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حمایت کرنا (۲) اشارہ کرنا (۳) مدد کرنا ۔ سہارا دینا (۴) دلیر کرنا ۔
**پَرْچَک لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حمایت لینا ۔ پُشتی لینا ۔ طرف داری کرنا ۔
**پَرْچَم** ۔ (پَر ۔ چَم) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پھریرا ۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے ۔ (۲) زُلف ۔ کاکُل ۔
**پَرْچَم اُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پرچم لہرانا ۔ جھنڈا لہرانا ۔
**پَرْچنا** ۔ (پ ۔ رچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) راضی ہونا ۔ ہل جانا ۔ مانوس ہونا ۔ مائل ہونا (۲) بہلنا ۔ باتوں میں آنا ۔
**پَرْچول** ۔ (پَر ۔ چول) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ٹٹول ۔ دریافت ۔ چھان بین (۲) دھت ۔ لت ۔ دُھن ۔
**پَرْچُون** ۔ (پَر ۔ چُون) [ہ ۔ ا ۔ مذ] متفرق سودا ۔ آٹا ۔ دال ۔ نمک ۔
**پَرْچُونی** ۔ (پَر ۔ چُو ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] آٹا دال بیچنے کا کام ۔
**پَرْچُونیا** ۔ (پَر ۔ چُو ۔ نِ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بنیا ۔ مودی ۔ بقال (۲) خردہ فروش ۔ چھوٹی مقدار کا سودا بیچنے والا ۔
**پَرْچہ** ۔ (پَر ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) خط ۔ چٹھی ۔ رُقعہ ۔ تحریر (۲) لکھا ہوا کاغذ ۔ اخبار ۔ رسالہ (۳) پرزہ ۔ ٹکڑا ۔ چیتھڑا ۔ کترن ۔ دھجی (۴) امتحانی سوالات کا کاغذ ۔ جمع : پرچہ جات ۔
**پَرْچۂ الماس** ۔ ہیرے کا ٹکڑا ۔
**پَرْچہ چاک کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پولیس میں ابتدائی رپورٹ کا لکھا جانا ۔
**پَرْچہ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مقدمہ درج رجسٹر کرنا ۔
**پَرْچہ گزرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خبر پہنچنا ۔ اطلاع ملنا ۔ علم میں آنا (۲) نالش ہونا ۔ درخواست لگنا (۳) جاسوسی ہونا (۴) غیبت کیا جانا ۔
**پَرْچہ نویس** ۔ (۱) مخبر ۔ جاسوس ۔ خفیہ کارروائی لکھنے والا (۲) مورخ ۔ واقعات لکھنے والا (۳) خطاط ۔ خط لکھنے والا ۔
**پَرْچہ نویسی** ۔ (۱) مخبری ۔ جاسوسی (۲) تاریخ نویسی ۔ وقائع نگاری ۔ خط لکھنا پرچہ لکھنا ۔ اخبار نویسی کرنا ۔



Marfat.com

**پَرچھا** - (پَر۔ چھَا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) سُوت لپیٹنے کی نلی ۔ پھرکی ۔ گھرنی (۲) بھیڑ کا کم ہونا (۳) کڑاہی ۔ کڑھا ۔ دیگ ۔ بڑا دیگچہ (۴) جھگڑا ۔ قضیہ (۵) کیفیت ۔ حال ۔

**پَرچھا کرنا** ۔ (۱) نلی پر سُوت لپیٹنا ۔ پھرکی پر ڈورا چڑھانا (۲) ہجوم میں کمی کرنا (۳) جھگڑا نمٹنا ۔ قضیہ چُکانا ۔

**پَرچھانواں ۔ پرچھاواں** ۔ (پَر۔ چھاں۔ واں) (پَر۔ چھا۔ واں) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) سایہ ۔ عکس ۔ پرتو (۲) عادت ۔ رنگ ڈھنگ ۔ خُو ۔ خصلت ۔ سبھاؤ ۔

**پَرچھاواں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سایہ پڑنا ۔ عکس ہونا ۔ پرتو پڑنا (۲) رنگ میں رنگا جانا ۔ طریق اختیار کرنا ۔ عادت اور سبھاؤ موافق ہو جانا ۔

**پَرچھائیں** ۔ (پَر۔ چھا۔ اِیں) [ہ۔ا۔ مث] عکس ۔ سایہ ۔ پرتو ۔

**پَرچھائیں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عکس پڑنا ۔ سایہ پڑنا (۲) صحبت کا اثر ہو جانا ۔

**پرچھائیں ڈالنا** ۔ سایہ ڈالنا ۔ اپنے ایسا کرنا ۔

**پرچھائیں سے بچنا (بھاگنا) ڈرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سائے سے خوف کھانا (۲) کوسے ڈرنا (۳) بہت ڈرپوک ہونا (۴) نفرت کرنا (۵) مرعوب ہونا ۔

**پرچھائیں نہ پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) نشان نہ پانا ۔ کھوج نہ پانا ۔ پتہ نہ پانا ۔

**پَرچھتی ۔ پَرچھتی** ۔ (پَر۔ چھَت۔ تی) (پَر۔ چھ۔ تی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) چھوٹا چھپّر ۔ چھپّر سے الگ چھپّر جو چھپّر کے اِدھر اُدھر اور منڈیروں وغیرہ پر پانی کے بچاؤ کے لیے بناتے ہیں (۲) ٹانڈ ۔ مچان (۳) دیوار میں لگا ہوا چوڑا تختہ جس پر پرانا سامان وغیرہ رکھتے ہیں ۔

**پَرچھی** - (پَر۔ چھی) [ہ۔ا۔ مث] خورجین ۔ سواری پر سامان کا وہ تھیلا جو دونوں طرف لٹکا ہوا ہو ۔

**پَرچی** - (پَر۔ چی) [اُر۔ا۔ مث] (۱) پرچا کی تانیث (۲) وہ کاغذ جس پر انتخاب کے وقت اُمیدوار کا نام لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں (۳) مقدمے کی تاریخ کا کاغذ (۴) چھوٹا سا پرچہ ۔

**پَرچی ڈالنا** ۔ (ا۔ مص) رائے دینا ۔ ووٹ ڈالنا ۔

**پَرخاش** ۔ (پَر۔ خاش) [ف۔ا۔ مث] رنج ۔ اَن بن ۔ لڑائی ۔ نا اتفاقی ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ خُنشا ۔ کینہ ۔ غبار ۔

**پَرخاش جُو** ۔ (ف۔ صف) جھگڑے کے لیے تیار رہنے والا ۔ فساد پر کمربستہ ۔ کدورت رکھنے والا ۔

**پَرخچے** ۔ (پَ ۔ رَخ ۔ چے) [اُر۔ا۔ مذ] پُرزے ۔ ٹکڑے ۔

**پَرخچے اُڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پُرزے پُرزے کرنا ۔ دھجیاں کرنا (۲) بہت مارنا ۔

**پَرخچے اُڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پرخچے اُڑ جانا ۔ پُرزے پُرزے ہونا ۔

**پَرداخت** ۔ (پَر۔ دا۔ خت) [ف۔ا۔ مث] (۱) پرورش ۔ پالن (۲) مدد ۔ سہارا ۔ (۳) حفاظت ۔ نگہبانی ۔ دیکھ بھال ۔

**پَرداختہ** ۔ (پَر۔ دَاخ ۔ تَہ) [ف۔ صف] آراستہ کیا گیا ۔ سنوارا ہوا ۔

**پَردادا** ۔ (پَر۔ دا۔ دا) [ہ۔ا۔ مذ] باپ کا دادا ۔ دادا کا باپ ۔

**پَردادی** ۔ (پَر۔ دا۔ دی) پردادا کی بیوی ۔ باپ کی دادی ۔ دادی کی ماں ۔

**پَردار** ۔ [ق۔ا۔ مذ] حاجب ۔ پردہ دار (ف) پر رکھنے والا ۔ پرندے ۔

**پَرداز** ۔ (پَر۔ داز) [ف۔ا۔ مث] (۱) ابتداء ۔ شروع ۔ تمہید ۔ پہل (۲) آرائش ۔ جِلا ۔ چمک (۳) کشیدہ (۴) مصوّری ۔ نقّاشی ۔ ڈرائنگ (۵) تصویر کے نقش و نگار ۔ خط و خال ۔ نوک پلک (۶) رنگ ڈھنگ ۔ چال ڈھال ۔ خُو ۔ خصلت (۷) مُرکبات کے آخر میں آ کر کام کرنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے نقش پرداز ۔ جمع : پردازاں ۔

**پَرداز اُڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) طرز سیکھنا ۔ نقل اُتارنا ۔

**پَرداز ڈالنا ۔ پرداز کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شروع کرنا ۔ ابتدا کرنا ۔ تمہید ڈالنا ۔ پہل کرنا (۲) سنوارنا ۔ جلا دینا ۔ چمکانا ۔ رُوپ نکھارنا (۳) کشیدہ کاڑھنا ۔ نقش کاری کرنا (۴) خط و خال بنانا (۵) رنگ ڈھنگ پر لانا ۔ عادت یا سبھاؤ سنبھالنا ۔

**پَردان** ۔ (پَر۔ دان) [س۔ مص] (۱) دینا ۔ پیش کرنا ۔ تحفہ دینا (۲) سپردگی ۔ اطاعت (۳) شادی میں دینا ۔

**پَرورشی** ۔ (پَر۔ وَر۔ شِی ۔ نی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) نمائش (۲) نذر ۔ بھینٹ ۔

**پَردگی** ۔ (ف۔ا۔ مث) پردے میں رہنے کی حالت (۲) پاک دامن ۔ پردہ دار ۔

**پَردَل** ۔ [ق۔ا۔ مذ] غیر کی فوج ۔

**پَردوش** ۔ (پَر۔ دوش) [س۔ا۔ مذ] (۱) قصور ۔ جُرم ۔ گناہ ۔ خطا (۲) رات کا پہلا حصّہ (۳) شام کی روشنی ۔

**پَردَہ** ۔ (پَر۔ دَہ) [ف۔ا۔ مذ] (۱) اوٹ ۔ گھونگٹ ۔ آڑ ۔ اوجھل ۔ روک ۔ حجاب ۔ نقاب ۔ بُرقع (۲) چِق ۔ چلمن (۳) دروازے کے آگے پردے کی دیوار ۔ (۴) انگرکھے کا سینہ (۵) سطح (۶) راز ۔ پوشیدہ (۷) راگ ۔ الاپ ۔ آہنگ (۸) پیٹ وغیرہ کی جھلّی (۹) طبقہ ۔ پرت ۔ پپڑی (۱۰) کولے اور پسلیوں کا درمیانی گوشت (۱۱) بادبان ۔ شُکان ۔ پتوار (۱۲) عیب ۔ نقص ۔ خرابی ۔

**پَردہ اُٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نقاب اُلٹنا ۔ گھونگٹ اُٹھانا (۲) چلمن یا چِق اُٹھانا ۔ (۳) چار دیواری گرانا (۴) راز افشا کرنا ۔ بھید کھولنا (۵) اصلیت ظاہر کرنا ۔ واقعات بیان کرنا (۶) پرت کھولنا ۔ پپڑی اُتارنا (۷) حجاب دُور کرنا ۔ تکلف برطرف کرنا (۸) کھال جدا کرنا ۔ جھلّی اُتارنا ۔

**پَردہ پڑنا (پڑ جانا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اوٹ ہونا (۲) حجاب ہونا (۳) نقاب ڈالا جانا (۴) چلمن کرنا (۵) چھُپ جانا (۶) بے وقوف ہو جانا ۔

**پَردہ پوش** ۔ (۱) بُرائی کو چھُپانے والا (۲) پردہ دار ۔ کسی کے عیب کو ڈھانکنے والا

**پَردہ پوشی** ۔ (۱) پردہ داری ۔ عیب پوشی (۲) راز داری ۔

**پَردہ پھاڑنا** ۔ (۱) پردے میں سُوراخ کرنا (۲) بے پردہ ہو جانا (۳) ازالۂ بکارت کرنا ۔

**پَردہ چاک کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پردے میں شگاف کرنا ۔ راز کھول دینا ۔

**پَردۂ چشم** ۔ (ف۔ مذ) آنکھ کا پردہ ۔

**پَردہ چھوڑنا** ۔ (۱) چِق ڈالنا ۔ چلمن گرانا (۲) نقاب لینا ۔ حجاب کرنا ۔ چہرہ ڈھانپنا (۳) نقاب اُتارنا ۔ حجاب نہ رہنا ۔ پردہ اُتارنا ۔

**پَردہ دار** ۔ (۱) راز دار ۔ بھید رکھنے والا (۲) پردہ کرنے والا (۳) واقف حال محرم (۴) عیبوں کو چھُپانے والا ۔

**پَردہ داری** ۔ عیب پوشی ۔ راز داری ۔

**پَردہ دَر** ۔ (۱) عیب ظاہر کرنے والا ۔ بُرائیوں کو طشت ازبام کرنے والا (۲) (ف) دروازے کی چلمن ۔



Marfat.com

**پردہ درمیان سے اُٹھ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حجاب نہ رہنا۔

**پردۂ دنیا** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) سطحِ زمین۔ طبقۂ زمین۔

**پردہ دری** ۔ عیب نمائی۔ جاسُوسی۔ مخبری۔ افشائے راز۔

**پردہ ڈالنا** ۔ (۱) عیب چھپانا۔ راز داری کرنا (۲) چق کھولنا۔ چلمن ڈالنا۔ (۳) گھونگٹ کرنا۔ بُرقع اوڑھنا۔

**پردہ ڈھانکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عیب چھپانا (۲) دُنیا سے اُٹھ جانا۔ مرنا۔

**پردہ (رکھ لینا) رکھنا** ۔ (۱) پردہ کرنا۔ حجاب کرنا۔ چھپنا (۲) راز دار ہونا۔ مخفی رکھنا (۳) عیب چھپانا۔

**پردہ رہ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذلت سے بچنا۔ شرم رہ جانا۔ بات رہ جانا۔

**پردہ سرا** ۔ (۱) سراپردہ۔ خیمہ (۲) مکڑبے۔ گڑیا۔

**پردۂ ظلمت** ۔ (ف۔ ا۔ صف) تاریکی۔ اندھیری رات۔

**پردۂ عصمت** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) عصمت کا پردہ سے استعارہ ہے۔ داغ لگنا یا لگانا (افعال) پھاڑنا۔ پھٹنا۔ خراب کرنا۔

**پردۂ عنکبوت** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) مکڑی کا جالا۔ آنکھ کا ایک پردہ۔

**پردۂ غیب** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) عالمِ باطن۔ نچلے اور اُوپر کے جہان کا درمیانی پردہ (طنزاً) جو بات خدا کی طرف سے یا اتفاقاً جواس کے متعلق کہتے ہیں۔

**پردہ فاش کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) راز کا فاش کرنا۔ عیب کھولنا (۲) اصلیت کا ظاہر کرنا۔ بھید ظاہر کرنا۔

**پردہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پردے میں رہنا۔ گھونگٹ کرنا۔ چھپنا۔

**پردہ کھولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔

**پردہ گرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) چلمن چھوڑنا۔ پردہ ڈالنا۔ چق گرانا۔ گھونگٹ کرنا۔

**پردۂ گوش** ۔ (ف۔ مذ) کان کے اندر کی جھلی۔

**پردہ لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پردہ ہونا۔ پردے میں بیٹھنا۔ چھپنے لگنا (۲) بدچلن عورت کا پردہ کرنا۔

**پردۂ ناموس** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) عصمت کا پردہ۔ عفت کا پردہ (۲) (مجازاً) عزت۔ آبرو۔

**پردہ نشین** ۔ (ف۔ مث) (۱) پردے میں بیٹھنے والی (۲) پاک دامن۔ باحیا۔

**پردہ ہو جانا (ہونا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آڑ میں آجانا۔ اوٹ ہو جانا۔ چھپ جانا (۲) چہرہ چھپا لینا۔ پوشیدہ ہو جانا۔

**پردہ ہے** ۔ (۱) اوٹ ہے۔ آڑ ہے (۲) چھپے ہوئے ہیں۔ پردے میں ہیں (۳) یہاں نہ آنا۔

**پردے بٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) باہر کا آنا جانا بند کرنا۔ پردہ کرانا۔ پردہ نشین کرنا۔

**پردے پردے میں** ۔ (۱) خفیہ۔ چوری چھپے (۲) آڑ میں۔ اوٹ میں (۳) بے خبری میں۔

**پردے سے لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پردے کے قریب بیٹھنا۔

**پردے کی بات** ۔ (ا۔ محاورہ) راز کی بات۔ خفیہ معاملہ۔

**پردے کی (بُو بُو) بی بی** ۔ (ا۔ مث) (۱) پردے میں رہنے والی (۲) شریف عورت (۳) (طنزاً) بدچلن عورت۔

**پردے کی بی بی چنائی کا لہنگا** ۔ (ا۔ مثل) جب کوئی غریب عورت پردہ کرتی ہے تو کہتے ہیں۔

**پردے کی دیوار** ۔ (ا۔ مث) حجاب کی دیوار۔ پردے کی غرض سے دروازہ کے سامنے کی دیوار۔

**پردے کے لوگو پردے ہو** ۔ جب کوئی شخص اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہتا ہے تو آس پاس کے لوگوں کے لیے اس طرح تین بار پکارتا ہے تاکہ کسی پردہ نشین کا سامنا نہ ہو جائے۔

عرش بریں پہ رہنے والو حوروں سے کہدو پردے ہو
بامِ فلک پر چڑھتا ہے نالہ پردے کے لوگو پردے ہو (انشا)

**پردے میں پوچھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اس طرح پوچھنا کہ مخاطب کو پوچھنے کا مقصد معلوم نہ ہو سکے۔

**پردے میں زردہ لگانا۔ پردے میں سوراخ کرنا**
**پردے میں شکار کھیلنا۔ پردے میں گرہ لگانا** } (ا۔ مثل) پردے میں بدکاری کرنا۔ پردہ نشین عورت کا حرام کاری کرنا۔

**پردھان** ۔ (پَر۔ دھان) (ہ۔ ا۔ مذ) رہنما۔ صدر۔ مُکھیا۔

**پردیس** ۔ (پَر۔ دیس) (ہ۔ ا۔ مذ) غیر وطن۔ دوسرا مُلک۔ غربت۔

**پردیس جانا** ۔ (۱) دوسرے ملک میں جانا۔

**پردیس چھانا** ۔ (۱) دوسرے وطن جا رہنا۔ ترکِ وطن کرنا (۲) غیر ملک میں تجارت یا نوکری کرنا۔

**پردیسن** ۔ (پَر۔ دے۔ سَن) (ہ۔ ا۔ مث) اجنبی عورت۔ مسافر عورت۔ غیر وطن کی عورت۔

**پردیسی** ۔ (پَر۔ دے۔ سی) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غیر ملک کا۔ بدیسی (۲) مسافر۔ غریب الوطن۔

**پردیسی بلم تیری آس نہیں**
**باسی پھولوں میں باس نہیں** } (ہ۔ مثل) پردیس میں رہنے والے شوہر سے وفا داری کی اُمید نہیں۔ جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی۔

**پرذات** ۔ (ق۔ صف) غیر ذات۔ کم اصل۔ کم ذات۔

**پرزہ** ۔ (پُر۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کترن۔ دھجی۔ چیتھڑا۔ ٹکڑا (۲) عضو۔ جزو (۳) پرندوں کے چھوٹے چھوٹے باریک پَر (۴) دوات کا صوف (۵) ریشی اور اُونی کپڑے کا رُواں (۶) کسی مشین کا چھوٹا حصہ۔

**پرزے اُڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں بکھیرنا۔ چیتھڑے اُڑانا (۲) چُور چُور کرنا (۳) پارہ پارہ کرنا (۴) بیکار کر دینا (۵) بوٹیاں کاٹنا (۶) اُدھیڑنا (۷) خُوب مارنا (۸) بہت سزا دینا۔

**پرزے پرزے کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**پرزے پرزے ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چیتھڑے ہونا۔ دھجیاں اُڑنا (۲) پرخچے اُڑنا (۳) ٹکڑے اُڑنا (۴) شکستہ و بیکار ہو جانا (۵) بوٹیاں اُڑنا (۶) سزا پانا (۷) اُدھڑنا۔ جزو جزو جدا ہونا۔

**پرس** ۔ (Purse) (انگ۔ ا۔ مذ) بٹوا۔ روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا سا بیگ۔

**پُرس** ۔ (ف۔ ا۔ مث) فارسی مصدر پُرسیدن کا اسم صفت۔ پُوچھنے کا عمل اُردو میں فقط بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بازپُرس۔ الگ مستعمل نہیں (ہ۔ مذ) آدمی۔ آدمی کا بدن۔ بَرش۔

**پُرسا** ۔ (پُر۔ سا) (ف۔ ا۔ مذ) ماتم پُرسی۔ تعزیت۔



Marfat.com

**پُرسا دینا** - (۱- محاورہ) (۱) ماتم پُرسی کرنا ۔ تعزیت کرنا (۲) پس ماندوں کی تسلی و تشفی کرنا ۔

**پُرسا لینا** - (۱- محاورہ) (۱) موت کی خبر سُن کر رونا (۲) ماتم پُرسی کو منظور کرنا ۔ (۳) پس ماندوں کا تسلی و تشفی کی باتیں سُننا ۔

**پَرسال** - (پَر۔سال) [ف ۔ ا ۔ مذ] گزشتہ سال ۔ پچھلے سال ۔ پار سال ۔

**پُرسال** - (پُر۔سال) [ف ۔ صف] (۱) پوچھنے والا ۔ دریافت کرنے والا ۔ (۲) مددگار ۔ سہارا دینے والا ۔ معاون (۳) دوست ۔ یار ۔

**پُرسانِ حال** - (۱) حال پوچھنے والا (۲) مددگار ۔ اعانت کرنے والا ۔

**پَرَست** - (پَ ۔ رَست) [ف ۔ صف] پرستش کرنے والا ۔ پُوجنے والا ۔

**پَرَستار** - (پَ ۔ رَس ۔ تار) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پُوجا کرنے والا ۔ پُجاری (۲) نوکر ۔ غلام (۳) شیدائی ۔ مُرید ۔ جمع : پرستاراں ۔

**پرستار زادہ نیاید بکار } اگرچہ بُود زادۂ شہریار }** (ف ۔ مقولہ) لونڈی کا بچہ کسی کام نہیں آتا ۔ خواہ وہ بادشاہ کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو ۔ کمینہ بے فیض ہوتا ہے ۔

**پَرِستان** - (پَ ۔ رِس ۔ تان) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پریوں کے رہنے کی جگہ ۔ پریوں کا ملک (۲) اِندر کا اکھاڑا ۔

**پرستان کا عالم** - (۱) پریوں کا سا مُلک ۔ پریوں کے دیس کی سی کیفیت ۔ پرستان کا سا لُطف ۔ بعینہٖ پرستان ۔

**پَرَستش** - (پَ ۔ رَس ۔ تِش) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) عبادت ۔ پوجا ۔ بندگی ۔ تپسیا ۔ تسلیم ۔ آداب ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ توقیر ۔ عزت (۲) عجز ۔ انکسار ۔

**پرستش گاہ** - (۱) عبادت کی جگہ (۲) مسجد ۔ مندر ۔ شوالہ ۔ معبد ۔

**پُرسِش** - (پُر ۔ سِش) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) پُوچھ گچھ ۔ تفتیش ۔ پوچھنا ۔ اِستفسار ۔ (۲) دیکھ بھال (۳) عزت ۔ تعظیم ۔ آؤ بھگت ۔

**پُرسشِ حال** - حال پُوچھنا ۔ کیفیت دریافت کرنا ۔

**پُرسش کرنا** - (۱) پُوچھ گچھ کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ باز پُرس کرنا ۔ جواب طلب کرنا (۲) دیکھ بھال کرنا ۔

**پَرسَن** - (پَر ۔ سَن) [س ۔ صف] (۱) خوش ۔ آسُودہ ۔ مگن ۔ محفوظ (۲) بے فکر ۔ بے غل و غش ۔ بے غم و رنج ۔ راضی ۔ خوشی ۔ تندرست ۔

**پَرسَنا** - قدم بوسی (ق) ۔

**پَرسَندہ** - (پَر ۔ سَن ۔ دَہ) [ا ۔ ا ۔ مذ] پسندہ کا بگاڑا ہوا ہے ۔ کباب ۔ پسندہ ۔

**پَرسَنگ** - (پَر ۔ سَنگ) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) بابت ۔ متعلق ۔ درمیان (۲) صحبت ۔ میل جول ۔ ربط ضبط ۔ ہم نشینی ۔ واسطہ ۔ سابقہ (۳) موقع ۔ جگہ ۔

**پَرسَنل** - (Personal) (پَر ۔ سَ ۔ نَل) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ذاتی ۔ نجی ۔

**پَرسَنل اسسٹنٹ** - (Personal Assistant) ایک عہدہ دار جو کسی افسر کے مددگار یا سیکرٹری کی حیثیت سے کام کرتا ہو ۔

**پَرسَنل پراپرٹی** - (Personal Property) ذاتی جائداد ۔ اپنی پیدا کی ہوئی جائداد ۔

**پَرسَنل سیکوریٹی** - (Personal Security) ذاتی یا شخصی ضمانت ۔ وہ ضمانت جس کا دینے والا خود ذمہ دار ہو ۔

**پَرسُوت** - (پَر ۔ سُوت) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) عورتوں کے اندام نہانی سے سفید پانی کا بہنا (۲) ایامِ زچگی کی ایک بیماری (۳) پیدا ہوا ۔ جنا ہوا ۔

**پَرسُوں** - (پَر ۔ سُوں) [ہ] آج سے تیسرا دن ۔ اگلا یا پچھلا ۔

**پُرسہ** - (پُر ۔ سہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] ماتم پُرسی ۔ تعزیت ۔ دیکھیے پُرسا ۔

**پُرسیاوشاں** - (پُر ۔ سِ ۔ یا ۔ و ۔ شاں) [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی بُوٹی ۔ سُنبل بالچھڑ

**پُرش** - [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) انسان ۔ آدمی ۔ مرد ۔ شخص (۲) پرمیشور ۔ خدا ۔ پرماتما ۔ آتما (۳) خاوند ۔ مالک ۔

**پُرش کی مایا اور درخت کی چھایا** - (ہ ۔ مثل) انسان کی دولت اور درخت کے سائے کا کوئی اعتبار نہیں ۔

**پَرشاد** - (پَر ۔ شاد) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دیوتاؤں پر کا چڑھاوا ۔ تبرک (۲) اُستاد یا مُرشد کا جھوٹا (۳) کھانا ۔ طعام ۔

**پَرشاد چڑھانا** - (محاورہ) نذر دینا ۔ نیاز کرنا ۔ بھینٹ چڑھانا ۔

**پُرشوتم** - (پُر ۔ شو ۔ تَم) [س ۔ ا ۔ مذ] عظیم ترین شخصیت ۔ بزرگ ذات ۔

**پَرشہر** - (پَر ۔ شہر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] غیر شہر ۔ پردیس ۔

**پَرکاج** - (پَر ۔ کاج) [ہ ۔ ا ۔ مذ] غیر کا کام ۔ دوسرے کا کام ۔

**پُرکار** - (پُر ۔ کار) [ف ۔ ا ۔ مذ] دائرہ کھینچنے کا آلہ ۔

**پَرکار** - (پَر ۔ کار) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) قسم ۔ نوع ۔ جنس ۔ بھانت ۔ فرع (۲) طور ۔ طریق ۔ صورت ۔ ڈھنگ (۳) مشابہت (۴) اختلاف (۵) خصوصیت

**پُرکار** - (پُر ۔ کار) [ف ۔ صف] موٹا ۔ دبیز ۔ دانا ۔ عیار ۔ ہوشیار ۔

**پَرکاش** - (پَر ۔ کاش) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) ظاہر (۲) فاش (۳) مشہور (۴) روشن (۵) صفائی ۔ چمک (۶) نور (۷) شان و شوکت ۔

**پَرکالا** - (پَر ۔ کا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) زینہ ۔ سیڑھی (۲) چوکھٹ ۔ دہلیز ۔

**پَرکالہ** - (پَر ۔ کا ۔ لَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ٹکڑا ۔ لخت ۔ حصہ ۔ پارہ ۔ جزو (۲) چنگاری ۔ شعلہ ۔ لپٹ ۔ شعاع (۳) آئینہ ۔ درپن ۔

**پرکالۂ آتش** - (ف ۔ ا ۔ صف) نہایت تیز ۔ عیار ۔ طرار ۔ چالاک ۔ شوخ ۔

**پَرکَما** - (پَر ۔ کَ ۔ ما) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) طواف ۔ گرداگرد ۔ گھومنا (۲) تصدق نثار ۔ وار پھیر ۔

**پرکما لگانا** - (محاورہ) (۱) طواف کرنا ۔ چاروں طرف چکر لگانا (۲) صدقے ہونا ۔ نثار ہونا ۔ قربان ہونا ۔

**پَرکَمی** - [ق ۔ ا ۔ مث] مصیبت ۔ غربت ۔ معذورت ۔

**پَرَکھ** - (پَ ۔ رَکھ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) پہچان ۔ شناخت ۔ وقوف ۔ گیان (۲) معیار ۔ کسوٹی ۔ امتحان ۔ آزمائش (۳) آنک ۔

**پُرکھ** - [س ۔ ا ۔ مث] انسان ۔ آدمی ۔ مرد ۔

**پُرکھ سا پکھیرو کوئی نہیں** - (ا ۔ مثل) انسان ایک جگہ نہیں رہ سکتا ۔ جا بجا پھرتا ہے ۔

**پَرکھا** - (پَر ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پرکھنے والا ۔ جانچنے والا ۔

**پُرکھا** - (پُر ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بڑے بوڑھے ۔ باپ دادا (۲) نیک لوگ ۔

**پَرکھانا** - (پَر ۔ کھا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جچوانا ۔ کسوٹی پر لگوانا ۔ امتحان کرانا (۲) شناخت کرانا (۳) حوالے کرنا ۔ سونپنا (۴) گنوانا ۔

**پَرَکھنا** - (پَ ۔ رَکھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پہچاننا ۔ شناخت کرنا (۲) جانچنا ۔ امتحان کرنا ۔ آزمانا (۳) آنکنا ۔



Marfat.com

**پَرکھیا** - (پَرَ-کھی-یا) [ہ-ا-مذ] (۱) پرکھنے والا - جانچنے والا (۲) امتحان کرنے والا (۳) آنکو (۴) پرکھنے والا - سِنبھا لنے والا (۵) صرّاف۔
**پَرگت مِلنا** - (پَرگت-مِل-نا) [ہ-مص] میل ملاپ ہونا۔
**پَرگَٹ - پرگھٹ** - [ق-صف] ظاہر - واضح - علانیہ - صریح - آشکارا۔
**پَرگُم** - [ق-صف] (۱) فکرمند (۲) پُراسرار - گہرا (۳) مشکل۔
**پَرگنات - پرگنہ جات** - (پَرَ-گَ-نات) (پرگ-نہ-جات) [ف-ا-مذ] پرگنہ کی جمع - دیہات۔
**پرگنہ** - (پَرَ-گَ-نَہ) [ف-ا-مذ] (۱) علاقہ - حصّہ - ضلع - ٹکڑا - وہ علاقہ جو ایک قانون کے تحت ہو - وہ محدُود حصّہ ضلع جس پر ایک ضلع دار افسر ہو - تعلقہ - جاگیر (۲) ایک مرکب خوشبو۔
**پَرگنہ دار** - ضلع دار - پرگنہ کا افسر۔
**پَرگنہ وار** - پرگنہ کے حساب سے۔
**پَرگھات** - [ق-ا-مذ] حادثہ۔
**پَرگھٹی** - (پَرَ-گھَ-ٹی) [س-ا-مث] لوہے کا سانچہ جس میں سونے یا چاندی کو گلا کر ڈالتے ہیں - سُنار کا سانچہ۔
**پَرگھرا** - (پَرگھ-را) [ہ-صف] وہ کبوتر جو دوسرے کے مکان کو پہچانتا ہو۔
**پَرلا** - (پَرَ-لا) [ہ-صف] اُدھر کا - اُس طرف کا - سب سے آخر کا - اُس پار کا - پرلی طرف کا۔
**پَرلے درجے کا** - [ا-صف] بے حد - انتہائی۔
**پَرلے سرے کا** - [ا-محاورہ] (۱) بڑا بدمعاش - خراب آدمی (۲) حد درجے کا۔
**پَرلوک** - (پَرَ-لوک) [س-ا-مذ] عالم بالا - عُقبیٰ - دوسرا جہان - موت کے بعد کی دوسری دنیا۔
**پَرلی** - (پَرَ-لی) [ہ] اُدھر کی - اُس طرف کی۔
**پَرَم** - [س-ا-مذ] افضل ترین ذات - اوّل - پہلا - مکمل ذات (۲) معشوق - (ق) محبّت (ق)۔
**پَرَم رَس** - [ق-ا-مذ] (پَرَم - محبّت + رس - شراب) شراب محبّت۔
**پَرماتما** - (پَرَ-مات-ما) [س-ا-مذ] بڑی آتما - اعلیٰ رُوح - بالا شخصیت - پرمیشور - برہم - وِشنو - خدا - احکم الحاکمین۔
**پَرمٹ** - (Permit) (پَر-مِٹ) [انگ-ا-مذ] اجازت نامہ - مال درآمد برآمد کرتے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا خرید و فروخت کی تحریری اجازت۔
**پَرمٹّا** - (پَرَ-مَ-ٹّا) [ع-ا-مذ] ایک قسم کا کپڑا جو مرینے سے مُشابہ ہوتا ہے۔
**پَرمحلہ** - (پَرَ-مَح-لَہ) [ہ-ا-مذ] دُوسرا محلّہ۔
**پَرمَل** - (پَرَ-مَل) [س-ا-مذ] (۱) کھیلیں - بھگو کر بھُنی ہوئی جوار مکئی یا جوار وغیرہ کے دانے (۲) ایک قسم کا خوشبودار چاول۔
**پرملو** - (پَرَ-م-لو) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کا اناج۔
**پَرمود** - (پَرَ-مود) [س-ا-مث] بے حد خوشی - مسرّت۔
**پَرمیشور** - (پَرَ-مے-شَر) [س-ا-مذ] خدائے تعالےٰ۔
**پَرمیہو** - (پَرَ-مے-ہو) [س-ا-مذ] سوزاک کا مرض۔
**پَرَن** - (پَ-رَن) [ہ-ا-مذ] (۱) وعدہ - تجویز - اقرار - قول (۲) عہد - نیّت - قسم (۳) طبلے کی گت (۴) [ف-ا-مذ] عقدِ ثریّا - پروین - سات سہیلیوں کا جھمکا۔
**پَرنالہ - پرنالا** - (پَرَ-نا-لہ) (پَرَ-نا-لا) [ہ-ا-مذ] کوٹھے یا بالاخانے کی موری نالی۔
**پرنالے بہانا** - [ا-محاورہ] شدّت سے رونا۔
**پَرنالی** - (پَرَ-نا-لی) [ہ-ا-مث] (۱) پرنالہ کی تصغیر چھوٹی بدررو - چھوٹی نالی (۲) گھوڑے کی تن درستی کے سبب ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف گوشت اُبھرنے سے ہڈی پر جو گڑھا رہ جاتا ہے۔
**پرنالی پڑنا** - [ا-محاورہ] (۱) گھوڑے کی فربہی کے سبب پٹھوں اور سرینوں کے درمیان گڑھا سا پڑنا (۲) گھوڑے کا فربہ اور تیار ہونا۔
**پَرنام** - (پَرَ-نام) [س-ا-مذ] (۱) آداب تسلیم - بندگی - سلام (۲) مرنے کی حالت۔
**پَرنانا** - (پَرَ-نا-نا) [ہ-ا-مذ] ماں کا دادا - ماموں کا دادا - نانا کا باپ۔
**پرنانی** - (پَرَ-نا-نی) [ہ-ا-مث] پرنانا کی بیوی - ماں کی دادی - نانا کی ماں۔
**پَرنت** - (پَ-رَن-تَ) [س] لیکن بہر حال - پھر بھی۔
**پَرنتو** - [ہ] لیکن - مگر۔
**پرنٹر** (Printer) (پ-رِن-ٹَر) [انگ-ا-مذ] چھاپنے والا - طبع کرنے والا۔
**پرنٹنگ** - (Printing) (پ-رِن-ٹِنگ) [انگ-مص] چھاپنے کا عمل - طبع کرنا۔
**پرنٹنگ پریس** - (Printing Press) مطبع - چھاپہ خانہ۔
**پَرِند** - (پَ-رِند) [ف-ا-مذ] اُڑنے والا - پکھیرو - مُرغ - جمع : پرندگان۔
**پَرِندِ آبی** - وہ پرند جو پانی میں سے مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھائے۔
**پَرِند ہو جانا** - [ا-محاورہ] اُڑ جانا - بہت جلدی حرکت کرنا - تیزی سے بھاگ
**پَرِندہ** - (پَ-رِن-دَہ) [ف-ا-مذ] اُڑنے والا جانور - جمع : پرندگاں۔
**پرندہ پَر نہیں مار سکتا** - [ا-محاورہ] کسی کو جانے کی اجازت نہیں - بے حد روک ٹوک ہے - کوئی جانے نہیں پاتا - کسی کا گزر نہیں۔
**پرنس** - (Prince) (پ-رِنس) [انگ-ا-مذ] شہزادہ - بادشاہ زادہ۔
**پرنس آف ویلز** - (Prince of Wales) ولی عہد انگلستان کا لقب۔
**پرنسپل** - (Principal) (پ-رِن-سِ-پَل) [انگ-ا-مذ] کالج کا مدرسِ اعلیٰ یا افسرِ اعلیٰ۔
**پَرُنی** - [ق-ا-مث] نلکی۔
**پَرنیاں** - (پَرَ-نِ-یاں) [ف-ا-مذ] ایک قسم کا پھولدار ریشمی کپڑا - دیبا۔
**پَروا - پَرواہ** - (پَر-وا) (پَر-واہ) [ف-ا-مث] (۱) خواہش - رغبت - ضرورت (۲) خوف - دہشت - فکر - اندیشہ (۳) حاجت - غرض (۴) توجّہ - اندیشہ - چنتا۔
**پَروا** - (پ-ر-وا) [س-ا-مذ] چاند کی پہلی تاریخ۔
**پُروا** - (پُر-وا) [ہ-ا-مذ] پُورب کی ہوا - بادِ مشرق - صبا۔
**پَروار** - (پَر-وار) [س-ا-مذ] (۱) خاندان - قبیلہ (۲) متعلقین ملازمان (۳) دوست یار
**پَرواز** - (پَر-واز) [ف-ا-مث] (۱) اُڑان (۲) فخر۔
**پروازکناں** - [ف-صف] اُڑتا ہوا۔



Marfat.com

**پَروال** ـ (پَر ـ وال) (ہ ـ ا ـ مذ) پربال ـ آنکھوں کا ایک مرض ـ دیکھیے پَربال ـ

**پَروان** ـ (پَر ـ وان) (ہ ـ صف ـ و ـ ا ـ مذ) (۱) کامیاب ـ مکمل ـ پُورا ـ بالغ ـ (۲) ٹھیک ـ صحیح ـ دُرست ـ مُعتبر (۳) بادبان کا ڈنڈا ـ

**پروان چڑھانا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) پال پوس کر بڑا کرنا ـ کامیاب کرانا ـ مُراد کو پہنچانا ـ

**پَروان چڑھنا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) کامیاب ہونا ـ مُراد کو پہنچنا ـ تکمیل کو پہنچنا ـ پُورا ہونا ـ

**پَروانَجات** ـ (پَر ـ وا ـ نَہ ـ جات) (ف ـ ا ـ مذ) پروانہ کی جمع ـ پروانے ـ حکم نامے ـ اجازت نامے ـ کئی فرمان ـ

**پَروانگی** ـ (پَر ـ وان ـ گی) (ف ـ ا ـ مث) اجازت ـ حکم ـ آگیا ـ

**پَروانَہ** ـ (پَر ـ وا ـ نہ) (ف ـ ا ـ مذ) (۱) پتنگا ـ ایک پردار کیڑا (۲) اجازت نامہ ـ حکم نامہ (تحریری) (۳) وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے (۴) (مجازاً) عاشق ـ فریفتہ ـ

**پَروانۂ تلاشی** ـ (ا ـ مذ) گھر کی تلاشی کا وارنٹ ـ

**پروانۂ راہداری** ـ (ف ـ ا ـ مذ) دوسرے ملک میں جانے کا اجازت نامہ ـ پاسپورٹ

**پَروانۂ طِلا** ـ وہ سند جو حُسنِ خدمت کے عوض دی جاتی ہے اور سونے کے پانی سے لکھی جاتی ہے ـ

**پروانۂ گرفتاری** ـ (ف ـ ا ـ مذ) گرفتاری کا حکم نامہ ـ وارنٹ گرفتاری ـ

**پروانہ وار** ـ پروانہ کی طرح ـ

**پروانہ ہونا** ـ عاشق ہونا ـ فریفتہ ہونا ـ جان دینا ـ

**پَرواہا** ـ (پَر ـ وا ـ ہا) (ہ ـ ا ـ مذ) طباق کی شکل کا بال بھرا گدا جو پلنگ کے سرہانے کی طرف پایوں کے نیچے رکھتے ہیں ـ

**پُروائی** ـ (پُر ـ وا ـ ای) (ہ ـ ا ـ مث) پُروا ہوا ـ پُورب سے آنے والی ہوا ـ بادِ مشرق ـ

**پَروایا** ـ (پَر ـ وا ـ یا) (ہ ـ ا ـ مذ) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھا جاتا ہے ـ

**پروبیشن** ـ (Probation) (پ ـ رو ـ بے ـ شَن) (انگ ـ ا ـ مذ) عارضی ملازم یا اُمیدوار کی اہلیت کی آزمائش ـ کام سیکھنے کا زمانہ ـ

**پروبیشنر** ـ (Probationer) (پ ـ رو ـ بیش ـ نَر) (انگ ـ ا ـ مذ) کام سیکھنے والا ـ عارضی ملازم ـ

**پَروپرائٹر** ـ (Proprietor) (پ ـ رو ـ پ ـ را ـ اِ ـ ٹر) (انگ ـ ا ـ مذ) مالک

**پروپیگنڈا** ـ (Propagenda) (پ ـ رو ـ پے ـ گن ـ ڈا) (انگ ـ ا ـ مذ) اشاعت ـ تبلیغ ـ تشہیر ـ ڈھنڈورا ـ

**پَروتا** ـ (پ ـ رو ـ تا) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) پوتے کا بیٹا (۲) آٹا ـ گڑ ـ ہلدی ـ پان وغیرہ جو کسی تقریب پر خدمتی کمین کو دیا جاتا ہے ـ

**پَروتی** ـ (پ ـ رو ـ تی) (ہ ـ ا ـ مث) پوتے کی بیٹی ـ

**پروٹسٹ** ـ (Protest) (پ ـ رو ـ ٹسٹ) (انگ ـ ا ـ مذ) اِحتجاج ـ اعتراض ـ

**پروٹسٹنٹ** ـ (Protestant) (پ ـ رو ـ ٹس ـ ٹنٹ) (انگ ـ ا ـ مذ) عیسائیوں کا وہ فرقہ جو پوپ کی قیادت کو نہیں مانتا ـ

**پروٹین** ـ (Protein) (پ ـ رو ـ ٹین) (انگ ـ ا ـ مث) بیضیہ ـ لحمیہ ـ حیوانی و نباتاتی خوراک کا ایک اہم جزو ـ

**پَروڈکشن** ـ (Production) (پ ـ رو ـ ڈک ـ شَن) (انگ ـ ا ـ مث) پیداوار خصوصاً ادبی ـ صنعتی و زرعی وغیرہ ـ

**پَروڈیوسر** ـ (Producer) (پ ـ رو ـ ڈیو ـ سَر) (انگ ـ ا ـ مذ) پیدا کرنے والا ـ پیش کرنے والا ـ

**پَروَر** ـ (پَر ـ وَر) (ف ـ صف) پرورش کرنے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بندہ پَروَر)

**پَروَردگار** ـ (پَر ـ وَر ـ دِ ـ گار) (ف ـ ا ـ مذ) پرورش کرنے والا ـ پالنے والا ـ خدائے تعالیٰ ـ

**پَروَردگارِ عالم (عالمیان)** ـ (ف ـ ع ـ مذ) دُنیا اور دنیا میں رہنے والوں کا پالنے والا ـ خدا تعالیٰ ـ

**پَروَردَہ** ـ (پَر ـ وَر ـ دَہ) (ف ـ ا ـ مذ) (۱) پالا ہوا ـ پرورش کیا ہوا (۲) بسایا ہوا ـ دبایا ہوا (۳) بامُراد کیا ہوا ـ

**پَرورِش** ـ (پَر ـ وَ ـ رِش) (ف ـ ا ـ مث) (۱) پالن ـ پالنا (۲) تعلیم و تربیت (۳) مہربانی ـ عنایت (افعال کرنا ـ ہونا)

**پَروَرِندہ** ـ (ف ـ صف) پالنے والا ـ پرورش کرنے والا (۲) سرپرست ـ

**پَروس ـ پڑوس** ـ (پَ ـ روس) (پَ ـ ڑوس) (ہ ـ ا ـ مث) ہمسائگی ـ اطراف ـ اِردگرد ـ

**پَروسا** ـ (پَ ـ رو ـ سا) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) حصّہ ـ بخرہ ـ خوراک (۲) کھانا کسی کے آگے رکھا جائے ـ

**پَروسَن** ـ (پَ ـ رو ـ سَن) ہمسائی ـ پڑوس میں رہنے والی عورت ـ

**پَروسنا** ـ (پَ ـ روس ـ نا) (ہ ـ مص) مہمانوں کے آگے کھانا چُننا ـ میزبانی کرنا ـ

**پَروسیا** ـ (پَ ـ روس ـ یا) (ہ ـ ا ـ مذ) کھانا چُننے والا ـ

**پُروسیشن** ـ (Procession) (پ ـ رَو ـ سے ـ شَن) (انگ ـ ا ـ مذ) جلوس ـ جلوس کا شان و شوکت سے گزرنا ـ

**پُروف** ـ (Proof) (انگ ـ ا ـ مذ) مسودہ ـ خاکہ ـ سب سے پہلا چھپا ہوا کاغذ جو بغرضِ اصلاح دکھایا جاتا ہے ـ نقل ـ

**پروف ریڈر** ـ (Proof Reader) اصل مسودے کی نقل پڑھ کر درُست کرنے والا ـ پروف پڑھنے والا ـ

**پروفیسر** ـ (Professor) (پ ـ رو ـ فے ـ سر) (انگ ـ ا ـ مذ) مُعلّم ـ مدرّسِ اعلیٰ ـ کالج کے لڑکوں کو پڑھانے والا اُستاد ـ

**پروفیشن** ـ (Profession) (پ ـ رَو ـ فِ ـ شَن) (انگ ـ ا ـ مذ) پیشہ ـ کام ـ

**پروگرام** ـ (Programme) (پ ـ رَو ـ گ ـ رام) (انگ ـ ا ـ مذ) ترتیب ـ سلسلہ ـ ڈھنگ ـ طریقہ ـ لائحۂ عمل ـ

**پَروَل** ـ (پَر ـ وَل) (ہ ـ ا ـ مذ) ایک ترکاری جسے پرمل بھی کہتے ہیں ـ

**پَرول** ـ (Parole) (پ ـ رول) (انگ ـ ا ـ مث) (۱) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرے والے کو بتائے جاتے ہیں تاکہ کوئی شخص اُسے دھوکا نہ دے سکے (۲) قیدی کا حلف نامہ یا وعدہ کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آجائے گا ـ



Marfat.com

**پرولتاری۔** (Proletary) (پ۔ رول۔ تا۔ ری) (انگ۔ صف) (۱) محنت کشوں کا حامی۔ حامیٔ عوامیت۔

**پرولتاریہ۔** (Proletariat) (پ۔ رول۔ تا۔ ریہ) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عوام الناس (۲) مفلس اور غریب لوگ۔ طبقۂ مزدوراں۔

**پرونا۔** (پ۔ رو۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سوراخ دار چیز میں ڈورا ڈالنا (۲) سُوئی میں تاگا ڈالنا۔

**پرُونا۔** (ق۔ مص) پُورا کرنا۔

**پرونوٹ۔** (Pronote) (پَ۔ رو۔ نوٹ) (انگ۔ا۔مذ) روپے کی لین دین کی یادداشت۔ رقعہ جو قرض لینے والا لکھ کر دیتا ہے۔

**پرَوہَت۔** (پَ۔ رَو۔ ہَت) (س۔ا۔مذ) برہمن یا پنڈت جو پُوجا پاٹ یا بیاہ شادی اور موت کی رسوم ادا کراتا ہے۔

**پرَویز۔** (پَر۔ ویز) (ف۔ا۔مذ) (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) خوش (۴) قیمتی (۵) نہایت اعلیٰ (۶) مہذب (۷) سخاوت (۸) پروین (۹) شان و شوکت (۱۰) خسرو ثانی۔ شاہِ ایران کا لقب جو ملکہ شیریں کا شوہر تھا۔

**پرَوین۔** (پَر۔ وِین) (ف۔ا۔مذ) عقد ثُریا۔ سات ستاروں کا جھُرمٹ۔ سات سہیلیوں کا جھُمکا۔ بناتُ النعش۔

**پرَّہ۔ پرَہ۔** (پَرّہ۔ رَہ) (پَ۔ رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) قطار۔ صف (۲) دامن۔ کنارہ طرف۔ پہلو (۳) چکی کا اُوپر کا پاٹ (۴) دروازے یا قفل کی جھڑ (۵) کنویں کی گراری۔

**پرَہ بینی۔** (ف۔ا۔مذ) نتھنوں کا درمیانی پردہ۔

**پرَہلاد۔** (پَ۔ رَہ۔ لا۔ د) (س۔ا۔مث) خوشی۔ آنند۔

**پرہیز۔** (پَر۔ ہیز) (ف۔ا۔مذ) (۱) احتیاط۔ حذر۔ اجتناب (۲) تقویٰ۔ (۳) خوف۔ اندیشہ۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُوری۔

**پرہیز ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) پرہیز موقوف ہونا۔ ممانعت کا دُور ہونا۔

**پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے۔** (ا۔ مثل) پرہیز سے بیماری میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ پرہیز سے بہت سی بیماریاں دُور رہتی ہیں۔

**پرہیز گار۔** (ف۔ صف) (۱) صالح۔ عابد (۲) بچنے والا۔ مجتنب (۳) متقی۔ ڈرنے والا۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُور رہنے والا۔ جمع: پرہیز گاراں

**پرہیز گاری۔** (ف۔ا۔مث) پرہیز کرنا۔ احتیاط کرنا۔ بچنا۔ اجتناب کرنا۔ متقی ہونا۔ ڈرنا۔

**پرہیزی۔** (ہ۔ صف) وہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ وہ جو بیمار کے موافق ہو۔

**پرَئی۔** (پَ۔ رَ۔ ای) (ہ۔ا۔مث) ایک چھوٹی چڑیا جس کی چونچ اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں۔

**پری۔** (پَ۔ ری) (ف۔ا۔مث) اُڑنے والی افسانوی عورت۔ بہت حسین عورت۔

**پری بند۔** (ا۔ مذ) (۱) عورتوں کا ایک زیور (۲) کُشتی کا ایک داؤ (۳) بچوں کے پاؤں کا زیور۔

**پری پیکر۔** (ف۔ صف) (۱) نہایت خوب صورت۔ بہت حسین۔ (۲) معشوق۔ محبوب۔

**پری خانہ۔** (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں حسینوں کا جمگھٹا ہو۔

**پری خواں۔** (ف۔ا۔مذ) بھُوت پریت اُتارنے والا۔ حاضرات کا عمل کرنے والا۔

**پری دار۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) جس پر پری کا سایہ ہو (۲) وہ کنواری لڑکی جس پر عمل کیا جائے اور وہ بے ہوش ہو کر غیب کی باتیں سُناتی ہے۔

**پری رُخسار۔ پری رُو۔** (ف۔ صف) (۱) پری چہرہ۔ شکیل۔ جمیل۔ خوبصورت حسین۔ خوب رُو (۲) معشوق۔ محبوب۔

**پری زاد۔** (ف۔ صف) (۱) پری کی اولاد۔ پری کی نسل سے (۲) نہایت جمیل۔ شکیل۔ حسین۔ خوبصورت (۳) معشوق۔ محبوب۔
جمع۔ پری زادگاں۔

**پری طلعت۔** (ف۔ صف) پری وش۔ خوب صورت۔ نہایت حسین۔

**پری کا ٹکڑا۔** (ف۔ صف) نہایت حسین۔ بہت خوبصورت۔

**پری کا سایہ۔** (ا۔ مذ) پری کا آسیب۔ پری کا اثر۔

**پری وش۔** (ف۔ صف) نہایت خوب صورت۔ بہت حسین۔ پری شمائل۔

**پریوں دار۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا لنگوٹا جس میں پریاں بنی ہوتی ہیں۔

**پریوں کا اُتارا۔ پریوں کا اکھاڑا۔** (ا۔ مذ) پری خانہ۔ خوب صورتوں کا مجمع۔ پریوں کے اُترنے کا مقام۔ معشوقوں کی تفریح اور ان کے اکٹھا ہونے کا مقام۔

**پریوں کا تخت اُتارنا۔** (ا۔ محاورہ) حسینوں کا جمع کرنا۔

**پڑی۔** (پَڑ۔ ری) (ف۔ا۔مث) بھر جانا۔

**پڑی۔** (پَڑ۔ ری) (ہ۔ا۔مث) شہر۔ قصبہ۔

**پرے۔** (پَ۔ رے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پرا کی جمع۔ صفیں۔ قطاریں۔ مجمعے۔ جماعتیں (۲) دوسرے کنارے۔ اُس جانب۔ پرلی طرف (۳) دُور۔ بعید۔

**پرے بٹھانا۔** (محاورہ) (۱) دُور بٹھانا۔ الگ بٹھانا (۲) حقیر کرنا (۳) ہرا دینا۔

**پرے پرے۔** (ا۔ کلمۂ خطاب) (۱) الگ الگ۔ دُور دُور (۲) الگ ہٹ دُور رہ۔ بلا اطلاع۔ بغیر خبر کیے (۴) لاعلمی میں۔

**پرے ہٹ۔** (محاورہ) دُور ہو۔

**پریت۔** (پَ۔ رِیت) (س۔ا۔مث) (۱) محبت۔ پیار (۲) عشق (۳) میل جول (ہ۔ مذ) بھوت۔ آسیب۔

**پریت جوڑنا۔ پریت لگانا۔** (محاورہ) (۱) محبت کرنا۔ دوستی کرنا (۲) عشق کرنا (۳) میل جول کرنا۔

**پریت نہ جانے جات کجات۔** (ہ۔ مثل) محبت میں ذات پات کی پروا نہیں ہوتی۔

**پریتا۔** (پَ۔ ری۔ تا) (ہ۔ا۔مذ) ایڑن۔ چرخی۔

**پریتم۔** (پَ۔ ری۔ تَم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیتم۔ معشوق۔ پیارا۔ دل بر (۲) خاوند۔

**پریٹ۔ پریڈ۔** (پَ۔ ریٹ) (Parade) (پَ۔ریڈ) (پہلا اُردو۔ دوسرا انگریزی) (ہ۔ا۔مذ) اصلی لفظ پریڈ سے اُردو میں پریٹ کر لیا ہے (۱) قواعد۔ فوجی تعلیم۔ جنگی تربیت۔ لڑائی کے قاعدے (۲) قطار۔ صف۔

**پریٹ جمانا۔** (ا۔ محاورہ) صف باندھنا۔

**پریدہ۔** (ف۔ صف) اُڑا ہوا۔ غائب۔

**پریذیڈنٹ۔ پریسیڈنٹ۔** (President) (پِ۔ رے۔ زی۔ ڈنٹ)



Marfat.com

(پ۔رے۔زی۔ڈنٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) میرِ مجلس۔صدر۔چیئرمین
سرپنچ (۲) علاقے کا حاکم (۳) کمپنی کا اعلیٰ افسر۔
**پَرِیس**۔ [ف۔ا۔مذ] پریس۔
**پَرِیس**۔ (Press) (پ۔رَیس) [انگ۔ا۔مذ] (۱) دبانے کی مشین۔
کل۔چرخی۔پیچ (۲) مطبع۔چھاپہ خانہ۔
**پریس مین**۔ (Pressman) [انگ۔ا۔مذ] چھاپنے والا۔پریس
کی مشین چلانے والا۔
**پَرِیشان**۔ (پَ۔رے۔شان) [ف۔صف] (۱) حیران۔سرگردان۔آشفتہ۔
متردد۔مضطرب (۲) منتشر۔تتر بتر۔پراگندہ۔
**پریشان حال**۔ (ف۔صف) (۱) تنگ دِل (۲) مفلس (۳) بے روزگار۔
**پریشان خاطر (دِل)**۔ ملول۔رنجیدہ۔اُداس۔فکرمند۔متفکر۔
**پریشان کرنا**۔ (۱) حیران کرنا۔ستانا۔دق کرنا (۲) فکر میں ڈالنا۔اندیشہ میں ڈالنا۔
**پریشانی**۔ (پَ۔ری۔شا۔نی) [ف۔ا۔مذ] (۱) حیرانی۔تفکر۔تردد (۲) دُکھ۔مصیبت
بِپتا (۳) اضطراب۔انتشار۔پراگندگی۔
**پریکٹس**۔ (Practice) (پَ۔ریک۔ٹِس) [انگ۔ا۔مث] (۱) مشق۔
معمول (۲) مہارت (۳) [وکیل۔ڈاکٹر وغیرہ کا] پیشہ۔کام۔
**پریکٹیشنر**۔ (Practitioner) (پَ۔ریک۔ٹی۔شَ۔نَر)
[انگ۔ا۔مذ] پیشہ ور (خصوصاً طبیب)
**پریکٹیکل**۔ (Practical) (پَ۔ریک۔ٹی۔کل) [انگ۔ا۔مذ]
عملی۔عملی تجربات کا امتحان۔دارالتجربہ میں مصروفیت۔
**پَریکشا**۔ (پَ۔ریک۔شا) [س۔ا۔مذ] (۱) تفتیش۔دریافت۔امتحان (۲)
تجربہ (۳) ثبوت (۴) تفریق۔تمیز۔
**پَرِیکھا**۔ (پَ۔رے۔کھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) توبہ۔افسوس۔ندامت۔پچھتاوا۔
**پریگ**۔ (ا۔مث) باریک کیل۔باریک میخ۔
**پَریم**۔ (پَ۔ریم) [س۔ا۔مذ] (۱) پیار۔محبت۔اُلفت۔لاڈ (۲) دوستی۔یارانہ
**پریم کی بتیاں**۔ محبت کی باتیں۔
**پَریمی**۔ (پَ۔رے۔می) [ہ۔صف] (۱) محبت کرنے والا۔فریفتہ (۲) دوست
آشنا (۳) عاشق۔
**پریمیم**۔ (Premium) (پرے۔می۔اَم) [انگ۔ا۔مذ] (۱) وہ رقم جو بیمہ
کرانے والا معینہ اوقات میں بیمہ کمپنی کو ادا کرتا ہے (۲) انعام۔صِلہ۔
بخشش۔منافع۔
**پَرِیوا**۔ (پَ۔ری۔وا) [ہ۔ا۔مذ] مہینے کا پہلا دن۔
**پَرِیوا**۔ (پَ۔رے۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا آبی پرندہ (۲) کبوتر۔فاختہ۔
**پریوی کونسل**۔ (Privy Council) (پَ۔ری۔وی۔کون۔سَل)
[انگ۔ا۔مث] انگلستان کے بادشاہ کی خاص مجلس مشاورت۔جو
قانون کی رُو سے آخری اور قطعی مجلس ہے۔

## پ — ڑ

**پڑا**۔ (پَ۔ڑا) [ہ۔صف] (۱) گرا۔اُفتادہ (۲) لیٹا ہوا (۳) بیمار۔پڑنا کا ماضی مطلق۔

**پڑا پایا**۔ (محاورہ) (۱) مُفت ہاتھ آیا۔سستا مل گیا (۲) بے محنت و مشقت
ملا۔زمین پر پڑا ہوا مل گیا۔
**پڑا رہنا**۔ (محاورہ) ایک حالت میں رہنا۔بے حرکت رہنا۔سُست رہنا۔
**پڑا اسڑنا**۔ (محاورہ) کسی جگہ کس مپرسی کی حالت میں رہنا۔
**پڑا گرنا**۔ (ا۔صف) اُفتادہ۔بے حیثیت۔حقیر۔ناچیز۔
**پڑا ملنا**۔ (محاورہ) مُفت ملنا۔کوشش کے بغیر ملنا۔
**پڑا ہونا**۔ (محاورہ) (۱) گرا ہونا (۲) آواز بیٹھ جانا (۳) کسی کے ٹکڑوں پر
گزارا کرنا۔بے احتیاطی سے رکھا ہونا۔
**پَڑا**۔ (پَ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] بھینس کا نر بچہ۔پاڑا۔
**پُڑا**۔ (پُ۔ڑا) [س۔ا۔مذ] (۱) بڑی پُڑیا۔بڑی پوٹلی (۲) طبلہ یا ڈھولک وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا
**پڑاپڑ**۔ (پَ۔ڑا۔پَڑ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مینہ برسنے، جوتیاں پڑنے یا چھپر ٹپکنے کی
آواز (۲) تڑاتڑ۔پے در پے (۳) دُلکی میں گھوڑے کے سُم کی آواز۔
**پڑاخا**۔ (پَ۔ڑا۔خا) [اُرد۔ا۔مذ] پٹاخا۔
**پڑاق**۔ (پَ۔ڑاق) [اُرد۔ا۔مث] پٹاخے کی آواز۔
**پڑاقا**۔ (پَ۔ڑا۔قا) [اُرد۔ا۔مذ] (۱) پٹاخا۔ایک قسم کی آتش بازی (۲)
پٹاخے کی آواز۔
**پڑاقے کی گوٹ**۔ (ا۔مث) رنگا رنگ گوٹ۔
**پڑاؤ**۔ (پ۔ڑا۔او) [ہ۔ا۔مذ] ٹھہرنے کی جگہ۔منزل۔مقام۔سٹیشن۔چوکی۔
سرائے (۲) لشکر یا قافلے کے اُترنے کی جگہ۔
**پڑاؤ ڈالنا**۔ (محاورہ) قیام کرنا۔ٹھہر جانا۔چھاؤنی ڈال دینا۔
**پڑاؤ مارنا**۔ (محاورہ) (۱) ڈاکہ ڈالنا۔قافلہ لوٹنا (۲) بڑا بھاری کام کرنا (۳)
میدان جیت لینا۔
**پڑپڑانا**۔ (پَڑ۔پَ۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] (۱) جُوتوں سے مارنا۔خوب پیٹنا (۲)
زبان میں مرچیں لگنا (۳) پپڑیاں جم جانا۔
**پڑپڑانا**۔ (پِڑ۔پ۔ڑا۔نا) [اُرد۔مص] پٹرپٹر کرنا۔دستوں کی آواز (۲) پٹپٹانا
بٹیر وغیرہ کا لڑائی سے گھبرا کر بھاگ نکلنا۔
**پڑت**۔ (پَ۔ڑت) [ہ۔ا۔مث] (۱) اوسط۔تقسیم۔پھیلاوٹ۔قیمت خرید
(۲) میزان۔بازار کا بھاؤ۔شرح۔
**پڑت پھیلانا**۔ (محاورہ) اوسط نکالنا۔بانٹنا پھیلانا۔قیمت خرید پر ہر چیز
کا برابر حساب لگانا۔
**پڑتا**۔ (پڑ۔تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شرح۔لگان (۲) حصہ رسدی۔
**پڑتال**۔ (پڑ۔تال) [ہ۔ا۔مث] جائزہ۔مقابلہ۔نظرِثانی۔جانچ۔
**پڑتال کرنا**۔ جانچنا۔دوبارہ گننا۔مطابقت کرنا۔
**پڑتالنا**۔ (پڑ۔تال۔نا) [ہ۔مص] دوبارہ سنبھالنا۔نظرِثانی کرنا۔جانچنا۔
**پڑتل**۔ (پڑ۔تل) [ہ۔ا۔مذ] سوار کا سامان جو ایک گھوڑے یا بیل پر لادا جائے
**پڑتی**۔ (پڑ۔تی) [ہ۔ا۔مث] خالی پڑی ہوئی بنجر زمین۔
**پڑجانا**۔ (پڑ۔جا۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھسل جانا۔لیٹ جانا (۲) قیام کرنا۔
ٹھہر جانا (۳) بیمار ہو جانا (۴) زمین مزروعہ کا بے کاشت رہ جانا (۵)
بازاری عورت کا کسی مرد سے نکاح کرکے اُس کے گھر رہ جانا (۶)
سو جانا۔



Marfat.com

**پڑچُونیا**۔ (پڑ۔چُو۔نِ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] آٹا۔ دال نمک مرچ وغیرہ بیچنے والا۔ پرچونیا
**پڑ رہنا**۔ (پڑ۔رہ۔نا) [ہ۔مص] لیٹ رہنا۔ سو رہنا۔
**پڑنا**۔ (پڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہونا جیسے واسطہ پڑنا (۲) ترشح ہونا۔ برسنا جیسے پانی پڑنا (۳) گزرنا۔ بیتنا۔ واقع ہونا (۴) درج ہونا۔ داخل ہونا۔ لکھا جانا (۵) دخل دینا۔ ضمانت دینا۔ بیچ بننا۔ ٹانگ اڑانا (۶) فکر ہونا۔ سوچ ہونا۔ دھیان ہونا (۷) لیٹنا۔ صاحب فراش ہونا۔ آرام کرنا (۸) بسنا۔ رہنا۔ (۹) نوکری کرنا (۱۰) گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ روگ لگنا (۱۱) بویا جانا۔ بکھرنا (۱۲) نازل ہونا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا (۱۳) لگنا۔ پٹنا (۱۴) رکنا۔ ڈھکنا۔ دبنا (۱۵) بیکار رہنا۔ بے روزگار ہونا (۱۶) آنا جیسے پل پڑنا (۱۷) محتاج ہونا (۱۸) اوسط آنا۔ بیٹھنا (۱۹) ہوش آنا جیسے جان میں جان پڑنا (۲۰) ٹھکنا۔ (۲۱) حملہ کرنا جیسے جا پڑنا۔
**پڑوا**۔ (پڑ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بھینس کا نر بچہ (۲) قمری مہینے کی پہلی تاریخ۔
**پڑوس**۔ (پَ۔ڑوس) [ہ۔ا۔مذ] ہمسائگی۔ قرب و جوار۔ آس پاس۔
**پڑوسَن**۔ (پَ۔ڑو۔سَن) [ہ۔ا۔مث] ہمسائی۔ پڑوس میں رہنے والی عورت۔
**پڑوسی**۔ (پَ۔ڑو۔سی) [ہ۔ا۔مذ] ہمسایہ پڑوس میں رہنے والا۔
**پڑوسی کا بُرا مت چاہو**۔ (ا۔مقولہ) ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے
**پڑوسی کے مینہ برسے گا تو بوچھاڑیں یہاں بھی آوے گی**۔ (ا۔مثل) ہمسایوں کو فائدہ ہوگا تو ہمیں بھی کچھ نہ کچھ نفع پہنچ جائے گا۔
**پڑھا**۔ (پَ۔ڑھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تعلیم یافتہ۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔
**پڑھا جن**۔ (ا۔صف) (۱) وہ جن جو علم ہونے کے باعث کسی سیانے کے قابو میں نہ آئے۔ (۲) نہایت چالاک۔ بہت تیز۔ شریر۔
**پڑھا دینا**۔ (محاورہ) (۱) علم سکھا دینا۔ درس دینا (۲) ہوشیار کرنا (۳) بدظن کر دینا
**پڑھا گُنا**۔ (۱) پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔
**پڑھانا**۔ (پَ۔ڑھا۔نا) [ہ۔مص] تعلیم دینا۔ سکھانا۔ سبق دینا (۲) برگشتہ کرنا۔
**پڑھائی**۔ (پَ۔ڑھا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) تعلیم (۲) تعلیم دینے کا ڈھنگ۔ طریقۂ تعلیم (۳) اُستاد کی تنخواہ۔
**پڑھ پتھر**۔ (پڑھ۔پتھ۔تھر) [ہ۔صف] پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا۔ کُند ذہن۔
**پڑھن**۔ (پَ۔ڑھن) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی مچھلی (۲) پڑھائی۔
**پڑھنا**۔ (پڑھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) سیکھنا۔ تعلیم پانا (۲) مطالعہ کرنا (۳) جادو کرنا۔ منتر پھونکنا (۴) بار بار رٹنا (۴)
**پڑھنت**۔ (پَ۔ڑھنت) [ہ۔ا۔مث] جادو۔ ٹونا۔ جنتر۔ منتر۔ گنڈہ۔ تعویذ عمل۔ حاضرات۔
**پڑھوانا**۔ (پڑھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] تعلیم دلوانا۔
**پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرہ خالی کرو**۔ (مثل) کام کرو یا نوکری چھوڑ دو۔ سُست ملازم سے کہتے ہیں
**پڑھی نہ قضا کی**۔ (مثل) جس شخص نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں وہ قضا کیا کرے گا۔ آدمی کے کام نہ کرنے پر بولتے ہیں۔
**پڑھیں فارسی بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل**۔ (مثل) شریف ہو کر ذلیل کام اختیار کرنا۔

**پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل**۔ (مثل) جانتے کچھ بھی نہیں اور قابل بنتے ہیں۔
**پڑھے جن کو شیشے میں اتارنا**۔ (محاورہ) چالاک کو قابو کرنا۔
**پڑی ہے**۔ (محاورہ) دھن ہے۔ فکر ہے (۲) باقی ہے۔
**پڑی ہوئی آواز**۔ (ا۔مث) وہ آواز جو گلے سے صاف نہ نکلے۔
**پڑے پڑے**۔ (۱) بیٹھے لیٹے (۲) بیکاری میں۔ خراب جگہ پر رکھے ہوئے۔
**پڑے جھک مارنے دو**۔ (محاورہ) بکنے دو۔ پروا نہیں ہے۔
**پڑے جھول رہے ہیں**۔ (محاورہ) یکسوئی نہیں۔
**پڑے ہونا**۔ (۱۔محاورہ) بے قدری کی حالت میں پڑے ہونا۔
**پڑیا**۔ (پڑ۔یا) [ہ۔ا۔مث] بھینس کا مادہ بچہ۔ پاڑی۔
**پُڑیا**۔ (پُڑ۔یا) [ہ۔ا۔مث] کاغذ کی پوٹلی۔ چھوٹا پڑا۔
**پڑیا کا لٹھا**۔ ایک عمدہ اور باریک لٹھا۔
**پُڑیاں**۔ (پُڑ۔یاں) [ہ۔ا۔مث] (۱) پُڑیا کی جمع (۲) چہل بی بی کی نیاز کی شیرینی (۳) پریوں کی نیاز کی سیندور اور عنبر کی پُڑیاں۔
**پڑیل**۔ (پڑ۔یل) [ہ۔صف] وہ شخص جو ہر وقت لیٹا رہے۔ چلنے پھرنے سے معذور۔

## پ ــ ز

**پزاوَہ**۔ (پَ۔زا۔وَہ) [ف۔ا۔مذ] آوہ۔ بھٹی۔ بھٹا۔ جہاں اینٹیں پکتی ہیں۔
**پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا**۔ (محاورہ) سب کا سب خراب ہو جانا۔ ہر ایک کام بگڑ جانا۔
**پزیرا**۔ (پَ۔زِی۔را) [ف۔ا۔صف] قبول کرنے والا۔ قبول کیا گیا۔ منظور۔ قبول
**پزیرائی**۔ (پَ۔زی۔را۔ای) [ف۔ا۔مث] قبولیت۔ منظوری۔

## پ ــ ژ

**پژمُردگی**۔ (پژ۔مُر۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] افسردگی۔ کملاہٹ۔ مرجھاہٹ۔
**پژمُردہ**۔ (پژ۔مُر۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] افسردہ۔ مایوس۔ کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔
**پژمُردہ خاطر (دل)**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) افسردہ دل۔ مایوس طبع۔ مردہ طبیعت (۲) رنجیدہ۔ مغموم۔
**پژوہ**۔ (پَ۔ژوَہ) [ف۔صف] پکا ہوا۔ پختہ۔ مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے جیسے انصاف پژوہ۔

## پ ــ س



Marfat.com

**پَس** ۔ (ف) (۱) پیچھے ۔ بعد (۲) پھر ۔ علاوہ (۳) لہٰذا ۔ اس سبب سے ۔ اس لیے ۔ آخرکار ۔ انجام ۔ نتیجہ (۱) لیکن ۔ بہرحال۔
**پَس انداز** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بچا ہوا (۲) منافع (۳) جمع کیا ہوا ۔ اکٹھا کیا ہوا۔
**پَسپا** ۔ (ف ۔ صف) اُلٹے پاؤں ۔ پیچھے ہٹا ہوا ۔ شکست کھایا ہوا ۔
**پَسپا ہونا** ۔ (محاورہ) (۱) لوٹنا ۔ پلٹنا ۔ واپس ہونا ۔ ہٹنا (۲) شکست کھانا ۔ بھاگ جانا۔
**پَس پَردہ** ۔ (ف ۔ صف) پردے کے پیچھے ۔ چھپا ہوا۔
**پَس پُشت** ۔ (ف ۔ صف) پیچھے ۔ پیچھے کی طرف۔
**پَس پُشت ڈالنا** ۔ بے پروائی کرنا ۔ پروا نہ کرنا۔
**پَس خوردہ** ۔ (ف ۔ صف) بچا ہوا ۔ اُلش ۔ جھوٹا ۔ سامنے کا باقی کھانا۔
**پَس رو** ۔ (ف ۔ مذ) نوکر چاکر ۔ پیرو ۔ مقلد۔
**پَس غیبت** ۔ (ف) پیٹھ پیچھے ۔ غیر حاضری میں ۔ عدم موجودگی میں۔
**پَس فردا** ۔ (ف ۔ صف) آنے والے کل کے بعد کا دن۔
**پَس ماندہ** ۔ (۱) پیچھے رہا ہوا ۔ بچا ہوا (۲) وارث (۳) بقایا ۔ بچت۔
**پَس مُردن (مرگ)** ۔ (ف) مرنے کے بعد ۔ بعد از مرگ۔
**پَس منظر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کسی منظر ۔ تصویر یا بیان کا وہ حصہ جو ہر پہلو سے اربابِ کار کو اُسے نمایاں کرنے میں مدد دے۔
**پَس و پیش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آگا پیچھا (۲) نیک و بد ۔ عیب و صواب (۳) اُونچ نیچ ۔ نفع نقصان ۔ بھلا بُرا (۴) شش و پنج ۔ سوچ بچار (۵) دھکڑ پکڑ ۔ تشویش ۔ اندیشہ (۶) انجام (۷) حیلہ ۔ بہانہ ۔ لیت و لعل۔
**پَس و پیش کرنا** ۔ (محاورہ) (۱) ٹالنا ۔ حیلہ حوالہ جانا (۲) سوچ بچار کرنا ۔ سوچنا۔
**پَسارا** ۔ (پَ ۔ سا ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پھیلاؤ ۔ فراخی ۔ آنگن ۔ دالان ۔
**پَسارنا** ۔ (پَ ۔ سار ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) پھیلانا ۔ دراز کرنا ۔ لمبا کرنا (۲) کھولنا ۔ پھاڑنا
**پَساؤ** ۔ (پَ ۔ سا ۔ او) (ہ ۔ ا ۔ مذ) اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی ۔ بسر جوش ۔ پیچ ۔
**پِسائی** ۔ (پِ ۔ سا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) پیسنے کی مزدوری ۔ پیسنے کی اُجرت ۔
**پَست** ۔ (ف ۔ صف) (۱) نیچا ۔ نشیب ۔ گہراؤ (۲) کمینہ ۔ ذلیل ۔ رذیل ۔
**پَست خیال** ۔ رذیل خیال کا آدمی ۔ کمینہ ۔
**پَست فطرت** ۔ (ف ۔ صف) کمینی طبیعت کا ۔ کمینہ ۔ سفلہ (۲) کم عقل ۔ بے وقوف ۔
**پَست قد** ۔ (ف ۔ صف) کوتاہ قامت ۔ ٹھگنا ۔ بونا ۔ چھوٹے قد کا ۔
**پَست کرنا** ۔ (محاورہ) (۱) شکست دینا ۔ مات دینا (۲) نیچا کرنا ۔ گہرا کرنا (۳) تھکا دینا (ہمت) توڑ دینا۔
**پَست و بلند** ۔ اُونچا نیچا ۔ نشیب و فراز ۔ زمین و آسمان ۔
**پَست و بلند دہر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دُنیا کا اُونچ نیچ ۔ زمانے کا نشیب و فراز
**پَست ہمت** ۔ (ف ۔ صف) بُزدل ۔ کم حوصلہ ۔ کم ہمت ۔ ذلیل ۔ رذیل ۔ نیچ
**پَست ہمتی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کم ہمتی ۔ بزدلی ۔ کمینگی ۔
**پَست ہونا** ۔ (۱) ہارنا ۔ شکست کھانا ۔ مغلوب ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) ذلیل ہونا ۔ خوار ہونا (۴) بے قدر ہونا (۵) پیچھے رہ جانا (۶) بیٹھ جانا ۔ گرنا ۔
**پِستان** ۔ (پِس ۔ تان) (ف ۔ ا ۔ مذ) عورت کی چھاتی کا اُبھار ۔ سینے کی بالیدگی ۔
**پِستان میں ہڈی** ۔ (۱) محاورہ) اُمیدِ موہوم اور ناممکن بات کے متعلق کہتے ہیں
**پُستک** ۔ (پُس ۔ تک) (س ۔ ا ۔ مث) کتاب ۔ پوتھی ۔ گرنتھ ۔
**پِستول** ۔ (پِس ۔ تول) (Pistol) (پِس ۔ ٹل) سے اُردو بنایا ہوا (ا ۔ مذ) طپنچہ ۔ تمنچہ ۔ قرابین ۔ ریوالور ۔
**پِستہ** ۔ (پِس ۔ تہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) سبز رنگ کا ایک میوہ (۲) چھوٹا اور خوبصورت کتا ۔
**پِستئی** ۔ (پِس ۔ تَ ۔ ای) (ف ۔ صف) پستے کی رنگت کا ۔ سبزی مائل ۔
**پَستی** ۔ (پَس ۔ تی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) کمینگی ۔ رذالت (۲) نچائی (۳) گہرائی (۴) غار ۔
**پَسَر** ۔ (پَ ۔ سَر) (ہ ۔ ا ۔ مث) چوپایوں کو رات کے وقت چوری سے دوسرے کے جنگل یا کھیت میں چرنے کو بھیج دینا۔
**پِسَر** ۔ (پِ ۔ سَر) (ف ۔ ا ۔ مذ) بیٹا ۔ لڑکا ۔ فرزند ۔ جمع : پسراں ۔
**پسر اخیافی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بیوی کا بیٹا جو پہلے خاوند سے ہو ۔ سوتیلا بیٹا۔
**پسر خواندہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) متبنیٰ ۔ گود لیا ہوا لڑکا ۔ منہ بولا بیٹا۔
**پسر زادہ** ۔ (ف ۔ مذ) بیٹے کا بیٹا ۔ پوتا
**پسر صحیح النسب** ۔ (ف ۔ صف) حلال اولاد ۔ بیٹا ۔
**پسر صلبی** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) سگا بیٹا ۔
**پسرِ نوح با بداں بنشست خاندانِ نبوتش گم شد** ۔ (ف ۔ مثل) حضرت نوح کا بیٹا بُرے آدمیوں کی صحبت میں بیٹھا جس سے اس خاندان سے نبوت جاتی رہی (۲) خراب آدمی کی صحبت اچھے انسان کو بھی خراب کر دیتی ہے
**پَسَرنا** ۔ (پَ ۔ سَر ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) پھیلنا (۲) مکر و فریب کرنا (۳) اڑ جانا (۳) لیٹ جانا ۔ ٹانگیں پھیلا دینا (۴) ٹھہرنا ۔ جمنا ۔
**پَسَر ہٹا** ۔ (پَ ۔ سَر ۔ ہٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پنساریوں کا بازار ۔ پنساری کی دکان (۲) بہت زیادہ سامان ۔
**پَسلی** ۔ (پَس ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سینے کی ہڈی (۲) طرف ۔ پہلو ۔
**پسلی پھڑکنا** ۔ (محاورہ) یاد آجانا ۔ معلوم ہو جانا ۔ خود بخود خبر ہو جانا۔
**پسلی کا آزار** ۔ بچوں کی ایک بیماری ۔ پسلی کا درد ۔ پسلی کا مرض ۔
**پِسنا ۔ پِس جانا** ۔ (پِس ۔ نا) (پِس ۔ جا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) دلا جانا ۔ پیسا جانا ۔ آٹا ہو جانا ۔ ریزہ ریزہ ہونا (۲) کچلا جانا (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) عاشق ہونا ۔ شیدا ہونا (۵) مغلوب ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔
**پَسَند** ۔ (پَ ۔ سَند) (ف ۔ ا ۔ مث) مقبول ۔ مرغوب ۔ حسبِ خواہش ۔
**پسند آنا** ۔ اچھا لگنا ۔ بھانا ۔
**پسند خاطر** ۔ (ف ۔ صف) دل کو اچھا لگنے والا ۔ مرضی کے مطابق ۔
**پسند کرنا** ۔ چھانٹنا ۔ انتخاب کرنا ۔ چننا ۔
**پَسَندا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (پَ ۔ سَن ۔ دہ) (۱) گوشت کا کچلا ہوا پارچہ (۲) کچلے ہوئے پارچہ کا کباب ۔
**پَسَندر** ۔ (پَ ۔ سَن ۔ دَر) (ف ۔ ا ۔ مذ) مرد یا عورت کا سوتیلا لڑکا ۔
**پَسَندرہ** ۔ (پَ ۔ سَند ۔ رَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) حرامی ۔ ناجائز اولاد ۔
**پَسَندیدگی** ۔ (پَ ۔ سَن ۔ دِی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) مرضی ۔ پسند آنا ۔



Marfat.com

**پسندیدہ**۔ (پَ۔ سَن۔ دی۔ دَہ) [ف۔ صف] پسند کیا ہوا۔ حسب منشا۔ انتخاب کیا ہوا۔ چُنا ہوا۔ منظور کیا ہوا۔

**پسندیدہ رو**۔ (ف۔ صف) (۱) نیک چلن۔ خوش اخلاق (۲) خوش رفتار

**پسنگا۔ پسنگھا**۔ (پَ۔ سَن۔ گا) (پَ۔ سَن۔ گھا) [ہ۔ ا۔ مذ] پاسنگ کا بگاڑ۔

**پسنہارا**۔ (پَ۔ سَن۔ ہا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] آٹا پیسنے والا۔

**پسنہاری**۔ (پَ۔ سَن۔ ہا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] آٹا پیسنے والی عورت۔

**پسّو**۔ (پِس۔ سُو) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک پر دار زہریلا کیڑا جس کے کاٹنے سے بدن میں کھجلی ہوتی ہے۔

**پسواڑہ**۔ (پِس۔ وا۔ ڑہ) [ہ۔ ا۔ مذ] پہلو۔ کروٹ۔ پاسا۔ پسلیوں کا سلسلہ۔

**پسوانا**۔ (پِس۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] آٹا کرانا۔ چُور چُور کرانا۔

**پسوائی**۔ (پِس۔ وا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] پیسنے کی اُجرت۔

**پسُوج**۔ (پَ۔ سُوج) [ہ۔ ا۔ مث] پہلی سلائی جس پر باریک سلائی کرتے ہیں۔ کچی سلائی۔

**پسُوجنا**۔ (پَ۔ سُوج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) موٹا سینا (۲) کچا کرنا۔

**پسہی**۔ (پِس۔ ہی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا موٹا چاول۔

**پسیجنا**۔ (پَ۔ سیج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پسینا آنا۔ نمی آنا (۲) تائب ہونا۔ ترس کھانا (۳) دھیان دینا۔ مہربانی کرنا (۴) مظلوم کی فریاد سُننے پر تیار ہونا

**پسیں**۔ (پَ۔ سِیں) [ف۔ صف] قدیم۔ آخرکار۔ پچھلا۔

**پسینا**۔ (پَ۔ سی۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] عرق۔ نمی۔ تری۔ بخارات۔ پانی جو مسامات جسم سے باہر نکلے۔

**پسینا آنا**۔ (محاورہ) عرق آنا۔ نمی یا بخارات کا خارج ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

**پسینا پونچھنا**۔ (محاورہ) شرمندگی مٹانا (۲) پسینا خشک کرنا۔

**پسینا چھوٹنا**۔ (محاورہ) کثرت سے پسینا آنا۔ شرمانا۔ لاجواب ہونا۔

**پسینا ہرا ہونا**۔ (محاورہ) پسینا خشک ہونا۔ عرق سُوکھنا۔ نمی دُور ہونا۔

**پسینوں میں ڈوبنا۔ پسینوں میں نہانا**۔ (محاورہ) بے انتہا پسینا آنا بکثرت پسینا آنا۔

**پسینے پسینے ہونا (ہوجانا)**۔ (محاورہ) (۱) عرق عرق ہونا (۲) پسینوں میں ڈوبنا (۳) شدید محنت یا گرمی کے باعث پسینا آنا (۴) شرمندہ اور خجل ہونا۔

**پسینے سے تر ہونا**۔ (محاورہ) بہت پسینا آنا۔

**پسینے کی جگہ خون بہانا**۔ (محاورہ) کسی کے لیے جان دینے سے دریغ نہ کرنا

**پسینے میں شرابور ہونا**۔ (محاورہ) بہت پسینا آنا۔

**پسیو**۔ (پَ۔ سیو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بھاپ۔ بخارات (۲) پسینہ (۳) وہ پانی جو چاولوں کے پک جانے کے قریب نکالا جاتا ہے۔

## پ ــــ ش

**پُشت**۔ [ف۔ ا۔ مث] (۱) پیٹھ۔ کمر (۲) پچھاڑی (۳) کُمک۔ مدد۔ سہارا (۴) معاون (۵) پیڑھی۔ نسل۔ خاندان۔ جمع: پُشتہا۔

**پُشتا پُشت۔ پُشتہا پُشت**۔ (ف۔ مث) باپ دادا سے۔ کئی پشتوں سے۔ پیڑھی در پیڑھی۔

**پُشت بہ پُشت۔ پُشت در پُشت**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) نسل در نسل (۲) ہمیشہ سے (۳) باپ دادا سے۔

**پُشت بدیوار**۔ (ف۔ صف) حیران۔ پریشان۔

**پُشت پر ہونا**۔ (محاورہ) حمایت پر ہونا۔ امداد پر ہونا۔

**پُشت پناہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) حمایتی۔ معاون۔ مددگار (۲) جائے پناہ۔ ملجا وماویٰ

**پُشت خار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک آلہ جس سے پیٹھ کھجلاتے ہیں (۲) کھریرا۔ خرخرا۔ لوہے کا پنجہ جس سے جانوروں کے بدن کی گرد جھاڑتے ہیں۔

**پُشت دکھانا**۔ (محاورہ) لڑائی سے بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔

**پُشتارہ**۔ (پُش۔ تا۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بوجھ۔ گٹھا (۲) ڈھیر۔ انبار۔

**پُشتاوا**۔ (پَش۔ تا۔ وا) [ق۔ ا۔ مذ] پچھتاوا۔ شرمندگی۔ ندامت۔

**پُشتک**۔ (پُش۔ تک) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک کھیل (۲) دولتی۔

**پُشتک مارنا**۔ دولتی مارنا۔ گدھے۔ گھوڑے اور اُونٹ کا دونوں پچھلے پاؤں اُٹھا کر لات مارنا۔

**پَشتو**۔ (پَش۔ تو) [ف۔ ا۔ مث] پختو۔ افغانی زبان۔ کابلی بولی۔

**پَشتولیا**۔ (پَش۔ تو۔ لِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا باریک کیڑا۔

**پُشتہ**۔ (پُش۔ تہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) مٹی کا ڈھیر۔ ٹیلا۔ بند۔ پشتہ (۲) وہ چمڑا یا کپڑا جس سے کتاب کی پُشت کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں۔

**پُشتہ بندی**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بند باندھنا (۲) دیوار یا کنارے کو مضبوط کرنا۔

**پُشتی**۔ (پُش۔ تی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) مضبوطی۔ پائداری (۲) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ جانب داری (۳) تکیہ۔ ٹیک (۴) حفاظت۔

**پُشتیبان**۔ (پُش۔ تی۔ بان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) سہارا دینے والا۔ ساتھی۔ مددگار۔ (۲) پشتان۔ وہ لکڑی جو نیچے کی جانب پائداری کے لیے کواڑ۔ تختہ۔ کشتی جہاز وغیرہ میں لگائی جائے۔

**پُشتین**۔ (ا۔ مث) پُشت کی جمع۔ آباؤ اجداد۔ پیڑھیاں۔

**پُشتینی**۔ (پُش۔ تے۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] موروثی۔ خاندانی۔ قدیمی۔

**پُشٹ**۔ [س۔ صف] مضبوط۔ پائدار (۲) زورآور۔ بلوان (۳) مقوی طاقت بخش۔

**پَشم**۔ [ف۔ ا۔ مث] (۱) بال۔ رُواں۔ اُون (۲) کیس (۳) جھانٹ۔ مُوئے زہار (۴) بے حقیقت۔ حقیر۔ ذلیل۔ رذیل (۵) بے کار۔

**پشم اُکھاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی قسم کا نقصان پہنچانا۔

**پشم اُکھاڑنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوجاتا**۔ (ا۔ مثل) بڑی تکلیف کے وقت معمولی تسکین سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

**پشم برابر جاننا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔

**پشم پر مارنا**۔ (محاورہ) (۱) نہایت حقیر جاننا (۲) پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

**پشم کندہ نہ ہونا**۔ (محاورہ) (۱) جھانٹ نہ اُکھڑنا (۲) کچھ نہ ہوسکنا (۳) بدلہ لینے سے مجبور ہونا۔

**پشم نہ سمجھنا**۔ (محاورہ) کچھ نہ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

**پشمک**۔ [ق۔ ا۔ مث] مٹھائی کی ایک قسم۔



Marfat.com

**پشمینہ** ۔ (پَش ۔ مِی ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] اُونی کپڑا ۔ بالوں کا پارچہ ۔

**پشنگ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) لوہے کا ایک آلہ جس سے معمار دیواروں میں سُوراخ کرتے ہیں (۲) اُونی کپڑا جس کے دونوں سِروں پر لکڑیاں لگی ہوتی ہیں اس میں اینٹیں یا مٹی وغیرہ رکھ کر اُوپر اُٹھاتے ہیں (۳) ظلم ۔ جور (۴) تکلیف ۔ مصیبت (۵)

**پشنگیاں** ۔ (پَ ۔ شَنگ ۔ گی ۔ آں) [ق ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا جال ۔

**پشو** ۔ (پَ ۔ شُو) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) چوپایہ ۔ ڈھور ۔ مویشی (۲) بے وقوف ۔ بے تمیز ۔ بے عقل (۳) مورکھ ۔ بے علم ۔

**پشواز** ۔ (پِش ۔ واز) [ف ۔ ا ۔ مث] ساہ ۔ ناچنے کی پوشاک ۔ عورتوں کی ایک گھیردار پوشاک ۔

**پشہ** ۔ (پَش ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) مچھر ۔ ایک پردار کیڑا (۲) بے حقیقت ۔ بے اصل ۔ حقیر (۳) کمزور ۔ ناطاقت ۔

**پشی** ۔ (پَش ۔ شی) [اُ ۔ ا ۔ مث] (۱) پشہ کی تانیث (۲) بچے کا پیشاب ۔

**پشیمان** ۔ (پَ ۔ شے ۔ مان) [ف ۔ صف] (۱) شرمندہ ۔ نادم ۔ مُنفعل (۲) پچھتانے والا ۔ افسوس کرنے والا ۔

**پشیمانی** ۔ (پَ ۔ شے ۔ ما ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] شرمندگی ۔ ندامت ۔ افسوس ۔

# پ ـــ ف

**پُف** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] پھونک ۔ پھونک مارنا ۔

# پ ـــ ک

**پکا** ۔ (پک ۔ کا) [ہ ۔ صف] (۱) پکایا ہوا ۔ پکا ہوا (۲) تجربہ کار ۔ کارکردہ ۔ ہوشیار ۔ جہاں دیدہ (۳) مشاق (۴) راسخ ۔ مضبوط ۔ پختہ ۔ مستحکم (۵) پُورا ۔ بالغ ۔ مکمل (۶) بے نقص ۔ بے ضرر (۷) نڈر ۔ بے خوف ۔ دیدہ دلیر (۸) مستند قابل ۔ وثیق جیسے پکا تمسک (۹) اسٹام ٹکٹ لگا ہوا جیسے پکا کرایہ نامہ (۱۰) مستعمل (۱۱) جوش دیا (۱۲) پختہ ۔ تیار ۔ بھُنا ۔ تلا (۱۳) قدیم ۔ مستقل ۔ موروثی (۱۴) وفادار ۔ ساتھ دینے والا (۱۵) مصمم ۔ بالجزم (۱۶) منقش کاغذ ۔ مسکوک سکہ جس پر بادشاہ کی تصویر یا نام یا دونوں چھپے ہوں (۱۷) عمر رسیدہ ۔ بُوڑھا ۔ پختہ کار (۱۸) خرانٹ گھاگ ۔ چالاک (۱۹) خوب ۔ عمدہ ۔

**پکا بال** ۔ [ا ۔ مذ] سفید بال ۔ وہ بال جو بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہو گیا ہو ۔

**پکا بول** ۔ [ا ۔ صف] مضبوط اقرار ۔

**پکا پان** ۔ [ا ۔ صف] (۱) عمر رسیدہ ۔ نہایت بُوڑھا (۲) پختہ کار ۔ تجربہ کار ۔

**پکا پکایا** ۔ (۱) بے محنت ۔ بنا بنایا ۔ بالکل تیار ۔ بے تکلف ۔ بے کوشش مفت (۲) ٹھیک ۔ تیار ۔ مکمل ۔

**پکاپن** ۔ [ا ۔ مذ] مضبوطی ۔ پختگی (۲) چالاکی ۔

**پکا پھوڑا** ۔ [ا ۔ صف] (۱) پیپ بھرا پھوڑا ۔ تیار پھوڑا (۲) درد سے بھرا ہوا ۔ دُکھیا ۔ غم زدہ ۔ رونے کو تیار ۔

**پکا پھوڑا ٹھیس لگی اور پھوٹا** ۔ (مثل) پُوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کرنا شروع کر دیا ۔

**پکا پھوڑا ہو رہا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت بھرا بیٹھا ہے ۔ چھیڑنے کی دیر ہے سب حال کہہ دے گا ۔

**پکا چِٹھا** ۔ [ا ۔ مذ] (۱) پکا روزنامچہ ۔ پختہ بہی کا حساب (۲) سالانہ حساب کی فرد ۔

**پکا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پکا کے تیار کرنا ۔ ستانا ۔ تکلیف دینا ۔

**پکا کرنا** ۔ (محاورہ) (۱) مستقل کرنا ۔ آمادہ کرنا (۲) پختہ کرنا (۳) ذہن نشین کرنا (۴) سبق خوب یاد کرنا ۔

**پکا گانا** ۔ [ا ۔ مذ] وہ گانا جس میں فنِ موسیقی کا کمال دکھایا گیا ہو ۔

**پکا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) معاملے طے ہو جانا ۔ کام مضبوط ہو جانا ۔ مصمم ارادہ ہونا ۔

**پکے گولر ۔ کوے کو نیند کیسے آئے** ۔ (مثل) چیز سامنے ہو تو لالچی شخص کو کیونکر صبر آئے ۔

**پُکار** ۔ (پُ ۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) آواز ۔ ہانک (۲) فریاد ۔ دہائی (۳) شور و غُل (۴) تلاش ۔ جستجو (۵) اعلان ۔ منادی (۶) بلاوا ۔ طلبی (۷) فریقین مقدمہ یا گواہان کی طلبی کی صدا ۔

**پُکار اٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آواز بلند ہونا (۲) زور سے بول پڑنا ۔ بے ارادہ بول پڑنا ۔

**پُکار پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) شہرت ہونا (۲) تلاش ہونا ۔

**پُکار پُکار کر کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بلند آواز سے کہنا ۔

**پُکار دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آواز دینا (۲) اطلاع دینا ۔ آگاہ کرنا (۳) منادی کرنا ۔

**پُکار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فریاد کرنا (۲) شور و غل مچانا ۔

**پُکار کے (کر)** ۔ (۱) کھُلم کھُلا ۔ علانیہ (۲) ناراضی کے ساتھ ۔ غصے کے ساتھ (۳) چلا کے (۴) اطلاع دے کر ۔ مطلع کر کے ۔

**پُکارا** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] (۱) شہرت ۔ ناموری (۲) شور و غُل ۔

**پُکارنا** ۔ (پُ ۔ کار ۔ نا) [اُ ۔ مص] (۱) آواز دینا ۔ بُلانا (۲) چلانا ۔ غُل مچانا ۔ (۳) خبر کرنا (۴) یاد کرنا ۔ رٹنا (۵) فریاد کرنا ۔ مانگنا ۔

**پکانا** ۔ (پَ ۔ کا ۔ نا) [اُ ۔ مص] (۱) پختہ کرنا ۔ کھانا تیار کرنا (۲) ٹھیک کرنا ۔ دُرست کرنا (۳) خامی دُور کرنا ۔ کچا پن دُور کرنا (۴) مضبوط کرنا ۔ پختہ کرنا (۵) گھوٹنا ۔ رٹنا ۔ یاد کرنا (۶) مستقل کرنا (۷) زخم یا پھوڑے کے مواد کو خارج کرنے کے قابل بنانا (۸) تجویز کرنا ۔ منصوبہ بنانا ۔

**پکاؤ** ۔ (پَ ۔ کا ۔ ؤ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پکنے والا ۔ پکنے کے قریب ۔ گدرایا ہوا ۔ تیاری کے قریب ۔

**پکائی** ۔ (پَ ۔ کا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] پکانے کی اُجرت ۔ پکوائی ۔

**پکپن** ۔ (پَک ۔ پَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] دانائی ۔ عقلمندی ۔ پختگی ۔

**پکچر** ۔ (پِک ۔ چَر) [انگ ۔ ا ۔ مث] (Picture) تصویر ۔ سینما ۔

**پکچر ہاؤس** ۔ (Picture House) تصویر خانہ ۔ نگار خانہ تماشا گاہ ۔ سینما گھر ۔

**پکڑ** ۔ (پَ ۔ کَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گرفت ۔ قبضہ (۲) داؤ گشتی (۳) بحث مُباحثہ (۴) بیگار ۔ دھونس (۵) مواخذہ ۔ باز پُرس ۔ نکتہ چینی (۶) وسیلہ و ذریعہ (۷) گرفتاری (۸) بیگار میں پکڑنا ۔

**پکڑ بُلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرفتار کر لینا ۔ زبردستی بلانا ۔



Marfat.com

**پکڑ دھکڑ۔** (ا۔مث) (۱) گرفتاری۔ داروگیر (۲) دوڑ دھوپ (۳) جبر۔ سختی۔ ظلم۔

**پکڑ کرنا (لڑنا)۔** (ا۔محاورہ) کُشتی کرنا۔

**پکڑ لانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) گرفتار کر لانا۔ قبضے میں لانا۔ داؤں کرنا۔ قابو میں لانا۔

**پکڑانا۔ پکڑوانا۔** (پک۔ڑا۔نا) (پَ۔کڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرفتار کرانا وارنٹ نکلوانا (۲) ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ سپرد کرنا۔

**پکڑنا۔** (پَ۔کڑ۔نا) (ا۔مص) (۱) تھامنا۔ لینا (۲) گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔ قید کرنا (۳) تکالنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ پا لینا (۴) اعتراض کرنا۔ ٹوکنا۔ (۵) روکنا۔ تھامنا۔ بند کرنا (۶) شروع کرنا۔ برابر ہونا۔ برابر میں پہنچنا۔ دوڑ میں جا پکڑنا (۷) گزارنا۔ بسر کرنا (۸) قابو میں کرنا۔ جیچ کرنا۔ ایک پہلوان کا دوسرے کو پکڑنا (۹) گھیرنا۔ محصور کرنا۔

**پکش۔** [س۔ا۔مذ] (۱) طرف۔ سمت۔ (۲) پاکھ۔ پکھواڑہ۔ پندرہ دن کا زمانہ پکھ (۳) بل۔ زور۔ طاقت۔ توان (۴) بازو۔ پنکھ۔ پَر۔

**پکشی۔** (پَک۔شی) [س۔صف] (۱) طرف دار۔ حمایتی۔ معاون۔ مددگار (۲) بازو رکھنے والا۔ پُر والا۔ پرند۔ پکھیرو (۳) بلوان۔ طاقت ور (۴) پر لگا ہوا تیر۔

**پکنا۔** (پَک۔نا) [ہ۔مص] (۱) پختہ ہونا۔ کھانا تیار ہونا۔ کھانا بننا (۲) مکمل ہونا درست ہونا (۳) قابل ہونا۔ تجربہ کار ہونا (۴) بالغ ہونا۔ حد کو پہنچنا (۵) پیپ پڑنا۔ مواد پختہ ہونا (۶) عمر رسیدہ ہونا۔ تیار ہونا (۷) چوسر میں گوٹوں کا چل کر کامیابی حاصل کرنا (۸) طے ہونا۔ متعین ہونا۔ مقرر ہونا (۹) معاملہ طے ہونا۔

**پکنک۔** (Picnic) (پِک۔نِک) [انگ۔ا۔مث] گھر سے باہر کسی پُرفضا مقام پر تفریحی کھانا پینا۔

**پکوان۔** (پک۔وان) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تلی ہوئی چیز۔ پکا ہوا کھانا۔ پوری۔ کچوری مٹھائی وغیرہ۔

**پکوانا۔** (پک۔وا۔نا) تیار کرانا۔ کھانا تیار کرانا۔ پختہ کرانا۔

**پکوائی۔** (پک۔وا۔ای) [ہ۔ا۔مث] کھانا پکانے کی اُجرت۔

**پکوٹھا۔** [ق۔ا۔مذ] پَر۔ پنکھ۔

**پکوڑا۔** (پَ۔کَو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بیسن کی گھی یا تیل میں تلی ہوئی بڑی پھلکی۔ (۲) کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو۔

**پکوڑا سی ناک۔** (ا۔صف) موٹی سی ناک۔

**پکوڑے تلنا۔** (۱) بیسن کی پھلکیاں کسی روغن میں تیار کرنا (۲) بہت گھٹیا شعر کہنا۔ تُک بندی کرنا۔

**پکوڑی۔** (پَ۔کَو۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] بیسن کی پیٹھی کی بنی ہوئی گول چھوٹی پھلکی

**پکھ۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) پاکھ۔ پندرھواڑہ (۲) بازو۔ پنکھ (۳) طاقت۔ بل۔

**پکھال۔** (پَ۔کھال) [ہ۔ا۔مث] کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر جانور پر لادتے ہیں۔ بڑی مشک۔

**پکھال پیٹا۔ پکھال پیٹو۔** (ا۔صف) بڑے پیٹ والا۔ پیٹو۔ زیادہ کھانے والا۔

**پکھالی۔** [ق۔ا۔مث] پانی کی بڑی مشک۔

**پکھاوج۔** (پَ۔کھا۔وَج) [ہ۔ا۔مث] (۱) مردنگ۔ ایک قسم کی ڈھولک

**پکھاوجی۔** (پَ۔کھا۔وَ۔جی) [ہ۔ا۔مذ] مردنگ بجانے والا۔ پکھاوج بجانے والا

**پکھراج۔** (پُکھ۔راج) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا زرد قیمتی پتھر۔

**پکھروٹا۔** (پکھ۔رو۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چاندی یا سونے کا ورق (۲) پان کی گلوری جس پر سونے یا چاندی کا ورق لپٹا ہوا ہو۔

**پکھوا۔** (پکھ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بازو۔ بانہہ (۲) پہلو۔ بغل۔ کنار۔

**پکھوڑا۔** (پَ۔کھو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کاندھے کی ہڈی (۲) کاندھا۔

**پکھیرو۔** (پَ۔کھے۔رُو) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پرندہ۔ طائر (۲) تیز رو۔

**پکی۔** (پَک۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پختہ۔ مضبوط۔ اُستوار۔ مستحکم۔ پائدار (۲) مستقل (۳) قائم (۴) معینہ۔ مقررہ (۵) کامل۔ پوری (۶) غیر خام (۷) تیار۔ بنی ہوئی۔ سدھی ہوئی (۸) پکا کی تانیث۔

**پکی بات۔** (ا۔مث) یقینی بات۔ طے شدہ معاملہ۔ تجربہ کی بات۔

**پکی پکائی کھانا۔** (ا۔محاورہ) بغیر محنت و مشقت گزر بسر کرنا۔

**پکی پیداوار۔** (۱) وہ جنس جو پختہ اُترے (۲) وہ نکاسی جو کاشت کاری کے مصارف مجرا دے کر بچی ہو۔

**پکی پیسی۔** (۱) لیس۔ پکی پکائی۔ پیس پکا کر تیار کی ہوئی (۲) تجربہ کار عورت جہاں دیدہ اور ہوشیار عورت۔

**پکی عمر۔** جوان عمر۔

**پکی کر لینا۔** (ا۔محاورہ) کسی بات کا پختہ کر لینا۔ اطمینان کر لینا۔

**پکی کرنا۔** مضبوط کرنا۔ پختہ و پزکرنا۔ کسی بات کا استحکام کرنا۔

**پکی ہونا۔** (ا۔محاورہ) بات طے ہو جانا۔ نسبت پختہ ہو جانا۔ معاملہ یقینی ہو جانا

**پکے آم کے ٹپکنے کا ڈر۔** (ا۔مثل) بوڑھے آدمی کے مرنے کا خطرہ۔

# پ ــ گ

**پگ۔** [ہ۔ا۔مذ] پاؤں۔ قدم۔ چرن (۲) رسّی۔ باگ (ق)

**پگ بن کٹے نہ پنتھ۔** (ا۔مثل) بغیر محنت کے کوئی کام نہیں ہوتا۔

**پگ بھانا۔** (ہ۔محاورہ) قدم رکھنا (ق)۔

**پگ ڈنڈی۔** (ا۔مث) تنگ راستہ۔ وہ راستہ جو لوگوں کے پیدل چلنے سے بن جاتا ہے۔

**پگا۔ پگہا۔** (پَ۔گا) (پگ۔ہا) [ہ۔ا۔مذ] پچھاڑی۔ پیکھڑا۔ پاؤں میں باندھنے کی رسّی۔ بیل کے گلے کی رسّی۔

**پُگانا۔** (پُ۔گا۔نا) [ہ۔مص] (۱) تمام کھلاڑیوں کا کھیل ختم کرنا (۲) وعدہ پورا کرنا

**پگاہ۔** (پَ۔گاہ) [ف۔ا۔مث] (۱) صبح۔ سحر۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور۔

**پگڑی۔** (پگ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) سر پر باندھنے کا دوپٹہ۔ دستار۔ عمامہ (۲) عزت۔ آبرو (۳) متنفس۔ آدمی (۴) ایک قسم کا محصول۔ ناجائز رقم جو مکان یا دوکان کرایہ پر لیتے وقت ادا کی جائے۔

**پگڑی اُتارنا۔** (محاورہ) (۱) بے عزتی کرنا۔ آبرو ریزی کرنا (۲) گاہک کو ٹھگنا۔ فریب کرنا۔

**پگڑی اُترنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بے عزتی ہونا۔ آبرو ریزی ہونا۔ بدنام ہونا۔ (۲) ٹھگا جانا۔



Marfat.com

**پگڑی اٹکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مقابلہ ہونا ۔ ہمسری ہونا ۔ آمنا سامنا ہونا ۔

**پگڑی اُچھالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عزت اُتارنا ۔ ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا (۲) تمسخر کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔

**پگڑی اُچھلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل ہونا ۔ بے عزت ہونا (۲) ہنسی اُڑنا ۔ توہین ہونا ۔

**پگڑی باندھنا** ۔ (۱) سرفراز کرنا ۔ عزت دینا (۲) جانشین بنانا ۔ گدی پر بٹھانا (۳) دستار باندھنا (۴) کامل اور منتہی گرداننا ۔ فاضل اور عالم ماننا ۔ ہنر کا اُستاد اور فن کا ماہر تسلیم کرنا (۵) سردار بنانا ۔ خلیفہ بنانا ۔ افسر بنانا (۶) سر پر سہرا رکھنا ۔

**پگڑی بدلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پگڑی بدل کر بھائی بنانا (۲) دوست بنانا ۔ یار بنانا

**پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامی جاتی ہے** ۔ (ا۔ مقولہ) عزت بچانے کے لیے بڑی کوشش کرنی پڑتی ہے ۔

**پگڑی رکھنا** ۔ (۱) عمامہ پہننا (۲) عزت رکھنا ۔ آبرو بچانا ۔ توقیر کرنا (۳) دستار رہن رکھنا (۴) عاجزی کرنا ۔ پاؤں پر پگڑی ڈالنا ۔

**پگڑی سنبھالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عزت بچانا ۔

**پگڑی کی شرم رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آبرو رکھنا ۔

**پگڑی میں پھوُل رکھا گیا** ۔ (مثل) بدنام ہو گیا ۔ عیب لگ گیا ۔

**پگڑی والا** ۔ (۱) حکیم ۔ طبیب ۔ ڈاکٹر ۔ وید ۔ مُعالج (۲) عزت والا (۳) عمامہ باندھنے والا (۴) خاوند ۔ شوہر ۔

**پگلا** ۔ (پگ ۔ لا) [ ہ ۔ صف ] (۱) پاگل کی تصغیر ۔ سڑی ۔ سودائی (۲) خبطی ۔ دیوانہ ۔

**پگلانا ۔ پگھلانا** ۔ (پگ ۔ لا ۔ نا) (پگھ ۔ لا ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) تپانا ۔ گرم کرنا ۔ کسی ٹھوس مادے کو گرم کر کے سیّال بنانا (۲) گداز کرنا ۔ نرم بنانا ۔ گلانا (۳) ملائم کرنا (۴) مہربان بنانا (۵) توجہ دلانا ۔ راضی کرنا ۔

**پگلنا ۔ پگھلنا** ۔ (پ ۔ گل ۔ نا) (پ ۔ گھل ۔ نا) ٹھوس مادے کا گرمی سے سیّال ہو جانا (۲) گداز ہونا ۔ گھلنا ۔ پگھلنا ۔ گلنا (۳) نرم ہونا (۴) مہربان ہونا ۔ (۵) توجہ کرنا (۶) راضی ہونا ۔ منظور کرنا ۔

**پگوڈا** ۔ (Pagoda) (پ ۔ گو ۔ ڈا) [ پر ۔ ا ۔ مذ ] مخروطی شکل کا بدھ مندر ۔

**پگیا** ۔ (پگ ۔ یا) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] پگڑی کی تصغیر ۔ چھوٹی پگڑی ۔

# پ ـــ ل

**پل** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) پلک جھپکانے کا وقفہ ۔ سیکنڈ ۔ آن ۔ لمحہ ۔ دَم (۲) پلنا کا امر ۔ (۳) ایک تولے کا سولھواں حصّہ ۔

**پل بھر میں** ۔ ذرا سی دیر میں ۔ فوراً ۔ پلک جھپکتے ۔ آناً فاناً ۔ بہت جلد ۔

**پل جانا ۔ پلنا** ۔ (ا ۔ مص) (۱) پرورش پانا (۲) تری پاکر نرم ہونا ۔ پرورش پانا ۔

**پل کا بھروسا نہیں** ۔ (ا ۔ مثل) جینے کی لمحہ بھر میں اُمید نہیں ۔ پلک جھپکاتے تک کا آسرا نہیں ۔ موت کا کچھ ٹھیک نہیں کب آ لے ۔

**پل کے پل مارنے میں** ۔ تھوڑی سی دیر میں ۔ لمحہ بھر میں ذرا ۔

**پل کی پل** ۔ تھوڑی دیر کے لیے ۔

**پُل** ۔ [ ف ۔ ا ۔ مذ ] (۱) وہ تعمیر جو دریا ' ندی ' نالے ' سڑک یا ریلوے لائن کے اُوپر سے گزرنے کے لیے بنائی جائے ۔ بند ۔ پُشتہ (۲) کثرت ۔ بہتات ۔

**پُل باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پانی یا نشیب کے اُوپر سے گزرنے کے لیے راستہ بنانا (۲) مُبالغہ کرنا ۔ ڈھیر لگا دینا ۔ (۳) بڑھانا ۔ چڑھانا ۔

**پُل صراط** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) مسلمانوں کے عقیدے میں دوزخ کے اُوپر وہ پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے نیک لوگ آسانی کے ساتھ اس کے اُوپر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بُرے آدمی کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے ۔

**پَلّا** ۔ (پَل ۔ لا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) دامن ۔ آنچل ۔ کنارہ (۲) حمایت ۔ اعانت ۔ مدد ۔ سہارا ۔ کمک (۳) تھیلا (۴) پلڑا ۔ پلڑا ۔ ترازو (۵) پٹ ۔ کواڑ (۶) لپ ۔ کول ۔ بغل (۷) فرق ۔ فاصلہ ۔ تفاوت ۔

**پلّا بھاری ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ایک پلے کا وزن دوسرے سے زیادہ (۲) زیادہ دُور ہونا ۔ بہت فاصلہ ہونا (۳) بکثرت حامی یا مددگار ہونا ۔ طاقت ور یا دولت مند ہونا (۴) زیادہ کنبہ ہونا (۵) دوپٹے یا شال وغیرہ کا کنارہ قیمتی ہونا ۔ آنچل زیادہ کامدار ہونا (کنایۃً) بہت گنہگار ہونا ۔

**پلّا پاک ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فیصلہ ہو جانا (۲) قرض ادا ہو جانا ۔

**پلّا پکڑ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آسرا لینا ۔ دامن پکڑ لینا ۔

**پلّا جھکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وزنی ہونا ۔ غلام ہونا ۔

**پلّا چھڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بے باق کرنا ۔ ادا کرنا ۔ ترکِ تعلق کرنا ۔ جدا ہونا (۲) پیچھا چھڑانا ۔ طلاق حاصل کرنا (۳) روتی ہوئی عورت کو رونے سے باز رکھنا (۴) کنارا اُتار لینا ۔ آنچل اُدھیڑ لینا ۔

**پلّا چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیچھا چھوڑنا ۔ علیٰحدہ ہونا ۔

**پلّا لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آنکھ پر کپڑا رکھ کر رونا ۔ منہ ڈھکنا (۲) دامن پکڑنا ۔ (۳) پیچھے پڑنا ۔ سر ہونا (۴) اُمید رکھنا ۔ سہارا لینا (۵) دوشالہ مول لینا ۔ (۶) چلانا ۔ بیزار کرنا ۔

**پلّے باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حوالے کرنا ۔ سپُرد کرنا ۔ ذمّے کرنا ۔ قبضے میں دینا (۲) نکاح میں دینا (۳) شادی کرنا (۴) گانٹھ میں باندھنا (۵) یاد رکھنا (۶) دامن یا دوپٹے میں گرہ دینا (۷) الزام لگانا ۔ سر تھوپنا ۔

**پلّے بندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گلے پڑنا (۲) بیاہا جانا ۔

**پلّے ٹکا نہیں** ۔ (ا ۔ محاورہ) پاس کچھ نہیں ۔ غریب اور مفلس ہے ۔

**پلّے پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ذمّے ہونا ۔ سر منڈھنا ۔ واسطہ پڑنا (۲) قبضے میں آنا ۔ (۳) وراثت میں آنا (۴) نکاح میں آنا (۵) حصّے میں آنا (۶) ہاتھ لگنا ۔

**پلّے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سب کچھ خرچ کر دینا (۲) بے تعلق ہو جانا (۳) سب کچھ بانٹ دینا ۔ الگ ہو جانا ۔

**پلّے دار** ۔ حمّال ۔ قُلی ۔ مزدور ۔ بوجھ اُٹھانے والا ۔

**پلّے سے باندھنا** ۔ (۱) بیاہ دینا ۔ کسی سے عقد کر دینا (۲) دامن سے باندھنا

**پلّے کیچڑ میں دھنس رہے ہیں** ۔ (ا ۔ محاورہ) بکھیڑوں میں گرفتار ہے ۔

**پلّے ہونا** ۔ گانٹھ میں ہونا ۔ گرہ میں ہونا ۔ پاس ہونا ۔ مال و زر ہونا ۔

**پلّے نہ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ وصول نہ ہونا ۔ بات سمجھ میں نہ آنا ۔

**پِلا** ۔ (پِ ۔ لا) [ ہ ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ٹیڑھا ۔ کفگیر ۔ چمچہ (۲) پرورش کیا ہوا



Marfat.com

(۳) پل کا اسم مکبر ۔ بڑا چمچہ جس سے تیل یا گھی نکالتے ہیں۔
**پِلّا**۔ (پِل۔ لا) [س۔ا۔ مذ] (۱) کُتّے کا چھوٹا بچہ (۲) نطفہ۔ تخم۔ جیسے حرام کا پلّا۔
**پلاس**۔ (پَ۔ لاس) [ف۔ا۔ مذ] ٹاٹ۔ موٹا کپڑا۔
**پلاس**۔ (پَ۔ لاس) [ہ۔ا۔ مذ] ڈھاک کا درخت (۲) زنبور۔ ایک قسم کا اوزار۔
**پلاس پاپڑا**۔ (ا۔ مذ) ڈھاک کا بیج جو دواؤں میں پڑتا ہے۔
**پلاستر**۔ (Piaster) (انگ۔ مذ) کا مورد۔ استرکاری (۲) لیپ ضماد۔
**پلاستر اُڑا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) مارتے مارتے کھال اُدھیڑ دینا۔ بہت مارنا۔
**پلاشنا**۔ (ا۔مص) جوتا تیار ہو جانے کے بعد اس کو تراش کر ٹھیک کرنا۔
**پلانا**۔ (پِ۔ لا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) کوئی سیال مادہ پینے کو دینا۔ نوش کرانا۔ پانی دینا (۲) داخل کرنا۔ جذب کرانا۔ جسم کے اندر پہنچانا۔ کسی چیز میں کوئی مادہ دوڑانا۔ مارنا جیسے تیر یا گولی پلانا۔ ہدف بنانا۔ نشانہ بنانا (۴) ذہن نشین کرانا (۵) تیل نکلوانا (۶) عرق نکلوانا۔ جیسے کولھو میں سرسوں پلانا۔
**پَلاؤ**۔ ماتم۔ ماتم کرنے والا۔ (ق)۔
**پُلاؤ**۔ (پُ۔ لا۔ اؤ) [ف۔ا۔ مذ] (۱) گوشت مسالا اور گھی میں پکا ہوا چاول۔
**پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی**۔ (ا۔مثل) کچھ کمی نہیں۔ عیش میں کمی نہیں۔
**پلائی**۔ (پِ۔ لا۔ ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) انّا۔ دایہ۔ انگہ۔ آیا۔ رضاعی ماں (۲) دودھ پلانے والی نوکرانی۔
**پلائی وُڈ**۔ (Plywood) (پ۔ لا۔ ای۔ وُڈ) [انگ۔ا۔مث] وہ پرت دار لکڑی جو پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی جائے۔
**پِل پڑنا**۔ (پِل۔ پڑ۔ نا) [اُر۔مص] (۱) دفعتہً حملہ کرنا۔ ہلّہ بول دینا (۲) ایک دم مارنے لگنا (۳) دھکیلنا (۴) جھک پڑنا۔ کام میں بے حد مصروف ہونا۔
**پلپلا**۔ (پِل۔ پ۔ لا) [ہ۔صف] نرم۔ ملائم۔ لُچلُچا۔
**پلپلا**۔ (پِل۔ پ۔ لا) [ہ۔ا۔ مذ] پوپلا۔ کھوکھلا۔ بجوف۔ اندر سے خالی۔
**پلپلانا**۔ (پِل۔ پ۔ لا۔ نا) [ہ۔مص] پلپلا کرنا۔ دبا کر نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ لچلچانا۔
**پلپلانا**۔ (پِل۔ پ۔ لا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) پپولنا۔ پوپلوں کی طرح کھانا۔ چوسنا یا چوڑنا۔ دانت لگائے بغیر رس چوسنا (۲) ڈرنا۔
**پلپلاہٹ**۔ (پِل۔ پ۔ لا۔ ہٹ) [ہ۔ا۔مث] نرمی۔ ملائمی۔ لچلچاپن۔
**پلپلی**۔ (پِل۔ پ۔ لی) [ہ۔صف] نرم۔ لچلچی۔
**پلپلی ٹھیکری**۔ (ا۔مث) فرج۔ اندام نہانی۔ عورت کی شرمگاہ۔
**پلتھی**۔ (پِل۔ تھی) [ہ۔ا۔مث] چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا طریقہ۔
**پلٹ**۔ (پَ۔ لٹ) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) گھماؤ۔ گردش۔ چکر۔
**پلٹ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا (۲) کسی پر غصّہ کا اظہار کرنا۔ جاتے جاتے لوٹ پڑنا۔
**پلٹ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) برگشتہ ہو جانا۔ دگرگوں ہو جانا (۲) راہ سے پھر جانا (۳) مُکر جانا (۴) بات بدلنا۔
**پلٹ کر نہ دیکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) متوجہ نہ ہونا۔ خبر نہ لینا۔
**پلٹا**۔ (پَل۔ ٹا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) بدلہ۔ عوض۔ انتقام (۲) گھرچنی۔ روٹی وغیرہ پلٹنے کا آلہ (۳) انقلاب۔ چکر (۴) پلٹنا کا ماضی
**پلٹا دینا**۔ اُلٹ پُلٹ کرنا۔ ایک طرف سے دوسری طرف پلٹنا۔ ہرا دینا
**پُلٹس**۔ (Poultice) (پُل۔ ٹس) [انگ۔ا۔مث] لیپ۔ ضماد۔ پُڑی پھوڑا پکانے کی دوا جو پکا کر لگائی جائے۔
**پلٹن**۔ (Platoon) سے بنا ہوا (پَل۔ ٹن) [اُر۔ا۔مث] پیادہ فوج کا دستہ۔
**پلٹنا**۔ (پَ۔ لٹ۔ نا) [ہ۔مص] (۱) پلٹا کھانا۔ اُلٹنا۔ پھرنا۔ واپس ہونا (۲) باز آنا۔ بے وفائی کرنا۔ زبان بدلنا (۳) دیکھیے "اُلٹنا"۔
**پلٹی**۔ (پَل۔ ٹی) [ہ۔ا۔مث] پلٹا کی تانیث۔ قلا بازی (۲) واپس ہوئی۔ لوٹی۔
**پلٹیاں کھانا**۔ (۱) چکر کھانا (۲) قلا بازیاں کھانا۔
**پلڑا**۔ (پَل۔ ڑا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) پاٹ۔ ترازو کا وہ حصّہ جس پر سامان یا باٹ رکھا جائے (۲) کنارہ۔ گوٹ۔ بیل۔ پلّا۔
**پلَستَر**۔ (Plaster) (پَ۔ لس۔ تر) [انگ۔ا۔ مذ] انگریزی لفظ پلاسٹر کی اُردو۔ دیکھیے پلاستر۔
**پلستر بگاڑنا**۔ (۱) لیپ میں خرابی کرنا۔ ضماد میں نقص ڈالنا۔ مرہم میں عیب پیدا کر دینا (۲) چمڑا۔ کھال اُدھیڑنا۔ بہت مارنا (۳) گلکاری کو اکھاڑ ڈالنا۔
**پلک**۔ (پَ۔ لک) [ف۔ا۔مث] (۱) مژہ۔ پل۔ مژگان۔ آنکھ کے بال (۲) آن۔ لحظہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔ لمحہ۔ دم۔ آنکھ کی جھپک۔
**پلک پٹیا**۔ (۱) چندھا۔ بار بار آنکھ جھپکانے والا۔
**پلک جھپکنا**۔ (ا۔ محاورہ) پلک مارنا۔ آنکھ جھپکنا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آنا۔ آنکھ بند ہونا
**پلک جھپکنے میں (مارنے میں)**۔ ذرا سی دیر میں۔ فوراً۔ بہت جلد۔
**پلک دریا**۔ (محاورہ) سیرچشم۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔ سخی۔ دریا دل۔
**پلک سے پلک نہ لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیند نہ آنا۔ جاگتے رہنا۔
**پلک لگ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لیے سو جانا۔ جھپکی آ جانا۔
**پلک مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) آنکھ جھپکنا۔ آنکھ مارنا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
**پلک نواز**۔ (۱) دم کے دم میں مال دار بنانے والا (۲) تھوڑی سی کارگزاری پر بہت کچھ دینے والا۔ خدا کی صفت۔
**پلک نہ پسیجنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رحم نہ آنا (۲) آنسو نہ آنا۔ نام کو بھی نہ رونا۔
**پلک نہ جھپکنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیند نہ آنا۔ بے چینی ہونا۔
**پلکوں سے اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی دی ہوئی چیز کو عزت و احترام سے اُٹھانا
**پلکوں سے زمین جھاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت عزت کرنا (۲) بے حد اطاعت کرنا (۳) بے انتہا محبت رکھنا۔
**پلکوں سے نمک چُننا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پلکوں سے نمک اُٹھانا (۲) ازحد مشکل کام کرنا۔
**پلکیں چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت رنج اور غصّے کو ضبط کرنا۔
**پلکیں کترنا**۔ (ا۔ محاورہ) خوبصورت بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے ان کی پلکیں کتر کر چھوٹی کرنا۔
**پُلکا**۔ (پُل۔ کا) [ہ۔ا۔ مذ] ابلق کبوتر۔ دورنگا کبوتر۔
**پلمبر**۔ (Plumber) (پَ۔ لم۔ بر) [انگ۔ا۔ مذ] (۱) سیسہ گر (۲) کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ہے۔ نل ساز۔
**پلنا**۔ (پِل۔ نا) [ہ۔مص] (۱) کچلا جانا۔ دبایا جانا۔ مسلا جانا (۲) کچل کر عرق نکلنا



Marfat.com

دبا کر رس نکلنا (۳) ریلا لگانا۔ پل پڑنا۔ دھکیل دینا (۴) حملہ کرنا۔

**پُلندا**۔ (پُ-لن-دا) [ہ-ا-مذ] (۱) پیکٹ۔ بنڈل۔ گٹھڑی۔ گڈی۔

**پلنگ**۔ (پَ-لنگ) [ف-ا-مذ] چیتا۔ ایک درندہ۔ جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔ جمع: پلنگاں۔

**پلنگ**۔ (پَ-لنگ) [س-ا-مذ] بڑی چارپائی۔ مسہری۔ کھاٹ۔

**پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا**۔ (ا-محاورہ) بغیر کسی معاوضہ کے اچھا سلوک کرنا۔

**پلنگ پر بٹھانا**۔ (ا-محاورہ) بہت آرام دینا۔ کام نہ لینا۔

**پلنگ پوش**۔ (ا-مذ) چادر۔ بالاپوش۔ پلنگ اور بستر ڈھکنے کا کپڑا۔

**پلنگ توڑ**۔ (ا-صف) (۱) پلنگ پر پڑا رہنے والا۔ بے کار شخص۔ نکھٹو۔ کاہل۔ سُست (۲) (ا-مث) امساک کی ایک دوا۔

**پلنگ تین چور**۔ (ا-مذ) وہ ستارے جو ایک پلنگ اور تین چوروں یا ایک جنازہ اور تین جنازہ اٹھانے والوں کی صورت میں آسمان پر نظر آتے ہیں۔ بنات النعش۔

**پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا**۔ (ا-محاورہ) (۱) بچہ جن کر فارغ ہونا۔ زچگی سے صحیح سلامت نمٹنا (۲) سخت بیماری سے صحت پانا۔

**پلنگ کے بان (باندھ) توڑنا**۔ بیکار پڑے رہنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔

**پلنگڑی**۔ (پَ-لنگ-ڑی) [ہ-ا-مث] پلنگ کی تصغیر۔ چھوٹی چارپائی۔

**پلّو**۔ (پل-لُو) [ہ-ا-مذ] (۱) دامن۔ آنچل۔ کنارہ۔ حاشیہ (۲) چوڑی گوٹ۔ پو چوڑا ٹھپا۔

**پلّو دار**۔ وہ لباس جس کے کنارے پر سونے چاندی کی چوڑی گوٹ لگی ہو۔ سنہری رو پہلی گوٹ بنانے والا۔

**پلوانا**۔ (پل-وا-نا) [ہ-مص] پرورش کرانا۔

**پلوانا**۔ (پل-وا-نا) [ہ-مص] (۱) نوش کرانا (۲) تیل نکلوانا (۳) رَس نکلوانا۔ عرق نکلوانا (۴) بلونا۔ متھوانا۔

**پلوٹو**۔ (Pluto) (پلُو-ٹو) [انگ-ا-مذ] (۱) یونانی اور رومی علم الاصنام میں عالم اسفل کا دیوتا۔ پلوطان۔ جمراج۔ یمراج (۲) ایک سیارہ جو ۱۹۳۰ء میں دریافت ہوا تھا۔

**پلوٹھا۔ پہلوٹھا۔ پہلونٹھا**۔ (پ-لو-ٹھا) (پہ-لو-ٹھا) (پہ-لون-ٹھا) [ہ-صف] پہلا بچہ۔ پلوٹھی کا بچہ۔

**پلوٹھی۔ پہلوٹھی۔ پہلونٹھی**۔ (پَ-لو-ٹھی) (پہ-لو-ٹھی) (پہ-لون-ٹھی) [ہ] پلوٹھا کی تانیث۔ پہلے پہل کی لڑکی۔

**پلول**۔ (پل-وَل) [ہ-ا-مذ] (۱) ایک ترکاری۔

**پلول ملانا**۔ (ا-محاورہ) موافق کر لینا۔ گانٹھنا۔ ساز باز کرنا۔ ہمراز بنانا۔ سازش کرنا۔

**پلہ**۔ (پل-لہ) [ف-ا-مذ] (۱) پلڑا۔ باٹ۔ پلّو (۲) سیڑھی۔ زینہ (۳) رُتبہ۔ درجہ۔

**پلھنڈا**۔ (پَ-لھن-ڈا) [ہ-ا-مذ] گھڑونچی۔ ٹکن۔

**پلھنڈی**۔ (پَ-لھن-ڈی) [ہ-ا-مث] پانی رکھنے کی گھڑونچی۔

**پلی**۔ (پ-لی) [ہ-ا-مث] تیل یا گھی نکالنے کا آلہ۔ ٹیڑھا چمچہ۔

**پلی پلی جوڑنا**۔ بُوند بُوند اکٹھا کرنا۔ تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کوڑی کوڑی جوڑنا۔

**پُلی**۔ (پُ-لی) پُل کی تصغیر۔ چھوٹا پُل۔ پُلیا۔

**پلیت**۔ (پَ-لیت) [ہ-صف] (۱) گندہ۔ پلید۔ ناپاک (۲) کنجوس۔ بخیل (۳) بھوت

**پلیتہ**۔ (پَ-لی-تہ) [ف-ا-مذ] (۱) بتی۔ فتیلہ (۲) تعویذ۔ جنتر منتر (۳) توڑا۔ پسے ہوئے بارود میں بھرا ڈورا جس میں آگ لگا کر آتشبازی یا بندوق چھوڑی جاتی ہے۔

**پلیتہ چاٹ جانا**۔ (ا-محاورہ) (۱) گھی یا تیل وغیرہ کا دیگچی یا کڑاہی میں آگ کی تیزی سے جل اُٹھنا (۲) توپ کا بتی دینے پر نہ چلنا۔

**پلیتہ دینا**۔ (ا-محاورہ) بتی دکھانا۔ توڑا لگانا۔ آگ لگانا۔

**پلیتھن**۔ (پَ-لے-تھَن) [ہ-ا-مذ] (۱) خشکی۔ سوکھا آٹا جس کی مدد سے روٹی بڑھائی اور چوڑی کی جاتی ہے (۲) وہ پھوک جو آٹے سے مادہ نکالنے کے بعد باقی رہا ہو۔

**پلیتھن نکالنا**۔ (ا-محاورہ) بہت مارنا۔ مار کر ادھ مُوا کر دینا۔ بھُرکس نکال دینا۔

**پلیتھن نکل جانا (نکلنا)**۔ (ا-محاورہ) تباہ ہو جانا۔ خستہ حال ہو جانا۔ بڑا نقصان ہونا۔

**پلیٹ**۔ (Plate) [انگ-ا-مث] رکابی۔ تھالی۔ طشتری۔

**پلیٹ فارم**۔ (Platform) (پ-لیٹ-فارم) [انگ-ا-مذ] سطح یا چبوترہ۔ وہ چبوترہ جس کے متصل ریل کھڑی ہوتی ہے یا جس پر کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔

**پلیٹ فارم ٹکٹ**۔ (Platform Ticket) ٹکٹ جو ریل کے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے خریدا جائے۔

**پلیٹ لیئر**۔ (Layer) (پلیٹ-لے-آر) [انگ-ا-مذ] ریل کی سڑک بنانے کا افسر۔ ریل کی سڑک کا نگران افسر۔

**پلیٹینم۔ پلاٹینم**۔ (Platinum) (پَ-لے-ٹی-نم) (پ-لا-ٹی-نم) [انگ-ا-مذ] ایک قیمتی دھات۔

**پلید**۔ (پَ-لید) [ف-صف] (۱) پلیت۔ گندہ۔ ناپاک۔ نجس۔ غلیظ (۲) بھوت پریت

**پلیڈر**۔ (Pleader) (پَ-لی-ڈَر) [انگ-ا-مذ] وکیل۔ وکالت کرنے والا۔ عدالت میں مدّعی یا مدّعا علیہ کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا۔

**پلیس**۔ (Place) (پ-لیس) [انگ-ا-مذ] جگہ۔ مقام۔

**پلیگ**۔ (Plague) (پ-لیگ) [انگ-ا-مث] طاعون۔ ایک مہلک مرض جو زہریلے پسّو کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔

**پلین**۔ (Plan) (پ-لین) [انگ-ا-مذ] (۱) تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ۔ ڈھنگ۔ مسوّدہ (۲) زمین یا عمارت کا نقشہ۔ خاکہ۔

**پلین**۔ (Plane) (پ-لین) [انگ-ا-مذ] (۱) سادہ (۲) ہموار۔

## پ—م

**پمپ**۔ (Pump) [انگ-ا-مذ] (۱) زمین سے پانی نکالنے کا آلہ (۲) ہوا بھرنے کا آلہ (۳) ایک قسم کی جوتی۔

**پمفلٹ**۔ (Pamphlet) (پَم-ف-لٹ) [انگ-ا-مذ] رسالہ۔ چھوٹی کتاب۔



Marfat.com

**پُتن گیہوں** - (پم - تن - گے - ہُوں) [اُرد - ا - مذ] (۱) ایک قسم کا لوچ دار اور مضبوط گندم - گھٹیا گندم -

# پ ــــ ن

**پَن** - (ہ) مصدری علامت جیسے بالپن - اُلّوپن وغیرہ - بعض اوقات سن وسال اور درجے کے موقع پر بولتے ہیں جیسے بچپن - (۲) کہیں کہیں نسبت کے موقع پر مستعمل ہوتا ہے جیسے شہدپن - لچپن (۲) پانی کا مخفف - پان کا مخفف - پانچ کا مخفف

**پَن بُٹّا (پَن ڈِبّا)** - (ا - مذ) پان رکھنے کا ڈبہ - خاصدان - پان دان -

**پَن بھتّا** - (ا - مذ) پانی میں پکے ہوئے چاول - پتلے پکے ہوئے چاول -

**پَن بھرا** - (ہ - مذ) آب خورا (۲) سقہ - پانی بھرنے والا

**پَن چکّی** - پانی کی چکی - پانی سے چلنے والی چکی -

**پنچورا** - (۱) پانی بچھلنے والا (۲) ایک کھلونا جس میں پانی بھرا ہوتا ہے - لیکن جب اس کا منہ بند کر لیتے ہیں - تو پیندے سے پانی ٹپکنا بند ہو جاتا ہے پھر کھولنے پر ٹپکنے لگتا ہے (۳) بہت زیادہ پیشاب کرنے والا - مُتوڑا -

**پَن ڈُبّا** - (ہ - ا - مذ) (۱) ایک آبی جانور - مرغابی (۲) ڈبکی لگانے والا - غوّاص -

**پَن ڈُبّی** - (ہ - ا - مث) پانی کا ایک پرند (۲) غوطہ خور -

**پنسال - پنسالہ** - (ہ - ا - مث) (۱) سکیل - پانی کی گہرائی ناپنے کا پیمانہ - پانی کی پیمائش کا آلہ (۲) ہموار - برابر - چورس - مسطح (۳) سبیل - پیاؤ -

**پَنسال نویس** - (ہ - ف - صف) نہر کی پنسال پر پانی کی کمی بیشی کا حساب رکھنے والا -

**پَنسیری** - (۱) پانچ سیر کا باٹ - پانچ سیر کا وزن -

**پَن کال - پَتیا کال** - (ہ - ا - مذ) پانی کا قحط - خشک سالی - بارش کی کثرت سے فصل کا مارا جانا -

**پَن کپڑا** - (ا - مذ) پانی کا بھیگا ہوا کپڑا -

**پَن کٹّی** - (ہ - ا - مث) چورا - کٹا ہوا پان - سالوں سمیت کترا کیا ہوا پان -

**پَن کوّا** - (ہ - ا - مذ) سیاہ رنگ کا پرند جو پانی میں ڈوب کر مچھلی پکڑتا ہے -

**پنگھٹ** - (ہ - ا - مذ) (۱) پانی بھرنے کی جگہ - ڈھوروں کے پانی پینے کا مقام (۲) گھاٹ -

**پن** - (Pen) [انگ - ا - مذ] قلم -

**پن** - (Pin) (انگ - ا - مث) گھنڈی دار سوئی -

**پن** - (س - ا - مذ) (۱) خیرات - صدقہ - دان - عطا (۲) کارِ خیر - نیک کام -

**پنا** - (پَن - نا) [س - ا - مذ] (۱) زمرد - سبز رنگ کا قیمتی پتھر (۲) آم یا املی کا گاڑھا شربت (۳) ورق - شا - صفحہ (۴) جوتے کا بالائی چمڑا (۵) سونے کا ورق -

**پنا** - (پ - نا) [ہ - ا - مذ] کپڑے کا عرض - چوڑائی - پاٹ -

**پنا** - (پ - نا) [ہ] بعض الفاظ کے آخر میں آکر مصدر یا سن وسال کے معنی دیتا ہے جیسے بچپنا - لچپنا -

**پنا - پننا** - (پُن - نا) (پِن - نا) [ہ - مص] روئی کو دُھننا - صاف کرنا -

**پَنالا** - (پَ - نا - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) پرنالہ (۲) نالی (۳) بدررَو (۴) ٹونٹی - فوارہ - (۵) وہ شکن جو موٹاپے کے باعث جانوروں کی پیٹھ پر پڑ جائے -

**پناہ** - (پَ - ناہ) [ف - ا - مث] (۱) امن - عافیت - حفاظت - نگرانی (۲) حمایت سہارا - امداد (۳) سایہ - جمع : پناہاں -

**پناہ بخدا** - (ف - کلمہ) خدا کی پناہ - اللہ کی امان -

**پناہ دینا** - (ف - ا - صف) دشمنوں سے بچانا - سہارا دینا -

**پناہ گاہ** - (ف - ا - مث) امن کا مقام - عافیت کی جگہ - مامن - ملجا -

**پناہ گیر** - (ف - صف) حفاظت میں آنے والا - پناہ میں آنے والا - مہاجر -

**پناہ مانگنا** - (۱) امن و عافیت طلب کرنا (۲) دُور رہنا (۳) فریاد کرنا - داد چاہنا -

**پنبہ** - (پم - بہ) [ف - ا - مذ] کپاس - روئی -

**پنبہ بگوش** - (ف - صف) (۱) کان میں روئی ڈالے ہوئے (۲) غافل - بےخبر (۳) توجہ نہ کرنے والا (۴) بنا ہوا بہرہ -

**پنبہ دانہ** - (ف - مذ) بنولا - کپاس کا بیج -

**پنبہ دوز** - (ف - صف) گانٹھنے والا - پیوند لگانے والا - پرانے کپڑے سینے والا -

**پنبہ دہن** - (ف - صف) (۱) خاموش - چُپ (۲) کم گو - کم سخن -

**پنبی** - (پم - ب - ای) [ف - صف] وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہوئی ہو - روئی دار

**پنبی راوٹی** - (ا - مث) (۱) روئی کا خیمہ - روئی کا مکان (۲) سرد خانہ -

**پنبی** - (پَن - بی) [ق - ا - مذ] اینٹیں جوڑنے کا مسالہ -

**پنپنا** - (پ - نپ - نا) [ہ - مص] (۱) سرسبز ہونا - تر و تازہ ہونا (۲) ترقی کرنا - بڑھنا (۳) افلاس دُور ہونا - کمزوری دور ہونا (۴) پھلنا پھولنا -

**پَنتھ** - [ہ - ا - مذ] (۱) فرقہ - قوم - ملت - مذہب - دھرم - گروہ (۲) راہ - راستہ - سڑک - باٹ -

**پَنتھی** - (پَن - تھی) [ہ - ا - مذ] (۱) پنتھ والا - دھرمی - مذہبی - دیندار (۲) ہم مذہب ایک جماعت کا - ہم فرقہ -

**پنتھی پُورنا** - (پَن - تھی - پور - نا) [ہ - مص] آلتی پالتی لگا کر بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا

**پنتی** - (پَن - تی) [ق - ا - مذ] چراغ -

**پَنج** - [ف - صف] (۱) پانچ (۲) پانچ سال کا - گھوڑے کی عمر کے متعلق بولا جاتا ہے -

**پنج آیت** - (ف - ع - مث) پانچ قرآنی سورتیں جو نیاز فاتحہ میں پڑھتے ہیں - سورۃ فاتحہ اور چاروں قل -

**پنج ارکان** - (ف - مذ) اسلام کے پانچ بنیادی ارکان (۱) کلمہ طیبہ (۲) نماز (۳) روزہ (۴) حج (۵) زکوٰۃ -

**پنج تن** - (ف - ا - مذ) پنج تن پاک - یعنی رسول اکرمؐ - حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضرت فاطمہؓ - حضرت امام حسنؓ - حضرت امام حسین -

**پنج روزہ** - (ف - صف) (۱) پانچ دن کا - پانچ روز کا (۲) چند دن - تھوڑا عرصہ چند روزہ (۳) ہفتہ بھر کی زندگی - جس میں ایک روز دنیا میں آنے کا ایک دن دنیا سے جانے کا کم کر کے پانچ روز باقی رہتے ہیں -

**پنج شاخہ** - (ف - ا - مذ) (۱) لوہے کا بنا ہوا پنجہ - جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں ان پر فلیتے چڑھا کر روشن کرتے اور جلوس میں ساتھ لے کے چلتے ہیں -



Marfat.com

**پنج شنبہ**۔ (ف۔ مذ) جمعرات۔

**پنج عیب**۔ (ف۔ صف) ان پانچ عیبوں والا گھوڑا۔ جسترا۔ کُمری۔ کُہنہ لنگ۔ منہ زور۔ شب کور۔

**پنج عیب شرعی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) چوری۔ حرام کاری۔ شراب خوری۔ جوا۔ جھوٹ بولنا۔

**پنج ککے**۔ (پ۔ مذ) سکھوں کے پانچ مذہبی نشان جو حرف ک سے شروع ہوتے ہیں۔ (۱) کڑا (۲) کیس (۳) کرپان (۴) کنگھا (۵) کچھا۔

**پنج کلیان**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ گھوڑا یا مویشی جس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہو۔ اسے مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

**پنجگانہ**۔ (ف۔ مث) پانچوں وقت کی نماز۔

**پنج گوشہ**۔ (ف۔ صف) پانچ کونے والا۔ پانچ کنارے والا۔

**پنج ند**۔ (ا۔ مذ) پانچ دریاؤں والا۔ پاکستان کا وہ مقام جہاں پانچ دریا ملتے ہیں (پنجاب)۔

**پنج نوبت**۔ (ف۔ ا۔ مث) پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے محل پر بجائی جاتی تھی۔

**پنجارا**۔ (ق۔ ا۔ مذ) روئی دھنکنے والا۔

**پنجاہ**۔ (پن۔ جاہ) (ف۔ صف) پچاس - ۵۰ -

**پنجر**۔ (پن۔ جر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈھانچہ۔ قالب (۲) پسلی۔

**پنجرا۔ پنجرہ**۔ (پنج۔ را) (پنج۔ رہ) (ہ۔ ا۔ مذ) قفس۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر۔

**پنجری**۔ (پنج۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پنجرہ کی تصغیر۔ چھوٹا پنجرہ (۱) شکاری (ق)۔

**پنجڑی**۔ (پنج۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پانچ کی تصغیر۔ چوسر کے داؤں میں پانچ کوڑیاں چت ہونے کو پنجڑی کہتے ہیں۔

**پنجم**۔ (پن۔ جم) (ف۔ صف) پانچواں۔

**پنجنا**۔ (پنج۔ نا) (ہ۔ مص) ٹانکا لگنا۔ جوڑ لگانا۔ ٹانکے سے پیوست کرنا۔

**پنجو**۔ (پن۔ جو) (ق۔ صف) نحیف۔ کمزور۔

**پنجوانا**۔ (پنج۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹنکوانا۔ ٹانکے سے پیوست کرانا۔ جُڑانا۔

**پنجہ**۔ (پن۔ جہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پانچ چیزوں کا مرکب۔ ہاتھ مع انگلیوں کے۔ چنگل پنج شاخہ (۳) لپ۔ مٹھی (۴) پاخانہ صاف کرنے کی ہڈی یا ٹھیکرا۔ (۵) آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو تعزیوں کے ساتھ بانس میں لگا ہوتا ہے (۶) ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں کہ ہر ایک کی تعداد پانچ ہے۔ جمع: پنجہ ہا۔

**پنجۂ آفتاب۔ پنجۂ خورشید**۔ (ف۔ مذ) سورج کی کرنیں۔

**پنجہ پھیرنا**۔ (ا۔ محاورہ) پنجہ میں پنجہ ڈال کر مروڑ دینا (۲) مغلوب کرنا۔ قابو پانا

**پنجہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دو آدمیوں کا ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر زور آزمائی کرنا۔

**پنجہ کش**۔ (ف۔ صف) (۱) پنجہ ڈالنے والا (۲) پنجے سے شکار کرنے والے جانور (۳) لوہے کی سلاخوں میں پنجہ ڈال کر مشق کرنے والا (۴) دہلی کے مشہور خوش نویس سید محمد رضوی کا لقب۔

**پنجہ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ مارنا۔ چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا (۲) چھین جھپٹ کرنا۔ لوٹ مار کرنا۔

**پنجۂ مریمؑ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک گھاس جس کی بابت مشہور ہے کہ حضرت مریمؑ نے حضرت عیسٰےؑ کے جننے کے وقت پنجہ مارا تھا اور اس کی شکل پنجے کی سی ہو گئی۔

**پنجۂ نگارین**۔ (ف۔ صف) معشوق کا ہاتھ۔ سجا ہوا ہاتھ۔ خوبصورت ہاتھ۔

**پنجہ نما**۔ (ف۔ صف) پنجے کی شکل کا۔

**پنجوں کے بل چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ایڑیوں کو اونچا کر کے انگلیوں پر چلنا (۲) مغرور کرنا۔

**پنجے (جمانا) گاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ پاؤں جمانا۔

**پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا (لپٹنا)**۔ (ا۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا نہایت تنگ کرنا۔ اصرار کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ کسی کام میں مستعدی سے لگ جانا۔

**پنجے سے چھوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) رہائی حاصل کرنا۔

**پنجی**۔ (پن۔ جی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پنج شاخہ (۲) بتیاں جلانے کا آلہ۔ تاش کے پانچ نشانوں والا۔

**پنجیرا**۔ (پن۔ جے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) برتن مانجنے والا۔ قلعی گر۔ برتن میں جوڑ لگانے والا۔

**پنجیری**۔ (پن۔ جی۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پانچ چیزوں مثلاً سوجی۔ گھی۔ سونٹھ گوند۔ میوہ سے مرکب خشک بھربھرا حلوہ (۲) گوند کھانے جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔

**پنچ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پانچ کا مخفف (۲) پنچایت کرنے والے۔ ثالث۔ باہم فیصلہ کرانے والے۔ برادری کا چودھری (۳) بچولیا۔ دلّال۔

**پنچ پاتر**۔ (۱) پانچ برتن جو پوجا کرنے میں کام آتے ہیں (۲) پانچ قسم کے پھول پتے وغیرہ جو پوجا کے کام میں لائے جاتے ہیں (۳) پانچ دھاتوں سے بنا ہوا برتن جو پوجا میں برتتے ہیں (۴) پانچ دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی۔

**پنچ تنتر**۔ (س۔ ا۔ مذ) جانوروں کے قصوں کی مشہور کتاب جو سنسکرت سے فارسی میں انوار سہیلی کے نام سے ترجمہ ہوئی۔

**پنچ سلطانی**۔ (ہ۔ ع۔ مذ) بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث۔

**پنچ فیصلہ**۔ پنچوں کا فیصلہ۔ پنچایت کا طے شدہ معاملہ۔ برادری کا حکم۔

**پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی**۔ (مثل) جو سب کی رائے ہو۔ اسی سے اتفاق کرنا اچھا ہے۔

**پنچ مل خدا، خدا مل پنچ**۔ (مثل) پنچوں کا فیصلہ خدا کا فیصلہ ہے۔

**پنچوں کا پیالہ**۔ حقہ۔ قلیان۔

**پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا**۔ (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جسے لوگ کتنا ہی سمجھائیں، لیکن وہ اپنی ضد نہ چھوڑے۔

**پنچوں مل کیجے کاج، ہارے جیتے آئے نہ لاج**۔ (مثل) یعنی پنچوں کی صلاح سے کوئی کام کرنا ہارنے اور جیتنے میں شرمندہ نہیں کراتا۔

**پنچ**۔ (Punch) (انگ۔ ا۔ مذ) چھوٹے قد کا موٹا آدمی۔ ٹھنگنا اور کبڑا آدمی۔ مسخرا۔

**پنچا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دو دستے والی لکڑی جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں جس سے



Marfat.com

کسان کٹی ہوئی فصل کو چلاتے ہیں اور بھوسے سے دانے الگ کرتے ہیں۔

**پنچال** - (پن۔چال) [ق۔صف] ہوشیار۔ مکّار۔

**پنچامرت** - (پن۔چا۔مرت) [س۔ا۔مذ] پانچ چیزوں یعنی دودھ۔ دہی۔ چینی گھی اور شہد سے بنا ہوا شربت جس سے دیوتا کے بُت کو نہلاتے ہیں۔

**پنچانا** - (پنَ۔چا۔نا) [ق۔مص] اُگانا۔ پیدا کرنا۔

**پنچایت** - (پنَ۔چا۔یَت) [ہ۔ا۔مث] (۱) پنچوں کی کمیٹی۔ بھائی بندوں کی مجلس (۲) نزاع رفع کرنے کا جلسہ (۳) صلاح مشورہ۔ ثالثی (۴) شور و غل ہجوم۔ مجمع۔ گروہ۔

**پنچایت جوڑنا** - (۱) پنچوں کو بُلانا۔ پنچایت کو اکٹھا کرنا (۲) فیصلہ کرانے کو برادری جمع کرنا (۳) دعوت کرنا (۴) اکٹھے ہونا (۵) بلڑ مچانا۔ ہجوم کرنا۔

**پنچایت خانگی** - (ہ۔ا۔مث) گھر کی پنچایت جس میں لوگ پنچ کے طور پر اپنے جھگڑے فیصل کر دیتے ہیں۔

**پنچایت راج** - (ہ۔ا۔مذ) عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں کی حکومت۔

**پنچایت سرکاری** - (ہ۔ا۔مث) سرکار کی مقرر کی ہوئی پنچایت۔

**پنچایت نامہ** - (ف۔ا۔مذ) پنچوں کا کیا ہوا تحریری فیصلہ۔ پنچایت کا لکھا ہوا تصفیہ۔

**پنچایتی** - (پنَ۔چا۔یَ۔تی) [اُر۔ا۔مذ] (۱) پنچایت کا مقرر کیا ہوا (۲) عام۔ سب کا (۳) وقف۔ شرکت کا۔ ساجھے کا (۴) نطفہ بے تحقیق۔ حرامی۔

**پنچایتی سالا** - سب کا سالا۔ ایک قسم کی گالی اور مزاح۔

**پنچم** - (پن۔چَم) [س۔ا۔مذ] پانچواں۔ سات سُروں میں سے ایک سُر۔

**پنچمی** - (پنَ۔چَ۔می) [س۔ا۔مث] چاند کی پانچویں تاریخ۔

**پنچنا** - (پنَ۔چنا) [ق۔مص] اُگنا۔ پیدا ہونا۔

**پچھالا** - (پنَ۔چھا۔لا) [ہ۔ا۔مذ] پیچھے لگنے والا۔ طُفیلی۔

**پچھڑی** - (پنَ۔چھڑی) [ق۔ا۔مذ] پت جھڑ۔ خزاں کا موسم۔

**پنچھی** - (پنَ۔چھی) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پرندہ۔ پکھیرو۔

**پند** - [ف۔ا۔مث] نصیحت۔ ہدایت۔ اُپدیش۔ بھلی بات۔ جمع: پندہا۔

**پندار** - (پنَ۔دار) [ف۔ا۔مذ] (۱) خیال۔ غور و فکر (۲) تصوّر (۳) رائے (۴) تکبّر۔ غرور۔

**پندرہ** - (پنَ۔دَ۔رَہ) [ہ۔صف] دس اور پانچ۔ ۱۵۔

**پندرواڑہ** - (پنَ۔دَر۔وا۔ڑہ) [ہ۔ا۔مذ] پندرہ دن۔

**پنڈ** - [ق۔ا۔مذ] چور۔

**پنڈ** - [ہ۔ا۔مذ] (۱) پنڈا۔ بدن۔ جسم۔ تن (۲) آبادی۔ بستی۔ گاؤں (۳) گولا۔ ڈلا۔ لڈو (۴) ہندوؤں میں کریا کرم کرنے والا۔

**پنڈ پڑنا** - (ا۔محاورہ) (۱) مسلّط ہونا۔ ذمّے لگنا۔ حوالے ہونا۔ پیچھے لگنا (۲) سپردگی میں آنا۔ واسطہ پڑنا (۳) حصّے میں آنا۔

**پنڈ چھٹنا** - (ا۔محاورہ) (۱) ذمّے داری سے بری ہونا۔ پیچھا چھٹنا۔ آزادی ملنا۔ برات ہونا (۲) بے تعلق ہونا (۳) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔

**پنڈ چھڑانا** - (ا۔محاورہ) (۱) پیچھا چھڑانا۔ بچنا (۲) بچانا۔ نجات دلانا۔

**پنڈ روگ** - (۱) جسمانی بیماری۔ بدنی عارضہ (۲) کوڑھ۔ برص (۳) دق تپ۔ کینسر۔

**پنڈا** - (پن۔ڈا) [س۔ا۔مذ] (۱) پنڈت۔ برہمن۔ مذہبی رسوم ادا کرنے والا۔

**پنڈا** - (پن۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گولا۔ گمگذر (۲) جسم۔ بدن۔

**پنڈا پھیکا ہونا** - (ا۔محاورہ) بدن گرم ہونا۔ ہلکا ہلکا بخار ہونا۔

**پنڈارا** - (پن۔ڈا۔را) [ہ۔ا۔مذ] لٹیرا۔ ڈاکو۔

**پنڈا کورا ہونا** - (ا۔محاورہ) کنوارہ جانا۔

**پنڈال** - (پن۔ڈال) [ہ۔ا۔مذ] خیمہ۔ شامیانہ۔ عارضی مکان جو جلسے کے لیے بانس بلّی اور کپڑے سے تیار کیا جائے۔

**پنڈالو** - (پن۔ڈا۔لو) [ہ۔ا۔مذ] اروی۔ گھوئیاں۔ ترکاری۔

**پنڈت** - (پن۔ڈت) [س۔ا۔مذ] (۱) پڑھا ہوا۔ عالم (۲) مُعلّم۔ ماسٹر۔ پڑھانے والا۔ پادھا (۳) جوتشی۔ مُنجّم (۴) کشمیری ہندوؤں کا ایک معزز خطاب۔

**پنڈت خانہ** - (ہ۔ف۔مذ) (۱) بندی خانہ۔ جیل خانہ (۲) جوا کھیلنے کا اڈّا۔

**پنڈت مانی** - (ہ۔مذ) اپنے آپ کو بہت لائق سمجھنے والا شخص۔

**پنڈتانی** - (پنَ۔ڈِ۔تا۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پنڈت کی بیوی۔ برہمن عورت۔ (۲) بچّوں کو پڑھانے والی عورت۔ اُستانی۔

**پنڈتائی** - (پنَ۔ڈتا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) پنڈت کا کام پوجا پاٹ۔ بیاہ شادی وغیرہ مراسمِ دینی کا انجام دلانا (۲) پڑھائی لکھائی کرنا۔ معلمی۔

**پنڈک** - (پنَ۔ڈک) [س۔ا۔مذ] فاختہ۔ قُمری۔

**پنڈلی** - (پنڈ۔لی) [ہ۔ا۔مث] ساق۔ گوڑا۔ ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ٹانگ کا حصّہ۔

**پنڈوُ** - (پنَ۔ڈوُ) [ق۔ا۔مذ] پختہ پھل۔

**پنڈول** - (پن۔ڈول) [ہ۔ا۔مث] وہ سفید مٹی جو دیواروں پر سفیدی کی بجائے پھیرتے ہیں۔

**پنڈلم۔ پنڈولم** - (ا۔مذ) کلاک یا گھڑی کا لٹکن۔

**پنڈی** - (پن۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹکڑی۔ گولی۔ بوندی۔ گولا (۲) قربان گاہ۔ مذبح (۳) شیولنگ پتھر کا سرا جس پر پانی ڈالا جاتا ہے۔

**پنس** - (پِ۔نَس) [اُر۔ا۔مث] فینس۔ پالکی۔ ڈولا۔

**پنس** - (Pence) [انگ۔ا۔مذ] برطانیہ کا تانبے کا سب سے چھوٹا سکہ۔ شلنگ کا بارہواں حصّہ۔ پینی۔

**پنسال نویس** - (ف۔ا۔مذ) محکمہ نہر کا ملازم جس کا کام زرعی زمینوں کے پانی کا حساب رکھنا ہوتا ہے۔

**پنسار ہٹا** - (پنَ۔سار۔ہٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] پنساریوں کا بازار۔

**پنساری** - (پنَ۔سا۔ری) [ہ۔ا۔مذ] عطّار۔ دوا فروش۔ نمک مرچ مسالے بیچنے والا۔

**پنسل** - (Pencil) (پن۔سِل) [انگ۔ا۔مث] سُرمہ یا سیسے کا قلم۔ پنسل

**پنسوئی** - (پن۔سُو۔ای) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔

**پنشن** - (Pension) (پن۔شَن) [انگ۔ا۔مث] وظیفہ۔ امداد۔ سہارا۔ وہ رقم جو نوکری سے ریٹائر ہونے کے بعد ماہ بماہ ملے۔

**پنشنر** - (Pensioner) (پن۔شَ۔نَر) [انگ۔ا۔مذ] وظیفہ پانے والا۔ وہ شخص جسے نوکری کی میعاد ختم کرنے کے بعد خدمات کے معاوضے میں امداد ملے۔



Marfat.com

پنکچر۔ (Puncture) (پنک-چر) [انگ-ا-مذ] سُوراخ۔ چھید۔

پنکھ۔ [ہ-ا-مذ] (۱) بازو۔ پَر۔ بال۔

پنکھ پسارنا۔ (ا-محاورہ) (۱) پَر پھیلانا (۲) اُڑنے کا ارادہ کرنا (۳) لالچ کرنا۔

پنکھا۔ (پَن-کھا) [ہ-ا-مذ] ہوا جھلنے کا آلہ۔ بیجنا۔ بادکش۔

پنکھا جھلنا۔ پنکھا کرنا۔ ہلانا۔ بادکش کھینچنا۔

پنکھے لگ جانا۔ (ا-محاورہ) دِل دھڑکنا۔ اختلاج ہونا (۲) پنکھوں کا آویزاں ہونا۔

پنکھڑی۔ (پنکھ-ڑی) [ہ-ا-مث] (۱) پھُول کی پتّی۔ وَرَق (۲) بازو۔ پنکھ۔ پَر۔

پنکھیا۔ (پَن-کھ-یا) [ہ-ا-مث] پنکھا کی تصغیر۔ چھوٹا پنکھا۔

پنکی۔ (پِن-کی) [ہ-ا-مث] (۱) افیون کے نشے کی حالت۔ پینک (۲) (مذ) وہ شخص جو پینک کے نشے میں ہو۔ نشے میں اونگھنے کی حالت۔

پنگ پانگ۔ (Ping Pong) [انگ-ا-مذ] معزّز کھیل جو میز پر چھوٹے بلے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں۔

پنگا۔ (پَن-گا) [ہ-صف] لنگڑا۔ ٹیڑھی ٹانگوں والا۔ لنجا۔

پنگت۔ پنگتی۔ (پَن-گت) (پنگ-تی) [س-ا-مث] (۱) صف۔ قطار (۲) گروہ۔ مجمع۔ جماعت۔ پارٹی۔

پُنگڑا۔ (پُنگ-ڑا) [ق-ا-مذ] اولاد۔ شیر خوار بچّہ۔

پُنگل۔ (پُن-گل) [ق-ا-مث] بال۔

پَنگل۔ (پَن-گُل) یا خنثہ [س-ا-مذ] (۱) وہ جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں۔

پنگورا۔ پنگوڑا۔ پنگوڑہ۔ (پَن-گو-را) (پن-گو-ڑا) (پن-گو-ڑہ) [ہ-ا-مذ] ہنڈولا۔ جھولا۔ گہوارہ۔ پالنا۔

پنم۔ [ق-ا] نیکی۔

پُننا۔ (پُن-نا) [ہ-مص] رُوئی کو صاف کرنا یا دُھننا۔

پُننا۔ (پُن-نا) [ہ-مص] (۱) ملامت کرنا (۲) بے عزّتی کرنا (۳) گالیاں دینا۔

پنواڑا۔ (پَن-وا-ڑا) [ہ-ا-مذ] طویل قِصّہ۔ لمبی کہانی۔ داستان۔ گزری ہوئی باتوں کا طویل بیان۔

پنواڑن۔ (ہ-مث) پان بیچنے والی عورت۔

پنواڑی۔ (پَن-وا-ڑی) [ہ-ا-مذ] پان بیچنے والا۔

پنواڑیاں۔ پان کے کھیت (ق)

پنوانا۔ (پن-وا-نا) [ہ-مص] رُوئی صاف کرانا یا دُھنانا۔

پُنوانا۔ (پُن-وا-نا) [ہ-مص] بُرا بھلا کہوانا۔ لعن طعن کرانا۔ گالیاں دِلوانا۔

پنہاں۔ (پن-ہاں) [ف-صف] چھُپا ہوا۔ پوشیدہ۔

پنہانا۔ (پن-ہا-نا) [ہ-مص] دودھ دوہنے کو تھن پانی سے دھونا۔ تھن نرمانا۔

پنھانا۔ (پ-ہنا-نا) [ہ-مص] پہنانا۔ زیب تن کرانا۔

پنچھر بگاڑنا۔ (ا-محاورہ) پریشان کرنا۔ حواس بگاڑنا۔

پنہی۔ (پنَ-ہی) [ہ-ا-مث] جُوتی۔ پاپوش۔ کفش۔

پنھیارا۔ (پنھ-یا-را) [ہ-ا-مذ] پانی بھرنے والا۔ کہار۔ سقّا۔ بہشتی۔

پنھیاری۔ (پنھ-یا-ری) [ہ-ا-مث] پنھیارا کی تانیث۔ پانی بھرنے والی عورت

پنّی۔ (پَن-نی) [ہ-ا-مث] (۱) رانگ وغیرہ کے ورق۔ تاؤ تختے۔ کاغذ۔ (۲) ایک قسم کی لمبی گھاس جو چھپروں پر ڈالی جاتی ہے۔

پنّی۔ (پن-نی) [ہ-ا-مث] (۱) چاول کے آٹے اور گڑ کا لڈّو (۲) بھُنے ہوئے گیہوں اور گڑ کا لڈّو۔ چاول کے آٹے اور چینی کی پنجیری۔

پنیا۔ (پَن-یا) [ہ-صف] (۱) پانی کا۔ پانی میں رہنے والا (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

پنیا سانپ۔ (ہ-صف-مذ) پانی کا سانپ۔ وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہے۔

پنیا سوت۔ (ہ-مذ) پانی کا چشمہ۔ پانی کا منبع۔ پانی نکلنے کی جگہ۔

پُنیاتما۔ (پُن-یات-ما) [س-صف] سخی۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔

پنیالا۔ (پَن-یا-لا) [ہ-ا-مذ] (۱) ایک میوے کا نام جو عنّابی رنگ کا جامن کے برابر ہوتا ہے (۲) پانی کا۔ پنیالا (۳) پانی کے مزے کا۔ پھیکا۔ بدمزہ۔

پنیانا۔ (پَن-یا-نا) [ہ-مص] (۱) پانی سے تر کرنا۔ پانی میں بھگونا۔ آبپاشی کرنا۔ پانی لگانا (۲) تر ہونا۔ برسنے کے لائق ہونا۔ پانی چھوڑنا۔

پُنیائی۔ (پُن-یا-ای) [ہ-ا-مث] (۱) نیکی کا پھل۔ نیک نیّتی۔ عملنا ہٹ اور اس کا نتیجہ۔

پنیر۔ (پَن-یر) [انگ-ا-مذ] ایک قسم کا کُتّا جو شکار کی بُو پر پہنچتا ہے۔

پنیر۔ (پَ-نیر) [ف-ا-مذ] (۱) دُودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادّہ (۲) پھوڑا ہوا دہی۔

پنیر جمانا۔ (ا-محاورہ) (۱) پنیر کی ٹکیاں بنانا (۲) نیو ڈالنا۔ جڑ جمانا۔

پنیر چٹانا۔ (ا-محاورہ) (۱) ہلانا۔ مانوس کرنا۔ راغب کرنا (۲) گانٹھنا۔ قابو کرنا۔

پنیر کے ساتھ خشکہ کھاؤ۔ (مثل) اپنا کام کرو۔ خوش رہو۔ اپنی راہ لو۔

پنیر مایہ۔ (ف-ا-مذ) (۱) جانور کے بچّے کے پیٹ میں جما ہوا دودھ (۲) بچّے کی لاگ سے پھاڑا ہوا دُودھ۔

پنیری۔ (پَ-نی-ری) [ہ-ا-مث] (۱) زمین کا ٹکڑا جہاں پود لگائی جائے (۲) پودوں کا ذخیرہ (۳) بھُٹّے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے

پنیری جمانا۔ (ا-محاورہ) (۱) پود لگانا۔ پود جمانا (۲) ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ پودے لگانا (۳) اپنا رنگ جمانا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔ بنیاد جمانا۔

پُنیلا۔ (پَ-نی-لا) [ہ-صف] (۱) پانی کا۔ پانی والا (۲) ایک قسم کا کیڑا۔

## پ — و

پَو۔ [ہ-ا-مث] (۱) سپیدۂ صبح۔ تڑکا۔ سویرا (۲) نرد بازوں کی اصطلاح میں ایک کے معنی میں ہے (۳) پیاؤ۔ سبیل (۴) پاؤ کا مخفف۔

پَو بارہ۔ (ا-مث) (۱) پانسے کے داؤ میں ایک پَو کا حال (۲) جیت۔ فتح اقبال مندی۔

پَو بارہ ہونا۔ (محاورہ) (۱) جیت ہونا۔ داؤ لگنا۔ پانسہ پڑنا۔ بن آنا (۲) پانچوں گھی میں ہونا (۳) اقبال یاور ہونا۔ قسمت جاگنا۔

پَو پھٹنا۔ صبح صادق ہونا۔ تڑکا ہونا۔ سپیدی ہونا۔

پَوسیرا۔ پَوسیری۔ (ا-مذ) پاؤ سیر کا باٹ۔ پَوّا۔

پَو قدم چال۔ (ا-مث) وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں۔

پُو۔ [ق] پُر۔ پَر۔

پَوّا۔ (پَو-وا) [ہ-ا-مذ] (۱) چہارم۔ چوتھائی۔ ¼ پاؤ از قسم پیمانہ (۲) پوسیرا۔



Marfat.com

۲۰ تولہ - پاؤ سیر - چوتھائی سیر (۳) وہ بوتل جس میں پاؤ سیر سیال چیز سما سکے۔

**پَوَآ** - (پو - آ) [ہ - ا - مذ] پُوڑا - گلگلا - پکوڑا۔

**پَلوا** - (ہ - مذ) (۱) سانپ کا بچّہ (۲) ایک قسم کی گھاس۔

**پَرَاج** - (پ - راج) [اُ - ا - مذ] (۱) پاجی کی جمع (۲) ادنیٰ یا کمینے لوگ۔

**پُوآل** - (پُو - آل) [ہ - ا - مث] سوکھی گھاس پھوس - پیال۔

**پَوانی** - (پَ - وا - ای) [ہ - ا - مث] (۱) جوتی کا ایک پاؤں (۲) زنجیر - سلاسل - بیڑی

**پوپ** - (Pope) [انگ - ا - مذ] رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری - پاپائے روم۔

**پوپٹ** - [ق - ا - مذ] طوطا۔

**پوپٹا** - (پوپ - ٹا) [ہ - ا - مذ] پھکنا - پیشاب کی تھیلی - اندام نہانی (۲) چھوٹا (ق)

**پوپلا** - (پوپ - لا) [ہ - صف] بے دانت کا - جس کے دانت گر پڑے ہوں۔

**پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی** - (مثل) کم زور سے سخت کام نہیں ہو سکتا۔

**پوپنی** - (پوپ - نی) [ہ - ا - مث] منہ سے بجانے کا ایک باجہ۔

**پوت** - **پوتھ** - [ہ - ا - مذ] (۱) شیشے یا کانچ کے دانے (۲) دانہ - نمبر باری - نوبت۔

**پوت پورا کرنا**۔ نبٹانا - اختتام کو پہنچانا - جوں توں کرکے پورا کرنا - کمی پورا کرنا۔

**پوت کا چھلا نہیں ہے** - زیور کی قسم سے کوئی چیز باقی نہیں۔

**پُوت** - [س - ا - مذ] بیٹا - پسر - لڑکا - پُتر - فرزند۔

**پُوت بیگانے جو سیے، منہ رالوں بھر لیتے** - (مثل) دوسرے کی اولاد کو پالنا عبث ہے - بیگانی اولاد کی پرورش میں نقصان ہی نقصان ہوتا ہے۔

**پُوت بہو** - بنیوں کی دلہن پوتے کی بیوی۔

**پُوت فقیری کا، چال چلے احدیوں کی** - (مثل) مفلسی میں امیرانہ ٹھاٹ - غریب ہو کر امیرانہ عادت اختیار کرنا۔

**پُوت کپوت ہو تو ہو، پر ماں کماں کبھی نہیں ہو سکتی** - (مثل) بیٹا ماں کے ساتھ بُرا برتاؤ کرے تو کرے لیکن ماں بیٹے کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتی۔

**پُوت کے پاؤں پالنے میں دیکھے جاتے ہیں** - (مثل) یعنی بُرے بھلے آثار بچپن ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں۔

**پوتا** - (پو - تا) [ہ - ا - مذ] (۱) بیٹے کا بیٹا (۲) پچارا - کوچی - بُرش - گالا بہ (۳) پوتنی - سفیدی سفید مٹی (۴) لگان - مزروعہ زمین کا محصول۔

**پوتا پھیرنا** - (ا - محاورہ) دیواروں کو سفیدی لگانا - سفید مٹی سے رنگنا (۲) کوچی کرنا - پچارا کرنا۔

**پوتر** - (س - ا - مذ) پاک ہونے کا ذریعہ (۲) پاک کرنے کا منتر (۳) صاف کرنے والا - خالص - ستھرا۔

**پوتڑا** - (پوت - ڑا) [ہ - ا - مذ] ہنالچہ - گدی جو بچے کے نیچے رکھتے ہیں کہ بستر پاخانہ پیشاب سے آلودہ نہ ہو۔

**پوتڑوں سے واقف** - (ا - صف) ابتدا سے جاننے والا۔

**پوتڑوں کے رئیس (امیر) نواب** - (ا - مذ) خاندانی رئیس - امیر ابن امیر - قدیمی نواب - رئیس ابن رئیس۔

**پوتنا** - (پُوت - نا) [ہ - ا - مذ] (۱) کوچی پھیرنا - پوتا پھیرنا (۲) کوچی - پوتا۔

**پوتوں پھلے** - (ا - کلمہ دعائیہ) کثرت سے بیٹے پیدا ہوں۔

**پوتھی** - (پو - تھی) [ہ - ا - مث] (۱) کتاب - پستک (۲) لہسن کی گانٹھ۔

**پُوتھیا** - (پُوتھ - یا) [ہ - ا - مث] تمباکو کی تھیلی جسے گنوار پگڑی میں رکھتے ہیں۔

**پوتی** - (پو - تی) [ہ - ا - مث] بیٹے کی لڑکی - بیٹے کی بیٹی۔

**پوٹ** - (پوٹ) [ہ - ا - مث] (۱) گٹھڑی - بنڈل - گٹھر - پشتارہ - بوجھ (۲) ضمن - دو ورقوں کے درمیان سادی جگہ (۳) چادر جس میں مُردہ لپیٹا جاتا ہے (۴) زیادتی - کثرت - افراط جیسے غم کی پوٹ۔

**پوٹ کی چادر** - (ا - مث) کفن کے اوپر کی چادر جو مُردے کے ساتھ قبر میں دفن کی جاتی ہے۔

**پوٹا** - (پو - ٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) معدہ - پیٹ - جانوروں کا معدہ (۲) بساط - حیثیت (۳) طاقت - مجال (۴) پرندوں کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں۔

**پوٹا تر ہونا** - (ا - محاورہ) شکم سیر ہونا - بے پروا ہونا - بے فکر ہونا - مالدار ہونا - فراغ بالی ہونا۔

**پوٹاش** - (Potash) (پو - ٹاش) [انگ - ا - مذ] پوٹیشیم - کاربن اور آکسیجن کا مرکب۔

**پوٹلا** - (پوٹ - لا) [ق - ا - مث] بھیڑ (ہ - مذ) بڑا بنڈل - گٹھر۔

**پوٹلی** - (پوٹ - لی) [ہ - ا - مث] تھیلی - گانٹھ - چھوٹی سی گٹھڑی۔

**پوٹی** - [ق - ا - مذ] سہارا - مقابلہ۔

**پوٹی دینا** - سہارا دینا (ق)۔

**پُوجا** - (پُو - جا) [ہ - ا - مث] (۱) عبادت - پرستش - بندگی (۲) سیوا - خدمت - ٹہل (۳) نذر - نیاز - بھینٹ - چڑھاوا - قربانی۔

**پُوجا پاٹ** - (ہ - ا - مث) عبادت - پرستش۔

**پُوجیہ** - (پُوج - یہ) [س - صف] عزت یا پرستش کے لائق بزرگ۔

**پُوجیہ پاد** - (س - ا - مذ) (۱) عزت یا پرستش کے لائق پاؤں (۲) وہ بزرگ جس کے پاؤں عزت یا پرستش کے لائق ہوں۔

**پوچ** - [ف - صف] (۱) لغو - بیہودہ - مہمل (۲) ذلیل - حقیر - پاجی - کمینہ - ہیچ (۳) ہرزہ سرا - یاوہ گو۔

**پوچ پچار** - (ق) تحقیق - دریافت - پوچھ گچھ۔

**پوچ گوئی** - (ہ - ا - مث) فضول گفتگو۔

**پُوچھ** - (ہ - ا - مث) (۱) دریافت - پرسش - تلاش - تفتیش (۲) ضرورت - خواہش (۳) عزت - آؤ بھگت۔

**پُوچھ گچھ** - (۱) استفسار - تفتیش - تحقیق (۲) خاطر داری - تواضع - عزت۔

**پُوچھا** - (پُو - چھا) [ہ - ا - مث] (۱) استخارہ - نجومی سے آئندہ حالات کی دریافت (۲) دریافت کیا - پُوچھنا کا ماضی۔

**پُوچھا پاچھی** - (ا - مث) (۱) پوچھ گچھ (۲) استخارہ کرانا - فال - شگون (۳) تحقیق - تفتیش

**پُوچھا جانا** - (ا - محاورہ) باز پُرس ہونا - دریافت کیے جانا۔

**پُوچھتے پُوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے / پوچھتے پوچھتے دِلّی پہنچ جاتے ہیں** - (مثل) محنت اور جستجو سے انسان کامیاب ہو ہی جاتا ہے۔

**پُوچھن** - (پُو - چھن) [ہ - ا - مث] (۱) فال - تعبیر - استخارہ کا نتیجہ - شگون کا پھل (۲) سوال کا جواب (۳) (بواؤ مجہول) جھاڑن جھوڑن - کھرچن (۴) وہ چیز جس سے نجاست صاف کریں - صافی۔

**پُوچھنا** - (پُوچھ - نا) [ہ - مص] (۱) تجسس کرنا - تلاش کرنا - چھان بین کرنا (۲)



Marfat.com

دریافت کرنا۔ معلوم کرنا۔ استفسار کرنا (۴) جواب چاہنا (۵) آؤبھگت کرنا۔ عزت آبرو کرنا (۶) منشا معلوم کرنا۔ مشورہ کرنا۔ طلب کرنا (۷) خبر لینا۔ مدد کرنا (۸) مخاطب ہونا۔ دھیان دینا۔

**پُوچھنا پاچھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دریافت کرنا۔ پرسش کرنا (پاچھنا تابع فعل ہے)

**پُوچھو زمین کی، تو کہے آسمان کی** ۔ (ا۔ مثل) سوال کچھ۔ جواب کچھ۔

**پَوَد** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ پودا جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جا سکے (۲) نسل۔ اولاد۔ خاندان۔

**پَود (جمانا) لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بنیاد قائم کرنا۔ مطلب برادری کی تدبیر کرنا۔ (۲) پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگانا (۳) تعلق قائم کرنا۔

**پَودا** ۔ (پَو۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نونہال۔ نیا پیڑ (۲) بچہ۔ نوجوان (۳) بُلبل کی بیٹی (۴) نوچی۔ نو عمر کسبی۔

**پَودا لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) چھوٹا پیڑ جمانا (۲) کسی اُمید پر بچے کی پرورش کرنا (۳) بنیاد رکھنا

**پَودار** ۔ (پود۔ دار) (ف۔ ا۔ مذ) فوطہ دار کا معرّب۔ محصول لینے والا عہدہ دار خزانچی

**پَودنا** ۔ (پَود۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پدّا۔ ایک چھوٹا سا پرند۔ (۲) پستہ قد۔ ٹھنگنا بونا (۳) بے حقیقت۔ ذلیل۔ حقیر (۴) (پن) پودینہ۔

**پودنا سا** ۔ (۱) ذرا سا۔ چھوٹا سا (۲) بے حقیقت۔

**پَودِینہ** ۔ (پو۔ دی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی تیز خوشبودار پتی۔ پُودنا۔

**پوڈر** ۔ (پو۔ ڈر) (Powder) (انگ۔ ا۔ مذ) بُرادہ۔ سفوف۔ آٹا۔ چُورن۔ پوُرا۔ ایک پسی ہوئی دوا۔ جو چہرے کے رنگ کو نکھارتی ہے۔

**پور** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) اُنگل۔ اُنگلی کا جوڑ (۲) (مذ) لاٹھی۔ گنّے۔ بانس وغیرہ کی دو گرہوں کا درمیانی فاصلہ۔

**پور پور** ۔ (۱) اُنگلی کی ہر گانٹھ (۲) ہر ایک پور میں۔ بند بند۔

**پُور** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بستی۔ آبادی۔ دہ۔ قریہ۔ گاؤں۔ قصبہ۔ شہر۔ محلہ۔

**پُور** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔ جمع: پوران۔ پُورہا۔

**پُورا** ۔ (پُو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گول لکڑی کا ٹکڑا۔ موٹا تازہ بچہ۔ گول مٹول۔

**پُورا** ۔ (پُو۔ را) (ہ۔ صف) (۱) کامل۔ مکمل۔ بالغ (۲) چلتا پُرزہ۔ جہاندیدہ۔ ہوشیار۔ تجربہ کار (۳) ٹھیک۔ درست (۴) کل۔ تمام۔ پکا۔ بڑا۔ جیسے پُورا بدمعاش (۵) کافی وافی (۶) لبالب بھرا ہوا۔

**پُورا اُترنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھیک ہونا۔ تول میں پُورا اُترنا (۲) آزمائش یا امتحان میں کامیاب ہونا۔

**پُورا پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کافی ہونا۔ کمی پُوری ہونا (۲) اچھی طرح گزر ہونا فراغت سے بسر ہونا۔

**پُورا پُورا** ۔ (ا۔ صف) کامل۔ مکمل۔

**پُورا ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) انجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا (۲) نباہنا۔ آخر تک ساتھ دینا۔

**پُورانا** ۔ پُورا کرنا (ق)

**پُورا ہاتھ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کامل وار پڑنا۔ کاری ضرب لگنا۔

**پُورا ہاتھ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پورا وار کرنا۔

**پُورا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کافی ہونا (۲) تمام ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۳) ٹھیک ہونا (۴) بے کم و کاست ہونا (۵) مکمل ہونا (۶) لبالب ہونا (۷) کامیاب ہونا۔ اُمید برآنا (۸) عمر طبعی کو پہنچنا۔ مر جانا۔

**پُورے دنوں سے ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) نو مہینے کا حمل ہونا۔ پُوری مدت کا حمل ہونا۔

**پُورے دن لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حمل کا نواں مہینہ شروع ہونا۔

**پُورَب** ۔ (پُو۔ رَب) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مشرق۔ سُورج نکلنے کی سمت۔ دریائے گنگا کا مشرقی علاقہ۔

**پُورب جاؤ یا پچھم وہی کرم کے لچھن** ۔ (ا۔ مثل) قسمت ہر جگہ ساتھ رہتی ہے۔

**پُوربی** ۔ (پُور۔ بی) (ہ۔ صف) (۱) پُوربیا۔ پُورب کا۔ مشرقی۔ گنگا کے مشرقی علاقے کا رہنے والا (۲) وہ زبان جو پورب میں بولی جاتی ہے (۳) ایک راگنی جو قبل مغرب گائی جاتی ہے۔

**پُوربی زردا** ۔ (ا۔ مذ) تمباکو۔ پتا۔ ایک قسم کا تمباکو جو پُورب میں پیدا ہوتا اور کھانے میں آتا ہے۔

**پُوربیا** ۔ (پُورب۔ یا) (ہ۔ صف) پورب کا رہنے والا۔ گنگا کے مشرقی ملک کا باشندہ۔

**پورٹ** ۔ (Port) (انگ۔ ا۔ مث) بندر۔ بندرگاہ (۲) ایک میٹھی شراب

**پورٹ ٹرسٹ** ۔ (Port Trust) بندرگاہوں کے انتظام کی مجلس

**پورٹر** ۔ (پور۔ ٹر) (Porter) (انگ۔ ا۔ مذ) مزدور۔ قلی۔

**پورٹیبل** ۔ (پورٹ۔ ایبل) (Portable) (انگ۔ صف) جس کو اُٹھا کر لے جا سکیں۔

**پورشن** ۔ (پور۔ شن) (Portion) (انگ۔ ا۔ مذ) حصّہ۔ جزو۔ ٹکڑا۔

**پُورَن** ۔ (پُو۔ رَن) (س۔ صف) پُورا۔ مکمل۔ بھرپور۔ کامل۔ تمام۔

**پُورن سوراجیہ** ۔ (س۔ ا۔ مذ) کامل آزادی۔ پُوری پُوری حکومت خود اختیاری۔

**پُورن ماشی** ۔ (ہ۔ مث) چاند کے پُورا ہونے کی تاریخ۔ چودھویں رات۔

**پُورنا** ۔ (پُور۔ نا) (ہ۔ مع) (۱) بٹنا (۲) بھرنا (۳) پھیلانا (۴) روٹی میں چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا۔

**پُوروا** ۔ (پُور۔ وا) (ہ۔ صف) (۱) پورب کا۔ مشرقی (۲) (مث) مشرقی مرطوب ہوا جو پانی لاتی ہے۔ بادِ صبا۔ پُروا ہوا (۳) پُور کی تصغیر۔ چھوٹی بستی۔

**پَوری** ۔ (پو۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) گنّے یا بانس وغیرہ کا وہ حصّہ جو دو گرہوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔

**پُوری** ۔ (پُو۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تلی ہوئی روٹی (۲) تمام۔ ساری۔ کامل۔ (۳) چھوٹی بستی۔

**پُوری نہ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گزر نہ ہونا۔ کافی نہ ہونا۔ گزارہ نہ ہونا۔ تنگی ہونا۔

**پُوڑا** ۔ (پُو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) کھانڈ اور روے کے قوام کا گلگلا۔

**پوز** ۔ (Pose) (انگ۔ ا۔ مذ) مصنوعی انداز۔ کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے (خصوصاً تصویر کھچوانے کے لیے)

**پُوز** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہونٹ۔ منہ۔ خاص طور پر گھوڑے کا۔

**پوزش** ۔ (پو۔ زش) (ف۔ ا۔ مث) معذرت۔ حیلہ۔ بہانہ۔ معافی چاہنا۔

**پوزمال** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) بال یاسَن کی رسّی جو گھوڑے کے منہ میں ڈال کر بل دیتے اور گھوڑے کو قابو میں لاتے ہیں (۲) گوشمالی۔ تنبیہ۔



Marfat.com

**پوزی** - (پو۔زی) (ف۔ا۔مث) گھوڑے کا پیش بند۔ مُہری۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کے مُنہ کے گِرداگرد رہتا ہے۔

**پوزیشن** - (Position) (پو۔زی۔شَن) (انگ۔ا۔مث) (۱) حالت انداز۔ وضع (۲) مورچہ۔ مقام (۳) حیثیت۔ صورت حال (۴) عہدہ۔ مرتبہ۔

**پوس** - (ہ۔ا۔مذ) فصل سَن بکرمی کا دسواں مہینہ جو تخمیناً دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے جنوری کی پندرھویں تاریخ تک رہتا ہے۔

**پوست** - (ف۔ا۔مذ) (۱) چرم۔ کھال۔ چھلکا۔ جلد (۲) کوکنار۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

**پوست (اُتارنا) کھینچنا** - (ا۔محاورہ) کھال کھینچنا۔ کھال اُتارنا۔

**پوست کندہ** - (۱) کھال اُترا ہوا (۲) صاف صاف۔ کھُلم کھُلا۔ کھَری۔

**پوست کھَر** - (ق۔ا۔مذ) پُشت خار۔

**پوستی** - (پوس۔تی) (ف۔ا۔مذ) (۱) سُست۔ کاہل۔ آلکسی۔ مجہول (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیئے (۴) افیونی۔

**پوستین** - (پوس۔تین) (ف۔ا۔مذ و مث) کھال کا کوٹ۔ چمڑے کا چُغہ۔

**پوسٹ** - (Post) (انگ۔ا۔مث) (۱) چٹھی۔ خط (۲) عہدہ (۳) چوکی۔

**پوسٹ آفس** - (Post Office) ڈاک خانہ۔ ڈاک کا دفتر۔

**پوسٹ کارڈ** - (Post Card) ڈاک کا خط۔

**پوسٹ ماسٹر** - (Post Master) ڈاک خانے کا افسر۔ مہتمم ڈاک خانہ

**پوسٹ ماسٹر جنرل** - (Post Master General) صوبہ بھر کے ڈاک خانوں کا اعلیٰ افسر۔

**پوسٹ مین** - (Postman) چٹھی رساں۔ ڈاک کا ہرکارہ۔ ڈاکیہ۔

**پوسٹر** - (Poster) (پوس۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اشتہار جو شارع عام پر لگایا جائے (۲) (رگبی) وہ گیند جو سیدھی گول پوسٹ پر سے گزر جائے۔

**پوسٹل آرڈر** - (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ہنڈی جو ڈاک خانے والے روپیہ لے کر دیتے ہیں اور اس کا روپیہ کسی دوسرے شہر میں رہنے والے آدمی وہاں کے ڈاک خانے سے وہ رسید دکھا کر حاصل کر سکتا ہے۔

**پوسٹل اسٹامپ** - (انگ۔ا۔مذ) ڈاک کے ٹکٹ۔

**پوسٹل ڈیپارٹمنٹ** - (انگ۔ا۔مذ) ڈاک خانے کا محکمہ۔

**پوسٹ مارٹم** - (Postmartem) (انگ۔ا۔مذ) مرنے کے بعد لاش کا طبی معائنہ۔

**پوسٹیج** - (Postage) ڈاک کا محصول۔

**پوسٹل گائڈ** - (Postal Guide) (پوس۔ٹل۔گا۔ئڈ) (انگ۔ا۔مث) ڈاک کی ہدایات۔ ڈاک خانے کے قواعد کی کتاب۔

**پوسنا** - (پوس۔نا) (ہ۔مص) پرورش کرنا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔ عام طور پر پالنا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

**پوش** - (ف) "پیش شو" کا مخفف (ا۔مذ) پہننے کی چیز۔ کپڑا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے سیاہ پوش۔ پلنگ پوش۔

**پوش پوش** - (۱) بچو بچو۔ ہٹو ہٹو۔ ایک جانب ہو۔ سرکو۔ کنارے ہو۔

**پوشاک** - (پو۔شاک) (ف۔ا۔مذ) لباس۔ پہناوا۔ پہننے کے کپڑے۔

**پوشاک بڑھانا** - (ا۔مث) لباس اُتارنا۔ کپڑے اُتارنا۔

**پوشاکی** - (پو۔شا۔کی) (ف۔صف) (۱) عمدہ لباس۔ پہننے کے قابل (۲) بانکا چھیلا۔

**پوشش** - (پو۔شش) (ف۔ا۔مث) (۱) لباس (۲) غلاف۔ اُوپر منڈھنے کا کپڑا۔

**پوشی** - (ف۔ا۔مث) چھُپانا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے چشم پوشی۔ جُرم پوشی۔

**پوشیدگی** - (پو۔شی۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) خلوت۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ پردہ۔ اخفا۔

**پوشیدنی** - (ف۔ا۔مث) پہننے کے کپڑے۔

**پوشیدہ** - (پو۔شی۔دَہ) (ف۔صف) (۱) چھُپا ہوا۔ نہاں (۲) درپردہ۔ غائب۔ پردے میں۔

**پوکر** - (Poker) (پو۔کر) (انگ۔ا۔مذ) تاش کا ایک کھیل۔

**پوکنا** - (ا۔مص) گھوڑے کا پتلی لید کرنا۔

**پوکھر** - (پو۔کھر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تالاب۔ جوہڑ۔ ساگر (۲) پچیسی بازی میں ایک ضرب

**پوُل** - (ق۔ا۔مث) اولاد۔ بچے۔

**پول** - (Pole) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) پولینڈ کا باشندہ (۳) بانس۔ کھمبا۔

**پول** - (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھوکھلا پن۔ جوف۔ خلا (۲) پھاٹک۔ دروازہ۔ پُل۔

**پوُل** - (ف۔ا۔مذ) نقدی۔ پیسہ۔

**پول کھُلنا** - (ا۔محاورہ) حقیقت آشکار ہو جانا۔ عیب کھُل جانا۔

**پولا** - (پو۔لا) (ہ۔صف) (۱) خالی۔ جوف دار۔ کھوکھلا (۲) نرم۔ ملائم۔ نازک (۳) ہلکا

**پوُلا** - (پوُ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) مُٹھا۔ گٹّا۔ کانس یا پھونس کا گٹھا۔

**پولاد** - (پو۔لاد) (ف۔ا۔مذ) (۱) فولاد۔ نہایت عمدہ لوہا (۲) سخت۔ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم

**پولٹ بیورو** - (Polit Bureau) (پو۔لٹ۔بیو۔رو) (انگ۔ا۔مذ) پولیٹیکل بیورو (Political BUreau) سیاسی دفتر کا مخفف کمیونسٹ پارٹیوں کا مرکزی ادارہ۔

**پولک** - (پو۔لک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تیر کا چھوٹا پھل (۲) گھاس کا مُٹھا جسے لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں۔

**پولنگ** - (Polling. (پو۔لنگ) (انگ۔ا۔مث) رائے دینے کے لیے رائے دہندگان کا کسی خاص جگہ جمع ہونا۔ رائے دہندگی۔

**پولنگ اسٹیشن** - (Polling Station) وہ مقام جہاں رائے دہندگان اپنا ووٹ ڈالتے ہیں۔

**پولنگ بوتھ** - (Polling Booth) انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی جگہ۔

**پولن** - (ہ۔ا۔مذ) پھولوں کا غبار۔

**پولو** - (Polo) (پو۔لو) (انگ۔ا۔مث) ایک کھیل جو لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔ چوگان۔

**پولی** - (واو مجہول سے) کھوکھلی۔

**پوُلی** - (واو معروف سے) (مث) چھوٹا مُٹھا یا گٹھا (۲) کہاروں کی قطار۔

**پولی** - (ہ۔مث) دروازہ۔ دہلیز۔

**پولیس** - (Police) (پو۔لیس) (انگ۔ا۔مث) وہ محکمہ جو انسداد جرائم اور امن عامہ قائم رکھنے کا کام کرتا ہے۔ تھانے کے ملازمین۔



Marfat.com

**پولیس سٹیشن۔** (Police Station) تھانہ۔ پولیس کی چوکی
**پولیس مین۔** (Police Man) پولیس کا سپاہی۔ کانسٹیبل۔
**پولیٹکل۔** (Political) (پو۔ لی۔ ٹی۔ کل) [انگ۔ صف] سیاسی
**پولیٹیکل ایجنٹ۔** (Political Agent) سیاسی کارندہ۔ پاکستان کے سرحدی علاقوں اور آزاد علاقوں میں حکومت کا نمائندہ۔
**پولیٹکل ڈیپارٹمنٹ۔** (Political Department) شعبہ سیاسی۔ وہ محکمہ جس کا تعلق سیاسی امور اور تعلقات خارجہ سے ہو۔
**پون۔** (ہ۔ صف) تین چوتھائی۔ ¾۔
**پُوں۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بین یا دکی آواز۔ باریک درجہ کی آواز (۲) عاجز ہونے، چیں بولنے کے وقت مزاحاً کہا جاتا ہے۔
**پُوں بولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عاجز ہونا۔ چیں بولنا (۲) دیوالہ نکلنا۔ مفلس ہونا۔

**پَوَن۔** (پَ۔ وَن) (س۔ ا۔ مث) (۱) ہوا۔ باد (۲) روح۔ سانس۔
**ــن بٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) موکل بٹھانا (۲) جادو کرنا۔ سحر کرنا۔
**ــن پرچھا۔** (ہ۔ ا۔ مث) ہوا کا امتحان۔ ہوا کے رُخ کی تحقیق۔
**پون چکی۔** (ہ۔ مث) ہوا سے چلنے والی چکی۔
**پون سیر۔** بارہ چھٹانک۔
**پون چلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جادوئی موٹھ مارنا۔ جادو کرنا (۲) ہوا چلانا۔
**پون کا پوت۔ پون کمار۔** (۱) ہنومان کا لقب۔ مہابیر (۲) ناگ۔ سانپ
**پونا۔** (پو۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تین چوتھائی۔ چار حصوں میں سے تین حصے ¾ (۲) تین چوتھائی کا پہاڑہ (۳) کھنڈا۔ کنی۔ ٹوٹا چاول (۴) کفگیر۔
**پونا۔** (پو۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تنور گرم کرنا۔ روٹی تیار کرنا (۲) دھاگا ڈالنا۔ داخل کرنا۔
**پون ٹوٹی۔** (پون۔ ٹو۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) انگریزی ٹاؤن ڈیوٹی کا بگڑا ہوا ہے۔ چنگی۔ وہ محصول جو کسی شہر کے اندر آنے پر بکنے کی چیزوں پر لیا جاتا ہے۔
**پُونجی۔** (پُوں۔ جی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مال۔ دولت۔ سرمایہ۔ پس ماندہ۔ روپیہ۔ راس المال۔ اصل زر۔ ملکیت (۲) حقیقت۔ اصلیت۔ بساط۔ حوصلہ۔
**پُونچا۔** (پُوں۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) ساڑھے پانچ کا پہاڑہ۔
**پُونچھ۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دُم (۲) دُم چھلا۔ طفیلی۔ پچھ لگو۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔
**پُونچھ پانچھ کے۔** صاف کر کے۔ جھاڑ کے۔
**پُونچھڑی۔** (پُونچھ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹی دُم۔ ہلکی پُونچھ (۲) وہ پانی جو ناؤ میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے۔
**پُونچھن۔** (پُوں۔ چھن) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پوچھن .. کپڑا جس سے کوئی چیز صاف کی جائے (۲) بقیہ۔ بچا کھچا۔ کھرچن۔
**پُونچھنا۔** (پُونچھ۔ نا) (ہ۔ مص) صاف کرنا۔ مٹی جھاڑنا۔ آلائش پاک کرنا۔
**پونڈ۔** (Pound) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) انگریزی سکہ۔ بیس شلنگ (۲) انگریزی وزن جو سولہ اونس کے برابر ہوتا ہے۔ آدھ سیر کے قریب۔
**پونڈا۔** (پوں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) گنّا۔ موٹا گنّا۔
**پُوَن سلائی۔** (پُوں۔ س۔ لا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) وہ تیلی جس پر روئی کی پُونیاں کاتنے کے لیے بناتے ہیں۔
**پونکنا۔** (پونک۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھیے پرکنا۔
**پُونگا۔** (پوں۔ گا) (ہ۔ صف) (۱) کھوکھلا بانس۔ بانس کی خالی پوری (۲) کھوکھلا بجوت (۳) موٹا۔ بانس (۴) پاؤں کی نلی۔
**پُونگی۔** (پُوں۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) بین۔ تونبے کا بنا ہوا ایک باجا جسے سپیرے بجاتے ہیں۔
**پُونگی پھل۔** (پُوں۔ گی۔ پھل) (ہ۔ ا۔ مث) چھالیہ۔ سپاری۔
**پُونگڑیال۔** (ق۔ ا۔ مذ) اولاد۔ بال بچے۔
**پُونو۔** (ہ۔ ا۔ مث) پوُرنماشی۔ پورے چاند کی تاریخ۔
**پُونی۔** (پُو۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) روئی کی جوف دار بتی جو کاتنے کی غرض سے بنائی جاتی ہے (۲) مقدارِ قلیل۔ ذراسی۔
**پونیا۔** (پُون۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا جس کا عرض معمول عرض سے کم ہو۔ وہ کپڑے کا تھان جس کا طول دوسرے تھانوں سے کم ہو۔
**پوہ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پوس کا مہینہ۔
**پوہنا۔** (پوہ۔ نا) (ہ۔ مص) روٹی پکانا۔
**پوئیہ۔** (پو۔ یہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تیز۔ سرپٹ (۲) گھوڑے کی درمیانی رفتار۔ ڈُکی چال

## پ ـــ ہ

**پہ۔** (اُر) (۱) پر کا مخفف۔ لیکن۔ مگر۔ الّا (۲) اوپر۔
**پہاڑ۔** (پ۔ ہاڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) زمین کی مرتفع سطح جو پتھریلی اور سخت ہو (۲) پربت۔ کوہ۔ جبل (۳) بھاری۔ مشکل۔ سخت۔ دشوار۔ لمبا (۴) لمبا۔ چوڑا۔ قد آور۔ وسیع۔ مرتفع۔
**پہاڑ اُٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) مشکل کام کرنا۔ اہم کام کرنا۔
**پہاڑ ٹلنا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔ مشکل رفع ہونا۔
**پہاڑ ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت پڑنا۔ رنج و غم کی کثرت ہونا۔
**پہاڑ ڈھانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت ظلم کرنا۔ مصیبت لانا۔
**پہاڑ زندگی۔** (ا۔ مث) طویل اور ناگوار زندگی۔
**پہاڑ سا دن۔** (محاورہ) بہت لمبا دن۔ وہ دن جو کسی مصیبت یا تکلیف کے باعث گزارنا مشکل ہو رہا ہو۔
**پہاڑ سی رات۔** لمبی رات۔ وہ رات جو کسی مصیبت یا تکلیف کے باعث گزارنی مشکل ہو رہی ہو۔
**پہاڑ سے ٹکر لینا۔** (ا۔ محاورہ) طاقت ور سے مقابلہ کرنا۔ زبردست سے زور آزمانا۔
**پہاڑ کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) مشکل کا حل کرنا۔ دشوار کام کرنا۔
**پہاڑ کا دامن۔** (ا۔ ف۔ مذ) پہاڑ کی تلیٹی۔ ترائی۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ دامنِ کوہ
**پہاڑ کی ڈانک۔** (ا۔ مث) سلسلہ کوہ۔ پہاڑوں کی لمبی قطار۔
**پہاڑ کی گھاٹی۔** (ا۔ مث) درۂ کوہ۔ پہاڑی راستہ۔
**پہاڑ کے آگے رائی۔** (ا۔ مثل) بڑی چیز کے مقابلے میں بہت چھوٹی چیز۔
**پہاڑ گرنا۔** (ا۔ محاورہ) اچانک مصیبت آنا۔
**پہاڑ گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔ ناپسند ہونا۔ دُشوار گزرنا۔ دوبھر ہونا۔
**پہاڑ والی۔** سیتلا۔ ماتا۔ چیچک۔



Marfat.com

**پہاڑ ہو جانا۔** (۱۔ محاورہ) مشکل ہونا۔ کٹھن ہونا۔ دشوار ہونا۔ دُوبھر ہونا۔

**پہاڑا۔** (پَ۔ ہا۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] ضرب کا گُر۔ گننے کا قاعدہ۔ ذہنی ضرب۔ وہ ضرب دیئے ہوئے عدد جو لڑکوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں۔

**پہاڑوا۔** (پَ۔ ہاڑ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آتی پاتی کا کھیل جسے بچے کھیلتے ہیں (۲) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑیا۔ پہاڑ کا (۳) وہ ہوا جو پہاڑ کی طرف سے آئے۔ شمالی ہوا (۵) شمالی۔ اُتری (۶) پہاڑی بولی۔

**پہاڑی۔** (پَ۔ ہا۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا پہاڑ۔ ڈونگری (۲) پہاڑی زبان (۳) ایک راگنی۔ پہاڑی علاقے کا رہنے والا۔

**پہاڑی کوا۔** (۱) ایک قسم کا نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوا جو پہاڑوں پر ہوتا ہے۔

**پہاڑ سے میت کس کے، بھات کھایا اور کھسکے۔** (مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص غرض پوری ہوتے ہی چلا جائے۔

**پہچان۔** (پَہ۔ چان) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) واقفیت۔ شناسائی (۲) تمیز۔ ذرک۔ سمجھ (۳) نشانی۔ علامت۔

**پہچاننا۔** (پہ۔ چان۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جاننا۔ شناخت کرنا (۲) معلوم کرنا۔ سمجھنا۔

**پہر۔** (پَ۔ ہَر) [ہ۔ ا۔ مذ] تین گھنٹے کا وقفہ۔ دن کا چوتھائی حصّہ۔ دن رات کے چوبیس گھنٹوں کا آٹھواں حصّہ۔

**پہر بجنا۔** (۱۔ محاورہ) ہر پہر گزرنے پر نوبت یا گھنٹے کا بجنا۔

**پہر بیٹھنا۔** (۱۔ مذ) خاموش رہنا۔ چُپ بیٹھنا۔

**پہرا۔** (پَہ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چوکی۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ دیکھ بھال۔ دربانی۔ (۲) حراست (۳) وقت۔ زمانہ (۴) گارد (۵) گشت۔

**پہرا بدلوانا۔** (۱۔ محاورہ) دوسرے کی تحویل میں کرنا۔ دوسرے کو چارج دینا۔ ایک چوکیدار کا دوسرے کو اپنی جگہ قائم کرنا۔

**پہرا بیٹھنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) نگرانی ہونا۔ پہرا لگنا۔ چوکی بیٹھنا۔ دربان مقرر کرنا (۲) حراست میں لینا۔ مقید کرنا۔

**پہرا چوکی بٹھانا۔** (۱۔ محاورہ) محافظ مقرر کرنا۔

**پہرا دینا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا۔ دربانی کرنا۔ حراست میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

**پہرے۔** پہرا کی جمع۔

**پہرے پر کھڑا ہونا۔** (۱۔ محاورہ) محافظ ہونا۔ نگران ہونا۔ پہرے کی ڈیوٹی پر ہونا۔

**پہرے دار۔** (۱۔ مذ) سنتری۔ چوکیدار۔ محافظ۔ دربان۔ رکھوالا۔

**پہراوا۔** (پَہ۔ را۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] لباس۔ پوشاک۔ پہناوا۔ کپڑے۔

**پہراؤنی۔** (پَہ۔ را۔ اُ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بیاہ شادی میں رشتہ دار عورتوں کو دیئے جانے والے جوڑے (۲) پوشاک پہنانے والی عورت۔

**پہل۔** (پَ۔ ہل) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ابتداء۔ شروع (۲) روئی کا ٹکڑا۔ روئی کا گالا (۳) کونا۔ گوشہ (۴) جانب۔ رُخ۔ بل۔

**پہل کار۔** (۱۔ مذ) پہل کاری کرنے والا۔

**پہل کاری۔** (۱۔ مث) نگینے کا مصنوعی کٹاؤ جو سان پر گھس کر بنایا جاتا ہے۔

**پہل کرنا۔** (۱۔ محاورہ) ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔

**پہلا۔** (پَہ۔ لا) [ہ۔ صفت] (۱) اوّل کا۔ شروع کا۔ ابتدائی۔ اوّلین (۲) پُرانا۔ اگلا۔

**پہلا پھل۔** (۱۔ مذ) وہ پھل جو سب سے پہلے اُترے۔ چوٹی کا پھل (۲) پہلوٹھی کا بچہ۔

**پہلا پھول۔** پہلا حمل۔

**پہلا وار ہے۔** (۱۔ مثل) ابھی کیا ہے۔ ایسے بہت سے معاملات پیش آئیں گے۔

**پہلو۔** (پَہ۔ لُو) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) کروٹ۔ بغل۔ گود۔ بازو (۲) طرف۔ سمت۔ (۳) نگینے یا الماس کی کٹی ہوئی چمکیلی سطح (۴) گوشہ۔ کنارہ (۵) تکیہ۔ سہارا (۶) چوکھٹ۔ کواڑ (۷) ترکیب۔ نکتہ۔ ڈھب (۸) رُوبرُو سامنے۔ برابر۔ آگے۔

**پہلو آباد کرنا۔** (۱۔ محاورہ) پہلو گرم کرنا۔ عاشق معشوق کا پاس بیٹھنا۔

**پہلو بچانا۔** (۱۔ محاورہ) کنارہ کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔ حیلہ نکالنا۔ تدبیر کرنا۔

**پہلو بدلنا۔** (۱۔ محاورہ) کروٹیں لینا (۲) دوسرا طرز اختیار کرنا (۳) انداز بدلنا۔

**پہلو بسانا۔** (۱) پڑوس آباد کرنا۔ ہمسایہ ہونا۔ قریب آکر رہنا (۲) پاس ہونا بغل میں لیٹنا (۳) وصل ہونا (۴) پہلو بہ پہلو بیٹھنا (۵) قبر کے پہلو میں دفن ہونا۔

**پہلو بستر سے نہ لگنا۔** (۱۔ محاورہ) مضطرب ہونا۔ سخت بے چین ہونا۔

**پہلو بہ پہلو۔** (ف۔ صفت) ساتھ ساتھ۔ برابر۔

**پہلو پر۔** رُخ پر (۲) حمایت پر (۳) ایک طرف۔

**پہلو پر نہ آنا۔** (۱۔ محاورہ) کہا نہ ماننا۔

**پہلو پھیرنا۔** (۱۔ محاورہ) طریقہ بدلنا۔ روش بدلنا۔

**پہلو تہی کرنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کنارہ کشی کرنا۔ کترانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ سہارا نہ دینا۔ اجتناب کرنا۔

**پہلو چلنا۔** (۱۔ محاورہ) تدبیر کارگر ہونا۔

**پہلو داب کر بیٹھنا۔** (۱۔ محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا۔

**پہلو دار۔** (ف۔ صفت) (۱) گوشے والی۔ کنارہ دار (۲) تکیے دار۔ سہارے والی۔ جیسے پہلو دار کرسی (۳) دو رُخی بات۔ رمز کی۔ کنایہ کی (۴) مشتبہ۔ مُبہم۔

**پہلو دبا جانا۔** (۱۔ محاورہ) حال چھپا جانا۔

**پہلو ڈھونڈنا۔** (۱۔ محاورہ) موقع تلاش کرنا۔

**پہلو سوچنا۔** (۱۔ محاورہ) حیلہ ڈھونڈنا۔ تدبیر سوچنا۔

**پہلو گرم کرنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) آغوش میں بیٹھنا یا بٹھانا (۲) بغل میں لیٹنا یا لٹانا (۳) ہم صحبت ہونا۔

**پہلو مارنا۔** برابری کرنا۔ ہمسری کرنا۔

**پہلو میں بیٹھنا۔** (۱۔ محاورہ) صحبت میں رہنا۔ پاس رہنا۔ قریب رہنا۔

**پہلو نکالنا۔** (۱۔ محاورہ) تدبیر سوچنا۔ موقع نکالنا۔ ڈھب بنانا۔

**پہلو نکلنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) ڈھب پانا۔ موقع پانا۔ تدبیر نکلنا (۲) بھید معلوم کرنا

**پہلوان۔** (پَہ۔ لَ۔ وان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) کُشتی لڑنے والا۔ کُشتی کے فن سے واقف (۲) بہادر۔ دلیر۔ جنگجو (۳) توانا۔ طاقتور۔ جمع: پہلوانان۔

**پہلوانی۔** (پہل۔ وا۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) ورزش۔ کسرت۔ قواعد کشتی۔



Marfat.com

زورآوری - قوّت - توانائی -

**پہلوی** - (پہ - ل - وی) (ف - ا - مث) پُرانی فارسی زبان -

**پہلی** - (پہ - لی) (ہ - صف) ابتدائی - سابقہ - پہلا کی تانیث -

**پہلی بسم اللہ ہی غلط** - (ا - مثل) شروع ہی سے کام خراب - آغاز خراب -

**پہلے** - (ہ - صف) (۱) شروع میں (۲) مُقدّم - بہتر - عُمدہ -

**پہلے پہل** - (۱) اوّل اوّل - شروع میں - ابتدا میں -

**پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں** - (مثل) گھر سے بچے تو مسجد میں دے - اوّل خویش بعدہٗ درویش -

**پہلے ماری سو میری** - (مثل) جو پہلے وار کرے عموماً وہی جیتتا ہے -

**پہلے ہی بوسے میں گال کاٹنا** - (مثل) ملاقات ہوتے ہی رنج دیا -

**پہن** - (پ - ہَن) (پہن) (ف - مذ) (۱) عرض (۲) کُشادگی - فراخی -

**پہَن** - (پ - ہَن) (ف - ا - مذ) (۱) دُودھ جو محبّت کے جوش سے ماں کی چھاتیوں میں بھر آئے -

**پہنا** - (پہَ - نا) (ف - صف) عریض - چوڑا - فراخ - بڑے پنے کا -

**پہنانا** - (پہَ - نا - نا) (ہ - مص) زیب بدن کرنا - لباس یا زیور سے آراستہ کرنا -

**پہناوا** - (پہن - نا - وا) (ہ - ا - مذ) (۱) لباس - پوشاک (۲) زیور - گہنا (۳) اوڑھنے پہننے کا رواج اور طریق -

**پہنائی** - (پہ - نا - ای) (ف - ا - مث) (۱) چوڑائی - پنا - عرض - فراخی -

**پہنچ** - (پ - ہنچ) (ہ - ا - مث) (۱) رسائی - دخل - باریابی - دسترس (۲) رسید - اطلاع - خبر - وصول - آمد -

**پہنچا** - (پہن - چا) (ہ - ا - مذ) (۱) کلائی - ساعد (۲) آیا - ملا - وصول ہوا (۳) باریاب ہوا -

**پہنچا ہوا** - (ا - صف) (۱) رسا - باریاب (۲) وصول شدہ - آیا ہوا (۳) خدا رسیدہ - اللہ والا (۴) آگاہ - باخبر (۵) تجربہ کار -

**پہنچانا** - (پہن - چا - نا) (ہ - مص) (۱) داخل کرنا - باریاب کرانا (۲) بھیجنا لے جا کر دینا -

**پہنچنا** - (پ - ہنچ - نا) (ہ - مص) (۱) رسائی پانا - باریاب ہونا - داخل ہونا - (۲) راستہ طے ہونا (۳) ملنا - آنا - جانا (۴) واقف ہونا - خبردار ہونا - (۵) سوچنا - غور کرنا (۶) فاضل بننا - تمام کرنا (۷) پُختہ کار بننا (۸) خدا رسیدہ ہونا (۹) سرایت کرنا (۱۰) قابو پانا (۱۱) تعلق کرنا -

**پہنچی** - (پہن - چی) (ہ - ا - مث) (۱) کلائی (۲) ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے (۳) پہنچ گئی - وصول ہوگئی -

**پہننا** - (پ - ہن - نا) (ہ - مص) (۱) کپڑا بدن پر ڈالنا (۲) زیور بدن پر سجانا - (۳) کسی چیز کا بدن کے کسی حصّے پر استعمال کرنا - جیسے ہار پہننا - انگوٹھی پہننا -

**پہوتی** - (ہ - مث) وہ مخروطی لکڑی جو بڑھئی تختہ چیرتے وقت شگاف کھُلا رکھنے کے لیے شگاف میں رکھتے ہیں -

**پہیّا** - (پہَ - یّ - یا) (ہ - ا - مذ) (۱) حلقہ - چکّر - چرخی (۲) گاڑی کا وہ حصّہ جو زمین پر چلتا ہے -

**پہیّا پھری ناک** - (ا - مث) چپٹی ہوئی ناک -

**پہیلی** - (پَ - ہے - لی) (ہ - ا - مث) بجھارت - چیستان - مُعمّا -

**پہیلی بوجھنا** - پہیلی کا حل بتانا - چیستان حل کرنا -

# پھ

**پھاپاکٹنی - پھاپھاکٹنی** - (پھا - پا - کُٹ - نی) (پھا - پھا - کُٹ - نی) (ہ - صف) نہایت عیّار اور چالاک عورت - دلاّلہ - کٹنی -

**پھاٹ** - (ہ - ا - مث) (۱) حصّہ داروں میں معاملے کی تقسیم - لگان یا مالگذاری کی تقسیم -

**پھاٹک** - (پھا - ٹک) (ہ - ا - مذ) (۱) بڑا دروازہ - محراب (۲) کانجی ہاؤس - باڑ - احاطہ - آوارہ مویشیوں کے بند کرنے کا مکان (۳) کٹہرا جہاں مُدّعی اور مدّعا علیہ کھڑے کیے جاتے ہیں -

**پھاٹک بندی** - (ا - مث) قید - حراست - گرفتاری -

**پھاٹک دار** - دربان - ڈیوڑھی بان - محافظ - دروازے کا پہرہ دار - پاسبان -

**پھاڑ** - (ہ - ا - مذ) (۱) شگاف - چاک - کھونچ - دراڑ (۲) پھاڑنا کا امر (۳) ٹکڑا - پھانک -

**پھاڑ کھانا** - (ا - محاورہ) (۱) کاٹ کھانا - جھنجھوڑ لینا - چیر ڈالنا (۲) بہت غصّے ہونا - ناراض ہونا - جھنجھلانا (۳) سخت ناگوار بات کہنا -

**پھاڑ کھانے کو دوڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) کاٹنے کو دوڑنا (۲) بہت جھنجھلانا غصّے میں بھڑک اُٹھنا (۳) نہایت بدمزاجی سے پیش آنا -

**پھاڑ کھاؤ** - (ا - صف) (۱) پھاڑ کھانے والا - درندہ (۲) غصیل - بدمزاج (۳) خونخوار - جلّاد -

**پھاڑنا** - (پھاڑ - نا) (ہ - مص) (۱) چیرنا - شق کرنا (۲) جھنجھوڑنا - کاٹنا (۳) قطع کرنا بیونت - کترنا (۴) کھولنا - پھیلانا - جیسے مُنہ پھاڑنا (۵) الگ کرنا - جُدا کرنا فرق ڈالنا -

**پھاگ** - (ہ - ا - مذ) پھاگن کا تہوار - ہولی (۲) خوشی - سرور - آنند - عیش (۳) بےفکری راگ رنگ - ہولی کے کھیل تماشے -

**پھاگ کھیلنا** - (ا - محاورہ) (۱) ہولی منانا - خوشی کرنا (۲) مسرور ہونا - عیش اُڑانا - لطف اُٹھانا - رنگ رلیاں منانا -

**پھاگن** - (پھا - گن) (س - ا - مذ) ہندوؤں کے سال کا گیارہواں مہینہ - اخیر فروری سے وسط مارچ تک کا زمانہ -

**پھال - پھالا** - (پھا - لا) (ہ - ا - مث) (۱) زمین جوتنے کا آکر جو ہل میں لگایا جاتا ہے (۲) چھالیہ - سپاری -

**پھالی** - (پھا - لی) (ہ - ا - مث) نوکدار آلہ جو زمین کھودنے کے لیے ہل میں لگاتے ہیں (۲) شیرخوار بچّے کا تن ڈھانپنے کا کپڑا (ق) -

**پھان** - (ہ - ا - مذ) پھندا -

**پھانا** - (پھا - نا) (ہ - ا - مذ) (۱) وہ لکڑی جو سوچی ہوئی تاگ کشادہ کرنے کے لیے رکھتے ہیں (۲) وہ لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جو آرہ کش یا لکڑہارے لکڑی چیرنے



Marfat.com

پھاڑنے میں دراز کشادہ کرنے کے لیے اس میں رکھتے ہیں۔ فانہ۔ پچڑ۔
**پھانٹ**۔ (ہ۔ا۔ مذ) گاؤں کا افسر۔
**پھانٹا**۔ (ق۔ا۔ مث) شاخ۔
**پھانج**۔ (ق۔ا۔ مث) بند۔ ہیکل۔ پھانسی۔
**پھانجنا**۔ (پھا نج۔ نا) (ق۔ مص) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ قیمہ قیمہ کرنا۔
**پھاند**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) بال یا تانت کا پھندا (۲) دام۔ جال۔ پھندا (۳) چھلانگ کلانچ۔ چھلانگ۔ جست۔ کود۔
**پھاند (لگانا) مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دام پھیلانا۔ جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ (۲) فریب کرنا۔ دھوکا دینا (۳) کودنا۔ جست کرنا۔ چھلانگنا۔ زقند لگانا۔
**پھاندا**۔ (ق۔ا۔ مذ) پھندا۔ جال۔ کمند۔
**پھاندنا**۔ (پھاند۔ نا) (ق۔ مص) کودنا۔ چھلانگنا۔ جست کرنا (۲) پھندا لگانا (۳) نر جانور کا مادہ پر چڑھانا۔
**پھاندی**۔ (پھان۔ دی) (ہ۔ا۔ مث) گنّوں کا گٹھا۔
**پھانس**۔ (ہ۔ا۔ مذ) لکڑی، بانس یا بان کا ریشہ جو جسم میں چبھ جاتا ہے (۲) روحانی تکلیف (۳) خلش۔ دُکھ۔ رنج۔ اندیشہ۔ فکر۔
**پھانس کھٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) پھانس چبھنے سے درد ہونا (۲) کسی سے دشمنی کی وجہ سے بے چینی ہونا۔
**پھانس لانا (لینا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دھوکا دے کر قابو میں کرنا۔ پھنسا لانا۔ پیچ میں لانا۔
**پھانس لگنا**۔ (۱) تنکا چبھ جانا۔ ریشہ گڑ جانا (۲) تکلیف ہونا۔
**پھانس ماردینا**۔ (ا۔ محاورہ) بات یا کام میں حرج کر دینا۔ کسی کو نقصان پہنچانا۔
**پھانسنا**۔ (پھانس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گرفتار کرنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا کرنا (۳) قابو میں کرنا (۴) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ پیچ میں لانا۔ راؤ کرنا (۵) کنوئیں میں ڈول ڈالنا (۶) شریک جرم کرنا۔ الزام لگانا۔
**پھانسی**۔ (پھان۔ سی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) کمند۔ پھندا۔ بند (۲) گردن میں رسی ڈال کر گلا گھونٹنے کا عمل۔ سزائے موت۔ سُولی۔
**پھانسی پانا**۔ (ا۔ محاورہ) سُولی چڑھنا۔ پھانسی کے ذریعے سے ہلاک کیا جانا۔
**پھانسی کھڑی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پھانسی کا سامان تیار ہونا۔ پھانسی دینے کے لیے ستون گڑنا (۲) پھانسی کا وقت آنا۔
**پھانسی کی ٹکٹکی**۔ لکڑی کا وہ ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے۔
**پھانسی (لگنا) ہونا**۔ سُولی لگنا۔ سزائے موت ہونا۔ پھانسی دیا جانا۔
**پھانک**۔ (ہ۔ا۔ مث) قاش ٹکڑا۔ (پھل کا)
**پھانکڑ۔ پھانکڑا**۔ (پھان۔ کڑ) (پھانک۔ ڑا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) بانکا ترچھا (۲) مضبوط (۳) بہادر۔
**پھانکنا**۔ (پھانک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سفوف یا دانہ۔ ایک دم مُنہ میں ڈال لینا (۲) جلد کھانا (۳) جلد جلد طے کرنا (۴) زیادہ خرچ کرنا (۵) جلد جلد بولنا (۶) جھوٹ ڈالنا (ق) (۷) پھانگنا (ق)۔
**پھانکی**۔ (پھان۔ کی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے (۲) پھل کا ٹکڑا یا پھانک (۳) اعتراض (۴) جھوٹی دلیل (۵) دھوکا۔ فریب۔
**پھاوڑا**۔ (پھا۔ وْ۔ ڑا) (ہ۔ا۔ مذ) کدال۔ بیلچہ۔ مٹی کھودنے کا آہنی آلہ۔

**پھاوڑا بجانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پھاوڑے سے آواز پیدا کرنا (۲) کھدائی کرنا۔ ڈھانا۔ گرانا۔
**پھاوڑا سے دانت**۔ (ا۔ مذ) بڑے بڑے دانت۔ بدزیب اور مُنہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔
**پھاوڑا نہ کدال بڑا کھیت ہمارا**۔ (ا۔ مثل) گرہ میں کچھ نہ ہو اور شیخیاں بگھارنا (۲) وہ کام ذمے لینا جو ہو نہ سکے (۳) شیخیاں بگھارنا۔
**پھاوڑے کے نام کُل صفا نہیں جانتے**۔ الف کے نام بے نہیں جانتے۔ ناواقف ہیں۔ جاہل مطلق ہیں۔ بالکل بے سمجھ ہیں۔
**پھاوڑی**۔ (پھا۔ وْ۔ ڑی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) چھوٹا پھاوڑا (۲) ڈنڈا۔ چلتے وقت ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی (۳) لید ہٹانے کے لیے لکڑی کا بنا ہوا تختہ جس کے پیچھے پکڑنے کے لیے بانس لگا ہوتا ہے (۴) بیراگن۔ ظفر تکیہ۔ جوگیوں کی ٹیڑھی لکڑی۔
**پھاہا۔ پھایا**۔ (پھا۔ ہا) (پھا۔ یا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) کپڑا جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں۔
**پھَب**۔ (ہ۔ا۔ مث) زیب۔ زینت (۲) پھَب۔ ادا (۳) تناسب۔ موزونی (۴) حُسن۔ خوبصورتی۔
**پھبتا**۔ (پھب۔ تا) (ہ۔ صف) موزوں۔ زیبا۔ سجتا۔ مناسب۔ لائق۔
**پھبتی**۔ (پھَب۔ تی) (ہ۔ا۔ مث) مثال۔ مضحکہ خیز تشبیہ۔ ظریفانہ چست فقرہ۔
**پھبتی اُڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی اُڑانا۔ مذاق کرنا۔
**پھبتی سُوجھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مناسب ظریفانہ تشبیہ کا خیال میں آنا۔
**پھبتی کہنا**۔ (ا۔ محاورہ) ظریفانہ تشبیہ دینا۔
**پھبتی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے ساختہ فقرہ چست ہونا۔
**پھبدنا۔ پھپدنا**۔ (پھَ۔ بَد۔ نا) (پھَ۔ پَد۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھپکنا (۲) کثرت سے پاس پاس پھنسیاں نکلنا۔
**پھبکنا**۔ (پھَ۔ بک۔ نا) (ہ۔ مص) بڑھنا۔ اُگنا۔ نشو و نما پانا (۲) موٹا تازہ ہونا۔
**پھبن**۔ (پھَ۔ بَن) (ہ۔ا۔ مث) زیبائش۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ تناسب۔ پھَب۔
**پھبنا**۔ (پھَب۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سجنا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا (۲) ٹھیک ہونا۔
**پھپا**۔ (پھُپ۔ پا) (ہ۔ا۔ مذ) پھوپھی کا خاوند۔ باپ کی بہن کا خاوند۔ پھوپھا۔
**پھپٹ**۔ (پھَپ۔ پَٹ) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) فریب۔ مکر۔ دغا۔ شور و غل۔ فتنہ و فساد۔
**پھپٹ باز**۔ (ا۔ صف) مکّار۔ فریبی۔ فسادی۔
**پھپٹ بازی**۔ (ہ۔ ف۔ مث) مکّاری۔ چالاکی۔ فتنہ انگیزی۔ عیّاری۔
**پھپٹ بائی**۔ جھگڑالو عورت۔ مکّارہ۔ فسادن۔
**پھپڑ دلالے**۔ (پھَ۔ پڑ۔ د۔ لا۔ لے) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب۔ فند (۲) جھوٹی خوشامد۔ ظاہری باتیں۔
**پھپڑے**۔ (پھَپ۔ ڑے) (ہ۔ا۔ مذ) جھوٹی خوشامد کی باتیں۔ فریب کی باتیں۔
**پھپس**۔ (پھَپ۔ پَس) (ہ۔ صف) (۱) پھُولا ہوا۔ بھدا۔ موٹا۔ فربہ (۲) وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو۔
**پھپسا**۔ (پھَپ۔ سا) (ہ۔ صف) (۱) پھُولا ہوا۔ پولا۔ اندر سے خالی (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔



Marfat.com

پھپکا۔ (پھَپ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) آبلہ۔چھالا۔پھپھولا۔
پھپکار۔ (پھپ۔ کار) (ہ۔ا۔مث) (۱) سانپ کی طرح پھنکار نے کی آواز (۲) سٹیم انجن کی آواز۔
پھپکارنا۔ (پھپ۔کار۔نا) (ہ۔مص) سانپ کی طرح پھنکارنا۔
پھپکنا۔ (پھَ۔پک۔نا) (ہ۔مص) (۱) جسم کا موٹا تازہ ہونا (۲) پھوٹنا (۳) کھوے کی پھنیاں نکلنا
پھپولا۔پھپھولا۔ (پھَ۔پو۔لا) (پھ۔پھو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) چھالا۔آبلہ۔
پھپھولے پھوٹنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) آبلوں کا پانی نکلنا (۲) دل ٹھنڈا ہونا (۳) دشمنی نکلنا۔
پھپھولے پھوڑنا۔ (ا۔محاورہ) دل کا غصّہ نکالنا۔جلن نکالنا۔بدلہ لینا۔
پھپھولے والی۔ (ا۔مث) سیتلا۔چیچک۔
پھپھوندنا۔ (پھَ۔پھُوند۔نا) (ہ۔مص) پھپھوندی لگنا۔
پھپھوندی۔ (پھَ۔پھُوں۔دی) (ہ۔ا۔مث) وہ جراثیم جو رطوبت کے باعث کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتے ہیں۔
پھپھوندی لگی۔ (ا۔مث) وہ عورت جس کے دانتوں پر میل جما رہے یا میلی کچیلی رہے۔
پھپھی۔ (پھُپھ۔پھی) (ہ۔ا۔مث) باپ کی بہن۔بُوا۔
پھپیا ساس۔ (پھُپ۔یا۔ساس) (ہ۔ا۔مث) خُسر کی بہن۔پھوپس۔
پھپیا (سُسر) سُسرا۔ (ہ۔ا۔مذ) خُسر کی بہن کا خاوند۔
پھپیرا۔ (پھُ۔پے۔را) (ہ۔صف) پھپھی کا بیٹا۔
پھپیری۔ (پھُ۔پے۔ری) (ہ۔ا۔مث) پھپھی کی بیٹی۔
پھٹ۔ (ہ۔ا۔مث) لعنت۔پھٹکار۔دُھتکار۔تف۔
پھٹ پھٹ۔ (کلمۂ نفرین) دُر دُر۔تھُو تھُو۔
پھٹ پھٹ کرنا۔ (ا۔محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔بُرا بھلا کہنا۔
پھٹا۔ (پھٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا تختہ۔
پھٹا پرانا۔ (پھَ ٹا۔پ۔را۔نا) (ہ۔ا۔مذ) استعمال شدہ کپڑا۔کہنہ پوشاک۔اُترن
پھٹ پڑنا۔ (پھٹ۔پڑ۔نا) (دُ۔مص) (۱) ایک بارگی بہت موٹا ہوجانا (۲) شدّت سے ہونا۔کثرت سے کسی بات کا ہونا۔
پھٹ۔پھٹ۔ (ہ۔ا۔مث) پھٹی جُوتی کی آواز۔
پھٹپھٹانا۔ (پھٹ۔پھَ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) پروں کو تیزی سے حرکت دینا۔ کریہہ آواز پیدا کرنا۔
پھٹ جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) پھٹنا (۲) رنج پہنچنا۔بیزار ہوجانا دل کے ساتھ (حیرت سے کُھل جانا) آنکھ کے ساتھ۔
پھٹ سے۔ فوراً۔بلا تامل۔ایک دم۔
پھٹا پڑنا۔ (ا۔محاورہ) بے قابو ہونا۔نکلا پڑنا (۲) بہت موٹا ہونا۔زور میں ہونا (۳) سر میں شدید درد ہونا۔
پھٹک۔ (پھَ۔ٹک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کچا ہیرا۔بلّور (۲) جال۔پنجرا۔
پھٹکا۔ (پھٹ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لمحہ (۲) پنجرا۔
پھٹکا نہ کھانا۔ (ا۔محاورہ) فوراً مرجانا۔جان بر نہ ہوسکنا۔
پھُٹکا۔ (پھُٹ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) بتاشے کی شکل کا بسکٹ۔
پھٹکار۔ (پھٹ۔کار) (ہ۔ا۔مث) (۱) کوڑے کی آواز۔کسی چیز کے پے در پے مارنے کی آواز (۲) رسّے کا بنا ہوا وہ لمبا کوڑا جو گھوڑے کے سدھانے کے لیے ساتھ رکھتے ہیں۔تازیانہ۔بڑا چابک (۳) جھڑک دینا۔جھڑکی۔
پھٹکار۔ (پھٹ۔کار) (ہ۔ا۔مث) (۱) لعنت۔دُھتکار (۲) آمیزش۔چاشنی (۳) بددُعا۔
پھٹکار برسنا۔ (ا۔محاورہ) لعنت برسنا۔چہرے کا نور نہ رہنا۔بے رونقی اور اُداسی ہونا۔
پھٹکار لگنا۔ (ا۔محاورہ) بددُعا لگنا۔دُھتکار پڑنا۔
پھٹکارنا۔ (پھٹ۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) پیٹنا۔کوڑا لگانا۔چابک مارنا (۲) دُھتکارنا۔مار کر نکال دینا (۳) کپڑا کھنگالنا۔کپڑے کو پتھر پر مار کر میل صاف کرنا (۴) حاصل کرنا۔وصول کرنا (۵) سرزنش کرنا۔آڑے ہاتھوں لینا۔
پھٹکارنا۔ (پھٹ۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نفرت سے منہ پھیر لینا (۳) نامنظور کرنا (۴) بُرا بھلا کہنا۔
پھُٹکر۔ (پھُٹ۔کر) (ہ۔صف) علیحدہ۔اکیلا۔
پھٹکری۔ (پھٹ۔ک۔ری) (ہ۔ا۔مث) نمک کے خاندان کا ایک معدنی مادہ
پھٹکل۔ (پھُٹ۔کل) (ہ۔صف) (۱) واحد۔اِکّا دُکّا۔اکیلا۔تنہا (۲) علیحدہ۔جُدا (۳) متفرق۔مختلف (۴) خُردہ۔ریزگاری۔ریزہ۔
پھٹکن۔ (پھٹ۔کن) (ہ۔ا۔مذ) اناج کا کچرا جو پھٹکنے سے نکلتا ہے۔
پھٹکنا۔ (پھَ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) (۱) جُدا کرنا۔علیحدہ کرنا۔چھاج سے صاف کرنا (۲) موجود ہونا۔حاضر ہونا (۳) بھولے سے چلا جانا (۴) (ا۔مذ) غلیل کا تسمہ جس میں غلّہ رکھ کر چھوڑتے ہیں۔
پھٹکنے نہ دینا۔ (ا۔محاورہ) پاس نہ آنے دینا۔
پھٹکی۔ (پھَٹ۔کی) (ہ۔ا۔مث) جھاڑ کی ٹوکری مع ڈھکنے کے جس میں چڑیمار چڑیاں پکڑ کر لاتے ہیں۔بانس کا پنجرہ۔ایک پٹ کا چھوٹا سا دروازہ۔ بڑا پنجرہ۔
پھُٹکی۔ (پھُٹ۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گانٹھ۔گرہ۔گٹھلی (۲) خون یا پیپ کی جمی ہوئی بوند۔دھبّہ (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (۴) کسی محلول مادے کا غیر محلول ذرّہ۔
پھٹنا۔ (پھَٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) شق ہونا (۲) ٹکڑے ہونا (۳) شگاف ہونا۔ تڑخنا (۴) اجزا کا جدا ہونا (۵) بیزار ہونا۔نفرت کرنا۔
پھٹی آواز۔ (پھَ۔ٹی۔آ۔واز) (دُ۔ا۔مث) بے سُری آواز۔بھونڈی آواز۔ آغازِ شباب کی علامت جب آواز میں تیزی پیدا ہوجاتی ہے۔
پھٹے حال (حالوں)۔ (پھَ۔ٹے۔حال) (دُ۔صف) خراب حالت میں۔ سخت مفلسی اور عسرت میں۔پھٹے کپڑوں میں۔
پھٹے سے مُنہ۔پھٹے مُنہ۔ لعنت ہے۔تف ہے۔تھُو ہے۔
پھٹے میں پاؤں دینا۔ (ا۔محاورہ) بلاوجہ کسی کام میں دخل دینا (۲) بیچ میں بولنا۔
پھٹیل۔ (پھَٹ۔یل) (ہ۔ا۔مذ) اکیلا۔تنہا۔فرد۔جُدا۔جوڑے میں سے ایک جیسے پھٹیل کبوتر۔طاق سے منسوب۔
پھچاپچ۔ (پھَ۔چا۔پچ) (ہ۔ا۔مث) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
پھدپھدانا۔ (پھد۔پھَ۔دا۔نا) (ہ۔مص) دانوں کا کثرت سے نکل آنا۔اُبلنے کی آواز



Marfat.com

**پھدک** - (پھُ - دَک) [ہ - ا - مذ] جوش - اُبال -

**پھُدکنا** - (پھُ - دَک - نا) [ہ - مص] (۱) اُچھلنا - کودنا - پھاندنا (۲) خوش ہونا - مسرور ہونا

**پھُدکی** - (پھُ - دَ - کی) [ہ - ا - مث] ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام جو پھُدکتی پھرتی ہے -

**پھُدڑا** - (پھُد - ڑا) [ہ - ا - مذ] طاقچہ - دیوار یا کوئیں میں چھید جس کے سہارے اُترا یا چڑھا جائے -

**پھدڑا** - (پھُد - ڑا) [ہ - صف] (۱) چپٹا - وہ جوتا جس کی ایڑی بیٹھی ہو (۲) وہ آدمی جو پاؤں رگڑ کر یا لنگڑا کر چلے یا وہ شخص جو چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے -

**پھدڑی** - [ق] پیچھے - اخیر -

**پھر** - [اُر] (۱) دوبارہ - بعد ازاں - اس کے بعد اور آگے (۲) تب - تو (۳) تاہم - سیر کر - گھوم - پھرنا کا امر -

**پھر بھی موچی کے موچی رہے** - [مثل] کچھ ترقی نہیں کی - حالت بدستور رہی

**پھر بے گھوڑے یہیں سے** - [مثل] اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ادھر بات کہے اور اُدھر مُکر جائے -

**پھر پھر - پھر پھر کے** - بار بار -

**پھر جانا** - (۱ - محاورہ) (۱) لوٹ جانا - واپس ہو جانا - پلٹ جانا (۲) مڑنا - لچکنا - ٹیڑھا ہونا (۳) قائم نہ رہنا - بیوفائی کرنا (۴) ہو کر چلا جانا - چکر لگا جانا - گردش کرنا - گھومنا (۵) حالت غیر ہو جانا (۶) باغی ہونا - منحرف ہونا -

**پھر سے** - (۱) از سرِ نو - نئے سرے سے -

**پھر کہو** - (کلمۂ تنبیہہ) دوبارہ کہو - دیکھو تو کیا ہوتا ہے -

**پھر کے منہ دیکھنا** - (۱ - محاورہ) (۱) بے پروائی ظاہر کرنا (۲) نخرے دکھانا -

**پھر نہ کہنا** - (۱ - محاورہ) الزام نہ دینا - شکوہ نہ کرنا -

**پھُر** - (ہ - ا - مث) جانور کے اُڑنے کی آواز -

**پھُر سے اُڑ جانا** - (۱ - محاورہ) جھٹ اُڑ جانا - فوراً اُڑ جانا - یک دم اُڑ جانا -

**پھُرا** - (ہ - ا - مذ) وہ لمبا تختہ جو شہتیر چیرنے سے نکلتا ہے -

**پھُرا کا بھرنا** - (۱ - محاورہ) آواز سے اُڑنا - تیزی سے اُڑنا (۲) جلدی جلدی پڑھنا (۳) موجیں مارنا -

**پھرارا** - (پھَ - را - را) [ہ - ا - مذ] خشک - سوکھا -

**پھرانا** - (پھِ - را - نا) [ہ - مص] (۱) گشت کرنا - گھمانا - چکر دینا - سیر کرانا (۲) حیران کرنا - پھیرے کرانا (۳) واپس کرانا - ناپسند کرنا (۴) بگاڑنا - رنجیدہ کرنا -

**پھراؤ** - (پھِ - را - اُو) [ہ - ا - مذ] (۱) وہ مال جس کی واپسی کا اقرار ہو (۲) پھرتا - لوٹنا - واپس ہوتا - مڑتا -

**پھرائی** - (پھِ - را - ای) [ہ - ا - مث] واپسی - لوٹانے کا محنتانہ - واپسی کا معاوضہ -

**پھر پھرانا** - (پھُر - پھُ - را - نا) [ہ - مص] ہلنا جُلنا - ہوا میں حرکت کرنا - اُڑنا - جنبش کرنا -

**پھر پھری** - (پھُر - پھُ - ری) [ہ - ا - مث] کپکپاہٹ - کپکپی - تھرتھری - لرزہ - پھریری

**پھر پھند** - (پھَر - پھَند) [ہ - ا - مذ] (۱) داؤ - پیچ (۲) جھگڑا - بکھیڑا - قضیہ (۳) فریب مکر - حیلہ - مکاری -

**پھر پھندی** - (پھَر - پھَن - دی) [اُر - ا - مذ] پیچ کرنے والا - داؤ چلانے والا - جھگڑالو - فریبی - چالباز - مکار -

**پھر پھیندوا** - (پھَر - پھیند - وا) [ہ - ا - مذ] حنظل - اندرائن - نہایت کڑوا پھل -

**پھرت** - (پھِ - رَت) [ہ - ا - مذ] (۱) حرکت - گردش - جُنبش (۲) پلٹ - چکر لینا - ناچنا - گھوڑے کی گردش - گھوڑے کا پھرنا -

**پھرتا** - (پھِر - تا) [ہ - ا - مذ] (۱) پھراؤ (۲) پھرت (۳) بٹا - دلالی - کمیشن -

**پھُرتی** - (پھُر - تی) [ہ - ا - مث] چالاکی - چُستی - تیزی -

**پھُرتی کرنا** - کسی کام میں چُستی دکھانا - جلدی کرنا - چالاکی کرنا - چابک دستی دکھانا

**پھُرتیلا** - (پھُر - تی - لا) [ہ - صف] چُست - چالاک - تیز - جلدی سے کام کرنے والا

**پھرچا - پھرچھا** - (پھَر - چا - پھَر - چھا) [ہ - ا - مذ] فیصلہ - آخری حکم - تجویز (۲) (صف) صاف - نرمل - کھرا (۳) چھٹا - ہٹا - کھلا - جیسے بادل پھرچھا -

**پھرسا** - (پھَر - سا) [ہ - ا - مذ] کدال - پھاوڑا - تیشہ - کلہاڑی -

**پھرکی ڈنڈ** - (پھِر - کی - ڈنڈ) [ہ - ا - مذ] وہ ڈنڈ (بازو) جو ورزش کے باعث پھرے ہوئے ہوتے ہیں -

**پھرکی** - (پھِر - کی) [ہ - ا - مث] (۱) چکّی - گھرنی - گٹی - ریل (۲) چکر کھانے والی گھومنے والی - ایک گھومنے والا کھلونا -

**پھرکی کی طرح پھرنا** - (۱ - محاورہ) ایک جگہ یا ایک حال پر قرار نہ ہونا -

**پھرنا** - (پھِر - نا) [ہ - مص] (۱) ٹہلنا - گھومنا - چہل قدمی کرنا - سیر کرنا (۲) گردش میں آنا - چکر لگانا (۳) تبدیل ہونا - بدل جانا (۴) متوجہ ہونا (۵) برازکی حالت رفع کرنا (۶) ٹیڑھا ہونا (۷) مُکرنا - پلٹنا (۸) چکر آنا -

**پھرہری** - (پھَ - رَہ - ری) نمی پانے کے بعد خشک ہونے والی -

**پھری** - (پھَ - ری) [ہ - ا - مث] (۱) سپر - ڈھال (۲) روک - بچاؤ - حفاظت -

**پھریرا** - (پھَ - ریے - را) [اُر - ا - مذ] (۱) جھنڈا - پرچم - نشان (۲) تقریباً خشک

**پھُریری** - (پھُ - ریے - ری) [ہ - ا - مث] (۱) جُھرجُھری - لرزہ - کپکپی - بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر جسم کی حرکت (۲) رُوئی کا پھویا - روئی کا پھاہا (۳) جوش - اُمنگ - لہر - موج -

**پھُریری آنا** - (۱ - محاورہ) خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر بدن کانپ جانا -

**پھریری لینا** - (۱ - محاورہ) (۱) جوش میں آنا - اُمنگ پیدا ہونا - موج میں آنا (۲) روئی کا پھاہا لینا -

**پھڑ** - (ہ - ا - مث] (۱) قمار خانہ - جُوا کھیلنے کا اڈا (۲) وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں (۳) گاڑی کا بم - بمبو - بانس (۴) توپ کی گاڑی - چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے -

**پھڑباز** - (ا - صف - مذ) جواری - قمار باز -

**پھڑ پر رکھنا** - (۱ - محاورہ) پھڑ پر لگانا - بازی لگانا - داؤ لگانا -

**پھڑ پھیکنا** - (۱ - محاورہ) جوا ہونا - قمار بازی ہونا -

**پھڑ پھڑا کر رہ جانا** - (۱ - محاورہ) تھوڑی دیر تڑپ کر مر جانا -

**پھڑ پھڑانا** - (پھڑ - پھ - ڑا - نا) [ہ - مص] (۱) تڑپنا - لوٹنا - بے چین ہونا - مضطرب ہونا - بے قرار ہونا - پھڑکنا (۲) پر دل کو چھٹپٹانا -

**پھڑ پھڑاہٹ** - (۱ - مث) پر مارنے کی آواز - اضطراب - بے چینی -

**پھڑ پھڑیا** - (ہ - صف) چالاک - ہوشیار - تیز - جلد باز - بہت باتیں بنانے والا -

**پھڑ تڑا** - (ق - ا - مذ) تلوار کا پھل -

**پھڑک** - (پھَ - ڑَک) [ہ - ا - مث] (۱) بے قراری - اضطراب - بے چینی - تڑپ



Marfat.com

(۲) پھڑک۔ تپش (۳) نبضوں کی حرکت (۴) دھڑکن۔ تڑپ۔

**پھڑک اُٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے قرار ہونا۔ بے تاب ہونا (۲) کوئی اچھی بات دیکھ کر یا سُن کر متاثر ہونا (۳) عاشق ہونا۔

**پھڑک جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لوٹ جانا۔ تڑپ جانا۔ بے چین ہو جانا۔ مضطرب ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا (۲) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) مشتاق ہونا۔

**پھڑکانا** ۔ (پھڑ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بے چین اور بے قرار کرنا۔ مضطرب کرنا۔ تڑپانا۔

**پھڑک پھڑک کر** ۔ سخت تکلیف اُٹھا کر۔ ہاتھ پاؤں مار کر۔

**پھڑکتا ہوا** ۔ (ا۔ صف) چلبلا۔ شوخ۔ برجستہ۔

**پھڑکن** ۔ (پھڑ۔ کن) (ہ۔ ا۔ مث) تڑپ۔ بے چینی۔

**پھڑکن کی اولاد** ۔ بڑی تمنّا کی اولاد۔ نہایت آرزوؤں سے پائی ہوئی اولاد۔

**پھڑکنا** ۔ (پھَ۔ ڑک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا۔ ترسنا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ آرزومند ہونا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔ تمنّا کرنا (۳) دھڑکنا۔ حرکت کرنا۔

**پھڑکی** ۔ (پھڑ۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) موٹا پردہ (۲) حدِ فاصل۔

**پھڑوانا** ۔ (پھڑ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھاڑنا کا متعدی المتعدی (۲) بے ترتیب کرنا

**پھڑی** ۔ (پھَ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) پتھروں کا ڈھیر۔ ایک گز چوڑا ایک گز اونچا ۰ ۱۰ گز لمبا پتھروں کا ڈھیر۔

**پھڑیا** ۔ (پھڑ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پھڑی لگانے والا۔ خُردہ فروش۔ مُتفرق اشیاء بیچنے والا (۲) وہ شخص جس کے مکان میں جُوا ہوتا ہو۔

**پھُڑیا** ۔ (پھُڑ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا پھوڑا۔ پھُنسی۔

**پھس** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شرم۔ حیف۔ افسوس۔ ہیچ (۲) زیرِ لب آواز۔

**پھُس** ۔ (۱) پھُسکی کی آواز (۲) ہلکی اور خفیف آواز۔

**پھُس پھُس** ۔ (۱) ہلکی آواز (۲) کانا پھُوسی (۳) چُلبلاپن۔ نرمائی۔

**پھُس پھُسا** ۔ (ا۔ صف۔ مذ) (۱) پُلپلا۔ ملائم۔ نرم (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

**پھُس پھُسا کر بیٹھ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کچی دیوار کا پانی کے اثر سے بیٹھ جانا۔

**پھُس پھُسانا** ۔ (۱) سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ کان میں باتیں کرنا (۲) چغلی کھانا (۳) بات سُن کر ضبط نہ کرنا۔ جگہ جگہ بیان کرتے پھرنا۔

**پھساکو** ۔ (پھَ۔ سا۔ کو) (ہ۔ ا۔ مذ) خراب تمباکو۔

**پھساوا** ۔ (پھَ۔ سا۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) اُلجھاؤ۔ جھگڑا۔

**پھسڈی** ۔ (پھِ۔ سڈ۔ ڈی) (ہ۔ صف) (۱) آخری۔ پچھڑا ہوا (۲) ہارا ہوا۔ شکست خوردہ۔ پست۔ گھٹیا (۳) ناقص۔ کم درجہ (۴) محروم۔

**پھُسر پھُسر** ۔ (پھُ۔ سر) (پھُ۔ سر) (ہ۔ ا۔ مث) کھُسر پھُسر۔ کانا پھوسی ۔ چھپکے چھپکے باتیں۔

**پھُسکارا** ۔ (پھُس۔ کا۔ را) (ق۔ ا۔ مث) پھنکار۔

**پھسکڑا** ۔ (پھَ۔ سک۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) چارزانو بیٹھنے کی حالت۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنے کی حالت۔

**پھسکڑا مار کر بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پھیل کر بیٹھنا۔ بے تکلف ہو کر بیٹھنا۔ چارزانو بیٹھنا۔

**پھسکنا** ۔ (پھَ۔ سک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دھسکنا۔ بیٹھ جانا (۲) پھٹ جانا۔

**پھُسکنا** ۔ (پھُ۔ سک۔ نا) (ہ۔ مص) چُغلی کھانا۔ (پن) بچے کا آہستہ آہستہ رونا۔

**پھُسکی** ۔ (پھُس۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) پاد۔ گوز۔ ریح۔ پاد کی ہلکی آواز۔

**پھسل پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گر پڑنا (۲) فریفتہ ہو جانا۔ کسی پر مائل ہو جانا۔

**پھُسلا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) رضامند کر لینا۔

**پھسلانا** ۔ (پھِس۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) کھسکانا۔ رپٹانا۔

**پھُسلانا** ۔ (پھُس۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بہلانا (۲) دھوکا دینا۔ فریب کرنا (۳) راغب کرنا۔ متوجہ کرنا (۴) راضی کرنا۔ منانا۔

**پھُسلاوا** ۔ (پھُس۔ لا۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بہلاوا۔ بہکاوا (۲) دھوکا۔ فریب۔ جھانسہ

**پھسلن** ۔ (پھِس۔ لن) (ہ۔ ا۔ مث) رپٹن۔ کھسکن (۲) پاؤں پھسلنے کی جگہ۔

**پھسلنا** ۔ (پھِ۔ سل۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ڈھلکنا۔ لغزش۔ رپٹنا (۲) بہکنا (۳) راغب ہونا (۴) رپٹواں۔ وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں۔

**پھسلینڈا** ۔ (پھِس۔ لیں۔ ڈا) (ق۔ ا۔ مذ) (۱) ڈھلواں پتھر یا چٹان (ق) (۲) بچوں کا ایک کھیل (۳) دریا یا تالاب کے ڈھلوان کنارے سے پھسلنا۔

**پھُسینڈا** ۔ (پھُ۔ سیں۔ ڈا) (ہ۔ صف) (۱) بدگوار۔ بسائندا۔ بُسا ہوا (۲) نامعقول بات بکنے والا۔ غیر معتبر۔

**پھُسینڈی** ۔ (پھُ۔ سیں۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بدگوار۔ بسائندی۔ بُسی ہوئی (۲) نامعقول۔ پھوہڑ (۳) بے ہودہ گو عورت۔

**پھش** ۔ (ہ۔ ا) (۱) چھی۔ تُف۔ ہیچ (۲) حسرت۔ نفرت۔ لعنت۔

**پھک** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کسی چیز کے دفعتاً کھینے اُڑنے یا نکلنے کی آواز۔

**پھک دھک** ۔ (ہ) جھٹ۔ تُرت۔ فوراً۔ جلدی۔ یک دم۔

**پھک دے سی۔ پھک دینی۔ پھک سے۔ دھک سے** ۔ جلدی سے۔ دفعتاً۔ یک دم سے۔ یکایک۔

**پھُکا (پھنکا) جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) آگ یا بُخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا۔

**پھکڑ** ۔ (پھَک۔ کڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) ہزلیات۔ گالی گلوچ۔ فحش۔ بکواس۔ گپ۔ منقلات۔

**پھکڑ باز** ۔ (ا۔ صف) ہزلیات بکنے والا۔ گالی گلوچ کرنے والا۔ فحش گو۔

**پھکڑ اڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا۔ گالی گلوچ میں مباحثہ کرنا۔ گپ شپ اڑانا۔ فحش باتیں کرنا۔

**پھکڑ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) نہایت بے تکلفی ہونا۔ بیہودہ ہنسی ہونا۔

**پھکڑی** ۔ (پھَک۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل (۲) بدتہذیبی (۳) بے عزتی۔

**پھُکنا** ۔ (پھُک۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مثانہ۔ پیشاب کی تھیلی (۲) جلنا۔ جھُلسنا (۳) راکھ ہونا (۴) داغ لگنا (۵) سوکھ جانا (۶) غارت ہونا (۷) حسد ہونا۔ غصّہ کھانا۔

**پھُکنی** ۔ (پھُک۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) دھونکنی۔ پھونک کر آگ جلانے کا آلہ۔

**پھکیت** ۔ (پھَ۔ کیت) (ہ۔ صف) پٹا کھیلنے والا۔ گتکا باز۔ لکڑی سے لڑنے والا۔ گدکا پھری کا فن جاننے والا۔ چالاک۔

**پھکیتی** ۔ (پھَ۔ کے۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) پٹے کا کھیل۔ گدکا پھری کا ہنر

**پھنگڑی** ۔ (پھنگ۔ ڑی) (ق۔ ا۔ مذ) ایک کھیل۔

**پھگوا** ۔ (پھَگ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہولی کی خوشی کا انعام (۲) بسنت۔ ہولی۔



Marfat.com

پھکّی ۔ (ق ۔ صف ) مدھم ۔
**پھل** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ثمر ۔ میوہ ۔ فروٹ ۔ کسی درخت یا پودے کی پیداوار (۲) فال ۔ شگون ۔ استخارہ (۳) نتیجہ ۔ ماحصل ۔ نفع (۴) نسل ۔ اولاد ۔ (۵) دھار ۔ نوک ۔ انی (۶) اجر ۔ عوض (۷) بخشش ۔ انعام (۸) پھالا ۔ (۹) خارج قسمت ۔ حاصل قسمت ۔ تقسیم کے سوال کا جواب ۔
**پھل آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) پھل پیدا ہونا ۔
**پھل اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) پھل تیار ہونا ۔
**پھل بجھول** ۔ (ا ۔ مذ ) پھل بوجھنے کا کھیل ۔
**پھل پات** ۔ (ا ۔ مذ ) میوہ ۔ ترکاری ۔ پھل پھُلاری ۔
**پھل پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) صلہ پانا ۔ بدلہ ملنا (۲) میوہ ہاتھ آنا ۔ ثمر ملنا (۳) بھلائی پانا ۔ کیے کی سزا پانا ۔
**پھل پھلاری** ۔ (ا ۔ مث ) ترکاریاں ۔ پھل پھول سبزی ترکاری ۔ انواع و اقسام کے میوے ۔ قسم قسم کی ترکاریاں ۔
**پھل تاڑ** ۔ (ا ۔ مذ ) تاڑ کا مادہ درخت ۔
**پھل چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) پھل کا پک کر بازار میں آنا ۔
**پھل دار** ۔ (ا ۔ صف ) باربردار ۔ ثمردار ۔ میوہ دار ۔ پھلا ہوا ۔ پھل لانے والا ۔
**پھل کھانا آسان نہیں** ۔ (ا ۔ مثل ) کامیابی محنت کے بغیر نہیں ہوتی ۔
**پھل لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) پھل آنا ۔ بارآور ہونا (۲) نتیجہ نکلنا (۳) تلوار یا چاقو لگنا ۔
**پھل ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) نتیجہ حاصل کرنا ۔ صلہ پانا ۔ ثمرہ پانا (۲) کیے کی سزا پانا ۔ عوض پانا ۔
**پھُلا** ۔ (پھُل ۔ لا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) مکئی کی کھیل (۲) پھولا ۔ ٹینٹ ۔ جالا ۔ جھلی ۔ آنکھ کی پھُلی (۳) پھُولا ہوا ۔
**پھلا پھُولا** ۔ (پھَ ۔ لا ۔ پھُو ۔ لا ) (ہ ۔ صف ) پھلنے والا ۔ بھاگوان ۔ قسمت والا صاحبِ اولاد ۔ صاحبِ مال و دولت (۲) بھرا پُرا ۔ آباد و شاد ۔ خوش و خرّم (۳) سرسبز و شاداب ۔ ہرا بھرا (۴) بسا ہوا ۔
**پھُلاسرا** ۔ (پھُ ۔ لاس ۔ را ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ] پھُلاوا ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ جُل ۔ جھانسہ دَم ۔ مکر ۔
**پھُلانا** ۔ (پھُ ۔ لا ۔ نا ) (ہ ۔ مص ) (۱) پھُونک بھرنا ۔ موٹا کرنا ۔ مغرور کرنا ۔ متکبّر کرنا ۔
**پھلانگ** ۔ (پھَ ۔ لانگ ) (ہ ۔ ا ۔ مث ) چھلانگ ۔ ڈگ ۔ زقند ۔ جست ۔ قلانچ
**پھلانگنا** ۔ (پھَ ۔ لانگ ۔ نا ) (ہ ۔ مص ) پھلانگ مارنا ۔ زقند بھرنا ۔ جست کرنا ۔ قلانچ مارنا ۔ پھاندنا ۔
**پھُلاہی** ۔ (پھُ ۔ لا ۔ ہی ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) کیکر کی قسم کا ایک درخت جس کی مسواکیں بنتی ہیں ۔
**پھُلبہری** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) دیکھیے برص ۔
**پھل پھانک** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث ] پھُول کی پتی ۔ برگِ گُل ۔
**پھلپھُلا** ۔ (پھُل ۔ پھُ ۔ لا ) (ہ ۔ صف ] (۱) پھسپھُسا ۔ پُلپُلا ۔ ملائم ۔ نرم (۲) پھُولا ہوا ۔ کم ظرف ۔
**پھل پھلالی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ ] پھل اور سبزی وغیرہ ۔
**پھلت** ۔ (پھَ ۔ لَت ) (س ۔ صف ] (۱) پھل دینے والا (۲) ستاروں کی چال کا اثر ۔
**پھلتا** ۔ (پھَل ۔ تا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) گدکا ۔
**پھلٹی** ۔ (پھُ ۔ لَٹ ۔ ٹی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ] پھُولوں کی دکان ۔ پھُولوں کا بازار ۔
**پھلجھڑی** ۔ (پھُل ۔ جھَ ۔ ڑی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) وہ آتش بازی جس سے پھُول جھڑتے ہیں (۲) چغل خور عورت ۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے والی ۔ فتنہ پرداز ۔
**پھلجھڑی چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) پھلجھڑی کو آگ دکھانا ۔ (۲) فتنہ و فساد کی بات کرنا ۔
**پھلڈا** ۔ (پھَل ۔ ڈا ) (ق ۔ ا ۔ مذ ] تلوار کا پھل ۔
**پھلروا** ۔ (پھُ ۔ رَ ۔ وا ) (ہ ۔ صف ] پھُول جیسا ۔ نازک ۔ خوبصورت ۔ ناز و نعمت میں پلا ہوا ۔
**پھلڑا** ۔ (پھَل ۔ ڑا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) پھل کی تصغیر ۔ چاقو یا تلوار کا پھل ۔
**پھلسا** ۔ (پھَل ۔ سا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) دروازہ ۔ پھاٹک (۲) گاؤں کا حصّہ ۔
**پھلسرا** ۔ (پھُل ۔ سِ ۔ را ) (ہ ۔ صف ] وہ کبوتر جس کا سر سفید اور بقیہ جسم پر رنگین پر ہوں ۔
**پھل سیجڑی** ۔ (پھُل ۔ سے ۔ جَڑی ) (ق ۔ ا ۔ مث ] پھُولوں کی سیج ۔
**پھل نیر** ۔ (پھُل ۔ نیر ) (ق ۔ ا ۔ مذ ] گلاب کا عرق ۔
**پھلک** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ ) چھالا ۔ پھپھولا ۔
**پھلکا** ۔ (پھَل ۔ کا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) چھالہ ۔ آبلہ ۔ پھپھولا (۲) پھل ۔ دھار ۔ نوک (۳) دنگل ۔ اکھاڑا (۴) نرم زمین ۔
**پھُلکا** ۔ (پھُل ۔ کا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ہلکا ۔ سُبک (۲) ہلکی پھُولی ہوئی چپاتی ۔
**پھلکاری** ۔ (پھُل ۔ کا ۔ ری ) (ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام ۔ (۲) ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوتے ہیں ۔
**پھُلکی** ۔ (پھُل ۔ کی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ] پھُلکا کی تصغیر ۔ پکوڑی ۔
**پھلنا** ۔ (پھَل ۔ نا ) (ہ ۔ مص ] (۱) پھل لگنا ۔ درخت کا بار ور ہونا ۔ میوہ لگنا (۲) مبارک ہونا (۳) پکنا ۔ بدن پر بہ کثرت پھوڑے پھنسیاں نکلنا (۴) صاحبِ اولاد ہونا ۔ دولت مند ہونا (۵) خوش قسمت ہونا (۶) منافع ہونا (۷) پروان چڑھنا ۔
**پھلنا پھُولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) پھل لگنا (۲) نسل بڑھنا (۳) ترقّی کرنا ۔ خوش حال ہونا ۔
**پھُلنگ ۔ پھُننگ** ۔ (پھُ ۔ لنگ ) (پھُ ۔ ننگ ) (ہ ۔ ا ۔ مث ) (۱) درخت کی چوٹی (۲) چھلانگ ۔ جست (ق) ۔
**پھلوا** ۔ (پھَل ۔ وا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) گرہ دار ۔ پھندنا ۔ جھالر ۔ گچھا ۔
**پھُلوا** ۔ (پھُل ۔ وا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک قسم کا پان ۔
**پھُلواری ۔ پھُلواڑی** ۔ (پھُل ۔ وا ۔ ری ) (پھُل ۔ وا ۔ ڑی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) پھُولوں کا باغ ۔ چھوٹا سا باغ (۲) بال بچّے ۔
**پھُلوری** ۔ (پھُ ۔ لَو ۔ ری ) (ہ ۔ ا ۔ مث ) پکوڑی ۔ پھُلکی ۔
**پھلی** ۔ (پھَ ۔ لی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ) بیجوں کی قدرتی تھیلی جس میں دانے ہوتے ہیں ۔
**پھلی لگی نہ پاپڑی پٹاک ہو آ پڑی** ۔ (ا ۔ مثل ) بغیر محنت و مشقّت کے کوئی کام ہو جانا ۔



Marfat.com

**پھُلّی**۔ (ق۔ا۔مث) ایک زیور یعنی ناک کی کیل۔

**پھُلّی**۔ (پھُل۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پھولا کی تصغیر۔ ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے (۲) بچے کا آلۂ تناسل (۳) پھول کی شکل کا ایک زیور جو عورتیں ناک میں یا دوسرے زیور میں لگا کر پہنتی ہیں (۴) چائے میں ڈالنے کی ایک خوش بودار دوا۔

**پھُلیاں دھرنا**۔ (ا۔محاورہ) دانت نکلنے سے پہلے مسوڑھوں کا گُٹھلی ہو کر ابھر آنا۔

**پھلیر**۔ (پھَ۔لیر) (ہ۔صف) سفید رنگ میں سیاہ یا سیاہ میں سفید۔ گُل دار گائے یا بیل۔

**پھُلیری**۔ (پھُ۔لے۔ری) (ق۔ا۔مث) گُلیل۔

**پھُلیل**۔ (پھُ۔لیل) (ہ۔ا۔مذ) خوش بو دار تیل۔ پھولوں میں بسائے ہوئے تلوں کا تیل۔

**پھلینڈا**۔ (پھَ۔لیں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) بڑی جامن۔

**پھن**۔ (س۔ا۔مذ) سانپ کا پھیلا ہوا سر جو وہ غصّے کی حالت میں پھیلاتا ہے۔

**پھن مارنا**۔ (۱) سانپ کا اپنے پھن کو کسی چیز پر مارنا (۲) سانپ کا کاٹنا۔ ڈسنا (۳) سر مارنا۔ سخت کوشش کرنا۔

**پھنپھنانا**۔ (پھَن۔پھَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) غصّہ کرنا۔ نہایت غضب ناک ہونا۔ سانپ کا پھنکارنا۔

**پھند**۔ (ہ۔ا۔مذ) جھوٹ۔ فند۔ فریب۔

**پھندا**۔ (پھَن۔دا) (ہ۔ا۔مذ) رسّی، دھاگے یا تار کا حلقہ۔ گتھی (۲) فریب (۳) قابو۔ بس (۴) تکلیف۔ مصیبت۔ قید۔

**پھندا پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) گرہ پڑ جانا۔ اُلجھنا (۲) حلق میں پھانسا پڑنا (۳) شادی ہو جانا۔

**پھندا (دینا) لگانا**۔ (ا۔محاورہ) گرہ دینا۔ پھانسا لگانا۔

**پھندا کٹنا**۔ (ا۔محاورہ) مصیبت سے نکلنا۔ قرضے سے نجات پانا۔

**پھندے میں (پڑنا) پھنسنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ بلا میں گرفتار ہونا (۲) قید ہو جانا۔

**پھندے میں پھنسانا**۔ (ا۔محاورہ) جال میں پھانسنا۔ قابو میں لانا۔ فریب دینا۔

**پھندے میں لانا**۔ جال میں پھانسنا۔ دم دینا۔

**پھندانا**۔ (پھَن۔دا۔نا) (ہ۔مص) کُدانا۔ پار کرانا۔ پھاندنا کا متعدی۔

**پھُندنا**۔ (پھُند۔نا) (ہ۔مص) جھبا۔ تاگے یا ریشم کا پھول یا گچھا جو تسبیح۔ ٹوپی وغیرہ میں زینت کے لیے لگایا جاتا ہے۔

**پھُندنا سا**۔ (ا۔صف) ننھا سا۔ چھوٹے قد کا۔

**پھندیت**۔ (پھَن۔دیت) (ہ۔ا۔مذ) وہ پالتو جانور جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو جال میں پھنسائے۔

**پھنسانا**۔ (پھَن۔سا۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُلجھانا۔ لپیٹنا (۲) اٹکانا (۳) پکڑوانا (۴) جال میں پکڑنا (۵) قابو میں لانا (۶) فریب دینا۔

**پھنساؤ**۔ (پھَن۔سا۔او) (ہ۔ا۔مذ) اُلجھاؤ۔ اُلجھیڑا۔ بکھیڑا۔

**پھنسنا**۔ (پھنس۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُلجھنا۔ اٹکنا (۲) گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا۔

**پھُنسی**۔ (پھُن۔سی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا پھوڑا۔ دانہ جو جسم پر نکل آئے۔

**پھنکا**۔ (پھَن۔کا) (ہ۔ا۔مذ) ایک دفعہ کے پھانکنے کی مقدار۔ پھکّا۔

**پھنکا (لگانا) مارنا**۔ (ا۔محاورہ) ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔ کسی سوکھی پسی ہوئی چیز کو یک بارگی منہ میں ڈال لینا۔

**پھُنکار**۔ (پھُن۔کار) (ہ۔ا۔مث) سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز۔ دم پھونک

**پھُنکانا**۔ (ق۔مص) جُدا کرنا۔

**پھنکنا**۔ (پھِنک۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرنا۔ بکھرنا (۲) ضائع ہونا۔

**پھُنکنا**۔ (پھُنک۔نا) (ہ۔مص) جلنا۔ جُھلسنا۔

**پھُنکنی**۔ (پھُنک۔نی) (ہ۔ا۔مث) بانس کی سوراخ دار نلی جس سے آگ پھونکتے ہیں۔

**پھنکوانا۔ پھکوانا**۔ (پھِنک۔وا۔نا) (پھِک۔وا۔نا) (ہ۔مص) پھینکنا کا متعدی المتعدی۔

**پھُنکوانا۔ پھُکوانا**۔ (پھُنک۔وا۔نا) (پھُک۔وا۔نا) (ہ۔مص) پھونکنا کا متعدی المتعدی۔

**پھنکی**۔ (پھَن۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار (۲) سفوف۔

**پھُنگی**۔ (پھُن۔گی) (ہ۔ا۔مث) شاخ کا سرا۔ ناک کی نوک۔

**پھُنگنی**۔ (پھُنگ۔نی) (ق) پھُنسی۔ پھوڑا۔

**پھُننگ**۔ (ہ۔مث) درخت کی چوٹی۔ شاخ کا سرا (۲) کوڑے کا سرا۔

**پھُنو**۔ (پھُن۔نو) (ہ۔ا۔مث) ننھے بچوں کا عضوِ تناسل۔

**پھنی**۔ (پھَ۔نی) (ہ۔صف) (۱) پھن والا (۲) ایک قسم کا سانپ (۳) گوٹا بُننے کا آلہ۔

**پھُنّی۔ پھُنیا**۔ (پھُن۔نی) (پھُن۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) پھندنا (۲) گانٹھ (۳) بچے کا آلۂ تناسل۔

**پھنّی**۔ (پھَن۔نی) (ہ۔ا۔مث) مخروطی لکڑی یا کیل جو لکڑی چیرتے وقت جوف میں لگائی جائے۔ پھانہ۔

**پھنیارا**۔ (پھَن۔یا۔را) (ق۔ا۔مذ) فوارہ

**پھُو**۔ (ہ۔ا۔مث) پھو نکنے کی آواز۔

**پھُوا پھُو**۔ (پھُ۔وا۔پھُو) (ہ۔ا۔مث) لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں وہ باہم ہاتھ ملا کر حلقے میں چک پھیریاں لیتی ہیں۔

**پھُوار**۔ (پھُ۔وار) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہلکا ہلکا مینہ (۲) ایک قسم کا جالی دار باریک کپڑا جس پر چھوٹی چھوٹی بندکیاں بنی ہوتی ہیں۔

**پھُوارا**۔ (پھُ۔وا۔را) (ہ۔ا۔مث) فوارہ۔

**پھُوپا۔ پھُوپھا**۔ (ہ۔ا۔مذ) پھوپھی کا شوہر

**پھُوپس**۔ (پھُو۔پس) (ہ۔ا۔مث) پھوپیا ساس۔

**پھُوٹ**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) نااتفاقی۔ بگاڑ۔ عداوت (۲) خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر کھل جاتا ہے۔

**پھُوٹ آنا**۔ (ا۔محاورہ) باہر نکل آنا۔ نمودار ہونا (۲) کلا نکلنا۔

**پھُوٹ بہنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) رو پڑنا۔ زار و زار رونا (۲) بھید کھول دینا (۳) پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہونا۔ سیّال مادے کا بند توڑ کر نکل جانا۔



Marfat.com

**پھُوٹ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) نااتفاقی ہونا۔ دُشمنی ہونا۔ جُدائی ہونا۔
**پھُوٹ پھٹک رہنا۔** (ا۔محاورہ) اَن بن رہنا۔ نااتفاقی اور جھگڑا رہنا۔
**پھُوٹ پھُوٹ کر رونا۔** (ا۔محاورہ) زار زار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔
**پھُوٹ ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) باہم دُشمنی ڈال دینا۔ جُدائی کرانا۔
**پھُوٹ سا کھِل جانا۔** (ا۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ کِھل جانا۔ شق ہونا۔
**پھُوٹ کر نکلنا۔** درخت میں شاخ نکلنا۔ بیج میں انکھوا نکلنا۔
**پھُوٹ نکلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا (۲) توڑ کر نکل جانا۔ (۳) راز کھُلنا (۴) پھوڑے کا پک کر پھُوٹ بہنا۔
**پھُوٹنا۔** (پھُو۔ٹا) [ہ۔صف] ٹُوٹا ہوا۔ شکستہ۔
**پھُوٹانے۔** [ق۔ا۔مذ۔جمع] بھُنے ہوئے چنے۔
**پھُوٹک۔** (پھُو۔ٹک) [ہ۔ا۔مث] (۱) ریزہ (۲) وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔ ٹُوٹا۔
**پھُوٹن۔** (پھُو۔ٹن) [ہ۔ا۔مث] (۱) ناراضی۔ نااتفاقی (۲) اعضا شکنی۔
**پھُوٹنا۔** (پھُوٹ۔نا) [س۔مص] (۱) ٹوٹنا۔ تڑقنا (۲) شگفتہ ہونا۔ کھلنا (۳) پھنسیاں نکلنا (۴) ظاہر ہونا (۵) پتّے نکلنا (۶) پھٹنا (۷) خبر پھیلنا۔ (۸) پکّے یا پکے زخم کا پھٹ کر آلائش نکلنا (۹) فریق مخالف سے مل جانا (۱۰) رنگ نمایاں ہونا (۱۱) روشنی جاتی رہنا (آنکھ کے لیے) (۱۲) کوڑھ ہونا۔ (۱۳) توڑ کر نکل جانا۔ بعض جُملوں میں ٹوٹنا کے معنی بھی دیتا ہے۔ بعض میں ٹوٹنا پھُوٹنا دونوں مستعمل ہیں۔
**پھُوٹی۔** (پھُو۔ٹی) [ہ۔صف] ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ۔ پھُوٹا کی تصغیر۔
**پھُوٹی آنکھ کا تارا۔ پھُوٹی آنکھ کا دیدہ۔** [ہ۔ا۔مذ] کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔ نہایت عزیز۔ بہت پیارا۔
**پھُوٹی آنکھ نہ بھانا (نظروں۔ دیدوں)۔** (ا۔محاورہ) ذرا بھی گوارا نہ ہونا۔ بُرا لگنا۔ بالکل پسند نہ آنا۔
**پھُوٹی کوڑی۔** (ا۔مث) نہایت حقیر رقم۔ ادنیٰ رقم۔
**پھُوٹی کوڑی پاس نہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) کچھ بھی پاس نہ ہونا۔
**پھُوٹی ہانڈی آواز سے پہچانی جاتی ہے۔** (ا۔مثل) عیب یا نقص کا آسانی سے پتہ چل جاتا ہے۔
**پھُوٹے منہ سے۔** بڑے مُنہ سے۔ بد دلی سے۔
**پھوڑا۔** (پھو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دُنبل۔ گومڑ۔ بڑی اور موٹی پھنسی۔ زہریلے مادے کی تھیلی (۲) بہت تکلیف دہ خیال (۳) نالائق اولاد۔
**پھوڑا پھُوٹنا۔** (ا۔محاورہ) پھوڑا پک کر مواد نکلنا۔
**پھوڑا نکلنا۔** دُنبل نکلنا۔ گومڑا ظاہر ہونا۔
**پھوڑنا۔** (پھوڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) توڑنا۔ ٹکڑے کرنا (۲) ظاہر کرنا۔
**پھوس۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ لمبی گھاس جس کا چھپر بناتے ہیں۔ پُرانی گھاس (۲) بہت ضعیف (۳) جلد جل جانے والا۔
**پھوس کا تاپنا۔** (ا۔محاورہ) کمینے سے فائدے کی اُمید رکھنا (۲) فضول کام کرنا۔
**پھوس میں چنگاری ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) فساد کرانا۔ اشتعال دلانا۔
**پھوسرا۔ پھوسڑا۔** (پھوس۔را) (پھُوس۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ (۲) بچہ۔ اولاد۔
**پھُوسی۔** (پھُو۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پھوس (۲) پھُوسرا (۳) کوڑا کرکٹ۔
**پھوک۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) فضلہ جو کسی چیز کے نچوڑ لینے کے بعد بچے (۲) خالی۔ کھوکھلا (۳) بد ذائقہ۔ سیٹھا۔
**پھوکا۔** (پھو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہلکا۔ سُبک (۲) جس میں کوئی طاقت نہ ہو۔
**پھوکٹ۔** (پھو۔کٹ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مُفت کی چیز۔ بے قیمت چیز (۲) نکمّا یا نالائق شخص۔ مُفلس آدمی۔
**پھوکٹ کا۔** (ا۔صف) مُفت کا۔ بے دام۔
**پھوکل۔ پھوکلا۔** (پھو۔کل) (پھوک۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خالی (۲) مُفلس۔ کھوکھلا
**پھُوگنا۔** [ق۔مص] پھونا۔
**پھُول۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) رنگین پتیوں کا وہ گچھا جس سے بعد میں پھل یا بیج نکلیں گُل (۲) پتنگا۔ شرارہ (۳) نقش و نگار (۴) ہندو مُردے کی جلی ہوئی ہڈیوں کی راکھ (۵) ایک قسم کی مرکّب دھات کانسی (۶) حیض کا خون (۷) ہندوؤں کا تیجا۔ مُسلمان مُردوں کی فاتحہ خوانی کی رسم (۸) جسم پر سفید داغ (۹) آگ کے سُوکھے ہوئے پتے (۱۰) شراب (۱۱) ہلکا۔ سُبک (۱۲) کسی پتلی چیز کے جا کر سُکھائے ہوئے ورق (۱۳) نوک۔ دھار۔
**پھُول آنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) درخت میں پھُول لگنا۔ موسم بہار آنا (۲) حیض آنا۔
**پھُول اُترنا۔** (ا۔محاورہ) درخت سے پھُولوں کا چُنا جانا۔
**پھُول پان۔** (ا۔مذ) (۱) اہتمام۔ انجام کار۔ بُرائی بھلائی (۲) نازک۔ نازک اندام
**پھُول پان دینا۔** (ا۔محاورہ) خاطر مدارات کرنا۔
**پھُول پان کی گدھی۔** (ا۔مث) بچوں کا ایک کھیل۔
**پھُول پتی۔** (ا۔مث) بیل بوٹا۔ نقش و نگار۔
**پھُول پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چنگاری پڑنا۔ آگ لگانا (۲) داغ پڑنا۔
**پھُول جانا۔** (ا۔محاورہ) (کنا یتاً) خفا ہو جانا۔
**پھُول جھڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پھُولوں کا درخت سے گرنا۔ خزاں ہونا (۲) خوش کلامی کرنا۔ فصاحت سے بولنا۔ میٹھے بول بولنا (۳) چراغ اور آتش بازی میں سے پھُول نکلنا۔
**پھُول جھڑے تو پھل لگے۔** (ا۔مثل) ایک کا نقصان ہوتا ہے تو دوسرے کو فائدہ ہوتا ہے۔
**پھُول چڑھانا۔** (ا۔محاورہ) قبر یا مُورت پر پھُول رکھنا۔
**پھُول چُننا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پھُول توڑنا (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں تیجے کے دن مُردے کی ہڈیاں چن کر دریا میں بہاتے ہیں۔
**پھُول سُونگھ کے رہنا۔** (ا۔محاورہ) بہت کم کھانا۔
**پھُول کاڑھنا۔** (ا۔محاورہ) کپڑے پر سُوئی تاگے سے پھُول بنانا۔
**پھُول کا ہنسنا۔** (ا۔محاورہ) پھُول کھلنا۔ پھُول کا شگفتہ ہونا۔
**پھُول کترنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چراغ کا گُل کترنا (۲) انوکھا کام کرنا۔
**پھُول کُملانا۔** (ا۔محاورہ) پھُول کا مُرجھانا۔
**پھُول کھلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بند کلی کا پھُول بننا۔ شگفتہ ہونا (۲) بیاہ ہونا۔
**پھُول کی جگہ پنکھڑی۔** (ا۔مثل) بہت چیز کی بجائے تھوڑی سی۔ بہت نہیں تھوڑا ہی سہی۔



Marfat.com

**پھُول کی چھڑی نہیں لگائی (چھُوائی)**۔ (ا۔ محاورہ) کبھی نہیں مارا۔ ہاتھ تک نہیں لگایا۔ بڑے ناز و نعمت میں رکھا۔

**پھُول کے دِن**۔ (ا۔ محاورہ) حیض کا زمانہ۔

**پھُول کے کُپّا ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت موٹا ہو جانا۔ بہت پھُول جانا۔

**پھُول گوبھی**۔ (ا۔ مث) وہ گوبھی جس میں بڑا پھُول آتا ہے۔ ایک قسم کا کرم کلّا۔

**پھُول لانا**۔ (ا۔ محاورہ) درخت میں پھُول لگنا۔ پھُول نمودار ہونا۔ پھولوں سے لدنا۔

**پھُول نہیں پنکھڑی سہی**۔ (مثل) جو مل جائے غنیمت ہے۔

**پھُول والوں کی سیر**۔ (ا۔ مث) دہلی کا مشہور سالانہ میلہ جو برسات کے موسم میں حضرت خواجہ قطب الدّین بختیار کاکی کے مزار پر پھول والے منعقد کرتے تھے۔

**پھُول وہی جو ہمیشہ چڑھے**۔ (مثل) (۱) پھُول وہی جو کسی مقدّس مقام پر چڑھائے جائیں یا کسی بڑے آدمی کی خدمت میں پیش ہوں (۲) تدبیر وہی ٹھیک ہے جو کام آجائے۔

**پھُول ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) فاتحہ اور رسوم کی رسوم کا ادا ہونا۔ تیجا ہونا۔

**پھُولوں کا گہنا**۔ (ا۔ صف) (۱) پھُولوں کا زیور (۲) چیچک۔

**پھُولوں کی بدّھی**۔ (ا۔ مث) گلے میں ڈالنے والا پھولوں کا ہار۔

**پھُولوں کی چادر**۔ (ا۔ صف) پھُولوں کی لڑیاں جو چادر کے طور پر گوندھ کر مزار پر چڑھاتے ہیں۔

**پھُولوں کی چھڑی**۔ (ا۔ مث) (۱) وہ لکڑی جس میں پھُولوں کے ہار چوتھی کھیلنے کے لیے لگا دیتے ہیں (۲) معشوقوں کے ہاتھ کی مار۔

**پھُولوں کی سیج**۔ (ا۔ مث) وہ پلنگ جو پھُولوں سے سجایا جائے۔ بستر راحت۔

**پھُولوں میں تُلنا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت نازک بدن ہونا (۲) بہت سُبک ہونا

**پھُول**۔ (ہ) سُوجی ہوئی جگہ۔

**پھُول بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ناراض ہو کر بیٹھنا۔ خفا ہو جانا۔

**پھُول پھول کر بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت خوش ہو کر بیٹھنا (۲) مغرور ہونا۔

**پھُول جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سُوجنا۔ وَرم ہو جانا (۲) موٹا ہونا (۳) ہوا بھر کر اُبھر جانا (۴) مغرور ہونا۔

**پھولا**۔ (پھو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آنکھ کی پھُلی۔ آنکھ کی سیاہی پر ایک سفید دھبا پیدا ہو جانا (۲) پھپھولا (۳) کاجل۔

**پھُولا**۔ (پھُو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پرندوں کا ایک مرض جس میں جانور پھُول جاتا ہے اور پھر کانٹا نکلنے سے مرجاتا ہے (۲) سفیدی کا نشان جو گھوڑوں کے پھُٹوں ٹانگوں یا ران پر ہوتا ہے۔ یہ نشان منحوس سمجھا جاتا ہے (۳) پھُولا ہوا۔

**پھُولا پھلا رہے**۔ (ا۔ دُعا) سرسبز و شاداب اور خوش و خرّم رہے۔

**پھُولا پھُولا پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) خوش خوش پھرنا۔ بے فکری سے گھومنا۔

**پھُولا نہ سمانا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے پھُول جانا۔

**پھُولام**۔ (پھُو۔ لام) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں طرح طرح کے پھُول بنے ہوتے ہیں۔

**پھُولنا**۔ (پھُول۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سُوجنا۔ بھرا ہونا (۲) اُبھرنا (۳) شگفتہ ہونا۔ (۴) موٹا ہونا (۵) ظاہر ہونا (۶) مغرور ہونا (۷) خوش ہونا۔ سرسبز ہونا۔

**پھُولنا پھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) درخت کا سرسبز اور بار آور ہونا (۲) انسان کا دولت مند اور صاحب اولاد ہونا۔ بامراد ہونا۔

**پھُولو پھلو**۔ (پھُو۔ لُو۔ پھَ۔ لو) [ہ] (کلمۂ دعائیہ) خوش رہو۔ اقبال بڑھے۔

**پھُولے پھلے**۔ (پھُو۔ لے۔ پھَ۔ لے) [ہ] سرسبز و شاداب ہو۔ خوش و خرّم اور با اولاد ہو۔

**پھُوں پھاں**۔ (ا۔ مث) (۱) اکڑ۔ شیخی (۲) غصّہ۔ ناخوشی۔

**پھُوں پھاں کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سانپ کی طرح پھُنکارنا۔ غصّہ کرنا۔

**پھوچڑا۔ پھونسڑا**۔ (پھُو چ۔ ڑا) (پھُونس۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] اُون پشم۔ لکڑی یا کاغذ کا ریشہ۔

**پھُوندنے کی چال**۔ (ا۔ مث) اِترا کر چلنا۔ (ق)

**پھُونس**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] دیکھیے "پھوس"۔

**پھُونک**۔ [ہ۔ ا۔ مث] وہ ہوا جو زور سے مُنہ سے نکالی جائے۔ سانس۔ نفس۔ (۲) منتر (۳) رُوح (۴) ہلکا۔ کھوکھلا۔

**پھُونک پھُونک کر (پاؤں) قدم رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا۔

**پھُونک دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلا دینا (۲) بھسم کر دینا (۳) بہکا دینا (۴) حقے کا پانی نکالنا (۵) مشتہر کر دینا (۶) کچھ کہہ کر مغرور کر دینا (۷) دَم کر دینا (۸) کان میں کہہ دینا۔ بہکانا۔

**پھُونک ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلا دینا (۲) تباہ کر دینا (۳) دولت اُڑا دینا (۴) منتر یا دَم کرنا۔

**پھُونک سرک جانا**۔ (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔ ہوش اُڑ جانا۔

**پھُونک مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زور سے مُنہ سے ہوا نکالنا (۲) بجھانا۔ خاموش کرنا (۳) جادو کرنا (۴) جلانا۔ سُلگانا۔

**پھُونک نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دَم نکل جانا۔ سانس نکل جانا۔

**پھُونکنا**۔ (پھُونک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھُونک مارنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا (۳) بھسم کرنا (۴) دَم کرنا (۵) بہکانا۔ کان بھرنا (۶) شائع کرنا۔ پھیلانا (۷) ستانا (۸) برباد کرنا۔

**پھُونکی چھُری**۔ (پھُوں۔ کی۔ چھُ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] وہ چھُری جس پر کچھ پڑھ کر پھُونکا گیا ہو۔

**پھوہا۔ پھویا**۔ (پھو۔ ہا) (پھو۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] روئی کا وہ ٹکڑا جسے دُودھ یا شربت میں تر کرکے ننھے بچوں کے مُنہ میں چوساتے ہیں۔ رُوئی کا ٹکڑا۔

**پھوہار**۔ (پھو۔ ہار) [ہ۔ ا۔ مث] پھوار۔ مہین مہین بوندیں۔

**پھُوہڑ**۔ (پھُو۔ ہڑ) [ہ۔ صف] (۱) سُگھڑ کی ضد۔ بدسلیقہ۔ بے ہنر (۲) وہ عورت جو اُمورِ خانہ داری کی سمجھ نہ رکھتی ہو (۳) بے وقوف۔

**پھُوہڑپن (پنا)**۔ (ا۔ مذ) (۱) بدسلیقگی۔ ناشائستگی (۲) بے ہُنری (۳) بیوقوفی۔ نادانی۔

**پھوئی پھُئی**۔ (پھُو۔ ای) (پھُ۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پھپھوندی (۲) گھی کا



Marfat.com

پھُول جو تاؤ دیتے وقت اُوپر آجاتا ہے (۳) باریک بُوند۔ پھوار۔

**پھُوئیاں پھُوئیاں** ۔ (پھُو۔اِ۔یاں۔ پھُو۔اِ۔یاں) [ہ] قطرہ قطرہ۔ کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔

**پھُوئیاں پھُوئیاں تالاب بھر جاتا ہے** ۔ (مثل) تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

**پھیپھے** ۔ (ق۔ا۔مذ۔جمع) پھیپھولے۔

**پھیا** ۔ (پھَ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) منافع یا سُود۔

**پھیپھڑا** ۔ (پھیپھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) سانس لینے کا عضو۔ وہ عضو جو دل کے قریب ہوتا ہے۔

**پھیپھڑا جلانا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی کی خیر خواہی کرنا۔

**پھیپھڑی** ۔ (پھیپھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ہونٹوں کی خشکی۔ پپڑی جو گرمی کی وجہ سے لبوں پر بندھ جاتی ہے۔

**پھیپھڑی بندھ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہو جانا۔

**پھیٹ۔ پھینٹ** ۔ (ہ۔ا۔مث) پیٹی۔ کمر بند۔ پٹکا۔

**پھیٹا۔ پھینٹا** ۔ (پھے۔ٹا) (پھیں۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) سر سے باندھنے کا چھوٹا دوپٹہ چھوٹی پگڑی۔ دستار۔

**پھیٹنا۔ پھینٹنا** ۔ (پھیٹ۔نا) (پھینٹ۔نا) (ہ۔مص) ملانا۔ ایک جان کرنا۔ حل کرنا۔ مارنا۔

**پھیر** ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) چکر۔ موڑ۔ گھماؤ (۲) فاصلہ (۳) انقلاب (۴) راستے کی ٹیڑھ (۵) پیچ۔ فریب (۶) اُلجھاؤ۔ بکھیڑا (۷) فرق (۸) فکر (۹) حلقہ (۱۰) اندازہ۔ تخمینہ۔

**پھیر باندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) تار باندھنا (۲) محدود کرنا (۳) پگڑی باندھنا۔

**پھیر بدل** ۔ (ا۔مذ) عوض۔ معاوضہ۔ اَدل بدل۔ انقلاب۔

**پھیر بندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کا تسلسل بندھنا۔ دَور بندھنا۔

**پھیر پڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) چکر پڑنا (۲) فرق ہونا۔

**پھیر پھار** ۔ (ا۔مث) (۱) ہیرا پھیری۔ اُلٹ پلٹ (۲) پیچ۔ جال۔ فریب۔

**پھیر دینا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) واپس کر دینا۔ لوٹا دینا (۲) رُخ موڑنا۔

**پھیر کھانا** ۔ (ا۔محاورہ) دُور کی راہ سے جانا (۲) مصیبت میں پھنسنا (۳) گھاٹا پڑنا۔

**پھیر لینا** ۔ (ا۔محاورہ) واپس کر لینا۔ لوٹا لینا۔

**پھیر میں آنا** ۔ (ا۔محاورہ) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔

**پھیرا** ۔ (پھے۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گشت۔ دَورہ (۲) طواف (۳) موڑ۔ گھماؤ۔ (۴) حلقہ۔ دائرہ (۵) گداگر فقیروں کا گشت (۶) آسیب کا خلل (۷) ناشتہ جو بچوں کو تیسرے پہر دیتے ہیں (۸) چونا ناپنے کا پیمانہ۔

**پھیرے ڈالنا** ۔ (۱) نکاح کرنا۔ عقد کرنا (۲) کسی کام کے لیے بار بار جانا۔

**پھیرنا** ۔ (پھیر۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھمانا۔ چکر دینا۔ پھرانا (۲) واپس کرنا (۳) موڑنا۔ رُخ بدلنا (۴) سدھانا۔ نکالنا (۵) گھوڑے کو آگے یا پیچھے موڑنا (۶) رنگ چڑھانا۔ قلعی کرنا (۷) پلٹنا (۸) دُہرانا (۹) ناراض کرنا (۱۰) چھونا (۱۱) سیر کرانا (۱۲) پلٹنا۔ زبان بدلنا۔

**پھیری** ۔ (پھے۔ری) (ق۔ا۔مث) گنّے کی پور۔

**پھیری** ۔ (پھے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) طواف (۲) گشت۔ چکر (۳) گداگروں کا گشت (۴) خُردہ فروش کا گشت۔

**پھیری پھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) بیچنے یا بھیک مانگنے جانا۔ گشت لگانا۔

**پھیری والا** ۔ (۱) وہ شخص جو گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچے۔ بساطی۔ خوانچے والا (۲) وہ فقیر جو معمولاً پھیری لگائے۔

**پھیڑنا** ۔ (پھیڑ۔نا) (ق۔مص) ادا کرنا۔

**پھیکا** ۔ (پھی۔کا) (ہ۔صف) (۱) بے نمک۔ الونا۔ کم شیریں (۲) بدمزہ۔ بے ذائقہ (۳) ہلکا۔ مدھم (۴) اُداس (۵) رُوکھا۔ بداخلاق۔

**پھیکا پڑ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) رنگ مدھم ہو جانا۔ بے آب ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا۔

**پھیکا پنڈا** ۔ (ا۔مذ) خفیف سا بخار۔

**پھیکا غمزہ** ۔ (ا۔مذ) بے لُطف نخرہ۔ شتر غمزہ۔

**پھیکا مُنہ کرنا** ۔ (ا۔مذ) افسردہ ہونا (ق)

**پھیکی** ۔ (پھی۔کی) (ہ۔ا۔مث) پھیکا کی تانیث۔ بے نمک۔ بدمزہ۔

**پھیگڑا** ۔ (پھے۔گڑا) (ق) ٹیڑھی ٹانگوں والا۔

**پھیلانا** ۔ (پھے۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچھانا (۲) لمبا کرنا (۳) کھولنا۔ بڑھانا۔ (۴) تقسیم کرنا۔ بانٹنا (۵) حساب کرنا (۶) مُشتہر کرنا (۷) بکھیرنا (۸) شروع کرنا۔ (۹) پڑتال کرنا۔

**پھیلاوٹ** ۔ (پھے۔لا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) تقسیم۔ بانٹ (۲) حساب کا عمل۔

**پھیلاؤ** ۔ (پھے۔لا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چوڑائی۔ وُسعت (۲) درازی۔ اندازہ مقدار۔ تخمینہ۔

**پھیل کر بیٹھنا** ۔ (اُ۔مص) فراغت سے بیٹھنا۔ کھُل کر بیٹھنا۔

**پھیلنا** ۔ (پھیل۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچھنا۔ پسرنا (۲) فراخ ہونا (۳) مشہور ہونا (۴) بکھرنا (۵) چھانا (۶) بڑھنا (۷) ضد کرنا (۸) کثیر الاولاد ہونا (۹) موٹا ہونا (۱۰) حد سے بڑھنا (۱۱) بکثرت ہونا (۱۲) بے تکلف ہونا۔

**پھین** ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) جھاگ۔ کف (۲) رطوبت جو مُنہ سے نکلے۔

**پھینٹی** ۔ (پھیں۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) سُوت کی اَنٹی۔

**پھینچنا** ۔ (پھینچ۔نا) (ہ۔مص) صابون کے بغیر کپڑا دھونا۔ کھنگالنا۔

**پھینک** ۔ (ہ۔ا۔مث) بکھیر۔ نچھاور۔

**پھینک پھانک** ۔ پھینک کر۔

**پھینک دینا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) گرا دینا (۲) ضائع کر دینا (۳) اُچھال دینا۔ (۴) بکھیر دینا۔

**پھینکنا** ۔ (پھینک۔نا) (ہ۔مص) (۱) ڈالنا۔ گرانا (۲) بکھیرنا (۳) پٹخنا۔ دے مارنا (۴) سرپٹ دوڑانا (۵) اُچھالنا (۶) ضائع کرنا (۸) پٹہ کھیلنا۔

**پھینی** ۔ (پھے۔نی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھی میں تلی ہوئی لچھے دار میدے کی روٹی۔ جسے گرم دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں۔

**پھیہا** ۔ (پھی۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھاہا (۲) مُرغی کی ایک بیماری جس میں پیٹ کے



Marfat.com

نیچے ورم ہو جاتا ہے اور وہ انڈے نہیں دیتی۔

# پ ــ ی

**پی**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پریتم۔ پیارا۔ معشوق (۲) شوہر (۳) پینا کا امر۔

**پی کہاں**۔ پپیہے کی آواز۔

**پی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) چربی۔

**پے**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پٹھا (۲) تانت (۳) کھوج (۴) نشان (بطور صف) پیچھے۔

**پئے**۔ (ف) لیے۔ واسطے۔ صدقے میں۔

**پے**۔ (Pay) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) ادائی (۲) تنخواہ۔ مشاہرہ (۳) مزدوری۔ اُجرت۔

**پے در پے** (پیا سے پے) لگاتار۔ متواتر۔

**پیا**۔ (پ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) محبوب۔ معشوق (۲) شوہر۔

**پیاپے۔ پے بہ پے۔ پے در پے**۔ (ف) مسلسل۔ لگاتار۔ متواتر۔

**پیا جسے چاہے وہی سہاگن**۔ (مثل) (۱) سہاگن اصل میں وہی ہے جس سے خاوند محبت کرے۔

**پیا پیٹہ**۔ (پیَ۔ یا) (پیَ۔ یہَ) (ہ۔ ا۔ مذ) گاڑی کا چکر۔ وہ چرخی نما مدور پایہ جس کے ساتھ دُھرا لگا ہوتا ہے۔

**پیا بانسا**۔ (پ۔ یا۔ باں۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا بانس (۲) ایک پودا جس سے سُرخ رنگ نکالتے ہیں۔

**پیادہ**۔ (پ۔ یا۔ دہَ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پیدل (۲) شطرنج کا مہرہ (۳) ہرکارہ چپراسی۔ جمع: پیادگاں۔

**پیادہ پا**۔ پیدل۔ سوار کی ضد۔

**پیادہ گرد**۔ (ف۔ صف) پیدل چلنے والا۔

**پیادۂ محاصل**۔ (۱) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے۔ اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لیے مقرر کیا جائے۔

**پیار**۔ (پ۔ یار) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) محبت (۲) لاڈ۔ دُلار (۳) ماتا (۴) عشق (۵) بوسہ (۶) دوستی۔ میل جول (۷) التفات۔ مہربانی۔

**پیار آنا**۔ (ا۔ محاورہ) محبت کا جوش ہونا۔ دل کا مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

**پیار اخلاص**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ربط ضبط۔ میل جول۔

**پیار کا نام**۔ (ا۔ مذ) وہ نام جو پیار سے رکھ لیتے ہیں۔

**پیار کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) محبت کرنا (۲) چمکارنا (۳) بوسہ لینا (۴) عشق کرنا۔

**پیار کی آنکھ۔ پیار کی نظر**۔ (ا۔ مث) محبت کی نگاہ۔ محبت کا انداز۔

**پیار نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) حسرت نکالنا۔ چاؤ نکالنا۔ ارمان نکالنا۔

**پیارا**۔ (پیا۔ را) (ہ۔ صف) (۱) لاڈلا۔ چہیتا (۲) دوست (۳) معشوق (۴) عزیز۔ نزدیکی رشتہ دار (۵) خوب صورت (۶) قابل قدر۔

**پیاروں پیٹی**۔ وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں (بطور بد دعا مستعمل ہے)

**پیارانگا**۔ (پ۔ یا۔ راں۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک جڑ جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

**پیاری**۔ (پیا۔ ری) (ہ۔ صف) عزیزہ۔ محبوبہ۔ لاڈلی۔ معشوقہ۔

**پیاری پیاری باتیں**۔ (ا۔ مث) میٹھی میٹھی باتیں۔ بھولی بھولی باتیں۔

**پیارے**۔ (پیا۔ رے) (ہ) معشوق کے لیے کلمۂ خطاب۔

**پیاز**۔ (پ۔ یاز) (ہ۔ ا۔ مث) ایک بُو دار گانٹھ والی جڑ جس میں تہ بہ تہ چھلکے ہوتے ہیں اور کھائی جاتی ہے (پ) گنڈا۔

**پیازا**۔ (Piazza) (پ۔ یا۔ زا) (انگ۔ ا۔ مذ) چوک منڈی (خصوصاً اطالوی شہروں میں)

**پیازی**۔ (پ۔ یا۔ زی) (ف۔ صف) (۱) پیاز سے منسوب (۲) شربتی۔ گلابی (۳) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل۔

**پیاس**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تشنگی۔ پانی پینے کی خواہش (۲) تمنا۔ آرزو۔ چاہت

**پیاس بجھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تشنگی فرو کرنا۔ پانی پلا کر تسلی دینا (۲) خواہش پوری کرنا۔

**پیاس بھڑکنا**۔ (ا۔ محاورہ) پیاس کی شدت ہونا۔

**پیاس کا چسکا**۔ (ا۔ محاورہ) بار بار پیاس لگنے کی کیفیت۔

**پیاس لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) پانی کی خواہش ہونا۔ تشنگی ہونا۔

**پیاس مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) پانی کی خواہش کو روکنا۔ تشنگی کو برداشت کرنا۔

**پیاس مرجانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تشنگی از خود رفع ہو جانا (۲) خواہش باقی نہ رہنا۔

**پیاسا**۔ (پیا۔ سا) (ہ۔ صف) (۱) تشنہ (۲) خواہش مند (۳) مشتاق۔ آرزو مند۔

**پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا**۔ (مثل) طالب مطلوب کے پاس جاتا ہے۔ مطلوب طالب کے پاس نہیں آتا۔

**پیال**۔ (پ۔ یال) (س۔ ا۔ مث) دھان کا سُوکھا ڈنٹھل۔ پھوس۔ پرال۔

**پیال کے پاؤں**۔ (ا۔ صف) ناپائدار۔

**پیالا۔ پیالہ**۔ (پ۔ یا۔ لا) (پ۔ یا۔ لہَ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کٹورا۔ ساغر (۲) توپ یا بندوق میں بارود رکھنے کی جگہ (۳) بھیک کا ٹھیکرا (۴) عرس۔ فاتحۂ سوم (۵) فقیروں کے ہاں فقیروں کی دعوت۔

**پیالہ اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) گداگری اختیار کرنا۔

**پیالہ بجنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دَور دورہ ہونا۔ ترقی ہونا۔ فیشن ہونا (۲) جل ترنگ کے پیالوں کا بجنا۔

**پیالہ بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیالے کا پُر ہونا (۲) زندگی کے دن پُورے ہونا۔

**پیالہ بہنا**۔ (ا۔ محاورہ) استقاطِ حمل ہونا۔ حمل گرنا۔

**پیالہ پینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھنگ یا شراب پینا (۲) مُرید ہونا۔ آزادوں یا فقیروں کی صحبت میں رہنا۔

**پیالہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آزاد فقیروں کی اصطلاح میں فاتحۂ سوم کی ضیافت عرس ہونا (۲) مَر نا (۳) آزادوں کے تکیے میں آزادوں کی دعوت ہونا۔

**پیالی**۔ (پ۔ یا۔ لی) (اُر۔ ا۔ مث) چھوٹا پیالہ۔

**پیام**۔ (پ۔ یام) (ف۔ ا۔ مذ) پیغام۔ سندیسا۔ جمع: پیامات۔

**پیامِ اجل**۔ (ف۔ ع۔ مذ) موت کا پیغام۔ آفتِ ناگہانی۔



Marfat.com

**پیام بَر (رساں)** ۔ (ف ۔ صف) قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر۔
**پیام سلام** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) (۱) دوسرے کی معرفت سوال جواب (۲) نسبت کا پیام۔
**پیامی** ۔ (پ ۔ یا ۔ می) (ف ۔ ا ۔ مذ) پیام لے جانے والا ۔ قاصد۔
**پیانِسٹ** ۔ (Pianist) (پ ۔ یا ۔ نِسٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) پیانو بجانے والا۔
**پیانو** ۔ (Piano) (پ ۔ یا ۔ نو) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ارمونیم کی طرح کا ایک مغربی باجا
**پیاؤ** ۔ (پ ۔ یا ۔ او) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل۔
**پِیپ** ۔ (س ۔ ا ۔ مث) مواد ۔ ریم سفید مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑجاتا ہے
**پِیپ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زخم کا پکنا ۔ روحانی اذیت ہونا۔
**پیپا** ۔ (پی ۔ پا) (اُر ۔ ا ۔ مذ) پرتگالی پپ یا سے بنا ہوا ۔ لکڑی یا دھات کا بڑا برتن ۔ کنستر۔
**پیپا بن جانا** ۔ پیپا ہو جانا ۔ بہت موٹا ہو جانا۔
**پیپر** ۔ (Paper) (پے ۔ پَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کاغذ ۔ پرچہ ۔ پرچہ اخبار ۔ گزٹ ۔
**پیپر ویٹ** ۔ (Paperweight) کاغذوں کو دبانے کا وزن کاغذ داب ۔ وزنہ۔
**پیپرس** ۔ (Papyrus) (انگ ۔ مذ) نرسل کی قسم کا پودا جو پانی میں ہوتا ہے ۔ اس کی چھال سے بنے ہوئے ورق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے (۲) کوئی تحریر یا کتاب جو ان اوراق پر لکھی ہو۔
**پیپرمنٹ** ۔ (P&ppermint) ست پودینہ کی گولیاں۔
**پیپل** ۔ (پی ۔ پَل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک سایہ دار درخت جس کے پتے چکنے ہوتے ہیں (۲) ایک پھل جو دوا کے طور پر کام آتا ہے ۔ فلفل دراز۔
**پیپلا** ۔ (پیپ ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) تلوار کی نوک یا انی ۔
**پیپلا مُور ۔ پیپلا مول ۔ پیپلا مُونڈھ** ۔ (پیپ ۔ لا ۔ مُور) (پیپ ۔ لا ۔ مول) (پیپ ۔ لا ۔ مُونڈھ) (ہ ۔ ا ۔ مث) پیپل یعنی فلفل دراز کی جڑ۔
**پیپلی** ۔ (پیپ ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا چھوٹا درخت ۔
**پیت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) محبت ۔ دوستی ۔ عشق ۔ پیار ۔ اخلاص (۲) زرد۔
**پیت کی ریت نرالی** ۔ دوستی کا انداز ہی نرالا ہے ۔ محبت کا طریق ہی اور ہے۔
**پیت نہ جانے جات کجات** ۔ (مثل) محبت میں ذات نہیں دیکھی جاتی ۔ محبت میں ذات پات کی قید نہیں۔
**پَیتابا ۔ پَیتاوا** ۔ (پے ۔ تا ۔ با) (پے ۔ تا ۔ وا) (اُر ۔ ا ۔ مذ) (۱) چمڑا جس کو جوتے میں رکھتے ہیں (۲) پائتابہ ۔ موزہ۔
**پیتام بَر** ۔ (پی ۔ تام ۔ بر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) ریشمی دھوتی۔
**پَینترا** ۔ (پَینت ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کشتی کے داؤں کرتے وقت کا قاعدہ (۲) پاؤں کا نشان ۔ کھوج ۔ سُراغ ۔ اثر۔
**پینترا بدلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ٹھاٹھ بدلنا ۔ قدم بدلنا (۲) کشتی کے وقت قاعدے کے موافق پاؤں رکھنا اور اٹھانا ۔ فن سپہ گری دکھانا۔

**پِتیس** ۔ (پِی ۔ تَس) (ہ ۔ ا ۔ مث) خُسر کے بھائی کی بیوی ۔ چچیا ساس۔
**پتیسرا** ۔ (پِی ۔ تس ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) خُسر کا بھائی۔
**پیتل** ۔ (پی ۔ تل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) برنج ۔ زرد رنگ کی دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے۔
**پیتلی** ۔ (پیت ۔ لی) (ہ ۔ صف) (۱) پیتل کا ۔ برنجی (۲) زرد ۔ پیلا۔
**پیتم** ۔ (پی ۔ تَم) (ہ ۔ ا ۔ مذ) محبوب ۔ معشوق (۲) نہایت پیارا۔
**پیتمبر** ۔ (پی ۔ تَم ۔ بَر) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) زرد (۲) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔
**پیٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چھاتی اور پیڑو کے درمیان کا حصّہ جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے (۱) شکم ۔ بطن (۲) رحم ۔ بچہ دان (۳) معدہ (۴) حمل (۵) خلا ۔ جوف (۶) توپ کا وہ حصّہ جہاں گولہ رکھا جاتا ہے (۷) گنجائش ۔ سمائی (۸) حوصلہ ۔ ظرف (۹) اندرون ۔ باطن ۔ بھید (۱۰) دائرے کا اندرونی حصّہ (۱۱) طمع ۔ ہوس (۱۲) خوراک ۔
**پیٹ اپھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیٹ پھولنا ۔ نفخ ہونا۔
**پیٹ باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہش سے کم کھانا ۔ بھوک ضبط کرنا۔
**پیٹ بجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوشی منانا ۔ خوش ہونا۔
**پیٹ بُری بلا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھوک بہت بُری چیز ہے۔
**پیٹ بڑا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوس کا زیادہ ہونا ۔
**پیٹ بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خوراک بڑھانا ۔ مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا (۲) دوسرے کے حصّے پر دانت رکھنا۔
**پیٹ بڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خوراک بڑھنا (۲) جلندھر یا استسقاء کے باعث پیٹ بڑھ جانا۔
**پیٹ بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قُراقُر ہونا ۔ ریح کے باعث پیٹ میں سے آواز نکلنا
**پیٹ بھاری ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرانیٔ شکم ہونا ۔ بدہضمی ہونا۔
**پیٹ بھرا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) شکم سیر (۲) مال دار ۔ فارغ البال (۳) خود مختار ۔ آزاد۔
**پیٹ بھر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سیر ہو جانا ۔ اُکتا جانا (۲) اُبھر جانا ۔ مغرور ہونا
**پیٹ بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سیر ہونا (۲) گزران کرنا (۳) دولت مند ہونا (۴) اُکتانا ۔ طبیعت بھرنا ۔
**پیٹ بھرے رذالے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈرے** ۔ (مثل) مفلس دولتمندی کی حالت میں اور دولت مند غریبی کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے ۔
**پیٹ بھرے کی باتیں** ۔ دولتمندی کی باتیں ۔ متکبرانہ باتیں ۔
**پیٹ بھرے کے گن** ۔ (ا ۔ مذ) مغرورانہ کلام ۔ آزادانہ اطوار۔
**پیٹ پاپی ہے** ۔ (ا ۔ مذ) بھوک بہت سے گناہوں کا باعث بنتی ہے ۔
**پیٹ پالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مشکل سے کما کر کھانا ۔ بدشواری گزر اوقات کرنا (۲) پیٹ بھرنا (۳) نفس پرستی کرنا ۔
**پیٹ پالنا کُتّا بھی جانتا ہے** ۔ پیٹ پالنا ہی دنیا میں کام نہیں ۔ خود غرض آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے۔
**پیٹ پاؤ** ۔ (ا ۔ صف) (۱) نفس پرست ۔ بندۂ شکم (۲) لالچی ۔ حریص ۔
**پیٹ پانی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دست آنا ۔ بدہضمی ہونا۔



Marfat.com

**پیٹ پٹاری مُنہ سپاری** ۔ (ا۔ مثل) بظاہر دُبلا پتلا مگر بہت کھانے والا۔
**پیٹ پر پتھر باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) فاقے کی تکلیف برداشت کرنا۔
**پیٹ پکار رہا ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت زور کی بھوک لگی ہے۔
**پیٹ پکڑ کر بھاگنا** ۔ (۱) گھبرا کر بھاگنا (۲) دل کو لگنا۔
**پیٹ پکڑ کر ہنسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت ہنسنا۔
**پیٹ پوجا** ۔ (ا۔ مث) پیٹ بھرنا۔ شکم سیری۔
**پیٹ (پچڑے) بھاگے پھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پریشان پھرنا۔ آپے میں نہ رہنا۔
**پیٹ پوچھن۔ پیٹ گھرچن** ۔ آخری اولاد۔
**پیٹ پھاڑنا** ۔ (۱) شکم چاک کرنا (۲) حرص کرنا (۳) نظر لگانا (۴) کام میں جلدی کرنا (۵) حسد کرنا (۶) دل کا بھید ظاہر کرنا (۷) انکار کرنا (۸) لڑنے کو تیار ہونا (۹) حصّہ لینے میں جلدی کرنا۔
**پیٹ پھٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شکم چاک ہونا (۲) بے صبر ہونا (۳) ہنسی کے مارے بے تاب ہونا (۴) حسد اور رشک کرنا (۵) چاولوں کا پھُول کر شق ہونا۔
**پیٹ پھلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیٹ کو سانس سے اُونچا کرنا (۲) حاملہ ہونا (۳) کھانے کی آواز پر تیار ہو کر بیٹھنا (۴) بہت لالچ کرنا۔
**پیٹ پھُولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ابھر جانا۔ نفخ ہونا (۲) بے چین ہونا۔ (۳) حمل سے ہونا۔
**پیٹ پیٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیٹ بجانا (۲) بھُوک کے مارے شور مچانا (۳) بے قراری ظاہر کرنا (۴) ہوس کرنا۔
**پیٹ پیٹھ سے لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔ نہایت بھُوکا ہونا۔
**پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے** ۔ (ا۔ مقولہ) ہر ایک کو کھانے کی ضرورت ہے۔
**پیٹ ٹھنڈا رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اولاد سے خوش رہنا۔ اولاد کا زندہ رہنا
**پیٹ جاری ہونا۔ پیٹ چھُوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دست آنا۔ دست کی بیماری
**پیٹ جھاڑنی** ۔ جُلاب (ق)۔
**پیٹ چپاتی ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیٹ نہایت ملائم ہو جانا (۲) بھُوک سے پیٹ بیٹھ جانا۔
**پیٹ چوٹی** ۔ (ا۔ صف۔ مث) وہ حاملہ عورت جس کا حمل ظاہر نہ ہو۔
**پیٹ دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) افلاس اور بھُوک کی شکایت کرنا (۲) دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔
**پیٹ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حمل گرانا۔
**پیٹ رکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حاملہ کرنا (۲) حاملہ ہونا۔
**پیٹ سے پاؤں نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بدراہ ہونا (۲) بڑھ چلنا۔ پر پُرزے نکالنا۔ بد دشمنی ظاہر کرنا۔ چھُپے ہوئے عیب یا ہنر ظاہر کرنا۔
**پیٹ سے ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) حمل ہونا۔
**پیٹ کا بچہ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) اپنی اولاد۔ سگا بچہ (۲) وہ بچہ جو ابھی تک پیدا نہ ہوا ہو۔
**پیٹ کا بندہ** ۔ (ا۔ مذ) حریص۔ لالچی۔
**پیٹ کا پانی نہ ہلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے تکان جانا۔ سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا۔
**پیٹ کا پردہ** ۔ (ا۔ مذ) آنتوں کی جھلی۔ اوجھڑی۔
**پیٹ کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کفایت کرنا (۲) کم کھا کر گزر کرنا (۳) بھوکا مارنا۔
**پیٹ کا جلا گاؤں جلائے** ۔ (ا۔ مثل) بھُوکا آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔
**پیٹ کا دھندا** ۔ (ا۔ مذ) محنت۔ مزدوری۔ فکرِ معاش۔
**پیٹ کا کُتّا** ۔ (ا۔ صف) نہایت لالچی۔ کھانے پر جان دینے والا۔ بندۂ شکم۔
**پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا۔ تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں** ۔ (ا۔ مثل) ظاہر کو سب دیکھتے ہیں لیکن باطن کو کوئی نہیں دیکھتا۔
**پیٹ کا گہرا** ۔ (ا۔ محاورہ) راز چھپانے والا۔ بھید ظاہر نہ کرنے والا۔
**پیٹ کا ہلکا** ۔ (ا۔ محاورہ) تنگ ظرف جو بھید کو چھپا نہ سکے۔
**پیٹ کا گڑگڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) خوف سے پیٹ کا بولنا۔
**پیٹ کی (آگ) آنچ** ۔ (۱) ماں کی محبت (۲) اولاد۔ بال بچے (۳) بھُوک۔ اشتہا۔
**پیٹ کی آگ بجھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھُوک دُور کرنا۔
**پیٹ کی مار دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھُوک کی سزا دینا۔
**پیٹ کے لیے دوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلاشِ معاش میں پھرنا۔
**پیٹ گدرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حمل کے آثار ظاہر ہونا۔
**پیٹ گرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حمل جاتا رہنا۔ اسقاطِ حمل ہونا۔
**پیٹ لگ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھُوک کے مارے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔
**پیٹ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کھانے میں کمی کرنا (۲) نفس کشی کرنا۔
**پیٹ مزُورا** ۔ (ا۔ صف) مزدور۔ بھاڑے کا (ق)
**پیٹ مسوس کر رہ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پیچ و تاب کھانا۔
**پیٹ میں آگ لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھُوک سے بیقرار ہونا۔
**پیٹ میں آنت نہ مُنہ میں دانت** ۔ (مثل) نہایت ضعیف العمر۔ بڑھا پھونس۔
**پیٹ میں انگارے بھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حرام کا مال کھانا۔
**پیٹ میں بات رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) راز چھپانا۔ بھید مخفی کرنا۔
**پیٹ میں بات نہ سمانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھید نہ چھُپا سکنا۔
**پیٹ میں بل پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی کے باعث پیٹ میں شکن پڑنا۔ ہنستے ہنستے پیٹ کا دُہرا ہو جانا۔
**پیٹ میں (بیٹھنا) گھسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ میں گھُسنا۔ دوست بن کر مطلب نکالنا۔ خوشامد کرنا۔
**پیٹ میں پالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی بات دل میں رکھنا۔ فکر ہونا۔
**پیٹ میں پاؤں ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت مکار ہونا۔
**پیٹ میں پڑا چارہ تو کُودنے لگا بچارا** ۔ (مثل) (۱) کھایا تو طاقت آ گئی (۲) روٹی ملی تو شرارت کی سُوجھنے لگی۔
**پیٹ میں پڑی جب دُور کی سُوجھی { بھُوک لگی تندور کی سُوجھی }** (ا۔ مثل) پیٹ بھرا ہو تو عجیب عجیب باتیں سُوجھتی ہیں اور بھُوکے کو روٹی کی فکر رہتی ہے۔



Marfat.com

**پیٹ پڑے تو عبادت کی سُوجھے۔** (۱۔مثل) بھوک سے عبادت بھی نہیں ہو سکتی۔
**پیٹ میں چوہوں کا قلابازیاں کھانا۔** (مثل) بھوک سے بیقرار ہونا۔
**پیٹ میں چوہے (چھچھوندی) دوڑنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) خوف کے باعث اضطراب و بیقراری کا ہونا (۲) بھوک سے بیقرار ہونا۔
**پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا۔** (۱۔محاورہ) نہایت کم خوراک ہونا۔
**پیٹ میں ڈاڑھی ہونا۔** (۱۔محاورہ) کمسنی میں عقلمندی کی باتیں کرنا۔
**پیٹ میں رکھنا۔** (۱۔محاورہ) راز مخفی رکھنا۔ بھید ظاہر نہ کرنا۔
**پیٹ میں سانس نہ سمانا۔** (۱۔محاورہ) سانس پھول جانا۔ تھک جانا۔ (۲) سخت گھبرانا۔
**پیٹ میں سے پاؤں نکالنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) نوعمروں کا نئے نئے گُن سیکھنا (۲) بدراہی اور بداطواری۔
**پیٹ میں کھلبلی (پڑنا) مچنا۔** (۱۔محاورہ) گھبراہٹ ہونا۔ اضطراب ہونا۔ پریشان ہونا۔
**پیٹ میں گُن بھرے ہونا۔** (۱۔محاورہ) باطن میں شرارت ہونا۔
**پیٹ میں گھوڑے دوڑنا۔** (۱۔محاورہ) قراقر ہونا۔ پیٹ میں گڑبڑ ہونا۔
**پیٹ میں ہَول سمانا۔ پیٹ میں ہَول سی اُٹھنا۔** (۱۔محاورہ) پریشان ہونا۔ بہت گھبرانا۔
**پیٹ والی۔** (۱۔صف) (۱) حاملہ۔ زنِ باردار (۲) کھانے پینے کی ہر چیز پر دل چلانے والی۔
**پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر۔** (مثل) بہت بڑی خوراک کھانے والا۔
**پیٹا۔** (پے۔ٹا) (ہ۔۱۔مذ) (۱) گولائی۔ محیط۔ دَور (۲) تکل یا کنکوے کی ڈور کا جھول (۳) تقریباً۔ تخمیناً (۴) دریا کے بہنے کا راستہ (۵) تفصیل حساب جو ایک مَد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ۔ (۷) ادھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) فاصلہ۔ دُوری (۱۰) قابو۔ بس۔ (۱۱) ایَن، بانا۔
**پیٹا چھوڑنا۔** (۱۔محاورہ) کنکوے کی ڈور کا جھول دینا۔
**پیٹا۔** (پی۔ٹا) (ہ۔صف) (۱) نامناسب۔ بے جا (۲) پیٹنا کی ماضی۔
**پیٹا پانی۔** زور شور کا مینہ۔
**پیٹ پیٹ کر۔** (ہ) (۱) بڑی مشکل سے (۲) مار مار کر۔
**پیٹرن۔** (Patron) (پیٹ۔رَن) (انگ۔۱۔مذ) مربی۔ سرپرست۔ حامی۔
**پیٹک پتیا۔** (پی۔ٹک۔پی۔یا) (ہ۔۱۔مذ) نوحہ۔ ماتم۔ کہرام۔ جھگڑا۔
**پیٹل۔** (پے۔ٹل) (ہ۔صف) بڑے پیٹ والا۔ توندل۔
**پیٹنا۔** (پیٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) مارنا۔ چوٹ لگانا (۲) ماتم کرنا۔ رونا (۳) چوکرا کرنا۔ پیٹا کرنا (۴) سخت محنت کرنا (۵) حاصل کرنا (۶) اندیشہ کرنا (۷) بُرا چاہنا۔ کسی کی موت چاہنا (۹) مُہرہ مارنا (۱۰) دکھڑا رونا۔
**پیٹنٹ۔** (Patent) (پے۔ٹنٹ) (انگ۔۱۔مذ) رجسٹری شدہ ایجاد جس کو دوسرا نہ بنا سکے

**پیٹو۔** (پے۔ٹو) (ہ۔صف) بہت کھانے والا۔ بسیار خور۔
**پیٹو کُو۔** (پی۔ٹُو۔کُو) (ہ۔صف) ماتم میں سینہ اور سر کو بہت کُوٹنے والا۔
**پیٹھ۔** (ہ۔۱۔مث) (۱) پُشت (۲) حمایت۔ مدد (۳) سہارا۔ پناہ (۴) پیچھے (۵) گردن اور کمر کے درمیان جسم کا پچھلا حصّہ۔ ہر چیز کا بالائی حصّہ۔
**پیٹھ پرکا۔** (۱۔صف۔مذ) (۱) بعد کا۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو (۲) چھوٹا بھائی۔
**پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا۔** (۱۔محاورہ) شاباش دینا۔ ہمّت بندھانا۔ حوصلہ بڑھانا۔ تعریف کرنا۔
**پیٹھ پر ہاتھ رکھنا۔** (۱۔محاورہ) سرپرستی کرنا۔ حمایت کرنا۔
**پیٹھ پر ہونا۔** (۱۔محاورہ) (۱) مددگار ہونا۔ حمایت کرنا (۲) ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا ہونا۔
**پیٹھ پھیرنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) پیٹھ موڑنا۔ جانا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (۳) لڑائی سے بھاگنا (۴) بیزاری یا نفرت کے باعث دوسری طرف منہ کر لینا۔ (۵) دوسری طرف مُنہ پھیر کر بیٹھنا۔
**پیٹھ پیچھا ہے۔** (۱۔محاورہ) مُنہ دیکھے کی خوشامد نہیں۔ موجود نہیں۔
**پیٹھ پیچھے۔** (۱) غیبت میں۔ غیر حاضری میں (۲) مرنے کے بعد۔
**پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں۔** (۱۔مثل) لوگ بادشاہ کی غیبت بھی کرتے ہیں۔
**پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔** (۱۔محاورہ) بے پروائی کرنا۔
**پیٹھ توڑنا۔** (۱۔محاورہ) مایوس کرنا۔ ناامید کرنا۔ ہمّت توڑنا۔
**پیٹھ ٹھوکنا۔ ٹھونکنا۔** (۱۔محاورہ) شاباش دینا۔ ہمّت بندھانا۔ دلاسا دینا۔
**پیٹھ چارپائی سے لگ جانا۔** (۱۔محاورہ) بیماری یا کمزوری کے باعث چارپائی سے اُٹھ نہ سکنا۔ صاحبِ فراش ہو جانا۔
**پیٹھ دکھانا۔** (۱۔محاورہ) (۱) منہ موڑنا۔ لڑائی سے بھاگ جانا۔ چھوڑ دینا۔ (۲) سفر کو جانا۔
**پیٹھ دینا۔** (۱۔محاورہ) (۱) منہ موڑنا۔ دغا دینا (۲) لڑائی سے بھاگ جانا۔ (۳) مر جانا۔
**پیٹھ سیدھی کرنا۔** (۱۔محاورہ) لیٹنا۔ آرام کرنا۔ ذرا دیر ستانے کے لیے لیٹ جانا۔
**پیٹھ کا کچا۔** (۱۔محاورہ) وہ جانور جس کی پیٹھ سواری کرنے یا بوجھ لادنے سے جلد زخمی ہو جائے۔
**پیٹھ لگنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) پیٹھ میں زخم ہو جانا (۲) کُشتی میں چت ہو جانا۔ پچھڑنا۔
**پیٹھ نہ لگنا۔** (۱۔محاورہ) آرام نہ پانا۔ تڑپنا۔ بے قرار رہنا۔
**پیٹھ۔** (ہ۔۱۔مذ) (۱) دخل۔ رسائی (۲) وہ بازار جو آٹھویں دن مقررہ جگہوں پر لگتا ہے (۳) نقل۔ گم شدہ ہنڈوی کی نقل۔
**پیٹھا۔** (پے۔ٹھا) (ہ۔۱۔مذ) گول کدو سے مشابہ ایک پھل جس کی مٹھائی اور مربّہ بناتے ہیں۔
**پیٹھانا۔** (پے۔ٹھا۔نا) (ہ۔مص) بھیجنا۔ رخصت کرنا۔



Marfat.com

**پیٹھنا**۔ (پیٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گھسنا۔ داخل ہونا (۲) جنا۔ گڑنا۔
**پیٹھی**۔ (پی۔ ٹھی) (ہ۔ ا۔ مث) ماش اور مونگ وغیرہ کی پانی میں پسی ہوئی دال۔
**پیٹی**۔ (پے۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پٹکا۔ کمربند (۲) نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ (۳) خُرجی۔ جامہ دانی (۴) وہ ڈورا جو بلبل یا بٹیر کی کمر میں باندھتے ہیں (۵) بندوق کے سامان رکھنے کا بکس (۶) بیضے کا استر (۷) وہ کپڑا جو بچہ ہونے کے بعد زچہ کی کمر سے باندھا جاتا ہے۔
**پیٹی اُترنا**۔ (ا۔ محاورہ) سپاہی کا موقوف ہو جانا۔
**پیٹی باندھنا**۔ (۱) سپاہی کا کمر باندھ کر مستعد ہونا۔ کمر کسنا (۲) دست آموز جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا۔
**پیٹی لڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) جماع کرنا۔
**پیٹیا**۔ (پیٹ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک آدمی کی کچی خوراک۔ رسد۔ روزانہ۔ روزینہ۔ وظیفہ۔
**پیٹے میں آجانا**۔ (ا۔ محاورہ) زیر بار ہونا۔
**پیٹے میں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) قابو میں ہونا۔ بس میں ہونا۔ ذمے ہونا۔
**پیج**۔ (Page) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) صفحہ۔ ورق کا ایک رُخ۔
**پیجامہ**۔ (پے۔ جا۔ مہ) (ف۔ ا۔ مذ) پاجامہ۔ اِزار۔
**پی جانا**۔ (ہ۔ مص) (۱) نوش کر لینا۔ چڑھا لینا (۲) چُپ ہو رہنا۔ ٹال جانا۔
**پیچ**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بل۔ لپیٹ (۲) چُوڑی۔ پرنہ۔ وہ کیل جس کی چوڑیاں کٹی ہوں (۳) چکر۔ پھیرا (۴) خم (۵) مروڑا۔ دردِ شکم (۶) رشک و حسد۔ (۷) عُقدہ (۸) ایک قسم کا کھیل (۹) مُشکل۔ دقت (۱۰) فریب۔ دھوکا۔ (۱۱) کُشتی کا داؤ (۱۲) دبانے کی کل (۱۳) پگڑی کی لپیٹ (۱۴) کنکوے کی ڈور کا دوسرے کنکوے کی ڈور سے اُلجھنا (۱۵) گرہ۔ پھندا (۱۶) پتلی پگڑی۔ بتی۔
**پیچ اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیٹ میں پیچش سے درد ہونا (۲) کنکوے بڑھنا یا اُڑانا۔
**پیچ باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کُشتی کے داؤں کا توڑ کرنا۔ جواب دینا۔
**پیچ پاچ کی باتیں**۔ (ا۔ مذ) چالاکی کی باتیں۔ شرارت کی باتیں۔
**پیچ پر پیچ اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) رنج پر رنج سہنا۔ مشکل پر مشکل پیش آنا۔
**پیچ پر پیچ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل پہ مشکل پڑنا۔
**پیچ پر پیچ کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) غصے سے بیتاب ہونا۔
**پیچ پر چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) کُشتی کے داؤں میں دوسرے کو لانا۔
**پیچ پڑنا**۔ (۱) اُلجھنا۔ بکھیڑا پڑنا (۲) سخت مشکل پیش آنا (۳) ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ سے اُلجھنا (۴) مزاحمت پیش آنا۔
**پیچ چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دھوکے یا فریب سے کامیاب ہونا (۲) دھوکا دینا۔
**پیچ چُھٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) کنکوے کی بازی میں ایک کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے علیحدہ ہونا۔
**پیچ چُننا**۔ (ا۔ محاورہ) پگڑی کے پیچوں کو احتیاط سے درُست کرنا۔

**پیچ دار**۔ (ف۔ صف) (۱) بل دار (۲) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق۔
**پیچ در پیچ**۔ (ف۔ صف) (۱) بل پر بل پڑا ہوا۔ نہایت پیچیدہ (۲) عقدۂ لاینحل۔ نہایت مشکل۔
**پیچ ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) داؤں کرنا (۲) چال چلنا۔ اُلجھانا (۳) مشکل میں پھنسانا (۴) دوسرے کے کنکوے پر ڈور ڈالنا (۵) شرارت کرنا۔
**پیچ کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) کنکوے کی ڈور کاٹنا۔
**پیچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کُشتی کا داؤں کرنا۔ دھوکا دینا (۲) پتنگ کا پیچ لڑانا۔
**پیچ کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بل کھانا (۲) دل ہی دل میں غصہ کرنا۔
**پیچ کُھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بل دور ہونا۔ پگڑی کا پھیر کُھلنا (۲) مشکل حل ہونا (۳) بھید کُھلنا۔
**پیچ کھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا۔
**پیچ کی بات**۔ (ا۔ بول چال) ذومعنی بات۔ ایسی بات جس سے کئی معنی نکلتے ہوں
**پیچ لڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) کنکوے لڑانا۔ ایک پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے اُلجھانا۔
**پیچ میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مصیبت میں پھنسنا۔ پھیر میں آنا (۲) دھوکے میں پھنسنا (۳) پھندے میں آنا۔ جال میں پھنسنا۔
**پیچ و تاب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بل (۲) غصہ (۳) بے قراری۔ بے چینی۔ (۴) فکر و اندیشہ۔
**پیچ و تاب کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اینٹھنا۔ بل کھانا (۲) اندر ہی اندر غصے سے گھٹنا۔ حسد یا رشک سے جلنا (۳) بے قرار ہونا۔ مُضطرب ہونا۔
**پیچ و خم**۔ (ف۔ مذ) چکر۔ بل پھیر۔
**پیچا**۔ (ہ۔ مذ) پتنگ کا پیچ (۲) لپیٹ۔ بل۔ چکر۔
**پیچ پچھ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ چاولوں کا پساؤ۔
**پیچ پی ہزار نعمت کھائی**۔ (مثل) کھانے کو جو کچھ مل گیا غنیمت ہے۔ اسی پر صبر شکر کرنا چاہیئے۔
**پیچاک**۔ (پے۔ چاک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پیچ و خم (۲) طرّہ۔ زُلف۔ (۳) گھونگا۔
**پیچاں**۔ (پے۔ چاں) (ف۔ صف) بل کھایا ہوا۔ پیچیدہ۔
**پیچش**۔ (پے۔ چش) (ف۔ ا۔ مث) مروڑ۔ درد ہو کر دست۔ پاخانہ یا آنو آنا۔
**پیچک**۔ (پے۔ چک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) لپٹے ہوئے سُوت کی ریل۔ (۲) پیچ دار۔ نال کا چلپنہ۔
**پیچکش**۔ (پیچ۔ کش) (ف۔ ا۔ مذ) پیچ کھولنے کا آلہ۔
**پیچو**۔ (پی۔ چو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔
**پیچواں**۔ (پیچ۔ واں) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا حقہ جس کی نے لچکدار اور بہت لانبی ہوتی ہے۔
**پیچھا**۔ (پی۔ چھا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پچھلا حصہ۔ پُشت۔ عقب (۲) پیروی۔ تعاقب۔
**پیچھا بھاری ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پس پُشت امداد کا موجود ہونا (۲) بعد میں مشکل در پیش آنا (۳) دُشمن کی مدد آجانا۔
**پیچھا پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ستانا۔ ایذا رسانی کے درپے ہونا (۲) ہر وقت۔



Marfat.com

ساتھ رہنا۔

**پیچھا چھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) نجات ملنا۔ مخلصی ہونا۔ جان بچنا۔

**پیچھا چھڑانا۔** (ا۔ محاورہ) نجات حاصل کرنا۔ مخلصی پانا۔ چھٹکارا ہونا۔ جان بچانا۔

**پیچھا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تعاقب کرنا (۲) دق کرنا۔ ستانا (۳) درپے ہونا۔

**پیچھا نہ چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ جان کو آنا۔ ہمزاد کی طرح ساتھ رہنا۔ درپئے آزار ہونا۔

**پیچھے۔** (پی۔ چھے) (ہ۔ صف) (۱) بعد میں۔ عقب میں (۲) غیر حاضری میں۔ (۳) پھر (۴) وجہ سے (۵) ہر ایک۔ فی (۶) پچھلی طرف (۷) اس کے بعد (۸) مرنے کے بعد۔

**پیچھے بلا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پڑنا۔

**پیچھے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لپٹنا۔ سر ہونا (۲) ستانا۔ دق کرنا (۳) دشمنی کرنا (۴) بار بار مانگنا (۵) رسوائی چاہنا۔

**پیچھے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ مڑنا۔

**پیچھے پیچھے۔** (۱) تھوڑی دیر بعد۔ عنقریب (۲) ساتھ ساتھ۔

**پیچھے ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تعاقب کرنا (۲) پیچھے دوڑنا۔ پیچھے چھوڑنا۔ (۳) تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔

**پیچھے سے۔** (۱) پشت سے (۲) بعد ازاں۔ تھوڑی دیر بعد۔

**پیچھے لگا دینا۔** (ا۔ محاورہ) مخالف بنا دینا (۲) ساتھ کر دینا۔

**پیچھے ہو لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پیروی کرنا (۲) عقب میں چلنا۔

**پیچیدگی۔** (پے۔ چی۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) لپیٹ۔ بل۔ مروڑ (۲) الجھیرا۔ الجھاؤ۔

**پیچیدہ۔** (پے۔ چی۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) لپٹا ہوا۔ ملفوف (۲) مشکل۔ دقت طلب۔

**پیخال۔** (پے۔ خال) (ف۔ ا۔ مث) بیٹ۔ پرند کا فضلہ۔

**پیخانہ۔** (پے۔ خا۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جائے ضرور۔ بیت الخلاء (۲) فضلہ۔ براز۔ گُو۔

**پیدا۔** (پے۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) ظاہر۔ موجود (۲) جنا ہوا۔ زائیدہ (۳) آمدنی۔ کمائی (۴) ایجاد۔ اختراع۔

**پیداوار۔** (۱) زراعت و صنعت کا حاصل۔ ماحصل (۲) وہ چیز جو کھیت میں اُگے یا کارخانے میں تیار ہو۔ فصل۔ زراعت۔

**پیداوارِ خودرو۔** (ا۔ صف) وہ پیداوار جو بونے جوتے بغیر اُگ آئے۔

**پیداواری۔** پیداوار۔

**پیدائش۔** (پے۔ دا۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) جنم۔ خلقت۔

**پیدائشی۔** (پے۔ دا۔ اِ۔ شی) (ف۔ صف) اصلی۔ فطری۔ خلقی۔ ولادت کے وقت سے۔

**پے درپے۔** (ف) (۱) متواتر۔ لگاتار۔ اوپر تلے (۲) یکے بعد دیگرے۔ ایک کے بعد ایک۔

**پیدل۔** (پے۔ دَل) (ہ۔ صف) (۱) پیادہ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو (۲) شطرنج کا ادنیٰ مہرہ جو ایک گھر سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے (۳) پیادوں کی فوج

**پیدل اور سوار کا کیا ساتھ۔** (مثل) امیر اور غریب کا کیا جوڑ۔

**پیڈ۔** (Pad) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) سیاہی چوس۔ جاذب (۲) جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا پٹھا (۳) ہونٹ صاف کرنے کی چھوٹی گدی (۴) کپڑے کی گدی۔

**پیڈ۔** (Paid) (انگ۔ صف) ادا کردہ۔ وہ رقم یا محصول وغیرہ جو ادا کر دیا گیا ہو۔

**پیڈل۔** (Paddle) (پے۔ ڈل) (انگ۔ ا۔ مذ) بائیسکل۔ پیانو اور سینے کی مشین کا وہ نچلا حصہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

**پیر۔** (ف۔ صف) (۱) عمر رسیدہ۔ معمر۔ بڈھا (۲) ہادی۔ رہنما۔ مرشد (۳) ولی۔ بزرگ (۴) (ا۔ مذ) شریروں کا استاد (۵) دوشنبہ۔ سوموار۔

**پیر بھائی۔** (ا۔ مذ) ایک پیر کے مرید۔

**پیر بھچڑی۔** (ا۔ مذ) ہجڑوں کا پیر۔

**پیر بھچڑی کی کڑھائی۔** (ا۔ مث) ہجڑوں کے پیر بھچڑی کے فاتحہ کا حلوا جو کسی کو ہجڑا بناتے وقت یہ لوگ بنا کر آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔

**پیر تسمہ پا۔** (ف۔ صف) پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

**پیر تو آپ ہی درماندہ شفاعت کس کی کریں۔** (مثل) جو خود محتاج ہے وہ دوسروں کو کیا نفع پہنچائے گا۔

**پیر خرابات۔** (ف۔ مذ) (۱) شراب خانے کا مالک (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں مرشد کامل۔

**پیر دیدار کا کونڈا۔** (ا۔ مذ) ایک فرضی ولی کے نام کا کونڈا جسے عورتیں کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے کے لیے مانتی ہیں۔

**پیر زادہ۔** (ف۔ مذ) (۱) مرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے ہاں بزرگوں سے پیری مریدی ہوتی چلی آ رہی ہو۔

**پیر زال۔** بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔

**پیر زن۔** (ف۔ مث) بوڑھی عورت بڑھیا۔

**پیر شو بیاموز۔** (مثل) انسان کو چاہیے کہ ساری عمر سیکھتا رہے۔ بڑھاپے میں بھی سیکھنا ضروری ہے۔

**پیر طریقت۔** (ف۔ مذ) صوفیوں کا پیر (مرشد)۔

**پیر فرتوت۔** (ف۔ مذ) بہت بوڑھا۔ شیخ۔

**پیر فلک۔** (ف۔ مذ) پرانا ہونے کی وجہ سے آسمان کو کہتے ہیں۔

**پیر کرنا۔** مرشد بنانا۔ ہادی تسلیم کرنا۔

**پیر کنعان۔** (ف۔ مذ) (کنایتاً) حضرت یعقوب علیہ السلام۔

**پیر گو نہ فقیر کُتے پہلے کاٹنے چور کو۔** (مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی غیر اپنے آپ کو حقداروں پر مقدم رکھنا چاہے۔

**پیر کی پیری سے کام پیر کے فعلوں سے کیا کام۔** (مثل) بزرگ کی بزرگی سے مطلب ہے اُس کے افعال کی تحقیقات بیکار ہے۔

**پیر مرد۔** (ف۔ ا۔ مذ) بوڑھا آدمی۔ ضعیف۔ عمر رسیدہ۔

**پیر مغاں۔** (۱) آتش پرستوں کا پیشوا۔ آتش خانہ کا مجاور (۲) (طنزاً) گرگھنٹال مخدوم (۳) شراب بیچنے والا۔

**پیر من خس است اعتقادِ من بس است۔** (مثل) پیر کچھ نہیں نہ ہو اعتقاد بڑی چیز ہے۔



Marfat.com

**پیرِ نابالغ**۔ (ف۔ ث۔ مذ) وہ بُڈھا جو نا سمجھ بچّوں کی سی باتیں کرے۔ بے وقوف بُوڑھا۔

**پیر و مُرشد**۔ (۱) بزُرگ۔ اُستاد (۲) گُرو (۳) بادشاہ اور رئیس کو تعظیماً اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں۔

**پیر ہیلے**۔ (ا۔ مذ) عورتوں کے ایک فرضی پیر کا نام۔

**پَیر**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) قدم۔ پاؤں (۲) سُراغ۔ کھوج۔ پاؤں کا نشان (۳) اناج صاف کرنے کی جگہ (۴) صاف نہ کیے ہونے غلّے کا ڈھیر (۵) حیض جاری رہنے کی بیماری (۶) پیچ۔ (ق)

**پَیر بھاری ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔

**پَیر کا ناخن نہ دکھانا**۔ (ا۔ محاورہ) ذرا بھی سامنے نہ آنا۔

**پیروں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیروں پر سر ہونا۔ مِنّت خوشامد کرنا (۲) قدم لینا۔ آداب بجا لانا۔

**پیروں پیروں چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے پاؤں سے چلنا۔ سواری کے بغیر راستہ طے کرنا۔ پیدل چلنا۔

**پیروں میں سَر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) قدموں میں سَر رکھنا۔ نہایت عجز کرنا۔ از حد خوشامد کرنا۔

**پیروں میں مہندی لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) عذرِ بے جا کرنا۔ نامناسب حیلہ تراشنا۔

**پیرا**۔ (پَے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) قدم کا شگون۔ آنے کا شگون۔

**پیرا**۔ (پے۔ را) (ف۔ صف) سجانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے چمن پیرا۔ جمع: پیرایان۔

**پیرا**۔ (پی۔ را) (ہ۔ صف) زرد۔ پیلا۔

**پیراستہ**۔ (پَے۔ راس۔ تہ) (ف۔ صف) سنوارا ہوا۔ سجا ہوا۔ آراستہ۔ مُزیّن۔

**پیراشُوٹ**۔ (Parachute) (پَے۔ رَا۔ شُوٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) محافظ چھتری جس کی مدد سے انسان ہوائی جہاز سے کُود کر زمین پر پہنچتا ہے۔

**پیرافین**۔ (Paraffin) (پَے۔ را۔ فِین) (انگ۔ ا۔ مث) ایک بے رنگ و بُو چکنی چیز جو پٹرول وغیرہ کو صاف کرکے بنائی جاتی ہے۔

**پَیراک**۔ (پَے۔ راک) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی میں پیرنے والا۔ شناور۔ تیراک۔ پیراک ہی ڈوبتا ہے۔ (مثل) ہوشیار ہی نقصان اُٹھاتا ہے۔

**پَیراکی**۔ (پَے۔ را۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) تیرنے کا فن۔ شناوری۔

**پیراگراف**۔ (Paragraph) (پَے۔ را۔ گِ۔ راف) (انگ۔ ا۔ مذ) عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو۔ اُردو میں صرف پَیرا بھی مستعمل ہے۔

**پیرامن۔ پیرامون**۔ (پیَ۔ رَا۔ مَن) (پَے۔ را۔ مُون) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اِرد گرد اطراف (۲) دائرہ۔ گھاؤ (۳) کپڑے کا دامن۔

**پیران**۔ (پی۔ ران) (ف۔ ا۔ مذ) پیر کی جمع۔ بُڈھے بزرگ۔

**پیرانِ پیر**۔ (ف۔ مذ) حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانی کا لقب۔

**پیراں نمے پرند مریداں مے پرانند**۔ (مثل) پیر تو نہیں اُڑتے۔ مُرید اُڑاتے ہیں۔ پیروں کی کرامتیں مُرید مشہور کرتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں۔

**پیرانہ**۔ (پی۔ را۔ نہ) (ف۔ صف) پیر سے منسوب۔ بُڈھوں کی طرح۔

**پیرانہ سالی**۔ (ف۔ ا۔ مث) بڑھاپا۔ پیری۔

**پیراہن۔ پَیرہن**۔ (پَے۔ را۔ ہَن) (پَے۔ رہ۔ ہَن) (ف۔ ا۔ مذ) کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔ کُرتا۔

**پیراہنِ کاغذی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) فریادی کا لباس (۲) ناپائیدار چیز۔

**پیراہنِ یوسف**۔ (ف۔ مذ) حضرت یوسف علیہ السلام کا وہ کُرتا جو اُنہوں نے اپنے اندھے باپ یعقوب کے لیے بھیجا تھا۔ اسے جب حضرت یعقوب کے چہرے پر ڈالا گیا تو ان کی آنکھیں روشن ہو گئیں۔

**پیرا ہُوا**۔ (پَے۔ را۔ ہُو۔ آ) (ہ۔ صف) ماہر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔

**پیراؤ**۔ (پے۔ را۔ او) (ہ۔ صف) ڈباؤ پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔

**پیرائی**۔ (پے۔ را۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳) پیراکی۔

**پیرائی**۔ (پی۔ را۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈفالی۔ ڈھولک بجانے اور گانے بجانے والی ایک قوم۔

**پیرایہ**۔ (پَے۔ را۔ یَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زینت۔ زیور (۲) لباس۔ پوشاک (۳) طرز۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔

**پیرکوا**۔ (پَے۔ رَک۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مکھی کے برابر کیڑا جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اور کشتی کے نیچے چمٹا رہتا ہے (۲) پھوپنی جسے مچھلی کے شکاری بنسی کی ڈور میں باندھ دیتے ہیں جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور مچھلی کے پھنسنے کو بتاتی ہے۔

**پیرنا**۔ (پیر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تیرنا۔ بہنا (۲) عبور کرنا (۳) کسی فن میں ماہر ہو جانا (۴) خنجر۔ تلوار۔ چھُری کا آر پار ہو جانا (۵) پیچ بونا۔ (ق)

**پیرو**۔ (پَے۔ رَو) (ف۔ ا۔ مذ) پیچھے چلنے والا۔ تقلید کرنے والا۔ مقلد۔ مرید۔ چیلا۔

**پیرو کار**۔ (ف۔ صف) کسی معاملے میں کسی کی طرف سے پیروی کرنے والا وکیل۔ جمع: پیروکاراں۔

**پیرو کارِ سرکاری**۔ (ا۔ مذ) سرکاری وکیل۔ وہ وکیل یا پولیس افسر جو سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی اور کارروائی کی نگرانی کرے۔

**پیرُو**۔ (Peru) (پی۔ رُو) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) فیل مُرغ۔ ایک قسم کا بڑا مُرغ (۲) ایک قسم کا میوہ۔

**پیروڈی**۔ (Parody) (پَے۔ رو۔ ڈی) (انگ۔ ا۔ مث) مضحکہ خیز نقل۔ بھونڈی نقل۔ کسی مصنّف کی عبارت۔ نظم یا اسلوب بیان وغیرہ کی مضحک نقل۔

**پیروز**۔ (پی۔ روز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مُبارک (۲) فتح مند۔ مظفر۔ منصور۔ فیروز۔

**پیرول**۔ (Parole) (پَے۔ رول) (انگ۔ مذ) کسی قیدی کو کسی ضرورت کے لیے کچھ وقت تک کے لیے رہا کر دینا۔

**پَیروی**۔ (پَے۔ رَ۔ وی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تقلید۔ کسی کے قدم بقدم چلنا (۲) فرمانبرداری۔ اطاعت (۳) کوشش۔ جیسے مقدمے کی پیروی۔

**پَیرہن**۔ (پَے۔ رَ۔ ہَن) (ف۔ ا۔ مذ) لباس۔ پوشاک۔ پیراہن کا مخفف۔



Marfat.com

**پیری۔** (پے۔ ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) غلہ جو صاف کرتے وقت باقی رہے۔ (۲) اناج کا صوسر بلا ہوا ڈھیر (۳) پازیب۔

**پیری۔** (پی۔ ری) (ف۔ا۔مث) (۱) بڑھاپا (۲) مُرید بنانے کا پیشہ (۳) چالاک اُستادی (۴) حکومت۔ دعویٰ (۵) کرامت۔

**پیری و صد عیب چنیں گفتہ اند۔** ف۔ مثل: بڑھاپا سو عیبوں کے برابر ہے۔

**پیرے کہ دم ز عشق زند بس غنیمت است۔** (ف۔ مقولہ) اس بُوڑھے کی نسبت کہتے ہیں جو بڑھاپے میں جوانی کا دم بھرے۔

**پیریڈ۔** (Period) (پیر۔ یڈ) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مُدت۔ دور۔ زمانہ۔ وقت (۲) زمانہ کا کوئی حصہ (صدی۔ سنہ۔ سال)۔

**پیڑ۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) قدم کا نشان۔ چوری کا کھوج (۲) پاڑ۔ معماروں کی اونچی نشست جو لکڑی تختہ کا بنا کر بناتے ہیں۔ گو۔

**پیڑ۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) درخت۔ شجر (۲) پودا۔ بُوٹا۔

**پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں۔** (ا۔مثل) بُرے کام کا نتیجہ کبھی اچھا نہیں ہوتا۔

**پیڑ پھل ہی سے پہچانا جاتا ہے۔** (ا۔مقولہ) انسان کی گفتگو سے پتہ چل جاتا ہے کہ وہ اچھا ہے یا بُرا۔

**پیڑ گنا یا آم کھانا۔** (ا۔محاورہ) اپنی غرض سے مطلب رکھنا چاہیئے۔ کہیں سے ہو اور کسی طرح ہو۔

**پیڑ۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) درد۔ تکلیف (۲) دردزہ۔ بچہ پیدا ہونے کا درد۔

**پیڑیں لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) درد ہونا (۲) دردزہ ہونا۔

**پیڑا۔** (پے۔ ڑا) (ق۔ صف) تکلیف پہنچانے والا۔

**پیڑا۔** (پے۔ ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گندھے ہوئے آٹے کا ایک روٹی کے برابر گولا (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳) گول۔ خستہ۔ گول مول۔

**پیڑا۔** (پی۔ ڑا) (ہ۔ا۔مذ) دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ دردزہ۔

**پیڑکالا۔** (پیڑ۔ کا۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) زینہ۔

**پیڑنا۔** (ہ۔مص) (۱) دبانا (۲) بھینچنا (۳) نچوڑنا (۴) پیلنا۔ عرق نکالنا (۵) اذیت دینا (۶) پُرانے زمانے کی سزا۔

**پیڑو۔** (پے۔ ڑو) (ہ۔ا۔مذ) ناف سے نیچے کا حصہ۔

**پیڑو کی آنچ۔** عورت کی خواہش نفسانی کی محبت (مرد کے ساتھ)۔

**پیڑھا۔** (پی۔ ڑھا) (ہ۔ا۔مذ) کرسی نما کھٹولا۔

**پیڑھی۔** (پی۔ ڑھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کھٹولی (۲) خاندان کا سلسلہ۔ نسل۔ پُشت (۳) قدامت (۴) بہت مُدت کی جگہ۔

**پیڑھی در پیڑھی۔** (۱) نسلاً بعد نسل۔ باپ دادا سے (۲) موروثی۔ روایتی۔

**پیڑی۔** (پے۔ ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چڑھنے کی جگہ۔ کوٹھے پر چڑھنے کی جگہ (۲) زینہ۔

**پیڑی۔** (پی۔ ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کا پان۔ درخت کا تنا (۳) بیل کا درخت جب قلم ہو چکے اور صرف تنا رہ جائے۔

**پیز۔** (ہ۔ا۔مث) پیزار کا مخفف۔ ضد۔ دشمنی۔

**پیز پڑ جانا۔** (ا۔محاورہ) ضد ہو جانا۔ دشمنی ہو جانا۔

**پیزار۔** (پے۔ زار) (ف۔ا۔مث) جوتی۔ کفش۔ پاپوش۔ نعلین۔

**پیزار پر مارنا۔** (ا۔محاورہ) حقیر جاننا۔ بے حقیقت سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔

**پیزار دکھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جوتا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا۔ بے پروائی جتانا۔

**پیزار سے۔** (ا۔مقولہ) جوتی سے۔ بلا سے۔ کیا پروا ہے۔

**پیزار کی نوک پر۔ پیزار کی نوک سے۔** (ا۔محاورہ) پاپوش سے۔ جوتی سے۔ کیا پروا ہے۔

**پیسا۔** (پے۔ سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) روپے کا سولہواں حصہ۔ مال و زر۔ دولت۔

**پیسا اڑانا۔** (ا۔محاورہ) روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

**پیسا پیسا کمایا چیونٹی بھر اٹھایا۔** (ا۔مثل) محنت کر کے تھوڑا تھوڑا جمع کیا۔ تھوڑے وقت میں لُٹ دیا۔

**پیسا ٹھیکری کر دینا۔** (ا۔محاورہ) بے دریغ روپیہ صرف کر دینا۔

**پیسا جوڑنا۔** (ا۔محاورہ) روپیہ پیسہ جمع کرنا۔ بخل کرنا۔

**پیسا ڈبونا۔** (ا۔محاورہ) روپیہ کھونا۔ دولت برباد کرنا۔

**پیسا کھوٹا ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) اولاد کا بدچلن اور آوارہ ہو جانا۔

**پیسا ڈوبنا۔** (ا۔محاورہ) نقصان ہونا۔ دولت کا برباد ہو جانا۔ قرض وصول نہ ہونا۔

**پیسا گانٹھ کا بیٹا پیٹ کا۔** (ا۔مثل) سگا بیٹا اور اپنی جیب کا پیسا ہی کام آتا ہے۔

**پیسا گانٹھ کا اور جورو ساتھ کی۔** (ا۔مثل) روپیہ اور بیوی اس کی ہے جس کے پاس ہو۔

**پیسا ہاتھ کی میل ہے۔** (ا۔مثل) دولت بے حقیقت چیز ہے۔

**پیسے دھڑی۔** (ا۔مث) ایک پیسے کی دھڑی بھر۔ پیسے کی پانچ سیر۔ بہت سستی۔

**پیسے کا پُورت (میت)۔** (ا۔صف) حریص۔ لالچی۔ زر پرست۔

**پیسے کے کام کا نہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) نکما ہونا۔ بے حقیقت ہونا۔

**پیسے والا۔** (ا۔صف) دولت مند۔ مال دار۔ امیر۔

**پیس۔** (ہ) (۱) تاش کھیلنے والوں کی اصطلاح میں پتے تقسیم کرنا (۲) محنت مشقت (۳) پیسنا کا امر۔

**پیس پاس کے۔** پیس کر۔

**پیس پاس منہاج مرے۔ کرامت محمد جھنڈے کو۔** (مثل) محنت کوئی کرے اور اس کا صلہ کوئی پائے۔

**پیس ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چُورا کر دینا (۲) تباہ کر دینا۔ خاک کر دینا۔

**پیس لوں تو پیٹوں۔** (مثل) روزی کی فکر مُردے کے ماتم سے مقدم ہے۔

**پیس موئی پکا موئی آئے لوٹھے کھا گئے۔** (مثل) ہم محنت کرتے کرتے تھک گئے اور فائدہ کسی اور نے اٹھایا۔

**پیسٹری۔** (Pastry) (پیسٹ۔ ری) (انگ۔ا۔مث) ایک انگریزی مٹھائی۔

**پیسنا۔** (پیس۔ نا) (ہ۔مص) (۱) ریزہ ریزہ کرنا۔ سفوف کرنا (۲) رگڑنا۔ گھسنا۔ (۳) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۴) سخت کام کرنا۔

**پیسنجر۔** (Passenger) (پے۔ سن۔ جر) (انگ۔ا۔مذ) مسافر۔

**پیسنجر ٹرین۔** (Passenger Train) (انگ۔ مث) مسافر گاڑی۔

**پیسندار۔** (پے۔ سن۔ دار) (ق) دولت مند۔



Marfat.com

**پیسی**۔ (پیس - ی) (ہ ۔ ا ۔ مث) سخت محنت ۔ مصیبت۔
**پیش**۔ (ف ۔ صف) (۱) آگے ۔ سامنے (۲) پہلے ۔ قبل۔ آئندہ (۳) (ا ۔ مذ) ضمّہ۔ وہ علامت جو کسی حرف کے اُوپر نصف واؤ کی آواز کے لیے لکھتے ہیں (۴) انگرکھے کی اگاڑی (۵) تسبیح کا وہ دانہ جو سب دانوں کے اُوپر ہوتا ہے۔
**پیش آنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آگے آنا ۔ ظہور میں آنا (۲) برتاؤ کرنا۔
**پیش ازمرگ واویلا**۔ (مثل) تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا۔ کسی امر کے پیش آنے سے پہلے ہی پریشان ہونے لگنا۔
**پیش ازیں**۔ (ف) اس سے پہلے ۔ اس سے آگے۔
**پیش امام**۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پیش نماز ۔ امام ۔ نماز پڑھانے والا۔
**پیش بند**۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) زیر بند ۔ وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جُھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔
**پیش بندی**۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دُور اندیشی ۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا۔
**پیش بیں**۔ (ف ۔ مذ) دُور اندیش ۔ عاقبت اندیش ۔ کسی معاملے کو پہلے سوچ لینے والا۔
**پیش بینی**۔ (ف ۔ مث) مآل اندیشی ۔ دُور اندیشی۔
**پیش پا اُفتادہ**۔ (ف ۔ صف) نہایت معمولی ۔ سامنے کی بات ۔ فرسودہ۔
**پیش پیش**۔ (ف) آگے آگے۔
**پیشتر**۔ (ف ۔ صف) پہلے ۔ بہت پہلے
**پیش (جانا) چلنا**۔ (ا ۔ محاورہ) قابو چلنا ۔ کارگر ہونا۔
**پیش خدمت**۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) خدمت گار (۲) بیگمات کی خدمت کرنے والی ۔ خادمہ۔
**پیش خیمہ**۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) امیر کا خیمہ وہ سامان جو فوج کی روانگی سے پہلے اگلی منزل کو بھیجا جاتا ہے (۲) کسی واقعہ کی تمہید (۳) ہرکارہ ۔ پیادہ ۔ ملازم (۴) مُقدمۃ الجیش ۔ ہراول۔
**پیش دست**۔ (ف ۔ صف) (۱) آگے کام آنے والا ۔ اسسٹنٹ ۔ نائب (۲) سبقت کرنے والا۔
**پیش دستی کرنا**۔ (ا ۔ محاورہ) پہل کرنا ۔ سبقت کرنا (۲) حملہ کرنا۔
**پیش رفت**۔ (ف ۔ صف) (۱) قابو ۔ بس (۲) مؤثر ۔ کارگر۔
**پیش رَو**۔ (ف ۔ صف) آگے آگے چلنے والا ۔ آگے گزرنے والا۔
**پیش قبض**۔ (ف ۔ مذ) (۱) خنجر ۔ چھرا ۔ کٹار (۲) کُشتی کے ایک پیچ کا نام۔
**پیش قدمی**۔ (ف ۔ مث) (۱) بڑھ کے کام کرنا ۔ پہل (۲) حملہ ۔ چڑھائی (۳) دلیری ۔ جرأت۔
**پیش کار**۔ (ف ۔ مذ) (۱) منیجر ۔ مددگار ۔ نائب (۲) نائب سررشتہ دار ۔ مسل خواں۔
**پیش کرنا**۔ (ا ۔ مص) سامنے کرنا ۔ حاضر کرنا ۔ آگے رکھنا۔
**پیش کش**۔ (ف ۔ صف) (۱) بھینٹ ۔ نذر (۲) ہدیہ ۔ تحفہ (۳) محصول ۔ خراج
**پیش گاہ**۔ (ف ۔ مث) (۱) سامنے ۔ رُوبرو ۔ حضور (۲) دربار ۔ صدر ۔ اجلاس۔
**پیش گوئی ۔ پیشین گوئی**۔ (ف ۔ مث) کسی بات کی پہلے سے خبر دینا۔
**پیشگی**۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ اُجرت جو کام سے پہلے دی جائے ۔ چیز خریدنے سے پہلے اس کی قیمت کا کچھ ادا کرنا۔
**پیش لفظ**۔ (ف ۔ مذ) آغاز کلام ۔ کتاب کا دیباچہ (انگریزی Forward)
**پیش نظر**۔ پیش نگاہ ۔ نگاہ کے سامنے۔
**پیش نماز**۔ (ف ۔ مذ) امام ۔ نماز پڑھانے والا۔
**پیش نہاد**۔ (ف ۔ مذ) (۱) مدِّ نظر ۔ ارادہ (۲) نمونہ ۔ مثال (۳) رسم ۔ رواج۔
**پیش و پس**۔ (ف) آگے پیچھے۔
**پیشاب**۔ (پے ۔ شاب) (ف ۔ ا ۔ مذ) بَول ۔ مُوت ۔ قارورہ۔
**پیشاب بند ہونا**۔ (۱) مُوت بند ہونا (۲) کسی شخص سے ڈرنا۔
**پیشاب بھی نہ کرنا**۔ (ا ۔ محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔
**پیشاب خطا ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) کسی شخص کا ڈر سے مُوت نکل جانا ۔ بہت خوف کھانا۔
**پیشاب سے چراغ جلتا ہے**۔ (مثل) دھاک بیٹھی ہے ۔ رُعب جما ہوا ہے۔
**پیشاب کرنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مُوتنا (۲) از حد حقیر سمجھنا ۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔
**پیشاب کی دھار پر مارنا**۔ (ا ۔ محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔
**پیشاب کی راہ بہانا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فضول خرچی کرنا (۲) بدچلنی میں صرف کرنا۔
**پیشاب میں چراغ جلنا**۔ (ا ۔ محاورہ) رعب ہونا ۔ دھاک بیٹھنا۔
**پیشاب (نکلنا) نکل جانا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مُوت دینا (۲) ڈرنا ۔ خوف سے کانپنا
**پیشانی**۔ (پے ۔ شا ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) ماتھا ۔ جبیں (۲) قسمت ۔ نصیب (۳) سرنامہ ۔ القاب (۴) کاغذ کا بالائی حصّہ جو عبارت سے اُوپر خالی چھوڑ دیا جائے۔
**پیشانی پر شکن (بل) پڑنا**۔ (ا ۔ محاورہ) چہرے سے رنج ظاہر ہونا ۔ ملال ہونا ۔ غصّہ آنا۔
**پیشانی پر لکھا ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) نوشتۂ تقدیر ہونا ۔ چہرے سے عیاں ہونا۔
**پیشانی رگڑنا**۔ (ا ۔ محاورہ) بہت خوشامد کرنا ۔ فرماں برداری کرنا۔
**پیشانی کا خط ۔ پیشانی کی تحریر**۔ تقدیر کا لکھا ہوا ۔ نوشتۂ قسمت۔
**پیشانی کا لکھا**۔ (ا ۔ مثل) قسمت کی بات ۔ نوشتۂ تقدیر۔
**پیشوا**۔ (پیش ۔ وا) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) رہبر ۔ رہنما ۔ امام (۲) مرہٹوں کے سردار کا لقب ۔ جمع ؛ پیشوایان۔
**پیشواز**۔ (پیش ۔ واز) (ف ۔ ا ۔ مث) عورتوں کا ایک گھیردار لباس (۲) جھمک (۳) سردار ۔ (ق) دیکھیے پشواز۔
**پیشوائی**۔ (پیش ۔ وا ۔ ای) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) رہبری ۔ رہنمائی (۲) استقبال۔
**پیشہ**۔ (پے ۔ شہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) ہنر ۔ فن ۔ کام ۔ دھندا ۔ روزگار۔
**پیشہ وَر**۔ (ف ۔ مذ) (۱) کسی قسم کا کام کرنے والا (۲) تاجر ۔ دکاندار (۳) اہلِ حرفہ ۔ ہنرور۔
**پیشی**۔ (پے ۔ شی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) حضوری (۲) زیرِ تجویز مقدمے کی سماعت کی تاریخ۔
**پیشی کا (محرّر یا) منشی**۔ وہ شخص جو حاکم کے سامنے کاغذات پیش کرے ۔ مسل خواں ۔ پیش کار۔



Marfat.com

**پیشین** ۔ (پے ۔ شین) [ف ۔ ا ۔ مذ] پہلا ۔ قدیم زمانے کا ۔ اگلا ۔
**پیشین گوئی** ۔ کسی واقعہ کی قبل از وقت اطلاع ۔
**پیغارہ** ۔ (پے ۔ غا ۔ رَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] طعنہ ۔ سرزنش ۔
**پیغام** ۔ (پے ۔ غام) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) سندیسا ۔ زبانی بات ۔ پیام (۲) شادی ۔ یا نسبت کی درخواست ۔ جمع : پیغامات ۔
**پیغام دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی سے کوئی بات کہلا بھیجنا ۔ شادی کی درخواست کرنا ۔
**پیغام ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شادی یا نسبت کی درخواست کرنا ۔
**پیغام سلام** ۔ سوال و جواب ۔ بات چیت ۔
**پیغا ما پیغامی** ۔ (پے ۔ غا ۔ ما ۔ پے ۔ غا ۔ می) [اُر ۔ ا ۔ مث] اُدھر سے اِدھر ۔ اور اِدھر سے اُدھر پیام آنا جانا ۔ پیام سلام ۔
**پیغمبر** ۔ (پے ۔ غم ۔ بَر) [ف ۔ ا ۔ مذ] خدا کا حکم لانے والا ۔ پیشوائے دین ۔ قاصد ایلچی ۔ سفیر ۔ پیامبر ۔ نبی ۔ رسول ۔ جمع : پیغمبراں ۔
**پیغمبری** ۔ (پے ۔ غم ۔ بَ ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مث] نبوّت ۔ رسالت ۔ خدائی پیغام بندوں تک پہنچانے کی خدمت ۔
**پیغمبری وقت پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت مصیبت پڑنا ۔
**پیک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) قاصد ۔ ہرکارہ ۔ نامہ بر ۔ چٹھی رساں ۔
**پیک** ۔ (Pack) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مال و اسباب کو باندھنا ۔
**پیک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) پان کا رنگین تھوک (۲) کھیت کی تیار فصل (۳) بوتلوں میں رقیق شے بھرنے کا آلہ ۔
**پیکدان** ۔ (ہ ۔ ف ۔ مذ) اُگال دان ۔ وہ برتن جس میں پان کا اُگال ڈال دیتے ہیں ۔
**پیکا** ۔ (پے ۔ کا) [ق ۔ ا ۔ مذ] پیسہ ۔
**پیکار** ۔ (پے ۔ کار) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) جنگ ۔ لڑائی (۲) حاصل کرنے والا ۔ (۳) پھیری والا ۔
**پیکاں** ۔ (پے ۔ کاں) [ف ۔ ا ۔ مذ] برچھی یا بھالے وغیرہ کی انی ۔ نیزے کی نوک
**پیکٹ** ۔ (Pact) [انگ ۔ ا ۔ مذ] معاہدہ ۔ عہد نامہ ۔
**پیکٹ** ۔ (Packet) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھوٹا بنڈل ۔
**پیکر** ۔ (پے ۔ کَر) [ف ۔ ا ۔ مث] چہرہ ۔ شکل ۔ صورت ۔ جمع : پیکراں ۔
**پیکر** ۔ (Packer) (پے ۔ کَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] اسباب بند کرنے والا ۔ سامان پیک کرنے والا ۔
**پیکڑا ۔ پیکڑی** ۔ (پیک ۔ ڑا) (پیک ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ پہلا مذ ۔ دوسرا مث] (۱) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی (۲) عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور ۔
**پیگشی** ۔ (پے ۔ گش ۔ ی) [ق ۔ ا ۔ مذ] رات کو پہرہ دینے والا ۔
**پیل** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دھکا ۔ ریلا ۔ جیسے دھکا پیل (۲) پیلنا کا امر ۔
**پیل** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہاتھی ۔ فیل (۲) شطرنج کا وہ مہرہ جو آڑا چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے ۔ جمع : پیلاں ۔
**پیلبان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) فیل بان ۔ مہاوت ۔ ہاتھی چلانے والا ۔ جمع : پیلباناں
**پیل بانی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مہاوت کا پیشہ ۔
**پیلپا** ۔ پاؤں پھول کر نہایت موٹے ہو جانے کی بیماری ۔ فیل پا ۔
**پیلپایہ** ۔ کھم ۔ کھمبا ۔ ستون ۔
**پیل پیکر** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) قوی ہیکل ۔ بڑے جُثّے کا (۲) رستم کا لقب ۔

**پیل ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کچومر نکال دینا ۔ بہت ظلم و ستم کرنا ۔
**پیلا** ۔ (پی ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کیسری ۔ زرد ۔ زعفرانی (۲) شطرنج کا مہرہ ۔ پیل ۔
**پیلرا ۔ پیلڑا ۔ پیلڑھ** ۔ (پیل ۔ را) (پیل ۔ ڑا) (پے ۔ لڑھ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] فوطہ ۔ خصیہ ۔ خایہ ۔
**پیلنا** ۔ (پیل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دھکیلنا ۔ آگے یا پیچھے ہٹانا (۲) کولھو میں پینا ۔ تیل نکالنا (۳) گھسیڑنا ۔ داخل کرنا (۴) ڈنڈ پیلنا ۔
**پیلو** ۔ (پی ۔ لُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی مسواک بناتے ہیں (۲) ایک راگنی (۳) فیل مرغ ۔
**پیلوَر** ۔ (پے ۔ لوَر) [ق] پرے ۔ آئندہ ۔ اُدھر ۔
**پیلہ** ۔ (پی ۔ لَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ریشم کا کیڑا (۲) کویۂ ابریشم (۳) شطرنج کا مہرہ ۔
**پیلی** ۔ (پی ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) زرد (۲) اشرفی ۔
**پیم** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] پریم ۔ محبت ۔ یارانہ ۔ پریت ۔
**پیما** ۔ (ف ۔ لاحقہ) مصدر پیمودن کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آ کر اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ناپنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے حرارت پیما بارش پیما ۔
**پیمان** ۔ (پے ۔ مان) [ف ۔ ا ۔ مذ] عہد ۔ قسم ۔ شرط ۔ وعدہ ۔ اقرار ۔
**پیمان شکن** ۔ (ف ۔ صف) عہد توڑنے والا ۔ عہد پر قائم نہ رہنے والا ۔
**پیمانہ** ۔ (پے ۔ مانَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] گلاس (۲) ناپنے کا آلہ ۔ پلڑا ۔ ترازو ۔
**پیمانہ بھر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موت آ جانا ۔
**پیمانہ چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شراب پینا ۔
**پیمانہ چھلکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی سیال چیز کا لبریز ہو کر گرنا (۲) کم ظرفی ظاہر ہونا ۔ آنسوؤں کا تار بندھنا ۔
**پیمانہ کش (گسار)** ۔ (ف ۔ صف) شراب خور ۔
**پیمانہ لبریز ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پیالہ بھر جانا (۲) زندگی ختم ہونا ۔
**پیمائش** ۔ (پے ۔ ما ۔ اِش) [ف ۔ ا ۔ مث] ناپ ۔ خصوصاً زمین کا ناپ ۔
**پیمبر** ۔ (پَے ۔ یَم ۔ بَر) [ف ۔ ا ۔ مذ] پیغمبر ۔ نبی ۔
**پیمک** ۔ (پے ۔ مک) [ہ ۔ ا ۔ مث] سنہرا گوٹا جو کلابتوں سے بنایا اور انگرکھوں اور ٹوپیوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ۔
**پیں** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] باریک آواز ۔ باجے یا نفیری کی آواز ۔
**پیں بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عاجز ہونا ۔ تنگ آ جانا ۔
**پینا** ۔ (پے ۔ نا) [ہ ۔ صف] (۱) تیز ۔ ترش ۔ نوکدار (۲) [ا ۔ مذ] آنکس ۔
**پینا** ۔ (پی ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) نوش کرنا ۔ کسی رقیق چیز کا حلق کے نیچے اُتارنا ۔ (۲) شراب نوشی کرنا (۳) حقے کا دم لگانا (۴) چوسنا (۵) جھیلنا ۔
**پینتالیس** ۔ (پین ۔ تا ۔ لیس) [ہ ۔ صف] پانچ اوپر چالیس ۔ ۴۵ ۔
**پینتیس** ۔ (پین ۔ تیس) [ہ ۔ صف] پانچ اوپر تیس ۔ ۳۵ ۔
**پینٹ** ۔ (Paint) [انگ ۔ ا ۔ مذ] رنگ ۔ روغن ۔
**پینٹر** ۔ (Painter) (پین ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) مصوّر ۔ نقّاش (۲) رنگ ساز ۔



Marfat.com

**پینٹری۔** (Pantry) (پَین۔ٹ۔ری) (انگ ۔ا۔مث) وہ کوٹھڑی جس میں کھانے پینے کی چیزیں اور برتن رکھے جاتے ہیں۔

**پینٹنگ۔** (Painting) (انگ۔ا۔مث) (۱) مصوری۔ نقاشی۔ (۲) رنگ سازی۔

**پینٹھ۔** (ہ۔ا۔مث) آٹھویں روز کا بازار۔ روز بازار۔ ہاٹ۔

**پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آموجود ہوئے۔** (ا۔مثل) معاملہ ابھی طے نہیں ہوا۔ خود غرض لوگ پہلے ہی آگئے (۲) کام ابھی ہوا نہیں اور مانگنے والے آگئے۔

**پینجن۔** (پَین۔جَن) (ہ۔ا۔مذ) پاؤں کا ایک زیور۔

**پینجنی۔** (پَینج۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کا ایک جوف دار بجتا ہوا چھلا۔ جھانجر (۲) گاڑی کی وہ خوشنما لکڑی جو پہیئے کی روک ہوتی ہے۔ جس سے وہ دُھرے سے باہر نہیں نکلنے پاتا۔

**پینجنا۔** (ا۔مص) روئی کو بنولوں سے الگ کر کے دھنکنا۔

**پیندا۔** (پیں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) تلا۔ برتن کا نچلا حصہ۔ کسی چیز کے نیچے کا حصہ۔

**پیندے کا ہلکا۔** (ا۔محاورہ) بات کا کچا۔ غیر مستقل مزاج۔ کبھی اِدھر کبھی اُدھر ہونے والا۔

**پیندے کے بل بیٹھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چوتڑوں کے بل بیٹھنا (۲) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۳) تھک جانا۔ دیوالہ نکلنا (۴) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

**پیندی۔** (پیں۔دی) (ہ۔ا۔مث) (۱) توپ یا بندوق کی کوٹھی (۲) گاجر یا مولی کی جڑ (۳) کسی چیز کا نچلا حصہ۔

**پینڈ۔** (ق) (۱) پکا (۲) وہ رقم جو شادی کے موقع پر جہیز کی جگہ دی جائے۔

**پینڈا۔** (پیں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) راستہ۔ پگڈنڈی۔ قدم۔ فاصلہ۔

**پینڈلم۔** (Pendulum) (پیں۔ڈُ۔لم) (انگ۔ا۔مذ) گھڑی یا گھنٹے کا لٹکن یا لنگر۔

**پینڈی۔** (پیں۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) لڈو جو میوے گھی اور کھانڈ سے بنائے جاتے ہیں۔

**پینس۔** (پِی۔نَس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پالکی۔ ایک قسم کا ڈولا۔ نِنَس (۲) ناک کی ایک بیماری۔

**پینسٹھ۔** (پَیں۔سَٹھ) (ہ۔صف) پانچ اُوپر ساٹھ۔ ۶۵۔

**پینک۔** (پی۔نک) (ہ۔ا۔مث) افیون یا پوست کی اونگھ۔

**پینک میں آنا۔** (ا۔محاورہ) نشہ میں اونگھنا۔ افیون کا نشہ چڑھنا۔

**پینک میں ہونا۔** (ا۔محاورہ) بے خبر ہونا (۲) افیون یا پوست کے نشے میں ہونا

**پیخ نکالنا۔** (ا۔مص) نقص نکالنا۔ عیب نکالنا۔

**پینگ۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) جھولے کا لمبا جھونک (۲) جھولے کی رسی (۳) ایک قسم کی جڑ۔

**پینگ بڑھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جھولے کا لمبا جھونک لینا (۲) میل جول بڑھانا۔ بے تکلفی بڑھانا۔

**پینگ دینا۔** (ا۔محاورہ) جھولے میں جھونکا دینا۔

**پینگوئن۔** (Penguin) (پَینگ۔وِن) (انگ۔ا۔مذ) ایک بحری پرندہ۔

**پینی۔** (Penny) (پے۔نی) (انگ۔ا۔مث) برطانیہ کا سب سے چھوٹا تانبے کا سکہ۔ شلنگ کا بارھواں حصہ۔

**پیو۔** (ق) (پی) پیارا۔ محبوب خاوند۔

**پیوڑی۔** (پ۔یو۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی زرد مٹی۔

**پیوست۔** (پے۔وَست) (ف۔صف) (۱) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ جوڑ۔ طوپ۔

**پیوست کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ملانا۔ چسپاں کرنا۔ چبھونا (۲) مضبوط کرنا (۳) جذب کر دینا۔

**پیوستگان۔** (پے۔وَس۔تَ۔گان) (ف۔ا۔مذ) اقربا۔ عزیز و اقارب۔

**پیوستہ۔** (پے۔وَس۔تہ) (ف۔صف) (۱) ملا ہوا۔ ملحق (۲) ایک جان (۳) ہمیشہ۔ مدام (۴) گذشتہ۔ گزرا ہوا۔

**پیوسی۔** (پ۔یو۔سی) (ہ۔ا۔مث) گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ بوہلی۔

**پیون۔** (Peon) (پی۔ان) (انگ۔ا۔مذ) چپڑاسی۔ ہرکارہ۔ ڈاکیا۔ چٹھی رساں

**پیوند۔** (پے۔وَند) (ف۔ا۔مذ) (۱) بندش۔ بستگی (۲) چیپی۔ جوڑ۔ مناسبت۔ میل (۳) عزیز و اقربا۔ شوہر۔ جورو (۴) ایک ہم جنس درخت کی شاخ کا دوسرے ہم جنس درخت سے جوڑ۔

**پیوند دار۔** (ا۔مذ) جس چیز میں پیوند لگایا گیا ہو۔ پیوند لگا ہوا۔

**پیوند زمین۔** (ف۔صف) مر کر زمین میں دفن۔

**پیوند لگانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جوڑ لگانا۔ گانٹھنا (۲) ایک درخت کی شاخ کا اُسی قسم کے دوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا (۳) میل سے میل ملانا۔

**پیوند گانٹھنا۔** (ا۔محاورہ) کپڑے میں جوڑ لگانا۔ ایک درخت سے دوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا۔

**پیوند میں پیوند مل جانا۔** (ا۔محاورہ) نسل میں نسل مل جانا۔

**پیوندی۔** (پے۔وَندی) (ف۔ا۔مذ) (۱) پیوند لگایا ہوا۔ وہ درخت جس میں پیوند لگایا گیا ہو (۲) پیوند والے درخت کا پھل (۴) دوغلا۔ دو رنگا۔

**پیوندی مونچھیں۔** (ہ۔ا۔مث) وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں۔

**پیویلین۔** (Pavilion) (پے۔وی۔لی۔اَن) (انگ۔ا۔مذ) (۱) شہ نشین (عمارت کا آگے کو نکلا ہوا حصہ جو عموماً نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ہے) (۲) خوش نما بنگلہ خصوصاً وہ جو کرکٹ کے میدان کے پاس کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لیے بنا دیا جاتا ہے (۳) بڑا چوبی دار خیمہ۔

**پیہ۔** (ف۔ا۔مث) چربی۔

**پیہر۔** (پی۔ہَر) (ہ۔ا۔مذ) میکا۔ ماں باپ کا گھر۔

**پیہم۔** (پے۔ہَم) (ف۔تابع فعل) لگاتار۔ متواتر۔ پے درپے۔

**پیہو۔** (پی۔ہُو) (ہ۔ا۔مذ) پپیہے کی آواز۔

**پیٹی۔** (پے۔ای) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا صندوق یا پٹارا۔

**پیئی۔** (پے۔ای) (ہ۔ا۔مث) پاؤ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے ادھ پئی۔

**پیے دودھ اور کھائے مال۔** (مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہو۔

**پیے ہونا۔** (ا۔محاورہ) شراب کے نشے میں مدہوش ہونا۔



Marfat.com

# ت

(تے) (ع ۔ مث) اُردو و فارسی حروفِ تہجی کا چوتھا عربی کا تیسرا اور ہندی کا سولھواں حرف ۔ حسابِ ابجد میں اس کے چار سو عدد مقرر ہیں ۔

## ت ۔ ا

**تا** ۔ (ف) (۱) تہ ۔ بل ۔ پیچ (۲) تک ۔ جس وقت تک ۔ جب تک ۔ جب جب تک ۔ تاکہ ۔ اس لئے کہ ۔ اگر (۳) بچوں کا ایک کلمہ (۴) مانند ۔

**تاامکان** ۔ مقدور بھر ۔ جہاں تک طاقت ہے ۔

**تاآں کہ** ۔ (ف) وہاں تک کہ ۔

**تا اینکہ** ۔ (ف) یہاں تک کہ ۔

**تا بہ اوجِ فلک** ۔ (ف ۔ ع) (۱) آسمان کی بلندی تک (۲) بہت اونچا ۔

**تا بہ (حیات) زیست** ۔ (ع ۔ ف) جیتے جی ۔ جنم بھر ۔ زندگی بھر ۔ عمر بھر ۔ جب تک زندگی ہے ۔

**تا بہ دامن** ۔ (ف) دامن تک ۔

**تا بہ کجا ۔ تا کجا** ۔ (ف) تا بکے ۔ تا کے ۔ کب تک ۔ کہاں تک ۔

**تا بکے** ۔ (ف) کب تک ۔

**تا بہ مقدور ۔ تا مقدور** ۔ (ف) جہاں تک ممکن ہو ۔ حتی الامکان ۔

**تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مُردہ شود** (ف ۔ مثل) جب تک عراق سے تریاق آئے ۔ سانپ کا کاٹا مر جائے گا ۔ شدید انتظار کا کلمہ ۔

**تا تو بمن میرسی من بخدا می رسم** (ف ۔ مثل) جب تک تو میرے پاس پہنچے میں خدا کے پاس پہنچ رہوں گا یعنی مر جاؤں گا ۔ شدتِ انتظار کا اظہار ۔

**تا چند** ۔ (ف) کب تک ۔

**تا حال** ۔ (ف ۔ ع) اس وقت تک ۔ اب تک ۔

**تا حینِ حیات** ۔ (ف ۔ ع) زندگی بھر ۔ جب تک زندہ ہے ۔

**تا دمِ زیست** ۔ (ف ۔ ع) تا زندگی ۔ تا زیست ۔ عمر بھر ۔ زندگی تک ۔

**تا کہ** ۔ (حرفِ علت) کیونکہ ۔ اس لئے کہ ۔ اس واسطے کہ ۔

**تا مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد** (ف ۔ مثل) جب تک آدمی بات نہ کرے اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں ۔

**تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا** ۔ (ف ۔ مثل) جب تک کوئی اصلیت نہیں ہوتی ۔ خواہ مخواہ لوگ بہت کچھ بڑھا کر نہیں کہتے ۔

**تا وقتیکہ** ۔ (ف) اس وقت تک ۔ جب تک ۔

**تا ہم** ۔ (ف) پھر بھی ۔ اس پر بھی ۔

**تاب** ۔ (ف ۔ ۔ مث) (۱) روشنی ۔ نور ۔ چمک (۲) گرمی ۔ حرارت (۳) پیچ و خم ۔ بل ۔ پیچیدگی (۴) طاقت ۔ قدرت ۔ مجال (۵) برداشت ۔ صبر ۔ تحمل (۶) رنج و تکلیف (۷) آب ۔ جلا (۸) (ف ۔ لاحقہ) چمکنے والا ۔ روشن کرنے والا ۔ جیسے شب تاب ۔

**تاب باقی نہ رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ضبط نہ ہو سکنا (۲) چمک نہ رہنا ۔

**تاب خانہ** ۔ (ف ۔ مذ) گرم کمرہ ۔

**تاب دادہ** ۔ (ف ۔ صف) مروڑا ہوا ۔ بل دیا ہوا ۔

**تاب دار** ۔ (ف ۔ صف) (۱) تاباں ۔ براق ۔ روشن ۔ چمکتا ہوا (۲) پیچ دار ۔ بلدار ۔

**تاب دان** ۔ (ف ۔ مذ) روشن دان ۔ روزن ۔ کھڑکی ۔

**تاب دینا** ۔ (ا ۔ مص) (۱) روشن کرنا ۔ چمک دینا (۲) تیز کرنا (۳) مروڑنا ۔

**تاب رہنا** ۔ برداشت کرنا ۔ صبر کرنا ۔ عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے تاب نہ رہنا ۔

**تاب ضبط نہ رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ضبط کی طاقت نہ رہنا ۔

**تاب کار** ۔ گرم تاب ۔ شعاع زن جس میں گرم تابی سے برق پیا وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو ۔

**تاب کاری** ۔ گرم تابی ۔ شعاع زنی ۔ (Radio-Activity)

**تاب کھانا** ۔ مروڑ کھانا ۔ بل کھانا ۔

**تاب گی** ۔ (ف ۔ مذ) چلم کا توا ۔

**تاب لانا** ۔ برداشت کرنا ۔ متحمل ہونا ۔

**تابِ مقاومت نہ لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مقابلے کی طاقت نہ رکھنا ۔

**تابناک** ۔ (ف ۔ صف) (۱) روشن ۔ چمکیلا (۲) پیچیدہ ۔

**تاب نہ رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) برداشت نہ رہنا (۲) چمک کا جاتے رہنا ۔ بے رونق ہونا ۔

**تاب نہ لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) برداشت نہ کر سکنا ۔ گھبرا جانا ۔

**تاب و تب** ۔ سخت گرمی ۔ جلن ۔ بے قراری ۔

**تاب و تواں** ۔ (طاقت) (۱) مجال ۔ قدرت (۲) ظرف ۔ حوصلہ ۔ صبر ۔ تحمل ۔ برداشت ۔

**تاباں** ۔ (تا ۔ باں) (ف ۔ صف) (۱) روشن ۔ درخشاں ۔ چمک دار ۔ نورانی (۲) پیچیدہ ۔ تہ دار (۳) دہلی کے مشہور شاعر میر عبدالحی کا تخلص ۔

**تابانی** ۔ (تا ۔ با ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مث) روشنی ۔ نور ۔ چمک ۔

**تابڑ توڑ** (تا ۔ بڑ ۔ توڑ) (ہ ۔ صف) متواتر ۔ لگاتار ۔ پیہم ۔ اوپر تلے ۔

**تابستان** ۔ (تا ۔ بس ۔ تان) (ف ۔ ا ۔ مذ) گرمی ۔ موسمِ گرما ۔

**تابستانی** (تا ۔ بس ۔ تانی) (ف ۔ صف) موسمِ گرما سے منسوب ۔ موسمِ گرما کا ۔

**تابش** (تا ۔ بش) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) حرارت ۔ گرمی ۔ تپش (۲) چمک ۔ دھوپ کی چمک ۔ روشنی ۔ نور ۔

**تابشِ آفتاب** (ف ۔ مث) سورج کی گرمی ۔ دھوپ کی چمک ۔

**تابع** ۔ (تا ۔ بع) (ع ۔ صف) (۱) ماتحت ۔ مطیع ۔ فرماں بردار ۔ (۲) ملازم ۔ نوکر ۔ جمع : اتباع ۔ توابع ۔

**تابعدار** ۔ لغوی معنی "تابع رکھنے والا" مگر عام طور پر مطیع و فرمانبردار کے



Marfat.com

معنی میں استعمال ہوتا ہے (غلط العام) جمع : تابعداران۔

**تابعداری** ۔ (ف۔مث) (۱) فرمانبرداری۔ اطاعت (۲) نوکری۔ ملازمت

**تابعداری کرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) اطاعت کرنا۔ حکم ماننا (۲) نوکری کرنا۔ ملازمت کرنا۔

**تابع فرمان** (ف۔ ع۔صف) حکم کا تابع۔ فرمانبردار۔

**تابع مرضی مالک** (ف۔صف) (قانون) وہ کاشت کار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو۔ خود کسی امر کا مجاز نہ ہو۔

**تابع مہمل** (ف۔مذ) وہ بے معنی لفظ جو معنی دار لفظ کے ساتھ بطور ربط کے بولا جائے جیسے سچ مچ اور جھوٹ موٹ میں مچ اور موٹ۔

**تابعی** (تا۔ب۔عی) (ع۔صف) محدثین کی اصطلاح میں وہ مسلمان شخص جس نے اصحاب رسول اللہ کو دیکھا ہو۔ جمع : تابعین۔

**تابعین** (تا۔بِ۔عین) (ع۔صف) (۱) تابع کی جمع (۲) مسلمانوں کا وہ گروہ، جس نے ایک یا ایک سے زیادہ مرتبہ اصحاب رسول اللہ کی زیارت کی ہو۔ (محدثین کی اصطلاح)

**تابلو۔** ر (Tableau) (تاب۔لو) (انگ۔ا۔مذ) کسی واقعے یا کہانی کی خاموش اداکاری۔

**تابندہ** ۔ (تا۔بَن۔دَہ) (ف۔صف) چمکتا ہوا۔ روشن۔ نورانی۔

**تابندگی** (تا۔بن۔د۔گی) (ف۔ا۔مث) روشنی۔ چمک۔

**تابوت** (تا۔بُوت) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ صندوق جس میں مردے کی نعش رکھتے ہیں۔ (۲) لاش۔ جنازہ (۳) ایک قسم کا تعزیہ۔

**تابوت اٹھنا** (ا۔محاورہ) جنازہ اٹھنا۔

**تابہ** (تا۔بَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا (۲) تاباں۔ روشن (۳) توا وہ آہنی ظرف جس پر روٹی پکتی ہے اور جسے حمام میں بھی لگاتے ہیں۔

**تابیدہ** (تا۔بی۔دہ) (ف۔صف) (۱) پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا (۲) تاباں۔ روشن۔ جمع : تابیدگان۔

**تاپ** (ہ۔ا۔مث) (۱) حرارت۔ گرمی (۲) تپ۔ بخار۔ سوزش۔ مصیبت۔ (۴) غصہ۔ جوش۔

**تاپ تلی** (ہ۔ا۔مث) ورم۔ طحال۔ تلی کا بڑھ جانا۔

**تاپ چڑھنا** (ا۔محاورہ) بخار ہونا۔

**تاپ تھنڈ** (ہ۔مث) پالے کا بخار۔ لرزہ۔

**تاپا کرنا۔ تاپتے رہنا** (تا۔پا۔کَر۔نا) (تاپ۔تے۔رہنا) (ہ۔محاورہ) سینکا کرنا۔ سینکتے رہنا

**تاپنا** (تاپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرمی پہنچانا۔ سینکنا۔ گرم ہونا (۲) آگ سے ہاتھ پاؤں سینکنا (۳) دھوپ کھانا۔

**تاپیار** ۔ مذ) ایک معدنی شے۔ ہیراکسیس۔

**تات** (س۔ا۔مذ) (۱) باپ (۲) معزز۔ مکرم (۳) بزرگ۔ بڑا (۴) پیارا۔

**تاتا** ۔ (تا۔تا) (ہ۔صف) گرم۔ گرما گرم۔ گرم کیا ہوا۔

**تاتا تھئی۔ تاتا تھیا** (تا۔تا۔تھ۔ای۔تا۔تا۔تھی۔یا) (ہ۔ا۔مث) ایک کلمہ جس کو ناچنے والے تال پانے کے لئے زبان اور تھیلی سے ادا کرتے ہیں۔

**تاثر** (تَ۔اَ۔ثُر) (ع۔ا۔مذ) اثر قبول کرنا۔ متاثر رہنا۔

**تاثیر** (تا۔ثیر) (ع۔ا۔مث) (۱) نشان (۲) نتیجہ۔ پھل (۳) اثر۔ عمل۔ خاصیت۔ گن۔

**تاثیر کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔

**تاج** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) شاہی ٹوپی۔ مکٹ۔ افسر (۲) پروں کا طرّہ۔ کلغی۔ پرند کی چوٹی جیسے تاج ہُدہُد (۳) فقیروں کی خاص قسم کی ٹوپی (۴) گنجفے کا ایک رنگ (۵) دیوار کی کنگنی۔ وہ کنگنی دار بُرجی جو کسی دیوار یا مکان کے اوپر بنا دیتے ہیں۔

**تاج بخش** ۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ وہ بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔

**تاج بخشی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) سلطنت بخشنا۔ بادشاہی دینا۔

**تاج پوشی** ۔ (ف۔مث) تاج پہننا۔

**تاج خروس** ۔ (ف۔مذ) (۱) مرغ کے سر کی کلغی (۲) ایک قسم کا سرخ پھول۔

**تاجدار** ۔ (ع۔ف۔صف) بادشاہ۔ صاحب تاج۔ تاج والا۔ جمع : تاجداران۔

**تاجداری** ۔ (ف۔مث) سلطنت۔ ملک۔ حکومت۔

**تاج رکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) بادشاہ بننا۔ تاج پہننا۔

**تاج سر سے گرنا** ۔ (ا۔محاورہ) بادشاہی جاتی رہنا۔

**تاج شمع** ۔ (ف۔مذ) شمع کا شعلہ۔

**تاج فیروزہ** ۔ (ف۔مذ) کیخسرو کا تاج۔

**تاجور** ۔ (ف۔صف) بادشاہ۔ صاحب تاج۔ جمع : تاجوران۔

**تاجوری** ۔ (ف۔مث) بادشاہی۔

**تاج ہدہد** ۔ (ع۔ف۔صف) ہُدہُد کی کلغی۔

**تاجر** ۔ (تا۔جِر) (ع۔ا۔مذ) سوداگر۔ تجارت کرنے والا۔ بیوپاری۔ جمع تجار

**تاجری** ۔ (تاج۔ری) (ف۔ا۔مث) سوداگری۔ تجارت کا پیشہ۔

**تاجیل** ۔ (ع۔صف) مہلت دینا۔ مدت معین کرنا (۲) بند کرنا۔ روکنا۔

**تاخت** ۔ (ف۔ا۔مث) (۱) لوٹ۔ تباہی (۲) حملہ۔ دھاوا۔

**تاخت و تاراج کرنا** ۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ لوٹ لینا۔ ستیاناس کرنا۔ تہس نہس کرنا۔

**تاخر** ۔ (تَ۔اَخ۔خُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا (۳) مرتبے میں کم ہونا۔

**تاخیر** ۔ (تا۔خیر) (ع۔ا۔مث) (۱) پیچھے چھوڑنا (۲) ڈھیل۔ توقف۔ وقفہ۔

**تادیب** ۔ (تا۔دیب) (ع۔ا۔مث) (۱) تنبیہ۔ چشم نمائی (۲) ادب سکھانا۔ (۳) علم زبان سکھانا۔

**تادیبی** ۔ (تا۔دی۔بی) (ع۔ف۔صف) تنبیہ سے متعلق۔

**تادیبی کارروائی** ۔ (ع۔ف۔ا۔صف) ایسی کارروائی جس سے نظم و ضبط قائم رہے۔ انضباطی کارروائی۔

**تار** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) تاگا۔ دھاگا (۲) کسی دھات وغیرہ کا لمبا اور گول ڈورا (۳) تانا بانا (۴) سلسلہ (۵) ریزہ۔ پارہ (۶) قوام کا چیپ (۷) فائل خطوط پرونے کا تار۔ (۸) تار برقی (۹) وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے (۱۰) اندھیرا۔ تاریکی (۱۱) چھلا۔ انگوٹھی۔ زیور کا حصہ (۱۲) بادلا۔

**تار بابو** ۔ (ا۔مذ) وہ اہلکار جو تار کے ذریعے خبر بھیجے اور وصول کرے۔

**تار باراں** ۔ (ف۔مذ) مینہ کے پانی کا سلسلہ۔

**تار باقی نہ چھوڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) ایک دھاگا نہ رہنے دینا۔

**تار باندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی کام کا مسلسل کرنا۔ سلسلہ باندھنا۔



Marfat.com

**تار بتار ہونا** - (۱) پراگندہ ہونا۔ غیر مسلسل ہونا (۲) بُرا حال ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ (۳) بنا بنایا کام بگڑ جانا۔
**تار برقی** - (۱) وہ تار جو بجلی کی قوت سے ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچاتے۔ (۲) وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے۔
**تار بندی** - بجلی کی تار نصب کرنا۔
**تار بندھنا** - (محاورہ) (۱) کسی کام کا پے در پے ہونا (۲) قوام کا چیپ دار ہونا۔
**تار بھیجنا** - (محاورہ - ۱) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔
**تار بتار** - تتر بتر۔ پریشان۔
**تار تار** - (ف - صف) (۱) ٹکڑے ٹکڑے۔ بوسیدہ۔ بہت زیادہ پھٹا ہوا کپڑا۔ ریزہ ریزہ (۲) ہر ایک تار۔ ذرا ذرا کپڑا (۳) تمام زیور (۴) صاف صاف۔ مفصل کھل کر رقی
**تار تار بکنا** - (۱ - محاورہ) سارا زیور بک جانا۔
**تار تار بولنا** - (۱ - محاورہ) ہر ایک لفظ جدا جدا بولنا۔
**تار تار کرنا** - (۱ - محاورہ) کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔
**تار تڑ تنگا** - (۱ - صف) چھرچھرا۔ نہایت پتلا۔ دُور دُور بُنا وٹ کا۔
**تار تلا** - (۱ - مذ) پرانی زری۔
**تار تنویر** - روشنی کی کرن۔
**تار تور** - (۱ - صف) چوبی کام۔ ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر ہوتا ہے۔
**تار ٹوٹنا** - (۱ - محاورہ) سلسلہ ٹوٹنا۔ سانس بند ہو جانا (۲) چلتے کام میں حرج واقع ہونا۔ خنجر پڑنا
**تار چڑھانا** - (۱ - محاورہ) ستار کے تار کھینچنا۔ تار لگانا۔
**تار دھننا** - (۱ - محاورہ) تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لئے چوڑا کرنا۔
**تار دیکھنا** - (۱ - محاورہ) قوام یا چاشنی کی تیاری کا حال معلوم کرنا۔
**تار دینا** - (۱ - محاورہ) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔
**تار شعاع** - (ف - ع - مذ) روشنی کی کرن۔
**تار شمار** - (ف - مذ) ایک کپڑے کا نام جس سے دُلہنوں کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں
**تار عنکبوت** - (ف - ع - مذ) مکڑی کا جالا۔
**تار کش** - (ف - صف) (۱) سونے چاندی کے تاروں کو کھینچ کر لمبا اور باریک کرنے والا۔ (۲) سنہرے روپہلے تاروں والا ایک کپڑا۔
**تار کشی** - (ف - مث) تار کھینچنے کا کام یا پیشہ۔
**تار کھنچنا** - (۱ - محاورہ) تار کا کشید ہونا۔ تار کو باریک کرنا۔
**تار کھینچنا** - (۱ - محاورہ) تار نکالنا۔
**تار گھر** - ٹیلیگراف آفس۔ وہ جگہ جہاں سے تار کے ذریعہ خبر روانہ ہوتی ہے۔
**تار لگانا** - (۱ - محاورہ) سلسلہ باندھنا (۲) لگاتار کیے چلا جانا (۳) بجے کھڑے کر کے اس پر بجلی پہنچانے کے لئے تار باندھنا۔
**تار لگا نہ رکھنا** - (۱ - محاورہ) تسمہ لگا نہ چھوڑنا۔ کسر باقی نہ رکھنا۔
**تار لگا نہ رہنا** - (۱ - محاورہ) کسر باقی نہ رہنا۔
**تار مسطر** - (ف - مذ) وہ دھاگا جو مسطر میں لکیریں کھینچنے کے لئے لگاتے ہیں۔
**تار نفس** - (ف - مذ) سانس کا سلسلہ۔
**تار نکالنا** - (۱) کپڑے میں سے تاگے نکالنا (۲) پتہ لگانا۔ سراغ نکالنا (۳) باریک اور لمبی سویاں بٹنا۔

**تار نکلنا** - (۱ - محاورہ) (۱) کسی کپڑے میں کشیدے کے واسطے دھاگے نکالنا (۲) پتہ لگنا (۳) باریک اور لمبی سویاں بٹنا۔
**تارِ (نگہ) نگاہ** - (ف - مذ) نظر۔ نگاہ کا سلسلہ۔
**تار نہ ٹوٹے** - (۱ - محاورہ) کام نہ رکے۔ سلسلہ نہ بند ہو۔
**تار و پود** - (ف - مذ) تانا بانا۔
**تارا** - (تا - را) (۱ - مذ) (۱) ستارا (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نہایت بلند یا نیچے یا دُور فاصلے کی چیز، جو ذرا سی معلوم ہو (۴) ترمرا، جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آئے۔
**تارا ٹوٹنا** - رات کو کسی تارے سے روشنی نکل کر گرنا۔
**تارا جھلملانا** - برسات کے موسم میں ستاروں کا مدھم سا چمکنا۔
**تارا چمکنا** - (۱ - محاورہ) (۱) ستارہ روشن ہونا (۲) عروج ہونا۔ ترقی ہونا۔
**تارا ڈوبنا** - (۱ - محاورہ) (۱) ستارہ غروب ہونا (۲) بدقسمتی ہونا۔ نحوست چھانا (۳) زہرہ کا غروب ہونا (جوتشیوں کی اصطلاح)
**تارا سی آنکھیں ہو جانا** - (۱ - محاورہ) آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا۔ آشوب دُور ہونا۔
**تارا منڈل** - (ہ - مذ) (۱) تاروں کا حلقہ یا کنڈل (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔
**تارا ہو جانا** - (۱ - محاورہ) (۱) نہایت بلند اور اونچا ہو جانا (۲) بہت پیچھے چلے جانا (۳) کسی چیز کا اسقدر دُور ہو جانا کہ بہت ہی چھوٹی نظر آنے لگے۔
**تاروں کی انجمن** - (۱ - مث) بہت تارے، جو صاف رات میں دکھائی دیں۔ ستاروں کا جگھٹا۔
**تاروں کی چھاؤں** - (۱ - مث) (۱) تاروں کی روشنی (۲) پچھلی رات۔ تڑکے تڑکے۔ علی الصباح۔ فجر دم۔
**تاروں کی محفل** - (۱ - مث) (۱) تاروں کا جھنڈ (۲) نورانی محفل (۳) مجازاً حسینوں کا مجمع۔
**تاروں کی گرہ** - (۱ - مث) چند تاروں کے ایک جگہ جمع ہو جانے کا اثر (نجومیوں کی اصطلاح)
**تارے اتارنا** - (۱ - محاورہ) (۱) تارے توڑنا (۲) روشنی کرنا۔ غور کرنا (۳) آسمان میں تھگلی لگانا (۴) (مجازاً) بہت مشکل کام انجام دینا۔
**تارے توڑنا** - (۱ - محاورہ) (۱) ایسا کام کرنا، جو دوسروں سے نہ ہو سکے۔ (۲) عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔
**تارے ٹانکنا** - (۱ - محاورہ) سونے چاندی کے تاروں کو کپڑے میں سینا۔
**تارے چھٹکنا** - (۱ - محاورہ) (۱) تارے کھلنا۔ مطلع صاف ہو کر تاروں کا نکل آنا (۲) تارے چمکنا۔
**تارے دار** - وہ چیز جس میں تارے ٹکے ہوئے ہوں۔
**تارے دکھانا** - (۱) مسلمان عورتوں کی رسم ہے: چھٹی کے روز زچہ کو نہلا دھلا کر دلہن بناتے ہیں اور اسکی گود بھر کر چھلنی میں روشنی دکھاتے ہیں۔ سر پر قرآن مجید ہوتا ہے (۲) کبوتر بازوں میں دستور ہے کہ وہ کبوتر کو جو بلند پرواز ہوتا ہے اور رات بھر اڑتا رہتا ہے، تارے یا چراغ اس طرح دکھاتے ہیں کہ چھلنی اس کے منہ پر رکھ دیتے ہیں تاکہ تاروں میں اڑنے سے مانوس ہو جائے (۳) بدحواس کر دینا۔



Marfat.com

**تارے دکھائی دینا** - (ا۔ محاورہ) (۱) دماغی صدمے یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنا (۲) مصیبت پڑ جانا۔ چھکے چھوٹ جانا۔
**تارے چھٹکنا** - (ا۔ محاورہ) صاف رات میں تارے نکلنا۔
**تارے گن کر رات کاٹنا** - (ا۔ محاورہ) رات بھر بے چینی سے جاگتے رہنا۔
**تارے گننا** - (ا۔ محاورہ) (۱) اختر شماری کرنا (۲) رات بھر جاگنا (۳) نہایت پریشانی میں رات کاٹنا۔
**تارے نکل آنا** - تارے نمودار ہونا۔ رات کی ابتداء ہونا۔
**تاراج** - (تا۔ راج) (ف۔ ا۔ مذ) لوٹ۔ غارت۔ بربادی۔
**تاراجگاہ** - لوٹ کی جگہ۔
**تاراج گر** - غارت گر۔ لوٹنے والا۔
**تارامیرا** - (ہ۔ مذ) سرسوں سے مشابہ بیج جن سے تیل نکالتے ہیں۔
**تارپیڈو** - (Torpedo) (تار۔ پی۔ ڈو) (انگ۔ ا۔ مذ) سگار کی شکل کا ایک اسلحہ، جو پانی کے نیچے تیرتا اور دشمن کے جہاز کو غرق کر دیتا ہے۔ تحت البحریہ۔ آب دوز۔
**تارپین** - (Turpentine) (تار۔ پین) (انگ۔ ا۔ مذ) گندا بیروزا۔
**تارپین کا تیل** - گندے بیروزے کا تیل۔
**تارخ** - (تا۔ رخ) (ق۔ ا۔ مذ) تالو۔
**تارک** - (تا۔ رک) (ع۔ صف) تیاگی۔ چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا۔ جمع: تارکین۔
**تارک الدنیا** - (ع۔ صف) وہ شخص جس نے دنیوی تعلقات ترک کر دیے ہوں۔ گوشہ نشین۔
**تارکُ الصّلوٰۃ** - بے نماز۔ نماز ترک کرنے والا۔
**تارک** - (تا۔ رک) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مانگ (۲) ایک قسم کی ٹوپی (۳) سر کے اوپر کا حصہ (۴) پہاڑ کی چوٹی (۵) لوہے کا خود۔
**تارکول** - (Tarcoal) (تار۔ کول) (انگ۔ ا۔ مذ) رال۔ قیر۔ تُنک کا تیل۔
**تاریخ** (تا۔ ریخ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک دن رات۔ مہینے کا ایک دن (۲) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۳) وہ فن یا کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور آدمیوں کے حالات پیدائش و وفات درج ہوں (۴) جملے۔ شعر یا فقرے جن کے عدد نکالنے سے مادۂ تاریخ نکل آئے (۵) روایات، قصے، افسانے (۶) جنگ نامے۔ جمع: تواریخ۔
**تاریخ ارجاع** - (ع۔ ا۔ مث) مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزرنے کی تاریخ۔
**تاریخ اسکندری** - (ف۔ مث) وہ سنہ جو ۳۱۲ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔
**تاریخ پڑنا** - (ا۔ محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لئے تاریخ مقرر ہونا۔
**تاریخ ٹھہرانا** - دن مقرر کرنا (خاص طور پر شادی کا)
**تاریخ ٹھہرنا** - (ا۔ محاورہ) نسبت، بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن مقرر ہونا۔
**تاریخ چڑھانا** - (ا۔ محاورہ) کاغذات پر تاریخ لکھنا۔
**تاریخ چسپانی** - مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کا ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کرنا۔
**تاریخ داں** - (ع۔ ف۔ صف) فنِ تاریخ سے واقف مؤرخ۔
**تاریخ دینا** - (ا۔ محاورہ) پیشکار عدالت کا کاغذ پر مقدمے کی تاریخ لکھ کر مقدمہ والوں کو دینا۔

**تاریخ ڈالنا** - (ا۔ محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لیے دن مقرر کرنا۔
**تاریخ ظہورِ بنائے دعویٰ** - دعوے کا سبب قائم ہونے کی تاریخ۔
**تاریخ کہنا** - (ا۔ محاورہ) کسی واقعے کو نظم یا نثر میں بہ حساب ابجد ظاہر کرنا جس سے واقعہ مذکور کا سن معلوم ہو سکے۔
**تاریخ لکھنا** - (۱) دیکھیے تاریخ کہنا (۲) کاغذات پر تاریخ تحریر کرنا (۳) کسی قوم یا ملک کے حالات و واقعات ترتیب وار لکھنا۔
**تاریخ مقرر کرنا** - (ا۔ محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لیے دن مقرر کرنا۔
**تاریخ مقررہ** - (ا۔ ع۔ صف) وہ دن جو کسی خاص کام کیلئے مقرر کیا جائے۔
**تاریخ وار** - (ف) ہر تاریخ کا۔ تاریخ کے حساب سے۔ سلسلہ وار۔
**تاریخی** - (تا۔ ری۔ خی) (ع۔ ف۔ صف) (۱) تاریخ سے منسوب (۲) یادگار (۳) خاص۔ نمایاں۔
**تاریخی واقعات** - (ع۔ ا۔ مذ) (۱) واقعات جو کتاب تاریخ میں آگئے ہوں اہم واقعات (۲) سچے واقعات۔
**تاریک** - (تا۔ ریک) (ف۔ صف) (۱) سیاہ۔ کالا۔ مکدر (۲) دھند۔ اندھیرا۔
**تاریک چشم** - (ف۔ صف) (۱) کوتاہ نظر (۲) جسے رات کو دکھائی نہ دے۔
**تاریک دل** - (ف۔ صف) سیاہ دل۔ بدباطن۔ کینہ پرور۔
**تاریک کرنا** - (مص۔ مرکب) سیاہ کر دینا۔ اندھیرا کر دینا۔
**تاریک ہونا** - اندھیرا ہونا۔ کچھ نظر نہ آنا۔
**تاریکی** - (تا۔ ری۔ کی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ظلمت۔ سیاہی۔ اندھیرا (۲) دھندلا پن۔
**تاریکی آجانا۔ تاریکی چھا جانا۔ تاریکی چھانا** - (ا۔ محاورہ) اندھیرا ہو جانا۔
**تاریکی دُور ہونا** - (ا۔ محاورہ) اندھیرا غائب ہونا۔ اجالا ہونا۔ روشنی ہونا۔
**تاریکیِ شب** - (ف۔ صف) رات کا اندھیرا۔
**تاڑ** - (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کھجور کی قسم کا ایک درخت جس سے تاڑی نکالتے ہیں (۲) فراست۔ سمجھ۔
**تاڑباز** - (ہ۔ ف۔ صف) (۱) زود فہم۔ سمجھدار (۲) عورتوں کو گھورنے والا۔
**تاڑبازی** (۱) فہم۔ فراست (۲) نظربازی۔ نظارہ بازی۔
**تاڑ جانا، لینا** - (ا۔ محاورہ) بھانپ لینا۔ قیافے سے پہچان لینا۔
**تاڑ کا سا قد** - (ا۔ صف) بہت لمبا قد۔
**تاڑا** - (تا۔ ڑا) (ق۔ ا۔ مذ) طاقت۔ زور۔ شدت (۲) غمزہ۔ نخرہ۔
**تاڑا تِنگا** - ناز نخرہ (ق)
**تاڑنا** - (تا۔ ڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسی علامت کے بغیر پہچاننا۔ سمجھ جانا۔ بھانپنا۔ (۲) قیافے یا علامت سے پہچاننا (۳) نکالنا۔ دھتکارنا (۴) دوسرے کی بات کا جانچنا (۵) ڈانٹنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔
**تاڑنی** - (تا۔ ڑ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) چابک۔
**تاڑو** - (تا۔ ڑو) (ہ۔ صف) تاڑنے والا۔ بھانپنے والا۔ قیافہ شناس۔
**تاڑی** - (تا۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تاڑ کا نشہ آور رس (۲) کٹار کا قبضہ۔
**تاز** - (ف) (۱) دوڑ۔ بھاگ (۲) حملہ۔ چڑھائی۔ لشکر کشی۔ دوسرے الفاظ سے مل کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے ترکتاز۔
**تازگی** - (تا۔ زِ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سرسبزی۔ طراوت (۲) جدت۔ نیاپن۔ رونق



Marfat.com

**تازَہ**۔ (تا۔زَہ) (ف۔صف) (۱) نیا۔ جدید (۲) ہرا۔ سبز۔ تر۔ سرسبز (۳) ڈال کا ٹوٹا ہوا (۴) موٹا۔ فربہ (۵) تندرست۔ بے تکان (۶) گرما گرم۔ نو بنو۔ (۷) حال کا کیا ہوا (وضو)

**تازہ بات**۔ (امث) (۱) نئی بات (۲) عجیب بات۔

**تازہ بدن**۔ (ف۔ا۔مذ) موٹا بدن۔ فربہ جسم۔

**تازہ بہ تازہ۔ نَو بہ نَو**۔ (ف۔صف) (۱) نیا۔ جدید (۲) گرما گرم (۳) ڈال کا ٹوٹا (۴) نیا سوجھا ہوا۔

**تازہ بہار**۔ (ف۔مث) تازگی۔ شگفتہ۔ جوبن۔

**تازہ توانا**۔ (ف۔صف) (۱) موٹا تازہ (۲) نوجوان اور مضبوط۔

**تازہ خیال**۔ (ف۔صف) وہ شخص جسے ہر دفعہ نئی بات سوجھے۔ نئی بات نکالنے والا۔

**تازہ دم**۔ (ف۔صف) مستعد۔ چُست۔ توانا۔ تکان اُترا ہوا۔

**تازہ دماغ**۔ (ف۔صف) جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو۔ عقل مند۔

**تازہ دماغی**۔ (ف۔امث) دانائی۔

**تازہ رُو**۔ (ف۔صف) شگفتہ رُو۔ بشاش۔

**تازہ شگوفہ**۔ (ف۔اصف) (۱) نئی کلی (۲) نئی بات۔ انوکھی بات (۳) نئی شرارت۔

**تازہ شگوفہ (پھولنا) کھلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نئی بات ہونا۔ انوکھی بات ہونا۔ (۲) بدنامی کی بات ہونا۔

**تازہ شگوفہ چھوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) انوکھی بات کہنا۔

**تازہ فقرہ**۔ (ف۔مذ) نئی چال۔ فریب۔ دھوکا۔

**تازہ کار**۔ (ف۔صف) (۱) نیا کام کرنے والا (۲) عجیب۔

**تازہ کرنا**۔ (امحاورہ) (۱) تازگی بخشنا۔ پژمردگی دُور کرنا (۲) یاد دلانا (۳) ہرا کرنا۔ جیسے غم تازہ کرنا (۴) حقے کا پانی بدلنا (۵) بہلانا۔ خوش کرنا (۶) تھکان اتارنا۔

**تازہ گل (پھولنا) کھلنا**۔ (ا۔محاورہ) نیا حادثہ واقع ہونا۔ نیا معاملہ پیش آنا۔ انوکھی بات ہونا

**تازہ مشق**۔ (ف۔صف) نومشق۔ نوسیکھا۔ مبتدی۔

**تازہ وارد**۔ (ف۔مذ) نووارد۔ حال کا آیا ہوا۔

**تازہ و تر**۔ (ف۔صف) تروتازہ۔ ہرا بھرا۔ شاداب و شگفتہ۔

**تازہ ولایت**۔ (ف۔صف) (۱) نووارد۔ پردیسی (۲) وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے (۳) بے وقوف۔ سادہ لوح۔

**تازہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سرسبز ہونا (۲) جان آنا (۳) سستانا (۴) موٹا ہونا۔ (۵) گرما گرم ہونا۔ نیا ہونا۔

**تازی**۔ (تا۔زی) (ف۔صف) (۱) عربی (۲) عرب کا گھوڑا یا شکاری کُتا (۳) عربی زبان (۴) وہ حروف جو عجمی نہ ہوں (۵) تازہ کی تانیث۔ باسی کی ضد۔

**تازی بات**۔ (امث) نئی بات۔ نیا معاملہ۔

**تازی پر نہ بس چلا۔ ترکی کے کان اینٹھے**۔ (مثل) زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**تازی خانہ**۔ (ف۔ا۔مذ) کتوں کا طویلہ۔

**تازی کُتا**۔ (۱) پتلی کمر کا شکاری کُتا (۲) حجازی کُتا۔

**تازی مارا، ترکی کا نپا**۔ (مثل) ایک کی سزا سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے۔

**تازی مار کھائے، ترکی آنکھ پائے**۔ (مثل) (۱) لیاقت والوں کی تباہی اور نالائقوں کی اقبالمندی پر بولتے ہیں۔

**تازی نژاد**۔ (ف۔صف) عربی نسل کا گھوڑا (گھوڑے کی تعریف میں کہا جاتا ہے)

**تازیانہ**۔ (تا۔زِیا۔نَہ) (ف۔ا۔مذ) کوڑا۔ چابک۔ چھچی۔

**تازیانہ کھانا**۔ (ا۔محاورہ) کوڑے کی مار کھانا۔

**تازیانہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) تنبیہ ہونا۔ چابک پڑنا۔

**تاس**۔ (ف۔ا۔مذ) بڑا طشت۔ تسلا۔

**تأسُّف**۔ (تَ۔اَس۔سُف) (ع۔ا۔مذ) افسوس۔ حسرت۔ پچھتاوا۔ رنج۔ ملال۔

**تاسنا**۔ (تاس۔نا) (ق۔مص) (شراب) کشید کرنا۔

**تاسہ**۔ (تا۔سَہ) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا دف۔

**تاسیس**۔ (تا۔سیس) (ع۔امث) (۱) جڑ۔ بنیاد۔ نیو (۲) علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے "خاور" اور "باور" کا الف (۳) علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا، جو پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو۔ جیسے علیم و حکیم (علیم کے معنی جاننے والا۔ اور حکیم کے معنی جاننے والا اور کرنے والا) جمع: تاسیسات۔

**تاش**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا۔ زربفت۔ بادلہ (۲) ایک قسم کے پتوں کا کھیل (۳) تشت۔

**تاش پر مونج کا بخیہ**۔ (مثل) بے جوڑ بات۔

**تاشا۔ تاشہ**۔ (تا۔شا۔تا۔شَہ) ( ۔ا۔مذ) ایک قسم کے دف کا نام، جسے گلے میں ڈال کر بجاتے ہیں۔

**تافتان**۔ (تاف۔تان) (ف۔امث) (۱) ایک قسم کے موٹے کناروں کی نہایت ملائم خمیری روٹی (۲) ہر وہ چیز جو آفتاب یا آگ سے گرم ہو گئی ہو۔

**تافتہ**۔ (تاف۔تہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔ استبرق (۲) ایک خاص رنگ کا گھوڑا یا کبوتر (۳) روشن۔ منور (۴) گرم (۵) بل دیا ہوا۔ بٹا ہوا۔

**تاقی**۔ (تا۔قی) (ف۔صف) (۱) وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں (۲) عیب دار۔ منحوس (۳) ٹرّی۔

**تاک**۔ (ف۔ا۔مذ۔مث) (۱) انگور کی بیل (ہ۔مث) (۲) نگاہ۔ ٹکٹکی (۳) گھات۔ کمین (۴) انتظار (۵) نشانہ (۶) دیکھ بھال۔ نگرانی۔

**تاک باک**۔ (ہ۔مث) عین وقت یا موقع۔

**تاک بازی**۔ نظر بازی۔ (غلط ترکیب)

**تاک باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) برابر دیکھے جانا۔ ٹکٹکی باندھنا (۲) نشانہ باندھنا۔

**تاک پر آنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی اُمید یا توقع پر آنا۔

**تاک پر ملنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کا ضرورت کے وقت ملنا۔

**تاک جھانک**۔ (ہ۔مث) نظر بازی۔ گھورا گھاری۔

**تاک رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) گھات میں لگے رہنا۔ موقع ڈھونڈنا (۲) پہلے سے پہچان رکھنا (۳) جانچ رکھنا (۴) موقع تلاش کر رکھنا۔

**تاک کر**۔ (۱) سیدھ باندھ کر (۲) موقع دیکھ کر۔

**تاک کر آنا**۔ (ا۔محاورہ) غور کر کے آنا۔ کسی کو دیکھ کر آنا۔



Marfat.com

**تاک کر مارنا** - (ا- محاورہ) شست باندھ کر نشانہ لگانا - نشانہ نہ چوکنا -
**تاک لگانا** - (۱) گھات لگانا - نظر رکھنا (۲) دانت رکھنا (۳) انتظار کرنا -
**تاک لگنا** - (ا- محاورہ) ٹکٹکی بندھنا -
**تاک لینا** - (ا- محاورہ) خبر لینا - وقت پر پہنچنا - وقت پر مہیا کرنا - نگرانی کرنا -
**تاک میں رکھنا** - (ا- محاورہ) کسی کو نظر میں رکھنا -
**تاک میں رہنا** - (ا- محاورہ) تلاش میں رہنا - وقت کا انتظار کرنا - گھات میں رہنا
**تاک میں لگنا** - (ا- محاورہ) تلاش میں ہونا - گھات میں ہونا -
**تاک میں ہونا** - (ا- محاورہ) منتظر رہنا - داؤ لگائے رہنا -
**تاکا تاک** - (تا- کا- تاک) (ہ- ا- مث) ایک دوسرے کی طرف دیکھنا - نگاہیں لڑانا - نظر بازی -
**تاکنا** - (تاک- نا) (ہ- مص) (۱) گھورنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا (۲) دیکھنا (۳) خیال کرنا - پہلے سے جان رکھنا (۴) جھانکنا - چھپ کر دیکھنا (۵) تاڑنا - پہچاننا - (۶) نشانہ باندھنا (۷) انتظار کرنا (۸) پسند کرنا - انتخاب کرنا (۹) کسی چیز کی خواہش کرنا (۱۰) تلاش کرنا -
**تاکو** - (تا- کو) (ہ- صف) گھات میں رہنے والا - گھورنے والا -
**تاکو لے بھاگو** - (ا- مثل) موقع پاکر لے بھاگنے والا - اُچکا - چور - جیب کترا - اٹھائی گیرا -
**تاکید** - (تا- کید) (ع- ا- مث) (۱) اصرار - ضد - ہٹ (۲) تقاضا - کوشش - (۳) بار بار کہنا - زور دینا -
**تاکید اکید** - (ع- ا- مث) سخت حکم - سخت اصرار -
**تاکید بلیغ** - (ع- ا- مث) پوری تاکید - سخت تاکید -
**تاکید شدید** - (ع- ا- مث) سخت تاکید -
**تاکیداً** (تاکیدن) زور ڈال کر - بڑے اصرار سے -
**تاکید کرنا** - (۱) اصرار سے کہنا - زور ڈالنا (۲) تقاضا کرنا (۳) سخت حکم دینا -
**تاکیدی** - (تا- کی- دی) (ع- ف- صف) (۱) ضروری سخت (۲) اصرار کا -
**تاکیدی حکم** - (ف- ا- صف) ضروری حکم - سخت حکم -
**تاگا** - (تا- گا) (ہ- ا- مذ) ڈورا - دھاگا - سوت کا تار -
**تاگا (پرونا) ڈالنا** - (ا- محاورہ) سینے کے لئے سوئی میں تاگا پرونا -
**تاگے ڈالنا** - (ا- محاورہ) روئی دار یا دوہرے کپڑے میں دھاگے اس غرض سے ڈالنا کہ روئی کی تہ جمی رہے، یا ابرا استر سے الگ نہ ہو جائے -
**تاگڑی - تگڑی** - (تاگ- ڑی) - (تگ- ڑی) (ہ- ا- مث) (۱) تاگے کا بٹا ہوا ڈورا (۲) زنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے کمر میں باندھتے ہیں -
**تاگنا** - (تاگ- نا) (ہ- مص) (۱) دھاگا ڈالنا (۲) سینا پرونا (۳) کچی سلائی کرنا (۴) تاگے ڈالنا (۵) گانٹھنا -
**تال** - (ہ- ا- مذ) (۱) تالاب (۲) عینک کا شیشہ - چشمہ (۳) گانے بجانے کا وزن - (۴) (مونث) مجیرے کی جوڑی - پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں، جو ڈھولک یا طبلے کے ساتھ بجاتے ہیں - (۵) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا -
**تال اکھڑنا** - (ا- محاورہ) تال کا ساز کے مطابق نہ ہونا -
**تال بجاکے مانگے بھیک / اس کا جوگ رہا کے ٹھیک** (مثل) ان منگتوں پر طنز ہے، جو گھنگھرو بجا کر بھیک مانگتے ہیں -
**تال بے تال** - (ہ- صف) بے سُرا - لَے سے ہٹا ہوا -
**تال بے تال ہونا** - (۱) بے سُرا ہونا (۲) کسی کام کا اپنے موقع و محل پر نہ ہونا -
**تال (ٹھونکنا) دینا** - (ا- محاورہ) گانے وزن اور سُر قائم رکھنے کے لئے قاعدے سے تالی بجانا - سہارا دینا -
**تال ٹھونکنا** - (ا- محاورہ) خم ٹھونکنا -
**تال سے بے تال ہونا** - (ا- محاورہ) سُر تان سے اکھڑ جانا - بے موقع تان لینا - سُر سے بے سُر ہو جانا -
**تال مار کر اُڑنا** - (ا- محاورہ) پھڑپھڑا کر ہوا میں بلند ہونا -
**تال مارنا** - (ا- محاورہ) (۱) خم ٹھونکنا (۲) خاموش رہنا (ق)
**تال مکھانا** - (ہ- ا- مذ) کنول گٹے کا بیج -
**تال میل** - (تال- میل) (ہ- ا- مذ) (۱) موافقت - موزونیت (۲) راہ و رسم - میل جول -
**تال میل کھانا** - (ا- محاورہ) (۱) موافقت ہونا - سنجوگ ہونا - موزوں ہونا - مناسبت ہونا (۲) تال کا سُر کے ساتھ مل جانا -
**تالا** - (تا- لا) (ہ- ا- مذ) قفل -
**تالا پڑنا** - (ا- محاورہ) (۱) قفل لگ جانا (۲) (مجازاً) گھر اُجڑنا -
**تالا توڑنا** - (ا- محاورہ) قفل توڑنا - قفل توڑنے کا جرم کرنا -
**تالا جڑنا** - (ا- محاورہ) قفل لگانا -
**تالا کنجی** - قفل مع کلید (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام -
**تالا کھلنا** - (ا- محاورہ) قفل کھلنا -
**تالاب** - (تا- لاب) (ف- ا- مذ) پانی کا بڑا حوض - تال -
**تالیف** - (تَ- اَل- لُف) (ع- ا- مذ) (۱) باہم محبت کرنا (۲) دوستی - اُلفت -
**تالُم** - (تَ- اَل- لُم) (ع- ا- مذ) دکھ پانا - اَلم سہنا -
**تالو** - (تا- لو) (ہ- ا- مذ) (۱) مُنہ کے اندر کی چھت (۲) دماغ کے اوپر کی سطح - چندیا (۳) گھوڑے کا ایک عیب -
**تالو آنا** - (ا- محاورہ) تالو میں ورم ہو جانا -
**تالو اٹھانا** - (ا- محاورہ) جب بچہ پیدا ہوتا ہے - دائی انگلیوں سے اس کے تالو کو دبا کر درست اور باموقع کرتی ہے -
**تالو بگڑنا** - (ا- محاورہ) آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا -
**تالو سے زبان نہ لگنا** - (ا- محاورہ) چُپ نہ رہنا - برابر باتیں کیے جانا - خاموش نہ رہنا - بکے جانا -
**تالو لٹکنا** - (ا- محاورہ) مُنہ کی بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے نیچے آجانا -
**تالی** - (تا- لی) (ہ- ا- مث) (۱) کنجی - چابی (۲) دونوں ہتھیلیوں کے بجانے کی آواز -
**تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی** - (ا- مثل) محبت یا لڑائی ایک طرف سے نہیں ہوتی -
**تالی بجانا** - (ا- محاورہ) (۱) ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا (۲) دستک دینا -
**تالی بجنا (پٹنا)** (ا- محاورہ) بدنامی ہونا - رسوائی ہونا -
**تالی پیٹنا** - (ا- محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا - تضحیک کرنا (۲) شاباش دینا - تحسین کرنا - داد دینا -
**تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے** - (ا- مثل) لڑائی یا محبت دونوں طرف ہی



Marfat.com

سے ہوتی ہے۔

**تالی دینا۔** (ا۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔

**تالیاں بجائے بنو بیاہ ہوگا۔** (ا۔ محاورہ) چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں۔ جب وہ خوشی میں تالیاں بجاتی ہیں۔

**تالیاں بجانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوشی منانا (۲) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ تمسخر اُڑانا۔

**تالیف۔** (تا۔ لیف) [ع۔ ا۔ مث] (۱) دو چیزوں کو باہم ملانا یا جمع کرنا (۲) مختلف کتابوں سے مضامین چن کر نئے پیرائے میں ترتیب دینا (۳) دوستی پیدا کرنا۔ جمع: تالیفات۔

**تالیف قلوب۔** (ع۔ ا۔ مث) دل جوئی کرنا۔ آدمیوں کے دلوں کو ہاتھ میں لینا۔

**تالیف کرنا۔** (ف۔ مرکب) کتاب مرتب کرنا۔

**تالیفی۔** (تا۔ لی۔ فی) [ع۔ ف۔ صف] (۱) تالیفات سے منسوب (۲) ترکیبی (۳) کیمیاوی طریقے سے بنا ہوا۔

**تالیفی قابلیت۔** کسی چیز میں ترکیب پانے کی استعداد۔

**تالیفی قاعدہ۔** کسی چیز کو ترکیب دینے کا طریقہ۔

**تام۔** (ع۔ صف) کل۔ پورا۔ تمام۔ مکمل۔

**تام۔** (س۔ ا۔ مذ) (۱) شام۔ تاریکی (۲) گھبراہٹ (۳) (ہ) تانبا۔

**تام چینی۔** (ہ۔ ا۔ مث) مینا کاری کیا ہوا تانبا۔

**تامرس** (۱) تانبا (۲) سونا (۳) کنول (۴) ہمت۔ طاقت۔

**تام جان۔ تام جھام۔ تام دان۔ تان جان۔** (تام۔ جان) (تام۔ جھام) (تام۔ دان) (تان۔ دان) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) ہوادار۔ ایک قسم کی پالکی۔

**تامڑا۔** (تام۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] یاقوت کی قسم سے ایک ادنیٰ جواہر (Garnet) (۲) گنجے کی کھوپڑی (۳) تانبے کے رنگ کا (۴) تانبے کے رنگ کا کبوتر۔ (۵) صاف۔ مطلع (۶) ایک قسم کا کاغذ۔

**تامڑا نکل آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تانبے کے رنگ کا ہو جانا۔ بدرنگ ہو جانا (۲) بال اُڑ کر کھوپڑی صاف ہو جانا۔ گنجا ہو جانا۔

**تامل** (تا۔ مِ لُ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک زبان کا نام جو علاقۂ مدراس میں بولی جاتی ہے (۲) ایک قوم جو جنوبی ہند میں آباد ہے۔

**تامل۔** (تَ۔ اَم۔ مُل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سوچ بچار۔ فکر۔ اندیشہ (۲) (اُر) عرصہ۔ وقفہ (۳) صبر و تحمل۔ برداشت (۴) شبہ۔ شک۔ تذبذب۔

**تام لوٹ۔ تام لیٹ۔** (تام۔ لوٹ) (تام۔ لیٹ) [اُر۔ ا۔ مذ] ٹین کا لوٹا۔ جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی۔ ڈونگا۔

**تامہ** (ع۔ صف) دیکھیے تام جس کی یہ تانیث ہے۔

**تامیسری۔** (تا۔ میس۔ ری) [ہ۔ صف] (۱) ایک طرح کا گنجا (۲) تانبا ملا ہوا سونا چاندی (۳) تانبے کے رنگ کا۔ مسی۔

**تامیسور۔** (تا۔ میس۔ ور) [ہ۔ ا۔ مذ] تانبے کا کشتہ۔

**تامین۔** (تا۔ مین) [ع۔ ا۔ مث] (۱) حفاظت (۲) سرپرستی (۳) بچاؤ۔ ملکی صنعت کی حفاظت (انگ) (Protection) اصطلاح معاشیات۔

**تامینی تجارت۔** ایسی ملکی تجارت جس کے تحفظ کے لیے غیر ملکی اشیا کی درآمد پر پابندی لگا دی جائے۔

**تامینی تدابیر** (ع۔ ف۔ مث) حفاظتی تدابیر۔

**تامینی محصولات۔** وہ محصولات جو ملکی تجارت کے تحفظ کے لیے غیر ملکی اشیاء پر عائد کیے جائیں۔

**تان۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) الاپ۔ سُر۔ گت۔ تال (۲) پلنگ۔ پالکی۔ گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ (۳) ایک درخت (۴) تاننا کا امر۔

**تان اُڑا لینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے گانے کی طرز سیکھ لینا۔

**تان اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گانے میں سُروں کو خوبصورت انداز سے ادا کرنا (۲) مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ کوئی ایسی بات کہنا جس سے جھگڑے کا اندیشہ ہو (۳) تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا۔

**تان بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) گلے میں خوبصورتی سے بعض سُروں کو مکرر سہ کرر زبان سے نکالنا

**تان پلٹا۔** (ہ۔ مذ) علم موسیقی کی اصطلاح میں مختلف انداز سے تان لینا۔

**تان پورا** (ہ۔ مذ) مضراب کا ایک ساز۔ طنبورہ۔

**تان توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) گیت کا سم پر لا کر ختم کرنا (۲) طعنہ دینا (۳) ختم کرنا۔

**تان کی جان۔** (ا۔ صف) (۱) سُریلی۔ رسیلی (۲) حاصل مدعا۔ خلاصہ۔ مقصد۔

**تان کی لینا۔** (ا۔ محاورہ) گانا۔ الاپنا۔

**تان کے۔** (ہ۔ ا) کھینچ کر۔ خوب زور سے جما کے۔

**تان لینا (مارنا)** (ا۔ محاورہ) (۱) موسیقی۔ تان بھرنا (۲) اوڑھ لینا (۳) کھینچ لینا۔ سیدھا کر لینا (۴) طعنہ دینا۔

**تان میں تکلیں اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت اونچی تان لینا۔

**تانوں کے پیچھے۔** (ا۔ مذ) مسلسل گانا۔

**تان۔ تانا۔** (تان۔ تا۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] طعن۔ طعنہ کا بگڑا ہوا۔ آوازہ۔ طعنہ۔

**تان تروز۔** آوازہ توازہ۔ اشارہ کنایہ بطریق تضحیک۔ طعنہ زنی۔

**تان سین۔** (تان۔ سین) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) (مجازاً) بہت بڑا گویا (۲) عہد اکبری کا نامور موسیقار۔

**تان سین کی قبر میں پسلی پھڑکی** (مثل)۔ ایسا اچھا گایا کہ مشہور عالم موسیقار تان سین کی روح خوش ہو گئی۔

**تانا۔** (تا۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سوت کے تاگے جو کپڑا بننے میں لمبائی کی طرف ہوں (۲) تاؤ دینا۔ تپانا (۳) جانچنا۔ آزمانا (۴) گرم کرنا۔ پگھلانا (۵) چھوٹا بچہ۔ ق۔

**تانا بانا۔** (ہ۔ مذ) وہ دھاگے جو کپڑا بننے میں عرض و طول میں دیے جاتے ہیں۔ تار پو۔

**تانا بانا ادھیڑ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کام خراب کر دینا (۲) لاجواب کر دینا۔ (۳) سارا بھید کھول دینا۔

**تانا بانا سوت پرانا** (مثل) بے فائدہ محنت کرنا۔

**تانا بانا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بار بار آنا جانا۔ بے فائدہ چکر لگانا۔ ہیرا پھیری کرنا۔

**تانا بھاری۔** (ہ۔ مث) پریشانی۔ ابتری۔

**تانا تننا۔** (ا۔ محاورہ) کپڑا بننے کے پہلے لمبائی کے رُخ سوت کو خاص طریقے پر پھیلانا۔

**تانے گھاٹ کہ بانے گھاٹ** (مثل) یعنی کسی طرح کی کمی نہیں ہے۔

**تانا شاہ۔** (تا۔ نا۔ شاہ) [اُر۔ صف] (۱) مجازاً انتہائی نازک مزاج (۲) (ا۔ مذ) دکن کا ایک نہایت نازک مزاج بادشاہ: ابوالحسن تانا شاہ۔

**تانا شاہ دیوانہ، جس کی چھٹی نہ پروانہ۔** (مثل) وہ شخص جو فضول جھگڑوں



Marfat.com

میں پڑتا پھرے۔
**تانبا**۔ (تان۔ با) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک دھات۔ مس (۲) گوشت کا تکا جو شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں۔
**تانبا دیکھے جیتنا ہکھ دیکھے بیوپار**۔ (مثل) انسان نقد روپیہ دیکھنے سے ہوشیار ہوجاتا ہے اور خریدار کا منہ اور حیثیت دیکھ کر بیوپار کرتا ہے۔
**تانبا سا۔ تانبے کے رنگ کا**۔ (ہ۔ صف) گلابی۔ کم سُرخ۔ سُرخی مائل۔
**تانبا سا آسمان ہوجانا**۔ (ا۔ محاورہ) بارش کا نہ ہونا۔ قحط کے آثار نمودار ہونا۔
**تانبا کار**۔ (ف۔ مذ) ٹھٹھیرا۔
**تانبے تاشیر**۔ (ہ۔ ع۔ صف) عورتیں اس چیز کو کہتی ہیں جو کسی کے صرف اور خوراک کو کافی ہو اور اس سے کم و بیش نہ ہو۔ بہت کم۔ کم سے کم۔
**تانبے کا تار نہیں**۔ (ا۔ مقولہ) نہایت مفلس و مفلوک الحال ہے از حد تنگ دست اور قلاش ہے۔
**تانبے کا چراغ**۔ (ہ۔ ف۔ صف) (کنایتاً) پیسہ جو فی سبیل اللہ خرچ کیا جائے۔
**تانب چُون**۔ (تانب چُون) (ہ۔ ا۔ مذ) تانبے کا بُرادہ۔
**تانبڑا**۔ (تانب۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) گنجی کھوپڑی۔
**تانبڑی**۔ (تانب۔ ڑی) (ہ۔ صف) تانبے کے رنگ کی۔
**تانت**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بھیڑ بکری یا گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جو بٹ کر کمان، سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) سارنگی وغیرہ کا تار (۳) جلاہے وغیرہ کا راچھ (۴) دھاگا۔ تاگا۔ ریشہ۔
**تانت باجی، راگ بُوجھا**۔ (مثل) قرینے ہی سے مطلب پہچان لیا جاتا ہے۔
**تانت باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت باتیں کرنے والے کو چُپ کرانا۔
**تانت سا**۔ (ہ۔ صف) تار کی طرح نہایت دُبلا۔ منحنی۔
**تانتا**۔ (تان۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) مجمع۔ گروہ (۳) نسل۔ خاندان۔ اولاد۔
**تانتا پنوارا**۔ (ہ۔ مذ) طول طویل داستان۔ شیطان کی آنت۔
**تانتا لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سلسلہ آمد و رفت شروع ہوجانا۔ سلسلہ جاری ہونا (۲) قطار بندھنا۔
**تانتڑی**۔ (تانت۔ ڑی) (ہ۔ صف) (۱) تانت کی تصغیر (۲) نہایت دُبلا پتلا منحنی۔
**تانتڑی سا**۔ (ہ۔ صف) تانت سا۔ نہایت دُبلا۔ منحنی۔
**تانتوا**۔ (تانت۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) فتق۔ آنت اُترنے کی بیماری (۲) بچے کی زبان کے نیچے کی باریک جھلی۔
**تانتی**۔ (تان۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سلسلہ۔ قطار (۲) بال بچے (۳) جُلاہا۔
**تانتیا**۔ (تانت۔ یا) (ہ۔ صف) دُبلا۔ پتلا۔ وہ جو لانبا اور دُبلا ہو۔
**تانٹا**۔ (تان۔ ٹا) (ق۔ ا۔ مذ) چرچا۔
**تاندرُکھ**۔ (تاند۔ رُکھ) (ق۔ ا۔ مذ) بڑ کا درخت۔
**تانس**۔ (ہ۔ ا۔ مث) دھمکی۔ ڈر۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
**تانسنا**۔ (تانس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دھمکانا۔ ڈانٹنا۔ (۲) خوراک سے کم دینا۔ (۳) بدسلوکی کرنا۔
**تانگا۔ تانگہ**۔ (تان۔ گا) (تان۔ گہ) (ہ۔ ا۔ مذ) دو پہیے کی سواری گاڑی۔
**تانگر**۔ (تان۔ گر) (ق۔ ا۔ مذ) بل۔

**تاننا**۔ (تان۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھیلانا۔ بڑھانا (۲) کسنا۔ جکڑنا۔ جھول دور کرنا۔ (۳) مقدمہ دائر کرنا (۴) قید کرنا۔ (۵) روانہ کرنا (۶) ہتھیار اُٹھانا (۷) زور سے کھینچنا (۸) لمبے چوڑے کپڑے کو سر پر تان دینا۔
**تانی**۔ (تا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) تنے ہوئے دھاگے جو بُننے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔
**تانیث**۔ (تا۔ نیث) (ع۔ ا۔ مث) (۱) تذکیر کا نقیض (۲) مؤنث ہونا۔ مؤنث کی علامت لگانا۔ جمع: تانیثات۔
**تانے تشنے**۔ (تا۔ نے۔ تش۔ نے) (اُر۔ ا۔ مذ) (طعن و تشنیع کا مخرب) طعنے مہنے۔ اوانسے توازے۔
**تاوا**۔ (تا۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چکر۔ گردش۔ (۲) کبوتروں کا مکان کے گرد اُڑنا۔
**تاوان**۔ (تا۔ وان) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جُرمانہ۔ ڈنڈ (۲) عوض۔ ہرجانہ۔ قصاص۔ کفارہ (۳) وہ رقم جو مفتوح یا شکست خوردہ حکومت فاتح کو بطور ہرجانے کے ادا کرتی ہے۔
**تاوانِ جنگ**۔ (ا۔ مذ) وہ رقم جو شکست خوردہ ملک فاتح ملک کو ادا کرتا ہے۔
**تاوان (بھرنا) دینا**۔ (ا۔ محاورہ) جرمانہ ادا کرنا۔
**تاوان نامہ**۔ (ا۔ مذ) وہ دستاویز جو ادائے تاوان کے سلسلے میں تحریر کی جائے۔
**تاوَل**۔ (تا۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مث) (اتاوَل کا مخفف) جلدی۔
**تاولا**۔ (تاو۔ لا) (ہ۔ صف) مضطرب۔ جلدباز۔
**تاولا سو باولا**۔ (مثل) جلدباز دیوانہ ہوتا ہے۔
**تاویل**۔ (تا۔ ویل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) شرح۔ بیان (۲) ظاہری مطلب سے کسی بات کو پھیر دینا۔ حیلۂ شرعی۔ عذر بیجا۔ بچاؤ کی دلیل۔ جمع: تاویلات۔
**تاویل بن (آنا) پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوئی عذر سوجھنا۔ بچاؤ کی کوئی صورت نظر آنا۔
**تاہُّل**۔ (ت۔ اہ۔ ہُل) (ع۔ ا۔ مذ) شادی کرنا۔ صاحب اہل و اطفال ہونا۔
**تاہری**۔ (ہ۔ مث) بڑیاں اور چاول ملا کر پکی ہوئی۔
**تائب**۔ (تا۔ ئب) (ع۔ ا۔ مذ) توبہ کرنے والا۔ گناہ سے ہٹنے والا۔ جمع: تائبین۔
**تاؤ**۔ (تا۔ اُؤ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) (واؤ معروف کے ساتھ) باپ کا بڑا بھائی۔ تایا۔ (۲) بزرگ۔ بڑا (۳) ہوشیار یا عقل مند شخص (۴) بدمعاش۔
**تاؤ**۔ (تا۔ اؤ) (ہ۔ ا۔ مذ) (واؤ مجہول کے ساتھ) (۱) گرمی۔ حرارت (۲) تیز آنچ۔ (۳) کسی دھات کو آگ میں تپانا (۴) غصّہ۔ غضب (۵)۔ مروڑ۔ خم۔ پیچ (۶) کاغذ کا تختہ۔
**تاؤ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی دھات کا تپانے سے سُرخ ہوجانا (۲) جوش کھانا (۳) چاشنی کا پکنے پر آجانا (۴) غصّہ آنا۔
**تاؤ بگڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پکنے میں کسی چیز کا جوش خراب ہوجانا (۲) (مجازاً) موقع نکل جانا۔
**تاؤ بند**۔ (ہ۔ مذ) ہوَسوں کی اصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کو تاؤ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہ ہو۔
**تاؤ بھاؤ**۔ (تا۔ اؤ۔ بھا۔ اؤ) (ہ۔ صف) ذرا سا۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ کسی قدر خفیف۔
**تاؤ بھاؤ کا فرق**۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا فرق۔ ذرا سا اختلاف۔
**تاؤ پر تاؤ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) غصّے پر غصّہ آنا۔ بہت غصّہ آنا۔
**تاؤ پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جوش پر ہونا۔
**تاؤ پیچ**۔ (ا۔ مذ) پیچ و تاب۔ غم و غصّہ۔



Marfat.com

**تاؤ دیکھیں نہ بھاؤ**۔(ا۔محاورہ)بغیر سوچے سمجھے کام کرتے ہیں
**تاؤ دینا**۔(ا۔محاورہ)(۱)گرم کرنا۔آگ میں لال کرنا(۲)غصّہ دلانا(۳)مونچھوں کو مروڑنا۔
**تاؤ کھانا**۔(ا۔محاورہ)(۱)سُرخ ہو جانا(۲)جوش کھانا(۳)چاشنی یا قوام کا جل جانا(۴)اینٹھنا۔بل کھانا(۵)پگھلنا۔رقیق ہونا(۶)کشتے کا آنچ کھا جانا(۷)غصّہ کھانا
**تاؤ لگنا**۔(ا۔محاورہ)(۱)آنچ لگنا۔خوب گرم ہونا(۲)زیادہ جل جانا۔
**تاؤ میں آنا**۔(ا۔محاورہ)جوش میں آنا۔غصّے میں بھرنا۔
**تائی**۔(تا۔ئی)(ہ۔امث)باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔
**تائے**۔(تا۔ئے)(ف۔ا۔مذ)(۱)کپڑا(۲)تہ(۳)کاغذ کا تختہ (۴)طاق۔ (جفت کی ضد)
**تائے تشریف**۔(ف۔ا۔مذ)ایک خلعت۔پورا خلعت۔
**تائید**۔(تا۔ئید)(ع۔ا۔مث)(۱)تقویت(۲)حمایت۔مدد(۳)طرف داری۔ رعایت(۴)استحکام دعویٰ کی دستاویز۔ جمع: تائیدات۔
**تائید ایزدی**۔(ع۔امث)اللہ تعالیٰ کی مدد۔
**تائید ربّانی۔(یزدانی)**(ع۔امث)خدا کی مدد۔
**تائید غیبی**۔(ع۔امث)غیب سے مدد۔خدا کی مدد۔
**تائید کرنا**۔مدد کرنا۔سہارا دینا۔ساتھ دینا۔حمایت کرنا۔
**تائید کلام**۔(ع۔امث)سخن پروری۔بات کی پچ۔
**تائید مزید**۔زیادہ مدد۔کسی بات کی موافقت جو ایک کے بعد دوسرا کرے۔
**تائیدی**۔(تا۔ئی۔دی)(ع۔ف۔صف)امدادی۔
**تائیدی شہادت**۔(ع۔امث)وہ گواہ جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔
**تائیرا**۔(تائے۔را)(ہ۔صف)چچا سے منسوب۔بڑے چچا کا۔
**تائیل**(ع۔ا۔مذ)وہ مسافر جو قافلے سے بچھڑ گیا ہو اور اس کے ساتھیوں کو ٹھگوں نے مار ڈالا ہو۔
**تائیں**۔(تا۔ئیں)(ق)تئیں۔خاطر۔لیے۔
**تایا**۔(تا۔یا)(ہ۔ا۔مذ)تاؤ۔باپ کا بڑا بھائی۔
**تایا جانا**۔(تا۔یا۔جا۔نا)(اُر۔مص)(۱)گرم کیا جانا۔جلایا جانا۔پگھلایا جانا۔ (۲)آزمایا جانا۔
**تائیں**۔(تا۔ئیں)(ہ۔امث)خسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔
**تایسرا**۔(تا۔یس۔را)(ہ۔ا۔مذ)خسر کا بڑا بھائی۔
**تالیقہ**۔(امث)عربی تعلیقہ کا بگڑا ہوا۔مال و اسباب کی ضبطی(۲)اسباب کی فہرست۔

## ت ۔ ب

**تَب**۔(ہ)(۱)پھر(۲)بعد میں۔بعد ازاں(۳)اس وقت(۴)اس پر۔اس حالت میں(۵)اس لیے۔اس سبب سے(۶)تو۔
**تب بھی**۔(۱)پھر بھی۔تاہم۔اس پر بھی(۲)اس کے باوجود۔
**تب تک**۔جب تک۔اس وقت تک۔
**تب تو**۔پھر تو۔
**تب سے**۔اس وقت سے۔
**تب کا لیا گیا سائے اب کا لیا دیکھو آئے**۔(مثل)پُرانی بات کو جانے دیجیے، نئی حالت کو دیکھیے۔
**تب لگ جھوٹ نہ بولیے، جب لگ پار بسائے**۔(مثل)جہاں تک ممکن ہو جھوٹ نہ بولنا چاہیے۔
**تب ہی۔تبھی**۔(۱)اسی وقت۔اسی دم۔جب ہی فوراً(۲)اس لئے اس وجہ سے۔
**تب ہی تک**۔صرف اس وقت تک۔
**تب ہی تو**۔اس لیئے۔اس وجہ سے۔
**تب ہی سے**۔اس وقت سے۔
**تَپ**۔(ف۔امث)تپ۔بخار۔
**تپِ دروں**۔(ف۔امث)اندرونی گرمی۔دل کی سوزش۔عشق۔
**تپِ کہنہ**۔(ف۔امث)پُرانا بخار۔
**تبادُر**۔(ع۔ا۔مذ)سبقت۔مسابقت(۲)بازی لے جانا(۳)باہم دوڑنا۔
**تبادُل**۔(تَ۔با۔دُل)(ع۔ا۔مذ)بدلنا۔تبدیل کرنا۔باہمی بدلہ۔
**تبادلِ سزا**۔(ع۔ف۔مذ)ایک سزا کا دوسری سزا سے بدل دینا۔
**تبادِلہ**۔(تَ۔با۔دِ۔لہ)(ع۔ا۔مذ)(۱)بدل۔عوض۔معاوضہ(۲)ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔بدلی۔
**تبادلۂ خیالات**۔(ع۔ف۔مذ)کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا باہم اظہارِ خیال (صحیح مبادلۂ خیالات)
**تبار**۔(تَ۔بار)(ف۔ا۔مذ)(۱)خاندان۔گھرانا(۲)قوم۔ذات۔لوگ۔ (۳)نسل۔اولاد۔
**تبارا**۔(تِ۔با۔را)(اُر۔صف)(۱)سہ بارہ۔تیسری دفعہ(۲)تین دروازوں کا کمرہ۔
**تبارَک**۔(تَ۔با۔رَک)(ع۔صف)(۱)بڑا۔عالی۔بزرگ(۲)مسلمانوں کی ایک رسم، رجب کے مہینے میں جمعرات یا جمعہ کو سورۂ تبارک چالیس مرتبہ پڑھ کر مُردوں کو بخشتے ہیں اور میدے کی روٹیاں تقسیم کرتے ہیں۔
**تبارک الذی**۔(۱)بزرگ ہے وہ ذات(۲)کلامِ مجید کا ایک پارہ۔
**تبارک اللہ**۔بزرگ ہے اللہ تعالیٰ (تعجب کے وقت کہتے ہیں)۔
**تبارک کی روٹی**۔روٹی جو تبارک کے موقع پر تقسیم و خیرات کی جائے۔
**تباسی**۔(تِ۔با۔سی)(ہ۔صف)تین روز کی رکھی ہوئی۔تین روز کی باسی۔
**تباشیر**۔(تَ۔با۔شیر)(ف۔امث)(۱)ایک دوا۔بنسلوچن(۲)(مجاز)صبح کاذب کی روشنی۔
**تباغُض**۔(تَ۔با۔غُض)(ع۔ا۔مذ)باہم بغض رکھنا۔عداوت رکھنا۔
**تباکھیر**۔(تَ۔با۔کھیر)(ہ۔امث)تباشیر سفید۔
**تباہ**۔(تَ۔باہ)(ف۔صف)(۱)برباد۔ویران۔اُجڑا ہوا۔خستہ حال(۲)خراب۔بُرا۔شریر۔بدکار۔
**تباہ حال**۔(ف۔صف)شکستہ حال۔ذلیل حالت۔
**تباہ کرنا**۔(ا۔محاورہ)(۱)برباد کرنا۔ویران کرنا۔اُجاڑنا(۲)لُٹانا۔ضائع کرنا۔فضول خرچ کرنا(۳)دیوالہ نکالنا۔مفلس بنا دینا(۴)غرق کرنا۔ڈبونا(۵)



Marfat.com

بگاڑنا۔ستیاناس کرنا (۶) کھونا۔گُم کرنا (کبوتروں کی اصطلاح میں)
**تباہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) برباد ہونا۔ اُجڑنا (۲) لُٹنا۔غارت ہونا (۳) ضائع ہونا۔ (۴) مفلس ہونا (۵) ڈوبنا۔غرق ہونا (۶) ستیاناس ہونا۔ بگڑنا (۷) عاشق ہونا۔ مرمٹنا (۸) کنکوا اکھڑنا (پتنگ بازی کی اصطلاح)
**تباہی** ۔ (ت۔ با۔ ہی) (ا۔ مث) (۱) بربادی ۔خرابی۔ ویرانی (۲) (اُر) ذلت۔رسوائی (۳) مصیبت۔ بلا (۴) لوٹ مار۔ غارت۔
**تباہی آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آفت آنا۔ بلا نازل ہونا۔
**تباہی کا مارا (تباہی زدہ)** ۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت کا مارا۔دُکھی۔ آفت زدہ خراب وخستہ۔ تباہ حال۔کم بخت۔
**تبایُن** ۔ (تَ۔ با۔ یُن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فرق۔ تفاوت۔ اختلاف (۲) جُدائی (۳) ضد۔مخالفت (۴) نامطابقت۔ ناموافقت۔
**تبحّر** ۔ (تَ۔ بَح۔ حُر) (ع۔ ا۔ مذ) کسی علم یا فن میں سمندر کی طرح بے پایاں ہونا۔ کسی چیز میں کمال حاصل ہونا۔
**تبحّرِ علمی** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) نہایت وسعتِ علمی۔
**تبخال۔ تبخالہ** ۔ (تَب۔ خال) (تَب۔ خا۔ لہَ) (ف۔ ا۔ مذ) چھالا، جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں پر نکل آتا ہے۔
**تبختر** ۔ (تَ۔ بَخ۔ تُر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ناز سے چلنا۔غرور سے چلنا (۲) غرور۔تکبر۔ فخر۔ اترانا۔
**تبخیر** ۔ (تَب۔ خیر) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بھپک (۲) بھاپ (۳) خفیف سی حرارت۔ وہ بخارات، جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے اور جسم کو بھی قدرے گرما دیتے ہیں۔
**تبدّل** ۔ (تَ۔ بَد۔ دُل) (ع۔ ا۔ مذ) بدل۔تغیُّر۔ بدلنا۔
**تبدیل** ۔ (تَب۔ دیل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ کرنا۔ یا رکھنا۔ تغیُّر کرنا۔ پلٹنا (۲) تغیُّر۔ فرق۔ بدل (۳) پلٹ۔ پھیر پھار۔
**تبدیلِ آب وہوا** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بحالیِ صحت کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
**تبدیلِ ناجائز** ۔ دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا۔ جعلسازی۔
**تبدیل ہونا** ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ بدلنا۔ بدلی ہونا۔
**تبدیلِ ہیئت** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) صورت بدلنا۔ بھیس بدلنا۔
**تبدیلی** ۔ (تَب۔ دی۔ لی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) بدلی۔ ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا (۲) نوکری پر ایک سپاہی یا پہریدار کی جگہ دوسرے کا آنا (۳) ایک حالت سے دوسری حالت ہونا (۴) تغیُّر۔ تبدل۔ فرق۔
**تبذیر** ۔ (تَب۔ زیر) (ع۔ ا۔ مث) (۱) فضول خرچی کرنا (۲) پراگندہ کرنا۔ (۳) بیج بونا (۴) بھید ظاہر کرنا۔
**تبر** ۔ (تَ۔ بَر) (ف۔ ا۔ مذ) کلہاڑی۔ ایک قسم کا فولادی آلہ، جس سے لکڑی چیرتے اور درخت کاٹتے ہیں۔
**تبرّا** ۔ (تَ۔ بَر۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نفرت۔ بیزاری (۲) لعن طعن۔
**تبرّا بھیجنا (کرنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) نفرت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ گالیاں دینا۔

**تبرّے بازی** ۔ (۱) گالیاں دینا۔لعن طعن کرنا (۲) جھگڑا بازی۔
**تبرّائی** ۔ (تَ۔ بَر۔ را۔ ای) (ع۔ صف) تبرّا کرنے والا۔ لعن طعن کرنے والا۔
**تبرّج** ۔ (تَ۔ بَر۔ رُج) (ع۔ ا۔ مذ) بناؤ سنگھار کرنا۔ آرائش کرنا۔ اپنے آپ کو سنوارنا۔
**تبرّع** ۔ (تَ۔ بَر۔ رُع) (ع۔ ا۔ مذ) بخشنا۔ دینا۔ کسی کو ذاتی منفعت کی اُمید کے بغیر دینا۔
**تبرُّک** ۔ (تَ۔ بَر۔ رُک) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو (۲) تحفہ۔ پرشاد (۳) نیاز فاتحہ کی چیز (۴) تھوڑا سا۔ قلیل۔ جمع : تبرّکات۔
**تبرّک ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا ذرا ذرا کر کے تقسیم اور ختم ہو جانا۔
**تبرُّکاً** ۔ (تَ۔ بَر۔ رُ۔ کَن) (ع) برکت کے ساتھ۔ برکت کے طور پر۔
**تبرّکاً ویُمناً** ۔ خیر و برکت کے لحاظ سے۔
**تبرّکات** ۔ (تَ۔ بر۔ رُ۔ کات) (ع۔ ا۔ مذ) بزرگانِ دین کی چیزیں، جو برکت کے طور پر رکھی جائیں۔ بزرگوں کے آثار۔ تبرّک کی جمع۔
**تبرکوں** ۔ (تَ۔ بَر۔ کوں) (ہ۔ ا۔ مذ) گھوڑے کا ایک عیب۔
**تبرید** ۔ (تَب۔ رید) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ٹھنڈا کرنا۔ تر و تازہ کرنا (۲) ٹھنڈائی۔ (۳) ٹھنڈی دوا۔ وہ دوا یا شربت، جو مسہل کے بعد اس کی حرارت کو دُور کرنے کے لیے دیتے ہیں۔
**تبریق** ۔ (ع۔ ا۔ مث) تیز دیکھنا (۲) برقانا۔ کسی چیز میں برقی رو دوڑانا۔
**تبریہ** ۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) بری کرنا (۲) چھوڑنا۔ برات۔ صاف کرنا۔
**تبسّط** ۔ (ع۔ مذ) پھیلاؤ۔ فراخی۔ کشادگی (۲) پھیلانا۔ کھُلنا۔
**تبسّم** ۔ (تَ۔ بس۔ سُم) (ع۔ ا۔ مذ) مسکراہٹ۔ ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھُلیں۔
**تبسّم (افشاں) پاش** ۔ (ف۔ ع۔ صف) مسکرانے والا۔ مسکراتا ہوا۔
**تبسّمِ برق** ۔ (ع۔ ف۔ مذ) بجلی کی چمک۔
**تبسّمِ گُل** ۔ (ع۔ ف۔ مذ) کلی کا کھِلنا۔
**تبسّمِ مینا** ۔ (ف۔ مذ) صُراحی سے شراب نکلنے کی آواز۔
**تبصرہ** ۔ (تَب۔ صِ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تنقید۔ ریویو۔ نقد و نظر (۲) توضیح۔ جمع : تبصرہ جات۔
**تبع** ۔ (تَ۔ بَع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا۔ جمع : توابع۔ تُبّاع۔
**تبع تابعین** ۔ (ع۔ مذ) مسلمانوں میں وہ لوگ جنھوں نے تابعین کو دیکھا۔
**تبعیّت** ۔ (تَب۔ عی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) متابعت۔ اتباع۔ پیروی۔ تقلید (۲) نقل (۳) اطاعت۔ فرمانبرداری۔
**تبغیض** ۔ (تَب۔ غیض) (ع۔ ا۔ مث) (۱) دشمنی ڈال دینا۔ بغض پیدا کرنا۔ (۲) لڑائی کرا دینا۔
**تبلق** ۔ (تَب۔ لَق) (ع۔ ا۔ مث) طبلق کا بگڑا ہوا۔ کاغذوں کا بنڈل یا مٹھا۔



Marfat.com

**تَبلی** ۔ (تَب ۔ لی) [اُ ۔ ا ۔ مث] (۱) توشہ دان (۲) وہ چھوٹی سی تھیلی جس میں کارتوس وغیرہ رکھتے ہیں (۳) وہ تختہ جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے ۔ پردہ ۔

**تِبلی** ۔ (تِب ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ڈور جسے کئی دھاگے بٹ کر بناتے ہیں ۔

**تَبلیغ** ۔ (تَب ۔ لیغ) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پہنچانا ۔ (۲) (مجازاً) احکام شریعت پہنچانا ۔ خدا کا حکم پہنچانا ۔

**تَبنّی ۔ تَبنیت** ۔ (تَ ۔ بَن ۔ نی) (تب ۔ نِ ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] متبنّے بنانا ۔ گود لینا لے پالک بنانا ۔

**تَبویب** ۔ (تَب ۔ ویب) [ع ۔ ا ۔ مث] کتاب کو ابواب میں تقسیم کرنا ۔

**تَبہ** ۔ (تَ ۔ بَہ) [ف ۔ صف] تباہ کا مخفف ۔ خراب ۔ اُجاڑ ۔ ویران ۔ برباد ۔

**تبہ کار** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بدکار ۔ بدچلن (۲) برباد ۔ اُجاڑ ۔

**تِبیان** ۔ (تِب ۔ یان) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) ظاہر کرنا ۔ آشکارا ہونا (۲) ظہور ۔ پرکاش ۔

**تَبیچ** ۔ (تَ ۔ بیچ) [ق] اسی وقت ۔

**تَبیین** ۔ (تَب ۔ یین) [ع ۔ ا ۔ مث] بیان کرنا ۔ تشریح ۔ توضیح ۔

## ت ۔ پ

**تَپ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) گرمی ۔ حرارت ۔ جوش (۲) بخار ۔ بدن میں حرارت کا معمول سے زیادہ ہونا (۳) پرستش ۔ عبادت ۔ ریاضت ۔ تپسیا ۔ (۴) سخت گرمی ۔

**تپ آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بخار آنا (۲) (مجازاً) ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔

**تپ اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بخار زائل ہو جانا ۔

**تپ بلغمیہ** ۔ (ف ۔ صف) وہ بخار جو بلغم کے تعفّن سے لاحق ہو ۔

**تپ ٹوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بخار اُتر جانا ۔

**تپ چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بخار چڑھنا ۔ بخار سے بدن جلنا (۲) مجازاً ڈرنا ۔ لرزاں ہونا ۔

**تپ چہارم** ۔ چوتھیا بخار ۔

**تپ خالہ** ۔ وہ چھالا جو ہونٹوں پر بخار کی گرمی سے پڑ جائے دیکھیے تبخالہ ۔

**تپ خلطی** ۔ (ف ۔ صف) وہ بخار جو اخلاط کی عفونت یا انکے جوش سے پیدا ہو ۔

**تپ دروں** ۔ (ف ۔ مذ) (۱) اندر کی گرمی (۲) عشق ۔

**تپ دِق** ۔ (ف ۔ مذ) پرانا بخار جو عموماً پھیپھڑوں کے خراب ہونے کی وجہ سے آتا ہے ۔

**تپ زدہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کو بخار آتا ہو ۔

**تپ زرد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا بخار جس کے ہمراہ یرقان ہو جاتا ہے ۔

**تپ سُرخ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا بخار جو سخت متعدی ہوتا ہے ۔ اس میں گلا متورم ہو جاتا ہے اور دوسرے تیسرے روز بدن پر دھبّے پڑ جاتے ہیں ۔ لال بخار ۔

**تپ سوداوی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ بخار جو سودا کی عفونت سے ہوتا ہے ۔

**تپ عشق** ۔ (ف ۔ مذ) عشق کا جوش یا گرمی ۔

**تپ غم** ۔ وہ بخار جو غم کی وجہ سے ہو جائے ۔

**تپ کاہی** ۔ ایک قسم کا بخار جو پیٹ میں گرد و غبار اور خاک دھول پہنچنے سے ہو جاتا ہے اور اس میں دمے کی علامات بھی ہوتی ہیں ۔ (Hayfever)

**تپ کہنہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پُرانا بخار ۔

**تپ لرزہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ بخار جو لرزے کے ساتھ ہو ۔ یعنی جس کے چڑھتے ہوئے سردی لگے اور کپکپی آئے ۔

**تپ (محرق) محرقہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) میعادی بخار ۔ وہ بخار جو ۱۴ ۔ ۲۱ ۔ یا ۳۰ دن کے بعد اُترے ۔

**تپ (کا) مُوت جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بخار اُتر جانے کے بعد ہونٹوں پر چھالے پڑ جانا ۔

**تپ نزلی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نزلے کا بخار ۔

**تپ نزلی وبائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) انفلوئنزا ۔

**تپ نوبت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) باری کا بخار ۔

**تپ وبائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وبائی بخار ۔ جنگی بخار ۔ انفلوئنزا ۔

**تپ ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بخار آنا ۔

**تپاس** ۔ (تَ ۔ پاس) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دھوپ ۔ سورج کی کرنیں ۔ (۲) محنت ۔ مشقت (۳) جوگ ۔

**تپاک** ۔ (تَ ۔ پاک) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) گرم جوشی ۔ شوق (۲) آؤبھگت ۔ خاطر مدارات (۳) اخلاص ۔ التفات (۴) محبت ۔ عشق ۔ پیار ۔ پریم (۵) (طنزاً) بے پروائی (۶) غصہ (ق)

**تپاک سے (پیش آنا) ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرمجوشی سے ملنا ۔ خوب آؤبھگت کرنا ۔

**تپاک ظاہر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محبت یا دوستی کا اظہار کرنا ۔

**تپال** ۔ (تَ ۔ پال) [ف ۔ صف] (۱) گرم ۔ جلتا ہوا (۲) تڑپنے والا ۔

**تپانا** ۔ (تَ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گرم کرنا ۔ (۲) سونے چاندی کو تاؤ دینا ۔

**تُپانا** ۔ (تُ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دفن کرانا (۲) چھپوا دینا ۔

**تپانچہ** ۔ (تَ ۔ پاں ۔ چَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھپڑ ۔ کھلے ہاتھ کی ضرب جو منہ پر ماری جائے (۲) موجوں کا تھپیڑا ۔

**تپانچہ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تھپڑ لگنا ۔

**تپانچہ جڑنا ۔ تپانچہ دینا ۔ تپانچہ لگانا ۔ تپانچہ مارنا** ۔ تھپڑ مارنا ۔

**تپانچہ کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منہ پر تھپڑ لگنا ۔

**تپائی** ۔ (تِ ۔ پا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مث] تین پایوں کی چوکی ۔ چھوٹی میز ۔

**تپچانا** ۔ (تَپ ۔ چا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کپڑے کے سرے سے سرا ملا کر سینا ۔

**تپڑ** ۔ (تَ ۔ پڑ) [ہ ۔ ا ۔ مث] ٹاٹ کی گدی جس پر نیچے بیٹھتے ہیں ۔

**تپڑ الٹ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیوالہ نکال دینا ۔

**تپسیا ۔ تپشیا** ۔ (تَ ۔ پَس ۔ یا) (تَ ۔ پَش ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] مشقت کی عبادت سخت ریاضت ۔



Marfat.com

**تپش**۔ (تَ۔پِش) [ف۔ا۔مث] (۱) گرمی۔ حرارت۔ آفتاب کی تمازت۔ (۲) سوزش جلن (۳) اضطراب۔ بیقراری۔ بے چینی۔

**تپک**۔ (تَ۔پَک) [ہ۔ا۔مث] پھوڑے کا درد ٹیس۔ جلن۔

**تُپک** (تُ۔پَک) [ت۔ا۔مث] چھوٹی توپ۔

**تپکچی**۔ (تَ۔پَک۔چی) [ت۔ا۔مذ] ایک افسر جو مالگذاری کے کام پر لگایا جاتا تھا۔

**تُپکچی**۔ (تُ۔پَک۔چی) [ت۔ا۔مذ] توپچی۔ گولنداز۔ بندوق چلانے والا۔ سپاہی۔

**تپکنا**۔ (تَ۔پَک۔نا) [ہ۔مص] ٹیس پڑنا۔ لپک ہونا۔

**تپن**۔ (تَ۔پَن) [س۔ا۔مث] جلن۔

**تپنا**۔ (تپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرم ہونا (۲) جلنا۔ دہکنا تمتمانا (۳) رعب بیٹھنا۔ (۴) صاحب نصیب ہونا (۵) دھونی رمانا۔

**تپنچہ**۔ (تَ۔پَن۔چَہ) [ت۔ا۔مذ] پستول (دیکھیے طمنچہ)

**تپنچہ باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) تپنچہ کمر میں لگانا۔

**تپنچہ بھرنا**۔ (ا۔محاورہ) تپنچے میں گولی بارود بھرنا۔ پستول بھرنا۔

**تپنچہ چلانا**۔ (ا۔محاورہ) تپنچے کا گھوڑا دبانا۔ تپنچہ سر کرنا۔

**تپنچہ (چلنا) چھوٹنا**۔ تپنچہ سر ہونا۔

**تپنچہ چھوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) تپنچہ چلانا۔

**تپنچہ خالی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تپنچے سے گولی بارود یا کارتوس نکالنا (۲) تپنچہ چلانا۔

**تپنچہ (داغنا) سر کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تپنچہ چلانا۔

**تپوبن**۔ (ہ۔صف) وہ جنگل جس میں جاکر جوگی تپ کرتے ہیں۔ ہردوار کے قریب ایک تیرتھ جہاں جوگی اور سنیاسی جاکر تپسیا کرتے ہیں۔

**تپولے**۔ (تَ۔پو۔لے) [ق۔ا۔مذ] پتلے۔

**تپیدہ**۔ (ف۔صف) (۱) تڑپا ہوا (۲) گرم کیا ہوا۔

## ت۔ت

**تت**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) روح۔ جان (۲) لب لباب۔ ست (۳) سرمایہ۔ پونجی۔ راس المال (۴) پھل۔ نتیجہ (۵) انجام۔ اخیر (۶) خدائے تعالےٰ کی معرفت۔ ماہیت خدا۔

**تتا**۔ (تَت۔تا) (ہ۔صف) (۱) گرم۔ جلتا ہوا (۲) تیز مزاج۔ تند (۳) بہادر شجاع (۴) جوشیلا۔ سرگرم۔ پُرجوش۔

**تتا تاؤ**۔ (ہ۔مذ) (۱) جب تنور گرم کیا جائے تو اس کی ابتدائی گرمی کو تتا تاؤ کہتے ہیں۔ اس میں روٹی اچھی طرح نہیں پکتی (۲) مجازاً۔ فوراً۔ جلد۔

**تتا باؤلا**۔ (ہ۔صف) جلد باز۔ تیز مزاج۔

**تتا توا**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) گرم توا (۲) بات بات پر لڑنے والا۔ لڑاکا جھگڑالو۔

**تتا کور نوالہ نہ نگلنے کا نہ اُگلنے کا**۔ (مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کچھ بن نہ پڑے۔

**تتا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) گرم ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ ناراض ہونا۔

**تتے توے پر قسم کھانا**۔ (ا۔محاورہ) سخت قسم کھانا۔

**تتے توے کی بوند**۔ (ہ۔مقولہ) (۱) بہت خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں۔ (۲) چیز کم ہے جلد ختم ہو جائے گی۔

**تتے توے کی بوند ہو گئی**۔ (ا۔محاورہ) ذراسی آمدنی معلوم بھی نہ ہوئی۔ بڑے خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں۔

**تتار**۔ (تَ۔تار) [س۔ا۔مذ] (۱) مالش کی دوا۔ لیپ ضماد۔ طلاء (۲) گرم پانی کی سینک (۳) گرم پانی سے دھارنا (۴) سوجی ہوئی جگہ پر ٹھنڈا پانی ڈالنا (۵) تاتار کا مخفف۔

**تتارنا**۔ (تَ۔تار۔نا) [ہ۔مص] سینکنا۔ گرم کرنا۔

**تتال**۔ (تِت۔تال) [ق۔صف] دھوکے باز۔ بدمعاش۔ مکار۔

**تتالی**۔ (تت۔تا۔لی) [ق۔ا۔مث] مکاری۔ دھوکے بازی۔

**تتبع**۔ (تَ۔تَب۔بُع) [ع۔ا۔مذ] (۱) تقلید۔ پیروی (۲) نقل۔ ریس۔

**تتر بتر**۔ (تِت۔تَر۔بِ۔تَر) [ہ۔صف] الگ الگ۔ جُدا جُدا۔ منتشر۔ پراگندہ۔ بے ترتیب۔ بکھرا ہوا۔ پریشان۔

**تتری**۔ (تَ۔تَ۔رِی) [ف۔صف] تاتاری۔ تاتار کا رہنے والا۔

**تتری۔ تترٹی**۔ (تَت۔رِی) (تَت۔ڑی) [ہ۔صف] (۱) ناز نخرے کرنے والی عورت (۲) نہایت بخیل عورت (۳) تیز مزاج (۴) جنم جلی۔ بدقسمت۔

**تترٹی نے دیا جنم جلی نے کھایا (یا) نہ جیب جلی۔ نہ سواد آیا** (مثل) (۱) ایک بدقسمت شخص دوسرے بدقسمت کی مدد کرے۔ تو کچھ نہیں ہوتا۔ (۲) بہت تھوڑا کھانا دیا جائے تو اس وقت بھی کہتے ہیں۔

**تتری۔ تتلی**۔ (تِت۔رِی) (تِت۔لی) [ہ۔ا۔مث] ایک نہایت خوبصورت پردار کیڑا۔

**تتق**۔ (تُ۔تُق) [ف۔ا۔مذ] پردہ۔ خیمہ۔ سراپردہ۔

**تتق گرد** (ف۔ا۔مث) اُڑی ہوئی خاک۔ اس قدر خاک کہ کچھ نظر نہ آئے۔

**تتق نیلی**۔ (ف۔ا۔مذ) آسمان۔

**تتک۔ توتک**۔ (تُ۔تَک) (تو۔تَک) [ہ۔ا۔مذ] جہاز کا تختہ۔

**تتلا**۔ (تُت۔لا) [ہ۔صف] (۱) وہ جو صاف نہ بول سکے۔ لکنت کرنے والا۔ رُک رُک کر بات کرنے والا۔

**تتلانا**۔ (تُت۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) لکنت کرنا۔ صاف نہ بولنا۔ رُک رُک کر بات کرنا۔ ہکلانا (۲) ٹ۔ ڈ وغیرہ کی جگہ ت۔ د بولنا۔

**تتمبا**۔ (تِ۔تَم۔با) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مشکل۔ دقت (۲) جھگڑا۔ زبانی تکرار۔ (۳) روک۔ ممانعت (۴) سازش۔ جوڑ توڑ۔ داؤں گھات (۵) بغاوت غدر (۶) دنگا فساد۔

**تتمبے لگے ہونا**۔ (ا۔محاورہ) گھر کے جھگڑوں بکھیڑوں میں پھنسے ہونا۔

**تتمہ**۔ (تَ۔تِم۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) بقیہ۔ بچا ہوا۔ کسی چیز کا آخری حصہ (۲) ضمیمہ۔ خاتمہ۔ کتاب کا وہ زائد حصہ جو آخیر میں لگا دیتے ہیں (۳) خط کا ضمیمہ (۴) (مذاقاً) بچہ۔ جمع: تتمہ جات۔

**تتمہ بیان تحریری**۔ (ا۔مذ) تحریری بیان کا ضمیمہ۔

**تتمہ چالان**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ چالان جو نامکمل چالان کے بعد مقدمے کی



Marfat.com

تفتیش ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا جائے (قانون)

**تتمہ وصیت نامہ**۔ (ف۔ا۔مذ) وصیت نامے سے متعلق دستاویز جس میں وصیت نامے کے مطالب کی توضیح یا اس میں اضافہ یا تبادلہ کیا جائے۔

**تتمیم**۔ (تَت۔میم) (ع۔ا۔مث) پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔ تکمیل۔ انت۔

**تتو تھمبو**۔ (تَت۔تو۔تھم۔بو) (ہ۔ا۔مث) روک تھام۔ دم دلاسا۔ بیچ بچاؤ۔

**تتو تھمبو کر دینا**۔ (ا۔محاورہ) بیچ بچاؤ کرا دینا۔ روک تھام کر دینا۔

**تتھ**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) چاند کی تاریخ (۲) دن۔ تاریخ۔

**تتھا**۔ (تَ۔تھا) (ہ۔ا۔مث) (۱) طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور (۲) لیاقت قابلیت (۳) اب۔ اس طرح کا۔

**تتھرا۔ تتھڑا۔ تتیڑا**۔ (تَ۔تہ۔را) (تَ۔تہ۔ڑا) (تَ۔تے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) پانی گرم کرنے کا برتن۔

**تُتّی**۔ (تُ۔تَ۔ای) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا سا لوٹا جس سے بچے پانی پیتے ہیں۔

**تتی پرتین پال، وہ ناچیں بن تال**۔ (ا۔مثل) بے مائیگی پر اترانا۔

**تتیا**۔ (تَ۔تی۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) لال رنگ کی بھڑ (صف) (۲) تیز۔ چالاک (۳) ذہین۔ ذکی۔

**تتیا کا ناچ نچانا**۔ (ا۔محاورہ) ستانا۔ تنگ کرنا۔ مزا چکھانا۔

**تتیا مرچ**۔ (ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی سی نہایت تیز مرچ۔

**تتے پڑنا**۔ (تَت۔تے۔پڑ۔نا) (ہ۔مص) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ ذلت ہونا

## ت۔ٹ

**تٹ**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) ساحل۔ کنارہ (۲) ڈھال۔ اُتار۔ جھکاؤ (۳) اُفق۔ آکاس۔ (۴) کھیت۔

**تٹاپا**۔ (تُ۔ٹا۔پا) (ق۔صف) (۱) کمزوری۔ لاچاری۔ بے بسی (۲) مفلسی۔ احتیاج۔

**تٹالا**۔ (تَ۔ٹا۔لا) (ق۔ا۔مذ) باجرے کا سرکنڈا۔ ڈنٹھل۔

**تٹے**۔ (تِٹ۔ٹے) (ق۔ا۔مذ) ٹکڑے۔

**تٹے**۔ (تُٹ۔ٹے) (ق۔ا۔مذ) نقطے۔

## ت۔ث

**تثلیث**۔ (تَث۔لیث) (ع۔ا۔مث) (۱) تین حصوں میں تقسیم کرنا۔ (۲) مسیحی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی (۱) باپ (۲) بیٹا (۳) روح القدس (۴) نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا چھٹے گھر کو دیکھنا۔

**تثریب**۔ (تَث۔ری۔ب) (ع) سرزنش۔ ملامت۔ طعنہ۔

**تثنیہ**۔ (تَث۔نِ۔یہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دوگنا۔ دونا کرنا (۲) صیغہ جس میں دو سمجھے جائیں (۳) دو نقطوں والا۔

**تثویب**۔ (ع۔مث) (۱) لوٹنا (۲) صبح کی نماز میں دو مرتبہ الصلٰوۃ خیر من النوم کہنا۔

## ت۔ج

**تج**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک درخت جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے۔ دارچینی کا درخت (۲) دارچینی (۳) تجنا کا امر (۴) دست برداری۔ کنارہ کشی۔ دست کشی

**تج چکنا**۔ (ا۔مص) چھوڑ چکنا۔ دست بردار ہونا۔

**تج دینا (تجنا)**۔ (ا۔مص) چھوڑنا۔ تیاگنا۔ دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا۔ باز رہنا۔

**تجاذب**۔ (تَ۔جا۔ذُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) کشش۔ باہم جذب کرنا۔ ایک دوسرے کو کھینچنا۔ کشش ثقل (۲) (انگ) (Gravitation)

**تجار**۔ (تُج۔جار) (ع۔ا۔مذ) تاجر کی جمع۔ سوداگر۔

**تجارب**۔ (تَ۔جا۔رب) (ع۔ا۔مذ) تجربہ کی جمع۔

**تجارت**۔ (تَ۔جا۔رَت) (ع۔ا۔مث) سوداگری۔ بیوپار۔ دکان داری۔

**تجارتی**۔ (تِ۔جا۔رَ۔تی) (ف۔صف) تجارت سے متعلق۔

**تجارتی مال**۔ (ا۔مذ) سوداگری کا سامان۔

**تجارتی مارکہ**۔ (ا۔مذ) تجارتی نشان (انگ) (Trade Mark)

**تجارتی منڈی**۔ وہ مقام جہاں کسی چیز کی خاص طور پر تجارت ہو۔

**تجاسر**۔ (ع۔ا۔مذ) دلیری۔ جسارت۔ جرأت۔

**تجاوز**۔ (تَ۔جا۔وُز) (ع۔ا۔مذ) حد سے بڑھنا یا گزرنا (۲) بے راہ ہو جانا (۳) اپنے اختیار سے بڑھ کر کام کرنا (۴) عدول حکمی۔ خلاف ورزی (۵) فرق (۶) گستاخی کرنا ہوتے کے ساتھ (۷) معاف کرنا۔ جمع: تجاوزات۔

**تجاہل**۔ (تَ۔جا۔ہُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) انجان بننا۔ ٹالنا (۲) چشم پوشی (۳) بے پروائی۔ جمع: تجاہُلات۔

**تجاہل عارفانہ**۔ (ع۔مذ) (۱) جان بوجھ کر انجان بننا (۲) کسی معلوم بات کو نامعلوم کی طرح بیان کر کے اس کی تمیز میں اپنی حیرانی و عدم واقفیت کا اظہار کرنا۔ ارادتاً ناواقفیت ظاہر کرنا۔

**تجدد**۔ (تَ۔جَد۔دُ) (ع۔ا۔مذ) نیا ہونا۔ جدت۔ نیا پن۔ اختراع۔

**تجدید**۔ (تَج۔دید) (ع۔ا۔مث) (۱) ایجاد۔ اختراع (۲) نئے سرے سے کام شروع کرنا (۳) کایا پلٹ۔ جمع: تجدیدات۔

**تجدید بنائے دعوے**۔ (ع۔ا۔مث) بنائے دعوے کو نئے سرے سے پیش کرنا۔

**تجربہ**۔ (تَج۔رِ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آزمائش۔ امتحان۔ جانچ۔ پرکھ (۲) کرنے کا طریقہ۔ واقفیت (۳) سائنس کا عمل۔ سائنس کے اصول کی آزمائش یا امتحان۔ جمع: تجربات۔

**تجربہ حاصل کرنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کام کو کر کے سیکھنا۔



Marfat.com

**تجربہ کار** - (ع - ف - صف) واقف کار - ہوشیار - آزمودہ کار - ماہر -
**تجربہ کاری** - (ع - ف - مث) واقفیت -
**تجربہ گاہ** - (ف - مذ) مکان جس میں سائنس کے تجربے کیے جاتے ہیں - دارالتجربہ - معمل - تجربہ خانہ -
**تجرباتی نفسیات** - (تج - رُ - با - تی - نَف - سی - یات) [ف - ا - مث] وہ نفسیات جو تجربے پر مبنی ہوں نہ کہ نقل و روایات یا قیاس پر -
**تجرّد** - (تَ - جَر - رُد) (ع - ا - مث) (۱) عریانی (۲) تنہائی - خلوت - گزینی - اکیلا رہنا (۴) شادی نہ کرنا (۵) ترک دنیا - آزادی -
**تجرید** - (تج - رید) [ع - ا - مث] (۱) برہنگی - عریانی - (۲) تنہائی - خلوت (۳) ایک چیز کو دوسری چیز سے جدا کرنا (۴) علم بیان کی ایک صفت جس میں زوائد کو دور کر کے صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں - جمع : تجریدات -

**تجریدی فن (آرٹ)** - (ع - مذ) سنگ تراشی اور مصوری کا وہ انداز جس میں فنکار اقلیدسی اشکال اور علامات کے ذریعے اظہارِ خیال کرتا ہے - (انگ : (Abstract Art)
**تجزی** - (تَ - جَز - زی) (ع - ا - مث) الگ الگ کرنا - فرد فرد کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - تقسیم کرنا -
**تجزیہ** - (تج - زِ - یَہ) [ع - ا - مذ] (۱) تقسیم کرنا (۲) تحلیل کرنا - کسی مرکب کے عناصر ترکیبی جدا جدا کرنا - جمع : تجزیات -
**تجزیہ گاہ** - (ع - مذ) وہ جگہ جہاں مرکبات کے تجزیہ و تحلیل کا کام کیا جائے -
**تجسّس** - (تَ - جَس - سُس) (ع - ا - مذ) تلاش - جستجو - کھوج - دریافت - تحقیقات - جمع : تجسسات -
**تجسس کناں** - (ع - ف - مذ) تلاش کرتا ہوا -
**تجسیم** - (ع - مث) مجسم کرنا - خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ -
**تجلّا** - (تَ - جَل - لا) (ع - ا - مذ) (۱) چمک - روشنی (۲) جلوہ -
**تجلّی** - (تَ - جَل - لی) (ع - ا - مث) (۱) پردہ ہٹنا - ظاہر ہونا (۲) چمک - روشنی - اجالا (۳) جلال - عظمت (۴) جلوہ - جمع : تجلیات -
**تجلی ریز** - (ع - ف - صف) نور اور روشنی بکھیرنے والا -
**تجلی زار - تجلی کدہ - تجلی گاہ** - (ع - ف - مث) وہ جگہ جہاں خوب روشنی ہو -
**تجلی طور** - (ع - ا - مث) وہ نور جو حضرت موسیٰؑ کو کوہِ طور پر نظر آیا تھا -
**تجمّل** - (تَ - جَم - مُل) (ع - ا - مذ) (۱) شان و شوکت - (۲) عظمت - وقار (۳) دھوم دھام - ٹھاٹ باٹ - جمع : تجملات -
**تجمل شاہانہ** - (ع - ف - صف) بادشاہی شان و شوکت -
**تجنا** - (تج - نا) (ہ - مص) چھوڑنا - ترک کرنا - دست بردار ہونا -
**تجنّب** - (ع - مذ) (۱) ہٹ جانا (۲) اجتناب کرنا (۳) کنارہ کشی (۴) پرہیز کرنا -
**تجنیس** - (تج - نیس) (ع - ا - مث) (۱) ہم جنس ہونا (۲) مشابہت - مطابقت (۳) علم بدیع میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا جمع : تجنیسات
**تجنیس تام** - (ع - ا - مث) اس میں ایک قسم کے الفاظ مختلف معنی میں استعمال ہوتے ہیں جیسے آہنگ بمعنی آواز اور آہنگ بمعنی ارادہ -

**تجنیس خطی - تجنیس محرّف** - (ع - ا - مث) اس میں الفاظ ایک قسم کے مگر اعراب اور نقطے مختلف ہوتے ہیں - جیسے خام - جام -
**تجنیس زائد** - (ع - ا - مث) جس کے ایک کلمہ میں دوسرے کلمہ سے کوئی حرف زائد جیسے جُود و وجود -
**تجنیس قلب** - (ع - مث) جس میں دو الفاظ تعداد حروف اور نوعیت میں ایک جیسے ہوں مگر ترتیب میں مختلف ہوں جیسے رام - مار - محروم مرحوم -
**تجنیس مرکب** - (ع - ا - مث) جس میں ایک کلمہ نصف لفظ سے بنے ایک میں ایک مفرد ہو دوسرے میں مرکب جیسے جانا - ایک جگہ مصدر ہو اور دوسری جگہ جا اور نا سے مرکب بمعنی (مت - جا)
**تجنیس ناقص** - (ع - ا - مث) جس میں تعداد حروف میں اختلاف ہو جیسے کوہ - شکوہ -
**تجوری** - (تِ - جو - ری) (ہ - ا - مث) لوہے کی الماری جس میں زر و مال اور قیمتی چیزیں حفاظت کے لیے رکھی جائیں -
**تجوید** - (تج - وید) (ع - ا - مث) (۱) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا (۲) قرآن شریف کو پڑھنے کا فن -
**تجویز** - (تج - ویز) (ع - ا - مث) (۱) روا رکھنا (۲) رائے - صلاح - تدبیر (۳) فیصلہ - تصفیہ (۴) انتظام - بندوبست (۵) غور - فکر - سوچ بچار (۶) منصوبہ ڈھنگ - جتن (۷) دریافت - تفتیش (۸) وہ قانونی کارروائی جو فرد قرارداد جرم کے لکھے جانے کے بعد عمل میں آئے (۹) وہ معاملہ جو کسی مجلس میں پیش کیا جائے تاکہ اس کی منظوری کے بعد اس پر عملدرآمد ہو -
**تجویزِ آخر - تجویز روئدادی** - (ع - ا - مث) مقدمے کا اس کے واقعات کی رُو سے فیصلہ ہونا -
**تجویز اثبات جرم** - (ف - مث) جرم کی نسبت فیصلہ کہ کس نے کیا ہے -
**تجویز پاس کرنا** - (ا - محاورہ) تجویز منظور کرنا -
**تجویز پیش کرنا** - (ا - محاورہ) کوئی معاملہ کسی جلسے میں پیش کرنا -
**تجویز جدید - تجویز ثانی** - (ع - ا - مث) مقدمہ کی سماعت کرنا نئے سرے سے پھر مقدمہ سننا -
**تجویز ضمنی** - (ع - ا - مث) عارضی فیصلہ - درمیانی فیصلہ -
**تجویز طلب** - (ع - ف - مث) جس کا فیصلہ زیرِ غور ہو -
**تجویز کرنا** - (مرکب مص) (۱) فیصلہ کرنا (۲) چننا - منتخب کرنا (۳) مقرر کرنا (۴) منصوبہ سوچنا (۵) قرار دینا (۶) معاملہ منظوری کے لیے کسی مجلس میں پیش کرنا -
**تجویز منظور کرنا** - کسی مجلس میں معاملہ - بعد بحث و مباحثہ کے تسلیم کرنا کہ آئندہ اس تجویز کے مطابق عمل درآمد ہو -
**تجویف** - (ع - مث) خالی کرنا - کھوکھلا کرنا -
**تجھ** - (ہ - ض) "تو" "تیرے" کی بدلی ہوئی حالت میں - سے - پر - کو - تک - وغیرہ کے ساتھ تو کو تجھ سے بدل دیتے ہیں -
**تجھ (بن) بنا** - بغیر تیرے -
**تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے** - (مثل) تجھ سے دغا نہ کروں تو کافر ہوں -



Marfat.com

**تجھ سے تو جاتے ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں** (خیال)کسی سے تنفر و کراہ کے اظہار کے لئے کہتے ہیں کہ ہم تجھ سے پاخانے میں لوٹا رکھوانا بھی پسند نہیں کرتے۔

**تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔** (مثل) تو دوسروں کے کام میں کیوں ٹانگ اڑاتا ہے۔ اپنے کام سے کام رکھ۔

**تجھ مجھ۔** (ا۔مذ) ہر کوئی۔ اپنا بیگانا۔ ہر کس و ناکس۔

**تجھے۔** (تُ۔جھے) (ہ۔ض) تجھ کو۔

**تجھے کیا۔** تو کیوں دخل دیتا ہے۔

**تجھے اندھیری گور میں لٹاؤں۔** (بددعا) تو مر جائیے۔ دفن ہو جائے۔

**تجہیز۔** (تَج۔ہیز) (ع۔ا۔مث) (۱) تیار کرنا۔ مرتب کرنا۔ آراستہ کرنا (۲) مردے کو دفن کرنے کے لئے تیار کرنا۔

**تجہیز و تکفین کرنا۔** (ع۔ا۔مث) مُردے کے کفن دفن کا انتظام کرنا۔ مُردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔

**تجہیل۔** (تَج۔ہیل) (ع۔ا۔مث) نادان بنانا یا کہنا۔

## ت۔چ

**تچا۔** (تَچ۔چا) (ق۔ا۔مذ) لچا۔

**تچانا۔** (تُ۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ پر رکھنا۔ سینکنا۔ گرم کرنا (۲) بھوننا۔ جلنا (۳) پگھلانا۔ تانا۔

**تچنا۔** (تَچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرم ہونا (۲) پگھلنا۔ تپنا۔

**تچھ۔** (ہ۔صف) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) ادنیٰ۔ نکما (۳) حقیر۔ کمینہ۔

## ت۔ح

**تحارُج۔** (تَ۔حا۔رُج) (ع۔ا۔مذ) چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔

**تحائف۔** (تَ۔حا۔ئِف) (ع۔ا۔مذ) تحفہ کی جمع (۱) ہدیئے۔ نذرانے۔ سوغاتیں (۲) نادر چیزیں۔ عمدہ اشیاء۔

**تحت۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) نیچے کا حصہ (۲) گہرائی (۳) (اُر) قبضہ۔ اختیار۔ قابو (۴) (صف) نیچے۔ تلے۔

**تحت الارض۔** (ع۔صف) (۱) زمین کے نیچے (۲) زمین کے نیچے کا حصہ

**تحت الثریٰ۔** (ع۔ا۔مذ۔مث) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ پاتال

**تحت الشعاع۔** (ع۔مذ) قمری مہینے کے آخری دو یا تین دن جب چاند سورج کے قریب ہونے کے باعث باریک ہو کر سورج کی شعاع کے نیچے آجاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔ یہ دن منحوس سمجھے جاتے ہیں۔

**تحت الشعور۔** (ع۔مذ) نفس کا وہ طبقہ جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے اور توجہ اور مشاہدے سے باہر ہوتا ہے۔

**تحت اللفظ۔ تحت اللفظی۔** (۱) حرف بحرف (۲) لفظی ترجمہ (۳) ترنم کے بغیر شعر پڑھنا۔

**تحت تصرف۔ تحت حکومت۔ تحت فرمان۔** (ع۔ف۔صف) (۱) زیر حکم۔ ماتحت (۲) محکومیت۔ تابعداری۔

**تحت و تصرف میں لانا۔** (ا۔محاورہ) قبضہ کرنا اور خرچ کرنا۔ صرف کرنا۔ کام میں لانا۔

**تحتانی۔** (تَح۔تا۔نی) (ع۔صف) (۱) نیچے والا یا نیچے والی (۲) وہ حرف جس کے نیچے نقطے ہوں۔

**تحجُّر۔** (تَ۔حَج۔جُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) پتھر کی طرح سخت ہونا (۲) سختی۔ درشتی۔ کرختگی۔ سنگ دلی۔

**تحدیث۔** (تَح۔دیث) (ع۔ا۔مث) (۱) بات کہنا (۲) خبر کرنا۔

**تحدّی۔** (تَ۔حَد۔دی) (ع۔ا۔مث) لڑائی کرنا۔ للکارنا۔

**تحدید۔** (تَح۔دید) (ع۔ا۔مث) (۱) حد باندھنا (۲) مجبوری۔ معذوری۔ پابندی۔

**تحذیر۔** (تَح۔ذِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ جمع: تحذیرات۔

**تحرُّک۔** (تَ۔حَر۔رُک) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہلنا۔ حرکت (۲) حرکت دینا۔ جمع: تحرکات۔

**تحرّی۔** (تَ۔حَر۔ری) (ع۔ا۔مث) (۱) بہترین کا انتخاب کرنا (۲) قبلہ کی سمت معلوم نہ ہونے پر اپنے خیال سے کسی سمت کو قبلہ جان کر ادھر منہ کرنا۔

**تحریر۔** (تَح۔ریر) (ع۔ا۔مث) (۱) نوشت۔ لکھنا (۲) عبارت۔ مضمون (۳) خط۔ رقعہ۔ خط و کتابت (۴) دستاویز۔ نوشتہ (۵) ہلکی لکیر یا ہلکا نقش کھینچنا (۶) لکیر۔ خط جو موٹے قلم سے کھینچا جائے (۷) لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نگاری کا انداز (۸) تصنیف۔ تالیف (۹) آزاد کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔ جمع: تحریرات۔

**تحریر اجازتی۔** (ع۔ف۔مث) (ع۔ف۔صف) مقروض اور قرض خواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ مؤخر الذکر اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے۔

**تحریر بین السطور۔** (ع۔ف۔مث) سطروں کے درمیان کی عبارت۔ (۲) وہ مفہوم جو عبارت میں مخفی ہو یعنی بظاہر کچھ اور معنی ہوں اور اصلاً کچھ اور۔

**تحریر ظہری۔** (ع۔ف۔مث) وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھ دیتے ہیں۔

**تحریر کرنا۔** لکھنا۔ رقم کرنا۔ قلمبند۔

**تحریری۔** (تَح۔ری۔ری) (ع۔ف۔صف) لکھا ہوا۔ رقم کیا ہوا۔

**تحریری حکم، فرمان۔** (ف۔ا۔مذ) وہ حکم جو لکھ کر دیا جائے۔

**تحریص۔** (تَح۔ریص) (ع۔ا۔مث) (۱) لالچ دینا۔ حرص دلانا۔ (۲) ترغیب۔ بہکاوا۔ جمع: تحریصات۔

**تحریف۔** (تَح۔ریف) (ع۔ا۔مث) (۱) بدل دینا۔ تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا (۲) ترجمہ کرنے میں ارادتاً اصل معنوں سے مختلف



Marfat.com

کرنا (۴) قلم کو ٹیڑھا قط لگانا۔

**تحریک** - (تَح - رِیک) [ع - ا - مث] (۱) حرکت دینا - ہلانا (۲) جنبش (۳) سلسلہ جنبانی - کسی بات کو شروع کرنا (۴) اشتعال - ترغیب (۵) نزلے کی شکایت (۶) ہوا کا چلنا - (انگ) (Movement)
جمع : تحاریک - تحریکات۔

**تحریکِ اعتماد** - (ع - ا - مث) کسی پارلیمانی ادارے کی طرف سے حکومت کی حکمتِ عملی کی تائید - اعتماد کا ووٹ۔

**تحریکِ التوا** - (ع - ا - مث) مجلسِ قانون ساز کے کسی زیرِ بحث مسئلے کے متعلق کسی رُکن کی طرف سے احتجاجاً یہ تحریک کہ مجلس کے اجلاس کو معینہ مدت کے لئے ملتوی کیا جائے۔

**تحریم** - (تَح - رِیم) [ع - ا - مث] (۱) حرام کرنا - ممانعت کرنا (۲) عزت کرنا - حرمت کرنا - (۳) نیت باندھ کر پہلی دفعہ نماز میں اللہ اکبر کہنا۔
جمع : تحریمات۔

**تحریمہ** - (ع - ا - مث) نماز میں نیت باندھتے ہوئے پہلی تکبیر (۲) احرام کا لباس پہننا۔

**تحزّن** - (ع - ا - مذ) رنجیدگی - غمگینی۔

**تحسّر** - (تَ - حَس - سُر) [ع - ا - مذ] حسرت - غم - رنج - افسوس۔

**تحس نحس** - دیکھئے تہس نہس۔

**تحسین** - (تَح - سِین) (ع - ا - مث) تعریف - آفرین - مرحبا۔

**تحسینِ ناشناس** - (ع - ف - ا - مث) ناواقف کی واہ وا - ایسے شخص کی طرف سے شاباش - جسے کچھ واقفیت نہ ہو۔

**تحشّم** - (ع - ا - مذ) جاہ و حشم - رعب داب۔

**تحشیہ** - (تَح - شِ - یَہ) [ع - ا - مذ] حاشیہ لکھنا - حاشیہ چڑھانا۔

**تحصّن** - (ع - ا - مذ) قلعہ بند کرنا - مستحکم کرنا۔

**تحصیل** - (تَح - صِیل) [ع - ا - مث] (۱) حاصل کرنا - وصول کرنا (۲) جمع کرنا - (۳) سیکھنا (۴) خراج - محصول - مال گزاری (۵) فائدہ (۶) محصول لینا - مال گزاری وصول کرنا (۷) تحصیل دار کا علاقہ (۸) تحصیل دار کی کچہری - (۹) تحصیل دار کی کچہری کی عمارت۔ جمع : تحصیلات۔

**تحصیلِ حاصل** - (۱) موجود چیز کی تلاش (۲) بے سود بات - بے فائدہ تگ و دو۔

**تحصیلدار** - محکمۂ مال کا ایک افسر جس کا کام مال گزاری وصول کرنا ہوتا ہے۔

**تحصیلِ علم** - (ع - ا - مث) علم حاصل کرنا۔

**تحصیل کرنا** - (مص - مرکب) (۱) حاصل کرنا - وصول کرنا (۲) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - کمانا۔

**تحصیلنا** - (تَح - صِیل - نا) [اُ - مص] حاصل کرنا - وصول کرنا۔

**تحفجات** - (تَح - فَ - جات) [ع - ف - ا - مذ] تحفہ کی جمع - تحفے - ہدیے۔

**تحفّظ** - (تَ - حَف - فُظ) [ع - ا - مذ] بچاؤ - حفاظت - احتیاط - جمع : تحفظات۔

**تحفگی** - (تَح - فَ - گی) [ف - ا - مث] (۱) خوبی - عمدگی (۲) فوقیت - برتری۔

**تحفہ** - (تُح - فہ) [ع - ا - مذ] (۱) ہدیہ - سوغات (۲) نذر - پیش کش (۳) انعام (۴) انوکھا - عجیب (۵) عمدہ - بہتر - نفیس - جمع : تحائف۔

**تحفۂ محقّر** - (ع - ا - صف) حقیر تحفہ - ناچیز تحفہ۔

**تحفۂ معجون** - (ع - ا - مذ) انوکھا آدمی - عجیب شخص (طنزاً) نقل محفل - مسخرہ۔

**تحقّق** - (ع - ا - مذ) تصدیق - یقین - سچائی - اصلیت ثابت کرنا۔

**تحقیر** - (تَح - قِیر) [ع - ا - مث] (۱) حقیر سمجھنا (۲) نفرت - حقارت - بیقدری - ذلت - بے حرمتی۔

**تحقیرِ عدالت** - عدالت کی توہین - عدالت میں کوئی ایسی بات کرنا جس سے عدالت کے رُعب داب میں فرق آسکے۔

**تحقیق** - (تَح - قِیق) [ع - ا - مث] (۱) اصلیت معلوم کرنا - دریافت کرنا - (۲) درستی - صحت (۳) دریافت - تفتیش - جانچ پڑتال (۴) سچائی - صداقت - اصلیت (۵) یقین (۶) تصدیق - پایۂ ثبوت کو پہنچنا (۷) درست - ٹھیک - سچا - اصلی - یقینی - جمع : تحقیقات۔

**تحقیق کرنا** - دریافت کرنا - حقیقت معلوم کرنا - کھوج لگانا۔

**تحقیقات** - (تَح - قِی - قات) [ع - ا - مث] (۱) جانچ پڑتال - تحقیق کی جمع - (اُردو میں مفرد) (۲) سراغ رسانی - جھوٹ سچ کا ثبوت - قانونی تفتیش۔

**تحقیقاتِ ابتدائی** - (ع - ا - مث) بیانات وغیرہ کا تحریر کرنا - یہ دیکھنے کے لئے کہ مقدمہ کی سماعت کے لئے ثبوت کافی ہے یا نہیں۔

**تحقیقاتِ مقدمہ** - (ع - ا - مث) مقدمے کی تفتیش یا دریافت۔

**تحقیقاتِ موقع** - (ع - ا - مث) وہ تفتیش جو مقام وقوع پر ہو۔

**تحقیقی** - (تَح - قِی - قی) [ع - صف] یقینی - دریافت شدہ - سچا - ٹھیک - درست۔

**تحکّم** - (تَ - حَک - کُم) [ع - ا - مذ] (۱) حکم کرنا - حکومت کرنا (۲) زبردستی کی حکومت - غلبہ (۳) زبردستی - جمع : تحکمات۔

**تحکم جتانا** - (مرکب - مص) خواہ مخواہ حکومت جتانا - زبردستی کرنا - دبانا - رعب ڈالنا۔

**تحکیم** - (تَح - کِیم) [ع - ا - مث] (۱) حاکم بنانا (۲) حکم - طاقت - قوّت (۳) ثالثی - پنچایت۔

**تحلیل** - (تَح - لِیل) [ع - ا - مث] (۱) گُھلنا - علیحدہ علیحدہ ہونا (۲) گُھل جانا - (۳) ہضم ہونا (۴) دُبلا ہونا (۵) ہضم - پچاؤ (۶) مرجانا (۷) سڑنا - گلنا۔
جمع : تحلیلات۔

**تحلیلِ نفسی** - (ع - ا - مث) نفسیاتی طبیعات کی ایک شاخ جس کے ذریعے انسان کے ذہنی محرکات اور ان کے متعلق روزمرہ کے اعمال کا مشاہدہ اور تجزیہ کیا جاتا ہے (انگ) (Psychoanalysis)

**تحلیل کرنا** - (۱) پچانا - ہضم کرنا (۲) گُھلانا (۳) حل کرنا (۴) دُبلا ہونا۔

**تحمّل** - (تَ - حَم - مُل) [ع - ا - مذ] (۱) برداشت - بردباری - سہار (۲) نرمی - حلم - (۳) صبر سے برداشت کرنا۔ جمع : تحملات۔

**تحمل کا یارا نہ ہونا** - (ا - محاورہ) برداشت کی طاقت نہ ہونا۔

**تحمید** - (تَح - مِید) (ع - ا - مث) (۱) تعریف - حمد - ثنا (۲) الحمد پڑھنا۔

**تحمید و تقدیس** - (ع - ا - مث) (۱) تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا (۲) حمد اور قدس کی آیتیں پڑھنا۔

**تحوّل** - (ع - ا - مذ) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھر جانا - منتقل ہونا۔

**تحویل** - (تَح - وِیل) (ع - ا - مث) (۱) بدلنا - نقل مکان کرنا - حالت بدلنا (۲) تبادلہ



Marfat.com

بدل۔ تجدید۔ نیا کرنا (۳) سپردگی۔ حوالگی۔ قبضہ۔ امانت (۴) جمع۔ مال گذاری کا روپیہ (۵) نقدی۔ مال۔ دھن۔ پونجی (۶) ایک قسم کی رقم کو دوسری قسم کی رقم میں لے جانا۔ جیسے آنے کے روپے (۷) کسی ستارے کا ایک بُرج سے دوسرے بُرج میں آنا۔ جمع: تحویلات۔

**تحویلِ امانتی**۔ (ع۔ امث) وہ مال جو امانت کے طور پر رکھوایا جائے۔

**تحویلِ تصرف**۔ (ع۔ امث) امانت میں خیانت۔

**تحویلدار**۔ (ع۔ ف۔ مذ) خزانچی۔ امین۔ منیم۔ روکڑیا۔ جس کے پاس رقم رہے۔

**تحویلِ صعودی**۔ (ع۔ امث) چھوٹی رقم کو بڑی رقم میں تبدیل کرنا۔ جیسے پیسوں کو روپوں میں۔

**تحویلِ نزولی**۔ (ع۔ امث) بڑی رقم کو چھوٹی رقم میں تبدیل کرنا۔ جیسے روپوں کے پیسے بنانا۔

**تحویل میں دینا**۔ (امحاورہ) کسی کے سپرد کرنا۔ امانت رکھنا۔

**تحویل میں لینا**۔ (امحاورہ) قبضے میں لینا۔

**تحیات**۔ (تَ۔حِی۔یات) (ع۔ امث) تحیت کی جمع۔

**تحیت۔ تحیہ**۔ (تَ۔حِی۔یت) (تَ۔حِی۔یَہ) (ع۔ امث) (۱) سلام کرنا۔ سلام۔ تسلیمات۔ آداب (۲) دعا۔ برکت۔ جمع: تحیات۔

**تحیۃ المسجد**۔ (ع۔ امث) مسجد میں جا کر سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کرنا۔

**تحیۃ الوضو**۔ (ع۔ امث) وضو کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھنا۔

**تحیر**۔ (تَ۔حَی۔یُر) (ع۔ امذ) (۱) حیرانی۔ تعجب۔ حیرت۔ اچنبھا (۲) حیران ہونا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ جمع: تحیرات۔

**تحیز**۔ (ع۔ امذ) محدود ہونا (۲) سانپ کا کنڈلی مار کر بیٹھنا (۳) تحدید۔

## ت ۔ خ

**تخاطب**۔ (ع۔ امذ) سامنے ہو کر باتیں کرنا۔ مخاطب ہونا (۲) مخاطبت

**تخالف**۔ (تَ۔خا۔لُف) (ع۔ امذ) (۱) باہم مخالف ہونا (۲) مخالفت۔ تنازعہ۔ خصومت۔ دشمنی۔ لاگ۔ بیر۔

**تخت**۔ (ف۔ امذ) (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی۔ گدی۔ مسند۔ سنگھاسن (۲) بڑی چوکی۔ چوبی تخت (۳) سلطنت۔ بادشاہی۔

**تختِ آبنوسی**۔ (ف۔ ا) (۱) آبنوس کا بنا ہوا تخت (۲) کنایۃً رات۔

**تخت آراستہ ہونا**۔ (امحاورہ) بادشاہ کے بیٹھنے کے لئے تخت کا لگایا یا سجایا جانا۔

**تخت اترنا**۔ (امحاورہ) پریوں کا تخت نیچے آنا۔

**تخت الٹنا**۔ (امحاورہ) انقلاب برپا کرنا۔ سلطنت درہم برہم کرنا۔ (۲) مصیبت آنا۔

**تخت بخت**۔ (۱) دعا (۲) راج سہاگ۔ سہاگ بھاگ۔ عیش و آرام۔ خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔ شوہر اور اولاد۔

**تخت پر بٹھانا**۔ (امحاورہ) بادشاہ بنانا۔ تخت نشین کرنا۔ برسرِ حکومت کرنا

**تخت پر بیٹھنا**۔ (امحاورہ) تخت نشین ہونا۔ بادشاہ ہونا۔

**تخت پوش**۔ (ف۔ امذ) تخت پر ڈالنے کی چادر۔ تخت پر بچھانے کا فرش۔

**تخت چڑھنا**۔ (امحاورہ) (۱) چارپائی پر چڑھنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ پلنگ پر لیٹنا (۲) شادی ہونا۔

**تخت چھوڑنا**۔ (امحاورہ) بادشاہی ترک کرنا۔ سلطنت چھوڑنا۔

**تخت رواں**۔ (ف۔ امذ) (۱) ہوادار۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا تھا (۲) اڑن کھٹولا (۳) وہ کاغذی گل بوٹوں کا باغ، جو برات کے ساتھ بطور آرائش لے جایا جاتا ہے (۴) وہ تخت جس پر شادیوں میں شہنائی بجتی یا طوائفیں ناچتی ہوئی نکلتی تھیں۔ تخت گڈوں پر یا آدمیوں کے مونڈھوں پر ہوتے تھے (۵) لمبے ڈنڈوں والی پالکی۔ جس پر امیر سوار ہوتے تھے۔

**تخت (سلیماں) سلیمانی**۔ (۱) وہ تخت جس پر حضرت سلیمانؑ بیٹھ کر اُڑا کرتے تھے (۲) ایک پہاڑ۔

**تخت سے اتارنا**۔ (امحاورہ) (۱) بادشاہی سے ہٹا دینا (۲) طلاق دے دینا۔ زوجیت سے نکال دینا۔

**تختِ طاؤس**۔ (ف۔ امذ) شاہجہان بادشاہ کا چھ کروڑ روپے کی لاگت سے بنوایا ہوا تخت۔ جسے ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ ہندوستان سے لوٹ میں ایران لے گیا تھا۔ اس تخت پر ایک مرصع مور پَر پھیلائے کھڑا تھا۔ جن کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوتا تھا۔

**تختِ عاج**۔ (ف۔ امذ) (۱) ہاتھی دانت کا تخت (۲) کنایۃً دن (۳) محبوب کی ساق بلوریں۔

**تخت کا تختہ ہونا**۔ (امحاورہ) (۱) بادشاہی کا جاتا رہنا (۲) کچھ نہ رہنا۔

**تخت کی رات**۔ (ف۔ امث) بیاہ کی رات۔ شبِ زفاف۔

**تخت کی لال کسوت**۔ (امث۔ ق) شادی کا سُرخ جوڑا، جو دلہن کو نکاح کے روز پہنایا جاتا ہے۔

**تخت گاہ**۔ (ف۔ امث) دارالخلافہ۔ دارالسلطنت۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ رہے۔

**تخت نشیں**۔ (ف۔ صف) تخت پر بیٹھنے والا۔ بادشاہ۔

**تخت نشینانِ خاک**۔ (ف۔ صف) (۱) خاک پر بیٹھنے والے (۲) فقرا۔

**تخت نشینی**۔ (ف۔ امث) راج گدی پر جلوس کرنا۔ تخت سلطنت پر بیٹھنا۔

**تخت نے پاؤں چومے**۔ (امحاورہ) تخت پر بیٹھا۔

**تخت یا تختہ**۔ (مثل) کامیابی یا موت۔ شاہی تخت یا میت کے غسل کا تختہ۔

**تختہ**۔ (تخ۔تہ) (ف۔ امذ) (۱) پٹڑا۔ لکڑی کا مسطح ٹکڑا (۲) لوح تختی (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا۔ جہاز کا فرش (۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر پتھر رکھ کر چھاپتے ہیں (۶) چوکی۔ میز۔ بنچ۔ تپائی (۷) زمین یا باغ کا ٹکڑا (۸) بورڈ۔ اشتہار لگانے کا لکڑی کا ٹکڑا (۹) چمن۔ کیاری۔ کھیت (۱۰) تابوت۔ ارتھی (۱۱) چبوترا (۱۲) وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں (۱۳) کلدار پل۔ پل تختہ (۱۴) وہ لکڑی کا سیاہ ٹکڑا جس پر بچوں کو سکھاتے ہیں۔ بورڈ (۱۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں



Marfat.com

(۱۲) دھوبی کا کپڑا دھونے کا پٹڑا۔
**تختہ اُلٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آباد جگہ کا ویران و برباد ہونا۔ شہر اُجڑنا۔ تباہی۔
**تختۂ اوّل** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) (۱) بچّوں کے لکھنے کی تختی (۲) لوحِ محفوظ۔
**تختۂ بلور** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (استعارۃً) پیٹ ۔ شکم۔
**تختہ بند** ۔ (ف ۔ صف) (۱) محبوس ۔ قید کیا ہوُا ۔ قیدی (۲) قید ۔ حبس (۳) وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔
**تختہ بندی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار ۔ خاتم بندی (۲) چمن بندی ۔ پھولوں کے تختوں کا قرینے سے بنا ہونا۔
**تختہ پُل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پُل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں کہ اسے جب چاہیں اپنی طرف کھینچ لیں ۔ کل دار پُل۔
**تختہ پھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کیاری میں پھولوں کا بکثرت نکلنا ۔ کیاری کا پھولوں سے بھرا ہونا۔
**تختۂ تابوت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ تختہ جس پر مُردے کو لیجاتے ہیں ارتھی
**تختۂ تابوت پر سُلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قتل کر دینا ۔ مار ڈالنا۔
**تختۂ (تعلیم) مشق** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ تختی جس پر لڑکے مشق کرتے ہیں ۔ لوح (۲) وہ سیاہ تختہ جس پر لکھ کر طالب علموں کو سمجھاتے ہیں (۳) وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔
**تختۂ خاک** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) زمین۔
**تختۂ سیاہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بلیک بورڈ ۔ لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر چاک سے لکھتے ہیں۔
**تختۂ صندل** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) (استعارۃً) پیٹ ۔ شکم۔
**تختہ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پھُولوں کی کیاری تیار کرنا ۔ ایک ٹکڑے میں پودے لگانا۔
**تختۂ مرگ** ۔ (میت) (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ تختہ جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں۔
**تختۂ مسطّح** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی میز جس پر کاغذ بچھا کر نقشہ کشی کرتے ہیں۔
**تختۂ مشق بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی مقصد کے لیئے کسی کو بار بار استعمال کرنا
**تختۂ نرد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں ۔ شطرنج کی بساط۔
**تختہ ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اکڑ جانا ۔ بدن کا سخت ہو جانا۔
**تختی** ۔ (تخ ۔ تی) (اُ ۔ ا ۔ مث) (۱) تخت کی تانیث و تصغیر ۔ چھوٹا تختہ (۲) لوح ۔ وہ لکڑی کا چھوٹا تختہ جس پر بچے مشق کرتے ہیں (۳) تانبے ۔ چاندی عقیق یا کسی اور چیز کا وہ نقشین کھُدا ہوا ٹکڑا جو بچّوں کے گلے میں نظر بد کے لیئے ڈال دیتے ہیں (۴) وہ دھات کا ٹکڑا جس پر کوئی چیز کندہ ہو (۵) رنگین اور پھولدار شیشے کا ٹکڑا (۶) چھاتی سینہ کمر (۷) تیب ۔ جسم کی وضع اور انداز (۸) کبوتر کی چھاتی (۹) حروف جو خط صاف کرنے کے لیے لکھتے ہیں (۱۰) لوح ۔ جس پر کچھ لکھ کر مزار یا کسی اور جگہ لگاتے ہیں (۱۱) تخت کا ۔ تخت پر بیٹھنے والا ۔ بیٹھنے والا (۱۲) سونے چاندی کے ورقوں سے سجا ہوُا
**تختی پر تختی ۔ میاں جی کی آئی کم بختی** ۔ (مثل) تختی پر تختی رکھنا ۔ میاں جی کے لئے منحوس سمجھا جاتا ہے۔
**تخدیع** ۔ (تخ ۔ دیع) (ع ۔ ا ۔ مث) فریب دینا ۔ دھوکا یا دغا دینا۔
**تخرجہ** ۔ (تخ ۔ رِ ۔ جہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) تاریخ گویوں کی اصطلاح میں کسی مادۂ تاریخ میں سے اعداد گھٹا کر ٹھیک تاریخ نکالنا ۔ مادۂ تاریخ کی زیادتی کو درست کرنا ۔ جمع : تخرجات۔
**تخریب** ۔ (تخ ۔ ریب) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ویرانی ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ خرابی ۔ ابتری ۔ بیخ کنی (۲) خراب کرنا ۔ اجاڑنا ۔ جمع : تخریبات۔
**تخریج** ۔ (تخ ۔ ریج) (ع ۔ ا ۔ مث) خارج کرنا ۔ نکالنا ۔ جمع : تخریجات۔
**تخصیص** ۔ (تخ ۔ صیص) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) خصوصیت ۔ گُن ۔ سبھاؤ (۲) محفوظ کرنا ۔ محفوظ کیا جانا (۳) حق مخصوص ۔ جمع : تخصیصات۔
**تخطیہ** ۔ (تخ ۔ طِ ۔ یہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) غلطی پکڑنا ۔ کسی کے کام میں نقص نکالنا۔
**تخفیف** ۔ (تخ ۔ فیف) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) کمی ۔ گھٹاؤ (۲) ہلکا کرنا ۔ (۳) حروف کے بولنے میں ہلکا یا کم کرنا (۴) مصارف میں کمی (۵) افاقہ ۔ آرام (۶) موقوفی ۔ برطرفی ۔ جمع : تخفیفات۔
**تخفیفِ اسلحہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ہتھیاروں میں کمی کرنا۔
**تخفیفِ تصدیع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ملاقات کے بعد رخصت ہونے پر یہ کلمہ کہتے ہیں ۔ لفظی معنی : تکلیف کم کرنا۔
**تخفیفِ جرم** ۔ جرم کا ہلکا کرنا ۔ چھوٹے جرم والی دفعہ عائد کرنا۔
**تخفیفِ جمع ۔ تخفیفِ لگان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) لگان میں کمی۔
**تخفیف کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کمی کرنا ۔ گھٹانا (۲) نوکروں کو کم کرنا ۔ موقوف کرنا (۳) خرچ میں کمی کرنا۔
**تخفیف میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کمی میں آنا ۔ برخاستگی میں آنا ۔ ملازموں میں کمی ہونے کی وجہ سے ملازمت سے ہٹ جانا (۲) ٹوٹ جانا ۔ ٹکڑا
**تخفیف میں لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی کرنے کے لئے کسی ملازم کو برطرف کرنا۔
**تخلخل** ۔ (تَ ۔ خَل ۔ خُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) کھوکھلا پن (۲) خلخال پہننا (۳) بکھرنا۔
**تخلص** ۔ (تَ ۔ خَل ۔ لُص) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) چھٹکارا ۔ بچاؤ (۲) شاعر کا وہ مختصر نام ، جو اشعار میں مستعمل ہو ۔ جمع : تخلصات۔
**تخلف** ۔ (تَ ۔ خَل ۔ لُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) بدعہدی کرنا (۲) پیچھے رہ جانا (۳) دیر لگانا ۔ واپس جانا ۔ پھر جانا ۔ جمع : تخلفات۔
**تخلل** ۔ (تَ ۔ خَل ۔ لُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) جھگڑا ۔ فساد ۔ تنازعہ (۲) نااتفاقی ۔ ناموافقت (۳) مزاحمت ۔ روک (۴) چھید کرنا۔
**تخلیص** ۔ (تخ ۔ لیص) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) خلاصی دینا (۲) بچانا ۔ چھڑانا (۳) خلاصی ۔ آزادی (۴) خلاصۂ مطلب ۔ جمع : تخلیصات
**تخلیط** ۔ (تخ ۔ لیط) (ع ۔ ا ۔ مث) کلام میں باطل کا ملانا۔
**تخلیف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مخالفت ۔ اختلاف۔
**تخلیق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پیدائش ۔ پیدا کرنا (۲) طبع زاد فن پارہ۔
**تخلیل** ۔ (تخ ۔ لیل) (ع ۔ ا ۔ مث) وضو کے وقت ڈاڑھی میں انگلیاں ڈالنا ۔ خلال کرنا۔
**تخلیہ** ۔ (تخ ۔ لِ ۔ یہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) خلوت ۔ تنہائی ۔ علاحدگی (۲) خالی کرنا۔



Marfat.com

جمع : تخلیہ جات۔

**تخم** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بیج ۔ دانہ (۲) انڈا ۔ بیضہ (۳) گٹھلی (۴) اولاد ۔ نسل (۵) نطفہ ۔ جمع : تخمہا۔

**تخم بالنگو** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) تخم ملنگاں ۔ تخم ریحان کے قسم کا ایک بیج جو پانی میں بھگونے سے پھُول جاتا ہے ۔ دواؤں اور ٹھنڈیائی کے لیے شربت میں ملا کر استعمال ہوتا ہے ۔

**تخم بد** ۔ (ف ۔ صف) بداصل ۔ بدذات ۔ کمینہ ۔ حرامی ۔

**تخم پاشی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بیج بونا ۔ بیج ڈالنا ۔

**تخم تاثیر صحبت کا اثر** ۔ (ا ۔ مثل) نطفہ اور صحبت اثر کیے بغیر نہیں رہتے ۔

**تخم حرام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) حرام زادہ ۔

**تخم ڈالنا** ۔ بیج بونا ۔ تخم پاشی کرنا ۔

**تخم ریحان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نیازبو ۔ تلسی کے بیج ۔

**تخم ریز** ۔ (ف ۔ صف) بیج بونے والا ۔ کاشتکار ۔ زراعت کرنے والا ۔

**تخم ریزی** ۔ بیج بونا ۔ بیج ڈالنا ۔

**تخم کتان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) السی کا بیج ۔ اس کا تیل بھی نکالا جاتا ہے ۔

**تخم مرغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مرغی کا انڈا ۔

**تخمہ** ۔ (تخ ۔ مہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کی قے، جو بدہضمی یا غذا کے فساد سے ہوتی ہے (۲) بدہضمی ۔ گرانی ۔ سُوءِ ہضم ۔

**تخمہ نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسوں کا نکلنا ۔

**تخمی** ۔ (تخ ۔ مِی) (ف ۔ صف) بیج سے پیدا شدہ درخت یا پھل جو قلمی نہ ہو ۔

**تخمیر** ۔ (تخ ۔ میر) (ع ۔ ا ۔ مث) خمیر ہونا ۔ خمیر اٹھانا ۔

**تخمیناً** ۔ (تخ ۔ مِی ۔ نن) (ع) (۱) اندازے سے ۔ قیاس سے ۔ اٹکل سے ۔

**تخمینہ ۔ تخمین** ۔ (تخ ۔ مِی ۔ نہ) (تخ ۔ مین) (ع ۔ ا ۔ مذ) اندازہ ۔ اٹکل ۔ قیاس ۔ سرسری حساب ۔ جمع : تخمینہ جات ۔

**تخمینہ لگانا** ۔ سرسری طور پر حساب کرنا ۔ اندازہ لگانا ۔

**تخویف** ۔ (تخ ۔ ویف) (ع ۔ ا ۔ مث) خوف دلانا ۔ دھمکی دینا ۔ ڈرانا ۔

**تخویف مجرمانہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ناجائز دھمکی ۔ بدنیتی سے ڈرانا ۔

**تخییل** ۔ (تخ ۔ یِیل) (ع ۔ ا ۔ مث) خیال ۔ جمع : تخییلات ۔

**تخیل** ۔ (تَ ۔ خَی ۔ یُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) قوت متخیلہ ۔ وہ قوت جو خیالی صورتیں بناکر وہم کے سامنے کھڑی کردے (۲) قیاس ۔ تصور ۔ خیال (۳) شبہ ۔ شک (۴) خیال کرنا ۔ سوچنا ۔ تصور کرنا ۔ جمع : تخیلات ۔

---

## ت ــ د

---

**تد** ۔ (ہ ۔ ق) (۱) تب ۔ اس وقت (۲) اس صورت میں ۔

**تدابیر** ۔ (تَ ۔ دا ۔ بیر) (ع ۔ ا ۔ مث) تدبیر کی جمع ۔ تدبیریں ۔ ترکیبیں ۔

**تداخل** ۔ (تَ ۔ دا ۔ خُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک دوسرے میں داخل ہونا (۲) بار بار کھانے کی وجہ سے بدہضمی ہونا ۔

**تدارک** ۔ (تَ ۔ دا ۔ رُک) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) گم شدہ چیز کا پانا (۲) تلافی ۔ سزا ۔ سرزنش ۔ (۳) انتظام ۔ انسداد (۴) مرمت ۔ درستی ۔ اصلاح (۵) آیا ہے چارہ ۔ علاج ۔ (۶) تیاری (۷) احتیاط (۸) کسی نقصان کو روکنے یا انصاف حاصل کرنے کے لیے احتیاط کیے جانے والے وسائل مثلاً وکیل ۔ گواہ ۔ تمسک ۔ دستاویزیں وغیرہ (۹) تدبیر ۔ بندوبست ۔

**تدارک باقیات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) باقیات کا انتظام ۔

**تدارک خفیف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) خفیف سزا دینا ۔

**تدارک کرنا** ۔ (۱) سزا دینا ۔ تلافی کرنا (۲) تیاری کرنا ۔ بندوبست کرنا ۔

**تدافع** ۔ (تَ ۔ دا ۔ فُع) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دفع کرنا ۔ ہٹانا ۔ روکنا ۔ دُور کرنا (۲) مدافعت ۔ روک ۔

**تداول** ۔ (تَ ۔ دا ۔ وُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) باری سے کرنا (۲) ایک دوسرے کو پکڑانا ۔ (۳) روایت ۔ نقل ۔

**تداوی** ۔ (تَ ۔ دا ۔ وی) (ع ۔ ا ۔ مث) علاج کرنا ۔ معالجہ کرنا ۔

**تدبر** ۔ (تَ ۔ دَب ۔ بُر) (ع ۔ ا ۔ مذ) انجام پر غور کرنا ۔ دُور اندیشی ۔ عاقبت اندیشی ۔ جمع : تدبرات ۔

**تدبیر** ۔ (تد ۔ بیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ابتدا و انتہا سوچنا (۲) علاج ۔ چارہ ۔ (۳) سوچ بچار (۴) کوشش (۵) تجویز (۶) بندوبست (۷) حکمت ۔ چالاکی فطرت ۔ جمع : تدابیر ۔

**تدبیر (الٹنا) الٹی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منصوبہ بگڑ جانا ۔ انتظام برعکس ہونا ۔ جو سوچا ہو اس کے برخلاف ہونا ۔

**تدبیر بتانا** ۔ تجویز بتانا ۔ راستے دینا ۔

**تدبیر بننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تدبیر کارگر ہونا ۔ تدبیر مفید ہونا ۔

**تدبیر بن نہ (آنا) پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تدبیر کارگر نہ ہونا (۲) کچھ نہ سُوجھنا ۔

**تدبیر پیش جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تجویز کارگر یا با اثر ہونا ۔ بن آنا ۔

**تدبیر چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تدبیر کا اثر ہونا ۔

**تدبیر سوجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تجویز خیال میں آنا ۔

**تدبیر سوچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تجویز نکالنا ۔

**تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی ۔ بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی** ۔ (مثل) اگر قسمت بُری ہو تو انسان لاکھ تدبیر کرے کچھ نہیں ہوتا ۔

**تدبیر فاسد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) شرارت ۔ فریب ۔ سازش ۔

**تدبیر کارگر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تدبیر کا با اثر ہونا ۔ ترکیب بن پڑنا ۔

**تدبیر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بندوبست کرنا ۔ انتظام کرنا ۔

**تدبیر کنندہ ۔ تقدیر کنندہ خندہ** ۔ (ف ۔ مثل) جو تقدیر میں ہے ضرور ہوگا چاہے کتنا ہی انتظام کیا جائے ۔

**تدبیر گر** ۔ (ف ۔ صف) خوب فکر کرنے یا سوچنے والا ۔ تجویز نکالنے والا ۔

**تدبیر لڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ربط پیدا کرنا (۲) کوشش کرنا ۔

**تدبیر منزل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) انتظام خانہ داری ۔

**تدرا** ۔ (تَ ۔ دَ ۔ را) (ہ ۔ صف) تین در کا دالان ۔

**تدرو** ۔ (تَ ۔ دَرو) (ف ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے تذرو ۔

**تدریج** ۔ (تد ۔ ریج) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) آہستہ آہستہ ہونا ۔ درجہ بدرجہ ہونا ۔ (۲) درجہ ۔ سلسلہ ۔ جمع : تدریجات ۔



Marfat.com

**تَدرِیس** ۔(تَد۔ رِیس) (ع ۔ ا ۔مث) (۱) تعلیم ۔ پڑھائی (۲) درس دینا۔ تعلیم دینا۔ جمع : تدریسات ۔

**تَدفِین** ۔ (تَد۔ فِین) (ع ۔ ا ۔مث) (۱) دفن کرنا ۔ زمین میں دبانا ۔ گاڑنا (۲) گور گڑھا ۔ کفن دفن ۔

**تَدقِیق** ۔ (تَد۔ قِیق) (ع ۔ ا ۔مث) غور و فکر ۔ سوچ بچار ۔ باریک بینی ۔

**تَدوِیر** ۔ (تَد ۔ وِیر) (ع ۔ ا ۔مث) (۱) گول بنانا (۲) قرآن شریف کا نہ بہت آہستہ نہ بہت جلدی پڑھنا ۔

**تَدوِین** ۔ (تَد ۔ وِین) (ع ۔ ا ۔مث) تالیف کرنا ۔ جمع کرنا ۔ مرتب کرنا ۔

**تِدھارا** ۔ (ت ۔ دھا ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) تین دھاروں والا (۲) وہ جگہ جہاں تین دریا ملتے ہوں (۳) تھوہر کی قسم کا ایک پودا جس کی تین شاخیں ہوتی ہیں ۔

**تَدَاہر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا کا منکر ہونا ۔ بے دینی ۔ الحاد ۔

**تَدہِین** ۔ (تَد ۔ ہِین) (ع ۔ ا ۔مث) تیل لگانا یا ملنا ۔

**تَدیُّن** ۔ (ت ۔ دی ۔ یُن) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دینداری (۲) دیانتداری ۔

## ت ۔ ذ

**تذبذب** ۔ (تَ ۔ ذب ۔ ذُب) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) شک و شبہ (۲) تردد ۔ دو دلا ہونا (۳) بے چینی ۔ اضطراب (۴) حیرانی ۔

**تَذرو** ۔ (تَ ۔ ذَرو) (ف ۔ ا ۔ مذ) چکور کی طرح کا ایک نہایت خوبصورت اور خوش رفتار پرندہ جو ایران کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے ۔

**تَذکار** ۔ (تَذ کار) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) بیان ۔ ذکر (۲) یاد ۔ چرچا ۔

**تَذکِرَتاً** ۔ (تَذ ۔ کِ ۔ رَ ۔ تَن) (ع) ذکر کے طور پر ۔ یاد دہانی کے طور پر ۔

**تَذکِرہ** ۔ (تَذ ۔ کِ ۔ رہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ذکر ۔ چرچا (۲) یادداشت ۔ یادگار بیان (۳) سرگزشت ۔ سوانح عمری (۴) وہ کتاب جس میں کسی شخص کا حال لکھا جائے ۔ جمع : تذکرہ جات ۔

**تَذکِیر** ۔ (تَذ ۔ کِیر) (ع ۔ ا ۔مث) (۱) مذکر ہونا ۔ مرد ہونا (۲) مذکر کا صیغہ ۔

**تَذَلُّل** ۔ (تَ ۔ ذَل ۔ لُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) عاجزی کرنا ۔ فروتنی کرنا ۔ اپنے آپ کو حقیر سمجھنا ۔ (۲) عاجزی ۔ خوشامد ۔

**تَذلِیل** ۔ (تَذ۔ لِیل) (ع ۔ ا ۔مث) ذلیل و رسوا کرنا ۔ خوار کرنا ۔ بے عزت کرنا ۔ ذلت ۔

**تَذہِیب** ۔ (تَذ۔ ہِیب) (ع ۔ ا ۔مث) ۔ طلائی ملمع کا کام ۔ سونے کا پانی چڑھانا ۔

## ت ۔ ر

**تَر** ۔ (ف ۔ صف) (۱) گیلا ۔ بھیگا ہوا (۲) تازہ ۔ نیا (۳) سبز ۔ ہرا ۔ رس دار (۴) نرم ۔ ملائم (۵) بڑھا ہوا (۶) چکنا ۔ گھی ٹپکتا ہوا (۷) لتھڑا ہوا (۸) عمدہ (۹) پُر لطف (۱۰) ڈھیلا ۔ کشادہ ۔ لاحقہ تفضیل ۔ جیسے خوش تر ۔ بدتر ۔ وغیرہ ۔

**تَربَتَر** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بالکل گیلا (۲) پانی ٹپکتا ہوا (۳) گھی ٹپکتا ہوا ۔ (۴) پسینا ٹپکتا ہوا ۔ شرابور (۵) خون میں لتھڑا ہوا ۔

**تَربَند** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گیلی پٹی ۔

**تَربَندی** ۔ (ف ۔ ا ۔مث) گیلی پٹی باندھنا ۔

**ترپ** ۔ (ا ۔ مذ) انگریزی ٹرپ کا بگڑا ہوا ۔ فوج ۔ ۶۰ یا ۸۰ سواروں کی جماعت ۔

**تَرتَرانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھی میں ڈوبا ہوا ۔ چرب ۔

**تَرتَرکاری** ۔ (ا ۔مث) ترکاری بھاجی وغیرہ ۔

**تَردامن** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بھیگے ہوئے دامن والا (۲) بدکار ۔ گنہگار ۔ مجرم ۔

**تَردامنی** ۔ (ف ۔ ا ۔مث) گنہگاری ۔

**تَردست** ۔ (ف ۔ صف) (۱) چالاک چست (۲) عمدہ کاریگر ۔ ہاتھ سے اچھا کام کرنے والا

**تَردستی** ۔ (ف ۔ ا ۔مث) (۱) ہوشیاری ۔ مہارت (۲) کاریگری ۔ صناعی ۔

**تَردماغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) (۱) عقلمند ۔ ہوشیار (۲) مسرور ۔ مست ۔

**تَردماغی** ۔ (۱) مسرور ۔ فرحت ۔ تازگی (۲) عقل ۔ شعور ۔ دانش مندی ۔

**تَرزبان** ۔ فصیح ۔ خوش بیان ۔

**تَرزبانی** ۔ (ف ۔ صف) خوش بیانی ۔ فصاحت ۔

**تَرکرنا** ۔ (مص) بھگونا ۔ گیلا کرنا ۔

**تَرلقمہ ۔ ترمال ۔ ترنوالہ** ۔ (ا ۔ صف) عمدہ غذا ۔ کھانے کی اچھی چیز ۔

**تَروتازہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) تازہ اُترا ہوا پھل یا ترکاری (۲) بارونق ۔ آبدار (۳) سرخ و سفید (۴) ہرا بھرا ۔ سرسبز ۔ شاداب ۔

**تَروخشک زمانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دنیا کا نشیب و فراز ۔ آرام اور تکلیف ۔

**تَرہونا** ۔ (ا ۔ مص) بھیگنا ۔ گیلا ہونا ۔

**تَرَا** ۔ (تَ ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) سرسوں جیسا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں ۔

**تُراب** ۔ (تُ ۔ راب) (ع ۔ ا ۔مث) مٹی ۔ زمین ۔

**تَراٹ اُٹھنا** ۔ (تَ ۔ راٹ ۔ اُٹھ ۔ نا) (ق ۔ مص) بولنے لگنا ۔

**تَراجُم** ۔ (تَ ۔ رَا ۔ جُم) (ع ۔ ا ۔ مذ) ترجمہ کی جمع ۔ ترجمے ۔

**تَرادُف** ۔ (تَ ۔ را ۔ دُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) یکے بعد دیگرے ۔ ایک کے بعد دوسرے کا جانا (۲) سلسلہ ۔ تسلسل (۳) ہم معنی ہونا ۔ مترادف ہونا ۔ (۵) سلسلہ وار ۔ لگاتار ۔ جمع : ترادفات ۔

**تَرارا** ۔ (تَ ۔ را ۔ رَا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چھلانگ ۔ گھوڑے کی جست (۲) پھرتی ۔ چستی (۳) شیخی (۴) نشہ ۔ سرور ۔

**تَرارا بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جست لگانا چھلانگ مارنا (۲) سرپٹ جانا ۔

**تَرارا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شیخی مارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ گپ مارنا ۔

**تَراز** ۔ (تَ ۔ راز) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کپڑے کے نقش (۲) زینت و آرائش ۔ طراز ۔

**تَرازُو** ۔ (تَ ۔ رَا ۔ زُو) (ف ۔ ا ۔مث و مذ) وزن کرنے کا آلہ ۔ کانٹا ۔ تکڑی ۔

**ترازو (ہو جانا) ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دونوں طرف برابر ہونا (۲) آرپار ہونا (۳) دو لشکروں کا تعداد میں اس طرح برابر ہو جانا کہ ایک دوسرے پر غلبہ نہ پا سکے ۔

**تَراسی** ۔ (تَ ۔ رَاسی) (ہ ۔ صف) تین اوپر اسی ۔ بیاسی کے بعد کا عدد ۔ ۸۳ ۔

**تَراش** ۔ (تَ ۔ راش) (ف ۔ ا ۔مث) (۱) کتر بیونت ۔ کانٹ چھانٹ ۔



Marfat.com

(۲) کاٹنے کا ڈھنگ (۳) اختراع۔ ایجاد (۴) ڈھنگ۔ طرز (۵) بناؤ سنگار۔ آرائش (۶) کسی پھل کی پھانک (۷) تاش یا گنجفے کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں (۸) اسمائے فارسی سے مل کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے سنگ تراش۔

**تراش خراش**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) قطع و بُرید۔ کانٹ چھانٹ (۲) طرز و انداز (۳) بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔

**تراش خراش کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اپنے آپ کو سجانا۔ اچھا لباس پہننا (۲) کاٹنا یا چھیلنا۔

**تراش خراش نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) نئی وضع اختیار کرنا۔ نیا انداز نکالنا۔

**تراش ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) چھیلنا۔ کترنا۔

**تراش نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) وضع پیدا کرنا (۲) بیونت ایجاد کرنا۔

**تَراشنا**۔ (تَ۔ راش۔ نا) [ا۔ مص] (۱) کاٹنا۔ چھیلنا۔ چھانٹنا۔ قطع کرنا (۲) قاش اُتارنا (۳) حجامت بنانا (۴) کاٹ کر کوئی صورت بنانا (۵) گنجفہ یا تاش کے پتے کھلاڑن کے ہاتھ سے کچھ اُٹھانا (۶) بات بنانا (۷) اخبار یا رسالے سے کاٹا ہوا مضمون

**تَراشہ**۔ (تَ۔ را۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) چھیلن۔ کترن (۲) فولادی اوزار جس سے سنگ تراش پتھر تراشتے ہیں (۳) پھانک۔

**تراشی**۔ (تَ۔ را۔ شی) (ف) چھیلنا۔ کاٹنا۔ مرکبات میں لاحقے کے طور پر آتا ہے جیسے سنگ تراشی۔

**تَراشیدہ**۔ (تَ۔ را۔ شی۔ دَہ) [ف۔ صف] چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

**تراضی**۔ (تَ۔ را۔ ضی) [ع۔ ا۔ مث] راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ رضامندی۔

**تراضیٔ طرفین**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) فریقین کا راضی ہونا۔

**تَراکنا**۔ (تَ۔ را۔ کَ۔ نا) [ہ۔ مص] تیرتے رہنا۔

**تَراکُم**۔ (تَ۔ را۔ کُم) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔

**تراکیب**۔ (تَ۔ را۔ کیب) [ع۔ ا۔ مذ و مث] ترکیب کی جمع۔ ترکیبیں۔ تدبیریں۔

**ترانا**۔ (تَ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پیرانا (۲) اُبھارنا (۳) ڈوبتے کو نکالنا (۴) گناہوں سے بچانا۔

**ترانوے**۔ (تِ۔ رانَ۔ وے) [ہ۔ صف] تین اُوپر نوّے۔ بانوے کے بعد کا عدد۔ ۹۳۔

**ترانہ**۔ (تَ۔ را۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) نغمہ۔ راگ (۲) وہ نغمہ جو کسی قوم یا ملک کے لیے سرکاری طور پر قومی ترانہ قرار دیا گیا ہو (۳) ایک سُر یا لَے (۴) جوان۔ رعنا۔

**ترانہ پرداز۔ ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سنج**۔ (ف۔ صف) (۱) ترانہ گانے والا (۲) گانے والا۔ موسیقار۔

**ترانا**۔ (ق۔ ا۔ مذ) اُبلے ہوئے چاول۔

**تراؤ**۔ (ہ۔ مذ) تیر کر پار اُترنا۔ تیرنا۔

**تراوت**۔ (تَ۔ را۔ وَت) [ہ۔ ا۔ مث] (طراوت سے ہندی بنا یا ہوا) تازگی۔ ٹھنڈک۔

**تراوش**۔ (تَ۔ را۔ وِش) [ف۔ ا۔ مث] (۱) ٹپکنا۔ چھڑکنا۔ پھوٹنا (۲) مجازاً اشارے کنائے سے ظاہر ہونا۔ انداز سے معلوم ہونا۔ ترشح ہونا۔

**تراوش پانا**۔ (ا۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ جھلکنا۔

**تراوش کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ ہو کر گرنا۔

**تراوش ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا (۳) انداز سے پایا جانا (۴) برسنا۔

**تراویح**۔ (تَ۔ را۔ ویح) [ع۔ ا۔ مث] (۱) راحت دینا (۲) نمازِ سنّت کی وہ بیس رکعتیں جو ماہِ رمضان میں نمازِ عشاء کے بعد اور وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ چونکہ ہر چوتھی رکعت کے بعد تھوڑا وقفہ کرتے اور آرام لیتے ہیں۔ اس لئے یہ نام ہوا۔

**تراہ**۔ (تَ۔ راہ) [ہ] (۱) پناہ دو! رحم کرو! (۲) مدد (۳) دُہائی۔ فریاد۔ واویلا۔

**تراہ تراہ کرنا۔ ترہ ترہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہائے ہائے کرنا (۲) توبہ توبہ کرنا (۳) کسی چیز کی کمی کے باعث پکار مچانا۔

**تراہ تراہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) واویلا مچنا۔ توبہ تِلّا ہونا۔ قحط ہونا۔ پانی وغیرہ کی کمی کے باعث پکار پڑنا۔

**ترایا**۔ (تَ۔ را۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ جگہ جہاں تین رستے آ کر ملیں۔

**تراہی**۔ (تَ۔ را۔ ہی) [ہ۔ صف] تراہ (ایک شہر کا نام) کی بنی ہوئی تلوار کٹار وغیرہ۔

**ترائی**۔ (تَ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ زمین جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب ہو (۲) مرطوب زمین۔ دلدلی زمین (۳) وہ علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پُتر تک چلا جاتا ہے۔

**ترب**۔ (تَ۔ رَب) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ تار جو اصلی تار کی مدد کے لئے سارنگی وغیرہ میں ہوتا ہے۔

**تُر**۔ (ہ۔ مذ) (۱) وہ گول لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بُن کر لپیٹتے ہیں (۲) وہ بیلن جس پر گوٹا گناری لپیٹتے ہیں۔

**تُرا**۔ (ف۔ ا۔ مذ) چنگیز خاں کا قانون۔ ترکی لفظ تورا کا مخفف۔

**تُرُب**۔ (تُ۔ رُب) [ف۔ ا۔ مث] مُولی۔

**ترباچک**۔ (تِر۔ با۔ چک) [ہ۔ ا۔ مث] تین دفعہ تصدیق کیا ہوا۔ عہد۔ طلاق۔

**تُربت**۔ (تُر۔ بَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) قبر۔ گور۔ مزار۔ جمع: تربت ہا۔ تربتاں۔

**تربت پر پھول چڑھانا**۔ (محاورہ) بزرگوں کی قبر پر تعظیماً پھول رکھنا۔

**تُربُد**۔ (تُر۔ بُد) [ف۔ ا۔ مث] ایک پودا جس کی جڑ مسہل کے طور پر دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔ نیوڑی۔

**تربوز**۔ (تَر۔ بُوز) [اُ۔ ا۔ مذ] موسمِ گرما کا ایک بڑا گول پھل جو بیل میں لگتا ہے۔ باہر سے سبز اور اندر سے سُرخ ہوتا ہے۔

**تربوز کی بیل**۔ (ا۔ مث) وہ بیل جس میں تربوز لگتا ہے۔

**تُربہ**۔ (تُر۔ بہ) [ع۔ ا۔ مذ] قبرستان۔ گورستان۔ مدفن۔

**ترنجھر**۔ (تِر۔ بھر) [ہ۔ صف] غصّے سے بھرا ہوا۔ ناراض۔

**تربھنگا**۔ (تِر۔ بھن۔ گا) [ہ۔ صف] ترچھا۔ جھکا ہوا۔

**تربھون**۔ (تِر۔ بھو۔ وَن) [س۔ ا۔ مذ] (۱) تینوں لوک۔ آسمان۔ زمین اور پاتال (۲) (مراداً) تمام جہان۔



Marfat.com

**تربیت** - (تر - بِ - یت) [ع - ا - مث] (۱) پرورش - پرداخت (۲) تعلیم و تہذیب - تعلیمِ اخلاق -
**تربیت پذیر** - (ع - ف - صف) تربیت کا اثر لینا - اصلاح قبول کرنا -
**تربیت کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) تعلیم دینا - سکھانا (۲) پرورش کرنا - پالنا -
**تربیت نا اہل را چوں گردگاں بر گنبد است** - (ف - مقولہ) (۱) نالائق کو تربیت کرنا ایسا ہے جیسا کہ گنبد پر اخروٹ پھینکنا کہ نہیں ٹھہر سکتا (۲) کمینے پر تربیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا -
**تربیدی** - (تر - بے - دی) [ہ - صف] (۱) تین بیدوں کا جاننے والا (۲) برہمنوں کی ایک قوم - یہ لفظ اصل میں تربیدی ہے -
**تربیع** - (تر - بیع) [ع - ا - مث] (۱) چار میں تقسیم کرنا (۲) مربع یا مستطیل بنانا - (۳) سیاروں کی وہ ہیئت - جب ایک دوسرے سے چوتھائی دائرے کا فرق ہو (۴) نوّے درجے کا زاویہ - زاویۂ قائمہ -
**تربینی - ترِبھنی** - (تر - بے - نی) (تر - بہ - نی) [ہ - ا - مث] (۱) وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں -
**ترُپ** - (انگریزی) (Troop) کا مورد - ساٹھ یا اسّی سواروں کی جماعت (۲) ٹرمپ (Trump) کا مورد - تاش میں الگ مقرر کرکے کھیلنا -
**ترپال** - (تر - پال) [اُر - ا - مذ] (Tarpaulin) ٹارپالن کا بگڑا ہوا - وہ ٹاٹ جس پر رال چڑھائی گئی ہو اور بارش کے موقع پر مال اسباب کے اُوپر ڈالنے کے کام آئے - اس میں پانی سرایت نہیں کرتا -
**ترُپائی** - (ترُ - پا - ای) [اُر - ا - مث] بخیئے کے اُوپر کی سیون -
**ترُپائی کرنا** - (ا - مص) بخیئے کے اُوپر سلائی کرنا -
**ترپڑیاں کھانا** - (ق - مص) بے قرار ہونا -
**ترپن** - (تر - پن) [س - ا - مذ] (۱) ہندو دیوتاؤں یا پتریوں کو پانی دینا (۲) تسلی تشفی (۳) خوشی - رضا (۴) سیری - آسودگی -
**ترپن** - (تر - پن) [ہ - صف] پچاس اور تین - باون کے بعد کا ہندسہ - ۵۳ -
**ترُپن** - (ترُ - پن) [اُر - ا - مث] ایک قسم کی سلائی ، جو اکثر کنارے پر کوریں دبانے کے لیے کی جاتی ہے -
**ترُپنا** - (ترُ - رَپ - نا) [ہ - مص] دبا کر سینا - سیون پر ایک اور سلائی کرنا - کپڑے کے سرے کو الٹا کر سینا -
**ترپولیا** - (تر - پو - لِ - یا) [ہ - ا - مذ] (۱) سہ درہ - تین در کی عمارت (۲) ایک سمت میں تین برابر بڑے دروازے ، جو بازار میں بناتے ہیں -
**ترپھرنا** - (ق - مص) بے قرار ہونا -
**ترپھلا** - (تر - پھ - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) ہڑ - بہیڑا اور آملہ ان تینوں دواؤں کو ترپھلا کہتے ہیں (۲) تین پھل کا رچاؤ -
**ترُت** - (ترُ - رت) [ہ - صف] فوراً - جلد - ابھی - اسی وقت -
**ترُت پھرُت** - (ہ - ا - مث) (۱) پھرتی - چالاکی - تیزی - طراری (۲) بہت جلد اور پھرتی سے - فوراً -
**ترُت پھرُت ہوں سگرے کام ｝ جیب ہو ویں منٹھی میں دام ｝** (مثل) روپیہ پاس ہو تو ہر کام فوراً ہو جاتا ہے -
**ترُت دام ترُت پن** - (مثل) فوراً مزدوری یا قیمت دینا بڑا ثواب کا کام ہے
**ترُت دان مہا کلیان** - (مثل) فوراً خیرات کرنا نجات کا باعث ہوتا ہے -
**ترُت ماتھا ٹھنکا** - (ہ - ا - محاورہ) اسی وقت شک پیدا ہو گیا -
**ترُت ہی بوؤ - ترُت ہی کھاؤ ｝ باسی کھاؤ - اوجھ بڑھاؤ ｝** (مثل) تازہ پکا کر فوراً ہی کھانا چاہیئے - باسی کھانے سے پیٹ بڑھ جاتا ہے -
**ترُتا ترُت** - (ترُ - تا - ترُ - رت) (ہ) بہت جلد - فی الفور -
**ترترا - ترتریا** - (ترُ - ترُ - را) (ترُ - ترُ - ری - یا) (ہ - صف) (۱) تیز طرار - چست - پھرتیلا (۲) تیار - مستعد (۳) بہت باتیں بنانے والا -
**ترترانا** - (ق) سٹر سٹرانا -
**ترتری** - (ق - ا - مث) تُرہی - بگل -
**ترتیب** - (تر - تیب) [ع - ا - مث] (۱) درجہ بدرجہ رکھنا - ٹھکانے سے رکھنا - چننا (۲) سجاوٹ (۳) بندوبست - صف بندی (۴) طریقہ - ڈھنگ (۵) جنس داری - سلسلہ بندی - تقسیم (۶) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدے کا نام -
**ترتیبِ ہجی** - (ع - ا - مث) حروفِ ہجی کا سلسلہ -
**ترتیب دینا** - (ا - محاورہ) (۱) سلسلہ وار رکھنا - درست کرنا - ٹھکانے سے رکھنا (۲) مرتب کرنا (۳) سجانا -
**ترتیب سے** - قاعدے سے - قرینے سے - سلسلہ وار -
**ترتیب وار** - سلسلہ وار - موقع بہ موقع - درجہ بدرجہ -
**ترتیل** - (تر - تیل) [ع - ا - مث] قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کرکے پڑھنا - جمع : ترتیلات -
**ترجانا - ترنا** - (تر - جا - نا) (تر - نا) [ہ - مص] (۱) پیرنا - پانی کے اُوپر آنا - (۲) نیک نام ہونا (۳) مالا مال ہونا (۴) ثواب کا مستحق ہو جانا -
**ترجگ** - (ق - ا - مذ) ترلوک - تین عالم -
**ترجمان** - (تر - جُ - مان) [ع - ا - مذ] (۱) شارح - مفسّر - تعبیر کرنے والا (۲) کسی مقرر کی تقریر کا فی البدیہہ ترجمہ کرنے والا (۳) وہ شخص جو دو مختلف زبانیں بولنے والے افراد کے درمیان رابطہ کا کام کرے اور ایک کو دوسرے کا مفہوم و منشا سمجھائے -
**ترجمانی** - (تر - جُ - ما - نی) [ع - ف - ا - مث] (۱) شرح - تفسیر - تعبیر (۲) ترجمان کا کام -
**ترجمہ** - (تر - جَ - مہ) [ع - ا - مذ] ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کیا ہوا - جمع : تراجم -
**ترجمہ نویس** - مترجم - ترجمہ لکھنے والا -
**ترجی** - (ت - رَج - جی) [ع - ا - مث] ایسی چیز کی امید - جس کا حاصل ہونا آسان ہو -
**ترجیح** - (تر - جیح) [ع - ا - مث] فوقیت - فضیلت - برتری - جمع : ترجیحات -
**ترجیح بلا مرجح** - (ع - ا - مث) بلا وجہ فوقیت دینا -
**ترجیح دینا** - (مص - مرکب) فضیلت دینا - فوقیت دینا - بہتر سمجھنا -
**ترجیح رکھنا** - (ا - محاورہ) فضیلت رکھنا - اچھا یا بہتر ہونا - فوقیت رکھنا -
**ترجیع** - (تر - جیع) [ع - ا - مث] (۱) پھیرنا (۲) بازگشت (۳) ستاروں کا اپنی



Marfat.com

حرکت سے مغرب سے مشرق کی طرف جانے میں رجعت کرنا (نجوم)۔
**ترجیع بند** - (ع - ف - ا - مذ) اصطلاح شعر میں شاعر کا چند ایسے بند، جو بحر میں موافق اور قافیے میں مختلف ہوں۔ اس طرح نظم کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کے آخر میں آئے اور ہر بند کے آخری شعر کے مضمون سے موافقت کرے
**ترچھا** - (تِر - چھا) (ہ - صف) (۱) ٹیڑھا - کج - آڑا - بینڈا - اوریب (۲) مخالف - منحرف (۳) ناخوش (۴) بے وقوف - احمق (۵) بانکا - چھیلا (۶) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا اکثر استر لگایا جاتا ہے۔
**ترچھا پن** - (ہ - ا - مذ) بانکپن - ترچھا ہونا۔
**ترچھا جوڑا** - وہ جوڑا جو سر کے ایک طرف بندھا ہو۔
**ترچھا دیکھنا** - (ا - محاورہ) (۱) ترچھی نظروں سے دیکھنا - کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) بھینگا ہونا یا دیکھنا۔
**ترچھا کرنا** - (مص - مرکب) ٹیڑھا کر دینا - ڈھلوان کرنا۔
**ترچھا لگنا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹیڑھا ہو کر لگنا (۲) آڑا لگنا (۳) ٹیڑھا معلوم ہونا۔
**ترچھا ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹیڑھا ہونا (۲) ناخوش ہونا - غصے ہونا۔
**ترچھی** - (تِر - چھی) (ہ - صف) ٹیڑھی - بانکی - ترچھا کی تانیث۔
**ترچھی آنکھ - ترچھی نظر - ترچھی نگاہ** - (ہ - ا - مث) (۱) قہر کی نظر - غصے کی نگاہ (۲) نگاہِ ناز - معشوقانہ انداز سے دیکھنا۔
**ترحّم** - (تَ - رَحْ - حُم) (ع - ا - مذ) (۱) رحم - ترس (۲) شفقت کرنا۔
جمع : ترحمات۔
**ترخنا** - (تَ - رَخ - نا) (ہ - مص) تڑکنا - شگاف ہونا - پھٹ جانا۔
**ترخیص** - (تَر - خیص) (ع - ا - مث) رخصت - اجازت - جمع : ترخیصات۔
**ترخیم** - (تَر - خیم) (ع - ا - مث) (۱) دُم کاٹنا (۲) اصطلاح نحو میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف یا جزو لفظ کو دُور کرنا - جیسے مانند سے مان۔
**تردّد** - (تَ - رَد - دُد) (ع - ا - مذ) (۱) سوچ - فکر - اندیشہ (۲) کشمکش و پیچ - پس و پیش - تذبذب (۳) گھبراہٹ - پریشانی (۴) انکار (۵) محنت - مشقت (۶) کاشت کاری۔ جمع : ترددات۔
**ترددِ ناجائز** - خلاف قانون کاشت - ناجائز کاشت۔
**تردید** - (تَر - دید) (ع - ا - مث) رد کرنا - جواب دینا - جمع : تردیدات۔
**ترس** - (ف - ا - مذ) ڈر - خوف - دہشت۔
**ترسناک** - ڈرا ہوا۔
**ترس** - (تَ - رَس) (ہ - ا - مذ) (۱) رحم - دیا (۲) درد - خوفِ خدا۔
**ترس آنا** - (ا - محاورہ) رحم آنا۔
**ترس جانا** - (ا - محاورہ) خواہش مند ہونا - کسی چیز کا بھوکا ہونا۔
**ترس کھانا** - (ا - محاورہ) رحم کرنا۔
**ترسا** - (تَر - سا) (ف - صف) (۱) ڈرانے والا - خوف کھانے والا (۲) (ا - مذ) نصرانی (۳) آتش پرست (۴) ترسانا کا امر۔
**ترسا ترسا کر دینا** - (ا - محاورہ) خواہش سے کم دینا - شوق دلا کر تھوڑا سا دینا۔
**ترسا ترسا کر مارنا** - (ا - محاورہ) (۱) سخت شوق دلا کر نہ دینا - للچا للچا کر نہ دینا (۲) بڑی تکلیف سے مارنا۔

**ترساں** - (تَر - ساں) (ف - صف) خوف زدہ - ڈرتا ہوا - خائف۔
**ترسانا** - (تَر - سا - نا) (ہ - مص) (۱) للچانا - جھوٹی اُمید دلا کر نااُمید کرنا (۲) خواہش سے کم دینا - ضرورت کے موافق نہ دینا۔
**ترسٹھ** - (تِر - سَٹھ) (ہ - صف) تین اوپر ساٹھ - باسٹھ کے بعد کا عدد - ۶۳۔
**ترسنا** - (تَ - رَس - نا) (ہ - مص) (۱) خواہش مند ہونا (۲) کسی چیز کا بھوکا ہونا (۳) ایسی چیز کی اُمید رکھنا، جو ہاتھ نہ آسکے (۴) اشتیاق میں رہنا (۵) بے چین ہونا (۶) محتاج ہونا - تنگ ہونا۔
**ترسُول** - (تِر - سُول) (ہ - ا - مذ) (۱) تین نوک کا نیزہ یا بھالا (۲) شوجی کا ہتھیار۔
**ترسیل** - (تَر - سیل) (ع - ا - مث) بھیجنا - روانہ کرنا۔
**ترش** - (ف - صف) (۱) کھٹا (۲) ناخوش (۳) بدمزاج - بددماغ۔
**ترش رُو** - (ف - صف) (۱) ناخوش (۲) بددماغ - چڑچڑا - بدمزاج - بدخُو۔
**ترش رُوئی** - (ف - ا - مث) بدمزاجی۔
**ترش مزاج** - (ف - صف) بدمزاج - بدخُو۔
**ترش ہونا** - (ا - محاورہ) کھٹا ہونا - رنجیدہ ہونا - برہم ہونا۔
**ترشاوا** - (ا - ہ - صف) لیموں نارنگی وغیرہ کی قسم کے پھل یا درخت۔
**ترشّح** - (تَ - رَش - شُح) (ع - ا - مذ) (۱) ظاہر - آشکارا (۲) تقاطر - بوندا باندی۔
جمع : ترشحات۔
**ترشح ہونا** - (مرکب مص) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا - پایا جانا۔
**ترشن** - (تَر - شَن) (ہ - ا - مث) چھیلن۔
**ترشنا** - (تَ - رَش - نا) (ہ - مص) چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا - قلم ہونا۔
**ترشی** - (تُر - شی) (ف - ا - مث) کھٹاس - کھٹائی۔
**ترشیح** - (تَر - شیح) (ع - ا - مث) شاعری کی ایک صنعت جس میں شعر اس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ترتیب وار تمام مصرعوں کے پہلے حرف ملانے سے کوئی نام یا عبارت بن جاتی ہے۔
**ترصّد** - (تَ - رَص - صُد) (ع - ا - مذ) (۱) انتظار - اُمید - آس (۲) اُمید رکھنا - گھات لگانا۔
**ترصیع** - (تَر - صیع) (ع - ا - مث) شاعری کی ایک صنعت جس میں دونوں مصرعوں کے تمام الفاظ بالترتیب ہموزن ہوتے ہیں - جیسے ؎

نام تیرا ہے زندگی میری
کام میرا ہے بندگی تیری

**ترطیب** - (تَر - طیب) (ع - ا - مث) رطوبت پہنچانا - تر کرنا - مزاج میں تری پیدا کرنا۔
**ترغیب** - (تَر - غیب) (ع - ا - مث) (۱) رغبت دلانا - لالچ دلانا (۲) کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا (۳) شوق - خواہش (۴) اغوا - بہکاوا۔
جمع : ترغیبات۔
**ترغیب دینا** - (ا - محاورہ) لالچ دینا - رغبت دلانا - شوق دلانا۔
**ترفان** - (تَر - فا - ن) (انگ - ا - مذ) ایک تکونی لمبی سی ریتی - جس سے بندوق کی نالی اندر سے صاف کی جاتی ہے۔
**ترفّع** - (تَ - رَف - فُع) (ع - ا - مذ) (۱) بلندی چاہنا (۲) غرور - تکبر - جمع : ترفعات



Marfat.com

**تَرَفُّہ** ۔ (تَ ۔ رَف ۔ فُہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) دولتمندی ۔ خوشحالی ۔ آسودگی ۔
**تَرَقانا** ۔ (تَرَ ۔ قا ۔ نا) (اُ ۔ مص) توڑنا ۔ شق کرنا ۔
**تَرَقُّب** ۔ (تَ ۔ رَق ۔ قُب) (ع ۔ ا ۔ مذ) اُمید ۔ توقع ۔
**تَرَقنا** ۔ (تَ ۔ رَق ۔ نا) (اُ ۔ مص) پھٹنا ۔ شق ہونا ۔ بال آنا ۔
**تَرَقّی** ۔ (تَ ۔ رَق ۔ قی) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) آگے بڑھنا (۲) اُونچا ہونا ۔ (۳) افزونی اضافہ (۴) بلندی ۔ برتری ۔ جمع : ترقیات ۔
**ترقی اقبال ہو** ۔ (دُعا) اقبال بڑھے ! ترقی کرو ! ۔
**ترقی بخش** ۔ (ف ۔ صف) اضافہ کرنے والا ۔ بڑھانے والا ۔
**ترقی پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) عہدہ بڑھنا ۔ درجہ بڑھنا (۲) تنخواہ میں اضافہ ہونا ۔ (۳) لڑکوں کا اُوپر کی جماعت میں چڑھایا جانا ۔
**ترقی پذیر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بڑھنے والا ۔ ترقی قبول کرنے والا ۔
**ترقی پر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ترقی کرنا ۔
**ترقی پسند** ۔ (۱) آگے بڑھنے والا ۔ ترقی کا خواہاں ۔ جدید معاشی اور سائنسی نظریات کا حامی ۔ قدامت پسند اور رجعت پرست کی ضد (۲) (اصطلاحاً) اشتراکی ۔ اشتمالی ۔ (انگ) (Progressive)
**ترقی خواہ** ۔ (ف ۔ صف) ترقی چاہنے والا ۔
**ترقی دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) عہدہ یا درجہ بڑھانا (۲) تنخواہ بڑھانا ۔
**ترقی کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) مرتبہ زیادہ ہونا ۔ آگے بڑھنا (۲) عہدہ بڑھنا (۳) مال و دولت زیادہ ہونا (۴) کسی امر میں زیادہ واقفیت حاصل کرنا ۔
**ترقی یافتہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ترقی پایا ہوا ۔
**تَرقِیق** ۔ (تَر ۔ قِیق) (ع ۔ ا ۔ مث) پتلا ہونا ۔ ہلکا ہونا ۔ پانی کی طرح ہونا ۔
**تَرقِیم** ۔ (تَر ۔ قِیم) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) لکھنا ۔ تحریر کرنا (۲) تحریر ۔
**تَرک** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) چھوڑنا ۔ درگزر (۲) بھول ۔ چوک (۳) دست برداری ۔ (۴) وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے ۔
**ترکِ ادب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بے ادبی ۔ گستاخی ۔ بدتہذیبی ۔
**ترکِ اولیٰ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اس فعل کا ترک ۔ جس کا کرنا افضل ہے ۔
**ترکِ حیوانات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ان چیزوں کا ترک ، جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں جیسے گوشت ۔ دودھ ۔ دہی وغیرہ ۔
**ترکِ دُنیا** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خلوت گزینی ۔ فقیر ہو جانا ۔ دنیا چھوڑ دینا ۔
**ترکِ سلطنت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حکومت سے دست بردار ہونا ۔ تخت چھوڑنا ۔
**ترکِ شراب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) شراب نوشی چھوڑ دینا ۔
**ترکِ صحبت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دوستی توڑ دینا ۔ قطع تعلق کر لینا ۔
**ترکِ عادت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کسی عادت کو چھوڑ دینا ۔
**ترک کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) چھوڑ دینا ۔ تیاگنا (۲) کسی چیز سے باز آنا ۔ قطع تعلق کر لینا ۔ الگ ہو جانا ۔
**ترکِ لذات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عیش و عشرت چھوڑ دینا ۔ آرام و آسائش کی چیزیں چھوڑ دینا ۔
**ترک لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اجزاء کو ترتیب دینا ۔

**ترکِ موالات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا (۲) عدم تعاون ۔ نان کوآپریشن ۔
**ترکِ وطن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہجرت کرنا ۔ اپنا دیس چھوڑ دینا ۔ ہجرت ۔
**تُرک ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چھوٹ جانا ۔
**تُرک** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) یافث بن نوح کے ایک بیٹے کا نام ۔ جس سے کہتے ہیں کہ ترکوں کا سلسلہ چلتا ہے (۲) تاتار یا ترکستان کا باشندہ (۳) معشوق ۔ (۴) سپاہی ۔ بہادر (۵) مسلمان ۔ جمع : اتراک ۔ ترکان ۔
**تُرک بچہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ترک کا لڑکا (۲) حسین نوجوان ۔
**تُرک تاز** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سپاہی ۔ لشکری ۔ عسکری ۔ تلنگا (۲) لٹیرا ۔ قزاق ۔
**تُرک تازی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) لوٹ مار ۔ تاخت و تاراج ۔ حملہ ۔ ہلہ ۔ دھاوا (۲) دوڑ دھوپ ۔
**تُرکِ چین ۔ ترکِ روز ۔ ترکِ روزگار ۔ ترکِ فلک ۔ ترکِ گردوں ۔ ترکِ نیمروز** } آفتاب ۔ سورج ۔
**تُرکِ ستمگر** ۔ ظالم معشوق ۔
**تُرک سوار** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) مسلمان سپاہی ، جو گھوڑے پر سوار ہو ۔
**ترکاری** ۔ (تر ۔ کا ۔ ری) (اُ ۔ ا ۔ مث) (۱) بھاجی ۔ ساگ پات ۔ سبزی (۲) (ہندو) گوشت ۔ ماس ۔
**ترکاری بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سبزی کو پکانے کے لیے تیار کرنا (۲) سبزی پکانا (۳) گوشت پکانا ۔
**ترکاری چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ترکاری کو بنا کر چولھے پر رکھنا ۔
**تُرکاں** ۔ (تُر ۔ کاں) (ف ۔ ا ۔ مث) ترک کی جمع ۔ ترک قوم کے لوگ ۔
**تُرکانِ چرخ** ۔ سات سیارے ۔ زہرہ ۔ مشتری ۔ زحل ۔ عطارد ۔ مریخ ۔ شمس ۔ قمر
**تُرکانہ** ۔ (تُر ۔ کا ۔ نہ) (ف ۔ صف) ترک کی طرح ۔ ترکی ۔
**ترکانی** ۔ (تُر ۔ کا ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مث) ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا ، جو ترک عورتیں پہنتی ہیں ۔
**تِرکُٹا** ۔ (تِر ۔ کُ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) سونٹھ ۔ پیپل اور کالی مرچ کا سفوف جو بید لوگ ہاضمے کے لئے بناتے ہیں ۔
**تِرکُٹی** ۔ (تِر ۔ کُ ۔ ٹی) (س ۔ ا ۔ مث) تکلا ۔ سلائی ۔
**تِرکِیں** ۔ (ق ۔ صف) ٹیڑھا ۔ آڑا ۔
**تَرکَش** ۔ (تر ۔ کش) (ف ۔ ا ۔ مذ) تیر رکھنے کا خول ۔ تیردان ۔ تیرکش کا مخفف ۔ جمع : ترکش ہا ۔
**تُرکمان** ۔ (ترک ۔ مان) (ف ۔ ا ۔ مذ) ترکوں کی ایک قوم ۔
**تَرکُم تَرکا** ۔ (تَر ۔ کَم ۔ تَر ۔ کا) (اُ ۔ ا ۔ مث) اَن بن ۔ ملنا جلنا موقوف کر دینا ۔
**تُرکَن** ۔ (تُر ۔ کَن) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) ترک کی بیوی (۲) ترک قوم کی عورت (۳) سپاہی کی جورو (۴) (گنوار) مسلمان عورت ۔
**تُرکنی** ۔ (تُر ۔ ک ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مث) وہ عورت جو شاہی محل میں چوکی پہرا دیا کرتی تھی ۔ قلماقنی ۔
**تَرکہ** ۔ (تَر ۔ کہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) مُردے کی جائیداد ۔ وہ جائیداد ، جو انسان مرنے پر چھوڑے (۲) ورثہ ۔ میراث ۔ جمع : ترکہ جات ۔
**ترکہ بٹنا** ۔ (مص ۔ مرکب) جائیداد وارثوں میں تقسیم ہونا ۔



Marfat.com

**ترکہ بلا وصیت نامہ** ۔ وہ ترکہ جس کے متعلق مُردے نے کوئی وصیت نہ کی ہو۔
**ترکۂ پدری** ۔ باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب۔
**ترکے میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ورثے میں ملنا۔
**ترکے میں چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مرے پیچھے مال وجائیداد چھوڑنا۔
**تُرکی** ۔ (تُر ۔ کی) (ف ۔ صف) (۱) ترکوں کی بولی (۲) ترکستان کا گھوڑا (۳) غرور نخوت (۴) ترکستان کا باشندہ (۵) ترکستان کا بنا ہوا (۶) ترکستان کے متعلق یا ترک کے متعلق۔
**ترکی بہ ترکی جواب دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جیسا کوئی کہے ۔ ویسا جواب دینا (۲) سخت جواب دینا۔
**ترکی چڑھے ۔ تازی (کانپے) کے کان ہوں** ۔ (مثل) ایک کو سزا کا دوسروں پر اثر ہو۔
**ترکی تمام ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گھمنڈ جاتا رہنا ۔ غرور نکلنا (۲) کچھ نہ باقی رہنا (۳) ساری بہادری نکلنا۔
**ترکیب** ۔ (تر ۔ کیب) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب کرنا ۔ (۲) بناوٹ ۔ ساخت ۔ ملاوٹ ۔ تناسب (۳) ڈھنگ طور ۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ (۴) تدبیر ۔ علاج (۵) اصطلاح نحو میں جملے کے ہر لفظ کے متعلق بتانا کہ وہ اسم ۔ صفت ۔ فعل وغیرہ کیا ہے اور ان کا باہمی تعلق۔ جمع : تراکیب۔
**ترکیب بند** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) نظم کی ایک قسم جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔
**ترکیب دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ملانا ۔ بنانا (۲) مختلف اجزاء کو ملا کر تیار کرنا۔
**ترکیب سوجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طریقہ خیال میں آنا ۔ تدبیر سوجھنا۔
**ترکیب سے چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کفایت شعاری برتنا ۔ خاص اصول پر کاربند ہونا۔
**ترکیب کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تدبیر کرنا ۔ صورت نکالنا (۲) بنانا ۔ ملانا ۔ مرکب کرنا (۳) بندوبست یا انتظام کرنا (۴) جملے کے الفاظ کی اقسام اور تعلقات بتانا۔
**ترکیب نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ۔ تدبیر بتانا ۔ ڈھنگ نکالنا ۔ طریقہ سوچنا۔
**ترکیب نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طریقہ نکلنا ۔ ڈھنگ معلوم ہونا۔
**ترکیبی** ۔ (تر ۔ کی ۔ بی) (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) مرکب ۔ بنا ہوا ۔ ملا ہوا (۲) بناوٹی ۔ مصنوعی ۔ ساختہ۔
**ترگن** ۔ (ق ۔ صف) تین گنا ۔ سہ گنا۔
**ترلوک** ۔ (تر ۔ لوک) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) تین عالم ۔ آسمان ۔ زمین اور پاتال ۔ (۲) کائنات۔
**ترم** ۔ (تُ ۔ رَم) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا باجا ۔ بگل ۔ تُرئی ۔ منہ سے بجانے کا وہ آلہ جس میں فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے۔
**ترم باز خاں** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) شیخی باز شخص۔
**ترمتی** ۔ (تُر ۔ مَ ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) باز یا شکرے کی ایک قسم۔
**ترمرا** ۔ (تر ۔ مَ ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چکنائی کا دھبہ جو پانی یا شوربے پر آ جاتا ہے (۲) وہ تارے جو صدمہ دماغی یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اُڑتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جمع : ترمرے۔
**ترمراہٹ** ۔ (تر ۔ مر ۔ را ۔ ہٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) چندھیانا۔
**ترمنڈا** ۔ (ق ۔ صف) مکار ۔ حیلہ باز۔
**ترمیم** ۔ (تر ۔ میم) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) اصلاح ۔ درستی ۔ مرمت ۔ سنوار (۲) تغیر و تبدل ۔ جمع : ترامیم ۔ ترمیمات۔
**تُرنج** ۔ (تُ ۔ رَنج) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) چکوترا ۔ ایک قسم کا بڑا لیمو (۲) کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں۔
**تُرنجبین** ۔ (تُ ۔ رَنج ۔ بین) (ف ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے ۔ (۲) افشردہ لیموں جس میں کھانڈ ملا کر پیتے ہیں۔
**ترنڈا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) لکڑی کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو پانی پر تیرتا ہے۔
**ترنڈی** ۔ (تُ ۔ رَن ۔ ڈی) (ق ۔ ا ۔ مث) آنت۔
**ترنگ** ۔ (تَ ۔ رنگ) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) تیر کے چھوٹنے کی آواز (۲) ساز بجاتے وقت تار کی صدا۔
**ترنگ** ۔ (تَ ۔ رنگ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) لہر ۔ موج ۔ اُمنگ ۔ جوش ۔ جذبہ ۔ (۲) نشے کی حرکت (۳) وہم (۴) شیخی ۔ تعلی ۔ لاف وگزاف۔
**ترنگ آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جوش پیدا ہونا ۔ طبیعت میں لہر اٹھنا۔
**تُرنگ** ۔ (تُ ۔ رَنگ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گھوڑا۔
**ترنم** ۔ (تَ ۔ رَن ۔ نُم) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) گانا ۔ الاپنا (۲) غنا ۔ آلاپ ۔ جمع : ترنمات۔
**ترنم ریز** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ترنم پیدا کرنے والا ۔ گانے والا۔
**ترنم طراز** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) گانے والا۔
**ترواٹ** ۔ (تر ۔ واٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا گانا ۔ ترانہ (۲) فوراً ۔ جلد (ق)
**ترور** ۔ (تر ۔ ور) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے اور پھل اور بیج دوائیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔
**ترویج** ۔ (تر ۔ ویج) (ع ۔ ا ۔ مث) رواج دینا ۔ اشاعت کرنا۔
**ترویدی** ۔ (تر ۔ وے ۔ دی) (س ۔ صف) (۱) تین وید جاننے والا (۲) (ا ۔ مذ) وہ برہمن ۔ جس نے تین وید پڑھے ہوں (۳) برہمنوں کی ایک قوم۔
**ترویہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ذوالحجہ کی آٹھویں تاریخ اس دن حج شروع ہوتا ہے۔
**ترہ** ۔ (تَ ۔ رہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) ساگ ۔ ترکاری ۔ سبزی۔
**ترہ فروش** ۔ (ف ۔ صف) سبزی یا ترکاری بیچنے والا ۔ کنجڑا۔
**تُرہی ۔ تُرئی ۔ تُری** ۔ (تُ ۔ رَ ۔ ہی) (تُ ۔ رَ ۔ ای) (تُ ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بگل ۔ ترم ۔ ایک قسم کی لمبی نفیری۔
**تُرئی** ۔ (تُ ۔ رَ ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک ترکاری کا نام ۔ توری۔
**ترئی کا سا پھول** ۔ (۱) ترئی کے زرد پھول کی مانند جس کی زردی آنکھوں کو خوش نما معلوم ہوتی ہے (۲) روپے کا اس طرح خرچ ہونا کہ کم معلوم نہ ہو۔
**تری** ۔ (تَ ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) رطوبت ۔ نمی (۲) بحر ۔ سمندر۔



Marfat.com

**تری** - (ت - ری) (ہ ۔ ص) تیری کا مخفف۔
**تریا** - (تر ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مث) عورت۔ استری۔ لُگائی۔
**تری آواز مکے اور مدینے** - (ا ۔ مثل) تیری شہرت دُور دُور ہو۔
**تریا بید** - (ہ ۔ ا ۔ مذ) علمِ نسواں۔ عورتوں کی واقفیت۔
**تریا چرتر** - (چلتر) عورتوں کے مکر و فریب۔
**تریا راج** - (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) عورتوں کی حکومت (۲) بیوی کی حکومت۔ جورو کا دباؤ۔
**تریا مت میں آنا** - (ا ۔ محاورہ) عورتوں کی عقل پر چلنا۔
**تریا مت میں جو نر آوے - وہ نر اک دن لاج گنواوے** (مثل) جو مرد عورتوں کا کہنا مانے گا وہ ایک دن روئے گا۔
**تریا ہٹ** - (ہ ۔ مث) عورت کی ضد۔
**تریاق** - (تر ۔ یاق) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) زہرہ مہرہ۔ زہر کی دوائی (۲) (کنایتہً) افیون (غم و رنج مٹانے کی وجہ سے)
**تریاقی** - (تر ۔ یا ۔ قی) (ف ۔ صف) افیونی۔
**تریاک** - (تر ۔ یاک) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تریاق۔ زہر کی دوا (۲) اصطلاحاً افیون۔
**تریاں** - (ق ۔ ا ۔ مث) مچھلیاں۔
**تریانو** - (ق) ترانوے۔ ۹۳۔
**تری بری** - (ت ۔ ری ۔ ب ۔ ری) (ہ ۔ صف) جدا جدا۔ منتشر۔
**تریتا** - (تِ ۔ رے ۔ تا) (س ۔ ا ۔ مث) (۱) ہندوؤں کا دوسرا جُگ، جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا بتایا جاتا ہے۔
**تریڑا** - (تَ ۔ رے ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا (۲) پانی کی دھار جو کسی اونچی جگہ سے پڑے۔
**تریڑا دینا** - دھار باندھ کر پانی ڈالنا۔
**تریز** - (تَ ۔ ریز) (ف ۔ ا ۔ مث) کُرتے کے چوڑے منہ کی کلی، جو چولی کے نیچے پڑتی ہے۔
**تریسٹھ** - (ا ۔ عدد) ساٹھ اور تین۔ باسٹھ سے اگلا عدد۔ ۶۳۔
**تریل** - (تَ ۔ ریل) (ہ ۔ ا ۔ مث) مست ہتھنی۔ جس پر چارہ لاد کر لاتے ہیں۔
**ترینڈ۔ ترینڈا** - (تَ ۔ رینڈ) (ت ۔ ریں ۔ ڈا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ ہلکی تیرتی ہوئی چیز جو مچھلی کے شکار کے لیے کانٹے سے کچھ اوپر لگا دیتے ہیں۔

## ت ـــ ڑ

**تڑ** - (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) تھپڑ کی آواز۔ ضرب کی آواز۔ چٹاخ۔
**تڑا بھڑی** - (تَ ۔ ڑا ۔ بھَ ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) جلدی۔ شتابی (۲) موت کی گرم بازاری (۳) گھبراہٹ۔ بے چینی (۴) افراتفری۔
**تڑا پڑ** - (تَ ۔ ڑا ۔ پڑ) (ا ۔ م) متواتر۔ پے درپے۔ فوراً۔
**تڑاتڑ** - (تَ ۔ ڑا ۔ تڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) متواتر آواز (۲) لگاتار مارنے کی آواز (۳) جوتی یا ہاتھ سے مارنے کی آواز۔ (۴) مینہ کی بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز (۵) چٹاخ۔ پٹاخ۔ جلد جلد۔

**تڑاتڑ پڑنا** - (ا ۔ محاورہ) لگاتار مار پڑنا۔
**تڑاتڑ جواب دینا** - (ا ۔ محاورہ) جلد جلد جواب دینا۔ دو بدو ہونا۔
**تڑاخا (تڑاکا)** - (تَ ۔ ڑا ۔ خا) (تَ ۔ ڑا ۔ کا) (اُ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی چیز کا قحط (۳) شدت کی گرمی۔
**تڑاڑنا** - (ق ۔ مص) گھوڑے کا پشک مارنا۔
**تڑاق** - (تَ ۔ ڑاق) (اُ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخ (۳) پٹاخے یا بندوق کی آواز۔
**تڑاق پڑاق (تڑاق)** - (ا) (۱) جلد جلد۔ برابر (۲) ٹوٹنے کی آواز (۳) تڑاتڑ سڑاسڑ (۴) منہ درمنہ (۵) نڈر ہو کر بے باکانہ (۶) شوخ طبع۔ چُلبلا۔
**تڑاقا** - (تَ ۔ ڑا ۔ قا) (اُ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخا۔ (۳) بندوق چلنے کی آواز (۴) ذائقے کی آواز۔ چٹخارا (۵) حقے کا دم لگانے کی آواز (۶) بجلی کا کڑاکا۔ صاعقہ (۷) گرمی کی شدت (۸) پیاس کی شدت۔ (۹) کسی چیز کا قحط۔
**تڑاق (تڑاخ) سے جواب دینا** - (ا ۔ محاورہ) بے سوچے سمجھے جواب دینا۔ جو منہ میں آئے کہہ دینا۔
**تڑاقا بیتنا** - (ا ۔ محاورہ) فاقہ گزرنا۔ کچھ نہ کھانا۔
**تڑاقا کھا کر گرنا** - (ا ۔ محاورہ) غش کھا کر گرنا۔ صدمے یا فاقے کے باعث بیہوش ہو کر گرنا۔
**تڑاقا کھانا** - (ا ۔ محاورہ) کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔
**تڑاقے بھرنا** - پرند کا زور سے اُڑ جانا۔
**تڑاقے سے ہونا** - (ا ۔ محاورہ) بناؤ سنگار سے ہونا۔
**تڑاقے کا** - (ا ۔ صف) (۱) شدت کا۔ زور کا (۲) بھڑکیلا۔ چمکیلا (۳) مزے دار۔ چٹپٹا۔
**تڑاقے کی دھوپ** - بہت تیز دھوپ۔
**تڑانا** - (تُ ۔ ڑا ۔ نا) (ہ ۔ ف ۔ مص) (۱) علاحدہ کرنا۔ چھڑانا (۲) توڑ ڈالنا (۳) روپیہ بھنانا (۴) قیمت میں کمی کرانا۔
**تڑاوا۔ تڑایا** - (تَ ۔ ڑا ۔ وا) (تَ ۔ ڑا ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) خوش پوشاکی۔ بانکپن۔ رنگیلاپن (۲) دکھاوا۔ خود پسندی۔ نمائش۔
**تڑائی** - (تُ ۔ ڑا ۔ ئی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) توڑنے کی اجرت (۲) روپیہ خردہ کرنے کا بٹا۔
**تڑپ** - (تَ ۔ ڑپ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بے قراری۔ بے تابی (۲) پھرتی۔ چالاکی (۳) اُچھل کود (۴) جلدی۔ تیزی (۵) چمک۔ دمک (۶) بجلی چمکنا کوندنا (۷) دل کا پھڑکنا۔ دھڑک (۸) پرندے کا پھڑپھڑانا (۹) بے حد خواہش۔ تمنا۔ آرزو (۱۰) جوشش۔ جذبہ (۱۱) وہ چمکدار چیز جو لیمپ کے پیچھے روشنی بڑھانے کو لگا دیتے ہیں۔ (۱۲) تڑپنا کا امر۔
**تڑپ اُٹھنا** - (ا ۔ محاورہ) بے چین ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا۔
**تڑپ تڑپ کر** - (ا ۔ ف ۔ صف) پھڑک پھڑک کر۔ بیتاب ہو کر۔ بے چین ہو کر۔
**تڑپ جھڑپ** - (ا ۔ مث) (۱) پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی (۲) جوش۔ زور شور۔
**تڑپ کر** - (ا) (۱) گھبرا کر۔ بے قرار ہو کر۔ بے چین ہو کر (۲) جلدی سے۔ پھرتی سے۔



Marfat.com

**تڑپا دینا**۔ (تڑ۔پا۔دے۔نا) (ہ۔مص) (۱) بے قرار کر دینا (۲) ہنسا دینا لٹا دینا۔
**تڑپانا**۔ (تڑپا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھڑکانا۔ بے قرار کرنا۔ بے چین کرنا۔ اضطراب میں ڈالنا (۲) ترسانا (۳) کُدانا (گھوڑے کا)
**تڑپتا ہوا**۔ (ا۔صف) گرم گرم۔ پُرمضمون۔ ایسا باموقع فقرہ یا عمدہ شعر جو سننے والے کو بے قرار کر دے یا شدت سے متاثر کرے۔
**تڑ پڑ**۔ (تڑ۔پڑ) (اُ۔ا۔مث) (۱) کسی کے جواب میں بغیر توقف کے کچھ کہنا (۲) گڑبڑ۔ جلد جلد۔
**تڑپڑاہٹ**۔ (تڑ۔پ۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) تڑپنے کا عمل۔
**تڑپڑی**۔ (تڑ۔پ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بے قراری۔ بے چینی (۲) زبان پر مرچ وغیرہ کی تیزی کا اثر۔
**تڑپڑیاں**۔ (ق) پیچ و تاب۔
**تڑپن**۔ (تڑ۔پن) (ہ۔ا۔مث) بے چینی۔ بے کلی۔
**تڑپنا**۔ (تَ۔ڑپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بے قرار ہونا۔ بے کل ہونا۔ بے تاب ہونا (۲) پھڑکنا۔ لوٹنا (۳) پھاند جانا۔ جست لگانا (۴) دھڑکنا (۵) بے حد مشتاق ہونا (۶) پھڑ پھڑانا۔
**تڑتڑ**۔ (تڑ۔تڑ) (اُ۔ا۔مث) (۱) بندوق یا پٹاخوں کی آواز (۲) خشک لکڑی یا کسی چیز کے بھُننے کی آواز (۳) جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز۔ (۴) جلد جلد۔
**تڑتڑانا**۔ (تڑ۔تَ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تڑتڑ کی آواز دینا۔ (۲) پھٹنے کی آواز دینا۔ تڑخنا (۳) متواتر بوندوں کے گرنے کی آواز ہونا۔ (۴) ناراض ہونا۔ غصے ہونا (۵) شیخی یا ڈینگ مارنا (۶) درد کرنا۔ جلنا۔ ٹپکنا۔ ٹیس مارنا۔
**تڑتڑاہٹ**۔ (تڑ۔ت۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بندوق یا پٹاخے کی آواز (۲) غصہ (۳) شیخی (۴) درد۔ جلن۔ ٹیس۔
**تڑخ**۔ (تَ۔ڑخ) (ہ۔ا۔مث) (۱) درز۔ شگاف۔
**تڑخ تڑخ نور برستا ہے**۔ (ا۔مثل) بدصورت کیلئے مذاقاً کہا جاتا ہے۔
**تڑخ کر بولنا**۔ (ا۔محاورہ) غصے سے جواب دینا۔ چیخ کر بولنا۔
**تڑخنا۔ تڑقنا**۔ (تَ۔ڑخ۔نا) (تَ۔ڑق۔نا) (اُ۔مص) (۱) پھٹنا۔ کھل جانا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا (۳) بگڑ کر بولنا۔
**تڑواٹ**۔ شگاف (ق)
**تڑسے**۔ (تڑ۔سے) (ہ) (۱) فوراً۔ جلدی سے (۲) بے تابی سے۔
**تڑکا**۔ (تڑ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) صبح۔ فجر۔ سویرا۔ علی الصباح۔
**تڑکا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) فجر ہونا۔ صبح ہونا (۲) صدمۂ دماغی کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا (۳) بے حد مار کھانا۔ خوب پٹنا (۴) صفایا ہونا۔
**تڑوانا**۔ (تڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) توڑنا کا متعدی۔ جُدائی کر دینا۔
**تڑی**۔ (تَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مار پیٹ (۲) فریب۔ دھوکا۔ (۳) نقصان۔ گھاٹا (۴) دھمکی۔ دھونس۔
**تڑی دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دھمکانا۔ دھونس دینا (۲) دھوکہ دینا۔ (۳) احمق بنانا۔
**تڑی میں آنا**۔ (ا۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ رُعب میں آنا۔
**تڑیانا**۔ (تڑیا۔نا) (ہ۔مص) پرند یا پرکٹے کبوتر کا ڈھیرے ڈھیرے اُڑ جانا۔
**تڑی بڑی**۔ (تِ۔ڑی۔ب۔ڑی) (ہ۔صف) (۱) تتر بتر۔ منتشر۔ پریشان (۲) گڑبڑ (ق)
**تڑیڑا**۔ (تَ۔ڑے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) پانی کی دھار جو اُونچی جگہ سے گرے۔

## ت ــــ ز

**تزاید**۔ (تَ۔زا۔یُد) (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑھنا (۲) زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔
**تزک**۔ (تُ۔زُک) (ت۔ا۔مث) (۱) انتظام۔ ترتیب (۲) قاعدہ۔ قانون (۳) ضابطۂ لشکر۔ ضابطۂ مجلس (۴) شان و شوکت (۵) روزنامچۂ شاہی۔
**تزک و احتشام**۔ (ع۔ا۔مذ) شان و شوکت۔
**تزکیہ**۔ (تز۔کِ۔یہ) (ع۔ا۔مذ) پاک کرنا۔ صاف کرنا (۲) پاکی۔ صفائی۔
**تزکیۂ نفس**۔ (ع۔ا۔مذ) نفس کو پاک کرنا۔
**تزلزل**۔ (تَ۔زَل۔زُل) (ع۔ا۔مث) (۱) ہلنا۔ حرکت کرنا (۲) زلزلہ۔ بھونچال (۳) لرزش۔ جنبش (۴) ہلچل۔ گڑبڑ۔
**تزلزل (آشکارا ہونا) پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زلزلہ آنا۔ بھونچال آنا (۲) شور مچنا۔ قیامت برپا ہونا۔ غضب ہونا۔
**تزلزلِ بیانات**۔ بیانات میں لغزشیں کھانا۔
**تزلزلِ عقائد**۔ عقیدے میں فرق آجانا۔
**تزلزل میں پڑنا**۔ ہلچل مچنا۔ کھلبلی ہونا۔
**تزوّج**۔ (تَ۔زَوْ۔وُج) (ع۔ا۔مذ) (۱) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔
**تزویج**۔ (تز۔وِیج) (ع۔ا۔مث) (۱) شادی کرنا (۲) نکاح۔ شادی۔
**تزویج بذریعۂ ازدواجِ قانونی**۔ یورپ میں شادی کا طریقہ۔ دُولہا دلہن دونوں گرجے میں جاکر رجسٹر میں اپنا اپنا نام درج کرتے ہیں۔ کہ فلاں نے فلاں سے شادی کی۔ یہی اندراج ان کا جائز نکاح نامہ ہے۔
**تزویجِ محرمات**۔ (ع۔مث) ایسے رشتہ دار جن سے شادی کرنا شرعاً حرام ہے مثلاً ماں بہن
**تزویر**۔ (تز۔وِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) مکر۔ فریب۔ دھوکا (۲) جھوٹ۔ دروغ۔ جمع : تزویرات۔
**تزئین**۔ (تز۔ئین) (ع۔ا۔مث) (۱) آرائش۔ زیب و زینت۔ سجاوٹ (۲) بناؤ سنگھار۔ جمع : تزئینات۔

## ت ــــ س

**تِس**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) پیاس۔ تشنگی (۲) سخت خواہش (۳) (اسم اشارہ۔ ق) یہ۔ اِس۔
**تِس پر**۔ اس پر۔ باوجود اس کے۔ پھر بھی۔
**تُس**۔ (ہ۔ا۔مذ) ریشہ۔ جو اناج وغیرہ کے اوپر سے اترے۔ اناج کا چھلکا۔



Marfat.com

**تُسار**۔ (تُ۔سار) (ہ۔ا۔مث) (۱) کہر۔ پالا (۲) سردی۔ ٹھنڈ۔
**تِسالا**۔ (تِ۔سالا) (ہ۔صف) تین برس کا۔
**تسامُح**۔ (تَ۔سا۔مُح) (ع۔ا۔مذ) (۱) باہمی مہربانی۔ شفقت یا معافی۔ باہمی فیاضی (۲) چشم پوشی (۳) اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو (۴) ذومعنی بات کہنا (۵) سہو۔ غلطی۔ جمع: تسامحات۔
**تَساوی**۔ (تَ۔سا۔وی) (ع۔ا۔مث) (۱) برابری۔ مساوات۔ ہمسری (۲) مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانیت۔
**تَساہُل**۔ (تَ۔سا۔ہُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُستی۔ غفلت۔ آلکسی (۲) سہل انگاری۔ آسان سمجھنا۔ جمع: تساہلات۔
**تسبیح**۔ (تَس۔بیح) (ع۔ا۔مث) (۱) سَو دانوں کی مالا۔ سُبحہ (۲) اللہ اللہ کہنا۔ خدا کو یاد کرنا۔ سبحان اللہ کا وِرد کرنا (۳) وِرد۔ وظیفہ۔ جمع: تسبیحات۔
**تسبیح پڑھتے رہنا**۔ (ا۔محاورہ) ہر وقت کسی کی یاد میں رہنا۔ ہر وقت خدا کو یاد کرنا۔
**تسبیح (پڑھنا) پھیرنا**۔ (ا۔محاورہ) وظیفہ کرنا۔ مالا جپنا۔
**تسبیح پڑھی جانا**۔ (ا۔محاورہ) بار بار کسی کا نام لیا جانا۔
**تسبیح پھیر دل کسی کو گھیر دل**۔ (مثل) سخت ریاکار یا مکار کے متعلق کہتے ہیں۔
**تسبیح خواں**۔ (ع۔ف۔صف) تسبیح پھیرنے والا۔
**تسبیح خوانی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وظیفہ پڑھنا۔
**تسبیح سلیمانی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) سنگِ سلیمانی کے دانوں کی تسبیح جن کی سیاہی کے درمیان سفید لکیر ہوتی ہے۔
**تسبیح فاطمہ**۔ (ع۔ا۔مث) وہ وظیفہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے کے لئے تعلیم فرمایا تھا۔ اس میں سبحان اللہ ۳۳ بار۔ الحمد للہ ۳۳ بار۔ اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ ہے۔
**تَسبیع**۔ (ع۔ا۔مث) سات حصّوں میں تقسیم کرنا۔ ہفت پہلو شکل بنانا۔
**تسخیر**۔ (تَس۔خیر) (ع۔ا۔مث) (۱) فرمانبردار بنانا۔ تابع کرنا (۲) گھیرنا۔ محاصرہ کرنا (۳) قابو میں لانا۔ جن یا پَری کو قید کرنا (۴) کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا (۵) روحانیت کا ایک عمل۔ حاضرات کا علم۔ جمع: تسخیرات۔
**تسخیرِ قلب**۔ (ف۔صف) دل کو اپنی طرف مائل کرنا۔
**تسدیس**۔ (تَس۔دیس) (ع۔ا۔مث) (۱) چھ بنانا۔ چھ میں تقسیم کرنا (۲) شش پہلو شکل بنانا (۳) دو ستاروں کا مظہر جب ان کا فاصلہ ۶۰ درجے کا ہو۔
**تسطیر**۔ (تَس۔طیر) (ع۔ا۔مث) سطر بندی کرنا۔ قلمبند کرنا۔ لکھنا۔
**تسکین**۔ (تَس۔کین) (ع۔ا۔مث) (۱) آرام دینا (۲) تسلی۔ دلاسا۔ اطمینان (۳) افاقہ۔ آرام (۴) اصطلاح قواعد میں حرف کو ساکن کرنا۔
**تسکین بخش**۔ (ع۔ف۔صف) تسلی دینے والا۔ اطمینان دینے والا۔
**تسکینِ دل**۔ (ف۔ا۔صف) دل جمعی۔ ڈھارس۔
**تَسلا**۔ (تَس۔لا) (ہ۔ا۔مذ) پرات۔ تانبے یا پیتل کا طشت۔
**تسلسل**۔ (تَ۔سَل۔سُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سلسلہ۔ لڑی (۲) جاری ہونا۔ جمع: تسلسلات۔
**تَسلُّط**۔ (تَ۔سَل۔لُط) (ع۔ا۔مذ) (۱) حکومت۔ غلبہ۔ قابو۔ عمل (۲) دخل (۳) قبضہ۔ دخل۔
**تسلّط (بٹھانا) جمانا**۔ (ا۔محاورہ) حکومت قائم کرنا۔ قبضہ کرنا۔
**تسلّی**۔ (تَ۔سَل۔لی) (ع۔ا۔مث) دلاسا۔ خاطر جمع۔ تسکین۔
**تسلیم**۔ (تَس۔لیم) (ع۔ا۔مث) (۱) سلام کرنا۔ (۲) سپرد کرنا۔ سونپنا (۳) قبول کرنا (۴) بندگی۔ آداب۔ کورنش۔ جمع: تسلیمات۔
**تسلیم بجالانا**۔ (ا۔محاورہ) سلام کرنا۔ آداب عرض کرنا۔
**تسلیم عرض ہے**۔ (ا۔محاورہ) سلام کرتا ہوں۔
**تسلیم کرنا**۔ (مص۔مرکب) (۱) ماننا۔ قبول کرنا (۲) آداب بجالانا۔ بندگی کرنا (۳) بڑے کو سلام کرنا۔
**تسلیمات**۔ (تَس۔لی۔مات) (ع۔ا۔مث) تسلیم کی جمع مگر اُردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش۔ سلام۔
**تسلیم و رضا**۔ (ع۔ا۔مث) اپنے آپ کو خدا کے حوالے کرنا۔ اس کی رضا پر راضی رہنا۔
**تسمہ**۔ (تَس۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چمڑے کا پتلا۔ کم چوڑا اور لمبا ٹکڑا (۲) جوتے یا بوٹ کا چمڑے کا فیتا۔
**تسمہ جمانا**۔ (ا۔محاورہ) تسمے سے مارنا۔ (۲) پتی لگانا۔ حصّہ لگانا۔
**تسمہ کش**۔ ٹھگ۔ وہ شخص جو لوگوں کا گلا گھونٹ کر مار ڈالے۔
**تسمہ کھینچنا**۔ (ا۔محاورہ) تسمے سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔
**تسمہ لگا نہ رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) صاف گردن اڑا دینا (۲) ذرا کسر نہ رکھنا۔
**تسمہ لنگوٹا باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) فقیر یا قلندر بن جانا (۲) جوگی کا چیلا ہونا۔
**تسمے کے واسطے بھینس مارنا**۔ (ا۔محاورہ) تھوڑی بات کے واسطے بہت نقصان کرنا۔
**تَسمیہ**۔ (تَس۔مِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نام رکھنا (۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا۔
**تسمیہ خوانی**۔ (ع۔ا۔مث) بچے کو بسم اللہ کرانے کی تقریب۔
**تَسَنُّن**۔ (تَ۔سَن۔نُن) (ع۔ا۔مذ) سُنّی ہونا۔ سُنّت کی پیروی کرنا۔
**تسنیم**۔ (تَس۔نیم) (ع۔ا۔مذ) بہشت کی ایک نہر کا نام۔
**تَسُو**۔ (تَس۔سُو) (ہ۔ا۔مذ) ڈیڑھ انچ۔ گز کا چوبیسواں حصّہ۔
**تِسوانسی**۔ (تِس۔واں۔سی) (ہ۔ا۔مث) بسوانسی کا بیسواں حصّہ۔ بِسوانسی۔
**تسوید**۔ (تَس۔وید) (ع۔ا۔مث) (۱) لکھنا۔ تحریر کرنا (۲) سیاہ کرنا۔ سیاہی لگانا (۳) مسودہ تحریر کرنا۔ خاکہ تیار کرنا۔ جمع: تسویدات۔
**تَسوِیَہ**۔ (تَس۔وِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔ ٹھیک کرنا۔
**تسہیل**۔ (تَس۔ہیل) (ع۔ا۔مث) (۱) سہل کرنا۔ آسان کرنا (۲) سہولت۔ آسانی۔ جمع: تسہیلات۔

## ت — ش

**تُش**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) اناج کا چھلکا (۲) خشک بھوسہ۔



Marfat.com

**تَشابُہ** ۔ (تَ ۔شا ۔بُہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] مطابقت ۔مشابہت ۔ یکسانی ۔ جمع : تشابہات ۔

**تشابہ لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حافظ قرآن کا پڑھتے پڑھتے الفاظ یکساں ہونے کی صورت میں کچھ کا کچھ پڑھنا شروع کر دینا ۔

**تَشاکُل** ۔ (تَ ۔ شا ۔ کُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] باہمی مشابہت ۔ہم شکل ہونا ۔

**تَشَبُّہ** ۔ (تَ ۔شَب ۔بُہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] مانند ہونا ۔ مثل ہونا ۔ جمع : تشبہات ۔

**تَشبِیب** ۔ (تَش ۔بیب) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) آگ روشن کرنا (۲) جوانی کے زمانے کا ذکر کرنا ۔ عاشقانہ مضامین بیان کرنا (۳) شعراء کی اصطلاح میں قصیدے کی ابتدا میں عاشقانہ مضامین نظم کرنا ۔

**تَشبِیہ** ۔ (تَش ۔بیہ) [ع ۔ ا ۔ مث] مشابہت دینا ۔ تمثیل ۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرانا ۔ جمع ۔ تشبیہات ۔

**تَشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تسلا ۔ پرات ۔ برتن ۔ بڑا لگن (۲) پاخانے کا برتن ۔ پاٹ ۔

**تشت از بام ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مشہور ہونا ۔ مشتہر ہو جانا (۲) بدنام ہونا ۔ رسوا ہونا (۳) ظاہر ہونا ۔ کھل جانا ۔ بھانڈا پھوٹنا ۔

**تشت چوکی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ چوکی اور وہ طشت جو امیروں کے زچہ خانے یا پاخانے میں رکھا جاتا ہے ۔

**تَشت (زر) زریں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (کنایۃً) آفتاب ۔ سورج ۔

**تَشَتُّت** ۔ (تَ ۔شَت ۔تُت) [ع ۔ ا ۔ مذ] پراگندگی ۔ پریشانی ۔ بے اطمینانی اضطراب ۔ گھبراہٹ ۔

**تَشتَری** ۔ (تَش ۔تَ ۔ری) (ف ۔ ا ۔ مث) چھوٹی رکابی ۔

**تَشَخُّص** ۔ (تَ ۔ شَخ ۔خُص) [ع ۔ ا ۔ مذ] امتیاز ۔ ممتاز ہونا ۔ جمع : تشخصات

**تَشخِیص** ۔ (تَش ۔خیص) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جاننا ۔ پہچاننا (۲) ٹھہرانا ۔ معین کرنا ۔ مقرر کرنا (۳) مرض کا پہچاننا (۴) پہچان ۔ شناخت ۔ (۵) جانچ ۔ تخمینہ ۔ جمع : تشخیصات ۔

**تشخیص جمع بندی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) مال گزاری کی رقم کا معین کرنا

**تشخیص خام** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) کچا اندازہ ۔

**تَشَدُّد** ۔ (تَ ۔شَد ۔دُد) [ع ۔ ا ۔ مذ] سختی ۔ زیادتی ۔ جبر ۔

**تَشدِید** ۔ (تَش ۔دید) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا ۔ جیسے تکلف کا لام (۲) حرف مشدد کی علامت (ّ)

**تَشَرُّع** ۔ (تَ ۔شَر ۔رُع) [ع ۔ ا ۔ مذ] شرع کی پابندی ۔ شرع کے مطابق کام کرنا ۔

**تَشرِیح** ۔ (تَش ۔ریح) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بخوبی بیان کرنا ۔ شرح کرنا (۲) تفصیل ۔ تفسیر ۔ وضاحت (۳) بدن کے اعضاء کا علم ۔ جسم کی بناوٹ کا بیان ۔ جمع : تشریحات ۔

**تشریح الابدان ، تشریح الابدانِ انسانی** ۔ انسانی جسم کی ساخت کا بیان ۔

**تشریح گاہ** ۔ جراحی اور طبابت کی عینی وعملی تعلیم کی جگہ ۔

**تَشرِیف** ۔ (تَش ۔ریف) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) عزت کرنا ۔ بزرگ بنانا (۲) بزرگی ۔ شرف ۔ عزت (۳) خلعت ۔ جمع : تشریفات ۔

**تشریف آوری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) آنا ۔ آمد ۔

**تشریف ارزانی فرمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی امیر اور بزرگ کا آنا ۔ قدم رنجہ فرمانا ۔

**تشریف رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بیٹھنا (۲) ٹھہرنا ۔ قیام کرنا ۔

**تشریف لے جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رخصت ہونا ۔ سدھارنا ۔ جانا ۔

**تَشرِیفات** ۔ (تَش ۔ری ۔فات) [ع ۔ ا ۔ مث] تشریف کی جمع ۔ عزتیں ۔ شرف ۔ خلعت ۔

**تَشرِیق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) عید قربان کے تین دن (ایام کے ساتھ) (۲) مشرق کی طرف جانا ۔ مشرق کی طرف منہ کرنا ۔ عید کی نماز پڑھنا ۔

**تَشرِیک** ۔ (تَش ۔ریک) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) شریک بنانا ۔ ساجھی بنانا ۔ (۲) شرکت ۔ حصہ داری ۔

**تَشَطُّط** ۔ (تَ ۔شَط ۔طُط) [ع ۔ ا ۔ مذ] حد سے بڑھ جانا ۔ حد سے گزر جانا ۔

**تَشَفّی** ۔ (تَ ۔شَف ۔فی) [ع ۔ ا ۔ مث] تسلی ۔ تسکین ۔ دلجمعی ۔ ڈھارس ۔ اطمینان ۔ لغوی معنی شفا چاہنا ۔

**تَشَکُّک** ۔ (تَ ۔شَک ۔کُک) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) شبہ کرنا (۲) شک ۔ شبہ ۔

**تَشَکُّل** ۔ (تَ ۔ شَک ۔کُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) خوبصورت ہونا (۲) شکل پکڑنا ۔ (۳) ترتیب اجزاء ہیئت ۔ وضع (۴) علم ہیئت میں ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب ۔ اجرام فلکی ۔

**تَشکِیک** ۔ (تَش ۔کیک) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) شک میں ڈالنا (۲) شک ۔ شبہ ۔ جمع : تشکیکات ۔

**تَشکِیل** ۔ (تَش ۔کیل) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) شکل بنانا (۲) ساخت ۔ ترکیب ۔ بناوٹ ۔ خاکہ بنانا ۔ جمع : تشکیلات ۔

**تَشنا** ۔ (تَش ۔نا) [اُ ۔ ا ۔ مذ] تشنیع کا بگاڑا ہوا ۔ طعنہ ۔

**تَشَنُّج** ۔ (تَ ۔شَن ۔نُج) [ع ۔ ا ۔ مذ] اینٹھن ۔ جکڑ جانا ۔ عضلات جسمانی کا کھچنے لگنا ۔

**تَشنَگی** ۔ (تَش ۔نَ ۔گی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) پیاس (۲) شدت آرزو ۔

**تِشنَہ** ۔ (تِش ۔نَہ) (ف ۔ صف) (۱) پیاسا ۔ (۲) خواہش مند ۔ جمع : تشنگان ۔

**تشنۂ (جگر) دل** ۔ (ف ۔ صف) مشتاق ۔ آرزومند ۔

**تشنۂ خون** ۔ (ف ۔ صف) جانی دشمن ۔ خون کا پیاسا ۔

**تشنۂ دیدار** ۔ (ف ۔ صف) دیکھنے کا خواہش مند ۔

**تشنہ کام** ۔ (ف ۔ صف) پیاسا ۔

**تشنہ کام محبت** ۔ (ف ۔ صف) محبت کا پیاسا ۔ عاشق ۔

**تشنہ کامی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ناکامی ۔

**تشنہ کرنا** ۔ (۱) پیاسا کرنا ۔ خواہش مند کرنا (۲) کسی دھات میں قوتِ جاذبہ پیدا کرنا ۔

**تشنہ لب** ۔ (ف ۔ صف) (۱) نہایت پیاسا (۲) ناکام ۔

**تشنہ لبی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پیاس ۔

**تشنۂ محبت** ۔ محبت کا پیاسا ۔ عاشق ۔

**تشنہ ہونا** ۔ (مص ۔ مرکب) پیاسا ہونا ۔

**تَشنِیع** ۔ (تَش ۔نیع) [ع ۔ ا ۔ مث] طعنہ ۔ ملامت ۔ برا بھلا کہنا ۔ لعن طعن ۔



Marfat.com

جمع : تشنیعات۔
**تشویش**۔ (تَش۔وِیش) [ع۔ا۔مث] (۱) پریشانی۔گھبراہٹ۔بیقراری بےچینی (۲) سوچ۔فکر۔تردد۔ جمع : تشویشات۔
**تشویش میں پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) فکر میں ہونا۔سوچ میں پڑنا۔
**تشویق**۔ (تَش۔وِیق) [ع۔ا۔مث] (۱) شوق دلانا۔اُکسانا۔اُبھارنا۔ (۲) شوق۔رغبت۔
**تشویہ**۔ (تَش۔وِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) بھوننا (۲) طب میں دوا کو گرم بھوبل میں بھلسنا۔
**تشہد**۔ (تَ۔شَہ۔ہُد) [ع۔ا۔مذ] کلمۂ شہادت پڑھنا۔ جمع : تشہدات۔
**تشہیر**۔ (تَش۔ہِیر) [ع۔ا۔مث] (۱) مشہور کرنا۔شہرت دینا۔ڈھنڈورا پیٹنا (۲) بدنام کرنا۔رسوا کرنا۔ جمع : تشہیرات۔
**تشیخ**۔ (تَ۔شَی۔یُخ) [ع۔ا۔مذ] (۱) اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔ بزرگی جتانا (۲) عزت یا وقار کا اظہار کرنا۔
**تشیع**۔ (تَ۔شَی۔یُع) [ع۔ا۔مذ] شیعہ ہونا۔

## ت ــــ ص

**تصادم**۔ (تَ۔صا۔دُم) [ع۔ا۔مذ] باہم ٹکرانا۔ٹکر ہونا۔دھکا لگنا۔ (۲) صدمہ دینا۔ جمع : تصادمات۔
**تصاعد**۔ (تَ۔صا۔عُد) [ع۔ا۔مذ] (۱) چڑھنا۔اوپر جانا (۲) مشکل ہونا۔
**تصانیف**۔ (ت۔صا۔نِیف) [ع۔ا۔مث] تصنیف کی جمع۔تصنیفات تصنیف کی ہوئی کتابیں۔
**تصاویر**۔ (تَ۔صا۔وِیر) [ع۔ا۔مث] تصویر کی جمع۔تصویریں۔
**تصحیح**۔ (تَص۔حِیح) [ع۔ا۔مث] (۱) صحیح کرنا۔درست کرنا (۲) صحت۔ درستی۔ جمع : تصحیحات۔
**تصحیف**۔ (تَص۔حِیف) [ع۔ا۔مث] (۱) لکھنے میں عمداً غلطی کرنا۔ تحریر کی غلطی (۲) الفاظ کے اعراب اس طرح بدل دینا کہ ان کا تلفظ مختلف ہو جائے۔
**تصدق**۔ (تَ۔صَد۔دُق) [ع۔ا۔مذ] (۱) صدقہ دینا۔کوئی چیز وار کر خیرات کرنا (۲) قربانی۔صدقہ۔خیرات (۳) صدقے۔نثار (۴) بدولت طفیل۔وجہ سے۔ جمع : تصدقات۔
**تصدق اُتارنا**۔ (ا۔محاورہ) صدقہ اُتارنا۔نچھاور کرنا۔
**تصدق جانا**۔ (ا۔محاورہ) نثار ہونا۔ صدقے جانا۔
**تصدق کا تیل۔تصدق کے ماش**۔ (ا۔مذ) یہ دو چیزیں عموماً صدقہ دی جاتی ہیں۔
**تصدق کرنا**۔ (ا۔محاورہ) صدقہ کرنا۔کوئی چیز وارنا۔خیرات دینا۔
**تصدق ہونا**۔ (ا۔محاورہ) نثار ہونا۔قربان ہونا۔
**تصدیع**۔ (تَص۔دِیع) [ع۔ا۔مث] (۱) دردِ سر (۲) دُکھ۔تکلیف۔
**تصدیعہ**۔ (تَص۔دِی۔عَہ) [ع۔ا۔مذ] تکلیف۔دُکھ۔زحمت۔
**تصدیعہ اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔دردِ سر مول لینا۔

**تصدیق**۔ (تَص۔دِیق) [ع۔ا۔مث] (۱) صداقت۔سچ ہونے کی تائید (۲) ثبوت۔اثبات (۳) منطق کے چند تصورات کے ساتھ حکم کا نام، جیسے حامد فیاض ہے۔ جمع : تصدیقات۔
**تصدیق بلا تصور**۔ (ع۔ا۔مث) پہلے ہی دل میں خیال بٹھا لینا۔ تصور پیش از وقوع۔
**تصدیق نامہ**۔ (ف۔ا۔مذ) سند۔سارٹیفکیٹ۔
**تصدی**۔ (تَ۔صَد۔دی) [ع۔ا۔مث] درپیش ہونا۔سامنے آنا۔
**تصرف**۔ (تَ۔صَر۔رُف) [ع۔ا۔مذ] (۱) دخل دینا (۲) قبضہ۔تحت۔اختیار (۳) صرف۔خرچ (۴) کچھ کا کچھ کر دینا۔اپنی طرف سے کچھ شامل کرنا یا بنا دینا (۵) خرق۔عادت۔کرامت (۶) استعمال۔عمل (۷) غیر زبان کے لفظ میں کمی بیشی کر کے استعمال کرنا (۸) طاقت۔اثر و رسوخ (۹) غبن خیانت۔ جمع : تصرفات۔
**تصرف بیجا**۔ (۱) ناجائز قبضہ (۲) غبن۔تغلب (۳) خورد برد۔
**تصرف مجرمانہ**۔ ناجائز قبضہ جو جرم ہو۔کسی کی چیز بلا اجازت لے لینا۔
**تصرف میں لانا**۔ (۱) قبضے میں لانا۔خرچ کرنا۔صرف کرنا (۲) غبن کرنا (۳) استعمال کرنا۔مصرف میں لانا۔
**تصرف میں ہونا**۔ (ا۔محاورہ) استعمال میں ہونا۔
**تصریح**۔ (تَص۔رِیح) [ع۔ا۔مث] (۱) واضح کرنا۔صاف طور پر بیان کرنا (۲) تشریح۔شرح۔تفصیل۔توضیح۔ جمع : تصریحات۔
**تصریف**۔ (تَص۔رِیف) [ع۔ا۔مث] (۱) مصدر کی گردان (۲) پھیرنا۔ بدلنا۔ جمع۔ تصاریف۔
**تصعید**۔ (تَص۔عِید) [ع۔ا۔مث] (۱) بلند ہونا۔اُونچی جگہ پر چڑھنا (۲) کسی دوا کو آگ دے کر سرپوش پر منجمد کرنا۔
**تصغیر**۔ (تَص۔غِیر) [ع۔ا۔مث] (۱) چھوٹا کرنا (۲) تخفیف۔تقلیل
**تصفیہ**۔ (تَص۔فِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) صاف کرنا۔واضح کرنا (۲) صفائی۔ رفع تکرار۔صلح (۳) بےباقی (۴) فیصلہ۔
**تصفیۂ حساب**۔ حساب کی صفائی۔
**تصفیہ طلب امور**۔ وہ اُمور جن کا فیصلہ ابھی کرنا ہو۔
**تصفیہ نامہ**۔ (ف۔ا۔مذ) فیصلے کی تحریر۔
**تصلیب**۔ (تَص۔لِیب) [ع۔ا۔مث] (۱) صلیب پر چڑھانا۔سُولی دینا (۲) صلیب کا نشان بنانا۔
**تصمیم**۔ (تَص۔مِیم) [ع۔ا۔مث] (۱) خالص کرنا۔مضبوط کرنا (۲) مضبوطی۔ پختگی۔ جمع : تصمیمات۔
**تصنع**۔ (تَ۔صَن۔نُع) [ع۔ا۔مذ] (۱) بناوٹ۔ساخت (۲) دکھلاوا۔ تکلف (۳) مکر۔فریب (۴) تبدیلی۔تلبیس۔
**تصنیف**۔ (تَص۔نِیف) [ع۔ا۔مث] (۱) کتاب لکھنا۔مضمون بنانا۔ طبیعت سے کوئی بات نکالنا (۲) ایجاد۔بنایا ہوا۔
**تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں**۔ مصنف ہی اپنی کتاب کو اچھی طرح ادا کر سکتا ہے۔
**تصور**۔ (تَ۔صَو۔وُر) [ع۔ا۔مذ] (۱) دل میں تصویر بنانا (۲) دھیان۔مراقبہ۔



Marfat.com

خیال ۔ منصوبہ ۔ سُوجھ (۲) منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا ۔ جمع : تصورات ۔

**تصوّر سے لرز جانا** ۔ خیال کرنے سے ڈر جانا یا کانپ جانا ۔

**تصوُّف** ۔ (تَ ۔ صَوْ ۔ وُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) صوفیوں کا عقیدہ (۲) علمِ معرفت (۳) دل سے خواہشوں کو دُور کر کے خدا کی طرف دھیان لگانا ۔ (۴) تزکیۂ نفس کا طریقہ (۵) پشمینہ پہننا

**تصویب** ۔ (تَص ۔ وِیب) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ٹھیک رکھنا ۔ سچّا کہنا ۔ (۲) منظوری ۔ تصدیق ۔

**تصویب نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) فیصلہ منظوری ۔

**تصویر** ۔ (تَص ۔ وِیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) صورت بنانا ۔ سورت گری (۲) مُورت رُوپ ۔ نقشہ ۔ بُت ۔ شبیہہ ۔ نقش ۔ فوٹو (۳) (صف) نہایت خوبصورت حسین ۔ جمع : تصاویر ۔

**تصویر آنکھوں (کے تلے) میں پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا خیال، تصور یا دھیان رہنا ۔

**تصویر (بن جانا) ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بُت بن جانا ۔ بے حِس و حرکت ہو جانا ۔ حیران ہو جانا ۔ حیرت سے چُپ ہو جانا ۔

**تصویر بنا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حیرت میں ڈال دینا ۔ چُپ کرا دینا ۔

**تصویرِ خیالی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کسی کی شکل، جو خیال میں دکھائی دے ۔

**تصویرِ عکسی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) فوٹو ۔ فوٹوگراف ۔ کیمرے سے لی ہوئی تصویر ۔

**تصویرِ (قالی) قالین** ۔ (ف ۔ صف) (۱) قالین کے نقش و نگار (۲) مجازاً خاموش ۔

**تصویر کا ابر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) تصویر کا سایہ ۔ تصویر میں سائے کو ظاہر کرنا ۔

**تصویر کا دوسرا رُخ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) تصویر کی دوسری طرف (۲) کسی چیز یا بات کا دوسرا پہلو ۔

**تصویر کھودنا** ۔ (ص ۔ مرکب) پتھر یا دھات پر تصویر کندہ کرنا ۔

**تصویر کھینچ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) واقعات بتا دینا ۔ اس طرح بیان کرنا کہ واقعات کا نقشہ سامنے آ جائے ۔

**تصویر کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مُورت بنانا ۔ نقشہ بنانا ۔ فوٹو لینا ۔

**تصویر کی تمثالت** ۔ (ا ۔ ف ۔ صف) نہایت خوبصورت ۔ بے حد حسین ۔

**تصویرِ گِل** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) مٹی کی مُورتی ۔ مٹی کا بُت ۔

**تصویر لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تصویر نصب کرنا ۔ دیوار پر تصویر لٹکانا ۔

**تصویرِ نیم رُخ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ایک طرف سے لی ہوئی تصویر ۔ وہ تصویر جس میں چہرے کا ایک رُخ آئے ۔

**تصویر (ہو جانا) ہو کر رہ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حیران ہو جانا ۔ چُپ ہو جانا ۔

## ت ـــ ض

**تضاد** ۔ (تَ ۔ ضاد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ضد ۔ مخالفت (۲) نظم یا نثر کی ایک صنعت جس میں مخالف الفاظ جمع کئے جاتے ہیں ۔ جمع : تضادات ۔

**تضاعُف** ۔ (تَ ۔ ضا ۔ عُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) دوگنا ہونا ۔ دوچند ۔

**تضحیک** ۔ (تَض ۔ حِیک) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ہنسی اڑانا (۲) ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ (۳) ذلت ۔ رسوائی ۔ جمع : تضحیکات ۔

**تضرُّع** ۔ (تَ ۔ ضَر ۔ رُع) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) رونا ۔ گڑگڑانا (۲) منت سماجت ۔ جمع : تضرُّعات ۔

**تضعیف** ۔ (تَض ۔ عِیف) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دوگنا کرنا (۲) افزوں کرنا ۔ زیادہ کرنا ۔

**تضلیل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) گمراہی سے منسوب کرنا ۔ گمراہ قرار دینا ۔

**تضمین** ۔ (تَض ۔ مِین) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ملانا ۔ شامل کرنا (۲) ضامن لینا ۔ ضمانت دینا (۳) اصطلاحِ شاعری میں دوسرے کے شعر پر مصرع یا بند لگانا ۔ جمع : تضمینات ۔

**تضییع** ۔ (تَض ۔ یِیع) (ع ۔ ا ۔ مث) ضائع کرنا ۔ گنوانا ۔

**تضییعِ اوقات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وقت گنوانا ۔ عمرِ رائیگاں گزرنا ۔

## ت ـــ ط

**تطابُق** ۔ (تَ ۔ طا ۔ بُق) (ع ۔ ا ۔ مذ) مطابقت ۔ مشابہت ۔ یکسانی ۔ مناسبت ۔ موافقت ۔ میل ۔ لگاؤ ۔

**تطاوُل** ۔ (تَ ۔ طا ۔ وُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دست درازی (۲) ظلم ۔ جور ستم ۔ جفا (۳) گھمنڈ ۔ غرور ۔ نخوت ۔

**تطبیق** ۔ (تط ۔ بِیق) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) مطابق کرنا ۔ مقابل کرنا ۔ برابر کرنا ۔ (۲) میل ۔ مطابقت ۔ موافقت ۔

**تطوُّع** ۔ (تَ ۔ طَو ۔ وُع) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) فرض سے زیادہ کام کرنا ۔ ایسے حکم کی تعمیل کرنا جس کا کرنا فرض نہ ہو ۔ مستحب و نوافل کا ادا کرنا ۔

**تطویل** ۔ (تط ۔ وِیل) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دراز کرنا ۔ لمبا کرنا (۲) دیر لگانا ۔ (۳) لمبائی ۔ وسعت (۴) دیر ۔ التوا ۔

**تطہیر** ۔ (تط ۔ ہِیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) پاک کرنا (۲) تنقیہ ۔ تزکیہ (۳) پاکی ۔ طہارت ۔ جمع : تطہیرات ۔

## ت ـــ ظ

**تظاہُر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ہم پشتی کرنا ۔ آپس میں مدد کرنا ۔

**تظلُّم** ۔ (تَ ۔ ظَل ۔ لُم) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ظلم و ستم کی فریاد کرنا (۲) فریاد (۳) ظلم ۔ جور ۔ جفا ۔

## ت ـــ ع

**تعارُض** ۔ (تَ ۔ عا ۔ رُض) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک دوسرے کے مقابل ہونا ۔ آپس میں جھگڑنا (۲) برابری کرنا ۔ جمع : تعارضات ۔

**تعارُف** ۔ (تَ ۔ عا ۔ رُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک دوسرے کو پہچاننا ۔ (۲) شناسائی ۔ واقفیت ۔ جان پہچان ۔ جمع : تعارفات ۔



Marfat.com

**تَعَاقُب** ۔ (تَ ۔ عا ۔ قُب) (ع ۔ ا ۔ مذ) پیچھے جانا یا دوڑنا ۔ پیچھا کرنا ۔
**تَعَال** ۔ (تَ ۔ عال) (ع) بلند ہو ۔ بزرگ ہو ۔ برتر ہو ۔
**تَعَالیٰ** ۔ (تَ ۔ عا ۔ لا) (ع ۔ صف) بلند ۔ برتر ۔ عالی ۔
**تعالیٰ اللہ** ۔ (کلمۂ تعجب و تحسین) (۱) اے خدائے بزرگ و برتر ۔ (۲) سبحان اللہ ۔ واہ وا ۔
**تَعَاوُن** ۔ (تَ ۔ عا ۔ وُن) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک دوسرے کی مدد کرنا ۔ (۲) باہمی امداد ۔
**تَعَب** ۔ (تَ ۔ عب) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) رنج ۔ دُکھ (۲) محنت ۔ مشقت (۳) سختی ۔ تکلیف (۴) تھکاوٹ ۔ تکان ۔ ماندگی ۔
**تَعَبُّد** ۔ (تَ ۔ عَب ۔ بُد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) عبادت کرنا ۔ بندگی کرنا ۔ پُوجا کرنا (۲) عبادت ۔ بندگی ۔ پُوجا ۔ پرستش ۔
**تَعبیر** ۔ (تِع ۔ بیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) بیان کرنا ۔ عبارت میں لانا (۲) خواب کا نتیجہ بیان کرنا (۳) تشریح ۔ توضیح ۔ جمع : تعبیرات ۔
**تعبیر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مراد لینا ۔ مراد رکھنا (۲) خواب کا نتیجہ بتانا ۔
**تعبیر گو** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) خواب کا نتیجہ بتانے والا ۔
**تَعبِیَہ** ۔ (تِع ۔ بِ ۔ یَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) آراستہ کرنا ۔ سجانا (۲) پچی کاری کرنا ۔ جڑنا (۳) کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مِل جانا کہ علیحدہ معلوم نہ ہو ۔
**تَعَجُّب** ۔ (تَ ۔ عَج ۔ جُب) (ع ۔ ا ۔ مذ) اچنبھا ۔ تحیّر ۔ حیرت ۔ حیرانی ۔
**تَعجِیل** ۔ (تِع ۔ جیل) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) جلدی کرنا ۔ جلدی ۔ عجلت ۔
**تَعجِیلی** ۔ (تِع ۔ جی ۔ لی) (ع ۔ ف ۔ صف) تعجیل سے متعلق ۔ تیزی سے ۔
**تعجیلی تار** ۔ وہ تار جسے عام تاروں کے مقابلے میں جلدی بھیجا جائے ۔ ارجنٹ تار ۔
**تعجیلی تقسیم** ۔ وہ ڈاک جو خاص ہرکارے کے ذریعے سے بہت جلد بھیجی جائے ۔
**تعجیلی مراسلہ** ۔ وہ مراسلہ جو بلا تاخیر فوراً بھیجا جائے ۔
**تَعداد** ۔ (تِع ۔ داد) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) گنتی ۔ شمار (۲) اندازہ ۔ تخمینہ ۔ مقدار ۔
**تَعَدُّد** ۔ (تَ ۔ عَد ۔ دُد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) تعداد میں زیادہ ہونا (۲) بہتات ۔ کثرت (۳) اعداد گنتی (۴) ضرب دینا ۔ بڑھنا ۔
**تعدُّدِ ازدواج ۔ تعدُّدِ ازواج** ۔ بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا ۔ چند زنی ۔ چند شوئی ۔
**تعدُّدِ شوہری ۔ تعدُّدِ شوئی** ۔ ایک عورت کا بیک وقت کئی مردوں سے شادی کرنا ۔ چند شوہری ۔ (انگ) (Polygamy)
**تَعَدّی** ۔ (تَ ۔ عَد ۔ دی) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) حد سے بڑھ جانا (۲) ظلم ۔ ستم ۔ جور ۔ جفا (۳) ناانصافی ۔ ناحق ۔
**تَعدِیل** ۔ (تِع ۔ دیل) (ع ۔ ا ۔ مث) برابر کرنا ۔ درست کرنا ۔ ٹھیک کرنا ۔
**تعدیلِ ارکان** ۔ فقہ میں ارکانِ نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک طور سے ادا کرنا ۔
**تَعدِیَہ** ۔ (تِع ۔ دِ ۔ یَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) فعلِ لازم کو متعدی بنانا ۔
**تَعَذُّر** ۔ (تَ ۔ عَذ ۔ ذُر) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) عذر کرنا ۔ حجت کرنا (۲) عذر ۔ حجت ۔ معذوری (۳) کسی کام کا دشوار ہونا ۔
**تَعذِیب** ۔ (تِع ۔ ذیب) (ع ۔ ا ۔ مث) عذاب کرنا ۔ دُکھ دینا ۔

**تَعذِیر** ۔ (تِع ۔ ذیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) عذر پیش کرنا (۲) معذور رکھنا ۔ جمع : تعذیرات ۔
**تَعَرُّض** ۔ (تَ ۔ عَر ۔ رُض) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) سامنے آنا ۔ پیش ہونا (۲) روکنا ۔ مزاحمت کرنا (۳) مزاحمت ۔ روک ۔
**تَعَرُّف** ۔ (تَ ۔ عَر ۔ رُف) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) شناخت کرنا (۲) بتانا ۔ جتانا ۔
**تَعرِیب** ۔ (تِع ۔ ریب) (ع ۔ ا ۔ مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا ۔
**تَعرِیض** ۔ (تِع ۔ ریض) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) چھیڑنا ۔ کنائے سے بات کہنا (۲) اعتراض ۔
**تَعرِیف** ۔ (تِع ۔ ریف) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) واقفیت کرانا ۔ شناسائی کرانا (۲) واقفیت ۔ شناسائی (۳) ثنا ۔ مدح (۴) بیان کرنا ۔ شرح کرنا ۔ کسی چیز کا حُلیہ بیان کرنا ۔ (۵) صفت ۔ پہچان ۔
**تعریف المجہول بالمجہول** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کسی نامعلوم بات کو اس طرح جتانا کہ سمجھ میں نہ آسکے ۔
**تعریف کرتے منہ سوکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت زیادہ تعریف کرنا ۔
**تعریف کے پُل (باندھ دینا) باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے انتہا تعریف کرنا ۔
**تَعرِیفی** ۔ (تِع ۔ ری ۔ فی) (ع ۔ ف ۔ صف) قابلِ تعریف ۔
**تَعَزُّز** ۔ (ع ۔ ف) عزیز ہونا (۲) عزت ۔ اعزاز ۔
**تَعزِیَت** ۔ (تِع ۔ زِ ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) ماتم پُرسی ۔ مُردے کے پسماندوں سے اظہارِ ہمدردی ۔ پُرسا ۔ ماتم ۔
**تعزیت خانہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ماتم پُرسی کرنے کی جگہ ۔ ماتم کا گھر ۔
**تعزیت نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ماتم پُرسی کا خط ۔
**تَعزِیر** ۔ (تِع ۔ زیر) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) سیاست ۔ سزا ۔ گوشمالی (۲) تنبیہ کرنا ۔ سرزنش کرنا ۔ جمع : تعزیرات ۔
**تَعزِیرات** ۔ (تِع ۔ زی ۔ رات) (ع ۔ ا ۔ مث) تعزیر کی جمع ۔ سزائیں ۔
**تعزیرات پاکستان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) حکومت پاکستان میں فوجداری قانون کی کتاب ۔
**تَعزِیری** ۔ (تِع ۔ زی ۔ ری) (ع ۔ ف ۔ صف) سزا سے متعلق ۔
**تعزیری کارروائی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ایسی کارروائی جو سزا دینے کے لیے کی جائے ۔
**تَعزِیل** ۔ (تِع ۔ زیل) (ع ۔ ا ۔ مث) موقوف کرنا ۔ عہدے سے ہٹانا ۔
**تَعزِیَہ** ۔ (تِع ۔ زِ ۔ یَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ماتم پُرسی (۲) حضرت امام حسین اور اہلِ بیت علیہا السلام کی تربتوں کی نقل جو محرم کے دنوں میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں ۔
**تعزیہ اٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعزیے کو گشت کرانا ۔ ٹھنڈا کرنے یا دفن کرنے کے لیے لے جانا ۔
**تعزیہ ٹھنڈا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تعزیے کا دفن ہونا (۲) کسی مشہور اور بڑے آدمی کا مر جانا (۳) کوٹھی بیٹھ جانا ۔ دیوالہ نکل جانا ۔
**تعزیہ دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جو شخص تعزیہ بنا کر رکھے یا نکالے ۔
**تعزیہ داری** ۔ (تعزیہ بنانا اور ماتم وغیرہ کا انتظام کرنا ۔



Marfat.com

**تعزیہ نکالنا**۔ دیکھیے تعزیہ اُٹھانا۔
**تعسیر**۔ (تَ۔عَس۔سُر) [ع۔ا۔مذ] (۱) مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔
**تعشق**۔ (تَ۔عَش۔شُق) [ع۔ا۔مذ] (۱) چاہ۔ عشق۔ پیار۔ محبت۔ پریم۔ (۲) شوق۔ اشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔
**تعصب**۔ (تَ۔عَص۔صُب) [ع۔ا۔مذ] (۱) حمایت۔ طرف داری۔ ہٹ۔ ہٹ (۲) بے جا حمایت۔ جمع۔ تعصبات۔
**تعطف**۔ (تَ۔عَط۔طُف) [ع۔ا۔مذ] (۱) مہربانی کرنا (۲) مہربانی۔
**تعطل**۔ (تَ۔عَط۔طُل) [ع۔ا۔مذ] بے کار ہونا۔ خالی ہونا۔
**تعطیل**۔ (تَع۔طِیل) [ع۔ا۔مث] (۱) خالی کرنا۔ سنسان کرنا (۲) کام سے فارغ کرنا (۳) چھٹی۔ جمع: تعطیلات۔
**تعطیل (عام) عامہ**۔ ایسی چھٹی، جو پورے ملک میں ہو۔ عام چھٹی۔
**تعظیم**۔ (تَع۔ظِیم) [ع۔ا۔مث] (۱) بڑا جاننا۔ عزت۔ حرمت۔ وقعت۔ توقیر۔ قدر و منزلت۔
**تعظیم بجا لانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) عزت کرنا (۲) آداب بجا لانا۔
**تعظیم دینا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کے آنے پر کھڑے ہو جانا۔ استقبال کرنا استقبال کر کے بٹھانا (۲) سلامی اُتارنا۔
**تعظیم سے پیش آنا**۔ (ا۔محاورہ) عزت کرنا۔ اخلاق سے ملنا۔
**تعظیم کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) عزت کرنا۔ آداب بجا لانا (۲) سلامی اُتارنا۔
**تعفف**۔ (تَ۔عَف۔فُف) [ع۔ا۔مذ] (۱) پارسائی۔ پرہیز گاری۔ عفت۔ (۲) دین داری۔
**تعفن**۔ (تَ۔عَف۔فُن) [ع۔ا۔مذ] سڑاند۔ بدبو۔ عفونت۔
**تعقب**۔ (تَ۔عَق۔قُب) [ع۔ا۔مذ] پیچھا کرنا۔
**تعقل**۔ (تَ۔عَق۔قُل) [ع۔ا۔مذ] سمجھنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔
**تعقیب**۔ (تَع۔قِیب) [ع۔ا۔مث] (۱) نماز پڑھنے کے بعد وظیفے کے لئے بیٹھنا۔ (۲) کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا۔
**تعقید**۔ (تَع۔قِید) [ع۔ا۔مث] (۱) مضبوط باندھنا۔ گرہ دینا (۲) پوشیدہ بات کہنا (۳) اصطلاح علم معانی میں الفاظ کا اپنے صحیح مقام سے آگے پیچھے ہو جانا۔
**تعقید لفظی**۔ (ع۔ا۔مث) لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا۔ جس سے معنی سمجھنے میں دقت ہو۔
**تعقید معنوی**۔ (ع۔ا۔مث) ایسا لفظ استعمال کیا جائے۔ جس سے شاعر کی مُراد کچھ اور ہو، مگر محل استعمال میں کچھ اور معنی دے رہا ہو۔
**تعلق**۔ (تَ۔عَل۔لُق) [ع۔ا۔مذ] (۱) علاقہ۔ لگاؤ۔ مناسبت (۲) رشتے داری (۳) میلان۔ رجحان (۴) محبت (۵) سروکار۔ واسطہ (۶) ملازمت (۷) جائیداد۔ ملکیت (۸) آشنائی۔
**تعلق خاطر**۔ (ع۔ا۔مذ) دل کا لگاؤ۔ میلان طبع۔
**تعلق دار**۔ (ع۔ف۔صف) (۱) رشتے دار (۲) دوست۔ میل جول رکھنے والا۔
**تعلق داری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) رشتہ۔ تعلق۔ دوستی۔ میل جول۔
**تعلق رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) میل جول رکھنا (۲) علاقہ رکھنا۔ سروکار رکھنا۔
**تعلق رہنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) محبت رہنا۔ الفت رہنا (۲) دوستی رہنا۔

**تعلق منقطع ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) دوستی جاتی رہنا۔ تعلق چھوٹ جانا۔
**تعلق ناجائز**۔ (ف۔صف) بغیر بیاہ شادی کے مرد و عورت کا جنسی تعلق۔
**تعلق (ہو جانا) ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ملازمت ہو جانا۔ نوکر ہو جانا (۲) آشنائی ہو جانا۔ آنکھ لڑ جانا۔
**تعلقات**۔ (تَ۔عَل۔لُ۔قات) [ع۔ا۔مذ] تعلق کی جمع۔ واسطے۔ مراسم عزیز داریاں۔
**تعلقات اچھے ہونا**۔ (ا۔محاورہ) یارانہ ہونا۔ آپس میں اُلفت پیار ہونا۔
**تعلقہ**۔ (تَ۔عَل۔لُ۔قہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ملکیت۔ جائیداد (۲) صوبے کا ایک حصہ۔ ضلع (۳) زمینداری۔ علاقہ۔ جاگیر۔ جمع: تعلقہ جات۔
**تعلقہ دار**۔ وہ رئیس، جو زمینداری میں حق اعلےٰ رکھتے تھے۔ جاگیر دار۔ زمیندار۔
**تعلقہ داری**۔ زمینداری میں حق اعلیٰ رکھنا۔
**تعلل**۔ (تَ۔عَل۔لُل) [ع۔ا۔مذ] (۱) دل بہلانا (۲) وقت گزارنا۔ (۳) عذر پیش کرنا (۴) عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔
**تعلم**۔ (تَ۔عَل۔لُم) [ع۔ا۔مذ] علم پڑھنا۔ سیکھنا۔
**تعلی**۔ (تَ۔عَل۔لی) [ع۔ا۔مث] (۱) بلندی۔ ترقی۔ برتری۔ بزرگی۔ بڑائی (۲) شیخی۔ ڈینگ۔ جمع: تعلیات۔
**تعلی پر آنا۔ تعلی کی لینا**۔ (ا۔محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔
**تعلیق**۔ (تَع۔لِیق) [ع۔ا۔مث] (۱) ایک چیز کو دوسری چیز کے متعلق کرنا (۲) لٹکانا۔ دیر لگانا (۳) ایک قسم کا خط جو ایرانی لکھتے ہیں (۴) ملتوی کرنا (۵) مشابہت (ق)
**تعلیق بالمحال**۔ (ع۔ا۔مث) کسی امر کو ناممکن الوقوع امر پر منحصر کرنا۔
**تعلیقہ**۔ (تَع۔لی۔قہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) مال و اسباب کی ضبطی، مکان کی قرقی۔ (۲) قرق شدہ اسباب کی فہرست۔ جمع: تعلیقات۔
**تعلیل**۔ (تَع۔لِیل) [ع۔ا۔مث] (۱) وجہ بیان کرنا۔ علت بیان کرنا۔ (۲) توجہ دلانا (۳) قواعد میں اعراب و حروف تبدیل کرنا۔
**تعلیم**۔ (تَع۔لِیم) [ع۔ا۔مث] (۱) سکھانا۔ بتانا (۲) تلقین۔ ہدایت۔ تربیت۔
**تعلیم ابتدائی**۔ (ع۔ا۔صف) کسی علم و فن کے شروعات کو پڑھنا پڑھانا (۲) پرائمری جماعتوں کی تعلیم۔
**تعلیم اعلیٰ**۔ (ع۔ا۔مث) (۱) اعلےٰ پائے کی تعلیم (۲) کالج کی تعلیم۔
**تعلیم (پانا) حاصل کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) علم سیکھنا (۲) تربیت پانا۔ ہدایت پانا۔ تلقین حاصل کرنا۔
**تعلیم گاہ**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) تعلیم پانے کی جگہ (۲) مکتب۔ اسکول۔ کالج وغیرہ۔
**تعلیم لینا**۔ (ا۔محاورہ) علم حاصل کرنا۔
**تعلیم نسواں**۔ (ع۔ا۔صف) عورتوں اور لڑکیوں کی تعلیم۔
**تعلیم یافتہ**۔ (ع۔ف۔صف) پڑھا لکھا۔ تربیت یافتہ۔
**تعلیمی**۔ (تَع۔لی۔می) [ع۔ف۔صف] تعلیم کا۔ تعلیم سے متعلق۔
**تعلیمی ادارہ**۔ (ع۔ف۔مذ) وہ مجلس، جو لوگوں کی تعلیم کا انتظام کرے۔



Marfat.com

**تعمّق** - (تَ - عَم - مُق) [ع - ا - مذ] (۱) غور کرنا۔ کسی چیز کی تہ کو پہنچنا۔ (۲) گہرائی۔ باریک بینی۔

**تعمیر** - (تَع - میر) [ع - ا - مث] (۱) مکان بنانا۔ عمارت بنانا (۲) مرمت کرنا (۳) عمارت۔ مکان۔ گھر (۴) بناوٹ۔ ساخت۔ جمع: تعمیرات

**تعمیق** - (تَع - میق) [ع - ا - مث] غور کرنا۔ سوچنا۔ دُور اندیشی سے کام لینا۔

**تعمیل** - (تَع - میل) [ع - ا - مث] (۱) عمل کرنا (۲) حکم بجا لانا (۳) بجا آوری عمل درآمد۔

**تعمیل سمن** - (قانون) سرکاری پروانۂ طلبی کی تعمیل۔

**تعمیل کنندہ** - تعمیل کرنے والا۔ حکم بجا لانے والا۔

**تعمیم** - (تَع - میم) [ع - ا - مث] (۱) عام کرنا۔ ہر ایک کو شامل کرنا (۲) عمومیت۔ کلیت۔ جمع: تعمیمات۔

**تعمیہ** - (تَع - مِی - یَہ) [ع - ا - مذ] (۱) اندھا کرنا (۲) معما کہنا (۳) مادۂ تاریخ کی کمی کسی حرف، لفظ یا فقرے سے پوری کر دینا۔

**تعنّت** - (تَ - عَن - نُت) [ع - ا - مذ] عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ بدگوئی۔

**تعوّذ** - (تَ - عَو - وُذ) [ع - ا - مذ] اعوذ باللہ کہنا۔ جمع: تعوّذات۔

**تعویذ** - (تَع - ویذ) [ع - ا - مذ] (۱) پناہ دینا۔ امان۔ بچاؤ (۲) وہ کاغذ یا تختی جس پر اعداد یا اسمائے الٰہی کی خانہ پُری کر کے حصولِ مراد یا حفاظت کے لئے گلے میں ڈالتے یا کسی اور عضو پر باندھتے ہیں۔ (۳) اینٹوں یا پتھر کا نشان جو قبر کے اُوپر بناتے ہیں (۴) گلے کا ایک زیور

**تعویذ بخشنا** - (امحاورہ) (۱) تعویذ دینا (۲) تعویذ لکھنے کی اجازت دینا۔

**تعویذ بنانا** - (امحاورہ) کسی کو ہر وقت پاس رکھنا۔

**تعویذ بہانا** - (امحاورہ) حصولِ مقصد کے لئے دریا میں تعویذ ڈالنا۔

**تعویذ چاٹنا** - (امحاورہ) ذہن بڑھنے یا دفع مرض کے لئے کوئی نقش یا کلامِ الٰہی کا لکھا ہوا پُرزہ زبان سے چاٹنا۔

**تعویذ دھو کے پینا** - (امحاورہ) کاغذ کا یا قبر کا تعویذ برائے دفع بیماری دھو کر پیتے ہیں۔

**تعویذ عمل میں ہونا** - (امحاورہ) کسی شخص میں اتنی روحانی قوت ہونا کہ اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا تعویذ اثر دکھائے۔

**تعویذ کرنا** - (امحاورہ) کسی کاغذ کو بہت حفاظت سے رکھنا۔

**تعویذ گاڑنا** - (امحاورہ) حصولِ مقصد کے لئے تعویذ زمین میں دفن کر دینا۔

**تعویذ گنڈے کے بھروسے پر نہ رہنا** }
**کچھ تم کو بھی زور لگانا** } (مثل) کام محنت سے ہوتا ہے۔ خود بھی کوشش کرنی چاہئے۔ خالی توکل پر نہیں رہنا چاہیے۔

**تعویذ لحد** - (ع - ا - مذ) تعویذ کی شکل جو قبر کے درمیان بنی ہوتی ہے۔

**تعویذی** - (تَع - وی - ذی) [ع - ف - صف] تعویذ سے متعلق۔ تعویذ کی مانند۔

**تعویذی گلوری** - مربع پان کا بیڑا۔ چوکھونٹا بیڑا۔

**تعویذیا** - (تَع - وید - یا) [ع - ا - مذ] ایک قسم کا کبوتر جس کے گلے میں سینہ پر تعویذ کی شکل کے پر ہوتے ہیں۔

**تعویق** - (تَع - ویق) [ع - ا - مث] (۱) ڈھیل۔ دیر (۲) ٹال مٹول۔

**تعہّد** - (تَ - عَہ - ہُد) [ع - ا - مذ] (۱) وعدہ۔ عہد (۲) عہد نامہ۔ پٹہ۔ اقرار نامہ۔

**تعہّد دار** - (ع - ا - مذ) اقرار نامہ رکھنے والا۔ پٹے دار۔

**تعیّش** - (تَ - عَی - یُش) [ع - ا - مذ] عیش کا سامان مہیا کرنا۔ عیش و عشرت۔

**تعیّشات** - (تَ - عَی - یُ - شات) [ع - ا - مذ] تعیّش کی جمع (۱) تکلفات (۲) سامانِ عیش و راحت۔

**تعیّن** - (تَ - عَی - یُن) [ع - ا - مذ] (۱) ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ مخصوص کرنا (۲) تقرری۔ تعیناتی (۳) روک۔ قید۔

**تعیّنِ دعویٰ** - دعوے کا مقرر کرنا۔

**تعیّنات** - (تَ - عَی - یُ - نات) [ع - ا - مذ] تعیّن کی جمع۔ تقرریاں۔ تعیناتیاں۔ نوکری۔ فرض۔

**تعیناتی** - (تَ - عَی - نا - تی) [ار - ا - مث] تقرر۔

**تعیین** - (تَع - یین) [ع - ا - مث] مخصوص کرنا۔ تخصیص۔ مقرر کرنا۔ تقرر۔

## ت ـــ غ

**تغابن** - (تَ - غا - بُن) [ع - ا - مث] (۱) خسارہ۔ نقصان (۲) دھوکا دینا۔ غبن کرنا۔

**تغادا** - (تَ - غا - دا) [ق - ا - مذ] "تغاریا" کا قدیم تلفظ اور املا۔

**تغار، تغارا** - (تَ - غار، تَ - غا - را) [ف - ا - مذ] (۱) مٹی کا کونڈا یا مانند (۲) وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونا بھگونے کے لیے بناتے ہیں۔

**تغاری** - (تَ - غا - ری) [ف - ہ - ا - مث] (۱) آٹا گوندھنے کا برتن کونڈا۔ (۲) مٹی یا لوہے کا وہ برتن جس میں غیر شدہ چونا رکھا جاتا ہے۔

**تغافل** - (تَ - غا - فُل) [ع - ا - مذ] (۱) جان بوجھ کر غفلت کرنا (۲) بے التفاتی۔ کم توجہی۔ بے پروائی۔

**تغافل پسند۔ تغافل پیشہ۔ تغافل شعار۔ تغافل شیوہ۔ تغافل کیش** } غفلت شعار۔ بے پروا عموماً معشوق کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

**تغافل پسندی، شعاری** - (ع - ف - ا - مث) بے التفاتی پسند کرنا۔ کم توجہی اختیار کرنا۔

**تغایُر** - (تَ - غا - یُر) [ع - ا - مذ] (۱) فرق۔ تفاوت۔ پھیر (۲) غیریت۔

**تغذیہ** - (تَغ - ذِ - یَہ) [ع - ا - مذ] (۱) غذا دینا۔ پرورش کرنا (۲) خوراک۔ غذا۔ خورش۔

**تغزّل** - (تَ - غَز - زُل) [ع - ا - مذ] (۱) غزل گوئی (۲) عشقیہ مضامین بیان کرنا۔

**تغلّب** - (تَ - غَل - لُب) [ع - ا - مذ] (۱) غلبہ کرنا۔ قبضہ کرنا (۲) غبن۔ خیانت۔ دغا۔

**تغلیط** - (تَغ - لیط) [ع - ا - مث] غلطی میں ڈالنا۔ غلطی سے منسوب کرنا۔

**تغما، تغمہ** - (تَغ - ما) (تَغ - مہ) [ت - ا - مذ] دیکھیے تمغہ۔ اعزازی نشان۔

**تغیّر** - (تَ - غَی - یُر) [ع - ا - مذ] (۱) بدلنا (۲) تبدیل حالت۔ انقلاب۔ جمع: تغیّرات۔

**تغیّر و تبدّل** - تبدیلیاں۔ فرق۔



Marfat.com

**تغیرات** ۔ (تَ ۔ غَی ۔ یُ ۔ رات) (ع ۔ ا ۔ مذ) تغیر کی جمع ۔ تبدیلیاں ۔
**تغیرات ہر سالہ** ۔ ایک کتاب ۔ جو تحصیلدار کے پاس رہتی ہے اور جس میں ہر سال کے تغیرات مثلاً نمبروں کا داخل خارج وغیرہ لکھے جاتے ہیں ۔
**تغییر** ۔ (تغ ۔ ییر) (ع ۔ ا ۔ مث) حالت بدل دینا ۔

## ت ـــ ف

**تَف** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بخارات ۔ بھاپ ۔ دُھوآں (۲) گرمی ۔
**تُف** ۔ (ع) (۱) لُعاب دہن ۔ تھوک (۲) کلمۂ نفرین ۔ لعنت ۔ ملامت
**تُف نہ کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) پروا نہ کرنا ۔ ادنیٰ توجہ بھی نہ کرنا ۔
**تُف ہے تیری اوقات پر** ۔ (۱ ۔ محاورہ) لعنت ہے تیرے اطوار پر ۔
**تفاخُر** ۔ (تَ ۔ فا ۔ خُر) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ڈینگ مارنا ۔ فخر جتانا ۔ غرور کرنا ۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا (۲) غرور ۔ فخر ۔
**تفاریق** ۔ (تَ ۔ فا ۔ ریق) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) تفریق کی جمع ۔ جدائیاں ۔ تفرقے ۔ فرق (۲) وقفے (۳) قسطیں ۔
**تفاس** ۔ (تَ ۔ فاس) (ق ۔ ا ۔ مث) تلاش ۔ تحقیق ۔
**تفاسیر** ۔ (تَ ۔ فا ۔ سیر) (ع ۔ ا ۔ مث) تفسیر کی جمع ۔ تفسیریں ۔
**تفاصیل** ۔ (تَ ۔ فا ۔ صیل) (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) تفصیل کی جمع ۔ تفصیلات ۔
**تفاوُت** ۔ (تَ ۔ فا ۔ وُت) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) فاصلہ ۔ دوری ۔ فرق (۲) جدائی ۔
**تفاوت ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) جدا ہونا ۔ علیحدہ ہونا (۲) فرق ہونا ۔
**تفاؤل** ۔ (تَ ۔ فا ۔ ؤل) (ع ۔ ا ۔ مذ) فال نکالنا ۔ شگون لینا ۔
**تفتہ** ۔ (تف ۔ تہ) (ف ۔ صف) (۱) بہت گرم (۲) جلا بھُنا (۳) بے قرار ۔ مضطرب (۴) مرجھایا ہوا ۔ پیچیدہ (۵) عاشق ۔
**تفتہ جاں ۔ تفتہ جگر ۔ تفتہ دل** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سوختہ جگر ۔ دل جلا (۲) آتشِ عشق سے جلا ہوا ۔
**تفتیدہ** ۔ (تف ۔ تی ۔ دہ) (ف ۔ صف) جو چیز آفتاب یا آگ سے گرم ہوتی ہے ۔
**تفتیش** ۔ (تف ۔ تیش) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) چھان بین ۔ کھوج ۔ تحقیقات ۔ پوچھ پاچھ ۔ اُردو میں عام طور پر پولیس کی دریافت کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔
**تفحص** ۔ (تَ ۔ فح ۔ حُص) (ع ۔ ا ۔ مذ) جستجو ۔ تلاش ۔ ٹوہ ۔ ڈھونڈ ۔ جمع : تفحصات ۔
**تفرُّج** ۔ (تَ ۔ فر ۔ رُج) (ع ۔ ا ۔ مذ) کشائش ۔ خوشحالی (۲) سیر ۔ تماشا ۔ تفریح ۔ دل لگی ۔
**تفرقہ** ۔ (تف ۔ رِ ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دو چیزوں میں فرق آنا (۲) فرق ۔ اختلاف (۳) جدائی ۔ فاصلہ ۔ علیحدگی (۴) پھوٹ ۔ نااتفاقی ۔
**تفرقہ اُٹھ جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) کوئی فرق نہ رہنا ۔
**تفرقہ (انداز) پرداز** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) پھوٹ یا جدائی ڈالنے والا عموماً آسمان کی صفت میں آتا ہے ۔

**تفرقہ (اندازی) پردازی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) پھوٹ یا جدائی ڈالنے کا فعل
**تفرقہ ڈالنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) مخالفت کرانا ۔ پھوٹ ڈالنا ۔ اَن بَن کرانا ۔ فساد کرانا ۔
**تفریح** ۔ (تف ۔ ریح) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) غم دُور کرنا (۲) دل لگی ۔ خوش طبعی ۔ (۳) ہوا خوری ۔ سیر ۔ دل بہلانا (۴) تازگی ۔ فرحت ۔
**تفریح طبع** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) دل بہلاوا ۔ خوشی ۔ دل لگی ۔ ہنسی ۔
**تفریحاً** ۔ (تف ۔ ری ۔ حَن) (ع) ازروئے تفریح ہنسی سے ۔ مذاقاً ۔ دل لگی سے ۔
**تفرید** ۔ (تف ۔ رید) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) اکیلا رہ جانا ۔ تنہا رہنا (۲) کسی بات میں فرد ہونا ۔
**تفریس** ۔ (تف ۔ ریس) (ع ۔ مث) (۱) پھاڑنا (۲) غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا ۔
**تفریط** ۔ (تف ۔ ریط) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) کمی کرنا ۔ غفلت کرنا ۔ کوتاہی ۔ (۲) کسی کام میں کمی کرنا ۔
**تفریق** ۔ (تف ۔ ریق) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) جدا کرنا ۔ فرق ڈالنا (۲) جُدائی ۔ علیحدگی (۳) کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانا (۴) تمیز ۔ امتیاز (۵) (قانون) بٹائی ۔ بانٹ ۔ جمع : تفاریق ۔
**تفریق نامہ** ۔ (۱) دستاویز ۔ جس میں ہر فریق کے حصّے درج ہوں ۔ (۲) اقرارنامہ ۔ جو ان حصّوں کا فیصلہ کردے ۔ جن کا مختلف اشخاص نے دعویٰ کیا ہے ۔
**تفسیدہ** ۔ (تف ۔ سی ۔ دہ) (ف ۔ صف) گرم ۔ جلا ہوا ۔
**تفسیر** ۔ (تف ۔ سیر) (ع ۔ ا ۔ ث) (۱) تشریح ۔ تفصیل ۔ توضیح ۔ وضاحت ۔ شرح کرنا ۔ سمجھانا (۲) اصطلاحاً قرآن شریف کی شرح ۔ جمع : تفاسیر
**تفسیر داں** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) علم تفسیر کا جاننے والا ۔
**تفسیر کرنا** ۔ (۱ ۔ مص مرکب) واضح طور پر بیان کرنا ۔ کھول کر بیان کرنا ۔
**تفصیل** ۔ (تف ۔ صیل) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) جدا جدا کرنا ۔ بیان کرنا (۲) تشریح ۔ توضیح (۳) فہرست ۔ فرد (۴) کیفیت ۔ بیان ۔ تذکرہ ۔
**تفصیل وار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مفصل طریقے سے ۔
**تفصیلاً** ۔ (تف ۔ صی ۔ لن) (ع) مفصل طور پر ۔ وضاحت سے ۔
**تفصیلی** ۔ (تف ۔ صی ۔ لی) (ع ۔ صف) مفصل ۔ مشرح
**تفضّل** ۔ (تَ ۔ فض ۔ ضُل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) زیادتی ۔ بیشی (۲) برتری ۔ فضیلت (۳) مہربانی ۔ عنایت ۔ لطف ۔ کرم ۔ کوئی مفاد پہنچانا ۔
**تفضیح** ۔ (تف ۔ ضیح) (ع ۔ ا ۔ مث) رسوائی ۔ بدنامی ۔ فضیحت ۔ بے عزتی ۔
**تفضیل** ۔ (تف ۔ ضیل) (ع ۔ ا ۔ مث) ترجیح دینا ۔ فوقیت دینا ۔ فضیلت دینا
**تفضیل بعض** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) بعض پر ترجیح دینا ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض پر فضیلت دی جائے جیسے خوش تر ۔ زیادہ تر
**تفضیل کل** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) سب پر فوقیت دینا ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو سب پر ترجیح دی جائے جیسے بہترین ۔ سب سے اچھا ۔
**تفضیل نفسی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ذاتی فضیلت ۔ صفت کی وہ قسم جس [illegible] میں موصوف کی صرف صفت بیان کی جائے کسی پر ترجیح نہ دی جائے جیسے اچھا
**تفقّد** ۔ (تَ ۔ فق ۔ قُد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) مہربانی ۔ دلجوئی (۲) تلاش ۔ جستجو ۔
**تفقّہ** ۔ (تَ ۔ فق ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) علم فقہ جاننا (۲) عقلمند ہونا ۔



Marfat.com

**تفکر**۔ (تَ۔فک۔کُر) (ع۔ا۔مذ) سوچ بچار۔فکر۔اندیشہ۔جمع : تفکرات۔
**تفکہ**۔ (ع۔ا۔مذ) پھل کھانا۔میوہ کھانا۔لُطف۔مزہ۔
**تفنگ**۔ (تُ۔فَنگ) (ف۔ا۔مث ومذ) (۱) ایک لمبی نالی جس میں سے پھونک کے ذریعے تیر یا کنکر پھینکتے ہیں (۲) ہوائی بندوق۔ توڑے دار بندوق۔
**تفنگ انداز**۔ (ف۔صف) (۱) تفنگ کے استعمال کا ماہر۔تیر انداز۔ بندوق چلانے والا (۲) وہ فاصلہ جہاں تک تیر،کنکر یا چھرا پہنچے۔
**تفنگ کا پیالہ**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں بندوق کا گھوڑا گرتا ہے۔
**تفنگ کا توتا**۔ (ف۔ا۔مذ) توڑے دار بندوق کا وہ پرزہ جس میں فیتہ رکھ کر بارُود کو آگ دیتے ہیں۔
**تُفنگچی**۔ (تُ۔فَنگ۔چی) (ف۔ا۔مذ) بندوقچی۔بندوق چلانے والا۔
**تفنّن**۔ (ت۔فن۔نُن) (ع۔ا۔مذ) (۱) طرح طرح کا ہونا۔رنگ رنگ کا ہونا (۲) چہل۔دل لگی۔خوش طبعی۔ہنسی مذاق۔
**تفنّنِ طبع**۔ (ع۔ا۔مذ) ہنسی۔دل لگی۔تفریحی مشغلہ۔
**تفوّق**۔ (تَ۔فو۔وُق) (ع۔ا۔مذ) برتری۔فوقیت۔فضیلت۔بڑائی۔
**تفویض**۔ (تف۔ویض) (ع۔ا۔مث) سپردگی۔حوالگی۔تحویل۔ جمع : تفویضات۔
**تَفَہُّم** (تَ۔فہ۔ہم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خود سمجھنا (۲) سمجھ۔عقل۔فہم۔ جمع : تفہمات۔
**تفہیم**۔ (تف۔ہیم) (ع۔ا۔مث) سمجھانا۔ جمع : تفہیمات۔

## ت ــ ق

**تقابُل**۔ (تَ۔قا۔بُل) (ع۔ا۔مذ) مقابلہ۔آمنے سامنے کھڑے ہونا۔
**تقارُب**۔ (تَ۔قا۔رُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) باہم قریب ہونا۔پاس پاس ہونا (۲) علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
**تقاریب**۔ (تَ۔قا۔ریب) (ع۔ا۔مث) تقریب کی جمع۔موقعے۔رسمیں
**تقاریر**۔ (تَ۔قا۔ریر) (ع۔ا۔مث) تقریر کی جمع۔تقریریں۔بیانات۔
**تقاضا**۔ (تَ۔قا۔ضا) (ع۔ا۔مذ) (۱) طلب۔تاکید۔تشدد۔عموماً دیا ہوا قرض واپس مانگنے کے متعلق استعمال ہوتا ہے (۲) خواہش۔ضرورت۔ احتیاج (۳) (قانون) دعوے کا مطالبہ۔
**تقاضا اترنا**۔ (ا۔محاورہ) وہ چیز دی جانا یا وہ فعل کیا جانا جس کے لیے اصرار ہو۔
**تقاضا اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) تقاضے کی برداشت کرنا۔
**تقاضا کرنا**۔ (ا۔مص مرکب) مطالبہ کرنا۔
**تقاضائے بشریت**۔ (ع۔ا۔مذ) انسانی ضرورت یا احتیاج۔
**تقاضائے (سن) عمر**۔ (ع۔ا۔مذ) عمر کی ضرورت کے لحاظ سے
**تقاضائے وقت**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وقت اور زمانے کے مناسب حال
**تقاضے کا حصہ بھی نہیں دیا جاتا**۔ (مثل) جس بات میں ذرا بھی جھگڑا ہو۔وہ نہیں کرنی چاہئیے۔قرض بالکل نہیں لینا چاہئیے۔

**تقاطُر**۔ (تَ۔قا۔طُر) (ع۔ا۔مذ) بوندا باندی۔پے در پے قطرے گرنا۔
**تقاطُع**۔ (تَ۔قا۔طُع) (ع۔ا۔مذ) منقطع ہونا۔دو خطوں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
**تقاوی**۔ (تَ۔قا۔وی) (ع۔ا۔مث) (۱) قوت دینا (۲) وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زراعت کے لیے بطور امداد کاشتکاروں کو دیا جاتا ہے۔
**تقاویم**۔ (تَ۔قا۔ویم) (ع۔ا۔مذ و مث) تقویم کی جمع۔جنتریاں۔
**تقبیل**۔ (تق۔بیل) (ع۔ا۔مث) چومنا۔بوسہ دینا۔
**تقدّس**۔ (تَ۔قد۔دُس) (ع۔ا۔مذ) پاکیزگی۔پاکی۔
**تقدّس مآب**۔ (ع۔صف) پاکیزہ۔پاک۔بزرگ۔پرہیزگار آدمی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔
**تقدّم**۔ (تَ۔قد۔دُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) آگے بڑھنا۔پیش قدمی (۲) پہلے ہونا۔ (۳) فوقیت (کسی سے زمانے۔مرتبے۔اہمیت میں) مقدم ہونا۔
**تقدیر**۔ (تق۔دیر) (ع۔ا۔مث) (۱) اندازہ۔مقدار۔قسمت۔مقسوم۔وہ اندازہ جو حق تعالیٰ نے روزِ اوّل ہر چیز کے لئے مقرر کردیا ہے۔نصیب۔بخت۔ مقدر۔
**تقدیر آزمانا**۔ (ا۔محاورہ) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔بخت آزمانا۔
**تقدیر الٹنا۔تقدیر بگڑنا۔تقدیر پلٹنا**۔ (ا۔محاورہ) مقدر کا برگشتہ ہونا۔ حالات کا موافق نہ رہنا۔
**تقدیر اونچی جگہ لڑنا**۔ (ا۔محاورہ) امیر گھر میں شادی ہونا۔
**تقدیر پر چھوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی معاملے میں کوشش نہ کرنا یعنی برضائے خدا ہونا۔
**تقدیر پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) اقبال نہ رہنا (۲) بااقبال ہونا۔بھلے دن آنا۔
**تقدیر پھوٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تقدیر کا بگڑ جانا (۲) بُری جگہ شادی ہونا (۳) معاملہ خراب ہو جانا۔مقدمہ بگڑ جانا۔
**تقدیر جاگنا یا چمکنا**۔ (ا۔محاورہ) وقت کا موافق ہونا بھلے دن آنا۔ بخت یاور ہونا۔
**تقدیر سو جانا**۔ (ا۔محاورہ) قسمت کا ناموافق ہونا۔
**تقدیر سے**۔ خوش قسمتی سے۔اتفاقیہ۔
**تقدیر سے زور نہیں چلتا**۔ (ا۔مقولہ) قسمت میں جو ہے۔وہی ہوگا۔ تدبیر سے آدمی بُری بات کو روک نہیں سکتا۔
**تقدیر سیدھی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بخت یاور ہونا۔بھلے دن آنا۔
**تقدیر کا بندا**۔ (ا۔صف) نصیبوں کا لکھا۔نوشتۂ تقدیر۔
**تقدیر کا برگشتہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) تقدیر کا الٹ جانا۔وقت پھر جانا۔
**تقدیر کا بل**۔ (ا۔محاورہ) قسمت کا پھیر۔تقدیر کی بُرائی۔
**تقدیر کا بل نکل جانا**۔ (ا۔محاورہ) بدبختی دُور ہونا۔بُرے دن نکل جانا
**تقدیر کا پلٹا کھانا**۔ (ا۔محاورہ) اچھی سے بُری یا بُری سے اچھی حالت ہو جانا۔
**تقدیر کا پھیر**۔ (ا۔محاورہ) قسمت کا چکر۔بدنصیبی۔
**تقدیر کا دامن پکڑنا**۔ (ا۔محاورہ) کام قسمت پر چھوڑنا۔
**تقدیر کا دھنی**۔ (ا۔صف) خوش قسمت شخص۔صاحب نصیب۔
**تقدیر کا سکندر**۔ (ا۔صف) نہایت خوش قسمت۔بہت خوش اقبال۔



Marfat.com

**تقدیر کا سو جانا۔** (ا۔ محاورہ) بدبختی آجانا۔ حالات کا موافق نہ رہنا۔
**تقدیر کا کھوٹا۔** (ا۔صف) بدقسمت۔ بدنصیب۔
**تقدیر کا کھوٹا۔ کیوں نہ اُٹھائے ٹوٹا۔** (مثل) بدنصیب ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔
**تقدیر کا کھیل۔** (ا۔صف) قسمت کے کرشمے۔ قسمت کی باتیں۔
**تقدیر کا لکھا۔** (ا۔صف) نوشتۂ ازلی۔ کرم۔ لیکھ۔
**تقدیر کا لکھا پورا ہونا۔** (ا۔محاورہ) جو قسمت میں ہو وہ ہو جانا۔
**تقدیر کا لکھا یونہی تھا۔** (ا۔مقولہ) اسی طرح ہونا تھا۔ قسمت میں اسی طرح تھا۔
**تقدیر کا منہ پھیر لینا۔** (ا۔ محاورہ) تقدیر اُلٹنا۔ بدبختی آجانا۔
**تقدیر کا موافق ہونا۔** (ا۔محاورہ) اچھے دن ہونا۔ خوش اقبالی ہونا۔
**تقدیر کا ہیٹا۔** (ا۔صف) تقدیر کا کھوٹا۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
**تقدیر کو رونا۔** (ا۔ محاورہ) بدقسمتی کا شکوہ کرنا۔
**تقدیر کو سونپنا۔** (ا۔ محاورہ) کام میں خدا سے بہتری کی امید رکھنا۔ قسمت پر چھوڑنا۔
**تقدیر کھل جانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تقدیر چمکنا۔ (۲) شادی ہو جانا۔
**تقدیر کھوٹی ہونا۔** (ا۔محاورہ) قسمت بُری ہونا۔ بدقسمت ہونا۔ بدنصیب ہونا۔
**تقدیر کی یاوری۔** نصیبے کی امداد۔ خوش قسمتی۔
**تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی۔** (مثل) قسمت خراب ہو تو اس کا کوئی علاج نہیں۔
**تقدیر کے لکھے کو کون میٹے۔** (مثل) تقدیر بدل نہیں سکتی۔ جو قسمت میں لکھا ہے ضرور ہو کر رہتا ہے۔
**تقدیر کے ہاتھ بات ہے۔** (ا۔محاورہ) جو ہونا ہے وہ ہوگا۔ معاملہ خدا کے سپرد ہے۔
**تقدیر لڑنا۔** (ا۔محاورہ) قسمت کا سازگار ہونا۔ تقدیر کا موافق آنا۔
**تقدیر موافق ہونا۔** (ا۔محاورہ) بخت یاور ہونا۔
**تقدیر میں لکھا ہونا۔** (ا۔محاورہ) قسمت میں ہونا۔
**تقدیر میں لکھنا۔** (ا۔محاورہ) خدا کا مقدر کرنا۔
**تقدیر والا۔** (ا۔صف) خوش نصیب۔
**تقدیر یاور ہونا۔** (ا۔محاورہ) قسمت مددگار ہونا۔
**تقدیر یونہی تھی۔** (ا۔ محاورہ) قسمت میں اسی طرح لکھا تھا۔ نقصان کے موقع پر تسلی کے لیے کہتے ہیں۔
**تقدیری۔** (تق دی۔ ری) (ع۔ ف۔صف) تقدیر کے متعلق۔ قسمت کا۔
**تقدیری امر۔ معاملہ۔** ہونی۔ ہونے والی بات۔ وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو اور ضرور پوری ہو کر رہے۔
**تقدیس۔** (تق۔ دیس) (ع۔ا۔مث) (۱) پاکیزگی۔ پاکی۔ تقدس۔
**تقدیس و تحمید۔** (ع۔ا۔مث) خدا کی پاکی بیان کرنا۔ حمد کرنا۔
**تقدیم۔** (تق۔ دیم) (ع۔ا۔مث) (۱) پیش کرنا (۲) مقدم سمجھنا (۳) ترجیح۔ فوقیت (۴) پیش قدمی (۵) آگے بھیجنا۔ (۶) افضلیت۔ مقدم ہونا۔
**تقدیم و تاخیر۔** (۱) پہلے کو پیچھے اور پیچھے کو پہلے کر دینا (۲) آگے پیچھے کرنا۔

**تقرُّب۔** (تَ۔ قَر۔ رُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) نزدیکی ڈھونڈنا (۲) نزدیکی۔ قُرب۔ جمع: تقرّبات۔
**تقرُّر۔** (تَ۔ قَر۔ رُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) مقرر کرنا۔ تعیّن (۲) ملازم ہونا (۳) ملازمت۔ نوکری۔
**تقریب۔** (تق۔ ریب) (ع۔ا۔مث) (۱) قریب کرنا۔ نزدیک آنا (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ (۳) شادی۔ بیاہ یا اور کوئی رسم جب رشتے دار جمع ہوں (۴) مطلب۔ مقصد (۵) ملاقات کا ذریعہ نکالنا (۶) ذکر۔ تذکرہ (۷) موقع۔ محل (۸) قربت۔ پہنچ۔ رسائی (۹) قرینہ۔ قیاس۔ امکان۔
**تقریباً۔** (تق۔ ری۔ بن) (ع) تخمیناً۔ قریب قریب۔
**تقریبات۔** (تق۔ ری۔ بات) (ع۔ا۔مث) تقریب کی جمع۔ رسوم۔ اجتماعات۔
**تقریر۔** (تق۔ ریر) (ع۔ا۔مث) (۱) بیان۔ ذکر۔ گفتگو۔ بات چیت (۲) بحث مباحثہ۔ حجت (۳) وعظ۔ تذکرہ۔ جمع: تقاریر۔ تقریرات۔
**تقریر کا شہد و شکر ہونا۔** (ا۔صف) نہایت شیریں اور فصیح گفتگو ہونا
**تقریر کا لچھا بندھ جانا۔** (ا۔محاورہ) نہایت شستہ اور مسلسل گفتگو ہونا
**تقریریں چھٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) باتیں ہونا (۲) حجت ہونا۔ بحث مباحثہ ہونا۔
**تقریراً۔** (تق۔ ری۔ رَن) (ع) زبانی۔ تقریری۔
**تقریری۔** (تق۔ ری۔ ری) (ع۔ ف۔صف) تحریری کے خلاف۔ زبانی۔
**تقریظ۔** (تق۔ ریظ) (ع۔ا۔مث) کتاب اور مصنف کی تعریف۔
**تقسیم۔** (تق۔ سیم) (ع۔ا۔مث) (۱) حصے کرنا۔ بانٹنا (۲) بانٹ۔ بٹوارا۔ حساب کا ایک قاعدہ۔ جس میں ایک عدد کو دوسرے پر تقسیم کرتے ہیں۔
**تقسیم بھیا چاری۔** (ا۔مث) ان حصے داروں میں زمین کی تقسیم جو کل مال گزاری کے ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں۔
**تقسیم مختصر۔** چھوٹی تقسیم۔ لمبی تقسیم کے خلاف اعداد کی تقسیم کا ایک مختصر طریقہ۔
**تقسیم مرکب۔** وہ تقسیم جس میں مقسوم کوئی رقم یا ناپ ہو۔
**تقسیم مکمل۔** (۱) پوری پوری تقسیم (۲) اعداد کی وہ تقسیم جس میں کچھ باقی نہ بچے۔
**تقسیم نامہ۔** (ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو۔
**تقشُّف۔** (تَ۔ قَش۔ شُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) درویشی۔ غریبی۔ موٹا جھوٹا لباس پہننا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔
**تقشیر۔** (ع۔ا۔مث) (۱) چھلکا اتارنا۔ چھیلنا۔ مقشّر کرنا۔
**تقصیر۔** (تق۔ صیر) (ع۔ا۔مث) (۱) کوتاہی۔ کمی (۲) خطا۔ قصور (۳) سہو۔ بھول چوک۔ جمع: تقصیرات۔
**تقصیر وار۔** (ع۔ ف۔ا۔مث) قصوروار۔ مجرم۔ گنہ گار۔ ملزم۔
**تقطیر۔** (تق۔ طیر) (ع۔ا۔مث) (۱) قطرہ قطرہ ٹپکانا (۲) ٹپکنا۔
**تقطیع۔** (تق۔ طیع) (ع۔ا۔مث) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) علم عروض کی اصطلاح میں شعر کے اجزا کو بحر کے اوزان پر وزن کرنا (۳) الف بے تے سکھر وہ معنے جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھاتے ہیں (۴) کتاب کا سائز۔ جمع: تقطیعات۔



Marfat.com

**تَقَلُّب** - (تَ-قَل-لُب) (ع-ا-مذ) (۱) پھیرنا - اُلٹنا (۲) تبدیلی - ترمیم - (۳) حیاتیات کی اصطلاح میں تبدیلِ نوع -

**تَقلید** - (تق-لید) (ع-ا-مث) نقل - پیروی - کسی کے قدم بقدم چلنا - کسی کی متابعت کرنا -

**تَقلیدی** - (تق-لی-دی) (ع-صف) نقل کیا ہوا - نقلی -

**تَقلیل** - (تق-لیل) (ع-ا-مث) (۱) کم کرنا - تھوڑا کرنا (۲) کمی - قلت -

**تَقلیلِ قدرِ زر** - زر (سکّہ) کی قیمت گھٹانا -

**تَقوا** - (تق-وا) (ق-ا-مذ) (۱) سہارا - بھروسہ - ہمت (۲) تسلی - اطمینان -

**تَقوٰی** - (تق-وی) (ع-ا-مذ) خدا کا خوف - پرہیزگاری - پارسائی - اپنے آپ کو گناہ سے بچانا -

**تَقوِیَت** - (تق-وِ-یَت) (ع-ا-مث) (۱) مضبوط کرنا - طاقت دینا (۲) طاقت - قوت (۳) تسلی - تسکین (۴) پشتی مدد -

**تَقوِیم** - (تق-وِیم) (ع-ا-مث) (۱) سیدھا کرنا (۲) قائم کرنا (۳) تخمینہ لگانا (۴) اندازہ (۵) جنتری - پترا - وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے - کیلنڈر - جمع: تقادیم -

**تَقویمِ پارینہ** - (ع-ف-ا-مث) (۱) پُرانی جنتری (۲) بیکار چیز - نکمی چیز (۳) (کنایۃً) بوڑھی عورت -

**تقویمِ پارینہ بکار نمی آید** (مثل) پُرانی جنتری کسی کام نہیں آتی - فضول چیز کو سنبھال کر رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں -

**تَقویمی** - (تق-وِی-می) (ع-صف) جنتری سے متعلق -

**تَقویمی مہینہ** - (ع-ا- مذ) شمسی مہینہ -

**تَقِی** - (تَ-قِی) (ع-صف) خدا سے ڈرنے والا - پرہیزگار - پارسا -

**تَقیِید** - (تَ-قِ-یِد) (ع-ا-مذ) (۱) قید کرنا (۲) تاکید - تنبیہہ -

**تَقِیّہ** - (تَ-قِ-یَہ) (ع-ا-مذ) (۱) خدا کا ڈر - پرہیزگاری (۲) وہ راز جو دل میں ہو، مگر کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے (۳) ڈر کی وجہ سے حق پوشی کرنا (۴) شیعہ مسلمانوں کے عقیدے میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی -

## ت ـــ ک

**تک** - (ہ-ا-مث) (۱) بڑی ترازو جس کو زمین پر نصب کرتے ہیں (۲) (حرفِ جار) پاس - نزدیک (۳) حد اور فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے -

**تُک** - (ہ-ا-مذ و مث) (۱) قافیہ سجع (۲) غزل یا نظم کا ایک شعر (۳) وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے - ڑٹل -

**تُک بند** - (ہ-ف-صف) (۱) تک سے تک ملانیوالا (۲) بکواسی -

**تُک بندی** - (۱) ڑٹل قافیے (۲) ایسے شعر جن کا وزن - ردیف - قافیہ درست نہ ہو (۳) بکواس -

**تُک (جوڑنا) ملانا** - (۱) قافیہ ملانا (۲) گھٹیا شعر کہنا -

**تِکّا** - (تِک-کا) (ہ-ا-مذ) (۱) گوشت کا ٹکڑا - لمبی یا پتلی بوٹی (۲) لوتھڑا - (۳) بخیہ -

**تِکّا اُتارنا** - (ا-محاورہ) گوشت کی بوٹیاں وار کر چیلوں کو ڈالنا -

**تِکّا بوٹی کرنا** - (ا-محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - دھجیاں اُڑانا (۲) بانٹ لینا -

**تِکّے (پکانا) لگانا** - (ا-محاورہ) (۱) کباب لگانا (۲) چھیڑنا - طنز کرنا - (۳) طعن و تشنیع کرنا -

**تُکّا** - (تُک-کا) (ہ-ا-مذ) وہ تیر جس میں بھال نہ ہو بلکہ گھنڈی یا ٹکر ہو - بان - ناوک (۲) (پن) تکلی کی گلی -

**تُکّا چلانا** - (ا-محاورہ) (۱) اٹکل پچو تیر چلانا (۲) کوئی فضول کام کرنا -

**تُکّا سا** - (ا-صف) تیر کی طرح سیدھا -

**تُکّا سا کھڑا رہنا** - (ا-محاورہ) ہر وقت موجود کھڑا رہنا - سر پہ کھڑا رہنا -

**تُکّا سی ڈاڑھی** - تیر کی طرح داڑھی - چگی داڑھی -

**تُکّا سی سیدھی** - (ا-صف) بہت سیدھی -

**تُکّا فضیحتی** - تو تو میں میں - ذلت و رسوائی - جھگڑا - تکرار -

**تَکاسُل** - (تَ-کا-سُل) (ع-ا-مذ) سستی - کاہلی - آرام طلبی -

**تکا کرنا** - (ا-محاورہ) حسرت سے دیکھنا -

**تَکالیف** - (تَ-کا-لیف) (ع-ا-مث) تکلیف کی جمع - تکلیفیں - مصیبتیں -

**تَکان** - (تَ-کان) (ہ-ا-مث) تھکن - ماندگی - کسل مندی -

**تکان اُتارنا** - (ا-محاورہ) (۱) تھکاوٹ رفع کرنا (۲) تازہ دم ہونا - (۳) ہم بستر ہونا -

**تکان اُترنا** - (ا-محاورہ) (۱) تھکاوٹ رفع ہونا (۲) سستی دُور ہونا -

**تکان پہنچنا** - (ا-محاورہ) صدمہ پہنچنا - تکلیف پہنچنا -

**تکان ہونا** - (ا-محاورہ) (۱) تھک جانا - تھکاوٹ ہونا (۲) سستی ہونا -

**تَکَبُّر** - (تَ-کَب-بُر) (ع-ا-مذ) (۱) بڑائی کا اظہار (۲) غرور - گھمنڈ -

**تکبر عزازیل راخوار کرد - بہ زندانِ لعنت گرفتار کرد** } غرور نے شیطان کو ذلیل کیا اور لعنت کے طوق میں گرفتار کیا - تکبر ہرگز نہیں کرنا چاہیئے -

**تَکبکی** - (تک-ب-کی) (ق-ا-مث) (۱) جلدی (۲) بے تابی - بے چینی -

**تَکبیر** - (تک-بیر) (ع-ا-مث) اللہ اکبر کہنا - خدا کی بڑائی کرنا -

**تکبیرِ اُولیٰ** - نماز کی پہلی تکبیر -

**تکبیرِ تحریمہ** - وہ تکبیر جسے کہہ کر نماز شروع کرتے ہیں - اس کے پڑھنے سوائے ادائے نماز کے تمام چیزیں حرام ہو جاتی ہیں -

**تِک تِک** - (تِک-تِک) (ہ-ا-مث) (۱) بیلوں کے ہانکنے کی آواز (۲) پاؤں کی چاپ -

**تِکتکا** - (تِک-تِ-کا) (ہ-ا-مذ) ایک قسم کا کریلا -

**تَکثیر** - (تک-ثیر) (ع-ا-مث) زیادتی - افزونی - بہتات - افراط - کثرت -

**تکثیف** - (تک-ثیف) (ع-ا-مث) گاڑھا پن - کثافت -

**تَکدُّر** - (تَ-کَد-دُر) (ع-ا-مذ) (۱) مکدر ہونا - پریشان ہونا (۲) گدلا ہونا -



Marfat.com

میلا ہونا (۳) میلا پن (۴) دل کی پریشانی۔

**تکدمہ** ۔(تک۔دِ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ روپیہ جو کاری گروں کو پیشگی دیا جائے (۲) حساب کا تخمینہ۔بجٹ۔اندازہ۔

**تکذیب** ۔(تک۔ذیب) (ع۔ا۔مث) جھٹلانا۔جھوٹ بولنے کا الزام لگانا

**تکرار** ۔(تک۔رار) (ع۔ا۔مث) (۱) بار بار کہنا۔دُہرانا (۲) حجت۔بحث۔ (۳) جھگڑا۔لفظی نزاع۔زبانی لڑائی۔

**تکرار کرنا** ۔(ا۔محاورہ) جھگڑنا۔اُلجھنا۔سر ہونا۔بار بار کہنا۔

**تکرار نکالنا** ۔(ا۔محاورہ) جھگڑا پیدا کرنا۔

**تکراری** ۔(تک۔را۔ری) (ا۔ صف) جھگڑالو۔لڑاکا۔فسادی۔حجتی۔

**تکرر** ۔(تَ۔کَر۔رُر) (ع۔ا۔مذ) دُہرانا۔بار بار کہنا۔

**تکریم** ۔(تک۔ریم) (ع۔ا۔مث) (۱) عزت کرنا۔تعظیم کرنا۔ادب کرنا۔ (۲) خاطر تواضع۔آؤ بھگت۔خاطر مدارات۔

**تکڑا** ۔(تک۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) مضبوط۔قوی۔طاقت ور (۲) موٹا تازہ۔

**تکڑا** ۔(تک۔ڑا) (ہ۔صف) مثلث۔تین مصرعوں کا بند۔

**تکڑی** ۔(تک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی ترازو (۲) مضبوط۔طاقت ور عورت۔

**تُکّس** ۔(تُک۔کَس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ پتا۔جس میں پان رکھ کر مخروطی شکل کی پڑیا بنا دیتے ہیں (۲) تارکشی کی چند کڑیوں کا مٹھا۔

**تکسل** ۔(تَ۔کَس۔سُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سست ہونا۔کاہل ہونا (۲) سستی کاہلی (۳) بیماری۔مرض۔کسل مندی۔

**تکسیر** ۔(تک۔سیر) (ع۔ا۔مث) (۱) توڑنا (۲) حساب میں حاصل آگے لے جانا (۳) اس طرح تقسیم کرنا کہ کسر آجائے (۴) اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو۔

**تکش** ۔(تک۔کش) (ہ۔ا۔مذ) ترکش۔تیروں کے رکھنے کا خانہ۔تیردان۔

**تکفل** ۔(تَ۔کَف۔فُل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ذمہ دار ہونا۔ضامن بننا (۲) ضمانت۔کفالت۔

**تکفیر** ۔(تک۔فیر) (ع۔ا۔مث) (۱) کفر کا فتویٰ دینا۔کافر ٹھہرانا۔کافر کہنا کفر کا الزام لگانا۔

**تکفیل** ۔(تک۔فیل) (ع۔ا۔مث) ضمانت دینا۔ضامن بننا۔کفالت کرنا۔ذمہ دار ہونا۔

**تکفین** ۔(تک۔فین) (ع۔ا۔مث) کفن دینا۔

**تکل** ۔(تک۔کل) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا پتنگ۔

**تکلا** ۔(تک۔لا) (ہ۔ا۔مذ) چرخے کی وہ آہنی سلاخ۔جس پر کاتتے وقت ککڑی بنتی جاتی ہے۔

**تکلے کا بل** ۔(ا۔محاورہ) تکلے کا خم یا ٹیڑھا پن۔

**تکلے کا سا بل نکل گیا** ۔(ا۔محاورہ) درست ہو گیا۔مار کھا کھا کر ٹھیک ہو گیا۔تکلا جب ٹیڑھا ہو جاتا ہے تو اسے ضربیں لگا لگا کر ٹھیک کرتے ہیں

**تکلے کا گھاؤ** ۔(ا۔مذ) زخم۔جو تکلے کی نوک سے ہو۔

**تکلا** ۔(تَ۔کَل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) پتنگ کی وہ ڈور۔جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلی پر لپیٹ کر انگلی کرتے ہیں۔

**تکلف** ۔(تَ۔کَل۔لُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) تکلیف اُٹھا کر کوئی کام کرنا (۲) تکلیف گوارا کرنا (۳) بناوٹ۔ظاہر داری۔نمائش (۴) آرائش آراستگی (۵) غیریت برتنا (۶) حجاب یا لحاظ کی وجہ سے تکلیف اُٹھانا (۷) تامل۔ہچکچاہٹ۔

**تکلف برتنا** ۔(ا۔محاورہ) ظاہر داری برتنا۔معاشرت کا سا برتاؤ کرنا۔

**تکلف برطرف** ۔(ع۔ف۔صف) بے تکلف۔بلا تصنع۔صاف صاف۔کھلے طور پر۔

**تکلف کرنا** ۔(ا۔محاورہ) (۱) آراستہ کرنا۔ٹھاٹ باٹ دکھانا (۲) شرم کرنا۔حجاب کرنا۔

**تکلف میں ریل چل دی** ۔(ا۔محاورہ) لکھنؤ کے دو شریف آدمی کہیں جا رہے تھے۔ایک نے کہا۔حضرت! سوار ہو جیئے۔دوسرے نے کہا۔قبلہ! پہلے آپ۔پہلے نے کہا۔نہیں قبلہ! آپ۔دیر تک اسی طرح ہوتا رہا۔یہاں تک کہ ریل چل دی۔

**تکلف نکلنا** ۔(ا۔محاورہ) خوبی نکلنا۔لطافت نکلنا۔

**تکلفات** ۔(تَ۔کَل۔لُ۔فات) (ع۔ا۔مذ) (۱) تکلف کی جمع (۲) آرائش و زیبائش۔ٹھاٹ باٹ۔امیرانہ ساز و سامان۔

**تکلفات رسمی** ۔ظاہری نمائش۔ظاہر داری کی باتیں۔

**تکلفات لایعنی** ۔فضول ٹھاٹ۔بیکار ظاہر داریاں۔

**تکلم** ۔(تَ۔کَل۔لُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) بات کرنا۔بولنا۔کلام کرنا (۲) گفتگو۔بات چیت۔

**تکلیف** ۔(تک۔لیف) (ع۔ا۔مث) (۱) دُکھ۔رنج۔درد (۲) مصیبت۔ (۳) تنگی۔ناداری (۴) دشواری۔دِقت۔

**تکلیف آنا** ۔(۱) مصیبت آنا (۲) بیماری آنا (۳) تنگی کی حالت ہونا۔

**تکلیف اُٹھانا۔تکلیف برداشت کرنا۔تکلیف سہارنا** مصیبت جھیلنا۔

**تکلیف دینا** ۔(۱) دُکھ دینا (۲) کسی کام کو کہنا۔کسی بات کی درخواست کرنا۔وہ کام جس کے کرنے کو دل نہ چاہے۔

**تکلیف (فرمانا) کرنا** ۔(ا۔محاورہ) (۱) تکلیف اُٹھانا (۲) تشریف لانا۔قدم رنجہ فرمانا۔

**تکلیف مالایطاق** ۔(ع۔صف) ایسی تکلیف جو برداشت نہ کی جا سکے۔

**تکملہ** ۔(تک۔مِ۔لہ) (ع۔ا۔مذ) ضمیمہ۔تتمہ۔جو اصل مضمون کو مکمل کر دے۔ جمع: تکملہ جات۔

**تُکمہ** ۔(تُک۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) گھنڈی۔بٹن (۲) کبوتروں کا ایک مرض جس میں آنکھوں میں دانے نکل آتے ہیں۔

**تکمیل** ۔(تک۔میل) (ع۔ا۔مث) (۱) پورا کرنا۔انجام دینا۔تمام کرنا۔ (۲) تمام۔انجام۔کمال۔

**تکمیل پانا** ۔(ا۔محاورہ) مکمل ہو جانا۔ختم ہو جانا۔

**تکمیل تفتیش** ۔(ا۔محاورہ) مقدمے کے ہر پہلو کو دریافت کرنا۔مقدمے سے متعلق کوئی معاملہ دریافت کیے بغیر نہ چھوڑنا۔

**تکمیل تمسک** ۔(ف۔ا۔مث) تمسک کی قانونی شرائط کا پورا ہو جانا۔



Marfat.com

**تکمیل رہن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا۔
**تکمیل کو پہنچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا
**تکنا** ۔ (تک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) دیکھنا (۲) ٹکٹکی باندھنا۔ غور سے دیکھنا (۳) امید رکھنا۔ آسرا رکھنا (۴) انتظار کرنا (۵) بُری نظر سے دیکھنا (۶) کوئی چیز اُڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا۔
**تکنیک** ۔ (Technique) (دیکھیے ٹکنیک) (۱) فنون کا نظریہ۔ (۲) ہنر مندی (۳) فنی طریق اظہار۔
**تکوا** ۔ (تک ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) تکلا۔
**تکوری** ۔ (تَ ۔ کو ۔ ری) (ق ۔ ا ۔ مث) بے مروّتی۔
**تکونا** ۔ (ت ۔ کو ۔ نا) (ہ ۔ صف) تین کونے والا۔ مثلث۔ تکھونٹا۔
**تکوین** ۔ (تک ۔ وین) (ع ۔ ا ۔ مث) پیدا کرنا۔ عالم وجود میں آنا۔
**تِکھارنا** ۔ (ت ۔ کھار ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) دلیل سے ثابت کرنا (۲) اچھی طرح دریافت کرنا (۳) کسی فعل کو تین دفعہ کرنا (۴) تین مرتبہ ہل چلانا۔
**تکھری ۔ تکھڑی** ۔ (تکھ ۔ ری) (تکھ ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چھوٹی ترازو۔ (۲) ترازو کے پلڑے۔
**تِکھنٹا ۔ تکھونٹا** ۔ (تِ ۔ کھن ۔ ٹا) (تِ ۔ کھون ۔ ٹا) (ہ ۔ صف) تکونا۔ تین کونے والے۔
**تکی لگانا** ۔ (تک ۔ کی ۔ ل ۔ گا ۔ نا) (ہ ۔ مص) گھورنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔
**تکیہ** ۔ (تک ۔ یہٗ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آرام کی جگہ (۲) سرہانے رکھنے کی چیز (۳) بھروسہ۔ پورا اعتماد۔ (۴) فقیروں کے رہنے کی جگہ (۵) قبرستان۔ گورستان۔
**تکیہ پروردگار پر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خدا پر بھروسا ہونا۔
**تکیہ دار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ فقیر، جو تکیے میں رہے۔ قبرستان کا سجادہ نشین۔
**تکیہ دھوپ میں رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گردن کے درد کا علاج سمجھا جاتا ہے۔
**تکیہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا (۲) امید رکھنا ۔ آس رکھنا۔
**تکیہ کلام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ لفظ، جو گفتگو کے دوران میں عادت کے طور پر بار بار بولا جائے۔
**تکیہ گاہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بھروسے کی جگہ۔
**تکیہ لگا کر بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکیہ یا کسی اور چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا۔
**تکیہ لگانا** ۔ (۱) دیوار یا کسی چیز کے سہارے بیٹھنا (۲) بھروسہ کرنا۔ آس لگانا۔
**تکیہ نشین** ۔ (ف ۔ صف) تکیہ دار۔
**تکیے سے سر نہ اٹھا سکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت بیمار ہونا۔ بہت کمزور ہونا۔
**تکیے کا کتا** ۔ (ا ۔ مذ) وہ شخص، جو دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہے۔

## ت ــ گ

**تگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دوڑنا۔ بھاگنا۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے تگ و دو۔
**تگ و پو ۔ تگ و تاز ۔ تگ و دَو** ۔ (۱) دوڑ دھوپ ۔ کوشش ۔ سعی۔ (۲) تلاش ۔ جستجو۔
**تگ و دَو لگی رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوڑ دھوپ جاری رہنا۔
**تگّا** ۔ (تگ ۔ گا) (ت ۔ ا ۔ مذ) دایہ کا شوہر ۔ اَنّا کا خاوند ۔ انکہ۔
**تگّا** ۔ (تگ ۔ گا) (ہ ۔ صف) (۱) ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔ کبڑا۔
**تگاپو** ۔ (تَ ۔ گا ۔ پُو) (ف ۔ ا ۔ مث) تگ و دَو ۔ دوڑ دھوپ۔
**تگانا** ۔ (تَ ۔ گا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) سلوانا ۔ تاگا ڈلوانا (۲) رضائی سلوانا۔ نگندے ڈالنا۔
**تُگاور** ۔ (تُ ۔ گا ۔ وَر) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تیز رو گھوڑا (۲) گھوڑے کی طرح۔
**تگائی** ۔ (تَ ۔ گا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) رضائی کی سلائی (۲) سلائی کی قیمت۔ تاگے ڈلوانے کی اجرت۔
**تگلپگ** ۔ (تگ ۔ پگ) (ق ۔ صف) پریشان ۔ بے چین۔
**تگنٹے** ۔ (تگ ۔ ٹے) (ق ۔ صف) زرق برق۔
**تِگڈا ۔ تگڈم** ۔ (تِ ۔ گڈ ۔ ڈا) (تِ ۔ گڈ ۔ ڈم) (ہ ۔ ا ۔ مث) تین چیزوں یا آدمیوں کا میل۔
**تگرگ** ۔ (تَ ۔ گرگ) (ف ۔ ا ۔ مذ) اولا ۔ ژالہ۔
**تگڑا** ۔ (تگ ۔ ڑا) (ہ ۔ صف) موٹا تازہ ۔ ہٹا کٹا ۔ توانا ۔ مضبوط۔
**تگڑی** ۔ (تگ ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) تاگڑی کا مخفف ۔ پٹکا ۔ کمربند ۔ دھاگا یا سونے چاندی کی زنجیر جو کمر میں باندھتے ہیں۔
**تگنا** ۔ (تگ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) سیا جانا (۲) ڈورے ڈالے جانا۔
**تِگنا** ۔ (تگ ۔ نا) (ہ ۔ صف) سہ چند ۔ تین گنا۔
**تِگنی** ۔ (تگ ۔ نی) (ہ ۔ صف) (۱) تِگنا کی تانیث ۔ تین گنی ۔ (۲) (ہ ۔ مث) ایک سُر
**تگنی کا ناچ نچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حیران و پریشان کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا۔
**تَگی** ۔ (تگ ۔ گی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بٹے ہوئے دھاگے کا ہر ایک باریک دھاگا (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈور۔
**تِگی** ۔ (تگ ۔ گی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پیٹھ پر چڑھنا ۔ چڈھی ۔ آدمی پر سواری۔ (۲) تاش یا گنجفے کا وہ پتا ۔ جس پر تین نشان ہوں۔
**تگیانا** ۔ (تگ ۔ یا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) تاگے ڈالنا (۲) ڈور ڈور ڈورے ڈالنا۔
**تگیڑنا** ۔ (تَ ۔ گیڑ ۔ نا) (ق ۔ مص) حملہ کرنا۔
**تگین** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بہادر ۔ شجاع (۲) طاقت ور (۳) آگ (۴) چھوٹا حوض۔

## ت ــ ل

**تل** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) تلے ۔ نیچے ۔ نیچے کا حصہ ۔ نشیب (۲) لمحہ ۔ ذرا سی دیر (ق)
**تلپٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) نیچے اوپر ۔ الٹ پلٹ (۲) تباہ ۔ برباد۔
**تلچھٹ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ چیز، جو مائع کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے ۔ گاد۔
**تل دھار (موسلا دھار) برسنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زور شور سے بارش ہونا۔
**تل کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نیچے رکھنا (۲) چھپا دینا ۔ قمار بازی میں کوڑی غائب کر دینا
**تلکی مچ رہی ہے** ۔ (۱) کسی کے مرنے کی شہرت ہو رہی ہے (۲) کسی چیز کی بہت مانگ یا پکار ہو رہی ہے ۔ قحط پڑ رہا ہے۔



Marfat.com

**تِل نظر** ۔ (۱) جو آنکھیں چار نہ کرے (۲) وہ بدنظر جو چھپکے چھپکے دیکھے۔

**تَل** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) پہاڑی۔ ٹیلا (۲) ڈھیر۔ تودہ (۳) کھنڈروں کا ڈھیر۔

**تِل** ۔ [ہ ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا تخم۔ جس سے تیل نکلتا ہے (۲) خال۔ سیاہ نقطہ کاجل کا نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) وہ نقطہ جہاں سورج کی کرنیں آتشی شیشے میں سے گزر کر جمع ہوتی ہیں (۵) ذرہ۔ تھوڑی سی چیز (۶) تلے نیچے (ق)۔

**تِل اوجھل پہاڑ اوجھل** ۔ (امثل) ذرا سے پردے میں بڑی بات کا چھپانا۔

**تِل برابر۔ (بھر)** (ا۔ مذ) ذرہ بھر۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ رائی برابر۔

**تِل (بنانا) لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کاجل کی بندی لگانا (۲) بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے کاجل کا نشان لگا دینا۔

**تِل بندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آفتاب کی کرنوں کا آتشی شیشے سے نکل کر کسی چیز پر تل کی شکل کا بن کر پڑنا۔

**تِل بھر لہو۔ پہاڑ بھر محبت** ۔ (مثل) جب کسی وقت اپنا دُور کا رشتہ دار دوست سے زیادہ کام آئے۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔

**تِل بھگّا** ۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر اور تلوں کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے۔

**تِل پیلنا** ۔ اسم مرکب۔ تلوں کا تیل کولہو میں نکالنا۔

**تِل تِل (بھر)** ۔ (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے۔ ذرا ذرا (۲) آہستہ آہستہ۔

**تِل تِل ہم دھن جوڑے سا سُو پہوکے عاقبت بھرے نہ آنسو** (مثل) کسی کی محنت کو خاطر میں نہ لانا۔ کسی کی محنت پر ذرا رحم نہ کھانا۔

**تِل تِل کا (حساب) لیکھا** ۔ (ا۔ مذ) رتی رتی کا حساب۔

**تِل چاٹنا** ۔ مسلمان عورتوں میں ایک رسم۔ کہ وہ دولہا کو وداع کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھوا کر دولہا سے چٹواتی ہیں تاکہ وہ عمر بھر تابع رہے۔

**تِل چور سو بجر چور** ۔ (مثل) تھوڑی چوری اور بہت چوری ایک برابر ہوتی ہے۔ جو تھوڑی چوری کرتا ہے وہ بہت بھی کرے گا۔

**تِل (چاؤلی) چاؤلی** ۔ (ا۔ مث) (۱) تل اور چاول ملے ہوئے۔ (۲) سیاہ و سفید بال۔

**تِل چاولی داڑھی** ۔ (ا۔ مث) وہ ڈاڑھی جس میں کالے اور سفید بال ہوں۔

**تِل چٹا** ۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا جھینگر۔

**تِل چوری** ۔ (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) ایک قسم کی ڈور جو دو رنگ کے دھاگوں سے بٹ کر بنائی جاتی ہے۔

**تِل دھرنے کو جگہ نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت ہی بھرا ہوا ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔

**تِل رہے تو تیل نکلے** ۔ (مثل) اصل چیز ہونی چاہیئے۔ روپیہ ہو تو سب کام ہو جاتے ہیں۔

**تِل شکری** ۔ (امث) (۱) ایک قسم کی مٹھائی جو تل اور شکر سے بناتے ہیں۔ گزک (۲) ایک رسم۔ دلہن کے ہاتھ پر تل اور شکر رکھ دیتے ہیں۔ اور دولہا سات مرتبہ چاٹتا ہے۔

**تِل کالک** ۔ (ا۔ مذ) (۱) بدن کا سیاہ خال بسا (۲) وہ آدمی جس کے بدن پر سیاہ خال یا مسّا ہو۔

**تِل کُٹ** ۔ (ا۔ مذ) تلوں کا آٹا۔

**تِلوں میں تیل نہ کہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ظاہر بات کو چھپانا۔

**تِلوں میں تیل نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مروت نہ ہونا۔ محبت نہ ہونا۔

**تِلوں (ہی) میں سے تیل نکلتا ہے** ۔ (امثل) فائدہ اور خرچ اصل چیز ہی میں سے ہوتا ہے۔

**تِلوں میں سے تیل نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کفایت شعاری کرنا (۲) اپنے مال کی زیادہ قیمت لگانا۔

**تُل** ۔ (ہ صفت) (۱) برابر۔ یکساں۔ مانند (۲) ہم شکل۔ ہم صورت (۳) تلنا کا امر۔

**تُل بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ایسا سیدھا بیٹھنا کہ کسی طرف جھکاؤ نہ ہو۔ ہم وزن ہو کر بیٹھنا (۲) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔

**تُل پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے کے لیے مستعد ہو جانا۔

**تُل رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مقابلے میں کھڑا ہونا۔ سامنے ہونا۔ لڑائی کے لیے مقابلے میں کھڑے ہونا۔

**تِل کی اوجھل (اوٹ) پہاڑ** ۔ (امثل) ذرا سے پردے میں کسی بڑی بات کا پوشیدہ ہونا (۲) کسی انوکھی چیز کا ظاہر ہونا۔

**تُل کی ترازو** ۔ (امث) وہ ترازو جس پر بادشاہ اور راجے تولے جاتے تھے۔

**تَلا** ۔ (تَ۔ لا) [ہ ۔ ا۔ مذ] (۱) جوتی کا نچلا حصہ (۲) تہ۔ پیندا۔

**تَلا دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا تاکہ آگ کے اثر سے محفوظ رہے۔

**تَلا لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جوتی کے نیچے کے حصّے میں چمڑا لگانا۔

**تِلّا** ۔ (تِل۔ لا) [ا۔ مذ] (۱) گوٹا کناری وغیرہ (۲) پگڑی کا زریں سہرا۔

**تِلا کو دن کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طمانچہ پر کچوکے لگانا (۲) طعنے دینا۔ کڑوی کسیلی باتیں کہنا (۳) ستانا۔ جلانا۔ دق کرنا۔

**تُلا** ۔ (تُ۔ لا) [ہ ۔ ا۔ مذ] (۱) ترازو۔ تکڑی (۲) تلنا کی ماضی (۳) برج میزان۔

**تُلا بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آمادہ ہونا۔

**تُلا دان** ۔ وزن برابر خیرات۔ جس میں ہندو لوگ سونا، چاول اور بیش قیمت چیزیں وغیرہ اپنے برابر تول کر دان دیتے ہیں۔

**تُلا ہوا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) برابر۔ ہم وزن (۲) جو تولا جائے۔

**تُلا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) جوش سے آمادہ ہونا۔

**تَلا بیلی** ۔ (تَ۔ لا۔ بے۔ لی) [ا۔ مث] بے قراری۔ اضطراب۔

**تَلا تَا** ۔ (ق صفت) (۱) نیچے (۲) مشرق۔

**تَلے اُپرا تلے** ۔ (ق) نیچے اُوپر۔

**تَلاجی** ۔ (تُ۔ لا۔ جی) [ا۔ مث] سبزی ترکاری جسے گھی میں بھون کر کھائیں۔

**تَلادانی** ۔ (تَ۔ لا۔ دا۔ نی) [ا۔ مث] تلے دانی۔ سوئی دھاگا رکھنے کی تھیلی۔

**تَلازُم** ۔ (تَ۔ لا۔ زُم) [ع ۔ ا۔ مذ] باہم لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔

**تَلازمہ** ۔ (تَ۔ لا۔ زَ۔ مہ) [ا۔ مذ] مضمون کی رعایت سے الفاظ کا استعمال۔ رعایت لفظی۔ جمع: تلازمات۔

**تَلاش** ۔ (تَ۔ لاش) [ت ۔ ا۔ مث] (۱) سعی۔ کوشش (۲) ڈھونڈھ ڈھانڈ۔

Marfat.com

جستجو (۲) تحقیقات۔ کھوج۔
**تلاش (روزگار) معاش** - روزی تلاش کرنا۔ ملازمت وغیرہ ڈھونڈنا۔
**تلاشی** - (تَ - لا - شی) (ف - ا - مث) (۱) ڈھونڈنے والا (۲) گم شدہ چیز کے لیے کپڑوں یا گھر بار کی ٹٹول (۳) قانون کی اصطلاح میں مال مسروقہ کے لئے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی پڑتال یا دیکھ بھال۔
**تلاطُم** - (تَ - لا - طُم) (ع - ا - مذ) (۱) موجوں کا زور۔ پانی کے تھپیڑے (۲) موج لہر (۳) جوش۔ ولولہ۔
**تلاطمِ امواج** - (ع - ف - ا - مذ) موجوں کا زور۔ طوفان۔
**تلافی** - (تَ - لا - فی) (ع - ا - مث) نقصان کا عوض۔ پاداش۔ مکافات۔
**تلافیٔ مافات** - (ع - ف - ا - مث) ضائع شدہ امر کا معاوضہ۔
**تلاقی** - (تَ - لا - قی) (ع - ا - مث) (۱) ملاقات۔ میل جول (۲) باہم ملنا۔
**تلامِذہ۔ تلامیذ** - (تَ - لا - مِ ذہ) (تَ - لا - میذ) (ع - ا - مذ) تلمیذ کی جمع: شاگرد۔ طالب علم۔
**تلام** - (تَ - لام) (ع - ا - مذ) تلم کی جمع - خادم۔ ملازم۔
**تلاملی** - (تَ - لا - مَ - لی) (ہ - ا - مث) (۱) اضطراب - بے چینی - تلملاہٹ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی۔ شتابی۔
**تلانا** - (تَ - لا - نا) (ہ - مص) تلنا کا متعدی۔ تلوانا۔
**تُلانا** - (تُ - لا - نا) (ہ - مص) تلنا کا متعدی المتعدی۔ تلوانا۔
**تلاوا** - (تَ - لا - وا) (ہ - ا - مذ) طلایہ کا مخرب۔ فوج کا وہ دستہ جو رات کو لشکر گاہ یا شہر کی حفاظت کے لئے گشت کرے۔
**تُلاوا** - (تُ - لا - وا) (ہ - ا - مذ) گاڑی کی وہ لکڑی جس پر اس کا تمام بوجھ تُلا رہتا ہے۔
**تلاوت** - (تِ - لا - وَت) (ع - ا - مث) (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) اصطلاحاً قرآن شریف پڑھنا۔
**تلاؤ** - (تَ - لا - ؤ) (ہ - ا - مذ) تالاب۔ حوض۔ جوہڑ۔
**تلائی** - (تَ - لا - ای) (ہ - ا - مث) چھوٹا تالاب۔
**تلائی** - (تِ - لا - ای) (ہ - ا - مث) (۱) تیل ڈالنا (۲) مشعل کو کپی سے تیل پلانا (۳) تیلنے کا چھوٹا سا برتن (۴) برات سے پہلے وہ دن۔ جس میں دلہن کو تیل لگایا جاتا ہے۔
**تُلائی** - (تُ - لا - ای) (ہ - ا - مث) (۱) تولنے کا کام (۲) تولنے کی اُجرت۔
**تلبیس** - (تَل - بیس) (ع - ا - مث) (۱) لباس پہنانا (۲) فریب - چھل - مکر - دغا۔ جمع: تلبیسات۔
**تلبیسِ سکہ** - (ع - ا - مث) جھوٹا سکہ بنانا۔
**تلبیسِ شخصی** - (ع - ف - ا - مث) بہروپ - بھیس - فریب دینے کے لئے کسی شخص کا روپ دھارنا۔
**تلبیسِ لباس** - (ع - ا - مث) دھوکا دینے کے لئے سرکاری وردی یا کوئی اور لباس پہننا۔
**تلبیہ** - (تَل - بی - یہ) (ع - ا - مذ) حج میں لبیک کہنا۔
**تلپٹ** - (تَل - پَٹ) (ہ - صف) دیکھئے تل کے مرکبات میں۔ بربادی۔
**تلپٹ کرنا** - (ا - محاورہ) غائب کر دینا (۲) تباہ کرنا۔ اجاڑنا (۳) پامال کرنا
رکھونا (۴) چھپا دینا۔ چرا لینا۔
**تِل تِل** - (ق) لحظہ بہ لحظہ۔
**تلتلی** - (تُل - تُ - لی) (ہ - ا - مث) تھوڑی بلندی سے گرنے والے پانی یا پیچ خون وغیرہ کی دھار۔
**تلتلی چلنا** - دھار چلنا۔ پانی یا خون بہنا۔
**تلچھٹ** - (ا - مث) گاد۔ تہ نشین - (۲) وہ چیز جو نیچے بیٹھ جائے۔
**تلچھنا۔ تلچھنا** - (تَ - لَچھ - نا) (تَ - لِچھ - نا) (ہ - مص) بے چین ہونا - تڑپنا۔ بے تاب ہونا۔
**تلچھو ملچھو کرنا۔ تلچھوں ملچھوں کرنا** - (ہ - مص) بے تابانہ پھرنا - گھبرائے ہوئے پھرنا۔ نچلا نہ بیٹھنا - ناچتے پھرنا۔
**تلخ** - (ف - صف) (۱) کڑوا - تیز - ترش (۲) بدمزہ - بد ذائقہ (۳) ناگوار - ناپسندیدہ - ناملائم۔ سخت۔ تند۔
**تلخ ابرو** - (ف - صف) ترشرو - غصے والا - بد دماغ۔
**تلخاب (تلخابہ)** - (ف - ا - مذ) کڑوا پانی۔
**تلخ بات** - (ف - ا - مث) ناگوار بات۔
**تلخ بولنا** - (ف - ا - مذ) غصے سے بولنا - ناملائم الفاظ میں گفتگو کرنا۔
**تلخ جواب** - (ف - ا - مذ) سخت جواب - ناگوار جواب۔
**تلخ رُو** - بدمزاج - تند خو۔
**تلخ زبان** - (ف - صف) بدزبان آدمی - وہ شخص جس کی باتیں طنز کی ہوں۔
**تلخ عیش** - (ف - صف) وہ شخص جس کی زندگی بُرے حالوں گزرے۔
**تلخ کام** - (ف - صف) (۱) بدمزہ (۲) ناکام - مجازاً عاشق۔
**تلخ کامی** - (ف - ا - مث) ناکامی - نامرادی۔
**تلخ کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) کڑوا کرنا (۲) بدمزہ کرنا - ناگوار بنانا۔
**تلخ گو، گفتار** - (ف - صف) سخت کلام - بدزبان۔
**تلخ گوئی** - (ف - صف) بدزبانی - سخت کلامی۔
**تلخ مزاج** - (ف - صف) بدخو۔ تند خو - تیز مزاج۔
**تلخ نگاہ** - (ف - صف) جو بُری نظر سے دیکھے - تند نگاہ۔
**تلخ و ترش** - (ف - صف) (۱) کڑوا کسیلا (۲) مجازاً دنیا کی محنت و مشقت۔
**تلخ ہونا** - (ا - محاورہ) ناخوش ہو جانا - بدمزہ ہونا - ناگواری ہونا۔
**تلخانا** - (تَل - خا - نا) (اُر - مص) کڑوا کرنا - تلخ بنانا۔
**تلخہ** - (تَل - خَہ) (ف - ا - مذ) خلط صفراوی کا تپ۔
**تلخی** - (تَل - خی) (ف - ا - مث) (۱) کڑواہٹ - ترشی (۲) شدت - سختی تیزی (۳) مخالفت - دشمنی۔
**تلخیٔ مرگ** - (ف - صف) موت کی سختی - سکرات۔
**تلخیص** - (تَل - خیص) (ع - ا - مث) (۱) خلاصہ کرنا (۲) خلاصہ (۳) پاک و صاف کرنا۔ جمع: تلخیصات۔
**تلذّذ** - (تَ - لَذ - ذُذ) (ع - ا - مذ) (۱) لذت حاصل کرنا - لطف اُٹھانا (۲) لذت - مزہ - لطف۔
**تلّڑ** - (تَل - لَڑ) (ہ - ا - مذ) (۱) پیٹ - شکم (۲) قبضہ۔
**تلڑا - تلڑی** - (تَ - لَ - ڑا) (تَ - لَ - ڑی) (ہ - ا - پہلا مذ دوسرا مث)

Marfat.com

یعنی لڑی کا گلے کا ہار۔

**تُلسی** - (تُل - سی) (ہ - ا - مث) (۱) ایک پودا۔ جسے ہندو پوجتے ہیں۔ نازبو (۲) ایک عورت کا نام۔ جس پر کرشن جی عاشق تھے اور انہوں نے اسے پودا بنا دیا تھا (۳) مشہور ہندی شاعر تلسی داس مصنف ہندی رامائن کا تخلص۔

**تُلسی پھول** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا خوشبودار چاول۔ جس میں تلسی کے پتوں کی سی خوشبو ہوتی ہے۔

**تُلسی دانہ** - (ف - ا - مذ) ہار کی قسم کا ایک گلے کا زیور۔

**تُلسی کا پتا، کون چھوٹا کون بڑا** - (مثل) وہاں کہتے ہیں، جہاں سب اعلیٰ درجے کے آدمی ہوں۔

**تُلسی کا ہیرا** - (ہ - ا - مذ) تلسی کی لکڑی کا بنا ہوا دانہ۔

**تَلَطُّف** - (تَ - لَط - طُف) (ع - ا - مذ) مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔ لطف و کرم

**تلغراف۔ تلگراف** - (تَل - غ - راف) (تَل - گ - راف) (ف - ا - مذ) انگریزی ٹیلیگراف کا مفرس۔

**تَلَف** - (تَ - لَف) (ع - صف) (۱) برباد۔ تباہ۔ رائیگاں (۲) گم۔ ضائع۔

**تلف (کر دینا) کرنا** - (ا - محاورہ) برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

**تَلَفُّظ** - (تَ - لَف - فُظ) (ع - ا - مذ) لفظ کا منہ سے ادا کرنا۔ لہجہ۔

**تلقین** - (تَل - قین) (ع - ا - مث) (۱) تعلیم دینا۔ سکھلانا (۲) تعلیم و تربیت (۳) نصیحت۔ پند۔ ہدایت (۴) امامیہ مذہب میں مُردے کو قبر میں اتارنے کے وقت مخصوص آیتیں پڑھنا۔

**تَلَک** - (تَ - لَک) (ہ - ق) تک۔

**تِلَک** - (تِ - لَک) (ہ - ا - مذ) (۱) ٹیکا۔ قشقہ (۲) ماتھے کا ایک زیور (۳) گدی نشینی کی رسم کا ٹیکا (۴) وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دلہن کا باپ دُولہا کے گھر بھیجتا ہے۔

**تلک چڑھانا۔ تلک دھارنا۔ تلک دھارن کرنا** - (ا - محاورہ) ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔

**تلک دھاری** - (ہ - ا - مث) وہ شخص جو روزانہ تلک لگائے۔

**تلک کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) تلک لگانا (۲) گدی پر بٹھانا۔ تخت نشین کرنا (۳) شادی کرنا (۴) رخصت کرنا۔

**تَلکھ** - (تَ - لکھ) (ق - صف) بے تاب۔ بے قرار۔ پریشان۔

**تَلَک** - (ق) فوراً۔ اس وقت۔

**تُلکی** - (تُ - لُ - کی) (ہ - ا - مث) دھار۔

**تَلَمُّذ** - (تَ - لَم - مُذ) (ع - ا - مذ) شاگرد ہونا۔ شاگردی۔

**تلملانا** - (تَل - مَ - لا - نا) (ہ - مص) مضطرب ہونا۔ بے چین ہونا۔ عام طور سے ت اور میم کے زیر سے بولتے ہیں۔

**تلملاہٹ** - (تَل - مَ - لا - ہَٹ) (ہ - ا - مث) گھبراہٹ۔ بے قراری۔ بے چینی۔ تڑپ۔ یہ لفظ عموماً ت اور میم کے زیر سے مستعمل ہے۔

**تلملا ہو جانا** - (تَل - م - لا - ہو - جا - نا) (ہ - مص) ذرا سی دیر دکھائی دے کر چھپ جانا۔

**تَلملی** - (تَل - مَ - لی) (ہ - ا - مث) تلملاہٹ۔ ت اور میم کے زیر سے بھی بولا جاتا ہے۔

**تَلمیح** - (تَل - میح) (ع - ا - مث) (۱) اُچٹتی نگاہ ڈالنا (۲) کلام میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا۔ جمع: تلمیحات۔

**تَلمیذ** - (تَل - میذ) (ع - ا - مذ) شاگرد۔ چیلا۔ مرید۔ جمع: تلامیذ۔ تلامذہ۔

**تلمیذُالرحمٰن** - خدا کا شاگرد۔ مجازاً شاعر۔

**تَلنا** - (ا - مص) (۱) وزن کیا جانا (۲) کسی کام پر آمادہ ہونا۔

**تَلنا** - (تَل - نا) (ہ - مص) گھی یا تیل خوب گرم کر کے اس میں کوئی چیز ڈال کر پکانا۔

**تَلَنگ** - (تَ - لَنگ) (ق - ا - مث) رفتار۔ چال۔

**تلنگ مارنا** - گھوڑا مارنا (شطرنج کی تلمیح)

**تِلَنگ** - (تِ - لَنگ) (ہ - ا - مث) ایک راگنی۔

**تِلَنگا** - (تِ - لَن - گا) (ہ - ا - مذ) (۱) انگریزی فوج کا باوردی سپاہی (۲) فوج کا سپاہی۔ پولیس کا سپاہی (۳) ایک قسم کا پتنگ (۵) بدتہذیب۔ اُجڈ۔

**تِلَنگنی** - (تِ - لَنگ - نی) (ہ - ا - مث) ایک قسم کی مٹھائی جو پتلے شیشے کی طرح کی بنائی جاتی ہے (۲) شاہی محلوں میں پہرہ دینے والی سپاہی عورت

**تِلَنگی** - (تِ - لَنگ - گی) (ہ - صف - و - ا - مث) (۱) تلنگانہ کا باشندہ (۲) تلنگانہ کی زبان۔

**تَلوا** - (تَل - وا) (ہ - ا - مذ) ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ۔ پاؤں کے نیچے کا حصہ۔ کفِ پا۔

**تلوا (کھجانا) کھجلانا** - (ا - محاورہ) کفِ پا میں خارش ہونا، جو سفر کا شگون سمجھا جاتا ہے ؎

رخصت اے زنداں جنوں زنجیر در کھڑکائے ہے۔
مژدہ خارِ دشت پھر تلوا میرا کھجلائے ہے۔

**تلوا نہ (ٹِکنا) لگنا** - (ا - محاورہ) ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔

**تلووں تلے (ملنا) مِیٹنا** - (ا - محاورہ) روندنا۔ پامال کرنا۔

**تلووں سے آگ لگنا** - (ا - محاورہ) سخت غصہ آنا۔ بہت ناخوش ہونا۔ برافروختہ ہونا

**تلووں سے آنکھیں ملنا** - (ا - محاورہ) نہایت عاجزی کرنا۔

**تلووں سے لگنا** - (ا - محاورہ) (۱) بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا (۲) غصہ آنا۔

**تلووں سے لگنا۔ سر میں جا بجھنا** - (ا - محاورہ) سر سے پاؤں تک غصہ میں جلنا۔ سخت غصہ آنا۔ سخت برافروختہ ہونا۔

**تلووں سے لگی سر میں سے نکل گئی** - (ا - محاورہ) سخت غصہ آیا۔ نہایت ناخوش ہوا۔

**تلووں سے ملنا** - (ا - محاورہ) پامال کرنا۔ روندنا۔ خاک میں ملانا۔

**تلووں کا کچا** - (ف - صف) جلد تھک جانے والا۔ وہ جس کے پاؤں تھوڑا سا چلنے سے زخمی ہو جائیں۔

**تلووں کی سی کہوں یا جیب کی سی** - (مثل) جہاں رشوت خوار تذبذب میں ہو، تو کہتے ہیں۔ سچی بات کہوں یا رشوت کی وجہ سے جھوٹ کہوں۔

**تلووں میں لہو اترنا** - (ا - محاورہ) زیادہ چلنے سے تلوے بھاری ہو جانا۔

**تلوے تلے آنکھیں ملنا** - (ا - محاورہ) تلووں سے آنکھیں ملنا۔

Marfat.com

**تلوے تلے ہاتھ دھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔

**تلوے جلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلووں میں سوزش ہونا۔ گرمی سے تلووں میں جلن ہونا۔

**تلوے چاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نہایت خوشامد کرنا۔

**تلوے چھلنی ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت چلنے سے تلووں کا زخمی ہو جانا (۲) کسی کام کے لیے نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔

**تلوے دھو دھو کے پینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا (۲) کمال قدر دانی کرنا۔

**تلوے سہلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔

**تلوے گرم کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) رشوت دینا۔ ہتھیلی گرم کرنا۔

**تلوے گھس جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت پھرنا۔ بہت سفر کرنا۔

**تلوے ملنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلووں پر تیل یا کسی اور چیز کی مالش کرنا۔

**تِلوا** ۔ (تل۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) تیل کے لڈو۔

**تلوار** ۔ (تل۔ وار) (ہ۔ ا۔ مث) تیغ۔ سیف۔ شمشیر۔

**تلوار آزمانا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا۔

**تلوار اُٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار علم کرنا۔ تلوار ہاتھ میں لینا (۲) لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

**تلوار اُگل پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار میان سے نکل رہنا (۲) ہر وقت لڑائی کے لیے تیار رہنا۔

**تلوار باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کمر میں لگانا۔

**تلوار بجنا۔ تلوار برسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار چلنا۔ تلواروں کے ٹکرانے کی آواز آنا۔ شدت سے تلوار چلنا۔ سخت جنگ ہونا۔

**تلوار بند** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو تلوار باندھے رہے۔

**تلوار بندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کمر میں لگنا۔

**تلوار پٹ پڑنا** ۔ (۱) تلوار کا دھار کے رُخ نہ پڑنا (۲) تلوار کا وار خالی جانا۔

**تلوار پر ناچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایک ناچ جس میں دو آدمی تلوار دونوں طرف سے پکڑتے ہیں اور تیسرا ان کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کود کر تلوار پر ظاہرا تلوے رکھ دیتا ہے، جو حقیقت میں اس کو چھوتے نہیں۔ پھر پاؤں کو جنبش دیتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے تلوار پر ناچ رہا ہے۔

**تلوار پر ہاتھ (رکھنا) دھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ رکھنا (۲) تلوار پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا۔

**تلوار پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا کاٹ کرنا۔

**تلوار پکڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لڑائی کی تیاری کرنا۔ تلوار کا قبضہ ہاتھ میں لینا۔

**تلوار پھینک دینا، پھینکنا** ۔ ہتھیار ڈال دینا۔ جنگ سے باز آنا۔

**تلوار تو پیٹ پڑی۔ سینچہ (کھٹ) کام کر گیا** ۔ (مثل) جو کام بڑے سے نہ ہوا، وہ چھوٹے نے کر دیا۔

**تلوار تولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار کو وار کرنے سے پہلے جانچنا تا کہ وار درست پڑے (۲) لڑنے کو تیار رہنا۔ تلوار سنبھالنا۔

**تلوار تھامنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار ہاتھ میں لینا۔

**تلوار تیر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا کاٹ کر دوسری طرف نکل جانا۔

**تلوار (جڑنا) جھاڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار لگانا (۲) تلوار مارنا۔

**تلوار چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کشت و خون ہونا۔

**تلوار چمکانا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار میان سے نکال کر ہلانا۔ ننگی تلوار علم کرنا۔

**تلوار چھوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔

**تلوار حلق پر پھیرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار سے گلا کاٹنا۔

**تلوار حمائل رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار گلے میں لٹکانا۔

**تلوار درمیان (میں) رکھ کر سونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مرد کا اپنے اور عورت کے درمیان تلوار رکھ لینا تا کہ وصل میں روک رہے۔

**تلوار دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار سے ڈرانا۔ قتل کی دھمکی دینا۔

**تلوار زیب کمر کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کمر سے باندھنا۔

**تلوار سونتنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کھینچنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔

**تلوار سے دو ٹکڑے کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا وار کرکے دو حصوں میں کاٹ دینا۔

**تلوار عرش پر پھولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تیغ زنی کی شہرت ہونا۔

**تلوار کا آری بننا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت دیر تک تلوار چلانے پر تلواروں پر دندانے پڑ جانا۔ مجازاً سخت جنگ ہونا۔

**تلوار کا بال** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کی دھار۔

**تلوار کا بل** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کی کجی۔

**تلوار کا پانی** ۔ (ا۔ مذ) (۱) تلوار کی کاٹ یا تیزی (۲) تلوار کی آب داری۔

**تلوار کا پانی پلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار سے زخمی کرنا۔

**تلوار کا پٹھا** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کی دھار کی مخالف طرف۔ جو چوڑی ہوتی ہے۔

**تلوار کا پھل** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کا کاٹنے والا حصہ۔

**تلوار کا جوہر** ۔ (ا۔ مذ) (۱) تلوار کے وہ نقوش جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے (۲) تلوار کی خوبی۔

**تلوار کا چھالا** ۔ (ا۔ مذ) داغ، جو تلوار میں پڑ جائے۔

**تلوار کا دندانہ** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کی دھار خراب ہو کر جو دانت خراب ہو جاتے ہیں۔

**تلوار کا دونوں باگوں سے کسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کے دونوں سرے ملانا جس تلوار کا لوہا نہایت عمدہ ہوتا ہے اس کے دونوں سرے ملانے سے مل جاتے ہیں۔

**تلوار کا دھنی** ۔ (ا۔ صف) تلوار سے بہت اچھی طرح لڑنے والا۔ بہادر سورما۔

**تلوار کا ڈورا** ۔ (ا۔ مذ) (۱) دھار۔ باڑھ (۲) دھار کا نشان جو بشکل خط دکھائی دیتا ہے۔

**تلوار کا رومال** ۔ (ا۔ مذ) وہ کپڑا، جو تلوار کے قبضے پر سجاوٹ کے لیے باندھتے ہیں۔

**تلوار کاری پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا پوری طرح کاٹ کرنا۔

**تلوار کا سبزہ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) وہ سبزی، جو تلوار ہلانے سے پھل میں نظر آتی ہے۔

**تلوار کا قبضہ** ۔ (ا۔ مذ) تلوار کا دستہ۔

**تلوار کا قبضہ چومنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار چلانے والے کا تلوار نکال کر لڑنے سے پہلے قبضے کو بوسہ دینا۔



Marfat.com

**تلوار کا کَسنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار کا خم ہونا۔ لچکنا۔ جھکنا۔

**تلوار کا کھیت۔** لڑائی کا میدان۔ میدانِ جنگ۔

**تلوار کا کھیت ہرا نہیں۔** (مثل) جس جگہ جنگ ہو چکی ہو، وہاں کاشت کاری نہیں ہو سکتی۔

**تلوار کا گھاٹ۔** (ا۔ مذ) وہ جگہ۔ جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے۔

**تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے (بات) زبان کا نہیں بھرتا۔** (مثل) طعن و تشنیع کا اثر دل پر سے کبھی نہیں جاتا۔ کسی کی رنج دہ بات کبھی نہیں بھولتی۔

**تلوار کا منہ۔** (ا۔ مذ) تلوار کی باڑھ۔

**تلوار کا مینہ برسنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت شمشیر زنی ہونا۔

**تلوار کا وار۔** تلوار کا حملہ۔

**تلوار کا ہاتھ۔** (ا۔ مذ) تلوار کا حملہ۔

**تلوار کرجانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار میں دندانے پڑ جانا۔

**تلوار کرنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار سے حملہ کرنا یا لڑنا۔ شجاعت یا بہادری دکھانا۔ تلوار مارنا۔

**تلوار (کَسنا) کسانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار جھکا کر جانچنا۔

**تلوار کو پتھر چٹانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار سان پر رکھنا۔ تلوار تیز کرنا۔

**تلوار کو خالی دینا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار کے وار سے بچنا۔

**تلوار کھینچنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار سونتنا۔

**تلوار کی آب۔** (ا۔ مث) تلوار کی چمک یا آب داری۔

**تلوار کی آنچ۔** (ا۔ مث) تلوار کی چمک۔ گرمی یا تیزی۔

**تلوار کی آنچ بُری ہوتی ہے۔** (مثل) تلوار سے سب ڈرتے ہیں۔ کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

**تلوار کی آنچ کے سامنے کوئی برلا ہی ٹھہرتا ہے۔** (مثل) تلوار کے مقابلے پر کوئی بہادر ہی ٹھہرتا ہے۔

**تلوار کی (باڑ) دھار۔** (ا۔ مث) تلوار کا وہ باریک تیز کنارہ جو کاٹتا ہے۔

**تلوار کی جھنکار۔** (ا۔ مث) تلواروں کے ٹکرانے کی آواز۔

**تلوار کی چمک۔** (ا۔ مث) تلوار کی آب داری۔

**تلوار کی موت۔** (ا۔ مث) تلوار سے قتل ہونا۔

**تلوار کی ناب۔** (ا۔ مث) تلوار کا وہ نشان، جو نوک سے قبضے تک دونوں طرف ہوتا ہے۔

**تلوار کے (تلے) نیچے دم تو لینے دو۔** (مثل) (۱) ذرا انتظار کرو۔ (۲) جو دم بچے۔ وہی بہتی۔

**تلوار کے قبضے پر ہاتھ ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار نکالنے کے لیے اس کے قبضے کو پکڑنا۔ جنگ کا ارادہ کرنا۔

**تلوار کے گھاٹ اتارنا۔** (ا۔ محاورہ) مار ڈالنا۔ تلوار سے قتل کر ڈالنا۔

**تلوار کے منہ۔** تلوار کی باڑھ سے۔ تلوار سے۔

**تلوار کے ہاتھ۔** (ا۔ محاورہ) تلوار چلانے کے طریقے۔ تلوار کے حملے۔

**تلوار گرجانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہادری جاتی رہنا (۲) نامرد ہو جانا۔ (۳) ہار جانا۔

**تلوار گری پر جا پڑی۔** (مثل) بزدل حاکم سے رعایا باغی ہو جاتی ہے۔ بغیر تلوار اور طاقت کے رعایا قابو میں نہیں رہتی۔ ریاست بے سیاست نہیں ہوتی۔

**تلوار گھسیٹنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار میان سے نکالنا۔

**تلوار لگانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار مارنا۔

**تلوار لیے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) لڑنے کے لیے آمادہ یا تیار رہنا۔

**تلوار مارنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔

**تلوار مارے ایک بار، احسان مارے بار بار۔** (مثل) احسان کی مار تلوار سے بڑھ کر ہوتی ہے۔

**تلوار منہ پر کھانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار کے وار سے منہ نہ پھیرنا۔

**تلوار میان (نیام) سے کھینچنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار سونتنا۔ لڑنے کو تیار ہو جانا۔

**تلوار میان (نیام) سے نکل پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ہر وقت لڑنے کے لئے آمادہ و تیار رہنا۔

**تلوار میان (نیام) میں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تلوار کو غلاف میں رکھنا۔ (۲) لڑنے سے باز رہنا۔

**تلوار میں بال آجانا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار میں نقص ہو جانا۔

**تلوار میں چھالے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار میں بگڑی داغ پڑنا۔

**تلوار میں کاٹ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار کا اس قدر تیز ہونا کہ جس چیز پر پڑے۔ اس کو کاٹ دے۔

**تلواروں پر رکھ لینا۔** (ا۔ محاورہ) تلواروں سے حملہ کرنا۔

**تلواروں کا لہریں لینے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) لڑائی میں تلواروں کا چلنا۔

**تلواروں کی چھاؤں تلے۔ تلواروں کے سائے میں۔** (۱) دورانِ جنگ میں (۲) بہادر قوموں میں (۳) تلواروں کی حفاظت میں۔ تلواروں کے اثر میں (۴) کمال حفاظت میں۔

**تلواروں کی محراب۔** (ا۔ محاورہ) یہ انگریزی محاورہ ہے۔ جب کسی فوجی افسر کی شادی ہوتی ہے تو رسمِ نکاح کے بعد جب دُولہا دُلہن گرجے سے نکلتے ہیں، تو دروازے پر بہت سے افسران تلواریں نکال کر آمنے سامنے کھڑے ہو کر۔ تلواروں کے کونوں کو اونچا ملا کر محراب سی بنا دیتے ہیں اور دُولہا دُلہن اس کے نیچے سے گزرتے ہیں۔

**تلواریں نیام میں ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) صُلح ہو جانا۔

**تلوار یا۔ تلوریا۔** (تل۔ وا۔ ر۔ یا) (تل۔ ور۔ یا) [ہ۔ صف] (۱) تلوار چلانے والا۔ تلوار سے لڑنے والا۔ شمشیر زن۔ تیغ زن (۲) بہادر۔ شجاع۔

**تلواس۔ تلواسہ۔** (تل۔ واس) (تل۔ وا۔ سہ) [ف۔ ا۔ مث] اضطراب۔ بیقراری۔

**تلوان۔** (تل۔ وان) [ہ۔ صف] قیمتی۔ وزنی۔

**تلوانا۔** (تل۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تلنا کا متعدی المتعدی (۲) تلوے میں چھالے پڑنا (ق)۔

**تُلوانا۔** (تل۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] تولنا کا متعدی المتعدی۔

**تلوانسا۔** (تل۔ واں۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] تلوے کا زخم۔

**تلوانسا۔** (تل۔ واں۔ سا) [ہ۔ صف] چراغ اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب رہے۔

Marfat.com

**تلوائی**۔ (تِل-وا-ای) (ہ-ا-مث) تُلائی۔ تولنے کی اُجرت۔
**تلوٹ**۔ (تِل-وَٹ) (ق-ا-مذ) لڈو کی ایک قسم، جو تِل اور گُڑ سے بنائے جاتے ہیں۔
**تِلوری**۔ (ت-لَو-ری) (ہ-ا-مث) ایک خوش آواز چڑیا۔
**تِلوار یا دہی بھلا، جو رَن میں ہاتھ دکھائے۔ بیری کے ٹکڑے کرے اور آپ تَرت بچ جائے** (مثل) تلوار یا وہ ہے جو لڑائی میں دشمن کو قتل کرے اور خود بچ جائے۔
**تلوُّن**۔ (تَ-لَو-وُن) (ع-ا-مذ) (۱) رنگ بدلنا (۲) ایک حالت یا بات پر قائم نہ رہنا (۳) چنچل پن۔ چھچھورپن۔ اوچھاپن۔
**تلوّن خیز**۔ (ع-صف) ایسی طبیعت کے لیے آتا ہے جو ایک حالت پر نہ رہے
**تلوّن مزاج**۔ (ع-صف) غیر مستقل مزاج شخص، جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔
**تلوّن مزاجی**۔ (ع-ف-ا-مث) غیر مستقل مزاجی۔ بے استقلالی۔
**تِلونڈا**۔ (ت-لَوں-ڈا) (ہ-صف) تیل کی طرف جھکا ہوا چراغ۔
**تُلَویّا**۔ (تُل-وَی-یا) (ہ-ا-مذ) تولنے والا۔ تولا۔
**تلیین**۔ (تَل-ایِن) (ع-ا-مذ) (۱) نرم کرنا۔ نرمی (۲) اصطلاح طب میں قبض دُور کرنا۔ اجابت کھلنا۔

**تَلی**۔ (تَ-لی) (ہ-ا-مث) پیندا۔ پیندی۔
**تِلی۔ تِلّی**۔ (تِ-لی) (تِل-لی) (ہ-ا-مث) (۱) جسم میں ایک اندرونی عضو۔ طحال (۲) تِل۔ ایک قسم کا دانہ، جس کا تیل نکالتے ہیں۔
**تِلی کا بڑھنا**۔ بخار کی وجہ سے تِلی بڑی ہو جانا۔
**تِلی کا تیل**۔ میٹھا تیل۔
**تُلی**۔ (تُ-لی) (ہ-ا-مث) (۱) سُناروں کی کرچی۔ سُنار کی کرچی۔ ایک سلاخ جسے پگھلتی ہوئی دھات میں ڈال کر دیکھتے ہیں کہ اچھی طرح سب پگھل گئی ہے یا نہیں (۲) (صف) تولی ہوئی۔
**تُلی بوٹی بنیا شوربا**۔ (مثل) خرچ میں روک ٹوک ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔ بڑی کفایت شعاری۔
**تلے**۔ (تَ-لے) (ہ) (۱) اُوپر کی ضد۔ نیچے۔ زیر۔ تحت۔ زمین پر۔
**تلے آنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) نیچے آنا۔ اُوپر سے اُترنا (۲) ماتحت ہونا (۳) نقصان اٹھانا (۴) کسی چیز کے نیچے دب جانا (۵) کسی چیز کے سامنے میں آجانا (۶) زنا یا اغلام کرانا۔
**تلے اُوپر**۔ (ا-صف) (۱) تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ اُوپر نیچے (۲) پے در پے۔ لگاتار۔ متواتر (۳) ایک کے اُوپر ایک۔ یکے بعد دیگرے۔
**تلے اُوپر کے**۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں۔
**تلے پڑنا**۔ (ا-محاورہ) (۱) زمین پر لیٹنا (۲) نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا (۳) زنا یا اغلام کرانا۔
**تلے پڑی کا مول کیا**۔ (مثل) جو چیز قبضے میں ہو۔ اس کی قدر نہیں ہوتی۔
**تلے تلے دیکھنا**۔ (ا-محاورہ) نیچی نظروں سے دیکھنا۔ آنکھ چرا کر دیکھنا۔
**تلے تلیس اُوپر بیس**۔ (مثل) تہ و بالا ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔
**تلے ٹانگ اُوپر ٹانگ**۔ (مثل) غریب بانکا۔ ٹانگوں سے ننگا۔ اوپر ٹانگ نکلی ہوئی۔
**تلے دھرتی۔ اوپر رام**۔ (مثل) قسم کھانے کے موقع پر کہتے ہیں۔
**تلے کا پاٹ (پتھر) بھاری ہے**۔ (مثل) بیوی زبردست ہے
**تلے کا دَم تلے رہ گیا، اوپر کا اُوپر**۔ (ا-محاورہ) کوئی بُری یا دہشت ناک خبر سُن کر سکتے میں آجانا۔
**تلے کی دنیا (زمین) اوپر ہونا**۔ (ا-محاورہ) انقلاب عظیم ہونا۔
**تلے کی زمین اوپر کر دینا**۔ (ا-محاورہ) گڑبڑ مچا دینا۔ گھبرا دینا۔
**تلے کے دانت تلے، اوپر کے اوپر رہ جانا**۔ (ا-محاورہ) حیرت سے منہ کھلا رہ جانا۔
**تلے کے سانس تلے، اوپر کے سانس اوپر**۔ (ا-محاورہ) حیران رہ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
**تلے گھیرا اُوپر سہرا**۔ (مثل) گھیرا چھلّے کو کہتے ہیں۔ ایسی شادی پر طنز ہے۔ جس میں لڑکی کو کچھ نہ ملے۔
**تِلے دانی**۔ (تِ-لے-دا-نی) (اُر-ا-مث) سینے پرونے کا سامان وغیرہ رکھنے کی چھوٹی تھیلی۔
**تَلَیّا**۔ (تَ-لی-یا) (ہ-ا-مث) چھوٹا تالاب۔
**تلیٹی**۔ (تَ-لے-ٹی) (ہ-ا-مث) (۱) تلا۔ پیندا (۲) دامن کوہ (۳) پکا فرش (۴) نواحی۔ اطراف (۵) ہندوؤں میں مُردے کے کفن کا وہ کپڑا جو اس کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔
**تلیر**۔ (تِل-یَر) (ہ-ا-مذ) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ اَبلقہ۔
**تلین**۔ (تَ-لین) (ق) تلے۔ نیچے۔
**تلیس تِل**۔ (تَ-لیس-تِل) (ق) لمحہ بہ لمحہ۔
**تلیچا**۔ (تَ-لیں-چا) (ہ-ا-مذ) معماروں کی اصطلاح میں چھت کی اُونچان۔
**تلینڈو**۔ (تَ-لیں-ڈو) فرمانبردار۔ مطیع۔ مغلوب۔
**تلینڈی**۔ (تَ-لین-ڈی) (ہ-ا-مث) ہولی کا تیسرا دن۔

## ت — م

**تم**۔ (ہ) ضمیر مخاطب، تُو کی جمع۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں۔
**تم اور چلے گھاؤ میں مرچیں لگانے**۔ (ا-مثل) ایک تو پہلے ہی تکلیف تھی تم اور تکلیف دینے لگے۔
**تم ایسے (جیسے) بہتوں کو میں چرا چکا ہوں**۔ (ا-مثل) میں نے تمہارے جیسے بہت دیکھے ہیں اور تم سے زیادہ چالاک ہوں۔
**تم بھی کیا ہو**۔ (ا-محاورہ) عجیب آدمی ہو۔
**تم بھی کہو گے کہ ہمیں چرخہ لے دو**۔ (ا-مثل) بے وقوفی کی بات کرنے پر کہتے ہیں۔
**تم پوچھنے والے کون**۔ (ا-محاورہ) دخل در معقولات کرنے والے کو کہتے ہیں۔
**تم تو مجھے چھیڑ ہو گئے**۔ (مثل) دوسرے کو کسی بات کے لیے جو اس کے خیال میں بھی نہ ہو، اُکسانے کی غرض سے کہتے ہیں۔



Marfat.com

**تم جانو تمہارا کام جانے** ۔ (مثل) جو چاہو کرو۔ میں دخل نہیں دینے کا۔

**تم ڈال ڈال میں پات پات** ۔ (ا ۔ مثل) میں تم سے زیادہ چالاک ہوں۔

**تم روٹھے ہم چھوٹے** ۔ (ا ۔ مثل) ناخوشی سے بے پروائی کے موقع پر کہتے ہیں۔ تم ناراض ہو تو ہمیں بھی پروا نہیں۔

**تم سے اللہ کی پناہ** ۔ (ا ۔ مثل) تمہاری شرارتوں سے خدا محفوظ رکھے!

**تم سے پھرے تو خدا سے پھرے** ۔ (مثل) تم سے برگشتہ ہونا خدا کے خلاف ہو جانے کے برابر ہے۔

**تم کاٹو میری ناک اور کان ۔ میں نہ چھوڑوں اپنی بان** (ا ۔ مثل) ضدی عورت کے متعلق کہتے ہیں کہ چاہے تم جو سزا دو، میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی۔

**تم کس کھیت کی مولی (کے بتھوے) ہو** ۔ (ا ۔ مثل) تمہاری کیا حیثیت ہے۔ بالکل بے حقیقت اور بے حیثیت ہو۔

**تم کو قسم ہے** ۔ (روزمرہ) دوسرے سے کوئی بات کرانے یا کسی بات سے روکنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**تم کہیں اور ہم کہیں** ۔ (ا ۔ مثل) علیحدہ ہو جائیں گے۔ پھر ملنے کا موقع نہیں ملے گا۔

**تم کیا ہو** ۔ (روزمرہ) بے حقیقت ہو۔ کچھ بھی نہیں۔

**تم نے اُڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں** ۔ (مثل) ہم تم سے زیادہ چالاک ہیں۔ تمہاری چالیں سمجھتے ہیں۔ ہم سے تم چالیں نہیں چل سکتے۔

**تم نے کہا اور (میں) ہم نے مان لیا** ۔ (مثل) تمہارا کوئی اعتبار نہیں

**تم ہمیں بلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے ۔ تم ہمارے گھر آؤ گے تو کیا لاؤ گے** (مثل) ہر حال میں اپنے ہی فائدے کی سوچنا۔ خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔

**تم ہو کس لائق** ۔ (ا ۔ مثل) تمہاری کیا مجال۔ تمہاری حیثیت کیا ہے۔

**دم ہی تم ہو** ۔ (ا ۔ مقولہ) تمہارا بڑا رسوخ ہے۔ تم سب کچھ ہو۔

**تماثُل** ۔ (تَ ۔ ما ۔ ثُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) برابر ہونا (۲) مشابہ ہونا ۔ مانند ہونا۔

**تماثیل** ۔ (تَ ۔ ما ۔ ثیل) [ع ۔ ا ۔ مذ] تمثال کی جمع (۱) تصویریں ۔ مورتیں (۲) فرمان شاہی۔

**تماچا ۔ تماچہ** ۔ (تَ ۔ ما ۔ چا ؛ تَ ۔ ما ۔ چَہ) [اُ ۔ ا ۔ مذ] طمانچہ ۔ تھپڑ۔

**تماچا اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تھپڑ مارنے کا قصد کرنا۔

**تماچا مارے منہ لال رکھتے ہیں** ۔ (مثل) (۱) جن کو نقصان پہنچایا گیا ہو وہ کبھی نہیں بولتے (۲) ان لوگوں کے متعلق بھی کہتے ہیں، جو غربت میں آبرو بنائے رکھتے ہیں۔

**تماخو** ۔ (تَ ۔ ما ۔ خُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] تمباکو ۔ تماکو۔

**تمادِی** ۔ (تَ ۔ ما ۔ دِی) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مدت ۔ عرصہ (۲) بہت وقت عرصۂ دراز (۳) قانون میں میعاد جس کے گزرنے کے بعد دیوانی نالش کا اختیار نہ رہے ۔ حد سماعت مقدمہ دیوانی۔

**تمادی عارض ہونا** ۔ اتنی مدت گزر جانا کہ دعویٰ دائر کرنے کا حق نہ رہے۔

**تمارُض** ۔ (تَ ۔ ما ۔ رُض) [ع ۔ ا ۔ مذ] بیماری کا بہانہ کرنا ۔ بیمار بننا۔

**تمازت** ۔ (تَ ۔ ما ۔ زَت) [ع ۔ ا ۔ مث] گرمی ۔ شدت کی گرمی۔

**تمازت آفتاب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] سورج کی گرمی۔

**تماشا** ۔ (تَ ۔ ما ۔ شا) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) باہم مل کر پیدل چلنا (۲) سیر ۔ تفریح (۳) دید ۔ نظارہ (۴) مزہ ۔ لطف (۵) کھیل (۶) مجمع ۔ ہجوم (۷) ہنگامہ (۸) مذاق ۔ ٹھٹھا (۹) عجیب بات (۱۰) نمائش ۔ دکھاوا (۱۱) سوانگ ۔ ناٹک ۔ کرتب ۔ میلا۔

**تماشا بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہنسی اڑانا ۔ مذاق اڑانا (۲) سوانگ بنانا ۔ نقل کرنا۔

**تماشا بن جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایسا ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں ۔ قابل تضحیک ہو جانا۔

**تماشا بیں** ۔ [ف ۔ صف] تماشا دیکھنے والا۔

**تماشا خانم** ۔ (ا ۔ مث) مسخری عورت ۔ انوکھی عورت ۔ عجیب قسم کی عورت۔

**تماشا خانہ ۔ تماشا کدہ ۔ تماشا گاہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) تماشے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں بیٹھ کر تماشا دیکھیں ۔ وہ مقام جہاں تماشا ہو ۔ ناچ گھر ۔ تھیٹر ۔ اکھاڑا ۔ نقل خانہ (۲) سیر گاہ ۔ منظر۔

**تماشا دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سیر دکھانا ۔ بہار دکھانا (۲) سزا دینا ۔ مارنا (۳) سر پیٹنا۔

**تماشا دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سیر دیکھنا ۔ لطف دیکھنا (۲) ناٹک وغیرہ دیکھنا (۳) سزا پانا ۔ مزہ چکھنا (۴) نظارہ دیکھنا۔

**تماشا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ناٹک کرنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ کرتب دکھانا۔

**تماشا کناں** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] تماشا دیکھتا ہوا ۔ سیر کرتا ہوا۔

**تماشا گاہِ عالم** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] دُنیا۔

**تماشا گر** ۔ (۱) تماشا کرنے والا (۲) تماشا دیکھنے والا۔

**تماشا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) انوکھی یا عجیب بات ہونا (۲) ناٹک وغیرہ ہونا (۳) مزہ ہونا ۔ لطف ہونا (۴) مسخرہ ہونا ۔ انوکھا بننا۔

**تماشے تماشے کے چالے کرنا** ۔ (ق ۔ محاورہ) طرح طرح کی چالیں چلنا۔

**تماشے کا** ۔ (ا ۔ مث) عجیب ۔ انوکھا۔

**تماشے کی بات** ۔ (ا ۔ مث) عجیب یا انوکھی بات۔

**تماشے کی باتیں** ۔ (ا ۔ مث) بچے کی ایسی باتیں ۔ جن سے جی خوش ہو۔

**تماشائی** ۔ (تَ ۔ ما ۔ شا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مذ] تماشا دیکھنے والا۔

**تماش بیں** ۔ (تَ ۔ ماش ۔ بِین) [ف ۔ صف] (۱) تماشا دیکھنے والا ۔ تماشائی (۲) عیاش ۔ بدکار ۔ رنڈی باز ۔ جمع ؛ تماش بیناں۔

**تماش بینی** ۔ (تَ ۔ ماش ۔ بی ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مذ] عیاشی ۔ بدکاری ۔ رنڈی بازی۔

**تماکو** ۔ (تَ ۔ ما ۔ کُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) تمباکو (۲) پان کے ساتھ کھانے والا تمباکو ۔ زردہ۔

**تمام** ۔ (تَ ۔ مام) [ع ۔ صف] (۱) کُل ۔ سب (۲) مکمل ۔ ختم ۔ تیار (۳) کامل ۔ خالص ۔ پورا (۴) آخر ۔ اخیر ۔ خاتمہ۔

**تمام تر** ۔ [ف ۔ صف] (۱) مکمل طور پر (۲) مطلق ۔ محض ۔ بالکل۔



Marfat.com

**تمام شُد** ۔ ختم ہوگیا۔ عموماً کتاب کے خاتمے پر لکھتے ہیں۔
**تمام عیار** ۔ (ع۔ صف) (۱) خالص۔ بے میل۔ جو کسوٹی پر پورا اُترے۔ (۲) مکّار۔
**تمام کرنا** ۔ (مص۔ مرکب) (۱) ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مکمل کرنا (۲) مار ڈالنا۔
**تمام و کمال** ۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) مکمل۔ کُل۔ سب کا سب۔ پورے طور سے (۲) کھول کے۔ پوست کندہ۔ واضح طور پر۔
**تمام (ہوجانا) ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پورا ہونا۔ آخر ہونا (۲) مرجانا۔ (۳) خرچ ہوجانا (۴) بجھنا۔ ٹھنڈا ہونا۔
**تمامی** ۔ (ت۔ ما۔ می) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تکمیل (۲) کمال (۳) انجام۔ آخر۔ خاتمہ (۴) کُل۔ تمام (۵) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔
**تمانا** ۔ (ت۔ ما۔ نا) (ہ۔ مص) گیلا کرنا۔ نم دینا۔
**تُمانا** ۔ (تُ۔ ما۔ نا) (ہ۔ مص) رُوئی یا اُون کو صاف کرانا۔ پنجوانا۔
**تمائی** ۔ (تُ۔ ما۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) روئی صاف کرنے کی مزدوری۔
**تمباکو** ۔ (تم۔ با۔ کو) (ا۔ ا۔ مذ) مشہور پودا جس کے پتے حُقّے میں پیتے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں۔
**تُمبالو** ۔ (تُم۔ با۔ لُو) (ق۔ ا۔ مذ) لوٹا۔ جھجری۔
**تمبو** ۔ (تم۔ بُو) (ہ۔ ا۔ مذ) خیمہ۔ شامیانہ۔
**تمبول** ۔ (تم۔ بول) (ف۔ ا۔ مذ) پان۔ دیکھیے تنبول۔
**تمبولا** ۔ (Tombola) تم۔ بو۔ لا) (انگ۔ ا۔ مذ) مغربی طرز کا جوا۔ لاٹری۔
**تمّت** ۔ (تم۔ مت) (ع) ختم ہوئی۔ پوری ہوئی۔
**تمتّع** ۔ (تَ۔ مت۔ تع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فائدہ حاصل کرنا (۲) پھل پانا (۳) استعمال کرنا (۴) فائدہ۔ نفع۔
**تمتّعاتِ دُنیوی** ۔ (تَ۔ مت۔ تُ۔ عا۔ تِ۔ دُن۔ یَ۔ وی) (ع۔ اسنا) دنیا کے فائدے۔
**تمتماٹ** ۔ (تم۔ تماٹ) (ق۔ ا۔ مذ) ہنگامہ۔ چہل۔
**تمتمانا** ۔ (تم۔ تَ۔ ما۔ نا) (ق۔ مص) (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سرخ ہوجانا (۲) چمکنا۔ جگمگانا (۳) گرم ہونا۔
**تمتماہٹ** ۔ (تم۔ تَ۔ ما۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گرمی یا بخار کی وجہ سے چہرے کی سُرخی (۲) چمک دمک (۳) گرمی۔ حرارت۔
**تِمثال** ۔ (تِم۔ ثال) (ع۔ ا۔ مث) (۱) پیکر۔ صورت (۲) فرمانِ شاہی۔ جمع : تماثیل۔
**تمثال گر** ۔ (ع۔ ف۔ صف) مصوّر۔ نقاش۔
**تمثّل** ۔ (تَ۔ مَث۔ ثُل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مشابہ یا مطابق ہونا (۲) مثال دینا۔ ضرب المثل کہنا۔ تشبیہ دینا۔
**تمثیل** ۔ (تم۔ ثیل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) تشبیہ دینا۔ مشابہ کرنا (۲) تشبیہ۔ مثال نظیر (۳) مشابہت۔ مطابقت (۴) ڈراما۔ جمع : تمثیلات۔
**تمثیلاً** ۔ (تم۔ ثی۔ لَن) (ع) مثال کے طور پر۔ تشبیہ کے طور پر۔
**تمثیلچہ** ۔ (ع۔ ف۔ مذ) تمثیل کی تصغیر۔ مختصر ڈراما۔ چھوٹا ڈراما۔
**تمجید** ۔ (تم۔ جید) (ع۔ ا۔ مث) بزرگی کرنا۔ خدا کی بزرگی کی تعریف کرنا۔
**تمحیص** ۔ (ع۔ ا۔ مث) کم کرنا۔ پاک کرنا (۲) جانچ۔ بحث۔

**تمدّد** ۔ (تَ۔ مد۔ دُد) (ع۔ ا۔ مذ) کشیدگی۔ کھچاؤ۔ رنجش۔
**تمدّن** ۔ (تَ۔ مد۔ دُن) (ع۔ ا۔ مذ) مل کے رہنے کا طریقہ۔ طرزِ معاشرت۔
**تمر** ۔ (تَ۔ مَر) (ع۔ ا۔ مذ) کھجور۔
**تمرِ ہندی** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اِملی (۲) اِملی کا درخت۔
**تمرّد** ۔ (تَ۔ مَر۔ رُد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سرکشی۔ بغاوت (۲) گستاخی۔ نافرمانی۔
**تمرین** ۔ (تم۔ رین) (ع۔ ا۔ مث) عادت ڈالنا۔ خوگر کرنا (۲) مشق۔
**تمسخر** ۔ (تَ۔ مَس۔ خُر) (ع۔ ا۔ مذ) مسخرہ پن۔ ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹول۔ چھلی۔
**تمسّک** ۔ (تَ۔ مَس۔ سُک) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گرفت۔ پکڑ (۲) اقرار نامہ۔ وہ تحریر جو قرض کی سند میں قرض دار، قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے۔
**تمسّکِ مناطِ دعویٰ** ۔ وہ تمسّک جس پر دعوے کی بنیاد ہو۔
**تمغا** ۔ (تم۔ غا) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) سونے چاندی وغیرہ پر مُہر (۲) مُہر سلطانی۔ (۳) نشان۔ مُہر (۴) نشان جو جانوروں پر لگائے جاتے ہیں (۵) تجارتی نشان (۶) سند۔ معافی کی سند (۷) معافی یا انعامی زمین (۸) سونے اور چاندی کا بنا ہوا نشان، جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے (۹) سکّہ۔ ٹھپا (۱۰) نشان علامت (۱۱) محصول چنگی (۱۲) ڈپلوما۔ نشان، جو حاکم، یونیورسٹی یا کالج وغیرہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔
**تمغا بجھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سکہ بٹھانا۔ رُعب جمانا۔
**تمکّن** ۔ (تَ۔ مک۔ کُن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) طاقت رکھنا۔ اختیار رکھنا۔ قابو میں رکھنا (۲) طاقت۔ اختیار۔ قابو۔
**تمکنت** ۔ (تم۔ کَ۔ نَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) قدرت۔ اختیار۔ حکومت زور (۲) غرور۔ گھمنڈ (۳) شان و شوکت۔
**تمکین** ۔ (تم۔ کین) (ع۔ ا۔ مث) (۱) طاقت۔ زور (۲) مرتبہ۔ رتبہ (۳) وقار۔ عزت۔
**تملّق** ۔ (تَ۔ مَل۔ لُق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) خوشامد۔ چاپلوسی۔ تو تو
**تملیک** ۔ (تم۔ لیک) (ع۔ ا۔ مث) کسی کو کسی چیز کا مالک کردینا۔
**تملیک نامہ** ۔ مالک بنانے کی تحریر۔ وصیت نامے کے سوا ہر تحریر جس کے ذریعے کسی کو منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو۔
**تُمن** ۔ (تُ۔ مَن) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) تومان کا مخفف۔ دس ہزار (۲) رسالہ۔ پلٹن (۳) سو سواروں کا دستہ (۴) ایک طلائی سکّہ جو ساڑھے چار روپے کے برابر ہوتا تھا۔
**تُمن باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) فوج جمع کرنا۔
**تُمن دار** ۔ (ت۔ ف۔ صف) رسالدار۔ رسالے کا کمان دار۔
**تُمن داری** ۔ (ت۔ ف۔ ا۔ مث) رسالے کی کمان۔ رسالداری۔
**تمنّا** ۔ (تَ۔ مَن۔ نا) (ع۔ ا۔ مث) خواہش۔ آرزو۔ شوق۔ اشتیاق۔ درخواست۔ ارمان۔
**تمنّائے دل بر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل کی خواہش پوری ہونا۔
**تمنچہ** ۔ (تَ۔ مَن۔ چہ) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ دیکھیے طپنچہ (۲) چھکانہ۔ چھوٹا سا مشرق۔
**تموّج** ۔ (تَ۔ مَو۔ وُج) (ع۔ ا۔ مذ) پانی کا موجیں مارنا۔ لہریں اُٹھنا۔ پانی کا جوش و خروش۔



Marfat.com

**تَمُّوج ہوا**۔ (ع - ا - صف) ہوا کا زور۔

**تَمُوز**۔ (تَ - مُوز) (ع - ا - مذ) (۱) شامیوں کا ایک مہینہ۔ جو جولائی یا اساڑھ کے مطابق ہوتا ہے (۲) (مجازاً) گرمی کی شدت۔

**تَمَوُّل**۔ (تَ - مَوْ - وُل) (ع - ا - مذ) دولت مندی۔ مال داری۔

**تُمہارا**۔ (تُ - مہا - را) (ہ - ض) تم سب کا۔ آپ کا۔

**تمہارا سر۔ تمہارا کلیجہ**۔ (کلمۂ تنفر ہے) جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں کہا جاتا ہے۔

**تمہارا مال سو ہمارا مال ہمارا مال سو ہیں ہیں**۔ (ا - مثل) خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو دوسروں کا مال تو لے لے اور اپنا مال دینا ہو تو ہنس کر ٹال دے۔

**تمہارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں**۔ (ا - محاورہ) تمہیں کچھ خبر ہی نہیں۔

**تمہارے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا ادھار**۔ (ا - مثل) تمہاری ذرا سی مدد ہمارے لیے بہت ہے۔

**تمہارے مُنہ میں خاک**۔ (ا - روزمرہ) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کسی کا بُرا چاہے۔

**تمہارے مرے دیس خاک۔ ہمارے مرے دیس پاک**۔ (مثل) فروتنی اور عاجزی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

**تمہارے مُنہ میں گھی شکر**۔ (ا - مثل) کوئی حسب خواہش بات کرے تو کہتے ہیں۔

**تمہاری**۔ (تُ - مہا - ری) (ہ - ض) تم سب کی۔ آپ کی۔

**تمہاری ایڑی میں کیا لگا ہے**۔ (ا - مقولہ) نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کہتی ہیں۔

**تمہاری بات نہ اٹھائی جائے نہ دھری جائے**۔ (ا - مثل) تمہاری بات کا کوئی بھروسہ نہیں۔

**تمہاری یہ راہ۔ ہماری وہ راہ**۔ (ا - مثل) (۱) ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں (۲) ہمیں تمہاری کوئی پروا نہیں۔

**تَمہِید**۔ (تَم - ہید) (ع - ا - مث) (۱) کسی مضمون کی اٹھان۔ کسی بات کا آغاز۔ کسی معاملے کی تقریب۔ کسی مضمون کا عنوان (۲) دیباچہ۔ مقدمہ۔ خطبۂ کتاب۔
جمع : تمہیدات۔

**تَمہِید اُٹھانا**۔ (ا - محاورہ) کسی مضمون یا کسی بات کا عنوان شروع کرنا۔

**تَمہِید کرنا**۔ (ا - محاورہ) کسی بات کا پیش کرنا۔ کسی معاملے کی تقریب کرنا۔

**تَمہِیدیں باندھنا**۔ فضول باتیں پیش کرنا۔ بے معنی مقدمات پیش کرنا۔

**تَمہِیدی**۔ (تَم - ہی - دی) (ع - ف - صف) شروع کا۔ ابتدائی۔

**تمیز**۔ (تَ - میز) (ع - ا - مث) تمییز کا مخفف۔ (۱) شناخت۔ جانچ۔ پہچان۔ (۲) فرق۔ تفاوت۔ امتیاز (۳) عقل۔ ہوش۔ دانش (۴) ادب۔ قاعدہ۔ اہلیت (۵) عقل سلیم (۶) علم نحو میں جو لفظ یا الفاظ کسی اسم یا فقرے سے شک یا ابہام رفع کریں۔

**تمیز دار**۔ ذی شعور۔ لائق۔ ہوشیار۔ باتہذیب۔

## ت ــــ ن

**تَن**۔ (ف - ا - مذ) (۱) جسم۔ پنڈا (۲) شخص۔ آدمی۔ فرد۔

**تن آسان**۔ (ف - صف) آرام طلب۔ تن پرور۔

**تن آسانی**۔ (ف - امث) آرام طلبی۔ بدن کو تکلیف سے بچانا۔

**تن اُجلا من سانولا بگلے کا سا بھیک
توسے تو کا گا بھلا جو اندر باہر ایک** (مثل) ریاکاروں پر طنز ہے۔ ریاکار۔ بگلے کی طرح ہے۔ ظاہر میں تو سفید اور عکست نما۔ مگر ہر وقت مچھلی پکڑنے کے لیے تیار۔ ریاکار سے کوا اچھا۔ جو اندر باہر سے کالا ہے۔ یعنی اس شخص سے جس کا اندر باہر ایک سا نہ ہو۔ وہ اچھا ہے۔ جو اندر باہر سے بُرا ہو۔

**تن بدن**۔ (ف - ا - مذ) سارا بدن۔ تمام بدن۔

**تن بدن اولا ہو جانا**۔ (ا - محاورہ) بدن ٹھنڈا ہو جانا۔ جسم سرد ہو جانا۔

**تن بدن پھونک دینا**۔ (ا - محاورہ) جلا دینا۔ جلن پیدا کر دینا۔ بخار کی حالت پیدا کر دینا۔

**تن بدن ڈھانک لینا**۔ (ا - محاورہ) کپڑے پہن لینا۔ ستر پوشی کرنا۔

**تن بدن کا ہوش نہ ہونا**۔ (ا - محاورہ) (۱) اپنے آپ سے بے خبر ہونا۔ مدہوش ہونا (۲) پاگل اور دیوانہ ہونا۔

**تن بدن کی خبر نہ رہنا**۔ (ا - محاورہ) محو ہو جانا۔ بے خبر ہو جانا۔

**تن بدن میں آگ (پھنکنا) لگنا**۔ (ا - محاورہ) سخت غصہ آنا۔

**تن بدن میں جان نہیں۔ نام زور آور خاں**۔ (مثل) ناموزوں بات۔ طاقت ہونی چاہیئے۔ نام کا کیا فائدہ۔

**تن بہ تقدیر**۔ اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔ جب تدبیر کچھ بن نہ پڑے تو کہتے ہیں۔

**تن بے جان**۔ (ف - ا - صف) مردہ۔ لاش۔ نعش۔

**تن بے جان میں جان آنا**۔ (ا - محاورہ) نئے سرے سے زندگی پیدا ہونا۔

**تن پتلا ہے خاک کا اسے دیکھ مت بھول
ایک دن ایسا ہوئے گا ملے دھول میں دھول** (مثل) ہر ایک کو مرنا ہے اس بات کو کبھی نہیں بھولنا چاہیئے۔

**تن پرست**۔ (ف - صف) جو ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہے۔

**تن پرستی**۔ (ف - ا - مث) ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنا۔

**تن پرور**۔ (ف - صف) تن کو پالنے والا۔ کھانے پینے میں مشغول رہنے والا۔

**تن پروری**۔ (ف - ا - مث) (۱) آرام طلبی۔ عیش پرستی (۲) خود غرضی۔

**تن پہ نہیں لتا مسّی ملے البتہ**۔ (ا - مثل) مفلسی میں آرائش کا خیال ہے۔

**تن پھنکنا**۔ (ا - محاورہ) بدن جلنا۔ بخار ہونا۔

**تن پیٹ کا مزہ**۔ (ا - مذ) اچھا پہننے اور کھانے کا مزہ۔

**تن پیٹ کہاں رکھ کر آئیں**۔ (ا - مثل) کھانے پینے کا خرچ مزدوری ہے۔ کوئی مفت خدمت لے تو کہتے ہیں۔

**تن تاجا (تازہ) قلندر راجہ**۔ (مثل) پیٹ بھرا ہوا ہو، تو قلندر بھی راجہ ہے۔ تن پرور کی نسبت کہتے ہیں۔

**تن تکیہ من بسرام
جہاں پڑ رہے وہاں آرام** (مثل) قانع شخص کے لیے ہر جگہ آرام ہے۔

**تن تنہا**۔ (ف - صف) اکیلا۔ تنہا۔

**تن درست**۔ (ف - صف) بھلا چنگا۔ صحیح و سالم۔ صحت مند۔ جسے کوئی



Marfat.com

بیماری نہ ہو۔

**تندرستی** - (ف - ا - مث) صحت - سلامتی - خیریت - طبیعت کی درستی - آرام - چین - عافیت

**تندرستی ہزار نعمت ہے** - (ا مقولہ) صحت سے بہتر کوئی چیز نہیں۔

**تن دہی** - (ف - ا - مث) (۱) سعی - کوشش (۲) محنت - جانفشانی - جفاکشی۔

**تن دے - من لے** - (مثل) محنت کر اور کما۔

**تن ڈھانکنا** - (ا - محاورہ) ستر پوشی کرنا۔

**تن زیب** - (ا - مذ) (۱) ایک قسم کا کپڑا جو نین سکھ سے زیادہ باریک ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی صدری - جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔

**تن سکھی تو من سکھی** - (مثل) بدن کو آرام ہو - یعنی صحت اچھی ہو اور کھانا اچھا ملے تو دل بھی خوش رہتا ہے۔

**تن سکھی تو چین ہے**
**نا تو دن دکھ رین ہے** } (مثل) اگر صحت ہو تو زندگی آرام سے گزرتی ہے ورنہ ہر وقت انسان تکلیف میں رہتا ہے۔

**تن سیتل ہو سیت سول**
**من سیتل ہو میت سول** } (مثل) دودھ بدن کو خوش کرتا ہے اور دوست دل کو۔

**تن سے لگنا** - (ا - محاورہ) (۱) فکر ہونا - خیال ہونا (۲) دل پر اثر ہونا۔

**تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی** - (مثل) بہت غریب ہے۔

**تن کو لگنا** - جزوِ بدن ہونا۔

**تن کی تپت بجھانا** - (ا - محاورہ) بھوکے کو کھانا کھلانا۔

**تن کی سُدھ نہ رہنا** - (ا - محاورہ) ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔

**تن گھلنا** - (ا - محاورہ) جسم لاغر یا دُبلا ہونا۔

**تن من** - (ف - ہ - مذ) جسم و جان - روح و قالب۔

**تن من ہیں ایک ہونا** - (ا - محاورہ) بہت دوست ہونا - بڑا یارانہ ہونا۔

**تن من بھر جانا** - (ا - محاورہ) (۱) سیری ہو جانا - دل بھر جانا (۲) خوش ہو جانا۔

**تن من دھن وارنا** - ہر چیز فدا کرنا - بدن - جان اور دولت نثار کر دینا۔

**تن من سے** - دل و جان سے - پوری کوشش سے۔

**تن من کی سُدھ بُدھ نہ رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) بدحواس ہو جانا - گھبرا جانا (۲) مدہوش ہو جانا - پاگل ہو جانا۔

**تن من مارنا** - (ا - محاورہ) (۱) جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا۔

**تن من میں پھولے نہ سمانا** - (ا - محاورہ) بہت خوشیاں منانا۔

**تن من میں جان آنا** - (ا - محاورہ) (۱) ہوش و حواس درست ہونا (۲) فرحت ہونا - تازگی ہونا۔

**تن و توش** - (ا - مذ) بدن اور توانائی - قوت۔

**تن و توش کا آدمی** - (ا صف) فربہ اور طاقتور شخص - مضبوط بدن کا آدمی۔

**تِن** - (ہ - ا - مث) گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔

**تُن** - (ہ - ا - مذ) (۱) ایک درخت - جس کی لکڑی سُرخ ہوتی ہے اور اس سے فرنیچر بناتے ہیں (۲) تُن کا پھول - جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں۔

**تنا** - (تَ - نا) (ہ - ا - مذ) درخت کی جڑ سے اوپر کی شاخیں نکلنے تک کا حصہ۔

**تنا - تننا** - (تَن - نا) (ہ - مص) (۱) کھینچنا (۲) سیدھا ہو کر بیٹھنا (۳) پھیلنا - دراز ہونا (۴) پھولنا (۵) اینٹھنا (۶) گھمنڈ کرنا (۷) سینہ اُبھارنا (۸) روٹھنا۔

**تنا با** - (تَ - نا - با) (ہ - ا - مذ) (۱) جوانی - شباب (۲) جوشِ جوانی - غرورِ جوانی۔

**تناتنی** - (تَ - نا - تَ - نی) (ہ - ا - مث) اَن بن - کشیدگی۔

**تنا خوری** - (ق - ا - مث) تنہائی - تنہا خوری۔

**تنارِیری** - (تَ - نا - رِی - رِی) (ہ - مث) (۱) چند معین کلمے جو گویے گانا سیکھنے میں استعمال کرتے ہیں (۲) جھگڑا (۳) بے وقت کا گانا۔

**تناریری (لگا رکھنا) لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) بے وقت کا راگ گانا (۲) جھگڑا لگانا

**تنازُع** - (تَ - نا - زُع) (ہ - امذ) (۱) جھگڑا - جھگڑا کرنا (۲) جھگڑا - فساد - تکرار (۳) رنجش - نفاق - عداوت - بغض۔ جمع : تنازعات۔

**تنازع للبقا** - (ع - ا - مذ) زندگی کی دوڑ دھوپ - کشمکشِ حیات۔

**تنازعہ** - (تَ - نا - زِ - عہ) (ع - ا - مذ) عوام تنازع کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

**تناسُب** - (تَ - نا - سُب) (ع - ا - مذ) (۱) باہم نسبت رکھنا (۲) باہمی تعلق - موافقت - مطابقت - حساب میں دو نسبتوں کا برابر ہونا۔

**تناسبِ اعضاء** - اعضاء کا اپنے اپنے موقع اور اندازے سے ایک دوسرے کے مناسب ہونا۔

**تناسُخ** - (تَ - نا - سُخ) (ع - ا - مذ) (۱) ایک صورت سے دوسری صورت اختیار کرنا - رُوح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۲) اواگون۔

**تناسُل** - (تَ - نا - سُل) (ع - ا - مذ) نسل پیدا کرنا یا بڑھانا - اولاد پیدا کرنا۔

**تناظر** - (ع - ا - مذ) باہم دیکھنا - منظر - حالت (۲) تناسب - نسبت۔ (Perspective) (انگ)

**تنافُر** - (تَ - نا - فُر) (ع - ا - مذ) (۱) نفرت کرنا - بھاگنا (۲) علمِ معانی میں الفاظ کا جمع کرنا۔

**تنافس** - (ع - ا - مذ) سانس لینا - باہم فخر کرنا (۲) کسی چیز کی رغبت کرنا اور اس کے حصول میں مقابلہ کرنا۔

**تناقُض** - (تَ - نا - قُض) (ع - ا - مذ) (۱) ایک دوسرے کی ضد یا مخالف ہونا۔

**تناور** - (تَ - نا - وَر) (ف - صف) (۱) موٹا - فربہ (۲) مضبوط - قوی - طاقت ور (۳) کوئی عظیم الجثہ چیز۔

**تناوُل** - (تَ - نا - وُل) (ع - ا - مذ) کھانا کھانا۔

**تناول فرمانا** - (ا - محاورہ) کھانا نوش فرمانا - طعام کھانا۔

**تنانا** - (تَن - نا - نا) (ہ - مص) (۱) پھیلنا (۲) سیدھا ہونا - کھڑا ہونا (۳) ساز کے تار کا آواز دینا (۴) زخم کا پھٹا پڑنا (۵) جھنجھنانا - سنسنانا۔

**تناہٹ** - (تَن - نا - ہٹ) (ہ - ا - مث) وہ کھنچاؤ جو ورم کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**تنا ہونا** - (تَ - نا - ہو - نا) (ہ - مص) (۱) کھنچا ہونا (۲) اکڑا ہونا (۳) ضد پر ہونا۔

**تناؤ** - (تَ - نا - اؤ) (ہ - ا - مذ) کھنچاؤ - کسی چیز کی کھینچنے کی قوت۔

**تنبا** - (تُم - با) (ہ - ا - مذ) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا پاجامہ - غرارے دار پاجامہ۔

**تنباکو** - (تَم - با - کُو) (ہ - ا - مذ) تمباکو۔

**تنباکو کا ہاتھی** - عورتوں کا ایک ٹوٹکا جو بچہ اتارنے کے لیے کرتی ہیں - تنباکو کا ہاتھی بنا کر سرہانے رکھتی ہیں اور پانی اور انگارے وارتی ہیں۔

**تنبو** - (تَم - بُو) (ہ - ا - مذ) خیمہ - شامیانہ۔

**تنبور - تنبورا - تنبورہ** - (تَم - بُور) (تَم - بُورا) (تَم - بُورہ) (ف - ا - مذ) ایک قسم کا



Marfat.com

باجا جس میں ستار کی طرح تین تار لگے ہوتے ہیں۔

**تنبورچی** - (تَم - بُو - رچی) [اُر - ا - مذ] تنبور بجانے والا۔

**تنبول** - (تَم - بول) [ہ - ا - مذ] (۱) پان (۲) بیاہ شادی کی ایک رسم جس میں نیوتے کے طریق پر عزیز و اقارب اور دوست احباب حسبِ مقدور نقدی دیتے ہیں۔

**تنبول آنا** - (ا - محاورہ) لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔

**تنبول (بانٹنا) دینا** - (ا - محاورہ) دیہاتی ہندوؤں میں بھانجے یا بھانجی کی شادی کے بعد رخصت ہوتے وقت بہن کی رشتے دار عورتوں کو نقدی دینا۔

**تنبول پینا** - (ا - محاورہ) پان کا عرق پینا۔

**تنبولن** - (تَم - بو - لَن) [ہ - ا - مث] تنبولن۔ پان بیچنے والی عورت۔

**تنبولی** - (تَم - بو - لی) [ہ - ا - مذ] پان بیچنے والا۔ پنواڑی۔

**تنبیہ** - (تَ - نَب - بِہ) [ع - ا - مذ] (۱) نصیحت۔ عبرت (۲) دھمکی۔ تنبیہہ۔ آگاہی۔ خبرداری۔

**تنبیانا۔ تنبیا جانا** - (تَنب - یا - نا) (تَنب - یا - جا - نا) [ہ - مص] (۱) تانبے کا رنگ ہو جانا (۲) تانبے کے برتن میں رکھے ہوئے کھانے میں تانبے کا مزہ ہو جانا (۳) غدار ہوا سے گوٹا کناری کا رنگ تانبے کا سا ہو جانا۔

**تنبیلا** - (تَن - بی - لا) [ہ - صف] (۱) تانبے کے رنگ کا (۲) چہرے کا رنگ، جو گرمی سے سُرخی مائل ہو جائے (۳) گندمی (۴) سُرخ رنگ کی گندم۔

**تنبیہہ** - (تَم - بیہہ) [ع - ا - مث] (۱) سرزنش۔ جھڑکی۔ فہمائش۔ ملامت (۲) نصیحت۔ پند۔ عبرت (۳) واقفیت۔ خبرداری۔ آگاہی (۴) تاکید۔

**تُن (پھُن) فُن** - (تُن - (پھُن) فُن) [ہ - ا - مث] (۱) اکڑفوں غصّے اور غرور کا انداز (۲) غصّے میں جلی کٹی باتیں کرنا۔

**تنت** - [ہ - ا - مذ] (۱) ٹھیک۔ صحیح۔ درست (۲) معین۔ مقرر (۳) بروقت۔ برمحل (۴) ہو بہو (۵) عین وقت (۶) ضروری حصّہ (۷) روح۔ جوہر (۸) تانت کا مخفف۔ تار دھاگا۔ ساز کا تار۔

**تنت کار** - مطرب۔ گویا۔ سازندہ۔

**تنت کے تنت** - عین وقت پر۔ کم فرصتی میں۔

**تنا توڑی** - (تَن - تا - تو - ڑی) [اُر - ا - مث] کسی کا کسی سے غصّے کے ساتھ علیٰحدگی چاہنا۔

**تنتر** - (تَن - تر) [ہ - ا - مذ] (۱) ایک شاستر (۲) منتر۔ جادو۔ ٹونا۔

**تنتر منتر** - مکر۔ فریب [ق]

**تنتری** - (تَن - تَ - ری) [ہ - ا - مذ] (۱) قوّال۔ گویا۔ مغنی (۲) ایک قسم کا باجا۔ جو جس میں تانبے لگے ہوتے ہیں۔

**تن تن** - (تَن - تَن) [ہ - ا - مث] ستار اور تنبور وغیرہ کی آواز۔

**تنتنا** - (تَن - تَ - نا) [ہ - ا - مذ] (۱) شان و شوکت۔ کرّوفر۔ دبدبہ۔ طمطراق۔ (۲) غصّہ۔ خفگی (۳) غرور۔ تکبّر۔ عزل میں طنطنہ ہے۔

**تنتنا پیشا۔ تنتنا توڑنا۔ تنتنا کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) فخر کرنا (۲) ناک بھوں چڑھانا۔

**تنتنے باز** - (ا - مذ) (۱) مغرور۔ متکبّر (۲) نازک مزاج۔ نازک دماغ۔

**تنتنانا** - (تَن - تَ - نا - نا) [ہ - مص] (۱) پھنپھنانا۔ غصّے میں ہونا۔ خفا ہونا۔ (۲) شور و غل ہونا۔ ہڑ ہونا۔ کھڑکنا۔ بجنا (۳) سنسنانا۔

**تُنتُنانا** - (تُن - تُ - نا - نا) [ہ - مص] آواز نکالنا۔ ستار یا سارنگ وغیرہ کے تار کو بجانا۔

**تنتناہٹ** - (تَن - تَ - نا - ہَٹ) [ہ - ا - مث] (۱) ورم۔ سوجن (۲) سوزش درد۔ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو۔ ٹپک۔ جلن۔

**تُنتُناہٹ** - (تُن - تُ - نا - ہَٹ) [ہ - ا - مث] تار بجنے کی آواز۔ تُن تُن۔

**تُنتُنی** - (تُن - تُ - نی) [ہ - ا - مث] (۱) ایک قسم کا تار والا ساز۔ دو تارا (۲) بچوں کا ایک کھلونا جس میں سارنگی کی مانند تار لگا ہوتا ہے۔

**تُنتُنی بجاتے میاں کھاتے شکر گھی نوکری کی ایسی تیسی اب کے بچے جی** - [مثل] بھکاریوں کو بہت آرام ہے مانگ کھاتے اور عیش اُڑاتے ہیں۔ نوکری میں دیر ہو جانے کا ڈر ہوتا ہے۔ بے فکروں کی نسبت کہتے ہیں۔

**تنتھا** - (تَن - تھا) [ہ - ا - مذ] طاقت۔ بل۔ زور۔ قوت۔

**تنٹماری** - (تَن - ٹَم - ما - ری) [ق - صف] جھگڑالو۔ فسادی۔

**تن جانا** - (تَن - جا - نا) [ہ - مص] (۱) کھنچ جانا (۲) ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔

**تنجیم** - (تَن - جیم) [ع - ا - مث] (۱) ستاروں کے ذریعے پیشین گوئی کرنا۔ ستارہ شناسی۔ علمِ نجوم (۲) ستاروں سے سعد و نحس بتانا۔

**تنخواہ** - (تَن - خواہ) [ف - ا - مث] (۱) درماہہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ۔ وظیفہ (۲) روپیہ جو ملازمت کے صلے میں دیا جائے۔

**تنخواہ جاری ہونا** - (ا - محاورہ) تنخواہ بحال ہونا۔ تنخواہ ملنے لگنا۔

**تنخواہ دار** - (ف - صف) تنخواہ پانے والا۔ ملازم۔ نوکر۔

**تنخواہ ذاتی** - ایک خاص رقم جو کسی عہدے دار کو علاوہ تنخواہ کے ملے۔

**تُند** - [ف - صف] (۱) تیز۔ جلا (۲) غضب ناک۔ غضیل (۳) سخت۔ شدید۔ پُرزور (۵) تلخ۔ کڑوا۔

**تُندخو** - (ف - صف) بدمزاج۔ بدخُو۔ چڑچڑا۔ جلد ناراض ہونے والا۔

**تُندخوئی** - (ف - مث) بدمزاجی۔ تیز مزاجی۔

**تُندرفتار** - (ف - صف) تیز رفتار۔ تیز قدم۔ تیز چلنے والا۔

**تُندزبان** - (ف - صف) جلد جلد بولنے والا۔

**تُندفہم** - (ف - صف) تیز فہم۔

**تُندمزاج** - (ف - صف) تیز مزاج۔ معمولی بات پر بھڑک اُٹھنے والا۔

**تُند ہونا** - (ا - محاورہ) تیز ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصّہ ہونا۔

**تندور** - (تَن - دُور) [اُر - ا - مذ] روٹی پکانے کی بھٹی۔ تنور۔

**تندور بھرنا (یا پاٹنا)** - (ا - محاورہ) پیٹ بھرنا۔ اچھا بُرا کھانا۔

**تندور جھونکنا** - (ا - محاورہ) تندور گرم کرنا (۲) تندور میں ایندھن ڈالنا۔

**تُندی** - (تُن - دی) [ف - ا - مث] (۱) تیزی (۲) چڑچڑاپن (۳) سختی۔ غصّہ (۴) بدمزاجی (۵) شہوت۔

**تندیل** - (تُن - دَیل) [اُر - صف] توند والا۔ بڑے پیٹ والا۔

**تندا** - (تَن - دا) [ق - ا - مذ] ہجوم۔ بھیڑ۔

Marfat.com

**تَنَڈْنا** - (تَن - ڈ - نا) (ق - مص) لڑنا - فساد کرنا۔
**تَنَزُّل** - (تَ - نَز - زُل) (ع - ا - مذ) (۱) زوال - گھٹاؤ - کمی - تخفیف - اُتار (۲) درجہ گھٹنا۔
**تَنَزُّہ** - (تَ - نَز - زُہ) (ع - ا - مذ) (۱) خالص ہونا - عیب سے پاک ہونا (۲) باعصمت ہونا (۳) سیر - تفریح (۴) خوشی - فرحت - جمع: تنزہات۔
**تَنْزِیل** - (تَن - زِیل) (ع - ا - مث) (۱) نازل کرنا - اُتارنا (۲) وحی - الہام (۵) قرآن مجید۔ جمع: تنزیلات۔
**تَنْزِیہہ** - (تَن - زِیہہ) (ع - ا - مث) (۱) بُری باتوں سے دُور رکھنا - عیب سے پاک کرنا - صاف کرنا (۲) پاکی - صفائی۔
**تَنْسِیخ** - (تَن - سِیخ) (ع - ا - مث) (۱) منسوخ کرنا - باطل کرنا (۲) منسوخی۔
**تَنَصُّر** - (تَ - نَص - صُر) (ع - ا - مذ) مذہب عیسوی اختیار کرنا۔
**تَنْصِیب** - (ع - ا - مث) جمانا - نصب کرنا - لگانا - مقرر کرنا۔
(انگ) (Installation) جمع: تنصیبات۔
**تَنْصِیف** - (تَن - صِیف) (ع - ا - مث) دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا - دو برابر حصے کرنا۔
**تَنْظِیم** - (تَن - ظِیم) (ع - ا - مث) (۱) شعر کہنا - نظم لکھنا (۲) موتی پرونا (۳) درستی کرنا - انتظام کرنا (۴) انتظام - بندوبست (۵) ترتیب (۶) منظم گروہ - جماعت - انجمن (۷) نظم و نسق (امور عامہ یا حکومت کا)
**تَنَعُّم** - (تَ - نَع - عُم) (ع - ا - مذ) (۱) نازو نعمت سے زندگی بسر کرنا (۲) عیش - آرام۔
**تَنْعِیم** - (تَن - عِیم) (ع - ا - مث) نازو نعمت میں پالنا - عیش و آرام سے رکھنا۔
**تَنَغُّص** - (تَ - نَغ - غُص) (ع - ا - مذ) طبیعت مکدر ہونا۔
**تَنَفُّر** - (تَ - نَف - فُر) (ع - ا - مذ) (۱) نفرت - بیزاری - کراہت - گھن۔
**تَنَفُّس** - (تَ - نَف - فُس) (ع - ا - مذ) سانس لینا - دم لینا۔
**تَنَفُّسی** - (تَ - نَف - فُ - سی) (ع - ف - صف) سانس سے متعلق۔
**تَنَقُّل** - (تَ - نَق - قُل) (ع - ا - مذ) نقل کرنا - تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
**تَنْقِیح** - (تَن - قِیح) (ع - ا - مث) (۱) کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا - خالص کرنا (۲) تفتیش - تحقیق (۳) جھگڑے کا فیصلہ کرنا (۴) قانون میں وہ سوال جو اُمور متنازعہ کو فیصلہ کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔
جمع: تنقیحات۔
**تَنْقِیحِ اُمور تصفیہ طلب** - فیصلہ طلب اُمور کی صفائی و وضاحت۔
**تَنْقِیح طلب** - جس میں تفتیش کی ضرورت ہو - فیصلہ ہونے والا۔
**تَنْقِید** - (تَن - قِید) (ع - ا - مث) (۱) جانچ - پرکھ - تمیز - ایسی جانچ جو اچھے بُرے - کھرے کھوٹے میں تمیز کرے (۲) تبصرہ - نقد - نکتہ چینی۔
**تَنْقِیص** - (تَن - قِیص) (ع - ا - مث) (۱) کم کرنا - گھٹانا (۲) نقصان - کمی (۳) اعتراض - نقص نکالنا۔
**تَنْقِیَہ** - (تَن - قِ - یَہ) (ع - ا - مذ) (۱) صاف کرنا - پاک کرنا (۲) فیصلہ مقدمات کا فیصلہ کرنا (۳) اناج کو بھوسے سے الگ کرنا (۴) آنتوں کو صاف کرنا - جلاب لینا۔
**تَنْقِیَہ دماغ** - (ع - ا - صف) دواؤں سے دماغ کو صاف کرنا۔

**تُنُک** - (تُ - نُک) (ہ - صف) (۱) تھوڑا - ذرا سا - چھوٹا۔
**تُنُک** - (تُ - نُک) (ف - صف) (۱) تھوڑا - چھوٹا - ذرا سا (۲) کمزور (۳) اوچھا - بے حقیقت۔
**تُنُک ظرف** - (ف - ع - صف) (۱) کم ظرف - کمینہ - کم حوصلہ - اوچھا (۲) پیٹ کا ہلکا، جسے بات نہ پچے۔
**تُنُک ظرفی** - (ف - ع - ا - مث) کم حوصلگی - چھچھورا پن۔
**تُنُک مایہ** - (ف - صف) بے حیثیت - تھوڑی پونجی والا۔
**تُنُک مزاج** - (ف - ع - صف) نازک مزاج - چڑچڑا - زُود رنج - تُند خُو - تیز مزاج۔
**تُنُک مزاجی** - (ف - ع - ا - مث) نازک مزاجی - تُند خوئی - زُود رنجی۔
**تِنکا** - (تِن - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) سوکھی گھاس کا ٹکڑا (۲) کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا (۳) (مجازاً) ذرا سی چیز (۴) ہلکا - برگِ کاہ۔
**تِنکا اُتارنا** - (ا - محاورہ) تھوڑا سا احسان کرنا۔
**تِنکا اُتارنا اور چھپّر رکھ دینا** - (مثل) تھوڑا سا احسان کرنا اور اس کے عوض میں بہت کچھ وصول کر لینا۔
**تِنکا اُتارنے کا احسان ماننا** - (مثل) ذرا سے احسان کو بہت ماننا۔
**تِنکا اِدھر اُدھر ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) ذرا سی بے ترتیبی ہونا (۲) تھوڑا سا نقصان ہونا۔
**تِنکا بھی پاس نہ رہنا** - (ا - محاورہ) بالکل مفلس ہو جانا - غریب ہو جانا - صفایا ہو جانا - کچھ باقی نہ رہنا۔
**تِنکا بھی نہ توڑ سکنا** - (ا - محاورہ) (۱) نہایت کمزور ہونا (۲) کاہل ہو جانا - سُست ہو جانا۔
**تِنکا توڑنا** - (ا - محاورہ) تھوڑا سا کام کرنا۔
**تِنکا دانتوں میں (پکڑنا) لینا** - (ا - محاورہ) (۱) اطاعت کرنا - مغلوب ہونا - شکست ماننا (۲) پناہ یا امان مانگنا - (۳) گڑگڑانا - عاجزی کرنا۔
**تِنکا سا توڑنا** - (ا - محاورہ) انکار کرنا - دو ٹوک جواب دینا۔
**تِنکا ناک میں (پڑنا) ڈالنا** - (ا - محاورہ) عورتوں کا ناک کے چھید میں تنکا ڈالنا۔
**تِنکا نہ توڑنا** - (ا - محاورہ) کچھ نہ کرنا۔
**تِنکا نہ رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) کچھ پاس نہ رہنا (۲) کنگال ہو جانا - مفلس ہو جانا۔
**تِنکا ہو جانا** - (ا - محاورہ) بہت دُبلا ہو جانا۔
**تِنکوں کا کھیل** - (ا - مذ) نکمّا اور فضول کام - کچّا کام۔
**تِنکے اوٹ پہاڑ ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) ادنیٰ چیز کی اوٹ میں بڑی چیز کا ہونا (۲) مشکل چیز کا ذرا سی تدبیر سے حل ہو جانا۔
**تِنکے (چننا) چننے لگنا** - (ا - محاورہ) (۱) بدحواس ہو جانا - گھبرا جانا (۲) پاگل ہو جانا۔
**تِنکے چُنوانا** - (ا - محاورہ) (۱) بدحواس کر دینا (۲) دیوانہ بنا دینا۔
**تِنکے کا احسان** - (ا - محاورہ) تھوڑا سا احسان۔
**تِنکے کا احسان بھی بہت ہوتا ہے** - (ا - مثل) تھوڑے سے احسان کا بوجھ بڑا ہوتا ہے - تھوڑا سا احسان بھی قابلِ شکر گزاری ہے۔
**تِنکے کا احسان ماننا** - (ا - محاورہ) ذرا سے احسان کا بھی شکر گزار ہونا۔



Marfat.com

**تنکے کا سہارا** - (ا- محاورہ) تھوڑی سی مدد۔ ذراسی امداد۔
**تنکے کا سہارا نہیں** - (ا- محاورہ) آمدنی کا کوئی ذریعہ نہیں۔
**تنکے کا پہاڑ کر دکھانا** - (ا- محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ مبالغہ کرنا۔
**تُنَکنا** - (ت۔ نک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) خفا ہونا۔ غصے ہونا (۲) بے قرار ہونا۔
**تُنَکی** - (تُن۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی میٹھی پتلی روٹی۔
**تنکیر** - (تن۔ کیر) [ع۔ ا۔ مث] (۱) اسم نکرہ بنانا۔ بُری حالت کرنا (۳) انجان بنانا۔

**تنگ** - [ف۔ صف] (۱) سکڑا ہوا۔ بھچا ہوا (۲) چُست۔ پھنسا ہوا (۳) کم۔ تھوڑا (۴) محتاج (۵) عاجز۔ مغموم (۶) مشکل (۷) غمگین۔ رنجیدہ (۸) زین کسنے کا چوڑا تسمہ (۹) تھیلا۔ بوری (۱۰) گٹھڑ۔ گٹھڑ بال (۱۱) دلہ (۱۲) مانی کا تصویر خانہ۔
**تنگ آنا** - (ا- محاورہ) (۱) عاجز آنا۔ مجبور ہونا (۲) بیزار ہونا۔ گھبرا جانا۔ (۳) تھک جانا۔
**تنگ بخت** - (ف۔ صف) (۱) بدبخت (۲) مفلس۔ نادار۔
**تنگ پکڑنا** - (ا- محاورہ) (۱) زچ کرنا۔ عاجز کر دینا۔ (۲) گھوڑے کی لگام کو کھچا ہوا رکھنا۔
**تنگ پوش** - (ف۔ صف) چُست کپڑے پہننے والا۔
**تنگ پوشی** - (ف۔ ا۔ مث) چُست کپڑے پہننا۔
**تنگ تُرش ہونا** - (ا- محاورہ) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
**تنگ ٹوٹنا** - (ا- محاورہ) گھوڑے کے تنگ کا دو ٹکڑے ہو جانا۔
**تنگیائی** - [ق] تنگی۔ سختی۔
**تنگ چشم** - (ف۔ صف) (۱) کمینہ (۲) لالچی۔ حریص (۳) بخیل۔ کنجوس (۴) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔
**تنگ چشمی** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) کمینگی (۲) اوچھاپن (۳) کم حوصلگی۔
**تنگ حال** - (ف۔ ع۔ صف) (۱) غریب۔ مفلس۔ محتاج۔ نادار۔ تباہ حال۔
**تنگ حال ہونا** - (ا- محاورہ) غریب ہونا۔ نادار ہونا۔
**تنگ حالی** - (ا۔ مث) غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔
**تنگ حوصلگی** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) کم ظرفی۔ اوچھاپن۔ کمینگی (۲) پست ہمتی۔ کم ہمتی۔
**تنگ حوصلہ** - (ف۔ ع۔ صف) پست حوصلہ۔ کم ظرف۔ اوچھا۔
**تنگ دست** - (ف۔ صف) مفلس۔ غریب۔ محتاج۔ نادار۔
**تنگ دستی** - (ف۔ ا۔ مث) مفلسی۔ غربت۔ ناداری۔
**تنگ دِل** - (ف۔ صف) (۱) کم ظرف۔ کمینہ۔ اوچھا (۲) کنجوس۔ بخیل (۳) کم حوصلہ۔
**تنگ دلی** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) کم ظرفی (۲) بُخل (۳) کم حوصلگی۔
**تنگ دوزی** - (ف۔ ا۔ مث) باریک سلائی۔
**تنگ دہن** - (ف۔ صف) (۱) چھوٹے منہ کا۔ غنچہ دہن مجازاً معشوق۔
**تنگ ڈھیلا ہونا** - (ا- محاورہ) گھوڑے کی پیٹی پوری طرح کسی نہ ہونا۔
**تنگ روزی** - (ف۔ صف) مفلس۔ غریب۔
**تنگ رہنا** - (ا- محاورہ) (۱) تہی دست ہونا۔ کم آمدنی زیادہ خرچ ہونا (۲) پریشان رہنا۔

**تنگ زیست (عیش)** - (ف۔ صف) تنگ دست۔ غریب۔
**تنگ طلبی** - (ف۔ ا۔ مث) زور دے کر مانگنا۔ سختی سے تقاضا کرنا۔
**تنگ ظرف** - (ف۔ ع۔ صف) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔
**تنگ فرصت** - (ف۔ ع۔ صف) کم فرصت۔
**تنگ کرنا** - (مص۔ مرکب) (۱) ستانا۔ دق کرنا (۲) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا (۳) چُست کرنا۔
**تنگ کسنا** - (مص۔ مرکب) زین کے تسمے کھینچ کر باندھنا کہ زین اپنی جگہ سے نہ ہلے
**تنگ گیری** - (ف۔ ا۔ مث) ظلم۔ جور۔ ستم۔ زیادتی۔
**تنگ معاش** - (ف۔ ا۔ مث) تنگ دست۔ کم آمدنی والا۔
**تنگنائے** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) تنگ رستہ۔ تنگ کوچہ (۲) قبر۔
**تنگ و تاریک** - چھوٹی جگہ جہاں اندھیرا ہو۔
**تنگ وَرزی** - (ف۔ ا۔ مث) کفایت شعاری
**تنگ وقت** - (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) مشکل کا وقت (۲) ضرورت کا وقت (۳) مصیبت کا وقت (۴) بہت تھوڑا وقت۔
**تنگ وقت پر** - (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) تھوڑا سا وقت رہ جانے پر۔ کافی وقت نہ ہونے پر۔
**تنگ ہاتھ ہونا** - (ا- محاورہ) مفلس ہونا۔ پیسہ پاس نہ ہونا۔
**تنگ یاب** - (ف۔ ا۔ صف) کمیاب۔ نادر۔
**تُنگ** - [ف۔ ا۔ مذ] (۱) چھوٹے منہ کا برتن (۲) فوج کا ایک دستہ۔
**تنگا** - (تَن۔ گا) [ق۔ ا۔ مذ] غمزہ۔
**تنگا تنگ** - (تَن۔ گا۔ تنگ) [اُ] بھینچ کر۔ زور سے بغلگیر (کرنا ہونا کے ساتھ)
**تنگہ** - (تَن۔ گہ) [ف۔ ا۔ مذ] ٹکا کا مفرس۔ دو پیسے۔
**تنگی** - (تَن۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) کوتاہی۔ کمی۔ قلت۔ چھوٹاپن (۲) مفلسی غربت۔ ناداری (۳) مشکل۔ دشواری۔ دِقت (۴) کنجوسی۔ بُخل (۵) کم ظرفی (۶) تھیلا۔ بوری۔
**تنگی ترشی** - (ف۔ ا۔ مث) کفایت شعاری۔ تکلیف کے ساتھ۔
**تنگی ترشی سے گزارا ہونا** - (ا- محاورہ) بڑی کفایت شعاری سے گزارا ہونا۔
**تنگی کرنا** - (ا- محاورہ) (۱) تکلیف دینا (۲) سختی کرنا۔ جبر کرنا (۳) کنجوسی کرنا۔
**تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کیساتھ تنگی لگی ہوئی ہے** - (مثل) کوئی ہمیشہ امیر یا غریب نہیں رہتا۔ حالت بدلتی رہتی ہے۔ امیری اور غربت کا ساتھ ہے۔
**تنگی گئی فراخی آئی** - (مثل) بُرے دن گئے۔ بھلے دن آئے۔
**تنگی و فراخی بدست خود** - (مثل) تنگی اور فراخی اپنے ہاتھ ہے۔ مذاقاً مخلوق کی نسبت کہتے ہیں۔
**تنگی ہونا** - (ا- محاورہ) (۱) تکلیف ہونا (۲) آمدنی کی کمی ہونا۔
**تنگیانا** - (تنگ۔ یا۔ نا) [اُ۔ مص] (۱) تنگ کسنا (۲) گھوڑا سرپٹ دوڑانا۔
**تنور۔ تنُور** - (تَ۔ نور) - (تَن۔ نُور) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ایک گول گڑھا جسے گرم کر کے اس میں روٹیاں پکاتے ہیں (۲) ایک گول لمبوترا کچی مٹی کا برتن



Marfat.com

جیسے گڑھے میں لگا کر یا زمین کے اُوپر رکھ کر روٹیاں پکاتے ہیں (۳) انگریزی طریقے کی ڈبل روٹی۔ کیک۔ مٹھائی وغیرہ بنانے کا بھٹ۔

**تنور جھونکنا** ۔ (امحاورہ) تنور گرم کرنا۔ تنور میں ایندھن ڈالنا۔

**تنور خانہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) باورچی خانہ۔

**تنور سے بچنے کے لئے بھاڑ میں گرے** ۔ (ا۔ مثل) تھوڑی مصیبت سے بچنے کے لیے بڑی مصیبت میں پڑے۔

**تنور کی سوجھنا** ۔ (امحاورہ) تنور پر جا کر روٹی کھانا۔

**تَنَوُّع** ۔ (تَ۔ نَوْ۔ وُع) (ع۔ ا۔ مذ) قسم قسم کا ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا۔ گوناگونی۔ جمع: تنوّعات۔

**تَنومَند** ۔ (تَ۔ نوْ۔ مَند) (ف۔ صف) مضبوط بدن۔ قوی جسم۔ ہٹا کٹا۔

**تَنومَندی** ۔ (تَ۔ نوْ۔ مَندی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) قوت۔ طاقت (۲) فربہی موٹاپا

**تَنویر** ۔ (تَن۔ وِیر) (ع۔ ا۔ مث) روشنی۔ نور۔ چمک۔

**تَنوِین** ۔ (تَن۔ وِین) (ع۔ ا۔ مث) کسی حرف پر دو زیر یا زبر یا پیش لگانے سے نون کی آواز پیدا کرنا۔

**تَنَہ** ۔ (تَ۔ نَہ) (ف۔ ا۔ مذ) جڑ کے اُوپر سے شاخیں نکلنے تک درخت کا حصہ۔ درخت کا دھڑ۔ تنا۔

**تَنہا** ۔ (تَن۔ ہا) (ف۔ صف) (۱) اکیلا۔ فرد۔ مجرّد (۲) لاثانی۔ بے نظیر (۳) صرف فقط (۴) طاق (۵) الگ۔ جدا۔ علیٰحدہ۔

**تنہا خوری** ۔ (ف۔ ا۔ مث) اکیلے کھا لینا۔

**تَنہائی** ۔ (تَن۔ ہا۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) (۱) علاحدگی۔ گوشہ نشینی (۲) جدائی۔ مفارقت۔ اکیلا رہنا۔

**تَنی** ۔ (تَ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ڈوری۔ کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈوری۔ بند (۲) حصہ۔ ساجھا۔

**تنی رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا رہنا۔ دانتا کلکل رہنا۔

**تنی میں گانٹھ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) منسوب کرنا۔ نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا (۲) یاد رکھنا۔ یادداشت کے لیے بند میں گرہ لگانا۔

**تِنی** ۔ (تِن۔ نی) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا چاول۔

**تنیا** ۔ (تَن۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لنگوٹ۔ کپڑے کی دھجی جو رذیل قوموں کے مرد ستر پوشی کے لیے باندھتے ہیں۔

## ت ــــ و

**تو** ۔ (ہ) واؤ مجہول کے ساتھ (۱) تب۔ پس (۲) الحاصل۔ حاصل کلام (۳) اس وقت۔ پھر۔ اس حالت میں۔

**تو بات ہے** ۔ (متعلق فعل) تب مزہ ہے۔ تب لطف ہے۔

**تو بھی** ۔ باوجودیکہ۔ پھر بھی۔ تاہم۔

**تو پھر** ۔ اس وقت۔ اس حالت میں۔

**تو سہی** ۔ (۱) بالضرور یقینی (۲) بے شک (۳) سمجھوں گا۔ دیکھ تو۔

**تو کیا** ۔ (متعلق فعل) کچھ نہیں۔ کچھ نقصان نہیں۔ کچھ مضائقہ نہیں۔

**تو کیا ہوتا** ۔ (متعلق فعل) (۱) کچھ نقصان نہ ہوتا (۲) کسی صورت میں ہوتا۔ کیا شے ہوتا۔

**تو کیا ہوا** ۔ کچھ نہیں ہوا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوا۔

**تُو** ۔ (ہ) واؤ معروف کے ساتھ (ف ضمیر) (۱) حرفِ خطاب، جو ادنیٰ یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے (۲) کبھی پیار اور بے تکلفی سے بولا جاتا ہے (۳) خدائے تعالیٰ کو خطاب کرتے ہیں۔

**تو بھی رانی میں بھی رانی ⎫ کون بھرے پن گھٹ پر پانی ⎭** (مثل) عورتیں کاہل ملازمہ کو کہتی ہیں یا جہاں سب سست ہوں اور کام نہ کرتے ہوں تو کہتی ہیں۔

**تُو تڑاق کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا۔ زبان درازی کرنا

**تُو تکار** ۔ (ا۔ مث) بدزبانی۔ زبان درازی۔ گالی گلوچ۔

**تو تو** ۔ (متعلق فعل) پہلا واؤ معروف دوسرا واؤ مجہول۔ خصوصیت کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے تو تو یہ کام نہ کر۔

**تُو تُو کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تُو تڑاق کرنا۔

**تو تو میں میں** ۔ (ا۔ مث) (۱) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی (۲) گالی گلوچ۔ زبان درازی بدزبانی۔

**تُو چل میں چل** ۔ ایک ایک کر کے کھسکنے یا آنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**تُو چھوئے (اور) کہ میں موئی** ۔ (مثل) جھوٹی نزاکت پر طنز ہے۔

**تو دیورانی میں جیٹھانی، تیرے آگ نہ میرے پانی** ۔ (ا۔ مثل) دونوں مفلس اور کنگال ہیں۔

**تُو ڈال ڈال میں پات پات** ۔ (مثل) دیکھیے تم ڈال ڈال۔

**تو کارِ زمیں را نکو ساختی کہ با آسماں نیز پرداختی** ۔ (ف۔ مثل) تم نے معمولی کام میں کیا کامیابی حاصل کی، جو اب بڑے کاموں میں ہاتھ ڈال رہے ہو۔

**تُو کون ہے ؟** (۱) استفہامیہ (۲) دخل در معقولات کرنے والے کو تنبیہ۔

**تُو کونہ موکو، چولھے میں جھونکو** ۔ (مثل) چیز کو ایسا خراب کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے۔

**تُو کہاں اور میں کہاں** ۔ (ا۔ مثل) تیرا میرا کیا مقابلہ ہے۔ اگر اعلیٰ سے خطاب ہے تو اپنے تئیں کم تر اور اگر ادنیٰ سے خطاب ہے تو اپنے آپ کو برتر ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے۔

**تُو کھول میرا کنگنا میں گھر سنبھالوں اپنا** ۔ (مثل) جب نئی دلہن گھر کے کاموں میں دخل دینے لگے، تو ساس کہتی ہے۔

**تُو کیا ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) تیری کچھ ہستی نہیں۔ تیری حقیقت کیا ہے۔

**تُو کیوں پیٹ پھاڑتا ہے** ۔ تُو کیوں نہیں مانتا۔ تیرا کیا نقصان ہے۔ تُو کیوں ہٹ کرتا ہے۔

**تُو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کام** ۔ (مثل) تو اپنا کام کر۔ تجھے ایسی سے کیا تعلق۔ اسے کہتے ہیں جو باوجود کم لیاقت ہونے کے دوسرے کام میں رائے دے یا ٹانگ اڑا لے۔

**تُو گور کھود مو کو ⎫ میں گاڑاؤں تو کو ⎭** (مثل) تو اگر میرا بُرا چاہے گا تو تیرا ہی بُرا ہوگا۔

**تُو مجھ کو تو میں تجھ کو** ۔ (مثل) (۱) تو میرا ساتھ دے گا تو میں تیرا ساتھ دوں گا۔



Marfat.com

**تو نہیں تیرا بھائی سہی**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تو نہیں کرتا تو کوئی اور اس کام کو کریگا۔ (۲) اگر تو نے یہ کام نہیں کیا تو تیرے کسی بھائی نے کیا ہوگا۔

**تو نہیں جانیا**۔ چلا جا۔ نہیں تو تیرے واسطے اچھا نہ ہوگا۔

**تو نہیں مانیا**۔ مان لے! ورنہ تیرے واسطے بُرا ہوگا۔

**تو لے کہی میں نے مانی**۔ (مثل) مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔

**تو نے کی رام جنی ؍ میں نے کیا رام جنا** (مثل) بدکار عورت بدکار خاوند سے کہتی ہے چونکہ تو بدکاری کرتا ہے۔ اس لئے میں بھی کرتی ہوں۔

**تو ہو اور دُنیا ہو**۔ (کلمۂ دُعا) تو ہمیشہ زندہ رہے۔

**تو ہی تو ہے**۔ تیرے سوا اور کوئی نہیں۔ ہر جگہ تو ہی ہے۔ خدا کو خطاب کرتے ہیں۔

**تو ہے اور میں ہوں**۔ (۱) اب اور کوئی نہیں (۲) اب ایسا بدلہ لوں گا کہ تو بھی یاد کرے۔

**توا**۔ (تَ۔ وا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں۔ (۲) ٹھیکرے کا گول ٹکڑا۔ جسے چلم میں تمباکو کے اُوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں۔ (۳) بڑا لوہے یا شیشے کا گول ٹکڑا۔ جس میں سُوراخ ہوتے ہیں اور کنوئیں کی تہ میں رکھا جاتا ہے (۴) وہ لوہے کا گول ٹکڑا، جسے پانی گرم کرنے کے لیے حمام یا سقاوے میں لگاتے ہیں۔ اس کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے اور یہ گرم ہو کر پانی کو گرم کرتا ہے (۵) دریا کی تہ (۶) (صف) بے حد سیاہ۔ بہت کالا۔

**توا چڑھا اور جی بڑھا**۔ (مثل) روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے۔

**توا چڑھا بیٹھی مسرانی ؍ گھر میں ناج اگن نہ پانی** (مثل) ہے تو غریب مگر دکھاوے کو امیرانہ کام کرتی ہے۔

**توا چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) روٹی پکانے کے لیے توے کا چولھے پر رکھا جانا روٹی پکانے کی تیاری ہونا۔

**توا سر پر (باندھنا)، رکھ لینا**۔ (ا۔ مثل) سر کی حفاظت کر کے جنگ کیلیے تیار ہونا (۲) اپنے تئیں مضبوط و مستحکم ہونا۔

**توا لال ہونا**۔ آگ کی تیزی سے توے کا سُرخ ہو جانا۔

**توا نہ تغاری کاہے کی بھٹیاری ؍ توا کونڈا نہ چلہاری کاہے نار میں ہوں بھٹیاری** (مثل) پاس کچھ نہ ہو اور ظاہرداری بہت ہو تو کہتے ہیں۔

**توا ہنسنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر ذرا ذرا سی روشنی کے ذرات سلسلہ وار چمکنے لگتے ہیں۔ اسے عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں اور اسے شادی اور رزق کی افزونی کا شگون سمجھتی ہیں۔ (۲) (مذاقاً) کالے آدمی کا ہنسنا۔

**توے پر کی بوند۔ توے کی بوند**۔ (ا۔ محاورہ) ناپائدار چیز۔ جلد فنا ہو جانے والی۔

**توّاب**۔ (تَو۔ واب) (ع۔ا۔ مذ) توبہ منظور کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

**توابع**۔ (تَ۔ وا۔ بِع) (ع۔ا۔ مذ) تابع کی جمع۔ پیرو۔ ملازم۔ ماتحت۔

**تواتُر**۔ (تَ۔ وا۔ تُر) (ع۔ا۔ مذ) پے در پے۔ برابر۔ لگاتار۔ تابڑ توڑ۔ سلسلہ۔ تسلسل۔

**توارُث**۔ (تَ۔ وا۔ رُث) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ورثہ پانا (۲) وراثت۔

**توارُد**۔ (تَ۔ وا۔ رُد) (ع۔ا۔ مذ) (۱) باہم ایک جگہ اُترنا (۲) دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سُوجھنا (۳) ایک ہی بیت یا مصرع دو شاعروں کے ذہن میں آنا۔

**تواری**۔ (تِ۔ وا۔ ری) (ہ۔ا۔ مذ) برہمنوں کا ایک فرقہ۔ جس کو تین وید پڑھنے کی اجازت ہے۔

**تواریخ**۔ (تَ۔ وا۔ ریخ) (ع۔ا۔ مث) تاریخ کی جمع (۱) مہینے کا دن (۲) سنوں کا علم (۳) قصے۔ تذکرے۔ واقعات (۴) واقعات کا علم۔

**توازن**۔ (تَ۔ وا۔ زُن) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ہم وزن ہونا (۲) موازنہ کرنا (۳) تناسُب۔

**توازن حسابات**۔ فاضلات ادا کر کے جمع اور خرچ کو برابر کرنا۔

**توازن داد و ستد**۔ لین دین کا مقابلہ۔

**توازن درآمد و برآمد**۔ درآمد اور برآمد کا اعتدال۔

**تواضع**۔ (تَ۔ وا۔ ضُع) (ع۔ا۔ مث) (۱) خاطر مدارات۔ آؤبھگت (۲) مہمان داری۔ مہمان نوازی۔

**تواضع سمرقندی**۔ (ع۔ا۔ مث) جھوٹی خاطر تواضع۔ ظاہرداری کی آؤبھگت۔

**تواضع کرنا**۔ (مص۔ مرکب) خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

**توافق**۔ (تَ۔ وا۔ فُق) (ع۔ا۔ مذ) (۱) موافقت۔ مطابقت۔ یک جانی۔ اتفاق۔ میل (۲) علم حساب میں ایسے دو اعداد کا تعلق۔ جن کو تیسرا عدد پورا تقسیم کر سکے۔

**توالُد**۔ (تَ۔ وا۔ لُد) (ع۔ا۔ مذ) اولاد پیدا کرنا۔

**توالد و تناسل**۔ (ع۔ا۔ مذ) اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا۔

**توالی**۔ (تَ۔ وا۔ لی) (ع۔ا۔ مث) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ مسلسل۔

**توام**۔ (تَو۔ ام) (ع۔ا۔ مذ) جُڑواں۔ ایک ساتھ کے پیدا شدہ بچے۔

**تواماں**۔ (تَو۔ ا۔ ماں) (ع۔ صف) وہ دونوں بچے، جو اکٹھے پیدا ہوں۔

**تُوان**۔ (تُ۔ وان) (ف۔ا۔ مذ) طاقت۔ زور۔ قوت۔ بل۔ قدرت۔ ہمت۔

**توانا**۔ (تُ۔ وا۔ نا) (ف۔ صف) (۱) زور آور۔ طاقت ور (۲) تنومند۔ ہٹا کٹا۔

**توانائے مطلق**۔ قادر مطلق۔ خدائے تعالےٰ۔

**توانائی**۔ (تُ۔ وا۔ نا۔ ای) (ف۔ا۔ مث) طاقت۔ زور۔ قوت۔

**تونگر**۔ (تُ۔ وَنگر) (ف۔ صف) دولت مند۔ امیر۔ مالدار۔

**تونگری**۔ (تُ۔ وَن۔ گ۔ ری) (ف۔ا۔ مث) دولتمندی۔ امارت۔ مالداری

**توبرا۔ توبرہ۔ توبڑہ**۔ (توب۔ را)۔ (توب۔ رَہ)۔ (توب۔ ڑہ) (ف۔ا۔ مذ) (۱) وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہیں (۲) (حقارتاً) منہ۔

**توبڑہ چڑھائے رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہر وقت منہ پھیلائے رکھنا۔ ہر وقت بین بجینا

**توبہ**۔ (تَو۔ بہ) (ع۔ا۔ مث) (۱) استغفار (۲) افسوس۔ پچھتاوا۔ ندامت۔ پشیمانی (۳) کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد (۴) زنہار۔

**توبۃ النصوح**۔ (ع۔ صف) سچی توبہ۔

**توبہ بڑی سپر ہے گنہ گار کے لیے**۔ (مثل) توبہ کرنے سے گنہ گار سزا سے بچ جاتا ہے۔

**توبہ بلوا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا پناہ مانگنے لگے۔ دق کرنا۔

**توبہ بندے**۔ (ا۔ محاورہ) دق کر ڈالا۔ بہت ستایا (بطور خطاب)



Marfat.com

**توبہ بھولی جانا۔** (ا۔ محاورہ) حواس گم ہونا۔ پریشان ہونا۔
**توبہ تِلّا۔** (ا۔ مذ) شور و فغاں۔ واویلا۔ فریاد۔ ہائے وائے۔
**توبہ توبہ۔** (حرف ندبہ) نفرت یا پکا عہد یا مقام عبرت و تاسف پر بولتے ہیں۔
**توبہ توبہ مچا دینا۔** (ا۔ محاورہ) ایسا ظلم یا گناہ کا کام کرنا کہ ساری دنیا توبہ توبہ کرے۔
**توبہ توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) عہد شکنی کرنا۔ قول و قسم سے پھرنا۔
**توبہ (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) عہد ٹوٹ جانا۔ قسم ٹوٹ جانا۔
**توبہ دھاڑ (کرنا) مچانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شور و غل مچانا (۲) پناہ مانگنا (۳) زور شور سے شکوے شکایت کرنا۔
**توبہ شکن۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) توبہ توڑنے والا (۲) توبہ تڑوانے والا۔
**توبہ قبول فرمانا۔** (مص۔ مرکب) گناہ معاف کر دینا۔
**توبہ کا در بند ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) استغفار کرنے کا وقت نہ رہنا یا گزر جانا۔ مسلمانوں کے عقیدے میں قیامت کے شروع ہونے کے بعد توبہ قبول نہ ہوگی۔
**توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔** (مثل) توبہ ہر وقت قبول ہو سکتی ہے۔
**توبہ کرانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چیں بلوانا۔ عاجز کرنا (۲) بُری بات چھڑوانا (۳) معافی منگوانا۔
**توبہ کر بندے۔** (ا۔ مقولہ) جب کوئی غرور کی بات کہے یا سزا پائے تو کہتے ہیں۔
**توبہ کر کے کہنا۔** (ا۔ محاورہ) خدا سے معافی مانگ کر دعوے یا شیخی کی کوئی بات کہنا۔
**توبہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گناہ سے باز آنا (۲) قسم کھانا (۳) فریاد کرنا (۴) کوئی بُری بات چھوڑنے کا عہد کرنا۔
**توبہ (کرو) کیجیے۔** (ا۔ مثل) کوئی غرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلافِ مذہب کوئی بات کرے، تو کہتے ہیں۔
**توبہ ہی بھلی۔** (ا۔ مثل) عورتیں توبہ کی جگہ بولتی ہیں۔
**توبہ ہے۔** (ا۔ مثل) اب نہیں کروں گا۔ باز آتا ہوں۔
**توبیخ۔** (تو۔ بیخ) [ع۔ ا۔ مث] ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ طنز۔
**توپ۔** [ت۔ ا۔ مث] (۱) گولہ چلانے کا آلہ (۲) بہت موٹا آدمی۔
**توپ بھرنا۔** (مص۔ مرکب) توپ میں گولہ بارود ڈالنا۔
**توپ پر رکھنا۔** کسی شخص کو توپ سے اُڑانے کے لیے توپ کے سامنے کرنا یا توپ کے منہ پر باندھ دینا۔
**توپ (چلانا) چھوڑنا۔** (۱) گولہ مارنا۔ توپ کی بارود کو آگ لگانا (۲) گولہ مارنا۔ پادنا (مذاقاً) بہت موٹا آدمی یا عورت۔
**توپچی۔** (ف۔ صف) توپ چلانے والا۔ گولنداز۔
**توپ خانہ۔** (ت۔ ف۔ مذ) وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں اور ان کے چلانے والے اور عملہ رہے۔
**توپ داغنا۔** (ا۔ محاورہ) توپ چلانا۔
**توپ دم (کر دینا) کرنا۔** (ا۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر اُڑانا۔
**توپ سے اُڑا دینا۔** (ا۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر اُڑا دینا۔
**توپ کو بتی دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) توپ کی بارود کو آگ لگانا۔

**توپ کے منہ اُڑا دینا۔** (ا۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر توپ چلا کر مار ڈالنا۔
**توپ کے مُہرے۔** مصیبت کے سامنے۔ مصیبت میں۔
**توپ لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) توپ چلانا (۲) توپ کو ایک جگہ نصب کرنا۔
**توپ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) توپ کا نصب ہونا۔
**توپ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) توپ چلانا۔
**توپوں کی کڑک۔** توپوں کے چلنے کی آواز۔
**توپنا۔** (توپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گڑھا بند کرنا (۲) زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا (۳) چھپانا۔ ڈھانپنا۔
**تُوت۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک درخت (۲) اس کا پھل شہتوت۔
**توتا۔** (تو۔ تا) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) طوطا۔ مٹھو۔ ایک خوش رنگ مشہور پرندہ۔ سکھانے سے کچھ باتیں سیکھ جاتا ہے (۲) طفل۔ بچہ جو پیاری پیاری باتیں کرے (۳) بھنگ کی لکڑی (۴) توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔
**توتا پالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے (۲) کوئی بیماری مول لے لینا (۳) آتشک یا سوزاک کی بیماری لگا لینا۔
**توتا چشم۔** (ا۔ صف) بے مروّت۔ بے وفا۔
**توتا چشمی۔** (ا۔ مث) بے مروتی۔ بے وفائی۔
**توتا سا (بولنا) پڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) بچوں کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔
**توتے اُڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ اوسان خطا ہو جانا
**توتے پڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ایسے شخص کو پڑھانا جو سخت کند ذہن ہو (۲) توتے کو بولنا سکھانا۔
**توتے کی سی آنکھیں (بدلنا) پھیرنا۔** (ا۔ محاورہ) دفعتہً بے مروت ہو جانا۔ بے وفائی کرنا۔ محبت سے منہ موڑنا۔
**توتے کی طرح (پڑھنا) یاد کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بے سمجھے بوجھے پڑھنا۔ بے سمجھے بوجھے یاد کرنا۔
**توتلا۔** (توت۔ لا) [ہ۔ صف] وہ آدمی۔ جس کی زبان موٹی ہونے کے باعث الفاظ صاف نہ نکل سکیں۔
**توتلاپن۔** (ا۔ مذ) زبان موٹی ہونے اور الفاظ صاف نہ نکلنے کا مرض۔ تتلا کر بولنا۔
**تو تو۔** (تو۔ تو) (دونوں واؤ مجہول) [ہ۔ مث] (۱) کتے کو بلانے کی آواز (۲) بولنا باتیں کرنا (۳) مجازاً زبان (ق)
**توتیّ۔** (تو۔ ت۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] بچوں کو پانی پلانے کی ٹونٹی دار چھوٹی لُٹیا۔
**تُوتی۔** (تُو۔ تی) [ف۔ ا۔ مذ] ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔ طوطا۔
**توتی (طوطی) بولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ شہرۂ آفاق ہونا (۲) دور دورہ ہونا۔ اقبال یاور ہونا (۳) کسی افسر یا امیر کے پاس رسوخ ہونا۔
**توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے۔** (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے چھوٹے آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔



Marfat.com

**توتیا** - (تُو تِ یا) [ہ - ا - مذ] نیلا تھوتھا۔

**توتیا** - (تُو تِ یا) [ع - ا - مذ] سُرمہ۔ سُرمے کا پتھر۔

**توتیا** - (تُو تِ یا) [ار - ا - مذ] توطیہ کا بگڑا ہوا۔ الزام۔ تہمت۔ دوش۔ چھُدا۔

**توتیا باندھنا۔ توتیا طوفان جوڑنا** - (ا - محاورہ) الزام لگانا۔

**توتیے جوڑنا** - (ا - محاورہ) الزام لگانا۔

**توثیق** - (تَو ثِیق) [ع - ا - مث] (۱) مضبوطی۔ پُختگی (۲) مضبوط کرنا (۳) تصدیق۔

**توثیق کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) پکا کرنا۔ مضبوط کرنا (۲) تصدیق کرنا۔

**توجانا** - (تُو - جا - نا) (ہ - مص) حیوان کا حمل گر جانا۔

**توجہ** - (تَ - وَج - جُہ) [ع - ا - مث] (۱) کسی کی طرف منہ کرنا (۲) رجحان۔ رغبت میلان۔ رجوع (۳) خیال۔ لحاظ (۴) مہربانی۔ عنایت۔

**توجہ باطن** - (ع - ا - مث) دلی توجہ۔ کسی کی اصلاح نفس کے لیے اُس کے دل پر روحانی اثر ڈالنا۔

**توجہ پھیرنا** - (ا - محاورہ) (۱) متوجہ ہونا (۲) توجہ ہٹا لینا۔

**توجہ رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) خیال رہنا (۲) مہربانی رہنا۔

**توجہ سے دیکھنا** - (ا - محاورہ) غور سے ملاحظہ کرنا۔

**توجہ کرنا** - (ا - محاورہ) متوجہ ہونا۔ رجوع ہونا۔

**توجہ کی نظر ہونا** - (ا - محاورہ) مہربانی کی نگاہ ہونا۔ شفقت ہونا۔ لحاظ کرنا۔

**توجہ مبذول ہونا** - (ا - محاورہ) کسی طرف توجہ کرنا۔ متوجہ ہونا۔

**توجہ نہ رہنا** - (ا - محاورہ) دھیان ہٹ جانا۔ بے خیال ہو جانا۔

**توجیہہ** - (تَو جِیہہ) [ع - ا - مث] (۱) وجہ بیان کرنا۔ باعث بتانا۔ دلیل لانا۔ (۲) دلیل۔ وجہ (۳) حلیہ۔ کیفیت۔

**توجیہہ نویس** - (ع - ف - ا - مذ) حلیہ لکھنے والا۔

**توحش** - (تَ - وَح - حُش) [ع - ا - مذ] (۱) وحشت۔ نفرت (۲) وحشت ہونا۔

**توحید** - (تَو حِید) [ع - ا - مث] (۱) ایک ماننا۔ ایک جاننا (۲) خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا (۳) وحدانیت۔ یکتائی۔

**تودہ** - (تُو - دَہ) [ف - ا - مذ] (۱) ڈھیر۔ انبار۔ پُشتہ۔ ٹیلا (۲) حد کا مٹی کا نشان یا ڈھیر (۳) ہدف۔ نشانہ (ق)

**تودہ بندی** - (ف - ا - مث) حد بندی۔

**تودہ خاک** - (ف - ا - مذ) مٹی کا ڈھیر۔

**تودہ طوفان** - (ف - ا - مذ) (۱) بہت الزام۔ بہت جھوٹا الزام لگانے والا۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ فسادی۔

**تودیع** - (تَو دِیع) [ع - ا - مث] (۱) وداع کرنا۔ رخصت کرنا (۲) سپرد کرنا سونپنا۔

**توڑ** - (ق - ا - مذ) ہاتھی کے پاؤں کی زنجیر۔

**توڑ** - (ت - ا - مث) جالی کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالتے ہیں۔

**توڑ** - (ہ - ا - مث) (۱) ایک غلہ جس کی دال پکاتے ہیں۔ اربہر (۲) ردی۔

**تور تیل تاپنا۔ جاڑ مالس ہوا پینا** - (مثل) اگر روئی۔ تیل اور ایندھن ہو تو جاڑا بڑے آرام سے گزر جاتا ہے۔

**تورات** - (تَو رات) [ع - ا - مث] وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔

**تورّع** - (تَ - وَر - رُع) [ع - ا - مذ] زہد۔ پرہیزگاری۔ اتقا۔

**تورہ** - (تُ - رہ) [ت - ا - مذ] (۱) قانون۔ طریق۔ رسم و رواج۔ دستور العمل (۲) (مجازاً) وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا (۳) حکم شاہی۔ فرمان سلطان۔

**تورہ** - (تو - رہ) [ہ - ا - مذ] (۱) مختلف کھانوں کے خوان، جو امیر لوگ تقریبات کے موقع پر بھیجتے ہیں (۲) خوان میں لگے ہوئے قسم قسم کے کھانے (۳) امیر۔ نواب۔ وزیر (۴) غرور۔ گھمنڈ (۵) عزت۔ رُتبہ۔ حیثیت۔

**تورہ بندی** - (۱) مختلف کھانوں کے خوان بھیجنے کی تقریب۔

**تورہ پوش** - (ف - ا - مذ) (۱) بانس کی تیلیوں کا سرپوش، جو تورے کے خوانوں پر رکھتے ہیں۔

**تورہ پٹی** - (ا - مث) مغرور عورت۔ شیخی باز عورت۔

**تورہ توڑنا** - (ا - محاورہ) غرور توڑنا۔ گھمنڈ نکالنا۔

**تورہ جتانا** - (ا - محاورہ) (۱) فخر کرنا۔ غرور کرنا (۲) اپنی بڑائی دکھانا۔ شیخی مارنا۔

**تورہ ڈھانا** - (ا - محاورہ) غرور مٹانا۔

**تورہ (لگ جانا) لگنا** - (ا - محاورہ) غرور کرنا۔ اترانا۔ فخر کرنا۔

**تورے والی** - (ا - صف - مث) مغرور عورت۔

**توری** - (تو - ری) [ہ - ا - مث] ایک قسم کی ترکاری۔

**توریا** - (تو - ری - یا) [ہ - ا - مذ] سرسوں کا بیج یا پودا۔

**توریت** - (تو - رَیت) [عبرانی - ا - مث] دیکھیے تورات۔

**توڑ** - [ہ - ا - مذ] (۱) شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ (۲) رد۔ جواب (۳) علاج۔ چارہ۔ دفعیہ (۴) پانی کے بہاؤ کا زور (۵) شگاف۔ درز (۶) گولی یا گولے کی توڑنے کی قوت (۷) فاصلہ، جو تیر یا گولا طے کرے (۸) دہی کا پانی (۹) وہ رسی، جو پالکی یا پینس وغیرہ کے گرد پردے کو اُڑانے سے روکنے کے لئے باندھتے ہیں۔ تور (۱۰) چیز کی قیمت کا فیصلہ۔ چکوتا۔

**توڑ پر** - (ا - محاورہ) ضد پر۔

**توڑ (پھوڑ) تاڑ** - (ا - مث) (۱) ٹوٹ پھوٹ (۲) خرابی۔ پامال (۳) سازش۔ اغوا۔

**توڑ جوڑ** - (ا - مذ) (۱) تدبیر۔ سازش۔ داؤ پیچ۔ داؤ گھات (۲) کانٹ چھانٹ قطع و برید (۳) چال بازی۔ مکاری۔ شرارت (۴) دانائی۔ عقل مندی (۵) دو آدمیوں میں نااتفاقی ڈلوا دینے کا طریقہ (۶) تراش خراش۔

**توڑ جوڑ چلنا** - (ا - محاورہ) چال چلنا۔

**توڑ جوڑ کا اُستاد (پورا) ہے** - (ا - محاورہ) بڑا چلتا پُرزہ ہے۔ بڑا بدمعاش ہے۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے میں اُستاد ہے۔

**توڑ (دینا) ڈالنا** - (ا - محاورہ) توڑنا۔

**توڑ کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) داؤ کا رد کرنا (۲) حساب صاف کرنا (۳) داؤں کا رد کرنا (۴) جواب رد کرنا۔

**توڑ کی صراحی** - (ا - مث) وہ صراحی جس کے حصے الگ الگ ہو جائیں

**توڑ کے نکل جانا** - (ا - محاورہ) کسی مضبوط چیز کے آر پار ہونا۔

**توڑ لانا** - (ا - محاورہ) الگ کر لانا۔

**توڑ لینا** - (ا - محاورہ) (۱) الگ کر لینا۔ اپنی طرف کر لینا (۲) توڑنا۔



Marfat.com

**توڑا** ۔ (تو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کمی ۔ قلت ۔ قحط (۲) نقصان ۔ خسارا ۔ ٹوٹا (۳) بندوق داغنے کا فتیلہ (۴) رسی کا ٹکڑا (۵) ہل کی لمبی لکڑی ۔ جس کے دونوں طرف بیل جُتتے ہیں (۶) ناچ میں گت کا سلسلہ توڑ کر کوئی اور حرکت کرنا (۷) اشرفیوں یا روپوؤں کی تھیلی (۸) سونے یا چاندی کی زنجیر، جو گلے میں پہنتے ہیں (۹) سونے یا چاندی کی زنجیر، جو پگڑی پر لپیٹتے ہیں (۱۰) ریت کا جزیرہ، جو دریا یا سمندر میں بن جائے (۱۱) توڑنا کا ماضی ۔

**توڑا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی ہونا ۔ قحط ہونا ۔

**توڑا اٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ٹوٹنا (۲) کم غذا ملنا (۳) کم غذا سے طاقت گھٹانا ۔

**توڑا ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی کرنا ۔ تنگی دینا ۔

**توڑا لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھاٹا پڑنا ۔ خسارہ ہونا ۔ نقصان ہونا ۔

**توڑا مروڑی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) ہاتھا پائی ۔ چھینا جھپٹی ۔ مَلنا ۔ دَلنا (۲) توڑنا ۔ مروڑنا ۔

**توڑا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی ہونا ۔

**توڑے دار بندوق** ۔ (ا ۔ مث) وہ بندوق، جو فتیلے کے ذریعے سے چھوڑی جائے ۔

**توڑے کا منہ کھول دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت بخشش اور فیاضی کرنا ۔ روپیہ لٹانا ۔

**توڑے لینا** ۔ (ا ۔ مث) رقص میں گت کے سلسلے توڑ کر درمیان میں کوئی اور حرکت کرکے پھر گت کے اُسی سلسلے میں مل جانا ۔

**توڑنا** ۔ (توڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ٹکڑے کرنا ۔ شکستہ کرنا (۲) جُدا کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ (۳) چُور چُور کرنا ۔ پاش پاش کرنا (۴) دُور کرنا ۔ مٹانا (۵) گرانا ۔ ڈھانا ۔ منہدم کرنا (۶) ٹباچی مارنا (۷) کمزور کرنا (۸) ہل سے جوتنا (۹) ورزش کرنا (۱۰) نفاق ڈالنا ۔ لڑائی کرا دینا (۱۱) ازالۂ بکارت کرنا (۱۲) رد کرنا منسوخ کرنا (۱۳) کنویں میں سے اتنا پانی نکالنا کہ ریت آنے لگے ۔ (۱۴) پانی بغیر باری کے لگالینا (۱۵) نہر سے پانی لینا (۱۶) قطع تعلق کرلینا (۱۷) پھول وغیرہ چُننا ۔ اکٹھا کرنا (۱۸) نقب لگانا (۱۹) (قلعہ) فتح کرنا ۔ لے لینا (۲۰) (منہ) کچلنا (۲۱) ایسی بات کہنا کہ مخاطب جواب نہ دے سکے (۲۲) (گواہ) لالینا ۔ اپنی طرف کرلینا (۲۳) (قفل) شکستہ کرکے کھولنا ۔ چوری کرلینا (۲۴) نقصان پہنچانا ۔ دیوالہ نکلوا دینا ۔ (۲۵) (روپیہ) بھنانا ۔ خوردہ کرنا (۲۶) (دل) ناامید کرنا ۔ شکستہ دل کرنا (۲۷) (ہمت) حوصلہ کم کردینا (۲۸) (محکمہ) موقوف کردینا (۲۹) (رُتبے) کم کردینا ۔ تنزل کردینا ۔ تنخواہ میں کمی کردینا (۳۰) (دانت) ضرب سے توڑ دینا یا نکال دینا (۳۱) (روٹیاں) کام نہ کرنا اور مفت کھانا (۳۲) (قسم وعدہ وغیرہ) پورا نہ کرنا (۳۳) (قانون ۔ رسم وغیرہ) برخلاف ان کے کام کرنا (۳۴) (اعضاء) بہت مارنا (۳۵) (پتھر) سخت مشکل کام کرنا (۳۶) (جان) بہت کام کرنا ۔ محنت سے کام کرنا (۳۷) (ٹانگیں) بہت چلنا ۔ بہت کام کرنا (۳۸) بلی کا کسی پرندے کو زخمی کرنا (۳۹) علم حساب میں بڑی رقم کو چھوٹے اجزاء میں کرنا (۴۰) ٹوٹنا کا متعدی

**توڑنا پھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ شکستہ کرنا ۔

**توڑنا جوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بنانا (۲) بگاڑنا ۔ سنوارنا ۔

**توڑنا مروڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہاتھا پائی کرنا ۔ چھینا جھپٹی کرنا (۲) کسی شے کو بل دینا (۳) لوہے کے تار کو بل دار کرنا ۔

**تُڑوائی** ۔ (تُڑ ۔ وا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] توڑنے کی اُجرت ۔

**توڑی** ۔ (تو ۔ ڑی) (واؤ مجہول) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) رائی کا پودا (۲) رائی کا بیج ۔ (۳) سرسوں (۴) ایک راگنی کا نام ۔

**تُوڑی** ۔ (تُو ۔ ڑی) (واؤ معروف) [ہ ۔ ا ۔ مث] گیہوں یا جَو کا بھُس ۔ چارہ ۔

**توزیع** ۔ (تو ۔ زیع) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پراگندہ کرنا ۔ بانٹنا (۲) جمع بندی ۔ فرد لگان (۳) حلیے کا نقشہ ۔

**توزیع حال** ۔ [ع ۔ ا ۔ ف] ہر مہینے کا حساب ۔ جس میں ہر مالک کا زرِ مطالبہ اور تحصیل اور باقی درج ہو ۔

**توس** ۔ [انگریزی (Toast) کا ہند ۔ ا ۔ مذ] ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا ۔ جسے گھی لگا کر سینکتے ہیں ۔

**توسدان** ۔ (توس ۔ دان) [ف ۔ ا ۔ مذ] کارتوس رکھنے کا چھوٹا بکس ۔ جو سپاہیوں کی کمر سے بندھا رہتا ہے ۔

**توسُّط** ۔ (تَ ۔ وَس ۔ سُط) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اعتدال ۔ میانہ روی (۲) درمیان ۔ بیچ (۳) ذریعہ ۔ وسیلہ ۔

**توسُّل** ۔ (تَ ۔ وَس ۔ سُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وسیلہ ڈھونڈنا ۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا (۲) ذریعہ ۔ سفارش ۔ وسیلہ ۔

**توسَن** ۔ (تو ۔ سَن) [ف ۔ ا ۔ مذ] گھوڑا ۔ اسپ ۔

**توسن اڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھوڑا دوڑانا ۔

**توسن اڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا ۔

**توسن بھڑکنا** ۔ گھوڑے کا ڈر جانا ۔

**توسن چمکانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھوڑا تیز کرنا ۔

**توسن چمکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گھوڑا تیز ہونا (۲) گھوڑے کا ڈر جانا ۔

**توسنِ (قلم)، کلک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] قلم کو توسن سے استعارہ کرتے ہیں ۔

**توسیع** ۔ (تو ۔ سیع) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) فراخ کرنا ۔ وسعت کرنا ۔ کشادہ کرنا ۔ (۲) وسعت ۔ کشادگی ۔

**توسیع اشاعت** ۔ کسی چیز کی اشاعت بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔

**توسیع زبان** ۔ زبان کو وسعت دینا ۔ زبان میں نئے الفاظ اور محاورات داخل کرنا ۔

**توسیع ملازمت** ۔ قانونی مدت ملازمت ختم ہو جانے پر کسی خاص ضرورت یا رعایت سے مدت میں اضافہ کر دینا ۔

**تَوش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) طاقت ۔ قوت (۲) بدن ۔ تن (۳) ایک وقت کے کھانے کے لیے کافی خوراک ۔ اُردو میں تن و توش کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۔

**توشدان** ۔ توشہ دان ۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں ۔

**توشک** ۔ (تو ۔ شک) [ف ۔ ا ۔ مث] روئی دار بستر ۔ گدیلا ۔ گھا ۔ نہالی ۔

**توشک خانہ** ۔ (۱) وہ مکان ۔ جس میں امیروں کی پوشاک اور سامان متعلقہ رہتا ہے (۲) وہ جگہ جہاں سامان خانہ داری رہتا ہے ۔

**توشہ** ۔ (تو ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) زادِ راہ ۔ وہ کھانا، جو مسافر ساتھ لے جائے ۔



Marfat.com

(۲) وہ کھانا۔ جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور اُسے دفن کرنے کے بعد فقرا میں تقسیم کر دیتے ہیں (۳) کسی ولی یا بزرگ کی فاتحہ کا کھانا، جو عرس کے دن تقسیم کیا جاتا ہے۔

**توشہ خانہ۔ توشے خانہ** - (ا۔ مذ) وہ مکان جہاں کپڑے اور گھر کا سامان رکھا جائے۔

**توشۂ عاقبت** - (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) آخرت کا سامان۔ اعمال نیک۔

**توشے کی روٹی** - (ا۔ مث) کھانا جو لاش کے دفن کرنے پر تقسیم کرتے ہیں۔

**توشیح** - (تو۔ شیح) [ع۔ ا۔ مث] (۱) آرائش کرنا۔ سجانا (۲) علم بیان کی ایک صنعت۔ جس میں شعروں کا پہلا حرف یا مصرعوں کے شروع کا ایک ایک لفظ لینے سے کوئی عبارت بن جائے۔

**توصیف** - (تو۔ صیف) [ع۔ ا۔ مث] (۱) وصف کرنا۔ خوبی بیان کرنا (۲) صفت۔ خوبی۔

**توضیح** - (تو۔ ضیح) [ع۔ ا۔ مث] (۱) واضح کرنا۔ کھول کے بیان کرنا (۲) شرح وضاحت (۳) (قانون) مالگذاری کا نقشہ۔ جمع : توضیحات۔

**توضیع** - (تو۔ ضیع) [ع۔ ا۔ مث] (۱) رکھنا (۲) افسردہ کرنا۔ غمگین کرنا (۲) پست کرنا۔ عاجز کرنا۔ غرور ڈھانا۔

**توطن** - (تَ۔ وَط۔ طُن) [ع۔ ا۔ مذ] وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا۔

**توغل** - (تَ۔ وَغ۔ غُل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ایک کام میں بہت لگا رہنا۔ پوری مشق کرنا (۲) دُھن۔ لَے۔

**توفان** - (تو۔ فان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) طوفان (۲) شور و غوغا (۳) الزام۔ بہتان۔ چھدّا۔

**توفانِ شیطان** - (ف۔ ا۔ مذ) جھوٹ۔ بہتان۔

**توفیر** - (تو۔ فیر) [ع۔ ا۔ مث] (۱) زیادتی۔ بہتات (۲) بچت۔ باقی۔

**توفیق** - (تو۔ فیق) [ع۔ ا۔ مث] (۱) برابر اور موافق کرنا (۲) خدا تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا (۳) ہدایت۔ رہنمائی۔ خدا کی مہربانی (۴) ہمت۔ طاقت۔ حوصلہ۔ جمع : توفیقات۔

**توفیقِ خیر** - (ع۔ ا۔ مث) نیک کاموں کی ہمت۔

**توفیق ہونا** - (ا۔ محاورہ) ہمت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

**توقع** - (تَ۔ وَق۔ قُع) [ع۔ ا۔ مث] اُمید۔ بھروسا۔ آس۔ جمع : توقعات۔

**توقف** - (تَ۔ وَق۔ قُف) [ع۔ ا۔ مذ] دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔

**توقیر** - (تو۔ قیر) [ع۔ ا۔ مث] عزت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم۔

**توقیع** - (تو۔ قیع) [ع۔ ا۔ مث] (۱) شاہی دستخط (۲) شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا (۳) شاہی فرمان۔

**توقیفی** - (ع۔ صف) جس میں اوقات یا وقفے کا التزام کیا گیا ہو (۲) شرعی اصطلاح، اللہ میاں کی ٹھہرائی ہوئی۔

**توکل** - (تَ۔ وَک۔ کُل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بھروسہ کرنا۔ اپنے کام کو کسی کے حوالے کرنا (۲) اپنے عجز کا اقرار کرنا (۳) کسی کو وکیل بنانا۔

**توکل بخدا** - (ف۔ ا۔ مذ) خدا پر بھروسا کرنا۔

**توکل پر بیٹھنا** - (ا۔ محاورہ) توکل پر گزارا کرنا۔ توکل کر لینا۔ (۱) اپنے سب کام خدا پر چھوڑ دینا (۲) بیکار بیٹھنا۔ خالی بیٹھنا۔

**توکلتُ علی اللہ** - میں نے خُدا پر بھروسہ کیا۔ اس وقت بولتے ہیں۔ جب سب کچھ چھوڑ کر، خدا پر بھروسہ کر کے صبر کر لیتے ہیں۔

**توکیل** - (تو۔ کیل) وکیل کرنا۔ کام سپرد کرنا (۲) کسی پر کوئی کام چھوڑ دینا۔

**تول۔ تول** - [ہ۔ ا۔ مذ و مث] (۱) وزن۔ جانچ۔ اندازہ (۲) مقررہ وزن (۳) ہم سَر۔ برابر (ق)

**تول کٹا ہے** - (ا۔ محاورہ) روپیہ وزن میں پورا نہیں۔

**تول لینا۔ تولنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) وزن کرنا۔ آزما لینا۔ جانچ لینا (۲) لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا۔ امتحان کرنا (۳) تلوار کو ہاتھ میں لے کر جا نچنا (۴) محبت کی آزمائش کرنا (۵) بات کو اچھی طرح سمجھنا۔

**تولا** - (تو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] بازار میں تولنے کا کام کرنے والا۔

**تولا** - (تَ۔ وَل۔ لا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) محبت رکھنا (۲) محبت۔ اُلفت۔ پیار۔

**تولا** - (تو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] بارہ ماشے کا وزن۔

**تولا بھر** - (ہ۔ ا۔ صف) وزن میں ایک تولا۔

**تولا بھر کی آرسی ناک بولے فارسی** } (مثل) تھوڑا سلوک کر کے بہت احسان جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تعلّی یا شیخی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

**تولا ماشہ** - (ہ۔ ا۔ صف) غیر مستقل مزاج۔ وہ جو گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہو۔

**تولائی** - (تَ۔ وَل۔ لا۔ ای) [ع۔ صف] (۱) محبت رکھنے والا شخص (۲) شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرّا نہ کرے۔

**تولد** - (تَ۔ وَل۔ لُد) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پیدا ہونا (۲) پیدائش۔ جنم۔

**تولواں** - (تول۔ واں) [ہ] (۱) بھاری۔ وزنی (۲) جس پر بہت سا طلائی کام ہوا ہو (کپڑا)

**تولہ** - (تو۔ لہ) [ہ۔ ا۔ مذ] دیکھیے تولا۔

**تولیا** - (تو۔ لِ۔ یا) [اَنگ۔ ا۔ مذ] لمبا رومال جس سے ہاتھ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں۔ (انگ) (Towel)

**تولیت** - (تو۔ لِ۔ یت) (۱) حاکم بنانا۔ افسر کرنا (۲) سربراہی۔ نگرانی۔ انتظام۔

**تولیت نامہ** - (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ولی بنانے کی تحریر۔

**تولید** - (تو۔ لید) [ع۔ ا۔ مث] (۱) جتانا۔ پیدا کرنا (۲) پیداوار۔

**تومار** - (تو۔ مار) [اُر۔ ا۔ مذ] دیکھیے طومار۔

**تومان** - (تو۔ مان) [ف۔ ا۔ مذ] ایک ایرانی سکہ۔

**تومڑا** - (توم۔ ڑا) [ق۔ ا۔ مذ] خول۔ (۲) فقیروں کا برتن جو کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کر کے بناتے ہیں۔

**تومڑی** - (توم۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں (۲) چھوٹا تونبا۔ سوکھے ہوئے تونبے کا فقیروں کا برتن (۳) سپیروں کی بین (۴) مگر مچھ یا گھڑیال کی تھوتھنی (۵) چراغ جو تونبی یا تربوز کا بناتے ہیں (۶) ایک قسم کی آتش بازی (۷) ایک قسم کی سینگی جو چھوٹے کدو سے بناتے ہیں (۸) رسولی۔

**تومڑی بھر دے** - میرا برتن بھر دے۔ فقیروں کی صدا۔

**تومنا** - (توم۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) روئی روئی جدا کرنا۔ روئی صاف کرنا۔ (۲) عیب کھولنا۔ قلعی کھولنا۔



Marfat.com

**تُومیا**۔ (تُو۔مِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سُوت۔
**تُوں تاں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تُوتُو مَیں مَیں کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔
**تُون**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) رحم۔ بچہ دان (۲) حمام (۳) بھاڑ (۴) گھورا۔
**تُونا**۔ (تُو۔نا) (ہ۔مص) جانور کا حمل گر جانا۔
**تُونبا**۔ (تُوں۔با) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اور فقیر سُکھا کر کشکول بناتے ہیں۔
**تُونبی**۔ (تُوں۔بی) (ہ۔امث) (۱) چھوٹا کشکول (۲) چھوٹا کدو۔
**تونبی ہاتھ میں لینا**۔ (ا۔محاورہ) فقیر بننا۔ جوگی بننا۔
**توند**۔ (ہ۔ا۔مث) بڑا پیٹ۔
**تُوند**۔ (ہ) توند۔ پیٹ کا اُبھار۔
**توندالا۔ توندل۔ توندو**۔ (ہ۔صف) بڑے پیٹ والا۔
**تُونس**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ پیاس، جو کسی طرح نہ بجھے (۲) دھوپ کی شدّت۔
**تُونسنا**۔ (تُونس۔نا) (ہ۔مص) (۱) آفتاب کی گرمی سے بے تاب یا مضمحل ہونا (۲) سخت پیاس لگنا۔
**تونگر**۔ (ف۔صف) مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔
**تونگری**۔ (ف۔ا۔مث) دولت مندی۔ خوشحالی۔
**تونگری بدل است نہ بمال**۔ (ف۔مثل) امیری دل سے ہوتی ہے مال سے نہیں۔
**تَوَہُّم**۔ (تَ۔وَہ۔ہُم) (ع۔ا۔مذ) وہم۔ وسواس۔ شک۔ گمان۔
**توہین**۔ (تو۔ہین) (ع۔ا۔مث) ہتک۔ بے عزتی۔ ذلت۔
**توہین عدالت**۔ (ع۔امث) عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ حاکم کے سامنے کہہ دینا یا کوئی ایسا کام کرنا۔ جس سے عدالت کی تحقیر پائی جاتی ہو۔
**تُوئی**۔ (تو۔ای) (ہ۔ا۔مث) کپڑے پر بنی ہوئی ایک قسم کی بیل، جو دوپٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔
**توی**۔ (تَ۔وی) (ہ۔امث) بڑا توا جس پر ایک ہی وقت میں بہت سی روٹیاں پک سکتی ہیں۔
**توی کی روٹی**۔ وہ روٹی، جو توی پر پکائی جائے۔
**توے کی تیری ہاتھ کی میری**۔ (ا۔مثل) دوسرے کی جلدی کا اظہار کرنے کے لیے کہا جاتا ہے (۲) بہت فائدہ میرا تھوڑا تیرا۔

## ت ــــ ہ

**تہ**۔ (ف۔امث) (۱) نچلا حصّہ۔ تلی (۲) تھاہ۔ انتہا (۳) پیندا۔ تلا (۴) پرت (۵) نکتہ۔ باریکی۔ کنایہ۔ رمز (۶) فرش۔ سطح۔ زمین (۷) تلچھٹ (۸) جھلک۔ تحریر (۹) باریک اور پتلا ورق۔ بنیاد (۱۰) نیچے۔ تلے۔
**تہ بازار**۔ (ف۔امث) بازار کی زمین۔
**تہ بازاری**۔ (ف۔امث) (۱) وہ کرایہ، جو وہ لوگ دیتے ہیں۔ جن کی دکان بازار میں نہیں ہوتی بلکہ مال زمین وغیرہ پر رکھ کر بیچتے ہیں۔

**تہ بہ تہ**۔ (۱) ہر تہ میں (۲) ایک کے نیچے ایک تہ (۳) طبق در طبق (۴) تہ کے اندر تہ۔
**تہ بند**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) پاجامے کی بجائے باندھنے کا کپڑا (۲) دھوتی۔ لنگی۔
**تہ بندی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) کتاب کی جز بندی (۲) وہ رنگ، جو کپڑے کو اصل رنگ سے پہلے دیتے ہیں۔
**تہ پانا**۔ (ا۔محاورہ) اصل مطلب کو پا لینا۔ حقیقت دریافت کر لینا۔
**تہ پوشی**۔ (ف۔امث) زنانہ پاجامہ، جو ساڑھی کے نیچے پہنا جاتا ہے۔
**تہ پیچ**۔ (ف۔ا۔مث) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔ بطانہ۔
**تہ (کو) توڑ دینا، توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سب کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ برتن چاٹ جانا (۲) سب کچھ صاف کر دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا (۳) تھان کی تہیں کھول دینا۔
**تہِ تیغ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار سے قتل کرنا۔
**تہ (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مفلس ہو جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ (۲) کپڑے کا تھان کھُل جانا۔
**تہ جمانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ایک چیز کے اُوپر دوسری چیز ملا کر رکھنا۔ اوپر تلے رکھنا۔ کھانے پر کھانا۔
**تہ جمنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی رقیق چیز کے نیچے کے حصّے کا جم جانا۔
**تہ خاک**۔ (ف۔صف) زمین کے نیچے۔
**تہ خانہ**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) سرد خانہ (۲) وہ مکان۔ جو مکان کے اور سطح زمین کے نیچے بناتے ہیں۔
**تہ دار**۔ (ف۔صف) (۱) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق (۲) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
**تہ داری**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) گہرائی (۲) دقت۔ مشکل۔ پیچیدگی۔
**تہ دام آنا**۔ (ا۔محاورہ) جال میں پھنسنا۔ پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ قابو میں آنا۔
**تہ درز**۔ (ا۔صف) (۱) بالکل نیا (۲) نیا کپڑا۔ جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔
**تہِ دل سے**۔ نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے۔
**تہ دلی**۔ اطمینانِ قلب۔
**تہ (دیگ) دیگی**۔ (ف۔ا۔مث) کھرچن۔ نیچے کا کھانا۔ جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔
**تہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی چیز کا نیچے اُوپر رکھنا (۲) اصل رنگ سے پہلے ہلکا رنگ دینا۔ (۳) استر لگانا (۴) کچے پھلوں کو بھوسے کی تہ میں رکھنا۔
**تہ کا**۔ (ف۔ا۔صف) (۱) گہرا (۲) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقت طلب۔
**تہ کاسیا**۔ (ف۔ا۔صف) وہ کبوتر، جو گھر نہ بھولے۔
**تہ کر رکھو**۔ (ا۔مقولہ) بے غرضی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ رکھ چھوڑو۔ اب نہیں چاہیے۔
**تہ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ٹھیک طور سے لپیٹنا (۲) فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
**تہ کو (پانا) پہنچنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) اصل مطلب دریافت کر لینا (۲) کسی بات کی حقیقت کو سمجھ جانا۔
**تہ کی بات**۔ (ف۔امث) اصل بات۔ گُر۔
**تہ لگانا**۔ (ا۔محاورہ) کپڑے کو ٹھیک طور سے لپیٹنا۔



Marfat.com

**تہ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں سخت پیاس لگتی ہے۔
**تہ ملانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جوڑا لگانا۔ نر کے ساتھ مادہ کو ملانا۔
**تہ میں بیٹھ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نیچے بیٹھ جانا۔ ڈوب جانا (۲) کسی کے دل میں گھر کرنا۔ بھید لے لینا۔
**تہ نال** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) لوہے کا ٹکڑا۔ جو تلوار کے قبضے کے نیچے ہوتا ہے۔ (۲) نیام کے نیچے کا حصّہ۔ جس میں تلوار کا پھیلا رہتا ہے۔
**تہ نامہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔
**تہ نشان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سونے یا جواہرات کا کام جو تلوار کے قبضے پر ہوتا ہے
**تہ نشین** ۔ (ف ۔ صف) (۱) نیچے یا تہ میں بیٹھنے والا (۲) ذہن میں آجانے والا۔ دل میں بیٹھ جانے والا (۳) تلچھٹ۔
**تہ نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اصل بات کو پا جانا۔ رمز پہچاننا۔
**تہ نہیں ٹوٹی** ۔ (ا۔ محاورہ) کپڑا بالکل نیا ہے۔
**تہ و بالا** ۔ (ف ۔ صف) زیر و زبر۔ نیچے اُوپر۔ اُلٹ پُلٹ۔
**تہا ہی رکھ چھوڑنا** ۔ (اُر۔ محاورہ) احتیاط سے رکھنا۔ استعمال میں نہ لانا۔
**تہاں** ۔ (تَ ۔ ہاں) (ہ) (۱) وہاں۔ اُس جگہ۔ اُدھر (۲) تب۔ اس موقع پر۔
**تہانا** ۔ (تَ ۔ ہا ۔ نا) (ہ ۔ مص) تہ کرنا۔
**تہاوُن** ۔ (تَ ۔ ہا ۔ وُن) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) نفرت۔ حقارت (۲) غفلت۔ لاپرواہی۔ سُستی۔
**تہائی** ۔ (تِ ۔ ہا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) تیسرا حصّہ۔ ⅓۔
**تہبُّج** ۔ (تَ ۔ ہَب ۔ بُج) (ع ۔ ا ۔ مذ) چہرے کی بھربھراہٹ۔ سوجن۔ ورم۔
**تہتّر** ۔ (تَہ ۔ ہَت ۔ تَر) (ہ ۔ صف) تین اُوپر ستّر۔ بہتّر کے بعد کا عدد۔ ۷۳۔
**تہتُّک** ۔ (تَ ۔ ہَت ۔ تُک) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) پردہ دری (۲) بے عزتی۔
**تہجُّد** ۔ (تَ ۔ ہَج ۔ جُد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) رات کو جاگنا (۲) نماز، جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
**تہجُّد گزار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) آدھی رات کے بعد نماز پڑھنے والا (۲) (مجازاً) پرہیزگار۔
**تہجّی** ۔ (تَ ۔ ہَج ۔ جی) (ع ۔ ا ۔ مث) ہجے کرنا۔ حرف مفرد کا پڑھنا۔
**تہدید** ۔ (تَہ ۔ دِید) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) تنبیہ۔ سرزنش۔ دھمکی۔ گھُرکی۔ (۲) ڈرانا۔ دھمکانا۔
**تہذیب** ۔ (تَہ ۔ ذِیب) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) آراستگی۔ صفائی۔ اصلاح۔ (۲) شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ (انگ) (Culture)
**تہذیبِ اخلاق** ۔ (ع ۔ ا ۔ ف) اخلاق کی دُرستی۔ خوش اخلاقی۔ انسانیت
**تہذیب یافتہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ شائستہ۔ مہذّب۔
**تہرا** ۔ (تِہ ۔ را) (ہ ۔ صف) (۱) تِگنا۔ سہ چند (۲) تین تہ کا (۳) تین لڑ کا۔ (۴) تین قسم کا۔ تین طرح کا۔
**تہرانا** ۔ (تِہ ۔ را ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) تیسری دفعہ کہنا (۲) کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا (۳) تین تہیں کرنا۔
**تہری** ۔ (تَہ ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک مشہور کھانا، جو چاولوں میں بڑی یا گوشت ڈال کر پکاتے اور ہلدی کا رنگ دیتے ہیں۔
**تِہری** ۔ (تِہ ۔ ری) (ہ ۔ صف) تہرا کا مؤنث۔ تین گُنی۔
**تِہری سواری** ۔ ڈولی۔ پالکی وغیرہ میں تین آدمیوں کا سوار ہونا۔
**تہریج** ۔ (تَہ ۔ رِیج) (ع ۔ ا ۔ مث) مال گزاری سے متعلق ایک قسم کا کاغذ۔
**تہس نہس** ۔ (تَ ۔ ہس ۔ نَ ۔ ہس) (ہ ۔ صف) تباہ۔ برباد۔ خراب۔ اُجاڑ۔ نابود۔ غارت۔
**تہس نہس گئی** ۔ (ہ ۔ صف) خانہ خراب عورت۔ وہ عورت جس کا کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ہو۔
**تہلکہ** ۔ (تَہ ۔ لُ ۔ کہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ہلاکت۔ موت (۲) غارت ہونا۔ تباہی (۳) (اُر) شور۔ غوغا۔ کھلبلی۔ آفت۔ کہرام (۴) دہشت۔ خوف۔
**تہلکہ (پڑنا) مچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کہرام مچنا۔ آفت بپا ہونا۔
**تہلیل** ۔ (تَہ ۔ لِیل) (ع ۔ ا ۔ مث) لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ کہنا۔
**تہمت** ۔ (تُہ ۔ مَت) (ع ۔ ا ۔ مث) الزام۔ بُہتان۔ جھوٹا الزام۔
**تہمت تراشنا۔ تہمت جوڑنا۔ تہمت دھرنا۔ تہمت دینا۔ تہمت رکھنا۔ تہمت لگانا** } عیب لگانا۔ الزام لگانا۔ بُہتان باندھنا۔
**تہمت سر لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) الزام لگنا۔ متہم ہونا۔
**تہمت کا گھر۔ تہمت کی ٹٹی** ۔ (ا۔ صف) (۱) بدنامی یا عیب کی جگہ۔ (۲) وہ چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو (۳) ایسا شخص جس کی ملاقات سے الزام لگے (۴) وہ شخص جو ہر ایک کو الزام لگائے۔
**تہمت لے مرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) الزام لگانا۔ عیب لگا دینا۔ بُہتان باندھ دینا۔
**تہمتن** ۔ (تَ ۔ ہم ۔ تَن) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بڑے جُثے یا بدن کا آدمی (۲) بہادر۔ دلیر۔ شجاع (۳) رُستم کا لقب۔
**تُہمتی** ۔ (تُہ ۔ مَ ۔ تی) (ف ۔ صف) (۱) وہ شخص جس پر تُہمت لگائی جائے (۲) تہمت لگانے والا۔
**تہمتیں تراشنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خواہ مخواہ تہمت لگانا۔ جھوٹی تہمت لگانا۔
**تہمد** ۔ (تَہ ۔ مَد) (اُر ۔ ا ۔ مذ) تہ بند کا بگڑا ہوا۔
**تہنیت** ۔ (تَہ ۔ نِ ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) مبارکباد۔ مبارکباد دینا یا لینا۔
**تہنیت نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) مبارکباد کا خط۔
**تہنید** ۔ (تَہ ۔ نِید) (ع ۔ ا ۔ مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا۔
**تہوار** ۔ (تِہ ۔ وار) (ہ ۔ ا ۔ مذ) خوشی کا دن۔ مذہبی تقریب کا دن۔
**تہوُّر** ۔ (تَ ۔ ہَو ۔ وُر) (ع ۔ ا ۔ مذ) بہادری۔ مردانگی۔ دلیری۔ شجاعت۔
**تہوُّری** ۔ (تَہ ۔ ہَو ۔ وُ ۔ ری) (ع ۔ ا ۔ مث) بہادری۔ دلیری۔
**تہی** ۔ (تِ ۔ ہی) (ف ۔ صف) خالی۔ جس میں کوئی چیز نہ ہو۔
**تہی دست** ۔ (ف ۔ صف) خالی ہاتھ۔ مُفلس۔ غریب۔
**تہی دستانِ قسمت** ۔ (ف ۔ صف) بد قسمت لوگ۔
**تہی دستانِ قسمت راچہ سود از رہبرِ کامل** ۔ (ف ۔ مثل) بد قسمت لوگوں کو کسی سے بھی فیض نہیں پہنچ سکتا۔
**تہی دستی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مفلسی۔ ناداری۔ غُربت۔
**تہی دماغ** ۔ (ف ۔ صف) جاہل۔ بے وقوف۔
**تہی گاہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کوکھ۔ سُرین سے اُوپر اور پہلو سے نیچے کا حصّہ۔



Marfat.com

**تہی مغز**۔ احمق۔ بے وقوف۔ سادہ لوح۔
**تہیں**۔ (تہی۔ں) (ق) تو ہی۔
**تہیّہ**۔ (تَ۔ہی۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) مستعدی۔ آمادگی (۲) سامان۔ انتظام۔

## تھ

**تھا**۔ فعل ناقص، ماضی بعید کی علامت۔
**تھاپ**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) تھپڑ۔ طمانچہ۔ تھپکی (۲) طبلے کی آواز۔ ڈھولک کی آواز۔
**تھاپ (پڑنا) لگنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) طبلے پر ہاتھ قاعدے سے پڑنا (۲) طبلہ بجنا۔ راگ رنگ ہونا۔
**تھاپ دینا**۔ (ا۔محاورہ) ناچ گانا موقوف کرنے کے لیے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا۔
**تھاپ سہارنا**۔ (ا۔محاورہ) سختی یا مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف جھیلنا۔
**تھاپ مارنا**۔ (۱) شیر کا تھپڑ مارنا (۲) پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا۔ (۳) طبلہ بجانا (۴) گوبر تھاپ کر دیوار پر مارنا۔
**تھاپا**۔ (تھا۔پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چوپائے کے پاؤں کا نشان (۲) ہاتھ کا پورا نشان، جو مہندی مل کر دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے موقع پر لگاتے ہیں (۳) مکان پر نشان، جو چور لگا دیتے ہیں، جہاں انھیں چوری کرنی ہو (۴) خون کے پنجے کا نشان، جو قاتل کے مکان پر لگا دیتے ہیں۔ (۵) نشان۔ مہر (۶) مٹی کا وہ نشان، جو زمیندار کھلیان پر لگا دیتے ہیں تاکہ کوئی چوری کرے، تو معلوم ہو جائے۔
**تھاپنا**۔ (تھاپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پاتھنا۔ اُپلے بنانا (۲) مورتی کی پوجا کرنا۔
**تھاپی**۔ (تھا۔پی) [ہ۔ا۔مث] (۱) تھپکی (۲) تھاپنے کی آواز (۳) کمہار کا اوزار جس سے وہ برتن گھڑتا ہے (۴) معمار کا اوزار جس سے وہ مٹی یا چونا کوٹتا ہے (۵) کرکٹ۔ ٹینس وغیرہ کا بلا (۶) چھوٹا اپلا۔
**تھاک**۔ [ہ۔ا۔مذ و مث] (۱) حد کی پکی بُرجی (۲) تھکن (ق)
**تھاک بست**۔ (ہ۔ف۔ا۔مذ) حد بندی۔
**تھاکا**۔ [ق۔مذ] تھکا ہو۔
**تھال**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھات کا بڑا چپٹا یا گول برتن۔ خوان۔ طباق (۲) بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا (۳) لڑکیوں کا ایک کھیل۔
**تھال کھلائی**۔ چھٹی کے بعد ایک رسم۔ جس میں تھال میں خشکہ اور اس پر گھی، شکر اور میوہ ڈال کر زچہ کو کھلاتے ہیں۔ زچہ کے بعد اور سہاگنیں کھاتی ہیں
**تھال لگانا**۔ (ہ۔محاورہ) تھال پر کھانا چُننا۔
**تھالا**۔ (تھا۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا۔ (۲) وہ گڑھا جس میں درخت لگایا جائے۔
**تھالی**۔ (تھا۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) دھات کا چھوٹا، گول، چپٹا برتن جس میں عموماً روٹیاں اور کھانا رکھتے ہیں (۲) تشتری۔ رکابی (۳) گلاس وغیرہ کے نیچے جو برتن رکھا جائے۔
**تھالی بجانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تھالی پر ہاتھ یا کوئی چیز مار کر آواز پیدا کرنا (۲) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی کی آواز کے ساتھ منتر پڑھا جانا (۳) بچہ پیدا ہونے پر اس کا ڈر نکالنے کے لیے تھالی سے آواز پیدا کی جانا۔
**تھالی پر سے بھوکا نہیں اُٹھا جاتا**۔ (مثل) کھانا سامنے ہو تو آدمی بغیر سیر ہوئے نہیں اُٹھتا۔
**تھالی پھرانا**۔ (ا۔محاورہ) مداریوں کا ایک کرتب۔
**تھالی پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) سخت ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکی جائے تو سروں پر ہی رہے۔ زمین پر نہ گرے۔
**تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سنی**۔ (مثل) نقصان ہوا، مگر مطلب تو حاصل ہو گیا۔ جب کوئی بے غیرت آدمی پردہ فاش ہونے پر خوش ہو تو کہتے ہیں۔
**تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے** }
**تھالی پھینکو تو سر ہی پر گرے** } (مثل) بہت ہجوم ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔
**تھالی کا بینگن**۔ (ا۔مذ) غیر مستقل مزاج شخص۔ رکابی مذہب۔ وہ جو لالچ کے باعث کبھی کسی طرف ہو، کبھی کسی طرف۔
**تھالی گری۔ جھنکار سب نے سنی**۔ (مثل) جب کوئی بڑی بات ہوتی ہے تو ہر کسی کو خبر ہو جاتی ہے۔
**تھام**۔ [ق۔ا۔مذ] مقام۔
**تھامنا**۔ (تھام۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہاتھ سے پکڑنا۔ (۲) سہارا دینا۔ آسرا دینا۔ (۳) مدد دینا (۴) روکنا (۵) ٹھہرانا (۶) حفاظت کرنا۔ بچانا۔
**تھان**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) جگہ۔ موقع۔ مقام (۲) مکان۔ رہنے کی جگہ (۳) گھوڑے ہاتھی یا مویشی کا طویلہ۔ اصطبل (۴) گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں۔ (۵) کپڑے۔ ریشم۔ گوٹے وغیرہ کا معینہ لمبائی کا ٹکڑا (۶) ایک عضو سکہ (۷) اکائی۔ ایک عدد۔
**تھان پر باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) گھوڑے کو اس کی جگہ پر یا طویلے میں رسے سے باندھنا (۲) کسی شرارت یا بُرے کام سے روکنا۔
**تھان کا ٹرا**۔ (ا۔صف) (۱) تھان پر شرارت کرنے والا (۲) (مجازاً) وہ شخص جو گھر پر بہت شیخی بگھارے۔ گلی کا کتا۔
**تھان کا سچا**۔ (ا۔صف) گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آ جائے۔
**تھان میں آنا**۔ گھوڑے کا تکان اُتارنے کے لئے خاک میں لوٹنا۔
**تھان سے تھان**۔ (ا۔محاورہ) سائیس اس وقت کہتے ہیں۔ جب گھوڑا سوتے ہوئے یکایک ڈر کر ہنہنائے۔
**تھانب**۔ [ق۔ا۔مذ] کھمبا۔ ستون۔ تھم۔
**تھانگ**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹھیک جگہ یا گم شدہ چیز کا موقعہ (۲) چوروں کا مقام (۳) مال مسروقہ کا پتا (۴) کھوج۔ نشان (۵) سازش۔ بھید۔
**تھانگ دار**۔ (ہ۔ف۔صف) وہ شخص جو چوری کا مال لے کر چپ چاپ فروخت کرنے کا عادی ہو۔
**تھانگ گیری**۔ (ہ۔ف۔ا۔مث) چوری کا مال خریدنا۔
**تھانگ لگانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) چوروں کو پناہ دینا (۲) سراغ لگانا۔ چوروں کا پتا لگانا۔
**تھانگنا**۔ (تھانگ۔نا) [ہ۔مص] سراغ لگانا۔
**تھانگی۔ تھانگیا**۔ (تھاں۔گی) (تھاں۔گ۔یا) [ہ۔صف] (۱) چوروں کا



Marfat.com

مددگار (۲) وہ شخص جو چوروں کو پناہ دے (۳) مالِ مسروقہ لینے والا شخص (۴) وہ شخص۔ جو مالِ مسروقہ کا پتہ چلائے۔ سُراغی۔ کھوجی۔

**تھانگی دار**۔ چوری کا مال خرید کر فروخت کرنے والا۔

**تھانگی داری**۔ (۱) چوروں کی مدد کرنا (۲) مالِ مسروقہ لینا۔

**تھانگی ہے**۔ (ہ۔ محاورہ) (۱) چوروں کا معاون ہے (۲) بدمعاش ہے۔

**تھانولا**۔ (تھا۔ نُو۔ لا۔ بروزن سانُولا) [ہ۔ ا۔ مذ] درخت کا "تھالا"۔

**تھانہ**۔ (تھا۔ نہ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کوتوالی۔ پولیس کی چوکی (۲) گاؤں میں زمیندار کا مکان۔

**تھانہ بٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) پہرا بٹھانا۔ چوکی بٹھانا۔

**تھانہ چڑھ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) پولیس کا کسی جگہ برائے تفتیش یا گرفتاری یا تلاشی جانا۔

**تھانے پر پکڑا جانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی جُرم میں گرفتار ہو کر تھانے پر جانا۔

**تھانے دار**۔ (ا۔ ف۔ صف) تھانے کا افسر۔ سب انسپکٹر پولیس۔ کوتوال۔

**تھانیداری**۔ (ا۔ ف۔ مث) (۱) تھانیدار کا عہدہ یا منصب (۲) تھانیدار کا کام۔

**تھاہ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) پانی کی تہ کی زمین (۲) گہرائی (۳) پتہ۔ ٹھکانا (۴) انتہا۔ انجام۔ اخیر (۵) منشا۔ عندیہ۔ مرضی (۶) گھاٹ۔ پایاب۔

**تھاہ پانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پانی کی گہرائی معلوم کرنا (۲) بات کی تہ تک پہنچنا۔ (۳) باریکی معلوم کرنا۔

**تھاہ لانا**۔ (ا۔ محاورہ) گہرائی دریافت کرنا۔

**تھاہ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عندیہ یا منشا معلوم کرنا (۲) بھید لینا۔

**تھاہ مانگنا**۔ (ا۔ محاورہ) پوچھنا کہ گہرائی کتنی ہے۔

**تھاہ ملنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گہرائی معلوم ہونا (۲) منشا معلوم ہونا (۳) کھوج یا پتا لگنا۔

**تھُپ جانا۔ تھپُنا**۔ (تھُپ۔ جا۔ نا) (تھُپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گوبر۔ گارے وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) الزام لگنا۔ ذمے پڑنا۔

**تھپڑ**۔ (تھپ۔ پڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) تمانچہ۔ دھپ۔ لپڑ (۲) تیز ہوا کا جھونکا۔

**تھپڑ دینا۔ تھپڑ لگانا۔ تھپڑ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) تمانچہ مارنا۔

**تھپڑ کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) تمانچہ لگنا۔ مار کھانا۔

**تھپڑی**۔ (تھپ۔ پڑی) [ہ۔ ا۔ مث] تالی (دونوں ہاتھوں کو باہم ملا کر بجانا)

**تھپڑی بجانا۔ تھپڑی پیٹنا۔ تھپڑی مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تالی بجانا۔ (۲) بے عزت کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔

**تھپڑی بجنا**۔ (ا۔ محاورہ) تالی پیٹنا۔ بے عزتی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

**تھپک**۔ (تھپ۔ پک) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تھپکی دینا (۲) تھاپ۔ تھپکی (۳) تھپکنا کا امر۔

**تھپک تھپک (کر) کے رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) روک تھام کرنا (۲) دم دلاسے دے کر روکنا۔

**تھپک تھپک کے سُلانا**۔ (ا۔ محاورہ) تھپکی دے کر بچوں کو سُلانا۔

**تھپک دو**۔ تھپکی دے کر سُلا دو

**تھپکنا**۔ (تھپ۔ پک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا۔ تاکہ وہ سو جائے (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا (۳) پچکارنا (۴) منانا۔ ٹھنڈا کرنا۔

(۵) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔

**تھپکی**۔ (تھپ۔ پکی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ ضرب۔ جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹھ پر لگائیں (۲) کُشتی کا ایک داؤں۔

**تھپکی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ سے ضرب لگانا کہ ہتھیار پٹ پڑے (۲) کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا (۳) چمکارنا

**تھپنا**۔ (تھپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تھپکی ملنا۔ تھپکی دیا جانا (۲) اُپلے بننا۔ (۳) لگانا۔ مقرر کرنا۔

**تھپُنا**۔ (تھُپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گوبر۔ گارے وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) مٹی کا لیس ہونا (۳) الزام لگنا۔ ذمے پڑنا۔

**تھپیڑ۔ تھپیڑا**۔ (تھپ۔ پیڑ) (تھپ۔ پے۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ پہلا مث دوسرا مذ] (۱) تھپڑ کی تصغیر (۲) تمانچہ۔ لپڑ (۳) تیز ہوا کا جھونکا (۴) موجوں کی ضرب (۵) وہ ظرف۔ جس پر آٹے کا پیڑا بڑھاتے ہیں۔

**تھُتکار**۔ (تھُت۔ کار) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تھو تھو۔ نفرت (۲) تھوکنے کی آواز۔

**تھُتکار دینا**۔ (ا۔ محاورہ) دھتکار دینا۔ نکال دینا۔

**تھُتکار لینا**۔ (ا۔ محاورہ) تھوکنے کی آواز نکالنا۔

**تھُتکارا**۔ (تھُت۔ کا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) تھوکنے کی آواز (۲) نام نہ لینے کے قابل (۳) بچوں کی ایک بیماری۔ مسان (۴) مردود۔ نالائق۔

**تھُتکارا ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا۔

**تھُتکارنا**۔ (تھُت۔ کار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تھوتھو کرنا (۲) نفرت ظاہر کرنا (۳) بار بار تھوکنا (۴) جھوٹی قسم یا غلطی کے بعد تھوتھو کرنا۔

**تھُتکاری**۔ (تھُت۔ کا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) زنجیر۔ بیڑی (۲) چڑیل۔ ڈائن۔ (۳) جوتی۔ بیزار۔

**تھتھیانا**۔ (تھ۔ تھیا۔ نا) [ہ۔ مص] مُنہ بنانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

**تھتھی۔ تھتی**۔ (تھت۔ تھی) (تھت۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔

**تھج**۔ [ق۔ صف] بدحواس۔

**تھجنا**۔ (تھج۔ نا) [ق۔ مص] حیران ہونا۔

**تھرانا**۔ (تھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تہ سے اُوپر آجانا (۲) تہ بیٹھ جانا۔

**تھرانا**۔ (تھر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کانپنا۔ لرزنا (۲) بہت خوف کھانا۔ بے حد ڈرنا۔

**تھراہنا**۔ (تھ۔ راہ۔ نا) [ہ۔ مص] قائم رہنا۔ اٹل رہنا۔ بنا رہنا۔

**تھر تھر**۔ (تھر۔ تھر) [ہ۔ صف] کانپتا ہوا۔ لرزاں۔

**تھر تھر کانپنا**۔ (مص مرکب) سردی، خوف یا بخار سے جسم کا کپکپانا۔

**تھر تھر کپی**۔ [ہ۔ ا۔ مث] ایک پرند۔ جو ہر وقت ہوا میں تھرتھراتا رہتا ہے

**تھر تھر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جاڑے سے کانپنا (۲) ڈر کر کانپنا۔

**تھرتھرا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (تھر۔ تھ۔ را۔ دے۔ نا) [ہ۔ مص] لرزا پیدا کر دینا۔

**تھرتھرانا**۔ (تھر۔ تھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کانپنا۔ لرزنا (۲) خوف کھانا۔ ڈرنا۔

**تھرتھرایا**۔ (تھر۔ تھ۔ را۔ یا) [ہ۔ صف] لرزاں۔ کانپتا ہوا۔

**تھرتھراہٹ**۔ (تھر۔ تھ۔ را۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] لرزہ۔ کپکپی۔

**تھرتھری**۔ (تھر۔ تھ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) لرزہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ (۲) جاڑے کا بخار۔ لرزہ۔



Marfat.com

**تھرتھری چھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) کپکپانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔
**تھرڈ** (Third) (انگ۔ صف) تیسرا۔ سوم۔
**تھرڈ کلاس۔** (Third Class) تیسرا درجہ۔ درجۂ سوم۔
**تھرکنا۔** (تھِ۔رک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) پھڑکنا۔ اعضاء کا حرکت کرنا (۲) ناچنا مٹکنا (۳) بڑے نخرے سے چلنا (۴) پرند کا اُڑ جانا۔ منڈلانا۔
**تھرمامیٹر۔** (Thermometer) (تھَر۔ما۔مِی۔ٹر) (انگ۔ا۔ مذ) مقیاس الحرارت۔ حرارت ماپنے کا آلہ۔
**تھِرنا۔** (تھِر۔نا) (ہ۔ مص) نتھرنا۔ میل کچیل کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔
**تھُڑ۔** (ہ۔ صف) تھوڑا کا مخفف۔ ذرا کم۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
**تھُڑ جانا (تھُڑنا)** (ا۔ محاورہ) (۱) کم ہونا۔ ناکافی ہونا۔ توڑا ہونا (۲) تمام ہونا۔ ختم ہونا (۳) ناکام ہونا۔
**تھُڑجیا۔** (ا۔ صف) پست ہمت۔ کم حوصلہ۔
**تھُڑدلا۔** (ا۔ صف) (۱) تنگ دل۔ کم ظرف (۲) بزدل۔ ڈرپوک کم حوصلہ
**تھڑا۔** (تھَ۔ڑا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) چبوترہ۔ دکان یا مکان کے آگے کا چبوترہ۔ پلیٹ فارم (۲) بیٹھنے کی اونچی جگہ۔
**تھُڑم تھُڑا کرنا۔** (تھُ۔ڑم۔تھُ۔ڑا۔کر۔نا) (ہ۔ مص) لعنت ملامت کرنا تھوتھو کرنا۔ نفرین کرنا۔
**تھُڑی۔** (تھُ۔ڑی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) کمی۔ قلت۔ توڑا (۲) لعنت۔ تُف (۳) بے عزتی۔ بے حرمتی (۴) نفرت سے تھوکنا۔
**تھُڑی تھُڑی ہونا۔** رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ لعنت ملامت ہونا۔
**تھک۔** (ہ۔ صف) (۱) ماندہ۔ عاجز۔ سُست۔ ہارا (۲) تھکنا کا امر۔
**تھک جانا۔** (ا۔ محاورہ) ماندہ ہوجانا۔ عاجز ہوجانا۔
**تھک کر بیٹھ رہنا۔** (ا۔ محاورہ) جی چھوڑ دینا۔ عاجز ہوکر کام چھوڑ دینا۔
**تھک کر چور ہوجانا۔** (ا۔ محاورہ) بے حد مضمحل ہونا۔ تکان سے جوڑ جوڑ دُکھنا۔ بہت تھک جانا۔ شل ہوجانا۔
**تھک مٹانا۔** تھکن دُور کرنا۔
**تھُک۔** (ہ۔ا۔ مث) تھوک کا مخفف۔
**تھُک بند کام کرنا۔** (ا۔ محاورہ) تھوک سے جوڑ دینا۔ نہایت ناپائیدار کام بنانا۔ بودا کام کرنا۔
**تھُک تھُک ہونا۔** (ہ۔ محاورہ) فضیحتی یا بے عزتی ہونا۔
**تھکا۔** (تھَ۔کا) (ہ۔ صف) ہارا۔ ماندہ۔ عاجز۔ سُست۔
**تھکا اونٹ سرائے کو (تکتا) دیکھتا ہے۔** (مثل) مصیبت زدہ شخص کا طالب ہوتا ہے۔ تھکا ہوا آدمی چھٹکارا حاصل کرنے کی خواہش کرتا ہے۔
**تھکا بیل۔** (ا۔ صف) (مجازاً) کام چور۔ مجہول۔ نکما۔ سُست۔
**تھکا دینا۔ تھکانا۔** (مص) (۱) ماندہ کر دینا۔ ہرا دینا۔ شل کر دینا (۲) دق کرنا۔ تنگ کرنا (۳) حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔
**تھکا مارا۔** (ا۔ صف) محنت اور مشقت کر کے تھکا ہوا۔ ہارا تھکا۔
**تھکا مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تنگ کرنا۔ دق کرنا (۲) جی چھڑا دینا۔ عاجز کردینا
**تھکا ماندہ۔ تھکا ہارا۔** (ا۔ صف) بہت تھکا ہوا۔

**تھکّا۔** (تھَک۔کا) (ہ۔ صف) (۱) جما ہوا (۲) کوئی جمی ہوئی چیز (۳) ڈلا۔ ڈھیلا۔ لوندا (۴) ڈھیر۔ انبار۔
**تھکّا (فضیحت) فضیحتی۔** (تھَک۔کا۔فَ۔ضی۔حَ۔تی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) لعن طعن۔ گالی گلوچ (۲) بے عزتی۔ بے حرمتی (۳) جھگڑا۔ لڑائی۔ فساد۔
**تھکانا یا تھکوانا۔** (تھَ۔کا۔نا) (تھَک۔وا۔نا) (ہ۔ مص) دوسرے سے تھوک ڈلوانا۔
**تھکاوا۔ تھکاوٹ۔** (تھَ۔کا۔وا) (تھَ۔کا۔وٹ) (ہ۔ا۔ پہلا مذ دوسرا مث) تھکن۔ ماندگی۔
**تھکاؤ۔ تھکائی۔** (تھَ۔کا۔اؤ) (تھَ۔کا۔ای) (ہ۔ا۔ مث) تھکن۔ تکان۔
**تھُکائی۔** (تھُ۔کا۔ای) (ہ۔ صف) (۱) تھوکنے کے قابل (۲) کمینہ۔ رذیل۔ قابل نفرین۔
**تھَک تھَک۔** (تھَک۔تھَک) (ہ۔ صف) (۱) جما ہوا (۲) بہت تر۔ بہت گیلا۔
**تھکتھکانا۔** (تھَک۔تھُ۔کا۔نا) (ہ۔ مص) نظر بد سے بچنے کے لئے یا کسی بری بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔
**تھُکم تھُکا۔** (تھُک۔کَم۔تھُک۔کا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) باہم تکرار ہونا۔ لڑائی جھگڑا۔
**تھکن۔** (تھَ۔کن) (ہ۔ا۔ مث) تکان۔ ماندگی۔
**تھکن اتارنا۔** (ا۔ محاورہ) تکان دُور کرنا۔ سستانا۔
**تھکنا۔** (تھَک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) شل ہونا۔ محنت سے ماندہ ہونا (۲) عاجز ہونا۔ رہ جانا (۳) مایوس ہونا (۴) کام سے جاتا رہنا۔ بوڑھا ہونا۔ طاقت نہ رہنا۔ (۵) ہمت ہارنا (۶) رُک جانا۔
**تھکیا۔** (تھَک۔یا) (ق۔ صف) متحیر۔
**تھکیل۔** (تھَ۔کیل) (ہ۔ا۔ مث) قابل نفرت عورت۔
**تھکیل ماری۔** (ہ۔ صف) بے غیرت عورت۔
**تھکی ہوئی آواز۔** (ہ۔ا۔ مث) آواز۔ جو گانے یا چلانے سے بیٹھ گئی ہو۔
**تھکّے کا تھکّا۔ تھکّے کے تھکّے۔** (ہ۔ا۔ مذ) کسی چیز کا پورا جما ہوا ٹکڑا جیسے جمے ہوئے ٹکڑے
**تھکّے کا دہی۔** (ہ۔ا۔ مذ) جما ہوا دہی۔
**تھِگلا۔** (تھِگ۔لا) (ق۔ا۔ مذ) پیوند۔ جوڑ۔
**تھِگلی۔** (تھِگ۔لی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) کپڑے کا ٹکڑا (۲) پیوند۔ جوڑ (۳) تھوڑی سی جگہ یا مکان۔ جھونپڑا۔
**تھِگلی لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کپڑے میں پیوند لگانا۔ جوڑ لگانا (۲) رسائی حاصل کرنا (۳) دُور دراز مقام کی خبر لانا (۴) نہایت چالاکی یا دغابازی کا کام کرنا۔
**تھل۔** (ہ۔ا۔ مذ) (۱) خشک زمین (۲) خشکی (۳) جگہ۔ مقام (۴) شیر کے رہنے کی جگہ (۵) اونچی زمین (۶) ریگستان (۷) دریائے جہلم اور اٹک کا درمیانی ریگستان (۸) نقش کے گول پھول۔ چکتی۔ جنہیں جہاں چاہیں ٹانک لیں۔
**تھل اندر ودیا۔** (ہ۔ا۔ صف) معدنیات کا علم۔
**تھل بیڑا۔** (ہ۔ا۔ مذ) گھاٹ۔ ناؤ یا جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ (۲) رہنے کی



Marfat.com

جگہ۔ مکان۔ گھر (۳) سُراغ۔
**تھل بیڑا تباہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سارا خاندان اُجڑنا۔
**تھل بیڑا لگانا۔** (ا۔ محاورہ) ساحلِ مُراد پر پہنچانا۔ ٹھکانا لگانا۔
**تھل بیڑا ملنا۔** (ا۔ محاورہ) سُراغ لگنا۔ پتا لگنا۔ ٹھکانا معلوم ہونا۔
**تھل بیڑا نہ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھکانا نہ لگنا۔ سہارا نہ ملنا (۲) پتا سُراغ نہ ملنا۔
**تھل بیڑے سے رکھ دینا۔** (ا۔ محاورہ) ٹھکانے سے رکھ دینا۔
**تھل (چڑھ جانا) چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) ڈھیر یا انبار لگ جانا۔
**تھل سے بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) اطمینان سے بیٹھنا۔ ٹھور ٹھکانے سے بیٹھنا۔
**تھل کترنا۔** (ا۔ محاورہ) منقش کے گول گول پھول بنانا۔
**تھلتھل۔** (تھل۔ تھل) [ہ۔ صف] (۱) ڈھیلا۔ پھپس۔ موٹا (۲) ہلنے والا۔ ہوں ہلنے والا۔
**تھلتھل کرنا۔ تھلتھلانا۔** (۱) ہلنا۔ لرزنا (۲) موٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا (۳) مٹی۔ ریت وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے ہلنا۔
**تھُل تھُل۔** (تھُل۔ تھُل) [ہ] آہستہ آہستہ گرتا ہوا۔ ٹپکتا ہوا۔ چوتا ہوا۔
**تھلتھلا۔** (تھل۔ تھَ۔ لا) [ہ۔ صف] نرم نرم گوشت۔ موٹاپے کے مارے گوشت کا پھیل کر ہلنا۔
**تھلتھلی۔** (تھل۔ تھ۔ لی) [ہ۔ صف] تھلتھل کی تانیث۔
**تھلکنا۔** (تھَ۔ لک۔ نا) [ہ۔ مص] ہلنا۔ تھلتھلانا۔ لرزنا۔ کا پنپنا۔
**تھلی۔** (تھَ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ریگستان کی زمین۔
**تھلیا۔** (تھل۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] چھوٹی تھالی۔ تشتری۔
**تھلیاں (دھرنا) رکھنا۔** (تھل۔ یاں۔ دھر۔ نا۔ رکھ۔ نا) [ہ۔ مص] دانت نکلنے سے پہلے بچوں کے مسوڑھوں کا پھوٹنا۔
**تھم۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کھم۔ ستون۔ کھمبا (۲) درخت خصوصاً کیلے کے درخت کا تنا (۳) ایک مٹھائی بشکل ستون، جو ہندو عورتیں بتوں کو چڑھاتی ہیں۔ (۴) روک۔ آڑ۔ اٹکاؤ۔ مزاحمت (۵) تھمنا کا امر۔
**تھم تو سہی۔** (ا۔ مقولہ) ذرا تو ٹھہر۔ ایسی کیا جلدی ہے۔
**تھم ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں کا بہت سُوج جانا۔
**تھما دینا۔ تھمانا۔** (تھَ۔ ما۔ دے۔ نا)۔ (تھَ۔ ما۔ نا) [ہ۔ مص] پکڑا دینا۔ حوالے کر دینا۔
**تھما رہنا۔** [اُ۔ مص] قائم رہنا۔
**تھمڑا۔** (تھم۔ ڑا) [ہ۔ صف] (۱) موٹا۔ دبیز (۲) فربہ۔ جسیم (۳) ستون کی شکل کا نشان۔
**تھمنا۔** (ا۔ مص) (۱) رُکنا (۲) ٹھہرنا۔ وقفہ کرنا (۳) چُپ ہو جانا۔
**تھن۔** [ہ۔ ا۔ مذ] گائے۔ بھینس۔ بکری وغیرہ کے پستان۔
**تھن تلے کا دودھ۔** (ا۔ مذ) تازہ دوہا ہوا دُودھ۔
**تھن (اٹھا) ٹوٹا۔** (ا۔ صف) بچہ، جس نے دُودھ پینا قبل از وقت چھوڑ دیا ہو۔
**تھن دار۔** (ا۔ مذ) وہ جانور جس کا تھن ہو۔
**تینخنا۔** (تینچ۔ نا) [ق۔ مص] دھوکا دینا۔

**تھنڈ کالا۔** [ق۔ ا۔ مذ] سردی کا موسم۔
**تھنی۔** (تھَ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] گھوڑوں کی ایک بیماری۔
**تھنیلا۔** (تھَ۔ نے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سُوجن جو ضرب یا بیماری سے عورتوں کے پستان میں ہو جاتی ہے (۲) سُوجے ہوئے پستان۔
**تھُو۔** [ہ۔ مث] (۱) تھُوکنے کی آواز (۲) تُف۔ لعنت۔
**تھُو تھُو۔** (ا۔ صوت۔ مث) (۱) بار بار تھُوکنے کی آواز (۲) کلمۂ نفرین۔ تُف۔ لعنت (۳) نوج۔ خدا نہ کرے۔ خدا بچائے۔
**تھُو تھُو بدا۔** (ا۔ مث) جب کوئی بچہ ہارنے لگتا ہے۔ تو عذر کے طور پر یہ لفظ کہتا ہے۔ یعنی ابھی نہیں ہے۔
**تھُو تھُو کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تھُوکنا (۲) نفرت سے تھُو تھُو کی آواز نکالنا (۳) نفرین کرنا (۴) کراہت ظاہر کرنا۔
**تھُو تھُو وبا۔** (ا۔ مث) عورتیں ہیضے کو وبا کہتی ہیں اور اس کا ذکر کرنے سے پہلے تھُو تھُو کہہ دیتی ہیں۔
**تھُو تھُو ہونا۔** (ا۔ مث) بدنامی ہونا۔ رسوائی۔ بے عزتی ہونا۔
**تھُوا۔** (تھُو۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گیلی مٹی کا تودہ۔ ڈھیر۔ انبار (۲) مٹی کا ڈھیلا۔ (۳) مٹی کی بُرجی۔ جو حدود پر بناتے ہیں۔
**تھوبڑ۔ تھوبڑا۔** (تھو۔ بڑ)۔ (تھو۔ بَ۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] منہ۔ تھوتھنی۔ توبڑا۔
**تھوبڑا چڑھائے رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) توبڑا چڑھائے رکھنا۔
**تھوبڑا سُجانا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہ سُجانا۔ رُوٹھنا۔ خفا ہونا۔ بُرا ماننا۔
**تھوپ۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کوئی چیز جو دوسری چیز کے ڈھکنے کے لیے استعمال ہو (۲) ٹوپ۔ ٹوپی (۳) چھڑی کا دستہ (۴) تمانچہ۔ تھاپ (۵) جڑنا۔
**تھوپ تھاپ دینا۔** (ا۔ محاورہ) رفع دفع کر دینا۔ دبا دینا۔ مٹا دینا۔
**تھوپ تھاپ کر حوالے کرنا۔** جلدی جلدی اور خراب طور پر مرمت کر کے یا بنا کر دینا۔
**تھوپ دینا۔** (ا۔ محاورہ) سر منڈھنا۔ الزام لگا دینا۔
**تھوپنا۔** (تھوپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ڈھیر لگا دینا۔ انبار لگانا۔ اکٹھا کرنا (۲) کسی کے ذمے ڈالنا (۳) کسی گاڑھی چیز کی موٹی تہ لگانا (۴) گنواروں کی طرح توے پر روٹی ڈال کر پکانا (۵) کوئی چیز جلدی جلدی خراب بنانا (۶) اُپلے تھاپنا (۷) الزام لگانا۔
**تھوتر۔** (تھو۔ تَر) [ہ۔ صف] گھُن لگا ہُوا اناج۔ کھوکھلا اناج۔
**تھوترا۔ تھوتڑا۔** (تھوت۔ را)۔ (تھوت۔ ڑا) [ہ۔ صف] (۱) جس کی دھار کاٹ نہ کرے (۲) ملا دلا (۳) گھسا ہُوا۔ پرانا (۴) بے دانت (۵) کھوکھلا۔ اندر سے کھایا ہُوا۔ گھُن لگا ہوا۔
**تھوتھنی۔ تھوتنی۔** (تھوتھ۔ نی)۔ (تھوت۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] گھوڑے یا اُونٹ کا منہ۔
**تھوتھ۔** (واؤ مجہول) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گھوڑے۔ اُونٹ وغیرہ کی ناک یا منہ۔ (۲) سؤر کا منہ (۳) (تحقیراً) آدمی کا منہ یا چہرہ (۴) کھوکھلاپن۔ تھوتھاپن (۵) غار۔ گڑھا۔
**تھوتھا۔** (تھو۔ تھا) [ہ۔ صف] (۱) کِرم خوردہ۔ گھُن لگا ہُوا۔ اندر سے خالی۔ (۲) کُند۔ بلا نوک (۳) بلا دانت (۴) بے معنی۔ لغو۔ بے کار (۵) دُم کٹا



Marfat.com

سانپ (۹) ایک دوا۔ جسے نیلا تھوتھا بھی کہتے ہیں۔

**تھوتھا چنا باجے گھنا۔** (مثل) کمینہ آدمی بہت شیخی مارتا ہے۔

**تھوتھے پچھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) بے فائدہ باتیں کرنا۔ جھوٹے قول و قرار کرنا بے فائدہ کام کرنا۔

**تھوتھے تیروں سے اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) کُند تیروں کی بارش کرنا۔ سخت سزا دینا۔ بہت صدمے پہنچانا۔ نہایت تکلیف سے کسی کو مارنا۔

**تھوتھڑا۔** (تھو۔ تھ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) جانور کا مُنہ یا تھوتھنی (۲) (تحقیراً) آدمی کا منہ۔ چہرہ۔

**تھوتھڑا سجائے رہنا۔** (ا۔ محاورہ) خفا رہنا۔ مُنہ پھُلائے رہنا۔

**تھوتھلا۔** (تھو۔ تھ۔ لا) (ہ۔ صف) کُند۔

**تھوتھنی۔** (تھو۔ تھ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) جانور کا منہ (۲) حقارت سے انسان کا منہ۔

**تھوتھنی (پھُلانا) سجانا۔** (ا۔ محاورہ) منہ سجانا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

**تھوتھی۔** (تھو۔ تھی) (ہ۔ صف) (۱) تھوتھا کی تانیث۔ اندر سے خالی۔ بے مغز (۲) مہمل۔ بے کار۔ لغو۔

**تھوتھی اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) حال بتانا۔ جھوٹی خبریں پھیلانا۔

**تھوتھی بات۔** (ا۔ محاورہ) بے معنی اور لغو بات۔

**تھوٹا تھوٹ رونا۔** (ت۔ مص) زار زار رونا۔

**تھوڑا۔** (تھو۔ ڑا) (ہ۔ صف) (۱) خفیف۔ ناکافی (۲) قدرے۔ قلیل۔

**تھوڑا آپ کو بہت غیر کو۔** (مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اپنوں کو کم دے اور غیروں کو زیادہ۔

**تھوڑا بہت۔** (ا۔ صف) کم و بیش۔ کسی قدر۔ کچھ۔

**تھوڑا تھوڑا۔** (ا۔ صف) بہت ذرا سا۔ ذرا ذرا۔ کم کم۔

**تھوڑا تھوڑا کرکے۔** آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔ ذرا ذرا کرکے۔

**تھوڑا تھوڑا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

**تھوڑا تھوڑا ہی کرکے بہت ہوجاتا ہے۔** (ا۔ مقولہ) قطرے قطرے سے دریا بن جاتا ہے۔

**تھوڑا (جاننا) سمجھنا۔** (ا۔ محاورہ) کم سمجھنا۔ بے وقعت سمجھنا۔

**تھوڑا دینا بہت آرزو کرنا۔** (ا۔ محاورہ) معمولی کام پر بہت صلے کی اُمید کرنا۔

**تھوڑا سا۔** (ا۔ صف) ذرا سا۔ نہایت قلیل۔

**تھوڑا کرنا۔** (مص) کم کرنا۔ گھٹانا۔

**تھوڑا کریں غازی میاں۔ بہت کریں ڈفالی۔** (مثل) تعریف کرنے والے زیادہ شہرت دیتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں۔

**تھوڑا کھانا بنارس میں رہنا۔** (مثل) (۱) گھر کی آدھی۔ باہر کی ساری سے بہتر ہے۔ وطن کی تھوڑی۔ غریب الوطنی کی بہت سے اچھی ہے۔

**تھوڑا کھانا جوانی کی موت۔** (مثل) جوان آدمی تھوڑا کھائے تو کمزور ہوجاتا ہے۔

**تھوڑا کھانا سکھی رہنا۔** (مثل) تھوڑا کھانے سے آدمی تندرست رہتا ہے۔

**تھوڑا کھانا عزت سے رہنا۔** (مثل) پیٹو شخص کی کوئی عزت نہیں کرتا۔ اس شخص کو کہا جاتا ہے۔ جو کھانے پر بہت خرچ کرے۔

**تھوڑا لکھا بہت جاننا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑے لکھے کو بہت جاننا۔ خط کے آخیر میں اس وقت لکھتے ہیں۔ جب کسی آدمی کو کوئی کام کرنے کے لئے تاکید کی جائے۔

**تھوڑا ہی۔** ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔

**تھوڑا ہے۔** (۱) کم ہے (۲) (استفہامیہ) کم نہیں۔ کافی ہے۔

**تھوڑے پانی کا بلا (بگلا)۔** (ا۔ محاورہ) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔

**تھوڑے پانی میں اُبھرے پھرتے ہیں۔** (مثل) ذرا سی بات پر اتراتے ہیں۔ کم ظرف ہیں۔

**تھوڑے تیزاب سے یہ گلٹ اُتر سکتا ہے۔** (مثل) ذرا سی سختی سے اصل حال معلوم ہوجائے گا۔

**تھوڑے دنوں سے۔** (ا۔ محاورہ) کچھ عرصے سے۔ حال میں چند روز سے۔

**تھوڑے دھن میں کھل اُترائے۔** (مثل) تھوڑا سا روپیہ مل جانے پر بے وقوف آدمی غرور کرنے لگتا ہے۔

**تھوڑی۔** (تھو۔ ڑی) (ہ۔ صف) کم۔ ذرا۔

**تھوڑی آس مدار کی۔ بہت آس گلگلوں کی۔** (مثل) شاہ مدار (مکن پور) کے مزار پر شیرینی تقسیم ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پیروں کی قبروں پر چاہے کام ہونے کی اُمید کم ہو مٹھائی ملنے کی اُمید پر کئی آدمی جاتے ہیں۔

**تھوڑی پونجی خصموں کھائے۔** (مثل) تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں گھاٹا رہتا ہے۔

**تھوڑی سی۔** ذرا سی۔ کسی قدر۔ مختصر۔

**تھوڑی سی بھیا بڑی سی ہتیا۔** (مثل) ہندوؤں میں بھیا یا گائے کو مارنا مہا پاپ گنا جاتا ہے۔ بھیا تو ذرا سی ماری مگر پاپ بڑا مول لے لیا۔

**تھوڑی سی رہ گئی ہے۔** (ا۔ محاورہ) عمر کا بڑا حصہ گزر چکا ہے۔ کم باقی ہے۔

**تھوک۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کثرت۔ افراط۔ بہتات (۲) ڈھیر۔ انبار (۳) جماعت۔ جتھا۔ گروہ (۴) اکٹھا۔ یکمشت (۵) نقدی۔ جمع۔ روکڑ (۶) میزان۔ (۷) حصہ۔ بخرہ۔ تقسیم (۸) پٹہ۔ سند۔ قبضہ۔ ملکیت (۹) آبادی۔ بڑا حصہ جس میں کئی بستیاں ہوں (۱۰) وہ جگہ۔ جہاں تین سے زیادہ حدُود ملیں (۱۱) وہ دھات کا خول جو پینس پالکی وغیرہ کے ڈنڈوں پر لگاتے ہیں۔

**تھوک باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جماعت یا پارٹی بنانا (۲) حصوں میں تقسیم کرنا (۳) زمین کی حد بندی کرنا۔

**تھوک بست۔** (ا۔ مذ) پیمائش کرکے حد باندھنا۔ حد بندی۔

**تھوک بندی۔** (ا۔ مث) اقرار نامہ۔ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔

**تھوک دار۔** (ہ۔ ف۔ صف) (۱) سرکردہ۔ سردار (۲) پتے دار (۳) اکٹھا بیچنے والا سوداگر۔

**تھوک فروش۔** (ہ۔ ف۔ صف) اکٹھا مال بیچنے والا۔

**تھوک فروشی۔** (ہ۔ ف۔ مث) اکٹھا مال بیچنا۔

**تھوک قیمت۔** اکٹھے مال کی قیمت۔ جو خوردہ مال کی قیمت سے کم ہوتی ہے

**تھوک۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پانی جو مُنہ سے نکلتا ہے۔ لعاب دہن۔

**تھوک اچھالنا۔** (ا۔ محاورہ) ناحق حجت کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔



Marfat.com

تُھوک بِلونا۔ (ا۔ محاورہ) فضول باتیں کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ بے فائدہ باتیں کرنا۔
تھوک تیرے جنم میں۔ (ا۔ مثل) ادنیٰ آدمی کو شدید غصّے میں الزام دینے کے لیے کہتے ہیں۔
تھوک داڑھی پھٹے منہ۔ (مثل) لعنت ہے۔ نفرین ہے۔ تمہارے منہ پر لعنت کرتا ہوں۔
تھوک (دینا) ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) منہ سے تھوک زور سے پھینکنا (۲) چھوڑ دینا۔ نفرت سے ترک کرنا۔ عاق کر دینا (۳) معاف کر دینا۔
تھوک سے تیل بننا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نکالنا۔
تھوک کر چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل کر کے چھوڑنا۔ بے عزت کر کے چھوڑنا۔
تھوک (کر) کے چاٹنا۔ (ا۔ محاورہ) اقرار سے پھر جانا۔ وعدہ کر کے مکر جانا کوئی چیز دے کر واپس لے لینا۔
تھوک سے ستو گھولنا۔ (ا۔ محاورہ) کچا یا نکما کام کرنا۔ بودی یا ناپائدار چیز بنانا۔
تھوک لگا کر چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا (۲) نقصان پہنچانا۔
تھوک لگا کر رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بڑی حفاظت سے رکھنا (۲) بڑی کنجوسی سے جمع کرنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔
تھوک لگانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لعاب دہن لگانا (۲) نیچا دکھانا۔ ذلیل کرنا (۳) ہرا دینا۔ مات دینا۔ فریب دینا۔
تھوک لگنا۔ (ا۔ محاورہ) دھوکا کھا جانا۔ فریب میں آ جانا۔
تھوک میٹھا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تھوڑی سی میٹھی چیز کھانا۔ منہ میٹھا کرنا (۲) میٹھی میٹھی باتیں بنانا۔ جھوٹی باتیں ملانا۔
تھوک میں پکوڑے نہیں تلے جاتے۔ (ا۔ مثل) کام مفت سے نہیں ہو سکتا۔
تھوک میں ستو نہیں سنتے۔ تھوکوں ستو نہیں سنتے۔ (مثل) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔
تھوک ہے۔ تف ہے۔ نفرین ہے۔ لعنت ہے۔
تھوکنا۔ (تھوک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) لعاب دہن پھینکنا۔ تھوک نکالنا۔ (۲) حقارت سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا (۳) لعنت ملامت کرنا۔
تھوکوں بھی نہیں۔ (ا۔ مقولہ) مجھے اس سے سخت نفرت ہے میں اسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا۔
تھول۔ [ق۔ صف] گندہ۔ غلیظ۔
تھولی۔ (تھو۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] میٹھا دلیا۔ دلیا۔
تھولے۔ [ق۔ ا۔ مث] منزیں۔ چوٹیں۔
تھونی۔ (تھو۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کھمبا۔ تھم۔ کھم۔ ستون (۲) وہ لکڑی جو چھپر یا چھت کے نیچے سہارا دینے کے لیے لگاتے ہیں۔
تھوہر۔ (تھو۔ ہر) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک خاردار زہریلا پودا۔ جس کے پتے سبز اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ زقوم۔
تھئی۔ (تھ۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیوں یا پانوں کا ڈھیر (۲) لادی۔ تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔
تھئی تھئی۔ (تھ۔ ئی۔ تھ۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تال۔ سم۔ تالی۔ آواز جو گویے نکالتے ہیں (۲) گانا۔ ناچنا۔ ناچنے گانے کی آواز۔ طبلے کی آواز۔
تھئی تھئی ناچ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ناچ رنگ ہونا۔
تھیٹر۔ (Theatre) (تھ۔ اے۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) تماشا گاہ (۲) ناچ گھر (۳) ناٹک۔ تماشا۔
تھیٹریکل۔ (Theatrical) (تھیٹ۔ ری۔ کل) [انگ۔ صف] تھیٹر سے متعلق۔
تھیر۔ [ق] متواتر۔ مسلسل۔
تھیر۔ [ق۔ صف] سرد۔ ٹھنڈا۔
تھیرنا۔ [ق۔ مص] قائم کرنا۔
تھیلا۔ (تھے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] بڑی تھیلی۔ بورا۔
تھیلا (کر دینا) کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بہت مارنا۔ ہڈیاں پسلیاں توڑ دینا۔
تھیلی۔ (تھے۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا تھیلا (۲) توڑا۔ ہزار روپے کی تھیلی۔
تھیلی بردار۔ روپیوں کی تھیلی اٹھا کر ساتھ چلنے والا۔
تھیلی کا منہ کھول دینا۔ (ا۔ محاورہ) بہت خرچ کرنا۔ بہت فیاضی کرنا۔
تھیلیاں چڑھانا۔ انگور یا کھجور وغیرہ کے خوشوں پر تھیلیاں باندھنا تاکہ پرندے خراب نہ کریں۔
تھینکس۔ (Thanks) [انگ۔ ا۔ مذ] شکریہ۔ بہت بہت شکریہ۔
تھینک یو۔ (Thank You) [انگ۔ ا۔ مذ] آپ کا شکریہ۔
تھیوا۔ (تھے۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] انگوٹھی کا نگینہ۔
تھیوری۔ (Theory) (تھ۔ یو۔ ری) [انگ۔ ا۔ مذ] قیاس۔ خیال۔ اندازہ۔ اصول۔ نظریہ۔
تھیوسوفی۔ (Theosophy) [انگ۔ ا۔ مذ] یہ عقیدہ یا اصول کہ ہر شخص بلا واسطہ خدا کی معرفت وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔

## ت ــــ ء

تئی۔ (تَ۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا توا (۲) چوڑی کڑاہی۔ جس میں شامی کباب وغیرہ تلتے ہیں۔
تئی کی تیری کھیڑی کی میری۔ (مثل) انتہائی خود غرضی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
تئیں۔ (تَ۔ ایں) [ہ۔ ق] (۱) آپ کو۔ خود کو (۲) کو۔ لیے۔ واسطے۔

## ت ــــ ی

تے۔ [ق] سے۔
تیا۔ (تی۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گنجفے کا وہ پتا جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں۔ (۲) چوسر کا وہ داؤ جس میں تین پڑیں۔ تین کانے (۳) تین کی ضرب۔



Marfat.com

**تیا پانچا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بانٹنا تقسیم کرنا ۔ حصے بخرے کرنا (۲) بکھیڑا پاک کرنا ۔ جھگڑا چکانا (۳) بیچ ڈالنا ۔ کوڑے کر ڈالنا ۔

**تیار** ۔ (تی ۔ یار) [ع ۔ صف] (۱) مستعد ۔ موجود ۔ آمادہ (۲) پورا ۔ مکمل (۳) موٹا تازہ (۴) قابل استعمال (۵) پکا ہوا ۔ پختہ (۶) پورے زوروں پر جوان (۷) آراستہ ۔

**تیار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آمادہ کرنا (۲) درست کرنا ۔ لیس کرنا (۳) بہم پہنچانا (۴) کھانا پکانا (۵) بلانا ۔ سدھارنا (۶) موٹا کرنا ۔ فربہ کرنا (۷) پہلوان کو کسرت اور خوراک سے طاقت ور اور لڑنے کے قابل بنانا ۔ (۸) گاڑی جوتنا ۔ گھوڑے پر زین رکھنا ۔

**تیار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آمادہ ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا (۳) مکمل ہو جانا یا بن جانا ۔ عمارت کا ختم ہو جانا (۴) پک جانا ۔

**تیاری** ۔ (تی ۔ یا ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) آمادگی ۔ مستعدی (۲) درستی (۳) آرائش ۔ آراستگی (۴) سایبان کی درستی (۵) موٹاپا ۔ فربہی (۶) انتظام ۔

**تیاری کا رنگ روغن** ۔ (ا ۔ مذ) وہ وارنش یا رنگ جو گاڑی وغیرہ کے درست ہو جانے پر چمک دمک کے لیے کرتے ہیں ۔

**تیاری کرنا** ۔ (۱) کہیں جانے کا سامان کرنا ۔ لیس ہونا (۲) کسی کی آؤ بھگت کا انتظام کرنا ۔ کوئی کام کرنے کے لیے سامان مہیا کرنا ۔

**تیاگ** ۔ (تِ ۔ یاگ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چھوڑنا ۔ ہاتھ اٹھانا ۔ کنارہ کش ہونا ۔

**تیاگ پتر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) طلاق نامہ ۔

**تیاگ کرنا** ۔ چھوڑنا ۔ دست بردار ہونا ۔ دست کش ہونا ۔

**تیاگن** ۔ (تِ ۔ یا ۔ گن) [ہ ۔ ا ۔ مث] تیاگی کی تانیث ۔

**تیاگنا** ۔ (تِ ۔ یاگ ۔ نا) [ہ ۔ مص] چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔

**تیاگی** ۔ (تِ ۔ یا ۔ گی) [ہ ۔ صف] (۱) چھوڑنے والا ۔ ترک کرنے والا (۲) وہ شخص جو مذہبی وجوہ سے دنیا چھوڑ دے (۳) سادھو ۔ جوگی ۔

**تیپچی** ۔ (تیپ ۔ چی) [ہ ۔ ا ۔ مث] کچی سیون ۔ کھڑی سلائی ۔

**تیپچی بھرنا** ۔ کچی سیون کرنا ۔

**تیپچی کا نکاح** ۔ (ا ۔ مذ) کچا نکاح ۔ نکاح جس کے بعد جلد طلاق ہو جائے ۔

**تیتالیس ۔ تینتالیس** ۔ (تے ۔ تا ۔ لیس) ۔ (تیں ۔ تا ۔ لیس) [ہ ۔ صف] تین اوپر چالیس ۔ چہل و سہ ۔ ۴۳ ۔

**تیتر** ۔ (تی ۔ تر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا پرندہ جسے اکثر شوقین لڑانے کے لیے پالتے ہیں اور کھانے میں بھی آتا ہے ۔ دُرّاج ۔ تیہو ۔

**تیتر تو اپنی آئی مرا تو کیوں مرے بٹیر** ۔ (مثل) ایک تو اپنی خطا کی سزا پائے ۔ دوسرا کیوں رنج کر کے مر جائے ۔

**تیتر کے منہ لچھمی** ۔ (مثل) بعض وقت معمولی آدمیوں کی باتوں پر بڑے بڑے کاموں کا انحصار ہوتا ہے (۲) تیتر کی آواز سے چونکہ مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں ۔ اس لئے قسمت آزمائی کے موقع پر بھی اس کا استعمال ہوتا ہے ۔

**تیترا** ۔ (تیت ۔ را) [ہ ۔ صف] تیسرا ۔

**تیترا بیٹا راج رجائے ۔ تیتری بیٹی بھیک منگائے** ۔ (مثل) ہندوؤں کے خیال کے مطابق تیسرا بیٹا مسعود اور تیسری بیٹی منحوس ہوتی ہے ۔

**تیتری** ۔ (تیت ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) تیتر کی تانیث (۲) ایک خوب صورت پروں والا کیڑا ۔ جھنبیری ۔ تتلی (۳) خوش پوشاک شوقین عورت ۔

**تی تی** ۔ (تی ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مث] آواز جس سے مرغیوں کو بلاتے ہیں ۔

**تیتیس ۔ تینتیس** ۔ (تے ۔ تیس) ۔ (تیں ۔ تیس) [ہ ۔ صف] تین اوپر تیس ۔ سی و سہ ۔ ۳۳ ۔

**تیتوری** ۔ (تے ۔ تو ۔ ری) [ق ۔ ا ۔ مذ] ایک پرندے کا نام ۔

**تیج** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کڑواہٹ ۔ تلخی (۲) جوش ۔ سرگرمی ۔ کلیجا ۔ گردہ ۔ حوصلہ ۔ (۳) ہمت ۔ طاقت ۔ قوت ۔ بل ۔ زور (۴) گرم جوشی ۔ اشتیاق ۔ لگن ۔ (۵) غصہ ۔ غضب (۶) شان و شوکت ۔ جاہ و جلال ۔ ٹھاٹھ (۷) رعب ۔ ڈر ۔ خوف (۸) ایک درخت ۔

**تیج** ۔ (تیج) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) مہینے کی تیسری تاریخ (۲) ایک ہندو تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے ۔

**تیج پڑے کھیت میں بیج** ۔ (مثل) ساون کی تیسری تاریخ کو فصل کی کاشت شروع ہو جاتی ہے ۔

**تیج تہوار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) کوئی تہوار ۔ تیوہار کی شیرینی ۔

**تیجا** ۔ (تی ۔ جا) [ہ ۔ صف] (۱) تیسرا (۲) مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن ۔ فاتحہ سوم ۔

**تیج پات** ۔ (تیج ۔ پات) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک خوشبودار پتا ۔

**تیجنا** ۔ (تیج ۔ نا) [ہ ۔ مص] چھوڑنا ۔ تجنا ۔ تیاگ کرنا ۔

**تیخی** ۔ (تی ۔ خی) [اُ ۔ صف] (تیخ ۔ تیکھی) (۱) تیز ۔ شوخ ۔ تیتا مرچ (۲) خام پارہ (۳) زبان دراز ۔ بے حیا عورت ۔ فتنہ پرداز ۔

**تیر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) لکڑی کا پتلا ۔ سیدھا اور لمبا ٹکڑا ۔ ایک قسم کا جنگی ہتھیار جو کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے ۔ خدنگ ۔ ناوک ۔ بان (۲) ایرانیوں کا چوتھا مہینہ جو ساون کے مقابلے پر ہے (۳) تیج کا تیوہار (۴) پتنگ کا گز ۔ (۵) شہتیر ۔ مستول (۶) عطارد ۔ دبیر فلک (۷) طعن و تشنیع (۸) ہر شمسی مہینے کا تیرھواں دن ۔

**تیر آہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ٹھنڈی سانس ۔

**تیر ادا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ناز و انداز جو دل پر اثر کرے ۔

**تیر اڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوا میں تیر کا جانا ۔

**تیر افگن** ۔ (ف ۔ صف) تیر چلانے والا ۔

**تیر افگنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) تیر چلانے کا فن ۔ تیر مارنا ۔

**تیر انداز** ۔ (ف ۔ صف) تیر چلانے والا سپاہی ۔ تیر چلانے کا ماہر ۔ قدر انداز کمان دار ۔

**تیر اندازی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) تیر چلانے کا فن ۔ ناوک افگنی ۔ کمان داری ۔ تیر چلانا

**تیر باراں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تیر چلنے کی کثرت ۔ تیروں کا مینہ (۲) ایک سزا جس میں ملزم کو تیروں سے مروایا جاتا تھا ۔

**تیر برسانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت سے تیر چلانا ۔

**تیر بلا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سخت مصیبت لانے والا تیر ۔

**تیر بن کر کلیجے میں اترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت رنج یا ایذا دینا ۔



Marfat.com

**تیر بہدف**۔ (ف۔ صف) (۱) عین نشانے پر۔ ٹھیک جگہ پر۔ بے خطا۔ (۲) سریع التاثیر۔
**تیر بہدف ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیر کا نشانے پر لگنا (۲) تدبیر کا اثر ہونا (۳) دعا کا قبول ہونا (۴) مطلب کا خاطر خواہ پورا ہونا۔
**تیر بہک جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔ اِدھر اُدھر نکل جانا۔
**تیر (بیٹھ جانا) بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر جا لگنا۔
**تیر پار ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانہ توڑ کر گزر جانا۔
**تیر پرتاب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ فاصلہ جو تیر طے کرے۔
**تیر پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔
**تیر پیٹھ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر بیٹھ جانا۔
**تیر پھینکنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر چلانا۔ بان مارنا۔
**تیر تاک کر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) نشانہ لے کر مارنا۔
**تیر ترازو ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نصف اندر نصف باہر ہونا۔
**تیر ظلم**۔ (کنایۃً) مظلوم کی آہ۔
**تیر تفنگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تفنگ کا چھرا۔
**تیر تکّوں پر گزارا (گزران) ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) باقاعدہ روزگار نہ ہونا۔ مشکل سے گزر ہونا۔ دربدر پھر کر گزر ہونا۔
**تیر جوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کمان میں چلانے کے لیے لگانا۔
**تیر چلانا۔ تیر چھوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیر چھوڑنا۔ تیر پھینکنا۔ تیر اندازی کرنا۔ تیر نشانے پر مارنا (۲) کارِ عظیم کرنا۔
**تیر چلنا۔ تیر چھوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا کمان سے نکلنا۔ تیر اندازی ہونا۔
**تیر جھکمی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ تیر جو نشانہ خطا نہ کرے۔ شرطیہ تیر۔ دعوے کا نشانہ۔
**تیر خاکی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک تیر ہلکا چھوٹے سرے کا۔
**تیر خدنگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) درخت خدنگ کا بنا ہوا تیر۔
**تیر خوردہ**۔ (ف۔ صف) (۱) تیر لگا ہُوا۔ تیر کا زخمی۔ (۲) (مجازاً) عاشق۔
**تیر دان**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ترکش۔
**تیر دُعا**۔ تیر کا دعا سے استعارہ کرتے ہیں۔
**تیر دعا ہدف مُراد پر پہنچنا**۔ (ا۔ محاورہ) دعا قبول ہونا۔
**تیر دوپہلو**۔ وہ تیر جس کے دونوں پہلو ہوں۔
**تیر ڈوب جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے میں گھُسنا۔
**تیر ڈوب کے رہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے میں گھُس کے رہ جانا یا باہر نہ نکلنا۔
**تیر رس**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ فاصلہ جہاں تک تیر جائے۔ تیر کی مار۔
**تیر رہا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر چلانا۔ تیر کمان سے چھوڑنا۔
**تیر زن**۔ (ف۔ صف) تیر چلانے والا۔
**تیر زنی**۔ (ف۔ ا۔ مث) تیر اندازی۔
**تیر سا**۔ تیر کی طرح۔ سیدھا۔
**تیر سا لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیر کی طرح چبھنا (۲) کسی بات کا سخت بُرا لگنا۔
**تیر سحر**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) صبح کی آہ (۲) بددُعا (۳) صبح کاذب کی رَوشنی۔
**تیر سہ پہلو**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ تیر جس کے تین پہلو ہوں۔

**تیر عشق سینے کے پار ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔
**تیر غم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تیر کا غم سے استعارہ کرتے ہیں۔
**تیر فلک**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) عطارد۔ بُدھ۔
**تیر قضا**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) قضا کا حملہ۔ موت۔
**تیر کا خطا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔ نشانہ چُوکنا۔
**تیر کا دستہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بہت سے تیروں کا مجموعہ۔
**تیر کمان سے نکلنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا چلنا۔
**تیر کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا زخم کھانا۔ تیر لگنا۔
**تیر کی طرح سیدھا آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بالکل سیدھا آنا۔
**تیر کی مار**۔ (ا۔ مث) اتنا دُور جتنا کہ تیر جائے۔
**تیر گر**۔ (ف۔ صف) تیر بنانے والا۔
**تیر گری**۔ (ف۔ ا۔ مث) تیر بنانے کا پیشہ۔
**تیر لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر چلانا۔
**تیر لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر پہنچنا۔ نشانہ لگنا۔
**تیر مار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سانپ کا دانت۔ سانپ۔
**تیر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر چلانا۔
**تیر مژگاں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) مژگاں کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
**تیر ناوک**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا تیر (۲) تیر جو نالی سے چلایا جائے۔
**تیر نتھنوں میں دینا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت دق کرنا۔ سخت تنگ کرنا۔ بے حد پریشان کرنا۔
**تیر نگاہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) نگاہ کا تیر۔ معشوق کی نگاہ کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
**تیر نگاہ کا صید بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
**تیر نہ کمان کاہے کے پٹھان**۔ (مثل) خود کچھ نہ ہونا آباؤ اجداد کے متعلق شیخی مارنا۔
**تیر نہ کمان۔ میاں کا اللہ نگہبان**۔ (مثل) حفاظت کی کوئی صورت نہیں۔ خدا ہی بچائے۔
**تیر نہیں تُکّا ہی سہی**۔ (ا۔ مثل) اعلیٰ نہیں تو ادنیٰ ہی سہی۔ اچھی چیز نہیں تو بُری ہی سہی۔
**تیر ہدف**۔ (ف۔ صف) نشانے پر بیٹھنے والا تیر۔ کامیاب تیر۔
**تیر ہدف پر بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔
**تیر ہوائی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تیر جو نشانے پر نہ چلایا جائے بلکہ ہوا میں چھوڑا جائے (۲) بے کار۔ فضول۔ بے فائدہ۔
**تیر (ہو جانا) ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غائب ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ بھاگ جانا۔
**تیروں کا چھننا**۔ (ا۔ محاورہ) تیروں سے زخمی ہونا۔
**تیروں کا مینہ برسانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت تیر چلانا۔ کثرت سے تیر چلانا۔
**تیرا**۔ (تے۔ را) (ہ۔ ض) (۱) ادنیٰ کے لیے کلمۂ خطاب (۲) اس سے خدا کو بھی خطاب کرتے ہیں۔
**تیرا بُرا نہ ہو**۔ (ا۔ کوسنا) عورتیں جب کسی عزیز سے ناراض ہوتی ہیں تو "تیرا بُرا ہو" کی بجائے کہتی ہیں۔
**تیرا بیڑا غرق ہو**۔ (ا۔ کوسنا) (بددعا) تو تباہ ہو جائے۔



Marfat.com

**تیرا پانی میں بھروں۔ میرا بھرے کمہار۔** (مثل) (۱) شیخی خور خادمہ کہتی ہے (۲) دنیا میں ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔

**تیرا دامن میرا ہاتھ۔** (ا۔ مثل) تیرا دامن پکڑوں گا۔ تجھ سے لوں گا۔

**تیرا دم رہے۔** (ا۔ دعا) تو سلامت رہے۔

**تیرا دھکار ہے۔ میرا بکے۔** (مثل) انتہائی خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔

**تیرا حلوا اور بھی کھاؤں۔** (بد دعا) تو مر جائے۔

**تیرا ستیاناس ہو جائے۔** (کوسنا) تو تباہ ہو۔

**تیرا کیا سر کھجلاتا ہے۔** (ا۔ مثل) تیرا مار کھانے کو جی چاہتا ہے۔

**تیرا کیا تیرے آگے آئے۔** (بد دعا) جیسا تو نے میرے ساتھ کیا ہے ویسا ہی تیرے ساتھ ہو۔

**تیرا مال سو میرا مال۔ میرا مال سوئی ہیں۔** (مثل) سخت خود غرضی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جہاں کوئی دوسرے کی چیز تو استعمال کرے مگر اپنی چیز نہ دے۔

**تیرا منہ کالا ہو۔** (ا۔ کوسنا) تجھ پر لعنت ہو۔ تو بدنام

**تیرا منہ ہے۔** (ا۔ محاورہ) تیری وجہ سے یہ کام کر دیا (۲) تیرا حوصلہ ہے۔

**تیرا میرا۔** (۱) اپنے بیگانے کا (۲) جھگڑا۔ تُو تُو مَیں مَیں۔

**تیرا میرا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کی بابت جھگڑا کرنا۔ غیریت اور بیگانگی کی باتیں کرنا۔

**تیرا میرا منہ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) دوسروں کا آسرا ڈھونڈنا۔

**تیرا نور اٹھ جائے۔** (ا۔ کوسنا) (دعائے بد) تیرا منہ کالا ہو۔ تو تباہ و برباد ہو جائے۔

**تیرا ہاتھ اور میرا منہ۔** (مثل) تو رکھا اور میں کھا ڈالا۔

**تیرا ہوا جو میرا تھا۔ برائے خدا ٹک دیکھنے تو دے۔** (مثل) ساس اس بہو سے کہتی ہے جو خاوند کو لے کر الگ ہو جائے۔

**تیرا ہی کام تھا۔** (ا۔ مثل) (۱) تیرے سوا کسی سے نہ ہو سکتا تھا (۲) طنزاً بھی کہتے ہیں۔

**تیرے باپ سے بھی لوں گا۔** (ا۔ مثل) کبھی نہ چھوڑوں گا۔

**تیرے باپ کا کیا اجارہ ہے۔** (ا۔ محاورہ) تو کیوں دخل دیتا ہے؟ تو دخل دینے والا کون ہے؟

**تیرے بینگن میری چھاچھ۔** (ا۔ مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خود تھوڑا دے اور دوسرے سے زیادہ مانگے۔

**تیرے توڑے (چھوئے) تو میں بیر بھی نہ کھاؤں۔** مجھے تجھ سے بہت نفرت ہے۔

**تیرے جو تیری درانتی چاہے جیسے کاٹ۔** (مثل) جو مرضی ہے کر، میں دخل نہیں دیتا۔ شدید نفرت کا اظہار کرنا۔

**تیرے جیسے کتا بھی نہ جیئے۔** (ا۔ مثل) تیری زندگی سے تو کتے کی زندگی بھی بہتر ہے۔

**تیرے چاروں راہ موکلے ہیں۔** (ا۔ مثل) تیرا کوئی مزاحم نہیں۔ جہاں چاہے چلا جا۔

**تیرے دیا دھرم نہیں من میں**
**مکھڑا کیا دیکھے درپن میں** } (مثل) جس کے دل میں رحم اور ترس نہیں۔ وہ انسان نہیں۔

**تیرے صدقے میں۔** (ا) تمہارے طفیل۔ تمہاری وجہ سے (۲) تم پر تصدق ہو کر۔

**تیرے لیکھے۔** (ق) تیرے حسابوں۔

**تیرے منہ میں خاک۔** (روزمرہ) عورتیں کسی کے منہ سے بری بات یا فال بد سن کر کہتی ہیں۔

**تیرے منہ میں گوہ دیتا ہوں۔** (ا۔ مثل) تجھے جھوٹا ثابت کرتا ہوں۔

**تیرے منہ میں گھی شکر۔** (روزمرہ) خوشی کی خبر سن کر کہتے ہیں۔

**تیرے میرے صدقے میں اس کی جورو پیٹ سے۔** (مثل) (۱) بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں (۲) ایسے موقع پر بھی کہا جاتا ہے جب دوسرے کی محنت سے کسی کو فائدہ پہنچ جائے۔

**تیرے نام کا کتا بھی نہیں پالتا۔** (ا۔ مثل) انتہائی نفرت کا اظہار ہے۔

**تیرے ہاتھ ٹوٹیں۔** (بد دعا) عورتیں مارنے والے کو کہتی ہیں کہ جن ہاتھوں سے تو مار رہا ہے وہ ٹوٹ جائیں۔

**تیرے ہی تلے تو لنگا بھی ہے۔** (مثل) تو ہی تو بڑا زردار اور مال دار اور حکومت والا ہے۔

**تیراک۔** (تے۔ راک) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو اچھی طرح تیرنا جانتا ہو۔ شناور۔ پیراک۔

**تیراک ہی ڈوبتے ہیں۔** (ا۔ مثل) جو آدمی کسی کام میں مہارت رکھتا ہے۔ اسی میں چوٹ کھاتا ہے۔

**تیراکی۔** (تے۔ را۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) تیرنے کا فن۔ شناوری۔

**تیرانا۔** (تے۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) پانی پر چلانا۔

**تیراؤ۔** (تے۔ را۔ اُو) (ہ۔ صف) پانی کا تیرنے کے قابل ہونا۔

**تیراؤ پانی۔** (ا۔ مذ) گہرا پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔

**تیرا ہوا ہونا۔** (ہ۔ مص) کسی علم یا فن کا مکمل طور پر واقف ہونا۔ ماہر ہونا۔

**تیرائی۔** (تے۔ را۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) شناوری۔

**تیرتا ہی ڈوبتا ہے۔ تیرے گا سو ڈوبے گا۔** (مثل) ہنرمند ہی سے غلطی ہوتی ہے۔

**تیرتھ۔** (تی۔ رتھ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نہانے کی جگہ (۲) مقدس مقام یا مندر جہاں لوگ جاترا کے لیے جائیں۔ ایسے مقام عموماً پوتر دریاؤں کے کنارے ہوتے ہیں (۳) درشن۔ زیارت۔ جاترا (۴) دریا۔ کنارِ دریا۔ گھاٹ۔ (۵) برہمنوں کی قوم (۶) سنیاسی فقیروں کا خطاب۔

**تیرتھ جاترا۔** (ہ۔ ا۔ مث) کسی مقدس مقام پر جانا۔ زیارت۔

**تیرتھ کرنا۔** (مص۔ مرکب) جاترا کے لیے جانا۔ زیارت کو جانا۔

**تیر جانا۔** (تیر۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسی دھاردار آلے کا جسم کے پار ہو جانا۔ (۲) گولی کا جسم سے پار ہو جانا (۳) گھس جانا۔ پار ہو جانا (۴) نگاہ کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک چلا جانا۔

**تیرگی۔** (تیر۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سیاہی۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ دھندلا پن۔ (۲) دل کی کدورت۔ رنجش۔ گدلا پن۔

**تیرگیٔ بخت۔** (ف۔ ا۔ مث) بدقسمتی۔ قسمت کی خرابی۔

**تیرگی چھانا۔** (ا۔ محاورہ) اندھیرا ہونا۔



Marfat.com

**تیرگیِ شب**۔ (ف۔مث) رات کی تاریکی۔

**تیر میر**۔ (تیر۔میر) [ہ۔ا۔مث] بیگانگی برتنا۔

**تیرنا**۔ (تیر۔نا) [ہ۔مص] (۱) پیرنا۔ سطح پر آجانا (۲) شناوری (۳) ماہر ہونا۔ واقف ہونا۔

**تیرہ**۔ (تے۔رہ) [ہ۔صف] تین اوپر دس۔ بارہ کے بعد کا عدد۔ ۱۳۔

**تیرہ تالی**۔ (۱) وہ عورت جو تیرہ تالوں پر ناچ سکے (۲) چالاک۔ عیار۔ پرفن۔

**تیرہ تیزی**۔ صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن۔ جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم سخت علیل ہوئے تھے۔ اس لئے عورتیں ان دنوں کو منحوس سمجھتی ہیں۔ صفر کا مہینہ۔

**تیرہ**۔ (ی۔رہ) [ف۔صف] کالا۔ سیاہ۔

**تیرہ ابر**۔ (ف۔ا۔صف) سیاہ بادل۔

**تیرہ بخت۔ تیرہ روز۔ تیرہ روزگار**۔ (ف۔ا۔صف) بدقسمت بدبخت۔ بدنصیب۔

**تیرہ بختی**۔ (ف۔ا۔مث) بدقسمتی۔ بدبختی۔

**تیرہ دروں**۔ (ف۔صف) سیاہ دل۔ بے ایمان۔ کافر۔

**تیرہ دل**۔ (ف۔صف) سیاہ دل۔ ظالم۔ شریر۔ شقی القلب۔

**تیرہ رنگ**۔ (ف۔صف) سیاہ۔ دھندلا۔ میلا۔

**تیرہ (سر) مغز**۔ (ف۔صف) بے وقوف۔ احمق۔

**تیرہ وتار**۔ (ف۔صف) بہت تاریک۔ اندھیرا گھپ۔

**تیرھواں**۔ (تیر۔ھواں) [ہ۔صف] تیرہ سے نسبت رکھنے والا تیرھویں نمبر یا درجے پر۔

**تیرھویں**۔ (تیر۔ھویں) [ہ۔ا۔مث] ہندوؤں میں مرنے کے بعد تیرھویں دن کی رسم۔ جب تیرہ برہمن کھلائے جاتے ہیں اور مُردے کا سوگ ختم کرکے کاروبار شروع کیا جاتا ہے۔

**تیرھویں صدی**۔ سن ہجری کی تیرھویں صدی کا زمانہ۔ جسے خراب اور منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ چودھویں صدی کے متعلق بھی یہی خیال ہے۔

**تیرھویں صدی میں شرع کی باتیں کوئی نہیں مانتا۔ کلجگ** کا زمانہ سمجھا جاتا ہے۔ بُری باتیں زیادہ ہیں۔ اچھی باتیں کم۔

**تیری**۔ (تے۔ری) [ہ۔ض۔مث] تیرا کی تانیث۔

**تیری آواز مکے اور مدینے**۔ (امثل) تیری بات مقبول بارگاہ ہو۔ اللہ تیری بات کو مبارک کرے۔ دل کی بات سن کر کہتے ہیں۔

**تیری ایڑی میں گہہ**۔ (ا۔ٹوٹکا) عورتیں نظرِ بد سے بچانے کے لئے بولتی ہیں۔

**تیری بات گدھے کی لات**۔ (امثل) بے توقیر اور بے اعتبار ہے۔

**تیری بات گڑ سے میٹھی ہے**۔ (امثل) تیری بات بہت پسند ہے۔

**تیری باتیں تجھ ہی کو بن آئیں**۔ (امثل) تیری چالاکی تجھی کو سازگار ہے۔

**تیری دُم کو رسّا** (ندا) کسی کو دھمکانے کے لیے کہتے ہیں۔

**تیری شامت (آئی ہے) نے دھکا دیا ہے**۔ (امثل) تو سزا کا طالب ہو رہا ہے۔ تیری مار کھانے کی نیت ہے۔

**تیری قدرت کے قربان**۔ (کلمۂ تحسین و استعجاب) کوئی عجیب بات دیکھ کر یا سن کر یا خوشی میں کہتے ہیں۔

**تیری کرنی تیرے آگے۔ میری کرنی میرے آگے**۔ (مثل) جب کے ساتھ نیکی کی ہو۔ اگر وہ بُرائی کرے تو کہتے ہیں۔ جیسا تو نے کیا ہے اس کا تجھے بدلہ ملے۔ جیسا میں نے کیا ہے ویسا مجھے صلہ ملے۔

**تیری گود میں بیٹھوں اور تیری داڑھی نوچوں**۔ (مثل) ناشکرے کو کہتے ہیں کہ جس سے فائدہ اٹھائے۔ اسی کو ذلیل کرے۔

**تیرَا**۔ (ق) تالی بجانے کی آواز۔ شعور۔

**تیز**۔ [ف۔صف] (۱) دھار دار (۲) تلخ۔ چڑچڑا (۳) زیادہ طاقت والا یا مقدار والا (۴) جلد۔ شتاب (۵) چالاک۔ ہوشیار۔ ذہین (۶) بدمزاج غصیل (۷) مضبوط۔ قوی (۸) شدید۔ سخت (۹) غالب۔ فوقیت رکھنے والا (۱۰) گرم۔ تتا (۱۱) سرگرم۔ مستعد (۱۲) شریر۔ شوخ (۱۳) (نظر کی صفت میں) باریک بیں۔ دوربیں۔ غائر (۱۴) زخم یا آنکھ میں لگنے والا (۱۵) بہتر۔ بڑھ کر (۱۶) جلا دینے والا۔ زخم ڈالنے والا (۱۷) جوشیلا آتشیں مزاج (۱۸) مہنگا۔ گراں۔

**تیز بال۔ تیز پر۔ تیز پرواز**۔ (ف۔صف) جلد اڑنے والا۔

**تیز (پروازی) پری**۔ (ف۔ا۔مث) تیز اڑنا۔

**تیز چنگال**۔ (ف۔صف) تیز پنجے والا۔

**تیز دست**۔ (ف۔صف) جلد جلد کام کرنے والا۔

**تیز دستی**۔ (ف۔ا۔مث) جلد جلد ہاتھ چلانا۔ جلدی کام کرنا۔

**تیز دستی دکھانا**۔ (ا۔محاورہ) پھرتی دکھانا۔ جلد کام کرنا۔

**تیز دم**۔ (ف۔صف) جوشیلا۔

**تیز دنداں**۔ (ف۔صف) (۱) تیز دانتوں والا (۲) (مجازاً) حریص۔ لالچی۔

**تیز (رفتار) رو**۔ (ف۔صف) (۱) جلد چلنے والا (۲) چالاک۔ پھرتیلا۔

**تیز (رفتاری) روی**۔ (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔ جلدی شتابی۔ عجلت۔

**تیز روی کرنا**۔ جلدی چلنا۔

**تیز زبان**۔ (ف۔صف) (۱) جلدی جلدی گفتگو کرنے والا (۲) منہ پھٹ

**تیز طبع**۔ (ف۔صف) ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار۔

**تیز طبعی**۔ (ف۔ا۔مث) ذہانت۔ ذکاوت۔ ہوشیاری۔

**تیز فہم**۔ (ف۔صف) جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔ ذکی۔

**تیز فہمی**۔ (ف۔ا۔مث) جلدی سمجھنے کی قوت۔

**تیز قدم**۔ (ف۔صف) تیز چلنے والا۔

**تیز قدمی**۔ (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔

**تیز قلم**۔ (ف۔صف) زود نویس۔ جلدی لکھنے والا۔

**تیز کرنا**۔ (مص۔مرکب) (۱) باڑھ نکالنا۔ دھار نکالنا (۲) زیادہ کرنا۔ بڑھانا (۳) ناراض کرنا۔ خفا کرنا (۴) طاقت یا قوت بڑھانا۔ غصہ دلانا۔

**تیز گام**۔ (ف۔صف) جلد چلنے والا۔

**تیز گامی**۔ (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔

**تیز گوش**۔ (ف۔صف) تیز سننے والا۔



Marfat.com

**تیز مزاج** ۔ (ف۔صف) تیز مغز۔ تند۔ غصیل۔ زود رنج۔
**تیز مزاجی** ۔ (ف۔ا۔مث) تندی۔ غصیلا پن۔
**تیز ناخُن** ۔ (ف۔ا۔صف) جس کے ناخن دھار دار ہوں۔
**تیز (نظر) نگاہ** ۔ (ف۔صف) (۱) جس کو دور تک نظر آئے (۲) دُور بین۔ باریک بین۔
**تیز و تُند** ۔ (ف۔صف) (۱) بہت تیز (۲) مدہوش کر دینے والی شراب۔
**تیز ہوش** ۔ (ف۔صف) عقل مند۔ صاحب لیاقت۔
**تیز ہونا** ۔ (مص۔مرکب) (۱) دھار نکالی جانا۔ باڑھ رکھی جانا (۲) خفا ہونا۔ غصے ہونا (۳) مہنگا ہونا۔ گراں ہونا (۴) گرمی ہونا۔ حدّت ہونا۔
**تیزاب** ۔ (تے۔زاب) [ف۔ا۔مذ] ایک سیال مرکب جو بدن پر لگے، تو اس کو جلا دیتا ہے اور کئی چیزوں کے رنگ کو بدل دیتا ہے۔ نہایت تُرش۔ ایسڈ ((Acid))
**تیزی** ۔ (تے۔زی) [ہ۔ا۔مث] (۱) تندی (۲) گرم مزاجی۔ غضب ناکی (۳) گرمی۔ حدّت (۴) ضرورت۔ خواہش (۵) مہنگا پن (۶) لگنے والی دوا کا اثر (۷) دھار دار ہونا۔
**تیزی کا چاند** ۔ (ا۔مذ) صفر کے مہینے کا چاند۔
**تیزی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) جلدی کرنا (۲) چالاکی کرنا (۳) شوخی کرنا۔
**تیزی ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) جلدی ہونا (۲) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔
**تیس** ۔ (ا۔عدد) [ہ۔صف] دس اوپر بیس۔ سی۔ ۳۰۔
**تیس دن۔ تیسوں دن** ۔ (ا۔مذ) (۱) مہینہ (۲) کنایۃً۔ ہر روز۔ روزمرہ۔ آئے دن۔ تمام ماہ (۳) ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔ نت۔ دائم۔
**تیس روز** ۔ (ا۔مذ) مہینہ۔
**تیس مار خاں** ۔ (ا۔مذ) طنزاً بہادر آدمی۔
**تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں** ۔ (مثل) بڑے بہادر بنے پھرتے ہیں۔ بہت اکڑتے ہیں۔ بہت اکڑ فوں دکھاتے ہیں۔
**تیسوں کلام** ۔ (ا۔مذ) قرآن شریف۔ جس کے تیس ۳۰ پارے ہیں۔
**تیسا** ۔ (تے۔سا) [ہ۔صف] (۱) اسی طرح کا۔ جیسے کے مقابل استعمال ہوتا ہے اور ایسا کے ساتھ (۲) اسی طرح پر۔ سو (۳) اس وقت۔ اس موقع پر۔
**تیسّر** ۔ (ع۔مذ) (۱) آسان ہونا (۲) آسانی۔ سہولت۔
**تیسرا** ۔ (تیس۔را) [ہ۔صف] (۱) دو کے بعد کا (۲) تین سے نسبت رکھنے والا۔
**تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا** ۔ (مثل) دو شخص باتیں کرتے ہوں اور تیسرا آ جائے، تو بُرا معلوم ہوتا ہے۔
**تیسرا آتار** ۔ (ا۔مذ) (۱) جزو الکعب۔ گھن۔ مول (۲) کسی رقم کا تیسرا آتار وہ عدد جس کو تین دفعہ ضرب دینے سے اصل رقم نکل آئے جیسے آٹھ کا تیسرا آتار دو ہے۔ دو کو تین دفعہ آپس میں ضرب دو تو آٹھ آ جائیگا۔
**تیسرا پہر** ۔ (ا۔مذ) دوپہر کے بعد کا پہر۔
**تیسرا مجھ کو مارے گا** ۔ (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی بزدل شخص حوصلہ دلانے کے باوجود ہمت ہار بیٹھے۔
**تیسری** ۔ (تیس۔ری) [ہ۔صف] (۱) تیسرا کی تانیث (۲) تین دفعہ ہل چلی ہوئی زمین (۳) مہینے کا تیسرا دن۔

**تیسری تاریخ کا چاند** ۔ (ا۔مذ) عورتیں اسے منحوس سمجھتی ہیں۔
**تیسرے** ۔ (تیس۔رے) [ہ۔صف] (۱) تین کی تعداد ظاہر کرنے کو (۲) سوم۔
**تیسرے دن (فاقے) مُردہ بھی حلال ہے** ۔ (مثل) مسلمانوں میں مُردار حرام ہے، مگر تین دن فاقے سے ہونے کے بعد اس کے کھانے کی اجازت ہے (۲) مجبوری کی حالت میں ناروا بات بھی روا ہے۔
**تیسرے فاقے سے** ۔ (ا۔محاورہ) تین دن کے فاقے سے۔
**تیسی** ۔ (تی۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) السی۔ کتان (۲) تیس برس کی (۳) تیس برس کا مجموعہ۔
**تیشہ** ۔ (تے۔شہ) [ف۔ا۔مذ] بڑھیوں کا ایک اوزار جس سے لکڑی تھوڑی تھوڑی چھیلتے ہیں۔ بسولا۔
**تیشہ زن** ۔ (ف۔صف) بسولا چلانے والا۔
**تیشہ مارنا** ۔ (ا۔محاورہ) بڑھئی کا کام کرنا۔
**تیغ** ۔ (ف۔ا۔مث) تلوار۔ شمشیر۔ جمع: تیغاں تیغہا۔
**تیغ آزمائی** ۔ (ف۔ا۔مث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
**تیغ ابرو** ۔ (ف۔ا۔مث) ابرو کا استعارہ تیغ سے کرتے ہیں۔
**تیغ ابرو کا گھائل ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) عاشق ہونا۔
**تیغ انتقام کو نیام سے کھینچنا** ۔ (ا۔محاورہ) بدلہ لینے کے لیے تیار ہونا۔
**تیغ بُراں** ۔ (ف۔صف) کاٹنے والی تلوار۔
**تیغ بردار** ۔ وہ شخص، جو ننگی تلوار لے کر سوار کے ساتھ چلے۔
**تیغ بکف** ۔ (ف۔صف) ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے۔ تلوار چلانے پر آمادہ۔ لڑنے کو تیار۔
**تیغ بے پناہ** ۔ (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس سے بچنا ناممکن ہو۔
**تیغ بے دریغ** ۔ تلوار جو فی الفور نکالی جائے۔
**تیغ جوہر دار** ۔ (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس میں جوہر کے نشان ہوں۔
**تیغ جہازی** ۔ (ف۔ا۔مث) بھاری تلوار۔
**تیغ (دو دستی) دو دم** ۔ (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس کے دونوں طرف دھار ہو۔ دو دھاری تلوار۔
**تیغ رواں** ۔ (ف۔ا۔مث) جلد کاٹنے والی تلوار۔
**تیغ زباں** ۔ (ف۔ا۔مث) (۱) زبان کی تلوار (۲) طنزیہ گفتگو۔ رنجیدہ باتیں۔
**تیغ زبان سے زخمی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) سخت یا طنزیہ باتوں سے رنج دینا۔
**تیغ زن** ۔ (ف۔مذ) تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔
**تیغ زنی** ۔ (ف۔ا۔مث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
**تیغ (ساز) گر** ۔ (ف۔مذ) تلوار بنانے والا۔
**تیغ ستم** ۔ (ف۔صف) ظلم کی تلوار۔ ظلم و ستم۔
**تیغ فلک** ۔ (ف۔صف) (۱) مریخ (۲) آسمان (۳) سورج کی کرنیں۔
**تیغ قلم** ۔ قلم کی تیزی کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔ سپاہی کی تلوار کی طرح اہل قلم اپنے مخالف کو قلم کے ذریعے نقصان پہنچاتے ہیں۔
**تیغ کج را نیام کج باشد** ۔ (ف۔مثل) جیسے کو تیسا۔ جیسا آدمی ویسا سلوک۔ ویسے ہی دوست۔
**تیغ کوہ** ۔ (ف۔ا۔مث) پہاڑ کی چوٹی۔



Marfat.com

**تیغ کے گلے ملنا**۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا مقابلہ کرنا۔
**تیغ گلوگیر**۔ (ف۔ ا۔ مث) گلا کاٹنے والی تلوار۔
**تیغ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔
**تیغ مُحرّف**۔ (ف۔ ا۔ مث) خم دار تلوار۔
**تیغ لپکنا**۔ (ا۔ محاورہ) تیغ چلنا۔
**تیغ مہند**۔ (ہندی) تیغ ہندی ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار، جو تیزی اور عمدگی میں مشہور تھی۔
**تیغ ناز**۔ (ف۔ ا۔ مث) ناز و انداز کی تلوار۔ محبوب کے ناز و ادا کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔
**تیغ وکفن باندھ کے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) لڑنے مرنے کے لیے تیار ہو کر چلنا
**تیغ ہلالی**۔ (ف۔ ا۔ مث) شمشیر ہلال کی طرح خمیدہ تلوار، اس سے ابرو کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
**تیغوں سے چنگاریاں اُڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک تلوار کے دوسری تلوار پر لگنے سے شرارے نکلنا۔
**تیغا**۔ (تے۔ غا) [اُ۔ ا۔ مذ] (۱) کُشتی کا ایک داؤ (۲) محراب یا دروازے کا چُنا جانا (۳) چھوٹی چوڑی تلوار۔
**تیغا (کرنا) لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) بند کر دینا۔ چُن دینا۔ کسی سوراخ یا دروازے یا محراب کو اینٹ پتھروں سے بند کر دینا۔
**تیغہ**۔ (تے۔ غَہ) [ف۔ ا۔ مذ] چھوٹی تلوار۔
**تیغۂ آبدار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تیز تلوار۔ چمک دار تلوار۔ دھار دار تلوار۔
**تیغۂ برق تاب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بجلی کی طرح چمکنے والی تلوار۔
**تیقّن**۔ (تَ۔ یَق۔ قُن) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) یقین کرنا۔ اعتبار کرنا (۲) یقین۔ اعتبار
**تیکھا**۔ (تی۔ کھا) [ہ۔ صف] (۱) تیز دھار والا۔ نوکدار (۲) ذہین (۳) تیز مزاج۔ (۴) چمک دار (۵) خوب صورت (۶) شوخ۔ چالاک (۷) بانکا چُست (۸) گانے میں تیز آواز (۹) معشوق۔
**تیکھاپن**۔ (۱) شوخی۔ چلبلاہٹ۔ چنچلاہٹ (۲) کج ادائی۔ روکھاپن۔
**تیکھی**۔ (تی۔ کھی) [ہ۔ صف] (۱) تیکھا کی تانیث (۲) البیلی۔ رعنا (۳) بانکی۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔
**تیکھی چتون**۔ (ا۔ مث) ترچھی نظر (معشوق کی)، ٹیڑھی نگاہ۔
**تیکھی چتون کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ترچھی نظر کر کے دیکھنا۔ کج نگاہی سے یا شوخی سے دیکھنا۔
**تیل**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) روغن جو بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔ چکنائی۔
**تیل پان کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) مائیوں بیٹھنا۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولہا دلہن کے سر، ہاتھ اور پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے۔
**تیل پانی پر ڈالنا**۔ (ا۔ ٹوٹکا) (۱) عوام کا خیال ہے کہ مینہ برستے میں تیل پانی پر ڈالنے سے ابر کھل جاتا ہے (۲) یورپ کے ملاحوں کا خیال ہے کہ تیل پانی پر ڈالنے سے طوفان رُک جاتا ہے۔
**تیل پانی کا گلاس**۔ (ا۔ مذ) وہ گلاس جس میں نیچے پانی اور اوپر تیل بھر کر روشنی کی جاتی ہے۔ کنول۔
**تیل پھل**۔ (ا۔ مذ) وہ ناریل اور تیل وغیرہ جو دولہا کے ہاں سے دُلہن کے لیے شادی سے چند روز پہلے بھیجا جاتا ہے۔

**تیل پیلنا**۔ (مص۔ مرکب) کولھو میں بیج ڈال کر تیل نکالنا۔
**تیل تلوں ہی میں سے نکلتا ہے**۔ (مثل) (۱) ہر ایک چیز کا خرچ اس کی آمدنی ہی میں سے نکالا جاتا ہے (۲) رعایا پر جو خرچ ہوتا ہے اسی سے وصول کیا جاتا ہے۔
**تیل تلی نہ اُوپر پلی**۔ (مثل) نہایت کنگال۔
**تیل توا**۔ (ا۔ صف) بہت کالا۔ ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملی ہو۔
**تیل جل چلا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بوڑھا ہو گیا۔ ضعیفی آگئی (۲) مال خرچ ہو چکا۔
**تیل جلے گھی۔ گھی جلے تیل**۔ (ا۔ مثل) تیل تیز آگ پر گرم کرنے سے اچھا ہو جاتا ہے اور گھی خراب ہو جاتا ہے۔
**تیل چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) مائیوں بٹھاتے وقت ہندوؤں کی ایک رسم جس میں لڑکے اور لڑکی کے سر، ہاتھ، پاؤں میں مہندی ملی جاتی ہے۔
**تیل چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) شادی کی تیاری ہونا۔ تیل چڑھنے کی رسم ہونا۔
**تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو**۔ (مثل) ابھی انتظار کرو۔ دیکھو کیا ہوتا ہے تعجیل کی برائی اور تاخیر کی تعریف میں کہتے ہیں۔
**تیل ڈال کمبل کا ساجا**۔ (مثل) ذرا سا کام کر کے ساری چیز کے دعویدار۔ کمبل بُن کر اُسے چمک دینے کے لیے تیل لگاتے ہیں۔
**تیل ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیل لگانا (۲) کسی چیز میں تیل ٹپکانا۔
**تیل کی جلیبی مُوا دُور سے دکھائے**۔ (مثل) دھوکا دیتا ہے وعدہ کر کے پورا نہیں کرتا۔
**تیل لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) تیل لگانا۔ تیل سے چکنا کرنا۔
**تیل ماش**۔ (ا۔ مذ) (۱) تیل اور ماش جن سے صدقہ اُتارتے ہیں (۲) تصدق۔ صدقہ۔
**تیل ماش اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک رسم ہے۔ جب کوئی مسافر گھر واپس آئے یا بیماری سے اُٹھے تو اس کو تیل میں ماش ڈال کر منہ دکھاتے ہیں پھر یہ بھنگی کو دے دیتے ہیں۔
**تیل ماش ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔
**تیل ملنا**۔ (مص۔ مرکب) تیل کی مالش کرنا۔
**تیل ملوانا**۔ تیل کی مالش کرانا۔
**تیل میں ہاتھ ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی بات سے منکر ہوتا، تو وہ اپنی سچائی کے ثبوت میں جلتے تیل میں ہاتھ ڈال کر کہتا کہ اگر میں سچا ہوں، تو ہاتھ نہ جلے گا اور اگر جھوٹا ہوں تو جل جائے گا۔ چونکہ آگ کا کام جلانا ہے۔ اس لئے اکثر چور ڈر کے مارے اس قسم کا نام لیتے ہی اقرار کر لیا کرتے تھے (۲) (مجازاً) سخت قسم کھانا۔
**تیل نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) روغن کشی کرنا۔ بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا۔ تیل پیلنا (۲) سخت محنت سے کام لینا۔ بہت کام لینا (۳) ست نکال لینا۔
**تیل (نکل جانا) نکلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بیجوں سے تیل حاصل ہونا (۲) طاقت ضائع ہونا۔ سخت کمزور ہونا (۳) دیوالہ نکل جانا۔
**تیل نہ مٹھائی۔ چولھے دھری کڑھائی**۔ (مثل) پاس کچھ نہیں اور شیخی بہت۔



Marfat.com

**تیل ہو کے بہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رقیق ہو کر نکل جانا (۲) ضائع ہو جانا۔
**تیلن**۔ (تے۔ لَن) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیلی کی بیوی (۲) تیلی قوم کی عورت۔
**تیلنی**۔ (تیل۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیلن (۲) بتی (۳) ایک قسم کا کیڑا جو تیل میں پایا جاتا ہے (۴) ایک قسم کی مکھی۔
**تیلی**۔ (تے۔ لی) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قوم جو تیل نکالتی ہے (۲) اس قوم کا ایک فرد (۳) تیل بیچنے والا (۴) (مجازاً) نہایت گندا آدمی۔ میلا شخص
**تیلی جوڑے پلی پلی اور رام (رحمٰن) لڑھاوے کپا**۔ (مثل) دیکھیے "بندہ جوڑے پلی پلی اور رام (رحمٰن) لڑھاوے کپا"۔
**تیلی خصم کرا کیا، اور پھر بھی روکھا ہی کھایا**۔ (مثل) بُرا کام بھی کیا اور مراد پھر بھی نہ ملی۔
**تیلی راجا**۔ (ا۔ مذ) (۱) فقیروں کا ایک فرقہ۔ جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملتا ہے (۲) وہ شخص۔ جو بہت میلے کپڑے پہنے۔
**تیلی کا بیل**۔ (ا۔ مذ) وہ شخص جو رات دن محنت کرتا ہے۔
**تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار**۔ (مثل) مقید آدمی کو آزادی کی قدر نہیں ہوتی۔
**تیلی کا بیل مرے کمہاری ستی ہو**۔ (مثل) کسی کے ساتھ بے قاعدہ ہمدردی یا بے جوڑ بات کے موقع پر کہتے ہیں۔
**تیلی کا تیل جلے مشعلچی مفت کڑھے**
**تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل جلے**
**تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا سر دُکھے**
**تیلی کا تیل جلے مشعلچی کی گانڈ پھٹے**
(مثل) خرچ کسی کا ہو اور کڑھے کوئی۔
**تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس**۔ (مثل) غریب آدمی گھر میں ہی کام کرتے کرتے تھک جاتا ہے۔
**تیلی کے تینوں مریں اور سے ٹوٹے لٹھ**۔ (مثل) کسی کا نقصان ہو ہمیں کیا! لاپروائی جتانے کو کہتے ہیں۔
**تیلی کی جورو ہو کر پانی میں کیا نہاوے**۔ (مثل) امیر آدمی کی ملازمت کر کے بھی فائدہ نہ اٹھایا تو پھر کب موقع ملے گا۔
**تیلیا**۔ (تے۔ لِ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) تیل کے رنگ کا۔ میلا (۲) چکنا۔ چکنائی لیے ہوئے (۳) ایک سیاہی مائل رنگ۔
**تیلیا بھیس کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت میلے کچیلے کپڑے پہننا۔
**تیلیا پانی**۔ (ا۔ مذ) کھاری اور تیل ملا ہوا پانی۔ جو پرانے کنوؤں میں سے نکلتا ہے۔
**تیلیا سرنگ**۔ (ا۔ مذ) سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ کمیت گھوڑا۔
**تیلیا سہاگہ**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں چکنا ہوتا ہے۔
**تیلیا کافوری**۔ (ا۔ مذ) گہرا اُودا رنگ۔
**تیلیا کتھا**۔ (ا۔ مذ) کتھا۔ جو اندر سے سیاہ نکلے۔
**تیلیا کمیت**۔ (ا۔ مذ) سیاہی مائل کمیت گھوڑا۔ اس کے بدن کا رنگ زیادہ تر سُرخ اور بال سیاہ ہوتے ہیں۔
**تیلیا مسان**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خبیث تیلی کی روح، جو بھوت بنے (۲) بہت کالا آدمی۔

**تیلیا مونگیا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بہت سیاہی مائل سبز رنگ۔
**تیلی**۔ (تی۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سلائی (۲) پنجرے کی تار۔
**تیم**۔ (تی۔ ا۔ مث) نمی۔ رطوبت۔ طراوت۔
**تیمار**۔ (تی۔ مار) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بیمار کی خبر گیری (۲) طبیعت کی ناسازی (۳) علاج معالجہ (۴) ہمدردی۔ بیمار پُرسی۔
**تیماردار**۔ بیمار کی دیکھ بھال کرنے والا۔
**تیمارداری**۔ (۱) بیمار کی خدمت۔ ہمدردی (۲) علاج معالجہ۔
**تیمم**۔ (تَ یَم۔ مُم) (ع۔ ا۔ مذ) پاک کرنا۔ طہارت کرنا۔ مسلمانوں کو اگر پانی نہ ملے تو بجائے وضو کے دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پھیلا کر پاک مٹی یا کسی اور چیز پر جس سے مٹی چھٹتی ہو مارتے ہیں اور اس کے بعد منہ اور بازوؤں پر پھیرتے ہیں۔ خاک سے وضو کرنا۔
**تیمم کرنا**۔ (۱) پانی کے بغیر طہارت کرنا (۲) اصطلاحِ شرع میں خاک پر ہاتھ مار کر وضو کرنا۔
**تیمن**۔ (تَ۔ یَم۔ مُن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) برکت (۲) کامیابی (۳) برکت لینا۔
**تیمناً و تبرکاً**۔ (ع) برکت اور تبرک کے طور پر۔
**تیمور**۔ (تی۔ مُور) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) فولاد (۲) ایک مشہور بادشاہ ——— بلا تلفظ واؤ بھی پڑھا جاتا ہے۔
**تین**۔ (ق) جتن۔ کوشش (۲) تونے۔
**تین**۔ (ہ۔ صف) دو اور ایک۔ ۳۔
**تین بلائے تیرہ آئے۔ دے دال میں پانی**۔ (مثل) جب مطلوبہ تعداد سے زیادہ آدمی آجائیں تو اسی میں بنانا پڑتا ہے (۲) کفایت شعاری کرنا۔
**تین بلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت**
**باہر والے کھا گئے اور گھر کے گاویں گیت**
(مثل) جب کسی دعوت پر بتائی ہوئی مقررہ تعداد سے زیادہ آدمی کھانا کھانے کے لئے آجائیں۔ میزبان کا سارا کھانا ختم ہو جائے اور وہ اور اس کے بیوی بچے سب کے سب بھوکے رہیں۔ بے موقع اور بے مصرف خرچ کرنا۔
**تین پانچ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ دغابازی کرنا۔ دھوکا دینا۔
**تین پیڑ بکائن کے میاں (باغبان) باغ میں**۔ (مثل) غریب شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔
**تین تفرقہ**۔ (ا۔ صف) پریشان۔ پراگندہ۔ منتشر۔ متفرق۔ تتر بتر۔
**تین تلوک نظر آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زمین۔ آسمان اور پاتال کا دکھائی پڑنا (۲) بے حد پریشان ہونا۔
**تین تیرا**۔ (ا۔ صف) تتر بتر۔
**تین تیرا آٹھ اٹھارہ**۔ (ا۔ محاورہ) پریشان۔ خراب خستہ۔
**تین تیرائیگی**۔ (ق) خرابی۔ ابتری۔
**تین تیرہ بارہ باٹ**۔ (مثل) ضائع۔ برباد۔ تباہ۔
**تین تیرہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا (۲) خرچ کرنا۔ اڑا دینا
**تین ٹانگ کی گدھی (گھوڑی) نو من کی لادنی**۔ (مثل) طاقت سے زیادہ کام لینے کے موقع پر کہتے ہیں۔



Marfat.com

**تین چپاتی تو براتی کھاؤ چورم چور** ۔ [مثل] جب کوئی عورت کسی دعوت وغیرہ کے موقع پر کنجوسی کرتی ہے تو عورتیں طعنے کے طور پر کہتی ہیں۔
**تین حرف بھیجنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) لعنت بھیجنا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔
**تین دن قبر (گور) میں بھی بھاری ہیں** ۔ (۱۔ مثل) مسلمانوں کے اعتقاد میں قبر میں تین دن تک حساب کتاب ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دنیا کے معاملات بعدِ مرگ بھی پیچھا نہیں چھوڑتے۔
**تین رقمی قانون** ۔ (۱۔ مذ) (علم حساب) اربعہ متناسبہ۔
**تین کانے** ۔ (۱۔ مذ) (۱) پانسے کے تین نقطے۔ جب تین نشان ایک ایک کرکے اکٹھے پڑیں۔ یہ سب سے کم شمار ہوتے ہیں (۲) (مجازاً) ناکامی۔ نامرادی۔
**تین روزہ زندگی** ۔ (۱۔ مث) انسان کی عمر جو بہت مختصر ہے۔
**تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے** ۔ (۱۔ مثل) جب کسی سے معافی مانگی ہو۔ تو کہتے ہیں۔
**تین میں نہ تیرہ میں** ۔ (۱۔ مثل) (۱) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو نہایت معمولی حیثیت کا ہو اور جس کی کوئی قدر نہ ہو (۲) نکما آدمی۔
**تینترا** ۔ (تِن۔ تَ۔ را) [ہ۔ صف] وہ بیٹا جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔
**تینتری** ۔ (تِن۔ تَ۔ ری) [ہ۔ صف] وہ بیٹی جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔
**تیند** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] ایک جنگلی درخت کی لکڑی، جو جلنے میں چٹختی ہے
**تیندو** ۔ (تیں۔ دُو) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک درخت کا پھل۔
**تیندوا** ۔ (تیں۔ دُ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک درندہ۔ جو چیتے کی قسم کا ہوتا ہے۔
**تیندول** ۔ [ق۔ ا۔ مذ] ایک پھل کا نام۔
**تینوں** ۔ (تِی۔ نوں) [ہ۔ صف] تین کے تین۔
**تیور** ۔ (تے۔ وَر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) نظر۔ چتون (۲) چہرے کا طور یا ڈھنگ (۳) بھوں (۴) بینائی۔ بصارت (۵) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔
**تیور بدل جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) بے مروت ہو جانا۔ نگاہیں پھر جانا۔
**تیور بُرے نظر آنا** ۔ (۱۔ محاورہ) نگاہ بد معلوم ہونا۔ نقصان پہنچاتے معلوم ہونا۔
**تیور بگڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پہلی سی نظر نہ رہنا۔ بے مروت ہو جانا (۲) نگاہوں سے خفگی ظاہر ہونا۔

**تیور (پہچاننا) تاڑ جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) قیافے سے مزاج کا حال معلوم ہونا
**تیور پوچھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) نظر سے دل کا حال معلوم کرنا۔
**تیور پر بل آنا** ۔ (۱۔ محاورہ) غصے کے آثار ظاہر ہونا۔
**تیور چلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) چکا چوند ہونا۔ روشنی برداشت نہ کر سکنا (۲) بینائی کم ہو جانا۔ بصارت میں فرق آ جانا۔
**تیور دیکھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) صورت یا نگاہ سے مزاج کی حالت دیکھنا۔ طبیعت کا رنگ دیکھنا۔
**تیور میلے ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) آنکھوں سے کدورت اور ملال ٹپکنا۔ چہرے یا نگاہ سے ناراضی ظاہر ہونا۔
**تیورا کر گرنا** ۔ [ہ۔ مص] چکرا کر گر پڑنا۔ بے ہوش ہو جانا۔
**تیورانا** ۔ (تیو۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ تیرگی چھانا۔ غشی کی حالت ہونا۔
**تیورس** ۔ (تیو۔ رَس) [ہ۔ ا۔ مذ] آئندہ یا گزرا ہوا تیسرا برس۔
**تیوری** ۔ (تِ۔ یُو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] نظر۔ چتون۔ نگاہ۔ پیشانی (۲) ماتھے کی سلوٹ
**تیوری (بدلنا) چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا** ۔ (۱۔ محاورہ) چیں بجبیں ہونا۔ غصے ہونا۔
**تیوری چٹی** ۔ (۱۔ صف۔ مث) مغرور عورت۔ بد دماغ عورت۔
**تیوری (پر چڑھنا) میں بل پڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ماتھے پر شکن پڑنا۔ آزردہ ہونا۔
**تیوری کا بل کھلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) رنجش رفع ہونا۔
**تیون** ۔ (تِی۔ وَن) [ہ۔ ا۔ مذ] چٹنی۔ اچار۔ سالن۔ ترکاری۔
**تیون بن نہ روٹی سوہے، کوندھے بن نہ چوٹی سوہے** ۔ (۱۔ مثل) سالن کے بغیر روٹی اچھی نہیں لگتی اور چوٹی بغیر گوندھے اچھی نہیں لگتی۔
**تیوہار** ۔ (تِ۔ یو۔ ہار) [ہ۔ ا۔ مذ] خوشی کا دن۔ جشن۔ دیکھیے تہوار۔
**تیوہاری** ۔ (تِ۔ یو۔ ہا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تیوہار کا انعام۔ عیدی۔ تیوہار کے متعلق۔ تیوہار کا۔
**تیہ۔ تیہا** ۔ (تیہ) ۔ (تے۔ ہا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) غصہ۔ غضب (۲) تیزی۔ جوش۔ حرارت۔
**تیہو** ۔ (تِی۔ ہُو) [ف۔ ا۔ مذ] تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ
**تیئیس** ۔ (تے۔ ایس) [ہ۔ صف] تین اوپر بیس۔ ۲۳۔



Marfat.com

# ٹ

ٹے (ہ - مث) اُردو حروفِ تہجی کا پانچواں اور ہندی زبان کا گیارھواں حرف - فارسی اور عربی زبانوں میں نہیں ہے - اسے تائے ثقیلہ اور تائے ہندی بھی کہتے ہیں - حسابِ ابجد میں اس کے اعداد چار سو ہیں - بعض کلمات کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتا ہے (جیسے سجاوٹ - بناوٹ)۔

## ٹ ــــ ا

**ٹابَر** - (ٹا - بَر) [ہ - ا - مذ] (۱) ٹبّر - خاندان - کُنبہ (۲) چھوٹا سا گھر (۳) چھوٹی جھیل (۴) چھوکرا - کم عمر لڑکا -

**ٹاپ** - (ہ - ا - مث) (۱) گھوڑے کا سم (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب (۳) گھوڑے کے چلنے یا دوڑنے کی آواز (۴) تھاپ - ہاتھ مارنے کی آواز (۵) مچھلیاں پکڑنے کا کھانچہ (۶) چارپائی کے پائے کا گردا - جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے (۷) مگدر کا نچلا موٹا حصّہ (۸) فرشی حقّے کا نچلا حصّہ (۹) ڈھول بجانے کی چوٹ -

**ٹاپ دار** - (ہ - ف - صف) آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا - موٹے سرے کا - گرہ دار -

**ٹاپ سہارنا** - (ا - محاورہ) تکلیف برداشت کرنا - مصیبت جھیلنا -

**ٹاپ مارنا** - (ا - محاورہ) گھوڑے کا چلتے یا دوڑنے میں زمین پر سم مار کر آواز پیدا کرنا - بے کل ہونا - چھلانگ مار کر کود جانا -

**ٹاپا** - (ٹا - پا) [ہ - ا - مذ] (۱) مُرغیوں کا کھانچہ (۲) لکڑی کی جالی دار چوکھٹ - جو بچوں کے پنگوڑے پر ڈھانکتے ہیں (۳) چوکھٹ دار ڈھکنا (۴) کپڑے کا غلاف (۵) ایک قسم کی کشتی - جس پر چوکھٹ دار ڈھکنا ہو (۶) مچھلی پکڑنے کی ڈلیا (ق)

**ٹاپا توڑ کر نکل جانا** - (ا - محاورہ) (۱) صاف نکل جانا (۲) بچ جانا -

**ٹاپا ٹوہیا** - (ہ - ا - مذ) تلاش - جستجو -

**ٹاپا ٹولی کرنا** - (ا - محاورہ) ٹٹولنا - ٹوہنا - ڈھونڈھنا - کھوجنا (۲) ٹپکتی چھت کی مرمت کرنا -

**ٹاپتا پھرنا** - (ٹاپ - تا - پھر - نا) [ہ - مص] (۱) مارا مارا پھرنا (۲) حیران و پریشان پھرنا - بھٹکتا پھرنا (۳) غصّے کی حالت میں اُچھلنا کودنا -

**ٹاپتا رہ جانا** - (ٹاپ - تا - رہ - جا - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کی آرزو یا انتظار میں بیٹھا رہ جانا (۲) کوئی چیز نہ ملنے سے دل ہار کر بیٹھ جانا - (۳) افسوس کرنا -

**ٹاپتی** - (ٹاپ - تی) [ہ - ا - مث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا -

**ٹاپنا** - (ٹا - پ - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا - ڈھونڈنا - کوشش کرنا (۲) انتظار کرنا (۳) بیکار پھرنا (۴) بے چین ہونا (۵) افسوس کرنا (۶) کودنا - پھاندنا (۷) گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا -

**ٹاپو** - (ٹا - پُو) [ہ - ا - مذ] جزیرہ - خشکی کا قطعہ جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہوا ہو -

**ٹاٹ** - (ہ - ا - مذ) (۱) سن کا بنا ہوا کپڑا - بوری کا کپڑا (۲) ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی (۳) بونٹ کا سبز خول جس کے اندر چنا ہوتا ہے (۴) چٹائی -

**ٹاٹ اُلٹ جانا یا اُلٹنا** - (ا - محاورہ) (۱) دیوالہ نکلنا - دیوالیہ ہو جانا -

**ٹاٹ باف** - (ہ - ف - مذ) جوتی پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والا - زردوز -

**ٹاٹ بافی جوتا** - (ہ - ف - ا - مذ) یہ دراصل تار بافی جوتا ہے - یعنی وہ جوتا جس پر کلا بتون کا کام ہو - کامدار جوتا -

**ٹاٹ باہر ہونا** - (ا - محاورہ) برادری سے خارج ہونا -

**ٹاٹ کا لنگوٹا، نواب سے یاری** - (مثل) (۱) مفلسی میں امیروں سے دوستی (۲) اپنی حیثیت سے بڑھ کر قدم مارنے والے پر یہ مثل کہی جاتی ہے -

**ٹاٹ، کاملا، ڈولرا، تینوں جات گلام - جت چاہے جت بیٹھ کر ترت کرو بسرام** - (مثل) ٹاٹ کمبل اور دوہی یہ تینوں دیسے تو گھٹیا چیزیں ہیں مگر ان سے آرام بہت ملتا ہے -

**ٹاٹ کا ملی گھر میں کھالے - باہر بتاوے شال دوشالے** - (مثل) معمولی حیثیت کا آدمی اپنے بارے میں شیخیاں بگھارے تو اس پر یہ مثل کہتے ہیں -

**ٹاٹ کی انگیا مونجھ کی تنی - دیکھ میرے دیورا میں کیسی بنی** - (مثل) غلط اور بے جا حرکت پر اترانا -

**ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ** - (مثل) جیسی چیز ویسا اس کا سازو سامان - موزوں اور مناسب کام -

**ٹاٹا** - (Tata) (ٹا - ٹا) [انگ - ا - مذ] خدا حافظ - فی امان اللہ - (بچوں کی بولی) -

**ٹاٹری** - (Tatri) (ٹا - ٹ - ری) [انگ - ا - مث] کریم آف ٹارٹر کا مخفف - وہ مسالا جس سے خمیر اٹھاتے ہیں -

**ٹار** - [انگ - ا - مذ] گندہ بروزا - تارکول - کول تار - سیاہ رنگ کا مادہ جو پتھر کے کوئلے سے نکالا جاتا ہے -

**ٹارا** - (ٹا - را) [ہ - ا - مذ] وہ کبوتر، جو دیر تک اُڑتا رہے -

**ٹارا ٹوک** - وزن میں ٹھیک یا پورا -

**ٹارچ** - (Torch) [انگ - ا - مث] (۱) مشعل - فلیتہ (۲) ایک نلکی جس کے اندر سیل (Cell) ہوتا ہے اور منہ پر بلب لگا ہوتا ہے -

**ٹاس** - (Toss) [انگ - ا - مذ] سکّے کو اُچھال کر اس امر کا فیصلہ کرنا کہ کون کسی کام کو پہلے شروع کرے -

**ٹافی** - (ٹا - فی) (Toffee) [انگ - ا - مث] ایک قسم کی انگریزی مٹھائی -

**ٹاک** - [ق - صفہ ط - ا - مذ] (۱) جلد (۲) گھونٹ -



Marfat.com

ٹاکنا۔ (ٹاک۔نا) [ق۔مص] ٹھہرنا۔ رُکنا۔
ٹاکی۔ (Talkie) (ٹا۔کی) [انگ۔ا۔مث] بولتی فلم۔ ایسی فلم جس سے آواز آتی ہو۔
ٹال۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) جلانے کی لکڑی کی دوکان (۲) بانس یا گھاس کا انبار یا ڈھیر (۳) اناج یا بھُس کا ذخیرہ (۴) گائے یا ہاتھی کے گلے کی گھنٹی (۵) ٹالم ٹول۔ بہانہ سازی۔ لیت و لعل۔
ٹال آنا۔ (۱) اونے پونے (جن داموں بک سکے انہی داموں) بیچ آنا (۲) کسی کو دم دلاسا دے کر رخصت کر دینا۔
ٹال بتا اس کو نہ تو جس سے کیا اقرار۔ چاہے ہووے بیری تیرا چاہے ہووے یار۔ (مثل) وعدہ جس سے کرو پورا کرو خواہ وہ دشمن ہو یا دوست
ٹال بجا کے مانگے بھیک اس کا جوگ رہا کب ٹھیک۔ (مثل) گھنٹی بجا کے مانگنے والے سادھوؤں پر طنز ہے۔
ٹال بتال۔ ٹال ٹول۔ حیلہ۔ بہانہ۔
ٹال جانا۔ (ا۔ محاورہ) درگذر کرنا۔ طرح دینا۔ نظر انداز کرنا۔
ٹال دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کو بہانہ بنا کر رخصت کر دینا (۲) کوئی بات سُنی اَن سُنی کر دینا (۳) کوئی کام دانستہ نہ کرنا (۴) بہلا دینا۔
ٹال کر دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کہیں جانے کا ارادہ چھوڑ دینا (۲) کوئی کام کرنے سے باز رہنا۔
ٹال مٹول کرنا۔ (۱) دیر لگانا (۲) بہانے کرنا (۳) حیلہ حوالہ کرنا۔
ٹال مٹول۔ وقت کا چور۔ (مثل) (۱) حیلے حوالے کر کے وقت گزارنے والا (۲) وقت پر جواب دینے والا (۳) سُست اور کام چور ملازم۔
ٹالا۔ [ہ۔ا۔مذ] حیلہ۔ حوالہ۔ بہانہ۔ ٹالنے کی ترکیب۔ تاویل۔
ٹالا بالا۔ (ہ۔ا۔مذ) آج کل۔ آج کل کرنا۔ بہانہ سازی۔
ٹالا بالا بتانا (دینا) (ا۔ محاورہ) (۱) ٹالنا (۲) دھوکا دینا (۳) حیلے حوالے کرنا (۴) دیر لگانا (۵) دائیں بائیں بتا کر نکل جانا۔
ٹالے نہ ٹلنا۔ (ا۔ محاورہ) رخصت کرنے یا ٹالنے کی انتہائی کوشش کے باوجود نہ جانا۔
ٹالنا۔ (ٹال۔نا) [ہ۔مص] (۱) باز رکھنا (۲) ملتوی کرنا (۳) دفع کرنا (۴) انکار کرنا (۵) ہٹانا۔ سرکانا (۶) حیلے حوالے کرنا (۷) دیر لگانا۔ ڈھیل دینا (۸) وقت گزارنا (۹) بہکانا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا۔
ٹالی۔ (ٹا۔لی) [ہ۔ا۔مث] چوپایوں کے گلے کی چھوٹی گھنٹی (۲) دلالوں کی اصطلاح میں نصف روپیہ۔ اٹھنی۔
ٹامک ٹوئیے مارنا۔ [ہ۔مص] (۱) اٹکل یا اندازے سے کام کرنا (۲) قیاس سے کام کرنا۔
ٹامی۔ (Tommy) (ٹا۔می) [انگ۔ا۔مذ] گورہ فوج کا سپاہی۔
ٹامی گن۔ (Tommy Gun) چھوٹی مشین گن۔
ٹامبرا۔ (ٹام۔بَ۔را) [ق۔ا۔مذ] پانی کا برتن۔
ٹانٹ۔ [ہ۔ا۔مث] آدمی کی کھوپڑی۔ چندیا۔
ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مفلس ہو جانا (۲) (کنایۃً) حوادث زمانہ کا شکار ہونا (۳) بہت جوتے لگنا۔
ٹانٹ پر بال نہ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) مزید مصیبتیں اور تکلیفیں اٹھانے کے قابل نہ ہونا۔ مزید جوتیں کھانے سے پناہ مانگنا۔
ٹانٹ کھجانا (کھجلانا) (ا۔ محاورہ) (۱) سر میں کھجلی ہونا (۲) جوتے کھانے کو جی چاہنا (۳) گھاٹے یا نقصان کا کام کرنا۔
ٹانٹ کے بال اُڑا دینا۔ (ا۔ محاورہ) جوتے مار مار کے کھوپڑی گنجی کر دینا۔
ٹانٹ گنجی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر پر بال نہ رہنا (۲) بوجھ اُٹھانے یا جوتی کھانے سے بال اُتر جانا (۳) فضول خرچی سے مفلس ہو جانا (۴) بہت زیادہ مصیبتیں پڑنا۔
ٹانٹا۔ ٹانٹھا۔ (ٹاں۔ٹا۔ ٹاں۔ٹھا) [ہ۔صف] (۱) مضبوط۔ توانا۔ قوی (۲) موٹا۔ مسٹنڈا (۳) سخت۔ کرخت۔ کڑا۔
ٹانٹا بنا ہونا۔ (ہ۔ محاورہ) مضبوط ہونا۔ طاقتور ہونا۔
ٹانٹی۔ ٹانٹھی۔ (ٹاں۔ٹی۔ ٹاں۔ٹھی) [ہ۔صف] ٹانٹا یا ٹانٹھا کی تانیث۔
ٹانچ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) ضد (۳) دشمنی [صف] (۴) بدمزاج۔ (۵) ضدی۔ سرکش (۶) گستاخ (۷) دھوکا دے کر مطلب حاصل کرنے والا۔
ٹانچ کرنا۔ ٹانچ لانا۔ (ہ۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
ٹانچ نہ اٹھائی جانا۔ جھگڑا برداشت نہ ہونا۔ کسی کی اکڑفوں کو نہ سہارنا۔
ٹانچنا۔ (ٹانچ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھانسنا۔ دھوکا دینا (۲) وصول کرنا (۳) مزے اڑانا (۴) خراماں خراماں چلنا۔ چکر لگانا (۵) مقابلے پر آنا۔ (۶) کبوتروں کا سینہ اُبھار کر چلنا۔
ٹانڈ۔ ٹانڈھ۔ [ہ۔ا۔مث و مذ] (۱) مچان (۲) چبوترا (۳) دیوار میں لگا ہوا تختہ (۴) کڑا جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔
ٹانڈا۔ (ٹاں۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) قافلہ۔ سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب (۳) تجارت کا مال (۴) گھر کا سامان (۵) کنبہ۔ خاندان (۶) مویشیوں کی قطار۔
ٹانڈا بھانڈا۔ (ہ۔ا۔مذ) اسباب۔ سامان۔
ٹانڈا لادنا۔ ٹانڈا لدنا۔ ٹانڈا لد جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مال تجارت لادنا (۲) سامان لد جانا۔ گھر کا سامان اور بیوی بچّوں کو لے کر کہیں چلے جانا (۳) سفر پر روانہ ہو جانا (۴) مر جانا۔
ٹانسل۔ (Tonsil) (ٹان۔سِل) [انگ۔ا۔مذ] گلے کی گلٹی۔ کوّا۔ گوشت کے ان دو ٹکڑوں میں سے ایک جو حلق کے دونوں طرف لٹکے رہتے ہیں۔
ٹانک۔ (Tonic) (ٹا۔نِک) [انگ۔ا۔مذ] مقوی دوا۔
ٹانک۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) جواہرات تولنے کا وزن، جو چوبیس (۲۴) رتی کا ہوتا ہے۔ (مث) کمان جانچنے کا وزن جو ۲۴-۲۵ سیر کا ہوتا ہے۔ اس وزن کو کمان کے چلّے میں لٹکا کر ایک تیر کی مار تک کھینچ لینے کو ٹانک کہتے ہیں (۳) حصّہ۔ پتّی (۴) جانچ۔ اندازا (۵) ٹانک (۵) درج کرنا۔ لکھنا کا فعل۔
ٹانک جانا۔ (۱) ٹانکنے کا کام یا عمل کر گزرنا یا ختم کر دینا (۲) جلدی جلدی ٹانکنا۔
ٹانک رکھنا۔ ٹانک لینا۔ یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا۔ نوٹ کر لینا۔
ٹانک۔ (ق۔ا۔مذ) ٹانکنے یا سینے والا۔
ٹانکا۔ (ٹاں۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) سیون۔ سلائی۔ سوئی کے دھاگے کا ایک



Marfat.com

دفعہ کپڑے کے اندر گھس کر باہر نکلنا (۲) زخم کا ایک مرتبہ بخیہ (۳) دھات جوڑنے کا مسالہ (۴) کپڑے یا چمڑے یا دھات کا جوڑ یا پیوند (۵) حوض یا تالاب جس میں برساتی پانی پینے کے لیے اکٹھا کرتے ہیں۔ پیوند۔

**ٹانکا اُدھڑ جانا یا اُدھڑنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) سلائی (کے ٹانکے) اُدھڑ جانا۔ (۲) تباہ و برباد ہو جانا۔ مفلس ہو جانا (۳) بھید کھل جانا۔ حقیقت آشکار ہونا۔

**ٹانکا اُدھیڑنا**۔ (۱۔ محاورہ) بخیے کے دھاگے آہستہ آہستہ نکال دینا۔ سلائی ادھیڑنا۔ سیون کھولنا (۲) راز ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ شیرازہ بکھیر دینا۔ سب حال ظاہر کر دینا۔ پوست کندہ حالات بتا دینا (۳) تباہ و برباد کرنا (۴) عاجز کرنا پھیں بلوانا۔ پرانا۔

**ٹانکا بھرنا (بھیرنا)**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) سینا (۲) پھٹا پرانا مرمت کرنا (۳) زخم سینا (۴) عیب پوشی کرنا (۵) مصیبت میں تسلی دینا۔

**ٹانکا ٹوٹنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) سیون اُدھڑنا (۲) سیون کا دھاگہ ٹوٹ جانا۔ (۳) زخم کی سیون کا دھاگہ ٹوٹنا (۴) ہمت ہار دینا۔ گھبرا جانا۔

**ٹانکا جانا**۔ (۱۔ محاورہ) کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔

**ٹانکا جھالنا (لگانا)**۔ (۱) ٹوٹے ہوئے زیور یا برتن کو ٹانکا لگا کر جوڑ دینا (۲) یارانہ گانٹھ لینا (۳) کپڑا سینا (۴) زخم سینا۔

**ٹانکا کاٹ لینا**۔ (۱۔ محاورہ) زیور سے ٹانکے کی قیمت کاٹ کر دام ادا کرنا۔

**ٹانکا کھانا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ٹانکا لگنا (۲) ٹانکے لگنے کی صلاحیت ہونا (۳) زخم سلوانا۔

**ٹانکا کھلنا**۔ (۱۔ محاورہ) سیون کھل جانا۔ کپڑے یا چمڑے وغیرہ کا ادھڑ جانا (۲) عیب ظاہر ہونا۔ بھید کھل جانا۔ راز ظاہر ہو جانا۔

**ٹانکا لگانا**۔ (۱۔ محاورہ) کپڑا سینا۔ زخم سینا۔ ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور میں ٹانکے سے جوڑ لگانا (۲) دوستی یا میل ملاپ کرانا۔ نسبت کرانا۔ شادی کرانا (۳) پرند کی آنکھیں سی دینا۔

**ٹانکا مارنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) موٹی سلائی کرنا (۲) جلدی جلدی سینا (۳) گھونپنا۔

**ٹانکے ڈھیلے ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) ہمت پست ہونا۔ ہمت ہار دینا۔ سستی آجانا (۲) عزت جاتی رہنا (۳) بدحواس ہونا۔ پریشان خیالی کا شکار ہو جانا (۴) ارادے میں ضعف آجانا۔

**ٹانکے کاٹ ڈالنا**۔ (۱۔ محاورہ) سیا ہوا قینچی یا نشتر سے کاٹ دینا۔

**ٹانکے کا کچا**۔ (۱۔ صف) (۱) ایسا درزی یا درزن جس کے ہاتھ کی سیون جلدی اُدھڑ جائے (۲) وہ زیور جس میں کمزور ٹانکا لگا ہو۔

**ٹانکنا**۔ (ٹانک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) سینا (۲) موتی یا بنت یا لچکا سوئی تاگے سے لگانا (۳) زخم سینا (۴) جوتا سینا (۵) باندھنا۔ جوڑنا۔ ٹانکے لگانا (۶) نتھی کرنا (۷) ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور کو جوڑنا (۸) لکھنا۔ یادداشت رکھنا۔ (۹) داخل کرنا۔ لگانا۔ دینا (۱۰) کھا جانا (۱۱) آویزاں کرنا (۱۲) بجنا۔ جھنکار ہونا (ق)

**ٹانکھ**۔ (ہ۔ا۔ مذ) زمین دوز تالاب۔ جس میں پانی کا ذخیرہ کیا جائے۔

**ٹانکی**۔ (ٹاں۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خربوزے تربوز کی پھانک۔ جس سے معلوم کیا جائے پھل میٹھا ہے یا نہیں (۲) سنگ تراشوں کا ایک اوزار (چھینی) (۳) سوراخ چھید (۴) آتشک یا سوزاک کا زخم (۵) آرے کا دندانہ (۶) لکڑی یا لوہے کا پانی رکھنے کا برتن۔

**ٹانکی بجنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) عمارت کی تعمیر ہونا (۲) سنگ تراشی کا کام ہونا۔

**ٹانکی لگانا**۔ (۱۔ محاورہ) چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ پھانک تراش کر خربوزے یا تربوز کی اندرونی کیفیت معلوم کرنا۔

**ٹانگ**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) جسم کا وہ حصہ جو ران کی جڑ سے پاؤں تک ہے۔ لات (۲) دلالوں کی اصطلاح میں چوتھائی حصہ۔

**ٹانگ اُٹھا کر موتنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) کتے کی طرح پیشاب کرنا (۲) بدتمیزی اور بے حیائی پر اُتر آنا۔

**ٹانگ اُٹھانا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ٹانگ اُونچی کرنا (۲) جماع کرنا (۳) جماع کے لیے تیار ہو جانا۔ (۴) آسن لینا۔

**ٹانگ اُٹھے نہ چڑھا جائے ہاتھی پر**۔ (مثل) طاقت کا تو یہ عالم ہے کہ ٹانگ اٹھتی نہیں لیکن ہاتھی پر چڑھا چلا جا رہا ہے۔ اس شخص پر کہتے ہیں۔ جو اپنی طاقت اور بساط سے بڑھ کر کام کرنا چاہتا ہو۔

**ٹانگ اَڑا دینا یا ٹانگ اَڑانا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پاؤں پھنسانا (۲) بے ضرورت دخل دینا (۳) درمیان میں مداخلت کرنا (۴) روکنا۔ آگے چلنے نہ دینا۔

**ٹانگ اڑانا**۔ (۱۔ محاورہ) ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو ٹانگ پکڑ کر چت کرنا (لنگڑی کا پیچ)

**ٹانگ اولل کے مر گیا**۔ (۱۔ محاورہ) بے کسی کی حالت میں مرا۔ مرتے وقت کوئی خبر لینے والا نہ تھا۔

**ٹانگ برابر**۔ (۱۔ صف) چھوٹا سا۔ ذرا سا۔ گستاخ بچے کے بارے میں کہتے ہیں۔

**ٹانگ پسار کے سونا**۔ (۱۔ محاورہ) بے فکر یا چنت ہو کر سونا۔ بے فکری کی نیند سونا۔

**ٹانگ پکڑ کے لائے اور پونچھ پکڑ کے بہا دیا**۔ (مثل) کوئی عزت و احترام کے ساتھ کہیں لایا گیا ہو، مگر وہاں سے اسے بے عزت اور ذلیل کر کے نکالا جائے۔ اس وقت یہ مثل بولی جاتی ہے۔

**ٹانگ پھنسنا**۔ (۱۔ محاورہ) کسی کام میں شریک یا حصہ دار ہونا۔ اس سے قریبی تعلق ہونا۔ (۲) پابند یا مجبور ہونا۔

**ٹانگ تلے (ٹانگ کے نیچے) سے نکل جانا (نکلنا)**۔ (۱۔ محاورہ) ہار مان لینا۔ مغلوب ہو جانا۔ شکست کا اقرار کر لینا۔

**ٹانگ تلے (ٹانگ کے نیچے) سے نکال دینا (نکالنا)**۔ (۱۔ محاورہ) نیچا دکھانا۔ ہرانا۔ عاجز کر دینا (۲) اطاعت کروانا۔

**ٹانگ توڑ کے بیٹھنا**۔ (۱۔ محاورہ) جم کے بیٹھنا۔ ایک جگہ بیٹھے رہنا۔ جہاں بیٹھ جانا۔ وہاں سے نہ اُٹھنا۔

**ٹانگ توڑنا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) اپاہج کر دینا۔ کسی کام کا نہ رہنے دینا (۲) کسی زبان کی معمولی شُدبُد پر وہ زبان لکھنے بولنے یا پڑھنے کی کوشش کرنا۔

**ٹانگ دینا**۔ (۱۔ محاورہ) لٹکا دینا۔ پھانسی پر چڑھا دینا۔

**ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا**۔ (۱۔ محاورہ) اپنے پاس اسی طرح بٹھانا کہ وہاں سے ہلنے یا پھرنے نہ دینا۔ پہلو میں بٹھانا۔

**ٹانگ لگانا**۔ (۱۔ محاورہ) کشتی میں ٹانگ کا پیچ لگانا۔



Marfat.com

**ٹانگ لینا۔** (۱۔محاورہ) (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کتّے کا کاٹنے کے لیے لپکنا۔ (۳) پیچھے پڑنا۔ مصر ہونا۔

**ٹانگ مارنا۔** (۱۔محاورہ) کشتی لڑنے میں ٹانگ کا داؤں کرنا۔

**ٹانگوں کا جواب دے دینا۔** (۱۔محاورہ) آگے چلنے کی طاقت نہ رہنا۔ اتنی زیادہ تکان ہونا جو قابل برداشت نہ ہو۔ تھک جانا۔

**ٹانگوں میں ٹانگیں ڈال کر سونا۔** (۱۔محاورہ) ہم بغل ہو کر سونا۔ ہم بستر ہونا۔

**ٹانگوں میں منہ ڈال کے چولہے کے آگے نام لینا۔** (۱۔محاورہ) عورتیں کسی کو جلانے جلانے کے لئے یہ ٹوٹکا کرتی ہیں۔

**ٹانگیں توڑنا۔** (۱۔محاورہ) بہت زیادہ دوڑ بھاگ کرانا۔ پریشان کرنا (۲) بہت زیادہ دوڑتے پھرنا۔ پریشان ہونا۔

**ٹانگیں ٹوٹنا۔** (۱۔محاورہ) تھک کر چُور ہو جانا۔ چلنے کی طاقت نہ رہنا۔

**ٹانگیں رہ جانا۔** (۱۔محاورہ) (۱) تھک کر چُور ہو جانا (۲) سُوکھے کی بیماری کی وجہ سے ٹانگیں بیکار ہو جانا۔

**ٹانگیں لینا (اٹھانا)۔** (۱۔محاورہ) جماع کا قصد کرنا۔

**ٹانگڑی۔** (ٹانگ۔ڑی) [ق۔ا۔مث] ٹانگ۔

**ٹانگن۔** (ٹاں۔گن) [ہ۔ا۔مذ] پہاڑی ٹٹو۔

**ٹانگنا۔** (ٹانگ۔نا) [ہ۔مص] (۱) لٹکانا۔ آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا۔ پھانسی پر چڑھانا۔

**ٹاور۔** (Tower) (ٹا۔ور) [انگ۔ا۔مذ] برج۔ مینار۔ لاٹھ۔

**ٹائپ۔** (Type) (ٹا۔ءِ۔پ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف جو سیسے کے ہوتے ہیں (۲) ٹھپا (۳) وضع۔ نمونہ۔ نقشہ۔ صورت۔

**ٹائپ رائٹر۔** ٹائپ کرنے والی مشین۔

**ٹائپسٹ۔** (Typist) (ٹائی۔پسٹ) [انگ۔ا۔مذ] ٹائپ کرنے والا۔ ٹائپ رائٹر پر کام کرنے والا۔

**ٹائٹل۔** (Title) (ٹا۔ءِ۔ٹل) [انگ۔ا۔مذ] (۱) عنوان (۲) سُرخی۔ (۳) پیشانی۔ سرورق۔ سرورق کا مضمون (۴) کتاب وغیرہ کا نام۔ (۵) القاب۔ خطاب منصب۔ عہدہ۔

**ٹائر۔** (Tyre) (ٹا۔ءِ۔ر) [انگ۔ا۔مذ] موٹر یا بائیسکل کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ۔ (۲) ربڑ کا خول جس کے اندر ٹیوب ہوتی ہے۔

**ٹائل۔** (Tile) (ٹا۔ال) [انگ۔ا۔ث] پکی مٹی کی پتلی تختی۔ رنگین یا سفید، جو عمارت کی دیواروں اور فرش یا چھت پر لگائی جاتی ہے۔

**ٹائم۔** (Time) (ٹا۔ام) [انگ۔ا۔مذ] (۱) وقت (۲) گھڑی کو بھی ٹائم کہہ دیتے ہیں (۳) بنکاری کی اصطلاح، پوری مدت، پورا وقفہ، پوری میعاد میعاد مطلق۔ مدت لازمی۔

**ٹائم بم۔** (Time Bomb) ایسا بم جو مقررہ وقت پر پھٹے۔

**ٹائم پیس۔** (Time Piece) چھوٹا گھنٹہ۔

**ٹائم ٹیبل۔** (Time Table) نقشہ تقسیم اوقات۔ نظام الاوقات۔

**ٹائم کیپر۔** وقت کا حساب رکھنے والا (مزدوروں یا ملازموں کا)

**ٹاؤن۔** (Town) (ٹا۔اُن) [انگ۔ا۔مذ] بلدیہ۔ قصبہ۔ بستی۔ شہر۔

**ٹاؤن ہال۔** (Town Hall) (شہر کی وہ عمارت جس میں میونسپل کمیٹی وغیرہ کا دفتر ہو۔

**ٹائی۔** (Tie) (ٹا۔اِی) [انگ۔ا۔مث] خوشنما۔ ریشمی۔ اونی یا سوتی فیتہ جو مغربی لباس میں قمیص کے کالر کے ساتھ پہنتے ہیں۔

**ٹائی فائیڈ۔** (Typhoid) (ٹا۔ئی۔فا۔اِڈ) [انگ۔ا۔مذ] میعادی بخار۔

**ٹائیں ٹائیں۔** (ٹا۔ایں۔ٹا۔ایں) [ہ۔ا۔مث] بکواس۔ کائیں کائیں۔ طوطے کی آواز۔

**ٹائیں ٹائیں فش۔** بکواس بہت نتیجہ کچھ نہیں۔ خرچ بہت حاصل کچھ نہیں۔

**ٹایَر۔** (ٹا۔یَر) [ہ۔ا۔مذ] چھوٹا اور دبلا گھوڑا۔

**ٹایَری۔** (ٹا۔یَ۔ری) [ہ۔ا۔مث] ٹایَر کا مونث۔ دبلی گھوڑی۔

## ٹ ــــ ب

**ٹب۔** (Tub) [انگ۔ا۔مذ] ناند۔ بڑا برتن، جو کپڑے دھونے یا نہانے کے کام آئے۔

**ٹبا۔** (ٹب۔با) [ہ۔ا۔مذ] ٹیلا۔ اونچی جگہ۔

**ٹبر۔** (ٹب۔بَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ اقربا۔ اہل وعیال (۲) مال اسباب (۳) گھر کا خرچ (۴) انتظام کا بار یا ذمہ داری۔

## ٹ ــــ پ

**ٹپ۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹپکنے کی آواز (بارش کی) بوندیں گرنے کی آواز (۲) [مذ] گاڑی کا سائبان (ہڈ) جو دھوپ یا بارش روکنے کے لیے ہوتا ہے (۳) خیمے کی دو تہوں میں سے ایک تہ۔

**ٹپ ٹپ۔** (۱) کسی سیال چیز کے بوند بوند گرنے کی آواز (۲) آنسوؤں کے گرنے کی آواز (۳) لگاتار بوندیں گرنے کی آواز۔

**ٹپ ٹپ آنسو گرنا۔** (۱۔محاورہ) آنسوؤں کا تار بندھنا۔ لگاتار رونا۔

**ٹپ سے بول اٹھنا۔** (۱) بے پوچھے بول اٹھنا (۲) جھٹ بول اٹھنا۔

**ٹِپ۔** (Tip) [انگ۔ا۔مذ] معمولی انعام یا بخشش۔ جو قلی، بیرے، چپراسی وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

**ٹِپ دینا۔** (۱۔محاورہ) کسی محنت پیشہ آدمی کو معمولی انعام دینا۔

**ٹپا۔** (ٹپ۔پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کود۔ پھاند (۲) فاصلہ (بندوق کی گولی کی، زد (۳) دور دور کا بخیہ یا ٹیپی (۴) ایک قسم کا گیت (۵) دکنی بولی میں ڈاک خانہ (۶) ایک قسم کا ٹپک (۷) ضلع یا پرگنے کا حصہ (۸) ڈاک یا پالکی لے جانے والوں کی چوکی (۹) مقام۔ مرحلہ۔ پڑاؤ (۱۰) کشتی جو بادبانوں سے چلتی ہے۔

**ٹپا بھرنا۔ ٹپا ڈالنا۔** (۱۔محاورہ) موٹی سلائی کرنا۔ دُور دُور بخیہ کرنا۔ کچی سلائی کرنا (ٹپے ڈالنا یا ٹپے بھرنا بولتے ہیں)۔

**ٹپا کھانا۔** (۱۔محاورہ) گول یا گیند وغیرہ کا کسی چیز سے ٹکرا کر اچھلنا۔



Marfat.com

**ٹپّا گانا۔** (ا۔محاورہ) ٹپّا راگ گانا۔ بے کار بیٹھے رہنا۔ کچھ نہ کرنا۔

**ٹپّے ٹوئی کرنا۔** (ا۔محاورہ) کسی چیز کی تلاش میں جا بجا مارا مارا پھرنا۔ کونا کونا چھان ڈالنا۔

**ٹپّے ٹوئیے مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۲) اندھوں کی طرح کسی چیز کو ٹٹولتے پھرنا۔

**ٹپاٹپ۔** (ٹ۔پا۔ٹپ) [ہ۔ا۔مث] (۱) بوندوں کی آواز (۲) پانی گرنے کی آواز (۳) پھل کے درخت سے گرنے کی متواتر آواز۔

**ٹپانا۔** (ٹ۔پا۔نا) [ہ۔مص] کدانا۔ چھلانگ مروانا۔

**ٹپّانا۔** (ٹ۔پا۔نا) [ہ۔مص] بوجھ نکالنے کے لیے گنجفے کے پتوں کو بے ترتیب کر دینا۔

**ٹپٹپانا۔** (ٹپ۔ٹ۔پا۔نا) [ہ۔مص] بوندوں یا قطروں کا لگاتار گرنا۔

**ٹپٹری۔** (ٹپ۔ٹ۔ری) [ق۔ا۔مذ] شکنجہ۔

**ٹپّر۔** (ٹپ۔پر) [ہ۔ا۔مذ] چھپّر۔ جو پرانے چھپر پر ڈال دیا جاتا ہے۔

**ٹپّس۔** (ٹپ۔پس) [ہ۔ا۔مث] (۱) وسیلہ۔ سہارا (۲) بنیاد۔ بنا (۳) اتفاق۔ میل جول (۴) غرور۔ فخر۔ تکبّر۔

**ٹپّس لگانا۔ ٹپّس جمانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تعلق پیدا کرنا (۲) وسیلہ ڈھونڈنا (۳) مطلب نکالنے کے لیے رسائی حاصل کرنا (۴) بنا ڈالنا۔

**ٹپک۔** (ٹ۔پک) [ہ۔ا۔مث] (۱) پانی کے قطرے لگاتار گرنے کی آواز (۲) زخم کی ٹیس یا چمک۔ تپک۔ دھڑک۔ پھڑک۔

**ٹپک پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پھسل پڑنا۔ گرویدہ ہونا۔ فریفتہ ہو جانا (۲) چونا۔ رسنا (۳) پھوڑا پھوٹنا (۴) ظاہر ہو جانا۔ ضبط نہ ہو سکنا (۵) بوند گر پڑنا (۶) کود پڑنا (۷) یکایک اوپر سے آ گرنا (۸) انزال ہونا (۹) حیض آنا۔

**ٹپکا۔** (ٹپ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لگاتار بوندیں گرنا۔ تقاطر (۲) چھت سے پانی ٹپکنا (۳) پیڑ کا پکا آم یا کوئی اور پھل، جو از خود گرے (۴) ایسا شخص، جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے (۵) ٹھگوں کی ایک اصطلاح۔ پیتل کا کڑا سڑک پر ڈال کر کسی سادہ لوح دیہاتی کو پھانسنے کی کوشش کرنا (۶) انگلی سے لگایا ہوا رنگ۔

**ٹپکا پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ظاہر ہوئے جانا۔ ضبط نہ ہو سکنا۔ نکلا پڑنا (۲) کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کی وجہ سے رُک نہ سکنا (۳) مائل ہوئے جانا۔ گرا پڑنا۔

**ٹپکا ٹپکی۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) بوندا باندی۔ ترشح (۲) پھل گرنا یا جھڑنا۔ (۳) وبا کے زمانے میں ایک دو آدمیوں کا روز مرنا (۴) تنے دکاندار کے پاس اِکا دکا گاہک آنا۔

**ٹپکا لگنا۔** (ا۔محاورہ) چونا۔ رسنا۔ قطرے ٹپکنا (۲) آموں کا لگاتار درختوں سے گرنا۔ جھڑی لگنا۔ آنسوؤں کا لگاتار گرنا۔

**ٹپکے کا۔** (ا۔مذ) (۱) گرا ہوا۔ (۲) پکا ہوا۔

**ٹپکے کا آم۔** وہ آم جو پک کر خود بخود درخت سے گر پڑے۔

**ٹپکے کا ڈر۔** (مثل) اچانک نازل ہونے والی مصیبت یا آفت کا ڈر۔ ایک دفعہ ایک سپاہی ایک غریب عورت کے گھر ٹھہرا، تو اس سے پوچھا۔ یہاں کسی شیر وغیرہ کا ڈر تو نہیں۔ مجھے اپنا ٹٹو باہر باندھنا ہے۔ عورت نے کہا۔ شیر کا تو کوئی ڈر نہیں، میں تو ٹپکنے سے ڈر رہی ہوں (مطلب تھا اندیشہ ہے چھت نہ ٹپکنے لگے) اتفاقاً ایک شیر جھونپڑی کے باہر کھڑا سُن رہا تھا۔ وہ رعب میں آ گیا کہ خبر نہیں ٹپکا کتنا خونخوار حیوان ہے۔ جس کا ڈر مجھ سے بھی زیادہ ہے۔ سپاہی کا ٹٹو شیر کی بُو سونگھ کر ہنہنایا اور بھاگ کھڑا ہوا۔ سپاہی سونٹا لے کر باہر نکل کر شیر کو ٹٹو سمجھ کر پیٹنے لگا۔ شیر سمجھا کہ ٹپکا یہی ہے۔ چپ چاپ پِٹتا رہا۔ پھر مسافر نے اس پر سواری کی اور ایک دوسرے مقام پر جا اُترا۔ لوگوں نے یہ حال دیکھ کر بادشاہ کو خبر کی۔ اس نے سپاہی کو بڑا انعام دیا۔ اس وقت سے یہ مثل مشہور ہو گئی۔ یعنی کسی بڑی آفت کے دھوکے میں مارکھا جانا۔

**ٹپکا۔** (ٹپ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کسی رنگ کا دھبہ، جو انگلی سے لگایا گیا ہو (۲) آتشی شیشہ کا نقطۂ شعاعی (۳) قطرہ۔ بوند۔

**ٹپکانا۔** (ٹپ۔کا۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرانا (۲) قطرہ قطرہ یا بوند بوند کر کے پانی ڈالنا یا گرانا (۳) نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ مقطّر کرنا (۴) گولی مارنا۔

**ٹپکاؤ۔** (ٹپ۔کا۔اؤ) [ہ۔ا۔مذ] ٹپکنے کا عمل۔ عرق کشی۔

**ٹپکنا۔** (ٹ۔پک۔نا) [ہ۔مص] (۱) چونا۔ رسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا۔ چھننا (۲) عرق نکلنا۔ نچڑنا (۳) نظر آنا۔ واضح ہونا (۴) پکے پھل کا از خود زمین پر گرنا (۵) پھوڑا پھوٹنا (۶) سپاہیوں کا زخمی ہو کر گرنا (۷) پرندوں کا بلندی سے اُترنا (۸) کسی کی طرف مائل ہونا۔ پھسلنا (۹) فکر کے وقت شعر ہو جانا۔ (۱۰) زخم میں ٹیس اٹھنا (۱۱) انزال ہونا۔ پانی چھوڑنا۔ بیچ میں بول اُٹھنا۔

**ٹپکی۔** (ٹپ۔کی) [ہ۔ا۔مث] شوخی۔ چلبلاپن۔ چالاکی۔

**ٹپکی پڑنا۔** (ا۔محاورہ) شوخ ہونا۔ چالاک ہونا۔ عورت کا آوارہ ہونا۔

**ٹپن۔** (ٹ۔پن) [ہ۔ہند۔ا۔مذ] دیکھئے ٹفن۔

**ٹپنا۔** (ٹپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) اچھلنا۔ کودنا (۲) اُچک جانا (۳) پھاند جانا۔ (۴) چھلانگ مارنا۔ اوپر چڑھنا (۵) پرندوں کا جفتی کرنا۔ جماع کرنا شوخی کرنا (۶) سرپوش رکھنا۔

## ٹ ــــ ٹ

**ٹٹّا۔** (ٹٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بانس کی کھپچیوں یا سرکنڈوں اور پھوس کی بنی ہوئی بڑی ٹٹّی (۲) ٹٹّی کا پردہ (۳) اوٹ۔ چھپنے کی جگہ۔ آڑ لینے کی جگہ۔

**ٹٹّا لگانا۔** (۱) بڑی ٹٹّی باندھنا (۲) بھیڑ لگانا (۳) گھیرا ڈالنا۔

**ٹُٹّا پا۔** (ٹٹ۔ٹا۔پا) [ق۔ا۔مذ] مفلسی۔ غربت۔

**ٹٹ پونجیا۔** (ٹٹ۔پوں۔ج۔یا) [ہ۔صف و۔ا۔مذ] (۱) تھوڑی پونجی یا سرمائے والا (۲) دیوالیہ۔ چھوٹا سوداگر۔ تھوڑی پونجی اور سرمائے والا۔

**ٹٹ خارنا۔** (ٹٹ۔خار۔نا) [ہ۔مص] گدھے یا گھوڑے کو ہانکنے کے لیے منہ سے آواز نکالنا۔ دیکھئے ٹٹکارنا۔

**ٹٹ خاری۔** (ٹٹ۔خا۔ری) [ہ۔ا۔مث] ٹٹ خارنے کی آواز۔ دیکھئے ٹٹکاری۔

**ٹٹڑ یا ٹٹرا۔** (ٹٹ۔ٹر۔ٹٹ۔را) [ہ۔ا۔مذ] بانس کی ٹٹّی۔ دیکھیے ٹٹّا۔

**ٹٹر (ٹٹر) کھول، نکھٹّو آئے۔** (مثل) (۱) شیخی بہت، مگر حقیقت میں کچھ نہیں (۲) اس موقع پر بھی بولتے ہیں۔ جب حاکم نا سمجھ ہو اور اس کے ماتحت



Marfat.com

ظلم کا اندیشہ ہو۔

**ٹَٹرُوں ٹُوں**۔ (ٹَٹ۔رُوں۔ ٹُوں) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فاختہ اور ٹُوٹروں کی آوازیں۔ (صف) (۲) اکیلا۔ تن تنہا۔

**ٹَٹرُوں ٹُوں رہ جانا**۔ (ا۔محاورہ) اکیلا رہ جانا اور کوئی پاس نہ ہونا۔

**ٹَٹرِی**۔ (ٹَٹ۔رِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) کھوپڑی۔ چندیا (۲) ٹٹی۔ ڈھانچہ۔ باڑھ۔

**ٹٹری پر بج رہی ہے**۔ (ا۔مثل) کسی کام میں دشواری پیش آنا۔

**ٹٹری گرم کردینا یا جھیت دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بہت مارنا (۲) حیثیت سے زیادہ خرچ کروادینا۔

**ٹٹری گلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دُبلا یا لاغر ہونا (۲) روپیہ زیادہ خرچ کرنا۔

**ٹٹری گنجی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بہت پٹنا (۲) مفلس ہونا۔

**ٹٹری مونڈنا**۔ (ا۔محاورہ) سر مُونڈنا۔ حجامت کرنا۔ دھوکے یا فریب سے خوب لُوٹنا۔

**ٹَٹّرِی**۔ (ٹَٹ۔ٹ۔رِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) مذاق۔ ٹھٹھا۔ مزاح (۲) جھوٹ۔ دروغ گوئی (۳) نقارہ۔ دھونسا۔

**ٹِٹکارنا**۔ (ٹِٹ۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹِٹ خارنا (۲) ایڑ لگانا۔ گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لیے منہ سے آواز نکالنا۔

**ٹِٹ کاری**۔ (ٹِٹ۔کا۔رِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹِٹ خاری۔ وہ آواز، جو جانوروں کو ہانکتے وقت منہ سے نکالتے ہیں (۲) زبانی جمع خرچ (۳) اشارا۔ سیٹی۔ آواز۔

**ٹِٹ کاری پر لگنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) آواز پر لگنا۔ اشارے پر یا سیٹی کی آواز پر آنا (۲) مانوس ہونا۔ ہل جانا (۳) مطیع ہونا۔ تابع ہو جانا۔

**ٹَٹُّو**۔ (ٹَٹ۔ٹُو) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چھوٹے قد کا گھوڑا۔ ٹانگن (۲) زور۔ طاقت۔ قابو۔

**ٹٹو بڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) جانا۔ چلے جانا۔

**ٹٹو بھڑکنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا گھوڑی دیکھ کر اُچھلنا۔ کُودنا (۲) گھوڑے کا ڈر کر بھاگ جانا (۳) استادگی یا خواہش جماع ہونا۔

**ٹٹو پار ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کامیابی ہونا۔ مقصد حاصل ہو جانا۔ بیڑا پار ہونا۔

**ٹٹو سے**۔ بلا سے (لاپروائی کا اظہار)

**ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ**۔ (ا۔مثل) ٹٹو کو چلانے کے لیے اس پر کوڑے برسانے پڑتے ہیں۔ لیکن تازی گھوڑا اشارہ پر چلتا ہے مطلب یہ ہے کہ عقلمند اشارے پر کام کرتا ہے۔ بے وقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔

**ٹَٹُّوا**۔ (ٹَٹ۔ٹُوا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ٹٹو کی تصغیر (۲) دُبلا کمزور اور حقیر ٹٹو۔

**ٹَٹُّوانی**۔ (ٹَٹ۔وا۔نی) [ہ۔ا۔مث] ٹٹو کی مادہ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی۔

**ٹٹول**۔ (ٹ۔ٹول) [ہ۔ا۔مث] تلاش۔ ڈھونڈ۔ ٹس مس۔

**ٹٹول دیکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ڈھونڈ لینا۔ تلاش کرلینا (۲) آزمالینا۔ امتحان کرلینا۔

**ٹٹول کرنا**۔ (ا۔محاورہ) چھان بین کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

**ٹٹول ہونا**۔ (ا۔محاورہ) تلاش ہونا۔ ڈھونڈیا پڑنا۔

**ٹٹولنا**۔ (ٹ۔ٹو۔ل۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہاتھ سے چھوکر معلوم کرنا۔ بے دیکھے ڈھونڈنا (۲) عندیہ لینا۔ خفیہ خفیہ دریافت کرنا (۳) مالی حیثیت کا اندازہ لگانے کی کوشش کرنا (۴) پرکھنا۔ آزمانا۔

**ٹٹولواں**۔ (ٹ۔ٹو۔ل۔واں) [ہ۔تابع فعل] اٹکل سے۔ اندازے سے۔

**ٹَٹّی**۔ (ٹَٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھپر۔ جو دروازوں یا کھڑکیوں پر لگاتے ہیں یا جن پر بیلیں چڑھاتے ہیں (۲) آڑ۔ پردہ۔ اوٹ حجاب (۳) پاخانہ۔ بیت الخلا (۴) شکار کھیلنے کی اوٹ یا آڑ جسے شکاری لوگ ساتھ رکھتے ہیں (۵) بانس کا ٹھاٹھ جس پر چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں (۶) بانس کی کھپچیوں کی دیوار، جسے مناسب مقامات پر کھڑا کرکے اس پر آتش بازی رکھتے ہیں (۷) باغ یا چمن کے سرے پر مہندی وغیرہ کا جھاڑ (۸) بیاہ شادی کے موقع پر جو پھول وغیرہ سجا کر لے جاتے ہیں۔ (۹) لمبی ڈاڑھی۔

**ٹٹی آنا**۔ پاخانے جانے کی ضرورت ہونا۔ پاخانہ آنا۔

**ٹٹی باندھنا**۔ بانس یا سرکنڈوں کا چھوٹا ٹٹا بنا کر کہیں لگانا۔

**ٹٹی بندھنا**۔ (ا۔محاورہ) مجمع ہونا۔ لوگوں کا اکٹھا ہو جانا۔

**ٹٹی جانا**۔ (ا۔محاورہ) پاخانہ کرنے کے لیے بیت الخلا کے اندر جانا۔

**ٹٹی کا آئینہ**۔ (ا۔مذ) ایک قسم کا پتلا قلعی دار شیشہ۔

**ٹٹی کترنا**۔ (ا۔محاورہ) مہندی کی باڑھ کو تراش کر اس کی سطح برابر کرنا۔

**ٹٹی کی آڑ**۔ ٹٹی کا پردہ یا اوٹ یا حجاب۔

**ٹٹی کی آڑ (اوٹ یا اوجھل) شکار کرنا (کھیلنا)**۔ (ا۔محاورہ) کسی نیک کام کے پردے میں کوئی بُرا کام یا قابلِ اعتراض حرکت کرنا۔

**ٹٹی کی اوٹ بیٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) پردے یا آڑ کے پیچھے بیٹھنا (۲) کمین گاہ میں بیٹھنا (۳) کوئی کام خفیہ طور پر کرنا۔

**ٹٹی لگانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قنات کھڑی کرنا (۲) پردہ ڈالنا (۳) باڑھ لگانا احاطہ بندی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔

**ٹٹی میں چھید کرنا**۔ (ا۔محاورہ) کھُل کھیلنا۔ عورت کا بدکار بن جانا۔

**ٹَٹِیا**۔ (ٹَٹ۔یا) [ہ۔ا۔مث] کبھی تحقیر کے طور پر بھی کہتے ہیں (۲) ٹاٹ کی تصغیر (تحقیر کے طور پر)

**ٹِٹِیری**۔ (ٹِٹ۔ٹی۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک پرند جس کی آواز اس لفظ جیسے نکلتی ہے۔ اپریل اور مئی کے مہینوں میں انڈے دیتی ہے۔ انہی مہینوں میں اس کی آواز بھی سنائی دیتی ہے (۲) ایک کھلونا جس کو چکر دینے سے ٹٹیری جیسی آواز نکلتی ہے (۳) (کنایۃً) لاغر آدمی۔

**ٹٹیری سے آسمان نہیں تھمتا۔ کہیں ٹٹیری سے آسمان تھمے گا۔ (تھم جائے گا)**۔ (مثل) جب کوئی اپنی طاقت یا حیثیت یا بساط سے زیادہ کام کرنے کی کوشش کرے تو اس کے لیے یہ مثل کہی جاتی ہے مشہور ہے کہ ٹٹیری اپنی ٹانگیں اوپر اٹھا کر سوتی ہے تاکہ آسمان گرے تو ان پر سنبھال لے۔

## ٹ ـــ چ

**ٹُچّا**۔ (ٹُچ۔چا) [ہ۔صف] (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ چھچھورا۔ کم ہمت (۲) لُچّا۔



Marfat.com

**ٹُچّی** لفنگا۔ کمینہ۔ بیہودہ۔ پاجی۔
**ٹُچّی**۔ (ہ۔ صف) ٹُچّا کا مؤنث۔

## ٹ ــــ خ

**ٹخنا سے دیدے کھلنا**۔ (اُ۔ مص) آنکھیں پوری کھلی ہونا۔
**ٹخ ٹخ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) وہ آواز جو گھوڑے یا گدھے کو چلانے میں مُنہ سے نکلتی ہے۔ ٹِٹ خاری۔ ٹِٹکاری۔
**ٹَخَر ٹَخَر**۔ (ٹَ۔ خَر۔ ٹَ۔ خَر) (اُ۔ صف) (۱) بوڑھوں کی سی چال۔ مری ہوئی چال۔ سُست روی۔
**ٹَخنا**۔ (ٹَخ۔ نا) (اُ۔ ا۔ مذ) گٹا۔ پاؤں کی وہ اُبھری ہوئی ہڈی جو پنڈلی یا ٹانگ اور پاؤں کے نیچے کے جوڑ پر ہوتی ہے۔
**ٹخنوں ٹخنوں پانی**۔ اتنا اُتھلا پانی کہ اس میں صرف پاؤں ڈوبیں۔

## ٹ ــــ ڈ

**ٹِڈّا**۔ (ٹِڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا جو گھاس میں اور آک کے درخت پر ہوتا ہے (۲) (مزاحاً) دُبلا پتلا آدمی۔
**ٹِڈّی**۔ (ٹِڈ۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا پَردار کیڑا، جو درختوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔
**ٹِڈّی دَل**۔ اُڑتی ہوئی ٹڈیوں کی اتنی بھاری تعداد جس کا شمار نہ ہو سکے ٹڈیوں کا بھاری لشکر (۲) لوگوں کا ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔
**ٹِڈّی کا آنا کال کی نشانی**۔ (مثل) ٹڈی آئے تو سمجھ لو کہ قحط پڑے گا کیونکہ وہ کھیتوں کو کھا جاتی ہے۔ ہر آفت کے آثار پہلے سے نظر آجاتے ہیں۔

## ٹ ــــ ر

**ٹَر**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رونے کی آواز۔ چیخ (۲) مینڈک کی آواز (۳) بکواس۔ بیہودہ بات (۴) ہٹ۔ ضد۔ اکھڑپن (۵) عید کے دوسرے دن کا میلا (۶) شیخی۔ خودستائی (۷) خوشی کی آواز (۸) گستاخی۔ ٹراپن (مذ) (۹) بڑی قسم کا بگلا (صف) (۱۰) بے وقوف۔ احمق۔ کم ذہن (۱۱) لاپرواہ۔
**ٹر ہانکنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شیخی مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔
**ٹَرّا**۔ (ٹَر۔ را) (ہ۔ صف و۔ ا۔ مذ) (۱) بک بک کرنے والا (۲) اکھڑ۔ گستاخ (۳) شوخ۔ شریر۔ سرکش۔ ضدی (۴) مغرور۔
**ٹَرّاپن**۔ بکواس۔ بک بک۔ اکھڑپن۔ بدمزاجی۔
**ٹَرّا**۔ (ٹَر۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دانہ۔ بارود کا دانہ (۲) ایسا اناج، جو زیادہ خرچ ہوتا ہو جیسے جوار باجرہ۔ موٹھ (۳) گھنگرو کے اندر کا دانا (۴) چھرا۔ سنگریزہ (۵) چھالیا (۶) پیئے ہوئے سگریٹ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
**ٹرافی**۔ (Trophy) (ٹ۔ را۔ فی) (انگ۔ ا۔ مث) فتح کا نشان۔ کھیل یا مباحثہ کے مقابلے میں جیتا ہوا بڑا کپ۔
**ٹرالی**۔ (Trolley) (ٹَ۔ را۔ لی) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) ٹھیلا۔ گاڑی پھیری والوں کا ٹھیلا (۲) وہ پھرکی جس سے بجلی کے تار لگا کر ٹرام وغیرہ چلاتے ہیں (۳) وہ گاڑی، جو ریل کی پٹڑی پر چلاتے ہیں۔ (۴) وہ پہیہ دار میز جس پر چائے کا سامان اور پھل وغیرہ لے جاتے ہیں۔
**ٹَرّانا**۔ (ٹَر۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بک بک کرنا۔ ٹرٹر کرنا (۲) غل مچانا (۳) گستاخی کرنا (۴) مینڈک کا آواز نکالنا۔
**ٹرانس پورٹ**۔ (Transport) (ٹَ۔ رانس۔ پو۔ رٹ)۔ (انگ۔ ا۔ مث) (۱) باربرداری۔ نقل وحمل۔ سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔
**ٹرانس فارمر**۔ (Transformer) (ٹَ۔ رانس۔ فا۔ رمر) (انگ۔ ا۔ مذ) برقی رو کی طاقت کو گھٹانے بڑھانے والی مشین۔
**ٹرانسفر**۔ (Transfer) (ٹَ۔ رانس۔ فر) (انگ۔ ا۔ مذ) تبادلہ۔ نقل مکانی (۲) ایک چیز کو دوسری چیز پر اُتارنا۔
**ٹرانس لیٹر**۔ (Translator) (ٹَ۔ رانس۔ لے۔ ٹر) (انگ۔ ا۔ مذ) ترجمہ کرنے والا۔ مترجم۔
**ٹرانس لیشن**۔ (Translation) (ٹَ۔ رانس۔ لے۔ شن) (انگ۔ ا۔ مذ) ترجمہ۔
**ٹرانس میٹ**۔ (Transmit) (انگ۔ مص) ارسال کرنا۔ منتقل کرنا۔ پیغام بھیجنا۔
**ٹراوٹ**۔ (Trout) (ٹَ۔ را۔ اُٹ) (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی خوش ذائقہ مچھلی۔
**ٹرائی سکل**۔ (Tricycle) (ٹَ۔ را۔ ای۔ سِکل) (انگ۔ ا۔ مث) تین پہیوں کی گاڑی، جو بائیسکل کی طرح چلائی جاتی ہے۔
**ٹربائن**۔ (Turbine) (ٹر۔ با۔ ئن) (انگ۔ ا۔ مث) پہیہ یا چرخہ جو پانی، بجلی یا بھاپ سے چلتا ہے۔
**ٹَربنگا۔ ٹُربنگا**۔ (ٹَر۔ بنگا۔ ٹُر۔ بنگا) (ہ۔ صف۔ مذ) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کج۔
**ٹرِپ**۔ (Trip) (ٹَ۔ رِپ) (انگ۔ ا۔ مث) سفر۔ سیر و سیاحت۔
**ٹرپھس**۔ (ٹر۔ پھس) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شرارت (۲) اکھڑپن (۳) بدمزاجی۔
**ٹَرٹَر**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بک بک۔ ٹِخ ٹِخ۔ گستاخی (۲) مینڈک کی آواز۔
**ٹرٹر چلی جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بکواس یا جھک جھک جاری رہنا۔ بہت بک بک ہونا۔
**ٹَرٹَرانا۔ ٹرٹر کرنا**۔ (ہ۔ مص) (۱) بک بک کرنا۔ جھک جھک کرنا۔ بکنا (۲) (حقارت سے) رونا۔ جھینکنا۔ بُڑبُڑانا (۳) گستاخی کرنا۔
**ٹَرخانا**۔ (ٹَر۔ خا۔ نا) (اُ۔ مص) (۱) ٹالنا۔ بے دلی سے کام کرنا (۲) بہانہ کرنا۔ بالا بتانا۔ دیکھیے ٹرکانا۔
**ٹَرخَل**۔ (ٹَر۔ خَل) (اُ۔ ا۔ مث) (۱) ذلیل اور بے ہودہ عورت (صف) (۲) بے وقوف۔ بدکار۔ فاحشہ۔
**ٹَرخو**۔ (ٹَر۔ خو) (اُ۔ صف) (۱) بوڑھی عورت (۲) ناپائے دار (۳) پوچ۔



Marfat.com

(۴) تھوڑی سی (۵) بے تمیز۔

**ٹرسٹ۔** (Trust) (ٹ۔ رَسٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) جائداد جو زیرِ تولیت ہو (۲) کئی تجارتی کمپنیوں کا مشترکہ کاروبار۔ وقف۔

**ٹرسٹی۔** (Trustee) (ٹ۔ رَس۔ ٹی) (انگ۔ ا۔ مذ) جس کے سپرد کسی وقف ادارے کا انتظام ہو۔ متولی۔

**ٹرف۔** (Turf) (انگ۔ ا۔ مذ) گھاس کا میدان۔ وہ میدان، جہاں گھاس لگائی گئی ہو۔

**ٹرک۔** (Truck) (انگ۔ ا۔ مذ) مال ڈھونے کی مضبوط لاری یا موٹر

**ٹرکانا۔** (ٹر۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ بالا بتانا۔ ٹرخانا۔

**ٹرکش باتھ۔** (Turkish Bath) (ٹر۔ کش۔ باتھ) (انگ۔ ا۔ مذ) گرم بھاپ کا غسل مع جسمانی مالش۔

**ٹرم۔** (Term) (انگ۔ ا۔ مث) تعلیمی سال کے تین تین ماہ کے چار حصوں میں سے ایک حصہ۔ ایک مقررہ مدت۔

**ٹرمپ (کارڈ)** (Trumpcard) (ا۔ مذ) ترپ۔ ترپ کا پتہ۔

**ٹرمی نس۔ ٹرمی نل۔** (Terminal (Terminus) (انگ۔ ا۔ مذ) آخری منزل۔ ریلوے یا موٹر بس کا آخری سٹیشن۔

**ٹرن۔** (Turn) (انگ۔ ا۔ مذ) کھیل کی باری۔ باری۔

**ٹرنک۔** (Trunk) (ٹ۔ رنک) (انگ۔ ا۔ مذ) لوہے کا بکس جس میں کپڑے یا دوسرا سامان رکھیں۔

**ٹرنک کال۔** (Trunk Call) (ٹ۔ رنک۔ کال) (انگ۔ ا۔ مث) ٹیلیفون پر کسی دوسرے شہر یا ملک سے بلا واسطہ بیرونجات کو ٹیلیفون کرنا۔

**ٹرو۔** (ٹر۔ رو) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مینڈک (۲) ایک کھلونا جسے گھما یا جائے تو اس میں سے مینڈک کی آواز نکلتی ہے۔

**ٹرے۔** (Tray) (ٹ۔ رے) (انگ۔ ا۔ مث) سامان کی کشتی۔ سینی۔ خوانچہ۔ طباق۔

**ٹریانا۔** (ٹر۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) پر بندھے ہوئے کبوتر کا اُڑ جانا۔

**ٹریجڈی۔** (Tragedy) (ٹ۔ رے۔ جے۔ ڈی) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) المیہ نظم یا نثر (۲) ایسا ڈراما جس کا انجام اَلَم ناک ہو (۳) رِقّت انگیز واقعہ یا ڈرامہ وغیرہ (۴) مصیبت۔ آفت۔

**ٹریڈ۔** (Trade) (انگ۔ ا۔ مث) تجارت۔ کاروبار۔ لین دین۔

**ٹریڈ مارک۔** (Trade Mark) (۱) تجارتی نشان جو مُوجد اپنی مصنوعات کے لیے مقرر کرے۔ مہرِ تجارت (۲) کاروباری خصوصیت۔

**ٹریڈ یونین۔** (Trade Union) کسی صنعتی یا کاروباری ادارے سے منسلک کارکنان کی انجمن۔ جو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے قائم کریں۔

**ٹریس۔** (Trace) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) چربہ۔ خاکہ (۲) کھوج۔ نشان۔

**ٹریسنگ۔** (Tracing) (ٹ۔ رے۔ سِنگ) (انگ۔ ا۔ مذ) چربہ اُتارنا یا اُتارنے کا فن۔

**ٹریفک۔** (Traffic) (ٹ۔ رَے۔ فِک) (انگ۔ ا۔ مث) آمد و رفت آدمیوں اور گاڑیوں وغیرہ کا سڑکوں پر سے گزرنا۔

**ٹریکٹر۔** (Tractor) (ٹ۔ ریک۔ ٹر) (انگ۔ ا۔ مذ) زمین جوتنے کی مشین۔

**ٹریلر۔** (Trailer) (ٹ۔ رے۔ لر) (انگ۔ ا۔ مذ) آنے والی فلم کے منتخب حصے، جو بطور اشتہار یا تعارف دکھائے جائیں (۲) پہیوں والا چھکڑا جو کسی گاڑی کے پیچھے لگا دیتے ہیں۔

**ٹریم۔** (Tram) (ٹ۔ ریم) (انگ۔ ا۔ مث) بجلی یا تیل سے چلنے والی گاڑی جو شہروں میں سڑک پر ریل گاڑی کی طرح لوہے کی پٹڑی پر چلتی ہے۔

**ٹرین۔** (Train) (ٹ۔ رین) (انگ۔ ا۔ مث) ریل گاڑی۔

**ٹریننگ۔** (Training) (ٹ۔ رے۔ ننگ) (انگ۔ ا۔ مث) سکھلائی۔ تربیت۔

**ٹریننگ اسکول۔** (Training School) وہ اسکول جس میں کسی پیشے یا حرفت کی تربیت دی جائے۔

**ٹریننگ کالج۔** (Training College) اُستادوں کو پڑھانے کے طریقے سکھانے کا کالج۔ استادوں کی تربیت گاہ۔

**ٹرینڈ۔** (Trained) (انگ۔ صف) تربیت یافتہ۔ سدھایا ہوا۔ مشاق

## ٹ ــــ ڑ

**ٹڑموہنا۔ ٹڑمنہا۔** (ٹڑ۔ موں۔ ہا۔ ٹڑ۔ مُن۔ ہا) (ہ۔ صف) ٹیڑھے مُنہ والا۔ جس کا منہ ٹیڑھا ہو۔

**ٹڑموہی۔ ٹڑمنہی۔** (ہ۔ صف) ٹڑموہنا کی تانیث۔

## ٹ ــــ س

**ٹسر۔** (ٹ۔ سَر) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کچا ریشم۔ ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا ریشم (۲) اس ریشم کا کپڑا۔

**ٹسر ٹسر رونا۔** (ٹ۔ سَر۔ ٹ۔ سَر۔ رو۔ نا) (ا۔ محاورہ) پھوٹ پھوٹ کر رونا زار و قطار رونا۔ بسورنا۔ ٹھنکنا (بچوں اور کم عمر لڑکیوں کے رونے کو کہتے ہیں۔

**ٹسر مسر۔** (ٹ۔ سَر۔ مَ۔ سَر) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ڈھیل۔ توقف۔ ہچر مچر۔

**ٹس سے مس نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جنبش نہ کرنا (۲) اپنی بات پر اڑے رہنا (۳) کسی کام یا معاملے میں جو رویّہ اختیار کر لینا اسے کسی طرح ترک نہ کرنا (۴) اثر نہ لینا (۵) کسی چیز کا تیز آنچ پر بھی نہ پگھلنا۔

**ٹسک۔** (ٹ۔ سَک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹیس۔ تپک۔ درد۔ کسک۔ چمک (۲) ہوک۔

**ٹسکا۔** (ٹس۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) بچوں کی کھانسی۔

**ٹسکا لگنا۔** ایسی کھانسی ہونا جس میں گلے سے کھر کھری آواز نکلتی ہے۔

**ٹسکانا۔** (ٹس۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) درد۔ ٹیس یا تپک دینا یا پیدا کرنا (۲) ہلانا۔ حرکت میں لانا۔ چلانا (۳) ٹیس اُٹھانا۔ تکلیف کے مارے بیقرار کر دینا۔



Marfat.com

**ٹَسکنا**۔ (ٹَ۔سَک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہلنا جُلنا (۲) نرم پڑنا۔ گداز ہونا (۳) چاول کا گل جانا (۴) درد محسوس ہونا (۵) متاثر ہونا۔

**ٹُسکنا**۔ (ٹُ۔سَک۔نا) [ہ۔مص] بچکے چپکے رونا (بچوں کا) بسورنا۔

**ٹَسَن**۔ (ٹَ۔سَن) [ہ۔ا۔مث] (۱) کسی چیز کا بہت زیادہ تن جانے یا کس جانے سے پھٹنا یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (۲) تکرار۔ جھگڑا۔ بے ایمانی۔ فرق۔ بگاڑ (۳) دراڑ۔ پھٹاؤ۔

**ٹَسَن کرنا یا لانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) جھگڑا کرنا۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا (۲) شرارت کرنا۔ بدمعاشی کرنا۔ بے ایمان کرنا۔

**ٹَسنا**۔ (ٹَس۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھر کر پھٹ جانا (۲) زیادہ دباؤ یا کھچاؤ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔

**ٹِسوے**۔ (ٹِس۔وے) [ہ۔ا۔مذ] جھوٹ موٹ کے آنسو۔

**ٹِسوے بہانا**۔ جھوٹ موٹ کا رونا۔ بلا وجہ آنسو بہانا۔ دکھاوے کا رونا۔

## ٹ ــــ ش

**ٹِشوپیپر**۔ (Tissue Paper) (ٹِ۔شُو۔پے۔پَر) [انگ۔ا۔مذ] باریک کاغذ جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لیے لگا دیتے ہیں۔

## ٹ ــــ ف

**ٹِفِن**۔ (Tiffin) (ٹِ۔فِن) [انگ۔ا۔مذ] دوپہر کا کھانا۔

**ٹِفِن کیریر**۔ Tiffin Carrier (انگ۔مذ) ناشتہ دان۔ ٹفن لے جانے کا ڈبہ۔

## ٹ ــــ ک

**ٹَک**۔ [ہ۔ا۔مث] (ق) (۱) مزاج۔ طبیعت۔ خاصیت۔ سیرت (۲) نظر تاکنے کا عمل۔ ٹکٹکی۔

**ٹِک**۔ (انگ۔ا۔مث) (۱) گھڑی کی آواز (۲) گھڑی کی آواز جیسی آواز۔

**ٹِک ٹِک کرنا**۔ چلتی ہوئی گھڑی کا آواز دینا۔ گھڑی کی آواز ہونا۔

**ٹُک**۔ (ہ۔صف اور تابع فعل) (ق) (۱) ذرا۔ کچھ۔ تھوڑا سا (۲) تھوڑی دیر کے لیے۔ ذرا سی دیر کے لیے۔

**ٹُک ٹُک دیدم۔ دم نہ کشیدم**۔ (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص حیرت و شدت یا کسی اور وجہ سے تکتا رہ جائے اور جس کام پر اسے اعتراض کرنا چاہیئے وہ اس کی آنکھوں کے سامنے ہو جائے۔

**ٹُک ٹُک کرکے من بھر کھاوے۔ ٹِک نک بیگماں نام بتاوے**

(مثل) تھوڑا تھوڑا کرکے ڈھیر ساری خوراک کھا لیتی ہے۔ ساتھ ہی ایسا کرتی جاتی ہے جیسے نخرے کرنے والی عالی خاندان رئیس عورت ہے۔ جو عورت کھانے میں نخرے کرے اس پر یہ مثل کہتے ہیں۔

**ٹُک جیا تو کیا جیا۔ ٹُک جیے تو کیا جیے**۔ (مثل) ذرا سی راحت میں کیا مزہ! تھوڑے دن جینے میں کیا لُطف!

**ٹُک جیے۔ اَمَر ہوگئے**۔ (ا۔محاورہ) جو آدمی تھوڑے عرصے زندہ رہتا ہے۔ بُرائیاں کم کرتا ہے چنانچہ اپنی نیکیوں کی وجہ سے غیر فانی (امَر) ہو جاتا ہے یعنی لوگ اسے عرصے تک یاد کرتے رہتے ہیں۔

**ٹُک سا**۔ (ا۔صف) ذرا سا۔ رتّی بھر۔

**ٹکا**۔ (ٹَ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دو پیسے کا سکّہ۔ ادھنا (۲) روپیہ۔ نقدی۔ دولت۔ مال و زر۔

**ٹکا بھر**۔ (ا۔صف) دو پیسے بھر۔ مقدار میں دو پیسے کے برابر وزن رکھنے والا یا والی (۲) ذرا سا۔ کسی قدر۔

**ٹکا پاس نہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔ غریب ہونا۔ ننگا بھوکا ہونا

**ٹکا روٹی اب لے چاہے تب**۔ (مثل) جو کہہ دیا ہے اس سے زیادہ نہیں دیا جا سکتا۔

**ٹکا سا جواب دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) صاف انکار کر دینا (۲) فوراً انکار کر دینا (۳) گستاخانہ جواب دینا۔ شوخی سے جواب دینا۔

**ٹکا سا دَم۔ ٹکا سی جان**۔ (ا۔مذ۔مث) اکیلا۔ یکہ و تنہا۔

**ٹکا کرائی اور گنڈا دوائی**۔ (مثل) کسی چیز کی قیمت خرید سے اس پر زیادہ خرچ کرنا۔

**ٹکا گانٹھ میں ہونا**۔ (ا۔محاورہ) روپیہ پاس ہونا۔ مالدار ہونا۔ آسودہ حال ہونا

**ٹکا ہو جس کے ہاتھ میں۔ وہ بڑا ہے ذات میں**۔ (مثل) دولتمند آدمی اپنی دولت کی وجہ سے اونچا کہلانے لگتا ہے۔

**ٹکے سیر مہنگا۔ پانچ روپے پر سستا**۔ (مثل) غریبی یا مفلسی میں جو چیز ٹکے کو بھی مہنگی معلوم ہوتی ہے۔ دولت مندی کے زمانے میں وہ پانچ روپے کی بھی سستی نظر آتی ہے۔

**ٹکے ٹکے بکنا**۔ (ا۔محاورہ) بہت سستا یا کم قیمت ہونا۔

**ٹکے دھڑی کرنا یا لگانا**۔ (ا۔محاورہ) سستا بیچنا۔

**ٹکے سیدھے کرنا**۔ (ا۔محاورہ) کام پورا کیے بغیر معاوضہ یا اُجرت لے لینا (۲) ادنا پونا کام کرکے رقم بنا لینا۔

**ٹکے سے گننا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) فرفر پڑھنا۔ بہت روانی کے ساتھ پڑھنا فرّاٹے بھرنا (۲) کانپنا۔ بہت زیادہ سردی یا جاڑہ لگنا۔ سردی یا جاڑے سے دانت بجنا (۳) حقے کا کڑاکے کے ساتھ بولنا۔

**ٹکے سیر مارے پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) ناقدری ہونا۔ پوچھ نہ ہونا۔

**ٹکے کا آدمی۔ ٹکے ٹکے کے آدمی**۔ (صف) کم حیثیت۔ بے رتبہ آدمی۔

**ٹکے کا ٹھرّا پینا**۔ (ا۔محاورہ) سستی شراب بھی تھوڑی ہی نصیب ہونا۔ جو آدمی مفلسی کی وجہ سے اپنے آرام و آسائش پر زیادہ نہ خرچ کر سکے اس کے بارے میں یہ محاورہ بولا جاتا ہے۔

**ٹکے کا سارا کھیل**۔ (ا۔مثل) دولت ہی سے سب کچھ ہوتا ہے۔ پیسہ سارے کام بناتا ہے۔



Marfat.com

**ٹکے کا کام کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ایسا کام کرنا جس کا معاوضہ بہت تھوڑا ہو (۲) صرف وہ کام کرنا جس میں کچھ ملے۔

**ٹکے کی اوقات** ۔ (۱۔ نث) مفلسی ۔ غریبی ۔ چھوٹی حیثیت۔

**ٹکے کی بڑھیا نو ٹکے سر منڈائی** ۔ (۱۔ مثل) سستی چیز یا تھوڑے فائدے کے لیے بہت خرچ کرنا۔

**ٹکے کی مرغی چھ ٹکے محصول** ۔ (مثل) دیکھیے ٹکے کی بڑھیا نو ٹکے سر منڈائی۔

**ٹکے کی ہناری میں ٹاٹ کا ٹکڑا** ۔ (مثل) تھوڑے یا کم دام خرچ کرکے اچھی چیز حاصل نہیں کی جاسکتی (۲) جب تک قسمت ساتھ نہ دے فائدہ نہیں ہوتا ایک شخص نے ہناری منگوائی ۔ اس میں ٹاٹ کا ٹکڑا نکلا ۔ اس نے ملازم سے کہا تو اس نے جواب دیا کہ ٹکے کی ہناری میں سے کیا زربفت کا ٹکڑا نکلتا ؟ )۔

**ٹکے کے واسطے مسجد ڈھانا** ۔ (۱۔ محاورہ) بہت تھوڑے فائدے کے لیے ایک نامعقول یا قابلِ اعتراض حرکت کرنا۔

**ٹکے گز کی** ۔ (۱۔ صف) بہت سستی ۔ معیار سے گری ہوئی۔

**ٹکے گز کی چال چلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) کفایت سے کام لینا ۔ کم خرچ کرنا۔ (۲) میانہ روی اختیار کرنا (۳) عیاری اور چالاکی برتنا۔

**ٹکے والی** ۔ (۱۔ مث) سستی قسم کی فاحشہ ۔ رنڈی۔

**ٹِکا رہنا** ۔ (ہ۔ مص) اپنی جگہ نہ چھوڑنا (۲) سہارے سے کھڑا رہنا ۔ (۳) کسی جگہ ٹھہرا رہنا۔

**ٹِکانا** ۔ (ٹِ ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا رکھنا (۲) کسی چیز کا ٹھیکن لینا یا اسے ٹھیکن بنانا (۳) مکان یا ہوٹل وغیرہ میں ٹھہرانا (۴) مارنا یا لگانا (۵) سہارا لینا۔

**ٹِکانی** ۔ (ٹ ۔ کا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] وہ لکڑی جو گاڑی میں اس لیے لگاتے ہیں کہ چھتری کے ڈنڈوں کی جھونک سنبھالے۔

**ٹِکاؤ** ۔ (ٹ ۔ کا ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قیام (۲) سکونت (۳) ٹھہراؤ (۴) پائداری۔

**ٹِکاؤ** ۔ (ٹ ۔ کا ۔ اُو) [ہ ۔ صف] پائدار ۔ مضبوط ۔ دیرپا۔

**ٹِکائی** ۔ (ٹ ۔ کا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] ٹکنے ۔ قیام کرنے ۔ رُکنے یا ٹھہرنے کا کرایہ

**ٹکٹ** ۔ (Ticket) ٹِ ۔ کٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کاغذ کا وہ مستطیل ٹکڑا جو کسی چیز کے دام یا کرایہ لے کر بطور رسید دیا جائے اور جسے دکھا کر کہیں داخل ہوا جاسکے یا بس یا ٹریم یا ریل گاڑی میں سوار ہوا جاسکے (۲) تاگوں کا پتا (۳) ڈاک کا اسٹامپ (۴) اجازت نامہ (۵) پاس ۔ پاسپورٹ لیبل ۔ بیج (۶) نمبر یا نام کی آہنی تختی (۷) سوداگری کے مال کا پرچہ جس پر کارخانے کا نام لکھا ہوتا ہے (۸) الیکشن میں بطور امیدوار کھڑے ہونے کے لیے پارٹی کی طرف سے اجازت نامہ۔

**ٹکٹ چسپاں ۔ ٹکٹ دار** ۔ جس پر ڈاک کے ٹکٹ لگے ہوئے ہوں

**ٹکٹکی ٹک ٹک کرنا** ۔ (ق ۔ مص) گھورنا۔

**ٹکٹکی** ۔ (ٹک ۔ ٹ ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) لکڑی یا لوہے کا ایک ڈھانچہ جس کے ساتھ مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوڑے یا بید مارتے ہیں ۔ وہ تین لکڑیاں جن سے ملزم کو باندھ کر سزا کے تازیانے دیتے ہیں (۲) ٹیپکی (۳) تاک ۔ نظر ۔ نظارہ ۔ دونوں ٹ مکسور اور مفتوح دونوں طرح آتی ہیں۔

**ٹکٹکی باندھنا (لگانا)** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی کی طرف برابر دیکھے جانا ۔ گھورتے رہنا ۔ تکے جانا ۔ پلک جھپکائے بغیر دیکھے جانا ۔ آنکھیں لڑانا۔

**ٹکٹکی پر کھڑا کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) مرغوں کی لڑائی میں کوئی بہادر مرغ دشمن کی ضرب سے مرجاتا ہے مگر میدان سے نہیں ہٹتا تو اس وقت زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر اس مرغ کی لاش ان لکڑیوں پر رکھ دیتے ہیں اور زندہ مرغ کو لاش پر لا کھڑا کرتے ہیں ۔ اگر وہ لات مار کر لاش کو ٹکٹکی سے نیچے گرادے تو قطعی طور پر فاتح مان لیا جاتا ہے لیکن اگر بھاگ نکلے تو بازی ہار جاتا ہے۔

**ٹکٹکی سے باندھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) تپائی یا لکڑیوں کے ساتھ باندھ کر مارنا کوڑے لگانا۔

**ٹکٹکی لگنا ۔ ٹکٹکی لگ جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) نظر جمنا ۔ نظر لڑنا ۔ غور سے دیکھنا۔

**ٹک جانا** ۔ (ہ ۔ مص) رُکنا ۔ ٹھہر جانا (۲) کسی جگہ عارضی قیام کرنا (۳) صبر کرنا۔

**ٹکر** ۔ (ٹک ۔ کر) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) تصادم ۔ دو چیزوں کا آپس میں لڑ جانا (۲) دھکا ٹھوکر ٹھیس ۔ صدمہ (۳) پیشانی پر پیشانی مارنا (۴) نقصان ۔ گھاٹا (۵) ہمسر ۔ برابر (۶) مقابلہ ۔ مڈھ بھیڑ (۷) برابری ۔ مشابہت۔

**ٹکر اٹھانا ۔ ٹکر جھیلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) چوٹ سہنا ۔ مار برداشت کرنا ۔ سختیاں اٹھانا (۲) نقصان یا مصیبت برداشت کرلینا (۳) زبردست سے مقابلہ کرنا (۴) ڈرا دے میں نہ آنا۔

**ٹکر کھانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) لڑ جانا ۔ ٹکرا جانا (۲) مڈھ بھیڑ ہوجانا (۳) لڑکھڑانا۔ (۴) کسی سے مقابلہ کرنا (۵) چوٹ کھانا ۔ مقابلے کا ہونا ۔ ہم پلہ ہونا۔

**ٹکر لڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) سر سے سر ٹکرا جانا ۔ اپنی پیشانی دوسرے کی پیشانی پر مارنا۔

**ٹکر لگانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پیشانی پر پیشانی مارنا (۲) در ۔ دیوار یا ستون وغیرہ پر پیشانی مارنا (۳) سر سے ضرب لگانا ۔ صدمہ پہنچانا۔

**ٹکر لگنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی چیز سے ٹکرا جانا (۲) صدمہ یا تکلیف پہنچنا (۳) نقصان ہوجانا۔

**ٹکر لینا** ۔ (۱۔ محاورہ) مقابلہ کرنا ۔ ہمسری کرنا (۲) کشتی لڑنے میں پہلوانوں کا سر ٹکرانا (۳) ہاتھیوں کا لڑنے میں ایک دوسرے کے ٹکر مارنا (۴) صدمہ سہنا۔

**ٹکر مارنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) سر مارنا ۔ اپنے سر سے دوسرے کے سر پر ضرب لگانا (۲) مقابلہ کرنا (۳) ٹکر لگانا۔

**ٹکریں مارنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) سر پٹخنا ۔ کسی چیز (دیوار وغیرہ) سے سر ٹکرانا ۔ دکھاوے کی نماز پڑھنا ۔ بے دلی سے سجدے کرنا (۲) بے فائدہ کوشش کرنا (۳) تلاش اور تجسس کے باوجود مقصد حاصل نہ کرسکنا۔

**ٹکرلتے پھرنا** ۔ (مص) تلاش کرتے پھرنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔

**ٹکرا جانا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) مقابلہ ہوجانا (۲) اتفاقاً مل جانا (۳) دو چیزوں کا آپس میں ٹکر کھانا۔

**ٹکرا دینا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) کسی چیز کو کسی دوسری چیز پر مارنا یا اس سے بھڑانا (۲) دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے لڑا دینا۔

**ٹکرانا** ۔ (ٹک ۔ را ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) ایک کی دوسرے سے ٹکر ہوجانا (۲) دو کی ٹکر کرادینا (۳) دوسروں کو ٹکر کھلادینا (۴) لڑجانا ۔ بھڑ جانا (۵) ڈھونڈنا



Marfat.com

تلاش کرنا (۲) حیران و سرگردان پھرنا۔

**ٹکُر ٹکُر**۔ (ٹُ۔کُر۔ٹُ۔کُر) (اُر۔صف) حیرت سے۔ حیرانی سے۔ حسرت سے۔ شوق سے دیکھنا۔

**ٹکّڑ**۔ (ٹِک۔کَر) (ہ۔ا۔مذ) موٹی اور بہت سخت روٹی۔

**ٹکڑ**۔ (ٹُ۔کَڑ) (ہ۔ا۔مذ) ٹکڑا کا مخفف (۱) روٹی کا ٹکڑا (۲) بہت تھوڑا سا۔

**ٹکڑ خور**۔ (۱) دوسروں کا بچا کھچا کھا کر گذارا کرنے والا (۲) طفیلیہ (۳) دوسروں کا محتاج۔

**ٹکڑ گدا**۔ وہ فقیر جو گھر گھر مانگ کر روٹیوں کے ٹکڑے اکٹھے کرے۔

**ٹکڑا**۔ (ٹُک۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حصّہ (۲) پھانک (۳) پُرزہ (۴) جُزو۔ (۵) ریزہ (۶) روٹی (۷) نوالہ۔ لقمہ۔ (۸) پارچہ (۹) تقسیم۔ کسر (۱۰) فصل فقرہ (۱۱) پارہ (۱۲) قطعہ (۱۳) روزی۔ رزق (۱۴) پیراگراف۔ (۱۵) شق۔

**ٹکڑا توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) روٹی کھانا۔

**ٹکڑا ٹیڑا**۔ روٹی کا ٹکڑا (ٹیڑا تابع مہمل ہے)۔

**ٹکڑا چکھ لینا**۔ (ا۔محاورہ) تھوڑا سا کھا لینا۔ شریک طعام ہو جانا۔

**ٹکڑا دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) فقیر کو روٹی کا ٹکڑا دینا (۲) کسی کو رزق دینا۔ روٹی دینا (۳) وظیفہ دینا۔ روزی دینا۔

**ٹکڑا سا توڑ کر ہاتھ میں دینا۔ ٹکڑا سا توڑ کر ہاتھ پر دھر دینا (رکھ دینا)** (مثل) صاف جواب دینا۔ کچھ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔

**ٹکڑا مانگنا**۔ (ا۔محاورہ) بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔

**ٹکڑا میسر نہ آنا**۔ (ا۔محاورہ) روٹی نہ ملنا۔ بھوکوں مرنا۔

**ٹکڑا نہ توڑنا**۔ (۱) بالکل نہ کھانا۔ لقمہ نہ اٹھانا (۲) شرکت یا سہارے کے بغیر قدم نہ اٹھانا۔

**ٹکڑوں پر پڑنا۔ ٹکڑوں پر پڑے ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مُفت کی روٹیاں کھانا۔ دوسروں کی کمائی پر گذر کرنا۔ پرائی روٹی پر پڑا ہونا۔

**ٹکڑوں پر پلا ہوا**۔ (ا۔صف) بچپن سے کسی غیر کے گھر پلا ہوا۔ غلام۔ نوکر۔

**ٹکڑے اڑانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پھاڑ کر دھجی دھجی کر دینا (۲) کھال اُڑا دینا۔ (۳) اعضائے جسمانی کو پارہ پارہ کر ڈالنا (۴) چونے یا مسالوں سے زبان کٹ جانا۔

**ٹکڑے اڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دھجی دھجی ہونا (۲) پارہ پارہ ہونا (۳) کھال یا زبان کٹنا۔ (۴) پاش پاش ہونا۔

**ٹکڑے پکانا**۔ (ا۔محاورہ) سوکھی روٹی یا نان پاؤ (ڈبل روٹی) یا شیرمال کے ٹکڑے دودھ، گھی یا شکر میں پکانا۔

**ٹکڑے توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) مُفت کی روٹیاں توڑنا۔ پرائی کمائی پر گذارا کرنا۔ طفیلی ہونا۔

**ٹکڑے ٹکڑے کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پُرزے پُرزے کرنا (۲) پارہ پارہ کرنا (۳) قیمہ کر دینا۔

**ٹکڑے کرنا**۔ (ا۔محاورہ) حصّے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا (۲) توڑنا (۳) پرزے پرزے کرنا۔

**ٹکڑے کے کارن مارے مارے پھرنا**۔ روٹی کمانے، پیٹ بھرنے یا روزگار ڈھونڈنے کے لیے جا بجا پھرنا (۲) بھیک مانگ مانگ کر گذارا کرنا۔

**ٹکڑے لگانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) حصّے جوڑنا (۲) کسی قصّے یا داستان میں اپنی طرف سے اضافے کرنا۔

**ٹکڑے دے (دے کے) بچھڑا پالا، سینگ (لگے جب) لے کر مارن آیا**۔ (مثل) بچھڑے کو روٹی کے ٹکڑے کھلا کھلا کر بڑا کیا۔ مگر جب اس کے سینگ نکلے تو مارنے لگا۔ احسان فراموش انسان یا اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کو نیکی کے بدلے بُرائی ملے۔

**ٹکڑے کھائے دن بہلائے۔ کپڑے پھٹے گھر کو آئے**۔ (مثل) یہ مثل نکھٹے اور نکھٹو آدمی پر کہی جاتی ہے جو کمانے کے ارادہ سے گھر سے نکلے، گھر مانگ تانگ کر وقت گزارتا ہے اور جب تن کے کپڑے پھٹنے لگیں تو گھر واپس آ جائے۔

**ٹکڑے مانگ کھانا، پونجی گانٹھ باندھنا**۔ (مثل) عقلمند کنجوس کی عادت بیان کی ہے کہ اپنا خرچ دوسروں سے مانگ تانگ کر پورا کر لیتا ہے اور جو کچھ اس کے پاس ہو اسے چھپا چھپا کر رکھتا ہے۔

**ٹکُر ٹکُر**۔ (ٹُ۔کُر۔ٹُ۔کُر) (ہ۔تابع فعل) حیرت سے۔ تعجب سے۔ اور حسرت سے۔

**ٹکُر ٹکُر دیدم دم نہ کشیدم**۔ دیکھیے ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم۔

**ٹکُر ٹکُر دیکھنا**۔ حیرت سے دیکھنا۔ حسرت یا شوق سے دیکھنا۔

**ٹکڑی**۔ (ٹُک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) شیشے کا یا آئینے کا ٹکڑا (۲) کبوتروں یا پرندوں کا غول یا جھنڈ (۳) گروہ۔ جماعت (۴) فوج کا دستہ (۵) کپڑے کا تھان (۶) جواریوں کا مجمع (۷) پوران ماشی کا میلا۔

**ٹکڑی لگنا**۔ (ا۔محاورہ) جواریوں کا ایک جگہ اکٹھے ہو کر جوا کھیلنا (۲) مجمع ہونا۔

**ٹِکَس**۔ (ٹِ۔کَس) (انگ۔ا۔مذ) لفظ ٹیکس (Tax) کی بگڑی ہوئی شکل۔ محصول۔ لگان۔ مال گذاری۔

**ٹکسال**۔ (ٹک۔سال) (ہ۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں سکّے ڈھالے جائیں۔ دارالضرب۔

**ٹکسال باہر**۔ (۱) وہ سکّہ جو ٹکسال میں تیار نہ ہوا ہو (۲) وہ الفاظ جو مستند نہ ہوں مروّج نہ ہوں۔ متروک ہوں۔ غیر معتبر ہوں (۳) وہ محاورات جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں (۴) وہ اہلِ فن جو کسی فن میں کسی اُستادِ کامل کا شاگرد نہ ہو (۵) وہ شخص جو اَن پڑھ اور بدتمیز ہو۔

**ٹکسال چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) روپے کا ٹکسال میں بننا یا پرکھا جانا۔ (۲) کسی علم یا فن میں کمال حاصل کر لینا۔ اُستاد مانا جانا (۳) بے حیائی میں پختہ ہو جانا۔ بدنامی کی آخری حد پر جا پہنچنا۔

**ٹکسال کا کھوٹا۔ ٹکسال کا کھوٹا**۔ (ا۔صف) (۱) وہ روپیہ جو ٹکسال میں ٹوٹ پھوٹ یا خراب ہو گیا ہو (۲) لاڈ سے خراب ہوا ہو۔ مشہور بدمعاش۔ حرامی۔

**ٹکسال میں دھکا لگ جانا**۔ (ا۔محاورہ) بہت خرچ ہو جانا۔



Marfat.com

**ٹکسال والی** ۔ وہ طوائف جس کے ہاں دولت بہت ہو۔
**ٹکسالی** ۔ (ٹک۔سالی) [ہ۔ا۔مذ] ٹکسال کا داروغہ۔ منٹ ماسٹر (Mint Master) (صف) جس پر ٹکسال کی ضرب لگی ہوئی ہو۔ کھرا۔ درست۔ آزمودہ۔ جانچا ہوا (۳) رائج۔ مانا ہوا۔
**ٹکسالی آدمی** ۔ (ا۔مذ) ایماندار۔ کھرا (طنزاً) بدمعاش۔ چالاک۔ مکّار۔ بے حیا۔
**ٹکسالی بات** ۔ (ا۔مث) کھری۔ پکی۔ جچی۔ تلی بات۔
**ٹکسالی روپیہ** ۔ (ا۔مث) وہ روپیہ جو ٹکسال میں بنا ہو۔ کھرا روپیہ۔
**ٹکسالی (بولی) زبان** ۔ اہلِ زبان کی تسلیم کی ہوئی۔ فصیح اور مستند زبان
**ٹکلی** ۔ (ٹک۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ماتھے کا ایک زیور۔ ٹیکا (۲) دھات کا چھوٹا سا گول ٹکڑا۔ چھوٹی سی روٹی۔
**ٹک ٹک کرنا** ۔ (ق۔مص) گھورنا۔ نظر جما کے دیکھنا۔
**ٹکنا** ۔ (ٹک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹانکا جانا۔ سیا جانا۔ جڑا جانا۔ پرویا جانا (۲) گوٹا موتی منقش وغیرہ لگنا (۳) کندریتی اور کند سوہن کا تیز ہونا۔
**ٹکنا** ۔ (ٹک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹھہرنا۔ رکنا۔ رہ جانا۔ وقتی طور پر قیام کرنا۔ (۲) سہارے سے کھڑا ہونا۔ تہ نشین ہونا۔
**ٹکوا** ۔ (ٹک۔وا) [ہ۔ا۔مذ] ایک اوزار جس سے چارہ کاٹتے ہیں۔
**ٹکوانا** ۔ (ٹک۔وا۔نا) [ہ۔مص] ٹانکنا کا متعدیُ المتعدی۔
**ٹکور** ۔ (ٹ۔کور) [ہ۔ا۔مث] (۱) بھوسی یا ریت کی گرم پوٹلی سے چوٹ کو سینکنے کا عمل (۲) پلٹس (۳) چوٹ دھکا۔ ٹھیس۔ ہلکی ضرب۔ (۴) نقارے کی آواز۔
**ٹکور کرنا** ۔ (مص۔مرکب) چوٹ کو سینکنا۔
**ٹکورا** ۔ (ٹ۔کو۔را) [ہ۔ا۔مذ] (ق) ڈنکا۔ نوبت کی آواز۔
**ٹکورنا** ۔ (ٹ۔کور۔نا) [ہ۔مص] سینکنا۔ پوٹلی یا گرم کپڑے سے چوٹ کو حرارت پہنچانا۔
**ٹکہائی۔ٹکھیائی** ۔ (ٹک۔ہا۔ئی، ٹکھ۔یا۔ئی) [ہ۔ا۔مث] ادنیٰ درجے کی کسبی۔ گھٹیا قسم کی رنڈی۔
**ٹکی** ۔ (ٹک۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹکیا۔ چھوٹی سی روٹی (۲) تھوڑی آمدنی۔ محدود ذریعۂ معاش (۳) پہنچ۔ رسوخ۔ اثر۔
**ٹکی لگانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) ننھی سی روٹی تنور میں لگانا (۲) وہ تھوڑا کام کیے جانا جس سے تھوڑی سی آمدنی ہوتی رہے (۳) کسی حق کی وجہ سے کچھ حاصل کرنا
**ٹکی لگنا** ۔ (ا۔محاورہ) فائدہ حاصل ہونا۔ کامیاب ہونا۔
**ٹکیا** ۔ (ٹک۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوٹی روٹی (۲) قرص۔ چکتی (۳) تمباکو کی گولی جو چلم میں رکھ کر پی جاتی ہے (۴) لبڑی۔ لگدی (۵) پیشانی کے اوپر کا حصہ (۶) دواؤں کی گولی (۷) انگریزی مٹھائی کی گول (۸) کٹے ہوئے کوئلوں کی ٹکیا جسے چلم میں تمباکو کے اوپر رکھتے ہیں۔
**ٹکیا چور ٹی** ۔ (ا۔مث) بددیانت ملازمہ۔
**ٹکیت۔ٹکیتا** ۔ (ٹ۔کیت۔ٹ۔کے۔تا) (ہ۔صف) مال دار۔ دولتمند جس کے پاس ٹکا (روپیہ پیسہ) ہو۔
**ٹکینا** ۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ٹیکس جو جراثی پر لیا جاتا ہے۔

# ٹ ـــ گ

**ٹگٹ** ۔ (ق۔ا۔مذ) ورق۔
**ٹگھلانا** ۔ (ٹگھ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (ق) پگھلانا۔ پتلا کرنا۔
**ٹگھلنا** ۔ (ٹِ۔گھل۔نا) [ہ۔مص] (ق) گلنا۔ پگھلنا۔

# ٹ ـــ ل

**ٹل** ۔ (ا۔فعل) ٹلنا مصدر کا صیغۂ امر۔
**ٹل جانا** ۔ (مص۔مرکب) (۱) جگہ سے ہٹنا (۲) کسی کام سے باز رہنا (۳) اِدھر اُدھر ہو جانا (۴) چشم پوشی کرنا (۵) بیت جانا (۶) آہستہ آہستہ کھسک جانا۔
**ٹلّا** ۔ (ٹل۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھکا (۲) گھسا (۳) رگڑا۔ جماع کے وقت کی ضرب۔
**ٹلّے نویسی** ۔ (ا۔مث) (۱) بے کاری (۲) بے فائدہ کام کرنا (۳) آوارگی۔ ناجائز کام۔
**ٹلّے نویسی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) بے کار پھرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا (۳) بے کار کی خوشامد کرنا (۴) ناجائز خدمت کرنا۔
**ٹلانا** ۔ (ٹ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) بہانے کرنا (۲) ہٹانا۔ سرکانا (۳) دیر کرنا۔ ڈھیل دینا (۴) ضائع کرنا (۵) بہکانا۔
**ٹلپ** ۔ (ٹ۔لپ) [ہ۔ا۔مذ] (ق) پرزہ۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ ذرّہ۔
**ٹلٹلانا** ۔ (ٹل۔ٹ۔لا۔نا) [ہ۔مص] آواز کے ساتھ دست آنا (۲) لڑکھڑانا۔ (۳) ترسانا۔ للچانا۔
**ٹل ٹل کرنا** ۔ (ہ۔مص) بدزبانی کرنا۔ گستاخی سے کلام کرنا۔ بک بک کرنا۔
**ٹل جانا** ۔ (ہ۔مص) (۱) اِدھر اُدھر ہو جانا (۲) گزر جانا (۳) بھاگ جانا (۴) چشم پوشی کرنا (۵) پرے چلے جانا (۶) کسی کام سے باز رہنا۔
**ٹلکنا** ۔ (ٹ۔لک۔نا) [ہ۔مص] (۱) آہستہ آہستہ چلنا۔ سہج سہج چلنا (۲) بوڑھوں کی طرح ڈھکتے ہوئے چلنا (۳) پھل کا درخت سے گرنا (۴) گزر جانا۔ مر جانا (۵) ٹہلنا۔
**ٹلم** ۔ (ٹل۔لم) [ز۔صف] (۱) فضول۔ مہمل (۲) بے کار۔
**ٹلنا** ۔ (ٹل۔نا) [ہ۔مص] (۱) جگہ سے ہٹنا (۲) کسی کام سے باز رہنا (۳) ہٹ جانا (۴) حیلے بہانے سے اِدھر اُدھر ہو جانا (۵) کسی خاص وجہ سے موقع پر موجود نہ رہنا (۶) گزرنا۔ بیتنا۔
**ٹلوا** ۔ (ٹل۔وا) [ہ۔ا۔مذ] ٹال کا مالک یا چوکیدار۔
**ٹلوا** ۔ (ٹل۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ٹیڑھی اور گٹھیلی لکڑی (۲) استرا (۳) خوشامدی (۵) چھوٹے قد کا پیچ پوچ سا آدمی۔
**ٹلی للی** ۔ (ٹ۔لی۔ل۔لی) [ہ۔ا۔مث] ہاتھ کی درمیانی انگلی دوسرے کو چڑانے کے لیے نچاتے وقت چلا چلا کر بولتے ہیں۔ ٹلی للی للی للی۔
**ٹلیا** ۔ (ٹل۔یا) [ہ۔ا۔مث] (ق) (۱) چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔ چھوٹی مرغی (۲) (طنزاً)



Marfat.com

ٹلیّیں - (ٹَل - لِیں) (ہ - ا - مث) گپّیں - بے بنیاد باتیں۔
ٹلیّیں مارنا - (۱۔ محاورہ) گپّیں ہانکنا (۲) فضول باتیں کرنا۔

## ٹ ـــ م

ٹِمّا - (ٹِم - ما) (ہ - ا - مذ) (۱) بونا۔ ٹھنگنا (۲) دُبلا پتلا آدمی۔
ٹِمّا ٹِمّا - (ہ - صف) کمینے - رذیل - ایرے غیرے۔
ٹِماخ - ٹِماک - (ٹِ - ماخ - ٹِ - ماک) (ہ - ا - مث) (۱) عورتوں کا بناؤ سنگار - ٹیپ ٹاپ (۲) شان و شوکت (۳) نمود و نمائش۔
ٹِمبر - (Timber) (ٹِم - بر) (انگ - ا - مث) عمارتی لکڑی - شہتیر - تنا۔
ٹِمبر مرچینٹ - (Timber Merchant) سوداگر چوب عمارتی لکڑی بیچنے والا۔
ٹُمپا - (ٹُم - پا) (ق - ا - مذ) کُپّہ۔
ٹمپرنس - (Temperance) (انگ - ا - مث) پرہیز - پرہیزگاری اعتدال - میانہ روی (۲) شراب سے بچنا۔
ٹمپریچر - (Temperature) (ٹَم - پَ - رے - چَر) (انگ - ا - مذ) (۱) درجہ حرارت - گرمی اور سردی کی کیفیت یا درجہ (۲) موسم۔
ٹم ٹم - (ٹَم ٹَم) (انگ - ا - مث) دو پہیوں کی انگریزی گاڑی جس پر ٹپ وغیرہ نہیں ہوتا (انگریزی لفظ (Tendem) کا ہند)
ٹِم ٹِم - (ٹِم - ٹِم) (ہ - ا - مث) (۱) ہلکی ہلکی بارش - پھوار (۲) ہلکی سی آواز۔
ٹِمٹمانا - (ٹِم - ٹِ - ما - نا) (ہ - مص) (۱) ہلکی ہلکی روشنی دینا - جھلملانا (۲) مرنے کے قریب ہونا (۳) چراغ بجھنے کو ہونا (۴) ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔
ٹِمٹماہٹ - (ٹِم - ٹِ - ما - ہٹ) (ہ - ا - مث) ہلکی روشنی - جھلملاہٹ۔
ٹِمکی - (ٹِم - کی) (ق - ا - مذ) ایک چھوٹا سا نقارہ - ڈھنڈورا۔
ٹِمکی پیٹنا - ڈھنڈورا پیٹنا۔
ٹُمنا - (ٹُم - نا) (ق - مص) چھیڑنا۔

## ٹ ـــ ن

ٹَن - (ہ - ا - مث) گھنٹے یا دھات کے کسی برتن کی آواز - ٹن کار - جھن کار (۲) غرور - گھمنڈ (۳) شیخی - نمود و نمائش۔
ٹَن - (Ton) (انگ - ا - مذ) (۱) ۲۸ من کا ایک وزن - ۲۲۴۰ پونڈ وزنی سامان کو تولنے کا پیمانہ (۲) جہاز کی اندرونی وسعت اور باربرداری کی گنجائش کا پیمانہ۔
ٹَن ٹَن - (ہ - ا - مث) گھنٹے یا دھات کے ہر برتن سے بار بار نکلنے کی آواز۔
ٹَن ٹَن کرنا - (مص - مرکب) گھنٹا یا دھات کا برتن بجانا۔
ٹَن ٹنانا - دیکھیے ٹن ٹن کرنا۔
ٹِن - (Tin) (انگ - ا - مذ) ٹین - سفید رنگ کی ملائم دھات جس سے ڈبے برتن وغیرہ بنتے ہیں - دیکھیے ٹین۔

ٹَنّا - (ٹَ - نّا) (ہ - ا - مذ) گوشت کا وہ بڑھا ہوا ٹکڑا جو عورت کی فرج میں ہوتا ہے۔
ٹُنّا - (ٹُن - نا) (ہ - ا - مذ) (۱) وہ پتلی سی مختصر لکڑی یا تنکا جو ترکاری یا پھل کے بالائی حصّے یا پیندے میں لگا ہوتا ہے (۲) گھنڈی - عورت کی چھاتی کی گھنڈی - سرپستان (۳) بٹن - دستی۔
ٹَنانا - (ٹَ - نا - نا) (ہ - مص) تاننا - تننا - کھینچنا - کسنا - بڑھانا - پھیلانا۔
ٹَنٹا - (ٹَن - ٹا) (ہ - ا - مذ) جھگڑا - فساد - لڑائی - تکرار - ردّ و کد - قضیہ۔
ٹنٹا مت کر جب تک بن نبٹے ہوئے کام - ٹنٹا بِس کی بیل ہے یا کامت لے نام - (مثل) فسا دجھگڑا نہ کر - جب تک جھگڑا کیے بغیر کام ہو اس وقت تک جھگڑا نہ کرنا ہی اچھا - جھگڑا زہر (بِس) کی بیل ہے اس کا تو نام ہی نہ لے - مطلب یہ کہ جھگڑے میں نقصان ہی نقصان ہوتا ہے۔
ٹنٹے باز - فسادی - جھگڑالو - ردّ و کد کرنے والا۔
ٹُنڈا ٹُنٹا - (ٹُن - ٹا) (ہ - صف - و - ا - مذ) ہاتھ کٹا آدمی - دیکھیے ٹُنڈا۔
ٹُن ٹُن - (ٹُن - ٹُن) (ہ - ا - مث) ساز درست کرتے وقت تاروں کی آواز - ساز کی آواز (جس وقت اسے ملایا جا رہا ہو۔
ٹُنٹُنا - (ٹُن - ٹُ - نا) (ہ - ا - مذ) (۱) بٹن (۲) سرپستان (۳) پھل یا ترکاری کے پیندے میں لگا ہوا تنا - دیکھیے ٹُنّا۔
ٹُنْچ - (ہ - صف - ق) (۱) بہت تھوڑا (۲) بہت چھوٹا (۳) حقیر (۴) کم ظرف۔
ٹنچ بھڑانا - ٹنچ لڑانا - (۱ - محاورہ) (۱) جوئے میں بہت تھوڑی رقم لگانا - تھوڑی رقم سے کھیلنا (۲) آہستہ آہستہ جیتنا (۳) تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا (۴) تھوڑا لگا کر زیادہ کمانے کی کوشش کرنا۔
ٹَنْچ - (ہ - صف) (۱) مستعد - تیار - آمادہ (۲) سنگدل - بخیل (۳) چالاک۔
ٹنچ بنا ہونا - (۱ - محاورہ) مستعد ہونا - تیار ہونا - کمربستہ ہونا۔
ٹنچ رہنا - (۱ - محاورہ) آمادہ - تیار - مستعد رہنا - لیس رہنا۔
ٹِنڈ - (ہ - ا - مث) لوٹا - بدھنا - وہ برتن جو رہٹ سے پانی نکالنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔
ٹُنڈ - (ہ - ا - مذ) (۱) وہ لکڑی یا ہاتھ جسے کاٹ دیا گیا ہو (۲) درخت کا ایسا تنا جس پر شاخیں نہ ہوں (۳) کٹا ہوا ہاتھ (۴) بازو کا وہ حصّہ جو ہاتھ کٹ جانے کے بعد باقی رہ جائے (۵) کٹی ہوئی دم۔
ٹِنڈا - (ٹِن - ڈا) (ہ - ا - مذ) سبز رنگ کی ایک ترکاری - جو ٹماٹر کے برابر ہوتی ہے۔
ٹُنڈا - (ٹُن - ڈا) (ہ - صف) (۱) وہ آدمی جس کے ہاتھ نہ ہوں - جس کا ایک ہی ہاتھ ہو - جس کے ہاتھ کاٹ ڈالے گئے ہوں (۲) سُست اور نکمّا انسان۔
ٹِنڈر - (Tender) (ٹِن - ڈَر) (انگ - ا - مذ) ٹھیکے کی درخواست جس میں نرخ کی تفصیل دی گئی ہو۔
ٹُنڈوار - (ٹُنڈ - وار) (ہ - ا - مث) (ق) وہ لکڑیاں جو کمرے کی دیواروں میں چھت کے نیچے اس لیے لگاتے تھے کہ ان میں چادر باندھی جائے - تاکہ چھت سے جو مٹی گرے وہ کمرے کے فرش پر نہ پڑے۔



Marfat.com

**ٹنڈی**۔ (ٹُن-ڈِی) [ہ-ا-مث] (۱) ناف (۲) بازو (۳) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو۔

**ٹنڈیاں باندھنا۔ ٹنڈیاں کسنا**۔ (۱-محاورہ) ہاتھوں یا بازوؤں کو جکڑنا (۲) گرفتار کرلینا (۳) مجرم کے ہاتھ اس کی پشت کے پیچھے باندھنا۔ مشکیں باندھنا۔

**ٹنڈیاں کھچنا**۔ (۱-محاورہ) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔

**ٹنڈیانا**۔ (ٹنڈیا-نا) (ہ-مص) (ق) ٹنڈیاں باندھنا۔ ہاتھ پیچھے باندھنا۔ مشکیں باندھنا۔

**ٹنڈیرا**۔ (ٹن-ڈِی-را) [ہ-ا-مذ] ساز و سامان۔ اسباب۔ وہ اسباب یا چیزیں جو کسی کی ملکیت ہوں (حقارت و استہزاء سے)۔

**ٹنڈیل**۔ (ٹن-ڈیل) [ہ-ا-مذ] قلیوں یا خلاصیوں کا افسر (۲) میگزین کا داروغہ۔

**ٹنک**۔ (ٹ-نک) [ہ-ا-مث] (۱) سخت یا ناگوار آواز (۲) دھات کے اور چینی کے برتنوں کی جھنکار (۳) درد کی ٹیک۔ چوٹ کی کسک۔ ٹیس (۴) ہمت۔ دلیری۔ جوش۔

**ٹنکار**۔ (ٹن-کار) [ہ-ا-مث] (۱) کمان کی تانت کی آواز (۲) غلیل کی آواز (۳) جھنکار

**ٹنکارنا**۔ (ٹن-کار-نا) [ہ-مص] (۱) کمان کی تانت کھینچ کر آواز نکالنا (۲) چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر دیکھنا کہ ٹوٹا ہوا تو نہیں ہے۔

**ٹنکانا**۔ (ٹن-کا-نا) (ہ-مص) ٹکوانا۔ سلوانا۔ جُڑوانا۔

**ٹنکائی**۔ (ٹن-کا-ای) [ہ-ا-مث] (۱) ٹانکنے کی اُجرت یا مزدوری (۲) ٹانکنے کا عمل یا کام۔ سیا جانا۔ سِلنا۔ جڑا جانا۔

**ٹنکچر**۔ (Tincture) (ٹنک-چَر) [انگ-ا-مث] ایک جراثیم کُش دوا جو زخموں پر لگائی جاتی ہے۔

**ٹنکنا**۔ (ٹنک-نا) [ہ-مص] ٹانکا جانا۔ سیا جانا۔ جڑا جانا۔

**ٹنکن**۔ (س-ا-مذ) سہاگہ۔ ایک معدن۔

**ٹنگ**۔ (ہ-ا-مث) ٹانگ کا مخفف۔

**ٹنگا**۔ (ہ-صف) پیروں والا۔ جس کے پیر ہوں (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے "ایک ٹنگا" ایک ٹانگ کا "دو ٹنگا" دو ٹانگ کا) (مث) ایک قسم کی گھاس۔

**ٹُنگا**۔ (ہ-ا-مث) پونچھ۔ چھوٹی یا مختصر دم۔

**ٹنگار**۔ (ہ-ا-مث) (۱) پھل توڑنا (۲) تھوڑا تھوڑا کھانا (۳) ٹھونگنا۔

**ٹنگارنا**۔ (ٹن-گار-نا) [ہ-مص] (۱) چونچ مارنا۔ پوری طرح نہ کھانا۔

**ٹنگاری**۔ (ٹن-گاری) [ہ-ا-مث] کلہاڑی۔

**ٹنگانا**۔ (ٹن-گا-نا) [ہ-مص] ٹنگوانا۔ شکوانا۔ آویزاں کروانا۔ پھانسی چڑھوانا۔

**ٹنگڑی**۔ (ٹنگ-ڑی) [ہ-ا-مث] (۱) ٹانگ کی تصغیر۔ چھوٹی ٹانگ (۲) بطور تحقیر۔

**ٹنگڑی پر اڑانا**۔ (۱-ٹنگا لگانا یا مارنا۔ ٹانگ کے داؤں سے گرانا۔ ٹانگ مار کر گرا دینا۔

**ٹنگنا**۔ (ٹنگ-نا) [ہ-مص] (۱) ٹنگنا۔ لٹکایا جانا (۲) پھانسی پر چڑھنا (پن) چھت سے لٹکی ہوئی ایک لکڑی جس پر بستر رکھے جاتے ہیں۔

**ٹنگنا**۔ (ٹنگ-نا) [ہ-ا-مث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جس کے منہ کے پاس بڑے نکیلے کانٹے ہوتے ہیں۔

**ٹنگنی**۔ (ٹنگ-نی) [ہ-ا-مث] ایک قسم کا پودا۔

**ٹنگوانا**۔ (ٹنگ-وا-نا) [ہ-مص] شکوانا۔ بندھوانا۔ ٹنگنا کا متعدی المتعدی۔

**ٹنہایا**۔ (ٹن-ہا-یا) [ہ-ا-مذ] (اصل-ٹونا ہایا) ٹونا کرنے والا۔ جادوگر۔

**ٹنہائی۔ ٹنہنیا**۔ (ٹن-ہا-ای-ٹن-ہی-یا) [ہ-ا-مث] (اصل-ٹونا ہائی) وہ۔ جادوگرنی۔ ٹونا کرنے والی۔

**ٹنی**۔ (ٹن-نی) [ہ-ا-مث] چھوٹا۔ ٹنا۔ گھنڈی۔

**ٹنیاں**۔ (ٹن-یاں) [ہ-صف] بہت چھوٹا۔ بونا۔ ٹھگنا۔ پستہ قد۔

**ٹنیاں طوطا**۔ چھوٹی نسل کا طوطا۔ چھوٹے قد و قامت کا طوطا۔

## ٹ — و

**ٹوا**۔ (ٹ-وا) [ہ-ا-مذ] (ق) ٹٹولنے کا فعل۔ چھونا۔

**ٹوا ٹوئی**۔ [ہ-ا-مث] ٹٹول۔ تلاش۔

**ٹوبا**۔ (ٹو-با) [ہ-ا-مذ] (۱) لمبی سلائی۔ لمبا ٹانکا (۲) غوطہ خور جو کنوئیں میں اُتر کر چیز نکالے۔

**ٹوبری**۔ (ٹوب-ری) [ق-ا-مذ] (۱) پھولوں کا گملا (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

**ٹوپ**۔ (ہ-ا-مذ) (۱) بڑی ٹوپی (۲) انگریزی ٹوپی (ہیٹ) (۳) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں (خود) (۴) غلاف۔ پوشش۔ کور (۵) بدھ مذہب کی مقدس عمارت (۶) انگشتانہ۔

**ٹوپا**۔ (ٹو-پا) [ہ-ا-مذ] (۱) ٹانکا۔ سیون (۲) روئی دار ٹوپی۔ کنٹوپ (۳) اناج ناپنے کا ایک پیمانہ۔

**ٹوپا بھرنا**۔ (۱-محاورہ) ٹانکا لگانا۔ ٹانکا بھرنا۔ سینا۔

**ٹوپن**۔ (ق-ا-مذ) ٹوپ۔ منہ بند کرنے کی چیز۔

**ٹوپنا**۔ (ٹوپ-نا) [ہ-مص] (۱) مٹی ڈال کر چھپانا۔ دفن کرنا (۲) درخت یا درخت کی شاخ زمین میں لگانا (۳) ہاتھ سے بیج بونا (۴) لٹکانا۔ آویزاں کرنا (۵) کچی سلائی کرنا۔ رکھنا۔ ٹھونسنا۔

**ٹوپی**۔ (ٹو-پی) [ہ-ا-مث] (۱) سر کی پوشاک۔ کلاہ۔ تاج (۲) بندوق کا پٹاخا۔ جس پر گھوڑا لگنے سے آگ پیدا ہوتی ہے (۳) شکاری جانور کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی (۴) پھل کے اوپر کا خول (۵) دوربین کے منہ کا ڈھکنا (۶) حشفہ۔ ذکر کا سر (۷) حقے پر رکھنے کا برتن (۸) کسی چیز کا بالائی حصہ۔

**ٹوپی اتارنا**۔ (۱-محاورہ) ٹوپی سر سے جدا کرنا (۲) کسی کی بے عزتی یا توہین کرنا۔

**ٹوپی اچھالنا**۔ (۱-محاورہ) (۱) خوشی ظاہر کرنا (۲) اظہار مسرت کرنا (۳) ہرے ہرے پکارنا۔

**ٹوپی بدل بھائی**۔ (۱-مذ) ایسا دوست جس سے بہت گہرا تعلق ہو۔

**ٹوپی بدلنا**۔ (۱-محاورہ) دو دوستوں کا آپس میں ٹوپی کا تبادلہ کرنا۔ بھائی چارہ قائم کرنا۔



Marfat.com

**ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے عزتی یا توہین کرنا۔ پگڑی اُتارنا۔
**ٹوپی چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) شکاری پرندوں کے سروں پر ٹوپی چڑھانا۔ تاکہ ان کی آنکھیں بند رہیں۔
**ٹوپی دار**۔ (ا۔ مذ) وہ اسلحہ جس میں بارود ڈال کر اور ٹوپی چڑھا کر چلایا جائے۔
**ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے**۔ (مثل) مشورے کے بغیر کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر اس کام کے لیے آدمی نہ ملے تو اپنی ٹوپی ہی سے صلاح مشورہ کرنا چاہیئے۔
**ٹوپی والا**۔ (ا۔ مذ) (۱) معشوق (۲) احمد شاہ ابدالی اور نادر شاہ درّانی کی فوج کے سپاہی جو سُرخ ٹوپی پہنتے تھے (۳) فرنگی۔
**ٹوتھ برش**۔ (Tooth Brush) (انگ۔ ا۔ مذ) دانت صاف کرنے کا برش۔
**ٹوٹ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شکستگی۔ پھوٹ (۲) وہ عبارت یا فقرہ جو رہ گیا ہو اور بعد میں حاشیے پر درج کر دیا گیا ہو (۳) دوستوں میں پھوٹ یا ناراضی۔ (۴) ہرج۔ نقصان (۵) کمی۔ فرق۔ ناکامی۔
**ٹوٹ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دفعتاً حملہ کرنا۔ اچانک حملہ کرنا (۲) کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہونا (۳) دفعتاً آجانا۔ ہجوم کرنا۔ پل پڑنا۔ انتہائی شوق ظاہر کرنا (۴) گر پڑنا۔
**ٹوٹ پھوٹ**۔ شکستگی۔ ٹوٹن پھوٹن۔ ٹکڑے۔ ریزے۔ چورا۔ ریزگی۔
**ٹوٹ پھوٹ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چیزوں کی تیاری یا لدائی میں کچھ کا ٹوٹ جانا (۲) اسباب وغیرہ رکھنے اُٹھانے میں کچھ ٹوٹ جانا۔
**ٹوٹ ٹوٹ کر (کے)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شدّت سے۔ کثرت سے (۲) تیزی سے۔ بہت جلد (۳) بڑی کوشش سے۔ سخت محنت سے (۴) کسی فریق سے کٹ کر۔
**ٹوٹ ٹوٹ کر (کے) آنا**۔ (ا۔ محاورہ) لگاتار آنا۔ تار باندھ کر آنا۔ کسی فریق سے کٹ کر دوسرے فریق سے مل جانا۔
**ٹوٹ ٹوٹ کر (کے) برسنا**۔ (ا۔ محاورہ) شدّت سے مینہ برسنا۔ موسلا دھار بارش ہونا۔
**ٹوٹ جانا**۔ (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ شکستہ ہو جانا (۲) بیماری کی وجہ سے نڈھال ہو جانا (۳) مفلس ہو جانا (۴) راستے میں ہمراہیوں سے چھوٹ جانا (۵) علیحدہ ہو جانا (۶) جوڑوں میں درد محسوس کرنا۔ کنویں میں پانی نہ رہنا۔
**ٹوٹ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) کام کر کر کے تھک جانا (۲) ہڈیوں میں درد ہونا (۳) جدائی میں گھُلنا (۴) غریب ہو جانا۔
**ٹوٹ کر (کے) آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کی رفاقت یا کسی کا ساتھ چھوڑ کر آنا (۲) بے حد شوق کے ساتھ آنا۔
**ٹوٹ کر (کے) دل آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بُری طرح عاشق ہونا۔
**ٹوٹ کر (کے) گرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دیکھیے ٹوٹ پڑنا۔
**ٹوٹ نہ دکھ دے بالکے سب سے مل کر چال۔ ٹوٹا ڈھور دیت ہیں گام گلی میں ڈال**۔ (مثل) دوسروں سے الگ رہنے (ٹوٹنے) اور لڑنے جھگڑنے میں نقصان ہے۔ سب سے مل کر چل (چال) ٹوٹا برتن (ڈھور) گاؤں کی گلی (گام گلی) میں پھینک دیتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ لڑنے جھگڑنے اور کٹ کر الگ ہو جانے والے آدمی سے کوئی نہیں ملتا جلتا۔
**ٹوٹا**۔ (ٹو۔ٹا) (ہ۔ صف) (۱) ٹوٹا ہوا۔ پھوٹا ہوا (۲) ناقص۔ جو مرمت چاہتا ہو (۳) تھکا ماندہ۔ خستہ حال (۴) مفلس۔ بے زر۔
**ٹوٹا باسن کسیرے کے سر**۔ (مثل) جس چیز میں کوئی نقص ہو، وہ فوراً واپس کر دی جاتی ہے۔
**ٹوٹا پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اوپر تلے گرنا (۲) کسی چیز پر بہت سے آدمیوں کا متوجہ ہو جانا۔ ہجوم ہونا۔ بھیڑ ہونا۔
**ٹوٹا پھوٹا**۔ (ا۔ صف) جو ٹوٹ پھوٹ گیا ہو۔ شکستہ۔ جس میں کوئی خرابی عیب یا نقص ہو (۲) معمولی درجے کا (۳) نامکمل۔
**ٹوٹا تیلی کمر میں ادھے کی**۔ (مثل) مفلس (ٹوٹا) تیلی صرف ایک ادھا لیے ہوئے ہے۔ ظاہر ہے کیا بیچے گا اور کتنا نفع کمائے گا (طنز)
**ٹوٹا مت رہ ٹول سوں، راہ پھیر کے بیچ۔ ایک اکیلے سنگھ کو سوجھے اوچ نہ بیچ**۔ (مثل) راستے (راہ پھیر) میں دوسروں سے الگ (ٹوٹا) نہ رہ۔ لڑائی (ٹول) ہی اکیلا نہ لڑ۔ جو آدمی (سنگھ) اکیلا ہو اُسے صحیح تدبیر (اوچ نیچ) نہیں سوجھا کرتی۔ مطلب یہ ہے کہ اکیلا آدمی بے یار و مددگار ہونے کی وجہ سے راستے میں لُٹ جاتا ہے اور لڑائی میں ہار جاتا ہے۔
**ٹوٹے بال**۔ (ا۔ مذ) وہ بال جو سر میں کنگھی کرنے میں ٹوٹتے ہیں۔
**ٹوٹے بال کھونسنا**۔ (ا۔ محاورہ) عورتیں کنگھی کرتے میں ٹوٹے ہوئے بالوں کو کسی سوراخ میں کھونس دیتی ہیں۔
**ٹوٹے سے پھر کے جوڑے گانٹھ، گٹھیلا ہو۔ ٹوٹی کا کیا جوڑنا۔ گانٹھ پڑے اور نا رہے**۔ (مثل) تعلق توڑ لینے والے (ٹوٹے) آدمی کے ساتھ ایک بار پھر تعلق قائم کرنے (گانٹھ جوڑنے) سے انسان اُلجھ جاتا ہے (گٹھیلا ہو) توڑے ہوئے تعلق کو دوبارہ نہ جوڑ۔ کیا خبر وہ جڑنے ہی میں نہ آئے (مطلب) ایک دفعہ دوستی ٹوٹ جائے تو پھر پہلی سی دوستی نہیں ہوتی۔ بگاڑ کے بعد صلح صفائی کی کوشش کی جائے تب بھی پوری طرح صفائی نہیں ہوتی۔
**ٹوٹا**۔ (ٹو۔ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ (۲) بانس کا ٹکڑا (۳) سگریٹ یا موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا (۴) کارتوس۔ پٹاخا (۵) کمی۔ توڑا۔ تجارت میں نقصان (۶) ہرجانہ۔ تاوان (۷) ایک قسم کی آتش بازی (۸) غریبی۔ مفلسی (۹) چاول کا چورا۔
**ٹوٹا اٹھانا۔ سہنا**۔ (ا۔ محاورہ) خسارہ اُٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔
**ٹوٹا بھر دینا۔ ٹوٹا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) خسارہ پورا کر دینا۔ نقصان پورا کرنا تاوان بھرنا۔ معاوضہ دینا۔
**ٹوٹا پڑنا۔ ٹوٹا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمی ہونا (۲) نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا
**ٹوٹا ٹالے نہ ٹلے جب تک مٹے نہ لیکھ۔ سادھ کہیں دے بالکے لاکھ جتن کر دیکھ**۔ جب تک قسمت کا لکھا (لیکھ) نہ مٹے اس وقت تک نقصان (ٹوٹا) کوشش کرنے سے بھی نہیں ٹل سکتا (ٹالے نہ ٹلے) خواہ کتنی ہی کوشش (جتن) کی جائے۔ مطلب یہ کہ جب تک تقدیر یاور نہ ہو نقصان ہو کر رہتا ہے انسانی کوشش اسے روکنے کے معاملے میں بے بس ہے۔



Marfat.com

**ٹوٹا ٹامک۔ ٹوٹرو چھپانے رہیں نہ مول۔ یوں پر گھٹ ہوں۔ جگت میں جوں لشکر کی دھول۔** (مثل) نقصان (ٹوٹا) ڈھول (ٹامک) اور فاختہ (ٹوٹرو) چھپائے نہیں چھپتے۔ یہ تینوں اس طرح ظاہر (پرگھٹ) ہو جاتے ہیں جیسے (جگ) فوج کی گرد اُڑتی ہوئی صاف دکھائی دیتی ہے۔

**ٹوٹا کرے منہ کو کالا۔ ٹوٹے والا جگت کا سالا۔** (مثل) نقصان یا گھاٹا (ٹوٹا) انسان کو رسوا اور ذلیل کر دیتا ہے۔

**ٹوٹے سے ہو گھر کا پیا۔ ٹوٹا گیا تو کھلا نصیبا۔** (مثل) نقصان گھر کا ستیاناس کر دیتا ہے۔ یہ حالت دُور ہو جائے تو گھر والوں کی قسمت کھل جاتی ہے

**ٹوٹے مارا بانیا بھر جوگی کا بھیس۔ ہانڈے پچھا مانگتا پھرے دیس بدیس۔** خسارہ اُٹھایا ہوا بنیا جوگی بن کر جا بجا مانگتا پھرتا ہے۔ مطلب یہ کہ جو آدمی کبھی دولت میں کھیلتا ہے۔ اگر دیوالیہ ہو جائے تو مانگ تانگ کر گزارے پر اُتر آتا ہے۔ لوگوں کے خواہ مخواہ جوگی بننے پر طنز ہے۔

**ٹوٹرو۔** (ٹوٹ۔ رو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا پرندہ جو قد میں فاختہ سے چھوٹا اور جسم میں اس سے پتلا دبلا ہوتا ہے۔ جھنگ کا چھوک۔

**ٹوٹروسا۔** (ا۔ صف) اکیلا۔ تنہا۔ چھڑی جان یا چھڑا دم۔

**ٹوٹروسا دم۔** (ا۔ مذ) اکیلا دم۔ تنہا۔ یکہ و تنہا۔

**ٹوٹکا۔** (ٹوٹ۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] جادو۔ ٹونا۔ طلسم۔ سحر۔ وہ لٹکا جو بعض عورتیں کسی بلا کو ٹالنے یا کسی کو اپنے اوپر مائل کرنے کے لیے کرتی ہیں۔

**ٹوٹکا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) جادو۔ ٹونا کرنا۔ جتن کرنا۔

**ٹوٹکا کرنے آنا۔** (ا۔ محاورہ) کھڑے کھڑے کو آنا۔ آنے کے بعد فوراً ہی واپس چلا جانا۔ تھوڑی دیر رُکنا یا ٹھہرنا۔ آگ لینے آنا۔ جلدی چلے آنا۔

**ٹوٹکا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جادو ہونا۔ (۲) ٹونا ہونا (۳) کسی کام کا توقع سے زیادہ جلد ہو جانا۔

**ٹوٹکوں سے کاجیں نہیں ٹلتی ہیں۔** (مثل) معمولی تدبیروں سے بڑے کام (کاجیں) انجام نہیں پایا کرتے۔

**ٹوٹکے ہائی۔** (ا۔ صف۔ مث) وہ عورت جو بچوں پر اور بال بچے والی عورت پر جادو ٹونا کرتی پھرے۔

**ٹوٹل۔** (Total) (ٹو۔ ٹل) [انگ۔ ا۔ مذ] مجموعہ۔ تمام۔ کُل۔ سب۔ میزان کل۔

**ٹوٹن۔** (ٹو۔ ٹن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصّہ (۲) چورا۔ ٹکڑے۔ (۳) اَن بن کے بعد میل جول کی بندش۔

**ٹوٹن۔** (ٹو۔ ٹن) [ہ۔ ا۔ مذ] مرغ بازی کے لیے تیار کیے ہوئے مرغ کی چونچ۔

**ٹوٹنا۔** (ٹوٹ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پھوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ پال پڑنے کے بعد کئی ٹکڑے ہو جانا (۲) پل کر حملہ کرنا (۳) زور شور سے مائل ہونا (۴) علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔ کٹ جانا۔ رشتہ و تعلق توڑنا۔ اُکھڑ جانا۔ کم ہو جانا۔ دَر نکل آنا (۶) پھوٹنا (پانی کا نہر وغیرہ سے باہر نکل جانا) (۷) توڑا پڑنا قلت پیدا ہونا (۸) کمزور ہو جانا (۹) تنگ دست ہو جانا (۱۰) جوڑوں یا اعضا شکنی میں درد ہونا (۱۱) پھل اُترنا (۱۲) مر جانا (۱۳) رقم بقایا میں پڑنا۔ (۱۴) واقع ہونا۔ نازل ہونا (۱۵) تباہ و برباد ہونا (۱۶) پھٹنا (۱۷) زیر بار ہونا (۱۸) (روزہ یا وضو) کا فاسد ہو جانا۔

**ٹوٹنا پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) سالم نہ رہنا۔ شکستہ ہونا۔

**ٹوٹی۔** (ٹو۔ ٹی) [ہ۔ صف] جو ٹوٹ گئی ہو۔ ٹوٹی ہوئی۔ ٹوٹا کی تانیث۔

**ٹوٹی باہنہ گل جنڈری لگے پڑنا)۔** (مثل) جب ہاتھ ٹوٹتی ہے تو گلے میں رومال یا پٹی (گل جنڈری) ڈال کر ہاتھ اس میں ڈالتے ہیں (۱) غریب یا اپاہج آدمی کو پالنے کا بوجھ اس کے بھائی بند پر ہی پڑتا ہے (۲) کوئی بُری چیز اپنے ساتھ وابستہ ہو جائے تو اسے چھوڑنا ناممکن ہو جاتا ہے۔

**ٹوٹی پھوٹی موگری کمہار کے برتنوں کے لیے کافی ہے۔** (مثل) تھوڑے سے کام کے لئے ذرا سی ہمت بھی کافی ہے۔

**ٹوٹی ٹانگ، پاؤں نہ ہاتھ، کہے چلوں گھوڑوں کے ساتھ۔** (مثل) یہ مثل اس نادان اور بے وقوف آدمی پر کہی جاتی ہے جس کے پاس نہ قابلیت ہو نہ سامان۔ مگر ایسے کام میں ہاتھ ڈال دے جو بڑے بڑوں سے بھی نہ ہو سکتا ہو۔

**ٹوٹی کمان میں دونوں کو ڈر ہوتا ہے۔** (مثل) دشمن تیر سے ڈرتا ہے اور تیر چلانے والا اس لیے کہ تیر دشمن کو نہیں لگے گا (۱) ادنےٰ سے ادنےٰ کا بھی خوف ہوا کرتا ہے (۲) حملہ آور کے پاس پورا سامان نہ ہو تو وہ خود بھی خطرے میں ہوتا ہے۔

**ٹوٹی کی بوٹی نہیں۔** (مثل) موت (ٹوٹی) کا کوئی علاج (بوٹی) نہیں۔

**ٹوڈر۔** (ق۔ ا۔ مذ) حلقہ۔

**ٹوڈی۔** (Toady) (ٹو۔ ڈی) [انگ۔ ا۔ مذ] چاپلوس۔ ذلیل۔ خوشامدی۔ چمچہ۔ کاسہ لیس۔ جی حضوری۔ حاکموں کی ہاں میں ہاں ملانے والا۔

**ٹوڈی بچہ۔** حاکموں کا جی حضوری۔ حکومت پرست۔ خوشامدی۔

**ٹور۔** (Tour) [انگ۔ ا۔ مذ] دورہ۔ سیر و سیاحت۔

**ٹورا۔** (ٹو۔ را) [ہ۔ صف] (۱) ٹھنگنا (۲) بونا۔ بد وضع۔ بد ہئیت۔ بے ہنگم [ا۔ مذ] پرند کا وہ بچہ جو پورا دانہ نہ ملنے کے باعث کمزور اور دُبلا پتلا ہو (۴) بٹیر سے چھوٹا۔

**ٹورا۔** (ٹو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (ق) جھانجن۔ پاؤں کا ایک زیور۔ توڑا۔

**ٹورسٹ۔** (Tourist) (ٹو۔ رسٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] سیّاح۔ دوسرے ملکوں کا سیر و سیاحت کرنے والا۔

**ٹورنامنٹ۔** (Tournament) (ٹور۔ نا۔ منٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] ورزشی اور دیگر اقسام کے کھیلوں کا سالانہ مقابلہ۔

**ٹوری۔** (Tory) [انگ۔ ا۔ مذ] برطانیہ کے قدامت پرست۔ قدامت پرست جماعت یا فرد۔

**ٹوڑا۔** (ٹو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چھجے میں لگاتے ہیں۔

**ٹوڑی۔** (ٹو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک راگنی۔ جسے ٹوڈی اور ٹوڈی بھی کہتے ہیں۔

**ٹوسا۔** (ٹو۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آک کا پھل۔ ڈوڈا (۲) تس۔ پھوسڑا۔ ریشہ۔

**ٹوسٹ۔** (Toast) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) ڈبل روٹی یا نان پاؤ کا سینکا ہوا ٹکڑا۔ توس۔ جام صحت۔

**ٹوک۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) نظر گزر۔ ہونس (۲) پوچھ گچھ۔ سوال جواب (۳) روک۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ تعرض۔

**ٹوک ٹاک۔ ٹوکا ٹاکی۔** [ہ۔ مث] روک ٹوک۔ مزاحمت۔ روک ٹوک



Marfat.com

پوچھ گچھ ۔ دیکھ بھال ۔

**ٹوک دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ٹوکنا ۔ روک ٹوک کرنا (۲) غلطی جتا دینا (۳) آنے جانے سے روک دینا (۴) ہوتے ہوئے کام میں مخل انداز ہونا ۔

**ٹوک لگنا ۔ ٹوک میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نظر لگنا ۔ حسد کیا جانا ۔ ہونسا جانا

**ٹُوک** ۔ (و ۔ ا ۔ مذ) (۱) ٹکڑا ۔ حصّہ ۔ پارچہ (۲) ذرہ ۔ ریزہ ۔

**ٹُوک ٹُوک کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

**ٹُوکا** ۔ (ٹو ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک چھوٹا سا ٹکڑا ۔ ڈھول کی ایک ضرب (۲) نظر بد (ق) ۔

**ٹوکا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نظر لگنا ۔

**ٹوکا** ۔ (ٹو ۔ کا) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک آلہ جس سے چارہ کاٹتے ہیں ۔ گنڈاسا ۔

**ٹوکرا** ۔ (ٹوک ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بانس یا جھاؤ کا بنا ہوا جھابا یا جھلا (۲) کشتی ۔ ڈونگا (۳) پچیسی کی ہاری ہوئی بازی (۴) بوجھ ۔ بار ۔

**ٹوکرا دینا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) پچیسی کے کھیل میں مخالف کو ہرا دینا ۔

**ٹوکرا سر پر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سر پر بوجھ ہونا ۔ ذمّہ داری ہونا ۔

**ٹوکروں اترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) درخت سے پھل بکثرت حاصل ہونا ۔ پھل بہت زیادہ مقدار میں گرنا ۔

**ٹوکرے پر ہاتھ (کا) رہ جانا (رہنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھرم رہنا ۔ آبرو رہ جانا ۔

**ٹوکری** ۔ (ٹوک ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث] چھوٹا ٹوکرا ۔ چھبّی ۔ چھابڑی ۔

**ٹوکری ڈھونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محنت مزدوری کرنا ۔ قلی کا کام کرنا ۔

**ٹوکم ٹاک** ۔ (ٹو ۔ کم ۔ ٹاک) [ا ۔ صف] بالکل ٹھیک ۔ وزن میں پورے پورا ۔

**ٹوکم ٹوکا** ۔ (ا ۔ مذ) لڑائی جھگڑے کی بات (۲) بار بار روکنا ۔

**ٹوکن** ۔ (Token) (ٹو ۔ کن) [انگ ۔ ا ۔ مذ] لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر نمبر لگے ہوتے ہیں اور شناخت یا حاضری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

**ٹوکنا** ۔ (ٹوک ۔ نا) [ہ ۔ مذ] (۱) روکنا ۔ کوئی بات یا کام نہ کرنے دینا (۲) پوچھنا سوال جواب کرنا ۔ پوچھ گچھ کرنا (۳) ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو کشتی کے لئے للکارنا (۴) پیچھے سے آواز دے کر روکنا (۵) ثبوت طلب کرنا چیک کرنا ۔ بندش لگانا ۔ مزاحم ہونا (۶) معترض ہونا ۔ وجہ معلوم کرنا (۷) غلطی بتانا (۸) الزام دینا ۔ (۹) حسد کرنا ۔ نظر لگانا ۔ (۱۰) قرض دار سے تقاضا کرنا ۔

(ہ ۔ ا ۔ مذ) پانی بھرنے کا بڑا سا پتیلا ۔ برتن ۔ کلسا ۔

**ٹوکنی** ۔ (ٹوک ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث] پانی یا دودھ رکھنے کی کلسی ۔ ٹوکنا کی تانیث ۔

**ٹوکی** ۔ (ٹو ۔ کی) (ہ ۔ ا ۔ مث) انگیا کی کٹوریوں کا اوپر کا ٹکڑا ۔

**ٹول** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) نطفہ ۔ منی ۔ بچہ ۔ لڑکا ۔ اولاد (۲) دھکا ۔ بدھی ۔ تھپیڑ ۔ ضرب صدمہ (۴) گروپ ۔ گروہ ۔ بھیڑ ۔ مجمع (۵) چھوٹا گاؤں ۔

**ٹول مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک چیز کو دوسری چیز پر دے مارنا ۔

**ٹول** ۔ (Tool) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) اوزار ۔ میکانکی آلہ (۲) سٹرک کا محصول ۔

**ٹول** (Twill) (کابگاڑ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے ٹوئل ۔

**ٹولا** ۔ (ٹو ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) شہر کا ایک حصّہ (۲) محلہ ۔ کوچہ (۳) چیزوں کا سیٹ (۴) گروہ ۔ مجمع (۵) چیزوں کا مجموعہ ۔ نیل ۔ مار یا ضرب کا نشان ۔

**ٹولا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بدھی پڑنا ۔ نیل پڑنا ۔ نشان پڑنا ۔

**ٹولنیاں** ۔ (ٹول ۔ نی ۔ آں) [ق ۔ ا ۔ مث] نخرے ۔ غمزے ۔ ادائیں ۔

**ٹولن میں گھر ٹول بھلا، سب باجن میں ڈھول بھلا** ۔ (مثل) سب ٹولوں (ٹولن) میں گھر بہترین حصّہ شہر یا کوچہ ہے ۔ سب باجے (باجوں) میں ڈھول سب سے اچھا باجا ہے ۔

**ٹولی** ۔ (ٹو ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گروہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ پرا ۔ ٹکڑی ۔ طائفہ (۲) پتھر کی سل ۔ بھاری پتھر ۔

**ٹوم** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گہنا پاتا ۔ زیور (۲) خوبصورت عورت (۳) مال دار عورت سونے کی چڑیا (۴) چالاک آدمی ۔ چلتا پرزہ ۔ عیار (۵) انتڑیاں (۶) کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری (۷) نوچی (۸) نیلا ہوا ۔

**ٹوم بنا بیر ہنے ایسی ۔ بن پانی کے کھیتی جیسی** ۔ (مثل) زیور (ٹوم) کے بغیر عورت (بیر) ایسی ہوتی ہے ۔ جیسے پانی کے بغیر کھیتی ۔

**ٹوم بیر کی پت بڑھاوے ۔ ٹوم تجھے دھن دنت کہاوے** ۔ (مثل) عورت (بیر) کی عزت (پت) گہنے پاتے (ٹوم) سے ہوتی ہے گہنے پاتے کی وجہ سے انسان دولت مند (دھن دولت والا) کہلاتا ہے ۔

**ٹوم ٹام** ۔ (ہ ۔ مث) (۱) گہنا پاتا (۲) کم قیمت چیز یا کوئی ہلکا زیور (۳) اکا دکا کوئی کوئی ۔

**ٹوم چھلا** ۔ (ہ ۔ مذ) ادنیٰ قسم کا زیور ۔

**ٹوم دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کبوتروں کو چھتری پر سے ابھارنا (۲) ٹہوکا دینا ۔ چٹکی مارنا ۔ ٹوسنا

**ٹوم کپڑے جس گھر پاویں ۔ ایک چھوڑ دس بیر آویں** ۔ (مثل) جس گھر میں گہنا پاتا اور کپڑا لتا موجود ہو وہاں ایک چھوڑ دس عورتیں بیاہ کر لائی جا سکتی ہیں (مطلب) امیر آدمی جتنی شادیاں چاہے کر سکتا ہے ۔

**ٹومسنی** ۔ (ٹوم ۔ نی) [ق] ٹہوکا ۔ ضرب ۔ ٹھوکر ۔

**ٹوں** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث) پوں ۔ ریاح خارج ہونے کی آواز ۔

**ٹونا** ۔ (ٹو ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جادو ۔ منتر ۔ جادوگری (۲) ایک قسم کا گیت، جو شادی کی تقریب میں ڈومنیاں گاتی ہیں ۔

**ٹونا ہائی ۔ ٹونہائی** ۔ دیکھیے ٹونہائی ۔

**ٹونے باز** ۔ (ا ۔ ف ۔ مذ) جادوگر ۔ ساحر ۔ منتری ۔

**ٹونے ٹوٹکے** ۔ (ا ۔ مذ) گنڈا تعویذ ۔ جنتر منتر ۔ جھاڑ پھونک ۔

**ٹونٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) پرندے کی چونچ ۔

**ٹونٹا** ۔ (ٹون ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی آتش بازی (نیز دیکھیے ٹونٹا) (صف) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو ۔ (نیز دیکھیے ٹنٹا اور ٹنڈا) ۔

**ٹونٹی** ۔ (ٹون ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) لوٹے یا بدھنے کا نل دار منہ جس سے پانی باہر نکلتا ہے ۔

**ٹونڈی** ۔ (ٹون ۔ ڈی) (ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ناف (۲) گاجر مولی کی نوک ۔

**ٹونگا ٹانگی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) تھوڑا تھوڑا کھانے کا عمل ۔

**ٹونگنا** ۔ (ٹونگ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ایک ایک دانہ اٹھا کے کھانا ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا ۔

**ٹوہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) تلاش ۔ جستجو ۔ کھوج ۔ ڈھونڈھ (۲) ٹٹول ۔ دیکھ بھال ۔ نگرانی ۔

**ٹوہ لوہ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خبر رکھنا (۲) حفاظت رکھنا ۔



Marfat.com

**ٹوہ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حال معلوم کرتے رہنا (۲) خبر گیری کرنا (۳) تلاش میں رہنا۔
**ٹوہ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔
**ٹوہ لینا**۔ (۱) کسی کا عندیہ معلوم کرنا (۲) کسی معاملے کا گہرا راز معلوم کرنا۔ (۳) پتا لگانا۔
**ٹوہ میں رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلاش میں رہنا (۲) عیب ڈھونڈنے کے درپے رہنا۔
**ٹوہا ٹاہی**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تلاش۔ ٹٹول (۲) چھان بین (۳) دیکھ بھال۔
**ٹوہنا**۔ (ٹوہ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تلاش کرنا (۲) کھوج لگانا۔ پتا چلانا (۳) عندیہ معلوم کرنا (۴) ٹٹولنا۔
**ٹوہیا**۔ (ٹو۔ ہی۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] تلاش کرنے والا۔ کھوجی۔ جاسوس۔
**ٹوئل**۔ (Twill) (ٹو۔ ول) [انگ۔ ا۔ مذ] دوسوتی کی طرح کا سوتی کپڑا۔
**ٹوئی**۔ (ٹو۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) قلم (۲) جوار باجرے کی پوری۔ نیزہ کی پوری۔
**ٹویاں**۔ [ہ۔ صف] دیکھیے ٹٹیاں۔
**ٹویڈ**۔ (Tweed) (ٹ۔ ویڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] کھردرا یا موٹا اونی کپڑا۔

## ٹ ـــــ ہ

**ٹہل**۔ (ٹ۔ ہل) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خدمت گزاری (۲) ملازمت (۳) خدمت۔ فرض (۴) محنت۔ مشقت (۵) چہل قدمی۔
**ٹہل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چلا جانا (۲) ٹل جانا۔ بھاگ جانا (۳) مر جانا۔
**ٹہل کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ آرام پہنچانا۔
**ٹہل کرو فقیر کی جو دیوے تمہیں اسیس۔ رین دنا راضی رہو جگ میں بسوا بیس**۔ (مثل) فقیروں کی خدمت کرو۔ وہ تمہیں دعائیں (اسیس) دیں گے۔ ان دعاؤں کی برکت سے تم رات دن (رین دنا) خوش رہو گے دنیا میں قطعی طور پر (بسوا بیس) خوش رہنے کا یہی طریقہ ہے۔ مطلب یہ کہ غریبوں کو دینے دلانے سے انسان کو دلی سکون ملتا ہے۔
**ٹہل کرو ماں باپ کی جو ہوئیں سپورن آس۔ یا ٹہل سوں جو پھرہیں نرک انہوں کی باس**۔ (مثل) ماں باپ کی خدمت (ٹہل) کرو تاکہ (جو) تمہاری امیدیں پوری ہوں (سپورن ہوئیں) اس (یا) خدمت سے (سوں) جو برگشتہ ہوتے ہیں۔ ان کا ٹھکانا (باس) دوزخ (نرک) ہے۔ مطلب یہ کہ والدین کی خدمت سے سب کچھ مل جاتا ہے اور جو ایسا نہ کریں ان کی عاقبت خراب ہو جاتی ہے۔
**ٹہل نہ ٹکوری لاؤ مجوری موری**۔ (مثل) خدمت تو کچھ بھی نہیں کی (ٹہل نہ ٹکوری) معاوضہ مانگنے کو تیار ہیں۔ کام چور۔
**ٹہلانا**۔ (ٹہ۔ لانا) [ہ۔ مص] (۱) پھرانا۔ چہل قدمی کرانا (۲) گھوڑوں کو پھیرا دینا۔ (۳) ٹالنا۔ ہٹانا (۴) غائب کرنا (۵) موقوف کرنا۔
**ٹہلنا**۔ (ٹ۔ ہل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ گشت لگانا۔ پھیری کرنا (۲) رخصت ہونا۔ ٹلنا۔ جدا ہونا (۳) مر جانا (۴) سیر کرنا۔
**ٹہلنی**۔ (ٹ۔ ہل۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] خدمت کرنے والی۔ ملازمہ۔

**ٹہلوا**۔ (ٹ۔ ہل۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] خدمت گار۔ سیوک۔ ملازم۔ نوکر۔
**ٹہنی**۔ (ٹہ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] شاخ۔ ڈالی۔ ٹہنا کا مؤنث۔
**ٹہنا**۔ (ٹہ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) موٹی اور بڑی شاخ۔ گدا۔
**ٹہوکا**۔ (ٹ۔ ہو۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دھکا (۲) ضرب (۳) تھپیڑ (۴) ریلا (۵) کہنی مارنا (۶) آنکھ مارنا۔ ہلانا۔
**ٹہوکا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ یا پاؤں سے دھکا دینا (۲) خبردار کرنا۔ جتانا آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جھنجھوڑنا۔
**ٹہوں**۔ (ٹ۔ ہوں) [ہ۔ ا۔ مث] نومولود کے رونے کی آواز۔

## ٹھ

**ٹھا**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) زور کی آواز۔ پٹاخے کی آواز (مؤنث) (۱) جگہ۔ مقام (۲) (موسیقی کی اصطلاح) مدھم آواز۔ درمیانے درجے کی آواز۔
**ٹھاٹ۔ ٹھاٹھ**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) فیشن۔ ڈھنگ۔ ناز و ادا۔ طور طریقہ۔ (۲) شان و شوکت۔ کر و فر۔ آن بان۔ رعب داب۔ جاہ و حشم۔ جاہ و جلال (۳) سجاوٹ۔ آرائش (۴) بہتات۔ افراط (۵) ہجوم۔ جلوس۔ ہنگامہ۔ دھوم دھام (۶) تکلفات۔ مال و متاع۔ لوازم زندگی۔ فرنیچر۔ سامان آسائش وغیرہ (۷) سکیم۔ پلان۔ منصوبہ۔ بندوبست۔ تجویز۔ تدبیر (۸) تراش۔ وضع۔ سانچا۔ فریم (۹) ٹھاٹر۔ بانس کا چوکھٹا جس پر چھپر رکھتے ہیں۔ پنجر۔ ڈھانچہ (۱۰) پٹا بازوں کا پینترا (کھڑے ہونے، چوٹ لگانے یا بچنے کا انداز) (۱۱) کبوتر کا خوشی میں پر پھڑپھڑانا (۱۲) مرغ کی چال ڈھال جب وہ مقابل سے بھڑنے کے لیے قدم اٹھاتا ہے (۱۳) آرام و آسائش (۱۴) ستار نواز کا ستار کی کھونٹیاں کسنا (۱۵) راگ کا خاص انداز۔
**ٹھاٹ باٹ**۔ (ا۔ مث) شان و شوکت۔ آن بان۔
**ٹھاٹ باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹٹی باندھنا۔ چھپر کے لیے چوکھٹا باندھنا (۲) پٹا بازوں کا قاعدے سے کھڑا ہونا (۳) گانے والے کا راگ کو قاعدوں کے مطابق قائم کر لینا۔
**ٹھاٹ بدلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پینترا بدلنا۔ نئے انداز سے کھڑے ہونا (۲) نئی طرز سے آرائش کرنا (۳) نئی طرز اختیار کرنا۔ انداز بدلنا (۴) لباس تبدیل کرنا (۵) شان و شوکت کے اظہار کا نیا پیرایہ اختیار کرنا۔
**ٹھاٹ پڑا رہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) سامان اور مال اسباب اس دنیا میں رہ جانا۔
**ٹھاٹ پھیلانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز یا کام کو صحیح طریق پر چلانے کی تدبیریں کرنا۔
**ٹھاٹ سے آنا**۔ (ا۔ محاورہ) شان سے آنا۔ اہتمام سے آنا۔
**ٹھاٹ سے پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ناز و انداز سے چلنا۔ تمکنت سے قدم اٹھانا۔ شان و شوکت دکھانا۔
**ٹھاٹ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سجاوٹ یا آرائش کرنا (۲) کبوتر کا خوشی میں پر مارنا (۳) لڑائی کے وقت مرغ کا اکڑ اکڑ کر چلنا (۴) شان کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔
**ٹھاٹ مار کر (کے) اٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) پرند کا پر جھاڑ کر اڑنے کے لیے اٹھنا۔



Marfat.com

**ٹھاٹ مارنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پرندے کا اُڑنے سے پہلے پَر تولنا (۲) مرغوں کا بال و پَر ہلانا (۳) کبوتر کا جُھنجی کرکے اُٹھنا (۴) مزے اُڑانا۔
**ٹھاٹھیں مارنا**۔ (ا۔محاورہ) پانی کا اُونچی اُونچی، پُرشور موجیں مارنا۔
**ٹھاٹھا**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) بیل کا کوہان (۲) وہ کپڑا جو چور ڈاکو اور قاتل وغیرہ اس لیے منہ پر باندھتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں (۳) وہ کپڑا جو ڈاڑھی کی مانگ نکال کر اسے دائیں بائیں کَلّوں پر جمانے کے لیے باندھتے ہیں۔
**ٹھاٹر**۔ (ٹھا۔ٹَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بانس کا ڈھانچہ۔ ٹٹی (۲) کبوتروں اور مرغوں کا ڈربہ (۳) روشنیوں کی ٹٹی جو تقریبات پر کھڑی کی جاتی ہے۔
**ٹھاٹر بندی**۔ (ہ۔ا۔مث) روشنیوں کی ٹٹی یا ٹھاٹر باندھنا۔
**ٹھاٹر کھول نکھٹو آیا**۔ (مثل) نکمّے اور کمائی نہ کرنے والے شوہر کے گھر آنے پر بطور طنز یہ مثل کہتے ہیں۔
**ٹھاڈا۔ ٹھاڑا**۔ (ٹھا۔ڈا) (ٹھا۔ڑا) [ہ۔صف] (۱) طاقت ور۔ مضبوط۔ توانا قوی ہیکل۔ زور آور (۲) سیدھا کھڑا ہوا۔ عمودی۔ ایک جگہ قائم۔ گڑا ہوا (۵) ڈھلوان۔
**ٹھاڈا مارے اور (آگے رکھ لے) رونے نہ دے**۔ (مثل) زبردست زیادتی کرنے کے بعد فریاد بھی نہیں کرنے دیتا۔ غالب مغلوب کے ساتھ جو سلوک چاہے کرے۔
**ٹھاڈے کی جورو سب کی دادی۔ غریب کی جورو سب کی بھابی**۔ (۱) زبردست آدمی کی بیوی کی سب عزت کرتے ہیں مگر غریب کی بیوی سے بے تکلفی کا برتاؤ کرتے ہیں۔
**ٹھار**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) برف۔ پالا (۲) ارادہ۔ قصد (۳) جگہ۔ ٹھکانا۔
**ٹھاری**۔ (ٹھا۔ری) [ہ۔ا۔مذ] وہ لکڑی جو لکڑی پھینکنے والے دوسرے کے سر پر مارتے ہیں۔
**ٹھاکر**۔ (ٹھا۔کُر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دیوتا۔ پرماتما (۲) مالک۔ آقا (۳) امیر۔ راجپوت (۴) زمیندار (۵) ہندوؤں کے جنگ جُو فرقے راجپوت کا فرد (۶) نائی حجام (۷) عزت و احترام کا لفظ جیسے حضرت جناب۔ صاحب۔ مسٹر وغیرہ (۸) دولت مند۔ مال دار۔ امیر۔
**ٹھاکر پتھر، مالا لکڑی، گنگا جمنا پانی۔ جب تک من میں سانچ نہ آئے چاروں وید کہانی**۔ (ہ۔مثل) جب تک دل میں سچائی (سانچ) نہ ہو اس وقت تک بت (ٹھاکر) جسے بھگوان کی مورت سمجھ کر پوجا کی جاتی ہے۔ پتھر کے برابر ہے اور تسبیح (مالا) لکڑی کے دانے ہیں جو ایک ڈوری میں پرو دیئے گئے ہیں اور گنگا جمنا جنہیں مقدس سمجھا جاتا ہے محض دو دریا ہیں۔ یہاں تک کہ چاروں وید جو آسمانی صحیفے مانے جاتے ہیں وہ بھی قصے کہانی سے زیادہ نہیں۔ مطلب یہ کہ جب تک دل میں ایمان نہ ہو اس وقت تک مذہبی باتیں بے اثر رہتی ہیں۔
**ٹھاکر دوارہ**۔ (ہ۔ا۔مذ) مندر۔ پوجا کرنے کی جگہ۔
**ٹھاکر سیوا**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) بُت کی خدمت (۲) بُت کی پوجا (۳) وہ جاگیر جو مندر کے لئے وقف کردی گئی ہو۔
**ٹھاکرائن**۔ (ٹھا۔کُ۔را۔ئن) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹھاکر کی بیوی۔ ٹھاکرائن۔
**ٹھال**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) بے کاری بیروزگاری (۲) فرصت چھٹی۔ فراغت۔

**ٹھالا**۔ [ہ۔صف] (۱) بے کار (۲) جسے فراغت ہو۔ فرصت ہو (۳) مفلس۔ محتاج۔
**ٹھالا پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ بے کار اِدھر اُدھر پھرنا۔
**ٹھالی**۔ (ٹھا۔لی) [ہ۔صف] (۱) خالی (۲) بے کار۔ بے روزگار (۳) جسے کام سے فراغت ہو۔ جو چھٹی پر ہو (۴) چھوٹی شاخ۔
**ٹھالی بنیا تولے باٹ**۔ (مثل) انسان بے کاری کی حالت میں فضول یا غیر ضروری کام کرتا ہے (بنیا خالی بیٹھے بیٹھے اپنے بٹّے ہی تولنے شروع کردیتا ہے)۔
**ٹھالی بنیا کیا کرے۔ اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی دھرے**۔ (مثل) ٹھالی (خالی) بنیا کیا کرے وہ ایک کوٹھی کے دھان دوسری کوٹھی میں رکھنے لگتا ہے۔ مطلب یہ کہ آدمی بے کاری کی حالت میں فضول کام کرنے لگتا ہے۔
**ٹھام**۔ (ق۔ا۔مذ) مقام۔
**ٹھاں**۔ (ہ۔ا۔مث) بندوق چلنے کی آواز۔ گولی چلنے کی آواز۔
**ٹھاں ٹھاں۔ ٹھائیں ٹھائیں**۔ بندوق کے فیروں کی لگاتار آوازیں۔
**ٹھانس**۔ [ق۔ا۔مث] کھانسی۔
**ٹھانسا**۔ (ٹھاں۔سا) [ہ۔ا۔مذ] بندوق کی ڈاٹ یا وہ چیتھڑا جو اس کے اندر بھرا جاتا ہے۔
**ٹھانسنا**۔ (ٹھانس۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹھونسنا۔ خوب دبا کے بھرنا۔ کھچا کھچ بھرنا۔ (۲) گھسیڑنا۔ داخل کرنا (۳) مضبوط یا پختہ کرنا (۴) گھوڑے کی لگام کھینچنا۔
**ٹھان لینا**۔ (ٹھان۔لے۔نا) [ہ۔مص] پکا ارادہ کرلینا۔ عہد کرلینا۔
**ٹھاننا**۔ (ٹھان۔نا) [ہ۔مص] پکا ارادہ کرنا۔ نیت کرلینا۔ منصوبہ باندھنا۔
**ٹھاؤں**۔ (ٹھا۔اُوں) [ہ۔ا۔مث] (ق) جگہ۔ ٹھکانا۔ استھان۔
**ٹھاویں۔ ٹھاؤں**۔ جگہ جگہ [ق]۔
**ٹھپا**۔ (ٹھپ۔پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھات کا بنا ہوا چھاپا۔ نقش کرنے، چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ (۲) سکہ۔ نقش (۳) مُہر۔ اُبھرا ہوا نقش۔ ڈائی (۴) سانچا۔ قالب (۵) وہ نشان یا نقش جو ٹھپے سے لگے یا چھپے (۶) ایسا نشان جو ہاتھ یا پنجے سے کسی چیز پر لگ جائے (۷) چوڑا گوٹا یا لیس۔
**ٹھپا لگانا**۔ (۱) نقش لگانا (۲) چھاپنا (۳) نشان لگانا۔
**ٹھٹ۔ ٹھٹھ**۔ (ہ۔ا۔مذ) بھیڑ۔ ازدحام۔ جمگھٹ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔
**ٹھٹ کے ٹھٹ**۔ (ہ۔ا۔مذ) گروہ کے گروہ۔ زبردست بھیڑ۔ زبردست ہجوم۔ جم غفیر۔
**ٹھٹّا۔ ٹھٹھا**۔ (ٹھٹ۔ٹا۔ ٹھٹ۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہنسی مذاق۔ چہل (۲) قہقہہ۔ آواز سے ہنسنا (۳) آسان کام۔
**ٹھٹّا اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا (۲) کسی پر اس طرح ہنسنا جیسے اسے ذلیل کرنا ہے۔ تضحیک کرنا۔
**ٹھٹّا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہنسی کرنا۔ مذاق کرنا۔ مخول کرنا۔ ہنسنا۔ چہل کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ آوازہ کسنا (۲) آسان سمجھنا۔ کوئی اہمیت نہ دینا۔
**ٹھٹّا لگانا۔ ٹھٹّا مارنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کھل کھلا کر ہنسنا۔ قہقہہ مارنا یا لگانا (۲) چھیڑنا۔ ہنسی اُڑانا۔ آوازہ کسنا۔



Marfat.com

**ٹھٹّا (ٹھٹّے) مار کر۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) ہنسی اُڑاتے ہوئے۔ تضحیک کرتے ہوئے۔ ذلیل کرتے ہوئے۔

**ٹھٹّے باز۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ٹھٹھول۔ مسخرا۔ خوش طبع۔ ظریف۔

**ٹھٹّے بازی۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہنسی مذاق۔ مزاح۔ خوش مزاجی۔ مسخرہ پن (۲) آسان بات یا کام۔

**ٹھٹّے میں اُڑانا (اُڑا دینا)۔** (ا۔ محاورہ) ہنسی میں اُڑا دینا۔ مذاق میں بات ختم کر دینا۔ کوئی اہمیت نہ دینا۔

**ٹھٹر۔ ٹھٹھر۔** (ٹھَٹ۔ ٹَر۔ ٹھَٹھ۔ ھَر) (ہ۔ ا۔ مذ) چھپر کی چھت کا بانسوں کا چوکھٹا دیکھئے ٹھاٹ اور ٹھاٹر۔

**ٹھٹرا۔ ٹھٹھرا۔** (ٹھَٹ۔ را۔ ٹھَٹھ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) باڑھ۔

**ٹھٹرا جانا۔** (ا۔ مص) دیکھئے ٹھٹرنا (۱) پالے سے مرجانا (۲) بڑھنے سے رُک جانا (۳) سردی سے اکڑ جانا۔

**ٹھٹرانا۔ ٹھٹھرانا۔** (ٹھِٹ۔ رانا۔ ٹھِٹھ۔ رانا) (ہ۔ مص) (۱) سردی کی شدت سے بے سُدھ ہو جانا یا بے حس کر دینا (۲) بڑھنے نہ دینا (۳) پالے سے مروا دینا۔

**ٹھٹراہٹ۔ ٹھٹھراہٹ۔** (ٹھِٹ۔ را۔ ہٹ) (ٹھِٹھ۔ را۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) کپکپی۔ شدت کی ٹھنڈ۔ سردی سے سُن ہو جانا۔

**ٹھٹرنا۔ ٹھٹھرنا۔** (ٹھِٹ۔ ٹُرنا۔ ٹھِٹھ۔ ھُرنا) (ہ۔ مص) (۱) سردی سے اکڑنا۔ ٹھنڈ سے اینٹھنا۔ سخت سردی لگنا (۲) سردی کی وجہ سے کپکپانا۔ لرزنا۔ ٹھنڈا ہو جانا (۳) سردی کے مارے بے حس ہو جانا (۴) بڑھنے سے رُک جانا قوتِ نامیہ کا ختم ہو جانا۔ سکڑنا۔ مرجانا۔

**ٹھٹری۔ ٹھٹھری۔** (ٹھَٹ۔ ری۔ ٹھَٹھ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مکان کی چھت کے لیے بانس کا ڈھانچا (۲) چٹائی کے پردے کا فریم یا ڈھانچہ (۳) پنجر ڈھانچہ (۴) دُبلا پتلا آدمی (۵) ارتھی۔ جنازہ۔

**ٹھٹک۔ ٹھٹھک۔** (ٹھِٹ۔ ٹھک۔ ٹھِٹھ۔ ٹھک) (ہ۔ ا۔ مث) رُک جانے، تھم جانے، رُک کر کھڑے ہو جانے۔ اچانک رُک جانے، حیران کھڑے رہ جانے کی حالت یا کیفیت۔

**ٹھٹک ٹھٹک کے۔** رُک رُک کے۔ بے دلی سے۔ نیم دلی سے۔ ہچکچاہٹ کے ساتھ۔

**ٹھٹک جانا۔ ٹھٹھک رہ جانا۔ ٹھٹک رہنا۔** (مص مرکب) چلتے چلتے کوئی کام کرتے کرتے یا کوئی بات کرتے کرتے اچانک رُک جانا (۲) ڈر یا حیرت کی وجہ سے شش و پنج میں پڑ جانا۔ حیرت یا خوف سے رُکنا۔

**ٹھٹک کے۔** (۱) حیرانی کے عالم میں (۲) پس و پیش یا ہچکچاہٹ کے ساتھ۔

**ٹھٹکنا۔ ٹھٹھکنا۔** (ٹھِٹ۔ ٹک۔ نا) (ٹھِٹھ۔ ٹھک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اچانک رُکنا۔ (۲) حیران ہو کر رُکنا یا ٹھہر جانا۔ تعجب، حیرت یا شش و پنج کی حالت میں چلتے چلتے ٹھہر جانا۔ تامل کرنا۔ تردد کرنا۔ ڈر کر رکنا (۴) الگ ہونا (۵) ہچکچانا۔ پیچھے ہٹنا۔

**ٹھٹھنا۔** (ٹھِٹھ۔ نا) (ق۔ مص) ٹھاٹھ جانا۔ رنگ جانا۔ نقشہ جانا۔

**ٹھٹھول۔** (ٹھٹ۔ ٹھول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہنسی۔ مذاق۔ چھیڑ چھاڑ۔ چھیڑ خانی۔ خوش طبعی۔ (صف) خوش طبع۔ ظریف۔ ٹھٹّے باز۔ مسخرا۔

**ٹھٹھولپن۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ہنسی مذاق۔ دیکھئے ٹھٹھول۔

**ٹھٹھولی۔** (ٹھٹ۔ ٹھو۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) خوش طبعی۔ ظرافت۔ چھیڑ چھاڑ۔

**ٹھٹھولی کرنا۔ ٹھٹھولیاں کرنا۔** مذاق کرنا۔ تمسخر کرنا۔ چہلیں کرنا۔

**ٹھٹھولیا۔** (ٹھٹ۔ ٹھو۔ لی۔ یا) (ہ۔ صف) ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرا۔

**ٹھٹیرا۔ ٹھٹھیرا۔** (ٹھَ۔ ٹے۔ را۔ ٹھَ۔ ٹھے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) پیتل تانبے وغیرہ کے برتن بنانے یا بیچنے والا (۲) جوار یا باجرے کا ڈنٹھل۔

**ٹھٹیرا بازار۔** وہ بازار جس میں ٹھٹیروں کی دکانیں ہوں۔

**ٹھٹیرے ٹھٹیرے کی بدلائی۔** (مثل) برابر کی ٹکر۔ دو ایسے آدمیوں کے درمیان معاملہ یا ٹکراؤ جو ہم پیشہ، ہم پلہ اور ذہانت میں برابر ہوں۔

**ٹھٹیرے کی بلی۔** (ا۔ مثل) ڈھیٹ۔

**ٹھٹیرے مارنا۔** (ا۔ محاورہ) جوار یا باجرے کے ڈنٹھل سے مارنا۔ عام خیال ہے کہ منگل کے دن بچے کو باجرے یا جوار کے ڈنٹھل سے مارنا اسے دُبلا کر دیتا ہے۔

**ٹھٹیری۔** (ٹھَ۔ ٹے۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ٹھٹیرے کی بیوی (۲) کسیرن۔

**ٹھٹھنی۔** (ق۔ صف) باتونی۔

**ٹھڈا۔** (ٹھڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پتنگ یا کنکوے کی بیچ کی سوٹی تیلی یا کھپچی۔ (۲) کمر کی ہڈی۔ پیٹھ یا پشت کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔

**ٹھڈا ٹوٹی۔** (ا۔ صف۔ مث) (۱) جس کا ٹھڈا ٹوٹ گیا ہو (۲) جس کی کمر جُھک گئی ہو۔ کمر ٹوٹی۔ کبڑی۔

**ٹھڈی۔** (ٹھڈ۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) انسان کے چہرے کا سب سے نچلا حصّہ۔ ٹھوڑی۔ زنخ دان۔ ذقن (۲) بھُنے ہوئے اناج کا ایسا دانہ جو خستہ ہونے یا کھلنے سے رہ گیا ہو۔

**ٹھڈی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) سوچ میں پڑا ہونا۔ فکرمند یا غمگین ہونا۔

**ٹھڈی پکڑنا۔ ٹھڈی میں ہاتھ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا (۲) غصہ ٹھنڈا کرنا۔ ناراضگی دُور کرنا۔

**ٹھڈی کا گڑھا۔** (ا۔ مذ) چاہِ ذقن۔

**ٹھڈی کے نیچے ہاتھ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) حیران ہونا۔ شش و پنج میں پڑنا۔

**ٹھر۔** (ہ۔ ا۔ مث) سخت سردی۔ پالا۔ انتہائی ٹھنڈ۔

**ٹھرا۔** (ٹھر۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گھٹیا دیسی شراب (۲) انگیا یا محرم کے بند (۳) کچی اینٹ۔ خراب اینٹ (۴) دیہاتی جوتا (۵) سوت کی رسی۔

**ٹھرنا۔** (ہ۔ مص) سردی لگنا۔ سردی کا اثر ہو جانا۔

**ٹھس۔** (ہ۔ صف) (۱) کند ذہن۔ کودن (۲) سُست۔ جو اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ (۳) ٹھوس۔ بھاری (۴) کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو (۵) ضدی۔ ہٹیلا (۶) جو ٹھونس ٹھونس کر بھرا گیا ہو (۷) پتنگ کے وہ کنے جو برابر نہ ہوں (ا۔ مذ) بندوق جیسی آواز جو منہ سے نکالی جائے۔

**ٹھسا۔** (ٹھس۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر (۲) خاص انداز۔ نخرہ (۳) ٹھپا۔ سانچا۔ چھاپا (۴) شان و شوکت۔ ٹھاٹ باٹ۔

**ٹھسا ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سکہ بنانا (۲) نقش ڈالنا۔ مہر لگانا۔

ٹھسّے سے چلنا۔ ناز سے چلنا (۲) اِٹھلا کر چلنا۔ ٹھاٹ سے قدم اُٹھانا۔

**ٹھسا ٹھس۔** (ہ۔ صف) کھچا کھچ۔ بہت بھرا ہوا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا۔

**ٹھسا دینا۔ ٹھسانا۔** (ٹھُ۔سا۔ دے۔ نا۔ ٹھُ۔ سا۔ نا) اصل میں ٹھونسا دینا اور ٹھونسانا ہے، لیکن واؤ اور نون حذف کر دیتے ہیں۔ زیادہ کھلا دینا۔ اتنا کھلا دینا کہ ہضم نہ ہو سکے۔

**ٹھُسک۔** (ٹھُ۔ سَک) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کھانسی کی آواز۔ خشک کھانسی (۲) ضرب (۳) شان و شوکت۔ دھوم دھام (۴) ناز و انداز۔ خوش خرامی (۵) تکبر۔ غرور (۶) زکام کی وجہ سے گلے میں خراش۔

**ٹھسکا۔** (ٹھس۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کھانسی کی آواز (۲) تھوڑی تھوڑی کھانسی۔

**ٹھسکنا۔** (ٹھَ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) مٹی کے برتن کا دوسرے برتن سے ٹکرانے کی وجہ سے تھوڑا سا ٹوٹ جانا (۲) گرا دینا۔ مار دینا۔

**ٹھُسکنا۔** (ٹھُ۔ سَک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بچوں کا بے آواز رونا (۲) ہولے ہولے رونا۔

**ٹھُسکی۔** (ٹھُس۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] پُھسکی۔

**ٹھَسنا۔** (ٹھَس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا۔

**ٹھُسنا۔** (ٹھُس۔ نا) [ہ۔ مص] بھرنا۔ سمانا۔ آنا۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں بڑی کوشش اور روز آزمائی کے بعد سمانا۔

**ٹھُسوانا۔** (ٹھُس۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] بھروانا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھروانا۔

**ٹھُسّی۔** (ٹھُس۔ سی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] گلے میں پہننے کا حیدرآبادی زیور جس میں کڑیاں اور گھونگرو ہوتے ہیں۔

**ٹھکان۔** (ق۔ ا۔ مذکر) مقام۔ ٹھکانا۔

**ٹھکانا۔** (ٹھِ۔ کا۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جگہ۔ مقام (۲) پتا۔ نشان۔ سُراغ جس سے کسی کا پتا چلایا جا سکے۔ (۳) گھر۔ مکان۔ ڈیرا۔ رہائش گاہ۔ جائے سکونت۔ جائے قیام (۴) اڈا۔ مرکز۔ جائے قرار (۵) ملاقات یا وعدہ پورا کرنے کی کوئی خاص مقررہ جگہ (۶) موقع۔ جائے وقوع۔ (۷) کسی خاص کام کی کوئی جگہ (۸) اعتبار۔ بھروسا (۹) حد۔ انتہا۔ (۱۰) رشتے داری (۱۱) یقینی علم (۱۲) مناسبت۔ میل (۱۳) اصل بنا۔ بنیاد (۱۴) انتظام۔ بندوبست۔ نوکری۔

**ٹھکانا ڈھونڈنا۔** (۱) رہنے کے لیے مکان تلاش کرنا (۲) ملازمت ڈھونڈنا (۳) لڑکی کے لیے بَر تلاش کرنا۔

**ٹھکانا کرنا۔** (۱) کہیں ٹھہر جانا۔ کسی جگہ رہنے لگنا۔ قدم جما لینا (۲) شادی کر کے گھر آباد کرنا (۳) بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔

**ٹھکانا لگانا۔** (۱) معلوم کرنا۔ چلانا۔ سراغ لگانا (۲) کسی کا مکان یا رہائش گاہ معلوم کرنا (۳) ثابت کرنا۔

**ٹھکانا ہونا۔** (۱) جگہ ہونا (۲) جائے پناہ ہونا۔

**ٹھکانے بھرنا۔** سقوں کا ان گھروں میں پانی پہنچانا جہاں وہ مستقل طور پر پانی بھرتے ہیں۔

**ٹھکانے چُکانا۔** خاندان کے کسی رکن کی موت پر ملازموں وغیرہ کو روپیہ بانٹنا۔

**ٹھکانے رہنا۔** (۱) ایک جگہ جمے رہنا (۲) ایک راستہ پکڑے رہنا۔ ایک روش پر قائم رہنا۔

**ٹھکانے سے بیٹھنا۔** (۱) آرام سے بیٹھنا۔ ادب اور سلیقہ سے بیٹھنا (۲) کہیں مستقل رہائش یا بود و باش اختیار کرنا (۳) کسی آرام دہ مکان میں مستقل طور پر سکونت رکھنا۔

**ٹھکانے سے رکھ دینا۔** (۱) مناسب جگہ پر رکھ دینا (۲) سلیقے یا ترتیب سے رکھ دینا

**ٹھکانے سے لگانا۔** (۱) مناسب جگہ پہنچا دینا (۲) مناسب موقع پر رکھ دینا۔ صحیح مصرف میں لانا۔

**ٹھکانے سے لگنا۔** (۱) صحیح مقام پر پہنچ جانا (۲) صحیح استعمال یا مصرف میں آ جانا۔ (۳) ٹھیک جگہ پر کام آ جانا۔

**ٹھکانے کا۔** قرینے کا۔ ڈھب کا۔ موزوں۔ مناسب۔ برمحل۔ موقع کا۔

**ٹھکانے لگانا۔** (۱) مدعا کو پہنچانا۔ کامیابی کی منزل پر پہنچا دینا (۲) مار ڈالنا۔ ہلاک کر دینا۔ قتل کر دینا۔ کام تمام کر دینا (۳) خرچ کر دینا۔ صرف کر دینا۔ اُٹھا ڈالنا (۴) رائیگاں نہ کرنا (۵) گھر بسا دینا۔ شادی کروا دینا (۶) گرہ سے خرچ کرنا۔ مناسب موقع اور وقت پر روپیہ اُٹھانا (۷) کسی کام کو پورا کر دینا۔ انجام تک پہنچا دینا (۸) ملازم کرا دینا۔ روزی سے لگا دینا (۹) اطمینان دلانا۔ تسلی دینا (۱۰) چیز مناسب جگہ کھپا دینا یا رکھنا۔

**ٹھکانے لگنا۔** (۱) خرچ ہونا (۲) صرف ہونا۔ (۳) چسپ ہونا۔ قرار پکڑنا۔ (۴) مُراد کو پہنچنا۔ مدعا حاصل ہونا۔ کامیاب ہو جانا (۵) رائیگاں یا ضائع نہ ہونا۔ (۶) مرنا۔ مارا جانا۔ خاتمہ ہونا۔

**ٹھک ٹھک۔** (ٹھک۔ ٹھک) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) کواڑوں کو کھٹکھٹانے یا پیٹنے کی آواز (۲) لڑائی۔ بک بک۔ جھک جھک۔

**ٹھُک جانا۔** (ہ۔ مص) (۱) گڑ جانا۔ اندر گھسنا (۲) مار کھا لینا (۳) شکست کھا جانا (۴) پچھڑ جانا (۵) نقصان اُٹھانا (۶) قید ہو جانا (۷) (مقدمہ) دائر ہو جانا۔

**ٹھُکرا۔** (ٹھُک۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے ٹھیکرا۔

**ٹھُکرانا۔** (ٹھُک۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹھوکر مارنا۔ ٹھوکر لگانا (۲) روندنا۔ پامال کرنا (۳) بُرا یا ذلیل سمجھ کر لات مارنا (۴) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ اپنے سے حقیر سمجھ کر الگ ہو جانا (۵) انکار کرنا۔ رد کرنا۔ نامنظور کرنا۔

**ٹھکرانی۔ ٹھکرائن۔** (ٹھَ۔ کُ۔ را۔ نی، ٹھَ۔ کُ۔ را۔ ئن) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ٹھاکر کی بیوی۔ بیٹی یا بہن وغیرہ۔

**ٹھُکری۔** (ٹھُک۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث]۔ دیکھیے ٹھیکری۔

**ٹھُکنا۔** (ٹھُک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مار کھانا۔ پٹنا۔ پیٹا جانا۔ سزا پانا (۲) گڑنا۔ اندر گھسنا۔ گھسنا (۳) پچھڑنا۔ کشتی میں چت ہونا (۴) شکست کھانا۔ ہارنا۔ مغلوب ہونا (۵) نقصان اُٹھانا۔ خسارہ اُٹھانا (۶) قید ہونا۔ بیڑیاں پڑنا۔ (۷) داخل ہونا۔ دائر ہونا (عرضی مقدمہ وغیرہ)

**ٹھُکو۔** (ٹھُک۔ کو) [اُ۔ ا۔ مذکر] ٹھوکنے والا۔ مارنے والا۔ آشنا۔ کسی کا یار۔

**ٹھکوانا۔** (ٹھک۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پٹوانا (۲) جڑوانا (جیسے چارپائی کے پائے میں کھپا) جماع کرانا۔

**ٹھگ۔** (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) ٹھگنے والا۔ دغاباز۔ لٹیرا۔ قزاق۔ چور۔ ڈاکو۔ راہزن۔ جعلساز۔ فریبی (۲) یار مار۔

**ٹھگ بازی۔** (۱) رہزنی۔ قزاقی (۲) دغا۔ فریب۔ جعل سازی۔

**ٹھگ بِدیا۔** (۱) قزاقی یا ٹھگی کا علم (۲) مکاری۔ دغابازی۔ عیاری۔ فریب دہی۔

**ٹھگ بِدیا یاد ہونا۔** کسی انسان کا فریب کاری اور مکاری میں طاق ہونا۔

**ٹھگ ٹھگ کی بھاکا جانے۔** (مثل) ایک ٹھگ دوسرے ٹھگ کی بولی سمجھتا ہے۔ چوروں اور مکاروں کو انہی جیسے انسان پہچان سکتے ہیں۔

**ٹھگ لانا۔** دھوکا دے کر مال لے آنا۔ کوئی چیز چرا لانا۔ چال یا فریب سے مال لے آنا۔

**ٹھگ لینا۔** فریب دے کر مال ہتھیا لینا۔ دھوکے سے چیز لے لینا۔

**ٹھگا جانا۔ ٹھگانا۔** (ٹھَ۔ گا۔ جا۔ نا۔ ٹھَ۔ گا۔ نا) [ہ۔ مص] دھوکا یا فریب کھانا۔ کم داموں کی چیز کے زیادہ دام دے آنا۔ چال میں آ کر خراب چیز خرید لینا۔

**ٹھگائی** (ٹھَ۔ گا۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دھوکا۔ فریب۔ جعل۔ رہزنی۔ قزاقی۔

**ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے** (مثل) چوری، لوٹ۔ دغابازی اور مکاری سے



Marfat.com

دولت جمع ہوتی ہے۔

**ٹھگلانا** - (ٹھگ۔لانا) [ق۔ا۔ مذکر] ٹھگنے والا۔ فریب دینے والا۔

**ٹھگنا** - (ٹھگ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) لوٹنا۔ چھیننا (۲) دغا فریب سے دوسرے کا مال لے لینا (۳) کم داموں کی چیز مہنگے داموں بیچنا۔ کسی قیمتی چیز کو کم داموں خرید لینا (۴) چوری کرنا

**ٹھگنی** - (ٹھگ۔نی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) وہ عورت جو ٹھگے (۲) قزاقنی۔ ٹھگوں میں کی عورت (۳) دغاباز۔ مکارہ۔ فریبن (۴) کٹنی۔ دلالہ۔

**ٹھگوانا** - (ٹھگ۔وا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) دھوکا یا فریب دلوانا (۲) کم داموں کی چیز زیادہ داموں میں خریدوانا۔

**ٹھگی** - (ٹھ۔گی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) قزاقی (۲) ٹھگوں کا کام یا پیشہ (۳) پولیس کا وہ محکمہ جو ٹھگوں کو پکڑتا تھا۔

**ٹھگیا** - (ٹھگ۔یا) (ہ۔ا۔ مذ) دغاباز۔ فریب کار۔ قزاق۔ مکار بٹ مار۔ راہزن

**ٹھلیا** - (ٹھل۔یا) (ہ۔ا۔ مث) پانی بھرنے یا رکھنے کا مٹی کا چھوٹا برتن۔ چھوٹا گھڑا۔ گگری۔

**ٹھمری** - (ٹھم۔ری) (ہ۔ا۔ مث) (۱) ایک گیت جو دو بول کا ہوتا ہے (۲) افواہ۔ گپ۔ چھوٹی بات (۳) ہندی شاعری کی ایک بحر۔

**ٹھمری اڑانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھمری گانا (۲) گپ اڑانا۔ چٹکلہ چھوڑنا۔

**ٹھمک** - (ٹھ۔مک) (ہ۔ا۔ مث) (۱) نازو انداز سے چلنا۔ مستانہ چال۔ (۲) ناچنے کی چال۔

**ٹھمک ٹھمک کر** - ٹھمک ٹھمک کر۔ نازو انداز سے۔ نخرے سے۔

**ٹھمک چال** - (ہ۔ا۔ مث) (۱) معشوقانہ انداز رفتار۔ خرام ناز (۲) بن بن کر قدم اٹھانا۔

**ٹھمکا** - (ٹھم۔کا) (ہ۔ا۔ صف) (۱) جسم کو مٹکانا یا جھٹکا دینا (۲) پستہ قد۔ ٹھنگنا۔

**ٹھمکانا** - (ٹھم۔کا۔نا) (ہ۔ مص) (۱) مٹکانا (۲) نازو انداز سے چلانا (۳) باوقار انداز سے قدم اٹھوانا (۴) جھٹکا دینا (پتنگ کو) (۵) اڑ لگانا۔

**ٹھمکنا** - (ٹھ۔مک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) ٹھٹکنا۔ نازو انداز سے چلنا (۲) بن بن کر چلنا

**ٹھمکی** - (ٹھم۔کی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) چھوٹا سا جھٹکا۔ ہلکا سا جھٹکا۔ پتنگ کو ہوا میں ٹھہرا رکھنے کے لیے آہستہ جھٹکا (۲) ٹھمکا کی صفت مؤنث۔

**ٹھمکی دینا۔ ٹھمکی لگانا** - (ا۔ محاورہ) پتنگ کو جھٹکے دے دے کر ٹھہرا رکھنا۔

**ٹھن** - (ہ۔ا۔ مث) (۱) آواز (۲) شور و غل۔ گھنٹے کی آواز۔

**ٹھن ٹھن۔ ٹھنا ٹھن** - (ہ۔ صوت۔ صف) (۱) بار بار آنے والی آواز (۲) لگاتار شور و غل (۳) گھنٹے کی لگاتار آواز (۴) ہتھوڑے یا دھات کے بنے ہوئے کسی ہتھیار کی آواز (۵) جھنکار (۶) دھات کا سکہ کھنکنے کی آواز۔

**ٹھن ٹھنانا** - (مص) (۱) ٹھن ٹھن کرنا (۲) گھنٹہ یا گھنٹی بجانا (۳) بھڑے اڑانا۔ ونڈنانا۔ آنند کے تار بجانا (۴) کھنکنا۔ بجنا۔

**ٹھن ٹھن گوپال** - (مل) بیوقوف۔ احمق۔ ناسمجھ۔ نادان۔

**ٹھناک۔ ٹھناکا** - (ٹھ۔ناک۔ ٹھ۔نا۔کا) (ہ۔ا۔ مذ) وہ آواز جو کسی سخت چیز کے کسی بجنے والی چیز سے ٹکرانے سے ہوتی ہے۔

**ٹھنٹھ** - (ہ۔ا۔ مذ) (۱) ایسا درخت جو سوکھ چکا ہو (۲) کٹا ہوا ہاتھ۔

**ٹھنڈ** - (ہ۔ا۔ مث) سردی۔ خنکی۔ گرمی نہ ہونا۔

**ٹھنڈ پڑنا** - (ا۔ محاورہ) ہلکی ہلکی سردی ہونا۔ ہلکا جاڑا ہونا۔ خنکی ہونا۔

**ٹھنڈا** - (ٹھن۔ڈا) (ہ۔ صف) (۱) سرد۔ خنک۔ برف میں لگا ہو۔ برف پڑا ہوا۔ مصنوعی ذرائع سے خنک کیا ہوا (۲) دھیما۔ غیر جذباتی۔ جو گرمی نہ کھائے۔ گرم نہ ہو۔ بردبار۔ حلیم (۳) چپ رہنے والا کم گو (۴) نامرد۔ کم شہوت۔ (۵) کاہل۔ سست (۶) مردہ۔ بے جان (۷) (کاروبار) مندا (۸) جسے غصہ نہ آئے (۹) کٹھور۔ سنگ دل۔ نامعقول (۱۰) مطمئن (۱۱) بجھا ہوا (چراغ) (۱۲) ساکن۔ ساکت۔ خاموش (۱۳) جو بدسلوکی اور بدکلامی کو پی جائے۔

**ٹھنڈا پڑنا۔ ٹھنڈا پڑ جانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) سرد ہونا (۲) (کاروبار) مندا ہونا (۳) غصہ دھیما ہونا۔

**ٹھنڈا رکھنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) خوش رکھنا (۲) غصے یا رنج کی نوبت نہ آنے دینا (۳) راحت دینا۔

**ٹھنڈا رہنا** - (ا۔ محاورہ) خوش رہنا۔ رنج اور غم سے دور رہنا۔

**ٹھنڈا سانس** - (ا۔ مذ) آہ سرد۔ ایسا سانس جو کسی غم یا فکر کی وجہ سے بھرا جائے۔

**ٹھنڈا کر کے کھانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) سوچ سمجھ کر کام کرنا (۲) آہستگی سے کام کرنا۔

**ٹھنڈا کرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) سرد کرنا۔ خنک کرنا۔ برف ڈالنا (۲) چراغ یا روشنی (آگ وغیرہ) بجھانا (۳) غصہ دھیما کرنا (۴) مار ڈالنا (۵) دلاسا دینا (۶) ڈبونا (۷) دشمن کو نقصان پہنچا کر خوشی حاصل کرنا (۸) پیاس بجھانا۔ (۹) تعزیئے کو دفن کرنا۔ علم کا پنجہ اور پٹکا اتار لینا (۱۰) توڑنا۔

**ٹھنڈا کھائے گرم سے نہائے۔ سائے میں سوئے اس کا بیری پچھواڑے روئے** - (مثل) ٹھنڈی خوراک کھانے، گرم پانی سے نہانے اور سائے میں سونے سے انسان کی تندرستی بنی رہتی ہے چنانچہ اس کے دشمنوں کو خوش ہونے کا موقع نہیں ملتا۔

**ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا** - (ا۔ محاورہ) کسی معاملے کے تمام پہلوؤں پر نظر نہ رکھنا۔ ناتجربہ کار آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔

**ٹھنڈا لوہا کیوں کاٹتے ہو؟** (ا۔ محاورہ) ایسے کام میں کیوں جان مارتے ہو جس سے حاصل کچھ نہیں۔ بے فائدہ محنت کیوں کرتے ہو۔

**ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے** - (مثل) دھیمے مزاج کا آدمی تیز مزاج رکھنے والے آدمی کو زیر کر لیتا ہے۔

**ٹھنڈا ملمع** - (ا۔ ع۔ مذ) ایسا ملمع یا جھول جو آگ کے بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے۔

**ٹھنڈا ہونا** - (ا۔ محاورہ) (۱) سکون ہونا۔ خوش ہونا (۲) سرد یا خنک ہونا (۳) نرم پڑنا۔ غصہ تھوک دینا (۴) مر جانا۔ ذبح شدہ کا تڑپنا (۵) بجھ جانا (۵) افسردہ ہونا (۶) ڈوب جانا (۷) دفن ہونا (۸) ٹوٹنا (۹) گرنا (۱۰) مندا ہونا (۱۱) دلی مقصد حاصل ہونا (۱۲) (کھانے کی) گرمی ختم یا نکل جانا (۱۳) سستانا۔ تازہ دم ہونا (۱۴) جوش کم ہونا (۱۵) (کپڑا) جل جانا۔

**ٹھنڈائی** - (ا۔ مث) تبرید۔ وہ دوا جو گرمی کے اثر کو دور کرنے کے لیے پی جائے (۲) بھنگ۔ بوٹی۔

**ٹھنڈا ہے برف سے بھی۔ میٹھا ہے جیسے اولا۔ کچھ پاس ہے**



Marfat.com

**ٹھنڈے پانی پی جا راہِ مولیٰ** - (ا۔مثل) (ایک صدا) پرانے وقتوں میں میلوں اور تقریبات میں اور گنجان اور بارونق بازاروں میں سقے شام کے وقت اپنی مشک کے پانی کی تعریف میں یہ صدا لگایا کرتے تھے
**ٹھنڈک** - (ا۔مث) (۱) سردی۔ خُنکی (۲) فرحت۔ تازگی۔ تسلی۔ خوشی۔
**ٹھنڈک پڑنا** - (ا۔محاورہ) (۱) جلن دُور ہونا (۲) کسی فتنہ کا دُور ہونا۔
**ٹھنڈے پہرے** - (ا۔مذ) صبح سویرے۔ صبح ہی صبح۔
**ٹھنڈے پیٹوں** - (۱) خوشی خوشی۔ آرام سے (۲) بغیر لڑے جھگڑے۔
**ٹھنڈے ٹھنڈے** - (۱) آرام سے۔ پُرامن طریقے سے۔ خیریت سے۔ (۲) صبح صبح۔ یا شام پڑے۔
**ٹھنڈے ٹھنڈے جانا (چلنا) (سدھارنا)** (ا۔محاورہ) (۱) صبح سویرے روانہ ہوجانا۔ (۲) آرام سے جانا (۳) دفع ہونا۔
**ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا** - (ا۔محاورہ) (۱) (طنزاً) جان سلامت لے کر بچ نکلنا (۲) رخصت ہونا۔ دفع ہونا۔ ٹلنا۔
**ٹھنڈے دل سے (سبھاؤ سے)** صبر و سکون سے۔ غصّے کے بغیر۔
**ٹھنڈے سانس بھرنا** - (ا۔محاورہ) سرد آہیں بھرنا۔ غم یا رنج کی حالت میں سرد آہیں کھینچنا۔
**ٹھنڈے لوہے بھی کہیں پٹنے سے ڈھیلے پڑے ہیں** - (مثل) اصلاح اس وقت ہونی چاہیئے جب اصلاح کا موقع و محل ہو۔ وقت گزر جانے کے بعد اصلاح کی کوشش ایسی ہے جیسے ٹھنڈے لوہے کو کوٹ کر ڈھیلا کرنا۔ جو ناممکن ہے۔
**ٹھنڈی** - (ٹھن۔ ڈی) (ہ۔ا۔مث) چیچک [صف] (۱) سرد۔ خشک (۲) بے رونق (۳) مراد۔ خوش۔
**ٹھنڈی آگ** - (ا۔مث) (مراداً) برف۔ اولا۔ یخ۔
**ٹھنڈی آگ سے جلانا** - (ا۔محاورہ) دغا سے مارنا۔ دھوکا دینا۔
**ٹھنڈی ڈھلنا۔ ٹھنڈیاں ڈھلنا** - (ا۔محاورہ) چیچک کے دانوں کا مُرجھانا۔ چیچک ڈھل جانا۔
**ٹھنڈی کڑاہی** - (ا۔مث) وہ حلوہ جو پکوان ختم ہونے کے بعد ٹھنڈی پڑی ہوئی کڑاہی میں بنایا جاتا ہے۔
**ٹھنڈی گرمیاں** - دکھاوے کی محبت۔ اُوپری محبت۔ ظاہری چاؤ۔
**ٹھنڈی مار** - (اندرونی ضرب۔ میٹھی مار (۲) وہ ضرب جس کا نشان نہ ہو۔ روحانی یا ذہنی اذیت۔
**ٹھنڈی مٹی** - (ا۔مث) (۱) بے حس۔ متحمل مزاج۔ نہ بھڑکنے والا (۲) طبعی رفتار سے نہ بڑھنے والا جسم (۳) ایسا لڑکا جو دیر میں بالغ ہو۔ زنانہ زنخا۔ ہیجڑا۔
**ٹھنڈی نکلنا** - (ا۔محاورہ) چیچک نکلنا۔ سیتلا نکلنا۔
**ٹھُنسانا۔ ٹھنسوانا** - (ٹھُن۔ سا۔ نا۔ ٹھُنس۔ وا۔ نا) (ہ۔مص) دیکھیے ٹھُسانا۔ ٹھُسوانا۔
**ٹھُنک** - (ٹھُ۔ نک) (ہ۔ا۔مث) ٹھُن ٹھُن کی آواز۔
**ٹھُنک۔ ٹھِنک** - (ٹھُ۔ نک۔ ٹھِ۔ نک) (ہ۔ا۔مث) بچّے کی آہستہ آہستہ رونے کی آواز۔

**ٹھنکار** - (ٹھن۔ کار) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے ٹھناک۔ ٹھناکا۔ طبلے کی آواز۔
**ٹھنکانا** - (ٹھن۔ کا۔ نا) (ہ۔مص) ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔ ضرب لگانا۔
**ٹھنکانا۔ ٹھِنکانا** - (ٹھن۔ کا۔ نا۔ ٹھِن۔ کا۔ نا) (ہ۔مص) (۱) بچّے کو رُلانا (۲) ضد کرنا۔
**ٹھُنکنا** - (ٹھُ۔ نک۔ نا) (ہ۔مص) ٹھن ٹھن کی آواز پیدا ہونا۔
**ٹھُنکنا۔ ٹھِنکنا** - (ٹھُ۔ نک۔ نا۔ ٹھِ۔ نک۔ نا) (ہ۔مص) (۱) بچّے کا آہستہ آہستہ رونا (۲) نخرے جتانے کے طور پر رونا یا ضد کرنا (۳) بچّوں کی طرح رونا اور مچلنا۔
**ٹھِنگنا** - (ٹھِنگ۔ نا) (ہ۔صف) چھوٹے قد کا۔ بونا۔ ناٹا۔ پستہ قد۔
**ٹھِنگنی** - (ٹھِنگ۔ نی) (ہ۔صف) چھوٹے قد کی عورت۔ پستہ قد عورت۔
**ٹھنگیر** - (ٹھن۔ گیر) (ہ۔ا۔مث) کسی خشک چیز کو دانہ دانہ کرکے کھانے کا شغل (جیسے چلغوزہ۔ چنا۔ ریوڑی وغیرہ)
**ٹھنگیر لگانا۔ ٹھنگیرنا** - ایک ایک کرکے کھانا (ٹھنگار لگانا)۔
**ٹھَننا** - (ٹھَن۔ نا) (ہ۔مص) (۱) لڑائی ٹھہرنا۔ اَن بَن ہونا (۲) قرار پانا۔ مقرر ہونا (۳) دل میں پختہ ارادہ ہونا۔
**ٹھو** - (ہندی۔ صف) عدد۔ نمبر (جیسے ایک ٹھو۔ دو ٹھو)
**ٹھوٹ** - (ہ۔صف) (۱) احمق۔ بے وقوف (۲) جاہل۔ ناواقف۔
**ٹھَور** - (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹھکانا۔ موقع۔ جگہ۔ مکان (۲) مقررہ جگہ۔ اڈہ۔ مسکن۔ (۳) پتہ۔ نشان۔ سُراغ۔ کھوج۔
**ٹھَور بے ٹھَور** - (ہ۔صف) موقع بے موقع۔ جا بے جا۔ مناسب نامناسب مقام۔
**ٹھَور ٹھکانا** - (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں مسکن ہو۔ جہاں سکونت ہو۔ (۲) رہنے کی جگہ۔
**ٹھَور ٹھَور پھرنا** - (ا۔محاورہ) دربدر پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
**ٹھَور ٹھَور توڑ دینا** - (ا۔محاورہ) ہڈی ہڈی توڑ دینا۔ جوڑ جوڑ الگ کردینا۔
**ٹھَور رکھنا** - (ا۔محاورہ) جہاں پانا وہیں مار دینا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔ کھیت رکھنا۔ جان سے مار دینا۔
**ٹھَور رہنا** - (ا۔محاورہ) (۱) کسی جگہ رہنا۔ چُپ کھڑے رہنا (۲) چُپ یا مردہ پڑا ہونا (۳) قتل ہونا۔ مارا جانا۔ مار گرایا جانا۔
**ٹھوڑا** - (ق۔ ا۔مذ) چشمہ۔ فوارہ۔
**ٹھوڑی** - (ٹھو۔ ڑی) (ہ۔ا۔مث) ٹھڈی۔ ذقن۔ زنخداں۔
**ٹھوڑی پر ہاتھ (دھر) رکھ کر بیٹھنا** - (ا۔محاورہ) سوچ میں پڑا ہونا۔ فکرمند ہونا۔
**ٹھوڑی پکڑنا** - (ا۔محاورہ) (۱) منانا۔ غصّہ دُور کرنا (۲) منت سماجت کرنا
**ٹھوڑی تارا** - ٹھوڑی کا تل۔
**ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دے کر بیٹھنا** - (ا۔محاورہ) رنجیدہ ہونا۔ ملول ہونا
**ٹھوڑی میں ہاتھ دینا** - (ا۔محاورہ) (۱) ناراضی دُور کرنے کے لیے خوشامد کرنا (۲) منت سماجت کرکے غصّہ دھیما کرنا۔
**ٹھوس** - (ہ۔صف) (۱) بھرا ہوا۔ جس میں خول یا خالی جگہ نہ ہو۔ پُر۔ مجسم۔ پُرمغز۔ بھاری۔ بوجھل (۲) ٹھس۔ کم ذہن۔ کند ذہن۔
**ٹھوس** - (ہ۔ا۔مث) دیکھیے ٹھونس۔ بھرتو۔ جامد۔



Marfat.com

**ٹھوس ٹھاس۔** دیکھیے ٹھونس ٹھانس۔ فاضل۔ زائد۔

**ٹھوسا۔** [ہ۔ا۔مذ] ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا۔

**ٹھوسا بھی نہ دینا۔** (ا۔محاورہ) کچھ بھی نہ دینا۔

**ٹھوسا دکھلانا۔** (ا۔محاورہ) ہاتھ کا انگوٹھا انکار کے طور پر ہلا کر دکھانا۔ ضد یا ہٹ کرنا۔

**ٹھوسے پر مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) اہمیت نہ دینا (۲) عزت نہ کرنا۔ جوتی پر مارنا

**ٹھوسے سے۔** جوتی سے۔ بلا سے (بے پروائی کا اظہار)۔

**ٹھوک۔** [ہ۔ا۔مذ] ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔

**ٹھوک بجا کے۔** (ا۔محاورہ) (۱) اچھی طرح دیکھ بھال کے۔ کھرا کھوٹا۔ ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے (۲) علانیہ۔ کھلم کھلا (۳) برتن کو انگلی سے بجا کے۔

**ٹھوک بجا کے لینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کھرا کھوٹا۔ ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے خریدنا۔ پرکھنے کے بعد لینا (۲) علانیہ خریدنا۔ کھلم کھلا۔

**ٹھوکا۔** (ٹھو۔کا) [ق۔ا۔مذ] ٹھیس۔ ٹھوکر۔

**ٹھوکا جانا۔** (ا۔محاورہ) ٹھکنا۔

**ٹھوکا دینا۔** (۱) ہاتھ پاؤں سے دھکا دینا (۲) جتانا۔ آگاہ کرنا۔

**ٹھوکر۔** (ٹھو۔کر) [ہ۔ا۔مث] (۱) راستے میں پاؤں کو لگنے والی ضرب (۲) پاؤں سے لگائی جانے والی ضرب (۳) وہ ضرب جو پاؤں کے پنجے یا ایڑی سے کسی کو دانستہ یا قصداً ماریں (۴) گھوڑے کا پاؤں کسی روک سے ٹکرانا (۵) لات (۶) ضرر۔ گھاٹا۔ نقصان (۷) راستے کی خرابی (۸) جواریوں کی زبان میں جوتی (جیسے پاؤں کی ٹھوکر تک لگا دی) (۹) معشوق کا ناز سے قدم مارنا (۱۰) ناچنے والی کا فرش پر پاؤں مارنا (۱۱) بہلی جس میں تابوت رکھتے ہیں (۱۲) چوٹ۔ صدمہ (۱۳) پشتہ یا دیوار جو دریا کے پانی کو آگے بڑھنے سے روکے (۱۴) ریل کے انجن کے آگے لگا ہوا آہنی چھاج (۱۵) ریل گاڑی کے دونوں سروں پر لوہے کے دو آلے جن کی وجہ سے ٹکر کے وقت ڈبوں کو نقصان نہیں پہنچتا۔ (۱۶) ریلوے لائن کے سرے کا پشتہ (۱۷) خرابی تباہی (۱۸) نہر میں پانی کی روک۔

**ٹھوکر اٹھانا۔** (ا۔محاورہ) نقصان برداشت کرنا۔ خسارہ اُٹھانا (۲) صدمہ اُٹھانا۔

**ٹھوکر پر ٹھوکر اُٹھانا۔ ٹھوکر پر ٹھوکر لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) لگاتار صدمے اٹھانا (۲) نقصان پر نقصان ہونا۔ ایک تکلیف کے بعد دوسری تکلیف اُٹھانا۔

**ٹھوکر پر مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کسی چیز پر لات مارنا (۲) حقیر یا ذلیل سمجھنا۔

**ٹھوکر کھانا۔** (۱) پاؤں میں کسی سخت چیز کی ٹکر لگنا (۲) اُلجھ کر گرنا (۳) صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا (۴) دھوکا کھانا (۵) سبق ملنا۔

**ٹھوکر کھا دے بُدھ پاوے۔** (مثل) نقصان اُٹھا کر عقل آتی ہے۔

**ٹھوکر لگانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) لات مارنا۔ ٹھکرانا (۲) حقیر سمجھنا۔ بے حقیقت گردانا (۳) ایڑ لگانا (۴) پاؤں کے پنجے سے کسی چیز کو ضرب لگانا۔

**ٹھوکر لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پاؤں میں چوٹ آنا (۲) صدمہ پہنچنا (۳) نقصان اُٹھانا

**ٹھوکر لگی پہاڑ کی گھر کی توڑیں سل۔** (مثل) زبردست سے چوٹ یا نقصان اُٹھانے کے بعد کوئی کمزوروں کو تنگ کرے تو اس پر یہ مثل کہتے ہیں

**ٹھوکر لگی ہونا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت یا نقصان کا پہلے سے تجربہ ہونا۔

**ٹھوکر لینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا (۲) غلطی کرنا۔ بھول ہونا (۳) اُلجھ کر گرنا

**ٹھوکر مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) لات مارنا۔ ٹھکرانا (۲) حقیر سمجھنا (۳) ترک کر دینا۔

(۴) قبول نہ کرنا (۵) پاؤں سے ضرب لگانا۔

**ٹھوکروں (پر) میں پڑا رہنا۔** (ا۔محاورہ) بے عزتی اور ذلت کی حالت میں رہنا۔

**ٹھوکریں چلنا۔** (ا۔محاورہ) پاؤں کی ٹھوکریں لگنا۔

**ٹھوکریں دینا۔** (ا۔محاورہ) ایذا یا اذیت یا تکلیف دینا۔

**ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا۔** (ا۔محاورہ) نقصان اٹھا کر ہوش میں آنا۔ ٹھوکر کھا کر تجربہ حاصل کرنا۔

**ٹھوکریں کھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) رُکنا۔ جھجکنا (۲) لاتیں کھانا (۳) روندن میں آنا (۴) دربدر پھرنا (۵) سختیاں اُٹھانا (۶) باتیں سننا (۷) ذلیل و خوار ہونا (۸) کثرت سے نقصان اُٹھانا۔ (۹) غلطی پر غلطی کرنا۔

**ٹھوکریں کھلانا (کھلوانا)۔** (ا۔محاورہ) (۱) ذلیل کروانا (۲) دربدر پھرانا۔

**ٹھوکنا۔** (ٹھوک۔نا) [ہ۔مص] (۱) مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ لاتیں اور مکے مارنا۔ (۲) گاڑنا (۳) کوٹنا (۴) سزا دینا (۵) پیٹھ تھپ تھپانا۔ شاباشی دینا۔ ہمت افزائی کرنا (۶) (دروازہ) کھٹکھٹانا (۷) دعوےٰ کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا (۸) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا (۹) (طبلہ) بجانا (۱۰) (قفل) لگانا یا جڑنا (۱۱) (ڈنڈا) گھسیڑنا (۱۲) (روڑے) اٹکانا۔ رکاوٹ ڈالنا۔

**ٹھولا۔** (ٹھو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ پیالہ جو پرندے کے پنجرے کے اندر رکھتے ہیں (۲) انگلی کے جوڑ کا بیرونی رُخ۔

**ٹھولا مارنا۔** انگلی کے جوڑ کے بیرونی رُخ کو کسی چیز پر مارنا یا کھٹکھٹانا۔

**ٹھونٹھ۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) کٹا ہوا بازو (۲) درخت کا کٹا ہوا تنا۔ ٹنڈ۔ دیکھیے ٹھنٹھ اور ٹنڈ۔

**ٹھونٹھا۔** (ٹھوں۔ٹھا) [ہ۔صف] دیکھیے ٹنڈا [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈنڈا (۲) لمبی خشک لکڑی (۳) حقے کی سیدھی نے۔

**ٹھونس ٹھانس۔** [ہ۔ا۔مث] کسی چیز کو زبردستی کسی ایسی چیز میں ڈالنا یا بھرنا یا رکھنا جس میں گنجائش کم ہو۔

**ٹھونسنا۔** (ٹھونس۔نا) [ہ۔مص] (۱) دبا کر بھرنا (۲) زور لگا کر بھرنا (۳) گھسیڑنا (۴) ندیدوں یا بھوکوں کی طرح کھانا (۵) زبردستی کھلانا۔

**ٹھونکنا۔** (ٹھونک۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے ٹھوکنا۔

**ٹھونگ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) چونچ۔ کوے کی چونچ (۲) بیچ کی انگلی دوہری کرنے کا فعل۔

**ٹھونگ مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بیچ کی اُنگلی دوہری کرکے مارنا۔ ٹولا مارنا۔ (۲) چونچ مارنا۔

**ٹھونگا۔** (ٹھوں۔گا) [ہ۔ا۔مذ] چونچ۔ دیکھیے ٹھونگ۔

**ٹھونگنا۔** (ٹھونگ۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے ٹھنگنا۔

**ٹھہاکا۔** (ٹھہ۔ہا۔کا) [ہ۔ا۔مذ] قہقہہ۔ ہنسی۔ دھماکا۔

**ٹھہاکے کی ملاقات۔** ایسی ملاقات جس میں بڑی دوستی ظاہر کی جائے۔ گرم جوشی کی ملاقات۔

**ٹھہرانا۔** (ٹھہ۔را۔نا) [ہ۔مص] (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) طے کرنا۔ مقرر کرنا۔ اندازہ لگانا (۳) کسی جگہ پر یا کسی مکان میں اُتارنا (۴) منصوبہ باندھنا۔ (۵) جمانا۔ منجمد کرنا (پارہ) قائم کرنا (۶) سگائی کروانا (۷) نرخ مقرر کرنا۔ بھاؤ تاؤ کرنا

**ٹھہراؤ۔** (ٹھہ۔را۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مقام۔ ٹھکانا۔ قیام (۲) سکون۔ جوش



Marfat.com

کم ہونا (۳) وقفہ (۴) تجویز یا قرارداد۔

**ٹھہر ٹھہر کے۔** (ٹھَ۔ ہِر۔ ٹھَ ہَر۔ کے) [ہ۔ تابع فعل]۔ رُک رُک کر۔ پھُونک پھونک کر قدم رکھتے ہوئے۔ احتیاط کے ساتھ۔ رُک رُک کے۔

**ٹھہرنا۔** (ٹھَ۔ ہِر۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) رکنا۔ تھم جانا۔ عارضی قیام کرنا (۲) (پانی) جمنا۔ قائم ہونا (۳) مقیم ہونا۔ مہمان ہونا (۴) (نسبت) قرار پانا (۵) (بھاؤ یا قیمت) طے ہونا (۶) دیر کرنا (۷) (نطفہ) قرار پانا۔ حمل ہونا (۸) تہ نشین ہونا (۹) (دل کا) اضطراب کم ہونا (۱۰) ثابت قدم رہنا (۱۱) کام کرتے کرتے رُک جانا (۱۲) خرچ نہ ہونا (۱۳) گواہ کا بیان پر جمے رہنا (۱۴) نوبت آنا (۱۵) (طبیعت) بحال ہونا (۱۶) دیرپا ہونا۔ دیر تک چلنا (۱۷) صبر کرنا (۱۸) جلتے رہنا (۱۹) ہونا۔ سمجھا جانا۔

**ٹھیا۔** (ٹھِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] اڈا۔ جگہ۔ مقام۔ گدی۔ ٹھڑا۔ سہارا۔ ستون۔ تودہ ڈھیر۔ ڈھیلا۔ حد۔

**ٹھیپ۔** [ہ۔ ا۔ مث] فقیروں کا آگے رکھنے کا ٹھیکرا (۲) شمع دان۔ چراغ۔

**ٹھیٹ۔ ٹھیٹھ۔** [ہ۔ صف] (۱) خالص۔ اصلی۔ خاص الخاص (۲) روزمرہ کی بولی یا زبان۔

**ٹھی۔ ٹھی۔** [ہ۔ ا۔ مث] بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز۔

**ٹھیس۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ہلکی سی رگڑ (۲) ٹھوکر۔ ضرب۔ صدمہ۔ چوٹ۔

**ٹھیس لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رگڑ لگنا (۲) ہلکا سا صدمہ پہنچنا (۳) ٹھوکر لگنا اذیت ہونا۔

**ٹھیس لگے بُدھ بڑھے۔** (مثل) نقصان اُٹھانے یا مصیبتیں جھیلنے سے عقل بڑھتی ہے۔

**ٹھیک۔** [ہ۔ صف] (۱) صحیح۔ درست۔ سچ۔ قطعی۔ بجا۔ منصفانہ (۲) چست موزوں۔ فِٹ۔ برابر (۳) ہُو بہو۔ جوں کا توں۔ بعینہٖ (۴) پورا پورا۔ رتی بھر کم نہیں (۵) مرضی کے مطابق۔ حسب دل خواہ (۶) با وزن تولے یا دُو رتی حقیقتہً۔ مسلّمہ۔ طے شدہ (۷) قابلِ اعتماد (۸) معقول۔ مناسب (۹) مطابق۔ ضرورت۔ کام بنانے والا (۱۰) باقاعدہ۔ حسب قاعدہ (۱۱) مناسب شکل میں (۱۲) خوش نما (۱۳) سیدھا۔ مستقیم (۱۴) پورا۔ مکمل (۱۵) پتا۔ نشان (۱۶) ٹھور ٹھکانا۔ مکان۔ اڈا (۱۷) صحیح میزان (۱۸) یقینی علم۔ یقین (۱۹) وقت۔ خبر (۲۰) اعتبار۔ بھروسہ (۲۱) فقیروں کا آگ جلانے کا برتن (۲۲) عین موقعے پر۔ عین نشانے پر (۲۳) حد۔ انتہا۔

**ٹھیک آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عین موقعے پر آنا (۲) (کپڑے کا بدن پر) موزوں ہونا (۴) (سوال کا) جواب درست ہونا (۵) صحیح راستے آنا (۶) صحیح جگہ پر آ پہنچنا۔

**ٹھیک بنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سزا دینا۔ تنبیہہ کرنا (۲) درست کرنا۔ (۳) راہ پر لانا۔ اصلاح کرنا۔ کسی قابل بنانا۔

**ٹھیک ٹھاک۔** (ا۔ صف) (۱) ہر طرح سے درست۔ بالکل صحیح۔ موزوں و مناسب۔

**ٹھیک ٹھور۔** (۱) مناسب جگہ (۲) وہ جگہ جہاں کوئی چیز مناسب طور سے رکھی جانی چاہیئے۔

**ٹھیک ٹھیک۔** (ا۔ صف) (۱) ہو بہو (۲) بالکل سچ۔ بے کم و کاست ٹھیک سچ (۳) ٹھیک کام کرنے کی تاکید (۴) (ندا) ٹھیک ہے! ٹھیک ہے!!

**ٹھیک دوپہر۔** (ا۔ صف) دن کا وہ وقت جب سورج سر پر ہو۔

**ٹھیک رہنا۔** (۱) نیک چلن رہنا (۲) کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرتے رہنا (۳) اچھی حالت میں رہنا۔ اپنے مرتبے سے نہ گرنا (۴) سڑ کر خراب نہ ہونا۔

**ٹھیک کرنا۔** (۱) صحیح کرنا۔ درست کرنا (۲) موزوں بنانا (۳) تصحیح کرنا (۴) سزا دینا (۵) ہوش ٹھکانے لانا۔ فیصلہ کرنا۔ یقین کرنا۔

**ٹھیک نہیں ٹھیکے کا کام۔ ٹھیکا دے کر مت کھو دام۔** (مثل) ٹھیکے پر کام کروانا مفید نہیں ہوتا۔ کسی کام کا ٹھیکا دینے سے روپیہ ضائع ہوتا ہے۔

**ٹھیک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) درست ہونا (۲) جسم پر لباس فٹ ہونا (۳) سزا مل جانا۔ مرمت ہو جانا۔ ہوش ٹھکانے آ جانا۔ آدمی بن جانا۔

**ٹھیک۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) اڑواڑ۔ ٹیک۔ ڈاٹ (۲) پیندا۔ پیندی۔ تلا۔ جوتے کا تلا۔ ایڑی (۳) پچڑ (۴) غلّے کا ڈھیر (۵) وہ چیز جس سے لکڑی یا آتشبازی کے انار کے یا پھولوں کے گملوں کے پیندوں کے سوراخ بند کرتے ہیں (۶) تلوار کی تہ نال (۷) پلنگ۔

**ٹھیک نکل جانا۔** (۱) پیندا یا پیندی نکل جانا یا ٹوٹ جانا (۲) گھبرانا

**ٹھیکا۔** (ٹھے۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ذمّے لیا ہوا کام۔ اجارہ۔ کنٹریکٹ (۳) کرایا۔ بھاڑا (۴) اجازت۔ لائسنس (۵) پٹا۔ سرخط۔ کرایہ نامہ (۶) گردی گرد زمین (۷) تھکنے کے بعد آرام (۸) طبلے یا ڈھولک کی تھاپ سے راگ کا ساتھ دینا (۹) ٹھہرنے کی جگہ۔ (۱۰) کاگ (۱۱) پلنگ۔

**ٹھیکا بجانا۔ ٹھیکا بجنا۔** (ا۔ محاورہ) طبلہ یا ڈھولک اس انداز سے بجنا یا بجانا کہ گانے والے کو سہارا ملے۔

**ٹھیکا بندی۔** [ہ۔ ا۔ مث] کھیت پٹے پر لینا۔

**ٹھیکا بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا کُدکڑے مارنا یا اُچھلنا کودنا۔

**ٹھیکا بھینٹ۔** (ا۔ مذ) وہ نذرانہ جو ٹھیکا لینے پر دیا جاتا ہے۔

**ٹھیکا پٹا۔** [ہ۔ ا۔ مذ] پٹے پر کھیت لینے کا اقرار نامہ۔

**ٹھیکا تعین حیات۔** (ا۔ مذ) ایسا پٹا جو زندگی بھر کے لیے ہو۔

**ٹھیکا دینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز یا زمین کو پٹے یا اجارے پر دینا۔

**ٹھیکا لے اس کام کا جو تجھ سے ہووے ٹھیک۔** (مثل) انسان کو اسی کام کی ذمہ داری لینی چاہیئے جسے اچھی طرح کر سکتا ہو۔

**ٹھیکا لینا۔** (۱) اجارہ لینا (۲) لائسنس لینا۔ اجازت لینا (۳) ذمّہ لینا۔ (۴) (طنزاً) کسی اور کو کسی کام میں دخل نہ دینے دینا کسی چیز پر تنہا اپنا حق جتانا (۵) زبردستی قبضہ کرنا۔

**ٹھیکا مُستاجری۔** (ا۔ مذ) کرائے پر لیا ہوا ٹھیکا۔

**ٹھیکے دار۔** (ف۔ مذ) (۱) وہ شخص جو ٹھیکا لے۔ اجارہ دار۔ مستاجر (۲) وہ دوکاندار جس کو نشہ آور چیزوں کو بیچنے کی اجازت ہو۔

**ٹھیکے کا۔** (۱) کرائے پر لیا ہوا (۲) بے پروائی یا بے توجہی سے کیا ہوا۔

**ٹھیکے کا کام پھیکا۔** (مثل) جو کام ٹھیکے پر کرایا جائے وہ اچھا نہیں ہوتا۔

**ٹھیکرا۔** (ٹھیک۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) مٹی کے برتن کا ٹکڑا (۲) (حقارت سے) مٹی کے برتن بھانڈے یا پرانے ٹوٹے پھوٹے برتن باسن (۳) (انکسار یا تحقیر سے) مکان یا جائداد (۴) روزی کا وسیلہ۔ اوزار (۵) گھٹیا زیورات (۶)



Marfat.com

صندوق کے گھوڑے کا اوپری حصہ۔
**ٹھیکرا پھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) تہمت لگانا۔ الزام دینا۔ بہتان لگانا۔
**ٹھیکرے بجوانا۔** (ا۔ محاورہ) گھر کا سامان بکوانا یا نیلام کرانا۔
**ٹھیکرے (ٹھیکری) کی مانگ (مانگی)۔** (ا۔ مثل) ایسا رشتہ جو بچے کی پیدائش کے وقت ہو جائے (کسی بچے کا رشتہ منظور ہو تو اس کے پیدا ہونے پر دائی کے ٹھیکرے میں نقدی ڈال دیتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے اس بچے کی منگنی ہمارے بچے سے ہو گئی)۔
**ٹھیکرے منہ پر لوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بچپن کی سادگی اور بھولپن باقی نہ رہنا (۲) چہرے پر نحوست برسنا۔
**ٹھیکرے میں دیا ساتھ کھانے لگا۔** (مثل) (۱) کمینہ تھوڑی سی رعایت سے سر چڑھ جاتا ہے (۲) جب انسان کو تھوڑا سا سہارا دو تو وہ برابری کرنے لگتا ہے۔
**ٹھیکرے میں ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) ایک رسم ہے کہ جب زچہ جن کر فارغ ہوتی ہے تو جس ٹھیکرے میں بچے کی آنول نال وغیرہ ڈالی جاتی ہے اس میں دائی کے حق کے طور پر کنبے رشتے کی عورتیں تھوڑی بہت نقدی ڈالتی ہیں۔ اگر نومولود سے کسی بچے کی نسبت ٹھہر گئی ہو تو اس کے نام سے بھی کچھ نقدی ڈالی جاتی ہے۔
**ٹھیکری۔** (ٹھیک۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ٹھیکرا کی تانیث۔ ٹھیکرے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) مٹی کا توا (۳) مقام زیر ناف (عورت کا)۔
**ٹھیکری آنکھوں پر رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) بے مروتی کرنا۔ آنکھ چرانا۔ بے وفائی کرنا۔ لاپروائی کرنا۔ غفلت برتنا۔
**ٹھیکری چٹخنا۔** (ا۔ محاورہ) پاگل ہو جانا۔
**ٹھیکری کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) روپے کو بے دردی سے خرچ کرنا (۲) جائداد برباد کرنا۔
**ٹھیکم ٹھیک۔ ٹھیکوں ٹھیک۔** (ٹھی۔ کَم ٹھیک۔ ٹھی۔ کوں۔ ٹھیک) [ہ۔ صف] (۱) ہو بہو۔ بعینہٖ (۲) موزوں۔ مناسب۔
**ٹھیکی۔** (ٹھے۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ٹھیک کی مؤنث۔ سہارا (۲) بوجھ اتار کر آرام لینا (۳) غلہ رکھنے کی جگہ (۴) بوجھ اٹھانے والے دم لینے کے لیے بوجھ سر سے اتار کر جس چیز کے سہارے رکھیں۔
**ٹھیکی لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بوجھ سر سے اتار کر دم لینا (۲) ڈھیر لگانا۔
**ٹھیکیاں لینا۔** (ا۔ محاورہ) دم لینے کے لیے بیٹھ جانا۔ دم لے کر چلنا۔
**ٹھیکیں۔** (ٹھے۔ کیں) [ہ۔ ا۔ مث] بالوں کی قلمیں۔ رخساروں کے وہ بال جو مونچھوں سے مل جاتے ہیں۔
**ٹھیلا۔** (ٹھے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دو پہیوں پر ایک تختہ رکھ کر بنائی ہوئی گاڑی، جس میں بیل جوتے جاتے ہیں (۲) ہاتھوں سے دھکیل جانے والی گاڑی۔
**ٹھیلنا۔** (ٹھیل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) دھکیلنا۔ ریلا دینا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹانا (۳) کہنی مارنا (۴) مسخروں جیسی حرکتیں کرنا (۵) رد کرنا۔ ٹھکرانا۔
**ٹھیں ٹھیں۔** (ٹھیں ٹھیں) [ہ۔ ا۔ مث] بیہودہ ہنسی کی آواز۔
**ٹھینٹی۔ ٹھینٹھی۔** (ٹھیں۔ ٹی۔ ٹھیں۔ ٹھی) [ہ۔ ا۔ مث] کان کا میل یا گولی۔ (۲) کاک۔ ڈاٹ۔

**ٹھینگا۔** (ٹھیں۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھونسا (۲) لاٹھی۔ سونٹا (۳) عضو تناسل
**ٹھینگا باجنا۔** (ا۔ محاورہ) ہنسی اڑنا۔ جگ ہنسائی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ لڑائی دنگا ہونا۔ فساد ہونا۔ نیز دیکھیے "جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے"۔
**ٹھینگا دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) انگوٹھا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا (۳) چڑانا۔ چھیڑنا
**ٹھینگے سے۔** بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔
**ٹھینگو۔** (ٹھیں۔ گو) [ہ۔ صف] پستہ قد۔ بونا۔

## ٹ ــــ ء

**ٹئیاں۔** (ٹ۔ ء۔ یاں) [ہ۔ صف] ننھا منا۔ چھوٹا سا۔ پستہ قد۔ بونا۔ ٹھنگنا۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا طوطا۔

## ٹ ــــ ی

**ٹی۔** (Tea) (انگ۔ ا۔ مث) چائے۔
**ٹی۔ اے۔** (Travelling Allowance) (انگ۔ مذ) کا مخفف۔ سفر خرچ۔
**ٹی۔ بی۔** (Tuberculosis) (انگ۔ مث) تپ دق۔
**ٹی پارٹی۔** (Tea-Party) چائے کی پارٹی۔
**ٹی ٹی۔** (Travelling Ticket Examiner) (انگ۔ مذ) کا مخفف۔ چلتی گاڑی میں ٹکٹوں کا معائنہ کرنے والا۔
**ٹی۔ وی۔** (Television) (انگ۔ مذ) کا مخفف ٹیلی ویژن۔ وہ برقی سیٹ جس میں آواز کے ساتھ تصویر بھی نظر آتی ہے۔
**ٹیاں۔** (ٹی۔ یاں) [ہ۔ ا۔ مذ] لیہ۔ کوڑی۔ ایک قسم کی چھوٹی کوڑی۔
**ٹیبا۔** (ٹی۔ با) [ہ۔ ا۔ مذ] ٹیلا۔ تودہ۔
**ٹیبا۔** (ٹے۔ با) [ہ۔ ا۔ مذ] لمبا ٹانکا بھرنا۔ تیپچی۔
**ٹیپ۔** (Tape) (انگ۔ ا۔ مذ) سوت اور پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی۔
**ٹیپ ریکارڈر۔** (Tap Recorder) (انگ۔ مذ) گراموفون کے وضع کی ایک مشین جس کی پٹیوں میں آواز بھری اور سنی جا سکتی ہے۔
**ٹیپ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دباؤ (۲) اونچے سے نیچا سُر۔ اونچی سے اونچی الاپ (۳) چیک۔ تمسک۔ ہنڈی۔ اقرار نامہ (۴) یادداشت کے طور پر لکھ لینا (۵) مسدس کا تیسرا شعر۔ مخمس یا مثلث وغیرہ کا آخری شعر۔ بند۔ گرہ (۶) ماتھے کا زیور (۷) فوج کا دستہ (۸) گنجفے میں ایک پتے کو دو پتوں سے مارنا (۹) چپت (۱۰) پکی عمارت کی اینٹوں کی درزوں کو چونے یا سیمنٹ سے بھرنے کا عمل (۱۱) جنم پتری یا زائچہ (۱۲) (صف) عمدہ۔ اعلیٰ۔ منتخب۔
**ٹیپ بھرنا۔ ٹیپ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) پکی عمارت میں جو درزیں اینٹوں کے درمیان رہ جاتی ہیں ان کو چونے یا سیمنٹ سے پُر کرنا۔
**ٹیپ ٹاپ۔** (ا۔ مث) (۱) آرائش۔ زیبائش۔ سنگار (۲) خود نمائی (۳) طمطراق۔ کر و فر۔ شان و شوکت۔
**ٹیپ ٹاپ کی پگڑی باندھی۔ وہ بھی جورو کا صدقہ۔** مثل شاندار



Marfat.com

بھڑک دار۔ پگڑی باندھی گر بیوی نے بندھوائی تو بندھی۔ پرائے بل بوتے پر شان جتانا۔

**ٹیپ جڑنا۔ ٹیپ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) چپت یا دھول مارنا۔

**ٹیپ کا بند۔** (ا۔ مذ) مسدس مخمس یا مثلث کی آخری بیت۔ اصل مطلب وہ بات جس کے لیے تمہید باندھی گئی ہو۔

**ٹیپ لینا۔** (۱) نقل کرلینا (۲) گنجفے میں ایک پتے کو دو پتوں سے مارنا۔

**ٹیپنا۔** (ٹیپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دبانا۔ بھینچنا (۲) لکھ لینا۔ یادداشت میں درج کرلینا (۳) لا دینا (۴) گنجفے میں دو پتوں سے ایک پتا جیتنا (۵) روپیہ وصول کرنا۔ روپیہ جیب میں رکھنا۔

**ٹٹا۔** (ٹِ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] گالی کا لفظ۔ دیکھیے ٹِنّا۔

**ٹیٹک منجھا۔** (ٹی ٹک۔مَن۔جھا) [ہ۔ا۔مذ] ٹیٹک بمعنی ٹوٹا ہوا۔ منجھا بمعنی چارپائی۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی۔ مراداً جھمیلا۔ اُلجھاؤ۔ دقت۔

**ٹیٹک منجھے میں پڑنا۔** (ہ۔ محاورہ) مخمصے میں پڑنا۔ اُلجھاؤ میں پڑنا۔

**ٹیٹو۔** (Tattoo) (ٹے۔ٹُو) [انگ۔ا۔مذ] (۱) وہ نیلا یا سُرخ نشان جو بدن کے کسی حصّے میں گدوایا جاتا ہے (۲) حاضری کے لیے بگل یا ڈھول بجنا۔ طبل۔ نقارہ (۳) پولیس یا فوج کے کرتب۔

**ٹیٹوا۔ ٹینٹوا۔** (ٹیٹ۔وا۔ ٹینٹ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گلا۔ نرخرا۔ حلق (۲) سانپ کا سر۔

**ٹیٹوا دبانا۔** (۱) گلا گھونٹنا۔ گلا دبانا (۲) سخت تقاضا کرنا (۳) کڑی گرفت کرنا۔ ایسی غلطی پکڑنا جس سے انکار نہ کیا جاسکے۔ اس طرح پکڑ لینا کہ چھڑایا نہ جاسکے۔

**ٹیچر۔** (Teacher) (ٹی۔چَر) [انگ۔ا۔مذ] اُستاد۔ مدرّس۔ معلّم۔ سکھانے والا۔

**ٹیخنا۔** (ٹیخ۔نا) [اُر۔مص] (۱) پرندوں کا چہچہانا۔ (۲) تیتر کا بولنا یا تیتر کی طرح آواز نکالنا۔

**ٹیر۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) ترچھی کاٹ (۲) ترچھا کٹا ہوا کپڑا۔

**ٹیر۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) آواز۔ پکار۔ ہانک (۲) چیخ۔ چلانا (۳) (صف) گزرا ہوا۔ گذشتہ۔

**ٹیرا۔** (ٹی۔را) [ہ۔ا۔مذ] (ق) پردہ (صف) بھینگا۔

**ٹیرنا۔** (ٹیر۔نا) [ہ۔مص] (۱) آواز دینا یا لگانا۔ پکارنا۔ بلانا (۲) چیخنا (۳) گانا۔ بجانا۔ سُر نکالنا۔ ساز چھیڑنا۔

**ٹیروا۔** (ٹیر۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (ق) (۱) فوارہ (۲) حقّے کی وہ نے جس پر چلم رکھتے ہیں۔

**ٹیڑھ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹیڑھاپن۔ غلط روی۔ کج روی (۲) کج۔ خم۔ خمیدہ (۳) اکڑ۔ غرور۔ تکبر (۴) شرارت۔ سرکشی۔

**ٹیڑھ کی چلنا۔** (۱) الٹا راستہ اختیار کرنا۔ بانکپن رکھنا (۲) سب کے خلاف جانا (۳) سیدھے منہ بات نہ کرنا۔

**ٹیڑھ کی لینا۔** (۱) شرارت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ اکڑنا (۲) فیل گانٹھنا (۳) بدسلوکی کرنا۔

**ٹیڑھ نکالنا۔** (۱) کجی یا خم دُور کرنا (۲) سزا کے ذریعے سرکشی ختم کرنا۔

**ٹیڑھا۔** (ٹے۔ڑھا) [ہ۔صف] (۱) جو سیدھا نہ ہو۔ ترچھا۔ جھکا ہوا۔ خم دار۔ کج۔ خمیدہ (۲) پھرا ہوا۔ برگشتہ (۳) بدمزاج۔ غصیل (۴) خفا۔ ناراض (۵) اکھڑ۔ اجڈ۔ جاہل (۶) فسادی۔ بدخو۔

**ٹیڑھا بانکا۔** (ا۔مذ۔صف) (۱) اکھڑ۔ سپاہی وضع کا (۲) طرح دار۔ چھیل چھبیلا۔ شریر۔

**ٹیڑھا بتلانا۔** (ا۔ محاورہ) اکڑنا۔ اینٹھ کر بولنا۔ الٹی الٹی باتیں کرنا۔

**ٹیڑھا بیڑھا۔ ٹیڑھا میڑھا۔** (۱) کج۔ خم دار (۲) بل کھایا ہوا (۳) بگڑا ہوا۔

**ٹیڑھا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سیدھا نہ گرنا۔ ٹیڑھا ہوجانا (۲) برگشتہ ہوجانا۔

**ٹیڑھا پن۔** دیکھیے ٹیڑھ پن۔

**ٹیڑھا تاننا۔ ٹیڑھا چلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سیدھا نہ چلنا۔ ترچھا چلنا (۲) غلط راستہ اختیار کرنا (۳) بات کا غلط مطلب نکالنا۔

**ٹیڑھا جواب۔** (ا۔مذ) ایسا جواب جس سے ناراضی یا بدظنی ٹپکے۔ تلخ جواب۔

**ٹیڑھا رہنا۔** (ا۔ محاورہ) ناراض رہنا۔ بگڑے رہنا۔ مخالف بنے رہنا۔

**ٹیڑھا سمجھنا۔** (ا۔ محاورہ) غلط فہمی میں پڑجانا۔ غلط سمجھنا۔ الٹا مطلب نکالنا۔

**ٹیڑھا سوال۔** (ا۔مذ) مشکل سوال۔ ایسا سوال جس کا جواب دینا آسان نہ ہو۔

**ٹیڑھا وقت۔** (ا۔مذ) بُرا وقت۔ مصیبت اور پریشانی کا زمانہ۔

**ٹیڑھا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خمیدہ ہونا۔ جھکا ہوا یا ترچھا ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔

**ٹیڑھے بانکے۔** دیکھیے ٹیڑھا بانکا۔

**ٹیڑھے تار کا جوتا۔** (ا۔مذ) وہ جوتا جس میں سونے چاندی کے خیڈ ٹانکے ہوئے ہوں۔

**ٹیڑھے توے کی روٹی۔** (ا۔مث) بہت مشکل یا دشوار کام۔ کٹھن معاملہ۔

**ٹیڑھے کو گھن بھی نہیں لگتا۔** (مثل) شریر اور فسادی آدمی پر حالات کی خرابی بھی اثر نہیں کرتی (۲) شریر قسم کے لوگوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

**ٹیڑھی۔** (ٹے۔ڑھی) [ہ۔صف] (۱) ٹیڑھا کا مؤنث (ا۔مث) (۲) ضد۔ ہٹ (۳) غرور۔ تکبر (۴) اینٹھن۔ اکڑ۔

**ٹیڑھی آنکھ۔** (ا۔مث) (۱) دشمنی کی نظر۔ غصّے یا خفگی کی نظر (۲) ترچھی نظر (۳) بھینگی آنکھ۔

**ٹیڑھی آنکھ (سے) دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دشمنی یا مخالفت یا بغض و حسد کے جذبے سے دیکھنا (۲) بگڑ کر دیکھنا۔ خفگی سے دیکھنا۔

**ٹیڑھی آنکھیں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ناراض یا خفا ہونا (۲) بے مروّتی دکھانا (۳) کسی معاملے میں عدم رضامندی ظاہر کرنا۔

**ٹیڑھی انگلی بغیر گھی نہیں نکلتا۔** (ا۔ محاورہ) اس دنیا میں سیدھی طرح کام نہیں نکلتا۔ نرمی سے یا اصولوں اور قاعدوں کے مطابق چلنے سے کامیابی نہیں ہوتی۔

**ٹیڑھی باتیں۔** (ا۔ محاورہ) اکھڑی اکھڑی باتیں کرنا۔ ایسی گفتگو جس سے ناراضی یا خفگی ظاہر ہو۔

**ٹیڑھی ٹوپی۔** (۱) بانکپن کی نشانی (۲) غرور اور تکبر کا اظہار (۳) سر پر آڑی رکھی ہوئی ٹوپی۔

**ٹیڑھی (ترچھی) سنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا (۲) مخالفانہ جواب دینا (۳) گستاخی یا سختی سے جواب دینا۔



Marfat.com

**ٹیڑھی چال چلنا۔** (ا۔ محاورہ) سب کے خلاف چلنا۔ بُری رسم اختیار کرنا۔
**ٹیڑھی سیدھی۔** (ا۔مث) کڑوی اور میٹھی باتیں۔ کڑی اور نرم باتیں۔
**ٹیڑھی کھیر۔** (مثل) (۱) مشکل کام۔ جو کام ہو نہ سکے۔ کسی آدمی نے ایک اندھے سے پوچھا۔ کھیر کھاؤ گے؟ اندھا پوچھنے لگا "کھیر کیسی ہوتی ہے" آدمی نے بتایا۔ سفید سفید سی! اندھے نے پوچھا "کیسی سفید" آدمی نے جواب دیا۔ "ایسی جیسے بگلا ہوتا ہے" اور اپنا ہاتھ ٹیڑھا کر کے بگلے کے ڈھانچے جیسا بنا کر دکھایا۔ اندھا ہاتھ کو ٹٹولتا رہا۔ پھر بولا "نہیں بھئی! یہ تو ٹیڑھی کھیر ہے ہم سے نہیں کھائی جائے گی۔
**ٹیڑھی نگاہ۔** (ا۔مث) قہر کی نگاہ۔ خفگی کی نگاہ (۲) ترچھی نظر۔
**ڈیڑی۔** (ٹی۔ ڑی) [ہ۔ ا۔مث] ٹڈی۔
**ٹیس۔** (ہ۔ ا۔مث) وہ درد جو زخم یا پھوڑے میں ہوتا ہے۔ تپک۔
**ٹیس اٹھنا۔ ٹیس مارنا۔ ٹیسنا۔** (ا۔ محاورہ) درد کرنا۔ چٹکنا۔ میٹھا میٹھا درد ہونا۔
**ٹیسٹ۔** (Test)۔ (انگ۔ ا۔مذ) امتحان۔ جانچ۔ معیار۔ آزمائش۔
**ٹیسٹ میچ۔** (Test Match) دو ملکوں کی نمائندہ ٹیموں (کرکٹ۔ ہاکی) کے درمیان مقابلہ۔
**ٹیسو۔** (ٹے۔ سُو) [ہ۔ ا۔مذ] (۱) ڈھاک کا زرد پھول (۲) ایک خیالی بہادر کا مٹی کا سر جسے دسہرے کے دنوں میں لکڑیوں پر چڑھا کر ہندو بچے اس کا گیت گاتے پھرتے ہیں اور خاص دسہرے کے دن توڑ پھوڑ کر ختم کر دیتے ہیں (۳) ٹیسو کا گیت۔
**ٹیک۔** (ہ۔ ا۔مث) (۱) سہارا۔ پُشتی (۲) کھمبا۔ تھم۔ ستون (۳) وعدہ۔ قول و قرار (۴) (پوربی بولی) عہد۔ ارادہ (۵) عزت۔ آبرو۔ بھرم (۶) ٹیپ کا مصرع۔ گیت یا گانے کا وہ ٹکڑا جو بار بار گایا جائے۔
**ٹیک دھرنا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی کام کرنے پر تلے ہونا۔ پکا ارادہ کر لینا۔
**ٹیک رہنا۔** (ا۔ محاورہ) بات رہنا۔ بھرم رہنا۔ ساکھ قائم رہنا۔ اعتبار رہنا
**ٹیک لگانا۔** (ا۔ محاورہ) سہارا لینا۔ کسی چیز سے لگ کر یا اس کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔
**ٹیک۔** (Teak) (ملیالم۔ ا۔مث) جنوب مشرقی ایشیا کی ایک قیمتی اور پائیدار لکڑی۔
**ٹیکا۔** (ٹی۔ کا) [ہ۔ ا۔مذ] (۱) صندل یا سیندور وغیرہ کا وہ گول، لمبا یا کسی اور شکل کا نشان جو ہندو لوگ عبادت یا سفر، منگنی، تخت نشینی یا بچوں کو نظر سے بچانے کے لیے اور عورتیں سہاگ کی نشانی کے طور پر ماتھے پر لگاتی ہیں (۲) گدی پر بٹھانے کی رسم (۳) سرداری کا نشان (۴) دھبا۔ داغ (۵) ماتھے کا ایک زیور (۶) شادی بیاہ کے موقع کی ایک خاص رسم (۷) مٹھائی جو اس موقع پر بھیجی جاتی ہے (۸) شادی کے موقع پر تحفہ (۹) خسر کی جانب سے داماد کو شادی کے موقع پر تحفہ (۱۰) شرح۔ تفسیر (۱۱) گھوڑے کے ماتھے کا زیور (۱۲) خاص بات۔ خصوصیت (۱۳) بازو یا جسم کے کسی اور حصے پر سوئی لگا کر دوا اندر داخل کرنا۔
**ٹیکا بھیجنا۔** (ا۔ محاورہ) نشان چڑھانا۔ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا۔ سگائی کرنا۔
**ٹیکا کروانا۔** (ا۔ محاورہ) انجکشن لگوانا۔ سوئی لگوانا۔
**ٹیکا لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ٹیکا ماتھے پر پہننا (۲) ماتھے پر بندی لگانا (۳) بیماری روکنے کے لیے سوئی لگانا (۴) دھبا یا داغ لگانا۔
**ٹیکر۔ ٹیکرا۔** (ٹی۔ کر۔ ٹیک۔ را) [ہ۔ ا۔مذ] (۱) ٹیلا (۲) تودہ۔ ڈھیر۔ انبار (۳) پہاڑی کی ڈھلوان سطح۔
**ٹیکس۔** (Tax) (انگ۔ ا۔مذ) (۱) محصول (۲) لگان۔
**ٹیکس بالواسطہ۔** ایسا ٹیکس جو براہ راست وصول نہ کیا جائے۔ (Indirect Tax)
**ٹیکس متزائد۔** ایسا ٹیکس جس میں اضافہ ہوتا رہے۔ (Progressive Tax)
**ٹیکس متناسب۔** ایسا ٹیکس جو مقدار وغیرہ کے مطابق لگایا جائے یا وصول کیا جائے۔ (Proportionate Tax)
**ٹیکسٹ بک۔** (Text Book) (انگ۔ ا۔مث) درسی کتاب۔ نصاب کی کتاب۔
**ٹیکسٹ بک بورڈ۔** (Text Book Board) (انگ۔مذ) وہ ادارہ جو درسی کتابیں تیار کراتا اور منظور کرتا ہے۔
**ٹیکسٹ بک کمیٹی۔** (Text Book Committee) وہ کمیٹی یا جماعت جو درسی کتابیں منظور کرتی ہے۔
**ٹیکسٹائل۔** (Textile) (ٹیکس۔ ٹا۔ ئل) (انگ۔ صف) کپڑا بننے سے متعلق کپڑا۔
**ٹیکسٹائل مل۔** (Textile Mill) کپڑے کا کارخانہ۔ کپڑا بننے والی مل۔
**ٹیکسی۔** (Taxi) (ٹیک۔ سی) (انگ۔ ا۔مث) کرائے کی موٹر گاڑی۔
**ٹیکن۔** (ٹے۔ کن) [ہ۔ ا۔مث] جس چیز کی ٹیک لگائی جائے۔ جس کے سہارے کھڑا ہوا جائے یا بیٹھا جائے۔ اڑواڑ۔ سہارا۔
**ٹیکنا۔** (ٹیک۔ نا) [ہ۔مص] (۱) ٹکانا۔ رکھنا۔ سہارا لینا (۲) جوئے میں داؤں پر لگانا۔
**ٹیکنالوجی۔** (Technology) (ٹیک۔ نا۔ لو۔ جی) (انگ۔ ا۔مث) (۱) صنعتی فنون کا علم (۲) فنون کے ارتقاء کا مطالعہ۔
**ٹیکنیک۔** (Technique) (ٹیک۔ نیک) (انگ۔ ا۔مث) (۱) فنون کا نظریہ (۲) طرز ادا (۳) ہنرمندی۔ فنی طریق اظہار۔
**ٹیکنی شین۔** (Technician) (ٹیک۔ نی۔ شی۔ ان) (انگ۔ ا۔مذ) ہنرور۔ مستری۔ کسی فن کا ماہر۔
**ٹیکنیکل۔** (Technical) (ٹیک۔ نی۔ کل) (انگ۔ صف) کسی خاص فن یا صنعت یا علم کے متعلق۔ صنعت و حرفت کا۔
**ٹیکنی کلر۔** (Technicolour) (ٹیک۔ نی۔ ک۔ لر) (انگ۔ ا۔مذ) رنگین فلم سازی جس میں مختلف رنگ الگ الگ مگر بیک وقت نظر آئیں۔
**ٹیگ۔** (Tag) (انگ۔ ا۔مذ) گھنڈیوں دار ڈورا جو دفتری فائلوں یا ان کے اندر رکھے گئے کاغذات میں پرو دیا جاتا ہے۔
**ٹیلا۔** (ٹی۔ لا) [ہ۔ ا۔مذ] مٹی کا بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔ ٹبا۔ ٹیکرا۔
**ٹیلر۔** (Tailor) (ٹے۔ لر) (انگ۔ ا۔مذ) درزی۔ کپڑے سینے والا۔ خیاط۔
**ٹیلرنگ۔** (Tailoring) (ٹیل۔ رنگ) (انگ۔ ا۔مث) درزی کا کام۔ سینے پرونے کا کام۔ خیاطی۔
**ٹیلی پرنٹر۔** (Teleprinter) (ٹے۔ لی۔ پ۔ رن۔ ٹر) (انگ۔ ا۔مذ)



Marfat.com

برقی مشین جس کے ذریعہ پیغامات ٹائپ شدہ تحریر میں وصول ہوں۔

**ٹیلی پیتھی۔** (Telepathy) (ٹے۔لِی۔پ۔تھی) (انگ۔امث) ۔ روحانی۔ربط۔اشراق۔

**ٹیلی فون۔** (Telephone) (ٹے۔لِی۔فون) [انگ۔ا۔مذ] ایک برقی آلہ جس کے ذریعے دُور دراز فاصلے تک گفتگو کر سکتے ہیں۔

**ٹیلیگراف۔** (Telegraph) (ٹے۔لِی۔گ۔راف) [انگ۔ا۔مذ] تاربرقی۔تاربرقی کے ذریعے اطلاع یا خبر بھیجنے کا سازوسامان۔

**ٹیلیگرام۔** (Telegram) (ٹے۔لِی۔گ۔رام) [انگ۔ا۔مذ] برقیہ۔تار کی خبر۔خبر یا پیغام جو بذریعہ تاربرقی بھیجا گیا ہو۔

**ٹیلی وژن۔** (Television) (ٹے۔لِی۔وِ۔ژن) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا ریڈیو جس میں گانے یا بولنے کی آواز کے ساتھ صورت بھی دکھائی دیتی ہے۔

**ٹیم۔** (Team) (انگ۔امث) (۱) مِل کر کام کرنے والوں کی جماعت (۲) مِل کر کھیلنے والوں کی جماعت یا ٹولی۔

**ٹیم ورک۔** (Team Work) (وہ کام جو مِل کر کیا جائے۔ متفقہ کوشش۔اتحادِ عمل۔

**ٹیم۔** (ہ۔ا۔مث) چراغ کی بتی کا وہ حصّہ جو جل کر سیاہ ہو گیا ہو۔بتی کا گُل۔

**ٹیمپل۔** (Temple) (ٹیم۔پَل) [انگ۔ا۔مذ] مندر۔معبد۔

**ٹیم ٹام۔** (ٹیم۔ٹام) [ہ۔ا۔مث] ٹیپ ٹاپ۔نمود و نمائش۔سج دھج۔زینت

**ٹیمی۔** (ٹی۔مِی) [ہ۔امث] چنگاری۔پرکالہ۔آتش۔

**ٹین۔** (Tin) [انگ۔ا۔مذ] ایک سفید نرم دھات۔لنگ قلعی۔لوہے کی پتلی پتلی چادریں جن پر قلعی کی گئی ہوتی ہے۔

**ٹیں۔** (ہ۔ا۔مث) طوطے کی آواز۔جب وہ کسی وجہ سے چیخے۔

**ٹیں ٹیں۔** (امث) (۱) طوطے کا بار بار چیخنا۔(۲) بکواس۔بیہودہ گفتگو۔

**ٹیں ٹیں کرنا۔** (ا۔محاورہ) لگاتار بکے جانا۔مہمل باتیں کئے جانا۔

**ٹیں ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) مر جانا۔

**ٹینٹ۔** (Tent) (انگ۔ا۔مذ) خیمہ۔ڈیرا۔شامیانہ۔چھولداری۔

**ٹینٹ۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کی پھلی (۳) بیرونی چھلکا یا جھلی۔ (۴) کپاس کا ڈوڈا۔روئی کا پھل۔

**ٹینٹ آنکھ میں منہ کھردیلا ہے پیا مورا چھیل چھبیلا۔** (مثل) آنکھ میں پھلی ہے۔منہ کھردرا (کھردیلا) ہے۔مگر اس کی عورت اس کے بارے میں یہ کہتی ہے کہ میرا خاوند بڑا بانکا اور طرح دار مرد ہے۔مطلب یہ کہ اپنی چیز چاہے کتنی بُری ہو۔اچھی ہی معلوم ہوتی ہے۔

**ٹینٹ باروا۔کال کے میت۔کھائیں اور گائیں گیت۔** (مثل) کریل (ٹینٹ) اور جال (باروا) قحط (کال) میں خوب ہوتے ہیں اور کسان انہیں کھا کھا کر خوش ہوتے ہیں کیونکہ قحط کے دنوں میں جس چیز سے پیٹ بھرے وہ اچھی لگتی ہے۔

**ٹینٹ پکوڑا ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) مُنہ پُھلا لینا۔ناراض ہو جانا۔منہ سُوج جانا

**ٹینٹا۔** (ٹیں۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (ق) (۱) کریل کا پھل (۲) بکھیڑی (۳) وہ بات جو سوچے سمجھے بغیر منہ سے نکال دی جائے۔

**ٹینٹی۔** (ٹیں۔ٹی) (ہ۔امث) (۱) کریل کا پھل (۲) فضول گفتگو۔

**ٹینس۔** (Tennis) (ٹے۔نِس) [انگ۔ا۔مث] ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں اور تانت کے بلوں سے کھیلا جاتا ہے۔

**ٹینک۔** (Tank) [انگ۔ا۔مذ] (۱) تالاب (۲) حوض۔انجن کا وہ حصّہ جس میں پانی بھر لیتے ہیں (۳) آہن پوش موٹر گاڑی جس میں توپیں لگی ہوتی ہیں۔

**ٹینکر۔** (Tanker) (ٹیں۔کَر) [انگ۔ا۔مذ] تیل لانے یا لے جانے والا جہاز۔وہ جہاز جس میں تیل کے لیے بڑی سی ٹنکی لگی ہوتی ہے۔

**ٹینکی۔** (ا۔مث) انجن کا وہ حصّہ جس میں تیل یا پانی بھرا جاتا ہے۔

**ٹینی۔** (ٹے۔نی) [ہ۔صف] (۱) پستہ قد۔بونا (۲۔مذومث) چھوٹے قد کی مُرغی یا مُرغا وغیرہ۔

**ٹیو۔** (ہ۔ا۔مث) (ق) (۱) ترنگ (۲) عادت (۳) رسم (۴) ترکیب۔ڈھنگ طریقہ (۵) کرتب (۶) فریب۔

**ٹیوا۔** (ٹے۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (ق) (۱) مزہ۔چسکا (۲) زائچہ۔جنم پتری (۳) عادت رنگ ڈھنگ۔

**ٹیوب۔** (Tube) (ٹ۔یُوب) [انگ۔ا۔مث] (۱) نلکا یا نلکی (۲) نال یا نالی۔

**ٹیوب ویل۔** (Tubewell) نل کنواں جس سے زمین کے اندر سے پانی نکالتے ہیں۔

**ٹیوٹر۔** (Tutor) (ٹ۔یُو۔ٹَر) [انگ۔ا۔مذ] گھر پر پڑھانے والا۔ پرائیویٹ ٹیچر۔اتالیق۔

**ٹیوشن۔** (Tuition) (ٹ۔یُو۔شَن) (انگ۔ا۔مث) گھر پر پڑھائی سکول کی باقاعدہ پڑھائی کے علاوہ پڑھائی۔

**ٹیوکی۔** (ٹ۔یُو۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹیک (۲) چھپر کا تھم یا ستون۔

**ٹیہلا۔** (ٹیہ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تہوار۔تقریب (۲) شادی بیاہ کی ہر ایک رسم (۳) نیگ۔

**ٹیہلا پھیرنا۔ٹیہلا پھیلانا۔** (ہ۔محاورہ) شادی رچانا۔



Marfat.com

# ث

ثے - (ع - مؤنث) اُردو کا چھٹا، فارسی کا پانچواں اور عربی زبان کا چوتھا حرف۔ اس کو ثائے مثلثہ بھی کہتے ہیں۔ دیگر زبانوں میں نہیں پایا جاتا حساب ابجد میں اس کے ۵۰۰ عدد ہیں۔

## ث ــــ ا

**ثابت** - (ثا۔ بت) (ع - صف) (۱) پورا۔ سارا۔ جو ٹوٹا ہوا نہ ہو جس کے سب اعضا یا ٹکڑے یکجا ہوں (۲) قائم۔ برقرار۔ مستقل۔ جاری رہنے والا (۳) مضبوط۔ پائیدار (۴) مانا ہوا۔ تصدیق شدہ (۵) یقینی۔ جس کی تحقیق کی جا چکی ہو۔ (۶) سچا۔ صحیح۔ ٹھیک۔ درست (۷) وہ ستارہ جو گردش نہ کرے (۸) عاملوں نے سال کے مہینوں کو جن تین قسموں ثابت، منقلب۔ ذوجسدین میں تقسیم کیا ہے ان میں سے پہلی قسم کے مہینے۔ جمع: ثوابت۔

**ثابت رہنا** - (۱۔ محاورہ) (۱) بات سے نہ پھرنا (۲) قائم رہنا۔ جیے رہنا۔ ہٹ کرنا

**ثابت شدہ** - (ع - صف) جسے ثابت کیا جا چکا ہو۔ جس کا ثبوت مل چکا ہو۔ یقینی۔ مصدقہ۔ مستند۔

**ثابت قدم** - (ع۔ صف) (۱) مستقل مزاج۔ ارادے کا مضبوط۔ عہد کا پکا۔ بات سے نہ پھرنے والا (۲) باحوصلہ (۳) مضبوط۔ قائم۔ مستقل۔

**ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں** - (مثل) مستقل مزاج اور حوصلہ مند آدمی جہاں جاتا ہے اپنے لیے جگہ پیدا کر لیتا ہے۔

**ثابت قدمی** - (ع۔ ا۔ مث) مستقل مزاجی۔ استقلال۔

**ثابت کرنا** - (ا۔ محاورہ) پایۂ ثبوت کو پہنچانا۔ تحقیق کرنا۔

**ثابت مہینے** - ثور۔ اساڑھ۔ کاتک۔ پھاگن۔ جیٹھ۔ بھادوں۔ ان مہینوں کو عامل لوگ عمل پڑھنے کے لیے موافق اور سازگار مہینے خیال کرتے ہیں۔

**ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان** - (مثل) قابلیت کچھ بھی نہیں بڑے کام کرنے کا شوق۔ جب کوئی چھوٹی حیثیت کا آدمی بڑے عہدے یا منصب کی خواہش کرتا ہے تو اس پر یہ مثل کہتے ہیں۔

**ثابت ہو جانا۔ ثابت ہونا** - (مص۔ مرکب) (۱) تحقیق ہو جانا۔ ثبوت مل جانا (۲) پورا ہو جانا۔ ٹوٹی ہوئی چیز جڑ جانا۔

**ثابوتی** - (ثا۔ بو۔ تی) - ثبات۔ (ق)

**ثاقب** - (ثا۔ قب) (ع۔ صف) چمکیلا۔ روشن۔ چمک دار۔ چمکتا ہوا۔ درخشاں۔

**ثالث** - (ثا۔ لث) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پنچ۔ بچولیا۔ منصف۔ امیر (صف) (۲) تیسرا۔

**ثالث بالخیر** - ایسا پنچ جو کسی کی طرف داری یا رو رعایت نہ کرے۔ غیر جانبدار

**ثالث ثلاثہ** - (۱) تین میں کا تیسرا (عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ خدا، روح القدس اور مسیح تینوں معبود ہیں)

**ثالث حصری** - ایسا ثالث جس کو فریقین نے معاملے کے فیصلے کا پورا اختیار دے دیا ہو۔

**ثالث نامہ** - (قانونی اصطلاح) پنچ کا لکھا ہوا فیصلہ۔ وہ کاغذ جس میں فریقین کسی شخص کو اپنا ثالث ماننے کا اقرار کریں۔

**ثالثی** - (ثا۔ لِ۔ ثی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) پنچایت (۲) کسی معاملے کا فیصلہ کرنے کی کارروائی۔

**ثانوی** - (ثا۔ نَ۔ وی) (ع۔ صف) (۱) ثانی کی طرف منسوب۔ دوسرے والا دوئی۔ سکنڈری۔ (Secondary)

**ثانوی تعلیم** - (ع۔ ا۔ مث) وسطانی درجہ کے اوپر کی تعلیم۔ ہائی سکول کی تعلیم۔ (انگ) (Secondary Education)

**ثانوی مدارس** - (ع۔ ا۔ مذ) ہائی سکول۔

**ثانی** - (ثا۔ نی) (ع۔ صف) (۱) دوسرا (۲)۔ مذ۔ مث) (۱) مانند۔ نظیر۔ مقابل۔ جوڑ۔ ہم پلہ۔ ہم سر۔

**ثانیاً** - (ع) دوبارہ۔ مکرر۔

**ثانی الحال** - دوسرے وقت۔ پھر۔ دوسری دفعہ۔ بعد ازاں۔

**ثانی ملاحظہ** - نظر ثانی۔ دوسری دفعہ پڑتال۔

**ثانیہ** - (ثا۔ نِ۔ یہ) (ع۔ ا۔ مذ) پل۔ سیکنڈ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ دقیقہ۔

## ث ــــ ب

**ثبات** - (ثَ۔ بات) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قیام۔ قرار (۲) پائیداری۔ مضبوطی (۳) ثابت قدمی (۴) ارادہ۔ قصد۔

**ثباتِ رائے** - (ع۔ ا۔ مث) رائے کی مضبوطی یا پختگی۔ استحکام رائے۔

**ثبت** - (ع۔ ا۔ مث) (۱) نقش (۲) تحریر۔ نوشتہ۔

**ثبت کرنا** - (مص۔ مرکب) (۱) دستخط کرنا (۲) درج کرنا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا (۳) مہر لگانا

**ثبوت** - (ثُ۔ بُوت) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دلیل۔ سچائی (۲) گواہی دلوا کر ثابت کرنا۔ شہادت۔ گواہی (۳) دوام۔ قیام (۴) مضبوطی۔ پائیداری۔

**ثبوت استحقاق** - (ع۔ ا۔ مذ) حق ہونے کا ثبوت۔

**ثبوت بدیہی یا بادی النظر** - (ع۔ ا۔ مذ) ایسا ثبوت جو ظاہر میں صحیح معلوم ہو۔

**ثبوت تردیدی** - (ع۔ ا۔ مذ) ایسا ثبوت جو گواہی کو جھٹلانے کے لیے پیش کیا جائے۔

**ثبوت ضمنی** - (ع۔ ا۔ مذ) وہ ثبوت جو دوسرے کسی ثبوت کے ضمن میں آ جائے۔

**ثبوت قانونی** - (ع۔ ا۔ مذ) قانون کے مطابق۔ دعوے کی تصدیق کی شہادت

**ثبوت لسانی** - (ع۔ ا۔ مذ) زبانی ثبوت۔

**ثبوت مسل** - (ع۔ ا۔ مذ) جو ثبوت مقدمے کی مندرجہ کارروائی سے دیا جائے۔

## ث ــــ ر

**ثروت** - (ثَر۔ وَت) (ع۔ ا۔ مث) مال دولت کی فراوانی۔ تونگری۔ دولتمندی



Marfat.com

(۲) اختیار۔ حکومت۔ رسُوخ۔
**ثَریٰ** ۔ (ثَ۔ رٰ) [ع۔ا۔مذ] (۱) زمین کے نیچے کی مٹی (۲) گیلی مٹی۔
**ثُریّا** ۔ (ثُ۔ رَیْ۔ یا) [ع۔ا۔مذ] جُھمکا۔ وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔ پروین۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔
**ثریا جاہ** ۔ (ع۔صف) بلند پایہ۔ عالی مرتبہ۔

## ث ـــ ع

**ثُعبان** ۔ (ع۔مذ) اژدھا۔ بڑا سانپ۔
**ثعلب مصری** ۔ (ثَعْ۔ لَب۔ مِص۔ ری) [ع۔ا۔مذ] ایک درخت کی جڑ جو لومڑی کے خصیے کے مشابہ ہے اور اطبا نے اِسے مغلظ و مبہی لکھا ہے۔

## ث ـــ ق

**ثقات** ۔ (ثِ۔ قات) [ع۔ا۔مذ] ثقہ کی جمع۔ معتبر لوگ۔
**ثقافت** ۔ (ثَ۔ قا۔ فت) [ع۔ا۔مث] (۱) عقلمند ہونا۔ نیک ہونا (۲) تہذیب۔ کلچر۔
**ثقالت** ۔ (ثَ۔ قا۔ لت) [ع۔ا۔مث] (۱) بدہضمی کی وجہ سے طبیعت بوجھل ہونا (۲) گرانی۔ بھاری پن۔
**ثقاہت** ۔ (ع۔ا۔مث) متانت۔ سنجیدگی۔ قابلِ اعتبار ہونا۔
**ثِقل** ۔ (ع۔ا۔مذ) گرانی۔ بوجھ۔ جمع : اثقال۔
**ثقل سماعت** ۔ (ع۔ا۔مذ) اونچا سننے کی بیماری۔
**ثقلین** ۔ (ثَ۔ قَ۔ لین) [ع۔ا۔مذ] دونوں جہان۔ انسان اور جن۔
**ثقہ** ۔ (ثِ۔ قہ) [ع۔صف] معتبر۔ معتمد (آدمی)۔ جمع : ثقات۔
**ثقہ بدمعاش** ۔ (ع۔ا۔ف) جو شخص نیک انسانوں جیسی وضع قطع بنا کر بدمعاشی کرے۔
**ثقیل** ۔ (ثَ۔ قیل) [ع۔صف] (۱) ناقابلِ ہضم۔ دیر ہضم (۲) بھاری۔ بوجھل۔ (۳) وہ لفظ جو مشکل سے ادا ہو۔
**ثقیف** ۔ (ع۔صف) عقلمند اور چالاک آدمی (۲) بہت کھٹا سرکہ۔

## ث ـــ ل

**ثُلاثہ** ۔ (ع۔ف) تین۔
**ثُلاثی** ۔ (ثُ۔ لا۔ ثی) [ع۔صف] سہ حرفی۔ تین حرفوں سے مرکب۔ تین گنا۔ مثلث۔ تین [illegible] والا۔
**ثُلث** ۔ (ع۔ا۔مذ) تیسرا حصہ۔ ایک تہائی۔ ایک خط کا نام جو تین خطوں سے مل کر بنا ہے۔ موجد خواجہ یاقوت مستعصمی۔

## ث ـــ م

**ثُمّ** ۔ (ثُم۔ مَ) [ع۔حرفِ عطف] بعد۔ پیچھے۔ پھر۔
**ثمار** ۔ (ثِ۔ مار) [ع۔ا۔مذ] ثمر کی جمع۔ پھل۔ میوے۔
**ثمانیہ** ۔ (ع۔عدد) آٹھ۔
**ثمر** ۔ (ثَ۔ مَر) [ع۔ا۔مذ] (۱) پھل۔ میوہ (۲) پیداوار۔ فائدہ۔ حاصل۔ آمد۔ (۳) نتیجہ۔ (۴) بدلہ۔ عوض۔ جمع : اثمار۔ ثمرات۔
**ثمر امید۔ ثمر مراد** ۔ (ع۔ا۔صف) جس چیز کی آرزو ہو جس کی خواہش ہو۔
**ثمر بہشت** ۔ (ع۔ا۔مذ) آم کی ایک قسم۔
**ثمر پانا** ۔ (ا۔محاورہ) کوشش کا پھل ملنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔
**ثمرور۔ ثمردار** ۔ (ع۔ف۔صف) پھل دار۔ بارور۔
**ثمرہ** ۔ (ثَ۔ مَ۔ رَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) حاصل۔ فائدہ (۲) بدلا۔ عوض۔ جمع : ثمرات۔
**ثمن** ۔ (ثَ۔ مَن) [ع۔ا۔مذ] قیمت۔ قدر۔ مول۔ جمع : اثمان۔
**ثمن** ۔ (ثُمن۔ ثُ۔ مُن) [ع۔ا۔مذ] آٹھواں حصہ۔
**ثمین** ۔ (ع۔صف) (۱) قیمتی (۲) ہشت پہلو۔

## ث ـــ ن

**ثنا** ۔ (ثَ۔ نا) [ع۔ا۔مث] تعریف۔ ستائش۔ مدح۔ حمد و نعت۔ توصیف۔ جمع : اثنیہ۔ ثناہا۔
**ثنا خواں۔ ثنا گر۔ ثنا گستر۔ ثنا گو** ۔ (ع۔ف۔صف) تعریف کرنے والا۔ مداح۔
**ثنا خوانی** ۔ (ع۔ا۔مث) مدح کرنا۔ تعریف کرنا۔
**ثنویت** ۔ (ع۔ا۔مث) دُوئی۔ دو ہونا (۲) دو خدا ہونے کا عقیدہ (الگ) (Dualism)
**ثنیہ** ۔ (ع۔مث) (۱) جوان گائے یا بیل (۲) آگے کے دانت (۳) گھاٹی۔

## ث ـــ و

**ثواب** ۔ (ثَ۔ واب) [ع۔ا۔مذ] نیک کام کا بدلہ جو دوسری دنیا میں ملے گا۔ انعام۔ اجرت۔ جزا (۲) بھلائی۔ نیکی۔ جمع : ثوابات۔
**ثواب بخشنا** ۔ (ا۔محاورہ) اپنا کمایا ہوا ثواب دوسرے کو دے دینا۔
**ثواب کمانا** ۔ (ا۔محاورہ) نیک کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس سے ثواب ملے۔
**ثواب لوٹنا** ۔ (ا۔محاورہ) ثواب حاصل کرنا۔ کام کا اچھا اجر پانا۔
**ثواب نہ عذاب۔ کمر ٹوٹی مفت میں** ۔ (مثل) جب کوئی بے فائدہ کام کرے تو یہ مثل کہتے ہیں۔
**ثوابت** ۔ (ثَ۔ وا۔ بت) [ع۔ا۔مذ] ثابت کی جمع۔ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔
**ثوب** ۔ (ع۔ا۔مذ) کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔
**ثور** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) آسمان کا دوسرا برج جو گائے کی شکل کا ہے۔ بیل (۲) مکہ معظمہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے۔

## ث ـــ ی

**ثیاب** ۔ (ثِ۔ یاب) [ع۔ا۔مذ] ثوب کی جمع۔ پہننے کے کپڑے۔ لباس۔ پوشاک۔
**ثیب** ۔ (ع۔صف) وہ مرد یا عورت جو کنوارا نہ ہو۔
**ثیبہ** ۔ (ع۔ا۔مث) وہ عورت جو کنواری نہ ہو۔
**ثیوبت** ۔ (ع۔ا۔مث) رنڈاپا۔



Marfat.com

# ج

ج - (جیم) اُردو کا ساتواں، فارسی کا چھٹا، عربی کا پانچواں اور ہندی کا آٹھواں حرف۔ حساب ابجد میں اس کے تین عدد گنے جاتے ہیں۔ اس حرف کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے۔ عربی کے قمری حروف میں شامل ہے۔ اگر اس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام اپنی آواز دے گا جیسے "الجمل"۔ بعض اُردو کلمات کے آخر میں آ کر ان کو حاصل مصدر یا اسم کیفیت بنا دیتا ہے جیسے گرج۔ اینچ

## ج - ۱

**جا** - [ف - ا - مث] جائے کا مخفف (۱) جگہ۔ مقام۔ ٹھکانہ۔ (۲) موقع۔ (۳) گنجائش۔ (۴) جانا کا امر۔

**جا اپنا کام کر** - (ا - مقولہ) چلے جاؤ۔ اس میں دخل نہ دو۔

**جابجا** - (ا - ف) ہر جگہ۔ جگہ جگہ۔ ہر کہیں۔ ہر مقام پر۔

**جابجا کہنا** - (ا - محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ بدنام کرنا۔

**جا بے جا** - (ف) - (۱) موقع بے موقع۔ درست نادرست۔ (۲) بُرا بھلا۔

**جا جا** - (ا - مقولہ) دُور ہو جا۔ چلا جا۔ نفرت اور غصے میں کہا جاتا ہے۔

**جا چکے** - (ا - مقولہ) کبھی نہ جائیں گے۔

**جا لینا** - (ملنا) (ا - محاورہ) پکڑ لینا۔ بعد میں چل کر ساتھ مل جانا۔

**جا سے** - (۱) سچی بات۔ (۲) برمحل بات۔ موقع کی بات۔

**جا ضرور** - (ف - ا - مذ) بیت الخلا۔ ٹٹی۔ بیت الخلا۔ (۲) پنجانہ۔ براز

**جا ضرور بند ہونا** - (ا - محاورہ) قبض ہونا۔

**جا ضرور خطا ہونا۔ جا ضرور نکل جانا** - (ا - محاورہ) (۱) بے اختیار پاخانہ نکل جانا۔ (۲) ڈر کے مارے پاخانہ نکل جانا۔

**جا ضرور میں پانی نہ رکھواؤں** - (ا - مثل) شدید نفرت ظاہر کرنا۔

**جانشین** - (ا - صفت) (۱) قائم مقام (۲) نائب سلطنت (۳) گدی نشین۔ ولی عہد۔

**جانشینی** - (ف - ا - مث) جانشین ہونے کا فعل۔ نیابت۔ ولی عہدی۔ قائم مقامی۔

**جانماز** - (ف - ا - مذ) نماز پڑھنے کا فرش مُصلّیٰ۔

**جا** - [ا] جانا مصدر سے صیغۂ امر۔

**جا اُترنا** - (ا - محاورہ) ٹھہرنا۔ فروکش ہونا۔

**جا ٹھہرنا** - (ا - محاورہ) لڑ پڑنا۔ مقابلہ کرنا۔

**جا پڑنا** - (ا - محاورہ) اچانک کہیں چلے جانا۔ (۲) حملہ آور ہونا۔

**جا پھنسنا** - (ا - محاورہ) قابو میں آ جانا۔ دھوکے میں آنا۔

**جا دھمکنا** - (ا - محاورہ) اچانک کسی جگہ پہنچ جانا۔

**جا رہنا** - (ا - محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔

**جا گھسنا** - (ا - محاورہ) زبردستی داخل ہو جانا۔

**جا ملنا** - (ا - محاورہ) پیچھے سے آ کر مِل جانا۔

**جا نکلنا** - (ا - محاورہ) اتفاقاً جا پہنچنا۔

**جا کو راکھے سائیاں، مار نہ ساکے کوئے** - (مثل) جس کو خدا بچائے اُسے کوئی نہیں مار سکتا۔ جسے خدا رکھے اُسے کون چکھے۔

**جابھ** - [ہ - ا - مذ] (۱) مویشی کے منہ پر باندھنے کا چھینکا۔ (۲) میووں پر ڈالنے کا جال۔ [مؤنث] (۳) ایک قسم کی گھاس۔

**جاب** - [ق - ا - مذ] جواب۔

**جاب** - (Job) [انگ - ا - مث] کارِ خدمت۔ فرض منصبی آسامی۔

**جاب ورک** - (Job Work) چھٹکل کام۔ متفرق کام جس کی اُجرت فوراً دے دی جائے۔

**جابر** - (جا - بِر) [ع - صفت] (۱) جبر کرنے والا۔ ظالم۔ (۲) خودسر۔ مطلق العنان۔ مردم آزار۔ زیادتی کرنے والا۔ بدمزاج۔

**جابوں** - (جا - بوں) [ق - ا - مذ] جواب کی جمع۔

**جا بھڑنا** - (جا - بھڑنا) [ہ - مص] (۱) ٹکرانا۔ ٹکر لینا۔ (۲) مقابلہ کرنا۔ (۳) لڑ جانا۔

**جابھی** - [ہ] بیزاری، ناپسندیدگی یا شکایت کا کلمہ۔

**جاپ** - جپ۔ [ہ - ا - مث و مذ] وظیفہ۔ وِرد۔ پاٹھ۔

**جاپ کے بڑتنے پاپ** - یہ سمجھ کر گناہ کرنا کہ عبادت کی وجہ سے معاف ہو جائیں گے۔

**جاپا** - [ہ - ا - مذ] (۱) بچہ جننا۔ (۲) بچے کی پیدائش یا زچگی۔

**جاپانی** - [جا - پا - نی] - [ا ر - صفت] - جاپان سے نسبت رکھنے والا (مؤنث) جاپانی زبان۔

**جات** - [ہ - ا - مث] (۱) ذات (۲) قوم۔ فرقہ۔ قبیلہ۔ جماعت۔ (۳) نسل۔

**جات پات** - (ہ - ا - مذ) (۱) حسب نسب۔ ذات۔ پات۔ (۲) نسل۔ (۳) برادری۔

**جات پات پوچھے نہ کوئے، ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے** - خدا کے ہاں ذات پات کی کوئی پرسش نہیں۔ جو خدا کی عبادت کرتا رہے وہ خدا کو پیارا ہوتا ہے۔

**جاتا رہنا** - [ہ - مص] (۱) کھو جانا۔ گم ہو جانا۔ (۲) پھیرے کرنا۔ (۳) بالکل دُور ہو جانا۔ (۴) رفع ہو جانا۔ (۵) مر جانا۔

**جاترا** - (جات - را) [ہ - ا - مث] (۱) مقدس مقامات کی زیارت کے لئے سفر۔ تیرتھ کو جانا (۲) مذہبی جلوس (۳) تیوہار۔ (۴) میل جول۔ (۵)



Marfat.com

ذریعہ معاش۔ (۶) رسم و رواج۔ (۷) آمد و رفت۔

**جاتری۔** (جات۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذ] جاترا یا تیرتھ پر جانے والا۔ زائر (۲) مسافر (۳) راہ رو۔ راہ گذر۔

**جاتک۔** (جا۔ تک) [س۔ ا۔ مذ] بچے کی پیدائش کی ایک رسم۔ (۲) پیدائش۔ ولادت۔ (۳) جنم پتری۔ (۴) فقیر۔ سادھو۔

**جاتی۔** (جا۔ تی) [س۔ ا۔ مث] ذات۔ دیکھیے جات۔

**جاتی دنیا دیکھنا۔** (مثل) حالات یا زندگی کا بھروسہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی ضروری کام کو نمٹا دینا۔

**جاتے جاتے۔** [ہ] چلتے چلتے۔ رخصت ہونے کے موقع پر۔ (۲) رفتہ رفتہ۔ چلتے چلتے۔

**جاٹ۔** [ہ۔ ا۔ مذ] ایک ذات جس کا پیشہ کاشتکاری ہے (۲) اس قوم یا ذات کا ایک فرد (۳) سیدھا اور بھولا بھالا آدمی۔

**جاٹ رے جاٹ تیرے سر پر کھاٹ، تیلی رے تیلی تیرے سر پر کولہو۔** تک تو ملا ہی نہیں، تو کیا ہوا بوجھوں تو مرے گا۔ (ا۔ مثل)۔ بے معنی اور مہمل بات کے موقع پر بولتے ہیں۔

**جاٹ کہے سن جاٹنی یا ہی گاؤں میں رہنا، اونٹ بلیا لے گئی تو ہاں جی ہاں جی کہنا۔** (مثل) جن لوگوں میں رہنا، انہیں کی ہاں میں ہاں ملانا عقلمندی ہے۔

**جاٹ مرا تب جانیے جب تیرھویں ہو جائے۔** (ا۔ مثل) شرارتی کے مر جانے کے بعد بھی خطرہ رہتا ہے۔

**جاٹ نہ جانے گن کا اور چنا نہ جانے باہ۔ جاٹ کے سر گھونسڑا اور چنے کے سر چھاہ۔** (ا۔ مثل) جاٹ اچھی بات کو نہیں جانتا اور چنا سخت خشک ہوتا ہے۔ جاٹ جوتے سے درست ہوتا ہے اور چنے کھا کر چھاچھ پی جائے تو بہتر ہے۔

**جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی۔** (مثل) کم حیثیت انسان کا خاندانی آدمیوں جیسی عزت پانا۔

**جاٹھ۔** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) کولہو یا گنا بیلنے کی مشین کا دھرا۔ (۲) وہ لٹھ جو ہندو کسی تالاب میں کسی دیوتا کے نام پر گاڑتے ہیں۔

**جاثیہ۔** (ع۔ مث) (۱) اندھی (۲) زانو کے بل بیٹھنے والی۔ (۳) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔

**جاجت۔** (جا۔ جت) [ہ۔ ا۔ مث] جیم کی تختی جو بچوں کو اس لئے پڑھائی جاتی ہے کہ جیم کو دوسرے حرفوں کے ساتھ ملانا سیکھیں۔

**جاجم۔** (جا۔ جم) [ت۔ ا۔ مث] چھپا ہوا بیل بوٹے دار کپڑا۔ چھاپے کا فرش۔

**جاجت۔** [ن۔ ا۔ مث] (۱) ظلم و ستم۔ (۲) رنج و الم (۳) ضرورت۔ احتیاج۔

**جاچک۔** (جا۔ چک) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جانچنے والا (۲) درخواست دہندہ۔ (۳) مانگنے والا بھکاری۔ (۴) سازندہ۔ ڈوم۔ بھاٹ۔ مراثی۔

**جاچکنا۔** (جا۔ چک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چلے جانا۔ کسی جگہ موجود نہ رہنا۔ کبھی نہ جانا۔ (طنزاً) یعنی جانے کا کوئی امکان ہی نہیں۔

**جادُو بوچنا۔** (جا۔ دُ۔ بوچ۔ نا) [اُر۔ مص] (۱) پکڑ لینا۔ قابو کر لینا (۲) ناجائز فائدہ اٹھانے کی نیت سے گھیرنا۔

**جادُو۔** [ف۔ ا۔ مذ] ا۔ منتر۔ افسوں۔ سحر۔ ٹونا (۲) اثر۔ تاثیر۔ کشش۔

**جادُو اُتارنا۔** (ا۔ محاورہ) جادو منتر کا اثر دور ہونا۔

**جادُو اثر۔** (ف۔ ا۔ صفت) جس کا اثر فوراً ہو۔ جو فوراً کارگر ہو۔

**جادو اُلٹ دینا۔** (ا۔ محاورہ) ایسا منتر پڑھنا ایسا افسوں پھونکنا کہ جادو کا اثر جادو کرنے والے پر ہو۔

**جادُو اُلٹنا۔** (ا۔ محاورہ) جادو کا اثر اسی پر ہونا جو جادو کر رہا ہو۔

**جادُو بھری آواز۔** (ا۔ مث) مؤثر آواز

**جادُو برحق، کرنے والا کافر۔** (ا۔ محاورہ) جادو کے ثبوت میں کرنے والے کی مذمت میں کہا جاتا ہے۔

**جادُو بیان۔** (ف۔ ا۔ صفت) جس کی بات، تقریر یا کلام میں تاثیر ہو۔ جو مؤثر انداز سے بیان کرے۔ سحر البیان۔

**جادو پڑھ کر ماش مارنا۔** (ا۔ محاورہ) ماش کے دانے پر منتر پڑھ کر مارنا۔ (جادوگروں کا ایک عمل)۔

**جادُو پلٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) جادو منتر کا اُلٹا اثر ہونا۔

**جادُو ٹونا۔** (ف۔ ا۔ مذ) افسوں۔ سحر۔ منتر۔

**جادُو جگانا۔** (ا۔ محاورہ) جادو آزمانا۔ جادو کا عمل کرنا۔ (۲) جادو تازہ کرنا۔

**جادو چلانا۔** (ا۔ محاورہ) جادو کرنا۔ منتر پڑھنا۔

**جادو چلنا۔** (ا۔ محاورہ) سحر کا اثر ہونا۔

**جادُو ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کو اپنا بنا لینا (۲) فرماں بردار یا مرید کر لینا۔ (۳) اثر میں لے لینا۔

**جادُو رقم۔** (ف۔ صفت) جس کی تحریر میں جادو جیسا اثر ہو۔

**جادو کا پُتلا۔** (ا۔ مذ) (۱) اس انسان یا حیوان کی آٹے کی صورت جس پر جادو کرنا ہو۔ (کہتے ہیں اس پتلے پر کیے گئے عمل کا اثر اس کے ہم شکل پر ہوتا ہے (۲) معشوق یا محبوب جو عاشق پر اپنا جادو چلاتا ہے۔

**جادو کی موٹھ۔** ایک قسم کا منتر جس سے انسان مر جاتا ہے۔

**جادو کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ٹونا کرنا۔ افسوں کرنا۔ سحر کرنا

**جادو کی نظر (نگاہ)۔** (ا۔ محاورہ) پرکشش نگاہ معشوق کی تسخیر کرنے والی نظر۔

**جادُوگر۔** (ا۔ مذ) جادو کرنے والا۔ ساحر۔ سیانا (۲) جس کی باتوں میں اثر ہو۔ (۳) کاریگر۔

**جادوگرنی۔** (ا۔ مث) جادوگر کی تانیث۔

**جادوگری۔** (ا۔ صفت) (۱) جادو کرنے کا فن۔ جادو کا علم۔ ساحری۔

**جادو نظر۔ جادو نفس۔** (ا۔ محاورہ) جادو نگاہ معشوق۔

**جادُو نگار۔** (ا۔ صفت) جس کی تحریر تاثیر میں ڈوبی ہوئی ہو۔

**جادو وہ جو سر چڑھ بولے۔** (مثل) بات وہ جس کا مخالف بھی اقرار



Marfat.com

کرے۔ تدبیر وہ جو کارگر ہو کے رہے۔

**جادوبنسی۔** (جا۔ دَو۔ بَن۔ سِی) [ہ۔ ا۔ مذ] چندر بنسی راجپوتوں کے خاندان کی ایک شاخ۔ کرشن جی اسی خاندان سے تھے۔

**جادہ** (جا۔ دَہْ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) راستہ۔ راہ۔ سڑک۔ پگ ڈنڈی (۲) طریقہ۔ رواج۔ رسم۔ (عربی میں بتشدید دال مفتوح۔ فارسی اور اُردو میں بتخفیف دال۔)۔

**جادۂ اِطاعت سے قدم باہر رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) سرکشی کرنا۔ فرمانبرداری سے انکار کرنا۔

**جادہ پیما۔** (ف۔ صف) راستہ چلنے والا۔

**جادۂ مستقیم۔** (ف۔ صف) سیدھا راستہ۔ راہِ حق۔

**جاذب۔** (جا۔ ذِبْ) [ع۔ صف] (۱) جذب کرنے والا۔ چُوس لینے والا۔ (۲) پُرکشش۔ (۳) [مذکر] وہ کاغذ جو سیاہی چُوس لے۔ سیاہی چٹ۔ بلاٹنگ پیپر۔

**جاذبہ۔** (جا۔ ذِ۔ بَہ) [ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مث] (۱) جذب کرنے والی۔ (۲) کشش۔ تاثیر۔ محبت (۳) حُسن۔ خوبصورتی۔ (۴) فریفتگی۔ (۵) (قوت کے ساتھ) کھینچنے کی طاقت۔ ایک قوت جو اعضا میں موجود ہے اور اپنے موافق مادّے کو جذب کرتی ہے۔

**جار۔** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پڑوسی۔ ہم سایہ (۲) لفظ کے آخری حرف پر زیر یا کسرہ دینے والا۔ (۳) جوش۔ تیزی۔ تندی۔ زور۔

**جار و مجرور۔** (ا) کھینچنے والا اور وہ جو کھینچے (۲) وہ حرف جو زیر یا کسرہ دے اور وہ حرف جس پر زیر یا کسرہ دیا جائے۔

**جارِ ملحق۔** (ع۔ صف) وہ ہم سایہ جس کی جائیداد یا مکان حقِ شفع کی ہوئی جائیداد کے متصل ہو۔

**جار۔** (Jar) [انگ۔ ا۔ مذ] مٹی یا شیشے کا مرتبان۔

**جارجیٹ۔** (Georgette) (جار۔ جَٹْ) [انگ۔ ا۔ مذ] باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

**جارِح۔** (جا۔ رِحْ) [ع۔ صف]۔ نشتر لگانے والا۔ زخمی کرنے والا۔ (ا۔ مذ) حملہ کرنے والا۔ حملے میں پہل کرنے والا۔

**جارِحانہ۔** (جا۔ رِ۔ حانَہ) [ع۔ صف] جس سے زخم لگے یا نقصان پہنچے۔ (۲) آگے بڑھنے والا۔ (۳) شدت کا۔

**جارِحہ۔** (جا۔ رِ۔ حَہ) [ع۔ صف۔ ا۔ مذ و مث] (۱) زخم کرنے والی چیز۔ (۲) شکاری جانور۔ (۳) انسانی عضو جیسے ہاتھ پاؤں وغیرہ۔ جمع: جوارح۔

**جارحیت۔** (جا۔ رِ۔ حِی۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] دوسرے ملک پر بلاوجہ حملہ۔ ناجائز چڑھائی۔

**جارُوب۔** (جا۔ رُوب) [ف۔ ا۔ مث] جھاڑو۔ بہارتی۔

**جارُوب کش۔** (ف۔ صف) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔

**جارُوب کشی۔** (ف۔ ا۔ مث) جھاڑو دینا۔ خاکروب کا کام۔ جھاڑو دینے کا پیشہ۔

**جاری۔** [ع۔ صف] (۱) رواں۔ بہتا ہوا۔ (۲) بڑھتا ہوا۔ (۳) رائج الوقت۔ مروّجہ۔ (۴) لگاتار۔ مسلسل۔ برابر۔ صادر۔ مستقل۔

**جاری شُدہ۔** (۱) جاری کیا ہوا۔ (۲) نافذ۔ رائج۔

**جارِیہ۔** (جا۔ رِ۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ داسی۔ (۲) کشتی۔ (۳) آبِ رواں۔ (۴) نعمتِ خداداد۔

**جاڑا۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ۔ (۲) سردی کا موسم۔ (۳) بخار۔ تپ لرزہ۔

**جاڑا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سردی پڑنا۔ سردی کا زور۔ سردی چمکنا۔

**جاڑا چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) کپکپی لگنا۔ سردی کے ساتھ بخار چڑھنا۔

**جاڑا رُوئی سے جاتا ہے یا دُوئی سے۔** (مثل) جاڑے میں آدمی اسی حالت میں گرم رہتا ہے جب لحاف اوڑھے ہوئے ہو یا بیوی کے ساتھ سو رہا ہو۔

**جاڑا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) سردی برداشت کرنا۔

**جاڑا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) سردی یا ٹھنڈ معلوم ہونا۔ ٹھنڈ لگنا۔

**جاڑا ماہ نہ پوہ۔ جاڑا ہوا کا ہو۔** (ا۔ مثل) جاڑے کے لیے ماگھ پوس (جو سردی کے مہینے ہوتے ہیں) کی قید نہیں بلکہ اصل جاڑا اس وقت پڑتا ہے جب سردیوں میں ہوا تیز چلنے لگے۔

**جاڑے کی چاندنی۔** (ا۔ مث) بے فائدہ چیز۔

**جاز۔** (Jazz) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک طرح کا نغمہ اور ناچ۔

**جازم۔** (جا۔ زَمْ) [ف۔ ا۔ مث] دیکھیے جاجم۔

**جازِم۔** (ع۔ ا۔ صف) [جا۔ زِمْ] (۱) جزم دینے والا۔ متحرک حرف کو ساکن کرنے والا۔ (۲) ارادہ مضبوط کرنے والا۔

**جاسُوس۔** (جا۔ سُوس) [ع۔ ا۔ مذ] مخبر۔ راز جُو۔ سراغرساں۔ خفیہ پولیس۔ وہ شخص جو ایک ملک کا سرکاری راز دوسرے ملک میں پہنچائے۔

**جاسُوسی۔** (جا۔ سُو۔ سِی) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] مخبری۔ بھید معلوم کرنا۔ راز جوئی۔

**جا کالا منہ کر** [ہ۔ کلمۂ تنفر] دور ہو جا۔ جو جی چاہے کر۔ (غصے کا اظہار)

**جاکٹ۔** (جا۔ کَٹْ) [انگریزی (Jacket) کا بگاڑ۔ ا۔ مث] چھوٹا کوٹ۔ کُرتی۔ کُرتی۔ نیم آستین۔

**جاکڑ۔** (جا۔ کَڑْ) [ہ۔ ا۔ مذ] کوئی چیز جو اس شرط پر خریدی جائے کہ پسند آئی تو رکھی جائے گی ورنہ واپس کر دی جائے گی۔ (۲) واپسی کی شرط پر خریدی ہوئی چیز۔

**جاکڑ بہی۔** (ہ۔ ا۔ مث) وہ بہی جس میں واپسی کی شرط والی بکری کی یادداشتیں لکھی جائیں۔

**جاکھن۔** (جا۔ کھَنْ) [ہ۔ ا۔ مث] وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی بنیاد رکھتے ہیں۔ کنوئیں کا چاک۔

**جاکی۔** (جا۔ کی) (Jockey) [انگ۔ ا۔ مذ] پیشہ ور۔ چابک سوار۔ گھڑ دوڑ میں گھوڑے پر سوار ہونے والا۔

**جاگ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) جاگنا۔ شب بیداری۔ رت جگا (۲) بے خوابی (۳) ہوشیاری۔ (۴) بھاٹ قوم کا لقب۔ (۵) وہ آلہ جس سے



Marfat.com

نائم پیس میں الارم بجتا ہے۔
**جاگ اُٹھنا۔ جاگ پڑنا۔ جاگ جانا۔** (ا۔ محاورہ) سوتے سے اُٹھ جانا۔ بیدار ہو جانا۔ چونک پڑنا۔ چونک اُٹھنا۔
**جاگا۔ جاگو۔** [ق۔ ا۔ مث] جگہ۔
**جاگت۔** (جا۔ گَت) [ہ۔ ا۔ مث] بیداری۔ جاگنا۔ ہوشیاری۔ پہرہ دینا۔ حفاظت رکھنا۔ چوکسی۔
**جاگتا۔** (جاگ۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] ہوشیار۔ سیانا۔ بیدار مغز۔ چوکس۔
**جاگتا جادو۔** (ا۔ صف) ایسا جادو جو پورا پورا اثر دکھائے۔
**جاگتے رہنا۔** (ا۔ محاورہ) بیدار رہنا۔ نہ سونا۔
**جاگتے کو جگانا اس کو چھیڑنا ہے۔** (ا۔ مثل) دانا آدمی کو عقل سکھانا حماقت ہے۔
**جاگتے کی کٹیا۔ سوتے کا کٹڑا۔** (ا۔ مثل) ہوشیار آدمی فائدہ اٹھاتا ہے غافل نقصان میں رہتا ہے۔
**جاگتی جوت۔** (ہ۔ ا۔ مث) ظاہر کرامت۔ ناقابلِ انکار معجزہ۔
**جاگرتی۔** (جا۔ گر۔ تی) [س۔ ا۔ مث]۔ دیکھیے جاگت بیداری۔ شعور۔
**جاگنا۔** (جاگ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بیدار ہونا۔ سوتے سے اٹھنا۔ (۲) ہوشیار ہو جانا۔ متنبہ ہو جانا۔ (۳) روشن ہونا۔ مؤثر ہونا۔ (۴) تازہ ہو جانا۔
**جاگو۔** (جا۔ گو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) شب بیدار (۲) ہوشیار۔ بیدار مغز۔ (۳) جو جگانے سے فوراً جاگ جائے۔
**جاگی۔** [ہ۔ ا۔ مث] بندوق کا فتیلہ۔
**جاگیر۔** (جا۔ گیر) [ف۔ ا۔ مث] وہ زمین جو بادشاہ یا حکومت کی طرف سے انعام کے طور پر دی جائے۔
**جاگیردار۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جسے حکومت کی طرف سے جاگیر ملے۔ تعلقدار۔
**جاگیرداری۔** (ف۔ ا۔ مث) جاگیردار کا منصب۔
**جاگیر دوام۔** وہ جاگیر جو نسلاً بعد نسل خاندان میں رہے۔
**جاگیر مُحال۔** منظور شدہ جاگیر۔
**جاگیر منصب۔** (ف۔ ا۔ صف) وہ جاگیر جو کسی عہدے کے ساتھ ملے۔
**جاگے گا سو پاوے گا۔ سووے گا سو کھووے گا۔** (ا۔ مثل) ہوشیار اور بیدار مغز آدمی کامیاب رہے گا۔ غافل ناکام رہے گا۔
**جال۔** [س۔ ا۔ مذ] (۱) پھندا۔ دام (۲) سوراخ دار چیز (۳) جالی کا کام جو دروازوں کھڑکیوں یا روشن دانوں میں ہو۔ (۴) پیلو کا درخت (۵) باریک کپڑوں پر جال کی شکل کے بیل بوٹے (۶) جالی دار کھڑکی۔ (۷) پرتلا۔ پیٹی۔ پٹکا۔ (۸) جادو۔ طلسم۔
**جال بچھانا۔ جال ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) گرفتار کرنے کی تدبیر کرنا۔ مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔ کسی کو پھانسنے کے لیے فریب کرنا۔

**جال پھینکنا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) مچھلیاں پکڑنے کے لیے پانی میں جال ڈالنا (۲) کسی کو پھانسنے کے لیے چال چلنا۔
**جال دار۔** (۱) پھندے دار۔ حلقوں والا۔ جس میں جالی ہو۔ (۲) ململ، نین سکھ یا کوئی اور ایسا نفیس کپڑا جس پر جالی کی شکل میں نفیس بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔
**جال لکڑی۔** ایک پودا۔ بلی لوٹن۔
**جال لگانا۔** (ا۔ محاورہ) جانور یا پرندے کو پکڑنے کے لیے جال بچھانا۔
**جال مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جال سے جانور یا پرندے کو پکڑنا (۲) کسی کو فریب دینا۔
**جال میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکہ کھانا۔ دام میں آنا۔ پکڑا جانا۔
**جال میں پھنسنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گرفتار ہونا۔ (۲) دھوکے میں آنا۔
**جالا۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) باریک جھلی یا تار جو مکڑی تنتی ہے۔ تارِ عنکبوت۔ (۲) گھاس پات یا ترکاریاں باندھنے کا جال۔ (۳) آنکھ کی بیماری (۴) پانی پر جمی ہوئی پپڑی۔
**جالا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھ پر جھلی یا پردہ پڑنا۔
**جالا (جالے) لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھ کا جالا چھڑانا۔ (۲) دیواروں پر سے مکڑی کے جالے صاف کرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
**جالنا۔** (جال۔ نا) [ق۔ مص]۔ جلانا۔
**جالی۔** (جا۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خانہ دار کپڑا یا ایسی چیز جس میں سوراخ ہوں۔ حلقہ دار چیز۔ (۲) کشیدہ۔ (۳) لوہے کی باریک تاروں کا بنا ہوا جال جو دروازوں اور کھڑکیوں میں لگایا جاتا ہے۔ (۴) جھلی (۵) نقاب یا بنا ہوا کپڑا جو عورتیں بالوں پر ڈالتی ہیں (۶) چھینکا (۷) پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پڑ جاتا ہے۔ (۸) قبروں پر لگایا جانے والا پتھر یا لکڑی۔ رسی کا جال (۹) سوراخ دار توا جو چولھوں یا انگیٹھیوں میں راکھ گرنے کے لیے لگاتے ہیں۔ (۱۰) لٹو کا ڈورا۔ (۱۱) سخت ریشے جو کدو میں پکنے کے بعد پڑتے ہیں۔
**جالی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے ریشہ پیدا ہو جانا۔
**جالی کاڑھنا۔ جالی نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) جالی کا کام کرنا۔ جالی کے کپڑے میں بیل بوٹے کاڑھنا۔
**جالی لوٹ۔** ایک قسم کا باریک انگریزی کپڑا۔ بابی نٹ (Bobbinet)
**جالینوس۔** (جا۔ لی۔ نوس) [ع۔ ا۔ مذ] (۱۳۱ء تا ۲۰۱ء) یونان قدیم کے ایک حکیم کا نام جو فنِ طبابت میں تمام حکمائے یونان پر فوقیت لے گیا تھا۔ اس کا اصلی نام کلاڈیس گیلن تھا۔
**جام۔** [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پیالہ۔ گلاس۔ ساغر۔ پیمانہ۔ شراب پینے کا برتن (۲) آئینہ۔ (۳) امرود (ق)
**جام اُڑانا۔ جام اُڑنا۔** (ا۔ محاورہ) شراب پی جانا۔ شراب نوشی کرنا۔
**جام پر جام چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) لگاتار شراب پینا۔ بکثرت شراب پینا۔



Marfat.com

**جام پیما**۔ (ف۔ صف) پیالہ پینے والا یعنی شرابی۔

**جامِ جم۔ جامِ جمشید۔ جامِ جہاں نما**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ روایتی پیالہ جس میں جمشید تمام حالات کا عکس دیکھ لیتا تھا۔

**جام چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) شراب پینا۔ شراب کا پیالہ حلق میں اُنڈیلنا۔

**جام چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) شراب کا دَور چلنا۔

**جام خانہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) شیش محل۔ وہ عمارت جس کے کمروں کے اندر آئینے لگے ہوں۔

**جامِ سفال**۔ (ف۔ ا۔ مذ) مٹی کا پیالہ۔

**جامِ صحت پینا**۔ (ا۔ مذ) یورپ وغیرہ میں دستور ہے کہ اپنے دوستوں حاکموں یا مشاہیر کی صحت سلامتی اور کامیابی کے لیے محفلوں میں جام شراب پیتے ہیں۔

**جام لبریز ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) پیالہ بھر جانا۔ قریب مرگ ہونا۔

**جام**۔ ((Jam)) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) مربا (۲) راب۔

**جام**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بیٹا۔ فرزند۔ (۲) بیج۔ تخم (۳) بیر۔

**جامُ پھل**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] ایک پھل جو سیب کے برابر ہوتا ہے اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔

**جام خانہ**۔ [ق۔ ا۔ مذکر] بڑا قالین۔

**جامد**۔ (جا۔ مِد) [ع۔ صف] (۱) جما ہوا۔ (۲) ٹھوس۔ (۳) پتھر۔ بے حس و حرکت۔ (۴) اسم جس سے نہ تو کوئی لفظ نکلے اور نہ وہ کسی لفظ سے نکلا ہو۔

**جامدار**۔ دیکھیے جامہ وار۔

**جاملانی**۔ (جام۔ دانی) [ف۔ ا۔ مذ] جامہ دانی کا مخفف۔ (۱) کڑھا ہوا پھولدار کپڑا۔ (۲) کپڑوں کی پیٹی (۳) چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں (۴) شیشے یا ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں۔

**جامع**۔ (جا۔ مِع) [ع۔ صف] (۱) جمع کرنے والا۔ تکمیل کرنے والا۔ (۲) مکمل حامل۔ ہمہ گیر۔ پورا۔ (۳) وہ مسجد جس میں نمازِ جمعہ پڑھی جائے۔

**جامع العلوم**۔ (ع۔ ا۔ صف) اِنسائیکلوپیڈیا۔ مخزن العلوم۔ وہ کتاب جس میں تمام علمی وفنی معلومات درج ہوں۔

**جامع الکمالات**۔ (ع۔ صف) (۱) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں (۲) جو تمام علوم وفنون کا ماہر ہو۔

**جامع اللغات**۔ (ا۔ صف) مکمل لغت جس میں کسی زبان کا ہر لفظ مل جائے۔

**جامع المتفرقین**۔ (ع۔ ا۔ ف۔ صف) بچھڑوں کو ملانے والا۔ مجازاً خدا۔

**جامع مسجد**۔ (ع۔ ا۔ مث) وہ بڑی مسجد جس میں نمازِ جمعہ ہوتی ہے۔ شہر کی سب سے بڑی مسجد۔

**جامعہ**۔ (جا۔ مِ۔ عہ) [ع۔ ا۔ مث] دار العلوم۔ یونیورسٹی۔ درس گاہ۔

**جامعیت**۔ (جا۔ مِ۔ عی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] ہمہ گیری۔ جس میں سب کچھ آگیا ہو۔ کاملیت۔

**جامگی**۔ (جا۔ مَ۔ گی) [ق۔ ا۔ مذ] بندوق کا توڑا۔

**جامن**۔ (جا۔ مُن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) اُودے رنگ کا ایک کسیلا پھل اور اس کا درخت۔ (۲) وہ دہی یا چھاچھ جسے دہی جمانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**جامہ**۔ (جا۔ مَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پوشاک۔ لباس۔ پیراہن۔ (۲) ایک گھیر دار چوغہ نما لباس جو دورِ قدیم میں اہلِ دربار پہنا کرتے تھے۔

**جامۂ اِحرام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لباس جس کو حاجی حج سے پہلے خاص مقام سے پہن لیتے ہیں۔

**جامہ پوش**۔ (ف۔ ا۔ صف) لباس پہنے ہوئے۔

**جامہ تلاشی**۔ (ا۔ مث) لباس کی تلاشی۔ ملزم یا مجرم کو جب پکڑتے ہیں تو ان کے لباس کی تلاشی لی جاتی ہے۔ جسے جامہ تلاشی کہا جاتا ہے۔

**جامہ خانہ**۔ کپڑے رکھنے کی الماری یا صندوق وغیرہ۔

**جامۂ دار**۔ (۱) لباس وغیرہ کا منتظم۔ داروغہ لباس۔

**جامہ زیب**۔ (ف۔ صف) وہ مرد یا عورت جس کے جسم پہ ہر وضع کا لباس بھلا معلوم ہو۔

**جامہ قطع کرنا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) کپڑے کو جامے کی شکل میں کترنا۔ (۲) کسی صفت یا عیب میں کامل کرنا۔

**جامہ ندارم دامن از کجا آرم**۔ (ف۔ مث) اصل چیز ہی نہیں ہے فروعات کا کیا ذکر۔

**جامہ وار**۔ (۱) ایک قسم کی پھولدار چھینٹ۔ (۲) پھول دار پشمینے کی چادر۔

**جامے سے باہر ہو جانا۔ (ہونا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خوشی یا غصے میں اپنے سے باہر ہو جانا۔ (۲) بہت اترانا۔ فخر کرنا۔

**جامے سے نکل پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ اترانا۔ جب انسان اپنے قابو میں نہ رہے اس وقت بولتے ہیں۔

**جامے سے نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دیکھیے جامے سے باہر ہو جانا۔

**جامے میں پھولا نہ سمانا**۔ (ا۔ محاورہ) اتنا خوش ہونا کہ آپے سے باہر ہو جانا۔

**جامے میں رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے حواس میں رہنا۔

**جامی**۔ (جا۔ مِی) [ف۔ صف] (۱) خراسان کے شہر 'جام' سے منسوب۔ اس شہر کا باشندہ یا اس سے متعلق کوئی چیز (۲) فارسی کے مشہور شاعر مولانا نور الدین عبد الرحمٰن ابنِ احمد جامیؒ۔

**جان**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) رُوح۔ آتما۔ (۲) زندگی۔ حیات۔ (۳) طاقت۔ قوت۔ (۴) ہمت۔ حوصلہ۔ تاب وتواں۔ (۵) جوہر۔ لُبّ لباب۔ مغز۔ (۶) نہایت عزیز چیز (۷) پیارا بیٹا۔ (۸) معشوق (۹) خوبی۔ خوبصورتی۔ (۱۰) زیب وآرائش۔ (۱۱) پیار کا کلمہ۔ (۱۲) بچہ۔

**جان آجانا۔ جان آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طاقت آنا۔ قوت آنا۔ (۲) پنپ جانا۔ (۳) تازگی پانا۔ (۴) تسکین یا تسلی پانا (۵) خوشی حاصل ہونا۔

**جان آڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) [ق] جان کی پروا نہ کرنا۔

**جان آزاری**۔ (ف۔ ا۔ مث) دُکھ دینا۔ ستانا۔



Marfat.com

جان آفریں۔ (ف۔ ا۔ صفت) جان ڈالنے والا۔ خدا۔

جان آنکھوں میں آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مرنے کے قریب ہونا۔ (۲) شدید انتظار ہونا۔

جان اٹکنا۔ (ا۔ محاورہ) دم نکلتے نکلتے رک جانا۔ نزع کی حالت۔

جان اڑی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) پریشانی۔ بدحواسی۔ اضطراب۔

جان الجھنا۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنس جانا۔ آفت میں پڑ جانا۔

جان باختہ۔ (ف۔ صفت) جسے جان کا ڈر نہ ہو۔ جان پر کھیلا ہوا۔

جاں باز۔ (ف۔ صفت) (۱) جان پر کھیل جانے والا۔ (۲) غیر معمولی حوصلے کا انسان۔ (۳) بیباک۔ دلیر۔ شجاع۔

جاں بازی۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) جان پر کھیلنا۔ دلیری۔ شجاعت (۲) غیر معمولی حوصلہ۔

جان بچا جانا۔ (ا۔ محاورہ) الگ ہو جانا۔

جان بچی لاکھوں پائے۔ (مثل) (۱) زندہ سلامت رہنا ہی بڑی دولت ہے (۲) مصیبت سے پیچھا چھوٹا عذاب سے نجات ملی۔

جان بحق (تسلیم) ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مرجانا۔ فوت ہو جانا۔

جاں بخش۔ (ف۔ صفت) تازگی دینے والا یا والی جس سے جان سی پڑ جائے۔

جاں بخشی۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) معافی۔ (۲) قتل یا پھانسی کے مستحق کو چھوڑ دینا۔

جاں بر۔ (ف۔ صفت) محفوظ۔ زندہ سلامت صحیح سلامت۔

جاں بر ہونا۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) مرتے مرتے بچ جانا۔ (۲) محفوظ رہنا۔

جاں بلب۔ (ف۔ صفت) مرنے کے قریب۔ قریب مرگ۔

جاں بلب (برلب) ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ نزع میں ہونا۔

جان بھاری ہونا۔ (ا۔ محاورہ) زندگی سے تنگ آنا۔ مصیبتوں سے گھبرا جانا۔

جان بیچنا۔ (ا۔ محاورہ) طمع کی وجہ سے وہ کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو۔

جان بے کل ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بے چینی یا اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔

جان بیمہ۔ زندگی کا بیمہ۔ (Life Insurance)

جان پانا۔ (ا۔ محاورہ) تازگی آجانا۔ نئی زندگی پیدا ہو جانا۔

جان پر آبننا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سخت مصیبت ہونا۔ (۲) اتنی سخت تکلیف ہونا جس سے مرجانے کا اندیشہ ہو۔

جان پر آسمان (فلک) ٹوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) بڑی سخت مصیبت آنا۔ آفت نازل ہونا

جان پر آنا۔ (ا۔ محاورہ) جان پر پڑنا۔ خطرہ قریب ہونا۔

جان پر بن جانا۔ جان پر بننا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جان خطرے میں ہونا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔ (۲) سخت تکلیف میں مبتلا ہو جانا۔

جان پر جوکھم آنا۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسنا۔

جان پر صبر۔ (ا۔ منقولہ) کسی کو بددعا دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ صبر کا اثر اس کی جان پر پڑے۔

جان پر کھیلنا۔ کھیل جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ایسا کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو۔ (۲) کوئی مقصد حاصل کرنے کے لیے مرنے پر آمادہ ہو جانا۔

جان پر نوبت آنا۔ (ا۔ محاورہ) زندگی خطرے میں پڑ جانا۔ جان جانے کا خطرہ سامنے آجانا۔ جان لیوا مصیبت کا سامنا ہونا۔

جان پڑنا۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) زندگی پیدا ہونا۔ زندگی کے آثار نظر آنا۔ (۲) طاقت آجانا۔ (۳) کام کی رفتار تیز ہو جانا۔ (۴) انڈے یا بچے میں روح پڑنا۔ (۵) ہرا ہونا۔ (۶) فرحت محسوس ہونا۔ (۷) بیماری سے پنپنا۔ (۸) آسودہ حال ہو جانا۔ (۹) رونق آجانا۔ (۱۰) خوش ہونا۔

جان پڑی ہونا۔ (ا۔ محاورہ)۔ (کسی شخص، چیز یا معاملے میں) (کسی کی) فکر لگی رہنا۔ (کسی کی طرف) خیال لگا ہونا۔ (کسی کا) ہر وقت دھیان آنا۔

جان پہ گذرنا۔ (ا۔ محاورہ) تکلیف یا اذیت میں ہونا۔ جان پر بننا۔

جان پھڑکنا۔ (ا۔ محاورہ) بیتابی محسوس کرنا۔ گھبرانا۔

جان پھنسانا۔ (ا۔ محاورہ) جان پھنسنا۔ مصیبت میں جان ڈالنا۔ مشکل میں پھنسنا۔

جان پیاری ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کو جی نہ چاہنا۔ زندگی عزیز ہونا۔

جاں تراش۔ (ف۔ صفت) کم زور کرنے والا۔ (ق)

جان تصدق کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دوسرے کو بچانے کے لیے خود مر جانا۔ دوسرے پر اپنی جان قربان کر دینا۔

جان توڑ کر۔ (ا۔ صفت) نہایت محنت سے۔ بہت کوشش سے۔

جان توڑنا۔ جان ٹوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نزع کی حالت میں ہونا (۲) سخت کوشش کرنا۔

جان جاتی رہنا۔ جان جانا۔ (ا۔ محاورہ) مرجانا۔ وفات پانا۔ گذر جانا۔

جانِ جاں۔ جانِ جاناں۔ (ف۔ صفت) بہت عزیز۔ پیارا۔ معشوق۔

جان جائے پر آن نہ جائے۔ (مثل) عزت میں کسی حالت میں فرق نہیں آنا چاہیے۔ آبرو ہر قیمت پر قائم رہنی چاہیے۔

جان جائے کہ رہے۔ (مثل) کتنا ہی نقصان کیوں نہ اٹھانا پڑے۔ کتنی ہی مصیبت کیوں نہ آئے کسی مقصد یا کام یا نظریہ کو کسی حالت میں نہ چھوڑنے کا اٹل ارادہ۔

جان جلانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنج دینا۔ جی جلانا۔ دلی تکلیف یا اذیت دینا۔ (۲) غصہ دلانا۔ غصہ بھڑکانا۔ اشتعال دلانا۔

جان جلنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنج ہونا۔ (۲) غصہ آنا۔

جان جوکھوں۔ جان جوکھم۔ (ا۔ مث) (۱) خطرہ (۲) اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔ (۳) مصیبت۔ آفت۔



Marfat.com

**جانِ جہاں**۔ (ف۔ صفت) محبوب۔ معشوق۔
**جان جھونکنا**۔ (ا۔ محاورہ) دوسرے کے لیے مرجانا۔ قربان ہوجانا۔
**جان چرانا**۔ (ا۔ محاورہ) کام سے بچنا۔ ٹالنا۔ پہلوتہی کرنا۔ محنت سے گریز کرنا۔
**جان چلی جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بے چینی، گھبراہٹ یا اضطراب ہونا۔
**جان چھپانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہانے کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ چھپتے پھرنا۔
**جان چھڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) پیچھا چھڑانا۔ پھندے یا گرفت سے بچ نکلنا۔ نجات پانا۔
**جان چھڑکنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل وجان سے پیار کرنا۔ (۲) انتہائی شفقت دکھانا۔
**جان چھوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) نجات ملنا۔ (۲) جھگڑے سے چھوٹ جانا۔ (۳) تکلیف دِہ پابندی سے آزاد ہونا۔
**جان چھوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) پیچھا چھوڑنا۔ واسطہ ختم ہونا۔ (۲) ہمت ہارنا۔ (۳) مرجانا۔
**جان حاضر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) ہر طرح امداد کے لیے تیار ہونا۔ (۲) بڑی سے بڑی قربانی پر آمادہ ہونا۔
**جان دار**۔ (ف۔ صفت)۔ (۱) ذی روح۔ حیوان۔ جان رکھنے والا۔ (۲) طاقت ور۔ قوی۔ مضبوط۔ (۳) باہمت۔ حوصلے والا۔ (۴) چست۔ چالاک۔ تیز۔ پھرتیلا۔ (۵) دولت مند۔ مال دار۔ صاحبِ حیثیت۔
**جان دریغ نہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے مقابلے میں اپنی جان کو بھی کچھ نہ سمجھنا۔
**جان دوبھر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی وبال معلوم ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ موت چاہنا۔ زندگی اجیرن ہونا۔
**جان دُھکدُھکی میں اٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت بے چینی۔ بے قراری یا گھبراہٹ۔
**جان دینا۔ جان دے دینا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) مرجانا۔ (۲) خودکشی کرنا۔ (۳) کنجوسی کرنا۔ (۴) دوسرے کے لیے مرجانا۔
**جان ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) رُوح ڈالنا۔ زندگی دینا۔ (۲) تازہ دم کرنا۔ (۳) ترقی دینا۔
**جان رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) طاقت ور ہونا۔ قوی ہونا۔
**جان رمقے ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑی سی جان باقی ہونا۔
**جان رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی برقرار رہنا۔
**جان رہے یا نہ رہے**۔ (دیکھیے جان جائے کہ رہے"۔
**جاں سپار**۔ (ف۔ صفت) اپنی جان دوسرے کو سونپنے والا۔ اپنی زندگی یا موت دوسرے کی مرضی پر منحصر کرنے والا۔ عاشق۔
**جاں سپر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دوسرے کو بچانے کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔
**جاں ستاں**۔ (ف۔ صفت)۔ جان لینے والا۔ معشوق۔

**جاں ستانی**۔ (ف۔ ا۔ مث) جان لینا۔ ہلاک کر دینا۔ ظلم وستم۔
**جان سُن سے ہوجانا**۔ (ا۔ محاورہ) ڈر جانا۔ سہم جانا۔
**جاں سوختہ**۔ (ف۔ ا۔ صفت) جان جلا ہوا۔ عاشق۔
**جاں سوز**۔ (ف۔ صفت) دل جلانے والا۔ ایذا دینے والا۔ تکلیف دِہ۔ (کنایتاً) معشوق۔
**جاں سوزی**۔ (ف۔ ا۔ مث) جان جلانا۔ دل جلانا۔ ایذا یا تکلیف دینا یا اٹھانا۔
**جان سُوکھنا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) خوف معلوم ہونا۔ (۲) ڈر لگنا۔ دم خشک ہونا۔ ناگوار گزرنا۔
**جان سُولی پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی بات کا اندیشہ ہونا۔ (۲) خطرے میں ہونا۔ (۳) انتظار میں ہونا۔ (۴) تکلیف۔ بے چینی یا اضطراب میں ہونا۔
**جان سے بیزار ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جان سے تنگ آنا (ہونا) دیکھیے جان دوبھر ہونا۔
**جان سے جانا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) مرنا۔ فوت ہونا۔ (۲) کسی بیماری یا حادثے کی نذر ہونا۔
**جان سے دُور**۔ (ا۔ محاورہ) جب کسی مرے ہوئے شخص سے کسی اپنے زندہ عزیزوں کو نسبت دیتے ہوتے کہتے ہیں۔
**جان سے زیادہ عزیز رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت پیارا سمجھنا۔
**جان سے گذرنا۔ جان سے گذر جانا**۔ (ا۔ محاورہ) مرجانا۔ فنا ہوجانا۔
**جان سے مار ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔
**جان سے مایوس ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جینے کی امید نہ رہنا۔
**جان سے ہاتھ اٹھانا۔ جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (دھونا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مرنے پر آمادہ ہونا۔ (۲) زندگی سے مایوس ہوجانا۔
**جانِ شیریں**۔ (ف۔ ا۔ صفت)۔ پیاری جان۔ زندگی۔
**جانِ عالم**۔ (۱) اردو زبان کی مشہور داستان افسانۂ عجائب کا ہیرو۔ (۲) نواب واجد علی شاہ بادشاہِ اودھ کا لقب۔
**جان عذاب میں آنا۔ جان عذاب میں پڑنا (پھنسنا)**۔ (ا۔ محاورہ) سخت مصیبت میں پڑجانا۔
**جان عذاب میں ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) جان مصیبت میں پھنسانا۔
**جان عشق ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی پہ فریفتہ ہونا۔
**جاں فرسا**۔ (ف۔ صفت) خون خشک کرنے والا۔ خوفناک۔ ڈراونا۔
**جاں فزا**۔ (ف۔ صفت) فرحت انگیز۔ دل خوش کرنے والا۔ مسرت انگیز۔
**جاں فشاں**۔ (ف۔ صفت) جان چھڑکنے والا۔ دوسرے کے لیے جان دینے والا۔ سرگرم۔ پُرشوق۔
**جاں فشانی**۔ (ف۔ ا۔ مث)۔ (۱) جان دینا۔ (۲) محنت۔ کوشش (۳) سرگرمی۔ شوق۔
**جان کا بیری۔ جان کا دشمن۔ جان کا لاگو۔ جان کا لیوا**۔ (ا۔ صفت)



Marfat.com

(۱) سخت دشمن ۔ جانی دشمن ۔ ایسا شخص جو جان کے درپے رہے ۔ (۲) ملک الموت ۔ (۳) بدخواہ ۔ حاسد ۔

**جان کا پیوند ۔ جان کا ٹکڑا ۔** (ا ۔ صفت) جو اپنی جان جتنا عزیز ہو ۔ آرام دل ۔ معشوق ۔ جگر پارہ ۔

**جان کا ٹکڑا ۔** (ا ۔ صفت) بہت پیارا ۔ معشوق ۔ فرزند ۔

**جان کا جنجال ۔** (ا ۔ مذ) دُدھر ۔ تکلیف دہ ۔ وبال جان ۔ مصیبت ۔ بکھیڑا ۔

**جان کا خواہاں ہونا ۔** (ا ۔ محاورہ) مارنے کے درپے ہونا ۔ قتل کی فکر میں ہونا ۔

**جان کا دُشمن ۔** (ا ۔ صفت) سخت دشمن ۔

**جان کا روگ ۔ جان کا عذاب ۔** (ا ۔ مذ) ۔ (۱) ایسا مرض جس میں ہلاکت کا خطرہ ہو ۔ وہ آزار یا بیماری جس نے جینا وبال کر دیا ہو ۔

**جان کا صدقہ مال ۔** (مثل) جان بچانے کے لیے مال قربان کر دینا چاہیے ۔

**جان کا کھٹکا ۔** (ا ۔ مذ) ہلاکت یا قتل کا اندیشہ ۔

**جان کا کیا بھروسا ۔** (ا ۔ مذ) زندگی کا کیا بھروسا ۔

**جان کا منہ نہیں کرتے ، روپے کا منہ کرتے ہیں ۔** (مثل) کنجوس آدمی روپیہ بچانے کے لیے اپنی جان کو بھی خطرے میں ڈال لیتے ہیں ۔

**جان کام آنا ۔** (ا ۔ محاورہ) کسی کی خدمت میں مر جانا ۔

**جان کاہ ۔** (ا ۔ صفت) ۔ (۱) محنت طلب (۲) جس سے جان گھل جائے (۳) غم انگیز ۔

**جان کاہی ۔** (ف ۔ ا ۔ مث) محنت ۔ مشقت (۲) کوئی چیز جو زندگی کو کم کر دے ۔

**جان کا لاگو ۔** (ا ۔ مقولہ) جان کا دشمن ۔ جانی دشمن ۔

**جان کندنی ۔ جاں کنی ۔** (۱) نزع کی حالت ۔ دم توڑنا ۔ موت کے لمحات میں سانس اُکھڑنا ۔ (۲) عذاب ۔ اذیت ۔

**جان کو آ جانا ۔ جان کو آنا ۔** (ا ۔ مث) سخت غصے ہونا ۔ بہت ناراض ہونا ۔

**جان کو جان نہ سمجھنا ۔** (ا ۔ محاورہ) حد سے زیادہ محنت کرنا ۔ اپنی صحت کی طرف سے بے پروا ہو کر مشقت کرنا ۔

**جان کو رونا ۔ جان کو کلپنا ۔** (ا ۔ محاورہ) صبر کر بیٹھنا ۔ جس نے تکلیف پہنچی ہے اُسے کوسنا ۔

**جان کھا جانا ۔ جان کھانا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) ستانا ۔ تنگ کرنا ۔ (۲) تھکانا ۔ قابو پانا ۔ (۳) ناک میں دم کرنا ۔ (۴) بہت ستانا ۔

**جان کھا لینا ۔** (۱) ناک میں دم کر دینا ۔ (۲) تنگ کرنا ۔ ستانا ۔

**جان کھپانا ۔** (ا ۔ محاورہ) بہت زیادہ محنت کرنا ۔ فکر کرنا ۔ تردد میں رہنا ۔

**جان کھنچنا ۔** (ا ۔ محاورہ) جان نکلنا ۔ دم نکلنا ۔

**جان کھونا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) رنج کرنا ۔ غم کرنا (۲) مر جانا (۳) کسی خاص مقصد کے لیے جان دے دینا ۔

**جان کی امان ۔** (ا ۔ مث) ۔ (۱) جان بخشی ۔ معافی (۲) رہائی ۔ (۳) نجات ۔

**جان کی پڑی ہونا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) زندگی کی فکر ہونا ۔ جان بچانے کی فکر ہونا ۔

**جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا ۔** (مثل) دین کے رہے نہ دنیا کے ۔ دونوں طرف سے نقصان ہوا ۔

**جان کی خیر ۔ جان کی سلامتی ۔** (ا ۔ مث) جان بچی رہنے کی حالت ۔

**جان کی خیرات مال ۔** (مثل) دیکھیے جان کا صدقہ مال ۔

**جان کی طرح رکھنا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) بہت عزیز رکھنا ۔ بہت اُنس رکھنا ۔

**جان کے برابر رکھنا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) بہت زیادہ عزیز رکھنا ۔ بہت زیادہ قدر کرنا ۔ (۲) اپنے سے جدا نہ کرنا ۔

**جان کے پیچھے پڑنا ۔** (ا ۔ محاورہ) جان کے درپے ہونا ۔ قتل کرنے کے لیے پیچھے پڑ جانا ۔

**جان کے پیچھے عذاب لگانا ۔** (ا ۔ محاورہ) کوئی بکھیڑا یا مصیبت اپنے سر لے لینا ۔

**جان کے ساتھ جیوڑا ۔** وہ مصیبت جو عمر بھر ساتھ رہے (جیوڑا موٹی رسی کو کہتے ہیں) ۔ یہ کہاوت بُری بیوی یا بُرے خاوند کے حق میں کہی جاتی ہے ۔

**جان کے لالے پڑنا ۔** (ا ۔ محاورہ) جینے کی اُمید نہ رہنا ۔

**جان گداز ۔** (ف ۔ صفت) جان کو گھلانے والا ۔ دل پر اثر کرنے والا ۔

**جان گدازی ۔** (ف ۔ ا ۔ مث) جان گھلنا ۔

**جان گزا ۔** (ف ۔ صفت) جان کو گھٹانے والا ۔ جان کو اذیت یا تکلیف دینے والا ۔

**جان گسل ۔** (ف ۔ صفت) دیکھیے جان گزا ۔ جان کو گھٹانے والا ۔

**جان گھلانا ۔** (ا ۔ محاورہ) فکر یا غم سے نڈھال ہونا ۔ بہت تردد کرنا ۔

**جان گھل جانا ۔** (ا ۔ محاورہ) جان گھلنا ۔ کمزور ہو جانا ۔ صحت تباہ ہو جانا ۔

**جان گنوانا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) بے فائدہ جان دے دینا ۔ (۲) مرنا ۔

**جان لبوں پہ آنا ۔** (ا ۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا ۔ عالم نزع میں ہونا ۔

**جان لڑا دینا ۔ جان لڑانا ۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) مرنے کو تیار ہو جانا ۔ (۲) دل سے کوشش کرنا ۔ بے حد کوشش کرنا ۔

**جان لہرانا ۔** (ا ۔ محاورہ) مائل ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔

**جان لینا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) مار ڈالنا ۔ ہلاک کرنا ۔ قتل کر ڈالنا ۔ (۲) تنگ کرنا ۔ (۳) سمجھ لینا ۔

**جان لیوا ۔** (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) جو جان لے لے ۔ (۲) جانی دشمن ۔

**جان مار کر کام کرنا ۔** (ا ۔ محاورہ) بہت محنت اور کوشش سے کام کرنا ۔

**جان مارنا ۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) بہت محنت سے کام کرنا ۔ (۲) تکلیف پہنچانا ۔ (۳) تنگ کرنا ۔



Marfat.com

**جان مارے بنیا پہچان مارے چور۔** (ا۔ مثل) بنیا دوستوں سے مار کھاتا ہے اور چور جاننے والوں سے۔
**جان مارے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے۔** (ا۔ مثل) محنت اور لگن سے کام کیا جائے تو روپیہ حاصل ہوتا ہے۔
**جانِ مَن۔** (ف۔ صفت)۔ (۱) میری جان۔ (۲) کسی عزیز یا محبوب شخص کو خطاب کرنا ہو تو یہ ترکیب استعمال کرتے ہیں۔
**جان میں جان آنا۔ جان میں جان پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ (۲) حوصلہ ہونا۔ (۳) خوشی حاصل ہونا۔
**جان میں جان نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت کمزور ہونا۔
**جاں نثار۔** (ف۔ صفت)۔ (۱) جان قربان کرنے والا۔ وفادار۔ جاں باز۔
**جاں نثار کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو بچانے کے لیے اپنی جان قربان کر دینا۔
**جاں نِثاری۔** (ف۔ ا۔ مث) جان فدا کرنا۔ جانبازی۔ جانفشانی۔ جفاکشی۔
**جان نکلنا۔** (۱) دم نکلنا۔ مرنا۔ (۲) گھبرانا۔ (۳) بزدلی دکھانا۔ (۴) بے کل ہونا۔
**جاں نواز۔** (ف۔ صفت)۔ (۱) جان پر مہربانی کرنے والا۔ (۲) کنایتاً معشوق۔
**جاں نوازی۔** (ف۔ ا۔ مث) جان پروری۔ جان پر مہربانی کرنا۔
**جان نہ بچنا۔** (ا۔ محاورہ) موت سے نہ بچ سکنا۔ مرجانا۔ (۲) چھٹکارا نہ ہونا۔
**جان نہ چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) مار ڈالنا۔ (۲) پیچھا نہ چھوڑنا۔
**جان نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کمزور ہونا۔ طاقت نہ ہونا۔ سکت نہ ہونا۔
**جان وارنا۔** (ا۔ محاورہ) جان قربان کرنا۔ جاں نثار ہونا۔
**جان و دل سے۔** نہایت خوشی سے۔ بخوشی (پورے تعاون کا وعدہ)
**جان و مال کو رونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی جان اور مال کے نقصان کا رنج و ملال کرنا۔
**جاں ہار۔** (ف۔ صفت) (۱) جان پر کھیلنے والا۔ جان دینے والا۔ (۲) مرنے والا۔
**جان ہلاک کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ فکر ہونا (۲) حد سے زیادہ محنت و مشقت کرنا۔
**جان ہلکان کرنا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) تھکا مارنا۔ بہت زیادہ کام لینا (۲) تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ (۳) مصیبت جھیلنا۔
**جان ہوا ہونا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) جان نکلنا۔ (۲) بہت زیادہ ڈرنا۔
**جان ہونا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) طاقت۔ زور یا قوت ہونا۔ (۲) زندگی پالی جانا۔ (۳) بہت عزیز ہونا۔
**جان ہونٹوں پر آنا۔** دیکھیے جان لبوں پر آنا۔
**جان ہے تو جہان ہے۔ جان ہے تو سب کچھ ہے۔** (ا۔ مثل) دنیا کے سارے مرے جینے جی کے ہیں۔
**جان۔** [ہ۔ ا۔ مث]۔ واقفیت۔ پہچان۔ آگہی۔
**جان بوجھ کر۔** (ا۔ محاورہ) عمداً۔ قصداً۔ دیدہ دانستہ۔ ارادتاً۔
**جان بوجھ کر کنوئیں میں گرنا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) واقف ہوتے ہوئے نقصان اٹھانا۔ (۲) باخبر ہونے کے باوجود خطرے میں پڑنا۔
**جان پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) معلوم ہونا۔ دھیان میں آنا۔ ظاہر ہونا۔ نظر آنا۔ محسوس ہونا۔
**جان پہچان۔** (ا۔ مث)۔ (۱) واقفیت۔ آشنائی۔ جاننا۔ شناسائی۔ صاحب سلامت۔ [ا۔ مذکر] (۲) واقف۔ دوست آشنا۔
**جان جانا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) واقف ہونا۔ (۲) پہچان کرلینا۔ پہچان جانا۔
**جان رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) یاد رکھنا۔ اچھی طرح سمجھ لینا۔ دل میں بٹھا لینا۔
**جان کار۔** (ا۔ صفت)۔ (۱) واقفیت رکھنے والا۔ ماہر (۲) شناسا۔ جان پہچان کا۔
**جان کاری۔** (ا۔ مث) (۱) واقفیت۔ مہارت۔ (۲) شناسائی۔
**جان کر۔ جان کے۔** دانستہ۔ عمداً۔ قصداً۔ جانتے بُوجھتے۔
**جان کر انجان بننا۔** (ا۔ محاورہ) واقف ہونے کے باوجود لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناواقف بننا۔ دیدہ دانستہ انکار کرنا۔ تجاہل عارفانہ۔
**جان کر دیکھے نہیں اس سے اندھا کون۔** (ا۔ مثل) دیدہ دانستہ غلطی کرنے والے سے بڑا احمق کون ہوتا ہے۔
**جان کے۔** (ا۔ منقولہ) ارادتاً۔ عمداً۔
**جان لینا۔** (۱) معلوم کرلینا۔ واقف ہو جانا۔ (۲) پہچان لینا۔ (۳) تسلیم کر لینا۔ (۴) قائل ہونا۔ (۵) خیال کرنا۔ (۶) تاڑ لینا۔
**جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام۔** (ا۔ مثل) کوئی شخص جان پہچان کے بغیر ہی واقفیت جتلانے لگے تو اس موقعے پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔ ناحق کا تپاک اور گرم جوشی۔ خواہ مخواہ دوستی جتانا۔
**جان نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت کمزور ہونا۔
**جانّ۔** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) جن (۲) جنوں اور پریوں کا جدِ اعلیٰ۔
**جانا۔** [ہ۔ مص] روانہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ چلنا۔ سدھارنا۔ سرکنا۔ ٹلنا۔
**جانا اپنے بس۔ آنا پرائے بس۔** (ا۔ مثل) اپنی خوشی سے جانا۔ دوسرے کی مرضی سے واپس آنا۔
**جانا ہے رہنا نہیں۔** (مثل) مستقل قیام نہیں کرنا ہے۔
**جانا بُوجھا۔** (جا۔ نا۔ بُو۔ جھا)۔ [ہ۔ صفت] جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔ دیکھا بھالا۔ جس کو اچھی طرح جانتے ہوں۔
**جاناں۔ جاناناں** (جا۔ ناں۔ جا۔ نا۔ ناں) [ف۔ صفت] (۱) محبوب۔ محبوبہ۔ جانی۔ پیارا۔ (۲) بعض صوفی شعرا نے خدا کے لیے بھی استعمال کیا ہے۔
**جانب۔** (جا۔ نِب) [ع۔ ا۔ مث] (۱) طرف۔ رُخ۔ سمت (۲) پہلو (۳) ایک طرف یا باہر کا حصہ (۴) فریق۔ دھڑا (۵) حصہ۔
**جانب دار۔** (ف۔ صفت) (۱) طرف دار۔ حمایتی۔ مددگار۔ پچ کرنے والا۔
**جانب دارانہ۔** (ف) وہ رویہ جس میں ایک فریق کی حمایت کی جائے۔
**جانب داری۔** (۱) طرفداری۔ حمایت۔ (۲) ایک فریق کی پاسداری۔



Marfat.com

**جانب سے** - طرف سے - بجائے - بطورِ وکیل یا ترجمان -

**جانت** - (جا - نت) [ق - ا - مذ] (۱) جان پہچان - (۲) رشتہ دار - (۳) وہ چیزیں یا لوگ جنہیں کوئی جانتا ہو -

**جانت کار** - (ا - صفت) [واقف کار - جان پہچان کا آدمی -

**جان بُل** - (Jonn Bull) (جان - بُل) [انگ - ا - مذ] (۱) انگریز قوم - انگریز -

**جانبین** - (جا - نِ - بَین) [ع - ا - مذ] فریقین - دونوں طرف کے آدمی -

**جانبین سے** - دونوں جانب سے - دونوں طرف سے - ہر دو جانب سے -

**جانتا** - (جان - تا) [ھ - ا - مث] (۱) آل اولاد - (۲) ایک قسم کی چکی -

**جانتا چور گاؤں اُجاڑے** - (مثل) واقفیت رکھنے والا چور بہت زیادہ نقصان کرتا ہے -

**جانچ** - [ہ - ا - مث] (۱) پرکھ - پڑتال - انداز - تخمینہ - شناخت - جانچنا کا امر -

**جانچ پرکھ کرنا** - (ا - محاورہ) - آزمانا - آنکنا -

**جانچ پڑتال کرنا** - (ا - محاورہ) اندازہ کرنا - گنتی کرنا -

**جانچ لینا** - (مص - مرکب) تخمینہ کر لینا - تاڑ لینا -

**جانچنا** - (جانچ - نا) [ہ - مص] تخمینہ کرنا - (۲) آزمانا - پرکھنا - (۳) تاڑنا - معلوم کرنا - پہچاننا - (۴) حساب کی پڑتال کرنا - (۵) تولنا -

**جا نکلنا** - (جا - ن - کل - نا) [ہ - مص] اتفاقاً جا پہنچنا - اچانک پہنچ جانا -

**جانگ** - جانگھ - [ہ - ا - مذ] ران - زانو -

**جانگل** - (جان - گل) [ہ - ا - مذ] (۱) تیتر - (۲) ایک مچھلی پکڑنے والا پرند -

**جانگلو** - (جانگ - لو) [ہ - صفت] (۱) وحشی - غیر مہذب - اُجڈ - احمق -

**جانگلی** - (جانگ - لی) [ہ - ا - مذ] (۱) جنگلی - وحشی - (۲) دیہاتی - گنوار (۳) ایک پرندہ - ایک درخت کا نام -

**جانگھیا - جانگیا** - (جانگھ - یا) - (جانگ - یا) [ہ - ا - مذ] کچھا - لنگوٹ -

**جاننا** - (جان - نا) [ہ - مص] - واقف ہونا - پہچاننا - آگاہ ہونا - آشنا ہونا - معلوم کرنا - تمیز کرنا - سمجھنا -

**جاننا بوجھنا** - (ا - محاورہ) واقف ہونا - پوری معلومات رکھنا -

**جانوا** - (جان - وا) [ق - ا - مذ] جنیو - زُنّار -

**جانور** - (جان - ور) [ف - ا - مذ] (۱) جاندار - حیوان - [صفت] بے وقوف - احمق -

**جانی** - [ف - صفت] (۱) پیار کے قابل - (۲) معشوق - (۳) امّاں ابا جیسے الفاظ کے ساتھ بولا جانے والا محبت کا لفظ -

**جانی دشمن** - (ف - صفت) ایسا دشمن جو جان کے درپے ہو -

**جانی دوست** - (ف - صفت) دلی دوست - مخلص دوست -

**جانے** - [ہ] (۱) گویا فرض کرو - یوں سمجھو (۲) خبر نہیں - پتہ نہیں -

**جانے کرم کی چھینٹ کس وقت آئے** - (مثل) کوئی نہیں جانتا کہ قسمت کب جاگ اُٹھے -

**جانے میری بلا** - (جوتی) مجھے کیا خبر (ناگوار بات یا ناپسندیدہ واقعے کے بارے میں پوچھے جانے پر جھنجھلاہٹ کا اظہار)

**جانے** - [ہ] جانا کی بدلی ہوئی شکل - آنے کی ضد -

**جانے دو** - (ا - محاورہ) - (۱) درگزر کرو - مُعاف کرو - (۲) غصہ تھوک دو - (۳) روکو نہیں -

**جانے دینا** - (ا - محاورہ) - (۱) جانے سے نہ روکنا - (۲) درگزر کرنا - (۳) چھوڑ دینا -

**جانے کے لچھن** - (ا - مذ) بگڑنے کے آثار - تباہی کی علامتیں -

**جانے میری جوتی** - (ا - مقولہ) مجھے کچھ پتہ نہیں -

**جانے والے کے ہزار رستے ڈھونڈنے والے کا ایک** - (مثل) کسی شخص کے چلے جانے کے بعد اسے ڈھونڈنا بہت دشوار ہوتا ہے - جانے والے کے سامنے اَن گنت راستے کھلے ہوتے ہیں جدھر چاہے چلا جائے - ڈھونڈنے والا ایک وقت میں ایک ہی راستے جا سکتا ہے -

**جاوتری** - (جا - وَت - رِی) [س - ا - مث] جائفل کا پوست -

**جاوِدان** - (جا - وِ - دان) [ف - صفت] ہمیشہ - دائم - مدام - سدا -

**جاوِدانی** - (جا - وِ - دا - نی) [ف - صفت] دوامی - سرمدی - ہمیشہ کے لیے - ازلی -

**جاوید** - (جا - وید) [ف - صفت] دائمی - ہمیشہ ہمیشہ کے لیے -

**جاہ** - [ف - ا - مث] (۱) مرتبہ - رتبہ - درجہ (۲) منصب - عزت - قدر و منزلت (۳) بزرگی - عظمت - شان -

**جاہ و جلال** - (ف - ا - مذ) رعب داب - دبدبہ - شان و شوکت - عظمت -

**جاہ و حشم** (ف - ا - مذ) (۱) شان و شوکت - ٹھاٹ باٹ - کرّ و فر (۲) لاؤ لشکر -

**جاہ و منزلت - جاہ و منصب** - (ف - ع - ا - مث) بزرگی - شان - عظمت - وقار - رتبہ -

**جاہِل** - (جا - ہِل) [ع - صفت] (۱) اَن پڑھ - ناخواندہ (۲) وحشی - اُجڈ - بداخلاق - بے ادب - گستاخ - نادان - اناڑی - (۴) ناواقف - بے خبر - انجان -

**جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو** - (مثل) بے علم فقیر شیطان کا آلۂ کار ہوتا ہے -

**جاہلیّت** - (جا - ہِ - لی - یَت) [ع - ا - مث] (۱) جہالت (۲) زمانہ قبل از اسلام جب لوگ بُت پرستی کرتے تھے -

**جاہی جوہی** - (جا - ہی - جو - ہی) [ہ - ا - مث] (۱) ایک قسم کی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتشبازی -

**جائپھل** - (جا - ء - پھل) [ہ - ا - مذ] جائفل - جوز - ایک مشہور پھل -

**جائیداد** - (جا - ء - داد) [ف - ا - مث] (۱) مکان - زمین - اراضی (۲) مال و اسباب - زیور - (۳) کھڑی فصل - (۴) پونجی - اثاثہ - چیز بست جو کسی کی ملکیت میں ہو -



Marfat.com

جائدادِ آبائی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) باپ دادا
جائدادِ اراضی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) زمین یا مکانات جو قبضہ میں ہوں ۔
جائدادِ استمراری ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جاگیر جو دائمی ہو ۔
جائدادِ سکنی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) رہنے کی جائداد ۔ مکانات ۔
جائدادِ غیر منقولہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹائی نہ جا سکے ۔ جیسے مکان ۔ زمین وغیرہ ۔
جائدادِ متعلقہ خاندان ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جو سارے خاندان کی ملکیت ہو ۔ جدّی جائداد ۔
جائدادِ مستغرقہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جو رہن وغیرہ میں ڈوب جائے ۔
جائدادِ مشفوعہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جس پر حقِ شفع کا عمل کیا جائے ۔
جائدادِ مکسوبہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جو مالک نے اپنی کمائی سے بنائی ہو ۔
جائدادِ مکفولہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ایسی جائداد جو رہن یا گروی ہو ۔
جائدادِ منقولہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں جیسے سامان روپیہ وغیرہ ۔
جائز ۔ (جا ۔ اِز) [ع ۔ صف] (۱) صحیح ۔ درست ۔ بجا ۔ برحق ۔ روا ۔ (۲) مطابقِ شرع ۔ قانون کے حدود میں مباح ۔ حسبِ ضابطہ (۳) (اولاد) سگا ۔ صُلبی ۔ (۴) مستند ۔ مقبول ۔ (۵) قابلِ قبول ۔
جائز رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) ماننا یا صحیح قرار دینا ۔ (۲) حلال جاننا ۔ مُباح سمجھنا ۔
جائز قرار دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) قانوناً جائز ہونے کا فیصلہ دینا ۔
جائز ولی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جو شرعاً یا قانوناً سرپرست تسلیم کیا گیا ہو ۔
جائزہ ۔ (جا ۔ ءِ ۔ زَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) صلہ ۔ انعام ۔ (۲) جانچ ۔ پڑتال ۔ مقابلہ (۳) حاضری گِنتی ۔ (۴) وہ نشانات جو رقومات پر پڑتال کے وقت لگایا جائے ۔ درستی کا نشان ۔ پڑتال کی علامت ۔
جائزہ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) حساب کتاب کی جانچ پڑتال کروانا ۔
جائزہ گیری (Resuming Charges) دوبارہ از سرِ نو کام شروع کرنا ۔
جائزہ لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) پڑتال لینا ۔ جانچنا ۔ (۲) ذہن میں تولنا ۔ (۳) حساب کتاب چیک کرنا (۴) موجودہ سامان یا رقم وغیرہ کا شمار کرنا ۔
جاؤ بیٹھو (بھی) دخل نہ دو ۔ رہنے دو ۔ اپنا کام کرو ۔
جاؤ ٹھینگا کھاؤ ۔ (مثل) تم اس چیز کے اہل نہیں ہو ۔ تم کو یہ چیز نہیں ملے گی ۔
جاؤ دیوتا (پوت) دکھن ۔ وہی کرم کے لچھن ۔ (مثل) مقام یا جگہ بدلنے سے تقدیر نہیں بدلتی ۔
جائی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] بیٹی ۔ لڑکی ۔ دُختر ۔

جائی جوئی ۔ (جا ۔ اِی ۔ جُو ۔ اِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا پھول اور آتشبازی ۔
جائیّا ۔ (جا ۔ ئی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جانثار (۲) شریر ۔ (۳) عیّار ۔ چالاک ۔ (۴) جو اپنی روشنی طبع کے باعث زیادہ دن جیتا نظر آئے ۔
جائے ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) جگہ (۲) گنجائش ۔ سمائی ۔ (۳) موقع محل ۔
جائے اُستاد خالی است [مثل] استاد پھر بھی استاد ہے ۔ اُستاد کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے ۔
جائے اعتراض ۔ نقص نکالنے یا عیب نکالنے کی گنجائش ۔
جائے اندیشہ ۔ (۱) خطرے کا مقام (۲) اندیشے یا خوف کی وجہ ۔
جائے پناہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ۔ امن کی جگہ ۔
جائے تنگ است و مرداں بسیار [مثل] جگہ یا گنجائش کم ۔ آدمی یا حاضرین زیادہ ۔
جائے دم زدن نیست ۔ (ف ۔ محاورہ) شکایت زبان پر لانے کا موقع نہیں ۔ اُف کرنے کی گنجائش نہیں ۔
جائے سے ۔ جائے سر ۔ (ا ۔ صفت) (۱) مناسب موقع پر (۲) صحیح مقام پر ۔ بجا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ مناسب ۔ واجب ۔ ناقابلِ اعتراض ۔
جائے ضرور ۔ دیکھیے "جا ضرور"
جائے عامہ ۔ (Public Place) وہ جگہ جو عوام کی تفریحات اور ان کے اجتماعات وغیرہ کے لیے مخصوص ہو
جائے عذر ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بہانہ کرنے یا ٹالنے کی گنجائش ۔
جائے گل گل باش و جائے خار، خار ۔ [ف ۔ مثل] نرمی کے موقعے پر نرمی اور سختی کے موقعے پر سختی سے کام لینا چاہیے ۔
جائے ماجرا ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) جس جگہ جُرم ہوا ہو ۔
جائے مکافات ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) (۱) بدلے کی جگہ (۲) بدلے کا موقع محل ۔
جائے جان ۔ رہے ایمان ۔ ایمان کی حفاظت کے لیے جان بھی جاتی رہے تو پرواہ نہیں کرنی چاہیے ۔
جائے لاکھ ۔ رہے ساکھ [مثل] کتنا ہی نقصان ہو مگر آبرو بنی رہے ۔
جایا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بیٹا ۔ فرزند ۔ پسر ۔ لڑکا ۔ ولد ۔ پوت ۔ خلف ۔ ابن ۔
جایا ۔ (جانا مصدر کا امدادی فعل) جیسے جایا کرو ۔ جایا چاہتا ہے ۔
جایا چاہنا ۔ جانے کے لیے تیار ہونا ۔
جایا کرنا ۔ عموماً جانا ۔ عادتاً جانا ۔

# ج ۔ ب

جب ۔ (ا ۔ حرف شرط) جس وقت ۔ جس صورت میں ۔ جُوں ہی ۔ در حالیکہ ۔ ہرگاہ ۔
جب آنکھ بند کر لی پیچھے کچھ ہی ہو ۔ (ا ۔ مثل) مرجانے کے بعد



Marfat.com

جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبت آہی جاتی ہے۔ (ا۔ مثل) آمنے سامنے ہونے سے محبت کا خیال آجاتا ہے۔

جب آنکھیں ہوئیں چار تو دل میں آیا پیار۔ جب آنکھیں ہوئیں اوٹ تو دل میں ہوئی کھوٹ۔ (ا۔ مثل) سامنے محبت کا اظہار اور غیر حاضری میں پرواہ نہ کرنا بلکہ برائی سوچنا۔

جب آئے برس کا چاؤ تو بچھو اگے تہ پر دابجاؤ۔ (ا۔ مثل) جب خدا مہربانی کرتا ہے تو موقع بے موقع نہیں دیکھتا۔

جب اپنی اُتار لی تو دوسرے کی اُتارتے کیا دیر لگتی ہے (ا۔ مثل) جو خود ذلیل ہے وہ دوسروں کو ذلیل کرنے سے کیوں ہچکچانے گا۔

جب اوڑھلی لوئی تو کیا کرے گا کوئی۔ (ا۔ مثل) جب بے حیائی اختیار کرلی تو پھر کسی کی کیا پرواہ۔

جب باڑھ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے۔ (ا۔ مثل) جہاں ستانے والے اپنے ہی ہوں وہاں یہ ضرب المثل کہی جاتی ہے۔

جب دادا مریں گے تب بیل بٹیں گے۔ (ا۔ مثل) کسی کام کو کسی ایسے دوسرے کام پر موقوف رکھنا جس کے عمل میں آنے کا سر دست کوئی امکان نہ ہو۔

جب بھاگن کو ہوئے لگائی، توڑے کوٹ اور پھاندے کھائی۔ (ا۔ مثل) عورت بھاگنے یا فرار ہونے کی ٹھان لے تو اُسے کوئی بڑی سے بڑی رُکاوٹ بھی نہیں روک سکتی۔

جب پار اُترے تو جوگن ماردی۔ (ا۔ مثل) اگر مراد پوری ہوجائے تو اس کی نیت بدل جائے اور مانی ہوئی چیز کے بجائے کوئی معمولی سی چیز خیرات کر کے وبال ٹالے گویا اپنے دل کو تسلی دے لے کہ مُنت پوری ہوگئی۔

جب پرجا نہیں تو راجہ کہاں۔ (ا۔ مثل) حاکم کو ظلم نہیں کرنا چاہیے رعایا نہ ہوگی تو وہ خود کہاں رہے گا۔

جب پھینکا تب پانچے تین۔ (ا۔ محاورہ) سخت بد قسمت ہیں۔

جَب تَب۔ (ا۔ تابع فعل)۔ (ہِ ست) کبھی کبھی۔ گاہ۔ گاہ۔

جَب تَک۔ جب تلک۔ جب توڑی۔ جب تئیں۔ جس وقت تک۔ تا وقتیکہ۔ ایسے وقت تک۔

جب تک اُونٹ پہاڑ تلے نہیں آتا، سمجھتا ہے مجھ سے اُونچا کوئی نہیں۔ (ا۔ مثل) جب تک اپنے سے زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے۔

جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی۔ (ا۔ مثل) مانگے بغیر کچھ نہیں ملتا۔

جب تک بہو کواری تب تک ساس واری، بہو آئی گود میں لاڈ گیا خوض میں۔ (ا۔ مثل) جب تک بیاہ کر نہیں لائی ہوتی ساس اپنی ہونے والی بہو کے واری صدقے ہوتی جاتی ہے مگر شادی کے بعد سب لاڈ پیار ختم ہوجاتا ہے

جب تک پہتیہ لڑھکے لڑھکائے جاؤ۔ (ا۔ مثل) جب تک کام چلتا رہے چلائے چلو۔ جب تک مطلب نکلے نکالے جاؤ۔

جب تک جینا تب تک سینا۔ (ا۔ مثل) عمر بھر محنت مشقت کرنا ہے۔

جب تک دم ہے تب تک غم ہے۔ (ا۔ مثل) رنج و غم انسان کو زندگی بھر رہتا ہے۔

جب تک رکابی میں بھات۔ تیرا میرا ساتھ۔ (ا۔ مثل) جب دو آدمیوں میں مطلب کی دوستی ہو اس موقع پر یہ مثل کہتے ہیں۔

جب تک سانس، تب تک آس۔ (ا۔ مثل) مرتے دم تک زندگی کی اُمید لگی رہتی ہے۔

جَبْ تو۔ (ا۔ تابع فعل) اس لیے۔ اس وقت تو۔ تب۔

جَبْ جَبْ۔ ہرگاہ۔ جس وقت۔

جب چنے تھے تب دانت نہ تھے جب دانت ہوتے تب چنے نہیں۔ (ا۔ مثل) ایسے موقع پر کہی جاتی ہے جب انسان کو یہ ملال ہو کہ چیز موجود تھی تو اس سے فائدہ اٹھانے کے ذرائع پاس نہ تھے جب ذرائع میسر آئے تو چیز نہیں جُڑتی۔

جب خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے۔ (ا۔ مثل) جب خدا دینے پر آتا ہے تو بے وسیلے اور بے ذریعے دیتا ہے۔ ایسی جگہ سے ملتا ہے جہاں سے کوئی اُمید نہیں ہوتی۔

جب دانت نہ تھے تب دُودھ دیو، اب دانت بھئے کا ان نہ دیئے (دے گا)۔ (ا۔ مثل) خدا انسان کو ہر حالت میں رزق دیتا ہے۔

جب سے۔ جس وقت سے۔

جب سے اُگے بال، تب سے یہی حال۔ (ا۔ مثل) بچپن سے یہی کرتوت ہیں۔

جب کا۔ (ا۔ صفت) (۱) اس وقت کا۔ (۲) گذشتہ (۳) آخر کا۔ آخری

جب کری آس، تب آئے تیرے پاس۔ (ا۔ مثل) آدمی ضرورت پڑنے پر اسی کے پاس جاتا ہے جس سے کام بننے کی توقع ہوتی ہے۔

جب کمر میں زور ہوتا ہے تب مدار صاحب بھی بیٹیا دیتے ہیں۔ (ا۔ مثل) پیروں فقیروں کی دعا کا اثر بھی اسی حالت میں ہوتا ہے جب خود بھی کوشش کی جائے۔

جب کہ۔ (ا۔ تابع فعل) جس وقت۔ جب

جب کہیں جا کے۔ (ا۔ مقولہ) بڑی مشکل سے۔ سخت۔ دشواری سے

جب لگ پیسہ گانٹھ میں، تب لگ اس کے یار۔ سائیں اس سنسار میں سوار تھ کا بیوپار۔ (ا۔ مثل) جب تک دولت پاس ہو سب دوست بنے رہتے ہیں۔ دنیا میں سب مطلب سے ملتے ہیں۔

جب ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیا۔ (ا۔ مثل) جب ایک دفعہ غلط کام



Marfat.com

شروع کر دیا تو پھر اس میں شرم کیسی۔
**جب نہ تب**۔ (ا۔ تابع فعل)۔ (۱) وقتاً فوقتاً۔ وقت بے وقت۔ (۲) اکثر۔ ہمیشہ۔ عموماً۔ (۳) کبھی نہیں۔ (ق)
**جب ہاتھ میں لیا کانسا تو روٹیوں کا کیا سانسا**۔ (ا۔ مثل) (۱) جب بھیک مانگنی شروع کر دی تو روٹیوں کی کیا کمی۔
**جب ہم جانتے**۔ (ا۔ مقولہ) لطف تو جب تھا۔
**جب ہی۔ جبھی**۔ اسی وقت۔ عین اسی وقت۔ جوں ہی کہ۔
**جب ہی تو**۔ اسی لیے۔ اس وجہ سے۔ اسی باعث۔ اسی سے۔
**جباب**۔ (جَ۔ باب) [ق۔ ا۔ مذ] جواب۔
**جَبّار**۔ (جَب۔ بار) [ع۔ صف] (۱) جبر کرنے والا۔ ظالم۔ جابر۔ (۲) زبردست (۳) (ال کے سابقے کے ساتھ) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**جِبال**۔ (جِ۔ بال) [ع۔ ا۔ مذ] جبل (پہاڑ) کی جمع۔
**جَبر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ظلم ستم۔ سینہ زوری۔ (۲) سختی۔ مجبور کرنا (۳) زور۔ طاقت۔ (۴) حساب میں کسروں کا اختصار کرنا۔ (۵) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ لینا۔ ڈنڈ۔
**جبر اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) سختی جھیلنا۔ دُکھ اُٹھانا۔
**جبر سے**۔ زبردستی۔ بہ زور۔
**جبر کرنا**۔ (مص۔ مرکب) ظلم کرنا۔ سختی سے کام لینا۔ ستانا۔ دبانا۔ تنگ کرنا۔
**جبر مجرمانہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایسا جبر جو قانوناً جائز نہ ہو۔
**جبر و تعدّی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) زبردستی۔ جور و جفا۔ ظلم و ستم۔
**جبر و مُقابلہ**۔ ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات اور حروف کے ذریعہ عمل کیا جاتا ہے اور معلومہ مقداروں کے وسیلے سے مجہولہ مقداریں معلوم کی جاتی ہیں۔
**جبر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ظلم ہونا۔ سختی ہونا۔
**جَبرا**۔ (جَب۔ را) [اُر۔ صف] زبردست۔ طاقت ور۔ قوی۔
**جبراً**۔ (جَب۔ رًا) [ع۔ تابع فعل] زبردستی۔ مجبور کر کے۔ بہ زور۔
**جبراً بھرتی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زبردستی فوج میں بھرتی کرنا۔
**جبراً و قہراً**۔ (ع۔ مذ) چار و ناچار۔ مجبوراً۔
**جبرائیل۔ جبرئیل۔ جبریل**۔ (جب۔ را۔ ئیل) (جب۔ رَ۔ ایل، جب۔ ریل) [ع۔ ا۔ مذ] چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو پیغمبروں کے پاس خدا کی طرف سے وحی لے کر آیا کرتے تھے۔
**جبرُوت**۔ (جَب۔ رُوت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) قدرت۔ بزرگی عظمت۔ جاہ و جلال۔ اسم صفات الٰہی۔
**جبریہ**۔ (جَب۔ ری۔ یہ) [ع۔ صف] (۱) مجبور کر کے۔ زبردستی (۲) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں ہے۔
**جبڑا**۔ (جَب۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] دہن کی ہڈی کا وہ حصّہ جس میں دانت جُڑے ہوتے ہیں۔ کلّہ۔
**جبڑا توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضرب سے منہ توڑ دینا۔
**جبڑا چلانا**۔ (ا۔ محاورہ) کوئی چیز کھانا۔ منہ چلانا۔
**جبڑی**۔ (جَب۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک مہلک بیماری جس میں جبڑے بند ہو جاتے ہیں۔ یا بتیسی جکڑی جاتی ہے۔
**جَبَل**۔ (جَ۔ بَل) [ع۔ ا۔ مذ] پہاڑ۔ کوہ۔ جمع: جبال۔
**جبل بگرود جبلّت نمی گردد**۔ (ف۔ مثل) پہاڑ بدل سکتے ہیں مگر انسان کی سرشت کبھی نہیں بدلتی۔
**جبلّت**۔ (جِ۔ بِل۔ لَت) [ع۔ ا۔ مث] سرشت۔ فطرت۔ اصلی طبیعت۔ خلقت۔
**جبلّی**۔ (جِ۔ بِل۔ لی) [ع۔ صف] فطری۔ پیدائشی۔ خلقی۔ طبعی۔ حقیقی۔
**جُبُن**۔ (جُ۔ بُن) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بُزدلی۔ کم ہمتی۔ (۲) وہ سفید مادہ جو دُودھ پھاڑ کر نکالا جائے۔ پنیر۔
**جبّو**۔ (جِب۔ بُو) [ہ۔ ا۔ مث] جیبھ۔ زبان۔
**جُبّہ**۔ (جُب۔ بہ) [ع۔ ا۔ مذ] چوغہ۔ ایک قسم کا ڈھیلا کوٹ جس کی آستین کلائی سے اُوپر رہتی ہے۔ عالم لوگ پہنتے ہیں۔
**جبھا**۔ (جَ۔ بھا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دلیری۔ حوصلہ۔ (۲) جبڑا۔
**جبہہ**۔ (جَب۔ ہہ) [ع۔ ا۔ مذ] چہرے کا وہ حصّہ جو ابروؤں کے درمیان ہوتا ہے۔ [ف] پیشانی۔ ماتھا۔ جبین۔
**جبہہ سا**۔ (ف۔ صف) ماتھا رگڑنے والا۔ منت سماجت کرنے والا۔
**جبہہ سائی کرنا**۔ (ف۔ ا۔ مث) ماتھا رگڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ پاؤں پڑنا۔
**جِبھا**۔ (جِب۔ بھا) [ہ۔ صف] زبان والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے گل جبھا (یعنی بُری بات منہ سے نکالنے والا۔
**جَبین**۔ (جَ۔ بین) [ع۔ ا۔ مث] پیشانی۔ ماتھا۔
**جبین سا۔ جبین فرسا**۔ (ف۔ صف) ماتھا رگڑنے والا۔
**جبین سائی۔ جبین فرسائی**۔ (ف۔ ا۔ مث) ماتھا رگڑنا۔ عجز۔ انکساری کرنا۔ خوشامد۔

## ج ۔ پ

**جَپ**۔ [س۔ ا۔ مث] (۱) پُوجا پاٹ۔ پرستش۔ وِرد۔ (۲) مالا پھیرنا (۳) وظیفہ۔ (۴) کوئی لفظ یا کلمہ بار بار دُہرانا۔
**جپ تپ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] عبادت۔ بندگی۔ پُوجا۔ ریاضت۔ پرستش۔
**جپ جی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) سکھوں کی مقدس کتاب گرنتھ صاحب کا پہلا حصّہ جس میں خدا کی حمد ہے۔



Marfat.com

جیب گرانا۔ (مص۔ مرکب) کسی مطلب یا مُراد یا بیمار کی تندرستی کے لیے پُوجا پاٹ کرانا یا منتر پڑھوانا۔
جپ کے پَردے پاپ۔ (مثل) پارسائی کی آڑ میں لوگوں کو ٹھگنا۔ نیک بن کر بدی کرنا۔
جَپ مال۔ سمرن (ق) تسبیح۔
جَپ مالا۔ (ہ۔مث) تسبیح۔
جپا کرنا۔ (جَ۔پا۔کر۔نا) [ہ۔مص] رٹنا۔ بار بار کہنا یا پڑھنا۔ مالا پھیرنا۔
جپ سم۔ (Jypsum) [انگ۔ا۔مذ] ایک پتھر یا دھات جس سے پلاسٹر آف پیرس تیار ہوتا ہے۔
جِپسی (Gypsy) [جِپ۔سی] [انگ۔ا۔مذ] خانہ بدوش۔
جَپنا۔ (جَپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پُوجا کرنا۔ تسبیح پڑھنا۔ خدا کو یاد کرنا۔
جِپنا۔ (جِپ۔نا) [ق۔مص] چپٹنا۔
جپنی۔ (جَپ۔نی) [س۔ا۔مث] (۱) مالا۔ تسبیح۔ سمرن۔ (۲) وظیفہ۔ ورد۔
جپی تپی۔ (جَ۔پی۔تَ۔پی) [ہ۔ا۔مذ] عابد۔ زاہد۔ پجاری۔ بھگت۔

# ج۔ت

جَت۔ (ہ۔مث) قسم۔ نوع۔ طریقہ۔ (۲) ہولی کا ایک گیت۔ (۳) آلہ۔ مشین۔ (۴) جیسا۔ جتنا۔
جِت۔ (ہ۔مث) جہاں۔ جس جگہ۔ (۲) فتح کیا ہوا۔ کامیابی۔
جُت۔ (ہ۔صفت) جُتا ہوا۔ (۲) جُڑا ہوا۔ قابض۔
جِتا۔ (جِت۔تا) [ہ۔صفت] جتنا کی مختصر صورت۔ جِتنا کا مخفف۔
جُتا۔ (جُ۔تا) [ہ۔ا۔مث] وہ رسی جو چرس اور اس کی لکڑی سے بندھی ہوتی ہے۔
جُتاڑا۔ (جُ۔تا۔ڑا) [ق۔ا۔مذ] خاندان۔ گھرانا۔ نسل۔
جتاساری۔ (جَ۔تا۔سا۔ری) [ہ۔ا۔مث] وہ گیت جو عورتیں چکی پیسنے میں گاتی ہیں۔ (جتا معنی چکی)
جَتانا۔ جَتا دینا۔ جتلانا۔ (جَ۔تا۔نا۔ جَ۔تا۔دے۔نا۔ جَت۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ بتانا۔ ہوشیار کرنا (۲) تاکید کرنا۔ (۳) یاد دلانا (۴) اشارہ کرنا (۵) ہدایت کرنا۔ رہنمائی کرنا۔ (۶) ہوش کرانا۔ (۷) تنبیہ کرنا۔ کان کھولنا۔ فہمائش کرنا (۸) کسی جذبے کا اظہار کرنا۔
جِتانا۔ جتلانا۔ جتوانا۔ جتوا دینا۔ (جِ۔تا۔نا۔ جِت۔لا۔نا۔ جِت۔وا۔نا۔ جِت۔وا۔دے۔نا) [ہ۔مص] (۱) فتح دلوانا۔ جیت کروا دینا۔ غلبہ کروا دینا۔ بازی دلوانا۔ ہار سے بچانا۔ پانسہ پلٹ دینا۔

جُتانا۔ (جُ۔تا۔نا) [ہ۔مص] (۱) زمین میں ہل چلانا۔ اراضی کو کاشت کروانا (۲) گھوڑے یا بیل وغیرہ کو گاڑی میں لگوانا۔
جُتاوَر۔ (جُ۔تا۔ور) [ہ۔ا۔مث] قابل کاشت۔ بونے جوتنے کے قابل۔
جُتائی۔ (جُ۔تا۔ای) [ہ۔ا۔مث] کھیت میں ہل چلانا۔ اراضی کی کاشت ہونا۔
جُتبَر۔ (جُت۔بَر) [ق] خانہ داری۔
جُتبَری۔ (جُت۔بَ۔ری) [ق۔ا۔مث] خانہ دار عورت۔ گھر گرہستن۔
جُت جانا۔ [ہ۔مص] (۱) گھوڑے کا گاڑی میں یا مویشی کا ٹیلے یا ہل میں جوت دیا جانا۔ (۲) کسی کام میں ہمہ تن لگ جانا۔
جُترب۔ (جُت۔رب) [ق] شیوہ۔ شعار۔
جتن۔ (جَ۔تن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ (۲) تدبیر۔ تجویز۔ ترکیب۔ چال۔ (۳) علاج۔ دوا۔ (۴) محنت مشقت (۵) احتیاط۔ خبرداری۔ (۶) تکلیف دہ کام (۷) ڈھنگ۔ طریقہ (۸) بہانہ۔ مکروفریب (۹) کرتوت۔ افعال۔ (۱۰) دُنیا۔ خلائق۔ (۱۱) استقلال۔
جُتنا۔ (جُت۔نا) [ہ۔مص] گھوڑے بیل وغیرہ کا گاڑی یا ہل میں لگایا جانا۔ (۲) کھیت کا جوتا جانا۔ (۳) کسی کام میں مشغول ہونا (۴) کسی کام پر زبردستی لگایا جانا۔ (۵) جا لڑنا۔ جا بھڑنا۔ (۶) کوشش کرنا۔
جِتنا۔ (جِت۔نا) [ہ۔صفت] (۱) جس قدر، جو کچھ (۲) سب۔ سارا۔ کُل۔ تمام۔
جتنا اُوپر ہے اُتنا ہی نیچے ہے۔ (مثل) شرارت پسند اور مفسد آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔
جتنا اوڑھنا اُتنے ہی پاؤں پھیلانا۔ (مثل) اپنی حیثیت اور بساط کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔ جتنی چادر ہو اُتنے پاؤں پھیلانا۔
جتنا بڑا اُتنا کڑوا۔ (مثل) جتنا عمر میں زیادہ اُتنا ہی زیادہ خراب۔
جتنا پھلے اُتنا جھکے۔ (مثل) آدمی کی حیثیت جتنی اونچی ہو اُسے اُتنا ہی جھک کر چلنا چاہیے۔
جتنا تپے گا اُتنا ہی برسے گا۔ (مثل) گرمیوں میں جتنی زیادہ گرمی پڑے گی برسات میں اُتنی ہی زیادہ بارش ہو گی۔
جتنا چھانو گے اُتنا ہی کرکرا۔ (مثل) جتنی زیادہ چھان بین کرو گے اُتنے ہی اور عیب نکلیں گے۔
جتنا چھوٹا اُتنا ہی کھوٹا۔ (مثل) (۱) چھوٹا دشمن اور بھی زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ (۲) کم عمر یا پستہ قد شریر کی بابت کہتے ہیں۔
جتنا دے گا اُتنا پائے گا۔ (مثل) (۱) جتنا خدا کی راہ میں خرچ کرو گے اُتنا ہی مل جائے گا۔ (۲) جتنا خرچ کرو گے اُتنا پھر آجائے گا۔



Marfat.com

جتنا سانپ لمبا اُتنی گوہ چوڑی۔ (مثل) ایک دشمن یا موذی میں جو کمی تھی وہ دوسرے نے پوری کر دی۔

جتنا گڑ اُتنا ہی شیر واہ۔ (مثل) ہر چیز کی مقدار اس کی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے۔

جتنا سیانا اُتنا دیوانہ۔ (مثل) بعض وقت عقلمند آدمی بیوقوفی کی بات کہہ جاتا ہے۔

جتنا قریب اُتنا رقیب۔ (مثل) رشتے دار اور آپس والے زیادہ جلتے ہیں۔

جتنا گڑ ڈالو گے اُتنا ہی میٹھا ہوگا۔ (مثل) کسی چیز پر یا کسی کام پر جتنا زیادہ خرچ کیا جائے گا وہ چیز یا کام اُتنا ہی اچھا ہوگا۔

جتناگی۔ (جت۔نا۔گی) [ق۔ا۔مث] نگرانی۔ دیکھ بھال۔

جتنی۔ (جت۔نی) [ہ۔ا۔مث] جس قدر۔ جو کچھ۔

جتنی (جتنا) چادر دیکھو (دیکھیے) اُتنے پاؤں پسارو (پساریے یا پھیلاؤ (پھیلایئے) دیکھیے جتنا اوڑھنا اُتنے پاؤں پھیلانا۔

جتنی دولت اُتنی ہی مصیبت۔ (مثل) امیروں کو زیادہ تفکرات رہتے ہیں۔

جتنی دیگ اُتنی کھرچن۔ (مثل) مال دولت زیادہ ہوتا ہے تو نفع بھی زیادہ ہوتا ہے۔

جتنی لابھ اُتنی لوبھ۔ (ا۔محاورہ) جتنا زیادہ فائدہ ہو اُتنا ہی لالچ زیادہ ہوتا ہے۔

جتنے۔ (جت۔نے) [ہ۔ا۔مذ] جو کچھ۔ جس قدر۔

جتنے دم اُتنے غم۔ (مثل) جتنی عیالداری ہوگی اُتنے ہی تفکرات رہیں گے۔ (۲) جتنی زندگی اُتنی تکلیفیں۔

جتنے کالے اُتنے میرے باپ کے سالے۔ (مثل) کوئی شخص بڑے آدمیوں سے اپنا رشتہ یا تعلق ظاہر کرے تو اس موقعے پر یہ مثل کہتے ہیں۔

جتنے گھنے اُتنے بھلے۔ (مثل) تعداد کی زیادتی اچھی ہوتی ہے۔

جتنے منہ اُتنی باتیں۔ (مثل) ہر شخص اپنی اپنی کہتا ہے۔

جتنی۔ (جت۔نی) [ہ۔صف] (۱) سرگرم۔ جتن کرنے والا۔ (۲) احتیاط کرنے والا۔

جتنی۔ (جت۔نی) [ہ۔ا۔مث] چرخے کا ڈورا۔

جتھا۔ (ج۔تھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گروہ۔ دھڑا۔ دل۔ ٹولی۔ جماعت (۲) بھیڑ۔ اژدحام۔ مجمع۔ ٹھٹ۔ (۳) اتفاق۔ اتحاد (۴) طاقت۔ قوت۔

جتھا باندھنا۔ (ا۔محاورہ) جماعت بنانا۔ گروہ بنانا۔ ایکا کرنا۔

جتتے۔ (جت۔تے) [ق] جتنے۔

جتی۔ (ج۔تی) [ہ۔صف] (۱) مجرد۔ جس نے شادی نہ کی ہو۔ (۲) سنیاسی۔ جوگی۔ زاہد۔ مرتاض۔

جتی ستی۔ (ہ۔صف) نیک۔ پارسا۔ مجرد۔ بے تعلق۔ تارک الدنیا۔

جُتیانا۔ (جُت۔یا۔نا) [ہ۔مص] جوتے مارنا۔

## ج - ٹ

جَٹ۔ [ہ۔ا۔مذ] جاٹ۔ اُجڈ۔

جُٹ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) جوڑا۔ جفت۔ زوج (۲) دو متحد اور متفق آدمی یا چیزیں (۳) ثانی۔ ہمسر۔

جُٹا۔ (ج۔ٹا) [ہ۔ا۔مث] (۱) گندھے یا جمے ہوئے بال۔ (۲) برگد کی ڈاڑھی۔ (۳) جڑ۔ (۴) ہندو جوگیوں کے سر کے بٹے ہوئے بال

جٹا دھاری۔ جٹا دھر (ہ۔صف) (۱) وہ شخص جس کے سر پر جٹا ہو۔ (۲) سادھو۔ جوگی۔ (۳) شوجی کا لقب۔ (۴) پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں۔

جٹا ماسی۔ جٹا مانسی۔ بال چھڑ۔ سنبل الطیب۔

جُٹا۔ (جُٹ۔ٹا) [ق۔ا۔مذ] بالشت بھر۔ (پیمانہ)

جُٹنا۔ (جُٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جُڑ جانا۔ مل جانا۔ (۲) گتھ جانا۔ بھڑنا۔ (۳) لپٹنا (۴) ہم بستر ہونا۔ (۵) پیوند ہو جانا۔ (۶) سِیا جانا۔ (۷) انتظار کرنا (۸) سازش کرنا (۹) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ گرویدہ ہونا۔

جِٹھانی۔ (ج۔ٹھا۔نی) [ہ۔ا۔مث] شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جٹھانی کا بھینسا اگڑ دھوں دھوں۔ (مثل) جٹھانی کا بیٹا موٹا ہے۔ دوسرے کی اولاد ہمیشہ حسد کی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔ اپنا بچہ موٹا بھی ہو تو کمزور بتایا جاتا ہے۔

جُٹھ دینا۔ (جُٹھ۔دے۔نا) [ہ۔مص] جھوٹی باتیں بنانا۔ جُل دینا۔

جَٹھی۔ (ج۔ٹھی) [ق۔ا۔مذ] پہلوان۔

جَٹی۔ (جَٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] جاٹ کی بیوی۔

جُٹی۔ (جُٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) سوکھے تمباکو کی گڈی یا بنڈل (۲) روپیوں کی تھئی (۳) اوپر تلے رکھے ہوئے روپے پیسے۔ (۴) [صف] پیوستہ۔ پاس۔ پاس۔

جُٹی بھویں۔ ابروئے پیوستہ۔ جُڑواں بھویں۔

جٹی۔ ( (Getty) ) (ج۔ٹی) [انگ۔ا۔مث] (۱) وہ بند یا پل جو بندرگاہ کی حفاظت کے لیے ستونوں پر سمندر کے اندر تک بنا دیا جائے۔ (۲) وہ پل جس پر جہاز سے اُتر کر کنارے پر آتے ہیں۔

جٹی بوٹی۔ (ج۔ٹی۔ب۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] جڑی بوٹی۔

## ج - ث

جُثّہ۔ (جُث۔ثہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ڈیل۔ تن۔ قالب۔ جسم۔ پنڈا۔ کایا۔



Marfat.com

(۲) کاٹھی۔ ڈھانچہ۔ (۳) لاش (۴) جسامت۔

# ج - ج

جج۔ ۱ (Judge) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) منصف۔ قاضی مُفتی۔ حاکم عدالت۔ انصاف کرنے والا۔ (۲) مُبصّر۔ پرکھنے والا۔

جج بیٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی مقدمے کے سلسلے میں جج کا خاص طور سے تقرر ہو۔

جج کرنا۔ (ا۔ محاورہ) جانچ کرنا۔ سوچ بچار کے بعد فیصلہ کرنا۔

جج ہونا۔ (ا۔ مذ) جج مقرر ہونا۔ منصب ملنا۔ جج بنایا جانا۔

ججمان۔ (جج۔ مان) [ہ۔ ا۔ مذ] برہمنوں یا نائیوں کی آسامی جس کا وہ پشتوں سے کام کرتے آرہے ہوں۔ مخدوم۔ آقا۔ مربی۔

ججمان چاہے سُورگ کو جائے چاہے نرک کو۔ مجھے دہی پُوری سے کام۔ (مثل) کوئی بنے یا بگڑے اپنے نفع اور فائدے سے کام سنگ دلانہ خود غرضی پر طعن کرنے کے لیے بولتے ہیں۔

ججمانی۔ (جج۔ مانی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) وہ رقم جو ججمان برہمنوں اور نائیوں وغیرہ کو دے۔ (۲) ججمان ہونے کی حیثیت (۳) ججمان کی بیوی۔

ججی۔ (جَ۔ جی) [ا۔ ا۔ مث] (۱) جج کا عہدہ (۲) جج کی کچہری۔

# ج - چ

جچا۔ (جچ۔ چا) [ہ۔ ا۔ مث] زچہ کا بگڑا ہوا۔

جچا خانہ۔ (ہ۔ مذ) زچہ خانہ۔

جچا گیری۔ (ہ۔ مث) وہ گیت جو زچہ خانے میں گایا جاتا ہے۔

جچا تلا۔ (جَ۔ چا۔ تُ۔ لا) [ہ۔ صف] ٹھیک۔ درست۔ پورے وزن کا۔ پورا اترنے یا پورا۔ تجربے اور آزمائش کے موافق۔ [مؤنث] جچی تلی۔

جچائی۔ (ہ۔ ا۔ مث) امتحان۔ آزمائش۔ جانچ۔ پرکھ۔ کس۔ (۲) تشخیص۔ اندازہ۔ تخمینہ۔

جچکی۔ (جچ۔ کی) [ق۔ ا۔ مث] زچگی۔

جچنا۔ (جچ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جانچا جانا۔ آزمایا جانا۔ امتحان ہونا۔ (۲) قیمت لگنا۔ تخمینہ لگنا۔ (۳) وقعت ہونا۔ (۴) تخمینہ لگنا۔ نظر پر چڑھنا۔

# ج - ح

جحود۔ (ع۔ ا۔ مذ) جان بوجھ کر انکار کرنا۔ تجاہل عارفانہ۔

جحیم۔ (جَ۔ حیم) [ع۔ ا۔ مث] (۱) دہکتی ہوئی آگ۔ (۲) دوزخ۔ دوزخ کی آگ۔

# ج - د

جد۔ [ق۔ حرف شرط] جب۔

جد نہ تد۔ (حرف شرط) جب نہ اب۔ ہر وقت (ق)

جدّ [ع۔ ا۔ مذ] باپ کا باپ۔ دادا۔ جمع۔ اجداد۔

جدِّ اعلیٰ۔ (ع۔ ا۔ مذ) پردادا۔ پدر جد۔

جدّ امجد۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پردادا۔ (۲) حضرت آدمؑ۔

جِدّ۔ (ع۔ ا۔ مث) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ سعی۔ پیروی۔ جانفشانی۔

جدّ و جہد (جہُد) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ سعی۔ جتن۔ پیروی۔

جُدا۔ (جُ۔ دا) [ف۔ صف] (۱) علیحدہ (۲) الگ (۳) تنہا (۴) طرح طرح کا۔ (۵) انوکھا (۶) بچھڑا ہوا۔

جُدا جُدا۔ (ف۔ صف) (۱) الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ فرداً فرداً (۲) مختلف۔ متفرق۔ طرح طرح کے۔ (۳) ایک ایک کرکے تفصیل وار۔ رقم رقم

جُدا جُدا کرنا۔ (مص۔ مرکب) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الگ الگ کرنا (۲) پھوٹ ڈالنا۔

جُدا جُدا کہنا۔ علیحدہ علیحدہ بیان کرنا۔ شرح کرکے بتانا۔ تفصیل وار بیان کرنا۔

جُداگانہ۔ (جُ۔ دا۔ گا نہ) [ف۔ صف] الگ الگ۔ منفرد۔ علیحدہ علیحدہ۔

جِدال۔ (جِ۔ دال) [ع۔ ا۔ مث] (۱) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ (۲) جھگڑا۔ بحث۔ تکرار۔ قضیہ۔

جدان۔ [ق] جب سے۔

جُدائی۔ جُدایگی۔ (جُ۔ دا۔ ئی۔ جُدا۔ اے۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] علیحدگی۔ مفارقت۔ تفرقہ۔ فراق۔

جُد با تدبا۔ (جُد۔ با۔ تد۔ با) [ق۔ ا۔ مذ] (۱) ایسا ویسا۔ (۲) فضول یا بے تکی۔

جدبرہ۔ [ق۔ ا۔ مذ] اسباب زندگی۔ سامان معیشت۔

جِدّت۔ (جِد۔ دت) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نیاپن۔ تازگی۔ نیا ہونا۔

جدرُود۔ جدھر (ق)

جَدَل۔ (جَ۔ دَل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) لڑائی۔ جنگ۔ دیکھیے جدال

جدوار۔ (جد۔ وار) [ف۔ ا۔ مث] زربسی۔ دافع زہر بوٹی۔

جَدوَل۔ (جد۔ وَل) [ع۔ ا۔ مث] (۱) پانی کی نہر (۲) وہ خط جو صفحہ کے چوگردہ کھینچا جائے۔ (۳) نالہ (۴) کھیتوں کی کیاریاں (۵) محاورۃً حال میں بمعنی نقشہ۔ فہرست۔

جدول بندی۔ خانہ وار ترتیب۔ (Tabulation) ۱

جدول کش۔ (ع۔ ف۔ صف) کتاب کے صفحات پر لکیریں کھینچنے کا



Marfat.com

کا آلہ ۔ زوال ۔ فتنہ ۔

**جَدوَلی** ۔ (جد ۔ وَلی) [ع ۔ صف] لکیر دار ۔ لکیریں کھنچی ہوئیں ۔

**جَدّہ** ۔ (جد ۔ دَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) دادی (۲) نانی ۔ (۳) حجاز کے ایک شہر کا نام جو بندرگاہ بھی ہے ۔

**جِدھر** ۔ (جِ ۔ دھر) [صف ۔ ہ] جہاں جس جگہ ۔ جس طرف ۔ جہاں کہیں ۔

**جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تو ہی تو ہے** ۔ (مثل) (۱) خدا کی قدرت کے کرشمے ہر طرف نظر آتے ہیں (۲) عاشق کو ہر جگہ محبوب کا جلوہ دکھائی دیتا ہے ۔

**جدھر رب اُدھر سب** ۔ (مثل) جس پر خدا مہربان ہوتا ہے اس پر سب مہربان ہو جاتے ہیں ۔ (خدا مہربان تو سب مہربان)

**جدھر مولا اُدھر دولہ** ۔ (مثل) جس پر خدا مہربان ہو اس پر بندے بھی مہربان ہوتے ہیں ۔ دولہ سے مراد حضرت شاہ دولہ جن کا مزار گجرات میں ہے ۔

**جدھر نوان اُدھر پانی ڈھلتا ہے** ۔ (مثل) کمزوروں پر ہی مصیبتیں آتی ہیں ۔

**جَدّی** ۔ (جد ۔ دی) [ع ۔ صف] (۱) ایک دادا کی اولاد ۔ (۲) آبائی ۔ موروثی ۔

**جَدّی جائداد** ۔ وہ جائداد جو بزرگوں سے ترکے میں چلی آرہی ہو ۔ موروثی جائداد ۔

**جَدی** ۔ (جَ ۔ دی) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) زمین کے گرد ایک قیاسی دائرہ جو خطِ استوا کے متوازی اس سے ۲۳ ½ درجہ جنوب میں ہے اور خطِ جدی کہلاتا ہے ۔ قطبی تارا (۳) آسمان کا ایک برج جو بکرے کی شکل کا نظر آتا ہے ۔

**جَدید** ۔ (جَ ۔ دِید) [ع ۔ صف] (۱) نئی ۔ نیا ۔ تازہ ۔ اب کا (۲) عروض میں ایک بحر کا نام ۔

**جدیدیت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) نیا پن ۔ جدید ہونے کی کیفیت (انگ) (Modernism)

## ج - ذ

**جُذام** ۔ (جُ ۔ ذام) [ع ۔ ا ۔ مذ] کوڑھ ۔ فسادِ خون کی ایک بیماری ۔

**جُذام خانہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) کوڑھیوں کی قیام گاہ ۔ کوڑھی گھر ۔

**جُذامی** ۔ (جُ ۔ ذا ۔ می) [ع ۔ صف] جو مرض جذام میں مبتلا ہو ۔ کوڑھی ۔

**جذب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) کشش ۔ کھچاوٹ ۔ کھینچنا ۔ (۲) چوسنا ۔ جذب کرنا ۔ (۳) وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لیے مخصوص ہے ۔

**جذب کرنا** ۔ (۱) چوسنا ۔ کھینچنا ۔ کشش کرنا (۲) لبھانا ۔ مائل کرنا

**جذبِ مقناطیسی** ۔ (ع ۔ ا ۔ ف ۔ صف) مقناطیس کی کشش ۔

**جذبات** ۔ (جذ ۔ با ۔ ت) [ف ۔ ا ۔ مذ] جذبے کی جمع ۔

**جذباتی** ۔ (جذ ۔ با ۔ تی) [ف ۔ صف] (۱) جو دوسروں کی باتوں کا جلد اثر لے (۲) جو جلد غصے میں آجائے ۔ (۳) جذبات پرست ۔

**جذبہ** ۔ (جَذ ۔ بَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) دل کا جوش ۔ کشش ۔ ولولہ (۲) [اردو] غصہ ۔

**جَذر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) علمِ ریاضی میں کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے (۲) مادہ ۔ اصل ۔ (۳) بنیاد ۔ بنا ۔ مبدا ۔ اصلیت ۔

**جذرِ اصم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ عدد جس کا جذر نہ نکل سکے

**جذر الکعب** ۔ کوئی عدد اس رقم کا جذر الکعب کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو ۔

**جذرُ المال** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ عدد اس رقم کا جذر المال کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو ۔ جیسے ۲×۲×۲×۲ = ۱۶ تو (۲) ۱۶ کا جذر المال ہے ۔

**جذرِ ناطق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے ۔

**جذر نکالنا** ۔ دوسرے درجے کا آثار معلوم کرنا ۔

## ج - ر

**جَرّ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) کھنچاؤ (۲) کسرہ (۳) بنیاد ۔ (۴) نچلا حصہ ۔

**جرِّ ثقیل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] بھاری بوجھ کھینچنے اور اٹھانے کا آلہ ۔

**جُرّاب** ۔ (جُر ۔ راب) [ع ۔ ا ۔ مث] موزہ ۔

**جُرأت** ۔ (جُر ۔ اَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) دلیری ۔ دلاوری ۔ شجاعت ۔ بے باکی ۔ جواں مردی ۔ (۲) چالاکی ۔ شوخی ۔ (۳) اردو کے صاحب دیوان شاعر شیخ قلندر بخش کا تخلص ۔

**جُرأت دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دلیری یا بہادری کا کام کرنا

**جراثیم** ۔ (جَ ۔ را ۔ ثیم) [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو ہر چیز کے اندر موجود رہتے ہیں اور جن سے جسم میں مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں ۔

**جراثیم کُش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جس سے جراثیم ہلاک کیے جائیں ۔

**جرّاح** ۔ (جَر ۔ راح) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ شخص جو زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرے ۔ زخموں کی چیر پھاڑ کرنے والا ۔ سرجن ۔

**جَراحت** ۔ (جَ ۔ را ۔ حَت) [ع ۔ ا ۔ مث] زخم ۔ گھاؤ ۔

**جرّاحی** ۔ (جر ۔ را ۔ حی) [ع ۔ ا ۔ مث] جراح کا پیشہ ۔ زخموں کا علاج ۔ ڈاکٹری چیر پھاڑ ۔

**جراحیات** ۔ (جَ ۔ را ۔ حِ ۔ یات) [ف ۔ ا ۔ مث] (Surgery) زخم کے علاج کا پیشہ ۔ جراحی ۔ چیر پھاڑ ۔ فصادی ۔

**جرّار** ۔ (جر ۔ را ۔ ر) [ع ۔ صف] (۱) بہت بھاری یا کثیر لشکر ۔ (۲) بہادر ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ (۳) کھینچنے والا ۔ تیز رفتاری سے روکنے والا ۔

**جرائد** ۔ (جَ ۔ را ۔ ئد) [ع ۔ ا ۔ مذ] جریدے کی جمع ۔ اخبارات ۔ رسالے ۔



Marfat.com

جراثیم - (جَ - را - ثِیم) [ع - ا - مذ] جرثومہ کی جمع۔ بہت سے جرثوم
جرائم پیشہ - (ع - ا - مذ) جو جرم کرنے کو اپنا پیشہ بنالے۔ عادی مجرم
جَرِت۔ لَیجَڑت۔ (ج - رَت - ج - رُت) [ف - صف] جڑا ہوا۔ جڑاؤ۔
جَرثُومہ (جر - ثو - مہ) [ع - ا - مذ] وہ چھوٹا کیڑا جو خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا۔ (Bacterium) جمع - جراثیم۔
جرثومیات - (جر - ثو - م - یات) [ع - ا - مث] علم جراثیم۔ (Bacteriology)
جرثومیات داں - ماہر علم جراثیم (Bacteriologist)
جرثومیاتی - (جر - ثو - م - یا - تی) [ع - صف] علم جراثیم سے متعلق (Bacteriological)
جرح - (ع - ا - مذ) (۱) زخم۔ گھاؤ۔ چیر۔ (۲) وہ سوالات جو ایک فریق دوسرے سے حقیقت یا سچائی معلوم کرنے کے لیے کرے۔
جرح کرنا - (مص - مرکب) فریق مخالف کے وکیل یا گواہ سے سوالات کرنا۔
جَرَس - (جَ - رَس) [ع - ا - مذ] (۱) گھنٹہ۔ گھڑیال (۲) وہ گھنٹہ جو قافلے کی روانگی کے وقت بجایا جاتا ہے۔ (۳) آواز۔ بانگ درا۔
جَرسی - (Jersey) (جر - سی) [انگ - ا - مث] (۱) اونی بنیان۔ جو ورزشی کھیلوں کے وقت پہنا جاتا ہے (۲) آستینوں کا اونی بنیان۔
جُرعَہ - (جُر - عہ) [ع - ا - مذ] (۱) گھونٹ۔ اتنی مقدار جو ایک دفعہ میں پی جائے۔
جُرعہ کش - (ف - صف) جرعہ نوش۔ گھونٹ گھونٹ کر کے پینے والا۔
جرعہ کشی - (ف - ا - مث) گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔
جرعہ نوشی کرنا - (ا - محاورہ) گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔
جرگہ - (جر - گہ) [ف - ا - مذ] (۱) آدمیوں کا مجمع (۲) گروہ - جماعت (۳) پنچایت (۴) جانوروں کا گلہ۔ (۵) (سرحدی قبائلی علاقے میں) وہ جماعت جو سنگین مقدمات یا اہم معاملات کے بارے میں فیصلہ دیتی ہے۔
جرگہ آنا - (ا - محاورہ) پٹھانوں کی جماعت یا گروہ یا وفد کا کسی کام کے لیے کسی افسر کے پاس آنا۔
جرگہ بٹھانا۔ جرگہ بلانا - (ا - محاورہ) کسی مقدمے یا معاملے کے بارے میں فیصلہ طلب کرنے کے لیے جرگہ مقرر کرنا۔
جرگہ بندی - جماعت قائم کرنا۔ پنچایت قائم کرنا۔ جرگہ بنانا۔
جرگہ بیٹھنا - (ا - محاورہ) کسی مقدمے کے فیصلے کے لیے جرگہ اکٹھا ہونا۔
جرگے جمع ہونا - (ا - محاورہ) پٹھانوں کے بہت سے گروہوں یا جماعتوں کا کسی اہم معاملے کے سلسلے میں اکٹھا ہونا یا سر جوڑ کر بیٹھنا۔
جرگے میں بھیجنا - (ا - محاورہ) کوئی مقدمہ سماعت یا فیصلے کے لیے جرگے کے سپرد کرنا۔

جَرم - (Germ) [انگ - ا - مذ] (۱) حیوانات اور نباتات کی ابتدائی شکل۔ (۲) کسی بیماری کے بہت باریک کیڑے۔ (۳) اصل۔ آغاز۔
جِرم - (ع - ا - مذ) (۱) جسم - بدن - وجود - تن - جثہ (۲) نورانی یا لطیف جسم۔ جمع اجرام۔ (ان معنوں میں علوم فلکیات، معدنیات، جمادات پر اطلاق ہوتا ہے۔ (۳) نگینے کا عیب۔
جُرم - [ع - ا - مذکر] (۱) قصور۔ خطا۔ تقصیر۔ (۲) گناہ۔ پاپ۔ خلاف قانون حرکت۔ قابل سزا فعل۔
جرم خفیف - (ع - ا - صف) معمولی جرم۔ ہلکا سا جرم جو جرمانہ بھرنے سے معاف ہو جاتا ہے۔
جرم سنگین - (ع - ا - صف) سخت جرم۔ بڑا جرم۔
جرم کا ارتکاب کرنا - (ا - محاورہ) جرم کرنا۔ مجرم بن جانا۔ قابل سزا کام کرنا۔ جرم کر بیٹھنا۔
جرم کا اقبال کرنا - (ا - محاورہ) قصور تسلیم کرنا۔ اپنے جرم کو مان لینا۔
جرم کبیرہ - (ع - ا - ف) سنگین جرم۔
جرم واجب القتل - (ع - ا - مذ) جرم جس کی سزا میں مجرم کو پھانسی دی جائے۔
جُرمانہ (مہ) (جر - ما - نہ) [ف - ا - مذ] وہ روپیہ جو کسی جرم یا غلطی کی پاداش میں وصول کیا جائے۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ مالی سزا۔
جرمانہ بھر دینا۔ جرمانہ بھرنا - (ا - محاورہ) ڈنڈ دے دینا۔ تاوان کی رقم ادا یا داخل کر دینا۔
جَرمن - (German) (جر - مَن) [انگ - ا - مذ] جرمنی کا باشندہ۔ جرمنی کی ملکی زبان۔ جرمنی سے منسوب۔
جرمن سلور (Germansilver) ایک مرکب دھات جو چاندی کی مانند سفید ہوتی ہے۔
جرمیات - (جر - می - یات) [ع - ا - مذ] علم تفتیش جرائم۔
جڑنا - [ف - مص] جذب کر لینا۔ خشک ہو جانا۔
جرنل ( ) (جر - نل) [انگ - ا - مذ] (۱) روزنامچہ (۲) روزنامہ یا روزانہ اخبار۔
جرنلزم - (Journalism) (جر - نل ازم) [انگ - ا - مذ] صحافت۔ اخبار نویسی۔
جرنلسٹ - ( ) (جر - ن - لِسٹ) [انگ - ا - مذ] صحافی۔ اخبار نویس۔
جرنیل - (ا - مذ) (General) [انگ - مذ] فوج کا اعلیٰ عہدیدار۔ سپہ سالار۔
جرنیلی - (ا - صف) جرنیل سے منسوب۔ فوجی۔ بڑا۔ وسیع۔
جُڑوُ - [ق - ا - مذ] جھڑنا۔ سوتا۔
جُرِدا - [ق - صف] جذب کردہ۔
جُرُوا - (جُر - وا) [ہ - ا - مونث] جورو کی تصغیر (۱) بیوی۔
جَروا - [ق - صف] کشید کی ہوئی شراب۔



Marfat.com

**جَرُونا**۔ (جَ۔ رُو۔ نا) [ق۔ مص] ضبط کرنا۔
**جَرُونا**۔ (جَ۔ رُو۔ نا) [ق۔ مص] ہضم ہونا۔ پچنا۔
**جُرّہ**۔ (جُر۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذ] باز۔ ایک شکاری پرندہ۔
**جَرِی**۔ (جَ۔ رِی) [ع۔ صف] نڈر۔ شیر دل۔ بہادر۔ شجاع۔ دلاور۔ شیر مرد۔
**جُرِی جُر**۔ (جُ۔ رِی۔ جُر) [ہ۔ ا۔ مث] دائمی بخار۔ دقیمی حرارت۔ تپ مزمنہ۔
**جَرَیان**۔ (جَر۔ یان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بہاؤ۔ بہنے کا عمل۔ (۲) [اُردو] ایک مرض جس میں پیشاب کے ساتھ یا بعد میں یا پہلے منی نکلتی ہے۔
**جریانِ آب**۔ ایک زنانہ مرض۔ پانی چھوٹنا۔ سیلان الرحم۔ لیکوریا۔
**جَرِیب**۔ (جَ۔ رِیب) [ع۔ ا۔ مث] (۱) زمین ماپنے کا ایک خاص پیمانہ۔ (۲) عصا۔ لاٹھی۔ (۳) گیہوں تولنے کا پیمانہ جو چوبیس سیر کے برابر ہوتا ہے (۴) زمین کا ایک بیگھے کے برابر ماپ (۵) ریشم کی وہ ڈوری جس سے بادشاہوں کے جلوس کے ساتھ فاصلہ ماپا کرتے تھے۔
**جریب پھینکنا**۔ (ا۔ محاورہ) جریب سے زمین کی پیمائش کرنا۔
**جریب چلانا۔ جریب ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) لاٹھی پھینکنا۔ ایک کھیل، جس شخص کی لاٹھی سب سے زیادہ دُور جاتی ہے وہی جیتتا ہے۔
**جریب کش**۔ (ف۔ صف) وہ شخص جو جریب کھینچے۔ پیمائش کرنے والا۔ کھیت ماپنے والا۔
**جریب کشی**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) جریب کش کا پیشہ یا کام یا عہدہ۔ (۲) پیمائش اراضی۔
**جریب پِٹنا۔ جریب پِٹنا**۔ زمین کا جریب کے ذریعے ماپا یا ناپا جانا۔ (شاہانِ مغلیہ کی سواری کے آگے میر دہ زمین ماپتے ہوئے چلا کرتے تھے)۔
**جَرِیح**۔ (ع۔ صف) زخمی۔ گھائل۔
**جَرِید**۔ (ع۔ ا۔ مذ) کھجور کی صاف ٹہنی۔ (۲) ایک قسم کا نیزہ جو پھینکا جاتا ہے۔
**جَرِیدہ**۔ (جَ۔ رِی۔ دَہ) [ع۔ صف] (۱) اکیلا۔ مجرّد۔ منفرد۔ یہ تن واحد۔ (۲) لکڑی جس پر شمار کے نشان بنے ہوئے ہوں۔ (۳) حساب کا دفتر (۴) بہی۔ حساب کی کتاب (۵) اخبار۔ جمع جرائد۔
**جَرِیمانہ**۔ (جَ۔ رِی۔ ما۔ نہ) [اُ۔ ا۔ مذ] دیکھیے جرمانہ۔
**جَرِیمہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) گناہ۔ خطا۔ قصور۔

## ج ۔ ڑ

**جَڑ** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بیخ۔ بُن۔ مُول (۲) بنیاد۔ بِنا۔ اصل۔
**جڑ اکھیڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ملیامیٹ کرنا۔ بیخ کنی کرنا۔
**جڑ بنیاد۔ جڑ بیخ۔ جڑ پیڑ۔ جڑ سول**۔ (ا۔ مث) بیخ و بُن۔ جڑ کی تمام رگیں۔ بیخ و بنیاد۔
**جڑ پاتال تک پہنچنا** (کسی چیز کی) جڑ بہت گہرائی تک اُتر جانا۔ پائدار ہو جانا۔
**جڑ پکڑنا**۔ (۱) جم جانا۔ مضبوط ہو جانا (۲) پودے کا زمین میں جم جانا۔
**جڑ پیڑ سے اکھاڑ دینا**۔ (اکھاڑنا) کھود کر پھینک دینا۔ (ا۔ محاورہ) برباد کر دینا۔ اُجاڑ دینا۔ نام و نشان باقی نہ رکھنا۔
**جڑ جمانا**۔ (ا۔ محاورہ) مضبوط کرنا۔ استحکام دینا۔ قائم کرنا۔ ٹھیرانا۔
**جڑ جمنا**۔ (ا۔ محاورہ) مضبوط ہونا۔ قائم ہونا۔
**جڑ سے بیر پتوں سے یاری**۔ (ا۔ مثل) بزرگوں یا بڑوں سے دشمنی مگر اولاد سے دوستی۔
**جڑ سے ناک کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پوری ناک کاٹنا۔ (۲) بہت زیادہ ذلیل و خوار کرنا۔
**جڑ کاٹنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) برباد کرنا۔ بنیادیں کھودنا (۲) کسی شخص یا کاروبار کی ترقی کے بنیادی ذرائع پر چوٹ لگانا۔
**جڑ کاٹے جائیں پانی دیے جائیں**۔ اندر خانے نقصان کرتے رہیں اور بظاہر ہمدرد بنے رہیں۔
**جڑ کو پکڑو، شاخوں کو کیوں پکڑتے ہو**۔ (ا۔ مثل) (۱) معاملے کی اصل کی طرف توجہ کرو۔ فضول باتوں میں نہ پڑو۔
**جڑوں میں پانی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) نقصان پہنچانا۔ تباہی کی سازش کرنا۔
**جُڑات**۔ (جُ۔ ڑا۔ ت) [ق۔ ا۔ مث] جُڑنا۔ وصل۔
**جَڑاوٹ** (جَ۔ ڑا۔ وَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] جڑنے کا کام۔ مرصّع کاری۔
**جَڑاور، جڑاول**۔ (جَ۔ ڑا۔ ور۔ جَ۔ ڑا۔ وَل) [ہ۔ ا۔ مث] جاڑے کے کپڑے۔ گرم کپڑے۔
**جَڑاؤ**۔ (جَ۔ ڑا۔ اُو) [ہ۔ صف] جواہرات سے جڑا ہوا۔ مرصّع۔
**جَڑائی**۔ (جَ۔ ڑا۔ اِی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) جڑوانے کا کام۔ مرصّع کاری (۲) جڑنے کی مزدوری۔
**جُڑپ**۔ (جُ۔ ڑپ) [ق۔ ا۔ مث] جھاڑی
**جُڑت**۔ (جُ۔ ڑت) [ق۔ ا۔ مث] جڑاؤ۔ مرصّع۔
**جُڑی نہیں ڈھری کی کوٹی۔ دھری رہے سب دارُو بوٹی**۔ (۱) موت کے آگے کوئی تدبیر نہیں چلتی (۲) جسے خدا بگاڑ دے اسے کوئی امداد کام نہیں دیتی۔
**جُڑ دینا**۔ (جُڑ۔ دے۔ نا) [ہ۔ مص] جڑنے کا کام ختم کر دینا۔
**جَڑنا**۔ (جَڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ملانا۔ جوڑنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز میں بٹھانا۔ (۳) مارنا۔ لگانا۔ جمانا۔ (۴) نالش کرنا۔ (۵) غیبت کرنا (۶) شکایت کرنا۔
**جُڑنا** (جُڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ (۲) پیوند ہونا (۳) مباشرت کرنا۔ (۴) شامل ہونا۔ شریک ہونا۔ (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ (۶) جمع ہونا۔ (۷) گاڑی وغیرہ میں جُتنا۔
**جُڑوات**۔ (جُڑ۔ وات) [ق۔ صف] جڑنا۔ وصل ہونا۔



Marfat.com

**جُڑواں**۔ (جُڑ۔ واں) [ہ۔صف] (۱) دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔ توام بچے (۲) دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں۔
**جَڑوانا**۔ (جڑ۔ وا۔ نا) ۔ [ہ۔صف] جواہرات یا نگینے لگوانا۔ جُڑت کاری کروانا۔
**جَڑی**۔ (جَ۔ڑی) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو۔ (۲) مَرچی کھنڈ کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مہرے کا کام دیتی ہے۔
**جڑی بُوٹی**۔ (ہ۔ا۔مث) کسی درخت کے وہ جڑ پھول اور پتے وغیرہ جو دوا کے کام آتے ہیں۔
**جَڑیا**۔ (جَڑ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) زیورات میں جواہرات وغیرہ جڑنے والا (۲) جوہری (۳) آشنا۔ یار۔
**جَڑیلا**۔ (جَ۔ڑی۔لا) [ہ۔صف] وہ مُولی شلغم یا چقندر جس میں جڑیں نکل آئی ہوں۔

## ج ۔ ز

**جُز** [ف۔ا۔مذ] (جُزو کا مخفف) (۱) سوائے۔ علاوہ۔ بِن۔ بدون۔ ماورا۔ قطع نظر۔ بغیر (۲) پارا۔ ٹکڑا (۳) سولہ صفحوں کا مجموعہ۔ جمع ۔ اجزا۔
**جُز بندی**۔ [ف۔ا۔مث] کتاب کے اجزا کو جلد بندی کے لیے سینا۔
**جُز دان**۔ [ف۔ا۔مذ] بستہ جس میں کتابیں رکھی جاتی ہیں۔
**جُز رَس**۔ [ف۔صف] (۱) بخیل۔ کنجوس (۲) کفایت شعار (۳) ذہین۔ نکتہ رس۔
**جُز رسی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) کنجوسی (۲) کفایت شعاری (۳) ذہانت۔
**جزا** (جَ۔زا) [ع۔ا۔مث] (۱) نیکی کا بدلہ جو آخرت میں ملے گا۔ ثواب۔ انعام۔ اجر۔ (۳) صرف و نحو میں فقرے کا شرط کے بعد آنے والا حصہ۔
**جَزاکَ اللّٰہ**۔ (۱) خدا تجھے اس نیکی کا صلہ دے (۲) شاباش! مرحبا! (ندائیہ) (۳) طنزاً واہ! شاباش)۔
**جزائر** (جَ۔زا۔ئر) [ع۔ا۔مذ] جزیرہ کی جمع۔ بہت سے جزیرے۔
**جِز بِز ہونا**۔ (جِز۔بِز۔ ہو۔ نا) [ہ۔مص] (۱) ناک بھوں چڑھانا۔ آزردہ ہونا۔ (۲) تنگ ہونا۔ (۳) جلنا۔ کڑھنا (۴) بدلہ لینے میں عاجز رہنا۔
**جَزر** [ع۔ا۔مذ] سمندر کے پانی کا اُتار۔
**جَزر و مَد**۔ جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش کے سبب سمندر میں اُتار چڑھاؤ۔
**جَزَع**۔ (جَ۔زَع) [ع۔ا۔مث] بے صبری۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔
**جَزَع فَزَع**۔ (ع۔ا۔مث) رونا پیٹنا۔ گریہ و زاری۔
**جَزم**۔ [ع۔صف] (۱) پکا۔ مصمم۔ مضبوط۔ اٹل (۲) حرف کو ساکن کرنا (۳) حرف ساکن پر ڈالی جانے والی علامت (ْ)
**جُزو**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) حصہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارہ (۲) اصطلاحاتِ کُتب فروشاں میں ۱۶ صفحے یا ۸ ورق کا مجموعہ۔
**جُزوِ بدن ہونا**۔ (ا۔محاورہ) خوراک کا ہضم ہو کر خون میں شامل ہونا۔
**جزوِ عظیم**۔ (ع۔ا۔مذ) بڑا حصہ۔
**جزو و کُل**۔ (ع۔صف) (۱) کُل چیز۔ (۲) تفصیل۔ ہر ایک بات (۳) [صف] تمام پورے کا پورا۔ سب کا سب۔ سرتاسر۔
**جُزو لا یتجزیٰ**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ جز جس کے مزید ٹکڑے یا اجزا نہ ہو سکیں۔ مادے کا سب سے چھوٹا حصہ جو آگے تقسیم نہ ہو سکے۔ جوہر۔ ایٹم۔
**جُزو لاینفک**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ حصہ جو علیحدہ نہ ہو سکے۔
**جُزوی۔ جُزئی**۔ (جُز۔وی۔ جُز۔ئی) [ع۔صف] (۱) خال خال (۲) کچھ۔ چند (۳) خاص۔ مخصوص (۴) [مؤنث] بہت تھوڑی سی (۵) ایک خاص بات (۶) [مذ] تھوڑا سا۔ حقیر۔ خفیف۔ اَدنیٰ۔
**جزئیات۔ جُزویات**۔ (جُز۔ئی۔یات۔ جُز۔ وی۔یات) [ع۔ا۔مذ] جُزوی کی جمع (۱) فروعات (۲) افراد (۳) حصے (۴) چھوٹے چھوٹے اُمور۔
**جزیرہ**۔ (جَ۔زی۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔ ٹاپو۔ دیپ۔ جمع ا۔ جزائر۔
**جزیرہ نما**۔ خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی اور چوتھی طرف خشکی سے ملی ہوئی ہو
**جِزیہ**۔ (جِز۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) اسلامی حکومت میں غیر مسلم پر سالانہ محصول (۲) بدلے کا روپیہ (۳) خراج۔ وہ ٹیکس جو نوشیرواں کے وقت میں فوجی خدمت سے بچنے والوں سے لیا جاتا تھا اور اسلام کے عہد میں غیر مسلموں سے لیا جاتا تھا۔ مقدار ۳ روپے سالانہ سے انیس روپے سالانہ تک تھی۔ بچے۔ عورتیں۔ بوڑھے اور مذہبی پیشوا مستثنیٰ تھے۔

## ج ۔ س

**جَس**۔ [س۔ا۔مذکر] (۱) گُن۔ وصف۔ خوبی (۲) اثر۔ برکت (۳) شکتی۔ طاقت۔ زور (۴) ناموری۔ شہرت۔ (۵) ساکھ۔ اعتبار (۶) آبرو۔ عزت۔ (۷) نیک نامی (۸) ثواب (۹) استعداد۔ لیاقت۔ صداقت۔
**جَس پر مَرنا**۔ (ا۔محاورہ) نیک نامی، ناموری اور شہرت کی تمنا رکھنا۔
**جَس کرنا**۔ (ا۔محاورہ) نام پیدا کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔
**جَس ہونا**۔ اثر ہونا۔ برکت ہونا۔ وصف یا جوہر ہونا۔
**جَس** [ہ۔صف] (۱) جیسا۔ جس قسم کا (۲) جیسے۔ جس طرح۔
**جَس کیا تَس پایا**۔ (مثل) جیسا تو نے کام کیا ویسا ہی بدل یا صلہ مل گیا۔
**جِس** [ہ۔ض] جو۔ وہ۔ جو۔ اس۔ جونسا
**جس برتن میں کھائے اُسی میں چھید کرے**۔ (مثل) کمینہ آدمی جس سے فائدہ اٹھاتا ہے اسی کے ساتھ بدی کرتا ہے۔
**جِس اِس**۔ (۱) جس کے قبضے میں۔ جس کے قابو میں۔
**جِس پَر**۔ (۱) تو بھی۔ (۲) پھر بھی (۳) بعد ازاں۔ تب۔ پھر



Marfat.com

جس پر بھی ۔ (۱) باوجودیکہ تو بھی (۲) ساتھ اس کے ۔ اس پر بھی ۔
جس تس ۔ ہر ایک یگانہ و بیگانہ ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ بھلا و بُرا ۔ ہر قسم کا ۔
جس تن لاگے وہ ہی جانے ۔ (ا ۔ مثل) جس پر مصیبت پڑی ہو وہی اس کا حال جانتا ہے دوسروں کو کیا پتہ ۔
جس ٹہنی پر بیٹھے اُسی کو کاٹے ۔ (ا ۔ مثل) دیکھیے ضرب المثل جس برتن میں کھائے اُسی میں چھید کرے ۔
جس جس ۔ ہر شخص ۔ ہر چیز ۔ ہر ایک ۔
جس جس جگہ ۔ جہاں کہیں ۔ جہاں ۔
جس درخت کے سائے میں بیٹھے اُسی کی جڑ کاٹے ۔ جس ڈالی بیٹھیں اُسی کی جڑ کاٹیں ۔ (ا ۔ مثل) دیکھیے جس برتن میں کھائیں ۔
جس دم ۔ جب ۔ جس وقت ۔ جس گھڑی ۔ ہر گاہ ۔
جس راہ نہیں چلنا اس کے کوس کیا گننا ۔ (ا ۔ مثل) جس کام کو کرنا ہی نہیں اس کے متعلق سوچنا بے فائدہ ہے ۔
جس شہر میں پھول نہ بیچے وہاں دھول نہ اُڑا لیجیے ۔ (ا ۔ مثل) جس جگہ عزت سے وقت گزارا ہو ، بے عزتی کے وقت وہاں سے کنارہ کر جانا چاہیے ۔
جس طرح بیٹھے ہو اُسی طرح چلے آؤ ۔ (ا ۔ مثل) فوراً یا جلد از جلد آجاؤ ۔
جس طرح پیٹھ دکھلائے جاتے ہو اُسی طرح مُنہ دکھانا ۔ (ا ۔ مثل) کوئی عزیز سفر پر جا رہا ہو تو اُس کی واپسی کے بارے میں یہ کہہ کر نیک خواہشات کا اظہار کیا جاتا ہے ۔
جس قدر ۔ جتنا (مقدار ظاہر کرنے کے لیے کہا جاتا ہے) ۔
جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار ۔ (ا ۔ مثل) بنیا دوستی کے پردے میں لوٹتا ہے ۔
جس کا جائے وہی چور کہائے ۔ (ا ۔ مثل) جس کا نقصان ہوا ہو وہی ملزم ٹھہرے ۔
جس کا چکنا دیکھا پھسل پڑے ۔ (ا ۔ مثل) جہاں فائدہ دیکھا وہیں پہنچ گئے ۔ ابن الوقت کی نسبت کہتے ہیں ۔
جس کا حال دیکھیے ، اس کا احوال کیا پوچھیے ۔ (ا ۔ مثل) جس کی ظاہری حالت ہی سے تباہ حالی آشکارا ہو ، اس سے حال چال دریافت کرنے کی کیا ضرورت ؟
جس کا ڈر وہی نہیں گھر ۔ (ا ۔ مثل) شوہر گھر میں موجود نہیں جس کا ڈر ہوتا ہے تو بیوی کے لیے کھلی چھٹی مل جاتی ہے ۔
جس کارن مُونڈ مُنڈایا وہی دکھ آگے آیا ۔ (ا ۔ مثل) جس تکلیف کو دُور کرنے کے لیے ذلت آمیز کام کیا وہی دُور نہ ہوئی ۔
جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے ۔ (ا ۔ مثل) جو کام جانتا ہو وہی کر سکتا ہے ۔ اناڑیوں کے کرنے سے جگ ہنسائی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔
جس کا کوئی نہیں اس کا خدا ۔ (ا ۔ مثل) غریبوں کا خدا مددگار ہے ۔
جس کا کھانا ، اُسی پر غرّانا ۔ (ا ۔ مثل) جس سے فائدہ اٹھانا اُسی پر غصہ کرنا ۔
جس کا کھائے اُس کی واڑ وہیں دینا ۔ (ا ۔ مثل) اچھائی کے عوض بُرائی کرنا (ق) ۔
جس کا کھائیے اُس کا گائیے ۔ (ا ۔ مثل) جس سے فائدہ پہنچے اُس کی خیر خواہی اور شکر گزاری کرنی چاہیے ۔
جس کا منہ نہیں دیکھا اُس کے تلوے دیکھے ۔ (ا ۔ مثل) جس سے نفرت تھی اُسی کی خوشامد کرنی پڑی ۔
جس کا یار کوتوال اُس کو ڈر کاہے کا ۔ (ا ۔ مثل) جس شخص کے افسر اعلیٰ سے تعلقات یا میل جول ہو اُسے کسی بات کا ڈر نہیں ہوتا ۔
جس کرکے ۔ (ا ۔ تابع فعل) جس کی وجہ سے ۔ جس کے لیے ۔
جس کو پیا چاہے وہی سہاگن ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جسے خاوند پسند کرے اُسے ہی سُہاگن سمجھنا چاہیے (۲) جسے حاکم لوگ پسند کرتے ہیں وہی مزے میں رہتا ہے ۔
جس کو راکھے سائیاں مار نہ سکے کوئے ۔ بال نہ بیکا کر سکے سب جگ بیری ہو جائے ۔ (ا ۔ مثل) جس کو خدا سلامت رکھے اُسے کوئی نہیں مار سکتا ۔ جس کا اللہ نگہبان ہو اُسے کسی کی دشمنی نقصان نہیں پہنچا سکتی ۔
جس کی آنکھ نہیں اُس کی ساکھ نہیں ۔ (ا ۔ مثل) جس کی آنکھ میں مروت نہیں اُس کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا ۔
جس کی تیغ اُس کی دیگ ۔ (ا ۔ مثل) مال و دولت اور عیش و نشاط زبردست کے لیے ہوتا ہے ۔
جس کی جوتی اُسی کے سر ۔ (ا ۔ مثل) جس کی چیز تھی اُسی پر خرچ کر دی ۔
جس کی جورو اندر اُس کا نصیبا سکندر ۔ (ا ۔ مثل) جو عورت گھر گرہستن ہو اس کے گھر کا نصیبا اچھا ہوتا ہے ۔
جس کی سیرت اچھی نہیں اُس کی صورت کا کیا دیکھنا ۔ (ا ۔ مثل) بدخو یا بُرے انسان سے کیا ملنا جلنا ۔
جس کی فکر اُس کا ذکر ۔ (ا ۔ مثل) جس شخص یا معاملے کا خیال لگا ہو انسان اُسی کا بار بار ذکر کرتا رہتا ہے ۔
جس کی گود میں بیٹھنا اُس کی ڈاڑھی کھسوٹنا ۔ (ا ۔ مثل) جس سے فائدہ اُٹھانا اُسی کو نقصان پہنچانا ۔
جس کی لاٹھی اُس کی بھینس ۔ (ا ۔ مثل) جس کے پاس طاقت ہوتی ہے وہی قابض ہو جاتا ہے ۔
جس کی نہ پھٹی ہو بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی ۔ (ا ۔ مثل) جس پر کبھی معمولی مصیبت بھی نہ پڑی ہو وہ دوسروں کی مصیبت اور تکلیف کا اندازہ نہیں کر سکتا ۔
جس کی یہاں چاہ اُس کی وہاں بھی چاہ ۔ (ا ۔ مثل) اچھوں کو جلد موت آجاتی ہے ۔ خدا بھی اچھوں ہی کو چاہتا ہے ۔
جس کے پاس نہیں پیسا ، وہ بھلا مانس کیسا ۔ (ا ۔ مثل) ساری



Marfat.com

عزت مال و دولت سے ہے۔

**جس کے پیسا نہیں ہے پاس اُس کو میلہ لگے اُداس۔** (ا۔ مثل) نادار آدمی کو کچھ اچھا نہیں لگتا۔

**جس کے پیشے میں بان وہ بڑا شیطان۔** (ا۔ مثل) اکثر گاڑیبان۔ فیل بان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں۔

**جس کے چار بھتیا۔ ماریں ڈھول چھین لیں روپیا۔** (ا۔ مثل) جس کے کچھ ساتھی ہوں وہ جو چاہے کرے۔

**جس کے دل میں رحم نہیں وہ قصائی ہے۔** (ا۔ مثل) بے درد آدمی قصائی کے برابر ہوتا ہے۔

**جس کے دیکھے تپ آوے وہی مو ہے بیاہن آوے۔** (ا۔ مثل) جس کو دیکھنے سے بخار چڑھ آتا ہے وہی مجھے بیاہنے آتا ہے۔ جس سے نفرت ہے اُسی سے پالا پڑ رہا ہے۔

**جس کے سر پہ پڑتی ہے وہی جانتا ہے۔** (ا۔ مثل) جس پہ مصیبت پڑتی ہے اسی کو اس کا اندازہ ہوتا ہے۔

**جس کے سر پہ جوتا رکھ دیا وہی بادشاہ بن گیا۔** (ا۔ مثل) اپنی یا کسی اور کی تعریف میں کہتے ہیں کہ جس پر نظر کی وہی عروج حاصل کر گیا۔

**جس کے کارن جوگن بھئی وہ سیاں پردیس۔** (ا۔ مثل) (۱) جس سے محبت ہے اسے پرواہ نہیں جس کے لیے مصیبت اٹھائی پڑ رہی ہے وہ دُور ہے۔

**جس کے گھر بھوج اُس کے بھات نہیں۔** (ا۔ مثل) جب کوئی امیر آدمی غریب ہو جائے تو اس موقعے پر یہ کہتے ہیں۔

**جس کے ماں باپ جیتے ہیں وہ حرامی نہیں کہلاتا۔** (ا۔ مثل) (۱) جس کے پاس ثبوت ہوں اُس کی بات کیسے جھٹلائی جا سکتی ہے۔ (۲) ثبوت کے بغیر الزام نہیں لگانا چاہیئے۔

**جس کے منہ میں چاول ہوتے ہیں وہ خوب چبا چبا کر باتیں کرتا ہے۔** (ا۔ مثل) جس کے پاس دولت ہوتی ہے وہ اِترا اِترا کر باتیں کرتا ہے۔

**جس کے ہاتھ ڈوئی اُس کا سب کوئی۔** (ا۔ مثل) جس سے فائدے کی اُمید ہو لوگ اُسی کا ساتھ دیتے ہیں۔

**جس گھر بوڑھا نہ بڑا وہ گھر ڈگمگ ڈگا۔** (ا۔ مثل) جس گھر میں عمر رسیدہ یا تجربہ کار آدمی نہیں ہوتا وہ تباہ ہو جاتا ہے۔

**جس گھر ناری پھوڑی۔ اوہ گھر جانو کوڑی۔** جس گھر میں عورت پھوہڑ (بدسلیقہ) ہوگی وہ گندہ اور غلیظ رہے گا۔

**جس منہ سے پان کھائیے اُس منہ سے کوئلے نہ چبائیے۔** (ا۔ مثل) (۱) اپنی زبان سے جس کو ایک دفعہ اچھا کہہ دو اُسے پھر بُرا نہ کہو۔ جس سے نیکی کرتے رہو اس سے بدی نہ کرو۔

**جس میں چمک نہیں وہ ہیرا نہیں جس میں ٹھمک نہیں وہ عورت نہیں۔** (ا۔ مثل) کوئی چیز اپنی خوبیوں کے بغیر کچھ نہیں ہوتی۔

**جس نے اپنی اُتار لی اُسے دوسروں کی اُتارتے کیا ڈر لگتا ہے۔** (ا۔ مثل) شہدے اور لچے انسان جنھوں نے اپنی آبرو کی پروا نہ کی وہ دوسرے کی عزت کو کیا سمجھتے ہیں۔

**جس نے بھونکنا سکھایا، اُسی کو کاٹنے دوڑے۔** (ا۔ مثل) احسان فراموش اور محسن کُش آدمی پہ یہ مثل کہی جاتی ہے۔

**جس نے بیٹی دی اُس نے رکھا کیا۔** (ا۔ مثل) جب بیٹی بیاہ دی تو اس نے سب کچھ دے دیا۔ غریب سمدھی کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**جس نے چیرا اُس نے نیرا (وہی نیرے گا)** (ا۔ مثل) جس نے پیدا کیا ہے وہی کھانے کو بھی دے گا۔

**جس نے دیا اُس نے پایا۔** (ا۔ مثل) جو خدا کے نام پہ دیتا ہے اُسے اجر ملتا ہے۔

**جس نے رنڈی کو چاہا اُسے بھی زوال اور جس کو رنڈی نے چاہا اُس کی بھی تباہی۔** (ا۔ مثل) فاحشہ عورتوں سے تعلق رکھنے والے ہر طرح نقصان میں رہتے ہیں۔

**جس نے کوڑا دیا وہ گھوڑا بھی دے گا۔** (ا۔ مثل) جس خدا نے تھوڑا دیا ہے وہ زیادہ بھی دے دے گا۔

**جس نے کی بے حیائی، اُس نے کھائی دُودھ ملائی۔ جس نے کی شرم، اُس کے پھوٹے کرم۔** (ا۔ مثل) بے حیا انسان مزے میں رہتا ہے۔ جو شرم کرتا ہے وہ محروم رہ جاتا ہے۔ یہ مثل بے شرم آدمی پر طنز کے طور پر کہی جاتی ہے۔

**جس نے لگائی وہی بجھائے گا۔** (ا۔ مثل) (۱) جس نے شرارت کی ہے وہی اس کا اثر دور کر سکتا ہے۔ (۲) جو تکلیف خدا نے دی ہے اسے وہی رفع کرے گا۔

**جس نے نہ دیکھا ہو شیر (باگھ) وہ دیکھے بلائی۔ جس نے نہ دیکھی ہو بہن وہ دیکھے بھائی۔ جس نے نہ دیکھا ہو جم وہ دیکھے جنوائی۔** (ا۔ مثل) بلی شیر کی ہم شکل ہوتی ہے۔ بہن بھائی جیسی اور داماد وہ دنسخ کے دیوتا جیسا ہوتا ہے۔

**جس نے نہ دیکھی ہو کنیا، دیکھے کنیا کا بھائی۔** (ا۔ مثل) اپنی منگیتر کی شکل و صورت کا اندازہ کرنا ہو تو اس کے بھائی کو دیکھ لو۔ (مگر یہ بات ہر جگہ درست نہیں ہوتی)

**جس ہانڈی میں کھائیں اُسی میں چھید کریں۔** (ا۔ مثل) جس سے فائدہ اٹھانا اسی کو نقصان پہنچانا۔

**جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے۔** (ا۔ مثل) جس پر خدا مہربان ہو اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

**جسے کھانے کو ملے یوں، وہ کمانے جائے کیوں۔** (ا۔ مثل) بغیر مشقت مل رہی ہو تو مشقت کرنے کی کیا ضرورت۔

**جَسارَت۔** (ع۔ سا۔ رَث) [ع۔ ا۔ مث] مردانگی۔ دلیری۔



Marfat.com

جُرأت۔ شجاعت۔ جواں مردی۔ بے باکی۔ دلاوری۔ حوصلہ۔

**جَسامَت**۔ (ج۔ سا۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) جسیم ہونا (۲) موٹاپا۔ فربہی۔ (۳) عرض۔ طول۔ عمق (۴) ڈیل ڈول۔

**جَسْت**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] ایک دھات کا نام۔ جستا۔

**جَسْت**۔ [ف۔ ا۔ مؤنث] چھلانگ۔ پھاند۔ چوکڑی۔ کود پھاند۔ پھلانگ۔

**جَست بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔

**جست وخیز**۔ (ف۔ ا۔ مث) جست کرنا۔ اُچھلنا کودنا۔ قلانچ مارنا۔ طرارے بھرنا۔

**جُستجو**۔ (جُس۔ تَ۔ جُو) [ف۔ ا۔ مث] ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تلاش۔ تجسس۔

**جستہ جستہ**۔ (جُس۔ تہ۔ جُس۔ تہ) [ف۔ صف] کم۔ کم کہیں کہیں سے۔

**جِسٹس**۔ (جِس۔ ٹِس) (Justice) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) عدالت العالیہ کا جج۔ (۲) انصاف۔ عدل۔

**جَسَد**۔ (جَ۔ سَد) [ع۔ ا۔ مذ] بدن۔ تن۔ جسم۔ جمع: اجساد۔

**جِسم**۔ [ع۔ ا۔ مذ] بدن۔ تن۔ پنڈا۔ ڈیل۔ جمع: اجسام۔

**جسم کو آراستہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بدن کی آرائش کرنا۔

**جِسمانی**۔ (جِس۔ ما۔ نی) [ع۔ صف] (۱) جسم سے متعلق۔ بدنی (۲) مادّی۔

**جسمانی سزا**۔ (ا۔ صف) ایسی سزا جس کا اثر جسم پر پڑے۔

**جِسمانیت**۔ (جِس۔ ما۔ نی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] جسم ہونے کی حالت۔ جسم پن۔ مادیت۔

**جِسمی**۔ (جِس۔ می) [ع۔ صف] جسم کے متعلق۔ بدنی۔ جسمانی۔

**جَسُور**۔ (ع۔ صف) بہادر۔ دلیر۔ جرأت مند۔

**جَسیلا**۔ (جَ۔ سے۔ لا) [ق۔ صف] جس والا۔ نامور۔

**جَسیم**۔ (جَ۔ سِیم) [ع۔ صف] تنومند۔ جسم والا۔ موٹا۔ فربہ۔ لحیم۔

## ج - ش

**جَشن**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی کا جلسہ یا محفل یا دعوت (۲) خوشی کا دن۔ روزِ عید۔ (۳) مسرت وشادمانی (۴) لہر بہر (۵) تہوار۔

**جشن اڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) مزے اڑانا۔ عیش کرنا۔ لطف اٹھانا۔ (فعل لازم جشن اڑنا)

**جشن بزرگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) پارسیوں میں فروردین کے مہینے کا چھٹا دن (۲) نوروز کا دن۔

**جشن طلائی**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ جشن جو پچاس سال کے بعد ہو [انگ] (Golden Jubilee)

**جشن سیمیں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ جشن جو پچیس سال بعد منایا جائے۔ [انگ] (Silver Jubilee)

**جشن کرنا۔ جشن منانا۔ جشن ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) عیش ونشاط میں مشغول ہونا۔ خوشی منانا۔ ناچ رنگ کی محفل رچانا۔

## ج - ع

**جَعْد**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) سر کے بالوں کی لٹ (۲) چوٹی۔ جوڑا (۳) گھنگریالے بال۔

**جعدِ مُشکیں**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) گھونگریالے سیاہ بال۔ سیاہ چوٹی۔

**جَعفَری**۔ (جَع۔ فَ۔ ری) [ع۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کا گیندا۔ (۲) خالص سونا۔ (۳) گل اشرفی (۴) حضرت امام جعفرؑ سے منسوب۔ حضرت امام جعفرؑ کی اولاد (۵) مجازاً زرد رنگ۔

**جَعل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ (۲) بناوٹ (۳) نقلی چیز کو اصلی ظاہر کرنا۔ جھوٹ۔ کھوٹ۔

**جعل بنانا۔ جعل کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھوٹی دستاویز تیار کرنا۔ (۲) جھوٹے دستخط یا مہر بنانا۔ (۳) کسی چیز کی نقل کرنا (۴) جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔

**جعل ساز**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) دھوکے باز۔ دغاباز (۲) شریر۔ بدمعاش۔

**جعل سازی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دھوکہ بازی۔

**جَعلی**۔ (جَع۔ لی) [ع۔ صف] (۱) نقلی۔ مصنوعی (۲) جھوٹی۔

**جَعلیا**۔ (جَع۔ لِ۔ یا) [اُر۔ صف] جعل ساز۔ فریبی۔

**جعلی دستاویز**۔ (ع۔ ا۔ صف) جھوٹی دستاویز۔ جو جعلسازی کے ذریعے بنائی گئی ہو۔

## ج - غ

**جغادری**۔ (ہ۔ صف) دیکھیے "جگادری"۔

**جُغرات**۔ (جُغ۔ رات) [ف۔ ا۔ مذ] دہی۔ دوغ۔

**جُغرافیائی**۔ (جُغ۔ را۔ فِ۔ یا۔ ای) [ف۔ صف] جغرافیہ کے متعلق۔

**جُغرافیہ**۔ (جُغ۔ را۔ فِ۔ یہ) [یو۔ ا۔ مذ] وہ علم جو سطح زمین، اس کی آبادی، نباتات اور حیوانات اور طبعی تقسیم کے حالات بتائے۔



Marfat.com

## ج - ف

**جفا**۔ (ج۔ فا) [ف۔ا۔مث] (۱) ظلم۔ زیادتی۔ تشدد۔ ناانصافی۔

**جفا پیشگی** (جوئی۔ شعاری۔ کاری۔ گستری) (ف۔ا۔مث) (۱) وہ ہتھکنڈے جن سے ظلم زیادتی اور ناانصافی کی جاتے (۲) معشوق کی زیادتیاں۔

**جفا پیشہ** (جو۔ شعار۔ کار۔ گستر) (ف۔صف) (۱) ظالم۔ زیادتی کرنے والا۔ انصاف نہ کرنے والا۔ ستانے والا۔ (۲) معشوق۔

**جفا جھیلنا**۔ (ا۔محاورہ) ظلم یا زیادتی برداشت کرنا۔

**جفا طلب**۔ (ف۔ا۔مذ) محنت مشقت چاہنے والا مشکل کام۔

**جفا کش**۔ (ف۔صف) (۱) محنتی۔ جو کڑیاں جھیلنے کا عادی ہو۔ جو بے تکان محنت مشقت کرے (۲) سختیاں برداشت کرنے والا۔

**جفا کشی**۔ (ف۔ا۔مث) ظلم و ستم۔ محنت و مصیبت۔ آفت و سختی۔ (۲) فاقہ کشی۔

**جفا کشی اٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سختیاں جھیلنا (۲) مصیبتیں اٹھانا ظلم اور زیادتی اٹھانا۔

**جُفت**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) دو چیزیں۔ جوڑا۔ جوڑ۔ طاق کی ضد۔ (۲) جوتوں کی جوڑی۔ جوتے۔ (۳) ہم سر۔ ہم پایہ۔ ثانی (۴) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہوجائے۔ (۵) مجیرا (کیونکہ دو ہوتے ہیں)۔

**جُفت ساز**۔ (ف۔صف) موچی۔ جوتے بنانے والا۔

**جُفت سازی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) جوتے بنانے کا پیشہ۔ موچی کا کام۔ (۲) مجیرا بجانا۔

**جُفتہ**۔ (جُف۔ تہ) [ف۔صف] جھکا ہوا۔ خمیدہ۔

**جُفتہ**۔ (جُف۔ تہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) شکن۔ سلوٹ۔ چرس۔ جھری (۲) داغ۔ دھبہ (۳) دراڑ۔ شگاف۔

**جُفتے پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) شکنیں پڑنا۔ سلوٹیں پڑنا (۲) ڈھیلے ہونے کپڑے کا تار تار ہونا (۳) نام کو بٹا لگنا۔ سبکی ہونا (۴) باریک کپڑے کے ڈھیلے میں چرسیں پڑ جانا۔

**جُفتی**۔ (جُف۔ تی) [ف۔ا۔مث] (۱) نر اور مادہ کا ملنا (۲) دو قتا جو درمیان سے دوہرا ہوجاتا ہے (غلط العام: جفتی)

**جُفتی کرنا۔ جُفتی کھانا**۔ (ا۔محاورہ) نر اور مادہ کا ایک دوسرے کو ملنا۔ جماع کرنا۔

**جَفر**۔ (ج۔ فر) [ع۔ا۔مذ] ایک علم جس سے غیب کا حال بتایا جاتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔

## ج - ک

**جَکّ**۔ (ج۔ کّ) [ق] جوکچھ۔

**جکڑبند**۔ (ج۔ کڑ۔ بند) [ہ۔صف] کسا ہوا۔ مضبوط بندھا ہوا۔ (۲) کھچا ہوا۔ تنا ہوا (۳) [ا۔مذ] گرفت۔ پکڑ۔ روک (۴) گٹھیا۔ وجع المفاصل۔

**جکڑ جانا**۔ (ج۔ کڑ۔ جا۔ نا) [ہ۔مص] (۱) اینٹھنا۔ اکڑ جانا۔ سخت ہوجانا۔ (۲) قریبی تعلق ہونا۔

**جکڑنا**۔ (ج۔ کڑ۔ نا) [ہ۔مص] (۱) کس کر باندھنا۔ مضبوط باندھنا ہتھکڑی لگانا۔ مشکیں باندھنا۔

## ج - گ

**جگ**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) دنیا۔ سنسار۔ عالم۔ جہان۔ (۲) مخلوق۔ لوگ۔ (۳) ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم۔ ہون۔ پوجا (۴) یگیہ۔ ضیافت۔

**جگ اُجال**۔ (ہ۔صف) دنیا کو روشن کرنے والا۔ عالم افروز۔

**جگ بیتی**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) دنیا جہان کی سرگذشت (۲) زمانے کے حالات۔ قصہ۔ کہانی۔ دنیا کی سرگذشت۔

**جگ بیتی کہوں یا آپ بیتی**۔ (ا۔محاورہ) دوسروں کے حالات بیان کروں یا اپنے۔

**جگ جانی دیس بکھانی**۔ (ا۔محاورہ) بہت مشہور۔

**جگ جیتنا**۔ (ا۔محاورہ) دنیا کو فتح کرلینا۔ غالب آنا۔

**جگ درشن کا میلا ہے**۔ (ا۔مثل) (۱) یہ دنیا بس دیکھنے ہی میں خوبصورت معلوم ہوتی ہے (۲) چلتے چلتے رہنے سے ہی کام بنتے ہیں۔

**جگ کی ماں جہان کی خالہ**۔ (ا۔مثل) اس عورت کے بارے میں طنزاً کہتے ہیں جو گھر گھر پھرتی ہو اور لوگوں کی خوشامد کرکے کام نکالتی ہو۔

**جگ میں دیکھت ہی کا ناتا ہے**۔ (ا۔مثل) (۱) دنیا میں میل جول سے تعلق برقرار رہتا ہے۔ (۲) دنیا میں ظاہرداری ہی ظاہرداری ہے۔

**جگ ہنسائی**۔ (ہ۔ا۔مث) دنیا کا ہنسنا۔ عام رسوائی۔ بدنامی۔

**جگ ہنسائی کرنا۔ جگ ہنسائی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کوئی ایسی حرکت سرزد ہونا جس پر لوگوں کو ہنسنے یا ذلیل و رسوا کرنے کا موقع مل جائے۔

**جگ**۔ (Jug) [انگ۔ا۔مذ] قرابہ۔ صراحی۔ پانی وغیرہ رکھنے کا دستے والا برتن۔

**جُگ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) زمانہ۔ عہد۔ دور۔ قرن (۲) پیڑھی۔ پشت۔ مدت۔ (۳) ہمیشہ۔ (۴) چوسر کے کھیل میں دو کا ایک خانے میں اکٹھے ہوجانا۔ (۵) وہ ڈورا جو کوتا یا کپڑا بننے والے تاروں کو ایک دوسرے سے جدا رکھنے کے لیے تانے میں ڈالتے ہیں (۶) ہندوؤں کے خیال کے مطابق دنیا کے چاروں زمانوں میں سے



Marfat.com

جگ ـ ترتیا جگ ـ دواپر جگ اور کل جگ میں سے ایک زمانہ ـ (۷) پانچ ہزار سال کا عرصہ (۸) پیمائش کا ایک پیمانہ جو چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے ـ ۹ ـ ۴ یا ۱۲ کے عدد کا علامتی نشان ـ

**جُگ پھوٹنا ـ جُگ ٹوٹنا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) چوسر میں دو گوٹوں یا زردوں کا جدا ہونا ـ (۲) نااتفاقی ہونا ـ پھوٹ پڑ جانا ـ

**جُگ پھوڑنا ـ جُگ توڑنا** ـ (ا ـ محاورہ) ایسے حالات پیدا کرنا کہ نااتفاقی ہو جائے ـ

**جُگ جُگ** ـ ہمیشہ ـ ہمیش ـ مدام ـ سدا ـ

**جُگ جُگ جیا کرو ـ دودھ بتاشے پیا کرو** ـ (ا ـ مثل) بڑی عمر پانے اور سکھ میں رہنے کی دعا ـ زندہ رہو اور خوش رہو ـ

**جُگ جُگ جیو** ـ (کلمۂ دعا) (۱) بڑی عمر ہو ـ ہمیشہ جیتے رہو ـ

**جُگ ڈالنا ـ جُگ ڈال دینا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) گوٹ بٹھنے میں دوگا ڈالنا (۲) مطلب حاصل کرنے کے لیے کوئی تدبیر کرنا ـ

**جَگاجوت** ـ (جَ ـ گا ـ جَوت) [ہ ـ صفت] دنیا کو روشن کرنے والا جہاں افروز ـ (۲) چمکیلا ـ

**جُگادَری** ـ (جُ ـ گا ـ دَ ـ رِی) [ہ ـ صفت] (۱) بہت پرانا انسان یا حیوان ـ کھاگ ـ گرگ باراں دیدہ (۲) پرانا اور قدآور (عموماً بندر کے لیے بولتے ہیں) ـ

**جُگاجُگا کر رکھنا** ـ (ا ـ محاورہ) سجا کر ـ احتیاط سے یا سنبھال سنبھال کر رکھنا ـ

**جُگالنا** ـ (جُ ـ گا ـ ل ـ نا) [ہ ـ مص] چوپایوں کا اپنے پیٹ میں سے چارہ منہ میں لا کر چبانا ـ

**جُگالی** ـ (جُ ـ گا ـ لی) [ہ ـ ا ـ مث] حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں دوبارہ چبانا ـ

**جُگان** ـ (جُ ـ گان) [ہ ـ ا ـ مذ] (۱) دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی (۲) میلے کپڑے دھونے کا عمل ـ دُھلائی (۳) دُھلائی کا دن ـ

**جَگانا** ـ (جَ ـ گا ـ نا) [ہ ـ مص] (۱) نیند سے اُٹھانا (۲) خبردار کرنا ـ ہوشیار کرنا ـ (۳) اُکسانا ـ روشن کرنا (۴) پھیکے یا مدھم حروف یا لکیر کو روشن کرنا (۵) سونے نہ دینا ـ

**جُگانا** ـ (جُ ـ گا ـ نا) [ہ ـ مص] (۱) ترتیب سے رکھنا (۲) احتیاط سے رکھنا (۳) امداد کے بدلے میں امداد کرنا ـ

**جگت** ـ (جَ ـ گت) [س ـ ا ـ مذ] دُنیا ـ سنسار ـ جہان ـ عالم ـ زمانہ (۲) [مؤنث] کنوئیں کی منڈیر (۳) انسان ـ حیوان (۴) بند ـ پشتہ (۵) [صفت] چلنے والا ـ

**جگت آشنا** ـ (ہ ـ ف ـ صفت) لوگوں سے زیادہ میل جول رکھنے والا ـ

**جگت اُستاد** ـ (ہ ـ ف ـ صفت) (۱) بہت بڑا کاریگر (۲) مانا ہوا اُستاد ـ

**جگت سالا** ـ (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) کسبی کا بھائی ـ ایک گالی ـ (۲) ذلیل شخص ـ

**جگت سیٹھ** ـ (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) بڑا بھاری ساہوکار (۲) بہت زیادہ مالدار ـ

**جگت سیٹھ کا سالا** ـ (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) گالی ـ بڑے بھاری دولتمند کا رشتہ دار (۲) امیر کی بیوی کا بھائی ـ

**جگت گرو** ـ (ہ ـ ا ـ مذ) دنیا کا اُستاد ـ بڑا عالم فاضل ـ

**جُگت** ـ (جُ ـ گت) [ہ ـ ا ـ مث] (۱) تدبیر ـ سازش ـ ہتھکنڈے ـ اُستادی ـ چالاکی ـ (۲) منصوبہ ـ ترکیب (۳) طرز ـ ڈھنگ ـ انداز ـ (۴) دانائی ـ حکمت ـ رسم ـ رواج ـ ذومعنی بات ـ لطیفہ ـ چٹکلہ ـ تلازمہ ـ طنز ـ

**جُگت باز** ـ (ہ ـ ف ـ مذ) (۱) چٹکلے چھوڑنے والا ـ لطیفہ کہنے والا ـ (۲) صاحبِ تدبیر (۳) ایسا شخص جو ذومعنی زبان بولے ـ

**جُگت بازی** ـ (ہ ـ ف ـ مث) لطیفہ گوئی ـ بذلہ سنجی ـ ذومعنی الفاظ بولنا ـ

**جُگت بولنا** ـ دیکھیے "جُگت بازی" ـ

**جُگت لڑانا ـ جُگت لگانا** ـ (ا ـ محاورہ) تدبیر چلانا ـ توڑ جوڑ بٹھانا ـ راہ و رسم پیدا کرنا ـ تعلق بنانا ـ

**جُگت لڑنا** ـ (ا ـ محاورہ) تلازمہ میں بات چیت کرنا ـ تُکّہ ملانا ـ

**جُگت ملانا** ـ (ا ـ محاورہ) مطلب نکالنا ـ

**جَگتر** ـ (جَگ ـ تَر) [ق ـ ا ـ مذ] جہان ـ دُنیا ـ

**جُگتی ـ جُگتیا** ـ (جُگ ـ تی ـ جُگ ـ ت ـ یا) [ہ ـ ا ـ مذ] (۱) جُگت باز (۲) چالاک (۳) شرارتی (۴) کفایت شعار ـ

**جگجگا** ـ (جَگ ـ جَ ـ گا) [ہ ـ ا ـ مذ] (۱) پیتل کا ورق ـ پنی ـ

**جگجگانا** ـ (جَگ ـ جَ ـ گا ـ نا) [ہ ـ مص] چمکنا ـ جھلکنا ـ ٹمٹمانا ـ جگمگانا ـ

**جگ جگی** ـ (جگ ـ جَ ـ گی) [ہ ـ ا ـ مث] (۱) خوشامد ـ منت سماجت ـ عاجزی ـ (۲) میل جول ـ

**جگر** ـ (جِ ـ گر) [ف ـ ا ـ مذ] (۱) کلیجہ ـ کلیجی (۲) دل ـ جان (۳) طاقت ـ حوصلہ ـ زور ـ بل (۴) اصل ـ حقیقت ـ جوہر (۵) پیارا ـ معشوق (۶) بیٹا ـ اولاد (۷) قریبی عزیز ـ یار ـ دوست احباب (۸) اُردو زبان کے مشہور غزل گو شاعر علی سکندر مراد آبادی کا تخلص ـ

**جگر آب ہونا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) کسی بات یا واقعے کا گہرا اثر لینا (۲) سخت صدمہ پہنچنا (۳) ہمت ٹوٹنا (۴) خوفزدہ ہونا ـ

**جگر اُچھلنا** ـ (ا ـ محاورہ) (۱) بیتاب ہونا (۲) خوف کھانا ـ (۳) صدمہ محسوس کرنا ـ

**جگر افگار ـ جگر فگار** ـ (ف ـ صفت) جس کا دل دکھا ہوا ہو ـ دل شکستہ ـ رنجیدہ خاطر ـ

**جگر بند** ـ (ف ـ ا ـ مذ) (۱) دل ـ تلی ـ پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ مراد فرزند ـ بیٹا ـ نورِ نظر ـ (۲) عزیز یا پیارا (۳) معشوق ـ



Marfat.com

**جگر پارہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کلیجے کا ٹکڑا (۲) بیٹا ۔ فرزند ۔

**جگر پاش پاش ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کلیجے کے ٹکڑے اُڑ جانا ۔ غم کی شدت ہونا ۔

**جگر پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حوصلہ ہونا ۔ ہمت ہونا ۔

**جگر پانی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خوف زدہ ہونا (۲) ہمت ٹوٹنا ۔ دیکھیے جگر آب ہونا ۔

**جگر پر پتھر رکھ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) صبر کر لینا (۲) جذبات ظاہر نہ کرنا ۔ ضبط کرنا ۔

**جگر پر چھریاں چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) انتہائی اذیت پہنچنا (۲) بہت بے چین ہونا ۔

**جگر پہ ہاتھ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے قراری کی حالت میں کلیجہ تھامنا ۔

**جگر پک جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) برداشت کی حد ہو جانا ۔ بار بار کے صدموں سے قوتِ برداشت باقی نہ رہنا ۔

**جگر پھٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) صدمے سے دل کے ٹکڑے ہونا ۔ بےحد رنج و ملال ہونا ۔

**جگر پھنکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل جلنا ۔ رنج کرنا ۔

**جگر پیٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج کرنا ۔

**جگر تاب** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) کلیجہ گرم کرنے والا (۲) عزیز ۔ معشوق یا اولاد

**جگر تشنہ** ۔ (ف ۔ صف) بہت پیاسا

**جگر تفتہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کا کلیجہ جل چکا ہو (۲) جو عشق میں گرفتار ہو (۳) غمگین ۔ رنجیدہ ۔

**جگر تھام کے بیٹھ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ ہونے کے بعد دل کو پکڑ کر بیٹھ جانا

**جگر تھام کے بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی ایسی بات یا واقعہ سننے کے لیے خود پر قابو پانا جو بہت زیادہ رنج دینے یا صدمہ پہنچانے والی ہو ۔

**جگر ٹکڑے (ٹکڑے ٹکڑے) ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رنج یا صدمے سے دل ٹوٹنا ۔ (۲) دل پر کسی تیز چیز کا اثر ہونا (۳) کوئی بات بہت بُری لگنا ۔

**جگر جگر دیگر دگر** ۔ (ا ۔ مثل) اپنا اپنا ہی ہے ۔ غیر پھر غیر ہوتا ہے ۔

**جگر جلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غصہ آنا (۲) جلن ہونا (۳) افسوس یا ملال ہونا ۔

**جگر چاک** ۔ (ف ۔ صف) جس کا دل کسی صدمے سے ٹوٹ چکا ہو ۔

**جگر چاک ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دلی اذیت پہنچنا ۔ سخت صدمہ ہونا ۔

**جگر خراش** ۔ (ف ۔ صف) کلیجہ چھیلنے والا ۔ بہت زیادہ افسوسناک ۔ نہایت رنج دہ ۔

**جگر خوار** ۔ (۱) جو جگر کھائے ۔ غمناک (۲) جادوگر ۔ جادو ٹونا کرنے والا ۔ جو جگر نکال لے ۔ ڈائن ۔ بلا ۔

**جگر خون کر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) روحانی یا دلی صدمہ پہنچانا ۔

**جگر خون ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت ترین قلبی صدمہ ہونا ۔

**جگر دو ٹکڑے (دو نیم) ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل پر اذیت ناک صدمہ پہنچنا ۔

**جگر دوز** ۔ (ف ۔ صف) کلیجہ چھلنی کرنے والا ۔ دل پر سخت اثر کرنے والا ۔

**جگر (دل جانا) دہلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ (۲) گہرا اثر لینا ۔

**جگر دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حوصلہ دیکھنا ۔

**جگر رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حوصلہ رکھنا ۔

**جگر سوختگی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دل جلاپن ۔

**جگر سوختہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کا دل جلا ہوا ہو ۔ دل جلا ۔

**جگر سوز** ۔ (ف ۔ صف) اپنا دل جلانے والا ۔ غم گسار ۔ دل سوز (۲) رنج دینے والا (۳) دل جلا ۔ جسے رنج یا صدمہ پہنچا ہو ۔

**جگر سوزی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کلیجہ جلانا ۔ ہمدردی ۔

**جگر سے دھواں اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بے حد صدمہ ہونا (۲) غمگین ہونا ۔

**جگر شق ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رنج یا خوف کی شدت سے کلیجہ پھٹ جانا (۲) سخت صدمہ پہنچنا ۔

**جگر کاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی ایسی چیز (جیسے پسا ہوا شیشہ یا ہیرے کی کنی) کھلا دینا جس سے جگر کٹ جائے ۔

**جگر کانپ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوف طاری ہو جانا ۔ ڈر جانا ۔

**جگر کاوی** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سخت اُلجھن (۲) محنت ۔ مشقت ۔ جانفشانی ۔

**جگر کباب ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل جل جانا (۲) کسی ناپسندیدہ بات پر بہت زیادہ غصہ آنا ۔ (۳) صدمہ کی وجہ سے پیچ و تاب کھانا ۔

**جگر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حوصلہ کرنا (۲) مقابلے کے لیے اُٹھ کھڑے ہونا ۔

**جگر کو پیٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آہ و زاری کرنا ۔

**جگر کو دیکھنا** (ا ۔ محاورہ) دلیری اور حوصلے کی داد دینا ۔

**جگر کھونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سخت اُلجھن ہونا ۔ پریشانی کی حالت میں ہونا ۔

**جگر کی چوٹ** ۔ (ا ۔ مث) (۱) زبردست صدمہ (۲) اولاد کا غم ۔

**جگر کے پار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بھرپور زخم لگنا (۲) کسی بات سے دل ٹوٹ جانا ۔

**جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج و ملال سے دل



Marfat.com

ٹوٹ جانا۔
**جگر گوشہ** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) جگر کا کونہ یعنی فرزند۔ بیٹا (۲) عزیز قریب۔
**جگر لہو کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) شدید صدمہ پہنچانا۔ (۲) ہمت توڑ دینا۔ حوصلہ پست کرنا۔
**جگر لہو ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) انتہائی صدمے سے طاقتِ برداشت کا جواب دے دینا۔
**جگر مسوس لینا** ۔ (ا۔محاورہ) صدمہ اُٹھاتے وقت بے بس ہونا۔
**جگر منہ کو آنا** ۔ (ا۔محاورہ) ناقابلِ برداشت صدمہ ہونا۔ سخت دُکھ ہو۔
**جگر میں چٹکیاں لینا** ۔ (ا۔محاورہ) اندر ہی اندر تکلیف دینا۔ در پردہ ایذا دینا۔
**جگر ناسُور ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) ناقابلِ فراموش صدمہ پہنچنا۔
**جگر ہل جانا** ۔ (ا۔محاورہ) خوف یا صدمے سے دل پر گہرا اثر پڑنا۔
**جگر ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ ہونا۔ ولولہ پایا جانا۔
**جگرا** ۔ (جِگ۔را) [ہ۔ا۔مذ] ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری۔ دل۔ گُردہ۔ کلیجا۔
**جگر جگر کرنا** ۔ (جَ۔گَر۔جَ۔گَر۔کرنا) [ہ۔مص] اتنا زیادہ چمکنا کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں چُندھیانے لگیں۔
**جگری** ۔ (جِگ۔رِی) [ف۔صف] (۱) جگر سے تعلق رکھنے والا۔ (۲) اندرونی (۳) دلی۔ سچا (۴) رشتہ دار۔ دوست (۵) سرخی مائل سیاہ رنگ۔ داغ۔
**جگری داغ** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) لاعلاج مصیبت یا صدمہ (۲) مستقل دلی صدمہ (۳) گوہر یا دھات کا عیب (۴) قدرتی داغ دھبہ۔
**جگری دوست** ۔ دلی دوست۔ سچا دوست۔ ہم راز۔ گہرا یار۔
**جگری ہی آڑے پر آڑے آتا ہے** ۔ (مثل) مصیبت کے وقت اپنے ہی مدد کرتے ہیں۔
**جُگَل** ۔ (جُ۔گَل) [ہ۔صف] دو۔ جوڑا۔ جُفت۔
**جگ مگ** ۔ [ہ۔ا۔مث] آنکھیں چوندھیانے والی روشنی چمک۔
**جگ مگ جگ مگ کرنا** ۔ بہت تیز روشنی دینا۔ چمکنا۔ دمکنا۔
**جگمگانا** ۔ (جَگ۔مَ۔گا۔نا) [ہ۔مص] روشن کرنا۔ چمکانا۔ روشن ہونا۔
**جگمگاہٹ** ۔ (جَگ۔مَ۔گا۔ہٹ) [ا۔مث] (۱) چمک دمک۔ آب و تاب۔ آبداری (۲) رونق۔ تیز روشنی۔
**جگنا** ۔ (جُگ۔نا) [ق۔ا۔مذ] جگنو۔
**جگن ناتھ** ۔ (جَ۔گَن۔ناتھ) [س۔ا۔مذکر] (۱) دنیا کا مالک (۲) کرشن جی اور وشنو جی کا ایک نام۔
**جگنو** ۔ (جُگ۔نُو) [ہ۔ا۔مذ] ایک اُڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی نکلتی ہے۔
**جگنو بنے کے گھر میں چراغ** ۔ (مثل) چھوٹی حیثیت کے آدمی کو تھوڑی چیز بھی مل جائے تو اس کے لیے بہت ہوتی ہے۔
**جگنی** ۔ (جُگ۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گلے کا ایک زیور (۲) پنجابی زبان کا ایک مشہور گیت۔
**جگہ** ۔ (جَ۔گَہ) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹھکانہ۔ مقام۔ موقع۔ (۲) گنجائش۔ وسعت۔ سمائی (۳) خدمت۔ عہدہ۔ نوکری (۴) علاقہ (۵) بجائے۔ مثل۔ مانند (۶) موزوں اور مناسب موقع (۷) بدن کا کوئی حصہ (۸) شہر۔ قصبہ۔ گاؤں۔ مکان۔ جھونپڑی۔ (۹) نشست گاہ۔
**جگہ بنانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) گنجائش نکالنا۔ (۲) اپنے لیے موقع پیدا کرنا۔ (۳) مکان بنانا۔
**جگہ بھر جانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) گنجائش نہ رہنا (۲) خالی اسامی یا ملازمت پر کسی کا مقرر ہو جانا۔
**جگہ جگہ** ۔ (۱) ہر جگہ۔ جہاں تہاں۔ جابجا۔
**جگہ جگہ درد کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) بدن کے ہر حصے میں درد رہنا
**جگہ دل میں ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) محبت ہونا۔ قدر ہونا۔
**جگہ جگہ ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) ہر جگہ ہونا۔ کثرت سے ہونا۔
**جگہ چھوڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) مقام چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں خالی جگہ چھوڑ دینا (۳) ہٹنا۔ سرکنا (۴) نوکری یا علاقہ چھوڑنا۔
**جگہ خالی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی کا کسی جگہ سے اٹھ کر چلے جانا۔ (۲) ملازمت چھوڑ دینا۔
**جگہ دِلانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) نوکری دِلانا (۲) رہنے کے لیے زمین دلوانا۔
**جگہ دینا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) ٹھیرانا بٹھانا۔ (۲) عہدہ یا ملازمت دینا۔ (۳) رہنے کو مکان دینا۔
**جگہ رُکنا** ۔ (۱) گنجائش نہ رہنا (۲) خالی ملازمت پر کسی اور کا تقرر ہو جانا۔
**جگہ روکنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) خالی جگہ پہ بیٹھ جانا (۲) خالی جگہ پر کسی اور کو نہ بیٹھنے دینا۔
**جگہ سر خرچنا** ۔ (ا۔محاورہ) موقع سے خرچ کرنا۔
**جگہ سر (سے) ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) صحیح مقام یا موقع پر ہونا۔ مناسب جگہ ہونا۔
**جگہ ملنا** ۔ (ا۔محاورہ) نوکری ملنا۔ ملازمت ملنا۔
**جگہ ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) گنجائش ہونا۔ موقع ہونا۔
**جگہر** ۔ (جَگ۔ہَر) [ہ۔ا۔مث] (۱) بیداری۔ جاگ (۲) بیماری یا تشویش کی وجہ سے جاگنا۔
**جگی جگی** ۔ (جِ۔گی۔جِ۔گی) [ف۔ا۔مث] کلمۂ حیرت کلمۂ مسرت۔ اظہارِ عجز۔ ہائے ہائے۔ واہ واہ۔ ارے ارے۔



Marfat.com

# ج ۔ ل

جَل ۔ [س ۔ ا ۔ مذ] پانی ۔ آب [صفت] سردی (۲) اوجل [ق]
جَل بانک ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) فنِ سپہگری، جس میں گہرے پانی کے اندر دشمن پر قابو پانا ہوتا ہے۔
جَل پان ۔ (۱) ناشتہ ۔ تھوڑا سا کھانا پینا۔
جَل پان کرنا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) تھوڑا سا کھانا ۔ ناشتہ کرنا۔
جَل پری ۔ ایک روایتی یا خیالی مخلوق جس کا چہرہ عورت جیسا اور باقی جسم مچھلی کا سا ہوتا ہے۔
جَل پنچھی ۔ پانی پر اُڑنے والے پرندے جو مچھلیاں کھا کر گذارہ کرتے ہیں ۔ آبی پرندے۔
جَل ترنگ ۔ جَل ترنگی ۔ (۱) ایک باجا ۔ دھات یا چینی کے پیالوں میں پانی بھر کر انہیں تیلیوں سے بجاتے ہیں (۲) پانی کی موج یا لہر۔
جَل تُرَئی ۔ جَل توری ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔
جَل تھل ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو (۲) دلدل (۳) پانی کی چادر (۴) کوئی ایسی جگہ جہاں پانی بھرا ہوا ہو۔
جَل تھل (ایک ہونا) بھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) اتنا زیادہ مینہ برسنا کہ ہر طرف پانی ہی پانی دکھائی دینا ۔ بارش کی کثرت سے زمین کا غرقاب ہو جانا ۔ ہر جگہ پانی ہی پانی ہونا۔
جَل جوگنی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) جونک (۲) چڑیل (۳) وہ عورت جو بدمزاج ہو (ان معنوں میں یہ ترکیب لفظ جلنا سے مشتق ہے)۔
جَل چَر ۔ پانی پر چلنے والے جانور یا حیوانات۔
جُلکا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) جونک۔
جَل کاک ۔ جَل کاگ (۱) آبی کوا (۲) ماہی گیر ۔ غوطہ خور۔
جَل کر ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ محصول یا ٹیکس جو مچھلی پکڑنے والوں پر لگایا جائے (۲) دیہات کے تالابوں اور جوہڑوں وغیرہ میں اُگنے والے سنگھاڑوں یا کنول کے پھولوں کا لگان۔
جَل ککڑ ۔ (۱) پانی کا پرندہ ۔ مُرغابی (۲) بات بات پر غصے ہونے والا۔
جَل کوا ۔ پانی کا کوا ۔ ایسا کوا جو دریاؤں اور سمندروں پر ہی دیکھا جاتا ہے۔
جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی ۔ [مثل] ہر شخص کا گذارہ اپنی ہی قوم میں ہو سکتا ہے ۔ ہر چیز اپنی جگہ پر یا اپنے ماحول ہی میں اچھی معلوم ہوتی ہے۔
جل مانس ۔ (۱) پانی کا آدمی ۔ مرد آبی ۔ (۲) ایک قسم کا بندر۔
جل میں کھڑی پیاسوں مرے ۔ (مثل) ایسے شخص پر کہی جاتی ہے جس کو فائدہ اٹھانے کے تمام ذرائع میسر ہوں مگر فائدہ نہ اٹھائے۔
جل اُٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) یکا یک جلنے لگنا۔

جَل بھُن کر بیٹھ رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناامید ہو کر غصے میں بیٹھا رہنا۔
جَل جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) آگ لگ جانا ۔ ناراض ہونا ۔ حسد کرنا۔
جَل کر راکھ (خاک) ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت ناراض ہونا۔
جَل کر کباب ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناراض رہنا ۔ بہت ناخوش رہنا۔
جَل گیا ۔ (ا ۔ صفت) بے نصیب ۔ بدقسمت۔
جَلّ ۔ (جَل ۔ لَ) [ع ۔ صفت] بڑا ۔ عظیم ۔ بزرگ۔
جل تُو جلال تُو (صاحب کمال تُو) آئی بلا کو ٹال تُو ۔ (مثل) خدا سے دعا کہ بلاؤں سے محفوظ رکھے ۔ یہ ایسے موقعے پر وردِ زبان ہوتی ہے جب کوئی ایسی آفت آ پڑے جسے ٹالنا انسانی کوشش سے ناممکن ہو۔
جَلّ جلالہٗ ۔ (ع ۔ صفت) اس خدا کی عظمت اور شان بڑی ہے۔
جَلّ شانہٗ ۔ (ع ۔ صفت) دیکھیے جَلّ جلالہٗ
جَلّ وعلیٰ ۔ (ع ۔ صفت) خدائے بزرگ و برتر۔
جُل ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) دھوکہ ۔ دغا ۔ فریب ۔ مکر ۔ چال بازی ۔ دورخی بات ۔ جھانسا ۔ دم ۔ چھل ۔ پُتا ۔ جھاکسا۔
جُل باز ۔ (ہ ۔ ف ۔ صفت) دھوکہ دینے والا ۔ فریبی ۔ دغا باز
جُل دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) فریب دینا ۔ دھوکہ دینا ۔ جھانسہ دینا ۔ پُتّی بتانا ۔ دغا کرنا۔
جُل کھیلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دھوکے میں ڈالنا ۔ فریب کا شکار بنانا ۔ ٹھگنا ۔ چھلنا۔
جُل میں آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) فریب کھانا ۔ دھوکہ کھانا ۔ جھانسے میں آنا۔
جُل ۔ [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گھوڑے یا کسی جانور کا کمبل (۲) جھول ۔ بادبان۔
جَلا ۔ (جَ ۔ لا) [ہ ۔ صفت] (۱) جلا ہوا (۲) تنگ آیا ہوا (۳) غصے کی حالت میں۔
جَلا بُلا ۔ جَلا بُھنا (ا ۔ صفت) غصے میں بھرا ہوا ۔ ناراض ۔ خلافِ توقع بات یا واقعہ ہونے کے بعد رنجیدہ یا جھنجھلایا ہوا۔
جلاتن (جلے تن) [ا ۔ صفت] (۱) بدمزاج ۔ غصیل ۔ جو ہر بات پہ غصے میں آ جائے (۲) جس کا مزاج صدموں یا مایوسیوں کی وجہ سے چڑچڑا ہو گیا ہو ۔ (۳) حاسد ۔ جلنے والا (۴) اوروں سے بیزار۔
جَلا جَلا کر مارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غم دے دے کر جان گھلانا (۲) غصہ دلا دلا کر مار ڈالنا (۳) بہت زیادہ ستانا ۔ از حد دق کرنا۔
جَلا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آگ لگانا یا سلگانا (۲) غصہ دلانا (۳) چھیڑنا ۔ ستانا (۴) چراغ روشن کرنا (۵) رنج دینا۔
جَلا کر خاک کرنا ۔ (۱) اتنا زیادہ جلانا کہ چیز بالکل خاک ہو جائے (۲) تباہ کر دینا ۔ برباد کر دینا ۔ (۳) غصہ دلا کر یا پیچ و تاب کھانے پر مجبور کر کے مار ڈالنا۔
جلے پاؤں کی بلی ۔ (ا ۔ مث) وہ عورت جسے جگہ جگہ پھرنے کی عادت ہو۔
جلے پر نون چھڑکنا ۔ جلے پر نون (نمک) لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ)۔



Marfat.com

تکلیف پہنچے ہوئے آدمی کو چڑا کر اور زیادہ تکلیف پہنچانا۔

**جلے پھپھولے پھوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شکوے شکایت سے دل کا غبار نکالنا (۲) بدلہ لینا۔ عداوت نکالنا۔ دلی بغض یا عناد ظاہر کرنا۔

**جلے جھونپڑے سے جو نکلے سو واہ** ۔ (مثل) نقصان ہونے میں جو بھی کچھ بچ جائے اُسے غنیمت جانو۔

**جِلا** ۔ (جِ۔لا) [ع۔ا۔مث] (۱) صفائی۔ روشنی۔ چمک۔ صیقل۔

**جِلا دینا۔ جِلا کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) چمکانا۔ اُجالنا۔ صیقل کرنا۔ سانجھنا۔

**جِلا کار** ۔ چمکانے والا۔ اُجالنے والا۔ صیقل گر۔

**جِلا کاری** ۔ (ع۔ا۔مث) زیورات یا برتنوں کو چمکانے کا پیشہ۔ صیقل گری۔

**جُلّاب** ۔ (جُل۔لاب) [ع۔ا۔مذ] ایسی دوائی جس سے دست آئیں مسہل۔ دست آور دوا۔

**جُلّاب سا لگ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) خوف یا تشویش سے دست چھوٹ جانا۔

**جُلّاب لینا** ۔ مسہل لینا۔ دستوں کی دوائی استعمال کرنا۔

**جُلّابی** ۔ (جُل۔لا۔بی) [اُر۔ا۔مذ] جلاب لینے والا۔ مسہل لینے والا۔

**جَلابی** ۔ (جَ۔لا۔بی) [ق۔ا۔مث] ایک مٹھائی کا نام۔ جلیبی۔

**جَلاپا** ۔ (جَ۔لا۔پا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) رنج۔ غم۔ ملال۔ آزردگی۔ سوگ (۲) رشک۔ حسد (سوکن سے) جلن (۳) بیر۔ دشمنی (۴) کسی کی ترقی یا کامیابی پر پیچ و تاب۔

**جلاپے خور** ۔ (ا۔مذ) حسد کرنے والا۔

**جَلاٹ** ۔ (جَ۔لاٹ) [ق۔ا۔مث] جلن۔

**جِلاٹین** ۔ (Gelatin) (جِ۔لا۔ٹین) [انگ۔ا۔مث] ایک لیس دار مادہ جو جانوروں کی ہڈی، کھال وغیرہ سے نکلتا ہے۔ سریش ماہی۔

**جَلاجِل** ۔ (جَ۔لا۔جِل) [ع۔ا۔مذ] جُلجل کی جمع (۱) جھانجھ۔ دف۔ دائرہ۔ منجیرہ۔ تال۔

**جَلّاد** ۔ (جَل۔لاد) [ع۔ا۔مذ] (۱) کھال اُدھیڑنے والا۔ پھانسی دینے والا۔ جان لینے والا (۲) بے رحم۔ بے درد۔ ظالم کٹھور۔

**جلاد صفت** ۔ (ع۔ا۔صف) بے رحم۔ سنگ دل

**جلاد فلک** ۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) ستارہ مریخ۔ منگل جس سے نجومیوں کے نزدیک قتل و خون اور جنگ و جدل کا تعلق ہے۔

**جَلادت** ۔ (جَ۔لا۔دت) [ع۔ا۔مث] (۱) بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔

**جلادنی** ۔ (جل۔لا۔د۔نی) [ار۔ا۔مث] ایسی عورت جو بہت ہی بے رحم اور سنگ دل ہو۔

**جلادی** ۔ (جَل۔لا۔دی) [ف۔ا۔مث] (۱) بے رحمی۔ سنگ دلی۔

**جلال** ۔ (جَ۔لال) [ع۔ا۔مذ] (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان و شوکت (۳) رعب داب (۴) طاقت۔ قوت (۵) غصہ۔

طیش (۶) تیزی۔ تندی۔ جوش۔

**جلال آجانا۔ جلال آنا** ۔ (ا۔محاورہ) غصہ آجانا۔ طیش آجانا (۲) جوش آجانا۔

**جلال برسنا** ۔ (۱) دبدبہ یا رعب ظاہر ہونا۔ (۲) طیش یا غصہ ٹپکنا۔

**جَلالت** ۔ (جَ۔لا۔لت) [ع۔ا۔مث] (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان و شوکت (۳) اختیار (۴) دبدبہ (۵) جوش۔

**جَلالی** ۔ (جَ۔لا۔لی) [ع۔صف] قہاری کی صفت (۲) درویشوں کا ایک سلسلہ جو سید جلال الدین بخاری سے شروع ہوا (۳) تمام شمسی مہینوں کا نام (جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کے عہد سے شروع ہوتا ہے (۴) [صف] صاحب جلال۔ جلال والا۔ (۵) خوفناک۔ غضب ناک۔ ہیبت ناک (۶) وہ دعا یا نقش یا تعویذ یا عمل جس سے خدا کی شانِ قہاری ظاہر ہونے کی خواہش ہو۔

**جَلامیری** ۔ (جل۔لا۔می۔ری) [اُر۔ا۔مذ] بچوں کا ایک کھیل جسے اڑان جھلا بھی کہتے ہیں۔

**جَلانا** ۔ (جَ۔لا۔نا) [ھ۔معص] آگ لگانا۔ سلگانا۔ آگ دینا۔ دہکانا۔ مہکانا۔ چراغ روشن کرنا۔ (۲) غصہ دلانا۔ جوش میں لانا۔ آگ بگولا کرنا۔ برانگیختہ کرنا (۳) حسد یا دشمنی کا جذبہ پیدا کرنا (۴) دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔

**جِلانا** ۔ (جِ۔لا۔نا) [ھ۔معص] (۱) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا (۲) تازگی بخشنا (۳) موت سے بچانا (۴) دھات کا کشتہ کرکے اسے اصلی حالت پر لے آنا۔

**جَلا** ۔ (ع۔ا۔مذ) دیس نکالا۔ وطن یا گھر سے باہر نکال دینا۔

**جَلا وطن** ۔ (جَ۔لا۔وَ۔طَن) [ف۔صف] جو وطن سے نکلا یا نکالا ہوا۔

**جلا وطنی** ۔ (جَ۔لا۔وَط۔نی) [ف۔ا۔مث] دیس نکالا۔ ملک چھوڑنا۔

**جُلاہا** ۔ (جُ۔لا۔ہا) [اُر۔ا۔مذ] (۱) برعظیم پاک و ہند کی ایک مسلمان قوم جو کپڑا بُننے کا کام کرتی ہے (۲) کپڑا بُننے والا۔ پارچہ باف۔ بافندہ۔

**جُلاہن۔ جُلاہی** ۔ (جُ۔لا۔ہَن۔جُ۔لا۔ہی) [ھ۔ا۔مونث] جُلاہے کی بیوی۔ (۲) جُلاہہ قوم کی عورت۔

**جُلاہے کا پٹھان بیگاری** ۔ (ا۔مثل) جب کوئی چھوٹا آدمی بڑے آدمی کو کام کرنے کے لیے کہے تو اس وقت کہتے ہیں ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔

**جُلاہے کی مسخری ماں بہن سے** ۔ (ا۔مثل) بے تُکا آدمی ہی بزرگوں کے ساتھ مسخری کرتا ہے۔ کوئی بے وقوفی کی یا نازیبا بات کہے تو کہتے ہیں۔

**جَلاؤ** ۔ (جَ۔لا۔ؤ) [ھ۔صف] (۱) جلنے کے قابل اچھا ایندھن (۲) چڑچڑا۔ تنگ مزاج (۳) جلد ناراض ہوجانے والا



Marfat.com

**جَلب** - [ع - ا - مذ] حاصل کرنا۔

**جلبِ زر** - [ع - ف - ا - مذ] روپیہ حاصل کرنا۔ روپیہ گھسیٹنا۔ (جلب (ع) حاصل کرنا۔ کھینچنا۔ نفع اٹھانا۔

**جَلبِ منفعت** - (ع - ا - مذ) نفع حاصل کرنا۔

**جِل باب** - (جِل - باب) [ع - ا - مث] چادر۔ جمع : جلابیب۔

**جَل بُجھنا** - (جَل - بُجھ - نا) [ہ - مص] جل کر خاک ہو جانا۔ بھسم ہو جانا۔

**جَل بَل** - (جَل - بَل) [ہ - صف] (۱) جلا بھُنا (۲) غصہ۔ ناراضگی۔ پیچ و تاب (۳) جلنا۔ بل کھانا (ق)

**جَلبَلانا** - (جَل - بَ - لا - نا) [ہ - مص] طیش میں آجانا۔ غصّے میں آجانا۔

**جَلتا بُلتا** - [ہ - صف] (۱) جلتا ہوا جو جل رہا ہو (۲) بدنصیب۔ مقدر کا کھوٹا۔

**جل توا ہی۔ جل تُوائی** - (جَل - تَ - وا - ای) [ہ - ا - مث] (۱) فساد۔ جھگڑا (۲) حسد کی وجہ سے جلن۔

**جَلتی** - (جَل - تی) [ہ - صف] جلنے والی۔

**جلتی آگ بُجھانا** - (ا - محاورہ) لڑنے والوں کو سمجھا بجھا کر لڑائی ختم کروانا۔ جھگڑا مٹانا۔

**جلتی آگ پر تیل چھڑکنا** - (ا - محاورہ) جھگڑا بڑھانا۔ لڑائی کو ہوا دینا۔ تگی میں لگانا۔

**جلتی آگ میں پانی ڈالنا** - (ا - محاورہ) لڑائی یا فساد یا جھگڑے کی آگ بجھانا۔

**جلتی آگ میں کُودنا۔ جلتی آگ میں گِرنا** - (۱) خود کو دوسرے کی مصیبت میں ڈالنا (۲) دوسروں کی مصیبت کے وقت ان کا شریک حال ہونا۔

**جَل جانا** - (جَل - جا - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کا آگ پکڑ لینا (۲) بُرا ماننا۔ ناگوار گزرنا (۳) جل کر راکھ ہو جانا۔ (۴) سردی کی شدت یا پالے سے پودوں وغیرہ کا مرجانا (۵) حسد کرنا۔

**جَل جَلا** - (جَل - جَ - لا) [ہ - صف] (۱) غصیل (۲) چڑچڑا۔ زود رنج (۳) غضب آلود۔ غصّے میں بھرا ہوا۔

**جل جلاٹ۔ جل جلاھٹ** - (جل - جَ - لاٹ - جل - جَ - لا - ہٹ) [ہ - ا - مونث] (۱) غصیل پن (۲) چڑچڑاپن۔ تنک مزاجی۔

**جَلد** - [ف - صف] (۱) فوراً۔ تُرت۔ جھٹ پٹ۔ بلا توقف۔

**جَلد باز** - (ف - صف) جلدی کرنے والا۔ تیزی سے کام لینے والا۔ بے موقع عجلت کرنے والا۔

**جلد بازی** - (ف - ا - مث) (۱) جلدی کرنا (۲) تیزی۔ پھُرتی۔ شتابی۔

**جلد بازی کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) گھبراہٹ سے کام لینا۔ گھبراہٹ ظاہر کرنا (۲) کام وقت سے پہلے ختم کرنا یا کروانا (۳) کسی کام کے لیے اس کا مقررہ وقت یا مدت نہ دینا۔

**جَلد رَو** - (ف - ا - مذ) جلد قدم۔ تیز چلنے والا۔ تیز رفتار۔

**جلد مزاج** - (ا - محاورہ) (۱) کسی بات پہ فوراً بھڑک اٹھنے والا۔

**جِلد** - [ع - ا - مث] (۱) کھال۔ چمڑا۔ پوست (۲) [ف] کتاب کا پُٹھا (۳) کتاب کی جزو بندی اور سلائی وغیرہ۔ (۴) کوئی کتاب۔ پوتھی یا کسی کتاب کا کوئی حصّہ۔

**جِلد ساز** - (ف - ا - مذ) کتابوں کی جلد باندھنے والا۔

**جِلد سازی** - (ف - ا - مث) جلد باندھنے کا پیشہ۔

**جِلدی** - (جِل - دی) [ع - صف] جلد کے متعلق۔ چمڑے کی بیماری یا اس کی کوئی شے۔

**جَلدی** - (جَل - دی) [ف - ا - مونث] (۱) فوراً (۲) کم سے کم وقت میں۔ (۳) پھُرتی سے۔ تیزی سے۔

**جلدی پڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) جلدی ہونا (۲) گھبراہٹ ہونا۔

**جلدی پکا سو ٹڑا** - جو کام غیر ضروری جلدی یا تیزی سے کیا جائے اس کا نتیجہ بُرا نکلتا ہے۔

**جلدی کا مارا۔ جلد باز** - (ا - صف) جو غیر ضروری طور پر جلدی کرے۔ جسے بلا وجہ جلدی کرنے کی عادت ہو۔

**جلدی کام شیطان کا** - (ا - مثل) کام کرنے کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اس میں جلدی نہ کی جائے۔

**جلدی مچانا** - (ا - محاورہ) جلدی کی تاکید کرنا یا جلدی کرنے کے لیے شور مچانا۔

**جَلسہ** - (جَل - سہ) [ع - ا - مذکر] (۱) مجمع۔ جگمگھٹا (۲) اجلاس۔ بیٹھک۔ نشست (۳) انجمن۔ مجلس (۴) ملاقات (مث) (۵) نماز میں سجدہ کر کے پہلی مرتبہ بیٹھنا (۶) خطبہ دیتے ہوئے خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا۔

**جلسۂ استراحت** - (ع - ا - مذ) نماز میں دو سجدوں کے بعد کھڑا ہونے سے پہلے ذرا دیر بیٹھنا۔

**جلسۂ خاص** - (ع - ا - مذ) ایسا جلسہ جس میں بلا اجازت شرکت نہ کی جا سکے۔

**جلسۂ خطبی** - (ع - ا - مذ) خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا۔

**جلسۂ عدالت** - (ع - ا - مذ) عدالت کا اجلاس۔ عدالت کا کاروائی کرنا۔

**جلسہ گاہ** - (ع - ف - ا - مذ) وہ جگہ جہاں جلسہ کیا جائے۔

**جلق** - (جَ - لق) [ع - ا - مذ] ہاتھ کی مدد سے انزال کرنا۔ ہتھرس۔ مُشت زنی۔

**جلق بے منت خلق** - (ا - مثل) مشت زنی کے لیے کسی کی منت نہیں کرنی پڑتی۔

**جَلقی** - (جَل - قی) [ف - صف] ہاتھ سے منی نکالنے والا۔ وہ



Marfat.com

شخص جسے ہتھرس کی عادت ہو۔

**جَل مرنا۔** (۱) اپنے کپڑوں میں آگ لگا کر خودکشی کر لینا (۲) رشک یا حسد سے بل کھانا۔

**جُلن۔** (جَ - لَنْ) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) جلنے کی حالت۔ سوزش۔ (۲) گرمی حدت (۳) غصہ۔ رنج و غم (۴) کینہ۔ عداوت۔

**جلن پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سوزش ہونا۔ آگ سی لگی ہونا۔ مرچیں سی لگنا۔

**جَلنا۔** (جَلْ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) آگ لگنا۔ (۲) آگ سُلگنا (۳) بُھننا، داغ لگنا۔ جھُلسنا (۴) راکھ ہونا (۵) سوزش یا جلن ہونا۔ تپکنا (۶) پودوں وغیرہ کا پالے سے مرجانا یا سُوکھ جانا۔ (۷) رشک یا حسد کرنا (۸) ناراض ہونا۔ غصے ہونا (۹) رنج اٹھانا۔ دل شکستہ ہونا۔ غم میں گھُلنا (۱۰) مرچ یا کسی اور تیز چیز سے زبان کو تکلیف ہونا۔ جھلجھلانا (۱۱) روشن ہونا (۱۲) مشتعل ہونا۔

**جلنا بلنا۔** جل جلا کر خاک ہو جانا۔ جلنا۔ کڑھنا۔

**جلنا بُھننا۔** پیچ و تاب کھانا۔ آزردہ ہونا۔ ناراض ہونا۔

**جُلنا۔** (جُلْ۔ نا) [ہ۔ مص] ملنا کے ساتھ بطور تابع مہمل استعمال کیا جاتا ہے جیسے مِلنا جُلنا (ملاقات کرنا)

**جلندر۔ جلندھر۔** (جَ۔ لَن۔ دَر۔ جَ۔ لَن۔ دَھر) [ہ۔ ا۔ مذ] پیٹ میں پانی پڑ جانے کا مرض۔ اِستسقا۔

**جَلَو۔** (جَ۔ لَوْ) [ت۔ ا۔ مث] (۱) باگ۔ لگام (۲) کوتل گھوڑا۔ وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) زینت۔ طمطراق۔ ماہی مراتب۔ شان و شوکت۔ تجمل۔ زیب و زینت۔ آن بان (۴) ہم رکابی۔ معیت۔

**جلو خانہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) صحن۔ آنگن۔ پوسچ۔ ڈیوڑھی (۲) وہ میدان جو صدر دروازے کے سامنے ہو۔ جہاں سے شاہی جلوس ترتیب دیا جائے۔

**جلو دار۔** (۱) وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر چلے (۲) مصاحب۔ ہمراہی۔ ہمنشین۔ نوکر چاکر۔ خادم۔ حاضر باش۔

**جلو ریز۔** (ف۔ صف) (۱) تیز۔ سرپٹ۔ جو ڈھیلی باگ، ہلکی باگ یا سبک عنان کے ساتھ گھوڑا دوڑاتے ہوئے ہو (۲) [مونث] جلدی۔ تیزی۔ چُستی۔

**جلوت۔** (جَلْ۔ وَتْ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) باہر۔ عام جگہ۔ سب کے سامنے (۲) مجمع۔ بھیڑ (۳) اپنے آپ کو دکھانا۔ ظاہر کرنا۔

**جلوس۔** (جُ۔ لُوس) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بہت سے لوگوں کا کسی خاص موقع پر اکٹھے ہو کر بازاروں سے گذرنا (۲) بادشاہوں یا امیروں کی سواری نکلنا (۳) تخت نشینی (۴) ساز و سامان۔ کروفر۔ تزک و احتشام۔ (۵) بیٹھنا۔ نشست۔

**جلوسی۔** (جُ۔ لُو۔ سی) [ع۔ صف] (۱) شاہی تخت نشینی سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) سامان جلوس (۳) وہ ملازم لوگ جو شاہی جلوس کے ساتھ ہوں۔

**جَلوہ۔** (جَلْ۔ وہ) [ع۔ ا۔ مذکر] نمائش کرنا۔ خود کو دوسروں کو دکھانا۔ کسی خاص انداز سے سامنے آنا۔ نمودار ہونا۔ نظارہ کرنا (۲) [ف] تجلی۔ نور۔ رونق (۳) معشوق کا ناز و انداز سے چلنا (۴) دُولہا دُولہن کا آمنے سامنے بیٹھ کر آئینے میں ایک دوسرے کی صورت دیکھنا۔

**جلوہ آرا ہونا۔ جلوہ افروز ہونا۔ جلوہ دکھانا۔ جلوہ فرما ہونا۔ جلوہ گر ہونا۔ جلوہ نما ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خاص بناؤ سنگھار یا سج دھج کے ساتھ سامنے آنا۔ (۲) اپنے کو کسی خاص انداز سے دکھانے کے لیے منظرِ عام پر نمودار ہونا۔

**جلوہ آرائی۔** (ع۔ ا۔ مث) جلوہ آرا ہونے کی حالت یا کیفیت۔

**جلوہ دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) دیدار دکھانا۔ سج دھج دکھانا۔ نظر آنا۔

**جلوہ طُور۔** (ع۔ ا۔ مذ) اللہ تعالٰے کی تجلی جو حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طُور پر دیکھی تھی۔

**جلوہ کُناں۔** (۱) جو جلوہ دکھا رہا ہو (۲) ظاہر۔ نمایاں۔ نورانی۔ مُنور۔

**جلوہ گاہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ جگہ جہاں جلوہ دکھایا جائے یا دیکھا جائے (۲) تماشا گاہ (۳) حجلہ عُروسی۔

**جلوہ گری۔ جلوہ نمائی۔** (ع۔ ا۔ مث) (۱) نمود۔ اظہار (۲) شان و شوکت (۳) ناز نخرے (۴) ظاہر ہونے کی حالت یا کیفیت (۵) اپنے آپ کو دکھانا۔

**جَلی۔** (جَ۔ لی) [ع۔ صف] (۱) روشن۔ واضح۔ ظاہر (۲) موٹا لکھا ہوا۔

**جلی قلم۔** (۱) موٹا قلم۔ موٹی نوک یا چوڑے قط والا قلم۔

**جَلیا۔** (جَلْ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] مچھلی پکڑنے والا۔ مچھیرا۔ ماہی گیر۔

**جَلیبا۔** (جَ۔ لے۔ با) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) نوٹ۔ شہتوت (۲) بڑی جلیبی۔

**جلیبی۔** (جَ۔ لے۔ بی) [ھ۔ ا۔ مث] ایک مشہور مٹھائی۔

**جَلیری۔** (جَ۔ لے۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] لوہا ٹھنڈا کرنے کی ناند جو لوہاروں کے پاس ہوتی ہے۔

**جَلیس۔** (جَ۔ لیس) [ع۔ ا۔ مذ] ساتھی۔ رفیق۔ ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والا۔ ہم نشین۔ مصاحب۔

**جَلی کَٹی۔** (جَ۔ لی۔ کَ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] طعن و تشنیع۔ ایسی گفتگو جس سے عداوت اور دشمنی ٹپکے۔

**جلی کٹی باتیں۔** (ا۔ مث) ایسی باتیں جن سے حسد کی بُو آئے۔ دشمنی کی باتیں۔ غصے کی باتیں (۲) طعن تشنیع۔ طنز۔

**جلی کٹی پر آنا۔ جلی کٹی کرنا۔ جلی کٹی سُنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا۔ طعنے دینا (۲) دشمنی اور عداوت ظاہر کرنا (۳) برائیاں کرنا۔

**جلی کٹی رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ اَن بَن رکھنا۔ یا عناد رکھنا۔

**جلی کٹی ہونا۔** آپس میں نوک جھونک ہونا۔ ایک دوسرے کو طعنے دینا۔

**جَلیل۔** (جَ۔ لیل) [ع۔ صف] (۱) بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ افضل (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔



Marfat.com

**جلیلُ القدر** ۔ (ع ۔ صف) بڑی شان والا ۔ نہایت معزز ۔
**جَلیلہ** ۔ (جَ ۔ لی ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جلیل کا مونث (۲) [صف] بڑا ۔ بزرگ ۔ اُونچا ۔

# ج - م

**جَم** [ف ۔ ا ۔ مذ] ایران کے ایک قدیم بادشاہ "جمشید" کا مخفف ۔
**جَم جاہ** ۔ (ف ۔ صف) جمشید بادشاہ کے مرتبے کا بڑا سخی ۔ بڑے مرتبے والا ۔
**جَم** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت (۲) موت ۔ قضا (۳) ناگوار بات یا چیز (۴) جڑواں ۔ توام (۵) جمنا کا امر ۔
**جم جنوائی ہو کر بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چمٹ جانا ۔ بغیر لیے نہ ٹلنا ۔
**جم دُوت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ملک الموت ۔ موت کا فرشتہ ۔
**جم دھر** ۔ جَم (موت) اور دھر (دھار) کا مرکب (۱) دھار یا باڑھ دار ہتھیار چھری ۔ کٹار ۔ خنجر (۲) ایک قسم کا رنگین کنکوا ۔ ایک قسم کا بادامی کاغذ ۔
**جَم دیا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے ۔
**جم راج** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) پاتال کا راجہ ۔
**جم کا سندیسہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) موت کا پیغام ۔
**جم ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موت کی طرح نہ ٹلنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔ بھوت کی طرح چمٹ جانا ۔
**جُماد** ۔ (جَ ۔ ماد) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جس چیز میں بڑھنے کی قوت نہ ہو ۔ بے جان چیز (۲) پتھر ۔ معدنی ۔
**جمادات** ۔ (جَ ۔ ما ۔ دات) [ع ۔ ا ۔ مذ] جماد کی جمع ۔ بے جان چیزیں ۔ جیسے دھات ۔ پتھر ، پہاڑ وغیرہ ۔
**جُمادی الآخرۃ ۔ جمادی الأخریٰ** ۔ (جُ ۔ ما ۔ دَل ۔ آ ۔ خِ ۔ رہ ۔ جُ ۔ ما ۔ دل ۔ اُخ ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مذ] اسلامی سال کا چھٹا مہینہ
**جمادی الأولیٰ** ۔ (جُ ۔ ما ۔ دَل ۔ اُو ۔ لا) [ع ۔ ا ۔ مذ] اسلامی سال کا پانچواں مہینہ ۔
**رِجمار** ۔ (جِ ۔ مار) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ سنگ ریزے جو حاجی لوگ حج کے مناسک ادا کرتے وقت پھینکتے ہیں ۔
**جِماع** ۔ (جِ ۔ ماع) [ع ۔ ا ۔ مذ] مرد کا عورت سے صحبت کرنا ۔ ہم بستر ہونا ۔ مباشرت ۔ مجامعت ۔
**جَماعت** ۔ (جَ ۔ ما ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پارٹی ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ ٹولی ۔ تنظیم (۲) سوسائٹی ۔ سبھا ۔ مجلس (۳) سلسلہ ۔ زمرہ ۔ پرا (۴) فرقہ ۔ فریق (۵) کلاس (۶) صفِ نماز (۷) ہجوم ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔
**جماعت سے کرامت ہے** ۔ (مثل) (۱) اتفاق میں برکت ہے ۔ (۲) جتنے رفیق زیادہ ہوں اتنا ہی زیادہ رعب رہتا ہے ۔
**جماعت کھڑی ہو جانا ۔ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نمازیوں کا امام کے پیچھے صف باندھ کر نماز شروع کر دینا ۔
**جماعت میں بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اسکول میں تعلیم پانے والے بچوں کا درجے میں بیٹھ کر پڑھنا ۔
**جُماگی ۔ جمعگی** ۔ (جُ ۔ ما ۔ گی ۔ جُ ۔ مَع ۔ گی) [اُر ۔ ا ۔ مث] بچوں کا جمعہ کے دن کا خرچ ۔ (۲) اُستاد کا نذرانہ جو بچے جمعہ کو ادا کرتے تھے ۔
**جَمال** ۔ (جَ ۔ مال) [ع ۔ ا ۔ مذ] حُسن ۔ جوبن ۔ رُوپ ۔ خوبصورتی ۔
**جَمال گوٹا** ۔ (جَ ۔ مال ۔ گو ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک گرم اور خشک پھل جو دست آور ہوتا ہے ۔
**جَمالی** ۔ (جَ ۔ ما ۔ لی) [ع ۔ صف] (۱) شانِ رحمت کی تجلّی (۲) وہ اسم جو جلالی نہ ہو ۔ (۳) ایک قسم کا سردا یا خربوزہ (۴) عاملوں اور صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات جیسے سبزی وغیرہ ۔ جمع ۔ جمالیات ۔
**جمالیات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) فلسفہ کی وہ شاخ جس میں حُسن اور اس کے لوازم سے بحث کی جاتی ہے (۲) حُسن شناسی (۳) فنونِ لطیفہ ۔ (انگ) (Aesthetics)
**جُمانا** ۔ (جَ ۔ ما ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) مائع یا سیّال چیز کو ٹھوس کرنا ۔ منجمد کرنا ۔ (۲) پیوست کرنا ۔ جوڑنا (۳) ڈھنگ سے رکھنا یا لگانا (۴) قائم کرنا (۵) دھرنا ۔ رکھنا (۶) اکٹھا کرنا (۷) انبار کرنا (۸) شروع کرنا (۹) بنیاد مضبوط کرنا ۔ (۱۰) ٹھانا (۱۱) مارنا (۱۲) گاڑنا (۱۳) رسوخ پیدا کرنا (۱۴) روا رکھنا (۱۵) آمادہ کرنا (۱۶) ذہن نشین کرنا (۱۷) مشق کرنا (۱۸) ہونٹوں پر مسّی لگانا ۔
**جِمانا** ۔ (جِ ۔ ما ۔ نا) [ہ ۔ مص] کھانا کھلانا ۔ ضیافت کرنا ۔
**جما ہوا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بستہ ۔ منجمد (۲) ٹھہرا ہوا ۔ غیر متحرک ۔
**جُماوَٹ** ۔ (جَ ۔ ما ۔ وَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) جمنا ۔ انجماد (۲) مٹی کا جمنا ۔
**جماہنا** ۔ (جَ ۔ ماہ ۔ نا) [ہ ۔ مص] جماہی لینا ۔
**جَماہی ۔ جمائی** ۔ (جَ ۔ ما ۔ ہی ۔ جَ ۔ ما ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] انگڑائی ۔ جسم میں ذرا تناؤ آ کر منہ کا کھل جانا ۔
**جَماؤ** ۔ (جَ ۔ ما ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جمنے کی خاصیت ۔ جمنے کی حالت یا کیفیت انجماد (۲) ٹھیراؤ ۔ قیام (۳) بھیڑ ۔ ہجوم (۴) پختگی ۔ پکنے پر آنے کی حالت (۵) لیس ۔ چیپ ۔
**جَماؤُ** ۔ (جَ ۔ ما ۔ اُو) [ہ ۔ صف] (۱) جمنے کے قابل (۲) مضبوط ۔ پکّا ۔ پختہ ۔ پائدار ۔
**جَمبُو** ۔ (جَم ۔ بُو) [س ۔ ا ۔ مذ و مث] (۱) جامن کا درخت (۲) جامن کا پھل (۳) [ہ ۔ مذکر] گیدڑ ۔ بڑا ۔
**جَمبُوری** ۔ (Jamboree) ۔ (جَم ۔ بُو ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مث] جشن ۔ رنگ رلیاں ۔
**جم بیٹھنا** ۔ (ہ ۔ مص) پیوست ہو جانا ۔ گڑ جانا ۔
**جَمبیری** ۔ (جَم ۔ بے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا نیبو یا لیموں ۔
**جَمپ** ۔ (Jump) [انگ ۔ ا ۔ مونث] کھیت ۔ چھلانگ ۔
**جَمپر** ۔ (Jumper) [جَم ۔ پَر] (انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) عورتوں کی ڈھیلی



Marfat.com

ڈھالی گڑتی (۲) کیچ کی ڈھیلی ڈھالی کرتی جو طرح پہنتے ہیں۔

**جَمْ جانا** - [ہ - مص] دیر لگا دینا۔

**جُمْ جُمْ** - [ہ - صف] (۱) سدا۔ ہمیشہ۔ لگاتار۔ نت (مث) (۲) خدا مبارک کرے۔ (۳) خدا ایسا ہی کرے۔ خدا کرے روز ایسا ہوتا رہے۔

**جِمخانہ** - (Gymkhana)۔ (جِم - خا - نہ) [انگ - ا - مذ] کھیل اور تفریح کی جگہ۔ گیند خانہ۔ کلب۔

**جَمْرَہ** - (جَم - رَہ) [ع - ا - مذ] (۱) حج کے دوران میں کنکری مارنا (۲) آگ کی چنگاری۔ (۳) آتشک۔ جمع: جَمَرات۔

**جَمشید** - (جَم - شید) [ف - ا - مذ] ایران کا ایک مشہور بادشاہ۔ کہتے ہیں کہ اس نے ایک ایسا پیالہ (جامِ جم) بنوایا تھا جس میں ساری دنیا کے حالات نظر آتے تھے۔

**جَمْع** - (ع - ا - مذ و مث) (۱) کُل۔ تمام۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔ جُملہ (۲) میزان۔ چند رقموں کا مجموعہ (۳) اسم واحد کی جمع (۴) گروہ۔ جماعت۔ (۵) [جمع] اصل سرمایہ۔ پونجی۔ مال۔ نقدی۔ جما جتھا (۶) لاگت۔ خرچ (۷) محصولات۔ پیداوار۔ آمدنی (۸) مالگذاری (۹) حساب کتاب کے رجسٹر کا وہ صفحہ جس میں آمدنی کی رقم درج کی جاتی ہے (۱۰) ریاضی کے تین بنیادی قاعدوں جمع۔ تفریق۔ تقسیم میں سے ایک قاعدہ۔ (جمع) (۱۱) ڈھیر۔ انبار (۱۲) گودام۔ خزانہ (۱۳) شاعری کی ایک صنعت جس سے شاعر ہم وصف چیزوں کو یکجا جمع کر دے۔

**جمع الجمع** - (ع - ا - مث) کسی لفظ کی دُہری جمع جیسے رقم کی جمع رقوم اور رقوم کی جمع رقومات۔

**جمع بندی** - (۱) لگان کا حساب کتاب۔ فردِ لگان (۲) زمین کی آمدنی یا پیداوار (۳) سرکاری مال گذاری (۴) مال گذاری کا بندوبست۔ تقسیم جمع۔ نکاسی (۵) تخمینہ مال گذاری یا لگان۔

**جمع بندی کرنا** - زمین کی پیداوار یا آمدنی کی سرکاری طور پر تشخیص کرنا۔

**جمع بھرنا** - (ا - مذ) مال گذاری کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا۔

**جمع خرچ** - (ع - ا - مذ) (۱) آمدنی اور اخراجات (۲) آمد و خرچ کا حساب کتاب۔

**جمع صدر** - (ا - مذ) وہ مال گذاری جو مالکان سرکار سے براہ راست مقرر کر لیں۔

**جمع ضدین** - (ع - ا - صف) دو ایسی چیزوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں۔

**جمع کرنا۔ جمع ہونا** - (مص - مرکب) (۱) جوڑنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ اگاہی کرنا (۳) ذخیرہ کرنا۔ بھرتی کرنا (۴) رقم جوڑنا۔ میزان کرنا۔ (۵) فردِ حساب میں وصولی درج کرنا۔ بہی پر چڑھانا (۶) لگان کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا (۷) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ تحویل میں دینا۔

**جمع کُل** - (ع - ا - مث) تمام۔ ساری۔

**جمع کے ڈبو آنکھیں کھولو** - (مثل) ایسے موقعے پر بولتے ہیں جب کسی ایسے شخص کو غفلت سے جگانا ہو جو کسی عیار آدمی کے ہاتھوں لُٹ کر اپنی ساری پونجی گنوا بیٹھا ہو۔

**جمع گئے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ** - (مثل) کوئی شخص بددیانتی کرکے یا اوروں کے سرمایے پر عیش کر رہا ہو تو اس کے بارے میں یہ مثل کہتے ہیں۔

**جمع مرکب** - (ع - ا - مث) (۱) رقموں کی جمع۔ اوزان۔ پیمائش کی جمع۔

**جمع والا** - (ع - ا - مذ) دولت مند۔ امیر جس کے پاس دولت ہو۔ سرمایہ دار۔

**جمع ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) اطمینان ہونا۔ (۲) دیکھو جمع کرنا۔

**جَمعدار** - (جَ - مَعْ - دار) [ف - ا - مذ] (۱) (مزدوروں) گروہ سے کام لینے والا (۲) ایک فوجی عہدہ (۳) پولیس کا ہیڈ کانسٹیبل، آب کاری کے محکمے کا کانسٹیبل (۴) بہشتی۔ ماشکی (۵) بھنگی یا خاکروب اور ان کا نگران افسر۔

**جمعداری** - (جَ - مَعْ - دا - ری) [ف - ا - مث] (۱) جمع دار کا کام (۲) جمعداری کا عہدہ۔

**جُمعرات** - (جُ - مَعْ - رات) [اُر - ا - مث] جمعہ سے ایک دن پہلے کا روز۔ پنجشنبہ۔

**جُمعراتی سیّد** - (جُ - مَعْ - را - تی - سی - یَد) [اُر - ا - مذ] وہ شخص جو جمعرات کو پیدا ہونے کے سبب اپنے آپ کو سیّد کہے۔

**جُمُعہ** - (جُ - مُ - عَہ) [ع - ا - مذ] (۱) جمعرات کے بعد کا دن۔ یوم آدینہ۔ شکروار (۲) جمعے کی نماز۔ اُردو میں م ساکن۔

**جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) کی پیدائش** - (مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی چھوٹی عمر کا چالاکی یا گستاخی کرے۔

**جمعہ چھوڑ سنیچر نہلائے۔ اُس کا سنیچر کبھی نہ جائے** - (مثل) جو آدمی جمعے کے مبارک دن کے بجائے ہفتے (سنیچر) کے روز نہلائے اس پر سے نحوست یا بدنصیبی (سنیچر) کا پھیرو کبھی نہیں ٹلتا۔

**جمعے کو نکاح ہفتے کو طلاق** - (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی کام شروع ہونے کے بعد بہت جلد جھگڑا یا فساد ہو جائے۔

**جَمعیّت** - (جَم - عی - یَت) [ع - ا - مث] (۱) جماعت۔ مجمع۔ گروہ۔ انبوہ۔ (۲) فوج۔ لشکر۔ سپاہ (۳) اکٹھا ہونا (۴) اطمینان۔ تسکین۔

**جمعیّت اکٹھا کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) لشکر جمع کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کو اپنے ساتھ ملانا (۳) لوگوں کو جمع کر لینا۔

**جمعیّتِ خاطر** - (ع - ف - ا - مث) تسلی۔ تشفی۔ اطمینانِ دل۔ بے فکری۔ دل جمعی۔

**جَمِّ غفیر** - (جَم - مِ - غَ - فیر) [ع - ا - مذ] زبردست ہجوم۔ بڑی بھاری بھیڑ۔

**جَم کر لڑنا** - (جَم - کَر - لَڑ - نا) [ہ - مص] لڑائی میں قدم پیچھے نہ ہٹانا۔

**جَم گھَٹ۔ جم گھٹا** - (جَم - گھَٹ - جَم - گھَٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) انبوہ۔ ہجوم۔



Marfat.com

کثیر مجمع - بہت بڑا ہجوم - بھیڑ بھڑ - اژدحام - (۲) ہندوؤں کے تہوار دیوالی کی آخری رات (۳) دیوالی کی رات کو جواریوں کا ہجوم۔

**جَمَل** - (جَ - مَل) [ع - ا - مذکر] اُونٹ - شُتر - ناقہ۔

**جُمَّل** - (حسابِ جُمَّل) (جُ - مَّل) [ع - ا - مذ] ابجد کے عددوں کا حساب - حسابِ ابجد۔

**جُملگی** - (جُم - ل - گی) [ف - ا - مث] تمامیت - عمومیت - پُورا کا پُورا ہونے کی حالت [صفت] سب - کل - تمام - مجموع۔

**جُملَہ** - (جُم - لَہ) [ع - صفت - و - ا - مذ] (۱) تمام - سب - کُل (۲) کلموں کا مجموعہ - فقرہ جو مطلب ادا کرے - جملہ کی مشہور قسمیں : جملہ اسمیہ - جملہ انشائیہ - جملہ خبریہ - جملہ شرطیہ - صفتیہ - فعلیہ - جملہ مستانفہ - معترضہ - معطوفہ - مُتعلّقہ۔

**جُملۂ مُعترضہ** (۱) وہ زائد فقرہ یا بات جسے ہٹا دینے سے مطلب میں کوئی فرق نہ آئے - ابھی بات پوری نہ ہوئی ہو کہ دوسرا جملہ درمیان میں بول دیا جائے اور وہ جملہ ایسا ہو کہ نہ بولیں تو بھی کلام میں خلل نہ پڑے۔

**جَمَن** - (جَ - مَن) [ھ - ا - مذ] وہ تُرشی جس سے دہی جماتے ہیں۔

**جَمنا** - (جَم - نا) [ھ - مص] (۱) سیال چیز کا ٹھوس بن جانا - منجمد ہونا - بستہ ہونا - (۲) قائم ہونا یا ٹھیرنا (۳) چپکنا - چسپاں ہونا (۴) جگہ پکڑ لینا (۵) مضبوط ہونا - جڑ پکڑنا (۶) اٹل ہونا - ڈٹنا - اڑنا - ایک ہی جگہ کھڑا ہو جانا۔ (۷) قائم ہونا - ٹِکنا (۸) ٹھیک آنا (۹) ترنشین ہونا (۱۰) لگنا - پڑنا (۱۱) ذہن نشین ہونا (۱۲) دل پر اثر ہونا (۱۳) مشق ہونا - رواں ہونا (۱۴) انبوہ رہنا - اژدحام رہنا (۱۵) یقین ہو جانا (۱۶) (ا - مث) ہندوستان کا ایک مشہور دریا۔

**جِمناسٹک** - (Gymnastic) - (جِم - نا س - ٹِک) [انگ - ا - مذ] ورزش - ورزشی کرتب - ورزش سے متعلق۔

**جِمنازیَم** - (Gymnasium) - (جِم - نا - ز - یَم) [انگ - ا - مذ] - جمناسٹک گھر - ورزش گھر - ورزش گاہ۔

**جَموٹ** - (جَ - موٹ) [ھ - ا - مث] (۱) کنوئیں کی بنیاد (۲) کنوئیں کی بنیاد رکھنے کی رسم۔

**جُمُود** - (جَ - مُود) [ع - مص] (۱) جم جانا (۲) کام رُک جانا - تعطل - جبری التوا۔

**جَموگ وار** - (جَ - موگ - وار) [ہ - ا - مذ] قرقی کا پیادہ۔

**جَموگا** - (جَ - مو - گا) [ھ - ا - مذ] (۱) مرگی (۲) بچوں کی ایک بیماری۔

**جُمہور** - (جُم - ہُور) [ع - ا - مذ] (۱) پبلک - عوام - آدمیوں کا بہت بڑا گروہ - باشندگانِ ملک (۲) ریت کا ڈھیر۔

**جمہوری** - (جُم - ہو - ری) (ع - صفت) جمہوری - جس کا تعلق جمہور سے ہو - عوامی۔

**جمہوری ریاست** - جمہوری حکومت - (ع - ا - مث) وہ ملک جس میں عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی حکومت ہو۔

**جمہوریت** - (جُم - ہُو - ری - یت) [ع - ا - مث] وہ نظامِ حکومت جس میں عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی اکثریت رکھنے والی سیاسی جماعت حکومت چلاتی ہے اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔ (انگ) (Democracy)

**جمہوریہ** - (ع - صفت) جمہوری حکومت (انگ) (Republik)

**جَم ہی جَم - جمی جَم** - (ہ - صفت) (۱) بہتات سے - کثرت سے (۲) نہیں کچھ نہیں (۳) مرحبا - خدا رکھے (۴) ناگفتہ بہ۔

**جَمیع** - (جَ - میع) [ع - صفت] سب - تمام - کُل۔

**جَمیل** - (جَ - میل) [ع - صفت] حسین - خوبصورت - سُندر - شکیل۔

**جَمیلہ** - (جَ - می - لہ) [ع - صفت] جمیل کا مونث - خوبصورت - حسین - سندر - عورت - اچھی صورت والی۔

# ج - ن

**جِن** - [ھ - ض] (۱) جس کی جمع (۲) واحد کے لیے بطور تعظیم استعمال ہوتا ہے۔

**جن پائیں پہنی نہیں، انہیں دیت گج راج! بچھ دیتے بیکھا ملے صاحب گریب نواج** - (مثل) جن کے پاؤں میں جوتی نہیں ہوتی اُنہیں خدا ہاتھی دیتا ہے اور جن انسانوں کو زہر دیا جاتا ہے انہیں دولت اور حشمت مل جاتی ہے - خدا جسے چاہے دے۔

**جن جائی اُنہیں لجائی** - (مثل) جن سے پیدا ہوئی اُن کو شرمندہ کیا - ایسی لڑکی کے لیے کہتے ہیں جو ماں باپ کو رسوا کرے۔

**جن ڈھونڈا اُن پایا** - (ا - محاورہ) جس نے محنت کی اُسے کامیابی حاصل ہوئی۔

**جن کا بیلا اُن کا کھیڑا** - (ا - محاورہ) جن کا کُنبہ قبیلہ بڑا ہوگا ان ہی کا لوگوں پر رعب ہوگا۔

**جن کو چاؤ (لاڈ) گھنیرے اُن کو دُکھ بہتیرے** - (مثل) جو لاڈ پیار سے پالے جاتے ہیں ان کو بہت زیادہ تکلیفیں اُٹھانی پڑتی ہیں۔

**جن کے بھاگ اُن کے سُہاگ** - (۱) وہی عورتیں سہاگن رہ کر راحت و آرام سے بسر کرتی ہیں جن کا مقدر اچھا ہو (۲) آرام خوش نصیبوں ہی کو ملا کرتا ہے۔

**جن گلیوں میں پھول بکھیرے، اُن میں دھول کیا بکھیروں** - (مثل) جن لوگوں سے دوستی اور مروت ہوتی ہے اب اُن سے لڑنے جھگڑنے کو جی نہیں چاہتا۔

**جن مُولوں آئی اُن مُولوں گئی** - (مثل) مُفت یا چوری یا لُوٹ کا مال چوری ہو جاتا ہے یا لُٹ جاتا ہے تو کہتے ہیں - مفت کا مال تھا یونہی گیا۔

**جِنّ** - [ع - ا - مذ] (۱) ایک پوشیدہ مخلوق جو مسلمانوں کے عقیدے کے



Marfat.com

مطابق آگ سے پیدا کی گئی ہے (۲) بھوت پریت۔ دیو۔ آسیب (۳) رُوح۔ ہمزاد (۴) غصّہ۔ جلال۔ قہر [صفت] (۵) ضدّی۔ سرکش۔ (۶) مضبوط۔ سخت۔ جفاکش۔ عام انسانوں سے زیادہ کام کرنے والا (۷) ثابت قدم (۸) شہ زور۔ سرکش۔

**جن اُتار دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی پر جن آیا ہوا ہو تو اسے بھگا دینا۔ آسیب دُور کرنا (۲) غصّہ دُور کرنا (۳) سیدھا کر دینا۔ مرمّت کرنا۔

**جن اُتار دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جن یا آسیب دُور کرنے کا عمل پڑھنا (۲) ٹیڑھے یا سرکش آدمی کو ٹھیک کرنا۔

**جن چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آسیب کا اثر ہونا (۲) غصہ چڑھنا۔ طیش آنا (۳) چڑ ہونا۔ ضد ہونا۔ ہٹ پہ آجانا۔ تیج کرنا (۴) سودا ہونا۔ خبط ہونا

**جن سوار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ ہونا (۲) آسیب ہونا (۳) دھُن یا خبط ہونا۔

**جن شیشے میں اُتارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جن کو قابو کرنا (۲) ضدی یا سرکش آدمی کو قابو کر لینا

**جن کا سایہ۔** (ا۔ مذ) جن کا اثر۔ جن کا سر پہ سوار ہونا۔ جن آنا۔ آسیب ہونا۔

**جِن۔** (Gin) [انگ۔ ا۔ مث] ایک تیز سفید رنگ کی شراب جو اناج سے کشید کی جاتی ہے۔

**جَنا۔** (جَ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آدمی۔ شخص۔ متنفس۔ فرد (۲) [صفت] پیدا شدہ۔

**جناب۔** (جَ۔ ناب) [ع۔ ا۔ مذ/ مث] (۱) حضرت۔ حضور۔ قبلہ (۲) آپ۔ صاحب۔ خود بدولت۔ خداوند (۳) درگاہ۔ آستانہ

**جنابِ اقدس۔** (ع۔ ا۔ صفت) عالی جناب۔ حضور پاک۔

**جنابِ عالی۔** (ع۔ ا۔ صفت) حضور اعلیٰ۔ عالی جناب۔ حضرت سلامت۔

**جنابت۔** (جَ۔ نا۔ بَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) ناپاکی۔ نجاست۔ آلودگی (۲) خصوصاً وہ ناپاکی جو مرد و عورت کے صحبت کرنے یا احتلام سے ہو۔

**جنّات۔** (جِن۔ نات) [ع۔ ا۔ مذ] جن کی جمع۔

**جنّاتی۔** (جِن۔ نا۔ تی) [ع۔ ف۔ صفت] جنات سے منسوب۔

**جنّاتی زبان۔** ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے۔

**جناح۔** (جَ۔ ناح) [ع۔ ا۔ مذ] بازو۔ پَر۔ پنکھ۔ جمع: اجنحہ۔

**جناح۔** (ع۔ ا۔ مذ) گناہ۔

**جنازہ۔** (جَ۔ نا۔ زہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) لاش۔ مُردہ جسم (۲) تابوت۔

**جنازہ دیکھے۔** (قسم) اپنی جان کی قسم دینا۔

**جنازہ رواں۔** (ع۔ ا۔ مذ) گھوڑا۔ گھوڑے کی سواری۔

**جنازہ نکلے۔** (بددعا) مرے۔ مر جائے

**جناں۔** (جِ۔ ناں) [ع۔ ا۔ صفت] جنت کی جمع۔ بہشتیں۔

**جنانا۔ جنوانا۔** (جَ۔ نا۔ نا۔ جن۔ وا۔ نا) [ہ۔ ص] (۱) بچہ عورت کے پیٹ سے باہر نکالنا۔ دائی یا جنوائی کا کام کرنا۔

**جُناور۔** (جُ۔ نا۔ وَر) [ہ۔ مذ] جانور۔ حیوان۔

**جنائی۔** (جَ۔ نا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) بچہ جنانے کی اُجرت (۲) بچہ جنانے والی۔ دائی یا قابلہ وغیرہ۔

**جَنب۔** (ع۔ ا۔ مث) پہلو۔ پسلی۔ طرف (۲) ملک کا ایک حصّہ۔

**جُنُب۔** (ع۔ ا۔ مذ) وہ آدمی جسے جماع یا احتلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو۔

**جُنباں۔** (جُم۔ باں) [ف۔ صفت] ہلتا ہوا۔ لرزاں۔

**جنبش۔** (جُم۔ بش) [ف۔ ا۔ مث] حرکت۔ گردش۔ ہلنا۔ جُلنا۔

**جنبہ۔** (جَم۔ بہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حمایت۔ طرفداری۔ پناہ۔ (۲) طرف۔ پہلو۔

**جنبہ داری۔** (ع۔ ا۔ مث) طرفداری۔ حمایت۔ کُشتی لینا۔

**جَنّت۔** (جَن۔ نَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) باغ (۲) بہشت۔ سورگ۔

**جنت آشیانی۔ جنت مکانی۔** (ع۔ ا۔ صفت) جس کو جنت میں جگہ دی گئی۔ مرحوم۔

**جنت الحمقا۔** (ع۔ ا۔ مث) خیالی جنت۔ قیاسی خوشی۔ (انگ (Fools Paradise)) احمقوں کی جنت۔

**جنت الماوٰے۔** (ع۔ ا۔ مث) آرام کا باغ۔ بہشت۔

**جنت شداد۔** وہ جنت جو بابل کے بادشاہ شداد نے بنوائی تھی۔

**جنت عدن۔** (ع۔ ا۔ مث) وہ باغ جنت جس میں حضرت آدم علیہ السلام کو شجرِ ممنوعہ کا پھل کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا۔

**جنت کی کھڑکی کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنا۔

**جنت کی ہوا آنا۔** (ا۔ محاورہ) ٹھنڈی ٹھنڈی خوشگوار ہوا آنا۔

**جنت نشان۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) آنجہانی (۲) مرحوم (۳) جنت جیسا دلکش۔

**جَنتا۔** (س۔ ا۔ مث) گروہ۔ بہت سے آدمی۔ مجمع۔ بھیڑ (۲) فرقہ۔ (۳) قوم۔ (۴) انسان۔

**جَنّتی۔** (جَن۔ نَ۔ تی) [اُر۔ صفت] جنت سے منسوب (۱) جنت میں جانے والا (۲) مرحوم (۳) سیدھا۔ بھولا (۴) بھرا۔

**جَنتَر۔** (جَن۔ تَر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آلہ۔ اوزار۔ آلہ جر ثقیل (۲) ایک قسم کا باجہ (۳) تعویذ گنڈا۔ جادو ٹونا۔ نقش (۳) روغن اور عرق نکالنے کا برتن (۴) رصدگاہ (۵) علم نجوم کا کوئی نقشہ (۶) دھوپ گھڑی۔

**جنتر منتر۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بازی گری۔ شعبدہ بازی (۲) مکاری۔ فریب کاری (۳) ٹوٹکا (۴) رصدگاہ۔

**جَنتری۔** (جَنت۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تقویم (۲) لوہے کی سوراخ دار پلیٹ جس میں سونے یا چاندی کے تار ڈال کر انہیں لمبا کرتے ہیں (۲) وہ کتاب جس میں نجومی ستاروں کی گردش کا سالانہ حال تاریخ وار درج کرتے ہیں۔



Marfat.com

**جنتری میں کھینچنا۔ جنتری نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سونے یا چاندی کے تار کا جنتری میں کھینچنا (۲) کسی آدمی کے کس بل نکل جانا۔ سیدھا ہو جانا۔

**جَنتُو** ۔ (جَن ۔ تُو) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) جانور ۔ حیوان (۲) رینگنے والے ۔ کیڑے مکوڑے ۔ حشرات الارض۔

**جَنّتی** ۔ (جَن ۔ نَتی) ۔ [ع ۔ ا ۔ صف] بہشت میں رہنے والا۔

**جَنٹلمین** ۔ ((Gentleman) جَن ۔ ٹل ۔ مین) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) شریف آدمی ۔ باوقار شہری (۲) مغرب زدہ انسان۔

**جُنجال** ۔ (جَن ۔ جال) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وبال ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ بلا (۲) بکھیڑا ۔ پریشانی (۳) مشکل ۔ دشواری (۴) حیرانی پریشانی (۵) وہ آدمی یا بات جس سے تکلیف ہو (۶) بوجھ ۔ گلے کا ہار (۷) پاؤں کی بیڑی۔

**جنجال میں پڑنا ۔ جنجال میں پھنسنا** ۔ (۱) مصیبت میں پڑنا (۲) کسی جھگڑے میں الجھ جانا۔

**جنجال ہو کر چمٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بُری طرح پیچھے پڑنا۔

**جَنجالی** ۔ (جَن ۔ جا ۔ لی) [ہ ۔ صف] جھگڑالو ۔ مصیبت ڈالنے والا۔

**جنجر** ۔ ((Ginger) جِن ۔ جَر) [انگ ۔ ا ۔ مث] ادرک۔

**جَنجنا** ۔ (جَنج ۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے جچنا۔

**جَندرا ۔ جَندرا** ۔ (جَن ۔ درا ۔ جَن ۔ دَ ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گھاس وغیرہ اکٹھی کرنے کا آلہ جس سے آبپاشی کے دوران مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بناتے ہیں۔ (۲) قفل ۔ تالا۔

**جند بیدستر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خصیہ اود بلاؤ جو ادویات میں استعمال ہوتے ہیں۔

**جندرے ڈھیلے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سُست ہو جانا ۔ کاہل ہو جانا ۔ اعضائے جسمانی کا ڈھیلا پڑ جانا (۲) چستی یا پھرتی نہ رہنا۔

**جِندڑی** ۔ (جِند ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مث] زندگی ۔ جان کی تصغیر۔

**جندڑی گنوانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان کھونا ۔ (۲) عاشق ہونا۔

**جُنڈ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک جنگلی درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے۔

**جَنرل** ۔ ((General) جَن ۔ رَل) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سب سے بڑا فوجی افسر ۔ فوج کا کمانڈر (۲) عام (۳) بڑا۔

**جنرل پوسٹ آفس** (General Post Office) بڑا ڈاکخانہ ۔ مرکزی ڈاک خانہ۔

**جنرل مرچنٹ** ۔ ((General Merchant)) ایسا سوداگر یا دکاندار جس کے ہاں استعمال کی ہر چیز ملتی ہو۔

**جنریٹر** ۔ ((Generator) جَن ۔ رَے ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پیدا کرنے والا (۲) گیس ۔ بجلی وغیرہ پیدا کرنے والی مشین۔

**جِنس** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ذات ۔ نوع ۔ صنف ۔ جماعت (۲) چیز ۔ شے (۳) اسباب ۔ سودا (۴) سامان ۔ اثاثہ یا اشیائے منقولہ (۵) پیداوار ۔ اناج ۔ غلّہ (۶) نسل (۷) علم قواعد میں تذکیر و تانیث (۸) منطق کی اصطلاح میں جس کے تحت چند نوعیں (انواع) ہوں ۔ نوع وہ جس کے تحت اصناف ہوں ۔ صنف وہ جس کے تحت افراد ہوں ۔ مثلاً حیوان جنس ہے اور انسان نوع ۔ جیسے ہندی ۔ جاپانی ۔ چینی۔

**جنس خانہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) گودام ۔ ڈپو۔

**جنس وار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) قسم یا نوع کے مطابق ۔ قسموں کے لحاظ سے فصلوں کی تقسیم (۲) وہ نقشہ جو پٹواری لوگ کاشتہ جنس کی اقسام کے متعلق تفصیل وار کو پیش کرتے ہیں۔

**جِنسی** ۔ (جِن ۔ سی) [صف] (۱) جنس کے متعلق (۲) مرد عورت کے باہمی جسمانی تعلق کے بارے میں۔

**جنسی امراض** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ بیماریاں جن کا تعلق مرد و عورت کے جنسی افعال سے ہے۔

**جِنسیات** ۔ (جِن ۔ سِ ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مث] وہ علم جس میں مرد عورت کے جسمانی تعلق کی شرح کی جاتی ہے ۔ شہوت یا اعضائے تولید کا علم۔

**جِنسیّت** ۔ (جِن ۔ سی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مذ] یکسانیت ۔ ہم جنس ہونا ۔ ایک میل کے ہونا۔

**جَنکشن** ۔ ((Junction) جَنگ ۔ شَن) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ملنے کی جگہ (۲) ایسا ریلوے سٹیشن جہاں دو سے زیادہ لائنیں آکر ملتی ہوں۔

**جُنگ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں (۲) کتابوں کا پشتارہ ۔ مسخا (۳) بڑی بیاض (۴) [مث] جوش ۔ کشتی (۵) بی کتاب

**جَنگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) لڑائی ۔ معرکہ (۲) دشمنی ۔ بَیر ۔ کینہ ۔ عداوت۔

**جنگ آزمودہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کو جنگ کا تجربہ ہو ۔ جو جنگ میں شریک ہو چکا ہو ۔ لڑائی کے طور طریق سے واقف ۔ بہادر ۔ دلیر۔

**جنگ آور** ۔ (ف ۔ صف) (۱) شجاع ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ لڑائی کرنے والا۔

**جنگ جُو** ۔ (ف ۔ صف) لڑاکا ۔ لڑائی کے بہانے ڈھونڈنے والا ۔ جھگڑالو۔

**جنگ جوئی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) لڑائی جھگڑے کی عادت (۲) لڑنے کے بہانے ڈھونڈنے کا چسکا

**جنگ زرگری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مصنوعی لڑائی ۔ دکھاوے کی لڑائی۔

**جنگ سَر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑائی پر فتح پانا۔

**جنگ گاہ** (جنگاہ) [ف ۔ ا ۔ مث] میدان جنگ ۔ لڑائی کا میدان۔

**جنگ مغلوبہ** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دست بدست جنگ (۲) انبوہ کی لڑائی ۔ شکست کے یقین ہو جانے پر بہادری سے لڑنا۔

**جنگ و جدال ۔ جنگ و جدل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) لڑائی ۔ معرکہ ۔ مار کٹائی (۲) جھگڑا ۔ فساد۔

**جنگل** ۔ (جَن ۔ گَل) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) درختوں کی کثرت کا مقام ۔ درختوں کی افراط (۲) صحرا ۔ میدان ۔ جھاڑی ۔ ریگستان (۴) بنجر اور ویران جگہ (۵) چراگاہ۔

**جنگل بُری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جنگل کی کٹائی ۔ جنگل کاٹنا۔



Marfat.com

**جنگل بیابان**۔ (ف۔ا۔مث) ایسا جنگل جو بالکل ویرانہ ہو جہاں کسی بستی یا آدمی کا نام و نشان نہ ہو۔

**جنگل پھرنا۔ جنگل جانا**۔ (ا۔محاورہ) پاخانے جانا۔ بیت الخلا جانا۔

**جنگل جاٹ نہ چھیڑیے، ہٹی بیچ کراڑ کلال۔ بھوکا ترک نہ چھیڑیے ہو جائے جی کا جنجال**۔ (ہ۔مثل) جنگل میں جاٹ کو، دوکان پر بنیے کو اور بھوکے ترک کو نہ چھیڑنا چاہیے۔

**جنگل صاف کرنا**۔ جنگل کے جھاڑ جھنکاڑ کاٹ کر زمین کو صاف بنانا۔

**جنگل کا تیتر**۔ (ا۔صف) ڈرپوک۔ بزدل۔

**جنگل میں کھیتی نہیں، بستی میں نہیں گھر**۔ (مثل) بالکل کنگال آدمی۔

**جنگل میں منگل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) ویرانے میں آبادی اور رونق ہونا۔ یا عیش و عشرت کا سامان (ہونا) ویرانے میں چہل پہل (ہونا)

**جنگل میں مور ناچا، کس نے دیکھا (تماشا)** (ا۔مثل) (۱) کام ایسا ہونا چاہیے جسے سب دیکھیں۔ الگ تھلگ یا پردیس میں رہ کر کام کرنے سے کیا فائدہ (۲) نمود کا کام ایسی جگہ کرنا جہاں شہرت نہ ہو سکے۔

**جنگل ہو جانا۔ جنگل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ویرانہ ہو جانا۔ بستی یا شہر کا غیر آباد ہو جانا (۲) خودرو درختوں کا بکثرت اُگ آنا۔

**جنگلا**۔ (جنگ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لکڑی کی کھپچیوں یا لوہے کی سلاخوں کا وہ فریم جو دروازے یا باڑھ یا کٹہرے کے طور پر لگاتے ہیں (۲) گوٹے کناری کا حاشیہ جو دوپٹے وغیرہ پر ٹانکتے یا بیتے ہیں (۳) مختلف رنگوں کے بیل بوٹے (۴) ایک قسم کا پھول دار کپڑا (۵) اُجاڑ مکان (۶) جنگلی کبوتر (۷) ایک راگنی کا نام (۸) غیر مانوس (۹) بیابان۔ صحرا (۱۰) بن جھاڑی (۱۱) ویران جگہ۔

**جنگلی**۔ (جنگ۔لی) [اُ۔صف] جنگل کا صحرائی وحشی۔ جنگل کے متعلق۔ (۲) وحشی۔ بھڑکنے والا۔ غیر مانوس (۳) بدتمیز۔ گنوار۔ غیر مہذب۔ اُجڈ۔

**جنگلی آدمی**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) وحشی آدمی (۲) غیر مہذب۔

**جنگلی بلی**۔ (ف۔ا۔مث) جنگلی بلا۔ بن بلاؤ۔

**جنگلی بوٹی**۔ (ف۔ا۔مث) خودرو پودا۔

**جنگلی بیر**۔ (ف۔ا۔مث) چھوٹا لال چھلکے کا بیر جو جھاڑی میں اُگتا ہے۔ جھڑبیری۔

**جنگلی چوہا**۔ (ف۔ا۔مذ) کانٹے دار چوہا۔ سیہہ۔ موشا۔

**جنگلی کبوتر ہونا**۔ (ا۔محاورہ) نامانوس ہونا۔ میل جول سے کترانا۔

**جنگم سد**۔ (ق۔ا۔مذ) پیر و مرشد۔

**جنگی**۔ (جن۔گی) [ف۔صف] (۱) جنگ کے متعلق (۲) قابل جنگ (۳) فوجی (۴) بہادر (۵) فسادی (۶) [مذ] سپاہی۔ لشکری۔

**جنگی بیڑا**۔ (ف۔ا۔مذ) بحری فوج کے جہاز۔

**جنگی لاٹ**۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔

**جنم**۔ (جَ۔نَم) [س۔ا۔مذ] (۱) پیدائش ہونا۔ پیدا ہونا۔ ولادت (۲) زندگی۔ زیست۔ عمر (۳) عادت۔ خصلت (۴) اصل۔ بنیاد۔ نسل۔ (۵) خلقت۔ آفرینش (۶) ہمیشہ۔ دوام (۷) شروعات۔

**جنم اشٹمی**۔ ہندوؤں میں بھادوں بدی کی اشٹمی (تاریخ) جس دن کرشن جی کے جنم کی خوشی میں منائی جاتی ہے۔

**جنم اندھا۔ جنم کا اندھا**۔ (۱) پیدائشی اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

**جنم بگاڑنا**۔ (۱) زنا کرنا۔ بدکاری کر کے خراب کرنا۔ (۲) زندگی کو بے لطف بنا دینا۔

**جنم بگڑنا**۔ (۱) بیوہ ہونا (۲) زندگی برباد ہونا۔

**جنم بھومی**۔ (ہ۔ا۔مث) پیدائش کی جگہ۔ آبائی وطن۔

**جنم پتر۔ جنم پترا۔ جنم پتری**۔ (ہ۔ا۔مذ۔مث) وہ کاغذ جس پر بچے کی پیدائش کا وقت دن اور مہینہ لکھا جاتا ہے (اس میں پیدائش کے وقت ستاروں کی حالت کا نقشہ بھی بنواتے ہیں اسی سے بچے کی تقدیر کا زائچہ تیار کیا جاتا ہے)

**جنم پتر سب دیکھتے ہیں کرم پتر کوئی نہیں دیکھتا**۔ (مثل) حسب نسب پر زور دینا مگر چال چلن اور طور طریقوں کی چھان بین نہ کرنا۔

**جنم پتری کی بدھ تو ملا لو**۔ (مثل) جلدی نہ کرو۔ سوچ سمجھ کر کام کرو۔

**جنم پٹا**۔ (ہ۔ا۔مذ) عمر بھر کا اقرار نامہ۔

**جنم جھک**۔ عمر بھر (دق)

**جنم جلا۔ جنم جلی**۔ (ہ۔صف) (۱) بدنصیب۔ بدقسمت (۲) مصیبت زدہ۔ دائم المریض۔

**جنم جنم**۔ سدا۔ ہمیشہ۔

**جنم داتا**۔ (۱) پیدا کرنے والا۔ خدا (۲) باپ (۳)۔ آغاز کرنے والا۔ بانی۔

**جنم دن**۔ (ف۔ا۔مذ) پیدائش کا دن۔ سالگرہ۔

**جنم ڈبونا**۔ (ا۔مص) (۱) گناہ کر کے اپنی زندگی خراب کر لینا (۲) مذہب بدلنا۔

**جنم روگی**۔ (ہ۔صف) پیدائشی بیمار۔ جو پیدا ہی مریض ہوا۔ دائم المریض۔

**جنم سُدھر جانا**۔ (سُدھرنا) (ا۔محاورہ) زندگی بن جانا۔ حالت بہت اچھی ہو جانا۔

**جنم کنڈلی**۔ (ہ۔ا۔مث) زائچہ۔ چھوٹی جنم پتری۔

**جنم کے اندھے نام نین سکھ**۔ (مثل) قابلیت صفر دعوٰی بہت۔

**جنم کے ساتھی ہیں کرم کے ساتھی نہیں ہیں**۔ (مثل) ایک ہی وقت میں پیدا ہوئے مگر مقدر الگ الگ لائے ہیں۔

**جنم کے کم بخت نام بختاور سنگھ**۔ (مثل) مقدر کے لحاظ سے پیدائشی بدنصیب ہیں مگر نام ایسا ہے کہ جیسے بڑے خوش نصیب ہیں۔

**جنم کے منگتا، نام داتا رام**۔ (مثل) پیدائشی بھک منگے مگر نام



Marfat.com

ہے، دینے والے۔ اصلیت شہرت کے بالکل برعکس ہے۔
جنم گھٹی۔ (ہ - ا - مث) (۱) وہ گھٹی جو پیدا ہوتے ہی بچے کو دی جاتی ہے (۲) وہ چیز جس کی کسی کو مدت سے عادت چلی آرہی ہو۔
جنم لینا۔ (ہ - محاورہ) پیدا ہونا۔
جنم مرن۔ (ہ - ا - مذ) پیدائش اور موت۔
جنم میں تھوکنا۔ (ہ - محاورہ) (۱) عیب لگانا، تہمت لگانا (۲) نام دھرنا (۳) لعنت ملامت کرنا۔ لعن طعن کرنا۔
جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ۔ (ا - مثل) غریبی میں امیروں کی ریس کرنا۔
جنمی۔ (جَن - مِی) [ہ - صفت] (۱) پیدائشی - قدرتی۔ (۲) زندہ چیز - جانور۔
جننا۔ (جَن - نا) [ہ - مص] بچہ پیدا کرنا - بچے کو جنم دینا۔
جننا اور مرنا برابر (ہوتا ہے)۔ (ا - مثل) (۱) بچہ پیدا ہوتے وقت عورت کو اتنی ہی تکلیف ہوتی ہے جتنی جان نکلنے میں ہوتی ہے۔ (۲) بچہ جننے میں جان جانے کا ڈر ہوتا ہے۔
جننگ فیکٹری۔ (Ginning Factory) - (جِ - ننگ - فیک - ٹ - رِی) [انگ - ا - مث] روئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ۔
جننگ مشین۔ (Ginning Machine) روئی اوٹنے کی کل۔ روئی سے بنولے الگ کرنے کی مشین۔
جننی۔ (جَن - نِی) [ہ - صفت] جننے والی۔ ماں۔
جنواسا۔ (جَن - وا - سا) [ہ - ا - مذ] وہ جگہ جہاں دلہن والوں نے دولہا اور براتیوں کو ٹھہرانے کا انتظام کیا ہو (۲) خار دار جھاڑی۔
جنوائی۔ (جَن - وا - ئی) [ہ - ا - مث] دائی کی فیس۔ دیکھیے جنائی۔
جنوائی - جوائی۔ (جَن - وا - ئی - جَ - وا - ئی) [ہ - ا - مذ] (۱) بیٹی کا شوہر - داماد (۲) دشمن۔ (۳) ایک گالی۔
جنوب۔ (جَ - نُوب) [ع - ا - مذ] دکھن - دکن۔
جنوباً۔ (جُ - نُو - بَن) [ع - صفت] جنوب کی طرف - جنوب کی سمت۔
جنوبی۔ (جَ - نُو - بی) [ع - صفت] دکھن سے متعلق - جنوب کی سمت۔
جنود۔ (ع - ا - مذ) لشکر۔ شطرنج کے مہرے۔
جنوری۔ (January) - (جَن - وَ - رِی) [انگ - ا - مذ] انگریزی سال کا پہلا مہینہ، جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔
جنون۔ (جُ - نُون) [ع - ا - مذ] (۱) دیوانگی - پاگل پن - سودا - خبط۔ (۲) غصہ - طیش (۳) کسی چیز کی دُھن۔
جنون آنا۔ (ا - محاورہ) غصہ آنا - طیش آنا۔
جنون اچھلنا۔ (ا - محاورہ) - (۱) دیوانگی کا دورہ پڑنا - خبط سوار ہونا (۲) کسی چیز کی دُھن لگنا۔
جنون چڑھنا۔ (ا - محاورہ) پاگل پن سوار ہونا (۲) غصہ آنا - طیش آنا۔
جنون دَوری۔ ایسا جنون جو ہر وقت نہ رہتا ہو بلکہ کبھی مریض جنون کی حالت میں ہوتا ہو کبھی بالکل باحواس۔

جنونی۔ (جُ - نُو - نی) [ا - صفت] (۱) جس کو جنون ہو - دیوانہ - پاگل - سودائی۔ (۲) غضیل (۳) ظالم - سفاک۔
جنہوں۔ (جِ - نہوں) [ہ - ض] جن کی جمع یا جس کی جمع الجمع (جس کی جمع جن - جن کی جمع جنہوں۔
جنہیں۔ (جِن - نہیں) [ہ - مق] جن کو - جن لوگوں کو - جن باتوں کو۔
جنے۔ [ق] جس نے۔
جنے جانے [ق - صفت] باخبر - واقف - سیانے۔
جنی۔ (جَ - نِی) [س - ا - مث] (۱) عورت - زن (۲) بیوی (۳) ماں۔ (۴) بہو (۵) خادمہ - لونڈی (۶) بیٹی - سہیلی - گوئیاں۔
جنی۔ (جُ - نی) [ق - ا - مث] پیاری۔
جنی۔ (جِن - نی) [ع - ا - مذ] بھوت پریت اتارنے والا - سیانا - عامل۔
جنے۔ (جَ - نے) [ہ] (۱) لفظ "جانے" کا مخفف - گویا - جیسے - فرض کرو۔ (۲) خبر نہیں - معلوم نہیں - خدا جانے (۳) جنا (بمعنی فرد) کی جمع یعنی فرد - افراد
جنے کوئی گوند مکھانے کھائے کوئی۔ (مثل) مصیبت کوئی اٹھائے اور فائدہ کوئی حاصل کرے (بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کو طاقت کے لیے گوند مکھانے کھلاتے ہیں۔ لیکن زچہ کے ساتھ ساتھ اوپر والے بھی کھاتے ہیں حالانکہ انہوں نے بچہ جننے کی تکلیف نہیں اٹھائی ہوتی۔
جنیا۔ (جَن - ای - آ) [ہ - ا - مذ] جانِ من - اے میری جان۔
جنین۔ (جَ - نِین) [ع - ا - مذ] پیٹ کا بچہ۔ وہ بچہ جو رحمِ مادر میں ہو۔ ادھورا بچہ۔ مضغہ (لوتھڑا)
جنیو۔ (جَ - نیو) [ہ - ا - مذ] (۱) وہ بٹا ہوا دھاگہ جسے ہندو لوگ بدھی کی طرح گلے میں ڈالے رہتے ہیں (۲) جواہرات میں پڑا ہوا بال یا لکیر۔
جنیو کا ہاتھ۔ پٹے یا تلوار کا وہ ہاتھ جو مقابل کے سینے پر آڑا یا ترچھا مارا جاتا ہے۔

## ج - و

جَو [ف - ا - مذ] (۱) ایک غلہ جو زردی مائل سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ (۲) [ع] شعیر۔ ذرا سا قلیل (۳) انچ کا تیسرا حصہ۔
جو بھر۔ (ا - صفت) ذرا سا - کچھ ہی - قدرے قلیل۔
جو جو۔ (ا - صفت) ذرا ذرا سا - رتی رتی - کم سے کم مقدار۔
جو جو حساب لینا۔ (ا - محاورہ) حساب لینے میں چھوٹی سے چھوٹی رقم کے بارے میں بھی دریافت کرنا۔ انتہائی سختی سے حساب لینا۔



Marfat.com

جُوکُوب ۔ (ف ۔ صف) کُٹا ہوا جَو ۔ موٹا موٹا یا دَردَرا کُٹا ہوا جَو (۲) جَو کے برابر ٹکڑوں میں کٹا ہوا۔

جُو ۔ (ف ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) ندی ۔ نالا ۔ سوتا ۔ نہر [صف] ڈھونڈنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔ مرکبات کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے جنگجو ۔

جو ۔ [ہ ۔ حرفِ صلہ] جو شخص ۔ جو چیز ۔ جو بات (۲) [اسم ظرف] جس قدر (۳) [اسم موصول] جیسا ۔ (۴) [صف] جو کوئی ۔ جو کچھ (۵) [حرف شرط] اگر ۔ بشرطیکہ (۶) اچانک (۷) جس سبب سے ۔ جس بنا پر (۸) [ہ ۔ اسم موصول] جس وقت ۔ جب کہ ۔

جو آگ کھائے گا انگارے ہگے گا ۔ (ا ۔ مثل) جو بُرے کام کرے گا اُسے ان کا نتیجہ بھگتنا پڑے گا ۔

جو اپنے کام نہ آئے وہ چولہے میں جائے ۔ (ا ۔ مثل) بے فیض آدمی کسی کام کا نہیں ہوتا ۔

جو بامن کی پوتھی میں ، سو یاروں کی زبان پر ۔ (ا ۔ مثل) جو بات پنڈت نے اپنی کتاب میں لکھی ہے (یعنی راز میں ہے) وہ ہم سمجھے بیٹھے ہیں ۔ اپنی عقل کی رسائی جتانا کہ ہم تمہارے دل کا راز جانتے ہیں ۔

جو بندہ گیا سو موتی ۔ (ا ۔ مثل) جو انسان تکلیفیں اور مصیبتیں اُٹھا کر کچھ سیکھ لیتا ہے وہی کام کا آدمی بنتا ہے ۔

جو بولے سو کنڈا کھولے ۔ (ا ۔ مثل) جو تجویز پیش کرے وہی اس پر عمل بھی کر کے دکھائے ۔

جو بوؤگے وہی کاٹو گے ۔ (ا ۔ مثل) جیسا کرو گے ویسا ہی اس کا پھل ملے گا ۔

جو بہت قریب وہ زیادہ رقیب ۔ (ا ۔ مثل) اپنے رشتہ دار اور دوست اوروں سے زیادہ حسد اور مخالفت کرتے ہیں ۔

جو پھل چکھا نہیں وہی میٹھا ۔ (ا ۔ مثل) اَن دیکھی چیز کی قدر خواہ مخواہ ہوتی ہے ۔

جو پہلے مارے سو میر ۔ (ا ۔ مثل) جو موقع نکلتے ہی فائدہ اُٹھا لے وہی کامیاب رہے گا (۲) جو مقابلے یا لڑائی میں چھوٹتے ہی مار بیٹھے گا وہ جیت جائے گا ۔

جو جاگے گا سو پائے گا ۔ (ا ۔ مثل) جو ہوشیار اور چوکنا رہے گا وہ فائدہ اُٹھا جائے گا ۔

جو جو ۔ (کلمۂ تخصیص) بہت سی چیزوں میں سے چند چیزیں (جو پسند یا مطلوب یا درکار ہوں) ۔

جو جو کچھ ۔ جتنی قسم کے ۔ جیسے جیسے ۔

جو جو مرغی موٹی ہو وہ دُم چھوٹی ہو ۔ (ا ۔ مثل) جس قدر دولت بڑھتی ہے اُسی قدر بخل بڑھتا ہے ۔

جو جیت جائے وہی کھلاڑی ۔ (ا ۔ مثل) جو شخص کامیابی حاصل کر لے وہی قابل کہلاتا ہے ۔

جو چڑھے گا سو (ڈھے) گرے گا ۔ (ا ۔ مثل) جو کسی کام میں پڑتا ہے یا اس میں ترقی کرتا ہے وہ اس میں نقصان بھی اُٹھاتا ہے ۔

جو خال اپنی حد سے بڑھا سو مسا ہوا ۔ (ا ۔ مثل) جو چیز اپنی حد سے بڑھ جائے خواہ کتنی ہی خوبصورت ہو ، بدنما معلوم ہونے لگتی ہے ۔

جو درخت سامنے آئے وہی اُونٹ کا چارہ ۔ (ا ۔ مثل) ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بلا تمیز بھلے بُرے سب کو نقصان پہنچائے ۔

جو دل میں ہے وہی زبان پر ہے ۔ (ا ۔ مثل) ظاہر باطن کی یکسانیت ۔ صاف باطن ۔

جو دم ہے غنیمت ہے ۔ (ا ۔ مثل) کسی کی زندگی جیسے یا جس رنگ میں گذر رہی ہے ، اچھا ہے ۔

جو دوڑ کر چلا وہی گرا ۔ (ا ۔ مثل) جو شخص کسی کام میں ضرورت سے زیادہ تیزی یا جلد بازی دکھاتا ہے وہ نقصان اُٹھاتا ہے ۔

جو دھرتی پہ آیا ، اُسے دھرتی نے کھایا ۔ (ا ۔ مثل) جو دنیا میں پیدا ہوا ہے وہ مرے گا ضرور ۔ دنیا فانی ہے ۔

جو راہ بتائے وہی آگے چلے ۔ (ا ۔ مثل) صلاح مشورہ بھی دے اور پھر اس کام کو سرانجام بھی دے ۔

جو ساون میں برکھا ہوئے ، کھوج کال کا بالکل کھوئے (ا ۔ مثل) ساون کے مہینے میں بارش (برکھا) ہو جائے تو قحط سالی ناممکن ہو جاتی ہے ۔

جو سحری کھائے وہی روزہ رکھے ۔ (ا ۔ مثل) جو فائدہ اُٹھا رہا ہو اُسی کو محنت بھی کرنی چاہیے ۔

جو سر اُٹھا کے چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا ۔ (ا ۔ مثل) جو شخص غرور کرے گا وہ ذلیل ہو کر رہے گا ۔

جو سوئے گا وہ روئے گا ۔ (ا ۔ مثل) غافل شخص بالآخر پچھتاتا ہے ۔

جو کام حکمت سے نکلتا ہے حکومت سے نہیں نکلتا ۔ (ا ۔ مثل) جو بات حکمت عملی یا دانائی سے ہو سکتی ہے وہ زور اور طاقت سے نہیں ہو سکتی ۔

جو کچھ ۔ جس قدر ۔ جتنا ۔ جہاں تک ۔

جو کرے سو بھرے ۔ (ا ۔ مثل) (۱) جس نے نقصان کیا وہی ہرجانہ دے (۲) جو بُرا کرتا ہے وہی سزا پاتا ہے ۔

جو کسی کے لیے کنواں کھودتا ہے ، اس کے لئے کھائی تیار ہے ۔ (ا ۔ مثل) جو کوئی کسی اور کو نقصان پہنچانے کی سوچتا ہے قدرت اُس کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

جو کل ہونا ہے آج ہو جائے ۔ (ا ۔ مثل) (۱) جلدی ہونا ۔ عجلت یا گھبراہٹ ہونا (۲) کام جلد ختم کرنے کی تاکید ۔

جو کوئی کلپائے ، وہ کیسے کل پائے ۔ (ا ۔ مثل) جو اوروں کو ستاتا ہے وہ خود بھی کبھی چین نہیں پاتا ۔

جو کوئی ۔ (۱) ہر ایک ۔ ہر کوئی ۔

جو کہ ۔ (۱) چونکہ ۔ اگرچہ (۲) کلمۂ وضاحت یا تفصیل ۔



Marfat.com

**جو کہو سو پھبتی ہے۔** (ا۔ مثل) جتنا بُرا کہو ٹھیک ہے۔

**جو گدھے جیتیں سنگرام، تو کا ہے تازی خرچیں دام۔** (ا۔ مثل) اگر عربی گھوڑوں کی بجائے گدھوں سے لڑائی جیتی جاسکے تو عربی گھوڑوں پر کیوں زیادہ خرچ کیا جائے۔

**جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔** (ا۔ مثل) شیخی بگھارنے والے نکمے ہوتے ہیں۔

**جو گڑ دیے سے مرے اُسے زہر کیوں دیا جائے۔** (ا۔ مثل) جو کام نرمی سے نکل سکتا ہو اس میں سختی نہیں کرنی چاہیے (۲) جو شخص اچھے سلوک سے رام ہو رہا ہو اس کے ساتھ بدسلوکی نہیں کرنی چاہیے۔

**جو گڑ کھائے کان چھدائے۔** (ا۔ مثل) انسان لالچ میں اکثر نقصان اُٹھاتا ہے۔

**جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے۔** (ا۔ مثل) اولاد کی جتنی محبت ماں کے دل میں ہوتی ہے اور کسی کے دل میں نہیں ہوتی۔ کوئی اور عورت ماں سے زیادہ محبت جتائے تو وہ دھوکے باز ہے۔

**جو مَن میں بَسے۔ سو سپنے دِسے۔** (ا۔ مثل) جو شخص یا چیز دل سے پسند ہو وہ خواب میں بھی دکھائی دیتی ہے۔

**جو میرے سو تیرے، کاہے دانت نپوڑے۔** (ا۔ مثل) میری اور تیری دونوں کی حالت ایک جیسی ہے پھر تو مجھ سے کیوں طیش میں آتا ہے۔

**جو نہ بھائے آپ کو، وہ بڑی بہو کے باپ کو۔** (ا۔ مثل) جو چیز یا کام اپنے لیے پسند نہ کرنا وہ اوروں کے لیے تجویز کرنا۔

**جو وعدے سے پھرا سو خدا سے پھرا۔** (ا۔ مثل) وعدہ پورا نہ کرنا ایسا ہی ہے جیسے خدا سے باغی ہونا۔

**جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں۔** (ا۔ مثل) (۱) جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے (۲) اصلیت ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

**جو ہو سو ہو۔** (ا۔ مقولہ) (۱) جو کچھ پیش آئے برداشت کریں گے (۲) جو کچھ ہونا ہے (ہو جائے گا) (۳) (ہم ایسی کر چکے اب) جو نتیجہ نکلے۔

**جَوّ۔** [ع۔ ا۔ مذ] آسمان اور زمین کا درمیانی فاصلہ۔

**جَوا۔** (ج۔ وا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) لہسن کی پوتھی کا ہر ایک جُزو یا پھانک۔ (۲) ایک قسم کا کام جو کار چوب یا کشیدے پر کاڑھا جاتا ہے۔

**جُوا۔** (جُو۔ آ) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ لکڑی جو ہل یا گاڑی کھینچنے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قمار بازی۔ شرط سے داؤں لگانا۔

**جوا بڑا بیوپار جو اُس میں نہ ہوتی ہار۔** (ا۔ مثل) اگر جوا کھیلنے میں ہار کی نوبت نہ آیا کرے تو یہ سب سے زیادہ نفع کا کاروبار ہے۔

**جوا چور۔** (ا۔ صف) وہ جواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے۔

**جوا ڈال دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہمت ہار دینا (۲) تھک جانا۔

**جوا کھیلنا۔** (ا۔ محاورہ) قمار بازی کرنا۔ داؤں لگانا۔ پانسہ لگانا۔

**جوا ہارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جوا گردن سے اُتار پھینکنا (۲) جوا گردن پہ رکھے رکھے تھک جانا (۳) قمار بازی میں شکست کھانا۔ ہارنا۔

**جوئے خانہ۔** (ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں جُوا ہوتا ہو۔ قمار خانہ۔

**جَواب۔** (ج۔ واب) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سوال کی ضد۔ جو کچھ لکھ کر یا زبانی پُوچھا جائے اس کے بارے میں بنائی گئی بات اثر (۲) جوڑا۔ جُفت (۳) (ریاضی کی اصطلاح میں) سوال کا حل (۴) مقابل۔ ہم سر۔ جوڑ کا ثانی (۵) (سلام کیا جائے تو اس کے جواب میں) سلام (۶) پیغام ملنے پر پلٹ کر پیغام بھیجنا (۷) (قانونی اصطلاح میں) تردید (۸) نامنظوری (۹) بدلہ۔ عوض (۱۰) موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی (۱۱) رشتہ واپس کرنا۔

**جوابُ الجَواب۔** جواب کا جواب۔ ایسا جواب جس سے موصول جواب رد ہو۔

**جواب باصواب۔** (ع۔ ا۔ مذ) ایسا جواب جو حسبِ مُراد ہو۔ مناسب یا معقول جواب۔

**جواب پانا۔** (ملنا) (۱) ملازمت سے علیحدہ ہونا (۲) سزا ملنا (۳) بدلہ ملنا (۴) سوال کا جواب ملنا۔ خط کا جواب آنا (۵) انکار ہونا۔ نامنظور ہونا۔

**جواب پڑھنا۔** (مرثیہ خوانوں یا سوز خوانوں کا پہلے مصرع کو دُہرانا۔

**جواب تُرکی بہ تُرکی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سخت بات کا سخت جواب دینا۔ کھری کھری سُنانا۔

**جواب تک نہ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بات تک نہ کرنا۔ (۲) چُپ سادھ لینا۔ ناراض ہونا۔

**جواب تلخ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جواب میں کڑوی یا ناگوار بات کہنا۔

**جواب جاہلاں باشد خموشی۔** (ا۔ مثل) (۱) جاہلوں کی باتوں کے جواب میں خاموش رہنا چاہیے۔

**جوابِ دعوئٰ۔** (ع۔ ا۔ مذ) دعوئٰ کا قانونی جواب۔ مدعا علیہ کی جانب سے تحریری جواب۔

**جواب دِہ۔** (۱) ذمہ دار۔ بازپرس کے قابل (۲) مدعا علیہ (جس پر مقدمہ دائر کیا گیا ہو)۔

**جواب دِہی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) ذمہ داری (۲) عدالت میں مدعا علیہ کی طرف سے پیروی۔

**جواب دِہی سے بَری کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ذمہ دار قرار نہ دینا (۲) مقدمے کی پیروی کی پابندی ہٹا دینا۔

**جواب دِہی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) مواخذہ کرنا۔ بازپُرس کرنا۔

**جواب دے جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا بے کار یا بے مصرف ہو جانا (۲) کسی آدمی کا کام کرنے سے انکار کر جانا (۳) عاجز ہو جانا۔

**جواب دے دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) موقوف کر دینا (۲) چھوڑ دینا۔ (۳) قطعی انکار کر دینا۔

**جواب دینا۔** (۱) جو بات یا سوال پُوچھی جائے اُس کے بارے میں بتانا (۲) خط کا جواب لکھنا (۳) سلام کے جواب میں سلام کرنا (۴) پیغام کے جواب میں پیغام بھیجنا (۵) عدالت میں فریق مخالف



Marfat.com

کے) الزامات کا جواب دینا (۶) برطرف کرنا (۷) رشتہ واپس کرنا (۸) نامنظور کرنا۔ انکار کرنا۔ قبول نہ کرنا (۹) بیکار رہ جانا۔ رہ جانا (۱۰) مقابلے میں زبان کھولنا (۱۱) گستاخی یا بے ادبی سے کلام کرنا۔

**جواب سوال۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بحث مباحثہ۔ مناظرہ (۲) تکرار۔ ردّوکد۔ حجت بازی۔ کج بحثی۔

**جواب شافی۔** (ع۔ ا۔ مذ) تسلی بخش جواب۔ پورا جواب۔

**جواب شرط۔** (ع۔ ا۔ مذ) (صرف ونحو) جزا۔

**جواب صاف۔** (ع۔ ا۔ ف) صاف انکار۔ مطلق انکار۔

**جواب طلب۔** دریافت یا بازپرس کرنے کے قابل (۲) رسید کے قابل۔

**جواب طلبی۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) بازپرس۔ مواخذہ۔ بازپرس کے سلسلے میں کی گئی کارروائی۔

**جواب قطعی۔** (ع۔ ف۔ مذ) ایسا جواب جس کے بعد کچھ کہنے سننے کی گنجائش نہ رہے۔

**جواب ملنا۔** (۱) انکار ہونا۔ قبول نہ کیا جانا (۲) ملازمت سے علیحدہ کیا جانا (۳) بدلہ ملنا (۴) خط یا سلام یا سوال کا جواب پانا۔

**جواب نامہ۔** وہ کپڑا جس پر مسلمان کلمہ لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔

**جواب نہ دارد۔** (ف۔ مقولہ) جواب نہ ملنا۔ جواب نہ آنا۔

**جواب نہ رکھنا۔ جواب نہ ہونا۔** (امحاورہ) لاثانی یا بے مثل یا یکتا ہونا۔ خوبیوں کے لحاظ سے ہمسر نہ رکھنا۔ ایسا کام اچھا کرنا کہ اور کوئی برابری نہ کر سکے۔

**جواب ہونا۔** (۱) مقابل ہونا۔ ہمسر ہونا۔ برابر ہونا۔ جیسے کو تیسا ہونا (۲) برطرف کیا جانا (۳) انکار ہونا (۴) سزا یا بدلہ ملنا۔

**جواباً۔** (جَ۔ وا۔ بَن) [ع۔ ا۔ مذ] جواب میں۔ جواب کے طور پر۔ بجواب

**جوابی۔** (جَ۔ وا۔ بی) [آر۔ ا۔ مذ] (مرثیہ خوانی کے دوران) جو شخص ہر بند پورا ہونے پر پہلا مصرعہ اُٹھائے (۲) (مقدمے میں) مدعا علیہ۔ فریق ثانی (۳) نظیر۔ مثال (۴) [صف] جھگڑالو۔ جواب طلب خط یا تار (دوہرا کارڈ یا تار کی ڈبل فیس برائے جواب)

**جوابی حملہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) دشمن پہ پلٹ کر حملہ کرنا۔

**جوابی کارروائی۔** (ع۔ ف۔ مث) وہ کارروائی جو کسی کارروائی کے جواب میں کی جائے۔

**جواد۔** (جَ۔ واد) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سخی۔ داتا (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**جوار۔** (جِ۔ وار۔ جَ۔ وار) [ع۔ ا۔ مذ] پڑوس۔ ہمسایہ (اُردو میں بجے جوار ہیں)۔ قرب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے قرب وجوار۔

**جوار۔** (جُ۔ وار) [ھ۔ ا۔ مث] ایک غلے (مکئی) کا نام (۲) سمندر کی لہروں کا اُتار۔ جزر۔

**جوار بھاٹا۔** سمندر کا اتار چڑھاؤ (جو چاند کی کشش کی وجہ سے ہوتا ہے)۔

**جَوارح۔** (جَ۔ وا۔ رِح) [ع۔ ا۔ مذ] جارحہ کی جمع (۱) انسان کے ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا جن سے وہ کسب معاش کرتا ہے (اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا بلکہ اعضا و جوارح بولتے ہیں۔ (۲) شکاری جانور

**جَوارِش۔** (جَ۔ وا۔ رِش) [ع۔ ا۔ مث] فارسی زبان کے لفظ گوارش کا معرّب۔ ہاضمے کی ایک خوش ذائقہ دوائی۔

**جَواری۔** (جَ۔ وا۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] ایک ڈورا جو ستار یا طنبور کے اوپر تاروں کے نیچے بندھا ہوتا ہے تو جس سے سُر اُونچے نکلتے ہیں) ستار کی طرح۔ ستار کی گھوڑی۔

**جُواری۔** (جُ۔ وا۔ ری) [ھ۔ ا۔ مذ] جُوا کھیلنے والا۔ قمار باز۔

**جواری کو اپنا ہی داؤ سوجھتا ہے۔** (امثل) جواری کا خیال ہر وقت جُوئے میں رہتا ہے۔

**جواز۔** (جَ۔ وَاز) (۱) اجازت۔ منظوری (۲) جائز ہونا (۳) برداشت۔ تحمل (۴) قانونی اجازت (۵) تندرستی (۶) موزونیت۔

**جواز ہونا۔** (۱) قانونی طور پہ درست ہونا (۲) قابل اجازت ہونا۔

**جَواکھار۔** (جَ۔ وا۔ کھار) [ھ۔ ا۔ مذ] جَو کی راکھ سے حاصل کیا ہوا شورہ۔

**جوالا۔** (جَ۔ وا۔ لا) [س۔ ا۔ مذ] شعلہ۔ لپٹ۔ لَو۔ بھبکا (۲) روشنی۔ چمک (۳) آگ (۴) گرمی۔ حدت (۵) سوزِ عشق۔

**جوالا مکھی۔** (س۔ ا۔ مذ) وہ پہاڑ جس میں سے آگ نکلتی ہو۔ آتش فشاں پہاڑ۔

**جوامرچ۔** (جَ۔ وا۔ مرچ) [ھ۔ ا۔ مث] چھوٹی مرچ

**جَوامع۔** (جَ۔ وا۔ مِع) [ع۔ ا۔ مذ] جامعہ کی جمع۔ یونیورسٹیاں۔

**جَوان۔** (جَ۔ وان) [ف۔ صف] مرد یا عورت جو لڑکپن کے دور سے نکل چکا ہو (۲) مضبوط۔ طاقتور۔ (۳) دلیر (۴) سیانا (۵) بہادر سپاہی (۶) بالغ مرد یا عورت (۷) لڑکا۔ چھوکرا (۸) نیا تازہ۔ (۹) گبھرو۔

**جوان بخت۔** (ف۔ صف) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ بھاگوان۔ اقبال مند (۲) آخری مغل تاجدار بہادر شاہ ظفر کے ولیعہد کا نام۔

**جوان جہاں۔** (امصف) بھرپور جوانی کا عالم۔ پوری طرح جوان۔

**جوان دولت۔** (ف۔ صف) (۱) صاحب اقبال۔

**جوان رانڈ بوڑھے سانڈ۔** (امثل) جوان عورتیں تو بیوہ ہو رہی ہیں یعنی جوان مرد مر رہے ہیں مگر بوڑھے مرد موٹے ہو رہے ہیں جب حالات کا چکر اُلٹا چل رہا ہو تو یہ مثل کہتے ہیں۔

**جوان سال۔** (ف۔ صف) وہ جس کی اُٹھتی جوانی ہو۔ نوعمر۔ نوجوان۔

**جوان صالح۔** (ف۔ صف) نیک چلن اور پرہیزگار جوان۔

**جوان مرد۔** (ف۔ صف) (۱) بہادر۔ سُورما۔ دلیر۔ مردِ میدان (۲) سخی۔ (۳) بلند حوصلہ۔

**جوان مردی۔** (ف۔ امث) (۱) بہادری (۲) جاں بازی۔ دلیری (۳) سخاوت۔ فیاضی۔



Marfat.com

جواں مرگ ۔ جواناں مرگ ۔ (ف ۔ صفت) (۱) جوانی میں مرنے والا (۲) (بددعا)
جواں موت مرنا ۔ (ا۔ محاورہ) عین جوانی میں مرجانا ۔ بے وقت موت آنا۔
**جوانا** ۔ (ج ۔ وا ۔ نا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] اے جوان! تحسین و آفرین کا اظہار (۲) دل بڑھانے یا ہمت بندھانے کے لیے بھی کہتے ہیں ۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔
جوانا ۔ [ق ۔ مص] زندہ کرنا ۔ جلانا ۔
**جوانانِ چمن** ۔ (ج ۔ وا ۔ نا ۔ نِ ۔ چ ۔ مَن) [ف ۔ ا ۔ مذ] باغ کے نوخیز درخت۔
**جوانب** ۔ (ج ۔ وا ۔ نب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جانب کی جمع ۔ طرفین ۔
**جوانوں کو آئی سستی، بڈھوں کو آئی مستی** ۔ (ا ۔ مثل) ۔ اُلٹا زمانہ ہے ۔
**جوانی** ۔ (ج ۔ وا ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) جوان ہونے کا زمانہ ۔ شباب (۲) بلوغت ۔
جوانی اُبھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جوان ہونے کی علامتیں ظاہر ہونا ۔ جوانی شروع ہونا ۔ آغازِ شباب (۲) قد نکالنا ۔ بدن گدرانا ۔
جوانی اُتر جانا ۔ جوانی اُترنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی ختم ہو جانا ۔
جوانی اُٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوان ہونا ۔ شباب کا آغاز ہونا ۔
جوانی پھٹ پڑنا ۔ جوانی پھٹی پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی کا زوروں پر ہونا ۔
جوانی چڑھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بلوغت کی عمر کو پہنچنا ۔ شباب کا زوروں پر ہونا ۔
جوانی خاک کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی مٹا دینا ۔ جوانی قربان کر دینا ۔
جوانی دوانی ۔ جوانی دیوانی ۔ (مثل) جوانی کے زمانے میں انسان کو نشیب و فراز نہیں سوجھتا ۔
جوانی ڈھل جانا ۔ جوانی ڈھلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے جوانی اُترنا ۔
جوانی کا پھل ۔ (ا ۔ محاورہ) عیش و آرام ۔ جوانی کے مزے ۔
جوانی کا پھل پائے ، جوانی کا سکھ دیکھے ۔ (دعا) جوانی میں عیش کرے یا آرام سے زندگی گذارے ۔
جوانی کا عالم ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) جوانی کی حالت (۲) جوانی کا زمانہ ۔ شباب کا زمانہ ۔
جوانی کی اُمنگ ، جوانی کی ترنگ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جوانی کا جوش یا ولولہ ۔
جوانی کی باتیں ۔ (ا ۔ مث) (۱) وہ کارنامے جو کسی نے جوانی کے زمانے میں دکھائے ہوں (۲) جوانی کے واقعات یا قصے ۔
جوانی کی نیند ۔ (ا ۔ مث) گہری نیند ۔ بے خبر سونا ۔
جوانی میں تسبیح بڑھاپے میں کسبی ۔ (مثل) جوانی کے دنوں میں خدا کی عبادت کرتے رہے بڑھاپے میں فاحشہ سے تعلق پیدا کر لیا ۔ ہر بات اُلٹی ۔
جوانی میں گدھی پر بھی جوبن ہوتا ہے ۔ (ا ۔ مثل) بدصورت مرد عورت بھی جوانی میں بھلے معلوم ہوتے ہیں ۔ شباب میں بڑی شکل کی بھی شکل اچھی معلوم ہوتی ہے ۔
جوانی میں مانجھا ڈھیلا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی میں سستی اور کاہلی ۔
**جواہر** ۔ (ج ۔ وا ۔ ہر) [ع ۔ ا ۔ مذ] جوہر کی جمع ۔ اُردو میں واحد بھی بولا جاتا ہے ۔ قیمتی پتھر ۔ الماس ۔ یاقوت ۔ لعل ۔ ہیرا وغیرہ ۔ جمع ؛ جواہرات ۔
جواہر جڑنا ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) کسی زیور یا کسی چیز میں جواہرات بڑی خوبصورتی سے لگانا (۲) بہت خوبصورتی سے لکھنا ۔
جواہر خانہ ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ جگہ جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں ۔
جواہر میں تولنا ۔ (ا ۔ محاورہ) قدر کرنا ۔ وقعت کرنا ۔
جواہر نگار ۔ (ف ۔ صفت) مرصع ۔ جڑاؤ (۲) خوشخط خوبصورت لکھنے والا ۔
**جواہرات** ۔ (ج ۔ وا ۔ ہ ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذ] جوہر کی جمع الجمع صرف اُردو میں مستعمل ہے ۔
**جُبلی** ۔ (Jubilee) [ جُو ۔ ب ۔ لی ] (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) سالگرہ ۔ جشنِ سالگرہ (۲) جشنِ مسرت (۳) پچیس یا پچاس سال کے بعد منائی جانے والی تقریب ۔
**جوبَن** ۔ (جو ۔ بَن) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) خوبصورتی ۔ حُسن (۲) چڑھتی جوانی ۔ عنفوانِ شباب (۳) بلوغت (۴) طراوت ۔ شادابی ۔ سرسبزی ۔ (۵) رونق ۔ بہار (۶) کیفیت ۔ حالت ۔ (۷) عورت کا سینہ یا چھاتی ۔ پستان ۔
جوبن اُبھرنا ۔ اُٹھنا ۔ اُگنا ۔ اُمنڈنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جوانی کا آغاز ہونا (۲) رونق یا بہار ہونا (۳) لڑکی کی چھاتیوں کا اُبھرنا یا گدرانا ۔
جوبن برسنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رونق چھانا (۲) خوبصورتی ظاہر ہونا ۔
جوبن پر آنا ۔ جوبن پر ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بارونق یا پُررونق ہونا (۲) حُسن کا زیادہ سے زیادہ دلکشی اختیار کرنا (۳) کھِلنا ۔ بہار پر آنا ۔ شگفتہ ہونا ۔ سرسبز ہونا ۔ (۴) جوانی کا آغاز ہونا ۔
جوبن پھٹا پڑنا ۔ جوبن پھٹ پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی یا خوبصورتی کا بہت دلکش بن جانا ۔ حُسن میں نہایت اضافہ ہونا ۔
جوبن تھا جب رُوپ تھا گاہک تھا سب کوئی ۔ جوبن رتن گنوا کے بات نہ پوچھے کوئی ۔ (مثل) جن دنوں جوانی (جوبن) اور حُسن (رُوپ) تھا سب چاہتے تھے ، ہر کوئی گرویدہ تھا ۔ جوانی اور حُسن نہ رہا تو کوئی منہ نہیں لگاتا ۔ لوگوں کی فطرت کی رمز بیان کی ہے کہ رونق پر منڈلاتے ہیں ، بے رونقی سے دُور دُور رہتے ہیں ۔
جوبن ٹپکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوانی یا حسن کا نمایاں ہونا ۔ جوانی ظاہر ہونا ۔
جوبن چمکانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جوبن دکھانا (۲) جوبن کا اُبھار دکھانا ۔
جوبن دکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حُسن کی بہار دکھانا ۔ اینٹھ اینٹھ کر چلنا ۔ (۲)



Marfat.com

سینہ تان کر یا سینہ نکال کر چلنا۔

**جوبن ڈھلنا۔** (۱) جوانی ڈھلنا۔ حسن کو زوال ہونا (۲) عورت کی چھاتیاں لٹک جانا (۳) رونق نہ رہنا۔

**جوبن کا ماتا** (جوبن کی ماتی) (ا۔مث) جوانی کے نشے میں۔ جوانی کی مستی۔

**جوبن لٹنا۔ جوبن لوٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بہار لٹنا۔ رونق ختم ہونا (۲) حسن پر دست درازی کرنا (۳) مزے اُڑانا۔ حسین عورت کے ساتھ ہم بستر ہونا۔

**جوبن نکالنا۔ جوبن نکلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) رونق پر آنا (۲) بہار پر آنا (۳) بلوغت کو پہنچنا (۴) جوانی یا حسن کا دلکش شکل اختیار کرنا۔ (۵) خوبصورت بننا۔

**جُونت۔** [ھ۔ا۔مذ] جُوتا کا مخفف۔ بڑا جُوتا۔

**جوت۔** (واؤ مجہول) [ھ۔ا۔مث] (۱) روشنی۔ اُجالا۔ نُور (۲) آنکھ کی روشنی۔ نظر۔ بصارت (۳) رونق (۴) چمک۔ دمک (۵) شعلہ۔ لَو (۶) چراغ۔ دیا۔ لیمپ۔ بتی (۷) دھن۔ زر۔ مال۔ (۸) رُوح۔ جان۔

**جوت بتی کرنا۔ جوت چڑھانا۔** (ا۔محاورہ) مندر میں دیا جلانا۔ دیوتا کے آگے چراغ یا دیا رکھنا۔

**جوت پڑنا۔** (ا۔محاورہ) عکس پڑنا۔ روشنی پڑنا۔

**جوت جگانا۔** (۱) چراغ یا لیمپ روشن کرنا (۲) کسی نیک کام یا اصلاحی تحریک کا آغاز کرنا۔ (۳) موکلوں کا حاضر ہونا۔

**جوت۔** (واؤ مجہول) [ھ۔ا۔مذ] وہ تسمہ جس سے گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتا جاتا ہے (۲) ہل کے بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے (۳) آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس والا تسمہ (۴) ترازو کے پلڑوں کا تسمہ (۵) جہاز کے رسّے۔ (۶) ہل یا گاڑی میں بیلوں کا جوتنا (۷) زراعت۔ کھیتی باڑی۔ (۸) کاشت شدہ زمین (۹) وہ ٹکڑا جسے خود کاشت کیا جائے۔ (۱۰) لگان جو کاشتکار دیتا ہو (۱۱) دوکان کا سامان (۱۲) جوتنا کا امر۔

**جوت جمع۔** (ا۔مث) لگان۔ وہ روپیہ جو کاشتکار ادا کرے۔

**جوت دار۔** (ہ۔ف۔ا۔مذ) ہل چلانے والا کاشتکار۔ مزارع۔

**جوت دینا۔** (۱) بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگانا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا (۳) کام میں لگانا (۴) کاشت کرنا (۵) ڈھب پہ لانا۔

**جوتے ہل تو پاوے پھل۔** (مثل) محنت اور کوشش سے کامیابی ہوتی ہے۔

**جوتا۔** (جوتْ۔تا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) مزارع۔ کاشتکار (۲) ہل جوتنے والا (۳) اسامی۔ کسان (۴) ہم بستر ہونے والا (۵) حدِ فاصل۔ تقسیم دیوار۔ (۶) گردن کے پاس کے پٹھے۔

**جُوتا۔** (جُوتْ۔تا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) پاؤں میں پہننے کی چیز جو چمڑے یا کپڑے اور ربڑ وغیرہ کی بنی ہوتی ہے۔ پاپوش۔ کفش (۲) مجازاً۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ گھاٹا (۳) (طنزاً) احسان۔ سلوک۔

**جُوتا اُٹھانا۔ جُوتا اُٹھا لینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) مارنے کے ارادے سے جُوتا ہاتھ میں سنبھالنا۔ گستاخی کرنا (۲) جُوتا چرانا۔

**جُوتا اُچھلنا یا چلنا۔** (ا۔محاورہ) جوتوں سے لڑنا (۲) دنگا فساد۔ لڑائی جھگڑا۔

**جُوتا برسانا۔** (ا۔محاورہ) تڑا تڑ جُوتے مارے جانا (۲) جوتوں کی مار پڑنا (۳) جوتے مارنا۔

**جُوتا برسنا۔** (ا۔محاورہ) جُوتے پڑنا۔ مارا پیٹا جانا۔

**جُوتا پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جوتوں کی مار پڑنا (۲) گھاٹا یا نقصان ہونا (۳) منہ توڑ جواب پانا۔ (۴) نہلے پر دہلا پڑنا۔

**جوتا پہنے سالی کا بڑا بھروسہ بیاہی کا۔ جوتا پہنے نسری کا کیا بھروسہ کری گا۔** (ا۔مثل) سالی کا جُوتا اور بیاہتا عورت قابلِ اعتبار ہوتی ہے۔ بازاری جُوتے اور آشنا عورت کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔

**جُوتا پیزار** جوتیوں سے لڑائی۔ لڑائی جھگڑا۔ دنگا فساد۔ مار پیٹ۔

**جُوتا جاتی۔** (ا۔محاورہ) (۱) ایک دوسرے کو جوتیوں سے مارنا (۲) لڑائی جھگڑا۔

**جُوتی چلانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کسی جوتے کو بہت عرصے تک ثابت رکھنا (۲) کسی خاص قسم کے جُوتے کی مانگ پیدا کر دینا۔

**جُوتا چلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جوتم پیزار ہونا (۲) کسی جوتے کا کافی عرصے تک نہ ٹوٹنا۔

**جُوتا چھپانا۔** (ا۔محاورہ) شادی کی تقریب میں دلہن کی رخصتی کے موقعے پر سالیوں کا نوشاہ کے جُوتے چھپانے کی رسم جس میں نیگ (یعنی نقدی) لے کر جُوتا دیا جاتا ہے۔

**جُوتا دینا۔** (ا۔محاورہ) پہننے کے لیے جُوتا پیش کرنا (۲) جوتا مارنا۔ (۳) بے عزتی کرنا۔

**جُوتا سر پہ ٹوٹنا۔** (ا۔محاورہ) بہت زیادہ مارنا۔

**جُوتا لگنا۔** (ا۔محاورہ) نقصان ہونا۔ گھاٹا یا خسارہ ہونا۔

**جُوتا مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جوتے سے مارنا (۲) لعنت ملامت کرنا۔ (۳) احسان کر کے شرمندہ کرنا۔

**جوتاؤ۔** (جوتْ۔تا۔او) [ھ۔صف] جوتنے کے قابل۔ وہ زمین جو قابلِ کاشت ہو۔

**جوتر۔** (ہ۔ا۔مذ) ساز کا وہ تسمہ جو گاڑی سے لگایا جاتا ہے۔

**جُوتڑی۔** (ج۔ت۔ری) [ھ۔ا۔مث] جائفل کا پھول۔

**جوتش۔** (جو۔تش) [ھ۔ا۔مث] ستاروں کا علم۔ علمِ نجوم۔

**جوتشی۔** (جو۔ت۔شی) [ھ۔ا۔صف] نجومی۔

**جوتم جوتا۔** (جو۔تم۔جو۔تا) [ھ۔ا۔مذ] فریقین کا ایک دوسرے کو جوتیوں سے مارنا پیٹنا۔



Marfat.com

**جوتنا**۔ (جوت۔ نا) (واؤ مجہول) [ھ۔ مص] (۱) بیلوں کو ہل یا گاڑی میں لگانا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا۔ (۳) مصروف کرنا۔ کام میں لگانا۔ (۴) ہل چلانا (۵) عوامی زبان اپنے ڈھب پر لے آنا۔

**جوتی**۔ (جو۔ تی۔ واؤ مجہول) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) ترازو کی رسی یا وہ رسی جس میں ترازو کے پلے اور ڈنڈی بندھی ہوتی ہے (۲) وہ رسی جو بیل کی گردن میں جوئے کے روکنے کے واسطے بندھی جاتی ہے (۳) روشن۔ چمکیلا۔ (ق)

**جُوتی**۔ (جُو۔ تی) [ھ۔ ا۔ مث] جُوتا کا مؤنث۔ پیزار۔

**جوتی پر جوتی چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک جوتی پہ دوسری جوتی رکھی جانا۔ جس سے سفر کا شگون لیتے ہیں۔

**جوتی پہ رکھ کر روٹی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) حقارت سے روٹی دینا۔ ذلیل کر کے روٹی کھلانا۔

**جوتی پہ کاجل پاڑنا**۔ جاہل خاندانوں میں شادی کے موقعے پر عورتیں یہ ٹوٹکا کرتی ہیں۔ کہ دولہن کی جوتی پہ کاجل پاڑ کر دولہا کی آنکھوں میں لگاتی ہیں تاکہ وہ بیوی کے ساتھ اچھا رہے۔

**جوتی پہ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل یا حقیر سمجھنا۔

**جوتی خورا**۔ (ا۔ صفت) وہ شخص جو مار پیٹ سے راضی رہے۔

**جوتی سے**۔ (۱) جوتی کی نوک سے۔ بلا سے کچھ پرواہ نہیں۔

**جوتی کاری**۔ (ا۔ مث) مار پیٹ۔ جوتیوں سے مارنا۔

**جوتی کو غرض پڑی ہے**۔ (ا۔ محاورہ) یہ کہنے کے لیے کہ انہیں یہ کام کرنے کی ضرورت یا پرواہ ہی نہیں۔

**جوتی کی نوک پر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھکرانا (۲) ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ (۳) خاطر میں نہ لانا۔ پرواہ نہ کرنا (۴) نفرت کا اظہار۔

**جوتی کے برابر نہ سمجھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ذرا بھی خاطر میں نہ لانا۔

**جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت ذلیل کرنا۔

**جُوتے اٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) اطاعت کرنا۔ تابعداری کرنا۔

**جوتے سے خبر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) جوتوں سے مارنا۔ کفش کاری کرنا۔

**جوتے کاری**۔ (ا۔ مث) جوتوں سے مارنا۔

**جوتے کا یار**۔ (ا۔ صفت) جس سے ڈانٹ ڈپٹ کر کام لیا جائے۔

**جوتیاں اُٹھانا**۔ (۱) کسی بزرگ یا کامل کی خدمت کرنا (۲) ذلیل خدمت کرنا۔

**جوتیاں بغل میں دبا نا، مارنا**۔ (۱) بھاگ جانا۔ کھسک جانا۔ (۲) دبک کر نکل جانا۔

**جوتیاں توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) دوڑ دھوپ یا کوشش کرنا۔

**جوتیاں چٹخاتے پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) آوارہ پھرنا (۲) مارے مارے پھرنا (۳) ذلیل و رسوا ہوتے پھرنا۔

**جوتیاں سر پہ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عقیدت کا اظہار کرنا (۲) احترام کرنا (۳) خوشامد کرنا۔

**جوتیاں سیدھی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بزرگوں یا بڑوں کی خدمت کرنا (۲) تعظیم بجا لانا۔

**جوتیاں سی گانٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت بڑی سلائی کرنا۔ موٹا موٹا سی دینا۔

**جوتیاں کیا سونپیں خان ساماں بن گئے**۔ (مثل) ادنیٰ سی التفات سے مغرور ہو گئے۔

**جوتیاں کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جوتیوں سے پٹنا (۲) طعنے سہنا۔ بُرا بھلا سُننا۔ ذلیل و خوار ہونا۔

**جوتیاں گانٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جوتیوں کی مرمت کرنا۔ (۲) ذلت کا کام کرنا۔

**جوتیاں مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طعنے دینا۔ ذلیل کرنا (۲) جوتیوں کی مار مارنا۔

**جوتیوں سمیت آنکھوں میں (گھسنا) بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناقابلِ انکار بات کی ڈھٹائی سے انکار کیے جانا (۲) خواہ مخواہ جھٹلاتے جانا (۳) آنکھوں میں دھول جھونکنا۔

**جوتیوں سے لگا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مطیع و فرمانبردار ہونا (۲) ہر وقت ساتھ ہونا۔

**جوتیوں کا صدقہ**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی توجہ سے کام ہونے پر اس وقت کہتے ہیں جب کسی کا احسان ماننے کا اظہار کیا جائے۔ اپنے بارے میں کہیں تو اپنی بڑائی کرنی مقصود ہوتی ہے۔

**جوتیوں میں بیٹھنا**۔ (۱) سب سے خراب جگہ ملنا (۲) محفل میں ادنےٰ ترین سمجھا جانا۔

**جوتیوں میں دال بٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پھوٹ پڑنا (۲) لڑائی جھگڑا ہونا۔

**جوتیوں میں ڈال دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔ بے عزت کرنا۔ قدر گھٹانا۔

**جوٹ**۔ (واؤ مجہول) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) جوڑا۔ جُفت (۲) برابر کا۔ ہم سر۔ (۳) ساتھی۔ رفیق (۴) ہم شکل (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے۔

**جوٹ باندھنا** (۱) ہم عمر یا ہم قد سے جوڑا لگانا (۲) جوڑا بنانا۔ ملانا۔

**جُوٹھا**۔ (جُو۔ ٹھا) [ہ۔ صفت] پس خوردہ۔ مستعمل۔ بچا ہوا کھانا۔

**جُوٹیا**۔ (جُو۔ ٹِ۔ یا) [ہ۔ صفت] (۱) مددگار (۲) رہٹ ہانکنے والا۔

**جُوجُو**۔ (جُو۔ جُو) [اُر۔ ا۔ مذ] ایک فرضی نام جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں (ہیجا ؟ ہاؤ ؟)

**جُوجھَن**۔ [ق۔ ا۔ مث] لڑائی۔ جنگ۔

**جوجھنا**۔ (جوجھ۔ نا) واؤ مجہول) [ھ۔ مص] (۱) لڑنا۔ جنگ کرنا (۲) قتل کرنا۔

**جُود**۔ [ع۔ ا۔ مذ] بخشش۔ سخاوت۔ فراخ دلی۔ کرم۔

**جُودَت**۔ [ع۔ ا۔ مث] (۱) عقل کی تیزی۔ ذکاوت۔ ذہانت (۲) لیاقت۔ گُن۔



Marfat.com

**جُودوسخا** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) بخشش ۔ سخاوت ۔

**جودھا** ۔ (جو ۔ دھا ۔ واؤ مجہول) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بہادر سپاہی (۲) شجاع آدمی ۔

**جوڈیشل** ۔ (Judicial) ۔ (جو ۔ ڈی ۔ شَل) [ انگ ۔ صف ] عدالتی ۔ متعلق بہ عدالت ۔ عدالت کا ۔

جوڈیشل اختیارات ۔ (انگ ۔ ا ۔ صف) دیوانی و فوج داری اختیارات ۔

جوڈیشل کارروائی ۔ (انگ ۔ ا ۔ مث) دیوانی و فوجداری مقدمات کی کارروائی ۔

**جَور** [ع ۔ ا ۔ مذ] ظلم ۔ ستم ۔ سختی ۔ زبردستی ۔ بے رحمی ۔ جفا ۔

جورِاُستاد بہ زمہرِ پدر (مثل ۔ ف) استاد کی سختی باپ کے پیار سے اچھی ہے ۔ کیونکہ اس سے بچہ سیکھتا ہے

**جورُو** ۔ (جو ۔ رُو ۔ پہلا واؤ مجہول ۔ دوسرا معروف) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) بیوی ۔ گھر والی عورت ۔ رفیقہ حیات ۔ زوجہ ۔ استری ۔

**جورو ٹٹولے پھینٹ اور ماں ٹٹولے پیٹ** ۔ (مثل) بیوی کو شوہر کی گانٹھ کی فکر ہوتی ہے جب کہ ماں کو یہ فکر ہوتی ہے کہ میرا بیٹا بھوکا تو نہیں ہے ۔ مطلب ۔ بیوی کی محبت غرض کی ہوتی ہے اور ماں کی بے غرض ۔

**جورو چِکنی میاں مزدور** ۔ (مثل) میاں غریب ہے مگر بیوی بنی ٹھنی رہتی ہے ۔

**جورو خصم کی لڑائی ، دودھ کی سی ملائی** ۔ میاں بیوی کی شکر رنجی بھی مزا دیتی ہے ۔

**جورُو کا بھائی** (۱) سالا (۲) ایک قسم کی گالی ۔

**جورو کا غلام ۔ جورُو کا مزدُور ۔ جورو کا مُرید** ۔ (ف ۔ صف) وہ شخص جو بیوی کا ہر کہنا مانے ۔

**جورو کا مرنا گھر کا خرابہ** ۔ (ا ۔ محاورہ) بیوی کے مرجانے سے گھر اُجڑ جاتا ہے ۔

**جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا** ۔ (ا ۔ مثل) ایسا شخص جس نے شادی نہ کی ہو ۔ جس کا آگے پیچھے کوئی نہ ہو ۔

**جوڑ** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث ] (۱) دو ۔ جُفت (۲) برابر کا ۔ ہم پلہ ۔ مقابل (۳) ساتھی (۴) ہم شکل (۵) گرہ (۶) سلسلہ ۔ ملنا ۔ ستاروں کا میل ۔ قِران (۷) میزان ۔ کل تعداد (علمِ حساب کا) جمع کا قاعدہ (۸) فریب ۔ چھل ۔ جعل سازی (۹) تہمت ۔ بُہتان (۱۰) ثبت (منفی کی ضد) (۱۱) ہم رنگ اور ہم سلسلہ برتن (۱۲) مرثیہ خوانوں کی جماعت (۱۳) ایک قسم کی چھلی (۱۴) ملاوٹ ۔ آمیزش (۱۵) من گھڑت واقعہ (۱۶) ایک قسم کے چھتے (۱۷) وہ جگہ جہاں دو ٹکڑے ملیں ۔ پیوند ۔ سلائی ۔ ٹانکا ۔ جھال (۱۸) پور ۔ پوری ۔ عضو (۱۹) اعضا کے ملنے کی جگہ (۲۰) ایک میلہ (۲۱) پہلوان کا مقابل ۔

**جوڑ باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کشتی کے لیے دو برابر کے پہلوان مقرر کرنا (۲) کسی کام پہ دو دو آدمی مقرر کرنا ۔

**جوڑ بٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چول بٹھانا ۔ جوڑ ملانا (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو اس کی جگہ پہ بٹھانا (۳) (حساب کی) میزان درست کرنا ۔

**جوڑ بند** ۔ (ا ۔ ف ۔ مذ) بندھن ۔ بندش ۔ عضو ۔

**جوڑ توڑ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) ساز باز ۔ داؤں پیچ ۔ سازش (۲) بہتان ۔ بے بنیاد بات (۳) ترکیب ۔ تدبیر ۔

**جوڑ توڑ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساز باز کرنا (۲) تدبیر کرنا ۔ جوابی کارروائی کرنا (۳) فریب کرنا (۴) کسی خاص مقصد سے کوئی سازش کرنا ۔

**جوڑ جوڑ** ۔ ہر ایک جوڑ ۔ ہر ایک عضو ۔ بند بند ۔ تمام بدن ۔

**جوڑ جوڑ شرارت بھری ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت زیادہ شریر ہونا ۔

**جوڑ جوڑ کے مرجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا مگر اس سے فائدے اٹھائے بغیر مرجانا ۔

**جوڑ جوڑ مرجائیں گے مال جوائی کھائیں گے جو جوائی نہ ہوں گے تو خالصے لگ جائیں گے** ۔ کنجوس کا مال ضائع ہی جاتا ہے ۔

**جوڑ جوڑ میں شرارت بھری ہے** ۔ (ا ۔ مثل) بہت شریر ہے ۔

**جوڑ چلنا** ۔ (۱) داؤں پیچ کرنا ۔ چالیں چلنا (۲) تدبیر کارگر ہونا ۔

**جوڑ دار** ۔ (ا ۔ ف ۔ مذ) جُڑا ہوا یا پیوند لگا ہوا جس میں جوڑ ہو ۔

**جوڑ کا** ۔ (ا ۔ صف) برابر کا ۔ مقابلے کا ۔

**جوڑ کا توڑ** ۔ (ا ۔ مث) (۱) سازش کو توڑنے کی تدبیر ۔

**جوڑ کو جوڑ ملنا** ۔ جیسے کو تیسا ملنا ۔

**جوڑ گانٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چالاکی سے کام لینا ۔

**جوڑ گرِی** ۔ (ا ۔ صف) ہم سر ۔ ہم مرتبہ ۔ برابر (ق)

**جوڑ گرتیان** ۔ (ا ۔ صف) بہت سے ساتھی ۔ (ق)

**جوڑ لگانا ۔ جوڑ لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پیوند لگانا ۔ جوڑنا ۔ ٹانکا جانا (۲) میزان لگنا ۔ ٹوٹل (۳) جوڑا لگانا ۔ جوڑ باندھنا ۔

**جوڑ ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) برابر کا ہونا (۲) پیوند مل جانا (۳) ٹھیک ملنا ۔

**جوڑا** ۔ (جو ۔ ڑا) واؤ مجہول [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک سی دو چیزیں ۔ جفت (۲) پرندوں میں نر اور مادہ (۳) (انسانوں میں) میاں بیوی (۴) ساتھی ۔ رفیق ۔ دوست (۵) مقابل کا آدمی (۶) پوری پوشاک (۷) دونوں جوتے (۸) وہ پوشاک جو دولہا یا دولہن کو بھیجی جاتی ہے (۹) (علم کیمیا کی اصطلاح میں) کھوٹ ملی ہوئی دھات (۱۰) [صف] دو ہرا ۔ ثانی ۔

**جوڑا بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پوشاک اتار کر رکھنا ۔

**جوڑا (جوڑی) بنا رہے** ۔ میاں بیوی یا دو دوستوں کو یک جا دیکھ کر یہ دُعا دی جاتی ہے ۔ یعنے دونوں سلامت رہیں ۔

**جوڑا بنانا** (۱) پوشاک تیار کرنا یا جوتیاں یا چوڑیاں بنانا (۲) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا ۔

**جوڑا لگانا** ۔ نر اور مادہ کو ہلانا ۔

**جُوڑا** ۔ (جُو ۔ ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سر کے بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اور سادھو وغیرہ گدی پر دے لیتے ہیں (۲) پرندکی کلغی (۳) بٹی ہوئی



Marfat.com

رسی جو برتنوں کے نیچے گھیرے کی شکل میں رکھی جاتی ہے۔ اینڈوی۔

**جُوڑا باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا۔

**جُوڑا کھولنا**۔ (ا۔محاورہ) بالوں کی گرہ جو گدی پر باندھی گئی ہو کھول دینا۔

**جوڑنا**۔ (جوڑ۔نا) [ھ۔مص] ملانا۔ گانٹھنا۔ پیوند لگانا۔ سینا۔ چپکانا۔ (۲) جمع کرنا (۳) میزان دینا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا۔ (۵) پس انداز کرنا (۶) تصنیف کرنا۔ شعر کہنا (۷) جوتنا۔ ساز ڈالنا (۸) آگ یا دیا جلانا۔ (۹) یارانہ گانٹھنا (۱۰) گرہ لگانا (۱۱) جتھا بنانا۔ گروہ بندی کرنا (۱۲) شامل کرنا (۱۳) لگانا۔ دھرنا (۱۴) ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھنا۔ (۱۵) دلاسا دینا۔

**جوڑواں**۔ (جوڑ۔واں) [ہ۔ا۔مذ] دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔ توام (۲) ہم رتبہ۔ ہمسر (ق)

**جوڑی**۔ (جو۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] (۱) برابر کے دو شخص یا چیزیں (۲) دو گھوڑوں کی گاڑی۔ وہ مجیرے جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۳) طبلے کی جوڑی۔

**جوڑی دار**۔ (ا۔ف۔مذ) (۱) دوست (۲) دو ایسے آدمی جو کسی کام کو مل کر کرتے ہوں۔

**جوڑی والا**۔ (ا۔مذ) طوائفوں کے مجرے میں طبلہ بجانے والا۔

**جوڑی ہانکنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دو گھوڑوں یا بیلوں کی گاڑی چلانا (۲) (مزاحاً) دو بیویوں کا خاوند ہونا۔

**جوڑی ملانا**۔ (ا۔محاورہ) مگدر ہلانا۔

**جَوز**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) اخروٹ (۲) ناریل۔ (۳) جائفل۔

**جَوزا**۔ [ع۔ا۔مذ] تیسرا آسمانی برج جو دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے۔

**جُوس**۔ (Juice) [انگ۔ا۔مذ] رس۔ عرق۔ افشردہ۔

**جوسی** [ف۔ا۔مذ] جونشی

**جوش**۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) اُبال۔ کھد بداہٹ (۲) ہیجان۔ جذبات کا بے قابو ہونا۔ (۳) ولولہ۔ لہر۔ موج (۴) حرارت۔ تیزی (۵) زیادتی۔ کثرت۔ زور (۶) مستی۔ شہوت۔ (۷) غصہ (۸) تعصب (۹) سرگرمی شوق (۱۰) طغیانی۔

**جوش آنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) اُبال آنا (۲) غصہ آنا (۳) لہر آنا یا اُٹھنا۔ ولولہ پیدا ہونا۔ متفرق ہونا۔

**جوشِ جوانی**۔ (ف۔ا۔مذ) جوانی کا ولولہ یا زور۔

**جوشِ جنوں**۔ (ف۔ا۔صف) دیوانگی کا زور۔

**جوشِ خون**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) باپ ماں بھائی بہن یا رشتہ داروں کی محبت (۲) خون کی زیادتی۔

**جوشِ دہن**۔ (ف۔ا۔مذ) منہ آنا۔ منہ کے اندر چھالے پڑنا۔

**جوش دینا**۔ اُبال دینا۔ کھولانا۔ اوٹانا۔

**جوش کھانا یا مارنا**۔ (ا۔محاورہ) اُبلنا۔ کھولنا (۲) زیادتی ہونا۔

**جوش میں آنا**۔ (۱) اُبلنا۔ کھدبدی آنا (۲) چڑھاؤ یا طغیانی پر آنا (۳) غصے میں آنا۔ بھڑکنا (۴) سوج جانا (۵) لہریں مارنا (۶) ولولہ یا شوق پیدا ہونا۔

**جوش میں لانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) غصہ دلانا، بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

**جوش و خروش**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) ہیجان (۲) بہت زیادہ غصہ (۳) غل شور۔

**جوشاندہ**۔ (جو۔شاں۔دہ) [ف۔ا۔مذ] ایک مرکب جوش دی ہوئی دوائی جو نزلہ دُور کرنے کے لیے دی جاتی ہے۔ کاڑھا۔

**جوشش** (جو۔شش) [ف۔ا۔مث] دیکھیے جوش۔

**جَوشَن** (جو۔شَن) [ف۔ا۔مذ] (۱) زرہ۔ بکتر (۲) بازو کا ایک زیور۔

**جُوع**۔ [ع۔ا۔مث] بھوک۔ گرسنگی۔

**جوع الارض**۔ (ع۔ا۔مث) زمین کی ہوس۔ زیادہ سے زیادہ ملک اپنے قبضے میں رکھنے کی ہوس۔

**جُوع البقر**۔ (گائے جیسی بھوک) ایک بیماری جس میں بے ضرورت بہت زیادہ بھوک لگتی ہے اور کھانے کے باوجود بھوک محسوس ہوتی ہے۔

**جوع الکلب** (کتے جیسی بھوک) زیادہ کھانے کی بیماری۔ پیٹو۔

**جَوف**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) پیٹ۔ شکم (۲) اندرونی خلا۔ کھوکھلاپن۔ (۳) برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے (۴) غار۔ گڑھا۔

**جَوق**۔ [ت۔ا۔مث] (۱) آدمیوں کا گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ (۲) پرندوں کا پرا۔ جھنڈ۔ جھلڑ۔ غول۔

**جُوق جُوق۔ جَوق در جوق**۔ گروہ کے گروہ۔ پرے کے پرے۔

**جوکر**۔ (Joker)۔(جو۔کر) [انگ۔ا۔مذ] (۱) مسخرہ۔ ہنسوڑ۔ دل لگی باز (۲) تاش کا (جوکر) پتا جو زائد ہوتا ہے۔

**جُوکھ** [ہ۔ا۔مث] (۱) پرکھ۔ جانچ۔ انداز (سونا یا چاندی) کسوٹی پر لگا کر دیکھنا (۲) تول۔ وزن۔

**جوکھم**۔ (جو۔کھم) [ہ۔ا۔مث] (۱) مشکل کام (۲) خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر (۳) قیمتی چیزیں (۴) نقصان۔ گھاٹا (۵) مصیبت۔

**جوکھم میں پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) خطرے میں پڑنا۔ مصیبت میں پکڑا جانا۔

**جوکھنا**۔ (جوکھ۔نا) [ہ۔مص] تولنا۔ وزن کرنا (۲) جانچنا۔ آزما کر دیکھنا۔ کسنا۔

**جوکھوں**۔ (جو۔کھوں) [ہ۔ا۔مث] نقصان (۲) مشکل کام۔ مصیبت۔

**جوکھوں اُٹھانا**۔ (ہ۔محاورہ) نقصان برداشت کرنا۔ خسارا اٹھانا۔

**جوکھوں کا کام**۔ (ہ۔ا۔مذ) نقصان یا خطرے کا کام (۲) دلیری کا کام۔

**جوکھوں میں پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خطرے میں پڑنا (۲) اپنا نقصان کرنا۔

**جوکھوں میں ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) آفت میں پھنسانا۔ نقصان کے کام میں الجھانا۔

**جوگ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) موقع محل۔ صحیح وقت۔ نیک ساعت (۲) چاند کی منزلیں (جو ۲۷ ہیں) (۳) ستاروں کا ملاپ۔ قِران (۴) تعلق۔ جوڑ۔ پیوستگی۔ ملانا (۶) جوڑا ڈالنا۔ جوتنا (۷) ساتھ لگنا۔ اتحاد (۸) طریقہ۔



Marfat.com

ذریعہ (۹) موزوں ہونا۔ مناسبت رکھنا (۱۰) ثمرہ۔ پھل (۱۱) تیر کمان میں جوڑنا (۱۲) سمت (۱۳) دائرے کے ان بہت سے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا جو منطقۃ البروج سے ماپے جاتے ہیں (۱۴) ریاضت (۱۵) کفارہ (۱۶) (ریاضی میں) میزان۔ (۱۷) وہ شخص جس کے نام کی ہنڈی کی جائے (۱۸) دوائی (۱۹) یک سوئی (۲۰) [صفت] قابل۔ لائق (۲۱) مناسب۔ موافق (۲۲) وجہ سے۔ ذریعے سے۔

**جوگ آسن**۔ (ہ۔ا۔ مذ) جوگ کے لیے بیٹھنے کا طریقہ۔

**جوگ ابھیاس**۔ (ہ۔ا۔ مذ) جوگیوں کا طریقہ۔

**جوگ سادھنا**۔ (۱) جوگی بننا (۲) حبس دم کی مشق کرنا۔ (۳) ایک چیز پر خیال جمانے کی کوشش کرنا۔

**جوگ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جوگی بننا۔ فقیری لینا۔ ترک دنیا کرنا۔

**جوگا**۔ (جو۔گا) [ہ۔ صفت] (۱) لائق۔ قابل (۲) موافق۔ مناسب۔ موزوں (۳) برمحل۔ بروقت (۴) [ا۔ مذ] افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔

**جوگن**۔ (جو۔گن) [ہ۔ا۔ مث] (۱) وہ عورت جو ترک دنیا کر کے فقیری اختیار کر لے (۲) جوگی کی تانیث۔

**جوگنی**۔ (جوگ۔نی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) بھوتنی (۲) ہندوؤں کی درگا دیوی کی ۶۴ سکھیاں (۳) جوگ یا یوگ جاننے والی عورت (۴) جادوگرنی۔ ساحرہ۔

**جوگی**۔ (جو۔گی) [ہ۔ا۔ مذ] ہندو فقیر (۲) پجاری (۳) جادوگر۔ شعبدہ باز۔

**جوگی تھا سو اُٹھ گیا آسن رہی بھبھوت**۔ (مثل) جوگی تو چلا گیا اب اس کے بیٹھنے کی جگہ (آسن) پر راکھ رہ گئی ہے۔ اصل چیز (روح) جاتی رہی راکھ باقی رہ گئی۔

**جوگی جگت جانے نہیں، کپڑے رنگے تو کیا ہوا**۔ (ا۔ مثل) جوگ کی باتیں (جگت) جانتے نہیں صرف کپڑے جوگیا رنگ لیے ہیں۔ اصلیت کچھ سے نہیں ظاہری وضع سے کیا ہوگا۔

**جوگی جوگی لڑیں کھپڑوں کا نقصان**۔ (ا۔ مثل) بڑے آدمی لڑیں تو چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

**جوگی کا لڑکا کھیلے گا تو سانپ سے**۔ (ا۔ مثل) ہر کوئی اپنی تربیت کے مطابق کام کرتا ہے۔

**جوگی کس کے میت**۔ (ا۔ مثل) جن لوگوں کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو یا جن کو کسی سے تعلق یا وابستگی نہ ہو وہ کسی کے دوست نہیں بنتے۔

**جوگی کی پیٹ کیا**۔ (ہ۔ مقولہ) جوگی کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔

**جوگی ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) جوگ لے لینا۔ فقیری لے لینا۔

**جوگیا**۔ (جو۔گ۔یا) [ہ۔ صفت] (۱) گیروا رنگ (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) ایک قسم کی قمری۔

**جوا...**۔ [ق۔ا۔ مث] قطار۔

**جولاں**۔ (جو۔لاں) [ف۔ا۔ مث] بیڑی یا زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

**جَولاں**۔ (جو۔لاں) [ع۔ا۔ مذ] (۱) کود پھاند (۲) گھوڑے کی دوڑ یا چکر کھانا (۳) کاوا دینا۔ (۴) گھوڑے کو کدانا۔ چکر دینا (۵) حرکت۔ گردش۔

**جولاں گاہ**۔ (۱) گھوڑوں کا میدان (۲) گھوڑے کدانے یا چکر دینے کی جگہ

**جولانی**۔ (جو۔لا۔نی) [ف۔ا۔ مث] (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) طبیعت کی روانی۔ تیز فہمی (۳) رفتار کی تیزی۔ پھرتی۔ چستی۔

**جولانیوں پر آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیزی یا جوش میں آنا۔ ترنگ میں آنا

**جولانیوں پر رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غل شور یا اچھل کود میں مصروف رہنا (۲) جوش میں بھرے رہنا۔

**جولائی** ( July ) (جو۔لا۔ئی) [انگ۔ا۔ مذ] انگریزی سال کا ساتواں مہینہ۔ ماہ جولائی۔

**جولگن**۔ (ق) جب تک۔

**جُون**۔ ( June ) [انگ۔ا۔ مذ] انگریزی سال کا چھٹا مہینہ۔ ماہ جون۔

**جُون**۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) وضع۔ صورت۔ بھیس (۲) جنم۔ پیدائش ولادت (۳) زمانہ۔ وقت۔ عرصہ۔

**جُون بدلنا، پلٹنا**۔ (ہ۔ محاورہ) (۱) ظاہری شکل تبدیل کرنا (۲) ہندوؤں کے عقیدے میں انسان کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۳) صورت بدلنا۔ حالت بدلنا (۴) غیر معمولی طور پر موٹا یا دبلا ہو جانا (۵) غیر معمولی ترقی یا تنزل کرنا۔

**جُون پوری کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دن پورے کرنا۔ زندگی گزارنا۔

**جُوں**۔ [ہ۔ا۔ مث] وہ کیڑے جو بالوں یا کپڑوں میں میل سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

**جُوں کی چال**۔ (ا۔ مث) نہایت آہستہ یا سست چال۔

**جوئیں پڑنا**۔ (مص۔ مرکب) سر کے بالوں یا کپڑوں وغیرہ میں جوئیں ہو جانا۔

**جوئیں دکھانا، نکلوانا**۔ کسی دوسرے سے سر کے بالوں کی جوئیں نکلوانا

**جوئیں دیکھنا، نکالنا**۔ کسی کے سر کی جوئیں چن چن کر مارنا۔

**جُوں**۔ (ہ۔ حرف تشبیہ) جیسے۔ مانند۔ مثل۔ زبان۔

**جُوں توں**۔ (۱) جس طرح بھی ہو سکا، یا ہو سکے۔ کسی نہ کسی طرح۔ بہر صورت (۲) نہایت مشکل سے۔ بہ ہزار دقت۔

**جُوں توں کر کے** (۱) کسی نہ کسی طرح سے۔ (۲) بڑی مشکل سے۔

**جُوں جُوں**۔ (۱) جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک (۲) جیسے جیسے۔

**جُوں جُوں چڑیا موٹی، اتنی چونچ چھوٹی**۔ (ا۔ مثل) چھوٹے دل کا آدمی جتنا امیر ہوتا ہے اتنا ہی اور زیادہ بخیل بن جاتا ہے۔

**جوں جوں کملی بھیگے توں توں بھاری ہو**۔ (ا۔ مثل) زمانے کے نشیب و فراز انسان کو تجربہ کار بنا دیتے ہیں۔

**جُوں کا توں۔ جُوں کی توں**۔ ویسے کا ویسا ہی۔ وہ کا وہ ہی۔ جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔ سابقہ یا اصلی حالت پر۔ (۲) پورا۔ تمام۔ کامل۔

**جوں کا توں رکھنا**۔ جس حالت میں ہو اسی حالت میں رکھنا۔ احتیاط



Marfat.com

یا حفاظت سے سنبھال کر رکھنا۔

**جوؤں کے ڈر سے گدڑی نہیں پھینکی جاتی۔** (ا۔مثل) معمولی نقصان کے ڈر سے زیادہ نقصان نہیں برداشت کیا جا سکتا۔

**جُوں ہی۔** (جو۔ں ہی) جیسے ہی۔جس وقت۔اسی وقت۔فوراً۔معاً

**جُونا۔جُوتان۔** (جُو۔نا۔جو۔تاں) [ہ۔امث] (۱) دعوت۔ضیافت (۲) شادی بیاہ (۳) زمین جو بیج ڈالنے کے لیے تیار ہو۔

**جُونا۔** (جُو۔نا) [ہ۔ا۔مذ] گھاس یا بان کا مُٹھا جو برتن مانجھنے کے کام آتا ہے (۲) لکڑیوں یا گھاس کا گٹھا باندھنے کے کام آنے والی گھاس کی رسّی۔

**جونا۔** [ق۔مص] ڈھونڈنا۔

**جون پور کا قاضی۔** (جون۔پوُر۔کا۔قا۔ضی) [اُر۔ا۔مذ] بیوقوف یا احمق آدمی۔جون پور کا ایک قاضی جو احمق مشہور تھا۔

**جُونْ سا۔** (جُون۔سا) [ہ۔ض]۔جو۔جو کوئی۔جو شخص۔

**جونک۔** (جواوَ مجہول) [ہ۔ا۔مث] (۱) پانی کا وہ چار پانچ انچ لمبا کیڑا جسے فاسد خون نکالنے کے لیے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں (۲) کوئی ایسا شخص جو کسی کے لیے باعث تباہی بن جائے۔

**جونک پتھر میں لگنا۔** (ا۔محاورہ) کنجوس آدمی سے کام لینا۔

**جونک پانی میں رہے تو بھی لہو پیتی ہے۔** (ا۔مثل) بُرا آدمی کبھی بُرائی سے باز نہیں رہتا۔

**جونک ہوکے (لپٹنا) چمٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جونک کی طرح چمٹنا۔اس طرح چمٹنا کہ چھڑانا مشکل ہو جائے (۲) کسی کے پیچھے پڑ جانا۔

**جونکیں لگوانا۔** اپنے جسم سے جونکیں چپٹا کر فاسد خون خارج کر دینا۔

**جونی۔** (جو۔نی) [ہ۔ا۔مث] ترازو کے پلڑوں کی رسّی۔

**جُونیئر۔** (جُو۔نِ۔یَرْ) [انگ۔صف] (Junior)۔(۱) چھوٹا سا چھوٹی (۲) ادنیٰ (۳) عہدے یا مرتبہ میں دوسروں سے کم۔

**جوونا۔** [ق۔مص] روشن کرنا۔

**جَوہر۔** (جَو۔ہَر) [ع۔ا۔مذ] (۱) قیمتی پتھر (۲) خلاصہ۔لُب لباب۔عطر۔سَت (۳) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو (۴) [ف] تلوار یا فولاد کے نقوش جن سے ان کی خوبی یا عمدگی ظاہر ہوتی ہے۔ (۵) خاصیت۔خوبی۔گُن (۶) ہُنر۔کمال۔لیاقت۔استعداد (۷) بھید۔راز۔اصل حقیقت (۸) چالاکی۔چترائی (۹) آئینے کی آب و تاب (۱۰) نفیس لکڑی کی رگیں (۱۱) [س] خودکشی (۱۲) لڑتے لڑتے مارے جانا۔راجپوت جب دشمن سے مغلوب ہونے لگتے تھے تو بیوی بچوں کو ہلاک یا نذر آتش کر کے خود بھی ہلاک ہو جاتے تھے (۱۳) ایٹم Atom۔ تقسیم نہ ہونے والا ذرّہ۔

**جَوہر اُڑانا۔** (ا۔محاورہ) کسی چیز کی خوبی کی نقل کرنا (۲) آگ پر رکھ کر کسی دوا کا سَت نکالنا۔

**جَوہر دار۔** (ف۔صف) (۱) جس میں کوئی خاص خوبی ہو (۲) وہ تلوار جس میں ایک خاص قسم کے نقوش ہوں جو اصیل ہونے کا ثبوت دیں۔

**جوہر دکھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ہنر یا لیاقت یا فضیلت ظاہر کرنا (۲) شرافت کا مظاہرہ کرنا (۳) چالاکی یا عیاری سے کام لینا۔کسی کا اپنا عیب یا مخصوص بُرائی ظاہر کرنا۔

**جوہر فرد۔** (ع۔ا۔ف) (۱) مادے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا (۲) بے نظیر موتی۔وہ جوہر جس کا ثانی نہ ہو۔

**جوہر کرنا۔** (ا۔محاورہ) راجپوتوں کا جنگ میں اپنی بیوی بچوں کو ہلاک کر کے دشمن سے لڑتے ہوئے جان دے دینا۔

**جوہر کھلنا۔جوہر کھُل جانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) خوبیاں یا ہُنر یا قابلیت کا اظہار ہونا (۲) اصلیت یا بھلائی بُرائی معلوم ہو جانا (۳) (طنزاً) نالائقی ظاہر ہونا۔

**جوہر لطیف۔** (ع۔ا۔ف) (۱) پاکیزہ جوہر (۲) ایسا نفیس مادہ جو انسانی آنکھ کو نظر نہ آسکے (۳) عقل۔

**جوہر نکالنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) سَت نکالنا (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔

**جَوہری۔** (جو۔ہَ۔ری) [ف۔ا۔مذ] (۱) جواہرات کا سوداگر (۲) کسی چیز کی خوبی یا عیب کی پرکھ رکھنے والا (۳) [ف۔صف] جوہر سے متعلق۔ایٹمی۔ایٹم کا۔

**جوہری توانائی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھیے ایٹمی طاقت۔

**جَوہڑ۔** (جَو۔ہڑ) [ہ۔ا۔مذ] بارانی تالاب۔کچا تالاب۔جھیل۔

**جوہڑ میں مُنہ دھو آؤ۔** (ا۔مثل) یہ مُراد پوری نہ ہو گی۔

**جُوہی۔جُوئی۔** (جُو۔ہی) (جُو۔اِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چنبیلی جیسے خوشبو دار پھول جو اس سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔ (۳) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی کو نقصان پہنچاتا ہے۔

**جُوئندہ۔** (جو۔اِن۔دَہ) [ف۔صف] ڈھونڈنے والا۔تلاش کرنے والا، جو کسی کی کھوج میں ہو۔متلاشی۔کھوجی۔

**جوئندہ یابندہ۔** (مثل) جو ڈھونڈتا ہے وہ پالیتا ہے۔

**جُوئے۔جُو۔** (جُو۔اے۔جُو) [ف۔ا۔مث] ندی۔نہر۔

**جُوئبار۔** ایک ایسی بڑی نہر جس میں بہت سی نہریں آکر مل جاتی ہوں۔پہاڑ کا دامن نہروں کا خطّہ۔

**جوئے شیر۔** (ف۔ا۔مذ) وہ نہر جو فرہاد (کوہکن) نے اپنی محبوبہ شیریں کے لیے پہاڑ میں کھودی تھی۔اس کے ذریعے بکریوں کا دودھ شیریں کے محل کے ایک حوض میں پہنچتا تھا۔

**جوئے شیر لانا۔** مشکل یا ناممکن کام سرانجام دینا۔

**جوئی۔** [ق۔صف] نرالی۔جدا۔علیحدہ۔

**جویا۔جویاں۔** (جو۔یا۔جو۔یاں) [ف۔صف] ڈھونڈنے والا۔تلاش کرنے والا۔

**جَوِیْن۔** [ف۔صف] جَو کی۔جَو سے بنی ہوئی۔



Marfat.com

# ج - ہ

**جہات** - (جِ - ہات) [ع - ا - مذ - مث] جہت کی جمع - سمتیں - طرفین -

**جہاد** - (جِ - ہاد) [ع - ا - مذکر] (۱) کوشش - جدوجہد (۲) دین کی حمایت کے لیے ہتھیار اُٹھانا -

**جہادِ اصغر** - کافروں کے خلاف ہتھیار اُٹھانا -

**جہادِ اکبر** - نفس کو مارنا - ریاضت -

**جہاد بالسیف** - (ع - ا - مذ) حق کی حمایت میں ہتھیاروں سے جنگ کرنا -

**جہاد بالقلم** - (ع - ا - مذ) حق کی حمایت میں قلم اُٹھانا - باطل کے خلاف مضامین لکھنا -

**جہاز** - (جَ - ہاز) [ف - ا - مذ] (۱) بہت بڑی کشتی - اسباب تجارت لادنے اور انسانوں کے سوار ہو کر بحری سفر کرنے کی بہت بڑی ناؤ - (۲) [صفت] بہت بڑا - بہت وسیع - فراخ - کشادہ -

**جہاز رانی** - (ف - ا - مث) جہاز چلانے کا پیشہ -

**جہاز کا جہاز** - (ا - مذ) بہت بڑا - وسیع - فراخ - کشادہ -

**جہاز کا کوا** - (ا - مذ) وہ کوا جو جہاز کے ساتھ ساتھ اُڑتا رہتا ہے اور سمندر میں کہیں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جہاز کے گرد منڈلاتا رہتا ہے (۲) ایسا شخص جسے کہیں ایک جگہ کے سوا اور کہیں ٹھکانہ نہ ملے - (۳) ایک آلہ جو کوے جیسا بدنما ہوتا ہے -

**جہاز کا لنگر انداز کرنا (ہونا)** (مص - مرکب) جہاز کا رُکنا یا ٹھہرنا -

**جہازراں** - (جَ - ہاز - راں) [ف - ا - مذ] جہاز چلانے والا - ملّاح -

**جہازی** - (جَ - ہا - زی) [ف - ا - مذ] جو لوگ جہاز چلانے کے ذمہ دار ہوں یا وہ لوگ جو جہاز میں بیٹھے ہوں -

**جُہال** - (جُہ - ہال) [ع - ا - مذ] جاہل کی جمع - اَن پڑھ لوگ - اُجڈ - بے وقوف -

**جَہالت** - (جَ - ہا - لت) [ع - ا - مث] (۱) بے علمی - نادانی - ناواقفیت (۲) بے وقوفی - حماقت (۳) بے رحمی - سنگ دلی - کٹھور پن -

**جہاں** - (جَ - ہاں) [د - حرف شرط - اسم موصول] (۱) جس جگہ - جس مقام پر (۲) جس وقت - جس گھڑی -

**جہاں اور درخت نہیں وہاں ارنڈ ہی پردھان ہے** - (مثل) جہاں بڑے نہیں ہوتے وہاں چھوٹے ہی بڑے سمجھے جاتے ہیں -

**جہاں پھول وہاں کانٹا** - (مثل) جہاں آرام وہاں تکلیف بھی ہوتی ہے - جہاں فائدہ ہو وہاں نقصان بھی ہوتا ہے -

**جہاں ساس کا پسینا وہیں بہو کی کھاٹ** - (مثل) بے حیائی اور عیوب بے تعلقی کی مذمت میں کہتے ہیں -

**جہاں تک** - جب تک - جس حد تک - جتنا مقدور ہو -

**جہاں تک (بنے) ہو سکے** - جب تک یا جس حد تک ممکن ہو - اپنے مقدور بھر - جہاں تک یا جب تک اپنے حالات ساتھ دیں -

**جہاں تمہارا پسینہ گرے وہاں خون گرائیں** - (مثل) وفاداری اور جاں نثاری کا اظہار کرنے کے لیے کہتے ہیں -

**جہاں تہاں** - ہر جگہ - ہر کہیں - جگہ جگہ - اِدھر اُدھر -

**جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا** - (مثل) بدقسمت آدمی جہاں کہیں بھی چلا جائے پریشان اور محروم رہتا ہے -

**جہاں جہان وہاں پروہت** - (مثل) جو لوگ جن کے محکوم ہوتے ہیں وہ ہر جگہ ان کے ساتھ لگے رہتے ہیں - جہاں سردار وہاں خدمتگار -

**جہاں جہاں** - جابجا - جگہ جگہ - جس جس جگہ - جون جون سے مقام پر -

**جہاں چار برتن ہوتے ہیں کھٹکتے (کھنکتے) بھی ہیں** - (مثل) جہاں چند آدمی ہوتے ہیں وہاں تکرار ہو ہی جاتی ہے -

**جہاں دَل وہاں بادل** (مثل) (۱) جہاں بہت سے لوگ (دَل) ہوں وہاں بارش بھی ہوتی ہے (۲) جہاں لوگوں کی بھیڑ ہو وہاں گرد و غبار بہت ہوتا ہے -

**جہاں دولہا وہاں برات** - (مثل) بڑا آدمی یا مرکزی شخصیت رکھنے والا جس جگہ قیام کرے اس کے متعلقین بھی وہیں ڈیرا جماتے ہیں -

**جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات** (مثل) طمعی آدمی جہاں فائدہ دیکھتا ہے وہیں بیٹھا رہتا ہے -

**جہاں دیکھی روٹی وہاں منڈائی چوٹی** - (مثل) فائدہ ہونے دیکھ کر ذلت یا بے عزتی برداشت کر لینا -

**جہاں راجہ میٹھا بولنا وہیں گھیرے لوگ** - (مثل) خوش اخلاقی لوگوں کے رجوع ہونے کا باعث ہوتی ہے - بڑے لوگ اچھی طرح پیش آئیں تو لوگ ان کے ساتھ ہی رہتے ہیں -

**جہاں ستیاناس وہاں سوا ستیاناس** - (مثل) جہاں بربادی ہو ہی گئی ہے تو اس کا کیا رونا کہ تھوڑی ہوئی یا بہت ہوئی -

**جہاں سوئی نہ جائے وہاں موسل گھسیڑنا** - (مثل) جھوٹ بولنا جو وہم و گمان میں نہ آ سکے -

**جہاں سینگ سمائیں چلے جاؤ** - (مثل) جہاں پناہ ملے چلے جاؤ - دُور ہو جاؤ -

**جہاں کا پیوے پانی تہاں کی بولے بولی** - (مثل) احسان کرنے والے کی حمایت ضروری ہوتی ہے -

**جہاں کا مُردہ تہاں کی گور - جہاں کا مُردہ وہیں گڑتا ہے** (مثل) جہاں کا جھگڑا ہوتا ہے وہیں طے ہوتا ہے -

**جہاں کانسا وہاں بجلی کا سانسا** - (مثل) (۱) جہاں کسی چیز میں کانسی کی دھات لگی ہوگی جس پہ بجلی گر سکتی ہے وہاں بجلی گرنے کا اندیشہ یا سانسا ضرور رہے گا - (۲) جہاں مال ہو وہیں چور آتے ہیں -

**جہاں کہیں** - جس جگہ - جس مقام پر - جس مقام پہ -

**جہاں کی تہاں** - (۱) کہیں کی کہیں - بے جگہ (۲) اسی جگہ - وہیں اپنے خاص مقام پہ -



Marfat.com

جہاں گُڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی ۔ (مثل) (۱) جہاں کھانے کو ملے وہاں کھانے والے ضرور آئیں گے (۲) اپنی مرغوب چیز پر سبھی ٹوٹ کر گرتے ہیں ۔ (۳) کامل کے شاگرد بہت ۔
جہاں گُل (ہوگا) ہے وہاں خار بھی (ہوگا) ہے ۔ (مثل) راحت کے ساتھ تکلیف اور خوشی کے ساتھ رنج لگا ہوا ہے ۔
جہاں گنج وہاں رنج ۔ (مثل) مالدار لوگوں کو دولت کی وجہ سے تکلیف پہنچتی ہے ۔
جہاں مرغا نہیں ہوتا وہاں صُبح نہیں ہوتی جہاں مُلّا نہیں ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا ۔ (ا ۔ مثل) کسی کے نہ ہونے سے دنیا کے کام بند نہیں ہو جاتے ۔
جہاں نشیب (ہوتا ہے) ہوگا وہیں پانی (مرتا ہے) مرے گا ۔ (مثل) جہاں نقص ہوتا ہے وہیں اعتراض کرتا ہے ۔
جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہونگے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائے گا ۔ (مثل) امیروں اور مالداروں میں غریبوں کی کیا پرسش ۔
جہاں ۔ جہان ۔ (جَ ۔ ہاں ۔ جَ ۔ ہان) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) دنیا ۔ عالم ۔ سنسار ۔ تمام ملک ۔
جہاں آرا ۔ (ف ۔ صف) (۱) دنیا کو آراستہ کرنے والا (۲) مغل شہنشاہ شاہ جہاں کی بڑی بیٹی کا نام ۔
جہاں آفریں ۔ جہان کو پیدا کرنے والا ۔ خدائے تعالیٰ ۔
جہان آنکھوں میں اندھیر ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ سجھائی نہ دینا ۔ سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا ۔
جہانباں ۔ (ف ۔ صف) (۱) دنیا کی حفاظت کرنے والا (۲) دنیا کا بڑا یا زبردست حکمران ۔
جہاں بانی ۔ (ف ۔ مث) (۱) بادشاہت (۲) نگہداشت ۔
جہاں بیں ۔ (ف ۔ صف) دنیا دیکھے ہوئے ۔ تجربہ کار ۔
جہاں پناہ ۔ (ف ۔ صف) جس کی پناہ میں دنیا ہو ۔ بادشاہ ۔ حاکمِ وقت
جہاں تاب ۔ (ف ۔ صف) دنیا کو روشن کرنے والا (مجازاً) سورج
جہان تنگ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبتوں کا ہجوم ہونا ۔ دنیا میں رہنا مشکل ہونا ۔
جہاں دار ۔ (ف ۔ صف) بادشاہ ۔ حاکمِ وقت ۔
جہاں داری ۔ (ف ۔ مث) بادشاہت ۔ حکومت ۔ انتظامِ سلطنت ۔
جہاں دیدہ ۔ (ف ۔ صف) جہاں دیکھا ہوا ۔ تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔
جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ ۔ [ف ۔ مثل] تجربہ کار آدمی دوسروں کو بے وقوف بنانے کے لیے بہت جھوٹ بولا کرتے ہیں ۔
جہاں سوز ۔ (ف ۔ صف) دنیا کو جلانے والا ۔
جہاں سے اُٹھ جانا ۔ جہاں سے گزر جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) مر جانا ۔
جہاں سے ہاتھ اُٹھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) گوشہ نشینی اختیار کر لینا ۔ تارک الدنیا ہو جانا ۔

جہاں سیاہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج و غم کی شدت ہونا ۔ مصیبتوں کی زیادتی سے دنیا سے بیزاری ۔
جہاں کا چکر ۔ (ا ۔ محاورہ) دنیا بھر میں پھرنا ۔
جہاں گرد (گشت ۔ نورد) (ف ۔ صف) دنیا بھر میں پھرنے والا ۔ ملک ملک گھومنے والا ۔ سیّاح ۔
جہاں گیر ۔ (ف ۔ صف) (۱) دنیا کو فتح کرنے والا (۲) ہند کے مغل بادشاہ اکبر کے بیٹے شہنشاہ نورالدین کا لقب ۔
جہاں گیری ۔ (ف ۔ مث) (۱) ہاتھوں میں پہننے کا ایک جڑاؤ زیور (۲) لاکھ یا کانچ کی چوڑی جو نور جہاں کی ایجاد بتائی جاتی ہے (۳) حکومت ۔ سلطنت ۔
جہاں نما ۔ (ف ۔ صف) (۱) دُنیا کو دکھانے والا ۔ آئینہ ۔ اونچا مینار ۔ اونچا شاہی خیمہ ۔
جہاں پیما ۔ جہاں گشت ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) ساری دنیا کی سیر کرنے والا (۲) ایک ولی کا لقب ۔
جہت ۔ (جِ ۔ ہَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) سمت ۔ طرف ۔ جانب ۔ (۲) وجہ ۔ سبب ۔ باعث ۔ جمع : ۔ جہات ۔
جَہد ۔ جُہد ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کوشش ۔ سعی ۔ دوڑ دھوپ ۔ بضم اوّل نیز بفتح اوّل ۔
جہد للبقا ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) زندگی کی کشمکش ۔ زندہ رہنے کے لیے کوشش ۔
جہر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اُونچی آواز سے پڑھنا ۔
جَہل ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) (۱) جہالت ۔ بے علمی ۔ بے وقوفی ۔ (۲) جاہلانہ ہٹ یا ضد (۳) تکرار ۔
جَہل مرکب ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دوہری جہالت ۔ جاہل ہونا مگر خود کو عالم فاضل سمجھنا ۔
جُہلا ۔ (جُ ۔ ہَ ۔ لا) [ع ۔ ا ۔ مذ] جاہل کی جمع ۔
جہندہ ۔ (ف) کودنے والا ۔ پھاندنے والا ۔
جَہنّم ۔ (جَ ۔ ہَن ۔ نَم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گہرا کنواں (۲) دوزخ (اُردو میں معنی نمبر ۲ میں مستعمل ہے) ۔
جہنّم کا نمونہ ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دوزخ کی مثال (۲) مصیبت کی جگہ ۔
جہنّم میں (پڑے) جائے ۔ (۱) کوسنا (۲) بیزاری کے موقعے پر یہ بددُعا دیتے ہیں ۔
جہنّم میں ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) عذاب میں مبتلا کرنا ۔
جہنّم واصل کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دشمن کو قتل کر دینا ۔
جَہنّمی ۔ (جَ ۔ ہَن ۔ نَ ۔ می) [ع ۔ صف] دوزخ میں جلنے والا ۔ دوزخی ۔
جَہول ۔ (جَ ۔ ہُول) [ع ۔ ا ۔ صف] سخت جاہل ۔ نادان ۔ جمع ۔ جُہلا ۔
جَہیر ۔ (ع ۔ صف) بلند آواز (۲) آواز کو بلند کرنے والا (۳) خوبصورت آدمی ۔
جہیز ۔ (جَ ۔ ہیز) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اسباب ۔ سامان (۲) وہ سامان جو بیٹی



Marfat.com

کی شادی میں ماں باپ کی طرف سے دیا جائے۔
**جہیز میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) لڑکی کو شادی پر ماں باپ کی طرف سے سامان و اسباب ملنا۔

# جھ

**جھاب۔ جھابا۔** (جھا۔ با) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) تیل یا گھی رکھنے کا چمڑے کا برتن (۲) تیل یا گھی ناپنے کا چرمی برتن۔ کپی (۳) چمڑے کا گول خوان جس میں آٹا چھانتے یا رکھتے ہیں (۴) تنگ منہ کا دودھ کا برتن۔ بل ٹوٹی (۵) جھاڑ فانوس (۶) روٹیاں رکھنے کا خوانچہ۔
**جھابر۔ جھابڑ۔** (جھا۔ بر) (جھا۔ بڑ) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) دلدلی زمین۔ (۲) جوہڑ (۳) بڑے چہرے والا شیر۔ (۴) قوی الجثہ۔
**جھابڑ جھلا۔** (ا۔ صف۔ مذ) (۱) ڈھیلا ڈھیلا بھونڈا۔ (۲) بدہیئت آدمی۔
**جھاپا۔** (جھا۔ پا) [ھ۔ مث] تنگ منہ کی ٹوکری۔
**جھاپڑ۔** (جھا۔ پڑ) [اُر۔ ا۔ مذکر] تھپڑ۔ طمانچہ۔
**جھاجھا۔** (جھا۔ جھا) [ھ۔ ا۔ مذ] گانجا جو بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔
**جھاجھر۔** (جھا۔ جھر) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) جھانجھ۔ مجیرا (۲) پاؤں کا ایک زیور جو چھن چھن بولتا ہے۔ جھانجن۔
**جھارا۔** (جھا۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) پتلی چھنی ہوئی بھنگ (۲) گیہوں پھٹکنے کا چھاج (۳) ہلکی ہلکی بارش۔ پھوار۔
**جھارنا۔** (جھار۔ نا) [ھ۔ مص] چھاننا۔ پھٹکنا۔
**جھاری۔** (جھا۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] لمبی گردن کی صراحی جو ٹونٹی دار بھی ہوتی ہے۔
**جھاڑ۔** [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) جھاڑی (۲) جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت (۳) فانوس (۴) ایک قسم کی آتش بازی (۵) پیچ شاخہ۔ مشعل۔ باتوں کا سلسلہ۔ مینہ کی جھڑی (۶) درخت [ق] (۷) سب کل۔
**جھاڑ باقی۔** (ا۔ مث) حساب صاف کر دینا۔ پوری ادائیگی۔ بالکل بے باق۔
**جھاڑ باندرا۔** (ا۔ مذ۔ ق) بچوں کا ایک کھیل جو وہ درختوں پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔ (ق)
**جھاڑ باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لگاتار بولے جانا۔ مسلسل کہے جانا (۲) لگاتار مینہ برسنا۔
**جھاڑ بسانا۔** (ا۔ محاورہ) لڑائی یا جھگڑا مول لینا۔
**جھاڑ بوٹے۔** (ا۔ مذ) بیل بوٹے۔
**جھاڑ پچھوڑ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بڑی توجہ اور سرگرمی سے تلاش کرنا (۲) جانچ تول کرنا۔ آزمانا
**جھاڑ پونچھ۔** (ا۔ مث) صفائی۔ جھاڑنا۔ پونچھنا۔
**جھاڑ پونچھ برابر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) سب کھا اُڑا دینا۔ سب خرچ کر ڈالنا۔

**جھاڑ پہاڑ۔** (ا۔ مذ) بات کا بتنگڑ۔ غیر ضروری بات۔ فضول بات۔
**جھاڑ پھونک۔** (ا۔ مث) (۱) پڑھ کر پھونکنے یا دم کرنے یا جادو ٹونا کرنے کا عمل (۲) شعبدہ بازی (۳) مکاری۔ عیاری۔
**جھاڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔
**جھاڑ جھٹک۔** اچھی طرح جھاڑنا۔ پوری طرح صفائی کرنا۔
**جھاڑ جھنکاڑ۔** (ا۔ مذ) (۱) جنگل کے خاردار درخت اور جھاڑیاں۔ گھاس پھوس کوڑا کرکٹ (۲) شکستہ خط۔
**جھاڑ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) منتر پڑھ کر پھونکنا۔ (۲) صفائی کرنا۔ جھاڑو جھاڑو کرنا (۳) مار دینا (۴) ناراض ہونا۔ بولنے سے روک دینا۔ غصہ نکالنا۔
**جھاڑ ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غصہ اتارنا (۲) فہمائش کرنا۔ پھٹکارنا (۳) وصول کر لینا۔ سارا برتن خالی کر دینا۔
**جھاڑ سا۔** جھاڑ جیسا۔ جھاڑ جھنکاڑ کی مانند۔ پھیلے ہوئے کانٹے دار درختوں اور جھاڑیوں وغیرہ کی طرح۔
**جھاڑ کا ازار بند۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا ازار بند جس میں بڑے بڑے پھندنے ہوتے ہیں۔
**جھاڑ کا کانٹا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جھاڑی کا کانٹا (۲) لڑاکا انسان (۳) جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔
**جھاڑ کھنڈ۔** (ا۔ مذ) جھاڑ دار جنگل۔ ایسا جنگل جو گھنے خاردار درختوں اور جھاڑیوں سے پٹا پڑا ہو۔ (۲) بن۔
**جھاڑ کے پر نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) کثرت سے پر نکالنا۔
**جھاڑ لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نفع کما لینا (۲) صفائی کر لینا (۳) برتن میں سے چیز کی پوری مقدار نکال لینا۔
**جھاڑ ہو کر لپٹنا۔** (ا۔ محاورہ) جھاڑ ہو جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ چمٹ جانا۔
**جھاڑا۔** (جھا۔ ڑا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) کانٹے دار درخت۔ کوڑا کرکٹ۔ (۲) پاخانہ (۳) جامہ تلاشی۔ تفتیش (۴) منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل۔
**جھاڑا (پھرنا) جانا۔** (ا۔ محاورہ) پاخانہ پھرنا۔ ٹٹی کرنا۔
**جھاڑا لینا۔** (ا۔ محاورہ) تلاشی لینا۔
**جھاڑن۔** (جھا۔ ڑن) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) گرد و غبار جھاڑنے کا کپڑا (۲) جھاڑنے کا عمل (۳) چھلنی (۴) [مذکر] کوڑا کرکٹ۔
**جھاڑن پونچھن۔** (۱) وہ چیز جو صفائی کرنے سے نکلے (مجازاً) (۲) آخری بچہ۔
**جھاڑنا۔** (جھاڑ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) صاف کرنا۔ جھاڑ دینا۔ پونچھنا۔ (۲) جھٹکنا۔ پھٹکنا (۳) پیڑ پر سے پتے پھول یا پھل گرانا یا توڑنا (۴) مارنا۔ لگانا (۵) (بندوق) چھوڑنا۔ فیر کرنا (۶) کنگھی کرنا۔ بال صاف کرنا (۷) دم کرنا۔ پھونکنا (۸) چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹) پرندے کا پر گرانا۔ (۱۰) پھٹکارنا۔ سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ لتاڑنا۔ ذلیل کرنا۔
**جھاڑنا جھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جھاڑ دینا۔ صفائی کرنا (۲) جو کچھ کسی کے پاس ہو اس سے لے لینا۔



Marfat.com

**جھاڑُو** - (جھا۔ ڑُو) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) تنکوں یا تیلیوں کو ایک طرف سے باندھ کر بنایا ہوا آلہ جس سے کوڑا کرکٹ وغیرہ صاف کرتے ہیں۔ جاروب۔ دُم دار ستارہ۔

**جھاڑُو پھرنا (پھر جانا)** - (ا۔ محاورہ) بربادی۔ صفایا ہو جانا۔

**جھاڑُو (پھیر دینا) پھیرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) صفایا کرنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ سب چرا لینا یا اُڑا دینا (۲) برباد کرنا۔ لُوٹ لینا۔

**جھاڑُو تارا** - (ا۔ مذ) دُم دار ستارہ۔ دنبالہ دار ستارہ۔

**جھاڑُو دینا** - (ا۔ محاورہ) (۱) صفائی کرنا (۲) صفایا کرنا (۳) سب چٹ کر جانا (۴) اپنی نحوست سے تباہ کر دینا۔

**جھاڑُو مارنا** - (ا۔ محاورہ) نفرت کا اظہار۔ انتہائی تنفر۔

**جھاڑُو ہو کر لپٹنا** - (ا۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ ایسا لپٹنا کہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔

**جھاڑی** - (جھا۔ ڑِی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) چھوٹے کانٹے دار درخت (۲) وہ جگہ جہاں چھوٹے قد کے کانٹے دار درخت ہوں۔ جنگل۔ بن (۳) جھڑبیری۔

**جھاڑی بُوٹی کا بیر** - (ا۔ مذ) چھوٹے چھوٹے سُرخ جنگلی بیر۔

**جھاسنا** - (جھاس۔ نا) [ق۔ مص] خواہش کرنا۔

**جھاگ** - (ہ۔ا۔ مذ) وہ سفید سفید بُلبُلے جو پانی کے زور یا اُبال آنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور بہت زیادہ غُصّے اور جوش کی حالت میں آدمی کے منہ سے بھی نکلا کرتے ہیں۔ کف۔ پھین۔

**جھاگ لانا** - (ا۔ محاورہ) غُصّے یا جوش کی حالت میں مُنہ سے تھوک اُڑنا۔

**جھال** - (ہ۔ا۔ مث) مرچ وغیرہ کی تیزی۔ جلن (۲) مچل (۳) موج۔ ترنگ۔ ہلکورا۔ طلاطم۔ (۴) بڑی اور چوڑی ٹوکری۔ جھل (۵) مینہ یا اولوں کی یکبارگی ہلکی سی بوچھاڑ (۶) [مذ] دھات کا جوڑ، ٹانکا (۷) حسد۔ غصّہ (۸) [صف] تیز۔ کڑوا۔

**جھال آنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) رَو آنا۔ طوفان آنا (۲) دفعتہً مینہ پڑنا یا اولے گرنا۔

**جھالا** - (جھا۔ لا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) ایسا مینہ جو ایک جگہ برسے مگر اس کے قریب کے دوسرے مقامات پر نہ برسے۔ مقامی بارش۔ (۲) عورتوں کا کانوں کا ایک زیور۔

**جھالر** - (جھا۔ لَر) [ہ۔ا۔ مث] حاشیہ۔ کنارا۔ پلہ۔

**جھالر دار** - (ا۔ ف۔ صف) وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو۔

**جھالرا** - (جھال۔ را) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) پکا کنواں (۲) پانی کا بڑا کنڈ (۳) جھرنا۔ چشمہ۔ گول پکی باؤلی۔

**جھالنا** - (جھال۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جھال لگانا۔ ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا (۲) پانی یا شراب کو برف میں لگا کر ٹھنڈا کرنا (۳) جھیلنا (ق)

**جھام** - (ہ۔ا۔ مذکر) پھاوڑے کی شکل کا ایک آلہ جس سے کنویں میں سے مٹی نکالتے ہیں۔

**جھامَر** - [ہ۔ا۔ مذ] (۱) سوئیاں اور تکلے وغیرہ تیز کرنے کا پتھر [مؤنث] (۲) دَل دَل (۳) سراب۔

**جھانپ** - [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بانس کا ٹوکرا یا خوان پوش (۲) ڈیوڑھی کے آگے کا سائبان (۳) بانس کے چوکھٹے کا پردہ (۴) بانس کا ٹھاٹر جس پر ٹاٹ لگا دیا گیا ہو (۵) بانس کی کھپچیوں کا ڈربا (۶) نگھی کا ٹپ (۷) لکڑی کا پتلا چوڑا تختہ جس کا چھت پر پٹاؤ کیا جاتا ہے (۸) چھپا ہوا۔ پوشیدہ (ق) (۹) چھلانگ (ق)

**جھانپل** - (ا۔ مث) ایک سیاہ رنگ کا چالاک پرندہ کال کلیچی۔

**جھانپنا** - (جھانپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پردہ ڈالنا۔ چھپانا (۲) بند کرنا۔ دروازہ لگانا (۳) غلاف چڑھانا۔

**جھانپُو** - (جھان۔ پُو) [ہ۔ا۔ مث] (۱) ایک چڑیا جو اپنی دُم اُٹھاتی اور گراتی رہتی ہے (۲) چھنال۔ فاحشہ۔

**جھانٹ** - [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) انسانی جسم کے وہ بال جو زیرِ ناف ہوتے ہیں (۲) ادنٰے یا بے حقیقت چیز (۳) ادنٰی آدمی۔

**جھانٹ اپاڑے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا** - (مثل) تھوڑی سی مدد سے کام نہیں بنا کرتا۔ امداد ہو تو بھرپور ہونی چاہیے۔

**جھانٹ برابر** - (ا۔ صف) (۱) بہت ذرا۔ بہت چھوٹا (۲) بے حقیقت۔ بے وقعت، جس کی کوئی حیثیت نہ ہو۔ ادنٰی۔

**جھانٹ برابر نہ سمجھنا** - (ا۔ محاورہ) کچھ بھی وقعت نہ ہونا۔

**جھانٹ بھی نہ اکھاڑ سکنا** - (ا۔ محاورہ) ذرا سا بھی نقصان نہ پہنچا سکنا۔ کسی قابل نہ ہونا۔

**جھانٹ کی جھٹلی** - (ا۔ صف) نہایت ادنٰی۔ بالکل ذرا سا۔ بہت چھوٹا سا۔ بے حقیقت۔

**جھانٹیں اُکھاڑنا** - (ا۔ محاورہ) طنزاً کچھ نہ کر سکنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ پشم کندہ کرنا۔

**جھانٹیں مُونڈنا** - (۱) اُسترے سے زیرِ ناف کے بال صاف کرنا (۲) کوئی کام اتنا تھوڑا کرنا کہ کیا نہ کیا برابر ہو۔

**جھانج۔ جھانجھ** - [ہ۔ا۔ مث] (۱) غصّہ۔ طیش (۲) تیزی۔ تندی (۳) بے صبری۔ بے تابی (۴) خواہش۔ شہوت (۵) پاؤں کا ایک زیور (۶) وہ طشتریاں یا تھالیاں جن کے نیچے ڈورا باندھا جاتا ہے اور ڈھول کے ساتھ ساتھ بجائی جاتی ہیں۔

**جھانجھ لانا** - (ا۔ محاورہ) لڑنا۔ غصّہ دکھانا۔ تکرار کرنا۔

**جھانجن۔ جھانجھن** - (جھاں۔ جن۔ جھاں۔ جھن) [ہ۔ا۔ مث] عورتوں کا پاؤں کا ایک زیور جو کھوکھلا ہوتا ہے اور اندر پڑے ہوئے کنکرو یا دانوں کی وجہ سے جھن جھن بولتا ہے۔

**جھانسا** - (جھاں۔ سا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) دھوکہ۔ فریب۔ چھل۔ (۲) آس۔

**جھانسا بتانا یا دینا** - (ا۔ محاورہ) دھوکہ دینا۔ فریب کرنا۔ چال کھیلنا

**جھانسے میں آنا** - (ا۔ محاورہ) دھوکہ کیا جانا۔ فریب میں آجانا۔

**جھانسے باز** - (ا۔ مذ) دھوکے باز۔ فریبی۔ دغا باز۔



Marfat.com

**جھانسیا** ۔ (جھاں ۔ سِ ۔ یا) [اُر ۔ صفت] جھانسا دینے والا فریبی ۔ دھوکے باز ۔

**جھانک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چوری چوری دیکھنا ۔ دُزدیدہ نظر ۔

**جھانکا جھانکی ۔ جھانکا جھونکی** ۔ (جھاں ہ کا ۔ جھاں ۔ کی) (جھاں ۔ کا ۔ جھوں ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دروازے ، کھڑکی یا روزن میں سے دیکھ کر جلدی سے ہٹ جانا ۔ تاک جھانک ۔

**جھانکڑ** ۔ (جھاں ۔ کڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کانٹے دار درخت یا جھاڑی (۲) درخت کا سُوکھا ہوا تنا (۳) دُبلا ۔ کم زور ۔

**جھانکنا** ۔ (جھانک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چھُپ کر دیکھنا (۲) دروازے یا کھڑکی سے مُنہ باہر نکال کر دیکھنا ۔ (۳) لمحہ بھر کے لیے آنا ۔

**جھانکی** ۔ (جھاں ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) نظارہ ۔ سین ۔ دید (۲) جھلک ۔ لمحہ بھر کے لیے دیکھنا یا دکھانا (۳) سوانگ ۔ تماشا ۔ نمائش ۔ کوئی چیز پردے کے اندر سے جھلکانا (۴) چھید ۔ روزن ۔ رخنہ ۔ سوراخ ۔

**جھانوال** ۔ (جھاں ۔ وال) [ہ ۔ ا ۔ مث] کھُردری اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا جس سے ہاتھ پاؤں کو رگڑ کر مَیل اُتارتے ہیں ۔

**جھانولی** ۔ (جھاں ۔ وَ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) آنکھ ذرا ذرا بند کر کے دیکھنا ۔ ترچھی نظر ۔ آنکھ مارنا (۲) آنکھوں آنکھوں میں بات کرنا ۔ غمزہ ۔ عشوہ ۔ کرشمہ (۳) ناز و ادا (۴) جھانسہ ۔ فریب (۵) گرم ہوا ۔ لُو ۔

**جھانولی باز** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) غمزے کرنے والا (۲) چھل کرنے والا ۔ چھلیا ۔

**جھانولی دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) معشوق کی نظر سے دیکھنا (۲) ناز بھری نگاہ ڈالنا ۔

**جھاؤ** ۔ (جھا ۔ اُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا پودا جو دریاؤں کے کنارے پر اُگتا ہے اور جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں (پ) پلچھی ۔

**جھائیاں** ۔ (جھا ۔ اِ ۔ یاں) [ہ ۔ ا ۔ مث] دھبے ۔ داغ چھیپ کے نشان ۔

**جھائیاں پڑ جانا (پڑنا)** ۔ ہلکے ہلکے سیاہ دھبے پڑ جانا ۔

**جھائیں** ۔ (جھا ۔ اِیں) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) سایہ ۔ پرچھائیں (۲) وہ عکس جو شیشے کو سورج کے سامنے کرنے سے پڑتا ہے (۳) ٹیالا رنگ (۴) آئینے کا داغ جو کسی جگہ سے قلعی اُتر جانے سے پیدا ہوتا ہے (۵) چہرے کا داغ (۶) چاند کے دھبے (۷) سیاہی کے دھبے ۔

**جھائیں جھپا** ۔ (۱) جلدی سے جھلک دکھا کر چھُپ جانا (۲) دھوکا ۔ فریب ۔

**جھائیں مائیں** ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ چک پھیرتے جاتے ہیں اور کوّوں کی طرح کائیں کائیں کرتے جاتے ہیں ۔

**جھائیں جھائیں** ۔ (جھا ۔ اِیں ۔ جھا ۔ اِیں) [اُر ۔ ا ۔ مث] تکرار ۔ جھک جھک ۔ بے معنی شور و غوغا (جھیں جھیں بھی بولتے ہیں)

**جھبا** ۔ (جھَب ۔ با) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پھُندنا (۲) گچھا (۳) آویزہ (۴) بڑے بڑے کان (۵) جُبہ دق ۔

**جھَبرا** ۔ (جھَب ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑے بڑے بالوں والا (حیوان) لمبے لمبے بالوں والا ۔

**جھَپ** ۔ [ہ] (۱) فوراً ۔ جلد سے جلد (۲) اُچھلنا ۔ کُودنا ۔ جھپٹنا (۳) جھٹکا کھانا (۴) کُود ۔ چھلانگ [صفت] جلد باز ۔

**جھَپ جالیا** ۔ (ا ۔ مذ) جال ڈال کر مچھلی پکڑنے والا (۲) (مزاحاً) فریبی جعل ساز ۔

**جھپ جھپ ۔ جھپا جھپ** ۔ (ا ۔ مذ) جلدی جلدی ۔ بڑی تیزی سے ۔

**جھپ سے** ۔ (ا ۔ مذ) فوراً ۔ چُٹکی بجانے میں ۔

**جھپ کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پتنگ کا جلد بیندی کے بل گر پڑنا ۔ کنکوے کا اُلٹ کر گرنا ۔

**جھپاٹا** ۔ (جھَ ۔ پا ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] جلدی سے کوئی کام کر گزرنا ۔

**جھپاک** ۔ (جھَ ۔ پاک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) جلدی ۔ پھُرتی (۲) چالاکی ۔ (۳) جلد ۔ فوراً ۔

**جھپاک جھپاک** ۔ جلدی جلدی ۔ لپک کر ۔

**جھپاک سے** ۔ (۱) تُرت ۔ تُرت پھُرت ۔ جلدی سے ۔ جھٹ پٹ ۔ فوراً ۔

**جھپاکا** ۔ (جھَ ۔ پا ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] جلدی جلدی ہاتھ چلانا یا آنا جانا ۔

**جھپاکا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی کام بہت جلد کرنا ۔

**جھپّان** ۔ (جھَپ ۔ پان) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کی عماری یا پالکی جس کا پہاڑی علاقوں میں رواج ہے (۲) مریض کی کمزوری ۔

**جھَپّانا** ۔ (جھَپ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] پتنگ کا اُلٹ جانا ۔

**جھُپانا** ۔ (جھُ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] آنکھ جھپانا ۔ اُونگھ لینا ۔ سونا (۲) شرمندہ کرنا ۔

**جھَپّانی** ۔ (جھَپ ۔ پا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جھپان اُٹھانے والا ۔ کہار ۔

**جھپٹ** ۔ (جھَ ۔ پٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] جلدی کا حملہ ۔ دوڑ ۔ زقند ۔ چھلانگ ۔

**جھپٹ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تیز جانا ۔ جلدی جانا ۔ دوڑ کر جانا ۔

**جھپٹ کر آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حملہ کرنا ۔

**جھپٹ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زبردستی لے لینا ۔ ہاتھ سے چھین لینا ۔ (۲) کوئی چیز ہتھیانے میں غیر معمولی پھُرتی سے کام لینا ۔

**جھپٹ میں آجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھاگتے ہوئے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر گرنا ۔

**جھپٹّا** ۔ (جھَ ۔ پٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کسی پرند یا حیوان کا اچانک کسی چیز پر آ گرنا اور اسے چھین کر لے جانا ۔ چنگل یا پنجہ مارنا ۔

**جھپٹّا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی چیز اچانک حملہ کر کے چھین لینا ۔ چنگل مارنا ۔ پنجہ مارنا ۔

**جھپٹانا** ۔ (جھَپ ۔ ٹا ۔ نا) [ہ ۔ مص] جلدی سے روانہ کرنا یا دوڑانا ۔ جلدی بھیجنا ۔

**جھپٹنا** ۔ (جھَ ۔ پٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) حملہ کرنا (۲) دوڑنا ۔ جلد جانا (۳) چھیننا ۔ (۴) درمیان ہی سے لے لینا (۵) ہاتھ مارنا ۔

**جھَپک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) حیا ۔ شرم (۲) پلکوں کا کھُلنا اور بند ہونا ۔



Marfat.com

**جھپک آنا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھ لگ جانا۔ شرم آنا۔
**جھپک جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نیند کی وجہ سے آنکھیں بند ہو جانا (۲) شرما جانا۔
**جھپک دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) صورت دکھانا۔
**جھپکا۔** (جھپ۔کا) [ق۔ا۔مذ] ہوا کا جھونکا۔
**جُھپکنا۔** (جھ۔پک۔نا) [ہ۔مص] آنکھیں بند ہونا۔ (۲) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ (۳) ڈرنا (۴) جھینپنا (۵) آنکھ مارنا (۶) لہرانا۔ جھلانا۔
**جھپکی۔** (جھپ۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) اُونگھ۔ غنودگی۔ نیند (۲) ذراسی دیر کے لیے آنا۔ (۲) جھپٹنا۔
**جھپکی لینا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لیے سو رہنا۔
**جھپلیٹ۔** (جھ۔پلیٹ) [اُر۔ا۔مث] (۲) جن پری کا سایہ۔ بھوت پریت کا اثر۔ آسیب (۲) دھکا۔ صدمہ (۳) دوڑ۔ تاخت۔
**جھپیٹ کھانا۔** (ا۔ محاورہ) دھکا لگنا۔ چوٹ کھانا۔
**جھپیٹ میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی دوڑتے ہوئے انسان یا حیوان کی زد میں آنا (۲) دھکا لگنا۔ (۳) بھوت پریت یا جن پری کا سایہ ہونا۔ جادو کیا جانا (۴) کسی کے قابو میں آنا۔ زیرِ اثر ہونا۔
**جھپیٹا۔** (جھ۔پے۔ٹا) [اُر۔ا۔مذ] آسیب کا سایہ۔ جن پری کا اثر۔ جادو کے اثر میں ہونا۔
**جھپیٹے میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زد میں آنا (۲) بھوت پریت یا جن پری کا سایہ ہونا۔
**جھپیٹے میں لانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) قابو میں لانا (۲) زد میں لانا۔
**جھَٹ۔** (ہ۔صف) (۱) جلدی سے۔ فوراً۔ دفعتاً (۲) عادت۔ لت (ق) (۳) جھگڑا (ق)
**جھٹ پٹ۔** (ف۔صف) بہت جلد۔ فوراً۔ بلا توقف۔
**جھٹ پٹ کی گھانی آدھا تیل آدھا پانی۔** (مثل) غیر ضروری جلدی کرنے سے چیز یا کام بگڑ جاتا ہے۔
**جھٹ سے۔** (فوراً) پھرتی سے۔ جلدی سے۔
**جُھٹال دینا۔** (جھُ۔ٹال۔دے۔نا) [ہ۔محاورہ] (۱) جھوٹا کر دینا (۲) خوراک جھوٹی کر دینا (۳) تھوڑا سا کھا لینا۔
**جُھٹال لینا۔** (جھُ۔ٹال۔لے۔نا) [ہ۔محاورہ] چکھ کر جوٹھی کر دینا۔
**جُھٹالنا۔** (جھُ۔ٹال۔نا) [ہ۔مص] (۱) جُھٹلانا۔ جھوٹا کرنا۔ بات جھوٹی کرنا۔ بیان غلط ثابت کرنا۔ (۲) چکھ کے چھوڑ دینا (۳) جھوٹا کر دینا۔
**جُھٹانا۔** [جھُ۔ٹا۔نا] [ق۔مص] جُھٹلانا۔
**جھُٹ پُٹا۔** (جھُٹ۔پ۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] صبح یا شام کی سیاہی۔ دونوں وقت ملنا۔ غروبِ آفتاب۔
**جھُٹ پُٹا وقت۔ جھُٹ پٹے کا وقت۔** (ا۔مذ) صبح یا شام کا وقت جب کسی قدر اندھیرا ہو۔
**جھٹک۔** (جھ۔ٹک) [ہ۔ا۔مث] ہچکولا۔ جنبش۔ صدمہ۔
**جھٹک جانا۔** (ا۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔
**جھٹک دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گرد جھاڑ دینا (۲) جھٹکے سے پرے ہٹا دینا۔
**جھٹک لینا۔** (ا۔ محاورہ) چھین لینا۔ اُچک لینا۔
**جھٹکا۔** (جھٹ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھکا۔ صدمہ (۲) ٹکر (۳) مصیبت۔ آفت۔ (۴) تلوار مار کر جانور کی گردن کاٹنا جو مسلمانوں کے نزدیک حرام ہے (۵) نقصان۔ خسارہ۔
**جھٹکا اُٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) صدمہ اُٹھانا۔ مصیبت اُٹھانا (۲) خسارہ برداشت کرنا۔
**جھٹکا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) دھکا لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔
**جھٹکا دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کو زور سے ہلانا یا جھٹکنا۔ (۲) صدمہ پہنچانا۔
**جھٹکا کرنا۔** (۱) جانور کی گردن پر تلوار کا ہاتھ مار کر ذبح کرنا (۲) [ق] چوری کرنا۔
**جھٹکا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا (۲) جھٹکے کا گوشت کھانا۔
**جھٹکے پانا۔** (ا۔ محاورہ) صدمے اُٹھانا۔ اذیتیں ہونا۔
**جھٹکے کا مال۔** (ا۔ محاورہ) چوری کا مال۔ ڈاکے کا مال۔
**جھٹکنا۔** (جھٹ۔ک۔نا) [ہ۔مص] (۱) جھاڑنا (۲) زور سے ہلانا یا جنبش دینا۔ دھکا دینا (۳) صدمہ پہنچانا (۴) دُبلا یا لاغر ہونا (۵) چھیننا۔ بالا بالا ہتھیانا۔
**جُھٹل۔** (جھُٹ۔ٹل) [اُر۔ا۔مذ] جھوٹ موٹ کا۔ دکھاوے کا۔
**جُھٹلانا۔** (جھُٹ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) جھوٹ ثابت کرنا (۲) جُھٹالنا۔
**جُھٹنا۔** (جھُٹ۔نا) [ق۔مص] (۱) دُبلا ہونا (۲) کم ہونا (۳) مناظرہ کرنا۔ بحث کرنا۔
**جُھٹنت۔** [ق۔ا۔مذ] چمٹ جانا۔ جُھٹنا۔
**جُھٹیا۔** (جھُٹ۔یا) [ہ۔ا۔مث] (۱) عورت کے سر کے بال (۲) جھوٹا کی تصغیر۔
**جُھٹیل۔** (جھُٹ۔ٹ۔یل) [ہ۔صف] (۱) جھوٹا۔ آگے کا بچا ہوا (۲) باسی (۳) [مث] بدکار اور فاحشہ عورت۔
**جھجا۔** [ق۔ا۔مث] گذشتہ۔ گزرا ہوا۔
**جھجاؤ۔** (جھ۔جا۔ؤ) [ہ۔ا۔مذ] (ق) پہننے کے کپڑوں میں سے جو کپڑا لمبا چوڑا ہو۔
**جھجّر۔** (جھج۔جر) [ہ۔ا۔مذ] پانی رکھنے کا مٹی کا بڑا سا برتن جو صراحی جیسا ہوتا ہے۔
**جھجّری۔** (جھج۔ری) [ہ۔ا۔مث] پانی رکھنے کا مٹی کا ایک برتن۔ چھوٹا برتن۔
**جھجک جھپک۔** (جھ۔جک۔جھ۔پک) [ہ۔ا۔مث] (۱) شرم۔ حجاب (۲) خوف۔ وہم (۳) رکنا۔ ہچکچاہٹ۔ تامل۔
**جھجک جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ایک دم چونک پڑنا (۲) ڈر جانا (۳) رک جانا۔ (۴) وہم کرنا۔
**جھجک نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مانوس ہو جانا (۲) حجاب جاتا رہنا۔ بے



Marfat.com

تکلف ہوجانا (۳) خوف یا وہم نہ رہنا ۔ (۴) رُکاوٹ نہ رہنا ۔
**جِھجک ہونا ۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) حجاب ہونا ۔ شرم ہونا (۲) تکلیف ہونا (۳) رُکنا ۔ ہچکچانا ۔
**جِھجکنا ۔ جِھچکنا ۔** (جھ ۔ جک ۔ نا ۔ جھ ۔ چک ۔ نا) [ہ ۔ مص] ڈرنا ۔ خوف کرنا ۔ شرم کرنا ۔ حیران ہونا ۔
**جِھجکونہ ۔** (جھِجْ ۔ کو ۔ نہ) [ق ۔ ا ۔ مث] دھینگا مُشتی ۔ ہاتھا پائی ۔
**جِھجکی ۔** (جھِجْ ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) خوف ۔ ڈر (۲) شرم ۔ حجاب ۔
**جھنڈو ۔** (جھنڈْ ۔ ڈوْ) [ہ ۔ صف] (۱) بے کار رہنے والا ۔ نکما (۲) فضول قسم کا آدمی (۳) بے وقوف (۴) تحقیر کے طور پر بُوڑھا ۔ جھسڑوس ۔ زن مُرید ۔
**جھر ۔** [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) کپڑا یا کاغذ پھٹنے کی آواز (۲) بچے کسی کو چِڑانے کے لیے بھی یہی لفظ بولتے ہیں (ٹلی ۔ بلی جھر)
**جھر جھر کر ڈالنا ۔** (ا ۔ محاورہ) دھجیاں کر دینا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ۔
**جھر مِٹانا ۔** (ق) (۱) پِٹنا (۲) پژمردہ ہونا ۔
**جُھرا ۔** (ق) جھرنا ۔
**جھراکا ۔** (جھر ۔ را ۔ کا) کاغذ یا کپڑے کے پھاڑے جانے کی آواز
**جھر جھر ۔** (جھر ۔ جھر) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) پانی کے گرنے کی آواز (۲) چھوٹی دھاروں بہنے والا پانی ۔
**جھر جھرا ۔** (جھر ۔ جھ ۔ را) [ہ ۔ صف] (۱) ایسا کپڑا جس کے تار ایک دوسرے سے فاصلہ پر ہوں (۲) پتلا ۔ باریک ۔
**جُھر جُھری ۔** (جھُر ۔ جھُر ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے معلوم ہو ۔ لرزہ ۔ کپکپی ۔
**جُھر جُھری آواز ۔** (ا ۔ مث) ایسی آواز جو صاف نہ نکلے ۔
**جُھرکُٹ ۔** (جھُر ۔ کُٹ) [ہ ۔ صف] (۱) مُرجھایا ہوا ۔ پژمردہ (۲) دُبلا ۔ پتلا ۔
**جُھرکُٹ ہوجانا ۔** (ا ۔ محاورہ) سُوکھ کر دُبلا یا لاغر ہو جانا ۔ پنجر رہ جانا ۔
**جُھرمُٹ ۔** (جھُر ۔ مُٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بھیڑ ۔ انبوہ ۔ ہجوم ۔ جمگھٹ ۔ اژدحام ۔ جمِ غفیر (۲) عورتوں کا حلقہ (۳) جلسہ ۔ جلسہ رقص (۴) فوجوں کی صف بندی (۵) مصنوعی جنگ (۶) بُکل مارنا (۷) تمام بدن چُھپانا ۔
**جُھرمُٹ مارنا ۔** (۱) حلقہ باندھ کر یا اکٹھے ہو کر یا جمع ہو کر جانا (۲) دوپٹہ شال یا چادر سے منہ اور سر ڈھک لینا (۳) تمام بدن ڈھک لینا ۔
**جھرنا ۔** (جھر ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کی چادر ۔ آبشار ۔ بہتے پانی کا چشمہ ۔ (۲) ایک قسم کی بڑی چھلنی (۳) حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر ۔
**جھرنا ۔** (جھر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ٹپکنا ۔ رسنا (۲) بہنا ۔ جاری ہونا ۔
**جُھرنا ۔** (جھُر ۔ نا) [ہ ۔ مص] مُرجھانا ۔ بیماری یا کسی اور تکلیف کی وجہ سے کمزور اور نحیف و نزار ہونا ۔
**جھروکا ۔ جھروکھا ۔** (جھ ۔ رو ۔ کا ۔ جھ ۔ رو ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کھڑکی ۔ دریچہ ۔ روشن دان ۔ ایسی کھڑکی جو پُر منظر اطراف میں سیر یا نظارے کی غرض سے رکھی گئی ہو ۔
**جھری ۔** (جھ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) درز ۔ شگاف (۲) پانی کا وہ گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رِس کر پانی جمع ہو جائے ۔
**جُھرّی ۔** (جھُر ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] وہ شکن یا سلوٹ جو لاغری یا بڑھاپے میں کھال ڈھیلی ہونے سے پڑتی ہے ۔
**جُھرّیاں پڑنا ۔** (ا ۔ محاورہ) دُبلاپنے یا بڑھاپے سے کھال کے مُرجھانے کی وجہ سے سلوٹیں پڑنا
**جُھریانا ۔** (جھُر ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کملانا ۔ مُرجھانا (۲) جُھریاں نمودار ہونا ۔
**جَھڑ ۔** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) لگاتار ۔ بارش ۔ جھڑی (۲) قفل کا کھٹکا (۳) جھاڑی (۴) آنسوؤں کی جھڑی (۵) گالیوں کی بھرمار (۶) مسلسل باتیں (۷) پتے گرنا ۔ (پن) بادل
**جَھڑ بَدلی ۔** (ا ۔ مث) وہ بادل جس سے مینہ کی جھڑی لگے ۔ ساون کی بدلی ۔
**جَھڑبیر ۔** (ا ۔ مذ) جھاڑی بُوٹی کے بیر چھوٹے چھوٹے سُرخ بیر ۔
**جَھڑبیری ۔** (ا ۔ مث) ایک جنگلی جھاڑی جس میں چھوٹے چھوٹے سُرخ بیر لگتے ہیں ۔
**جَھڑبیری کا کانٹا ۔** (ا ۔ مذ) (کنایۃً) جھگڑالُو ۔ ایسا شخص جو گلے پڑ جائے ۔
**جَھڑ پکنا ۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) پک کر جھڑ جانا (۲) بُوڑھا ہو کر کام کے قابل نہ رہنا ۔
**جَھڑ لگنا ۔** (ا ۔ محاورہ) مینہ کی جھڑی بندھنا ۔ لگاتار یا مُوسلا دھار بارش ہونا ۔
**جُھڑا ۔** (جھُ ۔ ڑا) [ہ ۔ صف] (۱) جھڑا ہوا گرا ہوا (۲) کُل ۔ تمام ۔ بالکل ۔
**جَھڑا جَھڑ ۔** (ا ۔ صف) (۱) لگاتار ۔ متواتر ۔ پے در پے (۲) بکثرت ۔
**جَھڑا جَھڑ روپیہ برسنا ۔** (ا ۔ محاورہ) بہت زیادہ آمدنی ہونا ۔
**جَھڑا جَھڑ ہاتھ مارنا ۔** (ا ۔ محاورہ) لگاتار تھپڑ مارنا ۔ تھپڑوں کا تار باندھ دینا ۔
**جھڑاکا ۔** (جھ ۔ ڑا ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جلدی ۔ پھُرتی ۔ تیزی (۲) جھپٹ ۔ جھڑپ ۔ دو دو ہاتھ ۔ ہلکی لڑائی (۳) زور کی بارش ۔ جھڑی ۔
**جھڑپ ۔** (جھ ۔ ڑپ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ہلکی سی لڑائی ۔ جھپٹ ۔ تکرار (۲) تیزی ۔ گرمی ۔ غصہ (۳) شعلہ ۔ لَو ۔ جوت (۴) ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچنا ۔
**جھڑپ کرا دینا ۔** (ا ۔ محاورہ) آپس میں لڑا دینا ۔
**جھڑپ ہو جانا** (ہونا) (ا ۔ محاورہ) (۱) دو آدمیوں میں تکرار ہونا (۲) دو مرغوں کا لڑنا ۔
**جھڑپ ۔** (ق ۔ ا ۔ مث) جُھنڈ ۔ جھاڑی ۔
**جھڑپانا ۔** (جھڑ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دو آدمیوں کو باہم لڑوانا (۲) پرندوں کو لڑانا ۔
**جَھڑپنا ۔** (جھ ۔ ڑپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پرندوں کا لڑنا (۲) انسانوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا ۔
**جَھڑٹ ۔** [ق ۔ مص] ہاڑ مارنا ۔
**جَھڑتی ۔** [ق ۔ ا ۔ مث] بدلہ ۔
**جَھڑتی دینا ۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) حساب دینا ۔ جائزہ لینا (۲) تلاشی دینا ۔
**جَھڑتی لینا ۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) مواخذہ کرنا (۲) تلاشی لینا ۔
**جھڑ جھڑات** (جھڑ ۔ جھ ۔ ڑات) [ق ۔ مص] ملامت کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔
**جھڑ جھڑانا ۔** (جھڑ ۔ جھ ۔ ڑا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جھنجھوڑنا ۔ ہلانا (۲) کھڑکھڑانا ۔



Marfat.com

(۳) ناراض ہونا۔ جھنجھلانا (۴) دھمکانا۔ لتاڑنا

**جھڑ جھڑاہٹ**۔ (جھَڑ۔ جھَڑا۔ ہَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] جھڑ جھڑا کا عمل یا آواز۔ جھنجھلاہٹ۔ تیز مزاجی۔ غُصّہ۔ جوش۔

**جِھڑک**۔ (جِھ۔ ڑَک) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دھمکی۔ خفگی (۲) ڈانٹ ڈپٹ۔

**جِھڑک دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ڈانٹ دینا۔ ملامت کرنا۔

**جِھڑکا جِھڑکی**۔ (جِھڑ۔ کا۔ جِھڑ۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک دوسرے سے ناراض ہونا یا خفا ہونا۔

**جِھڑکنا**۔ (جِھ۔ ڑَک۔ نا) [ہ۔ مص] گھُرکنا۔ دُھتکارنا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

**جِھڑکی**۔ (جِھڑ۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] گھُرکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت۔ ملامت۔

**جِھڑکیاں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) لتاڑنا۔ سرزنش ہونا۔

**جِھڑکیاں کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) گھُرکیاں سُننا۔ عتاب سہنا۔ لتاڑ پڑنا۔

**جَھڑن**۔ (جَھ۔ ڑَن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) درخت سے پھل گرنا۔ (۲) پرندے کے پر جھڑنا (۳) آدمی یا جانور کے بال گرنا (۴) جو کچھ جھاڑنے کے بعد ہاتھ آئے (کوڑا کرکٹ) چھلن۔ کترن وغیرہ۔ (۵) نفع۔ فائدہ۔ (۶) کھُرچن۔ تل چھٹ (۷) اُوپر کی آمدنی۔ سُود (۸) چراغ کا گُل۔

**جَھڑنا**۔ (جَھڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرنا۔ ٹپکنا (۲) بچت ہونا۔ نفع ہونا (۳) جھاڑ دی جانا (۴) دم ہونا۔ منتر پھُونکا جانا (۵) انزال ہونا۔

**جَھڑوتا**۔ (جَھ۔ ڑو۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ پھل جو آخر فصل میں درخت پر لگا رہے (۲) [صف] بے موسم۔

**جَھڑوس**۔ (جَھ۔ ڑُوس) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) بدنما بُوڑھا (۲) بے غیرت۔ (۳) دَیُّوث۔

**جَھڑی**۔ (جَھ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) لگاتار بارش (۲) متواتر پڑنا۔ (۳) آنسوؤں کی قطار۔

**جَھڑی باندھنا، لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لگاتار رونا (۲) مینہ کا برسے جانا۔ تار نہ ٹوٹنا۔

**جُھڑبَل**۔ (جُھڑ۔ بَل) [ہ۔ صف] پوچ۔ لُچر۔ بے ہُودہ۔

**جَھک**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بکواس۔ بک بک۔ فضول باتیں خبط۔ بڑ۔ ایسی باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں (۲) جنون۔ دیوانگی۔ ہذیان (۳) بیہودگی۔ واہیات۔ بغویت (۴) [مذکر] غُصّہ۔ جوش (۶) تکرار۔ جھگڑا۔

**جَھک مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا (۲) بیوقوفی کرنا (۳) جھُوٹ بولنا۔

**جَھک جَھک**۔ (ا۔ مث) جھگڑا۔ تکرار۔ بک بک۔

**جَھکانا**۔ (ا۔ مص) حیران کرنا۔ ستانا (۲) ہیرا پھیری کرنا۔ (۳) ٹالے بالے کرنا۔

**جَھک**۔ [ہ۔ صف] (۱) صاف۔ اُجلا (۲) زرق برق۔ چمکدار۔ روشن۔ منوّر۔

**جَھک کر دینا**۔ (۱) خوب چمکا دینا (۲) بہت اُجلا کر دینا (۳) صاف کر دینا۔

**جَھکا جَھک**۔ (جَھ۔ کا۔ جَھَک) [ہ۔ صف] (۱) صاف۔ اُجلا۔ خُوب سفید۔ سُتھرا (۲) روشن۔ چمکیلا۔ دمکتا ہوا۔ چمکدار۔

**جُھکانا**۔ (جُھ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) خم کرنا۔ کج کرنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ ترچھا کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔ لجانا (۳) تول میں پلڑا نیچا کرنا (۴) سرنگوں کرنا۔

**جُھکاؤ**۔ (جُھ۔ کا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جھکاوٹ۔ خم (۲) میلان۔ رجحان۔

**جُھکاوٹ**۔ (جُھ۔ کا۔ وَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] خم ہونے کی حالت۔ خمیدگی

**جُھک پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (جُھک۔ پَڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) متوجہ ہونا۔ (۲) خمیدہ ہونا۔ اپنی کمتری کا اقرار کر لینا۔

**جُھکتا**۔ (جُھک۔ تا) [ہ۔ صف] جُھکتا ہوا۔ نیچا ہوتا ہوا۔

**جُھک چلے تو ٹوٹنے کا ہے**۔ (مثل) جو انسان غرور اور اکڑ نہ دکھائے اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

**جُھک کر ملنا**۔ (جُھک۔ کَر۔ مِل۔ نا) [ہ۔ مص] عجز و انکسار سے ملنا تواضع سے پیش آنا۔

**جَھکّڑ**۔ (جَھک۔ کَڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آندھی۔ تیز ہوا (۲) جَھک۔ بک بک۔

**جَھکّڑ چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) آندھی آنا۔ گرد و غبار اُڑنا۔

**جُھکنا**۔ (جُھک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) خمیدہ ہونا۔ خم ہونا۔ نیچا ہونا۔ مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ ترچھا ہونا۔ بل کھانا (۲) منکسر المزاج ہونا۔ عاجزی سے ملنا (۳) متوجہ ہونا (۴) مشغول ہونا۔ خیرات کرنا دینا (۶) خرچ ہونا (۵) گرنا۔ پڑنا (۸) تعظیم کرنا۔ برتری ماننا (۹) (نیند سے آنکھیں) بوجھل ہونا (۱۰) تسلیم کرنا۔ (۱۱) تول میں پلڑا جھکنا۔

**جُھکنی**۔ (جُھک۔ نی) [ق۔ ا۔ مث] خم۔

**جَھکور**۔ (جَھ۔ کور) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ڈہل جانا (۲) نقصان (۳) آفت۔ (۴)

**جَھکورا**۔ (جَھ۔ کو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہلنا لہرانا۔ تھرتھرانا (۲) ہوا کا تیز جھونکا۔ (۳) پانی کی لہر جس سے کنارے کی چیزوں میں حرکت آ جاتے (۴) بارش کا تیز چھینٹا۔

**جَھکولا**۔ (جَھ۔ کو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہلنا جُلنا۔ حرکت کرنا۔ جگہ سے ہل جانا (۲) لہر اُٹھنا۔ ہلکورا (۳) غوطہ۔ ڈُبکی (۴) تلخ تجربہ۔ جھٹکا۔

**جھکولے دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غوطے دینا (۲) اِدھر اُدھر پھرانا۔

**جھکولے کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غوطے کھانا۔ پانی میں کبھی ڈوبنا کبھی اُبھرنا۔ (۲) زمانے کا گرم و سرد چکھنا۔

**جھکولے لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تلخ تجربے ہونا (۲) معمولاتِ زندگی میں فرق آنا۔

**جھکولے لینا**۔ (ا۔ محاورہ) غوطے کھانا۔ ڈبکیاں لگانا۔

**جھکولنا**۔ (جَھ۔ کول۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پانی کو اِدھر اُدھر ہٹانا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔ پانی کو کھنگالنا (۲) پانی میں دوڑنا۔ غوطہ مارنا۔

**جَھکّی**۔ (جَھک۔ کی) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بکواسی۔ زیادہ بولنے والا (۲) ضدّی۔ اَڑیل۔

**جُھکیے جو کوئی اس سے جُھک جائیے۔ رُکے آپ سے اس سے**



Marfat.com

رُک جانا چاہیئے۔ (مثل) جو شخص اچھی طرح یا اخلاق سے ملے اس سے اچھی طرح ملنا چاہیئے مگر جو اکڑے یا غیریت برتے اس سے اکڑ کر ہی ملنا چاہیئے۔

**جھگڑا** ۔ (جھَگ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دنگا۔ فساد (۲) تکرار (۳) حجت۔ بحث (۴) تنازعہ (۵) بکھیڑا (۶) خلجان۔ کھٹ پٹ۔

**جھگڑا (اُٹھانا) پیدا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تنازعہ شروع کرنا۔ لڑائی کی نیت سے چھیڑ چھاڑ کرنا۔

**جھگڑا (پاک ہونا) چکانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جھگڑا ختم کرنا (۲) کسی معاملے کا بخیر و خوبی طے ہو جانا۔ (۳) قرضہ ادا کر دینا۔

**جھگڑا پاک ہونا۔ جھگڑا چکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فساد مِٹ جانا (۲) مر جانا (۳) کوئی معاملہ طے ہو جانا۔ تصفیہ یا فیصلہ ہو جانا۔

**جھگڑا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نزاع ختم ہو جانا۔ فساد رفع ہونا۔

**جھگڑا جھوٹا قبضہ سچا** ۔ (ا ۔ مثل) جو کسی چیز پر قابض ہو اس کے خلاف جھگڑا کر کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

**جھگڑا چکانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فیصلہ کر لینا۔ قضیہ حل کرنا۔ فساد رفع کرنا (۲) قرض ادا کرنا

**جھگڑا چھیڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لمبی کہانی یا قصہ شروع کرنا۔

**جھگڑا کوتاہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھگڑا چکانا۔

**جھگڑا کھڑا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) لڑنے کا موقع پیدا کرنا (۲) جھگڑے کے لیے راستہ نکالنا۔ (۳) دعوے دار بننا۔

**جھگڑا مول لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ کسی تنازعے میں اُلجھ جانا۔

**جھگڑے میں پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوسرے کے قضیے میں دخل دینا۔ جھگڑے میں حصہ لینا۔

**جھگڑا نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فساد کی بات پیدا کرنا۔

**جھگڑے کی باتیں تین۔ زن۔ زر۔ زمین** ۔ (ا ۔ مثل) اکثر فساد انہی تین چیزوں سے ہوتا ہے۔

**جھگڑے لگے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت سے خرخشے اور کاروبار پیچھے لگے ہونا۔

**جھگڑالُو** ۔ (جھگ۔ ڑا۔ لُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) فسادی (۲) حجتی۔ تکرار کرنے والا شریر۔ بدخو۔

**جھگڑ بیٹھنا** ۔ (جھَ۔ گڑ۔ بیٹھ۔ نا) [ہ ۔ مص] لڑائی کر لینا۔ لڑ پڑنا۔

**جھگڑ پڑنا** ۔ (جھَ۔ گڑ۔ پڑ۔ نا) [ہ ۔ مص] تکرار کر لینا۔

**جھگڑ جھگڑ کر لینا** ۔ (جھَ۔ گڑ۔ جھ۔ گڑ۔ کر۔ لے۔ نا) [ہ ۔ مص] تکرار کر کے زیادہ لینا۔

**جھگڑنا** ۔ (جھَ۔ گڑ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) فساد کرنا (۲) تکرار کرنا (۳) ضد کرنا۔

**جھگّی** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] جامہ۔

**جھگّی** ۔ (ا ۔ مث) جھونپڑی۔

**جَھل** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ جوش (۲) حسد۔ رشک۔ بدخواہی۔ کھسیانا (۳) شہوت کی زیادتی (۴) تیز روشنی (۵) آگ کی حرارت۔ تپش (۶) [صفت] روشن۔ چمک دار (۷) [ق] محبت۔ ہمدردی۔

**جَھل بجھانا۔ جھل مٹانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ شہوت مٹانا۔

**جھل بائی** ۔ بدمزاج عورت۔ رشک کرنے والی۔ چھنال۔

**جَھلّا** ۔ (جھَل۔ لا) [ہ ۔ صفت] (۱) غصیل۔ بدمزاج (۲) احمق۔ پاگل۔ (۳) تیز۔ کڑوا (۴) شہوت پرست (۵) [ا] بڑا ٹوکرا۔ جھابا۔

**جَھلّا بُوز** ۔ (جھَل۔ لا۔ بُوز) [ہ ۔ صفت] (ق) (۱) چمکتا دمکتا (۲) چڑھا طوفان۔

**جَھلا جھل** ۔ (جھَ۔ لا۔ جھل) [ہ ۔ صفت] چاندی سونے کی چمک دمک۔ روشنی۔ جگ مگ۔

**جُھلانا** ۔ (جھُ۔ لا۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جھولے میں بٹھا کر جھونٹے دینا۔ (۲) حرکت دینا۔ ہلانا (۳) ٹالنا۔ جھوٹی اُمید دلانا۔

**جَھلّانا** ۔ (جھَل۔ لا۔ نا) [ہ ۔ مص] غصے ہونا۔ جلنا (۲) جلن ہونا۔ تپکنا۔ سوزش ہونا (۳) کسی بات کا دیر تک اثر رہنا۔

**جَھلجَھل** ۔ (جھَل۔ جھَل) [ہ ۔ ا ۔ مذ] روشنی۔ چمک دمک۔

**جَھلجَھلانا** ۔ (جھَل۔ جھلا۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چمکنا۔ دمکنا (۲) سوزش کرنا۔ جلنا (۳) دیر تک صدمہ رہنا۔

**جَھلجَھلاہٹ** ۔ (جھَل۔ جھَ۔ لا۔ ہَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چمک (۲) وہ کیفیت جو زخم پر نمک وغیرہ چھڑکنے یا تیز مرچ چکھنے سے محسوس ہوتی ہے۔ چرچراہٹ۔ سوزش۔ جلن۔

**جُھلّڑ** ۔ (جھُل۔ لڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پرندوں کا غول۔ جھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔

**جُھلسا** ۔ (جھُل۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) شعلہ۔ آگ (۲) جلا ہوا (۳) بدنصیب۔ کم نصیب۔ مقدر کا کھوٹا۔

**جُھلسا دینا۔ جھلسا لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جلانا۔ آگ میں رکھ دینا۔ نذرِ آتش کر دینا۔

**جُھلَسنا** ۔ (جھُ۔ لَس۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جلنا۔ آگ لگنا۔ پُھنکنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا (۳) تھوڑا سا جلنا (۴) رشوت دینا۔ کچھ دے کر راضی کرنا۔ ٹالنا (۵) شادی کرنا (۶) ناراض ہو کر گھر سے نکالنا (۷) غصے ہونا۔

**جَھلک** ۔ (جھَ۔ لک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چمک۔ جلوہ۔ تجلی (۲) آب و تاب۔ رونق (۳) پرتو۔ عکس (۴) اثر (۵) مشابہت (۶) دُور سے پانی کی چمک (۷) تھوڑی دیر کے لیے دکھانا۔

**جھلک دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دم بھر کے لیے شکل دکھانا۔ ایک لمحے کے لیے نظر آنا۔

**جَھلکا** ۔ (جھَل۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] عکس۔ جھلک۔ روشنی۔ جلوہ۔ پرتو (۲) شوق (ق)

**جھلکاٹ** ۔ (جھَل۔ کاٹ) [ق ۔ ا ۔ صفت] جھلک



Marfat.com

**جھلکار**۔ (جھَل۔ کار) [ق۔ صف] چمک دمک۔

**جھلکنا**۔ (جھَ۔ لَک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کچھ کچھ چمکنا۔ کسی چیز کے اندر سے چمک دکھانا۔ عکس ظاہر ہونا (۲) جھلملانا۔ چمکنا۔ جلوہ دکھانا (۳) ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔

**جَل کھانا**۔ [ق۔ مص] رشک کرنا۔

**جھلکی**۔ (جھَل۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] ادھوری جھلک۔ ہلکی سی جھلک۔ وہ جلوہ جو پوری طرح نہ دکھایا گیا ہو۔

**جھلم**۔ (جھِ۔ لَم) [ہ۔ ا۔ مث] زرہ کی طرح کی نقاب جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں۔

**جھلمال**۔ (جھَل۔ مال) [ق۔ صف] جھل مل۔

**جَل مرے**۔ (ق۔ صف) ہیبت زدہ۔ خوف زدہ۔

**جھلمِل**۔ (جھل۔ مِل) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ٹمٹماہٹ۔ جگمگاہٹ (۲) پانی پر چراغوں کی روشنی یا سورج کی شعاعیں پڑنے کی کیفیت۔ (۳) ستاروں کا کم کم چمکنا۔

**جھلمل جھلمل کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جگمگانا۔ ٹمٹمانا۔

**جھلملانا**۔ (جھل۔ م۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] چراغ یا ستاروں کا ٹمٹمانا اور دھندلانا اور چمکنا۔

**جھلملی**۔ (جھل۔ م۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) جھری دار کواڑ یا کھڑکی (۲) کان کا ایک زیور۔ (۳) دھیمی دھیمی چمک۔ ہلکی چاندنی (۴) چلمن۔ چق۔

**جھلنا**۔ (جھَل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پنکھا کرنا (۲) جھال لگنا۔ ٹانکا یا پیوند لگنا (۳) برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا (۴) جھیلا جانا۔۔۔ برداشت کیا جانا۔

**جھلنگ**۔ (ق۔ صف) سوراخ دار۔

**جھلنگا**۔ (جھِ۔ لَن۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ٹوٹی ہوئی چارپائی کا جھولا (۲) لاغر۔ دُبلا۔

**جھلوانا**۔ (جھَل۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہوا کرانا (۲) برتن یا زیور میں ٹانکا یا جوڑ لگوانا۔

**جھلوائی**۔ (جھَل۔ وا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] جھلوانے کی اُجرت۔ زیور یا برتن میں ٹانکا لگوانے کی مزدوری۔

**جھلون**۔ (جھ۔ لون) [ق۔ صف] قدرے۔

**جھلّی**۔ (جھَل۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) غصیل عورت (۲) کرکرا۔

**جھلّی**۔ (جِھل۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) انسان اور حیوان کے گوشت کا باریک پوست جس میں آر پار نظر آتا ہے (۲) پیٹ کے اندر باریک پوست یا چمڑا۔ غشا (۳) آنکھ کا باریک جالا (۴) [صف] باریک۔ پتلا۔

**جھما جھم**۔ (جھَ۔ ما۔ جھَم) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) مینہ برسنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کے بڑھیا لباس کی چمک دمک (۳) چھم چھم ناچنے کی آواز۔

**جھما دینا**۔ (ا۔ محاورہ) وجد میں لانا۔ مست کرنا۔

**جھماکا**۔ (جھَ۔ ما۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دھماکا (۲) موسلادھار بارش۔ تریڑا۔ بھاری چھینٹا (۳) چمک۔

**جھم جھم**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بارش کے لگاتار تریڑے پڑنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کے بڑھیا لباس کی چمک دمک۔

**جھنجھماتا**۔ (جھَم۔ جھَ۔ ما۔ تا) [ہ۔ صف] چمکتا ہوا۔ جگمگاتا ہوا۔

**جھمجھمانا**۔ (جھَم۔ جھَ۔ ما۔ نا) [ہ۔ مص] چمکنا۔ آب و تاب دکھانا۔ جگمگانا۔ جھلک مارنا۔

**جھمر جھمر**۔ (جھَ۔ مَر۔ جھَ۔ مَر) [ہ۔ ا۔ مث] ہلکی ہلکی بارش۔

**جھمکٹ**۔ (جھَ۔ مَکٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چمک دمک۔ درخشانی، بھڑک۔

**جھمکا**۔ (جھَم۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] حسین عورت کا دیدار۔

**جھمکّا**۔ (جھَ۔ مَک۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (مست) انبوہ۔ بھیڑ۔

**جھُمکا**۔ (جھُم۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) خوشہ (۲) وہ سات ستارے جو آسمان پر لٹکے نظر آتے ہیں، عقدِ ثریا (۳) کانوں کا ایک زیور۔

**جھمکانا**۔ (جھَم۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چمکانا (۲) شان و شوکت دکھانا۔

**جھمکڑا**۔ (جھَ۔ مَک۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چمک دمک۔ جھلک۔ چمک (۲) خوبصورتی۔ جلوہ۔ شان و شوکت۔ کرّ و فر۔

**جھمکنا**۔ (جھَ۔ مَک۔ نا) [ہ۔ مص] چمکنا دمکنا۔ جھلکنا۔

**جھمورا**۔ (جھَ۔ موُ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بالوں والا حیوان (۲) وہ بچہ جو مداریوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

**جھمیل**۔ (جھَ۔ میل) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دیر۔ اٹکاؤ (۲) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ الجھاؤ۔

**جھمیلا**۔ (جھَ۔ مے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد (۲) ناپسند حالات۔

**جھمیلیا**۔ (جھَ۔ مے۔ لِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جھگڑالو (۲) بکھیڑا کرنے والا۔

**جھَن**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دھات کے برتن بجنے کی آواز (۲) جھنکار (۳) تلواروں کے ٹکرانے یا گرنے کی آواز۔

**جھنانا**۔ (جھَن۔ نا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہاتھ یا پاؤں، سُن ہو جانے سے سوئیاں سی چبھنے لگنا۔

**جھُنجھ**۔ [ق۔ ا۔ مؤنث] قضیہ۔ جھگڑا۔ لڑائی۔

**جھنجھٹ۔ جھنجھنٹ**۔ (جھَن۔ جھَٹ۔ جھَن۔ جھَنٹ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) قضیہ۔ حجت (۳) بکھیڑا۔ اُلجھن۔ دقت۔ وبال۔

**جھنجھٹ لانا**۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔ تکرار شروع کرنا۔

**جھُنجھر**۔ (جھُن۔ جھُر) [ق۔ ا۔ مذ] (۱) خنجر (۲) سویرا۔ تڑکا۔

**جھُنجھلاہٹ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔

**جھنجلانا۔ جھُنجھلانا**۔ (جھُن۔ جھُ۔ لا۔ نا۔) [ہ۔ مص] غصہ ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ پیچ و تاب کھانا۔

**جھنجوٹی۔ جھنجھوٹی**۔ (جھَن۔ جو۔ ٹی۔ جھَن۔ جھو۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱)



Marfat.com

پہاڑی علاقوں کی ایک راگنی (۲) تکرار۔ جھگڑا (۳) خفگی۔

**جھنجوڑنا۔ جھنجھوڑنا۔** (جھن۔ جھوڑ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) کسی کو جگانے کے لیے زور سے ہلانا (۲) تکلیف دینا۔ تنگ کرنا (۳) نوچنا۔ کھسوٹنا (۴) لعنت ملامت کرنا۔

**جھنجوڑی۔** (جھن۔ جو۔ ڑی) [ھ۔ ا۔ مؤنث] جھنجھوڑنے کا فعل۔

**جھنجوڑیاں دینا۔** (ا۔ محاورہ) جھنجوڑنا۔ جگانے کے لیے زور زور سے ہلانا۔

**جھنجھ۔** [ق۔ ا۔ مذکر] غصّہ

**جھنجھٹیا۔** (جھن۔ جھٹ۔ یا) [ھ۔ صفت] جھگڑالو۔ فسادی۔ بکھیڑیا۔

**جھنجھری۔** (جھنجھ۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] سوراخ دار توا یا آہنی جالی جو انگیٹھی میں راکھ گرنے کے لیے لگاتے ہیں۔ (۲) شبکہ۔ جالی (۳) سوراخ دار دیوار جو مساجد اور کمروں میں ہوا اور روشنی کی غرض سے بناتے ہیں۔

**جھن جھن۔** (جھن۔ جھن) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) دھات کے برتن کھڑکنے کی آواز۔

**جُھنجُھنا۔** (جھن۔ جھُ۔ نا) [ھ۔ ا۔ مذ] بچّوں کا ایک کھلونا جس میں کنکر پڑے ہوتے ہیں۔

**جھنجھنانا۔** (جھن۔ جھَ۔ نا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) بجنا۔ کھڑکنا۔ جھنکار پیدا ہونا۔ سُنسنانا۔ کسی عضو کے سو جانے یا سُن ہو جانے سے سوئیاں سی چبھنا۔

**جُھنجُھنانا۔** (جھن۔ جھُ۔ نا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) غصّے ہو جانا۔ ناراض ہونا۔ (۲) جوش میں آنا۔

**جھنجھناہٹ۔** (جھن۔ جھَ۔ نا۔ ہٹ) [ھ۔ ا۔ مث] جھن کار۔ جھن جھن ہونا (۲) غصّہ۔ ناراضگی (۳) سنسناہٹ۔ سوزش۔ جلن۔

**جُھنجُھناہٹ۔** (جھُن۔ جھُ۔ نا۔ ہٹ) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) غصّہ۔ ناراضگی۔ (۲) جھنجھلاہٹ۔

**جُھنجُھنیاں۔** (جھُن۔ جھُن۔ یاں) [ھ۔ ا۔ مث] بیڑیاں۔

**جھنجھنیاں پہنانا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ قید کرنا۔

**جھنجھی۔** (جھن۔ جھی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) وہ کوڑی جس میں اوپر کا حصّہ گھس جانے کی وجہ سے چھید ہو گیا ہو (۲) وہ عورت جس کی ناک چپٹی یا پھیلی ہو۔

**جھنجھی کوڑی نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مفلس یا قلّاش ہونا۔

**جھنجھیا۔** (جھنجھ۔ یا) [ھ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چھوٹا مچیلا (۲) وہ سوراخ دار برتن جس میں ہندو لڑکیاں کنوار کے شروع میں چراغ جلا کر گھر گھر مانگتی پھرتی ہیں۔

**جُھنڈ۔** (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) آدمیوں کی بھیڑ۔ حیوانات کا گلّہ (۲) بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں (۳) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال جو کٹے سے رہتے ہوں۔

**جُھنڈ کے جُھنڈ۔** (ا۔ مذ) (۱) بہت سے جُھنڈ (۲) غول کے غول۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔ پرے کے پرے۔ ڈھیر کے ڈھیر۔

**جھنڈا۔** (جھن۔ ڈا) [ھ۔ ا۔ مذ] عَلَم۔ نشان۔ پرچم۔

**جھنڈا اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) جھنڈا اونچا کرنا۔ جھنڈے کو فضا میں لہرانا۔

**جھنڈا کھڑا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) لوگوں کو جمع کرنے یا فوج کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کے لیے جھنڈا گاڑنا۔ بغاوت یا فتح یا خوشی کا جھنڈا بلند کرنا۔

**جھنڈا گاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جھنڈا زمین میں اُتارنا (۲) فتح کرنا۔ قبضہ کرنا۔

**جھنڈا گڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) فتح یا قبضہ ہونا (۲) شہرت ہونا۔ دھوم مچ جانا۔

**جھنڈا نیچا کرنا۔ جھنڈا جھکانا۔** (ا۔ محاورہ) بادشاہِ وقت یا کسی بڑے افسر کی موت کے موقع پر ماتم کے لیے جھنڈا نیچا کر دینا یا جھنڈے کا کپڑا نیچے اُتار دینا۔

**جھنڈے پر چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا (۲) کسی خاص مقصد سے مشہور کرنا یا شُہرت یا اہمیت دینا۔

**جھنڈے پر چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔

**جھنڈے تلے کا۔** (ا۔ صفت) چیدہ۔ چھٹا ہوا (۲) چالاک (۳) مشہور بدمعاش۔

**جھنڈے تلے کی دوستی۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اتفاقی دوستی، راستے کی دوستی (۲) عارضی تعلق۔

**جھنڈو۔** (جھن۔ ڈو) [ق۔ ا۔ مذکر] زہریلا۔ جھاگ۔ کف۔

**جھنڈولا۔ جھنڈولنا۔** (جھن۔ ڈو۔ لا۔ جھن۔ ڈول۔ نا) [ھ۔ صفت] (۱) نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر بال ہوں (۲) ایسا درخت جو گھن دار ہو (۳) گھونگھر والے بالوں والا۔

**جھنڈی۔** (جھن۔ ڈی) [ھ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چھوٹا کپڑا۔ کپڑا لگی ہوئی چھڑی۔

**جھنڈی دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لائن کلیر دینا (۲) انکار کرنا۔

**جُھنڈی۔** (جھُن۔ ڈی) [ھ۔ ا۔ مؤنث] (۱) جھاڑی (۲) گھاس کا گٹھا (۳) درختوں کا چھوٹا جُھنڈ (۴) گنّے یا اناج کی جڑ۔ وہ کھونٹی جو پودے کٹ جانے کے بعد زمین میں رہ جاتی ہے (۵) کنڈے میں پڑا ہوا قلّابہ۔ وہ کنڈے جن میں حلقے پڑے ہوئے ہوں۔ چلمن اور پردہ باندھنے کا قلّابہ۔

**جھنک۔** (جھَ۔ نک) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ آواز جو گھونگھرو وغیرہ بجنے سے پیدا ہوتی ہے۔

**جھنکار۔** (جھن۔ کار) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) شیشے یا چینی وغیرہ کے برتن ٹوٹنے کی آواز (۲) دھات کے برتن ٹکرانے کی آواز (۳) تلواریں ٹکرانے کی آواز (۴) پازیب یا جھانجن کی جھن جھن (۵) زنجیر یا گھوڑے کے ساز کی آواز (۶) کوئی ایسی آواز جس سے جھن کی آواز ہو (۷) جھینگر کا بولنا۔ (۸) مور کا کوکنا۔

**جُھنکار۔** (ہ۔ ا۔ مذ) بغیر پتّوں کے درخت۔ اردو میں صرف جھاڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے جھاڑ جھنکار۔

**جھنکارنا۔** (جھن۔ کار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مور کا کوکنا (۲) جھینگر کا بولنا (۳) بیٹھے



Marfat.com

میٹھے سُروں میں گانا۔
**جھنکوائی** ۔ (جھنک ۔ وا ۔ ای) [ق ۔ ا ۔ مث] گھٹیا۔
**جھنگار** ۔ (جھن ۔ گار) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) چیخ (۲) نوبت کی آواز (۳) چنگھاڑنا۔
**جھنکارنا** ۔ (جھن ۔ گار ۔ نا) چنگھاڑنا۔
**جھنگریاں** ۔ (جھن ۔ گر ۔ یاں) [ق ۔ ا ۔ مؤنث] مچھلی کے بچے۔
**جھنوان** ۔ (جھن ۔ وان) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا عُمدہ چاول۔
**جھوّا** ۔ (جھو ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑا ٹوکرا۔
**جھوپا** ۔ (جھو ۔ پا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پھلوں یا غلّے کے پُولوں کا ڈھیر۔
**جھُوت** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مث] دو مکانوں کی دیواروں کے درمیان کی گلی جس میں دونوں کے پرنالے گرتے ہوں۔
**جھُونرسے** ۔ (جھُوت ۔ رسے) [اُر ۔ ا ۔ مذ] سَر کے ایسے بال جنہیں بنایا سنوارا نہ گیا ہو۔
**جھُوٹ** ۔ [ہ ۔ صف] (۱) جو سچ نہ ہو۔ واقعے کے خلاف۔ حقیقت کے برعکس۔ غلط (۲) دھوکا۔ بہانہ۔ مکر۔ فریب۔ دغا (۳) کھوٹ (۴) پس خوردہ۔
**جھُوٹ برابر پاپ نہیں** ۔ (مثل) جھُوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔
**جھُوٹ بکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نقصان پہنچانے یا بدنام کرنے کے لیے جھُوٹ بولنا۔
**جھُوٹ بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بات گھڑنا۔ تہمت تراشنا۔ اتہام لگانا۔
**جھُوٹ بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غلط کہنا۔ واقعے کے خلاف بیان کرنا۔
**جھُوٹ پکڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھوٹی بات تاڑلینا۔ جھُوٹ کی گرفت کرلینا۔
**جھُوٹ جاننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سچ نہ سمجھنا۔ اعتبار نہ کرنا۔ باور نہ کرنا۔
**جھُوٹ سچ** ۔ (ا ۔ مذ) ایسی سچی بات جس میں جھُوٹ ضرور شامل ہو۔
**جھوٹ سچ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جھُوٹی سچی جڑنا (۲) تہمت لگانا (۳) کان بھرنا (۴) بدی کرنا (۵) بدگمان کرنا۔
**جھوٹ کا پُتلا** ۔ (ا ۔ مذ) ایسا شخص جو بہت زیادہ جھُوٹ بولتا ہو۔ مہا جھُوٹا۔
**جھوٹ کا پُل باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کثرت سے جھُوٹ بولنا۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنا۔
**جھُوٹ کا دفتر** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) جھُوٹی باتیں (۲) جھوٹے الزامات ۔ (۳) جھوٹے قصّوں کا طویل بیان۔
**جھوٹ کو سچ کر دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھُوٹی بات کو بیان یا عمل کے ذریعے سچ ثابت کرنا۔
**جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے** ۔ (مثل) جھوٹی بات بے بنیاد ہوتی ہے اس لیے جلدی ظاہر ہوتی ہے۔
**جھُوٹ کے پُل باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھُوٹ پر جھُوٹ بولنا۔ بہت زیادہ جھُوٹ بولنا۔
**جھُوٹ کے دفتر** ۔ (ا ۔ مذ) لمبے چوڑے ذکر اذکار جو سب جھُوٹ ہوں۔
**جھُوٹ کی پوٹ** ۔ (۱) ایسا شخص جو بڑی کثرت سے جھُوٹ بولتا ہو۔ (۲) بالکل جھوٹ۔ سراسر جھُوٹ۔
**جھُوٹ کی ناؤ نہیں چلتی** ۔ (مثل) جھوٹ بولنے والے کامیاب نہیں ہوتے۔
**جھُوٹ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تہمت لگانا (۲) غلط بیانی کرکے کان بھرنا۔ (۳) بدگمان ہونا۔ بھڑکانا۔
**جھُوٹ مُوٹ** ۔ (ا ۔ مذ) یُوں ہی۔ ہنسی سے۔ مذاق سے۔
**جھُوٹ مُوٹ کے** ۔ (ا ۔ صف) جھُوٹے۔ ظاہری۔ دکھاوے کے لیے۔
**جھُوٹ نہ بولے تو پیٹ اپھر جائے** ۔ (مثل) جسے جھُوٹ بولنے کی عادت پڑ جائے وہ جھوٹ بولے بغیر نہیں رہ سکتا۔
**جھُوٹا** ۔ (جھُو ۔ ٹا) [ا ۔ صف] (۱) جھُوٹ بولنے والا۔ سچ نہ بولنے یا بتانے والا۔ واقعے کے خلاف بیان کرنے والا (۲) دھوکے باز۔ مکّار۔ فریبی۔ دغاباز (۳) بے ایمان۔ کھوٹا (۴) جعلی۔ نقلی۔ مصنوعی (۵) بیکار۔ کام نہ دینے والا (۶) کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک (۷) برتا ہوا (۸) ہاتھ کے لیے) بایاں۔
**جھُوٹا بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جھُوٹا قرار دینا (۲) جھوٹ پکڑ کر دکھانا۔
**جھُوٹا بننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بات سچ نہ نکلنا (۲) دروغ گو قرار پانا۔
**جھُوٹا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) وعدہ خلاف ہونا (۲) استعمال کے قابل نہ رہنا۔
**جھُوٹا ٹھہرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غلط بیانی ثابت ہو جانا۔
**جھوٹا جوڑا** ۔ (ا ۔ مذ) جھوٹے کام کی چوڑیوں کا جوڑا (۲) وہ عروسی پوشاک جس پر جھوٹا گوٹا لگا ہُوا ہو۔
**جھُوٹا چاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے آگے کی بچی ہوئی چیز چٹ کر جانا۔
**جھُوٹا کاغذ** ۔ (ا ۔ مذ) بناوٹی تحریر۔ جعلی دستاویز۔
**جھُوٹا کام** ۔ (ا ۔ مذ) زری کا وہ کام جو کھرے مصالحے سے نہ بنایا گیا ہو۔
**جھوٹا کرنا** ۔ (۱) جھُٹلانا (۲) کسی چیز میں سے تھوڑا سا کھا لینا۔
**جھُوٹا کوئی کھاتا ہے تو میٹھے کے لیے** ۔ (مثل) آدمی کوئی غلط کام نفع کی خاطر کرتا ہے۔
**جھُوٹا لپاٹی** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) سخت جھُوٹ بولنے والا (۲) مکّار۔ دغاباز۔
**جھُوٹا مرے نہ شہر پاک ہوئے** ۔ (مثل) جھُوٹے آدمی کی مذمت کی ہو تو اس موقعے پر کہتے ہیں۔
**جھُوٹا موتی** ۔ (ا ۔ مذ) مصنوعی موتی۔ موی موتی۔
**جھُوٹا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی بات سچ یا صحیح نہ نکلنا۔
**جھُوٹوں کا بادشاہ** ۔ (ا ۔ مذ) وہ شخص جو بہت زیادہ جھوٹ بولتا ہو۔
**جھُوٹے کا منہ کالا سچے کا بول بالا** (مثل) جھوٹے آدمی کی ہر جگہ بے عزتی ہوتی ہے ۔ سچے کی عزت ہوتی ہے۔
**جھُوٹے کو گھر تک پہنچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھُوٹے آدمی کو قائل کر دینا۔ جھوٹ ثابت کر دینا۔ کسی کو منوا دینا کہ وہ جھُوٹ بول رہا ہے۔
**جھُوٹے کے آگے سچا رو مرتا ہے** ۔ (مثل) جھُوٹے کے آگے سچے کی پیش نہیں جاتی۔
**جھُوٹے منہ پوچھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ظاہرداری سے دریافت حال کرنا۔
**جھُوٹے ہاتھ سے کتّا نہ مارنا** ۔ (مثل) بہت زیادہ کنجوس یا پرلے درجے



Marfat.com

کا یکپل ہونا۔

**جھُوٹوں**۔ (جھُو۔ ٹوں) [اُ۔م] (۱) جھُوٹ موٹ۔ یُوں ہی (۲) ظاہر داری یا بناوٹ یا سخن سازی کے لیے۔

**جھُوٹوں (بات) نہ پُوچھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ظاہر داری یا دِکھاوے کے لیے بھی نہ پُوچھنا۔ ظاہری مدارات بھی نہ کرنا۔ اُوپری دل سے بھی توجہ نہ کرنا۔

**جھُوٹوں مُنہ نہ چھُوانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نام کو بات نہ کرنا (۲) ذرا بھی پرسانِ حال نہ ہونا (۳) خاطر میں نہ لانا۔ بالکل توجہ نہ کرنا۔

**جھُوٹھ۔ جھوٹھا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بچی کھچی خوراک۔ پس خوردہ۔

**جھُوٹی**۔ (جھُو۔ ٹی) [ہ۔ صفت] (۱) ایسی بات جو سچ نہ ہو۔ خلافِ واقعہ بات (۲) جھُوٹ بولنے والی عورت۔

**جھُوٹی بات بنالے پانی میں آگ جلالے۔ جھوٹی بات بناوے پانی میں آگ لگادے**۔ (ا۔ مثل) عیّار آدمی کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ جھُوٹ بول کر ناممکن کو بھی ممکن بنا سکتا ہے۔

**جھُوٹی زبان دینا**۔ (ا۔ محاورہ) جھُوٹا وعدہ کرنا۔

**جھُوٹی سچی (کہنا) ہانکنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھُوٹی باتیں بیان کرنا۔

**جھوٹی قسم**۔ (ا۔ ع۔ مث) غلط سوگند۔ حلفِ دروغ۔

**جھوٹی مہندی**۔ اُتری ہوئی یا استعمال شدہ مہندی۔ ایک دفعہ کی لگائی ہوئی مہندی۔

**جھُوجھا**۔ (جھُو۔ جھا) [ہ۔ ا۔ مذ] معارہ (۲) موٹا آدمی۔

**جھوجھرا۔ جھُوجرا**۔ (جھُو۔ جھ۔ را) (جھُو۔ جَ۔ را) [ہ۔ صفت] ٹوٹا پھُوٹا۔ بال پڑا ہُوا۔ شکستہ۔

**جھُوجھرُو**۔ (جھُو۔ جھ۔ رُو) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک پودا جسے اُونٹ بڑی خوشی سے کھاتا ہے۔

**جھُوجھری آواز**۔ (ا۔ مث) پھٹی ہوئی آواز۔

**جھُور**۔ (ق۔ ا۔ مذ) چھالا جو پھُوٹ گیا ہو۔

**جھُورا**۔ (ہ۔ صفت) مُرجھایا ہُوا۔ خشک۔ پژمُردہ۔

**جھُورنا**۔ (ہ۔ مص) مُرجھانا۔ خشک ہونا۔

**جھُوڑ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) تکرار۔ رَدّوبدل۔

**جھُوڑپ**۔ [ق۔ ا۔ مث] جھاڑی۔

**جھوک**۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن۔ خمیدگی (۲) دھکا۔ ہچکولا۔ ریلا۔ لچک (۳) (جھُولے کی) پینگ۔ نشے کی غفلت۔ (۴) ترازو کا ایک پلڑا جھکنا۔ (۵) تول۔ وزن۔

**جھوک دینا**۔ (ا۔ محاورہ) خرچ کرنا۔ لگا دینا (۲) آگ میں ڈالنا۔ (۳) ہچکولا دینا۔

**جھوک سنبھالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کی لچک کو روکنا۔ ہچکولے کو سہارنا (۲) (ہوا کے) ریلے کو روکنا (۳) نقصان برداشت کرنا (۴) (کسی شخص کا) خرچ اُٹھانا۔

**جھوک کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) گر پڑنا۔

**جھوک مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) تولتے وقت ترازو کی ڈنڈی کو چیز کی طرف جھُکانا۔ کم تولنا۔

**جھوکا**۔ (جھو۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہوا کا ایسا ریلا جس سے دھکا لگے (۲) نیند کی وجہ سے گرنے لگنا۔ غنودگی۔

**جھوکا**۔ [ق۔ ا۔ مذ] خوشہ۔

**جھوکنا**۔ (جھوک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ڈالنا۔ پھینکنا۔ تنور یا بھاڑ کو ایندھن ڈال کر گرم کرنا (۲) برباد کرنا۔ فضول خرچ کرنا۔ (۳) بُری جگہ شادی کرنا (۴) ہلاکت میں ڈالنا (۵) نشانہ باندھنا۔ (۶) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

**جھُوکے۔ جھُونک**۔ جھینک جھینک کر (ق)

**جھول**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ڈھیلاپن۔ چرس۔ سلوٹ۔ چُست یا موزُوں نہ ہونا۔ پُورا ناپ نہ ہونا (۲) ہاتھی کا جھُومتے جھُومتے چلنا۔ سیدھا نہ چلنا (۳) ملمع۔ گلٹ (۴) ایک دفعہ میں کئی بچّوں کا جننا۔

**جھول آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ڈھیلا پڑنا۔ چُست نہ رہنا (۲) بھینس کا بیا ہنے کے قریب ہونا۔

**جھول بٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) مُرغی کے نیچے بچے نکلنے کے لیے انڈے بٹھانا۔

**جھول پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) کپڑے کا جسم پر ٹھیک نہ آنا۔ (۲) کسی چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔

**جھول پھیرنا** (ا۔ محاورہ) ملمع کرنا۔ ملمع چڑھانا۔

**جھول جھال**۔ (ا۔ مذ) (۱) ڈھیل ڈھال۔ التوا (۲) وقفہ۔

**جھول دار**۔ (ا۔ ف۔ صفت) جس میں جھول ہوں۔ جس میں شکنیں یا ڈھیلاپن ہو۔

**جھول ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پہننا (۲) شکنیں ڈالنا (۳) ڈھیلا کرنا۔

**جھول نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مُرغی کا بچے نکالنا (۲) شکن یا ڈھیلاپن دُور کرنا۔

**جھُول** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ہاتھی یا دُوسرے حیوانات پر ڈالنے کا کپڑا (۲) ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔

**جھُولا**۔ (جھُو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] درخت یا کسی چیز میں پڑی ہوئی رسّی جس پر بیٹھ کر جھُولیں (۲) جھونکا۔ جھکولا (ق)

**جھُولا جھُلانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کو جھُولے پر بٹھا کر پینگ دینا۔

**جھُولا جھُولنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھُولے پر بیٹھ کر پینگ بڑھانا۔

**جھولا ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھُولنے کے لیے رسّی درخت یا کسی چیز میں ڈالنا۔

**جھولا**۔ (جھو۔ لا۔ واؤ معروف مجہول) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) تھیلی یا تھیلا (۲) ڈھیلاپن۔ (۳) فالج۔ رعشہ (۴) ہاتھ کا اشارہ (۵) گرم ہوا یا لُو جس سے پھلوں اور اناج کو نقصان پہنچتا ہے۔

**جھولا مار جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فالج گرنا (۲) جسم کا ڈھیلا پڑ جانا۔

**جھُولنا**۔ (جھُول۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جھُونٹے لینا۔ پینگ بڑھانا (۲) (لٹکنے



Marfat.com

کی حالت میں جھومنا) ہلنا (۴) اُمیدوار رہنا (۴) (ایک ہی کام میں) پڑا رہنا۔ ترقی رُکی رہنا (۵) ہنڈولا۔

**جھولنا۔** (جھول۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تھیلا۔ خورجی (۲) فقیروں کا تھیلا جس میں وہ رُوٹی وغیرہ رکھتے ہیں (۳) پہلو کا گوشت۔

**جھولی۔** (جھو۔لی) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) چھوٹی تھیلی (۲) دامن جو کچھ مانگنے کے لیے کسی کے سامنے پھیلایا جائے (۳) وہ کپڑا جس کے چاروں کونے باندھ کر (فقیر وغیرہ) گلے میں ڈال لیتے ہیں۔

**جھولی بھرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کوئی چیز جھولی میں ڈالنا۔ (۲) مُراد پُوری کرنا۔

**جھولی بھری ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جھولی میں بہت سی چیزیں پڑی ہونا (۲) کامیاب ہونا۔ بامُراد ہونا۔

**جھولی چھوڑنا۔** (ا۔محاورہ) بدن ڈھیلا پڑ جانے سے پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا۔

**جھولی ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بھیک مانگنا۔ فقیری کرنا (۲) نوزائیدہ بچے کو کسی بزرگ کی گود میں دینا۔

**جھُوم۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) حرکت۔ ہلنا (۲) لہرانا (۳) پتّوں کی بہتات۔ (۴) جھومنا کا امر۔

**جھُوم جھُوم کر۔ جھُوم جھام کر۔** (۱) لہرا لہرا کر۔ ہل ہل کر (۲) زور سے۔

**جھُوما جھوم۔** (ا۔مذ) اتھا پائی۔ چپقلش (ق)

**جھُومر۔** (جھُو۔مَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ماتھے کا ایک زیور (۲) ایک قسم کا ناچ جو ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ بنا کر ناچا جاتا ہے (۳) ایک گیت (۴) مجمع۔

**جھُومر کا چاند۔** (ا۔مذ) سونے یا چاندی کا وہ گول مرصع ٹکڑا۔ جو جھومر میں لگا ہوتا ہے۔

**جھُومنا۔** (جھُوم۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہلنا۔ جسم اور سر کو ہلانا۔ لہرانا (۲) لڑکھڑانا۔ ہاتھی کی طرح ہلتے جُلتے چلنا (۳) اُونگھنا (۴) نشے کی حالت میں آہستہ آہستہ چلنا (۵) بادلوں کا جمع ہونا (۶) مستانہ چال چلنا۔

**جھونا۔** (جھو۔نا (واؤ مجہول) [ہ۔ا۔مذ] (۱) جھِدرا بُنا ہوا کپڑا (۲) عُمدہ قسم کی چھالیا۔

**جھونا۔** (جھو۔نا بواؤ مجہول) [ہ۔مص] (۱) چلانا (۲) مارنا (۳) بیان کرنا۔ دکھڑا رونا (۴) (پن) دھان۔

**جھونپڑا۔** (جھونپ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] چھپر یا پھُوس کا کچا مکان۔

**جھونپڑوں میں رہنا محلوں کے خواب دیکھنا۔** (مثل) حیثیت نیچی، خیالات اُونچے۔

**جھونپڑی۔** (جھونپ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] جھونپڑا کی تصغیر۔ چھپری۔ پھُوس کا چھوٹا سا گھر (پن) جھگی۔

**جھُونٹا۔** (جھُون۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پینگ۔ جھُولے کا آگے پیچھے حرکت کرنا (۲) عورت کے سر کے بال (۳) بھینس کا بچہ۔

**جھونٹا لینا۔** (ا۔محاورہ) پینگ لینا۔ جھولے میں بیٹھنے کے بعد پاؤں کا پنجہ زمین پر مار کر زور سے جھُولنا۔

**جھُونٹے پکڑنا۔** عورت کے سر کے بال پکڑنا۔ بال نوچنا (لڑنے کے لیے)

**جھُونٹے کھسوٹنا۔** سر کے بال نوچنا۔ سر کے بال پکڑ کر جھٹکے دینا۔

**جھونٹم جھاٹا۔** (جھُون۔ٹَم۔جھا۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] عورتوں کا ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا۔

**جھونٹی کاٹی۔** (ا۔مث) منڈی کاٹی۔ عورتوں کی گالی۔

**جھُونجھ۔ جھُونجھر۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) خواہش۔ چسکا (۲) کھُجلی۔ خارش۔ (۳) گھونسلا۔

**جھُونجھ مارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کھُجلی ہونا۔ (۲) چُل ہونا۔ خواہش کا ستانا۔

**جھُونجھل۔ جھُونجھل۔** (جھُون۔جَل۔ جھُون۔جھَل) [ہ۔ا۔مث] خفگی۔ غصہ۔ جھنجھلاہٹ۔

**جھُونجھل اُتارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) غصّہ اُتارنا۔ (۲) عداوت نکالنا۔

**جھونک۔** (ہ۔ا۔مث) دیکھیے "جھوک"۔

**جھونک آنا۔** (۱) نیند یا اُونگھ آنا۔ (۲) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا (۳) نشے میں ہونا۔

**جھونکا۔** (جھوں۔کا) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے جھوکا۔

**جھونکے آنا۔** (ا۔محاورہ) نیند آنے کی وجہ سے سر کا بار بار جھکنا۔ نیند کے جھُونٹے آنا۔

**جھونکے چلنا۔** (ا۔محاورہ) ہوا کا تیز چلنا۔

**جھونکے کھانا۔** (ا۔محاورہ) لغزش کھانا۔

**جھونکے لینا۔** (ا۔محاورہ) ہلنا۔ جنبش کرنا۔

**جھونکیا۔** (ا۔صفت) بھٹی میں ایندھن ڈالنے والا۔

**جھینپ۔** (ہ۔ا۔مث) شرمندگی۔ ندامت۔ شرمساری۔

**جھینپ چڑھنا۔** (ا۔محاورہ) شرمندگی محسوس کرنا۔

**جھینپ مٹانا۔** (ا۔محاورہ) شرمندگی دُور کرنا۔

**جھینپنا۔ جھینپنا۔** (جھینپ۔نا۔ جھینپ۔نا) [ہ۔مص] شرمانا۔ لجانا۔ آنکھ چُرانا۔

**جھیجنا۔** (جھی۔ج۔نا) [ق۔مص] (۱) کم ہونا۔ گھٹنا (۲) کمزور ہونا۔ (۳) پیلا پڑ جانا۔

**جھیرا۔** (جھی۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چشمہ۔ سوتا (۲) وہ غار یا سُوکھا کنُواں جس میں اکثر کبوتر رہتے ہیں۔

**جھیر جھیر۔** [ہ۔صفت] ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ دھجی دھجی۔ پرُزے پرُزے۔

**جھیل** [ف۔ا۔مذ] مجمع۔ جھرمٹ۔



Marfat.com

**جھیل** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گِھرا ہوا ہو (۲) دَلدَل ۔ (۳) نیچی زمین جس پہ پانی کھڑا ہو ۔ (۴) گیت کے وہ بول جو مدھم آواز سے ادا کیے جاتے ہیں ۔

**جھیلا** ۔ (جھے ۔لا) [ق ۔ا ۔ مذ] مالا ۔

**جھیلنا** ۔ (جھیل ۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) برداشت کرنا ۔ اُٹھانا ۔ سہارنا (۲) پچانا ۔ ہضم کرنا ۔

**جھیلی** ۔ (جھیل ۔ لی) [ھ ۔ا ۔ مث] ایک زیور جو لڑی دار ہوتا ہے اور سر کے بالوں میں اس لیے اٹکایا جاتا ہے کہ کانوں کے زیور کو سنبھالے رہے ۔

**جھیلی دینا** ۔ (جھیل ۔ لی ۔ دے ۔ نا) [ھ ۔ محاورہ] بچہ ہوتے وقت زچہ کو ایک خاص ترکیب سے ہلانا جُلانا ۔

**جھینکنا** ۔ (جھینک ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) شکایت کرنا (۲) دُکھڑا رونا ۔ مصیبت کا حال بیان کرنا (۴) رونا دھونا ۔ ماتم کرنا (۵) پچھتانا ۔

**جھینگا** ۔ (جھین ۔ گا) [ھ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

**جھینگر** ۔ (جھین ۔گر) [ھ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کا کیڑا جو نمی کی وجہ سے کونوں کھدروں میں پیدا ہو جاتا اور کپڑے وغیرہ کو چاٹ جاتا ہے ۔

## ج - ء

**جئی** ۔ (جَ ۔ اِی) [ھ ۔ا ۔ مث] (۱) چھوٹا جَو (۲) چاول کی پھوٹتی ہوئی پَود ۔

## ج - ی

**جی** ۔ [ھ] (۱) ہاں ۔ بلے (۲) جناب ۔ صاحب ۔ حضرت (۳) درست ۔ بجا ۔ (کسی نام کے بعد) بطور تعظیم یا اظہارِ قربت و محبت (۵) طنزاً بیشک ایسا ہی ہے (جب کہنے والے کا خیال یہ ہوتا ہے کہ نہیں ہے)

**جی حضور** ۔ (کلمۂ ایجاب) بڑے یا بزرگ آدمی کے بلانے پہ جواب میں کہتے ہیں ۔

**جی حضوری** ۔ (ا ۔ صفت) خوشامدی ۔ کاسہ لیس ۔ ہاں میں ہاں ملانیوالا ۔

**جی کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر معاملے میں اتفاق ملانے ۔ خوشامد ۔

**جی کہو جی سنو** ۔ (مثل) عزت کرنے سے عزت ہوتی ہے ۔

**جی ہاں** ۔ (۱) یہ کلمہ کسی کے جواب میں کہتے ہیں ۔ (۲) (طنزاً) ہم اصل حقیقت جانتے ہیں ۔

**جی** ۔ [ھ ۔ا ۔ مذکر] (۱) جان ۔ رُوح ۔ دم ۔ سانس ۔ پران (۲) زندگی ۔ عمر (۳) دل ۔ من ۔ طبیعت (۴) خود ۔ آپ ۔ شخصیت (۵) جرأت ۔ دلیری ۔ حوصلہ ۔ مردانگی (۶) جانور ۔ حیوان ۔ ذی روح ۔ (۷) طاقت ۔ قوت (۸) محبت ۔

**جی آجانا ۔ جی آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل آجانا ۔ عاشق ہونا ۔ دل مائل ہونا ۔

**جی اٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محبت ہونا ۔ دل کا کسی کی محبت میں اُلجھ کر رہ جانا ۔

**جی اُٹھا لینا ۔ اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بیزار ہونا (۲) محبت ترک کرنا ۔

**جی اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زندہ ہو جانا (۲) بیزار ہونا (۳) کسی کام کے لیے دل نہ چاہنا ۔

**جی اُچٹ جانا ۔ جی اُچاٹ ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کام سے بیزار ہو جانا ۔ دل نہ لگنا ۔ دل برداشتہ ہونا ۔

**جی اچھا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) طبیعت اچھی ہونا (۲) بیمار کا رُو بہ صحت ہونا ۔

**جی اُداس ہونا** ۔ (ف ۔ صفت) (۱) دِل گھبرانا (۲) افسردہ ہونا ۔

**جی اُکتا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل بیزار ہو جانا ۔ طبیعت نہ لگنا ۔ کسی کام سے دل ہٹ جانا ، کوئی کام اتنی زیادہ مرتبہ کرنا کہ اس کام کو مزید کرنے کو جی نہ چاہے ۔

**جی اُلٹ جانا ۔ جی اُلٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل گھبرانا ۔ دل پریشان ہونا ۔ (۲) دیوانہ یا پاگل ہو جانا ۔

**جی اُمنڈ آنا** ۔ دیکھیے جی بھر آنا ۔

**جی اُلجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اُلجھن محسوس کرنا ۔ گھبرانا ۔ پریشان ہونا ۔

**جی اندر سے بیٹھا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طبیعت کا گِرا جانا ۔ دل گھبرانا ۔

**جی اُوپر تلے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) متلی ہونا ۔ قے آنے کو ہونا ۔ (۲) دل کا گھبرانا ۔

**جی باغ باغ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دلی خوشی ہونا ۔

**جی بٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل بہلنا (۲) دھیان اور طرف ہو جانا ۔

**جی بجھ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) افسردہ ہونا ۔ دل سرد ہونا ۔ ولولہ باقی نہ رہنا ۔ کوئی خواہش یا ارمان دل میں نہ رہنا ۔

**جی بچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بیماری یا کسی حادثے سے مرتے مرتے بچ جانا ۔

**جی بحال ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا ۔ بیماری کا اثر دُور ہونا ۔

**جی بُرا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ناخوش ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بُرا ماننا ۔ (۲) قے کرنا ۔ اُگلنا ۔

**جی بُرا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) طبیعت بگڑنا ۔ دل بگڑنا (۲) ناخوش یا رنجیدہ ہونا ۔

**جی بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہمت افزائی کرنا ۔ حوصلہ بڑھانا ۔

**جی بڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جرأت ہونا (۲) دل خوش ہونا ۔

**جی بکھرنا ۔ جی بکھرانا ۔ جی بگڑا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) متلی معلوم ہونا ۔ دل بیٹھنا ۔ غش آنا ۔



Marfat.com

**جی بند ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) گھبراہٹ ہونا۔ دل رُکنا۔
**جی بھاری کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (۲) دل پر بوجھ ڈالنا (۳) رونا دھونا۔
**جی بھٹکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل کو کسی چیز کی تلاش یا خواہش ہونا (۲) یکسوئی یا قرار نہ ہونا۔
**جی بھر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رونا آجانا (۲) ترس یا رحم آنا (۳) دل کا دردمند ہونا۔
**جی بھر بھر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بار بار رونے کو جی چاہنا (۲) آنکھوں میں آنسو بھر بھر آنا (۳) بہت زیادہ ترس یا رحم آنا۔
**جی بھربھرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کے لیے دل للچانا۔ رغبت محسوس کرنا۔
**جی بھر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سیر ہو جانا (۲) اُکتا جانا۔
**جی بھر کر** ۔ سیر ہو کر ۔ حسبِ خواہش ۔ پوری طرح۔
**جی بہلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل لگنا۔ مشغول ہو جانا۔ دلچسپی ہو جانا۔
**جی بیٹھا جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) نڈھال ہونا۔ اُداس ہونا۔
**جی بیزار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) زندگی سے تنگ ہونا
**جی پر بن جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سخت تکلیف ہونا۔ شدید اضطراب ہونا۔ صدمہ ہونا۔
**جی پر کھیلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جان خطرے میں ڈالنا۔ جوکھوں میں پڑنا۔
**جی پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جان پڑنا (۲) کیڑے پڑنا (۳) خیال لگا رہنا۔ (۴) تسلی ہونا۔
**جی پک جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) برداشت کی حد ہو جانا۔ عاجز یا تنگ آجانا (۲) دُکھی ہونا۔
**جی پکڑ لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل تھام لینا (۲) کسی چیز کا اپنی طرف متوجہ کر لینا۔
**جی پگھلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل آنا۔ مائل ہونا۔
**جی پھٹ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔ نفرت ہو جانا (۲) محبت میں فرق آجانا۔
**جی (پھر جانا) پھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اُکتا جانا۔ بے زار ہو جانا۔ نفرت کرنے لگنا۔ گھن آنے لگنا۔
**جی پھسلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل آنا۔ طبیعت کا مائل ہو جانا۔ عاشق ہونا۔
**جی پھیکا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے زار ہونا۔ گرم جوشی گھٹنا۔
**جی ترسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کے لیے دل چاہنا (۲) جو نہ ملا ہو اس کی آرزو رکھنا۔
**جی تلے اوپر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھبراہٹ محسوس کرنا۔ متلی ہونا۔
**جی ٹوٹ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بد دل ہونا۔ نا امید ہو جانا۔ حوصلہ پست ہو جانا۔
**جی ٹھکنے لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تسلی ہونا۔
**جی ٹھنڈا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا (۲) تسلی یا اطمینان ہونا۔ (۳) آرزو یا ہوس پوری ہو جانا (۴) خاطر جمع ہو جانا۔

**جی جان سے (فدا) قربان ۔ نثار** ۔ (ا۔ محاورہ) فریفتگی یا پسندیدگی کی انتہا ہونا (۲) (صرف) عاشق۔ شیدا۔
**جی جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جان جانا۔ مر جانا (۲) زندہ ہو جانا۔ کام بن جانا۔
**جی جانتا ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل ہی کو معلوم ہے کہ کیا گزری ہے (۲) جو تکلیف یا آرام پہنچا اس کا دل پر گہرا اثر ہے۔
**جی جائے گھی نہ جائے** ۔ (مثل) اتنی زیادہ کنجوسی کہ خرچ بچانے کے لیے جان دینے یا مرنے پر آمادہ ہو۔
**جی جلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل جلانا۔ رنجیدہ ہونا (۲) ستانا۔ تنگ کرنا۔ (۳) غصہ دلانا (۴) ناپسند بات یا حرکت سے چڑانا۔
**جی جلانے سے ہاتھ جلانا بہتر ہے** ۔ (مثل) جسم کی تکلیف رُوح کی تکلیف سے آسان ہوتی ہے۔
**جی جلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غصہ آنا (۲) حسد ہونا (۳) کبیدہ ہونا
**جی جی اُٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) باغ باغ ہو جانا۔ بہت خوش ہونا۔
**جی جی نکال لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) اچھی اچھی چیز الگ چھانٹ لینا۔
**جی چاہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) للچانا (۲) کسی چیز کی خواہش ہونا۔ مشتاق ہونا۔
**جی چاہے** ۔ (ا۔ روزمرہ) اگر مرضی ہو۔ اگر پسند ہو۔
**جی چرانا** ۔ **جی چھپانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کام سے بچنا۔ حیلے حوالے کرنا۔
**جی چلا** ۔ (ا۔ صفت) (۱) من چلا ۔ بہادر (۲) سخی ۔ باہمت (۳) پاگل۔
**جی چلا بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ یا ہمت کر گزرنا۔ دل کر جانا۔
**جی چلا جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل کھو بیٹھنا (۲) دل بیٹھ جانا۔
**جی چلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خواہش کرنا (۲) ہمت کرنا۔ دلیری دکھانا۔ رغبت ظاہر کرنا۔
**جی چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خواہش پیدا ہونا۔ رغبت ہونا (۲) گھبرانا (۳) پاگل ہونا۔
**جی چھوڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہمت توڑنا (۲) نا امید کرنا (۳) عاجز کرنا۔ (۴) اُکتانے والا رویّہ اختیار کرنا۔
**جی چھوٹ جانا** ۔ **جی چھوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مایوس ہونا۔ ہمت ہار دینا۔ بد دل ہو جانا۔ نا امید ہو جانا۔
**جی چھوڑ دینا** ۔ **جی چھوڑنا** ۔ (۱) نا اُمید ہونا۔ ہمت ہار دینا۔
**جی چھیننا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل لینا۔ عاشق بنا لینا۔
**جی دار** ۔ (ا۔ صفت) (۱) بہادر۔ من چلا (۲) دم خم رکھنے والا۔ مضبوط۔ ہمت والا۔
**جی داری** ۔ (ا۔ مث) (۱) ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ بہادری۔ دلیری
**جی دُکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنج یا صدمہ پہنچانا۔
**جی دھڑکنا** ۔ (۱) خوف ہونا (۲) اختلاجِ قلب کا دورہ پڑنا۔
**جی دھک دھک کرنا** ۔ (۱) گھبراہٹ ہونا (۲) خوف ہونا۔ ڈرنا۔
**جی دھکڑ پکڑ ہونا** ۔ (۱) کسی کام کے کرتے ہوئے ہچکچانا۔ تردد ہونا۔
**جی دہلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) دل دھڑکنا۔
**جی دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جان دینا (۲) پیار کرنا۔ عشق کرنا۔



Marfat.com

**جی ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جان ڈالنا ۔ زندہ کرنا (۲) محبت کرنا ۔ اپنیت کرنا ۔

**جی ڈوبنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نڈھال ہو جانا ۔ غشی طاری ہونا (۲) دل کا کمزوری یا شدتِ غم سے کمزور ہو جانا ۔ (۳) دل کا بے قابو ہونا ۔

**جی رکنا** ۔ (۱) دل گھبرانا (۲) دم رکنا (۳) آزردہ ہو جانا ۔

**جی رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خوش رکھنا ۔ (۲) تسلی دلاسا دینا (۳) لحاظ یا پاسداری کرنا ۔

**جی سائیں سائیں کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غشی کے آثار ظاہر ہونا (۲) دل کی حالت بگڑنا ۔

**جی سنسانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمزوری کی وجہ سے نڈھال ہونا ۔ دل بیٹھنا ۔ دل پریشان ہونا ۔

**جی سے اُتر جانا (اُترنا)** (ا ۔ محاورہ) نظروں سے گر جانا ۔ قدر نہ ہونا ۔ بے وقعت ہو جانا ۔

**جی سے بیزار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زندگی سے تنگ ہونا ۔

**جی سے جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مر جانا ۔ دم نکل جانا ۔ انتقال ہو جانا ۔

**جی سے جی ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دو آدمیوں میں اٹوٹ رشتہ ، دوستی قائم ہونا ۔

**جی سے گزر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مر جانا ۔ جان دے دینا ۔

**جی سے گھڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی بات اپنی طرف سے بنا کر کہنا ۔ من گھڑت بات کہنا ۔

**جی سینے میں بھٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کی خواہش ہونا ۔

**جی شاد ہونا ۔ جی شادماں ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوش ہونا ۔ مگن ہونا ۔ مسرور ہونا ۔

**جی شگفتہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل خوش و خرم ہونا ۔ طبیعت کھلی کھلی ہونا ۔ فرحاں و شاداں ہونا ۔

**جی عشق ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی پہ فریفتہ ہونا ۔

**جی کا بخار نکالنا** (ا ۔ محاورہ) دل کی بھڑاس نکال لینا ۔ رونے یا غصہ کرنے سے دلی رنج دُور کرنا ۔

**جی کا جنجال** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل کا روگ ۔ وہ کام یا بات جس سے دل گھبراتا ہو ۔

**جی کا دشمن** ۔ (ا ۔ مذ) جان کا بیری ۔

**جی کا زیاں** ۔ (ا ۔ مذ) جان کا نقصان

**جی کا مختار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آزاد ہونا (۲) کسی کا عاشق ہونا

**جی کا غبار** ۔ (ا ۔ مذ) دل کی کدورت ۔ ملال ۔ غبارِ خاطر

**جی کا کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل میں خود بخود کوئی بات آنا ۔

**جی کانپنا** ۔ دل کا خوف یا اندیشے کی وجہ سے دھڑکنا ۔ خوف معلوم ہونا ۔

**جی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہمت کرنا ۔ حوصلہ کرنا (۲) کسی چیز کو جی چاہنا ۔

**جی کڑا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہمت کرنا (۲) ناگوار بات کو دل پر جبر کر کے جھیل جانا ۔

**جی کڑھانا** ۔ (۱) رنج دینا ۔ رنجیدہ کرنا ۔ ملول ہونا ۔

**جی کڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج یا غم ہونا ۔

**جی کو بھلی لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اچھی معلوم ہونا ۔ پسند آنا ۔

**جی کو روگ لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی فکر ملول سے لینا ۔ کسی اُلجھن میں پڑ جانا ۔

**جی کو لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل پہ اثر ہونا (۲) اچھا معلوم ہونا ۔ پسند ہونا ۔ چوٹ لگنا ۔

**جی کو مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہشات کو ضبط کرنا ۔ من مارنا ۔ قناعت سے کام لینا ۔

**جی کھپانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) محنت سے کام کرنا (۲) مر مٹنا ۔

**جی کھٹا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل بے زار ہونا (۲) متنفر کر دینا ۔

**جی کھٹا میٹھا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل للچانا ۔ کسی کو دیکھ کر خواہشات اُمنڈنا ۔

**جی کھٹا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بیزاری ہونا (۲) نفرت ہونا (۳) مایوسی ہونا ۔

**جی کھرا کھوٹا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نیت میں فتور آنا ۔ بے ایمانی پہ اُتر آنا ۔

**جی کھلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) شرم و حجاب دُور ہونا ۔ بے باک ہونا ۔

**جی کھول کر** ۔ (ا ۔ محاورہ) فیاضی سے ۔ بے دریغ ۔ افراط سے ۔ خوب اچھی طرح

**جی کھول کر خرچ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) للّے تلّے سے خرچ کرنا ۔ کھلے ہاتھ سے خرچ کرنا ۔

**جی کھونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان ہلکان کرنا ۔ جان ضائع کرنا ۔ تکلیفیں اُٹھانا ۔

**جی کی آفت** ۔ (ا ۔ مث) دل کے لیے مصیبت ۔

**جی کی امان (پانا) مانگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان بخشی چاہنا (شاہی زمانے کے آدابِ گفتگو میں بطور تکیہ کلام استعمال ہوتا تھا)

**جی کی جی میں رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل کی حسرت یا ارمان نہ نکلنا ۔ آرزو پوری نہ ہونا ۔

**جی کی لگی** ۔ (ا ۔ مث) دل میں کسی بات کا دھیان ہونا ۔ فکر ۔ دُھن ۔

**جی گرا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طبیعت سُست ہونا ۔ دل بیٹھنا ۔

**جی گنوانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان کھو دینا ۔ برباد ہو جانا (۲) عاشق ہونا ۔

**جی گھبرانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل پریشان ہونا (۲) وحشت ہونا ۔ (۳) دل نہ لگنا ۔

**جی گھٹ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غش آنا (۲) نفرت کرنا ۔

**جی لبھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل کو اپنی طرف مائل کرنا ۔ دل موہ لینا ۔ اپنے پہ فریفتہ کرنا ۔

**جی لڑا دینا ۔ جی لڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پوری توجہ سے کام کرنا ۔ جان کھپا دینا ۔

**جی لرزنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوف یا اندیشہ ہونا ۔ ڈرنا ۔

**جی لگانا ۔ جی لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل بہلنا (۲) کسی کام میں دلچسپی لینا (۳) محبت ہو جانا ۔



Marfat.com

جی لگا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی طرف خاص طور سے دھیان ہونا ۔

جی للچانا ۔ (ا ۔ محاورہ) مائل ہونا ۔ خواہش ہونا ۔ رغبت ہونا ۔

جی لوٹ جانا ۔ جی لوٹنا ۔ (۱) کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے دل پھڑکنا (۲) از حد اشتیاق یا آرزو ہونا ۔

جی لُوٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل چھین لینا ۔ عاشق کر لینا ۔ فریفتہ کر لینا ۔

جی لہرانا ۔ (ا ۔ محاورہ) جی للچانا ۔ دل میں ترنگ پیدا ہونا ۔

جی سے لے لینا ۔ جی لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دوسرے کے خیالات یا اس کا عندیہ معلوم کر لینا (۲) دل پر قابو کر لینا (۳) خواہشات کو بھڑکا دینا ۔

جی مار ۔ (ا ۔ صفت) (۱) سنگین جرم ۔ قتل وغیرہ (۲) خواہشات کو بجھانے والا (۳) قاتل ۔

جی مارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہشوں کو ضبط کرنا ۔ خواہشات کو کچل دینا ۔

جی متلانا ۔ (ا ۔ محاورہ) قے آتی ہوئی معلوم ہونا ۔ اِمتلا ہونا ۔

جی مر جانا ۔ جی مرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہش یا تمنا باقی نہ رہنا ۔ دل مُردہ ہو جانا ۔

جی مِلانا ۔ (ا ۔ محاورہ) افسوس ہونا ۔ دریغ ہونا ۔

جی مِلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل مِل جانا ۔ طبیعتیں مِل جانا ۔ ایک دِل ہو جانا ۔

جی میں آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ذہن میں آنا (۲) جی چاہنا ۔ کوئی بات خیال میں آنا ۔

جی میں آتارنا ۔ جی میں اُترنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل میں بٹھانا ۔ ذہن نشین کرانا ۔ دل پر اثر کرنا ۔

جی میں ارمان رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) حسرت نہ نکلنا ۔ آرزو پُوری نہ ہونا ۔

جی میں بس رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا خیال رہنا ۔

جی میں بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل پر اثر کرنا ۔ دل میں اُتر جانا ۔

جی میں ٹھاننا ۔ (ا ۔ محاورہ) ارادہ کرنا ۔ قصد کرنا ۔

جی میں جل جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) رشک کرنا ۔ حسد کرنا ۔

جی میں جگہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) عزّت ہونا ۔ وقعت ہونا ۔

جی میں جی آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تسلّی ہونا ۔ جان میں جان آنا ۔ دم میں دم آنا ۔ بچنے کی اُمید ہونا ۔

جی میں جی ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) یقین دلانا ۔ اپنی بات دوسرے کے دل میں اُتارنا ۔

جی میں ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل میں خیال پیدا کرنا ۔ بات دِل میں اُتارنا ۔

جی میں رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خفیہ رکھنا ۔ پوشیدہ رکھنا (۲) عداوت یا بغض یا کینہ رکھنا ۔

جی میں کہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل ہی میں کوئی بات سوچنا یا منصوبہ باندھنا ۔

جی میں کھُبنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل میں پیوست ہو جانا ۔ دل پر اثر کر جانا ۔ (۲) بہت پسند آنا ۔

جی میں گھر کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل پر اثر کر جانا ۔ دل میں چُبھ جانا ۔ (۲) دل موہ لینا ۔

جی میں لگنا ۔ (ا ۔ محاورہ) اثر کرنا ۔ ذہن نشین ہونا ۔ دل میں بیٹھنا ۔

جی میں مزے لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) خیال ہی خیال میں لطف اُٹھانا ۔

جی نڈھال ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل کا گِرا گِرا ہونا ۔ دل کا مضمحل ہونا ۔ دل پریشان ہونا ۔

جی نکلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دم نکل جانا ۔ مرنا (۲) بے چین ہونا ۔ عاشق ہونا ۔

جی ہاتھ میں (رکھنا) لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خوش رکھنا ۔ تسلی دینا ۔ دل یا افسردہ نہ ہونے دینا (۲) قابو میں رکھنا ۔

جی ہارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل چھوڑ دینا ۔ ہمت ہارنا (۲) کسی کام سے عاجز رہ کر باز رہنا ۔

جی ہٹ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نفرت ہو جانا (۲) توجہ ہٹ جانا (۳) محبت نہ رہنا ۔

جی ہِلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خوف یا رحم سے دل کا کانپنا ۔

جی ہوا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دل گھبرانا (۲) جان نکلنا ۔ دم نکلنا ۔

جی ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خواہش یا ارادہ ہونا (۲) زندگی باقی ہونا ۔

جی ہونٹوں پر آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نزع کی حالت میں ہونا ۔ دم آخر ۔

جی ہی بھاگتا ہوگا ۔ (ا ۔ روزمرہ) دل میں ہی سمجھتے ہوں گے ۔

جی ہی جانتا ہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) تم ہمارے ساتھ جو بدسلوکی کر رہے ہو اس کو ہم خوب جانتے ہیں بیان کرنے سے فائدہ ؟

جی ہی جی میں باتیں کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دل ہی دل میں خیالات پکانا ۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا ۔

جی ہے تو جہان ہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) زندگی ہے تو سب کچھ ہے ۔

جی ۔ او ۔ سی ۔ (G.O.C.) جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مخفف ۔ فوج کا اعلیٰ افسر ۔

جی ۔ پی ۔ او ۔ (G.P.O.) جنرل پوسٹ آفس کا مخفف ۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاک خانہ ۔

جے ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) فتح ۔ نصرت ۔ جیت ۔ ظفر مندی (۲) ترقی ۔ عروج ۔ اقبال (۳) توکل ۔ تسلیم ۔ ترکِ علائق (۴) [ندائیہ] شاباش ۔ زندہ باد ! بہت بہتر ۔ (۵) مسرت ۔ شادمانی ۔

جے ۔ [ہ ۔ صفت] جتنے ۔ جس قدر (تعداد ظاہر کرنے کے لیے)

جے پتر ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) فتح نامہ ۔ ڈگری ۔

جے جے کار ۔ (ہ ۔ مث) فتح کے نعرے ۔ فتح کی خوشی ۔

جے جے وَنتی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک راگنی جو موت کے وقت گائی جاتی ہے ۔

جِیا ۔ (ج ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ و مث] (۱) جان ۔ زندگی ۔ جی (۲) پیارا ۔ محبوب (۳) دائی کھلائی ۔ دودھ پلانے والی ۔

جیاگریفی ۔ ( Geography ) [ج ۔ یا ۔ گ ۔ رَے ۔ فی] (انگ ۔ ا ۔ مذ) وہ علم جس میں زمین کی قدرتی حالت اور سیاسی تقسیم کا حال بیان کیا جاتا ہے ۔ جغرافیہ ۔

جیاگریفیکل ۔ ( Geometrical ) [ج ۔ یا ۔ گ ۔ رَے ۔ فی ۔



Marfat.com

گل ) [ انگ ۔ صف ] جغرافیے سے متعلق ۔

جیالا ۔ (ا۔ صف ) بہادر ۔ دلیر ۔ جرأت مند ۔

جیالوجسٹ ( (Geologist) ) ( جی ۔ آ ۔ لو ۔ جسٹ ) ( انگ ۔ ا ۔ مذ ) علم زمین کا ماہر ۔

جیالوجی ۔ ( (Geology) ) ( جی ۔ آ ۔ لو ۔ جی ) [ انگ ۔ ا ۔ مث ] وہ علم جس سے زمین کی بناوٹ اور اس کے ڈھانچے کا حال معلوم ہوتا ہے ۔

جیالوجیکل ۔ (Geological) ( ج ۔ یا ۔ لو ۔ جی ۔ کل ) [ انگ ۔ صف ] زمین کے متعلق ۔ زمین کی بناوٹ اور اس کے ڈھانچے سے تعلق رکھنے والا ۔

جیامیٹری ۔ ( (Geometry) ) ( ج ۔ یا ۔ میٹ ۔ ری ) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ) وہ علم جس میں لائنوں ۔ زاویوں اور سطحوں اور جسموں کے تعلق ۔ خصوصیتوں اور پیمائش کا حال بیان کیا جاتا ہے ۔ علم اقلیدس ۔

جیامیٹریکل ۔ ( (Geometrical) ) ج ۔ یا ۔ مٹ ۔ ری ۔ کل ) [ انگ ۔ صف ] علم اقلیدس کے متعلق ۔

جَیب ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] گریبان ۔ سینہ ۔ پیراہن ۔

جیب ۔ [ اُر ۔ ا ۔ مث ] پاکٹ ۔ وہ تھیلی جو کرتے ، کوٹ یا واسکٹ میں لگاتے ہیں ۔ کیسہ ۔ دامن ۔

جیب خاص ۔ (ا ۔ مذ ) بادشاہ کا ذاتی خرچ ، خزانے کی وہ رقم جو صرف بادشاہ کے مصرف میں آئے ۔

جیب خالی ( ہو جانا ) ، ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ ) کچھ پاس نہ رہنا ۔ ساری نقدی ختم ہو جانا ۔

جیب خرچ ۔ (ا ۔ مذ ) اُوپر کا خرچ ۔ ایسا خرچ جو مقررہ اخراجات کے علاوہ ہو ۔ چھوٹے موٹے اخراجات کی رقم ۔

جیب کترا ۔ (ا ۔ مذ ) دوسروں کی جیبیں کاٹ کر نقدی نکالنے والا ۔

جیب کترنا ۔ (۱) کسی کی جیب کاٹ کر رقم نکالنا (۲) ناجائز نفع لینا ۔

جیب گھڑی ۔ (ا ۔ مث ) جیب میں رکھنے کی چھوٹی گھڑی ۔ جیبی گھڑی ۔

جیب میں پڑے ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ ) قابو میں ہونا ۔ کوئی اہمیت نہ رکھنا ۔

جیب میں نہیں دانے بڑھیا چلی بھنانے ۔ جیب میں نہیں دھیلا ، چھیلا پھرے گلی گلی ۔ (مثل ) غریبی یا مفلسی یا تنگ دستی میں خود کو امیر ظاہر کرنا ۔

جیبی ۔ ( جے ۔ بی ) [ ف ۔ اُر ۔ صف ] (۱) جیب کا ۔ جیب کے متعلق ۔ (۲) چھوٹی ۔

جیبی رومال ۔ (ا ۔ مذ ) جیب میں رکھنے کا رومال ۔ چھوٹا سا رومال ۔

جیبی کتا ۔ ایک قسم کا بہت چھوٹا کتا ۔

جیبی کتاب ۔ اتنی چھوٹی کتاب کہ جیب کے اندر آجائے ۔

جیبھ ۔ جیبھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) زبان ۔

جیبھ اٹکنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) بچے کا لفظوں کو صحیح یا پوری طرح ادا کرنا

جیبھ بڑھانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا (۲) گالیاں دینا ۔ (۳) اپنی حیثیت یا بساط سے زیادہ عیش و عشرت میں پڑنا ۔

جیبھ پکڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) خاموش کرنا (۲) بات کاٹنا ۔ گفتگو میں خلل انداز ہونا ۔

جیبھ جلی سواد نہ آیا ۔ (مثل ) چیز اتنی تھوڑی اور قلیل تھی کہ پوری طرح مزہ نہ آیا ۔ زبان ہی خراب ہوئی ۔

جیبھ جنے ایک بار ۔ ماں جنے بار بار ۔ (مثل ) جو بات کہو ، پکی کہو ۔

جیبھ چاٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) زبان چاٹنا (۲) چٹخارے لینا (۳) حرص کرنا (۴) کسی ایسی چیز کی خواہش رکھنا جس کا ملنا ممکن نہ ہو ۔

جیبھ چلانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) زبان درازی کرنا (۲) شیخی مارنا ۔

جیبھ چلنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا (۲) منہ چلنا کھانا ۔

جیبھ چلے سترّ بلا ٹلے ۔ (مثل ) جو ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتا ہی رہے اس پہ طنزاً یہ بات کہی جا سکتی ہے ۔

جیبھ چھیلنی ۔ (ا ۔ مث ۔ ق ) زبان صاف کرنے کا آلہ ۔

جیبھ داب کے بات (کرنا) کہنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) بات کہتے ہوئے ہچکچانا (۲) پوری بات ظاہر نہ کرنا ۔

جیبھ دیوانی اپنے کاموں سیانی ۔ (مثل ) باتیں پاگلوں کی سی مگر اپنے مطلب میں ہوشیار ۔

جیبھ کاٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) کسی اشارے سے بات کرنے سے روکنا (۲) حیران ہونا (۳) خوفزدہ ہونا ۔

جیبھ کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) گستاخی یا بے ادبی سے کلام کرنا ۔ جواب دینا ۔ بڑھ کے بات کہنا (۲) زبان درازی کرنا ۔ زبان چلانا (۳) گالیاں دینا ۔

جیبھ نکالنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) مذاق کے طور پر زبان منہ کے باہر نکالنا ۔ (۲) زبان گدی سے کھینچ لینا ۔ (۳) تکان یا پیاس کی شدت سے زبان باہر نکالنا ۔

جیبھ کے تلے جیبھ ہونا ۔ بات پر قائم نہ رہنا ۔ بات کہہ کے مکر جانا

جیپ ۔ ( (Jeep) ) [ انگ ۔ مث ] ایک قسم کی چھوٹی ہلکی پھلکی موٹر گاڑی ، جو مضبوط اور طاقتور ہوتی ہے ۔

جیت ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) کامیابی (۲) فتح (۳) نفع ۔ فائدہ (۴) غلبہ فوقیت ۔

جیت تمہاری ہار میری ۔ (ا ۔ مثل ) جب کوئی شخص کسی سے ہر شرط پر معاملہ رکھنے کو تیار ہو جائے تو یہ محاورہ استعمال کرتا ہے ۔

جیت کی ہوا بھی اچھی ۔ (مثل ) کامیابی خواہ کتنی ہی معمولی ہو اچھی معلوم ہوتی ہے ۔

جیت ہمت کے ہاتھ ہے ۔ (مثل ) کامیابی ہمت کرنے سے ہوتی ہے ۔



Marfat.com

**جیت ہونا۔** (ا۔ محاورہ) فتح حاصل کرنا۔ کامیابی ہونا۔
**جِیتا۔** (جی۔ تا) [ اُر۔ صفت] زندہ (۲) جاندار (۳) زیادہ۔ بیش۔
**جیتا جاگتا۔** (ا۔ صفت) صحیح سلامت۔ زندہ۔ تندرست۔
**جیتا جھُوٹ۔** (ا۔ مذ) کھُلا جھُوٹ۔ صریح غلط بیانی۔ صاف دروغ گوئی۔
**جیتا چمڑا چیرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چیرا دینا (۲) ازالۂ بکارت کرنا۔
**جیتا چُنوانا۔** (ا۔ محاورہ) آدمی کو دیوار میں زندہ چُنوا دینا۔ ایک سزا جو پُرانے وقتوں میں دی جاتی تھی۔
**جیتا رہنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا (۲) لمبی عمر پانا۔
**جیتا گاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زندہ دفن کرنا (۲) سخت ترین تکلیف میں مُبتلا کرنا۔
**جیتا گڑنا۔** (ا۔ محاورہ) زندہ دفن ہونا۔ پُرانے وقتوں میں سادھو لوگ سانس روک کر خود کو زمین کے اندر دفن کروا لیتے تھے اور کافی عرصے بعد زندہ نکلتے تھے۔
**جیتا لہو۔** (ا۔ مذ) تازہ خون۔ تازہ تازہ لہو۔
**جیتا ناخن۔** (ا۔ محاورہ) ناخن جو ابھی کھال یا گوشت سے الگ نہ ہوا ہو۔ جو ابھی کاٹنے کے لائق نہ ہو۔
**جیتا نہ چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) زندہ نہ رہنے دینا۔ کسی نہ کسی ترکیب سے ہلاک کر دینا۔
**جیتا ہی زمین کا پیوند کر دینا۔ جیتا ہی زمین میں گاڑ دینا۔** (ا۔ محاورہ) انتہائی اذیت دینا۔ شدید نقصان پہنچانا۔
**جیتے آسا موئے نراسا۔** (مثل) جب تک زندگی ہے اُمید ہے مرجانے پر کچھ نہیں۔
**جیتے پتا کی پوچھی نہ بات۔ مرے پتا کو دودھ اور بھات۔** (مثل) زندگی میں باپ کی خبر نہ لی، مرنے پر دودھ اور چاول پہ اس کے نام کا فاتحہ دیتے ہیں۔
**جیتے تھے تو لیکھوں بھرے، مرگئے تو موتیوں جڑے۔** (مثل) جب زندہ تھے تو عیب ہی عیب بھرے تھے مرنے کے بعد قابلِ تعریف سمجھے جانے لگے، باکمال انسان کی قدر اس کے مرنے کے بعد ہی ہوتی ہے۔
**جیتے جی۔** (۱) زندگی میں (۲) عمر بھر۔ تاحیات۔ تمام عمر جب تک جیے۔
**جیتے جی جہنم میں جانا۔** (ا۔ محاورہ) زندگی ہی میں دوزخ جیسی تکلیف اُٹھانا۔ انتہائی تکلیف یا اذیت میں ہونا۔
**جیتے جی قبضہ۔** (ا۔ محاورہ) زندگی بھر کا ٹھیکہ یا کرایہ داری۔
**جیتے جی کا میلا ہے۔** (مثل) زندگی کی ساری سرگرمیاں زندہ رہنے تک ہی ہیں۔
**جیتے جی کا ناتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) سب رشتے اور تعلق زندگی تک ہیں۔
**جیتے جی مٹی میں ملنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خواہشات ترک کر دینا (۲) عاجزی اور انکسار کو اپنا شعار بنا لینا۔

**جیتے جی مر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا (۲) سخت ترین صدمہ یا رنج پہنچنا۔ (۳) بے فیض ہونا۔ فائدہ نہ پہنچانا (۴) زندگی ہی میں چھُوٹ جانا۔ (۵) کسی کام کا نہ رہنا۔ قدرتی صلاحیتوں سے محرومی۔
**جیتے چاب موئے داب داب۔** (ا۔ مثل) زندگی بھر چنے چبا چبا کر گزارہ کیا اور دبی ہوئی دولت چھوڑ کر چل بسا۔ کنجوس آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔
**جیتے مرتے۔** (ا۔ روزمرہ) (۱) جُوں تُوں۔ کسی نہ کسی طرح۔ کسی صورت سے۔
**جیتے ہیں نہ مرتے ہیں۔** (ا۔ مثل) زندگی کشمکش میں ہے جُوں تُوں زندگی کے دن پُورے کر رہے ہیں۔
**جِیتا۔** (جی۔ تا) [ اُر۔ صفت ] (۱) جو جیت لیا گیا (۲) جس نے بازی جیت لی۔
**جیتا سو ہارا، اور ہارا سو مُوا۔** (مثل) جس نے مقدمہ جیت لیا وہ تباہ ہوا اور جو ہار گیا وہ تو سمجھو مر گیا۔
**جیتنا۔** (جیت۔ نا) [ ہ۔ مص ] (۱) فتح کرنا۔ (۲) غالب آنا (۳) کامیاب ہونا۔
**جیتنی ماننا نہ ہاری ماننا۔** (ا۔ محاورہ) کسی طرح کوئی بات نہ ماننا۔
**جیتی مکھی نگلنا۔** (مثل) جان بوجھ کر تکلیف اُٹھانا۔ کسی شخص کا دیدہ و دانستہ آفت یا مصیبت میں مبتلا ہو جانا۔
**جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی** (مثل) جان بوجھ کر ایسا کام نہیں کیا جاتا جس میں نقصان ہو۔
**جَیٹ طیّارہ۔** (جَیٹ۔ طی۔ یا۔ رَہ) [ (Jet) ] [ انگ۔ اُر۔ ا۔ مذکر ] ایک خاص ہوائی جہاز۔
**جیٹھ۔** [ ہ۔ ا۔ مذ ] (۱) شوہر کا بڑا بھائی (۲) ہندی سال کا دوسرا مہینہ جو ۱۵ مئی سے ۱۵ جون تک ہوتا ہے (۳) اوپر تلے رکھی ہوئی بہت سی روٹیاں (۴) پہلے پیدا ہوا ہوا۔
**جیٹھ جیٹھانی دیور ائے سب مطلب کے میت۔ مطلب بن کوئی بھی رکھے نہیں پریت۔** (مثل) دنیا میں سب اپنی غرض سے اُنسیت اور محبت ظاہر کرتے ہیں۔
**جیٹھ جیٹھے اساڑھ بیٹھے۔** (ہ۔ مثل) فصل اٹھانے میں جیٹھ کا مہینہ اچھا ہوتا ہے مگر اساڑھ اتنا اچھا نہیں ہوتا۔
**جیٹھ کی جیٹھ۔** بہت سی روٹیاں۔ تھپی کی تھپی۔
**جیٹھ کے بھروسے پیٹ۔** (مثل) پرائے بھروسے کام کرنا۔
**جیٹھا۔** (جے۔ ٹھا) [ ہ۔ صفت ] (۱) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش (۲) پہلوٹھی کا بچہ (۳) سب سے اونچا یا سب سے بڑا۔
**جیٹھانی۔** (جے۔ ٹھا۔ نی) [ ہ۔ ا۔ مث ] شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی۔
**جیجا۔** (جی۔ جا) [ ہ۔ ا۔ مث ] بہن کا خاوند۔ بہنوئی
**جیجا کے مال پہ سالے منتوا لے۔** (مثل) دوسرے کے مال پر



Marfat.com

عیش گھبارنا۔
**جیجی** ۔ (جی ۔ جی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بہن ۔ ہمشیرہ ۔ خواہر (۲) پستان ۔ چھاتی ۔
**جَیّد** ۔ (جَیْ ۔ یِدْ) [ع ۔ صف] (۱) خالص ۔ کھرا (۲) زبردست ۔ زورآور ۔
**جِیدھر** ۔ (جِیْ ۔ دَھر) [اُر] (ق) جدھر ۔ جس طرف ۔ جس کسی سمت ۔
**جَیسا** ۔ (جَے ۔ سا) [ہ ۔ صف] (۱) جس طرح کا ۔ جس صورت کا (۲) جس ڈھنگ کا ۔ جس طریقے کا ۔ ایسا کی ضد ۔
**جَیسا باپ وَیسا بیٹا** ۔ (ا ۔ مذ) اولاد پر خاندان کا اثر ہوتا ہے ۔
**جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے** ۔ (ا ۔ مثل) جیسے کام کرو گے ویسا ہی ان کا پھل ملے گا
**جَیسا تَیسا** ۔ جس طرح یا قسم یا وضع کا ممکن ہو ویسا ہی نہ بھلا نہ بُرا ۔
**جَیسا تیرا لینا دینا ویسا میرا کام کاج** ۔ (ا ۔ مثل) جیسی مزدوری دو گے ویسا ہی کام ہو گا ۔
**جَیسا چاہیے** ۔ (۱) پسند کے مطابق ۔ جیسے کی خواہش تھی (۲) مناسب یا موزوں (۳) موقع محل کے مطابق (۴) جیسے ہونا چاہیے ، بھرپور ۔
**جَیسا دُودھ وَیسی بُدھ** ۔ (مثل) عقل (بُدھ) دُودھ (خاندان) کے مطابق ہوتی ہے ۔
**جَیسا دیس ویسا بھیس** ۔ (مثل) جس ملک میں رہنے کا اتفاق ہو وہاں کے طور طریقے کی پابندی کرنی چاہیے ۔
**جیسا راجا ویسی پرجا** ۔ (مثل) جیسا حاکم وقت ہوتا ہے ویسی اس کی رعایا ہوتی ہے ۔
**جیسا سُوئی چور ویسا بَجَر چور** ۔ (مثل) چوری ہر صُورت میں بُری ہے خواہ چھوٹی سے چھوٹی چیز کی ہو یا بڑی سے بڑی چیز کی چوری ہی ہے (بَجَر جواہرات کو کہتے ہیں) ۔
**جیسا کا تیسا** ۔ (۱) ہُو بہُو ۔ نقل مطابق اصل (۲) جُوں کا توں ۔
**جیسا کرنا ویسا بھرنا ۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (پاؤ گے)**
**جیسا کیا ویسا پایا** (مثل) انسان جیسا کرتا ہے ویسا ہی نتیجہ نکلتا ہے بدی کا بدلہ بد اور نیکی کا نیک ۔
**جیسا کن بھر ویسا من بھر** (مثل) تھوڑی سی چیز دیکھ کر اس کی پوری مقدار کی اچھائی بُرائی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔
**جیسا کہ** ۔ جس طرح کہ ۔
**جیسا مُنہ ویسا تھپیڑ** (مثل) کوئی جیسا کام کرتا ہے ویسا ہی پھل ملتا ہے ۔
**جیسا مُنہ ویسی بات** ۔ (مثل) انسان اپنی قابلیت اور صلاحیت کے مطابق بات کرتا ہے ۔
**جَیسی** ۔ (جَے ۔ سی) [ہ ۔ صف] جس طرح ۔ جس طرح کی ۔ جس موقع کی ۔
**جیسی پڑی ویسی سہی** ۔ (ا ۔ مثل) ہر طرح کی تکلیف اور مصیبت برداشت کرنا پڑی ۔

**جیسی والی آپ چھنال ویسے جانے سب سنسار** (ا ۔ مثل) آپ بُرا آدمی کو دوسرے لوگ بھی بُرے نظر آتے ہیں ۔
**جیسی رُوح ویسے فرشتے** ۔ (ا ۔ مثل) انسان خود بُرا ہو تو اپنے ہی جیسے بُرے لوگ اور بُری چیزیں پسند کرتا ہے ۔
**جیسی کرنی ویسی بھرنی** (ا ۔ مثل) جیسا کام کرو گے ویسا نتیجہ نکلے گا ۔
**جیسی کہیے ویسی سنیے** ۔ انسان اچھی بات کا اچھا جواب اور خراب بات کا خراب جواب پاتا ہے ۔
**جیسی گئی تھیں ویسی آئیں ، حق مہر کا بوریا لائیں** ۔ (ا ۔ مثل) شادی ناکام ہوئی مقدر پھوٹتا ہے ۔
**جیسی مائی ویسی جائی** ۔ (ا ۔ مثل) جیسی ماں ویسی بیٹی ۔
**جیسی نیت ویسی مُراد** ۔ (ا ۔ مثل) بُری نیت سے کیا ہوا کام بگڑ جاتا ہے ۔ اچھی نیت سے کیا جائے تو سنور تا ہے ۔
**جَیش** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) لشکر ، فوج ۔ سپاہ ۔ دَل ۔ جمع ، جیوش ۔
**جیغہ** ۔ (جی ۔ غہ) [ت ۔ ا ۔ مذ] ایک مرصع زیور جو پگڑی پہ باندھا جاتا ہے کلغی ۔
**جیفہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مُردار ۔ سڑا ہوا ۔
**جی گڑ ۔ جی گھڑ** ۔ (جی ۔ گڑ ۔ جی گھڑ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پانی رکھنے کا گھڑا ۔
**جیل** ۔ (Jail) [انگ ۔ ا ۔ مذ] قید خانہ ۔ زندان ۔ بندی خانہ ۔ محبس ۔
**جیل خانہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) قید خانہ ۔ زندان ۔
**جیلر** ۔ (Jailer) [انگ ۔ ا ۔ مذ] جیل کا داروغہ ۔ جیل خانہ کا سب سے بڑا افسر ۔
**جیلی** ۔ (جے ۔ لی) ۔ [انگ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی غذا جو گوشت اور پھلوں سے تیار کی جاتی ہے (Jelly)
**جیلی** ۔ (جے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گھاس اکٹھی کرنے کا تین شاخوں والا آلہ (۲) معدے یا پیٹ کے اوپر کی چربی دار جھلی ۔
**جین** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] ہندوستان کے ایک مذہب کا نام جو پانچویں صدی قبل مسیح میں نکلا تھا ۔
**جینا** ۔ (جی ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) زندہ رہنا (۲) زندگی گزارنا ۔ زندگی ، زیست ۔ حیات ۔
**جینے سے تنگ (آنا) ۔ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زندہ رہنے کو جی نہ چاہنا ۔ مصیبتوں کی وجہ سے زندگی سے بیزار ہو جانا ۔
**جینے کے لالے پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زندگی کی اُمید نہ رہنا ۔
**جینی** ۔ (جے ۔ نی) [س ۔ ا ۔ مذکر] جین مت کا ماننے والا ۔
**جینیئس** ۔ (Genius) (جی ۔ نی ۔ اَس) [انگ ۔ صفت] نابغہ ۔ اعلےٰ ذہانت ۔ نہایت ہوشیار اور ذہین ۔ اعلےٰ تخلیقی صلاحیتوں کا مالک ۔
**جیو** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) زندگی ۔ حیات (۲) رُوح (۳) جاندار ۔ زندہ (۴) محبوب ۔



Marfat.com

**جیوآتما** ۔ رُوح ۔ جان ۔
**جیوتش** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) علم نجوم ۔
**جیودان** ۔ جان کی قربانی ۔
**جیوٹ** ۔ (جی ۔ وَٹ) [ہ ۔ صف] (۱) دلیر ۔ بہادر ۔ جی دار (۲) شجاعت ۔
**جیوٹ کرنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) ہمت کرنا ۔ دلیری دکھانا ۔
**جیُوٹ** ۔ (Jute) ۔ (جِ ۔ یُوٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] پٹ سَن ۔
**جیُوری** (Jury) (جیو ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مث] چیدہ اشخاص کی وہ جماعت جو مقدمے کی سماعت میں عدالت کی امداد کرتی ہے ۔
**جیوڑا** ۔ (جیو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دِل ۔ جی (۲) مرضی ۔ خوشی ۔ منشا ۔ (۳) وہ اناج جو کمیروں کو دیا جاتا تھا ۔

**جیوڑا جانا ۔ جیوڑا نکلنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) (ق) مرجانا ۔
**جیوڑا دہل جانا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) [ق] ڈر جانا ۔
**جیوڑی** ۔ (جیو ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] رسّی ۔ ڈوری ۔
**جیوش** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے جیش ، جس کی یہ جمع ہے ۔
**جیومیٹری** ۔ (Jeometry) [انگ ۔ مث] علم ریاضی کی ایک شاخ ۔
**جیوں** ۔ (حرفِ تشبیہ) مانند ۔ مثل ۔ جُوں ۔
**جیوَن** ۔ (جی ۔ وَن) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) زندگی ۔ وجود ۔
**جیوے میرا بھائی ۔ گلی گلی بھرجائی** ۔ (مثل) بھائی زندہ رہے ، بھاوجوں کی کمی نہیں ۔



Marfat.com

# چ

چ - (چے) (ف۔ امث) اُردو کا آٹھواں فارسی کا ساتواں اور ہندی کا چھٹا حرف اسے جیم فارسی بھی کہتے ہیں۔ عربی میں یہ حرف نہیں ہے۔ حروفِ ابجد میں یہ جیم سمجھا جاتا ہے اور اس کے تین عدد ہی شمار کیے جاتے ہیں۔ اس کی آواز تالو سے نکلتی ہے۔

## چ — ا

**چا** - (ہ۔ ا۔ مذ) چاؤ۔ چاہ۔

**چاب** - (ہ۔ امث) رواج تھا کہ جب کوئی سفر سے واپس آتا تو اس کے کنبے والے دھوئے تل، چاول اور شکر سینیوں میں لگا کر بھیجتے تھے اور اسے چاب کہا کرتے تھے (۲) چبائی جانیوالی چیز (۳) منہ کا چڑھاوا (۴) چبانا کا امر۔

**چابک** - (چا۔ بک) (ف۔ صف و۔ ا۔ مذ) (۱) تیز۔ پھرتیلا۔ چست۔ چالاک ہشیار۔ چوکنا (۲) کوڑا۔ تازیانہ۔ ہنٹر۔ قمچی۔

**چابک خرام** - تیز رفتار۔ تیز رو۔

**چابک دست** - (۱) وہ آدمی جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔ مشاق (۲) خوبصورت

**چابک دستی** - چالاکی۔ ہشیاری۔ کاریگری۔

**چابک سوار** - گھوڑا سدھانے والا۔ گھوڑا درست کرنے والا۔ ماہر اور مشاق گھڑسوار۔

**چابک سواری** - گھوڑے پھیرنے یا سدھانے کا ہنر یا پیشہ۔

**چابک عناں** - (۱) تیز رو سوار (۲) تیز گھوڑا۔

**چابکوں سے اُڑا دینا** - چابک سے بہت مارنا۔

**چابکی** - (چا بُ۔ کی) (ف۔ امث) چالاکی۔ تیزی۔ پھرتی۔ جلدی۔ چستی۔

**چابنا** - (چاب۔ نا) (ہ۔ مص) چبانا۔

**چابی** - (چا۔ بی) (ہ۔ ا۔ مث) کنجی۔ تالی۔ کلید۔

**چاپ** - (ہ۔ امث) پاؤں کی آہٹ یا آواز۔ کمان۔

**چاپ** - (ف۔ ا۔ مذ) چھاپا۔ چھپنا۔ چھاپ۔

**چاپاتی** - (چا۔ پا۔ تی) (ہ۔ ف۔ ا۔ مث) چپاتی۔ روٹی۔

**چاپار** - (چا۔ پار) (ف۔ ا۔ مذ) ڈاکیا۔ ڈاک۔

**چاپٹ** - (چا۔ پٹ) (ہ۔ ا۔ مث) غلّے کے وہ ٹکڑے جو پسنے سے رہ جائیں۔ بھوسی۔ چوکر۔ چیپری۔

**چاپچی** - (چاپ۔ چی) (ف۔ صف) چھاپنے والا۔ طابع۔ پرنٹر۔

**چاپلوس** - (چاپ۔ لوس) (ف۔ صف) خوشامدی۔

**چاپلوسی** - (چاپ۔ لو۔ سی) (ف۔ ا۔ مث) خوشامد۔ بےجا تعریف کرنا

**چاتر** - (چا۔ تر) (ہ۔ صف) (۱) چالاک۔ قابل۔ کاریگر۔ ہنرمند (۲) چار۔ چار کے متعلق (۳) دانا۔ عقلمند (۴) بہادر۔ دلیر۔

**چاتر تو بیری بھلا، مورکھ بھلا نہ میت** - (ا۔ مقولہ) دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہوتا ہے۔

**چاٹ** - (ہ۔ ا۔ مث) (۱) زبان کا ذائقہ تبدیل کرنے کی غرض سے کسی چٹ پٹی یا لذیذ چیز کا استعمال۔ چسکا (۲) عادت۔ لپکا (۳) خواہش۔ آرزو (۴) چاٹنا کا امر۔

**چاٹ پر لگانا** - کسی کو مزے سے آگاہ کرنا۔ کسی چیز کا عادی بنا دینا۔

**چاٹ پڑنا** - چسکا پڑ جانا۔ لت پڑنا۔

**چاٹ جانا** - زبان سے چاٹ چاٹ کر کھا جانا۔ صاف کر دینا۔ سب کھا جانا۔ ختم کر دینا۔

**چاٹ دینا** - لالچ دینا۔

**چاٹ لگنا** - چسکا پڑنا۔ عادت پڑنا۔

**چاٹنا** - (چاٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسی رقیق چیز کو زبان سے اُٹھا کھانا۔ (۲) پونچھنا۔ چٹ کرنا۔

**چاٹی** - (چا۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) دودھ کی ہانڈی۔ مٹی کا بڑا برتن جس میں دہی بلوتے ہیں۔

**چاٹیا** - (چاٹ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) چٹورا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص۔ لالچی۔

**چاچا** - (ہ۔ ا۔ مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔ چچا۔

**چاچر** - (چا۔ چر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی کا گانا اور ناچ (۲) خوشی کے گیت۔ (۳) ہولی کے موقع پر ڈنڈے سے بجانا اور اس کی آواز کے ساتھ ناچنا اور گانا (۴) ایک میلہ جو ہولی کے بعد ہوتا ہے۔

**چاچی** - (چا۔ چی) (ہ۔ ا۔ مث) چچا کی بیوی۔ چچی۔

**چادر** - (چا۔ در) (ف۔ ا۔ مث) (۱) مستطیل اور مربع مگر دبیز کپڑا جو سر کے اوپر یا دوپٹے کی جگہ لیا جائے (۲) پلنگ پر بچھانے کا کپڑا (۳) شال (۴) چادر کی شکل کی لڑیوں میں گندھے ہوئے پھول جو قبر پر ڈالے جاتے ہیں (۵) کسی دھات کے لمبے چوڑے اور پتلے ٹکڑے یا پترے (۶) پانی کی چوڑی دھار۔

**چادر اُتارنا** - (ا۔ محاورہ) عزّت اُتارنا۔ عورت کو بے پردہ کرنا۔

**چادر اُڑھانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے سر پر چادر ڈالنا (۲) بیوہ سے نکاح کرنا۔

**چادر بچھانا** - (مص۔ مرکب) فرش یا پلنگ پر چادر ڈالنا۔

**چادر پڑنا** - (ا۔ محاورہ) پوشیدہ ہونا۔

**چادر تان کر سونا** - (ا۔ محاورہ) (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) اطمینان سے زندگی گزارنا

**چادر تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت** - (ا۔ مثل) آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونا۔

**چادر جوڑا** - (۱) پشمینے کی دو چادریں (۲) دوہری شال۔

**چادر چڑھانا** - (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ کے مزار پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا

**چادر چھپول** - (ا۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں دو گروہ بنتے ہیں۔ ایک گروہ کے کسی لڑکے کو چادر میں لپیٹ کر بٹھا دیتے ہیں اور دوسرے گروہ کے لڑکوں سے اس کا نام دریافت کرتے ہیں اگر ٹھیک بتا دیے جائے تو ہنکنے



Marfat.com

والا پیٹے ہوئے لڑکے کو جورو بنا کر لے جاتا ہے اور اس کے ساتھی دوسرے لڑکوں کی پڈھی پیتے ہیں۔

**چادر چھت** ۔ (ا۔ مث) (۱) چھت کا کپڑا (۲) جتنی چادر کی چھت ۔

**چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) اپنی حیثیت کے مطابق وقت گزارنا ۔

**چادر ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دیکھیے چادر اُڑھانا۔

**چادر سے باہر پاؤں پھیلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بساط سے بڑھ کر کام کرنا ۔

**چادر ہلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لڑائی کی حالت میں مغلوب فوج کا چادر ہلا کر اشارتاً اعترافِ شکست کرنا اور پناہ چاہنا (۲) فریاد کرنا (۳) لوگوں کو جمع کرنے کی نشانی ۔

**چادرا** ۔ (چا۔ دَ۔ را) (اُ۔ ا۔ مذ) بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹہ۔ بڑی چادر ۔

**چار** ۔ (ف۔ صف) (۱) تین اور ایک یا دو اور دو (۲) چند۔

**چار آدمی** ۔ چند آدمی ۔ دو چار بھلے مانس ۔ پنچ ۔

**چار آنکھیں کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آنکھیں ملانا ۔ سامنے آنا ۔ مقابل ہونا ۔

**چار آنکھیں ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زیادہ واقفیت ہونا۔ محبت ہونا (۲) سامنا ہونا۔

**چار آئینہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی زرہ بکتر۔

**چار ابرو کا صفایا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر، بھوؤں، مونچھوں اور داڑھی کا منڈا دینا۔

**چار (اجساد) ارکان** ۔ (ا۔ مذ) (۱) چار عنصر۔ مٹی ۔ ہوا۔ پانی اور آگ (۲) اربعہ عناصر

**چار اسباب** ۔ (ا۔ مذ) چار علتیں ۔ مادّی ۔ فاعلی ۔ صوری ۔ غائی ۔

**چار انگل کا (پرچہ) پُرزہ** ۔ (ا۔ مذ) چھوٹا سا پرچہ ۔ رقعہ۔ خط ۔

**چار اُنگلیاں اُٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) اشارے سے سلام کرنا ۔ سلام کا جواب دینا ۔

**چار اُنگلیاں سر پر نہ رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سلام تک نہ کرنا ۔ سلام کے لیے ہاتھ تک نہ اُٹھانا ۔

**چار باغ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ شالی رومال جس کے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بوٹے بُنے یا کڑھے ہوتے ہیں۔ چوکھونٹا باغ ۔

**چار (بالش) بالشت** ۔ (ا۔ مذ) (۱) گاؤ تکیہ (۲) تخت ۔ گدی ۔ مسند (۳) کُرنج (۴) کرسی (۵) عناصر اربعہ ۔

**چار بانگ** ۔ (۱) ہوشیار۔ عقل مند (۲) چُست ۔ چالاک۔

**چار بند** ۔ (۱) پُشت کے چاروں جوڑ (۲) پشت کا دایش باش ۔ نیچے اور اوپر کا حصہ ۔

**چار بیتی** ۔ رباعی ۔ شاعری کی ایک صنف جو چار مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

**چار بیسی** ۔ اَسّی ۔ ۸۰ ۔ بیش کم سَو ۔

**چار پانچ** ۔ (۱) چند (۲) جھگڑا ۔ حیل و حجّت ۔ عُذر ۔

**چار پانچ (کرنا) لانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حیلہ حجّت کرنا ۔ بد ذاتی کرنا ۔ شرارت کرنا۔

**چار پارچے کا خلعت** ۔ (ا۔ مذ) وہ خلعت جس میں چار قیمتی کپڑے ہوتے ہیں۔

**چارپائی** ۔ (۱) کھاٹ ۔ منجی ۔ چھوٹا پلنگ ۔ پلنگڑی (۲) (مجازاً) لاش۔ جنازہ زخمی ۔ مجروح ۔ گھائل ۔

**چارپائی پر پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا ۔ صاحبِ فراش ہونا

**چارپائی سے پیٹھ لگ جانا** ۔ (۱) کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ (۲) بیمار کا بہت کمزور ہو جانا۔

**چارپائی کا بولنا** ۔ بیٹھنے یا اُٹھنے سے چارپائی سے آواز نکلنا ۔

**چارپائی کاٹ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) بیمار اُٹھنے بیٹھنے سے معذور ہو جائے تو اس کے پاخانہ پھرنے کے لیے چارپائی کا بان کاٹ دینا۔

**چارپائی کے بان توڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہر وقت پلنگ پر لیٹے رہنا ۔ کاہل اور سُست ہونا ۔

**چارپائی میں کان نکلنا** ۔ چارپائی میں بیل یا نمی کے باعث خم آ جانا ۔

**چارپائی والا** ۔ (کنایتاً) کھٹمل۔

**چارپایہ** ۔ چوپایہ ۔ چار پاؤں کا جانور ۔ ڈھور ڈنگر وغیرہ۔

**چارپایہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مزاح کے طور پر شادی ہونے پر دولھا سے کہتے ہیں ۔ جورو والا ۔ عیال دار ہونا ۔

**چار پہر دن** ۔ (ا۔ مذ) پورا دن ۔

**چار پہر رات** ۔ (ا۔ مث) پوری رات ۔

**چار پیر** ۔ (۱) امام حسنؓ (۲) امام حسینؓ (۳) خواجہ حسن بصریؒ (۴) کمیل ابنِ زیاد ۔

**چار پیسے** ۔ (ا۔ مذ) مال ۔ دولت ۔

**چار پیسے پاس ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) امیر ہونا ۔ آسودہ حال ہونا۔

**چار پیسے سے خوش** ۔ (ا۔ صف) کھاتا پیتا ۔ آرام سے زندگی گزارنے والا۔

**چار پیسے کے لیے** ۔ تھوڑے مال کے لیے ۔

**چار تار** ۔ (ا۔ مذ) (۱) چار جوڑے ۔ چار کپڑے (۲) چار گہنے ۔ چار زیور۔

**چار تال** ۔ (ا۔ مذ) چوتالا ۔ طبلہ بجانے میں ایک تال ۔

**چار تخم** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ریحان ۔ اسبغول ۔ بالنگو اور خرفہ کے بیج جو جوشاندے میں استعمال کیے جاتے ہیں ۔

**چار تکبیر** ۔ (ف۔ ا۔ مث) نمازِ جنازہ ۔

**چار تگ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چار قدم (۲) سرپٹ ۔

**چار ٹوک** ۔ (ا۔ مذ) چار ٹکڑے والا ۔ چوکھنڈا ۔ چار پھانک ۔

**چار جامہ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) کپڑے کا زین جس میں لکڑی نہیں ہوتی (۲) تہ بند باندھے ہوئے اور باقی بدن ننگا ۔

**چار جائی** ۔ فاحشہ ۔ بدکار ۔

**چار چالے** ۔ (ا۔ مذ) نئی دُلھن شادی کے بعد چار مرتبہ پہلے میکے میں مختلف رشتے داروں کے یہاں مہمان ہوتی ہے ۔ ہر ایک پھیرے میں کپڑوں کا جوڑا اور کچھ نقدی دیتے ہیں۔

**چار چاند لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) عزّت بڑھانا ۔ شان و شوکت بڑھانا۔ خوبصورتی بڑھانا ۔ آنکھوں پر بٹھانا ۔

**چار چاند لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عزّت بڑھنا ۔ شان و شوکت بڑھنا ۔ خوبصورتی بڑھنا

**چار چشم** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بے حیا ۔ بے مروّت ۔ بے وفا ۔ بے دید ۔ توتا چشم وہ جانور جس کی آنکھوں کے اُوپر کی طرف سیاہ رنگ کے نشان ہوں خصوصاً کُتّا (۲) منتظر ۔ نہایت آرزومند ۔

**چار چلّو خون (لہو) بڑھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا ۔

**چار چوٹ کی مار** ۔ (ا۔ مث) (عو) سخت مار دینا ۔ شدید ضرب پہنچانا ۔ لات مُکّے لکڑی اور کوڑے سے مارنا ۔

**چار (چول) چولی برابر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) چوکور ۔

**چار چھینٹوں میں دھو دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذرا سی دیر میں کام کر دینا ۔ تھوڑی



Marfat.com

سی توجہ میں کام بنا دینا۔

**چار حرف بھیجنا**۔ (ا۔ محاورہ) لعنت کرنا (لعنت میں چار حرف ہیں)۔

**چار خانہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خانہ دار کپڑا (۲) شطرنج کی بساط میں درمیان کے چار خانے (۳) مویشی کا معدہ۔

**چار دانت**۔ (ا۔ مذ) چار سال کا جوان مویشی یا گھوڑا کیوں کہ اس عمر میں سامنے کے چار دانت نکل آتے ہیں۔

**چار دانگ**۔ (ا۔ مذ) (۱) چاروں طرف۔ کل۔ تمام (۲) دنیا کی چار طرفیں (۳) دنیا کا چھٹا حصّہ۔

**چار دانے**۔ (ا۔ مذ) تھوڑا سا غلّہ۔

**چار دن**۔ (ا۔ مذ) تھوڑے دن۔ چند روز۔ ذرا سی مدّت۔

**چار دن اور ہوا کھا لو**۔ تھوڑی مدّت اور جی لو۔

**چار دن چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑے دن باقی رہنا۔ کمزور۔

**چار دن کی بادشاہی**۔ (ا۔ مث) چند روزہ۔ حکومت چند روزہ۔ چار دن کی بہار۔ چند روزہ رونق۔

**چار دن کی بہار**۔ (ا۔ مث) چند روزہ رونق۔

**چار دن کی چاندنی**۔ (ا۔ مث) چند روزہ بہار۔ عارضی رونق۔

**چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ (رات)**۔ چند روزہ عیش ہے اور پھر وہی تکلیف۔ چند روز کی رونق پھر وہی بے رونقی۔

**چار دن کی کوتوالی پھر وہی کھرپا وہی جالی**۔ (ا۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی نالائق شخص کو عارضی رتبہ مل جائے۔

**چار دیوار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کسی رقبے یا احاطے کے چاروں طرف کی دیواریں۔

**چار دیواری**۔ (ف۔ ا۔ مث) شہر پناہ فصیل۔ گھیرا۔ احاطہ۔

**چار روز**۔ چند روز۔

**چار روزہ**۔ (ا۔ صف) چند دن کی۔

**چار زانو بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

**چار سُو**۔ (ف۔ تابع فعل) چاروں طرف۔ شمال جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔

**چار (چہار) شنبہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بدھ۔

**چار ضرب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) صوفیہ کے ایک شغل کا نام جس میں ذکر نفی اثبات کے وقت۔ دل۔ جگر۔ دماغ اور سینے پر اللہ اللہ کے لفظ کی ضرب۔ نوبت بہ نوبت زور سے لگاتے ہیں (۲) چو تالا رقص (۳) بیعت کے وقت جو قلندر لوگ چار ابرو کا صفایا کراتے ہیں۔

**چار عنصر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) چاروں اصل جز جن سے موجودات کی ظاہری صورت نمودار ہوئی۔ آگ۔ پانی۔ ہوا۔ مٹی (زمانہ قدیم میں انہیں کو اصل اور بنیادی جزو مانا جاتا تھا)۔

**چار قدم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تھوڑا فاصلہ (۲) بہت نزدیک۔ تھوڑے فاصلے پر۔

**چار قدم آگے چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) غالب ہونا۔ بڑھا رہنا۔

**چار قُل**۔ قرآن مجید کے تیسویں پارے کی چار سورتیں جو لفظ قُل سے شروع ہوتی ہیں (۱) سُورۃ الکافرون (۲) سُورۃ الاخلاص (۳) سُورۃ الفلق (۴) سُورۃ الناس۔

**چار کانے**۔ (ا۔ مذ) (۱) چوسر بازوں کی اصطلاح میں ایک داؤ کا نام۔ یعنی جب تینوں پاسوں میں چار نقطے اس طرح پر آتے ہیں کہ ایک پاسے میں دو صفر اور دو پاسوں میں ایک ایک آئے تو اُس کو چار کانے کہتے ہیں۔

**چار کانے (آنا) پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) داؤں کا حسبِ مراد نہ پڑنا۔

**چار کپڑے زیادہ پھاڑے ہیں**۔ (ا۔ مثل) (۱) زیادہ تجربہ حاصل کیا ہے (۲) زیادہ جیا۔

**چار کھونٹ**۔ (ا۔ مث) (۱) چار طرف (۲) دنیا کے چاروں طرف (۳) چار سُو۔

**چار کی مرضی**۔ (ا۔ مث) چند آدمیوں کی خوشی۔

**چار کے کان آواز پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) شہرہ ہونا۔ چرچا ہونا۔

**چار کے کاندھے پر (جانا) چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کے بعد جنازہ چار آدمیوں کے کاندھوں پر جانا۔

**چار (گام) گامہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تیز رفتار گھوڑا۔

**چار گُنا**۔ (ا۔ عدد) چوگنا۔

**چار گوشہ**۔ چوکھونٹی چیز (۲) تابوت (۳) تختِ شاہی۔

**چار مذہب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) اہلِ سنّت کے چار مسلک (۱) حنفیؒ (فقہ امام ابو حنیفہؒ کے پیرو کار) (۲) حنبلیؒ (فقہ امام احمد بن حنبلؒ کے پیرو کار) (۳) شافعیؒ (فقہ امام شافعیؒ کے پیرو کار) (۴) مالکیؒ (فقہ امام مالکؒ کے پیرو کار)۔

**چار مغز**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) خربوزہ۔ کدو۔ کھیرا اور تربوز کے بیجوں کا مغز۔

**چار منزل**۔ (ف۔ ا۔ مث) شریعت۔ طریقت۔ حقیقت۔ معرفت۔

**چار (موج) موجہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بھنور۔ گرداب۔

**چار میخ**۔ (ف۔ ا۔ مث) زمانہ قدیم کی ایک عبرت ناک سزا جس میں ہاتھوں پیروں میں چار میخیں ٹھونک دی جاتی تھیں۔

**چار میخا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) اوندھا یا چت لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا۔

**چار میں**۔ (ا۔ تابع فعل) غیروں میں۔ لوگوں میں۔

**چار میں ہانڈی پکنا**۔ (ا۔ محاورہ) راز فاش ہونا۔

**چار ہاتھ**۔ (ا۔ مذ) (۱) دو اور دو ہاتھ لمبائی میں چار ہاتھ (۲) قیاسی پیمائش۔

**چار ہاتھ اُچھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت بے چین ہونا۔

**چار ہاتھ کی زُبان ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت زبان دراز ہونا۔ گستاخ ہونا۔

**چار یار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے چار بڑے صحابی حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ حضرت عمر فاروقؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ۔ حضرت علی مرتضیٰؓ۔

**چار یاری**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) چار یار سے منسوب (۲) خاص دوستوں کا مجمع۔ (۳) گھر کا روپیہ جو چوکور ہوتا ہے اور برکت کے لیے روپوں کی تھیلی میں رکھتے ہیں۔

**چارا**۔ (چا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چوپایوں کی سبز خوراک۔ گھاس وغیرہ (۲) وہ چیز جو مچھلی شکار کرنے کی غرض سے کانٹے میں لگائی جاتی ہے (۳) چھوٹا پودا۔

**چارا ڈالنا**۔ مویشی کے آگے گھاس وغیرہ ڈالنا۔

**چارا لگانا**۔ (مص۔ مرکب) مچھلی شکار کرنے کو کانٹے میں کوئی چیز لگانا۔

**چارا چورا**۔ (چا۔ را۔ چو۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) (۱) زیور (۲) اسباب۔



Marfat.com

**چارٹ** - (Chart) (انگ - ا - مذ) نقشہ - خاکہ - جدول -

**چارٹر** - (Charter) (چار - ٹر) (انگ - ا - مذ) سند - پروانہ - منشور - فرمان -

**چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ** - سند یافتہ محاسب -

**چارج** - (Charge) (انگ - ا - مذ) (۱) خدمت - کارِ متعلقہ - فرض - سپردگی - (۲) الزام - تہمت - جُرم (۳) حملہ - دھاوا -

**چارج شیٹ** - فردِ جُرم -

**چارکول** - (Charcoal) (چار - کول) (انگ - ا - مذ) لکڑی کا کوئلہ -

**چارُولی** - (چا - رُو - لی) (ق - ا - مث) مغز - گری (اخروٹ وغیرہ کی) -

**چار و ناچار** - (ف - تابع فعل) مجبوراً - قہراً - زبردستی -

**چاروں** - (چا - روں) (ہ - صف) چار کے چار -

**چاروں آشرم** - ہندوؤں کے چار بڑے فرقے -

**چاروں پہر** - (ا - مذ) ہر وقت - اکثر اوقات -

**چاروں جُگ** - (ا - مذ) چاروں زمانے (۱) ست جگ (۲) تریتا جگ (۳) دواپر جگ (۴) کل جگ -

**چاروں چُول برابر ہے** - (ا - مثل) چاروں طرف سے ایک جیسا ہے - مربع ٹکڑے - موٹا تازہ -

**چاروں چولوں سے ٹھیک کر لینا** - (ا - محاورہ) معاملے کو پورے طور سے درست کر لینا -

**چاروں (خانے) شانے چت** - (ا - مقولہ) (۱) پوری طرح پچھڑ جانا - کشتی میں حریف کا پیٹھ کے بل گر جانا (۲) شکست کھانا -

**چاروں شانے چت ہو گیا** - (ا - مثل) بدحواس ہو کر رہ گیا - ہار گیا -

**چاروں طرف** - ہر طرف -

**چاروں مت** - (ہ - ا - مث) علم موسیقی کے چار رُکن -

**چاروں ورن** - (ہ - ا - مذ) ہندوؤں کی چار ذاتیں - برہمن - چھتری - ویش - شُودر -

**چاروں وید** - (ہ - ا - مذ) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابیں - رگ - یجر - سام - اتھروید -

**چارہ** - (چا - رہ) (ف - ا - مذ) علاج - تدبیر - درد - دوستی - سرانجام -

**چارہ پرداز** - (ف - صف) چارہ کرنے والا -

**چارہ پذیر** - (ف - صف) جس کا چارہ ہو سکے - قابلِ علاج -

**چارہ جوئی** - (ف - ا - مث) استغاثہ یا دعوےٰ کرنا - نالش و فریاد کرنا -

**چارہ (ساز) گر** - (ف - صف) مشکل آسان کرنے والا - کام بنانے یا کرنے والا - معالج -

**چارہ (سازی) گری** - (ف - مث) (۱) امداد - یاری (۲) علاج معالجہ -

**چاڑ** - (ق - ا - مذ) (۱) شکوہ (۲) صدمہ (۳) چڑ (۴) زخم (۵) خواہش (۶) داغ (۷) سہارا (۸) پروا - پاس -

**چاڑی** - (چا - ڑی) (ق - ا - مث) چغلی - الزام - چاشنی -

**چاڑی خور** - چغل خور (ق) -

**چاش** - (ہن - ا - مث) شیرا - قوام - چاشنی -

**چاش نکالنا** - قوام بنانا -

**چاشت** - (ف - ا - مذ) (۱) پہر دن چڑھے کا وقت (۲) صبح کا کھانا - حاضری (۳) ایک نماز جو پہر دن چڑھے پڑھتے ہیں -

**چاشت خور** - (ف - صف) مفت خورا - جسے کھانے کی چیزیں بغیر کوشش کے حاصل ہو جائیں -

**چاشنی** - (چاش - نی) (ف - ا - مث) (۱) مزہ - ذائقہ (۲) پَت - شربت کا تار - شربت کے پکنے کا اندازہ (۳) تھوڑی سی ملاوٹ (۴) تھوڑا سا پگھلا کر سونے یا چاندی کی اصلیت معلوم کرنا (۵) ثبوت (۶) مٹھاس اور کھٹاس ملی ہوئی (۷) ذرا سی شیرینی (۸) آم کے پودے میں جو پہلا پھل نکلتا ہے -

**چاشنی دار** - کھٹ مٹھا - ترش و شیریں -

**چاشنی گیر** - (ف - صف) باورچی - بکاول - بادشاہوں یا امیروں کے وہ ملازم جن کا کام یہ ہوتا ہے کہ ہر کھانے کو پیش کرنے سے پہلے چکھیں - تاکہ زہر کا اندیشہ نہ رہے -

**چاق** - (ت - صف) (۱) صحیح - تن درست (۲) چالاک - چُست - پھرتیلا - ہوشیار (۳) تر و تازہ -

**چاق چوبند** - (ف - صف) تیز طرار - ہوشیار - تن درست -

**چاقو** - (چا - قو) (ف - ا - مذ) قلم تراش - کاٹنے والا ایک آلہ -

**چاک** - (ف - صف) (۱) کٹا ہوا - پھٹا ہوا - دریدہ (۲) دامن یا آستین کا کھلا ہوا حصّہ -

**چاک چاک** - ٹکڑے ٹکڑے - اسلحہ کا آپس میں ٹکرا کر آواز پیدا کرنا -

**چاک داماں (دامن)** - دامن وغیرہ کا کھلا ہوا حصّہ - پھٹا ہوا پلو -

**چاک دینا** - (ق) پھاڑنا - چیرنا - ٹکڑے کرنا -

**چاک کا ہٹنا** - (ا - محاورہ) شگاف کھلنا -

**چاک کرنا** - (ا - محاورہ) پھاڑنا - چیرنا - پُرزے کرنا - چیتھڑے اُڑانا -

**چاک ہونا** - (ا - محاورہ) پھٹنا - چِرنا -

**چاک** - (ہ - ا - مذ) (۱) کمہار کا پہیہ جسے چکر دے کر برتن بناتے ہیں (۲) چرخے دار کوئیں کی چرخی (۳) لکڑی کا چکر جو کوئیں کی تہ میں رکھتے ہیں (۴) گول کونڈا جس میں مصری یا قند جماتے ہیں (۵) وہ چیزیں جس سے کھلیان پر چھاپ لگاتے ہیں (۶) چکی - چکی کا پتھر -

**چاک اُترا ہوا پھر نہیں چڑھتا** - (ا - مثل) بگڑا ہوا کام پھر نہیں بنتا -

**چاک کی طرح پھرنا** - (ا - محاورہ) چرخ کی طرح گھومنا - چکر کھانا -

**چاک** - (Chalk) (انگ - ا - مذ) کھریا مٹی - کھریا -

**چاکر** - (چا - کر) (ف - ا - مذ) نوکر - خادم - ملازم - خدمت گار - نوکر کا نوکر - اہلِ کار - جمع : چاکراں -

**چاکری** - (چاک - ری) (ف - ا - مث) ملازمت - نوکری - خدمت گاری - ٹہل - سیوا - ملازمت کرنا - نوکری کرنا -

**چاکری میں آکری کیا** - (ا - مقولہ) نوکری میں اکڑ نہیں چاہیے -

**چاکسو** - (چاک - سُو) (ف - ا - مذ) ایک قسم کے سیاہ بیج جنہیں اُبال کر سفوف بناتے ہیں اور آشوبِ چشم کے لیے آنکھوں میں ڈالتے ہیں -

**چاکلیٹ** - (Chocolate) (چاک - لیٹ) (انگ - ا - مذ) ایک قسم کی مغربی مٹھائی -

**چاکنا** - (چاک - نا) (ق - مص) چکھنا -



Marfat.com

**چاکی** ۔ (چا۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پٹے بازوں کی ایک اصطلاح (۲) چکّی۔

**چاکی پھیری ہوئی چون کی ڈھیری** ۔ (ا۔مثل) محنت کرنے کا پھل مل کر رہتا ہے۔ چکّی چلانے سے آٹا نکل آتا ہے۔

**چاکی کا ہاتھ مارنا** ۔ (ا۔محاورہ) بدن پر خالی جگہ دیکھ کر وار کرنا۔

**چال** ۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) رفتار۔ حرکت۔ چلنے کا انداز (۲) گھوڑے کی رفتار۔ گھوڑے کا قدم (۳) روش۔ رویّہ (۴) طرز۔ طور و طریق (۵) عادت۔ سبھاؤ (۶) شطرنج کے مُہرے یا چوپڑ کی نرد کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لے جانا (۷) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ گھات۔ تجویز (۸) عادت۔ رواج۔ رسم (۹) ایک بحر یا وزن۔ ایک سُر (۱۰) ایک قسم کی چھلی۔

**چال اُڑانا** ۔ (ا۔محاورہ) پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ رنگ اُڑانا۔

**چال باز** ۔ (ف۔ا۔صف) چالاک۔ ہوشیار۔ عیّار۔ فریبی۔

**چال بازی** ۔ (ف۔ا۔مث) چالاکی۔ عیّاری۔ فریب۔ شرارت۔ چھل۔

**چال بتلانا** ۔ (ا۔محاورہ) شطرنج میں مُہرے کو خاص انداز سے چلنے کا مشورہ دینا۔

**چال پڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) داؤں چل جانا۔ فریب یا دھوکا کامیاب ہونا۔ تدبیر بن پڑنا۔

**چال چلن** ۔ (ا۔مذ) طور طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔ روش۔ رویّہ۔ عادت۔ خصلت۔

**چال چلنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) برتاؤ کرنا۔ پیش آنا (۲) فریب دینا۔ جُل دینا (۳) صورت یا وضع اختیار کرنا (۴) شطرنج یا چوسر وغیرہ میں مُہرہ چلنا (۵) تدبیر کارگر ہونا۔ چال کا کامیاب ہونا۔

**چال چوکنا** ۔ (ا۔محاورہ) تدبیر غلط ہو جانا۔ سہو ہو جانا۔

**چال دکھانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) چلا جانا۔ سدھارنا (۲) گھوڑے کا رفتار یا قدم دکھانا۔

**چال ڈھال** ۔ (ا۔مث) رفتار۔ گفتار۔ طرز و روش۔ طور طریقہ۔ انداز۔

**چال ڈھال میں جیس ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) طرز و روش میں بہتر ہونا۔

**چال سُوجھنا** ۔ (ا۔محاورہ) تدبیر یا منصوبہ ذہن میں آنا۔

**چال سوچنا** ۔ (ا۔محاورہ) شطرنج کا مُہرہ چلنے کے لیے دیر تک غور کرنا۔

**چال سیکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی کی وضع اختیار کرنا۔ کسی کے چلنے کا طریقہ اختیار کرنا۔

**چال سے نہ چُوکنا** ۔ (ا۔محاورہ) دھوکا دینے سے باز نہ آنا۔ شرارت کرنا۔

**چال کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چالاکی کرنا۔ داؤں کرنا۔

**چال میں آنا** ۔ (ا۔محاورہ) دھوکے میں آنا۔

**چال ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) دیکھیے چال کرنا۔ شطرنج یا جُوئے میں اچھی چال پڑنا۔

**چالیں (بھُول جانا) بھُولنا** ۔ (ا۔محاورہ) گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ کچھ نہ سُوجھنا۔

**چالیں چلنا** ۔ (ا۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

**چالا** ۔ (چا۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) روانگی۔ رُخصت۔ کُوچ (۲) نئی دلھن کا سُسرال سے شادی کے بعد اوّل چار بار میکے جانا (۳) روانگی۔

**چالا دیکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) صورت دیکھنا۔ نجوم کے قاعدے کے مطابق سفر کا وقت مقرر کرنا۔

**چالاک** ۔ (چا۔لاک) [ف۔صف] (۱) محنتی۔ جفاکش۔ کام کرنے میں چُست پھُرتیلا۔ تیز رفتار (۲) زیرک۔ ہوشیار۔ ذہین (۳) مکّار۔ فریبی (۴) کاری گر۔ ہنرمند۔

**چالاک دست** ۔ (ف۔صف) ہوشیار۔ ہاتھ کی صفائی دکھانے والا۔

**چالاک دستی** ۔ (ف۔مث) چالاکی۔ ہوشیاری۔ ہاتھ کی صفائی۔

**چالاکی** ۔ (چا۔لا۔کی) [ف۔ا۔مث] (۱) چُستی۔ پھُرتی۔ تیزی (۲) ہوشیاری۔ دانائی (۳) عیّاری۔ مکّاری۔

**چالاکی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) دھوکا دینا۔ دھوکا کرنا۔ کھسک جانا۔ دھوکا دے کے نکل جانا۔

**چالان** ۔ (چا۔لان) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بیجک۔ بھیجی ہوئی اشیاء کی فہرست (۲) مُرسلہ اشیاء کی رسید (۳) رسیدِ زر (۴) پروانہ راہ داری۔ پاس۔ پاسپورٹ (۵) روانگی۔ انتقال (۶) روداد تفتیش یا ملزم کو مُنصف کے رُو برو پیش کرنا۔ قانون کی خلاف ورزی پر بازپُرس (۷) ایک محکمے سے دوسرے محکمے کو منتقل

**چالان ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) قانون کی خلاف ورزی پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم ملنا۔

**چالو** ۔ (چا۔لُو) [ہ۔صف] چلنے والا۔ رواں۔ رواج۔

**چالی** ۔ (چا۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گھوڑے کی زین (۲) بانس کی تیلیوں کا ڈھانچا جو کشتی کی تہ میں لگاتے ہیں (۳) گارو جو کسی نوکری کے لیے لگایا جائے (۴) شریر۔

**چالیا** ۔ (چا۔لِ۔یا) [ہ۔صف] چال باز۔ فریبی۔ شرارت کرنے والا بچہ۔

**چالیس** ۔ (چا۔لیس) [ہ۔صف] بیسؔ اور بیسؔ ۔ ۴۰۔

**چالیس سیرا** ۔ (ا۔صف) (۱) چالیس سیر کا۔ من بھر کا (۲) بھاری۔ وزنی (۳) من کی پوری تول کا (۴) ٹھیک۔ درست۔ خالص۔ بے میل۔

**چالیس سیرا اُوت** ۔ (ا۔مقولہ) پورا احمق۔ نہایت بے وقوف۔

**چالیس سیری بات** ۔ (ا۔مث) پکی تلی بات۔

**چالیس سیری تول** ۔ (ا۔مث) پُورا تول۔ من کی پوری تول۔

**چالیس قدم ساتھ آنا** ۔ (ا۔محاورہ) کچھ دُور ساتھ جانا۔ عموماً جنازے کے ساتھ کم از کم چالیس قدم جاتے ہیں۔

**چالیسا۔ چالیسیا** ۔ (چا۔لی۔سا)، (چا۔لی۔سِ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چالیس برس کی عمر کا آدمی (۲) پہلوان جس نے چالیس پہلوانوں کو پچھاڑا ہو (۳) چالیس آدمیوں سے مقابلہ کرنے یا چالیس آدمیوں کو مار ڈالنے والا بہادر (۴) ۱۸۴۰ء کا قحط جو ابھی تک فراموش نہیں ہو سکا۔ عبرت کے طور پر بیان کرتے ہیں (۵) ایک چُورن جس میں چالیس دوائیں استعمال کرتے ہیں (۶) چہلم کا فاتحہ۔

**چالیسواں** ۔ (چا۔لیس۔واں) [ہ۔صف] (۱) وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو (۲) چالیس سے نسبت رکھنے والا (۳) چہلم۔ فاتحہ چہلم مُردے کے سوا مہینے کا فاتحہ۔

**چام** ۔ [ہ۔ا۔مذ] چمڑا۔ کھال۔

**چام پیارا نہیں کام پیارا ہے** ۔ (ا۔مثل) کسی کو صورت عزیز نہیں ہوتی کام اور خدمت سے وقعت اور عزت ہوتی ہے۔

**چام کے دام** ۔ (ا۔تلمیح) (۱) چمڑے کا روپیہ (۲) وہ چمڑے کا روپیہ جو نظام سقے نے اپنے نہایت مختصر عہدِ حکومت میں شہنشاہ ہمایوں کی جان بچانے کے صلے میں شہنشاہ کی اجازت سے سونے کی کیل جڑ کر چلایا تھا (۳) کوئی چیز جو سستی خریدی جائے۔

**چانپ** ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) بندوق کا وہ پُرزہ جو کندے اور نال کو باہم جوڑتا ہے (۲) مصنوعی دانتوں کی کمانی (۳) کمان (۴) شکنجہ۔



Marfat.com

**چانپیں (چڑھانا) چڑھوانا۔** (ا۔ محاورہ) قدیم ایام میں ملزموں کو سخت اذیت پہنچانے کی غرض سے ان کے کانوں پر چانپیں چڑھائی جاتی تھیں۔

**چانپ۔** [اُ۔ ا۔ مث] سینے یا پُشت کے گوشت کے لوتھڑے مع ہڈی کے جنہیں بھُون کر کھاتے ہیں (انگریزی) (Chap)

**چانٹا۔** (چاں۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] تھپڑ۔ دھول۔ دھپّا۔ تماچہ۔

**چانٹا (رسید کرنا) مارنا۔** تھپڑ مارنا۔

**چانٹا (کھانا) لگنا۔** تھپڑ پڑنا۔

**چانٹی۔** (چاں۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ محصول جو پیشہ وروں سے وصول کیا جائے۔

**چاند۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) قمر۔ ماہتاب۔ ماہ۔ مہ۔ چندرماں (۲) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھُول (۳) ایک زیور جو ہلال نما ہوتا ہے (۴) جانوروں کی پیشانی کا سفید بڑا ٹیکا (۵) تاج (۶) چاند کی شکل جو رومال پر بناتے ہیں (۷) وہ گول نشان جو چاند ماری کے واسطے لگایا جاتا ہے (۸) ایک پُورا مہینہ (۹) [مث] کھوپڑی۔ چندیا۔

**چاند آسمان پر چڑھا سب نے دیکھا۔** (ا۔ مثل) ظاہر بات چُھپ نہیں سکتی۔ تمام دنیا پر روشن ہو جاتی ہے۔

**چاند بھر۔** (ا۔ تابع فعل) پورا مہینہ۔

**چاند بھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) مہینہ ختم ہونا۔

**چاند پر خاک پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) بے عیب۔ نیک یا خوبصورت آدمی یا چیز میں عیب نکالنا۔ کسی بے عیب کو عیب دار ٹھہرانا۔

**چاند پر خاک ڈالو اپنے مُنہ پر پڑے۔** (ا۔ مثل) اگر کسی معصوم پر عیب لگاؤ گے تو خود ذلیل ہوگے۔ ایک نہ ایک دن پول کھُل کر رہے گا۔

**چاند پر خاک نہیں پڑتی۔** (ا۔ مثل) بھلے بُرے نہیں ہو سکتے۔ اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا۔ ہُنر مند چھپائے نہیں چھپتے۔

**چاند تارا۔** (ا۔ مذ) (۱) ہلال اور ستارے کی تشبیہہ (۲) پھُول دار ململ۔ ایک قسم کا کپڑا جس پر چاند اور ستارے کی شکل بنی یا کڑھی ہوتی ہے (۳) ایک قسم کا کنکوا جس پر چاند ستارے کی شکل بنی ہوتی ہے۔

**چاند ٹیکا۔** (ا۔ مذ) پیشانی کا ایک زیور۔

**چاند چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چاند کا اونچا ہونا (۲) چاند کا بلند ہونا (۳) مہینہ پورا ہونا (۴) چاند دکھائی دینا (۵) غرّہ نظر آنا (۶) ایام حیض کا ٹل جانا۔ حیض کا وقت گزر جانا۔ حمل ٹھہرنے کی علامت کا ظاہر ہونا (۷) مہینے کی تنخواہ چڑھنا۔ مہینہ چڑھنا۔

**چاند چڑھے کُل عالم دیکھے۔** (ا۔ مثل) دیکھیے چاند آسمان پر چڑھا سب نے دیکھا۔

**چاند چھپنا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کا غروب ہو جانا۔

**چاند دار۔** (ا۔ مذ) پتنگ یا تکل جس میں چاند بنا ہوا ہو۔

**چاند دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) پہلی رات کا چاند دیکھنا۔

**چاند رات۔** (ا۔ مث) وہ رات جس میں ہلال نکلتا ہے۔

**چاند سا چہرہ۔ چاند سا ٹکڑا۔ چاند سا مُنہ۔** (ا۔ صف) (۱) چاند سی شکل یا صورت (۲) نہایت خوبصورت شکل۔

**چاند سُورج۔** (ا۔ مذ) (۱) سلمے کے چاند اور سُورج جو ٹوپیوں پر لگائے جاتے ہیں (۲) ایک زیور جو عورتیں چوٹیوں میں لگاتی ہیں۔

**چاند کا ٹکڑا۔** (ا۔ صف) نہایت حسین انسان۔ ماہ پارہ۔

**چاند کا کھیت کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چٹکی ہوئی چاندنی ہونا۔

**چاند کدھر سے نکلا۔** (کلمۂ تعجب اور حیرت) آج تم کدھر بھُول پڑے۔ کسی محبوب ہستی کے دیر بعد آنے پر کہتے ہیں۔

**چاند کو (گہن) گرہن لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چاند کا نور کم ہونا (۲) اچھی چیز میں عیب کا پیدا ہو جانا (۳) حُسن میں نقص واقع ہو جانا (۴) خوبصورت کی شادی بدصُورت سے ہو جانا (۵) بہت سی خوبیوں کے باوصف ایک آدھ عیب کا موجود ہونا۔

**چاند گہلانا۔** (ا۔ محاورہ) دھوپ کھانے کو جی چاہنا۔

**چاند گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) مہینہ گزرنا۔

**چاند گنجی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سر پر بال نہ رہنا۔

**چاند (گہن) گرہن۔** (ا۔ محاورہ) چاند پر زمین کا سایہ پڑنے کے باعث چاند پر سُورج کی روشنی نہ پڑنا۔

**چاند گہن چھٹنا۔** چاند کا زمین کے سائے سے نکل جانا۔ چاند کا گہن صاف ہو جانا۔

**چاند گہن میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کو گہن لگنا۔

**چاند ماری۔** (ا۔ مث) (۱) بندوق یا تیر چلانے کی مشق (۲) وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جاتی ہے (۳) وہ نشانہ جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ہے۔

**چاند محاق میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کا گھٹنا۔ یہ پندرھویں رات سے شروع ہوتا ہے۔

**چاند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رویت ہلال ہونا۔ پہلی رات کا چاند نظر آنا۔

**چاندا۔** (چاں۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پیمائش کا وہ خاص مقام جہاں سے حدبندی ہوتی ہے (۲) چھپر کا چاند۔ چھپر کا پاکھا۔

**چاندن۔** (چاں۔ دَن) [ہ۔ ا۔ مذ] چاندنی رات کے پندرہ دن۔

**چاندنا۔ چانْنا۔** (چاند۔ نا) (چاں۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) روشنی۔ اُجالا (۲) پاکھ۔ سُدی (۳) چاندنی رات کا زمانہ۔ زیبائش۔ رونق (۴) ایک قسم کا سفید بازو یا پر والا کبوتر۔

**چاندنا (کر دینا) کرنا۔** چوری کر کے سب کچھ لے جانا (۲) صفائی کر دینا۔

**چاندنا (چانْنا) ہو جانا (ہونا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) روشنی کا ظاہر ہونا۔ دن نکل آنا۔ پو پھٹنا (۲) آنکھوں کا چندھیا جانا۔ دماغی کمزوری یا صدمے کے سبب آنکھوں کے آگے تارے چھُوٹنے لگنا (۳) صفایا ہو جانا ایسی چوری ہونا کہ گھر میں کچھ باقی نہ رہنا (۴) رونق ہو جانا (۵) کسی مصیبت میں پھنس جانا۔

**چاندنی (چانْنی)۔** (چاند۔ نی) (چاں۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چاند کی روشنی (۲) ایک قسم کا سفید پھُول (۳) سفید فرش۔ وہ سفید چادر جو دری پر بچھائی جاتی ہے۔

**چاندنی آنا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کی روشنی کا کسی جگہ پڑنا۔

**چاندنی اُترنا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کا بلندی سے سرک کر پستی کی طرف آنا۔

**چاندنی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) چاند کی روشنی پڑنا۔

**چاندنی پھیلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چاندنی بڑھنا۔ چاندنی ہو جانا (۲) رونق ہونا۔

**چاندنی چٹخنا۔ چاندنی چٹکنا۔ چاندنی چھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی پھیلنا روشنی پھیلنا۔

**چاندنی چھپنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی کا اوجھل ہو جانا۔

**چاندنی ڈھلنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی کا ہلکا ہونا یا زوال پر آنا۔



Marfat.com

**چاندنی رات۔** (ا۔مث) وہ رات جب تقریباً ساری رات چاندنی رہے۔ قمری مہینے کی چودھویں۔ پندرھویں اور سولھویں رات۔ شب ماہ۔ شب مہتاب۔

**چاندنی صاف ہونا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی کا نکھرنا۔

**چاندنی کا اثر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی پڑ جانے سے زخم کا اچھا نہ ہونا۔ زخم کا ہرا رہنا۔

**چاندنی کا پھول۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا سفید پھول۔

**چاندنی کا کھیت۔** (ا۔ مذ) چھٹکی ہوئی چاندنی۔

**چاندنی (کا) مارا جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چاندنی کا اثر کرنا (۲) فالج ہو جانا (۳) چاندنی کا زخم کو بگاڑ دینا۔

**چاندنی کرن۔** برہمنوں یا فقیروں کا مانگنے یا قرضہ معاف کرانے کی غرض سے اپنے آپ کو زخمی کرنا۔

**چاندنی کو سونپنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی مرطوب مزاج ہوتی ہے اور زخم کے حق میں مُضر ہوتی ہے اور زخم دیر میں مندمل ہوتا ہے۔ اگر کوئی زخمی یا زچہ کسی ایسی جگہ ہو جہاں چاندنی پہنچتی ہو اور مریض کو وہاں سے منتقل نہ کیا جا سکتا ہو تو سات پولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں "ہم نے اس زخمی کو تیرے سپرد کیا" دوسرا آدمی کہتا ہے "میں اس بات کا گواہ ہوا"۔ یہ ایک ٹوٹکا تھا جو کسی زمانے میں مروّج تھا۔

**چاندنی کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی پھیلنا۔ چاندنی چٹکنا۔

**چاندنی میں جوت پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ایسا چمکدار ہونا کہ چاندنی پر بھی اپنی چمک نمایاں کرے۔

**چاندنی نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) چاندنی کا ظاہر ہونا۔

**چاندنی نکھرنا۔** (ا۔ محاورہ) بارش کے بعد چاندنی کا صاف ہونا۔

**چاندوا (چندوا)۔** (چاند۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا شامیانہ یا سائبان۔ (۲) کپڑے کی چھت (۳) شیشے کی بندی یا ستارہ جو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں (۴) ٹوپی کا بالائی گول حصّہ۔

**چاندی۔** (چاں۔ دی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) نقرہ۔ سیم (۲) ایک سفید دھات جس سے روپیہ اور زیورات وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۳) کامیابی۔ فائدہ۔ نفع (۴) مال۔ دھن۔ دولت۔

**چاندی بنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہوس کا رانگے یا کسی ہلکی دھات کو چاندی کر دینا (۲) کام درست کرنا (۳) فائدہ کرنا۔

**چاندی خانہ۔** وہ مکان جہاں چاندی کے برتن بنتے ہیں۔

**چاندی کا پہرہ۔** (ا۔ مذ) اقبال مندی کا زمانہ۔ نیک ساعت۔

**چاندی کا پیرا۔** (ا۔ مذ) مبارک قدم۔

**چاندی کا تار۔** (ا۔ مذ) چاندی سے بنایا ہوا تار (تحقیراً) معمولی زیور۔

**چاندی کا جوتا سر پر۔** (ا۔ محاورہ) روپیہ دینے پر کام نکلتا ہے۔

**چاندی کا ورق۔** (ا۔ مذ) چاندی کا کٹا ہوا نہایت باریک پتر۔

**چاندی (کر دینا) کرنا۔** (ا۔ محاورہ) سفید کر دینا۔ جلا کر راکھ کر دینا۔

**چاندی کی ریت نہیں۔ سونے کی توفیق نہیں۔** (ا۔ مثل) نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ اختیار میں ہے۔

**چاندی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا۔

**چانڈو۔** (چاں۔ ڈو) [ہ۔ا۔ مذ] دیکھیے چنڈو۔

**چانس۔** (Chance) [انگ۔ا۔ مذ] اتفاق۔ موقع۔ امکان۔ احتمال۔ باری

**چانسلر۔** (Chancellor) (چانس۔لر) [انگ۔ا۔ مذ] یونیورسٹی کا سب سے اعلیٰ عہدہ دار۔

**چانک۔** (ہ۔ا۔ مذ) (۱) مُہر۔ ٹھپّا (۲) لکڑی کی تھاپی جس پر حروف کندہ ہوتے ہیں اور اس سے کھلیان پر ٹھپّا لگا دیتے ہیں (۳) جھاڑ پھونک کرنے کے واسطے درد کے چاروں طرف حلقہ کھینچ دینا۔

**چانگلا۔** (چانگ۔لا) [ہ۔ صف] (۱) تندرست۔ بھلا چنگا۔ صحت مند۔ مضبوط۔ (۲) چالاک۔ چُست۔ ہوشیار (۳) گھوڑوں کا ایک رنگ۔

**چاوَل۔** (چا۔وَل) [ہ۔ا۔ مذ] سفید غلّہ جسے اُبال کر کھاتے ہیں۔ دھان۔ برنج (۲) وہ زیرہ یا گری جو کسی نباتات یا غلّے سے نکالی جائے (۳) ایک رتی کا آٹھواں حصّہ۔

**چاول چبوانا۔** (ا۔ محاورہ) مشتبہ لوگوں کو کچے چاول کھلانا۔ یہ کہنا کہ جو چور ہوگا اس کے مُنہ سے خون نکل آئے گا۔ اس تدبیر سے کچے چور قبول دیتے ہیں۔

**چاہ۔** (ف۔ا۔ مذ) کنواں۔ غار۔ گڑھا۔

**چاہِ بابل۔** (ا۔ مذ) شہر بابل کا ایک کنواں جس کی بابت کہتے ہیں کہ ہاروت ماروت دونوں فرشتے وہاں قید ہیں۔

**چاہِ بیژن۔** (ف۔ا۔ مذ) وہ کنواں جس میں شاہنامہ فردوسی کی تحریر کے مطابق افراسیاب نے بیژن کو قید کیا تھا۔

**چاہِ خس پوش۔** (۱) وہ کنواں جسے چھپانے کے لیے گھاس پھوس سے ڈھک دیا گیا ہو (۲) مکر۔ فریب۔

**چاہِ (ذقن) زنخداں۔** (ف۔ مذ) ٹھوڑی کا گڑھا۔

**چاہِ رستم۔** (ف۔ مذ) وہ کنواں جس میں رُستم قتل کیا گیا تھا۔

**چاہِ غبغب۔** (ف۔ مذ) رُخساروں کا گڑھا۔

**چاہ کن را چاہ درپیش۔** (ف۔ مثل) بُرائی کرنے والا خود بُرائی کا شکار ہوتا ہے۔

**چاہِ نخشب۔** (ف۔ مذ) وہ کنواں جس سے روایت ہے کہ حکیم عطا ابن مقنع نے اپنی حکمت سے چاند نکالا تھا۔ یہ چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا۔

**چاہِ یوسف۔** (ف۔ مذ) ملک شام میں طبریہ کے قریب وہ کنواں جس میں حضرت یوسف ؑ کے سوتیلے بھائیوں نے انہیں پھینکا تھا۔

**چاہ۔** (ہ۔ا۔ مث) (۱) خواہش۔ آرزو (۲) محبت۔ اُلفت۔ عشق۔ دوستی۔ (۴) اشتیاق۔ شوق (۵) مزہ۔ لُطف۔ بھوک (۶) ضرورت۔ حاجت (۷) مانگ (۸) چاہنا کا امر۔

**چاہا (چہا)۔** (ہ۔ا۔ مذ) ایک پرندہ۔

**چاہت۔** (چا۔ہَت) [ہ۔ا۔ مث] (۱) خواہش۔ طلب۔ ضرورت (۲) عشق۔ محبّت۔ پیار۔

**چاہنا۔** (چاہ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) محبت کرنا (۲) پسند کرنا۔ قبول کرنا (۳) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا (۴) مانگنا۔ درخواست کرنا۔

**چاہنے کے نام سے گدھی نے گھاس کھانا چھوڑ دیا تھا۔** (ا۔ مثل) اگر کسی سے محبت ظاہر کی جائے تو وہ بھاگتا ہے اور عاشق کے نزدیک نہیں ہوتا یا



Marfat.com

مزور کرنے لگتا ہے۔

**چاہُو**۔ (چا۔ہُو) (ہ۔صف) محبت کرنے والا۔مشتاق۔خواہش مند۔آرزومند۔

**چاہی**۔ (چا۔ہی) (ف۔صف) وہ زمین جسے کنوئیں کا پانی سیراب کرتا ہے۔کنوئیں سے منسوب۔

**چاہیتی**۔ (چا۔ہے۔تی) (ہ۔صف) پیاری۔معشوقہ۔محبوبہ۔

**چاؤ**۔ (چا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جوشش۔ارمان۔شوق۔آرزو (۲) نازو نخرہ۔لاڈ۔

**چاؤ چوچلا**۔ نازنخرہ۔لاڈ پیار۔

**چاؤ چوچلوں سے پالنا**۔ (ا۔مثل) لاڈ پیار سے پرورش کرنا۔

**چاؤ میں آنا**۔ کسی سے محبت کے سبب مغرور ہو جانا۔نخرے کرنا۔ مزے میں آنا۔

**چاؤ نکالنا**۔ ارمان نکالنا۔حسرت نکالنا۔خواہش پوری کرنا۔

**چاؤش**۔ (چا۔اوُش) (ت۔ا۔مذ) چوب دار۔عصابردار۔نقیب۔

**چاؤں چاؤں**۔ (چا۔اوں۔چا۔اوں) (ہ۔ا۔مث) چڑیوں کی دہشت کی آواز۔

**چاؤں چاؤں کرکے پیچھے پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) شور مچا کر گرد ہو جانا۔

**چائے**۔ (چا۔اے) (ف۔ا۔مث) ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر اور عرق نکال کر پیتے ہیں۔

**چائے پانی**۔ (ا۔مذ) (۱) ہلکا ناشتہ (۲) رشوت۔

**چائے دانی، پوچی**۔ (ا۔مث) وہ برتن جس میں چائے کا عرق رکھا جاتا ہے

**چائیں چائیں**۔ (چا۔ایں۔چا۔ایں) (ہ۔ا۔مث) چڑیوں کی آواز۔ بےکار شور۔

**چائیں مائیں**۔ (چا۔ایں۔ما۔ایں) (ہ۔ا۔مذ) لڑکوں کا ایک کھیل۔

## چ — ب

**چبا جانا**۔ (چ۔با۔جا۔نا) (ہ۔مص) کھا جانا۔دانتوں میں کچل ڈالنا۔

**چبا چبا کر باتیں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تکلف سے باتیں کرنا۔

**چبا ڈالنا**۔ (چ۔با۔ڈال۔نا) (ہ۔مص) کاٹ کھانا۔دانتوں سے پیس ڈالنا۔

**چبانا**۔ (چ۔با۔نا) (ہ۔مص) دانتوں سے پیسنا۔دانتوں سے کچلنا۔

**چبڑ چبڑ**۔ (چَ۔بَڑ۔چَ۔بَڑ) (ہ۔ا۔مث) بک بک۔بکواس۔

**چبڑ چبڑ باتیں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بے سوچے سمجھے باتیں کرنا۔

**چُبک**۔ (چُ۔بک) (ہ۔ا۔مث) ٹیس۔درد۔ہول۔پیڑ۔

**چُبکنا**۔ (چُ۔بک۔نا) (ہ۔مص) ٹیس مارنا۔زخم کا درد کرنا۔

**چبل**۔ (چ۔بل) (ہ۔صف) دیکھیے چبلا۔

**چبلا**۔ (چ۔بل۔لا) (ہ۔صف) (۱) چھچھورا۔بےشلہ (۲) مسخرا۔شرارتی۔

**چبلا پن**۔ چھچھوراپن۔بےشلہ پن۔مسخراپن۔شرارت۔

**چبلانا**۔ (چب۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) چبانا (۲) بات منہ میں کرنا۔صاف نہ بولنا۔

**چبلی**۔ (چ۔بل۔لی) (ہ۔صف) چبلا کی تانیث۔شریر۔مسخری۔

**چبنی**۔ (چب۔نی) (ہ۔صف) جو چبائی جائے۔

**چبنی ہڈی**۔ (ہ۔مث) کرکری ہڈی۔وہ ہڈی جو بھربھری اور پتلی ہو۔

**چبوانا**۔ (چب۔وا۔نا) (ہ۔مص) چبانا کا متعدی المتعدی۔

**چبوترا**۔ (چ۔بُو۔تَ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مربع یا مستطیل اونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے ہیں۔چوترا (۲) کوتوالی۔

**چبوترا باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) چبوترا بنانا۔

**چبوترا (چڑھانا) چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) کوتوالی پہنچانا۔معاملہ کی کوتوالی میں رپورٹ ہونا۔

**چُبھانا**۔ (چُ۔بھا۔نا) (ہ۔مص) چبھونا۔نوک دار چیز کو جسم کے اندر گھسیڑنا۔

**چُبھتی بات**۔ (چُبھ۔تی۔بات) (ہ۔ا۔مث) ایسی بات جو دوسرے کے دل کو ناگوار گزرے۔پتے یا بھید کی بات۔

**چُبھتی ہوئی سُنانا**۔ (ا۔محاورہ) کھری کھری سُنانا۔

**چُبھن**۔ (چُ۔بھن) (ہ۔ا۔مث) کھٹک۔درد۔

**چُبھنا**۔ (چُبھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چھدنا (۲) کھٹکنا۔درد ہونا۔ناگوار گزرنا۔ (۳) دل لگنا۔دل پر اثر کرنا۔

**چبھونا**۔ (چ۔بھو۔نا) (ہ۔مص) کسی نوک دار شے کا بھونکنا۔پیوست کرنا۔

**چبینا**۔ (چ۔بے۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) غلّے کے بھنے ہوئے دانے (۲) کوئی چبائی جانے والی چیز۔

**چبینی**۔ (چ۔بے۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چبینا کی تانیث (۲) بھنے ہوئے دانے۔جو مزدور یا غریب کھاتے ہیں (۳) بھنے ہوئے دانے اور مٹھائی جو ہندو لوگ دوپہر کے وقت برات کو دیتے ہیں (۴) خشک خوراک جیسے تل۔دال۔شکرپارے۔مٹھائی وغیرہ۔

## چ — پ

**چَپ**۔ (ف۔صف) (۱) بایاں۔بائیں طرف۔اُلٹے ہاتھ کی طرف (۲) دو رنگ کا۔دورنگا (۳) پاؤں کی آواز۔چاپ۔

**چپ وراست**۔ دائیں بائیں۔ہر طرف۔اِدھر اُدھر۔

**چُپ**۔ (ہ۔ا۔مث) خاموشی۔سکوت۔نہ بولنا (۲) خاموش رہو۔

**چُپ آدمی اور بندھے پانی سے ڈرنا چاہیے**۔ (ا۔مثل) آدمی کی خاموشی اور بند پانی دونوں سے ڈرنا چاہیے۔

**چُپ آدھی مرضی**۔ (ا۔مثل) جواب میں کوئی اگر نہ بولے تو سمجھا جاتا ہے کہ وہ راضی ہے۔

**چُپ باندھنا**۔ خاموشی اختیار کرنا۔ساکت ہونا۔جواب نہ بن پڑنا۔ نہ بول سکنا۔

**چُپ (چاپ) چپاتے**۔ خاموشی سے۔آہستہ آہستہ۔چپکے چپکے۔بغیرہ۔

**چُپ (چُپ) گپ**۔ (۱) خاموش۔کم گو (۲) خاموش رہ۔مت بول۔

**چُپ چھنال**۔ (ا۔صف) غریب صورت۔بدکار عورت۔

**چُپ رہ جانا (سادھنا)**۔ (ا۔محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔



Marfat.com

چُپ شاہ کا روزہ۔ (ا۔ محاورہ) ایک منت جس میں چُپ رہا جاتا ہے۔
چُپ کرنا۔ (۱) خاموش ہونا۔ بات کرنے سے رُکنا۔ لاجواب ہونا۔
چُپ کی داد خُدا دیتا ہے۔ (ا۔ مثل) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔
چُپ لگانا۔ (ا۔ محاورہ) سکوت اختیار کرنا۔
چُپ لگ جانا۔ (ا۔ محاورہ) اُداسی کے ساتھ خاموش ہوجانا۔ کسی بات کا جواب نہ دینا اور نہ بات کرنا۔
چُپ لگی چُپکی لگی۔ خاموش رہنا۔
چُپ ناندھنا۔ (ا۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔ ساکت ہوجانا۔
چُپ ہوجانا۔ (ا۔ محاورہ) خاموش ہوجانا۔ جواب نہ دے سکنا۔
چَپّا۔ (چپ۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بالشت بھر (۲) چار اُنگل کی چوڑائی (۳) چار بالشت۔
چَپّا بھر۔ (۱) چار اُنگل (۲) چار بالشت۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
چَپّا چپّا زمین چھان ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) ہر جگہ تلاش کرنا۔
چپتے جتنی کوٹھڑی اور میاں محلّے دار۔ (ا۔ مثل) معمولی حیثیت اور اکڑ فوں اتنی۔
چِپّا۔ (چپ۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔
چپاتی۔ (چَ۔ پا۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) پتلی روٹی۔ پھلکا۔
چپاتی بڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) چپاتی کو مُٹھی کے زور سے بڑا کرنا۔
چپاتی سا پیٹ۔ (ا۔ مذ) نرم اور پیٹھ کے ساتھ لگا ہوا پیٹ۔
چپاتی سا پیٹ لگ جانا۔ (ا۔ محاورہ) خالی پیٹ کا چپک جانا۔
چُپا چُپ۔ (چُ۔ پا۔ چُپ) (ہ۔ صف) خاموش۔
چپاڑ۔ (ہ۔ صف) چوسر باز (۲) چوپال۔
چپانا۔ (ہ۔ مص) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا (۲) شرمانا۔ جھینپنا۔
چپت۔ (چَ۔ پت) (ہ۔ ا۔ مث) طمانچہ۔ تھپڑ۔ دھول۔ چانٹا۔ دھپّا۔
چپت رسید کرنا چپت دھرنا چپت لگانا چپت مارنا۔ چانٹا مارنا تھپڑ مارنا۔
چپت گاہ۔ چانٹے کی جگہ۔ جہاں چانٹا مارا جائے۔ ٹانٹ۔ سر۔
چپت لگنا۔ تھپڑ لگنا۔ چانٹا جڑا ہونا۔
چپٹ۔ (چَ۔ پٹ) (ہ۔ ا۔ مث) چپٹی کا مخفف۔ صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
چپٹ باز۔ (ہ۔ صف) چپٹی کھیلنے والی عورت۔ فرج سے فرج لڑانے والی۔ طبق زن۔
چپٹ بازی۔ چپٹی کھیلنا۔ فرج سے فرج لڑانا۔ طبق زنی۔ غلط ترکیب۔
چپٹا۔ (چپ۔ ٹا) (ہ۔ صف) اندر کو بیٹھا ہوا۔ چوڑا۔ چکلا۔ دبا ہوا۔ برابر (۲) وہ شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو۔
چپٹا کرنا۔ اندر کو بٹھا دینا۔ برابر کرنا۔ چوڑا اور چکلا کرنا۔ دبا دینا۔
چِپٹا۔ (چِپ۔ ٹا) (ہ۔ صف) چیپ دار۔ لیس دار۔ چپکنے والا۔
چپٹانا۔ (چپ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لپٹا لینا۔ گلے سے لگا لینا (۲) چپکانا۔
چپٹ جانا۔ چپٹنا۔ (چَ۔ پٹ۔ جا۔ نا) (چِ۔ پَٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لپٹ جانا (۲) چپکنا۔ مل جانا۔
چپٹنا۔ (چَ۔ پٹ۔ نا) (ہ۔ مص) چپکنا۔ لپٹنا۔

چپٹی۔ (چپ۔ ٹی) (۱) فرج سے فرج لڑانا۔ طبق زنی (۲) (صف) اندر کو بیٹھی ہوئی۔ پچکی ہوئی۔
چپٹی لڑانا۔ طبق زنی کرنا۔
چپٹی ناک۔ بیٹھی ہوئی ناک۔
چپٹیا۔ (چپ۔ ٹ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) چپٹا کی تانیث۔
چِپ چِپا۔ (چِپ۔ چِ۔ پا) (ہ۔ صف) لیس دار۔ چیپ دار۔ چپکنے والا۔
چِپ چِپانا۔ (چِپ۔ چِ۔ پا۔ نا) (ہ۔ مص) چپکنا۔ لیس دار ہونا۔
چِپ چِپاہٹ۔ (چِپ۔ چِ۔ پا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) چیپ۔ لیس۔
چپچخ۔ چپَچک۔ (چپ۔ چخ) (چپ۔ چک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی ابابیل (۲) (صف) دُبلا۔ پتلا۔
چپچخ سا مُنہ نکل آنا۔ (ا۔ محاورہ) دُبلا ہوجانا۔ مُنہ کا لاغر ہوجانا۔
چپرا۔ (چپَ۔ را) (ہ۔ صف) (۱) اَکڑ جانے والا (۲) زبردستی سے۔ سینہ زوری سے (۳) ناگہاں۔ یکایک۔
چپرا چپرا کر باتیں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) اصل بات کو چھپا کر باتیں کرنا۔
چپرا لینا۔ (ا۔ محاورہ) جھوٹا کر دینا۔
چِپرا۔ (چپ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گوند (۲) وہ میل جو آنکھوں سے نکلے۔
چپراس۔ چپڑاس۔ (چپَ۔ راس) (چپ۔ ڑاس) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چپراسی کی پیٹی (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے۔ (۳) چوڑی گوٹ (۴) کُشتی کا ایک داؤں (۵) قصابوں کی اصطلاح میں ران کے نیچے کا گوشت۔
چپراس (پہننا) لگانا۔ (ا۔ محاورہ) چپراسی ہونا۔ چپراسی کا عہدہ حاصل ہونا۔
چپراس مارنا۔ (ا۔ محاورہ) حریف کی پنڈلی پر پاؤں کی ضرب لگانا۔
چپراسی۔ (چپَ۔ راسی) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو چپراس پہنے۔ اردلی۔ پیادہ۔ سپاہی۔
چپرانا۔ (چپ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) جھٹلانا۔ چندرانا۔
چپرنا۔ (چَ۔ پَر۔ نا) (ہ۔ مص) چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ پوشیدہ ہوجانا۔
چپڑا۔ (چپَ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مث) صاف کی ہوئی لاکھ۔ عمدہ لاکھ۔
چِپڑا۔ (چپ۔ ڑا) (ہ۔ صف) وہ شخص جس کی آنکھوں میں کیچڑ بھرا رہے۔
چپڑا کر دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔
چپڑاس۔ (چپ۔ ڑاس) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ پیٹی یا پٹکہ جسے چپڑاسی پہنتے ہیں اور جس پر محکمہ کا نشان ہوتا ہے۔ دیکھیے چپراس۔
چپڑ چپڑ۔ (چَ۔ پڑ۔ چَ۔ پَڑ) (ہ۔ ا۔ مث) کھانے کی آواز۔ کُتّے کے پانی پینے کی آواز۔
چپڑ چپڑ باتیں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بے سمجھے بُوجھے گفتگو کرنا۔ بغیر ادب و لحاظ کے باتیں کرنا۔ بک بک کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔
چپڑ چپڑ کھانا۔ (ا۔ محاورہ) بدتمیزی سے آواز پیدا کرکے کھانا۔
چپڑ خندی۔ (چَ۔ پڑ۔ خَن۔ دی) (ہ اُ۔ ا۔ مث) آوارہ گرد۔ بازاری عورت۔
چپڑ دینا۔ چپڑنا۔ (چُ۔ پڑ۔ دے۔ نا) (چُ۔ پڑ۔ نا) (ہ۔ مص) روغن لگا دینا۔ چکنا کرنا۔
چپڑ قنّاتو۔ (چَ۔ پڑ۔ قنَ۔ نا۔ تُو) (اُ۔ صف) (۱) بے ہوش۔ مدہوش (۲)



Marfat.com

اسیر ۔ گرفتار (۳) گتھم گتھا ۔ غتّ ۔ پٹ ۔

**چپڑ قناتیا** ۔ (چَ ۔ پَڑ ۔ ق ۔ نا ۔ تِ ۔ یا) [ ہ ۔ اُ ۔ صف ] (۱) خوشامدی ۔ کمینہ ۔ ذلیل ۔ تماش بین ۔ رنڈی کے ہاتھ سے مار کھانے والا ۔

**چپڑنا** ۔ (چَ ۔ پڑ ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] بھاگنا ۔ دوڑنا ۔ کھسک جانا ۔ فرار ہونا ۔

**چُپڑنا** ۔ (چُ ۔ پڑ ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) چرب کرنا ۔ گھی لگانا (۲) روغن کرنا ۔ پالش کرنا (۳) عیب چھپانا (۴) خوشامد کرنا ۔

**چپڑی** ۔ (چِپ ۔ ڑی) [ ہ ۔ صف ] چپڑا کی تانیث ۔ وہ عورت جس کی آنکھوں میں میل بھرا رہے ۔ چُندھی ۔

**چُپڑی** ۔ (چُپ ۔ ڑی) [ ہ ۔ صف ] (۱) روغن لگی ہوئی (۲) خوشامدانہ ۔

**چُپڑی اور دو دو** ۔ (ا ۔ مثل) اچھی چیز اور زیادہ مقدار میں ۔

**چُپڑی چکنی** ۔ (ا ۔ مث) خوشامد کی میٹھی میٹھی باتیں ۔

**چُپڑی روٹی** ۔ (ا ۔ مث) وہ روٹی جس پر گھی لگا ہو ۔

**چپقلش** ۔ (چَپ ۔ قَ ۔ لَش) [ ت ۔ ا ۔ مث ] (۱) تلوار کی لڑائی (۲) جھگڑا ۔ تکرار ۔ دنگا ۔ فساد (۳) بھیڑ ۔ ہجوم (۴) جگہ کی تنگی ۔ لام کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں ۔

**چپک** ۔ (چ ۔ پک) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] چپ چپاہٹ ۔ لیس ۔ چیپ ۔

**چپک** ۔ (ا ۔ مث) ٹیک ۔ درد ۔

**چپک ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیٹ میں میٹھا میٹھا درد ہونا ۔

**چپک جانا ۔ چپکنا** ۔ (۱) لپٹ جانا (۲) آشنائی ہو جانا ۔ اُلجھنا ۔ پھنسنا (۳) روزگار سے لگنا ۔ نوکر ہونا (۴) جُڑنا ۔

**چُپکا** ۔ (چُپ ۔ کا) [ ہ ۔ صف ] (۱) چُپ ۔ خاموش (۲) عیار ۔ فریبی ۔

**چپکانا** ۔ (چِپ ۔ کا ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) چسپاں کرنا ۔ لیس دار چیز سے جوڑنا ۔ (۲) نوکری دلانا ۔ کسی کام میں اٹکا دینا (۳) تعلق یا آشنائی پیدا کر دینا ۔

**چپکن** ۔ (چَپ ۔ کَن) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ایک قسم کی قبا جس میں گریبان نہیں ہوتا نہ بغلوں کے نیچے سلائی ہوتی ہے اور آستین لٹکتی رہتی ہے ۔

**چپکن (چنوانا) چُننا** ۔ چپکن کی آستینوں پر شکنیں ڈالنا ۔

**چپکنا** ۔ (چ ۔ پک ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) لس سے جڑنا (۲) روزگار سے لگ جانا (۳) جُڑنا ۔ چمٹنا ۔ چسپاں ہونا (۴) آشنائی ہونا ۔

**چپکوانا** ۔ (چ ۔ پک ۔ وا ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] چپکانا کا متعدی المتعدی ۔

**چُپکی** ۔ (چُپ ۔ کی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) خاموشی ۔ سکوت (۲) جھینپنا ۔ کنیانا ۔

**چُپکی سادھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا ۔

**چُپکی لگ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خاموش ہو جانا ۔

**چُپکے** ۔ (چُپ ۔ کے) [ ہ ] آہستہ سے ۔ خاموشی سے ۔

**چُپکے چُپکے رونا** ۔ یوں رونا کہ آواز نہ نکلے ۔ آہستہ آہستہ رونا ۔

**چُپکے سے کہنا** ۔ آہستہ سے کہنا ۔

**چپّل ۔ چپلی** ۔ (چَپ ۔ پَل) (چَپ ۔ لی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ایک قسم کا جوتا ۔

**چپّن** ۔ (چُپ ۔ پَن) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ہانڈی کا ڈھکنا ۔ سرپوش (۲) بیوقوف (۳) رشوت ۔ بالائی آمدنی ۔

**چپنا** ۔ (چَپ ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) دبنا ۔ پچکنا (۲) شرمندہ ہونا ۔ جھینپنا ۔ (۳) ڈر سے کانپنا ۔ ہار ماننا ۔

**چپنی** ۔ (چَپ ۔ نی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) ہانڈی کا مٹی کا سرپوش (۲) چھوٹا چپّن ۔ (۳) ڈھکنی (۴) گھٹنے کے سامنے کی ہڈی ۔

**چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا ۔ شرم اور غیرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

**چپنی چاٹ کر گزران کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت قناعت اور صبر سے گزارا کرنا ۔

**چپّو** ۔ (چَپ ۔ پُو) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) کشتی کھینے کا ڈنڈا جو آگے سے چوڑا ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا جوتا ۔ چپّل ۔

**چپّو (چلانا) مارنا** ۔ کشتی کھینا ۔

**چپوٹا** ۔ (چَ ۔ پو ۔ ٹا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) تماچا ۔ تھپڑ ۔ دھپ ۔

**چپوٹی** ۔ (چ ۔ پو ۔ ٹی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) چھوٹی سی ٹوپی ۔ ادنیٰ ۔ گھٹیا ٹوپی ۔ (۲) پھٹی ہوئی پرانی پگڑی ۔

**چپّی** ۔ (چَپ ۔ پی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] اعضا کی مالش ۔ ہاتھ پاؤں دبانا ۔

**چپّی** ۔ (چِپ ۔ پی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا ۔

**چپّی** ۔ (چُپ ۔ پی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] خاموشی ۔

**چپیٹ** ۔ (چ ۔ پیٹ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] دھول ۔ تماچا (۲) [ مث ] چپیٹ (۳) خفیف چوٹ ۔ دھکا ۔ جھڑپ (۴) ناگہانی آفت (۵) نقصان ۔ گھاٹا ۔

**چپیٹا** ۔ (چَ ۔ پے ۔ ٹا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) تھپڑ ۔ دھول (۲) بد روحوں کا اثر ۔ (۳) حرامی بچہ (۴) [ صف ] حرامی (۵) چھپا ہوا ۔

**چپیکنا** ۔ (چَ ۔ پیک ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) چپکانا ۔ چمٹانا (۲) گلے مڑھنا ۔ (۳) روزگار سے لگا دینا ۔ نااہلی کے باوجود نوکر کرا دینا ۔

## چ ــــ ت

**چِت** ۔ (ہ ۔ صف) پُشت کے بل ۔ سینے کے رُخ ۔

**چت بھی میری پٹ بھی میری** ۔ (ا ۔ مثل) ہر طرح اپنا ہی فائدہ ڈھونڈنا ۔

**چت پٹ** ۔ (ہ ۔ مث) کسی چیز کے چت یا پٹ گرنے پر ایک قسم کا کھیل جس میں شرط لگاتے ہیں ۔ جس کا کہا ہو جاتا ہے وہ جیت جاتا ہے ۔

**چت پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیٹھ کے بل لیٹنا ۔ اوندھا پڑنا ۔

**چت کرنا** ۔ (۱) پچھاڑنا (۲) پیٹھ کے بل گرانا ۔

**چت لیٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیٹھ کے بل لیٹنا ۔

**چت (ہو جانا) ہونا** ۔ (۱) پچھڑنا (۲) مر جانا (۳) نشے میں بے ہوش ہونا (۵) غشی میں ہونا (۶) مات کھانا ۔ ہار جانا ۔

**چِت** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) نظر ۔ چتون (۲) خیال ۔ دھیان ۔ توجہ (۳) دل ۔ جی (۴) سمجھ ۔ عقل ۔ تمیز ۔ شعور (۵) حافظہ ۔ یاد ۔

**چت بٹانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) توجہ ہٹانا ۔ خیال دوسری طرف کرنا ۔

**چت بھنگ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل و ہوش کھو دینا ۔ خیال بٹ جانا ۔

**چت پر چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذہن نشین ہونا ۔ خیال میں جمنا ۔ دل میں کھُبنا ۔

**چت چور** ۔ (۱) معشوق (۲) دل موہ لینے یا چرانے والا (۳) کرشن جی کا ایک لقب ۔



Marfat.com

چت سے اُتر جانا (اُترنا)۔ (۱۔ محاورہ) بھول جانا۔ دھیان میں نہ رہنا۔ یاد نہ رہنا
چت لگانا۔ (۱) کسی کام میں دل لگانا۔ متوجہ ہونا (۲) خواہش کرنا۔ بست کرنا۔
چت لگن۔ خوش کن۔ دل فریب۔
چت میں بیٹھنا۔ دل میں اثر کرنا۔ دل میں گھر کرنا۔
چت ہٹانا۔ دھیان ہٹانا۔ توجہ دوسری طرف کرنا۔
چِتا۔ (چِ - تا) (س۔ ا۔ مث) لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مُردے کو جلاتے ہیں۔
چِتا پنڈ۔ (۱) دودھ۔ روٹی۔ چاول وغیرہ جو مُردہ جلاتے وقت پتروں کو چڑھاتے ہیں (۲) چاول اور دُودھ یا آٹے کا پنڈ جسے ہندو توشۂ عاقبت خیال کرکے تیجے کے دن بہاتے ہیں۔
چِتا چُننا۔ (۱۔ محاورہ) مُردہ جلانے کے لیے لکڑیاں ڈھیر کرنا۔
چِتا میں بیٹھنا۔ (۱۔ محاورہ) ستی ہونے کے لیے چتا پر چڑھنا۔
چِتانا۔ (چِ - تا - نا) (ہ۔ مص) (۱) جتانا۔ ہوشیار کرنا (۲) نصیحت کرنا۔ (۳) توجہ دلانا (۴) ڈرانا۔
چِتاونی۔ (چِ - تا - اُو - نی) (۱) نشان۔ علامت (۲) اطلاع۔ آگاہی (۳) ڈر۔ خوف (۴) یاد دہانی۔
چَتر۔ (ف۔ ا۔ مذ) چھاتا۔ بڑی چھتری۔
چترِ شاہی۔ بادشاہی چھتری۔
چَتُر۔ (چَ - تُر) (س۔ صف) (۱) چالاک۔ تیز۔ چُست (۲) کاری گر۔ ماہر دانا۔ عقل مند (۳) مکار۔ عیار (۴) متقی۔
چتر بھدرا۔ انسان کی زندگی کے چار مقاصد۔ دھرم (نیکی)، کام (خوشی) ارتھ (دولت)، مکش (مکتی)۔
چتر وِدیا۔ (ہ۔ مث) چار ویدوں کا علم۔
چتر وید۔ (ہ۔ مذ) (۱) چاروں ویدوں کا مجموعہ (۲) چاروں وید (۳) ایک قسم کے پتر۔
چتر ہوتر۔ (ہ۔ مذ) کرشن جی۔
چتر ہوتری۔ ایک منتر جو نئے چاند یا پورے چاند کے موقع پر پڑھا جاتا ہے۔
چِترا۔ (چِت - را) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چودھواں یا بارہواں نچھتر (۲) ایک پودے کا نام (۳) ایک سانپ کا نام (۴) ایک بحر یا وزن (۵) ایک ساز (۶) ارجن کی بیوی اور کرشن جی کی بہن سبھدرا (۷) کرشن جی کی ایک بیٹی (۸) غیر حقیقی حالت۔ مصنوعی چیز۔ دھوکا کھانا (۹) ایک اپسرا (۱۰) ایک دریا۔ ایک چٹان۔
چَترا۔ (چَت - را) (ہ۔ صف) چالاک۔ عقل مند۔
چترائی۔ (چَ - تَ - را - ای) (ہ۔ ا۔ مث) ہوشیاری۔ دانائی۔ چالاکی۔ تیزی۔ ہنرمندی۔
چترنگ۔ (چت - رنگ) (ہ۔ ا۔ مث) وہ فوج جس میں رتھ۔ ہاتھی۔ گھوڑے۔ سوار اور پیادے شامل ہوں۔ چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج کا قدیم ہندی نام (۳) ایک قسم کا گیت۔
چترنگی۔ (چت - رن - گی) (ہ۔ صف) (۱) کئی رنگ کا (۲) بہت قابل آدمی۔

چترنی۔ (ہ۔ ا۔ مث) عورت کی چار قسموں میں سے ایک قسم۔ نازک عورت۔
چت کبرا۔ (چت - کب - را) (ہ۔ صف) (۱) دھبّے دار۔ داغ دار (۲) سفید و سیاہ رنگ۔ ابلق۔
چِتلا۔ (چت - لا) (ہ۔ صف) چت کبرا۔ داغ دار۔
چِتنا۔ (چت - نا) (ہ۔ مص) (۱) دیکھنا۔ نظر کرنا۔ نظر ڈالنا (۲) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا (۳) نقش و نگار کرنا۔ تصویر بنانا۔
چِتوَن۔ (چت - وَن) (ہ۔ ا۔ مث) نظر۔ نگاہ۔ تیوری۔
چِتون بنانا۔ (۱۔ محاورہ) تیوری چڑھانا۔ غصّے کی نظر سے دیکھنا۔
چِتون پر میل آنا۔ (۱۔ محاورہ) خفا ہونا۔ ناگوار گزرنا۔
چِتون پھرنا۔ (۱۔ محاورہ) نگاہ کا غصّے سے بھرا ہونا۔
چِتون چڑھانا۔ (۱۔ محاورہ) تیوری چڑھانا۔
چِتون کہے دیتی ہے۔ (۱۔ مثل) نگاہ سے معلوم ہوتا ہے۔ نظر سے ظاہر ہے۔
چُھتّا۔ (چُھت - تا) (ہ۔ صف) (۱) جو کسی دوسرے کے مذاق کا مرکز بنا ہو۔ (۲) وہ جسے کوئی زخمی کرے (۳) دوسروں کا ستایا ہوا۔
چُھتّا بٹیر۔ (ہ۔ مذ) وہ آدمی جسے ہر ایک پریشان کرے۔
چُھتّا بنانا۔ (۱۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ بُرائی کرنا۔
چِتھاڑ۔ (چِ - تھاڑ) (ہ۔ ا۔ مث) رُسوائی۔ خواری۔ ذلّت۔
چِتھاڑنا۔ (چِ - تھاڑ - نا) (ہ۔ مص) (۱) پھاڑنا۔ چیرنا۔ چیتھڑے چیتھڑے کرنا (۲) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔
چِتھڑا۔ چیتھڑا۔ (چِتھ - ڑا۔ چیتھ - ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) دھجّی۔ پُرانے کپڑے کا ٹکڑا۔ گودڑ۔ لیرا۔ لوگرا۔ لیر۔
چِتھڑے (چیتھڑے) اُڑانا (بکھیرنا)۔ (۱۔ محاورہ) لتّے لینا۔ درست کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔
چِتھڑے کرنا۔ پرزے پرزے کرنا۔
چِتھڑے لگانا۔ (۱۔ محاورہ) پیوند پر پیوند لگانا۔ گودڑ یا فقیر بنا پھرنا۔
چِتھڑے لگنا۔ (۱۔ محاورہ) مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔
چِتھڑیا۔ (چِتھ - ڑ - یا) (ہ۔ صف) پھٹے پُرانے کپڑے پہنے ہوئے۔ پھٹے حال۔
چِتھڑیا پیر۔ (۱) ایک پیر جس کو پھٹے پُرانے کپڑے چڑھاتے ہیں (۲) وہ درخت جس پر پیر کے نام پر کپڑے چڑھائے جائیں (۳) بہت مفلس۔
چُھتّل۔ (چُھت - تَل) (ہ۔ صف) مسخرا۔ ٹھٹّے باز۔ ٹھٹھولیا۔ ظریف۔
چُھتّل بازی۔ (۱۔ ف۔ مث) ٹھٹّے بازی۔ ہنسی۔ بیہودہ ہنسی۔ تمسخر۔
چُھتّل پنا دکھانا۔ (۱۔ محاورہ) مزاحاً کچھ کہنا۔ ہنسی اُڑانا۔ ٹھٹّا اُڑانا۔
چُھتّلا۔ (چُھت - لا) (ہ۔ صف) دیکھیے چُھتّا۔
چِتّی۔ (چِت - تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بُندکی۔ دھبا۔ داغ۔ نشان۔ ٹپا سا۔ (۲) سانپ کی ایک قسم جس پر چتی ہوتی ہے (۳) کوڑی جس پر چتیاں ہوتی ہیں۔
چِتّی پڑنا۔ (۱۔ محاورہ) روٹی کا پکنا۔ روٹی پر پک جانے کی علامت کا ظاہر ہونا۔ سُرخ نشان پڑنا۔ لال لال بُندکیاں پڑ جانا۔
چِتّی دار۔ داغ دار۔



Marfat.com

پچتیرا۔ (پچ ۔ تے ۔ را ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] دھات کے برتن کو ڈل کر صاف کرنے یا ان پر نقش و نگار بنانے والا۔

# چ ـــــ ٹ

چٹ۔ (ہ۔ تابع فعل ) (۱) فوراً۔ اسی وقت ۔ ترُت ۔ اُسی دم ۔ اُسی گھڑی ۔ فی الحال (۲) آتشک کا زخم ۔ رگڑا (۳) کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے سے آواز پیدا ہونا (۴) چاٹ لینا (۵) چٹنا کا امر ۔ نگل جانا۔

چٹ بھسم۔ سب کچھ کھا جانا ۔ کچھ نہ چھوڑنا۔

چٹ پٹ۔ (ا۔ تابع فعل ) (۱) فی الفور (۲) بہت جلد ۔ فرُت ۔ معاً ۔ (۳) یکایک ۔ یک بیک ۔ ناگاہ ۔ دفعتہً ۔

چٹ پٹ (ہونا ) ہو جانا ۔ (ا۔ محاورہ ) جلدی مر جانا ۔ ناگہانی موت ہو جانا ۔ اچانک واقع ہونا ۔

چٹ پٹی ۔ (۱) جلدی ۔ تیزی ۔ سُرعت (۲) ناگہانی موت (۳) کئی موتیں اُوپر تلے ہو جانا (مث ) خوب کراری چیز جس میں خوب نمک مرچ پڑا ہو۔

چٹ چٹ بلائیں لینا۔ (ا۔ محاورہ ) دونوں ہاتھوں سے اس طرح بلائیں لینا کہ دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کے چٹخنے سے آواز پیدا ہو۔

چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا ۔ (ا۔ محاورہ ) متواتر چوڑیاں ٹوٹنا ۔ پے در پے آواز سے چوڑیاں ٹوٹنا ۔

چٹ سے ٹوٹنا ۔ آواز سے کسی چیز کا ٹوٹنا ۔

چٹ (کر جانا یا ) کرنا ۔ (۱) سب کچھ کھا جانا (۲) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا۔ (۳) ہضم کر جانا ۔ اڑا لینا ۔ تغلب کر لینا۔

چٹ منگنی پٹ بیاہ ۔ (ا۔ مثل ) کسی کام کے کرنے میں جلدی کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

چٹ مری منگنی پٹ مرا بیاہ ۔ ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ ۔ (ا۔ مثل ) انسانی کاموں کی بے ثباتی اور بے اعتباری ثابت کرنے کو کہتے ہیں ۔

چٹ ہو جانا ۔ (ا۔ محاورہ ) دیکھیے چٹ کر جانا ۔

چِٹ ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) کپڑے یا کاغذ کی دھجی ۔ کاغذ کا پرچہ ۔ کاغذ کا مستطیل یا چوکور پرچہ جو دواؤں کی شیشیوں وغیرہ پر چسپاں کیا جاتا ہے (۳) ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ (۴) زمین جو مستطیل شکل کی ہو ۔

چٹ لگانا ۔ (ا۔ محاورہ ) کسی چیز پر کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا لگانا ۔

پچٹّا ۔ (چٹ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) چیلا ۔ شاگرد ۔ طالب علم (۲) الزام ۔ تہمت (۳) ڈھیر ۔ اینٹوں کا ڈھیر (۴) کمان کا غلہ جو کم مشق سے ہر بار اس کے قبضہ پر پڑے ۔

پچٹّا ۔ (چٹ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ صف ] سفید ۔ گورا ۔ اُجلا [ ا ۔ مذ ] چاندی کا سکہ روپیہ ۔

چٹاپٹی ۔ (چَ ۔ ٹا ۔ پَ ۔ ٹی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) مارا مار ۔ دھڑا دھڑی ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل (۳) موت پر موت ۔

چٹاپٹی پڑنا ۔ (ا۔ محاورہ ) کثرت سے موتیں واقع ہونا ۔

چٹاپٹی کی گوٹ ۔ مختلف رنگوں کا حاشیہ یا گوٹ ۔

چٹاچٹ ۔ (چَ ۔ ٹا ۔ چَٹ ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] انگلیوں کے پے در پے چٹخنے کی آواز ۔

چٹاخ ۔ چٹاک ۔ (چَ ۔ ٹاخ ۔ چَ ۔ ٹاک ) [ ار ۔ ا ۔ مث ] کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ۔

چٹاخ پٹاخ ۔ (چَ ۔ ٹاخ ۔ پَ ۔ ٹاخ ) [ ار ۔ تابع فعل ] تڑاق ۔ پڑاق تڑا تڑ (۲) چالاک عورت ۔

چٹاخا ۔ چٹاکا ۔ (چَ ۔ ٹا ۔ خا ۔ چَ ۔ ٹا ۔ کا ) [ ار ۔ ا ۔ مذ ] (۱) وہ آواز جو لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے ظاہر ہو (۲) [ صف ] بشدت ۔ کثرت (۳) فاحشہ ۔ بدکار عورت ۔

چٹان ۔ (چَ ۔ ٹان ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) بڑی سِل ۔ بڑا اور چوڑا پتھر (۲) پتھریلی زمین ۔

چٹانا ۔ (چَ ۔ ٹا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) بچے کو پہلی مرتبہ کوئی چیز کھلانا (۲) (کنایۃً ) رشوت دینا ۔

چٹائی ۔ (چَ ۔ ٹا ۔ ای ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] بوریا (صف ) گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش ۔

چُٹ پُٹ ۔ (چُٹ ۔ پُٹ ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) متفرق خرچ ۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ ۔ متفرقات (۲) کم قیمت دوائیں جو تجربہ کار عورتیں بیماروں اور بچوں کو دیتی ہیں ۔

چُٹ پُٹ ہو جانا ۔ (ا۔ محاورہ ) خرچ ہو جانا ۔ صرف ہو جانا ۔ چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگ جانا ۔

چٹ پٹا ۔ (چَٹ ۔ پَ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ صف ] نمک ۔ مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا مزیدار ۔ چٹکیلا ۔

چٹ پٹی ۔ (چٹ ۔ پَ ۔ ٹی ) چٹ پٹا کے تحت دیکھیے ۔

چٹ پٹا ۔ (چٹ ۔ چ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک پودا جس کی بالیں کپڑوں میں چمٹ جاتی ہیں ۔ چرچٹا ۔

چٹ چٹانا ۔ (چٹ ۔ چ ۔ ٹا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] چٹخنا ۔

چٹخارا ۔ (چٹ ۔ خا ۔ را ) [ ار ۔ ا ۔ مذ ] وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزا لینے سے نکلتی ہے ۔

چٹخارے بھرنا ۔ (ا۔ محاورہ ) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا ۔ زبان چاٹنا ۔ ہونٹ چاٹنا ۔

چٹخارے کا ۔ (ا۔ صف ) چٹ پٹا ۔ تیز نمک مرچ کا ۔

چٹخارے لینا ۔ (ا۔ محاورہ ) لطف لینا ۔ خوش ہونا ۔ مزہ لینا ۔

چٹخانا ۔ (چٹ ۔ خا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) اُنگلیوں کی آواز پے در پے نکالنا ۔ (۲) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پہ مار کر آواز نکالنا (۳) علیحدہ کرنا ۔ جدا کرنا ۔ ترک کرنا ۔ الگ کرنا (۴) توڑنا ۔ تڑخانا ۔

چٹخ (چٹک ) جانا ۔ (چَ ۔ ٹخ ۔ چ ۔ ٹک ۔ جا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) اَن بن ہونا ۔ بگڑ جانا ۔ ناراض ہو جانا ۔ دوستی جاتی رہنا (۲) جدا ہو جانا ۔ چلا جانا ۔



Marfat.com

(۳) درز پڑ جانا۔ ٹوٹنا۔

**چٹخ کر (بات کرنا) بولنا۔** [ ہ۔مص ] بگڑ کر بات کرنا۔ خفا ہو کر بولنا۔

**چٹخنا۔** ( چ۔ ٹَ۔ خ۔ نا ) [ ہ۔مص ] (۱) کلی کا کھلنا (۲) چلا جانا۔ غائب ہو جانا۔ بھاگ جانا (۳) کالے دانے کو آگ پر ڈالنے کے بعد آواز کا پیدا ہونا (۴) سخت چیز پر گر کر اُچھل کر دُور جا پڑنا (۵) کڑکنا۔ شق ہو جانا۔ پھُوٹ جانا۔

**چٹخنا۔** ( چَٹ۔ خَ۔ نا ) ( اُر۔ا۔مذ ) چاشا۔ تھپڑ۔ دھول۔ دھپّا۔

**چٹخنی۔** ( چَٹ۔ خَ۔ نی ) [ ہ۔ا۔مث ] (۱) دروازے کے روکنے کی چیز (۲) پرندے پکڑنے کی خاطر جو چیز جال میں لگائی جاتی ہے۔

**چٹُر پٹُر۔** ( چُ۔ ٹُر۔ پُ۔ ٹُر ) [ ہ۔صف ] متفرق۔

**چٹک۔** ( چَ۔ ٹَک ) [ ہ۔ا۔مث ] (۱) روشنی۔ چمک دمک۔ بھڑک۔ آرائش (۲) رنگ کی تیزی۔ تیز رنگ (۳) دھوپ کی تیزی (۴) پھرتی۔ جلدی تیزی (۵) ٹوٹنے کی آواز۔

**چٹک دار۔** ( ا۔صف ) روشن۔ چمک دار۔ چٹکیلا۔

**چٹک سے۔** چُستی سے۔ پھُرتی سے۔

**چٹک مٹک۔** ( ا۔مث ) (۱) غرور۔ نخوت (۲) ناز نخرا۔ کرّ و فر۔ نخرے کی چال۔

**چٹک مٹک سے بیٹھنا۔** ( ا۔محاورہ ) بن سنور کے بیٹھنا۔ ناز و انداز سے بیٹھنا۔

**چٹک مٹک سے چلنا۔** ( ا۔محاورہ ) اترا کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔

**چٹکا۔** ( چَٹ۔ کا ) [ ہ۔ا۔مذ ] (۱) چاٹ۔ مزہ۔ چسکا۔ وہ ذائقہ جس کا زبان کو مزہ پڑا ہو (۲) پیاس کی شدّت (۳) تیز دھوپ۔

**چُٹکا۔** ( چُٹ۔ کا ) [ ہ۔ا۔مذ ] (۱) مٹھی بھر آٹا۔ لپ بھر کے۔ (۲) چٹکی۔

**چٹکے کا کھایئے۔ اکٹھے کا نہ کھایئے۔** مانگ کھانا بہتر ہے۔ اس کا احسان لینے سے جو احسان جتائے۔

**چٹکارا۔** ( چَٹ۔ کا۔ را ) [ ہ۔ا۔مذ ] (۱) دیکھیے چٹخارا (۲) چارپایوں کے ہنکارنے کی آواز (۳) [ ہ ] دھبّا۔ داغ۔

**چٹکاری۔** ( چَٹ۔ کا۔ ری ) [ ہ۔ا۔مث ] بیلوں کو ہانکنے کی آواز۔ ٹٹکاری۔

**چٹکاری بھرنا۔** ( ا۔محاورہ ) زبان کا مزہ۔ مزے مزے سے چٹ چٹ کرنا۔

**چُٹکلا۔** ( چُٹ۔ کَ۔ لا ) [ ہ۔ا۔مذ ] (۱) مذاق۔ لطیفہ۔ دل چسپ فقرہ یا چھوٹی سی بات (۲) کم قیمت۔ تھوڑی سی پُر اثر دوا (۳) عجیب چیز۔ نادر چیز۔

**چٹکلا چھوڑنا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) لطیفہ کہنا۔ کوئی ہنسی کی بات سُنانا (۲) شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی بات گھڑ کر کہنا (۳) شرارت آمیز چھوٹی سی کہانی سُنانا۔

**چٹکنا۔** ( چ۔ ٹَک۔ نا ) [ ہ۔مص ] (۱) ٹوٹنا۔ تڑقنا۔ پھٹنا۔ رنگ اُڑنا۔ پھیکا پڑنا (۲) ناراض ہو کر بات کرنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ جھنجھلانا (۳) کالے دانے یا کوئلے کا آگ پر آواز دینا۔ (۴) انگلیوں کا ہلانے کے وقت یا موڑتے وقت اور خمیدہ کرتے وقت آواز دینا (۵) کلی کا کھلنا۔ دیکھیے چٹخنا۔

**چُٹکنا۔** ( چُ۔ ٹَک۔ نا ) [ ہ۔مص ] (۱) کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا (۲) پھُول توڑنا۔ اُوپر سے توڑ لینا۔ ترکاری ساگ وغیرہ کا توڑنا۔

**چٹکنی۔** ( چَٹ۔ کَ۔ نی ) [ ہ۔ا۔مث ] چٹخنی۔ دروازے کو بند کرنے کی چیز۔

**چُٹکی۔** ( چُٹ۔ کی ) [ ہ۔ا۔مث ] (۱) اُنگلیوں سے پکڑ کر گوشت ملنا۔ بکٹا (۲) مٹھی بھر آٹا۔ مٹھی بھر چیز چٹکنا (۳) گوکھرو۔ گوٹے اور پٹھے کو موڑ کر جو کنگرے دار بناتے ہیں اُسے چٹکی کہتے ہیں (۴) بندوق کے پیالے کا سرپوش (۵) کنار دار گلبدن۔ خنجری دار مشروع (۶) پاؤں کا ایک زیور جو اُنگلیوں میں پہنا جاتا ہے (۷) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۸) انگشتِ نر کو انگشتِ وسطیٰ کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا (۹) دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں (۱۰) قبضہ۔ گرفت (۱۱) کپڑے سینے کے بعد تانا۔

**چٹکی بجاتے میں۔** ( ا۔تابع فعل ) ذراسی دیر میں۔ آن کی آن میں۔ فوراً۔

**چٹکی بجانا۔** ( ا۔محاورہ ) انگوٹھے کو بیچ کی اُنگلی سے ملا کر آواز نکالنا۔

**چٹکی بھر۔** جتنا چٹکی میں سما جائے۔ تھوڑا سا۔

**چٹکی بھر میں۔** ( ا۔تابع فعل ) فوراً۔ لمحہ بھر میں۔

**چٹکی بھرنا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) انگوٹھے اور انگلی سے جسم کا گوشت ملنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ سر کو چٹکیوں سے دبانا۔

**چٹکی پر اُڑا دینا۔** ( ا۔محاورہ ) دھوکا دینا۔ جُل دینا۔

**چٹکی چٹکی۔** ( ا۔تابع فعل ) تھوڑا تھوڑا۔

**چٹکی چڑھانا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) سکّے کو سفوف کی چٹکی ڈال کر پرکھنا (۲) سکّے کو اُنگلی پر رکھ کر اور اُنگلی سے اُچھال کر اس کی آواز سے کھوٹا کھرا پرکھنا۔

**چٹکی کاٹنا۔** ( ا۔محاورہ ) چٹکی بھرنا یا لینا۔

**چٹکی لگانا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) کپڑے کا اُنگلی یا چٹکی سے پھاڑنا (۲) دونا بنانا پتّے کے کنارے چٹکی سے مروڑ کر تنکے سے جوڑنا (۳) چٹکی کے ذریعے سے جیب سے مال نکال لینا (۴) سکّے کا کھوٹا کھرا پرکھنا۔

**چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہے۔** ( ا۔مثل ) بدن میں اس قدر خون ہے کہ چٹکی لو تو خون جھلکتا ہے۔ نہایت سُرخ و سفید۔

**چٹکی میں۔** ( ا۔تابع فعل ) فوراً۔ آناً فاناً۔

**چٹکیاں لینا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) چبھتی ہوئی بات کہنا (۲) اُبھارنا۔ خیال پیدا کرنا (۳) ایسا کام کرنا جس سے دوسروں کو ایذا ہو۔

**چٹکیوں پر اُڑانا۔** ( ا۔محاورہ ) (۱) حقیر خیال کرنا (۲) روپے کا پرکھنا۔

**چٹکیوں میں۔** ( ا۔تابع فعل ) بہت جلد۔ آناً فاناً۔

**چٹکیوں میں اُڑانا۔** ( ا۔محاورہ ) خاطر میں نہ لانا۔ ہنسی اُڑانا۔ باتوں میں اُڑانا۔ ٹھٹھے میں اُڑانا۔ ذلیل و خوار کرنا۔

**چٹکیوں میں کام کرنا۔** ( ا۔محاورہ ) آناً فاناً کام کرنا۔ بہت جلد کوئی کام کرنا۔

**چٹکیوں میں کام ہونا۔** ( ا۔محاورہ ) بہت جلد کام کرنا۔

**چٹکیلا۔** ( چَٹ۔ کی۔ لا ) [ ہ۔صف ] (۱) بھڑک دار۔ چمک دار۔ بھڑکیلا شوخ رنگ (۲) خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا۔ خوب نمک مرچ پڑا ہوا۔

**چٹکیلی دھوپ۔** ( چَٹ۔ کی۔ لی۔ دُھوپ ) [ ہ۔ا۔مث ] گرم اور تیز دھوپ۔ چلچلاتی دھوپ۔



Marfat.com

**چُٹلا**۔ (چُٹ - لا) (ہ - ا - مذ) (۱) سونے چاندی کا گچھا سا جو عورتیں پیچھے چوٹی پر باندھتی ہیں (۲) مصنوعی بال جو عورتیں جوڑے میں لگا لیتی ہیں (۳) چونڈا۔

**چٹنی**۔ (چَٹ - نی) (ہ - ا - مث) (۱) چاٹنے کی چیز۔ چاٹنے کی دوا (۲) چٹ پٹی چیز جس میں دھنیا۔ انار دانہ۔ پودینہ۔ نمک۔ مرچ وغیرہ ڈال کر پیستے ہیں اور کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں۔

**چٹنی (کر دینا) کرنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) کھا جانا۔ نگل جانا (۲) پیس ڈالنا۔ مار ڈالنا

**چٹو**۔ (چَٹ - ٹو) (ہ - ا - مذ) لکڑی کا ہاون جس میں مصالحہ وغیرہ ڈال کر لوہے کے دستے سے کوٹتے ہیں۔

**چٹوا**۔ (چَٹ - وا) (ہ - ا - مذ) بچوں کا ایک کھلونا۔

**چٹوانا**۔ (چَٹ - وا - نا) (ہ - مص) (۱) چاٹنے کا متعدی (۲) تلوار کھُرپا وغیرہ کو سان دھروانا۔ دھار نکلوانا۔ باڑھ رکھوانا۔

**چٹور۔ چٹورا**۔ (چَ - ٹور - چ - ٹو - را) (ہ - صف) (۱) پیٹو۔ طامع۔ اڑاؤ۔ کھاؤ (۲) لذیذ کھانوں کا شوقین یا عادی (۳) روپیہ اُڑا دینے والا۔ (۴) آٹا۔ چاول رکھنے کا برتن۔

**چٹورا پن۔ چٹورپن**۔ چٹوروں کی سی عادت۔ کھانے کا شوق۔ زبان کا مزہ۔

**چٹوری**۔ (چَ - ٹو - ری) (ہ - صف) چٹورا کی تانیث۔ لذیذ چیزوں کی شوقین۔ کھانے میں فضول خرچی کرنے والی۔

**چٹوری زبان دولت کا زیان**۔ (ا - مثل) چٹورا انسان کبھی دولت مند نہیں ہو سکتا۔

**چٹخا**۔ (چِٹ - خا) (۱) وہ دھبے جو بدن پر خون کی خرابی کے سبب پڑ جاتے ہیں (۲) نفیس کھانا۔ لذیذ چیز۔ مٹھائیاں۔

**چٹخے مٹھوں کا مزہ پڑنا**۔ (ا - محاورہ) زبان کا مزہ پڑنا۔ دونوں کی چاٹ لگنا۔ کھٹے میٹھے کا مزہ پڑنا۔

**چٹھا**۔ (چِٹ - ٹھا) (ہ - ا - مذ) (۱) فہرست تنخواہ۔ قبض الوصول۔ تنخواہ کی کتاب (۲) چندے یا روزنامچوں کی کتاب (۳) تنخواہ یا اُجرت جو روزانہ یا ہر ماہ تقسیم کی جائے (۴) مسودہ۔ کچا حساب (۵) کاغذ کا پلندہ۔

**چٹھا بانٹنا**۔ (ا - محاورہ) تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔

**چٹھا باندھنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) فہرست۔ حساب مرتب کرنا۔ اسباب کی فرد بنانا (۲) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا یا لگانا۔

**چٹھا تیار (مرتب) ہونا**۔ (ا - محاورہ) سزا کی مسل تیار ہونا۔

**چٹھا بٹنا**۔ تنخواہ یا مزدوری تقسیم ہونا۔

**چٹھی**۔ (چِٹ - ٹھی) (ہ - ا - مث) (۱) خط۔ پتر۔ مراسلہ۔ رُقعہ۔ شُقّہ۔ (۲) سرٹیفکیٹ سند۔ کارگزاری و نیک نامی کا پرچہ (۳) چٹ (۴) لاٹری۔ قرعہ۔

**چٹھی بھیجنا**۔ (مص - مرکب) خط بھیجنا۔

**چٹھی پڑنا**۔ (ا - محاورہ) کسی چیز پر قرعہ پڑنا۔ لاٹری پڑنا۔

**چٹھی ڈالنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) خط کو ڈاک کے بکس میں ڈالنا (۲) خط بھیجنا (۳) قرعہ بازی یا لاٹری میں شریک ہونا۔

**چٹھی راہداری**۔ راہداری کا پروانہ۔ پاسپورٹ۔

**چٹھی رساں**۔ (ا - مذ) ڈاکیا۔

**چٹھی کرنا**۔ (ا - محاورہ) کسی کے نام کی ہنڈی کرنا۔ ہنڈی لکھنا۔

**چٹھی گیرنا**۔ (ا - محاورہ) چٹھی ڈالنا۔

**چٹھی نویس**۔ (ا - مذ) خط لکھنے والا۔

**چٹھی نہ پروانہ مار کھائیں ملک بیگانہ**۔ (ا - مثل) حاکم کی بد انتظامی کے سبب بدمعاش لوگ خواہ مخواہ لوٹتے پھرتے ہیں۔

**چٹی**۔ (چَٹ - ٹی) (ہ - ا - مث) (۱) دھونس۔ ڈنڈ۔ ٹیکس۔ جرمانہ۔ تاوان (۲) نقصان۔ ضرر۔ خسارہ۔ (۳) خرچ۔ صرف۔ اُٹھاؤ۔

**چٹی بھرنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) تاوان دینا۔ ڈنڈ بھگتنا (۲) نقصان اُٹھانا۔ ضرر اُٹھانا۔ جرمانہ دینا۔

**چٹی دھرنا**۔ (ا - محاورہ) ڈنڈ ڈالنا۔ تاوان بھرنا۔

**چٹی**۔ (چِٹ - ٹی) (ہ - صف) چٹا کی تانیث۔ سفید چیز۔ گوری چیز۔

**چُٹیا**۔ (چُٹ - یا) (ہ - ا - مث) (۱) چوٹی کی تصغیر۔ لمبے بال جو ہندو سر مُنڈانے یا بال کٹوانے پر درمیان میں یا ایک طرف چھوڑ دیتے ہیں (۲) چونڈا۔ جوڑا

**چُٹیا سے جانا**۔ (ا - محاورہ) بچپن میں مر جانا۔

**چُٹیانا**۔ (چُٹ - یا - نا) (ہ - مص) زخم دینا۔ کاٹنا۔ ڈسنا۔ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔

**چُٹیایا ہوا**۔ (چُٹ - یا - یا - ہُو - آ) (ہ - صف) (۱) زخم رسیدہ۔ خستہ۔ زخمی۔ گھائل۔ مجروح۔

**چٹے بٹے**۔ (چَٹ - ٹے - بٹ - ٹے) (ہ - ا - مذ) (۱) بچوں کے کھلونے۔ (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھاتا ہے۔

**چٹے بٹے لڑانا**۔ (۱) مداری کا گولیوں کو غائب کرنا۔ شعبدہ بازی دکھانا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔

**چٹے بٹے ہونا**۔ (ا - محاورہ) ایک جیسا ہونا۔

**چٹیل**۔ (چَٹ - یل) (ہ - صف) وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو۔ صاف میدان۔ کف دست۔ ہموار و یکساں میدان۔

**چُٹیل**۔ (چُٹ - یل) (ہ - صف) مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔

**چُٹیلا**۔ (چُ - ٹے - لا) (ہ - صف) چوٹ کھایا ہوا۔ صدمہ پہنچا ہوا۔

**چُٹیلنا**۔ (چُ - ٹیل - نا) (ہ - مص) زخمی کرنا۔

## چ — ج

**چجی**۔ (چَج - جی) (ہ - ا - مث) بچوں کی زبان میں مٹھائی۔ چیزی سے بگڑا ہوا۔

## چ — چ

**چچا**۔ (چَ - چا) (ہ - ا - مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔

**چچا بنا کے (کر کے) چھوڑنا**۔ (ا - محاورہ) سزا دے کر یا بدلہ لے کر دم لینا۔

**چچا بنانا**۔ (ا - محاورہ) ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔



Marfat.com

چچا چور بھتیجا قاضی۔ (ا۔ مثل) گھر کا معاملہ ہے۔ حاکم ملزم ایک ہی خاندان کے ہیں۔ سب یکساں ہیں۔
چچازاد بھائی۔ (ا۔ مذ) چچیرا بھائی۔ چچا کا بیٹا۔
چچازاد بہن۔ (ا۔ مث) چچیری بہن۔ چچا کی بیٹی۔
چچڑی۔ (چچ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) خون پینے والا کیڑا۔ جو اکثر کتے، بکری، گائے بھینس کے جسم سے چمٹا رہتا ہے۔
چچڑی ہوکر (چمٹنا) لپٹنا۔ (ا۔ محاورہ) پیچھا نہ چھوڑنا۔ ہر وقت ساتھ لگے رہنا
چُچکارنا۔ (چُچ۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) پچکارنا۔ پیار کرنا۔
چچکاری۔ (چچ۔ کا۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پیار کی آواز۔
چچوڑنا۔ (چ۔ چوڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چوسنا (۲) بچے کا چھاتیوں کو چوسنا۔ (۳) گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔
چچی۔ (چچ۔ چی) (ہ۔ ا۔ مث) چچا کی بیوی۔
چچیا۔ (چچ۔ یا) (ہ۔ صف) چچا سے منسوب۔
چچیا ساس۔ (ا۔ مث) خاوند یا بیوی کی چچی۔
چچیا سسر۔ (ا۔ مذ) خاوند یا بیوی کا چچا۔
چچیرا۔ (چ۔ چے۔ را) (ہ۔ صف) (۱) چچا کا، چچا کے تعلق سے (۲) چچازاد بھائی۔
چچیری۔ (چ۔ چے۔ ری) (ہ۔ صف) چچا زاد بہن۔
چچیرے۔ (چ۔ چے۔ رے) (ہ۔ صف) وہ رشتے دار جو چچا کی اولاد ہوں۔
چچینڈا۔ (چ۔ چیں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) ککڑی کی شکل کی ایک ترکاری۔

## چ — خ

چخ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) زبانی جھگڑا۔ تکرار (۲) دشمنی۔ مخالفت۔
چخ چخ۔ (۱) جھک جھک۔ لفظی تکرار (۲) لڑائی میں بٹیروں کے بولنے کی آواز۔
چخ چخی۔ (۱) دو لکڑیاں جن کو فقیر بجاتے ہیں (۲) دو لکڑیاں یا دو پتھر جسے سینہ زنی کے وقت ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں (۳) ایک قسم کا خنجر۔
چخاچخ۔ (چ۔ خا۔ چخ) (ف۔ ا۔ مث) تلواروں کی جھنکار۔ چقاچق۔
چخوانا۔ (چخ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) چخنا کا متعدی۔
چخے۔ (چ۔ خے) (اُر۔ کلمۂ نفرت) چل دُور ہو۔ پرے ہٹ۔ باتیں نہ بنا۔
چخیا۔ (چخ۔ یا) (ہ۔ صف) تکراری۔ حجتی۔ جھگڑالو۔ بکی۔

## چ — د

چدّاس۔ (چُد۔ داس) (ہ۔ ا۔ مث) چُدانے کی خواہش۔ شہوت۔ عورت کی خواہش جماع۔
چدانا۔ (چُ۔ دا۔ نا) (ہ۔ مص) عورت کا جماع کرانا۔
چدر۔ (چد۔ در) (اُر۔ ا۔ مث) چادر کا مخفف۔
چدریا۔ (چ۔ در۔ یا) (اُر۔ ا۔ مث) چادر کی تصغیر۔
چدنا۔ (چُد۔ نا) (ہ۔ مص) جماع ہونا۔ زنا ہونا۔
چدوانا۔ (چُد۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) کسی عورت کا جماع کرانا۔

## چ — ڈ

چڈّا۔ (چڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) ران کے اوپر کا جوڑ۔ ران۔ جانگھ (۲) مسخرہ آدمی۔
چڈا گل ٹیپرو۔ نقل مجلس۔ مسخرہ۔ ماٹھو۔ چوتیا۔ احمق۔
چُڈّو۔ (چُڈ۔ ڈو) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھنال۔ قحبہ۔ زانیہ (۲) عورت کے بارے میں ایک گالی۔
چڈھا۔ (چڈ۔ ڈھا) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے چڈا ۱۔
چڈھی۔ (چڈ۔ ڈھی) (ہ۔ ا۔ مث) پیٹھ کی سواری۔
چڈھی توڑنا۔ (ا۔ محاورہ) پشت کی سواری لینا۔ پشت پر چڑھنا۔
چڈھی چڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) پیٹھ پر لینا۔ پیٹھ کی سواری دینا۔
چڈھی چڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) پشت کی سواری لینا۔
چڈھی دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیٹھ کی سواری دینا (۲) (بازاری) اغلام کرانا۔ لواطت کرانا۔
چڈھی لینا۔ (ا۔ محاورہ) پیٹھ کی سواری لینا۔

## چ — ر

چر۔ (ہ۔ ا۔ مث) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ چر۔ چرمر۔ چلنے میں جوتے کی آواز۔
چُر۔ (ہ۔ ا۔ مث) سوکھے ہوئے پتوں کے ٹوٹنے یا مڑنے کی اچانک آواز۔
چرمرا۔ بھنے ہوئے چاول جن کو دبا کر چپٹا کر دیا جائے۔
چرمر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چورا چورا ہو جانا۔ مرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا۔ جھریاں پڑ جانا۔
چرا۔ (چ۔ را) (ف۔ تابع فعل) کیوں۔ کس لیے۔ کس طرح۔
چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی۔ (ف۔ مثل) دانا آدمی کو ایسا کام کرنا چاہیے جس سے پچھتانا نہ پڑے۔
چرّاٹا۔ (چر۔ را۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز۔
چراغ۔ (چ۔ راغ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں (۲) دیا۔ لیمپ۔ شمع۔ بتی (۳) بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا (۴) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا (۵) رہنما۔
چراغ آسمان۔ (ف۔ مذ) سورج۔ آفتاب۔
چراغ اُف کردینا۔ (ا۔ محاورہ) دیا بجھا دینا۔
چراغ اکسانا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ کی بتی اونچی کرنا۔
چراغ بتی کا وقت۔ (ا۔ مذ) شام کا وقت۔



Marfat.com

چراغ بتی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دیا جلنا۔ روشنی کا سامان ہونا۔
چراغ بجھانا۔ چراغ بڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ گُل کرنا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا۔
چراغ بڑا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھ جانا۔
چراغ پا ہونا۔ (ا۔ مذ) (۱) گھوڑے کا الف ہونا (۲) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
چراغ تربت (گور۔ مزار)۔ (ا۔ مذ) چراغ جو قبر پر جلایا جائے۔
چراغ تلے اندھیرا۔ (ا۔ مثل) منصف حاکم کے قریب ظلم ہونا۔ غیروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔
چراغ تہ (داماں) دامن۔ (ا۔ مذ) (۱) چراغ کو ہوا سے یا ویسے ہی بجھنے سے بچانے کے لیے دامن کے نیچے کر لینا (۲) محفوظ۔
چراغ ٹمٹمانا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ کا تھوڑی روشنی دینا۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا۔
چراغ ٹھنڈا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھانا۔
چراغ جلانا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ روشن کرنا۔
چراغ جلے۔ (ا۔ مذ) سرِ شام۔ جھٹ پٹے کے وقت۔
چراغ چرخ چہارم۔ (ف۔ مذ) آفتاب۔ حضرت عیسیٰ۔
چراغ چشم۔ (ا۔ مذ) بیٹا۔
چراغ خاموش کرنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھانا۔
چراغ دان۔ (ا۔ مذ) شمع دان۔ لکڑی کا ایک پایہ جس پر چراغ رکھ کر جلایا جاتا ہے۔
چراغ (دکھانا) دِکھلانا۔ (ا۔ محاورہ) رستے میں روشنی دکھانا۔ چراغ ہمراہ لے کر جانا۔
چراغ سحر۔ (... مذ) صبح کا تارا۔ ناپائیدار۔ زوال کے قریب۔
چراغ سحری۔ (ا۔ مذ) (۱) چراغ جو صبح کو بجھنے کے قریب ہو (۲) قریب مرگ۔ چند دن کا مہمان۔
چراغ سدھارنا۔ (ا۔ محاورہ) دیا بجھ جانا۔
چراغ سے پھول جھڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا (خوشی کا شگون لیا جاتا ہے)۔
چراغ سے چراغ جلتا ہے۔ (ا۔ مثل) ایک دوسرے سے کسبِ فیض کیا جاتا ہے۔
چراغ عالم افروز۔ (ف۔ صف) دیا جو ساری دنیا کو روشن کرے۔ مراد سُورج۔
چراغ کا ہنسنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ کی لَو سے چنگاریاں نکلنا۔ چراغ سے جلتے تیل کا ٹپکنا۔
چراغ کو ہاتھ دینا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھانا۔
چراغ گُل پگڑی غائب۔ (ا۔ مثل) آنکھ بچی اور مال اُڑا لیا۔ (مذاق کے طور پر)۔
چراغ گُل کرنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھانا (۲) گھر تباہ کرنا۔
چراغ گُل ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھنا۔ گھر تباہ ہونا۔
چراغ لے کر ڈھونڈنا۔ بہت تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔
چراغ میں بتی آنکھ پہ پٹی۔ (ا۔ مثل) شام ہوتے ہی سونے کی تیاری۔
چراغ میں بتی پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ جلنا۔ شام ہونا۔

چراغ میں بتی پڑی۔ لاڈو میری دسج چڑھی۔ (ا۔ مثل) شام ہوتے ہی سونے کے لیے بے تاب ہونا۔
چراغ ہنس جانا۔ (ا۔ محاورہ) چراغ بجھ جانا۔
چراغا۔ (چ۔ را۔ غا) [ا۔ ا۔ مذ] نذرانہ۔ پیسہ (آزادوں اور فقیروں کی اصطلاح)
چراغاں۔ (چَ۔ را۔ غاں) [ف۔ ا۔ مذ] بہت روشنی۔ چراغوں کا اکٹھا جلنا۔ بہت سے چراغ جلنا۔
چراغی۔ (چَ۔ را۔ غی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار پر روشنی کے لیے دی جائے (۲) نذرانہ۔ بھینٹ۔ رشوت۔
چراغی چڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھینٹ چڑھانا۔ فاتحہ دلاتے وقت کچھ نقدی چراغ کے نیچے رکھ دینا (۲) رشوت دینا۔
چراغی لینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نذر لینا (۲) رشوت لینا۔
چراگاہ۔ چراگہ۔ (چَ۔ را۔ گاہ، چَ۔ را۔ گہ) [ف۔ ا۔ مث] وہ جگہ جہاں جانوروں کو چرایا جاتا ہے۔ گھاس کا میدان۔ سبزہ زار۔
چُرالینا۔ چُرانا۔ (چُ۔ را۔ لے۔ نا، چُ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چوری کرنا۔ اُڑا لینا (۲) موہ لینا (۳) آنکھ چُرانا۔ اغماض کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔
چَرانا۔ (چَ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا (۲) زیرِ حکم رکھنا (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بے وقوف بنانا۔ (۴) کسی سے مجبوراً کام کرانا۔
چَرّانا۔ (چَر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] زخم کا پھٹنا۔ خشک زخم کا درد کرنا۔ دوا خشک ہو جانے سے زخم کا درد کرنا۔
چِرانا۔ (چِ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) لکڑی کٹوانا (۲) چاقو سے پھوڑے وغیرہ کو چیرا دلانا۔
چِراند۔ چِراہند۔ (چِ۔ راند، چِ۔ راہند) [ہ۔ ا۔ مث] چمڑے، بال یا ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبُو۔
چِراندہ۔ چِراہندہ۔ (چِ۔ راں۔ دہ، چِ۔ راہَن۔ دَہ) [ہ۔ صف] (۱) بدبودار (۲) بدمزاج۔
چِرائتا۔ (چِ۔ را۔ اے۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں جو مصفّیِ خون ہوتی ہیں۔
چَراؤ۔ (چَ۔ را۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) مویشیوں کو گھاس کھانے کے لیے بھیجنا (۲) چرانے کی اُجرت۔ چروائی۔
چِراؤ۔ (چِ۔ را۔ اؤ) [ہ۔ ا۔ مذ] درز۔ شگاف۔ چیر۔
چَرائی۔ (چَ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) مویشی چرانے کے لیے جنگل بھیجنا یا لے جانا (۲) چراگاہ (۳) محصول یا مزدوری جو چرائی کے لیے دی جائے۔
چِرائی۔ (چِ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) لکڑی کا کٹنا (۲) لکڑی کٹوانے کی مزدوری۔
چَرب۔ (ف۔ صف) (۱) فربہ۔ موٹا۔ لحیم شحیم۔ جسیم۔ جس کے جسم میں بہت چربی ہو (۲) چکنا۔ مُرَغّن (۳) غالب۔ بڑھ کر۔ زیادہ۔ تیز۔
چَرب دست۔ (ف۔ صف) (۱) چالاک۔ ہوشیار (۲) دست کار۔



Marfat.com

کاری گر (۳) چور۔ گٹھ کترا۔

**چَرب زُبان**۔ (ف۔ صف) (۱) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ تیز زبان۔ (۲) شیریں زبان (۳) خوشامدی۔

**چَرب زبانی**۔ (ف۔ امث) چاپلوسی۔ خوشامد۔ شیریں کلامی۔

**چَرب غذا**۔ (ف۔ صف) وہ غذا جس میں چربی یا گھی زیادہ ہو۔

**چَرب کرنا**۔ (مص۔ مرکب) گھی یا تیل لگانا۔ گھی میں بھوننا۔ نرم کرنا۔ چکنا کرنا۔ چکنانا۔

**چَرب گوشت**۔ (امصف) جس گوشت پر چربی زیادہ ہو۔

**چَرب (ہوجانا) ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوشیار ہو جانا (۲) بھُن جانا۔ تیز ہو جانا۔

**چربانا**۔ (چر۔ با۔ نا) (ہ۔ مص) چرب کرنا۔

**چربانک۔ چرباک**۔ (چَر۔ بانک۔ چَر۔ باک) (ہ۔ صف) چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار۔ گستاخ۔ زبان دراز۔

**چربانک دیدہ**۔ نڈر عورت۔ شوخ چشم۔ ہوشیار۔ دیدہ دلیر۔

**چربنا**۔ (چرب۔ نا) (اُر۔ مص) (۱) بھن جانا (۲) تیز ہو جانا (۳) چالاک ہونا۔ ہوشیار رہنا۔ مدمقابل ہونا۔ کاری گر ہونا (۴) جیت لینا۔ غلبہ پالینا۔

**چَربہ**۔ (چَر۔ بہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) روغنی کاغذ۔ موم جامہ (۲) خاکہ۔ کاغذ یا پوست آہو کو چرب کرکے کسی نقش یا تصویر پر رکھ کر اس کی ہو بہو نقل اُتارنا۔

**چربہ اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خاکہ اُتارنا۔ ہو بہو نقل کرنا یا اُتارنا۔ (۲) انداز اُڑانا۔ ڈھنگ سیکھنا۔

**چربی**۔ (چَر۔ بی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ سفید چکنا مادہ جو بدن میں گوشت پر جم جاتا ہے (۲) چکنائی۔ روغن۔

**چربی اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) گوشت سے چربی علیحدہ کرنا۔

**چربی اُترنا**۔ (ا۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا۔

**چربی چھائی آنکھن میں تو ناچن لاگی آنگن میں**۔ (ا۔ مثل) پیٹ بھر گیا تو کمینہ پن پر اُتر آئی۔

**چربی کی باتیں**۔ (ا۔ مث) چکنی چپڑی باتیں کرنا۔

**چربیانا**۔ (چَر۔ ب۔ یا۔ نا) (اُر۔ مص) فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔

**چرپرا**۔ (چَر۔ پَ۔ را) (ہ۔ صف) تیز۔ تند۔ گرم۔ مصالحہ دار۔ مرچوں والا۔ چٹ پٹا۔

**چرپَرانا**۔ (چَر۔ پَ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) تیزی کرنا۔ مرچیں لگنا۔

**چرپراہَٹ**۔ (چَر۔ پ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تندی۔ تیزی مرچوں کا لگنا (۲) سوزش۔ جلن۔

**چرپُوز**۔ (چَر۔ پُوز) (ف۔ صف) کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ لچر۔ بے ہودہ۔

**چرتر۔ چلتر**۔ (چ۔ رت۔ تَر۔ چَ۔ لت۔ تَر) (س۔ ا۔ مذ) چھل۔ چال بازی۔ عورتوں کا مکر یا فریب۔

ٹ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) سگار۔

جانا۔ (چَر۔ جا۔ نا) (اُر۔ مص) (۱) کھانا (۲) رگ رگ میں سرایت کر جانا۔

**چرچ**۔ (Church) (انگ۔ ا۔ مذ) گرجا۔ کلیسا۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ۔

**چرچ آف انگلینڈ**۔ برطانیہ کا کلیسا جو پوپ کے اقتدار کا منکر ہے۔

**چَرچا**۔ (چَر۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تذکرہ۔ شہرت (۲) گفتگو۔ صلاح۔ مشورہ (۳) بحث مباحثہ۔

**چرچا پھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کا مشہور ہونا۔

**چرچا کرنا**۔ (مص۔ مرکب) ذکر کرنا۔

**چرچا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) افواہ اُڑانا۔ شہرت ہونا (۲) برائی کے ساتھ ذکر ہونا (۳) کسی علمی کام کی طرف توجّہ ہونا۔

**چرچے میں رہنا**۔ مشغول رہنا۔ لگاتار مصروف رہنا۔ کسی کام میں لگے رہنا۔

**چرچینا**۔ (چَر۔ چَ۔ بِ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھُنا ہُوا غلّہ جس کو مزدور کھاتے ہیں۔

**چرچٹّا**۔ (چَر۔ چٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک گھاس جس میں جو کی طرح بالیں لگتی ہیں اور غربا کی غذا بنتی ہے اس کی بالیں اکثر چمٹ جاتی ہیں۔

**چَرچَر**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) لکڑی ٹوٹنے کی آواز (۲) نئی جوتی کی آواز (۳) بک بک۔ بکواس۔ گپ۔ گپ شپ۔

**چرچر**۔ (ہ۔ ا۔ مث) تیتر کی آواز۔

**چَرچَرا**۔ (چَر۔ چَ۔ را) (ہ۔ صف) (۱) بہت باتیں کرنے والا۔ گپّی (۲) تیز۔

**چَرچَرانا**۔ (چَر۔ چَ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لکڑی کا ٹوٹنا۔ چٹکنا (۲) تپکنا۔ جلن کرنا۔ سوزش کرنا۔

**چرچراہَٹ**۔ (چَر۔ چَ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) چَرچَرانے کا فعل۔ آواز۔

**چرچنا**۔ (چَ۔ رَچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بدن پر خوشبو یا اُبٹنا ملنا (۲) پوجا کرنا۔

**چرچنا**۔ (چَرَچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سمجھنا سوچنا۔ خیال کرنا۔ دھیان کرنا۔ (۲) احتیاط سے پڑھنا۔

**چرخ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کنوئیں یا پن چکی کا پہیا (۲) کمہار کا چاک (۳) خراد (۴) آسمان (۵) گردش۔ چکّر (۶) گردش کرنے والی چیز (۷) وہ آلہ جس پر ظروف کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں (۸) وہ لکڑی جس پر اُونی کپڑے کو چڑھاتے ہیں (۹) ایک سفید رنگ کا باز (۱۰) لگڑ بگڑ (۱۱) کھینچی ہوئی کمان۔

**چرخ انداز**۔ (ف۔ صف) تیر کمان چلانے والا۔

**چرخ بے پیر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) اپنی بدنصیبی کا باعث آسمان کو خیال کرتے ہیں اس لیے بے پیر کا لفظ تحقیراً اضافہ ہے۔

**چرخ پوجا**۔ (۱) جب سورج بُرج حمل میں داخل ہوتا ہے تو نیچی ذات کے ہندو گناہوں کی معافی کے لیے ایک رسم ادا کرتے ہیں (۲) ایک تماشا۔

**چرخ پیر**۔ آسمان۔ فلک۔ بوڑھا آسمان۔

**چرخ چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سان چڑھانا۔ سان پر رکھنا (۲) دھات کے برتن کو خراد چڑھانا۔

**چرخ چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) خراد چڑھنا۔

**چرخ چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) کنواں چلنا۔ کنوئیں سے پانی نکلنا۔

**چرخ چوں۔ چرخ چون**۔ (ا۔ صوت) پہیئے کی آواز۔ آہستہ آواز۔ دھیمی آواز۔

**چرخ خیاطی**۔ سینے کی مشین۔

**چرخ دوّار**۔ پھرنے والا آسمان۔



Marfat.com

**چرخِ دولابی۔** (ف ۔ مذ) آسمان۔

**چرخِ زریں۔** (ا۔ مذ) چوتھا آسمان جہاں روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ کا قیام ہے اور جس پر سورج ہے۔

**چرخ زن۔** (ا۔ صف) (۱) گھومنے والا (۲) وہ آدمی جو چرخ چلائے۔

**چرخ سے مہتاب توڑ لانا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت چالاکی سے کام کرنا۔

**چرخِ فلک۔** (ا۔ مذ) عرش۔

**چرخِ کبود۔** (ف۔ مذ) نیلا آسمان۔

**چرخ کھانا۔** (۱) چکر کھانا۔ گردش کرنا۔ پھرنا (۲) دھات کا پگھل جانا۔ تاؤ کھانا (۳) پارے کی طرح قطرے بنانا (۴) آگ میں سونے چاندی کو ڈال کر امتحان کرنا۔

**چرخ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چکر کھانا۔ پھرنا (۲) حرکت کرنا (۳) ناچنا۔

**چرخ میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) پھرنا۔ گردش کرنا۔

**چرخ ہنڈولا۔** ایک آلہ جس پر بچوں کو بٹھا کر چکر دیتے ہیں۔

**چرخاب۔** (چَر۔ خاب) (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی پن چکی جس سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔ ٹربائن۔ (Turbine)

**چرخل۔** (چَر۔ خل) (ہ۔ صف) بُڈھا۔ کھوسٹ۔

**چرخہ۔** (چَر۔ خَہ) (ف۔ ا۔ مذ و صف) (۱) سُوت کاتنے کا آلہ۔ چکر کھانے والا آلہ (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) پُرانی چیز (۴) کمزور۔ دُبلا۔ لاغر۔ بُڈھا۔ بُڈھی۔

**چرخہ پُونی۔** (۱) چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان (۲) عورت کا ہُنر۔

**چرخہ پونی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چرخہ کات کر گزارا کرنا۔ چرخہ کاتنا۔

**چرخہ سا پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

**چرخہ کاتنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چرخے پر تاگا بنانا (۲) چرخہ چلانے کا کام کرنا۔

**چرخہ ہو جانا۔** ضعیف اور فرتوت ہو جانا۔ پیر و نحیف ہو جانا۔

**چرخے کی مال (ماہل)** (۱) ڈورا جو چرخے پر چلتا ہے (۲) در بدر پھرنے والا۔ خستہ حال (۳) دُبلا۔ کمزور۔ لاغر۔

**چرخی۔** (چَر۔ خی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ۔ چکر کھانے والی چیز (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) چاک۔ پانی کھینچنے کا پہیا (۴) پھرتی (۵) ڈور یا بادلہ لپیٹنے کا اوزار (۶) ایک چھوٹا پرندہ۔

**چرز۔** (ف۔ ا۔ مذ) ایک صحرائی پرندہ۔

**چرس۔** (چَ۔ رَس) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چمڑے کا بڑا ڈول (۲) ایک نشہ جو بھنگ کے پتوں اور افیون سے تیار کیا جاتا ہے اسے تنباکو کی طرح پیتے ہیں۔

**چُرس۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شکن۔ بٹ۔ جھُرّی۔ سلوٹ (۲) رشک۔

**چرسا۔** (چَر۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بیل یا بھینسے کا چمڑا (۲) موٹا چمڑا۔ ادھوڑی۔

**چرسا بھر زمین۔** (ا۔ مث) تھوڑی سی زمین۔ اتنی زمین جس پر بیل کا چمڑا آسکے۔

**چرسی۔** (چَر۔ سی) (ہ۔ ا۔ مذ) چرس کا نشہ کرنے والا۔

**چرسی یار کس کے دم لگایا کھسکے۔** (ا۔ مثل) مطلب حاصل ہوا اور آنکھ پھیر لی۔

**چرسیا۔** (چ۔ رَس۔ یا) (ہ۔ صف) چرس پینے والا۔

**چرغ۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لگڑ بگڑ (لگڑ بھگا) یا تیندوا (۲) شکرے یا باز کی مانند ایک شکاری پرندہ۔

**چُرغم چُرغم کرنا۔** (چُر۔ غَم۔ چُر۔ غم۔ کَر۔ نا) (اُر۔ مص) کھسر پھسر کرنا۔ بک بک کرنا۔ بچ بچ کرنا۔

**چرغہ۔** (چَر۔ غَہ) (اُر۔ ا۔ مذ) کوٹھے پر سینکا ہوا مُرغِ مسلّم۔

**چرغیں۔ چرغینہ۔** (چَر۔ غین۔ چَر۔ غی۔ نہ) (ف۔ صف) (۱) کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل۔ پنچ (۲) بھینگا (۳) بدمعاش۔ بدچلن۔

**چرک۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پاخانہ۔ گوہ۔ غلاظت (۲) پیپ (۳) زنگ۔

**چرک آلود۔** (ف۔ صف) غلاظت سے بھرا ہوا۔

**چرک دھانس میں رہنا۔** (ا۔ محاورہ) ہمیشہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہنا۔

**چرکا۔** (چَر۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہلکا سا زخم (۲) نقصان (۳) گرم لو ہے سے داغ دینا۔

**چرکا (دینا) لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زخم لگانا۔ ہلکا سا (۲) داغ دینا (۳) نقصان پہنچانا (۴) دھوکا دینا۔ جُل دینا۔

**چرکا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زخم کھانا (۲) نقصان اُٹھانا۔

**چرکٹا۔** (چَر۔ کَ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چارہ کاٹنے والا۔ ہاتھی کا چارہ لانے والا۔ ہاتھی کا گھسیارہ۔ فیلبانوں کا پیش خدمت (۲) کمینہ۔ رذیل۔

**چرکنا۔** (چ۔ رَک۔ نا) (فارسی سے ہہند۔ مص) تھوڑا سا ہگنا۔

**چُرکنا۔** (چُ۔ رَک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چہچہانا۔ پرندوں کا بولنا۔ باتیں کرنا۔ (۲) انسان کے بولنے کے لیے حقارتاً کہتے ہیں۔ گپ شپ ہانکنا۔

**چرکین۔** (چر۔ کین) (ف۔ صف) میلا۔ گندہ۔ غلیظ۔

**چرم۔** (ف۔ ا۔ مذ) چمڑہ۔ کھال۔ پوست۔ ادھوڑی۔

**چرمرانا۔** (چر۔ مَر۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) جلن ہونا۔ ٹیس مارنا۔ ٹپکنا۔

**چرمراہٹ۔** (چر۔ مَ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) جلن۔ سوزش۔ ٹپک۔

**چرمی۔** (چَر۔ می) (ف۔ صف) (۱) چمڑے کا (۲) چمڑے کا بنا ہوا۔

**چرمینہ۔** (چَر۔ می۔ نَہ) (ف۔ صف) کھال کا بنا ہوا۔ چرمی۔

**چرن۔** (س۔ ا۔ مذ) (۱) پاؤں۔ قدم (۲) پاپوش (۳) ستون۔ کھمبا (۴) فرقہ۔ (۵) چلن۔ طریقہ۔ عمل۔

**چرن بردار۔** (ہ۔ ف۔ صف) (۱) امیروں کی جُوتیاں اُٹھانے والا (۲) نیازمند۔

**چرن سیوا۔** (ہ۔ صف) خدمت۔ ملازمت۔

**چرن سیوک۔** (ہ۔ مذ) خدمت گزار۔

**چرن لینا۔** (ہ۔ محاورہ) (۱) پاؤں چھونا (۲) پاؤں پڑنا۔

**چرنوں سے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) خدمت میں رہنا۔ حفاظت میں رہنا۔

**چرنوں میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خدمت میں رہنا۔

**چرنا۔** (چَر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جانوروں کا گھاس کھانا۔ چُگنا۔ پرورش کرنا (۲) اُونچا پاجامہ جو نوکروں یا خادموں کو پہناتے ہیں۔ گھٹنا۔

**چرنا۔** (چِر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دو ٹکڑے ہو جانا (۲) کپڑے پھٹ جانا۔

**چُرنا۔** (چُر۔ نا) (ہ۔ مص) چوری ہونا۔

**چرند۔ چرندہ۔** (چَ۔ رَند۔ چَ۔ رَن۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) چرنے والا جانور۔



Marfat.com

مویشی ۔ چوپایہ ۔ بفتح دوم نیز بکسر دوم ۔

**چرندم ۔ خُورندم** ۔ (چَ ۔ رَن ۔ دَم ۔ خُ ۔ رَن ۔ دَم ) [ اُ ۔ ا ۔ مذ ] کھانے پینے کا مشغلہ ۔

**چرندم خُورندم کر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) کھا جانا ۔ خُورد بُرد کرنا ۔

**چرنی** ۔ (چَر ۔ نی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] وہ برتن جس میں جانوروں کو چارہ دیا جاتا ہے ۔

**چُرنے** ۔ (چُر ۔ نے ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) بچوں کے معدے میں جو کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں ۔

**چُرنے لگنا** ۔ (۱) مقعد میں کیڑوں کا رینگنا جس سے بچوں کو تکلیف ہوتی ہے (۲) بُرا لگنا ۔ ناگوار گزرنا ۔

**چروا** ۔ (چَر ۔ وا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] بڑی ہنڈیا ۔ دیگچہ ۔ دیگ ۔

**چَروانا** ۔ (چَر ۔ وا ۔ نا ) مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا ۔

**چِروانا** ۔ (چِر ۔ وا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] لکڑیاں دو ٹکڑے کروانا ۔

**چُروانا** ۔ (چُر ۔ وا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] چوری کرانا ۔

**چرواہا** ۔ (چَر ۔ وا ۔ ہا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] مویشی چرانے والا ۔

**چرواہی** ۔ (چَر ۔ وا ۔ ہی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] چرواہا کی تانیث ۔

**چَروائی** ۔ (چَر ۔ وا ۔ ای ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] مویشی چُرانے کی اُجرت ۔

**چِروائی** ۔ (چِر ۔ وا ۔ ای ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] لکڑی چرانے کی مزدوری ۔

**چِرونجی** ۔ (چِر ۔ رَوں ۔ جی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) ایک درخت اور اس کا پھل ۔

**چرہی** ۔ (چَر ۔ ہی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] بڑا برتن جس میں چوپاؤں کو کھلاتے پلاتے ہیں ۔

**چری** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) باجرا ۔ مکی ۔ جوار کے ہرے پودے جو جانوروں کو کتر کر کھلائے جاتے ہیں (۲) جانوروں کا گھاس کھلانا (۳) انسان کا بے وقت کھانا ۔

**چیری** ۔ (Cherry) [ انگ ۔ ا ۔ مث ] آلو بالو ۔ شاہ دانہ ۔

## چ ــــ ڑ

**چڑ** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] پھٹنے یا چرنے کی آواز ۔

**چڑ ۔ چڑھ** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ناگوار بات یا کوئی ایسی چیز جس کا سننا دیکھنا بہت ناگوار ہو ۔

**چڑ (چڑھ) نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) چھیڑ نکالنا ۔ غصّہ دلانا ۔

**چڑ** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] فرج ۔ عورت کی شرم گاہ ۔

**چڑا** ۔ (چِ ۔ ڑا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک چھوٹا سا پرندہ ۔ چڑیا کا مذکر ۔

**چڑانا** ۔ (چِ ۔ ڑا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] دِق کرنا ۔ غصّہ دلانا ۔

**چڑبڑ** ۔ (چڑ ۔ بڑ ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] بڑبڑ ۔ بکواس ۔

**چڑبڑ چڑبڑ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) بڑبڑانا ۔ بک بک کرنا ۔

**چڑچڑ** ۔ (چڑ ۔ چڑ ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) چٹخنے کی آواز (۲) بک بک ۔

**چڑچڑا** ۔ (چڑ ۔ چ ۔ ڑا ) [ ہ ۔ صف ] تنگ مزاج ۔ زود رنج ۔ بدخُو ۔ وہ آدمی جس کا مزاج بیماری یا مفلسی وغیرہ سے بگڑا ہُوا ہو ۔

**چڑچڑاپن** ۔ چڑچڑاہٹ ۔ بدخوئی ۔ بدمزاجی ۔

**چڑچڑاہٹ** ۔ (چڑ ۔ چ ۔ ڑا ۔ ہَٹ ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] غصیلاپن ۔ بدمزاجی ۔

**چڑنا** ۔ (چڑ ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] خفا ہونا ۔ طیش میں آنا ۔

**چڑوے** ۔ (چڑ ۔ وے ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] گیلے کیے ہوئے چاولوں کو بھُون کر بنایا ہوا چپٹا ۔ عام طور پر ریوڑیوں کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

**چڑھ** ۔ [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) اُونچائی ۔ بلندی (۲) حملہ ۔

**چڑھ آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) چڑھائی کرنا ۔ حملہ کرنا ۔

**چڑھ بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) سوار ہو جانا (۲) قابو پانا ۔

**چڑھ جا بیٹا سُولی ، رام بھلی کرے گا** ۔ (ا ۔ مثل ) جو دوسروں کو غلط راستے چلائے اس کے متعلق کہتے ہیں ۔

**چڑھ جانا** ۔ (۱) حملہ کرنا (۲) زنا کرنا ۔ جماع کرنا (۳) رُعب دینا ۔

**چڑھ چڑھ کے بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) اُونچے بولنا ۔ زور سے بولنا ۔

**چڑھ دوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) فوراً جانا (۲) حملہ کرنا ۔

**چڑھ مار گولر پکے** ۔ پورا قابو ہے ۔ مطلب حاصل ہے ۔

**چڑھا جانا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ جا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] سب پی جانا ۔

**چڑھا دینا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ دے ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) مغرور کر دینا ۔ عزّت دینا (۲) لگا دینا (۳) گراں کرنا (۴) سوار کر دینا ۔

**چڑھا لانا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ لا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] فوج لے کر یا بہت سے آدمی لے کر آنا ۔

**چڑھا لینا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ لے ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] سارا پی لینا ۔

**چڑھانا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) نیچے سے اُوپر لے جانا (۲) تعریف میں مبالغہ کرنا (۳) پی جانا (۴) گستاخ کرنا (۵) سوار کرنا (۶) کسی بزرگ کے مزار پر رکھنا (۷) لگانا ۔ جوڑنا ۔

**چڑھاوا** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ وا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) نذر ۔ نیاز ۔ بھینٹ (۲) بری کا زیور کپڑا ۔

**چڑھاوے بڑھاوے دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) بہت تعریف کرنا ۔

**چڑھا ہُوا ہونا** ۔ [ ہ ۔ مص ] (۱) اُونچا ہونا ۔ عشق ہونا ۔ عادی ہونا ۔ مہنگا ہونا ۔ (۲) دریا میں پانی کا زیادہ ہونا (۳) آسیب ہونا ۔

**چڑھاؤ** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ اُو ) [ ہ ۔ صف ] (۱) چڑھنے کے قابل (۲) کشتی کا کرایہ لینے والا ۔

**چڑھاؤ** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ او ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) چڑھائی (۲) قیمت کی زیادتی (۳) بڑھاؤ (۴) عروج (۵) طغیانی (۶) پیشگی (۷) دریا کے اُوپر کی طرف (۸) حملہ ۔ دھاوا ۔

**چڑھاؤ اُتار** ۔ (۱) مدوجزر (۲) ترقی و تنزل (۳) زیروبم ۔

**چڑھائی** ۔ (چَ ۔ ڑھا ۔ ای ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) بلندی (۲) حملہ ۔ دھاوا (۳) روانگی ۔

**چڑھتا** ۔ (چڑھ ۔ تا ) [ ہ ۔ صف ] بڑھتا ہوا ۔ ترقی کرتا ہوا ۔ جوش پر آتا ہوا ۔

**چڑھتا بھاؤ** ۔ (ا ۔ مذ ) قیمت کی زیادتی ۔ گرانی ۔

**چڑھتا پٹا** ۔ (ا ۔ مذ ) جس زمین کا لگان بڑھتا جائے ۔



Marfat.com

**چڑھتا جوبن۔** (ا۔مذ) بڑھتا ہوا حسن۔
**چڑھتا ہونا۔** (ا۔محاورہ) ترقی کرنا۔ بہتر ہونا۔ اعلےٰ ہونا۔
**چڑھتے اُترتے۔** ملتے جلتے۔ کسی قدر۔ کم و بیش۔ تھوڑے فرق سے۔
**چڑھتے چاند۔** (ا۔مذ) (۱) مہینے کا شروع (۲) اگلے مہینے کے شروع میں۔
**چڑھتی۔** (چَڑھ۔تی) (ہ۔صف) چڑھنا کی تانیث (۱) زیادتی (۲) برتری (۳) فائدہ۔
**چڑھتی جوانی۔** جوانی کی ابتدا۔
**چڑھتی کلا جاگتی جوت۔** (دُعا) چاند کی طرح چمکو اور روشن رہو۔
**چڑھنا۔** (چڑھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نیچے سے اُوپر جانا (۲) سوار ہونا (۳) موزوں ہونا (۴) بڑھنا (۵) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا (۶) اُبھرنا (۷) ترقی کرنا (۸) گراں ہونا (۹) اُڑنا (۱۰) طغیانی ہونا (۱۱) بہتر ہونا (۱۲) بخار ہونا (۱۳) ڈھول وغیرہ کسا جانا (۱۴) ہڈی کا جگہ پر آنا۔ (۱۵) سانس پھولنا (۱۶) مہارت ہونا (۱۷) نشہ ہونا (۱۸) قرض بڑھنا (۱۹) سُورج کا طلوع ہونا (۲۰) پھانس لگنا۔
**چڑھوال۔** (چڑھ۔وال) (ہ۔صف) کھڑی جوتی۔ مردانہ جُوتی۔ کھڑی ایڑی کی جوتی۔
**چڑھی۔** (چَ۔ڑھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بڑھی ہوئی (۲) بھری ہوئی۔ (۳) کسی ہوئی۔
**چڑھی بارگاہ۔** (ا۔مث) بلند مرتبہ۔ عروج۔ انتہائی ترقی۔
**چڑھی کمانا۔** (ا۔محاورہ) کبوتر کا دوسرے کے کبوتروں میں بار بار جانا۔
**چڑھی گنگا اُترنا۔** (ا۔محاورہ) بڑا کام کرنا۔
**چڑھی ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) نشہ ہونا (۲) غرور کا نشہ ہونا۔
**چڑھیت۔** (چَ۔ڑھیت) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چڑھنے والا (۲) اچھا سوار۔ (۳) وہ سوار جو گھوڑے کا مالک نہ ہو۔
**چڑھیتا۔** (چَ۔ڑھے۔تا) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو دوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو۔ بارگیر۔
**چڑی۔** (چَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) لات۔ اڑنگا۔
**چڑی دینا۔ چڑی مارنا۔** (مص۔مرکب) لات مارنا۔ اڑنگا دینا۔ اُچھل کر لات مارنا۔
**چڑی۔** (چِ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) چڑیا۔
**چڑی مار۔** (ا۔مذ) صیاد۔ پرندے پکڑنے والا۔
**چڑی مار ٹولہ بھانت بھانت کا پنچھی بولا۔** (ا۔مثل) اس مجلس کے متعلق کہتے ہیں جہاں ہر ایک کی رائے مختلف ہو۔
**چڑی مار ہمیشہ بھُوکے ننگے رہتے ہیں۔** (ا۔مثل) ظالم کبھی سرسبز نہیں رہتے۔
**چڑی مار ٹولا۔** (ا۔مذ) پرندوں کی منڈی۔
**چڑیا۔** (چِڑ۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) چڑے کی مادہ۔ پرندہ (۲) چوبغلا (۳) ازار بند ڈالنے کی جگہ (۴) انگیا کی کٹوریوں کے درمیان کی سلائی۔ (۵) بیڈمنٹن کے کھیلنے کی چیز جو پروں کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔
**چڑیا خانہ۔** (ا۔مذ) جہاں پرندے رکھے جاتے ہیں۔
**چڑیا کا دُودھ۔** (ا۔مثل) ناممکن بات۔ عنقا چیز۔
**چڑیا کے چھنالے میں پکڑے جانا۔** (ا۔محاورہ) مفت میں بدنام ہونا۔
**چڑیا گھر۔** (ا۔مذ) جہاں ہر قسم کے جانور ہوں۔
**چڑیا نوچن۔** (ا۔مذ) بوٹیاں توڑنا۔ عذاب۔ تکلیف۔
**چُڑَیل۔** (چُ۔ڑَیل) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اس عورت کی روح جو حمل یا نجس حالت میں مرجائے (۲) بھتنی۔ ڈائن (۳) لڑاکا عورت (۴) گندی عورت (۵) بدصورت عورت۔

# چ — س

**چُسانا۔** (چُ۔سا۔نا) (ہ۔مص) دُودھ پلانا۔ کسی چیز کا رس زبان یا ہونٹوں سے کھِچوانا۔
**چسپاں۔** (چس۔پاں) (ف۔صف) (۱) چپکا ہُوا (۲) موزوں۔ ٹھیک۔
**چسپاں کرنا۔** لگانا۔ چپکانا۔ موزوں کرنا۔
**چسپیدگی۔** (چس۔پید۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) چپکنا (۲) محبت۔
**چسپیدہ۔** (چس۔پی۔دَہ) (ف۔صف) چپکا ہُوا۔ چمٹا ہوا۔ جمع چسپیدگان۔
**چُست۔** (ف۔صف) (۱) پھرتیلا۔ چالاک۔ تیز۔ ہوشیار (۲) تنگ (۳) موزوں (۴) مضبوط۔ محکم۔
**چُست و چالاک۔** دیکھیے چُست۔ تندرست اور ہوشیار۔
**چُستہ۔** (چس۔تَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) جما ہوا دودھ۔ شیر دان (۲) بڑی آنت کا آخری تیسرا حصہ۔
**چُستی۔** (چس۔تی) (ف۔ا۔مث) (۱) پھُرتی۔ چالاکی (۲) دلیری۔ جرأت۔
**چسٹر۔** (Chester) (چس۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) بڑا کوٹ جو سردیوں میں استعمال کرتے ہیں۔
**چس جانا۔** (چس۔جا۔نا) (ہ۔مص) کپڑے کا تنگ ہو کر مسک جانا (۲) انگیا کا پھٹ جانا۔
**چُس جانا۔** (چُس۔جا۔نا) (ہ۔مص) (۱) نچڑ جانا (۲) دُبلا ہونا۔ رس نکل جانا۔
**چسک۔** (چَ۔سک) (ہ۔ا۔مث) ہلکا درد۔ ٹیس (۲) گوٹا کناری کی باریک تحریر جو گوٹ کے نیچے ٹانکتے ہیں۔
**چسکا۔** (چس۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زبان کا مزہ۔ چاٹ۔ چٹورپن (۲) خواہش شوق (۳) عادت۔ لت۔
**چسکنا۔** (چَ۔سک۔نا) (ہ۔مص) میٹھا میٹھا درد ہونا۔
**چُسکی۔** (چس۔کی) (ہ۔ا۔مث) گھونٹ۔ جرعہ۔ کش (۲) گھُلی ہوئی افیون کا گھونٹ۔ جو خلاف وقت پیا جائے۔
**چُسکی لگانا۔** (مص۔مرکب) سُڑک جانا۔ افیون پینا۔
**چُسنا۔** (چُس۔نا) (ہ۔مص) (۱) چوسا جانا (۲) طاقت ضائع ہونا (۳) (ا۔مذ) بچوں کا چوسنے کا کھلونا۔
**چُسنی۔** (چُس۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چوسنی۔ بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔ دُودھ پلانے کی بوتل۔
**چُسوانا۔** (چُس۔وا۔نا) (ہ۔مص) چُسانا۔



Marfat.com

## چ ــــ ش

**چشتی** ۔ (چش ۔ تی) [ف ۔ صف] (۱) چشت کا باشندہ (۲) صوفیا کا ایک مشہور سلسلہ جو خواجہ معین الدین چشتی سے چلتا ہے ۔
**چشک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) زیادتی (۲) خاصے سے بچا ہوا کھانا ۔
**چشم** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) آنکھ ۔ دیدہ ۔ نین ۔ نیتر ۔ عین (۲) آس ۔ اُمید ۔ جمع (چشماں ۔ چشمہا)
**چشم آشنا** ۔ (ف ۔ صف) شناسا ۔ واقف ۔
**چشم بد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بُری نظر ۔ لگ جانے والی نظر ۔
**چشم بد دُور** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث ۔ دعا) نظر بد دُور ہو ۔ نظر نہ لگے ۔
**چشم براہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) منتظر ۔ نگراں ۔
**چشم بُلبُل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا کپڑا ۔
**چشم بندک** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) آنکھ مچولی ۔
**چشم بوسی** ۔ آنکھوں کو بوسہ دینا ۔ دیدہ بوسی ۔
**چشم بے آب** ۔ (ف ۔ صف) بے حیا ۔
**چشم بیمار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) آنکھ جو بند ہو کر دیکھتی ہو (شرم یا ناز سے) خوبصورت اور مست آنکھ کو اس سے تشبیہہ دی جاتی ہے (۲) نیشلی آنکھ ۔ خمار آلود آنکھ ۔
**چشم بینا** ۔ (ف ۔ صف) ہوشیار ۔ تیز فہم ۔ تیز نظر ۔
**چشم پُر آب یا چشم پُرنم** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) روتی ہوئی آنکھ ۔ آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ ۔
**چشم پوشی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دیکھ کر ٹال جانا ۔ درگزر کرنا ۔
**چشم تر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) رونے والی آنکھ ۔
**چشم خون آلود** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) قہر بھری آنکھ ۔ سُرخ آنکھ ۔
**چشم داشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) اُمید ۔ آس ۔ توقع ۔
**چشم دید** ۔ (ف ۔ صف) آنکھوں دیکھا ۔
**چشم زخم** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) آنکھ کا دُکھنا (۲) بُری نظر کا دکھ یا نقصان ۔
**چشم زدن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پلک جھپکتے ۔ فوراً ۔ لمحہ بھر میں ۔
**چشم زدن میں** ۔ بہت جلد ۔ فوراً ۔
**چشم ما روشن ۔ دل ما شاد** ۔ (ف ۔ مثل) بسروچشم ۔ عین راحت ہے ۔ آنکھوں کو ٹھنڈک ۔ اظہار خوشنودی ۔
**چشم نمائی** ۔ تنبیہہ ۔ جھڑکی ۔ سرزنش ۔ ملامت ۔
**چشم نیم باز ۔ چشم نیم خواب** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ادھ کھلی یا شرمیلی آنکھ ۔
**چشم وابرو** ۔ (ف ۔ مث) اشارے ۔ انداز ۔
**چشم وابرو سے جان لینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) اشارے سے پہچان لینا ۔
**چشم وچراغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) عزیز ۔ بڑا پیارا ۔
**چشمک** ۔ (چش ۔ مک) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) آنکھ کا اشارہ ۔ آنکھ مارنا (۲) رنجش ۔ مخالفت (۳) چھوٹی آنکھ ۔
**چشمک زن** ۔ (ف ۔ صف) آنکھ سے اشارہ کرنے والا ۔ طعنہ دینے والا ۔
**چشمک زنی** ۔ (ف ۔ مث) طعنہ زنی ۔ طنز کرنا ۔

**چشمہ** ۔ (چش ۔ مہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کا سوتا (۲) عینک ۔ جمع (چشمہا) ۔
**چشمۂ آفتاب** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سُورج ۔
**چشمۂ حیواں ۔ چشمۂ خضر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) آب حیات کا روایتی چشمہ ۔
**چشمہ زار ۔ چشمہ سار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) جس علاقے میں چشمے بہت ہوں ۔
**چشمۂ سلسبیل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بہشت میں ایک نہر ۔
**چشیدہ** ۔ (چ ۔ شی ۔ دہ) [ف ۔ صف] (۱) چکھا ہوا (۲) تجربہ کار ۔

## چ ــــ غ

**چُغا** ۔ (ت ۔ ا ۔ مذ) عبا ۔ جُبّہ ۔
**چغتائی** ۔ (چغ ۔ تا ۔ ای) [ف ۔ صف] (۱) چغتا سے منسوب جو چنگیز خاں کا بیٹا تھا (۲) چُغتا کی اولاد میں سے ۔ خاندان مُغلیہ ۔
**چُغد** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] اُلّو ۔ اُلّو کی ایک چھوٹی قسم ۔
**چُغد بول جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) برباد ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔
**چُغل** ۔ (چُ ۔ غل) [ف ۔ ا ۔ مذ] پیٹھ پیچھے کسی کی بدگوئی کرنے والا ۔ لُترا ۔ برائی کرنے والا (۲) وہ کنکر جسے چلم میں تباکو کے نیچے رکھتے ہیں ۔
**چُغل خور** ۔ (ف ۔ صف) غیبت کرنے والا ۔ غمّاض ۔
**چُغل خور خدا کا چور** ۔ (ا ۔ مثل) چُغل خور کی مذمت کے لیے کہا جاتا ہے ۔
**چُغل خوری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) غیبت ۔ لُترا پن ۔
**چُغلی** ۔ (چُغ ۔ لی) [ف ۔ ا ۔ مث] غیبت ۔ کسی کی بُرائی کرنا ۔
**چغلی کھانا** ۔ (۱) غمازی کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ بُرائی کرنا ۔

## چ ــــ ف

**چُفت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سُست ۔ کاہل ۔
**چفتہ** ۔ (ت ۔ ا ۔ مذ) لکڑی کا بنا ہوا کمرہ جس کی چھت لکڑی کے ستونوں پر ہو (۲) پایہ ۔ تھونی (۳) منڈپ ۔ منڈا (۴) جالی (۵) انگور کی ٹٹی ۔
**چفتی** ۔ (چف ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مث] وہ چپٹی لکڑی جس سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں ۔ مسطر (۲) خوشامدی ۔

## چ ــــ ق

**چق** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) چلمن ۔ چک ۔ بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ ۔
**چقا چاق** ۔ (چ ۔ قا ۔ چاق) [ت ۔ ا ۔ مث] تلواروں وغیرہ کے چلنے کی آواز ۔
**چقر** ۔ (چق ۔ قر) (ا ۔ ا ۔ مذ) چشمہ ۔ تالاب ۔
**چق ماق ۔ چق مق** ۔ (چق ۔ ماق ۔ چق ۔ مق) (ت ۔ ا ۔ مذ و مث) ایک پتھر جس سے آگ نکلتی ہے ۔



Marfat.com

**چق ماق جھاڑنا** - (ا۔ محاورہ) چق ماق سے آگ نکالنا۔
**چُقندر** - (چُ - قن - دَر) (ف - ا - مذ) ایک ترکاری جو شلجم سے مشابہ اور نہایت سُرخ ہوتی ہے۔
**چُقندر سا** - (ا۔ تابع فعل) بہت سُرخ - موٹا تازہ - لال انگارہ۔
**چُقندر سا بن رہا ہے** - (ا۔ مقولہ) سُرخ و سفید ہو رہا ہے۔ موٹا تازہ ہو رہا ہے۔
**چُقندر کا تُخم زردک برآید** - (ف - مثل) بدقسمتی کے اظہار کے طور پر کہتے ہیں۔

## چ ـــ ک

**چک** - (ہ - ا - مذ) (۱) اراضی - جائداد غیر منقولہ - کاشت - قطعہ - پٹی - قطعۂ زمین (۲) زمین کا جھگڑا (۳) پنجاب کی نہری آبادی میں گاؤں جہاں مربع بندی ہوتی ہو (۴) پھیر - جھاڑ۔
**چک** - (ہ - ا - مذ) گڈریا (۲) آنکھ۔
**چُک** - (ہ - ا - مث) کمر کا درد۔
**چک برار** - (ا - ف - مذ) لگان وصول کرنے والا۔
**چک بست** - (۱) چکوں میں تقسیم شدہ ریاست (۲) گاؤں کے کھیت (۳) چک کا مالک۔
**چک بندھنا** - (۱) کسی چیز کا زیادہ ہونا (۲) پھیر پڑنا۔
**چک بندی** - اراضی کی حد بندی - پیمائش کی سہولت کے لیے حدبست کے نقشے کے اندر کئی مناسب حصے کرنا۔
**چک ٹکڑا** - زمین کا ایک خاص حصہ۔
**چک نامہ** - (ا - ف - مذ) (۱) ایک دستاویز جس میں اراضی کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست ہوتی ہے۔
**چِک** - (ہ - ا - مث) (۱) لچکا - دھچکا - جھٹکا (۱) چلمن (۲) کمر کا درد - چک (۳) قصاب - چھوٹا گوشت بیچنے والا۔
**چُک آنا** - (ا - محاورہ) کمر میں جھٹکا آنا۔
**چیک** - (Cheque) (انگ - ا - مذ) درشنی ہنڈوی - نقدی ملنے کا پرچہ جو کسی بینک وغیرہ کے نام لکھا جائے۔
**چیک (دینا) کاٹنا** - (ا - محاورہ) چیک لکھ کر دینا۔
**چُک** - (ہ - ا - مث) (۱) کمر یا ریڑھ کی ہڈی میں درد ہونا (۲) کم۔
**چکا** - (چک - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) پتھروں وغیرہ کی ناپ کے لیے گول یا چوکور (۲) جما ہوا - منجمد۔
**چکا باندھنا** - اینٹوں کا چبوترا بنانا۔
**چکا چک** - (ف - ا - مث) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز - تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔
**چکا چاندھ (چوندھ)** - (ا - مث) تیز روشنی کے باعث آنکھوں کا جھپکنا - خیرگی - آنکھ چوندھیانے کی حالت (۲) تعجب - حیرت - گھبراہٹ۔

**چکا دہی** - جما ہوا دہی۔
**چُکّا** - (چُک - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) دھوکا - فریب (۲) بہانہ کر کے بھاگ جانا۔
**چُکّا لگانا** - غیر حاضر ہونا۔
**چکارا** - (چَ - کا - را) (ہ - ا - مذ) (۱) ایک قسم کا چھوٹا ہرن (۲) چھوٹی سارنگی۔
**چکاری** - (چَ - کا - ری) (ہ - ا - مث) (۱) چاکری (۲) چوری کا تابع مُہمل۔
**چکاری** - (چ - کا - ری) (ہ - ا - مث) (۱) شکاری چاقو (۲) چھُری (۳) فحش۔
**چکاں** - (چَ - کاں) (ف - صف) گرانے والا - چھڑکنے والا - اُردو میں مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے خوں چکاں۔
**چکتان** - (چک - کان) (ہ - صف) (۱) گاڑھا - جما ہُوا (۲) داغ دار (۳) زخم کا نشان۔
**چُکانا** - (چُ - کا - نا) (ہ - مص) (۱) قیمت ٹھہرانا - بھاؤ کرنا - فیصلہ کرنا - حساب بے باق کرنا - بھگتانا - پُورا کرنا۔
**چکاوک** - (چَ - کا - وک) (ف - ا - مذ) (۱) چنڈول (۲) سُرخاب۔
**چُکاؤ** - (چُ - کا - او) (ہ - ا - مذ) فیصلہ۔
**چُکائی** - (چُ - کا - ای) (ہ - ا - مث) (۱) چُکانے کا کام (۲) فیصلہ (۳) دھوکا - فریب (۴) اُکساہٹ۔
**چکائی دینا** - (ا - محاورہ) (۱) دھوکا دینا (۲) فریب دینا (۳) اُکسانا - آمادہ کرنا۔
**چک بچک** - (چک - بَ - چک) (ہ - صف) تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔
**چک پھیری** - (چک - پھے - ری) (ہ - ا - مث) چکر باندھ کر حلقے میں پھرنا۔
**چکت** - (چَ - کَت) (ہ - ا - مث) کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔
**چکت مارنا** - (ا - محاورہ) دانتوں سے کاٹ کھانا - مُنہ مارنا - دانت مارنا۔
**چکتا** - (چَ - کَت - تا) (ہ - ا - مذ) (۱) گول ٹکڑا - گوشت کا ٹکڑا (۲) گول نشان (۳) زخم کا نشان (۴) کاٹنے کا نشان (۵) گھاس کی جڑوں کا ڈھیلا۔
**چُکتا** - (چُک - تا) (ہ - صف) (۱) مقررّہ - فیصل شُدہ (۲) معینہ۔
**چُکتا کر لینا** - (ا - محاورہ) چُکانا - بے باق کرنا۔
**چکتی** - (چک - تی) (ہ - ا - مث) (۱) چمڑے کا چھوٹا گول ٹکڑا (۲) ٹکیا - قُرص (۳) دُنبے کی چوڑی دُم۔
**چکٹ - چکٹا** - (چک - کٹ) (چک - ٹا) (ہ - صف) (۱) نہایت میلا - میلا کچیلا (۲) لیس دار (۳) چکنا (۴) جما ہوا۔
**چکٹ جانا - چکٹنا** - (مص) میلا ہونا - چکنا ہٹ اور میل سے بھرا ہونا۔
**چکٹ لگائے (پھرنا) رہنا** - (ا - محاورہ) میلے کچیلے رہنا۔
**چکٹا چکٹھا** - (چک - ٹا) (چک - ٹھا) (ہ - مص) میلا کچیلا - تیل اور مٹی سے بھرا ہوا۔
**چُکٹا - چُٹکی** - (چُک - ٹا) (چُک - ٹی) (ہ - ا - مذ) مٹھی بھر - چٹکی بھر۔
**چک چک** - (اُ - ا - مث) (۱) جسم پر تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز (۲) روغن میں تربتر۔
**چک چک لوندے (چکھنا) کھانا** - گھی میں تربتر نوالے اُڑانا۔
**چک چکا** - (چک - چَ - کا) (ہ - صف) روشن - چمک دار۔
**چک چکی** - (چک - چَ - کی) (ہ - ا - مث) (۱) ایک قسم کا خنجر یا چاقو (۲) چپٹی سی لکڑیوں کی جوڑی جو فقیر اور جوگی ہاتھ میں لے کر بجاتے ہیں۔



Marfat.com

**چک چوندھلا۔** (چک۔ چوندھ۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) روشنی سے چندھیا ہوا (۲) جس کی نظر کمزور ہو۔ نیم اندھا۔

**چک چوندھی۔** (چک۔ چوں۔ دھی) (ہ۔ ا۔ مث) چکا چوند۔

**چک چوہی۔** (چک۔ چُو۔ ہی) (ہ۔ ا۔ مث) چمڑے کا ایک کھلونا۔

**چُک داڑھیا۔** (چُک۔ ڈاڑھ۔ یا) (ہ۔ صف) چُکّی داڑھی والا۔ وہ شخص جس کی داڑھی کے بال صرف ٹھوڑی کے نیچے اُگے ہوں۔

**چکّر۔** (چک۔ کر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دائرہ۔ حلقہ۔ گھیرا (۲) گاڑی کا پہیّا (۳) کمہار کا چاک (۴) ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی پر باندھتے ہیں۔ (۵) بھنور (۶) بگولا (۷) کولہو (۸) گول سڑک (۹) گردش (۱۰) سر کا گھومنا (۱۱) حیرت۔

**چکّر آنا۔** (ا۔ محاورہ) سر گھومنا۔ غش آنا۔

**چکّر باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حلقہ باندھنا (۲) کسی چیز کو اس طرح گھمانا کہ دائرے کی شکل بن جائے۔

**چکّر دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پھرانا (۲) سیدھے راستے سے چلانا (۳) حیران کرنا پریشان کرنا۔ جُل دینا (۴) گھوڑے کو پھیرنا۔

**چکّر کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بار بار آنا جانا۔ پھیرے کرنا (۲) گردش کرنا۔

**چکّر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) پھرنا۔ پھیرے کرنا۔

**چکّر کھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گھومنا (۲) تیورانا (۳) گھبرا جانا (۴) آوارہ پھرنا۔

**چکّر کی سڑک۔** (ا۔ مث) وہ سڑک جو شہر کے گرداگرد ہوتی ہے (سرکلر روڈ)

**چکّر لانا۔** (ا۔ محاورہ) شرارت کرنا۔ فساد اُٹھانا۔

**چکّر (لگانا) مارنا۔** (ا۔ محاورہ) پھرنا۔ گردش کرنا۔ گشت کرنا۔ بار بار آنا جانا۔

**چکّر میں (آنا) ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسنا۔ پریشان ہونا۔

**چکّر میں ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مصیبت میں پھنسانا (۲) حیران کرنا (۳) راستہ بھلانا۔

**چکرا جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گھبرا جانا (۲) سر کا چکّر کھانا۔

**چکرا دینا۔** (چک۔ را۔ دے۔ نا) (ہ۔ مص) پریشان کر دینا۔

**چکرانا۔** (چک۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گردش کرنا۔ گھومنا (۲) گھبرانا۔ غش کھانا۔

**چکرانہ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ایک دوا کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

**چکر مکر۔** (چَ۔ کر۔ مَ۔ کَر) (ہ۔ ا۔ مذ) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔

**چکر مکر لگانا۔** (ا۔ محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔

**چکری۔** (چک۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) چرخی۔ گھرنی۔ پھرکی۔

**چکریا۔** (چَ۔ کَر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) نوکری پیشہ۔ چاکر باش۔

**چکڑ۔** (چک۔ کڑ) (ق۔ ا۔ مذ) کیچڑ۔

**چکڑی۔** (چک۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی زرد لکڑی جس کی کنگھیاں بنتی ہیں۔

**چکس۔** (چَ۔ کَس) (ف۔ ا۔ مذ) پالتو پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی۔

**چکسا۔** (چک۔ سا) (ق۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سفوف جو عورتیں بال صاف کرنے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔

**چکش۔** (چَ۔ کش) (ف۔ ا۔ مث) پانی کا ٹپکنا۔ ٹپکا۔

**چکّل۔** (چک۔ کَل) (ہ۔ ا۔ مذ) کسی پودے کی جڑوں سمیت وہ مٹی جو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگانے کے لیے پودے کے ساتھ لگائی جاتی ہے۔

**چکّل۔** (چَ۔ کَل) (ق۔ ا۔ مذ) دباؤ۔

**چکلا۔** (چک۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) گول۔ مدور (۲) چوڑا۔ فراخ (۳) (ا۔ مذ) وہ گول پتھر جس پر روٹی بیلتے ہیں (۴) علاقہ۔ صوبہ۔ جاگیر (۵) رنڈیوں کے بسنے کا مقام (۶) دانہ دلنے کی چکّی۔ چکّی کا پاٹ۔

**چکلا بندی۔** (۱) حد بندی (۲) صوبے کو حصوں میں تقسیم کرنا۔

**چکلے دار۔** (ا۔ مذ) (۱) صوبے یا چکلے کا حاکم۔ جاگیردار (۲) طوائفوں کے محلے کا چودھری۔

**چکلے میں بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) رنڈی کا پیشہ اختیار کرنا۔

**چکلاٹ۔** (چک۔ لاٹ) (ق۔ ا۔ مذ) دباؤ۔

**چکلان۔** (چک۔ لان) (ہ۔ ا۔ مث) چوڑائی۔

**چکلانا۔** (چک۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) چوڑا کرنا۔ بڑا کرنا۔

**چکلس ہونا۔** (چَ۔ کَل۔ لَس۔ ہو۔ نا) (اُ۔ مص) تھوڑی جگہ پر بڑی بھیڑ ہونا۔

**چکلنا۔** (چ۔ کَل۔ نا) (ق۔ مص) دبانا۔ بھینچنا۔

**چکلی۔** (چک۔ لی) (ہ۔ صف) (۱) چوڑی۔ فراخ (۲) (ا۔ مث) چرخی۔ (۳) صندل گھسنے کا چھوٹا پتھر۔

**چکمہ۔** (چک۔ مَہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دھوکا۔ فریب (۲) نقصان (۳) ایک کھیل۔

**چکمہ (چل جانا) چلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) داؤں چلنا (۲) فریب کی چال چلنا۔

**چکمہ دینا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔

**چکمہ کھانا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔

**چک ماک۔ چک مک۔** (چک۔ ماک) (چک۔ مک) (ہ۔ ا۔ مث) چق ماق اور چق مق کا بگڑا ہوا۔ آگ نکالنے کا پتھر۔

**چک مک دیدہ کھائے بلیدہ۔** (ا۔ مثل) بدچلن عورت عیش کرتی ہے۔

**چکن۔** (چِ۔ کَن) (ف۔ ا۔ مث) (۱) بیل بوٹے کا کام۔ کشیدہ کاری یا سوزن کاری (۲) بیل بوٹوں والا کام۔

**چکن دوز (کار)۔** (ف۔ ا۔ صف) چکن بنانے والا۔

**چکن (دوزی) کاری۔** (ف۔ ا۔ مث) چکن بنانے کا کام۔

**چکنا۔** (چک۔ نا) (ق۔ مص) بہنا۔ گرنا۔ ٹپکنا۔

**چکنا۔** (چک۔ نا) (ہ۔ صف) (۱) تیل لگا ہوا۔ روغنی (۲) چربی دار۔ موٹا۔ (۳) بہت صاف۔ پالش کیا ہوا (۴) خوبصورت (۵) رونق دار (۶) بے حیا۔ بے غیرت (۷) تیل گھی چربی وغیرہ (۸) پھسلواں۔

**چکنا چپڑا۔** (۱) چرب۔ تیل لگا ہوا (۲) خوش پوش (۳) بنا ٹھنا۔

**چکنا دیکھ پھسل پڑے۔** (ا۔ مثل) دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ خوبصورت دیکھ کر مر مٹے۔

**چکنا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چکنائی پہنچانا۔ تیل لگانا (۲) صاف کرنا۔

**چکنا گھڑا۔** (ا۔ صف) بے حیا۔ بے غیرت۔ بے شرم۔

**چکنا گھڑا، بوند پڑی پھسل (پڑی) گئی۔** (ا۔ مثل) بے غیرت پر لعنت ملامت



Marfat.com

کا بھی کوئی اثر نہیں ہوتا۔
**چکنا مُنہ، پیٹ خالی۔** (ا۔مثل) ٹیم ٹام بہت مگر پیٹ خالی۔
**چکنے مُنہ کو سب چُومتے ہیں۔** (ا۔مثل) دولتمند کی سب خوشامد کرتے ہیں۔
**چکنا چُور۔** (چِک۔نا۔چُور) [ہ۔صف] (۱) ٹکڑے ٹکڑے۔ پُرزے پُرزے (۲) تھکان۔
**چکنا چُور کرنا۔** (ا۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔
**چکنانا۔** (چِک۔نا۔نا) [ہ۔مص] (۱) روغن لگانا (۲) میٹھی باتیں کرنا۔
**چکناوٹ۔ چکناہٹ۔** (چِک۔نا۔وَٹ)، (چِک۔نا۔ہَٹ) [ہ۔ا۔مث] چکناپن۔
**چکنائی۔** (چِک۔نا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) تیل۔گھی۔روغن۔چربی۔ (۲) بے شرمی۔
**چکنی۔** (چِک۔نی) [ہ۔صف] چکنا کی تانیث (۱) روغن (۲) صاف ستھری۔ چمکدار۔
**چکنی باتیں۔** (ا۔مث) خوشامد کی باتیں۔
**چکنی چپڑی باتیں کرنا۔** (ا۔محاورہ) خوشامد یا چاپلوسی کی باتیں کرنا۔
**چکنی ڈلی۔** (ا۔مث) ایک قسم کی چھالیہ جسے دودھ میں پکا کر بناتے ہیں۔
**چکنی مٹی۔** (ا۔مث) ایک قسم کی مٹی جو پیسنے کے کام آتی ہے۔
**چکنیا۔** (چ۔کَن۔یا) [ہ۔صف] البیلا۔ بانکا۔ چھیلا۔
**چکو۔** (چِک۔کُو) [ہ۔ا۔مذ] چاقو کا بگڑا ہوا۔
**چکوا۔** (چک۔وا) [ہ۔ا۔مذ] سُرخاب۔ ایک پرند جو دریا کے کنارے رہتا ہے۔
**چکوا چکوی۔** سُرخاب کا جوڑا مشہور ہے کہ چکوا چکوی دن بھر ساتھ رہتے ہیں۔ رات کو جُدا ہو کر نر اور مادہ ندی کے دونوں کناروں کے ایک ایک درخت پر بیٹھ جاتا ہے اور صبح تک ایک دوسرے کو پکارتے رہتے ہیں۔
**چُکوتا۔** (چُ۔کَو۔تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فیصلہ (۲) بے باقی۔
**چکوتا۔** (چ۔کو۔تا) [ہ۔ا۔مذ] ایک مرض جس میں گھٹنے کے نیچے پھنسیاں نکل آتی ہیں اور تمام ٹانگ پر پھیل جاتی ہیں۔
**چکوترا۔** (چ۔کو۔تَ۔را) [ہ۔ا۔مذ] نارنج کی قسم کا ایک پھل۔ بڑا لیمو۔
**چکوٹ۔** (چِک۔وَٹ) [ق۔صف] (۱) چکنی۔ فربہ (۲) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ مزیدار۔
**چکور۔** (چ۔کور) [ہ۔ا۔مذ] تیتر کے قسم کا ایک پہاڑی خوشنما و خوش آواز پرند۔ یہ چاندنی رات میں خوب چہچہاتا ہے۔ اس لیے اسے چاند کا عاشق کہتے ہیں۔
**چکور۔** (چِک۔وَر) [ق] ممنون۔
**چکور۔** (چ۔کوُر) [ق۔ا۔مذ] بالوں کا بجوڑا۔
**چکوری۔** (چ۔کو۔ری) [ہ۔ا۔مث] چکور کی مادہ۔
**چکولیاں۔** (چ۔کول۔یاں) [ق۔ا۔مذ] ایک قسم کا کھانا۔
**چکھ۔** [ق۔صف] ذرا۔
**چکھا چکھی کرنا۔** (ا۔محاورہ) (چکھ۔کھا۔چکھ۔کھی۔کرنا) [ہ۔مص] تھوڑا سا چکھ لینا۔
**چکھا دینا۔ چکھانا۔** (چ۔کھا۔دے۔نا)، (چ۔کھا۔نا) [ہ۔مص] تھوڑا سا کھلا دینا۔
**چکھ جانا، ڈالنا۔** [ہ۔مص] (۱) کھا جانا۔ ہضم کر جانا (۲) خورد بُرد کر جانا۔ مال اُڑا دینا۔
**چکھنا۔** (چکھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ذرا سا کھانا (۲) ذائقہ یا چاشنی دیکھنا۔ لذت اُٹھانا۔ مزہ اُڑانا (۳) سزا پانا۔
**چکھوتی۔** (چ۔کھَو۔تی) [ہ۔ا۔مث] لذیذ کھانا۔
**چکھوتیاں کرنا۔** بازار کے سودے سُلف کھانا۔ چٹورا پن کرنا۔
**چکھی۔** (چکھ۔کھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چاٹ۔ چسکا (۲) کسی کا مال کھانا۔ بٹیر کو لڑائی سے پہلے تھوڑا سا دانا کھلانا۔
**چکئی۔** (چ۔کَ۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک کھلونا (۲) پھرکی۔ نارنگی۔ (۳) چکوا کی مادہ۔
**چکئی اَرڈو۔** (ا۔مذ) گول آڑو۔
**چکّی۔** (چک۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) آٹا پیسنے کا آلہ (۲) گھٹنے کی ہڈی۔ (۳) بندوق کے نیچے لگائی جانے والی لکڑی (۴) لکڑی یا دھات کا گول ٹکڑا۔
**چکّی پھیرنا۔** چکّی چلانا۔
**چکّی پیس کر گزارا کرنا۔** (ا۔محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ محنت مزدوری کر کے پیٹ پالنا۔
**چکّی پیسنا۔** (مص۔مرکب) (۱) چکّی چلانا (۲) مصیبت بھگتنا (۳) کسی کام کو مدت تک کیے جانا۔
**چکّی ٹلنا۔** (ا۔محاورہ) چکّی کا کھردرا کیا جانا۔
**چکّی جھونا۔** (۱) چکّی چلانا۔ آٹا پیسنا (۲) طویل قصّہ شروع کرنا۔ دُکھڑا رونا۔
**چکّی رہا۔** (۱) وہ شخص جو چکّی کو کھردرا کرتا ہے۔
**چکّی کا پاٹ۔** چکّی کا ہر ایک حصّہ۔
**چکّی نامہ۔** وہ گانا جو شادی کے موقع پر اُبٹنا پیستے وقت عورتیں گایا کرتی تھیں۔
**چُکّی۔** (چُک۔کی) [ہ۔ا۔مث] فریب۔ دغا۔
**چُکّی دینا۔** دھوکا دینا۔
**چُکّی چُکّی۔** (چُک۔کی۔چُک۔کی) [ہ۔ا۔مث] بچوں کی زبان میں ختم ہو گئی۔
**چکیدہ۔** (چَ۔کی۔دَہ) [ف۔صف] ٹپکا ہوا۔

## چ ـــ گ

**چُگانا۔** (چُ۔گا۔نا) [ہ۔مص] پرندوں کو دانہ کھلانا۔
**چُگائی۔** (چُ۔گا۔ئی) [ق۔ا۔مذ] سراب۔
**چُگائی۔** (چُ۔گا۔ای) [ہ۔ا۔مث] (۱) چُگانے کی اُجرت (۲) چُگنا (۳) چگنے کی چیز۔
**چگ ڈڑھیا۔** (چگ۔ڈڑھ۔یا) [ہ۔صف] بگّی داڑھی والا۔ چھوٹی سی داڑھی والا۔



Marfat.com

**چگر**۔ (چَ۔گَر) [ق۔ا۔مذ] ایک پرندہ۔

**چُگ لینا**۔ (چُگ۔لے۔نا) [ہ۔مص] (۱) اُٹھالینا۔ چُن لینا۔ منتخب کر لینا (۲) تہ کرنا (۳) چُگنا۔

**چُگوٗ**۔ (چُگ۔گوٗ) [ہ۔ا۔مث] وہ داڑھی جس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال نکلیں اور وہ لمبے ہوں۔

**چِگونگی**۔ (چِ۔گو۔ن۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) کیفیت۔ اصلیت (۲) خاصیت (۳) حقیقت۔

**چِگونہ**۔ (چِ۔گوٗ۔نَہ) [ف] کس طرح۔

# چ — ل

**چل**۔ [ہ۔مث] (۱) برہمی۔ پراگندگی (۲) اختلاف۔ فرق۔ دھوکا۔ جھوٹ (۳) ڈگمگاہٹ (۴) ہٹ دُور ہو (۵) روانگی۔ رُخصت۔ کوٗچ (۶) چلتا ہوا۔ حرکت کرتا ہوا (۷) ہل کے ساتھ بطور تابع (۸) چلنا کا امر۔

**چل بسنا**۔ (ا۔محاورہ) مرجانا۔

**چل پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) روانہ ہونا (۲) چلنے لگنا (۳) شروع ہونا۔ (۴) رواج ہوجانا۔

**چل پھر**۔ (ا۔مث) (۱) گردش (۲) چالاکی (۳) آمدورفت۔

**چل جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) لُٹک جانا۔ پھٹ جانا (۲) بسر ہو جانا۔ گزر جانا۔

**چل چنٹ۔ چل تجھے**۔ (کلمۂ نفرت) چل دُور۔ ہٹ دُور ہو۔ چلا جا۔

**چل چلاؤ**۔ (ا۔مذ) (۱) رواروی (۲) سفر۔ کوٗچ۔

**چل دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) رفوچکر ہوجانا۔ بھاگ جانا (۲) فوت ہوجانا۔

**چل کھڑا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) روانہ ہونا۔

**چل نکلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) حد سے بڑھنا (۲) اترا جانا۔ گھمنڈ میں آجانا۔ (۳) گستاخ اور بے ادب ہوجانا (۴) بڑھ جانا۔ آگے نکل جانا (۵) چل پڑنا۔ روانہ ہوجانا۔

**چل نہ سکوں مراگدن نام**۔ (ا۔مثل) ہمت اور حوصلے سے زیادہ دعویٰ کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**چل ہوا بن**۔ (ا۔محاورہ) دُور ہو جا۔ چلا جا۔

**چُل**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) خارش۔ کھجلی (۲) باہ کی مستی۔ شہوت (۳) بیقراری۔ بے کل۔ بے چینی۔

**چُل اُٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کھجلی ہونا (۲) شہوت ہونا (۳) چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا

**چُل مٹانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خارش دُور کرنا (۲) خواہش پوری کرنا۔

**چل ہائی**۔ (ا۔مث) مست عورت۔ شوخ اور شریر عورت۔

**چلا**۔ [ہ۔فعل] (۱) روانہ ہوا (۲) قابو سے نکلا۔

**چلا آنا**۔ (ا۔محاورہ) لگاتار آنا۔

**چلا جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) روانہ ہونا۔ رُخصت ہونا (۲) جاری رہنا۔ بڑھنا کام کرتے رہنا (۳) دیر تک رہنا۔ دیرپا ہونا۔ سلسلہ نہ ٹوٹنا۔

**چلا چاہنا**۔ (ا۔محاورہ) چلنے کے لیے تیار ہونا۔ چلنے کا ارادہ کرنا۔

**چلا چل**۔ (ا۔صف) (۱) ساکن وغیر ساکن (۲) اِدھر اُدھر جانا (۳) حرکت کرنا (۴) بے قیام۔ بے ثبات۔

**چلا چلنا**۔ (ا۔محاورہ) چلتے رہنا۔

**چلا چلی**۔ (ا۔مث) (۱) ہل چل (۲) سفر کی تیاری (۳) سفر پر روانگی (۴) موت کی گرم بازاری۔

**چلاچکی**۔ (چَ۔لا۔چک۔ق) [ق۔ا۔مث] آنکھ۔

**چلان**۔ (چَ۔لان) [ہ۔ا۔مذ] چالان۔

**چلانا**۔ (چَ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) ہانکنا۔ روانہ کرنا (۲) جاری کرنا۔ بہانا۔ (۳) کاروبار جاری کرنا۔ بندوبست کرنا (۴) ہلانا۔ حرکت دینا۔ (۵) پھیلانا (۶) سود پر دینا (۷) استعمال کرنا (۸) نکالنا۔ رُخصت کرنا۔

**چِلّانا**۔ (چِل۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) چیخنا۔ شور مچانا۔ پکارنا (۲) رونا فریاد کرنا (۳) غصہ کرنا۔

**چلاؤ**۔ (چَ۔لا۔اوٗ) [ہ۔صف] عارضی قسم کا ناپائیدار۔ فانی۔

**چلاؤ**۔ (چَ۔لا۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) روانگی۔ حرکت (۲) رسم۔ رواج۔ چلن۔

**چُلاؤ**۔ (چُ۔لا۔ؤ) [ف۔ا۔مذ] بے گوشت کا پلاؤ۔ نمکین خشکہ۔

**چِلّاہٹ**۔ (چِل۔لا۔ہَٹ) [ہ۔ا۔مث] چیخ۔ پکار۔ فریاد۔

**چِلائی**۔ (چِ۔لا۔ئی) [ق۔ا۔مث] چیخ۔

**چِل پِل**۔ (چِل۔پِل) [ہ۔ا۔مث] (۱) کُتّے کے بچے کی آواز (۲) بچوں کی گھبرائی ہوئی آواز۔

**چُلبُلا**۔ (چُل۔بُ۔لا) [ہ۔صف] نچلا نہ رہنے والا۔ شوخ۔ چالاک۔

**چُلبلا پن۔ چُلبلاہٹ**۔ (ا۔صف) بیقراری۔ شوخی۔ چنچل پن۔

**چُلبلاگی**۔ (چُل۔بُ۔لا۔گی) [ق۔ا۔مث] چُلبلاہٹ۔

**چُلبلانا**۔ (چُل۔بُ۔لا۔نا) [ا۔مص] بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔

**چلپاسہ**۔ (چِل۔پا۔سہ) [ف۔ا۔مث] چھپکلی۔

**چِلپرا**۔ (چِل۔پَ۔را) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کبوتر جس میں تھوڑی سی سفیدی دوسرے رنگ کے ساتھ رلی ہوئی ہو۔

**چَلتا**۔ (چَل۔تا) [ہ۔صف] (۱) بہتا ہوا۔ رواں۔ جاری (۲) مروّج (۳) چالاک۔ ہوشیار (۴) بھاگتا ہوا (۵) کارگر۔ پُراثر۔

**چلتا بننا۔ چلتا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) چلتا ہونا۔ بھاگ جانا۔

**چلتا پُرزہ**۔ (ا۔صف) بڑا چالاک اور منتفنی آدمی۔

**چلتا زمانہ (سمال)**۔ (ا۔مذ) بڑھاپے کا زمانہ۔

**چلتا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) روانہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) کارروائی کے قابل کرنا (۴) کسی کا کام نکال دینا (۵) تیز کرنا۔

**چلتا ہوا**۔ (ا۔صف) (۱) کارگر۔ پُراثر۔ کامیاب (۲) چالاک۔ ہوشیار۔

**چلت پھرت**۔ (چَ۔لَت۔پھ۔رَت) [ہ۔ا۔مث] (۱) پھرتی۔ چالاکی۔ (۲) رفتار۔ گردش (۳) حرکات۔

**چلتر**۔ (چَ۔لت۔تَر) [ہ۔ا۔مذ] فریب۔ مکر۔ چال۔ چھل۔

**چلتر بازی**۔ (ہ۔ا۔مث) چالاکی۔ فریب۔ دھوکا بازی۔

**چِلتہ**۔ (چِل۔تَہ) [ف۔ا۔مذ] زرہ بکتر۔ لڑائی کے وقت کی ایک پوشاک۔



Marfat.com

**چلتی** - (چل - تی) (ہ - صف) (۱) چلنے والی (۲) بھاگتی ہوئی۔
**چلتی (ڈھلتی) پھرتی چھاؤں** - (ا - مثل) دنیا کی دولت ناپائدار اور چند روزہ جاہ و مراتب سے مراد ہے جو کبھی اس کے اور کبھی اُس کے پاس ہے (۲) جلد ختم یا گزرنے والی چیز۔
**چلتی کا نام گاڑی ہے** - (ا - مثل) جب تک کام بنا رہے اس وقت تک نام رہتا ہے۔
**چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا** - (ا - محاورہ) ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔
**چلتی ہوا سے لڑنا** - (ا - محاورہ) نہایت بدمزاج ہونا۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا۔
**چلتی ہوئی بات** - (ا - مث) وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔
**چلتے** - (چل - تے) (ہ - تابع فعل) چلتا کی صورت مغیرہ۔ کام کرتا ہوا۔ بھاگتا ہوا۔
**چلتے بیل کے آر لگانا** - (ا - محاورہ) کام کرنے والے کو روکنا۔ ناحق کسی کو تنگ کرنا
**چلتے پھرتے نظر آؤ** - (ا - محاورہ) رخصت ہو جاؤ۔ رفوچکر ہو جاؤ۔ چلے جاؤ۔
**چلتے چلتے** - (ا - تابع فعل) عین جانے کے وقت۔ روانہ ہوتے وقت۔ دورانِ سفر میں۔
**چلتے چور لنگوٹی لابھ** - (ہ - ا - مثل) بہت سا نقصان ہونے پر جو کچھ بھی بچ جائے غنیمت ہے۔
**چلتے ہاتھ** - (ا - تابع فعل) جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے۔ جب تک قابو حاصل ہے۔
**چِلچِل** - (چِل - چِل) (ہ - ا - مث) ابرق۔ ابرک۔ ایک کانی جوہر جو اکثر بجری میں چمکتا ہوا نکلتا ہے۔
**چِلچِلاتا** - (چِل - چِ - لا - تا) (ہ - صف) سخت گرم۔ جلانے والا۔
**چِلچِلاتی** - (چِل - چِ - لا - تی) (ہ - صف) چلچلاتا کی تانیث۔ نہایت گرم جلانے والی۔
**چلچلاتی دھوپ** - (ا - صف) سخت تیز دھوپ۔
**چِلچِلانا** - (چِل - چِ - لا - نا) (ہ - مص) (۱) چیل کا بولنا (۲) بے فائدہ شور و غوغا کرنا۔
**چُلچُلانا** - (چُل - چُ - لا - نا) (ہ - مص) (۱) کھجلانا (۲) جماع کرانے کو دل چاہنا۔
**چل چلاؤ** - (چل - چ - لا - او) (ہ - ا - مذ) (۱) رَوا رَوی۔ چلا چلی (۲) سفر۔ کوچ۔
**چِلچِلی** - (چِل - چِ - لی) (ق - ا - مث) چرخ۔
**چل سیں** - (چل - سیں) (ق) چلیں یا چلیں گے۔
**چلتر۔ چلتھر** - (چل - تر) (چل - تھر) (ہ - ا - مذ) جوں۔
**چلغوزہ** - (چل - غو - زہ) (ف - ا - مذ) ایک قسم کا خشک میوہ، جو مقوی دماغ ہوتا ہے۔ صنوبر کا پھل۔
**چِلک** - (چِ - لک) (ہ - ا - مث) چمک۔ جھلک۔ تابش۔ تاب۔
**چِلکا** - (چِل - کا) (ہ - ا - مذ) چاندی کا سکہ۔ روپیہ۔
**چِلکنا** - (چِ - لک - نا) (ہ - مص) چمکنا۔ روشن ہونا۔ دمکنا۔
**چُلکنا** - (چُ - لک - نا) (ہ - مص) خارش ہونا۔ چُل اُٹھنا۔
**چِلَم** - (چِ - لَم) (ہ - ف - ا - مث) آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقّے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔
**چلم بردار** - (ا - مذ) حقّہ پلانے والا ملازم۔
**چلم بھرنا** - (ا - محاورہ) (۱) چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا (۲) گھٹیا خدمت کرنا
**چلم پینا** - (ا - محاورہ) (۱) حقّہ پینا (۲) گانجا یا چرس پینا۔
**چلم چٹ** - (ا - صف) بہت حقّہ پینے والا۔
**چِلمچی** - (چِ - لَم - چی) (ت - ا - مث) طشت۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن۔ جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔
**چِلمن** - (چِل - مَن) (ہ - ا - مث) چق۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ۔
**چلمن چھوڑنا** - (ا - محاورہ) چلمن کا پردہ ڈالنا۔
**چَلَن** - (چَ - لَن) (ہ - ا - مذ) (۱) چال۔ رفتار۔ وضع رفتار (۲) دستور۔ رسم۔ رواج (۳) عادت۔ برتاؤ (۵) کفایت شعاری۔
**چلن بگڑنا** - (ا - محاورہ) رفتار ناموزوں ہونا۔ سلامت روی میں فرق آنا عادات و اطوار خراب ہونا۔
**چلن چلنا** - (ا - محاورہ) رفتار اختیار کرنا۔
**چلن سیکھنا** - (ا - محاورہ) دوسرے کی وضع اختیار کرنا۔
**چلن سے چلنا** - (ا - محاورہ) کفایت شعاری سے گزارا کرنا۔ وضع داری سے گزر بسر کرنا۔
**چلن مند** - سُست رفتار (ق)
**چلن ہار** - (ا - صف) (۱) مرنے جوگا۔ مرن ہار (۲) مسافر۔ پا در رکاب۔
**چلن ہونا** - (ا - محاورہ) سکّے کا رواج ہونا۔
**چلنا** - (چل - نا) (ہ - مص) (۱) حرکت کرنا۔ ہلنا (۲) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ رخصت ہونا (۳) رواج پانا (۴) جاری ہونا۔ بہنا۔ رواں ہونا۔ (۵) نکلنا (۶) چھٹنا۔ سکنا (۷) نشہ ہونا (۸) مرنا (۹) لڑائی ہونا۔ (۱۰) فریب دینا (۱۱) ترقی کرنا۔ آگے بڑھنا (۱۲) بندوق یا توپ چھٹنا (۱۳) کارگر ہونا (۱۴) پیا جانا (۱۵) کُرت آنا۔ بازار میں آنا (۱۶) رواں ہونا (۱۷) اثر کرنا (۱۸) شراب کا دور ہونا (۱۹) لباس کا دیر تک کام آنا (۲۰) رسائی ہونا (۲۱) کہنے پر عمل کرنا۔
**چلنت** - (چ - لنت) (ق - ا - مث) چال۔ چلن۔
**چُلّو** - (چُل - لُو) (ہ - ا - مذ) ہاتھ کی اس طرح کی شکل جس میں پانی یا کوئی اور رقیق چیز لی جا سکے۔
**چلّو بھر** - (ا - صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
**چلّو بھر پانی میں ڈوب مر** - (ا - محاورہ) غیرت دلانے کا کلمہ۔
**چلّو لینا** - (ا - محاورہ) کلی کرنا۔ کھانے کے بعد منہ صاف کرنا۔
**چلّو میں اُلّو ہونا** - (ا - محاورہ) ذرا سی نشہ آور چیز پی کر بیہوش ہونا۔
**چلّو میں سمندر نہ سمانا** - کوزے میں سمندر نہ آنا۔ چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام نہ ہونا۔ کم حوصلہ آدمی سے بڑے کام کا انصرام نہ ہونا۔
**چلّوؤں رونا** - (ا - محاورہ) زار و قطار رونا۔ بہت رونا۔
**چلّوؤں لہو بڑھنا** - (ا - محاورہ) بہت خوش ہونا۔
**چلّوؤں لہو پینا** - (ا - محاورہ) بہت ستانا۔ خوب مارنا۔
**چلّوؤں لہو خشک ہونا** - (ا - محاورہ) بہت رنج ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔
**چلوا** - (چل - وا) (ہ - ا - مث) ایک چھوٹی ڈاڑھ اور چکنی مچھلی۔



Marfat.com

**چلوا** ۔ (چل ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی بوٹی ۔
**چلوانا** ۔ (چل ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) چلنا کا متعدی المتعدی ۔
**چلوانا** ۔ (چل ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) چلانا کا متعدی ۔
**چلوانس** ۔ (چل ۔ وانس) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چلاہٹ (۲) اُم الصبیان کی بیماری میں بچے کی چلاہٹ ۔
**چلوتا** ۔ (چَ ۔ لوَ ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ڈوئی ۔ چمچہ ۔ کف گیر (۲) چھوٹا دستہ جس سے چرخہ چلاتے ہیں ۔
**چلوئے** ۔ (چل ۔ وئے) (ق ۔ ا ۔ مذ) چلویا کی جمع چلنے والے (تیز رفتار) ۔
**چلویا** ۔ (چل ۔ وَ ۔ یا) (ق ۔ ا ۔ مذ) چلنے والا ۔
**چلّہ** ۔ (چل ۔ لہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کمان کی تانت (۲) چالیس دن کا عرصہ (۳) چالیس روز کا عمل (۴) وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو (۵) زچہ کا چالیسویں دن نہانا ۔
**چلّہ بیٹھنا ۔ چلّہ کاٹنا ۔ چلّہ کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چالیس دن کسی گوشہ میں بیٹھ کر کوئی عمل یا وظیفہ پڑھنا ۔
**چلّہ چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تانت کو تان کر کمان کے اوپر لگانا ۔ تیر کو تانت میں کسنا ۔
**چلّے کی سردی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) سخت سردی ۔ پوس ماگھ کی سردی ۔
**چلھوا** ۔ (چلھ ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مث) چیل کے بلانے کی آواز ۔
**چلیپا** ۔ (چَ ۔ لی ۔ پا) (ف ۔ ا ۔ مث وصف) (۱) صلیب ۔ دار ۔ سُولی (۲) ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔
**چل چل پی ماکھو آئی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مثل) (۱) بڑھتے بڑھتے بات یہاں تک پہنچ گئی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ۔
**چِلّی** ۔ (چِل ۔ لی) (ق ۔ ا ۔ مذ) سوراخ ۔

## چ ــ م

**چم** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چمڑا ۔ کھال ۔ چرم ۔
**چماچم کرنا** ۔ (چَ ۔ ما ۔ چم ۔ کرنا) (اُر ۔ مص) خوب چمکنا ۔
**چمار** ۔ (چَ ۔ مار) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چمڑا بنانے والا (۲) موچی (۳) جوتیاں سینے یا گانٹھنے والا (صف) (۴) کمینہ ۔ سفلہ ۔ پنچ ۔
**چمار چودس** ۔ (ہ ۔ مث) (۱) چماروں کا بڑا تہوار (۲) کم ظرفی کے باعث چند روزہ خوش حالی پر اترانا ۔
**چمار چمڑے کا یار** ۔ (ا ۔ مقولہ) چمار جوتوں سے ہی سیدھا ہوتا ہے ۔
**چمار کو عرش پر بھی بیگار** ۔ (ا ۔ مثل) غریب کی ہر جگہ کم بختی ہے ۔
**چمار کی جورو اور ٹوٹی جوتی** ۔ (ا ۔ مثل) نازیبا بات ۔ ناموزوں بات ۔
**چمار کے کوسے سے ڈھور نہیں مرتے** ۔ (ا ۔ مثل) بد دُعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا ۔
**چمارن ۔ چمارنی ۔ چماری** ۔ (چَ ۔ ما ۔ رن) (چَ ۔ مار ۔ نی) (چَ ۔ ما ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چمار کی بیوی (۲) چمار برادری کی عورت ۔
**چمارسے** ۔ (چَ ۔ ما ۔ رسے) (ق ۔ ا ۔ مذ) آئینہ ۔

**چمالی** ۔ (چَ ۔ ما ۔ لی) (ف ۔ ا ۔ مذ) شراب پلانے والا ۔ ساقی ۔
**چمال** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بل بل کر چلنا ۔ اکڑ کر چلنا ۔
**چماٹے** ۔ (چَ ۔ ما ۔ ٹے) (ق ۔ ا ۔ مذ) نعلین ۔ جوتا ۔
**چمبرلین** ۔ (Chamberlam) (چم ۔ بر ۔ لین) (انگ ۔ ا ۔ مذ) بادشاہ یا امیر کے اُمور خانہ داری کا منتظم ۔
**چُمبک** ۔ (چُم ۔ بک) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) کتاب کا خلاصہ (۲) خارج قسمت ۔ (۳) عالم و فاضل (۴) ترازو کا درمیانی حصّہ (۵) بدمعاش ۔ دغا باز ۔
**چُمبک پتھر** ۔ (چُم ۔ بک ۔ پتھ ۔ تھر) (اُر ۔ ا ۔ مذ) مقناطیس ۔ آہن رُبا ۔
**چمپا** ۔ (چم ۔ پا) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا درخت جس کا پھول سفیدی لیے زرد رنگ کا اور نہایت خوشبو دار ہوتا ہے ۔
**چمپا کے دس پھول چنبیلی کی ایک کلی ۔ مورکھ کی ساری رات چاندنی کی ایک گھڑی** ۔ (ہ ۔ مثل) تھوڑی اور اچھی چیز گھٹیا مگر بہت سی چیز سے بہتر ہوتی ہے ۔
**چمپا کلی** ۔ گلے کا ایک زیور جس کے دانے چمپا کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں ۔
**چمپت** ۔ (چم ۔ پت) (ہ ۔ صف) چھپا ہوا ۔ غائب ۔
**چمپت ہونا** ۔ رُخصت ہونا ۔ جلد چلا جانا ۔ ہوا ہو جانا ۔
**چمپو** ۔ (چم ۔ پو) (ہ ۔ ا ۔ مث) بڑی کشتی ۔
**چمپئی** ۔ (چم ۔ پَ ۔ ای) (ہ ۔ صف) سونے یا چمپا کی سی رنگت کا ۔
**چم پینزی** ۔ (Chimpanzee) (چم ۔ پین ۔ زی) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بوزنہ (۲) افریقہ کا لنگور جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ۔
**چمٹا** ۔ (چم ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دست پناہ ۔ آگ پکڑنے کا آلہ ۔
**چمٹانا** ۔ (چم ۔ ٹا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) چسپاں کرنا ۔ چپکانا (۲) پیچھے لگانا (۳) لپٹانا ۔ گلے سے لگانا ۔
**چمٹنا** ۔ (چِ ۔ مٹ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) چپکنا ۔ چسپاں ہونا (۲) پیچھے پڑنا ۔ (۳) لپٹنا ۔
**چمٹی** ۔ (چم ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چھوٹا چمٹا (۲) چٹکی ۔
**چمٹی لینا** ۔ چٹکی کاٹنا ۔
**چُمٹی** ۔ (چُم ۔ ٹی) (ق ۔ ا ۔ مث) چیونٹی ۔ چٹکی ۔
**چمچ** ۔ (چم ۔ چُ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بڑی چونچ والی ایک سفید چڑیا (۲) (مذ) چمچہ ۔
**چمچڑ** ۔ (چم ۔ چ ۔ چڑ) (ہ ۔ صف) چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا ۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا ۔
**چمچمانا** ۔ (چم ۔ چ ۔ ما ۔ نا) (اُر ۔ مص) چمکنا ۔ جھلکنا ۔
**چمچماہٹ** ۔ (چم ۔ چَ ۔ ما ۔ ہٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) چمک ۔
**چمچہ** ۔ (چم ۔ چہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) کوئی رقیق چیز پینے کا آلہ ۔ ڈوئی ۔ کفچہ ۔
**چمچی** ۔ (چم ۔ چی) (اُر ۔ ا ۔ مث) چھوٹا چمچہ ۔ کتھا چونا لگانے کا چھوٹا سا آلہ ۔
**چم خم** ۔ (چم ۔ خم) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) چمک دمک (۲) پیچ و خم ۔
**چمر** ۔ (چَ ۔ مر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) چمار کا مخفف ۔
**چمر توحید** ۔ خدا کی وحدت کی گھٹیا دلیلیں ۔ بے سمجھے بوجھے ہمہ اوست کا



Marfat.com

دم مارنا۔
**چمر ڈھینگ**۔ (ہ۔ مذ) لگدھ۔ کرگس۔
**چمرخ**۔ (چَم۔ رَخ) [اُ۔ ا۔ مث وصف] (۱) وہ چمڑے یا مونجھ کی پتلی سی چیز جس کے اندر تکلا پھرتا ہے (۲) دُبلا۔ پتلا۔ کمزور۔
**چمرس**۔ (چَم۔ رَس) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ زخم جو جوتی کی رگڑ سے پڑ جائے۔
**چمڑا**۔ (چَم۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] کھال۔ پوست۔ جلد [ہ۔ صف] نہ گلنے کے قابل سخت گوشت۔
**چمڑا اُتارنا (اُدھیڑنا، چھڑانا، کھینچنا، نکلنا)**۔ (ا۔ محاورہ) چمڑا یا کھال بدن سے جُدا کرنا۔
**چمڑی**۔ (چَم۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] کھال۔ پوست (چمڑے کی تصغیر)۔
**چمڑی جائے دمڑی نہ جائے**۔ (ا۔ مثل) اس بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو پیسہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بُھگتنے کو ترجیح دے۔
**چمڑے کے جہاز چلانا**۔ (ا۔ محاورہ) قرمساقی کا پیشہ کرنا۔ زنا کا پیشہ کرنا۔ کٹنا پا کرنا۔
**چمڑے کی زبان ہے**۔ (ا۔ مثل) بھول چُوک ہو ہی جاتی ہے۔
**چمک**۔ (چَ۔ مَک) [ف۔ ا۔ مث] (۱) روشنی۔ جھلک۔ بھڑک۔ آب و تاب (۲) ترقی کرتا ہوا دور۔
**چمک اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غصے ہو جانا۔ جوش میں آ جانا۔ برافروختہ ہونا۔ (۲) درد اُٹھنا (۳) روشن ہو جانا۔
**چمک (چاندنی) چاندنی**۔ (ا۔ مث) وہ عورت جو اوباش عورتوں کی طرح نہایت بنی ٹھنی رہتی ہو۔
**چمک دار**۔ (ف۔ صف) چمکیلا۔ درخشاں۔ جگمگاتا۔
**چمک دمک**۔ (ف۔ ا۔ مث) جھلک۔ آرائش۔ زیب و زینت۔ تابش۔
**چمکاٹ**۔ (چَم۔ کاٹ) [ق۔ ا۔ مث] چمک۔
**چمکار**۔ (چُم۔ کار) [ھ۔ ا۔ مذ] پیار۔ دلاسا۔
**چمکارا**۔ (چَم۔ کا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] چمک۔ روشنی۔
**چمکارنا**۔ (چُم۔ کار۔ نا) [ہ۔ مص] پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔ تھپکانا۔
**چمکانا**۔ (چَم۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) آب دینا۔ صیقل کرنا (۲) بھڑکانا۔ برافروختہ کرنا (۳) گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا (۴) رونق بڑھانا۔
**چمکنا**۔ (چَ۔ مَک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) روشنی دینا۔ کوندنا (۲) نام پانا۔ رونق پانا (۳) جھلکنا۔ جگمگانا۔ دمکنا (۴) بھڑکنا۔ ڈرنا (۵) عروج پکڑنا۔ بلند ہونا (۶) زور پکڑنا (۷) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ جھگڑا ہونا (۸) گرم بازاری ہونا خوب بکری ہونا (۹) گھوڑے کا خوب دوڑنا۔
**چمکو**۔ (چَ۔ مَک۔ کو) [ہ۔ صف] (۱) چھنال۔ فاحشہ۔ بدکار (۲) شوخ۔ چنچل عورت (۳) لڑاکا۔ جھگڑالو عورت۔
**چمکوانا**۔ (چَ۔ مَک۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] صیقل کرنا۔ آب دلوانا۔
**چمکول**۔ (چَم۔ کَو۔ وَل) [ہ۔ صف] چمکتا ہوا۔ چمک والا۔ روشن (۲) عورتوں کی لفظی نزاع۔
**چمکی**۔ (چَم۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا کام۔ جھوٹا مقیش (۲) وہ ستارے جو ٹلے وغیرہ میں پرو کر ٹانکے جاتے ہیں۔
**چمکی کا دستہ**۔ خالص ستاروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو۔
**چمکیلا**۔ (چَم۔ کی۔ لا) [ہ۔ صف] چمک دار۔ جگمگاتا۔
**چمگادڑ۔ چمگیدڑ**۔ (چَم۔ گا۔ دَڑ) (چَم۔ گی۔ دَڑ) [ہ۔ ا۔ مث] ایک پرند جو دن بھر چھتوں یا درختوں کی شاخوں میں اُلٹا لٹکا رہتا اور رات کو اڑتا ہے۔ شپّرہ۔
**چمگادڑ کے گھر مہمان آئے ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو**۔ (ا۔ مثل) جیسا میزبان ہوگا ویسی ہی مہمان کی تواضع ہوگی۔
**چمگدل**۔ (چَم۔ گ۔ دَل) [ق۔ ا۔ مذ] چمگادڑ۔
**چمل۔ چملا۔ چملی**۔ (چَم۔ مل) (چَم۔ لا) (چَم۔ لی) [ہ۔ ا۔ پہلے دو مذ چملی مث] چھوٹا کاسہ جس میں اکثر فقرا اور غریب لوگ کھانا، پانی رکھتے ہیں۔
**چمن**۔ (چَ۔ مَن) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) وہ جگہ جہاں سبزہ پھول وغیرہ ہوں (۲) باغ کے قطعات۔ گلزار۔ پھلواری۔
**چمن آرا۔ چمن بند۔ چمن پیرا۔ چمن طراز**۔ (ف۔ مذ) باغبان۔ مالی۔
**چمن بندی**۔ (ف۔ ا۔ مث) باغ لگانا۔
**چمن زار۔ چمنستان**۔ پھولوں کا قطعہ۔ پھلواری۔ گلزار۔
**چمنی**۔ (Chimney) (چِم۔ نی) [انگ۔ ا۔ مث] دھات یا شیشے کی لمبی نالی۔ دُود کش۔ فانوس۔
**چموٹا**۔ (چَ۔ مو۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر نائی اُسترا صاف کرتے ہیں (۲) (صف) بیوقوف۔
**چموٹی**۔ (چَ۔ مو۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ چمڑا جو قیدیوں کے پاؤں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے لیے لگا دیتے ہیں۔
**چموّانی**۔ (چِم۔ مو۔ را۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] بچوں کا ایک کھیل۔

# چ ــــ ن

**چنا**۔ (چَ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] نخود۔ بوٹ۔ ایک اناج جو فصل ربیع میں پکتا ہے۔
**چنا اور چغل مُنہ لگا بُرا**۔ (ا۔ مثل) چنے کھانے کی عادت پڑ جائے تو چھوٹتی نہیں اور چغل خور کے ساتھ مہربانی کی جائے تو وہ دوسروں سے لڑا دیتا ہے۔
**چنا بھاڑ کو نہیں پھوڑ سکتا**۔ (ا۔ مثل) کمزور زبردست کا کچھ نہیں کر سکتا۔
**چنے چبا لو یا شہنائی بجا لو**۔ (ا۔ مثل) دو کام ایک ساتھ نہیں ہو سکتے۔
**چنے سے بُھن رہے ہیں**۔ (ا۔ مثل) آدمی چٹ پٹ مر رہے ہیں۔
**چنّا**۔ (چَن۔ نا) [ق۔ ا۔ مث] چاندنی۔
**چنار**۔ (چَ۔ نار) [ف۔ ا۔ مذ] ایک بے ثمر درخت جس کی پتیاں پنجۂ انسان کے مشابہ ہوتی ہیں۔
**چُنال**۔ (چُ۔ نال) [ق۔ ا۔ مث] ایک قسم کی جُوتی۔
**چُنّا مُنّا**۔ (چُن۔ نا۔ مُن۔ نا) [ہ۔ صف] بچوں کی زبان میں بہت چھوٹا۔
**چُنانا**۔ (چُ۔ نا۔ نا) [ق۔ مص] مشہور کرنا۔
**چُناں چُنیں۔ چُناں و چُنیں**۔ (چُ۔ ناں۔ چُ۔ نیں) (چُ۔ نا۔ نو۔ چُ۔ نیں) [ف۔ ا] ایسا ویسا۔ اس طرح اُس طرح (۲) لسانی (۳) مین میخ۔ نقص۔ عیب (۴) بحث بحثی۔ تکرار۔



Marfat.com

**چناں چنیں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) باریکیاں چھانٹنا۔ بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔ نقص نکالنا۔
**چُنانچہ۔** (چُ۔ نان۔ چہ) [ف] جیساکہ۔ مثلاً۔ اس طرح۔ اس طور سے۔
**چُناوٹ۔** (چُ۔ نا۔ وَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کپڑے کی چنائی (۲) اینٹ کا چُننا۔
**چُناؤ۔** (چُ۔ نا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] انتخاب۔ الیکشن۔
**چُنائی۔** (چُ۔ نا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] اینٹ، پتھر سے دیوار اُٹھانا۔
**چنبر۔** (چَم۔ بَر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) سرپوش۔ حلقہ۔ گھیرا (۲) چلم کا سرپوش یا ڈھکنا (۳) گردن کی ہنسلی۔
**چنبر چرخ۔** آسمان کا دَور۔
**چنبری۔** (چَم۔ بَ۔ ری) [ف۔ صف] گول۔ دائرہ نما۔
**چنبک۔** (چَم۔ بَک) [ہ۔ ا۔ مذ] مقناطیس۔
**چنبل۔** (چَم۔ بَل) [اُر۔ اسم۔ مذ] (۱) بھیک کا پیالہ (۲) حُقّے کا سرپوش (۳) ایک بیماری۔
**چنبلی۔** (چمب۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا چوڑا پیالہ۔
**چنبیلی۔** (چَم۔ بے۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک خوشبودار پھول۔ سمن۔
**چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی۔** (ا۔ مثل) مُنہ لگایا کمینہ سر پر چڑھا۔
**چنبیلیا۔** (چَم۔ بے۔ لی۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا بھُورے رنگ کا کبوتر۔
**چُنت۔** (چُن۔ نَت) [اُر۔ ا۔ مث] سلوٹ۔ کپڑے وغیرہ کی شکن۔
**چِنتا۔** (چِن۔ تا) [ہ۔ ا۔ مث] فکر۔ اندیشہ۔ ڈر۔
**چنچل۔** (چَن۔ چَل) [ہ۔ صف] نچلا نہ بیٹھنے والا۔ شوخ۔ بے چین۔
**چنچنا۔** (چن۔ چ۔ نا) [ہ۔ صف] بد مزاج۔ چڑچڑا۔ بات بات پر بگڑنے والا۔
**چنچناتا۔** (چن۔ چ۔ نا۔ نا) [ہ۔ مص] ٹھنکنا۔ چیں چیں کرنا۔ بچّے کا رونا۔
**چُن چُن (کر) کے۔** [اُر] انتخاب کرکے۔ چھانٹ چھانٹ کر۔
**چُن چُن کے نام رکھنا۔** (۱) بات بات پر بُرا کہنا۔ چھانٹ چھانٹ کر عیب نکالنا (۲) ہر بات پر طعنہ دینا۔
**چنچنی۔** (چن۔ چ۔ نی) [ہ۔ صف] (۱) بد مزاج۔ چڑچڑی (۲) وہ عورت جس کی آواز صاف اور باریک ہو۔
**چنچنی آواز۔** (۱) صاف اور باریک آواز (۲) بچّوں کے بولنے کی آواز جب وہ جھنجلاہٹ میں بولیں۔
**چُنچُنے۔** (چُن۔ چُ۔ نے) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ کیڑے جو بچّوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ چُرنے۔
**چنچنے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ مرچیں لگنا۔
**چند۔** [ف۔ صف] (۱) کس قدر۔ کتنے۔ کچھ۔ قلیل۔ محدود۔ تھوڑے۔
**چند بار۔** [ا] کئی بار۔ کئی مرتبہ۔
**چند روزہ۔** ناپائدار۔ بے ثبات۔ فانی۔ عارضی۔
**چندا۔** (چَن۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چاند۔ مہتاب (۲) مور کی دُم کا چاند۔
**چندا ماموں۔** بچّے چاند کو کہتے ہیں۔
**چنداں۔** (چَن۔ داں) [ف] اس قدر۔ اتنی۔ ایسی۔
**چندانکہ۔** جس قدر۔ جتنا۔

**چندر۔** [س۔ ا۔ مذ] چاند۔ ماہ۔ مہتاب (۲) مور کی دُم پر جو چاند ہوتا ہے۔
**چندربنسی۔** (س۔ ا۔ مذ) آریوں کے ایک مشہور خاندان کا نام جو اپنے آپ کو چاند دیوتا کی اولاد سمجھتے ہیں۔
**چندر جوت۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چاندنی (۲) [ق] آتش بازی کی ایک قسم۔
**چندر کلا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چاند کے قطر کا سولھواں حصّہ (۲) ایک زیور کا نام جو خاص کر مندروں کی موُرتوں کے سر پر بندھتا ہے۔
**چندر گرہن۔** (ہ۔ ا۔ مذ) چاند گہن۔
**چندرماں۔** (ہ۔ ا۔ مذ) چاند۔ ماہ۔ مہتاب۔
**چندر ہار۔** (ہ۔ ا۔ مذ) گلے کا ایک زیور۔
**چندرا۔** (چَند۔ را) [ہ۔ صف] (۱) وہ شخص جس کی کھوپری پر بال نہ ہوں (۲) عقل مند۔ دانا (۳) منحوس۔ بدنصیب۔
**چندرانا۔** (چَند۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جھُٹلانا (۲) جان بُوجھ کر کوئی بات پوچھنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔
**چندراولی۔** (چَند۔ را۔ وَ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کرشن جی کی ایک گوپی (۲) ایک مشہور ناٹک۔
**چندرکی۔** (چَن۔ دَر۔ کی) [ق۔ ا۔ مث] بیٹھنی۔
**چُندری۔** (چُند۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] رنگ برنگ کا دوپٹہ۔ چُنری۔
**چندماری۔** (چَند۔ ما۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] ایک پرند جس کی چونچ گردن اور پاؤں لانبے ہوتے ہیں اور چونچ کے نیچے ایک تھیلی سی ہوتی ہے۔
**چندن۔** (چَن۔ دَن) [س۔ ا۔ مذ] صندل۔ صندل کی لکڑی۔
**چندن کی چُٹکی بھلی، گاڑی بھرانہ کا ٹھ۔** (ا۔ مثل) تھوڑی اچھی چیز اُس زیادہ سے بہتر ہے جو خراب ہو۔ ذرا سا صندل گاڑی بھر ایندھن سے بہتر ہے۔
**چندنا۔** (چَن۔ دَ۔ نا) [ق۔ ا۔ مث] چاندنی۔
**چندوا۔** (چَند۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] ٹوپی کے اُوپر کا حصّہ۔ گول ٹوپی کے اُوپر کا گردہ۔ چھوٹا شامیانہ۔
**چندوٹھی۔** (چَند۔ وَ۔ ٹھی) [ق] چندی۔ چھوٹا ٹکڑا۔
**چندہ۔** (چَن۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لیے جمع کیا جائے۔
**چُندھا۔** (چُن۔ دھا) [ہ۔ صف] وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں۔
**چُندھیانا۔** (چُندھ۔ یا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا (۲) آنکھوں کی کمزوری کے سبب کم نظر آنا (۳) حیرت زدہ ہونا۔ (۴) گھبرا جانا۔
**چندی۔** (چَن۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] چھوٹا ٹکڑا۔ پُرزہ۔
**چُندیا۔** (چَن۔ دِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سر۔ کھوپڑی (۲) چھوٹی سی روٹی۔ بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا (۳) روٹی بڑھاتے وقت بیچ میں جو ٹکیا سی رہ جائے۔
**چندیا پر بال نہ چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) لُوٹ لُوٹ کر کھا جانا۔ مفلس کر جانا۔



Marfat.com

**چندیا سے پرے سرک** ۔ (ا۔ مقولہ) پاس سے ہٹ ۔ سر کے اوپر سے الگ جاکر کھڑا ہو ۔

**چندیا کھجانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر کھجانا ۔ جوتیاں کھانے کو جی چاہنا ۔

**چندیا مونڈنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر مونڈنا (۲) لوٹ کر کھانا (۳) سخت سزا دینا ۔

**چندیاں لے ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت لعنت ملامت کرنا ۔

**چندیں** ۔ (ف ۔ صف) اتنا ۔ اتنی ۔ کس قدر ۔ کتنے ۔

**چندیں مدت خدائی کردی گاؤ خر نہ شناسی** ۔ (ف ۔ مثل) جب کوئی شخص کسی کام میں ماہر بن کر معمولی بات میں تمیز نہ کر سکے ۔ اس وقت کہتے ہیں ۔

**چندے** ۔ (چن ۔ دے) (ف) (۱) کچھ دیر (۲) کچھ روز (۳) کچھ عرصہ ۔

**چندے آفتاب، چندے ماہتاب** ۔ (ف ۔ صف) حسن و جمال میں سورج اور چاند کے برابر ۔

**چُن دینا** ۔ (چُن ۔ دے ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) ترتیب دینا (۲) موکھا یا در بند کر دینا ۔

**چنڈال** ۔ (چن ۔ ڈال) (س ۔ صف) (۱) کمینہ ۔ ادنیٰ ذات کا (۲) بدنصیب بدبخت (۳) بخیل ۔ کنجوس ۔ مُمسک ۔

**چنڈال بال** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک بڑا بال جو ماتھے پر نکل آتا ہے اور اسے منحوس سمجھتے ہیں ۔

**چنڈال چوکڑی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چند مفسدوں کا گروہ جو جمع ہو کر فتنہ و فساد برپا کریں ۔

**چنڈالنی** ۔ (چن ۔ ڈال ۔ نی) (ہ ۔ صف) کمینی ۔ سفلی ۔ منحوس ۔

**چنڈاول** ۔ (چن ۔ ڈا ۔ ول) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) لشکر کی آخری فوج (۲) سنتری ۔ چوکیدار ۔ پاسبان ۔

**چنڈو** ۔ (چن ۔ ڈو) (ہ ۔ ا ۔ مذ) چانڈو ۔ ایک قسم کا نشہ جو افیون پانی میں پکا کر اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے (۲) گیند (ق) ۔

**چنڈو باز** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چنڈو پینے کا عادی (۲) زرد رنگ آدمی ۔

**چنڈول** ۔ (چن ۔ ڈول) (ق ۔ ا ۔ مذ) گیند ۔

**چنڈول** ۔ (چن ۔ ڈول) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک خوش آواز پرندہ (۲) بدصورت اور بے ہنگم آدمی (۳) ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں ۔ (۴) مٹی کا ایک کھلونا ۔

**چُنری** ۔ (چُن ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) رنگ برنگ دوپٹہ ۔

**چنک** ۔ (چنَ ۔ نک) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ایک قسم کی بیٹر جو گرمی کے موسم میں نکلتی ہے (۲) کمر کی چک ۔ کمر کا جھٹکا ۔

**چنکب** ۔ (چُن ۔ کُب) (ق ۔ ا ۔ مث) چمچن ۔

**چُن کھاؤ** ۔ (چُن ۔ کھا ۔ ؤ) (ق ۔ ا ۔ مذ) (۱) فقیر ۔ بھکاری ۔ (۲) پرندہ ۔

**چنک** ۔ (چِ ۔ نک) (ہ ۔ ا ۔ مث) سوزش ۔ جلن ۔

**چنگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) ستار کی قسم کا ایک باجہ (۲) کوئی چیز جو ٹیڑھی اور جھکی ہوئی ہو (۳) پنجہ (۴) ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اڑاتے ہیں ۔

**چنگ نواز** ۔ چنگ بجانے والا ۔

**چنگا** ۔ (چن ۔ گا) (ہ ۔ صف) اچھا ۔ تندرست ۔ توانا ۔

**چنگا ہے مگر ننگا** ۔ (ا ۔ مثل) صاحب استطاعت تو ہے مگر بے حد کفایت شعار ہے ۔

**چنگاری** ۔ (چن ۔ گا ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) آگ کا شرارہ ۔ ایسی بات جو رنجش کا باعث ہو ۔

**چنگاری جھڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آگ کے پھول جھڑنا ۔

**چنگاری (چھوڑنا) ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایسی بات کرنا جس سے لوگوں کو رنج ہو ۔ فتنہ انگیزی کرنا ۔ آگ لگانا ۔ لڑائی کرنا ۔

**چنگاریاں چھوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آگ کے شرارے نکلنا ۔ آگ کی لپٹیں اٹھنا (۲) کمال جلال ظاہر ہونا ۔ خونخواری برسنا ۔

**چنگال** ۔ (چن ۔ گال) (ف ۔ ا ۔ مذ) درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ ۔

**چنگل** ۔ (چُن ۔ گل) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آدمی یا جانور کا پنجہ (۲) مٹھی ۔ ہاتھ ۔

**چنگل مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پنجہ مار کر پکڑنا ۔

**چنگل میں آجانا** ۔ قابو میں آجانا ۔ پھنس جانا ۔

**چنگنا** ۔ (چنگ ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) چوزہ ۔ مرغی کا بچہ ۔

**چنگنا** ۔ (چِ ۔ نگ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ناراض ہونا ۔

**چُنگنا** ۔ (چُن ۔ گ ۔ نا) (ق ۔ مص) چوسنا ۔

**چنگھاڑ** ۔ (چن ۔ گھاڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ہاتھی کی آواز (۲) شور و غل (۳) فریاد و فغاں کی آواز ۔

**چنگھاڑ مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مہیب آواز نکالنا ۔ ہاتھی کا چیخنا ۔

**چنگھاڑنا** ۔ (چن ۔ گھاڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ہاتھی کا گرجنا ۔ دہاڑنا (۲) مور کا بولنا ۔

**چنگھوٹیاں** ۔ (چن ۔ گھو ۔ ٹ ۔ یاں) (ا ۔ ا ۔ مث) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے آڑے ٹیڑھے حروف ۔

**چنگی** ۔ (چن ۔ گی) (ق ۔ ا ۔ مث) چنگاری ۔

**چنگی** ۔ (چن ۔ گی) (ہ ۔ ا ۔ مث) تھوڑی آگ ۔ آگ کا شرارہ ۔

**چنگی ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چنگاری ڈالنا ۔

**چُنگی** ۔ (چن ۔ گی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چٹکی بھر ۔ چنگل بھر (۲) شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے ۔ ٹیکس ۔

**چنگیاں** ۔ (چن ۔ گ ۔ یاں) (ق ۔ ا ۔ مث) چنگی کی جمع ۔ چنگاریاں ۔

**چنگیر** ۔ (چن ۔ گیر) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پھول رکھنے کا برتن ۔ پھولوں کی ٹوکری (۲) خوان کا سرپوش (۳) روٹیاں رکھنے کا برتن ۔

**چنگیری** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) روٹیوں کی ٹوکری ۔ ایک قسم کی چھیلی ہوئی بید کی بنی ہوئی ٹوکری ۔

**چُننا** ۔ (چُن ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔ پسند کرنا (۲) دیوار بنانا ۔ (۳) سنوارنا ۔ ترتیب دینا ۔ سلیقہ سے رکھنا (۴) نوچنا (۵) چگنا ۔ دانہ اٹھانا (۶) کپڑے میں چنت ڈالنا ۔

**چُنندہ** ۔ (چُ ۔ نن ۔ دہ) (ہ ۔ صف) چیدہ ۔ منتخب ۔ چنا ہوا ۔ اچھے سے اچھا ۔ جمع : چُنندگان ۔

**چننگ** ۔ (چِ ۔ ننگ) (ہ ۔ ا ۔ مث) پیشاب کی سوزش ۔ پیشاب کرتے وقت کی جلن ۔

**چُن لینا** ۔ (چُن ۔ لے ۔ نا) (ہ ۔ مص) انتخاب کرلینا ۔

**چنواں** ۔ (چن ۔ واں) (ہ ۔ صف) چیدہ ۔ چنا ہوا ۔



Marfat.com

**چُنوانا** ۔ (چُن ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) بنوانا ۔ اکٹھا کرانا ۔ کٹوانا ۔ تعمیر کروانا۔

**چُنَوٹی** ۔ (چُ ۔ نَو ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) پان کا چونہ رکھنے کی ڈبیا۔

**چُنوَر** ۔ (چُن ۔ وَر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) مورچھل ۔ مگس ران ۔ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں ۔

**چُنّی** ۔ (چُن ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سُرخ چھوٹا سا نگ ۔ ریزۂ یاقوت (۲) چھوٹا دوپٹہ (۳) لاڑی ۔

**چُنّی مُنّی** ۔ (چُن ۔ نی ۔ مُن ۔ نی) (ہ ۔ صف) (بچوں کی زبان) بہت چھوٹی سی ۔

**چُنیا** ۔ (چُ ۔ یا) (ہ ۔ صف) چھوٹی ۔ ذرا سی ۔

**چنیا بطخ** ۔ (ا ۔ مث) ایک قسم کی چھوٹی بطخ ۔

**چنیا بیگم** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) افیون ۔

**چنیا گوند** ۔ ڈھاک کا گوند۔

**چُنیدہ** ۔ (چُ ۔ نی ۔ دَہ) (ف ۔ صف) چیدہ ۔ منتخب ۔ چُنا ہوا۔

**چُنیں** ۔ (چُ ۔ نِیں) (ف) ایسا ۔ ایسی بات ۔

## چ ـــــ و

**چَو** ۔ (ہ ۔ صف) چار ۔ چہار ۔ مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔

**چوالیس** ۔ چار اُوپر چالیس ۔ ۴۴ ۔

**چوبارا** ۔ (ا ۔ مذ) کوٹھا ۔ مکان کے اُوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے ہوں یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوں۔

**چَوبائی** ۔ چوطرفی ہوا ۔ چاروں طرف کی ہوا ۔

**چوبائی ہوا چلا دو** ۔ (ا ۔ مثل) نہایت عقل مندی اور عیاری سے کوئی تعجب انگیز تدبیر کرکے کامیاب ہو جاؤ ۔

**چَوبرسی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) مردہ کی ایک رسم جو چار سال بعد ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے ۔

**چوبغلا** ۔ (ا ۔ مذ) چوغے یا انگرکھے کے بغل کے نیچے کا حصّہ جس میں چار جوڑ ہوتے ہیں ۔

**چوبندی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) جانور کے چاروں نعل باندھنا ۔ نعل بندی (۲) خراج ۔

**چوبندی باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نعل بندی کرنا ۔

**چوبندی جکڑنا ۔ چوبندی کسنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا ۔ چومیخا کرنا ۔

**چَوبولا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہندی گیت ۔ چار مصرعوں کا ۔

**چوبیس** ۔ (ا ۔ حرفِ عدد) چار اُوپر بیس ۔ ۲۴ ۔

**چوبیسا** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) چوبیس گاؤں کا پرگنہ (۲) ایک قسم کا تعویذ جس کو چوبیس کا نقش کہتے ہیں ۔

**چَوپال** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چوپہل کا بگڑا ہُوا ۔ بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ گاؤں کا وہ پنچایتی مکان جس میں لوگ مل کر بیٹھتے ہیں یا مسافر ٹھہرتے ہیں ۔

**چَوپالا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا ڈولا ۔ جس کے چاروں پہلو برابر ہوتے ہیں ۔ چوپہلا ۔ ہوادار ڈولا۔

**چوپائی ۔ چوپئی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چار مصرعوں کی نظم ۔ رُباعی ۔

**چوپایہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چار پاؤں کا مویشی ۔ حیوانِ مطلق ۔

**چَوپٹ** ۔ (ہ ۔ صف) (۱) چاروں دروازے کھلے ہوئے ۔ کھُلا ہوا ۔ فراخ ۔ کشادہ (۲) جاہل مطلق (۳) ویران ۔ برباد ۔ اندھا ۔

**چوپٹ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اُجاڑنا ۔ ویران کرنا ۔ لُوٹنا ۔ غارت کرنا ۔ خراب کرنا (۲) پڑھا لکھا بھلا دینا (۳) چِت کر دینا ۔

**چَوپڑ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چوسر ۔ نرد بازی ۔ پچیسی (۲) چوسر کی بساط جو چہار سر اور چہار کونہ ہوتی ہے ۔ چوسر کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں رکھتے ہیں ۔

**چوپڑ کا بازار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چار راستوں کا بازار ۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں ۔ چار بازار ۔

**چَوپڑا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) مربع جگہ جو کوٹھے کے چند زینوں کے بعد بنا دیتے ہیں (۲) مربع کنواں یا باؤلی ۔

**چوپن ۔ چوَن** ۔ ۵۴ (ق) ۔

**چوپہرا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چار پہر کا ۔ چار پہروں میں یا چار پہروں کے لیے ۔

**چوپہل** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) چار پہلو کا ۔

**چوپہلا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا مربع ڈولا ۔ محافہ جس کو کہار اُٹھاتے ہیں ۔

**چَوپھلا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چار پھل کا (عموماً چاقو کے لیے استعمال ہوتا ہے)

**چوپھیر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چاروں طرف کا ۔ گرداگرد کا ۔

**چوپہیا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چار پہیوں کا (۲) چار پہیوں کی گاڑی ۔

**چوتارا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چار تار کا بنا ہُوا (۲) ایک قسم کا باجا۔

**چوتالا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چار تال کا ۔ چار ضرب کا ۔ طبلہ بجانے کا ایک طریق (۲) ایک قسم کا گیان ۔

**چُوترا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چبوترا ۔ مربع یا مستطیل اُونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے اُٹھتے ہیں ۔

**چَوتہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) چار تہوں کا ۔

**چَوتہی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا سُوتی بستر جس کو چار تہہ کرکے بچھاتے ہیں ۔

**چَوچند** ۔ چار چند ۔ چوگنا ۔ چار گنا ۔

**چَوحاشیہ** ۔ (ہ ۔ ع ۔ صف) جس کے چاروں طرف حاشیہ ہو ۔

**چَوحدّہ** ۔ (ہ ۔ ف ۔ صف) وہ نشان جو چار گاؤں کی زمین ملنے کی جگہ بنایا جاتا ہے ۔

**چَوحدی** ۔ (ہ ۔ ف ۔ مث) چاروں حدیں ۔

**چَوخانہ** ۔ (ہ ۔ ف ۔ صف) وہ کپڑا جس میں مربع خانے بنے ہوئے ہوں ۔

**چَوخانی** ۔ کبوتروں کی چار خانوں والی کابک ۔

**چَودانی** ۔ (ہ ۔ ف ۔ مث) کان کا ایک زیور جس میں چار موتی لگے ہوتے ہیں ۔

**چَودس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چاند کی چودھویں تاریخ ۔ ہندی مہینہ کے ہر پاکھ کی چودھویں تاریخ ۔

**چَودہ** ۔ (ا ۔ عدد) چار اُوپر دس ۔ ۱۴ ۔

**چَودہ بِدیا** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) چَودہ علم یعنی چار وید ۔ چھ وید انگ ۔ دھرم شاستر ۔ میمانسا ۔ نیائے ۔ پُران ۔

**چَودہ بِدیا ندھان** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) چودہ علموں کا عالم ۔ بڑا بھاری فاضل (۲) پختہ کار ۔ تجربہ کار ۔

**چَودہ خانوادے** ۔ سلسلۂ صوفیا کی چودہ شاخیں جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلی ہیں ۔



Marfat.com

**چودہ طبق** ۔ (ہ ۔ ع ۔ مذ) سات طبقے زمین اور سات طبقے زمین۔

**چودہ طبق روشن ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل اور فراست بڑھ جانا۔ معلومات زیادہ ہونا۔

**چودہ معصوم** ۔ (ہ ۔ ع ۔ مذ) شیعوں کے فرقہ امامیہ کے نزدیک رسولِ اکرمؐ حضرت فاطمہؓ اور بارہ امام۔

**چودھواں** ۔ چودہ سے نسبت رکھنے والا۔ چودھویں نمبر کا۔

**چودھواں معصوم** ۔ (ا ۔ مذ) حضرت امام مہدی۔

**چودھویں** ۔ (ا ۔ عدد ترتیبی) چودہ سے نسبت رکھنے والی۔

**چودھویں رات** ۔ (ا ۔ مث) چاند کی وہ رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے۔ شبِ ماہ۔

**چودھویں کا چاند** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) بدر ۔ ماہِ کامل ۔ ماہِ تمام (۲) نہایت خوبصورت۔

**چودھیر** ۔ چاروں طرف ۔ چاروں اطراف (ق)

**چوراسی** ۔ (۱) چار اوپر اسّی ۔ ۸۴ (۲) ایک قسم کا زیور ۔ جھانجھن (۳) گھنگھروؤں کا ہار جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے۔

**چوراسی بھوگنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) ہندوؤں کے عقیدے میں مرنے کے بعد (چوراسی لاکھ قالبوں میں جانا) آواگون کے چکر میں پڑنا۔ کیے کی سزا پانا۔

**چوراسیا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چوراسی برس کا ۔ ہشتاد و چہار سالہ (۲) برہمنوں کی ایک قوم۔

**چورانوے** ۔ چار اُوپر نوّے ۔ ۹۴۔

**چوراہا** ۔ (ا ۔ مذ) وہ جگہ جہاں سے چار راستے نکلتے ہوں۔

**چوراہے میں** ۔ (ا ۔ تابع فعل) سب کے سامنے ۔ کھلم کھلا ۔ بیچ بازار ۔ سرِ بازار۔

**چورس** ۔ (ا ۔ صف) (۱) ہموار مسطح (۲) مربع چوکور۔

**چورسانا** ۔ (ا ۔ مع) ہموار کرنا ۔ چوکور کرنا ۔ مسطح کرنا۔

**چورسائی** ۔ (ا ۔ مث) ہمواری ۔ برابری۔

**چورسی** ۔ (ا ۔ مث) ترکھانوں کا ایک اوزار۔

**چورنگ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں (۲) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا ۔ تلوار کا وار ۔ تلوار کا ہاتھ۔

**چورنگ کاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا۔

**چوریانو** ۔ (ہ ۔ عدد) چورانوے ۔ ۹۴ (ق)

**چوسٹھ** ۔ چونسٹھ ۔ چار اُوپر ساٹھ ۔ ۶۴۔

**چوسر** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) نرد بازی ۔ پچیسی ۔ چار گوشہ (۲) بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں

**چوسر باز** ۔ (ا ۔ مذ) چوسر کا کھلاڑی ۔ نرد باز۔

**چوکا** ۔ (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) مربع پتھر ۔ سنگِ مرمر کی مربع سِل (۳) پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں (۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک چھانٹ

**چوکا برتن کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پکانے کھانے کی جگہ کو تیار کرنا ۔ کھانے پینے کے برتنوں کو مانجھنا

**چوکدن** ۔ چاروں طرف (ق)۔

**چوکڑی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) ہرن کی قلانچ ۔ زقند ۔ چھلانگ (۲) چار گھوڑوں کی بگھی (۳) ایک زیور (۴) حد حدلبست (۵) ایک قسم کی چار چیزیں (۶) گلے کا ایک زیور۔

**چوکڑی بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہرن یا گھوڑے کا اُچھلنا ۔ کودنا ۔ قلانچیں مارنا۔

**چوکڑی بھول جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سٹ پٹا جانا ۔ گھبرا جانا ۔ ہوش نہ رہنا۔

**چوکس** ۔ (ا ۔ صف) چاروں طرف سے خبردار ۔ چوکنا (۲) وہ شخص جو اپنے کام میں ہوشیار ہو (۳) تول میں پورا ۔ ٹھیک۔

**چوکس رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خبردار رہنا ۔ ہر طرف سے ہوشیار رہنا۔

**چوکسی** ۔ (ا ۔ مث) ہوشیاری ۔ نگہبانی ۔ خبرداری۔

**چوکنّا** ۔ (ا ۔ صف) ہوشیار ۔ خبردار ۔ بیدار مغز ۔ باخبر۔

**چوکنّا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہوشیار ہونا ۔ بیدار ہونا (۲) بھڑکنا ۔ بدکنا ۔ تیز ہونا۔

**چوکور ۔ چوکون ۔ چوکونا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) مربع چورس (۲) نہایت موٹا آدمی۔

**چوکھٹ** ۔ (ا ۔ مث) دروازہ کی چار لکڑیاں جس میں پٹ لگائے جاتے ہیں۔

**چوکھٹ نہ جھانکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کبھی نہ آنا ۔ کسی کے گھر نہ جانا۔

**چوکھٹا** ۔ آئینہ دار گھر ۔ وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ جڑا جاتا ہے ۔ تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم۔

**چوکھونٹ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) چاروں طرف (۲) دنیا ۔ عالم (۳) ہر طرف ۔ ہر سمت۔

**چوکھونٹا** ۔ (ا ۔ صف) چار گوشہ ۔ چار پہلو ۔ مربع۔

**چوگڈ** ۔ (ہ ۔ مذ) (۱) وہ جگہ جہاں چار گاؤں کی حدیں ملیں (۲) چار کنکوؤں کا گٹھا۔

**چوگڈی** ۔ بانس کی پتلی چھڑیوں کا چوگوشہ آلہ جس سے پرندے پکڑتے ہیں۔

**چوگرد** ۔ (ا ۔ مذ) چاروں طرف۔

**چوگلا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) چار پنکھڑی کا پھول۔

**چوگنا** ۔ (ا ۔ صف) چہار چند۔

**چوگوشیا** ۔ (ا ۔ مث) (۱) چار کونوں والی (۲) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار گوشے ہوتے ہیں (۳) ترکی گھوڑا۔

**چوگھڑا** ۔ (۱) چار خانوں کا سونے چاندی یا تانبے وغیرہ کا بکس جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں (۲) بچوں کے کھیلنے کا ایک بکس (۳) ساچق کی آرائش کی ٹھلیاں جو ایک ایک ٹٹی پر چار چار میوؤں وغیرہ سے بھری ہوئی رکھی جاتی ہیں (۴) سفید بڑی الائچی۔

**چولادا** ۔ (ا ۔ مذ) ایک کنواں جس میں چار رسیاں پڑتی ہیں۔

**چولڑا** ۔ (ا ۔ مذ) گلے کا ایک ہار جس میں چار لڑیاں ہوتی ہیں۔

**چوماس ۔ چوماسا** ۔ (ا ۔ مذ) برسات کے چار مہینے ۔ برسات۔

**چومکھ** ۔ (ا ۔ مذ) چار بتی کا چراغ ۔ وہ چراغ جس کے چاروں طرف بتیاں روشن کی جائیں ۔ چار رُخ والی۔

**چومکھ جلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منّت کا چومکھا چراغ جلانا ۔ صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا۔

**چومکھا** ۔ (۱) چار مُنہ کا (۲) چار بتی کا چراغ (۳) پٹے کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اِس طرح پھرایا جائے کہ کسی طرف سے حریف قابو نہ پائے (۴) وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے۔

**چومکھی** ۔ (ا ۔ صف ۔ مث) (۱) چومکھا کی تانیث (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی (۳) ایک درخت کا بیج۔

**چومکھی لڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حریف سے چاروں طرف لڑنا (۲) کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا۔

**چومنزلا** ۔ (ہ ۔ صف) چار منزل کا مکان۔



Marfat.com

**چومیخا**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کی سزا جس میں چار میخیں گاڑ کر مُجرم کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے ان کے ساتھ باندھ دیئے جاتے تھے۔
**چومیخا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) چت یا اوندھا لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا۔
**چونتیس**۔ (ا۔ عدد) چار اُوپر تیس۔ ۳۴۔
**چونسٹھ**۔ (ا۔ عدد) چار اُوپر ساٹھ۔ ۶۴۔
**چوہتر**۔ (ا۔ عدد) چار اُوپر ستر۔ ۷۴۔
**چوہٹا**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) چوک (۲) وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں۔
**چوہرا**۔ (ا۔ صف) چار تہوں کا۔
**چُو**۔ (ف۔ حرفِ شرط) اگر۔
**چُو کُفر از کعبہ برخیزد کُجا مانَد مسلمانی**۔ (ف۔ مثل) جس سے فریاد کی جائے اگر وہی زیادتی کرے تو اس موقع پر کہتے ہیں۔
**چُوا**۔ (چُ۔ وا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) خوشبو کی ایک چیز جو مشک۔ صندل۔ زعفران۔ اور عنبر ملا کر بناتے ہیں (۲) پانی کی سوت (۳) بھیگی دال کا چھلکا۔
**چُوا چندن**۔ ایک قسم کا کبوتر۔
**چوَا**۔ (چوَ۔ وا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) گنجفہ اور تاش کا وہ ورق جس پر چار نشان ہوں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر۔
**چُوانا**۔ (چُ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مع) ٹپکانا۔ نچوڑنا۔
**چُواؤ**۔ (چُ۔ وا۔ ؤ) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) رساؤ۔ ٹپکاؤ۔ چکیدگی (۲) قند و شکر کا شیرہ۔
**چوب**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) لکڑی۔ عمارتی لکڑی (۲) شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی (۳) ڈھول وغیرہ بجانے کی لکڑی۔ لاٹھی۔ چھڑی۔
**چوب چینی**۔ (ف۔ا۔ مث) لکڑی کی قسم کی ایک خوشبو دار دوا۔
**چوب دار**۔ (ف۔ا۔ مذ) نقیب۔ عصا بردار۔ وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا عصا لے کر امیروں کے آگے آگے چلتا ہے۔
**چوب دستی**۔ (ف۔ا۔ مث) ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی۔
**چوَبا**۔ (چوَ۔ با) (ہ۔ا۔ مذ) چار ویدوں کا عالم برہمن۔ برہمنوں کی ایک قوم جو بہت کھانے میں مشہور ہے۔
**چُوبے گئے تھے چھبّے ہونے دُوبے ہو آئے**۔ (ہ) جب کوئی شخص کسی فائدے کی اُمید پر کہیں جائے لیکن اُلٹا گرہ کا بھی کھو آئے تو کہتے ہیں۔
**چوبا**۔ [ہ۔ا۔ مذ] (۱) میخ۔ کھونٹا۔ کیل (۲) میٹھے چاول جن میں میوہ وغیرہ لگا کر شادی میں بھیجتے ہیں۔ شکرانہ۔
**چوبچہ**۔ (چو۔ بَچ۔ چہ) (اُ۔ا۔ مذ) (چاہ بچہ) چھوٹا حوض۔ گندے پانی کا گڑھا۔
**چوبی**۔ (چو۔ بی) (ف۔ صف) لکڑی کا بنا ہوا۔
**چوبی دار نقش و نگار**۔ (ف۔ا۔ صف) لکڑی پر کھدے ہوئے بیل بوٹے لکڑی پر کھدائی کا کام۔
**چوبیں**۔ (چو۔ بیں) (ف۔ صف) لکڑی کا۔
**چوبیا**۔ (ق۔ا۔ مذ) بندوبست۔

**چوپان**۔ (چو۔ پان) (ف۔ا۔ مذ) چرواہا۔ گڈریا۔ پاسبان۔
**چوپانی**۔ (چو۔ پا۔ نی) (ف۔ا۔ مث) چرواہے کا کام۔
**چوُپلی کی چپی**۔ (چُو۔ پلی۔ کی۔ چَ۔ پی) (ق۔ صف) (۱) خاموش (۲) بلا ارادہ۔ یوں ہی۔
**چُوت**۔ (ہ۔ا۔ مث) فرج۔ عورت کا اندام نہانی۔
**چُوتڑ**۔ (چُو۔ تڑ) (ہ۔ا۔ مذ) کُولا۔ پُٹھا۔ سُرین۔
**چُوتڑ بجانا**۔ (ا۔ محاورہ) خوش ہونا۔ بغلیں بجانا۔
**چُوتڑ (پیٹنا) پیٹ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا (۲) افسوس کرنا۔
**چُوتڑ دکھانا**۔ (ا۔ محاورہ) پیٹھ دکھانا۔ بے شرمی سے بھاگنا۔
**چُوتڑ مٹکانا**۔ (ا۔ محاورہ) ناچ میں کولھوں کو ہلانا۔
**چُوتڑوں پر پیاز کترنا**۔ (ا۔ محاورہ) سامنے دھوکا دینا۔ رُوبرو فریب دینا۔
**چُوتڑوں پر پیاز کتروانا**۔ (ا۔ محاورہ) رُوبرو فریب کھانا۔ چکمہ کھانا۔ چونا لگوانا۔
**چُوتڑوں پر کھانا**۔ بے عزتی سے شکست کھانا۔ بے غیرتی کی مات کھانا۔
**چُوتڑوں سے (کان کاٹنا) سُپاری توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) انوکھی بات کرنا۔
**چُوتڑوں سے گھاس کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے پروائی کرنا۔ محنت نہ کرنا۔ دل لگا کر کام نہ کرنا۔ بے دلی سے کام کرنا۔
**چُوتڑوں کا لہو مرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا۔
**چُوتڑوں کے بل بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) گھبرا کر بیٹھنا۔ حیران و ششدر ہونا۔
**چُوتڑوں کے بل گرنا**۔ اوندھا گرنا۔
**چوتھ**۔ (ہ۔ا۔ مث) (۱) چوتھا حصّہ (۲) ہندی مہینہ کی چوتھی تاریخ (۳) آمدنی کا چوتھائی جو مرہٹے بطور خراج وصول کرتے تھے۔
**چوتھا**۔ (چو۔ تھا) (ہ۔ صف۔ و۔ا۔ مذ) (۱) چہارم (۲) میت کے چوتھے دن کی رسم
**چوتھے پانچویں**۔ گاہ بگاہ۔ کبھی کبھی۔
**چوتھائی**۔ (چو۔ تھا۔ ای) (ہ۔ا۔ مث) چوتھا حصّہ۔
**چوتھی**۔ (چو۔ تھی) (ہ۔ا۔ مث) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے۔
**چوتھی کا جوڑا**۔ (ہ۔ا۔ مذ) وہ بھاری جوڑا جو دُلھن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔
**چوتھی کھیلنا**۔ چوتھی کے روز دُلھن کے گھر جا کر پھولوں کی چھڑیوں۔ سبزی ترکاریوں اور میووں کو ایک دوسرے پر پھینکنا۔
**چوتھیا**۔ (چو۔ تھی۔ یا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) چوتھے روز کا بخار (۲) نمبردار۔ زمیندار۔
**چُوتیا**۔ (چُو۔ تِ۔ یا) (ہ۔ صف) احمق۔ بے وقوف۔ گاؤدی۔
**چُوتیا بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) بے وقوف بنانا۔ ہنسی اُڑانا۔ تمسخر اُڑانا۔
**چُوتیا پن**۔ (ہ۔ا۔ مذ) بے وقوفی۔ حماقت۔
**چُوتیا چکر**۔ (ہ۔ا۔ مذ) احمق۔ بے وقوف۔
**چُوتیا شہید**۔ (ہ۔ا۔ مذ) وہ شخص جو اس قدر زیادہ جماع کرے کہ اس کے ضعف سے جان دے دے۔ بہت زیادہ جماع کرنے والا۔
**چُوتیا مر گئے اولاد چھوڑ گئے**۔ (ا۔ مثل) ایسے بے وقوف کے متعلق کہتے ہیں



Marfat.com

جو کام خراب کرے۔

**چوٹ** - [ہ - ا - مث ] (۱) ضرب - مار (۲) دُکھ - تکلیف - (۳) حربہ - حملہ - (۴) طعن - تشنیع (۵) عشق و محبت کا صدمہ (۶) خواہش - آرزو (۷) جوڑ - مقابل (۸) داؤ - گھات (۹) نقصان - ضرر -

**چوٹ آنا** - (ا - محاورہ ) (۱) ضرب آنا (۲) صدمہ پہنچنا - طنز ہونا - طعن تشنیع ہونا -

**چوٹ اُبھرنا** - (ا - محاورہ ) (۱) لگی ہوئی ضرب کا ظاہر ہونا (۲) دُکھ کا دوبارہ ظاہر ہونا -

**چوٹ اُٹھانا** - (ا - محاورہ ) (۱) ضرب برداشت کرنا (۲) صدمہ سہنا -

**چوٹ بچانا** - (ا - محاورہ ) ضرب خالی دینا - حریف کی ضرب کو اپنے اُوپر نہ آنے دینا -

**چوٹ پر چوٹ پڑنا** - (ا - محاورہ ) صدمے پر صدمہ پہنچنا - ضرب کے بعد ضرب لگنا -

**چوٹ پڑنا** - (ا - محاورہ ) (۱) ضرب پہنچنا (۲) صدمہ پہنچنا - دھکا لگنا -

**چوٹ پھیٹ - چوٹ چپیٹ** - (ا - مث ) ضرب - زخم - صدمہ -

**چوٹ پیدا کرنا** - (ا - محاورہ ) کسی کے مدِ مقابل دوسرا بہم پہنچانا -

**چوٹ چلنا** - (ا - محاورہ ) (۱) وار چلنا - حملہ ہونا (۲) آوازہ کسنا - طنز کرنا (۳) دو حریفوں کا لڑنا - داؤں کرنا -

**چوٹ خالی جانا** - (ا - محاورہ ) وار خالی جانا - نشانہ چُوکنا -

**چوٹ دُکھنا** - (ا - محاورہ ) اس مقام پر درد ہونا جہاں چوٹ لگی ہو -

**چوٹ رُکنا** - (ا - محاورہ ) حملہ رُکنا - ضرب رُکنا -

**چوٹ سہنا** - (ا - محاورہ ) ضرب برداشت کرنا -

**چوٹ کرنا** - (ا - محاورہ ) (۱) کاٹنا - ڈسنا - ضرب پہنچانا (۲) حریف پر وار کرنا - حملہ کرنا (۳) داؤں کرنا - دھوکا کرنا - طعنہ دینا - طنز کرنا -

**چوٹ کھانا** - (ا - محاورہ ) زخم کھانا - زخمی ہونا - مار کھانا - صدمہ اُٹھانا - نقصان اُٹھانا -

**چوٹ لگنا** - (ا - محاورہ ) صدمہ پہنچنا - ضرب لگنا - رنج پہنچنا -

**چوٹ لگی پہاڑ کی، توڑیں گھر کی سِل** - (ا - مثل ) زبردست حریف سے بس نہیں چلے تو بیوی پر غصّہ نکالنا -

**چوٹالنا** - (چو - ٹال - نا ) [ ہ - مص ] کوٹنا - ضرب لگانا -

**چوٹٹا** - (چوٹ - ٹا ) [ ہ - ا - مذ ] چور - اُٹھائی گیرا -

**چوٹٹی** - (چوٹ - ٹی ) [ ہ - ا - مث ] چور عورت -

**چوٹٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی** - (ا - مثل ) کسی خائن کے سپرد امانت اور دیانت کا کام کرنا -

**چوٹٹی والا** - (ہ - صف ) حرامی - بدذات -

**چوٹی** - (چو - ٹی ) [ ہ - ا - مث ] (۱) چونڈا - سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیئے جاتے ہیں (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے سر کے بال (۳) وہ چند بال جو بچوں کے سر پر بطور نذر چھوڑ دیتے ہیں (۴) پہاڑ کی سب سے اُونچی جگہ - قلۂ کوہ (۵) وہ پَر جو پرندوں کے سر پر اُبھرے (۶) عروج (۷) کلس کنگرہ -

**چوٹی دبنا** - (ا - محاورہ ) مغلوب ہونا - مجبوری ہونا -

**چوٹی رکھنا** - (ا - محاورہ ) سر پر منّت کے بال رکھنا -

**چوٹی کا** - (ا - صف ) اوّل درجہ کا - چیدہ - چُنا ہُوا -

**چوٹی کترنا** - (ا - محاورہ ) زیر کرنا - عاجز کرنا -

**چوٹی کٹ** - [ ہ - ا - مذ ] غلام - جو شخص قابو میں ہو -

**چوٹی کرنا - چوٹی گوندھنا** - (ا - محاورہ ) بال گوندھنا - بال سنوارنا -

**چوٹی کی بات** - (ا - مث ) نہایت عمدہ بات - اعلیٰ درجے کی بات -

**چوٹی والا** - (ا - مذ ) بھوت - ہمزاد - سایہ - بلا -

**چوٹی ہاتھ ہونا** - (ا - محاورہ ) قابو اور اختیار ہونا -

**چوچ** - (ہ - ا - مذ ) عجوبہ - انوکھا (۲) نفاست - نزاکت (۳) حسن و خوبصورتی (۴) وصف - گُن (۵) تیز فہمی (۶) شرارت - شوخی - مکر - عیاری - چالاکی (۷) آرزو - تمنّا -

**چوچی** - (ہ - صف ) عجیب - انوکھا -

**چوچ** - (س - ا - مذ ) چھال - چھلکا - کھال - چمڑا (۲) میوے کا وہ حصّہ جو کھایا نہ جائے (۳) آدھا کھایا ہُوا پھل (۴) تاڑ کا پھل (۵) ناریل (۶) کیلا (۷) دارچینی -

**چوچک** - (ہ - ا - مذ ) دارچینی -

**چوچڑ** - (چو - چڑ ) [ ہ - صف ] (۱) بیوقوف (۲) کم دُودھ دینے والی گائے -

**چوچلا - چونچلا** - (چو چ - لا ) (چو نچ - لا ) [ ہ - ا - مذ ] (۱) نخرہ (۲) نازکی باتیں - لاڈ - پیار -

**چوچلا (بگھارنا ) کرنا** - (ا - محاورہ ) (۱) ناز کرنا - نخرہ کرنا (۲) محبت جتانا -

**چوچل ہائی** - (چو - چل - ہا - ای ) [ ہ - صف ] نخرے پیٹی ) نازک مزاج - اترانے والی

**چوچل ہایا** - (چو - چل - ہا - یا ) [ ہ - صف ] لاڈلا - نخریلو - نخرے باز -

**چوچی** - (چو - چی ) [ ہ - ا - مث ] پستان - چھاتی - تھن -

**چودنا** - (چود - نا ) [ ہ - مص ] جماع کرنا - مجامعت کرنا - ہمبستر ہونا -

**چودھر** - (چو - دھر ) [ ہ - ا - مث ] شاہی کا ایک عہدہ - چودھری کا عہدہ منصب یا رُتبہ

**چودھرات** - (چو - دھ - رات ) [ ہ - ا - مث ] چودھری کا عہدہ - نمبرداری - سرداری - چوہدری کا حق یا فیس -

**چودھری** - (چو - دھ - ری ) [ ہ - ا - مذ ] (۱) سرغنہ (۲) نمبردار - مقدم - گاؤں کا سردار - میر محلّہ (۳) زمینداروں کا ایک خطاب -

**چوڈھل** - (چو - ڈھل ) [ ق - ا - مث ] چنڈول - عماری -

**چور** - [ ہ - ا - مذ ] (۱) دُزد - سارق - دوسروں کا مال چھپ کر اُٹھا لے جانے والا (۲) ناسُور - زخم کے اندر کا حصّہ جو اچھا ہونے سے باقی رہ جائے (۳) خفیہ درز - پوشیدہ سوراخ (۴) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد چھوٹ جائے (۵) بدگمانی - برائی (۶) اندیشہ - خوف خطر (۷) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جسے کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں (۸) [ صف ] خفیہ - پوشیدہ -

**چور انعام** - (ا - مذ ) وہ زمین جسے مالگزاری ادا کیے بغیر کاشت کیا جائے -

**چور اور چتر** - (ا - صف ) خود ہی چور اور خود ہی شاہد -

**چور بازاری** - (ا - مث ) خفیہ طور پر مہنگے داموں بیچنا -

**چور بالو** - (ا - مث ) ریگِ رواں - سراب -

**چور بدن** - (ا - مذ ) وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو -

**چور بن کر آنا** - (ا - محاورہ ) چھپ کر آنا -



Marfat.com

**چور بیٹھنا**۔ بدگمانی ہونا۔ خوف ہونا۔ بُرائی ہونا۔

**چور پانی**۔ (ا۔ مذ) وہ پانی جو دریا کے کنارے پر یا خشک تہ میں ریت کھود کر نکالا جائے۔

**چور پر مور پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) چور کے گھر میں خود ہی چوری ہونا۔ ٹھگ کا ٹھگا جانا

**چور پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چوروں کا کسی کے گھر میں اُترنا (۲) ناسور پڑنا۔ (۳) مہندی لگانے سے کچھ جگہ چھوٹ جانا۔

**چور پہرا**۔ (ا۔ مذ) (۱) خفیہ پہرا۔ پوشیدہ پاسبانی (۲) (ق) ہراول۔

**چور پیٹ**۔ (ا۔ مذ) وہ پیٹ جس کا حمل عرصہ تک دکھائی نہ دے۔

**چور پیسا**۔ (ا۔ مذ) پیسا جو خاک میں گر کر مشکل سے پایا جاتا ہے۔

**چور تھانگ**۔ (ا۔ مذ) وہ شخص جو چوری کا مال لیتا ہو۔

**چور جاتے رہے کہ اندھیاری**۔ (ا۔ مثل) نہ چور ہی دنیا سے غائب ہونگے نہ تاریکی ہی چلی جائے گی جب اندھیری آئے گی چور آموجود ہوں گے بدکار موقع پاکر پھر بدکاری کرتا ہے۔

**چور جانے چور کی سار**۔ (ا۔ مثل) چور کو چور ہی پہچان سکتا ہے۔

**چور کا حال سو میرا حال**۔ (ا۔ مقولہ) اپنی صفائی ظاہر کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔

**چور چرا دے اور گردن ہلا دے**۔ (ا۔ مثل) بُرا کام کرکے مکر جانے والے کے متعلق بولتے ہیں۔

**چور چکار**۔ (ا۔ مذ) چور۔ اُچکا۔ بدمعاش۔ گرہ کٹ۔

**چور چوری سے جاتا ہے ایرا پھیری سے نہیں جاتا**۔ (ا۔ مثل) عادت چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے۔ بُری عادت نہیں جاتی۔

**چور خانہ**۔ (ا۔ مذ) (۱) صندوقچہ کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ جو دوسرے خانے میں ہو (۳) خلوت خانہ۔

**چور دروازہ**۔ (ا۔ مذ) گھر کا وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو۔

**چور دیج**۔ (ا۔ مذ) (تلوار سے کھیلنے والوں کی اصطلاح) حریف کا میدان میں آکر آگے پیچھے ہٹانا اور تلوار اور ڈھال کو اُوپر لے جاکر حریف پر وار کرنا۔

**چور راستہ**۔ (ا۔ مذ) غیر متعارف راستہ۔ پوشیدہ راستہ۔

**چور زمین**۔ (ا۔ مث) دَلدل۔ دھساؤ۔

**چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لٹا**۔ (ا۔ مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدرد بنے۔

**چور کا بھائی گرہ کترا**۔ (ا۔ مثل) جب کوئی شخص عیب دار کی طرف داری کرتا ہے تو اس کی نسبت بولتے ہیں۔ بد کا ساتھی بد۔

**چور کا جی کتنا**۔ (ا۔ مقولہ) چور ذرا سی بات پر ڈر جاتا ہے۔

**چور کا شاہد چراغ**۔ (ا۔ مثل) جب کوئی رازدار کسی کا بھید کھول دے۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔

**چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے**۔ (ا۔ مثل) بُرے کو سوا ضرر کے کچھ فائدہ نہیں ملتا۔ چور کے مال میں کئی حصہ دار ہوتے ہیں مگر سزا میں کوئی حصہ دار نہیں ہوتا۔

**چور کچہری**۔ (ا۔ مث) وہ محکمہ جو بدمعاشوں اور چوروں کی سُراغرسانی پوشیدہ طور سے کرے۔ خفیہ پولیس۔

**چور کو چور ہی سوجھتا ہے**۔ (ا۔ مثل) جیسے کو ویسا ہی پہچانتا ہے۔ دل را دل سے شناسد۔ ہر شخص دوسرے کو اپنا ہی جیسا سمجھتا ہے۔

**چور کو گھر تک پہنچانا**۔ (ا۔ محاورہ) معاملہ کو انتہا تک پہنچانا۔

**چور کھڑکی**۔ (ا۔ مث) پوشیدہ دریچہ۔

**چور کی داڑھی میں تنکا**۔ (ا۔ مثل) چور خود اپنے چوکنّا پن سے پہچانا جاتا ہے۔

**چور کی ماں کوٹھی میں سر دے کر روتی ہے**۔ (ا۔ مثل) بُرے کا بھیدی دل ہی دل میں گھٹتا ہے۔ چور کی ماں اپنے رنج پر چھپ کر بھڑاس نکال لیتی ہے۔ کسی کے سامنے کیا کہے۔

**چور کے پیر کہاں**۔ (ا۔ مثل) چور میں استقلال نہیں ہوتا۔ ذرا کھٹکا پاکر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔

**چور کے گھر مور۔ چور کے گھر میں مور پڑے**۔ (ا۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص چالاک کو بھی دھوکا دے یا کوئی شخص کسی سے کوئی چیز اُڑا لائے اور اس چیز کو اس سے کوئی دوسرا جھپٹ لے جائے۔

**چور گلی**۔ (ا۔ مث) (۱) وہ گلی جو ایک طرف سے بند ہو (۲) پاجامہ کی میانی۔

**چور محل**۔ (۱) وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو (۲) وہ محل جہاں امیر لوگوں کی آشنائیں رہیں۔

**چور منڈلی**۔ (ا۔ مث) (۱) بچّوں کا ایک کھیل جس میں وہ ایک کنکر کو گوبر کے کسی ڈھیر میں چھپا دیتے ہیں جو اسے ڈھونڈ پائے۔ وہ سارا گوبر لے جاتا ہے۔

**چور مُونگ۔ چور اُرد**۔ (ا۔ مث) وہ چھوٹے چھوٹے سخت مُونگ یا اُرد کے دانے جو گلنے سے رہ جاتے ہیں۔

**چور ہٹیا**۔ (ا۔ مذ) وہ دکاندار جو چوروں سے مال خریدے۔

**چُور**۔ [ہ۔ صف] (۱) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے (۲) بدمست۔ متوالا۔ سرشار۔

**چُور ہوجانا۔ چُور چُور ہوجانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کا ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہوجانا (۲) تھک جانا۔

**چُورا**۔ (چُو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] بُرادہ۔ ریزہ۔

**چُورا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پیسنا (۲) خوب مارنا۔ زدوکوب کرنا۔

**چورا کاری**۔ (چو۔ را۔ کا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چوری۔ چوری کا شہرہ

**چُورما**۔ (چُور۔ ما) [ہ۔ ا۔ مذ] ملیدہ۔

**چُورن**۔ (چُو۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی کے لیے بنایا جاتا ہے (۲) چٹکی۔ چُٹکی۔

**چُورنا**۔ (چُور۔ نا) [اُر۔ مص] ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھی یا کسی رقیق چیز میں ڈبونا۔

**چوری**۔ (چو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سرقہ۔ دُزدی۔ دوسرے کا مال چھپ کر حاصل کرنا۔

**چوری اور چترائی**۔ ایک تو چوری کرنا دوسرے حیلہ بازی دکھانا۔

**چوری اور (سر) سینہ زوری**۔ (ا۔ مثل) اپنے قصور پر نادم نہ ہوکر اُلٹے سرکشی کرنا۔

**چوری جانا**۔ (ا۔ محاورہ) سرقہ ہوجانا۔

**چوری چوری**۔ (ا۔ تابع فعل) چھپے چھپے۔ درپردہ۔



Marfat.com

**چوری چھُپے** ۔ (۱۔ تابع فعل) درپردہ۔ خفیہ طور پر۔ چُپکے سے۔ بے خبری میں۔

**چوری سے** ۔ (۱) چُھپاکر (۲) چُپکے سے۔ بے خبری سے۔

**چوری کا کپڑا لاٹھیوں (ڈانگوں) کے گز** ۔ (۱۔ مثل) چور کو چوری کے مال کی قدر نہیں ہوتی وہ اسے اونے پونے بیچ ڈالتا ہے۔

**چوری کا گُڑ میٹھا ہوتا ہے** ۔ (۱۔ مثل) مفت کا مال سب کو پیارا ہوتا ہے۔

**چوری کا مال** ۔ (۱۔ مذ) چرایا ہوا مال۔ مالِ مسروقہ۔

**چوری لگانا** ۔ (۱۔ محاورہ) چوری کا الزام لگانا۔

**چوڑ** ۔ [ق۔ ۱۔ مذ] نقصان۔

**چوڑا** ۔ (چو۔ ڑا) [ہ۔ صف] فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ چکلا۔

**چوُڑا** ۔ (چُو۔ ڑا) [ہ۔ ۱۔ مذ] (۱) مویشی کے گوبر پیشاب وغیرہ سے بھیگی ہوئی کیچڑ (۲) گیلا۔ بھیگا ہوا (۳) کلائی سے کہنی تک۔ لاکھ۔ کانچ۔ یا سونے چاندی کی چوڑیاں (۴) بھنگی۔

**چوُڑا کر دینا** ۔ (۱۔ محاورہ) گیلا کر دینا۔ بھگو دینا۔

**چوڑان** ۔ (چو۔ ڑان) [ہ۔ ۱۔ مث] چوڑائی۔ عرض۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی۔

**چوڑانا** ۔ (چو۔ ڑا۔ نا) [ہ۔ مص] پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔

**چوڑاؤ** ۔ (چو۔ ڑا۔ او) [ہ۔ ۱۔ مذ] پاٹ۔ پھیلاؤ۔

**چوڑائی** ۔ (چو۔ ڑا۔ ای) [اُ۔ ۱۔ مث] چوڑان۔ عرض۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی

**چوُڑھا** ۔ (چُو۔ ڑھا) [ہ۔ ۱۔ مذ] (۱) خاکروب۔ بھنگی (۲) چمار۔ کمینہ۔ رذیل۔

**چوُڑھی** ۔ (چُو۔ ڑھی) [ہ۔ ۱۔ مث] خاکروبن۔ بھنگن۔ چوڑھے کی بیوی۔

**چوڑی** ۔ (چو۔ ڑی) [ق۔ ۱۔ مث] جنتری۔

**چوُڑی** ۔ (چُو۔ ڑی) [ہ۔ ۱۔ مث] (۱) لاکھ۔ کانچ یا سونے چاندی کا حلقہ جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں (۲) وہ پیچ جو کسی پُرزے میں کٹا ہو۔

**چوُڑی دار پاجامہ** ۔ وہ تنگ پائجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں۔

**چوُڑیاں بڑھانا** ۔ (۱۔ محاورہ) چوڑیاں اُتارنا۔ چوڑیاں اُتار کر رکھنا۔

**چوُڑیاں پہنانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا۔ عورت کی شادی کرنا۔

**چوُڑیاں پہننا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) نامردی اختیار کرنا (۳) شادی کرنا۔

**چوُڑیاں ٹھنڈی کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) چوڑیاں توڑنا (۲) خاوند کے مر جانے پر چوڑیاں اُتار کر سُہاگ اُتارنا۔

**چوُڑیا** ۔ (چُو۔ ڑ۔ یا) [ہ۔ مذ] ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

**چوُزہ** ۔ (چُو۔ زہ) [ہ۔ ۱۔ مذ] (۱) مُرغی کا بچہ۔ پٹھا (۲) نوعمر۔ خورد سال لڑکا جوان لڑکی۔

**چوُزہ باز** ۔ (۱۔ صف۔ مث) وہ کسبی جو نوجوانوں سے زیادہ رغبت رکھے۔

**چوسا** ۔ (چو۔ سا) [ہ۔ ۱۔ مذ] وہ آلہ جس سے بُرادہ کرتے ہیں۔ ریتی۔

**چوسار** ۔ (چو۔ سار) [ق۔ صف] ہوشیار۔

**چوساراں** ۔ (چو۔ سا۔ راں) [ق۔ ۱۔ مذ] چوسار کی جمع۔ ہوشیار لوگ۔

**چوساری** ۔ (چو۔ سا۔ ری) [ق۔ ۱۔ مث] خبرداری۔ چوکسی۔

**چوُس ڈالنا** ۔ [ہ۔ مص] (۱) اس قدر چُوس لینا کہ خشک ہو جائے (۲) پوری طرح جذب کر لینا۔

**چوسری** ۔ (چو۔ س۔ ری) [ق۔ ۱۔ مث] گلے کا ایک زیور۔

**چوُسنا** ۔ (چُوس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہونٹ اور زبان سے کسی چیز کا عرق نکالنا۔ جذب کرنا۔ دودھ پینا۔ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔

**چوُسنی** ۔ (چُوس۔ نی) [ہ۔ ۱۔ مث] (۱) بچوں کے چُوسنے کا کھلونا۔ دودھ پلانے کی شیشی۔ چُسنی۔

**چوغہ** ۔ (چو۔ غہ) [ف۔ ۱۔ مذ] (۱) جبا۔ لبادہ (۲) جُبّہ۔ ایک قسم کا نیچا لباس۔

**چوک** ۔ [ہ۔ ۱۔ مذ] (۱) مربع میدان (۲) انگنائی۔ صحن (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں (۴) سامنے کے چار دانتوں کی لڑیاں۔

**چوُک** ۔ [ہ۔ ۱۔ مث] (۱) بھُول۔ خطا۔ قصور (۲) ایک قسم کا کھٹا ساگ۔ (۳) [صف] بہایت کھٹی۔

**چوُک جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) بھُول جانا۔ سہو کرنا۔

**چوُکا** ۔ [ہ۔ ۱۔ مذ] ایک قسم کا کھٹا ساگ۔

**چوکر۔ چوکڑ** ۔ (چو۔ کر) (چو۔ کڑ) [ہ۔ ۱۔ مذ] بھُوسی۔ چھ کھر۔

**چوُکنا** ۔ (چُوک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بھُولنا۔ غلطی کرنا (۲) نشانے پر نہ بیٹھنا۔ نشانہ نہ لگنا۔

**چوکھا** ۔ (چو۔ کھا) [ہ۔ صف] (۱) خالص۔ کھرا۔ اصل۔ صاف (۲) اچھا۔ خوب (۳) عمدہ۔ نادر۔ پسندیدہ۔

**چوکھاٹ** ۔ (چو۔ کھاٹ) [ہ۔ صف] طاقت ور۔

**چوکہے** ۔ (چو۔ کہ۔ اے) [ق۔ ۱۔ مذ] چوکیدار۔

**چوکی** ۔ (چو۔ کی) [ہ۔ ۱۔ مث] (۱) چھوٹا تخت۔ کُرسی (۲) پہرا۔ پاسبانی (۳) سٹیشن۔ پڑاؤ (۴) باری (۵) خدمت۔ سیوا۔ نوکری (۶) نیاز۔ نذر فاتحہ (۷) مؤکل۔ جادُو۔ ٹونا (۸) قوالوں کا گروہ (۹) گلے کا ایک طلائی زیور (۱۰) چھوٹا تھانہ (۱۱) محصول وصول کرنے کی جگہ (۱۲) پاخانہ کا چھوٹا تخت۔ کموڈ۔

**چوکی بٹھانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا (۲) جادو کرنا۔ مؤکل بٹھانا۔

**چوکی بھرنا** ۔ (۱) باری باری پہرہ دینا (۲) گھر میں یا کسی قبر پر قوالی کرنا (۳) دیوی دیوتا کے استھان پر بھینٹ چڑھانا (۴) نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جاکر دُعا مانگنا۔

**چوکی پر جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) تھانے جانا (۲) صحت خانہ میں جانا۔

**چوکی پر لوٹا نہ رکھواؤں** ۔ (۱۔ محاورہ) حقارت ظاہر کرنے کے لیے کہتی ہیں کہ اس سے کوئی ادنیٰ کام بھی نہ کراؤں۔

**چوکی پہرا** ۔ (۱۔ مذ) گارد۔ پہرا۔ پہرے کی باری۔

**چوکی جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) کسبی یا زانی عورت کا خرچی پر جانا۔

**چوکی خانہ** ۔ (۱۔ مذ) وہ مکان جہاں امیروں کے درباری اور حاضر باشی والے لوگ رہتے ہیں۔

**چوکی دار** ۔ (۱۔ مذ) پاسبان۔ محافظ۔ نگہبان۔

**چوکیدارا** ۔ (چو۔ کی۔ دا۔ را) [ہ۔ ۱۔ مذ] حقِ پاسبانی۔ چوکیداروں کا ٹیکس۔ چوکیداری۔

**چوکی دینا** ۔ (۱) پہرا دینا۔ حفاظت کرنا (۲) کُرسی پر بٹھانا (۳) قوالوں کا کسی درگاہ پر جاکر قوالی کرنا۔



Marfat.com

**چوکیا سہاگا** - (چو-کِ-یا-سُ-ہا-گا) [ہ-ا-مذ] ایک قسم کا عمدہ سہاگا۔
**چوکیداری** - (چو-کی-دا-ری) [ف-ا-مث] (۱) پاسبانی۔ نگہبانی (۲) چوکیدارا
**چوکی مالا** - (ا-مذ) وہ شخص جو محصول دیئے بغیر چوری چھپے مال لے جائے بھول بچ
**چوکی مارنا** - (ا-محاورہ) محصول چنگی کی چوری کرنا۔
**چوگا** - (چو-گا) [ہ-ا-مذ] پرندوں کی غذا۔ دانہ۔
**چوگان** - (چو-گان) [ف-ا-مذ] (۱) گیند کا بلاّ۔ گُلی ڈنڈا۔ چوب۔ نقارہ۔ (۲) گھوڑے پر چڑھ کر گیند کا کھیل۔ پولو۔
**چوگانی** - (چو-گا-نی) [ہ-ا-مذ] وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے۔
**چوگڑا** - (چو-گ-ڑا) [ہ-ا-مذ] خرگوش۔
**چُول** - [ہ-ا-مث] (۱) لکڑی کا وہ سِرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۲) لکڑی کا چھید جس میں دوسری لکڑی لگائی جائے (۳) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔
**چُول بیٹھ جانا (بیٹھنا)** - (ا-محاورہ) بدھ مل جانا۔ زائچے کا مطابق ہونا۔ متفق ہونا۔
**چُولیں ڈھیلی کرنا** - مارتے مارتے کچومر نکال دینا۔ بہت مارنا۔
**چُولیں ڈھیلی ہوجانا** - (ا-محاورہ) (۱) زیادہ کام کرنے یا زیادہ دوڑنے سے مضمحل ہوجانا (۲) سست ہوجانا۔ تھک جانا۔ انجر پنجر ڈھیلے ہوجانا۔
**چُول** - [ق-ا-مذ] چُلّو۔ ایک گھونٹ۔ جُرعہ۔
**چولا** - (چو-لا) [ہ-ا-مذ] (۱) جسم۔ قالب (۲) ایک قسم کی پوشاک جو دُلہن کو برات کے روز پہناتے ہیں (۳) چولی۔ انگرکھے کا بالائی حصّہ۔
**چولا بدلنا** - (ا-محاورہ) قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں حلول کرنا۔ وضع قطع میں فرق آنا۔
**چولا چھوڑنا** - (ا-محاورہ) قالب چھوڑنا۔ مر جانا۔
**چولائی** - (چو-لا-ای) [ہ-ا-مث] ایک قسم کا ساگ۔
**چُولھا** - (چُو-لھا) [ہ-ا-مذ] دیگدان۔ آتش دان۔ آگ رہنے کی جگہ۔
**چُولھا (پھُونکنا) جھونکنا** - (ا-محاورہ) (حقارت یا غصّے) اپنے ہاتھ سے پکانا۔ آگ جلانا۔ چُولھا گرم کرنا۔
**چُولھے آگ نہ گھڑے پانی** - (ا-مثل) نہایت افلاس۔ کھانے پینے کا کوئی سامان نہ ہونا۔
**چُولھے چکّی سبھی کام پکّی** - (ا-مثل) اس عورت کی نسبت بولتے ہیں جو بہت سگھڑ ہو۔ ہر کام جانتی ہو۔
**چُولھے سے نکلا کڑاہی میں گرا** - (ا-مثل) ایک مصیبت سے چھُوٹا دوسری میں پڑا۔ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔
**چُولھے کی تیری توے کی میری** - (ا-مثل) اچھی چیز اپنے لیے بُری دوسروں کے لیے۔
**چُولھے میں (پڑے) جائے** - (ا-مثل) آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ ہمیں اس سے سروکار نہیں۔ بلا سے۔
**چولی** - [ہ-ا-مث] انگرکھے کے دامن سے اُوپر کا حصّہ۔ اُوپر کے دھڑ کا حصّہ۔ انگیا۔ ایک قسم کی کُرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔
**چولی دامن کا ساتھ** - (ا-مثل) لازم و ملزوم۔ لازمی ساتھ۔ وہ دو آدمی یا چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں۔

**چولی مسکنا۔ چولی نکل جانا** - (ا-محاورہ) چولی کا زور پڑنے سے چاک ہوجانا۔
**چولیا** - (چو-ل-یا) [ق-ا-مذ] جانگھ۔
**چُوما** - (چُو-ما) [ہ-ا-مذ] بوسہ۔ پیار۔
**چُوما چاٹی** - بوس و کنار۔ ناز و نیاز۔ اختلاط۔
**چُومتے ہی گال کاٹا** - (ا-مثل) ابتداء ہی میں نقصان پہنچایا۔
**چُوم چاٹ کے چھوڑنا** - (ا-محاورہ) (۱) اپنے قابو اور تصرّف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے خیال سے باز آنا (۲) کام نکال کے چھوڑنا۔
**چُومک** - (چُو-مک) [ق-ا-مذ] چق ماق۔
**چُومنا** - (چُوم-نا) [ہ-مص] (۱) بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چُمکارنا۔
**چُومنا چاٹنا** - (۱) چُوما چاٹی کرنا۔ پیار کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا۔ للّو پتّو کرنا (۳) تعظیم کرنا۔
**چُوں** - [ف] (۱) جب (۲) مانند (۳) کس طرح (۴) کس لیے۔
**چُونکہ** - (حرف شرط) کیونکہ۔ اس لیے۔
**چُون و چرا** - (ف۔ حرف استفہام) حیلہ بہانہ۔ اگر مگر۔ بحث تکرار۔
**چُون** - [ہ-ا-مث] آٹا۔ آرد۔
**چُون کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے** - (ا-مثل) ادنےٰ حاکم سے بھی ڈرنا چاہیئے۔
**چُون کر ڈالنا** - (ا-محاورہ) پیس ڈالنا۔ آٹا کر دینا۔
**چُون ہوجانا** - (ا-محاورہ) گل جانا۔ آٹا ہوجانا۔
**چُوں** - [ہ-ا-مث] (۱) خفیف آواز جو کسی چیز سے نکلے۔ آوازِ گوز (۲) چمڑے وغیرہ کی آواز۔
**چُوں چُوں** - (۱) چڑیوں کی آواز (۲) گاڑی کے چلنے کی آواز۔ بچوں کا ایک کھلونا جو دبانے سے چُوں چُوں کرتا ہے۔
**چُوں چُوں کا مربّہ** - (ا-مذ) مختلف چیزوں کا مجموعہ۔
**چُوں نہ کرنا** - (ا-محاورہ) اُف نہ کرنا۔ انکار نہ کرنا۔ خاموش رہنا۔
**چوّن** - (چو-ّن) [ہ-صف] چار اُوپر پچاس۔ - ۵۴ -
**چونا** - (چو-نا) [ق-مص] چوانا۔ ٹپکانا۔
**چونا** - (چو-نا) [ہ-مص] (۱) رِسنا۔ ٹپکنا (۲) پھل کا پک کر آپ سے آپ زمین پر گر پڑنا (۳) حیض کا خون آنا۔
**چُونا** - (چُو-نا) [ہ-ا-مذ] (۱) قلعی۔ سفیدی۔ وہ پتھر یا کنکر جو جلا لیا جائے (۲) [صف] تیز۔ تند (صرف کھٹاس کی تیزی پر مستعمل ہے)۔
**چُونا چُونا ہونا** - (ا-محاورہ) کپڑے یا لکڑی کا پُرانا ہوکر پارہ پارہ ہوجانا۔
**چُونا گچ** - ایک قسم کا مضبوط چُونا جو معمولی چونے میں ملا کر پلستر کے کام میں لاتے ہیں۔
**چُونا لگانا** - (ا-محاورہ) (۱) پان میں چُونا لگانا (۲) زک دینا۔ مغلوب کرنا۔ چکّر دینا۔
**چونپ** - [ہ-ا-مث] (۱) شوق۔ چاؤ۔ خواہش۔ اُمنگ (۲) بڑھاوا (۳) سونے کی کیل جو دانت میں لگائی جاتی ہے (۴) ضد۔ ہٹ۔
**چونپ دینا** - (ا-محاورہ) بڑھاوا دینا۔ کسی کام پر آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔
**چُونٹنا** - (چوں-ٹ-نا) [ق-مص] چُننا۔
**چونچ** - [ہ-ا-مث] (۱) منقار۔ پرندوں کا مُنہ (۲) نوک۔ سِرا (۳) زبان۔ جیبھ۔



Marfat.com

**چونچ سنبھالو**۔ (ا۔ مقولہ) زبان روکو۔ بدزبانی نہ کرو۔

**چونچ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھونگ مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔ واہی تباہی زبان سے نکالنا۔

**چونچال**۔ (چوں۔ چال) (ہ۔ صف) ہوشیار۔ چالاک۔ مستعد۔

**چونچیانا**۔ (چوں۔ چ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹھونگیں مارنا۔

**چوندلا**۔ (چوں۔ دَ۔ لا) (ق۔ صف) بیہودہ گو۔ ناپختہ باتیں کرنے والا۔

**چوندھ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) چندھیاہٹ۔ خیرگیٔ چشم۔

**چوندھر**۔ (چوں۔ دُھر) (چوں۔ دھیر) (ق) چاروں طرف۔

**چوندھیانا**۔ (ہ۔ مص) چمک دار چیز دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جانا۔

**چوندھیل**۔ (چوں۔ دھیل) (ق) چاروں طرف۔

**چوندی**۔ (چوں۔ دی) (ق۔ ا۔ مذ) دھوکا۔ فریب۔

**چوندیاں**۔ (چوں۔ د۔ یاں) (ق۔ ا۔ مث) ترکیبیں۔

**چونڈا**۔ (چوں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سر کے لمبے بالوں کا گچھا جو عورتیں سر پر لاکر باندھ لیتی ہیں (۲) پرندوں کی چھوٹی کلغی (۳) کچاکنواں۔

**چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا**۔ (ا۔ مثل) ناتجربہ کار نہیں۔

**چونڈے پر ڈولا اچھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بڑھاپے میں ڈولی پر سوار ہونا (۲) دوسری عورت کے خاوند سے آشنائی کرنا۔

**چونڈھل**۔ (چوں۔ ڈھل) (ق۔ ا۔ مذ) ہوادار کی طرح کی ایک سواری جسے اٹھانے کے لیے دو بانس لگائے جاتے ہیں۔

**چونر**۔ (چو۔ نَر) (ہ۔ ا۔ مث) رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ۔ چنری۔

**چونری**۔ (چ۔ نَ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ایک خاص ترتیب سے کئی رنگوں میں رنگا ہوا دوپٹہ۔

**چونری**۔ (چوں۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) مورچھل۔

**چونک**۔ (ہ۔ ا۔ مث) دہشت۔ بھڑک۔ جھجک۔ چونکنا کا امر۔

**چونک اٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دفعتہً گھبرا کر جاگ اٹھنا۔ سوتے سوتے اچھل پڑنا (۲) چوکنا ہو جانا۔ بدک جانا۔ گھبرا جانا۔

**چونک پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) یکایک خواب سے بیدار ہونا۔ غفلت سے ہوشیار ہونا۔

**چونکنا**۔ (چونک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا (۲) بھڑکنا (۳) غفلت سے ہوشیار ہونا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ چوکنا ہونا (۴) گھبرانا۔ ہکا بکا ہونا۔ حیرت ہونا

**چونکیل**۔ (چوں۔ کیل) (ہ۔ صف) (۱) ڈرپوک (۲) جھجکنے والا (۳) ڈرنے یا جھجکنے والا جانور یا آدمی۔

**چونگا**۔ (چوں۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خوشامد۔ چاپلوسی (۲) بانس کا نل۔ نلی (۳) احمق۔ بے وقوف۔

**چونگے باز**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو چرب زبانی سے دوسروں کی چیزیں لے لے۔

**چونگلا**۔ (چونگ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) جوف دار بانس کا ٹکڑا جس کے اندر کاغذات رکھتے ہیں۔

**چونّی**۔ (چَو۔ وَن۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) روپے کا چوتھا حصہ۔ چار آنے۔ چاندی یا نکل کا وہ سکہ جو چوتھائی روپے میں چلے۔

**چونی**۔ (چو۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) دال کا برادہ۔ وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دَلنے میں نکلتا ہے۔

**چونی بھوسی کھا کر گزر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت تنگی سے اوقات بسر کرنا۔

**چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ**۔ (ا۔ مثل) ادنےٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا۔ لیاقت سے بڑھ کر دعوے کرنے کی جگہ بولتے ہیں۔

**چونے والیاں**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے پر ناچنے گانے آتی ہیں۔

**چوہا**۔ (چو۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) موش۔ نیولے سے ملتا جلتا ایک چھوٹا جانور۔ موسا (۲) ناک کا سوکھا ہوا میل۔

**چوہا بل میں سماتا نہیں دُم سے باندھا چھاج**۔ (ا۔ مثل) اپنی تو گزر ہوتی نہیں دوسروں کا بوجھ سر پر اٹھا لیتے ہیں۔

**چوہا بلی کا شکار ہے**۔ (ا۔ مثل) کمزور کو زبردست قابو میں کر لیتا ہے۔

**چوہاکنی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں

**چوہے دان**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) چوہے پکڑنے کا پنجرہ۔

**چوہے سے کپڑے**۔ (ا۔ مقولہ) نہایت میلے کچیلے کپڑے۔

**چوہے کا بچہ بھی نہیں**۔ (ا۔ مثل) بالکل بے اولاد ہے۔

**چوہے کا بل ڈھونڈتے پھروگے**۔ (ا۔ مثل) امن کی جگہ تلاش کروگے۔ بھاگنے کا راستہ نہیں ملے گا۔

**چوہے کا جنا بل ہی ڈھونڈتا ہے**۔ (ا۔ مثل) ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے۔

**چوہے کے ہاتھ ہلدی لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا**۔ (ا۔ مثل) کم ظرف تھوڑی سی پونجی مل جانے پر اترانے لگتا ہے۔

**چوہے مار**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پرند جو چوہے پکڑ کر لے جاتا ہے۔

**چوہان**۔ (چو۔ ہان) (ہ۔ ا۔ مذ) سورج بنسی راجپوتوں کی ایک گوت۔

**چوہڑا**۔ (چوہ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) خاکروب۔ چمار۔ کمینہ۔

**چوہڑی**۔ (چوہ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) خاکروبن۔ بھنگن۔ بھنگی کی بیوی۔ چوڑھی۔

**چوہی۔ چوہیا**۔ (چو۔ ہی) (چو۔ ہی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) چوہا کی تانیث۔

**چوہیا سے دانت**۔ (ا۔ مذ) چھوٹے چھوٹے دانت۔

**چویا**۔ (چو۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے (۲) دال کا چھلکا۔

## چ — ہ

**چہ**۔ (ف۔ حرف استفہام واستعجاب) کیا۔

**چہ خوش چرا نباشد**۔ (ف۔ کلمۂ طنز) کیوں نہیں۔ اچھے رہے۔ کیا کہنا ہے۔ بے شک اسی قابل ہو۔

**چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک**۔ (ف۔ مثل) بندر کیا جانے ادرک کا مزہ۔ ناقدر شناس اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا۔

**چہ دلاور است دُزدے کہ بکف چراغ دارد**۔ (ف۔ مثل) وہ چور کتنا دلیر ہے جو ہاتھ میں چراغ لیے ہو۔ چوری اور سینہ زوری۔

**چہ کند بے نوا ہمیں دارد**۔ (ف۔ مثل) کسی چیز کو پیش کرتے وقت انکسار



Marfat.com

کے طور پر کہتے ہیں۔
چہ معنی دارد۔ (ف۔ مقولہ) کیا سبب ہے۔ کیا وجہ ہے۔ کیا باعث ہے۔
چہ میگوئیاں۔ (ف۔ا۔ مث) قیاس آرائیاں۔ رائے زنی۔ گپ شپ۔
چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ (ف۔ مثل) چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ۔
چہ۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) چاہ کا مخفف۔ کنواں۔ گڑھا (۲) پُل کے دونوں سرے۔
چہ بچہ۔ (۱) کنوئیں کے مشابہ چھوٹا گڑھا (۲) چھوٹا حوض۔ دیکھیے چربچہ۔
چہا۔ (ح۔ ہا) (ہ۔ا۔ مذ) ایک قسم کا چھوٹا آبی پرندہ۔
چہار۔ (ح۔ ہار) (ف۔ صف) چار۔ ۴۔
چہار چند۔ چوگنا۔
چہاردہ۔ (ف۔ا۔ عدد) چودہ۔
چہاردہم۔ (ف۔ عدد) چودھواں۔ چودھویں۔
چہارسُو۔ (ف۔ تابع فعل) چاروں طرف۔
چہارشنبہ۔ (ف۔ا۔ مذ) بدھ کا دن۔
چہارم۔ (ح۔ ہا۔ رُم) (ف۔ صف) چوتھا۔ چوتھائی۔
چہتاپن۔ (چہ۔ تا۔ پن) (ق۔ا۔ مث) (۱) خواہش۔ محبت (۲) ارادہ۔
چہچہا۔ (چہ۔ چَ۔ ہا) (ہ۔ا۔ مذ) خوش الحانی۔ پرندوں کا خوشی میں آکر بولنا۔
چہچہوں میں گزرنا۔ (ا۔ محاورہ) عیش و عشرت میں بسر ہونا۔
چہچہا۔ (چہ۔ چَ۔ ہا) (ہ۔ صف) نہایت شوخ اور سُرخ رنگ۔ چمکیلا رنگ۔
چہچہاتا رنگ۔ (چہُ۔ چَ۔ ہا۔ تا۔ رنگ) (ہ۔ا۔ مذ) سُرخ شوخ رنگ۔ پھولوں کا جوبن پر آنا۔
چہچہانا۔ (چہَ۔ چَ۔ ہا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نغمہ سرائی کرنا۔ چہکنا (۲) خوشی میں آکر بولنا (۳) پرندوں کا گانا۔
چہچہانا۔ (چہَ۔ چَ۔ ہا۔ نا) (ہ۔ مص) سُرخی چمکنا۔ شوخی برسنا۔
چہچہاہٹ۔ (چہَ۔ چَ۔ ہا۔ ہَٹ) (ہ۔ا۔ مث) نغمہ سرائی۔ نواسنجی۔ پرندوں کا بولنا
چہرہ۔ (چہ۔ رہ) (ف۔ا۔ مذ) (۱) صورت۔ مُکھڑا (۲) سامنے کا رُخ۔ مُہرہ (۳) حُلیہ۔ خدوخال۔
چہرہ اُتارنا۔ (ا۔ محاورہ) خط و خال کا نقشہ لینا۔ عکس لینا۔
چہرہ اُتر جانا (اُترنا)۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ بے رونق ہو جانا۔ اُداس ہونا۔
چہرہ بحال ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا۔
چہرہ بگاڑنا۔ (ا۔ محاورہ) صورت مسخ کر دینا۔ بدصورت بنا دینا۔ ایسا مارنا کہ شکل پہچانی نہ جائے۔
چہرہ بگڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ کی شکل بگڑ جانا۔
چہرہ بنانا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ چڑانا۔
چہرہ بھبھوکا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ سُرخ ہونا۔
چہرہ پر تلوار کھانا۔ (ا۔ محاورہ) بہادری کرنا۔ تلوار سے مُنہ نہ پھیرنا۔
چہرہ پر مہتاب چھٹنا۔ چہرہ پر ہوائیاں اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ کا رنگ زرد ہو جانا۔ ہکا بکا ہو جانا۔ گھبرا جانا۔
چہرہ پرداز۔ (ف۔ صف) نقاش۔ مصوّر۔ تصویر کھینچنے والا۔
چہرہ پھیکا پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ بے رونق ہو جانا۔

چہرہ تمتانا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ کا گرمی، بخار یا غصّہ سے سُرخ ہو جانا۔
چہرہ چمکنا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ پر رونق اور جلال معلوم ہونا۔
چہرہ زرد ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) کمزوری یا بیماری کی وجہ سے مُنہ کا پیلا پڑ جانا۔ ڈر جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔
چہرہ سے نقاب اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ کھولنا۔ چہرہ ننگا کرنا۔
چہرہ شاہی روپیہ۔ (ف۔ صف) سرکاری سکہ جس پر بادشاہِ وقت کا چہرہ منقش ہو۔ چہرہ دار روپیہ۔
چہرہ کٹنا۔ (ا۔ محاورہ) نوکری سے برطرف ہونا۔
چہرہ کشا۔ (ف۔ صف) نقاب اُٹھانے والا۔ تصویر بنانے والا۔
چہرہ کشائی۔ (ف۔ا۔ مث) مجسمے سے نقاب ہٹانے کی رسم۔ مُنہ کھولنا۔ (۲) نقاشی۔ مصوّری۔
چہرہ لکھنا۔ (ا۔ محاورہ) بھرتی کرنا۔ نئے ملازم کا حُلیہ لکھنا۔
چہرہ لکھوانا۔ (ا۔ محاورہ) نوکری کرنا۔ دفتر میں حُلیہ درج کرانا۔
چہرہ مُہرہ۔ (ف۔ا۔ صف) شکل صورت۔ خدوخال۔
چہرہ مُہرہ سے ٹھیک (درست) ہونا۔ (ا۔ محاورہ) خوبصورت ہونا۔
چہرہ نویس۔ ملازموں کا حُلیہ لکھنے والا۔
چہرہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) رجسٹر میں نام لکھا جانا۔ ملازم ہونا۔ بھرتی ہونا۔ دفتر یا فوج میں نام لکھا جانا۔
چہرے پر ہوائیاں اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) رنگ فق ہو جانا۔ رنگ زرد ہو جانا (۲) گھبرا جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔
چہرے کا رنگ اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) خوف، رنج، شرم یا غصّہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدل جانا۔
چہرے کی لینا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ چڑانا۔ ٹھٹھا کرنا۔
چہکا۔ (چہَ۔ کا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو اکثر چھتوں اور صحنوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے (۲) داغ۔ چرکا (۳) جلن۔ سوزش۔
چہکا (دینا) لگانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آگ سے جلا دینا۔ لوکا لگا دینا (۲) اینٹوں کا فرش جمانا۔
چہکا لگنا۔ (ا۔ محاورہ) آگ سے بدن کا جل جانا۔
چہکار۔ (چہَ۔ کار) (ہ۔ا۔ مث) چڑیوں کے بولنے کی آواز۔ چہچہاہٹ۔
چہکارنا۔ (چہَ۔ کار۔ نا) چہکنا۔ چہچہانا۔
چہکنا۔ (ح۔ ہک۔ نا) (اُ۔ مص) چہچہانا۔ خوش الحانی کرنا۔ نواسنجی کرنا۔
چہُل۔ (ح۔ ہُل) (ہ۔ا۔ مث) ہنسی۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ خوش مزاجی۔
چہُل باز۔ (ا۔ف۔ مذ) ظریف۔ خوش مزاج۔ زندہ دل۔
چہل۔ (ح۔ ہل) (ف۔ صف) چالیس۔ ۴۰۔
چہل ابدال۔ وہ چالیس نفوس زکیہ جنہیں خدا نے انتظام عالم کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا ہے۔
چہل چراغ۔ (ف۔ا۔ مذ) ایک قسم کا برنجی جھاڑ جس میں چالیس چراغ جلتے ہیں۔
چہل ستون۔ (ف۔ا۔ مذ) ایک قسم کی عمارت جس میں چالیس ستون ہوتے ہیں۔
چہل قدمی۔ (ف۔ا۔ مث) ٹہلنا۔ ہوا خوری کرنا۔ تفریح طبع کے واسطے تھوڑا سا پھرنا۔



Marfat.com

**چہل کاف**۔ ایک دعا کا نام جس میں چالیس کاف ہیں۔
**چہلا**۔ (چَہ - لا) (ہ - ا - مذ) (۱) وہ زمین جو پانی اور دلدل سے پُر ہو (۲) (صف) گیلا (۳) (ق) چھالا۔
**چہلے کی بھینس**۔ موٹا آدمی جس کو حرکت کرنا دشوار ہو۔ مجہول آدمی۔
**چہل پہل**۔ (چَہ - ہَل - پَہ - ہَل) (ہ - ا - مث) (۱) رونق - آبادی (۲) خوشی خرمی - ہنسی ٹھٹھا۔
**چہلم**۔ (چِہ - لُم) (ف - صف) (۱) چالیسواں - چالیس سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) (ا - مذ) چالیسویں کا فاتحہ اور کھانا (۳) شہدائے کربلا کا چالیسواں۔
**چہلی**۔ (چَہ - لی) (ہ - ا - مث) کوئیں کی چرخی۔
**چہنوڑ**۔ (چِہن - وڑ) (ق - ا - مذ) ایک بیماری جس کے سبب بچہ پیٹ میں نہیں ٹھہرتا۔
**چہیتا**۔ (چَہ - ہی - تا) (ہ - صف) پیارا - عزیز - محبوب۔
**چہیتی**۔ (چَہ - ہی - تی) (ہ - صف) پیاری - عزیزہ - محبوبہ۔
**چہیر**۔ (چَہ - یر) (ہ - ا - مذ) لال کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔
**چہیل**۔ (ہ - صف) گیلا - غدار۔

# چھ

**چھ** (چھے)۔ (ہ - صف) پانچ اور ایک - تین کا دگنا (۶)۔
**چھ (بُوندیا) بُندکیا**۔ (ہ - ا - مذ) ایک زہریلا کیڑا جس کے بدن پر چھ داغ ہوتے ہیں۔
**چھ پانچ کرنا**۔ (ا - محاورہ) باتیں بنانا - شرارت کرنا (۲) حیران ہونا - ششش و پنج میں ہونا۔
**چھ ماہی**۔ (ا - مث) مُردے کا فاتحہ اور کھانا جو مرنے کے چھ ماہ بعد یا چھٹے مہینے ہوتا ہے۔
**چھاپ**۔ (ہ - ا - مث) مہر - ٹھپّہ - نشان - علامت - ایڈیشن۔
**چھاپ لگانا**۔ (ا - محاورہ) مہر لگانا - ٹھپّا لگانا - نقش کرنا۔
**چھاپا**۔ (چھا - پا) (ہ - ا - مذ) (۱) مہر - ٹھپّا (۲) چھاپنے کا آلہ (۳) شبخون - رات کو غنیم پر اچانک حملہ (۴) نقشہ - صورت - تصویر (۵) سانچہ ڈھالنے کا ظرف (۶) کھلیان پر ٹھپّا لگانے کا آلہ (۷) اخبار - چھپی ہوئی چیز۔
**چھاپا مارنا**۔ شبخون مارنا - رات کو غنیم پر چڑھ کر قتلِ عام کرنا۔
**چھاپنا**۔ (ا - مص) طبع کرنا - مہر لگانا - نقش کرنا - ٹھپّا لگانا (۲) شائع کرنا - مشہور کرنا۔
**چھاپے خانہ**۔ (ا - مذ) مطبع - پریس۔
**چھاپے خانے والا**۔ (ا - مذ) مطبع کا مالک۔
**چھاتا**۔ (چھا - تا) (ہ - ا - مذ) (۱) چھتری (۲) بڑا سینہ - چوڑا سینہ (۳) پتنگ کا سینہ۔
**چھاتا بردار فوج**۔ (ا - ف - مث) پیراشوٹ یا ہوائی چھتری کے ذریعے اُترنے والی فوج (انگ) (Para Troop)
**چھاتم چھاتا**۔ (چھا - تم - چھا - تا) (ہ - ا - مذ) (۱) سینے کو سینے سے گھِسنا (۲) ہوا میں ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ سے لڑنا۔
**چھاتی**۔ (چھا - تی) (ہ - ا - مث) (۱) سینہ - صدر - پستان (۲) جرأت - حوصلہ - دل (۳) استقلال - مضبوطی (۴) فیاضی - سخاوت۔
**چھاتی اُبھار کر چلنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) سینہ تان کر چلنا (۲) اِترا کر چلنا۔
**چھاتی اُبھر آنا (اُبھرنا)**۔ (ا - محاورہ) لڑکی کے پستانوں کا بڑھنا - بالغ ہونا۔
**چھاتی اُمنڈ آنا (اُمنڈنا)**۔ (ا - محاورہ) دل بھر آنا - غم و رنج کے باعث رونے کو دل چاہنا۔
**چھاتی بھر آنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا گوشت سے پُر ہونا (۳) رحم آنا - ترس آنا (۴) چھاتی میں مادری محبت کے باعث دودھ اُتر آنا۔
**چھاتی بھر جانا**۔ گھوڑے کے سینے پر ورم ہو جانا۔
**چھاتی بڑھ جانا**۔ (ا - محاورہ) خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔
**چھاتی بیٹھ جانا**۔ (ا - محاورہ) کھانسی یا زکام سے آواز کا بھاری ہو جانا۔
**چھاتی پتھر کر لینا**۔ (ا - محاورہ) سنگدل ہو جانا۔
**چھاتی پر بال ہونا**۔ (ا - محاورہ) شجاعت، رحمدلی اور مروت کا نشان ہونا - عالی حوصلہ ہونا۔
**چھاتی پر پتھر رکھنا**۔ (ا - محاورہ) سخت دلی اختیار کرنا - صبر کرنا۔
**چھاتی پر پھرنا**۔ (ا - محاورہ) ہر وقت یاد آنا۔
**چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلو لہو پینا**۔ (ا - محاورہ) سخت سزا دینا - جان سے مار ڈالنا۔
**چھاتی پر چڑھے رہنا**۔ (ا - محاورہ) سامنے موجود رہنا۔
**چھاتی پر دھر کے لے جانا**۔ (ا - محاورہ) مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔
**چھاتی پر سانپ (پھرنا) لوٹنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) سخت افسوس آنا - حسرت آنا (۲) نہایت رنج و صدمہ گزرنا (۳) رشک آنا۔
**چھاتی پر سِل دھرنا**۔ (ا - محاورہ) سینے پر بوجھ رکھ دینا (۲) صبر کرنا (۳) سنگدلی اختیار کرنا۔
**چھاتی پر کالا پہاڑ ہونا**۔ (ا - محاورہ) بہت ناگوار ہونا۔
**چھاتی پر مونگ دَلنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) رشک دلانا - آتشِ غیرت سے جلانا (۲) عذاب دینا - سزا دینا۔
**چھاتی پر ہاتھ رکھنا**۔ (ا - محاورہ) دلجوئی کرنا - محبت کا اظہار کرنا۔
**چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو**۔ (ا - محاورہ) اپنے دل کی حالت سے دوسرے کے دل کی حالت کا اندازہ کرو۔
**چھاتی پک جانا**۔ (ا - محاورہ) (۱) چھاتی میں زخم آ جانا (۲) دق ہو جانا - ناک میں دم آ جانا۔
**چھاتی پکڑ کر رہ جانا**۔ (ا - محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا - دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا۔
**چھاتی پہاڑ ہونا**۔ (ا - محاورہ) دل سخت ہونا (۲) حوصلہ ہونا - ہمت ہونا۔
**چھاتی پھٹنا**۔ (ا - محاورہ) (۱) سینے کا شق ہونا - دل پر صدمۂ عظیم گزرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر رشک ہونا - حسد ہونا۔
**چھاتی پھٹی جانا**۔ (ا - محاورہ) بڑے صدمہ ہونا۔



Marfat.com

**چھاتی پیٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سینہ کوبی کرنا۔ ماتم کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا (۳) غصّے میں پیٹنا۔

**چھاتی تلے رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ اپنی بغل میں رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

**چھاتی ٹھنڈی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل خوش ہونا (۲) سُکھ دینا۔ تسلّی دینا (۳) ارمان نکالنا (۴) بُغض نکالنا۔

**چھاتی ٹھونکنا۔** (ا۔ محاورہ) اطمینان کرنا۔ دل مضبوط کرنا۔

**چھاتی جلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دِق کرنا۔ ستانا (۲) رشک دلانا۔

**چھاتی جلنا۔** (۱) سینہ میں سوزش ہونا (۲) غم یا حسد یا رشک سے دل جلنا۔

**چھاتی چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) پستانوں میں دُودھ بڑھ آنا۔ جو بچے کے مرنے یا دودھ چھڑانے کے بعد ہوتا ہے۔

**چھاتی چھِننا۔ چھاتی چھِن جانا۔ چھاتی چھِنی ہونا۔** صدموں کے باعث سینہ کا پُرداغ اور پاش پاش ہو جانا۔

**چھاتی دَرکنا۔** (ا۔ محاورہ) سینہ شق ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔

**چھاتی دھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل کا پنا۔ دِل لرزنا (۲) خوف چھانا۔ (۳) دِل دُکھنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔

**چھاتی دینا۔** بچّے کو دُودھ پلانا۔

**چھاتی سراہنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بُردباری اور تحمّل کی تعریف کرنا (۲) تحسین و آفرین کرنا۔ شاباش دینا۔

**چھاتی سُلگانا۔** (ا۔ محاورہ) ستانا۔ دق کرنا (۲) رشک دلانا۔

**چھاتی سے پتھر ٹلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دِل کا بوجھ دُور ہونا (۲) بیٹی کا بیاہا جانا۔

**چھاتی سے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) جوشِ محبت کے باعث سینہ سے چمٹانا۔ پیار کرنا۔ گلے سے لگانا۔

**چھاتی کا اُبھار۔** (ا۔ مذ) بلوغت کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اُوپر کو اُبھرنا

**چھاتی کا (پتھر) پہاڑ۔** (ا۔ مذ) (۱) دِل کی گرانی۔ بارِ خاطر (۲) بارِ غم۔ (۳) جوان بِن بیاہی بیٹی یا رانڈ بیٹی جس کا خرچ ماں باپ کے سر ہو۔

**چھاتی کا پھوڑا۔** (ا۔ مذ) جان کا عذاب۔ وبالِ جان۔

**چھاتی کا یم۔** (ا۔ مذ) (۱) جان قبض کرنے والا۔ فرشتہ موت (۲) ناگوارِ طبع۔ بارِ خاطر (۳) وہ ناگوار آدمی جو ہر وقت چھاتی پر موجود رہے۔

**چھاتی کا سودا ہے۔** (ا۔مثل) حوصلے کا کام ہے۔

**چھاتی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) جرأت دکھانا۔ فیاضی دکھانا۔

**چھاتی کوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) سینہ کوبی کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر ہونسنا۔

**چھاتی کھول کر ملنا۔** (ا۔ محاورہ) فراخدلی سے ملنا۔ بغیر رنجش ملنا۔

**چھاتی کے کواڑ۔** (ا۔ مذ) سینہ کے دونوں پہلو۔

**چھاتی کے کواڑ کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سینہ چاک کرنا (۲) دِل کو کدورت سے پاک کرنا۔

**چھاتی گدرانا۔** (ا۔ محاورہ) عورت کے پستانوں کا اُبھرنا شروع ہونا۔

**چھاتی گز بھر ہو جانا (ہونا)۔** (ا۔ محاورہ) خوش ہو جانا (۲) حوصلہ بڑھ جانا۔

**چھاتی مسلنا۔** (ا۔ محاورہ) عورت کے پستانوں کو مرد کا ہاتھوں سے ملنا۔ مساس کرنا۔

**چھاتی مسوسنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) افسوس کرنا۔ دِل پکڑ کر رہ جانا۔ صدمہ اُٹھانا (۲) صدمہ دینا۔ دِل دُکھانا۔

**چھاتی میں دُودھ اُتر آنا۔** (ا۔ محاورہ) ماں مدّت کے بعد بھی اولاد کو ملے اور وہ اُسے پہچان بھی نہ سکے تو ماممتا بتا دیتی ہے کہ یہ تیری اولاد ہے۔ (۲) دُودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دُودھ اُتر آنا۔

**چھاتی نکال کر چلنا۔** (ا۔ محاورہ) اکڑ کر چلنا (۲) سینہ اُبھار کر چلنا (۳) عورت کو اپنے پستانوں کی نمائش کرتے ہوئے چلنا۔

**چھاتیاں اُبھرنا۔** (ا۔ محاورہ) لڑکی میں بلوغت کے آثار پیدا ہونا (۲) پستانوں کا نمودار ہونا۔

**چھاج۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غلّہ پھٹکنے کا آلہ (۲) بگھی کے آگے کا وہ حصّہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اُوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے۔

**چھاج بولے تو بولے چھلنی بھی بولی جس میں ستّر چھید۔** (ا۔ مثل) جو خود عیب دار ہے وہ بے عیب کی کیا بُرائی کرے گا۔

**چھاج سی داڑھی۔** بڑی اور گھنی داڑھی۔ (طنزیہ)

**چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اُلٹا کام کرنا۔ کسی کو رُسوا کرنا (۲) بات کا بتنگڑ بنانا۔

**چھاجوں برسنا۔** (ا۔ محاورہ) کثرت سے بارش ہونا۔ موسلا دھار مینہ برسنا۔

**چھاجوں پانی پڑ گیا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت سا مینہ برس گیا (۲) نہایت شرمندگی اُٹھانا پڑی۔

**چھاچھ۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) وہ سفید پانی جو دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے۔ لسّی (۲) وہ ترش سفید دُودھ جو گھی گرم کرنے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

**چھاڈنا۔** (چھاڈ۔ نا) [ہ۔ مص] قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

**چھار۔** [ہ۔ صف] (۱) جلا دینے والا (۲) تیز۔ چڑچڑا۔ کڑوا (۳) نمکین۔ تیزابی (۴) مٹّی کا بڑا ڈھیلا (۴) [ق] درخت۔

**چھارو۔** (ہ۔ ا۔ مذ) چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا (۲) ناسعد (۳) تبخالہ۔ مُنہ کے چھالے۔ مُنہ آنا۔

**چھاری۔** (ہ۔ ا۔ مث) سونے چاندی وغیرہ کا ڈلا۔

**چھاڑ۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دریا کا کنارہ (۲) زمین جو دریا چھوڑے۔ مٹّی کا ٹکڑا۔ (۳) درخت (۴) ترک۔ تیاگ (۵) جھاڑی۔

**چھاڑ چِٹھی۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پروانۂ راہداری۔

**چھاڑ چھڑیلا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پودا۔ بالچھڑ۔ سنبل الطیب۔

**چھاڑنی۔** (چھاڑ۔ نی) [ق۔ ا۔ مذ] عذر۔ بہانہ۔

**چھاک۔** (ہ۔ ا۔ مث) دُودھ دینے کا وقت (۲) دُودھ دوہنا (۳) دن کا پہلا کھانا (۴) کھانا جو مزدور لوگ صبح اپنے ساتھ لے جاتے ہیں (۵) بڑے بڑے پراٹھے جو دُلھن کے گھر سے دُولھا کو شادی کے موقع پر بھیجے جاتے ہیں۔

**چھاکا۔** (ہ۔ ا۔ صف) بدمست۔ مدہوش۔ نشے میں۔

**چھاگل۔** (چھا۔ گل) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹی سی مشک (۲) مٹّی کا وہ برتن جس میں مسافر پانی بھر لیتے ہیں (۳) چھانجن۔ پاؤں کا ایک زیور۔

**چھال۔** (ہ۔ ا۔ مث) درخت کے اُوپر کا پوست۔ چھلکا۔

**چھالا۔** (چھا۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آبلہ۔ پھپھولا (۲) وہ داغ جو تلوار سے



Marfat.com

لوہے پر یا شیشے میں ہوتا ہے۔ (۳) کھال کے حصّوں میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے مرگ چھالا (۴) نشان جو ہرن کی پیٹھ پر پڑ جاتا ہے۔
**چھالا پھُوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) آبلے کا پھٹ کر رطوبت بہنا۔
**چھالیا۔** (چھا۔ ل۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) سپاری۔ ڈلی
**چھاں۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سایہ۔ پرچھائیں (۲) خفیف اثر۔
**چھان۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تحقیقات (۲) چھان۔ بھُوسی۔
**چھان بچھان۔** (ق) چھان بین۔
**چھان بین۔ چھان پھٹک۔** (ہ۔ ا۔ مث) تحقیق۔ تجسس۔ دریافت۔ کھوج
**چھان ڈالنا (مارنا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ڈھونڈ ڈالنا۔ کمال تلاش اور جستجو کرنا۔
**چھانا۔** (چھا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پاٹنا۔ پھونس یا کھپریل کی پوشش کرنا (۲) اندھیرا کرنا۔ سایہ کرنا (۳) بادلوں کا ہجوم کرنا (۴) غالب ہونا۔ طاری ہونا (۵) گھرنا۔ محیط ہونا۔
**چھانپ۔** (ق۔ صف) پوشیدہ۔
**چھانٹ۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) فضلہ (۲) ریزگی (۳) چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں (۴) کترن (۵) انتخاب (۶) کتر بیونت۔ قطع و برید (۷) درختوں کی شاخیں کاٹنا۔
**چھانٹن۔ چھٹن۔** (چھاں۔ ٹن) (چھُ۔ ٹن) (ہ۔ ا۔ مث) وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ رہے۔
**چھانٹنا۔** (چھانٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چُننا۔ انتخاب کرنا (۲) شاخ کاٹنا (۳) سر کے بال کترنا (۴) مختصر کرنا (۵) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۶) چرب زبانی کرنا۔
**چھاننا۔** (چھان۔ نا) (ہ۔ مص) چھلنی سے آٹا نکالنا (۲) صاف کرنا۔ نتھارنا۔ رولنا (۳) جانچنا۔ پرکھنا (۴) تحقیقات کرنا۔ کھوج لگانا (۵) ڈھونڈنا۔
**چھانوا۔** (چھان۔ وا) (ق۔ ا۔ مذ) بھوت پریت۔ آسیب۔
**چھاؤنی۔** (چھا۔ او۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھاؤں کرنے کی چیز۔ کھپریل (۲) لشکرگاہ۔ کیمپ۔ سپاہیوں کی بارکیں۔
**چھاؤنی چھانا۔ چھاؤنی ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ڈیرہ ڈالنا (۲) مسکن بنا لینا۔ مقام کرنا۔ کیمپ ڈالنا۔
**چھائی۔** (ہ۔ ا۔ مث) راکھ۔
**چھائیں۔** (چھا۔ ئیں) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سایہ۔ چھاؤں (۲) داغ۔ دھبہ۔ (۳) روح۔ بھُوت۔
**چھائیں پھُوئیں۔** (۱) خدا بچائے۔ خدا نہ کرے (۲) جن و پری۔ بھُوت پریت۔
**چھائیں مائیں۔** بچوں کا ایک کھیل جو چکر کھا کر کھیلا جاتا ہے۔
**چھائیاں۔** (ا۔ مث) کلف۔ سیاہ داغ دھبے جو چہرے پر پڑ جاتے ہیں۔
**چھایا۔** (چھا۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) سایہ۔ چھاؤں (۲) سایہ دار جگہ (۳) پرتو۔ عکس (۴) تھوڑی سی شباہت۔
**چھایا بڑی مایہ ہے۔** (ا۔ مثل) سایہ بہت اچھی چیز ہے۔ اپنا مکان ہونا بہت اچھا ہے۔
**چھب۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) آرائش۔ زیب زینت (۲) ناز و انداز۔ معشوقانہ انداز (۳) خوبصورتی۔ تناسب اعضا۔ جسامت۔

**چھب تختی۔** (ہ۔ ا۔ مث) سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ گات اور جسامت کی خوش وضعی۔
**چھب کھٹڑی میں اور صورت طباق میں۔** (ا۔ مثل) عزت عمدہ پوشاک سے اور رنگ روپ عمدہ غذا سے۔
**چھبڑا۔** (چھب۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹوکرا جس کا پیندا چپٹا ہو (۲) چھابا۔
**چھبڑی۔** (چھب۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا ٹوکرا۔ چھابڑی۔
**چھبی۔** (چھب۔ بی) (ہ۔ ا۔ مث) (دلالوں کی اصطلاح میں) پیسہ۔ فلوس۔
**چھبیس۔** (چھب۔ بیس) (ہ۔ صف) چھ اور بیس (۲۶)
**چھبیلا۔** (چھَ۔ بی۔ لا) (ہ۔ صف) چھب والا۔ خوش وضع۔ چنچل۔ رنگیلا۔ خوش اندام۔
**چھپ۔** (ہ۔ ا۔ مث) پانی کی آواز۔ پانی پر ہاتھ مارنے یا کسی چیز کے گرنے کی آواز۔
**چھپ چھپ۔** (ا۔ مث) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز۔
**چھپا۔** (چھُ۔ پا) (ہ۔ صف) پوشیدہ۔ مخفی۔ نہاں۔ پنہاں۔ گپت۔
**چھپا (چھپے) رستم۔** (ا۔ صف) (۱) وہ شخص جو اپنے ہنر اور کمال میں پورا ہو کر لوگوں پر ظاہر نہ ہو۔ کامل فن (۲) چھپا بدمعاش۔ چھپا شریر۔
**چھپا رکھنا۔** (مص۔ مرکب) پوشیدہ رکھنا۔ پنہاں رکھنا۔
**چھپاکا۔** (چھُ۔ پا۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز (۲) پانی کا بڑا چھینٹا۔
**چھپانا۔** (چھُ۔ پا۔ نا) (ہ۔ مص) پوشیدہ رکھنا۔ مخفی کرنا۔ ڈھانکنا۔
**چھپاؤ۔** (چھُ۔ پا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پوشیدگی۔ پردہ (۲) راز۔ بھید۔
**چھپائی۔** (چھُ۔ پا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھاپا (۲) چھاپنے کی اُجرت۔
**چھپٹی۔** (چھپ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) لکڑی کی چھیلن (۲) (صف) دُبلا۔ پتلا۔ لاغر۔
**چھپٹی سا۔** (ہ۔ صف) دُبلا۔ پتلا۔
**چھپر۔** (چھپ۔ پر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پھوس کا سائبان (۲) بوجھ (۳) برساتی پانی کا گڑھا جس میں سنگھاڑے اور کنول گٹے بو دیتے ہیں (۴) لمبی چوڑی داڑھی (۵) اُڑنے والے کبوتروں کا غول یا جھنڈ۔
**چھپر بند۔** (ا۔ صف) سائبان چھانے والا۔ چھپر بنانے والا۔
**چھپر پر پھُوس نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت مفلس ہونا۔
**چھپر پر پھُوس نہیں ڈیوڑھی پر نقارہ۔** (ا۔ مثل) مفلس اور کنگال ہو کر اپنی نمود اور بڑائی دکھانا۔
**چھپر پر رکھنا (دھرنا)۔** (ا۔ محاورہ) طاق میں رکھنا۔ پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
**چھپر پھاڑ کر دینا۔** (ا۔ محاورہ) بے وسیلے رزق پہنچانا۔ اس جگہ سے دلانا جہاں سے اُمید نہ ہو۔ گھر بیٹھے دینا۔
**چھپر ٹوٹ پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) یکایک مصیبت آ جانا۔
**چھپر رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بار احسان رکھنا۔ بھاری احسان کرنا۔ بوجھ رکھنا۔ الزام رکھنا۔
**چھپر کھٹ۔** (ہ۔ ا۔ مث) وہ پلنگ جس کے اوپر چھتری اور پوشش ہو۔ دُلہن کا چھتری دار پلنگ۔ امیروں کے سونے کا پلنگ۔



Marfat.com

**چپڑا** - (چپ - ڑا) (ہ - ا - مذ) چھوٹا پتھر۔
**چپک** - (چھ - پک) (ہ - ا - مث) پانی کی آواز۔
**چپکا** - (چپ - کا) (۱) پانی کا بڑا چھینٹا - تڑیڑا (۲) کبوتر پکڑنے کا چھوٹا سا جال (۳) ایک زیور جو عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں۔ (۴) پگھلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا (۵) لوہے کا وہ چوڑا پترا جو کنڈی میں لگاکر بند کر دیا جاتا ہے۔
**چپکلی** - (چپ - ک - لی) (ہ - ا - مث) (۱) ایک رینگنے والا جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے۔ چھپکلی (۲) دبلی پتلی عورت۔
**چھپن** - (چھپ - پن) (ہ - صف) چھ اوپر پچاس (۵۶)
**چھپنا** - (چھپ - نا) (ہ - مص) طبع ہونا - مُہر لگنا۔
**چھُپنا** - (چھُپ - نا) (ہ - مص) (۱) پنہاں ہونا - مخفی ہونا (۲) آنکھ بچانا۔ (۳) پردہ کرنا۔
**چھپوال** - (چھپ - وال) (ہ - صف) پوشیدہ - چھُپے چھُپے۔
**چھت** - (ہ - ا - مث) (۱) سقف - پٹاؤ - سائبان (۲) کوٹھا - بام (۳) چھت گیری۔
**چھت پاٹنا** - (مص - مرکب) چھت پر کڑیاں تختے اور مٹی وغیرہ ڈالنا۔
**چھت ٹپکنا** - (۱ - محاورہ) چھت چونا - چھت سے پانی ٹپکنا۔
**چھت گیری** - (۱ - مث) وہ کپڑا جو چھت کے نیچے خاک وغیرہ کے نہ گرنے کے لیے لگاتے ہیں۔
**چھت لگانا** - (۱ - محاورہ) چھت کے عرض و طول کے موافق کوئی رنگین یا منقش یا کسی قسم کا کپڑا چھت کے نیچے کڑیوں سے ملاکر لگانا۔
**چھتا** - (چھت - تا) (ہ - ا - مذ) (۱) دُور تک پٹا ہوا راستہ - سکھیتوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر (۲) گھاس کا پھیلاؤ۔
**چھتاپنا** - (چھ - تا - پ - نا) (ق) مہربانی۔
**چھتارا** - (چھ - تا - را) (ہ - ا - مذ) وہ درخت جس میں کثرت سے پتے اور شاخیں ہوں - گھنا درخت۔
**چھتانا** - (چھ - تا - نا) (ہ - ا - مذ) بھڑوں کا بہت بڑا چھتا۔
**چھتر** - (چھ - تر) (ہ - ا - مذ) (۱) بڑا چھاتا - نم گیرہ (۲) شامیانہ (۳) جائے پناہ۔
**چھترانا** - (چھت - رانا) (ہ - مص) بکھیرنا۔
**چھتراؤ** - (چھت - را - او) (ہ - ا - مذ) پراگندگی - تتر بتر ہونا۔
**چھترپتی** - (۱ - مذ) راجا - نواب - والیٔ ریاست (۲) وہ افسر جس کے سپرد چتر شاہی ہو۔
**چھتری** - (چھت - ری) (ہ - ا - مث) (۱) چھوٹا چھاتا (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا اڈا (۳) ایک قسم کا گنبد دار محل (۴) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹھر (۵) سر کے بڑے اور گھنے بال (۶) ہندوؤں کی ایک قوم کا نام۔
**چھتنا** - (۱ - مص) پٹنا - مار کھانا (۲) ٹوٹنا - کٹنا - پسنا (۳) ہموار کیا جانا۔
**چھتنا** - (ہ - صف) چھاتے کی شکل کا (۲) گھنا - ہموار - برابر۔
**چھتوانا** - (۱ - مص) پٹوانا - مروانا۔
**چھتور** - (ہ - ا - مذ) گھر - مکان - محل - بنگلہ۔
**چھتورنا** - (چھ - تو - ر - نا) (ق - مص) چھڑکنا۔
**چھتیانا** - (چھت - یا - نا) (ہ - مص) بندوق سے شست باندھنا - بندوق کو چھاتی سے لگانا۔

**چھتیس** - (چھت - تیس) (ہ - صف) چھ اوپر تیس (۳۶)
**چھتیسا** - (چھت - تی - سا) (ہ - صف) مکار - عیار - چھتیس ہنر جاننے والا۔
**چھتیسی** - (چھت - تی - سی) (ہ - صف) اوباش عورت - نہایت چالاک اور ہوشیار عورت۔
**چھُٹ** - (ہ - ا - حرف استثنا) (۱) بجز - سوا (۲) چھوٹا ہوا - علیحدہ (۳) چھوٹا کا مخفف
**چھُٹ بھیا** - (۱ - مذ) ادنیٰ دکاندار - نیچ قوم کا آدمی۔
**چھُٹ پن - چھُٹ پنا** - (۱ - مذ) خردی - بچپن - لڑکپن۔
**چھٹا** - (چھ - ٹا) (ہ - صف) (۱) چُنا ہوا - منتخب (۲) چھ سے نسبت رکھنے والا - ششم - چھیواں۔
**چھٹا ہوا** - (۱ - محاورہ) منتخب - علیحدہ (۲) بدمعاش۔
**چھٹاپا** - (چھ - ٹا - پا) (ق - ا - مث) رہائی - نجات۔
**چھُٹاپا** - (چھُ - ٹا - پا) (ہ - ا - مذ) خوردگی - چھوٹاپن۔
**چھٹانک** - (چھ - ٹانک) (ہ - ا - مث) سیر کا سولھواں حصہ - پانچ تولہ۔
**چھٹانک دھنیا خیرآبادی کوٹھی** - (۱ - مثل) ذرا سے سرمایہ پر بہت شیخی مارنے والے کے متعلق بولتے ہیں۔
**چھٹاون** - (چھ - ٹا - ون) (ہ - ا - مذ) پھٹکن - اناج کی صفائی۔
**چھُٹکا** - (چھُٹ - کا) (ہ - صف) چھوٹا۔
**چھٹکا** - (چھٹ - کا) (ہ - ا - مذ) پینس کا رنگین و منقش پردہ۔
**چھُٹکارا** - (چھُٹ - کا - را) (ہ - ا - مذ) رہائی - خلاصی - فرصت - مہلت۔
**چھٹکال** - (چھٹ - کال) (ق - ا - مث) چھینٹیں۔
**چھٹکانا** - (چھٹ - کا - نا) (ہ - مص) پراگندہ کرنا - پھیلانا - بکھیرنا - سرکانا - منتشر کرنا - اپنی جگہ پر واپس کرنا۔
**چھٹکنا** - (چھ - ٹک - نا) (ہ - مص) (۱) بکھرنا - پھیلانا (۲) تاروں کا کھلنا - تارے چمکنا۔
**چھُٹکی** - (چھُٹ - کی) (ق - صف) چھوٹی - بہت کم۔
**چھٹنا** - (چھٹ - نا) (ہ - مص) (۱) صاف ہونا - مواد یا ملبہ نکلنا (۲) دُبلا ہونا (۳) منتخب ہونا (۴) قلم ہونا - ترشنا (۵) جُدا ہونا - اناج کو بھوسی سے الگ کرنے کا آلہ۔
**چھُٹنا** - (چھُٹ - نا) (ہ - مص) (۱) رہا ہونا - آزاد ہونا (۲) پیٹ جاری ہونا - دست لگنا (۳) برطرف ہونا - موقوف ہونا (۴) بچنا - باقی رہنا (۵) دُغنا - سر ہونا (۶) علیحدہ ہونا - جدا ہونا (۷) چلنا - روانہ ہونا۔
**چھٹنکی** - (چھ - ٹن - کی) (ہ - ا - مث) پانچ تولہ کا باٹ۔
**چھُٹوانا** - (چھُٹ - وا - نا) (ہ - مص) (۱) رہا کرانا (۲) جدا کرنا - موقوف کرانا۔
**چھٹوتی** - (چھ - ٹو - تی) (ہ - ا - مث) رعایت - تخفیف - کمی۔
**چھٹولا** - (چھ - ٹو - لا) (ہ - ا - مذ) وہ لباس جو بچہ پیدا ہونے کے زمانے میں عورتیں پہنتی ہیں۔
**چھُٹولا** - (چھ - ٹو - لا) (ہ - صف) چھ دن یا چھ مہینے کا بچہ۔
**چھٹھ** - (ہ - ا - مث) ہندی مہینہ کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔
**چھٹی** - (چھ - ٹی) (ہ - صف) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والی (۲) (ہ - ا - مث) بچہ پیدا ہونے کے چھ دن بعد کی رسم۔
**چھٹی حِس** - (۱ - مث) انسان کی وہ حِس جو کسی خطرے کے وقت پیدا ہوتی ہے اور انسان کسی آنے والے خطرے سے چونک اٹھتا ہے۔



Marfat.com

**چھٹی کا جوڑا۔** (ا۔مذ) وہ کپڑے جو زچہ کو چھٹی کے موقع پر میکے سے آتے ہیں۔

**چھٹی کا دُودھ زبان پر آنا۔** (ا۔محاورہ) سخت مصیبت پڑنا۔مصیبت کے وقت گزشتہ عیش و آرام یاد آنا۔

**چھٹی کا دُودھ یاد دلانا۔** (ا۔محاورہ) بہت مارنا۔

**چھٹی کا دُودھ نکلنا۔چھٹی کا کھایا پیا نکلنا۔** (ا۔مثل) گزشتہ آرام و راحت کی کسر نکلنا۔

**چھٹی کا دُودھ یاد آنا۔** (ا۔مثل) مصیبت میں آرام و عیشِ گذشتہ کا یاد آنا۔امن کا زمانہ افسوس کے ساتھ یاد آنا۔

**چھٹی کا (راجا) رجہ۔** پرکھوں کا امیر خاندانی امیر۔ وہ شخص جس کی چھٹی میں ننھیال سے اس قدر دولت آئے کہ پشتوں تک کافی ہو (۲) (طنزاً) غریب۔مفلس۔جنم کا دلدری۔

**چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سُوکھے۔** (ا۔مثل) اس وقت تک بچہ اور نا تجربہ کار ہے۔

**چھٹی نہانا۔** (ا۔محاورہ) بچہ ہونے کے چھ روز بعد کا غسل۔

**چھٹی نہ چِلا، حرام کا پلا۔** (ا۔مثل) اگر کوئی بچے کی ولادت پر دعوت نہ کرے تو طنزاً کہتے ہیں۔

**چھٹی نہ ستوانسا امیر الامرا کا نواسا۔** (ا۔مثل) جو معمولی حیثیت کا، مگر اپنے آپ کو بڑا سمجھے۔

**چُھٹی۔** (چھُٹ۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] (۱) تعطیل۔ رخصت۔ فرصت اجازت (۲) موقوفی۔برطرفی (۳) مرنا (۴) چھٹکارا۔

**چُھٹی دینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) رُخصت دینا۔ اجازت دینا (۲) موقوف کرنا۔برطرف کرنا (۳) تعطیل دینا۔

**چُھٹی ملنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) فراغت پانا۔رخصت ملنا (۲) موقوف ہونا۔برخاست ہونا۔

**چُھٹی ملی۔** (ا۔روزمرہ) چلو فراغت پائی۔خُوب چھُوٹے۔

**چھٹے۔** چھ ماہے۔ (ہ) گاہے گاہے۔کبھی کبھی۔

**چُھٹیا۔** (چھُٹ۔یا) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا نمک۔

**چُھٹیاں۔** (چھُٹ۔ٹ۔یاں) [ہ۔ا۔مث] (۱) نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے (۲) ایامِ رُخصت۔تعطیلیں۔

**چھجّا۔** (چھج۔جا) [ہ۔ا۔مذ] چھت کے آگے بڑھا ہوا حصّہ جو بارش سے حفاظت یا دھوپ سے بچاؤ کے لیے ہوتا ہے۔

**چھجانا۔** (چھَ۔جا۔نا) [ہ۔مص] کم کرنا۔گھٹانا۔

**چھچّا۔** (چھچ۔چا) [ق۔صف] اوچھا۔کمینہ۔چھچھورا۔

**چھچھڑا۔** (چھچھ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) گوشت کا نکمّا پتلا ٹکڑا (۲) لبلبا۔چپچپا۔نرم۔

**چھچھکارنا۔** (چھچھ۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) سیٹی بجا کر کُتّے کو بُلانا (۲) کسی کے پیچھے کُتّا دوڑانا۔

**چھچھلا۔** (چھچھ۔لا) [ہ۔صف] کم گہرا پانی یا برتن۔

**چھچھلتی ہوئی۔** (چھ۔چھَل۔تی۔ہُ۔ای) [ہ۔صف] (۱) دوسری چیز کو چھُو کر گزرتی ہوئی (۲) سرسری۔

**چھچھلنا۔** (چھ۔چھل۔نا) [ہ۔مص] کسی چیز کا بغیر توقف کسی چیز کو چھُوتے گزر جانا۔

**چھچھلی۔** (چھچھ۔لی) [ہ۔صف] (۱) کم گہری طشتری (۲) گول ٹھیکری جسے زور سے پانی پر مارتے ہیں اور جب تک ہاتھ کی قوت کا اثر باقی رہتا ہے ٹھیکری پانی پر تیرتی چلی جاتی ہے۔

**چھچھلیاں کھلانا۔** (ا۔محاورہ) کسی کو حیران کرنا۔

**چھچھو۔** (چھچھُ۔چھُو) [ہ۔ا۔مذ] (بچوں کی زبان میں) پیشاب۔

**چھچھورا۔** (چھَ۔چھو۔را) [ہ۔صف] کم ظرف۔کمینہ۔پیٹ کا ہلکا۔رذیل۔

**چھچھوراپَن۔چھچھورپَن۔** (ا۔مذ) سفلہ پن۔کمینہ پن۔

**چھچھوندر۔** (چھَ۔چھوں۔دَر) [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کا چوہا جس کے جسم سے بُو آتی ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) وہ عورت جو اِدھر اُدھر لڑائی کراتی پھرے۔

**چھچھوندر چھوڑنا۔** (ا۔محاورہ) آتش بازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا (۲) لڑائی کرانا (۳) بہتان لگانا۔جھُوٹ بات مشہور کرنا۔

**چھچھوندر چھُوٹ گئی۔** پتنگ کی ڈور کی نسبت کہتے ہیں جب وہ بودی ہو جاتی ہے اور ہر جگہ سے بآسانی ٹُوٹ جاتی ہے۔

**چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل۔** (ا۔مثل) کم رُتبہ آدمی کا اچھی چیز استعمال کرنا۔

**چھچّھی۔** (چھچھ۔چھی) [ہ۔ا۔مث] بچّوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

**چھچّی۔** (چھچھ۔چی) [ق۔صف] اوچھی۔کمینی۔چھچھوری۔

**چھَدّا۔** (چھَد۔دا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) الزام۔تہمت۔بہتان (۲) گلہ۔شکوہ۔ (۳) بارِ احسان۔

**چھدّا اُتارنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) شکوہ مٹانا (۲) الزام اُتارنا (۳) جلد آکر چلا جانا۔

**چھدّا دھرنا (رکھنا)۔** (ا۔محاورہ) الزام دینا۔بہتان لگانا۔

**چھَدام۔** (چھَ۔دام) [ہ۔ا۔مث] دمڑی۔

**چھدرا۔** (چھد۔را) [ہ۔صف] جھر جھرا۔چھید دار۔فرق فرق سے۔

**چھدرا کر چلنا۔** (ا۔مص۔مرکب) ٹانگیں کھول کر چلنا۔ٹانگوں کو پھیلا کر چلنا۔

**چھدنا۔** (چھد۔نا) [ہ۔مص] (۱) سُوراخ دار ہونا (۲) چھُبنا۔زخمی ہونا۔

**چھدّے مدّسے۔** (چھَد۔دسے۔مَد۔دسے) [ہ۔ا۔مذ] پیار کا کلمہ جو ماں صدقے قربان کی جگہ بچّے کو کہتی ہے۔

**چھَر۔** [ق۔ا۔مذ] دھیان۔خیال۔

**چھَر۔** [ق۔ا۔مذ] زہر۔

**چھَرّا۔** (چھَر۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چھوٹی گولی (۲) سنگریزے جو گھنگرو وغیرہ میں ڈالتے ہیں (۳) طعن و طنز کی بوچھاڑ۔

**چھَرّا چلنا۔** (۱) سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا (۲) گالیوں اور آوازوں توازوں کا متواتر پڑنا (۳) فائر ہونا۔

**چھُرا۔** (چھُ۔را) [ہ۔ا۔مذ] بڑا چاقو۔گوشت کاٹنے کا ہتھیار۔

**چھَرنا۔** (چھَر۔نا) [ہ۔مص] اناج صاف کرنا۔چھلکا اُتارنا۔

**چھَر واد۔** (چھر۔واد) [ق۔ا۔مذ] بچّہ۔چھوکرا۔

**چھُری۔** (چھُ۔ری) [ہ۔ا۔مث] لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔چھوٹا چھُرا۔

**چھُری بند بھائی۔** (ا۔مذ) (۱) قصائی۔بُوچڑ (۲) ہم قوم۔ہم پیشہ۔

**چھُری چلی نہ کٹاری۔** (ا۔مثل) نقصان دہ چیز کوئی ہو ابھی نہیں۔



Marfat.com

**چھُری بھونکنا۔** (ا۔ محاورہ) چھُری گھُسیڑنا۔ چھُری مارنا۔
**چھُری پھیرنا۔** (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا (۲) سخت آزار پہنچانا۔ رنج دینا۔
**چھُری تلے دَم لینا۔** (ا۔ محاورہ) تکلیف سہارنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔
**چھُری تیز رہنا۔** (ا۔ محاورہ) مارنے کو مستعد رہنا۔
**چھُری چلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چھُریوں سے لڑائی ہونا (۲) اَن بن رہنا۔ (۳) رنج پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا۔
**چھُری خربوزے پر گرے یا خربوزہ چھُری پر نقصان خربوزے کا ہی ہو گا** (ا۔ مثل) زبردست کے مقابلے میں نقصان غریب کا ہی ہوتا ہے۔
**چھُری کٹاری۔** (ا۔ مث) جانی دُشمن (۲) بحث و تکرار (۵۔ صف) لڑنے پر آمادہ۔ فساد کے لیے تیار (۳) لڑاکا۔ وہ لڑائی جس میں ہتھیاروں کی نوبت پہنچے۔
**چھُری کٹاری ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخت دشمنی ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔ لڑائی ہونا۔
**چھریرا۔** (چھَ۔ رے۔ را) (ہ۔ صف) دُبلا۔ پتلا۔ لمبا۔
**چھڑ۔** (ہ۔ ا۔ مث) پتلا اور لمبا بانس۔
**چھڑا۔** (چھَ۔ ڑا) (ہ۔ صف) (۱) تنہا۔ اکیلا (۲) (ا۔ مذ) ایک قسم کا پاؤں کا کڑا (۳) کان کا ایک موتیوں کا زیور۔
**چھڑے چھٹانک۔** (ا۔ مذ) تنہا۔ اکیلا۔
**چھُڑانا۔** (چھُ۔ ڑا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رہا کرانا۔ آزاد کرانا (۲) جُدا کرانا۔ علیحدہ کرانا (۳) ترک کرانا (۴) کھولنا۔
**چھُڑائی۔** (چھُ۔ ڑا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رہائی کا عوضانہ۔ جُرمانہ (۲) وہ نقدی جو چڑیمار کو پرندوں کو چھوڑنے کے لیے دی جائے۔
**چھڑرا۔** (چھڑ۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) چھلکا۔
**چھڑکاؤ۔** (چھڑ۔ کا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی کا زمین پر چھڑکنا۔ آب پاشی۔
**چھڑکائی۔** (چھڑ۔ کا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) پانی چھڑکنے کی اُجرت۔
**چھڑکنا۔** (چھِ۔ ڑک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر زمین تر کرنا (۲) تصدق کرنا۔
**چھڑکوانا۔** (چھِ۔ ڑک۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) چھڑکنا کا متعدی المتعدی۔
**چھڑلا۔** (چھڑ۔ لا) (ق۔ ا۔ مذ) چھاج۔
**چھڑنا۔** (چھَڑ۔ نا) (ہ۔ مص) غلّہ کوٹ کر صاف کرنا۔ اوکھلی میں غلّہ کُوٹنا۔
**چھڑنا۔** (چھِڑ۔ نا) (۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۲) بجنا۔
**چھُڑوانا۔** (چھُڑ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) رہا کرانا۔ جُدا کرانا۔
**چھڑی۔** (چھِ۔ ڑی) (ق۔ ا۔ مذ) چوبدار۔
**چھڑی۔** (چھَ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پتلی لکڑی۔ قمچی (۲) وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے (۳) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی (۴) گولگرد اور چکنی وغیرہ کی سیدھی شکن جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانکتی ہیں (۵) (صف) تنہا۔ اکیلی۔
**چھڑیوں کا میلہ۔** (ا۔ مذ) درگاہوں کا میلہ جہاں ان بزرگوں کے نام کی جھنڈیاں لے کر جاتے ہیں۔

**چھڑیلا۔** (چھَ۔ ڑے۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک خوشبودار دوا۔
**چھکّا۔** (چھک۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا (۲) گنجفے یا تاش کا وہ پتہ جس پر چھ نقطے یا علامتیں ہوں (۳) (کرکٹ) وہ ہٹ جس میں چھ رنز بنیں (۴) پاسے کا چھ نقطے والا داؤ۔
**چھکّے پنجے بھُول جانا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی تدبیر نہ بن پڑنا۔ حواس جاتے رہنا۔
**چھکّے چھُوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا۔
**چھکا چھک۔** (چھَ۔ کا۔ چھک) (ہ۔ صف) (۱) سب بھرا ہوا (۲) سیر (۳) مدہوش۔ بدمست۔ نشے میں چور۔
**چھکا دینا۔** (چھَ۔ کا۔ دے۔ نا) (ہ۔ مص) خوب سیر کر دینا۔ غنی اور بے پروا کر دینا۔
**چھکانا۔** (چھَ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) سیر کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ بے پروا کرنا۔
**چھکائی۔** (چھَ۔ کا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) آسودگی۔ سیری۔
**چھکڑ۔** (چھک۔ کڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) چھترا۔ لیتڑا۔
**چھکڑا۔** (چھک۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گڈا۔ اسباب لادنے کی بڑی گاڑی۔ (۲) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں۔
**چھکڑا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی سواری کا تیز نہ چل سکنا۔ نکمّا ہو جانا۔ انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔
**چھکڑی۔** (چھک۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چوسر کا داؤں تینوں پانسوں میں دو دو صفر آنا (۲) وہ چھ گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جُتتے ہوں (۳) چھوٹا چھکڑا۔
**چھل۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔ دیوار کی چند گری ہوئی اینٹیں۔ (۲) (مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔
**چھَل بٹّا۔ چھَل بٹّے۔** (ا۔ مذ) فریب۔ دم۔ دھوکا۔
**چھَل بٹّوں میں آ جانا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکے میں آ جانا۔
**چھَل بٹّے دینا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔
**چھَل بل۔** (ا۔ مث) (۱) فریب۔ حیلہ (۲) شوخی۔ چالاکی۔
**چھَل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ چالاکی کرنا۔ فریب دینا۔
**چھلّا۔** (چھل۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) حلقہ۔ کنڈلی۔ کڑا (۲) انگشتری۔ سونے یا چاندی کا حلقہ جو اُنگلی میں پہنا جاتا ہے (۳) وہ نشان جو کلابتون یا ریشم سے گول گول بنائے جاتے ہیں (۴) ایک قسم کا پنجابی گیت (۵) گھر کی وہ دیوار جو ایک طرف سے پختہ اور دوسری طرف سے کچی ہو۔
**چھلّا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) پانی کا اُچھو لگ جانا۔
**چھلّا چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) اوباش عورتوں کا کسی خاص غرض سے اپنے مقام مخصوص میں چھلّا رکھنا۔
**چھلّا چھپّول۔** شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل ہے کہ ہاتھ کا چھلّا اُتار کر کسی کی مٹھی میں چھپا کر مٹھیاں بند کر لیتے ہیں۔ جو شخص چھلّے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اس کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اسی کا چھلّا ہو جاتا ہے۔
**چھلّا دھو کر اُٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) منّت کا چھلّا پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی پر للّٰہ دیا جائے۔
**چھلّے کا گُل۔** (ا۔ مذ) وہ داغ جو محبت جتانے کے لیے معشوق کا چھلّا لال کر کے اپنے جسم پر لگایا جائے۔



Marfat.com

**چھلاّ**۔ (چھل۔ لا) (ق۔ ا۔ مذ) چھلا۔

**چھلانگ**۔ (چھَ۔ لانگ) (ہ۔ ا۔ مث) جست۔ زقند۔ چوکڑی۔ پھلانگ۔

**چھلاؤ**۔ (چھَ۔ لا۔ ؤ) (ق۔ ا۔ مذ) شوخی۔ چُلبلاپن۔

**چھلاوا**۔ (چھَ۔ لا۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھل دینے والا۔ آسیب۔ غول۔ بیابانی۔ شہابہ (۲) شعبدہ باز۔ طلسم دکھانے والا (صف) شوخ۔ طرّار۔

**چھلاوا سا پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) شوخی دکھانا۔

**چھلاوا کھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) چھلاوے کا دوڑا دوڑا پھرنا۔ شہابہ کا کبھی اِدھر کبھی اُدھر چمکنا۔

**چھلاوا ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) غائب ہو جانا چمپت ہو جانا۔ قابو میں نہ آنا۔

**چھلبدار**۔ (چھَ۔ لب۔ دار) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے ڈوم جو دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں۔

**چھل پلانا**۔ (چھل۔ پ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) بازار میں کھڑے ہو کر کٹورے بجا بجا کر پانی پلانا۔

**چھلٹا**۔ (چھل۔ ٹا) (ق۔ ا۔ مذ) چھلکا۔

**چھلچھل**۔ (چھُل۔ چھُل) (ہ۔ ا۔ مث) زور سے مُوتنے کی آواز۔

**چھلچھلانا**۔ (چھُل۔ چھُ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پانی چھوڑنا۔ پیشاب کرنے کی آواز (۲) اِترانا۔

**چھلکا**۔ (چھل۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) پوست۔ چھال۔

**چھلکانا**۔ (چھل۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا۔ ڈھلکانا۔

**چھلکتا ہوا**۔ (چھَ۔ لک۔ تا۔ ہُ۔ وا) (ہ۔ صف) لبریز۔ بھرا ہوا۔

**چھلکنا**۔ (چھَ۔ لک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رقیق چیز کا لبالب ہو کر بہنا (۲) تھوڑی سی جاہ و حشمت پر غرور کرنا۔

**چھُلکنا**۔ (چھُ۔ لک۔ نا) (ہ۔ مص) عورت کا مُوتنا۔ بغیر ارادہ، خوف یا کسی اور وجہ سے مُوت نکل جانا۔

**چھلکیوں مُوتنا**۔ (ہ۔ مص) چلوؤں مُوتنا۔ از حد رُعب میں آنا۔

**چھلنا**۔ (چھَل۔ نا) (ہ۔ مص) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) (مذ) بڑی چھلنی۔

**چھِلنا**۔ (چھِل۔ نا) (ہ۔ مص) کسی چیز کا پوست اُتر جانا۔ کھال اُدھڑنا۔ رگڑ لگنا۔

**چھلنی**۔ چھَل۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) چھاننے کا آلہ۔ غربال۔

**چھلنی کیا بولے جس میں بہتر سو چھید**۔ (ا۔ مثل) جس میں خود نقص ہو وہ دوسروں میں کیا نقص نکالے گا۔

**چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑانا**۔ (ا۔ مثل) رُسوا کرنا۔ ڈھونڈی پیٹنا۔ ذرا سی بُرائی کو بڑھا کر بیان کرنا۔

**چھلنی ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت سے سُوراخ ہو جانا۔ چھدنا۔

**چھلوری**۔ (چھَ۔ لو۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) وہ چھالا جو اُنگلی یا ناخن کے اندر ہو جاتا ہے۔

**چھلی**۔ (چھَل۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پوست۔ چھلکا (۲) مکئی کا بھُٹا (۳) سُوت کی لُکڑی۔

**چھلی چھلیا**۔ (چھُ۔ لی۔ چھُ۔ لَ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

**چھلیا**۔ (چھَل۔ یا) (ہ۔ صف) فریبیا۔ دھوکے باز۔

**چھما**۔ (چھَ۔ ما) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) عفو۔ درگزر۔ معافی (۲) مہربانی۔ رحم۔

**چھما چھم ناچ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خوب ناچ ہونا۔

**چھمچھا**۔ (چھَم۔ چھا) (ہ۔ ا۔ مث) شگوفہ۔ لطیفہ۔ انوکھی بات۔

**چھم چھم**۔ (چھَم۔ چھَم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مینہ کے برسنے کی آواز (۲) گھنگھرو کی آواز۔ جھنکار۔

**چھم چھمانا**۔ (چھَم۔ چھَ۔ ما۔ نا) (ہ۔ مص) چھم چھم کی آواز دینا۔

**چھن**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز (۲) روپے کی آواز (۳) گھنگروؤں کی آواز (۴) سنگریزہ۔ کنکر (۵) کنگن۔ وہ زیور جو ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتے ہیں (۶) ایک قسم کے ٹیک جو دولھا سسرال میں سنا کر انعام لیتا ہے۔

**چھن چھن**۔ (۱) لوہے کی زنجیر کی آواز (۲) روپے کی آواز۔

**چھِن**۔ (ہ۔ ا۔ مث) پل۔ لمحہ۔ سیکنڈ۔ ثانیہ۔

**چھُن**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تلنے کی آواز۔ کڑکڑاتے تیل میں کوئی چیز پڑ جانے کی آواز (۲) گھنگروؤں کی آواز۔

**چھُن چھُن**۔ گھنگرو بجنے کی آواز۔ گھی داغ ہونے کی آواز۔

**چھُن مُن چھُنن مُنن**۔ بگھارے یا تلے جانے کی آواز۔

**چھنّا**۔ (چھَن۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑی چھلنی (۲) کسی چیز کا چھلنی سے نکلنا۔ چھانا جانا (۳) سوراخ سوراخ ہونا (۴) بگاڑ ہونا۔ لڑائی ہونا (۶) تحقیقات ہونا (۷) روشنی کا باہر نکلنا۔

**چھِننا**۔ (چھِن۔ نا) (ہ۔ مص) زبردستی لیا جانا۔ محروم کیا جانا۔

**چھناک**۔ (چھَ۔ ناک) (ہ۔ ا۔ مث) گرم چیز پر پانی گرنے کی آواز۔

**چھناکا**۔ (چھَ۔ نا۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) جھنکار۔ روپے کی آواز۔

**چھنال**۔ (چھِ۔ نال) (ہ۔ صف) (۱) بدکار و فاحشہ عورت۔ زانیہ (۲) شہوت پرست (۳) شوخ۔ بے شرم (۴) عیّارہ۔ چالاک۔ بدذات۔

**چھنال پَن (پنا)**۔ (ا۔ مذ) اوباشی۔ زناکاری۔ بدکاری۔ شرارت۔ بے شرمی۔ عیّاری۔ مکّاری۔

**چھنالا**۔ (چھِ۔ نا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) عورت کی بدکاری۔

**چھنالا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔ کسب کمانا۔

**چھنٹاؤ**۔ (چھِن۔ ٹا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) چھانٹ۔ تراش۔ چھنٹن۔

**چھنٹنا**۔ (چھَنٹ۔ نا) (ہ۔ مص) چُنا جانا۔ منتخب ہونا۔

**چھنٹیل**۔ (چھَن۔ ٹیل) (ہ۔ ا۔ مث) باقی بچی ہوئی خراب چیز جس سے اچھا حصہ نکال لیا گیا ہو۔

**چھنچھنانا**۔ (چھَن۔ چھَ۔ نا۔ نا) (ہ۔ مص) چھن چھن کی آواز نکالنا۔ جھنکارنا۔

**چھنچھناہٹ**۔ (چھَن۔ چھَ۔ نا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) لوہے کی زنجیر کی آواز روپے اشرفی وغیرہ کی آواز۔

**چھند**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب۔ چھل (۲) (مث) ہندی نظم (۳) (ق) ماتھے

**چھند بند**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) فریب۔ مکر۔ چالاکی۔ عیّاری۔

**چھند بھری**۔ فریبی۔ عشوہ گر۔ (ق)

**چھند چھوندے**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) فریب۔ مکر (ق)

**چھند ماترا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) تقطیع۔ اوزان و بحور۔ شعر کا وزن۔

**چھنڈنا**۔ (چھن۔ ڈ۔ نا) (ق۔ مص) قے کرنا۔

**چھنرا**۔ (چھَن۔ را) (ہ۔ صف) (۱) زانی۔ بدکار (۲) شہدا۔ لُچّا۔



Marfat.com

**چھنکارنا** ۔ (ا۔ مص) دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا۔
**چھنک جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بارود کم ہونے کی وجہ سے آتش بازی کا نہ چلنا۔
**چھنکنا** ۔ (چِھ۔ نک۔ نا) (ہ۔ مص) ناک صاف کرنا (۲) پھڑکنا (۳) چھانتا۔
**چھنگا** ۔ (چھُن۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھ انگلیوں والا آدمی۔
**چھنگلی۔ چھنگلیا** ۔ (چھنگ۔ لی) (چھنگ۔ لی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) سب سے چھوٹی انگلی۔
**چھنوانا** ۔ (چھَن۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) چھاننے کا متعدی المتعدی۔
**چھنوانا** ۔ (چھِن۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) چھیننا کا متعدی المتعدی۔
**چھو** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کچھ پڑھ کر پھونکنے کی آواز (۲) جادو۔ افسوں۔ منتر۔ دم۔ دعا
**چھو بننا۔ چھو ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا ہونا۔ رخصت ہونا۔ چلتا بننا۔ چیت ہونا
**چھو کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دم کرنا۔ دعا پڑھ کر پھونکنا۔
**چھو منتر** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) جادو۔ ٹونا۔
**چھوا چھو** ۔ (چھو۔ آ۔ چھو) (ہ۔ ا۔ مث) دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز۔
**چھوٹک** ۔ (چھو۔ ٹک) (ق۔ ا۔ مث) رہائی۔ چھٹکارا۔
**چھوارا۔ چھہارا** ۔ (چھُ۔ وا۔ را) (چھُ۔ ہا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی بڑی اور سوکھی کھجور۔
**چھوارا بیر** ۔ سرخ اور شیریں لمبا بیر۔
**چھوانا** ۔ (چھُ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) لگانا۔ مس کرنا۔
**چھوپ** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) وہ دوائیں جو گھوڑے کے زخم پر ضماد کی طرح لگائی جائیں یا باندھی جائیں۔
**چھوپ چھاپ** ۔ دیوار کا رخنہ بند کرنا۔ پلستر۔ کہگل۔
**چھوپا** ۔ (چھو۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) گیلی مٹی جس سے دیوار کا سوراخ بند کرتے ہیں۔
**چھوپنا** ۔ (چھوپ۔ نا) (ہ۔ مص) گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کے سوراخوں کا بھرنا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا۔
**چھوت** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھونا۔ مس (۲) ناپاک آدمی کا سایہ (۳) ناپاکی۔ پلیدی۔
**چھوٹ** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رہائی۔ آزادی (۲) فرصت۔ چھٹکارا (۳) کمی۔ تخفیف (۴) بے تکلفانہ پھکڑ۔ گالی گفتار (۵) طلاق (۶) مستثنےٰ۔ (۷) وہ مقام جہاں سے کبوتروں کو چھوڑنے کی شرط ہو (۸) انزال۔
**چھوٹ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا کسی چیز پر عکس پڑنا۔
**چھوٹ چھٹاؤ** ۔ (ا۔ مذ) علیحدگی۔ جدائی (۲) بیچ بچاؤ۔
**چھوٹ لڑنا** ۔ (۱) چوب بازی میں ایک شخص کا متعدد لکڑی پھینکنے والوں سے مقابلہ کرنا (۲) باہم کھل کھلا گالیاں دینا (۳) اس طرح لڑنا کہ حریف کو موقع نہ ملے۔
**چھوٹ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فرصت ہونا۔ وقت ملنا (۲) پھکڑ ہونا۔ بے تکلفانہ مزاح ہونا (۳) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گدکوں سے لڑنا۔
**چھوٹا** ۔ (چھو۔ ٹا) (ہ۔ صف) (۱) کوتاہ۔ تنگ (۲) خرد۔ عمر میں کم (۳) کم۔ قلیل (۴) کمینہ۔ پنج (۵) ادنے۔
**چھوٹا استنجا** ۔ (ا۔ مذ) (۱) پیشاب کرکے مٹی کے ڈھیلے سے بقیہ تری خشک کرنا (۲) پیشاب کرنا (۳) صرف پیشاب کرنے کے بعد عضو کا دھونا۔ بڑا استنجا کے مقابل آتا ہے جو پاخانہ پھرنے کے بعد کیا جاتا ہے۔
**چھوٹا پا** ۔ (ا۔ مذ) چھوٹا پن۔ چھٹاپا۔
**چھوٹا چلا** ۔ (ا۔ مذ) دسواں۔ بیسواں اور چھبیسواں کا غسل جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
**چھوٹا سب سے کھوٹا** ۔ (ا۔ مثل) چھوٹے قد کا آدمی بڑا شریر ہوتا ہے۔
**چھوٹا صاحب** ۔ (ا۔ مذ) بڑے افسر سے چھوٹا افسر۔
**چھوٹا کپڑا** ۔ (ا۔ مذ) انگیا۔
**چھوٹا گھر بڑا اسمدھیانہ** ۔ (ا۔ مثل) نام بڑا اور حیثیت کچھ نہیں۔
**چھوٹا منہ بڑی بات** ۔ (ا۔ مثل) اپنی لیاقت سے زیادہ بڑی بات کرنا۔ حوصلے سے زیادہ دعویٰ۔
**چھوٹے بڑے** ۔ (ا۔ مذ) امیر غریب۔ اعلےٰ ادنےٰ۔ بچے بوڑھے۔
**چھوٹے دل کا** ۔ (ا۔ صف) پست ہمت۔ کم حوصلہ۔
**چھوٹتے ہی** ۔ (چھوٹ۔ تے۔ ہی) (ہ۔ ا۔ تابع فعل) فوراً۔ اسی وقت۔
**چھوٹنا** ۔ (چھوٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کھلنا۔ آزاد ہونا۔ رسی تڑانا (۲) گھوڑے کا جفتی کرنا (۳) نکلنا (۴) انزال ہونا۔
**چھوٹی** ۔ (چھو۔ ٹی) (ہ۔ صف) چھوٹا کی تانیث۔
**چھوٹی الائچی** ۔ (ا۔ مث) سفید الائچی۔
**چھوٹی امت** ۔ (ا۔ مث) کمینے لوگ۔ پنج آدمی۔
**چھوٹی بات** ۔ (ا۔ مث) خفیف معاملہ۔ گھٹیا بات۔
**چھوٹی بوٹ** ۔ (ا۔ مث) چھوٹی انگلی۔ (ق)
**چھوٹی کھونٹی کا** ۔ (ا۔ صف) (گھوڑے اور آدمی کے لیے مستعمل ہے) پست قد۔ ٹھگنا۔ کم درجہ۔ کم حیثیت۔
**چھوٹی گولی کا روپیہ** ۔ (ا۔ مذ) شاہی زمانے کا روپیہ جس کی چاندی خالص ہوتی تھی
**چھوٹی مائیں** ۔ ایک دوا کا نام۔
**چھوچھا** ۔ (چھو۔ چھا) (ق۔ صف) اوچھا۔ کمینہ۔ چھچھورا۔
**چھوچھک** ۔ (چھو۔ چھک) (ہ۔ ا۔ مث) زچہ خانے کی ایک رسم۔ چھٹی۔
**چھوچھو** ۔ (چھو۔ چھو) (ار۔ ا۔ مث) دایہ۔ کھلائی۔ وہ عورت جو لڑکیوں کی خدمت کے لیے مقرر ہوتی ہے۔
**چھوچھی** ۔ (ا۔ مث) نے یا بانس کا کھوکھلا ٹکڑا۔ ٹیوب۔ نالی (۲) حقے کی نے (۳) سوئیاں رکھنے کی نلکی۔
**چھور** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) ساحل۔ کنارا (۲) سرحد (۳) پہلو۔ طرف (۴) چوٹی۔ کلڈ کوہ (۵) وہ کشتی جو دوسری کشتی کو کھینچ کرلے جائے۔
**چھورا** ۔ (چھو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) چھوکرا۔ لڑکا۔ غلام۔
**چھوری** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) چھورا کی تانیث۔
**چھوڑ آنا** ۔ (ہ۔ مص) کسی کو کسی مقام پر چھوڑ کر آپ چلے آنا۔
**چھوڑ لی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا** ۔ (ا۔ مثل) جو نقصان کر دیا سو کر دیا۔ اب تو پیچھا چھوڑ دو۔
**چھوڑنا** ۔ (چھوڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نجات دینا (۲) بخشنا۔ معاف کرنا (۳) ترک کرنا۔ رد کرنا (۴) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۵) بچانا (۶) استعفا دینا۔ علیحدگی اختیار کرنا (۷) طلاق دینا (۸) دوڑانا (۹) مکان خالی کرنا۔ (۱۰) بچا رکھنا (۱۱) پانی بہانا (۱۲) بندوق یا آتش بازی چلانا (۱۳) درگزر کرنا (۱۴) شکاری جانور کو شکار پر جھپٹانا (۱۵) باقی چھوڑنا۔ (۱۶) ہمت ہارنا۔ بزدلی دکھانا۔



Marfat.com

**چھوکرا** ۔ (چھوک ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ وصف] (۱) لڑکا (۲) کمسن نوکر ۔ چیلا (۳) نادان ناتجربکار
**چھوکری** ۔ (چھوک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) لڑکی ۔ چھوری (۲) لونڈی۔
**چھول** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] (۱) خواہش [مذ] (۲) ناز (۳) [مث] چُہل ۔ خوشی تفریح۔
**چھول** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] چھوٹی سورج ۔
**چھولا** ۔ [س ۔ ا ۔ مذ] چَنا ۔
**چھولداری** ۔ (چھول ۔ دا ۔ ری) [ا‌ُر ۔ ا ۔ مث] چھوٹا سا (ڈیرہ) خیمہ ۔
**چھُولنا** ۔ (چھُول ۔ نا) [ہ ۔ مص] چھیلنا ۔ چھلکا اُتارنا ۔
**چھُولنی** ۔ (چھُول ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] کھُرپی ۔
**چھُونا** ۔ (چھُو ۔ نا) [ہ ۔ مص] مَس کرنا ۔ ہاتھ لگانا ۔
**چھُونہ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بالکل نہ ہونا ۔ قریب نہ پھٹکنا ۔
**چھُونچھا** ۔ (چھُوں ۔ چھا) [ہ ۔ صف ۔ ا ۔ مذ] (۱) مفلس ۔ تہی دست ۔ ہر خالی چیز۔
**چھُونچھی** ۔ (چھُوں ۔ چھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) نرکل کی نلی (۲) سُوئیوں کی نلی (۳) سُوا ۔ بڑی سُوئی (۴) بچوں کے لیے چھوٹا پیالہ۔
**چھونک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] بگھار ۔ داغ ۔
**چھونکن** ۔ (چھوں ۔ کَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بگھارنے کا آلہ ۔
**چھونکنا** ۔ (چھونک ۔ نا) [ا‌ُر ۔ مص] بگھارنا ۔ گھی داغ کرنا ۔
**چھوہارا** ۔ (چھو ۔ ہا ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی خشک کھجور ۔
**چھُوئی مُوئی** ۔ (چھُو ۔ ای ۔ مُو ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث وصف] (۱) ایک قسم کی بُوٹی جس کے پتے آدمی کے ہاتھ لگانے سے مُرجھا جاتے ہیں (۲) نہایت نازک ۔ حساس۔
**چھہتر** ۔ (چھ ۔ ہت ۔ تر) [ہ ۔ صف] چھ اُوپر ستر (۷۶)
**چھی** ۔ (چھ ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک پرند کا نام ۔
**چھی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (حرف تنفر) (۱) تُف ۔ تھو تھو ۔ بُرا ۔ خراب ۔ نکما ۔ گندا ۔ (۲) چھینکنے کی آواز۔
**چھی چھی** ۔ (۱) بچے کا پاخانہ ۔ گوہ ۔ براز (۲) نفرت کا کلمہ ۔
**چھیاسٹھ** ۔ (چھ ۔ یا ۔ سٹھ) [ہ ۔ صف] چھ اُوپر ساٹھ (۶۶)
**چھیاسی** ۔ (چھ ۔ یا ۔ سی) [ہ ۔ صف] چھ اُوپر اسی (۸۶)
**چھیالیس** ۔ (چھ ۔ یا ۔ لیس) [ہ ۔ صف] چھ اُوپر چالیس (۴۶)
**چھیانوے** ۔ (چھ ۔ یان ۔ وے) [ہ ۔ صف] چھ اُوپر نوّے (۹۶)
**چھیبل** ۔ (چھے ۔ بَ ۔ ل) [ق ۔ ا ۔ مذ] جوہڑ ۔ پانی سے بھرا ہُوا گڑھا ۔
**چھیپ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بدن کا سفید داغ ۔ چھائیں ۔ دھبا (۲) ایک قسم کا میوہ (۳) چھلیاں پکڑنے کی چھڑی (۴) زین کا تسمہ ۔
**چھیپی** ۔ (چھی ۔ پی) [ہ ۔ صف] (۱) کپڑا چھاپنے والا (۲) [ا ۔ مث] وہ کپڑا بندھی ہوئی چھڑی جس سے کبوتر اُڑاتے ہیں ۔
**چھیج** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] کمی ۔ نقصان ۔ زوال ۔ کسی چیز کے بار بار تولنے ، سُوکھنے ، رگڑنے سے کمی واقع ہونا۔
**چھی جانا** ۔ (ا ۔ مص ۔ مرکب) سُوراخ ہو جانا ۔ پھٹنا ۔ کان کا سُوراخ زیور کے بوجھ سے بڑا ہو جانا ۔
**چھیجنا** ۔ (چھیج ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کم ہونا ۔ گھٹنا (۲) مرنا (۳) ضائع ہونا ۔ خراب ہونا (۴) اُترنا ۔ ہٹنا ۔

**چھیچھڑا ۔ چھیچھڑا** ۔ (چھیچھ ۔ ڑا) (چھیچ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پھپھڑا ۔ گوشت کا نکما حصہ ۔ لیتڑا ۔
**چھید** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سُوراخ ۔ رخنہ (۲) بل ۔ گڑھا ۔ عیب ۔
**چھید ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سوراخ کرنا (۲) طعن و طنز کی گفتگو کرنا ۔ رنج پہنچانا ۔
**چھیدنا** ۔ (چھید ۔ نا) [ہ ۔ مص] سُوراخ کرنا ۔
**چھیر** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] زخم ۔ شگاف ۔
**چھیڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] آدمیوں کی کمی ۔ ہجوم کا زوال ۔
**چھیڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چھُونا (۲) گدگدی (۳) ہنسی ۔ ٹھٹھا (۴) مخالفت ۔ فساد ۔ (۵) چڑانے کی بات (۶) نشتر زنی (۷) کسی باجے کی حرکت ۔
**چھیڑ چھاڑ** ۔ (ا ۔ مث) (۱) ہنسی ۔ مذاق ۔ طعن (۲) بات چیت (۳) خط و کتابت (۴) لڑائی جھگڑا ۔
**چھیڑ خانی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔ مخول (۲) رنج ۔ کاوش (۳) اشتعال طبع ۔
**چھیڑ نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طعنہ زنی کرنا ۔ چڑ نکالنا ۔
**چھیڑنا** ۔ (چھیڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چھُونا ۔ ہاتھ لگانا (۲) گدگدانا (۳) بھڑکانا ۔ چڑ چڑانا ۔ اشتعال دینا (۴) گھوڑا دوڑانا (۵) مذاق کرنا ۔ ٹھٹھا کرنا (۶) ذکر کرنا ۔ کوئی بات یاد دلانا (۷) ستانا ۔ دق کرنا (۸) جتانا ۔ آگاہ کرنا (۹) نشتر لگانا ۔ زخم کو چیرا لگانا (۱۰) باجا بجانا (۱۱) ابتدا کرنا (۱۲) گانا ۔ الاپنا ۔
**چھیک** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] چھید ۔ سوراخ ۔ رخنہ ۔
**چھیکتوت** ۔ (چھی ۔ کَ ۔ توت) [ق ۔ صف] (۱) آوارہ (۲) پریشان ۔
**چھَیل** ۔ [ہ ۔ صف] رنگیلا ۔ اچھا لباس پہن کر بنا ٹھنا رہنے والا ۔ حسین ۔ خوبصورت ۔
**چھَیل چھبیلا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ صف] (۱) رنگیلا ۔ چھیلا ۔ بانکا (۲) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس سے کپڑے رنگتے ہیں ۔
**چھَیلا** ۔ (چھے ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) رنگیلا ۔ بانکا (۲) [ا ۔ مذ] بکرا ۔
**چھیلا پھرے گلی گلی، جیب میں نہیں چھیل کی ڈلی** ۔ (ا ۔ مثل) پاس کچھ نہیں، شیخی اور نمود بہت ۔
**چھیلن** ۔ (چھی ۔ لَن) [ہ ۔ ا ۔ مث] تراشہ جو کوئی چیز چھیلنے سے نکلے ۔
**چھیلنا** ۔ (چھیل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پوست اُتارنا ۔ کھُرچنا (۲) خراش کرنا ۔ کھُجلی کرنا (۳) حرف اُڑانا ۔
**چھَیلی ۔ چھیری** ۔ (چھے ۔ لی ۔ چھے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] بکری ۔ گوسفند ۔
**چھین** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] لحظہ ۔ آن ۔
**چھینا جھپٹی ۔ چھین جھپٹ** ۔ (چھی ۔ نا ۔ جھپ ۔ ٹی ، چھین ۔ جھَ ۔ پٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] زبردستی چھیننا ۔ نوچا کھسوٹی ۔ کشمکش ۔
**چھینٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بوُند ۔ قطرہ (۲) ایک قسم کا بیل بُوٹے دار کپڑا ۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا (۳) داغ ۔ دھبا ۔
**چھینٹا** ۔ (چھیں ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کا چھلکو (۲) ہلکی بارش ۔ خفیف سا مینہ (۳) فریب ۔ دھوکا (۴) مدک یا چنڈو کا ایک دم (۵) طعنہ ۔ نوکا جھونکی (۶) بیج جو ہاتھ سے بکھیر کر بویا جائے ۔
**چھینٹا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خفیف سا مینہ برسنا ۔ ہلکی سی بارش ہونا ۔



Marfat.com

**چھینٹا دینا** - (ا۔ محاورہ) (۱) کسی پر چلّو بھر پانی وغیرہ چھڑکنا (۲) بیچک کے مُرجھانے پر سونے کے پانی کا چھینٹا پر چھڑکنا (۳) فریب دینا۔ لالچ دینا۔
**چھینٹا مارنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) پانی یا رنگ وغیرہ کا چھینٹا دینا (۲) سرد کرنا۔ تسکین دینا۔
**چھینٹوں میں آنا** - (ا۔ محاورہ) دَم میں آنا۔ فقروں میں آنا۔
**چھینٹے پھینکنا** - (ا۔ محاورہ) الزام لگانا۔ بُہتان لگانا۔
**چھینٹے دینا** - (ا۔ محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) اشتعال دینا۔ اُکسانا۔
**چھینٹیں اڑانا** - (ا۔ محاورہ) لگاتار ہاتھ سے پانی پھینکنا۔ کسی چیز کا پانی سے اس طرح گزرنا کہ اس سے پانی کے قطرے اُڑیں۔
**چھینک** - (ہ۔ ا۔ مث) وہ آواز جو ناک سے زکام یا کسی سلسلاہٹ کے باعث نکلے۔
**چھینک آنا** - (ا۔ محاورہ) ناک سے خود بخود آواز نکلنا۔
**چھینک ہونا** - (ا۔ محاورہ) بُرا شگون ہونا۔
**چھینک مارنا** - (ا۔ محاورہ) چھینک کا آنا۔
**چھینکتے ہی ناک کٹی** - (ا۔ مثل) ابتدا ہی خراب ہوگئی۔
**چھینکا** - (چھیں۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ جالی یا ڈھکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے واسطے چھت میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے مُنہ پر لگا دیتے ہیں۔
**چھینکنا** - (ا۔ مص) ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا۔ چھینک آنا۔
**چھینکیں لینا** - (ا۔ محاورہ) ناک میں کوئی دوائی (ہلاس) وغیرہ رکھنا تاکہ چھینکیں آئیں۔
**چھین لینا** - (چھین۔ لے۔ نا) (ہ۔ مص) زبردستی لے لینا۔ جھپٹ لینا۔
**چھیننا** - (چھین۔ نا) (ہ۔ مص) زبردستی لے لینا۔ چھین لینا۔ جھپٹا مارنا۔
**چھینی** - (چھے۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) ٹانکی۔ لوہا کاٹنے کا اوزار۔

## چ ــــ ی

**چی** - (ف۔ لاحقہ) اُردو اور فارسی میں اسم کے ساتھ مل کر بناتا ہے جیسے مشعلچی۔ باورچی۔ تصغیر بناتا ہے جیسے دیگچی۔
**چیاں** - (چ۔ یاں) (ہ۔ ا۔ مذ) املی کا بیج۔ تخم تمر ہندی۔
**چیاں سا۔ چیاں سی** - چھوٹا سا۔ چھوٹی سی۔
**چیانٹی** - (Chianti) (چ۔ یاں۔ تی) (انگ۔ ا۔ مث) سرخ اطالوی شراب۔
**چیپ** - (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لیس (۲) لاسا۔ چپکنے والی (۳) زخم کی پیپ (۴) رطوبت جو پکے ہوئے آموں سے نکلتی ہے۔
**چیپ دار** - (ہ۔ ف۔ صف) لس دار۔ چپکتا ہوا۔
**چیب** - (ہ۔ ا۔ مث) ٹکڑا جو دانت۔ پتھر یا لکڑی سے ٹوٹ کر الگ ہو جائے۔
**چیپڑ** - (چی۔ پڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) آنکھ کا میل کچیل۔ وہ رطوبت جو آنکھ سے نکلے۔
**چیپڑ بہنا** - (ا۔ محاورہ) آنکھوں کا میل کچیل کا رواں ہونا۔
**چیپلین** - (Chaplain) (چیپ۔ لین) (انگ۔ ا۔ مذ) پادری۔ کسی خاندان کا پادری۔

**چیپنا** - (چیپ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چپکانا۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا (۳) نوکر رکھا دینا۔
**چیپی** - (چے۔ پی) (ہ۔ ا۔ مث) کاغذ کی دھجی جو چپکائی جائے۔
**چیت** - (ہ۔ ا۔ مذ) ہندی سال کا بارھواں مہینہ۔
**چیتا** - (چے۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) خیال۔ فہم۔ سمجھ۔ حافظہ۔
**چیتا** - (چی۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں۔ گل دار۔ (۲) ایک دوا کا نام۔
**چیتے کی کمر** - (ا۔ صف) پتلی کمر۔ معشوق کی کمر۔
**چیتل** - (چی۔ تل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی نیل گاؤ (۲) ایک قسم کا ابلق موٹا سانپ (۳) (صف) داغ دار۔
**چیتنا** - (چیت۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہوشیار ہونا۔ جاگنا (۲) سمجھ میں آنا۔ یاد کرنا (۳) چراغ کا تیز ہونا۔
**چیتنا** - (ا۔ مص) چتیاں ڈالنا۔ منقش کرنا۔ تصویر کھینچنا۔
**چیتھڑا** - (چیتھ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) کپڑے کا ٹکڑا۔ لیر۔ لتہ۔
**چیتھڑے لگنا** - (ا۔ محاورہ) مفلسی کے مارے کپڑے پھٹے ہونا۔
**چیٹک** - (چے۔ ٹک) (ہ۔ ا۔ مث) لگن۔ دُھن۔ شوق۔
**چیچا** - (چی۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت۔
**چیچڑی** - (چیچ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) کیڑا جو کتے۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کے بدن میں لگ جاتا ہے۔
**چیچک** - (چے۔ چک) (ہ۔ ا۔ مث) سیتلا۔ ماتا۔ ایک بیماری جس میں جسم پر دانے پڑ جاتے ہیں۔
**چیچک رُو** - (ف۔ صف) وہ شخص جس کے چہرہ پر چیچک کے نشان ہوں۔
**چیخ** - (اُر۔ ا۔ مث) (۱) زور کی آواز۔ چلاہٹ (۲) درد کی آواز (۳) غل شور (۴) چنگھاڑ۔
**چیخ اُٹھنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) چلا اُٹھنا۔ درد سے چلانا (۲) یکایک زور کی آواز نکالنا۔
**چیخ مارنا** - (ا۔ محاورہ) درد سے زور کی آواز نکالنا۔
**چیخم چاخ مچنا** - (چی۔ خم۔ چاخ۔ مچ۔ نا) (ہ۔ مص) غل شور پڑنا۔ پکار پڑنا۔
**چیخم دھاڑ مچانا** - (ہ۔ مص) ہنگامہ برپا کرنا۔ دھوم مچانا۔
**چیخنا** - (چیخ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چلانا۔ شور کرنا (۲) پکارنا۔ فریاد کرنا۔
**چیدہ** - (چی۔ دہ) (ف۔ صف) چنا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔
**چیدہ چیدہ** - اچھے اچھے۔ عمدہ۔ منتخب۔
**چیر** - (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شگاف۔ زخم (۲) دھجی۔ کپڑے کی پٹی۔ کترن (۳) دوپٹہ
**چیر آنا** - (ا۔ محاورہ) شگاف ہو جانا۔ زخم آ جانا۔
**چیر پھاڑ** - (ا۔ مذ) عملِ جراحی۔
**چیئر** - (Chair) (چے۔ اَر) (انگ۔ ا۔ مث) کرسی۔ کرسی اجلاس۔ کرسیٔ صدارت۔
**چیئرمین** - (Chairman) صدر۔ میرِ مجلس۔
**چیرا** - (چی۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شگاف۔ زخم (۲) ایک قسم کی منقش پگڑی۔ (۳) دوشیزگی (۴) نوکر۔ ملازم۔
**چیرا اُتارنا۔ چیرا توڑنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) ازالۂ بکارت کرنا۔ کنوار پن اُتارنا (۲) بے عزت کرنا۔ عزت لینا۔



Marfat.com

**چیرا بند**۔ (ف۔ا۔صف) (۱) باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری (۲) چیرا باندھنے والا۔ دستار بند۔
**چیرا دینا۔ چیرا لگانا**۔ (ا۔محاورہ) شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا۔
**چیرنا**۔ (چیر۔نا) (ہ۔مص) پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شگاف دینا۔ شق کرنا۔
**چیرُو**۔ (چے۔رُو) (اُر۔ا۔مذ) (۱) سُرخ رنگ کا کچا سُوت (۲) جنگلی قوم۔
**چیرو چار بگھار و پانچ**۔ (ہ۔مثل) بہت موٹے تازے کی نسبت عورتیں تحقیر سے بولتی ہیں۔
**چیرہ**۔ (چی۔رَہ) (ف۔صف) زور آور۔ بہادر۔ غالب۔
**چیرہ دست**۔ (ف۔صف) غالب۔ زور آور۔ زبردست۔
**چیرہ دستی**۔ (ف۔صف۔مث) غلبہ۔ طاقت۔ قوت۔ برتری۔
**چیرہ**۔ (چی۔رَہ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی منقش پگڑی۔
**چیرے والا**۔ (ا۔مذ) (۱) پگڑی باندھنے والا (۲) حکیم۔ طبیب۔ معالج۔
**چیری**۔ (چے۔ری) (ہ۔ا۔مث) باندی۔ کنیز۔ ملازمہ (۲) دھجی۔ کترن۔
**چیری لگانا**۔ (ا۔محاورہ) بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر لگا کر کپڑے کی دھجی لپیٹنا تاکہ بچے دُودھ نہ پی سکیں۔
**چیڑ**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک اُونچا جنگلی درخت (۲) دیار، دیودار کی قسم کا درخت۔
**چیز**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) شے۔ اسباب۔ جنس (۲) زیور گہنا پاتا (۳) گیت راگ (۴) اصل۔ حقیقت (۵) مٹھائی۔ شیرینی (۶) امانت۔
**چیز بست**۔ (ا۔مث) اسباب۔ اثاثہ۔ اثالہ۔
**چیزی**۔ (چی۔زی) (اُر۔ا۔مث) بچوں کی زبان میں مٹھائی۔ شیرینی عموماً چیجی بولتے ہیں
**چیس**۔ (ہ۔ا۔مث) ٹیس۔ درد۔
**چیستان**۔ (چیس۔تان) (ف۔ا۔مث) پہیلی۔ معمّہ۔ بُجھارت۔ چیست آں سے بنایا ہوا
**چیسی**۔ (چی۔سی) (ہ۔ا۔مث) خوش وضع عورت۔
**چیف**۔ (Chief) (انگ۔صف) (۱) اعلےٰ۔ افضل (۲) خاص۔
**چیف جسٹس**۔ (Chief Justice) عدالت عالیہ کا بڑا جج۔
**چیف کورٹ**۔ (Chief Court) عدالتِ عالیہ۔ بڑی عدالت۔
**چیک**۔ (ق۔ا۔مث) وہ مادہ جو لکڑی کے جلتے وقت اس کے آخری سرے پر ظاہر ہوتا ہے۔
**چیک** (Cheque) (انگ۔مذ) بنک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم۔
**چیک**۔ (Check) (انگ۔ا۔مذ) چارخانہ کپڑا۔ چارخانہ دار۔
**چیکٹ۔ چکٹ**۔ (چی۔کٹ) (چک۔کٹ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چراغ کی گاد۔ تیل کی گاد۔ وہ مٹی جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہو جائے (۲) کالا۔ سیاہ۔ چکنا۔
**چیکٹ اُتروائی**۔ وہ جوڑا جو بھانجی کی شادی میں نکاح کے دوسرے دن پہن کے میلے کپڑے اُتروا کر بھائی کی طرف سے پہنایا جاتا ہے۔
**چیکڑ**۔ (چی۔کڑ) (ہ۔ا۔مذ ومث) (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی۔
**چیل**۔ (ہ۔ا۔مث) ایک مشہور پرندہ۔ زغن۔
**چیل انڈا چھوڑتی ہے**۔ (ا۔مثل) ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لا کر چیل انڈوں سے اُٹھ جاتی ہے۔ سخت گرمی کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔
**چیل جھپٹا**۔ (ا۔مذ) (۱) چیل کا جھپٹنا (۲) کسی چیز کا اس طرح لے جانا جس طرح چیل جھپٹا مار کرلے جاتی ہے (۳) لڑکوں کا ایک کھیل (۴) اچھے پکڑنے کا ایک آلہ
**چیل جھپٹا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) چھین لینا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔
**چیل چھکور**۔ (۱) چیلوں کے بلانے کا ایک کلمہ ہے جس سے چیلیں آکر گوشت لے جاتی ہیں (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔ جس میں بچے دو گروہ بنا کر اپنی اپنی حد میں کوئلوں سے لکیریں بناتے ہیں۔ مقررہ وقت ختم ہونے پر ہر ایک اپنے گروہ کی لکیریں گنواتا ہے جس کی لکیریں زیادہ ہوں۔ وہ دوسرے یعنی ہارنے والے گروہ کے لڑکوں کے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں زائد لکیروں کے مطابق ضرب لگاتے ہیں۔
**چیل کا پٹھا**۔ (ا۔مذ) (۱) چیل کا بچہ (۲) احمق۔ بیوقوف۔
**چیل کا مُوت**۔ (ا۔مذ) نایاب چیز۔
**چیل کوّوں کو دُوں**۔ (ا۔محاورہ) بوٹی بوٹی کرکے چیلوں کو دے دوں۔
**چیل کی طرح منڈلانا**۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کی خواہش میں بیتاب پھرنا۔
**چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں**۔ (ا۔مثل) کھانے اُڑانے والے کے پاس روپیہ کہاں۔ مُسرف ہمیشہ تہی دست رہتا ہے۔
**چیلا**۔ (چے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی روٹی۔
**چیلا**۔ (چے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) غلام۔ داس (۲) شاگرد (۳) مُرید۔ پیرو۔
**چیلا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مُرید ہونا۔
**چیل پن**۔ (چیل۔پن) (ق۔ا۔مث) ہوشیاری۔ چالاکی۔
**چیلک**۔ (چی۔لک) (ہ۔ا۔مث) نظری کرنے کی علامت ناپسندیدگی کا نشان جو کسی لفظ یا شعر پر لگایا جائے۔
**چیلکا**۔ (چے۔ل۔کا) (ق۔ا۔مذ) غلام۔ شاگرد۔ چیلا۔
**چیلنج**۔ (Challenge) (چے۔لنج) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مقابلے کے لیے بلانا۔ دعوتِ مبارزت (۲) سنتری کا پکارنا۔
**چیلو**۔ (چی۔لو) (ہ۔ا۔مذ) زرد آلو۔ ایک پہاڑی میوے کا نام جو آڑو سے مشابہ ہے۔
**چیلڑ**۔ (چی۔لڑ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی جُوں جو میلے کپڑے میں پیدا ہوتی ہے۔
**چیلی**۔ (چے۔لی) (ہ۔ا۔مث) مُریدنی۔ عورت شاگرد۔
**چیلی چاپڑ**۔ (۱) شاگرد۔ مُرید۔ معتقد (۲) نوکر چاکر۔
**چیمبر**۔ (Chamber) (چیم۔بر) (انگ۔ا۔مذ) کمرہ۔ حجرہ۔ ایوان۔ ادارہ۔
**چیمبر آف کامرس**۔ (Chamber of Commerce) ایوان تجارت۔
**چیمپین**۔ (Champion) (چیم۔پی۔اَن) (انگ۔ا۔مذ) میر میدان۔ کھیل میں سب پر سبقت لے جانے والا۔ ٹورنامنٹ جیتنے والا۔ اوّل آنے والا (۲) حامی۔ مددگار۔
**چین**۔ (ہ۔ا۔مذ) راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ عیش۔ اطمینان۔ قرار۔
**چین آنا**۔ (ا۔محاورہ) قرار آنا۔ آرام کرنا۔
**چین اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بے قرار کرنا۔ راحت سے محروم کردینا (۲) چین کرنا۔ مزے اُڑانا۔
**چین پانا**۔ (ا۔محاورہ) قرار آنا۔ آرام پانا۔
**چین پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) کل پڑنا۔ اطمینان ہونا۔
**چین چُگن**۔ خدمت۔ (ق)۔



Marfat.com

**چین سے**۔ (ا۔ تابع فعل) آرام سے۔ بے فکری سے۔

**چین سے کٹنا۔ چین سے گزرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی عیش سے گزرنا۔ راحت اور سکون سے اوقات بسر ہونا۔

**چین لینا**۔ (ا۔ محاورہ) دم لینا۔ سستانا۔ آرام کرنا۔

**چین**۔ (Chain) (انگ۔ ا۔ مث) زنجیر۔

**چیں**۔ (ت۔ ا۔ مث) شکن۔ بل۔ سلوٹ۔

**چیں بجبیں ہونا۔ چیں بر ابرو ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تیوری پر بل ڈالنا۔ ماتھے پر شکن ڈالنا۔ ناراض ہونا۔

**چیں**۔ (ہ۔ ا۔ مث) چڑیا کی آواز۔

**چیں بلا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ہرا دینا۔ عاجز کر دینا۔

**چیں (بول جانا) بولنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہار ماننا۔ مات کھانا۔ عاجز آجانا۔

**چیں چپڑ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

**چیں چیں**۔ (ا۔ مث) (۱) چوں چوں۔ غل شور (۲) لفظی تکرار (۳) پرندوں کے چلانے کی آواز۔

**چیں چیں کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) چوں چوں کرنا۔ غل مچانا۔ تکرار کرنا۔

**چینا**۔ (چی۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے چھوٹے غلّہ کا نام۔

**چینا گوند**۔ (ا۔ مث) ڈھاک کا گوند۔

**چینٹ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) کھرسچ۔ رگڑ۔ خراش۔

**چینٹا**۔ (چیں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی چیونٹی۔ چیونٹا۔

**چینٹی**۔ (چیں۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) چیونٹی۔

**چینچ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کبوتروں کو کھلانے کا چھوٹا سا دانہ۔

**چینچلا**۔ (چینچ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پرند کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۲) اُلجھا ہوا سُوت (۳) ٹوٹی ہوئی لکڑی۔

**چیند**۔ (ہ۔ ا۔ مث) بدمعاشی۔ گڑبڑ۔

**چیند بازی**۔ (ا۔ مث) بدمعاشی۔

**چیندی**۔ (چیں۔ دی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹا سا ٹکڑا (۲) چمڑے کے گول ٹکڑے جو گاڑی کے دھرے پر چڑھاتے ہیں۔

**چینڈکی**۔ (چیں۔ ڈ۔ کی) (ق۔ ا۔ مث) چوٹی جو ہندو مرد (سر پر) رکھتے ہیں۔

**چینگنا**۔ (چینگ۔ نا) (ہ۔ مص) پکارنا۔ چلانا۔

**چینگی پوٹے**۔ (چیں۔ گی۔ پو۔ ٹے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے (۲) بال بچے۔

**چینی**۔ (چی۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سفید شکر (۲) ایک قسم کا سفید کبوتر جس پر جا بجا سیاہ رنگ ہوتے ہیں (۳) چین کی مٹی کا برتن (۴) چین کا رہنے والا۔ ملک چین سے منسوب

**چینی کا بال**۔ لکیر جو چینی کے برتن میں پڑ جاتی ہے۔

**چیولی**۔ (چی۔ یُو۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**چیونٹا**۔ (چی۔ یُوں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) چینٹا۔

**چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت کم خوراک ہونا۔ پھول سونگھ کر جینا۔

**چیونٹی**۔ (چی۔ یُوں۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) چینٹی۔ مور۔

**چیونٹی کا پر نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) زوال کا زمانہ قریب آنا۔ موت کا وقت آنا۔

**چیونٹی کی آواز عرش تک**۔ (ا۔ مثل) غریب مظلوم کی آہ آسمان تک پہنچتی ہے۔

**چیونٹیاں لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چیونٹیاں چمٹنا (۲) دھوپ کی تیزی کے باعث بدن سے چنگاریاں نکلنا۔

**چیونٹیوں بھرا کباب**۔ (ا۔ مثل) (۱) جھگڑے کی چیز (۲) آل اولاد والا مرد (۳) مصیبت زدہ آدمی۔

**چیہقہ**۔ (ق۔ ا۔ مث) انتہا۔ اخیر۔



Marfat.com

# ح

ح ۔ (حے) [ع ۔ مث] اُردو کا نواں ۔ فارسی کا آٹھواں اور عربی کا چھٹا حرف ۔ اِسے حائے حُطّی حائے مہملہ اور حائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں ۔ ابجد کے حساب میں اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں ۔ یہ قمری حرف ہے یعنی اس سے پہلے ال آئے گا تو آواز دے گا جیسے الحکیم۔

## ح ــــ ا

**حاتم** ۔ (حا ۔ تم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) قبیلۂ طے کا مشہور سخی اور بہادر سردار (۲) سخی فیاض ۔ بلند حوصلہ ۔

**حاتم کی گور (قبر) پر لات مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حاتم کو سخاوت میں مات دینا (۲) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت کا کوئی کام ہو جانا ۔ طنزاً کہا جاتا ہے ۔

**حاج** ۔ (ع ۔ صف ۔ مذ) دیکھیے حاجی جو زیادہ مشہور ہے ۔

**حاجات** ۔ (حا ۔ جات) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) حاجت کی جمع ۔ حاجتیں ۔ ضروریات ۔

**حاجِب** ۔ (حا ۔ جب) [ع ۔ ا ۔ مذ] نگہبان ۔ ڈیوڑھی کا محافظ ۔ پاسبان (۲) چوبدار (۳) پردہ (۴) آبرو ۔ بھَوں ۔ جمع : حواجب ۔

**حاجَت** ۔ (حا ۔ جَت) [ع ۔ ا ۔ مث] خواہش ۔ ضرورت ۔ مطلب (۲) اُمید آرزو ۔ التجا (۳) ضرورت کی چیز (۴) پاخانہ ۔ جمع : حاجات ۔

**حاجَت بر آنا** ۔ (س ۔ مرکب) مُراد پوری ہونا ۔

**حاجت برار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حاجت پوری کرنے والا ۔ کنایتاً ۔ خدا ۔

**حاجت بر آری کرنا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ضروریات پُوری کر دینا ۔

**حاجت خواہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حاجت مانگنے والا ۔ سائل ۔ فقیر ۔ محتاج ۔

**حاجت رفع کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا کام نکالنا (۲) ضرورت پُوری کرنا (۳) پاخانے جانا ۔

**حاجت روا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ضرورت پُوری کرنے والا ۔ کنایتاً خدا ۔

**حاجت روائی** ۔ (ع ۔ ف ۔ مث) حاجت پُوری کر دینا ۔ کسی کا کام کر دینا ۔

**حاجت مشاطہ نیست روئے دِلآرام را** ۔ (ف ۔ مثل) خوبصورت کو بناؤ سنگار کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

**حاجت مند** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) محتاج ۔ ضرورت والا ۔ خواہش مند ۔

**حاجت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ضرورت ہونا (۲) پاخانہ آنا ۔

**حاجز** ۔ (ع ۔ صف) روکنے والا ۔ حائل ۔ مانع (۲) پردہ ۔ روک ۔ آڑ ۔

**حَاجتی** ۔ (حا ۔ جَ ۔ تی) [اُ ۔ ا ۔ مث] وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتے ہیں یا پلنگ کے پاس بوقتِ شب رکھا جاتا ہے ۔ [مذ] (۲) ضرورت مند ۔ مُراد چاہنے والا ۔

**حاجی (حاجی الحرمین)** ۔ (حا ۔ جی) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ شخص جو مقررہ شرائط کے مطابق کعبۃُ اللہ کا حج اور مدینہ منورہ کی زیارت کر کے آیا ہو ۔

**حاد** ۔ (ع ۔ صف) تیز ۔ نوکیلا (۲) کٹنا ۔ جوشیلا ۔ تیز مزاج ۔

**حادِث** ۔ (حا ۔ دِث) [ع ۔ صف] (۱) قدیم کی ضد نئی چیز جو پہلے نہ ہو ۔ فانی ۔

**حادِث ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ظاہر ہونا ۔ نکلنا ۔ واقع ہونا ۔

**حادِثہ** ۔ (حا ۔ دِ ۔ ثَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) حادثات ۔ واقعہ ۔ صدمہ ۔ سانحہ ۔ نئی بات ۔

**حادَّہ** ۔ (حاد ۔ دَہ) [ع ۔ صف] (۱) تیکھا ہوا ۔ اقلیدس کی اصطلاح میں وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا یعنی نوّے درجے سے کم ہو ۔

**حاذِق** ۔ (حا ۔ ذِق) [ع ۔ صف] دانا ۔ کامل ۔ اپنے فن میں ماہر ۔ اُستاد ۔ تجربہ کار ۔ عموماً طبیب کی صفت کے طور پر مستعمل ہے ۔

**حَارّ** ۔ [ع ۔ صف] گرمی کرنے والا ۔ حرارت رکھنے والا ۔

**حارِث** ۔ (حا ۔ رِث) [ع ۔ ا ۔ مذ] کاشتکار ۔ کھیتی باڑی کرنے والا ۔

**حارِج** ۔ (حا ۔ رِج) [ع ۔ ا ۔ مذ] روکنے والا ۔ مزاحمت کرنے والا ۔ جمع : حارجین ۔

**حَارَز** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] انڈوں سے بنا ہوا کھانا ۔

**حارُونی** ۔ (حا ۔ رُو ۔ نی) [اُ ۔ صف] سرکش ۔ نافرمان ۔ شریر ۔

**حارّہ** ۔ (حار ۔ رَہ) [ع ۔ صف] گرم ۔

**حاسِد** ۔ (حا ۔ سِد) [ع ۔ صف] (۱) حسد کرنے والا ۔ بدخواہ ۔ دشمن ۔ دوسرے شخص کے فائدے سے جلنے والا ۔

**حاسّہ** ۔ (حاس ۔ سَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] محسوس کرنے کی قوّت ۔ جمع : حواس ۔

**حاشا** ۔ [ع] (۱) حرفِ تردید (۲) ہرگز نہیں ۔ بالکل نہیں ۔ پناہ (۳) انکار اور لاعلمی کے لیے بطور قسم استعمال ہوتا ہے ۔

**حاشا ثم حاشا** ۔ (۱) نہیں اور پھر نہیں (۲) ہرگز نہیں ۔ ہرگز نہیں ۔

**حاشا للہ ۔ حاشا للرحمان ۔ حاشا و کلّا** ۔ (۱) خدا نہ کرے ۔ خدا کی پناہ ۔ ہرگز نہیں (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا عہد ۔ ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا ۔

**حاشِیہ** ۔ (حا ۔ شِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) کنارہ ۔ گوٹ ۔ سنجاف (۲) کتاب یا ورق کے چاروں طرف خالی حصّہ (۳) شرح یا یادداشت جو کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جائے ۔ نوٹ ۔ جمع : حواشی ۔

**حاشیہ آرا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حاشیہ چڑھانے والا ۔ مبالغہ کرنے والا ۔

**حاشیہ بردار** ۔ (ع ۔ ف) امیر کی پوشاک کے کناروں کو اٹھا کر چلنے والا ۔ خادم خوشامدی ۔ چاپلوسیا ۔ جھولی چُک ۔

**حاشیہ بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رومال یا چادر کے کنارے پر بیل بُوٹے بنانا ۔

**حاشیہ چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گوٹ لگانا ۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا (۳) کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۴) نمک مرچ لگا کر بیان کرنا ۔

**حاشیہ چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لکھتے وقت چاروں طرف کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا ۔

**حاشیہ کا گواہ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) وہ گواہ جو کسی دستاویز کے حاشیے پر دستخط کرے (۲) اہم گواہ ۔



Marfat.com

**حاشیہ لکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) حاشیہ چڑھانا (۲) سبقت لے جانا۔ اضافہ کرنا۔
**حاشیہ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) لکھتے وقت چاروں طرف جگہ چھوڑنے کے لیے کاغذ پر سطریں کھینچنا۔
**حاشیہ نشین**۔ (ا۔ مذ) (۱) پاس بیٹھنے والا (۲) مصاحب۔ معزز ملازم۔
**حاصِل**۔ (حا۔صِل) [ع۔ا۔مذ] (۱) کسی چیز کا بقیہ (۲) آمدنی۔ نقدی۔ بکری (۳) پیداوار۔ نتیجہ۔ پھل (۴) مطلب۔ خلاصہ (۵) منافع۔ فائدہ۔
**حاصل بازار**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) آمدنی جو منڈی یا میلے کی دوکانوں سے بطور محصول وصول ہو۔
**حاصل تفریق**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) منہائی کے بعد باقی رہنے والی رقم۔
**حاصل تقسیم**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) خارج قسمت (۲) وہ رقم جو تقسیم کے بعد باقی رہے۔
**حاصل جمع**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) میزان۔ وہ رقم جو جمع کرنے سے آئے۔
**حاصل خیز**۔ (ع۔ف۔صف) زرخیز۔ زرریز۔
**حاصل دار**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) اکٹھا کرنے والا۔ کلکٹر۔ افسر مال۔
**حاصل زمین**۔ (ع۔ا۔مث) وہ زمین جس پر مالگذاری دی جائے (۲) وہ زمین جس سے پیداوار یا آمدن حاصل ہو۔
**حاصل ضرب**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔
**حاصل کرنا**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) پانا۔ بہم پہنچانا (۲) کمانا۔ پیدا کرنا (۳) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
**حاصل کلام**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) القصہ۔ الغرض۔ خلاصہ کلام۔ حاصل مقصد۔
**حاصل مصدر**۔ (ا۔مذ) قواعد زبان کی اصطلاح میں وہ لفظ جو کسی فعل کی کیفیت اثر یا نتیجہ ظاہر کرے۔ عموماً مصدر میں بعد حذف علامت مصدر کچھ تغیر کرکے بناتے ہیں۔ مثلاً جلنا مصدر سے حاصل مصدر جلن۔
**حاصل مطلب**۔ (ا۔مذ) نتیجہ۔
**حاصِل نہ حصُول**۔ (ا۔مذ) بے فائدہ۔ فضول۔ بے نتیجہ۔
**حاصل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) وصول ہونا (۲) بہم پہنچنا۔ ہاتھ لگنا۔ فائدہ ہونا۔
**حاضِر**۔ (حا۔ضِر) [ع۔صف] موجود۔ تیار۔ آمادہ۔ جو سامنے موجود ہو۔
جمع: حاضرین۔ حضرات۔ حضّار۔
**حاضِر باش**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) حاضر رہنے والا۔ موجود رہنے والا۔
**حاضِر باشی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) موجودگی۔ حاضری۔
**حاضِر جواب**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بات سنتے ہی فوراً معقول جواب دینے والا (۲) فی البدیہہ جواب دینے والا۔
**حاضِر جوابی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) موزوں جواب دینے کی صلاحیت۔
**حاضِر رہنا**۔ (ا۔محاورہ) موجود رہنا۔ سامنے کھڑے رہنا۔ پاس رہنا۔
**حاضِر ضامنی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) کسی شخص کو عدالت میں پیش کر دینے کی ضمانت۔
**حاضر کرنا**۔ (ا۔محاورہ) لانا۔ پیش کرنا۔ بلا کر لانا۔
**حاضر میں حجت نہیں غیب کی تلاش نہیں**۔ (مثل) جو موجود ہے اس کے دینے سے انکار نہیں لیکن کہیں اور سے لاکر دینے کی ذمہ داری نہیں۔
**حاضِر وناظِر**۔ (ع۔ف۔صف) موجود اور دیکھنے والا۔ خدا کی صفت۔
**حاضِر ہونا**۔ (ا۔محاورہ) موجود ہونا۔ پیش ہو جانا۔ سامنے ہونا۔

**حاضِرات**۔ (حا۔ضِ۔رات) [ع۔ا۔مث] (۱) حاضری جمع مؤنث۔ حاضر عورتیں (۲) جن بھوت وغیرہ جمع کرنے کا جلسہ جو عامل کیا کرتے ہیں۔
**حاضرات کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بھوت پریت کو جمع کرکے اُن سے پوشیدہ حال معلوم کرنا۔
**حاضِراتی**۔ (حا۔ضِ۔را۔تی) [اُر۔ا۔مذ] جن۔ بھوت۔ پریت کو بلانے والا عامل۔
**حاضِری**۔ (حا۔ضِ۔ری) [ع۔ا۔مث] موجودگی (۲) وہ کھانا یا نقدی جو میت والوں کو اُن کے رشتے دار دیتے ہیں (۳) ناشتہ (۴) کباب۔ شیرمال حلوہ جس پر شہدائے کربلا خصوصاً حضرت عباس کی فاتحہ دلاتے ہیں (۵) نام کا پکارا جانا۔ گنتی ہونا (۶) عدالت یا مدرسہ میں حاضر ہونا۔
**حاضری اصالتاً**۔ (ع۔ا۔مث) خود حاضر ہونا۔
**حاضِری دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) میت کے گھر کھانا یا نقدی پہنچانا (۲) ناشتہ کھانا (۳) کچہری، دفتر یا مدرسہ میں حاضر باش لکھوانا۔
**حاضری (لگانا) لینا**۔ (ا۔محاورہ) موجود اشخاص کے نام کے سامنے اُن کی موجودگی کا نشان لگانا (۲) دفتر یا کچہری میں حاضر باشی لکھوانا۔
**حاضری میں کھڑا رہنا**۔ (ا۔محاورہ) خدمت میں ہر وقت موجود رہنا۔ خدمت کے لیے ہر وقت تیار رہنا۔
**حاضِرین**۔ (حا۔ضِ۔رین) [ع۔ا۔مذ] (۱) موجود لوگ (۲) حاضر کی جمع۔
**حاطب اللیل**۔ (ع۔صف) رات کو لکڑیاں جمع کرنے والا (۲) اچھے بُرے میں تمیز نہ کرنے والا۔
**حاطَہ**۔ (حا۔طَہ) [اُر۔ا۔مذ] احاطہ کا بگڑا ہوا۔ دیواروں سے گھرا ہوا قطعہ زمین۔
**حافِظ**۔ (حا۔فِظ) [ع۔صف] نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔ پاسبان۔ (۲) وہ شخص جسے قرآن پاک حفظ ہو (۳) نابینا (کنایتہً) (۴) ایران کے مشہور صوفی شاعر شمس الدین محمد شیرازی کا تخلص (۵) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔ جمع: حُفّاظ۔ حافظین۔
**حافِظِ حقیقی**۔ (ع۔ا۔مذ) اصلی نگہبان۔ خدائے تعالیٰ۔
**حافِظَہ**۔ (حا۔فِ۔ظَہ) [ع۔ا۔مذ] قوت یادداشت۔ چیتا۔ یاد (۲) (مؤنث) عورت جس نے قرآن پاک حفظ کر لیا ہو۔
**حاکِم**۔ (حا۔کِم) [ع۔ا۔مذ] حکومت کرنے والا۔ سردار۔ عامل۔ ناظم (۲) فرمان روا۔ بادشاہ (۳) آقا۔ مالک (۴) زمیندار۔ نمبردار (۵) حکم کرنے والا۔ جمع: حکّام۔ حاکمین۔
**حاکِم اعلیٰ (بالا)**۔ (ع۔ا۔مذ) خدائے تعالیٰ۔ بڑا افسر۔
**حاکِم با اختیار**۔ پورے اختیار والا حاکم۔ اعلیٰ مجسٹریٹ۔
**حاکِم چوہن کا بھی بُرا**۔ (مثل) چھوٹے سے چھوٹے افسر سے بھی ڈرنا چاہیے۔
**حاکِم دیوانی**۔ (ا۔مذ) لین دین کے مقدمات سننے والا حاکم۔ سب جج۔
**حاکِم ضلع**۔ (ف۔ا۔مذ) ضلع کا سب سے بڑا حاکم۔ ڈپٹی کمشنر۔
**حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے ڈرنا چاہیے**۔ (مثل) خواہ مخواہ حاکم کے سامنے نہیں آنا چاہیے۔ نہیں معلوم کس بات پر بگڑ جائے اسی طرح گھوڑے کے پیچھے کھڑے ہونا بھی خطرے سے خالی نہیں ہوتا۔ نہیں



Marfat.com

معلوم کب دولتی مار دے۔
**حاکم کے تین شحنہ کے نو۔** (ا۔مثل) حاکم کم لیکن اُس کے ماتحت اُس سے زیادہ رشوت لیتے ہیں۔
**حاکم فوجداری۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) جھگڑے اور دنگا فساد کے مقدمات سننے والا حاکم۔مجسٹریٹ۔
**حاکم ہارے اور مُنہ ہی مُنہ مارے۔** افسر کی غلطی بھی ہو تو ماتحت ہی کو نقصان اُٹھانا پڑتا ہے۔
**حاکمانہ۔** (حا۔کِ۔ما۔نَہْ) [ف۔صف] حاکم کی طرح (۲) اختیارات سے۔
**حاکمی (حاکمیت)۔** (حا۔کِ۔مِی) (حا۔کِ۔مِیّت) [ا۔ا۔مث] حکومت۔ سرداری۔حکمرانی (۲) قانونی اختیارات۔ قوت یا طاقت (۳) حاکم کا کام یا عہدہ
**حال۔** [ع۔ا۔مذ] موجودہ زمانہ (۲) حالت۔کیفیت (۳) حیثیت۔اسلوب۔ طور طریق (۴) وجد۔بیخودی۔رِقت (۵) ذکر۔بیان (۶) طاقت۔سکت دَم (۷) اِس وقت (۸) فی الحال۔اسی وقت (۹) مجذوب ہونے کی کیفیت
**حال آبادی۔** (ف۔ا۔صف) جو زمین ابھی ابھی کھیتی باڑی کے قابل بنائی گئی ہو (۲) جو علاقہ حال ہی میں آباد ہوا ہو۔
**حال آنا۔حال کھیلنا۔** (ا۔محاورہ) قوالی یا نعت سُن کر وجد آنا۔گانا سُن کر بے خود ہو جانا۔
**حال آنکہ۔حالانکہ۔** (ع۔ف) حالت تو یہ ہے کہ۔باوجودیکہ۔یہ حال ہوتے ہوئے بھی۔
**حال آئینہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) صحیح حالت معلوم ہو جانا۔
**حال ابتر کرنا (ہونا)۔** (ا۔محاورہ) بُری حالت ہونا۔
**حال بے حال ہونا۔** (ا۔محاورہ) بُری حالت ہونا۔خراب خستہ ہونا۔
**حال پتلا ہونا۔** (ا۔محاورہ) خراب حالت ہونا۔ مالی حالت خراب ہونا۔ صحت خراب ہونا۔
**حال پر رونا آنا۔** (ا۔محاورہ) کسی کی خراب حالت دیکھ کر افسوس ہونا۔
**حال پُرسی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) عیادت۔بیمار پُرسی۔
**حال پُوچھنا۔** مزاج پُرسی کرنا۔حقیقت یا سرگذشت دریافت کرنا۔ خیریت معلوم کرنا۔
**حال حال ہونا۔** (ا۔محاورہ) پریشان ہونا (ق)
**حال دِگرگوں ہونا۔** (ا۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔
**حال روشن ہونا۔** (ا۔محاورہ) حالت ظاہر ہونا۔
**حال سے بے حال ہونا۔** (ا۔محاورہ) اچھی حالت سے بُری حالت ہو جانا۔حیثیت بگڑ جانا۔
**حال غیر ہونا۔** (ا۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔مریض کی حالت خطرناک ہونا
**حال کا نہ قال کا۔ روٹی پچیہ دال کا۔** (ا۔مثل) نکما آدمی۔جو کام نہ کرے بلکہ مفت پیٹ بھرنا چاہے۔
**حال کرنا۔** (ا۔محاورہ) کسی حالت کو پہنچانا۔
**حال کھل جانا (کھلنا)۔** (ا۔محاورہ) اصل حالت ظاہر ہو جانا۔راز افشا ہو جانا۔قلعی کھل جانا۔
**حال گیا احوال گیا۔ دِل کا خیال نہ گیا۔** (ا۔مثل) حالت خراب ہو گئی۔

سب کچھ تباہ ہوا لیکن جو بات دل پر نقش ہو گئی۔ وہ نہ مٹ سکی۔
**حال میں۔** ان دنوں۔موجودہ زمانے میں۔
**حال میں قال دری میں موسل۔** (ا۔مثل) بے محل دخل دینے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
**حالا۔** ابھی۔اسی وقت (۲) مالگزاری کی قسط۔
**حالات۔** (حا۔لات) [ع۔ا۔مذ] حالت کی جمع۔
**حالت۔** (حا۔لَت) [ع۔ا۔مث] (۱) گت۔درجہ۔کیفیت (۲) جان۔طاقت دَم (۳) واردات جو انسان پر گزرے۔
**حالت ابتر ہونا۔** (ا۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔بگڑنا۔
**حالتِ اضافی۔** (ع۔ا۔مث) مضاف الیہ ہونے کی حالت۔
**حالت بدلنا۔** (مص۔مرکب) اچھی سے بُری اور بُری سے اچھی حالت ہونا۔
**حالت غیر ہونا۔** (ا۔محاورہ) بُری حالت ہونا۔غربت۔افلاس (۲) پریشان ہونا (۳) بیمار کی حالت بہت بگڑنا۔
**حالتِ فاعلی۔** (ع۔ا۔مث) کسی اسم کی وہ حالت جب وہ فاعل کی حیثیت سے کام کرے۔
**حالتِ مفعولی۔** (ع۔ا۔مث) کسی اسم کی وہ حالت جب وہ بحیثیتِ مفعول کام کرے۔
**حالتِ نزع۔** مرتے دم کی حالت۔جان کنی کا عالم۔
**حالی۔** (حا۔لی) [ف۔صف] (۱) حال کا۔وقتی۔اب (۲) اُردو کے مشہور شاعر خواجہ الطاف حسین کا تخلص۔
**حالی موالی۔** (ع۔ا۔مذ) ہم نشین۔ساتھی۔
**حالیہ۔** (حا۔لِ۔یَہ) [ع۔صف] کوئی واقعہ یا مسئلہ جو حال ہی میں پیش آیا ہو۔فعل کی ایک قسم۔
**حامد۔** (حا۔مِد) [ع۔صف] تعریف کرنے والا۔
**حامض۔** (حا۔مِض) [ع۔صف] تُرش۔کھٹا۔
**حامل۔** (حا۔مِل) [ع۔ا۔مذ] بوجھ اُٹھانے والا۔کسی چیز کو لے جانے والا بمعنی دور
**حاملِ وحی۔** (ع۔ا۔مذ) وحی پہنچانے والا۔حضرت جبریلؑ۔
**حاملہ۔** (حا۔مِ۔لَہ) [ع۔صف] عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
**حامی۔** (حا۔مِی) [ع۔ا۔مذ] حمایتی۔مددگار۔
**حامی بھرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ہمت کرنا۔ارادہ کرنا (۲) ہاں کر لینا۔اقرار کرنا۔
**حامی کار۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی کام کی حمایت کرنے والا۔مددگار۔
**حانث۔** (ع۔صف) قسم توڑنے والا۔گنہگار۔
**حانصیر۔** (حان۔صِیر) [ق۔ا۔مث] حصیر کا بگاڑ۔چٹائی۔
**حاوی۔** (حا۔وِی) [ع۔صف] گھیرنے والا۔احاطہ کرنے والا (۲) غالب۔ قابو پانے والا۔چھایا ہوا (۳) کسی فن میں ماہر
**حائضہ۔** (ع۔مث) حیض والی عورت۔
**حائک۔** (ع۔ا۔مذ) جولاہا۔نوربافت۔
**حائل۔** (حا۔اِل) [ع۔صف] بیچ میں آنے والا۔روک کنے والا۔ روک۔آڑ۔پردہ۔



Marfat.com

# ح ــــ ب

حَبّ ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] گولی ۔ دانہ (۲) تُخم ۔ بیج ۔ جمع : حُبُوب ۔
حُبّ ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] محبّت ۔ الفت ۔ اُنس ۔ پیار (۲) دوستی ۔ آشنائی ۔ (۳) توفیق ۔ مرضی (۴) شوق ۔ آرزو ۔
حُبُّ الوطن ۔ (ع ۔ ا ۔ مث ) وطن کی محبّت ۔
حُبُّ الوطن مِنَ الایمان ۔ (ع ۔ مقولہ ) وطن کی محبّت ایمان کا جزو ہے ۔
حُبّ کا عمل ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) موہنی منتر ۔ وہ دُعا یا عمل جس سے باہم محبّت پیدا ہو
حَباب ۔ (حَ ۔ باب ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) پانی کا بُلبُلہ (۲) ایک زیور جو ہاتھ میں پہنا جاتا ہے (۳) شیشے کے گولے جو آرائش کے لیے مکانوں میں لگاتے ہیں (۴) روشنی کے باریک کنول ۔
حَباب آسا ۔ (ع ۔ ف ۔ صف ) بُلبلے کی طرح ناپائدار ۔ بُلبلے جیسا ۔ فانی ۔
حَباب سا ۔ (ف ۔ ا ۔ صف ) باریک ۔ پتلا ۔ ذرا سا ۔
حِبالہ ۔ (حِ ۔ با ۔ لَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] رسّی ۔ جال پھندا ۔
حَبَّذا ۔ (حَب ۔ بَ ۔ ذا ) [ ع ] کلمۂ تحسین ۔ واہ وا ۔ مرحبا ۔ شاباش ۔
حَبس ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] قید ۔ بند (۲) قید خانہ (۳) گھٹن ۔ ہوا کا بند ہو جانا ۔
حَبسُ البول ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) پیشاب کا بند ہو جانا یا تکلیف سے آنا ۔
حَبسِ بے جا ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ) ناجائز قید ۔ خلاف قانون گرفتاری ۔
حَبسِ دَم ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ) سانس روکنا ۔ سانس کو قابو میں رکھنا (۲) دمہ کا مرض ۔
حَبسِ دوام بعبُورِ دریائے شور ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ) عمر قید ۔
حَبس ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ ) ہوا کا بند ہو جانا ۔
حَبسیات ۔ (حب ۔ سی ۔ یات ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] قید سے نسبت رکھنے والی اشیاء ۔ خصوصاً وہ نظمیں جو قید خانے میں کوئی شاعر لکھے ۔
حَبَش (حبشہ) ۔ (حَ ۔ ا ۔ مذ ) افریقہ کا ایک ملک ۔ ایتھوپیا ۔ زنگ بار ۔ زنجبار ۔
حَبشَن ۔ (حَب ۔ شَن ) [ اُ ۔ ا ۔ مث ] حبشہ کی رہنے والی عورت (۲) کالی کلوٹی ۔
حَبَشی ۔ (حَ ۔ بَ ۔ شی ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] حبش کا رہنے والا (۲) کالا کلوٹا ۔
حبشی حلوہ ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) ایک قسم کا سوہن حلوہ جو سیاہ ہوتا ہے ۔
حَبل ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] رسّی (۲) موٹا دھاگا (۳) رگ ۔ جوڑ ۔ اتفاق ۔ اتحاد ۔
حَبلُ الشّیطان ۔ (ع ۔ ا ۔ مث ) شیطان کی رسّی (۲) کنایتاً عورت ۔
حَبلُ المتین ۔ (۱) مضبوط رسّی (۲) پکّا وسیلہ ۔
حَبلُ المساکین ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) عشق پیچاں ۔ ایک بیل ۔
حَبلُ الوَرید ۔ (ع ۔ ا ۔ مث ) شہ رگ (۲) مجازاً بہت قریب ۔
حُبُوب ۔ (حُ ۔ بُوب ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] حبّ کی جمع ۔ گولیاں ۔ دانے ۔
حُبُوبات ۔ (حُ ۔ بُو ۔ بات ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] اناج ۔ غلّہ ۔ جنس (۲) وہ جنس اور دیگر اشیاء جو مزارعہ زمیندار کو مفت نذر کرتا ہے ۔
حَبّہ ۔ (حَب ۔ بہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] دانہ ۔ غلّہ (۲) رتّی ۔ ذرا سا ۔
حبّہ بھر ۔ بالکل ذرا سا ۔ قلیل مقدار ۔
حبّہ حبّہ وصول پانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) کوڑی کوڑی وصول ہو جانا ۔ بالکل کچھ بقایا نہ چھوڑنا ۔
حَبیب ۔ (حَ ۔ بیب ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] دوست ۔ پیارا ۔ معشوق ۔
حَبیبِ خُدا ۔ (ع ۔ ا ۔ صف ) خدا کا پیارا ۔ مُراد حضور رسولِ خدا محمد مصطفےٰ صلعم ۔

# ح ــــ ت

حَتّٰی ۔ (حَت ۔ تا ) [ ع ] یہاں تک ۔ اِس قدر ۔ جب تک ۔ جہاں تک ۔
حتّی الامکان ۔ حتّی المقدور ۔ حتّی الوسع ۔ ( ع ) بساط بھر ۔ جہاں تک ہو سکے ۔
حَتم ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) پختگی کار ۔ قانونی فیصلہ (۲) ارادہ ۔
حَتمی ۔ (حَت ۔ می ) [ ع ۔ ف ۔ صف ] مُستقل ۔ مضبوط ۔ پکّا ۔

# ح ــــ ج

حَجّ ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) لغوی معنی ۔ اِرادہ کرنا (۲) وقت مقررہ پر مکّہ معظمہ میں بیت اللہ کی زیارت کرنا اور خاص شرائط عبادت بجالانا (۳) ارکانِ اسلام کا ایک رُکن ۔
حجِّ اصغر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) چھوٹا حج ۔ جو ایّام حج کے علاوہ اور دنوں میں ادا ہو عُمرہ ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں عام حج ۔
حجِّ اکبر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) بڑا حج ۔ جس حج کا بڑا ثواب ہو ۔ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو ۔
حج کا حج ۔ بنج کا بنج ۔ (مثل ) کارِ خیر سے مالی فائدہ بھی حاصل ہونا ۔ بنج بیوپار اور ساتھ ہی کارِ ثواب ۔
حِجاب ۔ (حِ ۔ جاب ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] پردہ ۔ اوٹ ۔ نقاب (۲) حیا ۔ شرم ۔ لحاظ ۔
حجاب آنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) شرم آنا ۔ حیا آنا ۔
حجاب اُٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) پردہ اُٹھنا ۔ روک ہٹ جانا (۲) غیرت ۔ شرم نہ ہونا ۔
حجاب لوٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) شرم دُور ہونا ۔ لاج نہ رہنا ۔
حجاب حاجز ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) پردۂ شکم ۔
حجاب کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) پردہ کرنا ۔ چھپنا ۔ لحاظ کرنا ۔
حِجابی ۔ (حِ ۔ جا ۔ بی ) [ ق ۔ صف ] شرمیلا ۔ حجاب سے منسوب ۔
حُجّاج ۔ (حُج ۔ جاج ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] حاجّ کی جمع ۔ حاجی لوگ ۔
حِجار ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) حجر کی جمع ۔ دیکھیے حجر ۔
حِجاز ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ ) عرب کا وہ حصّہ جس میں مکّہ ، مدینہ اور طائف شامل ہیں ۔ مجازاً مرکزِ اسلام ۔
حجازی ۔ (حِ ۔ جا ۔ زی ) [ ع ۔ صف ] ملک عرب کے صُوبہ حجاز کا رہنے والا ۔



Marfat.com

**حَجّام** - (ح - جام) [ع - ا - مذ] نائی - حجامت کرنے والا - باربر -
**حِجامت** - (حِ - جا - مت) [ع - ا - مث] سر مونڈنے کا عمل - بال کاٹنے کا عمل - ڈاڑھی مونڈنے کا عمل (۲) نائی کا پیشہ (۳) صفائی - درستی -
**حجامت بنانا** - (ع - ا - مث) سر مونڈنا - بال کاٹنا (۲) لوٹ لینا - ٹھگ لینا -
**حِجامی** - (حِ - جا - می) [ع - ا - مث] سر مونڈنے کا کام - نائی کا پیشہ -
**حُجب** - [ع - ا - مث] (۱) چھپاؤ - پوشیدگی (۲) ورثہ سے محرومی -
**حُجُب** - (حُ - جُب) [ع - ا - مذ] حجاب کی جمع - پردے -
**حُجّت** - (حُ - جت) [ع - ا - مث] دلیل - بُرہان (۲) بحث - تکرار - جھگڑا -
**حُجّتُ الاسلام** - (ع - ا - مذ) (۱) اسلام کی دلیل (۲) حضرت امام غزالی کا لقب -
**حُجّت تمام کرنا** - (ا - محاورہ) اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا -
**حُجّت قاطع** - (ع - ا - مث) مضبوط دلیل -
**حُجّت کرنا** - (ا - محاورہ) تکرار کرنا - بحث کرنا -
**حُجّت لاطائل** - (ع - ا - مث) فضول دلیل - فضول جھگڑا -
**حُجّت محکم** - (ع - ا - مث) مضبوط دلیل -
**حُجّت متوجہ** - (ع - ا - مث) کافی دلیل - قوی سند -
**حُجّت نکالنا** - (ا - محاورہ) نئی بات نکالنا - اعتراض کرنا -
**حُجّتی** - (حُج - تی) [ا - صف] جھگڑالو - لڑاکا -
**حُجّتی لاامتی** - (ا - مثل) مذہب پر اعتراض کرنے والا کافر ہو جاتا ہے تکرار بُری چیز ہے
**حَجَر** - (حَ - جَر) [ع - ا - مذ] پتھر - سنگ - جمع : احجار -
**حَجَرِ اسود** - خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب سیاہ پتھر جس کو حاجی بوسہ دیتے ہیں -
**حجرُ الیہود** - (ع - ا - مذ) ایک قسم کا پتھر جو زخموں کے بھرنے اور ٹھیک ہونے کے لیے بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے -
**حُجرَہ** - (حُج - رَہ) [ع - ا - مذ] کوٹھڑی - مسجد کے متصل چھوٹا کمرہ - خلوت خانہ -
**حَجَری** - (ع - صف) پتھریلا - پتھر کا بنا ہوا - سنگین -
**حجریات** - (ع - ا - مذ) پتھروں کا علم -
**حَجلہ عروسی** - [ع - ف - ا - مذ] دُلہن کا چھپرکھٹ - پردۂ عروس - جمع : حجال -
**حَجم** - [ع - ا - مذ] جسامت - موٹائی - ضخامت -

## ح ـــــ د

**حَدّ** - [ع - ا - مث] کنارا - اُفق - سرحد (۲) انتہا (۳) اقلیدس کے مقررہ اُصول (۴) روانہ ہونے کی جگہ (۵) احاطہ - باڑہ (۶) سزا جو شریعت اسلامیہ کے مطابق دی جائے (۷) بہت - زیادہ - جمع : حدود -
**حَد باندھنا** - (ا - محاورہ) حد بندی کرنا - سرحد مقرر کرنا - حد بست کرنا - حد بندی -
**حَدِّ بلوغ** - (ف - ا - مث) بالغ ہونے کی عمر -
**حدِّ بلوغ کو پہنچنا** - (مص - مرکب) بالغ ہونا - سیانا ہو جانا -
**حد بھر کرنا** - (ا - محاورہ) اپنی طاقت کے مطابق کرنا -
**حَدِّ یار** - (ع - ا - مذ) واجب القتل - جو شخص قانوناً حفاظت کا مستحق نہ ہو -
**حَد جاری کرنا** - (مص - وصلی) شرعی احکام کے مطابق سزا دینا -
**حَدِّ سماعت** - مقدمہ سننے کا اختیار - وہ زیادہ سے زیادہ مالیت یا سزا جس کے مقدمات فیصل کرنے کا کسی عدالت کو اختیار ہو -
**حَد سے بڑھنا** - حیثیت سے بڑھ چلنا - اپنی حد سے باہر قدم رکھنا -
**حَد سے زیادہ** - حد سے باہر - حد سے سوا - بہت زیادہ - از حد -
**حَد شکنی** - (ا - مث) مداخلت بے جا - حد سے بڑھنا - ہمسائے کی حد توڑ دینا -
**حَدِّ فاصل** - وہ حد جو دو چیزوں کے درمیان آ کر ان کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دے -
**حَد کرنا** - ایسی بات یا ایسا کام کر گذرنا کہ جس سے زیادہ ممکن نہ ہو -
**حَدِّ وصیت** - وصیت کی حد جو صرف تہائی مال تک ہو سکتی ہے -
**حَد ہو جانا** - (ا - محاورہ) کسی کام کی انتہا ہو جانا -
**حَداثت** - (حَ - دا - ثت) [ع - ا - مث] (۱) نیا پن - نوجوانی (۲) شروع - آغاز -
**حَدّاد** - (حَد - داد) [ع - ا - مذ] (۱) لوہار (۲) جیل کا داروغہ -
**حدائق** - (ع - ا - مذ) حدیقہ کی جمع - باغات -
**حَدَب** - (ع - ا - مذ) ٹیلا - اُونچی زمین (۲) کبڑا پن -
**حِدّت** - (حِد - دَت) [ع - ا - مث] (۱) گرمی کی تیزی (۲) تلوار کی تیزی - (۳) طبیعت کی تیزی - تُندی (۴) زور - جوش -
**حَدَث** - (حَ - دَث) [ع - ا - مذ] وضو ٹوٹ جانا (۲) نئی چیز - ایجاد - اچوبہ - (۳) وضو توڑنے والا - پاخانہ - جمع : احداث -
**حَدَرنا** - (حَ - دَر - نا) (ق - مص) کا پنپنا -
**حَدَقہ** - (حَد - قَہ) [ع - ا - مذ] آنکھ کا حلقہ - جمع : حدقات - احداق -
**حُدوث** - (حُ - دُوث) [ع - ا - مذ] قدیم کا ضد - پیدائش - وجود میں آنا - جمع : احداث - حوادث -
**حُدُود** - (حُ - دُود) [ع - ا - مذ و مث] حد کی جمع - حدیں -
**حُدُودِ اربعہ** - (ع - ا - مث) (۱) چار سمتیں یعنی مشرق - مغرب - شمال - جنوب (۲) وہ علاقے جو کسی علاقے کے چاروں طرف واقع ہوں -
**حُدُودِ ارضی** - (ع - ا - مث) زمین کی حد بندی -
**حُدُودِ شرعی** - (ع - ا - مث) شرع اسلام کے مطابق سزائیں -
**حُدی** - (حُ - دی) [ع - ا - مذ] عرب شتربانوں کا نغمہ -
**حَدیث** - (حَ - دیث) [ع - ا - مث] لغوی معنی بات - نئی چیز - بیان - ذکر - قصہ - کہانی - تاریخ - سند یسا (۲) اصطلاح شرع میں حضور رسولِ خدا صلعم کے قول اور فعل کی خبر - جمع : احادیث -
**حدیثِ حسن** - (ع - ا - مث) وہ حدیث جس کے راوی صحیح حدیث کے راوی سے درجہ حفظ و یاد میں کم ہوں -
**حدیث سمجھنا** - کسی کی بات کو صحیح سمجھ لینا - خواہ مخواہ کسی کی بات کا یقین کر لینا -
**حدیثِ صحیح** - (ع - ا - مث) معتبر حدیث - وہ حدیث جو قرآن اور عقل کے مطابق ہو اور جس کے راوی معتبر ہوں -
**حدیثِ ضعیف** - (ع - ا - مث) وہ حدیث جس کے راوی معتبر نہ ہوں یا جو مشکوک سمجھی جاتی ہو -



Marfat.com

**حدیثِ فعلی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) اس کام کی حدیث جو پیغمبر اسلام صلعم نے کیا ہو۔
**حدیثِ قولی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) اس کام یا بات کی حدیث جس کے متعلق پیغمبر صلعم نے حکم دیا ہو۔
**حدیث (کرنا) کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔ کسی کام کو ترک کرنا۔
**حدیثِ متصل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ حدیث جس کی سند میں اوّل سے آخر تک ایک بھی راوی ساقط نہ ہوا ہو۔
**حدیثِ متواتر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ حدیث جسے وہ بکثرت لوگ بیان کریں۔ جن کے لیے جھوٹ بولنا امر محال ہو۔
**حدیثِ مرسل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ حدیث جس کا تابعی سے اوپر راوی ساقط ہو
**حدیثِ مرفوع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ حدیث جس کی سند رسولِ کریم تک پہنچے
**حدیثِ مشہور** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ روایت صحیح جس کو ہر طبقہ میں کم سے کم تین راویوں نے مزید بیان کیا ہو۔ اس میں یہ ضروری نہیں کہ راویوں کا سلسلہ اوّل سے آخر
**حدیثِ منقطع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ حدیث جس کی سند میں ایک یا زیادہ راوی مختلف مقامات سے ساقط ہوں۔
**حدیثِ موضوع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) بناوٹی ہوئی حدیث جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔
**حدید** ۔ (حَ ۔ دِید) (ع ۔ ا ۔ مذ) لوہا۔
**حدیقہ** ۔ (حَ ۔ دِی ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) چار دیواری والا باغ (۲) کھجوروں کا باغ۔

## ح ـــ ذ

**حذاقت** ۔ (حَ ۔ ذا ۔ قت) (ع ۔ ا ۔ مث) عقلمندی۔ دانائی (۲) چالاکی۔
**حذر** ۔ (حَ ۔ ذَر) (ع ۔ ا ۔ مذ) پرہیز۔ انکار۔ احتیاط۔ بچاؤ
**حذف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دُور کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔ عبارت سے کسی لفظ کو ہٹانا یا گرا دینا۔

## ح ـــ ر

**حُر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) آزاد جو کسی کا غلام نہ ہو۔ جمع : احرار۔
**حرا** ۔ (حِ ۔ را) (ع ۔ ا ۔ مث) مکے کے نزدیک ایک پہاڑی جہاں پیغمبر خدا صلعم عبادت کے لیے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ اسی جگہ پہلے پہل آپ پر وحی نازل ہوئی۔
**حرارت** ۔ (حَ ۔ را ۔ رت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) گرمی۔ حدت (۲) جوش۔ تیزی (۳) غصہ (۴) بخار ہونا۔
**حرارتِ دین (دینی)** ۔ مذہبی جوش۔ مذہبی غیرت۔
**حرارتِ غریبی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) بیرونی حرارت۔ غیر طبعی حرارت۔
**حرارتِ غریزی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) بدن کی قدرتی گرمی۔
**حرارت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہلکا بخار ہونا۔ جسم کا گرم ہونا۔
**حرارہ** ۔ (حَ ۔ را ۔ رَہ) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جوش۔ گرمی۔ غلبہ شوق۔ غصہ۔ تیزی۔ تندی۔ (سائنس) حرارت کی اکائی۔ حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام پانی کو ایک درجہ سینٹی گریڈ تک کر سکے (انگ)۔ (Calorie)
**حرارہ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چُل دینا۔ فریب دینا۔ چال چلنا۔
**حرارہ لاتا۔ حرارہ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصہ دکھانا۔ گرم ہونا۔ جوش دکھانا۔ تیزی دکھانا۔
**حراست** ۔ (حِ ۔ را ۔ سَت) (ع ۔ ا ۔ مث) نگرانی۔ نگہبانی۔ محافظت (۲) نظربندی۔ قید۔
**حراست میں دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پولیس کے حوالے کر دینا۔ گرفتار کرا دینا۔
**حراستِ ناجائز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) خلافِ قانون گرفتاری یا قید۔
**حرّاف** ۔ (حَر ۔ راف) (ع ۔ صف) (۱) مکار۔ فریبی۔ چالاک (۲) عیار۔ شوخ دیدہ۔
**حرّافہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) چالاک اور شوخ دیدہ عورت۔
**حرام** ۔ (حَ ۔ رام) (ع ۔ صف) حلال کی ضد (۱) حرمت والا۔ عظمت والا۔ بڑائی والا (۲) خلافِ شرع۔ ناجائز۔ ناروا۔ گناہ۔ غیر مباح (۳) ناپاک۔ پلید۔ نجس (۴) بدکاری۔ زنا۔
**حرام چالیس گھر لے ڈوبتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) حرام کاری کا اثر دُور دُور تک پہنچتا ہے۔
**حرام خور** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا) (۱) مُردار خوار۔ رشوت خوار (۲) مُفت خور (۳) نمک حرام بے وفا۔ بے مروّت۔
**حرام خوری** ۔ نمک حرامی۔ بد ذاتی۔ بے وفائی۔ مُفت خوری۔ رشوت ستانی۔
**حرام زادہ۔ حرام کا** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) وَلَدُ الزِّنا۔ وہ شخص جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوا ہو (۲) شریر۔ بدذات۔ فسادی۔ فتنہ پرداز۔
**حرام زادے کی رسّی دراز** ۔ (ا ۔ مثل) بدمعاش بہت دیر تک زندہ رہتا ہے۔
**حرام زدگی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) حرام زادہ ہونے کی حالت (۲) شرارت۔ فتنہ پردازی۔
**حرام کار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) زانی۔ بدکار۔ بدفعل۔
**حرام کاری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) زنا۔ بدکاری۔ بدفعلی۔
**حرام کا مال** ۔ ناجائز ذرائع سے حاصل شدہ مال (۲) رشوت یا حرام کی کمائی۔
**حرام کر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تلخ کر دینا۔ بدمزہ یا ناگوار کر دینا۔
**حرام کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
**حرام کوٹھے پر پکارتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) بُری بات خود بخود دُور دُور تک مشہور ہو جاتی ہے۔
**حرام کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زنا کی کمائی کھانا (۲) رشوت لینا۔
**حرام کی کمائی حرام میں گنوائی** ۔ (مثل) حرام کا مال ضائع ہو جاتا ہے اور بُرے کاموں میں صرف ہوتا ہے۔
**حرام مغز** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی یا مہرہ ہائے پشت میں ہوتا ہے۔
**حرام موت مرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خودکشی کرنا۔ اپنی جان آپ لینا۔
**حرام میں بڑا مزہ ہے** ۔ (ا ۔ مقولہ) ممنوع کام میں بڑی لذت ہوتی ہے۔
**حرام ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تلخ ہونا۔ ناگوار ہونا۔



Marfat.com

حرام ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناجائز ہونا۔ ممنوع ہونا (۲) تلخ ہونا۔ نفرت اور پرہیز کے قابل ہونا۔

حرامی۔ (حَ۔ را۔ می) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چور۔ شریر۔ بدذات (۲) نطفۂ حرام۔ زنا کی اولاد۔

حرب۔ (ع۔ ا۔ مث) لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔

حرب گاہ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) میدانِ جنگ۔

حِربا۔ (حِر۔ با) (ع۔ ا۔ مذ) گرگٹ۔

حَربہ۔ (حَر۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) آلۂ جنگ۔ جنگی ہتھیار (۲) چوبدستی۔ تازیانہ۔

حربہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔

حربے ضربے۔ ہر وقت۔ گھڑی گھڑی۔ بار بار۔

حرج۔ (حَ۔ رَج) (ع۔ ا۔ مذ) تنگی۔ سختی (۲) نقصان۔ ضرر (۳) تضیع اوقات۔ دیر۔ کمی۔

حِرز۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جائے پناہ۔ ملجا (۲) تعویذ۔ جنتر منتر۔ جمع: احراز۔

حرزِ جاں بنانا۔ (ا۔ محاورہ) بہت عزیز سمجھنا۔ بے حد احتیاط سے رکھنا۔

حرص۔ (ع۔ ا۔ مث) لالچ۔ طمع (۲) خواہش۔ تمنا۔ رغبت۔ ہوس۔

حرص کرنا۔ (ا۔ محاورہ) لالچ کرنا۔ خواہش کرنا۔ تمنا رکھنا۔

حِرصا حِرصی۔ (حِر۔ صا۔ حِر۔ صی) (اُر۔ ا۔ مث) دیکھا دیکھی۔ اوروں کو دیکھ کر خود بھی وہی کام کرنے لگنا یا اُس چیز کی خواہش کرنا۔

حِرصی۔ (حِر۔ صی) (ف۔ ا۔ مذ) لالچی۔ طامع۔ حریص۔

حِرصی ٹٹو۔ (ا۔ مذ) دوسروں کی دیکھا دیکھی لالچ میں آجانے والا۔

حَرف۔ (ع۔ ا۔ مذ) لغوی معنی طرف۔ کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی (۲) آواز کو ظاہر کرنے والا نشان۔ حرفِ تہجی (۳) علمِ صرف میں وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے ساتھ ملے بغیر پورے سمجھ میں نہ آئیں (۴) بات۔ لفظ۔ سخن (۵) نقص۔ عیب۔ طنز۔ جمع: حروف۔

حَرف آشنا۔ (ع۔ ف۔ صف) جو تھوڑا بہت پڑھ سکے۔ مبتدی۔ نوآموز۔

حَرف آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) الزام لگنا۔ عیب لگنا (۲) تھوڑا سا لکھنا پڑھنا آنا۔

حَرف اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پڑھ لینا۔ شناخت میں آنا (۲) حرف کو اس طرح چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے۔

حَرف اُڑانا۔ (ا۔ محاورہ) حرف کو مٹانا۔

حَرف انداز۔ (ع۔ ف۔ صف) فریبی۔ مکار۔ چالاک۔

حَرفِ استثنا۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو ایک چیز کو دوسری سے جُدا کرے۔ مثلاً جز۔ سوا۔

حَرفِ استدراک۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو پہلے جملے کے شبہ کو دُور کرے۔ جیسے لیکن۔ البتہ۔

حَرفِ استفہام۔ (ع۔ ا۔ مذ) سوال کے لیے استعمال ہونے والا لفظ جیسے کیا۔ کب۔

حَرف بحَرف۔ ایک ایک حرف۔ لفظ بلفظ۔

حَرف بنانا۔ حرف کو درست کرنا۔ حروف کو قاعدے کے مطابق کرنا۔ (۲) چھاپے کے پتھر پر حروف درست کرنا (۳) حروف کھودنا (۴) حروف بدلنا۔ جعل سازی کرنا۔ خط میں تبدیلی کرنا۔

حَرف پکڑنا۔ (ا۔ محاورہ) غلطی پکڑنا۔ ٹوکنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

حرف پہچاننا۔ (ا۔ محاورہ) حروف میں تمیز کرنا۔ پڑھ لینا۔ حروفِ تہجی کو ذہن نشین کرنا۔

حرفِ تاکید۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو کلام پر زور دینے کے لیے آئے۔ جیسے ضرور۔ ہرگز۔

حرفِ تردید۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو کسی بات کو رد کرنے کے لیے آئے۔ جیسے چاہے۔ خواہ۔

حرفِ تشبیہ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو ایک چیز سے دوسری چیز کی مانند ظاہر کرے مثلاً ایسا۔ ویسا۔ جیسا۔

حرفِ جار (جر) ربط۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو کسی فعل کو اسم سے ملائے جیسے سے۔ پر۔ میں۔ تک۔

حرف چین۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نکتہ چین (۲) حرف شناس۔ ابجد خوان۔

حرف رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) الزام لگانا۔

حرف زن۔ (ع۔ ف۔ صف) باتیں کرنے والا۔ بولنے والا۔

حرفِ ساکن۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ حرف جس پر اعراب نہ ہو۔

حرفِ شرط۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ لفظ جو کسی کام کو دوسرے کام پر موقوف کرنے کے لیے لایا جائے جیسے اگر۔ جب۔ ہرچند۔

حرفِ شکایت۔ (ع۔ ا۔ مذ) شکوہ شکایت کی بات۔

حرف شناس۔ ابجد خواں۔ حروفِ تہجی کو پہچان لینے والا۔

حرف شنوا۔ (ع۔ ف۔ صف) وہ شخص جو بات سنے جو اُس سے کہا جائے۔

حرفِ عطف۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ حرف جو دو کلموں یا جملوں کو باہم ملائے۔ مثلاً اور۔ و۔ پھر۔

حرفِ علت۔ تین حروف ہیں۔ واؤ۔ الف۔ یا۔

حرف گیری۔ (ع۔ ف۔ مث) نکتہ چینی۔ عیب نکالنا۔

حرف لانا۔ (ا۔ محاورہ) الزام رکھنا۔ عیب لگانا۔

حرفِ متحرک۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ حرف جس پر اعراب ہوں۔

حرفِ مطلب۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مطلب کی بات۔

حرفِ ندا۔ (۱) وہ لفظ جو بلانے کے لیے استعمال ہو جیسے اے۔ او۔

حرفِ ندبہ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ حرف جو افسوس کے لیے بولا جائے مثلاً ہائے۔ وائے۔ آہ۔

حرفِ نفی (نہی)۔ (ع۔ ا۔ مذ) جس میں انکار پایا جائے جیسے نہ۔ نہیں۔

حرف نہ اُٹھ سکنا۔ (ا۔ محاورہ) پڑھ نہ سکنا۔ پڑھا نہ جانا۔

حرف و حکایت۔ گلہ شکوہ۔ بات چیت۔

حِرفت۔ (حِر۔ فت) (ع۔ ا۔ مث) پیشہ۔ کسب۔ کاریگری (۲) ہنر۔ علم۔ (۳) چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔

حِرفت باز۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چالاک۔ عیار۔ مکار۔

حِرفتی۔ (حِر۔ فَ۔ تی) (ع۔ ف۔ صف) چالاک۔ عیار۔

حِرفہ۔ (حِر۔ فَہ) (ع۔ ا۔ مذ) پیشہ۔ صنعت۔ ہنر۔ کاری گری۔

حُرقت۔ (حُر۔ قت) (ع۔ ا۔ مث) جلن۔ سوزش (۲) جوش۔ حرارت۔

حرکات۔ (حَ رَ۔ کات) (ع۔ ا۔ مذ و مث) حرکت کی جمع۔ حرکتیں۔

حرکات و سکنات۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) اُٹھنا۔ بیٹھنا۔ چلنا پھرنا (۲) عادت و اطوار



Marfat.com

**حَرَکت** ۔ (حَ۔رَ۔کَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جُنبش ۔ رفتار ۔ چال ۔ گردش (۲) دھڑکن ۔ تڑپ ۔ اضطراب (۳) زبر ۔ زیر ۔ پیش ۔ اعراب (۴) کام ۔ کردار فعل (۵) ناپسندیدہ بات ۔ بے جا کام ۔ گناہ (۶) سفر ۔ کُوچ ۔ آمد و رفت (۷) بدفعلی

**حرکت کرنا ۔ حرکت دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہلانا ۔ جُنبش دینا ۔ اعراب لگانا ۔ ہلنا جُلنا ۔ چلنا (۲) بُرا کام کرنا ۔ خطا کرنا (۳) نقصان کرنا ۔ دیر کرنا ۔ ہرج کرنا (۴) جماع کرنا

**حرکت مذبُوحی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ذبح ہونے والے جانور کی طرح بے اختیاری کی حرکت ۔ بے فائدہ حرکت ۔ اضطراری حرکت ۔

**حرکت میں برکت ہے** ۔ (مثل) کام کرنے میں ہی فائدہ ہوتا ہے ۔ کام کرتے رہیں تو خدا مدد کرتا ہے ۔

**حَرَکتی** ۔ (حَ ۔ رَ ۔ کَ ۔ تی) [ا ُ ۔ ا ۔ مذ] شرارت کرنے والا ۔ حرکت والا ۔

**حَرَکی** ۔ (حَ ۔ رَ ۔ کی) (ع ۔ صف) حرکت سے منسوب ۔

**حَرَکی توانائی** ۔ وہ طاقت یا قوت جو کسی شے کے حرکت میں آنے سے پیدا ہو

**حَرَکی نظریہ** ۔ حرکت کا قانون ۔

**حَرَم** ۔ (حَ ۔ رَم) [ع ۔ ا ۔ مذ] خانہ کعبہ کی چار دیواری ۔ احاطہ جہاں جاندار کا مارنا حرام ہے (۲) شرفاء کا زنانخانہ ۔ گھر والی منکوحہ بیوی (۳) وہ کنیز جس سے صحبت کی گئی ہو (۴) باندی ۔ لونڈی ۔

**حَرَم (خانہ) سَرا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) زنانخانہ ۔ بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان ۔

**حِرمان** ۔ (حِر ۔ مان) [ع ۔ ا ۔ مذ] نااُمیدی ۔ مایوسی ۔ بدقسمتی ۔

**حِرماں نصیب** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بدقسمت ۔ جس کی قسمت میں محرومی ہو

**حُرمَت** ۔ (حُر ۔ مت) [ع ۔ ا ۔ مث] عزت ۔ آبرو ۔ عظمت ۔ بڑائی (۲) مذہب کی رُو سے حرام ہونا ۔

**حُرمَت اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آبرو لینا ۔ عصمت پر دھبہ لگانا ۔

**حُرمَت بہا** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ہتک عزت کا تاوان ۔ ہرجانہ ازالہ حیثیت عرفی ۔

**حُرمت جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عزت میں فرق آنا ۔ عظمت اور عفت میں فرق آنا ۔

**حُرمت کا لاگو ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عزت و آبرو کے درپے ہونا ۔

**حُرمت لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عزت بگاڑنا ۔ گستاخی کرنا ۔ عصمت پر دھبہ لانا ۔

**حَرمَل** ۔ (حَر ۔ مَل) [ع ۔ ا ۔ مذ] کالا دانہ ۔ اسپند ۔ ایک جنگلی پودا ۔

**حَرَمَین شریفین** ۔ (حَ ۔ رَ ۔ مَین ۔ شَ ۔ ری ۔ فَین) [ع ۔ ا ۔ مذ] مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ دونوں کو حرمین شریفین کہتے ہیں ۔

**حُرُوف** ۔ (حُ ۔ رُوف) [ع ۔ ا ۔ مذ] حرف کی جمع ۔

**حُرُوفِ تہجی ۔ حروفِ ہجا** ۔ الف ۔ ب ۔ ت وغیرہ ۔

**حُروف چین** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حروف ترتیب دینے والا ۔ (انگ) (Composer)

**حُروفِ شمسی** ۔ وہ حروف جن سے پہلے اَل بولنے میں نہ آئے جیسے عبدالرحیم میں رَ اور والشمس میں ش ۔

**حُروفِ قمری** ۔ وہ حروف جن سے پہلے اَل تلفظ میں آئے جیسے ابوالبرکات میں ب اور عبدالحبیب میں ح جس طرح چاند نکلا ہو تو ستارے بھی نظر آتے ہیں اسی طرح حروف قمری کے ساتھ اَل پڑھا جاتا ہے ۔

**حُروفِ متشابہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ حروف جن کی شکل ایک جیسی ہو جیسے ب ۔ پ ۔ ت ۔ ث ۔

**حُروفِ معجمہ** ۔ حروفِ منقوطہ وہ حروف جن پر ایک یا زیادہ نقطے ہوں جیسے جابر میں ج اور ب ۔

**حُروفِ مغیّرہ** ۔ وہ حروف جو اپنے ساتھ آنے والے الفاظ میں تبدیلیاں کر دیں ۔ "لڑکے نے" میں لڑکا کی جگہ لڑکے ہو گیا ہے ۔ ہو ۔ نے ۔ کے ۔ آنے وغیرہ ۔

**حُروفِ مقطّعات** ۔ وہ حروف جو قرآن پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں ۔ (ا ۔ ل ۔ م) الم ۔ (حا ۔ میم)

**حُروفِ مُہملہ** ۔ حروفِ غیر منقوطہ وہ حروف جن پر کوئی نقطہ نہ ہو جیسے طمع میں ط ۔ م اور ع ۔

**حَرّہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پیاس (۲) پتھریلی زمین ۔

**حُرّیت** ۔ (حُر ۔ ری ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] آزادی ۔ غلامی کے بعد آزادی ۔

**حَرِیر** ۔ (حَ ۔ ری ۔ ر) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا ۔

**حَرِیرہ** ۔ (حَ ۔ ری ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] میٹھی اور گاڑھی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے ۔

**حَرِیری** ۔ (حَ ۔ ری ۔ ری) [ع ۔ صف] (۱) ریشمی ۔ ریشم کا (۲) باریک ۔ پتلا ۔ مہین جیسے حریری کاغذ (۳) دُبلا پتلا آدمی ۔

**حَرِیص** ۔ (حَ ۔ ریص) [ع ۔ صف] لالچی (۲) حاسد (۳) پیٹو ۔ کھاؤ (۴) دیکھا دیکھی کام کرنے والا ۔ حرصی ۔

**حَرِیف** ۔ (حَ ۔ ریف) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہم پیشہ (۲) دشمن ۔ بدخواہ (۳) چالاک ۔ ہوشیار (۴) مقابلہ کرنے والا ۔ جمع : حُرَفا ۔

**حَرِیق** ۔ (حَ ۔ ریق) [ع ۔ صف] (۱) جلی ہوئی چیز ۔ سوختہ (۲) آگ ۔ شعلہ ۔

**حَرِیم** ۔ (حَ ۔ ریم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گھر کی چار دیواری (۲) خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار (۳) مکان ۔ گھر ۔

## ح ــــ ز

**حِزب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جتھہ ۔ گروہ ۔ جماعت (۲) وظیفے یا ورد کا حصہ (۳) تقسیم ۔ جمع : احزاب ۔

**حِزبُ الاحرار** ۔ آزادوں کی جماعت ۔ لبرل پارٹی ۔

**حِزبُ العُمّال** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مزدوروں کی جماعت ۔

**حِزبِ اقتدار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) اسمبلی میں اکثریت رکھنے والی جماعت جو حکومت کا کام سرانجام دیتی ہے ۔

**حِزبُ اللّٰہ** ۔ اللہ والوں کی جماعت ۔

**حِزبُ المستبدین** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) قدامت پسند جماعت ۔

**حِزبِ مخالف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حکومت کی مخالف جماعت ۔

Marfat.com

حَزم - [ع - ا - مذ] احتیاط - مآل اندیشی - مستعدی - خبرداری -
حُزنیَہ [ع - صف] دیکھیے المیہ (دردناک المیہ)
حُزن - [ع - ا - مذ] رنج - ملال - غم - جمع : احزان -
حَزِین - (حَ - زِین) [ع - صف] غمگین - رنجیدہ - ملول - جمع : حُزَنا - حِزان -

# ح ــــ س

حِسّ - [ع - ا - مث] (۱) محسوس کرنے کی قوت (۲) جنبش - حرکت - جمع : حواس -
حِسِّ باطنی - (ع - ا - مث) محسوس کرنے کی اندرونی قوت -
حِسِّ ظاہری - (ع - ا - مث) محسوس کرنے کی بیرونی قوت جیسے باصرہ دیکھنے کی اور سامعہ سُننے کی قوت -
حِسِّ مُشترک - (ع - ا - مث) ایک قوت جو حواسِ خمسہ کے ذریعے محسوس کی ہوئی صورتوں کو قبول کرکے ایک خزانے میں جمع کر دیتی ہے - یہ خزانہ خیال ہے - عقلِ عامہ -
حساب - (حِ - ساب) [ع - ا - مذ] (۱) گنتی - شمار (۲) علم ریاضی کی ایک شاخ (۳) نرخ - بھاؤ - قیمت (۴) قاعدہ - ڈھنگ - طَور (۵) لین دین (۶) سمجھ (۷) میزان - جوڑ (۸) حالت - کیفیت - جمع : حِسابات -
حِساب برابر کرنا - (ا - محاورہ) جمع خرچ نکالنا - فیصلہ ہونا - کام ختم کر دینا -
حِساب بنانا - (ا - محاورہ) آمد و خرچ کا حساب تیار کرنا - بل بنانا -
حِساب بے باق کرنا - (ا - محاورہ) لین دین کا فیصلہ کر دینا - اگلا پچھلا حساب چکا دینا - پورا قرضہ اُتار دینا -
حِساب پُوچھنا - (ا - محاورہ) حساب مانگنا - آمد و خرچ کا حساب لینا - محاسبہ کرنا - پُوچھ گچھ کرنا -
حِساب پھیلانا - (ا - محاورہ) شمار کرنا - حساب لگانا -
حِساب جوڑنا - (ا - محاورہ) جوڑ لگانا - جمع کرنا - میزان دینا - متفرق رقوم کو ایک جگہ لے آنا -
حِساب جَو جَو - بخشش سَو سَو - (مثل) معاملہ صاف ہونا چاہیئے حساب کوڑی کوڑی کا ہونا چاہیئے - بخشش اور انعام کا اختیار ہے جس قدر چاہیں دے دیں -
حِساب دار - (ع - ف - صف) اکاؤنٹنٹ - کسی دوکان یا بنک میں حساب رکھنے والا (۲) وہ شخص جس نے بنک میں اپنا حساب کھولا ہوا ہو -
حِساب دان - (ع - ف - صف) علم حساب کا ماہر -
حِسابِ دوستاں دردِل - (مثل) دوست دل ہی میں حساب کر لیتے ہیں - زبان پر نہیں لاتے - جو دے دیا سو دے دیا اور جو مل گیا سو مل گیا -
حِساب دینا - (ا - محاورہ) حساب سمجھانا - چارج دے دینا - آمد و خرچ بتا دینا -
حساب رکھنا - (ا - محاورہ) آمد و خرچ لکھتے رہنا - رجسٹر میں درج کرتے رہنا (۲) آشنائی رکھنا -
حِساب سے - خیال سے - رائے میں - بھاؤ یا شرح سے - انداز سے -
حِساب سے باہر - (ا - صف) بے شمار - اَن گِنت - بے انتہا -
حِساب کتاب - (ع - ا - مذ) لین دین - رَبط ضبط - میل ملاپ -
حِساب کتاب میں رہنا - (ا - محاورہ) آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرنا -
حِساب کرنا - (ا - محاورہ) حساب سمجھنا (۲) بے باق کرنا -
حِساب لڑانا - آشنائی ہونا - آنکھ لڑ جانا -
حِساب لگانا - (ا - محاورہ) حساب پھیلانا (۲) آشنائی کرنا - دوستی گانٹھنا - (۳) نوکری کرنا (۴) سازش کرنا (۵) حساب کرنا -
حِساب لینا - (ا - محاورہ) حساب پُوچھنا - پڑتال کرنا - آمد و خرچ کا جائزہ لینا -
حِساب میں جمع کرنا - (ا - محاورہ) جس نے ادائیگی کی ہے اس کے حساب میں لکھ لینا - کھاتے میں چڑھانا -
حِساب میں لینا - (ا - محاورہ) حساب میں شمار کرنا - معاملے کے سب پہلوؤں پر غور کرکے سمجھ لینا -
حِساب میں نہ ہونا - (ا - محاورہ) کوئی حیثیت نہ رکھنا -
حِساب نویس - (ع - ف - صف) حساب رکھنے والا - اکاؤنٹنٹ -
حِساب نویسی - (ع - ف - ا - مث) حساب کتاب لکھنا -
حِساب ہو جانا - (ا - محاورہ) نوکری سے برطرف ہو جانا -
حساب ہونا - (ا - محاورہ) بقایا نکال لینا - از روئے حساب یہ معلوم کرنا کہ کیا لینا دینا ہے (۲) قیامت کے دن اچھے بُرے اعمال کی جانچ ہونا -
حِسابی - (حِ - سا - بی) [ع - صف] (۱) حساب کی بات - حساب کے متعلق - قاعدے کی بات (۲) حساب میں ماہر -
حُسّاد - (حُ - ساد) [ع - ا - مذ] حاسد کی جمع - بہت سے حاسد -
حسّاس - (حَ - ساس) زیادہ محسوس کرنے والا (۲) ہوشیار - زیرک - ذکی الحس -
حُسام - (حُ - سا - م) [ع - ا - مث] تلوار - شمشیرِ بُرّاں -
حَسّان - (حَ - سان) [ع - ا - مذ] (۱) بہت اچھا - بڑا عقلمند (۲) عہدِ رسالتؐ کے مشہور شاعر حضرت حسّان بن ثابت -
حَسَب - [ع] بموجب - مطابق - موافق -
حَسبِ اتفاق - (ع) اتفاقاً - ناگہاں - اچانک -
حَسبِ ارشاد - حَسبُ الاَمر - حَسبُ الحُکم - (ع) کہنے کے مطابق - حکم کے بموجب -
حَسبِ توفیق - (ع) اپنی حیثیت کے مطابق -
حَسبِ حال - (ع) حال کے مطابق - موقع کے مناسب -
حَسبِ دستور - (ع - ف) قاعدے کے مطابق - رسم و رواج کے مطابق -
حَسبِ دِل خواہ - (ع - ف) جیسا کہ دل چاہتا ہے - دِلی منشا کے مطابق -
حَسبِ ذیل - (ع) نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق - نیچے لکھے ہوئے کے مطابق -
حَسبِ ضابطہ - حسبِ قاعدہ - (ع) قاعدے کے مطابق - قانون کی رُو سے جیسا کہ قانون اور قاعدے کا منشا ہے -
حَسبِ فرمائش - (ع - ف) کہنے کے مطابق - فرمائش کے مطابق -



Marfat.com

**حَسبِ مُراد**۔ (ع۔ ف) آرزو و خواہش کے مطابق۔
**حَسبِ معمول**۔ (ع۔ ف) دستور کے مطابق۔ جیسا کہ روزانہ کوئی کرتا ہے۔
**حَسبِ مقدور**۔ اپنی بساط اور حیثیت کے مطابق۔
**حَسبِ موقع**۔ موقع کے مطابق۔ جیسا موقع ہو۔
**حَسَب**۔ (حَ۔ سَب) (ع۔ ا۔ مذ) نسل۔ سلسلۂ خاندان (۲) ماں کی طرف کا سلسلہ (۳) مال و جاہ کا شرف (۴) دینی بزرگی۔
**حَسب نَسب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
**حَسَد**۔ (حَ۔ سَد) (ع۔ ا۔ مذ) جلن۔ کسی کا زوال چاہنا (۲) عداوت۔ بغض۔ کینہ۔
**حَسرت**۔ (حَس۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) افسوس۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس۔ پشیمانی (۲) آرزو۔ ارمان۔ شوق۔
**حسرت آلودہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) حسرت بھرا۔ غمزدہ۔
**حسرت آنا**۔ (ا۔ محاورہ) آرزو ہونا۔ افسوس آنا۔
**حسرت آیات**۔ (ع۔ صف) رنج دہ۔ افسوسناک۔
**حسرت انگیز**۔ (ع۔ ف۔ صف) جس کو دیکھ کر دل کے ارمان اُبھر آئیں۔ جس کو دیکھ کر افسوس ہو۔
**حسرت باقی رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) ارمان پورا نہ ہونا۔ دل کی دل ہی میں رہ جانا۔
**حسرت برسنا۔ حسرت ٹپکنا**۔ (ا۔ محاورہ) حسرت ظاہر ہونا۔ افسوس کے آثار پائے جانا۔
**حسرت بھرا**۔ (ا۔ صف) پُر ارمان۔ پُر شوق۔
**حسرت لے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دل کی آرزو دل میں ہی رہنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔
**حسرت نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ارمان پورے کرنا۔ خواہش یا آرزو پوری کرنا۔
**حَسَن**۔ (حَ۔ سَن) (ع۔ صف۔ ا۔ مذ) نیک۔ اچھا۔ خوب صورت (۲) خوبصورتی۔ نیکی۔ بھلائی (۳) حضرت علیؓ کے بڑے صاحبزادے کا نام۔
**حَسَنات**۔ (حَ۔ سَنا۔ نات) (ع۔ ا۔ مث) نیکیاں۔ بھلائیاں۔
**حُسن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خوبی۔ عمدگی۔ بھلائی (۲) خوش نمائی۔ دل رُبائی (۳) خوبصورتی۔ جمال (۴) رونق۔ جوبن۔ بہار۔
**حسن آرا**۔ حسن کی شان بڑھانے والی۔
**حسن اتفاق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خوش قسمتی۔ اچھا موقع۔
**حسن اخلاق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خوش خلقی۔ ملنساری۔ تواضع۔
**حسن انتظام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) انتظام کی خوبی۔ خوش انتظامی۔
**حسن بیان**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خوش بیانی۔ کسی واقعہ یا منظر کو مؤثر طریق سے بیان کرنے کا وصف۔
**حسن تدبیر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خوش تدبیری۔ عمدہ مشورہ۔
**حسن تعلیل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک صنعت کا نام ہے۔ شاعر اپنے تخیل سے کوئی ایسی وجہ (علت) کسی چیز کی یا امر کی پیش کرتا ہے جو در اصل اُس کی وجہ نہیں ہوتی۔
**حسن خداداد**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) قدرتی حسن۔

**حسن خطاب**۔ خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ مؤثر تقریر کرنے کی خوبی۔
**حسن خیز**۔ (ع۔ ف۔ صف) حسن پیدا کرنے والا۔ وہ خطہ جہاں حسین لوگ پیدا ہوتے ہوں۔
**حسن دان**۔ (ا۔ مذ) چھوٹا پاندان۔ چھوٹی سی پٹاری۔
**حسن ڈھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) حسن میں زوال آجانا۔ جوانی کا گزر جانا۔
**حسن سلوک**۔ (ع۔ ا۔ مذ) برتاؤ کی اچھائی۔ اچھا رویہ۔ اچھا اخلاق۔
**حسن صبیح**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دلکش گورا رنگ۔
**حسن طلب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) لطیف اشارہ کرکے کوئی شے مانگنا (۲) مانگنے کا اچھا پیرایہ۔
**حسن ظن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نیک گمان۔ کسی کے متعلق اچھا خیال۔
**حسن قبول**۔ (ع۔ ا۔ مذ) اچھے طریقے سے قبول کرنا۔ پسندیدہ۔ من بھاؤنا۔
**حسن گلوسوز**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نہایت اعلیٰ حسن۔
**حسن گندم گوں**۔ گورا۔ گیہوں کی سی رنگت والا۔
**حسن محفل**۔ محفل کی رونق۔ (۲) حقہ۔
**حسن مطلع**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) غزل یا قصیدے کا دوسرا مطلع۔
**حسن مطلق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جمال خداوندی۔
**حسن ملیح**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نمکین۔ ملاحت والا حسن۔ گندم گوں حسن۔
**حسن معاملہ**۔ (ف۔ ا۔ صف) لین دین کی صفائی۔
**حسن یوسف**۔ حد درجے کا حسین۔ حضرت یوسف کا حسن۔
**حَسَنَہ**۔ (حَ۔ سَ۔ نَہ) (ع۔ ا۔ مث) نیک۔ نیکی۔ بھلائی۔ جمع: حسنات۔
**حَسَنی**۔ (حَ۔ سَ۔ نی) (ع۔ ا۔ مذ) امام حسن سے نسبت رکھنے والا۔
**حُسنیٰ**۔ (حُس۔ نا) (ع۔ ا۔ مث) حسن کا مونث۔ اچھی۔ خوب صورت۔
**حَسنَین**۔ (ع۔ ا۔ مذ) امام حسنؓ اور امام حسینؓ۔
**حَسُود**۔ (حَ۔ سُود) (ع۔ ا۔ مذ) بدخواہ۔ بڑا حسد کرنے والا۔
**حُسُود**۔ (حُ۔ سُود) (ع۔ ا۔ مذ) حاسد کی جمع۔
**حَسِیب**۔ (حَ۔ سِیب) (ع۔ صف) حساب کرنے والا۔ بزرگوار۔ حساب لینے والا۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**حَسِین**۔ (حَ۔ سِین) (ع۔ صف) خوبصورت۔ شکیل۔
**حُسینؓ**۔ (حُ۔ سَین) (ع۔ ا۔ مذ) حضرت علیؓ کے چھوٹے صاحبزادے جنہوں نے ۱۰ محرم الحرام کو میدان کربلا میں شہادت پائی۔
**حُسین بند**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چاندی کی بے نگینہ دو انگوٹھیاں جو روز عاشورہ بچوں کے ہاتھ میں پہناتے ہیں۔
**حَسِینَہ**۔ (حَ۔ سِی۔ نَہ) (ع۔ ا۔ مث) خوبصورت عورت۔
**حُسینی**۔ (حُ۔ سَے۔ نی) (ع۔ ا۔ مذ) حضرت امام حسین سے منسوب۔
**حسینی بلبل**۔ ایک خاص قسم کی بلبل جس کا جسم سفید اور سر پر سیاہ رنگ کی چوٹی ہوتی ہے۔
**حسینی کانہڑا**۔ (ا۔ مذ) کانی ٹھاٹھ کا ایک راگ جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔

## ح — ش



Marfat.com

**حَشر**۔ [ع۔ا۔مذ] ایک مقام پر اجتماع (۱) قیامت۔ روزِ حساب (۲) شور و غل۔
غوغا۔ ہنگامہ۔ فتنہ۔ آفت۔
**حَشر برپا کرنا۔ حَشر توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آفت ڈھانا۔ فساد اُٹھانا۔ اُدھم مچانا۔
(۲) نہایت خفا ہونا۔ جھنجلانا (۳) بہت رونا پیٹنا۔ کہرام مچانا۔
**حَشر توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھنجلانا (۲) آفت ڈھانا۔
**حَشر ڈھانا**۔ (ا۔ محاورہ) آفت برپا کرنا۔
**حَشر کا وَعدہ**۔ جس وعدے کی زندگی بھر پُورا ہونے کی اُمید نہ ہو۔
**حَشر میں اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) اسلامی عقیدے کے مطابق قیامت کے دن
مُردوں کا زندہ ہو کر اُٹھنا۔
**حَشر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قیامت بپا ہونا۔ شور و غل ہونا (۲) انجام ہونا۔
نتیجہ نکلنا۔
**حَشَرات**۔ (حَ۔شَ۔رات) [ع۔ا۔مذ] چھوٹے چھوٹے رینگنے والے
کیڑے مکوڑے (۲) ہنگامہ۔ شور و غل۔
**حَشَرات الاَرض**۔ (ع۔ا۔مذ) برساتی کیڑے۔ کیڑے مکوڑے۔ سانپ۔
بچھو وغیرہ۔
**حَشَرہ**۔ (ع۔ا۔مذ) رینگنے والا کیڑا۔
**حَشَری**۔ (حَش۔ری) [ف۔صف] ہیبت ناک (۲) شریر گھوڑا۔
**حَشَری باغی**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ باغی جو اوروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کر دے۔
**حَشَریات**۔ (حَش۔ری۔آت) [ع۔ا۔مذ] کیڑوں مکوڑوں کا علم۔
(انگ) (Entomology)
**حَشَفَہ**۔ (حَش۔فَہ) (حَ۔شَ۔فَہ) [ع۔ا۔مذ] آلۂ تناسل کی سپاری۔
**حَشَم**۔ (حَ۔شَم) [ع۔ا۔مذ] نوکر چاکر۔ خدمت گار۔
**حَشَم و خَدَم**۔ (ع۔ا۔مذ) نوکر چاکر۔ ملازمان۔
**حَشمَت**۔ (حَش۔مَت) [ع۔ا۔مث] (۱) نوکر چاکر۔ خدمت گاروں کا انبوہ۔
(۲) بزرگی۔ عظمت۔ مرتبہ (۳) دبدبہ۔ شان و شوکت (۴) ساز و سامان
فوج و لشکر۔ جلوس۔ سواری۔
**حُشمَت**۔ (حُش۔مَت) [ع۔ا۔مث] (۱) جورُو۔ قبیلہ (۲) اُونٹ کی مُہار۔
**حَشو**۔ [ع۔ا۔مذ] بھرتی۔ اندر بھرنے کی چیز (۲) زائد کلام۔ بیہودہ کلام۔
بے ضرورت گفتگو۔
**حَشیش**۔ (حَ۔شیش) [ع۔ا۔مث] سُوکھی گھاس (۲) بھنگ۔

## ح ــــ ص

**حِصار**۔ (حِ۔صار) [ع۔ا۔مذ] احاطہ۔ گھیرا۔ چار دیواری۔ شہر پناہ (۲) قلعہ (۳)
وہ دائرہ جو عامل اپنے گرد حفاظت کے لیے کھینچ لیتے ہیں۔
**حِصار باندھنا**۔ قلعہ باندھنا۔ چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا۔ کوئی دُعا یا
افسون پڑھ کر چاروں طرف خط کھینچ کر بلاؤں کی روک کر دینا۔
**حِصاری**۔ (حِ۔صا۔ری) [ف۔صف] قلعہ بند۔
**حَصانَت۔ حِصانَت**۔ (ع۔ا۔مذ) پائیداری۔ مضبوطی (۲) پاک دامنی۔

بفتح (بکسر اوّل)
**حَصر**۔ (ع۔ا۔مذ) گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ منحصر کرنا۔
**حِصَص**۔ (حِ۔صَص) [ع۔ا۔مذ] حِصّہ کی جمع۔ حِصّے۔
**حِصن**۔ [ع۔ا۔مذ] قلعہ۔ جائے پناہ (۲) حراست (۳) ہتھیار (۴) تباہی۔
**حِصنِ حَصین**۔ (ع۔ا۔مذ) مضبوط قلعہ (۲) وظیفوں اور دُعاؤں کی ایک
کتاب کا نام۔
**حُصُول**۔ (حُ۔صُول) [ع۔ا۔مذ] حاصل۔ فائدہ۔ نفع۔
**حُصُول بالجبر**۔ (ع۔ا۔مذ) زبردستی لینا۔
**حُصُولِ مرام**۔ (ع۔ا۔مذ) خواہش کا پورا ہونا۔ مُراد پوری ہونا۔
**حِصّہ**۔ (حِص۔صَہ) [ع۔ا۔مث] (۱) ٹکڑا (۲) بانٹ۔ تقسیم (۳) بخرہ۔ بھاجی۔
(۴) کمرہ۔ درجہ (۵) جزوِ کتاب (۶) علاقہ۔ صیغہ۔ جمع: حِصَص۔
**حِصّہ بخرہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) تقسیم۔ بانٹ (۲) کسی کی چیز کا حصّہ۔ میل ملاپ۔
**حِصّہ ٹھہر جانا**۔ (مص۔مرکب) باہم تقسیم کا معاہدہ ہو جانا۔ طے ہو جانا کہ اتنا
اتنا حصّہ
**حِصّہ دار**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) شریک۔ سانجھی۔
**حِصّہ داری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) ساجھا۔ شرکت۔ زمین کی پٹّی۔
**حِصّہ رَسَد۔ حِصّہ رَسَدی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) جتنا جتنا حِصّے میں آئے تقسیم
کے موافق۔ بانٹ کے مطابق۔
**حِصّہ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) ڈھیری لگانا۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔
**حِصّہ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بانٹ کے مطابق لینا (۲) شرکت کرنا۔
**حِصّے کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔
**حِصّے میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بانٹ میں آنا۔ از روئے تقسیم کوئی شے ملنا۔
**حَصیر**۔ (حَ۔صیر) [ع۔ا۔مذ] بوریا۔ چٹائی۔ جمع: حَصائر۔
**حَصین**۔ (حَ۔صین) [ع۔صف] مضبوط۔ محفوظ۔

## ح ــــ ض

**حُضّار**۔ (حُض۔ضار) [ع۔ا۔مذ] حاضرین۔ موجود لوگ۔
**حَضارت**۔ (ع۔ا۔مث) شہر میں رہنا۔ شہری زندگی۔
**حِضانت**۔ (ع۔ا۔مث) بچے کی پرورش کی ذمہ داری۔
**حَضَر**۔ [ع۔ا۔مث] ایک جگہ قیام۔ پڑاؤ۔ اقامت۔ سفر کا متضاد۔
**حَضَرات**۔ (حَ۔ضَ۔رات) [ع۔ا۔مذ] حضرت کی جمع۔ بزرگ۔ مخدوم۔
**حَضرَت**۔ (حَض۔رَت) [ع۔ا۔مذ] (۱) قُرب۔ نزدیکی۔ درگاہ (۲) جناب۔
حضور۔ قبلہ۔ تعظیم و عزت کا لقب (۳) چالاک۔ بدمعاش۔ بدذات۔ چلتا
ہوا۔ بے ڈھب۔ ذات شریف۔
**حضرت پَسند**۔ (ع۔ف۔صف) جو شے بادشاہوں کو پسند آ جائے۔
**حضرت سَلامت**۔ (ع۔ا۔مذ) حضور۔ عالی جناب۔ یار۔ دوست یہ لفظ
تعظیماً اور طنزاً برابر والوں کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
**حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے**۔ (بددُعا) تباہ ہو جائے۔ کوئی باقی نہ بچے



Marfat.com

پکھ نہ رہے۔

**حَضَرَمِی**۔ (ع۔ حَ۔ ضَ۔ رَ۔ مِی) [ع۔ صف] حضر موت کا باشندہ۔

**حَضَرِی**۔ (ع۔ صف) شہری لوگ۔ بدوی کی ضد۔ عرب کے وہ لوگ جو ایک جگہ مستقلاً آباد ہوں۔

**حُضُور**۔ (عُ۔ حُضُور) [ع۔ ا۔ مذ] موجودگی۔ حاضری۔ حاضر باشی (۲) جناب۔ حضرت۔ قبلہ (تعظیماً) (۳) دربار۔ مجلس۔ اجلاس (۴) روبرو۔ سامنے۔

**حضور کا نوکر ہوں بینگن کا نوکر نہیں**۔ [ا۔ مثل] میں تو حضور کی ہاں میں ہاں ملاتا جاتا ہوں۔

**حضور والا**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جناب عالی۔ حضور اقدس۔

**حُضُورِی**۔ (عُ۔ حُضُو۔ رِی) حاضری۔ قربت۔ نزدیکی۔ بادشاہی دربار۔ اجلاس۔

**حَضِیض**۔ (عَ۔ حَضِیض) [ع۔ ا۔ مذ] پستی۔ گڑھا۔ نشیب۔

## ح — ط

**حَطَّاب**۔ (ع۔ مذ) لکڑ ہارا۔ لکڑیاں بیچنے والا۔

**حُطَام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) شیر ببر۔

**حُطَام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) کوئی ٹوٹی پھوٹی چیز (۲) کوڑا کرکٹ۔

**حَطَب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) لاغر۔ بہت دُبلا۔

**حُطُب**۔ (۱) ایندھن (۲) تہمت۔ الزام۔

**حُطَمَہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) تیز آگ (۲) دوزخ کا تیسرا طبقہ۔

**حَطِیم**۔ (عَ۔ طِیم) [ع۔ ا۔ مذ] کعبہ کا وہ پتھر جو رُکن اور زمزم کے درمیان ہے۔ (۲) پچھلے سال کا پودا (۳) [مث] خانہ کعبہ سے باہر مغرب کی جانب ایک دیوار۔

## ح — ظ

**حَظ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) لطف۔ مزہ (۲) خوشی (۳) لذت۔ ذائقہ۔ (۴) عیش و نشاط (۵) خوش قسمتی۔

**حَظ اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) لطف اُٹھانا۔ لذت پانا۔ عیش کرنا۔ مزے لُوٹنا۔ خوشی کرنا۔

**حَظِ نفسانی**۔ حیوانی مزہ۔ جماع۔ بدنی خوشی۔

**حُظُوظ**۔ (عُ۔ ظُوظ) [ع۔ ا۔ مذ] حَظ کی جمع (۲) مزے۔ لطف۔

**حَظِیرہ**۔ (عَ۔ ظِی۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] احاطہ جو لکڑی یا بانس سے بنا لیا گیا ہو۔ (۲) قبرستان کی چار دیواری (۳) مقبرے کا گنبد۔

## ح — ف

**حَف**۔ [ع۔ ا۔ مذ] گھاس کا خشک ہو جانا (۲) کسی چیز کا بے کار ہو جانا۔ (۳) گھیرا ڈالنا (۴) خدمت اور مہربانی کرنا (۵) ڈاڑھی مُونچھ کے بال کم کرانا۔

**حَف نَظَر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) چشم بد دُور۔ ایک تعریفی کلمہ۔

**حُفَّاظ**۔ (حُف۔ فاظ) [ع۔ ا۔ مذ] حافظ کی جمع۔ وہ لوگ جنہیں قرآن شریف زبانی یاد ہو۔

**حِفَاظَت**۔ (ح۔ فا۔ ظَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) نگرانی۔ پاسبانی (۲) بچاؤ۔ سلامتی

**حِفَاظَتِ خود اختیاری**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) اپنے آپ کو بچانا (۲) اپنی جان بچانے کے لیے دوسرے کو مار دینا یا زخمی کر دینا۔

**حِفظ**۔ [ع۔ صف] (۱) ازبر۔ زبانی یاد (۲) پاس۔ ادب۔ لحاظ (۳) حِفاظت۔

**حِفظِ امن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) امن قائم رکھنا۔

**حِفظ پڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) حِفظ کرنا۔ بے دیکھے پڑھنا۔ ازبر پڑھنا۔ یاد کرنا۔

**حِفظِ جان**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جان کی حِفاظت۔ بچاؤ۔

**حِفظِ صحت۔ حِفظانِ صحت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) تندرستی کی حفاظت صحت کا بچاؤ اور قیامِ صحت کو برقرار رکھنے اور بیماری سے بچنے کے قواعد کا علم۔

**حِفظِ ماتقدم**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ بچاؤ جو پہلے سے کر لیا جائے (۲) کسی امر کی پیش بندی۔

**حِفظِ مراتب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مرتبے کا لحاظ۔ پاسِ ادب۔

**حِفظ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) زبانی یاد ہونا۔

**حَفِیظ**۔ (عَ۔ فِیظ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) محافظ۔ نگہبان (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

## ح — ق

**حَق**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سچ۔ صدق (۲) لائق۔ واجب (۳) دُرست۔ بجا۔ ٹھیک (۴) ثابت۔ قائم (۵) فرض۔ ذمہ داری (۶) جائز۔ مباح (۷) انصاف (۸) صلہ بدلہ۔ معاوضہ (۹) مزدوری (۱۰) انعام۔ نیگ (۱۱) عدل۔ انصاف (۱۲) اصلیت۔ واقعہ (۱۳) منصب اختیار (۱۴) ملکیت (صف) دُرست۔

**حَقِ آسائش**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) آرام و آسائش کا وہ حق جس کی رُو سے کسی کا کوئی ہمسایہ اپنے ملک یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کرسکتا جس سے اُسے تکلیف یا نقصان پہنچے۔

**حق آشنا**۔ (ع۔ ف۔ صف) خدا پرست۔ سچی اور حق بات کہنے والا۔

**حق ادا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فرض ادا کرنا (۲) نوکری یا خدمت بجا لانا (۳) کسی کام کو ویسا ہی کرنا جیسا کہ کرنا چاہیئے تھا۔ بہترین طور سے انجام دینا۔

**حقِ ارجاعِ نالش**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نالش یا استغاثہ دائر کرنے کا حق۔

**حق اللہ پاک ذات اللہ**۔ خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے۔ یہ جملہ اکثر طوطوں کو یاد کراتے ہیں۔

**حق التحصیل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مال گذاری وصول کرنے کا حق جو نمبردار کو ملتا ہے۔



Marfat.com

حقُ المسّعی ۔ حقُ المحنَت ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) محنت کا حق ۔ مزدوری ۔
حقُ العِبَاد ۔ (ع ۔ ا ۔ ف) بندوں کا حق ۔ انسان کا انسان پر حق ۔
حقُ الیقین ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) تصوّف کی اصطلاح ۔ اللہ تعالیٰ کو دل کی آنکھ سے دیکھنا ۔ اللہ پر پورا پورا یقین ۔
حق بالذّات ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خلقی یا پیدائشی حق ۔
حق بجانب ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سزاوار ۔ لائق ۔ حق پر ۔
حق بحقدار رسید ۔ (مثل) جس کا حق تھا اُسے مل گیا ۔
حق بین ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) سچی بات پر نظر رکھنے والا ۔ دوسرے کے حقوق کو پہچاننے والا ۔
حق پرست ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حق کی بات کرنے والا ۔ سچا آدمی ۔
حق پژوہ ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حق تلاش کرنے والا ۔ سچ کا طالب ۔
حق پہنچنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا حق دار ہونا ۔ اپنا حصّہ مل جانا ۔
حقِ تصنیف (تالیف) ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کتاب لکھنے کا معاوضہ ۔ وہ رقم جس کے عوض مصنّف کسی کو اپنی کتاب چھاپنے کا حق دے دے ۔
حق تعالےٰ ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدائے بزرگ و برتر ۔
حق تلفی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) کسی کا حق مار لینا ۔ بے انصافی ۔
حق ٹھہرانا ۔ (مص ۔ مرکب) حق مقرر کرنا ۔ حق کا فیصلہ کرنا ۔ کسی بات کو سچا مان لینا ۔
حق ثابت کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دعویٰ کا ثابت کرنا ۔ اپنے حق کو منوا لینا ۔
حق حق کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خدا کا نام لینا (۲) انصاف کرنا ۔
حق حلال ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جائز ۔ مباح (۲) صحیح ۔ دُرست ۔
حقدار ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) مستحق ۔ حق رکھنے والا ۔
حق دبانا ۔ (ا ۔ محاورہ) حق نہ دینا ۔ کسی کا حق مار لینا ۔
حق ڈُباؤ ۔ دوسرے کا حق مارنے والا ۔ (ق)
حق رسی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) حق کو پہنچنا ۔ انصاف ۔ عدل ۔ نیاؤ ۔
حقِ شفعہ ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اپنے مکان سے ملے ہوئے مکان یا زمین سے ملتی ہوئی زمین خریدنے کا قانونی طور پر فائق حق ۔
حق شناسی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) حق پہچاننا (۲) خدا شناسی ۔ حق خدمت سے واقف ہونا ۔ قدردانی ۔ جوہر شناسی ۔ انصاف ۔ سچائی کی پہچان ۔
حق فراموش ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دوسرے کا حق بھول جانے والا ۔
حق فروشی ۔ (ا ۔ محاورہ) سچائی کا سودا کرنا ۔ بے ایمانی ۔ رشوت لے کر بے انصافی کرنا ۔ بددیانتی ۔
حق کڑوا ہوتا ہے ۔ (ا ۔ مثل) سچی بات بُری لگتی ہے ۔
حق گو ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) سچ کہنے والا ۔
حق گوئی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) سچ کہنا ۔ انصاف کی بات کہنا ۔
حق میں کانٹے بونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے ساتھ بُرائی کرنا ۔ ایسے کام کرنا جس سے کسی کو نقصان ہو ۔
حق ناحق ۔ بے سبب ۔ خواہ مخواہ ۔ یونہی ۔
حق ناشناس ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ناشکرگزار ۔
حقِ نمک ادا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نوکر کا آقا سے وفاداری کرنا ۔ مالک کی خدمت بجا لانا ۔
حق نیوش ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سچی بات سُننے والا حق جاننے والا ۔ حق پسند ۔
حقّا ۔ (حق ۔ قا) (ف) سچ ہے ۔ قسم ہے خدا کی ۔
حقّا کہ با عقوبت دوزخ برابر است ۔ } (ف ۔ مثل) خدا کی قسم ہمسائے
رفتن بپائے مردیٔ ہمسایہ در بہشت } کی مدد سے بہشت میں جانا دوزخ میں چلے جانے کے برابر ہے ۔ کسی کا احسان نہ لینا چاہیئے ۔
حقارت ۔ (حَ ۔ قا ۔ رَت) (ع ۔ ا ۔ مث) ذلّت ۔ سُبکی ۔ بے عزّتی ۔ خفت ۔ نفرت
حقارت کی نظر سے دیکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ذلیل سمجھنا ۔ کم درجے کا سمجھ کر توجہ نہ دینا ۔
حقّانی ۔ (حق ۔ قا ۔ نی) (ف ۔ صف) حق سے نسبت رکھنے والا ۔
حقّانیّت ۔ (حَق ۔ قا ۔ نی ۔ یَت) (ف ۔ ا ۔ مث) خدا کی طرف منسوب ہونا ۔ سچائی ۔ راستی ۔ صداقت ۔
حقائق ۔ (حَ ۔ قا ۔ اِق) (ع ۔ ا ۔ مذ) حقیقت کی جمع ۔ حقیقتیں ۔ اصل حالات ۔ سچی باتیں ۔ اصل کیفیت ۔
حُقنہ ۔ (حُق ۔ نَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) کسی دوا کی بتی یا پچکاری پاخانے کے مقام میں چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے ۔
حُقنہ کرنا ۔ پاخانہ آنے کے لیے سُرین میں دوا کی پچکاری یا بتی چڑھانا ۔
حُقُوق ۔ (حُ ۔ قُوق) (ع ۔ ا ۔ مذ) حق کی جمع ۔ فرائض ۔ ذمّہ داریاں ۔
حُقّہ ۔ (حُق ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) ڈبّہ ۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا (۲) تمباکو پینے کا آلہ ۔ گڑگڑا ۔
حُقّہ باز ۔ (ف ۔ صف) (۱) بازی گر ۔ بھان متی ۔ مداری (۲) بہت حقّہ پینے والا ۔
حُقّہ باشد کہ دم بدم باشد } (ف ۔ مثل) حُقّہ پینے کا طریقہ یہ ہے کہ
نہ کہ میراث جد و اَم باشد } کش لگایا اور آگے بڑھا دیا نہ کہ باپ دادا کی میراث سمجھ کر اکیلے ہی پیتا رہے ۔ خود غرض کے متعلق کہا جاتا ہے ۔
حُقّہ بجانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کثرت سے حقّہ پینا ۔
حُقّہ بلانا ۔ (ا ۔ محاورہ) حُقّے میں سے آواز نکالنا ۔
حُقّہ بھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) چلم میں تمباکو جما کر آگ رکھنا ۔ پینے کے لیے حُقّہ تیار کرنا ۔
حُقّہ پانی بند کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ذات برادری سے خارج کرنا ۔ تکلیف پہنچانا ۔
حُقّہ پانی پلانا ۔ (ا ۔ محاورہ) آؤ بھگت کرنا ۔ خاطر تواضع کرنا ۔
حُقّہ تازہ کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) حُقّے کا پانی بدلنا اور نیچے کو اوپر نیچے کو تر کرنا ۔
حُقّے کا پانی اور سو جُوتے ۔ (ا ۔ مثل) ایک قسم کی سزا ۔ کوئی بات منوانے کے لیے کہتا ہے کہ اگر ایسا نہ ہوا تو یہ سزا ۔
حُقّے کی ماری آگ ۔ باقی کا مارا گاؤں ۔ (ا ۔ مثل) جس آگ میں سے بار بار حقّہ بھرا جائے وہ بجھ جاتی ہے ۔ جس گاؤں کی مال گزاری بقایا رہے اور وقت پر ادا نہ ہو وہ تباہ ہو جاتا ہے ۔
حقیّت ۔ (حَق ۔ قِی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) حق ۔ حق داری ۔ ملکیت ۔
حقیّت اظہاری ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) حق یا دعویٰ کا ثبوت ۔
حقیّت ملکی ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پٹہ ۔ جو پٹہ دار سے لیا جائے ۔
حقیر ۔ (حَ ۔ قیر) (ع ۔ صف) چھوٹا ۔ ادنےٰ (۲) ذلیل خوار ۔ اوچھا ۔ بے قدر (۳)



Marfat.com

خفیف۔ ہلکا (۴) دُبلا۔

**حقیقت** - (حَ - قِی - قت) [ع - ا - مث] (۱) اصل - جڑ - بنیاد (۲) اصلیت ماہیت (۳) حالت - کیفیت - حال (۴) سچائی - سچ - صداقت (۵) ماجرا - سرگذشت (۶) مجاز کی ضد - جمع : حقائق۔

**حقیقت کھل جانا** - (۱ - محاورہ) بھید ظاہر ہو جانا - اصل حال معلوم ہو جانا مزہ آجانا۔

**حقیقت کیا ہے ؟** (۱ - محاورہ) کوئی حیثیت نہیں - ناچیز ہے - کوئی اہمیت نہیں۔

**حقیقت معلوم کرنا** - (۱ - محاورہ) اصل حال یا بھید معلوم کرنا۔

**حقیقت میں** - اصل میں - واقعی - دراصل۔

**حقیقت نفس الامری** - (ع - ف - ا - مث) وہ حقیقت جس کو سب تسلیم کرتے ہوں۔

**حقیقت نہ ہونا** - (۱ - محاورہ) اصلیت نہ ہونا - بے وقعت ہونا۔

**حقیقتاً** - (حَ - قِی - قَ - تَن) [ع] واقعی - فی الحقیقت۔

**حقیقی** - (حَ - قِی - قِی) [ف - صف] اصلی - جو بناوٹی نہ ہو - بلا آمیزش (۲) کھرا - صاف - بے ملاوٹ (۳) سگا - اپنا جیسے سگا بھائی۔

## ح ـــ ک

**حَک** - [ع - ا - مذ] مٹانا - کھرچنا - چھیلنا - دُور کرنا - رگڑ - خراش۔

**حَکّاک** - (حَک - کاک) [ع - ا - مذ] مہرکن - حرف کھودنے والا - نگینہ ساز۔ موتی میں چھید کرنے والا۔

**حُکّام** - (حُک - کام) [ع - ا - مذ] حاکم کی جمع - حکومت کرنے والے افسران۔

**حِکایت** - (حِ - کا - یَت) [ع - ا - مث] کہانی - داستان - قصہ - بات - بیان

**حکایتیں کرنا** - (۱ - محاورہ) مفت کی حجتیں کرنا - دلیلیں چھانٹنا۔

**حِکایتاً** - (حِ - کا - یَ - تَن) [ع] ذکر کے طور پر - برسبیل تذکرہ۔

**حِکایتی** - (حِ - کا - یَ - تی) [ا - صف] بات بات پر بحث کرنے والا - حجتی۔

**حَکَم** - (حَ - کَم) [ع - ا - مذ] ثالث - پنچ - فیصلہ کرنے والا - منصف۔

**حِکَم** - (حِ - کَم) [ع - ا - مذ] حکمت کی جمع - علوم - دانائی۔

**حُکم** - [ع - ا - مذ] (۱) فرمان - پروانہ - ارشاد - ہدایت (۲) شرعی فیصلہ - فتویٰ (۳) اجازت - پروانگی (۴) تاش کے پتوں میں کالے رنگ کے پان کے نشان (۵) سختی - جبر۔ جمع : احکام۔

**حُکمِ آخر** - (ع - ا - مذ) آخری فیصلہ - قطعی فیصلہ۔

**حُکم اٹھانا** - (۱ - محاورہ) (۱) حکم ماننا - فرمان بجالانا (۲) گنجفے کے کھیل میں سر کا پتا لینے کے واسطے حکم کا پتا ڈالنا۔

**حُکم امتناعی** - (ع - ا - مذ) کسی کام سے باز رکھنے کا حکم جو عدالت جاری کرتی ہے۔

**حُکم انداز** - (ع - ف - صف) وہ تیرانداز جس کا نشانہ کبھی نہ چُوکے - کہہ کر صحیح نشان لگانے والا تیرانداز۔

**حُکم بجالانا** - (۱ - محاورہ) کہنا ماننا - حکم کی تعمیل کرنا۔

**حُکم بردار** - (ع - ف - صف) بات ماننے والا - فرمانبردار - نمک حلال۔

**حُکم بھیجنا** - (۱ - محاورہ) سرکاری طور پر اطلاع دینا - ہدایت بھیجنا۔

**حُکم پر چلنا** - (۱ - محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا - ہدایت کے مطابق کام کرنا۔

**حُکم توڑنا** - (۱ - محاورہ) حکم نہ ماننا - نافرمانی کرنا۔

**حُکم جاری کرنا** - (۱ - محاورہ) حکم صادر کرنا - اشتہار دینا - ڈونڈی پٹوانا۔

**حُکم چلانا** - (۱ - محاورہ) حکومت کرنا - بیٹھے بیٹھے دوسروں سے کام لینا اور خود کام نہ کرنا - سختی کرنا۔

**حُکمِ حاکم مرگِ مفاجات** - (ف - مقولہ) حاکم اچانک جو حکم چاہے دے دیتا ہے اور وہ موت کی طرح اٹل ہوتا ہے۔

**حُکم دینا** - (۱ - محاورہ) ارشاد فرمانا - ہدایت دینا (۲) فتویٰ دینا (۳) فیصلہ کرنا (۴) اشتہار دینا (۵) اجازت دینا۔

**حُکمران** - (ع - ف - صف) حکم چلانے والا - بادشاہ - فرمانروا۔

**حُکمرانی** - (ع - ف - ا - مث) فرمانروائی - حکومت - بادشاہی - سلطنت۔

**حُکمِ شرعی** - (ع - ا - مذ) وہ حکم جو شرع اسلامی کے مطابق دیا جائے۔

**حُکمِ ظہری** - (ع - ا - مذ) وہ حکم جو کسی رپورٹ یا درخواست کی پُشت پر لکھا جائے۔

**حُکمِ قطعی** - (ع - ا - مذ) آخری فیصلہ - حکم ناطق۔

**حُکمِ گشتی** - (ع - ا - مذ) سرکاری مراسلہ - وہ حکم جو مختلف دفتروں کو بھیجا جائے - سرکلر۔

**حُکم لگانا** - پختہ رائے ظاہر کرنا - دعوے جمانا (۲) قانونی دفعہ لگانا۔

**حُکمِ مطلق** - (ع - ف - مذ) حکم قطعی (۲) عام حکم۔

**حُکمِ ناطق** - (ع - ا - مذ) قطعی حکم - آخری فیصلہ - اٹل فیصلہ۔

**حُکم نامہ** - (ع - ف - مذ) وہ حکم جو کسی بااختیار حاکم کی طرف سے لکھا جائے تحریری حکم - فرمان۔

**حُکَماء** - (حُ - کَ - ما) [ع - ا - مذ] حکیم کی جمع - دانا لوگ - فلسفی۔

**حُکماً** - (ع - مذ) حکم کے مطابق - حکم سے۔

**حِکمت** - (حِک - مَت) [ع - ا - مث] (۱) دانائی - عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم (۳) تدبیر - ترکیب (۴) علاج معالجہ (۵) مطلب۔

**حکمت آمیز** - حکمت سے بھرا ہوا - عاقلانہ۔

**حکمتِ الٰہی** - اللہ کی مرضی۔

**حکمت بہ لقمان آموختن** - (ف - مثل) دانا کو دانائی سکھانا - فضول بات کرنا۔

**حکمت چلنا** - (۱ - محاورہ) چالاکی کامیاب ہونا۔

**حکمت چین، حجت بنگالہ** - (ف - مثل) عقلمندی اور دانائی چین سے اور جھگڑا فساد بنگال سے منسوب ہے۔

**حکمت عملی** - (ع - ا - مث) تدبیر - ہوشیاری - دوراندیشی - پالیسی - ملکی مصلحت - چھل بل۔

**حکمت مدنی** - (ع - ا - مث) شہری انتظام کے قوانین - انتظام شہری۔

**حکمت کرنا** - (۱ - محاورہ) (۱) طبابت کرنا (۲) تدبیر کرنا - دانائی کرنا۔



Marfat.com

حِکمتی ۔ (حِک ۔ مَ ۔ تی ) [ اُ ۔ صف ] (۱) چالاک ۔ ہوشیار (۲) فلسفی ۔
حُکمی ۔ (حُک ۔ می ) [ ع ۔ ف ۔ صف ] (۱) یقینی (۲) بے خطا (۳) فرمانبردار (۴)
شرطی ۔ ضروری ۔ (۵) ہمیشہ ۔
حکومَت ۔ ( حَ ۔ کو ۔ مَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] ملک کا انتظام کرنے والا ادارہ ۔ راج
فرماں روائی ۔ سلطنت ۔ حکمرانی (۲) سختی ۔ جبر ۔ زبردستی (۳) اختیار ۔
حکومَتِ آزاد ۔ ( ع ۔ ف ۔ مث ) خودمختار حکومت ۔
حکومَتِ اَمرانہ ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) شخصی حکومت ۔ ایک شخص کی حکومت ۔
حکومَتِ اُمَرائی ۔ ( ع ۔ ف ۔ مث ) امیر لوگوں کی کونسل کی حکومت ۔
حکومَت جتانا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) سختی کرنا ۔ رعب ڈالنا ۔ تندی دکھانا ۔
حکومَتِ جمہوری ۔ کسی ملک کے بالغ باشندوں کی رائے سے چُنی ہوئی حکومت
عوام کی منتخبہ حکومت ۔
حکومَتِ خوداِختیاری ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) وہ حکومت جو خود مختار ہو ۔
آزاد حکومت ۔
حکومَتِ شخصی ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) ایک شخص کی مطلق العنان حکومت ۔
حَکیم ۔ ( حَ ۔ کیم ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) دانا ۔ عقلمند ۔ ہوشیار (۲) فلسفی (۳) طبیب ۔
وید ۔ جمع : حُکَمَا ۔
حَکیمی ۔ ( حَ ۔ کی ۔ می ) [ اُ ۔ ا ۔ مث ] طبابت ۔ حکیم کا پیشہ ۔

## ح ــــ ل

حَل ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] کھولنا ۔ عقدہ کشائی ۔ انکشاف ۔ مشکل کام کو آسان کرنا ۔ سلجھاؤ ۔
(۲) تحلیل ہونا ۔ گھلنا ۔ ملنا (۳) حساب کے سوال کا عمل ۔
حَل پذیر ۔ ( ع ۔ ف ۔ صف ) حل ہوجانے والا ۔ گھل جانے والا ۔
حَل پذیری ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) کسی مادے کے گھلنے کی صلاحیت ۔
حَل کاری ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) ملمع سازی ۔ سونے چاندی کو پگھلا کر پھول
پتے بنانا ۔
حَل کرنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) سُلجھانا ۔ کھولنا ۔ آسان کرنا (۲) اجزا علیحدہ کرنا (۳) ملانا ۔ پینا
(۴) حساب کا سوال نکالنا ۔ معمہ یا پہیلی بوجھنا (۵) ملمع کرنا ۔ (ق)
حَل وعَقد ۔ ( ع ۔ ا ۔ مذ ) کھولنا باندھنا ۔ انتظام ۔ لگانا اور برطرف کرنا ۔ اُدھیڑبُن
حَلّاج ۔ ( حَل ۔ لاج ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] دھنیا ۔ روئی دھننے والا ۔ منصور کا لقب ۔
حَلّاف ۔ ( ع ۔ مبالغہ ) قسمیں اُٹھانے کا عادی ۔
حَلّاق ۔ ( ع ۔ مذ ) بال مونڈنے والا ۔ نائی ۔ حجام ۔
حَلال ۔ ( حَ ۔ لال ) [ ع ۔ صف ] حرام کی ضد ۔ مُباح ۔ جائز ۔ درُست (۲) ذبح کیا
ہوا ۔ ذبیحہ (۳) شرع کے مطابق ۔
حَلال خور ۔ ( ع ۔ ف ۔ صف ) جائز روزی کمانے والا (۲) خاکروب ۔ مہتر ۔ بھنگی ۔
حَلال کا ۔ ( ع ۔ ا ۔ صف ) وہ بچہ جو نکاحی ماں باپ سے پیدا ہوا ہو ۔
حَلال کرنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) شریعت کے مطابق ذبح کرنا ۔ بُری طرح مارنا پیٹنا ۔
(۳) قتل کرنا ۔ کاٹنا (۴) جائز قرار دینا ۔
حَلال کرکے کھانا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) محنت کرکے کھانا ۔ جائز کمائی کرنا ۔

حَلال میں حرکت حرام میں برکت ۔ ( مثل ) دیانتدار تکلیف اُٹھاتے ہیں
بے ایمان مزے اُڑاتے ہیں ۔
حَلالہ ۔ ( حَ ۔ لا ۔ لہ ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] طلاق دی ہوئی عورت کا عارضی نکاح کرنا
تاکہ دوسرے شخص سے نکاح کرنے کے بعد اپنے پہلے خاوند سے پھر
نکاح کرسکے ۔
حَلاوَت ۔ ( حَ ۔ لا ۔ وَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] مٹھاس ۔ شیرینی ۔ پکے پھل کی مٹھاس
(۲) لذت ۔ مزہ ۔ ذائقہ (۳) راحت ۔ آرام ۔ سُکھ ۔
حِلّت ۔ ( حِل ۔ لَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] حلال ہونا ۔ روا ہونا ۔ مُباح ہونا ۔
حُرمت کی ضد ۔
حَلجان ۔ ( حَل ۔ جان ) [ اُ ۔ ا ۔ مث ] شادی کے بعد بی بی کا مہمانوں سے پیسے
جمع کرکے اُن کی دعوت کرنا ۔
حَلَف ۔ ( حَ ۔ لَف ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] قسم کھانا ۔ قسم ۔ عہد ۔ پیمان ۔ جمع ، احلاف
حَلَف اُٹھانا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) قسم کھانا ۔ قرآن اٹھانا ۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا ۔
حَلَفِ دَروغی ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ) جھوٹی قسم کھانا ۔
حَلَف دینا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) قسم دینا ۔ قرآن اٹھانا ۔
حَلَفِ مَنصَب ۔ ( ع ۔ ا ۔ مذ ) کسی عہدے کا چارج لیتے وقت ادائیگی
فرض کا عہد کرنا ۔
حَلَف نامہ ۔ ( ع ۔ ا ۔ مذ ) لکھا ہوا حلفی بیان ۔
حَلَفاً ۔ ( حَل ۔ فن ) [ ع ۔ صف ] قسمیہ ۔ از روئے قسم ۔
حُلَفا ۔ ( ع ) حلیف کی جمع ۔ دوست ۔ ساتھی ۔
حَلفی بیان ۔ حلفیہ بیان ۔ ( ف ۔ ا ۔ مذ ) قسم کھاکر دیا ہوا بیان ۔
حَلق ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] گلا ۔ ٹینٹوا (۲) نرخرہ ۔ گردن (۳) منہ ۔ زبان ۔
حَلق بند کرنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) خاموش رہنا ۔ زبان بندی کرنا ۔
حَلق پر چُھری پھیرنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) ذبح کرنا ۔ حلال کرنا (۲) ظلم کرنا ۔ جبر کرنا ۔
ستم کرنا (۳) کسی کا حق مار لینا ۔ سخت نقصان پہنچانا ۔
حَلق تک بھرنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) بہت کھا لینا ۔ بھوک سے زیادہ کھانا پینا ۔
حَلق خشک ہونا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) گلا سوکھ جانا ۔ گھبرا جانا ۔ ڈر جانا ۔ پیاس لگنا ۔
حَلق دبانا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) گلا دبانا ۔ بولنے سے زبردستی روک دینا ۔ گلا گھونٹنا ۔
حَلق سے اُترنا ۔ گلے سے نیچے جانا ۔ گوارا ہونا ۔
حَلق سے نکلی خلق میں پڑی ۔ ( مثل ) بات منہ سے نکلی اور مشہور ہوئی ۔
حَلق کا دربان ۔ ( ا ۔ مذ ) وہ شخص جو کھانے پینے سے روکے ۔ وہ شخص جو
کھانے پینے کے وقت آموجود ہو (۲) وہ شخص جو بات بات پر ٹوکے ۔
حلق کا نہ تالو کا ۔ یہ مال میاں لالو کا ۔ ( مثل ) جو چیز استعمال نہ کی جائے
بلکہ ضائع جائے (۲) بدتمیز آدمی کے بدتمیزی سے کھانے کے وقت
بھی بولتے ہیں ۔
حَلق میں پانی چوانا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) حلق میں پانی ٹپکانا ۔
حَلق میں نوالہ پھنسنا یا اٹکنا ۔ ( ا ۔ محاورہ ) اچھی چیز کھاتے وقت اپنے عزیز
یا دوست کا یاد آجانا ۔ گلے سے لقمہ نہ اُترنا ۔
حُلقُوم ۔ ( حُل ۔ قُوم ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] گلا ۔ ٹینٹوا ۔ نرخرہ ۔ سینے اور گلے کے
بیچ کا گڑھا ۔



Marfat.com

**حَلقَہ** - (حَل - قَہ) [ع - ا - مذ] دائرہ - گھیرا - احاطہ (۲) مجلس - جماعت (۳) لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کُنڈا (۴) تکمہ - گھنڈی کا گھر (۵) علاقہ - ضلع۔

**حَلقۂ انتخاب** - (ع - ا - مذ) وہ علاقہ جسے پارلیمنٹ - اسمبلی یا کسی دوسرے انتخابی ادارے کے انتخاب کے موقع پر ایک وحدت قرار دیا جاتا ہے۔

**حَلقہ باندھنا** - (ا - محاورہ) گھیرا ڈالنا - دائرے میں کھڑا ہونا - چاروں طرف سے گھیر لینا۔

**حلقہ بگوش** - (ع - ف - صف) غلام - فرمانبردار - مطیع - پرانے زمانے میں غلاموں کے کانوں میں کڑا ڈال دیتے تھے۔

**حلقہ بگوشی** - (ع - ف - ا - صف) غلامی - اطاعت۔

**حَلقہ بندی** - (ا - مث) چند علاقوں کو کسی مقصد کے تحت یکجا کر دینا۔

**حلقۂ دَر** - (ع - ف - ا - مذ) دروازے کا کُنڈا۔

**حلقہ ڈالنا** - (ا - محاورہ) چاروں طرف سے روک لینا - حصار باندھنا - گھیرا ڈالنا۔

**حَلقی** - (ع - صف) حلق سے منسوب - وہ چھ حروف جن کا مخرج حلق ہے۔ ح - خ - ع - غ ہمزہ - ہ۔

**حلقے کا ماتم** - (ع - ا - مذ) وہ ماتم جو حلقہ باندھ کر کیا جائے۔

**حلکم ڈالنا** - (حَل - کَم - ڈال - نا) [ار - مص] جلدی کرنا - اچھل ڈالنا۔

**حُلَل** - (حُ - لَل) [ع - ا - مذ] حُلّہ کی جمع - بہشتی لباس۔

**حِلم** - [ع - ا - مذ] (۱) بُردباری - برداشت (۲) نرمی - نرم دِل۔

**حلوا** - (حَل - وا) [ع - ا - مذ] میٹھا - نرم شیرینی - جو سُوجی کو گھی میں بھُونتے اور پھر چاشنی میں پکانے سے بنتا ہے (۳) نرم چیز (۴) آسان کام۔

**حلوا خاتون** - (ع - ا - مث) حلوا خور بیگم - اختو بختو - کانٹھ کی بلیاں۔

**حَلوا خوردَن را رُوئے باید** - (ف - مثل) عزت کے لیے لیاقت ضروری ہے - اچھی چیز کے لیے اس کا اہل ہونا بھی ضروری ہے۔

**حَلوا سمجھنا** - (ا - محاورہ) کسی شخص کو کمزور سمجھنا (۲) کسی کام کو آسان سمجھنا۔

**حلوا سوہن** - (ا - مذ) اصل میں حلوا سوہان ہے - ایک قسم کا سخت حلوا جو ٹکیوں کی شکل میں ہوتا ہے - پہلے سختی کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا تھا۔

**حَلوا کھائیے** - ایک سخت قسم جمیں مُردہ دیکھے۔

**حَلوا نکل جانا** - (ا - محاورہ) حال پتلا ہونا - سختیوں سے بدحال ہونا۔

**حَلوائے بے دود** - (ع - ف - مذ) پیڑ کا پکا میوۂ شیریں - نرم چارہ ملائم مال۔

**حلوائے تر** - (ع - ف - مذ) شیریں میوے (۲) وہ مزے دار چیز جو آسانی سے مل جائے (۳) لبِ معشوق۔

**حلوائے مرگ** - (ع - ف - مذ) موت کا حلوا یعنی - حاضری - کڑوی کھچڑی۔

**حلوائے مغزی** - (ع - ف - مذ) ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغز بادام اور پستے ڈالے جاتے ہیں۔

**حلوائے مِقراضی** - (ع - ف - مذ) حلوا جس میں میوہ باریک باریک کتر کر ڈالتے ہیں۔

**حلوے مانڈے سے کام رکھنا** - (ا - محاورہ) ہر حالت میں اپنا فائدہ مدِنظر رکھنا - کوئی مرے یا جیوے حلوے مانڈے سے کام۔

**حَلوان** - (حَل - وان) [ار - ا - مذ] ملائم گوشت - بکرے یا بیلے کا گوشت - بھیڑ یا بکری کا دُودھ پیتا بچہ (۲) رشوت (۳) جہیز (۴) ایک قسم کا کپڑا۔

**حَلوائی** - (حَل - وا - ای) [ع - ا - مذ] مٹھائی بنانے اور بیچنے والا۔

**حَلوائی کی دوکان اور دادا جی کا فاتحہ** - (ا - مثل) پرائے مال کو اپنا سمجھ کر بیدریغ خرچ کرنا - دوسرے کی دولت پر مزے اُڑانا۔

**حُلُول** - (حُ - لُول) [ع - ا - مذ] ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح داخل ہونا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے (۲) تناسخ - آواگون۔

**حُلّہ** - (حُل - لہ) [ع - ا - مذ] بہشتی لباس - جامہ - چادر - جُبّہ - چُغہ۔

**حَلیف** - (حَ - لیف) [ع - ا - مذ] (۱) مددگار - رفیق - ساتھی (۲) دو فریق جنہوں نے ایک دوسرے کی امداد کا معاہدہ کیا ہو۔ جمع : حُلَفا۔

**حَلیم** - (حَ - لیم) [ع - صف - و - ا - مذ] (۱) بُردبار - متحمل مزاج - نرم - ملائم (۲) ایک قسم کا کھانا جو اناج، گوشت اور مسالے ڈال کر پکایا جاتا ہے - کھچڑا یا کھچڑا۔

**حُلیہ** - (حُل - یَہ) [ع - ا - مذ] (۱) سراپا - شکل و صورت خط و خال جو شناخت کے لیے لکھے جاتے ہیں (۲) زیور - گہنا۔

**حُلیہ بگاڑ دینا** - (ا - محاورہ) مُنہ پر ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے - چہرہ بگاڑنا - بُری حالت کر دینا۔

**حُلیہ بگڑنا** - (ا - محاورہ) گت بننا - بُری حالت ہونا۔

**حُلیہ بنانا** - (ا - محاورہ) شکل اختیار کرنا - صورت بنانا۔

**حُلیہ تحریر کرنا** - کسی کی شکل و صورت اور خط و خال پہچان کے لیے تحریر کرنا۔

## ح ــــ م

**حَمّاد** - (ع - ا - مبالغہ) بہت زیادہ تعریف کرنے والا۔

**حِمار** - (حِ - مار) [ع - ا - مذ] گدھا - خر (۲) احمق۔

**حَماسہ** - (ع - مذ) رزمیہ نظم۔

**حَماقت** - (حَ - ما - قت) [ع - ا - مث] بے وقوفی - نادانی - احمق پن - بے عقلی۔

**حَمّال** - (حَم - مال) [ع - ا - مذ] بوجھ اُٹھانے والا - پلّے دار - قُلی - مزدور۔

**حَمّالہ** - (ع - ا - مث) حمّال کی واحد (۲) بڑے بڑے بوجھ اُٹھانے والی مشین - کرین۔

**حَمام** - (ع - ا - مذ) ہر وہ پرندہ جس کے گلے میں کنٹھی ہو فاختہ وغیرہ - خاص طور پر کبوتر۔

**حَمّام** - (حَم - مام) [ع - ا - مذ] گرمابہ - نہانے کی جگہ۔

**حمام کی لنگی** - (ا - مث) وہ شے جو عام اور ہر شخص کے استعمال میں آئے (۲) رنڈی - کسبی - بازاری عورت بیسوا۔

**حَمام میں سب ننگے** - (ا - مثل) ایک ہی بُرائی میں سب مبتلا۔

**حَمّامی** - (حَم - ما - می) [ع - ا - مذ] نہلانے والا - غسل کرانے والا - حجام۔

**حَمائل** - (حَ - ما - ئل) [ع - ا - مث] گلے میں ڈالنے کی چیز - پرتلا تلوار کا (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں لٹکا سکیں (۳) ایک زیور۔

**حِمایت** - (حِ - ما - یت) [ع - ا - مث] طرفداری - امداد - نگہبانی - سایہ - محافظت



Marfat.com

حِمایَتی۔ (حِ-ما-یَ-تی) [ع - ف ۔صف ] طرفداری ۔حامی ۔ معاون ۔ مددگار ۔
حِمایَتی کا ٹٹو۔ (ا۔محاورہ) دوسرے کے بل پر کودنے والا۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا۔
حِمایَتی کی گھوڑی عراق کے لات مارتی ہے ۔ (ا۔مثل) جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنےٰ ہونے کے باوجود بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے ۔
حَمد۔ [ع ۔ا۔ مث ] خدا کی تعریف ۔
حَمرَا۔ (حَم۔را) [ع۔صف ] سُرخ رنگ کی ۔
حُمُق۔ (حُ۔مُق) [ع ۔ا۔ مذ] بے وقوفی ۔ نادانی ۔
حُمَقا۔ (حُ۔مَ ۔قا) [ع ۔صف ] احمق کی جمع ۔ بیوقوف ۔
حَمل ۔ [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) بوجھ (۲) پیٹ ۔ گربھ (۳) عورت کے پیٹ میں جو بچہ ہو۔
حَمل اِسقاط (ساقط) ہونا۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ گرنا۔ قبل ازوقت بچے کا رحم سے نکل جانا۔
حَمل ٹھہرنا۔ حَمل رہنا۔ حَمل ہوجانا۔ (ا۔محاورہ) عورت کے رحم میں نطفہ پڑ کر بچہ بننا۔
حَمل گرانا۔ پیٹ گرانا ۔ اِسقاط کرنا ۔ مضغہ کا قبل ازوقت پیٹ سے نکال دینا
حَمَل ۔ [ع ۔ا۔ مذ] آسمان کا پہلا برُج ۔ جس کی شکل مینڈھے کی ہے۔
حَملَہ ۔ (حَم۔لَہ) [ع ۔ا۔ مذ] چڑھائی ۔ یورش ۔ ہلّہ ۔ دھاوا (۲) وار ۔ ضرب ۔ چوٹ ۔
حَملہ آور۔ [ع ۔ ف ۔صف ] چڑھ کر آنے والا ۔ حملہ کرنے والا ۔
حَموضت ۔ [ع ۔مث] کھٹائی ۔ ترُشی ۔ کڑواہٹ ۔
حَمول ۔ [ع ۔ مذ] اندام نہانی میں رکھنے کی دوا ۔
حُمّیٰ ۔ [ع ۔ مذ] تپ ۔ بخار ۔
حَمِیّت ۔ (حَ ۔مِی ۔یَت) [ع ۔ا۔ مث ] غیرت ۔ شرم ۔ ننگ ۔
حَمید۔ (حَ ۔مید) [ع ۔ صف ] تعریف کیا ہوا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔
حُمَیرا۔ (حُ ۔مَے ۔را) [ع ۔ا۔ مث ] سُرخ رنگ کی ۔
حَمِیم ۔ (حَ ۔میم) [ع ۔صف ] گرم پانی (۲) دوست ۔ رشتہ دار (۳) موسم گرما کا درمیانی حصّہ (۴) گرمیوں کی بارش (۵) وہ گرم پانی جو دوزخیوں کو پلایا جائے گا۔

## ح ــــ ن

حِنا۔ (حِ ۔ نا) [ع ۔ا ۔ مث ] مہندی ۔
حِنابَند۔ وہ کاغذ جس میں مہندی کی پُڑیاں باندھتے ہیں (۲) مہندی لگا ہوا۔
حِنابُندی ۔ شادی کی ایک رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے عمل میں آتی ہے اُسے مہندی بھی کہتے ہیں (۲) مہندی لگانا۔
حِنا کا چور۔ (ف ۔ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے ۔ ہاتھ کا وہ سفید حصّہ جہاں مہندی نہ لگی ہو۔
حِنائی ۔ (حِ ۔ نا ۔ ای) [ف ۔صف ] گیرہا ۔ زردی مائل ۔ سُرخ رنگ ۔ مہندی کے رنگ کا ۔

حِنائی کاغذ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) ایک قسم کا کاغذ جس کا رنگ حنا کے پھیکے اور ہلکے رنگ سے ملتا ہے ۔
حَنبَلی۔ (حَم ۔ بَ ۔ لی) [ع ۔ا ۔ مذ] امام حَنبل کا پیرو۔
حَنّان۔ (حَن ۔ نان) [ع ۔ا ۔ مذ] بے حد رحمت والا بخشنے والا ۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام ۔
حَنجَرہ ۔ (حَن ۔ جَ ۔ رَہ) [ع ۔ا ۔ مذ] نرخرہ ۔ حلق ۔ گلو۔
حَنظَل ۔ (حَن ۔ ظَل) [ع ۔ا ۔ مذ] اندرائن کا پھل جو سخت کڑوا ہوتا ہے ۔ (پ) تماّں ۔
حُنَفا ۔ (ع ۔ مذ) حنیف کی جمع ۔ حضرت ابراہیمؑ کے مذہب کے پیرو لوگ ۔
حَنَفی ۔ (حَ ۔ نَ ۔ فی) [ع ۔صف ] سُنّی مسلمانوں کی وہ جماعت جو امام ابوحنیفہؒ کی پیرو ہے ۔ لفظی معنی ۔ صادق ۔ سچّا ۔ جمع احناف ۔ حنفیہ ۔
حُنُوط ۔ (حُ ۔ نُوط) [ع ۔ا ۔ مذ] چند خوشبودار چیزوں کا ایک مرکب جو مُردے کو غسل دینے کے بعد اُس پر ملتے ہیں ۔
حَنیف ۔ (حَ ۔ نیف) [ع ۔ا ۔ مذ] حضرت ابراہیمؑ کے دین کا ماننے والا ۔ (۲) پکّا مسلمان (۳) مذہبی عقیدے کا پختہ ۔ دین میں سچّا (۴) پکّا ۔ صادق ۔ حضرت ابراہیمؑ کا لقب ۔ جمع : حُنَفاء ۔

## ح ــــ و

حَوّا ۔ (حَوّ ۔ وَا) [ع ۔ا ۔ مث ] بابا آدم کی بیوی کا نام ۔ سب انسانوں کی ماں ۔
حَواجِب ۔ (حَ ۔ وا ۔ جِب) [ع ۔ا ۔ مذ] حاجب کی جمع ۔ دربان ۔
حَوادِث ۔ (حَ ۔ وا ۔ دِث) [ع ۔ا ۔ مذ] حادثہ کی جمع ۔ مصیبتیں ۔ تکلیفیں ۔ حادثے
حَواری ۔ (حَ ۔ وا ۔ ری) [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) حضرت عیسےٰؑ کے اصحاب (۲) حضرت مسیح کے شاگرد جو تعداد میں بارہ تھے ۔ (۳) وفاداری سے کام کرنے والے (۴) دوست ۔ مددگار (۵) برگزیدہ ۔
حَواس ۔ (حَ ۔ واس) [ع ۔ا ۔ مذ] وہ قوت جس سے ادراک ہوتا ہے (۲) ہوش ۔ اوسان ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ حاسّہ کی جمع ۔
حَواس باختہ ۔ [ع ۔ ف ۔ صف ] بے اوسان ۔ گھبرایا ہوا ۔ مخبوط الحواس ہکّا بکّا ۔
حَواس پر سے صدقہ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوش درست کرنا ۔ عقل کی خبر لینا ۔ عقل کے ناخن لینا ۔
حَواس جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) اوسان نہ رہنا ۔ گھبرا جانا ۔
حَواس خمسہ ۔ [ع ۔ا ۔ مذ] پانچ حَواس دیکھنے ۔ سُننے ۔ سونگھنے ۔ چکھنے اور چھُونے کی پانچ قوتیں ۔
حَواس میں آکر بات کرو ۔ (ا ۔ محاورہ) نامعقول بات مت کرو ۔
حَواشی ۔ (حَ ۔ وا ۔ شی) [ع ۔ا ۔ مذ] حاشیہ کی جمع ۔ کنارے (۲) مصاحب ۔ ہم نشیں ۔ یادداشتیں ۔ جو کتاب کے حاشیے پر لکھی جائیں ۔
حَواصِل ۔ (حَ ۔ وا ۔ صِل) [ع ۔ا ۔ مذ] ایک سفید آبی پرندہ ۔ ماہی خور (۲) حوصلہ کی جمع ۔ پوٹے ۔ پرندوں کے معدے (۳) ذخیرہ ۔ میگزین ۔



Marfat.com

**حوالات** - (حَ - وا - لات) (ع - ا - مث) وہ اشیا جو قبضے میں دی جائیں - امانتیں - اوقات (۲) تحویل - قید - حراست - نگرانی (۳) وہ جگہ جہاں ملزم کو تا فیصلۂ مقدمہ نظربند رکھا جائے۔

**حوالاتی** - (حَ - وا - لا - تی) (اُر - ا - مذ) حوالات میں رہنے والا - ملزم -

**حوالہ** - (حَ - وا - لہ) (ع - ا - مذ) سپردگی - تحویل (۲) پتہ - نشان - جمع : حوالہ جات

**حوالہ دار - حوالدار** - ہیڈ کانسٹیبل - پولیس اور فوج کا ایک عہدہ دار - سپاہی جس کے ماتحت کئی سپاہی ہوں -

**حوالے کرنا** - (ا - محاورہ) سپرد کردینا - سنبھالنا -

**حوالی** - (حَ - وا - لی) (ع - ا - مث) گردونواح - آس پاس -

**حوالیِ شہر** - (ع - ف - ا - مذ) شہر کے اردگرد کا علاقہ -

**حوالی موالی** - (ع - ف - ا - مذ) دوست - ساتھی - ہمراہی -

**حوائج** - (حَ - وا - اِج) (ع - ا - مذ ومث) حاجت کی جمع - ضرورت -

**حوائج ضروری (ضروریہ)** - (ع - ا - مث) ضروری حاجتیں - خاص طور پر پاخانہ - پیشاب -

**حوت** - (ع - ا - مذ ومث) (۱) بڑی مچھلی (۲) نظام شمسی کا بارھواں بُرج - جو مشتری کا گھر ہے (۳) وھیل -

**حُور** - (ع - ا - مث) حوراء کی جمع - خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار ہوں گی - بہت خوبصورت - شکیلہ - جمیلہ -

**حور کا بچہ** - (ا - صف) بہت خوبصورت - پری زاد -

**حورعین** - (ع - ا - مث) فراخ چشم عورت اور بڑی بڑی آنکھوں والی عورت - حور -

**حوصلہ** - (حَو - صَ - لہ) (ع - ا - مذ) جرأت - دلیری - ہمت - مقدور (۲) سمائی - بردباری (۳) ارمان - آرزو (۴) جانور کا پوٹا -

**حوصلہ افزا** - (ع - ف - صف) ہمت دلانے والا - حوصلہ بڑھانے والا -

**حوصلہ افزائی** - (ع - ف - ا - مث) شاباش دینا - ہمت بڑھانا -

**حوصلہ تنگ ہونا** - (ا - محاورہ) پست ہمت ہونا - کمینے خیالات کا ہونا -

**حوصلہ رکھنا** - (ا - محاورہ) کسی کام کی ہمت رکھنا -

**حوصلہ مند** - (ع - ف - صف) بلند ہمت - ہمت والا - اولوالعزم

**حوصلہ نکالنا** - (ا - محاورہ) ارمان پورے کرنا (۲) خوب خرچ کرنا (۳) ہمت کرنا -

**حوصلے سے باہر** - (ا - صف) ہمت سے زیادہ -

**حوض** - (ع - ا - مذ) چھوٹا سا تالاب - پانی جمع کرنے کا پکا گڑھا (۲) حاشیے کے اندر کی جگہ - متن -

**حوض بھرے تو فوارہ چھوٹے** - (اشل) آدمی ہو جبھی تو خرچ ہو سکتا ہے

**حوضہ** - (حَو - ضہ) (ع - ا - مذ) ہودہ - ہودج - ہاتھی کے اوپر رکھنے کی عماری -

**حونق** - (حَ - وَن - نَق) (اُر - ا - مذ) بیوقوف - احمق - دیکھیے ہونق -

**حویلی** - (حَ - وے - لی) (اُر - ا - مث) بڑا مکان - عالی شان مکان - محل سرا -

## ح ــ ی

**حیّ** - (ع - صف) زندہ رہنے والا - خدا تعالیٰ کا ایک نام -

**حیا** - (حَ - یا) (ع - ا - مث) شرم - حجاب - لحاظ - غیرت

**حیا آنکھوں سے دھو ڈالنا** - (ا - محاورہ) دیدہ دلیر ہوجانا - بے شرم ہوجانا

**حیادار - حیامند** - (ع - ف - صف) غیرت مند - لحاظ والا - نیک بخت - شرمیلا -

**حیا والا اپنی حیا سے ڈرا - بے حیا جانے مجھ سے ڈرا** - (اشل) شریف آدمی کا اپنی عزت کی خاطر بدمعاش سے پہلو تہی کرنا اور بدمعاش کا اُسے دبا جان کر زیادہ سر چڑھنا -

**حیات** - (حَ - یات) (ع - ا - مث) زندگی - زیست - عمر - جان - روح -

**حیاتِ ابدی - حیاتِ جاودانی** - (ع - ا - مث) ہمیشہ کی زندگی - نجات -

**حیات بخش** - زندگی دینے والا -

**حیات پیمائی** - شماریاتی طریقہ کار کو حیاتیاتی اُمور پر استعمال کرنے کا علم - (انگ) (Biometry)

**حیات تازہ پانا** - (ا - محاورہ) نئی زندگی پانا - خطرناک بیماری سے اچھا ہونا -

**حیات جاوید** - (ع - ف - ا - مث) ہمیشہ کی زندگی -

**حیات مستعار** - مانگے کی زندگی - بے بنیاد زندگی - ناقابل اعتبار زندگی -

**حیاتی** - (حَ - یا - تی) (ع - ا - مث) زندگی - حیات -

**حیاتیات** - (حَ - یا - تی - یات) (ع - ا - مث) جانوروں اور پودوں کا علم - (Biology) بیالوجی -

**حیاتین** - (حَ - یا - تِین) (ع - ف - ا - مث) وہ کیمیاوی اجزا جو انسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں اور جن کی کمی خرابی صحت یا بیماری کا باعث ہوتی ہے - (انگ) (Vitamin)

**حیثیت** - (حَے - ثی - یت) (ع - ا - مث) بساط - قدرت - مقدور (۲) آبرو - عزت (۳) جائداد - ملکیت - آمدنی - دولت (۴) رتبہ - درجہ - پایہ (۵) اسلوب - وضع - طرز - ڈھنگ - جمع : حیثیات -

**حیثیت بگاڑنا** - بے عزت کردینا -

**حیثیت بگڑنا** - غریب ہوجانا - دیوالہ نکلنا - عزت جاتی رہنا - بے عزت ہونا

**حیثیت رکھنا** - (ا - محاورہ) لیاقت ہونا - گنجائش رکھنا - ملکیت ہونا - سمانا -

**حیثیت سے بڑھ کر** - (ا) بساط سے زیادہ - مقدور سے باہر -

**حیثیت عرفی** - (ع - ا - مث) بنی ہوئی عزت - مانی ہوئی حیثیت - ساکھ - اعتبار -

**حیثیت ہونا** - (ا - محاورہ) لیاقت ہونا - بساط ہونا -

**حیدر** - (حَے - دَر) (ع - ا - مذ) شیر - حضرت علیؓ کا لقب -

**حیدری** - (حَے - دَ - ری) (ف - صف) حیدر سے منسوب - شیعوں کا ایک فرقہ -

**حیران** - (حَے - ران) (ع - صف) ہکا بکا - حیرت زدہ - دنگ - متحیر - متعجب -

**حیرانی** - (حَے - رانی) (اُر - ا - مث) پریشانی - حیرت - تحیر -

**حیرت** - (حَے - رت) (ع - ا - مث) اچنبھا - تعجب - حیرانی -

**حیرت آفریں - حیرت انگیز** - (ع - ف - صف) حیرت پیدا کرنے والا - دنگ کردینے والا -

**حیرت افزا** - (ع - ف - صف) حیرانی بڑھانے والا -



Marfat.com

**حَیرت زَدَہ**۔ (ع۔ف۔صف) حیران۔ بھونچکا۔ حیرت کا مارا ہوا۔
**حَیص بَیص**۔ (حیص۔ بیص) (ع۔ا۔مث) شور و غوغا۔ تکرار۔ لڑائی جھگڑا۔
**حَیض**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ ماہواری۔
**حَیض سے پاک ہونا**۔ (ا۔محاورہ) عورت کا حیض سے فارغ ہو کر نہانا۔
**حَیض سے ہونا**۔ (ا۔ف۔صف) ماہواری ہونا۔ حیض کا خون آنا۔
**حَیض کا لتّہ**۔ (ا۔مذ) حیض کی گدّی۔ وہ کپڑا جس سے خونِ حیض صاف کریں (۲) ذلیل۔ قابلِ نفرت شخص۔
**حَیضی بچّہ**۔ (حے یضی۔ بچ۔ چہ) (ا۔ صف) حرامی۔ ولد الحرام (۲) شریر۔
**حِیطَہ**۔ (حی۔طہ) (ع۔ا۔مذ) چار دیواری۔ احاطہ۔
**حَیف**۔ (ع۔ا۔مذ) دریغ۔ افسوس۔ ہائے (۲) ظلم و ستم۔ جبر۔ تعدی۔
**حَیفی**۔ (حے۔فی) (ق۔ا۔مذ) حیف۔ رنج۔ افسوس۔
**حَیفی کھانا**۔ (ا۔محاورہ) تاسف کرنا۔ پشیمان ہونا (ق)
**حِیَل**۔ (ح۔یَل) (ع۔ا۔مذ) حیلہ کی جمع۔ بہانے۔
**حِیلہ**۔ (حی۔لہ) (ع۔ا۔مذ) بہانہ۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر (۲) روزگار۔ کام۔ نوکری۔
**حِیلہ باز۔ حِیلہ ساز۔ حِیلہ گر۔ حِیلہ جُو**۔ (ع۔ف۔صف) مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔ کام چور۔
**حِیلہ حوالہ**۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ ہیرا پھیری۔
**حِیلہ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بہانہ کرنا۔ فریب کرنا (۲) روزگار کرنا۔ نوکر ہونا۔ روزی کمانے کے لیے کچھ کام کرنا۔
**حِیلے رِزق۔ بہانے موت**۔ (مثل) رزق کوئی نہ کوئی کام کرنے سے ملتا ہے۔ موت کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔
**حِین**۔ (ع۔ا۔مذ) وقت۔ زمانہ۔ عرصہ۔
**حِین حیَات**۔ (ع۔ا۔مث) عُمر بھر۔ تابہ زندگی۔ جب تک زندہ ہے۔ جیتے جی۔
**حیَوان**۔ (حے۔وان) (ع۔ا۔مذ) جاندار۔ ذی رُوح (۲) مویشی۔ چوپایہ (۳) نادان۔ بے وقوف۔ وحشی۔ جمع: حیوانات۔
**حیَوانِ مُطلق**۔ (ع۔ا۔مذ) جانور۔ بے سلیقہ۔ بدتمیز۔ بالکل گنوار۔
**حیَوانِ ناطِق**۔ (ع۔ا۔مذ) بولنے والا جانور یعنی انسان۔
**حیَوانی**۔ (حے۔وا۔نی) (ع۔صف) انسانی کا ضِد۔ حیوان سے منسوب (۲) نفسانی شہوانی
**حیَوانیات**۔ (حَے۔وا۔نی۔آت) (ع۔ا۔مث) جانوروں کی تاریخ۔ جسم کی ساخت اور عادات و اطوار کا علم۔ (انگ) (Zoology)
**حیَوانیّت**۔ (حَے۔وا۔نی۔یَت) (ع۔ا۔مث) حیوان کی خاصیت۔ بے شرمی بے حیائی۔ بے وقوفی۔
**حَیَّ علَی الصَّلوٰۃ**۔ اذان کا ایک حِصّہ۔ نماز کے لیے جلدی آؤ۔
**حیّ و قیوم لایموت**۔ (ع۔مذ) قائم رہنے والا۔ نہ مرنے والا۔ خدا تعالٰے کی صفت۔



Marfat.com

# خ

خ (خے) [ع۔ مؤنث] (۱) اُردو کا دسواں۔ فارسی کا نواں۔ عربی کا ساتواں حرف۔ (۲) حساب ابجد میں اس کے چھ سو عدد مقرر ہیں۔ حلقی حرف ہونے کی وجہ سے اس کی آواز حلق سے نکلتی ہے۔ علم نجوم میں یہ سیارۂ مریخ کی علامت ہے یہ قمری حرف ہے اس سے پہلے "ال" آئے تو آواز دے گا

## خ۔ا

**خَاتَم** (خا۔تَم) [ع۔ صف] ختم کرنے والا۔ اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔ جمع خواتِم
**خاتَمُ الانبیاء۔ خاتَمُ المرسلین۔ خاتَمُ النبیّین**۔ تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے۔ آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

**خَاتِم** (خا۔تِم) [ع۔ا۔ مث] (۱) انگوٹھی۔ انگشتری (۲) چھاپ۔ مُہر۔ جمع خواتِم

**خاتمُ الانبیاء۔ خاتمُ النبیّین** (ع۔ا۔ مذ) حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔ کیونکہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ آپ پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ آپ نبوت کے اختتام پر مہر کی حیثیت رکھتے ہیں

**خاتم بندی۔ خاتم کاری** (ع۔ف۔ا۔ مث) ہاتھی دانت۔ ہڈی یا لکڑی پر پھول پتی بنانے کا فن۔

**خاتم سلیمان** (ع۔ف۔ا۔ مث) حضرت سلیمان کی انگوٹھی جس پر کہتے ہیں کہ اسم اعظم لکھا ہوا تھا اور اس کے باعث تمام مخلوقات آپ کی مطیع تھی۔

**خاتمہ** (خا۔تِ۔مَہ) [ع۔ا۔ مذ] (۱) انجام۔ عاقبت۔ اخیر۔ نتیجہ (۲) موت رحلت۔ انتقال (۳) وہ عبارت جو اختتام پر لکھی جائے۔

**خاتمہ بالخیر** (ع۔ا۔ مذ) (۱) نیک انجام (۲) اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری کے ساتھ گزرنا۔ کنایۃً مرجانا۔

**خاتمہ ہونا**۔ (۱) انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا۔ پورا ہونا (۲) فوت ہونا۔ گزر جانا۔

**خاتون** (خا۔تو۔ن) [ت۔ا۔ مث] بیوی۔ امیرزادی۔ معزز عورت۔ بیگم جمع خواتین۔

**خاتونِ جنّت** (ف۔ا۔ع۔ مث) جنّت کی شہزادی۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کا لقب

**خاتونِ عرب** (ف۔ع۔ا۔ مث) (۱) لقب حضرت فاطمہؓ (۲) کعبہ

**خاتونِ فلک** (ف۔ع۔ا۔ مث) آسمان کی شہزادی (۱) چاند (۲) زہرہ۔ (۳) ناہید۔

**خادِم** (خا۔دِم) [ع۔ا۔ مذ] (۱) خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ ملازم۔ انکسار کے طور پر اپنے لیے بھی کہا جاتا ہے۔

**خادمِ درگاہ** (ف۔ع۔ا۔ مذ) کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا۔ مجاور۔

**خادمان** (خا۔دِ۔ما۔ن) [ع۔ف۔ا۔ مذ] ایک سے زیادہ ملازم۔ خادم کی جمع

**خادمانہ** (خا۔دِ۔ما۔نہ) [ف۔ صف] خادم کی مانند۔

**خادمہ**۔ (خا۔دِ۔مَہ) [ع۔ا۔ مث] ملازمہ۔ خادم کی تانیث۔ جمع خادمات

**خار** [ف۔ا۔ مذ] کانٹا۔ پھانس (۲) مُرغ کے پاؤں کا کانٹا جو پنجے کے اوپر ہوتا ہے (۳) حسد۔ رشک۔ جلن (۴) ڈاڑھی کے سخت بال۔

**خاربست۔ خاربند** (ف۔ا۔ مذ) کانٹوں کی باڑھ۔

**خارپُشت** (ف۔ا۔ مذ) (۱) ساہی ایک جنگلی جانور جسم کے جسم پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔ خاردار جنگلی چوہا۔

**خارخار**۔ (ف۔ صف) (۱) بے چینی۔ پریشانی۔ بیکلی۔ رنج۔ رشک یا حسد کے موقع پر آتا ہے (۲) [صف] بکثرت۔

**خاردار** (ف۔ صف) کانٹوں والا (۲) ڈاڑھی والا۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی نکل آئے۔

**خار دینا** (ا۔ محاورہ) رنج دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا۔ ایذا دینا۔

**خارزار۔ خارستان** (ف۔ا۔ مذ) کانٹوں کا جنگل۔

**خارکش** (ف۔ا۔ مذ) لکڑہارا۔

**خار کھانا** (ا۔ محاورہ) حسد کرنا۔ جلنا۔ دشمنی کرنا۔

**خار گزرنا۔ خار لگنا۔ خار معلوم ہونا۔ خار ہونا** (ا۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ کھٹکنا ناگوار ہونا۔

**خارِ ماہی** (ف۔ا۔ مذ) مچھلی کا کانٹا

**خارِ مغیلاں** (ف۔ا۔ مذ) ببول یا کیکر کا کانٹا

**خار نکالنا** (ا۔ محاورہ) عداوت پوری کرنا۔ انتقام لینا

**خاروخس۔ خاروخاشاک** (ف۔ا۔ مذ) کانٹا اور گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ کچرا

**خارِ وطن از سنبل وریحاں خوشتر** (ف۔ مثل) اپنے وطن کے کانٹے بھی دوسری جگہ کے پھولوں سے بہتر ہوتے ہیں۔

**خار ہونا** (ا۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ بُرا معلوم ہونا (۲) حسد ہونا۔ جلن ہونا رشک ہونا۔

**خارا** (ف۔ا۔ مذ) سخت پتھر۔ نیلا پتھر

**خاراتراش** (ف۔ا۔ صف) پتھر کاٹنے والا۔ سنگ تراش۔

**خاراشگاف** (ف۔ صف) پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔

**خارِج** (خا۔رِج) (ع۔ صف) نکالا ہوا۔ علٰحدہ۔ باہر۔ نکلا ہوا (۲) کافر۔ مرتد

**خارج آہنگ** (ف۔ صف) بے سُرا

**خارج از بحث** (ف۔ا۔ مذ) جس کا بحث سے تعلق نہ ہو۔ بحث سے الگ (۲) جملہ معترضہ۔ فضول بات۔

**خارج از عقل** (ع۔ف۔ صف) (۱) عقل کے خلاف۔ بعید از عقل (۲) (صف) احمق۔ گاؤدی۔

**خارج قسمت** (ع۔ا۔ مذ) وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت۔

**خارج کرنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) نکالنا۔ باہر نکالنا۔ علیحدہ کرنا (۲) مقدمہ کے دعوے کو رد کر دینا۔

**خارج ہونا**۔ (مص۔ مرکب) نکلنا۔ باہر ہونا۔ جدا ہونا۔ (۲) مقدمہ کا ڈسمس ہونا



Marfat.com

خارجاً (خا۔ رِ۔ جن) [ع۔ صف] بالا بالا۔ ظاہراً۔ باہر سے
خارجہ۔ (خا۔ رِ۔ جَہ) [ع۔ صف] (۱) باہر کا۔ خارج شدہ۔ دوسرے ملک کا (۲) (ا۔ مذ) وہ شخص یا چیز جو نکال دی جائے۔ داخلہ کی نقیض
خارجی [ع۔ ا۔ مذ] (۱) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو جنگ صفین کے موقع پر حضرت علی کا اس وجہ سے مخالف ہوگیا تھا کہ انہوں نے امیر معاویہ سے لڑنے کے بجائے ثالثی قبول کر لی تھی (۲) (صف) بیرونی۔ باہر کا۔ باہر سے متعلق۔ جمع خوارج۔
خارجیت (ع۔ ا۔ مث) ظاہرداری۔ ظاہر پرستی۔ مادی وظاہری زور دینے کا مسلک۔
خارچنگ (خار۔ چنگ) [ف۔ ا۔ مذ] کیکڑا۔ دیکھیے خرچنگ
خارش۔ خارشت (خا۔ رش۔ خا۔ رشت) [ف۔ ا۔ مث] کھجلی۔ کھاج (۲) ایک جلدی بیماری جس میں بدن پر پھنسیاں نکل آتی ہیں اور کھجلی ہوتی ہے
خارشی۔ خارشتی (خا۔ رِ۔ شی۔ خا۔ رش۔ تی) [ف صف] کھجلی والا۔ جسے خارش ہو۔
خارشی کتیا مخمل کی جھول (امثل) بدصورت آدمی جو قیمتی کپڑے پہنے۔ اس موقع پر بولتے ہیں، جب کوئی بدشکل آدمی عمدہ لباس پہنے جو اس پر زیب نہ دے
خارق (خا۔ رق) [ع۔ صف] پھاڑنے والا۔ کرامت۔ جمع خوارق
خارق عادات۔ عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑنے والا۔ انبیا کے معجزے اولیا کی کرامات۔
خارہ سنگ۔ (خا۔ رہ۔ سنگ) [ف۔ ا۔ مذ] سیاہ پتھر۔ سنگ مرمر کی ایک قسم
خازن۔ (خا۔ زن) [ع۔ ا۔ مذ و صف] (۱) خزانچی (۲) محافظ۔ نگہبان جمع کرنے والا
خاستہ (ف۔ صف) اُٹھایا ہوا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے نوخاستہ۔
خاستائی (خاس۔ تا۔ ای) [ف صف] کبوتر کا ایک رنگ۔
خاسر (ع۔ صف) گھاٹا کھانے والا۔ نقصان اُٹھانے والا۔
خاشاک (خا۔ شاک) [ف۔ ا۔ مذ] خار و خس۔ کوڑا کرکٹ۔
خاشع۔ (خا۔ شع) [ع۔ صف] عاجزی کرنے والا۔
خاص (ع۔ صف) عام کی ضد۔ نج کا۔ ذاتی۔ اپنا (۲) صرف۔ فقط۔ محض۔ (۳) عمدہ۔ منتخب (۴) ٹھیک۔ ٹھیٹ۔ مرغوب۔ پیارا۔ منظورِ نظر۔ چہیتا
خاص بازار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) شاہی بازار۔ وہ بازار جو شاہی محلے کے قریب ہو
خاص بردار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سپاہی جو بادشاہوں اور نوابوں کی سواری کے آگے کندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے تھے۔ بندوقچی (۲) وہ شخص جس کے پاس شاہی ریشوں کا پاندان ہو۔
خاص تحصیل۔ (۱) وہ تحصیل جس میں حاکم ضلع کا اجلاس ہوتا ہے (۲) وہ تحصیل جس کی مالگذاری سرکار براہِ راست وصول کرے۔
خاص تراش (ع۔ ا۔ ف۔ مذ) امیروں کا حجام۔ بادشاہ اور امیروں کی حجامت بنانے والا۔

خاص خاص لوگ۔ (ع۔ صف) ذی عزت اور رئیس آدمی۔ منتخب آدمی۔ چیدہ چیدہ لوگ۔
خاص الخاص۔ (ع۔ ا۔ صف) نہایت چیدہ یا منتخب۔ بہت منظورِ نظر بہت مرغوب۔
خاص دان۔ (ف۔ ا۔ مذ) گلوریاں رکھنے والا برتن۔
خاص کر۔ بالخصوص۔ خصوصاً۔ خصوصیت سے۔ خاص طور پر۔
خاص محال (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ جائداد جس کا انتظام خود حکومت کرے۔
خاص محل (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بادشاہ کی پہلی بیوی۔ بڑا محل۔
خاص نویس (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ذاتی منشی۔ نج کا منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری
خاص وعام (ع۔ ا۔ مذ) چھوٹے بڑے امیر و غریب۔ ادنیٰ۔ اعلیٰ۔ تمام۔ سب لوگ۔
خاصا۔ (اُر۔ صف) (۱) خوب۔ اچھا۔ موزوں۔ خوشنما (۲) بُرا نہ بھلا۔ درمیانی متوسط (۳) ایک قسم کا سوتی کپڑا (۴) امیروں کا کھانا (۵) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا۔
خاصا چننا (ا۔ محاورہ) دسترخوان پر کھانا چننا۔ قسم قسم کے کھانے لگانا۔
خاصا رہا (ا۔ محاورہ) خاصے رہے۔ اچھے نکلے۔ خوب رہا۔ نتیجہ خراب رہا۔
خاصان (خا۔ صان) [اُر۔ ا۔ مذ] خاص لوگ۔ خاص کی جمع۔
خاصگی (خاص۔ گی) [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] (۱) بادشاہ اور امراء کا مصاحب۔ (۲) رسالدار۔ خزانچی (۳) (مث) مالک کی مدخولہ لونڈی (۵) عمدہ چیز
خاصہ (خاص۔ صَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) عادت۔ خُو۔ خصلت (۲) صفت۔ وصف۔ خاصیت (۳) نج کا۔ ذاتی (۴) اعلیٰ۔ نفیس۔ موزوں (۵) بھلا۔ خوب (۶) خصوصیت۔ خاص وصف جو کسی میں پایا جائے۔
خاصی (خا۔ صی) [اُر۔ صف] (۱) اچھی (۲) بری نہ بھلی۔ متوسط درجہ کی (۳) امیروں کی بندوق۔
خاصی پیاری (ا۔ مث) (۱) زنخہ۔ زنانہ۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکات و سکنات کرے۔ (۲) بی بی۔ بہو۔
خاصیت (خا۔ صی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) مزاج۔ طبیعت۔ خصلت عادت (۲) تاثیر (۳) وصف۔ صفت۔ گُن۔
خاضع (خا۔ ضع) [ع۔ صف] عاجزی کرنے والا۔ منکسر المزاج۔
خاطب (خا۔ طب) [ع۔ ا۔ مذ] خطیب۔ مقرر (۲) وہ جو شادی کی درخواست کرے
خاطر (خا۔ طر) [ع۔ ا۔ مث] (۱) جو دل میں گزرے (۲) دل۔ من (۳) جگر کلیجہ (۴) چت۔ خیال (۵) ارادہ (۶) مرضی۔ پاس۔ لحاظ (۷) تواضع آؤ بھگت (۸) مزاج۔ (۹) واسطے (۱۰) طرفداری۔
خاطر آزاری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ناپسندیدگی۔ رنجیدگی۔ صدمہ پہنچانا۔ دل دکھانا
خاطر آزردہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) رنجیدہ۔ ناراض۔ ملول۔ کبیدہ خاطر
خاطر آشفتہ (ع۔ ف۔ ا۔ صف) پریشان۔ گھبرایا ہوا۔
خاطر پذیر۔ پسند (ع۔ ف۔ ا۔ صف) مناسب۔ دل پسند۔ اچھی۔
خاطر میں آنا (ا۔ محاورہ) پسندیدہ ہونا۔ باوقعت ہونا۔
خاطر توڑنا (ا۔ محاورہ) دل شکنی کرنا۔ رنج دینا۔
خاطر جمع (ع۔ ا۔ مث) دل جمعی۔ اطمینان۔ تسکین۔ تسلی۔



Marfat.com

**خاطر خواہ** (ف۔ صف) موافق طبع۔ حسب مرضی۔ حسب منشا۔ خواہش کے مطابق۔
**خاطر داری** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تواضع۔ مدارات۔ مہمان نوازی۔ آؤ بھگت
**خاطر داشتی** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) [ق] خاطر مدارات۔
**خاطر سے** (ع۔ ا) لحاظ سے۔ پاس سے۔
**خاطر عاطر** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پاکیزہ طبیعت
**خاطر کرنا** (ا۔ محاورہ) آؤ بھگت کرنا۔ مہمان نوازی کرنا۔ (۲) دل جوئی کرنا۔
**خاطر کی لینا** (ا۔ محاورہ) طرف داری کرنا۔
**خاطر مدارات** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) آؤ بھگت۔ مہمان نوازی۔
**خاطر میں آنا** (ا۔ محاورہ) خیال میں آنا۔ عزت ہونا۔
**خاطر میں رکھنا** (ا۔ محاورہ) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔
**خاطر میں گزرنا** (ا۔ محاورہ) دل میں خیال گزرنا۔ خیال گزرنا۔
**خاطر میں نہ لانا** (ا۔ محاورہ) خیال نہ کرنا۔ عزت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔ پرواہ نہ کرنا۔
**خاطر نشان ہونا** (ا۔ محاورہ) بات کا دل میں بیٹھ جانا
**خاطر نشین** (ع۔ ف۔ صف) دل میں اترنے والی۔ ذہن نشین۔ جو دل میں بیٹھ جائے (۲) کنایۃً پسندیدہ۔ پیارا۔
**خاطر ہونا** (ا۔ محاورہ) آؤ بھگت ہونا۔ مدارات ہونا۔
**خاطراً** (خا۔ طِ۔ رن) [ع۔ صف] (۱) دل سے (۲) کسی کا لحاظ کرتے ہوئے۔ پاس کرتے ہوئے۔
**خاطِف** (خا۔ طِف) [ع۔ صف] اُچک لے جانے والا۔ چھین لینے والا۔ بجلی کی صفت۔
**خاطی** (خا۔ طی) [ع۔ صف] گناہگار۔ خطاکار۔ پاپی۔ مجرم
**خافی** (خا۔ فی) [ع۔ صف]۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ خفیہ۔
**خاقان** (خا۔ قان) [ت۔ ا۔ مذ] سلطان۔ بڑا بادشاہ۔ چین اور ترکستان کے سابق بادشاہوں کا لقب۔
**خاقانی** (خا۔ قا۔ نی) [ت۔ صف وا مذ] (۱) شاہی (۲) ایران کے ایک مشہور قصیدہ گو شاعر کا تخلص۔
**خاک** (ف۔ ا۔ مث) (۱) مٹی۔ دھول (۲) زمین۔ دھرتی (۳) کچھ۔ ذرا۔ (۴) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں (۵) راکھ۔ بھبھوت (۶) کیونکر۔ کس طرح۔ (۷) خمیر۔ سرشت۔
**خاک آلودہ** (ف۔ صف) مٹی سے بھرا ہوا۔
**خاک اڑانا** (ا۔ محاورہ) گرد اڑانا (۲) بدنام کرنا۔ (۳) آوارہ پھرنا۔
**خاک اڑنا** (ا۔ محاورہ) دھول اڑنا۔ گرد اڑنا۔ (۲) رسوا ہونا۔ مٹی پلید ہونا (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ کچھ نہ رہنا (۴) پریشان نظر آنا۔ رونق نہ ہونا ویران ہونا۔
**خاک انداز** (ف۔ ا۔ مذ) کوڑا کرکٹ ڈالنے کا برتن (۲) قلعہ یا مکان میں وہ سوراخ جس سے کوڑا کرکٹ پھینکتے ہیں یا دشمن پر تیر یا پتھر برساتے ہیں یا بندوق چلاتے ہیں۔ (۳) پھاوڑا۔ بیلچہ (۴) نیچے کا حاشیہ (۵) وہ برتن جس سے چولھے کی راکھ نکالتے ہیں۔

**خاک ایسی زندگی پر** (ا۔ مثل) جب زندگی برے حالوں گزر رہی ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں۔ تف ہے ایسے جینے پر
**خاکباز** (ف۔ ا۔ صف) کھلنڈرا۔
**خاکبازی** (ف۔ ا۔ مث) مٹی سے کھیلنا۔ ایک دوسرے پر خاک ڈالنا۔
**خاک بہ دہن** (ف) منہ میں خاک۔ منہ سے بری بات نکالنے پر کہتے ہیں
**خاک برسنا** (ا۔ محاورہ) دھول اڑنا۔ گرد اٹھنا (۲) ویرانی برسنا۔ بے رونقی ہونا
**خاک بسر** (ف۔ صف) پریشان حال۔ خراب وخستہ
**خاک پا** (ف۔ صف) (۱) پاؤں کے نیچے کی مٹی (۲) نہایت حقیر چیز۔ عاجز مسکین۔
**خاک پھانکنا** (ا۔ محاورہ) (۱) آوارہ پھرنا۔ (۲) جھوٹ بولنا (۳) بہتان لگانا۔
**خاک تودہ** (ف۔ ا۔ مذ) نشانہ لگانے کا مٹی کا ڈھیر۔ آماجگاہ۔ چاند ماری کی دیوار
**خاک جھڑ جانا** (ا۔ محاورہ) مار پیٹ کا کوئی اثر نہ ہونا۔
**خاک جھونکنا** (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ خاک ڈالنا۔
**خاک چاٹ کر بات کہنا** (ا۔ محاورہ) گڑگڑا کر بولنا۔ عجز وانکسار سے کچھ کہنا۔ دعوے کی بات کو عجز کے ساتھ ظاہر کرنا۔
**خاک چاٹنا** (ا۔ محاورہ) عجز وانکسار کا اظہار کرنا۔
**خاک چھاننا** (ا۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا (۲) تباہ وبرباد ہونا (۳) خوب تلاش کرنا۔
**خاک دان** (ف۔ ا۔ مث) مٹی اور کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ (۲) راکھ دان (۳) دنیا۔
**خاک دھول** (ا۔ مث) (۱) کچھ نہیں۔ (۲) گھٹیا اور بے کار چیز
**خاک ڈالنا** (ا۔ محاورہ) (۱) رفع دفع کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ چھوڑنا (۲) کنایۃً عیب پوشی کرنا۔
**خاک ڈالے چاند نہیں چھپتا** (ا۔ مثل) برائی کرنے سے کسی کی خوبی نہیں چھپتی
**خاک راہ** (ا۔ مث) ذلیل۔ حقیر۔ ہیچ۔
**خاک روب** (ف۔ ا۔ مذ) مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور
**خاکسار** (ف۔ صف) مثل خاک۔ فروتن۔ عاجز۔ متکلم اپنے لیے اظہار فروتنی کے واسطے استعمال کرتا ہے (۲) علامہ مشرقی کی قائم کردہ ایک سیاسی جماعت۔
**خاکساری** (ف۔ مث) فروتنی۔ عجز۔ انکسار۔ عاجزی۔
**خاک سیاہ ہو جانا** (ا۔ محاورہ) جل کر راکھ ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔
**خاک سے پاک کرنا** (ا۔ محاورہ) ادنیٰ رتبے سے اعلیٰ رتبے پر پہنچانا۔
**خاک شفا** (ف۔ ع۔ ا۔ مث) (۱) شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی مٹی (۲) کربلا کی خاک۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی خاک۔
**خاک شو پیش ازاں کہ خاک شوی** (ف۔ مقولہ) مرنے سے پہلے مرجا۔ مرنے سے پہلے عاجزی اور فروتنی کی عادت ڈال لینی چاہیے۔
**خاک کا پتلا** (ا۔ مذ) آدمی۔ انسان۔
**خاک کا پیوند ہونا** (ا۔ محاورہ) زمین میں دفن ہونا۔ خاک میں ملنا۔ مرجانا
**خاک کا لے جانا** (ا۔ محاورہ) جہاں کی مٹی ہوتی ہے۔ وہیں دفن ہوتا ہے
**خاک کرنا۔ کر دینا** (ا۔ محاورہ) (۱) جلا کر راکھ کرنا۔ برباد کرنا (۲) کچھ نہ کرنا



Marfat.com

**خاک کے گھر کو لاکھ بنانا** (۱۔ محاورہ) غریب کو امیر بنانا۔
**خاک کے مول** (۱۔ صف) بہت سستا۔ نہایت ارزاں۔
**خاک لے ڈالنا** (۱۔ محاورہ) بار بار جانا۔ اپنے مطلب سے کسی کے پاس بار بار جانا۔
**خاکم بدہن** (۱۔ محاورہ) میرے مُنہ میں خاک۔ کوئی بری بات کہنی ہو تو کہتے ہیں۔
**خاک میں ملانا** (۱۔ محاورہ) (۱) برباد کرنا (۲) ضائع کرنا۔ رائیگاں کرنا (۳) مار ڈالنا۔ (۴) ذلیل و رسوا کرنا (۵) زمین کا پیوند کرنا۔ ناپید کرنا۔
**خاک میں مل جائے** (۱۔ کوسنا) مرجائے۔ تباہ ہو جائے۔
**خاک میں ملنا** (۱۔ محاورہ) تلف ہونا۔ ضائع ہونا (۲) دفن ہونا (۳) پریشان ہونا۔ برباد ہونا۔
**خاک نائے**۔ خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعات کو ملائے
**خاک نہ دھول بکائن کے پھول** (امثل) کام کے نہ کاج کے۔ نکمے۔ مفت کے شیخی خورے۔
**خاک نشین** (ف۔ صف) خاکسار۔ منکسر المزاج۔ متواضع۔ خلیق۔ زمین پر بیٹھنے والا۔
**خاک نہیں** (۱) کچھ نہیں۔
**خاک و خون میں ملانا** (۱۔ محاورہ) برباد کرنا۔ مٹانا۔ فنا کرنا۔
**خاک ہاتھ نہ آنا** (۱۔ محاورہ) کچھ نہ ملنا۔
**خاک ہو جانا۔ خاک ہونا** (۱۔ محاورہ) گل کر مٹی ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ کچھ نہ ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
**خاکِستَر** (خا۔کِس۔تَر) [ف۔ ا۔ مث] راکھ۔ بھبھوت۔
**خاکستری** (ف۔ صف) مٹی کے رنگ کا۔ مٹیالا
**خاکسی** (خاک۔ سی) [اُ۔ ا۔ مث] خوب کلاں۔ ایک نہایت باریک تخم جو بخار کی دوا ہے۔
**خاکش بدہن** (خا۔کش۔ بَہ۔ دَ۔ ہن) (۱) اس کے منہ میں خاک۔ کسی نے کوئی بُری بات کہی ہو تو اس کے متعلق کہتے ہیں (۲) اس کا ستیاناس ہو۔ اپنے منہ سے کوئی بُری نکلے یا نکلنے کا ارادہ ہو تو خاکم بدہن کہتے ہیں
**خاکہ۔ خاکا** (خا۔کہ۔ خا۔کا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے (۲) ڈھانچہ۔ چربہ۔
**خاکہ اتارنا** (۱۔ محاورہ) (۱) کچا نقشہ کھینچنا۔ کاغذ وغیرہ پر حدود کے نشان ڈال لینا (۲) مشورہ کرنا (۳) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ مضحکہ اڑانا۔
**خاکہ اُڑانا** (۱۔ محاورہ) (۱) نقل اتارنا۔ نقشہ کھینچنا (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا مضحکہ اُڑانا۔
**خاکہ کھینچنا۔ خاکہ بنانا** (۱۔ محاورہ) کچا نقشہ بنانا۔ مسوّدہ تیار کرنا۔
**خاکی** (خا۔ کی) [ف۔ صف] (۱) خاک کا۔ خاک کی پیدائش۔ مجازاً انسان۔ (۲) مٹیالا۔ خاک کے رنگ کا۔ (۳) [۱۔ مذ] فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے (۴) وہ پلٹن کے سپاہی جن کو ۱۸۵۷ء کی جنگ میں انگریزوں نے خاکی وردی دی تھی۔
**خاکی انڈا** (۱۔ مذ) وہ انڈا جو مرغی جوڑا کھائے بغیر دے۔ ایسے انڈے سے بچہ نہیں نکل سکتا۔ (۲) حرامی۔ حرام کا۔
**خاکی انڈوں سے بچے پیدا نہیں ہوتے** (۱۔ مثل) کمینے سے فائدے کی کوئی امید نہیں ہوتی۔
**خاکی نہاد** (ف۔ صف) بہت خلیق۔ نرم دل۔
**خاکیاں** (خا۔کی۔ یاں) [ف۔ ا۔ مذ] مسلمان درویشوں کی ایک برادری۔
**خاگ** (ف۔ ا۔ مذ) انڈا۔
**خاگینہ** (خا۔گی۔نہ) [ف۔ ا۔ مذ] تلے ہوئے انڈے۔ انڈوں کا سالن۔ تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا سالن۔
**خال** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے۔ تل (۲) دو رنگا کبوتر۔ سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر (۳) کاجل کا وہ نشان جو نظر بد سے بچانے کے لیے خوبصورت یا کم سن بچوں کے چہرے پر لگاتے ہیں (۴) ماموں۔ خالو۔
**خال جو بڑھا مسّا ہوا** (۱۔ مثل) اپنی حد سے بڑھی ہوئی چیز بدنما ہوتی ہے
**خال خال** (۱) اکا دکا۔ بہت کم۔ کہیں کہیں۔ شاذ و نادر۔ کوئی کوئی۔
**خالائی** (خا۔لا۔ ئی) [ع۔ صف] خالہ کی طرف منسوب۔
**خالائی** (خا۔ لا۔ ئی) [ق۔ ا۔ مذ] خالو۔
**خالِص** (خا۔لِص) [ع۔ صف] اصل۔ کھرا۔ جس میں میل نہ ہو۔ نرل۔
**خالصاً لِلّٰہ۔ خالصاً لوجہ اللّٰہ**۔ بالکل خدا کے لیے۔
**خالصہ** (خا۔لِ۔صَہ) [ع۔ صف] (۱) خالص۔ جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو (۲) سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو (۳) [پن۔ ا۔ مذ] سکھ سردار سکھوں کی فوج
**خالصے لگنا** (۱) سرکار میں ضبط ہونا۔ (۲) ضائع ہونا۔ برباد ہونا۔ تلف ہونا۔
**خالِع** (خا۔لِع) [ع۔ ا۔ مث] خلع حاصل کرنے والی عورت۔
**خالف** (ع۔ صف) پیچھے آنے والا۔ خلاف کرنے والا۔
**خالق** (خا۔لق) [ع۔ صف] (۱) پیدا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام
**خالو** (خا۔لُو) [اُ۔ ا۔ مذ] خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا خاوند۔
**خالہ** (خا۔لہ) [ع۔ ا۔ مث] ماں کی بہن۔ ماؤسی۔
**خالہ جایا** (۱۔ مذ) خالہ کا بیٹا۔ خالہ زاد بھائی۔ موسیرا۔
**خالہ جی کا گھر نہیں** (۱۔ محاورہ) آسان کام نہیں۔ معمولی بات نہیں۔ ہنسی ٹھٹھا نہیں۔
**خالہ جاندنی کا کنبہ** (امثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب گھر کا گھر نالائق ہو
**خالہ زاد بھائی** (۱۔ مذ) خالہ کا بیٹا۔
**خالہ زاد بہن** (۱۔ مث) خالہ کی بیٹی۔
**خالہ کا دم اور کواڑ کی جوڑی** (۱۔ مثل) تنہائی کی حالت کو کہتے ہیں۔
**خالہ کی خل بچی** (طنزاً یا حقارتاً) خالہ کی بیٹی۔ خالہ جائی۔
**خالہ کی مہمانی ہاتھ ڈال پچتائی** (امثل) غیر جگہ دست درازی میں افسوس ہی افسوس ہوتا ہے۔
**خالی** (خا۔لی) [ع۔ صف] (۱) جو بھرا ہوا نہ ہو۔ کھوکھلا۔ تہی (۲) صرف محض (۳) اکیلا۔ تنہا (۴) بے کار۔ نکما (۵) بے روزگار (۶) سُونا (۷) غیر مقبوضہ۔ غیر آباد (۸) فارغ۔ بے مشغلہ (۹) مسلمانوں کا گیارہواں



Marfat.com

مہینہ ذیقعد۔ یہ نام نور جہاں بیگم نے رکھا تھا۔ عورتیں اس مہینہ کو منحوس سمجھتی ہیں (۱۰) غیر موثر۔ بے اثر (۱۱) عاری۔ مبرّا۔
**خالی بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس میں کرے** (مثل) کام کرنے والا بے کار بیٹھ نہیں سکتا خواہ اسے فضول ہی کام کرنا پڑے
**خالی بیٹھنا** (۱۔ محاورہ) بے کار رہنا۔ بغیر ملازمت کے ہونا۔ بے روزگار رہنا۔
**خالی پھرنا** (۱۔ محاورہ) محروم واپس ہونا۔ کچھ نہ پانا۔
**خالی پیٹ** (۱۔ مذ) نہار منہ۔ بھوکا جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
**خالی جانا** (۱۔ محاورہ) (۱) نشانہ پر بیٹھنا۔ گولی نہ لگنا (۲) بے اثر ہونا۔
**خالی خریطی پوری فضیحتی** (مثل) جب آدمی کی جیب میں کچھ نہیں ہوتا تو ذلیل ہی رہتا ہے۔ مفلسی بہت بری ہوتی ہے۔
**خالی خولی** (۱۔ صف) جس کی حقیقت کچھ نہ ہو۔ کھوکھلا۔
**خالی دینا** (۱۔ محاورہ) (۱) حریف کی ضرب بچا جانا۔ دشمن کے وار سے اپنے آپ کو بچا لینا۔ ٹال جانا۔
**خالی سے بیگار بھلی** (۱۔ مثل) بیکار بیٹھنے سے کسی کا کام مفت کرنا اچھا ہوتا ہے
**خالی کا چاند** (۱۔ مذ) ماہ ذیقعد۔ گیارہواں قمری مہینہ
**خالی کرنا** (۱۔ محاورہ) انڈیلنا۔ نکالنا۔ تہی (۲) بندوق چھوڑنا (۳) مکان کا قبضہ چھوڑنا۔
**خالی ہاتھ** (۱۔ صف) (۱) مفلس۔ نادار۔ تہی دست (۲) محروم (۳) بلا ہتھیار (۴) بغیر کوئی چیز لیے
**خالی ہاتھ منہ کو نہیں جاتا** (۱۔ مثل) بغیر فائدے کے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
**خام** [ف۔ صف] (۱) کچا۔ ناپختہ۔ سبز۔ ہرا۔ ادھ کچرا (۲) بودا۔ کمزور (۳) ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی (۴) فضول۔ بے ہودہ۔ (۵) بند۔ (۶) خالص۔
**خام آمدنی** (۱۔ مث) کل آمدنی جس میں خرچ وضع نہ کیا گیا ہو۔
**خام پارہ** (۱۔ مث) (۱) کچی ٹوٹی ہوئی۔ چھنال (۲) مکار عورت (۳) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔
**خام تحصیل** (۱۔ مث) زمیندار یا ٹھیکیدار کے توسط کے بغیر سرکاری لگان کی وصولی۔
**خام خیالی** (۱۔ مث) غلط گمان۔ غلط خیال۔ جھوٹا خیال۔ وہم
**خام دست** (ف۔ صف) فضول خرچ۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔
**خام ریش** (ف۔ صف) بے عقل مسخرا۔
**خام کار** (۱۔ صف) نادان۔ ناآزمودہ۔ ناتجربہ کار۔
**خام کرنا** (۱۔ محاورہ) بند کرنا۔ آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا۔
**خام کو کام سکھا لیتا ہے** (مثل) ناواقف آدمی کام کرتے کرتے سیکھ جاتا ہے۔
**خامِس** (خا۔ مِس) [ع۔ صف] پانچواں۔
**خامُش** (خا۔ مُش) (ف۔ صف) خاموش۔ چپ
**خامُشی** (خا۔ مُ۔ شی) [ف۔ ا۔ مث] خاموشی۔ چپ
**خامنا** (خام۔ نا) [د۔ مص] (۱) برتن کے منہ کو مٹی یا آٹے سے بند کرنا (۲) پیڑ لگانا۔ بند کرنا
**خاموش** (خا۔ موش) [ف۔ صف] چپ۔ ساکت (۲) بجھا ہوا (۳) مردہ

**خاموش کرنا** (۱۔ محاورہ) (۱) چپ کرنا۔ بولنے سے روکنا (۲) چراغ بجھانا
**خاموشی** (خا۔ مو۔ شی) [ف۔ ا۔ مث] چپ۔ سکوت۔ سکون۔ سناٹا۔
**خاموشی نیم رضا** (۱۔ مقولہ) خاموشی سے رضامندی کا اظہار ہوتا ہے۔
**خامہ** (خا۔ مہ) [ف۔ ا۔ مذ] قلم۔ کلک۔ جمع: خامہ ہا
**خامہ آرائی** (ف۔ ا۔ مث) لکھنا۔ عمدہ عبارت تحریر کرنا۔
**خامہ فرسا** (ف۔ صف) لکھنے والا۔
**خامہ فرسائی کرنا** (ف۔ ا۔ مث) لکھنا۔
**خامی** (خا۔ می) [ف۔ ا۔ مث] کچا پن۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری (۲) نقص کمی
**خان** [خا۔ ن] (ت۔ ا۔ مذ) سردار۔ رئیس (۱) ہر امیر رئیس کا لقب۔ پٹھانوں کا لقب۔
**خان بہادر**۔ ایک عزت کا خطاب جو برطانوی سرکار کی طرف سے دیا جاتا تھا۔
**خانخانان** (ف۔ ا۔ مذ) سرداروں کا سردار۔ امیروں کا امیر (۲) مغلیہ خاندان کے عہد میں سپہ سالار کا لقب۔ اکبر بادشاہ کے اتالیق بیرم خان اور اس کے بیٹے عبدالرحیم خاں کا لقب۔
**خانخاناں جن کے کھانے میں بطانہ** (۱۔ مثل) (بطانہ چھپی ہوئی چیز) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص پوشیدہ طور سے کسی پر احسان کرے (خانخاناں جب کسی غریب کو کھانا بھیجتے تو اس میں پوشیدہ طور پر اشرفیاں رکھ دیتے تھے۔
**خاندان** (ف۔ ا۔ مذ) نسل۔ قبیلہ۔ گھرانا۔ کنبہ
**خاندانی** (ف۔ ا۔ مث) اچھے گھرانے کا۔ نسبی۔ پرانا رئیس۔ قدیم۔ شریف۔
**خان زادہ** (ف۔ ا۔ مذ) خان کا بیٹا۔ شہزادہ۔
**خانساماں** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گھر کا سامان کرنے والا۔ داروغہ۔ میر سامان (۲) صاحب لوگوں کو کھانا کھلانے والا۔ خدمت گار۔ میز لگانے والا۔ باورچی
**خان صاحب** (ف۔ ا۔ مذ) انگریزوں کے عہد کا خان بہادر سے چھوٹا خطاب۔ عزت کا کلمہ۔
**خانقاہ** (ع۔ ا۔ مث) درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔ صومعہ (۲) کسی درویش یا پیر کا مقبرہ۔
**خانگی** (خان۔ گی) [ف۔ صف] (۱) گھریلو۔ گھر کا (۲) نج کا۔ ذاتی۔ خاص۔ اپنا (۳) [ا۔ ا۔ مث] وہ خانہ نشین عورت جو گھر بیٹھے کسب کرائے
**خانگی جھگڑا** (۱۔ محاورہ) خاندانی فساد۔ آپس کا جھگڑا۔ اندرون خانہ ناچاقی آپس کی تکرار۔
**خانم** (خا۔ نم) [ف۔ ا۔ مث] (۱) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب۔ امیرزادی بیگم۔ بیوی (۲) خان کی عورت۔
**خانماں** (خان۔ ماں) [ف۔ ا۔ مذ] گھر کا اسباب۔ مال و متاع۔ اثاث البیت
**خانماں آوارہ** (ف۔ ا۔ صف) گھر سے نکلا ہوا۔ گھر سے بے گھر۔ بے ٹھکانہ
**خانماں خراب** (ف۔ ا۔ صف) تباہ۔ برباد۔ پریشان۔ ویران۔
**خانوادہ** (خان۔ وا۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) خاندان۔ گھرانہ (۲) مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے انہیں توسل ہو۔ فقرا کا سلسلہ
**خانہ** (خا۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) گھر۔ مکان۔ بیت (۲) کبوتروں یا مرغیوں



Marfat.com

کا ڈربہ (۳) آشیانہ۔ گھونسلا (۴) صندوقچے کے اندر کا حصہ (۵) شطرنج کی بساط کا ایک حصہ (۶) پیٹ۔ شکم (۷) انگوٹھی میں وہ جگہ جہاں نگینہ رکھتے ہیں۔
**خانہ آباد۔** دولت زیادہ (۱۔ کلمۂ دُعا) دولت وافر اور گھر بھرا ہے۔ (۲) تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش۔
**خانہ آبادی** (ف۔ ا۔ مث) خوشحالی۔ گھر کا بسنا۔ شادی۔
**خانہ باغ** (ف۔ ا۔ مذ) مکان کی چار دیواری کے اندر کا باغ
**خانہ بدوش** (ف۔ صف) (۱) آوارہ۔ پریشان بے ٹھکانہ (۲) وہ قوم یا آدمی جو گھر کو ساتھ ساتھ لیے پھرے۔ جس کا کوئی مستقل گھر نہ ہو بنجارہ
**خانہ بَر انداز** (ف۔ صف) (۱) گھر بار اُجاڑ دینے والا (۲) کنایۃً معشوق
**خانہ بربادی** (ف۔ ا۔ مث) گھر کی تباہی۔ کنایۃً بیوی کا مر جانا۔
**خانہ پُری** (ف۔ ا۔ مث) نقشہ بھرنا۔ سرکاری مقررہ نقشوں کا پُر کرنا۔ (۲) کسی کام کو فقط رسمی طور پر کرنا۔
**خانہ تلاشی** (ف۔ ا۔ مث) گھر کی تلاشی۔ کسی قابلِ اعتراض چیز کے ڈھونڈنے کے لیے حکومت کی طرف سے مکان کا سارا سامان الٹ پلٹ کر دینا
**خانہ جنگی** (ف۔ ا۔ مث) گھر کے جھگڑے۔ آپس کی لڑائی۔ ملک کے اندر مختلف گروہوں۔ جماعتوں یا فرقوں کی لڑائی۔
**خانۂ خالی را دیو می گیرد** (ف۔ مثل) خالی گھر پہ دیو قبضہ کر لیتے ہیں گھر کو خالی نہیں چھوڑنا چاہیے۔
**خانہ خانہ** (۱۔ مذ) ایک ایک خانہ۔ ایک ایک گھر۔
**خانۂ خدا** (ف۔ ا۔ مذ) خدا کا گھر۔ مسجد
**خانہ خراب** (ف۔ ع۔ صف۔ ا) (۱) اجڑا ہوا۔ تباہ و برباد خستہ حال (۲) آوارہ۔ بدوضع۔
**خانہ خرابی** (ف۔ ا۔ مث) بربادی۔ تباہی۔ ستیاناس
**خانہ خرابی برپا کرنا** (۱۔ محاورہ) بربادی لانا۔
**خانۂ خمار** (ف۔ ا۔ مذ) شراب خانہ۔ مے خانہ۔ خرابات۔
**خانہ داری** (ف۔ ا۔ مث) گھر بار کا کام کاج۔ گھر کے معاملات انتظام خانہ
**خانہ داماد** (ف۔ ا۔ مذ) گھر داماد۔ داماد جو سسرال میں رہتا ہو۔
**خانہ زاد** (ف۔ صف) مالک کے گھر میں پیدا ہونے والا غلام۔ لونڈی کا بچہ۔ پرستار زادہ۔ انکساری کا کلمہ۔
**خانۂ زنجیر** (ف۔ ا۔ مذ) زنجیر کا حلقہ۔ قید خانہ۔ پاگل خانہ
**خانہ ساز** (ف۔ صف) گھر کا بنا ہوا۔
**خانہ شماری۔** (ف۔ ا۔ مث) گھروں اور مکانوں کا شمار کرنا۔
**خانۂ شیر** (ف۔ ا۔ مذ) بُرج اسد
**خانۂ عنکبوت** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) مکڑی کا جالا
**خانۂ کمان** (ف۔ ا۔ مذ) کمان کے دونوں بازو۔
**خانہ ملاح و رچین است و کشتی در فرنگ** (ف۔ مثل) جب کوئی تدبیر سمجھ میں آئے مگر اس پر عمل کرنا ممکن نہ ہو تو کہتے ہیں۔
**خانہ نشین** (ف۔ صف) (۱) گھر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین (۲) معطل۔ بیکار
**خانہ ولد سمجھنا۔** اپنا ہی گھر سمجھنا۔ بے تکلفی سے کام لینا۔

**خانہ ویراں** (ف۔ صف) خانہ برباد۔
**خانہ ویرانی** (ف۔ ا۔ مث) گھر کی تباہی بربادی۔
**خانے دار** (ف۔ ا۔ صف) وہ چیز جس میں خانے بنے ہوئے ہوں۔
**خاور** (خا۔ وَر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) مشرق۔ پورب (۲) سورج۔
**خاوراں** (خا۔ و۔ راں) [ف۔ ا۔ مذ] مشرق اور مغرب۔
**خاوری** (خا۔ وَ۔ ری) [ف۔ صف] مشرقی۔ مغربی۔ سورج سے منسوب۔
**خاوند** (خا۔ وَند) [ف۔ ا۔ مذ] آقا۔ مالک (خداوند کا مخفف) (۲) شوہر
**خاوند کرنا** (۱۔ محاورہ) عورت کا اپنے آپ شادی کرنا۔
**خاوندی** (خا۔ وَن۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] بندہ نوازی۔ مہربانی۔ عنایت
**خائب** (ع۔ ا۔ مث) محروم۔ ناامید (مذ) نادار۔ غریب۔
**خائض** (ع۔ صف) غور کرنے والا۔
**خائف** (خا۔ اِف) [ف۔ صف] ڈرنے والا۔ خوف کھانے والا۔
**خائن** (خا۔ اِن) [ع۔ صف] خیانت کرنے والا۔ بددیانت
**خائنہ** (ع۔ صف۔ مث) خائن کی تانیث۔
**خایہ** (خا۔ یَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بیضہ۔ انڈا (۲) خصیہ۔ فوطہ
**خایہ بردار۔ خایہ بوس** (ف۔ صف) خوشامدی۔ چاپلوس۔
**خایہ غلاماں** (ف۔ ا۔ مذ) انگور کی ایک قسم۔

## خ-ب

**خباثت** (خ۔ با۔ ثت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) ناپاکی۔ گندگی (۲) بدباطنی۔ شرارت۔
**خبّاز** (خَب۔ باز) [ع۔ ا۔ مذ] نانبائی۔ آٹا گوندھنے والا۔
**خبائث** (خ۔ با۔ ئِث) [ع۔ ا۔ مث] خبث کی جمع (۲) گندگیاں ناپاکیاں (۳) برائیاں۔ برے کام۔
**خُبث** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پلیدی۔ گندگی (۲) بدباطنی۔ برائی۔ شرارت۔
**خُبث الحدید** (ع۔ ا۔ مذ) لوہے کا میل
**خبث باطن** (ع۔ ف) بدباطنی۔ شرارت۔
**خبر** (خ۔ بَر) [ع۔ ا۔ مث] (۱) اطلاع۔ آگاہی۔ واقفیت (۲) پیغام سندیسا (۳) افواہ (۴) حدیث نبوی۔ (۵) پتہ۔ نشان۔ سراغ (۶) ہوش سُدھ بُدھ (۷) حال (۸) سناؤنی۔ موت کی اطلاع۔ جمع: اخبار
**خبر آنا** (۱۔ محاورہ) اطلاع آنا۔ موت کی سناؤنی کا آنا۔
**خبر اڑانا** (۱۔ محاورہ) جھوٹی بات مشہور کرنا۔ افواہ اڑانا۔
**خبر بھی ہے** (۱۔ محاورہ) تم نہیں جانتے۔ الزام دیتے وقت کہتے ہیں۔
**خبر پر خبر دینا** (۱۔ محاورہ) متواتر اطلاع بھیجنا۔
**خبر پہنچنا** (۱۔ محاورہ) معلوم ہونا۔ اطلاع ہونا۔
**خبر پوچھنا** (۱۔ محاورہ) حال دریافت کرنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔
**خبر پھیلنا** (۱۔ محاورہ) کسی واقعہ کی اطلاع کا عام ہونا۔
**خبردار** (ع۔ صف) (۱) خبر رکھنے والا۔ واقف۔ آگاہ۔ (۲) ہوشیار۔ چوکس چوکنا (۳) تنبیہ کا کلمہ ہے (ہرگز۔ زنہار (۴) مخبر۔ جاسوس



Marfat.com

خبردار ہونا (مص۔ مرکب) آگاہ ہونا۔ ہوشیار ہونا۔
خبرداری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) نگہبانی۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔ احتیاط
خبررساں (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خبر پہنچانے والا۔
خبر دہندہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اطلاع دینے والا۔ خبر رساں۔ ایلچی
خبر رکھنا (ا۔ محاورہ) واقف ہونا۔ خیال رکھنا۔ آگاہ رہنا
خبر گرم ہونا (ا۔ محاورہ) کسی بات کا مشہور ہونا۔
خبر گیری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دیکھ بھال۔ خبرداری (۲) دستگیری۔ اعانت
خبر لگانا (ا۔ محاورہ) سراغ لگانا۔ پتہ لگانا۔ ٹھکانہ معلوم کرنا۔
خبر لینا (ا۔ محاورہ) (۱) مدد کو آنا۔ دستگیری کرنا (۲) پوچھنا۔ دریافت کرنا (۳) مارنا۔ سزا دینا (۴) نگرانی کرنا (۵) لعنت ملامت کرنا۔ آزاد رہنا (۶) حالت پر غور کرنا۔
خبر ہونا (ا۔ محاورہ) آگاہی ہونا۔ اطلاع ہونا۔ معلوم ہونا۔
خبط (ع۔ ا۔ مذ) سودا۔ جنون۔ دیوانگی۔
خبط اُچھلنا (ا۔ محاورہ) سودا ہونا۔ جنون ہونا۔ خفقان ہونا۔
خبط سوار ہونا (ا۔ محاورہ) بے ہودہ خیال دل میں سمانا۔
خبط ہو جانا، ہونا (ا۔ محاورہ) جنون ہونا۔ غلط دھن سمانا۔
خبطی (خَب۔ طی) [ع۔ صف] پاگل۔ سودائی۔ دیوانہ۔ مجنون۔
خبیث (خ۔ بیث) [ع۔ صف] (۱) ناپاک۔ پلید۔ گندہ (۲) بُرا۔ بدباطن۔ شریر۔
خبیثہ (خ۔ بی۔ ثہ) [ع۔ صف] خبیث کا مؤنث۔ بدذات عورت۔
خبیر (خَ۔ بیر) [ع۔ صف] (۱) خبر رکھنے والا۔ جاننے والا۔ دانا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

## خ۔ت

خُتک۔ خُتکا (خ تک، خُت۔ کا) [ت۔ ا۔ مذ] (فارسی لفظ کُتک یا کتک کی بگڑی ہوئی صورت) (۱) سونٹا۔ گدکا (۲) بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا۔ (۳) انگوٹھا۔ ٹھینگا (۴) آلۂ تناسل
ختم (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اخیر۔ انجام۔ انتہا۔ اتمام (۲) قرآن شریف کے ختم ہونے کی رسم (۳) فاتحہ۔ نذر۔ نیاز۔ جمع، خواتم
ختام۔ ختامہ (ع۔ ا۔ مث) چیڑ کی لاکھ یا چپڑا۔
ختان (ع۔ ا۔ مذ) ختنہ کرنے والا۔
ختم الانبیاء، ختم المرسلین، الرسل (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے خاتم الانبیاءؑ
ختم خواجگان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا خاص عمل جس کا ثواب خواجگانِ چشت و نقشبند کو پہنچایا جائے۔
ختم کرنا (ا۔ محاورہ) تمام کرانا۔ قتل کرنا۔ فاتحہ دلوانا۔ نیاز دلوانا۔ قرآن تمام کرانا۔ قرآن شریف پڑھنا۔
ختم ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا۔ فاتحہ ہونا (۲) نیاز ہونا (۳) کسی ہنر یا عیب میں بے مثل ہونا (۴) ایک ہی کے حصہ میں ہونا (۵) مر جانا۔ قرآن پاک ختم کرانا۔

خَتمہ (ا۔ مذ) عبارت میں وقفہ لگانے کی علامت۔
ختمی مرتبت (ع۔ صف) دیکھیے خاتم الانبیاءؑ۔
خُتن (خُ۔ تَن) [ف۔ ا۔ مذ] ترکستان میں ایک علاقہ جہاں کا مُشک مشہور ہے۔
خَتنہ (خَت۔ نَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (عربی میں ختن کا مطلب) مسلمانوں اور یہودیوں کی ایک رسم جس میں بچّے کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے۔ یہ سنّت ابراہیم علیہ السلام ہے۔

## خ۔ٹ

خُٹّا (خُٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] خایہ عضوِ تناسل۔
خٹّے سہلانا (ا۔ محاورہ) خوشامد و چاپلوسی کرنا۔ خایہ بوسی کرنا۔

## خ۔ج

خَجالا (خ۔ جا۔ لا) [اُر۔ صف] بے ہودہ۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔
خَجالت (خ۔ جا۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] عربی لفظ خجلت کا بگڑا ہوا۔ شرمندگی۔ ندامت۔ (۲) شرم۔ حیا۔ انفعال۔
خجالت کھینچنا (ا۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔
خجستگی (خُ۔ جَس۔ تَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] سعادت۔ مبارک پن۔
خجستہ (خُ۔ جَس۔ تَہ) [ف۔ صف] مبارک۔ فرخندہ۔ مسعود۔
خجستہ اختر (ف۔ صف) خوش قسمت
خجستہ پے (ف۔ صف) مبارک قدم والا۔
خجل (خَ۔ جِل) [ع۔ صف] شرمندہ۔ نادم۔ شرمسار
خجلت (خَج۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] شرمندگی۔ شرمساری۔ ندامت۔ خجالت
خجلت زدہ (ع۔ ف۔ صف) شرمندہ

## خ۔چ

خچاخچ (خَ۔ چا۔ خَچ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تلواریں چلنے کی آواز۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
خچر (خَ۔ چَر) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ دوغلا جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے۔

## خ۔د

خَدّ (ع۔ ا۔ مذ) گال۔ رخسار۔ چہرہ۔
خدّ و خال (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) شکل و صورت۔ چہرہ مہرہ۔
خُدا (خ۔ دا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) اللہ تعالیٰ۔ (۲) مالک۔ آقا۔ حاکم



Marfat.com

خداوند۔ مرکبات کے آخر میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً ناخدا کتخدا

**خدا اٹھالے** (بددعا) خدا مار ڈالے۔ موت آجائے۔ مرجائے۔

**خدا امیر کے پڑوس قبر بھی نہ بنوائے** (ا۔ مثل) امیر آدمی کی ہمسائیگی غریب کے لیے تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔

**خدا اس کا سہرا دکھائے** (ا۔ مقولہ) بیٹے کی شادی کے لیے دعا۔

**خدا بچھڑی رات نہ کرے لڑتی رات کرے** (ا۔ مثل) اکٹھے رہیں خواہ لڑتے ہی رہیں۔

**خدا بخشے** (کلمۂ دعا) خدا گناہوں کو معاف کرے۔ دعائے مغفرت جو کسی مُردے کا ذکر کرتے وقت زبان پر لاتے ہیں۔

**خدا بھرے کو بھرتا ہے** (ا۔ مثل) جو دولتمند ہو اس کو خدا اور بھی دیتا ہے

**خدا بھوکا اٹھاتا ہے بھوکا سلاتا نہیں** (ا۔ مثل) خدا ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔

**خدا پر تکیہ** (توکل) خدا پر بھروسا۔ خدا پر سہارا۔

**خدا پر چھوڑ دینا۔ خدا پر چھوڑنا** (ا۔ محاورہ) کسی کام کو خدا کی مرضی پر چھوڑنا۔ توکل کرنا۔ خدا پر بھروسہ کر لینا

**خداپرست** (ف۔ ا۔ مذ) خدا کو پوجنے والا۔ زاہد۔ عابد۔ حق پرست۔

**خدا پناہ میں رکھے** (دعا) خدا بچائے۔

**خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد** (ف۔ مثل) سب برابر نہیں ہوتے ایک سے ایک جدا ہے۔

**خدا جھوٹ نہ بلوائے** (ا۔ مثل) کوئی غیر معمولی بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں کہ سچ کہہ رہا ہوں۔

**خدا چاہے۔** اگر خدا کو منظور ہو۔ اگر اللہ نے چاہا۔ انشاءاللہ

**خدا حافظ۔** کلمۂ دعا جو کسی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں۔ اللہ نگہبان۔

**خدا ترس** (ف۔ صف) (۱) خدا سے ڈرنے والا (۲) رحمدل۔ نرم دل۔

**خدا جانے۔** دیکھیے اللہ جانے۔

**خدا خدا کرو** (ا۔ روزمرہ) اللہ سے ڈرو۔ توبہ کرو۔

**خدا خود میر سامان است ارباب توکل را** (ف۔ مثل) اللہ توکل کرنے والوں کی خود مدد کرتا ہے۔

**خدا خدا کر کے۔** مشکل سے۔ دقت سے۔ دشواری سے۔

**خدا خدا کر کے کفر ٹوٹا** (ا۔ محاورہ) بڑی مشکل سے راضی کیا

**خدا خدا کرنا** (ا۔ محاورہ) (۱) خدا کا نام لینا۔ عبادت کرنا۔ اللہ اللہ کرنا

**خدا خیر کرے** (ا۔ دعا) خطرے کے موقع پر بولتے ہیں۔ اللہ بچائے۔ اللہ محفوظ رکھے۔

**خداداد** (ف۔ صف) خدا کی دی ہوئی۔ منجانب اللہ۔ قدرتی۔ فطرتی۔

**خدا داری چہ غم داری** (ف۔ مثل) خدا پر بھروسہ ہو تو کیا غم ہے۔

**خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے۔** (مثل) خدا جب دیتا ہے تو بے سبب بھی دے دیتا ہے۔

**خدا دے کھانے کو بلا جائے کمانے کو** (ا۔ مثل) مفت میں مل جائے تو کمانے کی کیا ضرورت ہے۔

**خدارا۔** خدا کے لیے۔ اللہ کے واسطے۔

**خدا رسیدہ** (۱) اللہ تک پہنچا ہوا۔ اللہ والا (۲) نیک۔ پرہیزگار۔ بزرگ

**خدا رکھے** (کلمۂ دعا) کسی زندہ عزیز کا ذکر کرتے وقت یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں کہ یعنی خدا اسے زندہ رکھے۔

**خداساز** (ف۔ صف) خدا کا بنایا ہوا۔

**خدا سب کی محنت سوارت کرتا ہے** (ا۔ مثل) اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اس کی محنت کا پھل دیتا ہے۔

**خدا سلامت رکھے** (ا۔ کلمۂ دعا) خدا زندہ رکھے۔

**خدا سمجھے** (ا۔ کلمۂ بددعا) خدا سزا دے۔ خدا بدلہ دے۔

**خدا سے پھرنا** (ا۔ محاورہ) خدا کو نہ ماننا۔ کافر ہونا۔

**خدا سے خیر مانگو** (کلمۂ ندا) بری بات کی پیش گوئی کی جائے تو اس وقت کہا جاتا ہے۔

**خدا سے ڈرو** (کلمۂ ندا) توبہ کرو۔ اللہ سے خوف کھاؤ۔

**خدا سے کیا پانا** (ا۔ محاورہ) بدی کا بدلا ملنا۔

**خدا سے لڑنا** (ا۔ محاورہ) اللہ کی مرضی سے مقابلہ کرنا۔ ناشکری کرنا۔

**خدا سے لو لگانا** (ا۔ محاورہ) اللہ کی یاد کرنا۔ (۲) مرنے کے قریب ہونا۔

**خدا شرے برانگیزد کہ خیرے مادراں باشد** (ف مثل) بعض اوقات ایسے واقعات پیش آتے ہیں کہ بظاہر وہ مضرت رساں نظر آتے ہیں۔ مگر ان میں بھلائی ہوتی ہے۔

**خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے** (ا۔ مثل) خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے کے مطابق دیتا ہے۔

**خداشناس** (ف۔ صف) خدا کو پہچاننے والا۔ عارف۔ نیک۔ پارسا۔

**خداطلبی** (ف۔ ا۔ مذ) خدا کو چاہنا۔ خدا کی تلاش

**خدا ظالم سے پالا نہ ڈالے** (کلمۂ دعا) اللہ ظالم سے بچائے۔

**خدا کا دیا سر پر** (ا۔ مثل) جو مصیبت اللہ کی طرف سے آئے اسے صبر شکر سے برداشت کرنا چاہیے۔

**خدا کا نام لو** (۱) اللہ اللہ کرو (۲) سچ بولو۔ انصاف کرو۔

**خدا کا غضب (قہر) ٹوٹے** (ا۔ محاورہ) مصیبت پڑے۔ آفت نازل ہو۔

**خدا کا نام لے کر** (ا۔ روزمرہ) اللہ پر بھروسہ کر کے۔ اللہ کا نام لے کر۔

**خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے** (ا۔ محاورہ) خدا کسی سے کوئی کام نہ ڈالے۔

**خدا کو سونپنا** (ا۔ محاورہ) اللہ کے حوالے کرنا۔ کسی عزیز کے سفر جانے پر عورتیں کہتی ہیں

**خدا کو کیا جواب دو گے** (ا۔ مثل) خدا سے ڈرو۔ انصاف کرو۔

**خدا کو مان** (ا۔ محاورہ) اللہ سے ڈر۔ انصاف کر۔

**خدا کی باتیں خدا ہی جانے** (ا۔ مثل) خدا کے بھیدوں کی کسی کو خبر نہیں خدا کی حکمت خدا ہی کو معلوم ہے

**خدا کی جب نہیں چوری تو بندے کی کیا چوری** (ا۔ مثل) گستاخ لوگوں کا مقولہ کہ جب گناہ کرتے وقت خدا کا خوف نہیں تو پھر بندوں سے کیوں شرم کی جائے

**خدا کی خدائی میں کیسے دخل** (ا۔ مقولہ) خدا کے کاموں میں کوئی دخل نہیں دے سکتا۔ وہ جو چاہے کرے۔



Marfat.com

خدا کی دین (ا۔ مث) ۔ اللہ کی بخشش۔ عطائے الٰہی
خدا کی سنوار (ا۔ محاورہ) خدا تجھے عقل دے (۲) خدا سمجھے۔ خدا کی مار
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی (امثل) غیب کی سزا کہہ کر نہیں آتی خدا ناگہانی سزا دیتا ہے۔
خدا کی مار (کلمۂ بد دعا) (۱) غیب کی سزا۔ خدا کا غضب (۲) خدا کی لعنت جب کسی سے تکلیف پہنچے تو عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔
خدا کے گھر سے پھرنا (ا۔ محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ سخت مہلک بیماری سے نجات پانا۔
خدا گنجے کو ناخن نہ دے (ا۔ مثل) خدا کم حوصلہ اور کمینے کو صاحب اختیار نہ کرے۔
خدا گواہ ہے۔ سچ کہتا ہوں۔
خدا لگتی کہنا۔ حق بات کہنا۔ طرفداری نہ کرنا۔ سچی بات کہنا۔
خدا مارے یا چھوڑے۔ کچھ بھی ہو۔ ہرچہ بادا باد۔
خدا مالک ہے (ا۔ مقولہ) خدا پر بھروسا ہے۔
خدا مست (ف۔ صف) خدا کی محبت میں محو۔
خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے (دعا) خدا ہر مصیبت سے بچائے۔
خدا معلوم۔ خدا جانے۔ بجانے۔ نہیں معلوم۔ مجھے پتہ نہیں (کسی معاملہ میں لاعلمی کے موقع بولتے ہیں)
خدا منہ نہ دکھائے۔ خدا صورت نہ دکھائے۔
خدا مہربان تو جگ (کل) مہربان (امثل) خدا کی عنایت ہو تو سب خیر خواہ بن جاتے ہیں۔ جدھر رب ادھر سب۔
خدا نہ کردہ۔ خدا نہ کرے (کسی امر کے واقع نہ ہونے کی خواہش ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
خدا واسطے بے سبب۔ یونہی۔ ناحق۔ بلا وجہ۔ خواہ مخواہ
خدا واسطے کا بیر (ا۔ مذ) ناحق کی دشمنی۔ بے جا عداوت۔
خدا ہی ہے (مقولہ) مشکل ہے۔ شاید ہی ہو
خدا یاد آنا (۱) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) خدا کی قدرت نظر آنا
خُدّام (خُدْ۔ دَام) [ع۔ ا۔ مذ] خادِم کی جمع۔ خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ خدمت گار۔ نوکر چاکر
خُداوَند (خُ۔ دا۔ وَنْد) [ف۔ ا۔ مذ] مالک۔ آقا۔ صاحب (خدا اور وند سے مرکب ہے۔ وند نسبت اور تشبیہ کا ہے) اللہ تعالیٰ
خداوند زادہ (ف۔ ا۔ مذ) مالک کا بیٹا۔ صاحب زادہ۔ رئیس کا بچہ۔
خداوندگار (ف۔ ا۔ مذ) مالک۔ آقا۔
خداوندِ مجازی (ف) شوہر (۲) حاکم۔ بادشاہ
خداوند نعمت (ف۔ ا۔ مذ) امیر رئیس (۲) بڑے لوگوں کو بلانے کا ایک طریقہ
خداوندی (ف۔ ا۔ مث) ملکیت۔ بادشاہت۔ خدا کی طاقت۔ مہربانی
خدایگان (خُ۔ دا۔ ا۔ گاں) [ف۔ ا۔ مذ] بڑا بادشاہ۔ بڑا آدمی۔
خدائی (خُ۔ دا۔ ای) [ف۔ ا۔ مث] (۱) خدا سے منسوب۔ خدا کا۔ (۲) شانِ عظمت خدا۔ (۳) دنیا۔ جہان
خدائی خوار (۱) دنیا بھر میں ذلیل (۲) آوارہ۔ سرگشتہ۔ ذلیل و رسوا۔ خستہ خراب

خدائی خوار گدھے سوار (امثل) خراب خستہ۔ آوارہ۔ سرگرداں
خدائی رات (ا۔ مث) رت جگا۔ کسی مراد کے پورا ہونے پر عورتیں رات بھر جاگتی ہیں اور نذر و نیاز کے لیے پکوان پکاتی ہیں۔
خدائی فوجدار (ا۔ مذ) ہر بات میں ٹانگ اڑانے والا آدمی (مذاً) زبردستی لوگوں کی اصلاح کے درپے
خدائے مجازی (خُ۔ دا۔ اے۔ م۔ جا۔ زی) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بادشاہِ وقت۔ حاکم وقت (۲) خاوند۔ شوہر
خَدَشَہ (خَد۔ شَہ) [ف۔ ا۔ مذ] ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔
خدشے میں ڈالنا (ا۔ محاورہ) خطرے میں پھنسانا۔
خَدَعْ (خَ۔ دَعْ) [ع۔ مص] فریب کرنا۔ دغا کرنا۔
خَدْکا (خَد۔ کا) [اُ۔ ا۔ مذ] دیکھیے خَتکا۔
خَدَم (خَ۔ دَم) [ع۔ ا۔ مذ] خادم کی جمع۔ نوکر چاکر۔ ملازم۔
خِدَمات (خِدْ۔ مات) [ع۔ ا۔ مث] خدمت کی جمع۔ کارگزاریاں۔
خِدْمَت (خِدْ۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ ٹہل۔ سیوا (۲) سامنے۔ پاس۔ روبرو (۳) کام کاج۔ جمع: خدمات
خدمت سے عظمت ہے (امثل) محنت کے ساتھ کام کرنے سے کامیابی ہوا کرتی ہے۔ کارگزاری سے مرتبہ ملتا ہے۔
خدمت گار۔ خدمت کرنے والا۔ نوکر چاکر۔ ٹہلوا۔ سیوک۔
خدمت گاری۔ نوکری۔ چاکری۔
خدمت گزار (ف۔ صف) خدمت ادا کرنے والا۔ کارگزار۔ محنتی۔ نوکر۔ ملازم
خدمت منصبی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) جو کام عہدہ کی وجہ سے کرنا پڑے۔ کار متعلقہ
خدمتی (خِدْ۔ مَ۔ تی) [ف۔ ا۔ مذ] خدمتگار۔ نوکر (۲) کارکن۔ کارپرداز۔ (۳) تحفہ۔ پیشکش۔ نذرانہ۔ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔
خَدَنْگ (خَ۔ دَنگ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا چھوٹا تیر (۲) ایک مضبوط درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔
خَدیجہ (خَ۔ دی۔ جہ) [ع۔ ا۔ مث] ام المومنین۔ رسول مقبولؐ کی پہلی بیوی
خِدیو (خَ۔ دیوْ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بادشاہ (۲) انیسوی صدی میں مصر کے بادشاہوں کا لقب۔ اردو میں بفتح اول مستعمل ہے۔

## خ ۔ ذ

خُذ ما صَفا وَدَع ما کَدِر (مثل) جو صاف ہے۔ وہ لے لے۔ اور جو گدلا ہے وہ چھوڑ دے۔ معقول بات اختیار کرو اور بری بات ترک کرو

## خ ۔ ر

خر (ف۔ ا۔ مذ) گدھا (۲) بے وقوف آدمی۔
خرِ بے دم (ف۔ صف) بیوقوف آدمی۔ احمق انسان۔
خرِ دجال (ف۔ ع۔ ا۔ مذ)۔ دجال کا گدھا۔ مشہور ہے کہ دجال کے گدھے



Marfat.com

پر سوار ہو کر آئے گا

**خرد ماغ** (ف ۔ ع ۔ صف) (۱) ضدی ۔ ہٹیلا (۲) مغرور ۔ متکبر ۔ بد دماغ
**خرد ماغی** (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) غرور ۔ تکبر ۔ اکڑپن ۔
**خر عیسےٰ** (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت عیسیٰؑ کی سواری کا گدھا ۔ وہ گدھا جس پر حضرت عیسےٰؑ سوار ہوتے تھے ۔
**خر عیسےٰ اگر بمکہ رود ۔ چوں بیاید ہنوز خر باشد** (ف ۔ مثل) حضرت عیسےٰ کا گدھا مکہ میں بھی ہو آئے اس کی صورت و سیرت نہیں بدلے گی ۔ نا اہل کمینے کی اصلاح نہیں ہو سکتی ۔ اگرچہ اچھی سے اچھی صحبت میں رہے
**خرمست ۔ خرمستا** (ف ۔ صف) (۱) نشۂ جوانی سے مست (۲) شہوت پرست (۳) بے وقوف ۔ احمق ۔
**خرمستی** (ا ۔ مث) بدمستی ۔ شہوت پرستی ۔ نفس پرستی (۲) گدھے کی سی کود پھاند ۔
**خرِ نامشخص** (ف ۔ ع ۔ صف) احمق ۔ بے ہودہ ۔
**خروار** (ف ۔ ا ۔ مذ) گدھے کا بوجھ ۔ بارِ خر ۔
**خراب** (خ ۔ راب) [ع ۔ صف] (۱) ویران ۔ غیر آباد ۔ اجڑا ہوا ۔ (۲) ضائع ۔ اکارت (۳) بُرا ۔ نکما (۴) مست
**خراب آباد** (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تباہی کی جگہ (۲) دنیا ۔
**خراب حال** (ع ۔ صف) بُرے حال ۔ پریشان حالی ۔ بدحال ۔
**خراب خستہ** (ع ۔ ف ۔ صف) تباہ حال ۔
**خرابات** (خ ۔ را ۔ بات) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) شراب خانہ (۲) قمار خانہ (۳) نشہ و فجور کا اڈا (۴) بت خانہ ۔
**خراباتی** (خ ۔ را ۔ با ۔ تی) (ف ۔ ـــــ ۔) (۱) شراب خوار (۲) جواری ۔
**خرابہ** (خ ۔ را ۔ بہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] ویران مکان ۔ ویرانہ ۔ وہ زمین جس میں کاشت نہ ہوتی ہو ۔ وہ فصل جو خراب ہو گئی ہو ۔
**خرابی** (خ ۔ را ۔ بی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ویرانی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ (۲) برائی ۔ نقص (۳) بگاڑ (۴) مشکل
**خرابی میں پڑنا** (ا ۔ محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہونا ۔ آفت میں پھنسنا ۔
**خرّاٹا** (خر ۔ را ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خرخر کی وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے ۔
**خراٹے بھرنا ۔ خراٹے (مارنا) لینا** (ا ۔ محاورہ) سوتے میں خرخر کی آواز نکالنا ۔
**خراج** (خ ۔ راج) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) زمین کا محصول ۔ مالگزاری (۲) وہ روپیہ جو والیِ ریاست بادشاہ کو دے ۔ باج ۔ نعل بندی ۔
**خراج گزار** (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) خراج دینے والا ۔ باج گزار (۲) ماتحت بادشاہ یا رئیس
**خراج لینا** (ا ۔ محاورہ) محصول وصول کرنا ۔
**خرّاد** (خر ۔ راد) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے ہیں اور گول بناتے ہیں ۔ اردو میں تشدید کے بغیر بھی مستعمل ہے
**خراد پر چڑھنا** (ا ۔ محاورہ) لکڑی کا خراد پر چڑھ کر ہموار اور درست ہونا ۔ (۲) انسان کا تعلیم و تربیت پا کر شائستہ ہونا ۔ منجھ جانا ۔

**خراد چڑھنا ۔ اُترنا** (ا ۔ محاورہ) (۱) درست ہونا ۔ سنورنا (۲) تجربہ کار ہونا
**خرادنا** (خ ۔ راد ۔ نا) [اُر ۔ مص] خراد پر چڑھا کر درست کرنا ۔
**خرادی** (خر ۔ را ۔ دی) [ف ۔ ا ۔ مذ] خرادنے والا ۔ خراد کا کام کرنے والا ۔
**خرادی مُرادی** ۔ خود غرض ۔ مطلبی ۔ اپنی غرض اور اپنے کھانے پینے سے مطلب رکھنے والا ۔
**خراس** (خ ۔ راس) [ف ۔ ا ۔ مذ] آٹا پیسنے کی بڑی چکی جس کو بیل یا اونٹ وغیرہ چلاتے ہیں ۔
**خراش** (خ ۔ راش) [ف ۔ ا ۔ مث و مذ] (۱) چھیلن ۔ رگڑ (۲) کھجلی ۔ (۳) زخم کی ہلکی سی لکیر
**خُرافات** (خ ۔ را ۔ فات) [ع ۔ ا ۔ مث] خرافت کی جمع ۔ بے ہودہ باتیں فضول بکواس ۔ یاوہ گوئی ۔
**خرافات بکنا** (ا ۔ محاورہ) گالی گلوچ کرنا ۔ بے ہودہ باتیں کرنا ۔
**خرافت** (ع ۔ مث) واہی تباہی ۔ بے ہودہ بات ۔
**خرافیات** (ع ۔ مث) خیالی ۔ قصے ۔ کہانیاں ۔ دیومالا ۔ علم الاصنام ۔ (Mythology)
**خِرام** (خ ۔ رام) [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ چال جو مٹک مٹک کر چلی جائے ۔ ناز و ادا کی چال ۔ مٹک چال ۔
**خرامِ ناز** (ف ۔ صف) نخرے کی چال ۔ معشوق کی چال ۔
**خراماں خراماں** (خ ۔ را ۔ ماں ، خ ۔ را ۔ ماں) [ف ۔ صف] آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ۔ ٹہلتے ہوئے ۔ ٹہلتے ٹہلتے ۔
**خرامی** (خ ۔ را ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مث] آہستہ چلنے یا ٹہلنے کا عمل ۔
**خرّانٹ** (خرُ ۔ رانٹ) [اُر ۔ صف] (۱) تجربہ کار (۲) بوڑھا آدمی ۔
**خربوزہ ۔ خربزہ** (خر ۔ بو ۔ زہ ، خر ۔ ب ۔ زہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] خر بمعنی بڑا اور بزہ بمعنی میٹھا و خوشبودار میوہ) ایک بڑا اور مشہور شیریں پھل ۔
**خربوزہ چھری پر گرے یا چھری خربوزے پر ، نقصان خربوزے ہی کا ہے** (مثل) کمزور کی ہر طرح شامت ہے ۔
**خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے** (مثل) آدمی کو دیکھ کر آدمی ڈھنگ اختیار کرتا ہے ۔ صحبت کا بڑا اثر ہے ۔
**خرجی ۔ خرجین** (خر ۔ جی ، خر ۔ جی ۔ ن) [اُر ۔ ا ۔ مث] جھولا ۔ زنبیل ۔ وہ تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری سامان کے لیے باندھتے ہیں ۔
**خرچ** [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) صرف ۔ لاگت (۲) روپیہ ۔ زر
**خرچ اٹھانا** (ا ۔ محاورہ) خرچ برداشت کرنا ۔
**خرچ اخراجات** (ا ۔ مذ) روپیہ جو خرچ کیا جائے ۔ مصارف ۔
**خرچ بالائی** (ا ۔ مذ) وہ خرچ جو عام خرچ سے زیادہ ہو ۔
**خرچ چلانا** (ا ۔ محاورہ) خرچ برداشت کرنا ۔ گزر بسر کرنا ۔
**خرچ دینا** (ا ۔ محاورہ) خرچ کے لیے روپیہ دینا ۔ (۲) مزدوری دینا ۔ روزینہ دینا
**خرچ روزمرّہ** (ا ۔ مذ) روزانہ خرچ ۔ روز کا حساب ۔
**خرچ گھٹا اور پیدا تھوڑی کس پر باندھوں گھوڑا گھوڑی** (مثل) آمدنی کم ہے اور خرچ زیادہ کیا کروں اس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی نیا خرچ برداشت کرنے کے لیے کہے ۔



Marfat.com

**خَرّاچ** (خَر۔ راچ) [اُر۔صف] فضول خرچ (اغلاط العوام)
**خَرچنگ** (خَر۔ چنگ) [ف۔ا۔مذ] کیکڑا۔ سرطان
**خَرچہ** (خَر۔ چہ) [ار۔ا۔مذ] مقدمہ کا صرف۔ لاگت۔ صرف۔
**خرچہ دلانا** (ا۔ محاورہ) از روئے انصاف مدعی یا مدعا علیہ کو اس کا صرف جو قانوناً جائز ہے دلایا جانا۔
**خَرچی** (خَر۔ چی) [اُر۔ا۔مث] زنا کی اجرت۔
**خُرخُر** (ار۔ا۔مث) (۱) بلی کی آواز جو اکثر خود بخود نکلتی رہتی ہے
**خرخرانا** (خَر۔ خَ۔ را۔ نا) (اُر۔مص) زور سے خراٹے لینا۔
**خرخشہ** (خَر۔ خَ۔ شہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) پریشانی۔ خلجان (۳) فضول بحث۔
**خُرد** (ف۔صف) (۱) چھوٹا۔ کم عمر (۲) کم قدر۔ کم جثہ
**خُردبین** (ا۔ آلہ) وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دکھاتا ہے۔
**خُردسال** (ا۔صف) کم عمر۔ کم سِن
**خُردسالی** (ا۔مث) کم عمری۔ کم سنی۔ بچپن۔ لڑکپن
**خِرَد** (خِ۔ رَد) [ف۔ا۔مث] عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔
**خِردمند** (ف۔صف) عقل والا۔ دانا۔ سمجھ دار۔ جمع خردمنداں
**خِردمندی** (ف۔ا۔مث) دانائی۔ عقلمندی۔ دانشمندی۔
**خُرداد** (خُر۔ داد) [ف۔ا۔مث] ایرانیوں کا تیسرا شمسی مہینہ جو ہندی میں اساڑھ سے ملتا ہے۔
**خَردَل** (خَر۔ دَل) [ع۔ا۔مث] رائی
**خُردہ** (خُر۔ دہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارچہ (۲) (۱) جھڑن جھٹن (۳) (۱) ریزگاری (۴) (۱) نکتہ۔ باریکی۔ عیب
**خُردہ بیں** (ف۔صف) عیب دیکھنے اور نکالنے والا
**خُردہ بینی** (ف۔ا۔مث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔
**خُردہ فروش** (ف۔صف) بساطی۔ پرچون بیچنے والا
**خُردہ فروشی** - پھٹکل بیچنا۔
**خُردہ کرنا** (ا۔ محاورہ) روپیہ بھنانا۔ روپیہ یا پیسہ تڑوانا (۲) بیچنا۔ فروخت کرنا
**خُردہ گیر** (ف۔صف) نکتہ چین۔ عیب جو۔
**خُردہ گیری** (ف۔ا۔مث) نکتہ چینی۔
**خِرس** (ف۔ا۔مذ) ریچھ۔ بھالو۔
**خُرسند** (خُر۔ سَند) [ف۔صف] خوش۔ شادماں۔ شاد۔ آنند
**خُرسندی** (ف۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔
**خُرطوم** (خُر۔ طوم) [ع۔ا۔مث] ہاتھی کی سونڈ
**خَرِف** (خَ۔ رِف) [ع۔صف] (۱) بوڑھا کھوسٹ۔ وہ بوڑھا جو پیرانہ سالی سے بدحواس ہوگیا ہو۔ (۲) مہمل۔ بے ہودہ۔
**خُرفہ** (خُر۔ فہ) [ع۔ا۔مذ] ایک بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈال لیتے ہیں سبز خرفہ کا ساگ پکاتے ہیں۔
**خَرق** [ع۔مص] (۱) پھاڑنا۔ جھوٹ بولنا۔ جمع خوارق۔
**خرقِ عادت** (ع۔ا۔مذ) (۱) عادت اور قانونِ قدرت کے خلاف انوکھی بات (۲) (کنایۃً) ولی کی کرامت۔ نبی کا معجزہ۔

**خِرقہ** (ع۔ا۔مذ) (۱) پیوند لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی۔ درویشوں کا لباس۔
**خرقہ پوش** (ع۔ف۔صف) گدڑی پہننے والا۔ درویش۔ صوفی۔
**خرقۂ سالوس** (ع۔ف۔ا۔مذ) مکاری کا لباس۔ دھوکے کا بھیس۔
**خرگاہ۔ خرگہ** (خر۔ گاہ، خر۔ گہ) [ف۔ا۔مذ] بہت بڑا خیمہ۔ سلاطین اور امراء کا خیمہ۔
**خرگوش** (خر۔ گوش) [ف۔ا۔مذ] گدھے کے سے کان والا۔ ایک تیز رفتار بلی کے برابر جانور
**خُرّم** (خُر۔ رم) [ف۔صف] (۱) خوش۔ شادمان۔ شاداب۔ سرسبز
**خُرما** (خُر۔ ما) [ف۔ا۔مذ] (۱) کھجور۔ چھوہارا (۲) کھجور کی شکل کی ایک مٹھائی۔
**خِرمن** (خِر۔ مَن) [ف۔ا۔مذ] (۱) کھلیان۔ انبار۔ غلے کا وہ ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔ (۲) چاند کا ہالہ (۳) وہ روشنی جو آفتاب کے قریب دکھائی دیتی ہے۔
**خرمنِ ہستی** (ف۔ا۔مذ) زندگی۔ حیات۔ زیست۔
**خرمُہرہ** (خَر۔ مُہ۔ رہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) سنکھ۔ ناقوس (۲) کوڑی (۳) گھونگھا
**خُرّمی** (خُر۔ رَ۔ می) [ف۔ا۔مث] خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ انبساط۔
**خروج** (خُ۔ رُوج) [ع۔ا۔مذ] (۱) نکاس۔ برآمد۔ باہر نکلنا۔ (۲) شورش۔ بغاوت۔ فتنہ
**خروج کرنا** (ا۔ محاورہ) بغاوت کرنا۔
**خروس** (خُ۔ رُوس) [ف۔ا۔مذ] مرغا
**خروسِ بے ہنگام** (ف۔ا۔صف) بے وقت بانگ دینے والا مرغ۔ (مجازاً) بکواسی۔
**خروش** (خَ۔ رُوش) (خُ۔ روش) [ف۔ا۔مذ] شور۔ غل۔
**خروشاں** (خ۔ رو۔ شاں) [ف۔ا۔صف] شور مچانے والا۔ روتا ہوا۔
**خَری** (خَ۔ ری) [ف۔ا۔مث] بے وقوفی۔ حماقت۔
**خرّیت** (ق) گدھاپن۔ حماقت۔
**خرید** (خ۔ رید) [ف۔ا۔مث] خریدی ہوئی۔ مول لی ہوئی۔
**خرید لینا** (ا۔ محاورہ) (۱) مول لینا (۲) اپنے ذمہ لینا۔
**خرید و فروخت** (ف۔ا۔مث) لین دین۔ بیع و شرا۔
**خریدار** (خ۔ ری۔ دار) [ف۔صف] (۱) مول لینے والا۔ گاہک (۲) طلب گار۔ خواہاں۔
**خریداری** (خ۔ ری۔ دا۔ ری) [ف۔ا۔مث] گاہکی۔ بکری
**خریدنا** (خَ۔ رید۔ نا) [اُر۔مص] مول لینا۔ خرید کرنا۔
**خریطہ** (خَ۔ ری۔ طہ) [ع۔ا۔مذ] تھیلی۔ کیسہ (۲) وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم جاتا ہے۔
**خریطی** (خ۔ ری۔ طی) [ار۔ا۔مث] چھوٹی تھیلی (۲) تلے دانی۔
**خریف** (خَ۔ ریف) [ع۔ا۔مث] (۱) خزاں (۲) ساونی۔ وہ فصل جس میں جوار۔ مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔

## خ۔ ز



Marfat.com

خز (ف۔ا۔مذ) ریشم۔ ریشم کا کچا سوت
خزادہ۔ خوزادہ (خَ۔زا۔دہ ۔ خوُ۔زا۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] خواجہ زادہ کا مخفف (۱) صاحب زادہ (۲) سردار زادہ۔ سردار۔
خزاں (خ۔زاں) [ف۔ا۔مث] (۱) پت جھڑ۔ فصل خریف۔ وہ موسم جس میں پتے جھڑ کر گر پڑتے ہیں۔ (۲) بے رونقی۔ زوال۔
خزاں آنا (۔محاورہ۔) (۱) خزاں کا موسم آنا (۲) بے رونق ہونا۔ زوال آنا۔ حسن نہ رہنا۔
خزاں دیدہ (رسیدہ) بے رونق۔ پرانا۔ مایوس
خزانچی (خ۔زان۔چی) [ف۔ا۔مذ] خزانہ رکھنے والا۔ تحویل دار۔ خزانے کا نگران
خزانہ (خ۔زانہ۔نہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ جگہ جہاں خزانہ جمع رہے۔ بنک (۲) ذخیرہ۔ گودام (۳) روپیہ۔ مال و دولت۔ نقدی۔
خزائن (ع۔ا۔مذ) خزانہ کی جمع۔
خزانۂ عامرہ (ع۔ا۔مذ) بھرا ہوا خزانہ۔ شاہی خزانہ
خزف (خَ۔زَف) [ع۔ا۔مث] ٹھیکری
خزینہ (خَ۔زی۔نَہ) [ف۔ا۔مذ] خزانہ۔ مخزن۔

## خ - س

خس (ف۔ا۔مث) (۱) سوکھی گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ پھوس۔ خاشاک (۲) ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو گرمی کے موسم میں ٹٹیاں بنانے کے کام آتی ہے۔ جنہیں دروازوں پر لگا کر پانی چھڑک دیتے ہیں۔
خس خانہ۔ خس کی ٹٹیوں سے گھرا ہوا مکان۔ خس کی ٹٹیوں سے بنا ہوا مکان۔
خس کم جہاں پاک (مثل) نالائق شخص کے کہیں چلے جانے یا مرنے پر کہتے ہیں۔ یعنی کوڑا اٹھا تو صفائی ہو گئی۔
خس کی ٹٹی۔ خس کی جڑوں سے بنا ہوا چھپڑ یا پردہ۔
خس و خاشاک (۱) کوڑا کرکٹ۔ خار و خس (۲) برا بھلا
خسارہ (خَ۔سا۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ زیاں
خسارہ اٹھانا۔ نقصان برداشت کرنا
خساست (خِ۔سا۔ستُ) [ع۔ا۔مث] (۱) کمینہ پن۔ کمینگی (۲) بخیلی۔ کنجوسی۔
خسانده (خ۔ساں۔دہ) [ف۔ا۔مذ] پانی بھگو کر اور نتھار کر پینے کی دوا
خِسَّت (خِس۔ست) دیکھیے خساست (۱) کنجوسی۔ (۲) کمی (۵)
خستگی (خس۔ت۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) زخمی ہونا (۲) شکستگی۔ شکستہ حالی (۳) مفلسی۔ ناداری۔ افلاس۔ تنگ دستی (۴) تھکن
خستہ (خَس۔تَہ) [ف۔صف] (۱) زخمی۔ گھائل (۲) خراب۔ بدحالی (۳) مفلس۔ نادار۔ تنگ دست (۴) بھربھرا۔ مرمرا (۵) ایک قسم کی گری جو بادام کی گری کے مشابہ ہوتی ہے۔

خستہ جگر۔ خستہ حال۔ خستہ دل۔ خستہ خاطر۔ خستہ رواں (ف صف) پریشان۔ آزردہ دل۔ دل شکستہ۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔
خُسُر (خُ۔سُر) [ف۔ا۔مذ] سُسر۔ سُسرا۔ خاوند یا بیوی کا باپ
خسر پورہ (ف۔ا۔مذ) سُسر کا بیٹا۔ جورو کا بھائی۔ سالا۔
خسران (خُس۔ران) [ع۔ا۔مذ] نقصان۔ گھاٹا۔ زیان۔
خسرو (خُس۔رُو، خس۔رو) [ف۔ا۔مذ] (۱) خوبصورت۔ خوبرو (۲) خسرو پرویز ہرمز کا بیٹا اور نوشیروان کا پوتا جو شیریں کا عاشق تھا (۳) خواجہ ابوالحسن امیر خسرو ہندی اور فارسی کے مشہور شاعر۔ جمع خسروان
خسرو انجم (ف۔مذ) ستاروں کا بادشاہ۔ کنایۃً سورج
خسروانہ (خس۔رَ۔وا۔نہَ) [ف۔صف] شاہانہ۔ بادشاہانہ۔ بادشاہی طریقے سے۔
خسروی (خس۔رَ۔وی) [ف۔ا۔صف] بادشاہی۔ خسرو سے منسوب۔
خسرہ (خس۔رَہ) [ا۔ا۔مذ] گاؤں کے کھیتوں کی فہرست۔ جس میں ہر نمبر کے مقابل کھیت کا رقبہ۔ کاشت کار کا نام۔ قسم زمین اور جنس درج کی جاتی ہے (۲) بچوں کی ایک بیماری جس میں بدن پر دانے سے نکلتے ہیں۔
خسرہ آبادی۔ گاؤں کے مکانات اور ان کے مالکوں کی فہرست۔
خسک (خَ۔سَک) [ف۔ا۔مذ] (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ (۲) ایک خاردار جھاڑی۔ (۳) گوکھرو۔ لوہے کے کانٹے جو دشمن کے راستہ میں بچھائے جاتے ہیں۔
خسوف (خُ۔سُوف) [ع۔ا۔مذ] چاند گرہن۔
خسی (ا۔مث) وہ سیون جو انگیا کی کٹوریوں کو انگیا کی آستینوں سے جوڑتی ہے۔
خسیر (خَ۔سیر) [ف۔صف] نقصان اٹھانے والا۔ دیوالیہ
خسیس (خَ۔سیس) [ع۔صف] (۱) کمینہ۔ (۲) بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ نالائق۔

## خ - ش

خشت (خِش۔ت) [ف۔ا۔مث] اینٹ
خشت اندازی (باری) [ف۔ا۔مث] اینٹیں مارنا۔ روڑے اور پتھر پھینکنا۔
خشت پز (ف۔مذ) اینٹیں پکانے والا۔
خشتک (خِش۔تک) [ف۔ا۔مث] (۱) چھوٹی اینٹ۔ چوبغلا۔ میانی۔ چڑیا۔ سنگھاڑا (۳) گھٹنے کی چپنی
خشخاش۔ (خشخش) (خش۔خاش) (خش۔خش) [ف۔ا۔مث] (۱) پوست کے دانے۔ تخم افیون۔ (۲) چاول کا آٹھواں حصّہ۔
خشخاش کے دانے کے برابر (ا۔مذ) بہت تھوڑا۔ بہت چھوٹا۔ کچھ بھی نہیں۔
خشک [ف۔صف] (۱) سوکھا۔ بلا پانی (۲) روکھا۔ کج اخلاق۔



Marfat.com

(۳) رُوکھا۔ پھیکا۔ بے لطف۔ بے مزہ (۴) صرف۔ محض (۵) بغیر بارش کے
(۶) بے سمجھ۔ بے مغز (۷) تشنہ (۸) بلا سالن۔ بلا روٹی۔

**خشک دماغ۔ خشک مغز** (ف۔ صف) (۱) بے مروت (۲) کوڑ مغز
(۳) دیوانوں کی سی طبیعت والا۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مجنون۔ سودائی۔

**خشک سالی** (۱) قحط۔ کال (۲) سوکھا۔ بارش کا نہ ہونا۔

**خشک لب** (ف۔ صف) پیاسا۔

**خشک و تر** (ف۔ صف) بُرا بھلا۔ خوب و زشت۔ مجازاً تمام دنیا

**خشک ہونا** (محاورہ) (۱) سُوکھنا۔ مرجھانا (۲) بغیر دودھ کے ہونا۔ دودھ سے بند ہو جانا (۳) بارش نہ ہونا۔ (۵) رُوکھا ہونا۔

**خُشکہ** (خُش۔ کہ) [ف۔ ا۔ مذ] پھیکے اُبلے ہوئے چاول۔ سُوکھا آٹا جو روٹی پکانے میں پیڑے کو لگاتے ہیں۔ پلیتھن۔

**خشکہ کھاؤ** (ا۔ محاورہ) جب کوئی بے جا خواہش کرے تو کہتے ہیں خشکہ کھاؤ یعنی جاؤ رخصت ہو۔

**خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ** (ا۔ مثل) اپنا راستہ لو۔ چلو ہٹو۔ (۲) خود کماؤ خود کھاؤ۔ بے محل بات کا جواب۔

**خُشکی** (خُش۔ کی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) سُوکھا پن۔ نمی نہ ہونا (۲) یبوست (۳) رُوکھا پن (۴) کال قحط (۵) خشک زمین (۶) وہ میل کچیل جو پوست سے سر میں پیدا ہو جاتا ہے (۷) [صف] خشک مزاج۔ رُوکھا۔

**خَشم** (ف۔ ا۔ مذ) غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔ غضب۔ طیش۔ عتاب

**خشم آلود۔ خشم ناک۔ آگین** (ف۔ صف) خشمگین۔ خشمناک۔ غصہ سے بھرا ہوا۔ غضب ناک

**خُشُوع** (خُ۔ شُوع) [ع۔ ا۔ مذ] عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔

**خُشُونت** (خُ۔ شُو۔ نت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سختی۔ درشتی۔ تلخی (۲) دشمنی۔ عداوت (۳) نفرت۔ کراہت۔ (۴) غصہ۔

**خَشِیّت** (خَ۔ شِی۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] ڈر۔ خوف۔

# خ ص

**خِصال** (خِ۔ صال) [ع۔ ا۔ مث] خصلت کی جمع۔ عادتیں۔

**خَصائِص** (خَ۔ صا۔ ئِص) [ع۔ ا۔ مذ] خاصیت کی جمع۔ خاصیتیں۔ عادات۔

**خَصائِل** (خَ۔ صا۔ ئِل) [ع۔ ا۔ مذ] خصلت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں۔

**خَصلت** (خص۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] خو۔ عادت (۲) سیرت۔ مزاج

**خَصم** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) دشمن۔ مخالف۔ بیری۔ مالک۔ آقا (۳) (اُردو) خاوند

**خصم پیٹی۔ خصم روئی۔ خصم موئی** (ا۔ مث) (۱) رانڈ۔ بیوہ (۲) ایک قسم کا کوسنا ہے کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے۔

**خصم جورو کی لڑائی کسی کو نہ بھائی** (امثل) میاں بیوی کی لڑائی سب کو ناپسند ہے

**خصم سے چھوٹے تو یاروں کے جائے** (ا۔ مثل) بدچلن عورت کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**خصم کا کھائیں بھائی کا گائیں** (ا۔ مثل) فائدہ کسی سے اُٹھانا اور تعریف کسی اور کی کرنا۔

**خصم کرنا** (ا۔ محاورہ) خاوند کر لینا۔ اپنا بیاہ کر لینا۔

**خصم کیا بُرا کیا، کرکے چھوڑ دیا اس سے بھی بُرا کیا** (ا۔ مثل) عیب ہر ایک بُرا ہے۔ اس سے بچنا چاہیئے۔

**خصم مار کر ستی ہوئی** (مثل) دغا کرنے کے بعد میں ظاہری افسوس کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ عورتوں کے مکر و فریب کے متعلق کہتے ہیں۔

**خصموں جلی** (ا۔ صف) وہ عورت جس نے خاوند کا سُکھ نہ دیکھا ہو۔ مصیبت کی ماری۔ شوہر سے نالاں۔

**خصوص** (خُ۔ صُوص) [ع۔ ا۔ مذ] خاص کام۔ نرالا پن۔ خصوصیت۔

**خصوصاً** (خ۔ صُو۔ صَن) [ع] خاص کر۔ علی الخصوص۔

**خصوصیت** (خُ۔ صو۔ صی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] خاص بات۔ خاص خوبی (۲) ذاتی تعلق۔ جمع خصائص۔ خصوصیات۔

**خصوم** (ع۔ مذ) خصم کی جمع۔ دشمن۔

**خصومات** (خُ۔ صُو۔ مات) [ع۔ ا۔ مث] خصومت کی جمع (۱) دشمنیاں عداوتیں (۲) جھگڑے۔

**خُصُومَت** (خُ۔ صُو۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] عداوت۔ دُشمنی (۲) جھگڑا۔

**خَصّی** (خَ۔ صی۔ خص۔ صی) [ع۔ صف] وہ جانور جس کے فوطے نکال دیے گئے ہوں۔ آختہ (۲) نامرد۔ نخنہ۔ ہیجڑا۔ مخنث (۳) وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں۔ اردو میں بتشدید صاد مستعمل ہے۔

**خصی پرنالا** (ا۔ مذ) وہ پرنالہ جو دیوار کے اندر ہو۔ بازاری عورت کی شرمگاہ۔

**خصی کرنا۔** جانور کے فوطوں کو کچل دینا یا نکال دینا (۲) درخت کا چھانٹنا (ق)

**خصیم** (ع۔ ف) جھگڑالو۔ لڑاکا (۲) حریف۔ دُشمن۔

**خُصیَہ** (خُص۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مذ] فوطہ۔ خایہ۔ بیضہ۔

**خُصیہ بردار** (ع۔ ف۔ صف) خوشامدی۔ چاپلوس۔

**خُصیہ سہلانا۔** خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

# خ ض

**خِضاب** (خ۔ ضاب) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) کوئی تیل یا سفوف جو بالوں کو سیاہ کرے۔ سفید بالوں کو سیاہ کرنے کی دوا۔

**خضاب (کرنا) لگانا** (ا۔ محاورہ) بال سیاہ کرنا۔ وسمہ لگانا۔

**خِضر۔ خَضِر** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) روایتاً ایک پیغمبر جن کی نسبت مشہور ہے کہ انہوں نے آبِ حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ (۲) رہنما۔ رہبر (۳) سبز ہونا۔

**خضرِ راہ** (ع۔ ا۔ مذ) رہبر۔ رہنما۔

**خضر صورت** (ع۔ صف) سفید اور دراز ریش۔

**خضر ملے** (ا۔ مقولہ) رہنما مل گیا۔ مراد حاصل ہوئی کام بن گیا۔

**خِضری** (خض۔ ری) [ف۔ صف] خضر سے منسوب۔ بڑی عمر



Marfat.com

خضوع (خ ضُوع) [ع ۔ ا ۔ مذ] عاجزی ۔ گڑگڑانا ۔

خضیب (ع ۔ ف) خضاب شدہ ۔ رنگین ۔

## خ ۔ ط

خط (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) نوشتہ ۔ تحریر (۲) لکیر ۔ نشان (۳) نامہ ۔ مکتوب (۴) بال ۔ سبزہ جو مرد کے چہرہ پر آتا ہے (۵) ہاتھ کا لکھا ۔ انداز تحریر ۔ سواد تحریر (۶) حجامت (۷) اصلاح (۸) لکیر ۔ لائن ۔ جمع خطوط ۔

خطِ آزادی (ع ۔ ا ۔ ف ۔ مذ) وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھا جائے ۔ آزادی کی سند ۔

خط آنا (ا ۔ محاورہ) (۱) رخساروں پر داڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا (۲) چٹھی آنا ۔

خطِ استوا (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ فرضی لکیر جو زمین کے گرد قطبین کے درمیان تسلیم کی جاتی ہے یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے ۔ جب سورج اس خط پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں ۔

خطِ اُفق (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) ایک فرضی دائرہ جو قطبین میں سے گزرتا ہے

خط امان (ع ۔ ا ۔ مذ) پروانۂ راہداری (۲) حفاظت کا حکم ۔

خط بڑھ جانا (ا ۔ محاورہ) رخساروں کے بالوں کا معمول سے زیادہ بڑا ہو جانا

خط بگڑنا (ا ۔ محاورہ) بدخط لکھنے لگنا ۔ تحریر کا بگڑنا ۔

خط بنانا (ا ۔ محاورہ) حجامت بنانا ۔ رخساروں کے بال مونڈنا (۲) خوشخطی کی مشق کرنا ۔ خط درست کرنا ۔

خطِ بندگی (ا ۔ ف ۔ مذ) غلامی کی تحریر ۔

خطِ پرکار (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ خط جو پرکار سے کھینچا جائے ۔ دائرے کا ایک حصہ ۔ دائرہ ۔

خطِ پیشانی ۔ خطِ جبیں ۔ خطِ سرنوشت (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تقدیر ۔ تقدیر کا لکھا ۔ نوشتۂ تقدیر ۔

خط تراش (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) حجام ۔ نائی ۔ مُوتراش

خطِ تقدیر (ع ۔ ا ۔ مذ) تقدیر کا نوشتہ ۔ قسمت کا لکھا ۔

خطِ تیغ (ع ۔ ا ۔ مذ) تلوار کا زخم

خطِ جام ۔ جامِ جم (ف ۔ ا ۔ مذ) جامِ جمشید کے پیالے کی سات لکیریں ۔ (۱) خطِ جور (۲) خطِ بغداد (۳) خطِ بصرہ (۴) خطِ ازرق (۵) خطِ اشک (۶) خطِ کاسہ گر (۷) خط فرودینہ

خطِ جدی (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ خط جو خطِ استوا سے ½ ۲۳ درجے جنوب کی طرف واقع ہے ۔ جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا رات بڑی ہو جاتی ہے اور وہاں سردی زیادہ پڑنے لگتی ہے

خطِ جلی (ع ۔ ا ۔ مذ) موٹی تحریر ۔ روشن تحریر ۔ موٹے حروف

خطِ چلیپا ۔ صلیب نما خط ۔ جمع کے نشان جیسا +

خطِ حصار (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ دائرہ جو عامل لوگ اپنے گرد کھینچ لیتے ہیں

خطِ خوانا ۔ وہ تحریر جو آسانی سے پڑھی جا سکے ۔

خطِ خفی (ع ۔ ا ۔ مذ) باریک تحریر ۔

خطِ ریحان (گلزار) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ جلی خط جس کے موٹے حروف میں نقش و نگار بنے ہوتے ہیں ۔

خطِ سرطان ۔ وہ خط جو خطِ استوا سے ½ ۲۳ درجہ شمال کی طرف واقع ہے ۔ جب آفتاب ادھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی ہو جاتی ہے ۔

خطِ سُرمہ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سرمہ کی لکیر جو آنکھوں میں بن جاتی ہے ۔

خطِ شعاع (شعاعی) سورج کی کرنیں ۔

خطِ شکستہ (ع ۔ ا ۔ ف ۔ مذ) ایک قسم کا خط جو نستعلیق کے برخلاف گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے اور جس کے حرف شکستہ ہوتے ہیں ۔

خطِ عمود (خطِ عمودی) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سیدھی لکیر جو دوسری سیدھی لکیر کے ساتھ زاویہ قائمہ بنائے ۔

خطِ غبار (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) نستعلیق تحریر کا ایک انداز جس میں جلی حروف کے درمیان باریک باریک نقطے لگائے جاتے ہیں ۔

خط کش (ف ۔ ا ۔ ع ۔ مذ) وہ لکڑی یا پیمانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں ۔ مسطر (۲) کاتب

خط کشیدہ (ع ۔ ف ۔ صف) وہ الفاظ جس کے اوپر یا نیچے لکیر کھینچ دی گئی ہو

خط کھینچنا (ا ۔ محاورہ) لکیر کھینچنا ۔ قلمزد کرنا (۲) نشان کرنے کے لیے لکیر کھینچنا ۔

خط کی پیشانی (ا ۔ مث) وہ جگہ جو خط کے اوپر خالی چھوڑ دی جاتی ہے ۔

خطِ متارکۂ جنگ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جنگ بندی کی حد ۔

خطِ متوازی (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ دو خط کہ انہیں جہاں تک چاہیں سیدھا کھینچے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں ۔

خطِ محور (ع ۔ ا ۔ مذ) زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے اور زمین اس کے گرد چکر کاٹتی ہے ۔

خطِ مستقیم (ا ۔ ع ۔ مذ) سیدھی لکیر ۔ دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط ۔

خطِ منحنی (ع ۔ ا ۔ مذ) ٹیڑھی لکیر

خطِ میخ (میخی) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ خط جس میں اہل بابل کے خط اور کتبے لکھے جاتے تھے ۔ یہ تکونے قلم سے لکھا جاتا تھا ۔

خطِ نستعلیق (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا جس میں حروف کے دائرے گول اور خوبصورت ہوتے ہیں ۔

خطِ نسخ (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک عربی خط کا نام ۔

خطِ نصف النہار (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک فرضی خط جو زمین پر سے گزر کر قطبین کو ملاتا ہے ۔ خطِ استوا پر ان لکیروں کا درمیانی فاصلہ ۶۹ میل کا ہوتا ہے

خط نکلنا (ا ۔ محاورہ) رخساروں پر سبزہ کا آغاز ہونا ۔

خط و کتابت (ع ۔ ا ۔ مث) مراسلت ۔ چٹھیاں جو ایک دوسرے کو لکھی جاتی ہیں ۔

خطا (خ ۔ طا) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) قصور ۔ گناہ ۔ جرم ۔ تقصیر (۲) غلطی ۔ سہو بھول ۔ چوک (۳) چین کا ایک شہر جو مشک کے لیے مشہور ہے ۔

خطا گر راست آید تا ہم خطا است (ف ۔ مقولہ) بے جا کام کرنے سے



Marfat.com

اگر کوئی فائدہ بھی ہوتا ہو تو نہیں کرنا چاہیے۔

**خطاکار۔ خطاگر۔ خطاوار** (ع۔ف۔صف) قصوروار۔ تقصیروار۔ گنہگار۔ مجرم۔

**خطا کرے بیوی پکڑی جاوے باندی** (امثل) امیر قصور کرے غریب کو سزا ملے۔

**خطاوار** (ع۔ا۔مذ) گنہگار۔ مجرم۔

**خطا ہونا** (۱۔ محاورہ) (۱) بھول جانا۔ غلطی ہونا۔ قصور ہونا (۲) بے ارادہ نکل جانا۔ جیسے پیشاب خطا ہونا۔ چوک جانا جیسے نشانہ خطا ہوتا

**خطائے بزرگاں گرفتن خطااست** (مثل) بزرگوں پر اعتراض کرنا بڑی بے ادبی ہے۔

**خطاب** (خ۔طاب) [ع۔ا۔مذ] گفتگو۔ کلام۔ بات چیت (۲) کسی کی طرف مخاطب ہونا (۳) سرکار یا بادشاہ کی طرف سے اعزازی نام۔ (۴) تعریف کے طور پر اچھا نام (۵) طنزاً بُرا نام۔ جمع خطابات۔

**خطابت** (خ۔طا۔بت) [ع۔ا۔مث] خطبہ پڑھنا۔ وعظ کرنا۔ تقریر کرنا تقریر۔

**خطابی** (خ۔طا۔بی) [ع۔ا۔مث] زبانی بات چیت۔

**خطاط** (خط۔طاط) [ع۔صف] خوش نویس۔ کاتب

**خطاطی** (خط۔طا۔طی) [ع۔ا۔مث] خوش نویسی کا فن یا پیشہ۔ کتابت

**خطائی** (ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی۔

**خطبہ** (خُط۔بہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ وعظ و نصیحت جو نماز جمعہ و عیدین میں سنائی جاتے (۲) تقریر۔ ایڈریس (۳) کتاب کا دیباچہ۔ جمع خطبات۔

**خطبہ (پڑھنا) دینا** (۱) مجمع کے سامنے تقریر کرنا۔ وعظ و نصیحت کی تقریر کرنا۔ (۲) بادشاہ نام خطبے میں داخل ہونا۔

**خطر۔ خطرہ** (خ۔طر) (خط۔رہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر (۲) دشواری۔ آفت۔

**خطف** (ع۔صف) بجلی کا ایک مرتبہ چمکنا جس سے آنکھیں چندھیا جائیں

**خطرناک** (ع۔ف۔صف) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ جس سے نقصان کا ڈر ہو۔

**خطرہ ٹل جانا** (۱) اندیشہ دور ہو جانا۔

**خطرے میں ڈالنا (پڑنا)** جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا۔

**خطمی** (خط۔می) [ع۔ا۔مث] گل خیرو

**خطوط** (خ۔طوط) [ع۔ا۔مذ] خط کی جمع۔ متعدد خط (۲) لکیریں۔

**خطوط وحدانی۔ ہلالی** (ع۔ا۔مذ) دو نصف دائرے جن کے اندر کچھ لکھا جائے۔ ہلالین۔ قوسین۔ بریکٹ

**خطہ** (خط۔طہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) زمین کا گھرا ہوا حصہ۔ ملک کا خطہ۔ (۲) ملک۔ سرزمین۔

**خطی** (خط۔طی) [ع۔صف] (۱) خط کی طرف منسوب (۲) سیدھا (۳) ایک قسم کا نیزہ۔

**خطیب** (خ۔طیب) [ع۔صف] خطبہ پڑھنے والا۔ وعظ سنانے والا لیکچر دینے والا۔ مقرر۔

**خطیر** (خ۔طیر) [ع۔صف] بڑا۔ کثیر۔ بہت۔

# خ۔ف

**خِفّ** (ع۔صف) ہلکا۔

**خُفّ** (ع۔ا۔مذ) پاؤں کا تلوہ۔ جوتا۔ موزہ۔ جراب

**خِفا** (خِ۔فا) [ع۔ا۔مث] پوشیدگی۔ راز۔ پوشیدہ ہونا۔

**خَفا** (خَ۔فا) [ف۔ا۔مذ وصف] (۱) ناراض۔ ناخوش۔ برہم۔

**خُفّاش** (خُف۔فاش) [ع۔ا۔مذ] چمگادڑ۔

**خِفّت** (خِف۔فَت) [ع۔ا۔مث] سبکی۔ ہلکا پن۔ خجالت۔ شرمساری۔ ندامت

**خفتان** (خف۔تان) [ع۔ا۔مذ و مث] ایک قسم کا کرتا جو زرہ کے اندر پہنا جاتا ہے۔

**خفتہ** (خُف۔تہ) [ف۔صف] سویا ہوا۔ خوابیدہ۔ جمع خفتگان۔

**خفتہ بخت** (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

**خفتہ را خفتہ کے کند بیدار** (ف۔مثل) سوئے ہوئے کو سویا ہوا کب جگا سکتا ہے۔ غافل، غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا۔

**خَفَقان۔ خفقان** (خَ۔فَ۔قان) (خف۔قان) [ع۔ا۔مذ] (۱) دل کا دھڑکنا۔ ایک بیماری کا نام جس میں دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے (۲) جنون۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ مالیخولیا۔

**خفقانی** (خ۔ف۔قا۔نی) [ع۔صف] خفقان میں مبتلا۔ مجنون۔ گھبرایا ہوا۔ وحشت زدہ۔

**خفگی** (خَ۔فَ۔گی) [ف۔ا۔مث]۔ ناراضی۔ ناراضگی۔ غصہ

**خفہ** (ف۔صف) گلہ گھونٹا ہوا۔ نیز۔ دیکھیے خفا۔ جو اسی کی ایک شکل ہے

**خفی** (خ۔فی) [ع۔صف] پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مخفی (۲) باریک۔ مہین

**خفیف** (خ۔فیف) [ع۔صف] (۱) ہلکا پھلکا (۲) اوچھا۔ کم ظرف (۳) ذلیل۔ رسوا (۴) کم۔ تھوڑا (۵) شرمندہ۔ نادم (۱۔مث) عروض میں ایک بحر جس کے ارکان فاعلاتن۔ مستفعلن فاعلاتن ہیں۔

**خفیف ہونا** (۱) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

**خفیفہ** (خَ۔فی۔فہ) [ع۔صف] چھوٹی۔

**خفیفہ عدالت** (ع۔ا۔صف) چھوٹی عدالت۔ وہ عدالت جس میں دیوانی کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔

**خُفیہ** (خُف۔یہ) [ع۔صف] پوشیدہ۔ در پردہ۔ چھپا ہوا۔

**خفیہ پولیس** (ع۔ا۔مذ) وہ محکمہ سراغرسانی جس کا کام در پردہ خبر لگانا ہے۔ سی۔ آئی۔ ڈی۔

**خفیہ راز** (ع۔ف۔ا۔مذ) پوشیدہ خبر۔ راز کی بات۔

**خفیہ کارروائی کرنا** (ع۔ا۔مث) چھپ چھپ کر کام کرنا۔

**خفیہ نویس۔ خفیہ نگار** (ع۔ف۔صف) جاسوس۔ مخبر۔ پوشیدہ خبر دینے والا۔



Marfat.com

# خ - ل

خَلَا (خَ-لا) [ع-ا-مذ] (۱) خالی جگہ (۲) زمین سے اوپر کا وہ خِطّہ جہاں زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا (انگ) (Space Vacom) (۳) خلوت (۴) پاخانہ۔

خلا باز (ع-ف-صف) خلا میں سفر کرنے والا۔ ہوا کا وہ خطہ جہاں کشش ثقل اثر انداز نہیں ہوتی۔

خلاص (خ-لا-ص) [ع-ا-مذ] رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ خلاصی۔ نجات۔

خلاص کرنا (مص۔مرکب) رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔

خلاص ہونا (ع-ا-مذ) آزاد ہونا۔ ختم ہونا (۲) بچہ جننا (۳) انزال ہونا

خلاصہ (خ-لا-صہ) [ع-ا-مذ] (صف) (۱) پاک۔ صاف (۲) کسی چیز کا بہترین حصہ۔ نچوڑ۔ جوہر۔ (۳) چیدہ۔ چُنا ہوا (۴) مختصر مجمل (۵) [اُمر] لب لباب۔ جمع۔ خلاصہ جات۔

خلاصہ کرنا (ا-محاورہ) واضح کرنا۔ صاف صاف کہنا۔

خلاصۂ کلام (ع-ا-مذ) مختصر بات۔ حاصل کلام۔

خلاصہ یہ ہے (۱) اصل مطلب یہ ہے۔ حاصل کلام یہ ہے۔ مختصر یہ ہے

خلاصی (خ-لا-صی) [ف-ا-مذ] رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ (۲) (ا-مذ) خیمہ استادہ کرنے والا ملازم (۳) توپ خانہ یا جہاز کے کارندے۔ مزدور۔ قلی۔ جمع: ۲، ۳ خلاصیاں۔

خلاصی پانا (ا-محاورہ) چھٹکارا پانا۔ رہائی ہونا۔ نجات پانا

خِلاف (خِ-لاف) [ع-صف] (۱) اُلٹا۔ مخالف۔ ناسازگار۔ ناموافق (۲) جھوٹ (۳) اختلاف (۴) مخالف۔ دشمن۔

خلافِ آئین (ع-ف-ا-صف) ملک کے بنیادی قانون کی کسی دفعہ سے انحراف۔ آئین کے برعکس۔

خلاف بیانی (ع-ف-ا-مث) جھوٹ۔ دروغ گوئی۔ غلط بیانی۔ دروغ حلفی

خلاف دستور (ع-ف-صف) رواج یا معمول کے برعکس۔

خلاف شرع (ع-صف) قانون محمدی کے خلاف۔ شریعت کے برعکس

خلاف طبع (مزاج) (ع-صف) طبیعت کے خلاف۔ مزاج کے خلاف

خلاف عقل (ع-صف) خلاف قیاس۔ بعید از عقل۔ عقل کے خلاف

خلافِ قانون ہونا (ا-محاورہ) حکومت کی طرف سے کسی جماعت، گروہ یا کتاب کو ناجائز قرار دیا جانا۔

خلاف کہنا (ا-محاورہ) مخالفت کی بات کہنا (۲) طبیعت کے خلاف کہنا

خلاف ورزی (ع-ف-ا-مث) بہ خلاف کام کرنا۔ توڑنا۔ مخالفت۔

خلاف وضع (ع-صف) طریقے اور عادت کے برعکس۔

خلاف وضع فطری (ع-صف) اغلام۔ بدفعلی۔ لونڈے بازی۔

خلاف ہونا (ا-محاورہ) مخالفت کرنا۔ دشمن ہو جانا۔

خلافت (خ-لا-فت) [ع-ا-مث] (۱) نیابت اپنی یا بادشاہ کی۔ خلیفہ کا عہدہ (۳) اللہ والے کی جانشینی۔

خلافت راشدہ (ع-ا-مث) سچی خلافت (۲) رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ حضرت عمر فاروقؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علیؓ کا دورِ حکومت۔

خَلّاق (خَل-لاق) [ع-صف] بہت پیدا کرنے والا (مبالغہ کا صیغہ) (۲) اللہ تعالٰی کا صفاتی نام۔

خلال (خِ-لال) [ع-ا-مث-مذ] دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ یا فرق (۲) دانت کریدنے کا آلہ یا تنکا۔ (۳) شطرنج یا تاش کی بازی میں مات یا شکست۔

خلال کرنا (ا-محاورہ) (۱) دانت کریدنا (۲) مات یا شکست دینا۔

خلائق (خ-لا-ئق) [ع-ا-مث] خلق کی جمع۔ مخلوقات۔ آفرینش لوگ۔

خُلّت (خُل-لت) [ع-ا-مث] بے حد دوستی۔ محبت (۲) دوست (۳) سبز خوراک۔

خلجان (خل-جان) [ع-ا-مذ] (۱) تردد۔ فکر۔ اندیشہ (۲) چبھن۔ خلش۔

خلخال (خل-خال) [ع-ا-مث] پازیب۔ پائل۔

خلخل۔ خلخلا (خل-خَل) (خل-خ-لا) [ا-صف] ڈھیلا۔ ڈھالا۔

خلخول (خَل-خول) [ا-صف] ڈھیلا۔ ڈھالا۔

خُلد [ع-ا-مذ] بہشت جنت۔ فردوس۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔

خلد آشیاں۔ خلد مکاں [ع-صف] بہشت میں سکونت رکھنے والا۔ تعظیماً بڑے بڑے متوفی لوگوں کے متعلق کہتے ہیں۔

خلد بریں (ع-ا-مذ) فردوس اعلیٰ جنت کا سب سے اونچا طبقہ

خلد مکانی (ع-صف) دیکھیے خلد آشیاں۔

خلش (خ-لش) [ف-ا-مث] (۱) چبھن۔ کھٹک (۲) جھگڑا۔ مناقشہ۔ مخاصمت (۳) رنجش۔ بغض

خَلط (ع-ا-مذ) آمیزش۔ ملاوٹ۔

خلط مبحث (ع-ا-مذ) گفتگو کے درمیان غیر متعلق بات لے آنا۔

خلط ملط (ع-صف) خلا ملا۔ میل جول (۲) گڈمڈ۔ درہم برہم۔

خِلط (ع-ا-مذ) (۱) آمیزش۔ ملی ہوئی چیز (۲) جسم کی چار خلطیں۔ صفرا، سودا۔ خون۔ بلغم۔

خَلطہ (خَل-طہ) (ا-ا-مذ) لمبا کرتا۔ پیراہن۔

خَلطَہ (خَل-طہ) [ع-ا-مذ] (۱) میل جول۔ ربط و ضبط۔ حصہ داری۔

خُلع (خُ-لع) [ع-ا-مذ] عورت کا مہر معاف یا معاوضہ ادا کرکے طلاق لے لینا۔

خِلعت (خِل-عت) [ع-ا-مذ] (۱) وہ پوشاک جو بادشاہ یا امرا کی طرف سے بطور عزت افزائی ملے۔ (۲) وہ نشان جو استاد اصلاح دیتے وقت عمدہ حرف پر لگا دیتے ہیں۔ (۳) تحفہ۔ عطیہ تحسین۔ آفریں۔

خلعت فاخرہ (ف-ا-صف) خلعت جو باعث فخر ہو۔

خَلف (خَ-لف) [ع-ا-مذ] پیچھے آنے والا (۲) جانشین۔ وارث۔ (۳) نیک لڑکا۔ سعادت مند بیٹا۔

خلفُ الرّشید۔ خلفُ الصّدق (ع-ا-مذ) فرمانبردار بیٹا۔ سچا جانشین

خُلفاء (خُ-لَ-فاء) [ع-ا-مذ] خلیفہ کی جمع۔ مسلمانوں کے بادشاہ۔ امیر المومنین۔



Marfat.com

**خُلفائے راشدینؓ**۔ ہدایت پانے والے خلیفے۔ رسول اللہؐ کے چار خلیفے حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔

**خلفشار** (ع۔ا۔مذ) گڑبڑ۔ کھلبلی۔

**خَلْق** [ع۔ا۔مذ] خلقت۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق آفرینش۔ جمع: خلائق

**خلق کا حلق کس نے بند کیا ہے** (ا۔مثل) لوگوں کی باتوں کو کوئی نہیں روک سکتا۔

**خُلْق** (ع۔ا۔مذ) خُو۔ عادت۔ خصلت۔ جمع: اخلاق۔ خوش مزاجی

**خلقِ محمدی**۔ حضرت محمد سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق۔ بے مثل اخلاق

**خِلْقت** (خِل۔قَت) [ع۔ا۔مذ] فطرت۔ پیدائش۔ سرشت۔ ضمیر

**خَلْقَت** (ع۔ا۔مذ) مخلوق۔ لوگ۔

**خَلْقی** (ع۔صف) پیدائشی۔ قدرتی۔ فطرتی۔

**خلل** (خَ۔لَل) [ع۔ا۔مذ] (۱) رخنہ۔ سوراخ۔ درز۔ دراز۔ (۲) خرابی۔ بگاڑ۔ فتور۔ ضرر۔ نقصان۔

**خلل آنا، پڑنا** (ا۔محاورہ) خرابی پیدا ہونا۔

**خلل انداز** (ع۔صف) (۱) خلل ڈالنے والا۔ رخنہ انداز (۲) بے جا مداخلت کرنے والا۔ مزاحم۔

**خللِ دماغ** (ع۔ا۔مذ) دماغ کی خرابی۔ سودا۔ مالیخولیا۔ دیوانگی

**خلو** (خُ۔لُو) [ع۔ا۔مذ] خالی ہونا (۲) خلا۔ جوف۔

**خلوئے معدہ** (ع۔ا۔مذ) پیٹ کا خالی ہونا۔

**خَلوت** (خَل۔وَت) [ع۔ا۔مث] تنہائی۔ علیٰحدگی۔ گوشہ نشینی (۲) خالی جگہ۔ تنہائی کی جگہ (۳) سونے کا کمرہ۔ خواب گاہ۔

**خلوت پسند** (ع۔صف) تنہائی چاہنے والا۔ گوشہ نشین۔

**خلوت خانہ، خلوت کدہ، خلوت سرا، خلوت گاہ** (ع۔ا۔مذ) تنہائی کی جگہ۔ علیٰحدگی کا مقام۔

**خلوتِ صحیحہ** (ا۔مث) بیوی خاوند کا ہم بستری کے لیے تنہا ہونا۔ جائز جنسی تعلقات۔

**خَلوت گزیں، خلوت نشین** (ع۔ف۔مث) تنہائی میں بیٹھنے والا۔ اکیلا رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

**خَلوت وجلوت میں**۔ خفیہ یا اعلانیہ

**خَلوت ہونا** (ا۔صف) اکیلا ہونا۔ تنہائی ہونا۔

**خَلوتی** (خَل۔وَتی) (ع۔صف) (۱) اکیلا رہنے والا۔ تنہا۔ (۲) گوشہ نشین راہب (۳) رازدار۔ دوست۔ جمع: خلوتیاں۔

**خلود** (خُ۔لُود) [ع۔ا۔مذ] ہمیشگی۔ دوام۔

**خلوص** (خُ۔لُوص) [ع۔ا۔مذ] (۱) پاک صاف ہونا (۲) اخلاص بے ریائی۔ سچی دوستی۔

**خلوصِ قلب** (ع۔ا۔مذ) سچے دل سے۔

**خلوصِ نیت** (ع۔ا۔مث) نیک نیتی۔ خالص نیت۔

**خلیا ساس** (خَل۔یا۔سَاس) [اُر۔ا۔مث] ساس کی بہن۔

**خلیا ساس کن سا سوں میں، کودوں کا بھات کن بھاتوں میں**۔ (مثل) خلیا ساس کوئی رشتہ نہیں۔ اور کودوں کا بھات فضول کھانا ہے۔ دور کے رشتوں کے متعلق کہتے ہیں۔

**خَلیتا** (خَ۔لی۔تا) [ار۔ا۔مذ] (عربی خریطہ کا بگڑا ہوا) (۱) تھیلا۔ تھیلی۔ (۲) لمبا کرتا۔

**خلیتی**۔ (خ۔ا۔مث) چھوٹی تھیلی۔ بقچی۔ جس میں سوئی دھاگہ رکھا جاتا ہے

**خلیج** (خ۔لی۔ج) [ع۔ا۔مث] پانی کا وہ حصہ جو تین طرف خشکی سے گھرا ہوا اور ایک طرف سمندر سے ملا ہوا۔

**خلیج پڑجانا، ہوجانا** (ا۔محاورہ) رنجش ہونا۔ اختلاف پیدا ہونا۔

**خلیدکا** (ف۔صف) چبھا ہوا۔ سوراخ دار۔

**خلیرا بھائی** (خ۔ے۔را۔بھا۔ئی) [اُر۔ا۔مذ] خالہ جایا۔ خالہ زاد بھائی

**خلیفہ** (خَ۔لی۔فہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیغمبر صلعم کا قائم مقام بعد میں آنے والا قائم مقام۔ نبی کا جانشین۔ نائب (۲) (ا) مانیٹر (۳) [اُر] نائی۔ درزی باورچی۔ (۴) استاد کا بیٹا۔

**خلیفۃ اللہ** (ع۔ا۔مذ) خدا کا نائب (۲) حضرت آدمؑ کا لقب

**خلیفۃ المسلمین** (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کا خلیفہ۔

**خلیق** (خ۔لی۔ق) [ع۔صف] اچھے اخلاق والا۔ خوش خُلق۔ اچھے سبھاؤ والا۔

**خَلیقہ** (ع۔ا۔مث) پیدا کی ہوئی چیز۔ مخلوق۔

**خلیل** (خ۔لیل) [ع۔ا۔مذ] سچا دوست۔ یار صادق (۲) حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔

**خلیل اللہ** (۱) خدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔

**خَلیَہ**۔ (خَل۔یَہ) [ع۔ا۔مث] جسم کا مختصر ترین خانہ۔ (انگ) (Cell)

# خ۔م

**خَمْ** [ف۔ا۔مذ] ٹیڑھ۔ کجی۔ جھکاؤ۔ ترچھاپن (۲) بل۔ پیچ (۳) موڑ۔ حلقہ۔ پھیر۔ گھماؤ (۴) اوپر کا بازو۔

**خمِ ابرو** (ف۔ا۔مذ) بھووں کی کجی۔ یہ ایک قسم کی خوبصورتی ہے۔

**خم ٹھونک کر سامنے آنا** (ا۔محاورہ) بے باک ہو کر مقابلہ کرنا۔

**خم ٹھونکنا** (ا۔محاورہ) کشتی کے وقت بازو یا پٹھوں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے (۲) لڑنے کے لیے تیار ہوجانا۔

**خمِ چوگاں** (ف۔ا۔مذ) لکڑی جس سے چوگاں (پولو) کھیلتے ہیں۔

**خم دار** (ف۔صف) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج۔ جھکا ہوا۔

**خم و دم** (ف۔ا۔مذ) ہمت۔ جوش۔

**خم دینا** (ا۔محاورہ) ٹیڑھا کرنا۔

**خم و چم** (ف۔صف) حسین رفتار۔ خرام ناز۔ اتراہٹ۔ غرور۔

**خُم** [ف۔ا۔مذ] شراب کا مٹکا یا پیپا۔ مٹکا (۱) گنجفہ کے کھیل میں وہ پتے جو تقسیم سے پہلے چھپا لیتے ہیں۔ اور ایک ایک کرکے نکالتے ہیں (۳) خمیر (۴) بڑی ہانڈی۔

**خم اٹھنا** (ا۔محاورہ) خمیر تیار ہونا۔

**خم چڑھانا** (ا۔محاورہ) دھونے سے پہلے کپڑوں کو اُبالنا۔ (۲) بہت شراب



Marfat.com

پینا۔ مٹکا بھر پی جانا۔
**خم خانہ۔ خم کدہ** (ف۔ا۔مذ) شراب خانہ۔ مے خانہ۔ خرابات۔
**خم عیسیٰ** (ف۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰ کا ایک معجزہ۔ رنگدار کپڑے ایک مٹکے میں ڈال دیتے تھے جو سفید یا سیاہ ہو جاتے تھے
**خم کے خم اڑانا** (چڑھانا۔ لنڈھانا) (ا۔ محاورہ) بہت شراب پینا
**خم گردوں۔** آسمان۔
**خُمار** (خ ُ۔ مار) [ع۔ا۔مذ] (۱) نشہ۔ سرشاری۔ کیف (۲) نشہ اترنے کے قریب جو درد سر ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں۔
**خمار آلود۔** آلودہ۔ متوالا۔ مست۔ مخمور۔
**خمار شکنی** (ع۔ف۔ا۔مث) خمار توڑنا۔ نشہ اترنے کی تکلیف کو رفع کرنے کے لیے پھر تھوڑی سی شراب پینا۔
**خمّار** (خم۔ مار) [ع۔صف] (۱) مے فروش۔ شراب بیچنے والا (۲) بہت شراب پینے والا۔
**خُماری** (خ ُ۔ ما۔ ری) [ار۔ مث] خمار۔ نشہ
**خُماسی** (خ ُ۔ ما۔ سی) [ع۔ا۔مث] پانچ حرفی لفظ۔ پانچ حرفوں والا۔
**خمر** (ع۔ا۔مث) شراب
**خمرا** (خم۔ را) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایک فرقے کا نام جو چٹائی بناتے ہیں (۲) مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ جو اکثر میلوں تماشوں میں مانگتا پھرتا ہے (۳) مسلمان کمہار۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔
**خمریات** (ع۔ا۔مث) خمر سے متعلق (۲) ایسے اشعار یا شاعری جس میں شراب اور اس کے لوازمات کا ذکر ہو۔
**خمس** (ع۔ مث) پانچ۔ پنج۔
**خُمس** (۱) پانچواں حصہ۔ پنجم (۲) مال غنیمت کا پانچواں حصہ جو غرباء اور لاوارثوں کے لیے وقف کیا جائے۔
**خمسہ** (خم۔ سہ) [ع۔صف] (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا (۲) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ پانچ مصرعوں کا ہو۔
**خمسہ متحیرہ** (ع۔ا۔مذ) پانچ سیارے یعنی مشتری۔ زحل۔ عطارد۔ زہرہ اور مریخ جو کبھی سیدھی اور کبھی الٹی رفتار سے چلتے ہیں۔
**خموش** (خ۔ موش) [ف۔صف] خاموش۔ چپ
**خموشاں** (خ۔ مو۔ شاں) [ف۔صف] چپ لوگ۔ مردے۔
**خموشی** (خ۔ مو۔ شی) [ف۔ا۔مث] چپ۔ خاموشی۔
**خمول** (خ۔ مول) [ع۔ا۔مذ] گمنامی۔
**خمی** (خ۔ می) [ف۔ا۔مث] جھکاؤ۔ ٹیڑھا پن۔ کجی۔
**خمیازہ** (خم۔ یا۔ زہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) بدلہ۔ مکافات (۲) انگڑائی۔ بدن تاننا (۳) شکنجہ میں دے کر اعضاء کو کھینچنا (۴) رنج۔ تکلیف (۵) پشیمانی۔ افسوس
**خمیازہ اٹھانا۔ خمیازہ بھرنا۔ خمیازہ بھگتنا۔ خمیازہ کھینچنا** (ا۔ محاورہ) (۱) بدلہ ملنا۔ سزا بھگتنا (۲) نقصان اٹھانا۔ تکلیف پانا۔ (۳) پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
**خمیازہ لینا** (ا۔ محاورہ) انگڑائی لینا۔

**خمیدہ** (خ۔ می۔ دہ) [ف۔صف] جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔
**خمیر** (خ۔ میر) [ع۔ا۔مذ] (۱) گندھے ہوئے آٹے کو کچھ عرصہ تک گرمی میں رکھ کر یا کسی ترش چیز سے پھلا لینا۔ (۲) سرشت فطرت۔ مزاج۔ طبیعت۔
**خمیر اٹھانا** (ا۔ محاورہ) خمیر تیار کرنا۔ جوش میں لانا۔
**خمیر اٹھنا** (ا۔ محاورہ) خمیر کا تیار ہونا۔
**خمیر بگڑنا** (ا۔ محاورہ) سرشت میں فرق آنا۔ ترکیب میں فرق ہو جانا۔ شامت آجانا۔
**خمیرہ** (خ۔ می۔ رہ) [ع۔صف] (۱) خمیر اٹھا کر تیار کیا ہوا (۲) مصری یا کھانڈ میں پکائی دوا (۳) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔
**خمیری** (خ۔ می۔ ری) [ع۔ا۔مث] وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں
**خمیس** (خ۔ میس) [ع۔ا۔مذ] جمعرات (۲) پانچواں۔ پانچواں دن۔

# خ ۔ ن

**خن** (ق۔ا۔مذ) خوان
**خنّا** (خن۔ نا) [ع۔ا۔مذ] (۱) فحش۔ بے ہودہ بات (۲) غرور۔ تکبر۔
[ار۔صف] (۱) بے وقوف آدمی۔ بدمزاج یا مسخری عورت (۲)
[ار۔ا۔مذ] گاؤ۔ قصاب۔ بوچڑ۔ قصائی۔
**خنّا بھکنا** (ا۔ محاورہ) دماغ بگڑنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔
**خِناث** (خ۔ ناث) [ع۔ا۔مذ] خنثیٰ کی جمع۔ ہیجڑے۔
**خنازیر** (خ۔ نا۔ زیر) [ع۔ا۔مذ] (۱) خنزیر کی جمع: سؤر (۲) ایک مرض جس سے گلے میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں۔ کنٹھ مالا۔
**خنّاس** (خن۔ ناس) [ع۔صف] (۱) شیطان مردود۔ سرکش دیو۔ وسوسہ ڈالنے اور بہکانے والا۔ شریر۔
**خُناق** (خ۔ ناق) [ع۔ا۔مذ] گلے کی ایک بیماری کا نام۔ کنٹھ روگ
**خنثیٰ** (خن۔ ثیٰ) [ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس کی مردانہ یا زنانہ دونوں علامات ناقص ہوں۔ ہیجڑا۔ مخنث۔
**خنجر** (خن۔ جر) [ف۔ا۔مذ] ایک ہتھیار جو چھرے کی قسم کا ہوتا ہے۔ کٹار۔
**خنجر اٹھانا** (ا۔ محاورہ) خنجر ہاتھ میں لینا
**خنجر باندھنا** (ا۔ محاورہ) خنجر کمر سے لٹکانا۔
**خنجر بیک** (ف۔ا۔مذ) ایک مہلک پھوڑے کا نام جو اکثر پیٹھ پر ہوتا ہے۔
**خنجر پھیرنا** (ا۔ محاورہ) خنجر چلانا۔ گلے پر خنجر رواں کرنا۔
**خنجر تلے ٹک دم لیا تو پھر کیا** (ا۔ مثل) مصیبتوں میں تھوڑا سا آرام ملا تو کونسی بڑی بات ہے۔
**خنجر تیز کرنا** (ا۔ محاورہ) قتل کے لیے تیار ہونا۔
**خنجر چلانا** (ا۔ محاورہ) خنجر سے ذبح کرنا۔ خنجر کی لڑائی لڑنا۔
**خنجر کا پانی۔** خنجر کی آب یا دھار۔
**خنجری** (خن۔ ج۔ ری) [ف۔ا۔مث] (۱) چھوٹی دف۔ ڈفلی (۲) [ار]



Marfat.com

مشروع یا گلبدن کی دھاریاں۔
**خنجر کھینچنا** (۱۔ محاورہ) لڑائی کے لیے تیار ہونا۔
**خنخنانا** (خن۔خ۔نا۔نا) [اُر۔ مص] ناک میں بولنا۔ منمنانا۔ غنغنانا۔
**خنداں** (خن۔داں) [ف۔ صف] (۱) ہنستا ہوا (۲) شگفتہ۔ کھلا ہوا۔
**خندق** (خن۔دَق) [ف۔ ا۔ مث] کھائی۔ گڑھا۔
**خندہ** (خن۔دہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ہنسی (۲) شوخ۔ شریر (ق)
**خندۂ آفتاب** (ف۔ ا۔ مذ) آفتاب کا ہنسنا۔ سورج کا نکلنا۔ طلوعِ آفتاب
**خندہ برق** (ف۔ ا۔ مذ) بجلی کی چمک۔
**خندہ پیشانی** (ف۔ صف) خندہ رو۔ ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ شگفتہ رو
**خندہ دنداں نما** (ف۔ ا۔ مذ) ایسی ہنسی جس میں دانت نظر آئیں۔
**خندہ سوگندہ** (مثل) جو ہر وقت ہنسے وہ نیک چلن نہیں۔
**خندۂ صبح** (ف۔ ا۔ مذ) طلوعِ صبح۔ صبح ہونا۔
**خندۂ گل** (ف۔ ا۔ مذ) پھول کا کھلنا۔
**خندہ مینا** (ف۔ ا۔ صف) وہ آواز جو شیشے سے شراب انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔
**خندہ رو** (ف۔ ا۔ مث) ہنس مکھ۔ شگفتہ چہرہ۔ شگفتگی۔
**خندہ زخم** (ف۔ ا۔ مذ) زخم کا کھل جانا
**خندہ زن** (ف۔ صف) ہنسنے والا۔
**خندہ زیرلبی** (ف۔ ا۔ مذ) ہلکی سی مسکراہٹ۔ تبسم۔
**خندی** (خن۔دِی) [ار۔ ا۔ مث] (۱) وہ عورت جو مردوں سے ہنسے (۲) قحبہ۔ فاحشہ۔ بے حیا۔
**خنزیر** (خن۔زیر) [ع۔ ا۔ مذ] جنگلی سؤر۔ جمع: خنازیر
**خنصر** (خن۔صَر) [ع۔ ا۔ مث] سب سے چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔
**خنک** (خُ۔نک) [ف۔ صف] ٹھنڈا۔ سرد
**خنکی** (خن۔کی) [ف۔ ا۔ مث] ٹھنڈک۔ سردی۔
**خنگ** (ف۔ ا۔ مث) سفید سبزہ۔ سفید گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا۔ تیز گھوڑا
**خنگا** (خن۔گا) [ف۔ صف] (۱) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔ (۲) موٹا مسخرا آدمی
**خنیا** (خُن۔یا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) گانا۔ نغمہ۔ راگ۔ سرود (۲) [اُر] ڈومنی۔ میراثن
**خنیاگر** (ف۔ صف) گویا۔ مطرب۔

## خ۔و

**خُو** (ف۔ ا۔ مث) عادت۔ خصلت۔ سوبھاؤ (۲) ڈھنگ (۳) طور طریقہ (۴) رسم و رواج۔ چلن۔
**خُو بُو** (ف۔ ا۔ مث) عادت۔ خصلت۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور طریق۔
**خُو پذیر۔ خُو کردہ۔ خُو گر۔ خُو گرفتہ** (ع۔ ف) عادی۔ جسے کسی بات کی عادت پڑی ہو۔
**خُو پڑنا** (۱۔ محاورہ) عادت پڑنا
**خوئے بد را بہانہ بسیار** (مثل) کام کرنے کی نیت نہ ہو تو بہت سے بہانے بنائے جاتے ہیں۔

**خواب** (خا۔ب) [ف۔ ا۔ مذ] وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے۔ رؤیا۔ سپنا (۲) نیند (۳) خیال۔ وہم۔ جمع: خوابہا۔
**خواب آلودہ** (ف۔ صف) نیند میں بھرا ہوا
**خواب آور** (ف۔ صف) نیند لانے والی (دوا) سلانے والی۔
**خوابِ پریشاں** (ف۔ ا۔ مذ) بے آرامی کی نیند (۲) ڈراؤنا خواب
**خوابِ خرگوش** (ف۔ ا۔ مذ) خرگوش کی سی نیند۔ غفلت کی گہری نیند۔ غفلت۔
**خواب دیکھنا** (۱۔ محاورہ) سوتے میں کسی بات کو دیکھنا۔ سپنا دیکھنا
**خوابِ شیریں** (ف۔ ا۔ مذ) میٹھی نیند۔ گہری نیند۔
**خوابِ غفلت** (ف۔ ا۔ مث) غفلت کی نیند (۲) گہری نیند
**خواب کی باتیں** (ف۔ ا۔ مث) خیالی باتیں۔ بے اصلی باتیں۔ موہوم باتیں
**خواب گاہ** (ف۔ ا۔ مث) سونے کا کمرہ۔ خلوت گاہ۔
**خوابِ گراں** (ف۔ ا۔ مذ) غفلت کی نیند (۲) گہری نیند۔
**خواب میں نہ دیکھنا** (۱۔ محاورہ) کبھی نیند میں نہ آنا۔
**خوابِ نوشیں** (ف۔ ا۔ صف) میٹھی نیند۔
**خواب و خور**۔ سونا اور کھانا۔
**خواب و خور تلخ یا حرام ہونا** (۱۔ محاورہ) کسی تکلیف یا فکر میں نیند نہ آنا۔ اور کھانا پینا چھوٹ جانا۔
**خواب و خیال** (ف۔ ا۔ مذ) بے اصل باتیں جو خواب میں گذریں یا خواب میں نظر آئیں۔ بھولی ہوئی بات۔
**خواب ہو جانا** (۱۔ محاورہ) خیال سے جاتا رہنا۔ محض وہمی ہو جانا۔ گزرے دنوں کی یاد آنا۔
**خواب ہونا** (۱۔ محاورہ) نیند میں بشارت ہونا۔
**خوابیدہ** (خا۔بی۔دہ) [ف۔ صف] سویا ہوا۔ جمع: خوابیدگان۔
**خواتم** (ع۔ ا۔ مذ) خاتم کی جمع۔ دیکھیے خاتم۔
**خواتین** (خ۔وا۔تین) [ع۔ ا۔ مث] خاتون کی جمع عورتیں۔ بیگمات۔
**خواجگان** (خاج۔گان) [ف۔ ا۔ مذ] خواجہ کی جمع۔ مالک۔ آقا۔ سردار لوگ۔
**خواجہ** (خا۔جَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) خداوند۔ صاحب۔ سردار۔ آقا (۲) توران میں سادات کا لقب (۳) کشمیریوں کا لقب (۴) ہیجڑا۔ مخنث۔ جمع: خواجگان۔
**خواجہ تاش** (ف۔ ا۔ مذ) ایک آقا کے نوکر۔ ایک مالک کے دو نوکر ہوں تو ان میں سے ہر ایک "خواجہ تاش" کہلاتا ہے۔
**خواجہ سرا** (ف۔ ا۔ مذ) زنان خانے میں کام کرنے والا مخنث (۲) ہیجڑا۔
**خواجہ معین الدین کا چاند۔ خواجہ معین الدین کا مہینا** (۱۔ مذ) رجب کا مہینہ جس میں خواجہ صاحب کا عرس ہوتا ہے۔
**خوار** (خا۔رْ) [ف۔ صف] (۱) ذلیل۔ رسوا (۲) آوارہ۔ سرگرداں۔ پریشان۔ خراب خستہ (۳) بے اعتبار۔ مرکبات میں کھانے والا۔ پینے والا۔ جیسے غمخوار۔ خونخوار۔



Marfat.com

**خواری** (خا۔ری) [ف ۔ا۔مث] ذِلّت ۔ رُسوائی ۔ پریشانی ۔ بفیبی
**خوارِج** (خ ۔وا ۔رِج) [ع ۔ا۔ مذ] خارجی کی جمع ۔حضرت علی کے مخالفین
**خوارق** (خ ۔وا ۔ رِق) [ع ۔ا۔ مذ] خارج کی جمع ۔خلاف عادت باتیں معجزے ۔کرامتیں۔
**خواست** (خاست) [ف ۔ا۔مث] خواہش ۔چاہ (۲) التجا ۔التماس
**خواست گار ۔ طلب گار** (ف ۔صف) امیدوار۔ سائل ۔مستغیث
**خواست گاری** (ف ۔ا۔ مث (۱) درخواست ۔عرض ۔التماس ۔خواہش تمنا ۔طلب (۲) نسبت کی درخواست پیغام شادی۔
**خواص** (خ ۔ واص) [ع ۔ا۔مذ] (۱) خاص کی جمع ۔بڑے لوگ (۲) خاصیتیں اثرات تاثیرات (۳) ممتاز نوکر ۔اعلیٰ درجہ کے خدمت گار (۴) صاحب (۵) [ا۔ مث] لونڈی ۔کنیز ۔ملازمہ (۶) سہیلی ۔مصاحب عورت۔ (۸) مدخولہ ۔
**خواص وعام** (ع ۔ا۔ مذ) خاص وعام کی جمع ۔ہر قسم کے لوگ ۔امرا و غربا ۔ اعلیٰ وادنیٰ ۔
**خواصی** (خ ۔ وا ۔صی) [ع ۔ا۔ مث] (۱) خدمت گاری ۔ ملازمت ۔ (۲) مصاحبت ۔ہم نشینی (۳) عماری کی پچھلی نشست (۴) (۱) انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے ۔
**خواصی میں بیٹھنا** (ا ۔محاورہ) کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا
**خواصیں** (خ ۔وا ۔صیں) [ اُر ۔ا ۔مث ] خواص کی جمع (۲) لونڈیاں ۔ خدمتگارنیاں جو امیر عورتوں کے ہمراہ ہوتی ہیں (۲) سہیلیاں ۔ہمجولیاں
**خوان** (خان) [ف ۔ا ۔مذ] دسترخوان ۔سُفرہ ۔(۲) سینی ۔کھانے لانے اور لے جانے والے برتن ۔تھال ۔طشت ۔طبق
**خوان بڑا ۔خوان پوش بڑا ۔کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا**
**خوانِ پاک ۔خوان پوش پاک کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک**
(مثل) ظاہری ٹیپ ٹاپ تو بہت اور اندر کچھ بھی نہیں ۔ ظاہر آراستہ باطن خراب ۔
**خوان پوش** (ف ۔ا۔ مذ) خوان ڈھکنے کا کپڑا۔
**خوانچہ** (ف ۔ا۔ مذ) چھوٹا خوان یا سینی ۔
**خوانچہ اٹھانا** (ا ۔ محاورہ) تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا ۔
**خوانِ خاص** (ف ۔ا۔ مذ) بادشاہوں یا امیروں کے غلام
**خوانچہ فروش** (ف ۔ا۔ مذ) وہ پھیری والا جو تھال میں چیزیں رکھ کر بیچے
**خوانِ کرم ۔ خوانِ یغما** (ف ۔ا۔ مذ) عام لنگر
**خوانِ نعمت** (ف ۔ا۔ مذ) لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان ۔
**خواندگی** (خان ۔د ۔گی) [ف ۔ا ۔مث] (۱) لکھنے پڑھنے کی قابلیت حروف شناسی ۔ (۲) پڑھائی ۔
**خواندہ** (خان ۔دَہ) [ف ۔صف] (۱) پڑھا لکھا ۔حرف شناس (۲) بلایا ہوا مدعُو ۔ جمع : خواندگاں ۔
**خوانی** (ف ۔ا ۔ مث) پڑھنا ۔دوہرانا ۔ گانا ۔مرکبات کے آخر میں آتا جیسے مرثیہ خوانی ۔نعت خوانی ۔شعر خوانی ۔
**خوانین** (خ ۔ وا ۔نین) [ف ۔ا ۔مذ] خان کی جمع ۔بڑے لوگ

**خواہ** (خاہ) [ف ۔کلمہ تردید] (۱) یا ۔چاہے ۔چاہو (۲) خواہش درخواست ۔چاہ ۔
**خواہ مخواہ ۔ خواہ نخواہ ، خواہی ۔نخواہی** (ف) ناچار ۔زبردستی ۔
**خواہاں** (خا ۔ہاں) [ف ۔صف] چاہنے والا ۔خواہشمند ۔طالب ۔
**خواہر** (خا ۔ہر) [ف ۔ا ۔مث] بہن ۔ ہمشیرہ ۔جمع : خواہراں ۔
**خواہرانہ** (ف ۔صف) بہن کی طرح ۔
**خواہش** (خا ۔ہش) [ف ۔ا ۔مث] (۱) آرزو ۔تمنا ۔ارمان (۲) رغبت شوق (۳) مرضی (۴) مطلب ۔ مدعا ۔ مراد ۔ جمع : خواہشات ۔
**خواہش پوری ہونا** (ا ۔ محاورہ) تمنا بر آنا ۔آرزو پوری ہونا ۔
**خواہش مارنا** (ا ۔محاورہ) تمنا کا ضبط کرنا ۔
**خواہشمند** (ف ۔صف) آرزومند ۔خواہاں ۔طالب ۔ شائق ۔
**خواہشات** (خا ۔ہِ ۔شات) [ف ۔ا ۔مث] خواہش کی جمع ۔آرزوئیں تمنائیں ۔
**خوب** (ف ۔صف) (۱) اچھا ۔عمدہ (۲) خوبصورت (۳) نفیس (۴) زیبا ۔پسندیدہ (۵) ہر دلعزیز ۔مرغوب ۔(۶) ہاں (جواب میں کہا جاتا ہے (۷) عمدہ کلام کی تعریف کرتے ہوئے بھی کہتے ہیں ۔(۸) طنزاً بھی کہا جاتا ہے ۔
**خوب آؤ بھگت کرنا** (ا ۔محاورہ) بڑی تعظیم و تواضع کرنا ۔
**خوب تر** (ف ۔صف) زیادہ اچھا ۔
**خوب ٹھوک بجا لو** (ا ۔محاورہ) اچھی طرح تسلی کر لو ۔
**خوب رُو ۔ خوبصورت** (ف ۔صف) حسین ۔ شکیل ۔جمیل ۔ تُند
**خوبصورتی** (خوب ۔صُو ۔ر ۔تی) [ف ۔ا ۔مث]
**خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو** (مثل) جب دو ہم خیال مل جاتے ہیں تو وقت اچھا گزر جاتا ہے ۔
**خُوباں** (خو ۔ باں) [ف ۔ا ۔صف] خوب کی جمع ۔خوبصورت ۔حسین (۲) خوبصورت عورتیں ۔
**خوبانی** (خو ۔با ۔نی) [ف ۔ا ۔مث] زرد آلو ۔ایک میوہ (۲) خوب ۔ خوبصورت
**خوب کلاں** (خو ۔ک ۔لاں) [ف ۔ا ۔ مث] ایک قسم کی گھاس جس کا بیج دوائیوں میں کام آتا ہے ۔خاکسی ۔
**خوبی** (خو ۔ بی) [ف ۔ا ۔مث] (۱) عمدگی ۔خوبصورتی (۲) ہنر ۔جوہر ۔گُن (۳) بڑائی ۔شرف ۔ترجیح ۔ فوقیت ۔جمع : خوبیہا ۔
**خوجہ** (خو ۔ جَہ) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) ہیجڑا ۔مخنث ۔زنانہ ۔(۲) مسلمانوں کی ایک تجارت پیشہ قوم ۔
**خونخیانا** (خو ۔نخ ۔یا ۔نا) [ ار ۔مص ] (۱) بھبکی دینا ۔چیخنا ۔(۲) خفا ہونا بندر یا ریچھ کا چیخنا ۔
**خود** (ف ۔ا ۔ مذ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں ۔
**خود** (خُد) (ف ۔ض) (۱) آپ ۔اپنے آپ ۔ بذات خاص ۔ذاتی ۔
**خود آرا** (۱) اپنے آپ کو سنوارنے والا ۔ (۲) مغرور ۔متکبر ۔
**خود آرائی** (۱) اپنے آپ کو بنانا سنوارنا ۔ بناؤ سنگار ۔ (۲) غرور ۔گھمنڈ



Marfat.com

**خود آہنگی** (ف۔ مث) ارادہ۔ قصد (۲) حرص۔ لالچ
**خود اختیار** (ف۔ مذ) آزاد جس کے ہاتھ میں اختیار ہو۔
**خود اختیاری حکومت** (ف۔ ا۔ مث) حکومت جس میں اختیار لوگوں کے ہاتھ میں ہو۔ جمہوری حکومت۔
**خود ارادیت** (ف۔ ع۔ ا۔ مث) عمل و ارادہ کی آزادی۔ اپنے معاملات خود سنبھالنا۔ (انگ) (Self-deteminasim)
**خود اعتمادی** (ف۔ ع۔ ا۔ مث) اپنی ذات پر بھروسہ
**خود بخود** (ا) آپ ہی آپ۔ از خود۔ بے کہے۔
**خود بدولت** (ا۔ صف) حضور۔ جناب۔ عالی جناب۔
**خود بیں** (ف۔ صف) خود پرست۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر۔ خود پسند
**خود بینی** (ف۔ ا۔ مث) غرور۔ تکبر۔ فخر۔ گھمنڈ۔
**خود پرست** (ف۔ صف) مغرور۔ متکبر
**خود پسند** (ف۔ صف) اپنے آپ کو بہتر سمجھنے والا شخص۔ اپنی رائے کو ترجیح دینے والا۔
**خود پسندی دلیل نادانی است** (ف۔ مثل) اپنی ہر بات کو اچھا سمجھنا عقل مندی نہیں ہے۔
**خود خو** (ف۔ صف) متلون مزاج۔ وہمی (۲) بدتمیز
**خود دار** (ف۔ ا۔ مث) رکھ رکھاؤ والا (۲) غیور۔ غیرت مند (۳) قانع۔ صابر
**خود داری** (۱) رکھ رکھاؤ (۲) غیرت۔ عزت۔ نفس
**خود را فضیحت دیگراں را نصیحت** (۔ مثل) خود بڑے کام کرنا اور دوسروں کو نصیحت کرنا۔
**خود رائی** (ف۔ ا۔ مث) خود سری۔ سرکشی۔ اپنی مرضی کے مطابق کوئی کام کرنا۔
**خود رائے** (ف۔ صف) اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا خود سر۔
**خود رفتگی** (ف۔ ا۔ مث) بیخودی۔ مدہوشی۔ بے خبری۔
**خود رفتہ** (ف۔ صف) بے خبر۔ بے خود۔ جسے اپنے آپ کی خبر نہ ہو۔
**خود رنگ** (ف۔ صف) طبعی رنگ والا۔ جس میں قدرتی رنگ ہو۔
**خود رَو** (ف۔ صف) (۱) بے بوئے اُگا ہوا۔ اپنے آپ اُگا ہوا جنگلی (۲) بے قاعدہ۔ بدتمیز۔
**خود ساختہ** (ف۔ صف) اپنا بنایا ہوا۔ اپنا گھڑا ہوا۔
**خود ستا** (ف۔ صف) اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے والا۔
**خود ستائی** (ف۔ ا۔ مث) اپنی آپ تعریف کرنا۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننا
**خود سر** (ف۔ صف) (۱) خود رائے۔ سرکش۔ ضدی۔ ہٹیلا
**خود سری** (ف۔ ا۔ مث) خود رائی۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ (۲) ضد۔ ہٹ
**خود سے**۔ اپنے آپ۔ از خود۔ خود بخود۔
**خود غرض**۔ (ف۔ صف) اپنی غرض کا آشنا۔ مطلبی۔ خود کام۔ مطلب پرست۔ مطلبیا۔
**خود غرضی** (ف۔ ا۔ مث) خود کامی۔ مطلب پرستی۔ آپا دھاپی۔ نفسا نفسی

**خود غلط، انشاء غلط۔ املا غلط** (ف۔ مثل) جو ہر طرح سے غلط ہو اس کے متعلق کہتے ہیں
**خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم** (ف۔ مثل) ہم جو سمجھتے تھے خود ایک غلطی تھی
**خود فراموش** (ف۔ صف) اپنے آپ کو بھولنے والا۔ غافل۔
**خود فروش** (ف۔ صف) گھمنڈی۔ شیخی مارنے والا۔ اپنی تعریف آپ کرنیوالا۔
**خود کار** (ف۔ صف) اپنے آپ کام کرنے والی مشین۔ آٹومیٹک (انگ) (Automatic)
**خود کاشت** (ا) وہ زمین جسے مالک خود جوتے، بوئے۔
**خود کام** (ف۔ صف) خود غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی۔
**خود کردہ** (ف۔ صف) اپنا کیا ہوا۔ اپنا کام۔
**خود کفیل** (ف۔ ع۔ صف) اپنے وسائل پر گزارا کرنے والا۔
**خود کوزہ، خود کوزہ گر و خود گِلِ کوزہ** (ف۔ مقولہ) جہاں ایک آدمی تمام انتظامات کرے۔
**خود کردہ را علاجے نیست** (ف۔ مثل) اپنے کیے کا کوئی علاج نہیں۔
**خود کشی** (ف۔ ا۔ مث) اپنے آپ کو ہلاک کرنا
**خود مختار** (ف۔ صف) آزاد۔ بااختیار
**خود نما** (ف۔ صف) (۱) اپنی نمائش کرنے والا۔ (۲) متکبر۔ شیخی خورہ۔ خود پسند۔
**خود نمائی** (ف۔ ا۔ مث) (۱) اپنی نمود و نمائش (۲) شیخی۔ خود پسندی۔
**خودی** (خُ۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] اپنا آپ۔ انانیت۔ غرور۔ تکبر۔ (۲) خود شناسی۔ معرفت نفس۔
**خودی اور خدائی میں بیر ہے** (۔ مثل) خدا غرور کو پسند نہیں کرتا۔
**خودی میں نہ رہنا** (۔ محاورہ) اپنے آپ میں نہ رہنا۔
**خوَر** (خَر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) خورشید کا مخفف ہے۔ سورج (۲) کرگٹ (۳) مشرق۔ (۴) ہر شمسی ایرانی مہینے کا گیارہواں دن۔
**خوَر** (ف۔ صف) کھانے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بسیار خور۔ حلال خور
**خورد و نوش** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کھانا پینا۔ دانا پانی۔
**خوراک** (خُو۔ راک) [ف۔ ا۔ مث] (۱) کھانے کی چیز۔ کھانا۔ غذا۔ (۲) رسد۔ راشن۔ (۳) دوائی کی وہ مقدار جو ایک وقت پی جائے ایک مرتبہ کا کھانا (۴) کھانے کے قابل چیز
**خوراکی** (خو۔ را۔ کی) [ا۔ ا۔ مث] کھانے پینے کی چیز (۲) روزینہ۔ وظیفہ۔ بڑی خوراک والا۔ بہت کھانے والا۔
**خورد برد** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کھانا اُڑانا۔ غبن۔ تغلب۔ خیانت۔ بددیانتی بے جا تصرف۔ رشوت۔
**خورد برد کرنا** (۔ محاورہ) کھانا اُڑانا۔ غبن کرنا۔ کھا جانا۔ تغلب کرنا
**خوردن برائے زیستن و ذکر کردن است تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن است** (ف۔ مثل) کھانا زندہ رہنے اور عبادت کرنے کے لیے کھانا چاہیے۔ یہ درست نہیں کہ زندگی محض کھانے کیلیے ہے



Marfat.com

خوردنی خر ۔ د ۔ نی [ف ۔صف] کھانے کے قابل ۔ کھانے کی چیز
خوردہ خُر ۔ دہ [ف ۔صف] کھایا ہوا ۔
خوردہ نہ بردہ ناحق درد گردہ (مثل) کچھ کیا نہیں مفت کی تکلیف ہوئی ۔ بے کیے دھرے جانے کی مصیبت ۔
خورسند (ف ۔صف) خوش ۔ شادماں ۔
خورش خُ ۔ رِش [ف ۔۱ ۔مث] کھانا ۔ طعام ۔ خوراک ۔
خورشید خُر ۔ شید [ف ۔۱ ۔مذ] سورج ۔ آفتاب ۔
خورشید لب بام (ف ۔۱ ۔مذ) ڈھلتا ہوا سورج ۔ کنایتاً مرنے کے قریب
خورشید لقا (ر ۔ طلعت ۔ چہرہ ۔ رخ) [ف ۔صف] حسین و جمیل ۔ معشوق
خورندہ خُ ۔ رَن ۔ دَہ [ف ۔ ن ۔صف] کھانے والا ۔
خوش خُش [ف ۔صف] (۱) مسرور ۔ شاداں ۔ شادماں ۔ خورسند ۔ خرم ۔ (۲) چنگا بھلا ۔ تندرست ۔ راضی ۔ (۳) ہرا ۔ تازہ ۔ شاداب ۔ سرسبز ۔ (۴) مقصود ۔ بامراد (۵) اچھا ۔ عمدہ ۔
خوش آب (ف ۔صف) آب دار ۔ شفاف ۔ چمکدار ۔ رس دار ۔ پُر مزہ ۔ تازہ ۔
خوش آمدید (ف ۔۱ ۔مث) آپ اچھے آئے ۔ استقبالیہ الفاظ
خوش آنا (۱ ۔محاورہ) اچھا لگنا ۔ پسند آنا ۔ مرغوب ہونا ۔
خوش آواز ۔ خوش آہنگ (ف ۔صف) اچھی آواز والا ۔
خوش آئند (ف ۔صف) بھلا معلوم ہونے والا ۔ خوشگوار ۔ خوش کن ۔
خوش ادا (ف ۔صف) پسندیدہ طور طریقوں والا (۲) خوش آواز ۔
خوش اسلوب (ف ۔ ع ۔صف) خوش طرز ۔ خوش وضع ۔ اچھے طریقے والا
خوش اطوار (ف ۔ ع ۔صف) اچھے طور طریقے والا ۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ باسلیقہ
خوش اقبال (ف ۔صف) خوش نصیب ۔ بختاور ۔ اقبال مند ۔
خوش الحان (ف ۔صف) اچھی آواز والا ۔ سریلا ۔ خوش گلو
خوش انتظامی (ف ۔۱ ۔مث) عمدہ بندوبست ۔ خوش نظمی ۔
خوش اندام (ف ۔۱ ۔صف) خوبصورت ۔ سڈول ۔ متناسب الاعضاء
خوش اوقات (ف ۔ ع ۔صف) جس کا وقت باعزت طریق سے گزرے ۔
خوش باش (ف ۔صف) (۱) خوش رہنے والا ۔ بے فکر ۔ آزاد (۲) وہ شخص جو مزے کی زندگی بسر کرے ۔
خوش بخت (ف ۔صف) اچھی قسمت والا ۔ خوش اقبال ۔
خوشبو (ف ۔صف) اچھی بو ۔ مہک ۔ سگند
خوشبودار (ف ۔صف) اچھی بو والا ۔ معطر ۔ مہک والا ۔
خوش بیان (ف ۔صف) خوش کلام ۔ خوش تقریر ۔ خوش گفتار ۔
خوش پوشش (ف ۔صف) خوش پوشاک ۔ خوش لباس ۔ عمدہ پوشاک پہننے والا ۔
خوش تدبیر (ف ۔صف) اچھی تدبیر والا ۔ منتظم ۔ مدبر ۔
خوش تر آں باشد کہ سر دلبراں ۔ گفتہ آید در حدیث دیگراں } جب کسی کا کوئی راز کہنا ہو تو اشارے کنائے میں دوسروں کا نام لے کر کرنا چاہیے ۔

خوش تقریر (ف ۔صف) اچھا بیان کرنے والا ۔ خوش گفتار ۔
خوش حال (ف ۔صف) آسودہ حال ۔ کھاتا پیتا ۔ تونگر ۔ مال دار
خوش خبری (ف ۔۱ ۔مث) اچھی خبر ۔ مژدہ ۔ بشارت ۔ نوید ۔
خوش خرام (ف ۔صف) اچھی چال والا ۔ معشوق ۔
خوش خصال (ف ۔صف) صاحب اخلاق ۔ بامروت ۔ مہذب ۔ باسلیقہ
خوش خط (ف ۔صف) (۱) عمدہ لکھا ہوا (۲) عمدہ لکھنے والا ۔
خوش خلق (ف ۔صف) اچھی خصلت والا ۔ خلیق ۔ خندہ رو ۔
خوش خیال (ف ۔صف) عمدہ خیالات والا ۔ خوش فکر ۔ عالی فکر ۔
خوش دامن (ف ۔۱ ۔مث) ساس ۔
خوش دل (ف ۔صف) شاد ۔ شادماں ۔ بشاش ۔
خوش ذائقہ (ف ۔صف) لذیذ ۔ مزیدار ۔ خوش مزہ ۔
خوش رفتار (اُ) اچھی چال والا ۔ خوش خرام ۔
خوش رنگ (ف ۔صف) پسندیدہ رنگ والا ۔ اچھے رنگ والا ۔ سہاونا رنگ
خوش رو (ف ۔صف) خوبصورت چہرے والا ۔ حسین ۔
خوش سلیقہ (ف ۔صف) اچھے سلیقہ والا ۔ باتمیز ۔ سلیقہ شعار ۔ مہذب ۔ شائستہ
خوش سواد (ف ۔صف) جہاں ارد گرد کا علاقہ سرسبز و شاداب ہو ۔
خوش سیر (ف ۔صف) اچھی عادتوں والا ۔ نیک سیرت ۔
خوش طالع (ف ۔صف) خوش نصیب ۔ اقبال مند ۔ اچھی تقدیر والا ۔ قسمت کا دھنی ۔
خوش طبع (ف ۔صف) زندہ دل ۔ ظریف ۔ بامذاق ۔ جو ہر وقت خوش رہے ۔
خوش طبعی (ف ۔۱ ۔مث) ظرافت ۔ دل لگی ۔ ہنسی مذاق ۔
خوش طینت ۔ نیک خصلت ۔ اچھی سرشت والا ۔ خوش خو ۔
خوش عقیدہ (ف ۔صف) اچھے عقیدہ والا ۔
خوش عیار (ف ۔صف) خالص ۔ بے میل ۔ جو کسوٹی پر اچھا رنگ دے (سونا ۔ چاندی)
خوش غلاف (ف ۔صف) (۱) وہ تلوار جو اشارے سے میان سے نکل آئے (۲) آزار بند کی ڈھیل عورت ۔ وہ عورت جسے کسی سے انکار نہ ہو ۔ بدچلن
خوش فعل (ف ۔صف) موزوں چلن یا کام کا ۔ اچھا کام کرنے والا ۔
خوش فعلی (ف ۔۱ ۔مث) چہل ۔ مذاق ۔ (۲) موزوں کام کرنا ۔
خوش قامت (قد) [ف ۔صف] موزوں قد کا ۔ سڈول ۔
خوش قدم (ف ۔صف) اچھی چال والا ۔ خوش رفتار ۔
خوش قسمت (ف ۔صف) اچھی قسمت والا ۔
خوش گپیاں (ف ۔۱ ۔مث) ہنسی مذاق کی باتیں ۔
خوش گزراں (ف ۔صف) اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا ۔ مزے سے زندگی بسر کرنے والا ۔
خوش گلو (ف ۔صف) خوش الحان ۔ سریلا ۔ اچھی آواز والا ۔ خوش نوا ۔
خوش گوار (ف ۔صف) (۱) خوش آئند ۔ دل پسند (۲) خوش ذائقہ ۔ پسندیدہ ۔
خوش نما (ف ۔صف) خوبصورت ۔ دلچسپ ۔ زیبا ۔ خوش منظر ۔
خوشنودی (ف ۔۱ ۔مث) رضامندی ۔ خوشی ۔



Marfat.com

**خوش نویس** (۱) اچھا لکھنے والا (۲) کاتب۔ خوشخط۔ خوش رقم
**خوش نہاد** (ف۔ صف) (۱) ہنس مکھ۔ (۲) نیک طینت۔
**خوش و خرم** (ف۔ صف) دلشاد۔ شاداں۔ مسرور
**خوش وقتی** (ف۔ ا۔ مث) خوش نصیبی۔ خوشی کا زمانہ۔ شادمانی خوشحالی
**خوشا** (ف) مسرت کا کلمہ۔ بہت اچھا۔ خوب۔
**خوشامد** (خُ۔ شا۔ مَد) [ف۔ ا۔ مث] چاپلوسی۔ جھوٹی تعریف
**خوشامد درآمد** (ف۔ ا۔ مث) چاپلوسی۔
**خوشامد سے آمد ہے** (مثل) خوشامد سے اکثر فائدہ ہوا کرتا ہے۔
**خوشامد کا منہ کالا** (مثل) خوشامدی آدمی بے عزت ہوتا ہے۔
**خوشامدی** (خُ۔ شا۔ م۔ دی) [ف۔ صف] جھوٹی تعریفیں کرنیوالا۔
**خوشہ** (خو۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذ] گچھا۔ اناج کی بالی۔
**خوشہ چیں** (ف۔ صف) (۱) وہ شخص جو کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے خوشے چن لیتا ہے۔ (۲) فیض حاصل کرنے والا (۳) دوسروں کی تخلیق سے فائدہ اٹھانے والا۔
**خوشی** (خُ۔ شی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) سرور۔ نشاط۔ شادمانی (۲) مرضی (۳) جشن۔ شادی۔
**خوشی سے**۔ اپنی مرضی سے۔ رضامندی سے۔
**خوشی سے کھلے جانا** (ا۔ محاورہ) مسرت کی وجہ سے ہنسنا۔
**خوشی (کرنا) منانا** (ا۔ محاورہ) خوش ہونا۔
**خوشی کے مارے باچھیں کھل جانا** (ا۔ مثل) بہت خوش ہونا خوشی سے کھلکھلا کر ہنس پڑنا۔
**خوض** [ع۔ ا۔ مذ] غور۔ سوچ۔ فکر۔
**خوف** [ع۔ ا۔ مذ] ڈر۔ دہشت۔ ہراس۔ ہول۔
**خوف کرنا، کھانا** (ا۔ محاورہ) (۱) اندیشہ کرنا۔ ڈرنا (۲) رحم کھانا ترس کھانا
**خوفناک** (ع۔ صف) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ خطرناک
**خوک** (ف۔ ا۔ مذ) سوّر۔ خنزیر
**خوگیر** (خو۔ گیر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) زین کی بھرتی۔ (۲) گدیلا۔ گدّا (۳) زین کے نیچے کا کپڑا۔ نمدہ۔
**خوگیر کی بھرتی** (ا۔ محاورہ) (۱) نکما اسباب (۲) بے کار اور نکمے آدمی۔ (۳) بھرتی کے شعر
**خول** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھلکا (۲) اُوپر کا غلاف (۳) نیام۔ میان۔
**خول چڑھانا** (ا۔ محاورہ) غلاف چڑھانا۔ پترا چڑھانا
**خول دار** (ف۔ صف) وہ چیز جس میں بیچ کا حصہ خالی ہو۔
**خولنجان** (خو۔ لن۔ جان) [ف۔ ا۔ مث] پان کی جڑ۔
**خون** (ف۔ ا۔ مذ) خوان کا مخفف۔ سینی جس پر برتنوں میں کھانا چنتے ہیں۔
**خُون** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لہو (۲) قتل (۳) نسل (۴) وہ سرخ رطوبت جو حیوانی جسم میں گردش کرکے اسے زندہ رکھتی ہے۔
**خون آشام** (ف۔ صف) خون پینے والا۔ خونخوار۔
**خون آلودہ** (ف۔ صف) لہو میں بھرا ہوا۔ لہو لہان

**خون آنکھوں میں اُترنا** (ا۔ محاورہ) غصے کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ کسی کو دیکھ کر غضبناک ہو جانا۔
**خون اُچھلنا** (ا۔ محاورہ) قتل کی شہرت ہونا۔
**خون افشاں** (ف۔ صف) خون چھڑکنے والا۔ خون بہانے والا۔
**خون بار** (ف۔ صف) خون برسانے والا۔
**خونباری** (ف۔ ا۔ مث) آنکھوں سے خون کے آنسو بہانا۔
**خون بدن میں نہ ہونا** (ا۔ محاورہ) خون بہت گھٹ جانا۔ بہت کمزور ہونا۔ بہت ڈر جانا۔
**خون بگڑنا** (ا۔ محاورہ) خون کا خراب ہو جانا۔ کوڑھ یا جذام ہو جانا
**خون بہا** (ف۔ صف) خون کی قیمت۔ وہ نقدی جو مقتول کے وارث بعوض خون لیں۔ دیت۔
**خون بہانا** (ا۔ محاورہ) خون گرانا۔ (۲) کشت و خون کرنا۔ قتل کرنا۔ خون نکالنا۔
**خون پانی ایک کرنا** (ا۔ محاورہ) بہت سخت مشقت کرنا۔
**خون پانی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے حد تکلیف پہنچنا
**خون پینا** (ا۔ محاورہ) (۱) خون چوسنا۔ (۲) مارنا۔ قتل کرنا (کنایتاً) ستانا۔ دق کرنا۔
**خون تھوکنا** (ا۔ محاورہ) کسی صدمے یا مرض سے لہو کی قے کرنا بہت صدمہ برداشت کرنا۔ تپ دق کا آخری درجہ۔
**خون جگر پینا** (ا۔ محاورہ) (۱) غم و غصہ ضبط کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا
**خون جوش کھانا** (ا۔ محاورہ) نہایت غصے میں آنا۔ بہت برافروختہ ہونا
**خون چاٹنا** (ا۔ محاورہ) تلوار کا خون آلود کرنا۔
**خون چکاں** (ف۔ صف) جس سے خون ٹپکتا ہو۔ خون ٹپکتا ہوا۔
**خون خرابا** (ف۔ ا۔ مذ) کشت و خون۔ خون ریزی۔ خون خچر
**خون خشک ہونا** (ا۔ محاورہ) دم خشک ہونا۔ خوف چھانا۔ سہم جانا۔ ڈر جانا۔ خوف سے دُبلا ہو جانا۔
**خونخوار** (ف۔ صف) (۱) خون پینے والا۔ ظالم۔ جلاد۔ ستمگر۔ (۲) خونریز
**خونخواری** (ف۔ ا۔ مث) ظلم و ستم۔ بے رحمی (۲) قتل۔
**خون دامن سے نہ چھوٹنا** (ا۔ محاورہ) قتل کا الزام قائم رہنا۔
**خون دل پینا** (ا۔ محاورہ) اندر ہی اندر غم کرنا۔ غصہ کھانا۔ پیچ و تاب کھانا۔ نہایت افسوس کرنا۔
**خون دوڑنا** (ا۔ محاورہ) خون کا حرکت کرنا۔ خون رگوں میں پھرنا۔
**خون رلانا** (ا۔ محاورہ) انتہا سے زیادہ رلانا۔ خون کے آنسو رلانا۔ بہت ستانا۔
**خون رونا** (ا۔ محاورہ) بہت رونا۔ اتنا رونا کہ آنسوؤں کی جگہ خون نکلنے لگے۔
**خون ریز** (ف۔ صف) خون بہانے والا۔ قاتل۔ خونی۔
**خونریزی** (ف۔ ا۔ مث) کشت و خون۔ جنگ و جدل۔ قتل و غارت۔ لڑائی
**خون سر پر چڑھنا** (ا۔ محاورہ) خون سر پہ سوار ہونا۔ کسی کے قتل پر آمادہ ہونا۔ کسی کے مار ڈالنے پر تل جانا۔



Marfat.com

**خون سر پر چڑھ کر بولتا ہے** (ا۔ مثل) قتل چھپا نہیں رہتا
**خون سر پر لینا** (ا۔ محاورہ) قتل کا الزام لینا۔
**خون سفید ہونا** (ا۔ محاورہ) مہر و محبت نہ رکھنا۔ محبت جاتی رہنا۔
**خون سوار ہونا** (ا۔ محاورہ) قتل پر آمادہ ہونا۔
**خون کا پیاسا** (ف۔ صف) جان کا لاگو۔ جانی دشمن۔ تشنۂ خون
**خون کا جوش** (ا۔ مذ) وہ محبت جو خون کے رشتہ سے عزیزوں، رشتہ داروں میں ہوتی ہے۔
**خون کا بدلہ خون** (ا۔ مقولہ) جیسی خطا ویسی سزا۔ قصاص۔
**خون کا دریا** (ا۔ مذ) بہت خون ریزی۔
**خون کا دورہ** (ا۔ مذ) خون کا جسم میں گردش کرنا۔ خون کا چکر۔ دورانِ خون
**خون کا عوض** (ا۔ مذ) قصاص۔ خون کا بدلہ۔
**خون کرنا**۔ قتل کرنا۔
**خون کبوتر** (ا۔ مذ) کبوتر کے خون جیسی شراب سرخ۔ نہایت سرخ
**خون کی بو آنا** (ا۔ محاورہ) کشت و خون کی علامت ظاہر ہونا۔ دشمنی کی علامت ظاہر ہونا۔
**خون کے گھونٹ پینا** (ا۔ محاورہ) غم و غصہ کو برداشت کرنا۔ بڑے ضبط سے کام لینا۔
**خون گردن پر ہونا** (ا۔ محاورہ) قتل کا ذمہ دار ہونا۔ قتل کرنا۔
**خون گردن پر سوار ہونا** (ا۔ محاورہ) ہاتھ دھو کر کسی کی جان لینے کے درپے ہونا۔
**خون گرفتہ** (ف۔ صف) اجل رسیدہ۔ قتل کرنے کے قابل
**خون گشتہ** (ف۔ صف) خون میں ڈوبا ہوا۔ ناکام۔
**خون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا** (مثل) ادنےٰ عمل سے بڑے درجے کا طالب ہونا۔
**خون لینا** (ا۔ محاورہ) فصد کرنا۔
**خون ملنا** (ا۔ محاورہ) ایک خاندان یا کنبے سے ہونا۔
**خون منہ کو لگ جانا** (لگنا) (ا۔ محاورہ) مزا پڑ جانا۔
**خون میں نہانا** (ا۔ محاورہ) کثرت سے خون نکلنا۔ زیادہ زخمی ہونا۔
**خون نکلوانا** (ا۔ محاورہ) فصد کھلوانا۔
**خون ہلکا ہونا** (ا۔ محاورہ) عورتیں اس بچے کے متعلق کہتی ہیں۔ جس کو بُری نظر لگ جائے (۲) خون دیکھ کر گھبرا جانا۔
**خون ہونا** (ا۔ محاورہ) زخمی ہونا۔ مجبور ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ قتل ہونا۔
**خوناب۔ خونابہ** (خو۔ ناب، خو۔ نا۔ بہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خالص خون۔ (۲) خون کے آنسو۔ پانی ملا ہوا خون۔ (۳) لال۔ سرخ۔
**خونابہ فشانی** (ف۔ ا۔ مث) خون کے آنسو برسانا۔ خون رونا۔
**خونی** (خو۔ نی) [ا۔ صف] (۱) وہ جس نے کسی کو مار ڈالا ہو (۲) قاتل سفاک۔ ظالم۔ جلاد۔
**خونی دست** (ا۔ مذ) لہو کے دست۔ خونی پیچش۔
**خونیں** (خو۔ نیں) [ف۔ صف] خون آلود۔ سرخ۔ لال۔
**خوید** (خ۔ وید) [ف۔ ا۔ مث] ہرے جو یا گیہوں۔

**خویش** (خیش) [ف۔ صف] (۱) قریب کا رشتہ دار۔ اپنا (۲) (ضمیر) خود آپ (۳) [اُ۔] داماد۔ جوائی۔
**خویش و اقارب** (ف۔ ا۔ مذ) قریبی رشتہ دار
**خویشاوند** (خے۔ شا۔ وند) [اُ۔ ی ۔ا۔ مذ] خویش و اقارب۔

## خ۔ ہ

**خہے** (خ۔ ہے) [ف۔ کلمہ تحسین] واہ۔ مرحبا۔ آفرین۔ سبحان اللہ۔ زہے

## خ۔ ی

**خیاباں** (خ۔ یا۔ باں) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پھلواڑی۔ کیاری۔ (۲) باغ کے درمیان سے گزرتا ہوا راستہ
**خیار** (خ۔ یار) [ع۔ ا۔ مذ] کھیرا۔ ککڑی۔ (۲) خیر کی جمع۔ نیک لوگ۔
**خیارین** (خ۔ یا۔ رین) [ع۔ ا۔ مذ] خیار کا تثنیہ۔ کھیرے ککڑی دونوں کو کہتے ہیں۔
**خیاط** (خَی۔ یاط) [ع۔ ا۔ مذ] کپڑے سینے والا۔ درزی۔
**خیاطی** (ع۔ ا۔ مذ) درزی کا پیشہ
**خیال** (خَ۔ یال) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تصور۔ وہ صورت جو آدمی بیداری میں تصور کرے۔ یا خواب میں دیکھے (۲) فکر۔ اندیشہ (۳) دھیان۔ غور و خوض (۴) [اُ۔] سمجھ۔ رائے۔ (۵) منشا۔ ارادہ (۶) توجہ۔ التفات (۷) وہم۔ گمان۔ (۸) ایک راگ کا نام (۹) مضمون (۱۰) پاس۔ لحاظ۔ جمع: خیالات
**خیال آنا** (ا۔ مقولہ) کچھ یاد آنا۔
**خیال باطل** (ع۔ صف) جھوٹا خیال۔
**خیال باندھنا** (ا۔ محاورہ) تصور کرنا۔ منصوبہ باندھنا سوچنا۔ کسی بات کا برابر خیال کرنا۔
**خیال بندی** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) سلسلۂ خیالات۔ خیالی تصویر۔ سوچ۔
**خیال پر چڑھنا** (ا۔ محاورہ) یاد آنا۔ کسی بات کا یاد رہنا۔ ذہن نشین ہونا
**خیال پڑنا** (ا۔ محاورہ) خیال ہونا۔ یاد آنا۔ شبہ گزرنا۔
**خیال چھوڑنا** (ا۔ محاورہ) کسی دھیان کو ترک کرنا۔
**خیالِ خام** (ف۔ مذ) کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو۔
**خیال دوڑنا** (ا۔ محاورہ) یکایک خیال کسی امر کی طرف جانا۔
**خیال رکھنا** (ا۔ محاورہ) دھیان رکھنا۔ نہ بھولنا۔ یاد رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ توجہ رکھنا۔ کسی کام کی فکر رکھنا۔
**خیال سے اتر جانا** (ا۔ محاورہ) یاد سے اتر جانا۔ بھول جانا۔ فراموش کر دینا۔
**خیال سے باہر** (ا۔ صف) دُور از خیال۔ جو سمجھ میں نہ آسکے۔
**خیال فاسد** (ف۔ ا۔ مذ) بُرا خیال۔ بے ہودہ خیال۔



Marfat.com

**خیال کرنا** (۱۔ محاورہ) (۱) سوچنا۔ فکر کرنا (۲) قیاس کرنا۔ لحاظ کرنا (۳) دھیان کرنا۔
**خیال میں نہ لانا** (۱۔ محاورہ) (۱) دھیان میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ (۲) نہ ڈرنا۔
**خیالی** (خَ۔یا۔لی) [ف۔صف] وہمی۔ قیاسی۔ ظنی۔
**خیالی پلاؤ پکانا** (۱۔ محاورہ) ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہوں۔
**خیام** (خَی۔یام) [ع۔ا۔مذ] خیمہ بنانے والا۔ خیمہ دوز۔ ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص۔
**خیانت** (خِ۔یا۔نت) [ع۔ا۔مث] (۱) دغا۔ دھوکا۔ (۲) غبن۔ تغلب بددیانتی۔ بے ایمانی۔ امانت میں چوری
**خیانت مجرمانہ** (قانون) وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو۔ اس مال کو دبا لینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو۔
**خیبر** (ع۔ا۔مذ) حجاز کے ایک قلعہ کا نام۔ جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا تھا۔ (۲) پاکستان اور افغانستان کو ملانے والا پہاڑی راستہ۔
**خیبر شکن** (ع۔ف۔ا۔مذ) قلعہ خیبر کے فاتح۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
**خیر** (ع۔ا۔مث) نیکی۔ بھلائی۔ اچھائی (۲) برکت (۳) سلامتی۔ تندرستی۔ عافیت (۴) (طنزاً) ٹھیک۔ بجا۔ درست۔
**خیر الامور اوسطہا** (مثل) ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے۔ ہر کام میں میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔
**خیر الانام** (خیر البشر) مخلوقات میں سب سے بہتر۔ بہترین انسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے القاب۔
**خیر النساء** (ع۔مث) عورتوں میں سب سے بہتر۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب
**خیر الوریٰ** (ع۔مذ) بہترین مخلوق۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب
**خیر اندیش** (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ
**خیر باد** (کلمہ رخصت) خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔
**خیر باد کہنا** (۱۔ محاورہ) (۱) رخصت کرنا (۲) کسی چیز کو ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔
**خیر باشد** (۱) خیر تو ہے؟ خیر ہے؟ کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں۔ تجاہل عارفانہ یا شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں۔
**خیر باشد کدھر کرم کیا۔ خیر تو ہے۔ کیونکر آنا ہوا** (۱۔ محاورہ) کیا راستہ بھول گئے۔ خلاف عادت آنے کا سبب کیا ہے۔
**خیر برکت** (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) برکت (۲) خوشحالی۔
**خیر تو ہے** (کلمہ تعجب) دیکھیے خیر باشد
**خیر جو ہوا سو ہوا** (۱۔ مقولہ) اچھا ہوا۔ اب پچھلی باتوں کو چھوڑ دو۔ صلح کے بعد اگر کوئی فریق شکایت کرے تو کہتے ہیں۔
**خیر چاہنا** (۱۔ محاورہ) بھلائی یا سلامتی چاہنا۔
**خیر خبر** (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) اچھی خبر۔ نیک خبر (۲) خیریت۔ خیر و عافیت خیر سلا۔
**خیر خواہ** (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا۔ خیر اندیش۔ بہی خواہ
**خیر خواہی** (ع۔ف۔ا۔مث) بھلائی چاہنا۔ بہتری چاہنا۔ خیر اندیشی۔

**خیر سگالی** (ع۔ف۔ا۔مث) بھلائی سوچنا۔
**خیر سلا** (عربی خیر و صلاح سے بگڑا ہوا ہے) (۱) خیریت۔ خیر و عافیت (۲) مزاج پرسی۔
**خیر سے** (۱) خیر و عافیت سے۔ صحیح و سلامت۔ (۲) (طنزاً) ماشاء اللہ۔
**خیر سے کٹنا۔ خیر سے گزرنا** (۱۔ محاورہ) سلامتی سے بسر ہونا۔
**خیر گزرنا۔ خیر ہونا** (۱۔ محاورہ) آفت سے بچنا (ناگہانی صدمے یا حادثے سے بچنے کے موقع پر بولتے ہیں)
**خیر گزری** (۱۔ محاورہ) آفت سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے۔
**خیر مانگنا** (۱۔ محاورہ) (۱) سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا (۲) توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا۔
**خیر مقدم** (ع۔ا۔مذ) (۱) استقبال (۲) وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ کے تشریف لانے کے وقت کہا جاتا ہے۔ خوش آمدید۔ آپ کا آنا مبارک بہت اچھے آئے۔
**خیر منانا** (۱۔ محاورہ) بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ دعائے نیک کرنا۔
**خیر و عافیت** (ع۔ا۔مث) خیر سلا۔ خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔
**خیر ہے۔ خیر تو ہے** (کلمۂ تعجب) اُس جگہ بولتے ہیں جب کوئی بے محل یا بے وقت کوئی کام کرتا ہے
**خیرات** (خَے۔رات) [ع۔ا۔مث] خیر کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ (۲) [اُر] صدقہ۔ دان۔
**خیرات خانہ**۔ محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔
**خیرات داخل** (۱) خیرات میں شامل۔ مثل خیرات کے۔ صرف بیجا۔
**خیرات دافع آفات ہے** (۱۔ مقولہ) صدقہ بلاؤں کو دور کرتا ہے۔
**خیرات دینا** (۱۔ محاورہ) خدا کی راہ میں دینا۔ صدقہ دینا۔ دان دینا۔
**خیرات کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار** (۱۔ مثل) مانگ مانگ کر گزر بسر کرے اور اس پر شیخیاں مارے اس کے متعلق کہتے ہیں
**خیراتی** (خَے۔را۔تی) [ف۔صف] خیرات سے منسوب مفت کا۔
**خیرہ** (ف۔مث) آنکھوں کے آگے اندھیرا (صف) حیران۔ پریشان (۲) بے شرم۔ گستاخ۔ (۳) بے فائدہ۔ بے وجہ
**خیرگی** (خی۔رَ۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) چکا چوند۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجانے کی کیفیت (۲) بے حیائی۔ شوخ چشمی۔
**خیر الامم** (ع۔مث) بہترین اُمت۔ اُمت مسلمہ۔
**خیرو** (خَے۔رُو) [ف۔ا۔مذ] خطمی۔
**خیرہ** (خی۔رَہ) [ف۔صف] (۱) تاریک (۲) بے حیا۔ شوخ چشم (۳) حیران و پریشان۔
**خیرہ چشم** (ف۔صف) جس کی آنکھ میں چکا چوند ہو۔ چندھیایا ہوا۔ شوخ چشم۔ بے حیا۔ گستاخ۔ حیران۔ پریشان۔
**خیرہ سر** (نگاہ) (ف۔صف) بے باک۔ سرکش۔ شوخ۔ گستاخ۔ مغرور۔ بیہودہ
**خیرہ سری** (ف۔ا۔مث) بے باکی۔ سرکشی۔ شوخی۔ گستاخی۔ بے حیائی۔
**خیریت** (خَے۔ری۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) تندرستی۔ سلامتی۔ صحت۔



Marfat.com

خیز (ف) فارسی مصدر خاستن کا امر۔ اُٹھ (۲) [مذ] اُٹھنا۔ کُودنا۔ دوڑنا۔ جست لگانا۔ (۳) اُٹھانا۔ پیدا کرنا۔ (۴) چھلانگ (۵) پیدا کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے حیرت خیز۔ مردم خیز وغیرہ

خیزاں (فے۔ زاں) [ف۔ صف] اٹھا ہوا۔ کھڑا ہوا۔ نکلتا ہوا۔

خیزش۔ خیزی (فے۔ زش، فے۔ زی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) اُٹھنا۔ کودنا (۲) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے فتنہ خیزی (۳) مجازاً عضو تناسل کی اِستادگی۔

خیسَاندَہ (خے۔ ساں۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] دوا جو بھگو کر پی جائے۔

خَیط (ع۔ مذ) دھاگا۔

خَیطُ الابیض (ع۔ مذ) سفید دھاگا (۲) صُبح کا اُجالا۔

خَیطُ الاسوَد (ع۔ مذ) سیاہ دھاگا۔ (۲) شام کے بعد کی تاریکی۔

خَیف (ع۔ مذ) باپ کی جانب سے سوتیلا بھائی۔

خیفا (خی۔ فا) [ع۔ ا۔ مث] (۱) نظم یا نثر میں ایک لفظ نقطہ دار اور دوسرا بغیر نقطے کے لانا (۲) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ نیلی اور ایک سیاہ ہو۔

خَیل [ع۔ ا۔ مذ] (۱) گروہ۔ جماعت (۲) بہت سے سوار (بہت سے گھوڑے۔ (۳) گھوڑوں کا گلہ۔

خَیل خَیل (ع۔ مذ) گروہ۔ گروہ۔ جماعت۔ جماعت۔

خَیل خانہ [ق۔ ا۔ مذ] خاندان۔ ہجوم۔

خَیلا (خے۔ لا) [اُر۔ صف] لغو۔ بے ہودہ۔ احمق۔ بے وقوف۔

خَیلا بنانا (ا۔ محاورہ) بے وقوف بنانا۔

خَیلا پائینچا (ا۔ مث) پھوہڑ عورت۔

خَیلا پَن (پنا) بے سلیقگی۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ نادانی۔ پھوہڑ پنا۔

خیلے (خے۔ لے) [ف۔ صف] بہت زیادہ۔

خِیَم (ع۔ مذ) خیمہ کی جمع۔

خیمہ (خَے۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] تمبو۔ ڈیرہ۔ خرگاہ

خیمۂ ازرق (ع۔ مذ) نیلا خیمہ۔ آسمان۔

خیمہ استادہ ہونا (ا۔ محاورہ) خیمہ کھڑا ہونا۔ خیمہ لگانا۔

خیمہ دوز (ع۔ ف۔ مذ) تمبو سینے اور بنانے والا۔ خیام

خیمہ زن (ع۔ ف۔ صف) خیمہ لگانے والا۔

خیمہ گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) لشکرگاہ۔ ڈیرا۔ پڑاؤ۔ کیمپ

خیمے ڈال دینا (ا۔ محاورہ) آ کر پڑنا۔ چھاؤنی چھا دینا۔

خیول (ع۔ مذ) خیل کی جمع۔ دیکھیے خیل



Marfat.com

# د

د۔ (دال) [ع۔مث] (۱) اُردو کا گیارھواں۔ فارسی کا دسواں۔ عربی کا آٹھواں اور ہندی کا اٹھارھواں حرف (۲) اسے دالِ مُہملہ بھی کہتے ہیں (۳) ابجد کے حساب میں اس کے چار عدد ہیں۔ اس کی آواز دانتوں سے نکلتی ہے۔ عربی میں شمسی حرف ہے۔ اس کے پہلے "ال" آئے تو آواز نہیں دیتا۔ بلکہ دال کو مشدد کر دیتا ہے۔ جیسے الداخل۔ تقویم میں بُدھ کے دن کی اور علمِ نجوم میں عطارد کی علامت۔

## د ـــــ ا

**داب**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) بوجھ۔ وزن۔ دباؤ (۲) چھاپے کا نشان (۳) کل یا مشین سے ایک بار نکلنا (۴) خو۔ خصلت۔ عادت (۵) درخت یا پودے کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لیے دبائی جائے۔

**داب بٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زور دینا۔ دباؤ ڈالنا (۲) رُعب ڈالنا (۳) بے جا حکومت کرنا۔

**داب بیٹھ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) سکہ بیٹھ جانا۔

**داب بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زبردستی قبضہ کر لینا (۲) نیچے دبانا (۳) خیانت کرنا (۴) زنا وغیرہ کے لیے پکڑ لینا (۵) رُعب پڑنا (۶) چڑھ بیٹھنا۔

**داب جمانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) داب بٹھانا (۲) رعب بٹھانا۔

**داب جمنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) داب کا اپنی صحیح جگہ بیٹھ جانا (۲) رُعب پڑنا۔ ڈر بیٹھنا۔

**داب چُوک جانا**۔ (ا۔ محاورہ) چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا۔

**داب دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دفن کر دینا۔ دبا دینا (۲) چھپا دینا (۳) رعب ڈالنا۔

**داب رکھنا**۔ (۱) دبانا۔ دبا کر روکنا (۲) دبا کر نیچے رکھنا (۳) نہ دینا (۴) چھپانا۔ (۵) چُرانا (۶) ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا (۷) روپیہ مار لینا۔

**داب لینا**۔ (۱) روپیہ مار لینا۔ غصب کر لینا (۲) دبوچنا۔ قابو کر لینا (۳) بھینچنا۔ دبانا (۴) مغلوب کر لینا۔ دبانا (۵) عاجز کرنا۔ مجبور کرنا۔

**دابّ**۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) شان و شوکت (۲) نمود و نمائش (۳) رُعب۔ دبدبہ۔ دھاک۔

**داب**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) آداب۔ طور۔ طریق (۲) رسم۔ رواج (۳) عادت۔ (۴) کام۔ کاج۔ دھندا (۵) حالت۔ کیفیت (۶) زور سے چلنا۔

**دابِ سلطنت**۔ (ع۔ف۔مذ) طریقِ سلطنت۔ آدابِ حکومت۔

**دابِ صحبت**۔ (مجلس۔ محفل) (۱) تہذیب۔ شائستگی (۲) آداب۔ اخلاق۔ لوگوں میں اُٹھنے بیٹھنے۔ بولنے۔ گفتگو کرنے کے آداب۔

**دابا**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) بیمار کو لحافوں یا کمبلوں سے ڈھانپنا تاکہ پسینہ آ جائے۔ (۲) بوجھ (۳) رُعب۔ زبردستی (۴) استحصال بالجبر (ف) سونا۔ اشرفی

**دابا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) رعب ڈالنا۔ دھمکانا۔

**دابنا**۔ (داب۔نا) [ہ۔مص] (۱) کسی شے کو زور سے نیچے بٹھانا (۲) چپی کرنا۔ بدن دبانا (۳) دفن کرنا (۴) روکنا (۵) بھینچنا (۶) حکومت کرنا (۷) دھمکانا۔ (۸) مغلوب کرنا (۹) مجبور کرنا۔

**دابّہ**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) زمین پر چلنے والا جانور (۲) چوپایہ (۳) لاڈو جانور۔

**داتا**۔ [ہ۔صف] (۱) دینے والا۔ سخی۔ فیاض (۲) رزّاق۔ خدا (۳) درویش فقیر۔ سائیں۔

**داتا پُن کرے کنجوس جُھر جُھر مرے**۔ (ا۔ مثل) سخی خیرات کرتا ہے اور بخیل حسد سے مرا جاتا ہے۔

**داتا داتا مر گئے اور رہ گئے مکھی چوس۔ لین دین کو کچھ نہیں لڑنے کو موجود**۔ (ا۔ مثل) سخی مر گئے اور کنجوس رہ گئے۔ دیتے دلاتے کچھ نہیں لڑنے کو تیار رہتے ہیں۔

**داتا دان کرے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے**۔ (ا۔ مثل) سخی سخاوت کرتا ہے اور شوم بخیل حسد سے جل جل مرتا ہے۔

**داتا کا دان غریب کا اشنان**۔ (ا۔ مثل) سخی کے خیرات کرنے سے غریب کا کام چل جاتا ہے۔

**داتا کے دینے کے سَو ہاتھ**۔ (ا۔ مثل) خدا جب دینے پر آتا ہے تو سو طرح سے دیتا ہے۔

**داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے**۔ (ا۔ مثل) (۱) سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے (۲) سخی کی مشکلات آسان ہوتی ہیں۔

**داتا پن**۔ (دا۔تا۔پن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فیاضی۔ سخاوت (۲) بخشش کرنے کی عادت۔

**داتار**۔ (دا۔تار) [س۔ا۔مذ] داتا۔ سخی۔

**داترَ**۔ (دا۔تر) [س۔ا۔مذ] ایک اوزار جس سے فصل کاٹنے کا کام لیا جاتا ہے۔ ہنسی۔ درانتی۔

**داتَن**۔ (دا۔تن) [ہ۔ا۔مث] دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک۔

**ڈاٹ**۔ [ق۔ا۔مث] (۱) انبوہ۔ ہجوم (۲) گہرا (۳) سخت (۴) مضبوط۔

**ڈاٹ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ۔ق) مسلّط ہونا۔

**داٹا داٹ**۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ (ق)۔

**داٹن**۔ گھنا پن۔ (ق)۔

**داٹنا**۔ (داٹ۔نا) [ق۔مص] (۱) ہجوم کرنا۔ اکٹھا ہونا (۲) بھرپور ہونا۔

**داٹی**۔ [ق۔ا۔مث] ڈانٹ۔ ڈپٹ۔

**داجن**۔ [ہ۔ا۔مذ] جمع [ع] تاریکی۔ تاریک۔ گھٹا ٹوپ اندھیرا۔

**داخل**۔ (دا۔خل) [ع۔صف] (۱) اندر جانے والا۔ گھسنے والا (۲) پہنچنے والا۔



Marfat.com

(۳) گھسا ہوا۔ اندر گیا ہوا (۴) شامل۔ ملحق (۵) بڑی زمین کے ساتھ تھوڑی زمین کی شمولیت (۹) ادائیگی۔ سپردگی۔
**داخلِ حسنات ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی اچھے کام میں شرکت کرکے ثواب حاصل کرنا۔
**داخل خارج۔** (ع۔ ا۔ مذ) سرکاری رجسٹر میں جائداد کے نئے مالک کے نام کا اندراج۔
**داخلِ دفتر۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شامل مِسل (۲) نامنظور۔ التوا (۳) مقدمہ یا درخواست کا خارج ہونا۔
**داخل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اندر کرنا۔ گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا (۴) روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا (۵) نام لکھوانا۔ درج کرنا۔ بھرتی کرنا (۶) قبضہ دلانا۔ حوالہ کرنا۔
**داخل کُنندہ۔** (۱) داخل کرنے والا (۲) ادا کرنے والا۔
**داخِلہ۔** (دا۔ خِ۔ لَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سپردگی۔ حوالگی۔ تفویض (۲) روپیہ کی رسید مالگذاری کی رسید۔ محصول یا چنگی کی رسید (۳) باریابی۔ گذر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ (۴) داخل کرنے کی فیس۔ اُجرت (۵) مدرسے یا جماعت میں داخل ہونا۔ (۶) ملک کے اندرونی معاملات۔
**داخلہ بہی۔** (ع۔ ا۔ مث) وہ رجسٹر یا کتاب جس میں داخلہ یا وصولی کی رقوم درج ہوتی ہیں۔
**داخلی۔** (دا۔ خِ۔ لی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) اندرونی۔ اندر سے متعلق (۲) مشمولہ ملحقہ (۳) جبلی۔ قدرتی (۴) کسی مقدس جگہ یا مقبرہ میں داخل ہونے کا دن۔
**داخلی موضع۔** (ع۔ ا۔ مذ) چھوٹا موضع جو کسی بڑے موضع کا حصہ ہو۔
**داخِلیہ۔** (دا۔ خِ۔ لی۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) وہ درس گاہ جس میں بورڈنگ ہاؤس بھی ہو۔
**داد۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پھنسیوں کا وہ چھتّے جو فسادِ خون کے باعث جسم پر ظاہر ہوجاتے ہیں اور اُن میں کھجلی ہوتی ہے۔
**داد۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) عدل۔ انصاف (۲) عطا۔ بخشش (۳) آفرین۔ تحسین واہ واہ (۴) فریاد۔ نالش (۵) سزا۔ پاداش۔
**دادبخش (گر)۔** (ف۔ صف) عادل۔ منصف۔
**دادبخشی۔** (ف۔ ا۔ مث) عدل وانصاف۔
**داد بیداد۔** (ف۔ ا۔ مث) فریاد۔ نالش۔ انصاف کے لیے شور۔ دُہائی۔
**داد پانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) انصاف کو پہنچنا (۲) تحسین حاصل کرنا۔
**داد چاہنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) انصاف چاہنا (۲) تحسین چاہنا۔ آفرین کا خواہاں ہونا۔
**دادخواہ۔** (ف۔ صف) فریادی۔ مستغیث۔
**دادخواہی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) فریاد۔ استغاثہ (۲) انصاف چاہنا (۳) نالش۔ دعویٰ۔
**داد دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے ہنر کمال یا خوبی کی تعریف کرنا (۲) انصاف کرنا۔
**دادرس۔** (ف۔ صف) (۱) فریاد سننے والا (۲) انصاف کرنے والا۔
**دادرسی۔** (ف۔ مث) (۱) فریادرسی۔ چارہ سازی (۲) انصاف۔ حق رسی

**دادِ سخن۔** (ف۔ صف) بات یا شعر کی تعریف۔
**دادِ شجاعت دینا۔** (ا۔ محاورہ) بہادری دکھانا۔ جنگ میں دلیری سے لڑنا
**دادِ طلب۔** (ف۔ صف) (۱) مُستغیث۔ فریادی (۲) تعریف کا خواہش مند۔
**دادِ عیش ونشاط دینا۔** (ا۔ محاورہ) خوب عیش کرنا۔ عیش وعشرت میں مشغول ہونا۔
**دادفرما۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خدا (۲) منصف بادشاہ۔
**داد فریاد۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) نالش۔ استغاثہ (۲) فریاد۔ واویلا۔
**داد کو پہنچنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) فریادرسی کرنا (۲) انصاف پانا (۳) صلہ پانا۔ ہنر یا کمال کی تعریف حاصل کرنا۔
**دادگاہ۔** (ف۔ ا۔ مث) کچہری۔ عدالت۔ انصاف کی جگہ۔
**دادگستر۔** (ف۔ صف) (۱) منصف۔ عادل (۲) خدا تعالےٰ (۳) منصف بادشاہ۔
**دادگستری۔** (ف۔ ا۔ مث) انصاف۔ دادرسی۔
**داد لینا۔** (ا۔ محاورہ) تحسین حاصل کرنا۔
**داد مانگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) انصاف کا خواہاں ہونا (۲) تعریف کا خواہاں ہونا۔
**داد نہ فریاد۔** (ا۔ تف) (۱) اندھیر۔ ظلم۔ ناشنوائی۔
**دادودہش۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) عطا بخشش (۲) فیاضی۔ سخاوت۔ خیرات۔
**دادوستد۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لین دین (۲) باہمی حساب کتاب۔ معاملہ (۳) خرید وفروخت۔
**دادا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) باپ کا باپ (۲) گرو۔ اُستاد (۳) بڑا بھائی (۴) بڑی عمر والا۔ بوڑھا۔
**دادا پردادا کے راج کی باتیں کرنا۔** (ا۔ مثل) پُرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرنا۔
**داداجان پرائے بڑے آزاد کرتے تھے۔** (ا۔ مثل) شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
**دادا کہنے سے بنیا گُڑ دیتا ہے۔** (ا۔ مثل) خوشامد سے کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا ہے۔
**دادا مریں گے جب بیل بٹیں گے۔** (ا۔ مثل) دادا کے مرنے پر جائداد تقسیم ہوگی۔ یہ ضرب المثل اُس وقت بولی جاتی ہے جب کسی معاملہ میں تاخیر ظاہر کرنا مُراد ہو۔
**دادر۔** (دا۔ دَر) (ہ۔ ا۔ مذ) مینڈک۔
**دادرا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا گیت (۲) ہچکی (۳) حلق۔ تالو۔ حلق کا کوّا۔
**دادرا بیٹھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) غش آجانا۔ ہچکی جکڑ جانا۔
**دادس۔** (دا۔ دَس) (ہ۔ ا۔ مث) ساس کی ساس۔ دادیا ساس۔
**دادسُرا۔** (دا۔ دَس۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) سُسر کا باپ۔
**دادی۔** (دا۔ دِی) (ہ۔ ا۔ مث) باپ کی والدہ۔ بوڑھی عورت۔
**دار۔** (ع۔ ا۔ مذ) خانہ۔ گھر۔ محلّہ۔ سرا۔ جگہ۔ مقام۔
**دارالابتلا۔** (ع۔ ا۔ مذ) مصیبت کا گھر۔ مُراد دنیا۔



Marfat.com

دارُالآخرت۔ (ع۔ا۔مذ) دوسرا عالم۔ عاقبت۔
دارُالادب۔ (ع۔ا۔مذ) تعلیم گاہ۔ درس گاہ۔ یونیورسٹی۔
دارُالاسلام۔ (ع۔ا۔مذ) وہ ملک جس میں اسلامی سلطنت ہو۔
دارُالاقامہ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) رہنے کی جگہ (۲) کالج کا ہوسٹل۔ بورڈنگ ہاؤس
دارُالامارت۔ دارالخلافہ۔ دارالسلطنت۔ دارالحکومت۔ (ع۔ا۔مذ) پایۂ تخت۔ راجدھانی۔ حکومت کا صدر مقام۔
دارُالامان۔ دارُالامن۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں امن ہو۔
دارُالبقا۔ (ع۔ا۔مذ) ہمیشہ رہنے کا گھر۔ اگلا جہان۔ آخرت۔
دارُالبوار۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) ہلاکت کا گھر (۲) دوزخ۔
دارُالتشخیص۔ (ع۔ا۔مذ) شفاخانہ کا وہ مقام جو خاص مریضوں کو دیکھنے کے لیے ہوتا ہے۔
دارُالجزا۔ (ع۔ا۔مذ) عالم مکافات۔ اگلا جہان۔
دارُالحرب۔ (ع۔ا۔مذ) وہ ملک جہاں غیر مسلموں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جائے۔
دارُالحکومت۔ دارُالسلطنت۔ (ع۔ا۔مذ) راجدھانی۔ حکومت کا صدر مقام۔ پایۂ تخت۔ بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔
دارُالخلافت۔ دارُالخلافہ۔ (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کے خلیفہ کا صدر مقام خلافت کا مرکزی مقام۔
دارُالسرور۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) خوشی کا گھر (۲) بہشت۔
دارُالسلام۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) سلامتی کا گھر (۲) بہشت
دارالشرع۔ (ع۔ا۔مذ) عدالت۔ کچہری۔
دارالشفا۔ (ع۔ا۔مذ) ہسپتال۔ شفاخانہ۔
دارالشوریٰ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) دربارِ عام (۲) جلسہ عام کی جگہ (۳) لوگوں کے ایک جگہ بیٹھ کر باہم مشورہ کرنے کی جگہ۔
دارالصحت۔ (ع۔ا۔مذ) شفاخانہ۔ صحت گاہ۔
دارالصفا۔ (ع۔ا۔مذ) صفائی کا گھر مراد خانہ کعبہ۔
دارالضرب۔ (ع۔ا۔مذ) ٹکسال۔
دارالعلوم۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) تعلیم گاہ (۲) کالج (۳) یونیورسٹی۔
دارالعمل۔ (ع۔ا۔مذ) عمل کی جگہ (مراد) دنیا۔
دارالعوض۔ (ع۔ا۔مذ) سزا کی جگہ۔
دارالعیار۔ (ع۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کھرا کھوٹا روپیہ پرکھا جاتا ہے دنیا
دارالفنا۔ (ع۔ا۔مذ) موت کا گھر مراد دنیا۔
دارالفنون۔ (ع۔ا۔مذ) کالج۔ یونیورسٹی۔
دارالقرار۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹھہرنے کی جگہ (۲) بہشت۔ جنت۔ فردوس۔
دارالقضا۔ (ع۔ا۔مذ) قاضی کی کچہری۔ عدالت۔
دارالقمار۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) چکلا۔ قحبہ خانہ۔ کسبیوں کے رہنے کا مقام (۲) وہ جگہ جہاں میلا ڈالا جائے۔
دارالکتب۔ (ع۔ا۔مذ) کتاب گھر۔ کتب خانہ۔ لائبریری۔
دارالمحن۔ (ع۔ا۔مذ) رنج و الم کا گھر مراد دنیا۔
دارالمطالعہ۔ (ع۔ا۔مذ) مطالعہ کرنے کی جگہ۔ ریڈنگ روم۔

دارالمکافات۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) بدلہ ملنے کا گھر۔ عاقبت۔ مقامِ جزا و سزا (۲) دنیا۔
دارالنعیم۔ (ع۔ا۔مذ) نعمتوں کا گھر مراد بہشت۔
دارالیتامیٰ۔ (ع۔ا۔مذ) یتیموں کے رہنے کی جگہ۔ یتیم خانہ۔
دارِ ششدر۔ (۱) چھ دروازوں والا گھر (۲) دنیا جس کے چھ دروازے مشرق مغرب شمال جنوب اوپر اور نیچے ہیں۔
دار۔ (ف۔ا۔مث) (۱) سُولی۔ وہ نوکدار لکڑی جسے زمین میں میخ کی طرح گاڑ کر اُس پر مجرم کی جان لیا کرتے تھے (۲) فارسی لاحقہ بہ معنی رکھنے والا۔ جیسے آبدار۔ دلدار (۳) پھانسی۔
دارباز۔ (ف۔صف) (۱) نٹ (۲) بازی گر۔ جو بانس پر چڑھ کر تماشا کرتا ہے۔
داربست۔ (ف۔ا۔مث) (۱) لکڑی کا باڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں۔ (۲) ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔
دار پر چڑھانا۔ (ا۔محاورہ) سولی پر چڑھا کر قتل کرنا۔ پھانسی دینا۔
دار و گیر۔ (ف۔ا۔مث) (۱) پکڑ دھکڑ۔ پرسش۔ مواخذہ (۲) لڑائی کا شور یا ہو (۳) مشکل۔ دقت۔ اُلجھیڑا۔
دار و گیر کی صدا بلند ہونا۔ (ا۔محاورہ) لڑائی کا شور ہونا۔
دار و مدار۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) بیچ بچاؤ۔ تصفیہ (۲) انحصار۔ قرار۔ موقوف قرارداد۔
دارا۔ (دا۔را) (ف۔ا۔مذ) (۱) رکھنے والا (۲) بڑا بادشاہ (۳) ایران کا مشہور شہنشاہ جو سکندر اعظم کے ساتھ لڑتا ہوا مارا گیا۔
دارابی۔ (دا۔را۔بی) (ف۔ا۔مث) رسّی جس سے توپ کھینچتے ہیں۔
دارائی۔ (دا۔را۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کا کپڑا جسے دریائی بھی کہتے ہیں (۲) حکومت (۳) خدائی۔
دارچینی۔ (دار۔چی۔نی) (ف۔ا۔مث) ایک درخت کی چھال جو دوا اور مسالے کے طور پر کام آتی ہے۔
دارِ فلفل۔ (دار۔فل۔فل) (ع۔ا۔مث) دیکھیے فلفل دراز۔
دارکش۔ (ف۔ا۔مذ) سُولی پر چڑھانے والا۔ جلّاد۔
دارُو۔ (دا۔رُو) (ف۔ا۔مذ) (۱) دوائی (۲) علاج۔ درمان۔ معالجہ۔ (۳) بارُود (۴) شراب۔
دارُو درمن۔ (ف۔ا۔مذ) علاج معالجہ۔ دوا علاج۔
دارُوئے بے ہوشی۔ (ف۔ا۔صف) بے ہوشی کی دوا۔ وہ دوا جسے سُنگھا کر بے ہوش کرتے ہیں۔
داروغگی۔ داروغائی۔ (دا۔رو۔غ۔گی)۔ (دا۔رو۔غا۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) داروغہ کے عہدہ کا کام (۲) محافظت۔ نگہبانی (۳) افسری۔ سرداری۔ (۴) انتظام حکومت۔
داروغہ۔ (دا۔رُو۔غہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) محافظ۔ نگران (۲) کسی جماعت کا سردار۔ ملازموں کا سردار (۳) تھانہ دار۔ سب انسپکٹر پولیس۔
داروغہ آبکاری۔ (ف۔ا۔مذ) مسکرات کا داروغہ۔ نشے والی اشیا کی نقل و حرکت۔ خرید و فروخت کی نگرانی کرنے والا افسر۔



Marfat.com

**داروغۂ پولیس** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کوتوال یا تھانہ دار جسے کسی شہر یا تھانہ سے متعلقہ علاقہ کا انتظام سپرد ہو۔
**داروغۂ توپ خانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) توپ خانے کا افسر۔ اسے میر آتش بھی کہتے ہیں۔
**داروغۂ جیل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قید خانے کا افسر۔ جیلر۔
**داروغۂ صفائی** ۔ بھنگیوں کا داروغہ۔ وہ افسر جس کے سپرد صفائی کا انتظام ہو۔
**داری** ۔ (دا ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو۔ باندی کنیز (۲) فاحشہ عورت۔ چھنال (۳) فارسی لاحقہ جس کے معنی رکھنا ۔ لینا وغیرہ ہیں۔ جیسے جہاں داری ۔ جُنبہ داری وغیرہ۔
**داری جار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) کنیز بچہ۔ حرام زادہ۔
**دارَین** ۔ (دا ۔ رَین) (ع ۔ ا ۔ مذ) دونوں جہان ۔ دنیا و عقبیٰ۔
**داڑھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) دائیں اور بائیں جانب کے بڑے دانت جن سے انسان اور حیوان خوراک چبانے کا کام لیتے ہیں ۔ صحیح ڈاڑھ۔
**داڑھا** ۔ (دا ۔ ڑھا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بڑی داڑھی۔
**داڑھی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) رخساروں اور ٹھوڑی پر اُگنے والے بال۔ ڈاڑھی۔
**داس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) غلام (۲) نوکر۔ ملازم (۳) چیلا۔
**داسا** ۔ (دا ۔ سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پتھر یا لکڑی کا چوڑا اور لمبا ٹکڑا۔ سردَل۔ (۲) لکڑی جو دیوار سے نکلی ہوئی ہو اور چھپر وغیرہ باندھنے کے کام آئے۔
**داستان** ۔ (داس ۔ تان) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) قصہ۔ کہانی۔ حکایت۔ طویل افسانہ (۲) سرگذشت۔ تاریخ (۳) شہرت۔
**داستان چھیڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لمبا قصہ شروع کر دینا ۔ سرگذشت سنانا شروع کر دینا۔
**داستان گو** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قصہ خوان ۔ وہ شخص جو قصہ سُنانے کا پیشہ اختیار کرے۔
**داستان میں ٹکڑا لگا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قصے میں قصہ جوڑ دینا۔
**داستانہ** ۔ (داس ۔ تا ۔ نہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) ہاتھ پر پہننے کی چیز۔ دستانہ۔
**داسی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) لونڈی ۔ باندی ۔ کنیز (۲) ملازمہ۔
**داشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) خبر گیری۔ نگرانی (۲) رکھ رکھاؤ (۳) تحفہ (۴) گھوڑے کی مالش ۔ کھریرا کی عمل۔
**داشتنی** ۔ (داش ۔ ت ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مث) رکھنے کے لائق۔
**داشتہ** ۔ (داش ۔ تہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) رکھا ہوا ۔ رکھی ہوئی شے (۲) خانگی۔ مدخولہ۔ بے نکاحی عورت۔
**داشتہ آید بکار گرچہ باشد سر مار** ۔ (مثل) رکھی ہوئی شے کام آ ہی جاتی ہے چاہے وہ سانپ کا سر ہی کیوں نہ ہو۔
**داعی** ۔ (دا ۔ عی) (ع ۔ صفت ۔ مذ) (۱) بلانے والا ۔ دعوت دینے والا۔ (۲) دعا کرنے والا (۳) وہ شخص جو دوسروں کے لیے دعا کرے (۴) مدعی۔ مستغیث (۵) دوسروں کو کسی کام کے لیے اُکسانے والا (۶) وجہ۔ موجب ۔ بانی (۷) ذریعہ۔ سبب۔ وسیلہ۔

**داعیٔ اجل کو لبیک کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مرجانا ۔ وفات پانا۔
**داعیہ** ۔ (دا ۔ عِ ۔ یہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) خواہش (۲) مرضی ۔ اجارہ ۔ دعوےٰ ۔ زد استدعا ۔ درخواست ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔ دعوےٰ کرنے والی عورت۔
**داغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) دھبا۔ نشان۔ چتی ۔ جھائیں (۲) عیب۔ کلنک کا ٹیکا (۳) رنج ۔ غم ۔ صدمہ (۴) رشک ۔ حسد (۵) نقص۔ عیب (۶) اُردو شاعر نواب میرزا خاں دہلوی کا تخلص۔
**داغ اُبھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زخم تازہ ہونا (۲) صدمہ تازہ ہونا۔
**داغ اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج یا صدمہ برداشت کرنا۔
**داغ بر بالائے داغ** ۔ (ف) صدمے پر صدمہ۔
**داغ بیل** ۔ (ا ۔ مث) وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔
**داغ بیل ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کام کی ابتداء کرنا ۔ کسی کام کی بنیاد رکھنا۔ کسی کام کو ایک خاص طریق پر کرنا۔
**داغ پر داغ** ۔ (ا ۔ مذ) صدمے پر صدمہ۔
**داغ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دھبا پڑنا ۔ نشان پڑنا۔
**داغ تازہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زخم ہرا ہونا (۲) پُرانا صدمہ یاد آنا۔
**داغ جگر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) جگر کا زخم (۲) اولاد کے مرنے کا غم۔ اولاد کا غم۔
**داغ جگر کھانا** ۔ صدمہ پہنچنا ۔ رنج پہنچنا۔
**داغ چھڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دھبا مٹانا۔
**داغ چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نشان رہ جانا۔
**داغ خاطر (دل)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دل کا داغ ۔ غم ۔ صدمہ۔
**داغ دار** ۔ (ف ۔ صف) جس پر داغ ہو ۔ پھل یا کوئی اور شے (۲) جس پر کوئی الزام لگ چکا ہو۔
**داغ دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔
**داغ دینا** ۔ (۱) صدمہ پہنچانا ۔ رنج دینا (۲) لوہے کو گرم کر کے جسم پر نشان بنانا (۳) جلانا (۴) نقصان پہنچانا (۵) توپ ۔ بندوق ۔ پستول کو سر کرنا۔ (۶) چغلی کھانا ۔ شکایت کرنا۔
**داغ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرم کرنا ۔ بگھارنا ۔ کڑکڑانا۔
**داغ کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رنج اٹھانا ۔ صدمہ اُٹھانا (۲) رشک کھانا۔ (۳) دھبا لگنا ۔ نشان پڑنا ۔ (۴) گل کھلانا۔
**داغ کھلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ دینا۔
**داغ لگانا ۔ داغ لگ جانا ۔ داغ لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جلنا ۔ جل جانا (۲) بدنام ہونا ۔ الزام لگنا (۳) نشان لگنا ۔ عیب دار ہونا۔
**داغ لے جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا۔
**داغ مٹانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی چیز کا نشان دُور کرنا۔
**داغ نکلے** ۔ (۱) ایک کوسنا (۲) پھوٹ نکلے ۔ جل کر نکلے۔
**داغ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بگھارا جانا ۔ گرم ہونا (۲) نشان ہونا (۳) گرم لوہے کا نشان لگنا (۴) رنج ہونا ۔ صدمہ ہونا (۵) رشک ہونا۔



Marfat.com

**داغا جانا** - (دا - غا - جا - نا) (اُردو مص) (۱) لوہے سے نشان کیا جانا (۲) توپ یا بندوق کا سَر ہونا - چلایا جانا -

**داغنا** - (دا غ - نا) (اُردو مص) (۱) چرکا دینا (۲) جلا کر گُل دینا (۳) گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۴) توپ - بندوق یا پستول چھوڑنا - توپ سَر کرنا - فیر کرنا (۵) چغلی کھانا -

**داغنی** - (دا غ - نِی) (ف - ا - مث) وہ لوہا یا لوہے کا وہ ٹھپّہ جس سے جانوروں کے بدن پر نشان ڈالا جاتا ہے -

**داغی** - (ف - صف) (۱) داغدار - دھبّے دار - جلایا ہوا (۲) معیوب عیب دار (۳) سزایاب - سزا یافتہ - قید بھگتا ہوا (۴) شرمندہ -

**داغی غلام** - وہ غلام جس کے بدن پر لوہے سے داغا ہوا ملکیتی نشان ہو -

**دافِع** - (دا - فِع) (ع - صف - مذ) دفع کرنے والا - دُور کرنے والا - ہٹانے والا - باز رکھنے والا -

**دافع البلیات** - (ع - ا - مذ) بلاؤں کو دفع کرنے والا - کنایتاً خدا تعالےٰ -

**دافِعہ** - (دا - فِ - عَہ) (ع - صف) دُور کرنے والی - غذا کے فضلہ کو دُور کرنے والی قوت -

**داکھ** - (ہ - ا - مث) انگور کی ایک قسم جس کا رنگ سیاہ یا سُرخی مائل سیاہ ہوتا ہے -

**دال** - (ہ - ا - مث) دَلا ہوا اناج جو سالن کے طور پر پکایا جاتا ہے جیسے چنے کی دال (۲) کھُرنڈ - زخم کا انگور (۳) آتشی شیشہ کا وہ عکس جس سے آگ لگتی ہے -

**دال بندھنا** - (۱) کھُرنڈ بندھنا (۲) شعاعوں کا ایک جگہ اکٹھا ہونا -

**دال جوتیوں میں بٹنا** - (ا - محاورہ) لڑائی ہونا - فضیحتا فضیحتی ہونا - خانگی جھگڑا ہونا -

**دال چپاتی** - (ا - مث) (۱) دال روٹی (۲) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام

**دال جُوتو ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) گتھم گتھا ہونا - باہم لپٹنا (۲) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر گر جانا -

**دال خور** - (ا - مذ) دال کھانے والا - (کلمۂ تحقیر) بُزدل -

**دال دَلیا** - (ا - مذ) (۱) معمولی خوراک - غریبوں کا سا کھانا (کلمۂ انکسار) (۲) ماحضر - روکھی سوکھی روٹی (۴) تھوڑا سا -

**دال دلیا ہونا** - (ا - محاورہ) کچھ نہ کچھ کام بن جانا -

**دال روٹی** - (ا - محاورہ) (۱) غریبانہ خوراک (۲) رزق - روزی -

**دال روٹی سے (آسودہ) خوش** - (ا - صف) آسودہ حال - خوش حال -

**دال روٹی کر دینا** - (ا - محاورہ) ہر وقت استعمال کر کے بے وقعت کر دینا -

**دال روٹی کھاتے ٹوٹا تو بھاڑ میں پڑے** - (ا - مثل) اگر کفایت شعاری کے باوجود گذارا نہیں ہوتا تو مر جانا بہتر ہے -

**دال سفے عین** - (ا - مث) دفع - دُور کرنا - ہونا کے ساتھ -

**دال گلنا** - (ا - محاورہ) (۱) دال پک جانا (۲) کامیاب ہونا - کام بن جانا - (۳) کسی جگہ دخل ہونا (۴) نباہ ہونا -

**دال میں کچھ کالا ہے** - کچھ خرابی ہے - شک و شبہ کی بات ہے - مشکوک معاملہ ہے -

**دال نہ گلنا** - (ا - محاورہ) کامیابی نہ ہونا -

**دالّ** - (ع - صف) (۱) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) معنی خیز پُر معنی (۴) علامت - نشان -

**دالان** - (دا - لان) (ف - ا - مذ) بڑا اور لمبا کمرہ جس میں محراب دار دروازے ہوتے ہیں -

**دالان در دالان** - دوہرا دالان - آگے پیچھے دو برابر کے کمرے -

**دام** - (ہ - ا - مذ) (۱) دمڑی - چھدام - کوڑی (۲) ٹکڑا - پیسے کا پچیسواں چوبیسواں حصہ - چار کوڑیاں (۴) قیمت - مول - نرخ - بھاؤ (۵) نقدی - رقم دولت - روپیہ -

**دام آوے کام** - (ا - مثل) روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے -

**دام اُٹھانا** - (ا - محاورہ) (۱) خرچ کرنا (۲) اونے پونے قیمت لے لینا -

**دام اُٹھنا** - (ا - محاورہ) چیز بک جانا - قیمت حاصل ہونا -

**دام بھر پانا** - (ا - محاورہ) قیمت وصول ہونا - روپیہ وصول ہونا -

**دام بھرنا** - (ا - محاورہ) تاوان دینا - قیمت ادا کرنا -

**دام پٹ جانا** - (ا - محاورہ) قیمت طے ہو جانا -

**دام پھیر لینا** - (ا - محاورہ) قیمت واپس لے لینا -

**دام چکانا** - (ا - محاورہ) بھاؤ ٹھیرانا - قیمت طے کرنا -

**دام دام** - کوڑی کوڑی - پیسہ پیسہ - کل رقم -

**دام دام ادا کیا** - کُل رقم ادا کی -

**دام دیجیے کام لیجیے** - (ا - مثل) جو روپیہ خرچ کرتا ہے - اس کا کام ہو جاتا ہے -

**دام دینا** - (ا - محاورہ) قیمت ادا کرنا - مول ادا کرنا -

**دام کرائے کام** - (ا - مثل) جو روپیہ خرچ کرے اسی کا کام ہوتا ہے -

**دام کھرے کرنا** - (ا - محاورہ) نقد قیمت وصول کرنا -

**دام لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) قیمت مقرر کرنا (۲) رقم صَرف ہونا -

**دام** - (ف - ا - مذ) (۱) جال - پھندا (۲) گھاس کھانے والے صحرائی چوپائے - (۳) روپے کا چالیسواں حصہ - دواؤں کے تولنے کا ایک وزن (۴) ایک قدیم سکہ - (۵) دھوکا - فریب -

**دام بچھانا** - (ا - محاورہ) پھندا لگانا - جال لگانا -

**دام بلا** - (ف - صف) مصیبت کا پھندا - مصیبت -

**دام بلا سے رہائی پانا** - (ا - محاورہ) مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنا -

**دام تزویر** - مکر کا جال - فریب کا پھندا -

**دام میں آنا** - (ا - محاورہ) فریب کھانا - دھوکا کھانا -

**دام میں پھنسانا** - دام میں لانا - جال میں پھنسانا - بس میں لانا -

**دام و دَد** - (ف - مذ) چرندے اور درندے -

**دامے - دِرمے - قدمے - سخنے** - (ف - مقولہ) ہر طرح امداد کرنا - روپیہ پیسہ - جان اور زبانی ہر طریقہ سے مدد کرنا -

**دامَ** - (ع) ہمیشہ رہے - دائم رہے -

**دامَ اقبالہٗ** - (ع - کلمۂ دعا) اُس کا اقبال ہمیشہ رہے -

**دامَ برکاتہٗ** - (کلمۂ دعا) اُس کی برکتیں ہمیشہ رہیں -



Marfat.com

**دامَ ظِلّکُم** ۔ (ع ۔ کلمۂ دُعا) آپ کا سایہ ہمیشہ رہے ۔ دام ظلّہٗ ۔ اس کا سایہ ہمیشہ رہے ۔

**دامَ عنایتہٗ** ۔ **دامَ لُطفہٗ** ۔ (ع ۔ کلمۂ دُعا) اُس کی عنایات ہمیشہ رہیں ۔

**دامَ مُلکہٗ** ۔ (ع ۔ کلمۂ دُعا) اُس کا مُلک ہمیشہ قائم رہے ۔

**داماد** ۔ (دا ۔ ماد) (ف ۔ ا ۔ مذ) بیٹی کا شوہر ۔ جنوائی ۔

**داماں** ۔ (دا ۔ ماں) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) دامن ۔ آنچل (۲) انگرکھے یا قبا کا وہ حصّہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے (۳) کور ۔ کنارہ ۔ لب ۔ حاشیہ (۴) تلیٹی ۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔ پائین کوہ کا علاقہ ۔

**دامَن** ۔ (دا ۔ مَن) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) داماں (۲) جہاز کا پال (۳) فارسی لاحقہ جو آنچل یا پلّو کے معنوں میں آتا ہے ۔ جیسے پاک دامن ۔ تردامن (۴) فارسی سابقہ جو کنارہ کے معنوں میں آتا ہے جیسے دامنِ کوہ ۔ دامنِ صحرا ۔ دامنِ دل ۔ دامنِ دولت وغیرہ ۔

**دامَن آلودہ** ۔ (ف ۔ صف) گناہ گار ۔ مجرم ۔

**دامَن اٹکنا** ۔ **دامَن اٹک جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرفتار ہوجانا ۔ پھنس جانا ۔

**دامن اُٹھا کر چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آنچل سنبھال کر چلنا ۔ دامن سمیٹ کر چلنا ۔ آنچل اونچا کرنا ۔

**دامن افشاں** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دامن جھٹکتے ہوئے (۲) غرور سے چلتے ہوئے ناز سے چلتے ہوئے (۳) بے تعلق ۔ تارک الدنیا ۔

**دامن اُلجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں دامن اٹک جانا (۲) پابند ہو جانا ۔ (۳) جھگڑے میں پھنس جانا ۔

**دامنِ اُمید** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) خواہش ۔ آرزو ۔

**دامنِ اُمید گوہرِ آرزو سے مالا مال ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آرزو پوری ہونا اُمید بر آنا ۔

**دامن بچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) الگ رہنا ۔ علیٰحدگی اختیار کرنا (۲) بے تعلق رہنا (۳) سلامت رَوی ۔

**دامن بدنداں** ۔ (ف ۔ صف) عاجز ۔ بے چارہ ۔

**دامن بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جھولی بھرنا (۲) مُراد حاصل کرنا ۔

**دامن پاک ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) معصوم ہونا ۔ بے گناہ ہونا ۔

**دامن پر دھبّا لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) الزام لگنا ۔

**دامن پر فرشتے نماز پڑھتے ہیں** ۔ (ا ۔ مثل) بہت پاک دامن ہے بہت نیک ہے ۔ بہت پارسا ہے ۔

**دامن پسارنا** ۔ **دامَن پھیلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا ۔ مانگنا

**دامن پکڑنا** ۔ **دامن لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مانگنا (۲) تقاضا کرنا (۳) پناہ میں آنا ۔ سہارا لینا (۴) روکنا ۔ تعرّض کرنا ۔

**دامن پھیلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پلّو آگے کرنا (۲) کچھ مانگنا ۔

**دامن تار تار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دھجیاں اُڑانا ۔

**دامنِ تر** ۔ (ف ۔ صف) گناہ گار ۔ مجرم ۔

**دامن تلے چھپانا (ڈھانکنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پناہ میں لینا (۲) عیب ڈھانکنا (۳) حفاظت کرنا ۔

**دامن تھام لینا** ۔ روکنا ۔

**دامن جھاڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دامن کو گرد و غبار سے صاف کرنا (۲) کچھ پاس نہ رکھنا ۔ خالی ہاتھ ہونا (۳) محاسبہ سے پاک ہونا (۴) آزاد ہونا ۔ تعلقات چھوڑ دینا ۔

**دامن جھٹک کر چلے جانا** ۔ **دامن چھڑا کر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ناراض ہو کر چلے جانا ۔ بیزار ہو کر چلے جانا ۔

**دامن جھٹک کر کھڑا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نفرت کرنا ۔ بیزار ہونا ۔

**دامن جھٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) الگ ہونا ۔ تعلق ترک کرنا ۔

**دامن چلنا** ۔ **دامن نکلنا** ۔ دامن پھٹ جانا ۔

**دامن چھٹنا** ۔ **چھُوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آزاد ہونا ۔ تعلق نہ رہنا ۔ بری الذمہ ہونا (۲) علیحدہ ہونا ۔

**دامن چھُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیچھا چھُڑانا ۔ قطع تعلق کرنا ۔

**دامن دار** ۔ (ف ۔ صف) (۱) چوڑا (۲) دامن والا ۔

**دامن دراز** ۔ (ف ۔ صف) بے وقوف ۔ احمق ۔

**دامنِ دولت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بادشاہ یا امیر کا سہارا یا پناہ

**دامن دھونا** ۔ **دامن پاک کرنا** ۔ بدنامی دُور کرنا ۔

**دامن سمیٹنا** ۔ **سنبھالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دامن کو ہاتھ سے اکٹھا کرنا (۲) کنارہ کشی کرنا ۔

**دامن سے بندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی کا ہو رہنا (۲) کسی سے شادی ہوجانا ۔

**دامن سے لگا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہر وقت ساتھ رہنا (۲) کسی سے وابستہ رہنا (۳) کسی کا حاجت مند رہنا ۔

**دامن سے مُنہ چھپانا (ڈھانکنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) شرمانا ۔ شرمندہ ہونا ۔

**دامنِ شب** ۔ شب کا آخری نصف حِصّہ ۔

**دامنِ صبر** ۔ (ف ۔ صف) صبر ۔ صبر کی طاقت ۔

**دامنِ قیامت** ۔ **دامنِ محشر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قیامت کا میدان ۔

**دامن کشاں** ۔ (ف ۔ صف) (۱) فخریہ انداز سے چلتے ہوئے (۲) ٹھکراتے ہوئے ۔ چھوڑتے ہوئے ۔

**دامن کمر سے باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کام کرنے کے لیے آمادہ ہوجانا ۔

**دامنِ کوہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پہاڑ سے ملا ہوا میدان یا وادی ۔

**دامَن کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) روکنا ۔ مزاحم ہونا ۔ جانے نہ دینا ۔

**دامن کی ہوا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بے ہوش کو دامن سے پنکھا کرنا ۔

**دامن گردانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دامن اکٹھا کرنا (۲) توجہ ہٹا لینا ۔

**دامن گیر** ۔ (ف ۔ صف) (۱) مدد چاہنے والا (۲) حمایت چاہنے والا (۳) مستغیث ۔ مدّعی (۴) مزاحم ۔ روکنے والا (۵) چُپ کرانے والا ۔

**دامن گیر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مزاحم ہونا ۔ معترض ہونا (۲) مُسِر ہونا پیچھا کرنا (۳) گرویدہ ہونا (۴) دادخواہ ہونا (۵) تنگ کرنا ۔ دُکھ دینا ۔

**دامن گیری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) حمایت چاہنا ۔ مدد چاہنا (۲) دوستی ۔ محبت (۳) استغاثہ ۔ دعوےٰ ۔

**دامن لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سہارا لینا ۔ پناہ لینا ۔

**دامنِ محشر** ۔ (ف ۔ مذ) قیامت کا میدان ۔

**دامنِ مریم** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کنایہ ہے عصمت سے ۔



Marfat.com

دامنِ مژگاں ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) پلکوں کا آخری حصّہ ۔ سامنے والی نوکیں۔
دامنِ مقصود ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) ارادہ ۔ مقصود کا دامن سے استعارہ ۔
دامن میں چھپا لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پناہ دینا (۲) سہارا دینا۔
دامن میں لہو لگنا ۔ (۱) دامن کا خون آلود ہونا (۲) قاتل پر قتل ثابت ہونا۔
دامنِ ناز کو سنبھالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نخروں کو زیادہ کرنا ۔ عشوہ گری میں زیادتی کرنا۔
دامن نہ چھوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا ۔ ساتھ ساتھ پھرنا۔
دامنی ۔ (دا ۔ مَ ۔ نی) (ف ۔ا ۔ مث) (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے پیٹھے پر پڑا رہتا ہے ۔ زین پوش (۲) باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں (۳) فارسی لاحقہ جیسے پاکدامنی ۔ تردامنی (۴) عورت کی پوشاک کا ایک حصّہ ۔ نقاب ۔ چِکّہ (۵) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔
دامنی ۔ (دام ۔ نی) (ہ ۔ا ۔ مث) بجلی ۔ برق ۔ صاعقہ ۔ شاعر ۔ کوی ۔
دان ۔ (ہ ۔ا ۔ مذ) (۱) نذر ۔ خیرات (۲) تحفہ ۔ نذرانہ ۔ چندہ ۔ عطیہ (۳) محصول (۴) فارسی لاحقہ جو کلمۂ ظرف کے طور پر استعمال ہوتا ہے بمعنی ۔ گھر ۔ جگہ ۔ مقام ۔ مکان ۔ خانہ جیسے پاندان ۔ نمک دان وغیرہ (۵) جاننے والا ۔ جیسے نکتہ دان ۔ زبان دان ۔
دان پُن ۔ دان پُنیہ ۔ صدقہ و خیرات ۔
دان داتار ۔ (ہ ۔ا ۔ مذ) دان کرنے والا ۔ خیرات کرنے والا۔
دان پُن ۔ (ہ ۔ا ۔ مذ) فیاضی۔
دان دہیز ۔ (ہ ۔ا ۔ مذ) جہیز۔
دان دینا ۔ (مص ۔ مرکب) پُن کرنا ۔ خیرات کرنا ۔
دانا ۔ (دا ۔ نا) (ف ۔ صف) عقل مند ۔ ہوشیار ۔ دانش مند ۔ جاننے والا ۔
دانا بینا ۔ (ف ۔ صف) جاننے والا ۔ دیکھنے والا ۔ عاقل ۔ ہوشیار ۔ کار آزمودہ ۔
دانا جلد بازی نہیں کرتے ۔ (ا ۔ مثل) عقلمند آدمی کسی کام میں جلد بازی سے کام نہیں لیتے ۔
دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے ۔ (ا ۔ مثل) بے وقوف دوست کے ہاتھوں عموماً نقصان پہنچتا ہے ۔
داناؤں کی دُور بلا ۔ (مثل) عقلمند انسان مصیبت میں نہیں پھنستے ۔
دانایانِ فرنگ ۔ (ف ۔ صف) یورپ کے عقلمند آدمی ۔
دانائی ۔ (ف ۔ا ۔ مث) عقل ۔ دانش ۔ سمجھ بوجھ ۔
دانائی ٹپکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) عقلمندی ظاہر ہونا ۔ ہوشیاری ظاہر ہونا ۔
دانت ۔ (ہ ۔ا ۔ مذ) (۱) دندان ۔ چبانے اور کاٹنے کا عضو (۲) میل ۔ رغبت خواہش ۔ قصد ۔ ارادہ (۳) دندانہ ۔ دانتا ۔
دانت بٹھا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) عاجز کر دینا ۔ مجبور کر دینا ۔
دانت بجانا ۔ (مص ۔ مرکب) دانتوں سے آواز نکالنا ۔
دانت بجنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دانت کڑکڑانا (۲) دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا
دانت بیٹھ جانا ۔ دانتوں کا جکڑ جانا ۔ بے ہوش ہو جانا ۔
دانت پر میل نہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت غریب ہونا ۔ مفلس ہونا ۔

فاقوں مرنا ۔
دانت پیسنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت غصّہ ہونا ۔ غصّہ دکھانا (۲) اوپر اور نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا ۔
دانت تلے انگلی دبانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حیران ہونا (۲) تعجب کرنا ۔ (۳) افسوس کرنا ۔
دانت تلے جیبھ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹھہرنا ۔ تحمل کرنا ۔ تامل کرنا ۔ صبر کرنا ۔
دانت تلے ہونٹ دبانا ۔ (ا ۔ محاورہ) غصّہ میں ہونا ۔ غصّہ کرنا ۔
دانت توڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دانت اُکھاڑنا ۔ دانت کے ٹکڑے کر دینا ۔ (۲) عاجز کرنا ۔ کسی کام کا نہ رکھنا ۔
دانت تیز کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) لالچ کرنا ۔ حرص کرنا (۲) ایذا رسانی کا قصد کرنا
دانت ٹوٹنا ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) دانت کا گر جانا ۔ دانت کا شکستہ ہو جانا (۲) پوپلا ہو جانا ۔
دانت ٹوٹے کھُر گھسے اور پیٹھ بوجھ نہ لے ـ ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھُس دے } (ا ۔ مثل) بوڑھا ہو جانے پر جب اس سے کسی مفاد کی توقع نہ ہو تو کوئی اُسے منہ نہیں لگاتا ۔
دانت جھڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) دانت ٹوٹ جانا ۔ دانت گرنا ۔
دانت چوہے کی نذر کر دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) دانت گر جانا ۔ بچوں کی بابت کہتے ہیں ۔
دانت دکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ڈرانا (۲) عظمت ظاہر کرنا ۔ شیخی مارنا ۔ اکڑنا (۳) کھسیانی ہنسی ہنسنا ۔
دانت دیکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) عمر کی شناخت کرنا ۔
دانت رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کی خواہش کرنا ۔ کسی چیز کو لینے کا ارادہ رکھنا (۲) بدلہ یا انتقام لینے کا ارادہ رکھنا ۔
دانت سلسلانا ۔ دانتوں میں ہلکا سا درد ہونا ۔
دانت سے دانت بجنا ۔ (ا ۔ محاورہ) سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا ۔
دانت سے زبان کاٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی بات کہہ کر پچھتانا ۔
دانت کاٹی روٹی ۔ (ا ۔ مث) بے حد دوستی ۔
دانت کٹکٹانا ۔ دانت کچکچانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نہایت خفا ہونا (۲) غصّے سے دانت پیسنا ۔
دانت کرکرے ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کرکراہٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ دینا (۲) عاجز ہونا ۔ ہار ماننا ۔ زک اُٹھانا ۔
دانت کریدنے کو تنکا نہ بچنا ۔ (ا ۔ مثل) گھر میں کچھ نہ رہنا ۔ سب اسباب جاتا رہنا ۔
دانت کڑکڑانا ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے دانت بجنا ۔
دانت کُند ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کاٹنے والی شے کے دندانوں کا سخت چیز کو کاٹنے کے قابل نہ رہنا ۔
دانت کھٹے کر دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) عاجز کر دینا ۔ ہمت توڑ دینا ۔
دانت کھٹے ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہمت ہارنا ۔ عاجز ہونا ۔ جی چھوٹ جانا ۔
دانت لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زخم لگانا ۔ منہ مارنا (۲) لالچ کرنا ۔ تاک لگائے رکھنا



Marfat.com

**دانت مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کاٹنا (۲) بجا بچی مارنا۔ کسی شے کا حاصل کر لینا۔ قابو میں لانا۔

**دانت نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہو کر ہنسنا (۲) بے موقع ہنسنا (۳) جوتی کے بھوسڑے سے نکل آنا۔ ٹانکے ٹوٹ جانا (۴) منت سماجت کرنا۔ عجز ظاہر کرنا (۵) (بچوں کے لیے) دانت پیدا کرنا۔

**دانت نکلنا**۔ بچے کے دانت نمودار ہونا۔

**دانت نکوسنا**۔ (ا۔ محاورہ) دانت نکالنا۔ درندے کا غصّے یا عاجزی سے دانت نکالنا۔

**دانت نہ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) ثابت نگل جانا۔ بغیر چبائے نگل جانا۔

**دانت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کی بہت خواہش ہونا (۲) صدمہ پہنچانے کا ارادہ ہونا (۳) دانتوں کا موجود ہونا (۴) تاک میں ہونا۔ (۵) عداوت ہونا۔

**دانتوں اُنگلی کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناراض ہونا۔ غصّے ہونا (۲) افسوس کرنا تاسف کرنا (۳) حیران ہونا۔ متوجہ ہونا۔

**دانتوں پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بچے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا۔

**دانتوں تلے انگلی دابنا (کاٹنا)**۔ (ا۔ محاورہ) متعجب ہونا۔ حیرت میں آنا۔

**دانتوں چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوسے سُننا (۲) ٹوک میں آنا (۳) موجب رشک ہونا۔

**دانتوں سے پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سخت کنجوسی کرنا (۲) حصول مطلب کے لیے بے حد کوشش کرنا۔

**دانتوں سے پسینہ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل کام کرنے سے عاجز آنا۔ بچیں بول جانا۔ تھک جانا۔

**دانتوں سے زمین پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔ زمین کو مضبوط پکڑنا۔

**دانتوں سے کوڑی اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت کنجوسی کرنا۔

**دانتوں سے ہاتھ کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سخت افسوس کرنا (۲) سخت غصّے میں ہونا۔

**دانتوں سے ہونٹ چبانا**۔ افسوس، حیرت یا غصّے میں ہونا۔

**دانتوں کا چوکا**۔ (ا۔ مذ) نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں

**دانتوں کے نیچے زبان دبانا**۔ (ا۔ محاورہ) کہتے کہتے زبان روک لینا حیرت، تعجب اور افسوس ظاہر کرنا۔

**دانتوں میں انگلی دبانا**۔ (ا۔ محاورہ) حیرت۔ افسوس۔ گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا۔

**دانتوں میں تنکا لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عاجزی کرنا (۲) امان مانگنا۔ (۳) اطاعت کرنا۔

**دانتوں میں زبان کی طرح رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) دشمنوں میں رہ کر بچے رہنا۔

**دانتا**۔ (داں۔ تا) (س۔ ا۔ مث) فیاضی۔ داد و دہش۔ دان پُن (ہ۔ ا۔ مذ) دندانہ۔ خار

**دانتا باجے گھر پڑے اور کھانڈا باجے رَن پڑے**۔ (مثل) زبان درازی سے گھر میں لڑائی رہتی ہے اور ہنسی مذاق میں دوستوں سے دشمنی ہو جاتی ہے۔

**دانتا کِلکِل**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) جھگڑا۔ تکرار۔ لڑائی۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ مناقشہ۔ دنگہ فساد (۲) کج بحثی۔ نکتہ چینی۔ حرف گیری۔ عیب جوئی۔

**داتن**۔ (داں۔ تن) (ہ۔ ا۔ مث) مسواک۔

**دانتو**۔ (داں۔ تو) (ہ۔ ا۔ مذ) آگے کو نکلے ہوئے یا بڑے بڑے دانتوں والا مرد۔

**دانتو**۔ (داں۔ تو) (ہ۔ ا۔ مث) آگے کو نکلے ہوئے یا بڑے بڑے دانتوں والی عورت۔

**دانتوا**۔ (دانت۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھکڑے کے پچھلے حصے میں اسباب رکھنے کی جگہ۔

**دانتی**۔ (داں۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بتیسی۔ دانتوں کا چوکا (۲) درانتی یعنی گھاس کاٹنے کا اوزار۔ ہنسیا (۳) آرے کا دندانہ۔

**دانتے**۔ (داں۔ تے) (ہ۔ ا۔ مذ) دندانے۔

**دانتے پڑ جانا**۔ دندانے پڑ جانا۔ دھار گر جانا۔

**دانتیا**۔ (داں۔ ت۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا نمک جو تمباکو کو تیز کرنے کے کام آتا ہے (۲) دانتوں کا منجن۔

**دانست**۔ (دا۔ نست) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دانش۔ واقفیت۔ علم۔ شناخت سمجھ۔ ادراک۔

**دانستہ**۔ (دا۔ نس۔ تہ) (ف۔ صف) جانا ہوا۔ پہچانا ہوا۔ جان بوجھ کر۔

**دانش**۔ (دا۔ نش) (ف۔ ا۔ مث) علم۔ عقل۔ دانائی۔ حکمت۔ ادراک۔

**دانش مند**۔ (ف۔ صف) عالم۔ فاضل۔ عاقل۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔ زیرک۔

**دانش مندانہ**۔ (ف۔ صف) عقل مندوں کی طرح۔

**دانش مندی**۔ (ف۔ ا۔ مث) دانائی۔ عقل مندی۔ فہم و فراست۔ حکمت۔

**دانش وَر**۔ (ف۔ صف) عقل مند۔ اہلِ علم۔ ذہین (انگ) (Intelligent)

**دانش وَری**۔ (ف۔ ا۔ مث) عقل مندی۔ دانائی۔ حکمت۔

**دانگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھ رتی کا وزن۔ مثقال یا درم کا چوتھائی حصّہ (۲) طرف۔ سمت۔ جانب (۳) کسی شے کا چھٹا حصّہ (۴) حصّہ۔ ٹکڑا (۵) مثلاً (۱) پہاڑی چٹان (۲) چوٹی (۳) دریا کا اُونچا کنارہ۔

**دانوری**۔ (داں۔ وَ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) وہ رسی جس سے غلہ اُڑاتے وقت بیل باندھتے ہیں۔

**دانہ**۔ (دا۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اناج۔ غلّہ (۲) بیج۔ تخم (۳) گول ٹکڑا۔ (۴) انگور یا آم کا پھل (۵) چھوٹی پھنسی (۶) چھوٹے اور گول کنکر۔ پتھر (۷) پانسہ۔ چھوٹی چھوٹی کوڑیاں (۸) خشخاش (۹) چنا (۱۰) گھی وغیرہ کا ذرّہ۔

**دانہ اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) پرندوں کا دانہ چُگنا۔

**دانہ اُگلنا**۔ (ا۔ محاورہ) پرندہ کا پوٹے سے دانہ نکالنا۔

**دانہ بچھانا**۔ (ا۔ محاورہ) پرندوں کو پکڑنے کے لیے جال کے نیچے دانہ ڈالنا۔

**دانہ بدلنا**۔ (ا۔ محاورہ) پرندوں کا ایک دوسرے کو منہ سے دانہ نکال کر کھلانا۔



Marfat.com

**دانہ بدلی** - (امث) (۱) پرندوں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا (۲) دونوں کا باہم اختلاط۔

**دانہ بدلی کرنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) پیار کرنا۔ محبت کرنا (۲) بوس وکنار کرنا۔

**دانہ بندی** - (ا۔مث) کھڑی کھیتی کی پیداوار جانچنا۔ پیمائش کرنا۔ تخمینہ لگانا

**دانہ بھرانا** - (ا۔ محاورہ) پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں دانہ دینا۔ چوگا دینا۔

**دانہ پانی** - (ا۔ مذ) (۱) آب و دانہ۔ رزق (۲) قسمت۔ نصیب (۳) بود و باش قیام۔

**دانہ پانی اُٹھنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) رزق ختم ہونا (۲) آمادۂ سفر ہونا۔ سفر پر مجبور ہونا

**دانہ پانی حرام ہونا** - (ا۔ محاورہ) کھانا پینا چھوٹ جانا۔

**دانہ پانی کھینچ لایا ہے** - (امثل) رزق مقدر میں تھا مجبوراً آنا پڑا ہے۔

**دانہ پانی کے ہاتھ ہونا** - (ا۔ محاورہ) قسمت کے اختیار میں ہونا۔

**دانہ پڑنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) بوٹے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا (۲) آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہو جانا۔

**دانہ تک حرام ہونا** - (ا۔ محاورہ) کچھ نہ کھانا۔

**دانہ جمانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ دھوکہ دینا (۲) بونا۔ بیج ڈالنا۔

**دانہ جمنا** - (ا۔ محاورہ) بیج پھوٹ آنا۔

**دانہ خور** - (ف۔ صف) دانہ کھانے والے۔ چنا کھانے والا (جانور)۔

**دانہ دار** - (ا۔ صف) وہ شے جس میں گول گول دانے پیدا ہو جائیں۔

**دانہ دانہ است غلہ درانبار** - (مثل) ایک ایک دانہ جمع ہو کر انبار ہو جاتا ہے۔

**دانہ دانہ کرنا** - (ا۔ محاورہ) دانہ دانہ ہونا۔ بکھر جانا۔

**دانہ ڈنکا** - (۱) تھوڑا سا دانہ (۲) ایک آدھا دانہ (۳) ٹکڑے۔ گرا پڑا دانہ۔

**دانہ دینا** - (ا۔ محاورہ) دانہ ڈالنا۔ پالتو جانوروں کو دانہ کھلانا۔

**دانہ ڈالنا** - (ا۔ محاورہ) کبوتروں اور مرغیوں وغیرہ کو دانہ کھلانا (۲) کسی کو پھنسانے کے لیے کوئی فعل کرنا (۳) دو آدمیوں کو لڑانے کے لیے لگائی بجھائی کرنا۔

**دانہ زد** - (ف۔ صف) سفلہ۔ کمینہ۔ گھٹیا شخص (۲) مفلوک الحال۔ مفلس (۳) کنجوس۔

**دانہ زنجیر** - زنجیر کا ایک حلقہ۔ زنجیر کی کڑی۔

**دانہ کھائے نہ پانی پیوے۔ وہ آدمی کیسے جیوے** - (مثل) جو شخص کھاتا پیتا نہیں وہ زندہ کیسے رہ سکتا ہے (رنج والم کے باعث)

**دانہ نہ گھاس پانی چھ چھ وقت**
**دانہ نہ گھاس کھریرا تین تین بار** } (مثل) آدمی خاطر داری تو بہت کرے مگر نقد کچھ نہ دے۔

**دانہ نہ گھاس کھوگرے تیری آس** - (مثل) دیتا دلاتا کچھ نہیں، مفت میں کام لیتا ہے۔

**دانۂ یاقوت** - (ف۔ مذ) یاقوت کا ریزہ۔

انی - (ہ۔ صف) فیاض۔ سخی (۲) ظرف کا لاحقہ جیسے سرمہ دانی۔

**دانے پانی کے اختیار ہے** - (مثل) قسمت کے بس میں ہے۔ تقدیر کے ہاتھ میں ہے۔

**دانے پر لگانا** - (ا۔ محاورہ) اجنبی پرند کو دانہ کھلا کر رام کرنا۔

**دانے دانے پر مہر ہے** - (مثل) (۱) جو دانہ جس کی قسمت کا ہو اُسی کو ملتا ہے (۲) جو رزق تقدیر میں لکھا ہو وہی ملتا ہے۔

**دانے دانے کو محتاج** - (مثل) بالکل مفلس۔

**دانے کا اُڑ کر پہنچنا** - (ا۔ محاورہ) قسمت میں لکھے ہوئے رزق کا ملنا۔

**دانے کے ساتھ گھن پس جانا** - (ا۔ محاورہ) امیر کے ساتھ کسی غریب کا مصیبت میں پھنس جانا۔

**دانے کو ٹاپے سواری کو پادے** - (ا۔ مثل) کھانے پینے کو تیار مگر کام سے جی چُرانا۔

**دانے مانگنا** - (ا۔ محاورہ) بھیک مانگنا۔

**دانے نبڑ جانا** - (ا۔ محاورہ) آب و دانہ ختم ہو جانا۔

**دانے نکلنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا (۲) چیچک نکلنا۔

**دانے نہ ہونا** - (ا۔ محاورہ) (۱) کھانے پینے کے لیے کچھ نہ ہونا (۲) سخت غریب ہونا۔

**دانے زاد** - بخیل۔ کنجوس (ق)۔

**داوا** - (دا-وا) (ہ-ا-مذ) اتا کا خاوند۔

**داوان** - (ق-ا-مذ) (۱) گود (۲) جوڑا۔

**داوَر** - (دا-وَر) (ف-مذ) (۱) خدائے تعالےٰ (۲) منصف یا عادل بادشاہ۔ حاکم یا جج (۳) علاج۔ دوا (۴) مخالف۔ مقابل۔

**داورِ محشر** - (ف-مذ) قیامت کے دن انصاف کرنے والا۔ مراد خدا تعالیٰ۔

**داوری** - (دا-وَ-ری) (ف-امث) (۱) بادشاہت۔ سلطنت (۲) عدالت انصاف (۳) عدالت کا حکم (۴) مقدمہ۔ جھگڑا۔ دعوے۔ عدالت میں۔

**داہ** - (ہ-امث) (۱) جلانا۔ مُردے کو جلانا (۲) داغ دینا (۳) آگ۔ اندرونی گرمی۔ جلنے کا احساس۔ جلن (۵) رشک۔ حسد۔

**داہ دینا** - (ہ۔ محاورہ) مُردے کو پھونکنا۔

**داہنا** - (داہ-نا) (ہ-صف) سیدھا ہاتھ۔ دایاں۔ یمین۔ راست۔

**داہنا قدم لینا** - چالاکی اور شرارت کا قائل ہونا۔ تعظیم کرنا۔ (طنزاً)

**داہنا دھوئے بائیں کو اور بایاں دھوئے دائیں کو** - (مثل) ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے۔

**داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے** - (ا۔ محاورہ) ایک قسم جو کسی کام کے کرنے کے لیے کھائی یا کھلائی جائے۔

**داہنی** - (داہ-نی) (ہ۔صف) سیدھی۔ متعلق بہ جانب۔ راست۔ دائیں۔

**داہنی آنکھ پھڑکنا** - (ا۔ محاورہ) داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا (مرد کے لیے اچھا اور عورت کے لیے بُرا شگون)

**دائر** - (دا-ئر) (ع-صف) (۱) چلنے والا (۲) پھرنے والا۔ دورہ کرنے والا (۳) زیر تجویز۔ درپیش۔

**دائر کرنا** - (ا۔ محاورہ) چلانا۔ سلسلہ شروع کرنا۔ رجوع کرنا۔

**دائر و سائر** - (۱) پھرنے والا (۲) اپنے حلقۂ اثر پر چھا جانے والا۔ دخیل۔ (۲) نافذ۔ جاری۔



Marfat.com

**دائرہ** ۔ (دا۔ ءِ۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حلقہ۔ کنڈل۔ چکر۔ دَور۔ محیط (۲) منڈلی۔ مجلس (۳) اقلیدس کی شکل (۴) خانقاہ۔ ڈیرہ۔ محلّہ۔ ٹولہ (۵) ڈفلی۔ ایک باجہ کا نام جو ایک طرف سے کھُلا ہوا ہوتا ہے۔ چنگ (۶) حرفوں کی گولائی جیسے ج یا ع کا دائرہ۔ جمع : دَوائرِ۔

**دائرہ اختیار** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) حلقۂ اختیار۔ وہ علاقہ جس میں کسی کو کسی قسم کا اختیار حاصل ہو۔ حدودِ اختیارات۔

**دائرۃ المعارف** ۔ (ع۔ مذ) معلوماتِ عامہ کی کتاب۔ وہ کتاب جس میں بترتیب حروفِ تہجی مختلف موضوعات یا کسی خاص موضوع کے متعلق تمام معلومات جمع کر دی گئی ہوں۔ مخزن العلوم۔

**دائرہ قطبی** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ فرضی خط جہاں سے قطب شمالی اور جنوبی کی حد شروع ہوتی ہے۔

**دائرہ کش** ۔ (ع۔ ف۔ آلہ) پرکار۔

**دائرہ کھینچنا** ۔ (ع۔ ا۔ صف) پرکار سے دائرہ بنانا۔

**دائرہ وسیع ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) رسوخ زیادہ ہونا۔ بہت سے لوگوں سے ملاقات ہونا۔

**دائم** ۔ (دا۔ اِم) [ع۔ صف] ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ مدام۔

**دائم الحبس** ۔ (ع۔ صف) عمر بھر کی قید۔

**دائم الخمر** ۔ (ع۔ صف) ہر وقت شراب پینے والا۔ بڑا شرابی۔

**دائم الصوم** ۔ (ع۔ ف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

**دائم المرض۔ دائم المریض** ۔ (ع۔ صف) ہمیشہ بیمار رہنے والا۔

**دائماً** ۔ (دا۔ اِ۔ مَن) [ع] ہمیشہ سے۔ لگاتار۔

**دائمی** ۔ (دا۔ اِ۔ می) [ع۔ صف] سدا کا۔ ابدی (۲) ثبات والا۔

**دائن** ۔ (دا۔ اِن) [ع۔ صف] قرض دینے والا۔ قرض خواہ۔

**داؤ (داؤں)** ۔ (دا۔ اؤ)۔ (دا۔ اوں) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) شطرنج، جوئے وغیرہ کی چال (۲) چالبازی۔ فریب (۳) قابو۔ موقعہ۔ گھات۔ چال (۴) نوبت باری (۵) وہ چیز جو جواری نشان ظاہر کرنے کو رکھ دیتے ہیں (۶) شرط وہ چیز یا رقم جو جیتنے پر لی جاتی ہے (۷) پانسہ۔ قرعہ (۸) گورکھوں اور عربوں کا قوس نما چھُرا (۹) کُشتی کا پیچ۔

**داؤ آنا (پڑنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) جوئے میں حسبِ مُراد پانسہ پڑنا (۲) باری آنا۔ نوبت آنا۔

**داؤ بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گھات لگنا۔ موقع ملنا۔

**داؤ پر چڑھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قابو میں لانا۔ بس میں کرنا (۲) دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔ پیچ پر چڑھانا۔

**داؤ پر رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا۔

**داؤ پر لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) شرط پر رکھنا۔

**داؤ پھینکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پانسہ پھینکنا۔ کوڑیاں پھینکنا۔

**داؤ پیچ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) کشتی کے بند۔ بازی کے ڈھنگ (۲) چال۔ مکر و فریب

**داؤ چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) فریب دینا۔ چال چلنا۔ دھوکہ دینا۔

**داؤ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) فریب دینا۔

**داؤ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دھوکہ دینا۔ فریب کرنا (۲) کُشتی میں پیچ کرنا۔

**داؤ کھا جانا (کھانا)** ۔ (ا۔ محاورہ) فریب کھانا۔ دھوکہ کھانا۔

**داؤ کھیلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چھل دینا۔ دھوکہ دینا (۲) گھات لگانا۔

**داؤ گھات** ۔ (ا۔ مث) خفیہ تدبیر۔ گھات۔ حیلہ۔ پیچ۔ تاک۔

**داؤ گھاؤ** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فریب کا دُکھ (۲) جوئے کی ہار کا رنج (۳) فریب دھوکہ۔ چال۔ مکر۔

**داؤ لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اپنی باری لینا (۲) موقعہ پا کر فائدہ اُٹھانا۔

**داؤ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نفع کثیر اُٹھانا۔ دھوکہ دینا۔

**داؤد** ۔ (دا۔ اُود) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) محبوب الٰہی۔ عزیز (۲) ایک مشہور پیغمبر جن پر کتاب زبور نازل ہوئی تھی۔

**داؤدی** ۔ (دا۔ اُو۔ دی) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک زردی مائل سفید پھول۔ گُلِ داؤدی (۲) سفیدی مائل گیہوں (۳) [صفت] حضرت داؤد ؑ سے منسوب (۴) ایک قسم کی آتشبازی۔

**داؤنی** ۔ (دا۔ او۔ نی) [ق۔ ا۔ مث] بُرقع۔ عورت کی چادر۔ اوڑھنی۔

**دائی** ۔ (دا۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دودھ پلانے والی۔ انّا (۲) بچہ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ دایہ۔ قابلہ (۳) وہ جگہ جہاں آنکھ مچولی کھیلنے کے لیے بچے جمع ہوتے ہیں۔

**دائی پلائی** ۔ (ا۔ مث) انّا۔ دودھ پلانے والی۔

**دائی جنائی** ۔ (ا۔ مث) (۱) جنانے والی عورت (۲) ہوشیار عورت۔

**دائی چنبیلی کے گھر مرزا موگرا** ۔ (مثل) ادنےٰ ذات کا ہو کر شیخی بگھارنے والے پر طنز۔

**دائی سے پیٹ چھپانا** ۔ (ا۔ محاورہ) رازداروں سے عیب چھپانا۔

**دائی کے سر پان پھول** ۔ (مثل) غریب کو ہر طرح کا الزام لگ جاتا ہے

**دائی گیری** ۔ (ا۔ مث) جنانے کا پیشہ یا کام۔

**دائیں** ۔ (دا۔ ایں) [ہ۔ تابع فعل] سیدھے ہاتھ کی طرف۔ داہنی طرف۔

**دائیں بائیں** ۔ (۱) چپ و راست (۲) اِدھر اُدھر۔

**دائیں بائیں دے کر نکل جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) دھوکہ دے کر نکل جانا۔

**دائیں بائیں دیکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اِدھر اُدھر دیکھنا۔ ہوشیار ہونا۔

**دائیں بائیں کرنا، کر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) چھُپا دینا۔ اِدھر اُدھر کر دینا۔

**دائیں بائیں کے ہیں** ۔ (مقولہ) دونوں مساوی درجے کے ہیں۔

**دائیں** ۔ (دا۔ ایں) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) توپ۔ بندوق۔ پٹاخہ چھُوٹنے کی آواز (۲) بیلوں کو گاہنے کے لیے باندھنا (۳) بیلوں سے اناج گاہنا۔

**دائیں چلانا** ۔ اناج گاہنا۔ کھلیان پر بیلوں کو چلانا۔

**دائیں دائیں** ۔ توپ۔ بندوق یا پٹاخے چھُٹنے کی آواز۔ دنادن۔

**دایاں** ۔ (دا۔ یاں) [ہ۔ صف] داہنا۔

**دایاں بازو** ۔ (ا۔ مذ) (سیاست) اعتدال پسند جماعت (۲) سیدھا بازو۔

**دایاں پیر ہلاؤں گی تو گھر ہی پیر منواؤں گی** ۔ (مثل) منتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے۔

**دایہ** ۔ (دَا۔ یہ) [ہ۔ ا۔ مث] بچے کو پرورش کرنے والی۔ اَنّا۔ پلائی۔ کھلائی۔ خادمہ۔ ماما۔

**دایہ گیری** ۔ (ف۔ ا۔ مث) دایہ کا پیشہ۔ دایہ کا کام۔



Marfat.com

# د ـــــ ب

**دُب**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ریچھ (۲) قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ کچھ ستاروں کے مجموعے جن میں سے بڑے کو دُبِ اکبر اور چھوٹے کو دُبِ اصغر کہتے ہیں۔

**دُبِ اکبر۔ دُبِ اصغر**۔ (ع۔ا۔مذ) دیکھیے دُب نمبر ۲۔

**دَب**۔ [ق۔صف] دباؤ (۲) دبنا کا امر۔

**دَب آنا**۔ (ا۔محاورہ) بڑھ آنا۔ آگے بڑھنا۔

**دَب جانا**۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کے نیچے آجانا۔ مغلوب ہو جانا۔

**دَب دَبا جانا**۔ (ا۔محاورہ) معاملہ رفت گذشت ہو جانا۔

**دَب کر (کے)**۔ (ا) مرعوب ہو کر۔ ڈر کر۔

**دَب کے چلنا**۔ (ا۔محاورہ) کترا کے چلنا۔ رُک کے چلنا۔

**دَب نکلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) عاجز ہو جانا۔ پست ہو جانا (۲) مغلوب ہو جانا (۳) ڈر جانا۔

**دَبا**۔ (دَ۔با) [ہ۔صف] (۱) گڑا ہوا (۲) تاک لگائے ہوئے (۳) ڈرا ہوا۔ رُعب میں آیا ہوا (۴) قابو میں آیا ہوا (۵) رُکا ہوا (۶) زیر۔

**دَبا بنیا پورا تولے**۔ (مثل) جب کسی پر دباؤ پڑے تو وہ حق ادا کرتا ہے۔

**دَبا بیٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دبوچ لینا (۲) مال مار لینا۔ زبردستی قبضہ کر لینا۔

**دَبا جانا**۔ (ا۔محاورہ) چھپا جانا۔ نظروں میں نہ آنے دینا۔

**دَبا دبایا**۔ (ا۔صف) دبا ہوا۔ گڑا ہوا۔ چھپا ہوا (۲) مغلوب ہو جانا۔

**دَبا دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) گاڑ دینا (۲) فرو کر دینا۔ روک دینا (۳) چھپا دینا۔

**دَبا ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی بات کو چھپا دینا (۲) کسی تحریک کو کچل دینا۔

**دَبا رہنا**۔ (ا۔محاورہ) مغلوب رہنا۔ دبکا رہنا۔ چھپا رہنا۔

**دَبا کر**۔ جبر سے۔ زبردستی سے۔ تحکم سے۔

**دَبا لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مال مار لینا (۲) دبوچ لینا (۳) مغلوب کر لینا۔

**دَبّا**۔ (دَب۔با) [ہ۔ا۔مذ] (۱) درخت کی شاخ جس کو مٹی میں دبا دیتے ہیں کہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے (۲) گھات۔ تاک (۳) غوطہ۔ ڈبکی۔

**دَبّا مارنا**۔ (ا۔محاورہ) گھات لگانا۔ تاک میں بیٹھنا۔

**دَبانت**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) گندگی۔ گنداپن (۲) موٹاپن۔ موٹائی۔ جِسم۔

**دُباشی**۔ [ق۔ا۔مذ] دو زبانیں جاننے والا۔ دو بھاشی۔ ترجمان۔

**دَبّاغ**۔ (دَب۔باغ) [ع۔ا۔مذ] چمڑہ بنانے والا۔ چرم ساز۔

**دَباغت**۔ (دَ۔با۔غَت) [ع۔ا۔مث] چمڑہ کمانا۔ چمڑہ کمانے کا فن۔ چرم سازی۔

**دَبانا**۔ (دَ۔با۔نا) [ہ۔مص] (۱) گاڑنا۔ چھپانا۔ دفن کرنا (۲) بیج بونا (۳) مغلوب کرنا۔ مال مارنا۔ زبردستی قبضہ کرنا (۴) تنگ کرنا (۵) دباؤ ڈالنا (۶) ناراض ہونا (۷) ٹھونسنا۔ زور سے بھرنا (۸) کمی کرانا۔ (۹) بدن کو چپی کرنا (۱۰) شکست دینا (۱۱) تعاقب کرنا (۱۲) دبوچنا۔ (۱۳) بھینچنا۔

**دَباؤ**۔ (دَ۔با۔او) [ہ۔صف] (۱) بوجھ۔ بار۔ وزن۔ زور۔ غلبہ (۲) خوف۔ دہشت (۳) رعب (۴) روک۔ پابندی (۵) عزت۔ حرمت (۶) اطاعت۔ رضاجوئی (۷) جھکاؤ۔

**دباؤ پڑنا۔ دباؤ ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بوجھ ڈالنا۔ زور ڈالنا (۲) جبر کرنا سختی کرنا (۳) رُعب ڈالنا۔

**دباؤ کھانا**۔ (ا۔محاورہ) رُعب ماننا۔

**دباؤ ماننا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) اطاعت کرنا (۲) رُعب ماننا۔

**دباؤ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بوجھ ہونا۔ زور ہونا (۲) رُعب ہونا۔ اثر ہونا۔ (۳) روک ہونا۔ پابندی ہونا۔

**دَباؤُ**۔ (ا۔صف) بھاری۔ بوجھل۔

**دُبائے رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) چھپا کر رکھنا۔ ظاہر نہ ہونے دینا۔

**دَبتے کو سب دباتے ہیں**۔ (مثل) غریب کو سب ستاتے ہیں۔

**دَبدَبہ**۔ (دَب۔دَ۔بَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) شور۔ آواز (۲) رُعب۔ شان و شوکت۔

**دَبدَبہ بٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) رُعب جمانا (۲) خوف زدہ کرنا۔

**دَبدَبہ دکھانا**۔ (ا۔محاورہ) رُعب دکھانا۔

**دُبدَھا**۔ (دُب۔دھا) [ہ۔ا۔مث] (۱) تذبذب۔ شک۔ شبہ۔ پس و پیش۔ (۲) گھبراہٹ۔ پریشانی (۳) وہم۔ وسوسہ۔

**دُبدھا میں دونوں گئے۔ مایا ملی نہ رام**۔ (مثل) شکی آدمی ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔

**دُبُر**۔ (دُ۔بُر) [ع۔ا۔مث] (۱) پیٹھ۔ پیچھا۔ پُشت (۲) کسی چیز کا پچھلا حصّہ۔ (۳) چوتڑ۔ گانڈ۔ مقعد۔ سُفرہ۔ کُون۔

**دَبڑو گھُسڑو**۔ (دَب۔ڑُو۔گھُس۔ڑُو) [ہ۔صف] (۱) مخفی (۲) بزدل۔ ڈرپوک (۳) شکی (۴) زبردستی گھُسا ہوا۔

**دَبِستان**۔ (دَ۔بِس۔تان) [ف۔ا۔مذ] سکول۔ مدرسہ۔ مکتب۔

**دَبِستانی**۔ (دَ۔بِس۔تا۔نی) [ف۔ا۔مذ] (۱) طالب علم (۲) سکول کے متعلق۔

**دِبق**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) لاسہ جس سے جانوروں کو پکڑتے ہیں (۲) سریش۔

**دَبک**۔ (دَ۔بک) [ہ۔ا۔مث] (۱) ڈانٹ۔ دھمکی (۲) دَبکنا کا امر۔

**دَبک آنا۔ دَبک بیٹھنا۔ دَبک (جانا) رہنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات میں بیٹھنا (۲) چھپنا۔ چھپ کر چلے آنا۔

**دَبک شیرے کے مٹکے میں**۔ (مثل) موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔

**دَبکا**۔ (دَب۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چوہے مارنے کا آلہ (۲) ڈرا ہوا (۳) کسی کو ڈرا۔ دھمکی دے۔

**دُبکانا**۔ (دَب۔کا۔نا) [ہ۔مص] (۱) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (۲) روکنا۔ (۳) دبانا۔ ناراض ہونا (۴) دھمکانا۔ ڈرانا (۵) سینے سے لگانا۔

**دَبکنا**۔ (دَ۔بک۔نا) [ہ۔مص] (۱) چھپنا۔ رُوپوش ہونا (۲) ڈرنا۔ مُنہ پھیرنا (۳) سونے چاندی کے تاروں کو کوٹ کوٹ کر چوڑا کرنا۔



Marfat.com

دَبکی۔ (دَب-کی) [ہ۔ ا۔ مث] سلمہ بنانے کے لیے تار کے کوٹنے کا کام۔ تار کے کوٹنے کا پیشہ۔
دُبکی۔ (دُب-کی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھُپنے کا فعل (۲) گھات۔ تاک۔
دُبکی لگانا۔ دُبکی مارنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمین گاہ میں بیٹھنا (۲) گھات لگانا۔
دَبکیا۔ (دَب-کی-آ) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو سلمے کے لیے تار کو کوٹتا ہے۔ (۲) دبکئی۔
دَبکیل۔ دبکیل۔ (دَب-کیل)۔ (دَب-کیل) [ہ۔ صف] تاک لگانے والا۔
دَبگر۔ (دَب-گر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ شخص جو چمڑے کی بوتلیں۔ ترازو۔ پیپے بنائے (۲) ڈھالیں بنانے والا (۳) کُپّے بنانے والا۔
دُبلا۔ (دُب-لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پتلا۔ لاغر۔ منحنی۔ کمزور۔ ضعیف۔
دُبلاپا۔ دُبلاپن۔ دُبلاپنا۔ (ا۔ مذ) (۱) لاغری۔ پتلاپن۔ کمزوری۔ ضعف۔
دُبلا کرنا۔ دُبلانا یا دُبلا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔ کمزور کرنا۔
دُبلی۔ (دُب-لی) [ہ۔ ا۔ مث] پتلی۔ کمزور۔ چھریرے بدن کی۔
دُبلی بلی چوہوں سے کان کٹوالی ہے۔ (مثل) زبردست قابو میں آ کر کمزور کا تابع ہو جاتا ہے۔
دَبنا۔ (دَب-نا) [ہ۔ مص] (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا۔ گڑنا۔ (۳) پوشیدہ ہونا۔ زیر ہونا (۴) سُکڑنا۔ سمٹنا (۵) ہٹنا۔ بچنا (۶) عجز و انکسار کرنا (۷) پِسنا۔ بھِنچنا (۸) شرمانا (۹) کسی چیز کے اجزاء کا متصل ہو جانا (۱۰) فرو ہونا۔ رفع ہو جانا۔
دَبنگ۔ دَبنگا۔ (دَ-بنگ)۔ (دَ-بن-گا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہٹا کٹا۔ زبردست (۲) بے رحم (۳) فربہ۔ قوی ہیکل (۴) بے باک۔
دبو۔ (ا۔ صف) دبنے والا۔
دَبوچنا۔ (دَ-بوچ-نا) [ہ۔ مص] (۱) پکڑ لینا (۲) قابو میں کر لینا۔ (۳) دبانا بھینچنا (۴) چھُپا لینا۔
دَبو دبو کرنا۔ (ہ) (۱) کسی بات کو چھُپا دینا۔ کسی معاملہ کو دبا دینا۔
دَبور۔ (دَ-بور) [ع۔ ا۔ مث] پچھوا ہوا۔ بادِ صبا۔ بادِ نسیم۔
دَبوس۔ (دَ-بوس) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) عصا۔ گرزِ آہنی۔
دَبوسہ۔ (دَ-بو-سہ) [ف۔ ا۔ مذ] جہاز کا کمرہ (۲) اسباب کی کشتی۔
دَبوسنا۔ (دَ-بوس-نا) [ہ۔ مص] نشے کی چیز پینا۔ مدہوش ہونا۔
دَبہ۔ (دَب-بہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) چمڑے کا کُپّا۔ کُپّا۔
دَبی۔ (دَ-بی) [ہ۔ صف] گڑی ہوئی۔
دبی آگ اُکھیڑنا (کریدنا)۔ (ا۔ محاورہ) پُرانے جھگڑے کو تازہ کرنا۔
دبی بلی چوہوں سے کان کٹوالی ہے۔ (کہاوت) دبے ہوئے زبردست پر زیردست بھی حکم چلاتے ہیں۔
دبی دبی ہنسی نکلنا۔ (ا۔ محاورہ) پوری طرح کھُل کر نہ ہنسنا۔
دبی زبان سے کہنا۔ (ا۔ محاورہ) آہستہ سے کہنا۔ رُکتے رُکتے کہنا۔ ڈرتے ڈرتے کہنا۔
دبے پاؤں جانا۔ ڈرتے ڈرتے جانا۔ چھُپ کر جانا۔
دبے پڑنا۔ عاجز آ کر۔ جب اور کچھ نہ ہو سکے۔

دبے پر چیونٹی بھی کاٹتی ہے۔ (مثل) تنگ آ کر کمزور بھی حملہ کر دیتا ہے۔
دبے پر سب شیر ہیں۔ (مثل) کمزور پر سب حکم چلاتے ہیں۔
دبے رہنا۔ (ا۔ محاورہ) بوجھ کے نیچے رہنا۔ مغلوب رہنا۔
دُبے۔ (دُب-بے) [ہ۔ ا۔ مذ] دو وید جاننے والا برہمن۔
دَبیر۔ (دَ-بیر) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) مصنّف۔ مؤلف۔ انشا پرداز (۲) منشی۔ محرر۔ راقم۔ سیکرٹری (۳) ہُنڈیاں تصدیق کرنے والا افسر (۴) مشہور شاعر مرزا سلامت علی لکھنوی کا تخلص۔
دَبیرُ الملک۔ (ع۔ صف) (۱) سیکرٹری آف سٹیٹ (۲) شاہی محرر۔ (۳) عہدِ مغلیہ کا ایک خطاب۔
دَبیرِ فلک۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ستارہ عطارد۔
دَبیز۔ (دَ-بیز) [ف۔ صف] موٹا۔ گف۔ مضبوط۔
دَبیل۔ (دَ-بیل) [ہ۔ صف] (۱) ماتحت۔ تابع (۲) کمزور۔ ضعیف۔

## د — پ

دپانا۔ (ق۔ مص) روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔
دَپٹ۔ (دَ-پٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دوڑ (۲) جھپٹ۔ حملہ (۳) گھُرکی۔
دُپٹانا۔ (دُپ-ٹا-نا) [ہ۔ مص] سرپٹ دوڑانا (۲) حملہ کرنا۔ ڈانٹنا۔
دَپٹنا۔ (دَ-پٹ-نا) [ہ۔ مص] (۱) حملہ کرنا۔ ہلّہ کرنا (۲) ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ (۳) تیز چلانا۔

## د — ت

دَت۔ [ہ۔ صف و۔ ا۔ مذ] (۱) عطا کیا ہوا۔ ہبہ کیا ہوا (۲) ویش قوم کے ہندوؤں کا نام۔
دُت۔ (ہ۔ کلمۂ تحقیر) (۱) دُور۔ پرے۔ ہٹ (۲) کُتّے کو بھگانے کی آواز
دُت تیرے کی۔ (کلمۂ تحقیر) ہٹ تیرے کی۔
دُتکار۔ (ا۔ مث) دھتکار۔ لعنت۔ ملامت۔ گھُرکی۔
دُتکارنا۔ (ہ۔ مص) جھڑکنا۔ دھتکارنا۔ گھُڑکنا۔ لعنت ملامت کرنا۔
دَترا۔ (دَ-ت-را) [ہ۔ ا۔ مذ] لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔

دَتو۔ (دَت-تو) [ہ۔ ا۔ مث] بچّوں کا ایک دُہرا روئی والا کپڑا۔
دَتون۔ (دَ-تون) [ہ۔ ا۔ مث] داتن۔ مسواک۔

## د — ث

دِثار۔ (دِ-ثار) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) وہ کپڑا جو دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنا



Marfat.com

جاتا ہے جیسے چغہ۔ چادر (۲) عادت۔ معمول۔ رسم۔
دَشُو۔ (ع۔ مذ) کپڑوں کا میل کچیل۔
دَعُور۔ (ع۔ صف) گمنام آدمی (۲) نیند کا ماتا۔ متوالا۔

## د ــــ ج

دَجَاج۔ (ع۔ مذ) مُرغا۔
دَجَّال۔ (دَج۔ جال) (ع۔ صف) (۱) جھوٹا۔ سچائی کو چھپانے والا۔ کاذب۔ (۲) طلا۔ سونا۔ زر (۳) تیغ جوہردار (۴) مخالف مسیح۔ روایت کے مطابق ایک جھوٹا شخص جو اخیر زمانہ میں پیدا ہوگا۔ مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق حضرت مسیح اسے قتل کریں گے۔
دَجَل۔ (دَ۔ جَل) (ع۔ ا۔ مذ) فریب۔ دھوکہ۔ جھوٹ (۲) ادجل (ق)
دُجیٰ۔ (ع۔ مث) تاریکی۔ اندھیرا۔

## د ــــ چ

دَرچ۔ (ہ۔ مذ) مکان۔ جھونپڑا۔
دُچت۔ (دُ۔ چت) (ہ۔ ا۔ مذ) دو دلا۔ مذبذب۔
دَچکنا۔ (دَ۔ چک۔ نا) (ق۔ مص) دہشت زدہ ہونا۔ ڈرنا۔
دَچھنا۔ (دَچھ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مث) تحفہ۔ عطیہ۔ انعام (۲) دَکشنا۔

## د ــــ خ

دُخ۔ (ف۔ مث) دُختر کا مخفف بیٹی (۲) ایک آبی پودا جس کی چٹائیاں بنتی ہیں۔
دُخ۔ (ع۔ مذ) (۱) دھواں (۲) الگا (۳) شہاب ثاقب۔ آتش بازی کی ہوائی۔
دُخان۔ (دُ۔ خان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دُھواں (۲) بھاپ (۳) تمباکو کا دھواں۔
دُخانی۔ (دُ۔ خا۔ نی) (ع۔ صف) (۱) دھوئیں کا۔ دھوئیں سے متعلق (۲) بھاپ سے چلنے والا۔
دُخانی جہاز۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے۔ سٹیمر۔
دُخت۔ (ف۔ ا۔ مث) دُختر کا مخفف۔ بیٹی۔ لڑکی۔ کنیا۔
دُختِ رَز (تاک۔ عنب)۔ (ف۔ ا۔ مث) انگور کی بیٹی یعنی انگوری شراب۔
دُختر۔ (دُخ۔ تَر) (ف۔ ا۔ مث) لڑکی۔ بیٹی۔ جمع: دُختران۔
دُخترِ آفتاب۔ (ف۔ صف) سُرخ شراب۔
دُخترِ روزگار۔ (ف۔ صف) (۱) دُنیا (۲) زمانے کے نشیب و فراز۔
دُختر خانہ۔ (ف۔ مث) کنواری لڑکی۔
دُخترِ رَبیبہ۔ (ف۔ مث) سوتیلی بیٹی۔ لے پالک۔
دُخترک۔ (ف۔ مث) دُختر کی تصغیر۔
دُخترِ عم۔ (ف۔ مث) چچا زاد بہن۔
دُخترِ عمران۔ حضرت مریمؑ۔
دُخترِ نیک اختر۔ (ف۔ صف) نیک نصیبے والی بیٹی۔
دُختری۔ (دُخ۔ تَ۔ ری) (ف۔ صف) دوشیزگی۔ کنوار پن (۲) لڑکی کا حصہ۔
دَخل۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) رسائی۔ پہنچ (۲) قبضہ۔ تصرف (۳) تعلیمی ترقی۔ استعداد سمجھ۔ فہم (۴) امکان (۵) مجال۔ طاقت۔ قوت (۶) اثر۔ تاثیر (۷) مہارت قابلیت۔ واقفیت (۸) اختیار (۹) مداخلت۔ دست اندازی (۱۰) آمدنی یافت۔ حصول۔ فائدہ۔ نفع۔
دخل انداز۔ (ع۔ ف۔ صف) دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا۔
دخلِ بےجا۔ (ع۔ ف۔ مذ) بے اجازت کسی کے مکان میں چلے جانا۔ مداخلت ناجائز۔
دَخل پانا۔ (ا۔ محاورہ) رسائی ہونا۔ باریابی ہونا (۲) زمین کا قبضہ ملنا۔
دَخل تام رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) مکمل طور پر جاننا۔ پورا ماہر ہونا۔
دَخل در معقولات۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کسی معاملہ میں خواہ مخواہ مداخلت۔ بیچ میں بولنا۔
دَخل دہانی۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) قبضہ دلانا۔ قابض کرانا۔
دَخل دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بیچ میں بولنا (۲) دست اندازی کرنا۔ مداخلت کرنا (۳) بیچ میں پڑنا (۴) قبضہ دینا۔
دَخل رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) ماہر ہونا۔ کامل ہونا۔
دَخل فی الحال۔ موجودہ قبضہ۔
دَخل لینا۔ (ا۔ محاورہ) قبضہ لینا۔
دَخل نامہ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) قبضے کی سند یا حکم۔ قابض ہونے کا سرکاری حکم۔
دَخل و خرچ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) آمدنی اور خرچ۔
دَخل یابی۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) قبضہ۔ تصرف (۲) رسائی۔ پہنچ۔
دَخمہ۔ (دَخ۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پارسیوں کا قبرستان۔ مقبرہ (۲) تابوت (۳) وہ گوشت جو اُونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے۔
دُخول۔ (دُ۔ خُول) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) درآمد۔ دخل۔ گزر۔ رسائی (۲) اندر گھسنا۔ فرج یا جائے مخصوص میں گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔
دَخیل۔ (دَ۔ خیل) (ع۔ صف) (۱) دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا۔ (۲) باریاب۔ پہنچنے والا (۳) قابض۔ متصرف (۴) بے تکلف۔ واقف کار (۵) مستعمل۔ اختیار کردہ (۶) اصطلاح علم عروض میں وہ حرف جو الف تاسیس کے بعد نظم میں آئے۔
دَخیل کار۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) کاروبار میں دخل دینے والا۔ سربراہ کار (۲) صلاح کار۔ شریکِ رائے۔ مصاحب (۳) کاشت کار جس کا قبضے کا حق ہو۔
دَخیل کاری۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) قبضہ۔ تصرف۔
دَخیل کرنا۔ (مص۔ مرکب) قبضہ کرنے کی اجازت دینا۔ قبضہ دلانا۔



Marfat.com

دُخِیل ہونا۔ (۱) قبضہ ہونا (۲) مداخلت کرنا (۳) کسی غیر زبان کے لفظ کا مستعمل ہونا (۴) مزاج پر قابو پانا۔

## د ــــــ د

دَد۔ (ف۔ ا۔ مذ) درِندہ۔ پھاڑنے والا جانور۔
دد و دام۔ (ف۔ ا۔ مذ) درند و چرند۔
دَدا۔ (دَ۔ دَا) (ف۔ ا۔ مذ) ملازمہ جو بچّوں کی پرورش کرے۔ کھِلائی۔ انّا۔
دَدرا۔ (س۔ مذ) داد۔ ایک بیماری۔
دَدُوڑا۔ (دَ۔ دُو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) آماس یا دانے جو مچھروں کے کاٹنے یا جوشِ خون کے باعث جلد پر نمایاں ہوں۔
دُدھار۔ دُدھاری۔ (دُ۔ دھار) (دُ۔ دھا۔ رِی) (ہ۔ صف) دُودھ دینے والی
دُدھڑ۔ (دُو۔ دھڑ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دوطرفہ کارروائی (۲) تذبذب۔
دُدھی۔ (دُدھ۔ دِہی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شیر گیاہ (۲) ایک بُوٹی جس کے توڑنے سے دُودھ نکلتا ہے (۳) ایک قسم کا سفید اور سُرخ پتھر۔ چاک کی پنسل (۴) چُوچی۔ چھاتی۔ پستان۔
دُدھیال۔ (دَدھ۔ یال) (ہ۔ ا۔ مذ و مث) دادا کا گھر۔ دادا کا خاندان۔ دادا کی اولاد۔
دُدھیل۔ (دُ۔ دِھیل) (ہ۔ صف) دوُدھ دینے والی۔
دُدھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی۔ (مثل) جس سے نفع ہو اُس کی سختی بھی برداشت کی جاتی ہے۔
دَدِیا۔ (دَ۔ دِ۔ یا) (ہ۔ صف) دادا کا۔ دادا سے متعلق۔ دادا کا رشتہ دار۔
دَدِیا خُسر۔ دَدِیا سُسر۔ دَدِیا سُسرا۔ بیوی یا شوہر کا دادا۔
دَدِیا ساس۔ بیوی یا شوہر کی دادی۔

## د ــــــ ڈ

دِڈی۔ (ق۔ ا۔ مذ) چھوٹا دروازہ۔
دُڈی۔ (ق۔ ا۔ مذ) خرگوش کا ڈربہ۔

## د ــــــ ر

دَر۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دروازہ۔ پھاٹک۔ چوکھٹ۔
دَرِ بچہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) دروازے کے اندر چھوٹا دروازہ۔
دَر بَدر۔ (مث۔ صف) (۱) آوارہ (۲) سرگشتہ (۳) ہر ایک کے دروازے پر
دَر بَدر پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں ہونا۔ کہیں ٹھکانا نہ ہونا۔
در بر۔ (ف۔ ا۔ مذ) پہن کر۔

دَر بند کرنا۔ دَر بند ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دروازہ بند ہونا۔
دَر بندی۔ (ف۔ ا۔ مث) تلاشی لینے کے لیے دروازہ بند کرنا (۲) قید حراست۔
دَر پر پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے پاس پناہ لینا۔
دَر دَر۔ (ف۔ مذ) (۱) دَر بدَر۔ دروازہ بہ دروازہ (۲) جگہ جگہ۔
دَر دَر پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) دنیا بھر میں مارا مارا پھرنا۔
دَرِ توبہ باز ہے (مقولہ) توبہ کا دروازہ ہر وقت کھُلا ہے۔
دَر دَر کی ٹھوکریں کھانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مارا مارا پھرنا (۲) دُنیا بھر میں ذلیل ہونا۔
دَر دَر مانگنا۔ (ا۔ محاورہ) لوگوں کے دروازوں پر بھیک مانگتے پھرنا۔
دَرِ دولت۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) رئیس کا مکان (۲) دوسرے کے مکان کو عزّت افزائی کے طور پر کہتے ہیں۔
دَر کا بندہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ہر وقت حاضر رہنے والا نوکر۔ غلام۔
دَر کا کُتّا۔ (ف۔ ا۔ مذ) کسی کے گھر سے لے کر کھانے والا شخص۔ یہ محاورہ انتہائی عجز کے مقام پر بولتے ہیں۔
دَر و دیوار پر نظر (دیکھنا) کرنا۔ سخت گھبراہٹ میں ہونا۔ گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا۔
دَر و دیوار سے باتیں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا۔
دَر و دیوار کان رکھتے ہیں۔ (ا۔ محاورہ) ہر طرح بھید حاصل کرنے والے تاک میں ہیں۔ یہ محاورہ انتہائی اخفا کے لیے بولتے ہیں۔
دَر۔ (ف) بیچ۔ اندر۔ میں۔
درآمد۔ (۱) اندر آنا (۲) اندرون ملک آنے والی بیرونی اشیاء (۳) (انگ) امپورٹ (Import)۔
دَرآمد برآمد۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) آنا جانا۔ آمد و رفت (۲) اندرونِ ملک آنے اور جانے والی چیزیں۔ (انگ) (Import Export)
دَرآمد برآمد کے دن۔ تبدیلِ موسم کے ایام۔ موسم بدلنے کے دن۔
دَرآمد ہونا۔ (۱) آنا۔ پہنچنا۔ داخل ہونا (۲) آمدنی ہونی (۳) باہر سے آنے والی اشیاء کا اندرون ملک میں آنا۔
دَرآنا۔ (ا۔ محاورہ) اندر آنا۔ داخل ہونا۔
دَرآنجا۔ (ف) اس جگہ میں۔ وہاں۔
دَرآں حالیکہ۔ (ف) اُس صورت میں۔ اُس حال میں۔ حالانکہ۔
دَراجارہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) شکمی۔ پٹّا۔
دَراصل۔ (ف) اصل میں۔ واقعی۔
دَر اَنداز۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا (۲) بدگو۔ چغل خور۔
دراندازی۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینا (۲) بدگوئی۔ چغل خوری (۳) بے جا مخالفت۔
درائی۔ (ف۔ ا۔ مث) اندر آنا۔ گفتگو۔ بات چیت شروع کرنا۔ مرکبات میں جیسے ہرزہ درائی وغیرہ۔
دریں وِلا۔ (ف) اس اثناء میں۔ اس دوران میں۔
درباب۔ (ف) (۱) نسبت۔ بابت (۲) سبب۔



Marfat.com

دَربارہ۔ (ف) نسبت۔ بابت۔
دَربستہ۔ (ف۔صف) بندھا ہوا۔ جکڑا ہوا۔
دَرپَردہ۔ (ف) (۱) خفیہ طور پر۔ پوشیدہ (۲) غائبانہ۔ پیٹھ پیچھے۔
دَرپے۔ (ف) (۱) گھات میں (۲) خواہاں۔ پیچھے۔
دَرپے آزار۔ (ف۔صف) تکلیف پہنچانے کے خیال میں۔ صدمہ پہنچانے کا خواہاں۔
دَرپے جان۔ (ف۔ع۔صف) کسی کی جان لینے کے لیے اسکے پیچھے لگا ہونا
دَرپے ہونا۔ (ا۔محاورہ) پیچھا کرنا۔ گھات میں ہونا۔
دَرپیش۔ (۱) سامنے۔ رُوبرُو۔ آگے (۲) زیرِبحث۔ زیرِتجویز۔
دَرپیش آنا۔ (ا۔محاورہ) لاحق ہونا۔ واسطہ پڑنا۔
دَرحالیکہ۔ (ف) اس صورت میں۔ اس حال میں۔ یہ لحاظ کرکے۔
دَرحقیقت۔ (ف) حقیقت میں۔ اصل میں۔
دَردست۔ (۱) ہاتھ میں (۲) قبضہ میں۔
دَرعمل کوش ہرچہ خواہی پوش [ف۔مثل] اعمال اچھے ہونا لازم ہے لباس چاہے کیسا ہی ہو۔
دَرکار۔ (ف۔صف) ضروری۔ مطلوب۔
دَرکار ہونا۔ (ف۔صف) مطلوب ہونا۔
دَرکارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست۔ [ف۔مثل] اچھے کام میں دیر نہیں کرنی چاہیئے۔
دَرکنار۔ (ف۔صف) (۱) علاوہ (۲) جدا۔ الگ (۲) بغل میں۔ ہم بغل۔
دَرگرفت۔ (ف۔صف) (۱) قبضہ میں (۲) پکڑ میں۔
دَرگور۔ (ف۔صف) (۱) لبِ مرگ (۲) مریض جو کچھ عرصے کا مہمان ہو۔
دَرلانا۔ (ف۔صف) (۱) اندر یا نیچے لانا (۲) شامل کرنا۔
دَرمیان۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) بیچ۔ وسط (۲) بیچ میں۔ وسط میں (۳) سامنے خیال میں (۴) دوران میں۔ میں۔ متعلق۔ اندر۔
دَرمیان آنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) بیچ میں پڑنا (۲) واقعہ ہونا (۳) مداخلت کرنا
دَرمیان دینا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ضامن دینا۔ بیچ میں ڈالنا۔
دَرمیان لانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) بیچ میں لانا۔ گفتگو میں ذکر کرنا۔ پیش کرنا۔
دَرمیانی۔ (ف۔صف) (۱) بیچ کا۔ جو بیچ میں آجائے (۲) معمولی۔ اچھا (۳) اندرونی۔ اندر کا (۴) جو اندر ہو (۵) صلح کرانے والا۔
دَروبست۔ (ف۔ا۔مذ) بالکل۔ تمام۔ انتظام۔
دَریافت۔ (۱) تفتیش۔ تحقیق۔ ٹوہ (۲) جانچ۔ پڑتال۔
دَریافت طلب امر۔ (ف۔ا۔مذ) پُوچھنے والی بات۔
دَریافت کرنا۔ (ا۔محاورہ) تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا استفسار کرنا۔ پُوچھنا۔
دَریافت کنندہ۔ (ف۔ا۔مذ) دریافت کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا
دَریں۔ اس میں۔
دَریں اثنا۔ اسی عرصے میں۔
دَریں چہ شک۔ (ف۔محاورہ) اس میں کیا شک ہے۔
دَریں صورت۔ (ف۔ا۔مث) اس صورت میں۔ اس حالت میں۔

دَر۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) نرخ۔ بھاؤ (۲) عزّت۔ آبرو۔ قدر۔
دَر پڑنا۔ (ا۔محاورہ) نرخ مقرر کرنا۔ قیمت مقرر کرنا۔
دُر۔ (س۔صف) خراب۔ بُرا۔ بدقسمت۔ گھٹیا (۲) دُور ہٹ۔ پرے ہٹ۔ کلمۂ تحقیر (۳) زیادہ (ق)
دُربچن۔ (۱) کھوٹی بات۔ بُری بات۔ بدکلامی۔ بدزبانی (۲) بد لگام۔ مُنہ پھٹ۔ مُنہ کا پھوہڑا۔ دریدہ دہن۔
دُر دُر کرنا۔ (ا۔محاورہ) دھتکارنا۔
دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا۔ (ا۔محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔ دُھتکارنا۔
دُر دُر ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دھتکار پڑنا (۲) نکالا جانا (۳) نفرت کرنا۔
دُرکامی۔ (ہ۔صف) بدچلن۔ بدکار۔
دُرگند۔ (ہ۔مث) بُوئے بد۔ بدبُو۔ عفونت۔
دُرمتی۔ (ہ۔صف) (۱) کوڑھ مغز (۲) بے وقوف۔ نادان (۳) احمق (۴) بُری سمجھ والا۔
دُرموئے۔ (کلمۂ حقارت) دُور ہو کم بخت۔
دُرّ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) موتی۔ گوہر (۲) کان میں پہننے کا ایک زیور۔
دُرافشاں۔ (ع۔ف۔صف) (۱) موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان۔
دُرافشانی۔ (ف۔ا۔مث) (۱) موتی بکھیرنا (۲) خوش بیانی۔
دُربار۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) موتی برسانے والا۔
دُربچہ۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) کان میں پہننے کا ایک موتی۔ گوشوارہ۔
دُرِخوش آب۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) بہت قیمتی موتی (۲) عمدہ شعر۔
دُردانہ۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) موتی کا ایک دانہ۔
دُرریز۔ (ع۔ف۔ا۔صف) (۱) موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان۔
دُرریزی۔ خوش بیانی۔
دُرِشہوار۔ (ع۔ف۔ا۔صف) (۱) بہت بڑا موتی (۲) بادشاہوں کے قابل موتی۔
دُرِناسُفتہ۔ (ع۔ف۔ا۔صف) (۱) بغیر سُوراخ کے موتی (۲) کنواری عورت دوشیزہ۔
دُرِنایاب۔ (ع۔ف۔ا۔صف) (۱) بے مثل موتی (۲) فرزندِ ارجمند۔
دُرِنجف۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا سفید پتھر (۲) نجیب۔ شریف۔ اصلی نسلی سیّد۔
دُرِیتیم۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ موتی جو سیپ کا پیٹ چاک کرکے نکالتے ہیں
دُرِیکتا۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) اکیلا موتی۔
دِرا۔ (دَ۔رَا) [ف۔ا۔مذ] (۱) گھنٹہ۔ گھنٹی۔ جرَس۔
دُرا۔ (ق۔ا۔مذ) آقا۔ مالک۔
دُرّاج۔ (دُر۔راج) (ع۔ا۔مذ) تیتر۔
دَراڑ۔ (دَ۔راڑ) (ہ۔ا۔مث) شگاف۔ درز۔ رَخنہ۔
دَراز۔ (دَ۔رَاز) (ف۔صف) (۱) لمبا۔ طویل (۲) پھیلا ہوا (۳) میز یا الماری کا لمبا خانہ جسے کھینچ کر نکالا جاتا ہے۔
دَرازدست۔ (ف۔صف) (۱) لمبے ہاتھوں والا (۲) ظالم۔ سفّاک زبردست۔



Marfat.com

**درازدستی**۔ (ف۔ ا۔ مث) ظلم وستم۔ بے انصافی۔ زبردستی۔
**دراز قد**۔ (ف۔ صف) لمبے قد والا۔ طویل القامت۔
**دراز کرنا**۔ (مص مرکب) پھیلانا۔
**دراز گوش**۔ (ف۔ صف) (۱) گدھا (۲) خرگوش۔
**دراز نفسی**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بہت کہنا۔ کلام کو طول دینا (۲) سانس کو روکنا۔ دم بڑھانا۔
**دراز ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) لیٹنا۔ سونا۔
**درازی**۔ (دَ۔ را۔ زی) (ف۔ ا۔ مث) لمبائی۔ طوالت۔
**درّاک**۔ (دَر۔ راک) (ع۔ صف) ذہین۔ ہشیار۔ بڑی سمجھ بوجھ والا۔ بات کی تہ پانے والا۔
**دَرّان**۔ (دَر۔ ران) (ف۔ صف) پھاڑنے والا۔
**دَرانا**۔ (دَر۔ را۔ نا) (ہ۔ مص ل) (۱) بے دھڑک چلے آنا (۲) بغیر اجازت کسی کے گھر میں داخل ہونا (۳) (صف) بے دھڑک۔ بے خوف بے خطر۔ بلا اجازت۔
**درانتی**۔ (دَ۔ ران۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) گھاس کاٹنے کا اوزار۔
**درانتی پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) فصلوں کی کٹائی شروع ہونا۔
**دُرّانی**۔ (دُر۔ را۔ نی) (ف۔ ا۔ مذ) ایک افغان قبیلہ۔
**دراوڑ**۔ (دَرا۔ وڑ) (س۔ ا۔ مذ) ہندوستان کے قدیم باشندے جو جنوب میں آباد ہیں۔
**دراہم**۔ (دَرا۔ ہم) (ع۔ ا۔ مذ) درہم کی جمع۔
**دُراہی**۔ (ا۔ مث) آقائی۔ حکومت (ق)۔
**درایت**۔ (دِ۔ را۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) عقل۔ سمجھ۔ دانش۔ (حدیث) وہ اصول جن کا مقصد کسی روایت کو عقلی طور پر پرکھنا ہے۔
**دربار**۔ (دَر۔ بار) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بادشاہ کی مجلس جشن (۲) شاہی عدالت یا کچہری (۳) بادشاہوں کی ملاقات (۴) وہ مکان جہاں بادشاہوں کی مجلس ہو (۵) آستانہ۔ بارگاہ۔ محل۔ قصر (۶) حاضری۔ حاضر باشی۔ مجلس جو بڑے افسر سرکاری طور پر منعقد کریں (۷) امرتسر میں سکھوں کا مشہور و معروف مذہبی مقام۔
**دربار باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) رشوت دینا۔ رشوت دے کر کام نکالنا۔
**دربار برخاست ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) دربار ختم ہونا۔
**دربار خاص**۔ (ف۔ ع۔ مذ) وہ دربار جس میں امراء رؤسا حاضر ہوں یا وہ عمارت جس میں اس قسم کا دربار لگے (۲) ملاقات شاہی۔
**دربارِ خداوندی**۔ (ف۔ سف) بارگاہِ الٰہی۔ خدا کے سامنے۔
**دربارداری کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سخت خوشامد کرنا (۲) حاضری دینا۔ حاضری باشی۔
**دربارِ رسالت**۔ (ف۔ ع۔ مذ) حضور نبی کریم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس
**دربارِ عام**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) شاہی مجلس جس میں عام لوگوں کو اپنی فریاد پیش کرنے کی اجازت ہو۔
**دربار کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بادشاہ کا وزیروں اور امیروں کا سلام لینا (۲) عدالت کرنا۔ اجلاس کرنا (۳) مصاحبت کرنا (۴) حاضر باشی کرنا۔

**دربار لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مجرائیوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا (۲) بھیڑ یا مجمع ہونا۔
**دربار معاف کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دینا۔
**دربار موقوف رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بادشاہ کا دربار نہ لگانا۔
**درباری**۔ (دَر۔ با۔ ری) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ملازمان شاہی۔ سلام کرنے والے (۲) ندیم۔ مصاحب۔ دربار سے نسبت رکھنے والا۔
**درباری زبان**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ زبان جو دربار و عدالت میں بولی جائے (۲) فصیح اور شائستہ زبان۔
**دربان**۔ (دَر۔ بان) (ف۔ ا۔ مذ) چوکیدار۔ پہرے دار۔ سنتری۔
**دربانی**۔ (دَر۔ با۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) پہرہ داری۔ چوکیداری۔
**دربند**۔ (دَر۔ بند) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ پہاڑی درہ جس سے گزرنا بہت مشکل ہو (۲) وہ سڑک جس پر ڈاکے پڑیں (۳) وہ علاقہ جو سرحد کے قریب واقع ہو اور وہاں حفاظتی فوج رکھی جائے (۴) پُل (۵) قلعہ کا دروازہ۔
**دربندی**۔ (دَر۔ بن۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تلاشی سے پہلے مکان کے دروازے بند کر دینا (۲) قید۔ حراست (۳) فیکٹری کو مزدوروں کی مرضی کے خلاف بند کر دینا۔
(۴) (ہ۔ ا۔ مث) گاؤں کے مختلف نرخوں کی فہرست (۵) نرخ جن پر مالگذاری کی تجویز ہو (۶) فصل کی قیمت مقرر کرنا۔
**دربندی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تلاشی کے لیے کسی جگہ یا مکان کا محاصرہ کر لینا۔
**دربہشت**۔ (ق۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مٹھائی۔ شیرینی۔
**درپن**۔ (دَر۔ پن) (س۔ ا۔ مذ) (۱) آئینہ۔ آرسی (۲) ایک وزن۔
**درج**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تحریر۔ لکھائی (۲) وہ چیز جس پر لکھا جائے۔ (۳) تحریر جس کو لپیٹا جائے۔
**درج کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) شامل فہرست کرنا۔ رجسٹر پر چڑھانا۔
**دَرَج**۔ (دَ۔ رَج) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) راہ (۲) میز کی دراز۔ میز کا خانہ (۳) سیڑھی کا ڈنڈا (۴) مرتبہ۔
**دُرج**۔ (ع۔ ا۔ مذ) زیور رکھنے کا ڈبہ۔
**درجات**۔ (دَ۔ رَ۔ جات) (ع۔ ا۔ مذ) درجہ کی جمع۔
**درجن**۔ (دَر۔ جن) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) بارہ (۲) بارہ کا مجموعہ۔ ایک جنس کی بارہ چیزیں (۳) انگریزی ڈزن (Dozen) کا بگاڑا ہوا۔
**دُرجن**۔ (ق۔ صف) بڑا آدمی۔ دشمن۔
**درجہ**۔ (دَر۔ جہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سیڑھی (۲) قدم (۳) چھت۔ منزل (۴) چبوترا (۵) کمرہ۔ کوٹھڑی (۶) تماشا گاہ کا ایک حصہ (۷) قسم۔ نوع۔ (۸) مرتبہ۔ رتبہ (۹) عہدہ۔ منصب (۱۰) جماعت۔ زمرہ (۱۱) منٹ۔ دقیقہ (۱۲) کلاس۔
**درجہ اترنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک جماعت نیچے ہو جانا (سکول میں) (۲) رتبہ گھٹ جانا
**درجۂ اشتعال**۔ (ع۔ ف۔ صف) وہ درجہ یا مقام جس پر پہنچ کر کوئی خاص مادہ مشتعل ہو جائے۔
**درجہ بدرجہ**۔ (ع۔ ف) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ ترتیب وار۔
**درجہ برابر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک جیسی عزت یا قدر ہونا۔
**درجہ بندی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خاص درجہ یا مقام متعین ہونا۔



Marfat.com

(۲) چیزوں کو قسم وار کرنا۔
**دَرَجہ ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) تنزّل ہونا۔
**دَرَجہ دینا۔** (ا۔ محاورہ) ترقی دینا۔
**دَرَجہ کرنا۔** (۱) عزت دینا۔ (۲) ترقی دینا۔
**دَرَجہ گھٹانا۔** (ا۔ محاورہ) تنزّل کرنا۔
**دَرَجہ مِلنا۔** (ا۔ محاورہ) مرتبہ حاصل ہونا۔
**دَرَجہ دار۔** (ع۔ ف) (۱) سلسلہ دار (۲) رُتبے کے مطابق (۳) درجہ بدرجہ۔
**دَرَجہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عزت ہونا۔ قدر ہونا (۲) گت ہونا۔ بے عزتی ہونا۔

**دَرَخت۔** (دَ۔رَخت) (ف۔ ا۔ مذ) پیڑ۔ شجر۔ نہال۔ بوٹا۔
**دَرَخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔** (ا۔ مثل) انسان اپنے عمل و کردار سے بھلا یا بُرا ہوتا ہے۔ ہر چیز اس کے نتیجے سے ظاہر ہوتی ہے۔
**دَرَخت بوئے تھے آم کے ہو گئے بَبُول۔** (ا۔ مثل) نفع کی اُمید تھی مگر نقصان ہوا۔
**دُرَخش۔** (ف۔ مذ) چمک۔ روشنی۔ بجلی۔
**دَرَخشاں۔** (دَ۔رَخ۔شاں) (ف۔ صف) چمکتا ہوا (۲) تاباں۔ روشن۔
**دَرَخشانی۔** (دَ۔رَخ۔شا۔نی) (ف۔ ا۔ مث) چمک۔ دمک۔ روشنی۔
**دَرَخشِندہ۔** (دَ۔رَخ۔شن۔دَہ) (ف۔ صف) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ نورانی۔
**دَرخواست۔** (دَر۔خاست) (ف۔ ا۔ مث) (۱) التماس۔ گزارش (۲) عرضی عرضداشت۔ سوال (۳) خواست گاری۔ آرزو۔ تمنّا۔
**دَرخواست دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عرضی بھیجنا (۲) نالش کرنا۔
**دَرخواست کُنندہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) عرضی بھیجنے والا۔ درخواست کرنے والا
**دَرخور۔** (دَر۔خُر) (ف۔ صف) (۱) لائق۔ قابل۔ سزاوار (۲) رسائی۔ پہنچ۔ دخل۔
**دَرخورِ اعتنا۔** (ف۔ صف) توجہ کے قابل۔
**دَرد۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تکلیف۔ دُکھ (۲) ٹیس۔ ہُوک۔ کسک (۳) افسوس۔ سوز و گداز (۵) رحم۔ ترس۔ ہمدردی (۶) غم۔ رنج (۷) خواجہ میر دہلوی کا تخلص۔
**دَرد آشنا۔** (ف۔ صف) دَرد سے واقف۔ ہم درد۔
**دَرد آگیں۔** (ف۔ صف) (۱) دَرد سے بھرا ہوا۔ (۲) تکلیف دہ۔
**دَرد آلود۔** (ف۔ صف) (۱) غمزدہ (۲) جسے سخت تکلیف ہو (۳) تکلیف دِہ۔
**دَرد آمیز۔** (ف۔ صف) رِقت انگیز۔ دردناک۔ قابلِ رحم۔
**دَرد آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) افسوس آنا۔ رحم آنا۔ ترس آنا۔
**دَرد اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی عضو میں درد محسوس ہونا۔ ٹیس پڑنا۔
**دَرد انگیز۔** (ف۔ صف) (۱) درد پیدا کرنے والا (۲) درد آمیز۔
**دَرد بٹانا۔** (ا۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔ دُکھ میں شریک ہونا۔
**دَرد پوچھنا۔** (ا۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔ غمگساری کرنا۔
**دَرد جانا۔** (ا۔ محاورہ) دَرد دَفع ہونا۔
**دَرد جاننا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی تکلیف کو محسوس کرنا۔
**دَرد چھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) دَرد کو کم کرنا یا رفع کرنا۔

**دَرد خوردہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ جسے تکلیف ہو۔
**دَردِ دِل۔** (ف۔ ا۔ مذ) رنج و غم۔ دِلی صدمہ۔
**دَرد رَس۔** (ف۔ ا۔ مذ) غم زدہ۔ مصیبت زدہ۔
**دَرد زِہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) بچہ پیدا ہونے کا دَرد۔ جننے کا دَرد۔
**دَردِ سَر۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سَر کا دَرد (۲) تکلیف (۳) دِقت۔ مشکل۔
**دَردِ سَر اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سَر کا دَرد شروع ہونا (۲) تکلیف برداشت ہونا (۳) ذمّہ داری لینا۔
**دَردِ سَر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑا مٹ جانا (۲) مصیبت رفع ہو جانا۔ (۳) سَر کا دَرد جاتا رہنا۔
**دَردِ سَر خریدنا۔** (ا۔ محاورہ) کِسی جھگڑے میں پڑنا۔
**دَردِ سَر دینا۔** (ا۔ محاورہ) دِق کرنا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔
**دَردِ سَر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) محنت یا مشقت کرنا۔ کسی کام کی انجام دہی کی فکر کرنا۔
**دَردِ سَر مُول لینا۔** (ا۔ محاورہ) دردِ سری مُول لینا۔ کوئی کام اپنے ذمّہ لینا۔
**دَرد سَری۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تکلیف۔ مصیبت (۲) محنت مشقت کا کام۔
**دَرد شریک۔** (ف۔ صف) (۱) ہمدرد (۲) غم گُسار۔ غم خوار۔
**دَردِ قولنج۔** (ف۔ ا۔ مذ) پسلی کا دَرد۔
**دَرد کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تکلیف ہونا (۲) ہمدردی کرنا۔
**دَرد کھانا۔** (ا۔ محاورہ) رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ افسوس کرنا۔
**دَرد کے مارے۔** (۱) درد یا تکلیف کی وجہ سے (۲) مصیبت زدہ۔
**دَردگیں۔** (ف۔ صف) تکلیف دِہ۔
**دَردِ لا دوا۔** (ف۔ ا۔ مذ) ایسی تکلیف جس کا کوئی علاج نہ ہو۔
**دَرد لگنا۔** (ا۔ محاورہ) درد ہونا۔ بچہ جننے کی تکلیف شروع ہونا۔
**دَردمَند۔** (ف۔ صف) ہمدرد۔ غم گُسار۔ غم خوار۔
**دَردمَندی۔** (ف۔ ا۔ مث) ہمدردی۔ غمگساری۔ رحم دلی۔ ترس۔
**دَردناک۔** (ف۔ صف) (۱) درد بھرا (۲) رنج دہ۔
**دَردیں لگنا۔** (ا۔ محاورہ) دردِ زہ ہونا۔ بچہ جننے کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔
**دُرد۔** (ف۔ ا۔ مث) تلچھٹ۔
**دُرد آشام یا دُرد کش۔** (ف۔ صف) (۱) تلچھٹ پینے والا (۲) خوشہ چین (۳) بڑا شرابی۔
**دُرد خوار۔** (ف۔ صف) (۱) غریب۔ عاجز۔ بے چارہ۔
**دَردا۔** (دَر۔دَا) (ف ح) افسوس۔ آہ۔ ہائے۔
**دَردَرا۔** (دَر۔دَ۔را) (ہ۔ صف) (۱) موٹا موٹا۔ پسا ہوا۔ کٹا یا دَلا ہوا۔ دانہ دار۔ (۲) دندانہ دار۔
**دَرز۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) دَراڑ۔ شگاف (۲) چہرے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کا جوڑ (۳) سیون۔ کپڑے کی کھونپ جو سِلی ہوئی ہو۔
**دَرزَن۔** (دَر۔زَن) (ف۔ ا۔ مث) درزی کی بیوی۔ کپڑا سینے کا کام کرنے والی عورت (مذ) کھٹکا۔ کُنڈی۔
**دَرزی۔** (دَر۔زی) (ف۔ ا۔ مذ) کپڑا سینے کا کام کرنے والا مَرد۔
**درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں۔** (ا۔ مثل) انسان کو ہر کام کرنا چاہیے چاہے ادنیٰ ہو چاہے اعلیٰ۔



Marfat.com

**دَرس** - (ع - ا - مذ) (۱) سبق۔ تعلیم (۲) وعظ۔ نصیحت۔ لیکچر۔ کتھا۔
**دَرس دینا** - (ا - محاورہ) درس پڑھانا۔ سبق دینا۔
**دَرس کہنا** - (ا - محاورہ) (۱) وعظ کہنا۔ نصیحت کرنا (۲) لیکچر دینا۔ سبق پڑھانا۔
**دَرس و تدریس** - (ع - ف - مذ) پڑھنا پڑھانا۔
**دَرس ہونا** - (ا - محاورہ) سبق پڑھایا جانا۔ پڑھائی ہونا۔
**دَرَس** - (ہ - ا - مذ) (۱) نظارہ (۲) درشن۔ دیدار۔
**دَرَس دکھانا** - (ا - محاورہ) دیدار کرانا۔ درشن دینا۔
**دُرُست** - (دُ - رُست) (ف - صف) (۱) ٹھیک۔ بجا۔ صحیح۔ موزوں۔
**دُرُست آنا۔ دُرُست ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹھیک ہونا۔ صحیح ہونا۔ موزوں ہونا۔ مناسب ہونا (۲) عاید ہونا۔
**دُرُست بنانا** - (ا - محاورہ) ٹھیک بنانا۔ گوشمالی کرنا۔
**دُرُست فرمانا** - (ا - محاورہ) (تعظیماً) ٹھیک بات کہنا۔ صحیح کہنا۔
**دُرُست پیماں** - (ف - صف) وعدے کا پکّا۔
**دُرُست رہنا** - بجا رہنا۔ ٹھیک رہنا۔
**دُرُست کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹھیک کرنا۔ سیدھا کرنا (۲) سنوارنا۔ سُدھارنا (۳) گوشمالی کرنا۔ تادیب کرنا (۴) انتظام کرنا (۵) مرمّت کرنا۔
**دُرُست لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) قاعدے سے لگانا (۲) سجانا (۳) قرینے سے لگانا۔
**دُرُست ہو رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) آراستہ ہونا۔ بناؤ سنگار کر لینا۔ (۲) تیار ہو جانا۔
**دُرُست ہے** - (ف - ا - مث) ٹھیک ہے۔ بجا ہے۔
**دُرُستی** - (دُ - رُس - تی) (ف - ا - مث) (۱) سچائی۔ راستبازی (۲) معقولیت۔ موزونیت۔ صحت۔ تصحیح۔ اِصلاح (۳) مرمّت۔ ترتیب۔ ترمیم۔ (۴) گوشمالی۔ تادیب۔
**دَرسی** - (ع - صف) (۱) پڑھانے سے متعلق (۲) نصابی کُتب۔
**دَرسیات** - (دَر - سی - یات) (ع - ا - مث) (۱) اسکولوں میں پڑھنے پڑھانے سے متعلقہ اشیا۔ کتابیں۔
**دُرُشت** - (دُ - رُشت) (ف - صف) سخت۔ کرخت۔ کھُردرا۔ بھاری
**دُرُشت مزاج** - (ف - صف) تُند مزاج۔
**دُرُشتی** - (دُ - رُش - تی) (ف - ا - مث) سختی۔ بے رحمی۔ بدخُلقی۔
**دُرُشتی سے پیش آنا** - (ا - محاورہ) سختی سے پیش آنا۔ بدخلقی سے ملنا۔
**دَرشن** - (دَر - شن) (ہ - ا - مذ) (۱) دیدار۔ نظارہ۔ زیارت۔ ملاقات۔
**دَرشن (پانا) کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) دیدار کرنا (۲) ملاقات ہونا۔ ملنا۔
**دَرشن تھوڑے نام بہت** - (مثل) شہرت تو بہت ہے مگر حقیقت کچھ بھی نہیں۔
**دَرشن کے نیناں لوبھی** - (مثل) دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔
**دَرشنا** - (ف - مص) نظر۔ روشن۔
**دَرشنی** - (دَر - شَ - نی) (ہ - صف) (۱) قابلِ دید (۲) خوبصورت۔ حسین۔ جوان (۳) فوراً قابلِ ادائیگی (۴) تحفۂ ملاقات۔
**دَرشنی جوان** - (ہ - ا - مذ) خوبصورت آدمی۔ خوبصورت مگر بُزدل جوان۔

**دَرشنی ہنڈی** - (ہ - ا - مث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ہنڈی دکھاتے ہی مل جائے۔
**دِرع** - (ع - ا - مذ) (۱) پیرہن۔ لباس۔ پوشاک (۲) زرہ جو لڑائی کے وقت پہنتے تھے۔
**دِرع پوش** - (ع - ف - صف) زرہ پوش۔ سپاہی۔
**دِرعہ** - (دِر - عہ) (ع - ا - مذ) (۱) کپڑا یا زمین ناپنے کا آلہ۔ گز۔
**دَرفش** - (دُ - رَفش) (ف - ا - مذ) (۱) جھنڈا۔ پرچم۔ علَم۔ پھریرہ (۲) رومال جو سر پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے تھے (۳) روشنی۔ چمک۔ دمک۔ بجلی۔ کوئی چمکنے والی چیز۔
**دُرفشِ کاویانی** - (ف - ا - مذ) ضحاک بادشاہ کے عہد میں ایران کے لوہار کاوہ کا انقلابی جھنڈا (۲) سہ گوشہ کپڑا جو جھنڈے کے سرے پر لگایا جاتا تھا (۳) ایران کے ساسانی بادشاہوں کا جھنڈا۔
**دَرک** - (ع - ا - مذ) (۱) عقل۔ سمجھ۔ تمیز۔ واقفیت (۲) دخل۔
**دَرک دینا** - (ا - محاورہ) (۱) دخل دینا۔ بیچ میں بولنا (۲) مزاحمت کرنا (۳) دست اندازی کرنا۔
**دَرک ہونا** - (ا - محاورہ) واقفیت ہونا۔ علم ہونا۔ مہارت ہونا۔
**دَرکات** - (ق - ا - مث) دوزخ کی منزلیں۔
**دَرکنا** - (ہ - مص) تڑکنا۔ پھٹنا۔ شگاف پڑنا۔
**دَرگاہ** - (دَر - گاہ) (ف - ا - مث) (۱) آستانہ۔ چوکھٹ (۲) خانقاہ۔ روضہ۔ مزار۔ دربارِ شاہی۔ خدا کا دربار۔
**دُرگا** - (دُر - گا) (س - ا - مث) (۱) ہندوؤں کی دیوی بھوانی (۲) بدصورت عورت۔
**دُرگت** - (دُر - گت) (ہ - ا - مث) خراب حالت۔ پتلا حال۔
**دُرگت کرنا۔ دُرگت بنانا** - (ا - محاورہ) بُری حالت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مارنا پیٹنا۔
**دُرگتی** - (دُر - گَ - تی) (ہ - ا - مث) (۱) بُری حالت۔ پتلا حال (۲) انجام بد۔
**دَرگزر** - (دَر - گُ - زَر) (ف - ا - مث) (۱) معافی۔ چشم پوشی (۲) ٹال مٹول۔ اغماض (۳) بھُلانا۔ بسرانا۔ چھوڑنا۔
**دَرگزر کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) چشم پوشی کرنا (۲) باز آنا (۳) معاف رکھنا۔ (۴) بھُلانا۔
**دَرگزرنا** - (اُ - مص) (۱) معاف کرنا (۲) باز آنا (۳) چھوڑنا۔
**دِرَم - دِرہم** - (دِ - رَم) (دِر - ہم) (ع - ا - مذ) (۱) چاندی کا ایک سکّہ جو دو آنے کے برابر ہوتا ہے (۲) ۳ ماشے ۱½ رتی وزن (۳) نقدی۔ روپیہ۔
**دِرَم خریدہ** - (ع - ف - مذ) (۱) قیمت دے کر خریدا ہوا (۲) زرخرید غلام۔
**دَرماں** - (دَر - ماں) (ف - ا - مذ) (۱) علاج۔ دوا دارو۔ چارہ گری۔
**دَرماندگی** - (دَر - ماں - دَ - گی) (ف - ا - مث) (۱) مجبوری۔ عاجزی (۲) تکلیف۔ مصیبت۔
**دَرماندہ** - (دَر - ماں - دَہ) (ف - صف) (۱) مصیبت زدہ (۲) بیچارہ۔ (۳) لاعلاج۔



Marfat.com

**دَرماہ** - (ق - ا - مث) تنخواہ -
**دُرمٹ (دامس)** - (ہ - ا - مذ) کنکر روڑی کوٹنے کا آلہ -
**دَرمَن** - (ف - ا - مذ) دیکھیے درمان جس کا یہ مخفف ہے -
**دَرمنکھی** - (ق - صف) بُری شکل والا - بدصُورت -
**درندگی** - (ف - ا - مث) وحشت - ظلم - درندہ پن -
**دَرندہ** - (دَ - رِن - دہ) (ف - صف) (۱) پھاڑنے والا - چیرنے والا - خونخوار - پھاڑ کھانے والا جانور -
**دَرنگ** - (دَ - رنگ) (ف - ا - مث) دیر - توقف - تاخیر - وقفہ -
**دَرَو** - (دَ - رَو) (ف - ا - مذ) فصل کا کاٹنا - کٹائی -
**دَروازہ** - (دَر - وا - زَہ) (ف - ا - مذ) دَر - کسی عمارت میں داخل ہونے کا راستہ - پھاٹک -
**دَروازہ بند ہوجانا** - (ا - محاورہ) (۱) وقت ختم ہوجانا (۲) ملاقات کا وقت نہ رہنا (۳) گھر پر نہ ہونا -
**دَروازہ بھیڑنا** - (ا - محاورہ) دَروازے کے پٹ بند کردینا لیکن کُنڈی نہ لگانا -
**دَروازہ تنگ ہونا** - (ا - محاورہ) رزق کم ہونا - آمدن کم ہونا -
**دَروازہ تیغا کرنا** - (ا - محاورہ) دَروازہ چُننا - دروازہ بند کردینا -
**دَروازہ ٹھوکنا** - (ا - محاورہ) دروازے پر ہاتھ مارنا تاکہ وہ کُھل جائے -
**دَروازہ چُننا** - (ا - محاورہ) اینٹیں چُن کر دَروازے کو بند کردینا -
**دَروازہ زنجیر کرنا** - (ا - محاورہ) دروازے کی زنجیر لگانا - دروازہ بند کرنا -
**دَروازہ کھٹکھٹانا** - (ا - محاورہ) (۱) دَروازہ پر کوئی چیز مارنا تاکہ وہ کھولا جائے (۲) مانگنا - درخواست کرنا -
**دَروازہ کُھلنا** - (ا - محاورہ) (۱) دروازے کی زنجیر اُترنا (۲) آمدنی بڑھ جانا آمدنی ہونا -
**دَروازہ معمُور ہونا** - (ا - محاورہ) دروازہ بند ہونا -
**دَروازے پر آئی برات - سمدھن کو لگی ہگاس** - (ا - مثل) عین وقت پر گھبراہٹ -
**دَروازے پر کھڑا رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) منتظر رہنا (۲) مہربانی کا اُمیدوار
**دَروازے پر ہاتھی جُھومنا** - (ا - محاورہ) دولت مند ہونا -
**دَروازے کی مٹی لے ڈالنا** - (ا - محاورہ) بار بار آنا - پھیرے کرنا - سخت تقاضا کرنا -
**دُرُود** - (دُ - رُود) (ف - ا - مذ) (۱) صلوات - رحمت (۲) تحسین و آفرین - شاباش - (۳) استغفار (۴) تعریف - سلام - دُعا (۵) تسبیح اصطلاحاً وہ دُعا اور سلام جو حضور نبی کریم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر پڑھا جائے -
**دُرُود بھیجنا** - (ا - محاورہ) (۱) صلوات پڑھنا (۲) تعریف کرنا - تحسین کرنا (۳) کسی خوبصورت شے کو دیکھ کر خدا کو یاد کرنا (۴) پیغمبر کی تعریف کرنا -
**دُرُود پڑھنے کے قابل** - (ا - صف) (۱) نہایت نفیس (۲) قابل تعریف -
**دُروز** - (دُ - رُوز) (ف - ا - مذ - ج) درز کی جمع - بہت سے شگاف - دراڑیں
**دروغ** - (دَ - روغ) (ف - ا - مذ) جھوٹ - کذب - بہتان -

**دروغ بافی** - (ف - ا - صف) جھُوٹ کا تانا بانا بُننا - جھُوٹی بات بنانا -
**دروغ برگردن راوی** - (ا - مثل) جھُوٹ کا گناہ اصل بیان کنندہ کے سر ہوتا ہے -
**دَروغ بیانی** - (ف - ا - مث) جھُوٹ بولنا -
**دروغ حلفی** - (ف - ا - مث) جھوٹی قسم - قانون کے خلاف جھُوٹ بولنا -
**دروغ کو فروغ نہیں** - (ا - مثل) جھوٹ میں کامیابی نہیں ہوتی -
**دروغ گو (باف)** - جھوٹا - کاذب -
**دروغ گورا حافظہ نہ باشد** - (ف - مثل) جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا - جھُوٹ بولنے والا اپنے بیان کی خود تردید کردیتا ہے -
**دروغ گوئم بررُوئے تو** - (ف - مقولہ) جب کوئی واضح طور پر جھُوٹ بولے تو اس وقت کہتے ہیں -
**دروغ گوئی (بافی)** - (ف - ا - مث) جھُوٹ بولنا - بہتان تراشی -
**دروغ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز** - (ف - مقولہ) جس سچ سے فساد بڑھے اس سے وہ جھوٹ جس سے فساد مٹے بہتر ہے -
**درون** - (دَ - رُون) (ف - ا - مذ) (۱) اندرونی حصّہ (۲) دل باطن (۳) بیچ - اندر -
**درون بین** - (ف - صف) دل کی کیفیت دیکھنے والا -
**درون بینی** - (ف - ا - مث) داخلی کیفیت یا حالت کی تحقیق -
**درُونِ خانہ** - (ف - مذ) (۱) گھر کا اندرونی حصّہ (۲) زنانخانہ (۳) اندر اندر
**دردنا** - (دَ - رُو - نا) (ف - ا - مذ) وہ زخم یا پھوڑا جس کا مُنہ اندر کی طرف ہو - باطن - اندرونی (ق)
**درُونہ** - (دَ - رُو - نہ) (ف - ا - مذ) سینہ - دل -
**درویش** - (دَر - ویش) (ف - ا - مذ) (۱) فقیر - بھکاری (۲) فقیر - صاحبِ معرفت (۳) خدا رسیدہ (۴) غریب - مفلس - مسکین -
**دَرویش خصلت** - (ف - ا - صف) سادہ مزاج - قلندر -
**دَرویش خیال** - (ف - ا - صف) نیک خیال -
**دَرویش صفت** - (ف - ا - صف) وہ شخص جس میں درویشوں کی سی خوُبیاں ہوں
**دَرویش صفت باش و کلاہِ تتری دار** - (ف - مثل) انسان میں اچھی صفتیں ہونی چاہئیں - لباس چاہے کیسا ہی ہو -
**دَرویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست** - (مثل) فقیر جہاں پڑ رہے وہی اس کا گھر ہے -
**دَرویشانہ** - (دَر - وے - شا - نہ) (ف - صف) غریبانہ - درویشوں کی مانند -
**دَرویشی** - (دَر - وے - شی) (ف - ا - مث) (۱) درویشوں کا طریق (۲) فقیروں کی طرح رہنا (۳) غربت - مفلسی (۴) گدائی -
**دَرّہ** - (دَر - رَہ) (ف - ا - مذ) (۱) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ (۲) گھاٹی
**دُرّہ** - (دُر - رَہ) (ع - ا - مذ) (۱) چمڑے کا چابک - تازیانہ - کوڑا -
**دُرّے پڑنا** - (ا - محاورہ) کوڑے لگنا - شرعی سزا عائد ہونا -
**دُرّے (لگانا) مارنا** - (ا - محاورہ) کوڑے مارنا -
**دَرہم** - (ف - صف) گڑبڑ - تتر بتر - اُلٹ پلٹ - گڈ مڈ - تہ و بالا - خلط ملط -
**درہم برہم ہونا** - (ا - محاورہ) اُلٹ پلٹ ہونا - خلط ملط ہونا - گڑبڑ ہونا -



Marfat.com

دَرِی ۔ (دَ ۔ رِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) شطرنجی (۲) موٹے سوتی کپڑے کا فرش (۳) غار ۔ وادی [ف] (۱) ایران کی ایک علاقائی زبان (۲) فارسی کا حصّہ جو پھاڑنے اور چاک کرنے کے معنوں میں آتا ہے جیسے عصمت دری۔
دُرِی ۔ (دُ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] تاش میں دُکا پتہ ۔ دُکّی ۔ دو کا پانسہ۔
دَریا ۔ (دَر ۔ یا) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر کسی بڑی جھیل، ندی یا سمندر میں مل جائے (۲) (صف) وسیع ۔ بہت۔
دَریا بار ۔ (ف ۔ صف) بہت برسنے والا (۲) سخی ۔ فیاض۔
دَریا اُترنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دریا کا گھٹنا ۔ دریا کا پانی کم ہونا۔
دَریا اُمڈنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دریا کا جوش میں آنا (۲) کسی چیز کا بہت زور ہونا۔
دَریا برآر ۔ دَریا برآمد ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے۔
دَریا بُرد ۔ (ف ۔ صف) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو اور دریا کا حِصّہ بن گئی ہو۔
دَریا بُرد ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غرق ہونا ۔ ڈوبنا (۲) نیست و نابود ہونا ۔ مِٹ جانا۔
دَریا بہانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بہت پانی بہانا (۲) خوب آنسو بہانا ۔ بہت رونا۔
دَریا پار ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دریا کے دوسرے کنارے پر۔
دَریا پر جانا اور پیاسے آجانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بدقسمت کے لیے کہا جاتا ہے کہ موقع ملا بھی مگر فائدہ نہ اُٹھایا۔
دَریا چڑھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دریا کا طغیانی پر آنا ۔ سیلاب آنا۔
دَریا دِل ۔ (ف ۔ صف) فیّاض ۔ سخی۔
دَریا دِلی ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) فیاضی ۔ سخاوت۔
دَریا دِلی دکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت خرچ کرنا ۔ خُوب فیاضی کرنا۔
دَریا کا پھیر ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دریا کا چکّر۔
دَریا کا پھیر کِس نے پایا ہے ۔ (ا ۔ مثل) دانا آدمی کی بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی۔
دَریا کش ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) بے حد پینے والا شرابی۔
دَریا کو کوزے میں بند کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناممکن یا محال کام کو کرنا ۔ کسی بہت بڑے بیان کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا ۔ چھوٹی سی کتاب میں بہت سی باتیں لکھ دینا۔
دَریا کو ہاتھ سے روکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) مشکل کام کا ارادہ کرنا۔
دَریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر ۔ (ا ۔ مثل) جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا۔
دَریائے آہن میں ڈوبا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) سرتاپا مسلح ہونا۔
دریائے اشک بہانا ۔ (ا ۔ محاورہ) خوب جی بھر کر رونا ۔ آنسوؤں کا دریا بہانا
دریائے ذخّار ۔ (ف ۔ صف) موجیں مارتا ہوا دریا۔
دریائے رحمت ۔ (ف ۔ صف) خدا تعالیٰ کی مہربانی۔
دریائے شور ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کالا پانی (۲) نمکین پانی کا دریا۔
دریائے قیر ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) (۱) سخت کالی رات (۲) سیاہی کی دوات
دریائی ۔ (دَر ۔ یا ۔ ئی) (ف ۔ صف) (۱) دریا کا ۔ دریا سے منسوب ۔ آدمی ۔ حیوان پری ۔ گھوڑا (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) پتنگ کو دُور لے جا کر ہوا میں چھوڑ دینا۔
دَریائی آدمی ۔ (۱) جل مانس (۲) آدمی کی صورت کا بحری جانور (۳) دریا میں رہنے والا آدمی۔
دَریبہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ بہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانوں کا بازار (۲) پنواڑیوں کا محلّہ۔
دَریتی ۔ (دَ ۔ رے ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مث] باریک پیسنے کی چھوٹی چکّی۔
دَریچہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھوٹا دروازہ ۔ کھڑکی (۲) موکھا۔
دَریدگی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) پھاڑنا (۲) چیر ۔ شگاف ۔ پھٹی ہوئی جگہ۔
دَریدہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ دَہ) [ف ۔ تابع فعل] (۱) پھٹا ہوا (۲) چیرا ہوا (۳) شگاف دیا ہوا۔
دَریدہ دہن ۔ (ف ۔ صف) گستاخ ۔ بدزبان۔
دَریس ۔ (دَ ۔ ریس) [انگ ۔ تابع فعل] (۱) تیار ۔ آراستہ ۔ باقاعدہ (۲) سطح ۔ سیدھا (۳) ہوشیار ۔ کیل کانٹے سے درُست۔
دَریس کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پوشاک پہننا (۲) سیدھا کرنا (۳) درست کرنا ٹھیک کرنا (۴) ہموار کرنا (۵) زخموں کو صاف کر کے باندھنا۔
دَریسی کرنا ۔ (انگ ۔ مص) ہموار کرنا ۔ زمین کو برابر کرنا۔
دَریغ ۔ (دَ ۔ ریغ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) انکار ۔ تامّل ۔ بخل (۲) نفرت (۳) افسوس ۔ رنج ۔ غم (۴) آہ۔
دَریغ آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) افسوس آنا ۔ رنج ہونا۔
دَریغ رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کنجوسی کرنا ۔ بخل کرنا (۲) تامّل کرنا ۔ کوتاہی کرنا (۳) افسوس کرنا۔
دَریغا ۔ (دَ ۔ رے ۔ غا) [ف ۔ کلمۂ تاسف] افسوس ہے ۔ غم ہے۔
دَریوزہ ۔ (دَر ۔ یو ۔ زَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] گدائی ۔ فقیری ۔ بھیک۔
دَریوزہ گر ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بھکاری ۔ گداگر ۔ فقیر۔ جمع : دریوزہ گراں۔
دریوزہ گری ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) گداگری کا پیشہ ۔ بھیک مانگنا۔

## د ــــــ ڑ

دڑاڑ ۔ (ہ ۔ مث) دیکھیے دراڑ۔
دَڑبا ۔ (دَڑ ۔ با) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کابک ۔ کبوتروں یا مرغیوں کا گھر۔
دَڑبا کھول دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کام کی آزادی دینا ۔ کوئی کام بے روک ٹوک کرنا
دَڑبے دَڑبے کرنا ۔ مُرغیوں کو آواز دے کر دَڑبے میں بند کرنا۔
دَڑبڑانا ۔ (دَڑ ۔ بَ ۔ ڑا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چھوٹا ٹھہرانا (۲) ڈرا کر گھبرا دینا ۔ خوف دلانا ۔ دھمکانا ۔ جھڑکنا (۳) مغلوب کرنا۔
دَڑچنا ۔ (دَڑ ۔ چَ ۔ نا) [ق ۔ مص] دَبا دَبا کر بھرنا ۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔
دَڑدَڑ ۔ (دَ ۔ ڑَ ۔ ڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سخت بے وقوف (۲) نالے یا دَریا کا سیلاب کی حالت میں ہونا (۳) آبشار۔
دَڑکنا ۔ (دَ ۔ ڑک ۔ نا) [ہ ۔ مص] ڈکارنا (۲) چٹ کر جانا ۔ بہت کھانا۔
دُڑکی ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) دُلکی ۔ دَوڑ۔
دَڑنگا ۔ (دَ ۔ ڑَن ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) لمبا قدم ۔ ڈگ (۲) لمبا تڑنگا۔



Marfat.com

**دَڑُنگے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ اُچھلے کودتے پھرنا (۲) لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔
**دَڑُدکنا۔** (دَ۔ڑُو۔کَ۔نا) (ہ۔مص) دھاڑنا۔ گرجنا۔ چنگھاڑنا۔ ڈکارنا۔
**دَڑُھ۔** (ہ۔ا۔مث) ڈاڑھی کا مخفف۔
**دَڑھیل۔** (دَ۔ڑھ۔یل) (ہ۔صف) لمبی ڈاڑھی والا۔
**دَڑیڑا۔** (دَ۔ڑے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پہاڑ کا زور (۲) زور کا مینہ۔ (۳) سخت حملہ۔
**دَڑیلا۔** (دَ۔ڑے۔لا) (ق۔ا۔مذ) آبشار۔ جھرنا۔
**دَڑی مارنا۔** (ق۔مص) چھُپ کر بیٹھ رہنا۔

## د ــــ ز

**دَز۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) قلعہ (۲) شہر (۳) محل۔ بالاخانہ۔
**دُزد۔** (ف۔ا۔مذ) چوری کرنے والا۔ چور۔
**دُزدِ حنا۔** (ف۔ا۔مذ) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتی ہے۔ مہندی کا چور۔
**دُزدی۔** (دُز۔دی) (ف۔ا۔مث) چوری۔
**دُزدیدہ۔** (دُز۔دِی۔دَہ) (ف۔تابع فعل) چُرایا ہوا۔ چُرائی ہوئی۔ جمع دُزدیدگان۔
**دُزدیدہ نظر (نگاہ)۔** (ف۔ا۔مث) کن انکھیوں سے دیکھنا (صف) نظر چُرانے والا۔
**دُزدیدہ (نظر) نگاہ سے دیکھنا۔** (ا۔محاورہ) کنکھیوں سے دیکھنا۔

## د ــــ س

**دَس۔** (ہ۔صف) نو سے اگلا عدد۔ ۱۰۔ دَہ۔ عَشرہ۔
**دَس آنا دَس جانا۔** (ا۔محاورہ) آمدورفت کا سلسلہ جاری رہنا۔
**دَس انگلی دَس چراغ۔** (ا۔مثل) ہر فن میں کامل۔
**دَس باتیں سنانا۔** (ا۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔
**دَس کماتے تھے بیس کھاتے تھے برسات کے بعد گھر آتے تھے** (مثل) بہت فضول خرچی کرتے تھے۔
**دَس کی دو کہنا۔** (ا۔محاورہ) زیادہ تعداد کو گھٹا کر بیان کرنا۔
**دَس (جنے) کی لاٹھی ایک (جنے) کا بوجھ۔** (ا۔مثل) بہت سے آدمی تھوڑا تھوڑا سلوک کریں تو ایک کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔
**دَس گز کی زبان۔** (ا۔مث) بہت زبان دراز۔
**دَس گنا۔** (ا۔صف) دہ چند۔
**دَس گھرا۔** لڑکیوں کا ایک کھیل۔
**دَس گھر مانگنا۔** (ا۔محاورہ) در بدر بھیک مانگنا۔

**دِس۔** (ق۔ا۔مذ) دن۔
**دس نکٹوں میں ایک ناک والا بھی نکو ہو جاتا ہے۔** (ا۔مثل) بہت سے بُروں میں ایک اچھا بھی بُروں میں شمار ہونے لگتا ہے۔ بے عزتوں میں عزت دار بھی بدنام ہو جاتا ہے۔
**دِسا۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) طرف۔ جانب۔ سمت (۲) فراغت۔ باہر۔ ٹٹی۔ پاخانہ۔ جنگل۔
**دِسا جانا۔** ٹٹی پیشاب کے لیے جنگل میں جانا۔
**دَسا۔** (ہ۔ا۔مث) حالت۔ نیچ قوم۔
**دُسا۔ دُسَّہ۔** (دُس۔سا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی گرم کپڑا۔ ایک قسم کی چادر۔ پشمینہ۔ دُھسا۔
**دَساتیر۔** (دَ۔سا۔تیر) (ف۔ا۔مذ) دستور کی جمع (۲) نقول۔ نمونے۔ آئین۔ قانون (۳) پارسیوں کی مقدس کتابیں (۴) پارسیوں کے پیشوا۔
**دُساد۔** (ہ۔ا۔مذ) ایک نیچ ہندو قوم جو سُؤر پالتی ہے۔
**دِساسُول۔** (دِ۔سا۔سُول) (س۔ا۔مذ) رجالُ الغیب۔ غائب وجود۔
**دِساور۔** (دِ۔سا۔وَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) غیر مُلک یا غیر ممالک (۲) غیر مُلک کی منڈی (۳) سوداگری کا مال جو غیر مُلک سے آئے (۴) وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کے لیے جمع کریں۔
**دِساور آنا۔** (ا۔محاورہ) باہر سے مال کا آنا۔ غیر ملکی مال آنا۔
**دِساور بھرنا۔** (ا۔محاورہ) مال باہر بھیجنا۔
**دِساور چڑھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) غیر ممالک سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔ (۲) گرانی ہونا۔
**دِساور کی مانگ ہونا۔** (ا۔محاورہ) ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا
**دِساوری۔** (دِ۔سا۔وَ۔ری) (ہ۔صف) (۱) بدیسی۔ باہر سے آیا ہوا (۲) غیر ملکی آدمی (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) ایک قسم کا پان۔
**دِساوری مال۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) باہر جانے والا تجارتی مال (۲) بھرتی کا مال۔
**دَسپنا۔** (دَس۔پَ۔نا) (ف۔ا۔مذ) دست پناہ۔ چمٹا۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔

**دَست۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) ہاتھ۔ پنجہ (۲) قدرت۔ طاقت۔ قابو۔ غلبہ۔ نصرت۔ فتح (۳) پتلا پاخانہ۔ اسہال (۴) عدد۔ تعداد۔ مُرغانِ شکاری کی گنتی کی اکائی جیسے یک دست جُرّہ باز (۷) تمام۔ بالکل۔ پوری شے۔
**دَست آزما۔** (ف۔صف) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔
**دَست آزمائی۔** (ف۔ا۔مث) مشق۔ تجربہ۔
**دَست آشنا۔** (ف۔صف) بیچ میں پڑنے والا۔ بچولیا۔
**دَست آموز۔** (ف۔صف) (۱) ہاتھ پر سکھایا ہوا، ملایا ہوا۔ پالتو۔ (۲) کام کا۔ آرام کا (۳) کاری گر۔ دست کار۔
**دَست آنا۔** (ا۔محاورہ) پتلے پاخانے آنا۔ اسہال ہونا۔ بدہضمی ہونا۔
**دَست آور۔** (ف۔صف) دست لانے والی دوا۔
**دَست ابرنجن۔** (ف۔ا۔مذ) کنگن۔ ہاتھوں میں پہننے کا زیور۔
**دَست ادب باندھنا۔** (ا۔محاورہ) ادب سے ہاتھ باندھنا۔



Marfat.com

دَست افسوس مَلنا۔ (ا۔ محاورہ) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
دَست افشاں۔ (ف۔ صف) ناچنے والا۔ رقاص۔
دَست اَفگن۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) نوکر (۲) نشانی (۳) مشغول (۴) کمزور۔
دَست انداز۔ (ف۔ صف) (۱) کسی کام میں دخل دینے والا۔ خلل انداز (۲) مزاحم۔
دَست اَندازی۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) دخل۔ مداخلت (۲) مزاحمت۔ تعرض۔
دَست اَندازی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ ڈالنا۔ مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔ (۲) مزاحمت کرنا۔ رکاوٹ ڈالنا۔ تعرض کرنا۔
دَست با دپیَما۔ (ف۔ا۔ مذ) ہاتھ جو ہوا میں ہلے جیسے شرابی کا ہاتھ۔
دَست باز۔ (ف۔ صف) (۱) چالاک۔ ہوشیار۔ کاریگر (۲) وہ جو سب کچھ خرچ کر دے (۳) شطرنج کا کھلاڑی۔
دَست بَدست۔ (ف۔ صف) ہاتھوں ہاتھ۔ بہت جلد۔
دَست بَدُعا۔ (ف۔ صف) دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھائے ہوئے۔
دَست بُرد۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) غبن۔ خیانت (۲) لُوٹ مار۔ لُوٹ کھسوٹ (۳) تصرف بے جا۔
دَست بردار۔ (ف۔ صف) چھوڑنے والا۔ باز آنے والا۔
دَست برداری۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) علیحدگی۔ برطرفی (۲) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔
دَست بستہ۔ (ف۔ صف) ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ منت کرکے۔
دَست بقبضہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) لڑنے کے لیے تیار ہونا۔
دَست بقچہ۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) چھوٹا تھیلا۔ ہینڈ بیگ۔
دَست بکار دِل بیار۔ (ف۔ مثل) کام کرتے ہوئے بھی محبوب کی یاد دل میں رہتی ہے۔ اچھی چیز کا خیال کسی وقت دل سے دُور نہیں ہوتا۔
دَست بند۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) موتی اور جواہرات کا پچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں (۲) سونے چاندی کے زیور جو ہاتھ کی پُشت پر پہنا جاتا ہے۔ (۳) ایک قسم کے کڑے (۴) ایک ناچ جس میں ہاتھ ہلاتے ہیں۔
دَست بندھک۔ (ہ۔ صف) رہن۔ گرو۔
دَست بوس ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چُومنا (۲) ملاقات کرنا۔
دَست بیع ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مرید ہونا۔ چیلا بننا۔
دَست پاچہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سٹ پٹانا۔ گھبرانا۔
دَست پاک۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) رومال (۲) تولیا۔ انگوچھا۔
دَست پناہ۔ (ف۔ا۔ مذ) چمٹا۔
دَست پرور (پروردہ) (ف۔ صف) ہاتھ کا پلا ہوا۔ ناز و نعمت کا پلا ہُوا
دَست پیرہن۔ (ف۔ا۔ مذ) آستین۔
دَست پیمان۔ (ف۔ا۔ مذ) مہرِ معجل۔ وہ نقد جنس یا زیور جو شبِ عروسی دُولہا دُولہن کو بطور تحفہ دیتا ہے۔
دَست تاسف ملنا۔ (ا۔ محاورہ) افسوس سے ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا۔
دَست تہی۔ (ف۔ا۔ مذ) خالی ہاتھ۔
دَست جامہ۔ (ف۔ا۔ مذ) مکمل خلعت۔

دَست چالاک۔ (ف۔ صف) چور۔ آنکھ بچا کر چُرا لینے والا۔
دَست چالاکی۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) ہاتھ کی چالاکی۔ چوری۔ ہاتھ کی صفائی (۲) داؤں کرنے کی پھُرتی۔ (۳) خانہ جنگی (۴) دو شخصوں کی لڑائی۔
دَست چھُوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) دَست آنا۔ اسہال لگنا۔
دَست چیر۔ غالب۔
دَست خط۔ دستخط۔ (ف۔ا۔ مذ) اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی۔ اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا نام۔
دَست خَطَر۔ (ف۔ا۔ مذ) پانسے کا ہاتھ جس پر بہت سامال لگا ہو (۲) اپنی یا دُوسرے کی
دَست خطی۔ (ف۔ صف) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ ہاتھ کے دستخطوں کے ساتھ۔
دَست خود دہان خود (ف۔ مثل) خود مختار رہتے ہوئے نہ کھانا اپنا نقصان آپ کرنا ہے۔ اپنا ہاتھ اور اپنا منہ ہے خوب کھاؤ۔
دَست دَراز۔ (ف۔ صف) (۱) بے باک۔ نڈر (۲) ہر کسی کو دُکھ دینے والا (۳) ظالم (۴) بے رحم۔
دَست درازی۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) مار پیٹ (۲) بے باکی (۳) مداخلتِ بے جا۔ بے جا دخل اندازی (۴) زیادتی (۵) ظلم و ستم۔
دَست دُعا دراز کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
دَست دہی۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) امداد۔ مدد (۲) اقرار یا دعدے پر ہاتھ دینا۔
دَستِ راست۔ (ف) (۱) دایاں ہاتھ (۲) فوج کا دایاں بازو (۳) حامی۔ مددگار۔
دَست رَس۔ دَسترس۔ (ف۔ا۔ مذ و مث) (۱) پہنچ۔ رسائی (۲) بساط۔ حیثیت۔ طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔ قابلیت (۳) مہارت۔ مشق چابک دستی (۴) مدد (۵) (صف) طاقت میں (۶) ملا ہُوا۔
دَسترس پہنچنا (چلنا) (ا۔ محاورہ) قابو پانا۔ قابو چلنا۔
دَسترس حاصل ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مہارت ہونا۔ مشق ہونا۔ رسائی ہونا۔
دَست رنگین۔ (ف۔ا۔ صف) مہندی لگے ہاتھ۔
دَست سلح۔ (ف۔ا۔ مذ) مکمل زرہ۔
دَست سوال دَراز کرنا۔ (ا۔ محاورہ) مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔ اپنی حاجت کسی کے سامنے لانا۔
دَست شانہ۔ (ف۔ا۔ مذ) ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے ہیں۔
دَست شفا۔ (ف۔ا۔ مذ) وہ ہاتھ جو صحت بخشے۔ اچھے طبیب کے لیے کہتے ہیں۔
دَست شفا پھیرنا۔ (ا۔ محاورہ) اچھا کر دینا۔
دَست شفقت۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) پیار کا ہاتھ (۲) مہربانی۔ عنایت۔ لطف
دَست طلب۔ (ف۔ا۔ مذ) مانگنا۔ حاجت۔ ضرورت۔
دَست طلب دَراز کرنا۔ (ا۔ محاورہ) مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔
دَست غیب۔ (ف۔ا۔ مذ) وہ آمدنی جو بغیر کسی ظاہری ذریعے کے حاصل ہو (۲) حرام کی کمائی۔
دَست فروش۔ (ف۔ا۔ مذ) وہ شخص جو چیزیں ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچتا پھرے۔ خوردہ فروش۔



Marfat.com

**دَست قدُرت** ۔ (ف ۔ا ۔ صف) طاقت ۔ قدرت ۔ مقدور ۔ اختیار ۔ بس ۔ قابُو ۔
**دَست کار** ۔ (ف ۔ صف) (۱) کاریگر (۲) وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہُنر ہو ۔
**دَست کاری** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) (۱) ہُنر ۔ کاری گری ۔ ہاتھ کا کام (۲) عمل جراحی ۔ چابک دستی ۔
**دَست کش** ۔ (ف ۔ صف) (۱) کسی کام سے ہاتھ کھینچ لینے والا ۔ الگ ہو جانے والا (۲) باز رہنے والا ۔ تعلق نہ رکھنے والا ۔
**دَست کشی** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) ہاتھ کھینچ لینا ۔ تعلق نہ رکھنا ۔
**دَست کوتاہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہاتھ روک لینا ۔
**دَست گاہ** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) (۱) طاقت ۔ قدرت (۲) مہارت ۔ مشق ۔
**دَست گرداں** ۔ (ف ۔ صف) بغیر تحریر کے قرضہ ۔ بغیر کسی لکھت کے اُدھار ۔
**دَست گرفتہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کی مدد کی جائے ۔
**دَست گیر** ۔ (ف ۔ صف) مددگار ۔ حامی ۔
**دَست گیری** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) مدد ۔ معاونت ۔ حمایت ۔
**دَست لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) متواتر دست آنا ۔ اسہال ہونا ۔
**دَست مال** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) برتن صاف کرنے کا کپڑا ۔ صافی ۔ رومال ۔
**دَست نگر** ۔ (ف ۔ صف) مُحتاج ۔ حاجت مند ۔
**دَست و بغل ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بغل گیر ہونا ۔
**دَست و پا بھول جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوش و حواس گُم ہو جانا ۔
**دَست و پا شکستہ** ۔ (ف ۔ صف) بے یار و مددگار ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔
**دَست و پا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان توڑ کوشش کرنا ۔
**دَست و گریباں ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑنا ۔ ہاتھا پائی کرنا ۔
**دَست یاب ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حاصل ہونا ۔ وصول ہونا ۔ میسر آنا ۔
**دست یاری** ۔ (۱) مدد ۔ امداد (۲) بچاؤ ۔ حفاظت ۔ قوت ۔ طاقت ۔
**دَستا** ۔ (دَس ۔ تا) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) رُومال ۔ تولیہ ۔ سنجاف (۲) ایک کپڑا جو پگڑی کے گرد باندھتے ہیں (۲) جست (۳) لوہے کا ایک گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے ۔
**دَستار** ۔ (دَس ۔ تار) [ف ۔ا ۔ مث] پگڑی ۔ عمامہ ۔ پھینٹا ۔ چیرا ۔
**دستار باندھنا** ۔ سر پر خوبصورتی سے پگڑی لپیٹنا (۲) جانشین بنانا ۔
**دَستار بدل** ۔ آپس میں پگڑیاں بدل کر بھائی بھائی بننے والے ۔
**دَستار بند** ۔ (۱) پگڑی باندھنے کا پیشہ کرنے والا شخص ۔ چیرا بند ۔
**دَستار بندی** ۔ (۱) مسلمان روسا کی ایک رسم جس میں مرنے والے رئیس کے بڑے بیٹے یا وارث کو پگڑی بندھاتے ہیں (۲) دینی مدرسہ کے فارغ التحصیل طلبہ کو فضیلت کے طور پر پگڑی بندھانا ۔
**دَستارچہ** ۔ چھوٹی پگڑی ۔ رومال (۲) کمربند ۔
**دَستار فضیلت** ۔ وہ پگڑی جو تعلیم کی تکمیل پر باندھی جاتی ہے علاً فضیلت
**دَستار کرنا** ۔ پگڑی باندھنا ۔
**دستار گفتار اپنے ہی کام آتی ہے** ۔ (مثل) اپنی پگڑی اور اپنی گفتگو اپنے مطلب کے موافق ہوتی ہے ۔
**دُستاں** ۔ (دَس ۔ تاں) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) نغمہ ۔ آواز (۲) ساز کی چابی (۳) دھوکا دغا ۔ فریب (۴) رستم کے باپ زال کا لقب ۔
**دَستانہ** ۔ (دَس ۔ تاں ۔ نہَ) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) ہاتھ میں پہننے کا بُنا ہوا یا چمڑے کا غلاف (۲) ایک لوہے کی زرہ جو ہاتھ پر پہنتے تھے (۳) تلوار کا قبضہ ۔
**دَستانہ مارنا** ۔ چھپی ہوئی تلوار کو ہاتھ سے الگ کرنا ۔
**دَستاویز** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) تمسک ۔ قبالہ ۔ نوشتہ (۲) کسی اَمر کا تحریری ثبوت (۳) وہ سند جس سے اپنا حق ثابت کر سکیں ۔
**دَستر** ۔ (دَس ۔ تر) [ق ۔ا ۔ مذ] دستر خوان ۔
**دَسترخوان** ۔ (دَس ۔ تر ۔ خان) [ف ۔ا ۔ مذ] رُومال یا چادر جس پر کھانا چُنتے ہیں ۔
**دَسترخوان بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے میں ایک عیب** [ا ۔ مثل] اگر لوگوں کو کھانا کھلایا جائے تو سینکڑوں نقص نکالتے ہیں ۔ اگر نہ کھلایا جائے تو ایک ہی نقص ہے نہ کھلانا (کنجوسی) ۔
**دَسترخوان بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کھانے کے بعد دسترخوان اُٹھانا ۔
**دَسترخوان چُننا** ۔ دسترخوان پر کھانے کی چیزیں رکھی جانا ۔
**دَسترخوان کا توبہ توبہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جب کھانا چُنا ہوا ہو اور کوئی کھانے پر نہ بیٹھے تو کہتے ہیں ۔
**دَسترخوان کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بزرگانِ دین کی نیاز کرنا ۔ فاتحہ کا کھانا کھلانا ۔
**دَسترخوان کی بلی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) کام چور ۔ جو کام سے تو جی چرائے لیکن کھانے پر آموجود ہو ۔
**دَسترخوان کی مکھی** ۔ (ا ۔ مث) ہر وقت کھانے پر موجود ہونے والا ۔ بن بُلایا مہمان ۔
**دَستک** ۔ (دَس ۔ تک) [ف ۔ا ۔ مث] (۱) تالی ۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے (۳) دستہ (۴) پروانہ راہداری (۵) محصول ۔ (۶) مہری کاغذ جو حاکم کے حُکم سے لکھا جائے (۷) سمن ۔ وارنٹ ۔ حکم نامہ (۸) فیس جو سمنوں کی تعمیل کے لیے دی جائے (۹) کمیشن ۔ دستوری (۱۰) قُرقی ۔
**دَستک آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قُرقی کا حکم نامہ آنا ۔
**دستک باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) محصول لگانا (۲) بے ضرورت خرچ کرنا ۔
**دَستک دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تالی بجانا (۲) بُلانا (۳) دروازہ کھٹکھٹانا ۔
**دستک لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) محصول لگانا (۲) سمن دروازے پر چسپاں کرنا ۔
**دَستکی** ۔ (دَس ۔ تَ ۔ کی) [ف ۔ا ۔ مث] (۱) پاکٹ بُک ۔ یادداشت کی چھوٹی کتاب یا ڈائری (۲) شکرے بازوں کا دستانہ ۔
**دَستگی** ۔ (دَست ۔ گی) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) دستہ دار لوٹا (۲) تلوار کا تسمہ جو دستے سے لٹکا رہتا ہے (۳) وہ چیز جو گرفت کے واسطے لگی ہو ۔ دستہ (۴) کپڑا جو حقے میں منہال سے بالشت تک باندھتے ہیں (۵) دستانے جس پر شکاری پرند کو بٹھاتے ہیں (۶) تھیلا جس میں کاغذات رکھتے ہیں ۔
**دَستنبو** ۔ (دَس ۔ تَم ۔ بُو) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) چھوٹا پھل جو خوشبو کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں (۲) میرزا غالب کا تحریر کردہ مشہور رسالہ ۔



Marfat.com

**دُستوانہ**۔ (دَس ۔تُ ۔وا۔ نہ) [ف ۔ا۔ مذ] ہاتھ میں پہننے کا زیور۔کنگن۔
**دُستور**۔ (دَس ۔تُو۔ ر) [ف۔ا۔ مذ] (۱) طرز۔ روِش ۔آئین۔ قانون (۲) رسم و رواج (۳) عادت ۔ ڈھنگ (۵) کیش۔ دستوری (۶) پارسیوں کا مذہبی پیشوا (۷) بُنیادی اُصول جن کے مطابق مُلکی قوانین بنائے جاتے ہیں۔ (انگ) (Constitution)
**دُستورالعمل**۔ (ع ۔ا۔ مذ) (۱) قانون۔ قاعدہ (۲) رواج (۳) قانون کی کتاب (۴) سلطنت کا طریقہ اُصول۔
**دُستور باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قاعدہ مقرر کرنا ۔ قانون ٹھہرانا (۲) معمول باندھنا۔
**دُستور جاری کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قاعدہ مقرر کرنا (۲) رواج ڈالنا یا نکالنا۔
**دُستور ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) رواج ہونا۔
**دُستوری**۔ (دَس ۔تُو۔رِی) [ف ۔ا۔ مث] (۱) فیس۔ کمیشن۔ دلالی (۲) اجازت رخصت (۳) وزارت۔
**دُستوری حکومت**۔ آئینی حکومت ۔مُلکی آئین یا دستور کے مطابق ملک کا نظم ونسق۔
**دُستوری کا ٹکا مِل گیا**۔ (ا۔ مثل) سزا پائی ۔اپنی سزا کو پہنچ گیا۔
**دستوریہ**۔ (ع ۔ا۔ مث) مجلس دستور ساز۔ آئین و قوانین بنانے والی مجلس ۔اسمبلی۔
**دَستہ**۔ (دَس ۔تہ) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) لکڑی کا ٹکڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگا ہو (۲) کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگی ہو (۳) فوج کا ایک حصّہ (۵) کاغذ کے چوبیس تختوں کی اکائی (۶) ۲۴ تیروں کا مُٹھّا (۷) ایک قسم کی گھنڈی جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں (۸) سنہاف (۹) پھُولوں کا گُچھا (۱۰) آہنی موسل (۱۱) لوگوں کا گروہ۔
**دَستہ ریسمان**۔ (ف ۔ا۔ مذ) ریل جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔
**دَستہ ساعت**۔ (ف ۔ا۔ مذ) گھڑی کے بارہ نشان۔
**دَستۂ گُل**۔ (ف ۔ا۔ مذ) گُل دستہ۔
**دَستی**۔ (دَس۔تی) [ف ۔صف] (۱) ہاتھ کے متعلق (۲) ہاتھ کے ذریعہ۔ہاتھ سے (۳) مشعل۔ فلیتہ (۴) چھوٹا دستہ ۔چھوٹا قبضہ (۵) کشتی کا ایک داؤں (۶) چھوٹا سا قلمدان جو ہاتھ میں رہے (۷) پیالہ یا مٹی کا گلاس جس کے دو دستے ہوتے ہیں (۸) چھوٹا رومال (۹) مدد۔ امداد۔
**دَستی بھیجنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ کچھ بھیجنا۔
**دَستی پروانہ**۔ (ف ۔ا۔ مذ) جو پروانہ کسی کے ہاتھ بھیجا جائے۔
**دَستی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا۔
**دَستیاں پھُونکنا**۔ (ا۔ محاورہ) مشعلیں جلانا۔
**دَہُم**۔ (دَ۔ہُم) [ف ۔صف] دسواں ۔عُشرہ۔
**دِسمبر**۔ (دِ۔ سَم۔ بَر) [انگ ۔ا۔ مذ] (December) انگریزی سال کا بارھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔
**دَسمی**۔ (دَس ۔مِی) [ہ ۔ا۔ مث] قمری مہینے کی دسویں تاریخ۔
**دِسن**۔ [ق ۔ا۔ مذ] دانت۔

**دِسنا**۔ (دِس۔نا) [ق۔مص] دکھائی دینا۔
**دَسواں**۔ (دَس۔ واں) [ہ ۔صف] (۱) نویں کے بعد کا درجہ۔ دس سے متعلق (۲) میّت کے دسواں دن کا فاتحہ۔
**دَسوانا**۔ (دَس۔ وا۔نا) [ہ ۔ا۔ مذ] دسواں حصّہ جو مالگزاری کے ساتھ جمع کیا جائے۔
**دَسوترا**۔ (ہ ۔صف) دس فیصدی۔
**دَسُوٹھ**۔ (دَ۔سُوٹھ) [ہ ۔ا۔ مذ] زچہ کا بچہ پیدا ہونے کے دسویں دن نہانا۔
**دَسوکھا**۔ (دَ۔سُو۔کھا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) پرندوں کا پَر جھاڑنا (۲) اُڑنے کا پَر۔
**دَسوں**۔ (دَ۔سوں) [ہ ۔صف] پورے یا تمام۔ دس کے دس۔
**دَسوں انگلیاں دَسوں چراغ**۔ (ا۔ مثل) بہت ہنرمند۔
**دَسویں**۔ (دَس ۔وِیں) [ہ ۔صف] (۱) نویں کے بعد کی۔ دس سے تعلق رکھنے والی (۲) اسکول کی دسویں جماعت (۳) محـــرّم کی دسویں تاریخ۔
**دَسہرا**۔ (دَ۔سَہ۔را) [ہ ۔ا۔ مذ] ہندوؤں کا تیوہار جو اسوج کی دسویں تاریخ کو راجہ رام چندرجی کے راون پر فتح پانے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
**دسیسہ** (ع ۔ا۔ مذ) سازش۔ مکاری ۔فریب۔
**دسیسہ کار**۔ (ع ۔ف۔صف) سازش کرنے والا۔ مکار۔ فریبی۔

## د ــــــ ش

**دَشا**۔ (س ۔ا۔ مث) (۱) کیفیت ۔ حالت ۔گت (۲) زندگی کا زمانہ (۳) عمر (۴) قسمت (۵) کپڑے کا کنارہ ۔حاشیہ (۶) دل۔جی۔
**دَشت**۔ [ف ۔ا۔ مذ] (۱) جنگل ۔صحرا۔ بیابان ۔ میدان (۲) شطرنج کا تختہ (۳) مُشک نافہ۔
**دَشت پیما**۔ (ف ۔ا۔ مذ) جنگلوں میں پھیرنے والا۔ بادیہ گرد۔
**دَشت پیمائی**۔ (ف ۔ا۔ مث) جنگلوں میں پھرنا۔صحرا نوردی۔
**دَشت سواراں**۔ (ف ۔ا۔ مذ) وہ لوگ جو صحرا میں زندگی بسر کرتے ہیں۔
**دشت کربلا**۔ (ف ۔ا۔ مذ) (۱) وہ صحرا جہاں امام حسینؑ شہید ہوئے (۲) سخت مصیبت کی جگہ۔
**دشت (گرد) نورد**۔ (ف ۔صف) جنگلوں میں پھرنے والا۔
**دشت نوردی**۔ (ف ۔ا۔ مث) جنگلوں میں پھرنا۔ دربدر پھرنا۔
**دِشت**۔ [ق ۔ا۔ مث] نظر۔
**دَشتی**۔ (دش ۔تی) [ف ۔صف] جنگلی ۔صحرائی۔
**دُشٹ**۔ [س ۔صف] (۱) خراب (۲) بدچلن (۳) شریر (۴) قصوروار (۵) جھوٹا (۶) بے رحم (۷) ضدی ۔کمینہ۔ رذیل۔
**دُشمن**۔ (دُش ۔مَن) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) بیری ۔مخالف۔ بدخواہ۔ عدو (۲) حریف ۔رقیب۔
**دُشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تر است**۔ [ف ۔مثل] دشمن اگر



Marfat.com

زبردست ہے توخدا جونگہبان ہے اُس سے بھی زبردست ہے۔

**دُشمنِ ایمان**۔ (ع-ف) (۱) جوکسی کے مذہب کو زبردستی بدلوانا چاہے (۲) جوکسی سے بددیانتی کرنا چاہے (۳) معشوق۔

**دُشمنِ جان (جانی)**۔ (ف-صف) جان کا دشمن۔ سخت دشمن۔

**دُشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست**۔ (ف-مقولہ) اگر خدا مہربان ہو تو دشمن کچھ نہیں کرسکتا۔

**دشمن کو بھی خدا نصیب نہ کرے**۔ (کلمۂ دُعا) انتہائی مصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ اتنی بڑی مصیبت میں خدا دشمن کو بھی نہ ڈالے۔

**دشمن کو کم نہ سمجھے**۔ (ا-مثل) دشمن چاہے کتنا ہی حقیر کیوں نہ ہو اس کی طرف سے لاپرواہ نہیں ہونا چاہیئے۔

**دشمن کون؟ ماں کا پیٹ**۔ (ا-مثل) بھائیوں میں اگر دشمنی ہو جائے تو سخت ہوتی ہے۔

**دشمن نتواں حقیر و بے چارہ شمرد**۔ (ف-مثل) دشمن کو کبھی کمزور اور حقیر نہ سمجھنا چاہیئے۔

**دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے**۔ (ا-مثل) خود بیمار ہیں۔

**دشمنوں کے کان بہرے**۔ (ا-مقولہ) خدا نخواستہ۔

**دشمن کی نگاہ سے**۔ تیز نگاہ سے۔ غصّے کی نظر سے۔

**دُشمنگی**۔ (دُش-مَ-نَ-گی) [ق-ا-مث] دُشمنی۔

**دُشمنی**۔ (دُش-مَ-نی) [ف-ا-مث] بَیر۔ بدخواہی۔ عداوت۔ مخالفت۔

**دشمنی رکھنا**۔ (ا-محاورہ) دشمن ہونا۔ عداوت رکھنا۔ بَیر رکھنا۔

**دشمنی نکالنا**۔ (ا-محاورہ) دشمن کو تکلیف دینا۔ بدلہ لینا۔

**دُشنام**۔ (دُش-نام) [ف-ا-مث] گالی۔ گالی گلوچ۔

**دُشنام طرازی کرنا**۔ (ا-محاورہ) گالی بکنا۔

**دُشنہ**۔ (دُش-نَہ) [ف-ا-مذ] خنجر۔ کٹاری۔

**دُشوار**۔ (دُش-وار) [ف-صف] مشکل۔ کٹھن۔ دوبھر۔ بھاری۔ سخت۔

**دُشوار پسند**۔ (ف-صف) وہ جو مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرے۔

**دُشوار گذار**۔ (ف-صف) وہ راستہ یا جگہ جہاں سے گذرنا مشکل ہو۔

**دُشوار ہونا**۔ مشکل ہونا۔

**دُشواری**۔ (دُش-وا-ری) [ف-ا-مث] دِقّت۔ مُشکل۔ سختی۔

**دشواری پڑنا**۔ (ا-محاورہ) دِقّت پڑنا۔ مشکل پڑنا۔

**دِشیا**۔ (دِش-یا) [ق-ا-مذ] اچھے دن۔ مبارک دن۔

## د ــــ ع

**دُعا**۔ (ع-ا-مث) (۱) خدا سے مانگنا۔ التجا۔ التماس۔ استدعا (۲) دُعا کی عبارت (۳) مناجات۔ مغفرت کی طلب۔ کسی کی بہتری کی خواہش۔ مُراد (۴) سلام۔ مبارک۔ اشیرباد۔ جمع: اَدعیہ۔

**دُعا اُلٹنا**۔ (ا-محاورہ) دُعا کا اُلٹ نتیجہ نکلنا۔

**دُعا چلنا**۔ (ا-محاورہ) دُعا کا اثر ہونا۔

**دُعائے حرز جاں**۔ (دُعائیہ) ایک دُعا جو کسی کے سفر جانے پر پڑھتے ہیں

**دُعا دینا**۔ (ا-محاورہ) برکت کے الفاظ کہنا۔ اسیس دینا۔

**دُعا سلام کہنا**۔ (ا-محاورہ) کسی کے ذریعہ دُعائیہ پیغام بھیجنا۔

**دُعا قبول ہونا**۔ (ا-محاورہ) مُراد پوری ہونا۔

**دُعا کرنا**۔ (ا-محاورہ) خدا سے درخواست کرنا۔ دُعا مانگنا۔

**دُعاگو**۔ (ع-ف-صف) (۱) دُعا کرنے والا (۲) خیرخواہ۔ بہتری چاہنے والا

**دُعا لگنا**۔ (ا-محاورہ) دُعا کا اثر ہونا۔

**دُعا مانگنا**۔ (ا-محاورہ) خدا سے بھلائی کی التجا کرنا۔

**دُعا مستجاب ہونا**۔ (ا-محاورہ) دُعا قبول ہونا۔

**دُعاوی**۔ (ع-ا-مذ) دعویٰ کی جمع۔

**دُعائے خیر**۔ (ع-ف-ا-مث) اچھی دُعا۔ فاتحہ۔ ایصالِ ثواب۔

**دُعائے دولت**۔ کسی کے لیے ترقی اور اقبال کی دُعا۔

**دُعائے عافیت**۔ (ع-ا-مث) صحت و تندرستی کی دُعا۔

**دُعائے قنوت**۔ دُعا جو نمازِ عشاء میں وِتروں کی تیسری رکعت میں پڑھتے ہیں

**دُعائیں دینا**۔ (ا-محاورہ) کسی کے حق میں بہت سے کلماتِ خیر کہنا۔

**دُعائیہ**۔ (دُعا-ای-یَہ) [ع-صف] دُعا سے منسوب۔

**دَعوت**۔ (دَع-وَت) [ع-ا-مث] (۱) کھانے کے واسطے بُلانا (۲) کسی مذہب کی طرف بُلانا (۳) کھانا۔ ضیافت (۴) طلبی۔

**دَعوتِ اسلام**۔ (ع-ا-مث) کسی کو مسلمان ہونے کی ترغیب دینا

**دَعوت پر بُلانا**۔ (ا-محاورہ) کھانے پر بُلانا۔

**دعوتِ جنگ**۔ (ع-ف-ا-مث) لڑائی کے لیے بُلانا۔ اعلانِ جنگ۔

**دَعوت دینا**۔ (ا-محاورہ) (۱) کھانے کے لیے بُلانا (۲) کھانا۔ ضیافت (۳) طلبی۔

**دَعوتِ سمرقند**۔ (ع-ف-ا-مث) ایک دن پُرتکلّف دعوت۔ دوسرے دن فاقہ۔

**دَعوتِ شیراز**۔ (ع-ف-ا-مث) سادہ کھانا۔ بے تکلّفی کی دعوت۔

**دَعوت کے لُقمے**۔ (ا-مذ) دوسرے کے گھر کا کھانا۔

**دعوتِ ولیمہ**۔ (ع-ف-ا-مث) وہ ضیافت جو مسلمانوں میں نکاح کے دو ایک دن بعد ہوتی ہے۔

**دعویٰ**۔ (دَع-وا) [ع-ا-مذ] درخواست۔ خواہش۔ مطالبہ۔ مانگ۔ استحقاق (۲) استغاثہ (ق) دُشمن۔

**دعویٰ اُٹھنا**۔ (ا-محاورہ) دعوے کا ثابت ہونا یا جواب دیا جانا۔

**دعویٰ باطل**۔ (ع-ف-ا-مذ) جھوٹا دعویٰ۔

**دعویٰ باندھنا**۔ (ا-محاورہ) دعویٰ کرنا۔ شرطیہ کوئی کام کرنے کا دعویٰ کرنا۔

**دعویٰ پیش ہونا**۔ (ا-محاورہ) حاکم کے سامنے مطالبہ کا پیش ہونا۔

**دعویٰ جمانا**۔ (ا-محاورہ) مقدمہ جمانا۔ دلیل قائم کرنا۔ ملکیت ظاہر کرنا۔ قبضہ جتانا۔

**دعویٰ چلنا**۔ (ا-محاورہ) دعوے کا قابلِ سماعت ہونا۔

**دعوائے خدائی**۔ (ع-ا-مذ) خدا ہونے کا دعویٰ کرنا جیسے فرعون نے کیا تھا



Marfat.com

**دعویٰ دار۔ دعوے دار۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) مُدّعی۔ نالشی۔ مستغیث۔ فریادی۔ داد خواہ۔ حق طلب (۲) دشمن۔ رقیب۔ دعویٰ کرنے والا۔

**دعوے کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مطالبہ کرنا۔ نالش کرنا۔ استغاثہ کرنا۔ درخواست کرنا (۲) اپنے آپ کو کسی شے کا مالک جتانا۔

**دعویٰ مہر۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عورت کی طرف سے مہر کی رقم کا مطالبہ۔

## د ـــ غ

**دغا۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) دھوکا۔ فریب (۲) مکاری۔ بے ایمانی۔

**دغا باز۔** (ف۔ صف) مکار۔ دھوکے باز۔ فریبی۔

**دغا بازی۔** (ف۔ ا۔ مث) مکاری۔

**دغا پیشہ۔** (ف۔ صف) (۱) دغا باز۔ مکار۔ عیار (۲) معشوق کو بھی کہتے ہیں۔

**دغا دینا۔** (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

**دغا شعار۔** (ف۔ ا۔ صف) دھوکا دینے کا عادی۔ فریبی۔ مکار۔ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔

**دغائی۔** (دَ۔ غا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) داغ لگانے کی اُجرت۔

**دغدغا۔** (دَغ۔ دَ۔ غا) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (صف) (۲) روشن۔ چمکتا ہوا۔

**دغدغانا۔** (دَغ۔ دَ۔ غا۔ نا) (اُر۔ مص) (۱) چمکنا۔ روشن ہونا (۲) سُرخ ہونا۔ دہکنا۔

**دغدغاہٹ۔** (دَغ۔ دَ۔ غا۔ ہٹ) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) چمک۔ دمک۔ (۲) سُرخی۔ تمتماہٹ۔

**دغدغہ۔** (دَغ۔ دَ۔ غہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خوف۔ ڈر۔ تشویش۔ خدشہ۔ کھٹکا (۲) گدگدی۔

**دغل۔** (دَ۔ غَل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب۔ عیب (۲) کھوٹا چاندی کا سکہ۔

**دغنا۔** (دَغ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سر ہونا۔ چھوٹنا۔ بندوق یا توپ کا چلنا (۲) داغ دیا جانا (۳) چرکا لگنا۔

**دغوانا۔** (دَغ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسی چیز کو داغ دلوانا (۲) کسی بندوق یا توپ کو چلوانا یا سر کرانا۔

**دغیلا۔** (دَ۔ غی۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) داغ دار۔ چتی دار (۲) چوٹ لگا یا گرا ہوا پھل (۳) عیب دار۔ دھوکے باز۔ مکار

## د ـــ ف

**دف۔** (ف۔ ا۔ مذ) ڈفلی۔ ایک ہاتھ سے بجانے والا ایک ساز۔

**دف نواز۔** (ف۔ صف) ڈفلی بجانے والا۔

**دف۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گرمی۔ حرارت (۲) جوش۔ تیزی (۳) غصہ (۴) زیادتی۔ چڑھاؤ۔

**دف مرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جوش کم ہونا۔ تیزی ختم ہونا (۲) غصہ دُور ہونا۔

**دفاتر۔** (دَ۔ فا۔ تر) (ع۔ ا۔ مذ) دفتر کی جمع۔ آفس۔

**دفاع۔** (ع۔ ا۔ مذ) روک۔ بچاؤ۔ حفاظت (انگ) (Defence)

**دفالی۔** (دَ۔ فا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مذ) دف بجانے والا۔

**دفان۔** (دَ۔ فان) (اُر۔ ا۔ مذ) دفع۔ دُور۔

**دفان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دُور ہونا۔ دفع ہونا۔

**دفائن۔** (دَ۔ فا۔ ئن) (ع۔ ا۔ مذ) دفینہ کی جمع۔ خزانے۔

**دفتر۔** (دَف۔ تر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کاغذ۔ حساب کتاب کے کاغذ۔ کچہری کے کاغذات (۲) بہت سے کاغذات جو گٹھے میں بندھے ہوں (۳) کتاب بہی۔ کاپی۔ رجسٹر (۴) مجموعہ حساب۔ مجموعہ اشعار (۵) وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذات یا کتابیں رکھی جائیں۔ (۶) وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذ یا کتابیں رکھی جائیں (۷) طومار (۸) لمبی کہانی۔ لمبا چوڑا خط (۹) محکمہ۔ سررشتہ۔

**دفتر اعمال۔** (ع۔ ا۔ مذ) اعمال نامہ۔ وہ کتاب جس میں اعمال کی تفصیل درج ہو۔

**دفتر الٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) سارا مال برباد ہو جانا۔ سخت نقصان ہونا۔

**دفتر برہم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دفتر کے کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔

**دفتر بے معنی۔** (ع۔ ا۔ مذ) فضول کاغذات۔

**دفتر تہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ختم کرنا۔ مختصر کرنا۔

**دفتر چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔

**دفتر خانہ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) محافظ خانہ۔ وہ محکمہ جہاں سرکاری کاغذات محفوظ رہتے ہیں۔

**دفتر دار۔** (ع۔ ف۔ صف) ناظر مالیہ۔ اکونٹنٹ جنرل۔

**دفتر روزگار۔** روزگار دلانے کا ادارہ (انگ) (Employment Exchange)

**دفتر کاٹ کر رکھ دینا۔** (ا۔ محاورہ) سب کا سب منسوخ کر دینا۔

**دفتر کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) ضرورت سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان دینا۔

**دفتر کھولنا۔** (۱) دفتر کا کام جاری کرنا (۲) نیا دفتر بنانا (۳) سارا گندا ہوا قصہ بیان کرنا۔

**دفتر گاؤ خورد ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دفتر کا نیست و نابود ہونا۔ کارخانہ درہم برہم ہونا۔

**دفتر موقوفات۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) حساب کا کمرہ۔ مالگذاری کا دفتر۔

**دفتر نگار (نویس)۔** (ع۔ ف۔ صف) دفتر کا منشی۔ محرر۔

**دفتری۔** (دَف۔ تَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دفتر کو درست کرنے والا (۲) جلد بنانے والا (۳) چاندی سونے کے درختوں کا گٹھا۔

**دفتی۔** (دَف۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) جلد کے پٹھے (۲) کاغذ رکھنے کے پٹھے (۳) جولاہے کی کنگھی۔

**دفتر قلیہ۔** (دَف۔ تر۔ قل۔ یہ) (اُر۔ ا۔ مذ) خراب پکا ہوا قلیہ۔ وہ قلیہ جس میں بہت سی چیزیں ملا کر پکائی جائیں۔

**دفع۔** (ع۔ ا۔ مث) (۱) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ پرے کرنا (۲) رد کرنا۔

**دفع الوقتی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) وقت ٹالنا۔ حیلے حوالے کرنا۔



Marfat.com

**دَفعدار**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) (۱) دیسی فوج کا ایک افسر جس کے ماتحت تھوڑی سی گھوڑ سوار فوج ہوتی ہے (۲) چوکیداروں کا افسر۔
**دَفع دَخل کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) اعتراض کا جواب دینا۔
**دفع غم**۔ (ع۔ا۔ مذ) غم کو بھُلانا۔ غم کو دُور کرنا۔
**دفع ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دُور ہونا۔ ہٹ جانا (۲) زایل ہونا۔ جاتے رہنا (۳) چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ نکلنا۔
**دفعتہً**۔ (دَف۔ عَ۔ تَن) [ع] (۱) یکایک۔ یکبارگی۔ فوراً (۲) اچانک۔ ناگہاں
**دَفعہ**۔ (دَف۔ عَہ) [ع۔ا۔ مث] (۱) باری۔ نوبت (۲) قانونی شق۔ قانون کا فقرہ یا نمبر (۳) مجموعہ۔ جماعت۔ زُمرہ۔ جمع: دفعات۔
**دَفعہ (عاید کرنا) لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) کوئی جُرم قائم کرنا۔
**دَفعیہ**۔ (دَف۔ عِی۔ یَہ) [ع۔ا۔ مذ] (۱) توڑ۔ روک۔ علاج (۲) دفع کرنے کی تدبیر۔
**دَفن**۔ [ع۔ا۔ مذ] (۱) زمین میں چھُپانا۔ گاڑنا (۲) گڑا ہوا۔ زمین میں چھُپا ہوا۔
**دَفن کرنا**۔ (مص۔ مرکب) زمین میں دابنا۔ گاڑنا۔ دفنانا۔ قبر میں رکھنا تجہیز و تکفین کرنا۔
**دَفنانا**۔ (دَف۔ نا۔ نا) (اُ۔ مص) مُردے کو گاڑنا۔ مُردے کو دفن کرنا۔
**دَفینہ**۔ (دَ۔ فی۔ نَہ) [ف۔ا۔ مذ] (۱) دفن کیا ہُوا مال۔ خزانہ۔ گڑا ہُوا خزانہ (۲) دفن کی ہوئی شے۔

## د ـــــ ق

**دِق**۔ [ع۔ا۔ مث] ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے (۲) باریک۔ پتلا۔ چھوٹا (۳) تنگ۔ ناراض۔ آزردہ۔
**دِق کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حیران کرنا۔
**دِق ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تنگ ہونا (۲) دِق کے مرض میں مبتلا ہونا۔
**دَقائق**۔ (دِ۔ قا۔ اِق) [ع۔ا۔ مذ] (۱) دقیقہ کی جمع۔ باریکیاں۔ نکتے۔
**دِقت**۔ (دِق۔ قت) [ع۔ا۔ مذ] (۱) باریکی (۲) مشکل۔ دشواری۔ تکلیف عُسرت۔ تنگی۔ عذاب۔
**دِقت پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل پیش آنا۔ دشوار ہونا۔
**دِقت پسند**۔ (ع۔ ف۔ صف) مشکل بات کو پسند کرنے والا۔
**دِقت طلب**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) مشکل۔ دشوار (۲) قابلِ غور۔ توجہ طلب۔
**دِقت میں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تکلیف میں ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا (۲) مشکل میں ہونا۔ دقت ہونا۔ مشکل ہونا۔
**دقیانوس**۔ (دَق۔ یا۔ نُو۔ س) [ع۔ا۔ مذ] ایک ظالم حکمران جس کے عہد میں اصحاب کہف ہوئے (۲) پرانے خیال کا۔ پرانے رسم و رواج کا پابند۔
**دقیانوسی**۔ (دَق۔ یا۔ نُو۔ سی) [ع۔ صف] پرانا۔ قدیمی۔ فرسودہ۔
**دقیانوسی باتیں کرنا**۔ پُرانی باتیں کرنا۔ ماضی پرستی۔
**دقیانوسی خیال**۔ پُرانا اور فرسُودہ خیال۔ رجعت پرستی۔
**دَقیق**۔ (دَ۔ قِیق) [ع۔ا۔ مذ] (۱) باریک۔ نازک۔ کومل (۲) مشکل کٹھن۔
**دَقیقہ**۔ (دَ۔ قِی۔ قَہ) [ع۔ا۔ مذ] (۱) کوئی بہت چھوٹی چیز (۲) معمولی بات۔ خفیف معاملہ (۳) لطیف سوال (۴) باریکی (۵) گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ منٹ۔ جمع: دقائق۔
**دَقیقہ اُٹھا نہ رکھنا۔ دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔ سب کچھ کہہ دینا۔
**دَقیقہ رَس۔ دَقیقہ شناس**۔ (ع۔ ف۔ صف) زود فہم۔ نکتہ سنج۔ باریک بین۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔ زیرک۔

## د ـــــ ک

**دَک**۔ [ق۔ صف] بہت۔
**دِک**۔ [ق۔ا۔ مث] حد۔ سمت (۲) وسعت۔ کشادگی۔
**دُکّا**۔ (دُک۔ کا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) تاش میں دو کا پتّہ۔
**دُکال**۔ [ق۔ا۔ مذ] قحط۔
**دُکّان**۔ (دُک۔ کان) [ع۔ا۔ مث] ہٹی۔ ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ بکری کی جگہ۔ فارسی اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے۔
**دُکان بڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) دُکان بند کرنا۔
**دُکان جمنا**۔ (ا۔ محاورہ) دُکان قائم ہونا۔ دُکان چلنا۔
**دُکان چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) خوب بکری ہونا۔ خریداری ہونا۔ گرم بازاری ہونا
**دُکان دار**۔ (ع۔ ف۔ صف) دُکان کا مالک۔ تاجر۔
**دُکان داری**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مث) (۱) سودا بیچنے کا پیشہ (۲) چرب زبانی (۳) روپیہ بٹورنے کا کاروبار۔
**دُکان داری کی باتیں کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) چرب زبانی کرنا۔
**دُکان کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) اشیاء بیچنا۔ بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔
**دُکان گرم ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خوب بکری ہونا۔
**دُکان لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دُکان کھُلنا (۲) بکری کے لیے چیزیں رکھی جانا
**دُکانچہ**۔ (دُک۔ کان۔ چَہ) [ع۔ا۔ مذ] (۱) چھوٹی سی دُکان۔
**دُک بسانا**۔ [ق۔ مص] دُکھ مول لینا۔
**دِکّد**۔ [ق۔ا۔ مث] دِقت۔ مشکل۔ دقت کا بگڑا ہوا۔
**دُکتر۔ دُکتور**۔ (دُک۔ تَر) (دُک۔ تو۔ ر) [ف۔ مذ] (۱) ڈاکٹر۔ طبیب۔ حکیم جراح (۲) علامہ۔ علمی خطاب۔
**دُکڑا**۔ (دُک۔ ڑا) [ہ۔ا۔ مذ] پیسے کا چوتھا حصّہ۔ دَمڑی۔ چھدام۔
**دُکڑی**۔ (دُک۔ ڑی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) دو کا پتّہ۔ دُکی (۲) دو گھوڑوں کی بگھی۔
**دَکشنا**۔ (دَک۔ ش۔ نا) [س۔ا۔ مث] نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔
**دُکھ**۔ [ہ۔ا۔ مذ] (۱) درد۔ تکلیف۔ رنج۔ عذاب۔ بیماری۔ مصیبت۔ ظلم۔ محنت۔ تنگی۔



Marfat.com

**دُکھ اُٹھانا۔** (ا۔محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔مصیبت بھرنا۔بیماری بھگتنا۔ایذا پانا

**دُکھ بٹانا۔** (ا۔محاورہ) ہمدردی کرنا۔غم خواری کرنا۔

**دُکھ بسرانا۔** (مص۔مرکب) رنج بھلانا۔

**دُکھ بھرنا۔ دُکھ بھگتنا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت اُٹھانا۔تکلیف سہنا۔

**دُکھ بھریں بی فاختہ کوّے انڈے کھائیں۔** (ا۔مثل) مصیبت کوئی اُٹھائے۔فائدہ کوئی حاصل کرے۔

**دُکھ پر دُکھ بھرنا۔** (ا۔محاورہ) سخت تکلیف اُٹھانا۔تکلیف پر تکلیف اُٹھانا

**دُکھ دَرد۔** (ا۔مذ) آفتیں۔مصیبتیں۔

**دُکھ دَرد کا شریک (ساتھی)۔** (ا۔صف) رنج و غم کا ساتھی۔ہمدرد۔

**دُکھ دَرد میں شریک ہونا۔** (ا۔محاورہ) رنج و غم کا ساتھ دینا۔دُکھ بٹانا۔

**دُکھ دھندہ۔** (ا۔مذ) دُنیا کی تکلیفیں اور کام۔

**دُکھ دینا۔** (ا۔محاورہ) تکلیف دینا۔

**دُکھ رونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) گِلہ شکوہ کرنا (۲) دُکھ کا حال بتانا۔

**دُکھ سَاگر۔** (ہ۔ا۔مذ) مصیبت کا گھر۔دُنیا۔

**دُکھ سُکھ۔** (ف۔ا۔مذ) رنج و راحت۔

**دُکھ سُکھ بھائی بہن ہیں۔** (ا۔مثل) دُکھ کے ساتھ سُکھ اور سُکھ کے ساتھ دُکھ ضرور ہوتا ہے۔

**دُکھ سُکھ سب کے ساتھ لگا ہُوا ہے۔** (ا۔مثل) ہر شخص کو تکلیف بھی ہوتی ہے اور سُکھ بھی ملتا ہے۔

**دُکھ کا مارا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت زدہ۔

**دُکھ کی پوٹ۔** (ا۔مث) سرتاپا دُکھ۔دائم المرض۔

**دُکھ کی ماری۔** (ا۔محاورہ) مصیبت زدہ (عورت)۔

**دُکھ لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) روگ لگنا۔روگی ہونا (۲) مصیبت پڑنا۔

**دُکھ میں سُکھ کی قدر ہوتی ہے۔** (ا۔مثل) جب تک تکلیف نہ ہو آدمی آرام کی قدر نہیں کرتا۔

**دُکھ ہرتا۔** دُکھ دُور کرنے والا۔غم مٹانے والا۔مصیبت سے نجات دلانیوالا

**دُکھ ہرن۔** دُکھ دُور کرنے والا (ق)۔

**دُکھال۔** (ق۔ا۔مث) قے۔متلی۔

**دِکھانا۔** (دِ۔کھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آنکھوں کے سامنے کرنا۔رُوبرُو کرنا۔پیش کرنا (۲) ملاحظہ کرانا۔

**دکھانے کے دانت ہیں۔** نمائشی باتیں ہیں۔

**دُکھانا۔** (دُ۔کھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تکلیف دینا۔ایذا دینا (۲) رنج دینا۔غم دینا (۳) زخم کو چھیڑنا۔دَرد کی جگہ کوئی چیز مارنا۔

**دِکھاوا۔** (دِ۔کھا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) نمُود۔نمائش۔تکلّف۔تصنّع۔بناوٹ۔ظاہری ٹیپ ٹاپ (۲) ظاہر ہونا۔معلوم دینا۔نمودار ہونا۔

**دِکھاوٹ۔** (دِ۔کھا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) نمود۔نمائش۔ظاہر داری۔(۲) تکلّف۔بناوٹ (۳) ظہور۔درشن۔

**دِکھاؤ۔** (دِ۔کھا۔اُؤ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُور کی چیز کا نظر آنا (۲) سامنا ہونا۔(۳) دیدارُو۔خوشنما۔

**دِکھائی۔** (دِ۔کھا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) خود نمائی (۲) ظہور۔درشن (۳) نمائش۔نمود (۴) معاینہ۔معاینہ کرنے کی اُجرت۔

**دکھائی پڑنا۔ دکھائی دینا۔** (مص۔مرکب) (۱) نظر آنا۔سُجھائی دینا۔(۲) معلوم ہونا۔احتمال ہونا۔

**دُکھت۔** (دُ۔کھت) (ہ۔صف) دُکھیا۔مصیبت کا مارا۔

**دُکھتی۔** (دُکھ۔تی) (ہ۔صف) (۱) تکلیف دینے والی۔دُکھ دینے والا۔

**دُکھتی چوٹ کی ٹیس۔** (ا۔مث) پتے کی بات۔

**دُکھتی رگ۔** (۱) اخلاقی کمزوری (۲) دِلی احساس۔

**دُکھتی رگ پر ہاتھ رکھنا۔** (ا۔محاورہ) کسی کے عیب یا کمزوری پر گرفت کرنا۔

**دُکھتی رگ چھیڑنا (دبانا)۔** تکلیف دہ بات شروع کرنا۔ ناگوار بات چھیڑنا۔

**دُکھتی کہنا۔** (ا۔محاورہ) ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار گزرے۔

**دُکھتے دانت کو اکھیڑنا چاہیئے۔** (ا۔مثل) دُکھ دینے والی شے کو دُور ہی کردینا بہتر ہے۔

**دُکھڑا۔** (دُکھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بیماری۔مرض (۲) رنج و غم کا بیان۔دَرد بھرا قِصہ (۳) گِلہ شکوہ (۴) محنت و مشقت۔

**دُکھڑا پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) مصیبت یا بِپتا کا آنا (۲) خاوند کا مرجانا۔

**دُکھڑا پیٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) محنت مشقت کرنا (۲) مصیبت میں زندگی گزارنا۔

**دُکھڑا رونا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت بیان کرنا۔

**دِکھلانا۔** (دِکھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ملاحظہ کرانا۔دکھانا (۲) آگاہ کرنا (۳) پیش کرنا (۴) رہنمائی کرنا۔راستہ بتانا۔

**دَکھن۔** (دَکھ۔کھن) (ہ۔ا۔مذ) جنوب کی سمت۔

**دَکھن پَپٹ۔** دکن کا پتی یعنی حاکم۔(ق)۔

**دُکھن۔** (ہ۔ا۔مث) دَرد۔تکلیف۔

**دَکھنا۔** (دَکھ۔نا) (ہ۔ا۔مث) جنوبی ہوا۔

**دِکھنا۔** (دِکھ۔نا) (ہ۔مص) دکھائی دینا۔نظر آنا۔

**دُکھنا۔** (دُکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) دَرد کرنا۔دَرد ہونا (۲) غمگین ہونا۔غم ہونا (۳) تھک جانا۔

**دُکھنے آنا۔** (ا۔مص) آنکھ کی تکلیف ہونا۔

**دَکھنی۔** (دَکھ۔کھ۔نی) (ہ۔صف) دکھن سے منسوب۔دکھن کا۔جنوبی ہند میں اُردو زبان کی ابتدائی صورت۔

**دُکھی۔** (دُکھ۔کھی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بیمار (۲) مصیبت زدہ۔رنجیدہ۔

**دُکھی ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) رنجیدہ ہونا۔عاجز آنا۔نہایت تکلیف میں ہونا (۲) مریض ہونا۔روگی ہونا۔

**دُکھیا۔** (دُکھ۔یا) (ہ۔ا۔مث) دردمند عورت۔غموں کی ماری عورت۔

**دُکھیا دُکھ رووے سُکھیا کمر لُوٹے۔** (ا۔مثل) مصیبت زدہ اپنا دُکھ بیان کرتا ہے سُکھی اس سے فائدہ اُٹھانے کی سوچتا ہے۔

**دُکھیا رووے سُکھیا سووے۔** (ا۔مثل) مصیبت زدہ تکلیف میں اور خوش قسمت مزے میں زندگی گزارتا ہے۔



Marfat.com

**دُکھیارا** - (دُکھ-یا-را) [ہ-صف] دُکھوں کا مارا ہوا۔
**دُکھیاری** - (دُکھ-یا-ری) [ہ-صف] دُکھوں کی ماری ہوئی۔ آفت کی ماری
**دُکی** - [ہ-ا-مث] تاش یا گنجفے میں دو کا پتّا۔

## د — گ

**دُگاڑا** - (دُ-گا-ڑا) [ہ-ا-مذ] دونالی بندوق۔ دوہری گولی۔ دو گولیاں بھر کر مارنا۔
**دُگانہ** - (دُ-گا-نَہ) [ف-ا-مذ] (۱) جڑواں چیز (۲) دوہری چیز (۳) دو رکعت نمازِ شکرانہ (۴) وہ عورت جو کسی دوسری عورت سے چیٹی لڑاتی ہو (۵) [ا-ا-مث] بہناپا۔
**دُگانہ پھل** - جُڑواں پھل۔
**دَگدانا** - (دَگ-دا-نا) [ق-مص] پریشان کرنا۔ شک میں ڈالنا۔
**دگدگا** - (دگ-دَ-غا) [ہ-صف] دیکھیے دغدغا۔
**دگدگانا** - (دگ-دَ-غا-نا) [ہ-مص] دیکھیے دغدغانا۔
**دُگدگاہٹ** - (دگ-دَ-گا-ہٹ) [ہ-ا-مث] دیکھیے دغدغاہٹ۔
**دُگدگی** - (دُگ-دُ-گی) [ہ-ا-مث] (۱) حلقوم۔ سینہ اور گلو کے بیچ کا گڑھا۔ نرکسی۔ حلق۔ گلا (۲) جگنی۔ گلے کا ایک زیور جو سینہ سے اوپر لٹکا رہتا ہے (۳) سینہ کی ہڈی۔ ہانس۔
**دُگدگی میں دَم ہونا** - (ا-محاورہ) گلے میں سانس ہونا۔ سینہ میں دَم ہونا گھنگرو بولنا۔ اخیر وقت ہونا۔
**دُگدھا** - (دُگ-دھا) [ہ-ا-مث] دیکھیے دغدغہ۔
**دِگر** - (دِ-گر) [ف-صف] (۱) دیگر۔ دوسرا (۲) ایک بار اور۔
**دِگر دِگر است جگر جگر** - (ف-مثل) غیر اپنوں کے برابر نہیں ہو سکتا۔
**دِگرگوں** - (ف-صف) (۱) اُلٹا۔ سرنگوں (۲) اُلٹ پلٹ۔ تہ و بالا۔ تغیّر و تبدل۔
**دِگرگوں ہونا** - (ا-محاورہ) رنگ بدلنا۔ تہ و بالا ہونا۔ اُلٹ پلٹ ہونا۔ تغیّر و تبدل ہونا۔
**دَگڑا** - (دَگ-ڑا) [ہ-ا-مذ] سڑک۔ رستہ۔ شارعِ عام۔
**دَگلا** - (دَگ-لا) [ہ-ا-مذ] روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔ اوورکوٹ۔
**دَگلا سب سے اگلا، پچھا دُ نرم۔ اوڑھو گرم۔ گٹھری میں بھرم دسے دو گرم** - (مثل) دگلے میں یہ سب صفات پائی جاتی ہیں۔
**دُگن** - (دُ-گن) [ہ-ا-مث] (۱) دُگنی آواز (۲) دوسری آواز لگانا۔ موسیقی میں دوسرے درجہ کی آواز۔ دُون۔
**دُگنا** - (دُگ-نا) [ہ-صف] دو چند۔ دوہرا۔ دُونا۔
**دُگنی** - (دُگ-نی) [ہ-صف] دو چند۔ دوہری۔ دُونی۔

## د — ل

**دَل** - [ہ-ا-مذ] (۱) جسامت۔ موٹائی (۲) فوج۔ لشکر۔ انبوہ (۳) پتّا۔ شگوفہ (۴) جنگلی چاول (۵) ڈھیر۔ تودہ۔ تعداد (۶) تباہی۔ بربادی۔ (۷) دَلنا کا امر۔
**دَل بادل** - (ا-مذ) (۱) بہت گہرا ابر (۲) بہت سی فوج (۳) بڑا خیمہ۔
**دَل بندھنا** - (ا-محاورہ) (۱) پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھنا (۲) فوج کا انبوہ کرنا۔
**دَل دار** - (ہ-ف-صف) موٹا۔ دبیز۔
**دَل دینا** - (ا-محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔
**دِل** - [ف-ا-مذ] (۱) ایک اندرونی عضو جس کا کام رگوں میں خون پہنچانا ہے۔ اس کی حرکت بند ہو جائے تو انسان فوراً مر جاتا ہے۔ قلب (۲) کسی شے کا باطن (۳) حوصلہ۔ کلیجہ (۴) جرأت۔ دلیری۔ ہمت (۵) خواہش۔ رغبت۔ ہوس (۶) رُخ۔ عندیہ۔ توجّہ (۷) مرضی۔ خوشی۔ (۸) سخاوت۔ فیاضی (۹) وسط۔ درمیان۔ مرکز۔
**دِل آب آب ہونا** - (ا-محاورہ) دِل کا نرم ہونا۔
**دِل آجانا** - (ا-محاورہ) محبت ہو جانا۔
**دِل آرا** - (ف-صف) دِل کو آراستہ کرنے والا۔ معشوق۔
**دِل آرام** - (ف-صف) دل کو آرام دینے والا۔ معشوق۔
**دِل آرائی** - (ف-ا-مث) دِل ربائی۔ دل کو لبھانا۔
**دِل آزار** - (ف-صف) دِل کو ستانے والا۔ دِل کو دُکھانے والا۔ ظالم۔
**دِل آزاری** - (ف-ا-مث) دِل دُکھانا۔ ظلم و ستم۔ ایذا رسانی۔
**دِل آزُردہ** - (ف-صف) رنجیدہ۔ ناخوش۔
**دِل آزردہ ہونا** - (ا-محاورہ) ناخوش ہونا۔ افسردہ ہونا۔
**دِل آزمانا** - (ا-محاورہ) حوصلے کی آزمائش کرنا۔
**دِل آگاہ** - (ف-صف) دانا۔ ہوشیار۔ بیدار دِل۔
**دِل آنا - دِل آجانا** - (ا-محاورہ) عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔
**دِل آویز** - (ف-صف) دِل لبھانے والا۔
**دِل آویزی** - (ف-ا-مث) دِل لبھانا۔
**دِل آہن ہونا** - (ا-محاورہ) دل سخت ہونا۔
**دِل آئینہ ہونا** - (ا-محاورہ) دِل پر نیک و بد خود بخود ظاہر ہو جانا۔
**دِل اٹکنا** - (ا-محاورہ) عشق ہونا۔ محبت ہونا۔
**دِل اُٹھانا** - (ا-محاورہ) قطع تعلق کر لینا۔
**دِل اُٹھنا** - (ا-محاورہ) دل اُچٹ جانا۔ جی نہ لگنا۔
**دِل اُچاٹ ہونا** - (ا-محاورہ) جی اُکتانا۔ جی نہ لگنا۔
**دِل اُچٹ جانا** - (ا-محاورہ) گھبرا جانا۔
**دِل اُچھلنا** - (ا-محاورہ) دل دھڑکنا۔
**دِل اختیار میں ہونا** - (ا-محاورہ) دل قابو میں ہونا۔
**دِل اُداس ہونا** - (ا-محاورہ) افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔
**دِل اُڑا لینا** - (ا-محاورہ) فریفتہ کر لینا۔
**دِل اُڑ چلنا** - (ا-محاورہ) دل کا بے قابو ہونا۔
**دِل افتادہ** - (ف-صف) بددل۔ شکستہ خاطر۔



Marfat.com

دِل افروز۔ (ف۔صف) دل کو روشن کرنے والا۔
دل افگار۔ (ف۔صف) رنجیدہ۔غمگین۔
دِل افگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسہا۔ (ف۔ع۔مقولہ) جب کوئی کام شروع کرتے ہیں تو یہ مصرعہ پڑھا جاتا ہے (ترجمہ) اب تو ارادہ کر لیا ہے اللہ مالک ہے۔
دِل اُکتانا۔ (ا۔محاورہ) دِل اُچاٹ ہو جانا۔جی بھر جانا۔
دِل اُکھڑ جانا۔ (ا۔محاورہ) طبیعت کا اُچاٹ ہو جانا۔ دِل نہ لگنا۔
دِل اُلٹ پُلٹ ہونا۔ (ا۔محاورہ) دل کا گھبرانا۔ بے چین ہونا۔
دِل اُلٹنا۔ (ا۔محاورہ) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا (۲) دل گھبرانا۔نقصان ہونا
دل اُلجھانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) عاشق ہونا (۲) بیزار ہونا۔ اُکتانا۔
دِل اُمنڈ آنا۔ (ا۔محاورہ) رقت طاری ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔
دِل اور ہونا۔ (ا۔محاورہ) خیال مختلف ہونا۔
دِل اُمڈ آنا۔ (ا۔محاورہ) دِل بھر آنا۔ رونے کے قریب ہونا۔
دِل ایک ہونا۔ (ا۔محاورہ) ہم خیال ہونا۔
دِل اینٹھ لینا۔ (ا۔محاورہ) فریفتہ کر لینا۔
دِل باختہ۔ (ف۔صف) پریشان۔گھبرایا ہُوا۔ بدحواس۔
دِل باغ باغ ہونا۔ (ا۔محاورہ) بہت خوش ہونا۔
دِل باندھنا۔ (ا۔محاورہ) دِل کو مائل کر لینا۔
دِل بٹورنا۔ (ا۔محاورہ) ہمت توڑنا۔ بے دل کرنا۔
دِل بجھانا۔ (ا۔محاورہ) ہمت توڑ دینا۔ افسردہ کر دینا۔
دِل بجھنا۔ (ا۔محاورہ) اُمنگ جاتی رہنا۔
دِل بحال ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دِل کی کدورت دُور ہونا (۲) دِل کو چین آنا۔
دِل بدست آور کہ حج اکبر است۔ (ف۔مثل) دلجوئی کرنا حج اکبر کے برابر ہے۔
دلبر۔ (ف۔صف) دل لے لینے والا (۲) پیارا۔محبوب۔معشوق۔
دِلبری۔ (ف۔ا۔مث) (۱) دِل کو موہ لینا۔ دِلکشی (۲) محبوبیت۔ معشوقیت۔ پیارا ہونا۔
دِل بُرا کرنا۔ (ا۔محاورہ) رنجیدہ ہونا۔
دِل بُرا ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دل ناراض ہونا۔ جی کھٹا ہونا۔متلی ہونا۔ قے ہونا۔
دل برداشتگی۔ (ف۔ا۔مث) (۱) نفرت۔کراہیت۔تنفر (۲) دل کا ہٹ جانا۔
دِل برداشتہ۔ (ف۔صف) دِل ہٹ جانا۔غمگین۔آزردہ۔
دِل برشتہ۔ (ف۔صف) غمگین۔رنجیدہ۔
دِل برمانا۔ (ا۔محاورہ) فریفتہ کرنا۔ رنج دینا۔
دِل بڑھانا۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ دلانا۔ ہمت بندھانا۔
دِل بڑھنا۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ بڑھنا۔ دلیر ہونا۔
دِل بستگی۔ (ف۔ا۔مث) دل لگنا۔جی بہلنا۔
دِل بکھرنا۔ (ا۔محاورہ) افسردہ خاطر ہونا۔

دِل بلیّوں اُچھلنا۔ (ا۔محاورہ) بہت بے تاب ہونا۔گھبرانا۔
دِل بند۔ (ف۔صف) (۱) پیارا۔محبوب (۲) بیٹا۔
دِل بند ہونا۔ (ا۔محاورہ) دَم گھٹنا۔ دل گھبرانا۔
دِل بودا ہونا۔ (ا۔محاورہ) دِل کمزور ہونا۔ تکلیف نہ اُٹھا سکنا۔
دِل بھاری ہونا۔ (ا۔محاورہ) رنجیدہ ہونا۔مغموم ہونا۔
دِل بھٹکنا۔ (ا۔محاورہ) دِل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا۔
دِل بھچنا۔ (ا۔محاورہ) ڈرنا۔ ہچکچانا۔
دِل بھر آنا۔ (ا۔محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔ رِقت ہونا۔
دِل بھر بھرانا۔ (ا۔محاورہ) لالچ پیدا ہونا۔جی للچانا۔شوق پیدا ہونا۔
دِل بھر جانا۔ (ا۔محاورہ) سیر ہو جانا۔
دِل بھر دینا۔ (ا۔محاورہ) دِل پھیر دینا۔ لگائی بجھائی کر کے نفرت پیدا کر دینا۔
دِل بھر کے۔ (۱) جی بھر کے۔ اچھی طرح سیر ہو کر۔
دِل بہلنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دِل کا کسی کام میں مشغول ہونا (۲) پریشانی دُور ہونا۔
دِل بے ایمان ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) بددیانتی کرنا (۲) دِل میں بُرا خیال آنا۔
دِل بیٹھا جانا۔ (ا۔محاورہ) کمزوری محسوس ہونا۔ اختلاجِ قلب کی حالت ہونا۔
دِل بیٹھ جانا (بیٹھنا)۔ (ا۔محاورہ) ہمت نہ رہنا۔افسردہ ہونا۔ خوشی نہ رہنا۔
دِل بے چین (بے کل) ہونا۔ (ا۔محاورہ) مضطرب ہونا۔
دِل پارہ پارہ (پاش پاش) ہونا۔ (ا۔محاورہ) روحانی صدمہ ہونا۔
دِل پانا۔ (ا۔محاورہ) عندیہ معلوم کرنا۔ خوشی پانا۔حوصلہ ہونا۔
دِل پانی پانی ہونا۔ (ا۔محاورہ) دِل نرم ہونا۔
دِل پتھر ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) مصیبتیں جھیل جھیل کر دل کا سخت ہو جانا
دِل پر اختیار ہونا۔ (ا۔محاورہ) دِل قابو میں ہونا۔
دِل پر بار ہونا۔ (ا۔محاورہ) دِل پر بوجھ معلوم ہونا۔
دِل پر پتھر رکھ لینا۔ (ا۔محاورہ) صبر کر لینا۔ دِل سخت کر لینا۔
دِل پر چوٹ لگنا۔ (ا۔محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ دِل پر اثر ہونا۔
دِل پر چھریاں چلنا۔ (ا۔محاورہ) اندرونی صدمہ پہنچنا۔
دِل پر سانپ لوٹنا۔ (ا۔محاورہ) افسوس ہونا۔ پچھتاوا ہونا۔ صدمہ ہونا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا۔
دِل پر قفل لگانا۔ (ا۔محاورہ) دل کے راز کو پوشیدہ رکھنا۔
دِل پر کندہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) کسی بات کا دِل میں اثر ہونا۔ دِل میں بیٹھ جانا۔
دِل پر کھیلنا۔ (ا۔محاورہ) جان جوکھوں میں ڈال کر کوئی کام کرنا۔
دِل پر گھونسا پڑنا۔ (ا۔محاورہ) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
دِل پر مہر ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) دل ایسا مسخ ہو جانا کہ اس پر کسی بات کا اثر ہی نہ ہو۔
دِل پر میل آنا۔ (ا۔محاورہ) دِل کو ناگوار گزرنا۔کسی کی بات کو پسند نہ کرنا۔



Marfat.com

دِل پر میل نہ لانا۔ (ا۔ محاورہ) خیال نہ کرنا۔ بُرا نہ منانا۔
دِل پر نشتر مارنا۔ (ا۔ محاورہ) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ تکلیف دہ بات کہنا
دِل پر نقش ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بات کا دل میں بیٹھ جانا۔
دِل پر ہاتھ رکھ کے دیکھو۔ (ا۔ محاورہ) اپنی حالت کا اندازہ کر کے دوسرے کی نسبت کچھ کہو۔
دِل پر ہاتھ رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) تسلّی اور تسکین دینا۔
دِل پرچانا۔ (ا۔ محاورہ) دل بہلانا۔
دِل پریشان ہونا۔ فکر ہونا۔ رنج ہونا۔
دِل پذیر۔ (ا۔ صف) مرغوب۔ پسندیدہ۔
دِل پذیری۔ (ف۔ ا۔ مث) رغبت۔ پسندیدگی۔
دِل پژمردہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔
دِل پسنا۔ (ا۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔
دِل پسند۔ (ف۔ صف) مرغوب۔ پسندیدہ۔
دِل پسندی۔ (ف۔ ا۔ مث) چاہت۔ رغبت۔
دِل پسیجنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رحم آنا (۲) سخاوت پر آمادہ ہونا۔
دِل پکّا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دل مضبوط کرنا۔ حوصلہ کرنا۔
دِل پک جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) صدموں سے دل کو سخت رنج ہونا (۲) طعنے سن سن کر دل کو تکلیف ہونا۔
دِل پکڑا جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شبہ پڑنا۔ شک پڑنا (۲) ارادہ ظاہر ہو جانا۔ عندیہ معلوم ہونا۔
دِل پکڑ کر اُٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) بے قرار ہو کر اُٹھنا۔
دِل پکڑ کر بیٹھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا یا گھبرا جانا۔
دِل پکڑ لینا۔ (ا۔ محاورہ) صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔
دِل پکڑے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دِل پک کے پھوڑا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) صدموں کی وجہ سے زیادہ برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
دِل پگھلنا۔ (ا۔ محاورہ) رحم آنا۔ ترس آنا۔
دِل پھاڑنا۔ (ا۔ محاورہ) دل کا بیزار کرنا۔ طبیعت کو متنفر کرنا۔
دِل پھٹا جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا۔
دِل پھٹ جانا (پھٹنا)۔ (ا۔ محاورہ) دل متنفر ہونا۔ دل بیزار ہونا۔
دِل پھر جانا (پھرنا)۔ (ا۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ کراہت ہونا۔
دِل پھڑکانا۔ (ا۔ محاورہ) خوشی سے بے تاب ہو جانا۔
دِل پھسلنا۔ (ا۔ محاورہ) دل کا بے اختیار مائل ہونا۔
دِل پھنسنا۔ (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔
دِل پھنک جانا۔ (ا۔ محاورہ) جل جانا۔ دل میں جلن ہونا۔
دِل پھیر لینا۔ (ا۔ محاورہ) دل ہٹا لینا۔ نفرت کرنا۔
دِل پھیکا ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) توجہ ہٹ جانا۔ کسی چیز کا خیال جاتا رہنا۔
دِل تازہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) خوش ہونا۔ دل کو فرحت ہونا۔

دِل تڑپنا۔ (ا۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دِل تفتہ۔ (ف۔ صف) مصیبت زدہ۔ دل جلا۔ عاشق
دِل تلملانا۔ (ا۔ محاورہ) دل کا بے قرار ہونا۔
دِل تلے اُوپر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دل گھبرانا۔ پریشان ہونا۔
دِل تنگ۔ (ف۔ صف) ملول۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔
دِل تنگ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا (۲) خسیس ہونا۔ بخیل ہونا۔
دِل توڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مایوس کرنا۔ نا اُمید کرنا (۲) بے تعلق ہو جانا۔
دِل تولنا۔ (ا۔ محاورہ) آزمائش کرنا۔
دِل تونگر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخی ہونا۔ غربت کا رنج نہ ہونا۔
دِل تھام لینا۔ (ا۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ دل کو قابو میں رکھنا۔
دِل تھرتھرانا۔ (ا۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دِل تھوڑا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہمّت نہ ہونا۔ ہمّت ٹوٹ جانا۔
دِل ٹٹولنا۔ (ا۔ محاورہ) مرضی دریافت کرنا۔
دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا۔
دِل ٹوٹ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہمّت ٹوٹ جانا۔ مایوس ہو جانا۔
دِل ٹوٹ کر آنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت فریفتہ یا مائل ہونا۔
دِل ٹھکانے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل ٹھکنا۔ (ا۔ محاورہ) اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل ٹھنڈا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا (۲) تسلّی ہونا۔ اطمینان ہونا۔
دِل ٹھوکنا۔ (ا۔ محاورہ) اطمینان کر لینا۔
دِل ٹھہرنا۔ (ا۔ محاورہ) تسکین ہونا۔ صبر آ جانا۔ دل جمعی ہونا۔
دِل جانا۔ (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔
دِل جانتا ہے۔ (ا۔ روزمرّہ) دل واقف ہے۔ حقیقت معلوم ہے۔
دِل جگر دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ یا ہمّت دیکھنا۔
دِل جلا۔ (ف۔ ا۔ صف) عاشق۔ فریفتہ۔ غمزدہ۔ دل سوختہ۔
دِل جلا کر خاک کرنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔ سخت رنج دینا۔
دِل جلانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سخت رنج دینا (۲) رشک دلانا۔ رنج اُٹھانا۔
دِل جل کر کباب ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخت رنج یا صدمہ ہونا۔ رشک سے جلنا۔
دِل جلنا۔ (ا۔ محاورہ) رنج ہونا۔ غم ہونا۔
دِل جمنا۔ (ا۔ محاورہ) دل لگنا۔ کسی کام کو توجہ سے کرنا۔
دِل جمعی۔ (ف۔ ا۔ مث) تسلّی۔ اطمینان۔ بے فکری۔
دِل جوان رہنا۔ (ا۔ محاورہ) ہر وقت خوش رہنا۔
دِل جُو۔ (ف۔ صف) پیارا۔ محبوب۔
دِل جوئی۔ (ف۔ ا۔ مث) تسلّی۔ تسکین۔
دِل جوئی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دل ہاتھ میں لینا۔ تسلّی دینا۔
دِل جھکنا۔ (ا۔ محاورہ) مائل ہونا۔
دِل جھومانا۔ (ا۔ محاورہ) وجد میں آنا۔
دِل جینے سے خفا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) زندگی سے بیزار ہونا۔



Marfat.com

دِل چار چار ہاتھ اُچھلنا۔ (ا۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ گھبرانا۔
دِل چاک کرنا۔ (ا۔ محاورہ) صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔
دِل چاہتا ہے۔ (ا۔ محاورہ) دل میں آرزو ہے۔
دِل چاہیئے۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ یا ہمّت درکار ہے۔
دِل چُرانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فریفتہ کر لینا (۲) کام کرنے کو جی نہ چاہنا (۳) کوتاہی کرنا۔
دِل چسپ۔ دلچسپ۔ (ف۔ صف) دل لُبھانے والا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔ مزیدار۔
دِل چسپی۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) شوق۔ رغبت۔ چاہت (۲) مزہ۔ خوشی۔ لطف
دِل چلا۔ (ف۔ ا۔ صف) دلیر۔ بہادر۔ منچلا۔ جری (۲) صاحبِ ہمّت۔ (۳) سخی۔ فیاض (۴) پاگل۔ دیوانہ۔
دِل چلنا۔ (ا۔ محاورہ) خواہش کرنا۔ چاہنا۔
دِل چور۔ (ف۔ صف) کم ہمّت۔ بُزدل۔
دِل چھان دینا۔ (ا۔ محاورہ) سخت رنج پہنچانا۔
دِل چُھپانا۔ (ا۔ محاورہ) پہلو تہی کرنا۔
دِل چھلنی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت رنج دینا۔
دِل چھوٹا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) پست ہمّت ہو جانا۔
دِل چھُوٹ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہمّت ٹوٹ جانا۔ گھبرا جانا۔
دِل چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) ہمت ہارنا۔
دِل چھیدنا۔ (ا۔ محاورہ) دل کو زخمی کرنا۔ عاشق بنا لینا۔
دِل چھین لینا۔ (ا۔ محاورہ) عاشق بنا لینا۔
دِل چیر کر دکھانا۔ (ا۔ محاورہ) راز ظاہر کرنا۔
دِل چیر کر دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) دل کا حال معلوم کرنا۔
دِل حاضر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) متوجّہ ہونا۔ دِل چسپی لینا۔
دِل حزیں۔ (ف۔ ا۔ مذ) غم زدہ دل۔ مغموم دل۔
دِل خاک ہونا۔ (ا۔ محاورہ) شگفتگی جاتی رہنا۔ آرزو نہ رہنا۔
دِل خالی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) رو دھو کر یا غصّہ نکال کر دل کا غبار نکالنا۔
دِل خانہ خدا ہے۔ (ا۔ محاورہ) دِل اللہ کا گھر ہے کیونکہ دل میں اللہ کی یاد رہتی ہے۔
دِل خراش۔ (ف۔ صف) جانکاہ۔ تکلیف دِہ۔
دِل خستہ۔ (ف۔ صف) کبیدہ۔ رنجیدہ خاطر۔ مصیبت زدہ۔
دِل خنک ہونا۔ (ا۔ محاورہ) راحت پانا۔ خوش ہونا۔
دِل خواہ۔ (ف۔ صف) مرضی کے موافق۔ پسندیدہ۔
دِل خوش کرنا۔ (ا۔ محاورہ) راضی کرنا۔ آنند کرنا۔
دِل خوش کُن۔ (ف۔ صف) دل کو مسرت اور خوشی بخشنے والا۔
دِل خون کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بے حد محنت و مشقت کرنا۔
دِل خون ہو کے بہ جانا۔ (ا۔ محاورہ) اُمنگ جاتی رہنا۔ شوق نہ رہنا۔
دِل خون ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخت رنجیدہ ہونا۔
دِل دادہ۔ (ف۔ صف) عاشق۔ فریفتہ۔
دِل دار۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تسلی دینے والا (۲) معشوق۔ پیارا۔ محبوب۔

دِل داری۔ دِلداری۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) تسلّی۔ تشفی۔ تسکین (۲) ہمدردی وفاداری۔
دِل داغدار ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دل پر بہت صدمے پہنچنا۔ مغموم ہونا۔
دِل دریا۔ (ف۔ صف) فیّاض۔ سخی۔
دِل دریا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بہت سخی یا فیاض ہونا۔
دِل دُکھنا (دُکھنا)۔ (ا۔ محاورہ) غم ہونا۔ تکلیف ہونا۔
دِل دَوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے اختیار دل چاہنا۔ بے اختیار فریفتہ ہونا۔
دِل دَوز۔ (ف۔ ا۔ صف) دل پر اثر کرنے والا۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔
دِل دو نیم ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا۔
دِل دھڑکنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دِل کی حرکت کا تیز ہو جانا (۲) وسوسہ پیدا ہونا۔ خوف ہونا۔ اضطراب ہونا۔ وسوسہ پیدا ہونا۔
دِل دھک دھک کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بیماری، ڈر یا اضطراب سے دل کی حرکت تیز ہو جانا۔
دِل دھکڑ پکڑ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ اضطراب ہونا۔
دِل دھک سے ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) اچانک صدمہ ہونا۔
دِل دہل جانا (دہلنا)۔ (ا۔ محاورہ) خوف کھانا۔ ڈرنا۔
دِل دہی۔ (ف۔ ا۔ مث) تسلی۔ تشفی۔ دلاسا۔
دِل دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حوصلے کی آزمائش کرنا (۲) منشا دریافت کرنا۔
دِل دینا۔ (ا۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دِل ڈانواں ڈول ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دِل بے اختیار ہونا۔ دِل قابو میں نہ ہونا۔
دِل ڈوبنا۔ (ا۔ محاورہ) غشی طاری ہونا۔ کمزوری کی وجہ سے دِل گرنا۔
دِل ذرا سا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دل کا نازک ہونا۔ دِل میں برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
دِل رُبا۔ (ف۔ صف) دِل لُبھانے والا۔ دلبر۔ معشوق۔
دِل رُبائی۔ (ف۔ ا۔ مث) دلبری۔ معشوقیت۔ محبوبیت۔
دِل رُچنا۔ (ا۔ محاورہ) مانوس ہونا۔
دِل رفتہ۔ (ف۔ صف) جس کا دل گیا ہوا ہو۔ عاشق۔ فریفتہ۔
دِل را بدل راہیست۔ (ف۔ مقولہ) دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ ایک طرف محبت ہو تو دوسری طرف بھی ہو جاتی ہے۔
دِل رُکنا۔ آزردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
دِل رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آرزو پوری کرنا (۲) تسلی کرنا (۳) حوصلہ رکھنا۔
دِل رُندھنا۔ (ا۔ محاورہ) غمگین ہونا۔
دِل روشن ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) معلوم ہونا۔ واقفیت ہونا (۲) دِل کا نورِ عرفان سے منور ہونا۔
دِل روندنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچانا (۲) فریفتہ کرنا۔
دِل ریش۔ (ف۔ صف) زخمی دل۔ کنایتاً عاشق۔
دِل زار۔ (ف۔ صف) پریشان دل۔ تکلیف میں۔
دِل زندگی سے بُجھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔
دِل زندہ ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔



Marfat.com

**دِل رُبا۔** دل چھین لینے والا۔ خوبصورت۔ دلرُبا معشوق۔

**دل ستانی۔** (ف۔ ا۔ مث) دِل موہ لینا۔ فریفتہ کرلینا۔

**دل سخت کرلینا۔** (ا۔ محاورہ) بے رحم اور سنگ دِل ہوجانا۔

**دل سرد ہوجانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) متنفر ہوجانا (۲) ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔

**دل سُلگنا۔** (ا۔ محاورہ) دل میں جلن ہونا۔ سوز و گداز ہونا۔

**دل سنبھالنا۔** (ا۔ محاورہ) ہمت کرنا۔ تیار ہونا۔

**دل سنبھلنا۔** (ا۔ محاورہ) دل کو قرار یا تسکین ہونا۔

**دل سوختہ۔** (ف۔ صف) دِل جلا۔ غم زدہ۔ مصیبت زدہ۔

**دِل سوز۔** (ف۔ صف) (۱) رُلانے والا۔ رقت انگیز۔ دردانگیز (۲) ہمدرد۔ غم خوار (۳) سرگرم۔ پُرجوش۔ مشتاق (۴) دِل کو جلانے والا۔ (۵) دوست۔ معشوق۔

**دِل سوزی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہمدردی۔ غم خواری (۲) اشتیاق۔ سرگرمی (۳) دل کا جلنا۔

**دِل سے۔** [ا] (۱) شوق سے۔ رغبت سے (۲) توجہ سے۔

**دل سے اُتارنا۔** (ا۔ محاورہ) نظروں سے گرنا۔ بے وقعت کردینا۔

**دِل سے اُترجانا۔** (ا۔ محاورہ) بے وقعت ہوجانا۔ بھول جانا۔

**دل سے باتیں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) خود بخود کچھ کہنا۔ سوچتے رہنا۔

**دل سے بھلا دینا۔** (ا۔ محاورہ) خیال چھوڑ دینا۔ بالکل یاد نہ رکھنا۔

**دل سے تنگ آنا۔** (ا۔ محاورہ) عاجز آنا۔ دُکھی ہوجانا۔

**دِل سے دل اٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) آپس میں محبت ہوجانا۔

**دِل سے دل مِلنا۔** (ا۔ محاورہ) دو شخصوں میں بہت محبت ہونا۔ ایک دوسرے کا عاشق ہونا۔

**دِل سے دھواں نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آہ نکلنا (۲) بے حد غم ہونا۔

**دل سیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دِل بھر جانا۔

**دِل سے صاف ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رنج و ملال جاتا رہنا۔

**دل سے غبار نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) ملال نہ رہنا۔ غصہ اُتر جانا۔

**دِل سے کانٹا نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) دل کی خلش جاتی رہنا۔

**دِل سے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت خیال ہونا۔ فکر ہونا۔ دُھن ہونا۔

**دِل سے مجبور ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل پر قابو نہ ہونا۔

**دِل سے مِلنا۔** خلوص اور محبت سے ملاقات کرنا۔

**دِل سے نکال دینا۔** (ا۔ محاورہ) بھلا دینا۔ دل سے محو کردینا۔

**دِل سے نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ظاہر طور پر ہونا۔ نام کو ہونا۔

**دِل سیاہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بے رحم ہونا۔

**دِل سینے میں اُلجھنا۔** (ا۔ محاورہ) دل گھبرانا۔ اضطراب ہونا۔

**دِل شاد۔** (ف۔ صف) خُوش۔ بشاش۔

**دِل شکستہ۔** (ف۔ صف) رنجیدہ۔ افسردہ۔ مایوس۔ کنایۃً عاشق۔

**دِل شکن۔** (ف۔ صف) دِل توڑنے والا۔ ہمت پست کرنے والا۔ ناراض کرنے والا۔

**دل شکنی۔** (ف۔ ا۔ مث) دل توڑنا۔ ہمت توڑنا۔

**دل شگفتہ۔** (ف۔ ا۔ صف) خوش۔ بشاش۔

**دِل شیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل مضبوط ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

**دِل صاف ہوجانا۔** (ا۔ محاورہ) کدورت دُور ہوجانا۔ ملال نہ رہنا۔ صلح ہوجانا۔

**دِل صد چاک۔** (ف۔ صف) دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے ہوں۔ سخت زخمی دل۔ مایوسی۔

**دِل صفا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل صاف ہونا۔

**دِل غمگین۔** (ف۔ ا۔ صف) رنجیدہ یا مغموم ہونا۔

**دِل غنی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخی ہونا۔ دِل کا امیر ہونا۔

**دِل فروش۔** (ف۔ صف) دِل بیچنے والا۔ عاشق۔

**دِل فریب۔** (ف۔ صف) (۱) دِل کو لبھا لینے والا۔ من موہن۔ دلرُبا (۲) خوبصورت۔ حسین۔

**دِل فریبی۔** (ف۔ ا۔ مث) خوبصورتی۔ دلربائی۔ دل کو لبھانا۔ مَن موہ لینا۔

**دِل فگار۔** (ف۔ صف) جس کا دل زخمی ہو۔ غمگین۔ محزون۔

**دِل قابو میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل کا اپنے بس میں ہونا۔

**دِل قوی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) حوصلہ کرنا۔ دِل کو مضبوط کرنا۔

**دِل کا آجانا۔** (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔

**دِل کا ارمان نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) آرزو پُوری ہونا۔ حوصلہ نکلنا۔

**دِل کا بادشاہ۔** (ا۔ مذ) آزاد۔ خود مختار۔

**دِل کا بخار۔** (ا۔ مذ) غصہ۔ رنج۔ کدورت۔ ملال۔

**دِل کا بودا۔** (ا۔ صف) کم ہمت۔ بُزدل۔ پست حوصلہ۔

**دِل کا ٹکڑا۔** (ا۔ مذ) بہت پیارا۔ لختِ جگر۔

**دِل کا حوصلہ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) آرزو یا خواہش پوری ہونا۔

**دِل کا خون پینا۔** (ا۔ محاورہ) غم کھانا۔ رنج کرنا۔

**دِل کا دل آئینہ ہے۔** [ا۔ مثل] جیسا کوئی کسی کے متعلق سوچے گا ویسا ہی اُسے اُس سے جواب بھی ملے گا۔

**دِل کا دو دو ہاتھ اچھلنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔

**دِل کا دھڑکا۔** (ا۔ مذ) اختلاجِ قلب۔ خفقان۔

**دِل کا عالم۔** (ف۔ ا۔ مذ) دِل کی حالت۔

**دِل کا غبار۔** (ا۔ مذ) رنج۔ غصہ۔ کدورت۔ ملال۔

**دِل کا غبار نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) کدورت دُور ہونا۔

**دِل کا غبار دھل جانا۔** (ا۔ محاورہ) دِل صاف ہوجانا۔ غصہ دُور ہوجانا۔ کدورت ختم ہوجانا۔

**دِل کا کانٹا۔** (ا۔ مذ) دل کی خلش۔ رنج۔ ملال۔

**دِل کا کچا۔** (ا۔ صف) کم ہمت۔ بُزدل۔ بودا۔

**دِل کا کچھ اور نقشہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا۔ گھبرانا

**دِل کا کرارا۔** (ا۔ صف) دِل پکا رکھنے والا۔ وہ جس کے دِل پر اثر نہ ہو۔

**دِل کا کنول کِھلنا۔** (ا۔ محاورہ) خوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔

**دل کا کھوٹا۔** (ا۔ صف) دغاباز۔ فریبی۔

**دل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔** [ا۔ مثل] رنج و الم کا اُسے ہی پتہ



Marfat.com

ہوتا ہے جو اس میں مبتلا ہوتا ہے۔

**دِل کا لہری۔ دِل کا موجی۔** (ا۔ صف) (۱) آزاد۔ بے پروا (۲) خوش مزاج۔

**دِل کانپنا۔** (ا۔ محاورہ) دل گھبرانا۔ ڈرنا۔

**دِل کباب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) جلنا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا۔

**دِل کبیدہ۔** (ا۔ صف) رنجیدہ۔ غمگین۔

**دِل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) فیاضی کرنا۔ سخاوت کرنا (۲) بہادری کرنا۔ جراُت کرنا۔ ہمت کرنا (۳) خواہش کرنا۔

**دِل کڑا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دِل کو سخت کر لینا (۲) جراُت کرنا (۳) صبر سے برداشت کرنا۔

**دِل کڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) افسوس ہونا۔ غم ہونا۔ جلنا۔

**دِل کش۔** (ف۔ صف) (۱) دِل کو کھینچنے والا۔ دِل لبھانے والا (۲) دِل پسند۔ مرغوب۔ پسندیدہ (۳) خوبصورت۔ خوش نما۔

**دِل کشا۔** (ف۔ صف) (۱) دِل کو خوش کرنے والا۔ دل شگفتہ کرنے والا۔ (۲) روشن۔ فراخ۔

**دِل کشائی۔** (ف۔ ا۔ مث) خوشی۔ فرحت۔ شگفتگی۔

**دِل کشی۔** (ف۔ ا۔ مث) دل کو لبھانا۔ دِل کو اپنی طرف متوجہ کرنا۔

**دِل کشیدہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

**دِل کملانا۔** (ا۔ محاورہ) مغموم ہونا۔ نااُمید ہونا۔ افسردہ ہونا۔

**دِل کو پامال کرنا۔** (ا۔ محاورہ) عاشق پر ستم کرنا۔

**دِل کو پانی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

**دِل کو پتھر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) دل کو سخت کر لینا۔

**دِل کو تپا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔

**دِل کو پھوڑا بنانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت رنج دینا۔

**دِل کو تاب آنا (ہونا)۔** (ا۔ محاورہ) اطمینان ہونا۔ سکون ہونا۔ تسکین ہونا

**دِل کو تھامنا۔** (ا۔ محاورہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔

**دِل کو چوٹ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔

**دِل کو خون کرنا۔** (ا۔ محاورہ) غمگین کرنا۔ سخت رنج دینا۔ جلانا۔

**دِل کو دِل سے راہ ہوتی ہے۔** (ا۔ مثل) محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے۔

**دِل کو سمجھانا۔** (ا۔ محاورہ) تسلی دینا۔

**دِل کو سنبھالنا۔** (ا۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔

**دِل کو قرار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) اطمینان و تسلی ہونا۔ صبر ہونا۔ دلجمعی ہونا۔

**دِل کو لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دھن ہونا (۲) خواہش ہونا (۳) صدمہ ہونا۔

**دِل کو لو لگنا۔** (ا۔ محاورہ) دھن لگ جانا۔ ایک ہی طرف توجہ ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔

**دِل کو مسوسنا۔** (ا۔ محاورہ) بیقراری کی حالت میں دِل پر ہاتھ رکھ کر تسلی حاصل کرنا۔

**دِل کو نشانہ بنانا۔** (ا۔ محاورہ) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

**دِل کو ہاتھوں سے مسلنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت رنج پہنچانا۔ خوب ستانا۔

**دِل کو ہو قرار تو سب کو سوجھیں تیوہار۔** (ا۔ مثل) جسے کوئی فکر نہ ہو وہی ہر بات میں لطف اٹھا سکتا ہے۔

**دِل کھٹا میٹھا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) جی للچانا۔ بہت رغبت ہونا۔

**دِل کھٹا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دِل بیزار ہونا۔ حوصلہ نہ ہونا۔

**دِل کھٹک جانا۔** (ا۔ محاورہ) شبہ پڑنا۔ شک پڑنا۔

**دِل کھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) ڈرنا۔ کھٹکا ہونا۔

**دِل کھرا کھوٹا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نیت میں فرق آنا۔ خیال فاسد پیدا ہونا۔

**دِل کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) شگفتہ ہو جانا۔ خوش ہونا۔

**دِل کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوش ہو جانا۔ رنج دُور ہو جانا (۲) خوف جاتا رہنا (۳) حوصلہ بڑھنا۔ ہمت پیدا ہونا (۴) روشن ضمیر ہو جانا۔

**دِل کھول کر۔ دِل کھول کے۔** بے دھڑک۔ خاطر خواہ۔

**دِل کے میں نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دِل کا قابو میں نہ ہونا۔

**دِل کھینچ لینا۔** (ا۔ محاورہ) دل کو فریفتہ کر لینا۔ مائل کر لینا۔

**دِل کی۔** (ا۔ مث) رازِ دل۔ خواہش۔

**دِل کی آگ بجھانا۔** (ا۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ تسکین پانا۔

**دِل کی اڑا لینا۔** (ا۔ محاورہ) دِل کا مطلب سمجھ لینا۔

**دِل کی بھڑاس۔** (ا۔ مث) رنج۔ غم۔ غصہ۔

**دِل کی بے تابی۔** (ا۔ مث) گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بے قراری۔

**دِل کی پھانس۔** (ا۔ مث) خلش۔ رنج۔ غم۔ صدمہ۔

**دِل کی جلن۔** (ا۔ مث) رنج۔ غم۔

**دِل کی حسرت نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) خواہش پوری ہونا۔ مُراد حاصل ہونا۔

**دِل کی دِل میں رہنا۔** (ا۔ محاورہ) خواہش پوری نہ ہونا۔

**دِل کی رُکاوٹ۔** (ا۔ مث) آزردگی۔ افسردگی۔

**دِل کی سادگی۔** (ا۔ صف۔ مث) بھولپن۔ صاف دلی۔

**دِل کی صفائی۔** (ا۔ مث) دِل کا بُری باتوں سے مُبرّا ہونا۔

**دِل کی طرح رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) عزیز رکھنا۔

**دِل کی کلی کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) آرزو پوری ہونا۔

**دِل کی کنجی۔** (ا۔ مث) ہم راز۔ صلاح کار۔ مشیر۔

**دِل کی کہنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) صاف بات ظاہر کر دینا (۲) وہ بات جو دوسرے کے دل میں ہو بتا دینا۔

**دِل کی گانٹھ۔ دِل کی گرہ۔** (ا۔ مث) رنج۔ شکوہ۔ شکایت۔

**دِل کی گانٹھ کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) عداوت دُور کرنا۔ چھپے ہوئے کینے کو دفع کرنا۔

**دِل کی گرہ (گھنڈی) کھلنا۔** رنجش دُور ہونا۔ عقدہ کشائی ہونا (۲) ظاہر ہونا۔

**دِل کی لگن۔ دِل کی لاگ۔** (ا۔ مث) عشق۔ محبت۔ عاشقی۔

**دِل کی لگی۔** (ا۔ مث) غم۔ رنج۔ عشق۔ دِل کی چوٹ۔

**دِل کی لگی بجھنا۔** (ا۔ محاورہ) حسرت نکلنا۔

**دِل کے پار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل پر اثر کرنا۔ پورا اثر کرنا۔

**دِل کے پرزے ہونا۔ دِل کے ٹکڑے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخت



Marfat.com

صدمہ ہونا۔ بے حد رنج ہونا۔

**دِل کے پھپھولے (آبلے) پھوڑنا۔** (۱) بُرا بھلا کہہ کر دِل کا غصّہ نکالنا۔ رنج و غم کے باعث جلی کٹی باتیں کرنا (۲) بدلہ لینا۔ زہر اُگلنا (۳) دردِ دل ظاہر کرنا۔

**دِل گداز۔** (ف۔صف) دل کو نرم کرنے والا۔

**دِل گداز ہونا۔** (ا۔محاورہ) دل نرم ہونا۔

**دِل گُردہ۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) حوصلہ۔جرأت (۲) تاب۔طاقت (۳) صبر برداشت۔

**دِل گرفتگی۔** (ف۔ا۔مث) غم۔رنج۔

**دِل گرفتہ۔** (ف۔صف) غمگین۔مغموم۔عاشق۔

**دِل گرم۔** (ف۔صف) (۱) پُرجوش۔شائق (۲) پُرآرزو (۳) بہادر۔

**دِل گرم ہونا۔** (ا۔محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔جوش پیدا ہونا۔

**دِل گرما جانا۔** اُمنگ پیدا ہونا۔خواہش پیدا ہونا۔

**دِل گرمی۔** (ف۔ا۔مث) (۱) شوق۔جوش (۲) دلبستگی۔

**دِل گمراہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) نیّت میں فرق آنا۔دِل بھٹکنا۔

**دِل گواہی دیتا ہے۔** (ا۔محاورہ) دل تائید کرتا ہے۔

**دِل گھبرانا۔** (مص۔مرکب) (۱) دل بے قرار ہونا۔دِل مضطرب ہونا (۲) دِل نہ لگنا۔

**دِل گیر۔** (ف۔صف) مغموم۔غمگین۔

**دِل لُبھانا۔** (ا۔محاورہ) دل کو مائل کرنا۔دِل کو فریفتہ کرنا۔

**دِل لٹو ہونا۔** (ا۔محاورہ) فریفتہ ہونا۔

**دِل لرزنا۔** (ا۔محاورہ) ڈرنا۔خوف کھانا۔

**دِل لگا بیٹھنا۔** (ا۔محاورہ) عاشق ہونا۔محبّت کرنے لگنا۔

**دِل لگا رہنا۔** (ا۔محاورہ) فکر رہنا۔تشویش ہونا۔

**دِل لگا کر۔** (ا۔تابع فعل) توجّہ سے۔

**دِل لگانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) عاشق ہونا۔محبّت کرنا (۲) کسی کام پر متوجّہ ہونا۔

**دِل لگ جانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جی بہلنا (۲) کسی کام میں مشغول ہو جانا (۳) عشق ہونا۔محبّت ہونا۔

**دِل لگی۔** (ا۔مث) (۱) ہنسی۔مذاق۔چہل (۲) معمولی بات۔آسان بات (۳) مشغلہ۔دِل چسپی (۴) عشق۔محبّت۔لگاؤ۔

**دِل لگی باز۔** (ا۔مذ) ظریف۔مسخرا۔

**دِل لوٹ پوٹ ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) فریفتہ ہونا۔عاشق ہونا۔شیدا ہونا

**دِل لُوٹنا۔** (ا۔محاورہ) مائل کرنا۔فریفتہ کرنا۔

**دِل لہرانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دل خوش کرنا (۲) اُمنگ پیدا ہونا۔دِل خوش ہو جانا۔

**دِل لہو ہونا۔** (ا۔محاورہ) سخت رنج ہونا۔سخت صدمہ گذرنا۔

**دِل لینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) مائل کرلینا۔عاشق بنا لینا (۲) منشا دریافت کرنا۔عندیہ معلوم کرنا۔

**دِل مارنا۔** (ا۔محاورہ) خواہشوں کو روکنا۔ضبط کرنا۔

**دِل مُٹھی میں لینا۔** (ا۔محاورہ) کسی کو قابو کرنا۔گرویدہ کرلینا۔

**دِل مٹی ہونا۔** (ا۔محاورہ) خواہش نہ رہنا۔

**دِل مچلنا۔** (ا۔محاورہ) کسی خواہش پر بضد ہونا۔

**دِل مر جانا۔** (ا۔محاورہ) دِل میں کوئی خواہش نہ رہنا۔افسردہ ہونا۔

**دِل مرحوم۔** (ف۔ا۔مذ) عاشق کا دل۔نامُراد دِل۔

**دِل مسلنا۔** (ا۔محاورہ) دل کو ایذا پہنچانا۔رنج دینا۔

**دِل مسوس کر رہ جانا۔** (ا۔محاورہ) دِل پکڑ کر رہ جانا۔کسی صدمہ کے باعث چُپ رہ جانا۔

**دِل مضبوط رکھنا۔** (ا۔محاورہ) پروا نہ کرنا۔حوصلہ رکھنا۔

**دِل مضطر۔** (ف۔ا۔مذ) بے چین دل۔

**دِل مکدّر ہونا۔** (ا۔محاورہ) دل میں ملال آ جانا۔دِل صاف نہ رہنا۔

**دِل مِلا۔** بہناپا۔وہ باہمی رشتہ جو دو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں۔

**دِل مَلنا۔** (ا۔محاورہ) دِل مسوسنا۔دِل مروڑنا۔

**دِل مِلنا۔** (ا۔محاورہ) دل کا موافق ہونا۔یک جان دو قالب ہونا۔

**دِل موم ہونا۔** (ا۔محاورہ) ترس آنا۔رحم آنا۔دِل کا نرم ہونا۔

**دِل موہ لینا۔** (ا۔محاورہ) کسی کا دل اپنی طرف مائل کرلینا۔عاشق بنا لینا۔فریفتہ کرلینا۔

**دِل میلا کرنا۔** (ا۔محاورہ) رنج کرنا۔دِل اُداس کرنا۔دل کو متفکر کرنا۔دل پرغم لانا۔

**دِل میں آنا۔** (ا۔محاورہ) خیال گزرنا۔

**دِل میں پاپ لانا۔** (ا۔محاورہ) بدگمان ہونا۔بدظن ہونا۔تذبذب میں پڑنا۔

**دِل میں تو سمجھو۔** (ا۔محاورہ) (۱) کبھی تو شرمایا کرو (۲) دل میں قائل تو ہو۔

**دِل میں ٹھننا۔** (ا۔محاورہ) پکا ارادہ ہونا۔قائم رہنا۔

**دِل میں جگہ کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) راہ و رسم بڑھانا۔دوست ہونا (۲) خصوصیت پیدا کرنا۔

**دِل میں چُبھنا۔** (ا۔محاورہ) اثر کرنا۔پسند آنا۔

**دِل میں چٹکیاں لینا۔** (ا۔محاورہ) طعنے دینا۔درپردہ آزار پہنچانا۔دل دُکھانا۔

**دِل میں چوٹ لگنا۔** (ا۔محاورہ) صدمہ پہنچنا۔رنج ہونا۔

**دِل میں چور بیٹھنا۔** (ا۔محاورہ) بدگمانی ہونا۔بدظنی ہونا۔

**دِل میں چھید ہونا۔** (ا۔محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔

**دِل میں داغ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) صدمہ ہونا۔رنج ہونا۔

**دِل میں دل ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) اپنی بات کا دوسرے کو یقین دلانا۔

**دِل میں ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) دوسرے کے ذہن میں ڈالنا۔خدا کی طرف سے الہام ہونا۔القا ہونا۔

**دِل میں ڈرنا۔** (ا۔محاورہ) اندر ہی اندر خوف کھانا۔

**دِل میں راہ کرنا۔** (ا۔محاورہ) دوست بننا۔رسائی پیدا کرنا۔

**دِل میں رکھنا۔** (ا۔محاورہ) پوشیدہ رکھنا۔ظاہر نہ کرنا۔کینہ رکھنا۔

**دِل میں زہر بھرا ہونا۔** (ا۔محاورہ) دل میں کسی کے متعلق دشمنی یا بدی ہونا

**دِل میں سمانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کسی بات کا یقین ہونا (۲) ہر وقت خیال



Marfat.com

میں رہنا (۳) ارادہ ہونا۔
**دِل میں شرمانا۔** (ا۔ محاورہ) شرمندگی ظاہر نہ ہونے دینا۔
**دِل میں غبار آنا۔** (ا۔ محاورہ) کدورت رکھنا۔
**دِل میں فرق آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شبہ پڑنا۔ گمان گذرنا۔ اعتبار اُٹھنا۔ (۲) فکر رنجی ہونا۔
**دِل میں کانٹا سا کھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ بارِ خاطر ہونا۔
**دِل میں کپٹ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کینہ ہونا۔ دشمنی ہونا۔
**دِل میں کڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) رنج کرنا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔
**دِل میں کھُبنا۔** (ا۔ محاورہ) دِل پر اثر ہونا۔
**دِل میں کھٹک جانا۔** (ا۔ محاورہ) شبہ پڑ جانا۔ اثر کر جانا۔
**دِل میں کھوٹ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دغا ہونا۔ نیت ٹھیک نہ ہونا۔
**دِل میں گرہ پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) رنج و ملال ہونا۔
**دِل میں گڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) پسند آنا۔ اثر ہونا۔
**دِل میں گھاؤ پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔
**دِل میں گھر کر جانا۔** (ا۔ محاورہ) دوستی پیدا کرنا۔ محبت کرنا۔
**دِل میں گھونسا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
**دِل میں لانا۔** (ا۔ محاورہ) دل نشین کرنا۔
**دِل میں لڈو پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔
**دِل میں لگن لگنا۔** (ا۔ محاورہ) شوق پیدا ہونا۔
**دِل میں لہر آنا۔** (ا۔ محاورہ) خیال آنا۔ اُمنگ اُٹھنا۔
**دِل میں ناسور پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔ بے حد رنج ہونا۔
**دِل میں نقش ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نہ بھولنے والا اثر ہونا۔
**دِل میں نیت کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ارادہ کرنا۔
**دِل میں وسوسے اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرے بُرے خیالات آنا۔
**دِل میں ہوک اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) رنج و غم کی بات یاد آنا۔
**دِل میں ہول سمانا۔** (ا۔ محاورہ) خوف زدہ ہو جانا۔ گھبراہٹ ہونا۔
**دِل میں ہونا۔** (۱) ارادہ ہونا۔ قصد ہونا (۲) خواہش ہونا۔ تمنا ہونا (۳) خیال ہونا۔
**دِل نا صبور۔** (ا۔ محاورہ) بے قرار دل۔ بے چین دل۔ نہ صبر کرنے والا دل۔
**دِل نشین۔** (ف۔ صف) دل میں بیٹھنے والا۔ دِل پر اثر کرنے والا۔ دل پر نقش ہو جانے والا۔
**دِل نشین کرنا۔** (ا۔ محاورہ) دِل میں بٹھانا۔ دل پر نقش کرنا۔ دِل میں جمانا
**دل نواز۔** (ف۔ صف) دِل کو تسلی دینے والا۔ دوست۔ یار۔
**دِل نوازی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) تسلی۔ تشفی (۲) مہربانی۔ عنایت۔ (۳) ناز و نخرے۔
**دِل نہاد۔** (ف۔ صف) جس پر دِل مائل ہو۔ توجہ۔ معشوق۔
**دِل وابستہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مطیع ہونا۔
**دِل والا۔** (ا۔ صف) (۱) سخی۔ فیاض (۲) بہادر۔ دلیر۔ جری۔ سُورما۔ باہمت
**دِل و جان۔** (ف۔ صف) پیارا۔ عزیز۔ محبوب۔
**دِل و جان سے۔** بڑی خوشی سے۔ شوق سے (۲) بخوبی۔ نہایت۔ بے حد۔

**دِل و جگر پر چھُریاں چلنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت رنج اور تکلیف پہنچنا۔
**دِل و دماغ۔** (ف۔ ا۔ مذ) عقل و خرد۔ علم۔
**دِل و دماغ نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) عقل نہ ہونا۔
**دِل ہاتھ بھر بڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمت ہونا۔
**دِل ہاتھ میں رکھنا۔ دِل ہاتھ میں لینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو خوش اور راضی رکھنا۔ تسلی دیتے رہنا۔
**دل ہارنا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ ہمت ہار دینا۔
**دِل ہل جانا۔** (ا۔ محاورہ) خوف۔ دہشت یا رعب سے دل کا کانپ اُٹھنا دِل کا لرز جانا۔
**دِل ہلکا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رونے دھونے سے رنج و غم کا کم ہونا۔
**دِل ہوا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) ڈر سے گھبرا جانا۔
**دِل ہی جانتا ہے۔ دل ہی کو معلوم ہے۔** (ا۔ محاورہ) بیان نہیں ہو سکتا۔
**دِل ہی دِل میں۔** اندر ہی اندر۔ چھُپکے چھُپکے۔
**دُلار۔** (دُ۔ لار) [ہ۔ ا۔ مذ] لاڈ۔ پیار۔ محبت۔
**دُلارا۔** (دُ۔ لا۔ را) [ہ۔ صف] پیارا۔ عزیز۔ لاڈلا۔
**دُلاری۔** (دُ۔ لا۔ ری) [ہ۔ صف] پیاری۔ عزیزہ۔ لاڈلی۔ دُلارا کی تانیث۔
**دِلاسا۔** (دِ۔ لا۔ سا) [ف۔ اُرد۔ ا۔ مذ] تسلی۔ تشفی۔ تسکین۔
**دِلاسا دینا۔** تسلی دینا۔ ہمت بندھانا۔ جی بڑھانا۔
**دَلاک۔** (دَل۔ لا۔ ک) [ع۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو حمام میں بدن ملتا ہے۔ مالشیا
**دَلاّل۔** (دَل۔ لا۔ ل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سودا کرانے والا۔ آڑھتیا (۲) بھڑوا۔ (۳) وہ شخص جو خریدار اور بیچنے والے کو ملائے۔
**دَلالت۔** (دَ۔ لا۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) علامت۔ نشان (۲) پتا۔ سُراغ (۳) دلیل۔ ثبوت (۴) ہدایت۔ راہنمائی (۵) اطلاق۔ عاید ہونا (۶) دبدبہ۔ رُعب۔ شان۔ عظمت۔
**دلالت برسنا۔** (ا۔ محاورہ) رُعب و داب ہونا۔ شان و شوکت ظاہر ہونا۔
**دَلاّلہ۔** (دَل۔ لا۔ لہ) [ع۔ ا۔ مث] کٹنی۔ مشاطہ۔
**دَلاّلی۔** (دَل۔ لا۔ لی) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سودا کرانے کی اُجرت (۲) دَلاّل کا پیشہ (۳) کٹناپہ۔
**دِلاور۔** (دِ۔ لا۔ وَر) [ف۔ صف] بہادر۔ شجاع۔ جمع: دِلاوران۔
**دِلاوری۔** (دِ۔ لا۔ وَ۔ ری) [ف۔ ا۔ مث] بہادری۔ شجاعت۔
**دَلائل۔** (دَ۔ لا۔ اِل) [ع۔ ا۔ مث] حجت۔ وجہ۔ سبب۔ ثبوت۔ شہادت (۲) دلیل کی جمع۔
**دُلائی۔** (دُ۔ لا۔ اِی) [ہ۔ ا۔ مث] رضائی۔ رُوئی کی فرد۔
**دَلبا۔** (دَل۔ با) [ہ۔ ا۔ مذ] دبیل۔ بھگوڑا۔ وہ پرندہ جس کو چھُوا چھُوا کر دوسرے لڑنے والے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں۔
**دُلتی۔** (دُ۔ لت۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] جانور کی پچھلی دونوں لاتیں۔
**دُلتی چلانا۔ دُلتی مارنا۔** جانور کا پچھلی دونوں ٹانگیں ایک ساتھ اُٹھا کر مارنا۔
**دَلدر۔** (دَ۔ لِد۔ دَر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) افلاس۔ محتاجی۔ تنگ دستی (۲) نحوست۔



Marfat.com

تنگ حالی (۲) نحس چیز۔ منحوس چیز (۴) پلید آدمی۔

**دِلدّر بھاگنا۔** (ا۔ محاورہ) افلاس دُور ہونا۔ نحوست ٹلنا۔

**دِلدّر دُور ہونا۔** (ا۔ محاورہ) تنگ حالی کا خوش حالی سے بدل جانا۔ افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا۔

**دِلدّر نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) گھر کو صاف ستھرا کرنا۔

**دِلدّری۔** (دَ-لِد-دَ-ری) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مُفلس (۲) غریب (۳) منحوس (۴) میلا کچیلا آدمی۔

**دَلدَل۔** (دَل-دَل) [ہ۔ا۔مث] کیچڑ۔ گلابہ۔ دَھسان۔

**دَلدَل میں پھنسنا۔** (ا۔محاورہ) کیچڑ میں پھنسنا۔ مشکل یا دِقّت میں پڑنا۔

**دُلدُل۔** (دُل-دُل) [ع۔ا۔مذ] سیاہی مائل خچر جو حاکمِ اسکندریہ مقوقش نے رسول اللہؐ کی خدمت میں بھیجا اور آپؐ نے حضرت علیؓ کو عطا فرمایا (۲) ذوالجناح۔

**دُلدُل سوار۔** (ع۔ا۔مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔

**دُلدُل نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) محرّم میں گھوڑے کا ماتمی جلوس نکالنا۔

**دُلڑا۔** (دُل-ڑا) [ہ۔صف] دو لڑی والا۔ دُوہرا (۲) دُبلا۔

**دَلق۔** [ع۔ا۔مث] گدڑی۔ پشمینے کا لباس جو درویش پہنتے ہیں۔

**دَلق پوش۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) گدڑی پہننے والا۔ فقیر۔ درویش۔

**دَلک۔** (دَ-لک) [ہ۔ا۔مث] (۱) چمک۔ جھلک۔ دمک (۲) کپکپی۔ لرزش۔ جنبش۔

**دَلکنا۔** (دَ-لک-نا) [ہ۔مص] (۱) چمکنا۔ دَمکنا (۲) تھرتھرانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا۔

**دُلکھنا۔** (دُ-لکھ-نا) [ہ۔مص] (۱) بات کاٹنا۔ ٹوکنا۔ اعتراض کرنا۔ انکار کرنا۔ منع کرنا۔

**دُلکی۔** (دُل-کی) [ہ۔ا۔مث] گھوڑے کی ایک چال جس میں ایک وقت میں تین پاؤں اُٹھتے ہیں۔

**دُلمہ۔** (دُل-مہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) سالن (۲) ایک سالن جس میں قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجر میں بھر کر پکاتے ہیں (۳) ایک قسم کی زہریلی مکڑی۔

**دَلنا۔** (دَل-نا) [ہ۔مص] موٹا موٹا پیسنا۔ دَردرا کرنا۔ دال کو چکی میں پیس کر نصف نصف کرنا۔

**دَلو۔** [ع۔ا۔مذ] (۱) ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں بُرج۔

**دِلوانا۔** (دِل-وا-نا) [ہ۔مص] کسی سے دلانا۔ عطا کرانا۔ سپُرد کرانا۔

**دَلوانا۔** (دَل-وا-نا) [ہ۔مص] موٹا موٹا پسوانا۔ دَردرا کرانا۔ دانہ کرانا۔ نصف نصف کرانا۔

**دَلوائی۔** (دَل-وا-ای) [ہ۔ا۔مث] دَلوانے کی اُجرت۔

**دِلوائی۔** (دِل-وا-ای) [ق۔ا۔مذ] ایلچی۔ سفیر۔ وکیل۔

**دُلہا۔ دُولہا۔** (دُل-ہا۔ دُو-لہا) [ہ۔ا۔مذ] وہ مرد جس کی شادی ہو۔ بنا۔ نوشہ (۲) داماد۔

**دُلھن۔** (دُل-ھن۔ دُ-لھَن) [ہ۔ا۔مث] (۱) وہ عورت جس کی شادی ہو۔ عروس (۲) زوجہ۔ بیوی (۳) بہو (۴) عزیزہ۔ پیاری (۵) آراستہ۔

**دُلھن بن کے چلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بن ٹھن کے چلنا۔ سُرخ لباس پہن کر چلنا (۳) معشوقانہ انداز سے چلنا۔

**دُلھنڈی۔** (دُ-لھَن-ڈی) [ہ۔ا۔مث] ہولی کا دوسرا دن۔

**دِلّی۔** (دِل-لی) [ہ۔ا۔مث] ہندوستان کا دارالحکومت۔ دہلی۔

**دِلّی دکھانا۔** (ا۔محاورہ) بچے کو کھلاتے ہوئے بغلوں میں ہاتھ دے کر سر سے اُونچا کر دینا۔

**دِلّی دُور ہے۔** (ا۔مثل) ابھی منزلِ مقصود دُور ہے۔

**دِلّی کا روڑا۔** (ا۔صف) بہت چالاک آدمی۔

**دِلّی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کیے۔** (ا۔مثل) لائقوں کی صحبت میں بیٹھ کر بھی نالائق ہی رہے۔

**دَلیا۔** (دَل-یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دَلا ہُوا اناج (۲) موٹا پسا ہوا غلہ۔ کچا یا پکا ہُوا۔

**دَلیر۔** (دَ-لیر) [ف۔صف] (۱) بہادر۔ شجاع۔ سُورما (۲) بے خوف بےخطر (۳) گستاخ۔

**دَلیرانہ۔** (دَ-لے-رانَہ) [ف۔صف] (۱) جوانمردی سے۔ جرأت سے (۲) بے باکانہ (۳) گستاخانہ۔

**دَلیری۔** (دَ-لے-ری) [ف۔ا۔مث] (۱) بہادری۔ شجاعت۔ جرأت (۲) بے باکی۔

**دَلیل۔** (دَ-لیل) [ع۔ا۔مث] (۱) حجّت (۲) وجہ (۳) ثبوت۔ شہادت۔

**دَلیلِ کامل۔** (ف۔ا۔مث) پُورا ثبوت۔

**دَلیل لانا۔** ثبوت دینا۔ حجت پیش کرنا۔

**دَلیلِ ناقص۔** بودی بات۔ کمزور ثبوت۔

**دَلیل۔** (دَ-لیل) [انگ۔ا۔مث] سزا۔ بیگار۔ سپاہیوں کی سزا۔

**دَلیل بولنا۔** کھڑا رہنے یا ٹہلنے اور قواعد کرنے کی سزا ملنا۔

# د ــــ م

**دَم۔** [ف۔ا۔مذ] (۱) سانس۔ نفس (۲) پل۔ منٹ۔ لحظہ۔ وقت (۳) زندگی (۴) روح۔ جان (۵) ذات (۶) حُقے کا کش (۷) بھٹی یا تنور کی ہوا (۸) پانی کا گھونٹ (۹) کھانے کو دھیمی آگ پر رکھنا (۱۰) طاقت۔ قوت۔ زور (۱۱) تلوار کی دھار (۱۲) نیزے کی نوک (۱۳) مضبوطی۔ خوبی (۱۴) لچک (۱۵) خوشی۔ فرحت (۱۶) اولوالعزمی بلند حوصلگی (۱۷) دھوکہ۔ فریب۔ دغا (۱۸) افسون۔ منتر۔ دعا جو پڑھ کر پھونکی جائے (۱۹) عذر۔ تخیر (۲۰) شیخی (۲۱) گھر۔ خانہ (۲۲) وطن (۲۳) (ع۔مذ) خون۔ لہو (۲) جان۔ روح۔

**دَمِ آب۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) پانی کا گھونٹ (۲) تھوڑا سا پانی۔

**دَم آجانا۔** (ا۔محاورہ) جان آجانا۔ زندگی پیدا ہونا۔

**دَم آخر ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) مرجانا۔



Marfat.com

دَم آخریں۔ (ف۔ا۔مذ) نزع کا وقت۔ آخری سانس۔
دَم آنا۔ (ا۔محاورہ) تھک جانا۔
دَم آنکھوں میں اٹکنا۔ (ا۔محاورہ) کچھ زندگی باقی رہنا۔
دَم آنکھوں میں ہونا۔ (ا۔محاورہ) حالت نزع میں ہونا۔
دَم اٹکا ہونا۔ (ا۔محاورہ) دَم رُکا ہونا۔ ذراسی سانس باقی رہنا۔
دَم اٹک کر رہ جانا۔ (ا۔محاورہ) سانس کا سینے میں رُک کر رہ جانا۔
دَم اٹکنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) سانس کا سینے میں رُکنا (۲) وقتِ نزع آہستہ آہستہ جان نکلنا۔
دَم احتضار۔ (ف۔ع۔ا۔مذ) نزع کا عالم۔
دَم اُکھڑ جانا۔ (ا۔محاورہ) تھکاوٹ کی وجہ سے سانس کا بہت تیز چلنا۔ سانس چڑھ جانا۔
دَم اُکھڑنا۔ (ا۔محاورہ) سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
دَم اُلٹنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) سانس رُکنا (۲) وقتِ نزع سانس کا بے قاعدہ ہونا (۳) دِل گھبرانا۔
دَم اُلجھنا۔ (ا۔محاورہ) جی گھبرانا۔ جی اُکتانا۔
دَم اُوپر کو کھینچنا۔ (ا۔محاورہ) زور سے سانس لینا۔
دَم باز۔ (ف۔صف) (۱) مکّار۔ فریبی۔ دھوکہ باز (۲) حیلہ ساز۔ حیلہ گر (۳) حُقّے کا دم لگانے والا۔
دَم بازی۔ (ف۔امث) دھوکہ بازی۔ دغابازی۔ مکّاری۔
دَم باقی نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہکّا بکّا رہ جانا۔ سانس باقی نہ رہنا۔ (۲) حوصلہ نہ رہنا۔
دَم باندھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) سانس روک لینا (۲) متوجہ ہونا۔
دَم بخود۔ (ف۔صف) چُپ چاپ۔ ساکت وصامت۔
دَم بدم۔ (ف) (۱) ہر گھڑی۔ ہر وقت۔ برابر (۲) متواتر۔ پے در پے۔
دَم بڑھانا۔ (ا۔محاورہ) لمبے لمبے سانس لینے کی مشق کرنا۔
دَم بڑھ جانا۔ (ا۔محاورہ) قوت زیادہ ہونا۔
دَم بنا رہے۔ (کلمہ دُعا) جیتے رہو۔ سلامت رہو۔
دَم بند ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) چُپ ہونا۔ ساکت ہونا۔ خاموش ہونا (۲) سانس رُکنا (۳) تنگ ہونا۔ عاجز ہونا (۴) گھبرانا۔ جی گھبرانا۔
دَم بولانا۔ (ا۔محاورہ) جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔
دَم بھر۔ (ا۔تابع فعل) ذرا۔ لحظہ بھر۔ تھوڑی دیر کے لیے۔
دَم بھر آنا۔ دَم بھر جانا۔ (ا۔محاورہ) سانس پھول جانا۔
دَم بھرانا۔ (۱) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا (۲) پہلوانوں کا اپنے شاگردوں کو زور کر کے تھکا دینا۔
دَم بھرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) سانس چڑھنا یا پھولنا (۲) ہر وقت کسی کی تعریف کرنا (۳) محبت کا دعویٰ کرنا (۴) کبوتر کا بولنا (۵) یقین کرنا۔ ایمان لانا۔
دَم پخت۔ (ف۔ا۔مذ) بھاپ میں پکا ہوا کھانا۔
دَم پخت ہو کر رہ جانا۔ (ا۔محاورہ) ناراض ہو کر یا غصّہ ضبط کر کے چُپ ہو رہنا۔
دَم پر آنا۔ (ا۔محاورہ) پکنے کے قریب ہونا۔

دَم پر بننا۔ دَم پر بن جانا۔ (ا۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مصیبت پڑنا۔
دَم پر چڑھنا۔ (ا۔محاورہ) دھوکے میں آجانا۔
دَم پر چھوڑ دینا۔ (ا۔محاورہ) کھانے کو دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔
دَم پر لانا۔ (ا۔محاورہ) فریب میں پھنسانا۔
دَم پسیں۔ (ف۔ا۔مذ) حالت نزع۔ آخری دَم۔
دَم پھڑکنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) خواہش سے بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دَم پھولنا۔ (ا۔محاورہ) سانس چڑھنا۔
دَم پھونکنا۔ (ا۔محاورہ) رُوح ڈالنا۔ جسم میں جان ڈالنا۔
دَم تک۔ (۱) جیتے جی۔ زندگی میں۔
دَم توڑنا۔ (ا۔محاورہ) نزع کی حالت میں ہونا۔ جان کنی کی حالت میں ہونا۔ سانس اُکھڑنا۔
دَم تیغ۔ (ف۔مذ) تلوار کی کاٹ۔ تیزی یا دھار۔
دَم تیغ پر راہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) موت کا خطرہ ہونا۔
دَم ٹوٹنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) تیراک یا بھاگنے والے کا سانس پھولنا۔ (۲) سانس اُکھڑنا (۳) حالت نزع میں ہونا۔
دَم ٹھہرنا۔ (ا۔محاورہ) سانس کا ٹھکانے سے ہونا یا قرار پکڑنا۔
دَم جھانسا دینا۔ (ا۔محاورہ) دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔ جُل دینا۔
دَم چرانا۔ (ا۔محاورہ) اپنے تئیں مُردہ ظاہر کرنا۔ دم روک لینا (۲) پہلوتہی کرنا۔ ٹالنا۔ کسی کام کے کرنے سے کترانا۔
دَم چڑھنا۔ (ا۔محاورہ) سانس چڑھنا۔ ہانپنا۔
دَم چلا جانا۔ (ا۔محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دَم چھوڑنا۔ (ا۔محاورہ) مرجانا۔
دَم خشک ہونا۔ (ا۔محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دَم خفا ہونا۔ (ا۔محاورہ) جی گھبرانا۔ سانس رُکنا۔
دَم خم۔ (ف۔مذ) (۱) طاقت۔ قوت۔ استواری۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی (۳) اوسان۔ ہوش۔ حواس۔
دَم خنجر۔ (ف۔ا۔مذ) خنجر کی دھار۔
دَم دار۔ (ف۔صف) (۱) جاندار۔ مضبوط۔ طاقت ور۔ مدتوں رہنے اور چلنے والی چیز۔ (۲) باڑھ دار۔ دھار دار۔
دَم داعیہ۔ (ف۔ع۔ا۔مذ) دعویٰ۔ حوصلہ۔
دَم درود نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) مُردہ ہونا (۲) مرنے کے قریب ہونا (۳) طاقت نہ ہونا۔
دَم دلاسا۔ (ف۔ا۔مذ) چکنی چپڑی باتیں۔ تسلی۔ تشفی۔ بہلاوا۔ پھسلاوا۔ خوشامد۔
دَم دم کی۔ ہر وقت کی۔ ہر لحظہ کی۔
دَم دھاگہ۔ (ا۔مذ) فریب۔ دھوکہ۔ جھانسا۔
دَم دھاگے بتانا۔ (ا۔محاورہ) دھوکہ دینا۔ جھانسا دینا۔
دَم دھکڑ کی میں ہونا۔ (ا۔محاورہ) جانکنی کا عالم ہونا۔ نزع میں ہونا۔



Marfat.com

**دَم دیکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تیزی کی جانچ کرنا۔ نزع کے وقت سانس دیکھنا

**دَم دینا** ۔ (۱) مرجانا (۲) فریب دینا (۳) فریفتہ ہونا (۴) کھانے کو ہلکی آنچ پر رکھنا۔ تلوار کو خم کر کے دیکھنا۔ کسی پچکی ہوئی شے میں ہوا بھرنا (۵) تلوار کو آب دینا (۶) حقے کی ہوا خارج ہونا۔

**دَمِ رُخصت** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) رُخصت کا وقت۔ ہنگام موت۔

**دَمِ رفتار** ۔ چلنے کے وقت۔

**دَم رُکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانس رُک رُک کے آنا (۲) ضیق النفس کا عارضہ ہونا (۳) دل گھبرانا (۴) عاجز ہونا۔ تنگ آنا۔

**دَم روکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حبس دَم کرنا (۲) عاجز کرنا۔

**دَم رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طاقت رکھنا (۲) چُپ رہنا (۳) حرکت نہ کرنا۔

**دَم زدن** ۔ (ف۔ محاورہ) (۱) دَم مارنا۔ سانس لینا (۲) کچھ کہنا۔

**دَم زدن میں** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) فوراً۔ بہت جلدی۔

**دَم زنی** ۔ (ف۔ صف) چُپ رہنا۔

**دَم سادھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حبسِ دَم کرنا (۲) چُپ رہنا (۳) حرکت نہ کرنا۔

**دَم ساز** ۔ (ف۔ صف) (۱) رازدار۔ ہمراز (۲) آس دینے کے لیے ساتھ گانے والا۔ شاملِ آواز (۳) متفق۔ موافق (۴) دوست۔ ہمدم۔ یار۔

**دَم سازی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) دوستی۔ بے تکلفی (۲) اتفاق (۳) میل۔ سُروں کا میل۔

**دَمِ سحر** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) صُبح کے وقت۔

**دَمِ سرد** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ٹھنڈی سانس۔ آہِ سرد۔

**دَم سکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ڈرانا۔ دھمکانا۔

**دَم سُوکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ کنجوسی کرنا۔

**دَم سُولی پر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت پریشان ہونا۔ جان کو خطرہ ہونا۔

**دَم سینڈنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دَم سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا (ق)۔

**دَم شماری** ۔ (ف۔ ا۔ مث) مرتے وقت کے سانس گننا۔

**دَمِ صبح** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) صبح کا وقت (۲) پَو پھٹنا۔

**دَم ضیق میں کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تنگ کرنا۔ زچ کرنا۔

**دَمِ عیسیٰؑ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جس سے مردہ زندہ ہو جاتا تھا (۲) صحت بخش۔ جان ڈالنے والا۔

**دَم غنیمت ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) متبرک ہونا۔ قابلِ قدر ہونا۔

**دَم فنا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مرجانا (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ رعب غالب ہونا۔

**دَم قدم** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) سانس اور چلنے کی طاقت (۲) زندگی۔ ذات ہستی۔ وجود (۳) سلامتی۔

**دَم قدم کی برکت** ۔ (ا۔ مث) کسی کی ذات کی وجہ سے بہتری ہونا۔

**دَم قدم کی خیر** ۔ (ا۔ مث) جان کی سلامتی۔ فقیروں کی دُعا۔

**دَم کا دَما مہ ہے** ۔ (مثل) زندگی کے ساتھ دُنیا کی رونق ہے۔

**دَم کا کیا بھروسہ** ۔ (ا۔ مثل) زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔

**دَم کا مہمان** ۔ (ا۔ صف) (۱) جلد جانے والا شخص۔ مرنے کے قریب شخص۔

**دَم کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چاولوں کا پکانا (۲) دُعا یا افسوں پڑھ کر پھونکنا۔ (۳) آگ بجھانا۔

**دَم کش** ۔ (ف۔ صف) (۱) گویّے کی آواز کے ساتھ آواز ملانے والا (۲) دَم کھینچنے والا یا دَم لینے والا (۳) ہانپنے والا۔

**دَم کشی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) ضیق النفس کی بیماری۔ دَمہ (۲) چُپ۔ (۳) دَم لینا۔

**دَم کو لے رہنا۔ دم لے کر بیٹھ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانس نہ لینا (۲) چُپ ہو جانا (۳) ٹال جانا (۴) سُنی ان سُنی کرنا۔

**دَم کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دھوکہ کھانا (۲) تنگ کرنا (۳) بار بار تقاضا کرنا (۴) کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا (۵) خاموش رہنا (۶) صبر کرنا۔ (۷) دَم لینا۔

**دَم کھٹکے میں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تذبذب میں پڑنا۔

**دَم کھنچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نزع کے وقت سانس کا اُوپر کو چڑھنا۔ دم ٹوٹنا۔ دَم اُکھڑنا۔

**دَم کھینچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چُپ رہنا (۲) حُقے کا گھونٹ لینا۔

**دَم کی روشنی** ۔ (ا۔ مث) ذات کا فیض۔

**دَم کے دَم میں** ۔ تھوڑی سی دیر میں۔ فوراً۔

**دَم کے ساتھ** ۔ زندگی بھر۔ تا حیات۔

**دَم کے ساتھ لگا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

**دَم گلے میں اٹکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نزع کی حالت میں سانس رُکنا۔

**دَم گھبرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دحشت ہونا (۲) خفقان ہونا۔

**دَم گھٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانس رُکنا۔ دَم بند ہونا (۲) گھبراہٹ ہونا۔ جی گھبرانا۔

**دَم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زبردستی رکھنا (۲) تنگی میں رکھنا۔

**دَم گھونٹ گھونٹ کر مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلا جلا کر مارنا (۲) سخت تنگ کرنا۔

**دَم گھونٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سانس روکنا۔

**دَم لبوں پر آجانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جاں بلب ہونا۔ سخت تکلیف میں ہونا

**دَم لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حُقہ پینا (۲) چرس پینا۔

**دَم لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حُقّہ کا دھواں دماغ کو چڑھنا (۲) چرس کے نشے کا اثر ہونا (۳) حُقّہ کا پیا جانا۔

**دَم لو** ۔ (ا۔ محاورہ) جلدی نہ کرو۔ صبر کرو۔

**دَم لے لو** ۔ (ا۔ محاورہ) آرام کرو۔ سستا لو۔

**دَم لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانس لینا (۲) سستانا۔ ٹھہرنا (۳) باز رہنا (۴) چپکا ہو رہنا۔

**دَم لینے کی فرصت نہیں** ۔ (ا۔ مث) بہت کم فرصت ہے۔

**دَم مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بولنا (۲) شیخی مارنا۔ دعویٰ کرنا۔

**دَم مارنے کی بات نہیں** ۔ (ا۔ محاورہ) عذر کرنے کا محل نہیں۔

**دَم مارنے کی جگہ نہیں** ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ بس نہیں چلتا۔ کچھ کہا نہیں جاتا۔



Marfat.com

دَم مارنے والا۔ (ا۔صف) دخل دینے والا۔ بولنے والا۔ منہ سے بات نکالنے والا۔
دَمِ مُردن۔ (ف۔مذ) مرنے کے وقت۔ نزع کے وقت۔
دَم مَست قلندر دُھر رگڑا۔ (ا۔مقولہ) قلندر بھنگ گھوٹتے وقت کہتے ہیں۔
دَم میں۔ (ا) فوراً۔ فی الفور۔ پل بھر میں۔ لمحہ بھر میں۔ لحظہ بھر میں۔
دَم میں آنا۔ (ا۔محاورہ) دھوکہ کھانا۔
دَم میں دَم آنا۔ (ا۔محاورہ) اطمینان ہونا۔ جان میں جان آنا۔ زندگی کی اُمید ہونا۔ تسلی ہونا۔
دَم میں دَم رہنا۔ (ا۔محاورہ) جیتے رہنا۔ زندگی رہنا۔
دَم میں دَم نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) سکت نہ ہونا۔ قوت نہ ہونا۔
دَم میں لانا۔ (ا۔محاورہ) فریب دینا۔ بہکانا۔
دَم ناک میں کرنا۔ (ا۔محاورہ) تنگ کرنا۔ عاجز کرنا۔ ستانا۔
دَم ناک میں ہے۔ (ا۔محاورہ) سخت تنگ ہے۔ عاجز ہے۔
دَم نکالنا۔ (۱) جان نکالنا (۲) ڈرا دینا۔
دَم نِکل جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) جان نکلنا (۲) نزع میں ہونا (۳) ڈر جانا۔
دَم نہ مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کچھ نہ بولنا۔ چُپ رہنا (۲) مان کر قائل ہو جانا (۳) اُف نہ کرنا۔
دَم نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) طاقت نہ ہونا (۲) جان نہ ہونا۔
دَم نہیں بدن میں نام زور آور خاں۔ (ا۔مثل) دیکھیے برعکس نام نہند زنگی کافور۔
دَمِ واپسیں۔ (ف۔ا۔مذ) نزع کا وقت۔ آخری وقت۔
دَم ہانپنا۔ (ا۔محاورہ) دَم چڑھنا۔
دَم ہوا ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) جان نکلنا (۲) ڈرنا۔
دَم ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہمت ہونا (۲) دَم پخت ہونا۔ چاولوں کا پکنا۔
دَم ہونٹوں پر آنا۔ (ا۔محاورہ) نزع کا عالم ہونا۔
دَم ہی دَم میں رکھنا۔ (ا۔محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے بتانا۔ دھوکے میں رکھنا۔
دَم ہے تو کیا غم ہے۔ (ا۔محاورہ) زندگی ہے تو کوئی پروا نہیں۔
دَم۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) خون۔ لہو (۲) جان۔ رُوح۔ زندگی۔
دَمُ الاَخوین۔ (۱) دو بھائیوں کا خون (۲) سُرخ رنگ کا ایک گوند جو اکثر رنگنے اور دوا کے کام آتا ہے۔
دُم۔ (ف۔ا۔مث) (۱) پونچھ۔ دُنبالہ (۲) پچھلا حصّہ (۳) انجام (۴) پیرَو (۵) سفید لکیر جو دُم دار ستارے کے پیچھے ہو۔
دُم بریدہ۔ (ف۔صف) دُم کٹا ہوا۔
دُم پر پاؤں رکھنا۔ (ا۔محاورہ) تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ چھیڑنا۔
دُم جھاڑنا۔ (ا۔محاورہ) دُم ہلانا۔
دُم چنور کرنا۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا دُم اُٹھا کر چلنا۔
دُمچی/دُمچھلا۔ (ا۔مذ) (۱) وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے پچھلے سرے پر لگاتے ہیں (۲) وہ شخص جو کسی کے ساتھ ساتھ رہے (۳) چھوٹی دُم۔ پونچھڑی۔
دُم دار۔ (ف۔صف) پونچھ والا۔
دُم دار تارا۔ (ا۔مذ) وہ سیارا جس کے پیچھے روشن لکیر ہے۔ (دُم دار)
دُم دبا کر بھاگنا۔ (ا۔محاورہ) ڈر کر بھاگ جانا۔
دُم دبانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) بھاگنا (۲) مغلوب ہونا۔
دُم ریز۔ آخر موسم پر یا دوسری بار پھل دینے والا درخت۔
دُم سُم سے اچھا ہے۔ (ا۔مقولہ) (۱) موٹا تازہ ہے۔ فربہ ہے۔ اچھی حالت میں ہے۔
دُم علم کرنا۔ (ا۔مذ) (۱) ہاتھی کا بھاگتے ہوئے دُم اُونچا کرنا (۲) بچھو کا ڈنک کو اُونچا رکھنا۔
دُم کٹا بھینسا۔ (ا۔صف) فربہ اور سیاہ فام آدمی۔
دُم کے پیچھے پھرنا۔ (ا۔محاورہ) ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔
دُم گزا۔ (ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں سے دُم نکلی ہو (۲) کپڑے یا کاغذ کی دھجی جو چھوٹی کنکیا میں لگاتے ہیں (۳) (کنایۃً) جو ہر وقت ساتھ رہے۔
دُم لگ گئی۔ (ا۔محاورہ) نئی بات پیدا ہو گئی۔
دُم میں گھسنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) پناہ لینا (۲) خوشامد میں ہر وقت ساتھ رہنا (۳) بچے کا ماں کے پیچھے رہنا۔
دُم میں نمدا باندھنا۔ (ا۔محاورہ) مضحکہ اُڑانا۔ مذاق اُڑانا۔
دُم ہلانا۔ (ا۔محاورہ) دُم کو حرکت دینا (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
دَمادَم۔ (دَ۔ما۔دَ۔م) [ف] پے در پے۔ متواتر۔
دِماغ۔ (دِ۔ماغ) [ع۔ا۔مذ] (۱) سر کا گودا۔ بھیجا۔ مغز (۲) عقل۔ فہم۔ دانائی (۳) برداشت۔ تاب۔ طاقت (۴) اَوسان۔ ہوش حواس (۵) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔
دِماغ آسمان پر ہونا۔ (ا۔محاورہ) مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔
دِماغ اُٹھانا۔ (ا۔محاورہ) ناز اُٹھانا۔
دِماغ اُٹھنا۔ (ا۔محاورہ) ناز برداری ہونا۔
دِماغ اور ہونا۔ (ا۔محاورہ) غرور ہونا۔
دِماغ بڑھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) زیادہ مغرور ہونا (۲) نازک دماغ ہونا۔
دِماغ بہکنا۔ (ا۔محاورہ) پاگل ہو جانا۔
دِماغ بھونک بھونک کے خالی کرنا۔ (ا۔محاورہ) بک بک کرکے تھک جانا یا دوسرے کو تھکا دینا۔
دِماغ پریشان کرنا۔ (ا۔محاورہ) بک بک کرکے یا شور مچا کر تنگ کرنا۔ (۲) حواس باختہ کرنا۔
دِماغ پھرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دماغ پریشان ہونا (۲) سڑی ہونا۔ باؤلا ہونا۔
دِماغ تر ہونا۔ (ا۔محاورہ) دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا۔
دِماغ تیز ہونا۔ (ا۔محاورہ) دماغی قوت زیادہ ہونا۔
دِماغ جھڑکنا۔ (ا۔محاورہ) غرور دور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔



Marfat.com

**دِماغ چاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) بکواس کرنا۔ بہت بولنا۔
**دِماغ چَٹ**۔ (ا۔ صف) بکواسی۔ بکی۔
**دِماغ چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) دولت کی فراوانی سے مغرور ہونا۔
**دِماغ چلا**۔ (ا۔ صف) مغرور۔
**دِماغ چوتھے آسمان (فلک) پر ہونا**۔ بہت مغرور ہونا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
**دِماغ چل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) پاگل ہو جانا۔ سڑی ہو جانا۔
**دِماغ دار**۔ (ف۔ صف) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔ گھمنڈی۔
**دِماغ داری**۔ (ف۔ ا۔ مث) غرور۔ خود پسندی۔ تکبر۔
**دِماغ دُرست ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور و تکبر دُور ہو جانا۔ غصّہ دُور ہونا۔
**دِماغ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ اترانا۔
**دِماغ روشن**۔ (ا۔ مث) نسوار۔ ہلاس۔
**دِماغ ساتویں آسمان پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت مغرور اور متکبر ہونا۔
**دِماغ سوزی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دماغی محنت۔
**دِماغ سے نئی اُترنا**۔ (ا۔ محاورہ) نئی بات سُوجھنا۔
**دِماغ (ساتویں آسمان) عرش پر ہونا**۔ مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔
**دِماغ کا خلل**۔ (ا۔ مذ) جنون۔ سودا۔ پاگل پن۔
**دِماغ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اترانا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
**دِماغ کو چڑھ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تمباکو۔ شراب یا کسی دوسری نشہ آور شے کے اثر سے سر گھومنے لگنا۔
**دِماغ کو سردی چڑھ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) زکام ہو جانا۔
**دِماغ کو گرمی چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت غرور ہونا۔ گرمی ہونا (۲) سڑی ہونا۔ پاگل ہونا۔
**دِماغ کھالینا**۔ (ا۔ محاورہ) زیادہ باتیں کر کے پریشان کرنا۔
**دِماغ کی گرمی اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور مٹا دینا۔
**دِماغ کی لینا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔
**دِماغ کے کیڑے جھاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) سمجھاتے سمجھاتے یا باتیں کرتے ہوئے تھک جانا۔
**دِماغ لوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز نظر میں نہ سمانا (۲) گھبراہٹ ہونا۔
**دِماغ مغز سے خالی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دماغ کمزور ہونا (۲) بے وقوف ہونا۔
**دِماغ میں بسنا**۔ (ا۔ محاورہ) ذہن پر دیر تک اثر رہنا۔
**دِماغ میں خلل ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جنون ہونا۔
**دِماغ میں ہوا بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوئی دھن سما جانا۔
**دِماغ نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور و تکبر نکل جانا۔
**دِماغ نہ ملنا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور و تکبر کی وجہ سے کسی طرف متوجہ نہ ہونا۔
**دِماغ نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) برداشت نہ ہونا۔ گوارا نہ ہونا۔
**دِماغی**۔ (ف۔ صف) (۱) دِماغ سے نسبت رکھنے والا (۲) مغرور۔ متکبر۔ (۳) خود پسند (۴) نازک مزاج۔ تنک مزاج۔
**دمامہ**۔ (دَ۔ ما۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نقارہ (۲) شور (۳) رونق۔ چہل پہل۔

**دَماں**۔ (دَ۔ ماں) (ف۔ صف) (۱) تیز چلنے والا (۲) طاقت ور (۳) خونخوار (۴) ڈراؤنا۔
**دَمانا**۔ (دَ۔ ما۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چمکدار ہونا۔ ملائم ہونا (۲) تلوار کو دبا کر یا ٹیڑھا کر کے لچک دیکھنا۔
**دَمانک**۔ (ق۔ ا۔ مث) تیز چلنا۔ جلد روی۔
**دَمانک**۔ (دَ۔ ما۔ نک) (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ قرابین
**دُمچی**۔ (دُم۔ چی) (اُ۔ ا۔ مث) گھوڑے کے ساز کا وہ چمڑا جو دُم کے نیچے رہتا ہے۔
**دَمدَمہ**۔ (دَم۔ دَ۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) مصنوعی قلعہ۔ مورچہ۔ دُھس۔
**دمدمہ باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مورچہ بندی کرنا۔
**دمدمے میں دَم نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) طاقت ختم ہو جانا۔
**دُمرک**۔ (دُم۔ رَک) (ہ۔ ا۔ مذ) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس میں تکلا لگاتے ہیں (۲) دمرکا۔ دکڑا۔
**دُمریزی**۔ (ا۔ مث) وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد یا توڑنے کے بعد آئے۔
**دُمڑچا**۔ (دَ۔ مڑ۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) پتنگ جو دمڑی میں بکتا ہے۔
**دمڑی**۔ (دَم۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھدام۔ پیسے کا چوتھا حصّہ (۲) چوتھائی۔ چوتھا حصّہ (۳) زمین کا ایک ماپ۔ کچے پچیس بیگھے۔
**دمڑی۔ دمڑی**۔ (ا۔ مث) کوڑی کوڑی۔ کم سے کم۔ مکمل رقم۔
**دمڑی کا**۔ (ا۔ صف) دمڑی کی۔ بہت کم قیمت کی۔ معمولی۔
**دمڑی کا پوستی**۔ (ا۔ مثل) کھلونا جس کا سر ہوا سے ہلتا رہتا ہے۔ نکما آدمی۔
**دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی**۔ (ا۔ مثل) اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ وہ شے جس کے اوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے۔
**دمڑی کی ہانڈی بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں**۔ (ا۔ مثل) ہر کام خوب سوچ بچار کے بعد کرنا چاہیے۔
**دمڑی کی ہانڈی گئی۔ کتے کی ذات پہچانی گئی**۔ (ا۔ مثل) تھوڑا سا نقصان تو ہوا مگر تجربہ ہو گیا۔
**دمڑی کے تین تین**۔ (ا۔ مثل) نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔
**دمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے**۔ (ا۔ مثل) تکلیف ہو مگر خرچ نہ ہو
**دمڑے**۔ (دَم۔ ڑے) (ہ۔ ا۔ مذ) دام۔ روپے۔
**دمڑے خرچنا**۔ (ا۔ محاورہ) مول لینا۔ خریدنا۔
**دَمک**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چمک۔ درخشانی (۲) سرخی۔ چہرے یا سونے کی تمتماہٹ (۳) گرمی۔ گرم ہوا (۴) جوش۔ جذبہ۔
**دمکلا**۔ (دَم۔ کَ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پانی چڑھانے کی کل (۲) پچکاری۔ پمپ (۳) دُخانی کل (۴) آگ بجھانے کا انجن۔
**دَمکنا**۔ (دَ۔ مَک۔ نا) (ہ۔ مص) چمکنا۔ جھلکنا۔
**دُمل**۔ (دُم۔ مَل) (ع۔ ا۔ مذ) پھوڑا۔ دنبل۔
**دَمَن**۔ (دَ۔ مَن) (ف۔ ا۔ مذ) ٹیلا۔ مٹی کا بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی (ہ۔ ا۔ مث) راجہ نل کی محبوبہ کا نام۔
**دمنا**۔ (دَم۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چمکنا۔ دمکنا (۲) لوہے کا ملائم ہونا۔ (۳) مُرجھانا



Marfat.com

دُبرا ہو جانا (۴) "گن" "دمیدن" سے
دُمُنہا - (دُ۔مُنہ۔ہا) [ہ۔ا۔مذ] دومنہ کا - دومُنہ والا سانپ۔
دَمَوی - (دَ۔مَ۔وی) [ع۔صف] خونی۔خون کا۔منسوب بہ خون۔
دَموی مزاج - (ع۔صف) وہ شخص جس میں خون کی خلط بڑھ جائے۔
دَمہ - (دَ۔مہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) دھونکنی۔ دھونکنی کا جوڑا (۲) سانس کا روگ۔
ضیق النفس۔ وہ بیماری جس میں سانس رُک رُک کر آئے۔
دَمہ دَم کے ساتھ۔ (مثل) دَمہ کا مرض مرتے دَم تک نہیں جاتا۔
دَمی - (ف۔ا۔مث) چھوٹی سی گڑگڑی۔ ایک ... (۲) چھوٹا حقہ۔
دَمیتا - (دَ۔مے۔تا) [ق۔صف] مال دار۔امیر۔
دمیدگی - (دَ۔می۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) ہوا کا چلنا۔پھولوں کا کھلنا
پودوں کا پھوٹنا۔شاخوں کا نکلنا۔خوشبوؤں کا پھیلنا (۲) خارش۔
مہاسے۔کوئی چیز جو بدن پر پھوٹے۔
دَمیدہ - (دَ۔می۔دَہ) [ف۔صف] کھلا ہوا۔پھوٹا ہوا۔پھوٹنے والا
کھلنے والا۔

# د ـــــــ ن

... مث) پٹاخہ۔ بندوق یا توپ کی آواز۔
... (متعلق فعل) تڑاق سے۔ زور کی آواز کے ساتھ۔
دن - [ہ۔ا۔مذ] (۱) سورج کے نکلنے سے غروب ہونے کا عرصہ (۲) روز۔
(۳) روشنی کا وقت (۴) صبح۔تڑکا (۵) زمانہ۔ دور۔ وقت۔
(۶) ساعت۔گھڑی (۷) موسم۔ رُت (۸) واقعات (۹)
بخت۔نصیب۔
دن آنا - (ا۔محاورہ) (۱) رُت آنا (۲) موت کا وقت آنا (۳) حیض آنا۔
(۴) شامت آنا۔بُرے دن آنا۔
دن بدن - روز بروز۔ہر روز۔ رفتہ رفتہ۔شدہ شدہ۔
دن بدنا - (ا۔محاورہ) تاریخ مقرر کرنا۔
دن بھاری (ہونا) رہنا - (ا۔محاورہ) سختی کے دن آنا۔تنگ دستی ہونا۔
دن بھر - تمام دن۔تمام روز۔
دن بھرنا - (ا۔محاورہ) مصیبت کے دن پورے کرنا۔مصیبت میں
بسر کرنا۔
دن بہرنا - (ا۔محاورہ) اچھے دن آنا۔قسمت کھلنا۔
دن پڑا ہے - (ا۔محاورہ) ابھی بہت وقت باقی ہے۔
دن پڑنا - (ا۔محاورہ) (۱) مصیبت آنا۔ بُرا وقت آنا (۲) رانڈ ہونا۔
بیوہ ہونا۔
دن پورے کرنا - (ا۔محاورہ) مصیبت کے دن کاٹنا۔ زندگی جوں
توں بسر کرنا۔
دن پہاڑ ہو جانا - (ا۔محاورہ) دن کاٹنا دشوار ہو جانا۔
دن پھرنا - (ا۔محاورہ) اچھے دن آنا۔خوش حال ہونا۔مصیبت کے بعد
راحت ہونا۔
دن پھیرنا - (ا۔محاورہ) بُرے اور منحوس دنوں کو دُور کرنا۔
دن ٹلنا - (ا۔محاورہ) حیض کا نہ آنا۔معمول کے دن گذر جانا۔
دن جاتے دیر نہیں لگتی - (مثل) وقت جلد گزر جاتا ہے۔
دن چڑھانا - (ا۔محاورہ) دیر کرنا۔ دھوپ چڑھانا۔صبح کا وقت گذارنا
دن چڑھے - سورج نکلنے پر۔آفتاب کے بلند ہو جانے پر۔
دن چھپنا - (ا۔محاورہ) سورج ڈوبنا۔شام ہونا۔
دن دکھانا - (ا۔محاورہ) خوشی کا موقع نصیب کرنا۔
دن دِکھلوانا - (ا۔محاورہ) نجومی سے ساعت معلوم کرانا۔
دن دُونا رات چوگنا - (ا۔محاورہ) زیادہ سے زیادہ۔بہت زیادہ۔
دن دہاڑے - (۱) دن میں۔سب کے سامنے۔کھلے بندوں۔علانیہ۔
دن دیکھا نہ رات - (ا۔روزمرہ) وقت بے وقت کا خیال نہ کرنا۔
دن ڈھلنا - سورج کا زوال شروع ہو جانا۔ دن گھٹنا۔
دن ڈھلے - (۱) دوپہر کے بعد۔
دن رات - (۱) شب و روز۔چوبیس گھنٹے۔ہر وقت۔
دن رات کا بکھیڑا - (مثل) ہر وقت کا جھگڑا
دن رہے - (۱) شام سے کچھ پہلے۔
دن سن - سن و سال۔
دن سدھارنا - (ا۔محاورہ) زمانہ چلا جانا۔
دن سے - (۱) دن چھپنے سے پہلے۔سرِ شام۔
دن سیدھے ہونا - (ا۔محاورہ) فارغ البالی ہونا۔ بھلے دن آنا۔
دن صاف گذر جانا - (ا۔محاورہ) کھانے کو کچھ نہ ملنا۔فاقہ ہونا۔
دن عید رات شب برات - (مثل) رات دن عیش و نشاط۔
دن قرار پانا - (ا۔محاورہ) کسی کام کے لیے دن مقرر ہونا۔ دن ٹھہرنا۔
دن کاٹنا - (ا۔محاورہ) مصیبت سے بسر کرنا۔
دن کٹنا - (ا۔محاورہ) وقت گزرنا۔
دن کڑا ہونا - (ا۔محاورہ) مصیبت کا زمانہ ہونا۔
دن کو اُونی اُونی رات کو چرخہ پونی - بے موقع کام کرنے کی نسبت
کہتے ہیں۔
دن کو تارے دکھانا - صدمہ دماغی پہنچانا جس سے سر چکرا جائے (۲)
خوب مارنا۔
دن کو تارے نظر آنا - (۱) بہت تیز نظر ہونا (۲) سخت تاریکی ہو جانا۔
دن کو دن رات کو رات نہ جاننا - (ا۔محاورہ) کسی کام میں بہت مشغول
ہونا۔ دن رات کام کرنا۔
دن کو رات کہنا - (ا۔محاورہ) اُلٹی بات کہنا۔
دن کی پوچھی رات کی کہی - (مثل) جب کوئی بے تکی بات جواب میں
کہے تو اس وقت کہتے ہیں۔
دن کے دن - (۱) اسی دن۔ جلدی۔
دن گننا - (ا۔محاورہ) انتظار کرنا۔
دن گنوانا - (ا۔محاورہ) وقت ضائع کرنا۔عمر برباد کرنا۔



Marfat.com

**دِن گئے** - (ا۔محاورہ) وہ موقع گذر گیا۔
**دِن لگنا** - (ا۔محاورہ) (۱) اترانا۔گھمنڈ ہونا۔نخوت و غرور پیدا ہونا۔
**دن مان** - مقدار یوم۔ دن کا بڑھنا۔ دن کا انداز۔
**دِن منانا** - (ا۔محاورہ) یادگار کے طور پر تقریب منانا۔
**دِن میں سوئے۔روزی کھوئے** - (مثل) جو دن کو کام نہ کرے۔ اس کی زندگی تنگی میں گذرتی ہے۔
**دِن نکلنا** - (ا۔محاورہ) سُورج نکلنا۔صُبح ہونا۔
**دِن ہوا ہونا** - (ا۔محاورہ) اچھا وقت گذر جانا۔ بھلا زمانہ گذر جانا۔
**دِن ہو گئے** - (ا۔محاورہ) کافی مُدّت ہو گئی۔بہت زمانہ گذر گیا۔
**دِنوں سے اُتر جانا** - عُمر سے ڈھلنا۔جوانی کا گذرنا۔
**دِنوں کا پھیر** - (۱) زمانے کی گردش (۲) ایام حیض کا گھٹنا بڑھنا۔
**دَنّا** - (دَن۔نا) (ہ۔صفت) موٹا۔مضبوط۔لمبا۔بڑا۔نڈر۔
**دَنّا بیل** - (ا۔مذ) قوی ہیکل۔مضبوط۔
**دُنّاب** - (دُن۔ناب) (ہ۔صفت) موٹا۔سُوجا ہوا۔پھُولا ہوا۔فربہ۔
**دَنادَن** - (دَ۔نا۔دَن) (ہ۔ا۔مث) چوٹ۔ضرب۔توپ۔بندوق۔ پٹاخہ کی پے در پے آواز۔
**دَنانیر** - (دَ۔نا۔نیر) (ع۔ا۔مذ) دینار کی جمع۔
**دناوُل** - (ق۔ا۔مذ) نشان۔
**دِنایت** - (دِ۔نا۔یَت) (ع۔ا۔مث) کمینہ پن۔رذالت۔
**دُنبالہ** - (دُم۔با۔لَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) دُم۔پیچھا (۲) آنکھ کا کویہ۔سُرمہ کی لمبی لکیر (۳) پتوار۔کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ۔
**دُنبالہ دار** - (ف۔ا۔مذ) دُم دار۔گچھے دار۔
**دُنبل** - (دُم۔بل) (ف۔ا۔مذ) پھوڑا۔دیکھیے دُمل۔
**دُنبہ** - (دُم۔بہ) (ف۔ا۔مذ) چکی کی وضع کی گول۔موٹی اور بھاری دُم والا مینڈھا۔
**دَنت** - (ہ۔ا۔مذ) دانت کا مخفف۔
**دَنت کریدنی۔دنت کھودنی** - (ہ۔ا۔مذ) خلال۔
**دَنتو** - (دَن۔تو) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے آگے کے دانت بڑے بڑے ہوں۔
**دَنتیلا** - (دَن۔تی۔لا) (ہ۔صفت) بڑے بڑے دانتوں والا۔
**دَند** - (ف۔ا۔مذ) (۱) جولاہے کا راچھ (۲) دشمنی (ق)۔
**دندسارنا** - (ہ۔ا۔محاورہ) دشمنی پھیلانا۔
**دُند** - (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑا نقارا۔دمامہ (۲) غُل۔شور (۳) اندھیر ظلم۔
**دُند مچانا** - (ا۔محاورہ) (۱) شور مچانا (۲) ظلم ڈھانا۔
**دَندان** - (دَن۔دان) (ف۔ا۔مذ) دانت۔
**دَندانِ آز تیز کرنا** - (ا۔محاورہ) لالچ کرنا۔حرص کرنا۔
**دَندانِ خرد** - (ف۔ا۔مذ) عقل داڑھیں۔
**دندانِ دراز** - (ف۔صفت) لالچی۔حریص۔
**دندان ساز** - (ف۔ا۔مذ) (۱) مصنوعی دانت بنانے والا (۲) ڈینٹسٹ۔

**دندان شکن جواب دینا** - (ف۔صفت) منہ توڑ جواب دینا۔
**دندانِ شیر** - (ف۔ا۔مذ) دُودھ کے دانت۔
**دندان گیر** - (ف۔ا۔مذ) سامنے کے دانت۔
**دندان مِصری** - (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں۔
**دَندانہ** - (دَن۔دا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) آرے کا خار۔
**دَندن** - (دَن۔دَن) (ق۔ا۔مث) دُشمن۔
**دَندنانا** - (دَن۔دَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) خوشی منانا۔مزے اُڑانا۔عیش کرنا۔
**دنڈارس** - (دن۔ڈا۔رَس) (ق۔ا۔مذ) مختلف رنگوں میں رنگے ہوئے کپڑے کا نام۔
**دَنڈلنا** - (دَن۔ڈل۔نا) (ق۔مص) مارے مارے پھرنا۔
**دَندنا** - (ق۔مص) سزا دینا۔جرُمانہ کرنا۔
**دَنڈمُنڈیاں** - سر اور بازوؤں کی کوشش سے کوئی کام کرنا۔
**دَنڈے مُنڈے** - (ق) سر اور بازوؤں کی کوشش۔
**دُنکا** - (دُن۔کا) (ہ۔ا۔مذ) اناج کا دانہ۔
**دَنگ** - (ف۔صفت) حیران۔متحیر۔متعجب۔ششدر۔ہکا بکا۔
**دَنگ چوُر** - (ا۔صفت) غمگین۔رنجیدہ۔(ق)
**دنگ رہ جانا۔دَنگ ہونا** - (ا۔محاورہ) حیران رہنا۔متحیر ہونا۔متعجب ہو جانا۔
**دَنگا** - (دَن۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لڑائی۔جھگڑا۔فساد۔بلوہ۔ہنگامہ۔شور۔شرارت۔
**دَنگل** - (دَن۔گل) (ف۔ا۔مذ) (۱) کُشتی کرنے کی جگہ۔اکھاڑہ (۲) بھیڑ۔انبوہ (۳) پہلوان کی جائے نشست۔
**دنگل باندھنا۔دنگل جمانا** - (ا۔محاورہ) (۱) لوگوں کا حلقہ باندھنا کُشتی کے واسطے مجمع کرنا۔
**دُنگل ٹوٹ جانا** - (ا۔محاورہ) مجمع تتر بتر ہو جانا۔
**دُنگل مارنا** - (ا۔محاورہ) کُشتی جیتنا۔فتح پانا۔
**دُنگل میں اُترنا** - (ا۔محاورہ) کُشتی کے لیے میدان میں آنا۔
**دنگئی** - (دَن۔گَ۔ای) (ا۔صفت) لڑاکا۔جنگجو۔شریر۔
**دنوں کا پھیر** - (ا۔محاورہ) قسمت کا چکر۔گردشِ زمانہ۔ایام حیض کا گھٹنا بڑھنا
**دِلوندا** - (دِ۔لوَن۔دا) (ہ۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں دِن کو کم دکھائی دیتا ہے۔
**دَنی** - (دَ۔نی) (ع۔صفت) (۱) کمینہ۔رذیل۔سفلہ۔
**دُنی** - (ق۔ا۔مث) دُنیا۔
**دُنیا** - (دُن۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) کرۂ ارض۔عالم۔کائنات۔جہان۔ (۲) موجودہ زندگی (۳) لوگ (۴) بہت سی چیزیں (۵) دولت۔جائداد (۶) دنیا کے مزے۔
**دُنیا آباد ہونا** - (ا۔محاورہ) (۱) لوگوں کا کسی جگہ بسنا (۲) لوگوں کی اچھی حالت ہونا (۳) خوشحال ہونا۔
**دُنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا** - (ا۔محاورہ) سخت گھبرا جانا۔کچھ نہ سوجھنا



Marfat.com

دُنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) انقلاب عظیم ہونا۔
دُنیا اندھیر ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) غم کے باعث کچھ نہ سُوجھنا۔ سخت گھبراہٹ ہونا
دُنیا بہ اُمید قائم۔ (مثل) انسان اُمید کے سبب زندگی بسر کرتا ہے۔
دُنیا بھر کی خاک چھاننا۔ (ا۔ محاورہ) بہت تلاش و جستجو کرنا۔
دُنیا بھر کے۔ (ا) بہت سے۔ نہایت۔ کمال۔ بے انتہا۔
دُنیا بھر کے جتن۔ (ا۔ مذ) ہر قسم کی تدبیریں۔
دُنیا پرست۔ (ف۔ صف) دُنیا دار۔ لالچی۔
دُنیا پر لات مارنا۔ (ا۔ محاورہ) دنیا کو ترک کر دینا۔ گوشہ نشین ہو جانا۔
دُنیا جہان۔ (ف۔ ا۔ مذ) تمام عالم۔
دُنیا چھاننا۔ (ا۔ محاورہ) بہت تلاش کرنا۔
دُنیا چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) فقیر ہو جانا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔
دُنیا دار۔ (ف۔ صف) (۱) دُنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا آدمی (۲) ظاہری اخلاق کا آدمی۔ ملنسار آدمی (۳) چالاک آدمی۔ امیر آدمی۔
دُنیا داری۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) دنیا کے دھندے۔ تعلقات (۲) کنبہ۔ بال بچے۔ رشتہ داریاں (۳) خانہ داری (۴) ملنساری۔ میل جول۔
دُنیا دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) تجربہ کار ہونا۔
دُنیا ساز۔ (ف۔ صف) ظاہر داری کرنے والا۔ دُنیا دار۔
دُنیا سازی۔ (ف۔ ا۔ مث) ظاہرداری کی باتیں۔ بناوٹ۔ نمائش۔
دُنیا سازی کی باتیں۔ (ا۔ محاورہ) ظاہر داری کی باتیں۔
دُنیا سے اُٹھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) سدھارنا۔ کوچ کرنا۔ مرجانا۔
دُنیا سے اُڑ جانا۔ (ا۔ محاورہ) معدوم ہونا۔ غائب ہونا۔
دُنیا سے الگ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سب سے بے تعلق ہونا۔
دُنیا سے دل اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) دُنیا چھوڑ دینا۔
دُنیا سے روانہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مرجانا۔
دُنیا سے ہاتھ دھونا۔ (ا۔ محاورہ) دُنیاوی معاملات سے دست بردار ہونا
دُنیا غرض کی ہے۔ (ا۔ مقولہ) مطلب نکل جانے کے بعد کوئی کسی کو نہیں پُوچھتا۔
دُنیا کا ابھی کیا دیکھا۔ (ا۔ محاورہ) کم عمر ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔
دُنیا کا کتا۔ (ا۔ محاورہ) طالبِ دُنیا۔ لالچی۔ ذلیل۔ دنیاوی فائدوں کو عاقبت پر ترجیح دینے والا۔
دُنیا کا کہنا۔ (مص۔ مرکب) سب لوگوں کا کہنا۔
دُنیا کا لہو سفید ہونا۔ (ا۔ محاورہ) لوگوں میں محبت نہ رہنا۔
دُنیا کی ٹھوکریں کھانا۔ (ا۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔
دُنیا کی ہوا کھانا۔ (ا۔ محاورہ) مزے اُڑانا۔
دُنیا کی ہوا لگنا۔ (ا۔ محاورہ) دُنیا کا اثر ہونا۔ دنیا کا مزہ پڑنا۔
دُنیا کے عیب۔ (ا۔ مذ) ہر قسم کی بُری باتیں۔
دُنیا میں نام کر جانا۔ (ا۔ محاورہ) کوئی بڑا کام کرکے اچھی شہرت حاصل کرنا
دُنیا و مافیہا۔ (ع۔ ا۔ مث) دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔
دُنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا ہوش نہ ہونا۔
دُنیائے بے ثبات۔ (ع۔ ا۔ صف) یہ عالم جو فانی ہے۔

دُنیائے دَنی۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کمینی دُنیا۔
دُنیاوی۔ (دُن۔ یا۔ وی) (ع۔ صف) دُنیا کا۔ دُنیا سے نسبت رکھنے والا۔
دُنیوی۔ (دُن۔ یَ۔ وِی) (ع۔ صف) دِینی کا نقیض۔ دُنیا سے منسوب۔ دُنیا کا۔

## د ـــــ و

دو۔ (ف۔ صف) (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ (۲) جوڑا۔ جُفت (۳) الگ۔ جُدا۔ غیر (۴) چند۔
دوآب۔ دوآبہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) زمین جو دو دریاؤں کے درمیان ہو۔
دوآتشہ۔ (ف۔ صف) (۱) وہ عرق یا شراب جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کشید کی جائے (۲) تیز و تند۔
دوآتشہ پلانا۔ (ا۔ محاورہ) اشتعال دینا۔
دوآشیانہ۔ ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔
دوآنسو گرانا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا رونا۔
دواسپہ۔ (ف۔ صف) (۱) دو گھوڑوں کے جوت کی سواری (۲) دو گھوڑوں کی ڈاک (۳) جلد۔ فوراً۔
دواک۔ دوایک۔ (ا۔ صف) چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔
دوانگل کی بچی۔ (ا۔ مث) چھوٹی سی لڑکی۔
دوانگلیاں ماتھے پر رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) لاپرواہی سے سلام کرنا۔
دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند } (ف۔ مثل) ایک ملک میں دو بادشاہ
دہ درویش در گلیمے بخسپند } ہوں تو ان میں ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے مگر دس فقیر ایک گدڑی میں سو جاتے ہیں۔
دو باتوں میں۔ (ا) چند فقروں میں۔
دوبار۔ (ا) دو دفعہ۔
دوبارہ۔ (ف۔ صف) دوسری مرتبہ یا دوسری دفعہ۔ مکرر۔
دوباز۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کنکوا جس کے دو کنڈے رنگ دار ہوں (۲) ایک قسم کا باز (۳) دو رنگے بازو کا کبوتر۔
دوبالا۔ (ف۔ صف) دُگنا۔ دو چند۔ دُوتا۔
دوبَر۔ دوبرا۔ (ف۔ صف) دو پاٹ کا۔
دوبکدا۔ (ا۔ مذ) دو بیلوں کا چھکڑا۔
دوبول پڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) نکاح پڑھانا۔ لڑکی کا مذہبی بموجب نکاح کر دینا۔
دوبھیل یا دوبھیلیا۔ (ا۔ صف) (۱) دو رنگی (۲) منافق۔
دوبھیل بات۔ (ا۔ مث) پہلو دار بات۔
دوبتی۔ (ا۔ صف) رُباعی۔
دوپاٹی۔ (ہ۔ ا۔ مث) دو عرض کا۔ دو پاٹ کا۔
دوپارہ۔ (ف۔ صف) دو ٹکڑے۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پھٹا ہوا۔



Marfat.com

**دو پاڑا۔** کام کرتے ہوئے ہنگاموں کو لپیٹ لینا۔
**دو پائے پر چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) داڑھی چڑھا لینا (۲) بندوق کے دونوں گھوڑے انتہائی حد پر چڑھا لینا۔
**دو پائے کا تعویذ۔ دو پائے کا نقش۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا نقش مثلث
**دوپٹا۔** (ا۔ مذ) (۱) دو پاٹ کا چادر (۲) عورتوں کی اوڑھنی (۳) وہ چادر جو مرد کمر میں باندھتے ہیں۔
**دوپٹا اٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) عورتوں کا کوسنے یا دُعا دینے کے لیے دونوں ہاتھوں سے دوپٹے کو اُونچا کرنا۔
**دوپٹا بدلنا۔** (ا۔ محاورہ) بہنا پا کرنا۔
**دوپٹا تان کے سونا۔** (ا۔ محاورہ) بے فکری سے سونا۔
**دوپٹا ڈھلنا۔ ڈھلکنا۔** (ا۔ محاورہ) دوپٹے کا سینے سے سرک جانا۔
**دوپٹا گردن میں ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔
**دوپٹا ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) پناہ مانگنا۔ ہار ماننا۔ صلح کا خواہاں ہونا۔
**دوپٹیا۔** (ا۔ مذ) (۱) کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو (۲) ایک قسم کا پتنگ جس میں دو رنگ کی پٹیاں ہوں (۳) دوپٹا کی تصغیر۔ اوڑھنی۔ چُنری۔
**دوپرتا۔** (ف۔ صف) دُوہرا۔ دو تہہ کا۔
**دوپشتہ۔** (ف۔ صف) دونوں طرف چھپا ہوا (۲) دو رُخہ۔ دو طرفہ۔
**دوپشتہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کاغذ کو ایک طرف چھاپ کر دوسری طرف چھاپنا۔ دو رُخہ بنانا۔
**دو پلڑی۔** (ا۔ مث) دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی۔
**دو پلیا۔** (ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا کبوتر (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) ایک قسم کا نگینہ۔
**دو پنچھی۔** (ا۔ مث) ایک قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے۔ اس کی کڑتیاں بنتی ہیں۔
**دوپہر۔** (ا۔ مث) (۱) بارہ بجے دن کا وقت، جب سُورج عین سر پر ہو۔ (۲) ایک پہر کا دوگنا۔
**دوپہر آنا۔** (ا۔ محاورہ) سُورج کا عین سر پر ہونا۔ نصف دن کا گذر جانا۔
**دوپہر بجنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دن کے بارہ بجنا (۲) دوپہر کا گھنٹہ بجنا۔
**دوپہر ڈھلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زوال کا وقت ہونا (۲) دن ڈھلنا۔
**دوپہر کی چیل۔** وہ لڑکا جو دوپہر کو مارا مارا پھرے۔
**دوپہریا۔** (ا۔ صف) (۱) ایک پھول جو اکثر دوپہر کو کھلتا ہے (۲) بچہ جو دن کے بارہ بجے پیدا ہو (۳) دوپہر کا وقت۔
**دوپیازہ۔** (ا) سالن جس میں دو دفعہ پیاز ڈالتے ہیں اور ترکاری نہیں ڈالتے۔
**دوتا۔** (ف۔ صف) (۱) دُگنا۔ دُہرا (۲) ٹیڑھا (۳) کُبڑا۔
**دوتارا۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جس میں دو تار ہوتے ہیں۔
**دوتہی۔** (ہ۔ مث) وہ موٹا کپڑا جو بستر کی بجائے دہرا بچھایا جاتا ہے۔
**دوٹوک۔** (ا۔ صف) (۱) دو پارہ۔ دو ٹکڑے (۲) صاف۔ کھرا (۳) فیصلہ کُن۔
**دوٹوک جواب دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) صاف انکار کرنا۔ صاف جواب دینا (۲) مختصر جواب دینا۔

**دوٹوک ہونا۔** (۱) فیصلہ ہونا (۲) رشتہ یا دوستی ٹوٹنا۔
**دوجہاں۔** (ف۔ مذ) دنیا اور آخرت۔
**دوجہاں سے جانا۔** (ا۔ محاورہ) دین و دنیا سے جانا۔ دین و دُنیا برباد ہو جانا۔
**دوجہاں سے کھونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کام کا نہ رکھنا۔ بیکار کر دینا۔
**دوجیبھا۔** (ف۔ ہ۔ صف) (۱) دو زبانوں والا (۲) بد عہد۔ منافق۔
**دو جورو کا خصم چوسر کا پانسا۔** (ا۔ مثل) دو بیویوں والا ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
**دُوجیا۔** حاملہ عورت۔
**دوچار۔** (ف۔ ہ۔ صف) (۱) چند۔ دو ایک۔ دو تین (۲) آمنے سامنے۔ ملاقی۔
**دوچار گھڑی رات رہے۔** (ا۔ محاورہ) سحری کے وقت۔
**دوچار ہاتھ رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا فاصلہ رہ جانا۔ تھوڑی سی کسر رہ جانا۔
**دوچار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا (۲) آنکھیں ملنا۔
**دوچت۔ دوچتا۔** (ہ۔ ا۔ صف) (۱) خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا متذبذب (۲) پریشان۔ مضطرب۔
**دوچشمی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے (۲) ہائے ہوز۔ مخلوط (ھ)
**دوچلو۔** (ف۔ ہ۔ صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
**دوچلو میں اُلّو ہونا، بہک جانا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑی سی شراب پی کر بہک جانا۔
**دوچنا۔** (ف۔ ہ۔ صف) دو دلا۔ پریشان (ق)
**دوچند۔** (ف۔ صف) دُگنا۔ دُونا۔ دوہرا۔
**دوچوبہ۔** (ف۔ صف) (۱) دو چوب والا (۲) ایسا خیمہ جس میں دو ڈنڈے ہوں۔
**دوچھتا۔** (ا۔ مذ) وہ مکان جس کی اُوپر تلے دو چھتیں ہوں۔
**دوحرف۔** (ف۔ ا۔ مذ) مختصر۔ تھوڑا سا۔
**دوحرف بھیجنا۔** (ا۔ محاورہ) لعنت بھیجنا۔ نفرین بھیجنا۔
**دوحرفی۔** (ف۔ صف) بہت مختصر۔
**دوخصمی۔** وہ عورت جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو۔ دو خاوند والی۔
**دودامہ۔** (ف ۔ سا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا بٹیل (۲) ایک بیل دار کپڑا۔
**دو دانے کو محتاج ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخت مفلس ہونا۔
**دودستہ۔** (ف۔ صف) دونوں طرف۔
**دو دستہ خلال۔** (ف۔ ا۔ مث) وہ بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک ساتھ شکست دی جائے۔
**دودستی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کُشتی کا ایک پیچ (۲) دو ہاتھ کا تلوار کا وار۔
**دو دل راضی تو کیا کرے گا قاضی۔** (ا۔ مثل) فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا۔
**دو دل ملنا۔** (ا۔ محاورہ) دو شخصوں کا اتحاد۔ دو طرفہ محبت ہونا۔



Marfat.com

**دو دِلا** ۔ (ف ۔ صف) (۱) شکّی ۔ وہمی (۲) متفکر ۔ حیران (۳) متذبذب ۔
**دو دِن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قلیل عرصہ ۔ تھوڑا سا زمانہ ۔
**دو دِن بہار دس دِن پت جھڑ** ۔ (مثل) عیش کم تکلیف زیادہ ۔
**دو دِن کا مہمان** ۔ (ف ۔ صف) (۱) عارضی ۔ فانی ۔ ناپائیدار (۲) مرنے کے قریب ۔
**دو دِن کی بات ہے** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) چند روز کا معاملہ ہے ۔
**دو دِن کی چاندنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) حسنِ چند روزہ (۲) عارضی خوبی ۔
**دو دِن (ہی) میں** ۔ (۱) تھوڑی سی مدّت میں ۔
**دو دِن پہ پکڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جلد مر جانا ۔ جوان مر جانا ۔
**دو دو باتیں** ۔ (ا ۔ مث) مختصر سوال و جواب ۔ چند باتیں ۔
**دو دو ہاتھ اچھلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت مضطرب ہونا ۔ بہت بے تاب ہونا ۔ کلیجے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔
**دو دو ہاتھ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) لڑائی کرنا (۲) آزمائش کے لیے تھوڑی سی لڑائی کرنا ۔
**دو دھارا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) تیغ دو دَم ۔ دہری دھار کی (۲) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں (۳) ایک قسم کا تھوہر جس کی دہری شاخیں ہوتی ہیں ۔
**دو دھاری تلوار** ۔ (ا ۔ مث) وہ سیدھی تلوار جس کے دونوں طرف باڑھ ہو ۔
**دو راہا** ۔ (ا ۔ مذ) وہ جگہ جہاں دو راستے ملیں یا نکلیں ۔
**دو رُخا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) دو رویہ (۲) دو پہلو والا (۳) منافق ۔ دو رنگا ۔
**دو رُخی** ۔ (ا ۔ صف) (۱) تصویر جس میں دونوں رُخ نظر پڑیں (۲) ایک قسم کی کمان (۳) منافقانہ ۔
**دو رَسا** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) دو قسم کا ملا ہوا تمباکو (۲) خمیرہ تمباکو ۔
**دو رَگا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) دوغلہ آدمی (۲) دو نسل کا مُرغ (۳) دو نسل کا گھوڑا ۔
**دو رَنگا** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دو رنگ کا (۲) ابلق (۳) منافق (۴) تلوّن مزاج ۔
**دو رنگی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بیگانگی ۔ دُوئی ۔ مغائرت ۔ مکاری ۔ منافقت ۔
**دو رُو** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دو رُخ کا (۲) منافق (۳) ایک پھول جس کا ایک رُخ سُرخ اور دوسرا زرد ہوتا ہے ۔ گُلِ رعنا ۔
**دو روز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) چند روز ۔
**دو روز کا مہمان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تھوڑا قیام کرنے والا شخص (۲) فانی ۔
**دو روزہ** ۔ (ف ۔ صف) مختصر وقفہ کا ۔ تھوڑی مدت کا ۔
**دو رویہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دونوں جانب سے ۔ دونوں طرف سے (۲) منافقانہ ۔
**دو زانو** ۔ (ف) گھٹنوں کے بَل ۔
**دو زانو بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھٹنوں کے بل بیٹھنا ۔ ادب سے بیٹھنا ۔
**دو سار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تیر یا نیزے کا کسی چیز یا بدن کے پار ہونا ۔
**دو ساکھی ۔ دو ساہی ۔ دو سائی** ۔ (ا ۔ صف) دو فصلی ۔ وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں ۔ وہ زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو ۔

**دو سالہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دو سال کی عمر کا (۲) وہ زمین جو دو سال بوئی گئی ہو (۳) وہ طالب علم جو فیل ہو کر دوسرے سال پھر اسی درجہ میں پڑھ رہا ہو ۔
**دو سخنہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایسے مصرعے (چٹکلے) جن کا جواب ایک ہو ۔ امیر خسرو کی ایجاد ہے جیسے ڈوم کیوں نہ گایا ۔ گوشت کیوں نہ کھایا جواب گلا نہ تھا ۔
**دو سَرا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دونوں جہان ۔
**دو سری** ۔ (ا ۔ مث) وہ زمین جس میں دو مرتبہ ہل چلایا گیا ہو ۔
**دو سَر ملوا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نکاح کرا دینا (۲) صُلح کرا دینا ۔
**دو سُوتی** ۔ (ا ۔ مث) دو سُوت کا بنا ہوا کپڑا ۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرشوں خیموں وغیرہ کے بنانے میں کام آتا ہے ۔
**دو سے تین بھلے** ۔ (مثل) مشورے کے لیے جتنے آدمی زیادہ ہوں اچھے ہوتے ہیں ۔
**دو سیرا (دو سیری)** ۔ (۱) دو سیر کا باٹ (۲) روپے کا دو سیر والا ۔
**دو شاخہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دو شاخ والا (۲) دو شاخوں کی لکڑی (۳) دو شاخوں کا درخت (۴) دو شاخوں کا شمع دان (۵) دو شاخوں کی مشعل ۔ (۶) بھنگ چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں ۔
**دو شالہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پشمینے کی دوہری چادر ۔
**دو شالے میں لپیٹ کر (لگانا) مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہجو ملیح کرنا ۔ درپردہ ذلیل کرنا ۔
**دو شنبہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پیر کا دِن ۔ سوموار ۔
**دو طرفہ ۔ دو طرفی** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) دو رویہ ۔ دونوں طرف ۔ دونوں جانب ۔
**دو عالم** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) دونوں جہان ۔
**دو عالم لُٹ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت تباہی ہونا ۔ قیامت آ جانا ۔
**دو عالم سے گزر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دُنیا اور عقبیٰ کی پروا نہ کرنا ۔
**دو عالم فراموش ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محویت میں سب کچھ بھول جانا ۔ دین و دُنیا کا ہوش نہ رہنا ۔
**دو عملہ** ۔ (ف ۔ ع ۔ مذ) وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیت ہو ۔ دو شخصوں کی حکومت ۔
**دو عملی** ۔ (ف ۔ ع ۔ مث) (۱) دو شخصوں کی حکومت (۲) بدانتظامی (۳) اختلافِ رائے ۔
**دو غزلہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) ایک بحر اور ایک ہی ردیف و قافیہ کی دو غزلیں ۔
**دو غلہ** ۔ (ا ۔ صف) دو نسل کا ۔ جس کے ماں باپ کی نسل الگ الگ ہو (۲) کمینہ ۔ بداصل ۔ بدذات ۔
**دو فٹہ** ۔ (ا ۔ مذ) ایک پیمانہ جس سے دو فٹ تک ناپا جاتا ہے ۔
**دو فصلہ** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) (۱) یکسوئی نہ رکھنے والا ۔ دو رنگا (۲) وہ درخت جس میں سال میں دو بار پھل لگے ۔
**دو فصلی** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) (۱) وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے ۔ (۲) دو فصلہ (۳) گول مول ۔ دو پہلو کی ۔
**دو فصلی باتیں** ۔ (ا ۔ مث) ایسی باتیں جن کے دو مطلب ہوں ۔ ظاہر کچھ اور



Marfat.com

باطن کچھ ہو۔

دو قدم۔ (ف۔ ت۔ مذ) (۱) تھوڑی دُور۔ چند قدم (۲) قریب۔ نزدیک۔

دو قدم آگے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سبقت لے جانا۔ کسی سے بڑھ جانا۔

دو قدم بڑھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا آگے بڑھ جانا۔

دو قدم چلنا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑی دُور چلنا۔

دو قلم کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دو ٹکڑے کرنا۔

دو قولی۔ (ا۔ مث) جھوٹ۔ دھوکہ۔ دو رنگی بات۔

دو کرنا۔ (ا۔ محاورہ) کاٹ دینا۔ دو حصے کرنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔

دو گن۔ (صف) (۱) دُگنا (ق) (۲) دونوں طرف (۳) ہر طرف۔

دو کوڑی کا۔ (ا۔ صف) بے وُقعت۔ گھٹیا۔ ذلیل۔

دو کوڑی کو نہ پُوچھنا۔ (ا۔ محاورہ) قدر نہ کرنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔

دو کوڑی کی آبرو کر دینا۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل کر دینا۔ عزت بگاڑ دینا۔

دو کوڑی کی بات۔ (ا۔ مث) نہایت گھٹیا بات۔

دو کوڑی کی حیثیت نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سخت مفلس ہونا۔ بے وقعت ہونا

دو کوڑی کی عزت ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) بے عزتی ہونا۔

دو گاڑا۔ (ا۔ مذ) دو نالی بندوق۔ وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں۔

دو گاڑا مارنا۔ (ا۔ محاورہ) ایک ہی دفعہ دو گولیاں بھر کر چلانا۔

دو گامہ چلنا۔ (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا آہستہ آہستہ چلنا۔

دو گانہ۔ (۱) جڑواں یا دُہری چیز (۲) نماز کی دو رکعتیں۔ نمازِ شکرانہ۔

دو گز زمین۔ (ف۔ا۔ مذ) قبر۔

دو گونہ۔ (ف۔ صف) (۱) دو قسم کا (۲) دو طرح کا۔

دو گھروں کا چراغ۔ (ا۔ مذ) دو گھروں کی آبادی اور رونق کا باعث۔ ددھیال اور ننھیال میں ایک ہی لڑکا۔

دو گھڑی۔ (ا۔ مث) تھوڑی دیر۔

دو گھڑی بجنا۔ (ا۔ محاورہ) رات کے دو بجے کا گھنٹہ بجنا۔

دو گھڑی دن رہنا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا دن باقی رہنا۔

دو گھڑی کا تڑکا۔ (ا۔ مذ) صبح کاذب۔ پو پھٹنے سے پہلے کا وقت۔

دو گھڑی کی بے حیائی سارے دن کا آدھار۔ (ا۔ مثل) انسان ذرا سی بے مروتی سے بہت سے نقصان سے بچ جاتا ہے۔

دو گیتی۔ (ف۔ مث) دو جہان۔ دُنیا اور عقبیٰ۔

دولتی۔ (ا۔ مث) چوپائے خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اُٹھا کر مارنا۔

دولتی پھینکنا۔ دولتی جھاڑنا۔ دولتی چلانا۔ دولتی مارنا۔ (ا۔ محاورہ) لاتیں مارنا۔ لاتیں چلانا۔

دولخت۔ (ف۔ صف) دو ٹکڑے۔ دو پارہ۔ بے جوڑ مصرعے۔

دولڑا۔ (۱) دو دھاگوں والا (۲) دو قطاروں والا (۳) دو رنگا۔ لگائی بجھائی کرنے والا (۴) ہار جس کی دو لڑیاں ہوں۔

دومٹ۔ (ا۔ مث) وہ زمین جس میں مٹی اور ریت ملی ہوئی ہو۔

دو ملا میں مرغی حرام۔ (ا۔ مثل) دو دعویداروں میں کام بگڑ جاتا ہے۔

دو منزلہ۔ دو درجے کا مکان۔

دو مُنہا۔ دو مُنہی۔ (ا۔ مذ۔ مث) دو موہی۔ دو مُنہ کا سانپ۔

دو مُنہ ہنس لینا۔ (ا۔ محاورہ) ذرا ہنس لینا۔ قدرے ہنسنا۔

دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا۔ (ا۔ مثل) صحبت دو ہی کی بھلی تیسرے کی شرکت ناگوار ہوتی ہے۔

دونالی۔ (ا۔ صف۔ مث) وہ بندوق جس کی دو نالیاں ہوں۔

دونالی چھتیانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بندوق چلانے کے لیے چھاتی پر رکھنا۔ (۲) لڑنے کے لیے تیار ہو جانا۔

دو نوالے۔ (ا۔ مذ) تھوڑی سی خوراک۔

دونوں۔ (صد استغراقی) ہر دو۔ دو کے دو۔

دونوں آنکھیں برابر ہیں۔ (ا۔ مقولہ) دونوں فریق میں سے کسی کو ترجیح نہیں دی جا سکتی۔

دونوں پلّے برابر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دونوں ایک جیسے ہونا۔

دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا۔ (ا۔ محاورہ) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔

دونوں جہاں سے کھونا۔ (ا۔ محاورہ) کہیں کا نہ رکھنا۔

دونوں جہاں میں بھلا ہو۔ (ا۔ محاورہ) دین و دُنیا میں بہتری ہو۔

دونوں جہاں میں مُنہ کالا ہو۔ (بددُعا) دنیا اور عاقبت میں رسوائی ہو۔

دونوں دین سے گئے پانڈے حلوا ملا نہ مانڈے۔ (ا۔ مثل) جو بہت لالچ کرے اُسے کچھ بھی نہیں ملتا۔

دونوں طرف۔ (ا۔ مث) (۱) فریقین (۲) ہر دو جانب۔

دونوں ملیدے۔ (ا۔ مذ) ہر طرح فائدہ۔

دونوں وقت ملنا۔ (ا۔ محاورہ) شام ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔

دونوں ہاتھ سے تالی بجنا۔ (ا۔ مثل) ہر دو فریقین کی مرضی سے جھگڑا یا صلح ہونا۔

دونوں ہاتھوں سے پگڑی تھامنا۔ (ا۔ مثل) بہت کوشش سے عزت بچانا

دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت تعظیم کرنا (۲) بیزاری ظاہر کرنا۔

دونوں ہاتھوں سے سلام لینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عاجزی ظاہر کرنا۔ (۲) پھیڑ پھاڑ کرنا۔

دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام لینا۔ (ا۔ محاورہ) صبر کرنا۔ بہت ضبط کرنا

دوورقی۔ (ا۔ مث) (۱) چھوٹی سی کتاب (۲) فرج۔

دوورقی کا سبق پڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) عیاشی کرنا۔ زنا کرنا۔

دووقتہ۔ دووقتی۔ (ا۔ صف) دونوں وقت۔ صبح شام۔

دو ہاتھ اچھلنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت بے تاب ہونا۔ بہت تڑپنا۔

دو ہاتھ چلنا۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑی سی لڑائی ہونا۔

دو ہاتھ کا کلیجہ ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ بڑھ جانا۔

دو ہاجن۔ (ا۔ صف) وہ عورت جس نے دوسرا خاوند کر لیا ہو۔

دو ہاجو۔ (ا۔ صف) وہ مرد جس نے دوسری شادی کی ہو۔

دوہتڑ یا دوہتھڑ۔ (ا۔ مذ) دو ہاتھ جو اپنے یا کسی کے سینے یا مُنہ پر مارے جائیں۔



Marfat.com

**دو ہتی تالی بجنا** - (امثل) دیکھیے دو ہاتھ سے تالی بجنا۔

**دُوہر** - (ہ۔مث) (۱) دُہری چادر۔ دولائی (۲) دریا کی قدیم تہ (۳) وہ اراضی جس میں دو فصلیں ہوں۔

**دو ہی دن میں** - (۱) عرصۂ قلیل میں۔ کم وقت میں۔

**دُوآ** - (دُو۔آ) (ا۔ا۔ مذ) (۱) دوجا۔ دوسرا (۲) تاش کا وہ پتہ جس میں دو نشان ہوں۔ دُکی (۳) جُوئے کے ایک داؤ کا نام (۴) دو کا ہندسہ۔

**دَوا** - (ع۔ا۔مث) دارُو۔ درماں۔ دوائی۔ علاج معالجہ۔

**دَوا آنا** - (ا۔ محاورہ) دوا یا علاج معلوم کرنا۔

**دوا پذیر** - (ع۔ ف۔صف) دوا کا اثر قبول کرنے والا۔

**دَوا خانہ** - (ع۔ ف ۔ا۔ مذ) (۱) شفاخانہ (۲) وہ کمرہ یا الماری جس میں دوائیں رکھی جاتی ہیں (۳) دوا کی دُکان۔

**دَوا دارُو** - (ورمن) علاج معالجہ۔ تیمار داری۔

**دَوا راس ہونا** - (ا۔ محاورہ) دوا کا موافق ہونا۔

**دَوا کو نہ مِلنا** - (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا۔ ذرا نہ ملنا۔

**دَوا لگانا** - دوا کا ضماد کرنا۔

**دَوا نِکلنا** - (ا۔ محاورہ) تدبیر نکلنا۔ علاج نکلنا۔

**دِوا** - (ق۔ا۔ مذ) دیا۔ چراغ۔

**دَوَاب** - (دَ۔وابّ) (ع۔ا۔ مذ) چوپائے۔ حیوان۔ مویشی۔

**دَواپَر** - (دَ۔وا۔پَر) (س۔ا۔ مذ) (۱) وہ پانسہ یا پانسے کا پہلو جس پر دو نشان بنے ہوں (۲) تیسرا جُگ جو آٹھ لاکھ ۶۴ ہزار برس کا سمجھا جاتا ہے۔

**دَوات** - (دَ۔وات) (ع۔ا۔ مث) سیاہی رکھنے کا ظرف۔

**دَوات آشوب** - (ف۔ مذ) وہ لکڑی جس سے صوف کو ہلاتے ہیں۔

**دَوات قلم** - (ف۔ ع۔ مذ) نقد کچھ نہیں۔ صرف ساکھ ہی ہے۔

**دَوادشی** - (دَ۔وا۔ دَ۔شی) (ہ۔ا۔مث) ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ۔ بڑھتے اور گھٹتے چاند کی بارھویں رات۔

**دَوادَوش** - (دَ۔ وا۔دَ۔دِش) (ف۔ا۔مث) دوڑ دھوپ۔ پیروی۔ کوشش۔ سعی۔ مجاہدہ۔

**دَوّار** - (دَو۔ وار) (ف۔ صف) (۱) گردش کرنے والا۔ پھرنے والا (۲) بدلنے والا۔

**دُوار۔ دوارا** - (دُ۔وار۔ دُ۔وا۔را) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) دروازہ۔ ڈیوڑھی۔ راستہ گُذر (۲) وسیلہ۔ ذریعہ (۳) آستانہ۔ چوکھٹ۔

**دَوازدہ** - (دَ۔ واز۔ دہ) (ف۔ عدد) بارہ۔

**دوازدہ امام** - (ف۔ا۔ مذ) بارہ امام جنہیں اہلِ تشیع معصوم مانتے ہیں (۱) حضرت علی مرتضےٰ (۲) امام حسنؑ (۳) امام حسینؑ (۴) امام علی زین العابدینؑ (۵) امام محمد باقرؑ (۶) امام جعفر صادقؑ (۷) امام موسیٰ کاظمؑ (۸) امام علی رضا (۹) امام محمد جواد التقیؑ (۱۰) امام علی نقیؑ۔ (۱۱) امام حسن عسکریؑ (۱۲) امام محمد مہدیؑ۔

**دَوازدہ مقام** - (ف۔ا۔ مذ) اصطلاحِ موسیقی میں گانے کے پردے جو بارہ ہوتے ہیں۔

**دوازدہم** - (ف) بارھواں۔ بارھویں۔

**دِوال** - (دِ۔وال) (ہ۔صف) دینے والا۔ دیوار۔

**دوال نہ ہونا** - (ا۔ محاورہ) نادہند ہونا۔ نہ دینا۔

**دُوال** - (دُ۔وال) (ف۔ا۔ مذ) (۱) تسمہ۔ رکاب کا تسمہ۔ نقارہ بجانے کا تسمہ (۲) دھوکا۔ دغا (۳) چمکتی ہوئی تلوار (۴) زمرّد۔

**دُوال مارنا** - (ا۔ محاورہ) نقارے پر تسمہ مارنا۔

**دِوالا** - (دِ۔وا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دیوالہ۔

**دِوالا پیٹنا۔ دِوالا پٹنا۔ دِوالا نِکل جانا** - (ا۔ محاورہ) دیوالیہ ہونا۔

**دِوالا نکال دینا** - (ا۔ محاورہ) (۱) قرض کی ادائیگی کے ناقابل ہو کر دوالے کی درخواست دے دینا (۲) زیر بار کرنا (۳) دوسرے کا بہت خرچ کرا دینا۔

**دِوالا نِکل جانا** - سخت نقصان ہونا۔

**دِوالی** - (دِ۔وا۔لی) (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کا ایک تہوار ۱۵ کاتک کو ہوتا ہے جس میں دولت کی دیوی لچھمی کی پوجا ہوتی ہے اور گھر گھر دیپ جلائے جاتے ہیں۔

**دِوالی بھرنا** - (ا۔ محاورہ) دوالی کی پوجا کرنا اور مٹھائی چڑھانا۔

**دُوالی** - (دُ۔وا۔لی) (ا۔ا۔مث) (۱) چمڑے کا تسمہ۔ پٹہ (۲) پیٹی۔ چپڑاس۔ پیٹی۔

**دِوالیا** - (دِ۔ وا۔لِ۔یا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) وہ شخص جس کا دوالا نکل جانے کے باعث کاروبار بند ہوگیا ہو (۲) مفلس۔ قلاش۔

**دِوالیں** - (دِ۔وا۔لیں) (ا۔ا۔مث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے۔

**دَوام** - (دَ۔ وا۔م) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ہمیشگی۔ مداومت۔

**دَوامی** - (دَ۔ وا۔مِی) (ف۔صف) دائمی۔ ہمیشہ کے لیے۔

**دوامی بندوبست** - (ف۔ا۔ مذ) زمین کی مالگذاری کی وہ تشخیص اور اُس سے متعلقہ انتظامات جو ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ کر دیئے جائیں۔

**دَوامی پٹہ** - (ا۔ مذ) ایسا پٹہ یا اجارہ جو ہمیشہ کے لیے ہو۔

**دَوال** - (دَ۔وا ل) (ف۔صف) (۱) دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا (۲) حیران۔ سرگرداں۔

**دِوانہ** - (دِ۔ وا۔نہ) (ا۔ا۔ مذ) (۱) سودائی۔ پاگل۔ مجنون (۲) احمق۔ بے وقوف۔ دیوانہ۔

**دَواوین** - (دَ۔وا۔ وِین) (ع۔ا۔مذ) دیوان کی جمع۔ شاعروں کے کلام کے مجموعے۔

**دَوائر** - (دَ۔وا۔ اِر) (ع۔ا۔ مذ) دائرہ کی جمع۔ حلقے۔

**دُوب** - (ہ۔ا۔مث) نرم اور عمدہ گھاس۔

**دُوبدُو** - (ف) آمنے سامنے۔ بالمقابل۔ رُوبرو۔

**دُوبدُو ہونا** - (ف۔صف) مقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ روبرو۔

**دُوبھر** - (دُو۔ بھَر) (ہ۔صف) (۱) دُشوار۔ مُشکل (۲) ناگوار (۳) بوجھ۔ مشکل۔

**دُوتی** - (ق۔ا۔مث) (۱) کٹنی (۲) دلالہ (۳) رقیب (۴) سوکن۔

**دُوتی** - (دُو۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) قاصدہ (۲) دلالہ۔ کٹنی۔ نائکہ (۳) شرارتی عورت



Marfat.com

(۴) چغل خور عورت (۵) باز (شکاری پرندہ) ق۔

دُوج۔ [ہ۔ا۔مث] قمری ماہ کی دوسری اور سترھویں تاریخیں۔

دُوجا۔ (دُو۔جا) [ہ۔صف] دوسرا۔ ثانی۔

دُوخت۔ [ف۔ا۔مث] سلائی۔ سیون۔

دُود۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) دھواں (۲) دھُند۔ غبار (۳) بُخارات۔ بھاپ۔

دُود چراغ۔ (ف۔ا۔صف) دیئے کی سیاہی۔

دُودکش۔ (ف۔ا۔مذ) دھُواں نکلنے کا سُوراخ۔ چمنی۔

دُودمان۔ (دُود۔مان) [ف۔ا۔مذ] (۱) بڑا قبیلہ۔ خاندان۔ کُنبہ (۲) نسل۔ قوم (۳) خوشبو۔

دُودَہ۔ (دُو۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) قوم۔ قبیلہ (۲) کُنبہ۔ خاندان (۳) چمنی (۴) بڑا لڑکا (۵) گول جھونپڑی (۶) چراغ کی سیاہی۔ کاجل۔

دُودھ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) شیر۔ لبن۔ وہ سفید سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے (۲) درخت یا پودے کا گاڑھا رس۔

دُودھ اُترنا۔ (ا۔محاورہ) دُودھ پیدا ہونا۔ دُودھ کا تھن یا پستان میں آجانا۔

دُودھ ادھاری۔ (ہ۔صف) صرف دُودھ پر گزارہ کرنے والا۔ وہ شخص جو اناج چھوڑ کر صرف دُودھ پر گزارہ کرے۔

دُودھ اُگلنا۔ (ا۔محاورہ) بچوں کا مُنہ سے دُودھ پھینکنا۔

دُودھ بچاکر۔ (ا) دودھ کا رشتہ چھوڑ کر۔

دُودھ بخشنا۔ (ا۔محاورہ) دُودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔

دُودھ بڑھانا۔ (ا۔محاورہ) بچے کا دُودھ چھڑانا۔

دُودھ بڑھائی۔ (ا۔مث) بچوں کا دُودھ چھڑانے کی رسم۔

دُودھ بڑھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دُودھ زیادہ ہونا (۲) دُودھ چھوٹنا۔

دُودھ بھائی۔ (ہ۔ا۔مذ) وہ اشخاص جنہوں نے ایک عورت کا دُودھ پیا ہو۔ رضاعی بھائی۔ دُودھ شریک۔ کوکا۔

دُودھ بھر آنا۔ (ا۔محاورہ) مامتا سے چھاتیوں میں دُودھ اُتر آنا۔ مادری محبت کا جوش میں آنا۔

دُودھ بھری کٹوریاں۔ (ا۔مث) دُودھ کی بھری ہوئی چھاتیاں۔

دُودھ بہن۔ (ا۔مث) وہ لڑکی جس نے کسی بچے کے ساتھ ایک ہی عورت کا دُودھ پیا ہو۔ رضاعی بہن۔

دُودھ پڑنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) اناج میں رس پیدا ہونا (۲) چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا۔

دُودھ پلانا۔ (ا۔محاورہ) بچے کو دُودھ چُسانا۔

دُودھ پلائی۔ (ا) دایہ (۲) وہ نقدی جو دُولہا کو دلہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے یا دُلہن کے رشتہ دار دُولہا کو دیتے ہیں۔

دُودھ پُوت۔ (ا۔مذ) دھن دولت۔ آل اولاد۔

دُودھ پُوت والی۔ (ا۔مث) آل اولاد والی۔ صاحب نصیب۔

دُودھ پھاڑنا۔ (ا۔محاورہ) اُبلتے دُودھ میں کھٹی چیز ڈال کر دُودھ سے پانی الگ کردینا۔

دُودھ پھٹنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دُودھ کے اجزا کا الگ الگ ہونا (۲) دُودھ کا خراب ہوجانا۔

دُودھ پیتا۔ (ا۔صف) (۱) شیرخوار (۲) ننھا۔ نادان۔ بے سمجھ۔

دُودھ پیتے روپے۔ (ا۔مذ) (۱) روپے مع بیاج (۲) سُود کے روپے۔

دُودھ جاتا رہنا۔ دُودھ کا خشک ہوجانا۔

دُودھ چڑانا۔ (ا۔محاورہ) گائے بھینس کا دوہتے وقت تھنوں میں سے دُودھ اُوپر کو چڑھانا۔

دُودھ چڑھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دُودھ خشک ہونا (۲) چھاتیوں کا دُودھ سے تن جانا۔

دُودھ دوہنا۔ (ا۔محاورہ) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ نکالنا۔ دُودھ کی دھار نکا

دُودھ دیا مینگنوں بھرا۔ (ا۔مثل) کام کرنا۔ مگر خراب طریقے سے۔

دُودھ ڈالنا۔ بچے کا دُودھ کی قے کرنا۔

دُودھ سا۔ نہایت سفید۔ دُودھ کی مانند۔

دُودھ کا جلا چھاچھ پھُونک پھُونک کر پیتا ہے۔ [ا۔مثل] ایک چیز سے ڈرا ہوا اُس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے۔

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی۔ [ا۔مثل] جھوٹ اور سچ الگ الگ۔ پورا پورا انصاف۔

دُودھ کا سا اُبال۔ (ا۔مذ) جلد رفع ہوجانے والا جوش یا غصہ۔

دُودھ کی بُو مُنہ سے آنا۔ (ا۔محاورہ) بچہ اور ناتجربہ کار ہونا۔

دُودھ کی طرح اُبھان آنا۔ (ا۔محاورہ) غصے کا سخت جوش تھوڑی دیر کے لیے آنا۔

دُودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا۔ (ا۔محاورہ) بے دخل کردینا۔ نکال دینا۔ بے تعلق کردینا۔

دُودھ کی مکھی کس نے چکھی۔ (ا۔مثل) خراب چیز کوئی استعمال نہیں کرتا۔

دُودھ کے دانت۔ شیرخوارگی کا زمانہ۔

دُودھ کے دانت نہ ٹوٹنا۔ (ا۔محاورہ) کم عمر ہونا۔

دُودھ ماں۔ (ا۔مث) انّا۔

دُودھ مُسہری۔ (ا۔مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دُودھ ملیدہ کھانا۔ (ا۔محاورہ) عمدہ اور نرم غذا کھانا۔

دُودھ مُوت کرنا۔ (ا۔محاورہ) بچے کی پرورش اور خدمت کرنا۔

دُودھ نہ بخشنا۔ (ا۔محاورہ) دُودھ کا حق معاف نہ کرنا۔ ماں کا اولاد سے سخت ناراض ہونا۔

دُودھوں کُلیاں کرو۔ (دُعا) خدا تمہیں اتنی دولت دے کہ پانی کے بجائے دُودھ سے کُلیاں کرو۔

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو۔ (کلمۂ دعا) ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو۔

دُودھَنگ۔ [ق۔ا۔مث] چمنی۔ دھوآں نکلنے کا روزن جو گھروں میں بنایا جاتا ہے۔

دُودِھی۔ (دُو۔دِھی) [ہ۔صف] (۱) دودھ والی۔ دُودھ دینے والی (۲) جس میں دُودھ یا رَس ہو (۳) چھاتی۔ پستان۔ تھن (۴) ایک بُوٹی۔

دُودھیا۔ (دُو۔دِھ۔یا) [ہ۔صف] (۱) دُودھ سے بھرا ہوا (۲) دُودھ کا سا رنگ (۳) کچا۔ سبز (۴) ایک قسم کا پتھر۔



Marfat.com

**دُودھیل** - (دُو-دھیل) (ہ - صف) دُودھ دینے والی۔
**دُودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی** - (ا - مثل) جس سے فائدہ ہو۔ اُس کی کڑوی بات بھی سہنی پڑتی ہے۔
**دَوَر** - (ع - ا - مذ) (۱) چکر۔ گردش (۲) رفتار۔ چال (۳) حاشیہ۔ کنارہ (۴) باری۔ نوبت (۵) حلقہ۔ گھیرا (۶) چاروں طرف (۷) شراب کے پیالے کی گردش (۸) انقلاب (۹) زمانہ۔ عہد (۱۰) سبق کو بار بار دہرانا (۱۱) حافظ کا قرآن شریف حفظ کرنا (۱۲) محیط۔ پھیلاؤ (۱۳) رسی کا بل۔ جمع : اَدوار۔
**دَور آنا** - (ا - محاورہ) (۱) باری آنا (۲) شراب کا پیالہ آنا (۳) وقت آنا۔
**دَور باندھنا۔ دَور بندھنا** - (ا - محاورہ) شراب کا گردش کرنا۔
**دَور چلنا** - (ا - محاورہ) شراب کا باری باری ہر ایک کے رُوبرو آنا۔
**دَور دَورا** - (ا - مذ) (۱) حکومت۔ سلطنت (۲) رواج۔ طریقہ۔ طور۔
**دَور کرنا** - (ا - محاورہ) دو شخصوں کا باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن کا سبق سنانا۔
**دَور میں آنا** - (ا - محاورہ) گردش میں آنا۔
**دُور** - (ف - صف) (۱) بعید۔ فاصلے پر (۲) علیحدہ۔ الگ۔ جُدا۔ پرے (۳) دُشوار۔
**دُور از حال** - (ف - ع) اب سے دُور۔ خدا نہ کرے۔ خدا محفوظ رکھے۔
**دُور از کار** - (ف - صف) (۱) مخالف (۲) مرضی کے خلاف (۳) مطلب سے دُور۔ بیکار۔
**دُور افتادہ** - (ف - صف) جو فاصلے پر واقع ہو۔ بہت دُور کے۔ توجہ محروم
**دُور اندیش** - (ف - صف) عقلمند۔ دانا۔
**دُور اندیشی** - (ف - ا - مث) عقلمندی۔ دانائی۔
**دُور باد** - (ف) خدا نہ کرے۔ اب سے دُور۔
**دُور باش** - (ف - کلمۂ ندا) (۱) دُور ہو۔ بادشاہوں کے آگے چوبدار "دُور باش! دُور باش!!" پکارا کرتے تھے (۲) ایک دو شاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے (۳) میر کارواں (۴) چھڑی۔ لاٹھی۔
**دُور بھاگنا** - (ا - محاورہ) پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ الگ رہنا۔ دُور رہنا۔
**دُور بین** - (۱) دُور اندیش۔ بات کو تاڑ جانے والا (۲) آلہ جس میں دُور کی چیز بڑی اور نزدیک نظر آتی ہے۔
**دُور بینی** - (ف - ا - مث) دُور اندیشی۔
**دُور پار** - (ا - مقولہ) (۱) خدا نہ کرے۔ خدانخواستہ (۲) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔
**دُور پہنچنا** - (ا - محاورہ) (۱) دُور چلا جانا (۲) بلند پروازی۔ باریک بات خیال میں آنا (۳) درجۂ کمال کو پہنچنا۔ دُور اندیشی کرنا (۴) حسب نسب کو گالی دینا (۵) شہرت ہونا۔
**دُور پھینکنا** - (ا - محاورہ) (۱) فاصلے پر پہنچا دینا (۲) علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا
**دُور تک پہنچنا (چلا جانا)** - (ا - محاورہ) بزرگوں کو گالی دینا (۲) فاصلے پر چلا جانا۔
**دُور دُبک** - (ا - مث) ڈانٹ ڈپٹ۔ دھتکار۔

**دُور دراز** - (ف - صف) بہت فاصلے پر۔ کالے کوسوں۔ بعید از قیاس۔
**دُور دست** - (ف - صف) بہت دُور۔ کالے کوسوں پر۔ دور جگہ جہاں پر پہنچنا دشوار ہو۔
**دُور دفان** - (ا - صف) (۱) دُور۔ غائب (۲) الگ۔ علیحدہ۔
**دُور دُور** - (۱) کافی فاصلے کے مقامات تک۔
**دُور دُور پہنچنا** - (ا - محاورہ) (۱) شہرت ہونا (۲) دُور کی سوچنا۔ بلند پروازی۔
**دُور دُور رہنا** - (ا - محاورہ) کھنچے کھنچے رہنا۔ الگ رہنا۔
**دُور رس** - (ف - صف) (۱) دُور تک پہنچنے والا (۲) بلند خیال۔
**دُور رسی** - (ف - ا - مث) (۱) بلند خیالی (۲) دُور تک پہنچنے کی قوت۔
**دُور سے ترسانا** - (ا - محاورہ) دُور سے کوئی چیز دکھا کر نہ دینا۔
**دُور سے تماشا دیکھنا** - (ا - محاورہ) کسی جھگڑے میں دخل نہ دینا۔ پاس نہ جانا۔
**دُور سے معلوم کرنا** - (ا - محاورہ) بیزاری ظاہر کرنا۔ دُور رہنا۔
**دُور سے لینا** - (ا - محاورہ) پاس آنے سے پہلے ہی لعنت ملامت شروع کر دینا۔
**دُور کا** - (ا - صف) (۱) بعید (۲) ایسا رشتہ جو قریب کا نہ ہو (۳) گہرا۔ عمیق (۴) بعید از قیاس۔ بعید الفہم۔
**دُور کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) دفع کرنا۔
**دُور کھنچنا** - (ا - محاورہ) نخوت و غرور کرنا۔ دُور دُور رہنا۔
**دُور کی بات** - (ا - مث) نکتہ۔ باریک بات۔
**دُور کی سنانا** - (ا - محاورہ) بزرگوں کو گالیاں دینا۔
**دُور کی سُوجھنا** - (ا - محاورہ) (۱) خیال میں کوئی باریک بات آنا (۲) کوئی نکتہ سُوجھنا۔
**دُور کی صاحب سلامت** - (ا - مث) معمولی واقفیت۔
**دُور کی کوڑی لانا** - (ا - محاورہ) باریک بینی۔ کوئی نئی اور باریک بات سُوجھنا
**دُور کی کہنا** - (ا - محاورہ) (۱) معمولی سمجھ سے باہر کی بات کہنا (۲) سمجھ یا عقل کی بات کہنا۔
**دُور کی ہانکنا** - (ا - محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دون کی لینا۔
**دُور کے ڈھول سہانے** - (ا - مثل) دُور کی سُنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے۔ دیکھنے پر چیز اچھی ثابت نہ ہونا۔ حالانکہ پہلے بہت تعریف سُنی ہو۔
**دُور کیوں جاؤ** - (ا - محاورہ) ایسے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جہاں قریب کی مثال موجود ہو۔ دُور نہ جاؤ۔
**دُور نکل جانا** - (ا - محاورہ) (۱) فاصلے پر چلا جانا (۲) موضوع سے ہٹ جانا۔
**دُور ہو سامنے سے** - (کلمۂ تحقیر) دفع ہو۔ چل ہٹ یہاں سے۔
**دُور ہی سے سلام کرنا** - (ا - محاورہ) بیزار ہونا۔ پناہ مانگنا۔
**دَورا** - (دَو-رَا) (ہ - ا - مذ) (۱) بڑا ٹوکرا (۲) بڑا کونڈا۔
**دُوَرا** - (ق - صف) دوہرا۔
**دَوران** - (دَو-ران) (ع - ا - مذ) (۱) گردش۔ چکر۔ دَورہ (۲) وقت۔ زمانہ



Marfat.com

عمر (۳) انقلاب (۴) ہیر پھیر (۵) قسمت۔ نصیب (۶) اثنا میں۔

**دورانِ خون**۔ (ف۔ مذ) جسم میں خون کی گردش۔

**دورانِ سر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سر کا گھومنا۔ سر کا چکر۔

**دُوراُو**۔ (ق۔ صف) اُبھارنے والا۔

**دُورائی**۔ (ق۔ ا۔ مث) خداوندی۔ بادشاہی۔

**دَورَہ**۔ (دَو۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) چکر۔ گردش (۲) نوبت۔ باری (۳) شراب کا دَور (۴) گشت یعنی حکام کا اپنے اپنے علاقہ میں پھر کر حالات کا جائزہ لینا۔

**دَورہ باندھنا۔ دَورہ بندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) چکر باندھنا۔ حلقہ بنانا۔

**دَورہ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) مرض کا رہ رہ کر عود کر آنا۔ بیماری کی تکلیف کا انتہا پر پہنچنا۔

**دَورہ تمام کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جس قدر گشت مقرر ہو اُس کو پورا کرنا۔

**دَورہ سپرد کرنا۔ دَورہ سپرد ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مقدمہ کا سیشن جج کے سپرد ہونا۔

**دَورہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) حکام کا اپنے علاقے میں پھرنا۔ گشت کرنا۔

**دَوری**۔ (دَو۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹی ٹوکری (۲) کونڈی۔

**دُوری**۔ (دُو۔ ری) [ف۔ ا۔ مث] بُعد۔ فاصلہ۔

**دَوری نظام**۔ (Periodic System) ایسا نظام جو زمانی ومکانی بُعد وفاصلہ سے متعلقہ سائنسی حقائق پر مبنی ہو۔

**دَوڑ**۔ (ہ۔ ا۔ مث] (۱) بھاگ (۲) پہنچ۔ رسائی (۳) کوشش۔ سعی۔ (۴) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی (۵) جلدی سے۔ سُرعت سے۔ تیزی سے۔ فوراً۔ شوق سے (۶) بھاگنا۔

**دوڑا دوڑی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) بھاگم بھاگ۔ تیزی جلدی۔ مقابلہ کی دوڑ۔

**دَوڑ بھیجنا**۔ (ا۔ محاورہ) ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس کے سپاہیوں کو بھیجنا۔

**دَوڑ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلدی کرنا (۲) کسی مقام پر جلدی جانا یا جلدی سے جمع ہونا۔

**دَوڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) منتشر ہو جانا۔ پھیل جانا (۲) مشتہر ہو جانا (۳) پولیس کا گرفتاریٔ ملزمان کے لیے جانا۔

**دَوڑ چلنا۔ دَوڑ کر چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) رفوچکر ہونا۔ بھاگ چلنا۔

**دَوڑ دوڑ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بار بار آنا۔ جلد جلد آنا۔

**دَوڑ دھوپ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) محنت۔ مشقت (۲) کوشش۔ سعی۔

**دوڑ چلے نہ گر پڑے**۔ (ا۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی آدمی حدِ اعتدال سے بڑھ کر کوئی کام کرے اور کامیاب نہ ہو۔

**دَوڑ لے کر دوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ملزموں کی گرفتاری کے لیے بہت جلد سپاہی لے کر جانا۔

**دَوڑ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے خبری میں حملہ کرنا۔ تاخت وتاراج کرنا (۲) چھاپہ مارنا۔ دھاوا کرنا (۳) بہت کوشش یا محنت کرنا (۴) لمبا سفر کرنا۔ مسافت طے کرنا۔

**دوڑا**۔ (دَو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دوڑنے والا (۲) سوار۔ ڈاکو۔

**دَوڑا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت جلدی بھیجنا (۲) بھگا دینا۔

**دَوڑاک**۔ (دَو۔ ڑاک) [ہ۔ ا۔ مذ] بہت دوڑنے والا۔

**دَوڑانا**۔ (دَو۔ ڑا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بھگانا۔ جلدی چلانا (۲) پھرانا۔ حیران کرنا (۳) محنت کرانا۔ مشقت لینا (۴) روانہ کرنا۔ بھیجنا (۵) پھیلانا۔ بچھانا (۶) لگانا۔ چپکانا۔

**دَوڑنا**۔ (دَو۔ ڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بھاگنا۔ جلدی جلدی قدم اُٹھانا (۲) پھیلنا۔ پکھنا (۳) حملہ کرنا (۴) سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔

**دوز**۔ (ف۔ لاحقہ) دوختن مصدر کا صیغہ امر۔ اسم کے بعد آ کر فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سینے والے کے معنی دیتا ہے جیسے خیمہ دوز۔ کفش دوز۔

**دوزخ**۔ (دَو۔ زَخ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) جہنم۔ نرک (۲) وہ جگہ جہاں گناہ گار قیامت کے بعد رکھے جائیں گے (۳) (کنایتہً) پیٹ۔ شکم۔

**دوزخ بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ بھرنا۔

**دوزخ کا کندہ (ایندھن)**۔ (ا۔ مذ) بڑا گنہگار۔

**دوزخ کا نمونہ**۔ (ا۔ مذ) بڑی تکلیف کی جگہ۔

**دوزخ کی آنچ**۔ (ا۔ مث) آتشِ جہنم۔ تیز آگ۔

**دوزخ کی فکر**۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ کی فکر۔

**دوزخ میں پڑنا (جانا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جہنم میں داخل ہونا (۲) مصیبت میں پڑنا۔

**دوزخ میں پڑے (جائے)**۔ (بددعا) بھاڑ میں جائے۔

**دوزخ میں ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) عذاب جہنم میں گرفتار کرنا۔

**دوزخ میں گھر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) گناہ کر کے سزا کا مستحق ہونا۔

**دوزخی**۔ (دَو۔ زَ۔ خی) [ف۔ صف] (۱) جہنمی۔ گناہگار (۲) سخت پیٹو۔

**دوس۔ دوش**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) قصور۔ خطا۔ عیب۔ گناہ (۲) علی الصبح۔

**دوس دینا**۔ (ا۔ مص) (۱) الزام لگانا (۲) قصوروار ٹھہرانا۔

**دوست**۔ [ف۔ ا۔ مذ] (۱) آشنا۔ یار۔ خیرخواہ۔ محبوب۔

**دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست۔ در پریشاں حالی و درماندگی**۔ (ف۔ مثل) دوست وہ ہوتا ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے۔

**دوست بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) یار بنانا۔ ہمراز بنانا۔ طرفدار بنانا (۲) گانٹھنا ملانا۔ سازش کرنا۔

**دوست دار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) دوست۔ خیرخواہ۔ ہمراز۔

**دوست داری**۔ (ف۔ ا۔ مث) دوستی۔

**دوست رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) عزیز سمجھنا۔ پسند کرنا۔

**دوست شاد ہوں دشمن پامال ہوں**۔ (کلمۂ دعا) بڑے آدمیوں کو دی جانے والی دُعا۔

**دوست کا دشمن دشمن، دشمن کا دشمن دوست**۔ (ا۔ مقولہ) دوست کے دشمن کو دشمن اور دشمن کے دشمن کو دوست سمجھنا چاہیئے۔

**دوست کامی**۔ (۱) اپنا حصہ دوسرے کو دینا (۲) شراب سے دوست کی تواضع کرنا۔

**دوست نما**۔ (ف۔ صف) (۱) ظاہر میں دوست (۲) اپنے آپ کو



Marfat.com

دوست ظاہر کرنے والا۔

**دوست نواز**۔ (ف ۔صف) دوست پر مہربانی کرنے والا۔

**دوستانہ**۔ (دوس ۔ تا ۔ نَہ) [ف ۔ا ۔مذ] یارانہ ۔ دوستی ۔ یاری۔ محبّت۔ اُلفت۔

**دوستی**۔ (دوس ۔تی) [ف ۔ا ۔مث] یارانہ ۔آشنائی ۔اُلفت۔

**دوستی کا دَم بھرنا (مارنا)**۔ (ا۔محاورہ) اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔

**دوستی کرنا ۔ دوستی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دوستی پیدا کرنا۔بے تکلّفی کرنا۔ اُلفت ہونا۔

**دُوسرا**۔ (دُوس ۔را) [ہ ۔صف] (۱) پہلے کے بعد کا۔ دُوم۔ثانی (۲) ایک اور۔اُس سے اگلا (۳) برابر کا۔مقابل کا (۴) غیر۔اجنبی۔

**دُوسری**۔ (دُوس ۔ری) [ہ ۔مث] (۱) دیگر۔ثانی (۲) دوسری تاریخ (۳) اور۔

**دُوسری بات**۔ [ہ ۔ا ۔مث] (۱) اور بات (۲) جماع ہم بستری۔زنا۔

**دُوسری بات نہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قیمت کا کم و بیش نہ ہونا۔ (۲) زیادہ گفتگو نہ ہونا۔

**دُوسری صُورت پکڑنا**۔ (ا۔محاورہ) حالات کا بدل جانا۔مختلف ہو جانا۔

**دُوسری ماں**۔ (ا۔مث) سوتیلی ماں۔

**دُوسرے**۔ [ا۔مذ] غیر۔اجنبی۔

**دُوسرے تیسرے**۔ (ا۔مقولہ) کبھی کبھی۔

**دُوسی**۔ [ق ۔ا ۔مث] داسی ۔لونڈی ۔باندی۔

**دوش**۔ [ف ۔ا ۔مذ] (۱) کندھا۔ شانہ (۲) گذری ہوئی رات۔کل رات۔

**دوش بدوش**۔ (ف) (۱) کندھے سے کندھا ملا کر (۲) متحد ہو کر۔ اتفاق کے ساتھ۔

**دوش پر لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کندھے پر لینا (۲) کندھے پر سوار ہونا۔

**دوشالہ**۔ (دُو ۔شا ۔لہ) [اُ ۔ا ۔مذ] پشمینہ کی دُوہری چادر۔

**دوشیزگی**۔ (دُو ۔شی ۔زَ ۔گی) [ف ۔ا ۔مث] (۱) کنوارپن ۔بکارت (۲) کنوارا ہونے کا زمانہ۔

**دوشیزہ**۔ (دُو ۔شی ۔زَہ) [ف ۔ا ۔مث] کنواری ۔ باکرہ ۔بن بیاہی۔کنیا ناکتخدا لڑکی۔ جمع : دوشیزگان۔

**دوشینہ**۔ (دُو ۔شی ۔نَہ) [ف ۔صف] پچھلی رات کا۔

**دوغ**۔ [ف ۔ا ۔مذ] (۱) دہی (۲) چھاچھ (۳) مکھن نکلا ہوا دودھ۔

**دوغلا**۔ (دو غ ۔لا) [اُ ۔صف] (۱) دونسلا ۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۲) کمینہ۔کم ذات ۔گھٹیا۔

**دوغلی**۔ (دو غ ۔لی) [اُ ۔صف] (۱) دونسلی ۔ وہ عورت جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۲) کم اصل ۔کمینی۔کم ذات۔

**دوغلی بات**۔ (ا۔مث) دورُخی بات ۔بات جو صاف نہ ہو۔

**دُوک**۔ [ف ۔ا ۔مذ] تکلا [ہ ۔ا ۔مذ] دو سالہ بچھڑا جس کے دو دانت نکلے ہوں۔

**دُوکال**۔ [ق ۔ا ۔مذ] بُرا وقت۔

**دُوکھنا**۔ (دُو کھ ۔نا) [ہ ۔مص] (۱) عیب لگانا ۔طعنہ دینا (۲) الزام دینا۔ (۳) پوشیدہ عیب کو ظاہر کرنا (۴) بُرا کہنا (۵) بات کاٹنا۔

**دُوَل**۔ (دُوَ ۔دَل) [ع ۔ا ۔مذ] (۱) دولت کی جمع (۲) بہت سی سلطنتیں۔ (دال کی زبر اور پیش دونوں مستعمل ہیں)۔

**دُولاب**۔ (دُو ۔لاب) [ف ۔ا ۔مذ] (۱) رہٹ ۔چرخ (۲) ذخیرہ نعمت خانہ (۳) بھول بھلیاں (۴) دھوکہ ۔ دغا ۔ فریب (۵) ڈھول نقارہ (۶) کمائی (۷) سوداگری ۔ تجارت ۔ نفع (۸) استعمال (۹) ذیابیطس۔

**دولامولا**۔ (ا۔صف) بڑی ہمت والا۔سخی (۲) نیک ۔سیدھا سادا۔

**دولائی**۔ (دُو ۔لا ۔ای) [ہ ۔ا ۔ مذ] جاڑوں میں اوڑھنے والا ایک دوہرا کپڑا۔

**دَولت**۔ (دَو ۔لَت) [ع ۔ا ۔مث] (۱) دھن ۔ مال ۔ زر نقد (۲) اقبال نصیبا ۔خوش قسمتی (۳) سلطنت ۔حکومت ۔ طاقت ۔(۴) ظفر مندی فتح (۵) خوشی (۶) اولاد۔ جمع : دُوَل۔

**دَولت اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) روپیہ ضائع کرنا۔فضول خرچی کرنا۔

**دَولت اندھی ہوتی ہے**۔ [ا۔مثل] دَولت انسان کی شکل و شباہت دیکھ کر نہیں آتی۔

**دَولت ایمان**۔ (ا۔صف) ایمان کی نعمت۔

**دَولت برسنا**۔ (ا۔محاورہ) کثرت سے روپیہ ملنا۔

**دَولت بہانا**۔ (ا۔محاورہ) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

**دُولت بیدار**۔ (ف ۔مث) وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں خوش قسمت۔

**دَولت پناہ**۔ (ف ۔صف) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا ۔ یہ لقب بادشاہوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**دَولت حُسن**۔ (ف ۔صف) خوب صورتی۔

**دولت خانہ۔ دَولت سرا یا دَولت کدہ**۔ (ف ۔ا ۔مذ) محل قصر مکان

**دَولت خدا داد**۔ (ف ۔صف) خدا کا دیا ہوا ملک۔

**دُولت خواہ**۔ (ف ۔صف) بہتری چاہنے والا۔

**دَولت خواہی**۔ (ف ۔ا ۔مث) خیر خواہی۔

**دَولت دارین ۔ دَولت کونین**۔ (ف ۔ا ۔مث) دونوں جہان کی نعمت

**دَولت دنیا**۔ (ف ۔ا ۔صف) مال و دولت ۔ دنیاوی شان و شوکت۔

**دَولت ڈھلتی چھاؤں ہے**۔ (مثل) دَولت زوال پذیر شے ہے۔

**دَولت عظمیٰ**۔ (ف ۔ا ۔صف) بڑی سلطنت۔

**دَولت کھونا**۔ (ا۔محاورہ) دَولت ضائع کرنا۔

**دَولت کی گنگا بہانا**۔ (ا۔محاورہ) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

**دَولت گڑی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دَولت کا ذخیرہ ہونا۔

**دَولت لٹے کوئلوں پر مُہر**۔ (ا۔مثل) جائز خرچ میں کفایت شعاری اور بے جا خرچ پر بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

**دَولت لوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) دل کھول کر دولت حاصل کرنا۔

**دَولت مارنا**۔ (ا۔محاورہ) دَولت چھین لینا ۔ دھوکہ سے دَولت حاصل کرنا۔

**دَولت مدار**۔ (۱) خوشی کا گھر (۲) وہ جگہ یا شخصیت جس پر دَولت کا



Marfat.com

انحصار ہو۔
**دَولت مَند** ۔ (ف ۔ صف) (۱) امیر ۔ مالدار (۲) خوش قسمت ۔ خوش نصیب
**دَولت مَندی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) امیری ۔ مالداری ۔
**دَولت مُنڈیر کا کوّا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) دولت کبھی ایک جگہ نہیں رہتی ۔
**دُولھا** ۔ (دُو ۔ لھا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ شخص جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہو ۔ نوشاہ ۔ بلّنڑا (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ بَر ۔
**دُولھا بنے بیٹھے رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عزت و وقار کے ساتھ بیٹھے رہنا ۔ کچھ کام نہ کرنا ۔
**دُولھا بھائی** ۔ (ا ۔ مذ) بہن کا شوہر ۔ بہنوئی ۔
**دُولھن** ۔ (دُو ۔ لھن) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ عورت جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہو عروس ۔
**دُوُم** ۔ (دُ ۔ وُم) (ف ۔ صف) دوسرا ۔ دیگر ۔ ثانی ۔
**دَون** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) آگ جو جنگل میں لگ جائے ۔ آگ ۔ سخت گرمی پیاس یا گرمی کی شدّت ۔ سوزش ۔ جلن ۔ جوش ۔
**دَون لگنا** ۔ (۱) سخت گرمی لگنا (۲) عشق کے جوش میں جلنا (۳) کسی چیز کے لیے خواہش یا غم کرنا ۔
**دُون** ۔ (ہ ۔ صف) (۱) دُگنا (۲) اُونچے سُر کی آواز ۔ تیز گت (۳) شیخی ڈینگ ۔ لاف و گزاف (۴) پہاڑی تلیٹی ۔
**دُون پر آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شیخی مارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔
**دُون کی (اڑانا) لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) شیخی بگھارنا (۲) خودستائی کرنا ۔
**دُوں** ۔ (ع ۔ صف) (۱) حقیر ۔ کمینہ ۔ ادنیٰ ۔ پاجی (۲) رُسوا ۔ غیر ۔
**دُوں ہمّت** ۔ (ف ۔ صف) کم ہمّت ۔ پست ہمّت ۔
**دَونا** ۔ (دَو ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پتّوں کا پیالہ ۔ پتّل (۲) نیاز کی چیز جو دونوں میں لائی جاتی ہے ۔
**دَونا باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دَونا بنانا ۔ پتّوں کا ظرف بنانا ۔
**دَونا چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھاوا چڑھنا ۔
**دَونا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حضرت علیؓ یا حضرت فاطمہ کی نیاز دینا ۔
**دَونا ماننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نذر ماننا ۔ منّت ماننا ۔
**دُونا** ۔ (دُو ۔ نا) (ہ ۔ صف) (۱) دُگنا ۔ دوچند ۔ دوبالا (۲) دہرا ۔
**دُونا دُول** ۔ (ا ۔ عدد) دوچند ۔ زیادہ ۔ بہت زیادہ ۔
**دَوند** ۔ (دَ ۔ وَند) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) جوڑا ۔ جُگ ۔ جوت ۔ دُکڑا (۲) دوج ۔ جوڑا ہونا (۳) دو مختلف خاصیتوں کی چیزیں جن کا اکٹھا ذکر کیا جائے جیسے گرمی سردی ۔ خوشی رنج ۔
**دَوَنکنا** ۔ (دَوں ۔ کَ ۔ نا) (ہ ۔ مص) دھاڑنا ۔ غرّانا ۔ چنگھاڑنا ۔
**دَونگڑا** ۔ (دَوں ۔ گَ ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) زور کی بارش ۔
**دَہ** ۔ (ف) دس (۱۰)
**دَہ دُنیا ستر در آخرت** ۔ (ف ۔ مثل) نیک کام کا صلہ دنیا میں دس گنا اور آخرت میں ستر گنا ملے گا ۔
**دوہا** ۔ (دو ۔ ہا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دو مصرعوں کا ہندی شعر ۔
**دوہائی** ۔ (دو ۔ ہا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) شور و غوغا (۲) چیخ ۔ پکار ۔ (۳) کسی کو پکار کر مدد کے لیے بُلانا (۴) داد خواہی ۔ استغاثہ (۵) مُنادی اعلان (۶) حلف ۔ قسم ۔
**دُوہائی پکارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فریاد کرنا ۔
**دوہائی پھیرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منادی کرنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ اشتہار کرنا ۔
**دوہائی تہائی مچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) امداد کے لیے فریاد کرنا ۔
**دوہائی دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی کا نام لے کر فریاد کرنا (۲) شور کرنا ۔ غل مچانا ۔
**دوہائی مانگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پناہ مانگنا ۔
**دوہائی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فریاد ہونا ۔ دوہائی ! دوہائی !! کی آواز ہونا ۔
**دوہائی ہے** ۔ (کلمۂ مدد) فریاد ہے !
**دوہتا** ۔ (دُوہ ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بیٹی کا بیٹا ۔ نواسا ۔
**دوہتی** ۔ (دُوہ ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) بیٹی کی بیٹی ۔ نواسی ۔
**دوہر** ۔ (دُو ۔ ہَر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ریتلی زمین کا کھیت (۲) دولائی ۔ دوہری چادر ۔
**دوہرا** ۔ (دوہ ۔ را) (ہ ۔ صف) (۱) دو تہہ کا ۔ دُگنا (۲) ٹیڑھا ۔
**دوہرا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹیڑھا ہونا ۔ دُونا ہونا ۔
**دوہری** ۔ (دوہ ۔ ری) (ہ ۔ صف) دوہرا کا مؤنث ۔ ٹیڑھی ۔
**دوہلی** ۔ (دوہ ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ زمین جس کی مالگذاری معاف کر کے مذہبی اداروں کو دی جائے ۔
**دُوہنا** ۔ (دُوہ ۔ نا) (ہ ۔ مص) تھن سے دودھ نکالنا ۔
**دوہنی** ۔ (دُوہ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) دُودھ دوہنے کا برتن ۔
**دوئی** ۔ (دُو ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) غیرت (۲) جُدائی (۳) اَن بَن ۔ جھگڑا ۔ (۴) دو سمجھنا ۔ شرک ۔
**دوئی ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑائی کرانا ۔ جُدائی ڈالنا ۔ غیرت پیدا کرنا ۔
**دوئی کا پردہ اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غیریت مٹنا ۔ ایک ہونا ۔

## د ــــــ ہ

**دِہ** ۔ (ف ۔ لاحقہ) دادن مصدر کا صیغہ امر ۔ اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور دینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے تکلیف دِہ ۔
**دَہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بہت گہرا پانی (۲) گہرائی ۔
**دَہ** ۔ (ف ۔ صف) دَس (۱۰) ۔
**دہ چند** ۔ (ف ۔ صف) دس گنا ۔
**دہ در دنیا ستر در آخرت** ۔ (ف ۔ مقولہ) نیک کام کا بدلہ دُنیا میں دس گنا اور آخرت میں ستر گنا ملتا ہے ۔
**دَہ در دَہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دس گز لمبا ، دس گز چوڑا اور دس گز گہرا تالاب جس کا پانی شرعاً پاک ہوتا ہے ۔
**دہ حواس** ۔ (ف ۔ صف) پانچ ظاہری حواس اور پانچ باطنی حواس ۔
**دہ سیری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دس سیر کا وزن ۔



Marfat.com

**دہ منی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جس میں دس من سما جائیں۔
**دہ یک ۔ دہ یکی** ۔ (۱) دسواں حصّہ۔ دس میں سے ایک (۲) دس فیصدی۔
**دِہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گاؤں ۔ قریہ ۔ جمع : دہات ۔ دیہات۔
**دِہ بندی** ۔ گاؤں کی مکمل فہرست اور مالگزاری کی تفصیل۔
**دِہ خدا** ۔ گاؤں والا ۔ زمیندار۔
**دِہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) جسم ۔ بدن۔
**دِہ دھارنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) (۱) صورت اختیار کرنا (۲) جنم لینا (۳) بیدار ہونا۔
**دِہ ڈنڈ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) بدنی سزا ۔ جسمانی سزا۔
**دِہا** ۔ (دِ ۔ ہا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) مہینے کے ہر دس دن ۔ عشرہ (۲) محرم کی دسویں تاریخ (۳) دہائی کا ہندسہ۔
**دِہات ۔ دیہات** ۔ (دِ ۔ ہا ۔ ت) (دے ۔ ہا ۔ ت) (ف ۔ ا ۔ مذ) دِہ کی جمع (۱) بہت سے گاؤں (۲) غیر شہری علاقہ ۔ دیہات۔
**دِہاتی** ۔ (دِ ۔ ہا ۔ تی) (ہ ۔ صف) (۱) گاؤں سے متعلقہ (۲) کسان ۔ گاؤں میں رہنے والا ۔ دیہاتی۔
**دِہار** ۔ (دِ ۔ ہار) (ہ ۔ ا ۔ مذ) زمین جس پر بارش کے بعد پانی کھڑا رہے۔ دلدلی زمین۔
**دہاڑ** ۔ (دِ ۔ ہاڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) شور ۔ غُل (۲) گرج ۔ شیر کی آواز۔
**دہاڑیں مارنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) زور زور سے رونا ۔ چیخنا ۔ چلانا ۔ چیخ چیخ کر رونا۔
**دِہاڑا** ۔ (دِ ۔ ہا ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) درجہ ۔ گت (۲) بُرا حال ۔ دُرگت ۔ (۳) دِن ۔ دوپہر ۔ جیسے "دن دہاڑے"۔
**دِہاڑی** ۔ (دِ ۔ ہا ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) روزینہ (۲) یومیہ (۳) ایک دن کی مزدوری۔
**دِہاکا** ۔ (دِ ۔ ہا ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) دس ۔ دس کا مجموعہ (۲) دہائی (۳) دس روپے کا نوٹ (۴) نقصان (۵) صدمہ ۔ غم ۔ رنج (۶) رُعب خوف ۔ ڈر۔
**دہاکا بیٹھنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) صدمہ گزرنا (۲) دہشت بیٹھنا ۔ خوف طاری ہونا۔
**دہاکے دینا** ۔ (۱) دھمکی دینا ۔ ڈرانا ۔ خوف دلانا (۲) فریب دینا۔
**دہانا** ۔ (د ۔ ہا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) مُردہ جلانا ۔ چتا میں رکھنا ۔ پھونکنا (۲) ڈسنا۔
**دُہانا** ۔ (دُ ۔ ہا ۔ نا) (ہ ۔ مص) گائے بھینس وغیرہ کا دُودھ نکلوانا۔
**دہانہ** ۔ (د ۔ ہا ۔ نہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایسی شے جو مُنہ کے مشابہ ہو (۲) مُنہ ۔ دہن (۳) سمندر یا جھیل میں دریا کے گرنے کا مقام (۴) موری یا بدرو کا مُنہ (۵) وادی کا آغاز (۶) لوہے کا ساز جو گھوڑے کے مُنہ میں دیتے ہیں (۷) جولاہوں کا ایک اوزار۔
**دہانہ کھلنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) تکلف کا مُنہ کھلنا (۲) موری کا مُنہ کھلنا (۳) پیشاب نکلنا ۔ پانی نکلنا۔
**دِہائی** ۔ (د ۔ ہا ۔ ئی) (ہ ۔ ا ۔ مث) دس کے عدد کا مرتبہ ۔ دس کی وحدت۔
**دُہائی** ۔ (دُ ۔ ہا ۔ اِی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) فریاد (۲) التجا (۳) مدد طلب کرنا۔
**دہچک** ۔ (دہ ۔ چک) (ق ۔ صف) دہشت۔

**دَہر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) وقت ۔ زمانہ (۲) مدت العمر (۳) قسمت ۔ نصیب (۴) اتفاق ۔ بدقسمتی ۔ مصیبت ۔ خطرہ (۵) طرز ۔ طریقہ ۔ رسم ۔ رواج (۶) حفاظت ۔ تردد ۔ فکر (۷) دُنیا (۸) چکنی مٹی ۔ جمع : دُہور۔
**دُہرا** ۔ (دُہ ۔ را) (ہ ۔ صف) (۱) دوچند ۔ دُگنا (۲) دو تہہ کا (۳) ٹیڑھا ۔ خمیدہ (۴) سُپاری کا ٹکڑا (۵) پتنگ بازی کا ایک پیچ۔
**دُہرا بدن** ۔ (۱ ۔ مذ) موٹا بدن ۔ بھرا جسم۔
**دُہرا تہرا** ۔ دوچند ۔ سہ چند ۔ دُگنا تگنا۔
**دُہرا ہو جانا** ۔ (۱) جُھکنا ۔ ٹیڑھا ہونا (۲) دُونا ہو جانا۔
**دُہرانا** ۔ (دُہ ۔ را ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) کسی عبارت کو بار بار پڑھنا ۔ دوبارہ کہنا (۲) دو تہہ کرنا (۳) کوئی کام دوبارہ کرنا (۴) کسی بات کی نقل کرنا۔
**دُہرائی** ۔ (دُہ ۔ را ۔ اِی) (ہ ۔ ا ۔ مث) سبق یا کتاب کو دُوسری بار پڑھ لینا ۔ تکرار
**دُہرم** ۔ (دُہ ۔ رم) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پتنگ کا دوہرا پیچ۔
**دُہری** ۔ (دُہ ۔ ری) (ہ ۔ صف) (۱) دو تہہ کی (۲) دُگنی (۳) موٹی۔
**دُہری بات** ۔ (۱ ۔ مث) پہلو دار بات ۔ ذومعنی بات۔
**دَہریت** ۔ (دَہ ۔ رِی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) الحاد ۔ خدا کو نہ ماننا۔
**دَہریہ** ۔ (دَہ ۔ ریہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا کو نہ ماننے والا ۔ ملحد ۔ لا مذہب۔
**دَہش** ۔ (دَ ۔ ہَش) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) حیرانگی ۔ تحیّر ۔ حیرت ۔ تعجب (۲) حیران متحیّر ۔ متعجب ۔ گھبرایا ہوا۔
**دِہش** ۔ (دِ ۔ ہش) (ف ۔ ا ۔ مث) بخشش ۔ انعام۔
**دَہشت** ۔ (دَہ ۔ شت) (ف ۔ ا ۔ مث) ڈر ۔ خوف ۔ خطرہ۔
**دَہشت انگیز** ۔ ڈراؤنا ۔ خوف ناک ۔ بھیانک۔
**دَہشت پسند** ۔ (ف ۔ صف) خوف و ہراس پھیلا کر حکومت تبدیل کرنے والا۔
**دَہشت زدہ** ۔ خوف کا مارا ۔ ڈرا ہوا۔
**دَہشت سمانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) دِل میں خوف سمانا۔
**دَہشت کھانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) خوف کھانا ۔ ڈرنا (۲) رُعب میں آنا۔
**دَہشت گردی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) خوف و ہراس پھیلانا۔
**دَہشت لگنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) خوف معلوم ہونا۔
**دہشت ناک** ۔ (ف ۔ صف) بھیانک ۔ ڈراؤنا۔
**دِہقان** ۔ (دہ ۔ قان) (ف ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ) (۱) دیہات یا گاؤں کا باشندہ کسان ۔ کاشت کار (۲) گنوار ۔ اُجڈ ۔ ناشائستہ ۔ جاہل (۳) نمبردار ۔ قاضی۔
**دِہقانیت** ۔ (دِہ ۔ قا ۔ نی ۔ یَت) (ف ۔ ا ۔ مث) گنوارپن۔
**دَہک** ۔ (دَ ۔ ہک) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سوزش ۔ تپش ۔ آگ کی روشنی (۲) جوش ۔ شوق ۔ گرمجوشی۔
**دہکانا** ۔ (دہ ۔ کا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) جلانا ۔ بھڑکانا (۲) آگ روشن کرنا۔
**دِہ کدہ ۔ دِہکدہ** ۔ (دِہ ۔ کَ ۔ دَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) گاؤں کا مکان۔
**دَہکنا** ۔ (دہک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) جلنا ۔ بھڑکنا ۔ آگ کا روشن ہونا ۔ بدن کا گرم ہونا (۲) افسوس کرنا ۔ پشیمان ہونا ۔ تباہ ہونا۔



Marfat.com

**دَہَل**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) خوف۔ ڈر۔ تردّد۔ گھبراہٹ (۲) دَلدَل۔

**دَہَل جانا**۔ (ا۔محاورہ) ڈر جانا۔ رُعب کھا جانا۔

**دُہُل**۔ [ف۔ا۔مذ] ڈھول۔ نقارہ۔

**دُہُل زَنی ہونا**۔ ڈھول بجنا۔

**دَہلا**۔ (دَہ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] تاش کا پتہ جس پر دس نشان ہوں۔

**دَہلنا**۔ (دَہَل۔نا) [ہ۔مص] (۱) رُعب کھانا۔ ڈرنا (۲) زمین کا پھٹ جانا یا جنبش میں آنا۔

**دِہلوی**۔ (دِہ۔لَ۔وی) [ا۔صف] دہلی کا باشندہ۔ دہلی سے متعلق۔ دہلی سے نسبت رکھنے والا۔

**دِہلی**۔ (دِہ۔لی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گنوار۔ چوکھٹ۔ دہلیز (۲) ہندوستان کا دارالحکومت۔ دیکھیے دِلّی۔

**دِہلی کا کوتوال**۔ (ا۔مذ) (۱) مغرور آدمی (۲) نازک مزاج۔

**دِہلی کے لیوے سے ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی کے ہاں بار بار جانا۔ (۲) بے حد تقاضے کرنا۔

**دَہلیز**۔ (دَہ۔لیز) [ف۔ا۔مث] (۱) چوکھٹ (۲) ڈیوڑھی۔ دروازہ۔

**دہلیز الانگنا**۔ (ا۔محاورہ) چوکھٹ کو عبور کرنا۔ دروازے میں سے نکلنا۔

**دہلیز جھانکنا**۔ کسی کے پاس کسی کام کے لیے جانا۔

**دہلیز چومنا**۔ (ا۔مث) بے حد عزت کرنا۔ قدم بوس ہونا۔

**دہلیز کا کتا**۔ (ا۔مذ) (۱) پالتو کتّا۔ گھر کا کتا (۲) مُفت خورا۔

**دہلیز کھندلانا**۔ (ا۔محاورہ) منگنی کے بعد لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم۔

**دہلیز کی مٹی لے ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) بہت سے پھیرے کرنا۔ کسی چیز یا کسی کام کے تقاضے کے لیے کسی کے گھر بار بار آنا۔

**دہلیز کے لگے سے بَیر نہیں جاتا**۔ (ا۔مثل) بے وقوفی کی حرکتوں سے دشمنی نہیں جاتی۔

**دہلیز لانگھنا۔ دہلیز نانگھنا**۔ دروازے سے باہر قدم رکھنا۔ ایک گھر سے دوسرے گھر جانا۔

**دہلیز نہ جھانکنا**۔ (ا۔محاورہ) دروازے تک نہ جانا۔ پردے میں رہنا۔

**دَہُم**۔ (دَ۔ہُم) [ف۔صف] (۱) دسواں (۲) محرّم کی دسویں تاریخ۔

**دَہَن (دہان)**۔ [ف۔ا۔مذ] مُنہ۔

**دَہَن بَند**۔ نقاب۔ مُنہ پر باندھنے کا چھینکا۔

**دہن بندی**۔ (ف۔ا۔مث) تقریر کی ممانعت۔ زبان بندی۔

**دَہَن تنگ**۔ (ف۔ا۔صف) چھوٹا مُنہ۔

**دَہَن تیغ**۔ (ف۔ا۔مذ) تلوار کی دھار۔

**دَہَن دریدہ**۔ (ف۔صف) مُنہ پھٹ۔ گستاخ۔ بے شرم۔

**دَہَن زخم**۔ (ف۔ا۔مذ) زخم کا مُنہ یا سوراخ۔

**دَہَن زخم کا ہنسنا**۔ (ا۔محاورہ) زخم کا کھل جانا۔

**دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ**۔ (ف۔مثل) کسی شخص کی ایذا دہی سے بچنے کے لیے کچھ دے دینا اچھا ہوتا ہے۔ کتے کا مُنہ روٹی کا ٹکڑا ڈال کر سی دینا چاہیے۔

**دَہَن کھولنا**۔ (ا۔محاورہ) مُنہ کھولنا۔ بات کرنا۔

**دَہنا**۔ (دَہ۔نا) [ہ۔صف] راست۔ سیدھا ہاتھ۔

**دہنا قدم لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) چالاکی یا شرارت کا قائل ہونا (۲) طنزاً تعظیم کرنا۔

**دِہَند**۔ (دِ۔ہَند) [ف۔صف] دہندہ کا مخفف۔ دینے والا۔ ادا کرنے والا۔

**دِہندگان**۔ (دِ۔ہَن۔دَ۔گان) [ف۔صف۔ج] دِہندہ کی جمع۔ دینے والے۔

**دِہندہ**۔ (دِ۔ہَن۔دَہ) [ف۔صف] ادا کرنے والا۔ دینے والا۔

**دُہنی**۔ (دُہ۔نی) [ہ۔ا۔مث] دُودھ کا برتن۔

**دُہنیت**۔ (دُہ۔نِی۔یَت) [ع۔ا۔مث] چکنائی۔ چکناہٹ۔ روغن۔ چربی۔

**دَہی**۔ (دَ۔ہی) [ہ۔ا۔مذ] جما ہوا دُودھ۔

**دہی جمانا**۔ (ا۔محاورہ) دُودھ میں تھوڑی کھٹائی ڈالنا تاکہ وہ جم جائے۔

**دہی دہی کرنا**۔ [مثل] کسی پوشیدہ بات کو جا بجا مشتہر کرتے پھرنا۔

**دہی مچھلی**۔ نیک شگون۔

**دہی مچھلی کی مشکی**۔ (ا۔مث) ساچق کے روز مشکی میں دہی بھر کر اور ساتھ ایک مچھلی لٹکا کر دُولھا کے گھر لے جانے کی رسم۔

**دَہے**۔ (دَ۔ہے) [ہ۔ا۔مذ] (۱) محرّم کے پہلے دس دن (۲) تعزیے۔

**دُہیا**۔ (دُہ۔یا) [ہ۔ا۔مث] دُودھ دینے والا جانور۔

**دَہیج**۔ (دَ۔ہیج) [ہ۔ا۔مذ] دہیز کا بگڑا ہوا لفظ۔ جہیز۔

**دَہیز**۔ (دَ۔ہیز) [ہ۔ا۔مذ] (۱) جہیز (۲) لڑکی کو رخصت کرتے وقت جو سامان دیتے ہیں۔

**دُہیلا**۔ (دُ۔ہے۔لا) [ق۔صف] (۱) سختی جھیلنے والا (۲) نیند بھرا۔

**دِہیم**۔ (دِ۔ہیم) [ف۔ا۔مذ] شاہان ایران کا تاج۔

**دہینڈی**۔ (دَ۔ہیں۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] وہ برتن جس میں دُودھ جمائیں مٹی کی بڑی سی ہانڈی۔

**دہینگرہ**۔ (دَ۔ہیں۔گر) [ہ۔ا۔مذ] وہ برتن جس میں دہی رکھتے ہیں۔

## د ــــــ ھ

**دھا**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) ترانہ۔ لے۔ سُر۔ آہنگ (۲) چھٹا سُر (۳) دُودھ پلانے والی۔

**دھابا**۔ (دھا۔با) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مٹی کی ہموار چھت (۲) مکان جس کی چھت ہموار ہو اور مٹی کی بنی ہو (۳) پہلی نظر (ق)۔

**دھاپ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ فاصلہ جو انسان بغیر ٹھہرے کے دوڑے (۲) فاصلہ۔ دُوری (۳) میدان (۴) گھات۔ رستہ (۵) بارہ انچ۔

**دھاپنا**۔ (دھاپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) تسلی کرنا (۲) سیر کرنا (۳) بھرنا۔

**دھات**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) وہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی خصوصیت ہو۔ جیسے سونا۔ چاندی (۲) پیشاب کے ساتھ خارج ہونے والا سفید مادہ۔



Marfat.com

(۳) طریقہ۔ طور (ق)۔

**دھات آنا۔** (ا۔ محاورہ) پیشاب کے ساتھ منی نکلنا۔

**دھاچک۔** (دھا۔چک) [ق۔ا۔مذ] اندیشہ۔دہشت۔خوف۔

**دھار۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) کسی گرتی ہوئی سیال چیز کا تار (۲) خط۔لکیر (۳) تلوار کی باڑھ یا تیزی (۴) دریا کا وسط یا بہاؤ (۵) پہاڑوں کا سلسلہ۔ (۶) دودھ یا شراب جو دیوتا کو چڑھائی جائے (۷) بارش کا چھینٹا (۸) حد۔

**دھار اُلٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) باڑھ کُند ہو جانا۔

**دھار باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) سحر یا افسوں کے زور سے تلوار کی دھار کُند کر دینا (۲) پانی یا کسی سیال چیز کو لگا تار گرانا۔

**دھار بیٹھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) باڑھ کُند ہو جانا۔

**دھار پر مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پروا نہ کرنا۔ خاطر یا خیال میں نہ لانا۔ (۲) نالائق سمجھنا۔

**دھار چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) دیوتا یا گنگا جمنا پر منّت مان کر دُودھ کی دھار ڈالنا۔

**دھار چھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) زور سے دھار نکلنا۔

**دھار دار۔** (ف۔صف) تیز۔ باڑھ دار۔

**دھار دھرنا (رکھنا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تیز کرنا (۲) چھڑکنا۔

**دھار کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کُند ہونا۔ دانتے پڑنا۔

**دھار لگانا۔ دھار مارنا۔** (ا۔ محاورہ) مُوتنا۔ پیشاب کرنا۔

**دھار لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مُنہ میں دوُدھ کی دھار لینا (۲) تھنوں سے مُنہ لگا کر دوُدھ پینا۔

**دھار نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دُودھ دوہنا۔ دوُدھ نکالنا (۲) تیز کرنا۔

**دھار نہ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) پروا نہ کرنا۔

**دھاروں رونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت رونا۔ آنسوؤں کا تار لگانا۔

**دھارا۔** (دھا۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) چشمہ۔ سوتا۔ بہاؤ۔ منبع۔ آبشار۔ پانی بہنے کی جگہ (۲) دریا کے وسط میں پانی کا بہاؤ۔

**دھارمک۔** (دھار۔مک) [ہ۔صف] (۱) صالح۔ نیک چلن (۲) مذہبی۔

**دھارن۔** (دھا۔رن) [س۔ا۔مذ] (۱) پکڑ (۲) برداشت (۳) قبضہ (۴) حصول (۵) ذمّہ (۶) بچاؤ (۷) بہتاوا (۸) سوچ۔

**دھارن کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اختیار کرنا (۲) قبول کرنا (۳) تولنا۔

**دھارنا۔** (دھار۔نا) [ہ۔مص] (۱) اختیار کرنا (۲) رکھنا (۳) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا (۴) پرورش کرنا۔ پالنا۔ سنبھالنا۔

**دھاری۔** (دھا۔ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) لکیر۔ خط (۲) نالی (۳) چھوٹا پُشتہ (۴) فوج (۵) حد۔ کنارہ [س۔صف] (۶) پکڑنے والا۔

**دھاری دار۔** (ہ۔ا۔صف) وہ شے جس پر خط پڑے ہوئے ہوں۔

**دھاڑ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔ چوروں کا جتھا (۲) جلدی۔ اشد ضرورت (۴) مشکل۔ مصیبت (ق)۔

**دھاڑ پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا۔ (۲) جلدی ہونا۔

**دھاڑ کی دھاڑ۔** (ہ۔ا۔مث) مجمع۔ انبوہ۔ جمِ غفیر۔

**دھاڑ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ڈاکہ مارنا (۲) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔

**دھاڑا۔** (دھا۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ظلم۔ زبردستی (۲) ڈاکہ۔

**دھاڑنا۔** (دھاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) شیر کا گرجنا (۲) چلّانا۔ غُل مچانا (۳) بچّوں کا تیز آواز سے رونا۔

**دھاڑی۔** (دھا۔ڑی) [ہ۔ا۔مذ] نامی چور۔ لُٹیرا۔ ڈاکو۔

**دھاک۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) شہرت۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ دھوم (۲) ڈر۔ خوف۔ (۳) رُعب داب۔ دبدبہ (۴) شان و شوکت۔

**دھاک بندھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رُعب ہونا۔ سکّہ بیٹھنا۔

**دھاک بیٹھنا۔ دھاک جمنا۔** (ا۔ محاورہ) رُعب قائم ہونا۔

**دھاک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شہرہ ہونا (۲) رُعب ہونا۔

**دھاگا۔** (دھا۔گا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈورہ۔ سوت۔ تاگا۔ تاگہ (۲) دھوکا۔ فریب۔

**دھام۔** [س۔ا۔مذ] (۱) گھر۔ خانہ۔ مکان (۲) بہشت۔

**دھامن۔** (دھا۔من) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا اژدھا (۲) ایک قسم کا بانس جس کی کمان اور غلیل بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عمدہ گھاس (۴) قاصد۔

**دھان۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) چاول کا پودا (۲) چھلکے دار چاول۔

**دھان پان۔** (ا۔ مذ) نازک اندام۔ دُبلا پتلا۔

**دھان کا گاؤں پوال سے پہچانا جاتا ہے۔** (ا۔ مثل) آثار سے ہی کسی کی خصلت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

**دھان کٹا۔** (ہ۔ا۔مذ) دھان کوٹنے کا مُوسل۔

**دھاندل۔** (دھان۔دَل) [ہ۔ا۔مث] (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) بے ایمانی دھوکا۔ فریب۔

**دھاندل کرنا۔ دھاندل مچانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑا کرنا (۲) زبردستی کرنا بے ایمانی کرنا۔ بدمعاملگی کرنا۔

**دھاندلی۔** (دھان۔دَلی) [ہ۔ا۔مث] (۱) جھگڑا (۲) بے ایمانی۔ فریب (۳) ناحق کام۔

**دھاندلی کرنا۔** (ا۔ مذ) دغابازی کرنا۔ زبردستی کوئی چیز چھین لینا۔

**دھاندلیا۔** (دھان۔دَل۔یا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھاندلی کرنے والا۔ دھوکا دینے والا۔

**دھانس۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) مرچ یا تمباکو کی تیز بُو جس سے کھانسی آنے لگے۔ (۲) کسی تیز بُو سے گلے میں پیدا ہونے والی خراش (۳) ہلکی کھانسی۔

**دھانسنا۔** (دھانس۔نا) [ہ۔مص] گھوڑے یا بَیل کا کھانسنا۔

**دھانسی۔** (دھان۔سی) [ہ۔ا۔مث] گھوڑے وغیرہ کی کھانسی۔

**دھانک۔** (دھا۔نک) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تیر انداز۔ کمان دار (۲) تیر کمان سے مسلح چوکیدار۔

**دھانگڑ۔** (دھان۔گڑ) [ہ۔ا۔مذ] ایک قوم جو کنوئیں اور تالاب کھودتی ہے۔

**دھاؤں۔** (ق۔ا۔مذ) (۱) دھاوا (۲) دوڑ۔ راستہ (۳) عزم۔ ارادہ۔

**دھانی۔** (دھا۔نی) [ہ۔صف] (۱) دھان کے رنگ کا (۲) ہلکا سبز رنگ



Marfat.com

(۳) ایک قسم کا چاول (۴) وہ زمین جس میں چاول بوئے جائیں۔

دھاوا۔ (دھَا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) حملہ۔ چڑھائی۔

دھاوا (بول دینا) کرنا۔ (ا۔محاورہ) حملہ کر دینا۔ چڑھائی کرنا۔

دھاوا مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دُور تک یورش کرنا۔ حملہ کرنا (۲) لمبا سفر طے کرنا (۳) یکایک حملہ کرنا۔

دھاوت۔ (دھَا۔وَت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شہدوں کا سرگروہ (۲) چُست و چالاک آدمی۔

دھاوَنا۔ (دھَا۔وَ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دوڑنا۔ جلدی کرنا۔ (۲) آوارہ پھرنا (۳) حملہ کرنا۔ پیچھا کرنا (۴) پوجا کرنا۔

دھائیں۔ دھائے۔ (دھا۔ایں۔ دھا۔اے) [ہ۔ا۔مث] توپ کی آواز۔ شور و غل۔

دھائیں دھائیں۔ (ا۔صوت) توپوں یا بندوقوں کی لگاتار آواز۔

دھائیں دھائیں کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) شور مچانا (۲) اپنے مطلب کی بات کیے جانا۔

دھب دھب۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) پاؤں کی آواز (۲) آدمی کے پاؤں کی آواز۔

دَھبّا۔ (دَھب۔با) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نشان۔ داغ۔ ٹیکا (۲) تہمت۔ بہتان۔ عیب۔

دَھبّا پڑنا۔ (ا۔محاورہ) داغ لگنا۔

دَھبّا دینا۔ داغ ظاہر کرنا۔

دَھبّا لگنا۔ (۱) داغ لگنا (۲) عیب لگنا۔ تہمت لگنا (۳) عیب دار ہونا۔

دھبدھبانا۔ (دھَب۔ دھ۔ با۔ نا) [ہ۔مص] پاؤں سے دھب دھب کی آواز نکالنا۔

دُھبدھباہٹ۔ (دھَب۔ دَھ۔ با۔ ہَٹ) [ہ۔صوت] دھب دھب کی آواز

دَھبڑ دَھبڑ۔ (دَھ۔بَڑ۔ دَھ۔بَڑ) [ہ۔ا۔مث] بھاری بھرکم پاؤں کی آواز۔ دھب دھب۔

دُھبلا۔ (دھَب۔لا) [ہ۔ا۔مذ] عورتوں کا موٹا اور ڈھیلا ڈھالا تہ بند۔ لہنگا ڈھیلا اور بھدّا پاجامہ۔

دَھپ۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) آواز۔ شور۔ دھب دھب (۳) بھاری بدن کے گرنے کی آواز (۳) تھپڑ۔ دَھول (۵) نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ۔

دَھپّا۔ (دَھپ۔پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تھپڑ۔ چانٹا۔ طمانچہ۔ دَھول (۲) دھوکا۔ دَغا (۳) فاصلہ۔ دُوری۔ بُعد۔

دَھپّا لگنا۔ دَھپّا مارنا۔ (۱) طمانچہ لگنا (۲) نقصان پہنچنا (۳) خسارہ ہونا (۴) صدمہ پہنچنا۔ تھپڑ مارنا۔

دَھپاڑ۔ (دَھ۔پاڑ) [ہ۔ا۔مث] دوڑ۔

دھپانا۔ (دَھ۔پا۔نا) [ہ۔مص] (۱) طمانچہ مارنا (۲) تھپڑ مارنا۔

دھپنا۔ (دَھپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھرنا (۲) دَھپ مارنا (۳) اکتانا۔ تھکنا۔

دھت۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) خراب عادت۔ لت۔ دُھن۔ عیب۔

دَھت پڑنا۔ (ا۔محاورہ) بُری عادت پڑنا۔ لت پڑنا۔

دھت کرنا۔ (ا۔محاورہ) دُھتکارنا۔ ذلیل کرنا۔ جھڑکنا۔

دُھت۔ (ا۔صوت۔مث) ہاتھی کو چلانے کی آواز۔

دُھت۔ [ہ] بمعنی نشے میں چُور۔ مخمور۔

دُھت تیرے کی۔ (ا۔محاورہ) دُور ہو جا۔ چلا جا۔

دھتّا۔ (دھت۔تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دُھتکار (۲) اِخراج (۳) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے۔

دھتّا بتانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) نکال دینا۔ علیحدہ کرنا (۲) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

دُھتّا۔ (دُھت۔تا) [ہ۔ا۔مذ] دھوکا۔ دغا۔ فریب۔

دُھتّا دینا۔ (ا۔محاورہ) دھوکا دینا۔

دُھتکار۔ (دُھت۔کار) [ہ۔ا۔مث] لعنت ملامت۔

دُھتکار بتانا۔ (ا۔محاورہ) ذلیل کرنا۔ نکال دینا۔

دُھتکارنا۔ (دُھت۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) نکالنا۔ ذلیل کرنا (۲) لعنت ملامت کرنا۔ گھُرکنا۔ جھڑکنا۔

دھتورا۔ (دَھ۔تُو۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک پودا جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے (۲) فریب (ق)۔

دھتوریا۔ (دَھ۔تُو۔ری۔آ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دھتورا کھلا کر لُوٹنے والا ٹھگ (۲) دغا باز۔ دھوکا باز۔

دَھتیا۔ (دَھت۔یا) [ہ۔ا۔مذ] عادی۔ لتیا۔ جسے کوئی بُری عادت یا لت پڑ جائے۔

دُھتیا۔ (دُھت۔یا) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی دھوتی۔

دُھتیا پرشاد۔ دھوتی پہننے والے کو مزاح سے کہتے ہیں۔

دَھتیارے۔ (دھَت۔یا۔رے) [ق۔صف] دھوکے باز۔ دغا باز۔

دُھٹّی۔ [ق۔ا۔مث] عَلَم کو آراستہ کرنے کا کپڑا۔ پٹکا۔

دھینگر۔ (دَھ۔ٹِیں۔گر) [ہ۔صف] (۱) مضبوط۔ تنومند۔ بھاری بدن کا (۲) متکبر۔ گھمنڈی۔

دَھج۔ [ہ۔ا۔مذ و مث] (۱) انداز۔ روش۔ طرز (۲) وضع۔ پوشاک (۳) نشست۔ آسن۔

دھج بدلنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) صُورت بدلنا۔ طرز بدلنا (۲) پوشاک بدلنا۔

دھج بنانا۔ (ا۔محاورہ) کوئی وضع بنانا۔

دھج بھنگ۔ [ہ۔ا۔مذ] نامردی۔ کمزوری۔

دھج پلٹنا۔ (ا۔محاورہ) صورت بدلنا۔ طرز بدلنا۔

دھج نکالنا۔ (ا۔محاورہ) نئی وضع پیدا کرنا۔

دھجا۔ (دَھ۔جا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پھریرا۔ جھنڈے کا کپڑا (۲) جھنڈا۔ علم۔ نشان [مث] (۳) روپ (۴) کترن۔ دھجی۔

دھجّی۔ (دھج۔جی) [ہ۔ا۔مث] کپڑے یا کاغذ کی کترن۔ پُرزہ۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔

دھجّی ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) بہت لاغر یا دُبلا ہونا۔ ضعیف یا کمزور ہونا۔

دھجیاں اُڑنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پُرزے پُرزے ہونا۔ (۲) سخت سزا ملنا (۳) ذلیل ہونا۔ رُسوا ہونا۔

دھجیاں بکھیر دینا۔ (ا۔محاورہ) (۱) اُدھیڑ دینا (۲) ذلیل کرنا۔ توہین کرنا۔ (۳) افشائے راز کرنا (۴) منتشر کر دینا۔



Marfat.com

دَھجیاں کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔
دھجیاں لگانا۔ (ا۔ محاورہ) پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔
دھجیاں لگنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت مفلس یا غریب ہونا (۲) کپڑے پھٹ جانا۔
دھجیاں لینا۔ (ا۔ محاورہ) کپڑوں کا پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
دھجیاں ہونا۔ (ا۔ محاورہ) پُرزہ پُرزہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
دَھجیر۔ (دَھ۔ جیر) [ہ۔ ا۔ مث] دھجی۔ کاغذ یا کپڑے کی لمبی کترن۔
دَھجیلا۔ (دَھ۔ جی۔ لا) [ہ۔ صف] (۱) خوش اندام۔ سجیلا۔ جامہ زیب۔
دَھچکا۔ (دَھچ۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) صدمہ۔ دھکا (۲) جھٹکا۔ ہچکولا (۳) نقصان۔ گھاٹا۔
دَھچکا دینا۔ (ا۔ محاورہ) نقصان پہنچانا۔
دَھچکا لگنا۔ (ا۔ محاورہ) صدمہ ہونا۔ نقصان ہونا (۲) ہچکولا لگنا۔ دھکا لگنا۔
دھچکانا۔ (دھچ۔ کا۔ نا) [ق۔ مص] ڈرانا۔ ڈرنا۔
دَھدھک۔ (دَھ۔ دَھک) [ہ۔ ا۔ مث] جلتی ہوئی آگ کا شعلہ۔
دَھر۔ [ہ] حرف اختصاص (۱) مصدر دھرنا کا صیغۂ امر جو دوسرے مصدروں کے ساتھ مل کر معنوں میں زور پیدا کر دیتا ہے جیسے دھر گھسیٹنا (۲) طرف۔ نزدیک (ق)۔
دَھر پکڑ۔ (ا۔ مث) گرفتاری۔
دَھر پکڑ کے۔ (ا۔ مث) زبردستی۔
دَھر پکڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گرفتار کر لینا۔ جلدی سے پکڑ لینا (۲) پھانس لینا
دَھر چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) رکھ لینا۔
دَھر دبانا۔ (ا۔ محاورہ) دبوچ لینا۔ مغلوب کر لینا۔
دَھر دَھر بھُولو۔ (کلمۂ دُعا) بہت دولت مند ہو۔ بہت امیر ہو۔ خوب دولت بڑھے۔
دَھر دَھر کے پیٹنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زور سے پیٹنا (۲) ظلم کرنا۔
دَھر رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رکھ چھوڑنا۔ نہ دینا (۲) تھام لینا۔ پکڑ رکھنا۔
دَھر رگڑنا۔ (ا۔ محاورہ) بُری طرح رگڑنا۔ خوب ذلیل کرنا۔
دَھر کے کسنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت قابو کرنا۔
دھر کے مروڑنا۔ (ا۔ محاورہ) زور کر کے مروڑنا۔
دَھر گھسیٹنا۔ (ا۔ محاورہ) زور سے گھسیٹنا۔
دَھر لنگنا۔ (ا۔ محاورہ) سب کام چھوڑ چھاڑ کر بھاگنا۔
دَھر لینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رکھ لینا (۲) خوب خبر لینا (۳) قائل کرنا (۴) متواتر حملہ کرنا۔ پکڑ لینا۔
دُھر۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) اختتام۔ اخیر۔ انتہا (۲) سیدھا رستہ جو منزل مقصود پر پہنچ جائے (۳) فاصلہ۔ حد (۴) شروع۔ ابتداء۔
دُھر درگاہ۔ (ا۔ مث) منزل مقصود۔
دُھر سے۔ (۱) ابتدا سے۔ شروع سے۔

دُھر سے دُھر تک۔ (۱) شروع سے آخر تک۔
دُھر کی ٹوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شروع سے ہی کام خراب ہو جانا (۲) زندگی کا خاتمہ ہو جانا۔
دُھر کی ٹوٹی نہیں جُڑتی۔ [ا۔ مثل] تقدیر ہی خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔
دَھرا۔ [ہ] رکھا۔
دَھرا جانا۔ (ا۔ محاورہ) پکڑا جانا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
دَھرا ڈھنگا۔ (ا۔ محاورہ) رکھا رکھایا۔ بچا کھچا۔
دَھرا رہنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رکھا رہنا (۲) بیکار ہونا۔
دھرا کیا ہے۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کیا خاص بات ہے (۲) کچھ طاقت نہیں (۳) کچھ موجود نہیں۔
دُھرا۔ (دُھ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) لوہے کی سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے۔ (۲) زمین کا محور جس پر زمین گردش کرتی ہے (۳) ڈانڈا۔
دُھرّا۔ (دُھر۔ را) [ہ۔ ا۔ مث] دھجی۔ چیتھڑا۔
دُھرّے اڑانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت مار پڑنا۔ رُسوا ہونا (۲) دھجیاں اُڑنا۔
دُھرا دُھر۔ [ہ] شروع سے آخر تک۔
دُھرپت۔ دُھرپد۔ (دُھر۔ پَت۔ دُھر۔ پَد) [ہ۔ ا۔ مث] کلاسیکی موسیقی کا ایک قدیم انداز یا انگ۔
دَھرت۔ (دَھ۔ رَت) [ق۔ ا۔ مث] دھرتی۔ زمین۔
دَھرتا۔ (دَھر۔ تا) [س۔ ا۔ مذ] (۱) مددگار۔ بچانے والا۔ محافظ (۳) مقروض (۴) پکڑنے والا [ہ۔ ا۔ مث] بٹائی۔ کفوتی۔ کیشن۔
دَھرتری۔ (دَھر۔ تَ۔ ری) [ق۔ ا۔ مث] (۱) دھرتی۔ زمین (۲) دُنیا۔
دَھرتی۔ (دَھر۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) زمین (۲) مٹی۔ اراضی (۳) دُنیا۔
دَھرتی کا پھُول۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مینڈک (۲) کُکُرمتا۔ کھُمبی (۳) نو دولت۔
دَھرتی کے پَردے پر۔ زمین کے اُوپر۔ اس دنیا میں۔
دَھرکار۔ (دَھر۔ کار) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو نرکل سے چیزیں بناتا ہے۔
دَھرکت۔ [ق۔ صف] خیر۔ اچھائی۔ بھلائی۔
دَھرم۔ (دَھ۔ رَم) [س۔ ا۔ مذ] (۱) پکا حکم یا قانون (۲) رسم۔ رواج (۳) مذہب۔ ملت (۴) ایمان۔ عقیدہ (۵) دستور۔ قاعدہ (۶) حق۔ انصاف (۷) نیکی۔ نیک کام (۸) خصوصیت۔ نشان (۹) ایک خاص رسم (۱۰) جینیٹ۔
دَھرم آتما (دھرماتما)۔ (ہ۔ صف) سخی۔ فیاض۔ نیک۔
دَھرم اُپدیش۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مذہبی وعظ (۲) اخلاق و ادب۔
دَھرم اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) قسم کھانا۔
دَھرم ارتھ۔ خیراتی روپیہ۔ مال وقف۔
دَھرم اوتار۔ (ہ۔ ا۔ مذ) مقدس۔ پاک۔ پوتر۔
دَھرم باپ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو متبنّیٰ بنا لے۔ مُنہ بولا باپ۔
دَھرم بگاڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ایمان کھونا (۲) دوسرے کا ایمان خراب کرنا (۳) عورت سے زبردستی زنا کرنا۔



Marfat.com

دَھرم بیٹا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) متبنیٰ۔ چیلا۔
دَھرم بھرشٹ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دین کو بگاڑ دینا۔
دھرم پُتر۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ بیٹا جو فریضۂ مذہبی کی ادائیگی کے لیے پیدا کیا جائے۔
دَھرم پتنی۔ (ہ۔ ا۔ مث) دھرم کے بموجب بیاہی ہوئی عورت۔ بیوی۔
دَھرم پتی۔ دھرم کے بموجب شادی شدہ مرد۔
دَھرم تیاگ دینا۔ (ا۔ محاورہ) دھرم چھوڑ دینا۔ دوسرا مذہب اختیار کرلینا۔
دَھرم چاری۔ (ہ۔ ا۔ صف) نیک۔ صالح۔ پارسا۔
دَھرم دھکّا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ صدمہ جو مذہب کے باعث پہنچے۔ ناحق کا دُکھ۔
دَھرم راج۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) عادل اور منصف بادشاہ (۲) وہ حکومت جہاں پورا پورا انصاف ہو۔
دَھرم رکھشا۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا۔
دَھرم رکھشک۔ (ہ۔ صف) مذہب، انصاف یا قانون کا محافظ۔
دَھرم ریت۔ (ہ۔ ا۔ مث) مذہبی رسم۔
دَھرم سالہ۔ دھرم شالہ۔ (ہ۔ ا۔ مث) مفت کا مسافر خانہ۔ خیراتی سرائے۔
دَھرم سماج۔ (ہ۔ ا۔ مث) مذہبی سوسائٹی۔ مذہبی انجمن۔
دَھرم سے۔ (ہ) (۱) ایمان سے (۲) دیانت داری سے (۳) قسم سے۔
دَھرم شاستر۔ (ہ۔ ا۔ مذ) مذہبی قوانین کا مجموعہ۔ منو کی کتاب قوانین۔
دَھرم کرنا۔ (ہ۔ محاورہ) (۱) کوئی فرض ادا کرنا (۲) انصاف کرنا (۳) نیک کام کرنا (۴) خیرات کرنا۔
دَھرم کمانا۔ (ہ۔ محاورہ) (۱) نیک کام کرکے اگلے جنم کے لیے پُن (ثواب) جمع کرنا (۲) مُکتی (نجات) حاصل کرنا۔
دَھرم گورُو۔ (ہ۔ ا۔ مذ) مذہبی اُستاد۔
دَھرم گیانی۔ (ہ۔ ا۔ مذ) عالم دین۔ مذہبی علم رکھنے والا۔
دَھرم مکتی کہنا۔ (ہ۔ محاورہ) ایمان سے کہنا۔
دَھرم مُول۔ (ہ۔ ا۔ مذ) اُصول دین۔
دَھرم یُدھ۔ (ہ۔ ا۔ مث) مذہبی جنگ۔
دَھرما دَھرمی۔ (دَھر۔ ما۔ دَھر۔ می) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) قسما قسمی (۲) عہد و پیمان۔
دَھرمی۔ (دَھر۔ می) [ہ۔ صف] (۱) قانون کی پابندی کرنے والا (۲) نیک (۳) متقی۔ پرہیزگار (۴) مقدس۔ پاک۔ پوِتر۔
دَھرن۔ (دَھ۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) زمین (۲) بچہ دان۔ رحم (۳) ناف۔ (۴) شہتیر (۵) آواز کا اُتار چڑھاؤ۔
دَھرن ٹلنا۔ (ہ۔ محاورہ) ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
دھرنا۔ (دَھر۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) رکھنا۔ جمانا۔ ٹکانا۔ قائم کرنا (۲) امانت رکھنا (۳) رہن کرنا۔ ضمانت میں دینا (۴) قبضہ کرنا۔ گرفتار کرنا (۵) حاصل کر لینا (۶) غور سے سننا۔ کسی کام میں دِل لگانا (۷) بہتان لگانا (۸) نام رکھنا۔ (۹) کسی جگہ زبردستی بیٹھ جانا۔
دھرنا (دینا) دے کر بیٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) جم کر بیٹھنا۔ مضبوط ارادہ کرکے بیٹھنا۔
دُھرن ہار۔ (دُھ۔ رَن۔ ہار) [ق۔ صف] دھرنے والا۔
دُھروا دینا۔ (دَھر۔ وا۔ دے۔ نا) [ہ۔ مص] رکھوا دینا۔ گرفتار کروا دینا۔
دُھروانا۔ (دَھر۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] رکھوانا۔ پکڑوانا۔
دَھرَوٹ۔ (دَھ۔ رُوٹ) [ق۔ ا۔ مث] پونجی۔
دُھری۔ (دُھ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) محور (۲) لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیہ گھومتا ہے۔
دَھڑ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بدن۔ جسم (۲) بدن کا بلا سَر کا حصّہ (۳) طرف۔ جانب (۴) ایک قسم کا ڈھول (۵) پہلو۔ چہرہ (۶) جماعت۔ فریق (۷) گرنے کی آواز (۸) پھڑ کی آواز (صف) (۹) مضبوط۔ پکّا (۱۰) حد سے زیادہ (۱۱) اتنہ
دَھڑ توڑ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کُشتی کا ایک داؤ۔
دَھڑ جیو کو لڑانا۔ (ا۔ محاورہ) سوچنا۔ غور کرنا۔ فکر کرنا۔
دَھڑ دَھڑ۔ (۱) سخت شور یا کھڑکھڑاہٹ (۲) دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز (۳) آگ جلنے کی آواز (۴) کانپنا۔ تھرتھرانا (۵) زور سے۔ تیزی سے۔ شور کے ساتھ۔
دَھڑ دَھڑ جلنا۔ (ہ۔ محاورہ) بہت تیزی سے جلنا۔ اس طرح جلنا کہ شعلوں سے آواز نکلے۔
دَھڑ دَھڑ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) دھڑکنا۔ پھڑکنا۔ پھڑپھڑانا۔
دَھڑ دَھڑ کانپنا۔ (ا۔ محاورہ) بہت کانپنا۔ تھرتھرانا۔
دَھڑ دَھڑ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زور سے دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا۔
دَھڑ رہ جانا۔ (ا۔ محاورہ) جسم کا حرکت نہ کرسکنا۔ فالج ہونا۔
دَھڑ سے گرنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی بھاری چیز کا زور سے گرنا۔
دَھڑ کے اندر لینا۔ (ا۔ محاورہ) ہضم کرلینا۔
دَھڑ میں پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ میں جانا۔
دَھڑا۔ (دَھ۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وزن۔ بوجھ (۲) پانچ سیر کا وزن (۳) پاسنگ۔ برابر کرنے کا وزن (۴) جماعت۔ فریق۔
دَھڑا اٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) تولنا۔ وزن کرنا۔
دَھڑا باندھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پاسنگ سے کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔ (۲) گروہ بندی کرنا۔ کسی کی جانب داری کرنا۔
دَھڑا بندی۔ (ا۔ مث) گروہ بندی۔ جانب داری۔
دَھڑا دھڑ۔ (ا۔ صف) (۱) کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز۔ ماتم کی آواز۔ پتھروں اور مکانوں کے گرنے کی آواز (۲) پے در پے۔ متواتر۔
دَھڑا دھڑی۔ (ا۔ مث) (۱) توپوں بندوقوں کی آواز۔ دھماکا (۲) سب مال لوٹ لینا۔
دَھڑا دھڑی بجنا۔ (ا۔ محاورہ) کثرت سے بجنا۔
دھڑا دھڑی کا ماتم۔ (ا۔ مذ) سخت ماتم جس میں سینہ کوبی بہت ہو۔
دھڑے بندھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دو گروہ یا فریق ہو جانا (۲) بگاڑ یا



Marfat.com

نفاق ہو جانا۔

**دَھڑاکا**۔ (دَھ-ڑا-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) زور کی آواز۔ دھماکا (۲) حملے کا زور۔ لڑائی کا شور (۳) جوش۔ تیزی۔

**دَھڑاکے سے**۔ جلدی سے۔ پھُرتی سے۔ تیزی سے۔

**دَھڑام**۔ (دَھ-ڑام) [ہ-ا-مث] بھاری چیز کے زمین یا پانی میں گرنے کی آواز۔

**دَھڑام سے**۔ (ہ) زور سے۔ آواز کے ساتھ۔

**دَھڑ دھڑانا**۔ (دھڑ دَھ-ڑا-نا) [ہ-مص] (۱) دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا (۳) کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آواز نکالنا (۴) پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ پھڑ پھڑانا۔

**دَھڑک**۔ (دَھ-ڑک) [ہ-ا-مث] (۱) پھڑک۔ بے چینی (۲) خوف۔ ڈر۔

**دَھڑکا**۔ (دھڑ-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) خوف۔ ڈر (۲) دِل کی دھڑکن (۳) زور کی آواز۔ دھماکا۔ کڑک (۴) دھکا۔

**دھڑکا دینا**۔ (ا-محاورہ) ڈرانا۔ دَہلانا۔

**دھڑکا رہنا**۔ (ا-محاورہ) خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔

**دھڑکا لگا رہنا**۔ (ا-محاورہ) ہر وقت خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔

**دھڑکوں میں جان دینا**۔ (ا-محاورہ) ہر وقت خوف رہنا۔

**دَھڑکانا**۔ (دھڑ-کا-نا) [ہ-مص] (۱) ڈرانا۔ خوف دِلانا (۲) رُعب ڈالنا۔

**دھڑکن**۔ (دَھڑ-کَن) [ہ-ا-مث] ہَول۔ اختلاج۔ بے چینی۔ بے قراری۔ خوف۔

**دَھڑکنا**۔ (دَھ-ڑک-نا) [ہ-مص] (۱) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دَہلنا (۲) بے قرار ہونا (۳) جلنا (۴) غصّے یا جوش میں ہونا۔

**دھڑلا**۔ (دَھ-ڑل-لا) [ہ-ا-مذ] (۱) شان و شوکت۔ رُعب داب۔ (۲) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) زور۔ بہادری۔

**دَھڑلّے سے**۔ (ہ) زور سے۔ اعلانیہ۔ بے باکانہ۔

**دَھڑلّے کا**۔ (ہ) انبوہ و اژدہام کا۔ زور شور کا۔

**دَھڑی**۔ (دَھ-ڑی) [ہ-ا-مث] (۱) ایک وزن جو عموماً پانچ سیر کا ہوتا ہے۔ (۲) لکیر۔ مسّی کی تہہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ (۳) کپڑے کا کنارہ یا جھالر۔

**دَھڑی اُڑ جانا**۔ (ا-محاورہ) مسّی کی تہہ کا زایل ہونا۔

**دَھڑی بھرنا**۔ (ا-محاورہ) تولنا۔

**دَھڑی جمنا**۔ (ا-محاورہ) ہونٹوں پر مسّی کی تہہ جمنا۔

**دَھڑی دھڑی کر کے لُوٹنا**۔ (ا-محاورہ) سب کچھ لُوٹنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔

**دَھڑیوں**۔ (ہ-تابع فعل) بہت۔ کثرت۔ افراط۔

**دُھس**۔ [ہ-ا-مذ] (۱) دریا کے کنارے یا پہاڑ کی ڈھلوان (۲) کوئی ڈھلوان جگہ (۳) قلعہ۔ پُشتہ (۴) ریت کا اُونچا میدان۔

**دُھس بنانا**۔ (ا-محاورہ) پُشتہ بنانا۔ مٹی چڑھا دینا۔

**دُھسّا**۔ (دُھس-سا) [ہ-ا-مذ] موٹی اُون کی چادر۔

**دَھسان**۔ (دَھ-سان) [ہ-ا-مث] دلدل۔ کیچڑ۔

**دَھسانا**۔ (دَھ-سا-نا) [ہ-مص] (۱) بھرنا۔ ٹھونسنا (۲) دلدل میں پھنسانا۔

**دَھساؤ**۔ (دَھ-سا-او) [ہ-ا-مذ] (۱) دَلدل (۲) نشیبی زمین۔

**دَھسک**۔ [ہ-ا-مث] (۱) خفیف کھانسی (۲) دَھسنا۔ بیٹھ جانا۔

**دَھسک جانا**۔ (ہ-محاورہ) دیوار کا پھٹ جانا۔

**دَھسکا**۔ (دَھس-کا) [ہ-ا-مذ] کھانسی۔

**دَھسکنا**۔ (دَھ-سک-نا) [ہ-مص] (۱) بیٹھ جانا۔ دَھس جانا۔ گر جانا۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) کھانسنا (۳) داخل ہونا۔ گھُسنا۔

**دَھسنا**۔ (دَھس-نا) [ہ-مص] گھُسنا۔ گھُس جانا۔ دَلدل میں پھنسنا۔

**دَھک**۔ [ہ-صف-و-ا-مث] (۱) حیران۔ متحیّر (۲) صدمہ۔ خوف۔ ڈر (۳) چھوٹی جوں۔ لیکھ (۴) آگ۔ شعلہ (ق)

**دَھک رہنا**۔ (ا-محاورہ) حیران رہنا۔ دنگ رہنا (ق)

**دَھک سے رہ جانا**۔ (ا-محاورہ) حیران رہ جانا۔ بھونچکا رہ جانا۔

**دِھک**۔ [س-ا-مث] (۱) لعنت۔ پھٹکار (۲) سراپ۔ بد دُعا (۳) شرم۔ حیا۔

**دھک کرنا**۔ (ا-محاورہ) ملامت کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ لعنت کرنا۔ بد دُعا دینا۔

**دَھکّا**۔ (دَھک-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) صدمہ (۲) ریلا (۳) آفت۔ بلا (۴) حادثہ۔ ٹکر (۵) ضرر۔ ٹوٹا (۶) ہچکولا۔

**دَھکّا پڑنا**۔ (ا-محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ ہچکولا پڑنا۔

**دَھکّا پیل۔ دھکّا پیلی**۔ (ا-مذ-مث) دھکم دھکّا۔ ریلا پیلی۔ ہجوم میں بہت دھکّے لگنا۔

**دھکّا دھکّی**۔ (ا-مث) دھکّا پیلی۔ ہجوم میں اِدھر اُدھر سے دھکّے لگنا۔

**دھکّا دینا**۔ (ا-محاورہ) (۱) ہچکولا دینا۔ دھکیلنا (۲) صدمہ پہنچانا۔

**دھکّا شیطان کا**۔ (ا-مذ) شیطان کا ورغلا کر خراب کرنا۔ شیطان کی مار۔

**دھکّا لگنا**۔ (ا-محاورہ) (۱) نقصان ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔ مصیبت آنا۔ آفت آنا۔

**دھکّے دینا**۔ (ا-محاورہ) (۱) گردن سے پکڑ کر نکال دینا (۲) ہچکولے دینا۔

**دھکّے کھانا**۔ (ا-محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

**دِھکّار**۔ (دِھک-کار) [س-ا-مذ] (۱) لعنت۔ پھٹکار (۲) سراپ۔ بد دُعا (۳) نفرت۔ حقارت۔ ملامت۔ زجر و توبیخ۔

**دِھکّار دینا**۔ (۱) پھٹکار دینا (۲) لعنت کرنا۔

**دَھک۔ دَھک**۔ [ہ-ا-مث] دِل کی دھڑکن۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔

**دَھک دَھکا**۔ [ہ-ا-مذ] اختلاجِ قلب۔ دل کی دھڑکن۔

**دَھک دَھکی**۔ [ہ-ا-مث] (۱) سوچ۔ غور۔ فکر (۲) دل کی دھڑکن۔

**دُھک دُھکانا**۔ (دُھک-دُھ-کا-نا) [ہ-مص] (۱) تیز جلنا۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ ٹمٹمانا (۲) دھڑکنا۔ تھرتھرانا (۳) گھبرانا۔ بے چین ہونا۔

**دُھک دُھکی**۔ (دُھک-دُھ-کی) [ہ-ا-مث] (۱) گلے کے نیچے کا گڑھا۔ (۲) گلے کا ایک زیور۔

**دُھک دُھکی میں دم ہونا**۔ (ا-محاورہ) نزع کی حالت ہونا۔ دم توڑنا۔

**دُھکڑ پکڑ**۔ (دُھ-کڑ-پَ-کڑ) [ہ-ا-مث] (۱) پس و پیش۔ تذبذب۔ اُمید و بیم (۲) دھڑکن۔ بے قراری۔



Marfat.com

**دھکّم دھکّا** - (دُھک-کم-دھک-کا) [ہ-ا-مذ] دھکّے پہ دھکّا - دھکّا پیل۔ ریلا پیل۔

**دھکّے کھاتے پھرنا** - (ا-محاورہ) مارے مارے پھرنا۔

**دھکیانا** - (دھک-یا-نا) [ہ-مص] دھکّا دینا - ریلنا۔

**دھکیل** - (دَھ-کیل) [ہ-ا-مذ] دھکّا - صدمہ۔

**دھکیلنا** - (دَھ-کیل-نا) [ہ-مص] دھکّا دینا - ریلنا - پیلنا۔

**دھکیلو** - (دَھ-کے-لو) [ہ-ا-مذ] (۱) دھکّا (۲) دھکّا دینے والا (۳) آشنا - یار۔

**دھکیلواں** - (دَھ-کیل-واں) [ہ-تابع فعل] (۱) دھکّا دیتے ہوئے۔ (۲) افراط سے - بہتات سے - بہت۔

**دُھگدُھگی - دُھک دُھگی** - (دُھگ-دُھ-گی) [ہ-ا-مث] (۱) دُھکدُھکی (۲) غور و فکر (۳) گلے کا ایک زیور۔

**دُھگڑا** - (دَھگ-ڑا) [ہ-ا-مذ] (۱) شوہر - خاوند (۲) یار - آشنا (۳) زنِ فاحشہ سے ناجائز تعلق رکھنے والا۔

**دَھگی** - (دَھ-گی) [ق-ا-مث] آتش زن - آگ لگانے والا۔

**دُھلانا** - (دُھ-لا-نا) [ہ-مص] کپڑے یا کسی شے کو پانی سے صاف کرانا۔

**دُھلنا** - (ا-مص) دھویا جانا - پانی سے کپڑے یا کسی اور شے کا صاف کیا جانا۔

**دُھلائی** - (دُھ-لا-ای) [ہ-ا-مث] کپڑے یا کسی دوسری شے کے دُھلانے کی اُجرت۔

**دَھل دَھل** - [ہ-صف] زور سے بہنے والا۔

**دُھلوانا** - (دُھل-وا-نا) [ہ-مص] صاف کروانا۔

**دُھلوائی** - (دُھل-وا-ای) [ہ-ا-مث] کپڑے دُھلوانے کی اُجرت۔

**دُھلے دُھلائے** - (ا-صف) دھوئے ہوئے - صاف کیے ہوئے۔

**دُھلینڈی** - (دُھ-لیں-ڈی) [ہ-ا-مث] (۱) چیت کا پہلا دن جب لوگ ایک دوسرے پر دُھول پھینکتے ہیں (۲) ہولی کا دوسرا دن۔

**دھم** - [ق-ا-مث] دھوم۔

**دھم** - [ہ-ا-مث] (۱) آواز - شور - زور کی آواز۔ ڈھول کی آواز - گرنے یا کُودنے کی آواز (۲) پھونک مارنے والا (۳) پگھلانے والا (۴) چاند۔

**دھم دَھم** - (ا-صوت) (۱) زور سے زمین پر مارنے کی آواز (۲) ڈھول کی آواز۔

**دھم دَھمانا** - (ہ-مص) (۱) پاؤں کو کھوکھلی زمین پر مار کر آواز نکالنا۔ (۲) ڈھول بجانا (۳) دروازے پر ہاتھ مارنا۔

**دھم دھماہٹ** - (ا-صوت-مث) سَر کے اُوپر کوئی آواز۔

**دھم سے** - [ا] (۱) زور کی آواز کے ساتھ - شور کرتے ہوئے۔ (۲) یکایک - فوراً۔

**دھم سے آموجود ہونا** - (ا-محاورہ) فوراً آجانا۔

**دھم سے کُودنا** - (ا-محاورہ) زور سے یا آواز کے ساتھ کُودنا۔

**دھماچوکڑی** - (دَھ-ما-چوک-ڑی) [ہ-ا-مث] (۱) شور و غل - ہنگامہ کُود پھاند۔

**دَھمادُھم** - (دَھ-ما-دُھم) [ہ-ا-مث] متواتر زور کی آواز۔

**دھماکا** - (دَھ-ما-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) گرنے یا کُودنے کی آواز (۲) توپ۔ پٹاخے یا بم کی آواز (۳) دیوار گرنے کی آواز (۴) زور کا طمانچہ (۵) ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں پر لادی جاتی تھی۔ (۶) پتھر - بندوق۔

**دَھماکو** - (دَھ-ما-کو) [ہ-صف] (۱) دھماکے سے پھٹنے والا (۲) آتش گیر مادہ۔

**دَھمال** - (دَھ-مال) [ہ-ا-مث] (۱) اُچھل - کُود - شور و غل - دھماچوکڑی (۲) ایک قسم کا راگ - دھلینڈی کے دن کا راگ (۳) قلندروں اور فقیروں کا ایک رقص (صف) (۷) موٹا - ہٹا کٹا۔

**دَھمالیا** - (ا-صف) دھمال کھیلنے والا۔

**دَھمپال** - (دَھم-پال) [ق-صف] بہت موٹا۔

**دَھمک** - (دَھ-مک) [ہ-ا-مث] (۱) آہٹ (۲) پاؤں کی آواز (۳) صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے (۴) ہلکا دردِ سر - ٹیس۔ (۵) دھڑکن (۶) گرم ہوا (۷) چمک (۸) دھمکی - خوف (۹) زمین کی ناہمواری۔

**دَھمکانا** - (دَھم-کا-نا) [ہ-مص] (۱) ڈرانا - خوف دِلانا - ڈانٹنا۔

**دَھمکنا** - (دَھ-مک-نا) [ہ-مص] (۱) خفیف دردِ سر ہونا (۲) کوئی چیز کوٹنا (۳) یکایک کہیں پہنچ جانا۔

**دَھمکی** - (دَھم-کی) [ہ-ا-مث] (۱) خوف - ڈر (۲) گھُرکی۔

**دھمکی میں آنا** - (ا-محاورہ) ڈر جانا - رُعب مان جانا۔

**دُھملا** - (دُھم-لا) [ہ-صف] (۱) دُھندلا - غبار آلود - تاریک۔

**دھموکا** - (دَھ-مو-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) مُکّا - گھونسا (۲) ایک قسم کا دَف۔

**دَھن** - [س-ا-مذ] (۱) مال - دولت - جائداد (۲) قسمت (۳) منطقۃ البروج کا نواں برج (۴) عورت - محبوب (ق)

**دَھن آنجن** - [ہ-ا-مذ] وہ سُرمہ جسے آنکھوں میں لگانے سے پوشیدہ خزانے نظر آئیں۔

**دھن باد** - (ہ-ا-مث) (۱) شکریہ (۲) تعریف - حمد۔

**دَھن بھاگ** - (کلمۂ تحسین) خوش قسمتی - خوش نصیبی۔

**دَھنپال** - (ا-صف-ق) (۱) شہوت پرست (۲) عورتوں کا شیدائی۔

**دَھن پیائی** - (ا-صف-ق) جو دولت کے خیال میں مست رہے۔

**دَھن دولت چلتی پھرتی چھاؤں ہے** - (ا-مثل) دولت کا کوئی بھروسہ نہیں - آج ہے تو کل نہیں۔

**دَھن ماننا** - (ہ-محاورہ) شکریہ ادا کرنا - شکر گزار ہونا۔

**دَھن وان** - (ہ-صف) دولت مند - امیر۔

**دَھن ہے** - (ہ-کلمۂ تحسین) (۱) آفرین ہے شاباش (۲) طنزاً - یہ کیا کیا - کام خراب کر دیا۔

**دُھن** - [ہ-ا-مث] (۱) دھیان - خیال (۲) شوق - سرگرمی (۳) عادت۔ (۴) خواہش (۵) گانے کی طرز (۶) لے (۷) گھبراہٹ (۸) تیز درد۔



Marfat.com

**دُھن باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) خیال جمانا۔ تصوّر کرنا۔
**دُھن سمانا**۔ (ا۔محاورہ) خیال بندھنا۔
**دُھن کا پکّا**۔ (ا۔مذ) وہ شخص جو کسی خیال یا بات کے پیچھے لگ جائے۔
**دُھن لگنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دھیان لگنا (۲) دھت ہونا۔
**دُھن ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) شوق ہونا (۲) خیال ہونا۔
**دُھنّا**۔ (دُھن۔نا) (ہ۔ا۔مذ) رُوئی دُھنکنے والا۔ دُھنیا۔ ندّاف۔
**دھَنا سَری**۔ (دَھ۔نا۔سَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک راگنی کا نام۔
(۲) تھپڑ یا ضرب (۳) کشتی کا ایک داؤ۔
**دَھنّا سیٹھ**۔ (دَھن۔نا۔سیٹھ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نہایت دولت مند۔ امیر۔
(۲) مُفسد۔ شریر۔ سرکش۔
**دُھند**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) کُہر۔ غبار (۲) اندھیرا (۳) ضعفِ بصارت (۴)
ابرآلود موسم (۵) طوفانِ خاک۔
**دُھند کا پسارا**۔ (ہ۔ا۔مذ) اندھیر کی جگہ۔ دُنیا۔
**دُھند کار**۔ (ا۔مذ) اندھیرا۔
**دُھند ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) اندھیرا ہونا (۲) مدہوش ہونا۔
**دُھند**۔ (ق۔صف) دُھت۔ شراب کے نشے میں چُور۔
**دھندا**۔ (دھن۔دا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کام۔ کاروبار (۲) مصروفیت۔
(۳) پیشہ۔ ہُنر۔
**دَھندلا**۔ (دَھند۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ حیلہ۔
**دُھندلا**۔ (دُھند۔لا) (ہ۔صف) (۱) تاریک۔ اندھیرا (۲) ناصاف۔ گدلا۔
**دُھندلاپن**۔ (ا۔مذ) (۱) اندھیرا۔ تاریکی (۲) گدلاپن۔ کُہر کا سا عالم۔
**دُھندلا دکھائی دینا**۔ (ا۔محاورہ) صاف نظر نہ آنا۔ کم نظر آنا۔
**دَھندلانا**۔ (دَھند۔لا۔نا) (ہ۔مص) دھاندلی کرنا۔ دھوکا کرنا۔
**دُھندلاہٹ**۔ (دُھند۔لا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) تاریکی۔ اندھیرا۔
**دُھندلکا**۔ (دُھوں۔دَل۔کا) (ہ۔ا۔مذ) علی الصباح۔ نور کا تڑکا۔
شام کا وقت۔
**دَھندھیلا**۔ (دَھن۔دھے۔لا) (ا۔مذ) دھوکے باز۔ مکّار۔
**دَھنسنا**۔ (دھنس۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھُسنا۔ گھُس جانا (۲) دَلدل
میں پھنسنا۔
**دَھنک**۔ (دَھ۔نک) (ہ۔ا۔مث) (۱) کمان۔ قوس (۲) قوسِ قزح
(۳) پتلا لیس۔ گوٹا (۴) ایک قسم کی اوڑھنی (۵) کشیدے کا کام۔
**دَھنک دھاری**۔ (ا۔صف) کماندار۔ تیر و کمان سے مسلح آدمی۔
**دَھنکار**۔ (دَھن۔کار) (ہ۔ا۔مث) شور۔ گرج۔ دھماکا۔
**دَھنکارنا**۔ (دَھن۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھاڑنا۔ چنگھاڑنا۔ ڈکارنا۔
(۲) شکار کرنا۔ گرجنا۔
**دُھنکنا**۔ (دُھ۔نک۔نا) (ہ۔مص) (۱) رُوئی صاف کرنا (۲) خوب مارنا
(۳) مہیب آواز نکالنا۔ گرجنا۔
**دُھنکوانا**۔ (دُھ۔نک۔وا۔نا) (ہ۔ا۔مث) دُھنکنے کی اُجرت۔
**دُھنکی**۔ (دُھن۔کی) (ہ۔ا۔مث) روئی دُھنکنے کی آواز۔
**دُھنکیا**۔ (دُھ۔نک۔یا) (ہ۔ا۔مذ) روئی دُھنکنے کا پیشہ کرنے والا۔

**دِھنگا**۔ (دِھن۔گا) (ق۔صف) قوی ہیکل۔
**دُھنگار**۔ (ا۔مذ) بگھار۔
**دِھنگانا**۔ (دِھن۔گا۔نا) (ق۔ا۔مث) چہل پہل۔
**دَھنگر**۔ (دَھن۔گر) (ق۔ا۔مذ) چرواہا۔ گھوسی۔
**دُھننا**۔ (دُھن۔نا) (ہ۔مص) مارنا پیٹنا۔ تنبیہہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بہت سوچنا
کوشش کرنا۔ (۲) روئی دھنکنا۔
**دَھنور**۔ (دَھن۔وار) (ق۔صف) سیاہ۔
**دَھنی**۔ (دَھ۔نی) (ہ۔صف) (۱) خوش قسمت۔ صاحبِ نصیب۔ دولتمند
(۲) آقا۔ مالک۔
**دَھنیا**۔ (دَھن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ایک خوشبودار پودا جس کے پتے اور بیج
کوٹ کر سالن میں ڈالے جاتے ہیں۔ کشنیز۔
**دُھنیا**۔ (دُھن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) روئی دُھنکنے والا۔
**دَھنیس**۔ (دَھ۔نیس) (ہ۔ا۔مذ) ایک بڑی چونچ کا پرندہ۔
**دُھنیلا**۔ (دُھ۔نے۔لا) (ق) دُھن والا۔
**دَھنیّہ**۔ (دَھن۔نَ۔یَ) (س۔صف) (۱) دولت لانے والا (۲) نیک۔
مُبارک۔ اچھا۔ خوش نصیب (۳) پرہیزگار (۴) شاباش۔ مرحبا۔
**دَھنیہ کہنا**۔ (ہ۔محاورہ) دُعا دینا۔ برکت ماننا۔
**دَھنیّہ ماننا**۔ (ہ۔محاورہ) شکریہ ادا کرنا۔
**دَھنیّہ واد**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) شکریہ (۲) تعریف۔ حمد۔
**دُھواں**۔ (دُھوں۔آں) (ہ۔ا۔مذ) دُخان۔ دُود۔ وہ بخارات جو کسی چیز
کے جلنے سے پیدا ہوتے ہیں۔
**دُھواں اُٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دھواں پیدا ہونا یا بلند ہونا۔ دُھواں
نکلنا (۲) آہ نکلنا۔
**دُھواں اُڑنا**۔ (ا۔محاورہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
**دُھواں بکھیر دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) شکست دینا (۲) شیرازہ بکھیر دینا۔
**دُھواں پھیلنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا۔
**دُھواں جانا**۔ (ا۔محاورہ) کھانے میں دھوئیں کی بُو پیدا ہونا۔
**دُھواں چھوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) انجن کا دُھواں نکالنا (۲) حُقّہ پی کر
مُنہ سے دُھواں نکالنا۔
**دُھواں دھار**۔ (ا۔صف) (۱) پُرجوش (۲) نہایت سیاہ۔ تیرہ و تار (۳)
دھوئیں سے بھرا ہوا۔ دھوئیں کا بادل۔ نہایت غلیظ بادل۔
**دُھواں دَھار برسنا**۔ (ا۔محاورہ) سخت بارش ہونا۔
**دُھواں دھار تقریر**۔ (ا۔محاورہ) پُرجوش تقریر۔
**دُھواں دھار گھٹا**۔ (ا۔مث) کالی گھٹا۔
**دُھواں دھار ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) سخت اندھیرا ہو جانا۔
**دُھواں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) کوئی چیز جلانا جس سے دُھواں پھیل جائے۔
**دُھواں کش**۔ (۱) دھوئیں کے نکلنے کی جگہ۔ چمنی۔ دُودکش۔
**دُھواں گھٹنا**۔ (ا۔مذ) دھوئیں کا کسی بند مکان میں جمع ہو جانا۔
**دُھواں لیک**۔ (ا۔مذ) (۱) بہت حُقّہ پینے والا۔ وہ جو حُقّے کی بُو پر دوڑا
جائے (۲) حریص۔ لالچی۔



Marfat.com

**دُھواں نکلنا۔** (ا۔محاورہ) جلنا۔سُلگنا۔دھواں اُٹھنا۔
**دُھواں ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بھاپ بن کر اُڑ جانا (۲) رنگ کالا ہو جانا۔
**دُھواں ہونا۔** (ا۔محاورہ) دھوئیں کا پیدا ہونا۔
**دُھوئیں اُڑانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جلاکر خاک سیاہ کر دینا (۲) دھجیاں اُڑانا۔
**دُھوئیں بکھیرنا۔** (۱) تباہ کرنا (۲) تاڑنا۔
**دُھوئیں پانی کا شریک۔** (ا۔مذ) ہمسایہ۔پڑوسی۔
**دُھوئیں کے بادل اُڑانا۔** (۱) حُقّے یا سگرٹ کا کش لگاکر مُنہ سے بہت سا دھواں نکالنا (۲) بے سر و پا خبریں مشہور کرنا۔
**دُھوانسا۔** (دُھو۔واں۔سا) [ہ۔صف] جس میں دھواں اثر کر گیا ہو۔
**دُھوانا۔** (دھو۔آنا) [ہ۔مص] (۱) کھانے میں دھوئیں کی بُو آ جانا (۲) دھوئیں کی سیاہی جم جانا۔
**دُھوب۔** [ہ۔ا۔مذ] دھونا۔شوب۔
**دھوبن۔** (دھو۔بَن) [ہ۔ا۔مث] (۱) کپڑے دھونے والی عورت۔ دھوبی کی بیوی (۲) ایک قسم کا پرند۔
**دھوبی۔** (دھو۔بی) [ہ۔ا۔مذ] کپڑے دھونے والا۔
**دھوبی پاٹ۔ دھوبی پٹڑا۔** (ا۔مذ) (۱) وہ سِل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں (۲) کُشتی کا ایک داؤں۔
**دھوبی پر بس نہ چلا گدھیا کے کان مروڑے (اینٹھے)۔** [ا۔مثل] زبردست سے بس نہیں چلتا۔کمزور کو دباتے ہیں۔
**دھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا۔** (ا۔مثل) غیروں کا لباس موزوں نہیں ہوتا۔
**دھوبی کا کتّا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔** (مثل) جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ نکمّا اور بیکار آدمی۔نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
**دھوبی کے گھر پڑے چور } وہ نہ لٹے لُٹے اور }** (ا۔مثل) دوسرے کا مال لُٹانے والے کو کہتے ہیں۔
**دُھوپ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) سُورج کی تیز روشنی (۲) ایک قسم کی خوشبو۔
**دُھوپ آنا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ پہنچنا۔سُورج کا سامنے آجانا۔
**دُھوپ اُترنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دُھوپ کا کسی بلند جگہ سے نیچے آنا۔ (۲) دھوپ کی تیزی کم ہونا۔
**دُھوپ اُٹھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تکلیف برداشت کرنا (۲) دُھوپ میں سفر کرنا
**دُھوپ اداس ہونا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ کی تیزی کم ہونا۔
**دُھوپ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) گرمی ہونا۔سخت دھوپ ہونا۔
**دُھوپ پھیلنا۔** (ا۔محاورہ) سُورج کی روشنی پھیلنا۔
**دُھوپ ٹلنا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ کا کسی جگہ سے ہٹ جانا۔
**دُھوپ جلانا۔** (ا۔محاورہ) خوشبو جلانا۔
**دُھوپ چڑھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دِن چڑھنا (۲) دھوپ کا کسی بلند مقام پر پہنچ جانا۔
**دُھوپ چڑھے۔** (۱) دِن چڑھے۔

**دُھوپ چھاؤں۔** (ا۔مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوتے ہیں۔اندھیرا اُجالا۔
**دُھوپ چھپنا۔** (ا۔محاورہ) شام ہونا۔بادل گھر آنا۔
**دُھوپ چھوڑنا۔** (ا۔محاورہ) سُورج کے آگے سے ہٹ جانا۔ دُھوپ پڑنے دینا۔
**دُھوپ دان۔ دُھوپ دانی۔** (ا۔مذ۔مث) وہ برتن جس میں دُھوپ یا خوشبو دار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔
**دُھوپ دکھانا۔ دھوپ دینا۔** (ا۔محاورہ) کسی چیز کو دُھوپ میں رکھ کر سکھانا۔
**دُھوپ ڈھل جانا۔** (ا۔محاورہ) زوالِ آفتاب ہونا۔
**دُھوپ سہنا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ میں کام کرنا۔دھوپ برداشت کرنا۔
**دُھوپ کھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دُھوپ میں بیٹھا رہنا۔دھوپ میں گرمی برداشت کرنا (۲) کسی چیز کو دھوپ لگنا۔
**دُھوپ کھلنا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ پھیلنا۔
**دُھوپ گھڑی۔** ایک آلہ جس پر دھوپ پڑے تو مختلف نشانات مختلف اوقات ظاہر کرتے ہیں۔یہ گھڑی مقامی وقت بتلاتی ہے۔
**دُھوپ لگنا۔** (ا۔محاورہ) دُھوپ کا اثر ہونا۔
**دُھوپ لینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دُھوپ کھانا (۲) دھوپ کا اثر حاصل کرنا۔
**دُھوپ میں بال سفید کرنا۔** (ا۔محاورہ) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا
**دُھوپ نکلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) سُورج چڑھنا (۲) سُورج کا بادلوں میں سے نکلنا (۳) روشنی پھیلنا۔
**دُھوت۔** [ہ] کُتّے کو ہٹانے کی آواز۔دور۔بھاگ۔ہٹ۔
**دھوتر۔** (ا۔مث) ایک قسم کا موٹا اور چھدرا کپڑا۔
**دھوتو۔** (دُھو۔تو) [ہ۔ا۔مذ] بگل۔تُرئی۔نرسنگھا۔بِگل کی آواز۔
**دُھوتو بیگ۔** موٹا۔بھُسپھُسا آدمی۔
**دھوتی۔** (دھو۔تی) [ہ۔ا۔مث] (۱) باریک لمبا کپڑا جو کمر سے باندھا جائے (۲) لنگی۔
**دھوتی پرشاد۔** (۱) ہندوؤں کو حقارت سے کہتے ہیں (۲) بنیا۔بقال
**دھوتی میں سب ننگے۔** (مثل) اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہے۔
**دھور۔** (ہ۔ا۔مث) دھول (۲) ایک بسوئے کا بیسواں حصّہ۔ایک قسم کی ناقص گھاس۔
**دُھورا۔** (دُھو۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دُھرا۔دھوکہ۔دغا (۲) پسی ہوئی دوا جو کسی زخم وغیرہ پر چھڑکی جائے۔دُھوڑا۔
**دھورے۔** (دھو۔رے) [ہ] (۱) نزدیک۔قریب۔سامنے۔تقریباً قریب۔قریب۔
**دُھوسنا۔** (دُھو۔س۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹھونسنا۔گھسیڑنا۔بھرنا (۲) مویشی کا ٹکر مار کر زخمی کرنا۔
**دھوک۔** (ہ۔ا۔مث) کلابتون بٹنے کی سلائی۔
**دھوکا۔** (دھو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دغا۔فریب۔مکر (۲) غلط فہمی۔شبہ۔ بھچکا ہٹ (۳) پرندوں کو ڈرانے کا پُتلا (۴) سراب (۵) ڈر۔



Marfat.com

گھبراہٹ۔ مایوسی (۶) ظاہری صورت (۷) کوئی چیز جو دور سے صاف نظر نہ آئے۔

**دھوکا اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔

**دھوکا دَھڑی**۔ (ا۔ مث) دَغا۔ فریب۔

**دھوکا دہی**۔ (ا۔ ف۔ مث) فریب دینا۔

**دھوکا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فریب دینا۔ چھل کرنا (۲) مغالطہ دینا۔

**دھوکا کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غلطی کرنا۔ چُوکنا (۲) فریب میں آنا۔

**دھوکا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غلطی ہونا۔ سہو ہونا (۲) شُبہ ہونا۔ شک ہونا۔

**دھوکے باز**۔ (ا۔ مذ) دغا باز۔ مکّار۔ فریبی۔

**دھوکے بازی**۔ (ا۔ ف۔ مث) فریب۔ دَغا بازی۔

**دھوکے کی ٹٹّی**۔ (ا۔ مث) (۱) فریب میں لانے والی یا مغالطہ دینے والی شے (۲) وہ ٹٹّی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں۔

**دھوکے میں**۔ (ا) (۱) دھوکا کھا کر (۲) کسی اور کے گمان سے۔

**دھوکے میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔

**دھوکے میں رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھوٹی اُمید میں رہنا۔ مغالطہ ہونا۔ جھوٹے وعدے پر یقین کرنا۔

**دھوکر پینا**۔ (اُ۔ مص) صاف کر کے پینا۔

**دَھول**۔ (ہ۔ ا۔ مذ و مث) (۱) جوار کا ہرا پیٹھا جسے چوستے ہیں (۲) ایک قسم کا گنّا (۳) دَھپ۔ تھپڑ۔ چانٹا۔

**دَھول دھپّا**۔ (ا۔ مذ) (۱) ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا (۲) چھیڑ چھاڑ۔

**دُھول**۔ (ہ۔ ا۔ مث) خاک۔ گرد۔ راکھ۔ مٹّی۔

**دُھول اُڑا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) مٹا دینا۔ خاک میں ملا دینا۔

**دُھول اُڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خاک اُڑانا (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ (۳) آوارہ پھرنا۔

**دُھول اُڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خاک اُڑنا (۲) تباہی مچنا۔

**دُھول جھڑنا**۔ (۱) گرد دُور ہونا (۲) پٹنا۔ پٹائی ہونا۔

**دَھولا**۔ (دَھو۔ لا) (ہ۔ صف) سفید۔ روشن۔ چمکدار۔ کوئی سفید چیز۔

**دَھولا پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) رنگ سفید یا زرد ہو جانا۔

**دَھولا پَن**۔ (ا۔ مذ) سفیدی۔ چمک۔ صفائی۔

**دَھولے آجانا**۔ (ا۔ محاورہ) سفید بال نکلنے شروع ہونا۔

**دَھولانا**۔ (دَھو۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) دھول مارنا۔ چانٹا رسید کرنا۔

**دَھولی**۔ (ق۔ ا۔ مث) شرمندگی۔

**دُھولیا**۔ (دُھول۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) دُھول یا خاک کا بنا ہوا (۲) مٹی کی بنی ہوئی کوئی شے۔ مٹی۔

**دُھولیا ملیا کرنا**۔ کسی معاملہ کو دبا لینا یا ملیامیٹ کرنا۔

**دُھوم**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شور و غل۔ افواہ۔ ہنگامہ (۲) شہرت۔ غلغلہ۔ شان و شوکت (۳) ایک قسم کا چکن کا کام۔

**دُھوم اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دُھوم ہونا (۲) شور مچ جانا۔

**دُھوم اُڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) شہرت ہونا۔

**دُھوم پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) شہرت ہونا۔

**دُھوم دھام**۔ (ا۔ مث) زور شور۔ دھام تابع موضوع ہے۔

**دُھوم دھامی**۔ (ا۔ صف) (۱) بھڑکیلا۔ خوب صورت (۲) بڑی دھوم دھام سے۔

**دُھوم دھڑکا**۔ (ا۔ مذ) ہنگامہ۔ شور۔ غلغلہ۔

**دُھوم ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) شور مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

**دُھوم کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہنگامہ برپا کرنا (۲) مشہور کرنا۔

**دُھوم مچانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شور کرنا۔ غل کرنا (۲) فریاد کرنا۔

**دُھوم مچنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شہرت ہونا (۲) ہنگامہ برپا ہونا۔

**دُھوم ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) شہرت ہونا۔

**دُھوما**۔ (دُھو۔ ما) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دُھوئیں کا رنگ۔ سُرخ اور سیاہ ملا ہوا رنگ۔ اُودا رنگ۔ سیاہ رنگ (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

**دُھومک دھیّا**۔ (دُھو۔ مک۔ دَھی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) غُل۔ شور۔ واویلا۔ شور و غوغا۔

**دَھون**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بیس سیر کا وزن۔ آدھا من۔

**دَھول**۔ (ہ۔ ا۔ مث) کھانسنے کی آواز۔

**دَھول دَھول کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بار بار کھانسنا۔ کھانسی کا عارضہ ہونا۔

**دُھول**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) توپ یا بندوق کی آواز۔ پٹاخے یا بمب کے چلنے کی آواز۔ دھماکا۔ دُھول کی آواز۔

**دُھول دُھول**۔ (ا۔ صوت۔ مث) توپ یا بندوق کی متواتر آواز۔

**دھونا**۔ (دھو۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پانی سے صاف کرنا۔

**دُھونا**۔ (دُھو۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) رال۔ ایک قسم کا گوند جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے۔

**دَھونتال**۔ (دَھوں۔ تال) (ہ۔ صف) (۱) دولت مند (۲) فیاض۔ دانا (۳) طاقت ور۔ بہادر (۴) عیّاش۔ شریر۔

**دَھونٹی**۔ (دَھوں۔ ٹی) (ق۔ ا۔ مث) چرواہے کی لکڑی۔

**دَھوندھا**۔ (دَھوں۔ دھا) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹیلہ۔ ڈھیر۔ تودہ۔

**دَھونس**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دھمکی۔ ڈراوا (۲) دھوکا۔ فریب۔

**دَھونس پٹی**۔ (ا۔ مث) دھوکا۔ جھانسا۔ دم دلاسا۔

**دَھونس دینا**۔ (ا۔ محاورہ) دھمکی دینا۔

**دَھونس میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ڈر جانا (۲) فریب میں آنا۔

**دَھونسا**۔ (دَھوں۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا نقارہ (۲) صدمہ۔

**دَھونسا کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شامت آنا (۲) صدمہ اُٹھانا۔

**دَھونسنا**۔ (دَھونس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ٹھونسنا۔ دبانا (۲) سزا دینا۔ پیٹنا۔ مارنا۔

**دَھونسیا**۔ (دَھوں۔ سی۔ آ) (ہ۔ ا۔ مذ) مکّار۔ فریبی (۲) مالگذاری وصول کرنے والا۔

**دَھونک (دھونکن)**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پیاس کی شدّت (۲) دَمہ کا مرض۔

**دھونکنا**۔ (دَھوں۔ ک۔ نا) (ہ۔ مص) دھونکنی سے پھونکنا۔ ہوا دے کر آگ تیز کرنا۔



Marfat.com

دَھونکنی ۔ (دَھوں ۔کَ ۔نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] آگ پھُونکنے کا چمڑے کا مشک کی شکل کا آلہ۔
دَھونکنی لگنا ۔ (ا ۔ محاورہ) سانس پھُولنا۔
دُھونی ۔ (دُھو ۔نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) خوشبو جلانا۔ دُھواں اُٹھنے کے لیے کوئی چیز آگ میں ڈالنا (۲) سادھوؤں کا الاؤ۔
دُھونی جگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) سادھوؤں کا آگ کے الاؤ کے سامنے بیٹھ کر تپسیا کرنا۔
دُھونی رمانا ۔ (ا ۔ محاورہ) آگ کا الاؤ جلا کر سادھوؤں کی طرح بیٹھ جانا۔ کسی جگہ بیٹھ جانا۔
دُھونی لگا کر بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی پر پختہ اعتماد کرنا۔
دُھونی لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناک میں دھواں لینا۔
دھووَن ۔ (دَھو ۔ وَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو اور اس میں کثافت آگئی ہو۔
دھوئی ۔ (دھو ۔ ای) [ہ ۔ صف] دُھلی ہوئی ۔ پاک کی ہوئی ۔ صاف کی ہوئی۔
دھوئی دھلائی آنکھ ۔ (ا ۔ مث) بے شرم آنکھ۔
دھوئی ہوئی زبان ۔ (ا ۔ مث) (۱) پاک کی ہوئی زبان ۔ شُستہ زبان ۔ فصیح زبان۔
دھویا جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بے شرم ہونا ۔ بے باک ہونا۔
دھویا دھایا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) صاف سُتھرا ۔ پاک و صاف (۲) بے شرم ۔ بے غیرت۔
دھویا دیدہ ۔ [اُ ۔ صف] بے غیرت ۔ بے حیا۔
دِھی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بیٹی (۲) سمجھ ۔ عقل۔
دِھی دھیانی ۔ (ہ ۔ مث) بیٹی ۔ خاندان کی بیٹی ۔ محلہ یا گاؤں کی بیٹی۔
دِھی چھوڑ داماد پیارا ۔ (ا ۔ مثل) بیٹی کی نسبت داماد کی زیادہ خاطر ملحوظ رکھی جاتی ہے۔
دِھیان ۔ (دِھ ۔ یان) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خیال ۔ توجہ ۔ فکر ۔ سوچ ۔ لحاظ۔
دِھیان آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خیال آنا ۔ یاد آنا۔
دِھیان بٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دوسری طرف متوجہ ہونا ۔ خیال کا پراگندہ ہونا
دِھیان بندھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا تصوّر بندھنا ۔ کسی کا خیال آنا۔
دِھیان پر چڑھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بھُولی بسری بات کا یاد آجانا۔
دِھیان پھر جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) طبیعت کا مَیلان ہٹ جانا ۔ توجہ نہ رہنا۔
دِھیان دوڑانا ۔ (ا ۔ محاورہ) یاد کرنا ۔ یاد کرنے کی کوشش کرنا ۔ ہر پہلو پر نگاہ کرنا۔
دِھیان دھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تصوّر جمانا ۔ مراقبہ میں بیٹھنا۔
دِھیان دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) توجہ سے کام کرنا ۔ خیال کرنا۔
دِھیان رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خیال رکھنا ۔ نگاہ میں رکھنا۔
دِھیان رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خیال رہنا ۔ یاد رہنا۔
دِھیان سے ۔ (۱) توجہ سے ۔ سوچتے ہوئے۔
دِھیان سے اُترنا ۔ (ا ۔ محاورہ) یاد نہ رہنا ۔ بھُول جانا۔
دِھیان کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) سوچنا ۔ فکر کرنا ۔ مراقبہ میں جانا ۔ توجہ کرنا۔

دِھیان لڑانا ۔ (ا ۔ محاورہ) غور کرنا ۔ فکر کرنا ۔ یاد کرنے کی کوشش کرنا۔
دِھیان لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) توجہ کرنا ۔ خیال کرنا۔
دِھیان میں آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ میں آنا ۔ خیال میں آنا ۔ یاد آجانا۔
دِھیان میں لانا ۔ (ا ۔ محاورہ) خاطر میں لانا ۔ قابل توجہ ۔ خیال کرنا۔
دِھیان میں ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) یاد ہونا۔
دِھیانی ۔ (دِھ ۔ یا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خدا سے لَو لگانے والا ۔ گیانی [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) بیٹی ۔ بیٹی یا بہن کی بیٹی۔
دِھیر ۔ [ہ ۔ صف] (۱) صبر ۔ تحمل ۔ ثابت قدم ۔ مستقل مزاج (۲) دلیری ۔ حوصلہ
دِھیرا ۔ (دِھی ۔ را) [ہ ۔ صف] (۱) آہستہ چلنے والا ۔ نرم مزاج (۲) وحشی جانور جسے رام کر لیا گیا ہو (۳) وہ شخص جس کا غصّہ اُتر چکا ہو۔
دِھیرا سو گھیرا ۔ (ا ۔ مثل) نرم مزاج گہرا ہوتا ہے جو پانی آہستہ چلے وہ گہرا ہوتا ہے ۔ مستقل مزاج آدمی کامیاب رہتا ہے۔
دِھیرج ۔ (دِھی ۔ رَج) [ہ ۔ صف] حوصلہ ۔ جرأت ۔ استقلال ۔ مضبوطی۔
دِھیرج بندھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) حوصلہ افزائی کرنا ۔ تسلی دینا۔
دِھیرج کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) صبر کرنا ۔ ہمت کرنا۔
دِھیرک ۔ (دِھی ۔ رَک) [ق ۔ ا ۔ مث] تسلی ۔ سہارا۔
دِھیری ۔ (دِھی ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) آنکھ کی پُتلی (۲) مستقل مزاجی (۳) پتنگ بازی میں ہارنے والا شخص۔
دِھیری دِھیری پُکارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) پتنگ بازی میں اپنی فتح کا اعلان کرنا ۔ دِھیری دھیری کہنا۔
دِھیرے دِھیرے ۔ (۱) [ہ] آہستہ آہستہ۔
دِھیرے سے ۔ (۱) آہستہ سے ۔ دبی آواز سے۔
دھیلا ۔ (دھے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] آدھا پیسہ۔
دھیلا دمڑی ۔ (ا ۔ مث) قلیل رقم۔
دَھیلاؤ ۔ (دھے ۔ لا ۔ او) [ق ۔ صف] ڈھلان ۔ نشیب۔
دھیلی ۔ (دھے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] اٹھنّی۔
دِھیم ۔ [ہ ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ] (۱) آہستگی ۔ سستی ۔ تاخیر (۲) حلم ۔ شرافت۔
دِھیما ۔ (دِھی ۔ ما) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سُست ۔ کاہل (۲) نرم ۔ آہستہ ۔ مدھم۔
دِھیما بازار ۔ (ا ۔ مذ) (۱) مندہ بازار (۲) ایسی منڈی جس کے نرخ آہستہ آہستہ گر یا چڑھ رہے ہوں۔
دِھیما پڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کم ہو جانا۔
دِھیما کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گھٹانا ۔ نرم کرنا (۲) غصّہ ٹھنڈا کرنا۔
دِھیمر ۔ (دِھی ۔ مَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہندو کہاروں کی ایک ذات (۲) ماہی گیر (۳) کالا آدمی۔
دِھین دَھوکڑ ۔ [ہ ۔ صف] (۱) موٹا اور سُست (۲) بے فکرا ۔ خود رائے۔
دِھین دَھوکڑ ۔ اللہ میاں کے نوکر ۔ (ہ ۔ مثل) آزاد اور خود سَر کی نسبت بولتے ہیں۔
دِھین دَھوکڑی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] زبردستی ۔ خود سَری۔
دِھینگ ۔ دھینگا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) موٹا تازہ آدمی (۲) بدمعاش عورت کا آشنا ۔ مسٹنڈا۔



Marfat.com

**دھینگا دھانگی** - (ہ - ا - مث) دست درازی - مار کٹ ۔ کھلبلی - ہاتھا پائی -
**دھینگا مشتی** - (ہ - ا - مث) ہاتھا پائی - دست درازی - دنگا فساد -
**دھینور** - (دھِیں - وَر) (ہ - ا - مذ) مچھیرا - ایک ذات -
**دھیوت** - (دھے - وَت) (ہ - ا - مذ) سات سُروں میں سے ایک کا نام

## د ــــــ ئ

**دَئی** - (دَ - ای) (ہ - ا - مذ) (۱) خدا - بھگوان (۲) دیوتا - پیغمبر -
**دَئی مارا** - (۱) اللہ مارا (۲) بدقسمت -

## د ــــــ ی

**دِی** - (ف - ا - مذ) گُذرا ہوا کل -
**دِیرُوز** - (ف - ا - مذ) گُذرا ہوا کل -
**دِیرُوزہ** - (ف - صف) گذرے ہوئے کل سے متعلق - گذشتہ -
**دِیشب** - (ف - ا - مث) گذرے ہوئے کل کی رات -
**دَے** - (ف - ا - مذ) شمسی سال کا دسواں مہینہ - ماگھ -
**دَیا** - (ہ - ا - مث) (۱) بخشش - عطا (۲) ہمدردی - رحمدلی - مہربانی -
**دیا کرنا** - (ا - محاورہ) مہربانی کرنا - عطا کرنا -
**دِیا** (دِیوا) (ہ - ا - مذ) (۱) چراغ (۲) دینا کا ماضی مطلق - دِیا ہوا -
**دِیا بتی کرنا** - (ا - محاورہ) چراغ جلانا - چراغ روشن کرنا -
**دِیا سلائی** - (ا - مث) (۱) چراغ جلانے کی تیلی جس میں مسالا لگا ہوتا ہے (۲) وہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے -
**دِیا کھانا** - (ا - محاورہ) کسی کی امداد پر بسر اوقات کرنا - کسی کا محتاج ہونا -
**دِیا لیا** - خدا کی راہ پر دیا ہوا - بھلائی - نیک سلوک -
**دِیا لیا آڑے آنا** - (ا - محاورہ) خیر خیرات کی وجہ سے کسی مصیبت سے بچ جانا -
**دیے کا چراغ نہیں بڑھتا** - (ا - محاورہ) سخاوت کی یادگار کبھی نہیں مٹتی -
**دیے کی روشنی محشر تلک** - (ا - مثل) خیرات اور بخشش کرنے والے کا نام ہمیشہ زندہ رہتا ہے -
**دِیار** - (دِ - یار) (ع - ا - مذ) شہر - علاقہ - مُلک -
**دیارا** - (دِ - یا - را) (ہ - ا - مذ) دریا برآمد - وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے -
**دیا قوزہ** - (دَ - یا - قُو - زَہ) (ہ - ا - مث) (۱) ایک مرکب دوا (۲) خشخاش کا شربت -
**دَیال** - (دَ - یال) (ہ - صف) رحمدل - مہربان -
**دَیالو** - (دَ - یا - لُو) (ہ - صف) سخی - ہمدرد - فیاض -
**دیانا** - (ق - مص) روشن کرنا -

**دیانت** - (دِ - یا - نَت) (ع - ا - مث) (۱) ایمانداری - راستی (۲) امانت -
**دیانتدار** - (ع - ف - صف) ایماندار - راستباز -
**دیانتداری** - (ف - ا - مث) ایمانداری - راستی -
**دیاونت** - (دَ - یا - وَنت) (ہ - صف) رحمدل - مہربان -
**دِیبا** - (دی - با) (ف - ا - مذ) ایک قسم کا ریشمین کپڑا -
**دِیباجہ - دِیباچہ** - (دی - با - جہ / چہ) (ع - ا - مذ) (۱) کتاب کا مقدمہ - پیش لفظ - تمہید (۲) آراستہ -
**دیبی** - (ہ - ا - مث) ملکہ - رانی - دیوی -
**دِیپ** - (ہ - ا - مذ) (۱) چراغ - روشنی - چمک (۲) چھوٹی دیوالی (۳) ایک راگ - دیپک -
**دیپ مالا** - (ہ - ا - مث) چراغوں کی قطار - چراغاں -
**دیپک** - (دی - پک) (س - ا - مذ) (۱) روشنی - چراغ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ایک قسم کا راگ کہتے ہیں اس کی تاثیر سے آگ لگ جاتی ہے -
**دیپنا** - (دی - پَ - نا) (ق - مص) (۱) روشن کرنا (۲) چمکنا -
**دِیَت** - (دِ - یَت) (ع - ا - مث) (۱) خون بہا (۲) جرمانہ -
**دیتا بھوُلے نہ لیتا** - (مثل) معاملہ صاف اور سیدھا ہے -
**دے پٹکنا** - (دے - پ - ٹک - نا) (مص) اُوپر سے نیچے گرانا -
**دیجور** - (دی - جُور) (ف - صف) (۱) سیاہ - تاریک (۲) اماوس کی رات - (۳) سیاہ چیز - سیاہی -
**دید** - (ف - ا - مث) نگاہ - نظر (صف) دیکھا ہوا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے چشم دید -
**دید باز** - (ف - صف) دیکھنے والا - تاک جھانک کرنے والا -
**دید بازی** - (ف - ا - مث) آنکھیں لڑانا - تاک جھانک کرنا -
**دید بان** - وہ سُوراخ جس میں سے تاک کر نشانہ باندھتے ہیں -
**دید بانی** - (ف - ا - مث) محافظت - نگہداشت -
**دید خواہ** - (ف - صف) ملاقات کا خواہش مند -
**دید شنید** - (ف - صف) جان پہچان - واقفیت -
**دید نہ شنید** - (ف - صف) دیکھی نہ سُنی - عجیب - انوکھا - نادر - نایاب -
**دید و باز دید** - (ف - ا - مث) آمدورفت رکھنا - ایک دوسرے سے ملنے کے لیے جانا -
**دیدار** - (دی - دار) (ف - ا - مذ) جلوہ - درشن - نظارہ - صورت - چہرہ -
**دیدار بازی** - (ف - ا - مث) نظر بازی - تاک جھانک -
**دیدار پانا** - (ا - محاورہ) محبوب کی صورت دیکھنا -
**دیدار دکھانا** - (ا - محاورہ) صورت دکھانا - محبوب کا آنا -
**دیدار کا بھوکا ہونا** - (ا - محاورہ) محبوب کی صُورت دیکھنے کے لیے ترس جانا
**دیدار کرنا** - (ا - محاورہ) محبوب کی صُورت دیکھ پانا -
**دیدار ہونا** - (ا - محاورہ) محبوب سے اتفاقیہ ملاقات ہو جانا یا اُسے دیکھ پانا -
**دیدارُو** - (دی - دا - رُو) (دا - صف) شکیل - وجیہہ -
**دیدنی** - (دِید - نی) (ف - صف) (۱) دیکھنے کے قابل (۲) دیکھا ہوا -



Marfat.com

دیدوں سے کاجل چرانا۔ (ا۔محاورہ) صفائی سے چوری کرنا۔
دیدوں میں چربی چھانا۔ (ا۔محاورہ) اصلیت نظر نہ آنا۔ بُرا بھلائی نہ سُوجھنا۔
دیدوں کی صفائی۔ (ا۔محاورہ) بے شرمی۔ بے حیائی۔
دیدوں کی قسم۔ (ا۔مث) آنکھوں کی قسم۔
دیدوں میں سرسوں پھُولنا۔ (ا۔محاورہ) گھبراہٹ میں کچھ نظر نہ آنا۔
دیدہ۔ (دِی۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) آنکھ۔ چشم (۲) دلیری۔ بے باکی۔ جرأت۔
دیدہ بڑا ہے۔ (ا۔محاورہ) بہت ڈھیٹ ہے۔
دیدۂ بینا۔ (ف۔ا۔مذ) گہرائی تک دیکھنے والی آنکھ۔ دیکھیے چشم بینا۔
دیدہ بیٹھ جانا۔ (ا۔محاورہ) آنکھ کا ضائع ہو جانا۔ بصارت جاتی رہنا۔
دیدہ پھٹا ہونا۔ (ا۔محاورہ) گستاخ ہونا۔ بے باک ہونا۔
دیدہ پھٹ جانا۔ (ا۔محاورہ) حیرت سے آنکھیں کھُلی رہ جانا۔
دیدہ پھٹی۔ (ا۔صف) بڑی بڑی اور بے رس آنکھوں والی۔
دیدہ درائی۔ (ف۔ا۔مث) دلیری۔ بے باکی۔ بے لحاظی۔
دیدہ جوہر۔ (ف۔ا۔مذ) وہ حلقے جو تلوار کی آب میں نظر آتے ہیں۔
دیدۂ دل۔ (ف۔ا۔مذ) دل کی آنکھ۔ باطنی آنکھ۔
دیدہ دلیر۔ بے باک۔ بے حیا۔
دیدہ دلیری۔ (ف۔ا۔مث) بے باکی۔ بے حیائی۔
دیدہ دلیل۔ (ف۔ا۔صف) (۱) بے حیا۔ نڈر۔ بے باک (۲) دلیر۔
دیدہ دلیلی۔ (ف۔ا۔مث) بے باکی۔ دلیری۔
دیدہ دھولی۔ (ف۔ا۔مث) بے حیا عورت۔ بے غیرت۔
دیدہ ریزی۔ مینا کاری۔ باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے۔
دیدہ وا ہونا۔ (ا۔محاورہ) آنکھ کھُلی ہونا۔
دیدہ نہ ٹِکنا۔ (ا۔محاورہ) دل نہ لگنا۔
دیدہ نہ لگنا۔ (ا۔محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ دل نہ لگانا۔
دیدہ و دانستہ۔ (ف) جان بُوجھ کر۔
دیدہ و دل فرش کرنا۔ (ا۔محاورہ) تواضع کرنا۔ بہت آؤ بھگت کرنا۔
دیدہ ور۔ (ف۔صف) دانا۔ ہوش مند۔ صاحبِ نظر۔
دیدہ وری۔ (ف۔ا۔مث) دانائی۔ عقلمندی۔
دیدہ ہوائی ہونا۔ (ا۔محاورہ) بے باک اور چالاک ہونا۔
دیدے اُلٹ جانا۔ (ا۔محاورہ) نزع کی کیفیت طاری ہونا۔
دیدے بدلنا۔ (ا۔محاورہ) بے مروتی کرنا۔ بے رُخی اختیار کرنا۔
دیدے بھر آنا۔ (ا۔محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔
دیدے پتھرا جانا (پٹم ہونا)۔ (ا۔محاورہ) آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔ اندھا ہو جانا۔
دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ (ا۔محاورہ) گھُورنا۔ غور سے دیکھنا۔
دیدے پھرانا۔ (ا۔محاورہ) لحاظ نہ کرنا۔ بے مروت ہونا۔
دیدے پھوڑنا۔ (ا۔محاورہ) دیدہ ریزی کرنا۔ باریک کام محنت سے کرنا۔
دیدے تلووں سے ملنا۔ (ا۔محاورہ) کمال درجہ خوشامد کرنا۔
دیدے چار ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہوشیار اور چالاک ہونا (۲) ملاقات ہونا۔

دیدے چمکانا۔ (ا۔محاورہ) ناز و ادا سے آنکھوں کو گردش دینا۔ دیدے مٹکانا۔
دیدے دکھانا۔ (ا۔محاورہ) آنکھیں دکھانا۔ غصّے کا اظہار کرنا۔
دیدے سفید ہونا۔ (ا۔محاورہ) اندھا ہو جانا۔
دیدے کا پانی ڈھل جانا۔ (ا۔محاورہ) بے حیا اور بے غیرت ہو جانا۔
دیدے مٹکانا۔ چشم و ابرو کے اشاروں سے باتیں کرنا۔
دیدے نکالنا۔ (ا۔محاورہ) خشم گیں نگاہوں سے دیکھنا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں خفگی کا اظہار کرنا۔
دیدے نیلے پیلے کرنا۔ (ا۔محاورہ) دیکھیے دیدے نکالنا۔
دیدے دھویا۔ (ا۔مثل) بے لحاظ۔ مروّت۔
دے دے پٹکنا۔ دے دے مارنا۔ (ہ۔مص) کسی چیز کو متواتر گرانا۔
دے ڈالنا۔ (دے۔ڈال۔نا) (ہ۔مص) دے دینا۔ بخش دینا۔ عطا کرنا۔
دَیر۔ (ف۔ا۔مذ) مندر۔ بُت خانہ۔
دَیرِ کہن۔ دَیرِ مکافات۔ (کنایۃً) دُنیا۔
دیر۔ (ف۔ا۔مث) وقفہ۔ عرصہ۔ مدّت۔
دیر آشنا۔ (ا۔صف) مدّت کے بعد بے تکلف ہونے والا شخص۔
دیر آید دُرست آید۔ (ف۔صف) جو کام آہستہ اور سہولت سے ہو وہ اچھا اور دُرست ہوتا ہے۔
دیرپا۔ (ف۔صف) پائیدار۔ مضبوط۔
دیر سویر۔ (ا۔مث) وقفہ۔ دیر۔
دیر (کرنا) لگانا۔ (ا۔محاورہ) تاخیر کرنا۔ ڈھیل ڈالنا۔
دیر ہونا۔ وقت زیادہ لگ جانا۔ مقررہ وقت سے زیادہ عرصہ ہو جانا۔
دیرا۔ (دے۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خیمہ۔ رہنے کی جگہ۔ مکان (۲) مکان سے ملا ہوا چھوٹا مکان جہاں مہمان وغیرہ ٹھہرائے جاتے ہیں۔ ڈیرا۔
دیرانہ۔ (دے۔را۔نہ) [ف۔ا۔مذ] دیر کے بعد عاید ہونے والی فیس۔
دیری۔ (دے۔ری) [اُر۔ا۔مث] تاخیر۔ توقف۔ دیر۔
دیرینہ۔ (دے۔ری۔نہ) [ف۔صف] قدیم۔ پُرانا۔ بزرگ۔ بُوڑھا۔ تجربہ کار۔
دَیڑھ۔ (دَے۔ڑھ) [ق۔ا۔مذ] بڑا پیٹ۔ حمل۔
دَیز۔ [ق۔ا۔مذ] جہیز۔
دیس۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) مُلک۔ وطن۔ علاقہ (۲) ایک راگ کا نام جو نصف شب کے وقت گایا جاتا ہے۔
دیس انتر۔ دیس نکالا۔ جلا وطنی (ق)۔
دیس بدیس پھرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) سیر و سیاحت کرنا (۲) مارا مارا پھرنا۔
دیس بھاشا۔ (ہ۔ا۔مث) اپنے وطن کی زبان۔
دیس بھائی۔ (ہ۔ا۔مذ) ہم وطن۔ اپنے مُلک کا رہنے والا۔
دیس چوری پردیس بھکشا۔ (ا۔مثل) اپنے وطن اور جان پہچان والوں میں وضع اور وقار قائم رکھنا اتنا ضروری ہے کہ اس کی خاطر لوگ چوری تک کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں لیکن پرائے ملک میں جہاں کوئی جاننے والا نہیں ہوتا بھیک تک مانگنے میں عار نہیں ہوتی۔
دیس نکالا۔ (ا۔محاورہ) جلا وطن کر دینا۔
دیسا۔ (دے۔سا) [ہ۔ا۔مذ] مُردے کی سال بسال یادگار۔ برسی۔



Marfat.com

دِیسی۔ (دِے۔سی) [ہ۔صف] دیس سے متعلقہ۔ وطنی۔ وطن کی بنی ہوئی اپنے مُلک کی شے۔
دِیغ۔ [ا۔ُ۔ا۔مث] دیگ۔ پکانے کا بڑا برتن۔
دَیک۔ [ق] دے کر۔ دے کے۔
دَیکھ۔ [ق۔صف] فریادرس۔
دیکھ۔ (۱) دیکھنا کا اَمر۔ کلمہ تاکید و تنبیہہ۔ مخاطب کو کسی اَمر کی طرف متوجہ کرنے، خبردار کرنے اور دھمکانے کے لیے کہتے ہیں۔
دِیکھ بھال۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) نگرانی۔ بغور دیکھنا (۲) تلاش۔
دیکھ بھال کرنا۔ (ا۔محاورہ) نگرانی کرنا۔
دیکھ بھال لینا۔ (ا۔محاورہ) اچھی طرح دیکھ لینا۔ غور کرنا۔
دیکھ پانا۔ [ہ۔مص] دیکھ لینا۔ اچانک نظر پڑنا۔
دیکھ داکھ۔ (ا) دیکھ کر۔
دیکھ دیکھ۔ (کلمہ تنبیہہ) کیا کرتا ہے۔ ہوش میں آ۔
دیکھ ڈالنا۔ [ہ۔مص] پڑھ کر ختم کر دینا۔ پڑھ لینا۔
دیکھ کر جینا۔ (ا۔محاورہ) بہت محبت کرنا۔ کسی کے دیدار کو اپنی زندگی بنا لینا
دیکھ کیسا علاج کرتا ہوں۔ (ا۔محاورہ) قرار واقعی سزا دینے کی جگہ کہتے ہیں
دیکھ لینا۔ (ا۔محاورہ) آزمانا۔ دیکھنا۔ سمجھنا۔
دیکھا۔ (دے۔کھا) [ہ] (۱) یہ دیکھ لیا۔ کسی کو کسی بات سے منع کیا جائے اور وہ اسے کرے تو بُرا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں (۲) دیکھنا کی ماضی (۳) آزمایا ہوا۔
دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ۔ (ا۔محاورہ) موقع محل نہیں دیکھا۔
دیکھا بھالا۔ (ا۔صف) آزمودہ۔ جانا پہچانا۔ تجربہ کیا ہوا۔
دیکھا بھالی۔ (ا۔مث) تلاش جستجو۔ کسی چیز کو غور سے دیکھنا۔
دیکھا جائے گا۔ (ا۔محاورہ) (۱) پھر غور کیا جائے گا (۲) بدلہ لیا جائے گا۔ خیال رہے گا (۳) کوئی پروا نہیں۔
دیکھا چاہیئے۔ (ا۔محاورہ) (۱) اُمید نہیں دیکھیے شاید۔ دیدہ باید (۲) قابلِ تعریف۔ سراہنے کے قابل۔ قابلِ دید۔
دیکھا دیکھی۔ (۱) ایک دوسرے کی ریس سے کوئی کام کرنے لگنا۔
دیکھا کرنا۔ (ا۔محاورہ) لگاتار دیکھنا۔ دیکھنے کی عادت ہونا۔
دیکھا کرے۔ (کلمہ تمنا) ہر وقت دیکھتا رہے کسی چیز کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
دیکھا نہ بھالا۔ (ا۔صف) دیدہ نہ شنیدہ۔ جان نہ پہچان۔
دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ۔ [مثل] خواہ مخواہ واقفیت جتانا اور خوشامد کرنا۔
دیکھا نہ سُنا۔ (ا۔صف) لاثانی۔ عجیب۔ بے نظیر۔ انوکھا۔ دیدہ نہ شنیدہ۔
دیکھا نہیں جاتا۔ (ا۔محاورہ) برداشت نہیں ہوتا۔ دیکھ کر رنج ہوتا ہے۔
دیکھا ہوا۔ (ا۔صف) آزمایا ہوا۔ نظر آیا ہوا۔
دیکھا ہے۔ (ا۔محاورہ) دیکھ لیا ہے۔ تنبیہہ کے طور پر۔
دیکھتا کیا ہے۔ (ا۔محاورہ) [ہ] کیا تامل ہے۔ کیا سوچ رہا ہے۔
دیکھتے دیکھتے۔ [ہ] آنکھوں کے سامنے۔ آن کی آن میں۔ آناً فاناً۔
دیکھتے رہ جانا۔ [ہ۔مص] حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

دیکھتی آنکھوں مکھی نہیں نگلی جاتی۔ (ا۔مثل) جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔
دیکھتے جاؤ۔ (کلمہ تنبیہہ) آگاہ رہو۔ خیال رکھو۔
دیکھتے دیکھتے۔ (۱) بہت جلد۔ فوراً (۲) آنکھوں کے سامنے موجودگی میں (۳) لگاتار دیکھنے کی وجہ سے۔
دیکھتے رہ جانا۔ (ا۔محاورہ) حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔
دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا۔ (ا۔محاورہ) حیرت میں رہ جانا۔
دیکھتے ہی۔ (۱) فوراً۔ نظر ڈالتے ہی۔
دیکھنا۔ (دیکھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) نظر ڈالنا۔ نگاہ کرنا۔ خیال رکھنا۔ غور کرنا۔ سوچنا سمجھنا (۲) ڈھونڈنا (۳) آزمانا۔ جانچنا (۵) لحاظ کرنا (۶) معائنہ کرنا۔ (۷) خبردار ہونا۔ ہوشیار ہونا (۸) بدلہ لینا۔
دیکھنا بھالنا۔ (ا۔محاورہ) غور کر کے دیکھنا۔ تلاش کرنا۔
دیکھنے کو۔ [ہ] برائے نام۔ بہت کم۔
دیکھنے کو نہیں۔ کم یاب۔ نایاب۔
دیکھنے کی۔ [ہ۔صف] نمائشی۔ مصنوعی۔ بیکار۔
دیکھنے میں آنا۔ [ہ۔مص] تجربہ ہونا۔ ظاہر ہونا۔
دیکھنے والا۔ [ہ۔صف] صحبت یافتہ۔ فیض یافتہ۔ ہم عصر۔ معتقد۔
دیکھو دیکھو۔ [ہ۔کلمۂ ندا] خبردار رہو۔ ہوشیار رہو۔
دیکھیں۔ آزمانے یا تجربہ کرنے کی جگہ بولتے ہیں۔
دیکھیے۔ (دے۔کھ۔یے) [ہ] (۱) شاید۔ خدا جانے۔ واللہ اعلم (۲) دیکھنا چاہیئے۔
دیکھیے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ [مثل] خدا جانے نتیجہ کیا ہو۔
دیکھیے شیر کی نظر کھلایئے سونے کا نوالہ۔ [مثل] اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ اچھا سے اچھا کھلاؤ، مگر اپنے زیرِ اثر اور رُعب کے نیچے رکھیں۔
دیکھیے قسمت میں کیا بدا ہے۔ (ا۔مثل) اللہ ہی جانے کیا ہوگا۔
دیکھیے یہ بجلی کہاں گرتی ہے۔ (ا۔مثل) خدا جانے یہ مصیبت کس پر پڑتی ہے۔
دیکھیے۔ (۱) نظر آنا (۲) (امر) سامنے آ کے نظر آئے۔
دیکھیں۔ (۱) آزمائیں۔ تجربہ کریں۔
دیگ۔ [ف۔ا۔مث] کھانے پکانے کا بہت بڑا برتن۔ دیغ۔
دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے۔ [مثل] بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے۔
دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں۔ دیگ میں سے ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں۔ [مثل] ایک سے سب کی جانچ ہو جاتی ہے۔
دیگیں کھنکنا۔ (ا۔محاورہ) دیگیں پکنا۔ دیگوں میں چمچہ چلنے کی آواز۔
دیگ گیر۔ (ا۔مذ) وہ کپڑا جس سے دیگ اٹھاتے ہیں۔
دیگچہ۔ (دیگ۔چہ) [ف۔ا۔مذ] دیگ سے چھوٹا پکانے کا برتن۔ پتیلا۔



Marfat.com

دیگچی۔ (دیگ۔چی) [ف۔ا۔مث] پکانے کا چھوٹا برتن۔پتیلی۔
دیگدان۔ (دیگ۔دان) [ف۔ا۔مذ] چُولھا۔
دِیگر۔ (دی۔گر) [ف۔صف] (۱) دُوسرا (۲) اور (۳) بعد دوپہر کا وقت۔عصر۔
دیگر بخود مناز کہ تُرکی تمام شُد۔ (ف۔مثل) اب اترانے سے کیا فائدہ وقت گزر چکا ہے۔
دِیمک۔ (دِی۔مک) [اُ۔ا۔مث] (۱) چیونٹی کی شکل کا سفید کیڑا جو لکڑی کتابوں وغیرہ کو کھا جاتا ہے (۲) سیونک۔
دِیمک کھایا (خوردہ)۔ (۱) جسے دیمک نے چاٹ لیا ہو (۲) چیچک دار چہرہ۔
دِیمک کے سے دانت۔ (ا۔مثل) تیز دانت۔
دِیمک لگنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی چیز میں دیمک کا داخل ہونا (۲) گھُن لگنا (۳) کوئی خرابی شروع ہونا (۴) صحت میں فتور پڑنا۔
دِین۔ [ع۔ا۔مذ] مذہب۔مَسلک۔دھرم۔ایمان۔ جمع: اَدیان۔
دِین پناہ۔ دین کا حامی۔ وہ حاکم جو دین کا معاون و محافظ ہو۔
دِین حنیفی۔ (ع۔صف) حضرت ابراہیمؑ کا دین۔ دِین اسلام۔
دِین دار۔ (ع۔ف۔صف) مذہب کا پابند۔متقی۔پرہیزگار۔پابند شرع۔
دِین داری۔ (ع۔ف۔ا۔مث) مذہبی عقائد کی پابندی۔پرہیزگاری شریعت کی پابندی۔
دِین دُنیا۔ (ع۔ف۔ا۔مث) دونوں جہان۔ دُنیا اور عاقبت۔
دِین دُنیا سے جانا۔ (ا۔محاورہ) دونوں جہان کے فائدے سے محروم ہونا (۲) کسی کام کا نہ رہنا۔
دِین دُنیا کی خبر نہیں۔ بالکل لاپروا ہے۔بے ہوش ہے۔
دِین دِین پکارنا۔ (ا۔محاورہ) مذہب کے نام پر اعلانِ جنگ کرنا۔ دین کا دعوے کرنا۔
دِین کا جھنڈا۔ مذہبی جھنڈا۔ مذہب کی عظمت۔
دِین کا نہ دُنیا کا۔ (ا۔صف) کسی کام کا نہیں۔نکما۔
دین۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) بخشش۔عطیہ۔احسان (۲) دینا۔
دَین۔ [ع۔ا۔مذ] قرض۔ادہار۔ جمع: دُیُون۔
دینا۔ (دے۔نا) [ہ۔مص] (۱) بخشنا۔عطا کرنا۔سونپنا (۲) بیچنا (۳) مقرر کرنا۔پیش کرنا (۴) جننا۔بچے نکالنا (۵) ادا کرنا۔بیباق کرنا۔ (۶) بھرنا۔تاوان دینا (۷) مارنا۔
دینا بھلا نہ باپ کا، بیٹی بھلی نہ ایک۔ (ا۔مثل) قرض اور بیٹی اچھے نہیں ہوتے۔
دینا نہ لینا۔ (ا۔مذ) مُفت میں۔ناحق۔بے فائدہ۔
دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں۔ (ا۔مثل) خدا ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے۔
دینار۔ (دِی۔نار) [ع۔ا۔مذ] عرب میں سونے کا ایک سِکّہ جو تقریباً تین روپے کے برابر ہوتا ہے (۲) ایک دوا کا نام (۳) ۱½ درہم کے برابر ایک وزن (۴) اسی کی بگڑی ہوئی شکل ڈالر ہے۔
دینارِ سُرخ۔ (ع۔ف۔ا۔مث) اشرفی۔سونے کا سِکّہ۔

دِینی۔ (دِی۔نی) [ف۔صف] مذہبی۔دین سے تعلق رکھنے والا۔
دِینی باپ۔ (ا۔مذ) وہ شخص جسے عیسائی بچّے کو اصطباغ دینے کے وقت مذہبی لحاظ سے باپ بنائیں۔پادری۔روحانی باپ۔
دِینی بھائی۔ (ا۔مذ) ہم مذہب۔ہم مَسلک۔اپنے مذہب کا۔
دینیات۔ (دِی۔نی۔یات) [ع۔ا۔مث] دِین کے متعلق۔مذہب سے تعلق رکھنے والی باتیں۔مذہبی علم۔
دِیو۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) بھُوت۔ایک ڈراؤنا پیکرِ خیالی (۲) قوی ہیکل۔ (۳) پہلوان۔ جمع: دیواں۔
دیو پیکر۔ (ف۔ا۔مذ) دیو کی مانند بھاری بھرکم۔دیو کا سا جسم رکھنے والا۔
دیودار۔ (ف۔ا۔مذ) چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارت کے کام آتی ہے۔
دیوزاد۔ (ف۔ا۔صف) دیو کا بیٹا۔بلند قامت۔پہلوان۔
دیوزدہ۔ (ف۔ا۔صف) آسیب زدہ۔جس پر بھوت کا سایہ ہو۔
دیوسار۔ (ف۔ا۔صف) دیو کی مانند۔قوی ہیکل۔بلند قامت۔
دیو۔ (ہ۔ا۔مذ) دیوتا۔بزرگ۔مقدس۔قابل پرستش۔
دیو بانی۔ دیوتاؤں کی زبان۔مقدس زبان۔سنسکرت۔
دیوداسی۔ مندر میں رہنے والی کنواری پجارن۔
دیومالا۔ (ہ۔ا۔مث) دیوتاؤں کے قصّے۔خیالی کہانیاں۔علم الاصنام۔
دیوناگری۔ (ہ۔ا۔مث) سنسکرت رسم الخط۔
دِیوا۔ (دِی۔وا) [ہ۔ا۔مذ] دِیا۔چراغ۔
دِیوار۔ (دی۔وار) [ف۔ا۔مث] (۱) اوٹ۔پردہ۔پختہ پردہ۔مکان یا چہار دیواری کا ایک پہلو (۲) حد۔رکاوٹ۔
دِیوار اٹھانا۔ (ا۔محاورہ) اینٹ۔پتھر۔مٹی وغیرہ سے دیوار کھڑی کرنا (صف) نابینا (۳) کنایۃً متحیّر (۴) انگیا کے پان۔
دِیوار بن جانا۔ (۱) دیوار تیار ہو جانا (۲) بے حس و حرکت ہو جانا۔
دِیوار بہ دیوار۔ (ا۔صف) متصل۔قریب۔ملا ہوا۔
دِیوار بیچ۔ (ا۔صف) پڑوس۔بہت قریب۔
دِیوار چُننا۔ (ا۔محاورہ) دیوار بنانا۔
دِیوارِ چین۔ مُلکِ چین کی مشہور دیوار جو شمال میں واقع ہے۔
دِیوار سے لڑنا۔ (ا۔محاورہ) اکیلے بیٹھے شور مچانا۔تنہائی میں خفا ہونا۔
دِیوارِ قہقہہ۔ (ف۔ا۔مث) ایک روایتی دیوار جس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اس کے اُوپر سے نیچے کی طرف دیکھے بے اختیار ہنسنے لگتا ہے۔
دِیوار اُکھل جانا۔ (ا۔محاورہ) دیوار میں آپ ہی آپ شگاف ہو جانا۔
دِیوار کھینچنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) حد بندی کرنا۔پردہ یا علیحدگی کے لیے دو قطعوں کے درمیان دیوار بنا دینا (۲) حائل ہونا۔جُدا کرنا۔
دِیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔ (ا۔مثل) راز کی بات اکیلے میں بھی آہستہ کہنی چاہیئے۔شاید کوئی دیوار کے پار سُن رہا ہو۔
دِیوارگیری۔ (۱) دیوار میں لگانے کا لیمپ (۲) خوشنمائی کے لیے دیوار پر لگانے کا کپڑا۔
دِیوار میں چنا جانا۔ (ا۔محاورہ) پُرانے زمانے کی ایک سزا جس میں مجرم کو زندہ دیوار میں چُن دیا جاتا تھا۔



Marfat.com

**در و دیوار سے برسنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوئی کیفیت ہر گوشے سے ظاہر ہونا۔
**دیوار ہم گوش دارد**۔ (ف۔ محاورہ) دیکھیے دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں
**دیواریں چاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت مشکل سے گذارہ ہونا۔
**دِیوالہ**۔ (دِی۔ وا۔ لہٗ) [ہ۔ا۔ مذ] بیوپاری کا قرض نہ ادا کر سکنے کا اعلان۔ مفلسی۔
**دِیوالہ نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قرض ادا نہ کرنے کا اعلان کر دینا (۲) مفلس ہو جانا۔
**دِیوالی**۔ (دِی۔ وا۔ لی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) دِیپ مالا۔ چراغاں (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار جب لکشمی کی پوجا کرتے اور خوب روشنی کرتے ہیں۔ دِوالی۔
**دِیوالیہ**۔ (دِی۔ وا۔ لِی۔ یہٗ) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) وہ شخص جس نے دیوالہ نکال دیا ہو (۲) مفلس۔ غریب (۳) ٹٹ پونجیا۔
**دِیوان**۔ (دِی۔ وان) [ف۔ا۔ مذ] (۱) دربارِ شاہی۔ عدالت (۲) وزیر۔ رُکنِ حکومت۔ محکمۂ مال کا بڑا افسر (۳) دفترِ محاسبہ۔ مقامِ اجلاس لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ نشست گاہ (۴) شاعر کے کلام کا مجموعہ۔
**دِیوانِ اعلیٰ**۔ (ف۔ ع۔ا۔ مذ) وزیرِ اعلیٰ۔ وزیرِ اعظم۔
**دِیوانِ خاص**۔ (ف۔ ع۔ا۔ مذ) (۱) شاہی خلوت خانہ (۲) شاہی دربار جہاں خاص خاص لوگوں کو جمع کیا گیا ہو۔
**دِیوانِ خالصہ**۔ (ف۔ ع۔ا۔ مذ) مہرِ سلطانی کا محافظ۔ معتمدالدولہ۔
**دِیوان خانہ**۔ (ف۔ا۔ مذ) نشست گاہ۔ ڈرائینگ روم۔
**دِیوانِ عام**۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) عام دربار (۲) وہ مقام جہاں عام دربار منعقد کیا جاتا ہے۔
**دِیوانگی**۔ (دِی۔ وان۔ گی) [ا۔ اُ۔ صف] پاگل پن۔ جنون۔
**دِیوانہ**۔ (دِی۔ وا۔ نہٗ) [ف۔ا۔ مذ] پاگل۔ مجنون۔ باؤلا۔ خبطی۔ عاشق۔
**دِیوانہ باش تا غمِ تو دیگراں خورند**۔ (ف۔ مثل) ایسا بے فکرا جس کی فکر دوسروں کو کرنی پڑتی ہے۔
**دِیوانہ ہوا ہے**۔ پاگل ہو گیا ہے۔ عقل ماری گئی ہے۔ بے وقوفی کی بات کہنے پر کہا جاتا ہے۔
**دیوانہ بکارِ خویش ہوشیار**۔ (ف۔ مثل) دیوانہ اپنے مطلب کے لیے ہوشیار ہوتا ہے۔
**دِیوانہ را ہُوئے بس است**۔ (ف۔ مثل) دیوانے کو چھیڑنے کے لیے صرف ہُو کہہ دینا کافی ہے۔
**دیوانہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پاگل ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) کسی خبط میں حد سے گذر جانا۔

**دِیوانی**۔ (دِی۔ وا۔ نی) [ف۔ا۔ مث] (۱) دیوان کا عہدہ۔ وزارت (۲) عدالتِ خفیفہ۔ وہ عدالت جس میں مال وزر، جائداد اور قرضہ وغیرہ کے مقدمات کی سماعت ہو (۳) پاگل عورت۔
**دِیوانی ہانڈی**۔ (ا۔ مث) وہ ہانڈی جس میں سب قسم کی سبزیاں ترکاریاں اکٹھی پکائی جائیں۔
**دِیوانی آدمی کو دیوانہ کر دیتی ہے**۔ (ا۔ مثل) دیوانی مقدمہ انسان کو بہت پریشان کرتا ہے کیونکہ اس کے فیصلہ ہونے میں بڑا وقت اور روپیہ خرچ ہوتا ہے۔
**دیوانے کی بڑ**۔ (ا۔ مث) مُہمل بات۔ بکواس۔
**دیوتا**۔ (دیو۔ تا) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) فرشتہ۔ بزرگ۔ مقدس۔ بھگوان کا اوتار (۲) معصوم۔ بھلائی کرنے والا (۳) طنزاً۔ مکّار۔ شریر (۴) ناگ۔ سانپ۔
**دِیوٹ**۔ (دِی۔ وَٹ) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) شمع دان۔ شمع گیر۔ طاق جس پر دیا رکھا جائے (۲) کالا کلوٹا (ق) (۳) چراغ۔ مشعل۔
**دیوث**۔ (دَی۔ یُوث) [ع۔ا۔ مذ] بے غیرت۔ بے حمیت۔ بے حیا مرد۔ بھڑوا۔ بدکاری سے دیدہ دانستہ چشم پوشی کرنے والا۔
**دیور**۔ (دے۔ وَر) [ہ۔ا۔ مذ] شوہر کا چھوٹا بھائی۔
**دیورانی**۔ (دیو۔ را۔ نی) [ہ۔ا۔ مث] شوہر کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ دیور کی بیوی۔
**دیول**۔ (دے۔ وَل) [ہ۔ا۔ مذ] چھوٹا مندر۔
**دیونی**۔ (دے۔ وَ۔ نی) [ہ۔ا۔ مث] دیو کی بیوی۔ گراں ڈیل عورت۔ بے ڈھنگے پن سے لمبی اور جسیم عورت۔
**دیوہارا**۔ [ق۔ا۔ مذ] مندر۔
**دیوی**۔ (دے۔ وی) [ہ۔ا۔ مث] دیوتا کی تانیث۔ رانی۔ پاک باز عورت۔ خاتون۔ عزت دار عورت۔
**دِیہ**۔ [ہ۔ا۔ مث] (۱) جسم۔ تن۔ بدن (۲) چولا۔ وجود۔
**دیہہ**۔ [ف۔ا۔ مذ] گاؤں۔ جمع: دیہات۔
**دیہات**۔ (دے۔ ہات) [ف۔ا۔ مث] جمع دیہہ کی۔ بہت سے گاؤں۔ مُراد غیر شہری علاقہ۔
**دیہات خالصہ**۔ (ف۔ صف) سرکاری گاؤں۔
**دیہاتی**۔ (دے۔ ہا۔ تی) [ا۔ اُ۔ صف] دیہات کا رہنے والا۔
**دیہانت**۔ (ہ۔ مذ) موت۔ مرگ۔ انتقال۔
**دیہی**۔ (دے۔ ہی) [ف۔ صف] غیر شہری علاقہ سے متعلقہ۔ گاؤں سے متعلق۔
**دیہی**۔ [ہ۔ا۔ مث] جسم۔ تن۔ بدن۔
**دیہیم**۔ (دے۔ ہیم) [ف۔ا۔ مذ] تاجِ شاہی۔ افسر۔ کلغی۔



Marfat.com

# ڈ

ڈ۔ ڈال [ہ۔مث] اُردو کا بارھواں اور ہندی کا تیرھواں حرف۔ ابجد کے حساب میں ڈ کے تحت اس کے چار عدد مقرر ہیں۔ زبان کی نوک تالو سے لگ کر اس آواز کو ادا کرتی ہے یہ حرف عربی اور فارسی میں نہیں ہے۔

## ڈ ـــ ا

**ڈا۔** [ہ۔ا۔مث] ستار کی گت کا ایک توڑا۔

**ڈاب۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے۔ پرتلا (۲) کچا ناریل (۳) کربند۔

**ڈابر۔** (ڈا۔بَر) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوٹی سی جھیل (۲) جوہڑ (۳) تالاب (۴) نشیب جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے (۵) ہاتھ دھونے کا برتن۔ سلفچی۔

**ڈابک۔** (ڈا۔بک) [ہ۔ا۔مذ] کنویں کا تازہ پانی (۲) خوف۔ ڈر۔

**ڈاٹ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) سوراخ بند کرنے کی چیز۔ کاک (۲) محراب دار پختہ دروازہ (۳) میخ۔ کیل (۴) محراب کے درمیان کا پتھر (۵) لداؤ کی روک (۶) محراب (۷) ہجوم۔ گہرا۔ سخت۔ گھنا (ق)

**ڈاٹ لگانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) روکنا۔ بند کرنا (۲) محراب بنانا۔ لداؤ کی چھت کے نیچے عارضی دیوار یا ستون بنانا۔

**ڈاٹنا۔** (ڈا۔ٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ڈاٹ لگانا۔ بند کرنا (۲) کسنا۔ خوب بھرنا (۳) گھوڑے کو روکنا۔ لگام کھینچنا (۴) ڈرانا۔ دھمکانا۔

**ڈار۔** [ہ۔ا۔مث] پرندوں کا پرا (۲) جانوروں کا جھنڈ (۳) ہرنوں کی قطار۔

**ڈارلنگ۔** (Darling) (ڈار۔لِنگ) [انگ۔صف] پیارا۔ پیاری محبوب۔

**ڈاڑھ۔** [ہ۔ا۔مث] جبڑے کے موٹے دانت، دانت جن سے غذا چبائی جاتی ہے۔

**ڈاڑھ گرم ہونا۔ ڈاڑھ گرم کرنا۔** (ا۔محاورہ) کچھ کھانے کو مل جانا۔ رشوت ملنا۔

**ڈاڑھ نہ لگنا۔** (ا۔محاورہ) بغیر چبائے نگل جانا۔

**ڈاڑھیں مار مار کر رونا۔** بلند آواز سے رونا۔

**ڈاڑھا۔** (ڈا۔ڑھا) [ہ۔ا۔مذ] لمبی اور بڑی ڈاڑھی (۲) بڑھی ہوئی اینٹیں جو آئندہ بننے والی دیوار کو ساتھ ملانے کے لیے کھلی چھوڑ دی جاتی ہیں۔ (۳) باہر کو نکلا ہوا دانت (۴) زیادتی۔

**ڈاڑھی۔** (ڈا۔ڑھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال۔ ریش (۲) بڑ یا پیپل کے درخت کی جٹائیں۔

**ڈاڑھی پھٹکارنا۔** ڈاڑھی صاف کرنا۔ ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ سے جھٹکنا۔

**ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا۔** (ا۔محاورہ) کسی اہم یا بڑے کام پر تیار ہونا؛ مستعد ہونا۔ بعض اوقات کسی پختہ ارادہ کا اظہار کرتے ہوئے ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرا جاتا ہے۔

**ڈاڑھی پیٹ میں ہونا۔** (ا۔محاورہ) کم سنی میں عقلمند ہونا۔ چھوٹی عمر میں بڑوں جیسی باتیں کرنا۔

**ڈاڑھی پیشاب سے مُنڈوانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ذلت اُٹھانا۔ ذلیل ہونا بے عزت ہونا یا کرنا۔ بطور شرط بھی آتا ہے۔

**ڈاڑھی چھوڑنا۔** (ا۔محاورہ) ڈاڑھی بڑھانا۔ لمبی ڈاڑھی رکھنا۔

**ڈاڑھی خدا کا نور ہے۔** (ا۔مقولہ) ڈاڑھی کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

**ڈاڑھی دھوپ میں سفید کرنا۔** (ا۔محاورہ) ناتجربہ کار یا کم عقل ہونا۔

**ڈاڑھی رکھنا۔** (ا۔محاورہ) ڈاڑھی مُنڈوانا ترک کر دینا۔

**ڈاڑھی رنگنا۔** (ا۔محاورہ) ڈاڑھی کو مہندی یا خضاب سے سُرخ یا سیاہ کرنا۔

**ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا۔** ڈاڑھی نوچنا۔ بے عزتی کرنا۔

**ڈاڑھی نوچنا۔** (ا۔محاورہ) بے عزتی کرنا۔

**ڈاک۔** [ہ۔ا۔مث] چٹھی رسانی کا محکمہ۔ پیٹا (۲) سواری بدلنے کے مقامات (۳) خبر رسانی کا سلسلہ (۴) گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی (۵) لگاتار سلسلہ (۶) قے۔ اُلٹی۔

**ڈاک آنا۔** (ا۔محاورہ) خطوط آنا۔ متواتر خبر ملنا۔

**ڈاک بٹھانا۔** (ا۔محاورہ) چوکی بٹھانا۔ ہرکاروں کی بند آمد و رفت کا جاری رہنا۔ تقاضے پر تقاضے کرنا۔

**ڈاک بنگلہ۔** (ا۔مذ) سرکاری افسروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

**ڈاک بولنا۔** (ا۔محاورہ) نیلام کی بولی دینا۔

**ڈاک چوکی۔** (ا۔مث) وہ جگہ جہاں ہرکارہ گھوڑا بدلے۔

**ڈاک خانہ۔** (ا۔ف۔مذ) پوسٹ آفس۔ ڈاک گھر جہاں ڈاک کی آمد و رفت کا انتظام کیا جائے۔

**ڈاک کا ٹکٹ۔** (ا۔مذ) وہ سرکاری مہر شدہ کاغذ کا پُرزہ جو ڈاک کا محصول ادا کرنے کے لیے چٹھیوں پر لگایا جاتا ہے۔

**ڈاک گاڑی۔** (ا۔مث) وہ گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے۔ میل گاڑی تیز رو گاڑی۔

**ڈاک لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) خطوں اور خبروں کا متواتر آنا (۲) بار بار قے آنا

**ڈاک محصول۔** (ا۔مذ) ڈاک کا محصول۔ ڈاک کے ٹکٹ۔ ڈاک کا خرچ۔

**ڈاک والا۔** (ا۔مذ) پوسٹ مین۔ چٹھی رساں۔ قاصد۔ ہرکارہ۔ ڈاکیا۔

**ڈاک۔** (Dock) [انگ۔ا۔مذ] گودی۔ بندر۔

**ڈاک یارڈ۔** (Dockyard) بندرگاہ کے قریب کھلی جگہ جہاں جہاز کھڑے رہتے اور ان کی مرمت وغیرہ ہوتی ہے۔



Marfat.com

**ڈاکا** - (ڈا-کا) [ھ-ا-مذ] (۱) ڈاکوؤں کا حملہ - قزاقوں کا دھاوا (۲) غارت گری -
**ڈاکا پڑنا** - (ا-محاورہ) چوروں کا یکدم حملہ آور ہونا - ٹوٹ پڑنا -
**ڈاکا ڈالنا** - (ا-محاورہ) ڈاکہ مارنا - چھیننا - لوٹ کرلے جانا -
**ڈاکا زنی** - (ا-مث) لوٹ مار - غارت گری -
**ڈاکٹر** - (Doctor) (ڈا-ک-ٹر) [انگ-ا-مذ] معالج - طبیب - جراح (۲) فاضل - علامہ (۳) تعلیمی اعزاز -
**ڈاکٹرنی** - (ڈا-ک-ٹر-نی) [اُر-ا-مث] علاج کرنے والی ماہر عورت -
**ڈاکن** - (ڈا-کن) [ھ-ا-صف] زیادہ کھانے والی - پیٹو -
**ڈاکو** - [ہ-ا-مذ] (۱) چور - لٹیرا - راہزن - غارت گر - ڈکیٹ - قزاق -
**ڈاکیا** - [ہ-ا-مذ] ڈاک والا - پوسٹ مین - چٹھی رساں - ہرکارہ -
**ڈال** - [ھ-ا-مث] (۱) شاخ - ٹہنی (۲) آبپاشی کا ڈول (۳) تلوار کا پھل - تیغ بے قبضہ (۴) ڈالنا کا امر -
**ڈال دینا** - (ا-محاورہ) (۱) پھینک چھوڑنا - گرا دینا (۲) متوجہ کر دینا - لگا دینا -
**ڈال رکھنا** - (ا-محاورہ) رکھ چھوڑنا - دیر لگانا - ملتوی رکھنا -
**ڈال کا پکا** - (ا-مذ) پیڑ کا پکا ہوا پھل -
**ڈال کا ٹوٹا** - (ا-مذ) ڈال سے خود بخود گرا ہوا پھل - تازہ اور عمدہ پھل -
**ڈال والا** - (ا-مذ) شاخوں پر رہنے والا یعنی بندر - بوزنہ
**ڈال** - [ق-ا-مذ] وہ چھلا جو فقیر اپنے دائیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتے ہیں -
**ڈالا** - (ڈا-لا) [ہ-ا-مذ] موٹی شاخ - ٹہنا -
**ڈالر** - (Dollar) (ڈا-لر) [انگ-ا-مذ] ریاستہائے متحدہ امریکہ کا سکہ -
**ڈالنا** - (ڈال-نا) [ہ-مص] (۱) گرانا - پھینکنا (۲) رکھنا دھرنا - بنیاد رکھنا - ڈول ڈالنا (۳) جوڑنا - جمع کرنا (۴) حمل گرانا - قے کرنا - پرونا - (۶) پہننا (۷) اوڑھانا (۸) ڈھانکنا (۹) آشنائی سے بیوی بنا کر گھر لے آنا (۱۰) ملانا - لگانا -
**ڈالی** - (ڈا-لی) [ہ-ا-مث] (۱) شاخ - ٹہنی (۲) ٹوکری جس میں پھول یا پھل سجا کر امرا کو پیش کیے جاتے ہیں (۳) چمڑے کی پیٹی - (ق)
**ڈالی دینا** - (ا-محاورہ) حاکموں اور امیروں کو نذر دینا -
**ڈامچا** - (ڈام-چا) [ہ-ا-مذ] مچان جو کھیتوں کی رکھوالی کے لیے بناتے ہیں -
**ڈانٹ** - [ہ-ا-مث] جھڑکی - دھمکی - گھرکی - ڈانٹنا کا صیغۂ امر -
**ڈانٹ بتانا - ڈانٹ دینا** - (ا-محاورہ) گھرکنا - بلند آواز سے روکنا دھمکی دینا -
**ڈانٹ ڈپٹ** - (ا-مث) جھڑکی - دھمکی -
**ڈانٹنا** - (ڈانٹ-نا) [ہ-مص] جھڑکنا - گھرکنا (۲) روکنا (۳) ڈرانا -
**ڈانڈ** - [ہ-ا-مذ] (۱) تاوان (۲) ناؤ کھینے کا بانس (۳) بغیر چمڑے کا گدکا -
**ڈانڈا** - (ڈان-ڈا) [ہ-ا-مذ] (۱) سرحد (۲) لکڑی - چھڑی - نیزے کی لکڑی - (۳) چپو - ناؤ کھینے کا بانس (۴) ریڑھ کی ہڈی (۵) کھیت کی مینڈھ - (۶) ناپنے کا لمبا پیمانہ - (۷) ہولی جلانے کی جگہ -

**ڈانڈا مینڈا** - (ا-مذ) (۱) میل ملاپ - ربط ضبط (۲) دو ملکوں کی درمیانی سرحد (۳) دو ہمسروں کی باہمی دشمنی اور عداوت - آویزش -
**ڈانڈی** - (ڈان-ڈی) [ھ-ا-مث] (۱) ملاح مانجھی - کھویا (۲) ایک قسم کی پہاڑی سواری، جس کے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے (۳) ترازو کی ڈنڈی -
**ڈانس** - [ھ-ا-مذ] ایک قسم کا بڑا مچھر -
**ڈانس** - (Dance) [انگ-ا-مذ] رقص - ناچ -
**ڈانسر** - (Dancer) (ڈان-سر) [انگ-ا-مذ و مث] رقاص - رقاصہ ناچنے والا یا ناچنے والی -
**ڈانک** - [ق-ا-مث] ڈنک -
**ڈانک جڑنا** - (ا-محاورہ) سونے چاندی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا -
**ڈانکی** - (ڈاں-کی) [ق-صف] پیٹو - بسیار خور -
**ڈانگ** - [ھ-ا-مث] سب سے اونچی پہاڑی (۲) پہاڑ کی اونچی چوٹی (۳) لاٹھی - ڈنڈا -
**ڈانگا** - (ڈاں-گا) [ق-صف] مضبوط - موٹا تازہ -
**ڈانگر** - (ڈاں-گر) [ہ-ا-مذ] (۱) ہند کی ایک قدیم قوم (۲) غیر مہذب قوم (۳) مویشی -
**ڈانگڑا** - (ڈاں-گڑا) [ق-ا-مذ] دُبلا جانور - بُڈھا جانور -
**ڈانواں ڈول** - (ڈاں-واں-ڈول) [ہ-صف] آوارہ - سرگرداں - پریشان ڈگمگاتا ہوا - مذبذب -
**ڈانواں ڈول پھرنا** - (ا-محاورہ) آوارہ اور بیکار پھرنا - مارے مارے پھرنا -
**ڈاہ** - [ہ-ا-مث] حسد - کینہ - عداوت - دشمنی -
**ڈائجسٹ** - (Digest) (ڈا-ای-جیسٹ) [انگ-ا-مذ] خلاصہ انتخاب - مجموعۂ مضامین -
**ڈائریکٹ** - (Direct) (ڈا-اے-ریکٹ) [انگ-صف] سیدھا راست - مستقیم - بخط مستقیم -
**ڈائریکٹ ایکشن** - (Direct Action) راست اقدام - عملی احتجاج
**ڈائریکٹر** - (Director) (ڈا-اے-ریک-ٹر) [انگ-ا-مذ] (۱) ناظم - مہتمم - نگران - تجارتی کمپنی کی جماعت منتظمہ کا رکن (۲) ہدایت کار (تھیٹر وغیرہ)
**ڈائریکٹری** - (Directory) (ڈا-اے-ریک-ٹ-ری) - [انگ-ا-مث] (۱) دستور العمل (۲) کسی مقام کے باشندوں وغیرہ کے حالات کی کتاب (۳) [فرانس میں] پانچ حاکموں کی انقلابی مجلسِ عاملہ جو ۱۷۹۵ء سے ۱۷۹۹ء تک حکومت کرتی رہی -
**ڈائری** - (Diary) (ڈا-اِ-ری) [انگ-ا-مث] روزنامچہ -
**ڈائس** - (Dias) (ڈا-اِس) [انگ-ا-مذ] چبوترا - شہ نشین -
**ڈائل** - (Dial) (ڈا-اِل) [انگ-ا-مذ] گھڑی کا چہرہ (۲) ٹیلی فون کا نمبر ملانے کا حلقہ یا چکر -
**ڈائلاگ** - (Dialogue) (ڈا-اے-لاگ) [انگ-ا-مذ] مکالمہ - گفت گو -



Marfat.com

**ڈائمنڈ۔** (Diamond) (ڈا۔اِ۔مَنڈ) [انگ۔ا۔مذ] الماس۔ہیرا۔
**ڈائمنڈ جوبلی۔** (Diamond Jubilee) ساٹھ سالہ جشن۔
**ڈائن۔** (ڈا۔اِن) [ہ۔ا۔مث] جادوگرنی۔جو خیال ہے کہ بچوں کا کلیجہ کھا جاتی ہے۔بدصورت عورت
**ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے۔** [مثل] ظالم اور بدمعاش بھی پڑوسیوں کا کچھ لحاظ رکھتا ہے۔
**ڈائنمو۔** (Dynamo) (ڈا۔اے۔نَ۔مو) [انگ۔ا۔مذ] برقی رو پیدا کرنے والی مشین۔
**ڈائننگ ہال۔** (Dining Hall) (ڈا۔اِ۔ننگ۔ہال) [انگ۔ا۔مذ] کھانا کھانے کا وسیع کمرہ۔
**ڈاؤ۔** [ق۔ا۔مذ] بایاں ہاتھ۔بائیں طرف۔
**ڈایاگرام۔** (Diagram) (ڈا۔یا۔گ۔رام) [انگ۔ا۔مذ] (۱) [ہندسہ] شکل (۲) خاکہ۔نقشہ۔

## ڈ ــــ ب

**ڈب۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) جیب۔تہ بند کا اوپر کا سرا جو کمر میں اُڑس لیتے ہیں (۲) قابو۔قبضہ (۳) کُپّے بنانے کا چمڑا۔گردن کا پچھلا حصّہ۔ڈور۔
**ڈبا۔** (ڈُب۔با) [ہ۔ا۔مذ] ڈھکنے والا چھوٹا صندوقچہ (۲) پسلی کا عارضہ جو اکثر بچوں کو ہوتا ہے۔
**ڈبانا۔** [ق۔مص] ڈبونا۔
**ڈباؤ۔** (ڈُ۔با۔او) [ہ۔صف] ڈبو دینے کے قابل۔آدمی کے قد سے زیادہ پانی
**ڈبڈبانا۔** (ڈُب۔ڈُبا۔نا) [ہ۔مص] آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔
**ڈبرا۔** (ڈُب۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) پانی جمع ہونے کی نشیبی جگہ (۲) گڑھا۔
**ڈبکا۔** (ڈُب۔کا) [ہ۔ا۔مذ] کنوئیں سے نکالا ہوا تازہ پانی۔
**ڈبکا۔** (ڈُب۔کا) [ہ۔ا۔مذ] خوف خطرہ۔ڈر۔اندیشہ۔
**ڈبکانا۔** (ڈُب۔کا۔نا) [ق۔مص] دبانا۔زیر کرنا۔
**ڈبکی۔** (ڈُب۔کی) [ہ۔ا۔مث] غوطہ۔
**ڈبگر۔** [ہ۔ا۔مذ] چمڑے کے ترازو بنانے والا (۲) ایک قوم۔
**ڈبل۔** (Double) (ڈَ۔بل) [انگ۔صف] دوچند۔دوگنا۔دوہرا۔موٹا۔دودرجے کا
**ڈبل پیسہ** [ا۔مذ] دو پیسے کے برابر تانبے کا بڑا سکہ جو انگریزی عہد میں رائج تھا
**ڈبل روٹی۔** [ا۔مث] نان پاؤ۔خمیری روٹی۔
**ڈبل کوچ۔** [ا۔مذ] جلد جلد چلنا۔دگنی منزل طے کرنا۔
**ڈبل مارچ۔** (Doublemarch) فوجی قواعد کے مطابق تیز چلنا۔
**ڈبونا۔** (ڈُ۔بو۔نا) [ہ۔مص] غوطہ دینا۔پانی میں غرق کرنا (۲) تباہ و برباد کرنا۔
**ڈبل۔** (ڈُب۔ل) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی کپی۔ڈبا کی تصغیر۔
**ڈبیا۔** (ڈِب۔یا) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی سی صندوقچی۔چھوٹا ڈبا۔

## ڈ ــــ پ

**ڈپارٹمنٹ** (Department) (ڈی۔پارٹ۔منٹ) [انگ۔ا۔مذ]۔ محکمہ۔سررشتہ۔شعبہ۔
**ڈپازٹ۔** (Deposit) (ڈِ۔پا۔زِٹ) [انگ۔ا۔مذ] امانت۔جمع کرنا۔
**ڈپٹ۔** (ڈَ۔پَٹ) [ہ۔ا۔مث] (۱) دھمکی (۲) تیز رفتاری (۳) حملہ (۴) گھوڑے کی دوڑ۔
**ڈپٹانا۔** (ڈَپ۔ٹا۔نا) [ہ۔مص] تیز گھوڑا دوڑانا۔پوپیہ دوڑانا۔
**ڈپٹنا۔** (ڈَ۔پَٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دوڑنا (۲) تیز دوڑنا (۳) غصہ ظاہر کرنا۔ (۴) دھمکانا (۵) حملہ کرنا (۶) ڈانٹنا۔
**ڈپٹی۔** (Deputy) (ڈِپ۔ٹی) [انگ۔ا۔مذ] نائب۔مددگار۔
**ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل** (Deputy Post Master General) ڈاکخانہ کے صوبائی افسر اعلےٰ کا نائب جو بالعموم صوبائی صدر مقام پر ہی رہتا ہے۔
**ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ** (Deputy Superintendent Police) ضلعی حاکم پولیس کا نائب۔پولیس کا ایک افسر اعلےٰ جو محکمہ پولیس کے ایک سب ڈویژن کا حاکم ہوتا ہے۔
**ڈپٹی کمشنر۔** (Deputy Commissioner) ضلع کا افسر اعلےٰ۔کلکٹر۔
**ڈپلوما۔** (Diploma) (ڈِپ۔لو۔ما) [انگ۔ا۔مذ] (۱) سند۔جامعہ کی سند (۲) اعزازی سند۔
**ڈپلومیٹ۔** (Diplomate) [انگ۔ا۔مذ] فن سفارت کا ماہر۔موقع شناسی سے کام لینے والا۔زمانہ ساز۔
**ڈپلومیسی۔** (Diplomacy) (ڈِپ۔لو۔مے۔سی) [انگ۔ا۔مث] فن سفارت۔سیاسی۔حکمت عملی۔جوڑ۔توڑ۔
**ڈپو۔** (Dipot) (ڈِ۔پو) [انگ۔ا۔مذ] گودام۔کوٹھی۔
**ڈپوٹ۔** (ڈَپ۔پوٗ) [ہ۔ا۔مذ] بہت بڑا۔بہت موٹا (۲) امین گماشتہ (۳) مددگار۔معاون۔
**ڈپوٹیشن۔** (Deputation) (ڈِ۔پو۔ٹے۔شَن) [انگ۔ا۔مذ] وفد۔وہ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لیے بھیجی جائے (۲) وہ عہدہ دار جو اپنے محکمہ سے کسی دوسری جگہ عارضیتاً بھیجا جائے۔

## ڈ ــــ ٹ

**ڈٹ۔** [ق۔صف] زور۔شدّت۔
**ڈٹ جانا۔** [ا۔محاورہ] جم کر بیٹھ جانا۔مقابلہ پر تیار ہو جانا۔
**ڈٹ کر کھانا۔** [ا۔محاورہ] خوب سیر ہو کر کھانا۔
**ڈٹنا۔** (ڈَٹ۔نا) [ہ۔مص] ٹھہرنا۔رُکنا۔دیر تک ٹھہرے رہنا۔مقابلہ پر جم جانا۔
**ڈٹھ بند۔** (ڈِٹھ۔بند) [ہ۔ا۔مذ] جادوگر۔ساحر۔کرتب دکھانے والا۔
**ڈٹھیارا۔** (ڈِٹھ۔یا۔را) [ہ۔ا۔مذ] بینا۔جو دیکھ سکے۔



Marfat.com

**ڈھیاری۔** (ڈِھ۔یا۔ری) [ہ۔ا۔مث] آنکھوں والی عورت۔ بینا (۲) ایک قسم کی پہیلی۔

**ڈیٹکٹو۔** (Detective) (ڈ۔ٹیک۔ٹو) [انگ۔صف] سُراغ رساں۔ جاسوس۔

**ڈیٹکٹو پولیس۔** خفیہ پولیس۔ پولیس کا محکمۂ سُراغ رسانی۔

**ڈٹے رہنا۔** (ا۔محاورہ) جگہ سے نہ ہٹنا۔ جم کر بیٹھ جانا۔

## ڈ ــــ ر

**ڈر۔** [ہ۔ا۔مذ] خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔

**ڈر لوٹ جانا۔** (ا۔محاورہ) جھجک مِٹ جانا۔ خوف دُور ہونا۔

**ڈر دِکھانا۔** (ا۔محاورہ) خوف دلانا۔ رُعب جمانا۔

**ڈر ڈر کے پاؤں رکھنا۔** (ا۔محاورہ) جھجکتے ہوئے آگے بڑھنا۔

**ڈراپ سین۔** (Dropscene) (انگ۔مذ) ایکٹ کے خاتمے کا پردہ (۲) ڈرامے کا خاتمہ یا آخری منزل۔

**ڈراپر۔** (Droper) (انگ۔مذ) شیشے کی نلی جس کے ایک طرف ربڑ کی ٹوپی ہوتی ہے اس سے سیال چیز خاص طور پر دوا قطرہ قطرہ ٹپکاتے ہیں

**ڈراسو مرا۔** (ا۔مثل) ڈرنے والا نقصان اُٹھاتے ہیں۔

**ڈرافٹ۔** (Draft) (ڈ۔رافٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) خاکہ۔ مسودہ۔ بینک سے روپیہ نکالنے کا تحریری حکم۔ چیک۔ ہنڈی (۳) ایک کھیل۔

**ڈرافٹسمین (ڈرافسمین)۔** (Draftsman) نقشہ نویس۔ خاکہ بنانے والا۔ مسودہ نویس۔

**ڈرالو۔** (ڈ۔را۔لو) [ق۔صف] ڈرپوک۔

**ڈراما۔** (Drama) (ڈ۔را۔ما) [انگ۔ا۔مذ] سوانگ۔ ناٹک۔ تمثیل۔

**ڈرامائسٹ۔** (Dramatist) ڈرامہ نویس۔ ڈرامہ لکھنے والا۔ ڈرامہ نگار۔

**ڈرامائی۔** (ا۔مث) ڈراما سے منسوب۔ حیرت انگیز۔ خلاف توقع۔

**ڈرانا۔** (ڈ۔را۔نا) [ہ۔مص] دھمکانا۔ دھمکی دینا۔ خوف دلانا۔

**ڈراوا۔** (ڈ۔را۔وا) [ہ۔ا۔مذ] خوف۔ ڈر۔ دھمکی۔

**ڈرائنگ۔** (Drawing) (ڈ۔را۔انگ) [انگ۔ا۔مث] نقشہ کشی نقشہ۔ خاکہ۔ تصویر (جو بے رنگ یا اکرنگی ہو)۔

**ڈرائنگ رُوم (ہال)۔** (Drawing Room) (انگ۔مذ) گول کمرہ۔ دیوان خانہ۔ ملاقات کا کمرہ۔

**ڈرائنگ ماسٹر۔** (Drawing Master) نقشہ کشی یا تصویر کشی سکھانے والا اُستاد۔

**ڈراؤنا۔** (ڈرا۔او۔نا) [ہ۔صف] خوفناک۔ بھیانک جسے دیکھ کر ڈر آئے۔

**ڈرائی۔** (Dry) (ڈرا۔ای) [انگ۔صف] سُوکھا۔ خشک۔ پیاسا۔

**ڈرائی کلین۔** (Dryclean) (انگ۔مث) پانی کے بغیر کیمیاوی ادویہ کی مدد سے صاف کرنا۔

**ڈرائیور۔** (Driver) (ڈا۔را۔ای۔ور) [انگ۔ا۔مذ] گاڑی چلانے والا۔ گاڑی ہانکنے والا۔ گاڑیبان۔ کوچ بان۔

**ڈربی۔** (Derby) (ڈر۔بی) [انگ۔ا۔مث] انگلستان کی سالانہ گھوڑ دوڑ۔

**ڈرپوک۔** (ڈر۔پوک) [ہ۔صف] بزدل۔ کم ہمت۔ بودا۔

**ڈرگ۔** (Drug) (ڈ۔رگ) [انگ۔ا۔مذ] مفرد دوا۔

**ڈرگسٹ۔** (Druggist) (ڈر۔گسٹ) [انگ۔ا۔مذ] دوا فروش دواساز۔ عطار۔

**ڈرل۔** (Drill) (ڈِ۔رل) [انگ۔ا۔مث] فوجی تربیت۔ قواعد۔

**ڈرل ماسٹر۔** (Drill Master) قواعد سکھانے والا اُستاد۔

**ڈرم۔** (Drum) (ڈ۔رم) [انگ۔ا۔مذ] (۱) ڈھول۔ ڈھولک۔ نقارہ تاشہ (۲) کان کا پردہ (۳) بڑا پیپا۔

**ڈرنا۔** (ڈر۔نا) [ہ۔مص] خوف کھانا۔ دھمکی میں آنا۔

**ڈری۔** (ڈ۔ری) [ہ۔ا۔مث] خوف۔ ڈر۔ خوف کھائی ہوئی۔

**ڈریرا۔** (ڈ۔رے۔را) [ہ۔ا۔مذ] مینہ کی بوچھاڑ۔ بہت زور کی بارش۔

**ڈریس۔** (Dress) (ڈ۔ریس) [انگ۔ا۔مذ] لباس۔ پوشاک۔

**ڈریسنگ۔** (Dressing) (ڈ۔رے۔سنگ) [انگ۔ا۔مث] (۱) آراستگی (۲) مرہم پٹی۔

**ڈریسنگ ٹیبل۔** (Dressing Table) (انگ۔مذ) سنگار میز۔

**ڈریسنگ رُوم** (Dressing Room) (انگ۔مذ) کپڑے پہننے کا کمرہ۔

**ڈریسنگ گون** (Dressing Gown) (انگ۔مذ) ایک ڈھیلا ڈھالا چغہ جو صبح اُٹھ کر یا نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے۔

**ڈریسی۔** (ا۔مث) (۱) روڑی ایک جیسا کر کے بچھانا۔ (۲) نہر کے کناروں پر مٹی کو درست طریقے سے جانا (پ) دریسی۔

**ڈریں لومڑی سے نام دلیر خاں۔** (ا۔مثل) شہرت کے برعکس بُزدلی اور خوف۔

## ڈ ــــ ڑ

**ڈڑھ۔** [ہ۔صف] ڈیڑھ کا مخفف۔

**ڈڑھ پوا (پئی)۔** ڈیڑھ پاؤ کا باٹ۔

**ڈڑھیالا۔ ڈڑھیل۔** (ڈڑھ۔یا۔لا۔ ڈ۔ڑھیل) [ہ۔صف] باریش۔ بڑی ڈاڑھی والا۔

## ڈ ــــ ز



Marfat.com

**ڈز۔** (ا۔مث) پستول یا بندوق چلنے کی آواز۔
**ڈز کرنا (کر دینا)۔** (ا۔ محاورہ) گولی مار دینا۔ بندوق چلانا۔

## ڈ ــــ س

**ڈَس۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔ (۲) ڈسنا کا امر۔
**ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا۔** (ا۔ مثل) بڑا ظالم ہے جس کو نقصان پہنچائے تباہ کر دیتا ہے۔
**ڈسپلن۔** (Discipline) [انگ۔ا۔مذ] انضباط۔ ضبط ونظم۔
**ڈسپنسر۔** (Dispenser) [انگ۔مذ] نسخے کے مطابق دوا بنانے والا۔ دواساز۔
**ڈسپنسری۔** (Dispensary) [انگ۔ا۔مث] (۱) چھوٹا شفاخانہ (۲) دواخانہ۔
**ڈسپیچ۔** (Despatch) [انگ۔ا۔مذ] (۱) روانگی۔ ارسال۔ (۲) مراسلہ۔ سرکاری رُوبکار۔
**ڈسپیچ رجسٹر۔** (Despatch Register) وہ رجسٹر جس میں باہر بھیجنے والی چٹھیوں کا اندراج ہو۔
**ڈسٹرکٹ۔** (District) [انگ۔ا۔مذ] ضلع۔
**ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر۔** (انگ۔مذ) ضلع کے محکمہ تعلیم کا افسر اعلیٰ۔
**ڈسٹرکٹ فنڈ۔** (District Fund) وہ روپیہ جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاموں کے لیے ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل میں رہتا ہے۔
**ڈسٹرکٹ کونسل۔** (انگ۔مث) ضلع کا انتظام کرنے والی نمائندہ جماعت نئے نظام کے مطابق ڈسٹرکٹ بورڈ کی بجائے کام کرنے والی جماعت۔
**ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ۔** (District Magistrate) پورے ضلع کا حاکم اعلیٰ۔ ڈپٹی کمشنر۔
**ڈسٹری بیوٹر۔** (Distributor) [انگ۔ا۔مذ] تقسیم کار۔ وہ شخص یا وہ ادارہ جو تقسیم کاری کا کام کرے۔
**ڈسٹلری۔** (Distillery) [انگ۔ا۔مث] شراب کا کارخانہ۔ بھٹی۔
**ڈسٹمپر۔** (Distemper) [انگ۔ا۔مذ] رنگ و روغن کرنا (دیوار وغیرہ پر)۔
**ڈسچارج۔** (Discharge) [انگ۔ا۔مذ] (۱) برطرفی۔ موقوفی۔ (۲) رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا (۳) اخراج نکاس۔
**ڈسک۔** (Desk) [انگ۔ا۔مذ] ڈھلوان میز۔
**ڈسکاؤنٹ۔** (Discount) [انگ۔ا۔مذ] کمیشن۔ کٹوتی۔ بٹہ۔
**ڈسمس۔** (Dismiss) [انگ۔صف] خارج۔ معزول۔ برطرف۔
**ڈسنا۔** (ڈس۔نا) [ہ۔مص] کسی زہریلے جانور کا کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا۔

## ڈ ــــ ش

**ڈِش۔** (Dish) [انگ۔ا۔مث] (۱) رکابی۔ قاب۔ تھالی۔ طشتری۔ (۲) کھانا۔ طعام۔ خاص قسم کا کھانا۔
**ڈشٹ۔** [س۔ا۔مذ] جان کا دشمن (۲) بُرا۔ بدکردار۔

## ڈ ــــ ف

**ڈَف۔** [اُر۔ا۔مذ] ڈفلی۔ ڈھولک۔
**ڈفالی۔** (ڈفا۔لی) [اُر۔ا۔مذ] ڈف بجانے والا۔ ڈفالچی۔
**ڈفر۔** (Duffer) (ڈ۔فر) [انگ۔صف] نالائق۔ بےکار۔ بےوقوف۔
**ڈفلی۔** (ا۔مث) چھوٹا دف۔

## ڈ ــــ ک

**ڈِک۔** [ق۔ا۔مث] نظر۔ نگاہ۔
**ڈُک۔** [ہ۔ا۔مذ] مُکّا۔ گھونسا۔
**ڈکار۔** (ڈ۔کار) [ہ۔ا۔مث] معدہ کی وہ ہوا جو مُنہ کے راستے خارج ہو۔
**ڈکار جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے مال کو ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا۔
**ڈکار نہ لینا۔** (ا۔ محاورہ) ہضم کر جانا کسی چیز کا پتہ نہ لگنے دینا سراغ نہ پانے دینا۔
**ڈکارنا۔** (ڈ۔کار۔نا) [ہ۔مص] (۱) معدہ کی ہوا مُنہ سے خارج کرنا۔ ہضم کرنا۔ (۲) دھاڑنا۔ گرجنا۔ شیر کا بولنا۔
**ڈکٹیٹر۔** (Dictator) [انگ۔ا۔مذ] آمر۔ حاکم مطلق۔ مطلق العنان حکمران۔
**ڈکٹیشن۔** (Dictation) [انگ۔ا۔مث] (۱) ہدایت (۲) اِملا۔
**ڈکرا۔** (ڈک۔را) [ہ۔ا۔مذ] بوڑھا۔
**ڈکرانا۔** (ڈک۔را۔نا) [ہ۔مص] (۱) کراہنا۔ چلانا۔ فریاد کرنا (۲) پھوٹ پھوٹ کر رونا (۳) شیر کا ڈکارنا۔
**ڈکریا۔** (ڈ۔کر۔یا) [ہ۔ا۔مث] بوڑھی عورت۔ ضعیفہ۔
**ڈکشنری۔** (Dictionary) [انگ۔ا۔مث] لغت۔ فرہنگ۔ قاموس
**ڈکوت۔** (ڈ۔کوت) [ہ۔ا۔مذ] ایک ہندو قوم جس کے افراد باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں (۲) نیچ برہمن۔
**ڈکورا۔** (ڈ۔کو۔را) [ق۔صف] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
**ڈکوری۔** [ق۔صف] (۱) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والی (۲) پھڑ۔ زنبور۔
**ڈکوسنا۔** (ڈ۔کوس۔نا) [ہ۔مص] غٹاغٹ پی جانا۔ کلمۂ تحقیر۔
**ڈکی۔** [ق۔ا۔مذ] حملہ۔ ہلّہ۔ دھاوا۔ یورش۔



Marfat.com

**ڈکیت** - (ڈ-کیت) [ہ - ا - مذ] لُٹیرا - رہزن - ڈاکو۔
**ڈکیتی** - (ڈ - کے - تی) [ہ - ا - مث] قزاقی - رہزنی (۲) چار سے زیادہ چوروں کا ڈاکہ ڈالنا - سرقہ بالجبر۔

## ڈ ـــ گ

**ڈگ** - [ہ - ا - مذ] لمبا قدم۔
**ڈگ بھرنا** - (ا - محاورہ) لمبے قدم اُٹھانا - تیز چلنا۔
**ڈُگ** - (ہ - ا - مذ) مُکّا - گھونسا۔
**ڈگانا** - (ڈ - گا - نا) (ہ - مص) جگہ سے ہٹانا - جگہ سے بے جگہ کرنا - پھسلانا۔
**ڈگڈگا کر پانی پینا** - (اُ - مص) ایک دم میں بہت سا پانی پینا - بڑے بڑے گھونٹ لے کر پانی پینا۔
**ڈگڈگانا** - (ڈگ - ڈ - گا - نا) [ہ - مص] بڑے بڑے گھونٹ لینا - ایک سانس میں پی جانا۔
**ڈُگڈُگی** - (ڈگ - ڈ - گی) [ہ - ا - مث] (۱) بندر والوں کی ڈُفلی - ڈُوَرُو - (۲) ڈُونڈی - ڈھنڈورا - کھنجری۔
**ڈگڈگی بجانا** - (ا - محاورہ) ڈھنڈورا پیٹنا - تشہیر کرنا۔
**ڈگر** - (ڈ - گر) [ہ - ا - مث] راستہ - راہ - سڑک (۲) روش - انداز - طرز۔
**ڈگر بتانا** - (ا - محاورہ) راستہ بتانا - روش پر ڈالنا - ہدایت کرنا۔
**ڈگرا** - (ڈگ - را) [ہ - ا - مذ] ٹوکرا - بانس کا بڑا سا چھابہ۔
**ڈگرنا** - (ڈ - گر - نا) [ہ - مص] چلا جانا - رفوچکر ہونا۔
**ڈگری** - (Degree) [انگ - ا - مث] (۱) کامیابی کی سند - درجہ - منزل۔
**ڈگری کالج** - وہ کالج جہاں بی - اے اور اس سے اُوپر کی تعلیم دی جاتی ہو۔
**ڈگری** - (ڈگ - ری) [اُ - ا - مث] انگریزی (Decree) کا بگڑا ہوا حکم - سرکاری فیصلہ - جیت۔
**ڈگری اجمالی** - (ا - مث) مشترک ڈگری۔
**ڈگری اقبالی** - (ا - مث) اقبال پر دی ہوئی ڈگری۔
**ڈگری پانا** - (ا - محاورہ) مقدمہ جیتنا - فتح پانا - قطعی فیصلہ حاصل کرنا۔
**ڈگری جاری کرنا** - (ا - محاورہ) حکم دینا - فیصلہ کرنا۔
**ڈگری دار** - (ا - مذ) وہ شخص جس نے مقروض پر ڈگری حاصل کی ہو۔
**ڈگمگ** - (ڈگ - مگ) [ہ - صف] ہلتا ہوا - ڈولتا ہوا - لرزاں - کانپتا ہوا۔
**ڈگمگانا** - (ڈگ - مَ - گا - نا) [ہ - مص] ڈولنا - کانپنا - ہلنا - لرزنا - لڑکھڑانا۔
**ڈگن** - [ہ - ا - مذ] مچھلی کے شکار کا ایک آلہ۔
**ڈگنا** - (ڈگ - نا) (ہ - مص) سرکنا - ہٹنا - جگہ سے کھسکنا - بے جگہ ہونا - پھسل کر نیچے گرنا۔
**ڈُگی** - (ڈُگ - گی) [ہ - ا - مث] اعلان - ڈھنڈورا۔
**ڈگے ڈگ** - [ق] قدم قدم - قدم قدم پر۔

## ڈ ـــ ل

**ڈل** - [ہ - ا - مذ] دَستہ - گروہ (۲) کشمیر کی ایک مشہور جھیل (۳) دولت (۴) سوکھا کنواں
**ڈلا** - (ڈ - لا) [ہ - ا - مذ] بڑا سا ٹکڑا (۲) بڑے حجم کی چیز (۳) ڈھیلا۔
**ڈلا سا** - (ہ - ا - مذ) (۱) بڑا سا (۲) سونے کے ڈلے جیسا (۳) خالص (۴) چمکدار رنگ والا۔
**ڈلا** - (ڈل - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۲) ٹوکرا جو شادی کے دن دولہا کے ساتھ دلہن کے ہاں آتا ہے - [مث] کُٹنی - فریبی عورت۔
**ڈُلانا** - (ڈُ - لا - نا) [ھ - مص] ہلانا - جنبش دینا - پھرانا (۲) حیران کرنا۔
**ڈلاؤ** - (ڈ - لا - اُؤ) [ہ - ا - مذ] غلاظت پھینکنے کی جگہ - گھورا۔
**ڈلک** - (ڈ - لک) [ہ - ا - مث] چمک دمک - آب و تاب۔
**ڈلکنا** - (ڈ - لک - نا) [ھ - مص] چمکنا - دمکنا - جگمگانا۔
**ڈُلنا** - (ڈل - نا) [ہ - مص] گرنا - کسی چیز میں پڑنا۔
**ڈلوری** - (Delivery) [انگ - مث] (۱) وضعِ حمل (۲) ڈاک کی تقسیم (۳) کسی چیز کی تفویض۔
**ڈلی** - (ڈ - لی) [ہ - ا - مث] (۱) کسی چیز کا ٹکڑا (۲) خرما - بادشاہی یا مصری کا ٹکڑا۔
**ڈلیا** - (ڈل - یا) [ہ - ا - مث] (۱) چھوٹی ٹوکری (۲) ذرا سا ٹکڑا۔

## ڈ ـــ م

**ڈِم** - (Dim) [انگ - صف] دُھندلا - پھیکا - بے نور - دھیمی - مدھم۔
**ڈمرو** - (ڈَم - رُو) [ہ - ا - مذ] ڈُگڈگی - ڈُورو۔
**ڈمی** - (Dummy) (ڈ - می) [انگ - ا - مذ] (۱) جعلی یا مصنوعی چیز - جھوٹ مُوٹ کا پلندہ (۲) [تاش] فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ہے اور اس کا ساتھی اُسے کھیلتا ہے (۳) اخبار یا کتاب کا نمونہ۔

## ڈ ـــ ن

**ڈینٹسٹ** - (Dentist) [انگ - ا - مذ] دندان ساز - مصنوعی دانت بنانے والا - دانتوں کے علاج کا ماہر۔
**ڈنٹل ہاسپٹل** - (Dental Hospital) (ڈن - ٹل - ہاس - پِٹ - ٹل) [انگ - ا - مذ] دانتوں کے امراض کا ہسپتال۔
**ڈنٹھل** - (ڈن - ٹھل) [ہ - ا - مذ] جڑوں والی سبزی کی وہ شاخ جس پر پھول آجاتے ہیں (۲) ٹہنی - شاخ۔
**ڈنڈ** - [ہ - ا - مذ] (۱) ڈنٹر - بازو (۲) ایک قسم کی ورزش جو پہلوان کرتے ہیں (۳)



Marfat.com

جرمانہ ۔ تاوان ۔

**ڈنڈ بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جرمانہ دینا ۔ تاوان بھرنا ۔

**ڈنڈ پیل** ۔ (ا ۔ مذ) ڈنڈ پیلنے والا ۔ وہ شخص جو صرف ڈنڈ پیلنے کی ورزش کرتا ہو ۔ پہلوان ۔

**ڈنڈ پیلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ڈنڈوں کی ورزش کرنا ۔

**ڈنڈ ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محصول لگانا ۔ ٹیکس عائد کرنا (۲) کسی کے ذمّہ جرمانہ اور تاوان ڈالنا ۔

**ڈنڈا** ۔ (ڈن ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہاتھ میں رکھنے کا سونٹا (۲) جنڈ کی لکڑی (۳) چار دیواری (۴) احاطہ ۔ لاٹھی ۔ گدکا ۔

**ڈنڈا ڈولی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اوپر اُٹھا لینا ۔

**ڈنڈا کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دیوار کھینچنا (۲) جُدا کرنا (۳) حد مقرر کرنا ۔

**ڈنڈے بجاتے پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آوارہ اور بیکار پھرتے رہنا ۔ مارے مارے پھرنا ۔ بے مقصد پھرنا ۔

**ڈنڈوت** ۔ (ڈن ۔ ڈوت) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سجدہ ۔ جبہ سائی یا ماتھا ٹیکنا ۔ (۲) آداب ۔ تسلیم ۔ بندگی ۔

**ڈنڈوکا** ۔ (ڈن ۔ ڈو ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ٹوٹی ہوئی تلوار ۔ جس کے پھل کا ذرا سا ٹکڑا دستے میں لگا رہ جائے ۔

**ڈنڈی** ۔ (ڈن ۔ ڈی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دستہ ۔ قبضہ ۔ ہتھی (۲) وہ لکڑی جس میں ترازو کے دونوں پلڑے ڈوری سے آویزاں ہوتے ہیں ۔ (۳) ہارسنگار کے پھولوں کا سُرخی مائل حصّہ (۴) آلۂ تناسل (۵) ایک قسم کی بالی (۶) چھوٹا راستہ (۷) لکیر ۔ دھاری ۔

**ڈنڈی مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا اور وزن کم تولنا ۔

**ڈنڈیا** ۔ (ڈنڈ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بازار کی آمدنی وصول کرنے والا ۔

**ڈنڈیر** ۔ (ڈن ۔ ڈیر) [ہ ۔ ا ۔ مث] سیدھی لکیر ۔ سیدھا ۔

**ڈنر** ۔ (Dinner) (ڈِ ۔ نَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] عشائیہ ۔ رات کا کھانا ۔

**ڈنٹر** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ڈنڈ ۔ بازو ۔ ورزش کی ایک قسم ۔

**ڈنک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] خار ۔ بھڑ ۔ بچھو وغیرہ کا زہریلا کانٹا (۲) نیش ڈنگ (۳) نب ۔ لوہے کا قلم ۔

**ڈنک مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی زہریلے جانور کا کاٹنا (۲) کسی دشمن کا آزار پہنچانا ۔

**ڈنکا** ۔ (ڈن ۔ کا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ ۔ شہرت

**ڈنکا بجنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دھوم مچنا ۔ شہرت ہونا ۔

**ڈنکا ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مُرغ لڑانا ۔ مُرغ کا دوسرے مُرغ کو چونچ مارنا ۔

**ڈنکا ہونا** ۔ نقارہ بجنا ۔

**ڈنکے کی چوٹ کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کھُلم کھُلا کہنا ۔ صاف صاف کہہ دینا ۔

**ڈنکنی** ۔ (ڈنک ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ڈائن ۔ جھگڑالو عورت ۔

**ڈنگر** ۔ (ڈن ۔ گر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مویشی ۔ حیوان ۔ چوپائے ۔

**ڈنگیا** ۔ (ڈنگ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] پانی نکالنے کا دستے والا برتن (۲) چھوٹی کشتی ۔ ڈونگا ۔

# ڈ ــــــ و

**ڈوا** ۔ (ڈو ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لکڑی کا بڑا چمچہ ۔ بڑی ڈوئی ۔

**ڈوائیڈر** ۔ (Divider) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قاسم ۔ تقسیم کار (۲) [ریاضی] مقسوم علیہ (۳) پرکار جو ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

**ڈوب** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) غوطہ ۔ ڈبکی (۲) شتوب (۳) کپڑے کو رنگ میں ڈبونا (۴) قلم کو سیاہی میں بھرنا (۵) ڈوبنا کا اَمر (۶) غشی (۷) تباہ ۔ برباد (۸) ڈوبا ہوا آدمی (۹) نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہتی ہے ڈوبنا کا اَمر ۔

**ڈوب جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) غرق ہو جانا ۔ دریا میں بہ جانا (۲) غائب ہو جانا (۳) روپیہ ضائع ہو جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا (۵) رسوا ہونا ۔ ناکام ہونا

**ڈوب کر اُچھلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غوطہ کھا کر اُبھرنا ۔

**ڈوب مَر** ۔ (کلمۂ امر) (۱) دفان ہو ۔ مُنہ نہ دکھا (۲) خجالت سے مرجا ۔

**ڈوب مَرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) شرم و غیرت سے مرجانا (۲) پانی میں ڈوب کر مَر جانا ۔

**ڈوبا** ۔ (ڈو ۔ با) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ڈبکی (۲) قلم کو روشنائی میں ڈبونا (۳) نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے ۔

**ڈوبا بنس کبیر کا ۔ ہائے پُوت کمال** ۔ (ا ۔ مثل) نالائق بیٹے نے خاندان کا نام ڈبو دیا ۔

**ڈوبا بھرنا** ۔ قلم کو سیاہی میں ڈبونا ۔

**ڈوبا نام اُچھالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) از سرِ نو عزت اور ناموری پیدا کرنا ۔ (۲) نام روشن کرنا (۳) گم نامی کی حالت سے شہرت پانا ۔

**ڈوبا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی خیال میں محو ہونا ۔ نشے میں چُور ہونا ۔

**ڈوبتی ناؤ ترانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بگڑی حالت درست کرنا ۔

**ڈوبتے کو تنکے کا سہارا** ۔ [ا ۔ مثل] مصیبت زدہ ذرا سے سہارے کو غنیمت جانتا ہے ۔ مایوس آدمی کو ذرا سی مدد بھی کام دے جاتی ہے ۔

**ڈوبنا** ۔ (ڈوب ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) غرق ہونا (۲) دریا بُرد ہونا (۳) چھُپنا ۔ غروب ہو جانا (۴) ضائع ہونا ۔ روپیہ وصول نہ ہونا (۵) نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا ۔ دیوالہ نکلنا ۔ نقصان ہونا (۷) ذلیل و خوار ہونا (۸) بُرے خاندان سے سابقہ پڑنا (۹) ناکام رہنا (۱۰) کسی خیال میں محو ہونا (۱۱) رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا (۱۲) پسینہ میں غرق ہونا ۔

**ڈوبتی ہوئی اسامی** ۔ (ا ۔ صف) ایسا مقروض جو غریبی کی وجہ سے رقم ادا کرنے کے قابل نہ ہو ۔

**ڈوبتی ہوئی رقم ہری ہونا** ۔ ایسی رقم واپس مِل جانا جس کے ملنے کی اُمید جاتی رہی ہو ۔

**ڈوڈا** ۔ (ڈو ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خول ۔ سخت چھلکا جس کے اندر بیج ہوتے ہیں ۔ (۲) پوست ، کپاس وغیرہ کا پھل ۔

**ڈور** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] دھاگہ جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں ۔ سوت کی باریک رسی (۲) بٹا ہوا مضبوط دھاگہ ۔



Marfat.com

ڈور پر لگانا ۔ (ا۔ محاورہ) راہ پر لانا۔ ڈھب پر لانا۔ مانوس کرنا ۔ ہلانا۔ سدھانا۔

ڈور کو مانجھا دینا ۔ (ا۔ محاورہ) پسا ہوا شیشہ چاولوں کی پیچ میں ملا کر دھاگے ملنا۔

ڈور کو سلجھانا ۔ (ا۔ محاورہ) اُلجھی ہوئی ڈور کے پھندے سے نکالنا (۲) کسی مشکل کے حل کی تدبیر سوچنا۔

ڈور ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ عاشق ہونا۔ مائل ہونا (۲) غالب ہونا۔

ڈورا ۔ (ڈو۔را) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) دھاگا (۲) تار (۳) خط۔ لکیر (۴) تلوار کی دھار (۵) ڈنڈی والا کٹورا (۶) وہ ناپ جو ڈورے سے لیتے ہیں (۷) گرم گھی کو پکے ہوئے چاولوں میں ڈالنا (۸) آنکھ کی سُرخ رگیں (۹) کسی کو محبت کی نظر سے دیکھ کر اپنی طرف مائل کرنا (۱۰) سُرمہ کی لکیر (۱۱) جال ۔ دام ۔ فریب

ڈورا ڈالنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دامِ محبت میں پھنسانا (۲) مائل کرنا (۳) دھاگا پرونا۔

ڈورے چھوٹنا ۔ خمار یا بیداری سے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔

ڈورے چھوڑنا ۔ کاجل یا سُرمہ کی لکیر آنکھ کے کویا سے باہر تک کھینچنا۔

ڈورے ڈالنا ۔ (۱) لحاف میں تاگے ڈالنا (۲) فریب دے کر آمادۂ محبت کرنا (۳) بال گوندھنا (۴) چڑیا یا مینا کا پے در پے چہچہانا۔

ڈورا ۔ [ق ۔ا۔ مث] مہک ۔ خوشبو۔

ڈورا ۔ [ق ۔ا۔ مذ] آنکھ کا ڈھیلا۔

ڈورُو ۔ (ڈو۔ رُو) [ہ ۔ا۔ مذ] ڈگڈگی ۔ ڈمرو۔

ڈوری ۔ (ڈو۔ری) [ہ۔ا۔ مث] رسی دھاگا (۲) پانی بھرنے کی رسی (۳) چارپائی کی پائنتی (۴) جریب (۵) وہ فیتہ جس سے کاغذ باندھتے ہیں۔

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی طرف سے غفلت برتنا (۲) بے توجہ ہو جانا۔

ڈوری کھینچنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) یاد کرنا ۔ طلب کرنا ۔ بلانا۔

ڈوریا ۔ (ڈو۔ریا) [ہ ۔ا۔ مذ] ایک قسم کا باریک دھاری دار کپڑا (۲) کتوں کا محافظ۔ شکاری کتوں کو سدھانے والا ۔

ڈوسا ۔ [ق ۔ صف] بُوڑھا۔

ڈوک ۔ [ہ ۔ا۔ مث] حیوانات میں پھیپھڑوں کی ایک بیماری (۲) بڑا سا گہرا گڑھا۔

ڈوکر ۔ [ق ۔ صف] کمینہ۔

ڈوکرا ۔ (ڈوک۔را) [ہ ۔ا۔ مذ] بُوڑھا ۔ ضعیف آدمی ۔

ڈوکنا ۔ (ڈوک۔نا) [ہ ۔ مص ۔] قے کرنا ۔ واپس پلٹ دینا (۲) پینا۔ بہت سا پانی یکدم پی جانا ۔ چُوسنا ۔ برتن۔

ڈول ۔ [ہ ۔ا۔ مذ] کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن جو لوہے یا چمڑے کا ہوتا ہے۔

ڈَول ۔ [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) ڈھنگ ۔ طور ۔ طریقہ انداز ۔ وضع ۔ قطع ڈھانچہ ۔ کسی چیز کا کچا نقشہ (۳) نمونہ ۔ شکل و صورت (۴) تخمینہ خاکہ۔ (۵) کھیت کی اونچی حد ۔ باڑھ (۶) جماع ۔ مباشرت ۔

ڈول پر لانا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سڈول بنانا (۲) ڈھب پر لانا (۳) کام کے قابل بنانا ۔ راہ پر لے آنا۔

ڈول ڈالنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بنیاد قائم کرنا ۔ ڈھانچہ تیار کرنا (۳) ڈھب نکالنا۔

ڈول سے لگانا ۔ موقع سے لگانا ۔ ڈھنگ سے لگانا ۔ ترتیب سے کرنا

ڈولا ۔ (ڈو۔لا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) کھیت کی باڑھ ۔ مینڈھ ۔ کھیت کی چاردیواری (۲) خراج کا تخمینہ (۳) ایک قسم کی مچھلی (۴) شانے اور کہنی کا درمیانہ حصّہ۔

ڈولا ۔ (ڈو۔لا) [ہ ۔ا۔ مذ] زنانی سواری کا نام (۲) ایک قسم کی گول پالکی ۔ سُکھپال (۳) جھولا۔

ڈولا اچھلنا ۔ (ا۔ محاورہ) کسی عورت کا دوسری عورت کے شوہر سے آشنائی یا شادی کر لینا (۲) ڈولی میں بیٹھنے کو طنزاً اور حقارت سے کہتے ہیں۔

ڈولا جانا ۔ (ا۔ محاورہ) دُلہن کی سواری جانا۔

ڈولا دینا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی بادشاہ یا امیر کی زوجیت میں فخر کے ساتھ بیٹی دینا (۲) غریب آدمی کا کسی امیر سے بیٹی بیاہنا۔

ڈولچی ۔ (ڈول۔چی) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) ڈول کی تصغیر (۲) پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن

ڈولن ہار ۔ [ق ۔ صف] ڈولنے والا۔

ڈولنا ۔ (ڈول۔نا) [ہ ۔ مص ۔ ہ ۔ا۔ مذ] (۱) چلنا پھرنا ۔ ٹہلنا (۲) آوارہ پھرنا منڈلانا ۔ بھٹکنا (۳) حرکت کرنا (۴) ڈولا ۔ گہوارہ ۔ ایک قسم کا برتن ۔ گھی ڈالنے کا مٹی کا برتن۔

ڈَولنا ۔ (ڈول۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) گھڑنا ۔ ڈول بنانا (۲) ڈھانچہ تیار کرنا ۔ خاکہ بنانا۔

ڈولی ۔ (ڈو۔لی) [ہ ۔ا۔ مث] پردوں والی زنانہ سواری ۔ محافہ (۲) جہاز کا مستول (ق)۔

ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہیں تیار ۔ (مثل) سامان کچھ نہیں ارادے بڑے بڑے ۔

ڈوم ۔ [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) مغنی ۔ میراثی ۔ قوال ۔ کنجر ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔

ڈوم اور چینا مُنہ لگا بُرا ۔ (مثل) دونوں کا شوق پڑ جائے تو چھوٹتا نہیں۔

ڈوم پنا ۔ ڈوم کا پیشہ (۲) ڈوم جیسی حرکات و عادات (۳) بے جا خوشامد اور چاپلوسی۔

ڈومنی ۔ (ڈوم۔نی) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) مغنیہ ۔ میراثن ۔ ڈوم کی بیوی (۲) ایک قسم کا پرندہ ۔ مٹیالے رنگ کی چڑیا جسے ڈھڈو بھی کہتے ہیں۔

ڈومنی کا پوت چینی بجائے
اپنی ذات آپ ہی بتائے } (مثل) آدمی کی اصلیت اس کے قول و فعل سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

ڈونڈا ۔ (ڈوں۔ڈا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) مُڑے ہوئے سینگوں والا بیل یا گائے (۲) ایک سینگ والا بیل ۔

ڈونڈی ۔ (ڈوں۔ڈی) [ہ ۔ا۔ مث] ڈھنڈورا ۔ مُنادی ۔ شہرت۔

ڈونڈی پیٹنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چھپے معاملے کو شہرت دینا (۲) مُنادی کرنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ اعلان کرنا ۔



Marfat.com

**ڈُونگا (ڈُونگھا)** ۔ (ہ۔صف) عمیق ۔ گہرا۔

**ڈُونگا** ۔ (ڈُوں۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھوٹی کشتی ۔ بجرا۔ چھوٹی سی ناؤ (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار برتن ۔ ڈوئی (۳) سالن رکھنے کا برتن۔

**ڈُونگائی (ڈُونگھائی)** ۔ گہرائی ۔ عمق ۔

**ڈُونگر** ۔ (ڈُوں۔گر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اونچی زمین ۔ ٹیلا (۲) پہاڑ ۔ پہاڑی علاقہ پہاڑی ملک ۔

**ڈُونگر پھل** ۔ (ہ۔مذ) کڑوی گھاس کا پھل جو گھوڑوں کو کھلایا جاتا ہے ۔ سنگ بیرو۔

**ڈُونگری** ۔ (ڈُونگ۔ری) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی پہاڑی ۔

**ڈُونگی** ۔ (ڈُوں۔گی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ڈُونگی (۲) وہ چھوٹی سی کشتی جو بڑی کشتی یا جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے ۔

**ڈُونگی (ڈُونگھی)** ۔ گہری ۔ ڈونگھا کی تانیث ۔

**دُوہ** ۔ (ق۔ا۔مذ) چشمہ (۲) گہرا پانی (۳) گڑھا ۔

**ڈُویٹ** ۔ (Duet) (انگ۔ا۔مث) ڈول گان ۔ دوگانا ۔ دو آوازی گیت ۔ وہ گانا جسے دو آدمی مل کر گائیں ۔

**ڈُوئل** ۔ (Duel) (انگ۔ا۔مث) جھگڑا نمٹانے کے لیے دو شخصوں کی لڑائی (تلوار پستول وغیرہ سے)

**ڈُوئی** ۔ (ڈُو۔ای) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کا بڑا چمچہ جس سے ہنڈیا پکاتے ہیں ۔ کفگیر۔

**ڈویژن** ۔ (Division) (انگ۔ا۔مذ) (۱) فوج کا حصہ (۲) علاقہ ۔ حصہ (۳) تقسیم ۔

**ڈویژنل جج** ۔ (Divisional Judge) ایک علاقے کا جج ۔

## ڈ ۔۔۔ ہ

**ڈہڈہا** ۔ (ڈہَ۔ڈہا) (ہ۔صف) (۱) سرسبز ۔ تر و تازہ ۔ سیراب (۲) خوش و خرم (۳) بھڑکیلا ۔ چمکدار (۴) چہچہاتا ہوا ۔ شوخ رنگ ۔

**ڈہڈہانا** ۔ (ڈہَ۔ڈہا۔نا) (ہ۔فعل) (۱) چمکنا (۲) سرسبز ہونا ۔ پھولنا ۔ پھلنا ۔ کھلنا ۔

**ڈہر** ۔ (ڈہَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جوہڑ ۔ برساتی پانی کا تالاب (۲) نشیب ۔ نیچی زمین (۳) جہاز یا کشتی کا پیندا (۴) گُسم کا وہ زرد رنگ جو شباب سے پیشتر نکلتا ہے ۔

**ڈہرا** ۔ (ڈہَ۔را) (ہ۔ا۔مذ) کشتی کی وہ جگہ جہاں تختوں کی درزوں سے پانی آ کر جمع ہو گیا ہو (۲) گڑھا جو پانی کے لیے کھودا جائے (۳) نشیبی زمین ۔

**ڈہکانا** ۔ (ڈہَ۔کا۔نا) (ہ۔مص) ترسانا ۔ دھوکا دینا ۔

**ڈہکاؤنا** ۔ (ڈہَ۔کا۔اؤ۔نا) (ق۔مص) ترسانا ۔ دھوکا دینا ۔

**ڈہگان** ۔ (ڈہَ۔گان) (ق۔ا۔مذ) ڈھیر ۔ انبار ۔

## ڈ ۔۔۔ ھ

**ڈھ** ۔ (ق۔ا۔مث) (۱) گہرا پانی (۲) گہرا گڑھا ۔

**ڈھا** ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) دریا کی تباہ کاری ۔ دریا کا کنارے پر کی زمین کو بہا لے جانا (۲) زمین کا زیرِ آب ہونا (۳) ڈھانا کا امر۔

**ڈھا دینا** ۔ (ا۔محاورہ) گرا دینا ۔ منہدم کر دینا ۔

**ڈھابا** ۔ (ڈھا۔با) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اولتی (۲) جال ۔ دام (۳) پرچھتی (۴) ہندوؤں کا مطبخ (۵) مرغوں کو بند کرنے کا ٹاپا ۔

**ڈھابلی** ۔ (ہ۔ا۔مث) کبوتروں یا مرغیوں کا ڈربا ۔

**ڈھاپنا** ۔ (ڈھاپ۔نا) (ہ۔مص) ڈھانپ دینا ۔ چھپا دینا ۔ اوپر سے کپڑا یا برتن ڈال دینا ۔ فصیح ڈھانپنا ۔

**ڈھاٹا** ۔ (ڈھا۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) کپڑے کی پٹی جو منہ چھپانے یا ڈاڑھی بٹھانے کے لیے چہرے پر باندھی جائے (۲) کپڑا جو مُردے کے مُنہ پر باندھا جائے ۔

**ڈھاٹی** ۔ (ڈھا۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ پٹی جو لگام کی بجائے گھوڑے کے منہ میں دی جائے (۲) پھانسی ۔ پھندا

**ڈھاٹی (چڑھانا) (دینا) لگانا** ۔ (۱) گھوڑے کے منہ میں لگام کی بجائے کپڑا دینا (۲) کسی کا منہ بند کرنا ۔ میت کے مُنہ کو کپڑے سے باندھنا ۔

**ڈھار** ۔ (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی بالی (۲) ڈھال (۳) (ا۔مذ) اناج کا ڈھیر۔

**ڈھارس** ۔ (ڈھا۔رَس) (ہ۔ا۔مث) (۱) تسلی ۔ تشفی (۲) سہارا ۔ دم (۳) استقلال صبر (۴) جرأت ۔ ہمت ۔ آسرا ۔

**ڈھارس بندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) ہمت قائم ہو جانا ۔ دل مضبوط ہونا ۔

**ڈھارس دینا** ۔ حوصلہ افزائی کرنا ۔ تقویت دینا ۔ دلاسا دینا ۔ ہمت بندھانا ۔

**ڈھاڑی** ۔ (ڈھا۔ڑی) (ہ۔ا۔مذ) میراثی ۔ ڈوم ۔ گویا ۔ سازندہ ۔

**ڈھاک** ۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کے بڑے بڑے پتے اور سُرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔ پلاس ۔ چھچھرا ۔

**ڈھاک پھولنا** ۔ (ا۔محاورہ) ڈھاک میں پھول آنا جس سے تمام جنگل سُرخ نظر آتا ہے ۔

**ڈھاک کے تین پات** ۔ (ا۔مثل) (۱) سدا ایک حال پر رہنا (۲) ہمیشہ مفلس نظر آنا (۳) جب کوئی شخص اپنی بات پر اڑا رہے اس وقت کہتے ہیں

**ڈھال** ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) نشیب ۔ نیچی جگہ ۔ ڈھلوان (۲) سپر ۔ تلوار ۔ تیر ۔ نیزے کا وار روکنے کا ایک چوڑا ہتھیار (۳) طور طریقہ ۔ وضع (۴) رسم و رواج (۵) (ق) سایہ ۔

**ڈھال دینا** ۔ (ا۔محاورہ) پلٹ کر وہی الزام دینا ۔ آوازہ کسنا (۲) کسی دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا (۳) انسان یا جانور کو کسی ڈھب پر لے آنا ۔

**ڈھال کر گالیاں دینا** ۔ (ا۔محاورہ) ظاہری طور پر کسی کو لیکن حقیقت میں کسی اور کو گالیاں دینا ۔

**ڈھال ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) پناہ ہونا ۔

**ڈھالنا** ۔ (ڈھال۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھات کو پگھلا کر سانچے یا قالب میں ڈالنا (۲) لٹانا ۔ ارزاں بیچنا (۴) اپنی طرف مائل کرنا (۵) شرارت کرنا ۔ ضرر پہنچانا (۶) گرانا ۔ بکھیرنا (۷) سکّہ بنانا ۔

**ڈھالو (ڈھالواں)** ۔ (ڈھا۔لو ۔ ڈھال۔واں) (ہ۔صف) ترچھا ۔ ڈھلوان ایک طرف کو پستی رکھنے والا ۔



Marfat.com

ڈھانا۔ (ڈھا۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرانا۔ مسمار کرنا (۲) مٹانا۔ برباد کرنا۔ ظلم کرنا۔ آفت برپا کرنا۔

ڈھانپنا۔ (ڈھانپ۔نا) [ہ۔مص] چھپانا۔ ڈھانکنا۔

ڈھانچ۔ ڈھانچا۔ (ڈھاں۔چا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بغیر بُنی ہوئی چارپائی کُرسی وغیرہ کی چوکھٹ (۲) خاکہ۔ ڈول۔ قالب۔ ہڈیوں کا پنجر۔

ڈھانڈا۔ (ڈھاں۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] بُوڑھا بیل۔

ڈھانڈا چلنا۔ پیٹ چلنا۔ بدہضمی ہونا۔ دست آنا۔

ڈھانڈنا۔ (ڈھانڈ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] جوان کبوتر۔

ڈھانکنا۔ (ڈھانک۔نا) [ہ۔مص] چھپانا۔ ڈھانپنا۔ پردہ ڈالنا۔

ڈھائی۔ (ڈھا۔ای) [ہ۔صف] اڑھائی۔ دو اور آدھا۔

ڈھائی اَچھر پریم کے، پڑھے سو پنڈت ہو۔ (ہ۔مثل) محبت کے چند حروف ہیں جو ان پر عمل کرے گا وُہی عالم فاضل ہوگا۔

ڈھائی پیڑ بکائن کے میاں باغبان۔ (ا۔مثل) کم حیثیت پر شیخی مارنا۔ کم حیثیت ہوتے ہوئے بلند مرتبہ کی خواہش کرنا۔

ڈھائی چُلو لہو پینا۔ (ا۔محاورہ) غضب ناک ہونا۔ اگلے زمانے میں دشمن کو قتل کرکے اُس کا ڈھائی چُلو لہو پیتے تھے۔

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا۔ (مثل) (۱) دُولھا بننا۔ نوشہ بننا۔ (۲) چند روزہ حکومت کرنا۔ تھوڑے دنوں عروج پر رہنا۔ عارضی عروج پانا

ڈھائی گھڑی کی آنا۔ (ا۔محاورہ) ایک دم موت آنا۔ ڈھائی گھڑی کے اندر مرجانا۔

ڈھائیں۔ (ڈھا۔ایں) [ہ۔ا۔مذ] بیل چڑھانے کے واسطے لکڑی کی جعفری

ڈھب۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ روش (۲) موقع۔ صورت (۳) لپکا۔ عادت (۴) قسم۔ طرز۔

ڈھب آنا۔ (ا۔محاورہ) طریقہ معلوم ہونا۔

ڈھب پر چڑھانا (لانا) لگانا۔ (ا۔محاورہ) قابو میں لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا۔

ڈھب پر چڑھنا۔ (ا۔محاورہ) ہتھے چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں آنا۔

ڈھب ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) عادت ڈالنا (۲) تربیت دینا (۳) راستہ نکالنا۔ رسائی پیدا کرنا۔

ڈھب ڈھب قلیہ۔ (ا۔مذ) پتلا اور بدمزہ سالن۔

ڈھب ڈھب کی بات۔ (ا۔مث) معقول بات۔ موزوں بات۔

ڈھب سے۔ (ا) موقع سے۔ قرینہ اور موقع سے۔

ڈھب کا ہونا۔ (ا۔محاورہ) حسبِ مطلب ہونا۔

ڈھب لگ جانا۔ (ا۔محاورہ) موقع مِل جانا۔ فائدہ رہنا۔

ڈھب ہونا۔ (ا۔محاورہ) سلیقہ ہونا۔ طریقہ ہونا۔

ڈھبڈ بانا۔ (ڈھب۔ڈ۔با۔نا) [ہ۔مص] تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔

ڈِھبری۔ (ڈِھب۔ری) [ہ۔ا۔مث] پیچ کے اُوپر کا لوہا جس کو پھیر کر پیچ کو کس دیتے ہیں۔

ڈھبس۔ (ڈھب۔بس) [ہ۔صف] بدقطع۔ بدوضع۔

ڈھبوس۔ (ڈھَ۔بُوس) [ہ۔صف] موٹا۔ بھدا۔ بدوضع۔

ڈھبیلا۔ (ڈھَ۔بی۔لا) [ہ۔صف] سڈول۔ سجیلا۔ خوش وضع۔

ڈھپ۔ [ہ۔ا۔مذ] دَف یا ڈَف۔

ڈھپالی۔ (ڈھَ۔پا۔لی) [ہ۔ا۔مذ] دف بجانے والا۔ ڈفالچی۔

ڈھپڈ پانا۔ (ڈھپ۔ڈ۔پا۔نا) [ہ۔مص] ڈھول پر ہاتھ مارنا۔

ڈھپنا۔ (ڈھَپ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈھکن۔ ڈھانپنے کا برتن [مص] ڈھانپنا۔

ڈھپو۔ (ڈھَپ۔پو) [ہ۔صف] موٹا۔ بے ڈھنگا۔ بھدا۔

ڈھٹ۔ [ہ۔صف] (۱) مضبوط۔ کڑا (۲) موٹا کپڑا۔

ڈھٹارا۔ (ڈھ۔ٹا۔را) [ق۔صف] دغا باز۔ فریبی۔

ڈِھٹائی۔ (ڈِھ۔ٹا۔ای) [ہ۔ا۔مث] بے حیائی۔ بے شرمی (۲) ہٹ دھرمی (۳) گستاخی۔ بے ادبی۔

ڈھٹ بند۔ [صف] دغا باز۔

ڈھٹ بندی۔ (ڈِھٹ۔بَن۔دی) [ہ۔ا۔مث] نظر بندی۔ جادوگری۔

ڈھینگڑا۔ (ڈھ۔ٹِیں۔گ۔ڑا) [ہ۔ا۔مث] موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔

ڈھچر۔ (ڈھَ۔چَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہڈیوں کا ڈھانچ (۲) بُوڑھا۔ نحیف و کمزور۔ مریل۔

ڈھڈا۔ (ہ۔ا۔مذ) نشیبی زمین جہاں پانی جمع ہوجائے۔

ڈھڈو۔ (ڈھڈ۔ڈو) [ہ۔ا۔مث] (۱) بُوڑھی عورت۔ بکواسی عورت۔ شور مچانے والی (۲) مٹیالے رنگ کی ایک چڑیا۔

ڈھڈوکا۔ ڈھڈو والا۔ (ہ۔صف) احمق۔ بے وقوف۔ گدھا۔

ڈھڈھ۔ [ہ۔ا۔مث] پرندوں کی دُم کے پر نکلنے کی جگہ۔

ڈھڈی۔ ڈھڈھی۔ (ڈھڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] مقعد کے اُوپر کی ہڈی (۲) ایک قسم کا حقہ۔

ڈھرا۔ (ڈھر۔را) [ہ۔ا۔مذ] راستہ۔ شاہراہ۔ وہ راستہ جو رات دن چلتا رہے۔ شارع عام۔

ڈھرے پر چلنا۔ (ا۔محاورہ) ایک خاص طریقے یا اُصول پر عمل کرنا۔

ڈھرے پر لگا لینا۔ (ا۔محاورہ) راہ پر لے آنا۔ ٹھیک راستے پر لگا لینا۔

ڈھُڑ۔ [ہ۔ا۔مذ] کُولا۔ پیٹھا۔ چُوتڑ کے اُوپر کا وہ حصہ جس پر پہلوان حریف کو چڑھا کر دے مارتے ہیں۔

ڈھسلنا۔ (ڈھ۔سَل۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھسلنا۔ ڈھلنا (۲) جھکنا۔ مائل ہونا۔

ڈھُسنی۔ (ڈھُس۔نی) [ہ۔ا۔مث] بیہودہ عورت۔ کمین عورت۔

ڈھکنا۔ (ڈھک۔نا) [ہ۔ا۔مذ] سَرپوش۔ چپنی۔ ڈھکن [مص] چھپانا۔ ڈھانکنا۔ پوشیدہ رکھنا۔

ڈھُکنا۔ (ہ۔مص) مائل ہونا۔ جُھکنا۔ گُھسنا۔

ڈھکوس۔ (ڈھُ۔کوس) [ہ۔ا۔مث] (۱) پیاس (۲) ڈھکوسنا کا امر۔

ڈھکوسلا۔ (ڈھُ۔کوس۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فریب۔ دھوکا (۲) بیہودہ اور مہمل بات۔ بہانہ۔

ڈھکوسنا۔ (ڈھُ۔کوس۔نا) [ہ۔مص] اندازے سے زیادہ کھانا یا پینا۔

ڈھُکھنا۔ (ڈھکھ۔نا) [ق۔مص] (۱) دیکھنا (۲) رجوع کرنا (۳) قبول کرنا۔

ڈھکی۔ (ڈھک۔کی) [ہ۔ا۔مث] وہ جگہ جہاں شکاری تاک میں چھپ کر



Marfat.com

بیٹھتے ہیں۔
**ڈھگ** - [ق - ا - مذ] ڈھیر - انبار۔
**ڈھگ** - [ہ - ا - مث] نزدیک - قریب - پاس۔
**ڈھگّا** - (ڈھگ - گا) [ہ - ا - مذ] (۱) دُبلا اور پتلی ٹانگوں والا گھوڑا (۲) بے وقوف - احمق - بیل
**ڈھگار** - (ڈھَ - گار) [ق - ا - مذ] ڈھیر - انبار۔
**ڈھلان** - (ڈھَ - لان) [ہ - ا - مث] (۱) ڈھال - نشیب - نیچی زمین (۲) میلانِ طبع - رجحان۔
**ڈھلانا** - (ڈھَ - لانا) [ھ - مص] سانچے یا قالب میں بنوانا۔
**ڈھلا ہوا** - (ا - صف) وہ مضمون یا شعر جو بے ساختہ ہو۔
**ڈھلائی - ڈھلوائی** - (ا - مث) ڈھلوانے کی اُجرت۔
**ڈھلت** - (ڈھَ - لت) [ھ - ا - مث] قالب یا سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز۔
**ڈھلتی پھرتی چھاؤں** - (ا - مثل) زمانہ اور دولت کبھی ایک حالت پر نہیں رہتے - کبھی ایک کے پاس کبھی دوسرے کے۔
**ڈھل جانا** - [ہ - مص] مائل بہ زوال ہونا - کم ہونا۔
**ڈھلر** - (ڈھل - لر) [ہ - ا - مذ] ڈھیلا - ڈھالا - سُست - کاہل۔
**ڈھلک** - (ڈھَ - لک) [ق - ا - مث] توجّہ۔
**ڈھلکا** - (ڈھل - کا) [ہ - ا - مذ] آنکھ سے پانی بہتے رہنے کا مرض۔
**ڈھلکانا** - (ڈھل - کا - نا) [ھ - مص] (۱) لنڈھانا (۲) لڑھکانا - بہانا (۳) رغبت دلانا - خواہش پیدا کرنا۔ (ق)
**ڈھل کمرا** - (ڈھل - کم - را) [ہ - صف] نامَرد - مخنّث۔
**ڈھلکنا** - (ڈھَ - لک - نا) [ھ - مص] اُوپر سے نیچے آنا - ٹپکنا - بہنا۔
**ڈھلکنا** - (ڈھُ - لک - نا) [ھ - مص] لڑھکنا۔
**ڈھلمل** - (ڈھل - مل) [ہ - صف] (۱) ہلتا ہوا (۲) لڑکھڑاتا ہوا (۳) مذبذب۔
**ڈھلمل یقین** - (ا - صف) (۱) مذبذب (۲) متلون مزاج - ضعیف الاعتقاد ڈانواں ڈول - غیر یقینی - ایمان کا کچا۔
**ڈھلملانا** - (ڈھل - مِ - لا - نا) [ہ - مص] (۱) ڈگمگانا - لڑکھڑانا (۲) ڈانواں ڈول ہونا (۳) پس و پیش کرنا - مذبذب ہونا - متردّد ہونا۔
**ڈھلنا** - (ڈھل - نا) [ھ - مص] (۱) رواں ہونا - بہنا - گرنا (۲) گھٹنا - اُترنا - کم ہونا (۳) جھول جانا (۴) لڑھکنا - گزرنا (۵) سانچے یا قالب میں تیار ہونا - انڈیلا جانا (۶) پلپلے ہونا - گل جانا۔
**ڈھلنا** - (ڈھل - نا) [ہ - مص] (۱) نیچے کی طرف جانا - پھسلنا (۲) مائل ہونا - متوجہ ہونا (۳) الادا جانا۔
**ڈھلوان** - (ڈھل - وان) [ہ - صف] پھسلواں - جھکواں - ڈھلوان۔
**ڈھلوانا** - (ڈھل - وا - نا) [ھ - مص] سانچے یا قالب میں بنوانا۔
**ڈھلوانا** - (ڈھل - وا - نا) [ھ - مص] اسباب اُٹھوانا - بوجھ ایک سے دوسری جگہ منتقل کروانا - لدوانا۔
**ڈھلوانس** - (ڈھل - وانس) [ہ - ا - مث] ڈھیلا یا پتھر کے ٹکڑوں کا پھینکنا - ڈھیلے پھینک کر مارنا۔
**ڈھلوانسی** - (ڈھل - وان - سی) [ھ - ا - مث] گوپیا - فلاخن۔

**ڈھلوائی** - (ڈھل - وا - ئی) [ہ - ا - مث] بوجھ اُٹھوا کر لے جانے کی مزدوری۔
**ڈھلیا** - (ڈھَ - لِ - یا) [ھ - ا - مذ] ڈھالنے والا۔
**ڈھلیت** - (ڈھَ - لیت) [ھ - ا - مذ] وہ شخص جو ہر وقت ڈھال تلوار باندھے رہے (۲) گاؤں کا چوکیدار (۳) سانچے میں ڈھالنے والا۔
**ڈھمڈھمی** - (ڈھم - ڈھَ - می) [ھ - ا - مث] ڈفلی - چھوٹا دف۔
**ڈھنڈار** - (ڈھن - ڈار) [ھ - ا - مذ] ویران مکان - ڈراؤنا کھنڈر۔
**ڈھنڈلاٹ** - [ق - ا - مث] آوارہ گردی - بے مقصد آمدورفت۔
**ڈھنڈلنا** - (ڈھنڈل - نا) [ق - مص] ڈھونڈنا - تلاش کرنا۔
**ڈھنڈنا** - (ڈھنڈ - نا) [ھ - مص] تلاش کرنا - جستجو کرنا۔
**ڈھنڈوانا** - (ڈھنڈ - وا - نا) [ہ - مص] تلاش کرانا۔
**ڈھنڈورا** - (ڈھن - ڈو - را) [ہ - ا - مذ] (۱) ڈُگڈگی - ڈھول (۲) منادی تشہیر۔
**ڈھنڈورا پیٹنا** - (ا - محاورہ) منادی کرنا - تشہیر کرنا - جا بجا کہتے پھرنا۔
**ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں** - (ا - مثل) چیز پاس ہوتے ہوئے اِدھر اُدھر تلاش کرتے پھرنا۔
**ڈھنڈورچی - ڈھنڈوریا** - (ڈھن - ڈور - چی) (ڈھن - ڈو - ر - یا) منادی کرنے والا - ڈھنڈورا دینے والا۔
**ڈھنڈھالنا** - (ڈھوں - ڈھال - نا) (مص) آوارہ پھرنا - مارے مارے پھرنا۔
**ڈھنڈیا** - (ڈھنڈ - یا) [ہ - ا - مث] تلاش - جستجو۔
**ڈھنگ** - [ہ - ا - مذ] (۱) طریقہ - طرز - طور (۲) روش - چال چلن - رویّہ (۳) وضع قطع (۴) سیرت - عادت (۵) ہنر - سلیقہ (۶) انداز۔
**ڈھنگ اڑانا** - (ا - محاورہ) رنگ اختیار کرنا - نقل کرنا۔
**ڈھنگ برتنا** - (ا - محاورہ) وضع داری نباہنا - چال چلنا - برابر برتاؤ کرنا۔
**ڈھنگ بگڑنا** - (ا - محاورہ) طور طریقے بدلنا - حال خراب ہونا۔
**ڈھنگ پرلانا** - (ا - محاورہ) موافق بنانا - کسی راستہ پر لانا۔
**ڈھنگ ڈالنا** - (ا - محاورہ) بنیاد ڈالنا - کوئی نیا کام شروع کرنا - راستہ پیدا کرنا - طریقہ وضع کرنا۔
**ڈھنگ سیکھنا** - (ا - مذ) کسی کی روش اختیار کرنا۔
**ڈھنگ نکالنا** - (ا - محاورہ) طرز نکالنا۔
**ڈھنگ کی بات** - (ا - مث) موزوں و مناسب بات۔
**ڈھنگ ملنا** - (مص - مرکب) یکساں طریقہ ہونا - ایک ہی طرح کے انداز ہونا۔
**ڈھنگ نرالے** - (ا - صف) (۱) عجیب عادات (۲) انوکھے اور ناقابلِ فہم طریقے (۳) قابلِ اعتراض چال چلن۔
**ڈھنگار** - (ڈھن - گار) [ق - ا - مذ] ڈھیر - انبار۔
**ڈھنگڑا** - (ڈھنگ - ڑا) [ہ - صف] جوان - مضبوط۔
**ڈھنگی** - (ا - مذ) چالاک - فریب کرنے والا۔
**ڈھو** - [ق - ا - مذ] دلدل - گہرا پانی۔
**ڈھو** - [ہ - صف] قوی - تنومند (۲) کبڈی۔
**ڈھوانا** - (ڈھ - وا - نا) [ھ - مص] مسمار کرنا - گروانا - منہدم کرانا۔



Marfat.com

ڈھوائی۔ (ڈھُو۔وا۔ای) [ہ۔ا۔مث] ڈھونے کی اُجرت۔ سامان اُٹھانے کا معاوضہ۔

ڈھوبرا۔ (ڈھَوب۔را) [ھ۔ا۔مذ] (۱) مٹی کا بڑا پیالہ (۲) پُرانا برتن۔ (۳) پُرانا اور کچا مکان۔

ڈھوٹا۔ (ڈھو۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] لڑکا۔ بیٹا۔ مضبوط اور موٹا تازہ بچہ۔

ڈھوڈا۔ (ڈھو۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈھانچا۔ قالب (۲) گھر۔ جھونپڑا۔ (۳) کارخانہ۔ کاروبار (۴) دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔

ڈھوڈا بنائے رکھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) قدیمی عزّت یا حالت کو بنائے رکھنا (۲) ظاہری حالت درست رکھنا۔ ٹیپ ٹاپ رکھنا۔

ڈھور۔ [ہ۔ا۔مذ] مویشی۔ چوپائے۔

ڈھور مرے نہ کوا کھائے۔ (ا۔مثل) فضول اُمید کی توقع پر کہتے ہیں

ڈھورا۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک کیڑا جو چنے کو لگ جاتا ہے (۲) مٹی کا بند جو کِسی نالی کے کنارے بنایا جائے۔

ڈھوسَر۔ (ڈھو۔سَر) [ہ۔ا۔مذ] ہندوؤں کی ایک ذات۔ ویش۔ بنیا۔

ڈھوک۔ [ہ۔ا۔مث] ٹال مٹول۔ تذبذب۔

ڈھوکا۔ (ڈھو۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) پانچ گنڈوں کا مجموعہ۔ نقدی کی ایک قدیم اکائی (۲) چھپنے کی جگہ۔ غار (۳) دھکا۔ گھات۔

ڈھوکنا۔ (ڈھوک۔نا) [ھ۔مص] چھُپ کر شکار کرنا۔

ڈھول۔ [ہ۔ا۔مذ] طنبور۔ ایک مشہور ساز۔ طبل۔ مردنگ۔

ڈھول ڈھمکّا۔ (ا۔مذ) ڈھُوم دھام۔ دھوم دھڑکا۔ باجا گاجا۔

ڈھول کی آواز دُور سے سہانی دیتی ہے۔ (ا۔مثل) دیکھیے دُور کے ڈھول سہانے۔

ڈھول کے اندر پول۔ (ا۔مثل) اصل میں کچھ نہیں نِرا دکھاوا اور رُعب۔

ڈھولا۔ (ڈھو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کھیت اور زمین کی سَرحد دکھانے کا نشان (۲) طاق یا گنبد کا قالب (۳) احمق آدمی۔

ڈھولا بندی۔ [ہ۔ا۔مث] حد بندی۔ کھیت یا زمین کی سَرحد کا نشان بنانا۔

ڈھولا۔ (ڈُوھ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مشہور پنجابی عاشق (۲) ایک پنجابی عشقیہ گیت (۳) عاشق۔ دھوکا دینے والا عاشق (۴) پیارا (۵) محبوب (۶) بچہ۔ لڑکا۔

ڈھولک۔ (ڈھو۔لَک) [ھ۔ا۔مث] چھوٹا ڈھول۔ ڈھولکی۔

ڈھولکی۔ (ڈھول۔کی) [ہ۔ا۔مث] م ڈھولک۔

ڈھولکیا۔ (ڈھو۔لک۔یا) [ہ۔ا۔مذ] ڈھول بجانے والا۔

ڈھولنا۔ (ڈھول۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ڈھول کی شکل کا گلے میں پہننے کا ایک زیور (۲) چھوٹی حمائل۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف، جو بطور تعویذ گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا۔ (ا۔محاورہ) ہر گھڑی قرآن شریف کی قسم کھانا۔

ڈھولی۔ (ڈھو۔لی) [ہ۔ا۔مث] پانوں کا مٹھا جس میں زیادہ سے زیادہ ہزار اور کم سے کم دو سو پان ہوتے ہیں۔

ڈھونا۔ (ڈھو۔نا) [ہ۔مص] (۱) بوجھ اُٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ لا دنا۔ اُٹھا کر لے جانا (۲) چوری لے جانا۔

ڈھونچا۔ (ڈھوَن۔چا) [ھ۔ا۔مذ] ساڑھے چار کا پہاڑا۔

ڈھونڈ۔ [ہ۔ا۔مث] تلاش۔ سُراغ۔ جُستجو۔ کھوج۔

ڈھونڈ پھرنا۔ (ا۔محاورہ) تلاش کر کے ناکام آنا۔

ڈھونڈ ڈھانڈ۔ (ا۔مث) تلاش۔ جُستجو۔ سُراغ۔ کھوج۔

ڈھونڈ ڈھانڈ کر۔ (۱) دیکھ بھال کر۔ سُراغ لگا کر۔ تلاش کر کے۔

ڈھونڈ نکالنا۔ (ا۔محاورہ) سُراغ لگا لینا۔

ڈھونڈنا۔ (ڈھُونڈ۔نا) [ہ۔مص] تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ پتہ لگانا۔

ڈھونڈے نہ پانا۔ (ا۔محاورہ) بہت تلاش کے باوجود نہ پانا۔

ڈھونگ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) تماشا (۲) فریب۔ ریاکاری۔ بناوٹی۔ باتیں۔

ڈھونگ رچانا۔ (ا۔محاورہ) فریب کا جال پھیلانا۔

ڈھونگی۔ (ڈھوں۔گی) [ہ۔صف] ڈھونگ رچانے والا۔ مکّار۔

ڈھوہ۔ [ہ۔ا۔مذ] ٹیلہ، تودہ (۲) گراں ڈیل آدمی۔

ڈھویا۔ (ڈھو۔یا) [ہ۔ا۔مذ] پھَل۔ پھُول اور موسمی سبزی کی ڈالی۔

ڈھئی۔ (ڈھَہ۔ای) [ہ۔ا۔مث] ایک جگہ جم کر بیٹھ جانا۔ دھرنا دے کر بیٹھ جانا۔

ڈھئی دینا۔ (ا۔محاورہ) (۱) جم کر بیٹھنا (۲) ایسا بیٹھنا کہ اُٹھنے کا نام نہ لینا (۳) کِسی کے ہاں کھانے کے خیال سے اڑ بیٹھنا (۴) زبردستی رہ پڑنا۔

ڈھی۔ [ہ۔ا۔مث] دریا کا اُونچا کنارہ۔ تودہ۔ انبار

ڈھے پڑنا۔ ڈھے جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) گر پڑنا۔ مکان کا مسمار ہو جانا (۲) رہ پڑنا۔ اتر پڑنا۔

ڈھَیّا۔ (ڈھَی۔یا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) اڑھائی سیر کا باٹ (۲) گاؤں۔ پاس کا گاؤں۔

ڈھیٹ۔ ڈھیٹھ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) ضدی۔ سَرکش۔ اَڑیل (۲) بیباک۔ ڈھیٹھ۔

ڈھیر۔ [ہ۔ا۔مذ] تودہ۔ انبار (۲) کھلیان (۳) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ مجمع۔ (۴) قبر (۵) بہتات۔ کثرت۔ افراط۔

ڈھیر کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) جمع کرنا۔ فراہم کرنا (۲) مار ڈالنا (۳) مٹی کا تودہ بنانا۔

ڈھیر ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) تھک جانا (۲) مکان کا ٹوٹ پھُوٹ کر گر پڑنا (۳) انبار لگ جانا (۴) مر کر قبر میں جانا۔ بیجان ہو کر گر پڑنا۔

ڈِھیرا۔ (ڈِھی۔را) [ہ۔ا۔مذ وصف] (۱) بھینگا۔ احول (۲) جمع کا نشان۔ الجبرے میں (۳) سوئی جوڑ۔

ڈھیری۔ (ڈھے۔ری) [ھ۔ا۔مث] (۱) بھینگی عورت (۲) چھوٹا سا انبار (۳) گاؤں یا جائداد میں حِصّہ۔

ڈھیڑ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) کوا (۲) ہندوؤں کی ایک نیچ قوم چمار (۳) احمق۔ بے وقوف۔

ڈِھیل۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) دیر۔ وقفہ۔ تاخیر۔ سُستی۔ کاہلی (۲) فرصت۔



Marfat.com

ہُلت (۳) بے توجہی - لاپروائی (۴) جھُول۔

**ڈھیل دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا (۲) بے پروائی برتنا۔ توجہ نہ دینا (۳) دانستہ چشم پوشی کرنا (۴) مہلت دینا۔

**ڈھیل کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دیر کرنا۔ تامل کرنا (۲) وقت گذارنا۔ تضیع اوقات کرنا۔

**ڈھیلا** ۔ (ڈھی۔لا) [ہ۔ صف] (۱) سُست۔ کاہل (۲) کھُلا کپڑا (۳) نامرد۔

**ڈھیلا پاجامہ** ۔ (ا۔ مذ) کھُلا ہوا پاجامہ۔ غرارہ۔ کھُلے پائنچوں کا پاجامہ۔

**ڈھیلا پڑ جانا (ہو جانا)** ۔ (۱) چُست یا تنگ نہ رہنا (۲) نرم پڑ جانا غصّہ کم ہو جانا (۳) شہوت نہ رہنا (۴) سُست یا کمزور ہو جانا۔

**ڈھیلا پن** ۔ (ا۔ مذ) (۱) سُستی۔ کاہلی (۲) نامرد ہو جانا۔

**ڈھیلا پیچ** ۔ (۱) وہ گندھے ہوئے بال جو بھوؤں تک ہوں (۲) پگڑی کا وہ پیچ جو بھوؤں پر پڑے (۳) پُرزہ جو کَس ہوا نہ ہو۔

**ڈھیلا** ۔ (ڈھے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ڈلا۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا۔ کلوخ (۲) آنکھ کے اندر کا گول حِصّہ۔

**ڈھیلا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا۔ استنجا کرنا۔

**ڈھیلی** ۔ (ڈھی۔لی) [ہ۔ صف] (۱) کُشادہ۔ فراخ (۲) سُست۔ کاہل (۳) نازک۔ کمزور۔ ناتواں۔

**ڈھیلی (چھوڑنا) دینا۔ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مُہلت دینا (۲) خبر نہ لینا (۳) تاخیر کرنا۔ بے توجہی برتنا (۴) آزادی دینا۔

**ڈھیلی (ڈھیلے) زنانخ** ۔ (ا۔ صف۔ مث) (۱) سُست اور کاہل عورت (۲) زنانہ عادات کا مرد۔

**ڈھیم** ۔ [ہ۔ ا۔ مث] کلوخ۔ مٹی کا بڑا ڈلا۔

**ڈھینا** ۔ (ڈھے۔نا) [ہ۔ مص] (۱) گرنا۔ مسمار ہونا۔ منہدم ہونا (۲) اینٹ سے اینٹ بجنا (۲) ہارنا۔ دل چھوڑ دینا (۳) دُبلا اور کمزور۔

**ڈھینڈا** ۔ (ڈھیں۔ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) توند۔ حمل۔ بڑا پیٹ۔ ناجائز حمل۔

**ڈھینڈا اُچھالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔ حمل رکھوانا۔

**ڈھینڈا پھولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پیٹ رہنا۔

**ڈھینڈس** ۔ (ڈھیں۔ ڈس) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا گول کدّو (۲) خایہ۔ خصیہ (۳) موٹا آدمی۔

**ڈھینک** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک آبی پرندہ سارس۔ لم ڈھینگ کا مخفف

**ڈھینکا** ۔ (ڈھیں۔کا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کولہو کی لاٹھ۔ آب کش (۲) سارس ایک بڑی ٹانگوں والا مُردار خور جانور۔ کلنگ۔

**ڈھینکلی** ۔ (ڈھینک۔لی) [ہ۔ ا۔ مث] پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی۔ آب کش (۲) آڑی سلائی۔ کپڑے سینے کا ایک خاص طریقہ (۳) دھان کوٹنے کا آلہ (۴) قلابازی۔

**ڈھینکلی کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) قلابازی کھانا۔

**ڈھینگ** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] سارس کلنگ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔ لم ڈھینگ

**ڈھینگر** ۔ (ڈھیں۔گر) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کمزور۔ دُبلا پتلا (۲) کانٹے دار سوکھی لکڑی۔

# ڈی

**ڈی۔ ایس۔ پی** ۔ (D.S.P.) [انگ۔ ا۔ مث] ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ چھوٹا پولیس کپتان۔

**ڈی۔ سی** ۔ (D'C') [انگ۔ ا۔ مذ] ڈپٹی کمشنر۔ ضلع کا حاکم۔

**ڈیپارٹمنٹ** ۔ (Department) [انگ۔ ا۔ مذ] محکمہ۔ شعبہ۔ صیغہ

**ڈیٹھ** ۔ [ہ۔ ا۔ مث] نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔

**ڈیٹھ بند** ۔ (ہ۔ صف) نظر باندھنے والا۔ جادوگر۔ شعبدہ باز۔ ساحر۔

**ڈیڈ لیٹر آفس** ۔ (Dead Letter Office) [انگ۔ ا۔ مذ] ڈاک کا وہ دفتر جہاں لاوارث یا واپسی چھٹیاں بھیجدی جاتی ہیں اور پڑتال کے بعد جلا دی جاتی ہیں۔

**ڈیڈی** ۔ (Daddy) [انگ۔ ا۔ مذ] باپ۔ ابّا۔

**ڈیڈی کیٹ** ۔ (Dedicate) [انگ۔ ا۔ مذ] کسی چیز یا کتاب کو کسی کے نام کرنا۔

**ڈیڈی کیشن** ۔ (Dedication) [انگ۔ ا۔ مذ] نامزدگی نذر گزارنا۔

**ڈیئر** ۔ (Dear) [انگ۔ صف] (۱) پیارا۔ عزیز (۲) قیمتی۔ گراں۔ مہنگا۔

**ڈیرا** ۔ (ڈے۔را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خیمہ۔ تنبو (۲) عارضی قیامگاہ (۳) گھر۔ مکان۔

**ڈیرا ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رہائش کر لینا۔ چھاؤنی ڈال لینا۔ رہ پڑنا۔

**ڈیرا کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اُترنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔ عارضی قیام کرنا۔

**ڈیرے دار** ۔ (ا۔ صف) ڈیرے وال۔ خوشحال طوائف۔

**ڈیری** ۔ (Dairy) [انگ۔ ا۔ مث] شیر خانہ۔ دُودھ، مکھن، پنیر تیار کرنے کا کارخانہ۔

**ڈیری فارم** ۔ (Dairyfarm) دُودھ دینے والے جانور پالنے کی جگہ۔

**ڈیڑھ** ۔ [ہ۔ صف] ایک پُورا اور آدھا۔ $1\frac{1}{2}$ ۔

**ڈیڑھ اکھر پڑھانا** ۔ (ہ۔ محاورہ) ترکیبیں بتانا۔ ہوشیار کر دینا۔

**ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا** ۔ (۱) تھوڑا سا کام کر کے دل کا حوصلہ نکالنا۔ (۲) کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا اور اپنی الگ رائے قائم کرنا (۳) کسی کے ساتھ شرکت پسند نہ کرنا۔ اپنے طور پر الگ کام کرنا۔

**ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں** ۔ (ا۔ مثل) تھوڑی سی پُونجی پر اترانا کم ظرف اور کم حوصلہ کی نسبت کہتے ہیں۔

**ڈیڑھ پاؤ** ۔ ایک پاؤ اور آدھ پاؤ۔

**ڈیڑھ پاؤں چون چوبارے رسوئی** ۔ (ا۔ مثل) ذرا سے کام کے لیے بڑا اہتمام۔

**ڈیڑھ چلّو لہو پینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ کھا کر برداشت کر جانا (۲) دل ہی دل میں کُڑھ کر رہ جانا۔

**ڈیڑھ گرہ** ۔ (۱) ایک اور آدھی گرہ (۲) وہ گرہ جو آسانی سے کھُل سکے۔

**ڈیڑھ گز کی زبان** ۔ (ا۔ صف) گستاخی۔ زبان درازی۔ بد زبانی۔



Marfat.com

**ڈیزائن۔** (Design) [انگ ۔ا۔ مذ] نقشہ۔ خاکہ۔ نقش و نگار۔ ترکیب۔ ڈول۔ ڈھانچا۔
**ڈیزائنر۔** (Designer) [انگ ۔ا۔ مذ] خاکہ تیار کرنے والا۔ نقشہ کش۔
**ڈیسک۔** (Desk) [انگ ۔ا۔ مذ] سکول کے بچوں کی ڈھلوان میز۔
**ڈیفنس۔** (Defence) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) بچاؤ۔ مدافعت (۲) حفاظت مقابلہ
**ڈیک۔** (Deck) [انگ ۔ا۔ مث] عرشۂ جہاز۔ تختۂ جہاز۔
**ڈیک آنہ۔** (ڈیک۔ آ۔ نہ) [ہ۔ا۔ مذ] چھ آنہ۔ دلالوں کا محاورہ۔
**ڈیک روپن۔** (ڈیک۔ رُو۔ پن) [ہ۔ا۔ مذ] (۱) چھ روپے دلالوں کی زبان میں محاورہ۔
**ڈیکلریشن۔** (Declaration) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) بیان۔ اقرار (۲) اعلان (۳) اقرار نامہ (۴) عرضی دعوٰی (۵) اخبار یا رسالہ جاری کرنے کا اجازت نامہ
**ڈیل۔** [ہ۔ا۔ مذ] (۱) جسم۔ پنڈا۔ تن۔ کاٹھی۔ قدوقامت۔ جسامت (۲) گٹھا۔
**ڈیل ڈول۔** (ہ۔ مذ) (۱) قدوقامت۔ تن و توش (۲) جسامت۔
**ڈیلا۔** (ہ۔ا۔ مذ) (۱) ڈھیلا (۲) ایک قسم کا گھاس (۳) ناگر موتھا (۴) کریر کا پھل۔
**ڈیلٹا۔** (Delta) [انگ ۔ا۔ مذ] تکونی زمین جو کسی دریا کے دہانہ پر واقع ہو
**ڈیلر۔** (Dealer) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) تقسیم کرنے والا (۲) بیوپاری۔ کاروباری۔ سوداگر۔ فروشندہ۔
**ڈیلی۔** (Daily) [انگ ۔ صف] (۱) روزانہ۔ روزمرہ کا (۲) [انگ ۔ا۔ مذ] روزنامہ۔ روزانہ اخبار۔
**ڈیلیا۔** (ڈے۔ ل۔ یا) [ہ۔ا۔ مذ] ایک بوٹا جس میں زرد اور سُرخ پھول ہوتے ہیں۔
**ڈیلی گیٹ۔** (Delegate) [انگ ۔ا۔ مذ] مختار۔ وکیل۔ نمائندہ۔ مندوب۔
**ڈیلی گیشن۔** (Delegation) [انگ ۔ا۔ مذ] جماعتِ مندوبین نمائندوں کی جماعت۔
**ڈیم۔** (Dame) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) پُشتہ۔ بند۔ روک۔ پینڈھ (۲) پانی جو بند باندھ کر روک دیا جائے۔
**ڈیم فول۔** (Damn Fool) [انگ ۔ا۔ مذ] پاجی۔ احمق۔ نالائق
**ڈیمانسٹریٹر۔** (Demonstrator) [انگ ۔ا۔ مذ] مثال اور تجربے کے ذریعے عملی تعلیم دینے والا۔
**ڈیمرج۔** (Demurrage) [انگ ۔ا۔ مذ] ریل یا جہاز کے حدود سے وقت مقررہ کے بعد مال لے جانے کا محصول۔
**ڈیموکریٹ۔** (Democrat) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) جمہوریت پسند۔ جمہوریت کا حامی (۲) (امریکہ میں) جمہوری پارٹی کا نام۔

**ڈیموکریسی۔** (Democracy) [انگ ۔ا۔ مث] جمہوری مملکت۔ جمہوریت
**ڈیمی۔** (Demy) [انگ ۔ صف] آدھا۔ نیم۔ نصف۔
**ڈیمی آفیشل۔** (Demy Official) نیم سرکاری خط۔ اسے مختصر کر کے ڈی۔ اُو (D–O) بھی کہتے ہیں۔
**ڈین۔** (Dean) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) بڑے گرجا کا افسرِ اعلیٰ۔ بڑا پادری۔ (۲) کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبہ کی نگرانی کی خدمت ہو (۳) یونیورسٹی کے کسی شعبہ کا صدر۔
**ڈینا۔** (ڈی۔ نا) [ہ۔ا۔ مذ] وہ ڈنڈا جو بیل کی گردن میں باندھ دیتے ہیں۔
**ڈینگ۔** [ہ۔ا۔ مث] شیخی۔ تعلّی۔ لاف زنی۔
**ڈینگ ہانکنا۔ ڈینگ کی لینا۔ ڈینگ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) شیخی بگھارنا۔ اترانا۔
**ڈینگیا۔** (ڈیں۔ گ۔ یا) [ہ۔ا۔ مذ] شیخی خورا۔ بڑبولا۔ لاف زن۔ اترانے والا۔
**ڈیو۔** (Due) [انگ ۔ صف] (۱) واجب الادا (۲) لازم۔ ضروری (۳) درست۔
**ڈیوٹ۔** (ہ۔ا۔ مذ) پُرانی قسم کا چوبی چراغدان (۲) (صف) بے وقوف۔ احمق۔
**ڈیوٹی۔** (Duty) [انگ ۔ا۔ مث] (۱) فرضِ منصبی۔ کام۔ خدمت (۲) چنگی کا محصول۔
**ڈیوڑھا۔** (ڈیو۔ ڑھا) [ہ۔ صف] (۱) ایک اور آدھا۔ یک و نیم (۲) ایک قسم کا سُود جو پچاس فیصد لیا جاتا ہے (۳) ریل کا درمیانہ درجہ۔ انٹر کلاس۔
**ڈیوڑھا لیکھا برابر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) حساب بیباق ہونا۔
**ڈیوڑھی۔** (ڈیوڑ۔ ھی) [ہ۔ا۔ مث] ڈیڑھ حصہ۔ ۱½۔ یک و نیم۔
**ڈیوڑھی۔** (ڈیو۔ ڑھی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) مکان میں داخل ہونے کا کمرہ۔ صدر دروازہ کے سامنے کا کمرہ (۲) دہلیز۔ آستانہ۔ درگاہ (۳) دخل باریابی۔ آمدورفت۔ درباداری۔
**ڈیوڑھی بند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دربارِ شاہی یا کسی امیر کے سامنے باریابی نہ پاسکنا۔ ڈیوڑھی پر روک دیا جانا۔
**ڈیوڑھی دار۔** (ا۔ ف۔ صف) دربان۔ پہرہ دار۔ حاجب۔
**ڈیوڑھی کُھلنا۔** (ا۔ محاورہ) باریاب ہونا۔ باریابی کی اجازت ملنا۔ سرکار میں آمدورفت کی اجازت پانا۔
**ڈیوک۔** (Duke) [انگ ۔ا۔ مذ] (۱) نواب۔ بڑے درجے کا امیر۔ رئیس اعظم۔ (۲) انگریزی خطاب۔
**ڈیہ۔** (ہ۔ا۔ مذ) کھنڈروں کا ٹیلا۔
**ڈیہری۔** (ہ۔ا۔ مث) دلدلی زمین۔



Marfat.com

# ذ

ذ- (ذال) [ع- مذ] اُردو کا تیرھواں- فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف- ہندی اور سنسکرت میں استعمال نہیں ہوتا- اِسے ذال معجمہ یا منقوط بھی کہتے ہیں- ابجد کے حساب میں اس کے ۷۰۰ عدد ہیں- عربی کا مخصوص حرف ہے- یہ شمسی حرف ہے جس میں لام آواز نہیں دے گا جیسے الذِکر-

## ذ--ا

**ذاب**- [ع- صف] (۱) پیاسا (۲) پگھلا ہوا-
**ذابح**- (ذا- بِح) [ع- صف] ذبح کرنے والا- قربانی کرنے والا-
**ذابر**- (ذا- بِر) [ع- صف] عالم- فاضل-
**ذاِیع**- (ذا- یِع) [ع- صف] (۱) فاش (۲) پراگندہ-
**ذات**- [ع- ا- مث] (۱) حقیقت- اصلیت- ماہیت- مادہ- روح- (۲) بدن- شخصیت (۳) وجہ- (۴) قسم- نوع- (۵) عزت- آبرو (۶) حیثیت- وقعت (۷) قوم- جمع: ذوات-
**ذاتُ البین**- (ع- مث) (۱) دوستی- اتفاق (۲) معاملہ جو دو شخصوں کے مابین ہو-
**ذاتُ الجنب**- (ع- ا- مذ) پسلی کا درد- پہلو کا درد-
**ذاتُ الذوائب**- (ع- ا- مذ) برگد- بڑ کا پیڑ-
**ذاتُ الرّقاع**- (ع- ا- مذ) ایک قسم کا استخارہ- کاغذ کے پرزوں پر اِفعَل و لاتفعَل لکھ کر جا نماز کے نیچے رکھ دیتے اور بعد نماز ایک پرزہ اُٹھاتے ہیں اگر اِفعَل نکل آئے تو اجازت سمجھتے ہیں (۲) ایک غزوہ جو سنہ ۴ھ کو پیش آیا-
**ذاتُ الرّیح**- (ع- ا- مذ) نمونیہ کا مرض-
**ذاتِ الشمال**- (ع- ا- صف) بائیں جانب-
**ذاتُ الصّدر**- (ع- ا- مذ) سینے کا درد- سینے کا وَرم-
**ذاتُ العماد**- (ع- مذ) باغ اِرم- وہ باغ جسے کہتے ہیں کہ شداد نے بنوایا تھا
**ذات النطاقینؓ**- (ع- صف) حضرت اسماء بنتِ ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے
**ذاتِ الیمین**- (ع- ا- صف) داہنی طرف-
**ذات باہر**- (ا- صف) ذات سے نکالا ہوا-
**ذات پات**- (ا- مث) قوم- قبیلہ- کُنبہ-
**ذات پر جانا**- (ا- محاورہ) کسی سے ذلیل حرکت کا اُس کے کمینہ ہونے کے باعث سرزد ہونا-
**ذات دینا**- (ا- محاورہ) کسی کے ساتھ کھا پی کر ذات کو خراب کرنا (۲) کسی کو ذات میں شامل کرنا-
**ذات رات**- (ا- مث) حسب و نسب-
**ذات سے گرا ہوا**- (ا- محاورہ) ذات سے خارج- برادری سے نکالا ہوا
**ذات سے نکال دینا**- برادری سے خارج کر دینا-
**ذات شریف**- (ا- صف) چالاک- مفسد- شرارتی-
**ذات کی بیٹی ذات میں جاتی ہے**- (ا- مثل) شریف کا پیوند شریف سے ہوتا ہے-
**ذات میں بٹا لگنا**- (ا- محاورہ) نسل میں عیب لگنا-
**ذات میں مِلنا**- (ا- محاورہ) برادری میں شامل ہونا-
**ذات ونتا- ذات ونتی**- (ا- صف) اچھی ذات والا- اچھی ذات والی-
**ذات ہمایوں**- (ع- صف) (۱) مبارک شخصیت (۲) بادشاہ سلامت بادشاہ کی اپنی شخصیت-
**ذاتی**- [اُ- صف] (۱) اصلی- حقیقی (۲) شخصی- نجی- اپنی-
**ذاتی حقوق مِلکِ غیر**- (ا- مقولہ) وہ حقوق جو کسی شخص کو ایک شے پر دوسری شے کی ملکیت سے تعلق کے بغیر حاصل ہوں-
**ذاتی حیثیت**- (ف- ا- مذ) اصل پونجی- خاص سرمایہ-
**ذاتی معاملات**- (ف- ا- مذ) گھر کے معاملے- خانگی امور-
**ذاتیات**- (ذا- تِی- یات) [ع- ا- مث] (۱) عینیت (۲) شخصیت- (۳) کسی ذات سے متعلقہ باتیں-
**ذاکِر**- (ذا- کِر) [ع- صف] (۱) ذکر کرنے والا (۲) وہ شخص جو مجلس میں مصائب اہل بیتؑ بیان کرتا ہے-
**ذاِنب**- (ذا- نِب) [ع- صف] پیچھے چلنے والا-
**ذائقہ**- (ذا- ءِ- قہ) [ع- ا- مذ] (۱) مزہ- لذت (۲) لطف- چسکا (۳) چکھنے کی قوت-
**ذائقہ پڑنا**- (ا- محاورہ) چسکا پڑنا-
**ذائقہ چکھنا**- (ا- محاورہ) (۱) مزہ چکھنا (۲) سزا بُھگتنا-
**ذائقہ دار**- (ا- صف) مزیدار- لذیذ-
**ذائقہ شناس**- (ا- صف) مزہ پہچاننے کا ماہر-

## ذ--ب

**ذَبح**- [ع- ا- مذ] شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا- گلا کٹنا-
**ذبح ہونا**- (۱) شرعی طور پر حلال ہونا (۲) قتل ہونا- نقصان پہنچانا-
**ذبیح**- (ذَ- بِیح) [ع- صف] (ع) ذبح کیا ہوا- حلال کیا ہوا-
**ذبیح اللہ**- اللہ کے راستے میں ذبح کیا ہوا- حضرت اسماعیل کا لقب-
**ذبیح فرات**- حضرت امام حسین کا لقب- آپ دریائے فرات کے



Marfat.com

کنارے کربلا میں شہید کیے گئے تھے۔
**ذبیحہ**۔ (ذَ-بی-حَہ) [ع - ا - مذ] قربانی کا جانور۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔

## ذ ــــ خ

**ذخائر**۔ (ذَ-خا-ئِر) [ع - ا - مذ] وہ جگہ جہاں اشیاء کا ذخیرہ کیا گیا ہو۔ ذخیرہ کی جمع۔
**ذخیرہ**۔ (ذَ-خی-رَہ) [ع - ا - مذ] (۱) خزانہ (۲) گودام (۳) پُونجی۔ جمع جتھہ۔ (۴) وہ جگہ جہاں پودوں کی پنیریاں اکٹھی کی جاتی ہیں۔ جمع: ذخائر۔
**ذخیرہ اندوزی**۔ (ع - ا - صف) اشیاء کا ذخیرہ کر لینا تاکہ مانگ زیادہ ہونے پر انہیں مہنگے داموں بیچا جا سکے۔
**ذخیرہ ہونا**۔ (ا - محاورہ) (۱) جمع ہونا (۲) گودام میں رکھا جانا (۳) پونجی ہونا

## ذ ــــ ر

**ذرا**۔ (ذَ-را) [ع - ا - مذ] (۱) تھوڑا [صف] (۲) بہت کم۔ تھوڑا۔
**ذرا خشکا کھاؤ**۔ (ا - محاورہ) چلتے پھرتے نظر آؤ۔
**ذرا دانتوں تلے زبان دے**۔ (ا - محاورہ) کچھ تامّل کر۔
**ذرا ذرا**۔ [ا] (۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کُل۔ تمام۔
**ذرا ذرا کر کے**۔ (ا) تھوڑا تھوڑا کر کے۔
**ذرا سا**۔ (ا - صف) چھوٹا۔ تھوڑا سا۔
**ذرا سا مُنہ نکل آنا**۔ (ا - محاورہ) بیماری، گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اُتر آنا
**ذرا سی بات ہے**۔ (ا - محاورہ) بہت آسان کام ہے۔ معمولی کام ہے۔
**ذرا ظہور**۔ (ا - صف) تھوڑا۔ کچھ۔ کسی قدر۔
**ذرا عقل کے ناخن لو**۔ (ا - محاورہ) سوچ سمجھ کر بات کرو۔
**ذرا کی ذرا**۔ (ا) تھوڑی دیر کے لیے۔
**ذرا منہ دھو رکھو**۔ (ا - محاورہ) ایسی بات کی اُمید نہ رکھو۔
**ذرا مُنہ سنبھالو**۔ (ا - محاورہ) جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہو تو اُسے بطور دھمکی کے کہتے ہیں۔
**ذرا میں**۔ (ا) تھوڑی سی دیر میں۔
**ذرا ہوش میں آؤ**۔ (ا - محاورہ) سوچ سمجھ کر باتیں کرو۔ عقل کے ناخن لو۔
**ذرّات**۔ (ذر-رات) [ع - ا - مذ] ذرّہ کی جمع۔ چھوٹے چھوٹے ریزے جو قابلِ تقسیم نہ ہوں۔
**ذِراع**۔ (ذِ-راع) [ع - ا - مذ] (۱) بازو، درمیانی اُنگلی کے سرے سے کہنی تک (۲) ایک ہاتھ۔ ایک گز (۳) گھوڑے کی اگلی ٹانگ ٹخنے سے اُوپر (۴) نشان جو اُونٹ کی ٹانگ پر لگاتے ہیں (۵) نیزے کا حصّہ سرے سے لے کر درمیان تک۔
**ذرائع**۔ (ذ-را-ئِع) [ع - ا - مذ] ذریعہ کی جمع طریقے۔ راستے۔ وسائل۔

**ذِرْوَت**۔ (ذِر-وَت) [ع - ا - مث] (۱) اُونچی چیز (۲) پہاڑ کی چوٹی۔
**ذرّہ**۔ (ذَر-رَہ) [ع - ا - مذ] (۱) مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ریزہ (۲) تھوڑا۔ قلیل۔ جمع: ذرّات۔
**ذرّہ بھر**۔ (ع - ا - مذ) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
**ذرّۂ بے مقدار**۔ (ع - صف) بے وقعت شے۔
**ذرّہ بین**۔ (ا - مذ) وہ آلہ جس سے ذرّات کی شناخت کی جاتی ہے۔
**ذرّہ پرور**۔ (ع - ف - صف) ناچیز کی قدر کرنے والا۔ معمولی آدمی کا خیال کرنے والا۔
**ذرّہ ذرّہ**۔ تفصیل کے ساتھ۔ سب کچھ۔
**ذرّہ صفت۔ ذرّہ وَر**۔ (ع - ف - صف) ذرّے کی طرح چھوٹا سا۔ بے وقعت۔ ناچیز۔
**ذرّہ نواز**۔ دیکھیے ذرّہ پرور۔
**ذرّے کو آفتاب بنانا**۔ (ا - محاورہ) ناچیز کو اعلیٰ مرتبہ پر پہنچانا۔
**ذروہ**۔ (ذُر-وَہ) [ع - ا - مث] (۱) پہاڑ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی کنگرہ۔ اُونچی جگہ۔ جمع: ذُریٰ۔
**ذری**۔ [ا - مث] ذرا کے بجائے استعمال ہوتا ہے۔ تھوڑی۔
**ذرّیت**۔ (ذر-ری-یَت) [ع - ا - مث] اولاد۔ نسل۔ تخم۔ جمع: ذرّیات
**ذریعہ**۔ (ذری-عَہ) [ع - ا - مذ] (۱) وسیلہ۔ واسطہ (۲) طفیل۔ معرفت (۳) موقع۔ پہنچنے کا طریقہ۔ تعلق۔ سبب۔ وجہ۔ جمع: ذرائع۔
**ذریعہ بنانا**۔ (ا - محاورہ) وسیلہ پیدا کرنا۔
**ذریعہ پیدا ہونا**۔ (ا - محاورہ) وسیلہ پیدا ہونا۔ طریقہ نکل آنا۔ موقعہ ہونا۔
**ذریعہ رکھنا**۔ (ا - محاورہ) دلچسپی لینا۔
**ذریعہ نکالنا**۔ (ا - محاورہ) وسیلہ پیدا کرنا۔
**ذریعہ ہونا**۔ (ا - محاورہ) ذریعہ بننا۔ وسیلہ ہونا۔

## ذ ــــ ق

**ذقن**۔ (ذَ-قَن) [ع - ا - مذ] ٹھوڑی۔ جمع: اذقان۔

## ذ ــــ ک

**ذَکا** (ذَ-کا) [ع - ا - مث] ذکاوت۔ ذہانت۔ دانائی۔ فراست۔ عقلمندی۔
**ذُکا** (ذُ-کا) [ع - ا - مذ] سُورج۔ آفتاب۔
**ذکاوت**۔ (ذ-کا-وَت) [ع - ا - مث] ذہن کی تیزی۔ ذہانت۔ تیزیٔ طبع۔ تیز فہمی۔
**ذَکَر**۔ (ذَ-کَر) [ع - ا - مذ] (۱) نَر۔ مَرد (۲) آلۂ تناسل (۳) فولاد (۴) فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔ جمع: ذکور۔
**ذِکر**۔ [ع - ا - مذ] (۱) تذکرہ۔ چرچا۔ بیان (۲) زبان اور دل سے خُدا کی یاد



Marfat.com

(۴) قرآن پاک کی تلاوت (۵) تعریف۔ شہرت۔ حمد۔ خُدا کا شکر ادا کرنا۔ (۶) دُعا۔ نماز۔ جمع : اذکار۔
**ذِکر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی بابت کچھ گفتگو ہونا۔ تذکرہ ہونا۔
**ذِکر ارّہ** ۔ صُوفیوں کا ایک ذکر جس میں حق حق کی آواز حلق سے نکالی جاتی ہے
**ذِکرُ العیش نصفُ العیش** ۔ (مثل) عیش و عشرت کے تذکرے سے بھی بہت سا لطف حاصل ہوتا ہے۔
**ذِکر بالخیر۔ ذِکرِ جمیل۔ ذِکرِ خیر** ۔ (ا۔ مذ) کسی کے متعلق اچھی بات کہنا۔ کسی کا تذکرہ جو نیک بات سے کیا جائے۔
**ذِکر چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تذکرہ ہونا۔ بات چھڑنا۔
**ذِکر چھِڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بات چیت ہونا۔ کسی بات کی ابتداء ہونا۔
**ذِکرِ حبیب** ۔ (ا۔ مذ) معشوق کی باتیں۔ معشوق کا تذکرہ۔
**ذِکرِ حق** ۔ (ا۔ مذ) زبان و دِل سے خدا کی یاد۔
**ذِکر خواں** ۔ (ع۔ ا۔ صف) خدا کا ذکر کرنے والا۔
**ذُکور** ۔ (ذُ۔ کُور) [ع۔ ا۔ مذ] ذکر کی جمع۔ بہت سے مرد۔
**ذکی** [ع۔ صف] تیز فہم۔ ذہین ہوشیار۔ زیرک۔ زُود فہم۔ جمع : اذکیا۔
**ذَکیر** ۔ (ذَ۔ کیر) [ع۔ صف] بہت یاد کرنے والا۔
**ذَکیہ** ۔ (ذَ۔ کی۔ یہ) [ع۔ ا۔ مث] تیز فہم عورت۔

## ذ ـــ ل

**ذُل** ۔ (ع۔ مذ) رذالت۔ کمینہ پن۔
**ذلالت** ۔ (ذُ۔ لا۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) ذِلّت۔ رسوائی۔ خواری (۲) ہتک۔ توہین (۳) کمینہ پن۔ رذالت (۴) حقارت۔
**ذِلّت** ۔ (ذِل۔ لَت) [ع۔ ا۔ مث] رسوائی۔ توہین۔ بدنامی۔
**ذِلّت اٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل و خوار ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
**ذِلّت چھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) نحوست برسنا۔ نکبت چھانا۔
**ذِلّت دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ کرنا۔ خفیف کرنا۔
**ذِلّت ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) رسوائی ہونا۔ ہتک ہونا۔ شرمندگی ہونا۔
**ذلیل** ۔ (ذَ۔ لیل) [ع۔ صف] (۱) خوار۔ خستہ (۲) رُسوا۔ بدنام (۳) کمینہ رذیل۔ پاجی۔ سفلہ۔ جمع : اَذِلّہ۔
**ذلیل کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رُسوا کرنا۔ خفیف کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

## ذ ـــ م

**ذم** ۔ [ع۔ ا۔ مث] مذمت۔ ہجو۔ بُرائی۔
**ذم کا پہلو نکلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بُرائی یا مذمت کی صُورت ہونا۔
**ذِمام** ۔ (ذِ۔ مام) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حق (۲) عزت۔ جمع : اَذِمّہ۔
**ذِمّہ** ۔ (ذِم۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ضمانت۔ کفالت۔ ضامنی (۲) عہد و پیمان (۳) سپُردگی۔ تحویل۔ امانت (۴) جواب دہی۔ مواخذہ۔ بار (۵) فرض۔ نوکری (۶) وفاداری۔ پناہ۔
**ذِمّہ دار** ۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) ضامن۔ کفیل۔ جوابدہ۔ فرض شناس۔
**ذِمّہ دارانہ** ۔ (ع۔ صف) ذمہ داری کے ساتھ۔
**ذِمّہ داری** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) ضمانت۔ کفالت۔ فرض شناسی۔ جواب دہی۔
**ذِمّہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذِمّہ لینا۔ سپُرد کرنا۔ تحویل میں دینا (۲) حامی بھرنا۔
**ذِمّی** ۔ (ذِم۔ مِی) [ع۔ ا۔ مذ] غیر مسلم جو اسلامی سلطنت میں رہے اور جزیہ ادا کرے۔
**ذمیمہ** ۔ (ذَ۔ می۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مث] بُرائی۔ خرابی۔ جمع : ذمائم۔

## ذ ـــ ن

**ذَنْب** ۔ (ذَنب) [ع۔ ا۔ مذ] گناہ۔ قصور۔ جرم۔ بُرا کام۔
**ذُنوب** ۔ (ذُ۔ نُوب) [ع۔ ا۔ مذ] ذنب کی جمع۔ گناہ۔

## ذ ـــ و

**ذُو** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] مالک۔ آقا۔ والا۔ صاحب۔
**ذُوارْبعَۃ الاضلاع** ۔ (ع۔ ا۔ مث) چار پہلوؤں یا چار اضلاع والی شکل
**ذُواضعاف** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) جب ایک عدد کئی عددوں پر پُورا تقسیم ہوسکے تو اسے اُن عددوں کا ذُواضعاف کہتے ہیں۔
**ذُواضعافِ اَقل** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) سب سے چھوٹا ذواضعاف۔ وہ عدد جو کئی عددوں پر پُورا تقسیم ہوسکے اور اُس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ اُن عددوں پر پُورا تقسیم ہوتا ہو۔ اس عدد کو اُن عددوں کا ذواضعاف اَقل کہتے ہیں۔
**ذُوالاحترام** ۔ (ع۔ صف) صاحبِ احترام۔ مرتبے والا۔ صاحبِ عزت۔
**ذُوالجلال** ۔ (ع۔ صف) صاحبِ جلال۔ مرتبے والا۔ دبدبے والا۔ خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔
**ذُوالجناح** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) پَروں والا۔ حضرت امام حسینؓ کے اُس گھوڑے کا نام جس پر آپ معرکۂ کربلا میں سوار تھے۔
**ذُوالحال** ۔ (ع۔ صف) بدمزاج۔ سخت دل۔
**ذُوالحج۔ ذُوالحجہ** ۔ قمری سال کا بارھواں مہینہ جس میں حج بیت اللہ اور عید الاضحیٰ کی تقاریب ہوتی ہیں۔
**ذُوالفقار** ۔ (ع۔ ا۔ مث) حضرت علی کی تلوار کا نام۔
**ذُوالقرنین** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا۔ ایک بادشاہ کا نام جس کا ذکر قرآنِ پاک میں بھی آیا ہے۔ اسکندر۔ لیکن یہ تحقیق نہیں ہو سکا کہ وہ سکندر کون تھا۔



Marfat.com

**ذُوالکفل** ۔ (ع۔ مذ) کلام پاک میں ایک پیغمبر کا نام۔
**ذُوالمنن** ۔ (ع۔ صف) بخشش اور احسان کرنے والا۔ خدا کی صفت ہے۔
**ذُوالنّورین** ۔ (ع۔ صف) دو نوروں والا۔ حضرت عثمانؓ کا لقب کیونکہ رسول اللہ کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے ان کے نکاح میں آئیں۔
**ذُوالنّون** ۔ (ع۔ مذ) حضرت یونس کا لقب کیونکہ آپ مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے۔ نون بمعنی مچھلی۔ ایک مسلمان بزرگ کا نام۔ ذوالنون مصری۔
**ذُوذنابہ** ۔ (ع۔ا۔ مذ) دُم دار ستارہ۔
**ذُوفنون** ۔ (ع۔ صف) (۱) وہ جو کئی فن جانتا ہو۔ عالم۔ فاضل (۲) پُرفن عیار۔ چالاک۔
**ذُومعنی** ۔ (ع۔ صف) بامعنی۔ عموماً ذومعنین کے بجائے استعمال ہوتا ہے یعنی دو معنوں والا۔ وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں۔
**ذُومعنی کہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایسی بات کہنا جس کے کئی معنی نکلتے ہوں۔
**ذوات** ۔ (ذَ۔ وات) (ع۔ا۔ مذ) جمع ذات کی بمعنی صاحبان۔ مالکان۔
**ذَوق** ۔ (ع۔ا۔ مذ) (۱) مزہ۔ لُطف (۲) شوق۔ خوشی (۳) شیخ محمد ابراہیم دہلوی کا تخلص
**ذوق رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) شوق رکھنا۔
**ذوقِ سلیم** ۔ (ا۔ صف) صحیح ذوق۔ دُرست ذوق۔
**ذوق وشوق** ۔ (ع۔ا۔ مذ) اُمنگ۔ رچاؤ۔ خوشی۔
**ذوِی** ۔ (ع۔ا۔ مذ) ذُو کی جمع۔ مالکان۔ صاحبان۔
**ذوِی الاَرحام** ۔ (ع۔ صف) رحموں والے۔ وہ رشتہ دار جو باپ کی طرف منسوب نہ ہوں۔ وہ رشتہ دار جو ماں، بہن، بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں۔ ذوالفرائض اور عصبہ نہ ہوں۔
**ذوِی الاکرام** ۔ (ع۔ا۔ صف) وہ جن کی عزت کی جائے معززین۔
**ذوِی الفرائض** ۔ (ع۔ صف) شرعی وارث جن کے حصے مقرر ہیں۔
**ذوِی القربٰی** ۔ قرابت والے لوگ یعنی جدی رشتہ دار۔

## ذ ــــ ہ

**ذِہانَت** ۔ (ذ۔ ہا۔ نَت) (ع۔ا۔ مث) ذہن کی تیزی فوراً سمجھ جانے کا ملکہ۔
**ذَہَب** ۔ (ع۔ا۔ مذ) (۱) سونا۔ طلا۔ انڈے کی زردی۔ جمع: اَذہاب۔
**ذِہن** ۔ (ع۔ا۔ مذ) (۱) حافظہ۔ یاد (۲) ادراک یا سمجھ کی قوت (۳) زیرکی دانائی سمجھ (۴) قابلیت۔ ذکا۔ جمع: اَذہان۔
**ذِہن رَسا** ۔ (ع۔ا۔ صف) تیز ذہن۔
**ذِہن سے اتر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھول جانا۔ دھیان نہ رہنا۔
**ذِہن کُند ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) غبی ہونا۔
**ذِہن کھلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عقل کا تیز ہونا۔
**ذِہن لڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سوچنا۔ غور کرنا۔
**ذِہن لڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خیال کی رسائی ہونا۔
**ذِہن منتقل ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کی طرف خیال جانا۔
**ذِہن میں نہ بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کا سمجھ میں نہ آنا۔
**ذِہن نشین** ۔ (ع۔ ف۔ صف) سمجھا ہوا۔ یاد رکھا ہوا۔ سمجھ میں آیا ہوا۔
**ذِہن نشین کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سمجھانا (۲) تشفی کر دینا۔
**ذِہن نشین ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سمجھ میں آنا (۲) یاد ہو جانا (۳) تشفی ہو جانا۔
**ذِہنی** ۔ (ذِہ۔ نی) (ع۔ صف) (۱) ذہن کے متعلق (۲) دماغی۔ عقلی۔
**ذِہنیات** ۔ (ذِہ۔ نی۔ یات) (ع۔ا۔ مث) ذہن سے تعلق رکھنے والی چیزیں۔
**ذِہنیت** ۔ (ذِہ۔ نی۔ یَت) (ع۔ا۔ مث) طبیعت کا رجحان۔ تیزی طبع۔ طبیعت کا میلان۔ مزاج۔
**ذَہیب** ۔ (ذَ۔ ہیب) (ع۔ صف) سنہرا۔ سونے کا۔
**ذَہین** ۔ (ذَ۔ ہین) (ع۔ صف) وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔ ذکی۔ ہوشیار۔ تیز فہم۔

## ذ ــــ ی

**ذی** ۔ (ع۔ا۔ مذ) دیکھیے "ذُو" صاحب مالک۔ رکھنے والا۔
**ذی آبرو** ۔ (ع۔ صف) آبرو والا۔ عزت دار۔
**ذی اختیار** ۔ (ع۔ صف) اختیار والا۔ حکمت والا۔ حاکم۔
**ذی استعداد** ۔ (ع۔ صف) (۱) قابل۔ لائق (۲) امیر۔ دولتمند۔
**ذی اقتدار** ۔ (ع۔ صف) حکومت والا۔ اقتدار والا۔ حاکم۔
**ذی جاہ** ۔ (ع۔ صف) مرتبے والا۔ افسر۔
**ذی الحج** ۔ (ع۔ا۔ مذ) قمری سال کا بارہواں مہینہ جس میں مسلمان حج ادا کرتے ہیں۔
**ذی القعد** ۔ (ع۔ا۔ مذ) قمری سال کا گیارہواں مہینہ۔
**ذی حرمت** ۔ (ع۔ صف) عزت دار۔ باعزت۔
**ذی حِس** ۔ (ع۔ صف) جاندار۔ احساس رکھنے والا۔
**ذی حشم** ۔ (ع۔ صف) حشمت والا۔
**ذی حیات** ۔ (ع۔ صف) (۱) جاندار۔ زندہ۔
**ذی خرد** ۔ (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔
**ذی رُتبہ** ۔ (ع۔ ف۔ صف) عہدہ دار۔ صاحب منصب۔ افسر۔ حاکم۔
**ذی رُوح** ۔ (ع۔ صف) جاندار۔
**ذی شان** ۔ (ع۔ صف) شان وشوکت والا۔
**ذی شعور** ۔ (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔ ہوشیار۔ سمجھدار۔
**ذی عزت** ۔ (ع۔ صف) عزت دار۔ معزز۔
**ذی قعد** ۔ (ع۔ مذ) سن ہجری کا گیارہواں مہینہ۔
**ذی وقار** ۔ (ع۔ صف) معزز۔ صاحب وقار۔
**ذی ہوش** ۔ سمجھدار۔ ہوشیار۔ ذہین۔ عاقبت اندیش۔ ہوش مند۔
**ذِیابیطس** ۔ (ذِ۔ یا۔ بی۔ طُس) (ع۔ا۔ مذ) پیشاب کی بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے۔
**ذَیل** ۔ (ع۔ا۔ مذ) (۱) دامن۔ نیچے کا حصہ (۲) وہ جو نیچے درج ہو (۳) علاقہ۔ حلقہ (۴) گروہ۔ زمرہ (۵) واسطہ۔ آڑ۔
**ذَیل دار** ۔ (ع۔ ف۔ صف) ایک سرکاری عہدہ دار جس کے حلقہ میں



Marfat.com

کئی گاؤں ہوتے تھے۔

**ذَیل گھر**۔ (ع۔ف۔ا۔ مذ) ایک مکان جس میں معزز آدمی نمبردار ذیلدار وغیرہ آکر ٹھہرتے ہیں۔

**ذَیل میں**۔ تحت میں۔ نیچے۔

**ذَیل وار**۔ (ع۔ف۔ا۔ مذ) ذیل کے حساب سے۔

**ذَیلی**۔ یِ ذَے۔لی) (ع۔ف۔صف) نیچے کی۔ ضمنی۔ ماتحت۔

**ذیلی تقسیم**۔ (۱) نیچے کی تقسیم (۲) کمتر درجہ کی تقسیم انگریزی اصطلاح میں اسے سب ڈویژن (Sub Division) کہتے ہیں۔

**ذیلی حاشیہ**۔ (ع۔ا۔ مذ) پائے ورق پر لکھی ہوئی عبارت (انگ) (Foot Note)

**ذیلی دَفعہ**۔ قانونی دفعات کی مزید وضاحت کے لیے چھوٹی چھوٹی ضمنی دفعات۔ (انگ) (Sub clause)

**ذیلی طفیلی**۔ (ع۔ف۔صف) ماتحت۔

**ذیلی گرفت**۔ اے۔سی۔ بجلی کی متبادل برقی رو کی گرفت کو کہتے ہیں۔ جس کی لہریں ایک دوسری کی معاونت کرتی ہیں۔ انگریزی میں اُسے سبسڈیری ویلنسی ( Subsidiary Yalency ) بھی کہتے ہیں

**ذیلی عنوان**۔ (ع۔ا۔ مذ) کسی مضمون کی بغلی سُرخی۔

**ذیلی قواعد**۔ (ع۔ا۔ مذ) قوانین کی مزید وضاحت کے لیے چھوٹے بڑے قاعدے۔

**ذیلی مُمتحن**۔ ماتحت مُمتحن۔ (انگ) (Sub Examiner)



Marfat.com

# ر

ر (رے) [ع - ا - مث] (۱) اُردو کا چودھواں، فارسی کا بارھواں، عربی کا دسواں اور ہندی کا ستائیسواں حرف اِسے رائے مہملہ اور رائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں (۲) حسابِ ابجد میں اس کے دو سو عدد مقرر ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ علم نجوم میں چاند کی علامت ہے۔

## ر ــــ ا

**را** - [ف - حرف] (۱) کا - کو (۲) سے لیے۔ اُردو میں اس کے مرکبات قضارا بمعنی اتفاقاً۔ ناگہانی۔ خدارا بمعنی خدا کے لیے مستعمل ہیں۔

**راب** - [ہ - ا - مث] شیرہ۔ پتلا گڑ جو اکثر تمباکو میں پڑتا ہے (۲) گنّے کا رس۔

**راب نہ رابڑی لے اُٹھے کھابڑی** - (امثل) کوئی اچھی یا بُری بات نہیں کی اور یونہی تلوار نکال لی۔ خواہ مخواہ ناراض ہو گئے۔

**رابڑی** - (راب - ڑی) [ہ - ا - مث] (۱) شکر ملا ہوا گاڑھا دُودھ۔ ربڑی۔ (۲) جُوار۔ باجرے یا مکئی کا نمکین کھٹی چھاچھ میں پکا ہوا آٹا۔

**رابِطہ** - (رَا - بِ - طَہ) [ع - ا - مذ] (۱) لگاؤ۔ عِلاقہ۔ واسطہ۔ تعلق۔ میل جول (۲) قرابت۔ رِشتہ۔ جمع : رَوَابِط۔

**رابِع** - (را - بِع) [ع - صف] چوتھا۔

**رابِعاً** - (را - بِ - عَن) [ع - تابع فعل] چوتھی بار۔ چوتھے۔

**رابِعَہ** - (را - بِ - عَہ) [ع - صف] چوتھی۔

**راپٹا** - (راپ - ٹا) [اُر - ا - مذ] تھپیڑا۔

**راپٹر** - (را - پٹر) [ہ - صف] بنجر (زمین)

**راپی** - (را - پی) [ہ - ا - مث] چمڑا تراشنے کا اوزار۔ چمڑا چھیلنے اور صاف کرنے کی کھُرپی۔ رانپی۔

**رات** - [ہ - ا - مث] (۱) سُورج کے غروب ہونے سے طلوع ہونے تک کا وقت (۲) رین۔ شب۔ مغرب (۳) اندھیرا۔ سیاہی۔ تاریکی۔

**رات آنا** - (ا - محاورہ) رات کا ہونا۔ رات گزرنا۔

**رات آنکھوں میں کاٹنا (کٹنا)** - (ا - محاورہ) رات آنکھوں میں گزارنا۔ انتظار میں ساری رات جاگتے رہنا۔ نیند نہ آنا۔

**رات اخیر ہونا** - (ا - محاورہ) رات کٹنا۔ رات ختم ہونا۔

**رات بس کر** - (ا) رات کو قیام کر کے۔

**رات بسے کا رستہ** - (ا - مذ) وہ رستہ جس کو طے کرنے میں رات کو درمیان میں رہنا پڑے۔ دو پڑاؤ کا رستہ۔

**رات بولنا** - (ا - محاورہ) رات کا سناٹا ہونا۔ آدھی رات کو ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

**رات بھاری ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) تکلیف اور مصیبت کی رات کا کاٹے نہ کٹنا (۲) رات کا منحوس اور خطرناک ہونا۔

**رات بہت آنا** - (ا - محاورہ) رات کو دیر ہو جانا۔ بہت رات گزرنا۔

**رات بھر** - (ا - صف) تمام شب۔ ساری رات۔

**رات بھر پیسائی اور ایک بچہ بیائی** - (امثل) محنت تو بہت کی مگر فائدہ نہ ہونے کے برابر ہوا۔

**رات بھیگنا** - (ا - محاورہ) رات کو خنکی ہو جانا۔ رات کا سرد ہو جانا۔ آدھی رات گزرنا۔

**رات پڑی ہے** - (ا - محاورہ) بہت رات باقی ہے۔

**رات پڑی بوند۔ نام رکھا محمود** - (امثل) کام مشکل سے شروع ہوا ہے خوشی ابھی سے شروع کر دی ہے۔

**رات پڑے اُپاسی، دن کو کھائے دھوجے؛ باسی** - (امثل) بہت غریب ہے رات کو بھوکا سوتا ہے دن کو باسی کھاتا ہے۔

**رات پکڑنا** - (ا - محاورہ) رات ہو جانا۔ رات پا لینا۔ کام کا سلسلہ رات تک پہنچنا۔

**رات پہاڑ ہونا** - (ا - محاورہ) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات لمبی ہونا۔ رات کاٹے نہ کٹنا۔

**رات تو اپنی ہے** - (ا - محاورہ) یہ وقت تو اپنا ہے۔

**رات تھوڑی سوانگ بہت۔ رات تھوڑی کہانی بہت** - (امثل) (۱) فرصت کم ہے اور کام زیادہ (۲) عمر کم اور دنیا کے بکھیڑے بہت۔

**رات تھوڑی ہونا** - (ا - محاورہ) رات کا کم باقی رہنا۔ صبح ہونے کے قریب ہونا۔

**رات تیر کرنا** - (ا - محاورہ) رات گزارنا۔ بسر کرنا۔

**رات جاتا** - (ا - محاورہ) رات گزرنا۔ رات تمام ہو جانا۔

**رات چلنا** - (ا - محاورہ) رات گزرنا۔ رات رخصت ہونا۔

**رات دن** - ہر وقت۔ شب و روز۔ آٹھوں پہر۔

**رات دن اُس کی تسبیح ہے** - (ا - مقولہ) ہر وقت اُس کو یاد کرتا ہے۔

**رات دن برابر ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) ۲۱ مارچ اور ۲۱ ستمبر کو دن اور رات کی لمبائی پورے بارہ گھنٹے کی ہوتی ہے (۲) دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا۔ جو کام دن کو ہونا چاہیے وہی رات کو بھی کرنا۔

**رات دن پیسا اور چپنی بھر اُٹھایا** - (مثل) محنت بہت فائدہ کم۔

**رات دن شیر کا سامنا ہے** - (امثل) ہر روز نئی مصیبت ہے۔

**رات ڈھلنا** - (ا - محاورہ) رات کا زوال پر آنا۔ آدھی سے زیادہ رات گزر جانا۔



Marfat.com

رات رہنا۔ مذ محاورہ (۱) رات باقی ہونا (۲) رات کو قیام کرنا (۳) عورت کا مرد کے پاس رات کو سونا۔
رات رہے (رہتے) (۱) ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو۔
رات زیادہ آنا۔ (۱) محاورہ رات کا بڑا حصہ گزر جانا۔
رات کا بڑھ جانا۔ (۱) محاورہ رات کا موسم سرما میں لمبا ہونا (۲) تکلیف یا انتظار کی وجہ سے رات کا لمبا معلوم ہونا۔
رات کا پیٹ بھاری ہے۔ (۱) مثل رات سب عیبوں کو چھپا لیتی ہے
رات کاٹے نہ کٹنا۔ (۱) محاورہ رات کو تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا
رات کا کھایا یاد نہیں رہتا۔ (۱) مثل بہت بھول جانے والا آدمی ہے
رات کٹ جانا۔ (۱) محاورہ رات بسر ہو جانا۔
رات کو جمائی آئے، دن کو منہ پھیلائے۔ (۱) مثل کام میں غفلت کرنے والا۔
رات کو مچھر کی ٹانگ پکڑیں دن کو اونٹ نہ بھائی دے۔ (۱) مثل اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے رات کو زیادہ نظر آتا ہے اور دن میں کم۔
رات کی رات۔ (۱) مث صرف ایک رات۔
رات کی نیت حرام۔ (۱) مثل عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو کوئی تجویز کرنا منحوس ہوتا ہے۔
رات گئی بات گئی۔ (۱) مثل موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔
رات گئے۔ ایسے وقت جب رات کا بڑا حصہ گزر چکا ہو۔
رات ماں کا پیٹ ہے۔ (۱) مثل رات کو سب آرام پاتے ہیں رات کو عیب چھپے رہتے ہیں۔
رات نربدا اتری صبح اُٹھ کوئیں سے ڈری (کواں دیکھ ڈری)۔ (۱) مثل خواہ مخواہ نخرے بگھارتی ہے۔ دکھانے کو ڈرتی ہے۔ خطرناک کام کر جائے اور تھوڑے خطرے سے ڈر جائے۔
رات نہ بگڑنا۔ (۱) محاورہ رات ہونے سے پہلے مر جانا۔ رات تک زندہ نہ رہنا۔
رات والا۔ (ا۔ مذ) (۱) الو (۲) ہیضہ (۳) چاند۔
رات ہتائی تڑکے آئی۔ بھوک بیدنا بُری رے بھائی (۱) مثل بھوک بری بلا ہے ہر وقت لگی رہتی ہے۔
راتوں رات۔ (۱) راتا رات۔ (۱) رات ہی رات میں۔ ایک رات میں۔
راتوں روئی ایک ہی مرا موا۔ (۱) مثل بہت محنت کی فائدہ تھوڑا ہوا۔
راتوں کا ناکاتنا۔ سر پر نہیں ناتنا (۱) مثل بہت محنت کرتی ہے۔ پھر بھی گزارا نہیں ہوتا۔
راتا۔ (راتا) (س۔ صفت) (۱) سرخ۔ لال۔ قرمزی (۲) سرخ رنگا ہوا۔
راتب۔ (ع) راتب (ا۔ مذ) (۱) کتے۔ بلی۔ ہاتھی کی روزانہ خوراک (۲) گھوڑے کو جو چیز معمول دانے گھاس کے علاوہ دی جائے (۳) تنخواہ۔ روزینہ۔ پنشن۔ وظیفہ۔ راشن۔
راتب باندھنا۔ (۱) محاورہ معمول مقرر کر لینا۔
راتب لگانا۔ (۱) محاورہ راتب مقرر کرنا۔ کتے بلی کا راتب مقرر ہونا۔

راتنا۔ راتنا (س۔ ف۔ ل) (۱) رنگنا۔ سرخ ہونا (۲) محبت کرنا ... بہت شائق ہونا۔ عاشق ہونا۔
راتی۔ رتی (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رات (۲) (صفت) رات کا۔
راتی راتا۔ (۱) صفت۔ مارا مار۔ دن رات چل کر۔ رات کے وقت
راٹھور۔ راٹھور (س۔ ا۔ مذ) (۱) راجپوتوں کا ایک خاندان (۲) (صفت) مضبوط۔ پکا۔ سخت۔ کٹر۔ دلیر۔
راج۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ گورنمنٹ (۲) اختیار۔ خود مختاری (۳) معمار۔ عمارت بنانے والا (۴) وقت۔ زمانہ۔
راج آرہا ہے۔ (۱) محاورہ خوب بے فکری میں گزرتی ہے۔
راج استھان۔ راستھان (ا۔ مذ) شاہی محل۔ دارالحکومت۔ راج دھانی۔ راج منڈل۔
راج بنسی۔ (ہ۔ صفت) (۱) شاہی خاندان کا آدمی۔ راجہ کے خاندان کا (۲) سانپ۔ ناگ (۳) ایک راجپوت قوم۔
راج بہا (راجباہ)۔ (ہ۔ مذ) نہر کی چھوٹی شاخ۔ چھوٹی نہر جو کسی بڑی نہر سے نکالی جائے۔
راج بھنڈار۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خزانہ عامرہ۔ بیت المال۔ خزانہ شاہی۔ مال خانہ۔
راج بھنگ ہونا۔ (۱) محاورہ سلطنت کا تہ و بالا ہونا۔ سلطنت پر زوال ہونا۔ حکومت پامال ہونا۔
راج پاٹ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت۔ سہاگ۔
راج پتی۔ (ہ۔ ا۔ مذ) راجکماروں کا لقب۔ راج کنور۔
راج پتنی۔ (ہ۔ ا۔ مث) ملکہ۔ رانی
راج پوت۔ (۱) شاہزادہ۔ بادشاہ زادہ (۲) چھتری۔ ہندو راجہ کی اولاد ایک ذات جو راجگان قدیم کی اولاد سے کئی شاخوں ... گروں میں ہندو اور مسلمان دونوں میں موجود ہے۔
راج پھوڑا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا اور اس سے آدمی کم ہی بچتا ہے۔ اسے بعض مفلسی پھوڑا بعض شاہی اور بعض دو ہوئی پھوڑا بھی کہتے ہیں۔ کاربنکل۔
راج تلک۔ (ہ۔ ا۔ مث) بادشاہت کا ٹیکا۔ وہ قشقہ جو راج لکی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔
راج دربار۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دربار شاہی۔ بارگاہ خسروی۔
راج دلاری۔ (ہ۔ ا۔ مث) شہزادی۔ راجکماری۔
راج دوت۔ (ہ۔ ا۔ مذ) راجہ کا بھیجا کسی ملک و سفیر۔
راج دھانی۔ (ہ۔ ا۔ مث) پایۂ تخت۔ دارالحکومت
راج ڈنڈ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ... ٹیکس سرکاری ... محصول۔
راج رانی۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) راج پتنی (۲) لکشمی ... دیوتا کی استری۔
راج روگ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تپ دق۔ مرض سل۔ کرشٹھ (۲) وہ مقدمہ زیر تجویز رہنے والا مقدمہ (۳) عمارت بنوانے کی ... ۔



Marfat.com

**راج سبھا** ۔ (ہ ۔ امث) (۱) راجہ کا دربار (۲) شاہی مجلس ۔
**راج سہاگ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ ہو ۔
**راج سہاگ قائم رہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) شادی شدہ عورت کے لیے دُعا ۔
**راج کا راج میں ۔ تاج کا تاج میں ۔ بیاج کا بیاج میں ۔ سماج کا سماج میں** ۔ (مثل) جس قسم کی آمدنی ہو ویسا ہی خرچ ہوتا ہے ۔ راجا کا سلطنت کے کاموں میں ۔ ساہوکار کا قرضہ دینے میں اور غلّہ فروش کا اناج خریدنے میں (۲) ہر بات اپنے محل پر ہونی چاہیے ۔
**راج کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حکومت کرنا (۲) عیش میں زندگی بسر کرنا ۔ خوش ہونا ۔
**راج کمار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) راجہ کا بیٹا ۔ راجپوت ۔ کنور ۔ شہزادہ ۔
**راج کماری** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) راجا کی بیٹی ۔ شہزادی ۔
**راج کوی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) درباری شاعر ۔ ملک الشعراء ۔ تمام شاعروں سے بلند پایہ شاعر ۔
**راج گدی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) تختِ شاہی ۔ تختِ سلطنت ۔
**راج گری ۔ راج گیری** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) معماری ۔ عمارت یا تعمیر کا کام ۔
**راج گھاٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) راجا کے نہانے کا گھاٹ ۔ بہت بڑا گھاٹ ۔
**راج نیتک** ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) سیاسی ۔
**راج نیتی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) سیاست ۔ نظامِ حکومت ۔
**راج ہٹ ۔ بالک ہٹ ۔ تریا ہٹ ۔ جوگی ہٹ** ۔ (ہ مثل) راجہ ۔ بچہ ۔ عورت اور فقیر جو دل میں آئے کرتے ہیں ۔ کسی کی نہیں مانتے ۔
**راج ہنس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کی مُرغابی ۔ بڑی بط ۔
**راجا** ۔ (را ۔ جا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بادشاہ ۔ فرماں روا ۔ حکمران (۲) سخی ۔ فیاض ۔
**راجا آگے راج ۔ پیچھے نہ چھلنی نہ چھاج** ۔ (مثل) بیوہ عورت کہتی ہے کہ خاوند کی زندگی میں بڑے مزے تھے اسکی وفات کے بعد کچھ بھی نہیں
**راجا اندر کا اکھاڑہ (مجلس)** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ و مث) راجا اندر کی محفل رقص و سرود جو تمام دیوتاؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے (۲) عیش و نشاط (۳) خوبصورت عورتوں کا مجمع ۔
**راجا ادھیراج** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) راجوں کا راجا ۔ شہنشاہ ۔
**راجا بلاوے ٹھاڑے آوے** ۔ (ہ مثل) راجا بلائے تو جلدی آتا ہے ۔ حاکم کی بہت تابعداری کرتا ہے ۔
**راجا بھئے تو کیا ہوا انت جاٹ کے جاٹ** ۔ (مثل) باوجود نودولتیے کے قدیم عادت نہ بدلی ۔
**راجا جوگی کس کے میت** ۔ (مثل) بادشاہ اور جوگی کسی کے دوست نہیں ہوتے ۔
**راجا چھوڑے نگری جو بھاوے سو لے** ۔ (مثل) راجا سلطنت چھوڑ دے تو جو چاہے کرے (۲) راجا اگر شہر چھوڑ دے تو جس کا دل چاہے قبضہ کر لے ۔
**راجا راج پرجا چین (سکھی)** ۔ (مثل) حاکم اچھا ہو تو رعیت آرام سے رہتی ہے ۔
**راجا رکھے رانی کھاوے** ۔ (مثل) کماتا کوئی ہے ۔ اُڑاتا کوئی ہے ۔
**راجا روٹھے گا اپنی نگری لے گا** ۔ (مثل) راجا ناراض ہوگا تو شہر بدر کر دے گا وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی ناراضی کی پروا نہیں ہوتی ۔
**راجا کا پرچانا اور سانپ کا کھلانا برابر ہے** ۔ (مثل) بادشاہوں کی صحبت میں ہر وقت خطرہ ہوتا ہے ۔
**راجا کا دان پرجا کا اشنان** ۔ (مثل) خیرات اپنی حیثیت کے موافق ہونی چاہیے ۔ غریب نہا لے تو وہی اس کی خیرات ہے ۔
**راجا کا دوجا بکری کا تیجا دونوں خراب** ۔ (مثل) راجا کا دوسرا بیٹا سلطنت کے لیے جھگڑا کرتا ہے اور بکری کا تیسرا بچہ بھوکا رہتا ہے کیونکہ بکری کے دو ہی تھن ہوتے ہیں ۔
**راجا کو موتی کا دُکھ** ۔ (مثل) جہاں افراط ہونی چاہیے وہاں کوئی چیز نہ ملے تو کہتے ہیں ۔
**راجا کیا جانے بھوکے کی سار** ۔ (مثل) بھوک کی قدر امیر آدمی نہیں جان سکتا ۔
**راجا کی بیٹی ۔ قسمت (کرم) کی ہیٹی** ۔ (مثل) امیر کی لڑکی غریب کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں ۔
**راجا کے گھر کاج ۔ ہمارے گھر ٹھک ٹھکا** ۔ (مثل) بادشاہوں کے اخراجات کا بوجھ رعیت پر پڑتا ہے ۔ بادشاہ مزے اڑائیں ۔ غریب بھوکے مرتے ہیں ۔
**راجا کے گھر آئی ، گئی تُرت رانی کہلائی** ۔ (مثل) جب غریب کی بیٹی امیر کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں ۔
**راجا کے گھر موتیوں کا کال** ۔ (مثل) (۱) کیا پرواہ ہے ۔ کیا کمی ہے ۔ (۲) جس کے پاس کوئی چیز کثرت سے ہو اور وہی نہ ملے تو تعظیماً جھٹلاتے ہوئے کہتے ہیں ۔ بھلا یہ بھی کیا بات ہے کہ یہ چیز آپ کے بس کی نہیں ۔
**راجا نل پر بپتا پڑی بھونی مچھلی جل میں پڑی** ۔ (مثل) بُرے دن آئیں تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے ۔
**راجا ہو کر چوری کرے نیاؤ کون کرے** ۔ (مثل) حاکم ہی ظلم کرے تو انصاف کہاں ؟
**راجائی** ۔ (را ۔ جا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) سلطنت ۔ بادشاہی ۔ فرمانروائی حکومت (۲) امیری ۔ دولتمندی ۔
**راجح** ۔ (را ۔ جح) [ع ۔ صف] بہتر ۔ غالب ۔ فائق ۔ پسندیدہ ۔
**راجس** ۔ (را ۔ جس) [ راجرس (Rogers) کا مُہنّد ۔ ا ۔ مذ] لوہے کے ایک انگریزی کارخانے کا مالک جس کے چاقو مشہور ہیں ۔
**راجع** ۔ (را ۔ جع) [ع ۔ صف] رجوع کرنے والا ۔ پھرنے والا (۲) وہ عورت جو مر جانے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آ جائے (۳) وہ اونٹنی جو حاملہ نہ ہو مگر حاملہ معلوم ہو ۔
**راجل** ۔ (ع ۔ صف) پیادہ ۔ سوار کی ضد ۔
**راجوٹ** ۔ (را ۔ جوٹ) [ ق ۔ ا ۔ مذ] حکومت ۔ حکمرانی ۔



Marfat.com

**راجی** - (را-جی) [ع-صف] اُمیدوار۔ سائل۔
**راجے** - (را-جے) [ق-ا-مذ] (۱) مزدور (۲) راجا۔
**راجیو** - (را-ج-یُو) [ہ-ا-مذ] (۱) ایک قسم کی مچھلی (۲) ایک قسم کا ہرن (۳) بگلا (۴) ہاتھی (۵) نیلا کنول (۶) وِشوا ناتھ کا ایک شاگرد (۷) دھاری دار (۸) راجا کے وظیفے پر گزارہ کرنے والا۔
**راجیہ** - (س-ا-مذ) حکومت۔ بادشاہت۔ حکومت سلطنت (۲) بادشاہی فرمانروائی (۳) اختیار۔ عملداری (۴) انتظامِ سلطنت۔
**راجیہ سبھا** - (ہ-ا-مث) ایوانِ بالا۔ مجلسِ اعلیٰ۔
**راچھ** - [ہ-ا-مذ] جُلاہوں کی دندانے دار کنگھی (۲) آلہ۔ اوزار (۳) بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار (۴) لوہے کا ٹکڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے (۵) درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حِصّہ۔
**راچھ رچھندے** - (۱) اوزار۔ آلات (۲) برتن۔ بھانڈے۔
**راچھس** - (را-چھس) [ہ-ا-مذ] (۱) راکشش۔ زبردست۔ سرکش لوگ۔ ظالم۔ جن بھوت۔ پریت (۲) ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق ایک سینگوں والی قوم جو راجاؤں کے خلاف رہتی تھی۔
**راح** - [ع-ا-مذ و مث] مزے اُڑانا۔ مطلب حاصل کرنے کے قریب ہونا (۲) شراب (۳) راحت کی جمع۔ ہتھیلیاں۔
**راحت** - (را-حَت) [ع-ا-مث] (۱) آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ قرار۔ سُکھ۔ استراحت (۲) محنت۔ تکلیف یا بے آرامی کا ختم ہو جانا (۳) محنت سے آزادی (۴) امن۔ چین۔ سکون۔ کل (۵) خوشی۔ مسرت۔
**راحت افزا(رساں)** - (ع-صف) آرام پہنچانے والا۔
**راحتِ جان** - (۱) دِل خوش کرنے والا۔ معشوق، بیوی اور اولاد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
**راحت رساں** - (ف-ا-صف) آرام پہنچانے والا۔
**راحتی** - (رَاح-تی) [ف-ا-مث] (۱) وضو کا طشت۔ چلپچی (۲) جھاڑ (۳) کیف۔
**راحِل** - (را-حِل) [ع-ا-مذ] کوچ کرنے والا۔ مسافر۔
**راحِلہ** - (را-حِ-لَہ) [ع-ا-مذ] سواری کا جانور۔ جمع : رواحِل۔
**راحِم** - (را-حِم) [ع-صف] رحم کرنے والا۔
**راد (رادھ)** - (ہ-ا-مث) پیپ۔ مواد۔ زخم کی پکی ہوئی آلائش۔
**رادِفت** - (را-دِ-فَت) [ع-ا-مث] (۱) جو بعد میں آئے (۲) صُورِ اسرافیل کی دوسری آواز۔
**رادھا** - (را-دھا) [ہ-ا-مث] (۱) رادھکا۔ کرشن جی کی ایک پیاری گوپی۔ (۲) (مجازاً) قدرت۔ فطرت (۳) کامیابی۔ اقبالمندی۔
**رادھا کو یاد کرو** - (مثل) جاؤ ہوا کھاؤ۔ اپنا کام کرو۔ ہمیں کچھ پروا نہیں۔
**راڑ** - [ہ-ا-مث] (۱) شور و غل۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا (۲) بچوں کی ہٹ۔
**راڑیا** - (را-ڑی-یا) [ہ-ا-مذ] (۱) لڑاکا یا جھگڑالو شخص (۲) ضدی بچہ۔ ضدی فقیر۔

**راز** - [ف-ا-مذ] بھید۔ خفیہ یا پوشیدہ بات۔
**راز افشا کرنا** - (ا-محاورہ) خفیہ بات ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔
**راز جُو** - (ف-صف) تلاش کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔
**راز دار** - (ف-صف) بھیدی۔ واقف کار۔ معتمد۔
**راز داری** - (ف-ا-مث) بھید چھپانا۔ اِخفائے راز۔
**راز داں** - (ف-صف) بھید جاننے والا۔ واقف کار۔ دوست۔ محرمِ راز۔
**رازِ سر بستہ۔ رازِ نہفتہ** - (ف-ا-مذ) ایسا راز جو ابھی ظاہر نہ ہوا ہو۔
**راز فاش کرنا (کھُلنا)** - بھید کھولنا۔ پوشیدہ بات بیان کرنا۔
**راز و نیاز** - (ف-ا-مذ) (۱) عاشق و معشوق کی پوشیدہ باتیں۔ پیار اور اخلاص۔ رمز و کنایہ۔
**راز و نیاز کی باتیں** - (ا-مث) پیار و اخلاص کی باتیں۔ عاشق و معشوق کے رموز و کنایات۔
**رازِ نہاں** - (ف-ا-صف) چھُپا ہوا بھید۔
**رازق** - (را-زِق) [ع-صف] رزق دینے والا۔ پروردگار۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**راس** - [ف-ا-مث] (۱) خشکی کا وہ حِصّہ جو دُور تک پانی میں چلا گیا ہو (۲) [صف] راست کا مخفف۔ دایاں۔ درُست۔ ٹھیک موافق۔ سازگار۔
**راس آنا** - (ا-محاورہ) موافق آنا۔ ٹھیک ہونا۔
**راس نہیں** - (۱) نامبارک ہے۔ ناموافق ہے۔
**راس** - [ع-ا-مذ] (۱) سر (۲) سردار۔ حاکم۔ سرگروہ (۳) فرد۔ نفر۔ (۴) راہو نیم ستارے کا عربی نام جس کی مدّتِ دورہ ہر بُرج میں ۱۸ ماہ قرار دی گئی ہے (۵) آسمانی بُرج (۶) (قصابوں کی اصطلاح) بکریوں اور بھیڑوں وغیرہ کی تعداد ظاہر کرنے کو استعمال کرتے ہیں۔ (۷) [مث] زاویے کی نوک۔ جمع : رُؤُس۔
**راسُ الجَدی** - (ع-ا-مذ) خطِ جدی کا وہ نقطہ جب سورج ۲۲ر دسمبر کو وہاں پہنچتا ہے تو ہمارے ہاں سردیوں کا موسم ہوتا ہے۔
**راسُ السرطان** - خطِ سرطان کا وہ نقطہ جب سُورج وہاں ۲۱ رجون کو پہنچتا ہے تو ہمارے ہاں گرمی کا موسم ہوتا ہے۔
**راسُ المال** - (ع-ا-مذ) پُونجی۔ سرمایہ۔ اصلی رقم جو کسی تجارت میں لگائی جائے۔
**راس چکر** - (ہ-ا-مذ) منطقۃ البروج۔ آسمان پر ایک خیالی دائرہ جس میں بارہ بُرج واقع ہیں۔
**راس** - [ہ-ا-مث] (۱) ڈھیر۔ انبار۔ کھلیان (۲) طالع۔ نصیب۔ قسمت (۳) سُود۔ بیاج (۴) بچے کو گود لینا۔ متبنّیٰ بنانا (۵) کھیل۔ تماشا (۶) باگ۔ ڈور۔ لگام۔
**راس اُٹھانا** - (ا-محاورہ) فصل کے بعد اناج گھر لے جانا۔
**راس بٹھانا۔ راس لینا** - (ا-محاورہ) گود لینا۔ متبنّیٰ کرنا۔
**راس دھاری** - (ہ-ا-مذ) ناچنے والا شخص جو کرشن جی اور ان کی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرے۔



Marfat.com

راس لیلا۔ (ہ۔ا۔ مث) کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل۔
راس ملنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دو شخصوں کے طالع کا یکساں ہونا (۲) متفق ہونا۔ موافقت ہونا۔
راس نشین۔ (ہ۔ا۔ صف) گود لیا ہوا لڑکا۔
راس نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) موافق نہ ہونا۔ مزاج کے خلاف ہونا (۲) کاروبار کے لیے روپیہ نہ ہونا۔
راست۔ [ف۔ صف] (۱) سیدھا۔ دایاں (۲) سچ۔ ٹھیک۔ درست۔ (۳) سازگار۔ موافق۔
راست آنا۔ (ا۔ محاورہ) سازگار ہونا۔
راست اقدام۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) صحیح اقدام (۲) براہِ راست کارروائی جو کسی مطالبے کے منانے کے لیے کی جائے (انگ) (Direct Action)
راست باز۔ (ف۔ صف) سچا۔ ایماندار۔ دیانت دار۔
راست بازی۔ (ف۔ ا۔ مث) ایمانداری۔ سچائی۔ دیانت داری۔
راست رَو۔ (ف۔ صف) (۱) سیدھا چلنے والا (۲) ایماندار۔
راست گفتار۔ راست گو۔ (ف۔ صف) سچ بولنے والا۔ صاف گو۔
راست گفتاری۔ راست گوئی۔ (ف۔ ا۔ مث) سچ بولنا۔ صاف گوئی
راست معاملہ۔ (ف۔ ع۔ صف) وہ جو لین دین میں صاف یا ایماندار ہو۔
راستہ۔ (راس۔ تَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) سڑک۔ رستہ۔ راہ (۲) رسم۔ رواج۔ دستور قاعدہ (۳) ڈھنگ۔ طریقہ۔
راستہ بتانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) راستہ دکھانا۔ رستے پر ڈالنا (۲) ہدایت کرنا۔ (۳) ٹال دینا۔ چلتے حوالے کرنا۔
راستہ بچانا۔ راستہ کترانا۔ (ا۔ محاورہ) ایک طرف ہو کے نکل جانا۔
راستہ بھٹکنا۔ (ا۔ محاورہ) بے راہ ہو جانا۔ سیدھے راستے پر نہ رہنا۔
راستہ دکھانا۔ (ا۔ محاورہ) راہ بتانا۔ راہنمائی کرنا (۲) انتظار کروانا۔
راستہ دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) انتظار کرنا۔
راستہ کاٹ کے چلنا۔ راستہ کترانا۔ (ا۔ محاورہ) راستہ بچا کر نکل جانا۔
راستہ لو (ناپو)۔ (ا۔ مقولہ) چلے جاؤ۔ چلتے بنو۔
راستہ لینا۔ (ا۔ محاورہ) روانہ ہونا۔ چلے جانا۔
راستہ ناپنا۔ (ا۔ محاورہ) چلے جانا۔ تھوڑی دیر کے لیے آنا۔
راستی۔ (راس۔ تی) [ف۔ ا۔ مث] سچائی۔ صدق (۲) ایمانداری۔ دیانتداری (۳) سیدھا ہونا (۴) درست ہونے کی حالت۔
راستی پر آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سچ بولنا (۲) سیدھے راستے پر آنا۔
راستی سے۔ (ا) (۱) نرمی سے (۲) ایمانداری سے۔ دیانت داری سے (۳) انصاف سے۔ سچائی سے۔
راستی کا چلن۔ (ا۔ مذ) نیک چلنی۔
راستی موجب رضائے خدا است۔ (ف۔ مثل) سچائی سے خدا خوش ہوتا ہے۔

راسخ۔ (را۔ سِخ) [ع۔ صف] پکا۔ مضبوط۔ اٹل۔
راسخ الاعتقاد۔ (ع۔ ا۔ صف) پکے ارادے کا۔ مضبوط ایمان کا۔
راسو۔ (ف۔ ا۔ مذ) نیولا۔
راسی۔ (را۔ سی) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) اوسط نسل کا گھوڑا (۲) بے پروا (۳) [صف] معمولی۔
راشد۔ (را۔ شِد) [ع۔ صف] ہدایت پانے والا۔ ہدایت یافتہ۔
راشن۔ (Ration) (را۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) راتب۔ خوراک (۲) مقررّہ مقدار جو ایک بار ملے۔
راشن ڈپو۔ (Ration Depot) [انگ۔ ا۔ مذ] راشن کی دکان۔
راشن کارڈ۔ (Ration Card) [انگ۔ ا۔ مذ] وہ پروانہ جس پر راشن کی مقدار اور کارڈ والے کا نام و پتہ درج ہو۔
راشی۔ (را۔ شی) [ع۔ صف] رشوت دینے والا (عام بول چال میں رشوت لینے والا۔
راضی۔ [ع۔ صف] (۱) شاد۔ خوش۔ رضامند (۲) [اُر] صابر۔ شاکر۔ (۳) تندرست۔
راضی برضا۔ (ع۔ صف) خدا کے حکم پر راضی۔ خدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا۔
راضی خوشی۔ (ا) ٹھیک ٹھاک۔ تندرست۔ رضامندی سے۔
راضی نامہ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) باہمی فیصلے کی وہ تحریر جو سرکار میں فریقین کی رضامندی سے داخل کی جاتی ہے۔ صلح نامہ۔
راعی۔ (را۔ عی) [ع۔ ا۔ مذ] چرواہا (کنایتاً) بادشاہ۔
راغ۔ [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پہاڑ کے نیچے کا میدان (۲) سبزہ زار (۳) جنگل۔
راغب۔ (را۔ غِب) [ع۔ صف] مائل۔ خواہش مند۔
رافت۔ (را۔ فت) [ع۔ ا۔ مث] مہربانی۔ رحمت کی شدّت۔
رافضی۔ (را۔ فِ۔ ضی) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) [مراداً] وہ پیروانِ زید بن علی بن حسین جنہوں نے آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ جمع: روافض
رافع۔ (را۔ فِع) [ع۔ صف] (۱) بلند کرنے والا (۲) حرف کو پیش دینے والا
راقب۔ (ع۔ صف) رقیب (۲) دیکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔
راقم۔ (را۔ قِم) [ع۔ ا۔ مذ] کاتب۔ لکھنے والا۔ نویسندہ۔
راقم الحروف۔ (ع۔ ا۔ مذ) حرفوں کا لکھنے والا۔ نویسندہ۔
راکب۔ (را۔ کِب) [ع۔ ا۔ مذ] جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا۔ سوار۔
راکٹ۔ (Raket) (را۔ کِٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] ہوائی۔ بان۔ گول اور مخروطی شکل کا خودکار بم۔
راکڑ۔ (را۔ کڑ) [ہ۔ ا۔ مث] کم درجے کی زمین جس میں صرف خریف کی فصل بوئی جاتی ہے۔
راکد۔ (ع۔ صف) رُکا ہوا پانی۔ بند پانی۔
راکس۔ (راک۔ یس) [ہ۔ ا۔ مذ] جنگلوں میں رہنے والا وحشی آدمی۔
راکع۔ (را۔ کِع) [ع۔ صف] رکوع کرنے والا۔ عبادت کرنے والا
راکھ۔ (ہ۔ ا۔ مث) خاکستر۔ بھسم۔ بھبوت۔ بھوبل۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک



Marfat.com

راکھ جھاڑنا۔ کوٹلوں یا اپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا۔
راکھ سر پر ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) سخت غم کا اظہار۔
راکھی۔ (را۔کھی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) رکشا یعنی محافظت کرنے والا ڈورا۔ ہندو یہ رنگین ڈورا سلونو کے تہوار میں کلائی پر باندھتے ہیں۔ رکھڑی۔
راگ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نغمہ۔ ترانہ۔ لے۔ سُر (۲) قصّہ۔ کہانی (۳) جھگڑا۔ فساد (۴) رنگ۔ برن (۵) جوش۔ ولولہ (۶) محبت۔ اُلفت۔ شفقت (۷) رنج و غصّہ (۸) خواہش۔
راگ الاپنا۔ (ا۔ محاورہ) راگ گانا۔ اپنی ہی کہے جانا۔
راگ دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دم دینا۔ دھوکا دینا (۲) بیٹھک دینا۔ کسی کے نام کا گانا کرانا۔
راگ رنگ۔ (ا۔ مذ) رنگ رلیاں۔ عیش و عشرت۔ کھیل۔ تماشا۔
راگ گانا۔ (ا۔ محاورہ) گیت گانا۔ قصّہ سُنانا۔ سرگزشت سنانا۔ دکھڑا رونا۔
راگ لانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑا نکالنا۔ ستانا۔ بکھیڑا پھیلانا (۲) کھیلن (۳) جوش اور ولولے میں آنا۔
راگ مالا۔ (ہ۔ ا۔ مث) وہ کتاب جس میں راگ کے اُصول اور مختلف راگنیوں کا بیان درج ہو (۲) لمبا قصّہ۔
راگنی۔ (راگ۔نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) راگ کی ایک شاخ (۲) راگ کا ہر شعبہ (کل راگوں کی چھتیس راگنیاں ہیں) (۳) بدکار عورت۔
راگی۔ (را۔گی) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کلاسیکی موسیقی کا ماہر۔ گویّا۔
رال۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) لُعابِ دہن۔ مُنہ کا جھیپ (۲) چیڑ کا گوند۔
رال بہنا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ سے لُعاب نکلنا۔
رال ٹپکنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مُنہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) مزے کے مارے مُنہ میں پانی بھر آنا۔ (۳) عاشق ہونا۔
رام۔ [ف۔ صف] تابع۔ مطیع۔ فرمانبردار
رام کرنا۔ (ا۔ محاورہ) تابع کرنا۔ قابو میں لانا۔ راضی کرنا۔
رام۔ [س۔ ا۔ مذ] (۱) پرمیشور۔ پروردگار (۲) پرسرام۔ وشنو اور رام چندر جی کا خطاب (۳) [صف] خوشگوار (۴) خوبصورت (۵) سیاہ۔
رام بھجن۔ (ہ۔ ا۔ مذ) یادِ خدا۔ مناجات۔
رام بھجو۔ (و۔ روزمرّہ) خدا کا نام لو۔ باز آؤ۔
رام بنا دکھ کون ہرے۔ برکھا بن ساگر کون بھرے
پچھی بن آدر کون کرے۔ ماتا بن بھوجن کون دھرے }
(مثل) خدا دُکھ کو دُور کرتا ہے۔ بارش سمندر کو بھرتی ہے۔ دولت عزّت کراتی ہے۔ اور ماں کھانے کو دیتی ہے۔
رام بھروسا بھاری ہے۔ (مثل) خدا پر بھروسا کرنا بہت اچھی بات ہے
رام پھل۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ۔ ترشی مائل شریفہ جو رام چندر جی کو بہت مرغوب تھا۔
رام ترئی۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا کدو۔ گھیا۔
رام جنی۔ (ا) (ہندو) رنڈی کسبی۔ جلسوا۔
رام بھروسے بیٹھ کے سب کا مجرا لیت جیسی جا کی چاکری دیسا اس کو دیت۔ (مثل) خدا ہر ایک کو اس کی کوشش کے مطابق دیتا ہے۔
رام چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے۔ (مثل) جو چیز چھوڑ دی اس سے کچھ مطلب نہیں۔ خواہ اسے کوئی لے لے۔
رام دانہ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بیج جس کی مالا بناتے ہیں۔
رام دہائی۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) خدا کی قسم (۲) خدا کی پناہ۔
رام راج۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی مذہبی حکومت۔
رام رام۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام (۲) صاحب سلامت (۳) توبہ توبہ۔
رام رام جپنا۔ پرایا مال اپنا۔ (مثل) بظاہر پرہیزگاری اور باطن میں بے ایمانی۔
رام رس۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ذوقِ الٰہی (۲) نمک۔
رام رنگی۔ (ہ۔ ا۔ مث) شراب۔ شراب کو یہ نام جہانگیر نے دیا تھا۔
رام رَولا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مذہبی جوش (۲) مناجات خوانی (۳) غُل شور۔
رام کلی۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک راگنی کا نام جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
رام کی مایا۔ (ہ۔ ا۔ مث) قدرت کے کھیل۔
رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا۔ (مثل) خدا کی قدرت ہے۔ کہیں دھوپ ہے کہیں چھاؤں۔ کہیں دُکھ ہے کہیں سُکھ۔
رام لیلا۔ (ہ۔ ا۔ مث) دسہرے کا میلا۔ رام چندر جی کی فتوحات کی نقل جو ہندو دسہرے کے موقع پر کرتے ہیں۔
رام ملائی جوڑی۔ ایک اندھا ایک کوڑھی۔ (مثل) دونوں ایک جیسے بدمعاش۔
رام نومی۔ (ہ۔ ا۔ مذ) رام چندر جی کا جنم دن۔ ہندوؤں کا وہ تہوار جو چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔
رامانندی۔ (را۔ ما۔ ن۔ دی) [ہ۔ ا۔ مذ] ہندو فقیروں کا وہ گروہ جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا۔
رامائن۔ (را۔ ا۔ ئن) [ہ۔ ا۔ مث] نظم کی کتاب جو پہلے بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی میں رام چندر جی کے حالات میں لکھی۔
رامش۔ (را۔ مش) [ف۔ ا۔ مث] (۱) آرام۔ آسائش۔ استراحت (۲) خوشی۔ مسرّت (۳) خوشی میں گانا (۴) صلاح۔ مشورہ (۵) سُروں کا میل۔ ہم سازی۔
رامش جان۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک سُر کا نام (۲) تیس میں سے آٹھویں نغمے کا نام جو باربد نے ایجاد کیے تھے۔
رامش گر۔ (ف۔ صف) (۱) گویّا۔ مُطرب۔ گانے والا (۲) عیّاش۔
رامش گری۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) گانا بجانا (۲) گفتگو۔
رامش و رنگ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ناچ گانا۔ عیش و عشرت۔
ران۔ [ف۔ ا۔ مث] (۱) ٹانگ کا گھٹنے سے اُوپر کا حصّہ (۲) [ار] آسن۔ بیٹھک۔
ران اُکھڑنا۔ (ا۔ محاورہ) گھوڑے پر سوار کی ران کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
ران تلے آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زانو کے نیچے آنا۔ سواری دینا (۲) قابو میں آنا۔



Marfat.com

**ران جمانا۔** (ا۔ محاورہ) سوار کا ران کو مضبوطی سے جما لینا۔ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا
**ران سے ران باندھنا۔** (مثل) زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا۔ گھٹنے سے لگا کر بٹھانا (۲) دُور نہ ہونے دینا۔
**رانا۔** (را۔نا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا سا راجا۔ ٹھاکر (۲) راجپوتوں کا ایک فرقہ (۳) راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجا کے بیٹے کو ملتا ہے۔
**رانبھنا۔** (رانبھ۔نا) (ہ۔مص) گائے کا چلانا۔ گائے کا صبح کے وقت بولنا۔
**رانپی۔** (راں۔پی) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے راپی۔
**رانجھا۔** (پ۔ا۔مذ) ایک پنجابی عاشق جس کی محبوبہ ہیر تھی۔
**رانجھن۔** (راں۔جھن) (ہ۔ا۔مذ) مٹی کا بڑا مٹکا۔
**رانجھن۔ رانجھنا۔** (راں۔جھن۔ رانجھ۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) عاشق۔ محبوب۔ پیارا۔ معشوق (۲) عزت والا شخص۔
**راند۔ راندھ۔** (ہ۔ا۔مث) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔
**راندھ کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) جھگڑا ختم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
**راندہ۔** (راں۔دہ) (ف۔صف) نکالا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ خارج۔
**راندۂ درگاہ۔** (ا۔مذ) وہ شخص جو درگاہِ الٰہی یا دربارِ بادشاہی سے نکالا گیا ہو۔ مردُود۔
**راندھنا۔** (راندھ۔نا) (ہ۔مص) پکانا۔ ریندھنا (۲) چرخہ چلانا۔
**رانڈ۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) بیوہ عورت۔ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو (۲) محتاج۔ دست نگر (۳) رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا (۴) لونڈی۔ کنیز۔
**رانڈ اور کھانڈ کا جوبن رات کو۔** (مثل) عورت اور کھانڈ رات کے وقت اچھی معلوم ہوتی ہیں۔
**رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں۔** (ا۔مثل) عورتیں بدچلن نہ ہوں اگر مرد ان کا پیچھا کرنا چھوڑ دیں۔
**رانڈ۔ بھانڈ۔ سانڈ۔ بگڑے بُرے۔** (مثل) ان تینوں کے ساتھ دشمنی نہیں رکھنی چاہیئے۔ رانڈ بھاگ جاتی ہے۔ بھانڈ بدنام کرتا ہے۔ سانڈ مارتا ہے۔
**رانڈرونا۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) عورتوں کا سا رونا۔ بیوہ کی طرح رونا (۲) بے لطف اور بے مزہ کہانی (۳) قصۂ غم۔ بپتا۔
**رانڈ روو ے۔ کواری روو ے ساتھ لگی سَت خصمی روو ے** (مثل) رانڈ روتی ہے اس کا خاوند مر گیا۔ کنواری روتی ہے اس کا باپ مر گیا۔ ست خصمی کیوں روتی ہے وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی دکھانے کے لیے ہمدردی ظاہر کرے۔
**رانڈ کا سانڈ۔** (ا۔صف) (۱) وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کر پلا ہو۔ نالائق بیٹا (۲) بے پروا۔ نڈر۔ بے باک۔ آوارہ۔
**رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا۔ کھا دے بہت چلے تھوڑا** (مثل) خودسر اور نازپروردہ آدمی اور سوداگر کا گھوڑا دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ کام کی نہیں۔
**رانڈ کی گانٹھ میں مال کا ٹوک۔** (مثل) رانڈ کے پاس روپے پیسے کی بہت کمی ہوتی ہے۔

**رانڈ کے چرخے کی طرح چلا ہی جا رہا ہے۔** (مثل) بہت بک بک کرتا ہے۔ بڑا بکواسی ہے۔
**رانڈا۔** (راں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بنجر زمین (۲) وہ شخص جس کی بیوی مر گئی ہو۔ رنڈوا (۳) درخت جو پھل نہ دے۔
**رانڈا گیا سگائی کو۔ آپ کو لائے یا بھائی کو** (مثل) جہاں کوئی کام کرنے والا پہلے اپنے لیے کرے اور پھر دوسرے کے لیے وہاں کہتے ہیں۔ ایسے آدمی کو کام نہیں کہنا چاہیئے۔
**رانگ۔** (ہ۔ا۔مذ) ایک نرم دھات۔ قلعی۔ رانگا (۲) ایک قسم کا عمدہ سیسہ
**رانگ بھریا۔ رنگ بھریا۔** (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو رانگ کا زیور اور کھلونے بنا کر بیچتا ہے۔
**رانگ ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) نرم ہونا۔ پگھلنا (۲) غصہ دُور ہونا۔
**رانگ ہیرے کو کاٹتا ہے۔** (مثل) کبھی ناتواں زبردست پر غالب آجاتا ہے
**رانگا۔** (ہ۔ا۔مذ) قلعی۔ رانگ۔
**رانگھڑ۔** (راں۔گھڑ) (ہ۔ا۔مذ) ایک نومسلم قوم جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی۔
**رانواں۔ راواں۔ راون۔** (ق۔ا۔مذ) طوطا۔
**رانوں پر ہاتھ مارنا۔** (ا۔محاورہ) افسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔
**رانی۔** (را۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ملکہ۔ راجا کی بیوی (۲) معزز ہندو عورتوں کا خطاب۔
**رانی خاں کا سالا۔** (ا۔مذ) (حقارتاً) زبردست۔ متکبر۔ مغرور۔ شیخی باز۔
**رانی دیوانی ہوئی اوروں کو پتھر اپنوں کو لڈو مارے۔** (ا۔مثل) دیوانہ بکار خویش ہوشیار۔ اندر کی دیوانگی میں بھی اپنا ہی فائدہ ہے۔
**رانی روٹھے گی۔ اپنا سہاگ لے گی۔ کیا کسی کا بھاگ لے گی** (مثل) رانی ناراض ہوگی تو اپنا ہی نقصان کرے گی۔ کسی کا نصیبہ نہیں چھین سکتی۔ کسی کے روٹھ جانے کی پروا نہ ہونے کے موقع پر یہ مثل کہتے ہیں۔
**رانی کو باندی کہا ہنس دی۔ باندی کو باندی کہا۔ رو دی۔** (مثل) شریف کو کمینہ کہو تو وہ پروا نہیں کرتا۔ لیکن کمینے کو کمینہ کہو تو اسے بُرا معلوم ہوتا ہے۔
**رانی کو رانا پیارا۔ کانی کو کانا پیارا۔** (مثل) ہر شخص کو اپنا ہم جنس پیارا ہوتا ہے۔
**رانی کو کون کہے آگا ڈھک۔** (مثل) بڑے آدمیوں کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر کون ٹوک سکتا ہے۔
**رانی کھیت۔** (ہ۔ا۔مذ) مُرغیوں کی ایک عام بیماری۔
**رانی کھن۔** وہ خانگی لڑائی جو مدت تک گھر میں رہے (رچنا کے ساتھ)۔
**رانی گئیں ہاٹ۔ لائیں ریچھ کر جکی کے پاٹ۔** (مثل) بڑے آدمی بعض وقت فضول چیزیں خرید لیتے ہیں۔
**راوت۔** (را۔وَت) (ہ۔صف) (۱) بہادر۔ شجاع۔ سورما (۲) راجپوتوں کی ایک قوم (۳) خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو دوسروں کا جوٹھا نہیں کھاتی۔



Marfat.com

**راول** - (را-وَل) [ہ-ا-مذ] (۱) سردار - افسر - زورآور (۲) سپاہی - پیادہ - (۳) [ہن] جوگی (۴) رَمّال - جوتشی -
**راوی** - (را-وی) [ع-ا-مذ] (۱) روایت کرنے والا - سُن کر کہنے والا - ناقل - مورّخ - مصنف -
**راہ** - (ف-ا-مث) (۱) راستہ - سڑک - طریق (۲) غرض - مطلب (۳) ڈھب - وضع (۴) میل جول - آشنائی - دوستی (۵) خبر - آگاہی (۶) موقع - محل - تدبیر (۷) حیلہ - بہانہ -
**راہ باندھنا** - (ا-محاورہ) راستہ روکنا - داخل نہ ہونے دینا - روکنا -
**راہ بتانا** - (ا-محاورہ) (۱) راستہ دکھانا - ہدایت کرنا - طریقہ بتانا (۲) ٹال دینا (۳) نکال دینا - موقوف کر دینا (۴) دھوکا دینا - دم دینا (۵) ڈھنگ سکھانا (۶) رخصت کرنا - ٹالنا -
**راہ بَر** - راہنما - (۱) ہادی - راہنما - پیشوا (۲) سردار -
**راہ بَری** - (ا-مث) راہنمائی - ہدایت - راستہ دکھانا -
**راہ بند کرنا** - (ا-محاورہ) راستہ روکنا - کوئی طریقہ باقی نہ رہنے دینا -
**راہ بھٹکنا** - (ا-محاورہ) غلط راستے پر چل نکلنا -
**راہ پانا** - (ا-محاورہ) موقع پانا - گنجائش پانا -
**راہ پر آنا** - (ا-محاورہ) کہنا ماننا - موافق ہو جانا - نیک بننا - سیدھے راستے پر آجانا -
**راہ پر لانا** - (ا-محاورہ) (۱) سیدھا راستہ بتانا - ڈھب پر لانا (۲) اصلاح کرنا - نیک بنانا (۳) راضی کرنا - یار بنانا -
**راہ پر لگانا** - (ا-محاورہ) اپنے ڈھب پر لے آنا - اپنی مرضی کے مطابق بنا لینا -
**راہ پڑنا** - (ا-محاورہ) درست راستے پر آجانا - ایک دوسرے پر اعتبار کرنا -
**راہ پھٹنا** - (ا-محاورہ) ایک راستے کا دوسرے سے علیحدہ ہو جانا -
**راہ پڑے جانیے یا باہ پڑے جانیے** - (ا-مثل) نئے آدمی کی اصلیت ہم سفر ہونے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے -
**راہ پیدا کرنا** - (ا-محاورہ) راستہ دریافت کرنا - دوستی پیدا کرنا - کسی کام میں واقفیت حاصل کرنا -
**راہ پیما** - (ف-صف) راہ رَو - راستہ چلنے والا - مسافر -
**راہ تکنا** - (ا-محاورہ) انتظار کرنا - دیکھیے راہ دیکھنا -
**راہ چینی** - (ہ-ا-مث) نوشتۂ آخرت - وہ مٹھائی جو ہندو مُردے کی نجات کے لیے برہمنوں کو دیتے ہیں -
**راہ چلتا** - (ا-مذ) راہ گیر - مسافر - راہ رو - راستے میں گزرنے والا -
**راہ چلتوں کا پلہ پکڑنا** - (ا-محاورہ) راہ گیروں کے سر ہونا - خواہ مخواہ کسی سے لڑنا -
**راہ چلنا** - (ا-محاورہ) راستے پر چلنا - طریقہ یا ڈھنگ اختیار کرنا -
**راہ چھوڑ کر گمراہ چلنا** - (ا-محاورہ) راہِ راست سے بھٹکنا - گمراہ ہونا - بُرے ڈھنگ سے چلنا -
**راہ چلے یا پاس بسے جب جانیے** - (مثل) دیکھیے راہ پڑے جانیے یا باہ پڑے جانیے -

**راہِ حقیقت** - (ف-ع-ا-مذ) سچائی کا راستہ - درُست راستہ -
**راہ دار** - چوکیدار - سڑک کا رکھوالا - راستے کا محصول لینے والا -
**راہ داری** - (ف-ا-مث) راستے پر چلنے کا اجازت نامہ (۲) پاسپورٹ (۳) راستے کا محصول -
**راہ داری کا پروانہ** - وہ اجازت نامہ جو کسی حاکم کی طرف سے کسی شخص کے لیے راستے سے گزر جانے کی غرض سے محافظانِ راہ کے نام لکھا جائے -
**راہ درپیش ہونا** - (ا-محاورہ) سفر آگے ہونا -
**راہ دکھانا** - **راہ دکھلانا** - (ا-محاورہ) (۱) انتظار کرانا (۲) راستہ بتانا -
**راہ دیکھنا** - (ا-محاورہ) انتظار کرنا - آسرا کرنا -
**راہ دینا** - (ا-محاورہ) (۱) آنے جانے کے لیے راستہ چھوڑنا (۲) فال یا استخارے کی اجازت دینا -
**راہِ راست** - (ا-محاورہ) سیدھا راستہ - صراطِ مستقیم - نیک چلنی -
**راہ راہ جانا** - (ا-محاورہ) (۱) سیدھے رستے جانا (۲) چال چلن نیک رکھنا (۳) متوسط طریقہ اختیار کرنا -
**راہ رسم کرنا** - (ا-محاورہ) دوستی پیدا کرنا - شناسائی کرنا -
**راہ رکھنا** - (ا-محاورہ) تعلق رکھنا - دوستی رکھنا - میل جول رکھنا -
**راہ رَو** - (ا-مذ) راہ گیر - مسافر - راہی -
**راہ رَوِش** - (ف-ا-مث) (۱) چال چلن - برتاؤ (۲) ڈھنگ (۳) ادب (۴) قاعدہ (۵) خصلت -
**راہ ریت** - (ا-مث) (۱) راہ و رواج (۲) ضابطہ (۳) معمول -
**راہ زَن** - (ف-ا-مذ) لٹیرا - ڈاکو - بٹ مار - قزاق -
**راہ زَنی** - (ف-ا-مث) قزاقی - ڈکیتی -
**راہ سر** - **راہ سے** - ڈھنگ سے - سیدھی طرح - انصاف سے -
**راہ سُوجھنا** - (ا-محاورہ) سمجھ میں آنا - تدبیر سُوجھنا -
**راہ سے بے راہ ہونا** - (ا-محاورہ) سیدھا راستہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنا - راستہ تبدیل کرنا - بدوضع و اوباش ہونا - گمراہ ہونا -
**راہ سے پھرنا** - (ا-محاورہ) آتے آتے راستے میں سے لوٹ جانا - کسی مسلک یا نظریہ کو چھوڑ دینا -
**راہ طے کرنا** - (ا-محاورہ) راستہ چلنا -
**راہِ فرار اختیار کرنا** - (ا-محاورہ) بھاگ جانا -
**راہ کاٹنا** - راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا - ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے سے جانا - راہ چلنے میں مانع ہونا -
**راہ کترا کر نکل جانا** - (ا-محاورہ) کسی کو دیکھ کر دوسرے راستے کی طرف چلے جانا -
**راہ کٹنا** - (ا-محاورہ) منزل طے ہونا - راستہ پورا ہونا -
**راہ کھلنا** - راستہ پیدا ہونا - تدبیر نکلنا -
**راہ کھوٹی کرنا** - (ا-محاورہ) (۱) چلنے میں دیر لگانا (۲) چلتے کام میں روڑا اٹکانا - حرج کرنا - خلل انداز ہونا - کسی کا کام بگاڑنا -
**راہ کی بات** - (ا-مث) (کنایۃً) واجبی بات - سخن شائستہ -



Marfat.com

راہ گریز اختیار کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ فرار ہونا۔
راہ گُزر۔ (ا۔ مذ) راستہ۔ سڑک۔ شارع۔
راہ گلی میں۔ (ا۔ مث) راستے میں۔
راہ گیر۔ (ا۔ مذ) راہی۔ راہ رَو۔ مسافر۔
راہ لگانا۔ (ا۔ محاورہ) رہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر لانا۔ اپنے موافق کر لینا۔
راہ لینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چل دینا۔ راستہ پکڑنا (۲) اپنا کام کرنا (۳) پرے سے بسر کرنا۔
راہ مار۔ (ا۔ مذ) راہ زن۔ لٹیرا۔ قزاق۔
راہ ملنا۔ (ا۔ محاورہ) کوئی تدبیر نکل آنا۔ راستہ پانا۔
راہ میں آنکھیں بچھانا۔ (ا۔ محاورہ) پذیرائی کرنا۔ نہایت عجز و تواضع سے استقبال کرنا۔
راہ میں بچھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) بہت تواضع کرنا۔ بڑی عاجزی سے استقبال کرنا
راہ میں ٹھوکریں کھانا۔ (ا۔ محاورہ) بھٹکنا۔ منزل پر نہ پہنچ سکنا۔
راہ میں حائل ہونا۔ (ا۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ راستے میں آ جانا۔
راہ میں رہ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ساتھ چھوڑ دینا۔ تھک کر رہ جانا۔
راہ میں کانٹے بچھانا۔ (ا۔ محاورہ) رستہ دشوار گزار ہونا (۲) دشمنی یا تکلیف کی بات ہونا۔
راہ میں لینا۔ (ا۔ محاورہ) راستے میں آ کر مل جانا۔ پیشوائی کرنا۔
راہ ناپنا۔ (ا۔ محاورہ) آ کر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا (۲) مارے مارے پھرنا (۳) بے فائدہ پھرنا۔
راہ نامہ۔ (ا۔ مذ) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔
راہِ نجات۔ (ا۔ مث) (۱) مکتی کا طریقہ۔ چھٹکارے کا ڈھنگ (۲) بخشش کا ذریعہ۔
راہ نکالنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) راستہ بنانا۔ سڑک نکالنا (۲) تدبیر یا تجویز نکالنا (۳) وسیلہ پیدا کرنا (۴) رسائی حاصل کرنا۔
راہ نما۔ (ا۔ مذ) ہادی۔ راستہ دکھانے والا۔ رہبر۔
راہ نمائی۔ (ف۔ ا۔ مث) ہدایت۔ رہبری۔
راہ نوَرد۔ (ف۔ صف) راستہ چلنے والا۔ تیز چلنے والا (۲) مسافر۔ راہ رَو۔
راہ نوَردی۔ (ف۔ ا۔ مث) سفر۔ مسافت۔
راہ وار۔ (ا۔ مذ) (۱) گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا (۲) اچھا گھوڑا۔
راہ وا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) رستہ کھلنا۔
راہ و رَبط (رسم)۔ (ف۔ ا۔ مث) واقفیت۔ صاحب سلامت میل جول۔ آمد و رفت۔
راہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) محبت ہونا۔ دوستی ہونا (۲) معاملہ ہونا (۳) چلنے کو جگہ ہونا۔ راستہ ہونا۔
راہیں بتانا۔ تدبیریں بتانا۔ مشورے دینا۔
راہب۔ (را۔ ہب) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) عیسائی عابد یا زاہد (۲) تارک الدنیا۔
راہبہ۔ (را۔ ہِ۔ بہ) [ع۔ ا۔ مث] عیسائی تارک الدنیا عورت۔
راہِن۔ (را۔ ہن) [ع۔ ا۔ مذ] رہن کرنے والا۔ گروی رکھنے والا شخص۔
راہنا۔ (راہ۔ نا) [ہ۔ مص] چکی کے پاٹوں کو لوہے کے اوزار سے کھُردرا کرنا۔

راہو۔ (را۔ ہو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دیو۔ بھوت۔ جن (۲) ایک ستارہ۔ راس۔
راہی۔ (را۔ ہی) [ف۔ ا۔ مذ] مسافر۔ راہ رَو۔ راہ گیر۔
رائتا۔ (را۔ ء۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی خوراک جو بینگن۔ کدو وغیرہ کو گرم راکھ میں جھلس کر یا اُبال کر دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔
رائتا بنانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھرتا بنانا (۲) خوب مارنا پیٹنا۔ کچومر نکالنا۔
رائٹر۔ (Writer) [انگ۔ ا۔ مذ] محرر۔ منشی۔ کلرک۔ کاتب۔ راقم (۲) مصنف۔ ادیب۔
رائج۔ (را۔ اِج) [ع۔ صف] (۱) جاری۔ رواں۔ عام (۲) رسمی۔ دستور کے مطابق۔
رائج الوقت۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زمانے کا دستور یا فیشن (۲) سکہ جو جاری ہو۔
رائج کرنا۔ (مص۔ مرکب) جاری کرنا۔ رواج دینا۔
رائض۔ (ع۔ ا۔ مذ) چابک سوار۔ گھوڑے کو سدھانے والا۔
رائحہ۔ (را۔ اِ۔ حہ) [ع۔ ا۔ مذ] خوشبو۔ جمع: رائحات۔
رائفل۔ (Rifle) (را۔ اے۔ فل) [انگ۔ ا۔ مث] ایک نالی بندوق جس کے اندرونی حصے میں چھریاں بنی ہوتی ہیں جن سے گولی چکر کھاتی ہوئی نکلتی ہے۔
رائگان۔ (را۔ اے۔ گان) [ف۔ صف] (۱) بےکار۔ فضول۔ اکارت (۲) [ار] ضائع۔ لاحاصل۔ عبث۔
رائلٹی۔ (Royalty) (را۔ اِل۔ ٹی) [انگ۔ ا۔ مث] معاوضہ جو ناشر مصنف کو یا کان کنی کا ٹھیکیدار زمیندار کو دے۔
راؤ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کنور۔ راجا کا بیٹا (۲) ہندوؤں کے لیے ایک سرکاری خطاب (۳) بڑا (۴) سردار۔
راؤ چاؤ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) لاڈ پیار۔ اخلاص۔ ناز و نخرا۔ چہل۔ مزاح۔ دل لگی۔
راؤٹی۔ (را۔ اُ۔ ٹی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا تنبو۔ چھولداری (۲) بالاخانہ۔ چوبارا۔
راؤنڈ۔ (Round) (را۔ اُنڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) دَور۔ پھیرا (۲) چکر۔ دائرہ۔ گھیرا۔ حلقہ (۳) [صف] گول۔ مدور۔ بیضوی۔
راؤنڈ اباؤٹ۔ (Round About) وہ جگہ جہاں سے گاڑیوں کو چکر کاٹ کر جانا پڑتا ہے۔ چکر چوک۔
رائی۔ (را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی سرسوں۔ خردل (۲) ذرا سی مقدار۔
رائی اُتارنا (جلانا)۔ (ا۔ محاورہ) کسی کو نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کے لیے اس کے سر پر سے رائی اُتار کر جلانا۔
رائی بھر۔ (ا۔ صف) ذرا سا۔ قدرے۔ قلیل۔
رائی بھر سگائی۔ پیٹھا بھر پریت۔ رائی بھر ناطہ گاڑی بھر آشنائی۔ (ا۔ مثل) ذرا سا رشتہ بہت سی محبت سے بہتر ہے۔
رائی سے پربت ہونا۔ (ا۔ محاورہ) نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا۔ بڑھ جانا۔



Marfat.com

**رائی کا پہاڑ (پربت) بنانا۔** (ا۔ محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ چھوٹی سی بات کو بہت بڑھا دینا۔
**رائی کائی۔** (ا۔ مث) ریزہ ریزہ۔ چُورا چُورا۔ گلا ہوا۔
**رائی نون تیرے دیدوں میں۔** (ا۔ مثل) چشم بد دُور۔ جب کوئی کسی کی تعریف کرے تو اسے نظر بد سے بچانے کے لیے کہتے ہیں۔
**رائے۔** (را۔ اے) [ع۔ ا۔ مث] (۱) تجویز (۲) دانائی۔ عقل (۳) خیال۔ (۴) مشورہ (۵) قیاس۔
**رائے دہندہ۔** (ع۔ ف۔ صف) رائے دینے والا ووٹر۔ ووٹ دینے والا۔
**رائے دہی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) رائے دینے کا فعل۔
**رائے دینا۔** (ا۔ محاورہ) صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ تجویز بتانا۔
**رائے زنی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کسی امر کے بارے میں اظہارِ رائے۔
**رائے عامہ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پبلک کی رائے۔ عوام کا خیال۔ جماعت کی صلاح۔
**رائے۔** (را۔ اے) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) راؤ (۲) راجا (۳) شہزادہ (۴) سردار (۵) ایک سرکاری خطاب۔
**رائے بیل۔** (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چنبیلی کے پھول اور اس کی بیل۔
**رائے جامن۔** (ہ۔ ا۔ مث) بڑی اور موٹی جامن۔
**رائے رایان۔** (ہ۔ ا۔ مذ) راجا دھیراج۔ شہنشاہ
**رائے رایاں رائے گھن چکر۔ آدھی روٹی ڈیڑھ پاؤ شکر۔** (ا۔ مثل) (۱) باوجود مرتبے والے ہونے کے عقل ندارد (۲) بے میل کام۔
**رائے مینا کی چوڑیاں۔** (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں۔
**رایت۔** (را۔ یت) [ع۔ ا۔ مذ] جھنڈا۔ عَلَم۔ جمع: رایات۔

# ر ــ ب

**رب۔** [ع۔ صف] (۱) پالنے والا۔ پروردگار (۲) مالک۔ صاحب (۳) خدائے تعالیٰ۔ جمع: ارباب۔
**ربُّ الارباب۔** (ع۔ صف) تمام پالنے والوں کا پالنے والا۔
**ربُّ العالمین۔** (ع۔ صف) جہانوں کا پالنے والا۔ کل عالم کا پروردگار
**ربِّ یسّر و تمّم بالخیر۔** (ع۔ کلمۂ دعا) اے رب آسان اور اچھی طرح انجام دے کتاب شروع کرتے وقت بچوں کو پڑھائی جاتی ہے۔
**رُب۔** [ع۔ ا۔ مذ] پکا کر گاڑھا کیا ہوا شربت جو جما لیا جائے۔
**ربا۔ ربو۔** (ر۔ با۔ ر۔ بو) [ع۔ ا۔ مذ] سُود۔ بیاج۔
**رُبا۔** (رُ۔ با) (ف۔ صف) چھیننے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل رُبا۔
**رباب۔** (ر۔ باب) [ع۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی سارنگی (فارسی میں بالضم ہے۔
**ربابی۔** (ف۔ صف) رباب بجانے والا۔
**رباط۔** (ر۔ باط) [ع۔ ا۔ مذ] سرائے۔ مسافر خانہ۔

**رُباعی۔** (رُ۔ با۔ عی) [ع۔ ا۔ مث] وہ چار مصرعے جو اوزان مخصوص پر ہوں اس میں پہلے اور چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے۔ رُباعی کے چوبیس اوزان ہیں۔
**رُباعی ترانہ۔** وہ رُباعی جس کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔
**ربانا۔** (ر۔ با۔ نا) [اُ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا چھوٹا دف یا دائرہ جس میں جھانجھ وغیرہ لگے ہوتے ہیں۔
**ربّانی۔** (رب۔ با۔ نی) [ع۔ صف] (۱) رب کا۔ رب کی طرف منسوب (۲) علم الٰہی جاننے والا۔
**ربّڑ۔** (رب۔ بڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] قصاب۔ بُوچڑ۔ قصائی۔
**رَبڑ۔** (ر۔ بڑ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) محنت۔ مشقت (۲) تھکاوٹ۔ ماندگی۔ (۳) بے فائدہ محنت۔ لاحاصل دوڑ دھوپ۔
**رَبڑ۔** (ر۔ بڑ) [انگریزی۔ رَبَر (Rubber) کا ہند۔ ا۔ مذ] حرف مٹانے کی چیز جو ایک درخت کا دودھ پکا کر جما لیتے ہیں۔ یہ لچکدار شے کچی سیاہی اور پنسل کے نشانات مٹا دیتی ہے اور مشینری وغیرہ سینکڑوں اشیاء میں استعمال کی جاتی ہے۔
**رَبڑی۔** (رب۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] رابڑی۔ گاڑھا کیا ہوا دُودھ۔
**رَبط۔** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بندش۔ لگاؤ۔ تعلق (۲) میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ (۳) نسبت۔ تناسب۔ محبت۔ دوستی (۴) پیار۔ اخلاص۔
**رَبط بڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) تعلق پیدا کرنا۔ دوستی بڑھانا۔ مشق بڑھانا۔
**رَبط ضبط۔** (ع۔ ا۔ مذ) میل ملاپ۔ آمدورفت۔ راہ و رسم۔
**رَبط ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آشنائی ہونا۔ دوستی ہونا (۲) عادت ہونا مشق ہونا۔
**رَبطی۔** (رب۔ طی) [اُ۔ ا۔ مث] جوڑ۔ تعلق (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بے ربطی)۔
**رُبع۔** [ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ] چوتھا۔ چہارم۔ $\frac{1}{4}$۔ چہاریک۔
**رُبع دائرہ۔** (۱) شکل جو قوس اور ان دو نصف قطروں سے محصور ہو جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں (۲) کوئی چیز خصوصاً دھات کا ڈھلواں ٹکڑا، جس کی شکل ربع دائرہ کی سی ہو۔
**رُبع مسکون۔** (ع۔ ا۔ مذ) دنیا کا چوتھا حصہ جو خشکی پر ہے اور آباد خیال کیا جاتا ہے۔
**ربقہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) طوق۔
**ربن۔** (Ribbon) (رِ۔ بَن) [انگ۔ ا۔ مذ] فیتہ۔ پتلی لمبی پٹی۔ دھجی۔
**ربُوبیت۔** (ر۔ بُو۔ بی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] پروردگاری۔
**رُبُودگی۔** (رُ۔ بُو۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] غنودگی یا غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے (۲) لوٹ کھسوٹ۔
**رَبوہ۔** (رَب۔ وَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تودہ۔ اونچی زمین۔ ٹیلا (۲) (مراداً) بیت المقدس۔ (۳) ضلع جھنگ (پنجاب) میں مرزائیوں کا بسایا ہوا ایک شہر۔
**رَبیب۔** (ر۔ بیب) [ع۔ ا۔ مذ] سوتیلا بیٹا۔ بیوی کا بیٹا پچھلے خاوند سے۔
**ربیبہ۔** (ر۔ بی۔ بہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سوتیلی بیٹی (۲) بیوی کی بیٹی۔
**ربیع۔** (ر۔ بیع) [ع۔ ا۔ مث] (۱) موسم بہار (۲) ساڑھی۔ وہ فصل جو



Marfat.com

اکتوبر اور نومبر میں بوئی اور مارچ اور مئی میں کاٹی جاتی ہے۔
رَبیعُ الآخر۔ ربیع الثانی۔ (ع۔ا۔مذ) عربی سال کا چوتھا مہینہ۔
ربیعُ الاوّل۔ (ع۔ا۔مذ) عربی سال کا تیسرا مہینہ۔

## ر ـــــ پ

رَپ۔ (ہ۔ا۔مث] (۱) تیز چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے کسی شے کے کاٹنے کی آواز۔
رُپا۔ [ق۔ا۔مث] چاندی۔
رَپَٹ۔ (رَ۔پَٹ) [ہ۔ا۔مث] (۱) پھسلن۔ پھسلاہٹ (۲) انگریزی لفظ رپورٹ (Report) کا بگاڑ۔ خبر۔ اطلاع۔ کسی جُرم یا وقوعہ کی خبر جو پولیس کو دی جائے۔
رِپٹ۔ (Rivot) [ہ۔ا۔مث] کیل یا ڈپی جس کی بلا ٹوپی والی سمت کو پیٹ کر جوڑا کر دیا جائے۔
رَپٹانا۔ (رَپ۔ٹا۔نا) [ہ۔مص] پھسلانا۔ دوڑانا۔
رَپٹنا۔ (رَ۔پٹ۔نا) [ہ۔مص] پھسلنا۔ لڑھکنا۔ کھسکنا۔
رَپ رَپ۔ [ہ۔ا۔مث] دُلکی چال۔
رُپلی۔ (رُ۔پل۔لی) [ہ۔ا۔مث] روپے کی تصغیر بالتحقیر۔
رپورتاژ۔ (ا۔مذ) کسی واقعہ کو دلچسپ اور افسانوی انداز میں لکھنا (انگ) (Repartage) کا مورّد
رَپورٹ۔ (Report) (رَ۔پورٹ) [انگ۔ا۔مث] (۱) باضابطہ بیان۔ رُوداد (۲) اطلاع۔ خبر۔ رپٹ (۳) اخباری بیان۔
رَپورٹر۔ (Reporter) (رَ۔پور۔ٹَر) [انگ۔ا۔مذ] اطلاع دینے والا۔ خبر نگار۔ نامہ نگار (اخبار کا)۔
رُپہلی۔ (رُ۔پہ۔لی) [ہ۔صف] دیکھیے روپہلی۔
رُپیہ۔ (رُ۔پی۔یَہ) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے روپیہ۔

## ر ـــــ ت

رَت۔ (ہ۔مث) (۱) خوش۔ مسرور (۲) رات کا مخفف۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
رَت جگا (۱) شب بیداری۔ خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا۔ (۲) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتیں دلواتی ہیں (۲) ہندوؤں کی ایک عبادت جو رات بھر جاگنے اور کتھا کے ذریعے سے کی جاتی ہے۔
رُت۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) موسم۔ سماں۔ زمانہ۔ فصل (۲) عورت کے ماہواری ایام (۳) جانوروں کی جفتی کا موسم۔
رُت آنا۔ (ا۔محاورہ) موسم آنا۔ بہار آنا۔ زمانہ آنا۔
رُت بدلنا۔ پھرنا۔ (ا۔محاورہ) موسم کا تبدیل ہونا۔
رُت کڑی ہونا۔ موسم خراب ہونا۔
رَتا۔ (رَ۔تا) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے۔
رَتالُو۔ (رَ۔تا۔لُو) [ہ۔ا۔مذ] اردی کی مانند ایک قسم کی جڑ۔
رتاوا۔ (رَ۔تا۔وا) [ہ۔ا۔مذ] حملہ۔
رتائی۔ (رِ۔تا۔ای) [ہ۔ا۔مث] رِیتنے کی اُجرت۔
رُتبہ۔ (رُت۔بَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) عزت۔ حرمت (۳) قدر۔ منزلت۔ پایہ۔
رُتبہ بڑھانا۔ (ا۔محاورہ) ترقی دینا۔ درجہ زیادہ کرنا۔
رُتبہ پانا۔ (ا۔محاورہ) عزت حاصل کرنا۔ مرتبہ حاصل کرنا۔
رُتبہ دار۔ (ف۔صف) مرتبے والا۔ صاحبِ حیثیت۔ ممتاز۔ اعلیٰ عہدہ دار۔
رَتَق و فَتَق۔ (رَ۔تَ۔ق۔ف۔تَق) [ع۔ا۔مذ] باندھنا اور کھولنا۔ بست و کشاد۔ انتظام۔
رَتَن۔ (رَ۔تَن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) جواہرات۔ قیمتی پتھر۔ نگ (۲) آنکھ کی پُتلی (۳) منی۔ دھات۔ نُطفہ (۴) عطر۔ ست۔ نچوڑ۔ خلاصہ۔ لُبّ لباب (۵) جوہر۔
رَتَن پاک۔ اعلیٰ جواہر۔
رَتَن جوت۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سُرخ ہو جاتا ہے (۲) آنکھوں کی ایک دوا۔
رَتَن دیپ۔ (ہ۔ا۔مذ) چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوں اور روشنی دیتے ہوں۔
رَتَن مالا۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) ہیروں کا ہار (۲) ایک قسم کا پھول۔ علم نجوم پر ایک کتاب کا نام۔
رِتنا۔ (رِت۔نا) [ہ۔مص] (۱) ریتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا۔ (۳) سارنگی بجنا۔
رَتناوَلی۔ (رَت۔نا۔وَ۔لی) [ہ۔ا۔مث] مرصع ہار۔ ہیروں کا ہار۔
رَتنیاں۔ (رَت۔نِ۔یاں) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا چاول۔
رَتوا۔ (رَت۔وا) [ہ۔ا۔مذ] ایک سُرخ پتھر جو بچوں کو بخار وغیرہ سے بچانے کے لیے گلے میں لٹکاتے ہیں (۲) ایک قسم کا سُرخ کیڑا۔
رِتوانا۔ (رِت۔وا۔نا) [ہ۔مص] ریتی سے صاف کرانا۔ کسی سخت چیز کو خاردار آہنی اوزار سے چھلوانا۔
رَتواہی۔ (رَت۔وا۔ہی) [ہ۔ا۔مث] (۱) رات کا حملہ (۲) رات کو آنے والی سہیلی۔
رَتوندھا۔ (رَ۔تون۔دھا) [ہ۔ا۔مذ] شب کوری۔ آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب رات کو دکھائی نہیں دیتا۔
رَتوندھیا۔ (رَ۔تون۔دِھ۔یا) [ہ۔صف] رتوندھے کا مریض۔ شب کور۔
رَتھ۔ (ہ۔ا۔مذ و مث) (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی جس کے اوپر برجی

سی بنی ہوتی ہے۔ دیوتاؤں کی ایک قسم کی عمدہ گاڑی کی سواری (۲) قلعہ۔کوٹ۔حصار۔

**رتھ بان۔ رتھ دان** ۔ (ہ۔صف) گاڑی بان۔ رتھ ہانکنے والا۔

**رتھ یاترا** ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو (۲) ہندوؤں کا ایک میلہ جو دوسری اساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوا کرتا ہے۔

**رَتی** ۔ (رَت۔تی) (ھ۔ا۔مث) (۱) بھاگ۔نصیب۔قسمت۔تقدیر (۲) گھونگچی۔چرمٹی۔ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے۔ماشے کا آٹھواں حصہ (۳) مقدارِ قلیل۔ ذرّہ۔

**رَتی بھر** ۔ (۱) ذرا سا۔قدرے۔قلیل۔

**رَتی بھر دھن ساتھ نہ جاوے۔ جب تو مر کر جیو گنوا دے** (مثل) مرنے کے وقت ذرا سی دولت بھی ساتھ نہیں جاتی۔

**رَتی بھر کی ین چپاتی۔ کھانے والے سات سنگھاتی** (مثل) انتظام تھوڑا اور مہمان بہت۔

**رَتی بھر ناتا گاڑی بھر آشنائی** ۔ (مثل) تھوڑا رشتہ بہت سی دوستی سے اچھا ہوتا ہے۔

**رَتی جاگنا۔ رتی چمکنا** ۔ (ا۔محاورہ) نصیبہ جاگنا۔اقبال یاور ہونا۔قسمت کھلنا۔پھلنا پھولنا۔

**رَتی دان نہ دھی کو دیا۔ دیکھوری سمدھن کا بتیا** (مثل) جب جہیز تھوڑا ہو تو عورتیں کہتی ہیں۔

**رَتی دے کر مانگے تولہ۔ واکو کون بتاوے بھولا** (مثل) جو تھوڑا دے کر بہت لے اسے کون بے وقوف کہہ سکتا ہے۔

**رَتی رتی** ۔ (۱) ذرا ذرا۔ایک ایک حبّہ۔بالکل۔تمام۔سراسر۔سر تا پا۔

**رتیوں جوڑے تولوں کھووے۔ واکو لابھ کہاں سے ہووے** ۔ (مثل) فضول خرچ آدمی کو کبھی فائدہ نہیں ہوتا۔

**رِتیلا** ۔ (رِ۔تی۔لا) (ہ۔صف) ریت ملا ہوا۔

**رِتیلی** ۔ (رِ۔تی۔لی) (ہ۔صف) رتیلا کی تانیث۔

## ر ــــ ٹ

**رَٹ** ۔ (ھ۔ا۔مث) تکرار۔ہر وقت ایک ہی بات کیے جانا۔تکرار لفظی۔

**رٹ لگنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی کام کا بار بار نام لینا۔اصرار کرنا۔ایک بات کو بار بار کہنا۔

**رِٹ** ۔ (Writ) (انگ۔ا۔مث) عدالت کا حکم نامہ۔اجرائے پروانہ کی درخواست جو ہائی کورٹ میں دائر کی جاتی ہے۔

**ریٹرننگ آفیسر** ۔ (Returning Officer) (ر۔ٹر۔ننگ۔آ۔فی۔سر) (انگ۔ا۔مذ) ناظمِ انتخابات۔

**رَٹنا** ۔ (رَٹ۔نا) (ہ۔مص) جپنا۔بار بار کہنا۔کسی چیز کو زبانی یاد کرنا۔

**رٹو** ۔ (رٹ۔ٹو) (ہ۔صف) رٹنے والا۔رٹ کر یاد کرنے والا۔

## ر ــــ ج

**رَج** ۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) دریا کا ریتا (۲) بالو۔ریت۔ریگ (۳) حیض۔ایام (۴) دَلدَل (۵) پھولوں کا زیرہ۔

**رَجا** ۔ (ہ۔صف) (۱) سیر۔پیٹ بھرا (۲) دولت مند۔مال دار۔

**رَجا پُجا** ۔ (ہ۔صف) (۱) رجا ہوا (۲) بھرا پُرا (۳) آباد (۴) دولت مند۔دھنی۔

**رَجا کیا جانے بھوکے کی سار** ۔ (مثل) پیٹ بھرے کو بھوکے کی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔

**رَجا** ۔ (ع۔ا۔مث) اُمید۔آس۔آسرا۔آرزو۔تمنا۔خواہش۔

**رِجال** ۔ (رِ۔جال) (ع۔ا۔مذ) رَجُل کی جمع۔لوگ۔بہت سے مرد۔

**رِجالُ الغیب** ۔ (ع۔ا۔مذ) مردانِ غیب۔ ۔ دساسول۔ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد پھرتی ہے۔

**رجائی** ۔ (رَ۔جا۔ای) (ع۔صف) پُراُمید۔تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا۔(انگ) (Optimist)

**رجائیت** ۔ (رَ۔جا۔ای۔یت) (ع۔ا۔مث) (۱) اچھے خیال رکھنا۔تصویر کا روشن پہلو دیکھنا (۲) آرزو سے پُر ہونا۔ (Optimism)

**رَجَب** ۔ (رَ۔جَب) (ع۔ا۔مذ) قمری سال کا ساتواں مہینہ۔

**رُجحان** ۔ (رُج۔حان) (ع۔ا۔مذ) میلان۔توجّہ۔

**رُجحانات** ۔ (رُج۔حا۔نات) (ع۔ا۔مذ) رُجحان کی جمع۔

**رَجز** ۔ (رَ۔جز) (ع۔ا۔مث) (۱) جنگ میں پڑھنے کے اشعار (۲) وہ فخریہ اشعار جس میں سپاہی کی بہادری کی تعریف ہوتی ہے اور میدانِ جنگ میں پڑھے جاتے ہیں۔

**رِجس** ۔ (ع۔مذ) پلیدگی۔گندگی۔

**رَجسٹر** ۔ (Register) (رَ۔جِس۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) یادداشت کی کتاب۔حاضری کی کتاب۔دفتر کی کتاب۔

**رَجسٹرار** ۔ (Registrar) (رَ۔جِس۔ٹ۔رار) (انگ۔ا۔مذ) (۱) رجسٹر میں درج کرنے والا (۲) رجسٹری کرنے والا (۳) محافظِ دفتر۔

**رَجسٹرڈ** ۔ (Registered) (رَ۔جس۔ٹرڈ) رجسٹری کیا گیا۔رجسٹر میں درج وہ چیز جس کی قانون کے مطابق رجسٹری ہوئی ہو۔

**رَجسٹری** ۔ (رَ۔جس۔ٹ۔ری) انگ رجسٹریشن (Registration) (ا۔مث) (۱) ڈاک کے دفتر میں زائد محصول دے کر خط وغیرہ درج کرانا اور رسید لینا (۲) داخلہ۔اندراج فہرست۔

**رجسٹری شدہ** ۔ دیکھیے رجسٹرڈ۔

**رُجعَت** ۔ (رُج۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) واپسی۔عود۔بازگشت۔اعادہ (۲) عورت کو طلاق دینے کے بعد پھر اپنی زوجیت میں لانا (۳) چاند اور سورج کے سوا کسی اور سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴) الٹ۔ضد۔ہٹ۔

**رُجعتِ قہقری** ۔ (ع۔ا۔مث) اُلٹے پاؤں واپس ہونا۔سابقہ حالت



Marfat.com

کی طرف لوٹنا۔

**رَجُل** ۔ (رَ۔جُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] آدمی ۔ مرد ۔ جمع : رِجال۔

**رِجلے بُجلے** ۔ (رِج ۔ لے ۔ بُج ۔ لے) [اُر ۔ صف] کمینے ۔ رذیل۔

**رَجم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پتھر مار مار کر ہلاک کرنا ۔ سنگ ساری (۲) شہابِ ثاقب ۔ جمع : رُجوم۔

**رَجماً بالغَیب** ۔ (رَج ۔ مَن ۔ بِل ۔ غَیب) [ع ۔ تابع فعل] بغیر سوچے سمجھے ۔ اٹکل سے۔

**رُج مان** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] شرم و حیا ۔ خودداری۔

**رجمنٹ** ۔ (Regiment) (رَج ۔ مَنٹ) [انگ ۔ ا ۔ مث] پیدل سپاہیوں کا دستہ ۔ پلٹن ۔ رجمنٹ میں عام طور پر آٹھ سو سے ایک ہزار تک سپاہی ہوتے ہیں۔

**رَجنا** ۔ (رَج ۔ نا) [ہ ۔ مص] سیر ہونا ۔ پیٹ بھرنا۔

**رَجنی** ۔ (رَج ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) سیاہ رنگ کی چیز (۲) رات (۳) املی (۴) نیل کا پودا (۵) لاکھ (۶) دُرگا جی (۷) ایک اپسرا (۸) ایک دریا۔

**رَجُو** ۔ (رَج ۔ جُو) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) رسّی ۔ دھاگا ۔ ڈور (۲) گانٹھ (۳) مینڈھی۔

**رجواڑہ** ۔ (رَج ۔ وا ۔ ڑہ) [ھ ۔ ا ۔ مذ] راجا کا ملک ۔ راجہ کی عملداری۔

**رُجُوع** ۔ (رُ ۔ جوع) [ع ۔ ا ۔ مذ و مث] (۱) واپس ہونا ۔ مڑنا ۔ لوٹنا ۔ مائل ہونا ۔ راغب ہونا (۲) رغبت ۔ میل میلان (۳) ظاہر ہونا ۔ حاضر ہونا (۴) التجا ۔ نظرِ ثانی ۔ گزارش یا اپیل عدالت میں (۵) توجہ۔

**رُجوع کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) مڑنا ۔ پلٹ جانا (۲) معالجہ کرنے کے لیے حکیم کے پاس جانا (۳) مخاطب ہونا (۴) کسی طرف متوجہ ہونا (۵) عدالت میں دعویٰ کرنا۔

**رُجوع ہونا** ۔ مائل ہونا ۔ متوجہ ہونا ۔ پیش ہونا۔

**رُجُولَت ۔ رُجُولِیّت** ۔ (رُ ۔ جُو ۔ لت) (رُجُو ۔ لی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] مردمی ۔ باہ ۔ قوتِ تولید۔

**رُجُوم** ۔ (رُ ۔ جُوم) [ع ۔ ا ۔ مذ] رَجم کی جمع ۔ شہابِ ثاقب ۔ وہ ستارے جن سے شیطان بھگائے جاتے ہیں۔

**رجھانا** ۔ (رِ ۔ جھا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) مائل کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ لبھانا (۲) خوش کرنا ۔ مسرور کرنا۔

**رُجھنا** ۔ (رُجھ ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) رُکنا ۔ ٹھہرنا ۔ بند ہونا (۲) مشغول ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ گھبرانا ۔ ستایا یا چھیڑا جانا۔

**رَجیم** ۔ (رَ ۔ جیم) [ع ۔ صف] (۱) مردود ۔ ہنکایا ہوا (۲) پتھر مارا ہوا۔

## ر ــــ چ

**رُچ** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) رغبت ۔ چاہ ۔ خواہش (۲) بھوک ۔ اشتہا۔

**رَچانا** ۔ (رَ ۔ چا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) مقرر کرنا ۔ شروع کرنا ۔ پھیلانا (۲) خوشی منانا (۳) مہندی سے ہاتھ رنگنا (۴) معطر کرنا ۔ بسانا۔

**رَچاؤ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] رچنے کا عمل۔

**رَچاوَٹ** ۔ [ا ۔ مث] رنگت کی شوخی ۔ اچھا رنگ۔

**رَچنا** ۔ (رَچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سرایت کرنا ۔ اثر ہونا (۲) مہندی کا رنگ لانا ۔ (۳) شروع ہونا ۔ پھیلنا ۔ سامان مہیا کرنا شادی کا (۴) جزوِ بدن ہونا (۵) کبوتر کا خانے میں جانا (۶) کھانا ہضم ہونا (۷) بننا ۔ مرتب ہونا (۸) ایجاد ہونا (۹) کام پر لگنا (۱۰) استعمال ہونا (۱۱) متعلق ہونا (۱۲) واقف ہونا ۔ مانوس ہونا (۱۳) گانے میں سَم جانا (۱۴) قسمت میں ہونا (۱۵) محبت کرنا (مث) (۱۶) فطرت (۱۷) شکل ۔ صورت ۔ بناوٹ (۱۸) نظم ۔ گیت۔

**رَچنا بچنا** ۔ [ا ۔ صف] خوشگوار ۔ جزوِ بدن ہونے والا۔

**رُچنا** ۔ (رُچ ۔ نا) [ھ ۔ مص] پسند ہونا ۔ اچھا لگنا (۲) خواہش ہونا ۔ میلان ہونا

**رَچی مہندی** ۔ (رَچ ۔ چی ۔ مہن ۔ دی) [ہ ۔ ا ۔ مث] رنگ دار مہندی ۔ وہ مہندی جو رنگ اچھا دے۔

**رِچّھا ۔ رِچّھیا** ۔ (رِچھ ۔ چھا ۔ رِچھ ۔ چھ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) محافظت ۔ پناہ ۔ (۲) مدد ۔ سرپرستی ۔ حمایت (۳) امن ۔ چین ۔ آرام ۔ صلح (۴) مہربانی ۔ عنایت۔

## ر ــــ ح

**رَح** ۔ (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف۔

**رَحل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مسکن ۔ منزل (۲) اسباب (۳) کوچ۔

**رِحل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] لکڑی کی چیز جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں۔

**رِحلَت** ۔ (رِح ۔ لَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کوچ ۔ روانگی (۲) موت ۔ انتقال۔

**رحم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) کرم ۔ مہربانی ۔ دیا (۲) بخشش ۔ عفو (۳) ترس ۔ دردمندی ۔ ہمدردی (۴) [اُر] چاولوں کا کچا حلوہ جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لیے کسی خوشی کی تقریب یا بیاہ میں بنایا جاتا ہے۔

**رحم دل** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف] مہربان ۔ ہمدرد ۔ رقیق القلب۔

**رحم دلی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] مہربانی ۔ دردمندی ۔ ہمدردی۔

**رحم کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ترس کھانا (۲) [اُر] گنگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرنا۔

**رحم کھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ترس کھانا ۔ خوفِ خدا کرنا۔

**رِحم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] بچہ دان ۔ گربھ ۔ جمع : اَرحام۔

**رحمان** (رحمٰن) [ع ۔ صف] (۱) مہربانی کرنے والا ۔ شفیق ۔ رحیم ۔ غفور ۔ (۲) خدا تعالیٰ کا اسم صفاتی۔

**رَحمت** ۔ (رَح ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کرم ۔ مہربانی (۲) [اُر] بارش ۔ مینہ (۳) درود و سلام ۔ صلوٰۃ (۴) کلمۂ تحسین و آفرین ۔ شاباش۔

**رَحمۃ اللہ عَلَیہ** ۔ [ع ۔ کلمۂ دعا] اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو ۔ مرحوم بزرگانِ دین کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے ۔ جمع کی صورت علیہم یعنی دو کی صورت علیہما اور تانیث میں علیہا۔

**رحمتِ حق بہانہ می جوید** [ف ۔ مثل] خدا کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے۔



Marfat.com

**رحمت خدا کی** - (کلمۂ تحسین) آفریں ہے شاباش - آپ کا کیا کہنا -
**رحیق** - (رَ-حِیق) [ع-ا-مث] خالص شراب -
**رحیل** - (رَ-حِیل) [ع-ا-مذ] کوچ - کوچ کرنا - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا -
**رحیم** - (رَ-حِیم) [ع-صف] مہربانی فرمانے والا - مہربان (۲) [مذ] خدا کا ایک صفاتی نام۔

## ر ــــ خ

**رُخ** - [ف-ا-مذ] (۱) رُخسار - مُنہ - گال (۲) طرف - جانب - سمت (۳) ایک فرضی جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ میں آتا ہے - سیمرغ (۴) ایک تاج جو شاہانِ ایران پہنا کرتے تھے (۵) [اُر] کنارہ - حاشیہ - اُفق (۶) شطرنج کا ایک مہرہ (۷) توجہ التفات - رجحان (۸) سامنا - آگا -
**رُخ بدلنا - رُخ پھیرنا** - (ا-محاورہ) (۱) مُنہ نہ لگانا - کم توجہی کرنا (۲) سمت بدلنا (۳) دوسری طرف ہو جانا (۴) رُکھائی کرنا -
**رُخ دے کر بات نہ کرنا** - (ا-محاورہ) توجہ سے بات نہ کرنا - دِل دے کر نہ بولنا - خاطر میں نہ لانا -
**رُخ دیکھنا** - (ا-محاورہ) توجہ دیکھنا۔
**رُخ زرد ہو جانا** - (ا-محاورہ) ڈر جانا - خوف کھانا -
**رُخ کرنا** - (ا-محاورہ) (۱) مُنہ کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) پھرنا - لوٹنا -
**رُخام** - (رُ-خام) [ع-ا-مذ] سنگِ مرمر -
**رَخت** - [ف-ا-مذ] (۱) اسباب - اثاثہ (۲) لباس - پوشاک جامہ (۳) لازمہ - ساز و سامان (۴) [اُر] جوتی کا چمڑا (۵) ٹھاٹ - دھج - ہیئت -
**رختِ سفر باندھنا** - (ا-محاورہ) سفر کی تیاری کرنا - مرنے کی تیاری کرنا -
**رختِ سلامی** - (ف-ع-ا-مذ) درباری لباس -
**رختِ عروس** - (ف-ع-ا-مذ) جہیز -
**رختِ عُریانی پھاڑنا** - (ا-محاورہ) بدن کو زخمی کرنا -
**رختِ ہستی** - (ف-ا-مث) عقل - سمجھ -
**رُخسار** - (رُخ-سار) [ف-ا-مذ] گال - عذار -
**رُخسارہ** - (رُخ-سا-رہ) [ف-ا-مذ] رُخسار کا بالائی حصّہ -
**رَخش** - [ف-ا-مذ] (۱) گھوڑا (۲) رستم کا گھوڑا (۳) سُرخ اور سفید ملا ہوا رنگ (۴) کرن (۵) چمک -
**رَخشاں** - (رَخ-شاں) [ف-صف] چمکنے والا - چمکیلا - منور -
**رَخشندگی** - (رَخ-شن-دَ-گی) [ف-ا-مث] چمک - درخشانی -
**رَخشندہ** - (رَخ-شن-دَہ) [ف-صف] چمکیلا - روشن -
**رُخصت** - (رُخ-صت) [ع-ا-مث] (۱) اجازت - منظوری - رضا - (۲) [اُر] روانگی - کوچ - چلنا - جانا (۳) وداع - جنازہ اُٹھنے کا وقت - (۴) وقفہ - مُہلت - فرصت (۵) جاؤں؟ اجازت ہے؟

**رُخصت اِتفاقی** - (ع-ا-مث) غیر مقررہ رخصت - ہنگامی رخصت -
**رُخصتِ اِستحقاقی** - (ع-ا-مث) وہ چھٹی جس کا حق ہو -
**رُخصت دینا** - (ا-محاورہ) اجازت دینا - چھٹی دینا -
**رُخصت طلبی** - (ع-ف-صف) جانے کی اجازت چاہنا - چھٹی مانگنا -
**رُخصت کرنا** - (۱) اجازت دینا (۲) روانہ کرنا - بھیجنا (۳) موقوف کرنا (۴) ٹالنا
**رُخصت لینا** - (ا-محاورہ) اجازت لینا - چھٹی لینا -
**رُخصتانہ** - (رُخ-صَ-تا-نہ) [ف-ا-مذ] وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو - انعام رُخصت -
**رُخصتی** - (رُخ-صَ-تی) [اُر-ا-مث] (۱) وداع - دُلہن کی روانگی (۲) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے - سلامی (۴) [صف] چھٹی پر -
**رَخنہ** - (رَخ-نہ) [ف-ا-مذ] (۱) چھید - سُوراخ (۲) روزن - شگاف - دریچہ - کھڑکی (۳) ہڈی کا ٹوٹنا (۴) تلوار کا نشان (۵) نقص - عیب (۶) فتنہ - فساد (۷) خلل - مزاحمت -
**رَخنہ انداز** - (ف-صف) مزاحمت کرنے والا - بھانجی مارنے والا -
**رَخنہ اندازی** - (ف-ا-مث) بھانجی - تعرّض - مزاحمت - خلل -
**رَخنہ پڑنا** - (ا-محاورہ) خلل پڑنا - جھگڑا پڑنا - عیب نکلنا -
**رَخنہ ڈالنا** - (ا-محاورہ) خلل پیدا کرنا - روڑا اٹکانا - بھانجی مارنا -
**رَخنہ (رَخنے) نکالنا** - (ا-محاورہ) نقص نکالنا - عیب نکالنا - (۲) نکتہ چینی کرنا (۳) حیلہ حوالا کرنا - عُذر کرنا -

## ر ــــ د

**رَدّ** - [ع-ا-مذ] واپس کرنا - موڑنا - پھیرنا (۲) انکار - تردید - دلیل توڑنا - (۳) [اُر] قے - الٹی -
**رَدِّ بلا** - (ع-ف-ا-مذ) مصیبت کا دُور ہونا -
**رَدِّ ثبوت** - (ع-ا-مذ) تردید - ثبوت کو توڑنا۔
**رَدِّ خلق** - (ع-ف-صف) مردود -
**رَدِّ دعوت** - دعوت نامنظور کرنا -
**رَدِّ سلام** - (ع-ا-مذ) سلام کا جواب -
**رَدِّ عمل** - (ع-ا-مذ) جوابی عمل - تاثیر در تاثیر - الٹ کر اثر کرنا -
**رَدّ کرنا** - (ا-محاورہ) (۱) واپس کرنا - پھیرنا (۲) تردید کرنا - اعتراض اُٹھانا - (۳) ترک کرنا - نامنظور کرنا (۴) قے کرنا - اُلٹی کرنا -
**رَدّ و بدل** - (ع-ا-مث-مذ) (۱) اُلٹ پلٹ (۲) تکرار (۳) واپس کرنا (۴) بدلنا (۵) دفع کرنا (۶) تبدیلی (۷) لڑائی میں حملہ اور اس کا توڑ۔
**رَدّ و قدح - رَدّ و کد** - (ع-ا-مث) حُجّت - بحث - تکرار -
**رَدّ ہونا** - (ا-محاورہ) منسوخ ہونا - دفع ہونا - باطل ہونا -
**رِدا** - (ع-ا-مث) چادر - اوڑھنی -
**رِدایت** - (رَ-دا-یَت) [ع-ا-مث] فاسد ہونا - خراب ہونا -
**رَدّوا کھدوا** - (رَد-دَا-کھَد-دا) [اُر-ا-مذ] (۱) برادری سے نکالا ہوا -



Marfat.com

(۲) خراب (۳) کمینہ۔
رَدَہ۔رَدّہ۔ (رَدَہ۔رَد۔دہ) [ف-ا-مذ] ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی کے لیے اینٹ رکھنا۔
رَدّے جمانا۔رَدّے رکھنا۔ (ا-محاورہ) اینٹیں اُوپر تلے رکھنا (۲) ایک دفعہ کھاکر دوسری دفعہ کھانا (۳) پے در پے تہمت لگانا۔
رَدّی۔رَدِی۔ (رَ-دِی) [ع-صف] (۱) خراب۔ناکارہ۔نکمّا۔بگڑا ہوا۔ (۲) [مث] خراب کاغذ۔نکمّا کاغذ (اُردو میں تشدید دال مستعمل ہے۔
رَدّی کرنا۔ (ا-محاورہ) بیکار کرنا۔
رَدِیف۔ (رَ-دِیف) [ع-ا-مث] (۱) وہ شخص جو گھوڑے یا اُونٹ وغیرہ پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) اصطلاحِ شعر میں وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے اخیر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے (۳) پیچھے کی فوج۔
رَدِیف چمکنا۔ ردیف کا لطف دینا۔
رَدِیف وار۔ حروفِ تہجی کی ترتیب سے۔

## ر ــــ ذ

رَذَالپن۔ (رَ-ذال-پن) [ا-مذ] سِفلہ پن۔کمینگی۔پاجی پن۔
رَذالت۔ (رَ-ذا-لت) [ع-ا-مث] کمینہ پن۔اوچھاپن۔
رَذالہ۔ (رَ-ذا-لہ) [ع-صف] کمینہ۔کم ذات (۲) شریر۔بدذات۔بدمعاش۔بے شرم۔
رَذالہ مست ہوا خدا کو بھول گیا۔ (مثل) رذیل آدمی امیر ہو جائے تو بہت مغرور ہو جاتا ہے۔
رذالوں کی دوستی پانی کی لکیر، شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر۔ (مثل) کمینوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔
رذالے کا لٹھ۔ (ا-مذ) منہ پھٹ۔بے شرم۔بے باک۔گستاخ۔بے حیا۔
رذالے کی جورُو کو سدا طلاق۔ (مثل) کمینے اور سِفلے کو اپنے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا۔کمینہ قابلِ اعتبار نہیں ہوتا۔
رذالے کے ناخن ہوئے۔ (مثل) کمینہ صاحبِ اختیار ہو گیا۔
رذیل۔ (رَ-ذیل) [ع-صف] سِفلہ۔فرومایہ۔کمینہ۔پاجی۔جمع، رُذَلا۔
رذیل کی دو نہ اشراف کی سو۔ (مثل) کمینے کی دو گالیاں بھی اشراف کی سو گالیوں سے بڑھ کر ہوتی ہیں۔
رذیلہ۔ (ع-ا-مث) کمینگی۔اوچھاپن۔ جمع: رذائل۔

## ر ــــ ر

رِر یانہ۔ (رِر-یا-نہ) (ہ-مص) گڑگڑانا۔

## ر ــــ ڑ

رَڑک۔ (ہ-ا-مث) خلش۔چبھن۔کھٹک۔
رِڑکا۔ (ہ-ا-مذ) جھاڑو (۲) ذرّہ۔ریزہ۔
رَڑکنا۔ (رَ-ڑک-نا) [ہ-مص] کھٹکنا۔چبھنا۔
رِڑکنا۔ (رِ-ڑک-نا) (ہ-مص) بلونا۔

## ر ــــ ز

رَز۔ [ف-ا-مذ] (۱) انگور (۲) انگور کی بیل۔
رَزّاق۔ (رَز-زاق) [ع-صف] (۱) رزق پہنچانے والا۔روزی رساں (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔
رَزّاقی۔ (رز-زا-قی) [ع-ا-مث] رزق رسانی۔رزق دینا۔
رزانت۔ (ع-ا-مث) بھاری پن۔بوجھل پن (۲) سُکھ۔آہستگی۔
رِزَرْوْڈ۔ (Reserved) (رِ-زر-وْ-ڈ) [انگ-صف] مخصوص۔محفوظ جسے کوئی دوسرا استعمال میں نہ لا سکے۔
رِزَرویشن۔ (Reservation) تخصیص۔خاص کرنے کا عمل۔
رِزق۔ [ع-ا-مذ] (۱) روزی۔خوراک۔کھانا۔اناج (۲) وظیفہ۔
رِزق اُترنا۔ (ا-محاورہ) از خود سامانِ رزق ہو جانا۔غیب سے رزق کا بندوبست ہو جانا۔
رِزق اُٹھ جانا۔ (ا-محاورہ) کھانے کو دانہ پانی میسّر نہ آنا۔
رِزق کا کیڑا۔ (ا-مذ) اناج کھانے والا (کنایتہً) انسان۔
رِزق نہ پلے باندھتے پنچھی اور درویش۔جن کا تکیہ رب ہے ان کا رزق ہمیش۔ (مثل) جانور اور فقیر رزق پلے باندھ کر نہیں پھرتے جو خدا پر بھروسا کرتے ہیں۔انہیں مل ہی جاتا ہے۔
رِزق ہے نہ موت۔ (مثل) بڑا بدقسمت ہے۔
رِزَلٹ۔ (Result) (رِ-زَلٹ) [انگ-ا-مذ] نتیجہ۔انجام۔حاصل
رَزم۔ [ف-ا-مث] جنگ۔معرکہ۔
رَزم گاہ۔ (ف-ا-مث) میدانِ جنگ۔
رَزم و بزم۔ (ف-ا-مث) میدانِ جنگ اور محفل۔لڑائی اور عیش و عشرت کی جگہ۔
رَزمیہ۔ (رَز-میَہ) [ف-صف] رزم سے نسبت رکھنے والا (مث) جنگی داستان یا نظم۔

## ر ــــ س

رَس۔ [ہ-ا-مذ] (۱) شیرہ۔عرق۔دُودھ۔گنّے کا شیرہ (۲) جوہر۔ست۔



Marfat.com

(۳) دھات کے کُشتے کو بھی رَس کہتے ہیں (۴) منی - نُطفہ (۵) آواز کی نرمی - آواز کی شیرینی (۶) نشیلاپن (۷) محبت - عشق - جوش (۸) (رقص کی اصطلاح) لوچ -

**رَس اُترنا** - (۱ - محاورہ) گھوڑے کے سُم سے مواد کا پانی نکلنا -

**رَس بھَری** - (۱ - صف) (۱) رس دار - شیریں - مزے دار - خوش ذائقہ (۲) نشیلی - خمار آلودہ (۳) چلبلی جیسا مزہ رکھنے والا ایک پھل - توُت فرنگی (Raspberry)

**رَس بھری باتیں** - (۱ - صف) میٹھی میٹھی باتیں -

**رَس ٹپکنا** - (۱ - محاورہ) جوش جوانی میں بھرنا - دُودھ ٹپکنا -

**رَس چوُس لینا** - (۱ - محاورہ) جوہر نکال لینا -

**رَس دیئے مرے تو بِس کیوں دیجئے** - (۱ - مثل) جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے اس میں سختی نہیں کرنی چاہیئے -

**رَس کپوُر** - **رَس کرپوُر** - (ہ - ۱ - مذ) پارے کا جوہر جو پارے گندھک اور نمک سے بنایا جاتا ہے -

**رَس کھائیے رَسائن بنتی ہے** - (مثل) تکلیف اُٹھانے سے فائدہ ہوتا ہے

**رَس کی باتیں** - (۱) عشق و محبت کی باتیں - میٹھی میٹھی باتیں (۲) لگاوٹ کی باتیں -

**رَس مارے رَسائن ہو** - (مثل) پارے کو جلاؤ تو چاندی ہو جاتا ہے - تکلیف اُٹھا کر انسان ترقی کرتا ہے -

**رَس میں بِس مِلانا** - (۱ - محاورہ) خوشی میں رنج پیدا کرنا -

**رَس** - (ف - لاحقہ) رسیدن مصدر کا صیغۂ اَمر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے جیسے دادرس -

**رِس** - (ہ - ۱ - مث) غضب - غصّہ - ضد -

**رَسا** - (رَ - سا) [ف - صف] (۱) پہنچنے والا (۲) بلند ہونے والا - دُور جانے والا (۳) کامل (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ذہن رسا)

**رَسا** - (ہ - ۱ - مذ) شوربا - یخنی - عرق -

**رَسّا** - (رَس - سا) (ہ - ۱ - مذ) موٹی رسّی - ریسماں -

**رسّوں جکڑے اب نہیں ٹھہرے** - (مثل) چاہے کچھ ہی کرو اب وہ نہیں ٹھہرنے کے -

**رَسّا کشی** - (۱ - ف - مث) کھینچا تانی - کشاکش -

**رَسّا گیر** - (۱ - ف - صف) مویشیوں کا چور -

**رَسال** - (رَ - سال) [ہ - صف] (۱) رس دار - رس سے بھرا ہوا (۲) (مذ) آم (۳) گنّا -

**رَسالا** - (رَ - سا - لا) [س - ۱ - مث] چھاچھ جس میں قند اور گرم مسالا پڑا ہو -

**رِسالت** - (رِ - سا - لت) [ع - ۱ - مث] پیغام بری - ایلچی گری - سفارت -

**رسالت پناہ، رسالت مآب** - (ع - ف - صف) مراد پیغمبر صلعم -

**رسالدار** - (رِ - سال - دار) [اُر - ۱ - مذ] ایک رسالے کا افسر - سو سواروں کا افسر -

**رسالداری** - (رِ - سال - دا - ری) [اُر - ۱ - مث] رسالے کی افسری - رسالداری کا عہدہ -

**رِسالہ** - (رِ - سا - لہ) [ع - ۱ - مذ] (۱) نامہ - مکتوب (۲) چھوٹی سی کتاب - (۳) مختلف حضرات کے مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے (۴) آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ -

**رَساں** - (ف - اسم حالیہ) پہنچنے والا - پہنچانے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے خبر رساں - چٹھی رساں -

**رَسان** - (رَ - سان) [اُر - ۱ - مث] آہستگی - نرمی -

**رَسانا** - (۱ - مص) جوڑنا - ٹانکا لگانا (برتن وغیرہ)

**رُسانا** - (رُ - سا - نا) [ہ - مص] (۱) غصّہ دلانا (۲) خفا کرنا - ناراض کرنا -

**رَسائیا** - (ہ - ۱ - مذ) کیمیا گر -

**رَساوَل** - (رَ - سا - وَل) [ہ - ۱ - مث] گنّے کے رس کی کھیر -

**رَسائل** - (رَ - سا - ئِل) [ع - ۱ - مذ] رسالہ کی جمع -

**رَسائی** - (رَ - سا - ای) [ف - ۱ - مث] (۱) پہنچ - دخل - گزر (۲) (اُر) ربط ضبط - میل ملاپ (۳) واقفیت - شناخت (۴) آہستگی - دھیرج -

**رسائی پانا** - (۱ - محاورہ) باریاب ہونا -

**رسائی کرنا** - (۱ - محاورہ) مہارت - واقفیت یا رسوخ حاصل کرنا - میل ملاپ کرنا -

**رَسائن** - (رَ - سا - ئن) [س - ۱ - مذ] وہ دوا جو پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی جائے - کیمیا - اکسیر -

**رَسائن وِدیا** - (س - ۱ - مث) علم کیمیا -

**رِسپانڈنٹ** - (Respondent) (رِس - پان - ڈِنٹ) (انگ - ۱ - مذ) جواب دہ - اپیلانٹ کا فریق ثانی -

**رُستا خیز** - **رُستخیز** - (رُس - تا - خیز - رُست - خیز) [ف - ۱ - مث] (۱) قیامت (۲) ہنگامہ -

**رُستگار** - (رُست - گار) [ف - صف] رہائی پانے والا - نجات پانے والا -

**رُستگاری** - (رُست - گا - ری) [ف - ۱ - مث] رہائی - نجات -

**رُستم** - (رُس - تم) [ف - ۱ - مذ] (۱) فارس کا ایک مشہور بہادر پہلوان جس کی بہادری کی داستانیں شاہ نامہ میں درج ہیں (۲) [مجازاً] ہر بہادر - شجاع - زبردست -

**رُستم خاں، رُستم خان کا بچّہ، رُستم کا سالا** - (۱ - مذ) بہادر یا بڑے آدمی کی رشتے داری پر شیخی مارنے والا - (رانی خان کا سالا -

**رُستمی** - (رُس - تَ - می) [اُر - ۱ - مث] (۱) مردانگی - بہادری - جُرأت - شجاعت (۲) زبردستی - زور آوری -

**رَستہ** - (رَس - تہ) [ف - ۱ - مذ] راستہ کا مخفف -

**رَستہ بتانا** - (۱ - محاورہ) رخصت کرنا - ٹالنا -

**رَستہ بھوُل کے نکل آنا** - (۱ - محاورہ) جو شخص اتفاقیہ آجائے اس سے بطور شکوہ کہتے ہیں کہ کیا تم رستہ بھول کے اِدھر آنکلے -

**رَستہ پانا** - (۱ - محاورہ) تدبیر سُوجھنا - جانے کے لیے رَستہ ملنا -

**رَستہ پکڑو** - (۱ - سوزفقرہ) راہ لو - چلتے پھرتے نظر آؤ -

**رَستہ پہاڑ ہونا** - (۱ - محاورہ) راستہ دوبھر ہونا - رستہ نہ کٹنا -



Marfat.com

**رَستہ پھٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک راستے سے دوسرا راستہ نکل آنا ۔ راستہ بدلنا ۔
**رَستہ چلتا** ۔ راہ چلتا مسافر ۔ راہ گیر ۔ جاتری ۔
**رَستہ سُوجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تدبیر سُوجھنا ۔
**رستے پر آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) درست ہوجانا ۔ نیک بن جانا ۔ سیدھی راہ پر آنا ۔
**رستے لگا دینا** ۔ کام پر ڈال دینا ۔ کسی مشغلے میں لگا دینا ۔ راستہ بتانا ۔
**رسٹوران** ۔ (Restaurant) [انگ ۔ مذ] طعام خانہ ۔
**رَسَد** ۔ (رَ ۔ سَد) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) حِصّہ ۔ نصیب ۔ بھاگ ۔ قسمت (۲) جنسِ غلّہ (۳) لائق ۔ مناسب (۴) [اُر] ذخیرہ ۔ آذوقہ جو لشکر یا قافلے کے ہمراہ ہو (۵) راشن ۔ راتب ۔ خوراک ۔ بھوجن ۔ زادِ راہ ۔
**رَسَد رَسانی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) غلّہ رسانی ۔ غلّہ اور اجناس وغیرہ کا کسی لشکر یا محکمے میں پہنچانا ۔
**رَسَد ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ضروری سامان بہم پہنچانا ۔
**رَسَدی** ۔ (ف ۔ صف) حِصّے کے مطابق ۔
**رَسری** ۔ (رَس ۔ رِی) [ق ۔ ا ۔ مث] رَسّی ۔
**رِسک** ۔ (Risk) [انگ ۔ ا ۔ مذ] خطرہ ۔ خوف ۔ جوکھوں ۔
**رُسُل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] رسُول کی جمع ۔
**رسل و رسائل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نقل و حمل ۔ نقل و حرکت ۔ آمد و رفت ۔
**رَسم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) نقش ۔ نشان ۔ تحریر ۔ نوشت (۲) [مجازاً] دستور قانون ۔ رواج (۳) [اُر] عادت ۔ چال چلن ۔ طور و طریق (۴) تنخواہ ۔ وظیفہ (۵) محنتانہ ۔ اُجرت (۶) (منطق) عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف (۷) بچوں کا کھیل ۔ جمع : رُسُوم ۔
**رَسم اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عادت اور رواج کے خلاف کرنا ۔
**رَسم اُٹھ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چلن باقی نہ رہنا ۔ طریقہ متروک ہو جانا ۔
**رَسم الخط** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) طرزِ تحریر ۔
**رَسم و رواج** ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ ریت ۔ رسم ۔
**رَسم و راہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) میل جول ۔ ربط ضبط ۔ برتاؤ ۔ دستور ۔ ڈھنگ ۔
**رَسماً** ۔ (ع) رَسم کے طور پر ۔
**رَسمَسا** ۔ (رَس ۔ مَ ۔ سا) [ہ ۔ صف] پانی وغیرہ سے تر ۔ گیلا ۔
**رُسمَسانا** ۔ (رُس ۔ مَ ۔ سا ۔ نا) [ق ۔ مص] انگڑائی لینا ۔ ناز سے اینڈنا ۔
**رَسمَسی** ۔ (رَس ۔ مَ ۔ سی) [ہ ۔ صف] رَسمَسا کی تانیث ۔
**رَسمی** ۔ (رس ۔ می) [ع ۔ صف] عام ۔ معمولی ۔ درمیانی ۔ رواجی ۔
**رَسَن** ۔ (رَ ۔ سَن) [ف ۔ ا ۔ مث] رَسّی ۔
**رَسنا بَسنا نصیب ہو** ۔ [اُر ۔ مثل] رہنا سہنا ۔ پھُولنا پھَلنا نصیب ہو ۔
**رِسنا** ۔ (رِس ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ٹپکنا (۲) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔
**رُسوا** ۔ (رُس ۔ وا) [ف ۔ صف] ذلیل ۔ خوار ۔ بے عزّت ۔ بے غیرت ۔
**رُسوائی** ۔ (رُس ۔ وا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] بدنامی ۔ بے عزّتی ۔ ذلّت ۔ فضیحت
**رُسوائی سی رُسوائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) حد سے زیادہ بدنامی ۔
**رُسُوب** ۔ (رُ ۔ سُوب) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ چیز جو پانی شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہ میں بیٹھ جائے ۔ دُرد ۔ تلچھٹ ۔ گاد ۔

**رَسَوت** ۔ (رَ ۔ سوت) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک تلخ دوا جو اکثر آنکھوں یا پھنسیوں کی دوا میں پڑتی ہے ۔
**رُسُوخ** ۔ (رُ ۔ سُوخ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مضبوطی ۔ استواری (۲) قیام ۔ ثبات ۔ استقلال (۳) [اُر] رسائی ۔ ربط ضبط ۔ اعتماد ۔ اعتبار ۔
**رَسُول** ۔ (رَ ۔ سُول) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بھیجا ہوا (۲) (اصطلاحاً) خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر جو کتابِ الٰہی بھی لائے (۳) قاصد ۔ پیغمبر ۔ ایلچی (۴) ہادی ۔ پیشوا ۔ جمع : رُسُل ۔
**رَسُول شاہی** ۔ [اُر ۔ مثل] فقراء کا ایک فرقہ جس کے بانی رسُول شاہ نامی ایک درویش کامل تھے ۔ یہ لوگ چار ابرو کا صفایا کرتے ۔ صرف ایک لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں ۔
**رَسَولی** ۔ (رَ ۔ سَو ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] گلٹی ۔ وہ گرہ جو مواد سے ہو جاتی ہے ۔
**رُسُوم** ۔ (رُ ۔ سُوم) [ع ۔ ا ۔ مذ و مث] رَسم کی جمع (۱) نشان ۔ نقوش (۲) آئین ۔ قوانین ۔ عادتیں (۳) [اُر] اسٹامپ کی فیس ۔ کورٹ فیس (۴) کسی حصّہ زمینداری سے واجب الوصول محصول (۵) بِکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری ۔
**رُسُومِ اعلیٰ نمبردار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) نمبردار کا کمیشن اور رعایت ۔
**رُسُومِ عدالت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) سرکاری خرچہ (۲) کورٹ فیس (۳) اسٹامپ ۔
**رُسُومِ محترفہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) تجارت اور حرفہ کا محصول ۔
**رَسوئی** ۔ (رَ ۔ سو ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) کھانا ۔ طعام ۔ بھوجن (۲) چوکا ۔ باورچی خانہ ۔
**رسوئیا** ۔ (رَ ۔ سو ۔ ای ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] باورچی ۔ کھانا پکانے والا ۔ برہمن ۔
**رَسّی** ۔ (رَس ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) رَسَن ۔ ریسمان ۔ موٹی اور لمبی ڈوری (۲) ایک پیمانہ جو سو فٹ لمبا ہوتا ہے (۳) (کنایتہً) سانپ ۔ ناگ ۔
**رَسّی بٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مُونجھ یا سَن وغیرہ کو بل دے کر رسّی بنانا (۲) جیلے بہانے بنانا
**رَسّی تڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھاگنا ۔ سُرعت سے جانے کی کوشش کرنا ۔ آزادی چاہنا ۔
**رَسّی جل گئی پر بل نہیں گیا** ۔ [مثل] (۱) دَولت اور عزت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا (۲) سزا بھگتنے پر بھی بُری عادت نہ گئی ۔
**رَسّی دراز ہونا** ۔ [مثل] رسّی کا طویل اور لمبا ہونا (۲) دور تک پہنچ جانا (۳) مہلت ملنا (۴) بڑی عمر والا ہونا ۔
**رَسّی ڈھیلی چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آزادی دے دینا (۲) نگرانی کم کرنا (۳) چشم پوشی کرنا (۴) لگام ڈھیلی کر دینا ۔
**رَسّی کا سانپ بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے اصل بات کی دھوم مچانا ۔ غلط خیال کو فروغ دینا ۔
**رَسّی کوتاہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [کنایتہً] عمر کم ہونا ۔
**رَسیا** ۔ (رَس ۔ یا) [ہ ۔ صف] (۱) رس لینے والا ۔ مزہ لوٹنے والا (۲) شوقین رنگیلا ۔ وضعدار (۳) مسٹنڈا ۔



Marfat.com

**رَسِید۔** (رَ-سِید) [ف۔ا۔مث] (۱) پہنچ۔ رسائی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی نوشت پہنچنے کا اقرار (۳) پتا۔ خبر۔ سُراغ (۴) گنجفے کی بازی میں کسی کو سر پہنچنا۔

**رَسِید تک نہ دینا۔** (ا۔محاورہ) اقرار نہ کرنا۔ اقراری نہ ہونا۔ توجہ نہ دینا۔

**رَسِید کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) لگانا۔ مارنا۔ جڑنا (۲) دخول کرنا پہنچانا۔

**رَسِیدہ۔** (رَ-سی-دہ) [ف۔صف] (۱) پہنچا ہوا (۲) بالغ (۳) خدا کو پہنچا ہوا (۴) پختگی پر پہنچا ہوا میوہ یا پھل (۵) مبتلا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے اجل رسیدہ)۔

**رسیدہ بود بلائے وَلے بخیر گزشت۔** [ف۔مثل] مصیبت تو آئی تھی مگر بچ گئے۔ اس وقت کہتے ہیں جب انسان کسی ناگہانی مصیبت سے بچ جائے۔

**رَسِیلا۔** (رَ-سی-لا) [ہ۔صف] (۱) رَس بھرا۔ عرق دار (۲) شیریں اور مزے دار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ (۳) بانکا۔ شیریں ادا۔ رنگیلا۔

**رَسِیلی۔** (رَ-سی-لی) [ہ۔صف] رسیلا کی تانیث۔

**رَسِیلی آنکھ۔** (ا۔صف) چشم مے گوں۔ چشم مخمور۔ نشیلی آنکھ۔ خوش وضع آنکھ۔ چشم مست۔

**رِسِیوَر۔** (Receiver) (رِ-سی-وَر) [انگ۔ا۔مذ] (۱) کسی جائداد کا سرکاری نگراں (۲) ٹیلی فون کا وہ حصہ جس سے آواز سنتے ہیں۔

## ر ــــ ش

**رَش۔** (Rush) [انگ۔ا۔مذ] ازدحام۔ انبوہ کثیر۔

**رِشتہ۔** (رِش-تہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) تاگا۔ ڈورا۔ کاتا ہوا سُوت (۲) قرابت۔ رشتے داری۔ ناتا (۳) سِلسلہ۔ تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ۔ (۴) دائر؟ لڑی۔ نظم۔ سِلک (۵) نسل۔ خاندان (۶) [ف] ایک بیماری جس میں پاؤں میں سے تاگے کی مانند ایک باریک سا جاندار کیڑا نکلتا رہتا ہے۔

**رِشتۂ اُلفت۔** (ف۔ا۔مذ) دوستی۔ محبت کا تعلق۔

**رِشتہ بر پا۔** (ف۔ا۔مذ) پاؤں میں ڈورا بندھا ہوا۔ مقید۔ پابہ زنجیر۔

**رِشتہ ٹوٹنا۔** (ا۔محاورہ) بے تعلق ہو جانا۔ تعلق منقطع ہونا۔

**رِشتۂ جان وحیات۔** (ع۔ا۔مذ) سانس لینے کا سلسلہ۔

**رِشتہ جوڑنا۔** (ا۔محاورہ) شادی کرنا۔ نسب کا سلسلہ چلانا۔

**رِشتۂ حیات منقطع ہونا۔** (ا۔محاورہ) مرجانا۔

**رِشتہ دار۔** (ف۔ا۔مذ) قریبی۔ اہل برادری متعلقین۔ بھائی بند۔

**رِشتہ داری۔** قرابت۔ برادری۔

**رِشتۂ دندان۔** دانتوں کی قطار۔

**رِشتۂ شمع۔** (ف۔ا۔مذ) وہ ڈورا جو شمع کے اندر ہوتا ہے اور جلایا جاتا ہے

**رِشتۂ عمر۔** (ف۔ا۔مذ) ایک دھاگا جس میں سال گزرنے پر ایک گرہ دے دیتے ہیں۔

**رِشتہ قطع کرنا۔** (ا۔محاورہ) تعلق توڑ دینا۔ دوستی ختم کر دینا۔

**رِشتہ کرنا۔** (ا۔محاورہ) نسبت کرنا۔ شادی کرنا۔ تعلق پیدا کرنا۔

**رِشتۂ مریم۔** (ف۔ا۔مذ) ایک نہایت باریک دھاگا جو کہتے ہیں کہ حضرت مریم نے کاتا تھا۔

**رِشتہ ناتا۔** (ف۔ا۔مذ) میل جول۔ تعلق۔ قرابت۔

**رَشَحات۔** (رَش-حات) [ع۔ا۔مذ] رشحہ کی جمع۔ بوند۔ رَس۔

**رَشحہ۔** (رَش-حہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ٹپکن۔ پانی کا ٹپکنا (۲) بوند (۳) رَس۔ (۴) پسینہ۔ جمع: رشحات۔

**رَشحاتِ قلم۔** (ع۔ا۔مذ) تحریر۔ مضمون۔ جو کچھ قلم سے لکھا جائے۔

**رُشد۔** [ع۔ا۔مذ] (۱) ہدایت (۲) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۳) سچائی۔

**رَشک۔** [ف۔ا۔مذ] (۱) حسد۔ جلن (۲) رقابت (۳) یہ آرزو کہ جو چیز دوسرے کو حاصل ہے مجھے بھی مل جائے۔

**رَشک آنا۔** (ا۔محاورہ) کسی کے برابر ہونے کی خواہش ہونا۔ کسی عروج کو دیکھ کر کڑھنا۔

**رَشکِ پری۔ رَشکِ حُور۔ رَشکِ یوسفؑ۔** (ف۔ا۔صف) ایسا خوبصورت جس کے حُسن وجمال پر پری حور اور حضرت یوسفؑ کو بھی رشک آئے۔ نہایت خوبصورت۔

**رَشکِ قمر۔** (ف۔ا۔صف) ایسا خوبصورت جس پر چاند کو بھی رشک آئے۔

**رِشوَت۔** (رِش-وَت) [ع۔ا۔مث] ناجائز نذرانہ۔ ظلم سے لینا۔

**رِشوَت خوار۔ رِشوَت خور۔** (ع۔ف۔صف) رشوت کھانے والا۔ رشوت لینے والا۔

**رِشوَت ستانی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) رشوت لینا۔ ناجائز طریقے سے روپیہ حاصل کرنا۔

**رِشی۔** [س۔ا۔مذ] خدا پرست۔ سادھو۔ عابد۔ جوگی۔ درویش۔

**رَشید۔** (رَ-شِید) [ع۔صف] (۱) ہدایت یافتہ۔ ہدایت کیا ہوا (۲) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ (۳) سیدھی راہ دکھلانے یا پانے والا (۴) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

## ر ــــ ص

**رَصاص۔** (رَ-صاص) [ع۔ا۔مذ] قلعی۔ سیسہ۔ ٹین۔

**رَصَد۔** [ع۔ا۔مذ] مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ دیکھ بھال۔ مشاہدہ۔

**رَصَد بندی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) مشاہدۂ سیارگاں۔ سیاروں کا مشاہدہ۔

**رَصَد گاہ۔** ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ۔ جنتر منتر۔ (انگ) (Observatory)

## ر ــــ ض

**رَضِ۔** (ع) رضی اللہ عنہ کا اختصار۔ خدا اُن سے راضی ہوا۔



Marfat.com

رِضا۔ (رِ۔ضا) [ع۔ا۔مث] (۱) خوشنودی۔ خوشی۔ مرضی (۲) اجازت۔ مُہلت۔ رُخصت (۳) وہ چھٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔
رَضا۔ (رَ۔ضا) [ع۔ا۔مث] راضی ہونا۔ خوش ہونا۔
رَضا بہ قضا۔ (ف۔ مثل) جو خدا کی مرضی ہے اس پر راضی ہیں۔ تقدیر پر راضی ہونا
رَضا پانا۔ (ا۔ محاورہ) اجازت پانا۔
رَضا جُو۔ (ع۔ف۔صف) دوسرے کی رضامندی چاہنے والا۔ دوسرے کو خوش کرنے والا۔
رَضا کار۔ (ع۔ف۔صف) اپنی مرضی سے اپنے آپ کو خدمت مُلک و قوم کے لیے پیش کرنے والا۔ والنٹیر۔ (Volunteer)
رَضا کارانہ۔ (ع۔ف۔صف) اپنی مرضی سے۔ بلا جبر و اکراہ۔
رَضا مند۔ (ع۔ف۔صف) راضی۔ خوش۔ منظور کرنے والا۔
رَضا مندی۔ (ع۔ف۔ا۔مث) خوشنودی۔ منظوری۔
رَضائے مولیٰ از ہمہ اولیٰ (ف۔ مثل) خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے۔
رَضاعت۔ (رَ۔ضا۔عَت) [ع۔ا۔مث] شیرخواری۔ دُودھ پلانا۔ بچوں کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے۔
رَضاعی۔ (رَ۔ضا۔عی) [ع۔صف] دُودھ شریک۔ وہ بچے جنہوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔
رَضاعی بھائی۔ (ع۔ف۔ا۔صف) دُودھ شریک بھائی۔ کوکا۔
رَضائی۔ (رَ۔ضا۔ای) [اُ۔ا۔مث] (۱) رنگے ہوئے کپڑے کی رُوئی دار دُلائی (۲) چھوٹا لحاف (۳) گدڑی۔
رِضوان۔ (رِض۔وان) [ع۔ا۔مذ] (۱) ایک فرشتہ جو بہشت کا دربان اور موکل ہے (۲) بہشت (۳) برکت (۴) رضامندی۔
رِضوی۔ رِضویہ۔ (رِض۔وی۔ رِض۔وِی۔یہ) [ع۔صف] امام علی رضا سے نسبت رکھنے والا۔ اُن کی اولاد۔
رَضی۔ (ع۔صف) پسندیدہ (۲) خوشنود۔
رَضِیَ اللہُ عَنہُ۔ (ع۔ کلمۂ دُعا) کلمۂ دُعا جو صرف صحابہ رسُول کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اللہ ان سے راضی ہو
رَضیع۔ (رَ۔ضیع) [ع۔صف] (۱) دُودھ شریک (۲) دُودھ پیتا بچہ۔
رَضینا بالقضا۔ (ع۔ مقولہ) ہم اللہ کے حکم پر راضی ہوئے۔

## ر ــــ ط

رَطب۔ (ع۔صف) تر۔ تازہ۔ نرم۔ گیلا۔
رَطب اللِّسان۔ (ع۔صف) بہت تعریف کرنے والا۔ مدّاح۔ تر زبان۔
رَطب و یابس۔ (ع۔صف) تر و خشک۔ بُرا بھلا۔ نیک و بد۔
رُطب۔ (رُ۔طَب) [ع۔ا۔مذ] تازہ اور تر کھجور۔
رِطل۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) جام شراب (۲) آدھے سیر کا وزن۔ جمع: اَرطال۔
رُطوبت۔ (رُ۔طو۔بَت) [ع۔ا۔مث] (۱) تری۔ نمی۔ سیل (۲) عفونت (۳) نرمی۔ تازگی۔
رُطوبتِ اصلیہ۔ وہ تری جو خلقی طور پر عضو بدن میں ہوتی ہے۔
رُطوبت پیما۔ رطوبت کا اندازہ کرنے والا آلہ۔ (Hygrometre)

## ر ــــ ع

رَعایا۔ (رَ۔عا۔یا) [ع۔ا۔مث] (۱) رعیت کی جمع۔ محکوم لوگ (۲) اسامی۔ کاشت کار۔
رِعایت۔ (رِ۔عا۔یَت) [ع۔ا۔مث] (۱) پاس۔ نگہبانی۔ لحاظ۔ خیال۔ نگہداشت (۲) مناسبت (۳) طرفداری (۴) مہربانی (۵) توجہ (۶) کمی۔ تخفیف (۷) رحم۔ نرمی (۸) ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ تشبیہات اور استعارے پہلے لفظ کی مناسبت سے آتے ہیں۔
رِعایت کرنا۔ (ا۔ محاورہ) طرفداری کرنا۔ کسی بات کا خیال یا لحاظ رکھنا۔
رِعایتی۔ (رِ۔عا۔ی۔تی) [ع۔صف] (۱) وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے۔ آوردہ (۲) سفارشی۔
رِعایتی پٹّا۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) کاشتکاروں کو دی ہوئی رعایتی تحریر جس میں لگان کی تخفیف درج کی جاتی ہے۔
رِعایتی رُخصت۔ (ع۔ف۔ا۔مث) ایک قسم کی رُخصت جو گیارہ مہینے کی نوکری کے بعد پوری تنخواہ پر ملتی ہے۔
رُعب۔ [ع۔ا۔مذ] ڈر۔ خوف۔ ترس (اُر) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ شکوہ۔ دھاک۔ جلال۔
رُعب باندھنا۔ رُعب بٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) خوف بٹھانا۔ ہیبت بٹھانا۔ دھاک باندھنا۔
رُعب چھانا۔ (ا۔ محاورہ) خوف غالب ہونا۔ دہشت غالب ہونا۔ ہیبت آنا۔
رُعبِ حُسن۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) حُسن کی دھاک۔ حُسن کا دبدبہ۔
رُعب داب۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔
رُعب دار۔ (ع۔صف) دبدبے والا۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔
رُعب ماننا۔ (ا۔ محاورہ) خوف میں آجانا۔ دہشت میں آجانا۔
رُعب ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دبدبہ ہونا۔ ڈر ہونا۔
رَعد۔ [ع۔ا۔مذ] بجلی کی کڑک۔ گڑگڑاہٹ (۲) آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے۔
رَعد و برق۔ (ع۔مذ۔مث) بجلی اور کڑک۔
رَعشہ۔ (رَع۔شَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) لرزہ۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی (۲) ایک بیماری جس سے خود بخود ہاتھ وغیرہ کانپتے ہیں۔
رَعشہ بر اندام۔ (ع۔ف۔صف) بدن پر کپکپی طاری ہونا۔
رَعشہ دار آواز۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ آواز جس میں کپکپاہٹ ہو۔ لرزتی ہوئی آواز۔
رَعنا۔ (رَع۔نا) [ع۔صف] (۱) انداز سے چلنے والا۔ خوش خرام (۲) خوشنما۔ زیبا (۳) خوبصورت۔ حسین (۴) نازک۔ نرم (۵) ایک پھول (۶) چالاک۔ طرار۔



Marfat.com

**رَعنا زیبا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا نام۔
**رَعنائی** ۔ (رَع ۔ نا ۔ اِی) [ع ۔ ا ۔ مث] خود آرائی ۔ وضع داری ۔ دورنگی چالاکی ۔ طراری ۔ خوش خرامی۔
**رُعُونَت** ۔ (رُ ۔ عُو ۔ نَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) غرور ۔ سرکشی ۔ گھمنڈ ۔ دماغ (۲) شیخی ۔
**رَعی بنده** ۔ (رَ ۔ عی ۔ بَن ۔ دَه) [اُ ۔ ا ۔ مذ] زمینوں کے رُخوں کا نقشہ۔
**رَعیّت** ۔ (رَ ۔ عی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) اسامی (۲) کرایہ دار (۳) کاشتکار (۴) دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں (۵) وہ شخص جو بغیر کرائے کے کسی مکان میں رہے ۔
**رَعیتی** ۔ (رَ ۔ عی ۔ یَ ۔ تی) [ع ۔ صف] (۱) رعیت کا ۔ رعیت کی ملکیت (۲) جو کاشتکار یا آسامی کو دی جائے (۳) [اُ ۔ مث] دخل کاری ۔ قبضہ کرایہ داری (۴) اطاعت ۔ تابعداری (۵) زمین جس کی مالگذاری نقدی میں دی جائے (۶) زمین جو براہِ راست کاشتکار کو کاشت کے لیے دی جائے (۷) زمین جس پر کاشتکار رہے اور کاشت کرے ۔

## ر ـــــ غ

**رَغبَت** ۔ (رَغ ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) خواہش ۔ آرزو (۲) رُجحان میلان ۔ توجہ (۳) شوق ۔ پیار ۔ چاؤ۔
**رَغبت دلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہش پیدا کرنا ۔ اُکسانا۔
**رَغبت رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) میلان ہونا ۔ خواہش کرنا ۔
**رَغبت کی آنکھ سے دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پسند کرنا ۔ خواہش کرنا۔
**رَغم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نفرت ۔ حقارت ۔ تحقیر (۲) [مجازاً] کسی کے برخلاف کام کرنا۔

## ر ـــــ ف

**رَف** ۔ (Rough) [انگ ۔ صف] (۱) کھُردرا ۔ ناملائم ۔ ناہموار (۲) ابتدائی حالت میں ۔ اندازے پر مبنی ۔ تخمینی (۳) کٹا پھٹا ۔ نامرتب ۔ بھونڈا۔
**رَفاقَت** ۔ (رَ ۔ فا ۔ قَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) ہمراہی ۔ ساتھ (۲) محبت ۔ دوستی اتحاد (۳) [اُ] وفاداری ۔ خیر خواہی (۴) ہمدردی ۔ معاونت ۔
**رَفاقت سے مُنہ موڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ساتھ چھوڑنا ۔
**رَفاقت کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ دینا ۔ ہمراہ رہنا (۲) وفاداری کرنا خیر خواہی کرنا ۔
**رِفاه** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) آرام ۔ چین (۲) وہ کام جس سے لوگوں کو آرام ملے (۳) نیکی ۔ بھلائی ۔ بہتری ۔
**رِفاہ عام** ۔ **رِفاہ خلائق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) عام لوگوں کی بھلائی ۔ سب کے آرام کا کام ۔
**رَفاہیت** ۔ (رَ ۔ فا ۔ ہی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) خوشی (۲) بھلائی (۳) بہتری (۴) آرام ۔
**رَفت** ۔ (رَفت ۔ مث) رفتن مصدر سے ماضی مطلق (۲) چلنا ۔ روانگی ۔ اُردو میں زیادہ تر آمد و رفت میں استعمال ہوتا ہے ۔ رفتہ کا مخفف کیا ہوا۔
**رَفت گزشت** ۔ (رَفت ۔ گُ ۔ زَشت) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) گئی گذری رفع دفع (۲) ٹال مٹول ۔
**رَفت گزشت کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) باز آنا ۔ معاف کرنا ۔ خیال نہ کرنا ۔ دبانا آیا گیا کرنا ۔ جانے دینا۔
**رَفتار** ۔ (رَف ۔ تار) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) چال (۲) چلن ۔ رَوِش۔
**رَفتار اُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چال یا وضع کی نقل کرنا ۔
**رَفتار و گفتار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) چال چلن ۔ طور طریقہ۔
**رَفتگاں** ۔ (رَفت ۔ گاں) [ف ۔ ا ۔ مذ] رفتہ کی جمع ۔ گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ ۔
**رَفتگی** ۔ (رَف ۔ تَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) بیخودی (۲) نقصان ۔ جاتے رہنا
**رَفتنی** ۔ (رَف ۔ تَ ۔ نی) [ف ۔ صف] جانے کے قابل ۔ جانے پر مجبور (۲) جانے والا (۳) عارضی ۔
**رَفتہ** ۔ (رَف ۔ تَہ) [ف ۔ صف] (۱) بیخود ۔ عاشق (۲) گیا ہوا (۳) مرا ہوا۔ (۴) کھویا ہوا ۔ جمع : رفتگاں ۔
**رَفتہ رَفتہ** ۔ آہستہ آہستہ ۔ ہولے ہولے ۔ بتدریج ۔
**رَفرَف** ۔ (رَف ۔ رَف) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) لہروں کی تیز حرکت (۲) پروں کی پھڑپھڑاہٹ (۳) ایک چوڑا طاقچہ جس پر گھر میں قیمتی اشیاء رکھتے ہیں (۴) سبز کپڑا جس کے فرش وغیرہ بنتے ہیں (۵) تکیہ ۔ سرہانہ ۔ فرش (۶) کوئی فالتو چیز جو لٹکتی رہے (۷) خیمے کے نیچے کا کپڑا (۸) زرہ کے پہلو جو نیچے لگے رہیں (۹) کوئی چیز جو خود کے پچھلی طرف لگائی جائے اور لٹکتی رہے (۱۰) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام (۱۱) ایک درخت جو یمن میں ہوتا ہے (۱۲) ایک قسم کی مچھلی (۱۳) وہ جانور جس پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم معراج میں سوار ہوئے تھے۔
**رَفض** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) اختلاف ۔ بدعت ۔
**رَفع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اُٹھانا ۔ بلندی ۔ اُونچائی ۔ اُٹھان (۲) باز رہنا ۔ چھوڑنا (۳) ضمّہ ۔ پیش ۔
**رَفع احتیاج (حاجت)** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) پیشاب پاخانہ کرنا ۔
**رَفع دَفع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دُور کرنا ۔ ہٹانا ۔ دبانا ۔ معاف کرنا ۔ باز رہنا۔
**رَفع یَدین** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اُٹھانا۔ (۲) نماز میں ہر دفعہ تکبیر کہتے ہوئے ہاتھوں کو کانوں تک لے جانا۔ اہل حدیث اِسے ضروری سمجھتے ہیں۔
**رِفعَت** ۔ (رِف ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بلندی ۔ اُونچائی (۲) ترقّی ۔ رُتبے کی بلندی (۳) بزرگی ۔ عزّت ۔ شان۔
**رِفق** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] نرمی ۔ مہربانی۔
**رُفقاء** ۔ (رُ ۔ فَ ۔ قا) [ع ۔ ا ۔ مذ] رفیق کی جمع ۔ ساتھی ۔ دوست ۔
**رَفل** ۔ [اُ ۔ ا ۔ مث] (۱) رائفل (Rifle) کا بگڑا ہوا (۲) ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ ایک قسم کی ایک نالی بندوق جس میں سے گولی چکر کھا کر نکلتی ہے



Marfat.com

**رُفو** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا۔ پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا۔
**رَفو چکر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ چل دینا۔
**رَفو کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپڑے کے سوراخ کو تاگوں سے پیوند لگانا۔
**رَفوگر** ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) رفو کرنے والا۔ وہ شخص جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کرتا ہے۔
**رَفوگری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) رفو کرنے کا پیشہ۔ رفو کا کام۔
**رَفیدہ** ۔ (رَ فی ۔ دَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ پھونس بھری ہوئی گول گدی جس پر روٹی رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں (۲) (اُر) (طنزاً) گول اور بد وضع پگڑی (۳) گدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں۔
**رَفیع** ۔ (ع ۔ صف) اُونچا۔ بلند۔
**رَفیع الدَّرَجات** ۔ (ع ۔ صف) بڑے درجے یا رُتبے والا۔
**رَفیع الشّان** ۔ (ع ۔ صف) بڑی شان یا رُتبے والا۔
**رَفیق** ۔ (رَ ۔ فیق) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ساتھی ۔ ہم راہی ۔ ہم سفر (۲) مددگار۔ معاون (۳) خیر خواہ (۴) مصاحب ۔ ہم نشین (۵) دوست ۔ یار (۶) کسی کام میں شریک (۷) مُرید ۔ پیرو ۔ (عربی جمع رُفقاء ۔ فارسی جمع رفیقان)۔
**رَفیقِ حَیات** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) زندگی بھر کا ساتھی۔ شوہر۔ خاوند۔
**رَفیقۂ حَیات** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بیوی۔ رفیق حیات کی تانیث۔
**رَفیقِ کنجِ تنہائی کتاب است** ۔ (ف ۔ مقولہ) تنہائی کی بہترین دوست کتاب ہوتی ہے۔

# ر ــــ ق

**رِقاب** ۔ (رِ ۔ قاب) (ع ۔ ا ۔ مذ) رقبہ کی جمع (۱) گردنیں (۲) کنیز اور غلام۔
**رَقابت** ۔ (رَ ۔ قا ۔ بَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) مخالفت ۔ چشمک ۔ ہم چشمی ۔ ہم سری (۲) ایک معشوق کے کئی عاشق ہونا (۳) محبت میں شرکت۔
**رَقابت کی آگ** ۔ (ا ۔ مث) وہ جلن جو رقابت کی وجہ سے ہو۔
**رَقّاص** ۔ (رَق ۔ قاص) (ع ۔ ا ۔ مذ) ناچنے والا شخص (۲) گھنٹے کا لٹکن (۳) گھڑی کا سپرنگ۔ جمع : رقّاصان۔
**رقّاصِ فلک** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) زہرہ ستارہ۔
**رقّاصہ** ۔ (رَق ۔ قا ۔ صَہ) (ع ۔ ا ۔ مث) ناچنے والی عورت ۔ طوائف۔
**رقّاصی** ۔ (رَق ۔ قاصی) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ناچنا (۲) ناچنے کا پیشہ یا فن۔
**رِقاع** ۔ (رِ ۔ قاع) (ع ۔ ا ۔ مذ) جمع رُقعہ (۲) ایک قسم کا خط جس کو ابن مقلہ خوش نویس نے وضع کیا تھا۔
**رَقَبَہ** ۔ (رَ ۔ قَ ۔ بَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) گردن (۲) غلام۔
**رَقبَہ** ۔ (رَق ۔ بَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) گھری ہوئی زمین ۔ احاطہ (۲) گاؤں کے متعلق زمین (۳) (ریاضی) وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو۔

**رَقبَہ بندی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کسی جائداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ مقرر کرنا۔
**رَقبہ قابلِ تشخیص جمع** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ رقبہ جس پر محصول ہو یا ہونے کو ہو۔
**رَقبہ مشتہرہ کمیٹی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی) پانچ ہزار سے کم نفوس کی آبادی والے علاقوں میں میونسپل کمیٹی کی طرح کی کمیٹی
**رَقبہ نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا۔
**رِقّت** ۔ (رِق ۔ قَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) نرمی ۔ پتلاپن (۲) (مجازاً) رونا ۔ گریہ (۳) (اُر) حال ۔ وجد ۔ دل بھر آنا (۴) رحم ۔ ترس ۔ ہمدردی ۔ دردمندی رحم دل (۵) دیات (منی) کا پتلاپن۔
**رِقّت آنا ۔ رِقّت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دل بھر آنا۔ گریہ کرنا۔ حال آنا ۔ وجد آنا۔
**رِقّت انگیز** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جس پر رونا یا رحم آئے ۔ رِقّت طاری کرنے والی بات۔
**رِقّتُ الدَّم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) خارش ۔ خون کا پتلا پڑ جانا۔
**رِقّتِ قلب** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دل کی نرمی ۔ مہربانی۔
**رِقّتِ مَنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ایک بیماری جس میں منی پتلی پڑ جاتی ہے۔
**رِقّت نہ رُکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رونا بند نہ ہونا۔ لگاتار روئے جانا۔
**رَقص** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) اُچھلنا۔ کُودنا (۲) ناچ ۔ مجرا ۔ نِرت۔
**رَقصِ بسمل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔ تڑپنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔
**رَقصِ چار پارہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا ناچ۔
**رَقص کُناں** ۔ (ف) ناچتے ہوئے۔
**رَقص و سرود** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ناچ رنگ ۔ گانا بجانا ۔ راگ رنگ۔
**رَقصاں** ۔ (رَق ۔ صاں) (ف ۔ صف) ناچنے والا ۔ حالت رقص میں۔
**رَقطا** ۔ (رَق ۔ طا) (ع ۔ ا ۔ مث) ایک صنعت تحریر جس میں ایک حرف منقوطہ اور ایک غیر منقوطہ ہوتا ہے۔
**رُقعَہ** ۔ (رُق ۔ عَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ٹکڑا ۔ پُرزہ (۲) دھجی ۔ پیوند ۔ چیتھڑا (۳) چھوٹا خط ۔ چٹھی (۴) وہ چھپا یا لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا دیگر کسی خوشی کے موقع پر لوگوں کو بلانے کے لیے بھیجتے ہیں (۵) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے لیے شجرہ اور حسب و نسب لکھ کر دلہن کے گھر جاتا ہے۔ جمع : رقعات۔
**رُقعہ آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نسبت کا پیغام آنا (۲) کسی تقریب کے موقع پر بلاوے کی چٹھی آنا۔
**رُقعہ دار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔
**رَقَم** ۔ (رَ ۔ قَم) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) تحریر ۔ خط ۔ نوشتہ (۲) عدد ۔ ہندسہ (۳) عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں (۴) کل تعداد میزان (۵) مال ۔ دولت ۔ قیمتی چیز (۶) جواہر مرصع (۷) قسم ۔ نوع ۔ جنس (۸) ڈھنگ ۔ طور ۔ طریقہ (۹) اندراج ۔ مد (۱۰) مشترکہ جائداد کا ایک حصّہ (۱۱) مالگذاری کی شرح (۱۲) چٹھی جو شہزادہ لکھے (۱۳) کشیدہ کار یا دھاری دار کپڑا (۱۴) نشان ۔ قیمت کا نشان (۱۵) ناٹک کا ایک ایکٹ (۱۶) حساب (۱۷) (اُر) عجیب آدمی ۔ ہوشیار ۔ چالاک (۱۸)



Marfat.com

کم سِن۔کمسِی۔نوچی۔ جمع : رقوم۔

**رَقَمِ اوّل**۔(ع۔ا۔مث) خدا کا تخت۔کرسی (۲) کنایۃً نورِ محمّدی۔

**رَقَم پذیر۔ رَقَم زدہ**۔ (ع۔ف۔صف) لکھا ہوا۔تحریر شدہ۔

**رَقَم زن۔ رَقَم سنج۔ رَقَم طراز**۔ (ع۔ف۔صف) لکھنے والا کاتب۔محرّر

**رَقَم سائر۔ رَقَم سوائے**۔(ع۔ف۔ا۔مث) متفرق رقم۔وہ آمدنی جو زمیندار کو لگان کے علاوہ موصول ہوتی ہے۔

**رَقَم کاٹنا**۔ (ا۔محاورہ) روپیہ کم کر دینا۔

**رَقَم کرنا**۔(ا۔محاورہ) لکھنا۔تحریر کرنا۔

**رَقَم ماری جانا**۔ (ا۔محاورہ) روپے کا نقصان ہو جانا۔

**رَقَم دار**۔ (ع۔ف۔صف) تفصیل وار۔

**رَقَم مشتبہ الوصول**۔ وہ رقم جس کا وصول ہونا مشکوک ہے۔

**رَقمیں چیرنا**۔ (ا۔محاورہ) روپیہ کمانا۔مال حاصل کرنا۔

**رَقمی**۔ (رَق۔مِی) [ع۔صف] نشان کیا ہوا۔لکھا ہوا۔

**رُقوم**۔ (رُ۔قُوم) [جمع۔ا۔مث] رقم کی جمع۔روپیہ۔

**رَقیب**۔ (رَ۔قِیب) [ع۔ا۔مذ] (۱) نگہبان۔ پاسبان۔محافظ (۲) ہم پیشہ حریف (۳) ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک (۴) خدا کا ایک صفاتی نام۔

**رَقیق**۔ [ع۔صف] (۱) پتلا۔لطیف (۲) نرم۔ملائم۔

**رَقیقُ القلب**۔ (ع۔صف) نرم دِل۔رحم دل۔وہ شخص جس کا دِل جلد بھر آئے۔ترس کھانے والا۔

**رَقیقہ**۔ (ع۔مث) لونڈی۔کنیز۔

**رَقیم**۔ (رَ۔قِیم) [ع۔ا۔مذ] (۱) تحریر۔کتاب۔خصوصاً وہ جس میں اصحاب کہف کا قِصّہ درج ہے (۲) ان کا کتّا (۳) ان کا گاؤں یا پہاڑ (۴) غار جس میں وہ سوئے تھے۔

**رَقیمہ**۔ (رَ۔قِی۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] چِٹھی۔رُقعہ۔خط۔ جمع : رقائم۔

## ر ـــ ک

**رِکاب**۔ (رِ۔کاب) [ع۔ا۔مث] (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے اور سوار اس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے (۲) [مذ] بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا (۳) بڑی رکابی۔ (۴) تھالی (۵) طباق (۶) وہ لفظ جو ورق کے دوسرے صفحے کے نیچے اور صفحۂ اوّل کی ابتداء میں لکھا جاتا ہے۔

**رِکاب میں**۔ (۱) ہمراہ۔ہم رکاب۔

**رِکاب دار**۔ (۱) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر (۲) ماہر باورچی (۳) وہ شخص جو اچار، چٹنیاں مربّے وغیرہ بنا کر بیچے۔

**رِکاب دوال**۔ وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے۔

**رِکاب سعادت**۔ بادشاہ کے گھوڑے کے ساتھ دوڑنے والا۔ملازم

**رِکاب میں پاؤں رہنا**۔ہر وقت چلنے کے لیے تیار رہنا۔

**رِکابی**۔(رِ۔کا۔بی) [ف۔ا۔مث] (۱) تھالی۔طشتری (۲) ساقی۔پیالہ بردار (۳) گھوڑا جسے پرینڈ پر پکڑ کر لے جائیں (۴) تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے (۵) ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا (۶) ایک قسم کا تیل جو دمشق سے اونٹوں پر آتا تھا۔

**رِکابی چہرہ**۔ (ا۔مذ) چوڑا مُنہ۔گول مُنہ۔

**رِکابی مذہب**۔ (ا۔مذ) ہر دیگ چمچہ۔طفیلی۔لالچی۔خوشامدی۔تھالی کا بینگن۔بے اُصولا۔

**رکابی میں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ**۔(مثل) فائدے کا لالچ ساتھ رکھتا ہے۔مطلب کا یار ہے۔

**رکالت**۔(رَ۔کا۔لت) [ع۔ا۔مث] (۱) سُستی۔کمزوری (۲) بے عزّتی (۳) کمینگی۔

**رُکان**۔ (رُ۔کان) [ہ۔ا۔مث] (۱) طریقہ (۲) ڈھنگ (۳) لگام۔

**رُکاوٹ**۔ (رُ۔کا۔وَٹ) [ہ۔ا۔مث] اٹکاؤ۔ٹھہراؤ۔روک۔توقف (۲) تعرّض۔مزاحمت۔

**رُکاؤ**۔ (رُ۔کا۔ا٘ؤ) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے رکاوٹ۔

**رَکت**۔ [س۔ا۔مذ] (۱) لہو۔خون (۲) سُرخ رنگ (۳) [صف] رنگ دار رنگین (۴) بے حد مشتاق۔فریفتہ۔

**رِکٹس**۔ (Rickets) (رِ۔کٹس) [انگ۔ا۔مذ] دِقُ الاطفال۔سوکھے کی بیماری (بچوں کی)

**رُک رُک کر**۔ [ہ۔تابع فعل] (۱) گھٹ گھٹ کر (۲) ٹھہر ٹھہر کر (۳) لکنت سے۔ہکلا کر۔

**رَکشا**۔ (رَک۔شا) [س۔ا۔مث] (۱) امان۔حفاظت۔پناہ۔نگہبانی۔بچاؤ۔

**رَکشا بندھن**۔ (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) تہوار جس میں ہندو لوگ اپنے ہاتھوں پر راکھی باندھتے ہیں۔

**رِکشا**۔ (Rickshaw) (رِک۔شا) [انگ۔ا۔مث] ہلکی دو یا تین پہیوں کی چھتری دار چھوٹی گاڑی۔

**رَکعت**۔ (رَک۔عَت) [ع۔ا۔مث] (۱) جُھکاؤ۔خمیدگی (۲) نماز کا ایک حصّہ کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک جس میں ایک رکوع آ جائے۔ جمع : رکعات۔

**رُکن**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ستون۔تھم۔پیل پایہ (۲) ضروری حصّہ (۳) (اُمُر) کارندہ۔سربراہ (۴) کسی جماعت کا ممبر (۵) امیر۔سردار (۶) (عروض) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے ارکان سے بنے۔ارکان عربی میں دس ہیں (۷) باہر کا حصّہ۔کونہ۔زاویہ۔ جمع : ارکان۔

**رُکنُ الدّولہ**۔ (ف۔صف) امیر۔وزیر۔

**رُکن رکین**۔ (ف۔صف) بڑا رُکن۔مضبوط رُکن۔

**رُکن سلطنت**۔ (ف۔ا۔مذ) حکومت کے امیروں وزیروں میں ایک۔

**رُکن یمانی**۔ (ع۔ف۔مذ) کعبہ شریف کے رُکنوں میں سے ایک رُکن۔

**رُکنا**۔ (رُک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹھہرنا۔تھمنا (۲) ستلانا۔لکنت کرنا (۳) کشیدہ ہونا۔کھنچنا (۴) باز رہنا (۵) ٹھٹکنا۔اٹکنا (۶) دم لینا۔توقف کرنا (۷) کشمکش و پیچ میں ہونا۔پس و پیش کرنا (۸) جمنا۔رٹنا (۹)



Marfat.com

معمور ہونا ۔ پُر ہونا (۱۰) بند ہونا ۔ مسدُود ہونا (۱۱) حیض نہ آنا (۱۲) جاری نہ کرنا (۱۳) جھجکنا ۔ بھڑکنا ۔ بدکنا (۱۴) چلنے یا بہنے سے رہ جانا (۱۵) پیچ و تاب کھانا (۱۶) خفا ہونا ۔ ترکِ ملاقات کرنا ۔ اعراض کرنا۔

**رُکنیت** ۔ (رُک ۔ نِی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] رُکن ہونا ۔ ممبری۔

**رُکوانا** ۔ (رُک ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] رُکنا کا متعدی المتعدی۔

**رَکُوب** ۔ (رَ ۔ کُوب) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) سوار (۲) سواری کا اُونٹ۔

**رُکوع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا ۔ جھکاؤ۔

**رَکھ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] جنگل ۔ وہ جنگل جس میں سے عوام کو گھاس یا لکڑی کاٹنے کی ممانعت ہو (۲) رکھنا مصدر کا صیغۂ امر۔

**رَکھ پَت ۔ رکھا پَت** ۔ (ہ ۔ مقولہ) دوسروں کی عزت کرا اور اپنی عزت کروا

**رَکھ چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جمع رکھنا (۲) نہ دینا ۔ دبا لینا۔

**رَکھ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی جگہ کوئی چیز رکھ دینا (۲) ہارنا ۔ ہتھیار ڈال دینا۔

**رَکھ رکھاؤ** ۔ (ا ۔ مذ) تکلّف ۔ خاطر داری ۔ دیکھ بھال۔

**رُکھ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] رُوکھ کا مخفف ۔ درخت۔

**رَکھا رکھایا** ۔ [اُ ۔ ا ۔ مذ] رکھا ہوا (۲) باسی۔

**رُکھانی ۔ رُوکھانی** ۔ (رُ ۔ کھا ۔ نِی ۔ رُو ۔ کھا ۔ نِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] بڑھئی کا ایک اوزار ۔ برما۔

**رُکھاوت** ۔ (رُ ۔ کھا ۔ وَت) [ق ۔ ا ۔ مث] رُوکھا پن ۔ بے مروّتی۔

**رَکھا ہونا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) کچھ موجود ہونا ۔ طاقت ہونا (۲) قائم ہونا (۳) باقی رہنا۔

**رکھاؤ** ۔ (رَکھ ۔ او) [ق ۔ ا ۔ مث] رکھی ہوئی عورت ۔ ملازمہ ۔ لونڈی۔

**رُکھائی** ۔ (رُ ۔ کھا ۔ اِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) رُوکھا پن ۔ بے التفاتی ۔ بداخلاقی (۲) بے وفائی ۔ بے مروّتی ۔ اعراض ۔ انکار۔

**رُکھائی کی لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بدمزاجی ظاہر کرنا ۔ بے پروائی کرنا۔

**رِکھب** ۔ (رِ ۔ کھب) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک سُر کا نام۔

**رَکھتنی** ۔ (رَکھ ۔ تَ ۔ نِی) [ق ۔ ا ۔ مذ] وہ روپیہ جو صدقہ کر کے نوکروں کو دیا جائے۔

**رَکھ کے کہنا** ۔ (اُ ۔ مص) کسی پر ڈال کر کوئی بات کہنا ۔ اشارتاً کوئی بات کہنا۔

**رَکھ لینا** ۔ (اُ ۔ مص) (۱) لے لینا ۔ قبول کر لینا ۔ بچا لینا (۲) زد پر رکھنا ۔ متواتر وار کرنا۔

**رَکھنا** ۔ (رَکھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دھرنا ۔ لگانا (۲) بچانا ۔ خبرداری کرنا (۳) جمع کرنا اکٹھا کرنا (۴) چھوڑنا ۔ موقوف کرنا (۵) دفن کرنا (۶) رہن کرنا (۷) داخل کرنا (۸) دبا لینا ۔ مار لینا (۹) روکنا ۔ ٹھہرانا (۱۰) مقرر کرنا (۱۱) نطفہ ڈالنا (۱۲) نصب کرنا ۔ کھڑا کرنا (۱۳) لگانا ۔ مارنا (۱۴) مرغی کے نیچے انڈے رکھنا (۱۵) مقروض ہونا ۔ قرض دار ہونا (۱۶) حوالے کرنا ۔ پیش کرنا (۱۷) نذر کرنا ۔ بھینٹ چڑھانا (۱۸) ٹالنا ۔ آلا بالا بتانا (۱۹) خرچ نہ ہونے دینا (۲۰) سُپرد کرنا (۲۱) شرط پر لگانا (۲۲) برتن میں ڈالنا (۲۳) پرورش کرنا (۲۴) قبول کرنا (۲۵) ذمّہ ڈالنا (۲۶) چرانا ۔ خیانت کرنا (۲۷) مدخولہ بنانا ۔ صحبت کرنا (۲۸) طوائف یا نوکر رکھنا۔ (۲۹) دلداری کرنا۔

**رکھو اس مقولے پہ دار و مدار ۔ کہ نو نقد نہ تیرہ اُدھار** ۔ (اُ ۔ مثل) جو چیز فوراً مل جائے وہ اس اچھی چیز سے جس کا وعدہ کیا جائے بہتر ہے۔

**رَکھوالا** ۔ (رَکھ ۔ وا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) محافظ ۔ نگہبان ۔ چوکیدار ۔ نگران۔

**رَکھوالی** ۔ (رَکھ ۔ والی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) محافظت ۔ پاسبانی (۲) چوکیداری کی تنخواہ (۳) رکھوالا کی تانیث۔

**رَکھوا لینا** ۔ (رَکھ ۔ وا ۔ لے ۔ نا) [ہ ۔ مص] واپس لینا ۔ لے لینا ۔ دھروا لینا۔

**رَکھوانا** ۔ (رَکھ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) رکھنا کا متعدی المتعدی ۔ جمع کرانا (۲) دھرانا (۳) گرو کرانا (۴) نوکر کرانا۔

**رِکھونچا** ۔ (رِ ۔ کھوں ۔ چا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ ٹکڑے جو مونگ یا ماش کی دھوئی ہوئی دال پیس کر بناتے ہیں ۔ بڑیاں۔

**رَکیب** ۔ (رَ ۔ کیب) [ع ۔ ا ۔ مذ] سوار کے ساتھ جو دوسرا سوار بیٹھے۔

**رَکیبی** ۔ (رَ ۔ کے ۔ بی) [ق ۔ ا ۔ مث] رکابی۔

**رَکیک** ۔ (رَ ۔ کیک) [ع ۔ صف] (۱) سُست (۲) دُبلا پتلا ۔ نازک (۳) ناچیز ۔ ادنیٰ (۴) نفیس۔

**رَکیلا** ۔ (رَ ۔ کی ۔ لا) [اُ ۔ صف] بد ذات مرد۔

**رَکین** ۔ (رَ ۔ کین) [ع ۔ صف] (۱) سنجیدہ ۔ متین (۲) استوار ۔ محکم ۔ مضبوط۔

# ر ـــ گ

**رَگ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) نَس ۔ عرق ۔ نبض ۔ جسم کی وہ نلیاں جن میں خون رہتا ہے (۲) [اُ] پٹھا ۔ عصب (۳) پھول یا پتّے کا ریشہ (۴) آنکھ کا ڈورا (۵) اصل ۔ نسل ۔ ذات (۶) تار ۔ تاگا ۔ دھاگا (۷) ضد ۔ ڈھیٹ پن

**رَگِ ابر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بادل کی سیاہ دھاری۔

**رَگ اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ضد اُترنا (۲) غصہ جاتا رہنا (۳) آنت کا فوطے میں اُتر آنا۔

**رَگ پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اصل بات معلوم کرنا۔

**رَگ پٹھے سے واقف ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اصلیت سے واقف ہونا ۔ ذات بنیاد سے واقف ہونا۔

**رَگ پھڑکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ماتھا ٹھنکنا ۔ کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہونا ۔ شدنی امر سے واقف ہونا۔

**رَگ پھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جوشِ خون سے رگ کا موٹا ہو جانا۔

**رَگِ جاں** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے۔

**رَگِ جاں سے نزدیک ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (خدا کی تعریف ہے) بہت قریب ہونا۔

**رَگ چڑھ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔ ضد کرنا ۔ کوئی بُری عادت ہونا۔

**رَگ چڑھ گئی** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصّے میں بھرے ہوئے ہیں ۔ مانتے نہیں۔



Marfat.com

رَگِ حمیّت ۔ (ف ۔ امث) غیرت یا حمیّت کا جوش۔
رَگ دار ۔ (ف ۔ صف) (۱) ریشے دار (۲) بُری عادت والا (۳) کپڑا جس میں بعض ریشے اُبھرے ہوئے ہوں۔
رَگ دَبنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ڈرنا (۲) قابو میں ہونا۔
رَگ رَگ سے واقف ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) پوری طرح جاننا۔
رَگ رَگ میں ۔ (۱) ہر رگ میں ۔ رگوں میں ۔ ہر جگہ بدن میں۔
رَگ رَگ میں کُوٹ کر بھرا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی صفت کا کسی میں کامل طور پر ہونا۔
رَگ زن ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) فصد کھولنے والا۔
رَگِ طنبور ۔ (ف ۔ امث) طنبور کے تار۔
رَگ کا منہ کُھل جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) فصد کھلوانے پر جو حد سے زیادہ خون آئے تو کہتے ہیں۔
رَگ کھڑی ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) رگ پر ورم آجانا۔
رَگِ گردن ۔ (ف ۔ امث) رگِ جان ۔ شاہ رگ (کنایۃً) غرور ۔ سرکشی۔
رَگ وپے ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) رگ ۔ پٹھا۔
رَگ وپے میں دوڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) اثر کرنا ۔ سرایت کرنا۔
رَگ وریشہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) اصل ۔ نسل (۲) خُو بُو (۳) بنیاد (۴) رگ پٹھا گوشت پوست۔
رَگ وریشہ میں پڑا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بُری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا ۔ گوشت وپوست میں شامل ہونا ۔ اصل میں ہونا ۔ گھُٹی میں پڑنا۔
رَگ وریشے میں شرارت بھری ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) بے حد شریر ہونا۔
رگوں میں خون دوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خون کا نسوں میں تیزی سے حرکت کرنا
رگ وید ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں میں سے ایک جو سب سے اوّل اور اہم ہے۔
رگیں مرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) رگوں کی قوت جاتی رہنا (۲) نامرد ہو جانا ۔ کمزور ہو جانا۔
رگیں نکل آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔
رگبی ۔ (Rugby) (رگ ۔ بی) (انگ ۔ ا ۔ مذ) فٹ بال کی ایک قسم جس میں کھلاڑی ہاتھ کو بھی استعمال کر سکتے ہیں اور اس کھلاڑی کو بھی پکڑ سکتے ہیں جو گیند لے جا رہا ہو ۔ ہار جیت کا فیصلہ نمبروں سے ہوتا ہے۔
رگڑ ۔ (رَ ۔ گڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے یا آپس میں گھسنے سے ہو جاتا ہے ۔ گھساؤ (۲) خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے (۳) (کمہاروں کی اصطلاح) پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز (۴) ڈھول کا جلد جلد بجنا۔
رگڑا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) جھنگ گھوٹنا ۔ کسی چیز کو دوسری چیز پر رگڑنا۔
رگڑ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) گھس دینا۔
رگڑ رگڑ کر ۔ (ا ۔ متعلق فعل) مل مل کے۔

رگڑ کھانا ۔ رگڑ لگنا ۔ (ا ۔ محاورہ) گھسنا لگنا ۔ ٹکرانا ۔ رگڑ لگنا۔
رگڑا ۔ (رگ ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) خراش (۲) پیسنا (۳) چمکانا (۴) جھگڑا ۔ لڑائی (۵) نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر ہو جاتا ہے (۶) بھنگ گھوٹنا (۷) ایک قسم کا سُرمہ یا لیپ آنکھوں کے لیے۔
رگڑا جھگڑا ۔ (ا ۔ مذ) فساد ۔ بحث ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ تکرار۔
رگڑنا ۔ (رَ ۔ گڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) گھسنا (۲) پیسنا (۳) گھوٹنا (۴) مانجنا ۔ صاف کرنا (۵) چھیلنا ۔ رندہ کرنا (۶) ستانا ۔ حیران کرنا ۔ کھال کھینچنا (۷) حرکت دینا۔
رَگنا ۔ (ہ ۔ مص) (۱) لگنا ۔ تعلق رکھنا (۲) عاشق ہونا۔
رُگنتا ۔ (رُ ۔ گن ۔ تا) (س ۔ ا ۔ مث) (۱) شکستگی (۲) کجی ۔ ٹیڑھ (۳) بیماری روگ ۔ مرض ۔ ماندگی۔
رَگھو ۔ (رَ ۔ گھو) (س ۔ صف) (۱) تیز ۔ پھُرتیلا ۔ تیز رفتار (۲) ہلکا ۔ خفیف ۔ چھچھورا ۔ بے وفا (۳) (مذ) تیز گھوڑا ۔ گھوڑ دوڑ کا گھوڑا۔
رَگید ۔ (رَ ۔ گید) (ہ ۔ ا ۔ مث) پیچھا ۔ تعاقب۔
رَگید رگا دکر ۔ تعاقب کرکے ۔ گھیر گھار کر ۔ مار پیٹ کر۔
رَگیدنا ۔ (رَ ۔ گید ۔ نا) (ہ ۔ مص) پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔ گھیر کر بھگانا۔
رَگیل ۔ (رَ ۔ گیل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ کبوتر جو دانہ کھا کر اُڑ جاتا ہے (۲) ہرجائی آدمی (۳) فضول چیز۔
رَگیلا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) شریر ۔ وہ کپڑا جس کا تانا بانا اُبھرا ہوا ہو ۔ موٹی رگوں کا بان ۔ صاف نہ کیا ہوا گوشت۔

# ر ـــ ل

رَلا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) آمیزش ۔ ملاوٹ (۲) جھمیلا ۔ بکھیڑا (۳) بھُول ۔ مغالطہ۔
رَلا پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) مغالطہ پڑنا ۔ حساب میں بھُول پڑنا ۔ بکھیڑا ڈالنا۔
رَلا ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مغالطہ ڈالنا ۔ جھگڑا ڈالنا (۲) آمیزش کرنا۔
رَلا مِلا ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ملا جُلا ۔ خلط ملط۔
رَلے مِلے پنچوں رہیئے ۔ جان جائے پر سچ نہ کہیے ۔ (ہ ۔ مثل) پنچایت کے ساتھ اتفاق رکھنا چاہیئے ۔ چاہے جھوٹ ہی بولنا پڑے۔
رُل ۔ رُلا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) زمین جو اس غرض سے سال دو سال کاشت نہ کی جائے کہ اس میں طاقت آجائے۔
رَلانا ۔ (رَ ۔ لا ۔ نا) (ہ ۔ مص) ملانا ۔ آمیزش کرنا ۔ شامل کرنا ۔ گڑبڑ کرنا۔
رُلانا ۔ (رُ ۔ لا ۔ نا) (ہ ۔ مص) رونا کا متعدی ۔ تنگ کرنا ۔ صدمہ پہنچانا ۔ دق کرنا۔
رَل مِل جانا ۔ (ہ ۔ مص) (۱) مخلوط ہو جانا (۲) اتحاد ہونا ۔ گھُل مِل جانا۔
رَلنا ۔ (رَل ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) ملنا ۔ آمیز ہونا (۲) شامل ہونا (۳) سازش ہونا (۴) گڈمڈ ہونا۔
رُلنا ۔ (رُل ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) تباہ ہونا (۲) ہموار ہونا (۳) زندہ پھرنا (۴) بکھرنا (۵) آوارہ ہو جانا (۶) کھو جانا۔



Marfat.com

رَلیاں ۔ (رَل۔یاں) [ق ۔ا۔مث] خوشی (اب رنگ کے ساتھ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے ۔

# ر ـــــ م

رَم ۔ (Rum) [انگ ۔ا۔مث] گڑ کی شراب۔

رَم ۔ [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) ڈر۔خوف ۔ دہشت (۲) وحشت ۔ نفرت (۳) گریز ۔ بھاگنا (۴) چھپنا۔

رم بھُول جانا ۔ (ا۔ محاورہ) چوکڑی بھول جانا ۔ گھبرا جانا ۔ شش و پنج میں پڑ جانا۔

رَم خوردہ ۔ رَم دیدہ ۔ رَم زدہ ۔ رَم کردہ ۔ (صفت مفعولی) بھاگا ہوا۔ وحشت زدہ۔

رَم کرنا ۔ بھاگ جانا ۔ دوڑ جانا۔

رِم ۔ (انگریزی ریم (Ream) کا مورد۔ا ۔ مذ) کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل۔

رِم ۔ (Rim) [انگ ۔ مذ] پہیے کا حلقہ یا گھیرا ۔ خاص طور پر سائیکل کا پہیا ۔ جس پر ٹائر اور ٹیوب چڑھاتے ہیں۔

رَما ۔ [س ۔ا۔مث] (۱) بیوی (۲) معشوقہ (۳) لکشمی کا ایک نام (۴) خوش نصیبی ۔ اقبال (۵) دولت مندی ۔ امارت ۔ شان و شوکت ۔ (۶) کاتک بُدی کی گیارھویں تاریخ۔

رَماد ۔ [ف ۔ا ۔مث] راکھ ۔ خاکستر۔

رَمّاز ۔ (رَم ۔ ماز) [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) وہ شخص جو اشاروں سے یا خفیہ طور پر گفتگو کرے (۲) پہیلیاں کہنے والا شخص۔

رَمّال ۔ (رَم ۔مال) [ع ۔ا ۔ مذ] علم رَمل کا ماہر ۔ جوتشی ۔ نجومی۔

رمّالی ۔ (رَم ۔ما ۔لی) [ع ۔ا ۔مث] رَمل ۔ نجوم ۔ جوتش۔

رُمّان ۔ (رُم ۔ مان) [ع ۔ا ۔ مذ] انار۔

رَمانا ۔ (رَ۔ما۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) پھرانا ۔ گھمانا (۲) دل بہلانا ۔ بات چیت میں لگانا (۳) جوگ ، اختیار کرنا (۴) آگ جلانا جوگی کا (۵) رچانا۔

رُمّانی ۔ [ع ۔ا ۔مث] انار کے رنگ کا ۔ انار سے منسوب۔

رَمبا ۔ (رَم ۔با) [ہ ۔ا ۔ مذ] کھُرپا۔

رَمبھانا ۔ (رَم ۔ بھا ۔نا) [ہ ۔ مص] گائے کا بولنا ۔ بھینس کا ڈکرانا۔

رَمپا ۔ (رَم ۔پا) [ہ ۔ا ۔ مذ] چمڑا چھیلنے کا آلہ۔

رَمپی ۔ (رَم ۔پی) [ہ ۔ا ۔مث] رمپا کی تصغیر ۔ چمڑا تراشنے کا چھوٹا آلہ۔

رَمتا ۔ (رم ۔تا) [ہ ۔ صف] چلتا پھرتا ۔ گھومنے والا ۔ آوارہ۔

رَمتا جوگی ۔ (ہ ۔ مذ) پھرتا پھرتا جوگی ۔ سیاح ۔ درویش۔

رم جھم ۔ [ہ ۔ا ۔ مث] بارش کی خفیف آواز۔

رم جھم مینہ برسنا ۔ (ا ۔ محاورہ) آہستہ آہستہ مینہ برسنا۔

رَمچیرا ۔ (رَم ۔ چے ۔را) [ہ ۔ا ۔ مذ] (۱) غلام ۔ نوکر۔

رَمد ۔ [ع ۔ا ۔ مذ] ایک بیماری جس سے آنکھیں سُرخ رہتی ہیں۔

رَمدو پھٹّو ۔ (رَم ۔ دو ۔ پھٹ ۔ ٹو) [ہ ۔ا ۔ مذ] ایرے غیرے نتھو خیرے ۔ عام لوگ ۔ خلقت۔

رَمز ۔ [ع ۔ا ۔مث] (۱) آنکھوں ۔ بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ ۔ غمزہ ۔ عشوہ (۲) ایما ۔ اشارہ (۳) [اُر] معمّا ۔ پہیلی ۔ پیچ دار بات (۴) بھید ۔ راز (۵) نکتہ ۔ باریکی (۶) نوک جھونک (۷) طعنہ مہنہ (۸) علامت ۔ نشان (۹) بات ۔ معاملہ (۱۰) پوشیدہ بات ۔ مخفی بات ۔ (۱۱) ذومعنی بات ۔ پہلو دار بات (۱۲) بات کی جڑ ۔ مفہوم ۔ مُراد۔ جمع : رُموز۔

رَمز آمیز ۔ [ف ۔ صف] اشارے کنائے سے ۔ طنزیہ کلام۔

رَمز پہچان جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) اصل منشا معلوم کر لینا ۔ بات تاڑ جانا۔

رَمز پھینکنا ۔ رَمز مارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اشارہ کنایہ کرنا (۲) آوازہ توازہ کسنا (۳) طعنے دینا۔

رَمز شناس ۔ [ف ۔ صف] اشارہ پہچاننے والا۔

رَمز کی باتیں ۔ رَمز کی گھاتیں ۔ [ف ۔ا ۔ مث] (۱) بھید کی باتیں (۲) اشارے کنائے کی باتیں (۳) طعنے مہنے (۴) نکتے کی باتیں۔

رَمَضان ۔ (رَ ۔ مَ ۔ضان) [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) جلانے والا (۲) مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ ۔ ماہِ صیام ۔ وہ مہینہ جس میں اہل اسلام روزے رکھتے ہیں۔

رَمَضان کے نمازی ۔ چند روزہ نمازی۔

رَمَضان کے نمازی محرّم کے سپاہی ۔ (مثل) ظاہر دار کی نسبت بولتے ہیں

رَمضانی ۔ (رَم ۔ضا ۔نی) [اُر ۔ صف] (۱) ماہِ رمضان کا (۲) رمضان کے متعلق (۳) روزوں کا یا ان کے متعلق (۴) جو رمضان میں پیدا ہوا ہو۔

رَمَق ۔ (رَ ۔ مَق) [ع ۔ا ۔مث] (۱) تھوڑی سی جان ۔ رہی سہی جان ۔ اخیر سانس (۲) ذرا سا (۳) چاشنی کا کچھ اثر۔

رَمْل ۔ [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) ایک علم کا نام جس میں ہندسوں اور خطوط وغیرہ کے ذریعے غیب کی بات دریافت کرتے ہیں ۔ نجوم ۔ جوتش۔ جمع : رمّال۔

رَمَل ۔ [ع ۔ا ۔مث] (۱) علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

رَمنا ۔ (رَم ۔نا) [ہ ۔ مص ۔ ہ ۔ا ۔ مذ] (۱) پھرنا ۔ گھومنا (۲) سمانا (۳) جھٹکنا ۔ (۴) رہ پڑنا (۵) چراگاہ ۔ مرغزار ۔ سبزہ زار (۶) شکارگاہ۔

رُموز ۔ (رُ ۔ موز) [ع ۔ا ۔مث] رَمز کی جمع ۔ اشارہ ۔ راز ۔ بھید۔

رُموز عاشقاں عاشق بداند ۔ (ف ۔ مثل) ہم پیشہ ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں

رُموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند ۔ (ف ۔ مثل) ملک کی بہتری کے راز وہ بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔

رُموزیں چھانٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نوک جھونک کی باتیں کرنا۔

رَمَہ ۔ (رَ ۔ مہ) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) گلّہ ۔ جھُنڈ ۔ گروہ (۲) جماعت ۔ فوج ۔ بھیڑ۔

رَمی ۔ (رَ ۔ می) [ع ۔ا ۔ مذ] کوئی چیز پھینکنا۔

رَمی بالغیب ۔ [ع ۔ محاورہ] اٹکل پچو کوئی بات کہنا۔

رَمیِ جمار ۔ [ع ۔ مث] کنکریاں پھینکنا (حاجی منیٰ میں پہنچ کر ایک مقام پر کنکریاں مارتے ہیں اس کو رمی جمار کہتے ہیں)۔



Marfat.com

رَمی ۔ (انگ ۔ ا ۔ مث) تاش کا ایک کھیل۔
رَمیدگی ۔ (رَ ۔ مِی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بھاگن (۲) وحشت (۳) تنفر۔
رَمیدہ ۔ (رَ ۔ مِی ۔ دَہ) (ف ۔ صف) (۱) رَم کیے ہوئے ۔ بھاگا ہوا (۲) وحشی ۔
رَمیم ۔ (رَ ۔ مِیم) (ع ۔ صف) گلی ہوئی ۔ بوسیدہ ۔ کہنہ ۔ جمع ۔ رَمائم۔

## ر ـــ ن

رَن ۔ (رن ۔ ا ۔ مذ) (۱) لڑائی ۔ جنگ ۔ رزم ۔ کارزار ۔ معرکہ ۔ کھیت (۲) میدانِ جنگ ۔ رزم گاہ ۔ میدانِ کارزار ۔ مقتل (۳) (ہ ۔ ا ۔ مذ) جنگل ۔ بیابان۔
رَن بَن ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) جنگل بیابان۔
رَن بھومی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) میدانِ جنگ۔
رَن پر چڑھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جنگ کے لیے جانا (۲) جنگ کرنا ۔ لڑنا۔
رَن پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جنگ ہونا ۔ لڑائی ہونا (۲) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔
رَن جیت (رَنجیت) ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) فاتح ۔ جنگ جیتنے والا۔
رَن دھیر (رَندھیر) ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ثابت قدم ۔ باحوصلہ ۔ مستقل مزاج ۔
رَن کا کھیت ۔ میدانِ جنگ۔
رَن کی فکر نہ دھن کی چوٹ ۔ یہ دَھم دھوسر کا موٹ ۔ (مثل) بے فکر موٹا آدمی۔
رَن گڑھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) لڑائی کا قلعہ ۔ وہ جگہ جس کے گرد مورچے بنائے جائیں۔
رَن گھن ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) قتلِ عام۔
رَن مہتاب ۔ (ا ۔ مذ) روشنی کا گولا جو میدانِ جنگ میں روشنی کے لیے رات کو چھوڑتے ہیں۔
رَن ہلا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) میدانِ جنگ میں لرزہ پیدا کرنا۔
رَن ۔ (Run) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) دوڑ ۔ جھپٹ (۲) کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک کی دوڑ۔
رَن آؤٹ ۔ (Runout) کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک دوڑتے ہوئے آؤٹ ہو جانا۔
رنج ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) غصہ ۔ غضب ۔ کدورت (۲) دُکھ ۔ درد ۔ بیماری (۳) غم ملال ۔ اندوہ (۴) افسوس ۔ پچھتاوا۔
رنج آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ملال ہونا۔
رنج اُٹھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ برداشت کرنا۔
رنج بھولنا ۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ ۔ ملال اور تکلیف کا دل سے محو ہونا۔
رنج پہنچانا ۔ (ا ۔ محاورہ) اذیت دینا ۔ ملول کرنا۔
رنج دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) آزردہ کرنا ۔ ستانا ۔ بیزار کرنا۔
رنج سہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج برداشت کرنا۔
رنج سے چھوٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) غم و افسوس سے نجات پانا۔
رنج کرنا ۔ (مص ۔ مرکب) غم کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ کڑھنا۔
رنج کھینا ۔ رنج کھینچنا ۔ رنج لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) رنج اُٹھانا ۔ صدمہ برداشت کرنا۔
رنج مٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تکلیف دُور ہونا۔
رنج مول لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) اپنے سر کوئی دُکھ لینا ۔ خواہ مخواہ تکلیف اُٹھانا۔
رنج و محن ۔ (ف ۔ مذ) دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ مصیبت۔
رَنجش ۔ (رَن ۔ جِش) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) غم (۲) آزردگی ۔ بگاڑ ۔ اَن بَن ۔ ناخوشی۔
رَنجشی ۔ (رَنج ۔ شی) (ق ۔ ا ۔ مث) سختی ۔ بُرا وقت۔
رَنجک ۔ (رَن ۔ جک) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بارُود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے لیے رکھی جاتی ہے (۲) تحریک ۔ اغوا (۳) چورن ۔ سفوف۔
رنجک اُڑانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا (۲) بتی لگانا ۔ فتیلہ دینا (۳) چمکانا (۴) گوز اُڑانا ۔ پھسکی لگانا۔
رنجک پلانا ۔ رنجک ڈالنا ۔ رنجک رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بندوق یا توپ کے پیالے میں بارود رکھنا۔
رنجک چاٹ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) توپ یا بندوق کا سر نہ ہونا (۲) رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا۔
رنجک دان ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) رنجک رکھنے کا پیالہ۔
رَنجن ۔ (رَن ۔ جَن) (ق ۔ ا ۔ مذ) بڑا مٹکا۔
رَنجور ۔ (رَن ۔ جُور) (ف ۔ صف) (اصل میں رنج وَر تھا جیم کو پیش دے کر واؤ ساکن کر دیا) (۱) بیمار ۔ افسردہ ۔ مغموم۔
رَنجوری ۔ (رَن ۔ جُوری) (ف ۔ ا ۔ مث) بیماری ۔ روگ ۔ مصیبت ۔ تکلیف۔
رَنجہ ۔ (رَن ۔ جَہ) (ف ۔ صف) (۱) رنجیدہ ۔ مغموم (۲) (مذ) رنج (۳) نزاکت کی چال یا طرز۔
رَنجیدگی ۔ (رَن ۔ جی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) رنجش ۔ ملال۔
رَنجیدہ ۔ (رَن ۔ جی ۔ دَہ) (ف ۔ صف) (۱) خفا ۔ ناراض ۔ بیزار (۲) اُداس افسردہ۔
رَنجیدہ خاطر ۔ (ف ۔ صف) ناخوش ۔ دُکھی ۔ ناراض ۔ افسردہ ۔ اُداس۔
رَندَ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیوار قلعہ یا شہر پناہ کے وہ موکھے جو غنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔
رِند ۔ (ف ۔ صف) (۱) آزاد ۔ بے قید شخص (۲) جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو (۳) شرابی (۴) صوفی (۵) عیاش (۶) آوارہ (۷) ہوشیار ۔ چالاک۔
رِند مذہب ۔ رِند مشرب ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آزاد (۲) اوباش وضع۔
رِندانِ سیاہ مست ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) بدکار آدمی ۔ شرابی۔
رِندانہ ۔ (رِن ۔ دا ۔ نَہ) (ف ۔ صف) (۱) رِند سے نسبت رکھنے والا ۔ آزادانہ (۲) اوباشانہ۔
رَندنا ۔ (رَند ۔ نا) (ہ ۔ مص) رندے سے چھیلنا ۔ صاف کرنا۔
رُندنا ۔ (رُند ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) پامال ہونا ۔ پِسنا (۲) قید ہونا (۳) روکا جانا (۴) غمگین ہونا (۵) گھبرانا ۔ چھا جانا۔



Marfat.com

رَندہ۔ (رَن۔ دَہ) (ف۔ا۔ مذ) لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار۔
رَندہ پھیرنا۔ (ا۔ محاورہ) لکڑی چھیلنا یا صاف کرنا۔
رندھنا۔ (رَندھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پکنا۔ کھانا تیار ہونا۔
رِندی۔ (رِن۔دی) (ف۔ا۔ مث) رندوں کا کام۔ مستی۔ کیف۔ بے خودی۔
رَنڈ۔ (ھ۔ا۔ مذ) (۱) رنڈ کا درخت (۲) (مث) رانڈ کا مخفف۔
رَنڈا۔ (ہ۔ا۔مث) وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔
رَنڈاپا۔ (رَن۔ڈا۔پا) (ہ۔ا۔مذ) بیوہ پن۔ بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ۔
رَنڈاپا کاٹنا۔ رَنڈاپا کٹنا۔ (ا۔ محاورہ) بیوگی کا زمانہ بسر ہونا۔
رَنڈوا۔ (رَنڈ۔وا) (ہ۔ا۔ مذ) وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو (صف) کام چور۔ سست۔ کاہل۔
رَنڈوا ابھیل جی کا جلاپا۔ (مثل) پست ہمت اور کام چور نوکر سے طبیعت کو سوختگی ہوتی ہے۔
رَنڈی۔ (رَن۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) عورت (۲) کسبی۔ زن بازاری۔ رقاصہ۔
رَنڈی باز۔ (ف۔صف) عیاش۔ تماش بین۔
رَنڈی پیسے کی آشنا ہے۔ رنڈی پیسے ہی کی یار ہے۔ (مثل) کسبیاں امیر آدمی کے ساتھ تعلق پیدا کرتی ہیں۔ غریب ہوجائے تو دھتا بتاتی ہیں۔
رنڈی تیرا یار مرگیا۔ کہا کونسی گلی کا؟ (مثل) رنڈیوں کے بہت سے یار ہوتے ہیں۔ ایک پر پابند نہیں رہتیں۔
رَنڈی کا جوبن رکابی میں۔ (مثل) جو خرچ کرے لطف اُٹھائے۔
رَنڈی کا یار سدا خوار۔ (مثل) رنڈی کا آشنا ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔
رنڈی کس کی جورو اور بھڑوا کس کا سالا۔ (مثل) رنڈیوں اور بھڑووں کا کوئی اعتبار نہیں۔
رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی۔ (مثل) رنڈی کی کمائی سازندے اور گاڑی بان کھاتے ہیں۔
رَنڈی کے گھر مانڈے اور عاشقوں کے گھر کڑاکے۔ (مثل) چونکہ وہ اپنا روپیہ رنڈیوں کو دے آتے ہیں۔ وہ مزے اُڑاتی ہیں اور ان کے گھر فاقہ ہوتا ہے۔
رنڈی مانگے روپیہ لے لے میری مَیّا۔ چھکڑا مانگے پیسہ چل بے سالے کیسا۔ (مثل) عیاشی پر خرچ کرتا ہے۔ نیک کام پر خرچ کرنے سے گھبراتا ہے۔
رَنڈیوں کی خرچی اور وکیلوں کا خرچہ پیشگی دیا جاتا ہے۔ (مثل) اگر وہ پہلے نہ لیں تو انہیں کوئی بعد میں نہیں دیتا۔
رَنڈیا۔ (رَنڈ۔یا) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے رانڈ۔
رَنراَپ۔ (Runnerup) (رَ۔نَر۔اَپ) (انگ۔ا۔ مذ) کھلاڑی جو آخری مقابلے میں پہنچ کر ہار جائے۔
رَنِس۔ (ھ۔ا۔مث) کرن۔ شعاع۔
رَنک۔ (س۔صف) (۱) حریص۔ طامع (۲) کنجوس۔ بخیل (۳) کمینہ۔ رذیل۔ (۴) غریب۔ مفلس (۵) کم بخت۔ بدنصیب (۶) بھوکا۔ فاقہ کش۔ (۷) (مذ) فقیر۔ بھکو کا آدمی۔

رَنکو۔ (رَن۔کو) (س۔ا۔ مذ) ایک قسم کا ہرن۔
رُنکھا۔ رُنکھی۔ رُنکھا۔ رُنکھی۔ (رُنکھ۔کھا) (ہ۔صف) (۱) رونے پر آمادہ۔ (۲) رنجیدہ۔ ناراض۔
رَنگ۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) بَرَن۔ لون۔ فام (۲) چیزوں کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے وہ سورج کی بعض کرنوں کو جذب کرلیتی ہیں اور بعض کو منعکس کرکے آنکھ پر ڈالتی ہیں۔ جن کا خاص اثر آنکھ پر ہوتا ہے۔ سفید کرن سات رنگوں سے مرکب ہوتی ہے۔ اودا۔ نیلا۔ آسمانی۔ سبز۔ زرد۔ نارنجی اور سرخ۔ اصل رنگ صرف تین ہیں۔ نیلا۔ زرد اور سرخ۔ دوسرے سب رنگ ان کے مرکبات ہیں (۳) رنگت۔ روپ (۴) انداز طرز۔ روش (۵) وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگتے ہیں (۶) روغن دار نقش (۷) قسم۔ نوع (۸) بہار۔ خوبصورتی۔ رونق (۹) مانند۔ نظیر (۱۰) دستور۔ قاعدہ۔ رسم۔ طریقہ (۱۱) مزہ۔ لطف۔ شغل (۱۲) خمار۔ نشہ (۱۳) طاقت۔ قوت (۱۴) سلوک۔ برتاؤ (۱۵) ہم سر۔ جوڑ (۱۶) مکر۔ حیلہ۔ فریب (۱۷) ہنسی۔ مذاق۔ چہل (۱۸) کھیل کود (۱۹) ناچ۔ راگ۔ گانا (۲۰) کیفیت۔ حال۔ حالت (۲۱) خوشی۔ مسرت۔ خوشحالی (۲۲) تماشا۔ سیر۔ (۲۳) سماں۔ موسم (۲۴) گنجفے کی آٹھوں بازیوں کے نام (۲۵) چوسر کی آٹھوں نردوں کا نام (۲۶) اس رنگ کی نردیں جو پہلے کھیلی جائیں (۲۷) تاش کی چاروں بازیوں کا نام (۲۸) ترپ۔ ٹرمپ (۲۹) خون۔ لہو۔
رنگ آبدار ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چمکیلا ہونا۔
رنگ آشنا۔ (ع۔ف۔صف) (وہ) چہرہ دیکھ کر حال معلوم کرنے والا۔
رنگ آمیزی۔ (ف۔ا۔مث) (۱) رنگ کا کام۔ رنگ سازی (۲) نقاشی مصوری (۳) عبارت آرائی (۴) مبالغہ۔
رنگ آنا۔ رنگ چڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) رونق آنا۔ پھیکا پن جاتا رہنا۔
رنگ اُترنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ جاتا رہنا (۲) چہرے کا متغیر ہوجانا۔
رنگ اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) رنگ قبول کرنا۔
رنگ اُٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) چوسر کی گوٹ کا سب خانے طے کرنے کے بعد کامیابی سے اُٹھنا۔
رنگ اُچھالنا۔ (ا۔ محاورہ) رنگ پھینکنا۔ رنگ ڈالنا۔
رنگ اُداس ہونا۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کا پھیکا ہونا۔
رنگ اُڑانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ زائل کرنا۔ اپنے فروغ یا شوخی سے دوسرے کو بے رنگ کرنا (۲) طرز اُڑانا۔ طرز سیکھ لینا۔ انداز اُڑانا۔
رنگ اُڑجانا۔ رنگ اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) رنگ جاتا رہنا۔ رنگ پھیکا پڑ جانا۔ (کنایتہً) چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
رنگ افشانی۔ (ف۔مث) رنگ چھڑکنا۔
رنگ اُکھڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے رونق ہونا۔ بے رونق ہوجانا (۲) اثر جاتا رہنا (۳) کنایہ ہے کسی کی بے رنگی اور بے رونقی سے کسی انجمن یا محفل میں۔
رنگ اور ہوجانا۔ (ا۔ محاورہ) رونق آجانا۔ رنگ بدل جانا۔
رنگ باختہ۔ (ف۔صف) رنگ اُڑا ہوا۔ زرد۔
رنگ باندھنا۔ (ا۔ محاورہ) سماں باندھنا۔



Marfat.com

**رنگ بدل جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) متغیر ہونا۔ (۲) روش تبدیل ہو جانا۔ وضع بدل جانا (۳) انقلاب ہونا۔

**رنگ بدلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایک رنگ سے دوسرا رنگ تبدیل کرنا (۲) طرز بدلنا۔ وضع تبدیل کرنا۔ انقلاب ہونا (۴) حالت بدلنا۔

**رنگ برنگ ۔ رنگا رنگ** ۔ (ف۔ صف) (۱) مختلف رنگ (۲) مختلف اقسام۔ متنوع۔

**رنگ بگڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ کا خراب ہونا۔ بے رونقی ہونا۔ بدرنگ ہونا (۲) حالت متغیر ہونا۔ پتلا حال ہونا۔

**رنگ بنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ڈھج بنانا۔

**رنگ بندھنا** ۔ (۱) کسی جگہ رونق پکڑنا۔ سماں بندھ جانا۔

**رنگ بھرا** ۔ وہ شخص جو رانگ کا زیور بناتا ہے۔

**رنگ بھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نقاشی کرنا۔ موقع موقع پر رنگ آمیزی کرنا۔ (۲) داستان کو دلچسپ بنانا۔

**رنگ بھریا** ۔ (ا۔ مذ) مصور۔ نقاش۔

**رنگ بھنگ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) ہنسی۔ مذاق۔ چہل (۲) مستی۔ شہوت۔

**رنگ بھنگ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مزہ کرکرا کرنا۔ لطف بگاڑنا۔

**رنگ بے رنگ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) حالت خراب ہو جانا۔

**رنگ پاشی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) رنگ چھڑکنا (۲) ہولی کی ایک رسم۔

**رنگ پتلا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) حال بے حال ہونا۔

**رنگ پختہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایسا رنگ پکا ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے۔

**رنگ پر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رونق پر آنا۔ بہار پر آنا (۲) زوروں پر ہونا۔ تیز ہونا۔

**رنگ پر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) رونق یا بہار پر ہونا۔

**رنگ پریدہ** ۔ (ف۔ ا۔ صف) رنگ اڑا ہوا۔ زرد۔ پیلا۔

**رنگ پکڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ چڑھنا (۲) بارونق ہونا۔ رونق پکڑنا۔

**رنگ پھوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کا دوسری طرف نکل جانا۔

**رنگ پھیرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کرنا یا لگانا۔ وارنش کرنا۔

**رنگ پھیکا پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ مدھم ہونا (۲) رونق کم ہونا (۳) بے لطف ہونا۔

**رنگ پیدا کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگینیٔ طبیعت یا رنگینیٔ مزاج کے اعتبار سے کوئی ڈھنگ اختیار کرنا۔

**رنگ پیلا پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ اُڑ جانا۔ رنگ زرد ہو جانا۔

**رنگ ٹپکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ کا تراوش کرنا کسی خاص حالت میں (۲) خاص حالت ظاہر ہونا۔

**رنگ ٹھہرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کا پائیدار ہونا۔ نہ اُڑنا۔

**رنگ جل جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ کا سیاہ ہو جانا (۲) تابش آفتاب۔ غم و غصہ یا خون کے سیاہ ہو جانے سے چہرے پر تیرگی چھا جانا۔

**رنگ جمانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اثر ڈالنا۔ رسوخ پیدا کرنا۔ قابو کر لینا (۲) بنیاد ڈالنا۔

**رنگ جمنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ آنا۔ رنگ قائم ہونا (۲) اعتبار پیدا ہونا۔ کسی کا کسی جگہ کچھ فروغ ہونا (۳) نظروں میں بھلا معلوم ہونا (۴) بنیاد پڑنا۔ رسائی پیدا ہونا۔

**رنگ چڑھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگنا۔ رنگین کرنا (۲) وارنش کرنا۔ روغن کرنا رونق دار بنانا (۴) مخمور کرنا (۵) سماں باندھنا (۶) اپنا سا بنانا (۷) معرفت یا خدا شناسی کا مزہ ڈالنا۔

**رنگ چمکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کی آب و تاب بڑھ جانا۔ شہرت زیادہ ہونا۔

**رنگ چوکھا آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گہرا رنگ آنا۔

**رنگ چہچہا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ شوخ ہونا۔

**رنگ چھڑکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کے چھینٹے دینا۔

**رنگ دار** ۔ (ف۔ صف) (۱) رنگین۔ رنگا ہوا (۲) چمکیلا۔

**رنگ دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کیفیت دکھانا۔ لطف دکھانا۔ حالت دکھانا۔ (۲) طرز دکھانا (۳) اثر ظاہر کرنا (۴) جوہر دکھانا۔

**رنگ دگرگوں کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خراب کیفیت پیدا کرنا (۲) رنگ بدلنا۔

**رنگ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگینی ظاہر کرنا (۲) لطف دینا۔ مزہ دینا (۳) بات بنا دینا (۴) چلا کر دینا (۵) مالا مال کر دینا (۶) مبالغہ کرنا۔

**رنگ دیکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سیر دیکھنا۔ بہار دیکھنا (۲) اثر دیکھنا (۳) نتیجہ پر نظر ڈالنا (۴) رُخ دیکھنا۔

**رنگ ڈالنا** ۔ پانی میں گھولا ہوا رنگ کسی پر ڈالنا۔

**رنگ ڈھنگ** ۔ (ا۔ مذ) چال چلن۔ برتاؤ۔ عادت۔ حالت۔ کیفیت۔

**رنگ رچانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شادی رچانا۔ کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا کرنا (۲) رنگین بنانا۔

**رنگ رچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگ کا بخوبی اثر کرنا۔ رنگت بیٹھنا۔

**رنگ رس** ۔ (لا۔ ا۔ مذ) (۱) رنگ رلیاں (۲) عیش و عشرت۔

**رنگ رسیا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنگیلا۔ عیاش۔

**رنگ رلیاں** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) ہنسی۔ چہل۔ عیش و نشاط۔ مزہ۔ لطف۔ کھیل۔ تماشا۔

**رنگ رنگ سے** ۔ (۱) طرح طرح سے۔ وضع وضع سے۔

**رنگ رنگ کا** ۔ (۱) طرح طرح کا۔ مختلف رنگ کا۔ مختلف وضع کا۔

**رنگ رنگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا۔

**رنگ رنگیلا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) رنگین (۲) نالائق (۳) عیاش۔

**رنگ روپ** ۔ (ا۔ مذ) (۱) چمک دمک۔ آب و تاب (۲) حلیہ۔ خد و خال۔ چہرہ مہرہ۔

**رنگ روپ دیکھ کر نہ بھولیے** ۔ (مثل) ظاہری صورت پر نہ جایئے۔

**رنگ روپ نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہار پر آنا۔ چمک دمک پر پہنچنا۔

**رنگ روغن نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہار پر آجانا۔ خوبصورت ہو جانا۔

**رنگ ریز** ۔ (ف۔ صف) کپڑا رنگنے والا۔ نیلاری۔ رزیدن کا اسم فاعل سماعی ہے۔ جس کے معنی رنگنا ہیں۔

**رنگ ریز ہوتے تو اپنی ڈاڑھی رنگتے** ۔ (مثل) اگر کسی بات کے قابل



Marfat.com

ہوتے تو ترقی کرتے۔

**رَنگ ریزی۔** (ا۔ مث) رنگ ریز کا کام۔ رنگنے کا پیشہ۔

**رَنگ زرد ہونا۔ رنگ سفید ہونا۔ رنگ فق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) شرم یا خوف سے چہرے کی سُرخی کا جاتا رہنا (۲) خون خشک ہوجانا (۳) حیرت زدہ ہونا۔

**رَنگ ساز۔** (ف۔ صف) (۱) رنگ یا وارنش کرنے والا (۲) مصوّر (۳) رنگ بنانے والا۔ (۴) کیمیا گر۔

**رَنگ سفید پڑجانا۔** (ا۔ محاورہ) خوف یا ڈر کی وجہ سے چہرے کی رنگت جاتی رہنا۔

**رَنگ شکستہ۔** (ا۔ مذ) (۱) اُڑا ہوا رنگ۔ بے رونق۔

**رَنگ شوخ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رنگ گہرا اور چمکدار ہونا۔

**رَنگ فق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رنگ اُڑجانا۔ ہوائیاں اُڑنا۔

**رَنگ کا۔** (ا۔ صف) طرح کا۔ ڈھب کا۔

**رَنگ کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ دُور کرنا۔ کھار یا ترشی سے کسی چیز میں سے رنگ کا جدا کرنا (۲) دوسرے کا جما ہوا اعتبار اُٹھانا۔

**رَنگ کٹنا۔** (۱) رنگ اُڑنا۔ رنگین کپڑے کی رنگت زائل ہونا (۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا متغیر ہونا (۳) (چوسر بازوں کی اصطلاح) گوٹ کا مارا جانا۔

**رَنگ کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا موزوں اور نمایاں ہونا۔ رنگ کا زیب دینا (۲) سیاہی مائل رنگ کا سفیدی مائل ہونا۔ رنگ کا جوانی یا طاقت کی دوا کی وجہ سے نکھرنا۔

**رَنگ کھیلنا۔ رنگ ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) خوشی کے موقع پر آپس میں ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا۔ ہولی کھیلنا۔

**رَنگ لانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ پکڑنا۔ رنگین ہونا۔ اچھا دکھائی دینا (۲) تکرار کرنا (۳) بُرائی کرنا (۴) تماشا دیکھنا۔ مزہ چکھانا (۵) مختلف وضع سے اپنے تئیں ظاہر کرنا (۶) خُبثِ باطن ظاہر کرنا۔ فساد پر آمادہ ہونا۔ مکر پھیلانا (۷) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں آکر اُٹھ جانا۔

**رَنگ لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رنگنا (۲) کسی کو اپنے ڈھنگ پر بنالینا (۳) مذہب میں داخل کرلینا (۴) ہم رنگ بنالینا۔

**رَنگ ماند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رنگ پھیکا ہونا۔

**رَنگ متغیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ بدل جانا۔

**رَنگ مٹانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رُوپ کھونا۔ حُسن جاتا رہنا (۲) اثر یا وقعت جاتی رہنا۔

**رَنگ مٹی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) آب و تاب نہ رہنا۔

**رَنگ محل۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) عیش و عشرت کا گھر۔ عشرت گاہ وہ مکان جس میں بادشاہ یا امراء عیش منائیں (۲) سجا ہوا مکان۔

**رَنگ میں بھنگ۔** (ا۔ محاورہ) خوشی میں بے لُطفی۔

**رَنگ میں ڈوبنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ میں شرابور ہونا۔ عیش و نشاط کا جوش ہونا۔ کسی کے طرز پر ہونا۔

**رَنگ نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) خوبصورت ہوجانا (۲) طرز نکالنا (۳) کسی دوسری چیز سے رنگ پیدا کرنا (۴) صورت اختیار کرنا۔

**رَنگ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں رنگ جھلکنا۔ نمایاں ہونا (۲) نکھرنا۔

**رَنگ نکھرنا۔** (ا۔ محاورہ) رنگ صاف ہونا۔

**رَنگ و بُو۔** (ف۔ صف) کرّو فر۔ شان و شوکت۔ رونق۔

**رَنگ و روغن۔** (ف۔ ا۔ مذ) چمک۔ دمک۔ خوبصورتی۔ حُسن (۲) رنگینی یا رنگت کسی چیز کی۔

**رِنگ۔** (Ring) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) دائرہ۔ کُنڈلی۔ چکّر (۲) انگوٹھی۔ چھلّا۔ انگشتری۔

**رِنگ لیڈر۔** (Ringleader) سرغنہ۔ باغیوں کا سرکردہ۔

**رِنگ ماسٹر۔** (Ringmaster) سرکس کا منتظم۔

**رَنگارا۔** (رَن۔ گا۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) رنگ ساز۔

**رَنگانا۔ رَنگوانا۔** (اُ۔ مص) رنگ کرانا۔ رنگت دلوانا۔

**رَنگا ہوا۔** (اُ۔ صف) رنگ کیا ہوا (۲) کنایتہً عارفِ کامل۔

**رَنگا ہوا سیار۔** وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

**رَنگائی۔ رَنگوائی۔** (رَن۔ گا۔ اِی۔ رَنگ۔ وا۔ اِی) (اُ۔ ا۔ مث) (۱) رنگنے کی اُجرت۔

**رَنگت۔** (رَن۔ گت) (اُ۔ ا۔ مث) (۱) چہرہ کا رنگ (۲) کپڑے کا رنگ (۳) رُوپ (۴) حالت۔ کیفیت۔

**رَنگت غیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) شرم یا ندامت سے چہرے کا رنگ بدل جانا

**رَنگترا۔** (رنگ۔ ت۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک ترش او پھل۔ سنگترہ۔ نارنج بڑی نارنگی۔

**رِنگ۔ رِنگانا۔** (رِنگ۔ رِن۔ گا۔ نا) (ہ۔ مص) بچے کا ہر وقت رونا یا ٹھنکنا۔ ٹھنکن۔

**رَنگروٹ۔** (رَنگ۔ رُوٹ) (Recruit) کا مورّد۔ ا۔ مذ) نیا سپاہی۔ نیا بھرتی کیا ہوا۔ نوآموز۔

**رَنگن۔** (رَن۔ گن) (ہ۔ ا۔ مذ) سبز پتّے کا عرق۔

**رَنگنا۔** (رَنگ۔ نا) (اُ۔ مص) (۱) رَنگ کرنا۔ رنگ چڑھانا (۲) اپنا سا بنانا ہم رَنگ کرنا (۳) عارف بنانا۔

**رَنگوَیا۔** (رَنگ۔ وَی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) رنگریز۔ رنگ ساز۔

**رَنگیلا۔** (رَن۔ گی۔ لا) (اُ۔ صف) (۱) رنگین مزاج (۲) بانکا۔ خوش پوشاک (۳) زندہ دِل (۴) وضع دار (۵) عیّاش۔

**رَنگیلی۔** (رَن۔ گی۔ لی) (اُ۔ صف) رنگیلا کی تانیث۔

**رَنگین۔** (رَن۔ گین) (ف۔ صف) (۱) رَنگ کیا ہوا۔ رنگ دار (۲) (اُ) رنگیلا۔ چھبیلا (۳) زندہ دِل۔ خوش طبع (۴) مزیّن۔ سجا ہوا (۵) رنگ برنگ کا (۶) سُرخ (۷) دِل پسند۔ خوش آئند (۸) جیسے رنگین غزل رنگین عبارت۔

**رنگین ادا۔** (ف۔ صف) طرح دار۔ خوش ادا۔

**رنگین زبان (سخن)۔** (ف۔ صف) خوش بیان (۲) شوخ زبان (۳) خوش ادا۔



Marfat.com

رنگین زبانی (سخنی) . شوخ زبانی - خوش زبانی -
رنگین کمان - (ف - ا - مث) قوس قزح -
رنگین مزاج - (ف - صف) خوش طبع - ہنس مکھ - زندہ دل -
رنگینی - (رن - گی - نی) (ف - مث) (۱) تلوّن (۲) بھڑک - آرائش - نمائش بناؤ سنگار (۳) خوش مزاجی - خوش طبعی (۴) بانک پن -
رنگینیٔ سخن - (ف - ا - مث) کلام کا رنگین ہونا -
رننگ کمنٹری (Runningcommentary) (رَ - ننگ - کَ - منٹ - ری) (انگ - ا - مذ) فی البدیہہ آنکھوں دیکھا حال بیان کرنا -
رُنی - (رُ - نی) (ہ - ا - مث) امرود -

## ر ـــــ و

رَو - (اُر - ا - مث) (۱) پانی کا بہاؤ - سیلاب - دھار (۲) جوش - ولولہ - غصّہ - (۳) دھُن - خیال (۴) فوج - لشکر - بھیڑ - انبوہ -
رَو - (ف - صف) چلنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے راہ رَو) -
رُو - (ف - صف) اُگنے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے خودرو -
رُو - (ف - ا - مذ) (۱) چہرہ - مکھڑا - رُخ - صورت - شکل (۲) (مذ ومث) سبب - وجہ - باعث (۳) بساط - سطح - تختہ (۴) سامنا - آگا (۵) (اُر) اُمید - تمنا (۶) رعایت -
رُوبراہ - (ف - صف) (۱) تیار - مستعد - کمربستہ (۲) اصلاح کیا ہوا - درُست -
رُوبرُو - (ف - صف) منہ در منہ - آمنے سامنے - مقابل -
رُوبرُو کرنا - (ا - محاورہ) (۱) سامنے کرنا - مقابل کرنا (۲) سپُرد کرنا (۳) صورت دکھانا (۴) پیش کرنا -
رُوبکار - (ف - ا - مذ) پیشی - عدالتی حکم - پروانہ -
رُوبہ صحت - (ف - صف) صحت کی طرف مائل -
رُوبہ قفا - (ف - صف) سر جُھکائے ہوئے -
رُوپاک - (ف - ا - مذ) رُومال -
رُوپوش - (ف - صف) چھپا ہوا - مخفی - پوشیدہ -
رُوپوشی - (ف - ا - مث) مُنہ چھپانا - غائب رہنا -
روپیٹ کر بیٹھ رہنا - (ا - محاورہ) صبر کرنا -
رُوداد - (ف - ا - مث) (۱) کیفیت - حالت - حقیقت (۲) عدالت کی کارروائی (۳) وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو (۴) رپورٹ -
رُودادِ مقدمہ - (ف - ا - مذ) مقدمے کی کیفیت - عدالت کی کارروائی -
رُودار - (ف - صف) وجیہہ - شکیل - خوبصورت -
رُوداری - (ف - ا - مث) کسی کی موجودگی کی شرم - وجاہت - لحاظ - پاس -
رُودررُو - (ف) منہ پر - علانیہ - کسی کے رُوبرُو -
رُورعایت - (ف - ا - مث) پاس - لحاظ - طرفداری -
رو رو کے - (ا - تابع فعل) بمشکل تمام بڑی دقت اور مصیبت سے -

رُوسیاہ - (ف - صف) شرمندہ - گنہگار - کالامنہ - کالے منہ کا -
رُوسیاہی - (ف - ا - مث) ذِلّت - رسوائی - بدنامی -
رُوشناس - (ف - صف) جان پہچان والا - واقف کار -
رُوشناسی - (ف - ا - مث) واقف کاری - صاحب سلامت - جان پہچان
رُوکار - (ف - ا - مث) اگلا حصّہ - سامنے کا حصّہ -
رُوکش - (ف - صف) مقابل - حریف - ہمسر - مانند - مُشابہ - آئینہ کا غلاف -
رُوگرداں - (ف - صف) (۱) مُنہ پھیرنے والا - ناراض - ناخوش منحرف (۲) بے دماغ -
رُوگردانی - (ف - ا - مث) انحراف - مُنہ پھیرنا - نافرمانی -
رُومال - (۱) کپڑے کا ٹکڑا جو منہ وغیرہ صاف کرنے کے کام آتا ہے - دستمال (۲) وہ اُونی یا ریشمی کپڑا جو تکونا اوڑھا جاتا ہے (۳) وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے میں باندھتے ہیں -
رُومال پر رُومال بھگونا - (ا - محاورہ) اس قدر رونا کہ رومال تر ہو جائیں -
رُومالی - (۱) اوڑھنی - لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا (۲) میانی کا کپڑا - (۳) وہ سہ گوشی کپڑا جو پہلوان بوقت ورزش باندھتے ہیں (۴) گلوبند (۵) وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں (۶) ایک قسم کا کبوتر - مگدر کی ایک ورزش -
رُومالی سویّاں - (ا - مث) بہت باریک سویاں جنہیں رومال میں باندھ کر کھولتے پانی میں غوطہ دیں تو پک جائیں -
رُونما - (ف - صف) جو مُنہ دکھائے - جو ظاہر ہو -
رُونما ہونا - (ا - محاورہ) ظاہر ہونا - مُنہ دکھانا - وقوع پذیر ہونا -
رُونمائی - (ف - ا - مث) (۱) مُنہ دکھانا (۲) وہ نقدی جو خاوند یا اس کے رشتے دار دُلہن کو مُنہ دکھانے کی دیتے ہیں - مُنہ دکھائی - سلامی -
رُوئے سخن - (ف - ا - مذ) بات کا رُخ - خطاب سخن -
رُویش بیں حالش مپُرس - (ف - مثل) صورت دیکھنے سے حال ظاہر ہے - دریافت کرنے کی ضرورت کیا -
رَوَا - (رَ - وا) (ھ - ا - مذ) (۱) سُوجی (۲) ریت کا ذرّہ (۳) چاندی یا سونے کے دانے (۴) بارود کا دانہ (۵) چھرا جو پازیب میں آواز کے لیے ڈالتے ہیں -
روئے دار - (ہ - ا - مذ) دانہ دار - خستہ -
رَوَا - (رَ - وَا) (ف - صف) (۱) جائز - مُباح - دُرست - ٹھیک (۲) (مرکبات میں) پُورا کرنے والا (جیسے حاجت روا) جاری کرنے والا - نافذ کرنے والا (جیسے فرماں روا) -
رَوَا دار - (ف - صف) جائز رکھنے والا - مُباح رکھنے والا -
رَوَا دار نہ ہونا - (ا - محاورہ) خواہاں نہ ہونا - تعلق نہ رکھنا - ساتھی نہ ہونا -
رَوَاداری - (ف - ا - مث) کسی بات کو رعایت سے جائز رکھنا - بے تعصّبی -
رَوَا رکھنا - (ا - محاورہ) جائز رکھنا - منظور کرنا - ماننا - قبول کرنا -
رَوَابط - (رَ - وا - بط) (ع - ا - مذ) رابطہ کی جمع - تعلقات - میل جول -
رَوَاج - (رَ - واج) (ع - ا - مذ) (۱) عام دستور - ریت - رسم (۲) ضابطہ - قاعدہ - معمول -



Marfat.com

رَواجی ۔ (رَ۔ وا۔ جی) [ع ۔ صف] رسمی ۔ معمول ۔ رائج ۔
رَوا رَوِی ۔ (رَ۔ وا۔ رَ۔ وِی) [اُر۔ ا۔ مث] چل چل ۔ بھاگم بھاگ ۔ جلدی ۔ سرسری ۔ گھبراہٹ ۔ تیزی ۔
رُواسا ۔ رُوانسا ۔ (رُ۔ وا۔ سا ۔ رُ۔ وان ۔ سا) [ھ ۔ صف] رونے پر آمادہ ۔ ناراض ۔ رنجیدہ ۔
رَواسِن ۔ (رَ۔ وا۔ سِن) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک درخت جس کے بیج اور پتے دوا میں کام آتے ہیں ۔
رِواق ۔ (رِ۔ واق ۔ رُ۔ واق) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مکان کا چھجا ۔ سائبان ۔ بالاخانہ بڑا کمرہ ۔ گیلری (۲) جامع ازہر (مصر) کے کمرے جہاں طلبا رہتے ہیں ۔
رِواقِ بے ستون ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) آسمان ۔ چرخ ۔
رِواقِ منظرِ چشم ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) آنکھ کی پتلی ۔ مردمِ چشم ۔
رواقِ منظرِ چشمِ من آشیانۂ تست
کرم نما، فرود آ کہ خانہ خانۂ تست
} (ف ۔ مثل) میری آنکھوں کی پتلی میں تیرا گھر ہے ۔ مہربانی کرکے آجا کہ یہ گھر تیرا ہی گھر ہے ۔ تقریب پر بلانے کیلیے احباب کو لکھا جاتا ہے ۔
رِواقی ۔ (ع ۔ صف) فلسفۂ افلاطون کا پیرو ۔
رِواقیت ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) حکمتِ افلاطون ۔
رَوال ۔ (رَ۔ وال) [ہ ۔ صف] رَدے دار ۔ دانے دار (مذ) رَدا ۔
رَواں ۔ (رَ۔ واں) [ف ۔ صف] (۱) جاری ۔ بہتا ہوا (۲) تیز (۳) منجھا ہوا ۔ (۴) معنی یا سمجھے کے بغیر کسی کتاب کا سبق پڑھنا (۵) موجودہ ۔ فی الحال ۔ (۶) (مث) جان ۔ نفس ناطقہ ۔
رَواں حِساب ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) بینک کا وہ حساب جس میں سے روز روپیہ نکالنے کی کوئی قید یا پابندی نہ ہو ۔ (Current Account)
رَواں دَواں ۔ (ف ۔ صف) بھاگتا ہوا ۔ تیزی سے چلتا ہوا ۔
رَواں دَواں پھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا ۔ آوارہ گرد ہونا ۔
رَواں کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جاری کرنا (۲) صاف کرنا ۔ مشق کرنا (۳) چلانا ۔ پھیرنا ۔ (۴) تیز کرنا ۔ باڑھ رکھنا ۔
رُوآں ۔ (رُو۔ آں) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رونگٹا ۔ جسم کے باریک بال (۲) چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے میں ہوتے ہیں (۳) ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک خار ۔
رُوآں بدلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جانور کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا ۔
رُوآں رُوآں کانپنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت خوف اور ڈر ہونا ۔
رُوآں کھڑا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) بے حد غصے کی حالت میں ہونا ۔ رونگٹے کھڑے ہونا ۔
رُوآں میلا ہونا ۔ صدمہ یا تکلیف پہنچنا ۔
رُوئیں دار ۔ (ا ۔ صف) وہ چیز جس میں روئیں ہوں ۔
رَوانگی ۔ (رَ۔ وان ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] روانہ ہونا ۔ ارسال ۔ چالان ۔
رَوانگی چِٹھی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) راہ داری کا پروانہ ۔
رَوانہ ۔ (رَ۔ وا۔ نہ) [ف ۔ صف] (۱) جانے والا ۔ چلنے والا ۔ بھیجا ہوا ۔ (۲) گیا ہوا ۔
روانہ ہونا ۔ (مص ۔ مرکب) سدھارنا ۔ رخصت ہونا ۔ مر جانا ۔ انتقال ہونا ۔

رَوانی ۔ (رَ۔ وا۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] بہاؤ ۔ تیزی ۔ اجراء ۔
رَوائی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پورا کرنا ۔ نافذ کرنا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے حاجت روائی ۔
رِوایات ۔ (رِ۔ وا۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مذ و مث] روایت کی جمع ۔
رِوایت ۔ (رِ۔ وا۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] کسی کی بات کی نقل ۔ اظہار ۔ حکایت ۔ سرگزشت ۔
رُوباہ ۔ (رُو۔ باہ) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) لومڑی (۲) بزدل ۔
رُوباہ بازی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مکر ۔ فریب ۔ چال ۔
رُوباہی ۔ (رُو۔ با۔ ہی) [ف ۔ ا ۔ مث] فریب ۔ چال ۔ مکر ۔ چھل ۔
رُوبرائی ۔ (رُو۔ بَ۔ را۔ ای) [ق ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی اوگلی ۔
رُوبل ۔ (Rouble) (رُو۔ بل) [روسی ۔ ا ۔ مذ] روس کا سکہ ۔
روبوٹ ۔ (Robot) (رُو۔ بوٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کل کا آدمی ۔ مشین کا بنا ہوا آدمی ۔
رو بیٹھنا ۔ (رو۔ بیٹھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] ضائع کر دینا ۔ نا اُمید و مایوس ہو جانا ۔ کھو بیٹھنا ۔
رُوپ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) صورت ۔ شکل (۲) ڈھنگ ۔ طرز ۔ انداز ۔ وضع ۔ (۳) آب و تاب ۔ رونق ۔ جلوہ ۔ تجلی (۴) مرغوب اور پسندیدہ (۵) تصویر (۶) سوانگ (۷) چاندی ۔ رُوپا کا مخفف (۸) ایک بات سے دوسری بات کی طرف پلٹا کھانا ۔
رُوپ بدلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بھیس بدلنا ۔ صورت اور وضع کا تغیر کرنا ۔
رُوپ بگاڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بدصورت کرنا ۔ چہرہ بگاڑنا ۔ بے رونق کرنا ۔
رُوپ بنانا ۔ رُوپ بھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سوانگ بھرنا (۲) نہایت خوبصورت یا حسین بنانا (۳) صورت بدلنا (۴) ہیئت درست کرنا ۔
رُوپ دَرشن ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ (۲) وہ روپیہ جو دلہن کو چڑھایا جائے (۳) روپے کا نذرانہ ۔
رُوپ دکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) درشن دینا ۔ صورت دکھانا ۔
رُوپ دھاری ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بھیس بدلنے والا ۔ شکل بدلنے والا (۲) وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو ۔
رُوپ رَس ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چاندی کا کشتہ ۔
رُوپ وان ۔ رُوپ وَنت ۔ خوبصورت ۔ حسین ۔ خوب رو ۔ ستھرا ۔
رُوپ نکالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) چمکنا ۔ نکھرنا ۔ آب و تاب ظاہر کرنا ۔
رُوپا ۔ (رُو۔ پا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چاندی ۔ سیم ۔ نقرہ (۲) چھچھوندر ۔
رُوپلی ۔ (رُو۔ پَلی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (حقارتاً) روپیہ ۔
رُوپنا ۔ (رُوپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بونا ۔ اُگانا (۲) ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (۳) رکھنا (ا ۔ مث) (۴) منگنی (۲) برات ۔
رُوپہلا ۔ (رُو۔ پہ ۔ لا) [ہ ۔ صف] چاندی کا بنا ہوا یا چاندی کے رنگ کا ۔ نقرئی ۔
رُوپہلی ۔ (رُو۔ پہ ۔ لی) [ہ ۔ صف] رُوپہلا کی تانیث ۔
رُوپیا ۔ رُوپیہ ۔ (رُوپ ۔ یا ۔ رُوپ ۔ یہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک سکہ جس کے سولہ آنے ہوتے تھے اور جو چاندی کا ہوتا تھا (۲) سکہ جس کی قیمت سو پیسے ہیں (۳) دولت ۔ نقدی ۔ چاندی ۔
رُوپیہ بھنانا ۔ رُوپیہ تڑوانا ۔ رُوپیہ خردہ کرانا ۔ (ا ۔ محاورہ) رُوپے کو

پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا۔

**رُوپیہ پرکھن بار بار۔ آدمی پرکھن ایک بار۔** (امثل) روپے کو ہر بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہے۔

**رُوپیہ پیسا۔** (ہ۔ا۔ مذ) دھن۔ دولت۔ مال و زر۔

**رُوپیہ پیسا ہاتھ کی مَیل ہے۔** (ا۔ مثل) روپیہ پیسا قابلِ قدر چیز نہیں۔

**رُوپیہ ٹوٹا بھیلی پھوٹی پھر نہیں رہتی۔** (ا۔ مثل) ٹوٹا ہوا روپیہ جلد خرچ ہوجاتا ہے۔ توڑی ہوئی بھیلی بھی کھالی جاتی ہے۔

**رُوپیہ ٹھیکری کردینا۔ رُوپیہ کنکریاں کردینا۔** (ا۔ محاورہ) فضول خرچی یا بیماری وغیرہ میں کثرت سے روپیہ صرف کردینا۔

**رُوپیہ دیکھا تو ہنس دیا۔ لہو دیکھا تو رو دیا۔** (امثل) لالچی آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

**رُوپے کو رُوپیہ کماتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) روپیہ خرچ کرنے سے اور روپیہ وصول ہوتا ہے۔

**رُوپے کو رُوپیہ نہ سمجھنا۔** روپے کی قدر نہ جاننا۔

**رُوپے کے چار آنے۔** (بول چال) سخت گھاٹا پڑنا۔ رقم کا چوتھائی رہ جانا

**رُوپیہ ٹھیک لگنا۔** (ا۔ محاورہ) روپیہ کسی اچھے کام میں صرف ہونا۔

**رُوپے والا۔** (ا۔ صف) دولت مند۔ مال دار۔ توانگر۔ متموّل۔

**روتا۔** (ا۔ صف) روتا ہوا۔ گریاں۔

**روتی پیشانی (صورت)۔** (ا۔ مث) ہر وقت ملول اور غمگین رہنے والا۔

**روتے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) فریاد کرنا۔ کُڑھتے پھرنا۔

**روتے پیٹتے۔** (ا۔ تابع فعل) آہ و فغاں کرتے۔

**روتے کیوں ہو کہا صورت ہی ایسی ہے۔** (امثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر وقت رونی صورت بنائے رہے۔

**روتے روتے آنکھیں لال ہونا۔** (ا۔ محاورہ) اتنا زیادہ رونا کہ آنکھیں سُرخ ہو جائیں۔

**روتے گئے موئے کی خبر لائے۔** (امثل) جس بدشگونی سے گئے ویسی ہی بد خبر لائے۔

**رُوٹ۔** (Route) (انگ۔ا۔ مذ) راستہ۔ راہ۔ طریق۔

**رُوٹ پرمٹ۔** (انگ۔ا۔ مذ) گاڑی۔ بس۔ ٹرک۔ تانگہ کا کسی خاص راستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔

**روٹ۔ روٹا۔** (ھ۔ا۔ مذ) بڑی روٹی۔ موٹی روٹی۔

**روٹری کلب۔** (Rotaryclub) (روٹ۔ ری۔ ک۔ لب۔ (انگ۔ا۔ مذ) ایک فلاحی انجمن جس کی شاخیں متعدد ممالک میں قائم ہیں۔

**رُوٹھا۔** (رُو۔ ٹھا) (ہ۔ صف) خفا۔ ناراض۔

**رُوٹھے کو منایئے پھٹے کو سِلایئے۔** (امثل) صلح جو رکھنا مناسب ہے

**رُوٹھا رُوٹھی۔ رُوٹھا راٹھی۔** (ہ۔ا۔ مث) اَن بَن۔ خفگی۔ رنجیدگی۔ آزردگی۔

**رُوٹھنا۔** (رُو۔ ٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔

**روٹی۔** (رو۔ ٹی) (ھ۔ا۔ مث) (۱) نان۔ چپاتی۔ پھُلکا (۲) چہلم کا کھانا۔ (۳) غذا۔ رزق۔

**روٹی اُڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) رزق ناپید ہو جانا۔

**روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا۔** (ا۔ محاورہ) فارغ البالی میں گزارنا۔ فراغت و اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔

**روٹی ٹکڑا ہو جائے گا گھوڑا ٹٹو ہو جائے گا۔ کپڑا لتا بن جائے گا** (امثل) یوں ہی برباد ہو جائیں گے۔ مطلب براری مطلق نہ ہوگی۔ دم بھانسے میں امیدواری رکھنا۔

**روٹی دال۔** (ا۔ مث) (۱) نان نفقہ (۲) متموّل غذا (۳) گزارہ۔ خرچ۔

**روٹی دال سے خوش۔** (ا۔ صف) آسودہ۔

**روٹی دینا۔** (ا۔ محاورہ) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا (۲) کھانا کھلانا۔ پرورش۔

**روٹی ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) روٹی پکانا۔

**روٹی سے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کاروبار سے لگنا۔ ملازمت ملنا (۲) کہیں سے رزق روزمرّہ مقرر ہو جانا۔

**روٹی کا مارا۔ روٹیوں کا مارا۔** (ا۔ صف) فاقہ زدہ۔ بھوکا۔ کنگال۔

**روٹی کپڑا۔** نان نفقہ۔ گزارہ۔

**روٹی کپڑے سے خبر لینا۔** (ا۔ محاورہ) کھانے کپڑے سے مدد کرنا۔

**روٹی کپڑے کو ترسنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ پریشانی میں بسر کرنا۔

**روٹی کو رونا۔** (ا۔ محاورہ) بھوکا مرنا۔ رزق کی تلاش میں پھرنا۔ رزق نہ ملنے سے غم کھانا۔

**روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر، مُردے کو روتے ہیں بیٹھ کر۔** (امثل) محتاجی کی مصیبت سب سے بڑھ کر ہے اور بے روزگاری سخت آفت ہے۔

**روٹی کو رووے اور چولھے پیچھے سووے۔** (امثل) روٹی کا مارا اسی کی جستجو میں رہتا ہے۔

**روٹی کھایئے شکر سے اور دُنیا لیجیے مکر سے۔** (امثل) دُنیا میں مکّار اور چالاک عیش کرتے ہیں۔

**روٹی کی خاک جھاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بیجا خوشامد کرنا۔ خدمت کرنا۔ (۲) مزے سے زندگی بسر کرنا۔

**روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو۔** (ا۔ مثل) جس قدر جلد ممکن ہو سکے واپس آؤ۔

**روٹیاں توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) محنت کی روٹیاں کھانا۔ دوسرے کے سر سے کھانا

**روٹیاں لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) شامت آنا۔

**روٹیوں پر پڑنا** (ا۔ محاورہ) طفیل ہونا۔ دوسرے کی کمائی کھانا۔

**رُوٹین۔** (Routine) (رُو۔ ٹین) (انگ۔ا۔ مث) (۱) معمول کا کام۔ بندھا ہوا کام۔ روز کا کام (۲) دستور۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔

**رُوج (رُوژ)** (Rouge) (انگ۔ا۔ مث) رُخساروں پر لگانے والی سُرخی۔

**رُوج۔** (ھ۔ا۔ مذ) (۱) نیل گائے (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پرندوں کے رووں میں ہوتا ہے۔

**رُوجھنا۔** (رُوجھ۔ نا) (ہ۔ مص) مُندمل ہونا۔ بھرنا (۲) تنگ کرنا۔ ستانا۔



Marfat.com

**رُوجی۔ رُوجیاں۔** (رُو۔جی۔ رُو۔جی۔آں) [ھ۔ا۔مث] وہ کیڑے جو پرند کے پروں میں پیدا ہوتے ہیں۔

**رُوح۔** [ع۔ا۔مث] (۱) جان۔جیو۔ آتما (۲) (اُز) سَت۔ جوہر (۳) دل۔ (۴) اندرونی خواہش۔ نیّت۔

**رُوح اُٹھنا۔** (ا۔محاورہ) دَم اُٹھنا۔

**رُوح افزا۔** (ع۔ف۔صف) فرحت و تازگی بخشنے والا۔ رُوح کو قوت دینے والا۔

**رُوح الامین۔** (ع۔ف۔مذ) امانت دار رُوح۔ حضرت جبریلؑ فرشتہ کا لقب

**رُوح القدس۔** (ع۔ف۔مذ) پاک رُوح۔ لقب حضرت جبریلؑ۔ نیز وہ خدا کی پاک روح جو بی بی مریم میں پھونکی گئی تھی۔ جس سے حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے۔

**رُوح اللہ۔** (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو باپ کے بغیر پیدا ہوئے تھے

**رُوح بھاگنا۔** (ا۔محاورہ) متنفّر ہونا۔

**رُوح بھٹکنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) حد درجہ کا مشتاق ہونا۔ کسی کے دیکھنے یا ملنے کو ترسنا۔ (۲) جان کا جسم سے نکلنے کے بعد گمراہ ہونا۔

**رُوح پرواز کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جان نکلنا۔

**رُوح پڑنا۔** (ا۔محاورہ) جسم میں جان پڑنا۔

**رُوح پھڑکنا۔** (ا۔محاورہ) روح بے تاب ہونا (۲) کمال خوشی اور مسرت ہونا

**رُوح پھونکنا۔** (ا۔محاورہ) کسی چیز میں جان ڈالنا۔ رونق دینا۔

**رُوح تڑپنا۔** (ا۔محاورہ) دل بیقرار ہونا۔

**رُوح تھرّانا۔** (ا۔محاورہ) رُوح کانپنا۔ انتہادرجہ کا خوف کھانا۔ خوف سے بدن لرزنا۔

**رُوح رواں۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) زندہ رُوح۔ اصل چیز۔ وہ چیز یا شخص جس پر کسی امر کا دارومدار ہوتا ہے۔

**رُوح فرسا۔** (ع۔ف۔صف) رُوح تباہ کرنے والا۔ خطرناک۔

**رُوح فنا ہونا۔** (ا۔محاورہ) سخت خوفزدہ ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا

**رُوح قالب میں بے چین ہونا۔** (ا۔محاورہ) رُوح کا گھبرانا (۲) سخت گھبراہٹ ہونا۔

**رُوح قبض ہونا۔** (ا۔محاورہ) بے حد خوف ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا۔

**رُوح کانپنا۔** (ا۔محاورہ) سخت ڈرنا۔

**رُوح کھینچنا۔** (ا۔محاورہ) سَت نکالنا۔ جوہر نکالنا۔

**رُوح گھبرانا۔** (ا۔محاورہ) پریشانی اور بے چینی ہونا۔

**رُوح لگی رہنا۔** (ا۔محاورہ) مشتاق ہونا۔ انتظار ہونا۔

**رُوح ملنا۔** (ا۔محاورہ) بہت دوستی ہونا۔ دل مجتمع ہونا۔

**رُوح نکالنا۔** (ا۔محاورہ) کسی چیز کا سَت نکالنا۔ جوہر نکالنا (۲) جان لینا۔ رُوح قبض کرنا (۳) مُردہ کا چالیسواں کرنا۔

**رُوحانی۔** (رُو۔حا۔نی) [ع۔صف] رُوح سے متعلق۔ پاک۔ صاف۔ مقدّس

**رُوحانیت۔** (رُو۔حا۔نی۔یَت) [ع۔ا۔مث] رُوحی قوت یا خاصیت۔

**رُوحی فداک۔** (کلمۂ تحسین) میری رُوح تجھ پر فدا ہو۔ خوشی اور پسندیدگی کا اظہار۔ رسول خدا کے لیے کہا جاتا ہے۔

**رُود۔** (ف۔ا۔مذ) ندی۔ نہر۔ نالا۔

**رُودبار۔** (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں۔ پانی کا وہ بڑا حصّہ جو عموماً آبنائے سے چوڑا ہوتا ہے اور دو سمندروں کو ملاتا ہے۔

**رُودہ۔** (رُو۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) انتڑی (۲) ساز کی تانت (۳) بیل یا درخت کی شاخ۔

**رو دینا۔** (رو۔دے۔نا) [ہ۔مص] (۱) بے اختیار رونا۔ رونا شروع کرنا۔ (۲) اپنی دفعہ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ غصّے ہونا (۳) عاجز ہونا۔ ہمّت ہارنا (۴) دب جانا۔ ہار ماننا (۵) مذاق وغیرہ برداشت نہ کرنا۔

**روڈ۔** (Road) [انگ۔ا۔مث] سڑک۔ راستہ۔ شارع عام۔

**روڈا۔** (ہ۔صف) منڈے ہوئے سر والا۔

**رو رو دینا۔** (رو۔رو۔دے۔نا) [ہ۔مص] عاجز آجانا۔ نہایت پریشان ہونا۔

**رو رو کے کاٹنا۔** (ہ۔مص) مصیبت کے ساتھ گزارنا۔ بمشکل بسر اوقات کرنا۔

**رَو میں آئے تو آنے دو۔** (ا۔مثل) جو چیز خود بخود اور مفت مل جائے اُسے لے لینا چاہیئے۔

**روڑا۔** (رو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] مٹی یا اینٹ کا ٹکڑا۔ سنگ ریزہ (۲) کھتریوں کی ایک ذات (۳) مزاحم۔ سدِّ راہ۔ روک (۴) جانوروں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے۔

**روڑا اٹکانا۔** (ا۔محاورہ) رکاوٹ پیدا کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔

**روڑی۔** (رو۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پتھر یا چونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو مکان کی منڈیروں۔ پکے فرشوں اور پکی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بنیاد میں کوٹے جاتے ہیں (۲) گرد کی بھیلی۔

**روز۔** (رُوز۔روز) [ف۔مذ] (۱) دِن۔ وار۔ یوم۔ بار۔ تاریخ۔ تِتھ (۲) مزدوری یا دن بھر کی اُجرت۔ روزینہ (۳) وقت۔ زمانہ (۴) (اُز) مرنے کا دِن۔ تاریخِ وفات۔ یوم فاتحہ (۵) ہمیشہ۔ ہر روز۔ سدا۔

**روزِ استفتاح۔** (ف۔ع۔مذ) (۱) خوشی کا دن (۲) رجب کی ۱۵ تاریخ۔

**روز افزائے۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) دِن کو بڑھانے والا (۲) پارسیوں کے سال کا چوتھا مہینہ۔

**روز افزوں۔** (ف۔صف) آئے دِن زیادہ۔ روزانہ ترقی۔

**روزِ الست۔** (ف۔ا۔مذ) وہ دن جب کہ خدا اور انسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا۔

**روزِ امید و بیم۔** (ف۔ا۔مذ) قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔

**روزِ بازار۔** (ف۔ا۔مذ) بازار لگنے کا دن (۲) گرم بازاری۔

**روز بٹنا۔** (ا۔محاورہ) یومیہ تقسیم ہونا۔ روز کے روز مزدوری کا دیا جانا۔

**روزِ بد دکھانا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت و پریشانی میں ڈالنا۔

**روز بہ روز۔** (ف) آئے دن۔ ہر روز۔ مسلسل۔ پے در پے۔

**روزِ پسیں۔** (ف۔مذ) (۱) عمر کا آخری دن (۲) قیامت کا دن۔

**روزِ جزا۔** (ف۔مذ) اعمال کا حساب پیش ہونے، بدلہ ملنے اور انصاف کا آخری دِن۔ قیامت کا دن۔



Marfat.com

**روزِ حساب۔ روزِ حشر۔ روزِ شمار۔ روزِ قیامت۔ روزِ داد۔** (ف ۔ا۔ مذ) انصاف کا دن۔ اعمال کا بدلہ ملنے کا دن۔ قیامت کا دن۔

**روز روز۔** (ف) آئے دن۔ ہر روز۔ ہمیشہ۔

**روز روز کی دوا بھی غذا ہو جاتی ہے** ۔(مثل) اگر عام طور پر دوا استعمال کی جائے تو اس کا اثر نہیں ہوتا۔

**روزِ روشن میں۔** (ف ۔ا۔ مذ) عین دن کے وقت۔ دن دہاڑے۔

**روزِ سیاہ۔** (ف ۔ا۔ مذ) مصیبت کا دن۔ ادبار و بد اقبالی کا زمانہ۔

**روزِ سیاہ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہونا۔

**روز کا قضیہ۔** (ا۔ مذ) ہر گھڑی کا جھگڑا۔

**روز کنواں کھودنا۔ روز پانی پینا۔** (مثل) جتنا کمانا اتنا ہی کھانا۔ روز کمانا۔ روز کھانا۔

**روز کی جھک جھک۔** (ا۔ مث) روز کی لڑائی۔ ہر دم کی وانتا کل کل بک بک۔

**روز کی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) آئے دن ہوتی رہنا۔

**روز کے صدمے۔** (ا۔ مذ) لگاتار مصیبتیں۔

**روز کے سلامی۔** روزانہ سلام کو آنے والے۔

**روزمرّہ۔** (۱) ہر روز۔ ہمیشہ۔ متواتر۔ آئے دن (۲) ہر روز کی گفتگو۔ بول چال۔ محاورہ۔ اصطلاح (۳) تکیہ کلام۔

**روزنامچہ۔** ہر روز کے حساب لکھنے کی کتاب۔ ڈائری۔ کھاتا۔

**روزنامہ۔** (۱) روزانہ شائع ہونے والا اخبار (۲) کیلنڈر۔

**روزنامہ نویس۔** (ف ۔ا۔ مذ) اخبارات میں روز مضمون لکھنا۔ رپورٹر۔ (۲) حساب کتاب لکھنے والا۔ سیاہہ نویس۔ تھانے میں روزنامچہ لکھنے والا

**روزِ نخست** (ف ۔ا۔ مذ) پیدائش کا دن۔

**روز و شب۔** رات دن۔ مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔ ہر وقت۔

**روزانہ۔** (رُو۔ زانہ) [ف۔ تابع فعل] ہر روز۔ ہمیشہ (۲) یومیہ۔ روزینہ۔

**رُوزگار۔** (رُوز۔ گار) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) زمانہ (۲) نوکری۔ پیشہ۔ شغل (۳) کمائی۔ گزارا (۴) موقع۔ محل (۵) قسمت۔

**روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا** ۔(مثل) موقع ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیئے کہ شاید ہی دوبارہ ہاتھ آئے۔

**روزگار پیشہ۔** (ف۔ صف) نوکری پیشہ۔

**روزگار حمام کی لنگی ہے۔** (مثل) نوکری ایک کی نہیں ہوتی۔ کبھی کوئی اس جگہ پہ ہوتا ہے کبھی کوئی۔

**روزگار سے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ملازم ہونا۔

**روز لگنا۔** (ا۔ محاورہ) نوکری لگنا۔ نوکر ہونا۔ مزدوری لگنا۔

**رَوزن۔** (رَو۔ زن) [ف ۔ا۔ مذ] سوراخ۔ روشندان۔ شگاف۔

**روزہ۔** (رو۔ زہ) [ف ۔ا۔ مذ] برت۔ صوم۔ صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے، جماع سے رُکنا (۲) فاقہ (۳) روزے کا دن (۵) روزوں کا مہینہ۔ رمضان۔

**روزہ اُچھلنا۔** روزے میں جھنجلا کر باتیں کرنا۔

**روزہ افطار کرنا۔ روزہ کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) روزہ کا معینہ وقت گزرنے کے بعد کھانا پینا۔

**روزہ بہلنا۔** (ا۔ محاورہ) روزہ کا وقت کسی مشغلے میں کٹنا۔

**روزہ پر روزہ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) فاقے پر فاقہ کرنا۔

**روزہ ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی ایسا فعل کرنا جس سے روزہ نہ رہے۔

**روزہ دار۔** (ف ۔ا۔ مذ) روزہ رکھنے والا۔

**روزہ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مذہبی فرض کے بموجب مقررہ وقت پر کھانے پینے سے پرہیز کرنا (۲) فاقہ کرنا۔

**روزہ کشائی۔** (ف ۔ا۔ مث) (۱) افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب۔

**روزہ کھانا۔** (ا۔ محاورہ) ماہِ رمضان کا روزہ نہ رکھنا۔

**روزے بخشوانے گئے تھے نماز گلے پڑی۔** (مثل) ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی دوسری میں پھنسے۔

**روزے خور۔** (ف ۔ا۔ مذ) رمضان کے روزے نہ رکھنے والا شخص۔

**روزے خور خدا کا چور۔** (مثل) جو شخص روزے نہیں رکھتا وہ خدا کا گنہگار ہے۔

**روزی۔** (رو۔ زی) [ف ۔ا۔ مث] (۱) رزق۔ حصّہ۔ نصیب (۲) روزگار۔ ملازمت۔

**روزی دہ۔ روزی رساں۔** (ف ۔ا۔ مذ) روزی دینے والا (مجازاً) خدا۔

**روزی کا ٹھیکرا۔** (ا۔ مذ) معاش و بسر اوقات کا ذریعہ۔

**روزی کا مارا در در روے۔ پوت کا مارا بیٹھ کے روے۔** (مثل) جس کو روزی نہ ملے وہ در در پھرتا ہے۔ جسے بیٹے کے ہاتھ سے تکلیف پہنچے یا جس کا بیٹا مر جائے وہ گھر میں بیٹھ کر روتا ہے روزی کی مار اولاد کی تکلیف سے بھی بُری ہے۔

**روزی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر مُردے کو بیٹھ کر۔** (مثل) بیکاری کا غم کسی کے مر جانے سے زیادہ ہوتا ہے۔

**روزی کھلنا۔** (ا۔ محاورہ) رزق کا کوئی ذریعہ بن جانا۔

**رَوزینہ۔** (رَو۔ زِی۔ نہ) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) روزانہ تنخواہ۔ روز کی مزدوری۔ یومیہ (۲) خوراک جو روزانہ دی جائے (۳) پنشن۔ وظیفہ۔

**روزینہ دار۔** (ف ۔ا۔ مذ) (۱) پنشن خوار (۲) تنخواہ دار۔ وظیفہ خوار۔

**رُوژ۔** (Rouge) [انگ ۔ا۔ مذ] گلگونہ۔ غازہ۔ سُرخی۔

**رُوستا۔** (رُوس۔ تا) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) گاؤں۔ دہ (۲) گنوار۔ دہقان۔

**رُوستائی۔** (رُوس۔ تائی) (ف ۔ا۔ مذ) دہقان۔ دیہات کے رہنے والے (۲) خوشامد کرنا۔

**رَوسلی۔** (رَوس۔ لی) [ہ ۔ا۔ مث] ہلکی اور کم فصلی زمین۔

**رَوِش۔** (رَ۔ وِش) [ف ۔ا۔ مث] (۱) طور۔ طریقہ۔ رفتار۔ ڈھنگ۔ وضع (۲) مثل۔ مانند (۳) باغ کی پٹڑی۔

**رَوِش بگڑنا۔** (ا۔ محاورہ) انداز خراب ہونا۔ وضع بگڑنا۔

**رَوِش نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) ڈھنگ اختیار کرنا۔ باغ کی پٹڑی بنانا۔

**رَوشن۔** (رَو۔ شَن) (ف ۔ صف) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ ظاہر۔ آشکارا۔ کشادہ۔

**روشن چوکی۔** (ا۔ مث) ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی۔

**روشن جبیں۔** (ف ۔ صف) حسین۔ خوبصورت۔



Marfat.com

رَوشن دان ۔ (ف ۔ا۔ مذ) وہ موکھا جو مکان میں روشنی آنے کے لیے بناتے ہیں ۔ روزن ۔

رَوشن دِل ۔ روشن ضمیر ۔ (ف ۔صف) عقلمند ۔ زود فہم ۔ عارف ۔ صاحب دل ۔ صاحب بصیرت ۔

رَوشن دماغ ۔ (ف ۔صف) عالی دماغ (۲) (کنایتہً) ناس ۔ ہلاس ۔ نسوار

رَوشن سَواد ۔ (ف ۔ا۔ مذ) خوش نویس ۔

رَوشن ضمیری ۔ (ف ۔ا۔صف) عقلمندی ۔ فراست (۲) دوسرے کے دل کی بات معلوم کرنا ۔

رَوشن گُہر ۔ (ف ۔صف) نیک طینت ۔

رَوشن نگاہ ۔ (ف ۔صف) بادشاہوں کے سامنے کوئی شخص حاضر ہوتا تھا تو نقیب یہ کلمہ کہتے تھے ۔

رَوشن ہوجانا ۔ (ا۔ محاورہ) ظاہر ہوجانا ۔ نتیجہ نکل آنا ۔

روشنائی ۔ (رَوش ۔ نائی) [ق ۔ا۔ مث] روشنی ۔ چمک ۔

روشنائی ۔ (روش ۔ نا ۔ ای) [ف ۔ا۔ مث] (۱) نور ۔ تجلی ۔ روشنی ۔ اُجالا ۔ (۲) لکھنے کی سیاہی ۔

روشنائی اُٹھانا ۔ (ا۔ محاورہ) روشنائی جذب کرنا ۔

رَوشنک ۔ (روش ۔ نک) [ف ۔ا۔ مث] (۱) ایک دوا (۲) مشعلچی ۔

رَوشنی ۔ (رَو ۔ شَ ۔ نی) [ف ۔ا۔ مث] (۱) نور ۔ چمک (۲) بصارت (۳) رونق ۔ آبادی (۴) چراغاں ۔

رَوشنی دکھانا ۔ (ا۔ محاورہ) قابلیت دکھانا (۲) روشنی پڑنا ۔

رَوشنی ڈالنا ۔ (ا۔ محاورہ) وضاحت کرنا ۔

رَوشنیِ طبع ۔ (ف ۔ا۔صف) ذہانت ۔ طباعی ۔

رَوضہ ۔ (رَو ۔ ضہ) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) باغ ۔ مرغزار ۔ سبزہ زار (۲) وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو (۳) لکڑی کا بنا ہوا بکس جس کو عورتیں لیے پھرتی ہیں اور اس میں تصویریں دکھاتی ہیں اور اس کو حضرت بی بی کا روضہ کہتی ہیں ۔ جمع : ریاض ۔

رَوضہ خواں ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) معرکۂ کربلا اور مصائبِ اہلِ بیت پڑھ کر سُنانے والا ۔ ابتدا میں صرف کتاب روضۃ الشہدا پڑھی جاتی تھی ۔ اس وجہ سے روضہ خواں کہنے لگے ۔

رَوضۂ رِضواں ۔ (ع ۔ا۔ مذ) (۱) بہشت ۔ باغ ۔ فردوسِ بریں ۔

رَوضہ طیبہ ۔ (ع ۔ا۔ مذ) پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا مقبرہ ۔

رَوغن ۔ (رَو ۔ غن) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) تیل ۔ گھی ۔ چکنائی (۲) چمک دمک ۔ روشنی (۳) لُک ۔ وارنش ۔

رَوغن اُڑجانا ۔ (ا۔ محاورہ) پالش جاتی رہنا ۔ آب و تاب کا زائل ہوجانا ۔

روغن پانی میں ڈالنا ۔ (ا۔ ٹوٹکا) پانی میں تیل ڈالنا ۔ ایک قسم کا ٹوٹکا ۔ جب کی جھڑی لگتی ہے تو پانی میں تیل ڈال لیتے تھے ۔

رَوغنِ تلخ ۔ روغنِ سیاہ ۔ (ف ۔ا۔ مذ) کڑوا تیل ۔

روغن جوش ۔ (ف ۔ا۔ مذ) بگھار ۔ ایک قسم کا قورمہ جو بگھار کر تیار کیا جاتا ہے ۔

رَوغن چڑھانا ۔ (ا۔ محاورہ) جلا دینا ۔ اُجلا کرنا ۔ چمکدار کرنا ۔

رَوغن دار ۔ (ف ۔ا۔صف) روغن چڑھا ہوا (۲) وہ سالن جس میں گھی زیادہ ڈالا گیا ہو ۔

روغن داغ ۔ ایک قسم کا کڑھا جس میں گھی یا تیل گرم کرتے ہیں ۔

رَوغن سیاہ ۔ (ف ۔ا۔صف) السی کا تیل ۔ کڑوا تیل ۔

رَوغن فروش ۔ (ف ۔ا۔ مذ) تیل بیچنے والا ۔

روغن زرد ۔ (ف ۔ا۔ مذ) گھی ۔ گائے کا گھی ۔

روغن قاز ۔ (ف ۔ا۔ مذ) راج ہنس کی چربی جو نہایت آبدار اور چکنی ہوتی ہے ۔

روغن قاز ملنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مدد دینا (۲) خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔

روغنِ نفت ۔ (ف ۔ا۔ مذ) مٹی کا تیل ۔ کروسین آئل ۔

روغنی ۔ (روغ ۔ نی) [ف ۔صف] گھی یا تیل سے چپڑا ہوا (۲) پالش یا وارنش کی ہوئی شے (۳) چکنی ۔

روک ۔ [ھ ۔ا۔ مث] (۱) آڑ (۲) ممانعت ۔ مزاحمت ۔ اٹکاؤ (۳) احاطہ بندی (۴) بند (۵) مناہی (۶) آسرا ۔ ٹیک (۷) روکنا کا امر ۔

روک تھام ۔ (ا۔ مث) (۱) انسداد (۲) وہ تدابیر جن سے معاملہ یا بیماری وغیرہ بڑھنے نہ پائے (۳) روک ٹوک (۴) انسداد (۵) عارضی بچاؤ ۔

روک ٹوک ۔ (ا۔ مث) ممانعت ۔ مزاحمت ۔ پوچھ گچھ ۔ ٹھہرا لینا ۔ باز رکھنا ۔

روک روک کے ۔ (ا) ٹھہرا ٹھہرا کے ۔ احتیاط سے ۔

روکڑ ۔ روکڑی ۔ (رو ۔ کڑ ۔ روک ۔ ڑی) [ھ ۔ا۔ مث] (۱) روپیہ پیسہ ۔ نقد ۔ دھن دولت (۲) تحویل ۔ نقد روپیہ جو کسی کی تحویل میں ہو ۔

روکڑ بکری ۔ (ہ ۔ا۔ مث) نقد بکری ۔ نقد فروخت ۔

روکڑ بہی ۔ (ہ ۔ا۔ مث) وہ کتاب جس میں نقد کا حساب درج ہو ۔ کیش بک

روکڑیا ۔ (رو ۔ کڑ ۔ یا) [ھ ۔ا۔ مذ] خزانچی ۔ تحویل دار ۔

رُونگن ۔ (رُو ۔ گن) [ھ ۔ا۔ مث] (۱) اُوپر ۔ علاوہ (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو اس کے خریدنے کے بعد بلا قیمت اُوپر سے لے لیں ۔ رونگا ۔

روکنا ۔ (روک ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) باز رکھنا کسی فعل سے منع کرنا ۔ کسی خیال سے باز رکھنا (۲) راستہ بند کرنا (۳) ٹکانا ۔ ٹھہرانا (۴) بات کاٹنا (۵) پردہ کرنا (۶) احاطہ کرنا ۔ نہ دینا (۷) بچاؤ کرنا ۔ وار بچانا (۸) قبضہ کرنا (۹) دیر میں دینا (۱۰) پھنسانا ۔ اُلجھانا (۱۱) بچانا ۔ حفاظت کرنا ۔ (۱۲) چھیڑنا ۔ ہنسی کرنا (۱۳) ساکن کرنا ۔ حرکت نہ کرنے دینا (۱۴) نسبت کرنا (۱۵) معاملہ قابو سے نہ جانے دینا ۔

روکنا ٹوکنا ۔ پوچھنا ۔ منع کرنا ۔

رُوکھ ۔ [ھ ۔ا۔ مذ] درخت ۔ شجر ۔

رُوکھا ۔ (رُو ۔ کھا) [ھ ۔صف] (۱) خشک ۔ سوکھا (۲) سادہ (۳) بے لطف (۴) پھیکا (۵) خشک دماغ (۶) بدخلق (۷) بے رحم ۔ سنگ دل ۔ (۸) کھردرا (۹) بلا روغن ۔

رُوکھاپن ۔ (ا۔ مذ) کھردرا پن ۔ ناہمواری (۲) سختی ۔ درشتی (۳) خشکی ۔ سوکھا ۔



Marfat.com

**رُوکھا جواب** ۔ (ا۔ مذ) صاف انکار۔

**رُوکھا سوکھو کا** ۔ (۱) شل) خوش اخلاق کے ساتھ پیش نہ آنے والا جو کا رہتا ہے (۲) رُوکھی روٹی کھانے والے کا پیٹ نہیں بھرتا۔

**رُوکھا سُوکھا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے سالن کا۔ بُرا بھلا۔ دال دلیا۔

**رُوکھا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے خلق ہونا۔

**رُوکھے سُوکھے ٹکڑے** ۔ (ا) نہایت معمولی غذا۔

**رُوکھی** ۔ (رُو۔ کھی) [ہ۔ صف] رُوکھا کی تانیث۔

**رُوکھی روٹی** ۔ (۱) وہ روٹی جس کے ساتھ کھانے کی کوئی چیز نہ ہو۔

**رُوکھی رُوکھی باتیں** ۔ (ا۔ مث) (۱) وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔

**رُوکھی سُوکھی** ۔ (ا۔ صف) بُری اور خراب غذا۔

**روگ** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دُکھ۔ درد۔ بیماری۔ مرض (۲) وبا۔ مری (۳) وبال۔ جنجال (۴) فتنہ۔ فساد (۵) رد و بدل (۶) عیب۔ بُرائی۔ نقص۔

**روگ پالنا۔ روگ لگا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑے میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا (۲) دشمن کر لینا۔ بُری عادت ڈال لینا (۳) کوئی مرض پیچھے لگا لینا۔

**روگ دھوگ** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) جھگڑا۔ مصیبتیں۔

**روگ راج** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بیماریوں کا سردار۔ بڑا آزار۔ تپ دِق۔

**روگ کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا چکانا۔ قضیہ پاک کرنا۔ دُکھ دینے والی چیز دُور کرنا۔

**روگ کا گھر۔ روگ کی جڑ** ۔ (ا۔ مذ۔ مث) (۱) دُکھ کی پوٹ (۲) بیماری کا باعث۔ بیماری پیدا کرنے والی چیزیں۔

**روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی** ۔ (مثل) کھانسی تمام بیماریوں کی جڑ اور ہنسی دل لگی لڑائی کا سبب ہے۔

**روگ ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑا ہے مصیبت ہے۔

**روگی۔ روگیا۔ روگیلا** ۔ (رو۔ گی۔ روگ۔ یا۔ رو۔ گی۔ لا) [ہ۔ صف] (۱) مریض۔ (۲) دُکھی (۳) دائم المرض (۴) جھگڑالو (۵) کوڑھی۔ جذامی۔

**رول** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] کتری ہوئی چھالیہ جو ناقص ہو۔

**رول** ۔ (Role) [انگ۔ ا۔ مذ] کارِ منصبی۔ مفوضہ کام۔ ایکٹر کا پارٹ۔

**رول** ۔ (Roll) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی اور مدارج و مناصب کے لیے ملازموں کے نمبروار نام لکھے ہوتے ہیں (۲) فردِ اسماء۔

**رول نمبر** ۔ (Rollnumber) (انگ۔ مذ) دفتر کے حساب سے جو نمبر ہو۔

**رُول** ۔ (Rule) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ دستور (۲) لکیر۔ جدول جو کتاب کے حاشیے پر کھینچا جائے (۳) [اُر] لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ جدول کش۔

**رَولا** ۔ (رَو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) غل۔ شور۔ غوغا (۲) جھگڑا بکھیڑا۔ بلوہ۔ بغاوت۔

**رَولا ڈالنا۔ رَولا کرنا۔ رَولا مچانا** ۔ (ا۔ محاورہ) غل مچانا۔ ہلچل ڈالنا۔ غدر کرنا۔ بلوہ کرنا۔

**رُولر** ۔ (Ruler) [انگ۔ ا۔ مذ] جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔

**رولن** ۔ (رو۔ لن) [ہ۔ ا۔ مث] وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ پھٹن۔

**رولنا** ۔ (رول۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھٹکنا۔ چھانٹنا۔ چننا۔

**رُولنگ** ۔ (Ruling) (رُو۔ لنگ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) سطروں کا نشان (۲) قانونی نظیر (۳) قطعی رائے۔ فیصلہ۔

**رَولی** ۔ (رَو۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی سُرخ اور خشک چیز جس کا ہندو تلک لگاتے ہیں۔ کنگو۔

**رُوم** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] رونگٹا۔ رُواں۔ موئے تن۔

**رُوم** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] بازنطینی (عیسائی) مملکت جس کا صدر مقام قسطنطنیہ تھا (۲) ترکوں کی مملکت (۳) ایشیائے کوچک (۴) شہر روما۔

**رُوم** ۔ (Room) [انگ۔ ا۔ مذ] کمرہ۔ حجرہ۔ کوٹھری۔

**رُومال سے رومال بدلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دوستی کا پکّا کرنا۔

**رومال رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایّامِ حیض میں گدی کا استعمال کرنا۔

**رُومان** ۔ (رُو۔ مان) [انگ رومنس (Romance) کا مورد۔ ا۔ مذ] ادب کی وہ صنف جس میں حقیقی زندگی سے غیر متعلق واقعات بیان کیے جائیں۔ فرضی داستان۔ حیرت انگیز واقعہ۔ عشق و محبت کی داستان۔

**رُومانی** ۔ (رُو۔ ما۔ نی) [اُر۔ صف] (۱) رُومان سے متعلق (۲) رُومان پسند۔ تخیل پرست۔ خیالی دنیا میں رہنے والا۔ عشقیہ۔

**رومَن** ۔ (رو۔ مَن) (Roman) [انگ۔ صف] (۱) روم سے منسوب۔ اٹلی کا باشندہ (۲) اُردو یا ہندی کی عبارت کو انگریزی حروف میں لکھنا۔

**رومن کیتھولک** ۔ (Romancatholic) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پاپائے روم (پوپ) کو حضرت عیسیٰ کا جانشین مانتا اور اس کی پیروی کرتا ہے۔

**رومن کیریکٹر** ۔ (Roman Character) انگریزی حروفِ تہجی۔

**رُومی** ۔ (رُو۔ می) [ع۔ صف] (۱) روم کا باشندہ (۲) روم کے متعلق۔

**رَوَنّا** ۔ (رَ۔ وَن۔ نا) [ہ۔ ا۔ مث] وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہے (۲) وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد لانے والے کا نام۔ چیز کا نام۔ محصول درج ہو (۳) پروانۂ راہداری۔

**رَونا** ۔ (رَو۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گھنگرو یا جھانجھ کے اندر کے دانے جن کی حرکت سے آواز نکلتی ہے (۲) بیاہ کے بعد تیسری مرتبہ بیوی کو گھر میں لانا۔

**رونا** ۔ (رو۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) آنسو بہانا (۲) شکایت کرنا (۳) گلہ کرنا۔ جھینکنا (۴) سوگ کرنا (۵) واویلا کرنا۔ فریاد و فغاں کرنا (۶) افسوس کرنا۔ تلف شدہ چیز کا رنج کرنا (۷) ذکر پھیلنا۔ افواہ ہونا (۸) پچھتانا (۹) صدمہ اُٹھانا (۱۰) دُکھ بیان کرنا (جیسے دُکھڑا رونا) (۱۱) رونے کی شکل بنانا (۱۲) (کنایۃً) بُری طرح پڑھنا۔ بدآوازی سے بولنا۔ کلام کو بگاڑ کر پڑھنا (۱۳) [مذ] شکوہ۔ گلہ۔ صدمہ (۱۴) گریہ و زاری۔ ماتم۔ نوحہ (۱۵) [صف] وہ بچہ جو بہت روتا ہو (۱۶) ماتم۔ گریہ و زاری۔ پچھتاوا۔ نوحہ۔

**رونا آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دل بھر آنا۔ افسوس ہونا۔

**رونا پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔

**رونا پیٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گریہ و زاری۔ ماتم۔ کہرام (۲) ماتم کرنا۔ نوحہ و شیون۔

**رونا تو اتنی بات کا ہے** ۔ (ا۔ مقولہ) یہی تو اندیشہ یا فکر ہے۔



Marfat.com

رونا تو عمر بھر کا ہے۔ (ا۔ محاورہ) ساری عمر کی مصیبت ہے۔
رونا دھونا۔ (ا۔ محاورہ) بہت رونا۔
رونا رُلانا۔ (ا۔ محاورہ) رونا دھونا۔ خود رونا اور دوسروں کو رُلانا۔
رونا رونا۔ (ا۔ محاورہ) دکھڑا بیان کرنا۔ شکوہ کرنا۔
رونا ہے۔ (ا۔ مقولہ) افسوس ہے۔
رونے پر آنا۔ رونے پر آمادہ ہونا۔
رونے سے روزی نہیں ملتی۔ (ا۔ مثل) افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی
رونے کا تار باندھنا۔ (ا۔ محاورہ) برابر روئے جانا۔
رونے کو تھی ہی اتنے میں آ گیا بھائی۔ (ا۔ مثل) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی۔ بھائی آ گیا تو سہارا پا کے زیادہ غل مچا دیا۔
رونے کی جگہ۔ (ا۔ مث) رونے کا مقام۔ افسوس کرنے کا مقام۔
رَوند۔ (انگریزی راؤنڈ (Round) کا بگڑا ہوا) (ا۔ مث) (۱) طلایہ۔ رات کا گشت۔ گشت۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا گشت (۲) وہ لوگ جو حاکم کی طرف سے اہل شہر کی نگہبانی کے لیے رات کے وقت گشت کرتے ہیں۔
رَوند ڈالنا۔ (رَوند۔ ڈال۔ نا۔ رُوند۔ ڈال۔ نا) (ف م) پامال کر دینا۔ تلووں کے نیچے مل ڈالنا۔
روندن۔ (رَوں۔ دَن) (ا۔ مث) پامالی۔ تلووں کے نیچے کچلا جانا۔
رَوندنا۔ (رَوند۔ نا۔ رُوند۔ نا) (ف م) پامال کرنا۔ پاؤں سے کچلنا۔
رُوندھانا۔ (رُوں۔ دھا۔ نا) (ف ل) غم زدہ ہونا۔ اُداس ہونا۔
رُوں رُوں۔ (ا۔ مث) سارنگی کی آواز (۲) بچے کے رونے کی آواز۔
رَونق۔ (رَو۔ نق) (ع۔ ا۔ مث) (۱) چمک۔ زیبائش۔ خوبی (۲) تازگی۔ طراوت (۳) (اُز) آبادی (۴) چہل پہل (۵) بہار۔ لطف۔ کیفیت۔
رونق آ جانا۔ (ا۔ محاورہ) آب و تاب پیدا ہو جانا۔
رونق افروز۔ (ع۔ ف۔ صف) رونق بڑھانے والا۔
رونق افروز ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (مجازاً) تشریف لانا۔ کسی بڑے آدمی کا آنا۔
رونق افزا۔ رونق فزا۔ (ع۔ ف۔ صف) رونق بڑھانے والا۔ جلوہ فرما۔
رونق بازار۔ (ع۔ ف۔ صف) (کنایۃً) مشہور۔ عام۔
رونق دار۔ (ع۔ ف۔ مذ) (۱) چمکیلا (۲) خوبصورت۔ آراستہ (۳) پُرلطف۔
رونق محفل۔ (ع۔ ف۔ مذ) (۱) محفل کی بہار (۲) (کنایۃً) محبوب۔
رونگ (رُونگ۔ رَونگ) (ہ۔ ا۔ مذ) رونگٹا۔ روم۔ رُواں۔
رونگ رونگ میں بسنا۔ (ا۔ محاورہ) روئیں روئیں میں سمانا۔
رَونگٹا۔ (رونگ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) اُون۔ پشم۔ رُواں۔ رونگ۔ وہ چھوٹے نرم بال جو انسان کے بدن پر ہوتے ہیں۔
رُونگٹا رُونگٹا دُعا دیتا ہے۔ (ا۔ محاورہ) شکریہ ادا کرنے کے لیے کہتے ہیں
رونگٹا میلا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔
رونگٹے کھڑے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سردی یا خوف کے باعث جسم کے رُواں کا کھڑا ہو جانا (۲) سہمنا۔ ڈرنا۔ کانپنا۔
رونی۔ (رو۔ نی) (ہ۔ صف) رونا (صف) کی تانیث۔
رونی صورت۔ ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہو۔ غمگین صورت۔

روے چور پرائے دھن کو۔ (ہ۔ مثل) کسی کی سخاوت کو دیکھ کر ناراض ہونا یا غیر کے مال پر شیخی مارنا۔ حاسد کی نسبت میں بولا کرتے ہیں۔
رُوہانسا۔ (رُو۔ ہاں۔ سا) (ہ۔ صف) آنکھوں میں آنسو بھر لانے والا۔
رُوہانسی۔ (رُو۔ ہاں۔ سی) (ہ۔ صف) رُوہانسا کا مونث۔
رُوہَٹ۔ (رُو۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) نرمی۔ تازگی۔ چہرے کی رونق۔
رُوہَٹا۔ (رُو۔ ہَٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) روئی کا بازار۔
رُوہَڑ۔ (رُو۔ ہَڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) موٹا دھاگا (۲) (کنایۃً۔ صف) بدصورت۔ بھدا۔
روہُو۔ (رو۔ ہُو) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔
رُوئی۔ (رُو۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) پنبہ۔ صاف کی ہوئی کپاس (۲) (صف) ملائم۔ نرم۔ گدگدا۔
رُوئی تومنا۔ (ا۔ محاورہ) انگلیوں سے روئی کو تار تار کرنا۔
رُوئی دار۔ (ہ۔ ف۔ صف) وہ کپڑے جن کے اندر روئی پڑی ہو۔
رُوئی دُوئی۔ (ا) سردی میں دو افراد کا لپٹ کر اور لحاف لے کر سونا (۲) روئی کی گرمی سے سردی میں تسکین ہوتی ہے۔
رُوئی دھننا۔ رُوئی دُھنکنا۔ (ا۔ محاورہ) روئی کو تانت سے صاف کرنا۔ روئیں روئیں جُدا جُدا کرنا
رُوئی کا پہل۔ دُھنکی ہوئی روئی کا حصہ جو ہاتھ سے جوڑا کیا گیا ہو۔
رُوئی کا کبوتر۔ (ا۔ مذ) لڑکے کھیل میں رُوئی کے ٹکڑے اُڑاتے ہیں اور اسی کو روئی کا کبوتر کہتے ہیں۔
رُوئی کا گالا۔ (ا۔ مذ) (۱) صاف رُوئی کا بنایا ہوا گولا۔ رُوئی کا بڑا پھویا۔ (۲) نہایت سفید۔ ملائم اور ہلکی چیز۔
رُوئی کانوں میں دے رکھی ہے۔ (ا۔ محاورہ) کچھ سنتا ہی نہیں۔
رُوئی کی طرح توم ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) ایک ایک عیب ظاہر کرنا۔ دھجیاں اُڑا دینا۔
رُوئی کی طرح دُھننا۔ (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) پُرزے پُرزے اُڑانا۔ خوب مارنا۔ خوب پیٹنا۔
رُوئے۔ (رُو۔ اے) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے رُو۔ چہرہ۔
رُوئے تاباں۔ (ف۔ ا۔ صف) چمکتا ہوا چہرہ۔
رُوئے زمین۔ (ف۔ ا۔ مث) زمین کی سطح۔
رُوئے کتابی۔ (ف۔ ا۔ صف) قدرے لمبا چہرہ۔
رُوئیداد۔ دیکھیے رُوداد (رُو کے تحت) واقعہ۔
روئیدگی۔ (رُو۔ ای۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) اُگن۔ نباتات کا اُگنا۔
روئیدہ۔ (رُو۔ ای۔ دَہ) (ف۔ صف) بڑھا ہوا۔ اُگا ہوا۔ نمو یافتہ۔
روئے بغیر ماں دُودھ بھی نہیں دیتی۔ (ا۔ مثل) بغیر مشقت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
روئے دینا۔ (اُز۔ مص) رو کر اظہار غم یا خوشی کرنا۔
رُوئیں۔ (رُو۔ ایں) (ف۔ ا۔ مث) (۱) دھات۔ کانسی (۲) (صف) دھات کا۔ پیتل یا کانسی کا۔
رُوئیں تن۔ (ف۔ ا۔ مذ) دھات کا بنا ہوا۔ مس قلعی میں ملا ہوا (۲)



Marfat.com

اسفندیار پسر گشتاسپ کا لقب (۳) جس کے جسم پر تیغ و تبر کارگر نہ ہو۔ مضبوط۔

**رَوِی۔** (رَ۔وِی) [ع۔ا۔مث] (۱) قافیے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف۔

**رویا۔** (رو۔یا) [ع۔ا۔مذ] خواب۔ سپنا۔

**رویائے صَادِقہ۔** (ع۔ا۔مذ) سچا خواب۔

**رُویاں۔** (رُو۔یاں) [ھ۔ا۔مذ] دیکھیے رُواں۔ جسم کے بال۔

**رَوِیت۔** (رُو۔یَت۔ رو۔یَت) [ع۔ا۔مث] صورت کا نظر آنا۔ دیدار۔ نظارہ۔

**روَیتِ ہلال۔** (ع۔ا۔مث) پہلے دِن کے چاند کا نظر آنا۔

**رَوِیّہ۔** (رَ۔وِی۔یَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) چال چلن (۲) دستور۔ قاعدہ (۳) برتاؤ۔ ڈھنگ۔ معمول۔

## ر ـــــــ ہ

**رَہ۔** [ف۔ا۔مذ] (۱) راہ کا مخفف۔ راستہ۔

**رَہ نُمول۔** راستہ دکھانے والا۔ ہادی۔

**رَہ نُمولی۔** رہ نمائی۔ ہدایت۔

**رِہا۔** [ف۔صف] (۱) چھُوٹا ہوا۔ نجات یافتہ (۲) آزاد کیا گیا۔

**رَہاٹ۔** (رَ۔ہاٹ) [ق۔ا۔مذ] راہ۔ مقام۔ طریقہ۔

**رَہاسہا۔** (رَ۔ہا۔سَ۔ہا) [اُ۔صف] (۱) بچا کھچا (۲) رشتے ناتے کا حامی۔ مددگار۔

**رَہانا۔** (رَہا۔نا) [ہ۔مص] چکّی یا سِل کے دانت تیز کرانا۔ چکّی یا سِل کو کھُردرا کرانا۔

**رِہائش۔** (رِ۔ہا۔اِش) [اُ۔ا۔مث] (۱) قیام۔ بود باش۔ سکونت۔ گنجائش۔ (۲) ضبط۔ برداشت۔

**رَہاؤ۔** (رَ۔ہا۔او) [ھ۔ا۔مذ] وقفہ (۲) ٹھہراؤ۔ ٹکاؤ۔

**رَہاؤُ۔** (رَ۔ہا۔اُو) [ہ۔صف] پائدار۔ مضبوط۔ مستحکم۔

**رِہائی۔** (رِ۔ہا۔اِی) [ف۔ا۔مث] نجات۔ فراغت۔ معافی۔ آزادی۔

**رُہبان۔** (رُہ۔بان) [ع۔ا۔مذ] راہب کی جمع۔ عیسائیوں کے ماہب۔

**رَہبانیت۔** (رَہ۔با۔نِی۔یَت) [ع۔ا۔مث] (۱) ترکِ دُنیا۔

**رَہت۔** (ہ۔ا۔مذ) قیام۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔

**رہ پڑنا۔** (رَہ۔پڑ۔نا) [ہ۔مص] رہ جانا۔ قیام پذیر ہونا۔

**رہ تو سہی۔** (رَہ۔تو۔سَ۔ہی) (اُ۔ تہدیدی جملہ) کھڑا رہ۔ صبر کر۔ تھم جا۔ ٹھہر تو جا۔

**رہتی دنیا تک۔** (امقولہ) جب تک دنیا قائم ہے۔ ہمیشہ۔

**رَہَٹ۔** (رَ۔ہَٹ) [ھ۔ا۔مذ] (۱) وہ چرخ جس کے ذریعے کنویں سے پانی نکالتے ہیں (۲) ہنڈولا۔

**رَہَٹ لگانا۔** (ا۔محاورہ) بار بار آنا جانا۔ تار باندھنا (۲) کنوئیں پر پانی نکالنے کا ہنڈولا نصب کرنا۔

**رَہٹی۔** (رَہ۔ٹی) [ھ۔ا۔مث] چھوٹا رَہَٹ (۲) طریقہ۔ معمول۔

**رہٹی باندھنا۔** (ا۔محاورہ) معمول مقرر کرنا۔

**رہٹی چلانا۔** (۱) قسط پر دینا۔ ایک رقم باقساط ادا کرنا (۲) چرخی چلانا۔

**رَہ جانا۔** (اُ۔مص) (۱) ٹھہر جانا۔ رہ پڑنا (۲) رُک جانا (۳) کسی چیز کا چھوٹ جانا (۴) باقی رہنا (۵) باز رہنا کسی کام سے (۶) ناتمام رہنا (۷) ناکامیاب ہونا (۸) کسی ایک مقام سے دوسرے مقام کو نہ جا سکنا (۹) خطا کرنا۔ کسی کام میں کمی کرنا (۱۰) ہار جانا (۱۱) عاجز ہونا۔ (۱۲) ہاتھ پاؤں یا دھڑ شل ہو جانا (۱۳) رحم میں ٹھہرنا (۱۴) عالمِ حیرت میں اپنے مقام پر بے خود ہو جانا۔

**رَہ چُولا۔** (رَہ۔چُولا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خوشامد (۲) نرم الفاظ۔ خوشامدیوں جیسی بات۔

**رہ رہ کر۔** (اُ۔ تابع فعل) ٹھہر ٹھہر کے۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔

**رَہرُو۔** (رَہ۔رُو) [ھ۔ا۔مذ] ایک قسم کا چھکڑا (۲) بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی۔

**رَہَس۔** (رَ۔ہَس) [ھ۔ا۔مذ] (۱) چہل۔ خوشی۔ دِل بہلاوا۔ دِل لگی (۲) کرشن جی اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ۔

**رَہکلا۔** (رَہ۔کَ۔لا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) چھوٹی توپ (۲) توپ رکھنے کی گاڑی (۳) بھنور کلی۔

**رَہَن۔** (رَ۔ہَن) [ع۔ا۔مذ] (اُردو میں ر کی زیر کے ساتھ) گرو۔ گروی۔ کفالت۔

**رَہنِ اراضی۔** (ف) زمین کا گرو رکھنا۔

**رَہنِ انتفاعی۔** (ع۔ا۔مذ) وہ گرو جس میں فائدہ اُٹھانے کی صورت ہو۔

**رَہن در رَہن۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) گرو در گرو۔ ایک شخص سے کوئی شے رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا۔

**رَہنِ متمادی۔** (ع۔ا۔مذ) مقررہ مدّت تک کا گرو۔

**رَہنِ مطلق۔** (ع۔ا۔مذ) دست بند حک۔

**رِہن نامہ۔** تمسک۔ وہ تحریر جو کوئی چیز کفالت میں دینے کی بابت اسٹامپ پر لکھ کر دی جائے۔ کفالت نامہ۔

**رَہنا۔** (رَہ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بسنا۔ ٹکنا۔ ٹھہرنا (۲) باقی بچنا۔ چھُوٹنا (۳) خوب چلنا۔ پائدار ہونا (۴) برقرار رہنا۔ چلنا (۵) کھڑا رہنا۔ قائم رہنا (۶) سُن ہو جانا۔ شل ہو جانا (۷) بسر ہونا (۸) گِنا جانا۔ حساب میں آنا (۹) باقی رہنا۔ ذمّہ ہونا۔

**رہنا سہنا۔** (ا۔محاورہ) گزر بسر کرنا۔

**رَہن سَہن۔** [ھ۔ا۔مذ] طریق زندگی۔ زندگی بسر کرنے کا طور طریقہ۔ طریق بود و باند۔

**رہنے دینا۔** (ا۔محاورہ) (۱) رکھ چھوڑنا۔ قائم رکھنا (۲) ہاتھ نہ لگانا (۳) جانے دینا۔

**رہوار۔** (رَہ۔وار) [ف۔ا۔مذ] دیکھیے راہوار (راہ کے تحت) گھوڑا۔



Marfat.com

**رہے تو آپ سے اور نہ رہے تو گئے باپ سے۔** (اُ-مثل) اگر عورت کی خاوند سے رغبت نہ ہو تو اس معاملے میں کسی کی سعی کارگر نہیں ہوتی۔

**رہے جھونپڑوں میں۔ خواب دیکھیں محلوں کا۔** (اُ-مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ چیزوں کا حوصلہ۔ بے مقدوری میں مقدور والوں کی سی ریس کرنا۔ مفلسی میں امیری کی اُمنگ۔

**رہے محمود کے انڈے دے مسعود کے۔** (اُ-مثل) کھائیں کسی کا اور خیر خواہی کریں کسی کی۔

**رہے نام اللہ کا۔** (اُ-مثل) خدا کے سوا سب فانی ہیں۔ کسی کے مرنے یا کسی چیز یا رُتبہ کے زوال کے وقت بولتے ہیں۔

**رَہین۔** (رَ-ہین) (ع-صف) (۱) گرو رکھی ہوئی شے۔ مرہُون (۲) تابع۔ ماتحت۔

**رَہینِ مِنّت۔** (ع-صف) احسان مند۔ شکر گزار۔ ممنُون۔

## ر — ء

**رُؤسا۔** (رُؤ-اَ-سا) (ع-ا-مذ) رئیس کی جمع۔ امیر لوگ۔ سردار۔

**رَؤُف۔** (رَ-ؤُف) (ع-صف) بہت مہربان۔ بہت شفقت کرنے والا خدا کا صفاتی نام۔

**رَئی۔** (رَ-اِی) (ہ-ا-مث) بلوئی۔ دہی بلونے کا آلہ (۲) آسمان کا گرد و غبار۔

**رَئیس۔** (رَ-اِیس) (ع-ا-مذ) سردار۔ فرماں روا۔ دولت مند۔

**رَئیسِ با اختیار۔** (ع-ا-مذ) وہ رئیس جس کو حکومت سے مالی اور ملکی اختیارات ملے ہوں۔

**رَئیسِ خود مختار۔** (ع-ا-مذ) وہ رَئیس جو ملکی انتظامات میں کسی کا ماتحت نہ ہو۔

**رئیس زادہ۔** (ع-ف-ا-مذ) رئیس کا بیٹا۔

## ر — ی

**رِے۔ رِی۔** (رِے-رِی) (ہ-ندا) اَرے یا اَری کا مخفف (تنہا مستعمل نہیں مرکبات میں استعمال ہوتے ہیں جیسے اللہ رے! اُف رے! اُف ری۔

**رِیا۔** (ع-ا-مث) ظاہرداری۔ زمانہ سازی۔ مکر و فریب۔ دھوکا۔

**رِیاکار۔** (ع-ف-صف) منافق۔ زمانہ ساز۔ مکّار۔ فریبی۔

**رِیاکاری۔** (ع-ف-ا-مث) مکّاری۔ فریب۔ نفاق۔

**رِیاح۔** (رِ-یاح) (ع-ا-مث) (۱) ریح کی جمع۔ ہوائیں (۲) معدے کی ہوا۔ گوز۔ پاد۔

**رِیاحین۔** (رِ-یا-حِین) (ع-ا-مذ) ریحان کی جمع۔ خوشبودار پھُول۔ (مجازاً) مطلق پھُول۔

**رِیاست۔** (رِ-یا-سَت) (ع-ا-مث) (۱) سرداری۔ افسری۔ اِمارت۔ (۲) راج۔ عملداری۔ حکومت۔

**ریاست بے سیاست نہیں ہوتی۔** (اُ-مثل) حکومت کے لیے رُعب لازم ہے۔

**رِیاض۔** (رِ-یاض) (ع-ا-مذ) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ۔ محنت۔ مشقّت۔

**رِیاضَت۔** (رِ-یا-ضَت) (ع-ا-مث) (۱) محنت۔ مشقّت۔ سختی۔ (۲) زُہد۔ نفس کُشی (۳) کسرت۔ ورزش (۴) مزدوری۔ پیشہ وری۔

**رِیاضت کَش۔** (ع-ف-ا-مذ) رنج کش۔ سختی اٹھانے والا۔ محنتی۔

**رِیاضتی۔** (رِ-یا-ضَ-تی) (ف-صف) (۱) جفاکش۔ محنتی (۲) (مذ) زاہد۔ بیراگی۔ رشی۔ مُنی۔

**رِیاضی۔** (رِ-یا-ضی) (ع-ا-مث) حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم۔ علم ہندسہ۔ علم حساب۔ نجوم۔ موسیقی۔ مناظرہ۔ جبر و مقابلہ۔ جرِ ثقیل سب ریاضی میں داخل ہیں۔ یعنی وہ عقلی علوم جو وجودِ خارجی میں مادے کے محتاج ہیں (۲) (صف) ریاضت کرنے والا۔

**ریاضی داں۔** (ع-ف-ا-مذ) ریاضی جاننے والا۔

**رِیاضیاتی۔** (رِ-یاض-یا-تی) (ع-صف) ریاضی کے متعلق۔

**رِیائی۔** (رِے-یا-ای) (ع-صف) مکّار۔ ریاکار۔ فریبی۔

**رَیب۔** (ع-ا-مذ) شک۔ شُبہ۔

**رِیپبلک۔** (Republic) (ری-پَب-لِک) (انگ-ا-مث) جمہوریہ۔ جمہوری مملکت۔

**ریپلیکا۔** (Replica) (رَیپ-لِی-کا) (انگ-ا-مذ) (۱) تصویر نقش وغیرہ کا مثنیٰ (جو مصوّر نے خود بنایا ہو) (۲) نقل کا اصل۔ ہو بہو نقل۔

**ریت۔** (ہ-ا-مث) بالُو۔ سراب۔ ریگ۔ دریا کی ریت اور چھوٹے سنگ ریزے۔

**ریت آنا۔** (ا-محاورہ) پیشاب میں ریت کے ذرّات کا آنا۔

**ریت گھڑی۔** (Sand-Glass) ایک قسم کی گھڑی جو پرانے زمانے میں بنائی جاتی تھی۔ ایک قیف نما برتن میں باریک ریت بھر دیتے تھے اور اس کے نیچے کا سُوراخ ایسے اندازہ کا رکھتے تھے کہ اس میں سے ریت آہستہ آہستہ نیچے کے برتن میں گرتی رہے۔ جب قیف کی ساری ریت نیچے گر جاتی تھی تو سمجھا جاتا تھا کہ ایک گھنٹہ ہو گیا۔ دوسرے گھنٹے کے اندازے کے لیے پھر وہ ریت قیف میں ڈال دی جاتی تھی۔

**رِیت۔** (ہ-ا-مث) (۱) قاعدہ۔ قانون (۲) رسم رواج۔ دستور۔ (۳) عام طریق (۴) وضع۔ چلن (۵) طور طریق (۶) تدبیر۔ ترکیب (۷) نکاح کی شرح (۸) لین دین۔



Marfat.com

**ریت رسم** ۔ (ر۔ا۔مث) عورتوں میں وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولہا دلہن کے ساتھ برتی جاتی ہیں۔
**ریتا** ۔ (رے۔تا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے ریت۔ بالو۔
**ریت کی دیوار کھڑی کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔
**ریتل ۔ ریتلا** ۔ (رے۔تل۔ریت۔لا) (ہ۔صف) ریت دار۔ ریت والا۔ کرکرا۔ بھر بھرا۔ ریتلا
**ریتلی** ۔ (ریت۔لی) (ہ۔صف) ریتلا کی تانیث۔ ریت والی۔ کلر۔ بنجر زمین۔
**ریتنا** ۔ (ریت۔نا) (ہ۔مص) ریتی سے گھسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (۲) صاف کرنا۔ سندہ کرنا۔ جلا کرنا (۳) رگڑنا (۴) ریگ مال کرنا۔
**ریتی** ۔ (رے۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سوہن۔ ریتنے کا اوزار (۲) ریتلی زمین دریا کے کنارے کی ریتلی زمین۔
**ریتیلا** ۔ (رے۔تی۔لا) (ہ۔صف) دیکھیے ریتل۔ ریتلا اور رتیلا
**ریٹ** ۔ (Rate) (انگ۔ا۔مذ) نرخ۔ بھاؤ۔ شرح۔
**ریٹائرڈ** ۔ (Retired) (ری۔ٹا۔ارڈ) (انگ۔صف) (۱) گوشہ نشین۔ خانہ نشین (۲) مدت معینہ کے بعد ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا۔ پنشن یافتہ۔
**ریٹائرمنٹ** ۔ (Retirement) (ری۔ٹا۔ار۔منٹ) (انگ۔ا۔مث) (۱) گوشہ۔ تنہائی۔ کنج عزلت (۲) کنارہ کشی۔ سبکدوشی۔ (ملازمت وغیرہ سے)
**ریٹھا** ۔ (ری۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل۔
**ریٹیل** ۔ (Retail) (ری۔ٹیل) (انگ۔ا۔مذ) خردہ فروشی۔ پھٹکل بیچنا۔
**ریج** ۔ (رق۔ا۔مث) خواہش۔ ولولہ۔ شوق۔
**ریجن** ۔ (Region) (ری۔جن) (انگ۔ا۔مذ) منطقہ۔ خطہ۔ علاقہ۔
**ریجنل** ۔ (Regional) (ری۔ج۔نل) (انگ۔صف) علاقائی۔ خطے کا۔
**ریجھ** ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) رغبت۔ چاہت۔ شوق (۲) عادت۔ خصلت۔ خو۔
**ریجھنا** ۔ (ریجھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) مائل ہونا۔ راغب ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
**ریچھ** ۔ (ہ۔ا۔مذ) جانور۔ خرس۔
**ریچھ کا بال بھی بہت ہے** ۔ (۱۔ مقولہ) بُرے آدمی سے جو مل جائے غنیمت ہے (ف) از خرس موئے بس است۔
**ریح** ۔ (ع۔ا۔مث) (۱) ہوا۔ باد۔ پَوَن (اُر) گوز۔ باد (۲) گٹھیا۔ درج المفاصل۔
**ریحان** ۔ (رے۔حان) (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبودار پودا۔ ناز بو (۲) (مث) ریحان کے بیج۔ تخم ریحان (۳) ایک خوشبودار ہری گھاس۔ گل سُرخ کے سوا سب پھول (۴) ایک قسم کا خط (مجازاً) شراب۔
**ریخ** ۔ (اُر۔ا۔مث) (۱) لکیر۔ ریکھا (۲) مستی۔ منجن یا پانوں کے رنگ کا نشان جو دانتوں میں پڑ جاتا ہے (۳) چول۔ جُنبسیا د۔ بوط۔ طاقت۔ توانائی۔
**ریخیں ڈھیلی ہوجانا** ۔ دہشت اور خوف کے باعث بے طاقت اور بے حواس ہوجانا۔

**ریختہ** ۔ (ریخ۔تہ) (ف۔صف) (۱) پڑا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ بلا ہوا۔ پریشان (۲) (مذ) ملی ہوئی زبان۔ اُردو جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے۔ (۳) اُردو کے اشعار (۴) مکان بنانے کا مسالا۔ چونا۔ اینٹ۔ کنکر۔ پتھر وغیرہ (۵) پختہ عمارت۔
**ریختی** ۔ (ریخ۔تی) (اُر۔ا۔مث) وہ نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے۔
**ریداسی** ۔ (رَے۔دا۔سی) (ہ۔ا۔مذ) ریداس کو ماننے والا فرقہ۔ اس فرقے سے متعلق۔ (ریداس چماروں کے فرقے کا بانی تھا اور بڑا گیانی مشہور تھا)۔
**ریڈ** ۔ (Red) (انگ۔صف) سُرخ۔
**ریڈ کراس سوسائٹی** ۔ (Red Cross Society) انجمن صلیب احمر ایک فلاحی جماعت جو جنگ میں زخمیوں کی اور امن میں بیماروں اور محتاجوں کی خدمت کرتی ہے۔ پاکستان میں اس کا نام ہلال احمر ہے۔
**ریڈر** ۔ (Reader) (ری۔ڈر) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پڑھنے والا۔ مطالعہ کنندہ (۲) مصحح۔ پروف خواں (۳) مثل خواں۔ ناظر (جو بہ آواز پڑھنے پر مقرر ہو) (۴) درسی کتاب۔ درسیہ۔
**ریڈنگ رُوم** ۔ (Reading Room) (ری۔ڈنگ۔روم) (انگ۔ا۔مذ) دارالمطالعہ۔
**ریڈی** ۔ (Ready) (رے۔ڈی) (انگ۔صف) (۱) تیار۔ لیس۔ کمربستہ مستعد (۲) حاضر۔ مہیا۔ موجود۔ بنا بنایا۔ پہلے سے تیار۔
**ریڈی میڈ** ۔ (Ready Made) بنی بنائی۔ پہلے سے تیار (چیز) پہلے سلائے (کپڑے)۔
**ریڈی ایٹر** ۔ (Radiator) (رَے۔ڈی۔اے۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آلۂ حرارت زا۔ گرم آلہ (جس سے کمرے میں حرارت پھیلتی ہے) (۲) گرمی کش۔ حرارت رُبا۔ وہ آلہ جو موٹر کا انجن ٹھنڈا رکھتا ہے۔
**ریڈیکل** ۔ (Radical) (رے۔ڈی۔کل) (انگ۔صف) آزاد خیال۔ روشن خیال۔
**ریڈیم** ۔ (Radium) (رے۔ڈی۔یم) (انگ۔ا۔مث) ایک بیش قیمت دھات جسے ۱۸۹۸ء میں پیئر اور مادام کیوری نے دریافت کیا۔
**ریڈیو** ۔ (Radio) (رے۔ڈی۔او) (انگ۔ا۔مذ) لاسلکی بلا تار کے برقی پیغام وصول کرنے والا آلہ۔ نشری آلہ۔
**ریڈیو ٹیلیگرام** (Radio Telegram) لاسلکی پیام۔ بے تار کا پیغام
**ریڈیو سیٹ** ۔ وہ ڈبّہ یا بکس جس میں ریڈیو کی مشین لگی ہو۔
**ریڑھ** ۔ (ہ۔ا۔مث) کمر کی درمیانی ہڈی۔ پیٹھ کے بیچ کی ہڈی۔
**ریڑھ پیٹنا** ۔ پُرانی وضع اختیار کرنا (۲) لکیر پیٹنا۔
**ریڑھیں لٹکنا** ۔ غریبوں کے جسم پر لباس کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر لٹکنا۔
**ریز** ۔ (ف۔صف) (۱) بہانے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے اشک ریز۔ آنسو بہانے والا (ا۔مث) کسی چیز کا ٹکڑا (۲) پرند کا چہکنا۔



Marfat.com

ریز کرنا۔ (۱) خوشی میں باہم چہچہانا۔ ناز نخرہ کرنا (۲) توتے یا مینا کے بچوں کا بولنے سے پہلے چیں چیں کرنا۔

**ریزر۔** (Razor) (رے۔زَر) [انگ۔ا۔مذ] اُسترا۔ موتراش۔

**ریزرو۔** (Reserve) (ری۔زَرو) [انگ۔ا۔مذ] (۱) فاضل چیز، جو بوقتِ ضرورت کام آئے (۲) شئے محفوظ۔ سرمایہ محفوظ۔ قوت محفوظ (۳) محفوظ فوج (۴) محفوظ یا زائد کھلاڑی جو بوقتِ ضرورت کسی کی جگہ کھیلے۔

**ریزروائر۔** (Reservoir) (رے۔زَر۔وا۔اِر) [انگ۔ا۔مذ] تالاب۔ ذخیرہ آب۔

**ریزروڈ۔** (Reserved) (رے۔زَروڈ) [انگ۔صف] (۱) محفوظ مخصوص (نشست وغیرہ)۔

**ریزرویشن۔** (Reservation) (رے۔زَر۔وے۔شَن) [انگ۔امث] (نشست کا) محفوظ کرنا یا کیا جانا۔

**ریزش۔** (رے۔زِش) [ف۔ا۔مث] (۱) ناک سے پانی بہنے کا مرض۔ زکام۔ نزلہ (۲) گرنا۔ جھڑنا۔

**ریزگاری۔** (ریز۔گا۔ری) [اُر۔ا۔مث] خُردہ۔ روپے کے حصّے۔

**ریزگی۔** (ریز۔گی) [اُر۔ا۔مث] (۱) ریزگاری (۲) چھیجن۔ کترن۔ کھُرچن تھیلی کی چھانٹ۔

**ریزولیوشن۔** (Resolution) (رے۔زو۔لیو۔شَن) [انگ۔ا۔مذ] قرارداد۔ تجویز۔

**ریزہ۔** (رے۔زَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) ذرّہ۔ ٹکڑا (۲) پُرزہ۔ قطعہ۔ پارچہ (۳) بچّہ (۴) وہ چیز جو دوسری چیز سے ٹوٹ کر گرے (۵) ریشمی کپڑے کا تھان (۶) فوجی۔ نوکر (۷) [اُر] عمدہ صندوق۔

**ریزہ چین۔** (ف۔صف) ٹکڑے چُننے والا۔ ٹکڑگدا۔

**ریزہ چینی۔** (ف۔ا۔مث) ٹکڑے چُننا۔

**ریزہ ریزہ۔** ٹکڑے ٹکڑے۔

**ریزہ ریزہ کرنا۔** (ا۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**ریزہ قلم۔** (ف۔ا۔مذ) قلم کا تراشہ۔

**ریزیڈنٹ۔** (Resident) (رے۔زی۔ڈَنٹ) [انگ۔ا۔مذ] برطانوی راج میں وائسرائے کا ایجنٹ جو ریاستوں میں رہتا تھا۔

**ریزیڈنسی۔** (Residency) (رے۔زی۔ڈن۔سی) [انگ۔امث] وہ جگہ جہاں ریذیڈنٹ رہتا تھا۔

**ریس** (Race) (انگ۔ا۔مث) (۱) دَوڑ۔ مُسابقت (۲) گھڑدوڑ۔

**ریس کورس۔** (Racecourse) دوڑ کا چکر۔ میدان۔ (گھڑدوڑ کا)

**ریس۔** [ھ۔ا۔مث] برابری۔ ہم چشمی (۲) رشک (۳) حرص۔ ہَوَس۔

**ریس بھلی ہَوَس بُری** (مثل) رشک اچھا اور حسد بُری چیز ہے۔

**ریسٹ۔** (Rest) (انگ۔ا۔مذ) اِستراحت۔ آرام۔ نیند۔

**ریسٹ ہاؤس۔** (Rest House) ڈاک بنگلہ۔ قیام گاہ۔

**ریسٹورنٹ۔** (Restaurant) (ریس۔ٹو۔رنٹ) [انگ۔ا۔مذ] ہوٹل۔ طعام خانہ۔

**ریسرچ۔** (Research) (ری۔سرچ) [انگ۔امث] تحقیق۔ علمی تحقیق۔

**ریسمان۔** (ریس۔مان) [ف۔امث] رسّی۔ ڈوری۔ سُوت۔ دھاگا۔

**ریسیور۔** (Receiver) (رے۔سی۔وَر) [انگ۔ا۔مذ] (۱) آوازگیر۔ آواز وصول کرنے والا (آلہ) (۲) ٹیلی فون کا وہ آلہ جس سے آواز سُنائی دیتی ہے (۳) کسی مقروض یا دیوالیے کی جائداد کا سرکاری نگراں۔

**ریش۔** [ف۔ا۔مث] ڈاڑھی۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط۔

**ریش بابا۔** (ف۔ا۔مذ) انگور کی ایک قسم۔

**ریش بچہ۔** (ف۔ا۔مذ) ٹھوڑی کے بال۔

**ریش خند۔** (ف۔صف) مذاق۔ ٹھٹھا۔

**ریش قاضی۔** (ف۔ا۔مث) (۱) قاضی جی کی ڈاڑھی (۲) بھنگ چھاننے کا کپڑا۔ بھنگ یا شراب کی صافی۔

**ریش گاؤ۔** (ف۔صف) (۱) بے وقوف۔ احمق (۲) لالچی۔

**ریش۔** [ف۔ا۔مذ] (۱) زخم (۲) [صف] زخم کرنے والا (اُردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل ریش)۔

**ریشگی۔** (ف۔ا۔مث) نمو۔ اُگنا۔ نشو و نما۔ پھُوٹنا۔

**ریشائیل۔** (ریش۔آئیل) [اُر۔صف] بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا (۲) [عبرانی۔ا۔مذ] زبور میں ایک فرشتہ جس نے حضرت آدم کو تعلیم دی تھی۔

**ریشم۔** (رے۔شم) [ف۔ا۔مذ] (۱) ابریشم کا مخفف۔ تار جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے (۲) اس تار کا کپڑا۔ حریر۔

**ریشم کی گانٹھ۔** (ا۔مث) ریشم کے تار کی گرہ جو بڑی مشکل سے کھلتی ہے۔

**ریشم کے لچھے۔** (۱) ریشم کے دھاگوں کا گچھا (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو ریشم کے دھاگوں کی طرح ہوتی ہے (۳) [صف] ریشم سا ملائم اور چکنا۔ بہت ہی نرم۔

**ریشمی۔** (ریش۔می) [اُر۔صف] ریشم کا بنا ہوا۔ حریری۔

**ریشہ۔** (رے۔شَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) رگیں درخت کی (۲) پھونسڑا۔ سُوت کا تار (۳) پھلوں کے تار (۴) نس۔ رگ۔

**ریشہ خطمی۔** (۱) ایک دوا (۲) (کنایتہً) بہت ہنسنے والا۔ خوش۔

**ریشہ دار۔** وہ چیز جس میں ریشے ہوں۔ پھونسڑے۔

**ریشہ دوانی۔** (ف۔ا۔مث) شرارت۔ فساد۔ سازش۔ جوڑ توڑ۔

**ریعان۔** (رَے۔عان) [ع۔ا۔مذ] (۱) آغاز جوانی۔ اُٹھتی جوانی (۲) کسی شے کا سب سے بہتر حصّہ۔

**ریفارم۔** (Reform) (ری۔فارم) [انگ۔ا۔مذ] (۱) اصلاحات (سیاسی) (۲) اصلاح۔ درستی۔ ترقی۔

**ریفارمر۔** (Reformer) (ری۔فار۔مَر) [انگ۔ا۔مذ] مُصلح۔ درست کرنے والا۔ اصلاح پسند۔

**ریفارمیٹری۔** (Reformatory) (ری۔فار۔میٹ۔ری) [انگ۔ا۔مث] تادیب خانہ۔ بچوں کا اِصلاحی جیل۔



Marfat.com

**ریفرشمنٹ۔** (Refreshment) (ری۔فرش۔منٹ) (انگ۔ا۔مث) (۱) تر و تازگی۔ آسائش (۲) جو شے تفریح کے لیے کھائی پی جائے۔ شربت وغیرہ۔
**ریفرشمنٹ رُوم** (Refreshment Room) ہوٹل۔ قہوہ خانہ۔ وہ جگہ جہاں کچھ کھایا پیا جائے۔
**ریفری۔** (Referee) (رے۔فَ۔ری) (انگ۔ا۔مذ) حَکَم۔ پنچ۔ (خصوصاً کھیلوں کا)۔
**ریفری جریٹر۔** (Refrigerator) (رے۔فَ۔ری۔جَ۔رے۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) خنک ساز۔ بجلی کی الماری جس میں ٹھنڈک کی وجہ سے چیزیں گلنے سڑنے سے محفوظ رہتی ہیں۔
**ریفیوجی۔** (Refugee) (رے۔فیوُ۔جی) (انگ۔ا۔مذ) سیاسی یا مذہبی تشدد کے باعث غیر ملک میں پناہ لینے والا۔ مہاجر۔ شرنارتھی۔
**رَیک۔** (Rack) (انگ۔مذ) خانے دار الماری کپڑے رکھنے کی کھونٹی
**ریکارڈ۔** (Record) (ری۔کارڈ) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تحریر۔ دستاویز۔ مثل۔ فرد۔ سرکاری روداد (۲) تاریخی دستاویز۔ یادگار۔ ماثر۔ آثار (۳) اعمال نامہ۔ کارنامہ۔ کسی چیز میں بہترین کارنامہ۔ بہترین کرتب (۴) گراموفون کی پلیٹ۔
**ریکارڈ توڑنا۔** (ا۔محاورہ) پہلی مثالوں کو توڑ کر نئی مثال قائم کرنا۔
**ریکارڈ کرنا۔** (ا۔محاورہ) تحریر کرنا۔ لکھنا۔
**ریکارڈ آفس۔** (Record Office) محافظ خانہ۔ دفتر۔
**ریکارڈ کیپر۔** (Record Keeper) محافظ دفتر۔ سرکاری کاغذات کا محافظ۔
**ریکان۔** (رے۔کان) (ھ۔ا۔مث) وہ زمین جو دریا کے پانی کی پہنچ سے باہر ہو۔
**ریکٹ۔** (Racket) (رے۔کِٹ) (انگ۔ا۔مذ) ٹینس وغیرہ کا بلا
**ریکٹر۔** (Rector) (ریک۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) (۱) حلقے کا پادری۔ (۲) جامعہ یا مدرسے کا صدر۔ ناظم۔ شیخ۔
**ریکھ۔ ریکھا۔** (ریکھ۔ رے۔کھا) (ھ۔ا۔مث) (۱) لکیر۔ تحریر۔ نشان۔ خط (۲) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ نصیب۔
**ریکھا گنت۔** (ھ۔ا۔مث) تحریر۔ اقلیدس۔
**ریگ۔** (ف۔ا۔مث) ریت۔ بالو۔ سراب۔
**ریگِ رواں۔** (ف۔صف) اُڑنے والی ریت۔
**ریگ مال۔** (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھُردرا کاغذ جس سے لکڑی اور دھات وغیرہ کو صاف کرتے ہیں۔
**ریگ ماہی۔** ریت کی مچھلی۔ سقنقور۔
**ریگستان۔** (رے۔گِس۔تان) (ف۔ا۔مذ) ریت کا ملک۔ ریتلا میدان۔ صحرا۔
**ریگولیٹر۔** (Regulator) (انگ۔مذ) گھڑی کا پُرزہ۔ کسی چلنے والے آلے کی رفتار گھٹانے یا بڑھانے کا آلہ۔
**ریگولیشن۔** (Regulation) (انگ۔مذ) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔

**رِیل۔** (Reel) (انگ۔ا۔مث) پھرکی۔ پیچک۔
**ریل۔** (Rail) (انگ۔ا۔مث) (۱) لوہے کی پٹڑی (۲) (اُ) ریل گاڑی۔
**ریلا۔** (رے۔لا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) رَو۔ پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ سیلاب۔ (۲) دھکا (۳) دھار (۴) بھیڑ۔ ہجوم۔
**ریل پیل۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) دھکم دھکا۔ دھکا پیل (۲) بہتات۔ کثرت۔ زیادتی۔ بھرمار۔
**ریلنا۔** (ریل۔نا) (ھ۔مص) دھکیلنا۔ سرکانا۔ دوڑانا۔ چلانا۔ دھکا دینا۔
**ریلوے۔** (Railway) (ریل۔وے) (انگ۔ا۔مث) (۱) ریل کی سڑک (۲) ریل کا محکمہ۔
**رَیلی۔** (Rally) (رَے۔لی) (انگ۔ا۔مث) فوج یا اسکاؤٹوں کا اجتماع۔
**ریلے۔** (ری۔لے) (انگ۔ا۔مذ) کسی دوسرے ریڈیو سٹیشن کے پروگرام کو نشر کرنا۔ کسی جلسے وغیرہ کی کارروائی کو ریڈیو سٹیشن تک پہنچانا اور پھر وہاں سے نشر کرنا۔
**ریلیز** (Release) (ری۔لیز) (انگ۔ا۔مث) (۱) آزاد کرنا۔ چھوڑ دینا۔ جانے دینا (۲) سینما کی فلم پہلی بار دکھانا۔
**ریلیف۔** (Relief) (ری۔لیف) (انگ۔ا۔مث) (۱) مدد (۲) آرام۔ سکون
**ریلیف فنڈ۔** (Relief Fund) (۱) سرمایۂ امداد (۲) امدادی رقم۔
**ریم۔** (ف۔ا۔مث) مادہ جو زخموں وغیرہ سے نکلے۔
**ریمارک۔** (Remark) (ری۔مارک) (انگ۔ا۔مذ) رائے زنی۔ قیل و قال۔ رائے۔ قول۔
**ریمانڈ۔** (Remand) (ری۔مانڈ) (انگ۔ا۔مذ) مزید تفتیش تک حوالات میں رکھنا۔ باز حراست۔ حراست مزید۔
**ریمائنڈر۔** (Reminder) (ری۔ما۔ئن۔ڈر) (انگ۔ا۔مذ) یاددہانی۔ تاکید۔ چیتاؤنی۔
**ریمیشن۔** (Remission) (انگ۔مث) معافی۔ سزا یا مالگذاری وغیرہ کی
**ریمیا۔** (ری۔می۔آ) (ف۔ا۔مث) ایک فرضی علم جس کا جاننے والا جہاں چاہے جا سکتا ہے۔
**رَین۔** (ھ۔ا۔مث) رات۔ شب۔
**رَین بسیرا۔** (ھ۔ا۔مذ) (۱) رات کاٹنا۔ شب باشی (۲) رات بسر کرنے کی جگہ۔
**رَین چین۔** (ھ۔ا۔مث) رات کے مزے یا عیش (۲) امن چین کی زندگی
**رَینٹ۔** (Rent) (انگ۔ا۔مذ) کرایہ (مکان۔ دکان وغیرہ)۔
**رَینٹ کنٹرولر۔** (Rent Controller) مکان۔ دکان کا کرایہ مستقل کرنے والا نیز مالکِ مکان اور کرایہ دار کے تنازعات کا فیصلہ کرنے والا سرکاری افسر۔
**رینٹ۔** (ھ۔ا۔مث) ناک کا سفید لیس دار مادہ۔ ناک کی غلاظت۔
**رینج۔** (Range) (انگ۔ا۔مذ) (۱) قطار۔ صف۔ سلسلہ (۲) چاند ماری کا میدان (۳) حلقہ۔ مقام۔ دائرہ۔ رقبہ۔ حدود۔ حد بندی (۴) مار۔ فاصلہ (بندوق کا)۔
**رینجر۔** (Ranger) (رَین۔جَر) (انگ۔ا۔مث) سوار (سوار فوج)۔



Marfat.com

ریندھنا۔ (ریند۔ ھنا) [ھ۔ مص] پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا تیار کرنا۔
رینڈھی۔ ریندی۔ (رین۔ ڈھی۔ رین۔ دی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا سا خربوزہ یا پھُوٹ۔ ککڑی (۲) خربوزے کے بیجوں کا گچھا۔
رینڈئیر۔ (Reindeer) (رین۔ ڈِ۔ یَر) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا ہرن جس کو قطبی ممالک میں گاڑیوں کے آگے جوتتے ہیں۔
ریں ریں۔ [ھ۔ ا۔ مث] بچوں کے رونے کی آواز (۲) سارنگی کی آواز۔ (۳) مسلسل باریک آواز۔ رَدن۔ رگون۔
رَینک۔ (Rank) [انگ۔ ا۔ مذ] عہدہ۔ منصب۔ مرتبہ۔ درجہ۔
رَینک اینڈ فائل۔ (Rank and File) (۱) عام سپاہی۔ نفرے (۲) [مجازاً] عوام۔
رِینک۔ [ہ۔ ا۔ مث] گدھے کی آواز۔ ڈھینچوں۔ ڈھینچوں۔
رینکنا۔ (رَینک۔ نا) [ھ۔ مص] گدھے کا بولنا۔
رینگ۔ [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا باریک کپڑا۔ تن زیب۔ شبنم۔ باریک ململ۔
رینگٹا۔ (رینگ۔ ٹا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) گدھے کا بچہ (۲) جانور کا دُبلا پتلا چھوٹا بچہ۔
رینگنا۔ (رینگ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) کیڑوں کا چلنا۔ حشرات الارض کا چلنا (۲) آہستہ آہستہ چلنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔
رینگنی۔ (رینگ۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) عرق النسا۔ ایک درد جو چوتڑوں سے اُٹھ کر ٹخنوں تک پہنچتا ہے (۲) جھٹ کٹیا۔
رَینی۔ (رَے۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) رنگ (۲) رنگ دینا (۳) پھلوں یا پھُولوں سے رنگ نکالنا جیسے کسُم سے (۴) چھوٹی دیوار جو قلعے کے گرد بناتے ہیں اور اس میں چھوٹے چھوٹے سُوراخ رکھتے ہیں۔ (۵) وہ سدھا ہوا پرند جو راتوں کو بولتا ہے۔
رَینی بُلبُل۔ تمام رات چہچہانے والا بُلبُل۔ بُلبُل شب آہنگ۔
رینی چڑھانا۔ (۱) کسُم کا رنگ نکالنے کے لیے کپڑے میں باندھ کر لٹکانا
ریوالور۔ (Revolver) (ری۔ وال۔ وَر) [انگ۔ ا۔ مذ] کئی فیر کا پستول۔
ریورنڈ۔ (Reverend) (رے۔ وِ۔ رِنڈ) [انگ۔ صف] (۱) بزرگ۔ معظم۔ محترم۔ مقدس (۲) عیسائی پادریوں کا خطاب۔ (مخفف) ر (Rev)۔
ریوڑ۔ (رے۔ وَڑ) [ھ۔ ا۔ مذ] بکریوں کا گلہ۔ بھیڑوں کا غول۔
ریوڑی۔ (رے۔ یو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ شیرینی جو شکر یا گڑ کے قوام سے بناتے ہیں اور اس پر تل لگاتے ہیں۔
ریوڑی کا کیا الٹا کیا سیدھا۔ (مثل) ہر طرف سے یکساں۔ ایک ہی حالت۔
ریوڑی کے پھیر میں آنا (پڑنا)۔ (مثل) (۱) کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا۔ آفت میں پھنسنا (۲) حیرت میں آجانا (۳) ناحق خرچ ذمہ آپڑنا۔
ریوڑیاں سی بٹ جانا۔ (مثل) ساری آمدنی فوراً خرچ ہو جانا۔
رَیوَل۔ (رے۔ وَل) [ھ۔ ا۔ مذ] پالتو کبوتروں کا جنگل میں جا کر دانہ چگنا۔
رَیوَلیا۔ (رے۔ وَل۔ یا) [ھ۔ ا۔ مذ] پالتو کبوتر جو جنگل میں جا کر دانہ کھانے کے بعد واپس آئے۔
ریوند۔ (رے۔ وَند) [ف۔ ا۔ مذ و مث] ایک پودا۔
ریوند چینی۔ (۱) چین کا ریوند (۲) ایک دست آور دوا۔
ریونیو۔ (Revenue) (رِ۔ وِ۔ نُو) [انگ۔ ا۔ مذ] مالیہ۔ لگان۔
ریونیو آفیسر (Revenue Officer) افسر مال۔
ریویو۔ (Review) (رِ۔ وِ۔ یُو) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) تبصرہ۔ تنقید۔ (۲) معائنہ افواج۔
ریہ۔ (رِ۔ یَہ۔ رِی۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مذ] پھیپھڑا۔ شُش۔
ریہ۔ [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی کھاری مٹی۔ شورہ دار ریتا جو اکثر شکر صاف کرنے کپڑا دھونے اور صابن بنانے کے کام آتا ہے۔ کھاری بھی۔
ریہرسل۔ (Rehearsal) (ری۔ ہَر۔ سَل) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) حفظ کیا ہوا بیان سُنانا (۲) ڈرامے وغیرہ سے پہلے مشق کرنا۔
رَیہڑ۔ (رے۔ ہَڑ) [ھ۔ ا۔ مذ] بنجر زمین جس میں شور ہو۔ بنجر زمین۔

# ڑ

ڑ۔ [ہ۔ ا۔ مث] اُردو میں ڑے۔ فارسی اور عربی میں یہ حرف نہیں ہے۔ اُردو حروفِ تہجی کا یہ پندرھواں حرف ہے۔ یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔ حساب جمل میں اسے "ر" کی ایک شکل سمجھ کر اس کے بھی دو سو عدد لیے جاتے ہیں۔



Marfat.com

# ز

ز (زے) [ ع - ا - مث ] اُردو کا سولھواں - فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے سات عدد مقرر ہیں - شمسی حرف ہے - اس سے پہلے جو ال آتا ہے بولا نہیں جاتا اور اس سے اگلا حرف مشدّد ہو جاتا ہے جیسے الزّاہد - ہندی اور سنسکرت میں یہ حرف نہیں ہے البتہ ان زبانوں میں یہ جیم کے تلفظ سے بولا جاتا ہے - تقویم میں یہ شنبہ اور برج عقرب کی علامت ہے -

ز [ ف - حرفِ جر ] از کا مخفف (شعروں میں استعمال ہوتا ہے جیسے زبس - زخود رفتہ) -

## ز ــــــ ا

زا - [ ف - صف ] فارسی مصدر زائیدن کا صیغہ امر - اسم مفعول - زادہ - پیدا شدہ جیسے میرزا یعنی میرزادہ (۲) اسم فاعل پیدا کرنے والا (مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے فتنہ زا -

زاج - [ ف - ا - مذ و مث ] (۱) توتیا - ہیراکسیس - زنگار (۲) بوٹ کی سیاہی (۳) پھٹکی -

زاجِ سفید - (ف - ا - مث) سفید پھٹکڑی -

زاجِر - (زا - جِر) [ ع - صف ] جھڑکنے والا - جمع : زواجر -

زاد - زادہ - (زا - دہ) [ ف - صف ] (۱) جنا - جنا ہوا - پیدائش - جنم (۲) بیٹا - اولاد (۳) نسل - پیڑھی - جمع : زادگان -

زاد بوم - (ف - ا - مث) جائے پیدائش - جنم بھوم - وطن - دیس -

زاد - [ ع - ا - مذ ] توشہ - راستے کا خرچ -

زادِ آخرت - (ع - ا - مذ) آخرت میں کام آنے والے نیک کام -

زادِ راہ - (ع - ف - مذ) توشہ - راستے کا خرچ -

زادِ عقبیٰ - (ع - ا - مذ) نیک عمل جو آخرت میں کام آئے -

زادگی - (زاد - گی) [ ف - ا - مث ] پیدائش (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے شہزادگی) -

زادی - (زا - دی) [ ف - صف ] جنی ہوئی - جنی - (جیسے شہزادی) -

زار - [ انگ - ا - مذ ] شاہانِ روس کا لقب -

زار - [ ف - ا - مذ ] (۱) جگہ - مکان - مقام جیسے سبزہ زار (۲) افراط - بہتات - کثرت - ڈھیر جیسے کارزار (۳) نالہ و فریاد (۴) لاغر - ضعیف (۵) ذلیل و خوار - رسوا -

زار زار (زار و قطار) رونا - (ا - محاورہ) آٹھ آٹھ آنسو رونا - بہت رونا -

زار نالی - (ف - ا - مث) فریاد - آہ و فغاں -

زار و زبوں - (ف - صف) خراب و خستہ - غمگین -

زار و نزار - (ف - صف) دُبلا - پتلا - کمزور - ناتواں - لاغر -

زاری - (زا - ری) [ ف - ا - مث ] (۱) گریہ - رونا - پیٹنا (۲) عجز و نیاز -

زارینہ - (زا - ری - نہ) [ انگ - ا - مث ] روس کی ملکہ کا خطاب - (Czarina)

زاغ - [ ف - ا - مذ ] (۱) کوا - کاگ (۲) کمان کے گوشے کی نوک (۳) موسیقی کے ایک راگ کا نام -

زاغِ آبی - (ف - ا - مذ) جل کوا - پن ڈبی - ایک قسم کا آبی پرندہ -

زاغِ کمان - (ف - ا - مذ) کمان کے گوشے کی نوک -

زاغِ کوہی - (ف - ا - مذ) پہاڑی کوا -

زال - [ ف - صف ] (۱) بُڈھا - سفید بالوں والا - بڈھا پھونس (۲) [ مذ ] رُستم کے باپ کا نام

زالِ دُنیا (زماں) - (کنایۃً) دُنیا جو کہ بہت قدیم سے ہے -

زالِ کوزہ پُشت - (ف - ا - مث) (۱) جُھکی ہوئی کمر کی بڑھیا (۲) آسمان -

زانو - (زا - نو) [ ف - ا - مذ ] (۱) جانگھ (۲) ران (۳) گھٹنا -

زانو بدلنا - (ا - محاورہ) بیٹھک بدلنا - بیٹھے ہوئے کھڑے زانو کو نیچا کرنا اور نیچے زانو کو اونچا کرنا (۲) گھبرا جانا (۳) تلملانا -

زانو بہ زانو - (ا - محاورہ) زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا -

زانو پر سر جھکانا - (ا - محاورہ) فکر اور غور میں مبتلا ہونا -

زانو پر سر رکھنا - (ا - محاورہ) شرمندہ ہونا - متفکر ہونا -

زانو پر ہاتھ مارنا - (ا - محاورہ) (۱) تعجب کرنا (۲) کمال افسوس کرنا -

زانو پوش - وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں - نیپکن - (Nipkin)

زانو پیٹنا - (ا - محاورہ) افسوس کرنا - رنج و الم اور ماتم کی حالت کا ظاہر کرنا -

زانو توڑنا - (ا - محاورہ) ادب سے بیٹھنا -

زانو تولنا - (ا - محاورہ) گھٹنا بدلنا -

زانو تہ کرنا - (ا - محاورہ) بہ ادب بیٹھنا - مؤدب بیٹھنا -

زانو جمانا - (ا - محاورہ) پٹڑی جمانا - آسن جمانا - گھوڑے پر جم کر بیٹھنا -

زانو دبا کے - (کنایۃً) پاس بھڑ کے - بہت قریب -

زانو سے سر اُٹھانا - (ا - محاورہ) فکر سے فراغت پانا -

زانو کے تلے دابنا - (ا - محاورہ) کسی کی چھاتی پر زانو رکھ کر سارے بدن کا زور دینا -

زانو مسلنا - (ا - محاورہ) سواری میں گھوڑے کو دونوں طرف سے زانوؤں سے رگڑنا تاکہ تیز چلے -

زانوؤں میں دبانا - (ا - محاورہ) دونوں زانوؤں سے پکڑ کر بھینچنا -



Marfat.com

**زانوئے ادب تہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) مؤدب بیٹھنا۔ شاگرد ہونا۔
**زانوئے تلمذ تہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) شاگرد ہونا۔
**زانی**۔ (زا۔نی) [ع۔ا۔مذ] زناکار مرد۔
**زانیہ**۔ (زا۔نِ۔یہَ) [ع۔ا۔مث] زناکار عورت۔ چھنال۔ فاحشہ۔
**زاویہ**۔ (زا۔وِی۔یہَ) [ع۔ا۔مذ] (۱) کونہ۔ گوشہ (۲) (اقلیدس) دو خطِ مستقیم کے ایک نقطہ پر ملنے سے جو کونہ پیدا ہوا سے زاویہ کہتے ہیں۔ جمع: زوایا
**زاویۂ حادّہ**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو زاویۂ قائمہ سے چھوٹا ہو۔
**زاویۂ قائمہ**۔ وہ زاویہ جو پورے نوّے درجے کا ہو۔
**زاویہ منفرجہ**۔ وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
**زاویۂ نگاہ**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو نگاہ اس عمود کے ساتھ بنائے جو آنکھ سے زمین تک کھینچی جائے (۲) سوچنے کا انداز۔ نظر کا انداز۔
**زاہد**۔ (زا۔ہِد) [ع۔ا۔مذ] (۱) دُنیا سے رغبت اور خواہش نہ رکھنے والا (۲) متقی۔ پرہیزگار۔ جمع: زاہدین۔ زہّاد۔ زاہداں۔
**زاہد خشک**۔ وہ عابد جو ظاہری باتوں کا سختی سے پابند ہو۔ مگر اس کا دل روحانی لذت سے محروم ہو۔ وہ عبادت گذار جس کے مزاج میں رُوکھاپن ہو ریاکار
**زاہد کا کیا خدا ہے ہمارا خدا نہیں**۔ (ا۔مثل) خدا سب پر کرم فرماتا ہے خدا سب پر ایک جیسا مہربان ہے۔
**زاہدہ**۔ (زا۔ہِ۔دَہ) [ع۔ا۔مث] پرہیزگار عورت۔
**زاہر**۔ (زا۔ہِر) [ع۔صف] چمک دار۔ روشن (۲) بلند۔
**زاہق**۔ (ع۔صف) بھاگنے والا۔ مفرور (۲) بہت موٹا (۳) بہت دُبلا (۴) تیز۔ مضبوط (۵) مرنے والا۔
**زائچہ**۔ (زا۔اِ۔چہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) جنم پترا۔ کنڈلی۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں (۲) رمل کی شکلیں جو رمّال قرعہ ڈال کر لکھتے ہیں۔ جمع: زائچگاں۔
**زائچہ (بنانا) کھینچنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) جنم پتری بنانا (۲) لگن کنڈلی کھینچنا۔
**زائد**۔ (زا۔اد) [ع۔صف] (۱) زیادہ۔ فضول (۲) بچا ہوا۔ بڑھا ہوا۔ فالتو
**زائد المیعاد**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ معاملہ جس کی میعاد گزر چکی ہو۔
**زائد الوصف**۔ (ع۔صف) تعریف سے باہر۔
**زائر**۔ (زا۔اِر) [ع۔ا۔مذ] یاتری۔ زیارت کرنے والا۔ حاجی۔ حج کو جانیوالا۔
**زائل**۔ (زا۔اِل) [ع۔صف] دُور ہونے والا۔ کم ہونے والا۔
**زائیدہ**۔ (زا۔اِی۔دَہ) [ف۔صف] پیدا کیا ہوا جنا ہوا۔ جمع: زائیدگان

## ز ـــ ب

**زباد**۔ (ع۔مث) ایک قسم کی خوشبو (۲) جنگلی بلی۔
**زبان**۔ (زَ۔بان۔زُ۔بان) [ف۔ا۔مث] (۱) جیبھ۔ لسان (۲) بول چال۔ نطق۔ محاورہ۔ بولی۔ بات۔ گفتگو (۳) اقرار۔ قول۔ وعدہ (۴) بیان۔
**زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (کنایتہً) نہایت پاکیزہ کلام اور فصیح البیان ہونا۔
**زبان آج کھلی ہے کل بند ہے**۔ (ا۔مثل) زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔
**زبان آشنا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زبان کسی چیز کی خوگر ہونا (۲) کسی مزے سے واقف ہونا۔
**زبان آلودہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بات کرنا۔ زبان پر کسی بات کا آنا۔
**زبان آنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بولی سے واقف ہونا (۲) اندازِ بیان آنا۔
**زبان آور**۔ (ف۔صف) (۱) خوش بیان۔ شیریں زبان (۲) قادر الکلام۔
**زبان اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) بات چیت اور لب ولہجہ کی نقل کرنا۔
**زبان الٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زبان بدلنا (۲) بولنے پر قادر ہونا۔ پلٹنا۔ زبان کا مطلب کے موافق بات کہنا۔
**زبان اُلجھنا**۔ (ا۔محاورہ) زبان کا مطلب نہ بیان کر سکنا۔ زبان لڑکھڑانا۔
**زبان اولا ہونا (اینٹھنا)**۔ (ا۔محاورہ) زبان سخت ہو جانا۔ زبان کا اکڑ جانا۔
**زبان بدلنا**۔ (ا۔محاورہ) بات کہہ کر مُکر جانا۔ اقرار سے پھرنا۔ عہد توڑنا۔
**زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے**۔ (ا۔مثل) وعدہ وفا نہ کرنے سے نقصان اُٹھانا بہتر ہے۔
**زبان بُریدہ۔ زبان بستہ**۔ (ف۔صف) چپ۔ خاموش۔
**زبان بڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) بدزبانی زیادہ ہونا۔
**زبان بگاڑنا**۔ (ا۔محاورہ) گالیوں کی عادت ہونا۔ زبان خراب ہونا۔
**زبان بند**۔ (ف۔صف) تعویذ جو دشمنوں کی زبان بند کر دے۔
**زبان بند رہنا**۔ (ا۔محاورہ) کچھ نہ بول سکنا۔
**زبان بند کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) چپ ہونا (۲) جادو وغیرہ سے اپنے برخلاف کسی کی زبان نہ چلنے دینا (۳) خاموش کر دینا۔ بات نہ کرنے دینا۔
**زبان بند کرو**۔ (ا۔مقولہ) چپ رہو۔ مت بکو۔
**زبان بند ہونا**۔ (۱) چپ ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۲) زبان اینٹھ جانا۔ گویائی سلب ہونا (۳) جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف کچھ نہ کہہ سکنا۔
**زبان بندی**۔ (ف۔ا۔مث) بولنے پر پابندی۔ بولنے کی ممانعت۔ خاموشی
**زبان پر**۔ (۱) اقرار پر۔ وعدے پر۔
**زبان پر آسکنا**۔ (ا۔محاورہ) بیان ہو سکنا۔ کہہ سکنا۔
**زبان پر آنا**۔ (ا۔محاورہ) بے سمجھے بُوجھے کہے جانا (۲) بات کہی جانا۔
**زبان پر آئی ہوئی بات کاٹ دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بات ناتمام چھوڑنا (۲) خیال میں آئی ہوئی بات نہ کہنا۔
**زبان پر انگارہ رکھ دینا**۔ (ا۔محاورہ) زبان جلانا۔ بدزبانی کی سزا دینا۔
**زبان پر جاری ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بولا جانا (۲) مُنہ سے بار بار کوئی لفظ یا فقرہ نکلنا۔
**زبان پر چڑھ جانا (چڑھنا)**۔ (ا۔محاورہ) (۱) وردِ زبان ہونا۔ تکیہ کلام ہونا (۲) حفظ ہونا (۳) بولنے کی مشق ہونا۔
**زبان پر چھٹی کا دودھ آنا**۔ (ا۔محاورہ) (کنایتہً) پچھتانا۔
**زبان پر حرف لانا**۔ (ا۔محاورہ) شکایت کرنا۔
**زبان پر (دھرنا) رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) چکھنا۔ زبان لگا کر دیکھنا (۲)



Marfat.com

تھوڑا سا کھانا۔

**زبان پر زبان بدلنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی بات پر ذرا دیر قائم نہ رہنا۔

**زبان پر سر دینا۔** (ا۔ محاورہ) عہد پورا کرنے پر جان کی بازی لگا دینا۔

**زبان پر فیصلہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے کہنے پر جھگڑا ختم ہونا۔

**زبان پر کانٹے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان خشک ہو جانا۔

**زبان پر لانا۔** (ا۔ محاورہ) کہنا۔ بولنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

**زبان پر مُہر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بول نہ سکنا۔ زبان بند ہونا۔ خاموش ہونا۔

**زبان پر نام آنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کا خیال آتے ہی زبان سے نام نکل جانا۔ کسی کا نام لینا۔

**زبان پر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ازبر ہونا۔ خوب یاد ہونا۔

**زبان پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بات کہنے سے روکنا۔ بولنے سے بند کرنا (۲) نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ حرف گیری کرنا (۳) بیچ میں بول پڑنا۔

**زبان پھرنا۔** بولنے کی طاقت ہونا۔ زبان کا حرکت کرنا۔

**زبان پہلوی۔** (ف۔ ا۔ مذ) قدیم ایرانی زبان جس میں ژند و اوستا لکھی ہوئی ہیں۔

**زبان پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) باتیں کرنے لگنا۔

**زبان پھیرنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان بدلنا۔ قول سے مُکرنا۔

**زبان پیدا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بولنے کی طاقت حاصل کرنا۔ بولنا۔

**زبان تالو سے (لگانا) لگنا۔** (ا۔ محاورہ) چُپ ہونا۔

**زبان تتلانا۔** (ا۔ محاورہ) توتلی زبان میں باتیں کرنا۔ الفاظ ٹھیک طور پر زبان سے نہ نکلنا۔

**زبانِ ترازو۔** (ف۔ ا۔ مذ) ترازو کی سُوئی۔ وہ ڈوری جو ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں ہوتی ہے۔

**زبان تراشنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان فصیح بنانا۔ زبان آراستہ کرنا۔

**زبان تر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) زبان بولنے کے قابل ہونا۔ زبان کا بیان کرنے پر قادر ہونا۔

**زبان (تڑاق پڑاق) تڑ تڑ چلانا (چلنا)۔** (ا۔ محاورہ) جلد جلد بولنا چالاکی اور بے باکی سے بولتے جانا۔

**زبان تک لانا۔** (ا۔ محاورہ) کچھ کہنا۔ زبان پر لانا۔

**زبان تلے زبان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی بات پر قائم نہ رہنا۔

**زبان (تھامنا) تھمنا۔** (ا۔ محاورہ) چپ رہنا۔

**زبان تھکنا۔** (ا۔ محاورہ) باتیں کرتے کرتے رہ جانا۔

**زبان تیز ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت باتیں کرنا۔ جلد جلد باتیں کرنا۔

**زبانِ تیغ سے جواب دینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی بات کے جواب میں تلوار کھینچ لینا۔ کسی بات کے جواب میں جنگ پر آمادہ ہو جانا۔

**زبان ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) صاف طور پر بولنا۔ صحیح طور پر بولنے کی عادت پڑنا (۲) بچے کا صاف بولنا۔

**زبان ٹھہرنا۔** (ا۔ محاورہ) خاموش ہو جانا۔

**زبان جل جائے۔** (بد دعا) کہنے والے کی زبان کو تکلیف پہنچے۔

**زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار۔** (مثل) زبان کا اقرار ایک ہوتا ہے۔

**زبان جھڑ پڑے۔** (بددعا) زبان نہ رہے۔ بول نہ سکے۔ زبان کٹ کر یا گل کر گر جائے۔

**زبان چاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) مزے دار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔

**زبان چار ہاتھ کی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت باتیں کرنے والا ہونا۔ زبان دراز ہونا۔

**زبان چلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جلد جلد باتیں کرنا۔ بہت بولنا (۲) بدزبانی یا بدتمیزی کی باتیں کرنا۔

**زبان چلائے کی روٹی کھانا۔** (ا۔ محاورہ) چاپلوسی کرکے پیٹ پالنا خوشامد درآمد سے روٹی پیدا کرنا۔

**زبان چلتی ہوئی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت بولنے پر قادر ہونا۔

**زبانِ حال سے کہنا۔** (ا۔ محاورہ) حالت سے ظاہر ہونا۔ بے کہے حالت سے ظاہر کرنا۔

**زبانِ خامہ۔** (ف۔ ا۔ مث) قلم کا وہ حصّہ جس میں شگاف دیتے ہیں۔

**زبان خراب کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گالیاں دینا (۲) زبان سے بیہودہ الفاظ نکالنا۔

**زبان خشک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت پیاس ہونا (۲) بہت مِنّت کرنا (۳) بہت باتیں کرنا۔

**زبانِ خلق نقارۂ خدا۔** (مثل) جو بات مشہور عالم ہو جائے وہ ہو کر ہی رہتی ہے۔

**زبان خنجر کی طرح چلنا۔** بہت تیز گفتگو کرنا۔

**زبان داب (کر) کے باتیں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔

**زبان دابنا۔** (ا۔ محاورہ) کہتے کہتے رُک جانا۔ بات کرنے سے روکنا۔

**زبان دبا کے کہنا۔** (ا۔ محاورہ) آہستہ سے کہنا۔

**زبان داں۔** (ف۔ صف) کسی زبان کا ماہر۔ واقف زبان۔ کسی زبان کو بخوبی جاننے والا۔

**زبان دانتوں (تلے) میں دابنا۔** (ا۔ محاورہ) کچھ کہہ کر پچھتانا (۲) حیرت کرنا (۳) افسوس کرنا۔

**زبان دانتوں سے کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت دیوانہ ہونا۔

**زبان دانی۔** (ف۔ ا۔ مث) زبان کی پُورے طور پر واقفیت۔

**زبان دبا جانا۔** (ا۔ محاورہ) کہتے کہتے رُک جانا۔

**زبان دراز۔** (ف۔ صف) (۱) گالیاں دینے والا۔ بدزبان (۲) گستاخ۔

**زبان دراز (کرنا) ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت باتیں کرنا۔ بہت بولنا۔ (۲) گالیاں دینا۔ بدزبان ہونا۔

**زبان درازی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) بدزبانی گستاخی۔

**زبان درست ہونا۔** (ا۔ محاورہ) صحیح زبان بولنا۔ تہذیب سے گفتگو کرنا۔

**زبان دے کر پلٹنا۔** (ا۔ محاورہ) کہہ کر مُکر جانا۔ وعدہ کرکے انکار کر دینا۔

**زبان دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان کا خیال کرنا۔

**زبان دینا۔** (ا۔ محاورہ) وعدہ کرنا۔

**زبان رُکنا۔** (۱) کہہ نہ سکنا (۲) ہکلانا۔ بولنے میں رُکنا۔



Marfat.com

**زبان رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) بولنے یا جواب دینے کی طاقت رکھنا۔
**زبان رنگین ہونا۔** (۱۔ محاورہ) شوخ زبان ہونا۔
**زبان رو کنا/رُکنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کہتے کہتے رُک جانا (۲) بُرا بھلا کہنے سے باز رہنا (۳) دوسرے کو بُری بات کہنے سے منع کرنا۔
**زبان زد۔** (ف۔ صف) مشہور۔ معروف۔
**زبان زد خاص و عام۔** (ف) ہر ایک کی زبان پر۔ سب میں مشہور۔
**زبان سمجھنا۔** (۱۔ محاورہ) بولی سمجھنا۔
**زبان سنبھال کے بولنا۔** (۱۔ محاورہ) احتیاط سے گفتگو کرنا۔
**زبان سنبھالو۔** (۱۔ مقولہ) بیہودہ نہ بکو۔ بدزبانی نہ کرو۔
**زبان سوکھنا۔** پیاس کی شدت ہونا (۲) تعریف کرتے یا نام لیتے لیتے زبان عاجز آجانا۔
**زبان سے اُف نہ کرنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) شکایت نہ کرنا (۲) تکلیف کا اظہار نہ کرنا۔
**زبان سے بات نہ نکلنا۔** (۱۔ محاورہ) رُعب کے باعث کچھ کہہ نہ سکنا۔
**زبان سے بیٹا بیٹی پرائے ہوتے ہیں۔** (۱۔ مثل) بدزبانی سے اپنے غیر بن جاتے ہیں۔
**زبان سے پھول جھڑنا۔** نہایت شیریں کلام ہونا۔ غیر مناسب باتیں کرنے کے موقع پر بھی طنزاً کہتے ہیں۔
**زبان سے خندق پار۔** (۱۔ محاورہ) شیخی ہی شیخی ہے کر کچھ نہیں سکتے۔
**زبان سے نام نہ لینا۔** (۱۔ محاورہ) ذکر نہ کرنا۔ کسی معاملے کے متعلق چُپ رہنا۔
**زبان سے نکالنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کہنا۔ بیان کرنا (۲) تلفظ کرنا۔
**زبان سے نکلی کوٹھے چڑھی۔** (۱۔ مثل) بات مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔
**زبان سینا۔** (۱۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ بات نہ کہنا۔
**زبان شمع۔** (ف۔ ا۔ مث) شمع کی لَو۔
**زبان شیریں مُلک گیری، زبان ٹیڑھی مُلک بانکا۔** (۱۔ مثل) نرم زبانی سے بہت کام نکل جاتے ہیں۔ سخت کلامی سب کو دشمن بنا دیتی ہے۔
**زبان شیشہ۔** (ف۔ ا۔ مث) بوتل کے مُنہ سے عرق یا شربت وغیرہ نکلتے وقت بندھی ہوئی دھار۔
**زبان طعن کھولنا۔** (۱۔ محاورہ) لعن طعن کرنا۔
**زبان عاجز ہونا۔** (۱۔ محاورہ) کچھ کہہ نہ سکنا۔ کہنے کی طاقت نہ ہونا۔
**زبان فر فر چلنا۔** (۱۔ محاورہ) بڑی تیزی سے باتیں کرنا۔ جلد جلد زبان چلنا۔
**زبان قاصر ہونا۔** (۱۔ محاورہ) زبان عاجز ہونا۔ بات کہنے کی تاب نہ ہونا۔
**زبان قلم کرنا / ہونا۔** (۱۔ محاورہ) زبان کٹنا۔
**زبان قینچی (سی) کی طرح چلنا۔** (۱۔ محاورہ) (کنایۃً) بہت تیزی سے گفتگو کرنا (۲) لگاتار بولے جانا۔
**زبان کا پلٹے کھانا۔** (۱۔ محاورہ) قول سے مُکرنا۔
**زبان کا پھوہڑ۔** (۱۔ صف) بدزبان۔ گنوار۔
**زبان کا تانتا نکا ٹوٹنا۔** (۱۔ محاورہ) بدزبان ہو جانا۔

**زبان کا چٹخا۔ زبان کا چسکا۔ زبان کا مزہ۔** (۱۔ صف) مزے دار چیزیں کھانے کی لت۔ چٹورپن۔
**زبان کا چٹورا۔** (۱۔ صف) وہ شخص جسے لذیذ کھانے کھانے کی عادت ہو۔
**زبان کا کام ہاتھ سے لینا۔** (۱۔ محاورہ) اشارے سے کہنا۔
**زبان کا میٹھا۔** (۱۔ صف) (۱) شیریں زبان (۲) منافق۔ کھوٹا۔
**زبان کاٹ کے پھینک دینا۔** (۱۔ محاورہ) کوئی فضول بات یا بدعہدی نہ کرنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔
**زبان کاٹنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) بات کاٹنا۔ بات میں بول پڑنا (۲) کہہ کر پچھتانا۔
**زبان (کاٹو) کاٹیے۔** (۱۔ محاورہ) بولنے کی سزا دیجئے۔
**زبان کٹ جائے۔** (۱۔ مقولہ) ایک قسم۔
**زبان کرنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) سخت کلامی کرنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) وعدہ کرنا۔
**زبان کُند ہوئی جاتی ہے۔** (۱۔ محاورہ) کچھ کہا نہیں جاتا۔ بولنے کی طاقت سلب ہو رہی ہے۔
**زبان کو بس میں رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا۔
**زبان کو کوے لے گئے۔** (۱۔ محاورہ) جب کوئی جواب نہ دے سکے تو کہتے ہیں گونگا ہو گیا ہے۔
**زبان کو لگام دو۔** (۱۔ محاورہ) چپ رہو۔ سمجھ کر بولو۔
**زبان کو مُنہ میں رکھنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) زبان کو روک کے رکھنا یا بس میں رکھنا (۲) چُپ رہنا۔
**زبان کھلنا۔** بچے کا بولنے لگنا۔ گویائی آنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) مُنہ سے بات نکلنا (۴) باتیں کرنے کی طاقت پیدا ہونا۔
**زبان کھلوانا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) بدزبانی میں دلیر ہونا (۲) چھپی ہوئی بات ظاہر کرنا۔
**زبان کھولنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کچھ کہنا۔ بولنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) گویائی کی قوت حاصل ہونا (۴) عیب نکالنا (۵) گلہ شکوہ کرنا۔
**زبان کھینچنا۔** (۱۔ محاورہ) گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا۔
**زبان کی بات۔** (۱۔ مث) کسی خاص شخص کی کہی ہوئی بات۔
**زبان کی سی کہوں یا تلوار کی سی کہوں۔** (۱۔ مثل) صاف صاف کہوں یا منہ دیکھی کہوں۔
**زبان کی (لوچ) لچک۔** (۱۔ مث) لب و لہجہ کی خوبی۔
**زبان کے آگے خندق نہیں۔** کوئی کسی کی زبان بند نہیں کرسکتا۔
**زبان کے آگے کھائی۔ خندق برابر ہے۔** (۱۔ مثل) جو منہ میں آیا سو بک دیا۔
**زبان کے (چٹخارے) مزے لینا۔** (۱۔ محاورہ) نفیس اور مزے دار چیزوں کا لُطف اٹھانا۔
**زبان کیلنا۔** (۱۔ محاورہ) افسوں یا منتر سے کسی کا مُنہ بند کرنا۔
**زبان گدی سے کھینچنا۔** (۱۔ محاورہ) زبان جڑ سے نکال دینا۔
**زبان (گھس جانا) گھسنا۔** (۱۔ محاورہ) کہتے کہتے زبان تھک جانا۔
**زبان گوہر بار۔** (ف۔ ا۔ صف) موتی برسانے والی زبان۔ فصیح البیان۔
**زبان گیر۔** (ف۔ صف) (۱) جاسوس۔ مخبر (۲) معترض۔
**زبان گیری۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) جاسوسی کا کام (۲) اعتراض کرنا۔ گرفت کرنا۔



Marfat.com

**زبان لال ہونا۔** (۱۔ محاورہ) بول نہ سکنا۔

**زبان لڑانا۔** (۱۔ محاورہ) جواب دینا۔ مقابلہ کرنا۔

**زبان (لڑکھڑانا) لغزش کرنا۔** (۱۔ محاورہ) لغزش کرنا۔ زبان کا لکنت کرنا۔

**زبان لینا۔** (۱۔ محاورہ) اقرار کرنا۔ عہد لینا۔ وعدہ کرانا۔

**زبان مروڑنا۔** (۱۔ محاورہ) زبان ملنا (۲) گھوڑے یا مویشی کو دوا پلانے کے لیے زبان پکڑ کر مروڑ دیتے ہیں۔

**زبان معجز بیان۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مث) ایسی زبان جس سے نہایت عجیب و غریب مضامین ادا ہوں۔

**زبانِ مقال۔** (ف۔ ا۔ مث) گفتگو کرنے کی زبان۔ زبانِ حال کی ضد۔

**زبان چلانا۔** (۱۔ محاورہ) گستاخی سے بات چیت کرنا۔

**زبان ملنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) بولی کا مشابہ ہونا (۲) طرزِ گفتگو کا ایک جیسا ہونا۔

**زبان مُنہ سے باہر (نکالنا) نکلنا۔** (۱۔ محاورہ) بہت دوڑنے یا شدتِ تشنگی سے زبان باہر آنا۔

**زبان منہ میں نہ (رکھنا) ہونا۔** (۱۔ محاورہ) کچھ نہ کہنا۔ جواب نہ دینا۔

**زبان میں پھدرک نہ ہونا۔** (۱۔ محاورہ) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

**زبان میں روانی ہونا۔** (۱۔ محاورہ) تیز گفتگو کرنا۔ بغیر رُکے گفتگو کرنا۔

**زبان میں فرق ہونا۔** (۱۔ محاورہ) قول کا پابند نہ ہونا۔

**زبان میں قفل (لگانا) لگنا۔** (۱۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ نہ بولنا۔

**زبان میں کانٹے پڑنا۔** (۱۔ محاورہ) سخت پیاس لگنا۔ زبان کا پیاس سے خشک اور کھردرا ہو جانا۔

**زبان میں کھجلی ہونا۔** (۱۔ محاورہ) تو تو میں میں کرنے کو جی چاہنا۔

**زبان میں لگام نہیں۔** (۱۔ محاورہ) بہت مُنہ پھٹ ہے۔ بدتمیز اور گستاخ ہے۔

**زبان میں لوچ ہونا۔** (۱۔ محاورہ) بات کرتے وقت چھوٹے بڑے کا لحاظ رکھنا۔

**زبان ناطقہ۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بولنے والی زبان۔

**زبان نکالنا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) زبان مُنہ سے باہر کرنا (۲) زبان درازی کرنا۔

**زبان نکل پڑنا۔** (۱۔ محاورہ) زبان کا مُنہ سے باہر نکل آنا۔

**زبان نہ رُکنا۔** (۱۔ محاورہ) چُپ نہ رہنا۔ بولے جانا۔

**زبان نہ ہلا سکنا۔** (۱۔ محاورہ) بول نہ سکنا۔ چپ رہ جانا۔

**زبان نہیں رہتی ہے۔** (۱۔ محاورہ) کہے جاتا ہے۔ بے کہے نہیں مانتا۔

**زبان ہارنا۔** (۱۔ محاورہ) وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔

**زبان ہلانا۔** (۱۔ محاورہ) (۱) کہنا۔ بولنا۔ بات کرنا (۲) اشارہ کرنا۔ حکم کرنا۔ مانگنا۔

**زبان ہلانے سے کام نکلتا ہے۔** (۱۔ مقولہ) تھوڑی سی کوشش سے کام ہوتا ہے۔ سفارش سے مقصد حاصل ہوتا ہے۔

**زبان ہلنا۔** (۱۔ محاورہ) زبان کا حرکت کرنا۔ بولنا۔ کہنا۔

**زبان ہی حلال ہے زبان ہی مردار ہے۔** زبان جو چاہے کہہ دے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دے۔

**زبان ہی ہاتھی چڑھاوے زبان ہی سر کٹوا دے۔** زبان سے ہی آدمی کی عزت ہوتی ہے اسی سے جان گنوانے تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔

**زبان یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم۔** میرے دوست کی زبان ترکی ہے اور میں ترکی نہیں جانتا جب کسی کی بات سمجھ میں نہ آئے تو کہتے ہیں۔

**زبانہ۔** (ز۔ با۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شعلہ۔ لَو۔ آگ کی لپک (۲) ترازو کی سوئی (۳) (صف) زبان والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دو زبانہ)

**زبانہ کش۔** شعلہ نکالنے والی۔ شعلہ پیدا کرنے والی۔

**زبانی۔** (ز۔ با۔ نی) (ف۔ صف) (۱) مُنہ کی کہی ہوئی (۲) سُنی سُنائی (۳) ظاہری مُنہ دیکھے کی۔ بناوٹ کی (۴) حفظ۔ ازبر۔

**زبانی امتحان۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ امتحان جو تقریر کے ذریعہ لیا جائے۔

**زبانی باتیں۔** (ف۔ ا۔ مث) وہ باتیں جو زبان سے کہی جائیں اور ان پر عمل نہ کیا جائے۔

**زبانی پڑھنا۔** (۱۔ محاورہ) حفظ پڑھنا۔ بے دیکھے پڑھنا۔

**زبانی تیجے۔** (۱۔ مذ) اُوپری باتیں۔ زبانی جمع خرچ۔

**زبانی جمع خرچ۔** (۱۔ مذ) خالی باتیں بنانا۔ کچھ نہ کر کے دکھانا۔

**زبانی جمع خرچ کرنا۔** (۱۔ محاورہ) صرف باتیں ہی باتیں بنانا۔ عمل نہ کرنا۔

**زبانی حساب۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ حساب جو لکھ کر نہ کیا جائے۔ ذہنی حساب۔

**زبانی سُننا۔** (۱۔ محاورہ) سننا۔ حفظ سننا۔ بغیر کتاب کے سننا۔

**زبانی کہنا۔** (۱۔ محاورہ) ذکر کرنا۔ بذریعہ گفتگو کچھ سنانا۔

**زبانی لکھنا۔** (۱۔ محاورہ) کسی کی زبان سے سن کر لکھنا۔

**زبانی وعدہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ وعدہ جو زبان سے کیا جائے۔

**زُبدہ۔** (ز۔ ب۔ دہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تازہ مکھن (۲) ملائی (۳) کسی چیز کا بہترین حصہ (۴) (صف) چیدہ۔ منتخب۔ برگزیدہ۔

**زُبدۃ الحکما۔** (ع۔ ا۔ مذ) حکیموں میں سے منتخب (۲) ایک ڈگری جو طبیبوں کو دی جاتی ہے۔

**زُبدۃ السالکین۔** (ع۔ ا۔ مذ) سالکوں میں برگزیدہ۔ پیروں، صوفیوں اور بزرگوں کا لقب۔

**زَبَر۔** (ز۔ بَر) (ف۔ صف) اَزبر کا مخفف (۱) اُوپر۔ اونچا۔ بالا (۲) بہتر (۳) زیادہ بڑا (۴) بوجھل۔ گراں (۵) طاقتور۔ زورآور (۶) (مذ) فتحہ۔ وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے اُوپر آدھے الف کی آواز ظاہر کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

**زبردست۔** (ف۔ صف) طاقت ور۔ توانا۔ قوی۔ غالب۔

**زبردست سب کا جنوائی۔** (۱۔ مثل) زبردست کا سب حکم مانتے ہیں۔

**زبردست کا ٹھینگا سر پر۔** (۱۔ مثل) غالب سے زور نہیں چلتا۔ اس کی ماننی پڑتی ہے۔

**زبردست کی جورو سب کی دادی۔ غریب کی جورو سب کی بھابی** (مثل) زبردست کی سب عزت اور مفلس کی سب توہین کرتے ہیں۔

**زبردست کے بیسوں بسوے۔** (۱۔ مثل) قوی ہمیشہ غالب رہتا ہے۔

**زبردست مارے اور رونے نہ دے۔** (۱۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی طاقت ور زیادتی کر کے شکوہ نہ کرنے دے۔

**زبردستی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) جبر۔ ظلم۔ سختی۔ زیادتی (۲) ناحق۔

**زَبَر ہونا۔** (۱۔ محاورہ) غالب ہونا۔ فتح پانا۔ بھاری ہونا۔

**زبرجد۔** (ز۔ بر۔ جد) (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا زمرد۔ ایک سبز رنگ کا زردی



Marfat.com

مائل جواہر۔ پنّا۔
**زَبرجد ہندی** پکھراج۔
**زِبَس**۔ (زِ-بَس) [ف۔صف] اَز بس۔ بہت۔
**زُبور**۔ (زَ-بُور) (ع۔ا۔مث) (۱) نوشتہ۔ کتاب (۲) وہ الہامی کتاب جو
حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی۔
**زَبُوں**۔ (زَ-بُوں) (ف۔صف) (۱) عاجز۔ ضعیف (۲) خوار۔ بیچارہ۔ ذلیل
رسوا (۳) بُرا۔ زشت۔ تباہ (۴) نحس۔ منحوس۔
**زبُونی**۔ (زَ-بُو-نی) (ف۔ا۔مث) خواری۔ تباہی۔ خرابی۔ کمزوری۔

## ز — پ

**زِپ**۔ (Zip) (انگ۔ا۔مث) زنجیری جو عام طور پر پتلون۔ زنانہ
قمیص وغیرہ کو لگائی جاتی ہے۔
**زپاٹا**۔ (زَ-پا-ٹا) (ق۔ا۔مذ) اُڑتے وقت پرندے کے پَروں کی آواز۔

## ز — ٹ

**زَٹل**۔ (زَ-ٹَل) (اُر۔ا۔مث) (۱) بکواس۔ بڑ۔ جھک۔ بے معنی بات۔ لغو۔
(۲) فضول قصہ یا کہانی۔
**زَٹل باز**۔ (ا۔ف۔صف) گپّی۔ بکواسی۔ فضول کہانیاں کہنے والا۔
**زَٹل قافیہ**۔ (ا۔مذ) فضول اور بے تکی باتیں۔ بے اصل باتیں۔
**زَٹل مارنا (ہانکنا)**۔ گپ ہانکنا۔ جھوٹی باتیں بکنا۔ شیخی مارنا۔
**زَٹلی**۔ (زَ-ٹَل-لی) (ہ۔صف) (۱) بکواسی۔ بکی (۲) شہنشاہ فرخ سیر کے عہد
کا ایک مشہور مسخرہ شاعر۔
**زَٹلیا**۔ (زَ-ٹَل-یا) پوچ باتیں کرنے والا۔ بے معنی اور طول طویل قصے
بیان کرنے والا۔ جھوٹا۔

## ز — ج

**زُجاج**۔ (زُ-جاج) (ع۔ا۔مذ) (۱) کانچ۔ آبگینہ۔ شیشہ (۲) شیشے کا ٹکڑا۔
**زُجاجی**۔ (زُ-جا-جی) (ف۔صف) شیشے کا بنا ہوا۔
**زَجر**۔ (ع۔ا۔مث) روک۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دھمکی۔ تنبیہہ۔ جھڑکی۔ ملامت۔
**زجر و توبیخ**۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت۔ جھڑکی۔ دُھتکار۔

## ز — چ

**زِچ**۔ (اُر۔صف) (۱) عاجز۔ تنگ۔ مجبور۔ بے بس۔ شکست خوردہ۔
(۲) شطرنج کے بادشاہ کی وہ حالت جب اس کے چلنے کے لیے
کوئی گھر نہ ہو۔
**زِچ کردینا**۔ (ا۔محاورہ) مات کر دینا۔ مجبور کر دینا۔ عاجز کر دینا۔ قافیہ تنگ کر دینا
**زِچ ہوجانا**۔ (ا۔محاورہ) ناک میں دم آجانا۔ تنگ ہوجانا۔ دِق ہوجانا۔
**زَچہ۔ زَچّہ**۔ (زَ-چَہ۔ زَچ-چَہ) (ف۔ا۔مث) وہ عورت جس نے بچّہ جنا
ہو۔ چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے۔
**زَچّہ خانہ**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں بچہ پیدا ہوتا ہے۔
**زَچّہ رانی**۔ (ف۔ا۔مث) زچّہ کا خطاب۔
**زَچّہ گیریاں**۔ زچّہ خانہ کے گیت۔ وہ گیت جس میں بچّے اور اس کی ماں
کی تعریف ہوتی ہے۔
**زَچگی**۔ (ف۔ا۔مث) زچّہ ہونے کی حالت۔

## ز — ح

**زِحاف**۔ (زِ-حاف) (ع۔ا۔مذ) عروض کے بحروں کے ارکان کا تغیر۔ جمع زحافات
**زُحَل**۔ (زُ-حَل) (ع۔ا۔مذ) ایک ستارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے۔ سنیچر۔ کیواں۔
**زُحل کا عمل گزر چکا ہے**۔ (ا۔مثل) زُحل ستارے کا اثر زائل ہوگیا۔
نحوست کے دن گزر گئے۔
**زَحمت**۔ (زَح-مَت) (ع۔ا۔مث) دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ رنج۔ مشقت۔
مصیبت۔ سختی۔
**زَحمت اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) دُکھ بھوگنا۔ مصیبت بھرنا۔ تکلیف برداشت کرنا
**زَحیر**۔ (زَ-حیر) (ع۔ا۔مث) پیچش کا مرض۔

## ز — خ

**زَخّار**۔ (زَخ-خار) (ع۔صف) پانی سے بھرا ہوا۔ (ف۔صف) بہت شور
کرنے والا۔ موجیں مارتا ہوا لہریں لیتا ہوا (ذال کے ساتھ بھی درست ہے۔
**زَخم**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) گھاؤ۔ ناسور (۲) نقصان۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیاں۔
**زخم آلا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زخم تازہ ہونا (۲) پُرانا رنج یاد آنا۔
**زخم اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) زخم کی تکلیف برداشت کرنا۔ زخم کھانا۔
**زخم اندمال پانا**۔ (ا۔محاورہ) زخم اچھا ہونا۔
**زخم انگیز**۔ (ف۔صف) اُپاڑ کرنے یا چھالا ڈال لینے والی دوا۔
**زخم اوچھا لگنا**۔ (ا۔محاورہ) ہلکا زخم لگنا۔
**زخم باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) زخم پر پٹّی باندھنا۔
**زخم بولنا**۔ (ا۔محاورہ) زخم پھٹنا۔ زخم کے ٹانکے ٹوٹنا۔
**زخم بھر (آنا) جانا**۔ (ا۔محاورہ) زخم اچھا ہونا۔
**زخم بھر چلنا**۔ (ا۔محاورہ) زخم پر کھرنڈ آجانا۔
**زخم پر دمشک (نمک چھڑکنا)**۔ (ا) ایذا دینا۔ ستاتے ہوئے کو ستانا۔



Marfat.com

تکلیف پر تکلیف دینا (۴) نقصان یا تکلیف میں طعن و تشنیع کرنا۔
**زخم پکنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم میں پیپ پڑ جانا۔
**زخم تازہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نیا صدمہ ہونا۔ نیا زخم لگنا (۲) کسی نئے حادثے پر پرانا رنج یاد آجانا۔
**زخم جگر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) غم۔ رنج۔
**زخم جھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم کھانا۔
**زخم چرانا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم میں خشکی کے سبب سے درد ہونا۔
**زخم چشم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بد نظر۔
**زخم خشک ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم سے پیپ کا نکلنا بند ہونا۔ انگور ہونا۔ کھرنڈ بندھنا۔
**زخم خفیف**۔ (ف۔ ا۔ صف) ہلکا زخم۔
**زخم خنداں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) [کنایۃً] کھلا ہوا زخم جو سیا نہ گیا ہو۔
**زخم خوردہ۔ زخم دار**۔ (ف۔ صف) مجروح۔ زخمی۔
**زخم دامن دار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بڑا زخم۔
**زخم دل**۔ (ف۔ ا۔ مذ) غم۔ رنج۔
**زخم دوزی**۔ (ف۔ ا۔ مث) زخم میں ٹانکے لگانا۔ مرہم پٹی۔
**زخم دینا**۔ (ا۔ محاورہ) گھائل کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ ضرر پہنچانا۔
**زخم زبان**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کسی کی بد زبانی کا اثر۔
**زخم زدہ**۔ (ف۔ صف) مجروح۔
**زخم سینا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم میں ٹانکے لگانا۔
**زخم کا انگور**۔ (ا۔ مذ) کھرنڈ۔
**زخم کا پانی**۔ (ا۔ مذ) رطوبت جو زخم میں ہوتی ہے۔
**زخم کا چور**۔ (ا۔ مذ) (کنایۃً) زخم کا باہر سے خشک اور اندر سے خراب ہونا
**زخم کا رونا**۔ (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) زخم سے پانی نکلنا۔
**زخم کاری**۔ (ف۔ ا۔ مذ) مہلک زخم۔
**زخم کا مسکرانا۔ زخم کا ہنسنا**۔ (ا۔ محاورہ) [کنایۃً] زخم کے ٹانکے ٹوٹ جانے سے زخم کا بڑھ جانا۔
**زخم کا ہوا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم کا بہت بڑھ جانا۔
**زخم کو ٹانکے لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم سینا۔
**زخم کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا (۲) صدمہ اٹھانا۔
**زخم کھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم کا پھٹ جانا۔
**زخم کہن**۔ (ف۔ ا۔ مذ) پرانا زخم۔
**زخم کے ٹانکے کاٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم کا مندمل ہونے کے بعد زخم کے ٹانکے کاٹ ڈالنا۔
**زخم لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) مجروح ہونا۔
**زخم میں انگور آنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم پر کھرنڈ آجانا۔
**زخم میں ربتی / صوف بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زخم بھرنے کی غرض سے اس میں کپڑا یا روئی رکھ دینا۔
**زخم ہرا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) گھاؤ کو تازہ کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ گزشتہ رنج یاد دلانا۔
**زخم ہرا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا (۲) گزشتہ صدمے یا حادثے کا یاد آجانا۔
**زخموں پر زخم جھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) صدمے پر صدمے اٹھانا۔ بہت زخم کھانا۔
**زخموں پر نمک پاشی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت تکلیف دینا۔
**زخموں سے چور ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت زخمی ہونا۔
**زخموں کی بدھی۔ زخموں کے ہار**۔ زخموں کے نشان۔ بہت سے زخم۔
**زَخمہ**۔ (زَخ۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ مضراب۔ نقارے کی چوب۔
**زَخمی**۔ (زَخ۔ می) (ف۔ صف) (۱) گھائل۔ مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔
**زخمی جگر**۔ (ف۔ صف) دل جلا۔ مصیبت زدہ۔ خستہ جگر۔
**زخمی دشمنوں میں دم لے تو مرے۔ نہ دم لے تو مرے**۔ (مثل) ہر طرح مشکل ہے۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں۔ جب کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے میں یکساں نقصان ہو۔
**زِخودرفتگی**۔ (زِ۔ خُدا۔ رَف۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) آپے سے باہر ہونا۔ بے خودی۔

## ز ــــ د

**زَد**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) مار۔ چوٹ (۲) نشانہ (۳) جو چیز ماری جائے (۴) صدمہ۔ نقصان (۵) نشانے کا سامنا۔
**زَد پر آنا۔ زد پر چڑھنا۔ زد پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ایسی جگہ ہونا جہاں نشانہ ٹھیک لگ جائے۔
**زَد پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔
**زَدوکوب**۔ (ف۔ ا۔ مث) مار پیٹ۔
**زَدگان**۔ (ف) زدہ کی جمع۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مصیبت زدگان۔
**زَدگی**۔ (زَ۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) چوٹ۔ ضرب (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے ہوا زدگی)۔
**زَدن**۔ (ف۔ مص) مارنا۔ ضرب لگانا (۲) جھپکنا جیسے چشم زدن۔
**زَدنی**۔ (زَ۔ دَ۔ نی) [ف۔ صف] مارنے کے قابل۔ قتل کے لائق (مرکبات میں آتا ہے جیسے گردن زدنی)۔
**زَدَہ**۔ (زَ۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) مارا ہوا۔ ضرب رسیدہ (۲) مصیبت کا مارا۔ مفلوک (۳) بوسیدہ۔ گلا ہوا۔ کمزور (۴) ساکن حرف (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جمع: زدگان
**زَدہ حال**۔ (ف۔ صف) خستہ حال۔ تباہ حال۔ پریشان حالت۔ غمگین۔ سوگوار۔

## ز ــــ ر

**زَر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سونا۔ طلا (۲) دھن دولت۔ روپیہ پیسہ۔ مال ومتاع (۳) پھول کا زیرہ (۴) سونے چاندی کے تار یا کلابتون۔



Marfat.com

**زرِ آمدنی** - (ف - ا - مث) (۱) آمدنی - مالگزاری (۲) فائدہ - نفع -

**زرِ احمر** - (ف - ا - مذ) سونا -

**زرِ اصل** - (ف - ا - مذ) راس المال - اصل سرمایہ - سرمایہ یا رقم جو کسی کام پر لگائی جائے - مول -

**زر افشاں - زر فشاں** - (ف - صف) وہ کاغذ جس پر سونے کے ورق ریزہ ریزہ کر کے چھڑکے ہوتے ہیں اور جو تقریبات کے خطوط میں استعمال کیا جاتا ہے (۲) چمک دار -

**زرِ امانت** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جو کسی کے پاس امانت رکھا جائے -

**زر اندود** - (ف - ا - مث) سونے کا ملمع کیا ہوا -

**زر باف** - (ف - ا - مذ) (۱) زربفت بنانے والا - تاروں کا بنا ہوا کمخواب -

**زر بافی** - (ف - ا - مث) سونے کے تار بنانا - زربفت بنانا -

**زرِ باقی** - (ف - ا - مذ) بقایا - روپیہ جو بچ جائے -

**زر بالائی** - (ف - ا - مذ) (۱) وہ رقم جو علاوہ تنخواہ کے ملے (۲) رشوت -

**زر بر سر فولاد (پولاد) نہی نرم شود** - (ف - مثل) روپیہ دینے سے سنگدل بھی پسیج جاتا ہے -

**زر برسنا** - (ا - محاورہ) روپے کی بارش ہونا - بے حد روپیہ ملنا -

**زربفت** - (ف - ا - مذ) کمخواب - ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنتے ہیں -

**زر بل نہ زور بل** - (ا - مثل) نہ روپیہ ہے نہ بدن میں طاقت -

**زر بیعانہ** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کی خاطر پیشگی دیا جائے -

**زرِ پاک عیار** - (ف - ا - صف) خالص سونا - کھرا سونا -

**زر پرست** - (ف - صف) لالچی - بخیل - روپے کا غلام -

**زر پھیلایا اور کار بر آیا** - (ا - مثل) روپیہ خرچ کرنے سے کام ہو جاتا ہے -

**زر پیشگی** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دے دیا جائے -

**زر تار** - (ف - صف) وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنائی گئی ہو -

**زرِ توفیر** - (ف - ا - مذ) فاضل روپیہ -

**زرِ ثمن** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جو قیمت میں ملے -

**زر جعفری** - (ف - ا - مذ) (۱) خالص سونا - جعفر برمکی وزیر ہارون رشید کی طرف منسوب جس نے صاف سونے کا استعمال کیا تھا -

**زر (خالص) خشک** - (ف - ا - مذ) وہ سونا جس میں ذرا بھی ملاوٹ نہ ہو -

**زر خرید** - (ف - صف) روپیہ دے کر خریدا ہوا (غلام یا لونڈی) شیدائی -

**زرخیز** - (ف - صف) سرسبز - شاداب - بسیار حاصل -

**زرخیز کرنا** - (ا - محاورہ) کھاد ڈال کر پیداوار کے قابل بنانا -

**زرخیزی** - (ف - ا - مث) سرسبزی - شادابی -

**زر دادن و درد سر خریدن** - (ف - مثل) مال کا مال کھونا اور مفت کی زحمت لینا

**زر دار** - (ف - صف) دولت مند - مال دار -

**زر دار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ - پردار پڑے اُڑتے بے پر کا خدا حافظ** - (ا - مثل) امیر آدمی جو چاہے لے سکتا ہے غریب کچھ نہیں کر سکتے - غریبوں کا والی بس اللہ ہے -

**زر دار مرد نا ہر گھر میں رہے کہ باہر** - (ا - مثل) زر سے مرد کی حکومت اور رعب ہے - گھر میں بھی اور باہر بھی -

**زر دوز** - (ف - ا - مذ) (۱) زری کا کام کرنے والا (۲) وہ چیز جس پر زری کا کام ہو -

**زر دوزی** - (ف - ا - مث) سلمے ستارے اور کلابتوں سے کام کرنا - سلمے ستارے کا کام -

**زر دوست** - (ف - صف) روپے سے محبت کرنے والا - بخیل - لالچی -

**زرِ ڈگری** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جو دعویٰ کرنے والے کو عدالت دلائے -

**زر را زر می کشد** - (ف - مثل) روپیہ روپے کو کھینچتا ہے - جن کے پاس دولت ہو انہیں اور دولت ملتی ہے -

**زرِ رہن** - (ف - ا - مذ) وہ روپیہ جس کے لیے کوئی چیز رہن رکھی جائے -

**زر ریز** - (ف - صف) زرخیز -

**زر زر کشد در جہاں گنج گنج** - (ف - مثل) دنیا میں روپیہ روپے کو کھینچتا ہے اور خزانہ خزانے کو -

**زر، زمین، زن جھگڑے کی جڑ ہیں** - (ا - مثل) ان تینوں کی وجہ سے فساد ہوتے ہیں -

**زر زور خداداد ہے** - (ا - مثل) یہ چیزیں آدمی خود حاصل نہیں کر سکتا -

**زرِ سُرخ** - (ف - ا - مذ) (۱) سونا - طلا (۲) اشرفی (۳) گنجفے کے تاش کا ایک رنگ -

**زرِ سفید** - (ف - ا - مذ) (۱) چاندی (۲) روپیہ -

**زر سے تول کر لینا** - (ا - محاورہ) کسی چیز کے ہم وزن سونا یا چاندی دے کر خریدنا -

**زرِ ضمانتی** - (ف - ا - مذ) ضمانت کا روپیہ -

**زرِ (طلا) عیار** - (ف - ع - ا - مذ) خالص سونا -

**زرِ فاضل** - (ف - ا - مذ) فالتو روپیہ - بقایا -

**زرِ قرض** - (ف - ا - مذ) قرض کا روپیہ -

**زرِ قلب** - (ف - ع - ا - مذ) (۱) کھوٹا سونا - کھوٹا روپیہ -

**زر کا جوتا** - (ا - مذ) رشوت جو کسی کو دے کر کام نکالا جائے -

**زر کار** - (ف - صف) جس پر ملمع یا سنہری کام ہوا ہو (۲) سُنار -

**زر کار کند مرد لاف زند** - (ف - مثل) کام تو روپیہ کرتا ہے مگر آدمی اپنی لیاقت کی ڈینگ مارتا ہے -

**زر کا زائل کرنا - جیتے جی ہے مرنا** - (ا - مثل) روپیہ ضائع کرنا بہت بُری بات ہے - روپیہ برباد کر کے انسان کو بڑی تکلیفیں اُٹھانا پڑتی ہیں -

**زر کا زور پورا ہے اور سب ادھورا ہے** - (ا - مثل) روپے میں بہت طاقت ہے -

**زرِ کامل عیار** - (ف - ع - ا - مذ) خالص سونا -

**زر کٹنا** - (ا - محاورہ) زر برسنا -

**زرکش** - (ف - صف) کلابتوں بنانے والا - چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا -

**زرِ کل** - (ف - ا - مذ) اصل رقم مع سود - بیاج سمیت مُول -



Marfat.com

**زرکوب**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) سونے چاندی کے ورق بنانے والا۔ (۲) وہ چیز جس پر سونے کے پتر لگائے گئے ہوں۔
**زرکوبی**۔ (ف۔ا۔مث) چاندی سونے کے ورق بنانا۔
**زر کے آگے زور نہیں چلتا**۔ (امثل) روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی بھی کچھ نہیں کر سکتا۔
**زرگر**۔ (ف۔ا۔مذ) سُنار۔
**زرگری**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) سنار کا پیشہ (۲) مصنوعی زبان جس میں ایک حرف یا دو حرفوں کے بعد بیچ میں ز سے لاکر بولتے ہیں (۳) نمائش اور جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ زبانی تُو تُو مَیں مَیں (جنگ کے ساتھ)۔
**زرگل**۔ (ف۔ا۔مذ) پھول کے اندر کا زیرہ۔
**زرگوں**۔ (ف۔صف) سونے کے رنگ کا۔ سنہرا۔
**زر گیا زردی چھائی۔ زر آیا سُرخی آئی**۔ (امثل) نقصان ہونے سے چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ روپیہ آئے تو مُنہ پر سُرخی جھلکنے لگتی ہے۔
**زرِ لگان۔ زرِ مال گزاری**۔ (ف۔ا۔مذ) سرکاری لگان کا روپیہ۔
**زرِ مُبادلہ**۔ (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ سکہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے (ڈالر۔ پونڈ) [انگ (Foreign Exchange]
**زرِ مسکوک**۔ (ف۔ا۔مذ) طلائی سکہ۔ اشرفی۔
**زرِ مطالبہ**۔ (ف۔ا۔مذ) سرکاری روپیہ۔ واجب الادا۔
**زرِ معاوضہ**۔ (ف۔ا۔مذ) ہرجانہ۔ وہ روپیہ جو کسی نقصان کے عوض دیا جائے۔
**زرِ منافع**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) نفع کا روپیہ۔ فائدہ کا روپیہ (۲) سود۔ بیاج
**زرناب**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) خالص سونا (۲) (کنایۃً) آفتاب۔
**زرنشان**۔ (ف۔ا۔مذ) سونے کے پھول یا تصویریں جو لوہے پر بنائی جائیں۔
**زرِ نقد**۔ (ف۔ا۔مذ) نقد روپیہ۔ روکڑ۔ وہ روپیہ جو کٹوتی کاٹ کر لیا جائے۔
**زرنگار**۔ (ف۔صف) (۱) سنہری کام کا۔ طلائی (۲) وہ چیز جس پر سنہرا کام کیا ہو۔
**زر نیست عشق ٹیں ٹیں**۔ (مثل) مفلسی میں کچھ نہیں ہو سکتا۔
**زرِ نیلامی**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز کے نیلام کرنے سے حاصل ہو
**زرِ واصلات**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ نفع جو رہن رکھی ہوئی چیز سے حاصل ہو۔
**زر ہزار زیب لگاتا ہے۔ بے زر بگڑا نظر آتا ہے**۔ (امثل) مفلسی کام کی نہیں۔ روپے سے انسان کی شہرت، عزت اور دل کشی بڑھتی رہے۔
**زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے**۔ (امثل) روپیہ ہو تو گھر اچھی حالت میں ہوتا ہے نہیں تو کھنڈر بن جاتا ہے۔
**زر ہے تو نر ہے نہیں تو (پڑا دے) کمہار کا خر ہے**۔ (امثل) مفلس آدمی کسی کام کا نہیں۔
**زرِ یافتنی**۔ (ف۔ا۔مذ) روپیہ جو لینا ہو۔ بقایا جو وصول کرنا ہو۔ قرضہ۔
**زراعت**۔ (زِ۔را۔عت) (ع۔ا۔مث) کھیتی باڑی۔ کاشتکاری۔
**زراعت پیشہ**۔ (ع۔ف۔صف) جس کا پیشہ کاشتکاری ہو۔ کاشتکار۔ کسان۔
**زُرافہ**۔ (زُ۔را۔فہ) (ع۔ا۔مذ) شتر گاؤ۔ لمبی گردن والا ایک افریقی جانور۔ (Giraffe)
**زرائن**۔ (زَ۔را۔اِن) (ق۔ا۔مذ) زیور۔
**زربان**۔ (ف۔صف) بُڑھا (۲) کنایۃً حضرت ابراہیمؑ۔
**زرتشت۔ زردُشت**۔ (زَر۔تُشت۔ زر۔دُشت) (ف۔ا۔مذ) ایران کا مشہور فلسفی۔ آتش پرستوں کا پیغمبر۔ دین آتش پرستی کا بانی۔
**زرتُشتی**۔ (زَر۔تُش۔تی) (ف۔صف) زرتشت سے منسوب۔ پارسی۔
**زَرد**۔ (ف۔صف) پیلا۔ سنہرا۔
**زرد آلو**۔ (ف۔ا۔مذ) خُوبانی۔ ایک قسم کا زرد آڑو۔
**زرد آندھی**۔ (ا۔مث) آندھی جس کے گرد و غبار کا رنگ پیلا ہو۔
**زرداب۔ زردابہ**۔ (ف۔ا۔مذ) پِت۔ صفرا (۲) پیپ۔ پانی جو زخموں سے رِستا ہے۔
**زرد پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) خوف۔ دہشت یا مرض کے سبب چہرہ یا جسم کا پیلا ہونا۔
**زرد چوب**۔ (ف۔ا۔مث) ہلدی۔
**زرد رُو**۔ (ف۔صف) (۱) پیلے چہرے والا (۲) ہراساں۔ ترساں (۳) شرمندہ (۴) بے حیا۔ شامتی (۵) ذلیل۔ خوار۔
**زرد رُوئی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) شرمندگی۔ خجالت۔ شرمساری (۲) ذلت۔
**زرد (ہو جانا) ہونا**۔ (۱) طول مرض۔ رنج یا غش سے زرد پڑ جانا۔ خون خشک ہو جانا (۲) شرما جانا۔ خوف یا رُعب میں آجانا۔
**زَردک**۔ (زَر۔دَک) (ف۔ا۔مذ) گاجر۔
**زَردَہ**۔ (زَر۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پت۔ صفرا۔ (۳) میٹھے زرد رنگ کے چاول۔ مُزعفر (۴) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۵) زرد کوڑی (۶) کبوتر جس کی آنکھیں زرد ہوتی ہیں۔
**زَردہ پھَسکنا**۔ (ا۔محاورہ) دَم بہ دَم خشک تمباکو کھانا۔
**زَردی**۔ (زَر۔دی) (ف۔ا۔مث) (۱) پیلا پن۔ پیلاہٹ (۲) انڈے کی زردی (۳) یرقان (۴) اشرفی (۵) پھُول کے اندر کا زیرہ۔
**زِرِشک**۔ (زِ۔رِشک) (ف۔ا۔مذ) ایک دوا کا نام۔
**زِرغَل**۔ (زِر۔غَل) (اُ۔صف) لاغر۔ حقیر۔ ناکارہ چیز۔
**زرق برق**۔ (زَرَق۔بَرَق) (ف۔صف) (۱) شان و شوکت والا۔ ٹیپ ٹاپ والا۔ کرّ و فر والا۔ آراستہ۔ پیراستہ۔
**زَرقا**۔ (ع۔ا۔مث) وہ عورت جس کی آنکھیں نیلی اور سبز ہوں۔
**زِرَہ**۔ (زِ۔رَہ) (ف۔ا۔مث) فولاد کا جالی دار کُرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔
**زِرہ پوش**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہو۔
**زَری**۔ (ف۔ا۔مث) سُنہری تار۔ سونے کا تار۔ کلابتوں کا بنا ہوا کپڑا۔ بادلہ۔ گوٹا کناری وغیرہ۔
**زری باف**۔ (ف۔ا۔مذ) سونے کے تار بنانے والا شخص۔ گوٹا کناری بنانے والا۔
**زری کوٹنے والا**۔ وہ صرّاف جو پُرانا گوٹا کناری خرید کر لے جاتا ہے۔



Marfat.com

**زرّیں**۔ (زر۔ ریں) [ف۔ صف] سونے کا بنا ہوا (۲) سنہرا جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو (۳) بیش قیمت۔
**زرّیں کلاہ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] جس کے سر پر سنہری ٹوپی ہو۔ (بادشاہوں کی تعریف میں کہتے ہیں۔

## ز۔ ڑ

**زرڑ**۔ [ہ۔ ا۔ مث] دیوانوں کی سی باتیں۔ واہی تباہی باتیں (۲) رَٹ۔
**زرڑ رمارنا، ہانکنا**۔ [ا۔ محاورہ] بکواس کرنا۔ بڑ ہانکنا۔ یاوہ گوئی کرنا بیہودہ اور بے فائدہ بکے چلے جانا۔
**زرڑی**۔ (زر۔ ڑی) [ہ۔ صف] بکواسی۔ یاوہ گو۔ بیہودہ گو۔

## ز۔ ش

**زِشت**۔ [ف۔ صف] بُرا۔ بدشکل۔ بدنُما۔ بھدا۔ بھونڈا۔
**زِشت خُو**۔ [ف۔ صف] بُری عادت والا۔ بدخصلت۔ بدخو۔
**زِشت خُوئی**۔ [ف۔ ا۔ مث] بدمزاجی۔ بدخصلتی۔
**زِشت رُو**۔ [ف۔ صف] بدشکل۔ بدصورت۔

## ز۔ ع

**زُعاف**۔ [ع۔ مذ] ناگہانی موت۔
**زَعفران**۔ (زع۔ ف۔ ران) [ع۔ ا۔ مث] ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول۔ کیسر۔
**زعفران زار**۔ [ف۔ ا۔ مذ] وہ مقام جہاں زعفران کثرت سے ہو۔ زعفران کا کھیت۔
**زعفران کا کھیت**۔ وہ مقام جہاں زعفران اُگا ہوا ہو۔ وہ جگہ جہاں بہت ہنسی آئے
**زعفران کا کھیت (دیکھ آنا، دیکھنا)**۔ [ا۔ محاورہ] بہت ہنسنا۔ بہت خوش ہونا۔
**زَعفرانی**۔ (زع۔ ف۔ رانی) [ع۔ صف] زعفران کے رنگ کا۔ زرد کیسری (۲) زعفران کا۔ زعفران سے منسوب۔
**زَعم، زُعم**۔ [ع۔ ا۔ مذ] گمان۔ ظن (۲) غرور۔
**زُعما**۔ (زُ۔ ع۔ ما) [ع۔ ا۔ مذ] زعیم کی جمع۔ اُمرا۔ لیڈر۔ سردار۔
**زعیم**۔ (ز۔ عیم) [ع۔ ا۔ مذ] لیڈر۔ سردار۔

## ز۔ غ

**زُغال**۔ (زُ۔ غال) [ف۔ ا۔ مذ] کوئلہ جو جلا ہوا نہ ہو۔
**زغن**۔ (زَ۔ غن) [ف۔ ا۔ مث] چیل۔
**زغند**۔ (ز۔ غند) [ف۔ ا۔ مث] زقند۔ جست۔ چھلانگ۔ چوکڑی۔ کود پھاند۔

## ز۔ ف

**زِفاف**۔ (زِ۔ فاف) [ع۔ ا۔ مث] دلہن کی اپنے دولہا کے گھر روانگی (۲) ہم بستری سہاگ رات (ایسے موقع پر عموماً شبِ زفاف بولتے ہیں)
**زِفت**۔ [ق۔ ا۔ مث] سیاہ گوند جو صنوبر کے درخت سے حاصل کی جاتی ہے۔
**زفیل**۔ (ز۔ فیل) [أر۔ ا۔ مث] (عربی زفیر) سیٹی بجانا۔ سیٹی دینا۔ وہ آواز جو کبوتر باز کبوتروں کے اُڑانے کے واسطے دو انگلیاں مُنہ میں رکھ کر زور سے نکالتے ہیں۔
**زفیلنا**۔ [ا۔ مص] سیٹی بجا کر بلانا۔ سیٹی دینا۔

## ز۔ ق

**زقند**۔ (ز۔ قند) [ف۔ ا۔ مث] جست۔ زغند۔ چھلانگ۔
**زقوم**۔ (ز۔ قُوم) [ع۔ ا۔ مذ] تھوہر۔ بلاتشدید قاف بھی مستعمل ہے۔

## ز۔ ک

**زَک**۔ [أر۔ ا۔ مث] سُبکی۔ خفت۔ ذِلّت۔ شرمندگی (۲) ہار۔ شکست (۳) نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ (۴) ذلت۔ ہتک۔
**زک اُٹھانا** (۔ پانا۔ کھانا)۔ [ا۔ محاورہ] شرمندگی اٹھانا (۲) ہار جانا۔ ذلیل ہونا (۳) نقصان یا خسارہ برداشت کرنا۔
**زک دینا**۔ [ا۔ محاورہ] ہرانا۔ شکست دینا (۲) شرمندہ کرنا (۳) ذلیل کرنا۔
**زکا**۔ [ع۔ ا۔ مث] بڑھنا۔ زیادہ ہونا (۲) [صف] امیر۔ دولت مند (۳) فوراً ادا کرنے والا۔
**زُکام**۔ (زُ۔ کام) [ع۔ ا۔ مذ] ایک بیماری جو ناک اور گلے کی اندرونی سطح پر خراش پیدا کرتی ہے اور ناک سے رطوبت بہنے لگتی ہے۔
**زکام بگڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] نزلے کے پانی کا سڑ جانا یا دماغ وغیرہ میں جم جانا۔ نزلہ بند ہو کر دوسرا مرض کھڑا ہو جانا۔
**زکام پکنا**۔ [ا۔ محاورہ] زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا۔
**زکام ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] نزلہ ہونا۔
**زکریا**۔ [ع۔ ا۔ مذ] ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیرے گئے تھے۔
**زکوٰۃ**۔ (ز۔ کات) [ع۔ ا۔ مث] خیرات۔ صدقہ (۲) اسلام کا چوتھا فرض مال کا چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جائے (۳)



Marfat.com

(اُر۔ عاملوں کی اصطلاح) کسی اسم یا دُعا کا معینّہ تعداد میں ان قیود کے ساتھ پڑھنا جو عاملوں نے مقرر کیے ہیں۔ نقش کی بھی زکوٰۃ دیتے ہیں۔

زکوٰۃِ حُسن ۔ (ع ۔ا۔ مث) خوبصورتی کا صدقہ (کنایۃً) بوسہ۔

زکوٰۃ میں لینا ۔ (ا۔ محاورہ) زکوٰۃ کی رقم میں سے حاصل کرنا۔

زکی ۔ (زَ۔کی) [ع ۔ صف] (۱) پاک۔ نیک (۲) زکوٰۃ دینے والا۔ جمع : اَزکیاء۔

## ز ـــــ ل

زُلال ۔ (زُ۔ لال) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) خالص پانی (۲) نتھرا ہوا پانی (۳) سرد اور شیریں پانی۔

زُلالِ خِضر ۔ (ع ۔ا۔ مذ) آبِ حیات۔

زَلزَلہ ۔ (زَل۔ زَ۔لَہ) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) بھونچال۔ بالا ڈولا۔ زمین کا کانپنا۔ جمع : زَلازِل۔

زلزلہ آنا ۔ (ا۔ محاورہ) بھونچال آنا۔

زلزلہ برپا ہوجانا (پڑجانا) ۔ ہلچل پڑ جانا۔ کھلبلی مچنا۔ تہلکہ مچ جانا۔

زُلف ۔ [ف ۔ا۔ مث] (۱) بالوں کا لچھا جو کان کے پاس کنپٹی پر لٹکتا ہے۔ (۲) کاکل۔ گیسو۔ مینڈھی۔ گندھے ہوئے بال۔

زُلفِ پریشاں ۔ (ف ۔ا۔ مث) بکھرے ہوئے بال۔

زُلفِ تاب دار ۔ (ف ۔ا۔ مث) گھونگر یالے بال۔

زُلفِ چلیپا ۔ (ف ۔ا۔ مث) صلیب کی شکل کی زُلف۔ بعض عورتیں اپنی زُلف اس طرح گوندھتی ہیں کہ سرے پر آکر صلیب کی سی شکل بن جاتی ہے۔

زُلفِ رسا ۔ (ف۔ صف) لمبی زُلف۔

زُلفِ سُنبل ۔ (ف ۔ا۔ مث) سُنبل کے بال یا گھاس نما پتیاں۔ بالچھڑ کی لٹ۔ سُنبل کے بالوں کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔

زُلفِ شب ۔ (ف ۔ا۔ مث) رات کی تاریکی۔

زُلفِ عنبریں ۔ (ف ۔ا۔ مث) خوشبودار بال۔

زُلف کا سودا ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) عاشق ہونا۔

زُلفِ گرہ گیر ۔ (ف ۔ا۔ مث) اُلجھنے والی زُلف۔

زُلف لہرانا ۔ (ا۔ محاورہ) بالوں کا ہوا میں اُڑانا۔

زُلفیں چھوڑنا ۔ (ا۔ محاورہ) زُلفیں اس طرح بڑھانا کہ لٹکتی رہیں۔

زُلفیں رکھنا ۔ (ف ۔ا۔ مث) زُلفیں لمبی کرنا۔

زُلفیں سنوارنا ۔ (ا۔ محاورہ) بالوں کو بنانا۔ زُلفوں کو خوبصورت بنانا۔

زُلفی ۔ (زُل۔ فی) [ف ۔ا۔ مث] (۱) دروازے کی زنجیر (۲) بلی۔ دروازے کا کھٹکا (۳) تلوار کی موٹھ۔

زَلَل ۔ (زَ۔لَل) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) پھسلنا۔ گرنا۔ ٹھوکر کھانا (۲) غلطی کرنا۔ سہو کرنا۔ (۳) کمی۔ گھاٹا۔ نقصان (۴) لغزش۔ پھسلن۔

زَلُوک ۔ (زَ۔ لُو۔ زَ۔ لُو۔ک) [ف ۔ا۔ مث] جونک۔

زَلّہ ۔ (زَل۔ لَہ) [ع ۔ا۔ مذ] آگے کا بچا ہوا کھانا۔ پس خوردہ۔ جمع : زَلّات۔

زلّہ رُبا ۔ بردار ۔ (۱) کسی کا بچا ہوا کھانے والا (۲) خوشہ چین۔ کسی سے فیض اُٹھانے والا۔

زَلیچہ ۔ (زَ۔لی۔ چَہ) [ت ۔ا۔ مذ] غالیچہ۔

زُلیخا ۔ (زُ۔لے۔ خا) [ع ۔ا۔ مث] (۱) حسین وجمیل عورت (۲) عزیزِ مصر کی بیوی جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہوگئی تھی۔

زُلیخا بڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد ۔ (ا۔ مثل) ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو بے سمجھے بُوجھے پڑھتے ہیں یا بات کی تہ کو نہیں پہنچتے۔

## ز ـــــ م

زِمام ۔ (زِ۔ مام) [ع ۔ا۔ مث] باگ۔ نکیل۔ جمع : اَزِمّہ۔

زمامِ حکومت ہاتھ میں لینا ۔ (ا۔ محاورہ) حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لینا۔ خود حکومت کرنا۔

زمان ۔ (زَ۔ مان) [ع ۔ا۔ مذ] وقت۔ زمانہ۔ ساعت۔

زمانہ ۔ (زَ۔ ما۔ نَہ) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) حرکتِ فلکی کی مقدار۔ وقت۔ سماں۔ ہنگام (۲) عرصہ۔ مدّت۔ وقفہ۔ میعاد (۳) موسم۔ رُت۔ فصل (۴) عہد۔ راج۔ حکومت (۵) جُگ۔ قرن (۶) دور۔ گردش (۷) دُنیا۔ عالم۔ دَہر (۸) دنیا کے لوگ۔ جگ۔ مخلوق (۹) گردش۔ دور (۱۰) قسمت۔ نصیبا (۱۱) (صرف) ماضی۔ حال۔ مستقبل میں سے ایک۔ جمع : اَزمِنَہ۔

زمانہ آنا ۔ (ا۔ محاورہ) وقت آنا۔

زمانہ آنکھوں سے (دیکھا ہے) گزر چکا ہے ۔ (ا۔ مثل) بہت تجربہ ہوچکا ہے۔

زمانہ اُلٹ پلٹ ہونا ۔ زمانہ اُلٹ جانا ۔ (ا۔ محاورہ) انقلابِ عظیم ہوجانا۔

زمانہ اُمنڈنا ۔ (ا۔ محاورہ) خلقت کا بڑی تعداد میں کسی جگہ پہنچنا۔

زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا ۔ (ا۔ مقولہ) کسی کی حالت یکساں نہیں رہتی۔

زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ بساز ۔ (مثل) اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تجھے زمانے کا ساتھ دینا چاہیے۔ اکثریت اگر کسی رائے کے خلاف ہو تو بجائے سب کا مخالف بننے کے اکثریت کی رائے مان لینا چاہیے۔

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ ستیز ۔ (ف۔ مثل) اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تو زمانے کے ساتھ جنگ کر۔ زمانے کی ہوا کے ساتھ بہہ جانا کوئی خوبی نہیں۔ زمانے کے ساتھ چلنا کمزوری کی نشانی ہے۔

زمانہ بدلنا ۔ (ا۔ محاورہ) قسمت پھرنا۔ انقلاب ہونا۔

زمانہ برتنا ۔ (ا۔ محاورہ) تجربہ ہونا۔

زمانہ بر سرِ جنگ ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) ہر بات مخالف پڑنا۔ نصیبا خراب ہونا۔

زمانہ بسر کرنا ۔ (ا۔ محاورہ) وقت گزارنا۔ گزارہ ہونا۔

زمانہ بھر ۔ (ا) تمام دُنیا۔

زمانہ بھر کا چھٹا ہوا ۔ (ا۔ صف) بہت بدمعاش۔ اوّل درجے کا لُچّا۔

زمانہ پر روشن ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) سب کو معلوم ہونا۔ سب پر ظاہر ہونا۔

زمانہ پلٹنا ۔ (ا۔ محاورہ) انقلاب ہونا۔



Marfat.com

**زمانہ پھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہوجانا (۲) زمانے کا اُلٹ جانا۔ زمانہ بدل جانا۔

**زمانہ تہ و بالا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔

**زمانۂ جاہلیت۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ۔

**زمانہ پڑے سے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) تجربہ کار ہونا۔

**زمانہ چھاننا۔** (ا۔ محاورہ) بہت تلاش کرنا۔

**زمانۂ حال۔** (ع۔ ت۔ ا۔ مذ) وہ زمانہ جو گزر رہا ہے۔ موجودہ زمانہ۔

**زمانہ دیکھ ڈالا ہے۔** (ا۔ محاورہ) بڑا تجربہ کار ہے۔

**زمانہ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) تجربہ کار ہونا۔

**زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں۔** ان آنکھوں سے نہ معلوم کیا کیا دیکھ ڈالا ہے۔ بہت تجربہ کار ہیں۔

**زمانہ زیر و زبر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔ ہل چل مچنا۔

**زمانہ ساز۔** (ف۔ صف) ظاہردار۔ خود غرض۔ موقع پرست۔

**زمانہ سازی۔** (ف۔ ا۔ مث) خوشامد۔ ظاہرداری۔ بناوٹ۔ مکاری۔

**زمانہ سے اُٹھنا (اُٹھ جانا)۔** (ا۔ محاورہ) ناپید ہوجانا۔ نیست و نابود ہوجانا۔

**زمانہ سے برکت اُٹھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) دنیا میں فلاح و بہبود کا نہ رہنا۔ نکبت آنا۔

**زمانہ سے نرالا۔** (ا۔ صف) سب سے الگ۔ عجیب۔

**زمانۂ عدت۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ میعاد جس میں عورت طلاق ملنے یا رانڈ ہونے کے بعد دوسرا خاوند نہ کرسکے۔

**زمانہ کا گرا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی بات کی طرف خلقت کا بے طرح متوجہ ہونا۔

**زمانہ کی گردش۔** (ا۔ مث) انقلاب۔

**زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔** (ا۔ مثل) وقت کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ۔

**زمانہ گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) عرصہ ہونا۔ مدت گزرنا۔

**زمانۂ ماضی۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) گزرا ہوا زمانہ۔

**زمانہ مبتلا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت لوگوں کا ایک شخص پر عاشق ہونا یا کسی بات میں پھنسنا۔

**زمانۂ مستقبل۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ زمانہ جو آئے گا۔ آنے والا زمانہ۔

**زمانہ موافق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نصیبا اچھا ہونا۔ طالع یاور ہونا۔

**زمانہ نازک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ایسا وقت جس میں عزت سنبھالنا دشوار ہو۔

**زمانہ نظر میں اندھیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخت گھبراہٹ ہونا۔ پریشانی میں کچھ نہ سُوجھنا۔ سخت غم واندوہ ہونا۔

**زمانہ ہوا۔** (ا۔ محاورہ) عرصہ ہوا۔ مدت ہوئی۔

**زمانے سے کھونا۔** (ا۔ محاورہ) کہیں کا نہ رکھنا۔

**زمانے کا انقلاب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) زمانہ بدلنا۔ سخت ہل چل مچنا۔

**زمانے کا پلٹا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) زمانے کا رنگ بدلنا۔ زمانے کا کروٹ لینا۔ حالت بدلنا۔

**زمانے کا چلن۔** (ا۔ مذ) وقت کا رسم و رواج۔ دنیا کا طریقہ۔

**زمانے کا رُخ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) لوگوں کے خیالات اور طریقے کا خیال رکھنا

**زمانے کا دستور۔** (ا۔ مقولہ) رسم و رواج۔

**زمانے کا رونا۔** لوگوں کا ماتم یا غم کرنا۔

**زمانے کا زمانہ۔** (ا۔ محاورہ) تمام لوگ۔ ساری خلقت۔ پوری دنیا۔

**زمانے کا فرصت دینا۔** (ا۔ محاورہ) دنیا داری کے کاموں سے فراغت پا

**زمانے کا کروٹ لینا۔** (ا۔ محاورہ) زمانہ بدلنا۔

**زمانے کا لہو سفید ہونا۔** آپس میں محبت نہ رہنا۔ بے مروتی کا عام ہونا۔

**زمانے کا ناموافق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) قسمت خراب ہونا۔

**زمانے کا ورق اُلٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) زمانہ بدل جانا۔

**زمانے کی آب و ہوا بدل جانا۔** (ا۔ محاورہ) لوگوں کے خیالات اور ہوجانا۔ انقلاب ہوجانا۔

**زمانے کی راہ۔** (ا۔ مث) لوگوں کا دستور یا چلن۔ رسم و رواج۔

**زمانے کی ہوا بگڑنا۔** (ا۔ محاورہ) لوگوں کی حالت بدلنا۔ دوستوں کا دشمن ہوجانا۔ لوگوں کے خیالات خراب ہوجانا۔

**زمانے کی ہوا پھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہر بات کا برخلاف ہونا۔ قسمت خراب ہونا۔

**زمانے کی ہوا دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) لوگوں کا رجحان دیکھنا۔ وقت کے تقاضوں کا اندازہ کرنا۔

**زمانے کی ہوا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) زندہ رہنا۔

**زمانے کے۔** (ا۔ صف) اپنے وقت کے۔ دنیا بھر کے۔

**زمانیاں۔** (زَ۔ ما۔ نِ۔ یاں) [ف۔ ا۔ صف] زمانے کے لوگ۔

**زُمُرُّد۔** (زُ۔ مُر۔ رُد) [ف۔ ا۔ مذ] سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

**زُمُرُّد نگار۔** (ف۔ صف) زمردوں سے جڑا ہوا۔

**زُمُرُّدیں۔** (زُ۔ مُر۔ رُ۔ دیں) [ف۔ صف] سبز رنگ کا۔

**زُمرہ۔** (زُم۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) گروہ۔ جتھا۔ جماعت (۲) ساتھی۔ ہمراہی۔ (۳) بھیڑ۔ فوج۔

**زَمزَم۔** (زَم۔ زَم) [ع۔ ا۔ مذ] بیت اللہ کے کنویں کا نام نیز دیکھئے آبِ زمزم۔

**زَمزَمہ۔** (زَم۔ زَ۔ مَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ترنم۔ نغمہ۔ ترانہ۔ گیت (۲) دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا۔ (۳) لاہور میں ایک توپ کا نام۔

**زمزمہ پرداز۔ زمزمہ پیرا۔ زمزمہ خواں۔ زمزمہ سنج۔** (ف۔ صف) راگ گانے والا۔

**زمزمہ کا لچھا۔** پیچدار آواز جو گوّیے گانے میں نکالتے ہیں۔

**زَمزَمی۔** (زَم۔ زَ۔ می) [ع۔ ا۔ مث] (۱) حاجیوں کو آبِ زمزم دینے والا شخص (۲) آبِ زمزم رکھنے کا برتن۔

**زِمِستان۔** (زِ۔ مِس۔ تان) [ف۔ ا۔ مذ] موسم سرما۔ جاڑا۔ سردی۔

**زَمَن۔** (زَ۔ مَن) [ع۔ ا۔ مذ] وقت۔ زمانہ۔ جمع: ازمان۔ ازمنہ۔

**زَمہریر۔** (زَم۔ ہَ۔ رِیر) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سخت جاڑا۔ نہایت سردی (۲) کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے۔ (۳) دوزخ کا طبقہ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا۔

**زَمی۔** (زَ۔ می) [ف۔ ا۔ مث] زمین کا مخفف۔ دھرتی۔

**زمین۔** (زَ۔ مین) [ف۔ ا۔ مث] (۱) دھرتی۔ بھوم۔ ارض۔ وہ خاکی کرہ جس



Marfat.com

بر ہم رہتے ہیں (۲) غزل کی ردیف۔ قافیہ اور وزن یا بحر (۳) (اُر) دُنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ تخت۔ خطّہ۔ ولایت۔ مُلک۔ دیس (۴) خاک۔ مٹّی۔ دھول۔ گرد (۵) بنیاد۔ جڑ۔ نیو (۶) تہ۔ طبقہ۔ تلا۔ نیچے کا حصّہ (۷) کاغذ یا کپڑے کی اصل۔ سطح یا رنگ (۸) عورت۔ اولاد کی والدہ۔

**زمین آسمان ایک کر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا۔ کونا کونا چھان مارنا۔ کمال کوشش کرنا۔

**زمین آسمان پر ٹھکانا نہ ہونا (لگنا)**۔ بے تُکی بات کہنا۔

**زمین آسمان جھُکانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) در بدر پھرنا (۲) دیوانہ بنانا۔

**زمین آسمان چھاننا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت تلاش کرنا۔

**زمین آسمان کا فرق**۔ (ا۔ مذ) بہت بڑا فرق۔

**زمین آسمان کے قلابے مِلانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت مبالغہ کرنا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا (۲) شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا۔

**زمین آسمان میں پتانہ مِلنا**۔ (ا۔ محاورہ) کہیں نہ ہونا۔

**زمین اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زمین کا ٹھیکے پر جانا (۲) زمین کا جوتا بویا جانا (۳) زمین کا سرسبز ہونا۔

**زمین اُڑا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ہل چل مچا دینا۔

**زمین اُفتادہ**۔ (ف۔ صف) زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو۔

**زمین اُلٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غضب کرنا (۲) مُلک فتح کرنا۔

**زمین بلند ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غزل کی بحر کا دشوار ہونا۔

**زمین بوس**۔ (ف۔ صف) (۱) وہ جو حاضر ہو کر اظہارِ ادب کے لیے زمین چُومے۔

**زمین بوسی**۔ (ف۔ امث) زمین چومنا۔ سامنے حاضر ہو کر ادب سے زمین کو بوسہ دینا۔

**زمین بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) زمین کا دھنس جانا۔

**زمین پامال ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک بحر اور ردیف و قافیے میں پہلے سے بہت سی غزلیں ہونا۔

**زمین پاؤں تلے سے نِکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) خوف اور دہشت سے ٹھہرا رہنا مشکل ہونا۔ نہایت بیقرار ہونا۔

**زمین پاؤں سے لگ رہی ہے**۔ (ا۔ محاورہ) بہت آمد و رفت کی وجہ سے رستہ قریب معلوم ہوتا ہے۔

**زمین پاؤں سے نکلی جاتی ہے۔ نہیں تھمتی۔ نہیں ٹھہرتی**۔ بُرا زمانہ ہے کوئی کسی کا نہیں۔ سخت گھبراہٹ ہے۔

**زمین پر آ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) گر پڑنا۔

**زمین پر پاؤں نہ (دھرنا) رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت اِترانا۔ بہت غرور کرنا

**زمین پر پٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) گرانا۔ دے مارنا۔

**زمین پر چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا مسافت طے کرنے میں مشاق ہونا ہر روز تھوڑا تھوڑا سفر بڑھا کر گھوڑے کو لمبے سفر کی عادت ڈالنا۔

**زمین پر ڈھیر ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) گر پڑنا۔

**زمین پر سے کچھ پڑا پانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز بغیر محنت مشقت کے حاصل ہونا۔ کوئی چیز اتفاقاً مل جانا (۲) کوئی مطلب کی چیز اچانک مل جانا۔

**زمین پر قدم نہ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔

**زمین پر کسی کے نام کی شراب چھڑکنا**۔ (ا۔ محاورہ) مے نوشوں میں یہ دستور ہے کہ پینے سے پہلے کسی کا نام لے کر ایک آدھ چھینٹا شراب کا زمین پر گرا دیتے ہیں۔

**زمین پر نہ ٹھہرنے دینا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے علاقے یا اپنی زمین پر نہ ٹھہرنے دینا

**زمین پر ہاتھ نہیں ٹِکے**۔ (ا۔ محاورہ) عاجز نہیں ہوا۔ ابھی طاقت ہے۔

**زمین پست ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بحر اور ردیف و قافیہ کا اچھا نہ ہونا۔

**زمین پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ مستقل سکونت اختیار کرنا۔

**زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں**۔ (ا۔ مثل) نہایت شرمندگی یا زندگی سے بیزار ہو جانے کے وقت بولتے ہیں۔ ناگہانی موت آ جائے۔

**زمین ترقید و پیدا شُد سرِ خر (ف۔ مثل)** (حقارتاً) کوئی دفعتہً آ جائے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ زمین پھٹی اور گدھے کا سر پیدا ہو گیا۔

**زمین تلے اوپر کر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) انقلاب برپا کر دینا۔ ہل چل مچا دینا۔

**زمین تھرّانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہل چل مچنا۔ (۲) زلزلہ آنا۔

**زمین ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے**۔ (ا۔ مثل) نہ رُکنے والی مصیبت۔ ضدی شخص یا ضروری تعمیل ہونے والے حُکم کی نسبت بولتے ہیں۔

**زمین ٹھنڈی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ردیف قافیے کا چُست نہ ہونا۔

**زمین جھُکانا**۔ (ا۔ محاورہ) آوارہ پھرانا۔

**زمین چڑھا ہوا گھوڑا**۔ (ا۔ محاورہ) وہ گھوڑا جسے لمبے سفر کی عادت ڈالی گئی ہو۔

**زمین حُسن خیز**۔ (ف۔ ا۔ صف) وہ خطّہ جہاں کے اکثر لوگ خوبصورت ہوتے ہوں۔

**زمین خالصہ**۔ (ف۔ ا۔ مث) وہ زمین جو براہِ راست بادشاہ کی ذاتی ملکیت ہو۔ جاگیر صرف خاص۔

**زمین خراجی**۔ (ف۔ ا۔ مث) وہ زمین جس کا معاملہ ادا ہوتا ہو۔

**زمین خون سے لال ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت خون ریزی ہونا۔ لڑائی میں بہت لوگوں کا مارا جانا۔

**زمین دار**۔ (ف۔ صف) زمین کا مالک (۲) زمین کاشت کرنے والا شخص۔ کاشتکار۔

**زمین دار کو کِسان۔ بچّے کو مَسان**۔ (ا۔ مثل) زمین دار کو اپنے کاشتکار اور بچّے کو مرض مسان سے سخت نقصان پہنچتا ہے۔

**زمین دار کی جڑ ہری**۔ زمین دار ہمیشہ خوش حال رہتا ہے۔

**زمین داری**۔ (۱) زمینداری کا پیشہ یا کام (۲) پٹّی داری۔ جاگیر داری۔ (۳) اراضی۔ پٹّی۔ ریاست (۴) زمین جو زمیندار کے قبضے میں ہو۔ (۵) زمین دار کا عہدہ۔

**زمین داری پٹّا**۔ (ا۔ مذ) ایک تحریر جس میں سرکار زمین داری کے حقوق عطا کرتی ہے۔

**زمین داری دُوب کی جڑ ہے۔ زمین داری کھیڑے کی دُوب ہے** (مثل) زمینداری میں ہمیشہ فائدہ ہوتا ہے۔ زمینداری پائیدار چیز ہے۔

**زمین دکھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گرا دینا۔ پٹکنا (۲) نیچا دکھانا (۳) پچھاڑنا۔



Marfat.com

**زمین دوز** - (ف - صف) زیرزمین - زمین کے نیچے۔
**زمین دوز قلعہ** - زمین کے نیچے بنا ہوا قلعہ - ایسا قلعہ جس کی چھت زمین کے برابر ہو اور باہر سے پتہ نہ چلے کہ قلعہ ہے۔
**زمین دیکھنا** - (ا - محاورہ) (۱) نیچا دیکھنا - شرمندہ ہونا (۲) گر پڑنا - پچھڑنا (۳) زمین میں دفن ہونا (۴) قے کرنا۔
**زمین سپید** - (ف - ا - مث) وہ اُفتادہ زمین جس پر مکانات نہ ہوں۔
**زمین سخت ہے آسمان دُور ہے** - (ا - مثل) سخت مصیبت اور بے بسی کے موقع پر کہتے ہیں - نہ سختی کے باعث زمین میں سما سکتا ہوں نہ دُوری کے سبب آسمان پر پہنچ سکتا ہوں - کچھ کرتے دھرتے نہیں بن پڑتی۔
**زمین سر پر اُٹھا لینا** - (ا - محاورہ) بہت شور و غل کرنا - اُدھم مچانا - بڑا فساد برپا کرنا۔
**زمین سُست ہونا** - (ا - محاورہ) شعر کی بحر وغیرہ کا چست نہ ہونا۔
**زمین سہل ہونا** - (ا - محاورہ) ردیف و قافیہ کا آسان ہونا۔
**زمین سے پیٹھ لگنا** - (ا - محاورہ) قرار پکڑنا - آرام کرنا - بے چینی رفع کرنا۔
**زمین شعر سنگلاخ ہے** - (ا - محاورہ) شعر کی بحر اور وزن مشکل ہے۔
**زمین شق ہونا** - (ا - محاورہ) زمین پھٹ جانا۔
**زمین شگفتہ ہونا** - (ا - محاورہ) زمین شعر کا ایسا موزوں و مناسب ہونا کہ اچھے شعر موزوں ہوں۔
**زمین شور سُنبل بر نیارد** - (ف - مثل) کھار والی زمین میں سُنبل نہیں اُگتا - بُرے آدمی سے کبھی نیکی کی اُمید نہیں ہوتی۔
**زمین طرح کرنا** - (ا - محاورہ) بحر اور قافیہ و ردیف کا معیّن ہونا۔
**زمین غیر مزروعہ** - (ف - ا - مث) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی جائے - افتادہ زمین۔
**زمین قند** - (ف - ا - مث) ایک قسم کی ترکاری - شکر قندی - کچالو۔
**زمین کا پاؤں پکڑنا** - (ا - محاورہ) کسی مقام پر قیام ہو جانا - کہیں سے جا نہ سکنا۔
**زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا (نکل جانا)** - (ا - محاورہ) (۱) کسی صدمے کا حال سُن کر گھبرا جانا (کنایتہً) وقت پر کسی کا ساتھ نہ دینا۔
**زمین کا پاؤں کے نیچے نہ ٹھہرنا** - (ا - محاورہ) کسی کا ساتھ نہ دینا۔
**زمین کا پیوند ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) دفن ہونا - مر جانا (۲) فنا ہونا - نیست و نابود ہونا۔
**زمین کا تختہ اُلٹ جانا** - (ا - محاورہ) انقلاب عظیم ہونا۔
**زمین کا کھا جانا** - (ا - محاورہ) (۱) نیست و نابود کر دینا (۲) زمین کا دفن شدہ چیز کو بوسیدہ کر دینا۔
**زمین کا گز** - (ا - مذ) بہت سفر کرنے والا - آوارہ پھرنے والا۔
**زمین کا مالک** - (ا - مذ) زمین دار۔
**زمین کا پلٹنا** - (ا - محاورہ) ہل چل مچ جانا - زمانہ کا تہ و بالا ہونا۔
**زمین کا نہ آسمان کا** - (ا - مثل) کہیں کا بھی نہیں - نہ دین کا نہ دُنیا کا - نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
**زمین کو آسمان کر دینا** - (ا - محاورہ) پست زمین شعر کو اعلیٰ بنا دینا۔

**زمین کو بوسہ دینا** - (ا - محاورہ) زمین چومنا - زمین بوسی کرنا۔
**زمین کو مارے زمین دار چونکے** - (ا - مثل) کسی کمزور کو مار کر زور آور پر رعب ڈالنا۔
**زمین کھا گئی کہ آسمان** - (ا - مثل) اس وقت کہتے ہیں جب کھوئی ہوئی چیز کا پتا نہ لگے۔
**زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا** - (ا - مثل) سوال کچھ جواب کچھ - بے تکی بات کہنا۔
**زمین کی طنابیں کھینچ دینا** - (ا - محاورہ) مسافت کم کر دینا - فاصلہ تھوڑا کر دینا۔
**زمین کی گردن** - (ا - مث) خاک نائے - خشکی کا وہ تنگ حصہ جو پانی کے دو بڑے حصوں کو جدا کرے اور خشکی کے دو حصوں کو ملائے۔
**زمین کے برابر ہو جانا** - (ا - محاورہ) (۱) خاک ہو جانا (۲) خاکساری کرنا۔
**زمین کے طبقے آسمان پر اُڑا دینا** - (ا - محاورہ) زمین کے طبقے اُلٹ دینا - زمین تہ و بالا کر دینا - غدر مچا دینا - قیامت برپا کر دینا۔
**زمین کے نیچے اس قدر ہے جتنا زمین کے اُوپر ہے** - (ا - مثل) اس آدمی کی نسبت جو بہت چالاک اور عیار ہو کہتے ہیں۔
**زمین گرم ہونا** - (ا - محاورہ) زمین شعر کا چست ہونا۔
**زمین گلنار ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) سُرخ پھولوں سے زمین بھری ہونا (۲) خون سے زمین بھری ہونا۔
**زمین گھس جانا** - (ا - محاورہ) زمین کو نقصان پہنچ جانا (طنزاً) کہتے ہیں کہ چلنے یا کھڑے رہنے سے زمین گھس نہ جائے گی۔
**زمین گیر** - (ف - صف) (۱) وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے (۲) زمین پر گرا ہوا (۳) جھکا ہوا - خمیدہ (۴) زیادہ عمر کی وجہ سے کمزور (۵) بہت بوڑھا آدمی۔
**زمین متحرک (متزلزل) ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) زمین کا ہلنا - زلزلہ آنا (۲) ہل چل مچنا۔
**زمین مرہونہ** - (ف - ا - مث) گرو رکھی ہوئی زمین۔
**زمین مزروعہ** - (ف - ا - مث) کاشت کی ہوئی زمین۔
**زمین میں ٹھکانا نہ آسمان میں** - (ا - مثل) بے خانماں ہے - کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔
**زمین میں سمانا** - (ا - محاورہ) (۱) سخت شرمندہ ہونا (۲) زمین میں گڑ جانا - زمین میں جذب ہونا۔
**زمین میں گاڑ دوں گا** - (ا - دھمکی) مزہ چکھاؤں گا۔
**زمین میں گاڑنا** - (مص - مرکب) دفن کرنا۔
**زمین میں گڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) دفن ہونا (۲) نہایت شرمندہ ہونا۔
**زمین ناپنا** - (ا - محاورہ) (۱) سفر کرنا (۲) آوارہ پھرنا - مارے مارے پھرنا۔
**زمین نکالنا** - (ا - محاورہ) (۱) زمین شعر تلاش کرنا - نئے ردیف و قافیے میں شعر کہنا (۲) دریا کا ہٹ جانا اور زمین قابل کاشت ہونا۔
**زمین و آسمان تھرّانا** - (ا - محاورہ) سخت ہل چل مچنا - تہ و بالا ہونا۔
**زمین و آسمان کا فرق ہونا** - (ا - محاورہ) بہت بڑا فرق ہونا۔



Marfat.com

**زمین وزماں** - (ف - ا - مذ) تمام زمانہ۔
**زمین ہلا دینا** - (ا - محاورہ) ہل چل مچا دینا - قیامت برپا کر دینا - تہ وبالا کر دینا۔
**زمین دارا** - (ز - مِین - دا - را) [اُ - ا - مذ] (۱) حق زمین داری (۲) دیہات۔
**زمین دارنی** - (ز - مِین - دار - نی) [اُ - ا - مث] زمین دار کی بیوی۔
**زمینی** - (ز - مِی - نی) [ف - صف] (۱) زمین کی - زمین کے متعلق (۲) خاکی۔ دنیاوی - سِفلی۔

# ز ــــ ن

**زَن** - (ف - ا - مث) (۱) عورت - ناری - تریا (۲) بیوی - اِستری - زوجہ - لُگائی (۳) (صف) مارنے والا جیسے تیغ زن - وہ چیز جس پر ضرب پہنچائی جائے جیسے قط زن۔ جمع : زناں۔
**زن باردار** - (ف - ا - صف) حاملہ عورت۔
**زن - زر - زمین تینوں لڑائی کے گھر** - (ا - مثل) عورت - روپیہ اور زمین سے دنیا میں جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔
**زنِ مدخولہ** - (ف - ع - ا - مث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت - داشتہ۔
**زن مُرید** - (ف - صف) بیوی کا مطیع۔
**زنِ منکوحہ** - (ف - ا - مث) وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہوا ہو۔ بیاہتا بیوی۔
**زن وشو** - (ف - ا - مذ) بیوی اور شوہر - جورو خاوند۔
**زن وفرزند** - (ف - ا - مذ) بیوی بچّے - اہل وعیال۔
**زَن زَن** - (ف - صوت - تابع فعل) فرفر - تیزی سے - کسی چیز کے تیز چلنے کی آواز۔
**زَن سے** - (ا - متعلق فعل) تیزی سے۔
**زِنا** - (ز - نا) [ع - ا - مذ] غیر منکوحہ یا غیر مملوکہ عورت سے مجامعت - حرام کاری۔ بدکاری
**زنا بالجبر** - (ع - ا - مذ) کسی عورت سے زبردستی اور ناجائز طور پر مجامعت کرنا۔
**زِنا کار** - (ع - ف - صف) زنا کرنے والا - بدکار۔
**زناکاری** - (ف - ا - مث) بدکاری - حرام کاری۔
**زَنّاٹا** - (زَن - نا - ٹا) [ہ - ا - مذ] کسی ٹھوس چیز کے ہوا میں زور سے گزرنے کی آواز۔
**زَنارخ** - (ز - نا - رخ) [ع - ا - مث] مُرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو دو شاخہ ہوتی ہے۔
**زنارخ توڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) سینۂ مرغ کی ہڈی کو دو عورتوں کا کھینچ کر توڑنا۔ (۲) پکّا یارانہ ہونا - ہمراز بنانا - سہیلی بنانا۔
**زَناخہ** - (زَ - نا - خہ) [ق - ا - مذ] (۱) سانپ (۲) بند کفن۔
**زناخی** - (زَ - نا - خی) [اُ - ا - مث] (۱) لال قلعہ دہلی کی عورتوں کا یہ دستور تھا کہ وہ آپس میں رشتے مقرر کر کے ایک دوسرے کو خطاب کیا کرتی تھیں مثلاً دل جان جانِ مَن زناخی وغیرہ - زناخی کا رشتہ اور رشتوں سے زیادہ مضبوط اور قابل قدر گنا جاتا تھا سہیلی گوئیاں۔

**زُنّار** - (زُن - نار) [ف - ا - مذ ومث] (۱) وہ تاگا جو ہندو گلے اور بغل کے درمیان ڈالے رہتے ہیں - جنیو (۲) وہ تاگہ یا زنجیر جو عیسائی - مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔
**زُنّار ساغر - زنّار قدح** - (ف - ا - مذ) (۱) وہ بُلبُلے جو شراب کے پیالے میں اُٹھتے ہیں (۲) وہ گول نشان جو شراب کے پیالے میں پڑ جاتا ہے۔
**زُنّاری** - (ع - صف) زنّار سے منسوب (۲) زُنّار پہننے والا (۳) کافر - ہندو۔
**زَناشوی** - (ز - نا - شو - ای) [ف - ا - مث] میاں بیوی کے تعلقات - مباشرت۔
**زَناں** - (زَ - ناں) [ف - ا - مث] زن کی جمع - عورتیں۔
**زنان پردہ نشین مصلحت چناں دانند** - (ف - مثل) پردے میں بیٹھنے والی عورتیں مصلحت کس طرح سمجھ سکتی ہیں۔
**زنان پھدّی - زنان منتری** - (ف - ا - مث) وہ مرد جو عورتوں کے طریقے اور طرزِ گفتگو اختیار کریں - زنخے - زنانے۔
**زناں خانہ** - (ف - ا - مذ) حرم سرا - مکان کا وہ حصّہ جو عورتوں کے رہنے کے لیے مخصوص ہو۔
**زَنانَہ** - (زَ - نا - نہ) [ف - ا - مذ] (۱) زنخہ - مُخنّث - ہیجڑا - وہ مَرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے (۲) پردہ نشیں عورتوں کے رہنے کا مکان - حرم سرائے (۳) پَردہ (۴) (صف) نامرد - ڈھیلا - سُست۔
**زنانہ (کرنا) کروانا** - (ا - محاورہ) مردوں کو ہٹا دینا تاکہ پردہ دار عورتیں آجائیں (۲) ہیجڑا ہو جانا۔
**زنانی** - (زَ - نا - نی) [اُ - صف] (۱) زن سے منسوب (۲) [مث] عورت۔
**زنانی بولی** - (ف - ا - مث) عورتوں کی زبان - ریختی۔
**زنانی پوشاک** - (ف - ا - مث) عورتوں کا لباس۔
**زنانی ڈیوڑھی** - (ف - ا - مث) وہ ڈیوڑھی جس سے عورتوں کی آمد ورفت ہو۔
**زنانی سواری** - (ف - ا - مث) عورت جو سواری میں بیٹھے۔
**زنبق** - (زَم - بَق) [ع - ا - مذ] (۱) چنبیلی کی ایک قسم - چمپا (۲) چنبیلی کا تیل (۳) شراب (۴) ایک قسم کا مرہم۔
**زُنبُور** - (زُم - بُور) [ع - ا - مذ] (۱) بھڑ - شہد کی مکھی (۳) ایک آلہ جس کا مُنہ گول ہوتا ہے اس سے میخوں کو نکالا جاتا ہے (۴) دانت نکالنے کا آلہ (۵) چھوٹی توپ جو بادشاہوں کے ساتھ اُونٹ پر رہتی تھی۔
**زنبور خانہ** - (ع - ف - ا - مذ) بھڑوں کا چھتّا۔
**زنبور سُرخ** - (ع - ف - ا - مذ) تتیا۔
**زنبور عسل** - (ع - ف - ا - مذ) شہد کی مکھی۔
**زنبورچی** - (زَم - بُور - چی) [ف - ا - مذ] توپ چلانے والا۔
**زنبورک** - (زَم - بُو - رَک) [ف - ا - مث] چھوٹی توپ۔
**زنبورہ** - (زَم - بُو - رَہ) [ف - ا - مذ ومث] (۱) زنبور (۲) شہد کی بڑی مکھی (۳) کنکری (۴) ایک قسم کی ستار جس کے دو طرف کدو لگے ہوتے ہیں - بین۔
**زنبوری** - (زَم - بُو - ری) [ف - صف] جالی دار۔
**زنبیل** - (زَم - بیل) [ف - ا - مث] (۱) ٹوکری جو کھجور کے پتّوں سے بنی ہوئی ہو (۲) فقیروں کا کاسہ جو خشک کدّو سے بنا ہو (۳) جھولی - تھیلی - جھولا۔



Marfat.com

جمع: زنابیل۔
**زنبیل (باف) ساز۔** (ف۔ا۔مذ) زنبیل بنانے والا۔
**زنبیل عمر عیار۔** (ف۔ا۔مذ) ایک روایتی تھیلی جو عمر عیار کے پاس تھی جو چاہتا تھا اس میں رکھ لیتا تھا (۲) ایسا تھیلا جس میں بہت سی چیزیں سما جائیں۔
**زُنجبیل۔** (زنج۔بیل) [ع۔ا۔مث] (۱) سونٹھ (۲) بہشت کی ایک نہر کا نام۔
**زُنجیر۔** (زَن۔جیر) [ف۔ا۔مث] (۱) دروازے کی کُنڈی (۲) بیڑی (۳) لڑی سلسلہ (۴) دھات کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی لڑی (۵) فیل کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے جیسے پچیس زنجیر فیل۔
**زنجیر بندی۔** (ف۔ا۔مث) (۱) سلسلہ (۲) قطار۔
**زنجیر تڑانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) آزادی کی خواہش میں بےتاب ہوکر زنجیر توڑنے کی کوشش کرنا۔ (۲) بہت جوش یا غصّے میں بھرا ہونا۔
**زنجیر توڑنا۔** (ا۔محاورہ) زنجیر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (دیوانگی میں)۔
**زنجیرِ داد۔** (ف۔ا۔مث) وہ زنجیر جو نوشیرواں نے اپنے محل کے آگے گھنٹہ باندھ کر لٹکائی تھی تاکہ فریادی اِسے ہلاکر بادشاہ کو بلاسکیں۔
**زُنجیر دار۔** (ف۔صف) حلقے دار۔ جس پر زنجیر بنی ہوئی ہو۔
**زنجیرِ دَر۔** (ف۔ا۔مث) دروازے کی کُنڈی۔
**زنجیر دینا۔** (ا۔محاورہ) کُنڈی لگانا۔
**زنجیر ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) دیوانے یا قیدی کے ہاتھ پاؤں میں زنجیر باندھنا۔
**زنجیرِ جنوں۔** (ف۔ا۔مث) وہ زنجیر جو دیوانے آدمی کو ڈالتے ہیں۔
**زنجیرِ عَدل۔** وہ زنجیر جو شہنشاہ جہانگیر نے اپنے محل میں اس لیے لگائی تھی کہ دادخواہ اس کے ذریعے بادشاہ تک فریاد پہنچا سکیں۔ نیز دیکھیے زنجیرِ داد۔
**زنجیرِ عرش کھڑکانا۔** (ا۔محاورہ) دعا کو بارگاہِ خداوندی تک پہنچانے کے لیے عجز و زاری کرنا۔
**زنجیر کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پاؤں میں زنجیر ڈالنا (۲) گرفتار یا اسیر کرنا۔ (۳) زنجیر لگانا۔
**زنجیر کھڑکانا۔** (ا۔محاورہ) زنجیر زور سے ہلانا۔
**زنجیر میں پہننا۔** (ا۔محاورہ) قید ہونا۔
**زَنجیرَہ۔** (زَن۔جی۔رَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) کوئی چیز جو زنجیر کی شکل کی ہو (۲) بٹا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) کپڑے وغیرہ پر کڑھا ہوا حلقہ دار سلسلہ۔ لہریا۔ کنٹھا۔ زنجیر دار سلائی (۴) تصویر کے گرد کنارہ۔ (۵) حلقے جو سطحِ آب پر پائے جاتے ہیں (۶) زنجیرِ گردن۔ ہار (۷) ناخنوں پر سفید نشان (۸) دو الفاظ کو جدا کرنے کا نشان۔
**زنجیرہ بندی۔** ایک چیز کا دوسری چیز کے واسطے لازمی ہونا۔
**زَنجیری۔** (زَن۔جی۔ری) [ف۔صف] (۱) زنجیر میں بندھا ہوا (۲) پاگل۔ دیوانہ (۳) [مذ] قیدی (۴) دیوانہ شخص (۵) زنجیر کی تصغیر۔
**زَنخا۔** (زَن۔خا) [اُ۔ا۔مذ] اصل فارسی لفظ زنکہ ہے (۱) وہ مرد جو عورتوں کی طرح بات چیت یا حرکات کرے۔ زنانہ (۲) بُزدل۔ نامرد۔

**زنخدان۔** (زَ۔نخ۔دان) [ف۔ا۔مث] ٹھوڑی۔
**زِندان۔** (زِن۔داَن) [ف۔ا۔مذ] قیدخانہ۔ جیل۔
**زِندانی۔** (زِن۔دا۔نی) [ف۔ا۔مذ] قیدی۔ گرفتار شدہ مجرم۔
**زَندَقہ۔** (زَن۔دِقَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) کُفر۔ بے دینی۔ الحاد (۲) منافقت۔
**زندگانی زندگی۔** (زِن۔دَ۔گا۔نی۔زِن۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] زیست۔ حیات۔ جیون۔ عمر۔
**زندگانی (زندگی) پر خاک۔** (ا۔کلمۂ نفرین) زندگی پر لعنت۔
**زندگی آخر ہونا۔** (ا۔محاورہ) زندگی تمام ہونا۔ موت کا وقت قریب ہونا۔
**زندگی بخشنا۔** (ا۔محاورہ) پیدا کرنا۔ زندہ کرنا۔ جلانا۔
**زندگی بخش۔** (ف۔ا۔صف) وہ جو زندگی عطا کرے۔
**زندگی بسر کرنا۔** (ا۔محاورہ) عمر گزارنا۔
**زندگی بھاری ہونا۔** (ا۔محاورہ) کسی صدمہ یا بیماری کی وجہ سے مرنے کو جی چاہنا۔ جینا دوبھر ہونا۔
**زندگی بھر۔** (ف۔صف) تمام عمر۔
**زندگی تلخ ہونا۔** (ا۔محاورہ) اس قدر تکلیف ہونا کہ جینا دُوبھر ہو جائے۔
**زندگی حباب ہے۔** (ا۔مقولہ) زندگی پانی کے بُلبلے کی طرح ہے زندگی ناپائیدار اور فانی ہے۔
**زندگی دُوبھر ہونا۔** (ا۔محاورہ) زندگی بھاری ہونا۔ جان اجیرن ہونا۔
**زندگی زندہ دلی کا نام ہے، مُردہ دِل خاک جیا کرتے ہیں۔** (ا۔مقولہ) انسان کو خوش باش رہنا چاہیئے۔ مُردہ دِل کی زندگی بے کار ہے۔
**زندگی سے (بیزار) تنگ ہونا۔** (ا۔محاورہ) جینے سے تنگ آنا مرنے کو جی چاہنا۔
**زندگی سے مایوس ہونا۔** (ا۔محاورہ) جینے کی اُمید نہ رہنا۔
**زندگی سے ہاتھ اٹھانا (دھونا)۔** مرنے کے لیے تیار ہونا۔ جینے سے مایوس ہونا۔
**زندگی شرط ہے۔** (ا۔روزمرّہ) اگر جیتے رہے۔
**زندگی عطا کرنا۔** (ا۔محاورہ) زندگی بخشنا۔
**زندگی کاٹنا۔** (ا۔محاورہ) عمر بسر کرنا۔
**زندگی کا جام پینا۔** کسی کی سلامتی یا تندرستی کا جام پینا۔ جامِ صحت پینا۔
**زندگی کے دِن پورے کرنا۔** (ا۔محاورہ) عمر رنج و تکلیف میں گزارنا۔
**زندگیِ مُستعار۔** (ف۔ا۔مث) چند روزہ زندگی۔
**زندگی موت کسی کے ہاتھ ہونا۔** (ا۔محاورہ) کسی کا پورا اختیار ہونا۔
**زندگی میں۔** جیتے جی۔
**زندگی میں موت کا مزہ چکھنا۔** (ا۔محاورہ) بے حد تکلیف ہونا۔ سخت مصیبت پڑنا۔
**زندگی وبال ہونا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت میں عمر بسر ہونا۔ جینا دوبھر ہونا۔
**زندگی ہونا۔** (ا۔محاورہ) عمر ہونا۔ دیر تک زندہ رہنا۔
**زِندہ۔** (زِن۔دَہ) [ف۔صف] (۱) جیتا (۲) جان دار۔ ذی رُوح۔ ذی حس۔ (۳) تروتازہ۔ سرسبز (۴) مستقل۔ ہمیشگی ہوئی۔
**زندہ آنا۔** (ا۔محاورہ) جیتے جی واپس آنا۔
**زندہ اٹھا لینا۔** خدا کا کسی شخص کو آسمان پر جیتے جی بلانا (جس طرح کہ مسلمانوں



Marfat.com

کے اعتقاد کے بموجب حضرت عیسےٰ کو اُٹھا لیا۔
**زندہ باد (باش)** ۔ (دُعا) (۱) جیتے رہو۔ سلامت رہو۔
**زندہ پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جیتا دیکھنا۔
**زندہ پیر** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ بزرگ شخص جو زندگی میں احترام و تعظیم کے لائق ہو۔
**زندۂ جاوید** ۔ (ف۔ صف) ہمیشہ کے لیے زندہ۔ نہ مرنے والا۔ امَر۔
**زندہ دار** ۔ (ف۔ صف) بہت جاگنے والا۔
**زندہ داران شب** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ جو راتوں کو جاگتے ہیں۔ چوکیدار (۲) رات کو عبادت کرنے والے لوگ۔
**زندہ در گور** ۔ (ف۔ صف) سخت مصیبت میں مبتلا۔
**زندہ دل** ۔ (ف۔ صف) خوش مزاج۔ ظریف۔
**زندہ دلی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) خوش طبعی۔ دل لگی۔ ظرافت۔ چہل۔
**زندہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جلانا۔ زندگی بخشنا (۲) فرحت دینا۔
**زندہ گڑوا دینا** ۔ (مص۔ مرکب) زندہ دفن کرا دینا۔
**زندہ نکلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی مصیبت سے جیتے جی نکل آنا۔
**زندہ نہ چھوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مار ڈالنا۔
**زندہ نہ دیکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مر جانے کی وجہ سے کسی شخص کو نہ دیکھنا۔
**زندہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جی پڑنا۔ جینا (۲) کسی دھات کے کُشتے کا اپنی اصلی حالت پر آنا۔
**زندیق** ۔ (زِن۔ دِیق) (ع۔ ا۔ مذ) کتاب ژند کا معتقد۔ بے دین۔ کافر۔ مجوسی وہ شخص جو خدا کی وحدانیت کا قائل نہ ہو۔ جمع : زنادِقہ۔
**زِنک** ۔ (Zinc) (انگ۔ ا۔ مذ) جست۔ ایک قسم کی دھات۔
**زنک آئنٹمنٹ** (Zinc Intment) ایک قسم کا مرہم جو زخم کو خشک کر دیتا ہے۔
**زِنک لوشن** ۔ (Zinc Lotion) آنکھ میں ڈالنے کا ایک عرق۔
**زنکوگرافی** ۔ (Zinc Graphy) (زِن۔ کو۔ گ۔ را۔ فی) (انگ۔ ا۔ مث) جست کی تختیوں پر چھاپنے کا فن۔
**زنگ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا گھنٹہ۔ گھنٹی (۲) دھات کا میل۔ مورچہ (۳) خصوصاً لوہے کا میل (۴) کدورت (۵) سیاہی۔ تاریکی۔ افریقہ کا ایک ملک۔ حبشہ۔
**زنگ آلود۔ زنگ آلودہ۔ زنگ خوردہ** ۔ (ف۔ صف) زنگ لگا ہوا۔
**زنگ آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زنگ لگنا۔
**زنگ کا کھا جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) زنگ سے دھات کا بوسیدہ ہو جانا۔
**زنگار** ۔ (زن۔ گار) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زنگ (۲) تانبے کا زنگ یا کساؤ (۳) نیلا تھوتھا جو تانبے آکسیجن اور گندھک سے مل کر بنتا ہے۔
**زنگار کا پھاہا** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ پھاہا جس پر مرہم زنگار لگایا گیا ہو۔
**زنگاری** ۔ (زن۔ گا۔ ری) (صف) زنگار کے رنگ کا۔ سبز۔ ہرا۔
**زنگولہ** ۔ (زن۔ گو۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جرس۔ گھنٹہ (۲) گھنگرو (۳) ایک سُر۔
**زنگی** ۔ (زن۔ گی) (ف۔ صف) حبشی۔ سیدی۔ زنجبار کا باشندہ (مجازاً) سیاہ فام۔

**زنگی کی سیاہی کسی رنگ نہیں جاتی** ۔ (ا۔ مثل) پیدائشی عیب کسی طرح نہیں مٹتا۔
**زنگی ہڑ** ۔ (ا۔ مث) کالی اور چھوٹی ہڑ۔ ہلیلہ سیاہ۔
**زنند جامہ ناپاک گازراں برسنگ** ۔ (ف۔ مثل) جس کپڑے کو دھوبی پتھر پر مارتے ہیں۔ عیب دار کا عیب دُور کرنے کے لیے سختی کی ضرورت ہے۔
**زینہار** ۔ (زِن۔ ہار) (ف۔ تاکید) ہرگز۔ کبھی نہیں۔ خبردار۔

## ز ــــ و

**زُواد** ۔ (زُ۔ واد) (ق۔ ا۔ مث) ایک قسم کی خوشبو۔
**زوّار** ۔ (زَو۔ وار) (ع۔ صف) زیارت کرنے والا۔ زائر۔ یاتری۔
**زَوال** ۔ (زَ۔ وال) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) عروج کی ضد (۲) کمی۔ گھاٹا۔ اُتار (۳) تنزل (۴) نقصان (۵) ناکامیابی (۶) ترقی اور عروج جاتا رہنا (۷) مصیبت (۸) سورج کا نصف النہار سے نیچے اترنا۔
**زوال آمادہ (پذیر)** ۔ (ع۔ ف۔ صف) گھٹنے والا۔ تغیر قبول کرنے والا۔
**زوال پر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تنزل ہونا۔ گھٹنا (۲) سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
**زوال کا وقت** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ وقت جب آفتاب نصف النہار سے سرک جائے۔ دوپہر سے ذرا بعد کا وقت۔ دھوپ ڈھلنے کا وقت۔
**زوالِ ماہ (قمر)** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چاند کا بدر ہونے کے بعد گھٹنا۔ اندھیرا پاکھ
**زَوائد** ۔ (زَ۔ وا۔ اِد) (ع۔ ا۔ مذ) زائد کی جمع۔ فضول اور بحث سے خارج باتیں۔
**زُوپین** ۔ (زُو۔ پین) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا دو زبانہ۔ دو شاخوں والا نیزہ (۲) (مذ) کادُس کا ایک بیٹا (۳) (صف) شاعرانہ۔ موسیقارانہ۔
**زَوج** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جفت۔ جوڑا (۲) بیوی خاوند میں سے کوئی ایک (۳) شوہر (۴) وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے۔ جمع : اَزواج۔
**زَوجُ الزَّوج** ۔ (ع۔ مذ) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے جیسے ۔ ۴ ۔ ۸ ۔ ۱۶ ۔
**زوجُ الفرد** ۔ (ع۔ مذ) وہ عدد جو جفت اور طاق پر پورا تقسیم ہو سکے۔ جیسے ۶ ۔ ۱۲ ۔ ۱۸ ۔
**زَوجہ** ۔ (زَو۔ جَہ) (ع۔ ا۔ مث) جورو۔ بیوی۔ استری۔ اہلیہ۔ جمع : اَزواج۔
**زوجۂ مطلقہ** ۔ (ف۔ ا۔ مث) طلاق دی ہوئی عورت۔
**زوجۂ منکوحہ** ۔ (ع۔ ا۔ مث) نکاح کی ہوئی عورت۔ بیاہتا بیوی۔
**زَوجیت** ۔ (زَو۔ جی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) نکاح۔ شادی۔ عقد۔
**زوجیت میں لانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بیوی بنانا۔ نکاح میں لانا۔ عقد کرنا۔
**زَوجین** ۔ (زَو۔ جَین) (ع۔ ا۔ مذ) زوج کا تثنیہ۔ میاں بیوی۔ زن و شوہر۔
**زُود** ۔ (ف۔ صف) جلد۔ شتاب۔ فوراً۔ ابھی۔ معاً۔
**زُود آشنا** ۔ (ف۔ صف) بہت جلد دوست بن جانے والا۔



Marfat.com

**زُود پشیمان**۔ (ف۔صف) بہت جلد پچھتانے والا۔
**زُود حِس**۔ (ف۔صف) جلد محسوس کرنے والے۔حسّاس۔
**زُود رَس**۔ (ف۔صف) تیز فہم۔بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا۔
**زُود رَنج**۔ (ف۔صف) جلد خفا ہوجانے والا۔
**زُود فربہ زُود لاغر**۔ (ف۔مثل) جو ایک رائے یا ایک حالت پر قائم نہ رہے۔ گھڑی میں کچھ اور گھڑی میں کچھ۔
**زُود فہم**۔ (ف۔صف) تیز فہم۔ ہوشیار۔ ذکی۔
**زُود نویس**۔ (ف۔صف) جلد جلد لکھنے والا۔
**زُودی**۔ (زُو۔دِی) (ف۔ا۔مث) جلدی۔شتابی۔
**زُور**۔ (ع۔ا۔مذ) دغا۔فریب۔مکر۔
**زور**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) طاقت۔قوت۔ توانائی۔بل۔شکتی (۲) اختیار۔بس۔ قابو (۳) زبردستی۔ظلم (۴) کوشش۔جدوجہد (۵) محنت۔مشقت (۶) سہارا۔مدد (۷) وزن۔بوجھ (۸) انوکھا آدمی (۹) (مذ) سہارا جو شطرنج کے ایک مہرے کو دوسرے سے ہوتا ہے (۱۰) (صف) قیامت کا۔ غضب کا (۱۱) انوکھا۔نرالا۔
**زور آزما**۔ (ف۔صف) طاقت آزمانے والا۔ پہلوان۔
**زور آزمانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) طاقت کا امتحان کرنا (۲) قوت دکھانا۔
**زور آزمائی**۔ (ف۔ا۔مث) طاقت آزمانا۔قوت دکھانا۔کشتی۔بل دکھانا۔
**زور آنا**۔ (ا۔محاورہ) طاقت آنا۔قوی ہونا۔ توانا ہونا۔
**زور آور**۔ (ف۔صف) (۱) طاقت ور۔قوی (۲) زبردست۔
**زور آوری**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) طاقت۔ توانائی (۲) زبردستی۔
**زور بادشاہ داؤں وزیر**۔ (مثل) طاقت بادشاہ جیسی داؤں وزیر جیسی۔
**زورِ بازو**۔ (ف۔ا۔مذ) ذاتی قوت۔ہمّت۔
**زور باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) قوت پکڑنا۔
**زور بڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) طاقت زیادہ ہونا۔قوت بڑھنا۔
**زور بل**۔ (ف۔ا۔مذ) قوت۔طاقت۔
**زور پر**۔ (۱) ترقی پر۔کمال پر (۲) حوصلے پر۔
**زور پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بوجھ پڑنا۔ دباؤ پڑنا (۲) مجبور کیا جانا (۳) طاقت صرف ہونا۔
**زور پکڑنا**۔ (ا۔محاورہ) قوت حاصل کرنا۔ بڑھنا۔زیادہ ہونا۔
**زور پیدا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) طاقت بڑھانا۔طاقت حاصل کرنا۔
**زور توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قوت کم کرنا یا زائل کرنا (۲) دباؤ کم کرنا (۳) گھمنڈ توڑنا۔
**زور جتانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) رُعب ڈالنا۔حکومت دکھانا۔ دباؤ ڈالنا (۲) طاقت ظاہر کرنا۔
**زور چلانا**۔ (ا۔محاورہ) رُعب سے یا زبردستی کوئی کام لینا۔
**زور چلنا**۔ (ا۔محاورہ) بس چلنا۔قابو چلنا۔
**زور دار**۔ (ف۔صف) (۱) پُرجوش (۲) قوی۔طاقت ور (۳) وہ پتنگ جس کے اُڑنے میں ڈور خوب تنی رہے اور جھول نہ پڑے۔
**زور دکھانا**۔ (ا۔محاورہ) غلبہ دکھانا۔رُعب ڈالنا۔حکومت جتانا۔

**زور دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قوت دینا۔زور بڑھانا (۲) شطرنج کے مہرے کو دوسرے مہرے کا سہارا دینا (۳) کسی لفظ کے تلفظ کو خاص لہجہ سے ادا کرنا جس سے یہ ظاہر ہو کہ یہ لفظ قابلِ توجہ ہے۔
**زور ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مجبور کرنا۔ دباؤ ڈالنا (۲) کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا (۳) دبانا۔تنگ کرنا (۴) بوجھ ڈالنا۔
**زور ڈھے جانا**۔ (ا۔محاورہ) غرور جاتا رہنا۔
**زور زور سے**۔ (ا۔متعلق فعل) (۱) قوت سے طاقت سے (۲) تیزی سے (۳) سختی سے۔ چلا چلا کے۔
**زور شور**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) تیزی و تندی۔جوش و خروش (۲) چڑھاؤ (۳) شدّت۔زیادتی (۴) شوق۔محنت۔
**زور شور سے**۔ (ا۔متعلق فعل) (۱) جوش و خروش سے (۲) شوق سے۔ محنت سے (۳) شان و شوکت سے۔
**زور ضابطہ**۔ (ف۔ا۔مذ) جبر۔سختی۔زبردستی۔
**زور طبع۔زور طبیعت**۔ (ف۔ا۔مذ) نئے مضامین اور نئے خیالات پیدا کرنے کی قُوّت۔
**زور ظلم**۔ (ف۔ا۔مذ) سختی۔زیادتی۔
**زور قلم**۔ (ف۔ا۔مذ) لکھنے کی طاقت۔تحریر کا زور۔
**زور کا**۔ (۱) پُرجوش (۲) شدّت کا (۳) بلند جیسے زور کا نعرہ۔
**زور کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) طاقت آزمانا (۲) دو پہلوانوں کا مشق کے لیے لڑنا (۳) بڑھنا۔زیادہ ہونا (۴) کوشش کرنا۔
**زور کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بہت طاقت ہونا۔رگ رگ میں قوت ہونا۔
**زور کے آگے ضرب نہیں چلتی**۔ (ا۔مثل) طاقت ور آدمی پر معمولی ضربات کا اثر نہیں ہوتا۔
**زور گھٹنا**۔ (ا۔محاورہ) طاقت کم ہونا۔
**زور لگانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) طاقت صرف کرنا (۲) کوشش کرنا۔سعی کرنا۔ (۳) ہمت کرنا (۴) دھکیلنا۔آگے بڑھنا (۵) ہاتھ لگانا (۶) مدد کرنا۔
**زور مارنا**۔ (ا۔محاورہ) نہایت کوشش کرنا۔سارا زور لگا دینا۔
**زور مند**۔ (ف۔صف) طاقت ور۔مضبوط۔
**زور میں (آنا) بھرنا**۔ (ا۔محاورہ) پوری قوت پر ہونا۔
**زور نکال دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قوت گھٹا دینا۔کمزور کر دینا (۲) غرور مٹا دینا۔
**زور نہ چلنا**۔ (ا۔محاورہ) قابو نہ چلنا۔
**زور نہ ظلم عقل کی کوتاہی**۔ (ا۔مثل) (۱) بے عقل آدمی عموماً ظالم ہوتے ہیں (۲) کسی کے جبر یا سختی سے نقصان نہیں پہنچا، اپنی بے وقوفی کی وجہ سے پہنچا ہے۔
**زوروں پر چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) طاقت میں بھرنا۔بہت تیار ہونا۔ (۲) طغیانی پر آنا دریا کا (۳) موٹا تازہ ہونا۔جوانی میں بھرنا (۴) کمال کو پہنچنا۔
**زوروں پر رہنا**۔ (ا۔محاورہ) لگاتار ترقی ہونا۔بہت چہل پہل ہونا۔



Marfat.com

کسی کام کا بہت زور رہنا۔

**زورا زوری**۔ (زو۔ را۔ زو۔ ری) [ہ۔ا۔مث] زبردستی۔ ظلم۔

**زَوْرَق**۔ (زَو۔ رَق) [ف۔ا۔مث] (۱) کشتی۔ چھوٹا ڈونگا (۲) ایک قسم کی ٹوپی جو درویش پہنتے ہیں۔ کشتی نما ٹوپی۔

**زُوف**۔ (اُ) لعنت۔ تُف۔ پھٹکار۔

**زُوف زاف کرنا**۔ (ا۔محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔

**زُوف ہے**۔ (کلمۂ نفرین) لعنت ہے۔ تُف ہے۔

**زُوفا**۔ (زُو۔ فا) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا جس کے پھول اور پتے شربت وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں۔

**زون**۔ (Zone) (انگ۔ا۔مذ) (۱) منطقہ۔ کرۂ ارض کے وہ پانچ حصے جو استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں (۲) علاقہ۔ منطقہ۔

## ز ـــــ ہ

**زِہ**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) جننا (۲) بچہ۔ اولاد (۳) [حرفِ تحسین] شاباش۔ مرحبا بہت خوب (۴) [مث] کمان کا چلّہ (۵) کوئی چیز جو بَل دے کر سوراخ سے نکالی (۶) لیس۔ فیتہ۔ جھالر (۷) انعام۔

**زِہ گیر**۔ (ف۔ا۔مذ) سینگ یا ہڈی کا چھلّا جس کو انگوٹھے میں پہنتے ہیں اور کمان کی زِہ کو کھینچتے ہیں۔

**زُہاب**۔ (ع۔ا۔مذ) ہر وقت جاری رہنے والا چشمہ۔

**زُہّاد**۔ (زُہ۔ ہاد) (ع۔صف۔ و۔مذ) زاہد کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔ عابد۔

**زِہار**۔ (زِ۔ ہار) (ف۔ا۔مث) شرم گاہ۔ پیڑو۔

**زُہد**۔ (ع۔ا۔مذ) پرہیزگاری۔ تقویٰ۔

**زہر**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ چیز جس کے کھانے سے انسان مرجائے۔ سم۔ بِس۔ ہلاہل (۲) کوئی چیز جو نہایت کڑوی ہو (۳) غصہ۔ غضب (۴) [صف] کڑوا۔ تلخ (۵) ناگوار۔ بُرا (۶) مہلک۔ قاتل (۷) مُضر۔ آزار رساں۔

**زہرآب۔ زہراب**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) پانی جس میں زہر مِلا ہوا ہو (۲) غم۔ غصہ (۳) (کنایۃً) پیشاب۔

**زہر آشام**۔ (ف۔صف) (۱) زہر پینے والا (۲) جو زہر میں بجھا ہوا۔

**زہر آگیں۔ زہر آلود۔ زہر آلودہ**۔ (ف۔صف) زہر سے بھرا ہوا۔ زہریلا

**زہر آمیز**۔ (ف۔صف) زہر مِلا ہوا۔

**زہر اُگلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی کی نسبت بُری باتیں کہنا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔ (۳) فتنہ انگیز باتیں کرنا (۵) اظہار قہر و غضب کرنا (۶) جلی کٹی کرنا۔

**زہر باتیں**۔ (ا۔مث) جلی کٹی باتیں۔ بے جا باتیں۔

**زہر باد**۔ (ا۔مذ) (۱) ایک بیماری جس میں پھوڑے پھنسی کا زہر سارے بدن میں پھیل جاتا ہے (۲) ہاتھیوں اور گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں آلۂ تناسل اور خصیے سُوج جاتے ہیں۔

**زہر بونا**۔ (ا۔محاورہ) بُرائی کرنا۔ بُرائی یا فساد کی بنیاد ڈالنا۔

**زہر بھرا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ہونا۔ کسی کی طرف سے بُغض یا بدی ہونا۔

**زہر بھری آنکھ**۔ (ا۔مث) (۱) غصے کی نظر (۲) شوخ آنکھ۔

**زہر (پھیلنا) چھٹکنا**۔ (ا۔محاورہ) جسم میں زہر کا اثر سرایت کر جانا۔

**زہر تیلیا**۔ (ا۔مذ) سُم قاتل۔

**زہر چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) زہر کا اثر ہونا۔

**زہر خند**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ ہنسی جو غصے، ناگواری یا شرمندگی سے ہو۔

**زہر دینا**۔ (ا۔محاورہ) زہر کھلانا۔ زہر دے کر مارنا۔

**زہر قاتل**۔ (ف۔صف) وہ زہر جس کے کھانے سے انسان مرجائے مُہلک زہر۔

**زہر کا پتلا**۔ (ا۔مذ) نہایت شریر۔ بڑا مُفسد۔

**زہر کرنا یا کر دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سخت کڑوا یا تلخ کر دینا (۲) ناگوار کر دینا بدمزہ کر دینا (۳) کسی کے (حق میں) بُرا کہنا۔

**زہر کھانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بِس کھانا (۲) مرجانا (۳) دشمنی کرنا۔ بغض نکالنا (۴) رشک کرنا۔ حسد کرنا (۵) کسی چیز پر دانت رکھنا۔ لینے کا خیال رکھنا۔

**زہر کی پُڑیا۔ زہر کی چھُری۔ زہر کی گانٹھ**۔ (ا۔صف) فتنہ انگیز۔ مُفسد۔ شریر۔

**زہر کے سے گھونٹ**۔ (ا۔مذ) بہت ناگوار۔

**زہر کے گھونٹ نگلنا**۔ تلخ چیز کو حلق سے اُتارنا۔ ناگوار کو گوارا کرنا۔ غصہ ضبط کرنا۔

**زہر گھولنا**۔ (ا۔محاورہ) فتنہ و فساد کی باتیں کرنا۔

**زہر گیاہ**۔ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

**زہر لگنا**۔ (ا۔محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

**زہر مار**۔ (ا۔مذ) وہ چیز جو زہر کو مارے۔ جو زہر کا اثر زائل کرے۔

**زہر مار کرنا**۔ (ا۔محاورہ) نامرغوب چیز کھانا۔ مجبوراً کوئی چیز کھانا۔

**زہر معلوم ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔

**زہر ملا دینا**۔ (ا۔محاورہ) فتنہ و فساد کی باتوں سے اچھی باتوں کو بھی ناگوار کر دینا۔

**زہر مل جانا**۔ (ا۔محاورہ) بُرائی ہو جانا۔

**زہر مُہرہ**۔ (ا۔مذ) ایک قسم کا پتھر جو زہر جذب کر لیتا ہے۔

**زہر مُہرہ خطائی**۔ (ا۔مذ) شہر خطا کا زہر مُہرہ جو نہایت عمدہ اور زود اثر ہوتا ہے۔

**زہر میں بجھانا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار یا خنجر کی دھار کو آگ میں سُرخ کر کے زہر آلود پانی میں بجھاتے ہیں۔ ان سے جو زخم ہوتے ہیں ان میں زہر اثر کر جاتا ہے

**زہر نوش**۔ (ف۔صف) بلانوش۔

**زہر ہلاہل**۔ (ف۔ا۔مذ) زہر قاتل۔ مُہلک زہر۔

**زَہرا**۔ (زَہ۔ را) [ع۔صف] (۱) روشن۔ چمکیلا (۲) حضرت فاطمہؓ کا لقب۔

**زَہرہ**۔ (زَہ۔ رَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) پتّا۔ ایک اندرونی عضو جس میں زرد اور نیلے رنگ کا پانی بھرا ہوا ہوتا ہے (۲) دلیری۔ قوت۔ مردانگی ہمت۔ حوصلہ۔

**زہرہ آب (پانی) ہونا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ پست ہونا۔ رُعب اور



Marfat.com

خوف طاری ہونا۔
زہرہ پھٹنا۔ (ا۔ محاورہ) خوف یا دہشت ہونا۔ دل دھڑکنا (۲) حیرت میں رہنا (۳) حسد کرنا۔
زُہرَہ۔ (زُہ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک سیارہ کا نام۔ ناہید۔ مُشتری۔ مولا فلک (۲) ایک عورت جس پر ہاروت ماروت دو فرشتے عاشق ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہوئے
زُہرَہ جبیں۔ (ف۔ صف) زُہرہ کی طرح روشن پیشانی۔ خوبصورت حسین۔
زُہرہ لقا۔ (ف۔ صف) زہرہ کی طرح حسین وخوبصورت۔
زَہریلا۔ (زَہ۔ ری۔ لا) (اُ۔ صف) (۱) زہر سے بھرا ہوا (۲) فتنہ انگیز۔
زہریلی۔ (زَہ۔ ری۔ لی) (اُ۔ صف) زہریلا کا مؤنث۔
زَہے۔ (زَہے) (کلمۂ تحسین) واہ واہ۔ شاباش۔ مرحبا۔
زَہے قسمت۔ (کلمۂ تحسین) اچھی قسمت سے۔ خوش بختی سے۔ کسی بڑے آدمی کے آنے پر کہتے ہیں۔
زہے مراتب خوابے کہ بہ ز بیداریست۔ (ف۔ مثل) اس خواب کا کیا کہنا جو بیداری سے بہتر ہو۔
زہے نصیب۔ (ف۔ کلمۂ تحسین) خوشا قسمت۔ خوش اقبالی۔ خوش قسمتی۔
زَہیر۔ (زُہیر) (ع۔ صف) (۱) بیماری سے دُبلا مخفی (۲) غمگین۔ اداس۔ پریشان۔

# ز ـــــ ی

زِی۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حیثیت عزلی (۲) لباس۔
زیاد۔ (زِ۔ یاد) (ع۔ صف) زیادہ کا مخفف۔
زِیادَت۔ (زِ۔ یا۔ دَت) (ع۔ ا۔ مث) اصطلاح نحو میں ایک یا زیادہ حروف کا زیادہ کرنا جیسے بھیڑ چال سے بھیر یا چال (۲) زیادتی۔ اضافہ۔
زیادتی۔ (زِ۔ یا۔ دَ۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کثرت۔ افراط (۲) ظلم۔ جبر۔ زبردستی۔
زیادتی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ زبردستی کرنا۔
زِیادہ۔ (زِ۔ یا۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) افزوں۔ فاضل۔ بہت۔ سوا۔ فالتو۔
زیادہ تر۔ (ع۔ ف۔ صف) بیش تر۔ سوا۔ بہت زیادہ۔
زیادہ جی کر کیا عاقبت کے بورئیے سمیٹو گے۔ (ا۔ مثل) باوجود بوڑھا ہونے کے زیادہ دیر تک زندہ رہنے کی خواہش پر طنز۔
زیادہ حدِ ادب۔ (ا۔ فقرہ) خط یا عرضی کے اخیر میں لکھتے ہیں کہ زیادہ عبارت بڑھانے میں ادب مانع ہے۔
زیادہ ستانی۔ (ف۔ ا۔ مث) (قانون) (۱) سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا (۲) زیادہ طلبی۔
زیادہ سَر۔ (ف۔ صف) (۱) اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنے والا (۲) مغرور متکبر (۳) وہ جو ایسا کام شروع کرے جسے ختم نہ کر سکے۔
زیادہ سے زیادہ۔ (ا۔ متعلق فعل) حد درجہ کا۔ بہت سے بہت۔
زیادہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بڑھانا (۲) دسترخوان اُٹھانا۔
زیادہ گو۔ بہت باتیں کرنے والا۔ بات کو بڑھانے والا۔
زیادہ گوئی۔ (ف۔ ا۔ مث) فضول باتیں۔ بیہودہ بکنا (۲) مبالغہ۔

زیادہ گوئی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) مبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر کہنا۔ فضول بکنا۔ بڑ ہانکنا۔
زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں۔ (ا۔ مثل) زیادہ دوستی یا بے تکلفی میں رنج ہوتا ہے۔
زیادہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) باقی بچنا۔ فاضل ہونا (۲) اُٹھ جانا یا جانا۔ ختم ہونا۔
زیادہ ہے۔ (ا۔ محاورہ) (۱) برکت ہے۔ بہت ہے (۲) نہیں ہے۔
زیارت۔ (زِ۔ یا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کسی متبرک مقام، چیز یا آدمی کا دیکھنا حج۔ مقدس مقام کا نظارہ (۲) کسی بزرگ کا مقبرہ۔ آستانہ۔ پرستش گاہ۔ درگاہ (۳) سلام۔
زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ۔ (ف۔ مثل) بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔
زیارت گاہ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) آستانہ۔ مقدس مقام۔ درگاہ۔
زیارت گاہِ خاص وعام ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ایسی جگہ یا شخص جس کی ہر کوئی جا کر زیارت کرے (۲) مقبولِ عام۔
زیارت نامہ۔ (ع۔ ف۔ مذ) (۱) زیارت کے لیے جانے کا پاسپورٹ (۲) سلام جو زیارت کے دوران میں پڑھا جائے۔
زیارت نصیب ہونا۔ (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ یا مقدس مقام کو دیکھنا۔
زِیارِی۔ (زِ۔ یا۔ رِی) (ف۔ ا۔ مذ) زیارت کرنے والا۔ زائر۔
زِیاں۔ (زِ۔ یاں) (ف۔ ا۔ مذ) ضرر۔ نقصان۔ خسارہ۔
زیاں رسیدہ (دیدہ)۔ (ف۔ ا۔ صف) وہ جس کو نقصان یا ضرر پہنچا ہو۔
زیاں کار۔ (ف۔ صف) نقصان دینے والا۔ مُضر۔
زیاں کاری۔ (ف۔ ا۔ مث) نقصان پہنچانا۔
زیب۔ (ف۔ ا۔ مث) آرائش۔ زینت۔ سنگار۔ خوبصورتی۔ رونق (۲) بہت سجانے والا۔ مناسب مرکبات کے آخر میں جیسے تن زیب۔
زیبِ آغوش ہونا۔ (ا۔ محاورہ) معشوق کی بغل میں ہونا۔
زیبِ بدن (تن۔ جسم) کرنا۔ کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا۔ پہننا۔ جسم پر لگانا
زیب دینا۔ (ا۔ محاورہ) بھلا لگنا۔ شوبھا دینا۔ کھلنا۔ موزوں ہونا۔ خوشنما ہونا۔ جچ
زیبِ گوش کرنا۔ (ا۔ محاورہ) بات سُننا۔
زیب وزین۔ زیب وزینت۔ (ف۔ ا۔ مث) آراستگی۔ سجاوٹ۔
زیبا۔ (زے۔ با) (ف۔ صف) (۱) زیب دینے والا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔ موزوں
زیبا طلعت۔ (ف۔ ا۔ صف) خوبصورت شکل کا۔ حسین۔
زیبائش۔ (زے۔ با۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) پھبن۔ آرائش۔ زینت۔ شوبھا خوشنمائی۔ سجاوٹ۔
زیبائی۔ (زے۔ با۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) خوبی۔ خوش نمائی۔
زیبرا۔ (Zabra) (زیب۔ را) (انگ۔ ا۔ مذ) گدھے کی قسم کا ایک جانور جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ یہ جانور افریقہ میں پایا جاتا ہے۔
زِیبَق۔ (زی۔ بَق) (ع۔ ا۔ مذ) پارہ۔ سیماب۔
زیبندہ۔ (زے۔ بن۔ دَہ) (ف۔ صف) زیب دینے والا۔ جمع: زیبندگان۔
زیت۔ (ع۔ ا۔ مذ) زیتون کا تیل۔
زیتون۔ (زے۔ توُن) (ع۔ ا۔ مذ) ایک مشہور درخت کا نام۔



Marfat.com

**زیٹ**۔ [اُر۔ ا۔ مث] یاوہ گوئی۔

**زِیٹک**۔ (زِی۔ ٹک) [اُر۔ صف] (۱) بے حیثیت (۲) کوتاہ قد۔

**زِیچ**۔ [ف۔ ا۔ مث] (۱) معمار کا دھاگا (۲) جنتری۔ تقویم۔

**زَید**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ایک فرضی نام (۲) ایک مشہور صحابیؓ کا نام۔

**زَیدی**۔ (زَے۔ دی) [ع۔ صف] حضرت زید سے منسوب۔ حضرت زید کی نسل سے۔

**زیر**۔ [ف۔ ا۔ مث] (۱) نیچے۔ تلے۔ تحت (۲) [صف] کمزور۔ کم طاقت (۳) کمتر۔ گھٹیا (۴) [مث] کسرہ۔ جَر۔ ایک نشان جو حروف کے نیچے دیا جاتا ہے (۵) مدھم آواز۔ نیچا سُر (۶) سارنگی کا چھوٹا تار۔

**زیر (افگن) اُفگند**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا قالین۔ غالیچہ (۲) بستر (۳) ایک سُر جسے کاچک بھی کہتے ہیں۔

**زیرانداز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا یا چمڑا جو حُقّے کے نیچے فرش کی حفاظت کے لیے بچھاتے ہیں۔

**زیربار**۔ (ف۔ صف) (۱) بوجھ کے نیچے۔ بوجھ سے دبا ہوا (۲) احسان سے دبا ہوا (۳) مقروض۔ مدیُون۔

**زیرباری**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) قرضے میں مبتلا ہونا (۲) اخراجات کی وجہ سے پریشانی۔

**زیر بریاں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کھانا۔

**زیربند**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی زین سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ گھوڑے کا تنگ۔

**زیرپائی**۔ (ا۔ مث) ایک قسم کی زنانی جوتی۔ سلیپر۔

**زیرپیچ**۔ (ا۔ مث) چھوٹی پگڑی جو بڑی پگڑی کے نیچے باندھتے ہیں۔

**زیرتجویز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کسی معاملے پر غور ہونا۔

**زیرتنگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے زیربند۔

**زیرجامہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔

**زیرحراست**۔ (ف۔ ا۔ مذ) گرفتار۔ جو حوالات میں ہو۔

**زیرحکومت**۔ (ف۔ صف) ماتحت۔ رعیت۔ زیر فرمان۔ زیر امر۔

**زیرخاک**۔ (ف۔ صف) قبر میں۔ زمین میں دفن۔

**زیردستخطی**۔ (ف۔ صف) جس کے دستخط نیچے ہوں۔

**زیردست**۔ (ف۔ صف) (۱) کمزور۔ عاجز (۲) مظلوم (۳) ماتحت۔

**زیرران**۔ (ف۔ صف) قابو میں (جانور یا عورت)۔

**زیرزمیں**۔ (ف۔ صف) زمین کے نیچے۔ قبر میں۔

**زیرسایہ**۔ (ف۔ صف) (۱) قریب۔ نزدیک (۲) حمایت میں۔ پناہ میں۔ ہمسائے میں۔

**زیرسواری**۔ (ف۔ صف) وہ (جانور) جس سے سواری لی جائے۔

**زیرکرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مغلوب کرنا۔ فتح کرنا (۲) پچھاڑنا۔

**زیرلب**۔ (ف۔ صف) آہستہ۔ پوشیدہ کہنا۔

**زیرمشق**۔ (ف۔ صف) (۱) ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ رواں۔ (۲) وہ چیز جس کی مشق کی جائے (۳) وہ چمڑا جو لکھنے کی مشق کرتے وقت نیچے رکھ لیا جاتا ہے۔

**زیرنظر**۔ (ف۔ صف) (۱) نگاہ میں (۲) حراست میں۔ زیر غور۔

**زیرنگیں**۔ (ف۔ صف) ماتحت۔ حکومت میں۔ تصرف میں۔

**زیروبم**۔ (ف۔ صف) (۱) نیچا اور اُونچا سُر (۲) طبلے یا نقارے کا دایاں بایاں رُخ (۳) دو چھوٹے نقاروں کی جوڑی جس میں ایک سے مدھم اور دوسرے سے بلند آواز نکلتی ہے۔

**زیروزبر**۔ (ف۔ صف) (۱) تہ و بالا۔ درہم برہم۔ اُلٹ پلٹ۔ تباہ (۲) کسرہ اور فتحہ۔

**زِیرک**۔ (زِی۔ رَک) [ف۔ صف] دانا۔ عقلمند۔ دانش مند۔

**زِیرَکی**۔ (زِی۔ رَ۔ کی) [ف۔ ا۔ مث] عقلمندی۔ دانائی۔

**زِیرہ**۔ (زِی۔ رَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ایک خوشبودار باریک بیج کا نام جو کھانوں میں ڈالا جاتا ہے۔ (۲) پھولوں کی زردی۔ زرِ گل۔

**زیرہ سفید**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سفید رنگ کا زیرہ۔

**زیرہ سیاہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کالے رنگ کا زیرہ۔

**زیرہ زیرہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوٹ کر باریک کرنا۔

**زیریں**۔ (زے۔ ریں) [ف۔ تابع فعل] نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں۔

**زِیس**۔ (Zeus) (زی۔ اِس) [یو۔ ا۔ مذ] یونانیوں کا سب سے بڑا دیوتا کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔

**زِیست**۔ [ف۔ ا۔ مث] زندگی۔ حیات۔ عُمر۔

**زیست بھاری ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی تلخ ہونا۔ زندگی دُوبھر ہونا۔

**زیست حرام ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی ناگوار ہونا۔

**زیست سے بیزار (خفا)**۔ (ا۔ صف) وہ جس کو زندگی دُوبھر ہو۔ وہ جو زندہ نہ رہنا چاہے۔

**زیست کے دن بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زندگی کے بقیہ دن گزارنا۔ موت کے قریب ہونا۔

**زِیغ**۔ (ف۔ ا۔ مث) کجی۔ ٹیڑھ (۲) پھر جانا۔

**زِیل**۔ [ف۔ ا۔ مث] بیچ کی آواز۔ بچوں کی آواز۔ باریک آواز۔

**زَین**۔ [ع۔ ا۔ مذ] زیب و زینت۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔

**زین خاں**۔ (ا۔ مذ) عورتوں کا ایک فرضی جن۔

**زِین**۔ [ف۔ ا۔ مذ] (۱) چارجامہ۔ کاٹھی (۲) پالان (۳۔ مث) ایک مضبوط اور موٹا کپڑا۔

**زین پوش**۔ (ف۔ ا۔ صف) کپڑا جو زین کے اُوپر ڈالتے ہیں۔

**زین دھرنا۔ زین کسنا۔ زین کھینچنا**۔ (ا۔ محاورہ) گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا۔

**زین ساز**۔ (ف۔ صف) زین بنانے والا۔

**زین سازی**۔ (ف۔ ا۔ مث) زین بنانے کا کام یا پیشہ۔

**زین سواری**۔ (ف۔ ا۔ مث) گھوڑے پر سوار ہونا۔

**زِینت**۔ (زِی۔ نت) [ع۔ ا۔ مث] زیبائش۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔

**زینت (بخشنا) دینا**۔ (ا۔ محاورہ) سجانا۔ مزین کرنا۔

**زینت پہلو**۔ (ف۔ صف) (۱) بیوی۔ معشوق (۲) ہم نشین (۳) بھائی۔



Marfat.com

**زینت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سجنا۔ سجاوٹ کا موجب ہونا۔

**زین زَیْنَٹ**۔ (زِین۔ زَ۔ یِنْٹ) (اَنگ۔ ا۔ مث) یادہ گوئی۔

**زِینَہ**۔ (زِی۔ نَہ) (ف۔ ا۔ مذ) سیڑھی۔

**زِینہار**۔ (زِین۔ ہار) (ف) ہرگز۔ کبھی۔

**زِینہار از قرینِ بد زینہار** (ف۔ مثل) پناہ بُرے ساتھی سے۔ پناہ بُری صحبت سے۔ خدا بچائے۔

**زیور**۔ (زے۔ وَر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زیب وَر کا مخفف۔ زیب دینے والا۔ (۲) گہنا پاتا (۳) زیب و زینت۔ جمع: زیورات۔

**زیور بڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) زیور اُتار ڈالنا۔

**زیور توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) خاوند کی وفات پر زیور ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

**زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت سا زیور پہنے رہنا۔



Marfat.com

# ژ

ژ۔(ژے)(ف۔ا۔مث) اُردو کا سترھواں۔ فارسی کا چودھواں حرف۔حساب ابجد میں اس کے سات عدد فرض کیے گئے ہیں۔

## ژ ــــ ا

**ژاژ**۔(ف۔ا۔مذ) (۱) ایک کانٹوں دار جھاڑی کا نام جسے اُونٹ رغبت سے کھاتا ہے۔ اُونٹ کٹارا (۲) بیہودہ بات۔ بے فائدہ بات۔
**ژاژخا(گو)**۔(ف۔صف) بیہودہ گو۔بکواسی۔
**ژاژخائی**۔(ف۔ا۔مث) بیہودہ گوئی۔بکواس۔
**ژالہ**۔(ژا۔لَہ)(ف۔ا۔مذ) اولا (۲) پالا۔کہر۔
**ژالہ باری**۔(ف۔ا۔مث) اولوں کی بارش۔اولے پڑنا۔
**ژالہ زدگی**۔(ف۔صف) (۱) اولوں کی بارش (۲) اولوں سے پہنچا ہوا نقصان۔

## ژ ــــ ر

**ژرف**۔(ف۔صف) گہرا۔عمیق۔
**ژرف نگاہ**۔(ف۔صف) گہری نظر والا۔جو کسی معاملے کی تہ تک پہنچ جائے۔

## ژ ــــ ن

**ژند**۔(ف۔ا۔مذ) (۱) گدڑی۔دَلق۔پھٹا ہوا کپڑا (۲) بزرگ۔قلندر (۳) (مث) پارسیوں کے پیشوا زرتشت کی مقدس کتاب۔ قدیم ایرانی زبان کا نام۔
**ژندگی**۔(ژن۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) پُرانا پن۔کُہنگی۔شکستگی۔قدامت۔
**ژندہ**۔(ژن۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) (۱) گدڑی۔پُرانا خرقہ۔پیوند لگا ہوا جامہ (۲) سُست۔

## ژ ــــ و

**ژولیدگی**۔(ژو۔لی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) (۱) اُلجھاؤ (۲) پریشانی۔
**ژولیدہ**۔(ژو۔لی۔دَہ)(ف۔صف) اُلجھا ہوا۔درہم و برہم۔پریشان۔
**ژولیدہ بیان**۔(ف۔ع۔صف) جس کی تحریر و تقریر میں اُلجھاؤ ہو۔
**ژولیدہ حال**۔(ف۔ع۔صف) پریشان حال خستہ حال۔
**ژولیدہ مُو**۔(ف۔صف) (۱) بکھرے ہوئے بال۔اُلجھے ہوئے بال (۲) بکھرے یا اُلجھے ہوئے بالوں والا۔

## ژ ــــ ی

**ژیاں**۔(ژِی۔یاں)(ف۔صف) غضب ناک خشم ناک۔خوفناک۔



Marfat.com

# س

س۔ (سِین) [ع۔ا۔مذ] اُردو کا اٹھارھواں۔ فارسی کا پندرھواں، عربی کا گیارھواں اور ہندی کا بتیسواں حرف۔ حساب ابجد میں اس کے ساٹھ عدد مقرر ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے اگر اس سے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" آواز نہیں دے گا البتہ س کو مشدّد کر دے گا جیسے السّعید۔
ہندی الفاظ کے شروع میں آ کر خوبصورت اور نیک کے معنی دیتا ہے جیسے سڈول اور آخر میں آ کر ان الفاظ کو اسم کیفیت بنا دیتا ہے جیسے کھٹاس۔ مٹھاس۔

## س ــــ ا

**سا۔** (ف) (۱) ساں اور آسا کا مُخفّف مثل مانند، جیسا مطابق۔ مشابہ (۲) رگڑنے والا، کھینچنے والا چمکانے والا۔ جیسے جبیں سا (۳) (اُر) مقدار ظاہر کرنے والا (۴) گویا (۵) حسن کے کلام کے لیے۔
**سا۔** (ہ) (۱) بہت۔ بجد۔ صفات اور ضمائر کے ساتھ مل کر اسما صفت بناتا ہے جیسے کالا سا۔ بہت سا (۲) ہندی موسیقی کا پہلا سُر۔
**ساباط۔** (ع۔ا۔مث) چھت دار راستہ جو دو مکانوں کو ملائے چھتی ہوئی گلی چھتّا۔
**سابح۔** (ع۔ا۔مذ) تیرنے والا۔ تیز رفتار گھوڑا۔
**سابدھان۔** (ساب۔ دھان) (ہ۔صف) چوکس۔ مستعد۔ ہوشیار۔ دُوراندیش۔
**سابر۔** (سا۔ بر) (س۔ا۔مذ) (۱) بارہ سنگا (۲) نقب زنی کا آلہ۔
**سابر چمڑا۔** (کیمیائی اصطلاح) بارہ سنگے یا ہرن کی کھال کا چمڑا جو سفید یا زرد رنگ کا ہوتا ہے۔
**سابری۔** (ع۔ا۔مث) کھجوروں کی سب سے اچھی قسم (۲) نہایت اعلیٰ قسم کا کپڑا۔
**سابع۔** (سا۔ بِع) (ع۔صف) ساتواں۔ ہفتم۔ جمع: سَابِعُون۔ سَبْعَۃٌ۔
**سابق۔** (سا۔ بِق) (ع۔صف) (۱) اگلا۔ پہلا۔ اوّل۔ اگلے وقت کا (۲) سبقت لے جانے والا۔ بڑھا ہوا۔ جمع: سَابِقُون۔ سابقین۔
**سابق الذِّکر۔** (ع۔صف) جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہو۔ مذکورۂ بالا۔
**سابق دستور۔** (ع۔صف) پہلے کی طرح۔ پرانے دستور یا قاعدے کے مطابق جیسے معمول۔
**سابق میں۔** (۱) گزشتہ زمانے میں۔
**سابقاً۔** (سا۔ ب۔ قن) (ع) (۱) پہلے گزشتہ زمانے میں (۲) پہلی دفعہ۔ قبل ازیں۔
**سابقون الاَوّلون۔** (ع۔مذ) وہ صحابہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لائے۔
**سابقہ۔** (سا۔ ب۔ قہ) (ع۔صف) (۱) اگلا۔ اگلے زمانے کا (۲) (اُر۔ا۔مذ) قدیم جان پہچان۔ دوستانہ (۳) واسطہ۔ معاملہ۔
**سابقہ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کام پڑنا۔ واسطہ پڑنا (۲) لین دین ہونا (۳) واقفیت ہونا۔ جان پہچان ہونا۔
**سابقہ ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) قریبی تعلق پیدا کرنا (۲) واقفیت یا جان پہچان کرانا۔ کام پڑنا
**سابقین۔** (سا۔ ب۔ قین) (ع۔ا۔مذ) سابق کی جمع۔ گزشتہ زمانے کے لوگ۔ اگلے وقت کے لوگ۔
**سابل۔** (ہ۔ا۔مذ) نقب زنی کا آلہ۔

**سابن۔** (سَا۔ بَن) (ہ۔ا۔مذ) صابن یا صابُون۔
**سابوتاژ (تاج)۔** (Sabotage) (سَا۔ بُو۔ تاژ (تاج)) (انگ۔ا۔مذ) تخریب۔ شرارت انگیزی۔ کسی کارخانے کے کارکنوں کا مشینوں کو توڑ پھوڑ دینا یا کوئی پُرزہ بے کار کر دینا۔
**سابُودانہ۔** (سا۔ بُو۔ دا۔ نہ) (ف۔ا۔مذ) ساگودانہ۔
**سابوکول۔** (ہ۔ا۔مذ) اسبغول۔
**سات۔** (ہ۔صف) چھ جمع ایک کا عدد۔ ہفت۔ ۷۔
**سات بھائی۔** ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں جو سات سات کی ٹولیاں بنا کر رہتی ہیں۔
**سات پارچے کا خلعت۔** (ا۔مذ) ایک خلعت جو بادشاہوں کی طرف سے راجوں کو دیا جاتا تھا۔
**سات پانچ۔** (۱) چند آدمی (۲) چالاکی۔ عیّاری۔ مکر و فریب۔
**سات پانچ کرنا۔** (۱) عیّاری سے کام لینا۔ مکر و فریب کرنا (۲) حیل و حجت کرنا (۳) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا (۴) بہانے کرنا۔
**سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ۔** (۱۔ مثل) بہت سے آدمی مل جُل کر کریں تو کام ہلکا معلوم ہوتا ہے۔ بہت سے آدمیوں کی تھوڑی مدد سے ایک کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔
**سات پانچ لانا۔** (ا۔محاورہ) جھگڑا نکالنا۔ اُلجھنا۔ حجّت کرنا۔
**سات پانچ مل کیجئے کاج ہارے جیتے نہ آوے لاج۔** (۱۔ مثل) صلاح مشورے سے کام کیا جائے تو ناکامی کے بعد بھی شرمندگی اٹھانا نہیں پڑتی۔
**سات پانچ نہ جاننا۔** (ا۔محاورہ) سیدھا سادا ہونا۔ عیّاریوں کا عادی نہ ہونا۔
**سات (پردوں) قفلوں میں رکھنا۔** (ا۔محاورہ) بہت زیادہ چُھپانا۔ بڑی احتیاط سے رکھنا۔ زیادہ سے زیادہ حفاظت کرنا۔ ہوا نہ لگنے دینا۔
**سات پردے لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بہت زیادہ پردا کرنے لگنا (۲) عورت پر طنزاً جو یکایک صاحبِ ثروت ہو جانے پر بہت پردہ کرنے لگے۔
**سات پُشت۔** (ا۔مث) سات پیڑھی۔ تمام نسل۔
**سات پھیرے۔** (ا۔مذ) وہ سات چکر جو ہندوؤں میں شادی کے وقت دولھا دولہن سے آگ کے گرد لگوائے جاتے ہیں۔ اس سے عقد بندھنا مراد ہوتا ہے۔
**سات پیڑھی۔** (ا۔مث) سات پُشت۔
**سات توؤں (کی سیاہی) سے مُنہ کالا کرنا۔** (ا۔محاورہ) نہایت ذلیل سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا (نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں) بہت ذلیل ہونا۔
**سات دریا درمیان۔** (کلمۂ پناہ) خدا نہ کرے۔ نوج!
**سات دھار ہو کر نکلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) خوراک کا ہضم ہوئے بغیر دستوں کی



Marfat.com

قے کے ذریعے نکل جانا (۲) کھایا پیا پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔

**سات روپیہ اور یہ نمود۔** (ا۔مثل) چھوٹی حیثیت کے آدمی کا اپنی بڑائی کی ڈینگیں مارنا۔

**سات سمندر۔** (ہ۔ا۔مذ) دنیا کے سارے سمندر۔

**سات سمندر پار۔** (ا۔صف) بہت دُور۔ دُور و دراز فاصلے پر۔

**سات سنگار۔** (ا۔مذ) (۱) مہندی لگانا (۲) سُرمہ لگانا (۳) پان چبانا (۴) ہونٹوں پر مسی کی دھڑی جمانا (۵) بال سنوارنا (۶) افشاں چُننا یا چوڑیاں پہننا (۷) زیور پہننا (سولہ سنگار مشہور ہیں)۔

**سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔** (ا۔مثل) بہت سے بُرے کام کرکے نیک کام کا ارادہ کرنا۔

**سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا۔ سات سہاگنوں کو کھلانا۔** ایسی سات عورتوں سے جن کے خاوند زندہ ہوں۔ نیک شگون کے لیے شادی کا جوڑا قطع کرانا یا منّت کا کھانا کھلانا۔

**سات سہیلیوں کا جھمکا۔** (ا۔مذ) پروین۔ عقدِ ثریا۔

**سات قرآن درمیان۔** (۱) ایک قسم کی قسم۔ خدا نہ کرے۔

**سات قلم۔** (ا۔مذ) سات مشہور خط۔ نستعلیق۔ نسخ۔ علق۔ ریحان۔ ثلث۔ شکستہ۔ اور طغرا۔

**سات ماموؤں کا بھانجا۔** سارے کنبے کا لاڈلا بچہ۔

**سات ماموؤں کا بھانجا بھوک پکارے۔** (مثل) (۱) اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو بہت سے رشتہ دار ہونے پر بھی محتاج اور بیکس رہے (۲) جو باوجود عزیزوں کی مدد کے ناشکر گزار ہو۔

**ساتا رُوہن۔** (سا۔تا۔رُو۔ہَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سات بھیڑیے جو اکٹھے رہیں (۲) کتا جو چھ بھیڑیوں کے ساتھ رہے (۳) چند آدمیوں کا گروہ (۴) بڑا کنبہ (۵) چند شریر آدمی جو کسی کو تنگ کرنے کے لیے اکٹھے ہو جائیں۔

**ساتر۔** (سا۔تر) (ع۔صف) چھپانے والا۔ پردہ ڈالنے والا۔ جمع: ساترین

**ساترا۔** (سات۔را) (ق۔ا۔مث) لحظہ۔ مدّت۔ ساعت۔

**ساتگین۔** (سات۔گیں) (ف۔ا۔مذ) شراب کا بڑا پیالہ۔

**ساتوں۔** (سا۔توں) (ھ۔صف) پورے سات۔

**ساتواں۔ ساتویں۔** (سات۔واں) (سات۔ویں) (ھ۔صف) سات سے نسبت رکھنے والا۔

**ساتویں آسمان پر مزاج ہونا۔** (ا۔محاورہ) بہت غرور کرنا۔ بڑا گھمنڈ کرنا۔

**ساتھ۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہمراہ۔ شریک۔ ساجھے میں (۲) ہمراہی۔ رفاقت۔ شرکت ساجھا (۳) میل ملاپ ربط ضبط (۴) ایک جگہ۔ ایک ہی وقت۔

**ساتھ چھوٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بچھڑنا۔ جُدا ہونا (۲) ملاپ نہ رہنا۔ نااتفاقی ہو جانا

**ساتھ چھوڑنا۔** (ا۔محاورہ) رفاقت سے مُنہ موڑ لینا۔ تعلق ختم کرنا۔

**ساتھ دینا۔** (ا۔محاورہ) رفاقت کرنا۔ نباہنا۔ حمایت کرنا۔ مدد دینا۔ دُکھ سکھ میں شریک رہنا۔

**ساتھ رہنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ہمراہ رہنا (۲) ایک گھر میں یا ایک جگہ رہنا۔ (۳) عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا۔

**ساتھ سوئیے کا دُکھ جھو** (ا۔مثل) عورت اور مرد اکٹھے سوئیں تو عورت حاملہ ہو ہی جاتی ہے اور حمل کی تکلیف اُٹھانی ہی پڑتی ہے۔

**ساتھ سو کر مُنہ چھپانا۔ ساتھ سونا اور مُنہ چھپانا۔** (ا۔مثل) (۱) بے تکلفی ہوتے ہوئے تکلف کرنا (۲) بات مانتے ہوئے بھی انکار کرنا۔ انکار کرتے کرتے اقرار کرتے جانا۔

**ساتھ سونا۔** (۱) کسی کے ساتھ ایک چارپائی پر سونا (۲) ہم بستر ہونا۔

**ساتھ سوئی بات کھوئی۔** (ا۔محاورہ) جب عورت مرد کے ساتھ سو جائے اور جماع کرا لے تو اس کی عزت کم ہو جاتی ہے۔

**ساتھ کا کھیلا۔ ساتھ کی کھیلی۔** (پہلا ا۔مذ۔ دوسرا ا۔مث) بچپن کا دوست لنگوٹیا یار۔ بال پن کی سہیلی۔

**ساتھ کے لیے بھات چھوڑا جاتا ہے۔** (مثل) اچھے رفیق کے لیے نقصان بھی برداشت کیا جاتا ہے۔

**ساتھ گھسیٹنا۔** (ا۔محاورہ) زبردستی شریک کرنا۔ جبراً ساتھ لینا۔

**ساتھ لگا پھرنا۔** (ا۔محاورہ) پیچھے پیچھے پھرنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

**ساتھ لینا۔** (ا۔محاورہ) ہمراہ لینا۔ سنگ لینا۔

**ساتھ نبھنا۔** (ا۔محاورہ) نباہ ہونا۔

**ساتھ والا۔** (ا۔صف) ساتھی۔ ہم راہی۔ رفیق۔

**ساتھن۔** (سا۔تھَن) (ہ۔ا۔مث) ساتھ والی۔ ساتھ کی عورت۔

**ساتھی۔** (سا۔تھی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رفیق۔ ہمراہی (۲) مددگار۔ حمایتی۔

**ساٹا۔** (سا۔ٹا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) عوض معاوضہ (۲) ہُنڈی کا باہمی لین دین۔

**ساٹے کی سگائی اور بیاجُو روپے کا احسان کیا۔** (ا۔مثل) مقابلے یا برابر کی شادی کرانے اور سود پر روپیہ قرض دینے کا کوئی احسان نہیں ہوتا۔

**ساٹن۔** (Satin) (سا۔ٹَن) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دبیز بھڑکیلا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔

**ساٹھ۔** (ہ۔صف) انسٹھ جمع ایک ۶۰۔

**ساٹھ ساس۔ نند ہوں سو۔ ماں کی ہور نہ ان سوں ہو۔** (مثل) ساٹھ ساسیں اور سو نندیں ہوں تو بھی ایک ماں کی برابری نہیں کر سکتیں۔

**ساٹھ گاؤں بکری چر گئی۔** (مثل) اس موقعے پر بولتے ہیں جب بہت معمولی سی چیز یا شخص کے ہاتھوں بہت بڑا نقصان ہو گیا ہو۔

**ساٹھا۔** (سا۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) ساٹھ برس کی عمر کا آدمی۔

**ساٹھا پاٹھا۔** (۱) جوان ہاتھی (۲) ایسا آدمی جس کے ساٹھ برس کی عمر میں بھی قویٰ اچھے ہوں۔

**ساٹھا پاٹھا۔ بیسی کھیسی۔** (ا۔مثل) مرد ساٹھ برس کی عمر تک قوی رہتا ہے لیکن عورت بیس ہی برس کی عمر سے ڈھلنے لگتی ہے۔

**ساٹھی۔ سٹھی۔** (سا۔ٹھی) (سَٹھ۔ٹھی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا سُرخ چاول جس کی فصل ساٹھ دن میں تیار ہو جاتی ہے۔

**ساج۔** (سال کا معرب۔ا۔مذ) (۱) سال کی لکڑی (۲) تلواریں وغیرہ صیقل کرنے کا پتھر (۳) سجاوٹ (ق)۔

**ساجد۔** (سا۔جِد) (ع۔صف) (۱) سجدہ کرنے والا۔ سر جُھکانے والا۔

**ساجدہ۔** (سا۔ج۔دَہ) (ع۔صف) سجدہ کرنے والی۔ سر جُھکانے والی۔

**ساجن (سجن)۔** (سا۔جَن۔سَج۔جَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خاوند۔ شوہر (۲) معشوق۔ دل بر (۴) سردار۔ حاکم۔



Marfat.com

**ساجن ہم تو ایک ہیں دیکھت کے ہیں دو** } (ہ۔مثل) پیارے ہم تم
**مَن کو مَن سے تول لے دو مَن کدی نہ ہو** } اصل میں ایک ہیں۔ اگرچہ
دو دکھائی دیتے ہیں جیسے من کو من سے تولا جائے تو وہ دو من کبھی نہیں
ہوتا ایک من ہی ہوتا ہے (۲) مَن طبعی دل۔ ایک وزن۔

**ساجنا**۔ (سا۔ ج۔ نا) (ہ۔مص) (۱) سجنا۔ زیب دینا۔ ٹھیک کرنا (۲) موزوں ہونا۔

**ساجھا**۔ (سا۔ جھا) (ہ۔ا۔مذ) کسی کام میں حصّہ داری یا شراکت۔

**ساجھا بھلا نہ باپ کا اور تا ڈھلا نہ تاپ کا**۔ (مثل) شراکت کسی کے ساتھ نہیں کرنی چاہیئے خواہ وہ اپنا باپ ہی کیوں نہ ہو اور بخار کی گرمی اچھی نہیں ہوتی۔ ساجھے کی بُرائی ہے۔

**ساجھے کا کام اُتارے چام**۔ (ا۔محاورہ) شراکت کے کام میں چمڑی اُتر جاتی ہے یعنی سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

**ساجھے کی ہنڈیا چورا ہے پر پھُوٹتی ہے**۔ (ا۔مثل) شرکت کے کاروبار میں جھگڑا ضرور ہوتا ہے۔

**ساجھی**۔ (سا۔ جھی) (ہ۔ا۔مذ) حصّہ دار۔ شریک۔ پتی دار۔

**ساجھی ساجھی مِل گئے، جھوٹے پڑے بیٹھ**۔ (ہ۔مثل) فریقین آپس میں ایک ہو گئے بیچ میں پڑنے والوں کو خفت اُٹھانی پڑی۔

**ساچَق**۔ (سا۔ چَق) (ت۔ا۔مث) برات سے ایک روز پہلے کی رسم جس میں دُولھا کے یہاں سے دُلھن کے لیے مٹھائی۔ نُقل۔ مصری۔ میوہ کی کشتیاں۔ سہاگ پڑا مہندی۔ تیل پھلیل۔ جوڑا۔ عطر اور پان کے بیڑے لے کر جاتے ہیں۔ رسم حنا۔ مہندی۔

**ساحَت**۔ (سَا۔ حَت) (ع۔ا۔مذ) آنگن۔ احاطہ۔ میدان۔

**ساحِر**۔ (سا۔ حِر) (ع۔ا۔مذ) جادُوگر۔ جادُو کرنے والا۔ افسوں گر۔

**ساحِرانہ**۔ (سا۔ حِ۔ را۔ نَہ) (ف۔صف) (۱) جادوگری کی مانند (۲) جادُو کا اثر رکھنے والا (۳) سحر سے منسوب۔

**ساحِرَہ**۔ (سا۔ حِ۔ رَہ) (ع۔ا۔مث) جادُوگرنی۔ جادُو ٹُونا جاننے والی۔

**ساحِری**۔ (سا۔ حِ۔ ری) (ع۔ا۔مث) جادُوگری۔ جادُو ٹُونا۔

**ساحل**۔ (سا۔ حِل) (ع۔ا۔مذ) سمندر یا دریا کا کنارہ۔ جمع: سواحل۔

**ساخت**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) بناوٹ۔ گھڑت۔ ترکیب۔ وضع (۲) مکر۔ حیلہ۔ فریب

**ساختہ**۔ (سا۔ خ۔ تہ) (ف۔صف) (۱) گھڑا ہوا۔ مصنوعی (۲) جھوٹا۔ نقلی۔ جعلی (۳) بنایا ہوا۔ تیار کیا ہوا۔

**ساختہ پرداختہ**۔ (۱) بنایا ہوا سنوارا ہوا۔ آراستہ کیا ہوا (۲) کرتُوت۔

**سادات**۔ (سا۔ دات) (ع۔ا۔مذ) وہ قوم جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہے۔ قوم سیّد۔

**سادِس**۔ (سا۔ دِس) (ع۔صف) چھٹا۔

**سادگی**۔ (سا۔ د۔ گی) (ف۔ا۔مث) (۱) صفائی (۲) وہ حالت جو بغیر بناوٹ، نمائش یا تکلّف کے ہو (۳) راست بازی (۴) بھولا پن۔ سیدھا پن۔

**سادنا**۔ (ق۔مص) حاصل کرنا۔ انجام دینا۔

**سادَہ**۔ (سا۔ دَہ) (ف۔صف) (۱) کورا بغیر لکھا صاف (۲) خالص (۳) بے ریش (چہرہ) (۴) بغیر ترکاری کا (گوشت کا سالن) (۵) جس میں زیبائش اور آرائش نہ ہو۔ (۶) جس پر گوٹے کناری کا کام نہ ہو یا نقش و نگار نہ بنے ہوئے ہوں (۷) بیوقوف۔ بھولا بھالا (۸) بے ہُنر۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ (۱۰) صاف دل۔ بے ریا (۱۱) خالی

**سادہ پُرکار**۔ (ف۔صف) جو بظاہر بھولا بھالا مگر فی الواقع چالاک ہو۔ (کنایتاً) شوخ و عیّار معشوق۔

**سادہ پَن**۔ (ف۔ ہ۔ا۔مذ) سادگی۔ بھولا پن۔

**سادہ دِل**۔ (ف۔صف) صاف دل۔ بھولا۔

**سادہ دِلی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) بے وقوفی (۲) بھولا پن (۳) صاف دلی۔

**سادہ رُخ۔ سادہ رُو۔ سادہ عِذار**۔ (ف۔صف) بے ریش جوان بیشتر معشوق کے لیے مستعمل ہے۔

**سادہ طَور**۔ (ف۔صف) سادہ وضع۔ بغیر ٹیپ ٹاپ۔

**سادہ کار**۔ (ف۔ا۔مذ) نفیس کام بنانے والا سُنار (۲) کلام میں سے گریز کرنے والا۔

**سادہ کاری**۔ (ف۔ا۔مث) سادہ کار کا پیشہ۔ سُناری۔ زرگری۔

**سادہ کاغذ**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) کورا کاغذ (۲) بغیر اسٹامپ کا کاغذ۔

**سادہ لَوح**۔ (ف۔ع۔صف) (۱) بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ بے شعور (۲) بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔

**سادہ لوحی**۔ (ف۔ا۔مث) (۱) بے وقوفی۔ نادانی (۲) سادگی۔ بھولا پن۔

**سادہ مزاج**۔ (ف۔صف) جس کے مزاج میں بناوٹ یا تکلف نہ ہو۔

**سادہ مزاجی**۔ (ف۔ا۔مث) صاف دلی۔ بے تکلفی۔ سادگی۔

**سادہ وضع**۔ (ف۔صف) سادہ طور۔ وہ جس کی وضع میں تکلف نہ ہو۔

**سادہ ہُنڈی**۔ (ا۔مث) (اصطلاح علم المعیشت) سادہ بل۔

**سادھ**۔ (ہ۔صف) (۱) نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار (۲) جوگی۔ فقیر (۳) خواہش۔ (۴) تکمیل۔ کمال (۵) بجا آوری۔ عمل درآمد۔

**سادھ جانا**۔ (ا۔محاورہ) سانس روک لینا۔

**سادھارن**۔ (سا۔ دھا۔ رَن) (س۔صف) (۱) معمولی۔ رسمی۔ ایسا ویسا (۲) جو روزمرہ ہوتا ہو۔ جو سب پر لاگو ہو۔ عمومی۔ عام بات (۳) مشہور معروف (۴) برابر کا۔ مقابل۔ نظیر (۵) آسانی سے بلا دقت (۶) آہستہ آہستہ ہولے سے۔ نرمی سے (۷) اتفاقیہ۔ اتفاق سے

**سادھن**۔ (سا۔ دھَن) (س۔ا۔مذ) (۱) تدبیر۔ علاج۔ چارۂ کار (۲) عمل درآمد کارروائی (۳) استعمال۔ ورد۔ مشق (۴) عادت۔ معمول (۵) عبادت۔ ریاضت (۶) اصلاح۔ درستی (۷) نباہ۔ پورا (۸) ثبوت کر کے دکھانا (۹) ذریعہ معاش۔ وسیلہ (۱۰) سامان۔ مسالہ۔

**سادھنا**۔ (سا دھ۔ نا) (ہ۔مص) (۱) عادت ڈالنا (۲) مانوس کرنا (۳) تولنا جانچنا (۴) برقرار رکھنا۔ روکنا۔ تھامنا (۵) اصلاح کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۶) اختیار کرنا (۷) پورا کرنا (۸) ثابت کرنا (۹) بنانا (۱۰) تیر اندازی کرنا۔ (۱۱) سکھانا۔ تربیت دینا (۱۲) ارادہ کرنا۔

**سادھنی**۔ (سا دھ۔ نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سادھنے کا وہ آلہ جو معماروں اور بڑھیوں کے پاس ہوتا ہے۔ گُنیا۔ کونیا (۲) سادھو کی بیوی۔ نیک عورت۔

**سادُھو**۔ (سا۔ دُھو) (س۔صف) (۱) جوگی درویش (۲) پارسا۔ پرہیزگار۔ دیندار (۳) (ا۔مذ) معصوم۔ نیک۔ بھلا مانس۔

**سادُھو بچّہ**۔ (ہ۔صف) (کنایتاً) مکّار۔ عیّار۔ دغا باز۔ وہ انسان جو



Marfat.com

سادھوؤں کا بھیس بدل کر لوگوں کو دھوکہ دے۔

**سادھو کو کیا سواد سے اگر نہیں بتاشے ہی سہی** - (ا۔مثل) کسی شخص کو اگر ایک چیز نہ ملے تو وہ اس کے بدلے میں بہتر چیز مانگے۔ اس پر طنزاً کہا جاتا ہے۔

**سادھو ہو کر دیوے بُتا۔ اس کو جانو پیٹ کا کتا** - (ا۔مثل) جو سادھو ہو کر دھوکا دے وہ اصل میں لالچی اور صرف پیٹ کا بندہ ہے۔

**سادی** - (سا۔دی، [ف۔صف]) (۱) سادہ کا مؤنث (۲) پتنگ کی وہ ڈور جس پر مانجھا نہ کیا گیا ہو (۳) صاف کوری جس پر کوئی تحریر یا نقش نہ ہو (۴) بھولی سیدھی صاف دل (۵) بے وقوف۔ نادان (۶) بے سلیقہ۔ پھوہڑ۔

**ساذج** - (ع۔صف) سادہ کا معرب (۱۔مث) تیزیات۔

**سار** - (ف۔صف) (۱) مثل۔ مانند جیسے خاکسار (۲) جگہ (۳) کلمۂ کثرت جیسے کوہسار (۴) سر۔ چوٹی (۵) اُونٹ۔

**ساربان** - اُونٹ چلانے والا۔ سانڈنی سوار۔ شتربان۔

**سار** - (س۔ہ۔ا۔مذ) (۱) لُبِ لباب۔ جوہر۔ عطر۔ مغز (۲) قدر و قیمت۔ منزلت مقام۔ مرتبہ (۳) طاقت۔ زور۔ قوت (۴) اعتبار۔ ساکھ (۵) پانسہ (۶) چوسر کی گوٹیاں (۷) بساطِ شطرنج یا تختہ نرد (۸) عرق۔ شیرہ۔ رس (۹) کھاد (۱۰) لوہا (۱۱) سوار (ق) (۱۲) تنکا (ق)۔

**سار پرانی پیڑ کی کیا جانے انجان** - (ا۔مثل) ناواقف آدمی کسی کی تکلیف کی حقیقت نہیں جانتا۔

**سار جاننا** - (ا۔محاورہ) (۱) قدر کرنا۔ عزت کرنا۔ حقیقت جاننا (۲) کیفیت یا حالت معلوم کرنا۔

**سارا** - (ف۔صف) (۱) خالص (۲) بہترین (۳) بے میل (۴) خوشبودار۔

**سارا** - (سا۔را) [ہ۔صف] (۱) کُل۔ تمام۔ سب۔ پورے کا پورا۔

**سارا پیرا** - (ا۔صف) کُل۔ پورا۔ تمام۔

**سارا دھن جاتا دیکھے تو آدھا دیجے بانٹ** - (ا۔مثل) اگر سارا مال دولت ہاتھ سے نکل رہا ہو تو آدھا دے کر باقی آدھا ہی بچا لینا چاہیئے۔

**سارا کھیل تقدیر کا ہے** - (ا۔مثل) تقدیر کا لکھا پورا ہو کر رہتا ہے۔

**سارا گاؤں جل گیا۔ کالے میگھا پانی دے** - (ا۔مثل) سب کچھ برباد ہو گیا پھر بھی اقبال کی تمنا باقی ہے۔

**سارا گھر جل گیا تب چوڑیاں پوچھیں** - (ا۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص نام و نمود کی خواہش میں اپنا سب کچھ لٹا دے تب کہیں دنیا اس کی طرف متوجہ ہو۔

**سارا گھر سر پر اٹھا لینا** - (ا۔محاورہ) بہت غل مچانا۔ حد سے زیادہ شور کرنا

**سارے بدن میں زبان ہی حلال ہے** - (ا۔مثل) (۱) زبان پر اعتبار کا دار و مدار ہوتا ہے (۲) قول نباہنا چاہیئے۔

**سارے بنیوں کی ایک مت** - (ا۔مثل) سب کنجوس ایک جیسے ہوتے ہیں۔

**سارے جہان کا تھوکنا** - (ا۔محاورہ) ہر ایک کا یا سب کا کسی کو بُرا بھلا کہنا۔

**سارے جہان کا چھٹا ہوا** - (ا۔محاورہ) پکا بدمعاش۔ ایک لُچا۔ بڑا شہدا۔ نہایت عیار۔

**سارے دن اُدنی اُدنی رات کو چرخا پونی** - (ا۔مثل) کام کا وقت گنوا کر بے وقت کام کرنا۔

**سارے شہر میں اُونٹ بدنام** - (مثل) جو شخص بدنام ہو چکا ہو ہر بُری بات میں اسی کا نام لیا جاتا ہے۔

**سارٹی فکٹ۔ سرٹی فکٹ** - (Certificate) (سار۔ٹی۔فکٹ) (سر۔ٹی۔ف۔کٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) سند (۲) خوشنودی کا پروانہ یا چٹھی (۳) تحریری تصدیق۔

**سارجنٹ** - (Sergeant) (سار۔جنٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) فوج کا حوالدار۔ جمع دار (۲) داروغہ۔ پولیس ناظر۔ تھانے دار۔

**سارجنٹ میجر** - (Sergeant Major) ایک فوجی عہدہ دار۔

**سارس** - (سا۔رس) [ہ۔ا۔مذ] ایک سفید رنگ کا لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو پانی کے کنارے پر مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتا ہے۔ کُلنگ۔ لق لق۔ قاز۔

**سارس کی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی** - (ا۔مثل) دونوں بے کار۔ دونوں نکمے۔

**سارس کی سی جوڑی** - (ا۔مث) پکے دوست جو ہر وقت اور ہر جگہ ساتھ رہتے ہیں

**سارق** - (سا۔رق) [ع۔ا۔مذ] چور۔ چرانے والا۔ جمع: سارقین۔

**سارنگ** - (سا۔رنگ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) دیپک کی ایک راگنی (۲) شہد کی بڑی مکھی (۳) مور (۴) ایک قسم کا سانپ (۵) بادل (۶) مور کی جھنکار (۷) ہاتھی (۸) شیر (۹) طرح طرح کے رنگ (۱۰) دھنک (۱۱) بھونرا۔

**سارنگی** - (سا۔رن۔گی) نون غنہ [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا ساز جس میں تار لگے ہوتے ہیں۔

**سارنگیا** - (سا۔رن۔گ۔یا) [ہ۔صف] سارنگی بجانے والا۔

**سارنی** - [ق۔ا۔مث] سانڈنی۔

**سارو** - [ق۔ا۔مذ] انجام دینے والا۔ کرنے والا۔

**ساری** - (سا۔ری) [ع۔صف] اثر کرنے والا۔ سرایت کرنے والا۔

**ساری** - (سا۔ری) [ہ۔صف] سارا کا مؤنث۔ کل۔ تمام۔ سب۔ پوری۔

**ساری خدائی** - (ا۔مث) کل مخلوقات۔

**ساری خدائی اک طرف جورو کا بھائی اک طرف** - (ا۔مثل) زن مرید کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

**ساری خدائی اک طرف فضلِ الٰہی اک طرف** - (ا۔مثل) خدا مہربان ہو تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

**ساری خدائی کا جھوٹا** - (ا۔صف) بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا۔ دُنیا بھر کا لپاٹیا

**ساری خدائی کا کام** - (ا۔مذ) بہت زیادہ کام۔ کام کی کثرت۔

**ساری خدائی کی باتیں آنا** - (ا۔محاورہ) ہر کام کا شعور یا سلیقہ ہونا۔ ہر فن مولا ہونا۔

**ساری دیگ میں ایک ہی چاول ٹٹولتے، دیکھتے ہیں** - (مثل) جز و سے کُل کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ تھوڑے سے بہت کا پتہ چل جاتا ہے۔

**ساری رات پیسا اور چپنی بھر اٹھایا** - (مثل) محنت مشقت بہت کی مگر فائدہ بہت کم ہوا۔

**ساری رات ممیائی ایک بچہ بیائی** - (مثل) محنت زیادہ کی مگر فائدہ کم ہوا۔

**ساری رات زلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا عورت تھی یا مرد** - (مثل) سب کچھ سمجھا دیا پھر بھی مطلب نہ سمجھے (۲) سارا حال سُننے کے بعد بھی کچھ پلے نہ پڑا۔



Marfat.com

ساری عُمر بھاڑ ہی جھونکا۔ (ا۔مثل) عمر بھر فضول کام کرتے رہے۔
ساری عُمر کاٹھ میں رہے۔ چلتے وقت پاؤں سے گئے۔ (مثل) جن مصیبتوں میں گرفتار تھے ان سے چھوٹے تو ان سے بھی بڑی آفت ٹوٹی۔
ساڑھ ستی۔ (سا ڑھ۔سَ۔تی) [ہ۔ا۔مذ] زُحل کا بارھویں۔ پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر دَور جو ساڑھے سات برس کا ہوتا ہے اور نہایت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ نحوست۔ اِدبار۔
ساڑھ ستی آنا۔ (ہ۔محاورہ) بُرے دن آنا۔ بدنصیبی کا دَور ہونا۔
ساڑھو۔ (سا۔ڑھو) [ہ۔ا۔مذ] سالی کا خاوند۔ ہم زُلف۔
ساڑھی۔ (سا۔ڑھی) [ھ۔ا۔مث] (ساڑھی کا مخفف) فصل ربیع جس میں گیہوں جَو۔ چنا وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔
ساڑھے۔ (سا۔ڑھے) [ھ۔صف] آدھا۔ نصف۔ ایک اور دو کے اعداد کے علاوہ باقی تمام اعداد کے ساتھ سابقے کی شکل میں استعمال ہوتا ہے۔ ساڑھے چار آنے۔ ساڑھے چھ گز۔
ساڑی۔ ساڑھی۔ (سا۔ڑی) (سا۔ڑھی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی لمبی دھوتی جسے عورتیں آدھی باندھتی اور آدھی اوڑھتی ہیں۔
ساز۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) سامان۔ اسباب (۲) باجا (۳) جنگ کے ہتھیار (۴) گھوڑے کا زیور (۵) وہ سامان جو گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے کے لیے درکار ہوتا ہے (۶) میل جول۔ موافقت۔ ربط (۷) تیاری۔ سرانجام (۸) [اُر] ناچنے کا سامان (۹) (مرکبات میں) بنانے والا۔ کرنے والا یا بنایا ہوا۔ کیا ہوا۔ جیسے کارساز۔ ملمع ساز (۱۰) قابل (ق)۔
ساز باز۔ (ف۔ا۔مذ) سازش۔ کسی کے خلاف گٹھ جوڑ۔
ساز باز کرنا۔ (ا۔محاورہ) کسی کے خلاف گٹھ جوڑ کرنا۔ سازش کرنا۔
ساز چھیڑنا۔ (ا۔محاورہ) ساز بجانا شروع کرنا۔
سازِ سفر۔ (ف۔ا۔مذ) سفر کا سامان۔ زادِ راہ۔
ساز کا پردہ۔ (ا۔مذ) ساز کی مجموعی ترکیب کا کوئی جُز جو مُعیّن آواز دیتا ہے۔
ساز (لانا) ملنا۔ (ا۔محاورہ) ساز کو راگ کے موافق کرنا۔ راگ کے موافق ہونا۔
ساز و برگ۔ ساز و سامان۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) اسباب (۲) درستی۔ ترتیب (۳) تیاری (۴) ضروریات۔
ساز و یراق۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) سامانِ جنگ (۲) مال اسباب۔
سازش۔ (سا۔زِش) (ف۔ا۔مث) (۱) کسی کی مخالفت کے لیے باہمی اتفاق (۲) خلافِ قانون تال میل۔
سازشی۔ (سا۔ز۔شی) (ف۔صف) سازش کرنے والا۔
سازگار۔ (سا۔ز۔گار) [ف۔صف] موافق۔ مناسب۔ موزوں۔ لائق۔
سازگاری۔ (ساز۔گا۔ری) [ف۔ا۔مث] موافقت۔ موزونیت۔ نباہ۔
سازنا۔ [ق۔مص] بنانا۔
سازندہ۔ (سا۔زِن۔دَہ) [ف۔ا۔مذ] ساز بجانے والا۔ جمع: سازندگان۔
ساس۔ [ھ۔ا۔مث] بیوی یا شوہر کی ماں۔ خوش دامن۔
ساس بہو کی ہوئی لڑائی۔ کرے پڑوسن ہاتھا پائی۔ (مثل) کسی کے جھگڑے میں خواہ مخواہ دخل دینا۔
ساس چھوٹی بہو بڑی۔ (مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں چھوٹے بڑوں کے کان کترتے ہوں۔
ساس ری ساس مجھے پیٹ کا (دُکھ) دھندا۔ (مثل) تمام دن کھانے پینے والے شخص پر طنز۔
ساس سے بَیر پڑوسن سے ناتا۔ (ا۔مثل) بے وقوف عورت کے متعلق کہا جاتا ہے جو اپنوں سے تو لڑائی جھگڑا رکھے اور غیروں سے میل ملاپ۔
ساس کا پُوت۔ خاوند۔ شوہر۔ خصم۔
ساس کو ٹھے بہو چبوترے۔ (مثل) ساس کے ہٹتے ہی بہو آزادی اختیار کرلیتی ہے۔
ساس کو ٹھے پر کی گھاس۔ (مثل) بہوئیں اپنی ساسوں کو خاطر میں نہیں لاتیں۔
ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں۔ (مثل) نگرانی ہٹنے کے بعد ہاتھ مارنے کا موقع خوب ملتا ہے۔
ساس لُکا لُکا بہو بُکا بُکا۔ (مثل) ساس جو کچھ چھپ کر کرتی ہے۔ بہو کھُلم کھُلا کرتی ہے۔
ساس مرگئی اپنی ارواح توبنے میں (چھوڑ) بٹھا گئی۔ (مثل) اس موقع پر کہی جاتی ہے جب ساس کے انتقال کے بعد بھی بہو پر اس کا رُعب قائم رہے۔
ساس نہ نندی آپ ہی آنندی۔ (مثل) نہ ساس ہے نہ نند۔ بہو آزاد ہے۔
ساس۔ (Sauce) [انگ۔ا۔مث] (۱) شوربا (۲) چٹنی۔
ساس پان۔ (Saucepan) کڑچھا۔ چھوٹی کڑاہی جس میں دستہ لگا ہوتا ہے (صحیح تلفظ ساس پین)۔
ساسانی۔ (سا۔سا۔نی) [ف۔صف] قدیم شاہانِ ایران کا ایک خاندان جو ساسان بن بہمن کی اولاد سے تھا۔
سائُرا۔ (سا۔سُ۔را) [ھ۔ا۔مذ] سُسرال۔
ساسن لیٹ (ساڑلیٹ)۔ (ساڑ۔لیٹ) (سا سَن۔لیٹ) [ہند۔ا۔مذ] ایک قسم کا عمدہ نفیس ریشمی کپڑا جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے۔ سارس نیٹ (Sarsenet) کا بگڑا ہوا۔
ساطع۔ (سا۔طِع) [ع۔صف] (۱) اُونچا۔ بلند (۲) چمکتا ہوا۔ جمع: سواطع۔
ساطور۔ (سا۔طُور) [ع۔ا۔مذ] (۱) بڑا چھُرا (۲) خنجر۔
ساعت۔ (سا۔عَت) [ع۔ا۔مث] (۱) گھڑی۔ لمحہ۔ لحظہ۔ پل۔ منٹ (۲) ڈھائی گھڑی۔ گھنٹہ (۳) وقت (۴) وقت بتانے والی گھڑی (۵) مُعیّن وقت۔ جمع: ساعات۔
ساعت ٹلنا۔ (ا۔محاورہ) مقررہ وقت یا موت کی گھڑی ٹلنا۔
ساعت دیکھنا۔ (ا۔محاورہ) کوئی کام شروع کرنے کے لیے اچھا یا بُرا وقت دیکھنا۔
ساعت سعید۔ (ع۔ا۔صف) نیک گھڑی۔ مبارک وقت۔
ساعد۔ (سا۔عِد) [ع۔ا۔مذ و مث] کلائی۔ ہاتھ کے پہنچے سے کلائی تک۔
ساعد سیمیں۔ (ع۔صف) خوبصورت کلائی۔ سفید کلائی۔
ساعی۔ (سا۔عی) [ع۔صف] کوشش کرنے والا۔ دوڑ دھوپ کرنے والا۔
ساغر۔ (سا۔غَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) شراب کا پیالہ۔ جام (۲) پیالہ۔ گلاس۔
ساغر چلنا۔ (ا۔محاورہ) شراب کا دَور چلنا۔
ساغرِ صہبا۔ (ف۔ا۔مذ) سُرخ شراب کا پیالہ۔



Marfat.com

ساغرکش ۔ (ف ۔ صف) شراب پینے والا۔

ساغرِ عُمر چھلکنا (لبریز ہونا) ۔ (ا۔ محاورہ) قریب المرگ ہونا۔ موت کا وقت قریب ہونا۔

ساغری ۔ (سا ۔ غَ ۔ رِی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) گھوڑے کی مقعد (۲) انسان کی مقعد (۳) ساغر سے منسوب ۔

سافِل ۔ (سا ۔ فِل) [ع ۔ صف] (۱) نیچے کا (۲) کمینہ (۳) [ا ۔ مذ] نچلا حصّہ ۔

ساق ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) پنڈلی ۔ ڈنٹھل (۲) درخت کا تنا (۳) ساگ پات کا ڈنٹھل ۔ ڈنڈی ۔

ساق پوش ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) موزہ ۔ گیٹس ۔

ساقط ۔ (سا ۔ قِط) [ع ۔ صف] (۱) گرا ہوا (۲) نکما (۳) متروک ۔ مسترد ۔ نامنظور شدہ ۔

ساقط کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حمل کے لیے گرانا (۲) مصرعے کو وزن یا بحر سے گرانا (۳) نامنظور کر دینا ۔

ساقط ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حمل گر جانا (۲) جاتا رہنا ۔ کھویا جانا (۳) بحر یا وزن سے گرنا ۔

ساقن ۔ (سا ۔ قَن) [ف ۔ ا ۔ مث] وہ بازاری عورت جو اوباش لوگوں کو شراب بھنگ حُقّہ وغیرہ پلاتی ہو ۔ ساقی کی مؤنث ۔

ساقُول ۔ (سا ۔ قُول) [ت ۔ ا ۔ مذ] معماروں کا وہ اوزار جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کرتے ہیں ۔ پنسال ۔ شاکُن ۔

ساقی ۔ (سا ۔ قی) [ع ۔ ا ۔ مذ] شراب یا حُقّہ پلانے والا ۔

ساقیِ ازل ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) خدا تعالیٰ ۔ اللہ تعالیٰ ۔

ساقیِ کوثر ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم (۲) شیعہ فرقہ کے مطابق حضرت علیؓ

ساقی گری ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) شراب یا حُقّہ پلانے کا پیشہ ۔

ساقی نامہ ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ نظم جس میں ساقی کو مخاطب کرکے شراب کا ذکر کیا جاتا ہے ۔

ساک ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] غصّہ ۔ شرم ۔

ساکِت ۔ (سا ۔ کِت) [ع ۔ صف] (۱) بے حرکت (۲) خاموش چُپ ۔ دم بخود

ساکٹ ۔ (Socket) (سا ۔ کَٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کسی چیز کا خانہ یا گھر ۔

ساکر ۔ (Soccer) (سا ۔ کَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] فٹ بال کی ایک قسم جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگایا جاتا ۔

ساکِن ۔ (سا ۔ کِن) [ع ۔ صف] (۱) بے حرکت ۔ ٹھہرا ہوا ۔ قائم (۲) رہنے والا ۔ مقیم ۔ باشندہ (۳) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ حرف جس پر جزم ہو ۔

ساکنان ۔ ساکنین ۔ (سا ۔ کِ ۔ نان) (سا ۔ کِ ۔ نِین) [ع ۔ ا ۔ مذ] ساکن کی جمع ۔ بسنے والے ۔ رہنے والے ۔ باشندے ۔

ساکہ ۔ (سا ۔ کہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ داستانیں جو ہندو اپنے بہادروں کے متعلق گاتے ہیں ۔

ساکھ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) اعتبار ۔ بھرم (۲) نیک نامی ۔ اچھی شہرت (۳) آن بان (۴) (اصطلاح بنکاری) کسی کارخانے وغیرہ کا نام اختیار کرنے اور اس کی ساکھ سے فائدہ اٹھانے کا حق ۔

ساکھ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتبار اُٹھ جانا ۔ بھروسہ نہ رہنا ۔

ساکھ دار ۔ (ا ۔ صف) (اصطلاح بنک کاری) قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھنے والا ۔ (Credible)

ساکھ داری ۔ (اصطلاح بنک کاری) قرضہ ادا کر سکنے کی طاقت ۔ مقدرت ذمّہ داری ۔ (Credibility)

ساکھ سونا پریت پیتل ۔ (مثل) اعتبار سے جو کام نکلتا ہے وہ محبت سے بھی نہیں نکلتا ۔

ساکھ لاکھ سے اچھی ۔ (مثل) ساکھ دولت سے زیادہ کام دیتی ہے ۔

ساکھا ۔ (سا ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) شاخ ۔ ٹہنی ۔ ڈال (۲) گھمسان کی لڑائی (۳) تکرار ۔ جھگڑا (۴) کسی کے خلاف لڑائی کے لیے کچھ لوگوں کا ایکا یا اتفاق ۔ (۵) نہایت ناموری کے ساتھ لڑنا ۔

ساکھا پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بڑی بھاری لڑائی چھڑنا (۲) بہت سنگین حادثہ ہونا ۔

ساکھا ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تکرار کرنا ۔ لڑنا جھگڑنا ۔ فساد کرنا ۔

ساکھی ۔ (سا ۔ کھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ساتھ کھیلنے والی لڑکی ۔ سکھی ۔

ساگ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سبزی ترکاری (۲) کھائی جانے والی جڑی بوٹی (۳) ساگون کا درخت ۔

ساگ پات ۔ (ا ۔ مذ) بھاجی ۔ ترکاری ۔

ساگ پات ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) نرم ہو جانا ۔

ساگ میں شوربا ۔ پھوہڑ جُروا ۔ (ا ۔ مثل) پھوہڑ عورت پر طنز ۔ جسے معمولی کھانا پکانا بھی نہ آتا ہو ۔

ساگ میں شوربا ۔ انڈے میں پانی ۔ کیوں بی پٹھانی ۔ (مثل) اُس عورت پر طنز ہے جسے کھانا پکانے کا سلیقہ نہ ہو ۔

ساگر ۔ (سا ۔ گَر) [س ۔ ا ۔ مذ] سمندر ۔ بحر ۔

ساگو دانہ ۔ (سا ۔ گو ۔ دا ۔ نہ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا دانہ جو ساگو کے تنے سے نکالا جاتا ہے ۔

ساگون ۔ (سا ۔ گون) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک مضبوط لکڑی کا درخت ۔ ساگوان ۔ گ کی زبر اور پیش دونوں طرح صحیح ہے ۔

سال ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کے تختے بنائے جاتے ہیں ۔ ساکھو (۲) لکڑی کا چھید ۔ سوراخ (۳) گیدڑ ۔ سیار (۴) [مث] ایک قسم کی مچھلی (۵) کانٹا (ق)

سال ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) برس (۲) عمر (۳) سنہ ۔

سالِ الٰہی ۔ سالِ فصلی ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سال جو وصول مالگزاری کے لیے فصلوں کے حساب سے اکبر کے زمانہ میں ایجاد ہوا ۔

سال بسال ۔ (ا ۔ متعلق فعل) ہر برس ۔ ہر سال ۔

سال بکرمی ۔ راجہ بکرماجیت کا سال جو ۵۷ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے ۔

سال بھاری ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (نجوم کی اصطلاح) سال منحوس ہونا ۔ سارا سال مصیبتوں میں گذرنا ۔

سال بھر ۔ (ا ۔ متعلق فعل) تمام سال ۔ سارے سال ۔

سال بھر میں سخی سوم برابر ہو جاتے ہیں ۔ (ا ۔ مثل) سخی جلد اور کنجوس



Marfat.com

دیر میں روپیہ خرچ کرتا ہے لیکن سال کے اخیر میں دونوں کا خرچ برابر ہی نکلتا ہے۔

**سالِ پیوستہ** - (ا - مذ) پچھلے سے پچھلا برس۔

**سالِ تمام** - (ا - مذ) اخیر سال - کل سال۔

**سالِ تمامی** - (ف - ا - مث) سالانہ کیفیت یا رپورٹ۔

**سالِ جلالی** - (ف - ا - مذ) وہ سنہ جو سلطان جلال الدین سلجوقی کے عہد میں ایجاد ہوا تھا۔

**سالِ جلوسی** - (ف - ا - مذ) وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی کے وقت سے شروع ہو کر اس کے عہد تک چلتا ہے۔

**سالِ حاصل** - (ف - ا - مذ) سالانہ پیداوار یا آمدنی۔

**سالِ خوردہ** - (ف - ا - مذ) (۱) پرانا - برتا ہوا (۲) بوڑھا - تجربہ کار۔

**سالِ رواں** - (ف - ا - مذ) موجودہ سال - وہ برس جو گزر رہا ہے۔

**سالِ رومی** - (ف - ا - مذ) وہ سنہ جو حضرت عیسٰے علیہ السلام سے پہلے روم میں رائج تھا۔

**سالِ ساکا** - (ف - ا - مذ) راجہ سالباہن کا سال جو ۷۸ء سے شروع ہوتا ہے۔

**سالِ شمسی** - (ف - ا - مذ) ۳۶۵ دن کا وہ سال جس کا حساب سورج کے گرد زمین کی گردش سے کیا جاتا ہے۔

**سالِ عیسوی** - (ف - ا - مذ) وہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے۔

**سالِ فصلی** - (ا - مذ) وہ سال جو فصلوں کے حساب سے شمار کیا جاتا ہے۔ بکری سال

**سالِ قمری** - (ف - ا - مذ) وہ سال جس کا حساب چاند کی گردش سے کیا جاتا ہے۔ چاند اپنی یہ گردش ۲۹٫۵۳ دن میں پورا کرتا ہے۔ قمری سال ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے اور ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے سنہ ہجری، سنہ فصلی اور یہودیوں کا سال قمری سال ہیں

**سالِ کبیسہ** - (ف - ا - مذ) تیرہ مہینوں کا فصلی سال جو تین سال کے بعد آتا ہے تاکہ شمسی اور قمری سال برابر ہو جائیں۔

**سال گرہ** - (ف - ا - مث) (۱) جنم دن (۲) جنم دن کی تقریب - برس گانٹھ۔

**سالِ ماسبق (گذشتہ)** - پچھلا سال - گذشتہ سال - گزرا ہوا سال۔

**سالِ مالی** - (ف - ا - مذ) وہ سال جو کسی ملک کے مالیانہ حساب کتاب کی غرض سے مقرر ہو۔

**سال نامہ** - (ف - ا - مذ) (۱) کسی اخبار یا رسالے کا وہ پرچہ جو اس کی سال گرہ پر خاص اہتمام سے شائع کیا جائے۔

**سال وار** - (ا - متعلق فعل) ہر سال - سال بسال۔

**سال ہا سال** - (ا - متعلق فعل) برس ہا برس - برسوں - کئی سال۔

**سالِ ہجری** - (ف - ا - مذ) وہ سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے سے مدینے کی جانب ہجرت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے جو ۶۲۲ء کو ہوئی تھی۔

**سالہ** - (ف - ا - مذ) سال سے نسبت رکھنے والا - مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے سہ سالہ - چار سالہ۔

**سالا** - (سا - لا) (ھ - ا - مذ) (۱) بیوی کا بھائی (۲) ایک گالی۔

**سالار** - (سا - لار) (ف - ا - مذ) سردار - افسر - رہنما - جنرل - جمع : سالاران

**سالارِ بیت الحرام** - (ع - ا - مذ) حضرت رسول اللہ صلعم۔

**سالارِ قافلہ** - (ف - ا - مذ) قافلے کا سردار - امیرِ قافلہ۔

**سالارِ قوم** - (ف - ا - مذ) قوم کا سردار۔

**سالانہ - سالیانہ** - (سا - لا - نہ) (سال - یا - نہ) (ف - صف) (۱) ہر سال (۲) سال بسال کا (۳) (ا - مذ) سال بسال ملنے والا وظیفہ۔

**سالک** - (سا - لِک) (ع - ا - مذ) (۱) راہ چلنے والا (۲) (تصوف کی اصطلاح) جو خدا کا قرب بھی چاہے اور شغل معاش بھی رکھتا ہو۔

**سالِم** - (سا - لِم) (ع - صف) (۱) پورا - سارا - تمام - ثابت - مکمل (۲) صحیح سلامت تن درست (۳) محفوظ (۴) (صرف ونحو کی اصطلاح) وہ صحیح لفظ جس میں کوئی حرفِ علت نہ ہو یا دوسرا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو (۵) (علم عروض) ایک رکن اور بحر کا نام۔

**سالم بیع** - (قانونی اصطلاح) مکمل بیع۔

**سالِمہ** - (سا - لِ - مہ) (ع - ا - مذ) دو یا دو سے زائد عناصر کے جو ہروں (Atoms Molecule) کے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ - مادے کا چھوٹے سے چھوٹا ٹکڑا - ذرہ - جمع : سالمات۔

**سالمی** - (سا - لِ - ی) (ع - صف) (کیمیادی اصطلاح) سالمہ سے متعلق - سالمہ کے بارے میں۔

**سالمی انتشار** - (ع - ا - صف) ذرات کا پراگندہ یا بکھرا ہوا ہونا (انگ) (Molecular Dispersion)

**سالمی انعطافیت** - (ع - ا - صف) ذرات کا مڑنا۔ (انگ) (Molecular Refactivity)

**سالمی بلندی** - (ع - ا - مث) ذراتی اونچائی۔ (Molecular Elevation)

**سالمی بم باری** - ذراتی بم باری - (Molecular Bombardment)

**سالمی پیچیدگی** - (ع - ا - مث) ذرات کا باہمی پیچیدہ تعلق۔ (Molecular Complexity)

**سالمی ضابطہ** - (ع - ا - مذ) ذرات کے وہ اصول اور قاعدے جو سب امکانی صورتوں پر حاوی ہوں۔ (Molecular Formula)

**سالمی طبیعات** - (ع - ا - صف) ذرات کی ترکیب اور خواص کا علم۔ (Molecular Physies)

**سالمیت** - (سا - لِ - مِی - یَت) (ع - ا - مث) پورا ہونے کی حالت - یک جہتی ناقابلِ تقسیم وحدت۔

**سالن** - (سا - لَن) (ھ - ا - مذ) روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین پکی ہوئی ترکاری - دال گوشت وغیرہ۔

**سالنا** - (سال - نا) (ہ - مص) (۱) چھیدنا - سوراخ کرنا (۲) چول پھنسانا (۳) کاٹنا - تراشنا (۴) تکلیف دینا - تکلیف محسوس کرنا۔

**سالو** - (سا - لُو) (ھ - ا - مذ) ایک قسم کا سرخ رنگ کا کپڑا - لال ململ۔

**سالوتری** - (سا - لو - تَ - رِی) (ھ - ا - مذ) گھوڑوں اور چوپایوں کا علاج کرنے والا ڈاکٹر - ویٹرنری سرجن۔

**سالوس** - (سا - لُوس) (ف - صف) (۱) دغا - فریب - دھوکا - مکاری۔



Marfat.com

ریاکاری (۲) دغاباز۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ مکّار۔ ریاکار۔

**سالویشن آرمی**۔ (سا۔ ل۔ وے۔ شَن۔ آ ر۔ می) (Salvation Army) [انگ۔ ا۔ مث] مکتی فوج۔ عیسائیوں کی ایک مذہبی جماعت جو روحانی تسکین کی علم بردار ہے۔

**سالی**۔ (سا۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] بیوی کی بہن۔

**سالِی**۔ (سا۔ لِی) [ھ۔ صف] وہ زمین جو سال بھر کے لیے کاشت پر لی جائے۔

**سالے کہ نکوست از بہارش پیدا**۔ (ف۔ مثل) ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔ جس کی ابتدا اچھی ہو اس کا انجام بھی اچھا ہوتا ہے۔

**سامّ**۔ (ع۔ صف) زہر دینے والا۔ کھانے میں زہر ملانے والا۔

**سام**۔ (ف۔ ا۔ مذ) حضرت نوحؑ کا بڑا بیٹا جن کی نسل سامی کہلاتی ہے (۲) ایرانی پہلوان رُستم کے دادا کا نام (۳) مرکبات میں جیسے سرسام (۴) آگ کا کیڑا۔

**سامان**۔ (سا۔ مان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) اسباب۔ ضروری چیزیں (۲) تیاری۔ انتظام۔ بندوبست (۳) اوزار۔ آلات (۴) ہتھیار ضروریات جنگ۔ (۵) آثار۔ علامات۔

**سامان باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) چلنے کی تیاری کرنا۔

**سامانِ تفریح**۔ (ف۔ ا۔ صف) دل بہلانے کا سامان یا وہ ذریعے جن سے دل بہلایا جا سکے۔

**سامان (جنگ، حرب)**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ہتھیار اور گولہ بارود وغیرہ۔

**سامان میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوش میں آنا۔ غصہ ٹھنڈا ہونا (۲) قابو میں آنا۔ آپے میں آنا۔

**سامُدرِک**۔ (سا۔ مُد۔ رِک) [س۔ ا۔ مذ] (۱) پامسٹری۔ علم الید۔ فراست الید ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھ کر انسان کے اچھے بُرے حالات بتا دینے کا علم۔

**سامراج**۔ (سام۔ راج) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) شہنشاہی نظام حکومت۔ شہنشاہیت (۲) نوآبادیات اور ماتحت سلطنتیں رکھنے کی پالیسی (Imperialism)

**سامراجی**۔ (سام۔ را۔ جی) [ہ۔ صف] (۱) سامراج سے متعلق (۲) شہنشاہی حکومت کا حامی۔ شہنشاہیت پسند۔

**سامِری**۔ (سا۔ مِ۔ ری) [ع۔ ا۔ مذ] ایک یہودی جس نے حضرت موسیٰ کے زمانے میں چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کروائی تھی۔

**سامری فن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جادوگر۔ ٹونکے باز۔ اپنے فن کا اُستاد۔

**سامع**۔ (سا۔ مع) [ع۔ ا۔ مذ] سننے والا۔ سماعت کرنے والا۔ جمع: سامعین۔

**سامِعہ**۔ (سا۔ مِ۔ عہ) [ع۔ ا۔ مث] سُننے کی قوت۔

**سامِعہ نواز**۔ (ع۔ ف۔ صف) اچھی آواز سُنانے والا۔

**سامعین**۔ (سا۔ مِ۔ عین) [ع۔ ا۔ مذ] سامع کی جمع سُننے والے۔

**سامنا**۔ (سا۔ م۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ملنا۔ ملاقات (۲) مقابلہ۔ لڑائی۔ مُٹھ بھیڑ۔ (۳) آگا۔ اگاڑی (۴) برابری۔ گستاخی (۵) رُو بہ رُو۔ مقابل۔

**سامنا کرانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کی تصدیق کے لیے کہنے والے اور نقل کرنے والے کو رُو بہ رُو کرنا۔ مقابلہ کرانا۔

**سامنا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گستاخانہ جواب دینا (۲) تکرار کرنا۔ جھگڑنا (۳) برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا (۴) لڑنے کے لیے آگے بڑھنا۔

**سامنا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مڈبھیڑ ہونا۔ رُو بہ رُو ہونا (۲) مقابلہ ہونا۔ ملاقات ہونا۔ بے پردگی ہونا۔

**سام وید**۔ (سام۔ وید) ہندوؤں کے مقدس چار ویدوں میں سے دوسرا وید۔

**سامنے**۔ (سام۔ نے) [ہ۔ تابع فعل] (۱) رُو بہ رُو۔ مُنھ در مُنھ (۲) موجودگی میں۔

**سامنے آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مقابل ہونا (۲) مُنہ دکھانا (۳) بدلہ ملنا۔

**سامنے پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) اتفاقیہ نظر آجانا۔ سامنے آجانا۔ مقابل ہونا۔

**سامنے ٹھہرنا**۔ (ا۔ محاورہ) مقابلہ کرنا۔ مقابل ہونا۔ مقابلے کو برداشت کرنا۔

**سامنے دھر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) آگے آگے چلانا۔ آگے کر لینا (۲) پکڑ لینا۔

**سامنے کی آنکھیں پھوٹیں**۔ (بد دُعا) اندھا ہو جائے۔

**سامنے کی بات**۔ (ا۔ مث) جو بات موجودگی میں کہی گئی ہو۔ آنکھوں دیکھا حال۔

**سامنے کی چوٹ**۔ (ا۔ مث) مقابلے کی مار۔ کھلی چوٹ۔ طعن و طنز۔

**سامنے ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مقابلہ کرنا (۲) گستاخی سے پیش آنا (۳) پردہ اُٹھا دینا یا پردہ نہ کرنا (۴) دنگل میں اُترنا۔

**سامی**۔ (سا۔ می) [ع۔ صف] (۱) اُونچا۔ بلند۔ عالی (۲) سام کی نسل کے لوگ مثلاً یہودی۔ عرب وغیرہ۔

**سامی**۔ (سا۔ می) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سوامی کا مخفف۔ خاوند۔ شوہر۔ پتی (۲) [مث] زرخیز زمین (۳) سامنے۔ رُو برُو (ق)

**سان**۔ [ھ۔ ا۔ مث] (۱) دھار رکھنے کا پتھر۔ سنگِ صیقل (۲) دھار۔ باڑھ۔

**سان پر چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) باڑھ پر رکھا جانا۔ دھار رکھی جانا۔

**سان چڑھانا۔ سان دھرنا۔ سان رکھنا۔ سان لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) دھار تیز کرنا۔

**سان**۔ [ھ۔ ا۔ مث] (۱) اشارہ (۲) نشان (۳) سُراغ۔

**سان گمان**۔ (ا۔ مذ) (۱) اشارہ کنایہ (۲) وہم و خیال۔ فکر و اندیشہ۔

**سان نہ گمان**۔ (ا۔ متعلق فعل) (۱) دفعتاً۔ اچانک۔ بے خبری میں (۲) ایسی حالت میں کہ خیال تک نہ ہو۔

**سانپ**۔ [ھ۔ ا۔ مذ] ایک رینگنے والا پتلا لمبا زہریلا کیڑا جس کی ٹانگیں نہیں ہوتیں اور جو پیٹ کی ہڈیوں سے چلتا ہے۔ مار۔ افعی۔ ناگ۔ رسّی۔ سرپ [صف] ظالم۔ موذی۔

**سانپ اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) سانپ کے ڈسے ہوئے جسم سے زہر دُور کرنا۔

**سانپ اور چور دبلے پر چوٹ کرتے ہیں**۔ (ا۔ مقولہ) جب بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو یہ حملہ کرتے ہیں ورنہ بھاگ جاتے ہیں۔

**سانپ بچھو سمجھنا**۔ (ا۔ محاورہ) باعثِ ایذا سمجھنا۔ موذی خیال کرنا۔

**سانپ چھاتی پر (پھرنا) لوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے حد رنج ہونا (۲) پچھتاوا آنا۔ تلملانا (۳) رشک میں جلنا۔

**سانپ سا لوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ بیتاب ہونا۔

**سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے اپنے بل میں سیدھا جاتا ہے**۔ (مثل ج) بُرا آدمی اور سب جگہ بُرائی کرتا ہے مگر اپنے گھر میں سیدھے طریقے



Marfat.com

سے رہتا ہے۔

**سانپ سُونگھ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانپ کا ڈس جانا (۲) سانپ کا زہر چڑھنے سے بیہوش ہو جانا (۳) چُپ سادھ لینا۔ دم بخود ہو جانا (۴) بے خبر ہونا۔

**سانپ سے کھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خطرناک انسان سے میل جول رکھنا (۲) خطروں میں پڑنا۔

**سانپ کا بچہ سنپولیا**۔ (ا۔ مثل) (۱) بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے موذی آدمی کے بچے بھی خطرناک ہوتے ہیں۔

**سانپ کا سَر کُچلنا**۔ (ا۔ محاورہ) موذی آدمی کو جیتا نہ چھوڑنا۔

**سانپ کا کاٹا پانی نہیں مانگتا**۔ (ا۔ مثل) سانپ کا ڈسا ہوا بہت جلد مر جاتا ہے۔

**سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے**۔ (ا۔ مثل) (۱) جسے بہت تکلیف پہنچ چکی ہو وہ تھوڑی سی تکلیف سے بھی گھبراتا ہے (۲) دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے۔

**سانپ کا کاٹا سووے، بچھو کا کاٹا رووے**۔ (ا۔ مثل) جسے سانپ کاٹ لے وہ بیہوش ہو جاتا ہے لیکن جسے بچھو کاٹ لے وہ درد سے تڑپتا رہتا ہے۔

**سانپ کا مَن**۔ (ا۔ مذ) سانپ کا منکا جس کی بابت مشہور ہے کہ اندھیری رات میں سانپ اسے اُگل کر اس کی روشنی میں گھومتا پھرتا ہے اور جس کے ہاتھ لگ جائے اُسے خوشحال بنا دیتا ہے۔

**سانپ کا منتر**۔ (ا۔ مذ) وہ منتر جس سے سانپ کا کاٹا اچھا ہو جاتا ہے۔

**سانپ کھلانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانپ کو جادو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا (۲) خطرناک کام کرنا۔

**سانپ کی چھتری**۔ (ا۔ مث) ایک پودا۔ ککرمتا۔

**سانپ کی سی کینچلی (جھاڑنا) ڈالنا یا چھوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بیماری سے صحت پانا (۲) رنگ نکھرنا۔ بدن سنورنا۔

**سانپ کی طرح پھن (جھاڑ) مار کر رہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قابو نہ چلنا (۲) کوشش کر کے ہار جانا۔

**سانپ کی طرح زمین پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہرگز نہ ہلنا۔ اپنی جگہ سے جُنبش نہ کرنا

**سانپ کیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) منتر کے زور سے سانپ کے مُنہ کو بند کر دینا۔

**سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں**۔ (ا۔ مثل) بدذات کا موذی پن ظاہر نہیں ہوتا۔

**سانپ کے مُنہ میں**۔ (ا۔ متعلق فعل) سخت خطرے میں۔ خطرے کی جگہ میں۔

**سانپ کے مُنہ (میں) چھچھوندر۔ نگلے تو اندھا، اُگلے تو کوڑھی**۔ (ا۔ مثل) ایسا کام جسے نہ کیا جا سکے نہ چھوڑا جا سکے۔

**سانپ کے نیچے کا بچھو**۔ (ا۔ صف) (۱) ظالم۔ موذی (۲) بہت زہریلا بچھو۔ جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو۔

**سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے**۔ (ا۔ مثل) موذی آدمی کو اس طرح مارنا چاہیے کہ خود محفوظ رہے۔

**سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو**۔ (ا۔ مثل) موقع ہاتھ سے نکل گیا اب پچھتایا کرو۔

**سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں**۔ (ا۔ مثل) جس کے لیے جیسی خوراک موزوں ہے وہ ویسی ہی خوراک کھا کر زندہ رہ سکتا ہے۔

**سانپ نے نہیں کاٹا**۔ (ا۔ مثل) نشہ نہیں۔ بہکا ہوا نہیں ہے۔

**سانپوں کی سبھا میں چھچھوندوں کی لپا لپ**۔ (مثل) موذی انسان جہاں کہیں اکٹھے بیٹھتے ہیں ایذا رسانی کی باتیں کرتے رہتے ہیں۔

**سانپا**۔ (سا ں۔ پا) (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) ماتم۔ سوگ (۲) پُرسا۔

**سانپے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ماتم میں شریک ہونا (۲) پُرسا دینے کے لیے جانا۔

**سانپن**۔ (سا ں۔ پَن) (ھ۔ ا۔ مث) (۱) سانپ کی مادہ۔ ناگن۔ سپنی (۲) بھونری یا بالوں کی لکیر جو بعض مردوں اور عورتوں کی پیٹھ یا گھوڑے کی ایال کے نیچے ہوتی ہے اور بہت منحوس سمجھی جاتی ہے۔

**سانت**۔ (ق) (۱) ایک ستارہ (سواتی) جو برسات میں نکلتا ہے (۲) بارش۔ (ابر نیساں)۔

**سانٹ۔ سانٹھ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گانٹھ۔ گرہ۔ گتھی (۲) سازش۔ گٹھ جوڑ۔ (۳) دشمنی۔ عداوت۔ کدورت (۴) اتفاق۔ ربط ضبط۔

**سانٹ (سانٹھ) مار**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی لڑانے والا۔

**سانٹ (لگانا) ملانا**۔ (ا۔ محاورہ) سازش کرنا۔

**سانٹ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) گانٹھ لینا۔ سازش کر کے اپنے ساتھ ملا لینا۔ یار بنا لینا۔

**سانٹا**۔ (سا ں۔ ٹا) (ھ۔ ا۔ مذ) چابک۔ تازیانہ۔

**سانٹنا۔ سانٹھنا**۔ (سا نٹ۔ نا) (سانٹھ۔ نا) (ھ۔ مص) (۱) دوست بنانا ساتھ ملانا (۲) چپکانا (۳) نتھی یا منسلک کرنا (۴) اُلجھانا (۵) گرہ لگانا۔ جوڑ دینا۔

**سانٹے کی سگائی**۔ (سا ں۔ ٹے۔ کی۔ سَ۔ گا۔ ای) (ھ۔ ا۔ مث) ایسا رشتہ جس میں لڑکی لے کر لڑکی دی جائے۔ بدلے کا رشتہ۔ (پ) وٹو سٹا۔

**سانجھ**۔ (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) شام کا وقت (۲) دوستی۔

**سانجھ سویرے**۔ (ا۔ متعلق فعل) صبح شام۔

**سانچ**۔ (ھ۔ ا۔ مذ) سچ۔ حق۔ صداقت۔

**سانچ کو آنچ نہیں**۔ (ا۔ مثل) سچ کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔

**سانچ کہے سو مارا جائے۔ جھوٹ کہے سو لڈو کھائے**۔ (ا۔ مثل) سچ بولنے والے کو مصیبت اُٹھانی پڑتی ہے جب کہ جھوٹ بولنے والا مزے اُڑاتا ہے۔

**سانچا**۔ (سا ں۔ چا) (ھ۔ ا۔ مذ) لکڑی یا لوہے کا ڈھانچہ (۲) رحم۔ بچہ دانی (۳) قالب۔

**سانچے کی سچّی**۔ وہ عورت جو مرد کے نطفے کو ضائع نہ ہونے دے۔ جسے وضع حمل کے بعد پہلی ہی صحبت میں حمل رہ جائے۔

**سانچے میں ڈھالنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کے قوام کو سانچے میں ڈال کر کسی خاص شکل یا وضع کا بنانا۔ کسی خاص وضع یا طریق کا بنا لینا۔

**سانچے میں ڈھلا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خوشنما اور سڈول۔ سب اجزاء یا اعضاء کا موزوں اور درست ہونا۔

**سانچے میں ڈھل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) خود کو حالات کے مطابق بدل لینا۔ وضع اختیار کر لینا۔

**سانحہ**۔ (سا۔ نِ۔ حَہ) (ع۔ ا۔ مذ) صدمہ پہنچانے والا واقعہ۔ حادثہ۔ واقعہ۔



Marfat.com

**سانحۂ عظیم۔** (ف۔ ا۔ مذ) اہم واقعہ۔ خوفناک حادثہ۔ سخت مصیبت۔
**سانحہ گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) حادثہ ہونا۔ مصیبت پڑنا۔
**سانذ۔** [ق۔ ا۔ مذ] سُوراخ۔ جوڑ۔ عضو۔ بند۔
**ساندا۔** (سان۔ دا) [ہ۔ ا۔ مذ] گائے یا بھینس دوہتے وقت اُن کے پاؤں میں باندھنے کی رسّی۔
**ساندا۔** [ق۔ ا۔ مذ] جال کا خانہ۔ وہ رسّی جو دُودھ دوہتے وقت گائے کے باندھی جاتی ہے۔
**ساندنا۔** (سان۔ دَ۔ نا) [ق۔ مص] باندھنا۔
**ساندی۔** [ق۔ صف] (۱) دیوانہ (۲) جال کا خانہ یا پھندا۔
**سانڈ۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایسا بیل جسے کِسی دیوتا کے نام پر آزاد چھوڑ دیا گیا ہو۔ (۲) وہ بیل یا گھوڑا جسے نسل کشی کے لیے رکھا جائے (۳) موٹا تازہ۔ (۴) [صف] موٹا تازہ۔ لحیم شحیم (۵) بے فکرا (۶) شہوت پرست۔ عیاش۔
**سانڈا۔** (سان۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل نکال کر گٹھیا کے درد کے لیے یا طلا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔
**سانڈنی۔** (سانڈ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] سواری کی اُونٹنی۔
**سانڈنی سوار۔** (۱) وہ قاصد جو تیز رفتار اُونٹ یا اُونٹنی پر بیٹھ کر خبریں یا پیغام لے جائے (۲) ناقہ سوار۔ شتر سوار۔
**سانڈیا۔** (سان۔ ڈِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) اُونٹ کا بچّہ (۲) بوتا (۳) گوٹا بننے کی مشین۔
**سانس۔** [ہ۔ ا۔ مذ و مث] (۱) دَم۔ پھُونک۔ نفَس (۲) چھ تک گننے کا وقفہ (۳) بھاپ (۴) شگاف۔ درز (۵) آہ۔
**سانس اُکھڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سانس قابو میں نہ رہنا جیسا کہ ہانپنے اور نزع کی حالت میں ہوتا ہے۔
**سانس اندر کا اندر اور باہر کا باہر۔** (ا۔ مقولہ) دہشت کی حالت میں ہونا۔
**سانس بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آہ بھرنا۔ افسوس کرنا (۲) دَم چڑھنا۔ سانس پھُولنا۔ تھک کر جلدی جلدی سانس لینا (۳) زندگی کی بقیہ چند سانسیں لینا۔
**سانس پورے کرنا۔** (ا۔ محاورہ) زندگی کے دِن پورے کرنا۔ زندگی کی کوئی اُمید نہ ہونا۔
**سانس پھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہانپنا۔ دَم چڑھنا (۲) دمے کا مرض ہونا۔
**سانس ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) سانس کے آنے جانے میں فرق پڑنا۔ سانس کا مسلسل نہ آنا۔
**سانس چرانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سانس روک لینا (۲) مُردہ بن کر پڑ جانا۔
**سانس چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) تھک جانا۔ ہانپنے لگنا۔ دَم پھُول جانا۔
**سانس چلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سانس کا آنا جانا (۲) زندگی باقی ہونا۔
**سانس رُکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سانس کی آمد و رفت بند ہونا یا اس میں فرق پڑنا (۲) سانس پوری طرح نہ آنا۔
**سانس روکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حبس دَم کر لینا۔ (۲) گلا گھونٹنا۔
**سانس کا روگ۔** (ا۔ مذ) دَمہ۔ ضیق النفس۔

**سانس کھینچنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لمبا یا گہرا سانس لینا۔ ٹھنڈی آہ بھرنا (۲) ورزش سے پھیپھڑوں میں ہوا بھرنا۔
**سانس کے ساتھ آس ہے۔** (ا۔ مثل) جب تک زندگی ہے مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔ انسان مرتے دم تک بہتری کی اُمید باندھے رہتا ہے۔
**سانس لو۔** (ا۔ بول چال) ذرا دَم لو۔ رُک جاؤ۔
**سانس لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سانس کھینچنا (۲) بھاپ چھوڑنا (۳) دم لینا۔ کام کے دوران آرام کا تھوڑا سا وقفہ ڈالنا۔
**سانس لینے کی فرصت نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ذرا بھی فرصت یا فاضل وقت نہ ہونا۔ بہت زیادہ مصروف ہونا۔
**سانس نہ لینا۔** (۱) خاموش رہنا۔ چُپ سادھ لینا۔ اُف نہ کرنا (۲) دم نہ لینا۔ لگاتار کام کیے جانا۔
**سانسا۔** (سان۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) اندیشہ۔ تشویش۔ فکر (۲) خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔ ہوَل۔
**سانسا بھلا نہ سانس کا۔** (ا۔ مثل) فکر خواہ گھڑی بھر کی ہو بُری ہوتی ہے۔
**سانسا چڑھنا (رہنا)۔** (ا۔ محاورہ) فکر ہونا۔ ہوَل چڑھنا۔
**سانسی۔** (سان۔ سی) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک مشہور خانہ بدوش اور جرائم پیشہ قوم۔
**سانگ۔** [ہ۔ ا۔ مث] شاخ۔ ٹہنی [مذ] برچھا۔ بھالا۔ نیزہ۔
**سانگر۔ سانگری۔ سانگل۔** (سان۔ گَر) (سانگ۔ ری) (سان۔ گل) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) زنجیر (۲) دروازے کی زنجیر۔ کُنڈی (۳) پاؤں کا زیور۔ توڑا (۴) ہتھکڑی۔ بیڑی۔
**سانگ۔ سوانگ۔** (سُ۔ وانگ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) نقل۔ اداکاری (۲) بھیس بھرنا۔ بھیس بدلنا۔ بہروپ (۲) تماشا۔ کھیل (۳) ٹھٹھا۔ ہنسی مذاق (۴) شعبدہ۔ کرتب (۵) کنواں کھودنے کا نوک دار آلہ (۶) ہاتھی کا انکس [س] جس کے سب اجزا یا حصے موجود ہوں۔ مکمل۔ پورا۔ تمام۔
**سانگ بنانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) رُوپ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) رُسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔
**سانگ بننا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مسخرہ بننا (۲) نقل کرنا۔ رُوپ بھرنا۔ (۳) سانگ تیار ہونا۔
**سانگ بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نقل بنانا۔ رُوپ بھرنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا کرنا۔
**سانگ دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بھیس بھر کر تماشا کرنا (۲) بہانہ یا مکر کرنا۔
**سانگ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تماشا کرنا (۲) جھگڑا پھیلانا (۳) بھیس یا رُوپ بھرنا۔ اداکاری کرنا (۴) مسخرا پن کرنا۔
**سانگ لانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مکر کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا (۲) جھگڑا نکالنا۔ (۳) بھیس بھر کر نقل کرنا۔
**سانگ مچانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کھیل کرنا۔ تماشا دکھانا (۲) مسخرا پن کرنا۔ ہنسانے والی حرکتیں کرنا۔



Marfat.com

**سانگر**۔ (سان۔گَر) (ہ۔ا۔مذ) جنڈ کی چھل جو اچار میں ڈالی جاتی ہے۔

**سانگی**۔ (سان۔گی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سانگ بھرنے والا۔ بھانڈ۔ نقال (۲) (مث) بیل گاڑی کا جُوا (۳) گاڑی کے آگے کا وہ حصّہ جس کے دونوں طرف لکڑیاں باندھ کر جالی بُن دیتے ہیں تاکہ سامان وغیرہ گرنے نہ پائے (۴) گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ۔

**سان لینا**۔ (سان۔لے۔نا) (اُر۔مص) (۱) شریکِ حال کر لینا۔ پھانسنا۔ شریکِ جُرم کرنا۔

**ساننا**۔ (سان۔نا) (اُر۔مص) (۱) گوندھنا۔ ملانا (۲) بھر لینا۔ ملوّث کرنا۔ آلودہ کر لینا۔

**سانوان**۔ (سان۔وان) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

**سانوٹنا** (سانوٹھا)۔ (ہ۔صف) (۱) ہوشیار۔ چوکنّا۔ چوکس (۲) مستعد۔ آمادہ۔

**سانوچیت**۔ (ق۔صف) بے فکر۔

**سانولا۔ سانورا**۔ (سا۔نو۔لا) (سا۔نو۔را) (ہ۔صف) سیاہی مائل۔ ملیح۔ نمکین۔ سبزہ رنگ آدمی۔

**سانولا جانا**۔ (ا۔محاورہ) رنگ کالا ہو جانا۔

**سانولا سلونا**۔ (ا۔صف) سانولے رنگ کا مرد۔

**سانولی**۔ (سانو۔لی) (ہ۔صف) نمکین صُورت والی عورت۔

**سانولی صُورت**۔ نمکین چہرہ۔ حسنِ ملیح۔ خوبصورت۔

**سانی**۔ (سا۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھُس اور کھل مِلا ہوا چارہ جو گایوں اور بھینسوں کو دُودھ کی افراط کے لیے کھلاتے ہیں (۲) کھیتی باڑی اور باغ کا کام کرنے والا آدمی۔

**سانیٹ**۔ (Sonnet) (سا۔نیٹ) (انگ۔ا۔مذ) نظم کی ایک قسم۔ جس میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں اور اس کی ایک خاص بحر ہوتی ہے۔

**ساوَج**۔ (ق۔ا۔مذ) ایک افسانوی جانور۔

**ساوَرِن**۔ (Sovereign) (سا۔وَ۔رِن) (انگ۔ا۔مذ) (۱) انگلستان کا ایک طلائی سکّہ۔ گنّی۔ پونڈ۔ اشرفی۔

**ساوَڑ۔ سَوڑ**۔ (سا۔وَڑ) (سَوڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) زچہ خانے کی ناپاکی۔ (۲) زچہ خانہ۔

**ساوڑی**۔ (سا۔وَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) وہ غلّہ جو کھلیان میں سے غریبوں کو بانٹنے کے لیے الگ کر لیا جاتا ہے۔

**ساون**۔ (سا۔وَن) (ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا چوتھا مہینہ۔ برسات کا مہینہ (۱۵ جولائی سے ۱۵ اگست تک)۔

**ساون بھادوں**۔ (ا۔مذ) (۱) برسات کا پہلا اور دوسرا مہینہ (۲) دھوپ بھی بارش بھی (۳) وہ مکان جس میں چاروں طرف باریک باریک جالیاں لگی ہوں۔ جو دیکھنے میں بارش کا سا سماں پیش کرتی ہوں (۴) ایک قسم کی آتش بازی۔

**ساون بھادوں کا مِلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ساون کا مہینہ ختم ہو کر بھادوں کا مہینہ شروع ہونا۔ ان ایّام میں اکثر بارش ہوتی ہے۔

**ساون کی بھرن پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) زور سے بارش ہونا۔

**ساون کی جھڑی**۔ (ا۔مث) ساون کے مہینے میں زور دار بارش۔

**ساون کے اندھے کو ہرا ہی سُوجھتا ہے**۔ (ا۔مثل) (۱) ہر شخص اپنی حالت کے مطابق سب کی حالت خیال کرتا ہے (۲) جو کیفیت ایک دفعہ نظر میں سما جائے وہی ہمیشہ پیشِ نظر رہتی ہے (۳) امیر مفلس ہو جائے تو بھی اس کے دماغ میں امارت کی بُو رہتی ہے۔

**ساون کے جھالے**۔ (ا۔مذ) ساون کی زور دار بارش جو جلد ختم ہو جائے۔

**ساون ہرے نہ بھادوں سُوکھے**۔ (مثل) ہر حال میں یکساں۔

**ساوَنت**۔ (سا۔وَنت) (ہ۔صف) بہادر۔ دلیر۔ جوان مرد۔ شجاع۔

**ساونٹا۔ ساونٹھا**۔ (سا۔وَن۔ٹا) (سا۔وں۔ٹھا) (ہ۔صف) (۱) تیار۔ تندرست (۲) جمع کیا ہوا۔

**ساونٹا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) جمع کرنا (۲) ہوشیار یا چوکس کرنا۔

**ساونٹا ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) چوکس اور ہوشیار ہو جانا (۲) مقابلے پر آ جانا (۳) سنبھل جانا۔

**ساونی**۔ (سا۔وَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک پھُول جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے (۲) فصلِ خریف جس میں دھان۔ جوار۔ باجرہ مکئی وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں (۳) وہ مٹھائی آم ترکاریاں اور میوہ وغیرہ جو ساون کے مہینے میں جھُولے کے سامان کے ساتھ دولھا کے گھر سے دُلھن کے ہاں بھیجا جاتا ہے (۴) ساون کے مہینے کی وہ رات جب پورا چاند ہو جاتا ہے (۵) ساون کے گیت۔

**ساہ**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری (۲) مہاجن، بینکر (۳) دکاندار (۴) صرّاف (۵) دولت مند (۶) ذی عزّت (۷) شریف (۸) عزّت کا لقب جس سے مہاجنوں کو مخاطب کیا جاتا ہے (صف) دیانتدار۔ امانتدار۔

**ساہا**۔ (سا۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں میں شادی کے دن۔ شادیوں کا موسم۔ (۲) وقت۔ موسم (۳) کھیتی کاٹنے کا وقت۔

**ساہا چمکنا**۔ (ہ۔محاورہ) بہت سی شادیاں ہونا۔

**ساہتیا** (ساہتیہ)۔ (ہ۔ا۔مذ) ادبیات۔ ادب۔

**ساہَس**۔ (س۔ا۔مذ) جبر۔ ظلم (۲) شدّت۔ تشدّد (۳) جرأت واستقلال۔

**ساہُل۔ ساہُول**۔ (سا۔ہُل) (سا۔ہُول) (ہ۔ا۔مذ) لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس میں ڈوری باندھ کر معمار لوگ دیوار کی کجی کا پتہ چلاتے ہیں۔ پنسال۔

**ساہُو**۔ (سا۔ہُو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خیرخواہ۔ دوست (۲) سخی۔ داتا (۳) دیانت دار (۴) نیک نام (۵) سوداگر۔

**ساہوکار**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) مہاجن۔ بینکر (۲) صرّاف (۳) سُود پر روپیہ چلانے والا۔

**ساہوکارا**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) صرّافہ (۲) ساہوکاروں کا بازار۔ ایکس چینج۔ (Exchange) (۳) صرّاف کا پیشہ۔

**ساہوکاری**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) سوداگری۔ تجارت (۲) صرّاف کا پیشہ۔ (۳) دیانت داری (۴) شرافت۔

**ساہی**۔ (سا۔ہی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سیہہ۔ خارپُشت۔ ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں۔ خیال ہے کہ جس گھر میں ساہی کا کانٹا ڈال دیا جائے وہاں لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔



Marfat.com

**سائبان** ۔ (سا۔ بہ۔ بان) [ف۔ ا۔ مذ] مکان یا خیمے کے آگے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لیے ٹین کی چادریں یا پھوس کا چھپر۔ مکان کے آگے کپڑے یا بانات کا تنگیرا۔

**سائڈ** ۔ (Side) (سا۔ اِڈ) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) طرف۔ پہلو۔ جانب۔ اغل بغل (۲) کنارہ۔ حاشیہ۔ بِھرا۔

**سائر** ۔ (سا۔ اِر) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیلانی (۲) باقی بچا ہوا تمام۔ سب۔ سارا (۴) چنگی۔

**سائر خرچ** ۔ (ا۔ مذ) ہنگامی یا غیر مستقل یا عارضی خرچ۔ متفرق خرچ۔ (Contingent)

**سائر وائر** ۔ (ا۔ صف) پھرنے والا۔ گردش کرنے والا۔

**سائرن** ۔ (Siren) (سا۔ اِ۔ رَن) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ بھونپو۔

**سائز** ۔ (Size) (سا۔ اِز) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) قد۔ قامت۔ ڈیل ڈول۔ جسامت (۲) ناپ (ٹوپی، جوتے، کپڑے وغیرہ کا)۔

**سائفن** ۔ (Syphon) (انگ۔ ا۔ مث) ٹیڑھی نالی جس کے ذریعے پانی کسی اُونچے برتن کے کنارے سے گزر کر نیچے کے برتن میں گراتے ہیں۔ (۲) نالہ یا نہر جو کسی دوسری ندی، دریا یا نالے کے نیچے سے گزارا جائے۔

**سائل** ۔ (سا۔ اِل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سوال کرنے والا۔ پُوچھنے والا۔ (۲) چاہنے والا۔ طالب (۳) جاری ہونے والا (۴) [اُر] فقیر۔ بھکاری (۵) اُمیدوار (۶) عرضی دینے والا۔

**سائلہ** ۔ (سا۔ اِ۔ لہَ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سوال کرنے والی (۲) عرضی گزارنے والی۔

**سائلین** ۔ (سا۔ اِ۔ لِین) [ع۔ ا۔ مذ] سائل کی جمع۔ سوال کرنے والے۔

**سائم** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) چرنے والا۔

**سائمہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) چرنے کے لیے بھیجا ہوا جانور۔

**سائن** ۔ (Sign) (سا۔ اِن) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) نشان۔ علامت (۲) دستخط۔

**سائن بورڈ** ۔ (Sign Board) (انگ۔ مذ) دکان یا سڑک کے نام کا (لکڑی یا ٹین کی چادر کا) تختہ۔

**سائن پوسٹ** ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) وہ پتھر یا تختہ جس پر سڑک کا نام اور راستہ بتانے والا نشان بنا ہوا ہو۔

**سائنس** ۔ (Science) (سا۔ اِنس) [انگ۔ ا۔ مذ و مث] (۱) علم۔ (۲) منضبط علم۔ وہ علم جس کی بنیاد تجربات پر ہو۔

**سائنس دان** ۔ (انگ۔ ف۔ ا۔ مذ) سائنس کے کسی شعبے کا ماہر۔

**سائنسی** ۔ (سا۔ اِن۔ سی) [اُر۔ صف] سائنس سے متعلق۔

**ساؤ** ۔ [ق۔ صف] ساہو۔ ایمان دار۔ معصوم۔

**ساؤچیت** ۔ [ق۔ صف] بے فکر۔

**ساؤنڈ** ۔ (Sound) (سا۔ اُنڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] آواز۔ صوت۔

**ساؤنڈ بکس** ۔ (Sound Box) (انگ۔ ا۔ مذ) گراموفون کا وہ ڈبا جس کے ذریعے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے۔

**ساؤنڈ پروف** ۔ (Sound Proof) (انگ۔ صف) وہ مکان یا جگہ جہاں سے آواز باہر نہ جائے۔

**سائی** ۔ (سا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) وہ تھوڑی سی رقم جو معاملہ طے ہو جانے کے بعد پیشگی دی جائے۔ بیعانہ۔ پیشگی (۲) ناچنے گانے والوں کو پیشگی رقم۔

**سائی بجانا** ۔ (۱) جس سے سائی لی ہو اس کی محفل میں ناچنا گانا (۲) جس کام کی سائی لی ہو اسے پُورا کرنا۔

**سائیس** ۔ (سا۔ ئیس) [اُر۔ ا۔ مذ] گھوڑے کی خدمت اور دیکھ بھال کرنے والا۔

**سائیسی** ۔ (سا۔ ای۔ سی) [اُر۔ ا۔ مث] گھوڑے کی رکھوالی اور خدمت کا پیشہ۔

**سائیسی علم دریاؤ ہے** ۔ (مثل) (۱) گھوڑے کے رکھ رکھاؤ کے لیے بڑی معلومات درکار ہے (۲) ہر پیشے کے خاص گُر ہوتے ہیں۔ بڑائی کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔

**سائیکل** ۔ (Cycle) (سا۔ ای۔ کَل) [انگ۔ ا۔ مث] بائیسکل۔ پاؤں سے چلانے کی دو پہیہ گاڑی۔

**سائیں** ۔ (سا۔ اِیں) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خدا۔ رب (۲) آقا۔ مالک (۳) شوہر۔ خصم (۴) [س] عارف۔ کامل (۵) گدا۔ فقیر [اُر] وہ کلمہ جس سے درویش ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہیں۔

**سائیں راج بلند راج۔ پوت راج محتاج راج** ۔ (ا۔ مثل) خاوند کے دَور میں عورت جتنا آرام اور عیش کرتی ہے۔ اولاد کے دَور میں اِتنا آرام نہیں ملتا۔

**سائیں کے سَو کھیل ہیں** ۔ (ا۔ مقولہ) خدا کسی کام کے لیے سینکڑوں ذریعے پیدا کر دیتا ہے۔ خدا ہر کام کو ہر طرح کر سکتا ہے۔

**سائیں سائیں** ۔ (سا۔ اِیں۔ سا۔ اِیں) [ہ۔ ا۔ مث] ہوا کے چلنے کی آواز۔ ہوا کی سَرسَراہٹ۔

**سائیں سائیں کرنا (ہونا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمزوری کی وجہ سے جسم میں سنسنیاں دوڑنا (۲) ہوا کی وجہ سے درختوں کے پتوں میں سے آواز نکلنا (۳) وحشت یا ویرانی برسنا۔

**سایا** ۔ (سا۔ یا) [پُر۔ ا۔ مذ] یورپ کی عورتوں کا لہنگا یا گھاگھرا۔ گاؤن۔

**سایہ** ۔ (سا۔ یہَ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پرچھائیں۔ چھاؤں۔ پرتَو (۲) جن بھوت کا اثر۔ آسیب [اُر] پناہ۔ حفاظت۔ سرپرستی (۴) حمایت۔ (۵) صحبت کا اثر (۶) تصویر یا فوٹو میں بنائی ہوئی یا قدرتی طور پر آئی ہوئی سیاہی (۷) (مہوسوں کی اصطلاح) سفید کیے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آ جانے والی سیاہی (۸) (علم کیمیا کی اصطلاح) باہر کو نکلا ہوا۔

**سایہ اُتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جن بھوت کا اثر دُور کرنا۔ آسیب دفع کرنا۔

**سایہ اُترنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آسیب دفع ہونا (۲) سایہ ڈھلنا۔ دن ڈھلنا۔

**سایہ اُٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سرپرست کا مَر جانا۔

**سایہ افگن** ۔ (ف۔ صف) سایہ ڈالنے والا۔ حفاظت یا مدد کرنے والا۔

**سایۂ بالِ ہُما** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) فرضی پرندہ ہُما کا سایہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ



Marfat.com

جس پر پڑ جائے وہ بادشاہ بن جائے۔

**سایہ بن کر ساتھ رہنا۔** (ا۔ محاورہ) کبھی وقت جُدا نہ ہونا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔

**سایہ پَروَرْدہ۔** (ف۔ صف) (۱) خانہ زاد غلام (۲) لاڈلا۔

**سایہ پڑنا۔** (۱) زمین پر کسی چیز کا سایہ پڑنا۔ پرچھائیں یا عکس پڑنا (۲) پرچھاواں پڑنا۔ کسی کی خو بُو حاصل کر لینا۔ صحبت کا اثر ہونا۔

**سایۂ خدا۔** (ف۔ ا۔ صف) (کنایتاً) بادشاہ۔ ظلُ اللہ۔

**سایہ دار۔** (ا۔ صف) جس کے نیچے چھاؤں ہو۔

**سایہ ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) اثر ڈالنا۔ فیضِ صحبت سے مستفید ہونا۔

**سایہ ڈھلنا۔** (ا۔ محاورہ) تیسرے پہر کا وقت ہونا۔ سُورج کا مغرب کی طرف جُھک جانا۔

**سایہ زدہ۔** (ف۔ صف) آسیب زدہ۔ جس پر جن بھُوت کا اثر ہو۔

**سایہ سَر پر قائم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ کا زندہ ہونا۔

**سایہ سَر سے اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) بُزرگ۔ مُربی۔ سرپرست یا محافظ کا مر جانا۔

**سایۂ عاطفت۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مہربانی کا سایہ (۲) حمایت۔ مہربانی۔

**سایہ گُستر۔** (ف۔ صف) مہربان۔ توجہ کرنے والا۔ مدد یا حمایت کرنے والا۔ سرپرستی کرنے والا۔

**سایہ ہو جانا۔** (۱) صحبت کا اثر ہو جانا (۲) آسیب زدہ ہو جانا۔

**سائے تلے آنا۔** حفاظت میں آنا۔ سرپرستی یا پناہ میں آنا۔

**سائے سے (بھاگنا) بھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ ڈرنا (۲) نفرت کرنا (۳) بدکنا۔ دُور دُور رہنا۔

**سائے سے دُور دُور رہنا۔** (ا۔ محاورہ) نفرت کرنا۔

**سائے سے ڈرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ ڈرنا (۲) کسی پر اعتماد نہ کرنا۔

**سائے سے جلنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت نفرت کرنا۔ بُغض رکھنا۔

**سائے کی طرح ساتھ ساتھ پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ لگے رہنا۔

**سائے میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چھاؤں میں آنا (۲) پناہ یا سرپرستی حاصل کرنا۔

**سائے میں پلنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے ہاں پرورش پانا۔

## س — ب

**سَبّ۔** (ع۔ ا۔ مذ) گالی دینا۔ لعن طعن کرنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔

**سَبّ وشتم۔** (ع۔ ا۔ مذ) لعن طعن کرنا۔ گالی گلوچ۔ بُرا بھلا کہنا۔

**سب۔** (ہ۔ صف) (۱) سارا۔ کل۔ تمام (۲) ہر ایک (۳) ہر طرح کا (۴) پورا۔ سالم۔ کامل (۵) شامل۔ مشترک (۶) بالکل۔ سراسر۔ یک قلم (۷) میزان۔ مجموعی طور پر (۸) عام لوگ۔ ساری دُنیا۔

**سب اپنے بہو بیگانی۔** (ا۔ مثل) عورتیں اسلیے کہتی ہیں کہ بہو دوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے۔

**سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔** (ا۔ مثل) سب ایک جیسے شرارتی اور تکلیف دینے والے ہیں۔

**سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں۔** (ا۔ مثل) سب کی حالت ایک جیسی ہے۔

**سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی۔** (ا۔ مثل) پیٹ کی فکر سب سے پہلے۔ اوّل طعام بعدہٗ کلام۔

**سب چیز کی لہر بہر ہے۔** (ا۔ مثل) کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ سب کچھ موجود ہے۔

**سب در جھانکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہر ممکن جگہ تلاش کرنا (۲) مارے مارے پھرنا۔

**سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے۔** (ا۔ مثل) فضول خرچ آدمی موقع پر کچھ پاس نہ ہونے کی وجہ سے شرمندگی اُٹھاتا ہے۔

**سب دھان (بارہ) بائیس پسیری۔** (ا۔ مثل) بھلے بُرے کی کوئی تمیز نہیں۔

**سب سے بَری ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی سے کوئی واسطہ یا تعلق نہ رکھنا۔

**سب سے بھلی چُپ۔** (مثل) خاموشی سب سے بہتر۔

**سب طرح سے حاضر ہونا۔** ہر ممکن خدمت کے لیے تیار ہونا۔

**سب کا سب۔** (ا۔ متعلق فعل) کُل۔ سارے کا سارا۔ تمام و کمال۔

**سب کچھ۔** (ا۔ متعلق فعل) ہر ایک بات۔ ہر ایک چیز۔ سب چیز۔ ہر بات۔

**سب کچھ گیا میاں کی ٹیّ نہ گئی۔** (ا۔ مثل) کنگال ہو گئے پھر بھی شیخی مارنے کی عادت نہ چھُوٹی۔

**سب کچھ ہو ہوا کر۔** (ا۔ متعلق فعل) معاملہ طے ہو کر۔ کارروائی ختم ہو جانے کے بعد۔

**سب کو ایک آنکھ (نظر) دیکھنا۔** (۱) سب کو یکساں سمجھنا۔ کسی کی طرف داری نہ کرنا (۲) کانے آدمی کے بارے میں مزاحاً کہتے ہیں۔

**سب کو ایک لاٹھی (سے) ہانکنا۔** (ا۔ مثل) مرتبے اور حیثیت کا لحاظ نہ کرکے ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔

**سب کوئی۔** (ا۔ متعلق فعل) ہر شخص۔ ہر ایک۔

**سب کہنے کی باتیں ہیں۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بناوٹی باتیں ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں (۲) خیالی باتیں ہیں۔ جن پر عمل نہیں ہو سکتا۔

**سب کہیں۔** (ا۔ متعلق) ہر جگہ۔ سب جگہ۔ ہر کہیں۔

**سب کے دیکھتے۔** (ا۔ متعلق) سب کی موجودگی میں۔ لوگوں کے سامنے۔ اعلانیہ۔ کھُلم کھُلا۔

**سب گنوں پُورا۔** (ا۔ مثل) اس شخص پر طنز جس میں ساری ہی بُرائیاں پائی جاتی ہوں۔

**سب ہاتھ سے بیٹھے ہیں۔** اس موقع پر کہتے ہیں جب اہلِ محفل کسی کے انتظار میں کھانے کو ہاتھ نہ لگائیں۔

**سب۔** (Sub) (انگ۔ صف) نیچے۔ تلے۔ زیر۔ تحت میں۔ نائب۔ ماتحت۔ سبارڈینیٹ (Subordinate) کا مخفف۔

**سب آرڈینیٹ۔** (Subordinate) (انگ۔ مذ) ماتحت تابع۔



Marfat.com

سب آفس (Sub Office) (انگ - ا - مث) دفتر ماتحت۔ ڈاکخانہ۔
سب اسسٹنٹ سرجن (Sub Asstt. Surgeon) اسسٹنٹ سرجن کا ماتحت ڈاکٹر۔
سب انجینئر (Sub Engineer) (انگ - ا - مذ) انجینئر کا نائب۔
سب انسپکٹر (Sub Inspector) انسپکٹر کا نائب (پولیس) تھانے دار۔ کوتوال۔
سب اوورسیئر (Sub Overseer) اوورسیئر کا نائب۔
سب ایجنٹ۔ (انگ - ا - مذ) (۱) ایجنٹ کے ماتحت کام کرنے والا (۲) وہ گماشتہ یا دوکاندار جو کسی بڑے ایجنٹ سے مال لے کر فروخت کرتا ہو۔
سب ایجنسی۔ (انگ - ا - مث) (۱) سب ایجنٹ کا دفتر (۲) چھوٹی ایجنسی۔
سب ایڈیٹر۔ (انگ - ا - مذ) ماتحت ایڈیٹر۔
سب پوسٹ آفس۔ (Sub Post Office) (انگ - ا - مذ) شہر کے کسی محلے یا علاقے کا ڈاک گھر جو جنرل پوسٹ آفس کے ماتحت ہو۔
سب پوسٹ ماسٹر۔ (Sub Post Master) سب پوسٹ آفس کا انچارج۔
سب جج۔ (Sub Judge) (انگ - ا - مذ) وہ حاکم دیوانی جو جج کے ماتحت ہوتا ہے۔
سب ججی۔ (ا - مث) (۱) سب جج کا عہدہ (۲) سب جج کا دفتر۔
سب ڈویژن۔ (Sub Division) (انگ - ا - مذ) ضلع کا ایک حصہ۔
سب ڈویژنل آفیسر (Sub Divisional Officer) (انگ - ا - مذ) وہ افسر جو سب ڈویژن کا انچارج ہو۔
سب رجسٹرار۔ (Sub Registrar) (انگ - ا - مذ) رجسٹرار کا نائب جو رجسٹریوں کی تصدیق کرتا ہے۔
سب سکرائبر۔ (Subscriber) (انگ - ا - مذ) خریدار۔ چندہ دینے والا۔ چندہ دینے والوں کی فہرست میں نام لکھانے والا۔
سب کمیٹی Sub Committee (انگ - ا - مث) بڑی کمیٹی کے ارکان کی بنائی ہوئی چھوٹی کمیٹی۔
سب لیٹ۔ (Sublet) کرایہ دار کا مکان اوروں کو کرائے پر اٹھا دینا۔
سب میرین۔ (Submarine) (سَب - مے - رین) (انگ - ا - مث) آب دوز کشتی۔ تحت البحریہ۔
سبا۔ (سَ - با) (ع - ا - مذ) یمن میں ملکۂ بلقیس کے شہر کا نام جو کہ حضرت سلیمان کی ہمعصر تھی۔
سبابہ۔ (سَب - با - بَہ) (ع - ا - مث) انگشتِ شہادت۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔
سُباس۔ (سُ - باس) (ہ - ا - مث) (۱) خوش بُو۔ عطر۔ پھُلیل (۲) مہک والا۔ خوشبودار۔
سباق۔ (سِ - باق) (ع - ا - مذ) علم و حساب کی مہارت۔ سبقت لے جانا۔

سیاق کے ساتھ مل کر آتا ہے (سیاق و سباق)۔
سبائی۔ (س - با - ای) (ع - صف) سبا (قدیم یمن) کا باشندہ۔ سبا سے منسوب ہے۔
سَبَب۔ (سَ - بَب) (ع - ا - مذ) (۱) وجہ۔ باعث۔ موجب۔ واسطے۔ لیے۔ کارن (۲) حجت۔ دلیل (۳) ذریعہ۔ وسیلہ۔ واسطہ (۴) وہ چیز جو دو چیزوں کو ملائے۔ پیوند۔ جوڑ (۵) (علم عروض کی اصطلاح) کلمۂ دو حرفی (۶) (فلسفے کی اصطلاح) وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو۔
سَبَب کھُلنا۔ (ا - محاورہ) وجہ ظاہر ہونا۔
سَبَبِیّت۔ (سَ - بَ - بی - یَت) (ع - ا - مث) (۱) غرض و غایت یہ اصول یا کلیہ کہ ہر شے کا سبب یا علت ہوتی ہے۔
سَبت۔ (ع - ا - مذ) آرام اور عبادت کا دن جو مسلمانوں کے یہاں جمعہ۔ یہودیوں میں سنیچر اور عیسائیوں میں اتوار ہے۔ انگریزی۔ (Sabbath)
سبجیکٹ (Subject) (انگ - مذ) موضوع۔ مضمون۔ رعیت (۲) [illegible]
سَبت سُرگ۔ (ق - ا - مذ) (۱) سات آسمان (۲) شش جہت۔
سُبحان۔ (سُب - حان) (ع - کلمۂ توصیف) (۱) خدا کو پاکی سے یاد کرنا (۲) خداوند پاک۔
سُبحان اللہ۔ (کلمۂ تحسین) (۱) اللہ پاک ہے (۲) میں اللہ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں۔ (۳) تعجب یا طنز کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
سُبحان تیری قدرت۔ (ا - مث) (۱) اللہ تیری قدرت کے کیا کہنے۔ (۲) تیتر کی مفروضہ بولی (۳) تعجب اور طنز کا اظہار۔
سُبحہ۔ (سُب - حَہ) (ع - ا - مث) تسبیح۔ مالا۔
سُبحہ سنج۔ سُبحہ گرداں۔ (ع - صف) تسبیح پڑھنے والا۔
سَبَد۔ (سَ - بَد) (ف - ا - مذ و مث) (۱) ٹوکرا۔ ٹوکری (۲) نذر کی ڈالی۔
سبز۔ (ف - صف) (۱) ہرا (۲) کچا۔ تازہ تازہ۔ شاداب۔ تروتازہ۔
سبز باغ دکھانا۔ (ا - محاورہ) (۱) دھوکا دینا۔ فریب کرنا (۲) فائدہ پہنچنے کی جھوٹی اُمیدیں دلانا۔
سبز بخت۔ (ف - صف) خوش نصیب۔ صاحبِ اقبال۔
سبز پری۔ (ف - ا - مث) (۱) اندر سبھا امانت کا ایک نسوانی کردار۔ (۲) شراب (۳) خوبصورت عورت جو سبز رنگ کے لباس میں ہو۔
سبز پوش۔ (ف - صف) (۱) سبز لباس والا (۲) (کنایتاً) زاہد۔ عابد۔
سبز قدم۔ (ف - صف) منحوس۔ نامبارک۔ شوم۔
سبز ہونا۔ (۱) ہرا بھرا ہونا۔ تروتازہ ہونا (۲) رونق پکڑنا۔
سبزہ۔ (سَب - زَہ) (ف - ا - مذ) (۱) روئیدگی۔ نباتات (۲) زمرد۔ پنا۔ (۳) (ازر) ہریاول۔ شادابی۔ طراوت۔ تازگی (۴) کان کا ایک زیور (۵) نیل کنٹھ (۶) ایک قسم کا آم (۷) وہ گھوڑا جس کی سفیدی مائل بہ سیاہی ہو (۸) وہ سبزی جو ڈاڑھی مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے پہلے چہرے پر نمودار ہوتی ہے۔



Marfat.com

**سبزہ آغاز۔** (ف۔ صف) جس کے ڈاڑھی مونچھیں نکلنی شروع ہوئی ہوں۔ نوجوان نوخیز لڑکا۔
**سبزہ آنا۔** (ا۔ محاورہ) ڈاڑھی مونچھ نکلنی شروع ہونا۔
**سبزۂ بیگانہ۔** (ا۔ محاورہ) خودرَو گھاس۔ جڑی بوٹیاں۔
**سبزۂ خط۔** (ف۔ ا۔ مذ) نئی ڈاڑھی مونچھیں نکلنے کی سبزی۔
**سبزۂ خوابیدہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) جھکی ہوئی سبز گھاس۔
**سبزہ رنگ۔** (ف۔ صف) (۱) سانولا (۲) (کنایۃً) سانولا معشوق۔
**سبزہ زار۔** (ف۔ ا۔ مذ) جہاں دُور دُور تک ہری گھاس اُگی ہوئی ہو۔
**سبزۂ شمشیر۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ رنگت جو اصیل تلوار کے جوہر میں ہوتی ہے۔
**سبزہ لہلہانا۔** (ا۔ روزمرہ) گھاس کا ہوا کے جھونکوں سے ہلنا یا لہرانا۔
**سبزۂ (نوخاستہ) نوخیز۔** (ف۔ ا۔ صف) نیا نیا اُگا ہوا سبزہ۔
**سبزی۔** (سَب۔ زی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سبز رنگت (۲) ہریاول۔ ہریالی (۳) ساگ پات۔ ترکاری (۴) تلوار کے جوہر کا رنگ (۵) (از۔ ا۔ مذ) بھنگ۔
**سبزی پینا۔** (ا۔ محاورہ) بھنگ پینا۔
**سبزی خور۔** (ف۔ صف) صرف سبزیاں ترکاریاں کھانے والا۔ گوشت سے پرہیز کرنے والا۔ ویجی ٹیرین۔ (Vegetarian)
**سبزی فروش۔** (ف۔ صف) (۱) سبزیاں ترکاریاں بیچنے والا۔ کنجڑا۔ (۲) بھنگ فروش۔
**سبزی منڈی۔** (ا۔ مث) ترکاریوں کی منڈی۔
**سِبط۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بیٹے بیٹی کی اولاد۔ پوتا۔ نواسا (۲) یہودی قوم۔
**سِبطین۔** (سِب۔ طَین) (ع۔ ا۔ مذ) دو پوتے یا دو بیٹے (۲) حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ (جو رسول اللہ صلعم کے نواسے تھے)۔
**سَبع۔** (ع۔ صف) سات۔ ۷۔
**سبع سیّارہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) سات سیارے (۱) مریخ (۲) مشتری (۳) زحل (۴) زہرہ (۵) عطارد (۶) شمس (۷) قمر۔
**سبع مثانی۔** (ع۔ ا۔ مث) سُورۂ فاتحہ جس میں سات آیتیں ہیں۔ مثانی اس لیے کہتے ہیں کہ ہر دوگانے میں دوبار پڑھی جاتی ہے یا اس واسطے کہ دو دفعہ نازل ہوئی۔ ایک مرتبہ مکے میں دوسری مرتبہ مدینے میں۔
**سَبَق۔** (سَ۔ بَق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کتاب کا وہ حصّہ جو شاگرد اُستاد سے بطور درس ایک مرتبہ میں پڑھے (۲) عبرت۔ تجربہ۔ نصیحت (۳) سزا۔ گوشمالی (۴) سبقت۔ پیش روی۔ جمع: اسباق۔
**سبق برزبان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سبق اچھی طرح یاد ہونا۔
**سبق پڑھانا۔** (۱) درس دینا (۲) سکھانا۔ طریقہ بتانا (۳) بہکانا۔ پٹی پڑھانا۔ دم دینا۔
**سبق پڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تعلیم لینا۔ سیکھنا (۲) طریقہ معلوم کرنا (۳) بہکانے میں آجانا (۴) نصیحت لینا۔ عبرت حاصل کرنا۔
**سبق خواں۔** (ف۔ ا۔ مذ) طالب علم۔
**سبق دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پڑھانا۔ سکھانا (۲) نصیحت کرنا۔ کام کی بات بتانا (۳) سزا دینا۔ گوشمالی کرنا۔
**سبق رواں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) جو کچھ پڑھایا گیا ہو وہ خوب اچھی طرح یاد ہونا۔
**سبق لینا۔** (۱) آگے پڑھنا (۲) سیکھنا (۳) عبرت پکڑنا۔
**سبق ملنا۔** (۱) سزا ملنا۔ تادیب ہونا (۲) عبرت حاصل ہونا۔ (۳) درس ملنا۔
**سبقت۔** (سَب۔ قت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کسی سے آگے نکل جانا (۲) پیش قدمی (۳) ترجیح۔ فوقیت۔ برتری۔ بڑائی۔ شرف۔
**سبقت کرنا۔** (مص۔ مرکب) پہل کرنا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔
**سبقت لے جانا۔** (ا۔ محاورہ) اپنی برتری ثابت کر دینا۔ فوقیت لے جانا۔ غالب آجانا۔
**سُبُک۔** (سُ۔ بُک) (ف۔ صف) (۱) ہلکا۔ کم وزن (۲) تیز۔ چست و چالاک (۳) کم ظرف (۴) ذلیل۔ رسوا۔ بے عزت (۵) شرمندہ (۶) بے تعلق۔
**سُبک (بار) بال۔** (ف۔ صف) جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ اکیلا۔ چھڑا دم۔ فارغ البال۔
**سبک پا۔** (ف۔ صف) تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔
**سبک پائی۔** (ف۔ ا۔ مث) تیز چال۔ تیز رفتاری۔
**سبک پرواز۔** (ف۔ ا۔ صف) تیز اُڑنے والا۔ جلدی جلدی پر مارنے والا۔
**سبک خیز۔** (ف۔ صف) (۱) چست و چالاک (۲) تیز رفتار۔
**سبک دست۔** (ف۔ صف) (۱) ہاتھ کے ہنر کا کام جلدی کرنے والا۔ پھرتیلا۔ تیز دست (۲) جس کے ہاتھ میں نفاست ہو۔
**سبک دستی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہاتھ کی پھرتی (۲) کام کرنے والے کے ہاتھ کی نفاست۔
**سبک دوش۔** (ف۔ صف) (۱) جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ فارغ البال (۲) جو فارغ کر دیا گیا ہو (۳) آزاد۔ بے تعلق (۴) بری الذمہ۔
**سبک دوشی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) آزادی۔ بے تعلقی (۲) کسی کام کی ذمہ داری سے دست برداری۔
**سبک (رفتار) رَو۔** (ف۔ صف) تیز چلنے والا۔
**سبک (رفتاری) رَوی۔** (ف۔ ا۔ مث) تیز چال۔
**سبک روح۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) خوش رہنے والا۔ بے تعلق۔
**سبک سار۔** (ف۔ صف) ہلکا۔ چھچھورا۔ بے عزت۔ بے وقار۔ (۲) کمینہ۔ رذیل۔
**سبک ساری۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) چھچھورپن (۲) ذلت (۳) بے تعلقی۔
**سبک سر۔** (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ (۲) بے حوصلہ۔ بے غیرت۔
**سبک سری۔** (۱) کمین پن (۲) حماقت۔ ہلکاپن۔
**سبک سیر۔** تیز رفتار۔ تیز چلنے والا۔
**سبک عناں۔** (ف۔ ا۔ مث) تیز چلنے والا گھوڑا۔
**سبک کرنا۔** (ا۔ محاورہ) شرمندہ کرنا۔ بے عزت کرنا۔
**سبک گام۔** (ف۔ صف) تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔
**سبک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا (۲) خفیف ہونا۔ حقیر ہونا۔ نظروں



Marfat.com

سے گر جانا (۲) کسی چیز کا بناوٹ میں نفیس ہونا (۳) فارغ یا بری الذمہ ہونا۔

سُبکنا۔ (سُ-بک-نا) [ہ۔مص] سسکی بھرنا۔

سُبکی۔ (سُب-کی) [ہ۔ا۔مث] سسکی۔

سُبکیاں مارنا۔ (ا۔محاورہ) سسکیاں بھرنا۔روتے میں ہچکیاں لینا۔

سُبکی۔ (سُب-کی) [ف۔ا۔مث] (۱) خفت (۲) ذلت۔رسوائی۔بے عزتی شرمندگی (۳) نزاکت۔چابک دستی۔کام کی صفائی اور ستھرائی۔نازکی۔

سُبکی ہونا۔ (ا۔محاورہ) خفت اُٹھانا۔ذلت ہونا۔

سَبَل۔ (سَ-بَل) [ع۔ا۔مذ] (۱) آنکھ کا جالا۔موتیا بند (۲) بغل گند۔

سُبُل۔ (سُ-بُل) [ع۔ا۔مذ] طریقے۔ذریعے (۲) طرز زندگی۔رہائش کا طریقہ (۳) قاعدہ۔قانون۔رسم (۴) روشن راہیں۔سبیل کی جمع۔

سَبَل۔ (سَب-بَل) [ہ۔ا۔مذ] نقب زنی کا آلہ۔پھالی۔

سبو۔ (س-بُو) [ف۔ا۔مذ] گھڑا۔مٹکا۔

سبو بدوش۔ (ف۔ا۔صف) کندھے پر گھڑا اُٹھائے ہوئے۔شاعری میں عام طور پر ساقی (معشوق) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سبوچہ۔ (س-بُو-چَہ) [ف۔ا۔مذ] چھوٹا گھڑا۔مٹکیا۔

سبور۔ [ق۔صف] لب ریز۔

سبورا۔ (ا۔مذ) وہ چرخی آلہ جس سے عورتیں چوپٹ کھیلتی ہیں۔

سبوس۔ (سَ-بُوس) [ف۔ا۔مث] بھوسی۔چوکر (۲) سر کی خشکی۔

سبوسہ۔ (سَ-بُو-سَہ) [ف۔ا۔مث] سر کے بالوں کی خشکی۔

سبھ۔ (س۔صف) (۱) مبارک۔مسعود۔

سبھ گھڑی۔ (ہ۔ا۔مث) مبارک لمحہ۔نیک گھڑی۔ساعت سعید۔

سبھ لگن۔ (ہ۔ا۔مذ) دو اچھے ستاروں کا ایک برج میں ہونا۔

سبھا۔ (سَ-بھا) [س۔ا۔مث] (۱) مجلس۔محفل۔جلسہ۔جرگہ (۲) انجمن۔جماعت۔جتھا۔پنچایت۔

سبھاپتی۔ (ہ۔ا۔مذ) میر محفل۔میر مجلس۔صدر جلسہ۔سرپنچ۔

سبھاسد۔ (ہ۔صف) شریک جلسہ۔ممبر مجلس۔

سُبھاگ۔ (سُ-بھاگ) [س۔ا۔مذ] خوش نصیبی۔اقبال مندی۔

سُبھاگی۔ (سُ-بھا-گی) [س۔صف] (۱) خوش نصیب۔اقبال مند۔

سبھاؤ۔ (سُ-بھا-او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) اچھی خو۔خصلت (۲) اچھا برتاؤ۔ (۳) خوش اخلاقی (۴) قاعدہ۔ڈھنگ۔

سبھیتا۔ سبیتا۔ (سُ-بھی-تا) (سُ-بی-تا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) فرصت۔مُہلت (۲) اطمینان۔خاطر جمع (۳) راحت۔آرام۔چین۔سکھ۔آسائش۔آسودگی (۴) فراغت (۵) تنہائی۔خلوت۔

سبیل۔ (سَ-بیل) [ع۔ا۔مث] (۱) راستہ (۲) تدبیر۔طریقہ (۳) صورت وسیلہ۔سبب (۴) راہگیروں کو مفت پانی پلانے کا پیاؤ (۵) شہدائے کربلا کی یاد میں راہگیروں کو ٹھنڈا پانی یا شربت پلانا۔

سبیل کرنا۔ (ا۔محاورہ) تدبیر کرنا۔راہ نکالنا۔بندوبست کرنا۔

سبیل لگانا۔ (ا۔محاورہ) پیاسے راہگیروں کے لیے پانی کا انتظام کرنا۔

سبیل نکالنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ذریعہ یا وسیلہ پیدا کرنا (۲) طریقہ وضع کرنا۔

# س ــــ پ

سِپا۔ (سِپ-پا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نشانہ۔ہدف (۲) ڈھنگ۔ڈھب۔ (۳) فاصلہ (۴) سُراغ (۵) سیپ کا نصف ٹکڑا۔

سِپا بیٹھنا۔ (ا۔محاورہ) کام مرضی کے موافق ہو جانا۔

سِپا لڑانا۔ (ا۔محاورہ) چپس جمانا۔ڈھنگ ڈالنا۔اچھا تعلق قائم کر لینا۔

سِپا لڑنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) موقع ملنا۔رسائی ہونا (۲) موافقت ہونا۔ہم نوائی ہونا (۳) آشنائی ہونا۔

سِپا (لگانا) مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) نشانہ لگانا۔نشانے پر مارنا (۲) آشنائی کرنا (۳) پھانسنا۔جال ڈالنا۔پھندا لگانا۔

سپاٹ۔ (سَ-پاٹ) [ہ۔صف] (۱) ہموار۔برابر۔ایسی سطح جو بغیر اونچ نیچ کے ہو۔چٹیل (۲) صاف۔سادہ۔

سپاٹا۔ (سَ-پا-ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) جھپٹ۔طرارہ (۲) لمبی دوڑ جو بہت تیز دوڑی جائے (۳) سیر تماشا۔

سپاٹا بھرنا۔سپاٹا لگانا۔سپاٹا مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) طرارہ بھرنا۔دوڑ لگانا (۲) پرندے کا اُڑ جانا۔

سُپارا۔ (سُ-پا-را) [ہ۔ا۔مذ] تعنیب کی ٹوپی۔سر ذکر۔حشفہ۔

سِپارہ۔سیپارہ۔ (سِ-پا-رہ) (سی-پا-رَہ) [ف۔ا۔مذ] قرآن شریف کو تیس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پارۂ قرآن۔

سپارُو۔ (ہ۔ا۔مذ) (پ) سر ذکر۔تعنیب۔

سُپاری۔ (سُ-پا-ری) [ہ۔ا۔مث] (۱) ڈلی۔چھالیہ (۲) حشفہ۔سر ذکر۔

سپاس۔ (سِ-پاس) [ف۔ا۔مث] (۱) شکریہ۔شکر گزاری (۲) تعریف۔ستائش۔ثنا۔

سپاس گزار۔ (ا۔صف) (۱) شکریہ ادا کرنے والا (۲) ثنا خواں۔

سپاس گزاری۔ (ف۔ا۔مث) احسان مندی کا اظہار۔شکر گزاری۔

سپاس نامہ۔ (ف۔ا۔مذ) تحریری اظہار شکر۔ایڈریس۔

سپاہ۔ (سِ-پاہ) [ف۔ا۔مث] فوج۔لشکر۔

سپاہ سالار۔سپہ سالار۔ (ف۔ا۔مذ) فوج کا کمان دار۔کمانڈر ان چیف۔

سپاہ گری۔ (ف۔ا۔مث) سپاہی کا کام یا پیشہ۔

سپاہ گری کے تیس فن ہیں۔ (مثل) کوئی کام انجام دینے میں ہر تدبیر آزمانی چاہیے۔

سپاہی۔ (سِ-پا-ہی) [ف۔ا۔مذ] (۱) فوجی۔لشکری (۲) (ار) پولیس کانسٹیبل۔سنتری۔

سپاہی کی جورو۔ہمیشہ رانڈ۔ (مثل) فوجی ملازمت کرنے والوں کو اپنے گھر پر رہنے کا موقع بہت کم ملتا ہے۔



Marfat.com

**سپاہی کی روٹی سر پیچھے کی۔** (مثل) سپاہی اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر روزی پیدا کرتا ہے۔

**سپاہیانہ۔** (س۔ پا۔ ہ۔ یا۔ نہَ) (ف۔صف) (۱) سپاہی کی طرح (۲) بہادری کے ساتھ۔

**سپت۔** (س۔ عدد) سات۔ ہفت۔

**سپت رشی۔** (س۔ ا۔ مذ) سات سہیلیوں کا گچھا۔ دُبِ اکبر ستاروں کی ایک شکل جو رات کے وقت شمال کی طرف نظر آتی ہے۔

**سپر۔** (س۔ پَر) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ڈھال (۲) آڑ۔ روک (۳) پناہ۔ حفاظت (۴) (صف) محافظ۔ مددگار۔ آڑے آنے والا۔

**سپر انداز۔** (ف۔صف) (۱) سپر پھینکنے والا (۲) ہار ماننے والا۔

**سپر اندازی۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہتھیار ڈالنا (۲) ہار ماننا۔

**سپر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) آڑے آنا۔ دیوار بن کر کھڑے ہونا۔

**سَپَر۔** (Supper) (سَ۔پَر) (انگ۔ ا۔ مذ) رات کا کھانا۔

**سپرٹ۔** (Spirit) (انگ۔ ا۔ مث) دیکھیے اسپرٹ۔ شراب (۲) روح۔ جذبہ۔

**سُپرٹیکس۔** (Supertax) (سُ۔ پَر۔ ٹیکس) (انگ۔ ا۔ مذ) مزید محصول۔ مزید ٹیکس۔

**سُپرد۔** (س۔ پُر د) (ف۔ ا۔ مث) حوالے کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ امانت۔ تحویل۔ تفویض۔

**سُپرد خانہ۔** (دفتری اصطلاح) لبادے وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔ لبادہ خانہ (Cloak Room) کلوک رُوم۔

**سُپرد کرنا۔** (مص۔ مرکب) (۱) قبضے میں دینا۔ حوالے کرنا (۲) امانت رکھوانا (۳) حراست میں دینا۔

**سُپرد ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حوالے کیا جانا (۲) تحویل یا قبضے میں دیا جانا۔

**سَپَردا۔ سَپَردائی۔** (سَ۔ پَر۔ دا) (سَ۔ پَر۔ دا۔ اِی) (ہ۔ ا۔ مذ) سازندے۔ ناچنے گانے والیوں کے ساتھ ساز بجانے والے۔ ڈُوم۔

**سُپردگی (سُپرد داری)۔** (س۔ پُر۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تحویل (۲) حراست۔ حوالات۔ نظر بندی (۳) امانت۔ جو چیز سُپرد کی جائے۔

**سُپردگیٔ مال۔** مال سونپنا۔ حوالگی زر۔

**سُپردگی میں لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تحویل یا قبضے میں لینا (۲) حراست میں لینا۔

**سُپردم بتو مایۂ خویش را } تو دانی حساب کم و بیش را }** (ف۔ مقولہ) جب کوئی کام کلیتہً کسی کے سُپرد کیا جائے اس وقت کہتے ہیں:

**سُپرنٹنڈنٹ** (Superintendent) (سُ۔ پَ۔ رِن۔ ٹِن۔ ڈَنٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) ناظم۔ ناظر۔ داروغہ۔ مہتمم۔ نگران۔ محافظ۔ سربراہ کار۔

**سُپرنٹنڈنٹ پولیس۔** (Superintendent Police) (انگ۔ ا۔ مذ) منتظم پولیس۔ ضلع پولیس کا انتظامی افسر۔

**سپرنگ۔** (Spring) (انگ۔ مذ) کمانی۔ دیکھیے اسپرنگ۔

**سپرنگ بیڈ۔** (Spring Bed) (انگ۔ ا۔ مذ) کمانی دار پلنگ۔

**سُپروائزر۔** (Supervisor) (سُ۔ پَر۔ وا۔ اِ۔ زَر) (انگ۔ ا۔ مذ) نگران نگہبان۔ مہتمم۔

**سُپریم۔** (Supreme) (سُپ۔ ریم) (انگ۔صف) اعلیٰ اختیار رکھنے والا۔ سب سے بڑا۔ بلند ترین۔

**سپریم کورٹ۔** (Supreme Court) عدالتُ العالیہ۔ ملک کی سب سے اعلیٰ عدالت۔

**سَپڑ سَپڑ۔** (سَ۔ پَڑ۔ سَ۔ پَڑ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کُتّے کے کھانے پینے کی آواز (۲) (کنایتاً) بے تمیزی سے کھانے کی آواز۔

**سَپڑ سَپڑ کر کے کھانا۔** (ا۔ محاورہ) بدتمیزی یا بے احتیاطی سے کھانا پینا۔

**سپڑانا۔** (سَپ۔ ڑا۔ نا) (ہ۔ مص) (ق) (۱) گرفتار کرنا۔ پکڑنا (۲) ختم کر دینا (۳) نہلانا۔

**سپڑنا۔ سپڑ جانا۔** (سَ۔ پَڑ۔ نا) (سَ۔ پَڑ۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گرفتار ہو جانا۔ پکڑا جانا (۲) ختم ہو جانا۔ غسل کرنا۔ اشنان کرنا۔

**سپستان۔** (سَ۔ پِس۔ تان) (ف۔ ا۔ مذ) لسوڑا۔ لہسوڑا۔

**سپکٹروس کوپ۔** (Spectroscope) (سَ۔ پِکٹ۔ رو۔س۔ کوپ) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس سے شعاعوں کی تفریق کے ذریعے سے اجرامِ فلکی کے اجزائے ترکیبی دریافت کیے جاتے ہیں۔

**سپلائی۔** (Supply) (سپ۔ لا۔ ای) (انگ۔ ا۔ مث) رسد۔ ذخیرہ۔ فراہمی۔

**سپلک۔** (سِپ۔ لَک) (ق۔ ا۔ مث) چھپکلی۔

**سپلیمنٹ۔** (Supplement) (سپ۔ لی۔ منٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) ضمیمہ۔ زائد مواد۔

**سُپن۔** (ق۔ ا۔ مذ) خواب۔ سپنا۔

**سُپنا۔** (سُپ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) خواب۔ جو کچھ سوتے میں نظر آئے۔ رویا (۲) خیال۔ وہم۔

**سپند۔** (س۔ پَند) (ف۔ ا۔ مذ) کالا دانہ۔ حرمل۔

**سپنڈ۔ سپنڈا۔** (سَ۔ پنڈ) (سَ۔ پن۔ ڈا) (پہلا سنسکرت دوسرا ہندی ا۔ مذ) ہندوؤں میں سات پشتوں تک کے رشتہ دار۔

**سپوت۔** (سَ۔ پُوت) (ہ۔ ا۔ مذ) سعادت مند یا فرماں بردار بیٹا۔ لائق بیٹا۔ فرزندِ رشید۔ اچھا لڑکا۔

**سپوتوں کے کپوت اور کپوتوں کے سپوت۔** (مثل) بڑوں کے اں نیک اور نیکوں کے ہاں بد اولاد ہوتی ہے۔

**سپوتی۔** (سَ۔ پُو۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نیک اولاد والی عورت (۲) سات بیٹوں والی۔

**سپوتی رووے ٹکڑوں کو، نپوتی رووے پوتوں کو۔** (مثل) (۱) اولاد والی روٹی کے ٹکڑوں کے لیے روتی ہے۔ بے اولادی اولاد کے لیے روتی ہے (۲) انسان کو کسی حال میں قناعت نہیں۔ ہر انسان کو کوئی نہ کوئی شکایت ہے۔

**سپورٹس۔** (Sports) (س۔ پورٹس) (انگ۔ ا۔ مذ) کھیل۔ تفریحات۔

**سپورن (سمپورن)۔** (سَ۔ پُو۔ رَن) (سَم۔ پُو۔ رَن) (ہ۔صف) (۱) سارا۔ تمام۔ کل (۲) بھرپور (۳) (ا۔ مذ) پورا چاند۔



Marfat.com

**سپولیا** - (س-پو-لِ-یا) (ہ-ا-مذ) سانپ کا بچہ۔
**سپہ** - (س-پہ) (ف-ا-مث) سپاہ کا مخفف) فوج۔لشکر۔
**سپہ سالار** - (ف-ا-مذ) کمانڈر۔کمانیر۔فوج کا سب سے بڑا افسر۔جنرل۔
**سپہ گری** - (ف-ا-مث) سپاہی کا کام یا پیشہ۔
**سپہر** - (س-پہر) (ف-ا-مذ) آسمان۔
**سہ پہر** - (ف-ا-مذ) تیسرا پہر۔
**سپھل** - (س-صف) پھلدار - ثمردار (۲) نفع دینے والا (۳) کامیاب مفید۔ ماہر (۴) مُبارک۔
**سپیچ** - (Speech) (س-پیچ) (انگ-ا-مث) تقریر۔لیکچر۔ خُطبہ۔بیان۔
**سپید۔سُپید** - (سَ-پید) (سُ-پید) (ف-صف) (۱) سفید۔اُجلا۔چِٹّا۔ اُبَیض (۲) گورا۔صبیح (۳) کورا۔ان لکھا۔
**سپید و سیاہ کا اختیار** - (ا۔محاورہ) کامل یا پُورا پُورا اختیار۔کُلی اختیار۔
**سپیدہ۔سُفیدہ** - (سَ-پے-دَہ) (سُ-فے-دہ) (ف-ا-مذ) پھونکا ہوا جست (۲) سفید رنگ جو تصویروں میں بھرتے ہیں۔
**سپیدہ دم** - (ف-ا-صف) صُبح کا وقت۔ تڑکا۔
**سپیدۂ سحری (صُبح)** - (ف-ا-صف) وہ اُجالا جو طلوعِ آفتاب سے پہلے ہوتا ہے۔
**سپیدی** - (سَ-پے-دی) (اُر-ا-مث) (۱) پتھر کا پھونکا ہوا چونا جس کو دیواروں پر پھیر کر قلعی کرتے ہیں (۲) روشنی۔ اُجالا۔ جوت۔نور۔
**سپیدی آنا** - (ا-محاورہ) بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔
**سپیڈ** - (Speed) (سَ-پیڈ) (انگ-ا-مث) (۱) رفتار۔
**سپیڈومیٹر** - (Speedometer) (انگ-ا-مذ) وہ گھڑی جو گاڑی وغیرہ کی رفتار بتائے۔آلہ رفتار پیما۔
**سپیرا** - (سَ-پے-را) (ہ-ا-مذ) سانپ پکڑنے والا - سانپ کا تماشا دکھانے والا۔
**سپیشل** - (Special) (انگ-ا-مذ) خاص۔مخصوص۔دیکھیے اسپشل۔
**سپیریئر** - (Superior) (انگ-ا-مذ) اعلیٰ۔عمدہ۔اچھا۔بڑھیا۔
**سپیشلسٹ** - (Specialist) (انگ-ا-مذ) ماہرِ خصوصی۔دیکھیے اسپیشلسٹ
**سپیکر** - (Speaker) مقرر۔ پارلیمان کا صدر۔دیکھیے اسپیکر۔

## س ــــ ت

**سَت** - (ہ-ا-مذ) (۱) سچائی۔ سانچ۔ صداقت۔ صدق۔ راستی۔ (۲) ایمان - دھرم۔ یقین (صف) سچ۔صحیح - درست - بجا۔ (۴) کھرا۔سچا۔
**سَت بادی** - (۱) سچائی یا صداقت کو مذہب یا اُصول کے طور پر ماننے والا (۲) سچا آدمی۔صادق القول۔

**سَت (بچن) وچن** - (ہ-ا-مذ) (۱) سچی بات۔سچا مقولہ (۲) بجا۔درست۔
**ست بچن (کرنا) کہنا** - (ا-محاورہ) (۱) ہاں جی ہاں جی کرنا۔جی حضوری کرنا۔
**ست (بچنا) بچنیا** - (ہ-ا-مذ) ہاں میں ہاں ملانے والا خوشامدی۔ جی حضوری۔
**ست بھاؤ** - (ہ-ا-صف) ٹھیک برتاؤ۔صحیح روش۔صحیح رویّہ۔
**ست پُتر** - (ہ-صف) حقیقی بیٹا۔اپنے نُطفے کا بیٹا۔حلال کا بیٹا۔
**ست پر رہنا** - (ا-محاورہ) (۱) ایمان یا دھرم پر قائم رہنا (۲) عصمت کو برقرار رکھنا۔
**ست جُگ** - (۱) ہندوؤں کے نزدیک دنیا کے چار قرنوں میں سے پہلا قرن جس میں سچائی ہی سچائی تھی - سچا زمانہ۔ دیوتاؤں کا زمانہ۔ (۲) اُوپر کی ساتویں دُنیا۔ ملاءِ اعلیٰ۔
**ست چڑھنا** - (ا-محاورہ) (۱) ولولہ پیدا ہونا (۲) ستی ہونے کے لیے جوش میں بھر جانا (۳) پاک دامنی کا جذبہ غالب ہونا۔
**ست ڈگنا۔ست ڈولنا** - (ا-محاورہ) ایمان جانا۔ ایمان بگاڑنا۔دوسرا مذہب اختیار کرنا۔
**ست سیتا** - (ہ-صف) پارسا عورت۔ باعصمت عورت۔
**ست کرنا** - (ہ-محاورہ) (۱) پُورا کرنا (۲) سچا کرنا (۳) تصدیق کرنا۔
**ست کی (باندی) باندھی** - (۱) بات کی پکی (۲) ایمان پر قائم۔
**ستونتا** - (ہ-صف) (۱) سچا۔صادق - راست باز (۲) نیک۔ صالح۔ بھلا مانس۔ (۳) نیک چلن۔
**سَت ونتی** - (ہ-ا-مث) (۱) باعصمت۔نیک چلن (۲) بیوی منکوحہ۔
**ست** - (ہ-ا-مذ) (۱) طاقت۔قوت۔بل۔بوتا۔زور (۲) ہمت۔حوصلہ۔ (۳) رَس۔عَرق۔عِطر۔خلاصہ (۴) (اصطلاح علمِ کیمیا) جوہر۔ روح۔
**ست چھوڑ دینا** - (ا-محاورہ) ہمت ہار دینا۔حوصلہ پست ہوجانا۔
**ست ڈگنا** - (ا-محاورہ) ہمت ٹوٹنا۔حوصلہ نہ رہنا۔
**ست ڈولنا** - (ا-محاورہ) طاقت گھٹ جانا۔ زور کم ہو جانا۔
**ست نکالنا** - (ا-محاورہ) جوہر نکالنا۔روح کھینچنا۔
**ست نکل جانا** - (ا-محاورہ) (۱) طاقت نہ رہنا۔دم نہ رہنا (۲) تھک جانا - ہار جانا (۳) دولت نہ رہنا۔
**ست ہار دینا** - (ا-محاورہ) (۱) ہمت ہار دینا (۲) تھک جانا (۳) بُوڑھا ہو جانا۔
**ست ہی ست پر جان ہونا** - بہت کم زور ہونا۔
**سَت** - (ہ-صف) سات کا مخفف۔ ۷۔
**ست بیجھڑا** - رَلا مِلا - مِلا جُلا۔گڈ مڈ (۲) دوغلا - مخلوط النسل۔
**ست پُوتی** - سات بیٹوں کی ماں۔کثیرُ الاولاد۔
**ست خصمی** - جو عورت بہت سے شوہر کر چکی ہو (۲) گالی (۳) وہ جائداد جس پر کسی فرد کا قبضہ نہ ہو بلکہ بہت سے لوگ ملکیت کے دعوے دار ہوں۔
**ست لڑا۔ست لڑی** - (ہ-ا-صف) (۱) سات لڑی کا رسّہ یا رسّی۔ (۲) ایک زیور جس میں سات لڑیاں ہوتی ہیں۔



Marfat.com

**ست ماسا** - (ہ - ا - صف) (۱) وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہو (۲) وہ رسم جو پہلے حمل کے ساتویں مہینے کی جاتی ہے۔
**ست منزلہ** - (ا - مذ) سات منزل کا مکان - ست کھنڈا۔
**ست ناجا - ست نجا** - (ہ - ا - مذ) (۱) سات قسم کے ملے ہوئے اناج - سات قسم کا بھنا ہوا غلّہ (۲) ملاکر پکائے ہوئے سات اناج - (۳) (صف) گڈ مڈ (۴) دوغلا - مخلوط۔
**ست ہارا اور گیا** - (ا - مثل) جس نے ہمّت ہاردی وہ مارا گیا۔
**سُت** - (ہ - ا - مذ) لڑکا - بیٹا - پُوت۔
**سُتا** - (سُ - تا) (ہ - ا - مث) لڑکی - بیٹی (۲) جتن (ق)۔
**سَتّا** - (سَت - تا) (ہ - ا - مذ) (۱) تاش کا وہ پتّہ جس پر سات نشان ہوں۔ (۲) پاسے کے سات چِتّے (۳) پچیسی کی وہ سات کوڑیاں جو چت پڑیں۔
**سِتار** - (سِ - تار) (ف - ا - مذ) طنبورے کی قسم کا ایک باجہ (شروع میں اس میں صرف تین تار ہوتے تھے اس لیے ستار (سہ تار) کہلایا۔
**سِتار باز** - (ف - ا - مذ) ستار بجانے والا - ستاریا۔
**ستار چھیڑنا** - (ا - محاورہ) ستار کے تاروں سے آوازیں پیدا کرنا۔
**سَتّار** - (سَت - تار) (ع - صف) (۱) چھپانے والا - ڈھا پنے والا - پردہ پوش (۲) خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**ستّارِعیُوب** - (ع - ا - صف) عیبوں کو ڈھا نکنے والا (خداتعالیٰ)
**سِتارا - سِتارہ** - (سِ - تا - رَا) (سِ - تا - رَہ) (ف - ا - مذ) (۱) تارا اِن ساکن اور روشن کروں میں سے ایک کرہ جو رات کو آسمان پر چمکتے دکھائی دیتے ہیں - نجم - کوکب (۲) قسمت - نصیب - تقدیر - اقبال - (۳) چاندی وغیرہ کے وہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، جو جوتوں، ٹوپیوں اور چوڑیوں وغیرہ پر لگائے جاتے ہیں (۴) نجوم - راس - برج - (۵) ٹیکا - نشان - سفید دھبا جو گھوڑے کے ماتھے پر ہو (۶) ایک قسم کی آتش بازی (۷) بندوق کی ٹوپی کا گول سفید حِصّہ (۸) افشاں کے گول گول چمک دار ٹکڑے (۹) گلے کے ایک زیور (زنجیر) کے گول گول چمک دار ٹکڑے - جمع : ستارگان۔
**ستارہ اچھّا ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) خوش نصیب ہونا - مقدّر اچھا ہونا - اقبال مند ہونا (۲) خوشحالی اور کامیابی کا زمانہ ہونا۔
**ستارہ اَوج پر ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) اقبال مندی کا دَور ہونا (۲) کامیابی اور کامرانی حاصل ہونا۔
**ستارہ برگشتہ ہونا** - (ا - محاورہ) مقدّر کا خلاف ہونا - بدنصیبی کا زمانہ ہونا۔
**ستارہ بلند ہونا** - (ا - محاورہ) خوش نصیب ہونا - طالع مند ہونا - اقبال کا یاور ہونا۔
**ستارۂ پیشانی - ستارۂ جبیں** - (ف - صف) گھوڑا جس کے ماتھے پر ناخن کے برابر سفید ٹیکا یا دھبّا ہو۔ ایسا گھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
**ستارہ چمکنا** - (ا - محاورہ) (۱) دِن پھرنا - نصیبا جاگنا - قسمت اچھی ہونا۔
**ستارۂ دُمدار یا دنبالہ دار** - (ف - ا - مذ) وہ ستارہ جس کے پیچھے لمبی سی دُم ہوتی ہے۔
**ستارہ سازگار ہونا** - (ا - محاورہ) قسمت یاور ہونا۔

**ستارۂ سحری** - (ف - ا - مذ) صُبح کا ستارہ - دن نکلنے کی علامت۔
**ستارہ شناس** - (ف - ا - مذ) نجومی - اختر شناس۔
**ستارہ گردش میں ہونا** - (ا - محاورہ) اِدبار کا زمانہ ہونا - بُرے دِن ہونا - نحوست طاری ہونا۔
**ستارہ مِلنا** - (ا - محاورہ) (۱) دو شخصوں کی راسوں یا ستاروں کے خواص ایک ہونا (۲) طبیعتیں مِلنا، موافقت ہونا۔
**ستارے بھاری ہونا** - (ا - محاورہ) منحوس ستاروں کا اثر ہونا۔
**سُتاری - سُتالی** - (سُ - تا - ری) (سُ - تا - لی) (ہ - ا - مث) چمڑا چھیدنے کا آلہ جو کفش دوزوں کے پاس ہوتا ہے۔
**سِتاریا** - (سِ - تا - رِ - یا) (ہ - ا - مذ) ستار بجانے والا۔
**سَتّاسی** - (سَت - تا - سی) (ہ - صف) اسّی اور سات - ۸۷ -
**سِتان** - (سِ - تا ن) (ف - صف) (۱) لینے والا (۲) (ا - مذ) جگہ - موقع - مقام - مرکبات میں لاحقے کے طور پر آتا ہے - جیسے دِل ستاں - گلستان۔
**ستانا** - (سَ - تا - نا) (ہ - مص) (۱) تنگ کرنا - دِق کرنا (۲) تکلیف پہنچانا - دُکھ دینا - آزار دینا۔
**سَتّانوے** - (سَت - تان - وے) (ہ - صف) نوّے اور سات - ۹۷
**ستاور** - (سَ - تا - وَر) (ہ - ا - مث) ایک دوا کا نام جو قریبی لاتی ہے۔
**سَتّاون** - (سَت - تا - وَن) (ہ - صف) سات اُوپر پچاس - ۵۷ -
**ستائش** - (سِ - تا - اِش) (ف - ا - مث) تعریف - حمد و ثنا۔
**ستائش گر** - (ف - صف) تعریف کرنے والا - مدّاح۔
**سُتاؤ** - (سُ - تا - اُو) (ہ - ا - مذ) مانجھا سُوتنا۔
**سَتّائیس** - (سَت - تا - ئیس) (ہ - صف) سات اور بیس - بیس اور سات ۲۷
**سَتّتر** - (سَ - تَت - تَر) (ہ - صف) ستّر اور سات - ۷۷
**سُت جانا** - (سُت - جا - نا) (ہ - مص) دُبلا ہو جانا - سُوکھ جانا -
**سِتد** - (ف - ا - مث) لین - لینا۔
**سَتر** - (ع - ا - مذ) (۱) چھُپانا (۲) مرد یا عورت کا وہ مقام جس پر پردہ واجب ہے - شرم گاہ - پردے کی جگہ (۳) پردہ - اوٹ - حجاب۔
**ستر پوشی** - (ع - ف - ا - مث) ستر یا شرم گاہ چھپانا۔
**ستر دکھانا** - (ا - محاورہ) شرم گاہ کو بے پردہ کرنا۔
**سترِ عورت** - (۱) مرد یا عورت کے بدن کا وہ حِصّہ جس کا کھولنا معیوب ہے۔ (۲) اُس حِصّے کا چھُپانا جس کا دکھانا باعثِ شرم ہے۔
**سَتّر** - (سَت - تَر) (ہ - صف) (۱) سات دہائیاں - ستّر ۷۰ (۲) بہتیرے (عدد کثرت)۔
**ستّر دو بہتّر** - (ا - صف) بہت سارے - کثیر۔
**ستّر چوہے کھا کے بِلّی حج کو چلی** - (ا - مثل) اس شخص پر کہتے ہیں کہ جو ساری عمر گناہ کرنے کے بعد آخر میں توبہ کرے۔
**ستّر سنانا** - (ا - محاورہ) بہت بُرا بھلا کہنا - بہت گالیاں دینا۔
**ستّر کان بہتّر جھول** - (ا - مثل) خراب سِلے ہوئے کپڑے کی مذمّت میں کہتے ہیں۔
**سَتّر گز کی پگڑی اور سر ننگا** - (ا - مثل) امیر ہونے کے باوجود تنگی سے رہنا۔



Marfat.com

**ستراہبترا** - (سَت - را - بَ - ہَت - را) [ہ - صف] (۱) ستر بہتر سال کی عُمر والا - بہت بُڑھا جس کے حواس ٹھکانے نہ رہے ہوں۔

**سُترگ - سُتُرگ - بِسترگ** - (سَ - ترَگ) (سُ - ترُگ) (سِ - ترِگ) [ف - صف] بڑا - بزرگ - عظیم۔

**سترّواں** - (سَت - تَر - واں) [ہ - صف] ستر کا صفت عددی۔ ستر درجے کا۔ ستر نمبر کا۔

**سترّویں** - (سَت - تَر - ویں) [ہ - صف] ستر کی صفت عددی۔ ستر درجے کی۔ ستر نمبر کی۔

**سترہ** - (سَت - تَ - رہ) [ہ - ا] دس اور سات ۱۷۔

**سُترہ** - (سُت - رَہ) [ع - ا - مذ] لکڑی یا کوئی اور چیز (جو گز بھر سے کم اُونچی نہ ہو) جسے نمازی اپنے سامنے رکھ لیتے ہیں تاکہ گذرنے والا نماز ختم ہونے کا انتظار نہ کرے۔

**سترھواں** - (سَت - ترَھ - واں) [ہ - صف] سترہ نمبر کا۔

**سترھویں** - (سَت - ترَھ - ویں) [اُ - صف] (۱) سترہ نمبر کی (۲) ہندؤں میں میّت کی وہ رسم جو سترہ روز بعد کی جاتی ہے۔

**ستری** - (سَت - ری) [ہ - ا - مث] (صرّافے کی اصطلاح) دو روپے۔

**ستری بہتری** - (سَت - تَ - ری - بَ - ہَت - تَ - ری) [ہ - ا - مث] بہت بُوڑھی عورت جس کے حواس جواب دے چکے ہوں۔ جو ستر بہتر برس کی ہو چکی ہو۔

**ستری بہتری باتیں** - (ہ - ا - مث) بُڑھوں کی سی باتیں جن کے حواس جواب دے چکے ہوں۔ بے وقوفوں کی سی باتیں۔

**سُتل** - (س - ا - مذ) زمین کا تیسرا طبقہ۔

**سُتلی** - (سُت - لی) [ہ - ا - مث] (۱) سن کی باریک ڈوری (۲) (صرّافے کی اصطلاح) بیس روپے۔

**ستم** - (سِ - تَم) [ف - ا - مذ] (۱) ظُلم - زیادتی - جفا - جبر و تشدّد - آزار - ایذا (۲) [اُ] بے انصافی - ناحق - اندھیر (۳) غضب - قباحت۔

**ستم (اٹھانا) اُٹھنا** - (ا - محاورہ) ظُلم برداشت کرنا - سختی سہنا۔

**ستم ایجاد** - (ف - صف) (۱) ظُلم کی بنیاد ڈالنے والا - بڑا ظالم (۲) (کنایتاً) معشوق۔

**ستم برپا کرنا** - (ا - محاورہ) فساد مچانا - آفت لانا۔

**ستم پرور** - (ف - صف) (۱) ظالم - جفاکار (۲) بے انصاف۔

**ستم توڑنا** - (ا - محاورہ) بہت زیادہ ظلم یا سختی کرنا - ستانا - تکلیف دینا۔

**ستم ٹوٹنا** - (ا - محاورہ) ظلم یا سختی ہونا - تشدّد ہونا - مصیبت پڑنا۔

**ستم ٹوٹے** - (بد دُعا) آفت آئے - مصیبت میں گرفتار ہو۔

**ستم دیدہ - ستم رسیدہ - ستم زدہ - ستم کش** - (ف - صف) مظلوم - ستایا ہوا - جس پر ظلم کیا گیا ہو - دُکھیا۔

**ستم ڈھانا** - (ا - محاورہ) (۱) ظلم کرنا - زیادتی کرنا - تشدّد کرنا (۲) کوئی انوکھی بات یا حرکت کرنا۔

**ستم شعار** - (ف - صف) (۱) ظالم - جسے ظلم کرنے کی عادت ہو (۲) (کنایتاً) معشوق۔

**ستم ظریف** - (ف - صف) (۱) ہنسی ہنسی میں ستانے والا - ہنس ہنس کر ظُلم توڑنے والا (۲) ایسا ظریف جس کی باتوں یا حرکتوں میں شرارت بھی شامل ہو (۳) ظلم میں ہنسی کا پہلو رکھنے والا۔

**ستم ظریفی** - (ف - ا - مث) (۱) مذاق مذاق میں ظلم کرنا (۲) ظلم میں مذاق کا پہلو رکھنا۔

**ستم کرنا** - (۱) ظلم یا زیادتی کرنا (۲) افسوس ناک حرکت کرنا (۳) کوئی نئی عجیب یا انوکھی بات کرنا۔ کمال کرنا۔

**ستم کیش (گار - گر - گستر)** - جفاکار - تکلیف دینے والا - ستانے والا۔

**ستم گاری** - (ف - ا - مث) تشدّد - زیادتی - ظلم - ایذا دہی۔

**ستم ہونا** - (مص - مرکب) (۱) ظلم ہونا - سختی ہونا - غضب ہونا (۳) آفت نازل ہونا (۴) چالاک ہونا - کسی فن میں یکتا ہونا (۵) عجیب اور انوکھا ہونا۔

**ستمبر** - (سِ - تَم - بَر) [اُ - ا - مذ] (September) انگریزی سال کا نواں مہینہ۔

**سُتنا** - (سُت - تاں) [ہ - مص] (۱) دُبلا ہونا - پتلا پڑنا - سُوکھنا (۲) کھچنا (۳) بگڑنا - سمٹنا (۴) نوچا جانا - کھسوٹا جانا (۵) [ا - مذ] پاجامہ - ازار۔

**ستّو** - (سَت - تُو) [ہ - ا - مذ] بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔ عام طور پر بھنے ہوئے جَو کا آٹا۔

**ستّو باندھ کر پیچھے پڑنا** - (ا - محاورہ) سر ہو جانا - کام میں انتہائی توجہ سے لگ جانا۔

**ستّو کھا کر شکر کیا کرنا** - (ا - مثل) معمولی غذا یا خوراک کھا کے شکر کون کرے!

**ستّو گھولنا** - (ا - محاورہ) (۱) ستّو پانی میں گھولنا (۲) فضول اور بیہودہ باتیں کرنا۔

**سُتواں** - (سُت - واں) [ہ - صف] پتلی - نازک۔

**سُتواں ناک** - پتلی اور خوشنما ناک - کھڑی ناک۔

**سُتوانا** - (سُت - وا - نا) [ہ - مص] صاف کروانا - بچھڑوانا۔

**ستوانسا** - (سَت - واں - سا) [ہ - صف] (۱) وہ بچّہ جو حمل کے سات مہینے بعد پیدا ہوا ہو (۲) وہ رسم جو حمل کے ساتویں مہینے ادا کی جاتی ہے۔

**ستُودہ** - (سِ - تُو - دَہ) [ف - صف] تعریف کیا گیا - جس کی تعریف کی جائے - قابل تعریف۔

**ستُودہ صفات** - (ف - صف) جس میں قابل تعریف خوبیاں ہوں۔ اچھے اوصاف والا۔

**سُتُور** - (سُ - تُور) [ف - ا - مذ] چوپایہ - گھوڑا خچر وغیرہ۔

**ستُون** - (سُ - تُون) [ف - ا - مذ] (۱) کھمبا - کھم - تھم - لاٹھ - منار (۲) اہم رُکن۔

**ستُون ہونا** - (ا - محاورہ) کسی جماعت یا تحریک کا ذمہ دار رکن ہونا۔

**سِتّہ** - (سِت - تَہ) [ع - ا - مذ] (۱) چھ - ۶

**سِتّہ متناسبہ** - (ع - ا - مذ) ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں بار بار عمل جانا نہیں



Marfat.com

پڑتا۔ ایک ہی دفعہ پانچ معلوم مقداروں کے ذریعے نامعلوم مقدار دریافت کر لیتے ہیں۔

**سَتھان۔** (سَ۔ تھان) [ہ۔ ا۔ مذ] مکان۔ جگہ۔ مقام (۲) ٹھہرنے یا رہنے کی جگہ۔

**سُتھرا۔** (سُتھ۔ را) [ہ۔ صف] (۱) پاک صاف۔ پاکیزہ۔ اُجلا۔ بے داغ۔ (۲) نفیس۔ عُمدہ۔ اچھا (۳) (مذ) ایک قسم کے فقیر جو ڈنڈے بجا کر مانگتے ہیں۔

**سُتھرا شاہی۔** (ہ۔ ا۔ مث) ستھرا شاہ نامی فقیر کا چیلا (اس گروہ کا فقیر جو ڈنڈے بجا کر تک بندی کے ساتھ مانگتا پھرتا ہے)۔

**سُتھرانا۔** (سُتھ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھیلانا (۲) تتر بتر ہونا۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

**سُتھراؤ۔** (سُتھ۔ را۔ او) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) قتلِ عام۔ صفایا۔ لاشوں کے ڈھیر (۲) بہت سی عمارتوں کا گر پڑنا۔

**سُتھراؤ (کرنا) ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مُردوں کے ڈھیر لگا دینا یا لگنا۔ کشتوں کے پُشتے لگا دینا یا لگنا (۲) عمارتوں کو توڑ پھوڑ دینا، اینٹ سے اینٹ بجا دینا (بجنا)۔

**سُتھرائی۔** (سُتھ۔ را۔ اِی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) صفائی۔ اُجلاپن (۲) خوش نمائی۔ نفاست (۳) (ار) جھاڑو۔ بہارُو۔

**سُتھرائی پھیرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لُوٹ کرلے جانا (۲) جھاڑو دینا۔

**سُتھرائی دینا۔** جھاڑو دینا۔ جھاڑو بہارو دینا۔

**سُتھری۔** (ہ۔ صف) ستھرا کی تانیث۔ صاف۔ نکھری ہوئی۔ اُجلی۔ پاک۔

**سُتھن۔ سُتھنا۔ سُتھنی۔** (سُتھ۔ ھن) (سُتھ۔ نا) (سُتھ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مذ و مث] پاجامہ۔ اِزار۔ شلوار۔

**ستھیا۔ ستیا۔** (ستھ۔ یا) (سَت۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] آنکھوں کا حکیم۔

**سَتی۔** (سَ۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] ہندوؤں میں مردہ شوہر کے ساتھ عورت کے جل مَرنے کی رسم (۲) پاک دامن یا باعصمت عورت (۳) وہ عورت جو ستی ہوجائے۔

**ستی ست پر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مرنے کے قریب ہونا۔ جاں بلب ہونا (۲) کسی تکلیف کے باعث ہلاکت میں پڑنا۔

**سَتی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہندوؤں میں شوہر کی نعش پر عورت کا جل مرنا۔ (۲) جان دینا۔ جان قربان کرنا۔

**ستیا۔** (سَت۔ تیا) [ق] قوّت۔ طاقت۔

**ستیاناس۔** (سَت۔ ت۔ یا۔ ناس) [ہ۔ ا۔ مذ] تباہی۔ بربادی۔

**ستیاناس ہوجائے۔** (بددُعا) برباد ہوجائے۔ تباہ ہوجائے۔

**ستیاناس کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تباہ و برباد کرنا۔ اُجاڑنا (۲) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ خاک میں ملانا (۳) آوارہ یا بدچلن بنانا (۴) ڈھانا۔ گرانا۔

**ستیاناس ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تباہ ہونا۔ ست جانا (۲) کام بگڑنا۔ (۳) ڈھایا جانا۔

**ستیاناسی۔** (ست۔ ت۔ یا۔ ناسی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک خاردار درخت جس کے پھول کے اندر کے دانے خارش کے لیے مفید ہیں (۲) (صف) برباد کرنے والا۔ اُجاڑنے والا۔ (۳) بدچلن (۴) منحوس۔

**ستیاناسی کی جڑ۔** (ہ۔ ا۔ مث) بربادی کا سبب۔ تباہی کا ذریعہ۔

**ستیا۔** (ست۔ تیا) (س۔ ا۔ مذ) زور۔ بل۔ قوت۔ طاقت۔

**ستیہ۔** (س۔ صف) سچّا۔ صادق (۲) حقیقی۔ مخلص۔ دیانت دار۔ وفادار پارسا۔ تصدیق کیا ہوا۔ سچائی۔

**ستیہ آگرا (اگرہ)۔** (ہ۔ ا۔ مث) سچا عہد۔ حکومت کے خلاف پُرامن تحریک۔

**ستیانوے۔** (سَت۔ یا۔ نو) [ق] ستانوے۔

**ستیز۔ ستیزہ۔** (س۔ تیز) (س۔ تے۔ زہ) [ف۔ ا۔ مذ] لڑائی جھگڑا۔

**ستیزہ کار۔** (ف۔ صف) لڑنے والا۔ جنگی آدمی۔ جھگڑالو۔

## س ـــ ٹ

**سَٹ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سازش (۲) تدبیر۔ ڈھب (۳) ناجائز تعلق۔ آشنائی (۴) میل جول۔ آنٹ سانٹ۔

**سَٹ لڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سازش کرنا (۲) یارانہ کرنا۔ آشنائی کرنا۔

**سِٹ (سیٹ)۔** (Set) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) یکساں قسم کی چیزوں کا مقررہ مجموعہ۔

**سَٹّا۔** (سَٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) تحریری اقرار نامہ جس کی رُو سے زراعتی پیداوار میں شرکت قائم ہوتی ہے (۲) بیوپار کا سودا (۳) ایک قسم کا جوا۔ جس میں کسی بات کے متعلق حکم لگانے پر شرطیں کی جاتی ہیں۔

**سٹّا بٹّا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سازباز۔ سازش (۲) فریب۔ دغا۔ مکرو فن۔

**سٹّا بہی۔** (ہ۔ ا۔ مث) وہ بہی جس میں سٹّے لکھے جاتے ہیں۔

**سٹّے بٹّے لڑانا۔** (ا۔ محاورہ) سازش کرنا۔ سازشی کارروائی کرنا۔

**سٹّے باز۔** (۱) سٹّا کھیلنے والا (۲) چالاک۔ فریبی (۳) جھوٹا۔

**سٹّے بازی۔** (۱) سٹّے کا جوا کھیلنا (۲) چالاکی۔ فریب۔

**سِٹّا۔** (سِٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] بھُٹّا (جوار کا خوشہ)۔

**سٹابری۔** (Strawberry) دیکھیے اسٹابری۔

**سٹاپ پریس۔** (Stop Press) (س۔ ٹاپ۔ پ۔ ریس) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ خبریں جو اخبار چھپتے میں آخر وقت شامل کی جائیں۔

**سٹار۔** (Star) ستارہ۔ دیکھیے اسٹار۔

**سٹارٹ۔** (Start) دیکھیے اسٹارٹ۔

**سٹارچ۔** (Starch) (س۔ ٹارچ) (انگ۔ ا۔ مذ) نشاستہ۔ کلف۔ مادہ۔

**سٹاسٹ۔** (سَ۔ ٹا۔ سَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) لگاتار۔ پے در پے (۲) برابر کوڑے پڑنے کی آواز۔ قمچیاں مارنے کی آواز۔

**سٹاف۔** (Staff) (س۔ ٹاف) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) اہل کاروں کی جماعت یا عملہ (۲) افسروں کی فوجی جماعت جو صدر مقام پر اعلیٰ کمان کے ماتحت ہوتی ہے (۳) لاٹھی۔ ڈنڈا۔ عصا۔

**سٹاک۔** (Stock) (سَ۔ ٹاک) (انگ۔ ا۔ مذ) ذخیرہ۔ تجارتی مال کا



Marfat.com

ذخیرہ (۲) کچا تجارتی مال (۳) تجارتی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ۔

**سٹاک ایکسچینج۔** (Stock Exchange) (انگ۔ ا۔ مذ) حصص کی خرید و فروخت اور تجارتی لین دین کا ادارہ۔

**سٹاک بُک۔ سٹاک رجسٹر۔** (Stock Book) وہ رجسٹر جس میں مال کی تفصیل درج کرتے ہیں۔

**سٹاکسٹ۔** (Stockist) (س۔ ٹا۔ کِسٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) تھوک فروش۔ مال کا ذخیرہ رکھنے والا۔

**سٹال۔** (Stall) چھوٹی دکان۔ دیکھیے اسٹال۔

**سٹالی۔** (ق۔ ا۔ مث) سُستی۔ کاہلی۔

**سٹامپ۔** (Stamp) (س۔ ٹامپ) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) سرکاری مُہر (۲) ٹکٹ۔

**سٹانا۔** (س۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جوڑنا۔ چپکانا۔ ملانا۔ بھڑانا۔ سٹ کرنا۔ بٹھانا۔ جڑنا (۲) پھنکوانا۔ (ق)

**سٹائل۔** (Style) (انگ۔ ا۔ مذ) طرز۔ اسلوب۔ دیکھیے اسٹائل۔

**سٹپٹاتے پھرنا۔** (ا۔ مص) گھبرائے گھبرائے پھرنا۔ حیران و سرگردان پھرنا۔

**سٹپٹانا۔** (سَٹ۔ پَ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔ گھبرانا۔ حواس باختہ ہونا۔

**سٹپل۔** (Stipple) دیکھیے اسٹپل۔

**سٹرائک۔** (Strike) (سَٹ۔ را۔ اِک) (انگ۔ ا۔ مث) احتجاج کے طور پر کسی ادارے کے کارکنوں یا مزدوروں کا کام بند کر دینا۔ دکانیں بند کر دینا۔ ہڑتال۔

**سٹرپٹر۔** (س۔ ڑَ۔ پَ۔ ٹر) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹے موٹے کام۔ معمولی معمولی باتیں (۲) بکھیڑا۔ اُلجھیڑا۔

**سٹرپٹر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگے رہنا (۲) بیکار پھرنا۔

**سٹرلنگ۔** (Sterling) پونڈ۔ دیکھیے اسٹرلنگ۔

**سٹریٹ۔** (Street) سڑک۔ دیکھیے اسٹریٹ۔

**سٹریچر۔** (Stretcher) (سِٹ۔ رے۔ چَر) (انگ۔ ا۔ مذ) بیمار ڈولی۔ وہ تختہ جس پر لٹا کر بیمار کو کہیں لے جاتے ہیں۔

**سٹ سٹ۔** (سَٹ۔ سَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) کوڑے یا چھپیاں پڑنے کی آواز (۲) جلد جلد۔

**سٹک۔** (Stick) (سَ۔ ٹِک) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) چھڑی (۲) ہاکی۔ کھیلنے کا ڈنڈا جس کا نچلا سرا مڑا ہوتا ہے۔

**سٹک۔** (سَ۔ ٹک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹا حقہ پیچوان (۲) چھریرے بدن کی عورت (۳) بید۔ چھڑ۔ پتلی چھڑی (۴) پتلا سانپ۔

**سٹکا۔** (سَٹ۔ کا) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی بندوق جو گلے میں لٹکاتے ہیں۔

**سٹکانا۔** (سَٹ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چھپا کر غائب کر دینا (۲) مارنا (۳) ناامید کرنا۔

**سٹک جانا۔** (سَ۔ ٹک۔ جانا) (ہ۔ مص) کھسک جانا۔ موقع پا کر نکل جانا۔

**سٹکنا۔** (س۔ ٹک۔ نا) (ہ۔ مص) چپکے سے چلا جانا۔ کھسک جانا۔

**سٹکنی۔** (سَ۔ ٹک۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) دروازے کی بلی۔ چٹخنی۔

**سٹلّو۔** (سَ۔ ٹل۔ لو) (واؤ مجہول) (ہ۔ صف) (۱) احمق عورت۔ پھوہڑ عورت (۲) (سٹلّو واؤ معروف کے ساتھ) بے ہودہ مرد۔ فضول آدمی۔

**سٹلی۔** (س۔ ٹل۔ لی) (ہ۔ صف) ڈِٹّی۔ بیہودہ۔ بدتمیز۔

**سٹنا۔** (سَٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سازش کرنا۔ مل جانا (۲) جُڑ جانا۔ چپک جانا۔ (۳) چھوڑنا۔ پھینکنا۔ (ق)

**سٹنٹ۔** (Stunt) عیاری۔ دھوکا (۲) وہ کام جس میں اپنا کمال دکھانا مقصود ہو۔

**سٹنہار۔** (س۔ ٹن۔ ہار) (ق۔ ا۔ مذ) ڈالنے والا۔

**سٹو۔** (Stove) چولہا۔

**سٹوڈینٹ۔** (Student) طالب علم۔

**سٹوڈیو۔** (Studio) دیکھیے اسٹوڈیو۔

**سٹور۔** (Store) گودام۔ دیکھیے اسٹور۔

**سٹوری۔** (Story) کہانی۔

**سٹول۔** (Stool) (سَ۔ ٹول) (انگ۔ ا۔ مذ) تپائی۔

**سٹھ۔** (ہ۔ صف) (۱) ساٹھ کا مخفف (۲) جاہل۔ بے وقوف۔

**سٹھ جانا۔ سٹھیانا۔ سٹھیا جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بوڑھاپے کی وجہ سے حواس باختہ ہو جانا (۲) عقل جاتی رہنا۔

**سٹھانی۔** (س۔ ٹھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) سیٹھ کی بیوی۔

**سٹھنی۔** (پ۔ ا۔ مث) وہ گالیاں جو بیاہ شادی کے موقع پر سمدھیوں کو دی جاتی ہیں۔

**سٹھورا۔** (سَ۔ ٹھو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) سونٹھ اور میوے کا میٹھا مرکب جو زچہ کو طاقت کے لیے دیا جاتا ہے۔

**سٹھی۔** (سَ۔ ٹھی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کے موٹے لال رنگ کے چاول۔

**سٹھیانا۔** (سٹھ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) بڑھاپے کے باعث عقل جاتی رہنا۔

**سٹی۔** (سَٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گھوڑوں کی منڈی (۲) مارکیٹ۔ منڈی۔ بازار۔ پینٹھ۔

**سٹی۔** (City) (س۔ ٹی) (انگ۔ ا۔ مذ) شہر۔

**سِٹّی۔** (سِٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) سُدھ۔ ہوش۔ عقل۔ حواس۔ اوسان۔

**سٹی بھولنا، گُم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گھبرانا۔ بوکھلانا۔ سٹپٹانا۔ حواس باختہ ہونا۔

**سٹیا۔** (سِٹ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) (حقارتاً یا طعنے سے) بیٹی۔ بیٹا۔

**سٹی بجانا۔** (ق۔ ف) بہتان لگانا۔

**سٹیتھوسکوپ۔** (Stethoscope) (س۔ ٹے۔ تھو۔ س۔ کوپ) ڈاکٹروں کا وہ آلہ جس سے وہ مریض کے سینے وغیرہ کا معائنہ کرتے ہیں۔

**سٹیٹ۔** (State) (انگ۔ ا۔ مث) ریاست۔ مملکت۔

**سٹیج۔** (Stage) چبوترہ۔ دیکھیے اسٹیج۔

**سٹیچو۔** (Statue) مجسمہ۔ دیکھیے اسٹیچو۔

**سٹیڈیم۔** (Stadium) دیکھیے اسٹیڈیم۔



Marfat.com

سٹیل۔ (Steel) فولاد۔ لوہا۔
سٹیم۔ (Steam) بھاپ۔
سٹیم انجن۔ (Steam Engine) بھاپ سے چلنے والا انجن۔
سٹیم بوٹ۔ (Steam Boat) بھاپ سے چلنے والی کشتی۔
سٹیمر۔ (Steamer) دُخانی جہاز۔
سٹینڈرڈ۔ (Standard) (سَ۔ ٹین۔ ڈَرڈ) (انگ۔صف) (۱) مستند۔ مانا ہُوا (۲) معیار۔ درجہ۔
سٹینسل۔ (Stencil) (انگ۔ا۔ مذ) ایک قسم کا مسالہ لگا ہوا کاغذ جس پر لوہے کے قلم سے لکھا جاتا ہے تو حروف اُبھر آتے ہیں اس کاغذ کو مشین پر چڑھا کر چھپائی کی جاتی ہے۔
سٹینوگرافر۔ (Stenographer) (س۔ٹے۔ نوگ۔ را۔ فر) (انگ۔ا۔ مذ) مختصر نویس۔

# س۔۔۔ج

سج۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) آرائش۔ زیب وزینت۔ خوب صورتی۔ سجاوٹ۔ سنگھار۔ (۲) انداز۔ روش۔ شکل۔ وضع۔
سج دھج۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) شان وشوکت۔ آن بان۔ نمود ونمائش (۲) بناؤ سنگھار زیبائش وآرائش (۳) صورت شکل۔ وضع قطع۔ رنگ روپ۔
سجا۔ (سَج۔ جا) (ہ۔صف) (۱) سیدھا۔ دایاں۔ داہنا (۲) سیدھا ہاتھ۔
سجات۔ (ق۔ صف) نیک ذات۔
سجّاد۔ (ع۔صف) سجدہ کرنے والا۔ پرستش کرنے والا۔
سجّادہ۔ (سَج۔جا۔ دَہ) (ع۔ا۔ مذ) (۱) مُصلّیٰ۔ جا نماز (۲) پیر یا بزرگ کی گدی۔ جمع : سجادگان۔
سجادہ نشین۔ (ع۔ ف۔صف) کسی بُزرگ یا پیر فقیر کا جانشین۔
سجادہ نشین ہونا۔ (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ یا پیر کی گدی پر بیٹھنا۔ خلیفہ کا منصب ملنا۔
سجا سجایا۔ (سَ۔جا۔ سَ۔جا۔ یا) (ہ۔صف) آراستہ پیراستہ۔
سِجاف۔ (سِ۔ جاف) (ع۔ا۔ مث) دیکھیے سَنجاف۔ چوڑی پٹی۔
سُجان۔ (سُ۔ جان) (ہ۔صف) (۱) عالم۔ واقف کار (۲) دانا۔ دانش مند۔ (۳) ہوشیار۔ عیّار۔ آٹھوں گانٹھ کمیت۔
سجانا۔ (سَ۔جا۔ نا) (ہ۔معں) (۱) آراستہ کرنا۔ ترتیب سے لگانا (۲) سنگھار کرانا۔
سُجانا۔ (سُ۔جا۔نا) (ہ۔معں) (۱) ورم کر دینا (۲) پُھلا دینا۔ سُوجنا۔
سجانی۔ (ق۔صف) سمجھ دار۔ فہیم۔
سجاوٹ۔ (سَ۔جا۔ وَٹ) (ہ۔ا۔ مث) (۱) آراستگی۔ آرائش۔ زیبائش۔ بناؤ سنگھار۔ زیب وزینت (۲) سج دھج۔
سجدہ۔ (سَج۔ دَہ) (ع۔ا۔ مذ) پیشانی زمین پر ٹیکنا۔ سر جُھکانا۔ خدا کے آگے سر جُھکانا۔ نماز کا ایک رُکن جس میں ہاتھ، ناک، گھٹنیاں، گھٹنے اور اُنگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔
سجدۂ سہو۔ (ع۔ا۔ مذ) وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہو جانے پر کیے جاتے ہیں۔
سجدۂ شکر۔ (ع۔ا۔ مذ) وہ سجدہ جو خدا کے حضور کسی بات کے شکرانے کے لیے کیا جائے۔
سجدۂ شکر بجا لانا۔ (ا۔ محاورہ) خدا کے حضور میں شکر کا سجدہ ادا کرنا۔
سجدہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) ماتھا زمین پر ٹیکنا۔ سر جُھکانا۔ ڈنڈوت کرنا۔
سجدہ گاہ۔ (ع۔ا۔ مث) (۱) سجدہ کرنے کی جگہ (۲) خاکِ شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گزار۔ (ع۔ ف۔ صف) سجدہ کرنے والا۔ عبادت گزار۔
سُجریا۔ (ق۔ا۔ مث) بچھونا۔
سَجع۔ (سَ۔جع) (ع۔ا۔ مذ) (۱) خوش الحان پرندوں کی چہچہاہٹ (۲) دو فقروں کے آخر الفاظ کا ہم قافیہ ہونا (۳) ایسا موزوں فقرہ یا مصرعہ جس کے کچھ ظاہری معنے بھی ہوں اور اس میں کسی شخص کا نام بھی آجائے۔ جیسے "محمد کالے" کے نام کا سجع ہے۔ "ہر دم نام محمد کا لے"۔ جمع : اسجاع۔
سجع متوازن۔ دو لفظوں کے وزن اور اعداد حروف میں موافقت مگر روی میں مخالفت جیسے آفاق وآباد۔ مطلب وربط۔
سجع متوازی۔ دو لفظوں کے حروف روی وزن اور اعداد حروف میں موافقت جیسے وطن وچمن۔ بہار ونگار۔
سجع مطرّف۔ دو لفظوں کے حرف روی میں موافقت، مگر اعداد ووزن میں مخالفت۔ جیسے اظہار وبہار۔ عنوان وجان۔
سِجل۔ (سِ۔جِل) (ہ۔صف) عمدہ۔ نفیس۔ صاف (۲) شرعی حکم نامہ (۳) دستاویز۔ رجسٹری (۴) قاضی کی مُہر۔
سجن۔ (سَ۔جَن) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) معزز۔ نیک۔ بھلا مانس۔ اچھا (۲) خاوند۔ شوہر (۳) دوست۔ رفیق (۴) معشوق۔ دل بر۔
سجن سکارے جائیں گے اور نین مریں گے رو۔ بدھنا ایسی رین کر بھور کبھی نہ ہو { (ہ۔ مثل) صبح خاوند (محبوب) نے چلا جانا ہے۔ خدایا اس رات کو اتنا لمبا کردے کہ اس کا دن ہی نہ چڑھے۔
سِجن۔ (ع۔ا۔ مذ) قید خانہ۔ جیل خانہ۔
سجنا۔ (سج۔ نا) (ہ۔معں) (۱) زیب دینا۔ موزوں ہونا (۲) بننا۔ سنورنا۔ سنگھار کرنا (۳) تیار ہونا (۴) اے سجن۔
سجنجل۔ (سَ۔جَن۔جَل) (ع۔ا۔ مذ) (۱) آئینہ (۲) عینک (۳) پگھلا ہوا سونا چاندی (۴) زعفران (۵) (صف) خالص۔ صاف۔
سجنی۔ (سَ۔ جَ۔ نی) (ہ۔ا۔ مث) (۱) سکھی۔ سہیلی۔ ہیلی (۲) معشوقہ۔ پیاری۔
سجود۔ (سُ۔جُود) (ع۔ا۔ مذ) (۱) سجدہ کی جمع۔ سجدے۔
سُجھانا۔ (سُ۔ جھا۔ نا) (ہ۔معں) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ دکھانا۔ بتانا۔
سُجھائی دینا۔ (سُ۔جھا۔ای ۔ دے۔نا) (ہ۔معں) نظر آنا۔ معلوم ہونا (۲) خیال میں آنا۔
سجی۔ (سج۔جی) (ہ۔ا۔ مث) ایک قسم کے کھار کا نام جو کپڑے دھونے کے



Marfat.com

کام آتا ہے۔

**سجیلا** - (سَ - جی - لا) (ہ - صف) (۱) بنا ٹھنا - چھیلا - بانکا - خوش وضع (۲) آراستہ و پیراستہ - سجا سجایا۔

**سجّین** - (سِج - جِین) (ع - ا - مذ) دوزخ کی ایک گھاٹی۔

## س — چ

**سچ** - (ہ - صف) (۱) صحیح - درست - حق - ٹھیک - راست - واقعی - حقیقتاً (۲) ہاں (۳) (ا - مث) صداقت - سچائی۔

**سچ بات کڑوی لگتی ہے** - (ا - مثل) حق بات کہنا اکثر لوگوں کو ناگوار گزرتا ہے۔

**سچ بولنا آدمی لڑائی مول لینا ہے** - (ا - مثل) سچی بات لوگوں کو پسند نہیں آتی۔

**سچ پوچھو (پوچھیے)** - (ا - متعلق فعل) حقیقت میں - واقعی۔

**سچ سچ** - جس میں ذرہ برابر جھوٹ نہ ہو - ٹھیک ٹھیک - راست راست۔

**سچ کا زمانہ نہیں** - (ا - مقولہ) آج کل سچی بات سننے کو کوئی تیار نہیں - جھوٹ کا دور دورہ ہے۔

**سچ کہنا اور سکھی رہنا** - (ا - مثل) سچ بول کر انسان کو سکون ملتا ہے۔

**سچ کہے سو مارا جائے** - (ا - مثل) سچی بات کہنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

**سچ مچ** - (ا - متعلق فعل) واقعی - فی الحقیقت - دراصل۔

**سچ ہے** - (ا - محاورہ) بے شک - بجا ہے - درست ہے۔

**سچ ہے حرامزادے کی رسّی دراز ہے** - (ا - مثل) بُرا آدمی مدت تک مزے اڑاتا ہے اور دیر تک زندہ رہتا ہے۔

**سچا** - (سَچ - چا) (ہ - صف) (۱) سچ بولنے والا - راست گو (۲) راست باز - نیک کردار (۳) درست - ٹھیک (۴) کھرا - اصل - خالص - بے کھوٹ۔

**سچا بیوہار** - (ہ - ا - مذ) (۱) سچا کاروبار (۲) صحیح معاملہ - کھرا حساب کتاب۔

**سچاپن** - (ا - مذ) (۱) راست بازی - دیانت داری (۲) راست گوئی (۳) وفاداری۔

**سچا جائے روتا آئے، جھوٹا جائے ہنستا آئے** - (ا - مثل) سچا آدمی اپنا نقصان کر لیتا ہے - جھوٹے اپنا کام بنا لیتے ہیں۔

**سچا جوڑا** - (ا - مذ) کھرے کام کا جوڑا - جوتے یا کپڑوں یا چوڑیوں کا ایسا جوڑا جس میں سچے تار ستارے اور مقیش وغیرہ لگا ہو۔

**سچا موتی** - (ا - مذ) اصلی موتی۔

**سچا ہاتھ** - (ا - مذ) لین دین یا معاملے کا کھرا پن - دیانت داری۔

**سچے مرگئے جھوٹوں کو تپ بھی نہیں آئی** - (ا - مثل) دنیا میں سچوں کو ہی نقصان پہنچتا ہے - جھوٹ بولنے والوں کو نہیں پہنچتا۔

**سچائی** - (سَ - چا - ای) (ہ - ا - مث) (۱) صداقت (۲) راستی - دیانت داری - ایمان داری۔

**سچکنا** - (ہ - مص) غور و فکر کرنا - گھبرانا (۲) حیران ہونا۔

**سچّل** - (ہ - صف) اصلی - ٹھیک - درست۔

**سچلا** - (ق - صف) سچا - حقیقی۔

**سچیت** - (سُ - چیت) (ہ - صف) (۱) ماہر - خبردار (۲) متوجہ (۳) پُرامن - قانع (۴) محتاط۔

**سچیتی** - (سُ - چے - تی) (ہ - ا - مث) (۱) ہوشیاری - عقلمندی (۲) دھیان (۳) احتیاط۔

**سچی** - (سَچ - چی) (ہ - صف) (۱) راست باز - صادقہ (۲) کھری - بے میل۔

**سچی تول** - پوری تول۔

**سچیں مچیں** - (ق) سچ مچ۔

## س — ح

**سحاب** - (سَ - حاب) (ع - ا - مذ) (۱) بادل - ابر - گھٹا (۲) (اضافیت کی اصطلاح) ستاروں کا دھندلا گچھا - (Galaxy) دھند - سدیم۔

**سحر** - (سَ - حَر) (ع - ا - مث) صبح - فجر - تڑکا۔

**سحر پکڑنا** - (ا - محاورہ) صبح تک زندہ رہنا (۲) صبح کرنا۔

**سحر خیز** - (ع - ف - صف) صبح سویرے اٹھنے والا - صبح اٹھنے کا عادی۔

**سحر گاہ** - (ع - ا - مث) صبح سویرے - علی الصبح۔

**سحر گاہی** - (ع - ف - ا - مث) صبح کے وقت کی۔

**سحر گہی - سحری** - (۱) صبح کے وقت کی (۲) رمضان کے مہینے میں رات کے پچھلے پہر کا کھانا جو دن میں روزہ رکھنے کی نیت سے کھاتے ہیں۔

**سحر ہو جانا** - (ا - محاورہ) (۱) صبح ہو جانا (۲) خاتمہ ہو جانا - ترکی تمام ہو جانا۔

**سحر** - (ع - ا - مذ) جادو - ٹونا - افسوں - طلسم۔

**سحر آگیں** - (ف - صف) جادو بھرا یا جادو بھری۔

**سحر آمیز** - (ف - صف) وہ کام جو مسحور کرے - مرغوب۔

**سحر بیان** - (ف - صف) جادو بیان - خوش بیان - جس کی تقریر پُر تاثیر ہو۔

**سحر بیانی** - (ف - ا - مث) جادو بیانی - خوش بیانی - مؤثر تقریر کرنا۔

**سحر جگانا** - (ا - محاورہ) جادو کی مشق کرنا۔

**سحر چل جانا (چلنا)** - (ا - محاورہ) جادو چلنا - اثر ہونا۔

**سحر حلال** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) فصیح اشعار (۲) شعر گوئی (۳) اہلی شیرازی کی مشہور مثنوی کا نام۔

**سحر زدہ** - (ع - ف - صف) جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو۔

**سحر سامری** - (ع - ا - مذ) سامری کا جادو جس نے حضرت موسیٰ کے زمانے میں سونے کے بچھڑے میں گویائی پیدا کی تھی۔

**سحر سنج** - (ف - صف) جسے جادو کا تجربہ ہو۔

**سحر طراز** - (ف - صف) جادو کرنے والا - مسحور کر لینے والا۔

**سحر طرازی** - (ف - ا - مث) مسحور کرنا - جادو سا کر دینا۔

**سحور** - (سُ - حُور) (ع - ا - مث) سحری - سحر گہی۔



Marfat.com

# س خ

**سخا - سخاوت** - (سَ - خا) (سَ - خا - وَت) (ع - ا - مث) فیض منی - بخشش - خیرات -

**سخت** - (ف - صف) (۱) کڑا جو نرم نہ ہو - ٹھوس - نا ملائم (۲) کرخت - درشت (۳) سنگین - بھاری (۴) مضبوط - پکا (۵) دشوار - کٹھن - مشکل (۶) اکھڑ - بدمزاج (۷) بے رحم - سنگ دل (۸) نہایت - بہت زیادہ (۹) تیز - کڑی - (۱۰) تند - شدید (قبض) -

**سخت بات** - (ا - مث) کڑی بات - ناگوار بات -

**سخت جان** - (ف - صف) (۱) بے رحم - سنگ دل (۲) وہ شخص جس کی جان مشکل سے نکلے (۳) بے حیائی سے زندہ رہنے والا (۴) جفاکش - محنتی -

**سخت جانی** - (ف - ا - مث) (۱) جان مشکل سے نکلنا (۲) جفاکشی -

**سخت دن** - (ف - ا - مذ) مصیبت کے دن - پریشانی کا زمانہ -

**سخت دن آنا** - (ا - محاورہ) مصیبت یا ادبار کا زمانہ آنا -

**سخت زمین** - (ف - صف) (۱) پتھریلی زمین (۲) (شعراء کی اصطلاح) مشکل ردیف قافیہ -

**سخت سُست کہنا** - (ا - محاورہ) بُرا بھلا کہنا - سختی سے پیش آنا - لعن طعن کرنا - لعنت ملامت کرنا -

**سخت کلامی یا گوئی** - (ف - ا - مث) (۱) کڑے لہجے میں بات چیت (۲) بدزبانی -

**سخت گھڑیاں** - (ف - ا - مث) مصیبت کا زمانہ - نحوست یا بدبختی کا دور -

**سخت گیر** - (ف - صف) (۱) جو معمولی معمولی باتوں کو پکڑ کرے (۲) جو چھوٹی سی غلطی پر بھی سزا دے -

**سخت گیری** - (ف - ا - مث) ذرا ذرا سی بات کی پکڑ - بات بات پر سزا -

**سخت لگام** - (ا - صف) مُنہ زور - سرکش (گھوڑا) -

**سخت مزاج** - (ف - صف) تُند مزاج - غصیلا -

**سخت مشکل** - (ف - ا - مث) بڑی تکلیف - بڑی مصیبت -

**سخت مشکل (پڑنا) ہونا** - بڑی دُشواری پیش آنا - نہایت دقت ہونا -

**سخت ناگوار گزرنا (ہونا)** - (ا - محاورہ) بہت بُرا معلوم ہونا -

**سختانا** - (سَخ - تا - نا) (اُ - مص) (۱) سخت پڑنا (۲) (کیمیائی اصطلاح) مادّے کا نرمی ختم ہو کر ٹھوس بننا -

**سختی** - (سَخ - تی) (ف - ا - مث) (۱) کڑاپن - کرختگی - نرمی نہ ہونا - دُرشتی (۲) مضبوطی - پائداری (۳) دُشواری - دقت (۴) بے رحمی - سنگ دلی (۵) بدمزاجی - اکھڑپن (۶) ظلم - زیادتی - تشدد - سخت گیری (۷) تندی - تیزی - (۸) تنبیہہ - ڈانٹ ڈپٹ (۹) افلاس - تہی دستی - تنگی (۱۰) ادبار - نحوست (۱۱) مصیبت - دُکھ -

**سختیٔ ایّام** - (ا - صف) دنوں کی گردش - مصیبت کے دن -

**سختی سے پیش آنا** - (ا - محاورہ) بے رحمی کا برتاؤ کرنا - بدسلوکی کرنا -

**سختی سے دن گزرنا** - تکلیف اور بدحالی میں زندگی بسر کرنا -

**سختی کرنا** - (ا - محاورہ) ستانا - ظلم کرنا - زیادتی کرنا - تنگ کرنا -

**سختی کی گرہ** - (ا - محاورہ) بُرا وقت - بُرے دن -

**سختیاں کھینچنا** - (ا - محاورہ) تکلیفیں اُٹھانا - مصیبتیں جھیلنا -

**سُخن - سَخُن** - (سُ - خن) (سَ - خُن) (ف - ا - مذ) (۱) بات - گفتگو - کلام (۲) قول - عہد (۳) شعر (۴) مقولہ (۵) اعتراض -

**سُخن آرا** - (ف - صف) شیریں زبان - فصیح - سخنور -

**سخن انہیں پر ڈالیے جو ہنس ہنس راکھیں مان** - (ا - مثل) انہیں سے مانگنا چاہیئے جو ہنسی خوشی دینا جانتے ہوں -

**سُخن پرداز** - (ف - صف) شاعر - ادیب - مقرر -

**سخن پرور** - (۱) بات کی پچ کرنے والا (۲) عمدہ گفتگو کرنے والا - شاعر - مصنف -

**سُخن پروری** - (ف - ا - مث) بات کی پچ - ضد - ہٹ دھرمی -

**سخن چیں** - (ف - صف) (۱) چغل خور - اِدھر کی اُدھر کرنے والا (۲) عیب جو بُرائیاں ڈھونڈنے والا -

**سُخن چینی** - (ف - ا - مث) (۱) چغلی (۲) عیب نکالنا -

**سُخن دان - سخن سرا - سخن سنج - سخن ور** - (ف - صف) (۱) شاعر - شعر کہنے والا (۲) زبان دان (۳) خوش گفتار -

**سُخن درمیان میں لانا** - (ا - محاورہ) گفتگو کے درمیان کچھ اور کہنا -

**سُخن دراین است** - (ف - مثل) اس پر اعتراض ہے - یہ بات ماننے میں تامل ہے - اس میں شبہ ہے -

**سخن دینا** - (ا - محاورہ) قول دینا - اقرار کرنا -

**سخن ڈالنا** - (ا - محاورہ) (۱) مانگنا (۲) سوال کرنا - پُوچھنا -

**سخن ساز** - (ف - صف) (۱) شاعر (۲) خوش بیان (۳) چرب زبان - باتیں بنانے والا - فریبی - مکار -

**سخن سازی** - (ف - ا - مث) (۱) شاعری (۲) چرب زبانی - دنیا سازی - مکاری (۳) خوش بیانی -

**سخن شناس** - (ف - صف) (۱) بات کی تہ کو پہنچنے والا (۲) قدر دانِ سخن -

**سخن شناس نۂ دلبرا خطا اینجاست** - (ف - مثل) اے محبوب غلطی تو یہ ہے کہ تو سخن شناس نہیں - جب کوئی شخص کسی کے کلام پر اپنی غلط فہمی کی وجہ سے اعتراض کرے تو اس وقت کہتے ہیں -

**سخن طراز** - (ف - صف) (۱) شاعر (۲) فصیح البیان -

**سخن طرازی** - (ف - ا - مث) (۱) شاعری (۲) فصیح تقریر کرنا -

**سخن فہم** - (ف - صف) (۱) بات سمجھنے والا - تیز فہم (۲) عاقل - دانا (۳) شاعر -

**سخن فہمی** - (ف - ا - مث) (۱) بات کا مطلب سمجھنا (۲) شعر کا صحیح مطلب سمجھنا -

**سخن فہمیٔ عالم بالا معلوم شد** - (ف - مقولہ) قابلیت کے دعوے کے باوجود بات کا مطلب نہ سمجھنا -

**سخن کا پورا** - (ف - ا - صف) بات کا دھنی - قول کا پکا - مستقل مزاج -

**سخن کوتاہ** - (ف) القصہ - مختصراً -

**سخن گستر** - (ف - صف) (۱) شاعر - خوش گفتار - خوش بیان -

**سخن گسترانہ** - (ف - صف) شاعرانہ - بھیڑ پھاڑ کی بات - معترضانہ -



Marfat.com

**سخن گو** ۔ (ف۔صف) شعر کہنے والا۔ شاعر۔ خوش بیان۔
**سخن گوئی** ۔ (ف۔ا۔مث) شاعری۔
**سخن گوئی مشکل نہیں، سخن فہمی مشکل ہے** ۔ (ا۔مثل) شعر کہنا مشکل نہیں مگر شعر کو سمجھنا مشکل ہے۔
**سخن ور** ۔ (ف۔ا۔مذ) فصیح و بلیغ (۲) شاعر (۳) مقرر (۴) عالم۔
**سخن وری۔ سخن دانی** ۔ (ف۔صف) (۱) شاعری (۲) فصاحت و بلاغت۔
**سخی** ۔ (سَ۔خی) (ع۔صف) (۱) فیاض۔ مخیر۔ کریم۔ دریا دل۔ فراخ حوصلہ (۲) دوسروں کے ساتھ سلوک کرنے والا۔ کریم النفس۔
**سخی داتا** ۔ (ا۔صف) بہت فیاض۔
**سخی دے اور شرمائے۔ بادل برسے اور گرمائے** ۔ (ا۔مثل) سخاوت کرنے والا دے کر احسان نہیں جتاتا اور بادل برستا ہے اور گرجتا بھی جاتا ہے۔
**سخی شوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں** ۔ (ا۔مثل) سخی کے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہ سال بھر کے اندر اندر اوروں کو بانٹ دیتا ہے شوم جوڑ جوڑ کر رکھتا ہے مگر اس کا مال بھی نہیں بچتا۔
**سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب** ۔ (ا۔مثل) انتظار میں رکھنے سے انکار کر دینا بہتر ہے۔
**سخی کا بیڑا پار** ۔ (مثل) (۱) سخاوت کرنے والے کی مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں (۲) سخی کی عاقبت سدھر جاتی ہے۔
**سخی کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا** ۔ (ا۔مقولہ) سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے۔
**سخی کا سر بلند، موذی کی گور تنگ** ۔ (ا۔مقولہ) فیاض کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے اور موذی ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
**سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا** ۔ (ا۔مثل) سخی سب کو دیتا ہے۔
**سخی کے مال پر پڑے، شوم کی جان پر** ۔ (ا۔مثل) سخاوت کرنے والے پر بلا آتی ہے تو مالی نقصان پر ٹل جاتی ہے، مگر کنجوس کی جان لے کر ٹلتی ہے۔
**سخیف** ۔ (سَ۔خِیف) (ع۔صف) (۱) کم فہم (۲) بے ہودہ۔

## س ــــ د

**سد** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) اوٹ۔ دیوار۔ پردہ۔ روک۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ (۲) ممانعت۔ روکنا۔
**سدِ باب** ۔ (ع۔ا۔مذ) قطعاً روک دینا۔ قطعی ممانعت۔
**سدِ راہ ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) روک بننا۔ حائل ہونا۔ مزاحم ہونا۔ مانع آنا۔
**سدِ رمق** ۔ (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) تھوڑی سی۔ قلیل سی (۲) جان بچانا (۳) آخری وقت (۴) اتنا کھانا کہ زندگی قائم رہ سکے۔
**سدِ رومیں۔ سدِ سکندر۔ سدِ یاجوج** ۔ (ع۔ا۔مث) کانسی کی وہ دیوار جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ سکندر بادشاہ نے چینی تاتار اور چین کے درمیان بنائی تھی۔

**سَدا** ۔ (سَ۔دا) (س۔ہ۔تابع فعل) (۱) ہمیشہ۔ دائم۔ مدام۔ ہر وقت۔ لگاتار۔ مسلسل۔
**سدا برت (ورت)** ۔ (ہ۔ا۔مذ) لنگر۔ اناج یا روٹیوں کی روزانہ خیرات۔
**سدا بہار** ۔ (ہ۔صف) (۱) ہمیشہ بہار پر یا سرسبز رہنے والا (۲) وہ پھول جو بارہ مہینے کھلتا رہے۔
**سدا پھل** ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ درخت جس میں ہمیشہ پھل آئیں۔ ہر سال برابر پھل لانے والا درخت (۲) ایک روائتی پھل جس کے کھا لینے سے عمر طویل ہو جاتی ہے۔
**سدا جوبن نہیں رہتا** ۔ (ا۔مقولہ) حسن اور عروج ہمیشہ نہیں رہتے۔
**سدا دن ایک سے نہیں رہتے** ۔ (ا۔مثل) زمانہ بدلتا رہتا ہے۔ کبھی دکھ کبھی سکھ۔
**سدا دور دورہ یہ رہتا نہیں }**
**گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں }** (ا۔مثل) موقع ملنے پر فائدہ اٹھانا چاہیئے۔
**سدا رہے نام اللہ کا** ۔ (ا۔مثل) دنیا کی تمام چیزیں فنا ہو جانے والی ہیں۔ صرف اللہ کی ذات ہی ہمیشہ رہنے والی ہے۔
**سدا سہاگ۔ سدا سہاگن** ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی چڑیا (۲) درویشوں کا ایک فرقہ جو عورتوں کی طرح رنگین کپڑے اور چوڑیاں پہنتا ہے (۳) بیسوا۔ قحبہ (۴) وہ عورت جس کا شوہر ہمیشہ اس کے پاس رہے (۵) ایک قسم کا پھول۔
**سدا کا روگی** ۔ (ہ۔ا۔مذ) وہ جو ہمیشہ بیمار رہتا ہو۔ دائم المرض۔
**سدا کسی کی نہیں رہی** ۔ (ا۔مثل) ہر شخص کے حالات میں تبدیلی ضرور ہوتی ہے۔ زمانہ ہمیشہ موافق نہیں رہا کرتا۔
**سدا کے دکھیا بختاور نام** ۔ (ا۔مثل) (۱) ظاہر میں حالت اچھی مگر اصل میں خراب (۲) ناموزوں نام۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔
**سدا گلاب** ۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سرخ گلاب جو بارہ مہینے کھلتا ہے۔
**سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں** ۔ (ا۔مثل) دھوکا یا فریب ہر بار کامیاب نہیں ہوا کرتا۔

**سداب** ۔ (سَ۔داب) (ع۔ا۔مذ) اسپند۔ کالا دانہ۔
**سُدّاں** ۔ (سُد۔داں) (ہ) ساتھ۔ سمیت۔ ہمراہ۔
**سِدرَہ** ۔ (سِد۔رَہ) (ع۔ا۔مث) بیری کا درخت۔
**سِدرۃُ المنتہیٰ** ۔ (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کے عقیدے میں بیری کا وہ درخت جو ساتویں آسمان پر ہے اور جس سے آگے کوئی نہیں جا سکتا۔ حضرت جبرئیلؑ کا مقام۔
**سدرہ نشین** ۔ (ع۔صف) حضرت جبرئیلؑ۔
**سُدس۔ سُدُس** ۔ (سُد۔س) (سُ۔دُس) (ع۔صف) چھٹا حصہ۔ ⅙۔
**سُدّرا** ۔ (ق۔صف) خوب صورت۔ سُندر۔
**سُدَ منا** ۔ (ق۔مص) خبردار ہونا۔ چوکس ہونا۔
**سُدَ ھنا** ۔ (ق۔صف) خوش وضع۔ اچھی وضع قطع کا۔
**سُدَ ھنگ** ۔ (ق۔صف) خوش شکل۔ خوش وضع (۲) سیدھا۔
**سِدھ** ۔ (س۔ا۔مذ) (۱) چلّہ وغیرہ سے۔ کامل۔ مکمل (۲) پختہ کار۔ ماہر (۳) تیار



Marfat.com

کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ آراستہ۔ سجا ہوا (۴) عالم فاضل (۵) ولی۔ عابد۔ عارف۔ بھگت۔ دھرماتما۔ سادھو (۶) گناہ سے پاک۔ صحیح۔ تندرست (۷) قانونی۔ شرعی (۸) غیب داں۔ سیانا۔ ساحر (۹) تعالیٰ اللہ (۱۰) تابع۔ جادو کے زور سے قابو کیا ہوا (۱۱) کامیاب (۱۲) نورانی۔ چمک دار (۱۳) اعجازی۔ کرامتی۔

**سدھ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پورا کرنا۔ انجام تک پہنچانا (۲) جادو کے زور سے قابو کرنا (۳) پاک کرنا (۴) جنیاوڈالنا (۵) کامیابی حاصل کرنا۔

**سُدھ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) حافظہ۔ یادداشت (۲) خبر۔ آگاہی۔ علم۔ واقفیت۔ (۳) سمجھ۔ عقل۔ خیال (۵) چوکس رہنا (۶) توجہ۔ غور (۷) غور و فکر (۸) لحاظ۔ پروا۔ فکر (۹) حواس (۱۰) (صفت) سڈول۔ موزوں۔ (۱۱) خالص۔ پاک۔

**سُدھ بُدھ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) عقل و شعور۔ ہوش و آگاہی۔ حواس (۲) خبرگیری۔ خبر۔

**سُدھ بُدھ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خیال رکھنا۔ خبرگیری کرنا (۲) یاد رکھنا۔ ذہن میں رکھنا۔

**سُدھ بُدھ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) خبرگیری کرنا۔ چوکسی کرنا۔

**سُدھ بُدھ نہ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خبر نہ رہنا (۲) ہوش نہ رہنا (۳) خیال نہ رہنا۔ توجہ نہ رہنا۔

**سُدھ بِسرنا (بھُولنا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے ہوش ہو جانا (۲) عقل زائل کرنا۔ (۳) بدحواس ہو جانا۔

**سُدھ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خبر یا دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا (۲) یاد رکھنا۔

**سُدھ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خبر لینا (۲) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔

**سُدھ نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خیال نہ ہونا۔ دھیان نہ ہونا۔

**سُدرَہ**۔ (سُد۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے (۲) ڈیوڑھی۔ دہلیز۔

**سِدھارنا**۔ (س۔ دھار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جانا۔ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا (۲) مر جانا۔

**سِدھا**۔ (ہ۔ صف) مانوس کیا گیا۔ تربیت دیا گیا۔

**سِدھا سِدھایا**۔ (ہ۔ صف) درست کیا ہوا۔ مانوس کیا ہوا۔ تربیت یافتہ۔

**سُدھارنا**۔ (سُ۔ دھار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سنوارنا۔ درست کرنا۔ اصلاح کرنا۔ عیب یا خرابی دُور کرنا (۲) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔

**سُدھار**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) اصلاح۔ دُرستی۔ بہتری۔

**سِدھارو**۔ (ہ) (۱) رخصت ہو! (۲) چلو آگے جاؤ! (بے تکلفی، طنز یا نفرت سے کہتے ہیں۔

**سِدھانا**۔ (س۔ دھا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سکھانا۔ تربیت دینا (۲) جانور کو مانوس کرنا۔ کسی رستے پہ ڈالنا (۳) رخصت ہونا۔

**سُدھرنا**۔ (سُ۔ دھر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ صحیح ہونا۔ اصلاح پانا (۲) رستے پر آنا۔ سیدھا ہو جانا۔

**سَدھنا**۔ (سَدھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تربیت پانا (۲) جانور کا مانوس ہونا۔

**سُدھنا**۔ (سُدھ۔ نا) (ہ۔ مص) صاف ہونا۔ میل دُور ہونا۔

**سِدھوانا**۔ (سِدھ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) درست کرانا (۲) جانور کو مانوس کرانا۔

**سَدھ ہار**۔ (ق) ہوش باختہ۔

**سِدھی**۔ (سِدھ۔ دھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تکمیل (۲) مکمل صفائی (۳) کامیابی۔

**سُدھی**۔ (سُدھ۔ دھی) (ہ۔ ا۔ مث) یادداشت۔ حافظہ۔

**سُدی**۔ (سُ۔ دی) (س۔ ا۔ مث) (۱) اترتے چاند کا وقت۔ قمری مہینے کا دوسرا حصّہ۔ تاریک حصّہ۔ چاند کے مہینے کا دوسرا پندرواڑہ۔

**سُدیش**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک ہی ملک کا۔ ایک ہی جگہ کا۔ ایک وطن۔

**سُدیشی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) دیسی۔ ملکی۔ اپنے ملک کا۔

## س ـــــ ڈ

**سُڈَول**۔ (سُ۔ ڈَول) (ہ۔ صف) خوش وضع۔ خوب صورت۔ خوش نما۔ متناسب۔ زیبا۔ موزوں۔

**سُڈھال**۔ (سُ۔ ڈھال) (ہ۔ صف) خوبصورت۔ خوش وضع۔

**سڈھور۔ سڈھورا**۔ (سَ۔ ڈھور) (سَ۔ ڈھو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) سات طرح کا پکوان جو دلہن کے پہلے حمل کے ساتویں مہینے پر اس کے میکے سے آتا ہے۔ اس کے ساتھ جو ترکاریاں ہوتی ہیں۔ اُن سے دُلہن کی گود بھری جاتی ہے۔

## س ـــــ ر

**سَر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سر۔ کھوپڑی (۲) کسی چیز کا اوپر کا حصّہ۔ چوٹی (۳) ابتداء۔ (۴) فکر۔ خیال (۵) زور۔ قوّت (۶) سردار (۷) خلاصہ۔ (۸) خواہش۔ ارادہ (۹) کنارہ (۱۰) عنوان (۱۱) عشق (۱۲) دماغ (۱۳) برابر بالکل۔ (ق)

**سرآغاز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) عبارت کی پیشانی۔ عنوان۔

**سرآمد**۔ (ف۔ صف) (۱) برگزیدہ۔ برتر (۲) حاکم۔ سردار۔

**سراجلاس**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بھری کچہری میں۔ حاکم کے رُو برُو۔

**سَرافراز (فراز)**۔ (ف۔ صف) معزز۔ عالی مرتبہ۔

**سرافگندہ**۔ (ف۔ صف) (۱) سر نیچے کیے یا جھکائے ہوئے (۲) پریشان۔ (۳) شرمندہ۔

**سرانجام**۔ (ف۔ صف) (۱) انتظام۔ بندوبست (۲) تکمیل (۳) نتیجہ۔ خاتمہ۔ اختتام۔

**سرانگشت**۔ (ف۔ ا۔ مذ) اُنگلی کا سرا۔ اُنگلی کا اُوپر کا حصّہ۔

**سربار**۔ (ا) (دفتری اصطلاح) (۱) وہ رقم جو قابلِ محصول چیزوں کا حساب پیش نہ کرنے پر بطور جرمانہ وصول کی جائے (۲) جرمانہ (۳) گٹھڑی جو بوجھ کے اوپر رکھی جائے۔

**سرباز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جان پر کھیلنے والا۔ بہادر (۲) جنگ کرنے والا۔



Marfat.com

**سر بازار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بازار میں ۔ شاہ راہِ عام پر ۔ منظرِ عام پر (۲) سب کے سامنے ۔ علانیہ ۔
**سر بازی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بہادری ۔ شجاعت ۔ جان پر کھیلنا ۔
**سر بالیں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سرہانے ۔
**سر بام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کوٹھے یا بالا خانے پر ۔ لبِ بام ۔
**سر برآوردہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بڑا بزرگ ۔ معزز ۔ نمایاں (۲) سردار افسر
**سر براہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) منتظم ۔ مہتمم ۔ جمع : سربراہان ۔
**سر براہی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اہتمام ۔ انتظام ۔
**سر برہنہ** ۔ (ف ۔ صف) ننگے سر ۔
**سر بُریدہ** ۔ (ف ۔ صف) سر کٹا ہوا ۔
**سر بزانو** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سر زانو پر رکھے ہوئے ۔ سوچ میں ۔ متفکر ۔ نادم ۔ شرمندہ ۔
**سر بستہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) ملفوف (۲) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔
**سر بسر** ۔ (ف) (۱) سراسر ۔ اس سرے سے اس سرے تک ۔ کل ۔ تمام ۔ یکساں ۔ برابر ۔
**سر بہ صحرا** ۔ (ف ۔ صف) دیوانہ وار ۔ وحشیانہ ۔
**سر بہ فلک** ۔ (ف ۔ صف) بہت اُونچا یا اُونچی ۔
**سر بکف** ۔ (ف ۔ صف) سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے ۔ جان دینے پر آمادہ ۔
**سر بگریباں** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سوچ بچار کی حالت میں (۲) نادم ۔ شرمندہ ۔
**سر بلند** ۔ (ف ۔ صف) (۱) معزز ۔ عالی مرتبہ ۔ ممتاز ۔ سرافراز ۔
**سر بلندی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) عزت ۔ امتیازی شان ۔ اعزاز ۔
**سر بمُہر** ۔ (ف ۔ صف) بند کر کے مُہر لگایا ہوا ۔ جسے سیل کر دیا گیا ہو (۲) بند ۔ مُہر کیا ہوا ۔
**سر بمُہر پیش نہاد** ۔ (ف ۔ مقولہ) (دفتری اصطلاح) ٹھیکیدار کا تخمینہ جو سر بند لفافے میں ہو ۔ (Sealed Tender)
**سر بند** ۔ (ف ۔ صف) (۱) مُنہ بند ۔ پیک کیا ہوا ۔ ڈھکنا بند کیا ہوا ۔ مُنہ سیا ہوا (۲) کوچہ بند (۳) وہ پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۴) راز کی واقفیت (۵) پگڑی ۔
**سر بہ جیب** ۔ (ف ۔ صف) (۱) سر جُھکائے ہوئے ۔ سوچ میں (۲) افسردگی کی حالت میں ۔
**سر پاؤ** ۔ (ق) (۱) سراپا (۲) خلعت ۔ لباس ۔
**سر پرست** ۔ (ف ۔ صف) مُربّی ۔ مددگار ۔
**سر پرستی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) امداد ۔ حمایت ۔
**سر پستاں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) چھاتی کی گھنڈی ۔ چھاتی کا منہ ۔ چوچی ۔
**سر پوش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں (۲) ڈھکنا ۔ چپنی ۔
**سر پھوڑی** ۔ (ف ۔ صف) دردِ سر ۔ فضول محنت ۔
**سر پیچ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پگڑی (۲) پگڑی کے اوپر کا چھوٹا سا کپڑا (۳) ایک قسم کا زیور جو پگڑی پر باندھتے ہیں ۔
**سر تابی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) سرکشی ۔ نافرمانی ۔ حکم عدولی ۔ بغاوت ۔
**سر تا پا** ۔ (ف) سر سے پاؤں تک ۔ اوّل سے آخر تک ۔

**سر تاج** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آقا ۔ مالک (۲) خاوند ۔ شوہر ۔
**سر تا سر** ۔ (ف) ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ سارے کا سارا ۔ پورا ۔ تمام ۔
**سر تا قدم** ۔ (ف) سر سے پاؤں تک ۔ پورے کا پورا ۔
**سر تسلیم خم کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حکم ماننا ۔ راضی برضا ہونا ۔
**سر چشمہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سوتا ۔ منبع ۔ پانی کے نکلنے کی جگہ ۔
**سر چنگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ہاتھ کی ضرب جو پوری قوت سے ماری جائے ۔
**سر حد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) حدِ فاصل ۔ کنارا ۔ انتہا ۔
**سر خط** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) قبالہ ۔ بیع نامہ (۲) کرایہ نامہ (۳) وہ کاغذ جس پر ملازمت کی تاریخ اور یادداشت لکھتے ہیں ۔
**سر خوش** ۔ (ف ۔ صف) (۱) خوش حال ۔ مسرور ۔ مگن (۲) شراب سے مست ۔
**سر خوشی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) خوش حالی ۔ مسرت کی کیفیت (۲) شراب کا سرور ۔
**سر خیل** ۔ (ف ۔ صف) سرگروہ ۔ سرغنہ ۔ افسر ۔ سردار ۔
**سردار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سرگروہ ۔ سرغنہ ۔ افسر ۔
**سرداری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) افسری ۔ حکومت ۔
**سرداری کا ڈنڈا اٹکا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) بڑے عہدے پر رہنے کے بعد چھوٹا عہدہ قبول نہ کرنے والے پر طنز ۔
**سر دربار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دربار میں ۔ کھُلّم کھُلّا ۔
**سر درکنار** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) چپ ۔ خاموش ۔
**سر در گریباں** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) دیکھیے سر بگریباں ۔
**سر در ہوا** ۔ (ا ۔ مثل) مغرور ۔ متکبر ۔
**سر دست** ۔ (ف ۔ متعلق فعل) (۱) ابھی ۔ اس وقت ۔ فی الحال ۔ بالفعل (۲) فوراً ۔
**سر دفتر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) دفتر کا افسر ۔ ہیڈ کلرک ۔ میر منشی ۔
**سر راہ (راہے)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) راہ میں ۔ سڑک پر ۔ راستے میں ۔
**سر رشتہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تدبیر ۔ چارۂ کار (۲) معاملہ ۔ مطلب ۔ مقصود (۳) محکمہ ۔ ڈیپارٹمنٹ ۔ دفتر ۔ کچہری (۴) دستور ۔ رواج ۔
**سر رشتہ دار** ۔ (ف ۔ صف) میر منشی ۔ ہیڈ کلرک ۔
**سر رشتہ داری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) میر منشی کا عہدہ ۔
**سر رشتۂ مال** ۔ (ف ۔ صف) زمین کا محصول وصول کرنے والا محکمہ ۔
**سر رگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ رگ جس کی فصد کھولنے سے سر اور چہرے کا خون نکلتا ہے ۔
**سرزد ہونا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) واقع ہونا ۔ صادر ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ (۲) عمل میں آنا ۔
**سر زمین** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) خطّہ ۔ ملک (۲) زمین کی سطح ۔
**سرزنش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ملامت ۔ بُرا بھلا کہنا ۔
**سرزنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) سر مارنا ۔ کوشش کرنا ۔
**سرزور** ۔ (ف ۔ صف) سرکش ۔ نافرمان ۔ باغی ۔ ہٹیلا ۔
**سرزوری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) سرکشی ۔ بغاوت ۔



Marfat.com

**سرسام**۔ ایک بیماری جس میں سر میں ورم ہو جاتا ہے۔
**سرسبز**۔ (ف۔ صف) (۱) تروتازہ۔ ہرابھرا۔ شاداب (۲) خوش حال۔ خوش و خرّم (۳) کامیاب۔ فتح مند۔
**سرسبز ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تروتازہ ہونا (۲) خوش و خرّم ہونا۔ خوش حال ہونا۔
**سرشار**۔ (۱) چھلکتا ہوا۔ لبریز۔ لبالب (۲) نشے میں چُور۔ فسانۂ "آزاد" کے مصنف پنڈت رتن ناتھ کا تخلّص۔
**سرِشام**۔ (ف۔ متعلق فعل) شام ہوتے وقت۔ سُورج چھپتے وقت۔
**سرعسکر**۔ (ف۔ا۔ مذ) فیلڈ مارشل۔ کمانڈر انچیف۔
**سرغزل**۔ (ف۔ا۔ صف) دیوان کی بہترین غزل (۲) غزل کا مطلع۔
**سرغنہ**۔ (ف۔ صف) سرگروہ۔ سردار۔
**سر فدا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جان قربان کرنا۔
**سرفراز**۔ (ف۔ صف) ممتاز۔ سربلند۔ معزز۔
**سرفراز کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) عزت افزائی کرنا۔ درجہ بڑھانا۔
**سرفرازی**۔ (ف۔ا۔ مث) بلند مرتبے کی (۲) ازالہ بکر۔
**سرفروش**۔ (ف۔ا۔ مذ) جان باز۔ دلیر۔
**سرفروشی**۔ (ف۔ا۔ مث) جان بازی۔ دلیری۔
**سر قلم کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن مارنا۔
**سرکردگی**۔ (ف۔ا۔ مث) سرداری۔ قیادت۔
**سرکردہ**۔ (ف۔ صف) (۱) ممتاز۔ معزز۔ نمایاں (۲) حاکم یا افسر۔
**سر کرنا (ہونا)**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فتح کرنا۔ جیتنا (۲) زبردستی دینا (۳) چوٹی یا سر گوندھنا (۴) فیر کرنا۔ بندوق چلانا یا داغنا (۵) مکمل کرنا (۶) (گنجفے یا تاش میں) بڑا پتہ ڈال کر پتے اُٹھانا۔
**سرکش**۔ (ف۔ صف) (۱) نافرمان (۲) باغی (۳) مغرور (۴) بے وفا۔
**سرکشی**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) نافرمانی (۲) بغاوت (۳) بے وفائی۔
**سرکوبی**۔ (ف۔ا۔ مث) سر کچلنا۔ سزا دینا۔
**سرکوہ**۔ (ف۔ا۔ مذ) پہاڑ کی چوٹی۔ قلہ کوہ۔
**سرگذشت**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) ماجرا۔ واردات۔ کیفیت (۲) حال۔ احوال۔ قصّہ۔ داستان۔ حکایت (۳) سوانح عمری۔ تذکرہ۔
**سرگراں**۔ (ف۔ صف) (۱) خفا۔ ناراض۔ برہم۔ کھچا ہوا (۲) جو نشے کے خمار میں ہو۔
**سرگرانی**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) خفگی۔ ناراضگی۔ برہمی۔ کشیدگی۔ رنجیدگی (۲) خمار۔ دردِ سر (۳) افسردگی۔
**سرگرداں**۔ (ف۔ صف) (۱) حیران و پریشان (۲) آوارہ۔
**سرگردانی**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) حیرانی و پریشانی (۲) آوارگی (۳) دقت (۴) تشویش۔ فکر۔ مخمصہ۔
**سرگرم**۔ (ف۔ صف) (۱) مستعد (۲) پُرجوش (۳) محنتی۔ کوشش کرنے والا۔
**سرگرمی**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ محنت (۲) مستعدی۔
**سرگروہ**۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) سردار۔ سرخیل (۲) سرغنہ۔
**سر گریباں میں ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ پریشان ہونا۔

**سرگزار**۔ (ف۔ صف) جانباز۔ جان دینے والا۔
**سرگشتگی**۔ (ف۔ا۔ مث) (۱) حیرانی۔ پریشانی (۲) مصیبت۔ آفت۔ نحوست۔ بلا۔
**سرگشتہ**۔ (ف۔ا۔ مذ) حیران۔ پریشان (۲) آوارہ۔ بھٹکا ہوا۔ بہکا ہوا۔
**سرگوشی**۔ (ف۔ا۔ مث) کاناپھوسی۔ کان میں بات کہنا (۲) چغلی۔ غیبت۔
**سرلشکر**۔ (ف۔ا۔ مذ) جرنیل۔ امیر
**سرلوح**۔ (ف۔ا۔ مذ) نقش و نگار جو کتاب کے پہلے صفحے پر بسم اللہ کی جگہ بنائے جاتے ہیں۔
**سرِ محفل**۔ (ف۔ا۔ مذ) مجلس کے رُوبرُو۔ سب کے سامنے۔
**سرمست**۔ (ف۔ صف) متوالا۔ مدہوش۔ نشے میں چُور۔
**سرمغزی**۔ (ف۔ا۔ مث) بک بک۔ مغززنی۔
**سرمو**۔ (ف۔ا۔ مذ) بال کی نوک کے برابر۔ ذرا سا۔ رائی برابر۔
**سرمنزل**۔ (ف۔ا۔ صف) ٹھہرنے کی جگہ۔ سرائے۔
**سرِ میدان**۔ (ف۔ا۔ صف) لڑائی میں۔ مقابلے میں۔ کھُلم کھُلا۔
**سرنام**۔ (ف۔ صف) (۱) مشہور۔ نامور (۲) ممتاز۔
**سرنام کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔
**سرنامہ**۔ (ف۔ا۔ مذ) (۱) خط کی پیشانی۔ لیٹر پیڈ (۲) مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھا جائے۔
**سرنگوں**۔ (ف۔ صف) (۱) سر کے بل۔ اوندھا (۲) شرمندہ۔ خجل۔
**سرِنو**۔ (ف۔ متعلق فعل) دوبارہ۔ نئے سرے سے۔
**سرنوشت**۔ (ف۔ا۔ مث) تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھا۔ مقسوم۔ تقدیر۔ نصیب۔ بھاگ۔
**سرو پا**۔ (ف۔ متعلق فعل) (۱) سر سے پاؤں تک (۲) خلعت۔
**سرو پا کی خبر نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے ہوش ہونا۔ بدحواس ہونا۔
**سرِورق**۔ (ف۔ا۔ مذ) کتاب کا پہلا ورق۔ ٹائیٹل پیج۔
**سروساماں**۔ (ف۔ا۔ مذ) ضروری اسباب۔ لوازمات۔
**سروکار**۔ (ف۔ا۔ مذ) واسطہ۔ تعلق (۲) غرض۔ مطلب (۳) رجحان۔ جھکاؤ۔ خواہش۔ میل۔
**سروکار نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تعلق یا واسطہ نہ ہونا۔
**سرہنگ**۔ (ف۔ا۔ مذ) فوج کا سردار (۲) سپاہی۔ پہلوان۔
**سر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فتح ہونا (۲) دخنا۔ فیر ہونا (۳) مکمل ہونا۔ (۴) شروع ہونا۔
**سَر**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) تاش یا گنجفے کا پتہ جو کھیلا جائے (۲) وہ تین یا چار پتے جو جیتنے والا لے جائے (۳) مرتبے میں بڑا پتہ مثلاً اکا۔ بادشاہ وغیرہ۔ (۴) چشمہ۔ تالاب۔ حوض۔ جھیل (۵) نارک خدنگ (۶) پانی۔ آب۔ جل (۷) سرکنڈہ۔ نرسل۔
**سر بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) پتے جیت کرلے جانا۔
**سر پھینکنا**۔ (ا۔ محاورہ) تاش یا گنجفے کا پتہ پھینکنا۔
**سَر**۔ (Sir) (انگ۔ا۔ مذ) (۱) بڑوں سے خطاب کرنے کے لیے) جناب۔ جناب والا (۲) انگلستان کے اُمرا کا لقب (۳) سرکار انگریزی کا



Marfat.com

ایک خطاب۔

**سر۔ سَر** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سر۔ سیس۔ کھوپڑی۔ چوٹی (۲) ذمّہ (۳) مالک۔ آقا۔ سردار (۴) ابتدا۔ شروع۔

**سر آبننا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) الزام آنا (۲) مصیبت یا آفت آنا۔

**سر آنا** ۔ (۱) بھوت پریت کا اثر ہونا (۲) سر کٹ کر آنا۔

**سر آنکھوں (پر) سے** ۔ (ا۔ متعلق فعل) دل و جان سے۔ بڑی خوشی سے (رضامندی یا اتفاق رائے ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں)۔

**سر آنکھوں پر (بٹھانا) لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت عزّت اور تکریم کرنا۔ خوب آؤ بھگت کرنا۔

**سر اُتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن اڑانا۔

**سر اُتروانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر کٹوانا۔ گردن کٹوانا۔

**سر اُٹھا کر چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اِترانا۔

**سر اُٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر اُوپر یا اُونچا کرنا (۲) شور کرنا۔ غل کرنا (۳) سر کو ہٹانا۔ گردن سرکانا (۴) سرکشی یا بغاوت کرنا۔ فساد یا شرانگیزی کرنا (۵) اترانا۔ غرور کرنا۔ اکڑنا (۶) ضد یا ہٹ کرنا (۷) مقابل ہونا۔ برابری کرنا (۸) مُہلت پانا۔

**سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بالکل فرصت نہ ملنا۔ بنہایت عدیم الفرصت ہونا۔

**سر اُٹھانے نہ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذرا بھی فرصت نہ دینا (۲) بہت شرمندہ کرنا۔

**سر (اُڑانا) اُڑا دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر کاٹ ڈالنا۔ گردن کاٹ دینا۔

**سر اُلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر اُٹھانا۔ سر اُونچا کرنا۔

**سر الگ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سر کاٹ ڈالنا۔ سر کو جسم سے جُدا کر دینا۔

**سر اُونچا کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عزّت بخشنا۔ سُرخ رو کرنا۔ وقار بڑھانا۔

**سر باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (پٹّا بازی کی اصطلاح) سر کا نشانہ باندھنا (۲) سر کے بالوں میں موباف ڈالنا۔ سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا۔

**سر براہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) منتظم۔ انتظام کرنے والا۔

**سر بڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا** ۔ (ا۔ مثل) بڑے یا عقل مند آدمی کا سر بڑا ہوتا ہے اور جاہل کے پاؤں۔

**سر بھاری ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) نزلے یا زکام کی وجہ سے سر بوجھل معلوم ہونا۔ درد سر ہونا۔ سر گھومنا۔

**سر بیچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جان کو ہلاکت میں ڈالنا (۲) فوج میں بھرتی ہونا۔

**سر بیگار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام ذمّے ہونا۔

**سر پاؤں** ۔ (ا۔ مذ) سر و پیر (۱) ابتدا انتہا (۲) اَتہ پتہ۔ ٹھکانا۔

**سر پاؤں (سر پیر) نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آغاز اور انجام کا پتہ نہ چلنا۔ مہمل ہونا۔

**سر پٹک کے مر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر ٹکرا کے جان دے دینا (۲) انتہائی کوشش کے باوجود کامیابی نہ ہونا۔

**سر پٹکتے رہ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے نتیجہ کوشش کرنا۔

**سر پٹخنا۔ سر پٹکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر دے دے مارنا۔ سر پھوڑنا (۲) جھلانا۔ گھبرانا۔ جھنجھلانا (۳) بہت کوشش کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۴) منّت سماجت کرنا (۵) بہت زیادہ سوچ بچار یا غور و فکر کرنا (۶) تلاش یا تجسّس کرنا (۷) بہت افسوس کرنا۔

**سر پر** ۔ (ا۔ متعلق فعل) (۱) بہت قریب۔ بے حد نزدیک (۲) ذمّے (۳) سر کے اُوپر

**سر پر آ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذمّے پڑنا (۲) وارد ہونا۔

**سر پر آ پہنچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت قریب آ جانا (۲) نزدیک یا سامنے ہی ہونا۔

**سر پر آ چڑھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آ موجود ہونا۔ سر پر سوار ہو جانا (۲) مقابلے کو کھڑے ہو جانا (۳) پیچھے پڑ جانا۔

**سر پر (آرا) آرے چلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہلاکت میں پڑنا۔ جان پر بننا (۲) ناقابلِ برداشت تکلیف میں مبتلا ہونا۔

**سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی مدار** ۔ (مثل) سخت تکلیف اُٹھائی پھر بھی اپنی ہٹ پر قائم رہے۔

**سر پر آفت آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سخت مصیبت آنا۔

**سر پر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قریب آنا (۲) کسی جن بھوت پریت کا سایہ ہونا۔

**سر پر آنکھیں نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے عقل یا بے وقوف ہونا۔

**سر پر اُٹھا کر لے جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) مرکر ساتھ لے جانا (۲) سر پر رکھ کر لے جانا۔

**سر پر (اُٹھانا) اُٹھا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شور کرنا۔ غل مچانا (۲) شرارت یا فتنہ انگیزی کرنا (۳) تعظیم و تکریم کرنا۔

**سر پر (اجل) قضا کھیلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) موت قریب ہونا (۲) شامت آنا۔ نحوست یا بدبختی آنا۔

**سر پر احسان (دھرنا۔ رکھنا) کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھلائی کرنا۔ احسان مند بنانا۔

**سر پر بال ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مجال ہونا۔ سہنے کی طاقت ہونا۔

**سر پر بٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت تعظیم و تکریم سے بٹھانا۔

**سر پر بننا** ۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت نازل ہونا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔

**سر پر بوجھ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کا ممنونِ احسان ہونا (۲) ذمّہ داری پڑنا (۳) فکر مند ہونا۔

**سر پر بولنا** ۔ (۱) سانپ کے کاٹے ہوئے مدہوش آدمی کا منتر سے زور سے باتیں کرنا (۲) بھوت پریت کا انسان کے جسم میں حلول کر کے بولنا۔

**سر پر بھوت سوار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھوت پریت کا سایہ ہونا (۲) پاگل ہونا (۳) بدحواس ہونا (۴) بہت زیادہ ناراض یا غصّے ہونا۔

**سر پر بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جگہ یا گنجائش نہ ہونے کے سبب کسی کے اُوپر چڑھ کر بیٹھنا (۲) اس طرح بیٹھنا کہ دوسروں کو بے آرامی ہو (۳) تعظیم و تکریم ہونا۔

**سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے تحاشا بھاگنا۔ بہت تیز بھاگنا۔

**سر پر پریاں کھیلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پریوں کا سایہ ہونا۔

**سر پر پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذمّے ہونا (۲) بلا نازل ہونا۔ مصیبت آنا (۳) گزرنا۔ بیتنا۔

**سر پر پہاڑ گرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سخت مصیبت نازل ہونا۔



Marfat.com

**سر (سروں) پر تھالی پھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ ہجوم ہونا۔
**سر پر ٹیکا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عزت پانا (۲) حق دار ہونا (۳) کسی کام کا کسی شخص پر انحصار ہونا (۴) راج تلک لگایا جانا۔
**سر پر جن چڑھنا (سوار ہونا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھوت پریت کا اثر ہونا (۲) نہایت طیش میں بھرا ہونا۔ ضد یا ہٹ پر قائم ہونا۔
**سر پر جوتی ہاتھ میں روٹی** ۔ (ا۔ مثل) کھانے کو مل جائے خواہ بے عزتی ہی کیوں نہ ہو۔
**سر پر چڑھا رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پیچھے لگا رہنا۔ غالب رہنا۔
**سر پر چڑھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عزت دینے کے لیے سر پر رکھنا (۲) بہت زیادہ منہ لگانا۔ حد سے زیادہ خیال رکھنا۔ بہت لاڈ کرنا (۳) گستاخ یا بے ادب بنانا۔
**سر پر چڑھنا۔ سر چڑھنا** ۔ (۱) گستاخ ہونا۔ بے ادب ہونا (۲) بہت بے تکلف ہونا (۳) سر پر سوار ہونا (۴) گھمنڈ کرنا۔
**سر پر (چلانا) غل مچانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پاس آکر یا قریب کھڑے ہو کر شور کرنا۔
**سر پر چھپّر رکھنا** ۔ (۱) بوجھ ڈالنا (۲) احسان کے بوجھ تلے دبانا (۳) الزام لگانا (۴) کسی کے ذمے بہت سا قرضہ ڈال دینا۔
**سر پر چھت اٹھا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت شور مچانا۔
**سر پر خاک (اُڑانا) ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ سوگ منانا (۲) بہت افسوس کرنا۔
**سر پر خون (چڑھنا) سوار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) جان لینے پر کمربستہ ہونا۔
**سر پر خون لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قتل یا خون کا الزام اپنے ذمے لینا۔
**سر پر دست شفقت رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مہربانی کرنا۔ پناہ میں لینا۔
**سر پر دھمال ہونا** ۔ (۱) سر پر شور و غل ہونا (۲) بہت سی دقتوں کا سامنا ہونا۔
**سر پر ڈھول بجنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت قریب شور ہونا۔
**سر پر رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تعظیم کرنا۔ مقدس یا قابلِ احترام جاننا (۲) ذمے ڈالنا (۳) سر پر اُٹھانا۔ بوجھ اپنے سر لینا۔
**سر پر رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نگرانی کرنا۔ ہر وقت پاس رہنا۔
**سر پر سایہ (رہنا) ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) سرپرست یا بزرگ کا زندہ ہونا۔
**سر پر سنیچر سوار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) نحوست پڑنا۔ شامت آنا۔ تقدیر گردش میں آنا۔
**سر پر سوار رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہر وقت ساتھ رہنا۔ مسلط رہنا۔
**سر پر سہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) برداشت کرنا۔
**سر پر سے صدقے اُتارنا (کرنا۔ وارنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) قربان کرنا۔
**سر پر سے نکلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت قریب سے گزرنا۔
**سر پر شیطان سوار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غصہ چڑھا ہونا (۲) کہا نہ ماننا۔ نصیحت کی بات نہ سننا (۳) کسی بُری حرکت پر کمربستہ ہونا۔ شرارت پر اُدھار کھائے ہونا۔
**سر پر عذاب لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) گناہ کا کام کرنا۔
**سر پر قیامت آنا (ٹوٹنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت مصیبت نازل ہونا۔ سخت ظلم ہونا۔

**سر پر کالی ہانڈی رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بدنام ہونا (۲) شرمندگی یا خجالت اُٹھانا۔
**سر پر (سے) کفن باندھنا** ۔ ہر وقت جان دینے کو تیار رہنا۔
**سر پر کودوں دلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دوسرے کو جلانے کے لیے کوئی کام کرنا۔
**سر پر کوئی نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے یار و مددگار ہونا۔ کوئی سرپرست نہ ہونا۔
**سر پر کھڑا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت پاس ہونا۔ نہایت قریب ہونا۔ (۲) سامنے موجود ہونا۔
**سر پر کھیل جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جان کی پروا نہ کرنا۔ جان جوکھم کا کام کرنا۔
**سر پر (گھر) زمین اُٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ شور و غل کرنا۔ اُدھم مچانا۔
**سر پر لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذمے لینا (۲) برداشت کرنا۔
**سر پر نہ رہنا** ۔ (۱) بزرگ یا سرپرست کا انتقال ہو جانا۔
**سر پر وبال لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) اپنے ذمے گناہ کا عذاب لینا۔
**سر پر وارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) قربان کرنا۔ صدقے کرنا۔
**سر پر ہاتھ پھیرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ تسلی دینا (۲) لوٹنا۔ صفایا کرنا۔
**سر پر ہاتھ دھر کے رونا۔ سر پکڑ کے رونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت پچھتانا۔ بہت رنج کرنا۔
**سر پر ہاتھ دھرنا (رکھنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سرپرستی کرنا۔ حامی و مددگار بننا (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا۔
**سر پر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مربی یا بزرگ کا زندہ ہونا (۲) حمایت کرنا (۳) ذمے ہونا (۴) قریب یا نزدیک ہونا۔
**سر پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذمے ہونا (۲) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا (۳) حصے میں آنا۔
**سر پڑے کا سودا** ۔ (ا۔ مذ) مجبوری کی بات یا معاملہ۔
**سر پکڑ کر (بیٹھنا) رہ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) رنج و غم کی صورت ظاہر کرنا۔ سوگوار بن کر بیٹھنا۔
**سر پکڑ کے رونا** ۔ (ا۔ محاورہ) شدت سے رونا۔ سر پر ہاتھ دھر کے رونا۔
**سر پکڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سہارا دینا۔ امداد دینا۔ دست گیری کرنا (۲) تسلی یا دلاسا دینا (۳) (دوا کا) سر کو بوجھل کرنا۔ سر جکڑ لینا۔
**سرپنچ** ۔ (ا۔ صف) پنچایت کا سربراہ۔ پنچوں کا سردار۔ صدر۔ میر مجلس۔
**سر پھٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر پھوٹنا (۲) سر میں شدید درد ہونا۔
**سر پھٹول** ۔ (ا۔ مث) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) ایسی لڑائی جس میں سر پھوٹیں۔
**سر پھرا** ۔ (ا۔ مذ) خبطی۔ مجنون۔ ضدی۔
**سر پھرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بکواس سے اپنے اور سننے والوں کے سروں میں درد پیدا کر دینا (۲) مغز مارنا۔ سمجھانا۔
**سر (پھرنا) پھر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دیوانہ ہونا (۲) مت بگڑنا (۳) سر چکرانا۔
**سر پھرا ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) خبطی ہے۔ پاگل ہے۔
**سر پھوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سر کا شق ہونا (۲) مار کٹائی ہونا (۳) سر میں سخت درد ہونا۔
**سر پھوڑ کر (چیر کر۔ توڑ کر) لینا** ۔ (۱) زبردستی لینا (۲) ڈرا دھمکا کر وصول کرنا۔



Marfat.com

**سر پھوڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) سر کے ٹکڑے کرنا (۲) سر دے دے مارنا (۳) لڑ جھگڑ کر سر زخمی کرنا (۴) بے فائدہ یا لاحاصل کام کرنا۔
**سر پھیرنا** - (ا - محاورہ) کہانہ ماننا۔ حکم عدولی کرنا۔
**سر پیٹنا** - (ا - محاورہ) (۱) ماتم کرنا (۲) غصّے میں آکر سر پر دو ہتڑ مارنا (۳) بے حد افسوس کرنا۔ تلملانا۔
**سر پیر نہ ہونا** - (ا - محاورہ) بات کا بے معنی یا مُہمل ہونا۔
**سر توڑنا** - سر پھوڑنا۔
**سر توڑ کر لینا** - زبردستی لینا۔ ڈرا دھمکا کر لینا۔
**سر توڑ کوشش کرنا** - (ا - محاورہ) بہت سخت کوشش کرنا۔ بے حد مشقت کرنا۔
**سر تو نہیں کھُجاتا** - (ا - محاورہ) مار کھانے کو دل تو نہیں چاہتا۔
**سر تھام لینا** - (ا - محاورہ) بُری خبر سُن کر اپنا سر پکڑ لینا۔ بہت رنجیدہ ہونا۔
**سر تھکانا** - (ا - محاورہ) بہت سمجھانا۔ بہت مغز ماری کرنا۔
**سر تھوپنا** - (ا - محاورہ) (۱) الزام لگانا (۲) ذمّے ڈالنا۔
**سر ٹکراتے پھرنا** - (ا - محاورہ) حیران و پریشان پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
**سر ٹکرانا** - (ا - محاورہ) (۱) سر دے دے مارنا (۲) سجدے کرنا (۳) جاں فشانی کے ساتھ کوشش کرنا۔ بہت جستجو کرنا۔
**سر جانا** - (ا - محاورہ) (۱) قتل ہونا۔ مارا جانا (۲) الزام آنا (۳) ذمّے آنا۔ (گنجفے میں) پتہ ہر جانا۔
**سر جائے بات میں فرق نہ آئے** - (ا - مقولہ) جان دے کر بھی عہد پُورا کرنا چاہیئے۔
**سر جوڑ کر بیٹھنا** - (ا - محاورہ) (۱) مل کر بیٹھنا (۲) مشورے کے لیے اکٹھے ہونا۔
**سر جھاڑ منہ پہاڑ** - (ا - صف) (۱) بھیانک صورت میں (۲) عورت کا بناؤ سنگار نہ کرنا۔ وحشیانہ صورت سے۔
**سر جھاڑنا** - (ا - محاورہ) کنگھی کرنا۔
**سر جھکانا** - (ا - محاورہ) (۱) اطاعت یا فرماں برداری کرنا (۲) شرمندہ ہونا۔ وغیرت محسوس کرنا (۳) عاجزی ظاہر کرنا۔
**سر جھکنا** - (ا - محاورہ) (۱) مغلوب ہونا۔ دبنا (۲) عاجزی کا اظہار (۳) شرمندگی کے باعث گردن نیچی ہونا۔
**سر چپکنا** - (ا - محاورہ) ذمّے ڈالنا۔ سر منڈھنا۔
**سر چڑھا** - (ا - صف) (۱) لاڈلا۔ منہ لگا (۲) گستاخ۔ بے ادب۔
**سر چڑھانا** - (ا - محاورہ) بہت مُنہ لگانا۔ بہت زیادہ لاڈ کرنا۔
**سر چڑھ کر** - (ا - متعلق فعل) (۱) سر پر کھڑے ہو کر (۲) ذمّے پڑ کر (۳) ضد کر کے۔ بالاصرار (۴) از خود ظاہر ہو کر۔
**سر چڑھ (کر) کے بولنا** - (ا - محاورہ) (۱) بھُوت پریت کا سر پر آ کر کھیلنا (۲) کسی بات کا اثر از خود ظاہر ہونا۔ چھپائے نہ چھُپنا۔
**سر چڑھ کر پٹکنا** - (ا - محاورہ) عزّت دے کر ذلیل کرنا۔
**سر چڑھ کے مرنا** - (ا - محاورہ) اپنے مرنے کی ذمّہ داری دوسرے پر ڈالنا۔
**سر چڑھنا** - (ا - محاورہ) (۱) بے تکلّف ہونا (۲) گستاخ یا بے ادب ہونا۔ (۳) مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا (۴) قرضہ ذمّہ ہو جانا۔

**سر (چکٹ جانا) چکٹنا** - (ص - مرکب) میل کی وجہ سے بالوں کا ایک دوسرے سے چمٹ جانا۔
**سر چکرانا** - (ا - محاورہ) سر گھُومنا۔
**سر چلا جانا** - (ا - محاورہ) درد کے مارے سر کا گرا پڑنا۔
**سر چوٹ** - (ا - صف) (۱) ناگوار۔ نہایت خلاف مرضی (۲) چڑ (۳) چاٹ۔ لاگ۔
**سر چیرنا** - (ا - محاورہ) (۱) ضد کرنا۔ اڑنا۔ ہٹ کرنا (۲) لڑائی جھگڑا کرنا (۳) مارے جانے پر کمر بستہ ہونا (۴) سر پھوڑنا۔
**سر حاضر ہے** - جان دینے میں عذر نہیں۔
**سر خالی کرنا** - (ا - محاورہ) بک بک کر کے دماغ تھکا دینا۔
**سر دکھانا** - سر میں سے جوئیں نکلوانا۔
**سر دُکھانا** - (ا - محاورہ) سر میں درد پیدا کر دینا۔
**سر دھرا** - (ا - صف) (۱) بڑا بوڑھا۔ بزرگ۔ سرپرست۔ ولی۔ وارث۔ (۲) آقا۔ افسر۔ سردار۔ مالک۔ سرگروہ۔
**سر دھرنا** - (ا - محاورہ) (۱) ذمّہ دار گردانا (۲) الزام لگانا۔
**سر دُھننا** - (ا - محاورہ) (۱) سر کو دے دے مارنا۔ سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا۔ تلملانا (۳) ماتم کرنا (۴) مزے میں آکر جھومنا یا سر ہلانا۔
**سر دینا** - (ا - محاورہ) (۱) جان دینا۔ سر قربان کرنا۔
**سر ڈالنا** - (ا - محاورہ) ذمّے لگانا۔
**سر ڈوب** - (ا - صف) (۱) شرابور (۲) سر سے اُونچا پانی۔ اتنا گہرا پانی کہ سر ڈوب جائے۔
**سر ڈھانکنا** - (ا - محاورہ) (۱) سر پر کپڑا ڈالنا (۲) باکرہ عورت سے واصل ہونا۔
**سر رنگنا** - (۱) سر کو زخمی کرنا۔ سر سے خون نکالنا (۲) سر میں خضاب لگانا۔
**سر رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) سر بچ جانا۔ جان سلامت رہنا (۲) کسی کام سے لگے رہنا۔ کوشش کرتے رہنا۔ پیچھے پڑے رہنا (۳) ذمّے ہونا۔
**سر زانو پر دھرا ہونا** - (ا - محاورہ) غم و اندوہ کا عالم۔
**سر زوری** - (ا - صف) سرکش۔ نافرمان۔
**سر زیر قدم ہونا** - (ا - محاورہ) مغلوب ہونا۔ کسی کے ماتحت ہونا۔
**سر سجدے میں من بدیوں میں** - (ا - مثل) ظاہر نیک باطن خراب۔ ظاہر میں اچھا۔ اندر خانے بُرا۔
**سر سفید ہونا** - (ا - محاورہ) بالوں کا پک جانا۔ بڑھاپا آجانا۔
**سر سلامت ہونا** - (ا - محاورہ) زندہ ہونا۔
**سر سہرا ہونا** - (ا - محاورہ) عزّت یا سرداری کا نشان ہونا۔ کامیابی ہونا۔ کسی اچھی بات کا کسی شخص پر منحصر ہونا۔
**سر سہلانا** - (ا - محاورہ) (۱) پیار سے سر پر آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) تعریف کرنا۔ خوشامد کرنا۔
**سر سہلانا بھیجا کھانا (سر سہلائے بھیجا کھائے)** - (ا - مثل) تعریفیں کر کر کے مال اُڑانا (۲) دوست بن کر نقصان پہنچانا۔
**سر سے اتارنا** - (ا - محاورہ) وارنا۔ صدقے کرنا (۲) آسیب دُور کرنا۔



Marfat.com

**سر سے بلا ٹالنا**۔ (ا۔ محاورہ) آئی ہوئی مصیبت دُور کرنا۔ بے دلی سے کوئی کام کرنا۔ مجبوری سے کوئی کام کرنا۔
**سر سے بوجھ (اُتارنا) ٹالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قرضہ اُتارنا (۲) بیٹے یا بیٹی کی شادی کے کام سے فارغ ہوجانا (۳) بے دلی سے کام کرنا۔ دفع الوقتی کرنا۔
**سر سے بوجھ باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) خواہ مخواہ کا خرچ اپنے ذمّے لے لینا۔ مُفت کی ذمّہ داری لینا۔
**سر سے بیگار ٹالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام کو بے دلی سے کرنا۔
**سر سے پانی (اُونچا ہونا) گزر جانا**۔ (ا۔ محاورہ) انتہا ہوجانا۔ ناقابلِ برداشت حد تک پہنچ جانا۔
**سر سے پاؤں تک آگ لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) جل بھُن جانا۔ بہت زیادہ غصّہ ہونا۔
**سر سے پہاڑ ٹالنا**۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت دُور کرنا۔
**سر سے تنکا اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) معمولی سا احسان کرنا۔
**سر سے ٹلنا**۔ (ا۔ محاورہ) دفع ہونا۔ پیچھا چھوڑنا۔
**سر سے چلنا۔ سر کے بل چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے حد تعظیم و تکریم سے جانا۔
**سر سے سایہ اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ کا مرجانا۔
**سر سے سر جوڑنا**۔ (۱) صلاح مشورہ کرنا (۲) صلح کرانا۔
**سر سے سر وابا ہے**۔ (ا۔ مثل) گھر کے مالک سے گھر کا انتظام ہوا کرتا ہے (۲) سردار کے ساتھ حکومت ہے۔
**سر سے کفن باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کے لیے تیار ہونا۔ ہتھیلی پر سر رکھ لینا۔
**سر سے کنواں کھودنا**۔ (ا۔ محاورہ) ناممکن کام انجام دینا۔
**سر سے کھیل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) انتہائی دلیری دکھانا (۲) مرنے پر آمادہ ہونا۔
**سر سے کھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) جنّ یا بھُوت پریت کے اثر سے سر دُھننا۔
**سر سے (گذر جانا) گزرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) انتہا کو پہنچ جانا (۲) ہلاک ہوجانا (۳) مردم ڈیاڈ یانی ہونا۔
**سر سے لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غصّہ آنا (۲) ناگوار گزرنا۔
**سر سے مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خفگی کی وجہ سے چیز لوٹا دینا (۲) اُٹھا کر پھینک دینا (۳) بے فائدہ ذمّے ڈالنا (۴) سر سے ٹکرانا۔
**سر سے میلا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حیض کی حالت میں ہونا۔
**سر سینگ ہونا**۔ کوئی خاص بات ہونا۔ پہچان یا شناخت کی کوئی خاص علامت ہونا۔
**سر صدقے**۔ (ا۔ متعلق فعل) کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ کسی چیز کے گم ہوجانے پر کہتے ہیں۔
**سر عذاب لینا**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل کام اپنے ذمّے لینا۔
**سر فدا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے واسطے مرنا۔ کسی کے لیے جان قربان کرنا۔
**سر قدم پر رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) منّت سماجت کرنا (۲) بہت عزّت کرنا۔
**سر قلم کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ قتل کرنا۔
**سر کا بوجھ اترنا**۔ قرض ادا ہونا۔ ذمّہ داری سے فارغ ہونا۔
**سر کا بوجھ پاؤں پر پڑتا ہے**۔ (ا۔ مثل) اپنوں کا درد اپنوں ہی کو محسوس ہوتا ہے۔
**سر کا بوجھ ٹالنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے دلی سے کوئی کام کرنا۔
**سر کا پسینہ ایڑی تک آنا**۔ (ا۔ مثل) بہت سخت مشقت کرنا۔
**سر کا چھدّا اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) احسان اُتارنا۔ گلہ شکوہ رفع کرنا۔
**سر کا نہ پاؤں کا**۔ (ا۔ صف) بے سروپا۔ نہ آغاز نہ انجام۔ لغو۔
**سر کا وبال ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) دُوبھر ہونا۔
**سر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فتح کرنا (۲) ذمّہ دار بنانا۔ لڑانا۔ بھڑانا (۳) چوٹی گوندھنا (۴) تاش یا گنجفے کی بازی جیتنا (۵) سر کو اندر گھسیڑ دینا۔
**سر کو آنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔
**سر کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مغز چاٹنا۔ بک بک کیے جانا (۲) پریشان کرنا۔
**سر کہاں چھوڑوں**۔ (ا۔ محاورہ) کہاں تلاش کروں (۲) کس سے فریاد کروں۔
**سر کھپ**۔ (ا۔ صف) (۱) جاں نثار (۲) محنت و مشقت میں مصروف رہنے والا۔
**سر کھپانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مغز مارنا (۲) کوشش کرنا۔
**سر کھجانے کی فرصت نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت مصروف ہونا۔
**سر کھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر پھٹنا۔ کھوپڑی کی ہڈی ٹوٹنا۔
**سر کھولنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر ننگا کرنا۔ بال پھیلانا (۲) کوئی سخت چیز مار کر سر پھوڑ دینا۔
**سر کھینچنا**۔ (ا۔ محاورہ) سرکشی کرنا (۲) سر ایک طرف کر لینا۔
**سر کی آفت ٹلنا**۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔
**سر کے بل**۔ (ا۔ متعلق فعل) سر کے سہارے (۲) نہایت ادب سے۔ بڑی عزّت سے۔
**سر کے زور**۔ (ا۔ متعلق فعل) پوری کوشش سے۔
**سر کے ساتھ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جان کے ساتھ لگا ہونا۔
**سر گاڑی پاؤں (پہیہ) پہیہ کرنا**۔ نہایت محنت سے کام کرنا۔
**سر گالا منہ بالا**۔ (مثل) (۱) بڑھاپے میں جوانوں جیسی نادانیاں (۲) سر سفید ہوگیا ہے مگر چہرے پر جوانی برستی ہے۔
**سر گرنا**۔ (۱) سر جھکتا جاتا۔ سر میں درد ہونا (۲) سر زمین کی طرف جُھکنا۔
**سر گریبان میں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) متفکّر ہونا۔ شرمندگی ہونا۔
**سر گنجا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مار مار کر سر کے بال اُڑا دینا (۲) مفلس کر دینا۔ لوٹ کھانا۔
**سر گوندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کنگھی چوٹی کرنا۔
**سر گھٹنوں میں دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے دلی ہونا (۲) متفکّر ہونا (۳) شرمندہ ہونا
**سر گھومنا**۔ (ا۔ محاورہ) سر پھرنا۔ پاگل ہوجانا۔ چکر آنا۔ دوران سر ہونا۔
**سر لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تہمت لگنا (۲) ذمّے پڑنا۔
**سر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذمّہ لینا (۲) سر کاٹنا۔ جان سے مارنا۔
**سر مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زبردستی دینا۔ بلا مرضی دینا۔ سر منڈھنا (۲) مغز زنی کرنا۔ سمجھانا (۳) سر دے دے مارنا۔ سر پٹکنا۔ سر دھننا (۴) جان لڑانا۔ تدبیریں کرنا (۵) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔
**سر مُنڈاتے ہی اولے پڑے**۔ (ا۔ مثل) (۱) کام شروع کرتے ہی نقصان



Marfat.com

ہوا۔ ابتداء ہی سے کام میں خرابی پیدا ہوگئی۔

**سر منڈانا**۔ (۱) سر کے بال اُتروانا (۲) جوگی بننا۔ فقیر بننا (۳) دھوکے میں آکر لٹ جانا۔

**سر مُونڈ کر کیا گھٹنا مُونڈے گا**۔ (مثل) اتنا نقصان پہنچا چکا اب اور کیا بگاڑے گا۔

**سر مُونڈنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حجامت بنانا (۲) ٹھگنا۔ لُوٹنا۔ فریب سے مال کھانا۔

**سر میلا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حیض کے باعث ناپاک ہونا۔ ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

**سر میں خاک ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ رنج کرنا۔ سوگ کرنا۔

**سر میں خنّاس سمانا**۔ (ا۔ محاورہ) غرور یا تکبّر کرنا۔

**سر میں سودا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خبط ہونا۔ کسی بات کی دُھن ہونا۔

**سر نقد، نوکری اُدھار**۔ (ا۔ مثل) کام زیادہ سے زیادہ سختی سے لیا جاتا ہے مگر تنخواہ وقت پر نہیں ملتی۔

**سر نہ (اُٹھانے) اُٹھنے دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سرکشی نہ کرنے دینا۔ برابری نہ کرنے دینا۔ مجبور رکھنا (۲) فرصت نہ دینا۔

**سر (نِوانا) نہوڑانا**۔ سر نیچا کر لینا۔ سر جُھکانا۔

**سر نہیں یا سر ہی نہیں**۔ (ا۔ مثل) حق حاصل کر کے رہیں گے یا جان دے دیں گے۔

**سر ہاتھ پہ لیے پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جان دینے پر تیار ہونا۔

**سر ہو جانا یا ہونا**۔ (۱) ضد کرنا (۲) پیچھے پڑ جانا (۳) کسی پر غصہ اُتارنا۔

**سر نہ اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) شرمندگی یا کسی کے احسان کے باعث سر نیچا رہنا۔

**سر نہ پیر**۔ (ا۔ تابع فعل) بے تکا۔ بے ترتیب (۲) آغاز نہ انجام۔

**سر نیچا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ مغلوب ہونا۔ زک اُٹھانا۔

**سر و بال دوش ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جینے سے بیزار ہونا۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔

**سر ہتھیلی پر رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) جان دینے کو تیار ہونا۔

**سِر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بھید۔ راز (فارسی اور اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے)۔ جمع: اسرار۔

**سِرّ خفی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ صف) خفیہ بھید۔ چُھپا ہوا راز۔

**سُر**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ ہوا جو نتھنوں سے نکلے (۲) وہ آواز جو ناک سے سانس نکلنے میں ہوتی (۳) شہد کی بڑی مکھی (۴) (علم موسیقی کی اصطلاح) آواز کے سات درجوں میں سے ایک درجہ (۵) (گنجفے کی اصطلاح) بازی کا آغاز (۶) (س) فرشتہ (۷) دیوتا۔ (۸) خدا (۹) سُورج۔

**سرا**۔ (ف۔ مث) گانے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نغمہ سرا۔

**سرائی**۔ (ف۔ ا۔ مث) گانا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نغمہ سرائی۔

**سُر بدّیا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گانے کا علم۔ علم موسیقی۔

**سُر مِلانا**۔ (۱) دو سازوں کو ہم آہنگ کرنا (۲) گلے کی آواز کو ساز کی آواز کے مطابق کرنا (۳) دو گانے والوں کا آواز مِلانا۔

**سُر مِلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آواز مِلنا۔ ہم آہنگ ہونا (۲) موافقت ہونا۔

**سرا۔ سرائے**۔ (س۔ ما) (س۔ را۔ ئے) [ف۔ ا۔ مث] (۱) گھر۔ حویلی۔ مکان۔ مرکبات میں جیسے دولت سرا۔ جہاں سرا (۲) مسافروں کے ٹھہرانے کا مکان۔ مسافر خانہ۔ دھرم سالہ۔

**سراپردہ**۔ (۱) وہ اُونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں اور جو دیوار کی طرح پردے کا کام دیتی ہے (۲) بارگاہِ شاہی (۳) گھر کا پردہ (۴) ڈیرہ۔ خیمہ۔

**سرائے فانی**۔ (ا۔ مث) فنا ہو جانے والا گھر۔ دُنیا۔

**سرائے کا کتا ہر مسافر کا یار**۔ (ا۔ مثل) مطلبی آدمی ہر ایک سے یارانہ گانٹھ لیتا ہے۔

**سرائے کی بھٹیاری**۔ (ا۔ مث) لڑاکا۔ بے باک۔ گالی باز عورت۔

**سِرا**۔ (س۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کنارہ (۲) انتہا۔ اخیر۔ آخر (۳) ابتدا۔ آغاز۔

**سِرے سے**۔ (ا۔ متعلق فعل) شروع سے۔

**سِرے ہی کی بھیڑ کانی**۔ (ا۔ مثل) شروع یا ابتدا ہی سے بگاڑ۔

**سراب**۔ (سَ۔ راب) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ریتلی زمین کی وہ چمک جس پر چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکہ ہوتا ہے (۲) دھوکا ہی دھوکا۔ معدوم۔ نابُود۔

**سراپ**۔ (س۔ راپ) [ہ۔ ا۔ مذ] بد دعا۔ کوسنا۔

**سراپا**۔ (س۔ را۔ پا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) تمام بدن سر سے پاؤں تک (۲) وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی جائے (۳) حُلیہ۔ (۴) پُورا خلعت۔

**سراپنا**۔ (س۔ راپ۔ نا) (ق۔ مص) تعریف کرنا۔ اچھا جاننا۔

**سرّاٹا**۔ (سر۔ را۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] تیز ہوا کی آواز۔

**سِراج**۔ (سِ۔ راج) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) چراغ (۲) روشنی (۳) سُورج۔

**سرادھ**۔ (سَ۔ رادھ) [ہ۔ ا۔ مذ] ہندوؤں میں مرے ہوؤں کے نام پر کھانا دینے کی سالانہ رسم۔

**سراسر**۔ (س۔ را۔ سَر) [ف۔ صف] (۱) تمام۔ کل۔ اس سرے سے اس سرے تک (۲) یک لخت۔ محض۔

**سراسری**۔ (سَ۔ را۔ سَ۔ ری) [ف۔ صف] (۱) رواروی۔ سرسری (۲) [ا۔ مث] ماتھے کا ایک زیور (۳) [تابع فعل] جلدی سے (۴) چلتے چلتے (۵) مختصراً۔ مجملاً۔

**سراسیمگی**۔ (سَ۔ را۔ سیم۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] پریشانی۔ حیرانی۔

**سراسیمہ**۔ (سَ۔ را۔ سی۔ مَہ) [ف۔ صف] حیران پریشان۔ گھبرایا ہوا۔

**سُراغ**۔ (سُ۔ راغ) [ت۔ ا۔ مذ] (۱) کھوج۔ پاؤں کا نشان (۲) پتہ۔ نشان (۳) تلاش۔

**سُراغ رساں**۔ (ت۔ ف۔ صف) سُراغ یا کھوج لگانے والا۔ پتہ لگانے والا۔ فنِ جاسوسی کا ماہر۔ کھوجی۔

**سُراغ رسانی**۔ (ت۔ ف۔ ا۔ مث) کھوج لگانے کا فن۔ فنِ جاسوسی۔

**سُراغ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کھوج لگانا (۲) تلاش کرنا۔

**سُراغ مِلنا**۔ (ا۔ محاورہ) پتہ نشان دریافت ہونا۔

**سُراگائے**۔ (سُ۔ را۔ گا۔ ئے) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) تاتار اور تبت کی گچھے دار



Marfat.com

دُم والی گائے۔

سَرانا۔ (ق۔مص) سراہنا۔ تعریف کرنا۔

سِرانا۔ (س۔را۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹھنڈا کرنا۔ سرد کرنا (۲) متبرک چیزوں کو دریا میں ڈبونا۔ غرق کرنا۔

سَراوَک۔ سراوَگی۔ (سَ۔را۔وَگی) (سَ۔را۔وَک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جین یا بُدھ مت کا پیرو۔

سراون۔ (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا ایک آلہ جس سے زمین ہموار کی جاتی ہے (پ) سہاگہ۔

سَراہنا۔ (س۔راہ۔نا) (ہ۔مص) (۱) تعریف کرنا (۲) قدر کرنا۔ داد دینا۔ (۳) چاپلوسی یا خوشامد کرنا۔

سرایت۔ (سَ۔را۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) تاثیر کرنا (۲) سما جانا۔ نفوذ کرنا۔

سرایت کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) جذب ہونا۔ رَچنا (۲) اثر کرنا۔ گھُسنا۔

سرب۔ (ہ۔صف) سارا۔ تمام۔ پورا۔ کل۔

سرب گہن۔ (ہ۔ا۔مذ) چاند یا سُورج کا پورا گہن۔

سُرب۔ (ف۔ا۔مذ) سیسہ۔ سِکّہ۔ جست سے ملتی جلتی دھات۔

سربر ہونا۔ (ق۔مص) مقابل ہونا۔ برابری کرنا۔

سربند۔ (ق۔ا۔مث) دستار۔ پگڑی۔

سربھنگی۔ (سَر۔بھَن۔گی) (ہ۔ا۔مذ) ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ذات پات اور حرام و حلال میں تمیز نہیں کرتا۔

سرپ۔ (س۔ا۔مذ) (۱) سانپ (۲) کینہ رکھنے والا۔

سَرپت۔ (سَر۔پت) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس۔ پتاور۔

سرپٹ۔ (سَر۔پَٹ) (ہ۔ا۔مث) گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ۔

سرپٹ دوڑانا۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو نہایت تیز دوڑانا۔ بگ ٹٹ دوڑانا۔ بے دھڑک دوڑانا۔

سرپھوکا۔ (سَر۔پھُو۔کا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی گھاس جو مصفیٔ خون ہے۔

سُرت۔ (سُ۔رَت) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھیان۔ خیال۔ چیتا۔ سُدھ (۲) ہوشیاری (۳) حافظہ۔ یادداشت (۴) عقل۔ سمجھ۔

سُرت آنا۔ (ا۔محاورہ) ہوش آنا۔ سُدھ آنا۔ خیال ہونا۔

سُرت بسارنا۔ (ا۔محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ ہوش کھونا۔

سُرتا۔ (سُر۔تا) (ہ۔صف) (۱) ہوشیار۔ چوکس۔ باخبر (۲) ذہین۔ دانا۔

سرتا برتا۔ (سَر۔تا۔بَر۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) انتظام۔ بندوبست۔ کسی کام کا سرانجام (۲) خرچ۔ صرف (۳) حصّہ۔ بخرہ۔

سرتا برتا کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) انتظام کرنا (۲) برتنا (۳) بانٹ لینا۔

سرتول۔ (ق۔صف) (۱) ہم پلہ۔ ہم مقابلہ۔ برابر کا (۲) عاجز۔

سرلی۔ (ق) پھر سے۔ از سرِ نو۔

سرِ پیچھ۔ (ق) ازل سے۔ ابتدا سے۔

سرٹیفکیٹ۔ (Certificate) (سَر۔ٹی۔فِ۔کیٹ) (انگ۔ا۔مذ) پروانہ۔ سند۔

سرجانا۔ (ق۔مص) ختم ہوجانا۔ پورا ہوجانا۔ تمام ہوجانا۔

سرجری۔ (Surgery) (سَر۔جَ۔ری) (انگ۔ا۔مث) (۱) جرّاحی

سرجن۔ (Surgeon) (سَر۔جَن) (انگ۔ا۔مذ) ماہر جرّاحی۔ جرّاح۔

سُرجن۔ (سُر۔جَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) معزز آدمی۔ شریف یا بھلا آدمی۔ بھلا مانس۔ سجن (۲) خدا۔

سُرجن ہار۔ خالق۔ بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔

سَرجنا۔ (سَ۔رَج۔نا) (ق۔مص) پیدا ہونا۔

سرجی۔ (ق) پیدا کی ہوئی۔

سرجیون۔ (سَر۔جی۔وَن) (ہ۔صف) (۱) سرسبز۔ شاداب (۲) پلے دار۔ مضبوط۔ لازوال (۳) زرخیز (۴) روح افزا۔ فرحت بخش (۵) ہمیشہ شاداب رہنے والا (۶) گیلا۔ مرطوب۔

سرچارج۔ (Surcharge) (سَر۔چارج) (انگ۔ا۔مذ) (۱) زائد رقم (جو وصول کی جائے) مزید رقم کا بار (۲) بجلی کی فاضل رَو۔

سرچالی۔ (ق۔صف) گنجا۔

سرچوٹ۔ (ق۔ا۔مث) (۱) مشکل (۲) بیزاری۔

سُرخ۔ (ف۔صف) (۱) لال۔ احمر (۲) گھونگچی۔ رتی بھر۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ۔ آٹھ چاول کا وزن۔

سُرخ باد۔ سُرخ بادہ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک بیماری جس میں سارے جسم پر لال لال چٹے ہوجاتے ہیں۔

سُرخ بید۔ (ف۔ا۔مذ) بید کی ایک قسم جس کا رنگ سُرخ ہوتا ہے (۲) ایک بوٹی کا نام۔

سُرخا۔ (ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا آم (۲) ایک قسم کا کبوتر (۳) ایک قسم کا گھوڑا (۴) طنزاً کیمونسٹ۔

سُرخرُو۔ (ف۔صف) (۱) کامیاب۔ عزّت و آبرو حاصل کرنے والا۔

سرخرو ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کامیاب ہونا۔ عزّت حاصل کرنا (۲) بری الذّمہ قرار دیا جانا (۳) وعدے پر پورا اترنا۔ سچا نکلنا۔

سُرخروئی۔ (ف۔ا۔مث) کامیابی۔ عزّت۔ آبرو۔

سُرخ فیتہ۔ (ف۔ا۔مذ) ضابطہ پرستی۔ دفتری طوالت۔ بلا وجہ کی ہیر پھیر۔

سُرخ و سفید ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) گورے رنگ پر سُرخی جھلکنا (۲) صحت مند ہونا۔

سُرخ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) لال ہونا (۲) غصّے سے چہرہ سُرخ ہوجانا (۳) میوے کا پک جانا (۴) کسی چیز کا گھی میں بھُن کر لال ہوجانا۔

سُرخاب۔ (سُر۔خاب) (ف۔ا۔مذ) چکوا چکوی۔ ایک آبی پرندہ۔

سُرخاب کے پر لگنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کوئی خاص امتیاز یا وصف ہونا (۲) انوکھی بات ہونا۔ نئی چیز شامل ہونا۔ معزز ہونا۔

سُرخی۔ (سُر۔خی) (ف۔ا۔مث) (۱) لالی۔ لال رنگت (۲) لال روشنائی (۳) اینٹ کا برادہ (۴) عنوان (۵) ناخنوں اور ہونٹوں کو سُرخ کرنے کا ایک مسالہ۔ عورتوں کا ایک سنگار۔

سُرخی دینا۔ (ا۔محاورہ) سُرخی قائم کرنا۔ عنوان تحریر کرنا۔ عنوان تجویز کرنا۔

سُرخی مائل۔ (ف۔صف) لال سا۔ لالی لیے ہوئے۔

سرد۔ (ف۔صف) (۱) ٹھنڈا (۲) بے رونق۔ بے لطف (۳) دھیما (۴) افسردہ۔



Marfat.com

(۵) بےحس۔ غیر جذباتی (۶) بےجان۔ مُردہ۔

**سرد آبہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تہ خانہ (۲) قبر جو اپنی زندگی میں تیار کروائی جاتی ہے۔

**سرد آلہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) چیزیں ٹھنڈی کرنے کی مشین۔ (Refrigerator)

**سرد آور**۔ (اصطلاح کیمیا) ٹھنڈا کرنے والا۔ جمانے والا ریفریجرنٹ۔ (Refigerant)

**سرد بازاری**۔ (تجارت) مندا۔ قیمت کا یکایک گر جانا۔ کساد بازاری۔

**سرد تذخیر**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (کیمیاوی اصطلاح) تہ خانے میں ذخیرہ کرنا۔ (Cold Storage)

**سرد جنگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے اعصابی جنگ (انگ) (Coldwar)

**سرد مزاج**۔ (ف۔ ا۔ صف) (۱) ٹھنڈی طبیعت والا۔ مُردہ دل (۲) سُست افسردہ خاطر (۳) بے مروّت۔ بے مہر۔

**سرد مہر**۔ (ف۔ ا۔ صف) (۱) بے مروّت۔ بے وفا (۲) ظالم۔ دل کا سخت۔ (۳) جو توجّہ یا التفات نہ کرے۔

**سرد مہری**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بے مروّتی۔ بے وفائی (۲) سنگ دلی (۳) بے التفاتی۔

**سرد و گرم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) رنج و خوشی۔ نشیب و فراز۔ اونچ نیچ۔ تجربات۔ (۲) انقلابات زمانہ۔

**سرد و گرم جھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) انقلابات زمانہ کا تجربہ کرنا۔ زمانے کی مصیبتیں اُٹھانا

**سرد و گرم زمانہ چشیدہ**۔ (ف۔ صف) تجربہ کار۔ زمانے کے نشیب و فراز دیکھے ہوئے۔ اونچ نیچ سمجھے ہوئے۔

**سرد (ہو جانا) ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹھنڈا ہو جانا۔ گرم نہ رہنا (۲) جان باقی نہ رہنا۔ مر جانا (۳) ماند پڑ جانا (۴) افسردہ ہو جانا۔

**سرداتا**۔ (سر۔ دا۔ تا) (اُر۔ ا۔ مذ) (اصطلاح کیمیا) ٹھنڈا کرنا یا ہونا۔ جمانا۔ تبرید (انگ) (Refrigeration)۔

**سردل**۔ (سَر۔ دَل) (ہ۔ ا۔ مث) چوکھٹ کے اُوپر کی لکڑی۔

**سردہ**۔ (سَر۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) خربوزے کے خاندان کا ایک میٹھا پھل۔

**سردئی رنگ**۔ (سَر۔ دَ۔ ای۔ رَنگ) (اُر۔ صف) سردے کا سا رنگ سبزی مائل زرد رنگ۔

**سردی**۔ (سَر۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ٹھنڈ۔ خنکی۔ ٹھنڈک (۲) جاڑا۔ سرد موسم (۳) (اُر) زکام۔ نزلہ (۴) (بخار کی) کپکپی۔

**سردی پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) جاڑا پڑنا۔ ٹھنڈ ہونا۔

**سردی چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) لرزے سے بخار آنا۔

**سردی کا مارا پنپے۔ اَن کا مارا نہ پنپے**۔ (ا۔ مثل) چاہے کپڑا نہ ہو مگر پیٹ کو روٹی ضرور چاہیئے۔

**سردیہی**۔ (سر۔ دے۔ ہی) (ف۔ ا۔ مذ) دو روپیہ فی فصل کی وہ رقم جو گاؤں کے مالک حکومت کو ادا کرتے تھے۔

**سرراس**۔ (ق۔ صف) یکساں۔

**سَرَس**۔ (ہ۔ صف) (۱) زیادہ (۲) بہتر۔ عمدہ (۳) اصلی۔ خالص۔

**سِرَس**۔ (سِ۔ رَس) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت کا نام جس کے پھول بہت بھینی خوشبو دیتے ہیں۔

**سرسام**۔ (سَر۔ سام) (ف۔ ا۔ مذ) ایک بیماری جس سے دماغ میں ورم آجاتا ہے۔

**سرساہی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) زمین کا ایک ماپ۔ ایک مربع کرم۔ ساڑھے چار فٹ

**سرستی۔ سرسوتی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) راگ۔ علم۔ ہنر۔ زبان کی دیوی۔

**سرسٹھ**۔ (ہ۔ ا۔ عدد) ساٹھ اور سات کا مجموعہ (۶۷)۔

**سرسر**۔ (سَر۔ سَر) (ہ۔ ا۔ مث) سائیں سائیں کی آواز۔

**سرسرانا**۔ (سَر۔ سَ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہوا کا سائیں سائیں کی آواز کے ساتھ چلنا (۲) سانپ یا کسی کیڑے کا رینگنا۔

**سرسراہٹ**۔ (سَر۔ سَ۔ را۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہوا چلنے سے پتّوں وغیرہ کے ہلنے کی آواز (۲) سانپ یا کیڑوں کے رینگنے کی آواز۔

**سرسری**۔ (سَر۔ سَ۔ ری) (ف۔ صف) (۱) آسان (۲) معمولی (۳) بے پروا (۴) جلدی کا (۵) (دفتری اصطلاح) مجمل۔

**سرسری اختیارات**۔ (ا۔ مث) بغیر تحقیقات حکم نافذ کرنے کے اختیارات۔

**سرسری (دیکھنا) نظر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جلدی میں ملاحظہ کرنا۔ اجمالی نظر ڈالنا

**سرسری نالش**۔ (ا۔ مث) چھوٹی نالش۔ ادنیٰ دعوےٰ۔

**سُرسُری**۔ (سُر۔ سُ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے (۲) آتش بازی کی چھچھوندر۔ (۳) ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے جلن پیدا ہوتی ہے (۴) بدن کی سنسناہٹ۔

**سُرسنگار**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک باجے کا نام۔

**سرسوں**۔ (سَر۔ سوں) (ہ۔ ا۔ مث) رائی کی قسم کا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں جو کڑوا تیل کہلاتا ہے۔

**سرسوں پھولنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سرسوں کے پودوں پر پھول آنا (۲) زرد ہی زرد نظر آنا۔

**سرسوں جمانا**۔ (ا۔ محاورہ) (ہتھیلی پر) کسی کام میں بہت جلدی کرنا (۲) سرسوں اُگانا۔

**سرشار**۔ (سر۔ شار) (ف۔ صف) مست۔ مخمور۔ نشے میں چور۔

**سرشاری**۔ (سر۔ شا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) مستی۔ مدہوشی۔

**سِرشت**۔ (سِ۔ رِشت) (ف۔ ا۔ مث) (۱) خُو۔ خصلت۔ عادت۔ مزاج۔ (۲) خاصیت۔ خواص۔ خاصہ۔ گُن (۳) خلقت۔ طینت۔ پیدائش۔ (۴) مخلوط ملا ہوا۔ مرکبات میں مثلاً نیک سرشت۔ بدسرشت۔

**سِرِشتہ**۔ (سِ۔ رِش۔ تہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سررشتہ کا مخفف۔ محکمہ۔ کچہری۔ شعبہ (۲) دستور۔ رواج (۳) (مصدر سرشتن سے صفت) ملایا ہوا۔ ملا جُلا۔

**سرشتہ دار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سر دفتر۔ میر منشی۔

**سِرِشک**۔ (سِ۔ رِشک) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آنسو۔ اشک۔ قطرہ۔

**سرطان**۔ (سر۔ طان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کیکڑا۔ آبی جانور (۲) ایک برج کا نام



Marfat.com

جس کی شکل کیکڑے سے ملتی جلتی ہے (۲) ایک نہایت تکلیف دہ اور مہلک پھوڑا۔

**سُرعَت**۔ (سُر۔ عَت) (ع۔ ا۔ مث) جلدی۔ تیزی۔ پھُرتی۔

**سُرعتِ انزال**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مردوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے بوقت جماع منی جلد خارج ہو جاتی ہے۔

**سرف**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فضول یا زائد خرچ۔

**سُرفہ**۔ (سُر۔ فہ) (ف۔ ا۔ مذ) کھانسی۔ کھَری۔

**سرقہ**۔ (سَر۔ قہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چوری۔

**سرقہ بالجبر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ڈاکہ۔ لوٹ مار۔ زبردستی کسی کا مال چھین لینا۔

**سُرک**۔ (ق۔ ا۔ مث) پھندا۔ پھانسی۔

**سرکار**۔ (سَر۔ کار) (ف۔ ا۔ مث) (۱) حکومت۔ گورنمنٹ (۲) آقا۔ مالک۔ سردار (۳) معشوق یا بے تکلف دوست (۴) شاہی دربار یا عدالت۔ بارگاہ۔

**سرکار دربار**۔ (ا۔ مذ) شاہی کچہری۔ اجلاس خاص۔

**سرکار دربار چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) نالش کرنا۔ مدعی بننا (۲) مقدمہ بازی کرنا۔

**سرکاری**۔ (سر۔ کا۔ ری) (ا۔ صف) (۱) سرکار کا۔ حاکم کا (۲) حاکمانہ۔

**سرکاری اہل کار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) حکومت کا ملازم۔ محرر۔ منشی۔

**سرکاری کاغذ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) حکومت کا کاغذ (۲) پرامسری نوٹ بانڈ (۳) سٹامپ۔

**سرکاری وظیفہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) پنشن۔

**سرکانا**۔ (سَر۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف کھسکانا۔ (۲) ہٹانا۔ الگ کرنا (۳) چھپانا۔ غائب کرنا (۴) اُڑا دینا (۵) رشوت دینا۔

**سرکٹ**۔ (Circuit) (سر۔ کِٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) چکر۔ دورہ (۲) ججوں کا مقدمات کی سماعت کے لیے کسی جگہ جانا۔

**سرکٹ ہاؤس**۔ وہ عمارت جس میں دورے پر نکلے ہوئے حکام قیام کرتے ہیں۔

**سرکس**۔ (Circus) (سَر۔ کَس) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ تماشا جس میں انسانوں اور حیوانوں کے جسمانی کرتب دکھلائے جاتے ہیں۔

**سرکل**۔ (Circle) (سَر۔ کِل) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) حلقہ۔ احاطہ۔ (۲) وہ علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو۔

**سرکل انسپکٹر**۔ (Circle Inspector) وہ انسپکٹر جو کسی حلقے کا انچارج ہو۔

**سرکلر**۔ (Circular) (سَر۔ کُ۔ لر) (انگ۔ ا۔ مذ) گشتی حکم یا چٹھی۔ گول۔ مدوّر۔ چکردار۔ دائرہ نما۔

**سرکنا**۔ (سَ۔ رَک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہٹنا۔ کھسکنا۔ راستہ چھوڑنا (۲) غائب ہو جانا (۳) جانا۔ چلتا بننا۔

**سرکنڈا**۔ (سر۔ کن۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) سینٹھا۔ نرسل۔ نے۔

**سِرکنگبین**۔ (سِر۔ کنگ۔ بین) (ف۔ ا۔ مث) سرکہ اور انگبین (شہد) سرکہ اور شہد کا شربت۔ عربی والوں نے سکنجبین بنا لیا۔

**سِرکہ**۔ (سِر۔ کہ) (ف۔ ا۔ مذ) گنّے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں۔

**سرکہ جبیں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تُرش رُو۔ تیوریاں چڑھائے ہوئے۔

**سِرکی**۔ (سِر۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) سرکنڈے کے ڈنٹھل یا بانس کی تیلیوں کی چق۔

**سُرگ**۔ (سُ۔ رگ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جنت۔ فردوس۔

**سُرگ باشی**۔ جنت مکانی۔ فردوس مکانی۔

**سرگم**۔ (سر۔ گَم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) راگ کا سُر۔ راگ کے ساتوں سُر (۲) خطوط یا حروف میں سُروں کی علامتیں۔

**سرما**۔ (سَر۔ ما) (ف۔ ا۔ مذ) جاڑا۔ سردی کا موسم۔ سردیاں۔

**سرمائی**۔ (سَر۔ ما۔ ئی) (ف۔ صف) (۱) جاڑے کے کپڑے (۲) جاڑے کا۔ سردیوں کا۔

**سرمائی خواب**۔ (اصطلاح علم حیوانات) بعض حیوانات کا جاڑے کے موسم میں بے حس و حرکت پڑے رہنا۔

**سرمایہ**۔ (سَر۔ ما۔ یَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دولت۔ پونجی۔ اصل زر (۲) وہ اشیاء جو دولت کی پیداوار میں مدد دے سکیں۔

**سرمایہ دار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) دولت مند۔ مال دار۔ ساہوکار۔

**سرمایہ دارانہ**۔ (ف۔ ا۔ صف) سرمایہ داری سے متعلق۔

**سرمایہ دارانہ نظام**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ معاشی نظام جس میں پیداوار اور تقسیم پیداوار کے ذرائع حکومت کے بجائے چند افراد کے قبضہ و اختیار میں ہوں۔

**سرمایہ داری**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) دولت مندی (۲) سرمایہ دارانہ نظام۔

**سرمایہ کار**۔ (ف۔ ا۔ صف) (اصطلاح بنکاری) روپیہ لگانے والا۔ سرمایہ لگانے والی اسامی۔ (Capitalist)

**سرمایہ کاری**۔ (اصطلاح بنکاری) روپیہ لگانا۔ سرمایہ لگانا۔ (Capitalisation)

**سَرمَد**۔ (سَر۔ مَد) (ع۔ صف) (۱) ہمیشہ رہنے والا۔ باقی۔ دائم۔ غیر فانی۔ (۲) مست۔ مجذوب (۳) (ا۔ مذ) ایک مجذوب فقیر جسے دہلی میں بعہد اورنگ زیب عالمگیر قتل کر دیا گیا تھا۔

**سَرمدی**۔ (سَر۔ مَ۔ دی) (ف۔ صف) (۱) دائمی۔ ہمیشہ کا (۲) خدائی۔ الٰہی۔ (۳) (۔ مث) بقا۔

**سُرمگیں**۔ (سُر۔ مَ۔ گیں) (ف۔ صف) سُرمہ لگی ہوئی۔

**سُرمنڈل**۔ (ق۔ ا۔ مذ) ایک باجے کا نام۔

**سُرمہ**۔ (سُر۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) انجن۔ کحل (۲) (صف) بہت باریک۔

**سُرمائی**۔ (ہ۔ صف) سُرمے کی۔ سُرمے کے رنگ کی۔

**سُرمہ آگین (آلودہ)**۔ (ف۔ صف) سُرمہ لگی ہوئی آنکھ۔

**سُرمہ پھیلنا**۔ (ا۔ محاورہ) سُرمہ آنکھوں سے بہہ کر باہر پھیل جانا۔

**سُرمہ چشم**۔ (ف۔ ا۔ صف) عزیز۔ پیارا۔

**سُرمہ دانی**۔ (ف۔ ا۔ مث) سُرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔

**سُرمہ در گلو**۔ (ف۔ صف) خاموش۔ چُپ (سُرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے)۔

**سُرمۂ دنبالہ دار**۔ (ف۔ صف) وہ سُرمہ جس کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھنچی ہوئی ہو۔
**سُرمہ ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) آنکھ میں سُرمہ لگانا۔
**سُرمہ سا**۔ (ا۔ صف) وہ (آنکھ) جس میں سُرمہ لگا ہوا ہو (۲) سُرمہ کی مانند باریک۔
**سُرمہ کر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت باریک کر دینا۔ پیس ڈالنا۔
**سُرمے کی تحریر**۔ (ا۔ مث) سُرمے کی لکیر جو آنکھ کے اندر ڈالتے ہیں۔
**سُرمئی**۔ (سُر۔ مَ۔ ای) (ف۔ صف) سُرمے کے رنگ کا۔
**سرنا**۔ (سَر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) زندہ رہنا۔ بسر ہونا۔ عُمر کٹنا (۲) ہونا۔ ہوسکنا۔ کیا جانا۔ تکمیل ہونا (۳) کافی ہونا۔ بس ہونا۔ وافر ہونا۔ (۴) نکلنا۔ خارج ہونا (۵) (ا۔ مذ) ہَوا سے پھیلائی ہوئی مشک جس پر چڑھ کر دریا پار کرتے ہیں۔
**سُرنا**۔ (سُر۔ نا) (ہ۔ ا۔ مث) نفیری۔
**سُرنا**۔ (ق۔ مص) ختم ہونا۔ پورا ہونا۔ تمام ہونا۔
**سرنج**۔ (سِ۔ رِنج) (انگ۔ ا۔ مث) (Syringe) پچکاری۔ خاص طور پر ٹیکہ لگانے کی پچکاری۔
**سُرنگ**۔ (سُ۔ رنگ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) زمین دوز راستہ۔ نقب۔ سوراخ زمین (۲) وہ زمین دوز نالی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کو یا پہاڑ یا قلعے وغیرہ کی دیوار کو اُڑاتے ہیں (۳) (ہ۔ مذ) ایسا گھوڑا جس کی ایال اور دُم کے بال سُرخ ہوں (۴) (صف) اچھے رنگ کا۔ خوش رنگ (۵) لال۔ سُرخ (۶) سیدھی (ق)۔
**سُرنگ اُڑانا**۔ (۱) کسی سُوراخ یا زمین دوز نالی میں بارود بھر کر اُڑانا۔ (۲) (مزاحاً) گوز مارنا۔ پادنا۔
**سُرنگ لال گھوڑی**۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں آدھے بچے گھوڑیاں بنتے ہیں اور آدھے ان پر سوار ہوتے ہیں۔ پھر سواروں میں سے باری باری ہر لڑکا ایک سانس میں یہ فقرہ کہتا ہوا گھوڑیوں کا چکر کاٹ کر اپنی گھوڑی تک آتا ہے کہ: "سرنگ لال گھوڑی تو مجھ سے کیوں نہ بولی" یا "سرنگ لال چھکے تم ہم سے کیوں نہ چھکے"۔ اگر راستے میں سانس ٹوٹ جائے تو سوار لڑکے فوراً اُتر کر گھوڑیاں بن جاتے ہیں اور جو لڑکے گھوڑیاں بنے ہوئے تھے وہ سوار بن جاتے ہیں۔ اب وہ باری باری چکر کاٹتے ہیں۔
**سُرنگ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) سُوراخ کرنا۔ نقب لگانا (۲) اندر ہی اندر کھوج لگانا (۳) بنیاد کھوکھلی کرنا۔
**سُرنگا**۔ (سُ۔ رن۔ گا) (ق۔ صف) سُرخ۔
**سُرنگی۔ سُرنگیا**۔ (ا۔ صف) سُرنگ لگانے والا۔ سُراغ رساں۔
**سرو**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔ خوشنائی کی وجہ سے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔
**سروِ آزاد**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک شاخ یا بالکل سیدھا سرو۔ جس کی شاخیں بالکل سیدھی تنی رہیں۔ اس میں پھل نہیں آتا اور کجی بھی نہیں آتی اس لیے آزاد کہتے ہیں۔
**سروِ بالا (بلند)**۔ (ف۔ صف) سیدھے قد والا (مجازاً) معشوق۔
**سروِ چراغاں**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سرو کی مانند جھاڑ جو محفلوں میں روشن کیا جاتا تھا۔
**سروِ خراماں**۔ (ف۔ ا۔ صف) چلنے والا سرو (مراد سرو قد معشوق)
**سروِ سہی**۔ (ف۔ صف) (۱) دو شاخہ سرو جس کی دونوں شاخیں سیدھی اوپر کو چلی گئی ہوں (۲) معشوق خوش قامت۔
**سرو قد**۔ (ف۔ صف) سرو جیسے سیدھے قد والا۔ خوش قامت۔
**سرو قد تعظیم دینا**۔ (ا۔ محاورہ) سیدھا کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔
**سَرَو**۔ (ق) تمام!
**سروال**۔ (ق۔ صف) مشہور۔ نامور۔
**سَروا ہا**۔ (سَر۔ وا۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وارث (۲) سازو سامان۔
**سُروپ**۔ (سُ۔ رُوپ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شکل۔ صورت۔ شباہت (۲) تماشا۔ نظارہ (۳) یکسانیت (۴) قدرتی شکل (۵) ضروری خاصیت (۶) قدرت (۷) چلن (۸) نوع۔ قسم (۹) (صف) خوبصورتی۔ حُسن۔ رُوپ۔
**سُروتا**۔ (سَ۔ رو۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھالیہ کترنے یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار۔
**سَروج**۔ (س۔ ا۔ مذ) (جھیل کا بیٹا) کنول۔ نیلوفر۔
**سُرود**۔ (سُ۔ رُود) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نغمہ۔ گیت۔ راگ (۲) ایک قسم کا باجا (۳) بات۔ سخن۔
**سرودِ خانۂ ہمسایہ وحُسنِ راہ گزرے**۔ (ف۔ مثل) پڑوسی کے گھر کے گانے اور راہ چلتے حُسن سے لطف اُٹھانے میں کوئی ہرج نہیں۔
**سَرور**۔ (سَر۔ وَر) (ف۔ ا۔ مذ) سردار۔ بادشاہ۔ امیر۔
**سرورِ کائنات**۔ (ع۔ ف۔ صف) سردار دو عالم۔ رسول اللہ صلعم کا ایک خطاب۔
**سُرور**۔ (سُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فرحت۔ انبساط۔ شادی۔ خوشی۔ (۲) (اثر) ہلکا ہلکا نشہ۔ خمار۔
**سُروَر**۔ (ق۔ ا۔ مذ) چشمہ۔
**سروری**۔ (سَر۔ وَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) سرداری۔ افسری۔
**سروِس**۔ (سَر۔ وِس) (انگ۔ ا۔ مث) (Service) (۱) خدمت۔ فرض منصبی۔ فریضہ (۲) ملازمت۔ نوکری (۳) نماز۔ پُوجا پاٹ۔ (۴) (ٹینس وغیرہ کھیل میں) گیند پھینکنا۔ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔
**سروس بُک**۔ (Service Book) (انگ۔ ا۔ مث) وہ رجسٹر یا کتاب جس میں ملازم کے چال چلن اور کارگزاری وغیرہ کے بارے میں اندراجات کیے جاتے ہیں۔
**سروس فنڈ**۔ (Service Fund) وہ رقم جو ملازم کو نوکری سے علیحدہ ہونے پر بطور صلۂ خدمات دی جاتی ہے۔
**سروش**۔ (سَ۔ روش) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آوازِ غیب۔ الہام (۲) پیغامِ الٰہی لانے والا فرشتہ۔ جبرئیل علیہ السلام۔
**سروشِ غیب**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ہاتفِ غیب۔ آسمانی آواز۔



Marfat.com

**سرولا** - (سَ - رو - لا) [ہ - ا - مذ] ایک قسم کی مٹھائی۔
**سَروَن** - [ق - ا - مذ] کان - گوش۔
**سروہی** - (سَ - رو - ہی) [ہ - ا - مث] ایک قسم کی سیدھی تلوار - ایک قسم کا خنجر۔
**سروے** - (Survey) (سَر - وے) [انگ - ا - مذ] جائزہ - پیمائش - ناپ۔
**سرویر** - (Surveyor) (سَر - وِ - یَر) [انگ - ا - مذ] ناظر - گرداور پیمائش - امین پیمائش - پیمائش کرنے والا۔
**سرہانا** - (سِر - ہا - نا) [ہ - ا - مذ] (۱) سَر رکھنے کی جگہ (۱) بالیں - (۲) تکیہ۔
**سرہج - سلہج** - (سَر - ہَج) (سَل - ہج) [ہ - ا - مث] سالے کی بیوی۔
**سرہنگ** - (سَر - ہَنگ) [ف - ا - مذ] (۱) فوج کا سردار (۲) بہادر مَن چلا (۳) پیدل سپاہی (۴) نقیب - چوب دار (۵) پہلوان (۶) کوتوال۔
**سری** - (سَ - ری) [س - ا - مذ] (۱) تیر کا گز (۲) [ف - ا - مث] سرداری۔
**سِری** - (سِ - ری) [ہ - ا - مث] (۱) ذبح کیے ہوئے جانور کا سر (۲) ایک عزت کا خطاب (۳) چھ مشہور راگوں میں سے ایک راگ (۴) طبیعت - مزاج۔
**سری ٹیک** - [ہ - ا - مث] (۱) سر ٹکانا - خوشامد (۲) ورزش کی ایک قسم جس میں سر کے بل اُلٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔
**سِتری** - (سِر - ری) [اُر - صف] سڑی - پاگل - دیوانہ۔
**سرے** - (س - رے) [ہ] (۱) فی کس - فی آدمی جیسے آدمی سرے - دو پھل (۲) اول - شروع - انتہائی حد - جیسے سرے سے۔
**سریا** - (سَر - یا) [ہ - ا - مذ] (۱) دھات کی سلاخ (۲) سَرکنڈا۔
**سُرَیا پان** - [ق - ا - مث] آفتابی چھتری۔
**سُریانی** - (سُر - یا - نی) (سُریانی - ا - مث) ملک شام کی ایک قدیم زبان۔
**سُرّیت** - [ق - ا - مث] لونڈی جس سے جنسی تعلق ہو - داشتہ۔
**سَریر** - (سَ - ریر) [ہ - ا - مذ] (۱) جسم - بدن۔
**سریر** - (سَ - ریر) [ع - ا - مذ] تختِ شاہی - مسند - گدی - جمع: سُرُر - اَسِرّہ۔
**سریر آرا** - [ع - صف] تخت نشین - برسرِ حکومت۔
**سریش** - (سَ - ریش) [ف - ا - مذ] (۱) لکڑی جوڑنے کا لیس دار مادّہ۔
**سریشاؤ** - (سَ - رے - شا - او) [اُر - ا - مذ] (اصطلاح علم کیمیا) (Gelatinisation) جانوروں کی ہڈیوں اور کھالوں سے چیپ دار مادّہ پیدا ہونا۔
**سریشانے والا** - (سَ - رے - شا - نے - وا - لا) [اُر - ا - مذ] (کیمیاوی اصطلاح) (Gelatinising) وہ عمل جو جانوروں کی ہڈیوں اور کھالوں سے چیپ دار مادّہ نکالنے کے لیے کیا جاتا ہے۔
**سریع** - (سَ - ریع) [ع - صف] (۱) جلدی کرنے والا - جلد - شتاب - تیز - (۲) (اصطلاح عروض) ایک بحر۔

**سریع التاثیر** - [ع - صف] جلد اثر کرنے والا - تیز اثر دکھانے والا۔
**سریع الحرکت** - [ع - صف] جلد حرکت کرنے والا۔
**سریع الزوال** - [ع - صف] جلد گھٹنے والا - جلد زائل ہونے والا۔
**سریع الفہم** - [ع - صف] تیز فہم - بات کو جلد سمجھنے والا۔
**سریع الہضم** - [ع - صف] زود ہضم - جلد پچنے والا۔
**سُریکھا** - (سُ - رے - کھا) [ق - صف] مثل - مانند۔
**سُریلا** - (سُ - ری - لا) [ہ - صف] خوش گلو - خوش آواز۔
**سُریلا گلا** - [ہ - ا - مذ] ایسا گلا جو گانے کے لیے موزوں ہو - جس سے سُر ٹھیک ٹھیک ادا ہوتے ہوں۔
**سُریلی** - (سُ - ری - لی) [ہ - ا - مث] رسیلی - موزوں - سُر دار۔
**سُریلی آواز** - [ا - صف] رسیلی آواز - گانے کے لیے موزوں آواز۔
**سُرین** - (سُ - رین) [ف - ا - مذ] چوتڑ - پُٹھ۔
**سُریوال** - (سُ - ری - وال) [ق - ا - مذ] سردفتر۔

# س — ڑ

**سِڑ** - [ہ - ا - مث] جنون - دیوانگی - پاگل پن - خبط۔
**سَڑا** - (س - ڑا) [ہ - صف] (۱) جو سڑ چکا ہو (۲) بوسیدہ - خراب - بگڑا ہوا۔
**سِڑا** - (س - ڑا) [ہ - صف] (۱) دیوانہ - پاگل - خبطی - سودائی (۲) احمق - بے وقوف۔
**سڑاسڑ** - (سَ - ڑا - سڑ) [ہ - ا - مث] لگاتار کوڑے یا قمچی مارنے کی آواز - شاسٹ۔
**سڑاک** - (س - ڑاک) [ہ - ا - مث] (۱) قمچی یا کوڑے کی آواز (۲) جلد - تُرت۔
**سڑانا** - (س - ڑا - نا) [ہ - مص] (۱) خراب کرنا - بدبو پیدا کرنا (۲) خمیر اُٹھانا - (۳) گلانا - بوسیدہ کرنا (۴) ڈالے رکھنا - رکھے رکھنا۔
**سڑاند - سڑاہند** - (س - ڑاند) [ہ - ا - مث] (۱) کسی چیز کے سڑنے کا عمل (۲) سڑنے کی بدبو - تعفن۔
**سڑپ - سُڑپ** - (سَ - ڑپ) (سُ - ڑپ) [ہ - ا - مث] کسی رقیق چیز کے جلدی جلدی پینے یا کھانے کی آواز۔
**سڑپا** - (سَ - ڑپ - پا) [ہ - ا - مذ] ایک ہی دفعہ پی جانے کی آواز۔
**سُڑپنا** - (سُ - ڑپ - نا) (سَڑپ - نا) [ہ - مص] جلدی جلدی پینا یا کھانا۔ بفتح اوّل بھی مستعمل ہے۔
**سُڑسُڑ - سُڑ سُڑ** - (سُڑ سُڑ) (سُ - رَڑ - سُ - رَڑ) [ہ - مص] حقہ پینے کی آواز۔
**سڑسٹھ** - [ا - عدد] ساٹھ اور سات کا مجموعہ۔ (۶۷)
**سڑک** - (سَ - ڑک) [اُر - ا - مث] شارعِ عام - شاہ راہ۔
**سُڑکنا** - (سُ - ڑک - نا) (۱) نگل جانا - ہپ کر جانا (۲) ناک کی رطوبت اُوپر کی طرف کھینچ لینا - پانی کی طرح پی جانا (۳) تلوار میان سے نکالنا۔



Marfat.com

**سڑک نیند**۔ (ق ۔ا۔مث ) گہری نیند۔
**سُڑکی**۔ (سُڑ۔کی ) (ہ۔ا۔مث ) کنکوے کی ڈور کو دفعتاً چھوڑ کر ڈھیل دینا (۲) نشہ۔غفلت (ق )
**سڑگ**۔ (ق۔صف) مغرور۔متکبر۔
**سڑلا**۔ (ق۔صف ) سڑی۔ بدمزاج ۔
**سِڑن**۔ (س۔ڑن ) (ہ۔صف ) (۱) دیوانی ۔ پگلی۔ باؤلی (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) بوسیدگی۔ سڑاند۔
**سڑنا**۔ (سڑ۔نا) (ہ۔مص ) (۱) سڑ جانا۔خراب ہونا ۔ بدبو پیدا ہو جانا (۲) بوسیدہ ہونا ۔گلنا۔
**سڑی**۔ (ق ۔ا۔مث) رسّی ۔
**سِڑی**۔ (س۔ڑی (ہ۔صف ) (۱) پاگل ۔سودائی۔ دیوانہ (۲) احمق ۔ بے وقوف ۔
**سڑیا**۔ (ق۔صف ) سڑا ہوا۔ جلا ہوا۔
**سڑیل**۔ (سڑ۔یل ) (ہ۔صف ) (۱) گندا۔ غلیظ۔ متعفن (۲) بے وقوف ۔ احمق (۳) چڑچڑے مزاج کا آدمی۔

## س ـــ ز

**سزا**۔ (سَ ۔زا ) (ف ۔ا۔مث ) (۱) بدی کا بدلہ ۔ پاداش (۲) سزاوار۔ مطابق۔ مناسب۔
**سزا (بھگتنا) پانا**۔ (ا۔مص ) (۱) بدی کا نتیجہ بھگتنا ۔کیے کا بدلہ پانا ۔ (۲) مار کھانا (۳) دُکھ پانا۔ قید یا جرمانہ ہونا۔
**سزاوار**۔ (ف ۔صف) لائق ۔مناسب۔ واجب۔
**سزاوار ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) لائق ہونا ۔ مناسب ہونا۔موافق ہونا ۔ راس آنا ۔(۲) مراد کو پہنچنا ۔ کامیاب ہونا۔
**سزا یافتہ**۔ (ف ۔ا۔مث ) سزا پایا ہوا جس کو سزا ملی ہو۔
**سزائے بامشقت**۔ (ف ۔ا۔مث) وہ قید جس میں سخت مشقت لی جائے ۔
**سزائے تازیانہ**۔ (ف ۔ا۔مث ) کوڑے لگانے کی سزا۔
**سزائے حبس دوام بہ عبور دریائے شور عمر قید**۔ (ف ۔ا۔مث ) کالے پانی کی سزا جو انگریزی عہد میں دی جاتی تھی۔ مجرم کو جزائر انڈمان بھیج دینا۔
**سزائے سنگین**۔ (ف ۔ا۔مث) سخت سزا۔ قید بامشقت۔
**سزائے قتل (موت )**۔ (ف ۔ا۔مث ) پھانسی کی سزا۔
**سزائے قید**۔ (ف ۔ا۔مث ) جُرم کے بدلے میں قید کر دینا ۔
**سزائے موت**۔ (ف ۔ا۔مث ) کسی جُرم کے بدلے میں موت کے گھاٹ اُتارنا۔
**سزاوَل**۔ (سَ ۔زا ۔وَل ) (ف ۔ا۔مذ ) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔

## س ـــ س

**سُستا**۔ (سُس ۔سا ) (ہ۔ا۔مذ ) خرگوش ۔
**بسساند بسساہند**۔ (بِس ۔ساند ) (بِس ۔سا ۔ہَند ) (ہ ۔ا۔مث ) مچھلی کی سی بساند ۔
**سُست**۔ (ف ۔صف) (۱) کاہل ۔ کام میں دیر لگانے والا (۲) کم زور۔ ناتواں (۳) (اُر) ملُول۔چُپ چُپ۔ اُداس ۔ افسردہ (۴) نڈھال ۔مضمحل
**سُست اعتقاد**۔ (ع ۔ف ۔صف ) عقیدے کا کچا۔
**سُست بُنیاد**۔ (ف ۔صف) غیر مستحکم ۔کمزور بنیاد کا ۔
**سُست پیماں**۔ (ف ۔صف) وعدے کا کچا۔
**سُست قدم (رو)**۔ (ف۔صف) دھیمی چال چلنے والا۔
**سُست ہونا**۔ (ا۔محاورہ ) (۱) کاہل ہونا (۲) غمگین ہونا ۔اُداس ہونا۔ (۳) کم شہرت ہونا ۔ ڈھیلا ہونا (۴) کم رفتار ہونا۔
**سَستا**۔ (سَس ۔تا ) (ہ۔صف ) (۱) کم داموں کا ۔کم قیمت۔ ارزاں (۲) گھٹیا ۔ ادنےٰ درجے کا ۔
**سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار**۔ (ا۔مثل ) سستی چیز جلد خراب ہو جاتی ہے اس لیے بار بار خریدنا اور افسوس کرنا پڑتا ہے ۔ مہنگی چیز پر زیادہ دام دیتے وقت خیال ہوتا ہے کہ وہ پائدار ہوتی ہے ۔
**سَستا (سما ) سماں**۔ (ا۔محاورہ ) ارزانی کا زمانہ ۔
**سستا کر**۔ (ا۔ تابع فعل ) آرام سے ۔ بے فکری سے ۔
**سستا لگانا**۔ (ا۔محاورہ ) کم قیمت پر فروخت کرنا ۔
**سستے چھُوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ ) تھوڑا سا نقصان یا تاوان دے کر بچ جانا ۔ آسانی سے بلا دفع ہونا۔
**سَستانا**۔ (سَس ۔تا ۔ نا ) (ہ۔مص ) (۱) آرام لینا ۔ دم لینا (۲) تکان اُتارنا۔ (۳) تازہ دم ہونا۔ تقویت حاصل کرنا۔
**سستی**۔ (سس ۔تی ) (ہ۔ا۔مث ) ارزاں۔ کم قیمت ۔
**سستی بھیڑ کی ٹانگ اُٹھا اُٹھا کے دیکھتے ہیں**۔ (مثل ) خریدار سستی چیز خریدتے وقت بہت جانچ پرکھ کرتا ہے۔
**سُستی**۔ (سُس ۔تی ) (ہ۔ا۔مث ) کاہلی۔ آلکسی ۔
**سُستی اُتارنا (توڑنا )**۔ (ا۔محاورہ ) (۱) سُستی دور کرنا ۔ انگڑائی لینا (۲) مستعد ہونا۔
**سُستی مفلسی کی ماں ہے**۔ (مثل ) سُستی کرنے والا غریب ہو جاتا ہے ۔
**سِسٹر**۔ (Sister) (سِس ۔ٹر ) (انگ ۔ا۔مث ) (۱) ہمشیر۔ بہن۔ خواہر (۲) ہسپتال کی بڑی نرس جس کے تحت دوسری نرسیں ہوتی ہیں (۳) راہبہ۔ نن۔
**سِسٹم**۔ (System) (سِس ۔ٹم ) (انگ ۔ا۔ مذ ) طرز۔ طریقہ۔ اُصول نظام
**سُسر بُسُرا**۔ (سُ ۔سَر ) (سُس ۔را ) (ہ ۔ا۔ مذ ) (۱) خاوند کا باپ ۔ بیوی کا باپ (۲) ایک گالی ۔
**سُسروار**۔ (ق ) سُسرال۔



Marfat.com

**سُسرال** ۔ (سُ ۔ رال) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ساس یا سُسر کا گھر۔
**سُسرال کا کتّا** ۔ (ا ۔ مذ) سُسرال میں رہنے والا داماد۔
**سِسک** ۔ (سِ ۔ سِک) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سِسکی ۔ ٹُبکی ۔ ہچکی (۲) کُتّے کو چھپٹانے کی آواز۔
**سِسک سِسک کر دم نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تھوڑا تھوڑا کر کے دم نکلنا ۔ بڑی مشکل سے جان نکلنا۔
**سِسکارنا** ۔ (سِس ۔ کار ۔ نا) (ہ ۔ مص) کُتّے کو کسی پر دوڑانے کے لیے مُنہ سے آواز نکالنا۔
**سُسکارنا** ۔ (سُس ۔ کار ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) بچّے کو مُنہ کی آواز سے پیشاب کرنے کی ترغیب دینا (۲) کُتّے کو کسی پر دوڑانا (۳) سانپ کی طرح پھنکارنا۔
**سِسکاری** ۔ (سِس ۔ کا ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سِسکی (۲) کُتّے کو پکارنے یا چھپٹانے کی آواز۔
**سِسکتی گئی بلکتی آئی** ۔ (ا ۔ مثل) بدنصیب کو کسی جگہ بھی چین نہیں۔
**سِسکنا** ۔ (سِ ۔ سَک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) سِسکیاں لینا (۲) مرنے والے میں بہت تھوڑی جان باقی ہونا (۳) کن جوسی کرنا ۔ کوڑی کوڑی پر جان دینا۔
**سِسکی** ۔ (سِس ۔ کی) (ہ ۔ ا ۔ مث) کسی تکلیف کی وجہ سے دانتوں کو بھینچ کر آواز نکالنا ۔ آہِ سرد۔
**سسکیاں بھرنا یا لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رونے یا تکلیف کی حالت میں سسکاریاں بھرنا۔
**سُسنا** ۔ (سُس ۔ نا) (ق ۔ مص) سُوجھنا ۔ معلوم ہونا۔

## س ــ ش

**سِشن** ۔ (Session) (سِ ۔ شَن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) اجلاس عدالت ۔ عدالت کی نشست (۲) عدالت فوج داری کے اجلاس کا زمانہ۔
**سِشن جج** ۔ (Session Judge) عدالت فوج داری کا جج۔
**سِشن کورٹ** ۔ (Session Court) (انگ ۔ مث) سیشن جج کی کچہری۔

## س ــ ط

**سطح** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کسی چیز کا بالائی حصّہ (۲) کوٹھا ۔ چھت (۳) میدان ۔ ہموار جگہ۔
**سطحِ آب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پانی کا بالائی حصّہ ۔ روئے آب۔
**سطحِ زمین** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) زمین کا اُوپری حصّہ ۔ زمین کا فرش ۔ سرزمین۔
**سطحِ مائل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ڈھلوان یا ترچھی سطح۔
**سطحِ مرتفع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پتھریلی اور اُونچی زمین۔
**سطحِ مستوی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ہموار سطح ۔ چورس جگہ۔
**سطحِ ہموار** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) میدان ۔ برابر جگہ۔
**سطحی** ۔ (ع ۔ صف) اُوپری ۔ بالائی ۔ جس میں گہرائی نہ ہو ۔ بے وزن۔
**سطر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) لکیر ۔ لائن ۔ ریکھا (۲) قطار ۔ صف ۔ سلسلہ۔
**سطوت** ۔ (سَط ۔ وَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) قہر (۲) دبدبہ ۔ رُعب (۳) شان و شوکت۔
**سُطُور** ۔ (سُ ۔ طُور) (ع ۔ ا ۔ مث) سطر کی جمع ۔ سطریں ۔ لائنیں ۔ صفیں ۔ قطاریں

## س ــ ع

**سعادت** ۔ (سَ ۔ عا ۔ دَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) اقبال مندی ۔ خوش نصیبی ۔ نیک بختی (۲) نیکی ۔ بھلائی۔
**سعادتِ دارین** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) دونوں جہان کی بھلائی ۔ دنیا و آخرت کی نیک بختی۔
**سعادت مند** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) (۱) نیک بخت (۲) مطیع ۔ فرمانبردار وفادار (۳) خدمت گُزار۔
**سعادت مندی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) نیک بختی (۲) اطاعت ۔ فرماں برداری۔
**سعال** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کھانسی۔
**سَعتر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی گھاس جو زُلف کی مانند ہوتی ہے اور دواؤں میں کام آتی ہے
**سعد** ۔ (ع ۔ صف) (۱) مبارک (۲) نیک (۳) چاند کی بائیسویں منزل کا نام۔
**سعدِ اصغر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ستارہ زہرہ ۔ ناہید ۔ جمعہ۔
**سعدِ اکبر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ستارہ مشتری ۔ برہسپت۔
**سعدی** ۔ (سَع ۔ دی) (ف ۔ صف) (۱) سعد سے نسبت رکھنے والا (۲) گلستان و بوستان کے مصنّف فارسی کے مشہور شاعر شیخ مشرف الدّین شیرازی کا تخلّص ۔ مصلح الدّین لقب۔
**سَعدین** ۔ (سَع ۔ دَین) (ع ۔ ا ۔ مذ) دو مبارک ستارے زہرہ اور مشتری۔
**سعی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دوڑ دھوپ ۔ کوشش ۔ جد و جہد ۔ محنت (۲) دارُ) سفارش (۳) مکّے کی دو پہاڑیوں صفا مروہ کے درمیان دوڑنا ۔ بسکون دوم صحیح ۔ عوام ع مکسور بھی بولتے ہیں۔
**سعی سفارش** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کہنا سننا ۔ جد و جہد ۔ کوشش۔
**سعی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوشش کرنا ۔ سفارش کرنا۔
**سعیٔ لاحاصل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (نامشکور) بے نتیجہ دوڑ دھوپ۔
**سَعید** ۔ (سَ ۔ عِید) (ع ۔ صف) (۱) نیک بھلا (۲) مبارک ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان
**سَعیر** ۔ (سَ ۔ عِیر) (ع ۔ ا ۔ مذ) دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ۔

## س ــ ف

**سفاح** ۔ (ع ۔ مبالغہ) خون بہانے والا (۲) آزادی دینے والا (۳) سخی (۴)



Marfat.com

صَیح (ھ) پہلا عباسی خلیفہ۔

**سِفارت**۔ (سِ۔ فا۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) سفیر کا عہدہ (۲) ایلچی یا سفیر کے فرائض۔ ایک حکومت یا ملک کی طرف سے دوسری حکومت یا ملک کے پاس نمائندہ یا ایلچی بن کر جانا۔

**سفارت خانہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ عمارت جس میں سفیر اور اس کے عملہ نے اپنا دفتر بنا رکھا ہو۔

**سِفارش**۔ (سِ۔ فا۔ رِش) [ف۔ ا۔ مث] (۱) کسی کے حق میں کلمۂ خیر (۲) وسیلہ۔ امداد۔ سہارا (۳) سپردگی۔

**سفارش نامہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سفارش کا خط یا چٹھی۔

**سِفارشی**۔ (سِ۔ فار۔ شی) [ف۔ صف] (۱) جس کی سفارش کی گئی ہو۔ جو سفارش سے متعلق ہو۔

**سفارشی ٹٹو**۔ وہ نااہل جو سفارش کی وجہ سے ملازم ہو گیا ہو۔

**سَفّاک**۔ (سَف۔ فاک) [ع۔ صف] ستم گر۔ بے رحم۔ ظالم۔ خون ریز۔ خونی۔ قاتل۔

**سفّاکی**۔ (سَف۔ فا۔ کی) [ع۔ ا۔ مث] بے رحمی۔ ستم گری۔ ظلم۔ خون ریزی۔

**سِفال**۔ (سِ۔ فال) [ف۔ ا۔ مث] (۱) ٹھیکری۔ ٹھیکرا (۲) اخروٹ۔ بادام وغیرہ کا خول۔

**سفالی۔ سفالین**۔ (سِ۔ فا۔ لی) (سِ۔ فا۔ لین) [ف۔ صف] مٹی کا۔ مٹی سے بنا ہوا۔

**سفاہت**۔ (سَ۔ فا۔ ہَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) کمینہ پن۔ رذالت (۲) بے وقوفی۔ حماقت۔

**سِفت**۔ (ف۔ صف) دبیز۔ موٹا۔ گاڑھا۔

**سُفت**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سوراخ۔ چھید۔

**سُفتہ**۔ (ف۔ صف) بندھا ہوا۔ سوراخ کیا ہوا۔

**سَفَر**۔ (سَ۔ فَر) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) مسافرت۔ سیاحت (۲) کوچ۔ روانگی۔

**سفرِ آب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سمندری سفر۔ بحری سفر۔ پانی کا سفر۔

**سفرِ آخرت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دُنیا سے کوچ۔ مرجانا۔ انتقال۔

**سفرچی**۔ (ق) ملازم دسترخوان۔

**سفرخرچ**۔ بھتا۔ ٹریولنگ الاؤنس (انگ)
(Travelling Allowance)

**سفر کرنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) مسافرت اختیار کرنا (۲) کوچ کرنا۔

**سفرنامہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سفر کے حالات پر کتاب۔ سیاحت نامہ۔

**سفر نمونۂ سقر**۔ (ا۔ مثل) سفر میں دوزخ کے برابر تکلیف ہوتی ہے۔ پرانے وقتوں کا مقولہ جب سفر عذاب سمجھا جاتا تھا۔

**سفر وسیلۂ ظفر**۔ (ا۔ مثل) سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔

**سُفَرا**۔ (سُ۔ فَ۔ را) [ع۔ ا۔ مذ] سفیر کی جمع۔ ایلچی لوگ۔

**سفرائے دول**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بہت سی حکومتوں کے سفیر۔

**سفرمینا**۔ [انگ۔ ا۔ مث] (Sappers & Miners)
سیپرز اینڈ مائینرز کا بگڑا ہوا ہے۔ فوج کی وہ پلٹن جو سرنگ لگانے اور زمین کھودنے وغیرہ کے کام کرتی ہے۔

**سَفرہ**۔ (سَف۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) دسترخوان۔ توشہ دان (ف) (۲) س کے پیش سے بمعنی مقعد۔

**سَفَری**۔ (سَ۔ فَ۔ رِی) [ف۔ صف] (۱) سفر سے متعلق (۲) مسافر (۳) زادِ راہ۔ توشۂ سفر (اُر) (۴) امرود۔

**سِفل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) پستی۔ نشیب (۲) پھوک۔ فضلہ۔

**سِفلہ**۔ (سِف۔ لہ) [ع۔ صف] (۱) کمینہ۔ رذیل (۲) اوچھا۔ کم ظرف۔ نالائق۔

**سفلہ پرور**۔ کمینوں کو منہ لگانے اور مصاحب بنانے والا۔ نالائقوں کو دوست رکھنے والا۔

**سفلہ پن**۔ (ا۔ مذ) کمینگی۔ چھچھورپن۔

**سِفلی**۔ (سِف۔ لی) [ع۔ صف] (۱) پستی کا۔ نیچے کا (عُلوی کی ضد) (۲) سفلہ کی تانیث۔

**سفلی (جادو) عمل**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ منتر یا عمل جس میں خبیث ارواح سے مدد لی جائے۔

**سِفنا**۔ (سِف۔ نا) [ع۔ ا۔ مذ] مچھلی یا مگرمچھ کی کھال پر جو گول گول ٹکڑے ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک کو سفنا کہتے ہیں۔

**سُفوف**۔ (سُ۔ فُوف) [ع۔ ا۔ مذ] پسی ہوئی چیز۔ برادہ۔ پوڈر۔

**سُفہا**۔ (ع۔ صف) سفیہہ کی جمع۔ دیکھیے سفیہہ۔

**سفید**۔ (س۔ فید) [ع۔ صف] (۱) سپید۔ اُجلا۔ گورا چٹا (۲) کورا۔ سادہ۔ بغیر لکھا۔ صاف (۳) گنجفے کی آٹھ بازیوں میں سے ایک بازی کا نام (۴) خوف زدہ۔ ہراساں۔

**سفید پڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) خوف یا غم سے چہرہ سفید ہو جانا۔ ہوائیاں اُڑنے لگنا۔ مُنہ فق ہو جانا۔

**سفید پوش**۔ (ف۔ صف) (۱) سفید کپڑے پہننے والا۔ اُجلا رہنے والا (۲) بھلا مانس۔ شریف طبع۔

**سفید چشم**۔ (ف۔ صف) اندھا۔ نابینا (۲) بے حیا۔

**سفید کاری**۔ (ف۔ ا۔ مث) [دفتری اصطلاح] دھوپ میں رکھ کر یا کیمیاوی طریقوں سے سفید کرنا۔

**سفید و سیاہ**۔ (ف۔ صف) (۱) اچھا بُرا۔ اچھائی بُرائی (۲) نیکی بدی۔

**سفیدہ**۔ (سَ۔ فے۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) پھُنکے ہوئے جست کا پھول جو آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا پوڈر (۳) ایک قسم کا آم (۴) ایک قسم کا خربوزہ۔ ایک درخت۔

**سفیدۂ صبح (سپیدۂ صبح)**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) صبح کی روشنی۔

**سفیدی**۔ (سَ۔ فے۔ دی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) گورا پن۔ چٹا پن (۲) انڈے کے اندر کا سفید طعوبہ (۳) قلعی، دیواروں پر پھیرنے کا چونا (۴) صبح کی روشنی۔ اُجالا۔

**سفیدی آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بال سفید ہو جانا۔ بڑھاپا آنا۔

**سفیدی (پھیرنا) کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دیوار یا مکان پر قلعی کرنا۔

**سفیر**۔ (سَ۔ فِیر) [ع۔ ا۔ مذ] ایلچی۔ قاصد۔ جمع سُفرا۔

**سفینہ**۔ (سَ۔ فی۔ نَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) کشتی۔ ناؤ۔ جہاز (۲) بیاض۔ نوٹ بک (انگ) چھپے مجلد اوراق۔



Marfat.com

**سفینۂ نوحؑ** ۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) حضرت نوحؑ کی کشتی۔
**سَفِیہہ** ۔ (ع۔ صف) احمق۔ نادان۔ بے وقوف (۲) کمینہ۔

## س — ق

**سقّا** ۔ (سَق۔ قا) (ع۔ا۔ مذ) بہشتی۔ پانی لانے یا پلانے والا۔ ماشکی۔
**سقّاشاہی** ۔ تھوڑے دن کی حکومت یا اقتدار۔ وہ عارضی حکومت جو نظام سقّے نے شہنشاہ ہمایوں کو غرقابی سے بچانے کے صلے میں اور افغانستان کے بچہ سقّہ نے امیر امان اللہ خان کے فرار کے بعد کی۔
**سقاوہ۔ سقابہ** ۔ (سَ۔ قا۔ وَہ) (سَ۔ قا۔ بَہ) (اُر۔ا۔ مذ) خزانۂ آب۔ پانی کی ٹنکی۔ پانی کا حوض۔ نہانے کی جگہ۔
**سقایہ** ۔ (ع۔ مذ) پانی کا پیالہ۔ پانی پلانا۔
**سقایہ خانہ** ۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) وہ عمارت جس میں پانی کا ذخیرہ رکھا جاتا اور آگے تقسیم کیا جاتا ہے۔ واٹر ورکس۔
**سَقَر** ۔ (سَ۔ قَر) (ع۔ا۔ مذ) دوزخ۔ جہنم۔
**سقط** ۔ (ع۔ا۔ مذ) چوپائے کی موت۔ گھوڑے یا گدھے کا مر جانا۔ جمع: اسقاط۔
**سقف** ۔ (ع۔ا۔ مث) (۱) چھت (۲) شامیانہ۔
**سُقم۔ سَقَم** ۔ (سُقم) (سَ۔ قَم) (ع۔ا۔ مذ) (۱) خرابی۔ عیب۔ نقص (۲) (مث) بیماری۔ دُکھ۔
**سقم نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عیب نکالنا۔ خامی ظاہر کرنا۔
**سقمونیا** ۔ (سَق۔ مو۔ نِ۔ یا) (یو۔ا۔ مث) ایک قسم کا گوند۔
**سقن۔ سقنی** ۔ (سَ۔ قَن) (سق۔ نی) (اُر۔ا۔ مث) سقّے کی بیوی۔ بہشتن۔ پانی بھرنے والی عورت۔
**سَقَنقُور** ۔ (سَ۔ قن۔ قُور) (یو۔ا۔ مذ) ایک قسم کا رینگنے والا ریگستانی جانور۔ ریگ ماہی۔
**سُقُوط** ۔ (سُ۔ قُوط) (ع۔ا۔ مذ) (۱) گر پڑنا (۲) خطا کرنا (۳) جنگ ہارنا۔ (علم عروض کی اصطلاح) کسی حرف کا وزن شعر کے خلاف ہونا۔
**سقیفہ** ۔ (س۔ قی۔ فَہ) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت (۲) چوڑا تختہ۔ چبوترہ۔
**سقیفہ بندی** ۔ (ع۔ ف۔ا۔ مث) (۱) بہتان (۲) بے ہودہ بات۔
**سقیم** ۔ (سَ۔ قیم) (ع۔ صف) (۱) بیمار (اُر) خراب۔ خستہ۔ ابتر۔ ردّی۔
**سقیم الحال** ۔ (ع۔ صف) (۱) ناتواں۔ کم زور (۲) بیمار۔ مریض (۳) بہت مفلس۔

## س — ک

**سکّا** ۔ (سُک۔ کا) (ہ۔ا۔ مذ) کشتی کے تلے کی لکڑی (۲) انگوٹھی (ق)۔
**سکاٹ** ۔ (Scot) دیکھیے اسکاٹ۔
**سکاچ** ۔ (Scotch) دیکھیے اسکاچ۔
**سکار** ۔ (سَ۔ کار) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) بل یا ہنڈی کی وصولی (۲) علی الصبح۔ تڑکا۔ پو پھٹے۔
**سکار گھر** ۔ (اُر۔ا۔ مذ) (اصطلاح بنکاری) وہ جگہ جہاں ہنڈیوں کی ادائیگی ہوتی ہے۔
**سکارا۔ سکارائی** ۔ (سَ۔ کا۔ را) (س۔ کا۔ را۔ ئی) (ہ۔ا۔ مذ) ہنڈی یا بل سکارنے کی فیس۔
**سکارف** ۔ (Scarf) (سِ۔ کارف) (انگ۔ا۔ مذ) (۱) رومال (۲) گلوبند۔
**سکارنا** ۔ (سَ۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) بل یا ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
**سکارُو** ۔ (سَ۔ کا۔ رو) (ہ۔ا۔ مذ) (اصطلاح بنکاری) ہنڈی قبول کرنے والا۔ ادائیگی کرنے والا۔
**سکارے** ۔ (سَ۔ کا۔ رے) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) صبح۔ تڑکے۔ پو پھٹے (۲) آنے والا کل۔ فردا۔
**سُکّا کھڑک** ۔ (ق۔ صف) بالکل خشک۔
**سکال** ۔ (س۔ کال) (سَ۔ا۔ مث) (۱) علی الصبح۔ تڑکا (صف) (۲) موسم کے مطابق، باموقع (ظرف زمان) (۳) صبح کے وقت، پو پھٹے (۴) آنے والی کل۔
**سُکال** ۔ (ق۔ا۔ مذ) اچھا زمانہ۔ اچھی فصل۔ ارزانی۔
**سکالر** ۔ (Scholar) عالم فاضل۔ دیکھیے اسکالر۔
**سکالرشپ** ۔ (Scholarship) (انگ۔ا۔ مذ) وظیفہ جو تحصیل علم کے لیے یا اعتراف قابلیت کے طور پر دیا جائے۔
**سکالے** ۔ (سَ۔ کا۔ لے) (س۔ مذ) پو پھٹے۔ نور کے تڑکے۔ صبح کے وقت۔
**سُکّان** ۔ (سُک۔ کان) (ع۔ا۔ مذ) (۱) پتوار۔ دنبالۂ کشتی (۲) ساکن کی جمع۔ رہنے والے باشندے۔
**سکاؤٹ** ۔ (Scout) (انگ۔ا۔ مذ) ایک عالمگیر جماعت جس کا مقصد لڑکوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ یہ لڑکے ایک خاص وردی پہنتے ہیں (۲) وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے متعلق معلومات فراہم کرنے کیلیے بھیجے جائیں۔
**سکائی لیب** ۔ (Skylab) (انگ۔ مث) خلائی تجربہ گاہ۔ ایک خلائی امریکی اسٹیشن جسے ۱۹۷۳ء میں خلا میں چھوڑا گیا تھا۔ جس نے ۱۹۸۳ء میں گرنا تھا مگر فنی خرابی کے باعث ۱۲ جولائی ۱۹۷۹ء میں بحرِ ہند میں گر گیا۔
**سکت** ۔ (سَ۔ کت) (ہ۔ا۔ مث) طاقت۔ قوت۔ بل۔ توانائی۔
**سُکتا** ۔ (سُک۔ تا) (ق۔ صف) قادر۔ قوی۔
**سکتر** ۔ (س۔ کت۔ تر) (اُر۔ا۔ مذ) انگریزی لفظ (Secretary) سیکرٹری کا ہند۔ ناظم۔ معتمد۔
**سکتہ** ۔ (سَک۔ تہ) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ایک بیماری جس میں آدمی مُردے کی مانند بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔ مرض بے ہوشی (۲) (علم عروض کی اصطلاح) شعر کا وزن پورا نہ ہونا۔
**سکتہ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) روانی میں نقص پڑنا۔ شعر کا وزن درست نہ ہونا۔
**سکتہ کا عالم** ۔ (ا۔ مذ) تحیر یا تعجب کی حالت۔ حیرت۔ خاموشی۔



Marfat.com

**سکٹ** - (سَ - کَٹ) [ہ - ا - مذ] (۱) مشکل - دشوار (۲) نزع کی حالت (۳) تکلیف - بدنصیبی -

**سُکھُر** - (سُ - کھُر) [ق - ا - مث] حجاب -

**شُکر** - (شُک - کَر) [ہ - ا - مذ] (۱) زہرہ - ناہید - ایک روشن ستارے کا نام -

**سُکر** - [ع - ا - مذ] خمار - نشہ - بے ہوشی -

**سکرات** - (سَ - کَ - رات) [ع - ا - مث] جان کنی کی تکلیف - نزع کی حالت -

**سکرانت** - (سَک - رانت) [ہ - ا - مذ] (۱) سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا - تحویلِ آفتاب (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار -

**سکرپٹ** - (Script) تحریر - دیکھیے اِسکرپٹ -

**سکرٹ** - (Skirt) لہنگا - سایا - دیکھیے اِسکرٹ -

**سکریٹری** - (Secretary) (سِک - رے - ٹَ - ری) [انگ - ا - مذ] معتمد - دبیر - ناظر -

**سِکریٹریٹ** - (Secretariat) (سِک - رے - ٹے - ری - اٹ) [انگ - ا - مذ] (۱) سکریٹری کا دفتر - وہ عمارت جس میں حکومت کے سرکاری سکریٹریوں کے دفتر ہوں -

**سکرین** - (Screen) پردہ - دیکھیے اِسکرین -

**سیکرین** - (Saccharine) [انگ - مذ] ایک سفید رنگ کا سفوف جو مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے اور چینی سے تقریباً پانچ سو گنا میٹھا ہوتا ہے -

**سکڑ، سگڑ** - (سَ - کَڑ) (سَ - گَڑ) [ہ - صف] دُور کا رشتہ ظاہر کرنے والا کلمہ - جیسے سگڑ دادا -

**سکڑ دادا** - [ہ - ا - مذ] پردادا کا باپ -

**سکڑ نانا** - [ہ - ا - مذ] پرنانا کا باپ -

**سُکڑا** - (سُک - ڑا) [ہ - صف] تنگ - بھچا ہوا - سمٹا ہوا -

**سُکڑاؤ** - (سُک - ڑا - اؤ) [اُر - ا - مذ] (اصطلاحِ اضافیت) اینٹھن - جکڑاؤ - گھٹنا - کم ہونا - سمٹنا (۲) (اصطلاحِ علم کیمیا) ٹھٹھرنے کی حالت یا عمل - مادے کا مقدار کے لحاظ سے گھٹنا -

**سُکڑنا** - (سُ - کَڑ - نا) [ہ - مص] (۱) سمٹنا - بھچنا - تنگ ہونا -

**سُکڑی** - (سُک - ڑی) [ہ - صف] تنگ - بھچی ہوئی -

**سکڑی پڑنا** - [ہ - مص] دقت پیش آنا - دشواری ہونا (۲) مصیبت پڑنا -

**سکینہ** - (سُک - سے - نَہ) [ہ - ا - مذ] کانستھوں کی ایک گوت -

**سِکشا** - (سِک - شا) [ہ - ا - مث] (۱) تعلیم و تربیت - سکھانا پڑھانا (۲) نصیحت (۳) وید کا ایک حصہ -

**سِکّل** - [ق - ا - مث] زنجیر -

**سِکلا** - (سِک - لا) [ق] سب -

**سُک لَبّ** - [ق] خشک ہونٹ -

**سکنا** - (سَک - نا) [ہ - مص] (۱) لائق ہونا - قابل ہونا (۲) ممکن ہونا -

**سِکنا** - (سِک - نا) [مص] (۱) آگ پر تپایا جانا - پختہ ہونا - کرارا ہونا (۲) گرم ہونا - سینک لینا -

**سَکَنات** - (سَ - کَ - نات) [ع - ا - مذ] سکتہ کی جمع (۱) وقفے - سکون - ٹھہرنا -

**سِکنجبین** - (سِ - کنج - بین) [ع - ا - مث] سرکہ یا نیبو کے عرق کا پکا ہوا شربت - سرکہ اور انگبین (شہد) کے مرکب سرکنگبین سے عربی بنا ہوا -

**سِکندر** - (سِ - کَن - در) [ف - ا - مذ] فیلقوس شاہ مقدونیہ کا بیٹا - دنیا کا ایک مشہور فاتح جس نے ہندوستان پر حملہ کیا اور پنجاب کے راجہ پورس کو شکست دی - اسے سکندرِ اعظم کہتے ہیں - کنایتاً خوش نصیب -

**سِکندری** - (سِ - کَن - دَ - ری) [ف - صف] (۱) سکندر کے متعلق (۲) [مث] گھوڑے کی ٹھوکر (۳) مجازاً بادشاہت -

**سکندری کھانا** - (ا - محاورہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا -

**سیکنڈ** - (Second) (سِ - کَنڈ) [انگ - ا - مذ] (۱) ثانیہ - لحظہ - لمحہ - (۲) اوّل کے بعد دوسرا (۳) [صف] دوسرا - ثانی - دوم -

**سیکنڈ کلاس** - (Second Class) [انگ - ا - مذ] (۱) دوسرا درجہ (۲) دوسرے درجے کا -

**سیکنڈ ہینڈ** - (Second Hand) [انگ - ا - مذ] برتا ہوا - مستعمل - استعمال شدہ

**سیکنڈری** - (Secondary) [انگ - صف] ثانوی - تحتانی -

**سَکَنہ** - (سَ - کَ - نَہ) [ع - ا - مذ] ساکن کی جمع - باشندے -

**سَکْنہ** - [ع - ا - مذ] سکون کی جگہ - مکان -

**سَکَنی** - (سَ - کَ - نی) [ع - صف] قابلِ رہائش -

**سُکوت** - (سُ - کُوت) [ع - ا - مذ] (۱) خاموشی (۲) امن -

**سکوت کا عالم** - خاموشی کی حالت -

**سکوٹر** - (Scooter) [انگ - ا - مذ] ایک قسم کا چھوٹے پہیوں والا موٹر سائیکل

**سکور** - (Score) دیکھیے اسکور -

**سکورا** - (سِ - کو - را) (سِ - کو - رہ) [ف - ا - مذ] مٹی کا پیالہ -

**سکوڑنا** - (ا - مص) ہاتھ پاؤں کا اکٹھا کر لینا - سکیڑ لینا -

**سکول** - (School) مدرسہ - دیکھیے اسکول -

**سُکون** - (سُ - کُون) [ع - ا - مذ] (۱) ٹھہراؤ - قرار (۲) امن - خاموشی (۳) ساکن حرف کی علامت - جزم -

**سکون آور** - [ع - ا - صف] (۱) قرار لانے والی (اصطلاحِ علم کیمیا) مسکن دوا یا مادّہ -

**سُکونت** - (سُ - کُو - نَت) [ا ُر - ا - مث] (۱) بود و باش - مستقل قیام (۲) رہنے کی جگہ - مسکن - مکان - اقامت گاہ -

**سکونت پذیر ہونا** - (ا - محاورہ) بسنا - رہنا - بود و باش اختیار کرنا -

**سُکونیات** - (سُ - کُو - نِ - یات) [ع - ف - ا - مذ] (اصطلاحِ طبیعات) وہ علم جس میں اجسام کی حالت سکون سے بحث کی جاتی ہے -

**سکویش** - (Squash) (۱) عرق - شربت (۲) ایک کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے کمرے کے اندر بنے ہوئے کورٹ میں کھیلا جاتا ہے -

**سِکّہ** - (سِک - کَہ) [ع - ا - مذ] (۱) ٹھپّا - ضرب - چھاپ - نقش کیا ہوا - ڈھلا ہوا (۲) سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے - (۳) طرز - روش - طریقہ - قانون



Marfat.com

(۴) اثر۔ رُعب داب۔
**سکہ بٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رُعب قائم کرنا (۲) حکومت جمانا۔
**سکہ بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رُعب قائم ہونا (۲) حکم چلنا۔ حکومت ہونا۔
**سکۂ رائج الوقت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ سکہ جو ملک میں چل رہا ہو۔
**سکہ رواں ہونا**۔ (ا محاورہ) حکم چلنا۔
**سکہ زن**۔ (ف۔ صف) سکہ ڈھالنے والا۔ ٹکسالیہ۔
**سکۂ (جعلی) قلب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جھوٹا سکہ۔ مصنوعی سکہ۔
**سِکھ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شاگرد۔ چیلا (۲) گرو نانک کا پیرو۔
**سُکھ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) راحت۔ آسودگی۔ چین۔ آرام (۲) امن وامان (۳) تندرستی۔ صحت مندی۔
**سکھپال**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی پالکی۔
**سکھ تلا**۔ (ا۔ مذ) پائے تابہ۔ چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھتے ہیں۔
**سُکھ چین**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آرام وآسائش (۲) ایک درخت کا نام۔
**سکھ درشن**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک بوٹی جس کا عرق کان کے درد کے لیے مفید ہے۔
**سکھ سنپت کا سب کوئی ساتھی**۔ (ا۔ مثل) خوش حالی کے زمانے میں سب دوست بن جاتے ہیں۔
**سُکھ کی نیند**۔ (ا۔ مث) چین آرام کی نیند۔ خواب راحت۔
**سُکھ میں ہر کو بھجے تو دُکھ کاہے کو ہو**۔ (ا۔ مثل) راحت کے زمانے میں خدا کو یاد کریں تو مصیبت کیوں آئے۔
**سِکھا شاہی**۔ (سِکھ۔ کھا۔ شا۔ ہی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) سکھوں کی عملداری۔ بے انصافی اور لوٹ کے لیے مشہور ہے۔ سکھوں کے زمانے کا اندھیر۔ (۲) آپا دھاپی یا لوٹ مار کا دَور۔
**سِکھانا۔ سِکھلانا**۔ (سِ۔ کھا۔ نا) (سِکھ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تعلیم دینا۔ پڑھانا۔ لکھانا۔ بتانا (۲) سدھانا۔ تربیت دینا۔ کسی ڈھب یا راستے پر لگانا (۳) بہکانا۔ ورغلانا۔ پٹی پڑھانا۔
**سکھانا پڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) بدگمان کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
**سُکھانا۔ سُکھلانا**۔ (سُ۔ کھا۔ نا) (سُکھ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) خشک کرنا۔ رطوبت جذب کرنا (۲) دیر تک بٹھائے رکھنا۔
**سکھایا پڑھایا**۔ (ا۔ صف) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ (۲) بہکایا ہوا۔
**سکھاۓ میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہکاۓ میں آجانا۔
**سُکھم**۔ (ق۔ صف) باریک۔ جالی دار۔ استعارتاً بہ معنی باطن۔
**سکھی**۔ (سَ۔ کھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سہیلی۔ ساتھن۔ ہم جولی (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے۔
**سُکھی**۔ (سُ۔ کھی) (ہ۔ صف) آسودہ حال۔ خوش۔ مطمئن۔
**سکیچ**۔ (Sketch) (انگ۔ ا۔ مذ) خاکہ۔ دیکھیے اسکیچ۔
**سُکیڑنا**۔ (سُ۔ کیڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا (۲) بھینچنا۔ تنگ کرنا۔ چست کرنا۔
**سکیل**۔ (Scale) (سَ۔ کیل) (انگ۔ ا۔ مذ) پیمانہ۔ اندازہ۔ تجویز۔
**سکیلا**۔ (سَ۔ کی۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا فولادی ہتھیار (۲) ایک قسم کی تلوار۔ سیف۔ شمشیر۔ تیغ۔
**سکیم**۔ (Scheme) منصوبہ۔ تجویز۔ تدبیر۔ مصلحت۔ دیکھیے اسکیم۔
**سکینڈل**۔ (Scandal) (انگ۔ ا۔ مذ) تہمت۔ رُسوائی۔ بدنامی۔ دیکھیے اسکینڈل۔
**سکّین**۔ (سِک۔ کین) (ع۔ ا۔ مث) چاقو۔ چھری۔
**سکینت۔ سکینہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) آرام۔ سکون۔

# س۔۔گ

**سَگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کُتّا۔
**سگِ بازاری**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ کُتّا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔
**سگ باش برادرِ خورد مباش**۔ (ف۔ مثل) چھوٹے بھائی کی کوئی عزت یا توقیر نہیں ہوتی۔
**سگ تازی**۔ (ف۔ صف) عربی نسل کا شکاری کُتّا۔
**سگِ حضور بہ از برادرِ دُور**۔ (ف۔ مثل) (۱) حاضر یا آنکھوں کے سامنے رہنے والے اور ادنیٰ درجے کے آدمی کی رعایت حقیقی عزیز سے زیادہ کرنی پڑتی ہے یا پاس رہنے والا غیر دُور رہنے والے عزیز سے زیادہ فائدہ حاصل کر لیتا ہے۔
**سگ زرد برادرِ شغال**۔ (ف۔ مثل) (۱) زرد کتا گیدڑ کا بھائی (۲) اس شخص کی بابت کہتے ہیں جو بدی میں دوسروں کی مانند ہو۔
**سگا**۔ (سَ۔ گا) (ہ۔ صف) (۱) ایک ماں باپ کا۔ ایک خون۔ حقیقی (۲) بہت قریبی۔ اپنا۔ یگانہ (۳) داماد (۴) پہاڑی قبائل میں اپنے گاؤں یا بستی کا۔
**سگے سودرے**۔ (ق) خویش اقارب۔
**سگار**۔ (Cigar) (سِ۔ گار) (انگ۔ ا۔ مذ) چُرٹ۔ بڑا سگریٹ جو تباکو کا پتہ لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔
**سگارت (سگارٹ)**۔ (سِ۔ گا۔ رت) (سِ۔ گا۔ رٹ) (ہ۔ ا۔ مث) اپنایت رشتہ۔ ناتہ۔ قرابت۔
**سگال**۔ (ف۔ لاحقہ فاعلی) اسم فاعل ترکیبی بنا کر اندیشہ کرنے والا یا چاہنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خیر سگال۔
**سِگانہ**۔ (سِ۔ گا۔ نہ) (ف۔ صف) (اصطلاح علم کیمیا) زمین کی تیسری تہ۔
**سگائی**۔ (سَ۔ گا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) منگنی۔ نسبت۔ قرابت داری (ق)۔
**سُگٹ**۔ (ق۔ صف) کل۔ تمام۔
**سِگرٹ**۔ (Cigarette) (سِگ۔ رَٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) ہلکا چرٹ۔ کاغذ میں لپٹی ہوئی تباکو کی بتی۔
**سُگس**۔ (ق۔ ا۔ مذ) راحت۔ آرام۔
**سُگسی**۔ (سُگ۔ سی) (ق۔ صف) (۱) کاہل۔ سُست (۲) کاہلی۔ سستی۔
**سگل۔ سگلے**۔ (ق) سب۔ تمام۔ کل۔
**سُگند**۔ (سُ۔ گند) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مہک۔ خوش بُو (۲) سوندھا۔ خوش بودار۔
**سِگنل**۔ (Signal) (سِگ۔ نَل) (انگ۔ ا۔ مذ) اشارہ۔



Marfat.com

**سگنل ڈاؤن ہونا**۔ ریلوے کم کے ہتھے کا نیچا ہونا۔ ٹرین کو لائن کلیر ہونے کا اشارہ ملنا۔ ریل کے آنے یا روانہ ہونے کا اشارہ ہونا۔

**سگنل مین** ۔ (Signal Man) وہ آدمی جو سگنل اٹھاتا یا گراتا ہے۔

**سِگنلر**۔ (Signaller) (سِگ۔نِ۔لر) (انگ۔ا۔مذ) تار بابو۔ ٹیلیگراف کلرک۔

**سُگھڑ**۔ (سُ۔گھڑ) (ہ۔صف) تمیز دار۔ خوش سلیقہ۔ ذی شعور۔ دانش مند۔ صاحب تمیز۔ کاریگر۔ دستکار۔ ہنر مند۔

**سُگھڑاپا**۔ (سُگھ۔ڑا۔پا) (ہ۔ا۔مذ) سلیقہ۔ تمیز۔ ہنر مندی۔ کاری گری۔

**سُگھڑائی**۔ (ق) چترائی۔ ہوشیاری۔ ہُنر مندی۔ دانائی۔

**سُگھڑپن**۔ (سُ۔گھڑ۔پَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سلیقہ۔ تمیز (۲) ہُنر مندی۔ ہوشیاری۔

**سُگھڑ ول**۔ (ق) سُگھڑ۔ باسلیقہ۔

**سُگھڑئی**۔ (ہ۔ا۔مث) ایک راگ جو رات کے دوسرے پہر گایا جاتا ہے۔

## س ـــ ل

**سِل**۔ (ع۔ا۔مث) (۱) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں زخم ہو جاتے ہیں اور منہ سے خون آنے لگتا ہے۔ تپ دق (۲) درد (ق)۔

**سِل**۔ (ہ۔ا۔مث) مصالحہ پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے۔

**سل بٹا**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) سِل پر مسالا پیسنے کا چھوٹا پتھر۔

**سِلا۔سیلا**۔ (سِل۔لا) (سے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) خوشہ۔ اناج کی وہ بالیں جو فصل کٹنے کے بعد کھیت میں پڑی رہ جاتی ہیں۔

**سلاجیت**۔ (سَ۔لا۔جیت) (ہ۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا رقیق مادّہ جو پتھر سے نکلتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

**سِلاح**۔ (سِ۔لا ح) (ع۔ا۔مذ) (۱) لڑائی کے ہتھیار (۲) اوزار۔

**سلاح بند**۔ (ع۔ف۔صف) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلّح۔

**سلاح خانہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) میگزین۔ وہ عمارت جس میں ہتھیار جمع رہتے ہیں۔

**سلاح ساز**۔ (ع۔ف۔صف) ہتھیار بنانے والا۔

**سلاح شور۔ سلحشور**۔ (ف۔صف) (۱) بہادر سپاہی (۲) ہتھیار بند سپاہی (۳) میگزین کا داروغہ۔

**سلاخ**۔ (سَ۔لا خ) (از۔ا۔مث) (۱) لوہے کی گول چھڑ (۲) لکیر۔ دھار۔

**سلاخی گندھک**۔ (سَ۔لا۔خی۔گَن۔دھک) (از۔ا۔مث) (اصطلاح علم کیمیا) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو۔

**سلاد**۔ (Salad) (سَ۔لاد) (انگ۔ا۔مذ) کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرا یا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

**سلاست**۔ (سَ۔لا۔سَت) (ع۔ا۔مث) نرمی۔ روانی۔ ہمواری۔ کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا۔ صفائی۔ فصاحت۔

**سلاست زُبان**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) فصاحت۔ نرم اور ہلکے پھلکے الفاظ استعمال کرنا۔

**سلاسل**۔ (سَ۔لا۔سِل) (ع۔ا۔مث) سلسلہ کی جمع۔ بیڑیاں۔ زنجیریں۔ کڑیاں۔

**سلاطین**۔ (سَ۔لا۔طین) (ع۔ا۔مذ) (۱) سلطان کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ قیصر۔

**سلام**۔ (سَ۔لام) (ع۔ا۔مذ) (۱) سلامتی (۲) تسلیم۔ آداب (۳) رخصت کرنا۔ الوداع (۴) بس۔ جائیے۔ معاف کیجیے (۵) کسی نے جو بات نہ مانی ہو اس کے ظہور پذیر ہونے پر طنزاً آداب بجا لانا (۶) خاتمۂ نماز پر دائیں بائیں منہ پھیرنا (۷) مایوسی کا اظہار (۸) غزل کے انداز پر وہ نظم جس میں واقعاتِ کربلا کا ذکر ہو (۹) کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام عرض کرنا۔

**سلام پھیرنا**۔ (ا۔محاورہ) نماز ختم کرنا۔

**سلام پیام۔ سلام پیغام**۔ (ع۔صف) منگنی یا نسبت کی بات چیت۔

**سلام دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) افسروں کا کسی کو اندر بلوانا یا کوئی چیز لے کر شکریہ کہلانے کی ہدایت کرنا (۲) رخصت یا وداع کرنا۔

**سلام رُوستائی بے غرض نیست**۔ (ف۔مثل) خوشامد کرنے والے کا ضرور کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔

**سلامِ شوق**۔ (ع۔ا۔مذ) محبّت اور اشتیاق کا سلام۔

**سلامٌ (السّلام) علیکم**۔ (ع۔کلمۂ دُعا) تم پر سلامتی ہو۔ آنے والا مجلس میں قدم رکھتے وقت یا کسی سے ملنے پر یہ کلمہ کہتا ہے۔

**سلام علیکی**۔ (ق۔مث) صاحب سلامت۔ علیک سلیک۔ جان پہچان۔

**سلام کرائی**۔ سلامی۔ وہ رقم وغیرہ جو رخصتی کے وقت دولہا کے سلام کرنے پر دولہن والوں کی طرف سے دی جاتی ہے۔

**سلام کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سر ماتھے یا سینے پر ہاتھ رکھنا۔ آداب بجا لانا۔ (۲) رخصت ہونا۔ جانا (۳) سر تسلیم خم کرنا۔ ہار ماننا۔ کسی کی بڑائی کا اعتراف کرنا۔ سراہنا (۴) دست بردار ہونا (۵) خیرباد کہنا۔

**سلام لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) سلام کا جواب دینا۔

**سلامِ نیاز**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) عاجزی کا سلام (بڑوں اور بزرگوں کے لیے)

**سلام ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ملاقات ہونا (۲) رُو برُو یا سامنے ہونا۔

**سلام ہے**۔ (ا۔محاورہ) (۱) باز آئے۔ چھوڑا۔ دست بردار ہوئے (۲) خدا بچائے۔

**سلامت**۔ (سَ۔لا۔مَت) (ع۔صف) (۱) محفوظ۔ ہر بلا سے بچا ہوا (۲) صحیح۔ تن درُست۔ پورا (۳) زندہ۔ حیات۔ موجود (۴) مبارک باد کا جواب۔

**سلامت رُوی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) چلن سے چلنا۔ کفایت شعاری اختیار کرنا۔ میانہ روی (۲) سیدھی راہ اختیار کرنا (۳) ایسا ڈھنگ جس سے کسی طرح کا الزام نہ آئے۔

**سلامتی**۔ (سَ۔لا۔مَ۔تی) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) خیریت۔ عافیت۔ (۲) حفاظت۔ بچاؤ۔ محفوظ ہونا (۳) صحت۔ تندرستی (۴) زندگی۔ حیات (۵) (دار) موجودگی (۶) قیام۔ برقراری۔



Marfat.com

**سلامی** ۔ (س ۔ لا ۔ ی) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) (۱) تعظیم ۔ سپاہ کا ہتھیار اُٹھا کر تعظیم دینا (۲) توپیں ۔ بندوقیں ۔ گولے چلا کر تعظیم کرنا (۳) نذرانہ ۔ پیش کش (۴) ڈھال ۔ ڈھلوان (۵) بجری (۶) وہ رقم جو بوقتِ رخصتی دلھن والے دولھا کو دیتے ہیں ۔

**سلامی اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بادشاہ یا حاکم وقت وغیرہ کی آمد پر توپیں یا بندوقیں سر کرنا ۔

**سِلانا ۔ سِلوانا** ۔ (س ۔ لا ۔ نا) (سِل ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) ٹانکے لگوانا ۔ بخیہ کرانا ۔

**سُلانا ۔ سُلا دینا** ۔ (سُ ۔ لا ۔ نا) (سُ ۔ لا ۔ دے ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) نیند میں محو کرنا ۔ بچے کو تھپک تھپک کر نیند کی ترغیب دینا (۲) (قبر میں) رکھنا (۳) دفن کرنا ۔ گاڑنا ۔ دبانا (۴) زہر کھلا کر مار ڈالنا ۔ گلا گھونٹ دینا ۔

**سِلائی** ۔ (س ۔ لا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) سِلوانے کی اُجرت (۲) سینا ۔ سینے کا عمل ۔

**سَلائی** ۔ (سَ ۔ لا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) دھات یا لکڑی کی پتلی سلاخ ۔ سُرمہ لگانے کی گول پتلی سلاخ ۔

**سلائی پھیرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گرم گرم سلائی آنکھوں میں پھیر کر اندھا کرنا (۲) زخم یا آنکھ میں سلائی گھمانا ۔

**سَلب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) لے جانے یا مٹانے کا عمل ۔ جذب کرنا ۔ (۲) چھین لینا ۔

**سِلپ** ۔ (Slip) (س ۔ لِپ) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) کاغذ یا کسی باریک چیز کا لمبا پُرزہ یا پٹی (۲) غلطی ۔ سہو ۔

**سِلیپَٹ** ۔ (سِل ۔ پَٹ) (ہ ۔ صف) (۱) صاف ۔ ہموار (۲) اندھا (۳) مٹے ہوئے نقوش کا (سکہ) (۴) (اُر) بن ایڑی کی جوتی ۔ انگریزی لفظ سلیپر کا بگڑا ہوا لفظ (۵) ریل کی سڑک پر بچھا ہوا لکڑی کا تختہ ۔ سلیپر (یعنی شہتیر) کا بگڑا ہوا ۔

**سِلپچی ۔ سِلفچی** ۔ (س ۔ لپ ۔ چی) (س ۔ لف ۔ چی) (اُر ۔ ا ۔ مث) ہاتھ دھونے کا برتن ۔

**سُلَٹنا** ۔ (سُ ۔ لَٹ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) نمٹنا ۔ باہم طے کرنا (۲) سیدھا کرنا ۔

**سلجُوق** ۔ (سل ۔ جُوق) (ت ۔ ا ۔ مذ) ترکوں کا ایک مشہور خاندان ۔

**سُلجھانا** ۔ (سُل ۔ جھا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) گرہیں اور پیچ کھولنا ۔ اُلجھاؤ دُور کرنا (۲) پیچیدہ معاملے کی اُلجھنیں دُور کرنا ۔

**سُلجھنا** ۔ (ا ۔ مص) حل ہونا ۔ آسان ہونا ۔ سہل ہونا ۔ کھُلنا ۔

**سُلجھاؤ ۔ سلجھاوا** ۔ (سُل ۔ جھا ۔ او) (سُل ۔ جھا ۔ وا) فیصلہ ۔ اُلجھن دُور ہونا ۔

**سُلجھا ہوا ۔ سلجھا سلجھایا** ۔ (ا ۔ صف) تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔

**سِلَح** ۔ (س ۔ لَح) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ہتھیار ۔ اوزار ۔ آلاتِ حرب (۲) پوشاک ۔ لباس ۔

**سِلح پوش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ہتھیار بند ۔ مُسلّح ۔

**سَلخ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) قمری مہینے کا آخری دن (۲) کھال کھینچنا ۔ کھال اُتارنا ۔

**سَلسَال** ۔ (ع ۔ صف) صاف ۔ شفاف ۔ میٹھا پانی ۔

**سَلَسُ البَول ۔ سَلَسُ البَول** ۔ (سَ ۔ لَ ۔ سُل ۔ بَول) (سَل ۔ سَ ۔ لُل ۔ بول) (ع ۔ ا ۔ مذ) مثانے کی ایک بیماری جس میں پیشاب بار بار قطرہ قطرہ کرکے آتا ہے ۔

**سَلسبیل** ۔ (سَل ۔ سَ ۔ بیل) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) بہشت کی ایک نہر (۲) خوشگوار چیز (۳) شراب ۔

**سَلسلانا** ۔ (سَل ۔ سَ ۔ لا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) نرم نرم کھجلی ہونا (۲) رینگنا ۔ کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا ۔

**سلسلاہٹ** ۔ (سَل ۔ سَ ۔ لا ۔ ہَٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) کھجلی ۔ چُل ۔ (۲) درد (ق) ۔

**سِلسِلہ** ۔ (سِل ۔ س ۔ لہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) زنجیر ۔ بیڑی (۲) قطار ۔ صف ۔ لڑی (۳) خاندان ۔ نسل (۴) شجرہ (۵) ترتیب ۔ درستی (۶) تعلق ۔ واسطہ (۷) ملازمت کا تعلق ۔ جمع : سلاسل ۔

**سلسلہ بندی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) (۱) قطار بندی ۔ ترتیب (۲) زمرہ بندی ۔ گروپ بندی ۔

**سلسلۃ الذہب** ۔ (ع ۔ مذ) سونے کی زنجیر ۔ سنہری زنجیر (۲) کنایۃً لائق فائق لوگوں کا گروہ ۔

**سلسلہ توڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ترکِ تعلق کرنا ۔

**سلسلہ جُنباں** ۔ (ف ۔ صف) تحریک چلانے والا ۔ بات نکالنے والا ۔

**سلسلہ چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کا شروع ہونا (۲) نسل چلنا ۔

**سلسلۂ (سخن) کلام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بیان کی ترتیب ۔

**سلسلۂ کوہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پہاڑوں کی قطار ۔ وہ پہاڑ جو ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوں ۔

**سلسلہ ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خاندانی تعلق ہونا ۔

**سلسلہ نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذریعہ پیدا کرنا ۔ طریقہ نکالنا ۔

**سلسلہ نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آغاز ہونا (۲) راہ نکلنا ۔

**سلسلہ وار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ترتیب وار ۔ درجہ کے لحاظ سے ۔ نمبر کے مطابق ۔

**سُلطان** ۔ (سُل ۔ طان) (ع ۔ ا ۔ مذ) بادشاہ ۔ فرماں روا ۔ راجہ ۔

**سُلطانہ** ۔ (سُل ۔ طا ۔ نہ) (ع ۔ ا ۔ مث) ملکہ ۔ رانی ۔ بادشاہ کی بیگم ۔

**سُلطانی** ۔ (سُل ۔ طا ۔ نی) (ع ۔ ا ۔ مث) بادشاہی ۔ فرماں روائی ۔ حکومت ۔

**سلطنت** ۔ (سَل ۔ طَ ۔ نَت) (ع ۔ ا ۔ مث) بادشاہی ۔ حکومت ۔ عمل داری ۔

**سَلَف** ۔ (سَ ۔ لَف) (ع ۔ صف) (۱) گزشتہ ۔ سابقہ ۔ پہلے کا (۲) اگلے زمانے کے لوگ ۔ جمع : اسلاف ۔

**سُلَف** ۔ (سُ ۔ لَف) (اُر ۔ ا ۔ مذ) (۱) سودا ۔ اسباب (۲) خریدا ہوا سامان (مرکب ہو کر آتا ہے جیسے سودا سلف) (ق) کشتی ۔

**سُلفا** ۔ (سُل ۔ فا) (اُر ۔ ا ۔ مذ) ایک دفعہ چلم بھرنے کے قابل تمباکو یا چرس ۔

**سُلفا کر ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جلا کر خاک کر دینا (۲) فضول خرچی میں دولت برباد کر ڈالنا ۔

**سلفر** ۔ (Sulphur) (سَل ۔ فَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گندھک ۔ کبریت ۔



Marfat.com

سَلفی ۔ (ع ۔ صف) سلف سے منسوب (۲) اہلِ حدیث حضرات اپنے آپ کو سلف صالحین کا پیروگر دانتے ہوئے اپنے آپ کو سلفی کہتے ہیں۔

سِلک ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) تاگا ۔ دھاگا ۔ ڈورا (۲) لڑی ۔ ہار (۳) ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا (۴) سلسلہ ۔ قطار (۵) نظم۔

سِلک ۔ (Silk) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ریشم۔

سِلکھن ۔ (سِل ۔ کھن) (ق ۔ صف) نیک بخت ۔ نیک چلن۔

سَلَگ ۔ (سَ ۔ لَگ) (ہ ۔ صف) (۱) لگاتار ۔ مسلسل ۔ برابر ۔ ثابت ۔ سالم۔

سِلَگ ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) دوستی ۔ بے تکلفی ۔ محبت۔

سِلَگ دینا ۔ (ق) مُنہ لگانا ۔ بے تکلفی پیدا کرنا۔

سُلگانا ۔ (سُل ۔ گا ۔ نا) (ہ ۔ مص) آگ جلانا یا روشن کرنا (۲) فساد یا جھگڑا کرانا۔

سُلگنا ۔ (سُ ۔ لَگ ۔ نا) (ہ ۔ مص) آگ روشن ہونا (۲) آہستہ آہستہ دھواں نکلنا (۳) حسد سے جلنا۔

سِلگی ۔ (سِل ۔ گی) (ق ۔ صف) (۱) سدھا ہوا ۔ سلیم الطبع (۲) دوستی۔

سِلگی پنا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) دوستی ۔ بے تکلفی۔

سَلَم ۔ (سَ ۔ لَم) (ع ۔ ا ۔ مث) کسی چیز کی پیشگی قیمت دے دینا ۔ اُردو میں صرف بیع کے ساتھ مستعمل ہے (بیع وسَلَم)۔

سَلَم ۔ (سَ ۔ لَم) (ع ۔ ا ۔ مذ) (اصطلاح کیمیا) سالمہ مادہ ۔ ذرّہ ۔ ریزہ۔

سَلما ۔ (سَل ۔ ما) (ہ ۔ ا ۔ مذ) چاندی سونے کے تار جن کو بٹ کر اور بل دے کر لباس ۔ جوتوں اور ٹوپیوں وغیرہ پر لگاتے ہیں۔

سلمیٰ ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) عرب کی ایک حسین عورت کا نام (مجازاً) محبوبہ ۔ معشوق۔

سَلنا ۔ (سَل ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) چھدنا ۔ سوراخ ہونا۔

سِلنا ۔ (سِل ۔ نا) (ہ ۔ مص) سیا جانا۔

سِلو ۔ (Slow) (س ۔ لو) (انگ ۔ صف) مدھم ۔ سُست رفتار۔

سَلوٗ ۔ (سَل ۔ لُو) (ہ ۔ ا ۔ مذ) کٹا ہوا چمڑا جس کو ڈورے کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔

سَلو کی (سلائی) گٹھائی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) زرے چمڑے کی سلائی یا گٹھائی۔

سلوا ۔ سلویٰ ۔ (سَل ۔ وا) (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا بٹیر۔

سِلوانا ۔ (سِل ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) سلانا ۔ سینے کے لیے دینا۔

سَلوائی ۔ (سَل ۔ وا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) بندھوائی ۔ چھید کروانے کی مزدوری۔

سِلوائی ۔ (سِل ۔ وا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) سلوانے کے دام۔

سلوتری ۔ (سَ ۔ لوت ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گھوڑوں کا ڈاکٹر۔

سلوپ ۔ (Slop) (انگ ۔ ا ۔ مث) ڈھلائی ۔ نشیب۔

سَلوٹ ۔ (سَل ۔ وٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) شکن ۔ بل ۔ چُرس۔

سلوٗٹ ۔ (Salute) (سَ ۔ لُوٹ) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) سلام ۔ آداب ۔ تسلیم (۲) فوجی سلام۔

سِلور ۔ (Silver) (سِل ۔ وَر) (انگ ۔ ا ۔ مث) چاندی ۔ رُوپا۔

سلوشن ۔ (Solution) (سَ ۔ لُو ۔ شن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) محلول ۔ تحلیل کی کیفیت۔

سُلوک ۔ (سُ ۔ لُوک) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) راستہ چلنا ۔ راہ طے کرنا (۲) (اُر) برتاؤ ۔ طرزِ عمل ۔ رویّہ (۳) دوستی ۔ محبت (۴) امداد۔ (۵) بھلائی ۔ نیکی ۔ نیک ردی (۶) (اصطلاح تصوّف) حق تعالےٰ کا تقرب چاہنا ۔ تلاش حق۔

سلول ۔ (ق ۔ صف) خوش ادا۔

سِلولائڈ ۔ (Celluloid) (س ۔ لو ۔ لا ۔ ئڈ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک مسالہ جو مختلف چیزیں بنانے کے کام آتا ہے۔

سَلوَن ۔ (سَل ۔ وَن) (ق ۔ صف) خوبصورت۔

سلونا ۔ (س ۔ لُو ۔ نا) (ہ ۔ صف) (۱) نمکین ۔ نمک آلود ۔ نمک دار ۔ (۲) سانولا ۔ گندمی۔

سلونو ۔ (سَ ۔ لو ۔ نو) (ہ ۔ ا ۔ مث) ساون کے مہینے میں ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں راکھی باندھتے ہیں۔

سلونی ۔ (ہ ۔ صف) نمکین ۔ ملیح ۔ سانولی۔

سِلہج ۔ سِلہج ۔ (سَل ۔ ہج) (سَ ۔ لَہج) (ہ ۔ ا ۔ مث) سالے کی بیوی۔

سلّے ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) اسلحہ۔

سلی ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) سلائی ۔ پتلی۔

سِلّی ۔ (سِل ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) اُسترا ۔ چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری (۲) لکڑی کا موٹا تختہ (۳) مرغابی (۴) بھوسا ملا ہوا اناج (اس میں بلا تشدید لام ہے)۔

سلیبس ۔ (Syllabus) (انگ ۔ مذ) نصاب۔

سلیپر ۔ (Sleeper) (سَ ۔ لی ۔ پَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) لکڑی کا وہ کندا جس پر ریل کی پٹڑی رکھی ہوتی ہے۔

سلیپر ۔ (س ۔ لی ۔ پَر) اصل سلپر (Slipper) (انگ ۔ ا ۔ مذ) زیرپائی ہلکی اور کھلی جوتی جو عموماً گھر میں پہنتے ہیں۔

سلیٹ ۔ (Slate) (س ۔ لیٹ) (انگ ۔ ا ۔ مث) پتھر کی تختی۔

سَلیس ۔ (سَ ۔ لیس) (ع ۔ صف) آسان ۔ عام فہم زبان۔

سلیقہ ۔ (سَ ۔ لی ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) تمیز ۔ شعور ۔ لیاقت (۲) سُگھڑاپا۔ (۳) ہُنر ۔ دست کاری۔

سلیقہ مند (شعار) ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) تمیزدار ۔ سُگھڑ ۔ ذی شعور ۔ ہُنرمند۔

سلیکشن ۔ (Selection) (س ۔ لیک ۔ شن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) انتخاب اختیار ۔ پسند۔

سَلیم ۔ (سَ ۔ لیم) (ع ۔ صف) (۱) ٹھیک ۔ درُست ۔ کامل ۔ پُورا (۲) سادہ دل ۔ صاف دل (۳) تن درست ۔ چنگا (۴) (اُر) حلیم ۔ بردبار خاموش ۔ صلح پسند (۵) شہنشاہ جہانگیر کی عرفیت۔

سلیم الطبع ۔ (ع ۔ صف) (۱) حلیم ۔ نرم دل ۔ دانش مند ۔ دُوراندیش۔

سلیم شاہی ۔ (ا ۔ مث) ایک قسم کی نازک خوبصورت جُوتی۔

سُلیمان ۔ (سُ ۔ لے ۔ مان) (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت داؤد کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ ۔ جن دانس اور حیوانات پر ان کی حکومت تھی۔

سُلیمانی ۔ (سُ ۔ لے ۔ ما ۔ نی) (ع ۔ صف) (۱) حضرت سلیمانؑ سے منسوب (۲) ایک قسم کا دو رنگا پتھر (۳) ایک قسم کا چورن نمک سلیمانی (۴)



Marfat.com

ایک قسم کا خرما۔

**سلیمانی ٹوپی**۔ (ا۔ مث) ایسی فرضی ٹوپی جس کے پہن لینے سے وہ سب کو دیکھ سکتا ہے مگر اُسے کوئی نہیں دیکھ سکتا۔

# س ـــ م

**سم**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آواز۔ تال۔ سُر (۲) برابر۔ ہم وزن۔ پورا۔

**سَم**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) زہر۔ بِس (۲) چھید۔ سوراخ۔ اُردو میں بسکون میم مستعمل ہے۔

**سمّ الخیاط**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سوئی کا ناکہ۔

**سمّ الفار**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک زہریلا پتھر۔ سنکھیا۔

**سمّ قاتل**۔ (ع۔ ا۔ صف) جلد ہلاک کرنے والا زہر۔ زہر ہلاہل۔

**سُم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کھُر۔ گھوڑے یا گدھے کا پاؤں۔

**کُسُم لینا**۔ (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

**سما**۔ (سَ۔ ما) (ع۔ ا۔ مذ) آسمان۔ فلک۔ آکاش۔ جمع: سماوات۔

**سما۔ سماں**۔ (سَ۔ ما) (سَ۔ ماں) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وقت۔ ساعت۔ (۲) موقع۔ محل (۳) رُت۔ موسم۔ فصل (۴) کیفیت۔ حالت۔ عالم۔ (۵) رونق۔ لطف۔ جوبن (۶) تماشا۔ سیر۔ نظارہ۔

**سما (سماں) باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رنگ جمانا (۲) کیفیت پیدا کرنا۔ لُطف پیدا کرنا۔

**سما (سماں) بندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) محویت کا عالم طاری ہونا۔ (۲) رنگ جمنا۔

**سماپت**۔ (سَ۔ ما۔ پت) (سَ۔ ا۔ مذ) کمال۔ پورا ہونا۔

**سمان**۔ (ق) مانند۔ مثل۔

**سماج**۔ (سَ۔ ماج) (سَ۔ ا۔ مث۔ مذ) (۱) معاشرہ۔ سوسائٹی (۲) انجمن۔ کمیٹی۔ محفل۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ منڈلی۔

**سما جانا**۔ (سَ۔ ما۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بس جانا۔ بیٹھ جانا۔ بھر جانا۔ (۲) جذب ہو جانا۔ سرایت کرنا۔

**سماجت**۔ (سَ۔ ما۔ جت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) شرمندگی (۲) تُرشی۔ دُرشتی۔ عیب دار ہونا (۳) شرمندگی (۴) (اُر) منت۔ چاپلوسی۔ خوشامد (اُردو میں "منت" کے بغیر نہیں بولا جاتا)۔

**سماجی**۔ (سَ۔ ما۔ جی) (اُر۔ صف) سماج یا معاشرے سے متعلق۔ معاشرتی۔

**سماچار**۔ (سَ۔ ما۔ چار) (س۔ ا۔ مذ) خبر۔ اطلاع (۲) حالت۔ کیفیت۔

**سمادھ**۔ (سَ۔ مادھ) (س۔ ا۔ مث) (۱) گڑھا۔ غار۔ کھوہ (۲) جوگیوں سنیاسیوں یا ماجاؤں کی ہڈیوں کے دفن ہونے کی جگہ (۳) خاکستر (ق)۔

**سمادھ لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سانس روکنا۔ جیسِ دم کرنا (۲) چلّہ کھینچنا۔ کچھ مدت کے لیے جم کر بیٹھنا۔

**سمادھ لینا**۔ (ا۔ محاورہ) جوگیوں، سنیاسیوں کا جیتے جی دفن ہو جانا۔ دم سادھ کر کچھ مدت کے لیے زمین میں گڑ جانا۔

**سمادھان**۔ (سَ۔ ما۔ دھان) (س۔ ا۔ مذ) (۱) مذہبی تعصب۔ مذہبی کٹرپن (۲) مراقبہ۔ دھیان (۳) سوال کا جواب۔

**سمادھی**۔ (س۔ ا۔ مث) اکٹھا کرنا (۲) تصور جمانا (۳) اختلاف رفع کرنا۔ (۴) وعدہ۔ عہد (۵) بدلہ۔ جزا (۶) گردن کی ہڈی (۷) ناممکن کام کی کوشش (۸) ثبوت پیش کرنا۔ نیز دیکھیے سمادھ۔

**سماروغ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ککرمتا۔ کھمبی۔

**سماع**۔ (سَ۔ ماع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سُننا (۲) (اُر) راگ یا گانا سننا۔ (۳) رقص و سرود۔ ناچ گانا۔

**سماعت**۔ (سَ۔ ما۔ عت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سُننے کی طاقت (۲) سننا (مقدمے کی) پیشی یا کارروائی۔

**سماعت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سُننا۔ حاکم کا مقدمے کی کارروائی کرنا۔ (۲) توجہ یا التفات کرنا۔

**سماعت کے قابل**۔ (ا۔ صف) (۱) سُننے کے لائق (ایسا مقدمہ) جو پیش کرنے یا کارروائی کے قابل ہو۔ وہ مقدمہ جس میں حاکم کو کارروائی کا اختیار ہو۔

**سماعت میں فرق آنا**۔ (ا۔ محاورہ) کم سنائی دینا۔

**سماعت یک طرفہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) صرف ایک فریق کے حاضر عدالت ہونے پر مقدمے کی سماعت۔ یک طرفہ فیصلہ۔

**سماعی**۔ (سَ۔ ما۔ عی) (ع۔ صف) (۱) سُنا ہوا۔ روایتی۔ سینہ بہ سینہ۔ کانوں کان (۲) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہو۔ اہل زبان اس طرح بولتے ہوں اور اُن سے سُنا گیا ہو۔

**سماق**۔ (سَ۔ ماق) (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سنگِ مرمر۔

**سمان**۔ (سَ۔ مان) (ہ) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ ثانی۔

**سمانا**۔ (سَ۔ ما۔ نا) (۱) کھپنا۔ پورا ہونا۔ گھُسنا۔ اندر بیٹھنا۔ آ جانا (۲) بسنا۔ جمنا۔ ٹھننا۔ مدِ نظر ہونا (۳) گنجائش ہو جانا (۴) رچنا۔ بسنا۔ معطر ہونا۔ (۵) بھنا۔ نظر چڑھنا۔ بھانا۔ پسند آنا۔

**سماوات**۔ (سَ۔ ما۔ وات) (ع۔ ا۔ مذ) سما کی جمع۔ افلاک۔

**سماوار۔ سماوَر**۔ (سَ۔ ما۔ وار) (سَ۔ ما۔ وَر) (ف۔ ا۔ مذ) پانی گرم کرنے کا دوہرا برتن جو تانبے یا پیتل کا ہوتا ہے جس کے اندر آگ جلتی ہے اور باہر پانی گرم ہوتا ہے۔

**سماوی**۔ (سَ۔ ما۔ وی) (ع۔ صف) (۱) آسمانی (۲) ازغیبی۔

**سمائی**۔ (سَ۔ ما۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گنجائش۔ وسعت۔ جگہ (۲) بُردباری برداشت۔ تحمل (۳) حوصلہ۔ ظرف (۴) کھپت۔

**سمبت (سمت)**۔ (سَم۔ بت) (سَم۔ مت) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سنہ۔ برس۔ سال (۲) بکری سنہ جو ۵۷ قبل مسیح میں قائم ہوا تھا۔ یہ سال چیت سے شروع ہو کر پھاگن میں ختم ہوتا ہے۔

**سمبل**۔ (سَم۔ بل) (ق۔ ا۔ مذ) زہر۔ سنکھیا۔

**سمبل**۔ (Symbol) (سِم۔ بل) (انگ۔ ا۔ مذ) علامت۔ اشارہ۔ رمز۔ وہ چیز جو کسی مناسبت کی بنا پر کسی دوسری چیز کو ظاہر کرتی ہو یا اس کی



Marfat.com

طرف ذہن منتقل کرتی ہو۔

**سَمبندھ**۔ (سَم - بندھ) (ہ - ا - مذ) (۱) رشتہ۔ ناتہ۔ نسبت۔ تعلق (۲) قبیلہ۔ کنبہ (۳) راہ و رسم۔ میل ملاپ (۴) گوت۔ برادری۔

**سَمبندھی**۔ (سَم - بن - دھی) (ہ - ا - مذ) رشتہ دار۔ متعلقین۔ اقربا۔

**سمبندھی پتر**۔ شجرۂ نسب۔ نسب نامہ۔

**سمپان**۔ (Sampan) (سم - پا ن) (انگ - ا - مث) چینی ناؤ۔ چینی وضع کی کشتی۔

**سمپت**۔ (ہ - ا - مث) بہتری۔ خوش حالی۔ ترقی۔

**سمپٹ**۔ (سَم - پَٹ) (س - ا - مذ) کیمیاگروں کا آگ پر رکھنے کا خاص برتن۔ جس کا منہ بند ہوتا ہے۔

**سمپُورن**۔ (سَم - پُو - رَن) (ہ - صف) پورا۔ کامل۔ تمام۔ مکمل۔

**سَمت**۔ (ع - ا - مث) (۱) جانب۔ طرف۔ رُخ۔ جہت (۲) راہ۔ روش۔

**سمتُ الراس**۔ (ع - ا - مث) (۱) سر سے آسمان تک کا سیدھا خط (۲) اوج۔ بلندی کی انتہا۔ ترقی کا کمال۔

**سَمت**۔ (ہ - مث) بکرمی سال۔

**سِمَٹ۔ سِمَٹن**۔ (سِ - مَٹ) (سِم - ٹَن) (ہ - ا - مث) (۱) شکن (۲) سکڑنا۔ (۳) اکٹھا کرنے یا جمع کرنے کا فعل۔ سمٹنا کا امر۔

**سمٹ جانا**۔ (ا - محاورہ) سکڑ جانا۔ اکٹھا ہو جانا (۲) کم ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔

**سِمٹنا**۔ (سِ - مَٹ - نا) (ہ - مص) (۱) اکٹھا ہو جانا۔ سُکڑنا (۲) رُخصت ہونا۔ (۳) یک جا ہو جانا (۴) سرک جانا۔

**سِمٹی**۔ (سِم - ٹی) (ہ - ا - مث) ایک قسم کا کپڑا۔

**سَمجھ**۔ (سَ - مجھ) (ہ - ا - مث) (۱) عقل۔ فہم۔ دانش۔ گمان۔

**سمجھ آنا**۔ (ا - محاورہ) ہوشیار ہونا۔ عقل آنا۔ سیانا ہونا۔ آنکھیں کھلنا۔

**سمجھ اُلٹی ہونا**۔ (ا - محاورہ) عقل پھر جانا۔ دماغ اُلٹنا۔

**سمجھ بُوجھ**۔ (ا - مث) عقل و دانش۔ فہم و فراست۔

**سمجھ پر پتھر پڑیں**۔ (ا - مقولہ) ایسی عقل چولھے میں جائے۔ یہ سمجھ غارت ہو جائے۔

**سمجھ دار**۔ (ا - صف) عقل مند۔ سیانا۔ ہوشیار۔ دانا۔ تجربہ کار۔

**سمجھ کا گھر دُور ہے**۔ (ا - مثل) سمجھنا بڑی مشکل بات ہے۔

**سمجھ کے**۔ (ا - تابع فعل) سوچ بچار کر کے۔ دیکھ بھال کر۔

**سمجھ لوں گا**۔ (ا - بول چال) بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔

**سمجھا بُجھا کر**۔ (ا - محاورہ) اچھی طرح سکھا پڑھا کر۔ فہمائش کر کے۔

**سمجھانا**۔ (سم - جھا - نا) (ہ - مص) (۱) ذہن نشین کرنا (۲) بتانا۔ سمجھانا (۳) نصیحت کرنا (۴) حساب دینا (۵) ٹھیک بنانا (۶) اقرار کرانا۔ (۷) تنبیہ کرنا۔

**سمجھانا بُجھانا**۔ (مص - مرکب) (۱) اُونچ نیچ دکھانا (۲) عقل دینا۔ فہمائش کرنا۔

**سمجھنا**۔ (سَ - مجھ - نا) (ہ - مص) (۱) جاننا۔ واقف ہونا (۲) سیکھنا (۳) دِل میں ٹھاننا (۴) حساب میں لگانا (۵) بدلہ لینا (۶) ذہن نشین ہونا۔ (۷) مارنا پیٹنا (۸) غور و فکر کرنا (۹) ماننا (۱۰) عقل میں لانا۔

**سمجھ لینا**۔ (ا - محاورہ) بدلہ لینا (۲) ذہن نشین ہونا (۳) سزا دینا (۴) تسلیم کر لینا (۵) مستعد ہونا (۶) فکر کرنا۔ سوچنا۔

**سمجھنے والے کی موت ہے**۔ (ا - مقولہ) دانا کو بڑی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

**سمجھوتا**۔ (ا - مذ) مفاہمت۔ مصالحت۔ باہمی فیصلہ کر لینا۔

**سمجھے**۔ (ہ - حرفِ استفہام) دیکھا؟ ہوش آیا؟ کچھ پتہ چلا؟ آیا خیال میں؟

**سَمدھن**۔ (سَم - دھن) (ہ - ا - مث) دُولہا اور دُلہن کی مائیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں۔

**سَمدھی**۔ (سَم - دھی) (ہ - ا - مذ) دُولہا اور دُلہن کے باپ آپس میں سمدھی ہوتے ہیں۔

**سَمدھیانا**۔ (سَم - دھ - یا - نا) (ہ - ا - مذ) دُلھن یا دولہا کا گھرانہ۔ سَمدھی کا گھرانہ۔

**سِمرتی**۔ (سِم - رِ - تی) (س - ا - مث) (۱) ہندوؤں کی "الہامی" کتابیں۔ (۲) حافظہ۔ دھیان۔ یادداشت۔

**سُمرن**۔ (سُم - رَن) (ہ - ا - مذ) (۱) وظیفہ۔ ورد۔ خدا کا نام جپنا (۲) تسبیح۔ مالا۔

**سمرُوت**۔ (سَم - رُوت) (ق - صف) (۱) بزُرگ۔ نیک (۲) صابر۔ لائق۔

**سمروت پنا**۔ (ق) بزُرگی۔ نیکی۔

**سَمع**۔ (ع - ا - مذ) سُننے کی قوّت۔ کان۔ گوش۔

**سمع خراشی**۔ (ع - ف - ا - مث) کان کھانا۔ مغز چاٹنا۔

**سمعی، بصری وسائل**۔ (ع - ف - ا - مذ) جلد سُننے اور دیکھنے کے قابل بنانے والے امدادی آلات۔

**سَمک**۔ (سَ - مَک) (ع - ا - مث) وہ مچھلی جس پر عوام کے عقیدے میں زمین ٹکی ہوئی ہے۔ کنایتاً سب سے نچلا طبقہ۔

**سمگل**۔ (Smuggle) ناجائز درآمد برآمد۔ چنگی یا محصول ادا کیے بغیر مال لے جانا۔ دیکھیے اسمگل کرنا۔

**سمگلر**۔ (Smuggler) دیکھیے اسمگلر۔

**سمگلنگ** (Smuggling) دیکھیے اسمگلنگ۔

**سَمَن**۔ (سَ - مَن) (ف - ا - مث) (۱) چنبیلی۔ یاسمن۔

**سمن اندام**۔ (ف - صف) گورا چٹا۔ سیم تن۔ معشوق۔

**سمن بَر**۔ (ف - صف) چنبیلی سا بدن والا۔ خوبصورت۔ معشوق۔

**سَمَن**۔ (Summon) (سَ - مَن) (انگ - ا - مذ) حاضرِ عدالت ہونے کا تحریری حکم۔ پروانۂ طلبی (اُردو میں "م" کی تشدید کے ساتھ مستعمل ہے)۔

**سمن جاری کرنا**۔ (ا - محاورہ) حسبِ قانون طلب نامہ بھیجنا۔

**سمن کی تعمیل**۔ (ا - مث) طلبی کا عمل میں لانا۔ سمن کو بجا لانا۔

**سَمَند**۔ (سَ - مَند) (ف - ا - مذ) گھوڑا۔ زردی مائل گھوڑا۔

**سَمَندر**۔ (سَ - مَن - دَر) (ف - ا - مذ) ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا اور وہیں رہتا ہے۔ آگ سے باہر نکلتے ہی مر جاتا ہے۔

**سُمندر**۔ (سَ - مُن - دَر) (ہ - ا - مذ) بحر۔ دریائے اعظم۔ ساگر۔



Marfat.com

**سمندر بہانا**۔ (ا۔ محاورہ) علمی نکتے بیان کرنا۔ عالمانہ باتیں کرنا۔
**سمندر پار اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) عبور دریائے شور کی سزا دینا۔ جلا وطن کرنا۔ انگریزوں کے زمانے کی ایک سزا۔
**سمندر پھل**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا دریائی پھل جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
**سمندر جھاگ**۔ (ا۔ مث) سفید رنگ کا ایک منجمد مادہ جو دواؤں میں پڑتا ہے۔
**سمندر سوکھ**۔ (ہ۔ا۔ مذ) ایک دوا (صف) بہت پینے والا۔
**سمندر کھار**۔ سم الفار کا مخرب۔ سنکھیا۔ ہڑتال۔
**سمندر میں رہ کر مگر مچھ سے بیر**۔ (ا۔ مثل) ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے جھگڑا۔
**سُمَندَری**۔ (سَ۔مُن۔دَ۔ری) (ہ۔ صف) سمندر سے منسوب۔
**سمندری کھیرا**۔ (اصطلاح علم حیوانات) ایک خاص قسم کا کھیرے جیسا پھل جو سمندر میں پایا جاتا ہے۔
**سمندری گائے**۔ (ا۔ مث) (اصطلاح علم حیوانات) ایک قسم کا جانور جو گائے سے مشابہ ہوتا ہے اور سمندروں میں پایا جاتا ہے۔
**سمندری گھوڑا**۔ (ا۔ مذ) (اصطلاح علم حیوانات) سمندروں میں پایا جانے والا ایال دار چوپایہ جو گھوڑے سے ملتا جلتا ہے۔
**سمنک**۔ (سَم۔نَک) (ہ۔ا۔ مث) گیہوں کا مغز جسے اُبال کر نکالا جاتا ہے۔
**سمُوچا**۔ (سَ۔مُو۔چا) (ہ۔ صف) پورا۔ سالم۔ سارا۔ تمام۔ کامل۔
**سَمُور**۔ (سَ۔مُور) (ع۔ا۔ مذ) (۱) ایک نہایت باریک پشم والا برفانی جانور (۲) اس جانور کی کھال۔
**سَمُور**۔ (ق) سامنے۔
**سموسا**۔ (سَ۔مو۔سا) (ہ۔ا۔ مذ) وہ تکونا پکوان جس کے اندر قیمہ، ترکاری یا کوئی میٹھی چیز بھر کر پکاتے ہیں۔
**سمُوم**۔ (سَ۔مُوم) (ع۔ا۔ مث) (۱) زہریلی ہوا۔ لُو۔ گرم ہوا۔
**سمونا**۔ (سَ۔مو۔نا) (ہ۔ مص) (۱) ملانا (۲) ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا (۳) دو مختلف مزاج چیزوں کو ملا کر اعتدال پیدا کرنا۔
**سمیات**۔ (ع۔ا۔ مذ) زہریلی چیزیں۔
**سمیت**۔ (سَ۔میت) (ہ۔ صف) ساتھ۔ باہم۔ اکٹھے۔ بہ شمول۔
**سُمِّیَت**۔ (سُم۔مِ۔یَت) (ع۔ا۔ مث) (۱) زہریلا پن (۲) زہر کا اثر۔
**سمیٹ**۔ (سَ۔میٹ) (ہ۔ا۔ مث) ایک دوا جو اندام نہانی کو تنگ اور چست کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ قابض دوا (۲) اکٹھا کرنا (۳) تنگی۔
**سمیٹنا**۔ (سَ۔میٹ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) پورا کرنا۔ مکمل کرنا (۳) سکیڑنا۔ تنگ کرنا (۴) سنبھالنا۔
**سَمیع**۔ (سَ۔میع) (ع۔ صف) (۱) سننے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**سمیلن**۔ (ہ۔ا۔ مذ) جلسہ (۲) انجمن۔ بزم۔

## س ـــ ن

**سَن**۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں (۲) (مث) کسی چیز کے زور سے گزرنے کی آواز۔
**سن سے جی ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دل دھک سے ہو جانا۔ سنسناہٹ چھُوٹ جانا۔
**سن سے نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) زنّاٹے سے نکل جانا۔ جلدی سے نکل جانا۔
**سِن**۔ (ع۔ا۔ مذ) عمر۔ سال۔ مقدارِ عمر۔ جمع: سِنین۔
**سنِ (بلُوغ) بلُوغت**۔ (ع۔ف۔ا۔ مذ) (۱) جوانی کی عمر۔ سیانا ہونا۔ (قانوناً) اٹھارہ سال کی عمر۔
**سنِ تمیز**۔ (ف۔ا۔ مذ) سیان پن کی عمر۔ وہ عمر جس میں نیک و بد کی تمیز ہو جاتی ہے۔
**سنِ رسیدہ**۔ (ع۔ف۔ صف) بوڑھا یا بوڑھی۔
**سنِ شعور**۔ (ع۔ف۔ صف) جوانی۔ شباب۔
**سُنّ**۔ (ہ۔ صف) (۱) بے حس۔ ساکن۔ بے حرکت (۲) خاموش۔ چپ چاپ۔ (۳) بے ہوش، بے خبر۔ سکتے میں (۴) مصدر سُننا کا صیغۂ امر۔
**سُن**۔ (کلمۂ تنبیہہ) خبردار کرنے اور دھمکانے کے موقع پر آتا ہے۔
**سُن بہری**۔ (ا۔ مث) فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔
**سُن پانا**۔ (ا۔ محاورہ) آگاہ یا واقف ہو جانا۔
**سُن رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) خبردار ہونا۔ متنبہ ہونا۔
**سُن رے ڈھول بہو کے بول**۔ (ا۔ مثل) جس سے وعدے کر کے پورے نہ کیے جائیں وہ طنزاً یہ مثل کہتا ہے۔
**سُن گُن لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھید لینا (۲) چھُپ کر سُننا۔
**سُن (ہو جانا) ہونا**۔ (۱) بے ہوش ہو جانا۔ بے حس یا بے حرکت ہو جانا (۲) متحیر ہو جانا۔ چُپ یا خاموش رہ جانا (۳) سکتے کی حالت میں ہونا (۴) ٹھٹھر جانا۔ کوئی عضو رہ جانا (۵) مزے یا لطف کی شدت سے مدہوش ہو جانا۔
**سنا**۔ (سَ۔نا) (ع۔ا۔ مث) ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے۔
**سناتن**۔ (سَ۔نا۔تَن) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) قدیم۔ پُرانا۔ ہمیشہ کا (۲) پکّا۔ مضبوط۔
**سناتن دھرم**۔ قدیم ہندو مذہب جو مورتی کی پوجا کا قائل ہے۔
**سنّاٹا**۔ (سَن۔نا۔ٹا) (ہ۔ا۔ مذ) (۱) حیرت۔ سکتے کا عالم۔ سنسان۔ ہُو کا عالم۔ خاموشی (۲) خوف۔ دہشت۔ سہم (۳) خوفناک آواز۔ (۴) باد و باراں کا شور۔
**سنّاٹا آنا**۔ (ا۔ محاورہ) ڈر جانا۔ سہم جانا۔ غشی کا عالم طاری ہو جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔
**سنّاٹا گزر جانا**۔ (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ حیرت میں پڑ جانا۔ بے حواس ہو جانا۔ سٹ پٹا جانا۔
**سنّاٹے سے برسنا**۔ (ا۔ محاورہ) زور سے برسنا۔ شدّت سے برسنا۔ موسلا دھار پانی پڑنا۔ چھاجوں برسنا۔



Marfat.com

**سنّاٹے کا مینہ**۔ (ہ۔ا۔مذ) زور شور کی بارش۔
**سنّاٹے میں آنا**۔ (ا۔محاورہ) ڈر جانا۔ حیرت میں ہونا۔ سہم جانا۔
**سُنار**۔ (سُ۔نار) (ہ۔ا۔مذ) زیور بنانے والا۔ زرگر۔
**سُنار کی کٹھالی اور درزی کے بند**۔ (ا۔مثل) سُنار کہتا ہے زیور کٹھالی میں ڈالنا ہے۔ درزی کہتا ہے کپڑے میں بند لگاتا ہے دونوں ان بہانوں سے گاہک کو ٹالتے رہتے ہیں۔
**سِنان**۔ (سِ۔نان) (ع۔ا۔مث) (۱) نیزے کی انی (۲) تیر کی نوک۔ (۳) بھالا۔ نیزہ۔ برچھی۔
**سنّانا**۔ (سَن۔نا۔نا) (ہ۔مص) (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) سائیں سائیں کی آواز دینا۔
**سُنا اَن سُنا کر دینا**۔ (ا۔محاورہ) سُن کر ٹال دینا۔ پروا نہ کرنا۔ اس طرح ظاہر کرنا کہ کچھ سنا ہی نہیں۔
**سُنا چاہنا**۔ (ا۔محاورہ) گالیاں کھانے کو جی چاہنا۔
**سُنا سُنایا**۔ (ا۔بول چال) دوسروں سے سُنا ہوا۔ سماعی۔
**سُنانا**۔ (سُ۔نا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کہنا۔ کان میں ڈالنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ طعن مارنا۔ گالیاں دینا (۳) کسی کے سامنے پڑھنا یا گیت وغیرہ گانا (۴) آگاہ یا خبردار کرنا (۵) کسی کے سامنے قرآن شریف کی تلاوت کرنا یا تراویح میں پڑھنا۔
**سُنائی۔ سُناؤنی**۔ (سُ۔نا۔ئی) (سُ۔نا۔اُ۔نی) (ہ۔ا۔مث) خبر مرگ۔ موت کی خبر جو پردیس سے آئے۔
**سُنائی۔ سُنوائی**۔ (سُ۔نا۔ای) (سُن۔وا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) فریادرسی۔ سماعت (۲) پہنچ۔ دخل۔ بازیابی۔
**سُنبُل**۔ (سُم۔بُل) (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ بال چھڑ۔ جٹا ماسی۔
**سُنبُل الطیب**۔ (ع۔ا۔مذ) بال چھڑ۔
**سُنبلستان**۔ (ف۔ا۔مذ) جہاں کثرت سے سُنبل اُگے ہوئے ہوں (۲) زلفیں۔ بال
**سُنبلہ**۔ (سُم۔بُ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) خوشہ۔ گندم یا جو کی بال (۲) آسمان کے چھٹے برج کنیا راس کا نام۔ جمع: سنابل۔
**سنبوسہ**۔ (سَم۔بو۔سَہ) (ف۔ا۔مث) سموسہ۔ ایک تکونا پکوان جس میں قیمہ وغیرہ بھرتے ہیں۔
**سُنبہ**۔ (سُم۔بَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سُوراخ کرنے کا اوزار۔ برما (۲) توپ کا گز۔
**سنبھالا**۔ (سَم۔بھا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) وہ افاقہ جو مریض کو موت سے پیشتر ہوا کرتا ہے۔
**سنبھالا لینا**۔ موت سے پہلے مریض کا تندرست معلوم ہونے لگنا۔
**سنبھالنا**۔ (سَم۔بھال۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھامنا۔ روکنا (۲) مدد کرنا (۳) بگڑی بنانا (۴) تیمارداری کرنا (۵) گرنے نہ دینا۔ اُوپر ہی روک لینا (۶) انتظام ہاتھ میں لینا۔ چارج لینا (۷) پڑتال کرنا (۸) قابو میں رکھنا۔ احتیاط برتنا (۹) سمیٹنا۔ اُٹھانا (۱۰) مرض کی روک تھام کرنا۔ (۱۱) وار کرنے کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔

**سنبھالن ہار**۔ (ق۔صف) سنبھالنے والا۔
**سنبھالو**۔ (سَم۔بھا۔لُو) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کے پتّے آدمی کے پنجے سے مشابہ ہوتے ہیں۔
**سنبھل سنبھل کر**۔ (سم۔بھل۔سم۔بھل۔کر) (ہ) (۱) رُک رُک کر۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ (۲) احتیاط سے (۳) بن بن کر۔ تکلف سے۔
**سنبھلنا**۔ (سَم۔بھَل۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھمنا۔ رُکنا۔ گرنے سے بچنا (۲) خبردار ہونا (۳) افاقہ ہونا (۴) راہ پر آنا۔ چلن درست کر لینا (۵) قابو میں آنا (۶) بوجھ اُٹھ سکنا۔
**سنبھلنے نہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) دم نہ لینے دینا۔ مہلت نہ دینا۔ ہوش نہ لینے دینا۔
**سنبھلو**۔ (ا۔تابع فعل) ہوش پکڑو (۲) تیار ہو جاؤ۔
**سنبھوگ**۔ (سَم۔بھوگ) (ق۔ا۔مث) صحبت۔ مباشرت۔
**سُنپات**۔ (ق۔صف) (۱) مفرور (۲) ایک مرض کا نام جس میں سردی لگنے سے جسم اکڑ جاتا ہے۔
**سُنپارا**۔ (ق۔ا۔مذ) سپیرا۔
**سُنپتل**۔ (سُن۔پتَل) (ق۔ا۔مذ) اعلیٰ قسم کا پیتل جو سونے کی طرح زرد ہو۔
**سنپڑنا**۔ (ق۔مص) ہاتھ میں آنا۔ گرفت میں آنا۔
**سنپور**۔ (ق۔صف) بھرپور۔
**سنپولیا**۔ (سَن۔پو۔لِ۔یا) (ہ۔مذ) سانپ کا بچہ۔
**سنپیرا**۔ (سَن۔پیے۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سانپ پکڑنے اور پالنے والا۔ سانپ کا تماشا دکھانے والا (۲) ایک قوم۔
**سنت**۔ (ہ۔صف) (۱) پارسا۔ پرہیزگار۔ دین دار (۲) سیدھا سادا بھولا بھالا۔
**سُنّت**۔ (سُن۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) (فقہ اسلام) وہ طریقہ جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ و خلفاء نے عمل کیا ہو (۲) ختنہ۔ (۳) راہ۔ روش۔ دستور۔ عادت۔ جمع: سُنَن۔
**سنّت آبائی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) باپ دادا کی رسم۔
**سنّت ابراہیمی**۔ (ع۔ا۔مث) (۱) حضرت ابراہیمؑ کا طریقہ (۲) ختنہ۔
**سنّت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ختنہ کرنا۔ مسلمانی کرنا۔
**سنّت نبویؐ**۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ۔
**سنتا**۔ (سَن۔تا) (ہ۔ا۔مذ) وہ گیڑی جو سب گیڑیاں جیت لینے والے کی طرف سے دوبارہ کھیل شروع کرنے کے لیے دی جاتی ہے (۲) کنجوس۔ خراب حال (ق)۔
**سنتانا**۔ (ق۔مص) ستانا۔
**سنترا**۔ (سَن۔تَ۔را) (اُر۔ا۔مذ) سنگترا۔ رنگترا۔ بڑی نارنگی۔
**سنترنا**۔ (سَن۔تَر۔نا) (ق۔مص) دھوکہ دینا۔
**سنتری**۔ (Sentry) (سَن۔تَ۔ری) (انگ۔ا۔مذ) فوج یا پولیس کا پہرہ دینے والا سپاہی۔
**سنتوش (سنتوکھ)**۔ (سَن۔توش) (سَن۔توکھ) (ہ۔ا۔مذ) صبر۔ استقلال۔



Marfat.com

قناعت ۔ اطمینان ۔ تسلی ۔
**سنتوشی (سنتوکھی)** ۔ (ہ ۔ صف) صابر ۔ مطمئن ۔ قانع ۔
**سنٹر** ۔ (Centre) (سِن ۔ ٹَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مرکز ۔
**سنٹرل** ۔ (Central) (سِن ۔ ٹَ ۔ رَل) (انگ ۔ صف) مرکزی ۔
**سنٹی** ۔ (سَن ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) پتلی شاخ ۔ قمچی ۔ چھڑی ۔
**سنج** ۔ (ت ۔ لاحقہ) سنجیدن مصدر کا صیغۂ امر ۔ اسم کے بعد آکر فاعلِ ترکیبی بنا دیتا ہے جیسے سخن سنج ۔ نوا سنج ۔ وزن کرنے والا ۔
**سنجاب** ۔ (سِن ۔ جاب) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) چوہے سے ذرا بڑا جانور جس کی ملائم ریشم دار کھال کی پوستین بناتے ہیں ۔
**سنجارا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) رات ۔
**سنجاف** ۔ (سِن ۔ جاف) (ف ۔ ا ۔ مث) جھالر ۔ کنارہ ۔ کور ۔ چوڑی اور آڑی گوٹ ۔ حاشیہ ۔ گوٹ جو کپڑوں کے کنارے زیبائش کے لیے لگاتے ہیں ۔ اُردو میں بفتح اوّل مستعمل ہے ۔
**سنجرنا** ۔ (سَن ۔ جَر ۔ نا) (ق ۔ مص) خیال میں آنا ۔
**سنجوگ** ۔ (سن ۔ جوگ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) میل ملاپ (۲) اتفاقی ملاقات (۳) موقع ۔ اتفاق (۴) حادثہ ۔ سانحہ ۔ واقعہ (۵) نصیب ۔ قسمت ۔
**سنجھا** ۔ (سَن ۔ جھا) (ہ ۔ ا ۔ مث) شام ۔ جھٹپٹا ۔
**سنجھلا** ۔ (سنجھ ۔ لا) (ہ ۔ صف) تیسرا بیٹا ۔ چھوٹائی میں تیسرے نمبر پر ۔
**سنجیدگی** ۔ (سَن ۔ جی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) بھاری بھرکم پن ۔ متانت ۔ بُردباری ۔
**سنجیدہ** ۔ (سَن ۔ جی ۔ دَہ) (ف ۔ صف) (۱) بھاری بھرکم ۔ متین (۲) تجربہ کار ۔ فہمیدہ (۳) موزوں ۔ جچا ہوا ۔
**سنچانا** ۔ (ا ۔ مص) کھیتوں کو پانی دینا ۔ سینچنا ۔
**سنچائی** ۔ (ا ۔ مث) سینچنے کا عمل ۔ سیرابی (۲) سینچ کی اُجرت ۔
**سنچر** ۔ (ق) (۱) آکر ۔ پہنچ کر (۲) رسائی ۔ پہنچ ۔ گزر (۳) سایہ (۴) خیال ۔ فکر وسوسہ (۵) منحوس ۔ بدطالع (سنیچر) ۔
**سنچری** ۔ (Century) (سَن ۔ چ ۔ رِی) (انگ ۔ ا ۔ مث) صدی ۔ سو سال (۲) (کرکٹ کی اصطلاح) سَو رَن ۔
**سنچکار** ۔ (سنچ ۔ کار) (ق ۔ ا ۔ مث) آہٹ ۔ آواز ۔
**سنچل** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) آہٹ ۔ بھنک ۔ آواز ۔
**سَنَد** ۔ (سَ ۔ نَد) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) سرٹیفکیٹ ۔ کارگزاری کا پروانہ (۲) دستاویز ۔ وثیقہ ۔ ثبوت ۔ تصدیق نامہ (۳) سرکاری رجسٹری (۴) قابلِ اعتبار ۔ بھروسے کی بات ۔ تسلیم شدہ ۔ جمع : اسناد ۔
**سند پکڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دلیل میں پیش کرنا ۔
**سند جاننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) معتبر ماننا ۔ صحیح تسلیم کرنا ۔
**سند خرچ** ۔ (ا ۔ مث) (دفتری اصطلاح) خرچ کی رسید یا تفصیل ۔ واؤچر ۔
**سند دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ثبوت دینا ۔ مثال پیش کرنا ۔
**سند کارگزاری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) کارکردگی کی تصدیق ۔
**سند گرداننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھروسا کرنا ۔ نظیر میں پیش کرنا ۔
**سند لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ثبوت میں پیش کرنا ۔ مثال دینا ۔

**سندِ لیاقت (فضیلت)** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کسی علم و ہنر میں مہارت کا تصدیق نامہ ۔ سرٹیفکیٹ ۔
**سند مانگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ثبوت مانگنا ۔ نظیر طلب کرنا ۔
**سند ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قابلِ تسلیم ہونا ۔
**سند ہے** ۔ درست ہے ۔ قابلِ تسلیم ہے ۔ مثال میں پیش کرنے کے لائق ہے ۔
**سند یافتہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) وہ شخص جس کے پاس کسی امر کی سند ہو ۔
**سَنَداً** ۔ (سَ ۔ نَ ۔ دَن) (ع) سند کے طور پر ۔ مثال کے طور پر ۔
**سُنّد** ۔ (ق ۔ صف) بے ہوش ۔ حواس باختہ ۔ سخت دل ۔
**سِندان** ۔ (سِن ۔ دان) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) اہرن ۔ وہ مربع آہنی بٹا جس پر لوہا کوٹتے ہیں ۔ نہائی ۔
**سُندَر** ۔ (سُن ۔ دَر) (ہ ۔ صف) خوبصورت ۔ حسین و جمیل ۔ شکیل ۔
**سُندرس** ۔ (سُند ۔ رَس) (اُر ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا زرد رنگ کا گوند ۔
**سُندری** ۔ (سُند ۔ رِی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) خوب صورت عورت (۲) ستار کا ایک پُرزہ جس سے سُر ملاتے ہیں اور اُتار چڑھاؤ کرتے ہیں (۳) ایک قسم کی لکڑی جس سے جہاز بنتے ہیں ۔
**سُندُس** ۔ (سُن ۔ دُس) (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی بڑھیا دیبا ۔ ریشم ۔ اطلس ۔
**سَندلا** ۔ (سَند ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی کہگل جو پختہ عمارت پر کرتے ہیں ۔
**سِندُور** ۔ (سِن ۔ دُور) (ہ ۔ ا ۔ مذ) سیندور ۔ ایک قسم کا سُرخ سفوف ۔ شنگرف ۔
**سندور کھلانا (دینا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) زبان بند کرنا ۔
**سندوریا** ۔ (ا ۔ مذ) سرخ لال (۲) ایک قسم کا آم ۔
**سِندھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) سمندر ۔ دریا ۔ بحر (۲) پاکستان کے ایک دریا کا نام ۔ (۳) بھیروی راگ کی ایک راگنی ۔
**سندھ** ۔ (ق ۔ صف) فکر مند ۔
**سَندھیا** ۔ (سَن ۔ دھ ۔ یا) (س ۔ ا ۔ مث) (۱) دن اور رات کے ملنے کا وقت (۲) (ہندوؤں میں) صبح ۔ دوپہر اور شام کی پوجا ۔
**سُندیال** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) مخفی راز ۔
**سندیسا** ۔ (سَن ۔ دے ۔ سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پیغام ۔ خبر (۲) خوش خبری ۔ مژدہ ۔ نوید ۔
**سنڈ** ۔ (ہ ۔ صف) فربہ ۔ موٹا تازہ ۔
**سنڈ مسنڈ** ۔ (ہ ۔ صف) ہٹا کٹا ۔ موٹا تازہ ۔ زور آور ۔
**سنڈا** ۔ (سَن ۔ ڈا) (ہ ۔ صف) (۱) قوی ہیکل ۔ زور آور (۲) موٹا تازہ ۔
**سنڈاس** ۔ (سَن ۔ ڈاس) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پاخانہ ۔ بیتُ الخلا (۲) (اصطلاحاً) وہ پاخانہ جس کے صاف کرنے کا منہ گھر کے باہر دیوار میں ہو ۔
**سنڈاسی** ۔ (سَن ۔ ڈا ۔ سی) (ہ ۔ ا ۔ مث) دست پناہ ۔ چمٹا ۔ آگ کے اوپر سے پتیلی یا بٹلوئی وغیرہ اُتارنے کا آلہ ۔
**سنڈی** ۔ (سَن ۔ ڈی) (ہ ۔ صف) ہٹی کٹی ۔ لحیم شحیم عورت ۔
**سنڈیکیٹ** ۔ (Syndicate) (سَن ۔ ڈی ۔ کیٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) شرکتِ تجارت ۔ متعدد تاجروں یا کارخانوں کی شرکت جو متحدہ طور پر



Marfat.com

کوئی کار و بار کرے (۲) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی ۔ (کیمبرج) ۔

**سنسار** ۔ (سن ۔ سار) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دنیا ۔ جہان ۔ کائنات ۔

**سُنسان** ۔ (سُن ۔ سان) (ہ ۔ صف) (۱) ویران ۔ اُجاڑ ۔ بے رونق (۲) خاموش ۔ خالی ۔ اداس (۳) ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔

**سنسر** ۔ (Censor) (سن ۔ سَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) احتساب ۔ محتسب کسی بات سے روکنے والا ۔

**سنسکرت** ۔ (سنس ۔ ک ۔ رت) (س ۔ ا ۔ مث) (۱) مقدس ۔ شُستہ ۔ مہذّب ۔ عمدہ ۔ افضل (۲) مکمل اور پوری زبان ۔ آریہ لوگوں کی اصلی زبان ۔

**سَنسنانا** ۔ (سَن ۔ سَ ۔ نا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) سَن سَن کرنا ۔ سرسرانا (۲) غشی معلوم ہونا ۔ ضعف محسوس ہونا (۳) کانپنا ۔ تھرّانا (۴) کسی چیز کے زور سے گزرنے کی آواز (۵) خوفزدہ ہوجانا ۔ سناٹے میں آجانا ۔

**سنسناہٹ ۔ سنسنی** ۔ (سَن ۔ سَ ۔ نا ۔ ہٹ) (سَن ۔ سَ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ضعف کے آثار یا علامت ۔ غشی کا عالم ۔ سکتے کی حالت ۔ (۲) وہ آواز جو مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا پانی کھولنے سے پیدا ہو ۔

**سنسی** ۔ (سَن ۔ سی) (ہ ۔ ا ۔ مث) لوہاروں اور سناروں کا ایک اوزار جس سے گرم دھات آگ میں سے نکالتے اور چوٹ لگاتے ہیں ۔ ایک قسم کا زنبور ۔

**سنک** ۔ (سَن ۔ نک) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) خبط ۔ جنون ۔ سودا (۲) ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا ۔

**سِنک** ۔ (سِن ۔ نک) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناک کی غلاظت ۔ رینٹ ۔

**سنکارنا** ۔ (سَن ۔ کار ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) آنکھ سے اشارا کرنا ۔ آنکھ مارنا ۔ (۲) اکسانا ۔ پیچھے لگانا ۔

**سنکرانت** ۔ (سَنک ۔ رانت) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) تحویل آفتاب کا دن ۔ سُورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانے کا دن (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار ۔

**سنکل** ۔ (سَن ۔ کَل) (ہ ۔ ا ۔ مث) زنجیر ۔ کُنڈی (پن) سنگل ۔

**سنکلپ** ۔ (سنک ۔ لپ) (س ۔ ا ۔ مذ) خیر خیرات ۔ نذر نیاز ۔ دان پن ۔ وقف ۔

**سنکلپ کرنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) (۱) خیرات کرنا ۔ دان دینا (۲) ہبہ کرنا ۔ کسی کے نام لکھ دینا ۔

**سنکلی** ۔ (سَن ۔ کَ ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) چھوٹی زنجیر ۔

**سِنکنا** ۔ (سِن ۔ نک ۔ نا) (ہ ۔ مص) ناک صاف کرنا ۔

**سن کونا** ۔ (Cinchona) (سِن ۔ کو ۔ نا) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) دیسی کونین (۲) وہ درخت جس کی چھال سے کونین نکالی جاتی ہے ۔

**سنکھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ناقوس ۔ گھونگا ۔ بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے (۲) سو کروڑ (۳) زیور ۔ گہنا ۔

**سنکھنی** ۔ (سنکھ ۔ نی) عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم ۔ وہ عورت جس کے بال لمبے، قد دراز ۔ مزاج چڑچڑا اور خواہش نفسانی بڑھی ہوئی ہو ۔

**سنکھیا** ۔ (سنکھ ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ایک قسم کا زہر ۔ سم الفار ۔ ہر وہ چیز جو زہر قاتل ہو ۔

**سنگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پتھر (۲) وزن ۔ بوجھ ۔ گرانی (۳) تمکین ۔ وقار ۔

**سنگِ آستان ۔ آستانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دہلیز کا پتھر ۔ سنگِ در ۔

**سنگ آمد وسخت آمد** ۔ (ف ۔ مثل) پتھر آیا اور وہ بھی بھاری ۔ مشکل اور سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑا ۔ اس وقت کہتے ہیں ۔ جب کوئی کام چاروناچار کرنا ہی پڑے ۔

**سنگِ آہن رُبا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مقناطیس ۔ لوہے کو اپنی طرف کھینچنے والا پتھر ۔

**سنگِ اسوَد** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبہ شریف کی دیوار میں نصب ہے اور جسے مسلمان بوسہ دیتے ہیں ۔ حجرِ اسوَد ۔

**سنگ باری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پتھر برسانا ۔ پتھر مارنا ۔ پتھروں کی بوچھاڑ ۔

**سنگِ بصری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا سفید پتھر جو بصرہ کے علاقے میں پیدا ہوتا ہے ۔

**سنگِ پا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پاؤں رگڑنے کا پتھر ۔ جھانواں ۔

**سنگِ پارس** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) ایک پتھر جس کی بابت مشہور ہے کہ لوہے کو چھُو کر سونا بنا دیتا ہے ۔

**سنگ پشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کچھوا ۔

**سنگ تراش** ۔ (ف ۔ صف) پتھر کاٹنے اور پتھر کا کام بنانے والا ۔

**سنگِ تربت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قبر پر لگا ہوا پتھر ۔ لوحِ مزار ۔ وہ پتھر جس پر مُردے کا نام اور تاریخ وفات کندہ کرکے قبر پر لگاتے ہیں ۔

**سنگِ جراحت** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا سفید پتھر جو زخم کے لیے مُفید ہے ۔

**سنگ چٹانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا ۔

**سنگ چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ساتھ چلنا ۔ رفاقت کرنا ۔

**سنگ چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوستی ترک کرنا ۔ الگ ہونا ۔

**سنگِ خارا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا نیلگوں سخت پتھر ۔

**سنگ دانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پرندے کا معدہ ۔ پوٹا ۔

**سنگ دل** ۔ (ف ۔ صف) بے رحم ۔ ظالم ۔

**سنگِ راہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) راستے کا پتھر، جو راہگیروں کے لیے باعثِ تکلیف ہو (۲) مزاحم ۔ مانع ۔

**سنگ ریزہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کنکر ۔ روڑی ۔ بجری ۔

**سنگسار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالنا (۲) شرع اسلامی کی ایک سزا جس میں زانی اور زانیہ کو کمر تک زمین میں گاڑ کر اور پتھر مار مار کر ہلاک کیا جاتا ہے ۔

**سنگ ساز** ۔ چھاپے خانے کا وہ ملازم جو چھاپے کے پتھر (یا پلیٹ) پر غلطیاں دُرست کرتا ہے ۔

**سنگِ ستارا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا پتھر جس کے ذرات ستاروں کی طرح چمکتے ہیں ۔



Marfat.com

**سنگِ سُرمہ** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جس کا سُرمہ بناتے ہیں۔
**سنگِ سُلیمانی** - (ف - ا - مذ) وہ نگ جو سیاہ و سفید اور دھاری دار ہوتا ہے۔
**سنگِ (شجر) شجری** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا پتھر جس میں درخت کا عکس ہوتا ہے۔ یہ زیادہ تر دریائے نربدا سے نکالا جاتا ہے (۲) مرجان۔
**سنگِ فساں** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جس پر تلوار، چاقو کی دھار رکھتے ہیں۔ سان۔
**سنگلاخ** - (ف - صف) پتھریلی زمین یا پہاڑی علاقہ۔ کنایتاً مشکل۔ دشوار۔
**سنگِ لرزاں** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جس پر چڑھنے یا ذرا حرکت دینے سے ہلنے لگتا ہے۔
**سنگِ لوح (مزار)** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جو قبر کے سرہانے مردے کے حالات اور تاریخ وفات وغیرہ کندا کرا کے نصب کیا جاتا ہے۔ دیکھیے سنگِ تُربت۔
**سنگ مالی** - (ف - ا - مث) پتھر کو پالش کرنے کا عمل۔
**سنگِ ماہی** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جو بعض مچھلیوں کے سر سے نکلتا اور سنگِ گُردہ و دردِ گُردہ کے لیے مفید ہے۔
**سنگِ مثانہ** - (ف - ا - مذ) پتھری جو مثانے میں پڑ جاتی ہے۔
**سنگِ مَرمَر** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا نفیس سفید پتھر۔
**سنگِ مزار** - (ف - ا - مذ) لوحِ مزار۔ سنگِ تربت۔
**سنگِ موسیٰ** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا سیاہ و خوبصورت پتھر۔
**سنگِ میل** - (ف - ا - مذ) وہ پتھر جو راستہ کا نشان یا راستہ بتانے کے لیے لگاتے ہیں۔ نشانِ راہ۔
**سنگِ یشب** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر ہے جسے اکثر گھس کر ہولِ دل کے لیے پیتے ہیں یا تختی بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔
**سنگ** - (ہ - ا - مذ) (۱) ساتھ۔ ہمراہ۔ رفاقت۔ صحبت۔
**سنگاتن** - (سَن - گا - تَن) (ق - ا - مث) سہیلی۔
**سنگاتی۔ سنگھاتی** - (سَن - گا - تی) (سَن - گھا - تی) (ہ - صف) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔
**سنگار۔ سنگھار** - (سِن - گا - ر) (سِن - گھا - ر) (ہ - ا - مذ) (۱) آرائش جو زیور لباس اور کنگھی چوٹی سے کی جائے۔ زیب و زینت۔ کنگھی چوٹی۔ مانگ پٹی (۲) لباس۔ زیور۔
**سنگار دان** - (ا - ف - مذ) سنگار کی چیزیں رکھنے کا صندوقچہ یا پٹاری۔
**سنگار میز** - (ا - مث) میز جس پر آرائش کا سامان پڑا رہے۔
**سنگارنا** - (ق) سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔
**سنگت** - (سَن - گت) (ہ - ا - مث) (۱) رفاقت۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ صحبت ہونا ہم نشینی (۲) شرکت۔ ساجھا (۳) ہم صحبت۔ ہم نشین (۴) رنڈی کے ساتھ کے لوگ۔ سازندے (۵) مرثیہ خواں اور گویّے کے ساتھ آواز ملانے والے۔
**سنگترہ** - (سنگ - تَ - رَہ) (پُر - ا - مذ) نارنگی۔ رنگ تَرَہ۔ سنترہ۔
**سنگتی** - (سَن - گَ - تی) (ہ - ا - مذ) ساتھی۔ رفیق۔ ہم راہی۔
**سنگر** - (سَن - گر) (ف - ا - مذ) (۱) فوج یا کسی قطعۂ اراضی کی حفاظت کے لیے بنائی ہوئی دیوار یا کانٹوں کی باڑھ (مراداً) کھائی۔ خندق۔

دمدمہ۔ مورچہ۔
**سِنگر** - (Singer) (سِن - گر) (انگ - ا - مذ و مث) (۱) گانے والا یا گانے والی۔ موسیقار (۲) امریکہ کے ایک باشندے کا نام جس نے کپڑا سینے کی مشین ایجاد کی۔
**سنگر سیونگ مشین** - (Singer Sewing Machine) سنگر کی ایجاد کی ہوئی کپڑے سینے کی مشین۔
**سنگرام** - (سنگ - رام) (س - ا - مذ) جنگ و جدال۔
**سنگرنا** - (سِن - گر - نا) (ہ - مص) بننا۔ سنوارنا۔ سنگار کرنا۔ آراستہ ہونا۔
**سنگ رینی** - (سنگ - رے - نی) (ہ - ا - مث) ایک مرض۔ بدہضمی کی وجہ سے بار بار دست آنا۔
**سِگنل** - (اُر - ا - مذ) انگریزی لفظ (Signal) سگنل کا بگڑا ہوا (۱) اشارہ (۲) ریلوے کا وہ کھمبا جو ریلوں کا آنا جانا بتاتا ہے۔
**سِنگل** - (Single) (انگ - صف) ایک واحد (۲) تنہا۔ اکیلا (۳) اکہرا۔ جو ایک ہی شخص کے لیے بنایا گیا ہو (۴) کرکٹ میں ایک رَن کی ہٹ (۵) چھتیس پتوں کے ترپ کا ایک کھیل۔ جس میں جیتنے والوں کے پانچ ہاتھ اور ہارنے والوں کے چار ہیں۔
**سِنگل گیم** - (Single Gam) وہ کھیل جس میں دونوں طرف ایک ایک کھلاڑی ہو۔
**سَنگم** - (سَن - گم) (س - ا - مذ) (۱) دو دریاؤں کے ملنے کا مقام (۲) ملاقات (۳) اکٹھا ہونا۔
**سنگوانا** - (سنگ - وا - نا) (ہ - مص) (۱) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۲) ہتھیانا۔ لوٹنا کھسوٹنا (۳) مار ڈالنا (۴) ترتیب سے لگانا۔
**سِنگوٹی** - (سِن - گو - ٹی) (ہ - ا - مث) (۱) وہ غلاف یا پیتل وغیرہ کا خول جو بیلوں کے سینگوں پر سجاوٹ کے لیے چڑھا دیتے ہیں (۲) گائے یا ہرن کا چھوٹا سا سینگ۔
**سنگوچنا** - (سَن - گوچ - نا) (ق - مص) سکیڑ لینا۔
**سنگوڑی** - (سِن - گو - ڑی) (ہ - ا - مث) سینگ پر چڑھانے کی شام۔
**سِنگھ** - (ہ - ا - مذ) (۱) شیر (۲) سکھوں اور چھتریوں کے نام کا عام جزو (۳) برجِ اسد (۴) ہیضہ۔ نالڑی۔
**سِنگھاڑا** - (سِن - گھا - ڑا) (ہ - ا - مذ) (۱) ایک تکونا پھل جس کے دو طرف کانٹے نکلے ہوتے ہیں اور تالابوں میں ہوتا ہے (۲) سموسے کی طرح لپٹا ہوا رومال (۳) (دلالوں کی اصطلاح) تین روپے (۴) مثلث۔ تکونا۔
**سنگھاڑا پھل** - (ہ - ا - مث) ایک قسم کا پھل۔
**سنگھاسن** - (سَن - گھا - سَن) (ہ - ا - مذ) شاہی تخت - راج گدی۔
**سُنگھانا** - (ہ - مص) ناک میں خوشبو وغیرہ دینا۔
**سنگی** - (سَن - گی) (ہ - ا - مذ) (۱) ساتھی۔ رفیق۔ ہم راہی (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سُوت ملا ہوتا ہے۔
**سنگیت** - (سَن - گیت) (س - ا - مذ) ایسا گانا جسے بہت سے آدمی آواز



Marfat.com

ملا کر گائیں (۲) ایسا تماشا جس میں ناچ گانا ہو (۳) ساز اور رقص کے ساتھ گانے کا فن۔

**سنگین**۔ (سَن ۔ گین) [ف ۔ صف] (۱) پتھر کا (۲) سخت بھاری ۔ وزنی ۔ گراں (۳) مضبوط ۔ دیرپا (۴) [اُر ۔ ا ۔ مث] ایک نوکدار ہتھیار جو بندوق پر چڑھایا جاتا ہے۔

**سنگین جُرم**۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) بھاری قصور ۔ ایسا جُرم جو سخت سزا کے قابل ہو۔

**سنگین چڑھانا**۔ (ا ۔ محاورہ) بندوق پر سنگین لگانا یا نصب کرنا۔

**سنگین سزا**۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بھاری سزا ۔ سخت سزا۔

**سنگینی**۔ (سَن ۔ گی ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] سختی ۔ مضبوطی ۔ گرانی ۔ ٹھوس پن۔

**سن مُکھ**۔ (سَن ۔ مُکھ) [ہ ۔ صف ۔ ق] سامنے ۔ رُوبرُو۔

**سُنَن**۔ (سُ ۔ نَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) سُنّت کی جمع ۔ طریقے (۲) وہ کام جو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ نے کیے۔

**سَننا**۔ (سَن ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بھرنا ۔ آلودہ ہونا۔

**سُننا**۔ (سُن ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کانوں سے آواز معلوم کرنا ۔ کان لگانا (۲) توجہ کرنا ۔ دھیان دینا (۳) گالی کھانا (۴) مقدمے کی سماعت کرنا (۵) گانا سُننا (۶) ماننا۔

**سُننے میں آنا**۔ (ا ۔ محاورہ) گوش گزار ہونا ۔ کان میں بات پڑنا۔

**سنوار**۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) دُرستی ۔ سجاوٹ ۔ اصلاح (۲) پھٹکار ۔ لعنت ۔ (جیسے خدا کی سنوار آ)۔

**سنوارنا**۔ (سَن ۔ وار ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) درُست کرنا ۔ آراستہ کرنا (۲) ترتیب سے لگانا ۔ مہذب بنانا ۔ راہ پر لانا۔

**سنورنا**۔ (سَن ۔ وَر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) درست ہونا ۔ سجنا ۔ آراستہ ہونا ۔ پورا ہونا ۔ انجام کو پہنچنا (۲) ترتیب سے لگنا (۳) سُدھرنا ۔ چال چلن دُرست ہونا (۴) تعریف کرنا (ق)۔

**سنوُن**۔ (سَ ۔ نُون) [ع ۔ ا ۔ مذ] دانتوں کا منجن۔

**سنہ**۔ (سَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] سال ۔ بَرس ۔ سمت ۔ جمع: سِنین۔

**سنہ جلُوس**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی سے شروع ہو کر اس کی فرمانروائی تک جاری رہتا ہے۔

**سنہ رواں**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جو سال گزر رہا ہو۔

**سنہ عیسوی**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) شمسی سال جس کا حساب حضرت مسیحؑ کی پیدائش سے کیا جاتا ہے۔

**سنہ ہجری**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) قمری سال جو رسول اللہ ﷺ کے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا۔

**سُنہرا ۔ سُنہری**۔ (سُ ۔ نَہ ۔ را) (سُ ۔ نَہ ۔ ری) [ہ ۔ صف] (۱) سونے کا ۔ زرّیں (۲) سونے کے رنگ کا ۔ زرد ۔ پیلا۔

**سُنّی**۔ (سُن ۔ نی) [ع ۔ ا ۔ مذ] مسلمانوں کا وہ فرقہ جو خلفائے راشدین کو برحق مانتا ہے ۔ اہلِ سُنّت والجماعت ۔ سُنّت رسُول اللہ پر چلنے والا گروہ۔

**سُنی اَن سُنی کرنا**۔ (سُ ۔ نی ۔ اَن ۔ سُ ۔ نی ۔ کَر ۔ نا) [ہ ۔ محاورہ] (۱) بات سُن کر ٹالنا (۲) ایسا ظاہر کرنا جیسے بات سُنی نہیں ۔ توجہ نہ کرنا۔

**سُنی سنائی بات**۔ (ا ۔ مث) سُنی ہوئی بات ۔ افواہ ۔ ہوائی بات۔

**سُنیے (سنو) تو سہی**۔ (ا ۔ محاورہ) ٹھہرو تو ۔ بات تو کرو (۲) بات مانو۔

**سنیاس**۔ (سَن ۔ نِ ۔ یاس) [س ۔ ا ۔ مذ] دُنیا چھوڑ دینا ۔ فقیری لینا ۔ قطع علائق۔

**سنیاسی**۔ (سَن ۔ نِ ۔ یا ۔ سی) [س ۔ ا ۔ مذ] ہندو فقیر جس نے دُنیا کو چھوڑ دیا ہو ۔ تارک الدُّنیا (۲) جنگلی جڑی بوٹیوں کا ماہر ۔ وید۔

**سنیچر (وار)**۔ (سَن ۔ نی ۔ چَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہفتے کا دِن ۔ شنبہ (۲) بدنصیبی ۔ نحوست (۳) سیارۂ زحل جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

**سنیچر آنا**۔ (ا ۔ محاورہ) ادبار آنا ۔ بُری گھڑی آنا ۔ نحوست کے ستارے زحل کے اثر میں آنا۔

**سنیچر سوار ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) چکر میں پڑنا ۔ گھومتے پھرنا۔

**سنیما**۔ (Cinema) (انگ ۔ مذ) وہ ایجاد جس سے تصویریں پردے پر حرکت کرتی دکھائی دیتی ہیں اور بولتی بھی ہیں۔

**سِنین**۔ (سِ ۔ نِین) [ع ۔ ا ۔ مذ] سنہ کی جمع ۔ کئی یا بہت سے سال۔

**سینے ٹوریم**۔ (Sanatorium) (سَ ۔ نے ۔ ٹو ۔ رِ ۔ یَم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایسی علاج گاہ جو کسی صحت افزا مقام پر بنی ہوئی ہو۔

## س — و

**سَو**۔ [ہ ۔ صف] (۱) پانچ بیسی ۔ ننانوے اور ایک ۔ سینکڑا ۔ صد (۲) کثرت سے ۔ بہت (۳) بہر صورت ۔ ہر چند۔

**سَو بات کی ایک بات**۔ (ا ۔ مث) (۱) نہایت معقول اور تجربے کی بات ۔ عُمدہ بات (۲) الحاصل ۔ قصہ مختصر ۔ خلاصہ۔

**سو بسوے**۔ (ا ۔ متعلق فعل) یقیناً ۔ بالکل درست ۔ بہر صورت ۔ گمان غالب۔

**سو جان سے صدقے**۔ (ا ۔ محاورہ) بہت زیادہ محبت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔

**سو جان سے عاشق ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) بے حد شیدا ہونا ۔ انتہائی فریفتہ ہونا۔

**سو جتن کیے**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بہت کوشش کی (۲) سارے حیلے اور مکر و فریب کر دیکھے۔

**سو چھپائیں**۔ (ا ۔ محاورہ) کسی طرح بھی پوشیدہ کریں۔

**سو دن چور کے تو ایک دن سادھ کا**۔ (ا ۔ مثل) سو دفعہ شریر آدمی کی چلے گی تو ایک دفعہ شریف کی بھی بن آئے گی ۔ چور ایک نہ ایک دن ضرور پکڑا جاتا ہے۔

**سو دو سو میں**۔ (ا ۔ متعلق فعل) اکثر میں ۔ بہت سوں میں۔

**سو رستے ہیں**۔ (ا ۔ محاورہ) بہت سی تدبیریں ہیں ۔ بہت سے طریقے ہیں۔

**سو سر کا ہونا**۔ (۱) کسی ایک آدمی کا اپنی دانش مندی یا طاقت کی وجہ سے بہت سے آدمیوں پر بھاری ہونا (۲) ثابت قدم یا اٹل ہونا۔

**سو سنار کی ایک لوہار کی**۔ (ا ۔ مثل) کم زور کی سو ضربیں زبردست کی ایک



Marfat.com

ضرب کے برابر بھی نہیں ہوتیں۔

**سَوسَو۔** (ا۔متعلق فعل) بہت بہت۔کثرت سے۔ بافراط۔

**سَوسَو بل کھانا۔** (ا۔محاورہ) بہت زیادہ غصّے میں ہونا۔ نہایت پیچ وتاب کھانا۔

**سَوسَو پھیرے کرنا۔** (ا۔محاورہ) بہت چکر لگانا۔

**سوسوکوس (دُور) بھاگنا۔** (ا۔محاورہ) پاس نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔ بہت زیادہ پرہیز کرنا۔

**سوسو گھڑے پانی پڑنا۔** (ا۔محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔

**سوسومن کے پاؤں ہوجانا۔** (ا۔محاورہ) گھبراہٹ کے باعث چل نہ سکنا۔

**سوسونام دھرنا۔** (ا۔محاورہ) بہت نکتہ چینی کرنا۔ بہت عیب نکالنا۔

**سوسیانے ایک مَت۔** (ا۔مثل) جتنے دانا ہوں گے۔ سب کی رائے ایک جیسی ہوگی۔

**سوغلاموں گھر سُونا۔** (ا۔مثل) اگر فرزند نہ ہو تو سینکڑوں غلام ہونے کے باوجود گھر خالی لگتا ہے۔

**سَوکی ایک بات۔** (ا۔مث) عمدہ بات۔ منتخب بات۔

**سَوکی لاٹھی ایک کا بوجھ۔** (ا۔مثل) تھوڑا تھوڑا سہارا بھی بہت ہوجاتا ہے

**سوگز پھاڑیں ایک نہ داریں۔** (ا۔مثل) بظاہر محبت جتانا مگر موقع یا ضرورت کے وقت الگ ہوجانا۔

**سو مارے ننانوے سے بھُول جائے**
**سو مارے ایک گنے** } (ا۔مثل) اس قابل ہے کہ برابر مار پڑتی رہے۔

**سومن کا۔** (ا۔صف) بہت وزنی۔ بہت بھاری۔

**سومیں ایک۔** (ا۔صف) بہت کم۔ بہت قلیل۔

**سومیں کہنا۔** (ا۔محاورہ) کھُلے طور پر کہنا۔ سب کے سامنے کہنا۔

**سونکٹوں میں ایک ناک والا نکو۔** (مثل) بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب۔ سب سے زیادہ عیبی خیال کیا جاتا ہے۔ سو رذیلوں میں ایک شریف بدنام ورسوا سمجھا جاتا ہے۔

**سُوء۔** (ع۔ا۔مث) بُرائی۔ بدی (۲) بیماری۔ مرکبات میں جیسے سوءِ ہضم۔

**سُوءِ مزاج۔** (ع۔ا۔مذ) مزاج کی خرابی۔

**سُو۔** (ف۔ا۔مث) سمت۔ جانب۔ طرف۔

**سو۔** (واؤ مجہول) (ہ) (۱) وہ۔ جو۔ تو۔ اس لیے۔ اس واسطے (۲) مصدر سونا کا صیغۂ امر۔

**سَوا۔** (سَ۔وا) (ہ۔صف) ایک اور اس کا چوتھائی حصّہ۔ پورا اور ایک چوتھائی زیادہ۔ ۱¼۔

**سَوا نیزے پر سورج (آفتاب) آنا۔** (۱) آثارِ قیامت نمودار ہونا (۲) شدید ترین گرمی پڑنا۔

**سِوا۔ سوائے۔** (سِ۔وا) (سِ۔وا۔ئے) (ع) (۱) بغیر۔ علاوہ۔ بجز۔ (۲) زیادہ۔ فالتو۔

**سُوا۔** (سُو۔آ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی سوئی۔ موٹی سُوئی (۲) طوطا۔

**سوابق۔** (ع۔ا۔مذ) سابقہ کی جمع۔

**سواحِل۔** (سَ۔وا۔حِل) (ع۔ا۔مذ) ساحل کی جمع۔ پانی کے کنارے۔ دریا۔ جھیل۔ سمندر وغیرہ کے کنارے۔

**سواد۔ سُواد۔** (سَ۔واد) (سُ۔واد) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مزہ۔ ذائقہ۔ چاٹ (۲) لذّت۔ لطف (۳) فرحت۔ خوشی (۴) محبت۔ اخلاص۔

**سواد۔** (سَ۔واد) (ع۔ا۔مذ) (۱) سیاہی۔ کالک (۲) سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے (۳) حوالیٔ شہر۔ آس پاس۔ گرد و نواح (۴) ذہن۔ ملکہ۔ (۵) لکھنا (۶) بڑی تعداد۔

**سواد پڑنا۔** (ا۔محاورہ) چسکا پڑنا۔ مزہ پڑنا۔ عادت ہونا۔

**سوادِ اعظم۔** (۱) بڑا شہر (۲) کثیر تعداد۔ اکثریت۔ غالب حصّہ۔

**سُوار۔** (سُ۔وار) (ف۔ا۔مذ) (۱) جو پیدل نہ ہو (۲) (کنایتہً) مست۔ متوالا (۳) رسالے کا ملازم (صف) چڑھا ہوا۔ سواری پر بیٹھا ہوا۔

**سوار بنانا۔** (ا۔محاورہ) سواری سکھانا۔

**سِوار۔** (سِ۔وار) (س۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس۔

**سُوارت۔** (سُ۔وا۔رَت) (ہ۔ا۔مذ) اچھے کام میں آنا۔

**سوارت کرنا۔** (ہ۔محاورہ) استعمال میں لانا۔ کامیاب بنانا۔ سود مند کرنا۔

**سواری۔** (س۔وا۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) گھوڑے پر چڑھنے کا کام۔ (۲) وہ حیوان یا چیز جس پر سوار ہوا جائے (۳) جلوس (۴) کشتی کا ایک داؤں (۵) جو سوار ہو (۶) ہمرکاب۔

**سواری آنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تشریف لانا (۲) جلوس آنا۔

**سواری اُتروانا۔** (ا۔محاورہ) جو عورت ڈولی گاڑی وغیرہ میں آئے اسے ڈیوڑھی سے جا کر لانا۔

**سواری دینا۔** (ا۔محاورہ) سواری کا کام دینا۔

**سواری (کرنا) لینا۔** (ا۔محاورہ) چڑھنا۔ سوار ہونا۔

**سواری لگنا۔** (ا۔محاورہ) سوار ہونے کے لیے ڈیوڑھی پر پالکی وغیرہ کا رکھا جانا۔

**سواگت۔** (سَ۔وا۔گت) (س۔ا۔مذ) (۱) خوش آمدید۔ آؤ بھگت (۲) سلام۔ آداب۔

**سُوال۔** (سُ۔وال) (ع۔ا۔مذ) (۱) پوچھنا۔ دریافت کرنا (۲) درخواست مانگ۔ التماس طلب (۳) استفسار، پرسش (۴) (اُر) دعوے یا عرضی۔ دعویٰ (۵) گزارش۔ عرض داشت (۶) بھیک مانگنا (۷) مسئلہ۔ عقیدہ۔ حل طلب بات (ریاضی یا اقلیدس کا) جواب طلب مسئلہ۔

**سوال از آسماں جواب از ریسماں۔** (ا۔مثل) سوال کچھ اور جواب کچھ۔ اُوٹ پٹانگ جواب۔

**سوال پورا ہونا۔** (ا۔محاورہ) مانگی ہوئی چیز کا ملنا۔

**سوالِ جرح۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ سوال جو ایک فریق اپنے مخالف کے گواہوں سے کرتا ہے۔ دلیل کاٹنے والا سوال۔ تردیدی سوال۔ گرفت کرنے والا سوال۔

**سوال جواب۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) گفتگو۔ بات چیت (۲) مباحثہ۔

**سوال حل کرنا۔** (ا۔محاورہ) مشکل مسئلہ حل کرنا۔ کوئی عقدہ یا گتھی کھولنا۔

**سوال خوانی۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) عدالت میں دعوے یا عرضی دعوے کا پڑھا جانا۔

**سوال در سوال۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) سوال کا جواب دینے کے بجائے



Marfat.com

اُسی سوال پر ایک اور سوال کر دینا۔

**سوال دیگر جواب دیگر**۔ (ف۔ مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔

**سوال ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) التجا کرنا (۲) رشتہ طلب کرنا۔

**سوال کی صُورت**۔ (ا۔ صف) جس کی شکل سے ہی اندازا ہو جائے کہ کچھ مانگتا ہے

**سوال رد کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سوال نامنظور کرنا۔ بھیک نہ دینا۔

**سوالِ متمم (قانون)**۔ (ا۔ مذ) وہ درخواست جو اشتمام کی کمی پوری کرنے کے لیے دی جائے۔

**سوالِ مرمت (قانون)**۔ (ا۔ مذ) عرضی کی درستی یا ترمیم کا مطالبہ۔

**سوالِ مُوصل الی المطلوب**۔ پوچھنے والے کے مطلب تک پہنچانے والا سوال۔

**سوال نامہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جواب طلب اُمور کی فہرست۔ (Questionnaire)

**سُوالات**۔ (سُ۔ وا۔ لات) (ع۔ ا۔ مذ) سوال کی جمع۔

**سُوالی**۔ (سُ۔ وا۔ لی) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ و صف) (۱) سوال کرنے والا۔ (۲) مانگنے والا۔

**سُوامی**۔ (سُ۔ وا۔ می) (س۔ ا۔ مذ) آقا۔ مالک۔ حاکم۔ خدا (۲) شوہر خاوند۔ خصم (۳) گرو۔ پیر (۴) حضور۔ قبلہ۔ حضرت۔

**سوان**۔ (ق۔ ا۔ مث) قنیں۔

**سوانا۔ سوانہ**۔ (س۔ وا۔ نا) (س۔ وا۔ نہ) حد۔ کنارا۔ پنڈھ۔

**سوانح**۔ (سَ۔ وا۔ نح) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سانحہ کی جمع۔ واقعات۔ حادثات روئیداد۔ حالات۔

**سوانح عُمری**۔ (ع۔ ا۔ مث) کسی شخص کی زندگی کے حالات۔ تذکرہ۔

**سوانح نگار**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) واقعہ نویس۔ اخبار نویس۔ نامہ نگار (۲) (اُر) کسی شخص کے حالاتِ زندگی لکھنے والا۔

**سوانگ**۔ (سَ۔ وانگ) (ہ۔ ا۔ مذ) شعبدہ۔ تماشا۔ کھیل۔ نقل۔ بہروپ۔

**سوانگ بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بھیس بدلنا (۲) فریب دینا۔

**سوانگیا**۔ (سَ۔ وانگ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) بہروپیا۔ روپ بھرنے اور دکھانے والا (۲) شعبدہ باز۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار۔

**سُواہا**۔ (سُ۔ وا۔ ہا) (س۔ صف) (۱) جو راکھ یا بھسم ہو گیا ہو (۲) (ا۔ مذ) وہ کلمہ جو ہوم یا جگ کرتے وقت کہتے ہیں۔

**سُواہا (کرنا) کر دینا**۔ (ہ۔ محاورہ) (۱) جلا کر راکھ بنا دینا (۲) خاتمہ کر دینا۔ دُھول اڑا دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا۔

**سوائی**۔ (سَ۔ وا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ غلہ جو کاشتکار کو بیج کے واسطے اس شرط پر دیا جائے کہ فصل پر من کا سوا من لیا جائے گا۔ (مث) وہ زمین جس میں سوائے چاول کے سب غلّے پیدا ہوتے ہوں۔ اسے میّن۔ دوسٹ۔ میوٹا۔ سیگوں۔ پڑوا۔ کابر بھی کہتے ہیں۔

**سوائی**۔ (س۔ وا۔ ای) (ف۔ صف) (۱) فالتو۔ معمول سے زیادہ۔

**سوائے**۔ (س۔ وا۔ اے) (ع۔ حرف استثنا) (۱) علاوہ۔ بجز (۲) (صف) زیادہ۔ فالتو۔ بیش۔

**سوایا**۔ (سَ۔ وا۔ یا) (ہ۔ صف۔ عددِ کسری) (۱) ایک اور چوتھائی ۱¼

(۲) زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ بیش۔

**سُوباشُون**۔ (ق۔ ا۔ مث) خوشبو۔

**سُوبھا**۔ (سُو۔ بھا) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) زینت۔ زیبائش (۲) خوبصورتی (۳) شان و شوکت (۴) رونق (۵) عزت آبرو۔

**سوپ**۔ (Soap) (انگ۔ ا۔ مذ) صابن۔

**سُوپ**۔ (Soup) (انگ۔ ا۔ مذ) یخنی۔ شوربہ۔ آب جوش۔

**سُوپ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چھاج۔ اناج پھٹکنے کا آلہ (۲) پانی پھینکنے کا ٹوکرا۔

**سُوپ تو سُوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتر سو چھید**۔ (مثل) بے داغ چال چلن والا اگر شیخی کرے تو بجا ہے۔ عیبی کو زبان کھولنے سے پہلے اپنے عیب دیکھ لینا چاہیئے۔

**سوپ سی داڑھی**۔ (ا۔ مث) بڑی اور گھنی داڑھی۔ داڑھی جو چھاتی پر چھائی ہوئی ہو۔

**سَوت۔ سَوتن**۔ (سَو۔ ت) (سَو۔ تن) (ہ۔ ا۔ مث) ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ایک دوسرے کی سوت کہلاتی ہیں۔

**سَوت بھلی سوتیلا بُرا**۔ (ا۔ مثل) سوکن کی اولاد سوکن سے زیادہ ناگوار اور خطرناک ہوتی ہے۔

**سَوت پر سَوت اور جلاپا**۔ (ا۔ مثل) ایک دشمن کے ہوتے دوسرا دشمن آجانے سے دل اور زیادہ جلتا ہے۔

**سَوت چون کی بھی بُری**۔ (ا۔ مثل) دشمن کتنا ہی بےحقیقت ہو پھر بھی اس سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔

**سَوت کا لانا جی کا جلانا**۔ (ا۔ مثل) دوسری عورت کرنا پہلی عورت کو زندہ درگور کرنا ہے۔

**سوت (سوتا)**۔ (سو۔ ت) (سو۔ تا) (واؤ مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نکاس پانی نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ سرچشمہ۔

**سوت جاری ہونا**۔ چشمہ جاری ہونا۔

**سُوت**۔ (واؤ معروف) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تاگا۔ دھاگا۔ تار (۲) سیدھ دیکھنے کا ڈورا۔ پنسال (۳) ریشہ (۴) تَسُو کا سولھواں حصہ۔

**سُوت اٹیرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سُوت لپیٹنا یا چرخی یا اٹیرن پر چڑھانا۔

**سُوت باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) سیدھ باندھنا۔ سیدھ دیکھنے کا ڈورا لٹکانا۔

**سُوت کی اَنٹی اور یوسفؑ کی خریداری**۔ (ا۔ مثل) تھوڑی سی حیثیت پر بڑا حوصلہ۔

**سُوت کے بنولے ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا۔

**سُوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا**۔ (ا۔ مثل) خواہ مخواہ کا جھگڑا۔ بے بنیاد بات پر فساد۔

**سَوتاپا (سوتیاڈاہ)**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دو سوکنوں کے درمیان دشمنی۔ سوکناپا۔

**سوتا سنسار جاگتا پروردگار**۔ (ا۔ مثل) وہ کلمہ جو داستان گو کہانی شروع کرنے سے پہلے کہتے ہیں۔ رات کا سنسان ہونا۔

**سُوتک**۔ (سُو۔ تک) (س۔ ا۔ مث) بچے کی پیدائش کے وقت کی ناپاکی۔

**سوتوال (ستوال)**۔ (ا۔ صف) سُتا ہوا۔ پتلا۔ باریک۔



Marfat.com

سوتواں (ستواں) ناک۔ (ا۔مث) پتلی ناک۔ خوبصورت ناک۔
سُوتنا۔ (سُوت۔نا) (ہ۔مص) (۱) نچوڑنا (۲) پُونسنا (۳) کھینچ لینا۔
سُوتی۔ (سُو۔تی) (ہ۔صف) سُوت کا۔ سُوت کا بنا ہوا۔
سوتی۔ (ہ۔صف) سوئی ہوئی۔ نیند میں کو۔
سوتی (بھڑ) بھڑیں جگانا۔ (ا۔محاورہ) نئے سرے سے فساد اُٹھانا۔ پُرانے جھگڑے تازہ کرنا۔
سوتیاہ ڈاہ۔ سوتاپے کی تکلیف مشہور ہے۔
سوتے۔ (ہ۔صف) سوتے ہوئے۔ سوجانے کی حالت۔
سوتے جاگتے مُنہ دیکھنا۔ (ا۔محاورہ) ہر وقت توقع رکھنا۔ اُمید باندھے رہنا۔
سوتے فتنے اُٹھانا (جگانا)۔ (ا۔محاورہ) دبے ہوئے جھگڑے نکالنا۔
سوتے کا سوتا رہنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) نیند کی حالت میں پڑا رہ جانا (۲) سوتے میں مرجانا۔
سوتے لڑکے کا مُنہ چُوما نہ ماں خوش نہ باپ۔ (ا۔مثل) بغیر اطلاع کے نیکی کرنا رائیگاں ہے۔
سوتے مُردے جگانا۔ (ا۔محاورہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ شور وغل مچانا۔
سوتے نصیب جاگنا۔ (ا۔محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ تباہی کے بعد اچھے دن آنا۔ دن پھرنا۔
سَوتیلا۔ (سو۔تے۔لا) (ہ۔صف) سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا۔ اولاد، بھائی بہن یا ماں باپ جو اصلی نہ ہوں۔
سُوٹ۔ (Suit) (انگ۔ا۔مذ) کپڑوں کا جوڑا۔ خصوصاً ایک ہی کپڑے کا کوٹ، پتلون، واسکٹ یا نیکر اور برجس یا قمیص شلوار وغیرہ۔
سُوٹ کیس۔ (Suit Case) (انگ۔ا۔مذ) کپڑے رکھنے کا چھوٹا بکس
سُوٹڈ بوٹڈ۔ (Suited Booted) (سُو۔ٹِڈ۔بُو۔ٹِڈ) (انگ۔صف) سُوٹ اور بُوٹ پہنے ہوئے۔ انگریزی وضع کا۔
سُوٹنگ۔ (Suiting) (سُو۔ٹِنگ) (انگ۔ا۔مذ) سُوٹ کا کپڑا۔
سُوجا۔ (سُو۔جا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بہرا (۲) سُوا (۳) (صف) ورم کیا ہوا۔
سوجانا۔ (سو۔جا۔نا) (ہ۔مص) (۱) نیند آجانا (۲) سُن ہوجانا۔
سُوجن۔ (سُو۔جن) (ہ۔ا۔مث) ورم۔ آماس۔
سُوجنا۔ (سُوج۔نا) (ہ۔مص) (۱) ورم کرنا۔ سُوجن چڑھنا (۲) غصّے یا بدمزاجی سے مُنہ پھلانا۔
سُوجھ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) عقل۔ فہم (۲) بینائی۔ بصارت۔ نظر۔
سُوجھ بُوجھ۔ (ا۔مث) عقل و فہم۔ دُور اندیشی۔
سُوجھتا کرنا۔ (سُوجھ۔تا۔کر۔نا) (ہ۔مص) بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا۔ فکر کرنا۔
سُوجھنا۔ (سُوجھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ آنکھ سے معلوم ہونا (۲) خیال آنا۔ ذہن میں آنا (۳) تیز ہونا (۴) دُھن ہونا (۵) آثار معلوم ہونا۔
سُوجی۔ (سُو۔جی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گیہوں کے مغز کا دَر درا آٹا۔
سُوجے پھُولے۔ (ا۔صف) مُنہ پُھلائے ہوئے۔ خفا۔ ناراض۔ آزردہ۔
سوچ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) فکر۔ خیال (۲) رنج و غم۔ اندوہ (۳) غور۔ دھیان۔ توجہ۔

سوچ آنا۔ (ا۔محاورہ) فکر ہونا۔ تردد پیدا ہونا۔
سوچ بچار۔ (ا۔مث) فکر و تامل۔ غور و فکر۔
سُوئچ۔ (Switch) (سُ۔وِچ) (انگ۔ا۔مذ) وہ برقی بٹن، جس کے دبانے سے تار میں برقی رَو آتی اور بند ہوتی ہے۔
سُوئچ بورڈ۔ (Switch Board) وہ تختہ جس پر سوئچ لگے ہوئے ہوں۔
سوچ سمجھ کے۔ (ا۔تابع فعل) غور و فکر کے بعد۔ ہوش و حواس سے۔
سَوچنا۔ (سوچ۔نا) (ہ۔مص) آب دست لینا۔ طہارت کرنا۔ اجابت کے بعد پانی لینا۔
سوچنا۔ (سوچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) غور کرنا۔ دھیان کرنا (۲) سمجھنا بوجھنا۔ بات کی گہرائی میں اُترنا (۳) مراقبہ کرنا۔
سوخت۔ سوختگی۔ (سوخت) (سوخ۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) جلن۔ سوزش۔ تکلیف (۲) رنج۔ صدمہ۔ غم۔
سوختنی۔ (سوخ۔تَ۔نی) (ف۔صف) جلنے یا جلانے کے لائق۔
سوختہ۔ (سوخ۔تہ) (ف۔صف) (۱) جلا ہوا۔ بجھا ہوا۔ جھلسا ہوا (۲) مصیبت زدہ۔ افسردہ (۳) جاذب۔ بلاٹنگ پیپر۔
سوختہ بال۔ (ف۔صف) بے بس۔ جس کے پر جل چکے ہوں۔
سوختہ بخت۔ (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
سوختہ پا۔ (ف۔صف) جلد چلنے والا۔ تیز قدم۔
سوختہ تن (جان۔جگر)۔ (ف۔صف) دل جلا۔ کنایتاً عاشق۔
سوختہ سامان۔ (ف۔صف) جس کا سب کچھ جل گیا ہو (۲) تباہ و برباد۔
سوختی۔ (سوخ۔تی) (ف۔ا۔مث) کلفت۔ رنج۔ تکلیف۔
سُود۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) قرض دیے ہوئے روپے پر نفع۔ بیاج (۲) نفع۔ فائدہ (۳) بھلائی۔ بہتری۔
سُود بٹا۔ (ا۔مذ) نفع و نقصان۔
سُود خالص۔ (ف۔ع۔ا۔مذ) (اصطلاح بنکاری) سود کی جتنی رقم بعد وضع اخراجات باقی رہے۔
سُود خوار۔ سُود خور۔ سُود خورا۔ (ف۔صف) سود پر روپیہ چلانے والا۔ بیاج کھانے والا۔
سُود در سُود۔ (ف۔ا۔مذ) وہ سُود جو قرض دی ہوئی رقم میں سُود شامل کرکے کل رقم پر لگایا جائے۔
سُودمند۔ (ف۔صف) مفید۔ فائدہ بخش۔
سَودا۔ (سَو۔دا) (ع۔ا۔مذ) (۱) سیاہ۔ کالا (۲) سیاہ خلط کا نام۔ جلا ہوا بلغم (۳) (ف) خبط۔ دیوانگی (۴) عشق۔ دُھن۔ لگن (۵) خرید فروخت۔ بیوپار (۶) اُردو کے مشہور شاعر مرزا محمد رفیع کا تخلص۔
سودا اُچھلنا۔ (ا۔محاورہ) پاگل پن کا زور ہونا۔
سودا بگاڑنا۔ (ا۔محاورہ) طے شدہ معاملہ کو خراب کرنا۔
سودا (بننا)، پٹنا۔ (ا۔محاورہ) قیمت طے ہونا۔ بھاؤ مقرر ہونا۔ نرخ طے پانا۔
سودا دست بدست ہونا۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کا نقد فروخت ہوجانا۔



Marfat.com

**سوداسُلف** - (ا - مذ) بازار سے خریدی ہوئی چیزیں۔
**سوداگر** - (ف - صف) تاجر - بیوپاری۔
**سوداگری** - (ف - ا - مث) تجارت - بیوپار (صف) تجارت سے متعلق۔
**سوداگری کرنا** - (ا - محاورہ) تجارت کرنا - کاروبار کرنا - بیوپار کرنا۔
**سوداموَل لینا** - (ا - محاورہ) (۱) کوئی چیز خریدنا (۲) کوئی ذمے داری اپنے سر لینا۔
**سودا نہ ہونا** - (ا - محاورہ) معاملہ نہ بننا - قیمت پر اتفاق رائے نہ ہونا۔
**سَوداوی** - (سَو - دا - وی) (ع - صف) (۱) سودا سے متعلق (۲) غمگین - مغموم۔
**سوداوی مزاج** - (ع - صف) وہ شخص جس میں سَودا کی خِلط غالب ہو۔ جنونی آدمی۔
**سَودائی** - (سَو - دا - ای) (ع - صف) (۱) دیوانہ - پاگل - جنونی - خبطی - احمق۔
**سودائے خام** - (ف - ا - مذ) خام خیالی۔
**سُودہ** - (سُو - دَہ) (ف - ا - مذ) کسی چیز کا بُرادہ - وہ چیز جو گھِسنے سے حاصل ہو (جیسے سُودہ صندل) گھِسا ہوا صندل۔
**سُودَھ بھٹی** - (سُو - دَھ - بھَٹ - ٹی) (ہ - ا - مث) (اصطلاح علمِ کیمیا) کچی دھات کو پگھلانے کی بھٹی۔
**سُودھا** - (ہ - صف) سیدھا - صاف (۲) بھولا بھالا - سادہ - سچا۔
**سَودھن** - (سَو - دھَن) (ہ - ا - مذ) (۱) تہذیب - شائستگی - لطافت - پاکیزگی - (۲) اصلاح - درستی۔
**سُودھنا** - (سُو دھ - نا) (ہ - مص - اصطلاح علمِ کیمیا) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا۔
**سُودھی** - (ا - صف) پاک صاف - اُجلا - نفیس - کھرا - سچا۔
**سُودی** - (سُو - دی) (ف - صف) وہ روپیہ جو سُود پر لیا یا دیا جائے۔
**سُودیش** - (ہ - ا - مذ) اپنا ملک - اپنا وطن۔
**سُودیشی** - (سُو - دے - شی) (ہ - صف) اپنے دیس کا۔
**سوڈا** - (Soda) (سو - ڈا) (انگ - ا - مذ) (۱) سوڈیم کا کھار (۲) وہ پانی جو سوڈے سے بنایا جائے - سوڈا واٹر۔
**سوڈا بائیکارب** - (Soda Bicarb) (انگ - مذ) ایک مرکب دوا جو ہاضمے کے لیے مفید ہے۔
**سوڈا واٹر** - (Soda Water) (انگ - ا - مذ) سوڈے سے بنایا ہوا پانی۔
**سوڈیم** - (Sodium) (سو - ڈِ - یَم) (انگ - ا - مذ) ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ہے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ نکلتا ہے۔
**سوڈے کا جوش یا سوڈے کا سا اُبال** - (ا - مثل) وقتی اور عارضی جوش۔
**سُور** - (ہ - ا - صف) بہادر یا شجاع آدمی - مردِ غازی۔
**سُور بیر** - بڑا بہادر - سُورما - شجاع۔
**سُور - سؤر** - (سُؤر) (سُ - ؤر) (ہ - ا - مذ) (۱) خنزیر - خوک (۲) (صف) شریر - بدذات (۳) (اُر) ایک گالی (۴) غصے یا ناراضگی یا عتاب کے اظہار کا کلمہ۔
**سُوارت** - (ق) خود غرضی - غرض - مطلب - حرص۔
**سَوراج** - (سَو - راج) (ہ - ا - مذ) حکومتِ خود اختیاری - اپنے دیس میں اپنا راج۔
**سُوراخ** - (سُو - راخ) (ف - ا - مذ) (۱) چھید - روزن - رخنہ - بل - موکھا (۲) درز - دراڑ - جھری (۳) منہ - دہانہ - موری۔
**سُوراگنا** - (ق - مص) سورج طلوع ہونا۔
**سُورانا** - (ق - مص) بے تاب ہونا۔
**سُورت - سُورۃ** - (سُو - رَت) (ع - ا - مث) قرآن مجید کا کوئی باب یا فصل - جمع : سُوَر۔
**سُورَج** - (سُو - رَج) (ہ - ا - مذ) شمس - خورشید - آفتاب۔
**سُورج بنسی** - (ہ - ا - مذ) راجپوتوں کی ایک قوم جو خود کو سورج کی اولاد خیال کرتی ہے - راجہ رام چندرجی اسی قوم سے تھے۔
**سُورج خاک ڈالنے سے نہیں چھُپتا** - (ا - مثل) کھُلی بات کو چھُپایا نہیں جا سکتا۔
**سُورج (ڈوبتے) ڈوبے** - (ا - متعلق فعل) سُورج چھُپنے کے وقت - شام کے وقت۔
**سُورج ڈوبنا** - (مص - مرکب) سُورج چھُپنا - آفتاب غروب ہونا۔
**سُورج سنسار** - نظامِ شمسی - دنیا۔
**سُورج کو چراغ دکھانا** - (ا - محاورہ) تجربہ کار کو عقل دینا - دانا کو دانائی کی بات بتانا - کامل کے سامنے ناقص کا باتیں بنانا۔
**سُورج کی کرن** - (ہ - ا - مث) آفتاب کی شعاع۔
**سُورج (گرہن) گہن** - (ا - مذ) چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان آکر آفتاب کی روشنی زمین تک نہ پہنچنے دینا - کسوف - گرفتگیٔ آفتاب۔
**سُورج مکھی** - (ا - مث) ایک قسم کا زرد پھُول جو سُورج کے ساتھ ساتھ اپنا رُخ بدلتا جاتا ہے۔
**سُورَگ** - (سُ - وَرگ) (ہ - ا - مث) بیکنٹھ - جنت۔
**سُورما** - (سُور - ما) (ہ - صف) بہادر - شجاع۔
**سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا** - (ا - مثل) اکیلا آدمی خواہ کتنا ہی بہادر ہو بہت سے آدمیوں پر غالب نہیں آسکتا۔
**سُوَرن** - (ہ - ا - مذ) زر - سونا - طلا۔
**سُورنجان** - (سُو - رَن - جان) (ف - ا - مث) ایک دوا جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں۔
**سُوَرنی** - (سُو - وَر - نی) (ہ - ا - مث) (۱) سُؤر کی مادہ (۲) بہت سے بچے دینے والی عورت۔
**سُورہ** - (سُو - رَہ) (ع - ا - مذ) قرآن شریف کا ایک باب یا ایک فصل - سُورت۔
**سُورۂ اخلاص** - (ع - ا - مذ) قل ہو اللہ کی سُورت۔
**سُورۂ یٰسین** - (ع - ا - مذ) قرآن شریف کی ایک سُورۃ جو حالت نزع میں موت کی سختی دفع ہونے کے لیے سناتے ہیں۔



Marfat.com

**سُوری۔** (ق) (۱) ایک پھول کا نام (۲) سُرخ شراب۔
**سُوزیا بان۔** (ق) چتر۔ آفتاب گیری۔
**سوز۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جلن۔ سوزش۔ دُکھ۔ درد (۲) (اُر) مرثیہ خوانی کی ایک طرز (۳) اُردو کے ایک مشہور شاعر محمد میر دہلوی کا تخلص۔
**سوز خواں۔** (ف۔ ا۔ مذ) خاص طرز پر مرثیے پڑھنے والا۔
**سوزاک۔** (سو۔ زاک) (ف۔ ا۔ مذ) ایک مرض جس میں پیشاب سوزش کے ساتھ آتا ہے اور پیپ نکلتی رہتی ہے۔
**سوزش۔** (سو۔ زِش) (ف۔ ا۔ مث) جلن۔ کھولن۔ درد۔ تکلیف۔
**سوزن۔** (سو۔ زن) (ف۔ ا۔ مث) سُوئی۔
**سوزن کار۔** (ف۔ صف) کڑھائی کرنے والا۔ سُوئی کا کام کرنے والا۔
**سوزن کاری۔** سوئی کا کام۔ کشیدہ کاری۔
**سوزنی۔** (سو۔ زَ۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) دُہرا یا روئی بھرا کپڑا جس پر سوزن کاری کی گئی ہو۔
**سُوس۔** (ف۔ ا۔ مذ) گھڑیال۔ ایک قسم کا مگرمچھ (۲) ملٹھی۔
**سُوس۔** (ق۔ صف) شدّت۔ تشنگی۔
**سوسائٹی۔** (Society) (سو۔ سا۔ اِ۔ ٹی) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) سماج۔ معاشرہ۔ اجتماعی زندگی (۲) لوگوں کی صُحبت۔
**سُوسمار۔** (سُوس۔ مار) (ف۔ ا۔ مذ) ایک صحرائی جانور۔ گوہ۔
**سوسن۔** (سو۔ سَن) (ف۔ ا۔ مث) آسمانی رنگ کا ایک پھول جسے شعراء زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
**سُوسنا۔** (ق۔ مص) جھیلنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔
**سوسنی۔** (سو۔ سَ۔ نی) (ف۔ صف) (۱) آسمانی (۲) نیلا رنگ۔
**سُوسُو کرنا۔** (۱۔ محاورہ) سردی کے مارے کانپنا۔
**سُوسی۔** (۱۔ مث) ایک قسم کا رنگین دھاری دار کپڑا۔
**سوشل۔** (Social) (سو۔ شَل) (انگ۔ صف) (۱) سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق (۲) میل جول رکھنے والا۔ ملنسار۔ مل جل کر بسر کرنے والا۔
**سوشلزم۔** (Socialism) (سو۔ شل۔ اِزم) (انگ۔ ا۔ مذ) دیکھیے اشتراکیت۔
**سوشلسٹ۔** (Socialist) (سو۔ شل۔ اِسٹ) (انگ۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) دیکھیے اشتراکی۔
**سَوغات۔** (سَو۔ غات) (ت۔ ا۔ مث) (۱) تحفہ۔ ہدیہ۔ عمدہ چیز۔ عجیب چیز۔
**سُوفا۔** (ق۔ ا۔ مذ) مکان کا بڑا کمرہ۔
**سُوفار۔** (سُو۔ فار) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سوئی کا ناکہ (۲) تیر کی چٹکی۔
**سُوفتہ۔** (سُوف۔ تہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سپیتا کا بگڑا ہوا۔ مہلت۔ فرصت (۲) نجات۔ چھٹکارا۔
**سُوفسطائی۔** (سُو۔ فِس۔ طا۔ ای) (ع۔ ا۔ مذ) حکماء کا ایک گروہ جن کے اُصولوں کی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق سے منکر ہیں۔
**سوفہ۔** (Sofa) (سو۔ فہ) (انگ۔ ا۔ مذ) کوچ۔ کرسی کی ایک قسم۔ صوفہ۔
**سُوق۔** (ع۔ ا۔ مذ) بازار۔ جمع: اسواق۔
**سُوقیانہ۔** (سُو۔ قِ۔ یا۔ نہ) (ع۔ ف۔ صف) بازاری۔ عوام کی پسند کا۔ مبتذل۔
**سُوک۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) زہرہ ستارہ۔ ناہید (۲) جمعہ۔
**سوکا۔** (ق۔ ا۔ مذ) سرمے کی لکیر جو ماتھے پر لگائی جاتی ہے۔
**سوکا۔** (سو۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ فصل جو ادلوں سے مر جائے (۲) قحط سالی۔ اِمساکِ باراں۔
**سَوکن۔** (سَو۔ کن) (ہ۔ ا۔ مث) سَوت۔ شوہر کی دوسری بیوی۔
**سُوکھ کر پنجر ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت دُبلا ہو جانا۔ بدن پر گوشت نہ ہونا۔ ہڈیاں ہی ہڈیاں نظر آنا۔
**سُوکھا۔** (سُو۔ کھا) (ہ۔ صف) (۱) خشک۔ کھڑنک (۲) سکڑا ہوا۔ جھرّیاں پڑا ہوا (۳) دُبلا پتلا۔ لاغر (۴) روکھا پھیکا (ا۔ مذ) خشک سالی۔ کال (۵) بھنگ (۶) خشک تمباکو۔
**سُوکھا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) قحط سالی ہونا۔
**سُوکھا (ٹالنا) ٹرخانا۔** (ا۔ محاورہ) صاف انکار کرنا۔ باتوں میں ٹالنا۔ بے نیل مرام واپس کرنا۔
**سُوکھا ٹنڈ (ٹھنٹھ)۔** (ا۔ مذ) خشک۔ سُوکھا درخت۔
**سُوکھا جواب دینا۔** (ا۔ محاورہ) صاف انکار کرنا۔
**سُوکھا سہما۔** (ا۔ صف) (۱) چُپ چُپ۔ خوف زدہ (۲) دبلا پتلا۔ لاغر و نحیف۔
**سُوکھا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) غم یا بیماری سے دُبلا ہو جانا۔
**سُوکھے اُسترے سے سر مُنڈوانا۔** (ا۔ محاورہ) پانی لگائے بغیر سر منڈوانا کہ تکلیف زیادہ ہو۔
**سُوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی۔** (مثل) ناداری میں عیش کی باتیں۔ غریبی میں امیروں کی ریس۔
**سُوکھے ٹکڑوں پر کوّے اڑانا۔** (ا۔ مثل) قلیل اُجرت پر ذلیل کام کرنا۔
**سُوکھے دھانوں پانی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مایوسی کی حالت میں کام بن جانا۔ نامرادی میں مراد پانا (۲) رنج کی حالت میں خوشی نصیب ہونا۔
**سُوکھے ساون نہ رُوکھے بھادوں۔** (ا۔ مثل) بے فیض آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔ صحیح مثل اس طرح ہے۔ ساون سوکھے نہ بھادوں روکھے۔
**سُوکھے کا آزار۔** (ا۔ مذ) بچوں کا مرض دق۔ سُوکھا۔
**سُوکھے گھاٹ اُتارنا۔** (ا۔ محاورہ) مایوس لوٹانا۔ محروم رکھنا۔
**سُوکھ کر کانٹا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت کمزور ہو جانا۔ دُبلا ہونا۔
**سوکھنا۔** (سوکھ۔ نا) (ہ۔ مص۔ واؤ مجہول) (۱) چُوسنا۔ جذب کرنا (۲) سُڑکنا۔ بہت زیادہ مقدار میں پینا۔
**سُوکھنا۔** (سُوکھ۔ نا) (ہ۔ مص۔ واؤ معروف) (۱) خشک ہونا (۲) دُبلا ہونا (۳) سکڑنا۔
**سُوکھی۔** (سُو۔ کھی) (ہ۔ صف) (۱) خشک شدہ۔ بے رطوبت جس میں تری نہ ہو (۲) دُبلی پتلی۔ نحیف و ناتوان۔



Marfat.com

**سُوکھی الف۔** (ا۔مث، طنزاً) دُبلی پتلی عورت۔ الف کی طرح۔
**سُوکھی سنانا۔** (ا۔محاورہ) انکار کرنا۔
**سُوکھی چنائی کرنا۔** (ا۔محاورہ) کھانے کے درمیان پانی نہ پینا (۲) بغیر گارے کے اینٹیں لگانا۔
**سوگ۔** (ف۔ ہ۔ا۔مذ) ماتم۔غم۔رنج۔
**سوگ (اُتارنا) اُترنا۔** (ا۔محاورہ) ماتم کی مدت پوری ہونا۔ سیاپے سے نکالنا یا نکلنا۔
**سوگ کرنا (منانا)۔** (ا۔محاورہ) مُردے کا ماتم کرنا۔ رنج وغم کی حالت میں رہنا۔
**سوگ میں بیٹھنا۔** (ا۔محاورہ) بیوہ کا اپنے مرے ہوئے خاوند کے غم میں ماتم کی صف میں بیٹھنا۔
**سوگ وار۔** (ف۔صف) مغموم۔غمگین۔ ماتمی حالت میں۔ ماتم دار۔
**سوگند۔** (سَو۔گَند) (ف۔ا۔مث) قسم۔قول۔عہد۔
**سوگی۔** (سو۔گی) (ہ۔صف) (۱) رنجیدہ۔ سوگوار۔ ماتم دار۔
**سُول۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) کانٹا۔خار (۲) برچھی کی نوک (۳) پیٹ کا درد۔ درد قلنج۔ باؤگولا (۴) چبھن (۵) ترسول۔
**سول۔** (Sole) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تلوا۔کف پا (۲) جوتے کا تلا۔ (۳) (صف) واحد۔ تنہا۔ بلاشرکت غیرے۔
**سِوِل۔** (Civil) (سِ۔وِل) (انگ۔صف) (۱) غیر فوجی۔شہری (۲) انتظامی۔ تمدنی (۳) خلیق۔مہذب۔ ملنسار۔ بھلا مانس۔
**سِوِل جج۔** (Civil Judge) (انگ۔ا۔مذ) دیوانی مقدمات فیصل کرنے والا جج۔
**سِوِل سرجن۔** (Civil Surgeon) (انگ۔ا۔مذ) شہریوں کا اعلیٰ معالج اور ضلع کے سرکاری عوامی ہسپتالوں کا نگران ڈاکٹر۔
**سِوِل سروس۔** (Civil Service) (انگ۔ا۔مث) سرکاری ملازمت کا وہ شعبہ جس میں بڑے بڑے سِوِل عہدہ دار ہوتے ہیں۔
**سِوِل کورٹ۔** (Civil Court) (انگ۔ا۔مث) عدالتِ دیوانی وہ عدالت جس میں لین دین کے مقدمات ہوتے ہیں۔
**سِوِل لا۔** (Civil Law) (انگ۔ا۔مذ) قانونِ دیوانی۔
**سِوِل لبرٹی۔** (Civil Liberty) (انگ۔ا۔مث) شہری آزادی۔
**سِوِل لسٹ۔** (Civil List) ملازمینِ حکومت کی وہ فہرست جس میں تمام عہدیداروں کی مدت ملازمت اور تنخواہ وغیرہ کی مقدار درج ہوتی ہے۔
**سِوِل میرج۔** (Civil Marriage) (انگ۔ا۔مث) وہ شادی جو مذہبی رسوم کے برعکس عدالت میں کی جائے۔ عدالتی شادی۔
**سِوِل نافرمانی۔** (Civil Disobedience) (انگ۔ا۔مث) حکومت کے احکام کی تعمیل سے بلاتشدد انکار۔
**سِوِل وار۔** (Civil War) (انگ۔ا۔مث) خانہ جنگی۔ ایک ملک کے مختلف طبقوں کی باہمی لڑائی۔
**سَوَل۔** (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی مچھلی۔
**سُوَچھن۔** (ق۔صف) خوش اطوار۔ نیک خصلت۔

**سولہ۔** (سو۔لہ) (ہ۔صف) دس اور چھ۔ ۱۶
**سولہ سنگار۔** عورتوں کی مکمل آرائش۔ دیکھیے بارہ ابھرن سولہ سنگار۔
**سولھواں۔** (ا۔عدد) ترتیب میں پندرہ کے بعد کا درجہ۔
**سولھی۔** (سو۔لھی) (ہ۔ا۔مث) ایک کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔
**سُولی۔** (سُو۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک چوبی آلہ جس میں مجرموں کو ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیتے تھے۔ پھانسی کا کھمبا (۲) مجازاً مصیبت۔ ہلاکت۔سخت تکلیف۔ ہر وقت کا خطرہ۔
**سُولی پر بسر ہونا۔** (ا۔محاورہ) کمال اضطراب اور بے چینی سے وقت گزرنا
**سُولی پر بھی نیند آتی ہے۔** (ا۔مثل) سخت ترین مصیبت میں بھی انسان کو نیند آجاتی ہے۔
**سُولی پر جان ہونا۔** (ا۔محاورہ) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا۔
**سُولی پر کٹنا۔** (ا۔محاورہ) بہت تکلیف میں زندگی بسر ہونا۔
**سُولی چڑھانا۔** پھانسی دینا۔ دار پر کھینچنا (۲) بہت اذیت یا تکلیف دینا۔
**سِوِلین۔** (Civilian) (سِ۔وِ۔لِ۔ین) (انگ۔ا۔مذ۔صف) غیر فوجی۔ انتظامی۔ سرکاری محکمے کا ملازم۔
**سُوئے۔** (ق۔ا۔مذ) سرو تا۔
**سِوُم۔** (سِ۔وُم) (ف۔صف) (۱) تیسرا۔ثالث (۲) مُردے کا تیجا۔ تیسرے دن کی فاتحہ۔
**سُوم۔** (ہ۔ا۔مذ) کنجوس۔بخیل۔شوم۔
**سوم کے گھر میں کتا پڑا۔ جائے نہ جانے دے۔** (ا۔مثل) کنجوس کے نوکر بھی ایسے ہوتے ہیں کہ نہ خود فائدہ اُٹھاتے ہیں نہ دوسرے کو اُٹھانے دیتے ہیں۔
**سوم۔** (واؤ مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چاند (۲) ملک الموت (۳) ایک بوٹی جس کا رس ہندو بڑا مقدس خیال کرتے ہیں۔
**سوم (نات) ناتھ۔** (س۔ا۔مذ) بھارت کا مشہور تاریخی بت خانہ۔ جسے محمود غزنوی نے فتح کیا۔ مجازاً بُت خانہ۔
**سوم وار۔** (س۔ا۔مذ) چاند کا دن۔ دوشنبہ۔ پیر کا دن۔
**سُوگھن۔** (ق۔صف) خوش نما۔
**سُون۔** (ق) سے۔
**سَون۔** (ہ۔ا۔مث) قسم۔سوگند۔عہد۔حلف۔پیمان۔
**سُون۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) سکوت۔خاموشی (۲) دم۔نفس۔سانس (۳) شگون۔نیک شگون۔
**سُون کھینچنا۔** (ہ۔ا۔محاورہ) چُپ سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
**سُون کی لینا۔** (ہ۔محاورہ) چُپ سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
**سونا۔** (سو۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زرد رنگ کی مشہور دھات جس کے زیورات اور سکے وغیرہ بنتے ہیں۔ زر۔طلا۔
**سونا اُچھالتے چلے جاؤ۔** (ا۔مثل) امن و امان اور خوش انتظامی کی تعریف کے موقع پر کہتے ہیں۔ چور اور رہزن کا کوئی ڈر نہیں۔
**سونا جانے کسے آدمی جانے بسے۔** (ا۔مثل) سونا کسوٹی پر رگڑنے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے۔



Marfat.com

**سونا چاندی** - (ہ - ا - مث) روپیہ پیسہ - مال و دولت۔
**سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے** - (ا - مثل) بدبخت اور بد اقبال آدمی کے بارے میں کہتے ہیں کہ جس چیز کو ہاتھ لگاتا ہے نقصان پہنچتا ہے۔
**سونا سگند** - (۱) کھرا سونا۔ زرِ خالص (۲) اچھی نسل یا اچھے خاندان کا۔ بہت قابل (۳) خالص۔ بے میل۔ معصوم۔ بیگناہ۔
**سونا سنار کا، اُبھرن سنسار کا** - (ا - مثل) سنار سونے میں بہت سا کھوٹ ملا دیتے ہیں۔ زیور کی خوبصورتی مالک کے حصے میں رہ جاتی ہے اس وقت کہتے ہیں جب کوئی دغا سے لوگوں کا ال ٹھگ لے۔
**سونا گھسے آدمی بسے** - (ا - مثل) سونا کسوٹی پر گھسنے سے اور آدمی کے ساتھ رہنے سے اس کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔
**سونا لے کے مٹی نہ دینا** - (ا - محاورہ) نہایت نادہند ہونا۔
**سونا** - (سو - نا) (ہ - مص) واؤ مجہول (۱) نیند لینا۔ آنکھ لگنا (۲) مرنا۔ ہمیشہ کے لیے آنکھ بند ہونا۔
**سُونا** - (سُو - نا) (ہ - صف - واؤ معروف) (۱) خالی۔ غیر آباد (۲) اکیلا (۳) اُجاڑ۔ ویران۔ بے رونق (۴) سنسان۔ خاموش۔
**سُونا گھر بھڑوں کا راج** - (ا - مثل) جب کوئی لائق نہیں ہوتا تو نالائقوں کی بن آتی ہے۔
**سُونا ہونا** - خالی، سنسان یا بے رونق ہونا۔
**سونپ سانپ دینا** - (ا - محاورہ) کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا۔
**سونپنا** - (سونپ - نا) (ہ - مص) (۱) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا (۲) کسی کے اعتبار پر چھوڑ دینا۔ امانتاً رکھوانا۔
**سونٹ مارے چلا جانا** - (ا - محاورہ) چپکے سے چلا جانا۔
**سونٹا** - (سوں - ٹا) (ہ - ا - مذ) ڈنڈا۔ لٹھ۔ موٹی لکڑی۔ عصا۔
**سونٹا سے ہاتھ** - (ا - مذ) ننگے ہاتھ (عورتیں چوڑیوں سے خالی ہاتھوں کے بارے میں حقارتاً کہتی ہیں)۔
**سونٹے سے** - بلا سے۔ کوئی پروا نہیں۔
**سونٹھ** - (ہ - ا - مث) (۱) سوکھی ادرک (۲) نادر چیز۔ بے بہا چیز (۳) بخیل۔ کنجوس۔
**سُونٹھ بسانا** - (ا - محاورہ) (۱) کوئی قیمتی چیز خریدنا (۲) زچہ خانے کے لیے چیزیں خریدنا۔
**سُونٹھ کی ناس لینا** - (ا - محاورہ) (۱) برداشت کرنا (۲) خاموشی اختیار کرنا
**سُونٹھ ہو رہنا** - خاموش ہو رہنا۔ چپ ہو جانا۔
**سُونجنا** - (ہ - ا - مذ) ایک پودے کی پھلیاں جو دافع بادی ہوتی ہیں (ب) سوہانجنا۔
**سوندھا** - (سوں - دھا) (ہ - صف) (۱) تازہ بھنی یا مٹی کے کورے برتن کی خوش بُو والا۔ بھنے ہوئے چنوں یا آلوؤں کی خوشبو والا (۲) خوش بُو دار۔
**سوندھاپن** - (ہ - ا - صف) سُوندھی سوندھی خوش بُو۔
**سَوندھنا** - (سَوندھ - نا) (ہ - مص) (۱) ملانا۔ گڈمڈ کرنا (۲) سانسنا۔ گتھنا (۳) گوندھنا (۴) کپڑوں کو دھونے کے لیے ملنا۔
**سُونڈ** - (ہ - ا - مث) ہاتھی کی لمبی ناک۔
**سُونڈی** - (سُوں - ڈی) (ہ - ا - مث) (۱) ایک چھوٹا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے (۲) ناف (۳) حلق کا کوّا (۴) کلال۔ شراب کشید کرنے والا۔
**سُونسنا** - (ق - مص) صبر کرنا۔
**سَونف** - (ہ - ا - مث) بادیان۔ ایک مشہور پودے کے بیج جو خوشبودار اور ہاضم ہوتے ہیں۔
**سُونگھا** - (سُوں - گھا) (ہ - ا - مذ) (۱) وہ شخص جو قوت شامہ کے ذریعے زمین کے اندر کا حال، خزانہ یا میٹھا پانی وغیرہ معلوم کر لیتا ہے (۲) شکاری کتا (۳) مخبر۔ جاسوس۔ بھیدی۔ کھوجی۔
**سُونگھنا** - (ا - مص) بُو لینا۔ مہک لینا۔ باس لینا۔
**سُونگھنی** - (سُونگھ - نی) (ہ - ا - مث) (۱) ہلاس۔ نسوار (۲) ہلاس کی ڈبیا۔
**سُونی** - (سُو - نی) (ہ - صف) ویران۔ غیر آباد۔ سنسان۔
**سونے** - (سو - نے) (ہ - ا - مذ) سونا (طلا) کی وہ صورت جس میں الف کو یائے مجہول سے بدل دیتے ہیں۔
**سونے پہ سہاگا** - (ا - محاورہ) رونق پر رونق۔ بہتری پر بہتری۔ نفع پر نفع۔ خوبی پر خوبی۔
**سونے سے گھڑاؤن مہنگی** - (ا - مثل) اتنے کا مال نہیں جتنا دپر لگ گیا۔
**سونے کا پانی** - (ا - مذ) (۱) سونے کا ملمع (۲) وہ پانی جس میں سونا گلایا گیا ہو۔
**سونے کا توڑا** - (ا - مذ) طلائی زنجیر جو پاؤں میں پہنی جاتی ہے۔
**سونے کا گڑوا پیتل کی پیندی** - (ا - مثل) ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جن میں اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہوں۔
**سونے کا گھر مٹی ہو جانا** - (ا - محاورہ) بنا بنایا گھر تباہ ہو جانا۔
**سونے کا نوالہ** - (ا - مذ) تر مال۔ نہایت عمدہ خوراک۔
**سونے کا نوالہ کھلایئے شیر کی نظر دیکھیے** - (ا - مثل) اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ بچوں کو بہتر سے بہتر خوراک دو مگر ان کی تربیت سختی سے کرنی چاہیئے۔
**سونے کا ورق** - (ا - مذ) ورقِ طلا۔ سونے کے ٹکڑے کو کوٹ کر بنایا ہوا ورق۔
**سونے کی چڑیا** - (ا - مث) مال دار اسامی۔
**سونے کی چڑیا ہاتھ آنا** - (ا - محاورہ) کسی مال دار احمق کا قابو میں آ جانا۔
**سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا** - (مثل) کسی فائدہ کی خاطر جان نہیں دی جایا کرتی۔
**سونے کے سہرے بیاہ ہو** - (ا - محاورہ - دعا) خدا دولت مند خاندان میں شادی کرائے۔
**سونے کے محل اُٹھانا** - (ا - محاورہ) بہت دولت مند ہونا۔
**سونے کے مُول** - (ا - صف) بہت گراں۔ نہایت قیمتی۔
**سونے (کھونے) میں لدا پھندا رہنا** - (ا - مثل) سونے کا بہت سا زیور پہنے رہنا۔
**سونیا** - (ہ - ا - مذ) راکھ کو دھو کر سونا نکالنے والا نیاریا (۲) فال نکالنے والا۔ پیشین گو۔
**سوویٹ** - (Soviet) (سو - وِ - یَٹ) (روسی - ا - مث) (۱) روس میں وہ کونسل جسے کسی چھوٹے حلقے کے مزدور اور سپاہی منتخب کرتے ہیں (۲) صوبے کی کونسل جسے یہ کونسلیں منتخب کرتی ہیں (۳) روسی پارلیمنٹ۔



Marfat.com

**سوویٹ یونین** - وفاقی ریاست جس میں رُوس اور دوسری سولہ خودمختار ریاستیں شامل ہیں۔

**سُوہا** - (سُو - ہا) (ہ - صف) (۱) لال - سُرخ (۲) بھیرویں راگ کی ایک قسم۔

**سوہان** - (سو - ہان) (ف - ا - مذ) ریتی - لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا خاردار اوزار۔

**سوہانِ رُوح** - (ف - ع - صف) جان کو چھیلنے والا - جان کو تکلیف دینے والا - ناگوارِ خاطر۔

**سوہلا** - (سوہ - لا) (ہ - ا - مذ) تعریف کا گیت۔

**سوہن** - (سو - ہن) (ف - ا - مث) ریتی (۲) ایک قسم کی مٹھائی جیسے حلوا سوہن۔

**سوہنا** - (سوہ - نا) (ہ - صف) (۱) خوب صورت - خوش نما (۲) معشوق - دلبر (۳) خاوند۔

**سوہنی** - (سوہ - نی) (ہ - صف) خوبصورت - خوش نما - دل فریب (۱) سوہنا کی تانیث (۱ - مث) گجرات (پاکستان) کی ایک کمہارن جو مہینوال کی محبوبہ تھی (۳) جھاڑو - جاروب - بہاری۔

**سُوء** - (ع - ا - مذ) (۱) بُرائی - خرابی - بدی (۲) بیماری (۳) (صف) بُرا - خراب - بد۔

**سُوءِ اتفاق** - (ع - ا - مذ) موقع کی خرابی - بُرا اتفاق۔

**سُوءِ (ادب) ادبی** - (ع - ا - مذ) بے ادبی - گستاخی۔

**سُوءِ ظن** - (ع - ا - مذ) بدگمانی - بدظنی - بُرا خیال۔

**سُوءِ ہضمی** - (ع - ا - مذ) بدہضمی - پیٹ کی خرابی۔

**سُوئی** - (سُو - ای) (ہ - ا - مث) (۱) سوزن - کپڑے سینے کا ننھا باریک اوزار (۲) ترازو کا کانٹا (۳) گھڑی کا کانٹا جو حرکت کرکے وقت بتاتا رہتا ہے (۴) کانٹا - پھانس۔

**سُوئی کا بھالا، پھاوڑا ہو جانا** - (ا - محاورہ) بات کا بتنگڑ بن جانا۔

**سُوئی کے ناکے سے اُونٹ نکالنا** - (ا - محاورہ) ناممکن بات کر دکھانا۔

**سُوئیوں اناج پرونا** - (ا - محاورہ) کنجوسی کرنا - بخل کرنا۔

**سویا** - (سو - یا) (ہ - ا - مذ) (۱) ایک خوشبودار ساگ کا نام (۲) (صف) سویا ہوا - خوابیدہ۔

**سویا اور چُوکا** - (ا - مثل) جو غافل ہوا اس نے خطا کھائی۔

**سویا سو کھویا جاگا سو پایا** - (ا - مثل) غافل رہنے والا نقصان اٹھاتا ہے - ہوشیار رہنے والے کو نفع ہوتا ہے۔

**سِویّاں** - (س - وی - یاں) (ہ - ا - مث) ایک قسم کی خوراک جو میدے آٹے یا رَدے کو گوندھ کر اس کے تار نکال کر بنائی جاتی ہے۔

**سویپ** - (Sweep) (انگ - مذ) تاش کا ایک کھیل۔

**سُویٹر** - (Sweater) (انگ - ا - مذ) موٹی اونی بنیان۔

**سُویدا** - (سُ - وے - دا) (ع - ا - مذ) وہ سیاہ نقطہ جو انسان کے قلب پر ہوتا ہے۔

**سویر** - (س - ویر) (ہ - صف) جلدی - اوّل - پہلے - دیر کا نقیض۔

**سویرا** - (س - وے - را) (ہ - ا - مذ) صبح دم - نور کا تڑکا۔

**سویق** - (ع - مذ) ستو۔

**سُویمبر** - (سُ - ویم - بر) (ہ - ا - مذ) قدیم ہندوؤں کی ایک رسم جس میں لڑکی اپنا خاوند خود انتخاب کرتی تھی۔

**سویمبر رچنا** - (ا - محاورہ) خاوند کے انتخاب کی مجلس جمع ہونا۔

**سُویمبرا** - (سُ - ویم - را) (ہ - ا - مث) اپنا خاوند آپ چُننے والی لڑکی۔

# س — ہ

**سِہ** - (ف - صف) تین - ۳ -

**سِہ اَساسی** - (ا - صف) (اصطلاح علم کیمیا) لوہے سے فولاد تیار کرنے کا سہ بارہ عمل۔

**سِہ برگہ** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا پھول جس کی تین پتیاں ہوں - ٹوپیوں پر بنائی ہوئی پتی۔

**سِہ بندی** - (ف - ا - مث) سہ ماہی قسط یا تنخواہ۔

**سِہ پہر** - (ف - ا - مث) تیسرے پہر کا وقت - دوپہر کے بعد کا وقت۔

**سِہ پہلو** - (ف - ا - صف) تین پہلوؤں کا (۲) ایک قسم کا تیر۔

**سِہ چند** - تگنا - تین گُنا۔

**سِہ حرفی** - (ف - ع - صف) تین حرف کا - وہ کلمہ جس میں تین حرف ہوں۔

**سِہ حَدّہ** - (ف - ع - ا - مذ) وہ مقام جہاں تین حدیں ملتی ہوں۔

**سِہ درہ** - (ف - ا - مذ) تین دروازوں والا کمرہ۔

**سِہ سالہ** - (ف - ا - مذ) تین سال کا۔

**سِہ کرّر** - تیسری دفعہ۔

**سِہ شنبہ** - منگل کا دِن۔

**سِہ ماہی** - (ف - صف) ہر تیسرے مہینے کا - ترماہی۔

**سِہ منزلہ** - (ف - ع - صف) اُوپر نیچے تین درجوں والا مکان۔

**سُہا** - (سُ - ہا) (ع - ا - مذ) بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارا۔

**سہار** - (س - ہار) (ہ - ا - مث) برداشت - تحمّل۔

**سہارا** - (س - ہا - را) (ہ - ا - مذ) (۱) مدد - بھروسا - وسیلہ (۲) اُمید - توقع (۳) توانائی - قوت (۴) ٹیک - اڑواڑ۔

**سہارا پانا** - (ا - محاورہ) مدد پانا - تقویت حاصل کرنا۔

**سہارا تکنا** - (ا - محاورہ) آسرا ڈھونڈنا - مدد چاہنا۔

**سہارا ٹوٹنا** - (ا - محاورہ) آس ٹوٹنا۔

**سہارا دینا** - (ا - محاورہ) (۱) مدد کرنا - تھامنا (۲) ٹیک یا اڑواڑ لگانا۔

**سہارا ڈھونڈنا** - (ا - محاورہ) وسیلہ تلاش کرنا - آسرا تکنا۔

**سہارا لینا** - (ا - محاورہ) پناہ یا مدد لینا۔

**سہارا ہو جانا** - (ا - محاورہ) تقویت مل جانا - مدد مل جانا۔

**سہارنا** - (س - ہار - نا) برداشت کرنا - تحمّل کرنا - گوارا کرنا۔

**سُہاگ** - (سُ - ہاگ) (ہ - ا - مذ) (۱) خاوند کی زندگی کا زمانہ (۲) خاوند کا پیار محبت - ناز و نیاز (۳) خوش نصیبی (۴) ایک قسم کا عطر (۵) ایک خاص گیت جو عورتیں شادی میں گاتی ہیں - وہ تمام چیزیں اور زیور جو سہاگن



Marfat.com

ہونے کی حالت میں عورتیں پہنتی اور استعمال کرتی ہیں (۲) ہم بستری کی پہلی رات۔
**سُہاگ اُترنا**۔ (ا۔ محاورہ) رانڈ ہونا۔
**سُہاگ پُڑا**۔ (ا۔ مذ) خوشبوؤں کا وہ کاغذی پڑا جو ساچق کے ہمراہ دُلہن کے گھر بھیجا جاتا ہے۔
**سُہاگ چھننا**۔ (ا۔ محاورہ) بیوہ ہو جانا۔
**سُہاگ رات**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ہم بستری کی پہلی رات۔ شبِ زفاف۔
**سُہاگ سیج**۔ (ہ۔ ا۔ مث) حجلۂ عروسی کا وہ پلنگ جس پر دولہا دُلھن پہلی رات سوتے ہیں۔
**سُہاگا**۔ (سُ۔ ہا۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک کھار جو سونا چاندی گلانے اور دواؤں کے کام آتا ہے (۲) کھیت کی زمین ہموار کرنے کا پٹڑا۔
**سُہاگن**۔ (سُ۔ ہا۔ گن) (ہ۔ صف) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ زندہ شوہر والی۔
**سُہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے**۔ (ا۔ مثل) سہاگن کا بچہ مرجائے تو کچھ کمی نہیں ہوتی اور بچے ہو جائیں گے۔ کیونکہ شوہر زندہ ہے۔
**سُہال**۔ (سُ۔ ہال) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی تل ہوئی خستہ میٹھی روٹی۔
**سُہالگ**۔ (سُ۔ ہا۔ لگ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شادی کا دن (۲) ہندوؤں کا شادی کا زمانہ۔
**سُہالی**۔ (سُ۔ ہا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پوری کچوری (۲) چپاتی۔
**سِہام**۔ (سِ۔ ہام) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حصے۔ ٹکڑے (۲) تیر۔ بان۔ خدنگ۔ سہم کی جمع۔
**سُہانا**۔ (سُ۔ ہا۔ نا) (ہ۔ صف) (۱) دل پسند۔ مرغوب۔ بھلا معلوم ہونے والا (۲) مناسب۔ معقول۔
**سُہاڈ**۔ (ق) پسندِ خاطر۔ خوشگوار۔
**سہائے**۔ (سَ۔ ہا۔ اے) (ہ۔ ا۔ مذ) مدد۔ سہار۔ حمایت۔ دوستی۔
**سہایتا**۔ (ہ۔ ا۔ مث) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ اُنس۔ محبت۔
**سہتا سہتا**۔ (سہ۔ تا۔ سہ۔ تا) (ہ۔ صف) گنگنا۔ شیرگرم۔
**سہج**۔ (سَ۔ ہج) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آہستہ۔ ہولے سے (۲) آسان۔
**سہج سہج**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) آہستہ آہستہ۔ دھیرے۔ دھیرے۔
**سہج پکے سو میٹھا ہو**۔ (ا۔ مثل) آہستہ اور اطمینان کا کام بہتر ہوتا ہے۔
**سِہرا**۔ (سِہ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو ایک ڈورے میں باندھ کر دُولھا دولھن کے سر پر سے چہرے پر لٹکائی جاتی ہیں (۲) وہ نظم جو سہرا بندھنے کی تقریب پر پڑھی جاتی ہے۔
**سہرا بندھائی**۔ (ا۔ مث) سہرا باندھنے کا نیگ جو بہنوئیوں کو ملتا ہے۔
**سہرا چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) نوح مزار پر سہرا لٹکانا۔ تعزیوں کے علم یا فوج کے نشان پر سہرا لٹکانا۔
**سہرا دیکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بیاہ دیکھنا۔ بیاہ رچانا۔ شادی کرنا۔
**سہرا سر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام کی تکمیل کی ذمہ داری۔ کام کا دارومدار ہونا۔
**سہرے کے پھول کھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) بیاہ کا وقت آنا۔

**سِہرانا**۔ (سِہ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) مُقدس چیز کو دریا میں بہانا۔
**سُہروردی**۔ (سُہر۔ وَر۔ دی) (ف۔ صف) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت شیخ شہاب الدین ساکن سہرورد (ایران) کی طرف منسوب ہے۔
**سہری**۔ (سَہ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔
**سہسر**۔ (سَہ۔ سر) (س۔ صف) (۱) ہزار (۲) کوئی بڑا عدد۔
**سہل**۔ (ع۔ صف) آسان۔ سہج۔ نرم۔
**سہل الحصول**۔ (ع۔ صف) آسانی سے حاصل ہونے والا۔
**سہل انگار**۔ (ع۔ ف۔ صف) سُست۔ کاہل۔ آسانی پسند۔
**سہل انگاری**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) آرام طلبی۔ کاہلی۔ تن آسانی۔ بہانہ سازی۔
**سہل ممتنع**۔ (ع۔ صف) کسی شعر یا کلام کا اتنا آسان ہونا کہ اس سے آسان کہنا ممکن نہ ہو۔
**سہلانا**۔ (سَہ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) چمکارنا۔ تھپکنا۔ خوشامد کرنا۔
**سہم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) خوف۔ ڈر۔ بیم۔
**سہم جانا**۔ (ا۔ محاورہ) ڈر جانا۔ خوف کھا جانا۔ دم بخود رہ جانا۔
**سہم**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چلانے یا قرعہ ڈالنے والا تیر (۲) حصہ۔ جزو (۳) مکان کا شہتیر (۴) دائرے کا ٹکڑا (۵) ایک ناپ۔
**سہم مُعیّن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مقررہ حصہ۔
**سہما ہوا**۔ (سَہ۔ ما۔ ہُ۔ وا) (اُر۔ صف) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ دم بخود۔ چُپ۔
**سہمگین**۔ (سہم۔ گین) (ف۔ صف) (۱) ڈراؤنا۔ خوفناک۔
**سہمنا**۔ (سہم۔ نا) (ہ۔ مص) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
**سہنا**۔ (سَہ۔ نا) (ق۔ صف) سیانا۔
**سہنا**۔ (سَہ۔ نا) (ہ۔ مص) جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ سہارنا۔
**سہو**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بھول چُوک۔ غلطی۔ فروگذاشت۔
**سہوِ قلم**۔ (ف۔ ا۔ مذ) تحریری غلطی۔ قلم سے کچھ کا کچھ نکل جانا۔
**سہواً**۔ (سَہ۔ وَن) (ع) بھولے سے۔ غفلت میں۔ بلاارادہ۔
**سُہولت**۔ (سُ۔ ہُو۔ لت) (ع۔ ا۔ مث) نرمی۔ آسانی۔ آہستگی۔
**سہی۔ سئی**۔ (سَ۔ ہی) (سَ۔ ای) (اُر) (۱) ٹھیک۔ بجا (۲) قبول۔ منظور۔ مانا (۳) فرض کیا (۴) شرط کے لیے جیسے آ تو سہی (۵) غنیمت ہے (۶) تاکید کے واسطے (۷) سلسلہ قائم رکھنے کے لیے (۸) بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے جیسے ہم دیوانے ہی سہی (ف۔ صف) سیدھا۔ درست عموماً سرو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
**سُہی**۔ (ق) سزاوار۔
**سُہیل**۔ (سُ۔ ہیل) (ع۔ ا۔ مذ) ایک ستارہ۔
**سہیلی**۔ (سَ۔ ہے۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) ساتھن۔ سکھی۔ ساتھ رہنے والی۔ جھنیلی۔ ہم جولی۔
**سہیم**۔ (سَ۔ ہیم) (ع۔ صف) حصہ دار۔ شریک۔



Marfat.com

# س ـــ ی

سی۔ (اُر۔ ا۔ مث) چٹکی لینے یا کوئی چیز کاٹ لینے یا مرچ کی جلن محسوس ہونے پر مُنہ سے نکلنے والی آواز (۲) (ہ) سا کا مونث۔ جیسی (۳) سینا کا امر۔ کثرت اور افراط ظاہر کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (سردی سی سردی)۔

سی۔ (ف۔ صف) تیس۔ (۳۰)۔

سی پارہ۔ قرآن شریف کو تیس حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حصّہ سیپارہ کہلاتا ہے۔

سی۔آئی۔اے۔ (C.I.A.) (انگ۔ مذ) پولیس کا تفتیش جرائم کا شعبہ

سی۔آئی۔ڈی۔ (C.I.D.) (انگ۔ ا۔ مذ) محکمۂ خفیہ پولیس۔

سے۔ سیہ۔ساہی۔ (ہ۔ ا۔ مث) خارپُشت۔ ایک جانور جس کے جسم پر بڑے بڑے سیاہ و سفید کانٹے ہوتے ہیں۔

سے۔ (ہ۔ حرف جر) (۱) ابتدا یا شروع کے لیے جیسے گھر سے بازار تک صبح سے شام تک (۲) "کی" کے معنی ہیں جیسے اُسے کھانے پینے سے کیا کمی ہے (۳) علیحدگی اور دوری ظاہر کرنے کے لیے جیسے ہم سے گیا جگ سے گیا (۴) مثل۔ مانند۔ جیسے تجھ سے ہزاروں۔

سیات۔ (ع۔ ا۔ مذ) سیئہ کی جمع۔ بُرائیاں۔ بدیاں۔

سیاح۔ (سَی۔ یاح) (ع۔ صف) ملکوں کی سیر۔ سیر کرنے والا۔

سیاحت۔ (س۔ یا۔ حت) (ع۔ ا۔ مث) سفر۔ سیر۔

سیاحی۔ (سَی۔ یا۔ حی) (ع۔ ا۔ مث) سفر کرنا۔ سیر و سیاحت کرنا۔

سیادت۔ (س۔ یا۔ دَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سرداری۔ بزرگی۔ امامت۔ (۲) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی (۳) قوم سادات۔

یار۔ سیال۔ (س۔ یار) (س۔ یال) (ہ۔ ا۔ مذ) گیدڑ۔

سیار۔ (سَی۔ یار) (ع۔ صف) پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔

سیارہ۔ (سَی۔ یا۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) گردش کرنے والا ستارہ۔ جمع: سیارگان۔

سیاست۔ (س۔ یا۔ سَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) حکومت۔ سلطنت۔ مُلکی انتظام (۲) رُعب داب (۳) دھمکی۔ گوشمالی۔ سزا۔

سیاست مُدن۔ (ع۔ ا۔ مث) شہری انتظام۔

سیاست کرنا۔ (ا۔ محاورہ) سزا دینا۔ تنبیہہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔

یاسی۔ (س۔ یا۔ سی) (ع۔ صف) (۱) مُلکی انتظام کے متعلق (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والا۔ جمع: سیاسیّین۔

یاسیات۔ (س۔ یا۔ س۔ یات) (ع۔ ا۔ مث) (۱) علم سیاست (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں۔

یاق۔ (س۔ یاق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ربط مضمون (۲) حساب۔ گنتی۔ حساب کے قاعدے (۳) دفتری اصطلاح (سلسلۂ احکام)۔

سیاق عبارت (کلام)۔ (ع۔ ا۔ مذ) ربط تحریر۔ مضمون کا تسلسل۔

یال۔ (سَی۔ یال) (ع۔ صف) بہنے والا۔ رواں۔ رقیق۔ پتلا۔ مائع۔

ىالا۔ (س۔ یا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) جاڑا۔ موسم سرما۔

سیام۔ (س۔ یام) (ہ۔ صف) (۱) کالا۔ سیاہ (۲) کالی کویل (۳) ایک راگنی کا نام۔

سیام برَن۔ کالا رنگ۔ سیاہ فام۔ کالا۔

سیان۔ (س۔ یان) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دانائی۔ ہوشیاری۔

سیان پت۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دانائی (۲) عیاری۔ فریب (۳) کن سُوسی۔

سیاں۔ (سَی۔ یاں) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خاوند۔ شوہر (۲) محبوب۔ بالم (۳) سائیں۔ مالک۔ آقا۔

سیاں بھیے کوتوال اب ڈر کاہے کا۔ (ا۔ مثل) جس کا رشتہ دار یا واقف کار حاکم ہو اسے قانون کا ڈر نہیں ہوتا۔

سیانا۔ (س۔ یا۔ نا) (ہ۔ صف) (۱) عقلمند۔ دانا۔ عالم (۲) ہوشیار۔ عیار۔ چالاک (۳) تعویذ گنڈا کرنے والا۔ عامل۔

سیانا کوا گُو کھاتا ہے۔ (ا۔ مثل) ضرورت سے زیادہ ہوشیار آدمی دھوکا کھاتا ہے۔

ساؤشان۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک پودا جو ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔

سیاہ۔ (س۔ یاہ) (ف۔ صف) (۱) کالا (۲) شُوم۔ نحس۔ منحوس۔

سیاہ باطن سیاہ دل۔ (ف۔ صف) ریاکار۔ مکّار۔ منافق۔ بدباطن۔

سیاہ بخت۔ (ف۔ ا۔ صف) بدنصیب۔ تقدیر کا ہیٹا۔ بدبخت۔

سیاہ پوش ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ماتمی (کالے) کپڑے پہننا۔ سوگ کرنا۔

سیاہ خانہ۔ (ف۔ ا۔ صف) تاریک گھر۔ ویران مکان۔

سیاہ روز۔ (ف۔ ا۔ صف) مصیبت زدہ۔ مصیبت کا دن۔

سیاہ رُو۔ (بد دُعا) کالے مُنہ والا۔ ذلیل و خوار۔

سیاہ رُوئی۔ (ف۔ ا۔ مث) شرمندگی۔ رُسوائی۔

سیاہ زُبان۔ (ف۔ صف) وہ شخص جس کی بد دُعا جلد اثر کر جائے۔ بد زبان۔

سیاہ سفید کرنا۔ (ا۔ محاورہ) مختارِ کُل ہونا۔ جو چاہنا سو کرنا۔

سیاہ فام۔ (ف۔ ا۔ صف) کالا کلوٹا۔

سیاہ کار۔ (ف۔ صف) (۱) بدکار۔ پاپی۔ فاسق۔ فاجر (۲) گنہگار (۳) ظالم۔

سیاہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کالا کرنا (۲) لکھنا۔ تحریر کرنا (طنزاً یا مزاحاً)۔

سیاہ کرو یا سفید۔ (ا۔ بول چال) جو جی چاہے کرو۔

سیاہ گوش۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک چھوٹا درندہ جانور۔ بن بلاؤ۔

سیاہ مست۔ بدمست۔ مدہوش۔

سیاہ مستی۔ مدہوشی۔ بدمستی۔ بے ہوشی۔

سیاہہ۔ (س۔ یا۔ ہہ) (ف۔ ا۔ مذ) کچّا کھاتا۔ روزنامچہ جس میں نقدی یا اجناس تاریخ وار درج ہو۔

سیاہہ آمدنی۔ (۱) خزانے کا روزانہ حساب (۲) ہر روز کی آمدنی کا حساب۔

سیاہہ دکھانا۔ (ا۔ محاورہ) فوج کی تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔

سیاہہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) کچّے کھاتے میں لکھنا۔ روزنامچے میں درج کرنا۔

سیاہہ نویس۔ (ف۔ صف) کھاتے میں درج کرنے والا۔ روزنامچے میں اندراجات کرنے والا۔

سیاہی۔ (س۔ یا۔ ہی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کالک (۲) روشنائی جس سے



Marfat.com

پیٹ بھرا ہونا (۲) (اصطلاح علم کیمیا) کسی چیز میں اتنی نمی ہو کہ اور زیادہ نمی نہ جذب کر سکے ۔ (Saturation)

**سیٹرھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) (۱) نمی ۔ سیل (۲) وہ ندی نہر یا نالہ جس سے آس پاس کے کھیتوں کو پانی دیا جاتا ہو ۔

**سیڑھی** ۔ (سی ۔ ڑھی ) (ہ ۔ ا ۔ مث ) (۱) زینہ ۔ نردبان ۔ پیڑھی (۲) وسیلہ ۔ ذریعہ (۳) درجہ ۔ مرتبہ ۔ مرحلہ ۔ ڈگری ۔ گریڈ ۔

**سیڑھی سیڑھی چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) درجہ بدرجہ ترقی کرنا ۔

**سیزدہ** ۔ (سیز ۔ دہ ) (ف ۔ صف ) تیرہ ۔ ۱۳ ۔

**سیزدہم** ۔ (ف ۔ صف ) تیرھواں ۔

**سیزن** ۔ (Season) (سی ۔ زَن ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) رُت ۔ موسم ۔ خاص زمانہ

**سیزن ٹکٹ** ۔ (Season Ticket) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) وہ ٹکٹ جو کسی تقریب یا کھیل تماشے کی پوری مدت کے لیے ہو ۔

**سیس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) سر ۔ کھوپڑی (۲) ماتھا ۔ پیشانی ۔

**سیس پھول** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) ایک زیور جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ پتی ۔

**سیس ناگ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ ) بڑا ناگ ۔ سانپوں کا بادشاہ ۔

**سیسر** ۔ (سی ۔ سَر ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) کمان کا چلہ ۔

**سیسہ ۔ سیسا** ۔ (سی ۔ سَہ ) (سی ۔ سا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) ایک دھات جس سے بندوق کی گولیاں اور چھرے وغیرہ بنائے جاتے ہیں ۔

**سیشن** ۔ (Session) (سے ۔ شن ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) اجلاس ۔ جلسہ ۔ بیٹھک (۲) عدالت فوجداری کا اجلاس (۳) پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اس کے اجلاس کا درمیانی زمانہ ۔

**سیف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث ) تلوار ۔ شمشیر ۔ تیغ ۔

**سیف تو پٹ پڑی تھی مگر نیمچہ کاٹ کر گیا** ۔ (ا ۔ مثل ) جس سے کام کرنے کی توقع تھی اس نے کچھ نہ کیا البتہ ایک ادنیٰ شخص نے کام کر دیا ۔

**سیف زبان** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف ) (۱) تیز زبان ۔ وہ شخص جس کی دعا اکثر قبول ہوتی ہو ۔ وہ شخص جس کے کلام میں تاثیر ہو (۲) اعلیٰ درجے کا شاعر اور سخندان (۳) منہ پھٹ ۔ دریدہ دہن ۔

**سیف** ۔ (Safe) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) تجوری (۲) نعمت خانہ (۳) (صف ) محفوظ ۔ مامون ۔ مصئون ۔

**سیفٹی** ۔ (Safety) (سیف ۔ ٹی ) (انگ ۔ ا ۔ مث ) (۱) حفاظت ۔ سلامتی (۲) امن و امان ۔

**سیفٹی ایکٹ** ۔ (Safety Act) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) قانون تحفظ عامہ ۔ اقتناعی نظر بندی کا قانون ۔

**سیفٹی پن** ۔ (Safety Pin) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) محفوظ پن ۔ آلپین ۔

**سیفٹی ریزر** ۔ (Safety Razor) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) محفوظ اُسترا ۔

**سیفٹی لیمپ** (Safety Lamp) (انگ ۔ مذ ) ایک خاص لیمپ جو کانوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ اس لیمپ سے کوئلے کی کانوں میں گیس میں آگ نہیں لگ سکتی

**سیفٹی میچ** ۔ (Safety Match) (انگ ۔ ا ۔ مث ) محفوظ دیا سلائی ۔ جو ایک خاص مسالے سے بنتی ہے ۔

**سیفٹی والو** ۔ (Safety Valve) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) ایک آلہ جو انجنوں یا دوسری بھاپ سے چلنے والی مشینوں میں لگا ہوتا ہے کہ اگر بھاپ زیادہ ہو جائے تو اس کے ذریعے زائد بھاپ نکل جائے اور انجن یا مشین بھاپ کے دباؤ سے پھٹنے سے محفوظ رہے

**سیفہ** ۔ (سے ۔ فہ ) (ف ۔ ا ۔ مذ ) جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا اوزار ۔

**سیفی** ۔ (سے ۔ فی ) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) (۱) وہ اسم جلالی جو کسی دشمن کی ہلاکت کے لیے پڑھا جاتا ہے (۲) ایک جلالی دعا (۳) (مجاز) کوسنا ۔ بددعا ۔ نفرین (۴) (صف ) تلوار سے مشابہ ۔ شمشیر نما ۔

**سیک** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث ) نصیحت ۔

**سیک (سینک )** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) (۱) تپش ۔ لپٹ ۔ حدت (۲) کسی گرم چیز کی ٹکور کرنا ۔ گرمی پہنچانا ۔

**سیکرٹری** ۔ (Secretary) (سیک ۔ ریٹ ۔ ری ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) معتمد ۔ سکتر ۔ سرکاری یا کسی جماعت وغیرہ کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دیتا ہے ۔

**سیکرٹریٹ** ۔ (Secretariate) (سیک ۔ ریٹ ۔ ری ۔ ایٹ ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) دفتر معتمد ۔ سیکرٹری کا دفتر (۲) کسی صوبے کے عاملانہ محکمے کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت ۔

**سیکڑا ۔ سینکڑا** ۔ (سیک ۔ ڑا ) (سینک ۔ ڑا ) (ہ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) سو ۔ ۱۰۰ (۲) فی صد ۔

**سیکڑوں سُنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا ۔

**سینکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ ) سخت نادم اور شرمندہ ہونا ۔

**سیکس** ۔ (Sex) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) جنس ۔ مذکر یا مونث ہونا ۔

**سیکس اپیل** ۔ (Sex appeal) (انگ ۔ مذ ) جنسی کشش ۔ وہ خواہش جس کا تعلق جنسی جذبے سے ہے ۔

**سیکشن** ۔ (Section) (سیک ۔ شن ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) (۱) حصہ ۔ قطعہ ۔ ٹکڑا ۔ شعبہ (۲) (فوجی ) دستہ ۔ پرا ۔

**سیکنڈ** ۔ (Second) (سے ۔ کنڈ ) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ ۔ ثانیہ (۲) (صف ) دوسرا ۔ دوئم ۔ دوسرے نمبر یا درجہ پر ۔

**سیکورٹی** ۔ (Security) (سے ۔ کو ۔ رِ ۔ ٹی ) (انگ ۔ ا ۔ مث ) (۱) حفاظت ۔ سلامتی ۔ بچاؤ (۲) ضمانت ۔ کفالت (۳) ضامن ۔ کفیل ۔ (۴) وثیقہ ۔ ہُنڈی ۔

**سیکورٹی ایکٹ** ۔ (Security Act) (انگ ۔ ا ۔ مذ ) قانون تحفظ مملکت ۔ اقتناعی نظر بندی کا مرکزی قانون ۔

**سیکھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) (۱) صلاح ۔ مشورہ (۲) پند ۔ نصیحت ۔ سیکھنا کا امر ۔

**سیکھ واکو دیجیے جاکو سیکھ سہائے ۔ سیکھ نہ دیجیے باندرا جو بئے کا گھر جائے** ۔ (ا ۔ مثل ) نصیحت اسی کو دینی چاہیئے جو اس کو ٹھیک طرح سمجھ سکے ۔ بندر کو نصیحت کرنے سے بئے کا گھر برباد ہو گیا ۔

**سیکھنا** ۔ (سیکھ ۔ نا ) (ہ ۔ مص ) تعلیم پانا ۔ تربیت حاصل کرنا (۲) دوسرے کی عادت یا روش اختیار کرنا (۳) تجربہ حاصل کرنا ۔ عبرت پکڑنا ۔

**سَیل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ و مث ) (۱) پانی کی رَو ۔ بہاؤ ۔ طغیانی ۔ لہر ۔

**سیل پیما** ۔ (Floodo Meter) پانی کے بہاؤ کو ناپنے کا آلہ ۔

**سیل** ۔ (Sale) (انگ ۔ ا ۔ مث ) بکری ۔ فروخت ۔



Marfat.com

**سیلز مین۔** (Salesman) (انگ۔ا۔مذ) بیچنے والا۔ دکان کے ملازم جو گاہکوں کے ہاتھ چیزیں بیچیں۔
**سِیل۔** (Seal) (انگ۔ا۔مث) (۱) مہر۔ چھاپ۔ ٹھپّا (۲) ایک قسم کی مچھلی۔ سگِ ماہی۔ دریائی بچھڑا۔
**سِیل کرنا۔** (ا۔محاورہ) مُہر لگانا۔
**سیل۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا نیزہ (۲) تیر (۳) ایک قسم کی مچھلی۔
**سیل۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) تری۔ نمی۔ رطوبت (۲) شرم۔ حیا (۳) ٹھنڈک۔ سردی (۴) عادت۔ خصلت۔ سیرت۔
**سیلا۔** (سی۔لا) (ہ۔صف) نم دار۔ بھیگا ہوا۔ تر۔ گیلا۔
**سیلا۔** (سے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سر پر باندھنے کا ریشمی عمامہ یا لنگی (۲) ایک قسم کا چاول (۳) شیرِ ببر (۴) اُبلے ہوئے چاول۔
**سیلاب۔** (سے۔لاب) (ف۔ا۔مذ) پانی کی رَو۔ طغیانی۔ پانی کا چڑھاؤ۔
**سیلابچی۔** (ف۔ا۔مث) لگن۔ طشت۔ ہاتھ مُنہ دھونے کا برتن۔
**سَیلان۔** (سَے۔لان) (ع۔ا۔مذ) کسی پتلی چیز یا پانی کا جاری ہونا۔
**سیلان الرحم۔** ایک بیماری جس میں عورت کے رحم سے رطوبت بہتی رہتی ہے۔ لیکوریا۔
**سَیلانی۔** (سَے۔لا۔نی) (اُر۔ا۔مذ) سیر و سیر کرنے والا۔ زیادہ گھومنے پھرنے والا۔
**سیلانی جیوڑا۔** (ہ۔ا۔مذ) ایسا شخص جو سیر و تماشا کا شوقین ہو۔ من موجی۔ لہری۔
**سیلانی فقیر۔** (ہ۔ا۔مذ) رمتا جوگی۔ جہاں گرد درویش۔
**سیلف گورنمنٹ۔** (انگ۔ا۔مذ) حکومت خود اختیاری۔
**سیل کھڑی۔** (سیل۔کھَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا پتھر جسے پیس کر زخموں پر چھڑکتے ہیں۔ سنگِ جراحت۔
**سیلن۔** (ہ۔ا۔مث) تری۔ نمی۔
**سیلنا۔** (سیل۔نا) (ہ۔مص) گیلا ہونا۔ نم ہونا۔ تر ہونا۔
**سَیلُون۔** (Saloon) (سے۔لُون) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ہوٹلوں یا قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ (۲) جہاز کا سب سے بڑا کمرہ (ریل یا ہوائی جہاز میں) مسافروں کا کمرہ (امریکہ میں) شراب خانہ (یورپی ملکوں میں) کمرۂ ملاقات۔ بیٹھک۔ دیوان خانہ۔
**سیلون کار۔** (انگ۔مث) ایسی ریل گاڑی جس کی بناوٹ ایک وسیع کمرے جیسی ہو۔
**سیلیوٹ۔** (Salyut) (انگ۔مذ) روسی خلائی تجربہ گاہ۔ روسی خلائی سٹیشن جو ۲۹ ستمبر ۱۹۷۷ء کو خلا میں بھیجا گیا تھا۔ اس کا وزن ۴۰ پونڈ ہے۔
**سیلی۔** (سے۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) جالی۔ جال (۲) پیٹھ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر (۳) سیاہ بالوں کی ڈوری یا تاگے خواہ ریشم کی وہ لڑی جو ہندو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں۔
**سیلی۔** (سے۔لی) (ف۔ا۔مث) (۱) تھپڑ۔ چانٹا (۲) دھپ۔
**سیم۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) زمین کی کھار۔ جو زمین کے اندر پانی کی سطح بلند ہو جانے سے پیدا ہو جاتی ہے۔
**سیم زدہ۔** وہ زمین جسے کھار ناقابلِ کاشت بنا دے۔

**سِیم۔** (ف۔ا۔مث) (۱) چاندی۔ نقرہ (۲) دولت۔ روپیہ۔
**سِیم تن۔** (۱) چاندی جیسی سفید جلد والا۔ گورا چٹا (۲) حسین۔ خوبصورت (۳) معشوق
**سیما۔** (سی۔ما) (ف۔ا۔مذ) (۱) ماتھا۔ پیشانی (۲) چہرہ۔ منہ۔
**سیماب۔** (سی۔ماب) (ف۔ا۔مذ) پارہ۔
**سیمابی۔** (سی۔ما۔بی) (ف۔صف) سیماب سے منسوب۔
**سیمابی بادپیما۔** (Mercurial Barometer) پارے دار مقیاس الہوا۔
**سیمپل۔** (Sample) (انگ۔ا۔مذ) نمونہ۔
**سیمرغ۔** (سی۔مُرغ) (ف۔ا۔مذ) ایک بڑا خیالی پرند جس کا وطن کوہ قاف بتایا جاتا ہے اور جس کا ذکر پرانے افسانوں میں آتا ہے۔
**سیمل۔ سینبھل۔** (سے۔مل) (سیں۔بھل) ایک بڑا خار دار درخت جس سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے۔
**سیمنٹ۔** (Cement) (س۔منٹ) (انگ۔ا۔مذ) ایک بھُری رنگ کا مسالہ جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں۔
**سیمیا۔** (سیم۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) علم طلسم جس کے ذریعے روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کر سکتے ہیں اور ایسی اشیاء جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا سکتے ہیں۔ (۲) جادو۔
**سیمی فائینل۔** (Semi-Final) (س۔می۔فا۔ا۔نل) (انگ۔ا۔مذ) وہ کھیل جو آخری کھیل سے پہلے کھیلا جاتا ہے۔
**سیمیں۔** (سی۔میں) (ف۔صف) چاندی کا۔ نقرئی۔
**سین۔** (ہ۔ا۔مث) آنکھ مارنا۔ رمز۔ علامت۔ نشان۔
**سین۔** (Scene) (انگ۔ا۔مذ) (۱) منظر۔ نظارا (۲) ڈرامے کا ایک منظر یا حصہ۔ تھیٹر کا پردا۔
**سَینا۔** (سَے۔نا) (س۔ا۔مذ) فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔
**سَیناپتی۔** (ہ۔ا۔مذ) فوج کا کمانڈر۔ سپہ سالار۔
**سینا۔** (سے۔نا) (ہ۔مص) انڈوں کو گرمی یا سینک پہنچانا۔ پرند کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھنا۔
**سینا۔** (سی۔نا) (ع۔ا۔مذ) (۱) ملکِ شام کا پہاڑ طورِ سینا جس پر حضرت موسیٰؑ کو تجلّیِ ربانی اور شرفِ ہم کلامی حاصل ہوا تھا۔
**سینا۔** (سی۔نا) (ہ۔مص) ٹانکے لگانا۔ بخیہ کرنا۔
**سینت۔** (ہ۔صف) (۱) مُفت۔ بلاقیمت۔ بن داموں (۲) ناحق۔
**سینت رکھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) حفاظت سے رکھنا (۲) ملتوی رکھنا۔
**سَینتالیس۔** (سَیں۔تا۔لیس) (اُر۔صف) چالیس اور سات۔ ۴۷۔
**سَینتنا۔** (سَینت۔نا) (ہ۔مص) حفاظت سے رکھنا (۲) جمع کرنا۔ جوڑنا۔ (۳) ملتوی رکھنا (۴) اصلاح کرنا (۵) پاخانہ صاف کرنا۔
**سینتیس۔** (سَیں۔تیس) (ہ۔صف) تیس اور سات (۳۷)
**سینٹ۔** (Scent) (انگ۔ا۔مذ) مہک۔ خوشبو۔ عطر۔
**سینٹ۔** (Saint) (انگ۔ا۔مذ) سنت۔ ولی۔ رشی۔ بزرگ۔ درویش۔
**سینٹر۔** (Centre) (سن۔ٹر) (انگ۔ا۔مذ) مرکز۔ دائرے کا وسطی نقطہ۔
**سینٹری۔** (Sanitary) (سن۔نے۔ٹ۔ری) (انگ۔صف) (۱)



Marfat.com

حفظانِ صحت کے متعلق (۲) صحت افزا۔
**سینٹری انسپکٹر۔** (Sanitary Inspector) داروغۂ صفائی۔ صفائی کا معائنہ کرنے والا عہدہ دار۔
**سینچنا۔** (ا۔مص) آبپاشی کرنا۔ کھیتوں کو پانی دینا۔
**سیندنا۔** (ق۔مص) پانی نکالنا۔
**سیندا۔** (ق۔ا۔مث) جنگلی کھجور۔
**سیندُور۔** (سیں۔دُور) (ہ۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا ایک سفوف جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔
**سیندُور کھانا۔** آواز بند ہونے کی دوا کھانا۔
**سیندُوریا۔** (سیں۔دُور۔یا) (ہ۔صف) سیندور کے رنگ کا۔ لال۔ سُرخ (۲) ایک قسم کا آم۔
**سیندھ۔** (ہ۔ا۔مث) نقب۔ وہ سُوراخ جو چوری کرنے کے لیے دیوار میں کیا جائے۔
**سیندھ لگانا۔** (ا۔محاورہ) نقب لگانا۔ نقب زنی۔
**سیندھا۔** (سیں۔دھا) (ہ۔ا۔مذ) پہاڑی نمک جو دریائے سندھ کے قریب پہاڑیوں سے نکالا جاتا ہے۔
**سیندھی۔** (سیں۔دھی) (ہ۔ا۔مث) کھجور کا رس۔
**سینڈل۔** (Sandal) (سیں۔ڈَل) (انگ۔ا۔مذ) چپل۔
**سینڈوِچ۔** (Sandwich) (سینڈ۔وِچ) (انگ۔ا۔مذ) ڈبل روٹی کے دو توس جن کے بیچ میں گوشت، انڈے یا سبزی رکھ دی گئی ہو۔
**سینری۔** (Scenery) (سین۔ری) (انگ۔ا۔مث) (۱) ڈراما وغیرہ کے پردے اور دیگر لوازم جن کے باعث کھیل کے فرضی واقعات اصلی معلوم ہوں (۲) منظر۔ نظارہ۔
**سینک۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) جھاڑو کی تیلی (۲) خلال (۳) تنور کا گز۔
**سینک مُرتے تو لالہ جی کے ساتھ گئے۔ اب تو دیکھو اور کھاؤ۔** (مثل) اب آگے سے بہت زیادہ کفایت شعاری کرو۔
**سینک۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) گرمی۔ تپش (۲) وہ دوا جس سے ورم یا درد کی جگہ گرمی پہنچاتے ہیں (۳) سینکنے کا عمل۔
**سینکنا۔** (سینک۔نا) (ہ۔مص) آگ سے گرم کرنا۔ گرمی پہنچانا۔
**سینکیا۔** (سینک۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ایک جالی دار کپڑا۔ ڈوریا۔
**سینگ۔** (ہ۔ا۔مذ) (۱) نوک دار ہڈی جو حیوانات کے سروں پر نکلی ہوتی ہے۔ شاخ حیوان (۲) کوئی خاص علامت۔
**سینگ سمانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پناہ ملنا۔ آسرا ملنا (۲) گزر ہونا۔ موقع ہونا۔
**سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا۔** (ا۔محاورہ) بڑی عمر کے آدمی کا کم عمروں کی صحبت میں شریک ہونا۔ بوڑھوں کا نوجوانوں کی سی وضع بنانا۔
**سینگ نکلنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) جانور کا جوان ہونا (۲) (کنایتاً) پاگل ہونا۔
**سینگڑا۔** (سینگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بارود رکھنے کا سینگ (۲) سینگ کا باجا جو منہ سے بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔
**سینگڑی۔** (سینگ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ببول کی پھلی۔
**سینگنا۔** (سینگ۔نا) (ہ۔مص) مسروقہ مویشی شناخت کرنا۔
**سینگی۔** (سیں۔گی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سوراخ کیا ہوا سینگ جسے سینگیے درد وغیرہ دُور کرنے کے لیے بدن پر لگا کر منہ سے بدن کی گرمی چُوستے ہیں۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
**سینگیاں لگانا۔** (ا۔محاورہ) انسان کے جسم پر پچھنے لگا کر سینگی کے ذریعے خون چُوسنا۔
**سینہ۔** (سی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) چھاتی۔ صدر۔ سامنے کے رُخ پر گردن اور پیٹ کا درمیانی حصۂ جسم۔
**سینہ (اُبھار) تان کر چلنا۔** (ا۔محاورہ) تن کر چلنا۔ غرور سے اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔
**سینہ افگار یا فگار۔** (ف۔صف) (۱) زخمی سینے والا (۲) رنجیدہ۔ کبیدہ۔ (۳) (کنایتاً) عاشق۔
**سینہ بسینہ۔** (ف۔متعلق فعل) وہ راز جو ایک خاندان میں بڑوں کی زبانی چھوٹوں کو منتقل ہوتے رہیں (۲) مقابل میں۔
**سینہ بند۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک پوشش جو سینے کو گرم رکھنے کے لیے پہنتے ہیں (۲) انگیا (۳) گھوڑے کی پیٹی۔
**سینہ پھٹنا۔** (ا۔محاورہ) بہت بڑا صدمہ گزرنا۔ برداشت نہ کر سکنا۔
**سینہ پیٹنا۔** (ا۔محاورہ) چھاتی کوٹنا۔ ماتم کرنا۔
**سینہ جلنا۔** (ا۔محاورہ) دل پر صدمہ ہونا۔ غم ہونا۔
**سینہ چاک ہونا۔** (ا۔محاورہ) صدمے کے مارے چھاتی کا پھٹ جانا۔ بہت زیادہ غم کرنا۔
**سینہ زن (کوب)۔** ماتم کرنے والا۔ چھاتی کوٹنے والا۔
**سینہ زور۔** (ف۔صف) سرکش۔ دھینگا۔ دھینگی کرنے والا۔ زبردست۔ طاقت ور۔
**سینہ زوری۔** (ف۔ا۔مث) سر زوری۔ زبردستی کرنا۔ سرکشی۔
**سینہ سپر ہونا۔** (ا۔محاورہ) خطر یا خوف کے موقع پر ڈٹا رہنا۔ خطرناک حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا۔
**سینہ سوختہ (سوز)۔** (ف۔صف) رنجیدہ۔ کبیدہ۔
**سینہ شق ہونا۔** (ا۔محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔
**سینہ صاف۔** (ف۔صف) صاف دل۔ بے کینہ۔ بے کپٹ۔
**سینہ کاوی۔** (ف۔ا۔مث) سخت کوشش۔ بہت زیادہ مشقت۔
**سینہ کوبی۔** (ف۔صف) چھاتی پیٹنا۔ ماتم کرنا۔
**سینے پر پتھر (سِل) رکھنا۔** (ا۔محاورہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔
**سینے پر سانپ لوٹنا۔** (ا۔محاورہ) سخت رنج ہونا۔ بہت صدمہ پہنچنا۔
**سینے میں آگ لگنا۔** (ا۔محاورہ) سخت رنج و غم یا صدمہ ہونا۔
**سینے پر ہاتھ دھرنا۔** (ا۔محاورہ) دل کو تسلی دینا۔ اضطراب کو روکنا۔
**سینے سے لگانا۔** (ا۔محاورہ) چھاتی سے لپٹانا۔ پیار کرنا۔
**سینے میں پنکھے لگنا۔** (ا۔محاورہ) اضطراب ہونا۔ بے چینی ہونا۔
**سینے میں سانس نہ سمانا۔** (ا۔محاورہ) بُری طرح ہانپنا۔ دم اُکھڑنا۔
**سینے کا اُبھار۔** (ا۔مذ) عورتوں کی چھاتیوں کی نمود۔
**سینی۔** (سی۔نی) (ف۔ا۔مث) دھات کا بنا ہوا خوان یا کشتی۔
**سینیارٹی۔** (Seniority) (سی۔نِیا۔رِ۔ٹی) (انگ۔ا۔مذ)



Marfat.com

افضلیت۔ فوقیت۔ تقدّم (۲) پُرانا ہونے کی خصوصیت۔

**سینیٹ۔** (Senate) (سے۔ نِیٹ) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) مجالس وضع قوانین کا دوسرا یا اعلیٰ ایوان (۲) مجلس قانون ساز۔

**سینیٹر۔** (Senator) (سے۔ نے۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] سینیٹ کا ممبر۔ مقنن۔ واضع قوانین۔

**سینیئر۔** (Senior) (سی۔ نی۔ اَر) [انگ۔ صف] برتر۔ بڑا۔ عمر، عہدے یا رُتبے میں بڑا۔

**سیوا۔** (سے۔ وا) [س۔ ا۔ مث] (۱) خدمت۔ ٹہل (۲) ملازمت۔ نوکری۔

**سیوار۔** (سے۔ وار) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی گھاس جس سے شکر صاف ہوتی ہے۔

**سیواری۔** (سے۔ وا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی شکر جو سیوار گھاس سے صاف کی جاتی ہے۔

**سیوتی۔** (سیو۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سفید گلاب (۲) نسترن۔

**سیورا۔** (سیو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] مٹی کا بظاہر پکا لیکن اندر سے کچا برتن۔

(۲) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

**سیوڑا۔** (سیو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] جین مت کا سادھو۔ جو اپنا مُنہ باندھے رکھتا ہے۔

**سیوک۔** (سے۔ وَک) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) نوکر۔ خدمتی۔ خدمت گار۔ چاکر۔ (۲) پجاری۔ بھگت۔ عابد (۳) مرید۔ چیلا۔

**سِیوَن۔** (سی۔ وَن) [ہ۔ مص] (۱) سلائی (۲) انسانی جسم میں آلۂ تناسل اور دُبر کی درمیانی جگہ کا جوڑ۔

**سیونگ بینک۔** (Saving Bank) (سے۔ وِنگ۔ بینک) [انگ۔ ا۔ مذ] عوام کی بچت کا روپیہ امانتاً رکھنے والا ادارہ۔

**سِیَہ۔** (سِی۔ یَہ) [ف۔ صف] (۱) سیاہ کا مخفف۔ کالا (۲) نحس۔ بد۔

**سیہی۔** (سے۔ ہی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں۔

**سَیِّئات۔** (سَیّ۔ ی۔ آت) [ع۔ ا۔ مث] سیّئہ کی جمع: بُرائیاں۔

**سَیِّئہ۔** [ع۔ ا۔ مذ] بُرائی۔ بدی۔ گناہ۔



Marfat.com

# ش

ش - (شین) [ع - مذ] اُردو کا اُنیسواں - فارسی کا سولھواں - عربی کا تیرھواں - اور ہندی کا تیسواں حرف - حسابِ ابجد میں اس کے تین سو عدد مقرر ہیں - یہ شمسی حرف ہے - عربی ترکیب کے مطابق اگر اس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام بولا نہیں جائے گا بلکہ شین کو مشدّد کر دے گا جیسے الشّمس -
ہندی اور سنسکرت میں "س" اور "کھ" کا بدل ہے جیسے دیس، دیش اور برکھا، برشا -

## ش - ا

**شابّ** - [ع - ا - مذ] جوان - چوبیس برس سے چالیس برس تک کا آدمی -
**شاب** - [ف - ا - مث] پھٹکری -
**شاب** - [ق - ا - مذ] (۱) چمک - رونق (۲) مشابہت (۳) شہاب -
**شاباش** - (شا - باش) [ف] (کلمۂ تحسین) شادباش کا مخفف) مرحبا - آفرین - خوش رہو - کیا کہنا - طنزاً کلمۂ نفرین -
**شاباش دینا** - (ا - محاورہ) آفرین کہنا - حوصلہ بڑھانا -
**شاباشی** - [ف - ا - مث] تعریف - تحسین - آفرین - مرحبا -
**شاباں** - [ق - ا - مذ] شاب کی جمع -
**شابش** - (شا - بش) [ف] شاباش کا مخفف - تعریف -
**شاپ** - (Shop) [انگ - ا] دُکان - کارخانہ -
**شاپ کیپر** - (Shop Keeper) (انگ - ا - مذ) دکان دار - خردہ فروش - سوداگر
**شاپور** - (شا - پور) [ف - ا - مذ] بادشاہ کا بیٹا -
**شاتم** - [ع - ا - مث] گالی دینے والا - بُرا بھلا کہنے والا -
**شاٹ گن** - (Shot Gun) - (شاٹ - گن) [انگ - ا - مث] وہ بندوق جس میں چھرّہ چلایا جائے -
**شاخ** - [ف - ا - مث] (۱) ٹہنی - ڈالی (۲) جانوروں کا سینگ (۳) جھگڑا - بحث (۴) جانوروں کی گنتی کا طریقہ (۵) عیب - نقص (۶) کمان کی لکڑی (۷) ہُنر - خوبی - (۸) ایک قسم کا قتلمہ جو میدے کے خمیر اور کھانڈ کو ملا کر بناتے ہیں (۹) چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکلے - (۱۰) نسل - اولاد (۱۱) مُرغ کا کانٹا -
**شاخِ آہو** - (غزال) [ف - ا - مث] (۱) ہرن کے سینگ (۲) انوکھی بات -
**شاخچہ** - (ت - ا - صف) (۱) چھوٹی شاخ (۲) تہمت - بہتان -
**شاخچہ بندی** - (ت - ا - مث) درخت میں قلم لگانا - (۲) تہمت لگانا -
**شاخ دار** - (ف - ا - صف) ٹہنی والا - سینگ والا -
**شاخ در شاخ** - (ف - ا - صف) بہت سی شاخوں والا - پیچیدہ - بہت لمبا -
**شاخ دریا** - (ف - ا - صف) دریا کا وہ حصّہ جو دھارے سے جُدا ہو کر دوسری طرف بہے -
**شاخ زعفران** - (ف - ا - صف) (۱) انوکھا - عجیب (۲) مغرور - خود نما -
**شاخ سار** - (صف) (۱) بہت سی ٹہنیوں والا (۲) درختوں کا جھنڈ -

**شاخسانہ** - (ت - ا - مذ) (۱) باتوں کا سلسلہ (۲) حجت - تکرار - بحث (۳) جھگڑا - (۴) رخنہ - عیب (۵) بدگمان (۶) دم - فریب - (۷) بات کا پہلو (۸) حیلہ - خود نمائی -
**شاخسانہ کھڑا ہونا** - (ا - محاورہ) جھگڑا نکلنا - فتنہ برپا ہونا - رخنہ پڑنا
**شاخ لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹہنی لگانا (۲) سینگ لگانا (۳) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام لگا دینا -
**شاخِ نبات** - (ف - ا - تلت) (۱) وہ لکڑی جو مصری کا کوزہ بنانے کے لئے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں (۲) مصری کی ڈلی -
**شاخ نکالنا** - (ا - محاورہ) (۱) ٹہنی لگانا (۲) سینگ پیدا ہونا - (۳) عیب نکالنا (۴) جھگڑا نکالنا - تکرار کرنا -
**شاخیں لگانا** - (ا - محاورہ) قلمیں لگانا - درخت کی ٹہنیاں لگانا - (۲) قلمیں لگانا -
**شاخیں نکالنا** - (ا - محاورہ) عیب نکالنا - نقص ظاہر کرنا (۲) رخنے نکالنا - حجت تکرار کرنا (۳) درخت کا ٹہنیاں نکالنا -
**شاد** - [ف - صف] خوش - مسرور - بے غم -
**شادباش** - (کلمۂ تحسین) (۱) شاباش - آفرین - خوش رہو -
**شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن** (ف) (مثل) زندگی اچھی ہو یا بُری گزارنی پڑتی ہے -
**شادکام** - (ف - صف) بامُراد - کامیاب - خوشحال -
**شادماں** - (ف - صف) خوش و خرّم -
**شاداب** - (شاد - آب) [ف - صف] (۱) سرسبز - ہرا بھرا - ترو تازہ (۲) سیراب - پانی سے بھرا ہوا -
**شادابی** - (شا - دا - بی) [ف - ا - مث] (۱) سیرابی (۲) تروتازگی - سرسبزی -
**شاداں** - (شا - داں) [ف - صف] خوش حال - خوش -
**شاداں و فرحاں** - (ف - صف) خوش خوش - مگن -
**شادم از زندگیِ خویش کہ کارے کردم** - (ف - مثل) میں اپنی زندگی سے خوش ہوں کہ میں نے بہت بڑا کام کیا -
**شادی** - (شا - دی) [ف - ا - مث] (۱) خوشی (۲) عید - تیوہار - جشن (۳) بیاہ -
**شادی خانہ آبادی** - (ت - ا - مث) بیاہ کر کے گھر آباد کرنا -
**شادی (کرنا) رچانا** - (ا - محاورہ) (۱) بیاہ کرنا (۲) جشن کرنا - خوشی کرنا (۳) جانور بیچنا -
**شادیِ مرگ** - (ف - ا - مث - صف) ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو



Marfat.com

**شادیاں گنانا** - (ا - محاورہ) مزے کرنا - گھر سے اُڑانا (ق) خوشی منانا۔
**شادیانہ** - (شاد - یانہ) [ف - ا - مذ] (۱) شادی کی نوبت - خوشی کا باجہ - مبارک باد۔
**شادیانہ بجانا** - (ا - محاورہ) خوشی کی نوبت بجانا - فتح کا نقارہ بجانا۔
**شاذ** - (ع - صف) عجیب - نادر - انوکھا - غیر معمولی - اتفاقاً - گاہے گاہے۔
**شاذ شاذ** - (ع - متعلق فعل) بہت کم - کبھی کبھی - اتفاقاً۔
**شاذو نادر** - (ع - متعلق فعل) بہت کم - کبھی کبھی - اتفاقاً۔
**شار** - (ف - ا - مذ) پانی کا گرنا - مرکبات میں جیسے آبشار (۲) بہتا ہوا - ڈالا ہوا - مرکبات میں سرشار۔
**شارِب** - (شا - رِب) [ع - صف] پینے والا - جمع: شاربین - شوارب۔
**شارٹ کٹ** - (Short Cut) (شارٹ - کٹ) [انگ - ا - ] مختصر راستہ۔
**شارٹ ہینڈ** - (Short-Hand) (شارٹ - ہینڈ) [انگ - ا - مذ] مختصر نویسی۔
**شارح** - [ع - صف] کھول کر بیان کرنے والا - شرح کرنے والا - شرح لکھنے والا۔
**شارد** - [ق - ا - مذ] (۱) پرندہ (۲) ایک قسم کا باجہ۔
**شارع** - [ع - ا - مذ] (۱) بڑا راستہ - سڑک (۲) [صف] شریعت بتانے والا - صاحب شرع۔
**شارع اسلام** - (ع - ا - مذ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مُراد ہے۔
**شارع عام** - عام راستہ - گزرگاہ عام - وہ راستہ جس پر ہر شخص کو چلنے کا حق ہو۔
**شارک** - (شا - رک) [ف - ا - مذ - مث] مینا - ایک پرندہ۔
**شارک** - (Shark) [انگ - ا - مث] ایک خطرناک مچھلی جو آدمی کو بھی کھا جاتی ہے۔
**شاستر** - (شاس - تر) [ہ - ا - مذ] (۱) ہدایت کرنے یا سکھانے کا آلہ (۲) حکم فرمان (۳) دستور - قاعدہ (۴) ہندوؤں کی مذہبی کتاب۔
**شاستری** - (شاس - ت - ری) [ہ - صف] شاستر جاننے والا - پنڈت۔
**شاش - شاشہ** (شاش - شا - شہ) [ف - ا - مذ] پیشاب - مُوت۔
**شاطر** - [ع - صف] (۱) شوخ - عیار - چالاک (۲) شطرنج کھیلنے والا (۳) وہ شخص جو کسی پر بار نہ ہو۔
**شاعر** - [ع - صف] شعر کہنے والا - کوی - جمع: شعرا۔
**شاعرانہ** - (شا - عِ - رانہ) [ع - ف - صف] (۱) شاعر کے طریقہ پر (۲) شاعر سے منسوب (۳) مبالغہ آمیز۔
**شاعرہ** - (شا - عِ - رہ) [ع - صف] عورت - شاعر۔
**شاعری** - (شا - عِ - ری) [ع - ا - مث] (۱) شعر گوئی - شعر کہنا (۲) مبالغہ آمیزی۔
**شاعری کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) شعر کہنا - مبالغہ کرنا
**شاغل** - (شا - غِل) [ع - صف] (۱) مصروف - مشغول (۲) خدا کا ذکر کرنے والا۔
**شافع** - (شا - فِع) [ع - صف] شفاعت کرنے والا - سفارش کرنے والا - حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مُراد۔
**شافعی** - (شا - فِ - عی) [ع - ا - مذ] (۱) امام شافعی کی پیروی کرنے والا - (۲) اہل سنت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک کا نام۔

**شافہ** - (شا - فہ) [ف - ا - مذ] (۱) وہ رُوئی جو دوا میں بھگو کر آنکھوں پر رکھتے ہیں (۲) وہ بتی جو دوا میں بھگو کر زخم میں دیتے ہیں (۳) دوا یا صابن کی بتی جو دُبر میں پاخانہ آنے کے لیئے رکھی جاتی ہے۔
**شافی** - [ع - صف] (۱) صحت یا شفا دینے والا (۲) تسکین دینے والا (۳) شبہ رفع کرنے والا (۴) صاف - فیصلہ کُن - قطعی۔
**شافی جواب** - (ع - ا - مذ) ٹھیک اور دُرست جواب - ایسا جواب جس کے بعد کچھ کہنے کی ضرورت نہ ہو۔
**شافی مطلق** - (ع - ا - مذ) خدا تعالیٰ۔
**شاق** - (ع - صف) (۱) مُشکل - دُشوار (۲) دُودھر - ناگوار۔
**شاق گزرنا** - (ا - محاورہ) ناگوار معلوم ہونا - بُرا لگنا۔
**شاقول** - (شا - قُول) [ع - ا - مذ] معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی سدھائی دیکھتے ہیں - ساہل۔
**شاقہ** - (شا - قہ) [ع - صف] سخت - مُشکل - دُشوار۔
**شاکر** - [ع - صف] (۱) شکر گزار - شکر کرنے والا (۲) صابر - قانع
**شاکر کو شکر موذی کو ٹکر** - (امثل) شکر کرنے والے کو نعمتیں ملتی ہیں اور موذی کو تکلیفیں پہنچتی ہیں۔
**شاکل** - (ع - ا - مذ) مشابہت (۲) سفیدی جو کانوں اور کنپٹی کے درمیان ہوتی ہے۔
**شاکی** - (شا - کی) [ع - صف] شکایت کرنے والا - گلہ کرنے والا۔
**شاگرد** - (شا - گِرد) [ف - ا - مذ] وہ جو اُستاد سے کچھ سیکھے - متعلم - طالب علم - تلمیذ (۲) خدمت گار - نوکر (۳) چیلا۔
**شاگرد پیشہ** - (ف - ا - مذ) (۱) نوکر چاکر - خدمت گار - اوپر کا کام کرنے والے (۲) ادنیٰ ملازموں کے رہنے کے مکان جو کسی محل - کوٹھی یا بنگلے کے قریب ہی بنے ہوں۔
**شاگرد رشید** - (ف - ا - مذ) ہدایت یافتہ شاگرد - لائق شاگرد۔
**شاگرد رفتہ رفتہ اُستادی رسد** - (ف - مثل) شاگرد آہستہ آہستہ ترقی کرتے ہوئے اُستاد بن جاتا ہے۔
**شاگرد ہونا** - (ا - محاورہ) قائل ہونا - معتقد ہونا۔
**شاگردی** - (ف - ا - مث) شاگرد ہونا - کسی سے علم سیکھنا - طالب علمی۔
**شال** - [ف - ا - مث] اُون یا پشم کی چادر۔
**شال باف** - (ف - ا - مذ) شال بُننے والا۔
**شال دوز** - (ف - ا - مذ) شال پر بیل بُوٹے بنانے والا۔
**شالا** - (ہ - ا - مذ) مکان - گھر (۲) مدرسہ (۳) کمرہ - کوٹھڑی (۴) کام کرنے کی جگہ - مرکبات میں جیسے پاٹھ شالہ - دھرم شالا۔
**شالی** - (شا - لی) [ہ - ا - مذ] دھان - چاول (۲) شال سے منسوب۔
**شام** - [ہ - ا - مث] (۱) کسی دھات کا بنا ہوا چھلا جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگاتے ہیں - (۲) کرشن جی کا ایک نام۔
**شام** - [ف - ا - مث] (۱) سورج ڈوبنے کا وقت - غروب آفتاب - (۲) بحیرہ روم کے کنارے ایک مُلک۔
**شام اودھ** - (ا - مث) حسین اور دلکش شام - اودھ کی شام۔



Marfat.com

**شام پھولنا** - (ا۔ محاورہ) شفق پھولنا۔ شام کے وقت سُرخی کا مغرب سے نمودار ہونا۔
**شامِ جوانی** - (ا۔ محاورہ) جوانی کے آخری دن۔ جوانی کے ڈھلنے کا وقت۔
**شام صبح لگانا** - (ا۔ محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔
**شامِ غربت** - (ف۔ ا۔ صفت) مسافری کی شام جو غریبی میں بہت تکلیف دہ ہوتی ہے۔
**شامِ غریباں** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) مسافری کی شام (۲) مصیبت کی شام۔ (۳) تنہائی کی شام۔ گیارھویں محرم کی شام۔
**شام کا بھولا صبح کو گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے** - [مثل] اگر کوئی شخص کسی معاملہ میں غلطی کر کے کچھ دیر بعد صحیح راستہ پر آجائے تو اسے غلط کار نہیں کہتے۔
**شام کا صبح کرنا** - (ا۔ محاورہ) رات کاٹنا۔ ساری رات جاگتے رہنا۔
**شام کلیان** - (ہ۔ ا۔ مذ) شام کا راگ۔
**شام کی پوچھنا سحر کی کہنا** - (ا۔ محاورہ) بے تکا جواب دینا۔
**شام کے مُردے کو کب تک روئیے** - [مثل] عمر بھر کے جھگڑے کی کب تک شکایت کیجیے۔
**شام نہ دیکھنا** - (ا۔ محاورہ) شام تک زندہ نہ رہنا۔
**شام و پگاہ** - (ف۔ ا۔ مذ) دن رات (۲) ہر وقت۔
**شام و سحر** - (ف۔ ع۔ ا۔ مث) دونوں وقت۔ ہر وقت۔
**شام و سحر کرنا** - (ا۔ محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹالنا۔
**شاما** - (شا۔ ما) [ہ۔ ا۔ مث] ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ۔
**شامک** - (شا۔ مک) [ف۔ ا۔ مث] عورتوں کا سینہ بند۔ انگیا۔
**شامپین** - (Champaign) - (شام پین) [انگ۔ ا۔ مث] عمدہ انگوری شراب۔
**شامت** - [ع۔ ا۔ مث] بدنصیبی۔ بُرائی۔ آفت۔ نحوست۔
**شامت آنا** - (مص مرکب) بُرے دن آنا۔ مصیبت آنا۔
**شامتِ اعمال** - (ع۔ ا۔ مث) کیے کی سزا۔ کرتوت کا بدلہ۔
**شامتِ اعمالِ ما صورتِ نادر گرفت** - (ف مثل) ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کی۔ یہ مصرعہ نظام الملک نے اس وقت کہا تھا جب نادر شاہ کے ظلم و ستم نے دہلی میں قیامت برپا کی تھی۔
**شامت زدہ** - (ع۔ ف۔ صفت) مصیبت زدہ۔ خراب حال۔
**شامت کا مارا** - (ع۔ صفت) مصیبت میں مبتلا۔ بدنصیب۔
**شامت کی مار** - (ا۔ مث) بدنصیبی۔ کم بختی۔ نصیبوں کی خرابی۔
**شامت میں پھنسنا** - (ا۔ محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔
**شامتیں کہہ کر تھوڑا آتی ہیں** - (ا۔ مقولہ) مصیبتیں اطلاع دے کر نہیں آتیں۔
**شامتی** - (شا۔ م۔ تی) [اُ۔ صفت] بدنصیب۔ مصیبت کا مارا۔
**شامل** - (شا۔ مِل) [ع۔ صفت] ساتھ۔ اکٹھا۔ ملا ہوا۔ شریک۔
**شاملِ حال** - (ا۔ مذ) شریکِ حال۔ ساتھ۔
**شامل کرنا** - (مص مرکب) ملانا۔ شریک کرنا۔ جوڑنا۔ لگانا۔
**شاملِ مسل** - (ا۔ صفت) کاغذات مقدمہ کے ساتھ لگا ہوا۔ مسل کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔
**شاملات** - (شا۔ مِ۔ لات) [اُ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے آدمیوں میں مشترک ہو (۲) حصہ داری۔ ساجھا۔ (۳) وہ زمین جو مالکانِ دیہہ کی مشترکہ ہو۔
**شامّہ** - (شام۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] سونگھنے کی قوت یا حس۔
**شامی** - (ع۔ صفت) ملک شام کا رہنے والا۔ شام سے منسوب۔
**شامی کباب** - (ع۔ ا۔ مذ) وہ کباب جو گوشت کو مع مسالہ اُبال کر پیسنے کے بعد ٹکیاں بنا کر تلے جاتے ہیں۔
**شامیانہ** - (شا۔ می۔ آ۔ نہ) [ت۔ ا۔ مذ] کپڑے کا سائبان۔ چھتری۔ نمگیرہ۔
**شامیانہ (کھینچنا) لگانا** - (ا۔ محاورہ) شامیانہ کھڑا کرنا۔
**شان** - (ع۔ ا۔ مث) عظمت۔ شوکت۔ دبدبہ۔ عزت۔ توقیر (۲) قدرت طاقت (۳) انداز۔ طرز۔ وضع (۴) نسبت۔ حق میں (۵) خاصیت۔ خوبی۔
**شانِ الٰہی۔ شانِ خدا۔ شانِ حق** - (ع۔ ا۔ صفت) خدا کی قدرت یا طاقت۔
**شان برسنا** - (ا۔ محاورہ) رعب و دبدبہ نمایاں ہونا۔ عظمت و شوکت ظاہر ہونا۔
**شان پانا** - (ا۔ محاورہ) انداز پانا۔ عزت حاصل ہونا۔
**شان جانا** - (ا۔ محاورہ) رتبہ گھٹنا۔ عزت میں فرق آنا۔
**شان چوٹا** - (ا۔ صفت) دوسروں کی طرز یا وضع اختیار کرنے والا۔
**شانِ خط** - (ف۔ ا۔ مث) تحریر کا انداز۔ لکھنے کا طریقہ۔
**شان دار** - (ف۔ صفت) (۱) عالیشان۔ ذی شان۔ بلند (۲) ذی رتبہ۔ باعظمت (۳) دھوم دھام کا (۴) خوشنما۔
**شان دکھانا** - (ا۔ محاورہ) اترانا۔ شیخی بگھارنا (۳) عیب ظاہر کرنا۔
**شانِ عبودیت** - (ف۔ ا۔ صفت) بندگی کی شان۔ خدا کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنا۔ راضی برضا ہونا۔
**شان کا مارا جانا** - (ا۔ محاورہ) عزت و حرمت میں فرق آنا۔
**شان گھٹنا** - عزت اور وقار کم ہونا۔
**شان میں بٹہ لگنا (چھینٹے پڑنا)** - (ا۔ محاورہ) عزت گھٹنا۔ بے عزتی ہونا۔
**شانِ نزول** - (ع۔ ا۔ مث) آیت قرآنی کے اُترنے کا موقع۔ باعثِ نزول۔
**شان نکلنا** - (ا۔ محاورہ) آن بان ظاہر ہونا۔ انداز ظاہر ہونا۔
**شان و شوکت** - (ع۔ ا۔ مث) (۱) رعب داب (۲) ٹھاٹ۔ احتشام۔
**شانت** - [س۔ ف] مطمئن۔ صابر۔ قانع۔
**شانتی** - (شان۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) امن چین۔ آرام (۲) تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔
**شاند** - [ق۔ ا۔ مث] مکاری۔ عیاری۔
**شانہ** - (شا۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) کنگھی۔ (۲) کاندھا۔ مونڈھا۔
**شانہ اتر جانا** - (ا۔ محاورہ) مونڈھے یا کاندھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
**شانہ پھڑکنا** - (ا۔ محاورہ) کاندھے کا پھڑکنا جو کسی دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے۔
**شانہ سے شانہ چھلنا** - (ا۔ محاورہ) ہجوم کے باعث کاندھے سے کاندھا رگڑنا۔ بہت بھیڑ ہونا۔
**شانہ کرنا** - (مص مرکب) کنگھی کرنا۔
**شانہ ہلانا** - کاندھا ہلا کر جھٹکانا۔
**شاور** - (Shower) (انگ۔ ا۔ مذ) فوارہ جو غسل خانوں میں لگا ہوتا ہے۔



Marfat.com

**شاہ** - [ف - ا - مذ] (۱) آقا - مالک (۲) بادشاہ - سلطان (۳) فقیروں کا لقب (۴) شطرنج کا ایک مہرہ (۵) نوشہ - دولہا - (۶) سیّدوں کے نام کا مخصوص لفظ (۷) بڑا - عظیم مرکبات میں آتا ہے جیسے شاہ زور - شاہ سوار -
**شاہ باز - شہباز** - (ف - ا - مذ) (۱) بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں - (۲) شاہین -
**شاہ بالا - شہہ بالا** - (ف - ا - مذ) (۱) وہ قریبی رشتہ دار لڑکا جس کو اچھے کپڑے پہنا کر دولھا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھا دیتے ہیں - (۲) ہمدوش -
**شاہ بلوط** - (ف - ا - مذ) ایک پہاڑی درخت - اوک کا پیڑ -
**شاہ بیت** - (ف - ا - مث) قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر -
**شاہ پر - شہپر** - (ف - ا - مذ) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر -
**شاہ پرست** - (ف - صف) بادشاہت کا حامی -
**شاہترا (شاہتَرا)** ف - ا - مذ) ایک مصفی خون دوا - پت پاپڑا -
**شاہ توت** - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا بڑا توت - شہتوت -
**شاہ خانم** - (ف - ا - مث) (۱) بڑے گھر کی عورت (۲) متکبر عورت -
**شاہ خاور** - (ف - ا - مذ) شاہ مشرق - آسمان کا بادشاہ - سورج -
**شاہ خرچ** - (ا - صف) بہت خرچ کرنے والا - فضول خرچ -
**شاہ دانہ** - (ف - ا - مذ) (۱) بھنگ کا بیج (۲) بڑا موتی (۳) تسبیح کا بڑا دانہ -
**شاہ درہ - شاہدرہ** - وہ آبادی یا گاؤں جو دریا کے دوسرے کنارے پر شاہی محل کے مقابل ہو -
**شاہ راہ - شاہراہ** - بڑا راستہ - جرنیلی سڑک - شارع عام - بادشاہی گزرگاہ -
**شاہ رگ** - (ف - ا - مث) بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے - رگِ جاں -
**شاہ زادہ - شہزادہ** - (ف - ا - مذ) (۱) بادشاہ کا لڑکا (۲) شاہی خاندان کا ایک فرد - (۳) پیارا فرزند -
**شاہ زادی - شہزادی** - (ف - ا - مث) (۱) بادشاہ کی لڑکی (۲) شاہی خاندان کی عورت (۳) کنول کے پھول کا زرد ریزہ -
**شاہ سوار - شہسوار** - (ف - ا - مث) گھوڑے کی سواری کا ماہر -
**شاہ عباس کا علم ٹوٹے** - (بددعا) حضرت عباس کے علم کی مار پڑے تباہ ہو - برباد رہو -
**شاہ کار - شاہکار - شہکار** - (ف - ا - مذ) سب سے بڑا کارنامہ (انگ) (Masterpiece)
**شاہ گام - شہ گام** - (ف - ا - مذ) گھوڑے کی ایک عمدہ چال -
**شاہِ لولاک** - (ف - ا - مذ) جناب رسالتمآب پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم -
**شاہ مرداں** - (ف - ا - مذ) حضرت علیؑ کا لقب -
**شاہِ مشرق** - (ف - ا - مذ) کتابیا سورج -
**شاہ نشین - شہ نشین** - (ع - ا - مذ) (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۲) مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ -
**شاہ وار - شہوار** - (ف - صف) بادشاہوں کے لائق - نہایت عمدہ نفیس چیز -
**شاہانہ** - (شا - ہا - نہ) [ف - صف] بادشاہوں کے موافق - بادشاہوں کے مانند - سلطانی -
**شاہانہ جوڑا** - (ف - ا - مذ) دولھا کا سرخ جوڑا - سرخ پوشاک - بادشاہوں جیسا قیمتی لباس -
**شاہانہ مزاج** - (ف - ا - مذ) نازک طبیعت -
**شاہ ترہ** - (شاہ - تَ - رَہ) [ف - ا - مذ] ایک قسم کا ساگ - پت پاپڑہ -
**شاہد** - (شا - ہد) [ع - ا - مذ] (۱) گواہ (۲) حسین - معشوق - محبوب -
**شاہد باز** - (ف - صف) نوجوان لڑکوں یا حسین عورتوں سے زیادہ محبت رکھنے والا - حُسن پرست -
**شاہد بازار** - (ع - ا - صف - مث) بازاری معشوق - طوائف -
**شاہد حال** - (ع - ف - صف) واقعہ کا چشم دید گواہ -
**شاہد عادل** - (ف - ا - صف) سچا گواہ -
**شاہدِ مقصود** - (ف - ا - صف) مقصود کا شاہد سے استعارہ کرتے ہیں -
**شاہدی** - (شا - ہ - دی) [ع - ا - مث] شہادت - گواہی -
**شاہنشاہ** - (شاہن - شاہ) [ف - ا - مذ] بادشاہوں کا بادشاہ سب سے بڑا بادشاہ -
**شاہی** - [ف - صف] بادشاہی - سلطانی -
**شاہین** - (شا - ہین) [ف - ا - مذ] (۱) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ترازو کی سوئی یا ڈنڈی -
**شائبہ** - (شا - ا - بہ) [ع - ا - مذ] آمیزش - آلودگی - ملاوٹ - شک شبہ - احتمال -
**شائستگی** - (شا - اِس - تَ - گی) [ف - ا - مث] (۱) تہذیب - متانت (۲) اخلاق - مروّت - آدمیت -
**شائستہ** - (شا - اِس - تہ) [ف - صف] (۱) مہذب - باسلیقہ - باتمیز - (۲) مناسب - موزوں (۳) بااخلاق - بامروّت -
**شائع** - (شا - اِع) [ع - صف] (۱) فاش - آشکارا (۲) چھاپ کر مشتہر کیا ہوا -
**شائع ہونا** - چھپ کر مشتہر ہونا -
**شائق** - (شا - اق) [ع - صف] شوقین - شوق رکھنے والا - مشتاق - آرزومند -
**شائگاں** - (شا - اِ - گاں) [ف - صف] (۱) وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو (۲) [مث] بیگار (۳) قافیہ کا ایک عیب -
**شایاں** - (شا - یاں) [ف - صف] لائق - مناسب - موزوں - زیبا -
**شاید** - (شا - یَد) [ف - کلمۂ شک] غالباً - ممکن ہے -
**شاید و باید** - (ف - متعلق فعل) جیسا چاہیئے تھا - بخوبی - ہر طرح سے -

## ش - ب

**شب** - [ف - ا - مث] رات - رین -
**شبِ اسرا** - (معں - ع - صف) معراج کی رات -
**شب افروز** - (ف - صف) (۱) رات کو روشن کرنے والا (۲) جگنو (۳) چاند
**شبِ امید** - (ف - ا - صف) وصل کی رات -
**شبِ انتظار** - (ف - ا - صف) وہ رات جو کسی کے انتظار میں کٹے -
**شبِ اوّل** - (ف - ا - مث) دُولھا دلھن کی پہلی رات -
**شب باش** - (ف - صف) رات کی رات رہنے والا -



Marfat.com

**شب باشی** ۔ (ف۔ا۔مث) رات کا قیام۔ رات رہنا۔
**شب بخیر** ۔ (ف۔ کلمہ خیر) (۱) رات خیر سے گزرے (۲) رات کو رخصت ہونے کا سلام۔
**شب برات** ۔ (۱) شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات مسلمانوں کے عقائد کے بموجب اس رات کو عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے (۲) خوشی کی بات۔
**شب برات کا گھڑا** مسلمانوں میں رسم ہے کہ شب برات کے دن مُردوں کا فاتحہ پڑھ کر مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔
**شبو۔ شب بو** ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید پھول جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے۔
**شب بھر** ۔ (ف۔ا۔مث) تمام رات۔
**شب بیدار** ۔ (ف صف) رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا۔ رات بھر جاگنے والا
**شب بیداری** ۔ (ف۔ا۔مث) رات کا جاگنا۔ بے خوابی۔
**شب تاب** ۔ (ف۔ا۔صف) رات کو چمکنے والا (۲) چاند (۳) چراغ (۴) جگنو (۵) جواہر۔
**شب تار (تاریک)** اندھیری رات۔
**شب چہاردہ** ۔ (ف۔ا۔مث) چاندنی چودھویں رات۔
**شب چراغ** ۔ (ف صف) (۱) رات کو چمکنے والا ہیرا (۲) جگنو
**شب خوابی** ۔ (۱) رات کی پوشاک۔ رات کو پہن کر سونے کے کپڑے (۲) رات کا سونا۔
**شب خوانی** ۔ (ف۔ا۔مث) وہ قصہ جو رات کو داستان گو پڑھا کرتے ہیں
**شب خون۔ شبخون** ۔ (ف۔ا۔مذ) رات کا حملہ۔ چھاپہ۔ رات کے وقت بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا۔
**شبخون مارنا** ۔ (ا۔محاورہ) چھاپہ مارنا۔ رات کو اچانک حملہ کرنا۔
**شب خیز** ۔ (ف صف) شب بیدار۔ رات کو اُٹھنے والا۔
**شب خیزی** ۔ (ف۔ا۔مث) شب بیداری۔ رات کو اُٹھنا۔
**شب خیزیا** ۔ (ف صف) قزاق جو رات کو لوٹے۔
**شب درمیان ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) بیچ میں ایک رات کا وقفہ ہونا۔
**شب دیجور** ۔ (ف۔ا۔صف) اندھیری رات۔
**شب دیز** ۔ (ف۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مُشکی گھوڑا۔
**شب دیگ** ۔ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا سالن جس میں گوشت اور شلجم رات بھر پکاتے ہیں۔
**شب رنگ** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) سیاہ رنگ کا گھوڑا (۲) تاریک سیاہ۔
**شب زفاف** ۔ (ف۔ا۔مث) دولہا دلھن کی پہلی رات۔ تخت کی رات۔ ہم بستری کی پہلی رات۔
**شب زندہ دار** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) رات بھر جاگنے والا (۲) عابد
**شبستان** ۔ (ف۔ا۔مث) (۱) بادشاہوں کے سونے کا کمرہ (۲) خلوت خانہ۔ حرم سرا (۳) مسجد کی وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں۔
**شب سنجاب** (ف۔ا۔مث) جدائی کی رات۔
**شب شہادت** ۔ (ف۔ا۔مث) محرم کی نویں رات جس کی صبح کو حضرت امام حسینؑ شہید ہوئے تھے۔
**شب ظلمات** ۔ (ف۔ا۔مث) سخت کالی رات۔
**شب عاشورہ** ۔ (ف۔ا۔مث) نویں اور دسویں محرم کی درمیانی رات۔
**شب غم** ۔ (ف۔ا۔مث) جدائی کی رات۔ رنج کی رات۔
**شب قدر** ۔ (ف۔ا۔مث) لیلۃ القدر مسلمانوں کے عقائد کے مطابق ایک نہایت متبرک رات۔ اس کے تعین میں اختلاف ہے عموماً رمضان کی ستائیسویں شب شب قدر کہلاتی ہے۔
**شب کور** ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ جسے رات کو دکھائی نہ دے۔
**شب کوری** ۔ (ف۔ا۔مث) رات کو دکھائی نہ دینا۔ اندھراتا۔
**شب کی شب** ۔ (ا متعلق فعل) رات کی رات۔ رات بھر کے لیے۔
**شب گرد** ۔ (ف۔ا۔صف) رات کو پھرنے والا (۲) کوتوال۔ سپاہی۔ چوکیدار
**شب گوں** ۔ (۱) کالا سیاہ (۲) رات کی مانند۔
**شب گیر** ۔ (ف صف) پچھلی رات کا سفر۔ پچھلی رات کا مسافر۔
**شب ماہ۔ شب ماہتاب۔ شب مہتاب** ۔ (ف۔ا۔صف) چاندنی رات۔
**شب معراج** ۔ ۲۶، ۲۷ رجب کی درمیانی رات جس میں پیغمبر اسلام کو معراج ہوئی۔
**شب نگاربنداں** ۔ (ف۔ا۔مث) وہ رات جب دلہن کے مہندی لگائی جاتی ہے۔
**شب و روز** ۔ (ف متعلق فعل) دن رات۔
**شب وصال** ۔ (ف۔ا۔مث) وصل کی رات۔ ملاپ کی رات (۲) وہ رات جس میں کسی کامل فقیر کا انتقال ہو۔
**شب یلدا** ۔ (ف۔ا۔صف) سخت تاریک رات (۲) سال کی سب سے لمبی رات جب سُورج بُرج جدی میں داخل ہونے کو ہوتا ہے۔
**شبا** ۔ (ق۔ا۔مذ) شب خون۔
**شباب** ۔ (ش۔باب) [ع۔ا۔مذ] (۱) جوانی (۲) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ (۳) عروج کا زمانہ (۴) ایک پردۂ موسیقی کا نام۔
**شباب اہل جنت** ۔ (ع۔ا۔مذ) حضرت امام حسنؓ و حسینؓ جو حدیث شریف کے مطابق جوانان اہل جنت کے سردار ہوں گے۔
**شباب پھٹ پڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) جوانی کا زور ہونا۔
**شباب پھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) جوانی دوبارہ آنا۔
**شبابیات** ۔ (ع۔ا۔مث) جوانی سے متعلق باتیں۔
**شباشب** ۔ (ش۔با۔شب) [ف] راتوں رات۔ تمام رات۔ رات بھر۔
**شبان** ۔ (ع۔ا۔مذ) (ش۔بان) [ف۔ا۔مذ] چرواہا۔ گڈریا۔
**شبانگاہ** ۔ (ش۔باں۔گاہ) [ف] رات کا وقت۔
**شبانہ** ۔ (ش۔با۔نہ) [ف] رات کا
**شبانہ روز** ۔ (ف متعلق فعل) شب و روز۔ ہر وقت۔ دن رات۔
**شباہت** ۔ (ش۔با۔ہت) [ع۔ا۔مث] مشابہت۔ مطابقت۔ (۲) شکل صورت (۳) رونق روپ۔
**شبد** ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) آواز (۲) لفظ (۳) قواعد زبان (۴) بھجن۔
**شبد چور** ۔ (ہ۔ا۔مذ) نقال۔ دوسروں کے مضامین چوری کرنے والا۔
**شبد شاستر** ۔ (ہ۔ا۔مذ) قواعد زبان۔ علم صرف و نحو۔



Marfat.com

**شُبّر** - (شَب-بر) [ع-ا-مذ] حضرت حسنؓ کا لقب۔
**شِبر** - (ع-ا-مذ) بالشت۔
**شِگاف** - (شَب-کا) [ا-ا-مذ] شگاف جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو۔
**شَبکہ** - (شَب-کَہ) [ع-ا-مذ] (۱) کبوتروں کے پکڑنے کا جال - جالی۔
(۲) [ف] بڑا سُوراخ (۳) آنکھ کا پردہ۔
**شبنم** - (شَب-نَم) [ف-ا-مث] (۱) رات کی نمی - اوس (۲) ایک قسم کا سفید باریک کپڑا۔
**شبنمی** - (شَب-نَ-ی) [ف-ا-مث] (۱) اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تاننے کا کپڑا - مسہری - (۲) شبنم کے رنگ کا۔
**شِبہ** - (شِ-بَہ) [ع-ا-مذ] (۱) مانند (۲) تصویر - ڈھانچ (۳) مشابہت مطابقت۔
**شُبہ** - (شُب-بَہ - شُ-بَہ) [ع-ا-مذ] شک - گمان - وہم۔
**شُبہ کرنا** - (ا-محاورہ) شک کرنا - بدگمانی۔
**شُبہ گزرنا** - (ا-محاورہ) شک ہونا۔
**شُبہ مٹانا** - (ا-محاورہ) شک دُور کرنا - شُبہ نکالنا۔
**شُبہ ہونا** - (ا-محاورہ) گمان گزرنا - احتمال ہونا۔
**شُبھ** - [س-صف] روشن - چمکدار (۲) اچھا - نیک - خالص۔
**شُبّیر** - (شَب-بیر) [عبرانی-ا-مذ] (۱) نیک (۲) خوبصورت (۳) حضرت امام حسینؓ کا لقب۔
**شبینہ** - (شَ-بی-نہ) [ف-صف] (۱) رات کا - باسی (۲) حافظ قرآن کا رمضان کی کسی ایک رات میں پورا قرآن تراویح میں ختم کرنا۔
**شبیہ** - (شَ-بیہ) [ف-صف] (۱) شکل - تصویر - صورت (۲) مانند - مشابہ۔

## ش-پ

**شپ** - [ف-صف] (۱) جلد - تیز - شتاب (۲) [ا-ا-مث] قمچی یا تلوار مارنے کی آواز - ٹپ کے ساتھ تابع مہمل۔
**شِپ** - (Ship) [انگ-ا-مذ] بحری جہاز۔
**شِپا** - (شِپ-پا) [ہ-ا-مذ] تیر اندازوں کا نشانہ یا ہدف۔
**شپا شپ** - (شَ-پا-شَپ) [ف-ا-مث] (۱) جلد جلد (۲) متواتر تیر چلانے کی آواز - متواتر تلوار چلانے کی آواز (۳) [ا] چپڑ چپڑ چاٹنے کی آواز (۴) تیزی سے (۵) پانی میں گھسنے کی آواز۔
**شپر - شپرک - شپرہ** - (شَ-پَر - شَپ-پَ-رَک - شَپ-پَ-رَہ) (ف-ا-مث) چمگادڑ۔
**شپرہ چشم** - (ف-صف) سُورج کی روشنی میں آنکھیں بند رکھنے والا - (۲) وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کے باعث نہ دیکھ سکے۔

## ش-ت

**شِتا** - (شِ-تا) [ع-ا-مذ] جاڑا - سردی کا موسم۔
**شتاب** - (شِ-تاب) [ف] جلد - جھٹ پٹ - بلاتوقف - فوراً۔
**شتاب کار** - (ف-ا-مذ) جلدباز - پھرتیلا۔
**شتابا** - (شِ-تا-با) [ا-ا-مذ] بارود لگا ہوا کاغذ کا فتیلہ۔
**شتابی** - (شِ-تا-بی) [ف-ا-مث] (۱) جلدی - تیزی (۲) اضطراب گھبراہٹ۔
**شتال** - [ق-صف] بے چین - بے قرار۔
**شتالنا** - (شِ-تال-نا) [ق-مص] اُکسانا - اُبھارنا - شہ دینا۔
**شتالنگ** - (شِ-تا-لَنگ) [ف-ا-مذ] ٹخنہ۔
**شتاہ** - (ا-مذ) شطاح کا بگڑا ہوا - بدکار - بدوضع عورت۔
**شتاہی** - (ا-مث) بے حیائی - بے شرمی - حرامکاری - بدوضعی۔
**شُتر** - [ف-ا-مذ] اُونٹ۔
**شُتربان** - (ف-صف) اونٹ ہانکنے والا - ساربان۔
**شُتر بے مُہار** - (ف-ا-صف) (۱) بے نکیل کا اُونٹ (۲) آزاد - آوارہ۔
**شُترخانہ** - (ف-ا-صف) وہ مکان جہاں اُونٹ رکھے جائیں۔
**شُترسوار** - (ف-ا-مذ) سانڈنی سوار - قاصد۔
**شُترغمزہ** - (ف-ا-مذ) نازِ بیجا - نخرہ - فضول چونچلے۔
**شُترکینہ** - (ف-ا-مذ) وہ شخص جس کا کینہ اور کپٹ کبھی نہ نکلے - دلی عداوت - دشمنی
**شُترگاؤ** - (ف-ا-مث) زرافہ - ایک چوپایہ جس کی گردن اُونٹ کی طرح اور کھر بیل سے مشابہ ہوتے ہیں۔
**شُترگربہ** - (۱) دو موافق چیزیں جن میں سے ایک بلند اور دوسری پست ہو (۲) شعر میں ایک کلمہ میں جمع اور مفرد یا تعظیم و تحقیر کے الفاظ استعمال کرنا۔
**شُترمُرغ** - (ف-ا-مذ) افریقہ کا ایک قدآور پرند جس کی گردن اُونٹ کی طرح لمبی ہوتی ہے۔
**شُترنال** - (ا-مث) چھوٹی توپ جو اُونٹ کی پیٹھ پر رکھ کر چلائی جائے۔
**شُتری** - (شُت-ری) [ف-صف] (۱) اُونٹ کے رنگ کا (۲) [ا-ا-مذ] نقارہ جو اُونٹ پر رکھا جاتا ہے (۳) نقارہ جو روزہ کھولنے کے وقت بجایا جاتا ہے۔
**شتم** - [ع-ا-مذ] گالی گلوچ - دُشنام۔

## ش-ج

**شُجاع** - (شُ-جاع) [ع-صف] دلیر - بہادر - جری۔
**شجاعت** - (شُ-جا-عَت) [ع-ا-مث] بہادری - دلیری۔
**شجر** - [ع-ا-مذ] درخت - پیڑ - رُکھ۔



Marfat.com

**شجرِ طُور (کلیم)** (ع ۔ ا ۔ مذ) کوہِ طور کا درخت جس پر حضرت موسیٰؑ نے تجلیٔ الٰہی دیکھی تھی۔

**شجرِ ممنوعہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بہشت کا وہ درخت جس کے قریب جانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو منع کیا گیا تھا۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جس سے روک دیا گیا ہو۔

**شجرہ** ۔ (شج ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نسب نامہ۔ وہ کاغذ جس پر مُورثِ اعلیٰ کی اولاد کا نام نسلاً بعد نسل درج ہو (۲) وہ نقشہ جس میں گاؤں کے کھیت دکھائے گئے ہوں۔

**شجرۂ تُکمہ** (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو وہ تبرکاً مریدوں کو دیتے ہیں (۲) جیز بست ۔ بوریا بندھنا۔

**شجرۂ تُکمہ اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بوریا بستر باندھ کر چل دینا۔ اپنا سامان اُٹھا کر چلا جانا۔

**شجرۂ نسب** ۔ نسل اور خاندان کی اولاد کی ترتیب۔ اولاد کا نام نسلاً بعد نسل۔

**شُجیع** ۔ (ع ۔ صفت) دلیر۔ بہادر۔

## ش ۔ ح

**شحم** ۔ [ع ۔ ا] (۱) چربی (۲) مٹاپا ۔ فربہی ۔ جمع : شحوم

**شحنہ** ۔ (شح ۔ نہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] ۔ محافظِ شہر ۔ کوتوال ۔ کھیت کا نگراں۔

**شحیم** ۔ (ش ۔ حیم) [ع ۔ صفت] موٹا ۔ فربہ ۔ جیسے لحیم و شحیم۔

## ش ۔ خ

**شخص** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) آدمی ۔ بشر (۲) آدمی کا جسم ۔ انسان ۔ بدن۔

**شخصِ ثالث** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جو فریقین میں فیصلہ کرائے ۔ سرپنچ۔

**شخصِ غیر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) اجنبی آدمی۔

**شخصِ واحد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) اکیلا آدمی ۔ تنہا آدمی۔

**شخصی** ۔ (شخ ۔ صی) [ع ۔ صفت] (۱) ایک آدمی کے متعلق ۔ (۲) ذاتی۔

**شخصی حکومت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ایک شخص کی حکومت ۔ آمریت۔

**شخصیت** ۔ (شخ ۔ صی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) شخص ہونے کی خصوصیت ذات (۲) رجہ ۔ عزت (۳) شیخی ۔ غرور۔

**شخصیت بگھارنا (جتانا)** (ا ۔ محاورہ) شیخی مارنا ۔ اترانا۔

## ش ۔ د

**شُد** ۔ (ف) رفت گزشت ۔ گزرا ہوا (۲) کسی کام کا آغاز یا ابتدا۔

**شَدّ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا ۔ تشدید دینا ۔ زور دینا ۔ سختی ۔ (۳) مخالف پہلوان کا نعرہ۔

**شدّومد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) شان و شوکت ۔ دھوم دھام (۲) زور شور ۔ طاقت۔

**شدّاد** ۔ (شد ۔ داد) [ع ۔ ا ۔ مذ] قومِ عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔

**شدائد** ۔ (ش ۔ دا ۔ ئد) [ع ۔ ا ۔ مث ۔ و ۔ مذ] سختیاں ۔ تکلیفیں۔

**شُدبُد** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] شُد بمعنی ہوا اور بُد از بُود) تھا ۔ کسی کام میں تھوڑی سی مہارت قلیل سی واقفیت۔

**شدّت** ۔ (شد ۔ دَت) [ع ۔ ا ۔ مث] سختی ۔ تکلیف (۲) زور ۔ قوت (۳) زیادتی ۔ کثرت (۴) جبر ۔ تشدد۔

**شدّت کا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) زور کا ۔ بہت سا ۔ سخت۔

**شُدنی** ۔ (شد ۔ نی) [ف ۔ صفت] (۱) ہونے والی بات ۔ اتفاقی بات۔

**شدّہ** ۔ (شد ۔ دَہ) [ع ۔ ا] علم ۔ وہ جھنڈا یا نشان جو محرم میں شہدائے کربلا کی یاد میں تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے۔

**شدہ شدہ** ۔ (ف ۔ متعلق فعل) رفتہ رفتہ ۔ آہستہ آہستہ۔

**شُدھ** ۔ (ہ ۔ صفت) پاک ۔ صاف ۔ پوتر ۔ خالص ۔ چمکیلا ۔ سفید

**شُدھی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ تحریک جو شردھانند ایک ہندو نے ہندوستان میں مسلمانوں کو دوبارہ ہندو بنانے کے لیے چلائی تھی۔

**شدید** ۔ (ش ۔ دید) [ع ۔ صفت] سخت ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ کٹھن (۲) تکلیف دہ (۳) بڑا ۔ عظیم (۴) زبوں (۵) سخت ۔ تیز۔

**شدیدُ العداوت** ۔ (ع ۔ صفت) سخت دشمنی رکھنے والا۔

**شدیدُ العقاب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سزا میں سخت۔

**شدیدُ العمل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سختی کرنے والا۔

## ش ۔ ذ

**شَذرہ** ۔ (شذ ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پراگندہ ۔ منتشر ۔ بکھری ہوئی چیز ۔ (۲) اخبار میں ایڈیٹر کا کسی واقع پر مختصر تبصرہ ۔ جمع : شذرات۔

## ش ۔ ر

**شَر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بدی ۔ برائی (۲) جھگڑا ۔ فساد ۔ خرابی ۔

**شر اٹھانا یا اٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھگڑا برپا کرنا ۔ فساد کی ابتدا کرنا

**شر کٹ جانا** ۔ جھگڑا مٹ جانا۔

**شر انگیز** ۔ (پسند) (ف ۔ صفت) شریر ۔ مفسد۔

**شر بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فساد کو ہوا دینا۔

**شِرا** ۔ (ش ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مذ] خرید و فروخت ۔ اردو میں بیع و شرا میں استعمال ہوتا ہے

**شراب** ۔ (ش ۔ راب) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) رقیق چیز جو پی جائے (۲) نشہ وار عرق ۔ دارو۔



Marfat.com

**شرابِ ارغوانی** - (ع - ا - صف) سُرخ رنگ کی شراب -
**شراب اُڑانا** - (ا - محاورہ) شراب کا خوب پیا جانا -
**شرابِ تند** - (ف - ا - صف) تلخ و تیز شراب -
**شراب کا دَور چلنا** - (ا - محاورہ) چند آدمیوں کا اکٹھا بیٹھ کر شراب پینا -
**شراب خانہ** - (ع - ف - ا - مذ) وہ جگہ جہاں شراب بنے یا بکے -
**شراب خانہ خراب** - (ا - مقولہ) شراب کی مذمت میں کہا جاتا ہے کہ اس کے پینے والے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں -
**شراب (خواری) خوری** - شراب پینا - مے نوشی -
**شرابِ دوآتشہ** - (ع - ا - صف) دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب - تیز شراب -
**شرابِ طہور - شراباً طہورہ** - (ع - ا - مث) پاک شراب جو بہشت میں ملے گی -
**شراب کشید کرنا - شراب کھینچنا** - (ا - محاورہ) شراب بھبکے کے ذریعے تیار ہونا - شراب بنانا -
**شراب کے نشے میں چُور ہونا** - (ا - محاورہ) سخت بدمست ہونا -
**شرابِ مقطر** - (ا - محاورہ) ٹپکائی ہوئی شراب -
**شرابن** - (ا - مث) شراب پینے والی عورت -
**شرابِ ناب** - (ع - ا - صف) خالص شراب -
**شرابور** - (شَ - را - بُور) [ا - صف] تربتر - بہت بھیگا ہوا -
**شرابی** - (شَ - را - بی) [ف صف] شراب پینے والا - مے نوش -
**شراپ** - (ہ - مث) بددُعا - سراپ -
**شراٹا** - (شَر - را - ٹا) [ہ - ا - مذ] (۱) زور سے مینہ برسنے کی آواز (۲) زناٹا زور کی آواز -
**شرادھ** - (شَ - را - دھ) [س - ا - مذ] کریا کرم - مُردوں کے نام پر برہمنوں کو پوری کچوری کھلانا -
**شرار** - (شَ - رار) [ع - ا - مذ] آگ کا پتنگا - چنگاری -
**شرارِ جستہ** - (ف - ا - مذ) اُڑتی ہوئی چنگاری -
**شرارت** - (شَ - را - رت) [ع - ا - مث] (۱) بدی - ایذا رسانی - بُرائی - خرابی - بدنیتی (۲) شوخی - بیباکی - بدزبانی (۳) شیطنت - بدذاتی -
**شرارت سُوجھنا** - (ا - محاورہ) کوئی ایسی بات سوجھنا جس سے جھگڑا پیدا ہو جائے -
**شرارتی** - (شَ - را - رتی) [ف - اُر - صف] شریر -
**شرارتاً** - (ع - متعلق فعل) شرارت سے -
**شرارے نکلنا** - (ا - محاورہ) (۱) چنگاریاں نکلنا (۲) آنکھوں سے سخت غصے اور ناراضگی کا اظہار ہونا -
**شرافت** - (شَ - را - فت) [ع - ا - مث] (۱) بزرگی - اصالت - بلندی (۲) نجابت - عالی خاندانی -
**شرافت پناہ** - (ع - ف - صف) بڑے درجے کا شریف -
**شراکت** - (شَ - را - کت) [ع - ا - مث] ساجھا - حصہ داری -
**شراکت نامہ** - (ف - ا - مذ) شرکت نامہ - وہ دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت درج ہو -

**شرائط** - (شَ - رَا - اِط) [ع - ا - مث] شرطیں - ذمہ داریاں[۲] - شرط کی جمع
**شرائطِ تمہیدی** - (ع - ف - ا - مث) ابتدائی شرطیں -
**شرائع** - (ع - ا - مث - مذ) شریعت کی جمع دیکھیے شریعت -
**شرائین** - (ع - ا - مث) شریان کی جمع دیکھیے شریان -
**شرب** - (ع - ا - مذ) پینا - پینے کی چیز -
**شربُ الیہود** - (ع - ا - مذ) پوشیدہ شراب پینا -
**شربت** - (شَر - بَت) [ع - ا - مذ] (۱) وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے - (۲) قند میں پکا ہوا عرق کسی پھل، پھول یا دوا کا - (۳) قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی -
**شربت پلائی** - (ا - مث) (۱) وہ نقدی جو شربت پینے پر دولھا اور اس کے رشتہ دار تھال میں ڈالتے ہیں (۲) وہ نیگ جو دولھا یا دلھن کی جانب سے نائی کو دیا جائے -
**شربتِ دیدار** - (ف - ا - صف) دیدار کا شربت سے استعارہ ہے -
**شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا** - (ا - محاورہ) غریبوں کی طرح صرف شربت پلا کر نکاح کر دینا -
**شربت کے سے گھونٹ پینا** - (ا - محاورہ) کسی تلخ بات کو خوشی سے برداشت کرنا - سختی اٹھانا -
**شربتِ وصل** - (ف - ا - صف) ہم بستری - وصل کا شربت سے استعارہ ہے -
**شربتی** - (شَر - بَ - تی) [اُر - ا - مذ] (۱) زرد یا نارنجی رنگ سے ملتا ہوا رنگ (۲) ایک قسم کا میٹھا لیمو - (۳) ایک قسم کا نگینہ - (۴) ایک قسم کا بڑا فالسہ (۵) شراب کا پیالہ جو ایک ہی دفعہ پی لیا جائے (صفت) (۱) شربت کے رنگ کا (۲) شربت کا یا شربت سے متعلق (۳) رس دار -
**شربہ** - (شَر - بَہ) [ع - ا - مذ] ایک قسم کی چھوٹی مشک (۲) تھیلا (۳) تالاب پانی کی وہ مقدار جو سیرابی کے لیے کافی ہو -
**شرتادا** - (شَر - تادا) [ق - ا - مذ] ایک قسم کی کھجور -
**شرح** - (ع - ا - مث) (۱) تفسیر - کھول کر کہنا - (۲) نرخ - بھاؤ -
**شرحِ آبیاشی** - (ع - ف - ا - مث) نہر کے پانی کا نرخ - آبیانہ -
**شرح بندی** - (ع - ف - ا - مث) نرخوں کا نقشہ - شرح نامہ - نرخ مقرر کرنا -
**شرح چڑھانا (کرنا)** کتاب کی شرح لکھنا - حاشیہ چڑھانا -
**شرحِ ذیل** - (ع - ا - مث) نیچے لکھی ہوئی تفصیل -
**شرحِ سُود** - (ع - ف - ا - مث) سُود کا بھاؤ -
**شرح لگان** - (ا - مث) لگان یا خرچ کا نرخ -
**شرح و بسط** - فصاحت و تفصیل - کھول کر -
**شردھا** - (ک - ا - مث) اشتیاق - آرزو (۲) عقیدت - وفاداری -
**شرذمہ** - (ع - ا - مث) تھوڑے آدمیوں کی جماعت (۲) پھول وغیرہ کا ٹکڑا - قاش -
**شرر** - (شَ - رَر) [ع - ا - مذ] آگ کی چنگاری - (۲) کینہ -
**شرربار - شرر ریز - شرر فشاں** - (ف - صف) (۱) چنگاریاں برسانے والا (۲) چنگاریاں اڑانے والا (۳) وہ جس سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہوں -



Marfat.com

**شُرزا** - [ ق - ا - مذ ] شیر ببر - تیندوا -
**شُرط** - (ع - صف) سازگار - معاون - موافق (۲) پولیس
**شَرط** - [ ع - ا - مث ] اقرار - عہد - قول قرار (۲) وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو - (۳) قید - پابندی (۴) بازی (۵) لازم - ضروری -
**شرط باندھنا - شرط بدنا** - (ا - محاورہ) بازی لگانا (۲) عہد کرنا (۳) ذمہ لینا -
**شرط بجا لانا** - (ا - محاورہ) شرط پوری کرنا - عہد و پیمان پورا کرنا - وعدہ وفا کرنا -
**شرط ٹھہرانا** - (ا - محاورہ) آپس میں عہد و پیمان کرنا -
**شرطِ خدمت بجا لانا** - (ا - محاورہ) ملازمت کے لوازم پورے کرنا - اچھی طرح خدمت انجام دینا -
**شرطِ رفاقت** - (ع - ا - مث) وہ فعل جو رفیق ہونے کے لیے کرنا لازمی ہو -
**شرط لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) بازی بدنا (۲) قید لگانا (۳) عہد و پیمان کرنا
**شرط ہونا** - (ا مص مرکب) عہد ہونا -
**شَرطی** - (شَر - طی) [ اُ - صف ] (۱) ضرور سے تنک (۲) کسی شرط پر مشروط -
**شَرطیہ** - (شَر - طی - یہ) [ ع - صف ] اقراری - شرطی - وہ جملہ جو شرط اور جزا سے مل کر پورا ہو -
**شرطیہ ہے** - (ا - محاورہ) اس شرط پر عہد یا اقرار سے -
**شَرع** - [ ع - ا - مث ] (۱) سیدھا راستہ (۲) قانونِ محمدی جو قرآن کے مطابق ہے (۳) آئین - مذہب -
**شرع پر چلنا** - (ا - محاورہ) دینِ اسلام کے قانون پر عمل کرنا -
**شرع کے خلاف کرنا** - (ا - محاورہ) قانونِ اسلام کے خلاف کوئی بات کرنا -
**شرعِ محمدی** - (ا - محاورہ) قانونِ محمدی - دینِ اسلام کا طریقہ -
**شرعِ محمدی نکاح پڑھنا** - (ا - محاورہ) قانونِ اسلام کے مطابق سادہ نکاح کرنا -
**شرع میں رخنہ ڈالنا** - (ا - محاورہ) مذہب میں کوئی نئی بات داخل کر کے خلل انداز ہونا - مذہبی باتوں میں جھگڑا ڈالنا -
**شرع میں شرم کیا** - (مثل) جائز بات کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہیے -
**شَرعاً** - (ع - تابع فعل) از روئے شرع - قانونِ اسلام کے مطابق -
**شرعاً و عُرفاً** - [ ع ] قاعدے قانون اور رواج کی رُو سے
**شَرعی** - (شَر - عی) [ ع - صف ] شرع کے مطابق - قانونِ اسلام کے مطابق -
**شرعی پاجامہ** - ٹخنوں سے اوپر پاجامہ -
**شرعی داڑھی** - (ا - مث) شرع کے مطابق داڑھی جو ایک مُشت اور دو انگل کے برابر ہوتی ہے -
**شرعی قسم** - (ع - ا - مث) قسم جو ضابطہ قانونِ اسلام کے موافق ہو (۲) اللہ کی قسم
**شَرغا** - (ع - ا - مذ) وہ گھوڑا جو سر تا سر بادامی رنگ کا ہو (۲) گھوڑے کی ایال اور دُم کے بال زرد رنگ کے ہوں -
**شَرف** - (شَ - رَف) [ ع - ا - مذ ] (۱) بزرگی - بلندی (۲) برتری - ترجیح - فوقیت (۳) عزت - فخر - افتخار (۴) کسی ستارے کا اپنے اصلی بُرج میں آنا -
**شرفِ باریابی** - (ع - ف - ا - مذ) خدمت میں حاضر ہونے کی عزت -
**شرف پانا** - (ا - محاورہ) عزت پانا - فخر حاصل کرنا -
**شرفِ خدمت** - (ن - ا - صف) ملازم ہونے کی عزت -
**شرفِ زیارت** - (ع - ف - ا - مذ) ملاقات کی عزت
**شرفِ عدالت** - (ع - ا - مذ) ناظر -
**شرف لے جانا** - (ا - محاورہ) سبقت لے جانا -
**شرفِ نیاز** - (ع - ف - ا - مث) دیکھنے یا ملنے کی عزت -
**شرف یاب** - (ع - ف - ا - صف) عزت پانے والا -
**شرف ہونا** - (ا - محاورہ) بزرگی یا فخر حاصل ہونا - عزت ملنا -
**شُرَفا** - (شُ - رَ - فا) [ ع - ا - مذ ] شریف کی جمع - مہذب لوگ - شریف لوگ -
**شَرق** - [ ع - ا - مذ ] مشرق - پورب - وہ سمت جدھر سے سورج نکلتا ہے -
**شرق سے غرب تک** - (ع - ا - مذ) مشرق سے مغرب تک - پورب سے پچھم تک - پوری دُنیا -
**شَرقی** - (شَر - قی) [ ف - صف ] مشرق سے نسبت رکھنے والا - مشرق کا -
**شرقی علوم** - وہ علوم جو ایشیا سے نکلے ہیں (۲) وہ علوم جو مشرقی زبانوں میں پڑھائے جائیں -
**شِرک** - (ع - ا - مذ) خدا کے ساتھ کسی اور شریک جاننا (۲) کفر - بُت پرستی -
**شرکِ جلی** - (ع - ا - مذ) ظاہر و صریح شرک جیسے بُت پرستی -
**شرکِ خفی** - (ع - ا - مذ) پوشیدہ شرک - خدا کو چھوڑ کر انسان پر بھروسہ کرنا -
**شُرَکا** - (شُ - رَ - کا) [ ع - ا - مذ ] شریک کی جمع - ساتھی - ساجھی -
**شِرکت** - (شِر - کَت) [ ع - ا - مث ] (۱) شامل ہونا - شمولیت (۲) ساجھا - شراکت -
**شَرم** - [ ف - ا - مث ] (۱) حیا - لاج - حجاب (۲) ننگ - عار (۳) ندامت - خجالت - شرمندگی (۴) غیرت - عزت - حرمت (۵) خیال - پاس (۶) شرمندہ -
**شرم آلود (آلودہ)** - (ا - ف - صف) شرمگیں - نادم -
**شرم آنا** - (ا - محاورہ) حیا آنا - غیرت آنا -
**شرم بھی نہیں آتی** - (ا - روزمرہ) شرم دلانے کے لیے کہتے ہیں شرمندہ ہونا چاہیے تامل ہونا چاہیے -
**شرم چہ کُتی ست کہ پیشِ مرداں آید** - (ف - مثل) بے حیا کے متعلق کہا جاتا ہے -
**شرم حضور** - (ف - ع - ا - مذ) آنکھ کی شرم رکھنے والا - سامنے لحاظ کرنے والا - آنکھ کی شرم -
**شرم دلانا** - (ا - محاورہ) شرمندہ کرنا -
**شرم رکھنا** - (ا - محاورہ) آبرو رکھنا - عزت بچانا -
**شرم رہ جانا** - (ا - محاورہ) عزت و آبرو میں فرق نہ آنا - عزت بچ جانا - بات رہ جانا -
**شرمسار** - (ف - صف) شرمندہ - نادم -
**شرمساری** - (ف - ا - مث) شرمندگی - ندامت - خجالت -
**شرم سے پانی پانی ہونا** - (ا - محاورہ) شرمندگی سے پسینہ پسینہ ہونا - نہایت شرمندہ ہونا -
**شرم سے ڈوب مرنا** - (ا - محاورہ) شرم کے پانی میں ڈوب کر جان دینا - سخت شرمندہ ہونا -



Marfat.com

**شرم سے کٹنا (گٹھڑی ہوجانا۔گڑجانا)** - (ا۔محاورہ) بے حد شرمندہ ہونا (۲) شرم سے مُنہ چھپانے کو جی چاہنا۔
**شرم کا مقام ہے** - (ا۔محاورہ) غیرت کی بات ہے۔
**شرم کرنا** - (ا۔محاورہ) حیا کرنا۔شرمندہ ہونا۔لحاظ کرنا۔
**شرم کی بات** - (ا۔مث) غیرت کی بات۔افسوس کی بات۔
**شرم کے مارے** - (ا۔متعلق) شرم کی وجہ سے۔غیرت سے۔
**شرم گاہ** - (ف۔ا۔مث) عورت کی جائے ستر۔اندامِ نہانی۔انسان کے بول و براز کی جگہ
**شرمگیں** - (ف۔صف) شرمندہ۔خجل۔
**شرمناک** - (ف۔صف) قابلِ شرم۔
**شرم والے کے پھوٹے کرم** - (ا۔مثل) شرم کرنے والا محروم ہی رہتا ہے۔
**شرم ہی شرم میں کام تمام ہوا** - (ا۔مثل) لحاظ یا مروّت میں نقصان اٹھایا (کام بگڑ گیا)
**شرما شرمی** - [ا۔مث] شرم و لحاظ کے دباؤ میں۔مروّت میں۔طوعاً کرہاً۔
**شرمانا** - (شر۔ما۔نا) [اُر۔مص] (۱) لجانا (۲) شرمندہ ہونا۔نادم ہونا۔ (۳) شرمندہ کرنا۔ذلیل کرنا۔
**شرماؤ۔شرمالُو** - (شر۔ما۔اُو۔شر۔ما۔لُو) [اُر۔صف] شرمیلا۔حیادار۔
**شرم و حیا کا دامن چاک ہونا** - (ا۔محاورہ) بے شرم و بے حیا ہو جانا۔
**شرمندگی** - (شر۔مں۔دِ۔گی) [ف۔ا۔مث] شرم۔ندامت۔خجالت۔
**شرمندگی اُٹھانا** - (ا۔محاورہ) شرمندہ ہونا۔خفت اٹھانا۔خفیف ہونا۔
**شرمندہ** - (شر۔مں۔دَہ) [ف۔صف] (۱) شرمسار۔نادم۔ (۲) ممنون
**شرمندۂ احسان** - (منت) [ف۔صف] احسان مند۔ممنونِ احسان
**شرمندۂ تعبیر** - (ف۔صف) جس کی کوئی تعبیر ہو۔
**شرمندۂ معنی** - (ف۔صف) جس کے معنی ہوں۔بامعنی۔
**شرمیلا** - (شر۔می۔لا) [اُر۔صف] شرم کرنے والا۔حیادار۔
**شرن** - (س۔ا۔مذ) پناہ۔بچاؤ۔حفاظت۔امن کی جگہ۔
**شرنارتھی** - (ہ۔ا۔مذ) جو وطن چھوڑ کر آیا ہو۔مہاجر۔
**شروا** - (شر۔وا) [اُر۔ا۔مذ] شوربا۔
**شروا پُھلکا** - (ا۔مذ) شوربا اور پھلکا (۲) ہلکی غذا۔
**شرواچٹ** - (ا۔صف) (۱) بیموں نچوڑ۔لالچی (۲) ابن الوقت۔زمانہ ساز
**شرور** - (ش۔رُو۔ر) [ع۔ا۔مذ] شر کی جمع۔برائیاں۔
**شروط** - (ع) شرط کی جمع۔عہد۔پیمان۔اقرار۔
**شروع** - (ش۔رُو۔ع) [ع۔ا۔مذ] آغاز۔ابتدا۔پہل۔اُٹھان۔
**شروعات** - (شُ۔رُو۔عات) [اُر۔ا۔مث] شروع کی جمع مگر اُردو میں واحد مستعمل ہے۔ابتدا۔آغاز۔
**شری** - (شر۔ری) [اُر۔صف] (۱) فسادی۔شریر (۲) بد
**شری** - (شِ۔ری) [س۔ا۔مذ] جناب۔صاحب۔مسٹر۔
**شریان** - (شر۔یان) [ع۔ا۔مث] چھوٹی چھوٹی رگیں جن کے ذریعے صاف سُرخ خون گردش کرتا ہے۔جمع شرائین۔
**شریر** - (ش۔ریر) [ع۔صف] (۱) شرارتی۔ (۲) بُرا۔بدذات
**شریر** - (شَ۔ریر) [س۔ا۔مذ] بدن۔جسم۔

**شریعت** - (ش۔ری۔عت) [ع۔ا۔مث] (۱) مذہبی قانون۔قانونِ الٰہی (۲) قانون (۳) طریقہ۔جمع شرائع۔
**شریعت کا پابند** - (ع۔ا۔مذ) شریعت کے احکام پر عمل کرنے والا۔
**شریف** - (ش۔ریف) [ع۔صف] (۱) بزرگ۔عالی خاندان (۲) بھلا مانس اصیل۔مہذب۔کلمۂ تعظیم جو شہروں اور مقدس مقامات کے لیے مستعمل ہوتا ہے جیسے شرتپور شریف۔
**شریف زادہ** - (ع۔ا۔مذ) اشراف کا بیٹا۔مہذب۔
**شریف الطرفین** - (ع۔صف) ماں باپ دونوں کی طرف سے شریف۔
**شریف النفس** - (ع۔صف) شریف طبع۔نیک خُو۔
**شریف و رذیل** - ادنیٰ اعلیٰ۔نیک بد۔ہر قسم کے لوگ۔
**شریفہ** - (ش۔ری۔فہ) [ع۔صف] شریف عورت (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھل۔سیتا پھل۔
**شریک** - (ش۔ریک) [ع۔صف] شرکت رکھنے والا۔رفیق (۲) شامل۔ملا ہوا۔ملحق (۳) حصہ دار۔ساجھی (۴) ساتھی (۵) رشتہ دار۔
**شریکِ حیات** - (رنج و راحت) [ع۔صف] زندگی کے دکھ سکھ میں ساتھی یعنی میاں بیوی۔
**شریک الرائے** - (ف۔ا۔مث) رائے سے اتفاق کرنے والا۔متفق الرائے۔
**شریکِ جُرم** - (ف۔ا۔صف) جرم میں شامل۔
**شریکِ حال** - (ا۔مذ) رنج و راحت کا ساتھی۔دُکھ سُکھ کا ساتھی۔
**شریکِ رنج و راحت** - (ا۔مقولہ) دُکھ سُکھ کا ساتھی۔
**شریکِ شکمی** - (ا۔مذ) وہ شخص جو کاشتکاری میں شریک ہو اور جس کے نام زمیندار کی طرف سے پٹہ ہو۔
**شریک کرنا** - (مص۔مرکب) ساجھی بنانا۔شامل کرنا۔حصہ دار بنانا۔
**شریک ہونا** - (ا۔محاورہ) ملنا۔ساتھ ہونا (۲) ساجھی ہونا۔

## ش۔ڑ

**شڑاپ شڑاپ** - (ا۔مث) کوڑے مارنے کی آواز۔
**شڑپنا** - (ا۔مذ) گھونٹ بھرنا۔کسی سیال کو آواز کے ساتھ کھینچ کر پینا۔

## ش۔س

**شِست** - [ف۔ا۔مث] (۱) نشانہ۔سیدھ۔ہدف (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔بنسی (۳) انگشتانہ۔فارسی میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے۔
**شِست باندھنا** - (ا۔محاورہ) نشانہ لگانا۔سیدھ باندھنا۔
**شُست** - (ف۔ا۔مذ) دھونے کا عمل۔
**شُستگی** - (شُس۔تَ۔گی) [اُر۔ا۔مث] صفائی۔دُھلا ہوا ہونا۔ (۲) الفاظ کی سلاست۔
**شُست و شو** - [ف۔ا۔مث] نہانا دھونا۔دھو کر صاف کرنا۔



Marfat.com

شُستہ ۔ (شُس ۔ تہ) [ف ۔ صف] صاف کیا ہُوا (۲) پاک خالص (۳) دھویا ہُوا ۔
شُستہ تقریر ۔ (زبان ۔ گفتگو) [ف ۔ ا ۔ مث] سلیس اور صاف بات چیت ۔
شُستہ و رُفتہ ۔ (ف ۔ صف) منجھا ہُوا ۔ پاکیزہ ۔
شُستہ زبان ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) جس کی زبان سلیس ہو ۔

## ش ش

شَش ۔ (ف ۔ صف) چھ ۔ ۶
شش پہلو / گوشہ ۔ [ف ۔ صف] چھ کونہ
شش جہت ۔ (ف ۔ صف) چھ اطراف شمال، جنوب، مشرق، مغرب اُوپر نیچے ۔ تمام عالم ۔ پُوری کائنات ۔
شش دانگ ۔ چھ طرفیں ۔ تمام دُنیا ۔
شش روز ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) دُنیا کی پیدائش کے چھ دن ۔
شش عید / ششہ عید کے روزے ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] عید الفطر کے بعد کے چھ روزے ۔
ششدر ۔ (۱) حیران پریشان ۔ ہکا بکا (۲) چھ دروازے کا مکان
ششم ۔ (ف ۔ مث) چھٹا ۔
شش ماہی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] چھ ماہی ۔ نصف سال ۔
شش و پنج ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سوچ بچار ۔ فکر و اندیشہ ۔ گھبراہٹ ۔
شُش ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پھیپھڑا ۔
شُش ۔ (ا ۔ مذ) وہ آواز جس کے ذریعے کتے سے کسی پر حملہ کرایا جاتا ہے
شُشکار / شُسکاری ۔ (شُس ۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مث] شش کہہ کر کُتے کو کسی شکار پر دوڑانا ۔
شُشکارنا ۔ (شُش ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مص] (۱) شکار پر دوڑانا ۔ (۲) شُش شُش کرنا ۔

## ش ص

شَصت ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ساٹھ ۶۰

## ش ط

شَط ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) دریا ۔ ندی ۔ (۲) دریا کا کنارہ (۳) اونٹ کے کوہان کی ایک طرف ۔
شطّ العرب ۔ (ع ۔ مذ) عراق کا دریا جو دجلہ اور فرات کے ملنے سے بنتا ہے

شطاح ۔ (شط ۔ طاح) [ع ۔ صف] بے حیا ۔ بے شرم ۔ بدچلن ۔
شطح ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) شریعت کے خلاف بکواس ۔ (۲) بے حیائی ۔
شطحیات ۔ (شط ۔ حی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) ژٹل بازی (۲) خلاف شرع کوئی ایسا کلمہ جو اللہ والوں سے خلاف شرع بے اختیاری میں نکل جائے ۔ شطح کی جمع ۔
شطرنج ۔ (شط ۔ رنج) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک کھیل جو ۳۲ مُہروں اور ۶۴ خانوں سے کھیلا جاتا ہے ۔
شطرنج باز ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) شاطر ۔ شطرنج کا کھلاڑی ۔
شطرنج بازی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) شطرنج کا کھیل
شطرنج کا نقشہ ۔ (ا ۔ مذ) شطرنج کے چند مُہرے بساط پر رکھ کر قید لگاتے ہیں کہ اتنی چالوں میں مات کرے ۔
شطرنجی ۔ (شط ۔ رن ۔ جی) [اُ ۔ ا ۔ مث] دری ۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا (۲) بساط ۔
شطل ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) ایسا جواری جو کھیل میں شریک نہ ہو لیکن جُوئے کی رقم کا حصّہ دار ہو ۔ جوا کھلانے والا ۔

## ش ع

شعار ۔ (ش ۔ عار) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چلن ۔ طریقہ ۔ طور ۔ مرکبات کے آخر میں بھی آتا ہے جیسے ستم شعار ۔ وفا شعار (۲) بدن سے لگا ہوا کپڑا ۔
شعاع ۔ (ش ۔ عاع) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کرن (۲) روشنی ۔ چمک ۔
شعاع ریزی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) (۱) چمکانا ۔ درخشاں کرنا ۔ روشنی ڈالنا ۔
شعاعی ۔ (ش ۔ عا ۔ عی) [ع ۔ صف] کرن سے متعلق ۔ روشن ۔ چمکیلا ۔
شعائر ۔ (ش ۔ عا ۔ ار) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) قربانیاں (۲) نشانیاں ۔ رسُوم (۳) فرائض اور عبادات ۔
شعائرِ حج ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حج کے فرائض ۔
شعب ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] پہاڑی سڑک ۔ درّہ (۲) بیچ زمین (۳) خاندان ۔ قبیلہ ۔
شعبان ۔ (شع ۔ بان) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینہ ۔ (۲) شب برات کا مہینہ ۔
شعبدہ ۔ (شع ۔ ب ۔ دہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جادو سے متعلق ہُنر یا کھیل (۲) نظر بندی ۔ دھوکا ۔ فریب (۳) چالاکی کا مظاہرہ ۔
شعبدہ باز ۔ شعبدہ گر ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ بازی گر جو حیرت انگیز کرتب دکھائے بھان متی (۲) دھوکے باز (۳) مداری ۔
شعبدہ بازی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) نظر بندی (۲) جادوگری (۳) دغابازی ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔
شعبہ ۔ (شع ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ٹکڑا ۔ حصّہ ۔ شاخ (۲) وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے ۔ (۳) محکمہ ۔
شعر ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جاننا ۔ کسی باریک چیز کا جاننا ۔ (۲) موزوں مُقفّٰی کلام



Marfat.com

نظم - بیت - گیت - (۳) سخن موزوں (۴) بال - مُو
شعر بنانا - (ا - محاورہ) (۱) شعر کہنا - شعر موزوں کرنا (۲) شعر میں اصلاح کرنا۔
شعرِ تر - (ع - ف - ا - مذ) پاکیزہ - پُرلطف شعر۔
شعر خوانی (ع - ف - ا - مث) شعر پڑھنا۔
شعر ڈھل جانا - (ا - محاورہ) شعر کا بے ساختگی کے ساتھ موزوں ہو جانا۔
شعر فہمی - و عالم بالا معلوم شد - (ف - مثل) شعر ناشناسی یا نافہمی پر ایک طنز کہ اُوپر والوں کے شعر سمجھنے کا حال معلوم ہو گیا۔
شعر گو - (ع - ف - ا - مذ) شعر کہنے والا - شاعر۔
شعر گوئی - (ع - ف - ا - مث) شاعری - شعر کہنا۔
شعر لڑنا - (ا - محاورہ) دو شاعروں کے اشعار کا مضمون ایک ہونا۔
شعر مرا بمدرسہ کہ بُرد (مثل) میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا اس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز نا قدروں کے ہاتھ پڑ جائے۔
شعر و سُخن - (ف - ا - صف) شاعری - شاعری کا مذاق۔
شُعَرا - (ش - ع - را) [ع - ا - مذ] شاعر کی جمع - شعر لکھنے والے۔
شعریت - (شع - ری - یت) [ع - ا - مث] شعرپن - شعر کا حُسن - شعر کی رُوح۔ (۲) حُسن و رعنائی - دلکشی - کمال جاذبیت۔
شَعشَعہ - (شع - شَ - عَہ) [ع - ا - مذ] چمک - آفتاب کی روشنی (۲) حرف کا آخری حِصّہ (۳) افواہ - جھوٹی رپورٹ۔
شُعلہ - (شُع - لَہ) [ع - ا - مذ] (۱) روشنی - چمک (۲) آگ کی لپیٹ - لَو۔
شعلہ آشام - (ع - ف - صف) جلنے والا (۲) مجازاً شراب پینے والا۔
شعلہ آواز - (ع - ف - ا - مذ) آواز کی تیزی جو دل پر اثر کرے - پُرسوز آواز۔
شعلہ برق - بجلی کی چمک - وہ شعلہ جو بجلی چمکنے کے وقت نظر آتا ہے۔
شعلہ اُٹھنا - (۱) آگ کی لپٹ نکلنا - (۲) غصّہ آنا (۳) جلن ہونا۔
شعلہ افشاں - شعلہ فشاں - شعلہ بار - (ع - ف - صف) شعلہ برسانے والا۔ جس سے شعلے نکلیں۔
شعلہ بھبوکا ہونا - (ا - محاورہ) کمال غضبناک ہونا - غصّے میں سُرخ ہونا۔
شعلہ بھڑکنا - (ا - محاورہ) شعلہ کا تیز ہونا - (۲) فساد کی آگ بھڑک اُٹھنا۔
شعلہ جام - (کنایتاً) شراب۔
شعلہ جوّالا - (ع - ا - مذ) گرداگرد پھرنے والا شعلہ (۲) جلتی ہوئی بنیٹی کا چکر۔ (۳) معشوق۔
شعلہ خُو - (ع - ف - صف) (۱) تیز مزاج - تُند خُو (۲) محبوب۔
شعلہ رُخ - شعلہ رُو (ع - ف - صف) (۱) دمکتے چہرے والا - (۲) معشوق
شعلہ در دل - (ع - ف - ا - مذ) اندرونی آگ - دل کی تپش
شعلہ زا - (ع - ف - ا - صف) شعلہ پیدا کرنے والا۔
شعلہ زبان - تیز زبان۔
شعلہ زن - (ع - ف - صف) شعلہ مارنے والا - شعلہ نکالنے والا۔
شعلہ طُور - (ع - ا - مذ) وہ نور جو حضرت موسیٰؑ کو طور پہاڑ پر دکھائی دیا۔
شعلہ فشاں - (ع - ف - صف) شعلے برسانے والا۔
شعلہ مستعجل - (ع - ا - مذ) ناپائدار شعلہ (۲) اچھی اور ناپائدار چیز
شعلے اُگلنا - (ا - محاورہ) کسی چیز کا آگ کی لپٹیں دینا۔

شعور - (ش - عور) [ع - ا - مذ] (۱) عقل - سلیقہ (۲) تمیز - پہچان (۳) سمجھ عقل - دانش۔
شعور پکڑنا - (ا - محاورہ) ہوش سنبھالنا - ہوشیار ہونا (۲) تمیز سیکھنا۔
شعیب - (ش - عیب) [ع - ا - مذ] ایک مشہور پیغمبر۔
شعیر - (شَ - عِیر) [ع - ا - مذ] جَو۔

## ش - غ

شغال - (شَ - غال) [ف - ا - مذ] گیدڑ۔
شغب - (شَ - غَب) [ع - ا - مذ] شور - غُل۔
شغف - (شَ - غَف) [ع - ا - مذ] بے حد محبت - بے انتہا رغبت۔ کمال دلچسپی۔
شُغل شغل - [ع - ا - مذ] (۱) کام دھندا (۲) مشغلہ - پیشہ - (۳) تفریح طبع (۴) خدا کا دھیان۔
شغل کرنا - (ا - محاورہ) (۱) کسی کام میں مشغول ہونا - کھانے پینے حقہ پینے وغیرہ کے لیے مستعمل ہے۔

## ش - ف

شَفا - (ع - ا - مث) کنارہ - ساحل۔
شِفا - (ش - فا) [ع - ا - مث] صحت - تندرستی - بیماری سے صحت۔
شِفا بخش - (ع - ف - ا - صف) شفا دینے والا - اچھا کرنے والا۔
شفا پانا - (مص مرکب) بیماری سے صحت پانا - صحتیاب ہونا۔
شفا خانہ - (ع - ف - ا - مذ) بیماروں کے علاج کی جگہ - ہسپتال۔
شفایاب ہونا - (ا - محاورہ) صحت ہونا - تندرست ہونا۔
شفاشف - (ق) (۱) پے در پے (۲) تیر کی پیہم آواز۔
شفاعت - (شَ - فاعَت) [ع - ا - مث] گناہوں کی معافی کی سفارش۔
شفاعت کنندہ - شفاعت گر - (ع - ف - صف) شفاعت کرنے والا۔
شفاف - (شف - فاف) [ع - صف] نہایت صاف جس میں آر پار نظر آئے۔
شفتالو - (شف - تالُو) [ف - ا - مذ] ایک قسم کا بڑا آڑو۔
شفتل - (شف - تَل) [ار - صف] بدچلن - بدکار عورت - (۲) ایک قسم کا چارہ جسے شتالا بھی کہتے ہیں۔
شفٹ - (Shift) [انگ - ا - مث] (مزدوروں کی) بدل جوکی۔
شفعہ - (شُف - عہ) [ع - ا - مذ] گھر یا زمین کی ہمسائگی جس کا بہت بڑا حق ہے۔
شفق - (شَ - فق) [ع - ا - مث] سُرخی جو طلوع آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروب آفتاب کے بعد شام کو نمودار ہوتی ہے۔
شفق پھولنا - (ا - محاورہ) شفق کھلنا - شفق کا نمودار ہونا۔



Marfat.com

**شفق کا ٹکڑا** - (ا-صف) نہایت حسین -
**شفقت** - (شَف-قَت) [ع-ا-مث] (۱) لُطف - مہربانی - رحم (۲) محبت - پیار - جمع : اشفاق
**شفقی** - (شَ-فَ-قی) [ع-صف] شفق سے متعلق - شفق کی مانند -
**شفیع** - (شَ-فیع) [ع-صف] (۱) شفاعت کرنے والا - (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا -
**شفیع الاُمَم** (الورا) (ع-صف) اُمت کی شفاعت کرنے والا - پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب -
**شفیعِ محشر** - (ع-صف) حشر کے دن شفاعت کرنے والا - رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب -
**شفیق** - (شَ-فیق) [ع-صف] (۱) مہربان - غمخوار - ہمدرد - (۲) پیارا

## ش-ق

**شق** - [ع-صف] (۱) پھٹا ہُوا - شگاف پڑا ہُوا (۲) [ا-مذ] شگاف - سوراخ -
**شق القمر** - (ع-ا-مذ) چاند کا پھٹ جانا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مُعجزہ -
**شِق** - (ع-ا-مث) (۱) نصف حِصّہ (۲) ٹکڑا - حِصّہ (۳) طرف - جانب (۴) قسم - نوع -
**شِق نکالنا** - (ا-محاورہ) شبہ کرنا - جھگڑا نکالنا -
**شِق نکلنا** - (ا-محاورہ) جھگڑا نکلنا - شاخ نکلنا -
**شِق ہونا** - (ا-محاورہ) پھٹ جانا -
**شِقا** - (ع-ا-مث) بدبختی -
**شِقاق** - (ع-ا-مذ) دُشمنی - مخالفت - نفاق -
**شقاوت** - (شَ-قا-وَت) [ع-ا-مث] (۱) بدبختی - بدنصیبی (۲) بدمعاشی (۳) سنگدلی
**شقائق** (شَ-قا-ئق) [ع-ا-مذ] (۱) شقیقہ کی جمع (۲) شگاف (۳) گُلِ لالہ - ایک پھُول -
**شُقّہ** - (شُ-قَہ) [ع-ا-مذ] (۱) وہ رقعہ جو بادشاہ اپنے امراء کو کسی ضروری امر کے لیے لکھے - خط - رقعہ (۲) وہ کپڑا جو علم میں باندھتے ہیں - پھریرا -
**شقی** - (شَ-قی) [ع-صف] (۱) بدبخت - بدنصیب (۲) ظالم - سنگدل - جمع اشقیا
**شقیق** - (ع-صف) نصف - آدھا ٹکڑا - ہر چیز کا نصف (۲) سگا بھائی -
**شقیقہ** - (شَ-قی-قَہ) [ع-ا-مذ] (۱) کنپٹی (۲) آدھے سر کا درد -

## ش-ک

**شک** - [ع-ا-مذ] شُبہ - گُماں - احتمال - اشتباہ - ابہام - جمع : شکوک -

**شک آنا - شک پڑنا** - (ا-محاورہ) شُبہ پیدا ہونا - گمان ہونا -
**شک جانا** - (مص مرکب) (۱) شُبہ ہونا - (۲) شبہ دُور ہونا -
**شک ڈالنا** - (ا-محاورہ) شبہ پیدا کرنا -
**شک رفع کرنا** - (ا-محاورہ) شبہ دُور کرنا - شک نکالنا -
**شک ظاہر کرنا** - (ا-محاورہ) شبہ کا اظہار کرنا -
**شک گزرنا** - (ا-محاورہ) شبہ ہونا -
**شِکار** (شِ-کار) [ع-ا-مذ] (۱) جانوروں کا مارنا (۲) مارا ہُوا جانور - (۳) وہ جانور جس کا شکار عام طور پر کیا جاتا ہے (۴) لُوٹ - مُفت کا مال -
**شکاربند** - (ف-ا-مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لیے ہوتا ہے -
**شکار کا رِبکاراں** - (ا-مثل) شکار ربکار لوگوں کا مشغلہ ہے -
**شکار کرنا** - (ا-محاورہ) (۱) کسی جانور یا حیوان کو مارنا (۲) قابو میں لانا - (۳) فریفتہ کرنا - مطیع کرنا - مغلوب کرنا (۴) فریب سے لوٹنا -
**شکار کھیلنا** - (مص مرکب) جانور کو مارنا - جانور کو پکڑنا -
**شکار کی تھیلی** - (ا-مث) ایک چھوٹی سی تھیلی جس پر گھاس اور پتے باندھ کر شکاری اپنے پاس رکھتا ہے -
**شکار کے وقت کُتیا ہگائی** - (ا-مثل) کام کے وقت حیلے بہانے کرنا - یا عین موقع پر ٹال جانا -
**شکار گاہ** - (ف-ا-مذ) شکار کھیلنے کا جنگل - رمنا - صیدگاہ -
**شکار ہاتھ آنا** - (ا-محاورہ) شکار کا جانور ملنا - کسی کا وکیلوں، طوائفوں یا بدمعاشوں کے قابو آنا (۲) مفت ملنا -
**شکار ہونا** - (۱) کسی جانور کا مارا جانا (۲) جال میں پھنسنا - قابو میں آنا - (۳) عاشق ہونا - مفتون ہونا -
**شکاری** - (شِ-کاری) [ف-ا-مذ] (۱) شکار کرنے والا شخص (۲) صیاد (۳) شکار سے نسبت رکھنے والا -
**شکاری جانور** - (ف-ا-مذ) شکار کرنے والا جانور -
**شکاری کُتّا** - (ا-مذ) شکار پکڑنے والا کتّا -
**شِکال** - [ع-ا-مذ] وہ گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید اور چوتھی کسی اور رنگ کی ہو -
**شکانا** - [ت-مص] ڈرانا -
**شکایت** - (شِ-کا-یت) [ع-ا-مث] (۱) گلہ - شکوہ (۲) مرض - بیماری (۳) فریاد - دادخواہی (۴) بُرائی - بدی - عیب -
**شکایت آمیز** - (ع-ف-صف) شکایت سے بھرا ہُوا جس میں شکایت پائی جائے -
**شکایت رفع کرنا** - (ا-محاورہ) دُکھ درد دُور کرنا - تکلیف مٹانا - شکایت یا گلہ کی تلافی کرنا -
**شکایت کرنا** - (ا-محاورہ) گلہ کرنا - دُکھڑا رونا (۲) غیبت کرنا (۳) کوئی تکلیف ہونا -
**شکایت مند** - (ع-ف-صف) شکایت کرنے والا - گلہ گُزار -
**شکایت ہونا** - (ا-محاورہ) گلہ ہونا (۲) کوئی بیماری ہونا (۳) بُرائی بیان کرنا -



Marfat.com

**شکائتی** - (ش-کا-ئ-تی) [اُ-صف] شکایت سے متعلق شکایت کرنے والا۔
**شکتی** - (شک-تی) [س-امث] طاقت۔بل۔زور۔
**شکر۔شکّر** - (شَ-کَر۔شک-کَر) [ف-امث] کھانڈ۔چینی۔بُورا۔
شکرپارہ۔ (ف-امذ) ایک قسم کی مٹھائی جو مربع شکل کی ہوتی ہے۔
شکرپھوٹانا۔ چنے یا مٹر کا دانہ جس پر شکر لپٹی ہوئی ہو۔ (ق)
شکرتری۔ (ف-امث) سفید شکر
شکرخا۔ (ف-امث) (۱) شکر چباتا ہوا (۲) شیریں سخن۔
شکرخند۔شکرخندہ۔ (ف-صف) مسکراہٹ۔تبسم۔
شکرخوابی۔ (ف-امث) میٹھی نیند۔
شکرخورہ۔شکرخورا۔ (ف-امث) (۱) ایک پرند جو رس یا مٹھاس نہایت شوق سے کھاتا ہے (۲) تر مال کھانے والا۔
شکرخورے کو خدا شکر ہی دیتا ہے۔ (امثل) جیسی خواہش ہو ویسے ہی سامان پیدا ہو جاتے ہیں۔
شکرخورے کو شکر موذی کو ٹکر۔ (امثل) اچھے کو نیک نتیجہ اور بُرے کو سزا ملتی ہے۔
شکردان۔ (ف-امذ) چینی رکھنے کا برتن۔
شکردہان۔ (ف-صف) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔
شکررنجی۔ ان بن۔معمولی سی رنجش۔
شکرریز۔ (ف-صف) شیریں گفتار۔خوش طبع۔پُرمذاق۔
شکرزبان۔ (ف-صف) شیریں سخن اور خوش گفتار۔
شکر سے منہ بھرنا۔ (امحاورہ) کسی خوشخبری کے شکریہ میں مٹھائی کھلانا۔منہ میٹھا کرانا۔
شکرشکن۔ (ف-صف) شیریں زبان۔شیریں کلام کرنے والا۔
شکروشیر ہونا۔ (امحاورہ) بہت گہرے دوست ہونا۔شیروشکر فصیح ہے۔
شکرفروش۔شکرفشاں۔ (ف-صف) شکر بیچنے والا (۲) شیریں زبان (۳) معشوق۔
شکرقند۔ (امث) ایک قسم کی میٹھی ترکاری جسے اُبال کر یا ریت میں بھون کر کھاتے ہیں۔
شکرگفتار۔شکرمقال۔ (ف-صف) شیریں سخن۔شیریں زبان۔
شکرگنج۔ (۱) شکر کا خزانہ (۲) حضرت فریدالدین مسعود کا لقب۔
**شُکر** - [ع-امذ] احسان ماننا۔سپاس۔احسان مند۔
شُکرایزد۔شُکرخدا۔ (ع-امذ) اللہ کا شکر۔خدا کے احسان کی تعریف کا اظہار۔
شُکر کی جگہ ہونا۔ (امحاورہ) احسان ماننے کا موقع یا محل ہونا۔
شُکرگزار۔ (ف-امذ) احسان ماننے والا۔
شُکرگزاری۔ (ف-امث) احسان مندی۔ممنونیت۔
**شکرلب** - (ف-صف) میٹھے ہونٹوں والا۔کنایتاً معشوق۔
**شکرانہ** - (شک-را-نہ) [اُ-امذ] وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ملا کر کھلائیں۔
**شُکرانہ** - (شک-را-نہ) [ف-امذ] (۱) شکریہ (۲) وہ رقم جو کامیابی کے بعد علاوہ محنتانہ کے دی جائے۔

**شکروار** - (س-امذ)
**شکرم** - (شک-رم) [اُر-امث] ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی۔
**شِکرہ** - (شِک-رَہ) [ف-امذ] باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ۔
شِکرہ پالنا۔ (امحاورہ) (۱) اپنے سر بار لینا (۲) خرچ باندھنا (۳) بھروسہ کرنا۔
**شکریہ** - (شک-ری-یہ) [ع-امذ] کسی کے احسان کا تعریف کے ساتھ اظہار۔
**شکست** - (ش-کَست) [ف-امث] (۱) ہار۔ہزیمت۔مات (۲) ٹوٹ پھوٹ۔شکستگی۔
شکست بند۔ ایک قسم کا چھلا جو ٹوٹتا اور بند ہو جاتا ہے۔
شکست پانا۔ (امحاورہ) ہار جانا۔زک اُٹھانا۔مات کھانا۔
شکست پذیر۔ (ف-صف) کچا۔نازک (۲) ٹوٹ جانے والا۔
شکست توبہ۔ (ف-امث) توبہ کا توڑنا یا ٹوٹنا۔
شکست خوردہ۔ (ف-صف) ہارا ہوا۔ہزیمت کھایا ہوا۔
شکست فاش۔ (ف-امث) ایسی شکست جس میں کسی کو شبہ نہ ہو۔بھاری شکست۔
شکست کھانا۔ (امحاورہ) ہار جانا۔زک اٹھانا۔
شکست وریخت۔ (ف-امث) ٹوٹ پھوٹ۔نقصان۔ہرجہ
شکست یافتہ۔ (ف-صف) ہزیمت خوردہ۔ہارا ہوا۔
**شکستگی** - (ش-کست-گی) [ف-امث] ٹوٹ پھوٹ۔انہدام۔
**شِکستہ** - (شِ-کَس-تہ) [ف-امث] (۱) ٹوٹا ہوا۔گرا ہوا (۲) خراب۔بے رونق (۳) وہ رسم الخط جو گھسیٹ کر لکھا جائے۔
شکستہ بال۔شکستہ بازو۔شکستہ پا۔شکستہ پر۔ (ف-صف) بے کس بے بس۔کمزور۔ضعیف۔
شکستہ خاطر۔شکستہ دل۔ (ف-صف) اُداس۔غمگین۔مایوس۔
شکستہ حال۔ (ف-صف) خستہ حال۔محتاج۔مصیبت زدہ۔
شکستہ رنگ۔ (ف-صف) جس کا رنگ اُڑا ہوا ہو۔
شکستہ نویس۔ (ف-امذ) شکستہ رسم الخط لکھنے والا۔
**شِکشا** - (س-امث) علم۔تحصیل علم۔ودیا (۲) تعلیم دینا۔تربیت کرنا (۳) سزا۔تعزیر۔تادیب۔
**شکل** - [ع-امث] (۱) صورت۔قطع۔روپ (۲) چہرہ (۳) وضع ڈھنگ۔انداز (۴) طور طریق (۵) نوع۔قسم (۶) نقشہ۔ڈھانچہ (۷) تدبیر۔سبیل (۸) صورت (۹) حالت۔گت (۱۰) مشابہ۔مثل۔مانند جمع اشکال۔
شکل بدلنا۔ (امحاورہ) صورت تبدیل کرنا۔وضع بدلنا۔بھیس بدلنا۔
شکل بگاڑنا۔ (امحاورہ) (۱) صورت بگاڑنا۔چہرہ بدصورت کر دینا۔ (۲) مار پیٹ کر بدصورت کر دینا۔
شکل بنانا۔ (امحاورہ) (۱) نقشہ بنانا۔خاکہ کھینچنا (۲) نقل کرنا۔کسی صورت کا اختیار کرنا (۳) چہرہ بگاڑنا۔منہ بنانا۔
شکل پکڑنا۔ (امحاورہ) صورت اختیار کرنا۔
شکل تو دیکھو۔ (امحاورہ) (طنزاً) حوصلہ دیکھو۔ہمت دیکھو۔



Marfat.com

شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا۔ (ا-مثل) بدصورتی پر غرور کرنے والا۔
شکل حماری۔ (ع-ا-مث) اقلیدس کے پہلے مقالہ کی سینتالیسویں شکل جو ایسی آسان ہے کہ اسے نہ سمجھنے والا نہایت احمق کہلاتا ہے۔
شکل دیکھا کرے۔ (ا-محاورہ) حیران ہو جائے۔
شکل زہر معلوم ہونا۔ (ا-محاورہ) صورت سے نفرت ہونا۔
شکل سے بیزار ہونا۔ (ا-محاورہ) سخت نفرت کرنا۔
شکل نکالنا۔ (ا-محاورہ) موقع نکالنا۔ کوئی تدبیر پیدا کرنا۔
شکل وشباہت۔ (ف-ا-مث) صورت۔ چہرہ۔ رنگ ڈھنگ۔
شکل وشمائل۔ (ف-ا-مث) صورت وسیرت۔ رنگ وروپ۔
شکم۔ (شِکَم، شِ-کَم) [ف-ا-مذ] پیٹ۔ بطن۔
شکم بندہ۔ شکم پرست۔ شکم پرور۔ (ف-صف) (۱) پیٹو۔ کھاؤ (۲) حریص۔ لالچی۔
شکم سیر۔ (ف-صف) پیٹ بھرا ہوا۔ رجا ہوا۔ آسودہ۔
شکمی۔ (شِکَ-می) [ف-صف] (۱) جنم کا۔ مادرزاد۔ پیدائشی (۲) پیٹ سے متعلق (۳) بیچ کا۔ اندرونی (۴) پُرخور۔ پیٹو (۵) وہ کاشتکار جو اراضی کو اصلی کاشتکار سے لے کر جوتتے ہوتے۔
شکن۔ (شِ-کَن) [ف-ا-مث] (۱) چین۔ بل (۲) مجھول۔ سلوٹ۔
شکستن مصدر کا صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے جیسے بت شکن۔
شکن در شکن۔ (ف-صف) پیچدار۔ زلف اور بالوں کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
شکن ڈالنا۔ بل ڈالنا۔
شکنجہ۔ (شِ-کَن-جہ) [ف-ا-مذ] (۱) مجرموں کو سزا دینے کا آلہ۔ (۲) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے یا پشتہ لگاتے ہیں۔ (۳) عذاب۔ ایذا۔ دکھ۔ تکلیف۔
شکنجہ آبی۔ (ف-ا-مذ) روئی دبانے کا ایک آلہ جو پانی کے دباؤ سے روئی کے حجم کو کم کر دیتا ہے۔ ہائڈرالک پریس۔
شکنجے میں کھنچوانا۔ شکنجے میں کھینچنا۔ (ا-محاورہ) (۱) ملزم کو شکنجہ کے ذریعہ عذاب دینا (۲) سخت سزا دینا۔ (۳) چاروں طرف سے جکڑ دینا۔
شکور۔ (شَ-کُور) [ع-صف] (۱) بہت شکر کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
شکوک۔ (شُ-کُوک) [ع-ج-ا-مذ] شک کی جمع۔ شبہات۔
شکوہ۔ (شِک-وَہ) [ف-ا-مذ] شکایت۔ گلہ۔
شکوہ سنج۔ گذار۔ (ع-ف-صف) شکایت کرنے والا۔
شکوہ گزاری۔ (ف-ا-مث) گلہ۔ دوستانہ شکایت۔
شکوہ مند۔ (ف-صف) شکوہ کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
شکوہ۔ (شُ-کوہ) [ف-ا-مذ] رعب داب۔ شان وشوکت۔
شکی۔ (شَک-کی) [ا-صف] (۱) وہمی۔ شبہ کرنے والا (۲) غیر یقینی۔
شکیب۔ (شَ-کیب) [ف-ا-مذ] صبر۔ تحمل۔ بردباری۔ برداشت اردو میں عموماً صبر و شکیب استعمال ہوتا ہے۔
شکیبائی۔ (شَ-کے-با-ئی) [ف-ا-مث] صبر۔ شکیب۔ تحمل۔

شکیل۔ (شَ-کیل) [ا-صف] حسین۔ خوبصورت۔ وجیہ۔
شکیلہ۔ (شَ-کی-لہ) [ا-صفت] خوبصورت عورت۔

## ش-گ

شگاف۔ (شِ-گاف) [ف-ا-مذ] (۱) درز۔ دراڑ۔ چیری (۲) قلم کے بیچ کا چیراؤ۔
شگاف پڑنا۔ (ا-محاورہ) پھٹ پڑنا۔
شگاف دینا۔ شگاف لگانا۔ (ا-محاورہ) (۱) قلم کو چیرنا (۲) نشتر لگا کر چیر دینا۔
شگرف۔ (شِگَ-رف) [ف-صفت] (۱) عمدہ۔ عجیب (۲) نادر (۳) نیک بزرگ (۴) خوبصورت۔ حسین
شگفت۔ (شِ-گفت) [ف-ا-مذ] تعجب۔ حیرت۔
شگفت۔ (شِ-گُفت) [ف-ا-مذ] خوش۔ کھلا ہوا (مث) تفریح۔ خوشی
شگفتگی۔ (شِ-گف-تَ-گی) [ف-ا-مث] (۱) پھول کا کھلنا (۲) خوشی فرحت (۳) سرسبزی۔ شادابی۔
شگفتہ۔ (شِ-گف-تہ) [ف-صف] (۱) کھلا ہوا (۲) خوش۔ شادماں۔ مسرور
شگفتہ بحر۔ وہ بحر جس کے اشعار میں طبیعت اور الفاظ کی روانی پائی جائے۔
شگفتہ پیشانی۔ (ف-صف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
شگفتہ خاطر۔ (ف-صفت) خوش مزاج۔ بشاش۔
شگفتہ دل۔ شگفتہ طبع۔ شگفتہ مزاج۔ (ف-صفت) خوش مزاج۔ ہنس مکھ
شگفتہ رُو۔ (ف-صفت) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
شگفتہ زمین۔ (ف-ا-مث) وہ ردیف قافیہ جس میں اچھے شعر نکلیں۔
شگن۔ (شَ-گن، شُ-گن) [ہ-ا-مذ] (۱) شگون۔ فال (۲) نذرانہ۔ نقد۔ نیگ۔
شگن بچارنا۔ (ا-محاورہ) فال دیکھنا۔
شگن کرنا۔ (ہ-محاورہ) (۱) کسی کام کو اچھے وقت میں شروع کرنا (۲) ابتدا کرنا۔ پہل کرنا۔
شگنیا۔ (شَ-گُن-یا) [ا-ہ-مذ] رمال۔ فالیا۔ نجومی۔
شگوفہ۔ (شِ-گُو-فہ) [ف-ا-مذ] (۱) کلی۔ ادھ کھلا پھول (۲) عجیب سا نوکھی بات۔
شگوفہ پھوٹنا۔ (ا-محاورہ) (۱) کلیاں نکلنا۔ کلیاں کھلنا (۲) انوکھی بات نکلنا (۳) فتنہ کھڑا ہونا (۴) ناگہاں امر پیش ہونا۔
شگوفہ چھوڑنا۔ (ا-محاورہ) کوئی فتنہ انگیز بات کہنا۔
شگوفہ کاری۔ (ف-ا-مث) گلکاری۔ پھول پتی بنانا۔ مرغ۔ تدعت۔
شگوفہ کھلانا۔ (ا-محاورہ) (۱) پھول کھلانا۔ بہار دکھانا (۲) انوکھی بات کرنا (۳) فتنہ اٹھانا۔
شگوفے نکالنا۔ (ا-محاورہ) عیب نکالنا۔
شگون۔ (شُ-گون) [ف-ا-مذ] (۱) شگن (۲) فال (۳) نیک انجام۔
شگون لینا۔ (ا-محاورہ) فال لینا۔ مبارک گھڑی دیکھنا۔ کسی کام کے ہونے یا



Marfat.com

نہ ہونے کا وقت دیکھنا۔
شگون ہونا۔ (ا۔محاورہ) اچھی فال نکالنا (۲) نسبت یا منگنی کی رسم ادا ہونا۔

## ش-ل

شَل۔ [ع۔صف] (۱) بے حس (۲) تھکا ماندہ۔
شَل ہو جانا۔ (۱) کام سے تھک جانا (۲) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا (۳) جسم کے کسی عضو کا بیکار ہو جانا۔
شَل۔ (ف۔ا۔مذ) چھوٹا نیزہ (۲) برچھی۔ ترسول (۳) مچھلی مارنے کا نیزہ
شَلّاق۔ (ف۔ا۔مذ) دُرّے مارنا۔ بہت مارنا (۲) لاٹھی۔ چابک (۳) جماع۔
شلجم۔ شلغم۔ (شَل۔جَم، شَل۔غَم) [ف۔ا۔مذ] ایک ترکاری۔
شلجمی آنکھیں۔ [ا۔ا۔مث] بڑی بڑی آنکھیں۔
شَلخ۔ (ع۔ا۔مث) بندوق کی باڑھ۔ (۲) منی۔ (۳) فرج۔
شَلَق۔ (شَ۔لَق) [ت۔ا۔مث] (۱) لکڑی یا کوڑے سے مار پیٹ۔
شِلَک۔ (شِ۔لَک) [ف۔ا۔مث] بندوقوں یا توپوں کی باڑھ جو سلامی کے لیے چھوڑی جائے۔
شلک اُڑانا۔ (ا۔محاورہ) باڑھ چلانا (۲) سلامی اتارنا (۳) گپ ہانکنا۔
شَلَنگ۔ (شَ۔لَنگ) [ف۔ا۔مث] چھلانگ۔ جست۔ پھلانگ۔
شَلَنگ بھرنا۔ (ا۔محاورہ) چھلانگ مارنا۔ اُونچا اُچھلنا۔
شِلِنگ۔ (Shilling) (شِ۔لِنگ) [انگ۔ا۔مذ] انگریزی سکہ جو بارہ پینس کا ہوتا ہے۔
شَلَنگا۔ (شَ۔لَن۔گا) [ا۔ا۔مذ] دُور دُور کا ٹانگا۔
شلوار۔ (شَل۔وار) [ف۔ا۔مث] بھاری گاڈُم پاجامہ۔
شلوک۔ (شَ۔لوک) [س۔ا۔مذ] (۱) نظم۔ شعر۔ بند (۲) حمد۔ قصیدہ۔
شلوکا۔ (شَ۔لو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] کہنیوں تک آستینوں کا کرتہ جو کمر تک ہوتا ہے۔
شُلّہ۔ (شُل۔لہ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو شوربے میں بہت گلا کر پکاتے ہیں۔ (۲) کھچڑی۔
شَلیتا۔ شَلیتہ۔ (شَ۔لی۔تا۔شَ۔لی۔تہ) [ہ۔ا۔مذ] ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔
شلیتے میں میخ نہ رکھیے لشکر میں شیخ نہ رکھیے۔ (ا۔مثل) میخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے اور شیخ جنگ میں بزدلی دکھاتا ہے۔

## ش-م

شُما۔ (ف۔ضمیر) تم۔ آپ
شماتت۔ (شَ۔ما۔تَت) [ع۔ا۔مث] (۱) کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔ (۲) خندہ زنی۔

شُمار۔ (شُ۔مار) [ف۔ا۔مذ] (۱) گنتی۔ تعداد (۲) حساب۔ تخمینہ۔
شمار دانے۔ (ف۔ا۔مذ) وہ دانے جو تسبیح کے پھندنے میں سینکڑوں کا حساب کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔
شمار سے باہر۔ (ا۔صف) بے حساب۔ اَن گنت۔
شمار کنندہ۔ (ف۔صف) (۱) شمار کرنے والا (۲) علم حساب میں کسر کے اوپر کا عدد جیسے $\frac{2}{3}$ میں دو۔
شمار میں نہ لانا۔ (ا۔محاورہ) کچھ نہ سمجھنا۔ کچھ نہ ماننا۔ پروا نہ کرنا۔
شمار میں نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) ادنیٰ ہونا۔ بالکل معمولی ہونا۔
شمار نویس۔ (ف۔ا۔مذ) مُحاسب۔ حساب کرنے والا۔
شماریات۔ (شُ۔ما۔ری۔یات) (ف۔ا۔مث) اعداد و شمار کی باضابطہ فراہمی (Statistics)
شمّاس۔ (شَم۔ماس) [ع۔ا۔مذ] (۱) آفتاب پرست۔ سُورج کی پرستش کرنے والا
شِمال۔ (شِ۔مال) [ع۔ا۔مذ] (۱) بایاں ہاتھ (۲) اُتر کی جانب۔ قطب شمالی کی سمت (۲) خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ جمع: شمائل۔
شمال رُو۔ شمال رُویہ۔ (ع۔صف) جس کا رُخ شمال کی طرف ہو۔
شِمالی۔ (شِ۔ما۔لی) [ف۔صف] شمال سے منسوب۔ اُتر کا۔
شمالی ہوا۔ (ف۔ا۔مذ) بادِ شمال۔ اُتر کی ہوا۔
شمامہ۔ (شَ۔ما۔مہ) [ع۔ا۔مذ] خوشبو۔ خوشبو کی گولیاں۔
شمائل۔ (شَ۔ما۔ئل) [ع۔ا۔مذ] عادتیں خصلتیں۔
شمائم۔ (شَ۔ما۔ئم) [ع۔ا۔مذ] خوشبوئیں۔ شمیمہ کی جمع۔
شِمر۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) حضرت امام حسینؓ کا قاتل (۲) کنایتاً) مردود۔ شقی۔ ظالم۔
شُمردگی۔ (شُ۔مُر۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] گننا۔ شمار کرنا۔
شُمردہ۔ (شُ۔مر۔دہ) [ف۔صف] گنا ہوا۔ شمار کیا ہوا۔
شمس [ع۔ا۔مذ] سُورج۔ آفتاب۔ جمع: شموس۔
شمس الثقلین۔ (ع۔ا۔مذ) انسانوں اور جنوں کا سورج مراد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔
شمس العلماء۔ (ع۔خطاب) انگریزی عہد کا ایک خطاب۔
شمسہ۔ (شَم۔سہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ سنہرا چاند جو کلس میں لگاتے ہیں (۲) چھوٹا پھندنا جو تسبیح میں لگاتے ہیں۔ روشندان۔
شمسی۔ (شَم۔سی) [ع۔صف] سورج سے متعلق۔ سورج کا۔
شمشاد۔ (شَم۔شاد) [ف۔ا۔مذ] ایک لمبا خوبصورت درخت۔
شمشاد قامت۔ شمشاد قد۔ (ع۔صف) لمبے قد کا۔ معشوق۔
شمشان۔ (شَم۔شان) [س۔ا۔مذ] مسان جہاں ہندو لوگ مُردے جلاتے ہیں۔
شمشو۔ (شَم۔شو) [ا۔ا۔مذ] چاول یا دال کو پانی میں ڈال کر نہ میں بیٹھے ہوئے کنکر چننے کا عمل۔
شمشیر۔ (شَم۔شیر) [ف۔ا۔مث] (۱) شم۔ بمعنی ناخن۔ شیر کے ناخن کی مانند (۲) تلوار۔ تیغ۔
شمشیر اُترنا۔ (ا۔محاورہ) تلوار کا جسم میں گھسنا۔
شمشیر بُرّاں۔ کاٹنے والی تلوار۔ تیز تلوار۔
شمشیر برہنہ۔ (ف۔ا۔صف) ننگی تلوار۔ (۲) لڑنے مرنے پر تیار۔



Marfat.com

**شمشیر بکف**۔ (ف۔صف) لڑنے پر تیار (۲) شمشیر ہاتھ میں لیے ہوئے۔
**شمشیر تولنا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار سنبھالنا۔ وار کے لیے تیار ہونا۔
**شمشیر دم**۔ (ف۔صف) تلوار کی باڑھ رکھنے والا۔
**شمشیر دودم**۔ (ف۔صف) دو دھاری تلوار۔
**شمشیر زن**۔ (ف۔صف) (۱) بہادر (۲) تلوار چلانے والا۔
**شمشیر زنی**۔ (ف۔ا۔مث) تلوار کی لڑائی۔
**شمشیر علم کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار کو مارنے کے واسطے اٹھانا۔
**شمشیر کا کھیت**۔ (ا۔محاورہ) میدانِ جنگ میں جہاں کشتوں کی لاشیں پڑی ہوں
**شمشیر ہلالی**۔ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہوتی ہے۔
**شمع**۔ [ع۔ا۔مث] موم بتی کی چربی۔ چربی کی بتی۔
**شمع انجمن**۔ (۱) وہ جس سے محفل کی رونق ہو (۲) صدرِ محفل۔
(۳) مردوں کی مجلس میں بے پردہ عورت (۳) معشوق۔
**شمع ایمن**۔ (ع۔ا۔مث) وہ تجلی جو حضرت موسیٰؑ کو کوہ طور پر نظر آئی تھی۔
**شمع بالیں**۔ (ع۔ا۔مث) وہ شمع جو قبر کے سرہانے روشن کی جاتی ہے۔
**شمع بڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) شمع گل کرنا۔ شمع بجھانا۔
**شمع بڑھ جانا**۔ (ا۔محاورہ) شمع گل ہو جانا۔ شمع بجھ جانا۔
**شمع ٹھنڈی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) شمع بجھانا۔
**شمع جلتی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) منت ماننا۔ منت ماننے کے لیے شمع جلانا۔
**شمع جھلملانا**۔ (ا۔محاورہ) شمع کا کم کم جلنا۔
**شمع چڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) منت پوری ہونے پر کسی مزار پر شمع کا جلایا جانا۔
**شمع حیات گل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مرجانا۔
**شمع صفت جلنا**۔ (ا۔محاورہ) غم کی وجہ سے جلتی ہوئی شمع کی طرح گھلنا۔
**شمعدان**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ برتن جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔
**شمع دکھانا**۔ (ا۔محاورہ) روشنی دکھانا (۲) رہنمائی کرنا۔
**شمع رخ۔ شمع رخسار۔ شمع رو**۔ (ف۔صف) نورانی چہرہ والا (کنایتہً معشوق)
**شمع سحری**۔ (ع۔ا۔مث) صبح کا چراغ۔ عنقریب فنا ہونے والا۔
**شمع عالم تاب**۔ (ف۔صف) دنیا کو روشن کرنے والی شمع۔ آفتاب
**شمع عقل گل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) عقل جاتی رہنا۔
**شمع کا آنسو**۔ (ع۔ا۔مث) موم کا ٹپکتا ہوا قطرہ۔
**شمع کا چور**۔ وہ رخنہ جو جلتی ہوئی شمع میں ایک طرف موم گھل جانے
سے ہوتا ہے۔
**شمع کا خاموش ہونا**۔ شمع کا بجھ جانا۔
**شمع کا رو و پشت برابر ہے**۔ (ا۔مثل) صاف باطن۔ آگے پیچھے برابر ہونا۔
**شمع کافوری**۔ (ف۔ا۔مث) سفید رنگ کی شمع۔
**شمع کشتہ**۔ (ف۔صف) بجھی ہوئی شمع۔
**شمع گل کرنا**۔ (ا۔محاورہ) شمع بڑھانا۔ شمع کا بجھانا۔
**شمع محفل**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ جس سے محفل کی رونق ہو۔ معشوق۔
**شمع مردہ**۔ (ف۔صف) بجھی ہوئی شمع۔
**شمع مزار**۔ (ف۔ا۔مث) وہ شمع جو مزار پر جلائی جاتی ہے۔
**شمعی**۔ (شم۔عی) [ار۔ا۔مذ] سبز رنگ مائل بہ سیاہی جس کو نیلیا رنگ کہتے ہیں

**شملہ**۔ (شم۔لہ) [ار۔ا۔مذ] (۱) کندھے پر ڈالنے یا سر سے باندھنے کی شال
(۲) طرّہ۔ عمامہ کا سرا یا چوٹی۔
**شملہ بمقدارِ علم**۔ (ا۔مثل) جتنا علم ہو اس کی مناسبت سے دعویٰ زیبا ہے۔
**شملہ چھوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) عمامہ کا سرا یا چوٹی۔
**شمول**۔ (ش۔مول) [ع۔ا۔مذ] شمولیت۔ شامل ہونا۔ ملنا جلنا۔
**شمہ**۔ (شم۔مہ) [ع۔ا۔مذ] تھوڑی سی چیز۔ قلیل مقدار۔
**شمیم**۔ (ش۔میم) [ع۔ا۔مث] (۱) خوشبودار ہوا (۲) خوشبو۔
مہک۔ نکہت۔

# ش - ن

**شنا**۔ (ش۔نا) [ف۔ا۔مث] پانی میں تیرنا۔
**شناخت**۔ (ش۔ناخت) [ف۔ا۔مث] (۱) پہچان۔ تمیز (۲) شناسائی
واقفیت۔
**شناخت کرنا**۔ (مص مرکب) پہچاننا۔
**شناختی کارڈ**۔ (ار۔ا۔مذ) وہ کارڈ جس کے اندراجات سے کارڈ رکھنے والے
کی شناخت مقصود ہو۔ (Identity Card)
**شناختی نشان**۔ [ار۔ا۔مذ] جسم پر کوئی ایسا نمایاں نشان جس سے
شناخت ہو سکے۔
**شناس**۔ (ف۔صف) پہچاننے والا۔ شناختن مصدر کا صیغہ امر، اسم کے
بعد آنے پر اسم فاعل بناتا ہے اور پہچاننے والے کے معنی دیتا ہے
جیسے اختر شناس، حقیقت شناس۔
**شناسا**۔ (ش۔نا۔سا) [ف۔صف] (۱) پہچاننے والا (۲) پرکھنے والا۔
(۳) جان پہچان۔
**شناسائی**۔ (ش۔نا۔سائی) [ف۔ا۔مث] جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب سلامت
**شناعت**۔ (ش۔نا۔عت) [ع۔ا۔مث] (۱) بدی۔ برائی (۲) گندگی۔
**شناور**۔ (ش۔نا۔ور) [ف۔صف] پیراک۔ تیرنے والا۔
**شناوری**۔ (ش۔نا۔و۔ری) [ف۔صف] پیراکی۔
**شناہ**۔ (ف۔ا۔مذ) سرنائی۔ مشک جس کے ذریعے تیرتے ہیں۔
**شنبہ**۔ (شم۔بہ) [ف۔ا۔مذ] ہفتہ۔ سنیچر
**شنجرف۔ شنگرف**۔ (ش۔جرف۔ شن۔گرف) [ف۔ا۔مذ] ایک سرخ رنگ کی
دھات جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے۔
**شنگ**۔ (ف۔صف) چالاک۔ شوخ۔ ظریف۔
**شنگرفی**۔ (شن۔گر۔فی) [ف۔صف] شنگرف کے رنگ کا سرخ۔
**شنوا**۔ (شن۔وا) [ف۔صف] سننے والا۔
**شنوائی**۔ (شن۔وائی) [ف۔ا۔مث] (۱) سماعت۔ سننا (۲) دادرسی
**شنوائی نہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) توجہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔
**شنید**۔ (ش۔نید) [ف۔ا۔مث] (۱) سنی ہوئی بات (۲) سننا۔
**شنیدنی**۔ (ش۔نید۔نی) [ف۔صف] سننے کے قابل۔



Marfat.com

مُشنیدہ - (شُ-نِی-دَہ) [ف-صف] سُنا ہوا۔
شنیدہ کے بُوَد مانندِ دیدہ - (ف مثل) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلے میں نہیں ہو سکتی۔
شُنِیع - (شَ-نِیع) [ع-صف] بد-خراب۔
شَنِیعہ - (شَ-نِی-عَہ) [ع-صف] بُرے افعال۔

# ش - و

شُو - (ف) شُستن مصدر کا صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے معنی دھونے والا۔ لاحقہ کے طور پر آتا ہے جیسے رخت شو مُردہ شو۔
شو - (Show) [انگ-ا-مذ] (۱) تماشا۔ نظارہ۔ نمائش۔ (۲) دکھاوا۔ نمود۔ ٹیپ ٹاپ۔
شِو - (س-مذ) دیکھیے شیوا۔
شو بوائے - (Show Boy) [انگ-مذ] نمائشی۔ دکھاوے کا۔
شُو - (Shoe) (انگ-ا-مذ) جُوتا - نعلین - کفش - پاپوش - پیزار۔
شو - [ق-ا-مذ] شوہر۔ نوشہ۔
شو راتری - (ہ-ا-مث) ماگھ کی تیرہ تاریخ جب مہادیو کا تہوار منایا جاتا ہے۔
شِولنگ - (ہ-ا-مذ) مہادیو کے عضوِ تناسل کی مورتی، ہندو جس کی پُوجا کرتے ہیں۔
شوال - (شو-وَال) [ع-ا-مذ] مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ عید الفطر کا مہینہ۔
شِوالا - (شِ-وا-لا) [ہ-ا-مذ] مہادیو کا استھان۔ شِو جی کا مندر۔
شواہد - (شَ-وا-ہِد) [ع-ا-مذ] شاہد کی جمع (۱) گواہ (۲) مثالیں۔ (۳) ثبوت۔
شوب - [ف-ا-مذ] دُھلائی۔ دھونے کا عمل۔
شوب پڑنا۔ شوب کھانا - (ا-محاورہ) کپڑے کا دھویا جانا۔
شوبھا - (س-ا-مث) حُسن۔ روشنی۔ سجاوٹ۔ خوبصورتی۔
شوخ - [ف-صف] (۱) طرار بے باک (۲) شریر۔ گستاخ (۳) دل لگی باز ظریف (۴) چمکیلا۔ تیز (۵) نڈر۔ بے باک۔
شوخ چشم۔ شوخ دیدہ - (ف-صف) بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔
شوخ رنگ - (ف-صف) تیز رنگ۔ چمکیلا۔ جو رنگ بہت تیز ہو۔
شوخ زبان - (ف-صف) بیباکی اور گستاخی کی باتیں کرنے والا۔ گستاخ۔
شوخ طبع (طبیعت۔ مزاج) (ات-صف) (۱) تیز طبع (۲) بیباک (۳) خوش مزاج۔
شوخی - [ف-ا-مث] (۱) چلبلاپن (۲) شرارت۔ ظرافت (۳) اضطراب بے قراری (۴) بے ادبی۔ گستاخی۔ (۵) رنگ کی تیزی۔ چمک۔

شوخی کرنا - (ا-محاورہ) شرارت کرنا۔ (۲) گھوڑے کا اُچھلنا کُودنا۔
شُودر - (شُو-دَر) [ہ-ا-مذ] ہندوؤں کی نیچ ذات۔ خدمتی لوگ۔ کمین لوگ۔
شور - (ف-ا-مذ) غُل۔ غوغا (۲) شہرت۔ دھوم۔ (۳) کھاری نمک (۴) عشق۔ جنوں (۵) خفگی۔ غصّہ
شور اُٹھنا - (ا-محاورہ) غُل ہونا۔ شور ہونا۔
شور انگیز - (ف-صف) شور پیدا کرنے والا۔
شور اُٹھنا - دھوم پڑنا۔
شور بخت (ف-صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
شور برپا کرنا - (ا-محاورہ) بے حد غل مچانا۔
شور بور - شرابور - تربتر۔
شورِ دار و گیر بلند ہونا - (ا-محاورہ) لینا۔ پکڑنا کا غل مچانا۔
شور زمین - (ف-ا-مث) وہ زمین جس میں نمک یا شورہ ہو۔ ناقابلِ زراعت زمین۔
شورِ قیامت - (ف-ا-مذ) بے حد شور۔ قیامت کے دن کی مانند شور۔
شور کرنا - (مص مرکب) غل مچانا۔
شور لگنا - (مص-مرکب) کھار پیدا ہونا۔ زمین کا نمکین ہونا۔
شورِ محشر۔ شورِ نشور - (ف-ا-مذ) قیامت کا شور۔ بہت شور۔
شور و شر (شغب) [ف-ا-مذ] فتنہ و فساد۔ لڑائی۔ دنگا۔ ہنگامہ۔ بلوہ
شورابہ - (شو-را-بہ) [ف-ا-مذ] کھاری پانی
شوربا۔ شوروا - (شور-با - شور-وا) [ف-ا-مذ] پتلا سالن۔ پکے ہوئے گوشت کا پانی۔
شورش - (شو-رش) [ف-ا-مث] فتنہ فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔
شورش برپا کرنا - (ا-محاورہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ بغاوت کرنا۔
شورہ - (شو-رہ) [ف-ا-مذ] سفید رنگ کا ایک مرکب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں استعمال ہوتا ہے نمکین ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی کھار۔
شورہ پُشت - (ف-صف) سرکش۔ نافرمان۔ لڑاکا۔
شورہ پشتی - (ف-ا-مث) لڑائی۔ جھگڑا۔ دنگا۔
شورے کی پتلی یا قفلی - (کنایۃً) گورے رنگ کی نوجوان عورت۔
شورے میں جھالنا۔ شورے میں جھلنا - (ا-محاورہ) پانی کی صراحی کو نمک اور شورے کے پانی میں رکھ کر ٹھنڈا کرنا۔
شُوریٰ - (شُو-را) [ع-ا-مذ] مشورہ۔ صلاح۔
شوری - (شو-ری) [اُر-صف] شور کرنے والا۔ شوریلا۔
شوریت - (شو-ری-یت) [ف-ا-مث] کھاری پن۔
شوریدگی - (شو-ری-دَ-گی) [ف-ا-مث] (۱) پریشانی۔ حیرانگی۔ (۲) دیوانگی۔ جنون (۳) عشق۔ محبت۔
شوریدہ - (شو-ری-دہ) [ف-صف] (۱) پریشان۔ حیران (۲) جنونی دیوانہ۔ عاشق
شوریدہ بخت - (ف-صف) بدبخت۔ بدقسمت۔
شوریدہ حال (خاطر) [ف-صف] پریشان حال۔ دیوانہ و سرگشتہ۔



Marfat.com

**شوریدہ دماغ** - (مزاج-سر) [ف-صف] دیوانہ-سودائی-مجنوں-
**شوریدہ روزگار** - (ف-صف) پریشان حال-بے سروسامان-
**شوریدہ سری** - (ف-ا-مث) دیوانگی-جنون-
**شوشہ** - (شو-شہ) [ف-ا-مذ] (۱) ریزہ-ذرہ-ٹکڑہ (۲) حرف کا سرا- (۳) وہ علامت جو ہائے ہوز کے نیچے بنا دیتے ہیں (۴) [اُر] جھگڑے کی بات-شگوفہ-انوکھی بات-
**شوشہ چھوڑنا** - (ا-محاورہ) فساد انگیز بات کہنا-انوکھی بات کہنا-
**شوفر** - (Chauffeur) (شو-فَر) [انگ-ا-مذ] موٹر چلانے والا ملازم-ڈرائیور-
**شوق** - [ع-ا-مذ] (۱) خواہش-آرزو-تمنا-اشتیاق (۲) رغبت-میل [اُر] شغل-کام (۴) جوش-سرگرمی (۵) محبت-عشق- (۶) چاٹ-چسکا-اُمنگ (۷) دُھن-ترنگ (۸) حقہ یا کھانے کی کوئی شے پیش کی جائے تو کہتے ہیں شوق کیجیے (۹) دریافت کرنے کی خواہش (۱۰) لطف-محبت-
**شوق بڑھنا-تیز ہونا** - (مص مرکب) شوق زیادہ ہونا-
**شوق چرانا** - (ا-محاورہ) شوق ہونا-جی چاہنا-خواہش کا پیدا ہونا-
**شوق سے** - (ا-متعلق فعل) (۱) دل سے-کمال رغبت سے (۲) خوشی سے (۳) بے خوف ہو کر (۴) اپنی مرضی سے-اپنے ارادے سے
**شوقین** - (شَو-قِین) [اُر-صف] (۱) شائق-صاحب شوق (۲) مشتاق-خواہش مند (۳) عادی-خوگر (۴) چھیلا-رنگیلا (۵) عیاش-تماش بین
**شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا** - (ا-مثل) بے محل بناؤ سنگار-مفلسی میں نمائش کی تمنا-
**شوقین بی بی کمل کی چولی، آگ لگی ہٹلتی پھرے** - (ا-مثل) غریب عورت اپنی حیثیت سے بڑھیا کپڑے پہننے کو کہتے ہیں-
**شوقین مزاج** - (ف-صف) وہ جسے اچھے کپڑے پہننے اور گانا سننے کا شوق ہو-
**شوقیہ** - (شو-قیہ) [ع] (۱) دل بہلانے کے لیے-شوق سے (۲) منسوب بہ شوق-
**شوکت** - (شو-کت) [ع-ا-مث] (۱) زور-قوت (۲) دبدبہ رعب داب (۳) مرتبہ-شان شکوہ-
**شوگر** - (Suqar) (شُوگر) [انگ-ا-ث] کھانڈ-چینی-شکر
**شوگر آنا** - (ا-محاورہ) پیشاب میں شکر آنا-ذیابیطس ہونا-
**شولہ** - [ق-ا-مث] گوشت آمیز کھچڑی-
**شوم** - [ع-صف] (۱) منحوس (۲) کنجوس-بخیل
**شوم بخت** - (ع-صف) بدنصیب-بدقسمت
**شوم طبع** - (ع-صف) بدمزاج (۲) کنجوس-بخیل
**شوم قدم** - (ع-ا-مذ) سبز قدم-وہ شخص جس کا قدم نحس ہو-
**شومی** - [ف-ا-مث] بدبختی-نحوست-
**شومئ بخت-شومئ قسمت-شومئ تقدیر** - (ف-ا-مث) بدنصیبی نحوست-
**شوں شاں** - [اُر-ا-مث] غرور-ڈینگ-نمائش-
**شوہر** - (شَو-ہَر) [ف-ا-مذ] خاوند-میاں-مالک-جمع شوہران-
**شوہری** - (شو-ہَ-ری) [ف-صف] شوہر سے منسوب-
**شویہ** - (ف-ا-صف) دھونا-مرکبات کے آخر میں جیسے پاشویہ-

# ش-ہ

**شہ** - [ف-ا-مذ] شاہ کا مخفف-بادشاہ (۲) دولھا (۳) بڑا-اعلیٰ [مث] (۱) ڈھیل (۲) شاہ شطرنج کو کشت-رو-حمایت-ترغیب اشتعال-بہکانا-
**شہ باز** - (ف-ا-مذ) باز سے بڑا شکاری پرندہ-بڑا باز-
**شہ بالا-شاہ بالا** - (ف-ا-مذ) لڑکا جسے اچھے کپڑے پہنا کر دولھا کے پیچھے یا ساتھ بٹھاتے ہیں-
**شہ بچنا** - (ا-محاورہ) شطرنج کے بادشاہ کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا-
**شہ پانا** - (ا-محاورہ) اشارہ پانا-ترغیب پانا (۲) بہکانے یا ورغلانے میں آنا-
**شہ پر** - (ف-ا-مذ) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر-
**شہ توت** - شہزادہ (ق)
**شہ پیل** - (ف-ا-مث) شطرنج میں پیل کی شہ-
**شہ توت** - ایک میٹھا پھل اور اس کے درخت کا نام-
**شہ تیر** - (ف-ا-مذ) بڑی کڑی-وہ بڑا چوبی لٹھ جس پر کڑیاں رکھی جائیں-
**شہ چال** - شطرنج کے بادشاہ کی چال جو اور مہروں کے ختم ہونے کے بعد چلی جاتی ہے-
**شہ خوباں** - (ف-ا-صف) حسینوں کا بادشاہ-بہت خوبصورت-
**شہ دینا** - (ا-محاورہ) (۱) اُکسانا-بہکانا (۲) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا (۳) کنکوا بڑھانا (۴) بیجا تعریف کرنا-
**شہ رخ** - (ف-ا-مث) شطرنج میں رُخ کی شہ-
**شہ رگ** - (ف-ا-مث) رگِ جاں-
**شہزادہ** - (ف-ا-مذ) بادشاہ کا لڑکا-شاہزادہ-جمع شاہزادگان-
**شہ زور-شاہ زور** - (ف-صف) بہت طاقتور-زور آور-
**شہ سوار-شہسوار** - (ف-ا-مذ) گھوڑے کی سواری کا ماہر-
**شہکار** - (ف-ا-صف) بہترین کام (۲) دھوکا (۳) بوئی ہوئی زمین
**شہِ لولاک** (ف-ا-مذ) کنایۃً حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم-
**شہ مات** - (ف-ا-مث) شطرنج کی بازی میں کشت دے کر شاہ کو مات دینا-
**شہنائی** - (ف-ا-مث) نفیری-ایک ساز جسے منہ سے بجاتے ہیں-
**شہنشاہ** - (ف-ا-مذ) بادشاہوں کا بادشاہ-قیصر-
**شہ نشین** - (ف-ا-مث) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ-مکان کی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ-
**شہوار** - (ف-صف) بادشاہ کے قابل-(۲) بہت قیمتی موتی-



Marfat.com

**شَہاب** - (شَ-ہاب) [ف-ا-مذ] نہایت سُرخ رنگ جو کُسم کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
**شِہاب** - (شِ-ہاب) [ع-ا-مذ] (۱) لَو - لپیٹ (۲) وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا ہوا دکھائی دیتا ہے (۳) روشن ستارہ (۴) شعلہ۔ بھڑکتی ہوئی آگ
**شِہابِ ثاقب** - (ع-ا-مذ) وہ چمکتا ہوا ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے۔
**شہابی** - (ف-ا-مث) سُرخ - شہاب کے رنگ کا۔
**شہادت** - (شَ-ہا-دَت) [ع-ا-مث] (۱) گواہی (۲) راہِ خدا میں شہید ہونا (۳) خدائے تعالیٰ کی وحدانیت اور رسولِ مقبولؐ کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا (۴) کلمۂ شہادت۔
**شہادت دینا** - (مص مرکب) گواہی دینا۔
**شہادتِ رُویت** - (ع-ف-ا-مث) چشم دید گواہی۔
**شہادتِ سمعی** - (ع-ف-ا-مث) سنی سنائی گواہی۔
**شہادت کی اُنگلی** - (ا-مث) داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ والی اُنگلی۔
**شہادتِ منقول** - (ع-ف-ا-مث) وہ گواہی جو دوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو۔
**شہادت نامہ** - (۱) تحریری شہادت جو داخل کی جائے (۲) اہلِ تشیع کپڑے پر کلمۂ شہادت لکھ کر مُردے کے کفن میں رکھتے ہیں (۳) وہ کتاب جس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا حال ہو۔
**شَہامَت** - (شَ-ہا-مَت) [ع-ا-مث] بہادری - دلیری - شجاعت
**شہانہ** - (شَ-ہا-نَہ) [ف-صف] شاہانہ کا مخفف (۲) شادی کا جوڑا۔ (۳) ایک قسم کا شادی کا گیت - ایک قسم کی گت۔
**شہانی** - (شَ-ہا-نی) [اُ-صف] دُلھن سے منسوب (۲) شاہانہ بادشاہ سے منسوب - عمدہ - اعلیٰ۔
**شہانی چوڑیاں** - (ا-مث) دُلھن کی چوڑیاں سُرخ رنگ کی چوڑیاں قیمتی چوڑیاں
**شہانی مہندی** - (ف-ا-مث) شوخ رنگ کی مہندی - گہری مہندی۔
**شَہد** - [ع-ا-مذ] (۱) وہ میٹھا شیرہ جو مال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں (۲) [ا-صف] نہایت شیریں۔
**شہد، سہاگہ، گھی، مری دھات کا جی** - [ا-مقولہ] کیمیا گروں کے خیال میں ان تین چیزوں سے کشتہ شدہ دھات دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔
**شہد کی چھری** - (ا-صف) میٹھی چھری - زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا - وہ جو دوستی کے پردے میں دشمنی کرے - منافق - دغاباز - مکار۔
**شہد کی مکھی** - (ع-ا-مث) وہ مکھی جو شہد جمع کرتی ہے اور چھتہ بناتی ہے (۲) لالچی - حریص (۳) وہ شخص جو چمٹ جائے
**شہد گھولنا** - (ا-محاورہ) شیریں زبان ہونا - میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔
**شہد لگا کر الگ ہو جانا** - (ا-محاورہ) فساد کی بنیاد ڈال کر الگ ہو جانا لڑوانا۔
**شہد لگا کر چاٹو** - (طنزاً) کمال احتیاط سے رکھو۔
**شُہداء** - (شُ-ہ-دا) [ج-ا-مذ] شہید کی جمع - شہید ہونے والے۔
**شہدا** - (شُہ-دا) [اُ-ا-مذ] لُچّا - بدمعاش - غنڈہ (۲) غریب - مسکین

**شُہدپن - شُہدپنا** - [ہ-ا-مذ] لُچپن - بدمعاشی۔
**شَہر** - [ع-ا-مذ] قمری مہینہ - ماہ - جمع: اشہر - شہور
**شہر** - [ف-ا-مث] بڑی آبادی - بلدہ - نگر۔
**شہر آشوب** - (ف-ا-مذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کی پریشانی و بربادی کا ذکر ہو۔
**شہر بدر کرنا** - (ف صف) جلاوطن کرنا - دیس نکالا دینا۔
**شہر بند** - (ف-ا-مذ) فصیل - شہر کی چار دیواری - (۲) نظر بند۔
**شہر پناہ** - (ف-ا-مث) فصیل شہر کی چار دیواری
**شہر خبرا** - [ا-صف] وہ شخص جو تمام شہر کی خبر رکھے - گھر گھر کی خبر رکھنے والا۔
**شہر خموشاں** - [ف-ا-مذ] قبرستان - گورستان۔
**شہر دار** - [ف-ا-مذ] شہر کا رہنے والا۔
**شہر داری** - [ف-ا-مث] شہر میں رہنے کے فرائض یا تعلقات۔
**شہر کی دائی** - [ا-مث] گھر گھر کی خبر رکھنے والی عورت۔
**شہر گرد - شہر گشت** - (ا-مذ) شہر میں گشت کرنے والا۔
**شہر میں اونٹ بدنام** - (ا-مثل) (۱) وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو (۲) وہ بدنام آدمی جس سے بُری بات منسوب کی جائے۔
**شہریار** - (ف-ا-مذ) بادشاہ۔
**شُہرت** - (شُہ-رَت) [ع-ا-مث] (۱) افواہ - شُہرہ - چرچا (۲) ناموری نیکنامی (۳) رسوائی - بدنامی۔
**شہرت اُڑنا** - (ا-محاورہ) شہرت پھیلنا **شہرت پانا** - (ا-محاورہ) مشہور ہونا نام حاصل کرنا
**شہرت پہنچنا** - (ا-محاورہ) بہت دور تک مشہور ہونا۔
**شہرت پیدا کرنا (حاصل کرنا)** نام پیدا کرنا - مشہور ہو جانا۔
**شہرت ہونا** - (ا-محاورہ) دھوم ہونا - مشہور ہونا۔
**شہرت یافتہ** - (ف صف) مشہور و معروف (۲) جس کی دھوم ہو (۳) جس کی نیک نامی یا بدنامی ہو چکی ہو۔
**شُہرہ** - (شُہ-رَہ) [ع-ا-مذ] آوازہ - دھوم دھام - غلغلہ
**شہرۂ آفاق - شہرۂ انام** - جہان بھر میں مشہور - مشہورِ عالم۔
**شہرہ اُڑنا** - (ا-محاورہ) شہرت پھیلنا - بدنامی پھیلنا۔
**شہرہ ور** - (ع-ف) مشہور - نامور۔
**شہرہ ہونا** - (ا-محاورہ) نام ہونا - مشہور ہونا۔
**شہری** - (شَہ-ری) [ف صف] (۱) شہر سے منسوب (۲) شہر کا باشندہ۔
**شہری آزادی** - (ف-ا-مث) تقریر، تحریر اور اجتماع کی آزادی - وہ بنیادی حقوق جو ملک کے ہر باشندے کو حاصل ہوں - جمہوری حقوق۔
**شہری حقوق** - [ف-ا-مذ] بنیادی حقوق - جمہوری حقوق - وہ آزادی جو ملک کے باشندوں کو از روئے قانون حاصل ہو۔
**شہریت** - (شَہ-رِی-یَت) [ف-ا-مث] (۱) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت (۲) جمہوری حقوق (۳) کسی ملک کا شہری ہونا۔
**شَہکارا** - (شَہ-کا-را) [اُ-صفت] بدفعل - بدکار اور بدزبان عورت۔
**شَہلا** - (شَہ-لا) [ع-ا-مث] (۱) وہ عورت جس کی آنکھیں بھیڑ کی مانند ہوں (۲) سیاہی لیے بھوری آنکھ (۳) نرگس کے پھول کی ایک قسم



Marfat.com

جو زرد یا سیاہی مائل ہوتا ہے۔

**شَہنا - شَہنائی** - (شَہ - نا - شَہ - نا - ئی) [ف - ا - مث] (۱) نفیری (۲) بانسری - (۳) الغوزہ -

**شہنشہ - شہنشاہ** - (شَ - ہَن - شَہ - شَ - ہَن - شاہ) [ف - ا - مذ] شاہوں کا شاہ - بادشاہوں کا بادشاہ - بڑا بادشاہ -

**شہنشاہی** - (شَ - ہَن - شا - ہی) [ف - ا - مث] (۱) بادشاہی (۲) بادشاہ سے نسبت رکھنے والی شے -

**شہنشاہیت** - (شَ - ہن - شا - ہی - یت) [ف - ا - مث] سامراج - دوسرے ملکوں پر قبضہ کرنا - امپیریلزم - ملوکیت -

**شَہُو** - [ق - ا - مذ] شوہر -

**شہوات** - (شَہَ - وات) [ع - ا - مث] (۱) شہوت کی جمع (۲) خواہشیں لذتیں -

شہوات نفسانی - (ف - ا - مث) جنسی خواہش گھٹیا خواہشیں -

**شہوانی - شہوی** - (شَہ - وا - نی - شَہ - وِی) [ع - صف] شہوت سے متعلق -

**شہوت** - (شَہ - وَت) [ع - ا - مث] (۱) خواہش - آرزو - حصولِ لذت کا شوق (۲) خواہش جماع جنسی خواہش - جمع : شہوات -

شہوت انگیز - (ع - ف - صف) خواہش نفسانی کو اُبھارنے والا -

شہوت پرست - (ع - ف صف) نفس پرست عیاش -

**شُہود** - (شُ - ہُو - دْ) [ع - مص] (۱) حاضر ہونا (۲) [ا - مذ] شاہد کی جمع (۳) اہل تصوف کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں جلوہ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے -

**شُہُودی** - (شُ - ہُو - دِی) [ع - صف] شہود سے نسبت رکھنے والا -

**شہور** - (شُ - ہُو - ر) [ع - ا - مذ] جمع شہر - مہینے -

**شہورِ معلومات** - (ع - ا - مذ) مسلمانوں کے چار مقدس مہینے - محرم - رجب - ذیقعدہ - ذوالحجہ - بعض رجب کی بجائے شوال کو مانتے ہیں -

**شَہی** - (شَ - ہی) [ف - ا - مث] بادشاہی - سلطانی -

**شہید** - (شَ - ہید) [ع - ا - مذ] (۱) خدا کی راہ میں قربان ہونے والا (۲) وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۳) مقتول کشتہ - (۴) عاشق - فدا - قربان -

شہیدِ کربلا - (ع - ا - مذ) حضرت امام حسین رضؓ -

شہیدِ ناز - (ع - ف - صف) عاشق -

شہیدِ وفا - [ع - صف] وہ جس نے وفاداری کے باعث قتل ہو کر شہادت پائی - انتہائی وفادار -

شہید ہونا - (ا - محاورہ) راہِ خدا میں مارا جانا (۲) مرنا - انتقال کرنا (۳) عاشق ہونا -

**شہیدی** - (شَ - ہی - دِی) [ف - صف] (۱) شہید ہونے کے لیے تیار (۲) سُرخ - (۳) تماش بین -

شہیدی امرود - (ع - ف - ا - مذ) وہ امرود جس کا گودا سُرخ ہو -

شہیدی تربوز - (ع - ف - ا - مذ) نہایت پکا اور اندر سے لال تربوز

**شہیر** - (شَ - ہیر) [ع - صف] مشہور - نامور

**شہیق** - (ع - ا - مث) گدھے کی بھاری آواز جو آخر میں نکلتی ہے -

**شہیقہ** - (ع - ا - مث) کنایتاً کالی کھانسی -

# ش - ی

**شَے** - [ع - ا - مث] (۱) چیز (۲) نایاب چیز (۳) معاملہ - واقعہ -

شے لطیف - [ع - ا - مث] سمجھ - عقل -

شے لطیف کی کمی ہونا - (ا - محاورہ) عقل اور سمجھ بوجھ کی کمی ہونا - بے وقوف ہونا -

شے مُبہم - (ع - ف - ا - مث) بیچ پُوچ چیز

شے متنازعہ - (ع - ف - ا - مث) وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو -

شے مرہونہ - (ع - ا - مث) وہ شے جو رہن رکھی گئی ہو -

شے مکفولہ - (ع - ف - ا - مث) وہ شے جو ضمانت میں دی گئی ہو -

شے ملنا - (ا - محاورہ) مدد ملنا - سہارا ملنا -

شے موہوبہ - (ع - ف - ا - مث) وہ شے جو ہبہ کی گئی ہو -

**شیاطین** - (شَ - یا - طِین) [ع - ا - مذ] شیطان کی جمع -

شیاطین الانس - (ع - ا - مذ) آدمی جو شیطان کی طرح بہکاتے ہیں -

**شِیاف** - (شِ - یاف) [ع - ا - مذ] دوائیں جو باریک کوٹ کر آنکھوں میں اور دیگر مقامات پر لگاتے ہیں - شافہ کی جمع -

**شَیب** - (ع - ا - مذ) (۱) بڑھاپا - (۲) بالوں کی سفیدی -

**شیٹ** - (Sheet) [انگ - ا - مذ] (۱) کاغذ کا تختہ - تاؤ - ورق (۲) دھات یا پانی کی چادر (۳) پلنگ کی چادر -

**شَیخ** - [ع - ا - مذ] (۱) بوڑھا آدمی (۲) پیر - مُرشد - بزرگ (۳) مذہبی علوم میں فائق (۴) سرکردہ - پیشوا (۵) خانقاہ کا سردار (۶) سجادہ نشین - (۷) مسلمانوں کی ایک ذات (۸) عرب کا سردار - جمع - شیوخ - مشائخ -

شیخ الاسلام - (ع - ا - مذ) سب سے بڑے پیشوائے دین - مفتی اعظم -

شیخ الجامعہ - (ع - ا - مذ) یونیورسٹی یا دانش گاہ کا سربراہ - وائس چانسلر -

شیخ الرئیس - (ع - ف - ا - مذ) بُوعلی سینا کا لقب -

شیخ الشیوخ - (ع - ف - ا - مذ) تمام عالموں اور فاضلوں کا سرکردہ - پیر مشائخ -

شیخ جی - (ا - صف) شیخ کو طنزاً یا تعظیم سے کہتے ہیں (۲) شیخ صاحب (۳) زاہد اور عابد کو طنزاً کہتے ہیں -

شیخ چلی - (ف - ا - مذ) بیوقوف (۲) ایک فرضی احمق جس کے قصے بہت مشہور ہیں -

شیخ چلی کا منصوبہ - (ا - مذ) وہ منصوبہ جو بالکل وہمی ہو - محض خیالی بات -

شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال - (ا - مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بہت حریص ہو -

شیخ ڈونڈ یا ڈونڈوں - (ا - مذ) مینہ تھمانے کا ٹوٹکا جس میں کپڑے کا ایک مسافر بنا کر اور ایک گٹھڑی اس کی کمر سے باندھ کر بارش کے پانی میں لکڑی کے سہارے کھڑا کر دیتے ہیں - جاہلوں کے نزدیک اس سے بارش تھم جاتی ہے -

شیخ سدو - (ا - مذ) جاہل عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن -

شیخ کا بکرا - (ا - مذ) وہ بکرا جو شیخ سدو کے نام پر ذبح کرتے ہیں -

شیخ نجدی - [ع - ا - صف] شیطان کا لقب -



Marfat.com

**شیخ و شاب**- [ع-ا-مذ] بوڑھا اور جوان-سب لوگ۔
**شیخوخت** (شیخوخیت) [ت-ا-مث] بڑھاپا-سرداری-
**شیخ وقت**-(ف-ا-مذ) اپنے زمانے کا بہت بڑا عالم اور بزرگ۔
**شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر**- (ا-مثل) شیخوں کی ڈینگ اور پٹھانوں کی حجت مشہور ہے۔
**شیخانی**- (شے-خا-نی) [اُ-ا-مث] قوم شیخ کی عورت- شیخ کی بیوی-
**شیخڑا**- (شیخ-ڑا) [اُ-ا-مذ] (تحقیر سے) شیخ کا لڑکا۔
**شیخی** - (شے-خی) [اُ-ا-مث] بڑائی-گھمنڈ-ڈینگ-
**شیخی باز۔شیخی خورا**- (ا-صف) گھمنڈی-ڈینگ ہانکنے والا-ڈون کی لینے والا۔
**شیخی بگھارنا**- (ا-صف) ڈینگ مارنا-خودستائی کرنے والا-
**شیخی جتانا**- (ا-محاورہ) بڑائی ظاہر کرنا-خودستائی کرنا-
**شیخی جھڑنا**-(کرکری ہونا) نکل جانا-(ا-محاورہ) سبکی ہونا-خفت ہونا-غرور ٹوٹنا-
**شیخی کرکرا جانا** - (ا-محاورہ) گھمنڈ جاتا رہنا-
**شیخی مارنا**- (ا-محاورہ) ڈینگ مارنا-خودستائی کرنا-
**شیخی میں آنا**- (ا-محاورہ) اترانا-گھمنڈ کرنا-
**شیخین**- (ع-ا-مذ) شیخ کا تثنیہ- کنایتاً حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ
**شیدا** (شیدائی) [ف صف] عاشق-عشق میں ڈوبا ہوا-فریفتہ-فدا۔
**شیدی**- (شی-دی) [ف-ا-مذ] حبشیوں کا لقب- (۲) حبشی-
**شیڈ**- (Shed) [انگ-ا-مذ] سائبان-چھپر-اُسارا-
**شیڈ**- (Shade) [انگ-ا-مذ] (۱) سایہ-چھاؤں (۲) تیرگی-تاریکی اندھیرا- (۳) کنج-گوشہ-خلوت (۴) تصویر کا تاریک حصّہ (۵) حفاظت-بچاؤ-آڑ (۶) رنگ کا مختلف ہونا-باریک فرق (۷) غیر حقیقی شے-موہوم شے (۸) سایہ-بھوت-پریت-
**شیڈول**- (Schedule) - شے-ڈول) [انگ-ا-مذ] فہرست-جدول-نقشہ-گوشوارہ-
**شیر**- [ف-ا-مذ] (۱) باگھ-بگھیلا-اسد- (۲) پرنالے کا منہ جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) بہادر-جوانمرد-نڈر-
**شیر آبی**-[ف-ا-مذ] مگرمچھ-گھڑیال-ایک بحری جانور سیل-
**شیر آسا**-(ف-ا-صف) شیر کی طرح-
**شیر انداز۔شیر افگن** - (ف-صف) شیر کو پچھاڑنے والا-شجاع-دلیر-بہادر
**شیر ببر**- ایک قسم کا بہت بڑا شیر جو افریقہ میں ہوتا ہے اور اس کی گردن پر بالوں کے گچھے ہوتے ہیں-
**شیر بچہ** - (ف-ا-مذ) (۱) شیر کا بچہ (۲) دلیر-بہادر (۳) ایک قسم کی چھوٹی بندوق-
**شیر بکری**- (ف-ا-مث) لڑکوں کا ایک کھیل-
**شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں**- (ا-مثل) عدل اور انصاف کی تعریف میں بولتے ہیں-
**شیر خدا**- (ف-ا-مذ) حضرت علیؓ کا لقب-
**شیر دل**-(ف-صف) دلیر-قوی-شجاع-بہادر-
**شیر دہان** - (۱) وہ صورت جو شیر کے کلے سے مشابہ ہو-اکثر پانی گرنے کی جگہ پر بنا دیتے ہیں (۲) ایک قسم کی بندوق (۳) ایک قسم کا عصا (۴) وہ مکان جو دروازے کی طرف سے عرض میں کم اور پیچھے کی طرف سے زیادہ ہو (۵) ایک قسم کا کنگن۔
**شیر ژیاں**- (ف-ا-مذ) غضبناک شیر (۲) بہادر آدمی-
**شیر قالین** - [ف-ا-مذ] (۱) شیر کی وہ تصویر جو اکثر قالینوں پر بنی ہوتی ہے (۲) نمائشی-غیر حقیقی (۳) بزدل-
**شیر کا ایک ہی بھلا** - (ا-مثل) بہادر بیٹا ایک ہی کافی ہے-
**شیر کا بال**- (ف-ا-مذ) سمّ قاتل-زہر قاتل-
**شیر کا برقع**- (ف-ا-مذ) فقیری درویشی
**شیر کا جھوٹا گیدڑ کھائیں** - (ا-مثل) امیر آدمیوں کے دم سے کئی غریب پلتے ہیں-
**شیر کا کان**- (ف-ا-مذ) بھنگ چھاننے کی صافی-
**شیر کا کھاجا بکری**- (ا-مثل) زبردست کمزوروں کو دبا لیتے ہیں-
**شیر کا منہ چوم کر جانچہ کھانا**- (ا-محاورہ) زبردست کو چھیڑ کر تکلیف اٹھانا-
**شیر کا ناخن**- [ف-ا-مذ] حفاظت کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں-
**شیر کھائے نہ کھائے منہ لال**- (ا-مثل) بدنام آدمی پر سب الزام لگاتے ہیں-
**شیر کرنا** - (۱) حوصلہ بڑھانا (۲) دلیر کرنا (۳) ہتی اکسانا (۴) زیادہ کرنا-تیز کرنا-
**شیر کی بولی بولنا**- (ا-محاورہ) (کنایتہً) قے کرنا-
**شیر کی خالہ**- (ف-ا-مث) بلّی
**شیر کے منہ میں جانا**- (ا-محاورہ) جان کو خطرے میں ڈالنا-
**شیر ماہی** - (ا-مث) ایک قسم کی مچھلی-
**شیر مرد**- (ف-صف) بہادر-شجاع (۲) عارف-کامل
**شیر نیستاں**- (ف-صف) (۱) جنگل کا شیر (۲) بڑا بہادر-
**شیر ہونا**- (ا-محاورہ) کسی کا کسی پر دلیر ہونا-
**شیر یزداں**- (ف-ا-مذ) حضرت علیؓ کا لقب-خدا کا شیر-
**شیروں کے شیر ہی ہوتے ہیں**- (ا-مثل) بہادروں کی اولاد بہادر ہی ہوتی ہے-
**شیروں کے منہ چڑھنا**- (ا-محاورہ) بہادروں کے مقابلہ میں آنا-
**شِیر**- [ف-ا-مذ] دودھ
**شیر برنج** - (ف-ا-مث) چاولوں کی کھیر
**شیر پیما**- [ف-ا-مث] آلہ جس سے دودھ کے خالص ہونے کا امتحان کیا جاتا ہے- دودھ کسوٹی (انگ) (Lactometer)
**شیر خشت** - (ف-ا-مذ) ایک میٹھی دوا جو بطور مسہل استعمال ہوتی ہے-
**شیر خوار-شیر خور**- [ف-ا-مذ] دودھ پیتا بچہ-
**شیر خوارگی** - [ف-ا-مذ] وہ عمر جس میں بچہ دودھ پیتا ہے-
**شیر دان**- (۱) دودھ کا برتن (۲) بکری کا معدہ-کھیری-
**شیر گرم**- [ف-ا-صف] نیم گرم-
**شیر مادر**- [ف-ا-مذ] (۱) ماں کا دودھ (۲) حلال-مباح-جائز
**شیر مال** -[ف-ا-مذ] میدے کی خمیری روغنی روٹی-
**شیر و شکر**- [ف-ا-مذ] (۱) دودھ اور شکر کی طرح ملا ہوا-یک جان دو قالب (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا-
**شیر و شکر ہونا**- (ا-محاورہ) نہایت مانوس ہونا-گھل مل جانا.
**شیرازہ** - (شی-را-زہ) [ف-ا-مذ] (۱) وہ فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد



Marfat.com

اس کی پُشت پر لگاتے ہیں۔ (۲) سلائی جو کتاب اور جزوں پر کی جاتی ہے۔ (۳) انتظام۔ سلسلہ۔

**شیرازہ باندھنا۔** (ا۔محاورہ) کتاب کی سلائی کرنا۔ منتشر جزوں کو یکجا کرنا۔

**شیرازہ بکھرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) منتشر ہو جانا (۲) ابتری پڑنا (۳) انتظام بگڑنا۔

**شیرازہ بندی۔** [ف۔ا۔مث] (۱) جلد بندی (۲) انتظام۔

**شیرازی۔** (شی۔را۔زی) [ف۔صف] (۱) شیراز کا۔ شیراز سے منسوب (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

**شیرنی۔** [اُ۔ا۔مث] شیر کی مادہ۔

**شیرنی۔** (شیر۔نی) [ق۔ا۔مث] مٹھائی۔ شیرینی۔

**شیروں کا مُنہ کس نے دھویا۔** (ا۔مثل) بچے ہاتھ مُنہ دھوئے بغیر کھانا کھائیں تو طنزاً کہتے ہیں۔

**شیروں کے شیر ہی ہوتے ہیں۔** (ا۔مثل) بہادروں کی اولاد بہادر ہی ہوتی ہے۔

**شیروں کے مُنہ چڑھنا۔** (ا۔محاورہ) بہادروں کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ زبردست کے ساتھ لڑنا۔

**شیرہ۔** (شی۔رہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) قوام۔ چاشنی (۲) پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ رساب۔

**شیرۂ انگور۔** [ف۔ا۔مذ] انگوری شراب۔

**شیریں۔** (شی۔ریں) [ف۔صف] (۱) میٹھا۔ خوشگوار (۲) عزیز۔ پیارا۔ (۳) نرم۔ ملائم۔ رس دار (۴) فرہاد کی معشوقہ کا نام۔

**شیریں ادا۔** (ف۔صف) وہ جس کی ادائیں پسند ہوں۔ اچھی اداؤں والا۔

**شیریں بیاں۔** (ف۔صف) خوش بیاں۔ خوش کلام۔

**شیریں خرام۔** (ف۔صف) پسندیدہ چال چلنے والا۔

**شیریں دہان (دہن)** [ف۔صف] میٹھی باتیں کرنے والا (۲) جس کا بوسہ لیتے ہوئے لطف آئے۔

**شیریں زبان۔ شیریں سُخن۔ شیریں کلام۔ شیریں نفس۔ شیریں مقال۔** (ا۔صف) خوش گفتار۔ فصیح۔

**شیریں لب۔** (ف۔صف) خوش گفتار۔ فصیح۔

**شیریں نوا۔** (ف۔صف) سُریلا۔ خوش آواز۔

**شیریں نشود دہن بحلوہ گفتن۔** (ف۔مثل) کسی چیز کا محض نام لینے سے اس کا مزہ نہیں آتا۔

**شیرینی۔** (شی۔ری۔نی) [ف۔ا۔مث] (۱) مٹھائی (۲) مٹھاس۔ حلاوت۔

**شیرینیِ تحریر۔** (ف۔ا۔مث) تحریر کا دل پسند ہونا۔

**شیش۔** [ف۔ا۔مذ] شیشے کا مخفف۔ بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے جیسے شیش محل۔

**شیش گر۔** (شیش۔گر) [ف۔صف] شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

**شیشم۔** (شی۔شم) [اُ۔ا۔مذ] ایک درخت جس کی لکڑی نہایت وزنی اور مضبوط ہوتی ہے۔

**شیش محل۔** (شیش۔مَ۔حل) [اُ۔ا۔مذ] وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔

**شیش محل کا کُتا۔** (ا۔مذ) کتا شیش محل میں چاروں طرف کتوں کو دیکھ کر گھبرا جاتا ہے (۱) بوکھلایا ہوا کتا (۲) باؤلا کتا۔ (۳) دیوانہ آدمی۔

**شیش ناگ۔** (س۔ا۔مذ) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ایک بڑا سانپ جس کے ہزار سر ہوتے ہیں اور یہ دُنیا کو اُٹھائے ہوئے ہے (۲) بڑا سانپ۔

**شیشہ۔** (شی۔شہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) آئینہ (۲) کانچ (۳) بوتل۔ قرابہ۔ (۴) آرسی کا آئینہ۔

**شیشہ باز۔** (ف۔صف) شعبدہ باز (۲) رقاصوں کا ایک گروہ (۳) ٹھگ۔ مکار۔

**شیشۂ بشکستہ را پیوند کردن مشکل است۔** (ف۔مثل) ٹوٹے ہوئے شیشے کو جوڑنا مشکل ہے۔ اسی طرح جب دل میں کسی قسم کا میل آجائے تو صفائی مشکل ہو جاتی ہے۔

**شیشہ دکھانا۔** آئینہ دکھانا۔ (۲) پنجاب میں جوتے کا تلا دکھا کر مذاق کرتے ہیں۔

**شیشہ دکھائی۔** (ا۔محاورہ) وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھانے پر دیا جاتا ہے۔

**شیشۂ دل۔** (ف۔ا۔مذ) نازک ہونے کی وجہ سے دل کا استعارہ شیشے سے کیا جاتا ہے۔

**شیشۂ دل چُور کرنا۔** (ا۔محاورہ) رنج پہنچانا۔ دُکھ دینا۔

**شیشۂ ساعت۔** (ف۔ا۔) ریت گھڑی۔ بالو گھڑی۔

**شیشے کا بال۔** (ا۔مذ) باریک درز جو شیشے کو چوٹ لگنے سے آجاتی ہے۔

**شیشے کا دیو۔** (ا۔مذ) شراب۔ مے۔

**شیشے کی ہچکیاں۔** (ا۔مث) بوتل یا قرابے سے رقیق چیز کے نکلنے پر جو آواز رُک رُک کر پیدا ہوتی ہے۔

**شیشے میں اُتارنا۔** (ا۔محاورہ) قابو میں لانا۔ مسخر کرنا۔ پرچانا۔

**شیشے میں ڈھالنا۔** (ا۔محاورہ) مطیع کرنا۔ مسخر کرنا۔

**شیشی۔** (شی۔شی) [اُ۔ا۔مث] کانچ کا چھوٹا سا برتن۔ چھوٹی سی بوتل۔

**شیشی سنگھانا۔** (ا۔محاورہ) بیہوشی کی دوا سنگھانا۔

**شیطان۔** (شے۔طان) [ع۔ا۔مذ] فرشتوں کا معلم جس نے خدا کی نافرمانی کر کے حضرت آدم کو سجدہ نہ کیا اور راندہ گیا (۲) نافرمان۔ سرکش۔ باغی (۳) پلید۔ خبیث۔ بدکار (۴) مردود۔ نکالا ہوا (۵) گمراہ۔ بدراہ (۶) شریر۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ فسادی۔ (۷) جھگڑا۔ فساد (۸) غصہ۔ غضب۔

**شیطان اُترنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) غصہ دُور ہونا (۲) شرارت رفع ہونا۔

**شیطان اُچھلنا۔** (ا۔محاورہ) شرارت سُوجھنا۔

**شیطان چڑھنا (سوار ہونا)** (ا۔محاورہ) غصہ یا ضد چڑھنا۔ (۲) جن بھوت کا سایہ ہونا۔ (۳) شرارت سُوجھنا۔

**شیطان چوکڑی۔** شرارتی آدمیوں کی ٹولی۔

**شیطان سے زیادہ مشہور۔** بہت بدنام۔ بہت مشہور۔

**شیطان کا امان مانگنا۔** (ا۔محاورہ) ایسا شریر ہونا کہ شیطان بھی پناہ مانگے۔

**شیطان کا کان میں پھونک دینا۔** (ا۔محاورہ) شیطان کا بہکا دینا (۲) شیطان کا دل میں غرور پیدا کرنا۔

**شیطان کا لشکر۔** (ا۔مذ) شریر لڑکوں کا مجمع۔

**شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی۔** (ا۔مثل) جھگڑا کھڑا ہونے یا غصہ آنے میں



Marfat.com

در نہیں لگتی۔

**شیطان کی آنت**۔ (ا۔مث) (۱) بڑی لمبی چیز (۲) طول طویل قصّہ (۳) وہ چیز جس کا سلسلہ دُور تک پھیلا ہو۔

**شیطان کی پھٹکار**۔ (بددُعا) کوئی بُرا کام کرے تو کہتے ہیں۔

**شیطان کی خالہ**۔ (ا۔مث) لڑائی جھگڑا کرادینے والی عورت۔

**شیطان کی ڈور**۔ (ا۔مث) مکڑی کے جالے کا تار جو اکثر راستوں میں اُڑتا پھرتا ہے اور آنکھ میں پڑ جانے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔

**شیطان کے کان بہرے**۔ (ا۔مثل) شیطان نہ سُنے۔ خدا غماز کے کان تک یہ بات نہ پہنچائے (۲) خُدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو۔

**شیطان کے کان کاٹنا**۔ (ا۔محاورہ) شیطان سے بڑھ کر کام کرنا۔ شیطان سے زیادہ شریر اور فتنہ انگیز ہونا۔

**شیطان کے گھر ولی**۔ (ا۔مثل) نالائق شخص کی اولاد کا نیک ہونا۔

**شیطان مجسّم**۔ (ع۔صف) سرتاپا شریر۔ بےحد شریر۔

**شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی**۔ (ا۔مثل) لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔

**شیطان ہر جگہ موجود ہے**۔ (ا۔مثل) سامانِ گناہ ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ ہر جگہ انسان کے دل میں بُرے وسوسے آتے رہتے ہیں۔

**شیطانی**۔ (شَے۔طَا۔نی) [اُر۔صف] (۱) شیطان سے منسوب۔ شیطان کا (۲) احتلام جو عورتوں کو ہوجائے۔

**شیطانی لشکر**۔ (ا۔مذ) شریر لڑکوں کا مجمع۔

**شیطانی چرخا**۔ (ا۔مذ) بُری چیز یا بُرا شخص۔

**شیطنت**۔ (شَے۔طَ۔نَت) [اُر۔ا۔مث] (۱) شرارت۔ خباثت بدی (۲) شرارت (۳) فتنہ فساد۔

**شیعہ**۔ (شِی۔عَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) گروہ (۲) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؓ کو پیغمبرِ اسلام کے بعد خلافت کا حق دار مانتا ہے (۲) امامیہ مذہب کا پیرو۔

**شیعی**۔ (شِی۔عِی) [ع۔صف] شیعہ فرقہ سے منسوب۔

**شیفتگی**۔ (شیف۔تَ۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) عشق۔ فریفتگی (۲) حیرانی مدہوشی۔ پریشانی۔

**شیفتہ**۔ (شیف۔تہ) [ف۔صف] (۱) عاشق۔ فریفتہ (۲) متحیّر۔ پریشان۔ (۳) اُردو کے شاعر نواب مصطفیٰ خاں کا تخلص۔

**شیلا**۔ (شَے۔لا) [ت۔ا۔مث] ململ۔

**شیلڈ**۔ (انگ۔ا۔مث) سپر۔ ڈھال (۲) انعامی نشان۔

**شیلف**۔ (Shelf) [انگ۔ا۔مث] طاق۔ الماری۔ خانہ۔

**شِیَم**۔ (شِی۔یَم) [ع۔ا۔مث] شیمہ کی جمع۔ عادتیں خصلتیں۔

**شَین**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) عیب۔ بُرائی (۲) عیب لگانا۔ جمع: شیون۔

**شِین**۔ [ہ۔ا۔مذ] حرف "ش" کا تلفظ۔

**شین قاف دُرست نہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) تلفظ صحیح نہ ہونا۔

**شیو**۔ (Shave) [انگ۔ا۔مذ] حجامت۔

**شیو۔ شِیوا**۔ [ہ۔ا۔مذ] ہندوؤں کا بڑا دیوتا۔ مخلوقات کو فنا کرنے والا۔

**شیوا**۔ (شَے۔وا) [ف۔صف] فصیح۔ بلیغ۔

**شیوا زبان (بیان)**۔ [ف۔صف] خوش بیان۔ فصیح۔ بلیغ

**شیوخ**۔ (شُ۔یُوخ) [ع۔ا۔مذ] (۱) شیخ کی جمع (۲) مشائخ (۳) بوڑھے (۴) استاد۔ معلمین

**شیوخت**۔ (شُ۔یُوخَت) [ع۔ا۔مث] بڑھاپا۔

**شیوع**۔ (شُ۔یُوع) [ع۔ا۔مذ] (۱) ظاہر ہونا (۲) جاری ہونا۔ (۳) پھیلنا۔ اشاعت۔

**شیون**۔ (شَے۔وَن) [ف۔ا۔مذ] غم۔ ماتم۔ سوگ۔ نوحہ۔ آہ وزاری نالہ۔ فریاد۔ واویلا۔

**شیوہ**۔ (شَے۔وَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ دستور (۲) ناز۔ کرشمہ

**شیوہ گری**۔ نازنخرہ۔ عشوہ۔



Marfat.com

# ص

ص۔ (صاد۔ صَواد) [ع۔ ا۔ مذ] اُردو کا بیسواں۔ فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف۔ حساب ابجد میں اس کے نوے عدد فرض کئے گئے ہیں۔ اسے صادِ مہملہ یا صادِ غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ آدھا ص یعنی بلا دائرے کا (ص) صحیح۔ منظور شدہ اور صلی اللہ علیہ وسلم کے مخفف کی علامت ہے۔ قرآن شریف کی ایک سُورت کا نام۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اگر اس کے پہلے "ال" ہو تو لام نہیں پڑھا جائے گا۔ البتہ ص کو مشدّد کر دیا گیا جیسے الصّید۔

## ص - ا

**صابر**۔ (صَا۔ بِر) [ع۔ صف] (۱) صبر کرنے والا۔ متحمل۔ بُردبار (۲) حضرت ایوبؑ کا لقب جن کا صبر ضرب المثل ہے۔ جمع: صابرین۔

**صابری**۔ (صَا۔ بِ۔ ری) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] (۱) صابر سے منسوب (۲) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت سید علاؤالدین علی احمد صابر کلیری سے منسوب ہے۔

**صَابُن**۔ (صَا۔ بُن) [ اُر۔ ا۔ مذ] عربی لفظ صابُون کا مورّد۔ مَیل صاف کرنے کی چیز جو تیل، سوڈا اور چربی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔

**صَابُن سا مُنہ ہیں کھلنا۔ صابن سا مُنہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) سیٹھا سیٹھا مُنہ ہونا۔ پھیکا پھیکا اور بدذائقہ مُنہ ہونا۔

**صابن کا تار**۔ (ا۔ مذ) شامل مگر آلودگی سے پاک۔ تعلقات دُنیا میں شامل مگر علیحدہ۔ بے لوث۔ بے تعلق۔ آزاد۔

**صابُون**۔ (صَا۔ بُون) [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے صابن۔

**صابونی**۔ (صَا۔ بُو۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] ایک قسم کی مٹھائی۔

**صابی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک دین سے پھر کر دوسرے دین میں جانا۔

**صاحِب**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) یار۔ دوست۔ ساتھی (۲) مالک۔ خُدا۔ آقا۔ حاکم (۳) کلمۂ تعظیم (۴) خاوند۔ شوہر (۵) آپ (۶) جنٹلمین۔ شریف (۷) معشوق۔ دلبر (۸) کلمۂ خطاب (۹) کلمۂ احترام جو نام کے بعد لکھا جاتا ہے۔

**صاحب الغرض مجنونٌ**۔ (ع۔ مثل) غرض مند دیوانہ ہوتا ہے۔

**صاحبِ اختیار**۔ (ع۔ صف) با اختیار۔ خود مختار۔ آزاد۔ مطلق العنان۔

**صاحبِ اخلاق**۔ (ع۔ صف) خوش اخلاق۔ خلیق۔

**صاحبِ ادراک**۔ (ع۔ صف) دانا۔ عقلمند

**صاحبِ استعداد**۔ (ع۔ صف) قابل۔ لائق۔

**صاحبِ اقبال**۔ (ع۔ صف) خوش بخت۔ نیک اختر۔

**صاحب الزّمان**۔ (ع۔ صف) حضرت امام مہدی کا لقب۔

**صاحبِ بُرید**۔ (ع۔ صف) ڈاکخانے کا انتظام کرنے والا۔ پوسٹ ماسٹر۔

**صاحبِ تخت**۔ (ع۔ ف۔ صف) بادشاہ۔

**صاحبِ تدبیر**۔ (ع۔ صف) ذی شعور۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ مُدبّر۔

**صاحبِ تمیز**۔ (ا۔ صف) تمیزدار۔ ذی شعور۔ (۲) دانا۔ عقلمند (۳) واقف۔ ماہر (۴) سلیقہ۔ سُگھڑ۔

**صاحبِ جائداد**۔ (ع۔ ف۔ صف) وُہ شخص جس کے پاس۔ زمین۔ املاک۔ باغات وغیرہ ہوں۔

**صاحبِ جمال**۔ (ع۔ صف) حسین۔ خوبصورت۔

**صاحبِ جیش**۔ (ع۔ صف) فوج کا کمانڈر انچیف۔ جرنیل۔

**صاحبِ حال**۔ (ع۔ صف) لائق۔ قابل دید (۲) مہذب۔ شائستہ (۳) اہلِ دل (۴) وہ شخص جس کی طرف کسی فقرے یا جملے کا اشارہ ہو۔

**صاحبِ حیثیت**۔ (ع۔ صف) جائداد کا مالک۔ دولت مند۔ معزز۔

**صاحبِ خانہ** (ع۔ ف۔ صف) (۱) گھر والا۔ گھر کا مالک (۲) مہمان دار۔ میزبان۔

**صاحبِ دل**۔ (ع۔ ف۔ صف) پارسا۔ متقی۔ پرہیزگار۔ دین دار۔ سخی۔

**صاحبِ دیوان**۔ (ف۔ صف) وہ شاعر جس کے کلام کا مجموعہ مرتب یا شائع ہو چکا ہو

**صاحبِ ذوق**۔ (ع۔ صف) (۱) عارفِ کامل (۲) شوقین۔ عاشق مزاج۔ (۳) فنونِ لطیفہ کا اچھا مذاق رکھنے والا۔

**صاحبِ راز**۔ (ع۔ ف۔ صف) بھیدی۔ محرم۔ ہمدم

**صاحبِ روایت**۔ (ع۔ صف) معتبر راوی۔

**صاحبزادہ**۔ (ع۔ ف۔ مذ) (۱) شریف زادہ۔ رئیس زادہ (۲) بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا کسی بزرگِ دین کی اولاد (۳) ناتجربہ کار نوجوان۔

**صاحبزادہ پن**۔ (ا۔ مذ) نادانی۔ احمق پن۔ بیوقوفی۔

**صاحبزادی**۔ (ا۔ مث) بیٹی۔ دُختر۔

**صاحبِ زبان**۔ (ع۔ ف۔ صف) زبان کا ماہر۔ زبان دان۔

**صاحبِ زر**۔ (ع۔ ف۔ صف) امیر۔ دولت والا۔ مال دار۔

**صاحب سلامت** (ع۔ ا۔ مث) علیک سلیک۔ ملاقات۔ جان پہچان۔

**صاحبِ سلیقہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) سُگھڑ۔ ہنرمند۔ صاحبِ تمیز۔

**صاحبِ صابی**۔ (ع۔ صف) (۱) حضرت عیسیٰ (۲) وہ شخص جس نے ستاروں کی پرستش رائج کی۔

**صاحبِ صفّین**۔ (ع۔ صف) حضرت علیؓ۔

**صاحبِ ظرف**۔ (ع۔ صف) باحوصلہ۔ عالی ظرف۔

**صاحبِ عالم**۔ (ع۔ صف) شہزادگانِ دہلی کا لقب۔

**صاحبِ عزّ و شان**۔ (ع۔ صف) عزت اور شان و شوکت والا۔

**صاحبِ عصا**۔ (ع۔ صف) حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

**صاحبِ عطا و نعم**۔ (ع۔ صف) فیّاض۔ سخی۔

**صاحبِ غیرت**۔ (ع۔ صف) غیرت مند

**صاحبِ فراست**۔ (ع۔ صف) دانا۔ عقل مند۔

**صاحبِ فراش**۔ (ع۔ صف) وہ بیمار جو بستر سے اُٹھ نہ سکے۔ چارپائی پر پڑا رہنے والا بیمار آدمی۔



Marfat.com

**صاحبِ قِران** ۔ (ع ۔ صف) (۱) وہ شخص جس کے نطفہ ٹھیرنے یا پیدا ہونے کے وقت زہرہ و مشتری ایک گھر میں ہوں ۔ قِرانُ السعدین والا ۔ (۲) بڑا نیک ۔ طالع اور فتح مند (۳) امیر تیمور کا لقب ۔

**صاحبِ قلم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ادیب ۔ شاعر ۔ مصنف ۔

**صاحبِ قیافہ** ۔ (ع ۔ صف) عقلمند ۔ دانا ۔ سمجھ دار

**صاحبِ کتاب** ۔ (ع ۔ صف) وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب اُتری ہو ۔

**صاحبِ کرامت** ۔ (ع ۔ صف) جس میں کرامت دکھانے کی طاقت ہو ۔

**صاحبِ کرم** ۔ (ع ۔ صف) فیّاض ۔ سخی ۔ داتا ۔

**صاحبِ کمال** ۔ (ع ۔ صف) ماہر ۔ استاد (۲) عارف ۔ ولی ۔ عالم (۳) حکیم ۔ ڈاکٹر

**صاحبِ لولاک** ۔ (ع ۔ صف) جناب رسالتمآب

**صاحبِ مقدور** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) مالدار ۔ دولت مند ۔

**صاحبِ من** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) میرے صاحب ! جناب من ! مہربان ۔

**صاحبِ منصب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عہدیدار ۔

**صاحبِ نسبت** ۔ (ع ۔ صف) خدا سے لگاؤ رکھنے والا ۔ ولی کامل ۔

**صاحبِ نصیب** ۔ (ع ۔ صف) (۱) خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ (طنزاً) بدنصیب ۔ کمبخت ۔

**صاحبو** ۔ (صَا ۔ ح ۔ بو) [اُ ۔ خطاب] اے حاضرینِ جلسہ ۔

**صاحبہ** ۔ (صَا ۔ ح ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مث] صاحب کی تانیث ۔ محترمہ ۔ جمع : صاحبات

**صاحبی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) حکومت ۔ عہد ۔ دور دورا (۲) امیری (۳) عالی دماغی ۔ نازک مزاجی ۔ بے پروائی ۔ (۴) شیخی ۔ فیشن پرستی (۵) مغربی انداز اور طور طریقہ ۔

**صاحبی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حکومت کرنا ۔ دماغ کرنا ۔ کم توجہی کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔

**صاد** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) حرف "ص" کا تلفظ (۲) علامت تصدیق و اقرار منظور کرنے کی علامت (۳) قرآن شریف کی اڑتیسویں سُورت (۴) چشم ۔ آنکھ ۔

**صاد کرنا ۔ صاد لکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تصدیق کرنا ۔ منظور کرنا ۔ پسند کرنا (۲) دستخط کرنا ۔

**صاد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منظور ہونا ۔ تسلیم شدہ ۔

**صادر** ۔ (صَا ۔ در) [ع ۔ صف] نافذ ہونے والا ۔ نکلنے والا ۔ نافذ ۔

**صادر شدہ** ۔ (ع ۔ صف) جاری کیا ہوا ۔

**صادر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جاری کرنا ۔ حکم یا قانون جاری کرنا ۔

**صادر وارد** ۔ (ع ۔ صف) (۱) مسافر ۔ آنا جانا (۲) مہمان

**صادر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نافذ ہونا ۔ جاری ہونا (۲) واقع ہونا ۔ پیش آنا (۳) پہنچنا ۔ نازل ہونا ۔

**صادِق** ۔ (صَا ۔ دِق) [ع ۔ صف] (۱) سچا ۔ راست گو (۲) منصف ۔ مزاج ۔ (۳) وفادار (۴) ٹھیک ۔ موزوں (۵) معنی کا کسی دوسری چیز پہ درست آنا (چسپاں ہونا) ۔ جمع : صادقین ۔

**صادق آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) درست ہونا ۔ ٹھیک ہونا (۲) چسپاں ہونا ۔ عائد ہونا ۔

**صادق الاعتقاد** ۔ (ع ۔ صف) سچے اعتقاد والا ۔

**صادق القول** ۔ (ع ۔ صف) بات کا پُورا ۔ وفادار ۔

**صادق الوَعدہ** ۔ (ع ۔ صف) وعدے کا سچا ۔ وعدہ پُورا کرنے والا بات کا پکا ۔

**صادقانہ** ۔ (ع ۔ صف) سچے طور سے ۔ وفاداری سے ۔

**صارف** ۔ (صا ۔ رف) [ع ۔ صف] خرچ کرنے والا ۔ وہ شخص جو کسی چیز کو استعمال کرے ۔ جمع : صارفین ۔

**صارم** ۔ (صا ۔ رم) [ع ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ] (۱) تلوار کاٹ والی (۲) بہادر آدمی ۔

**صاع** (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ۲۳۴ تولے کا ایک وزن (۲) [مث] نشیب ۔ پست زمین ۔

**صاعد** ۔ (صا ۔ عد) [ع ۔ صف] اُوپر چڑھنے والا ۔

**صاعقہ** ۔ (صَا ۔ ع ۔ قہ) [ع ۔ ا ۔ مث] کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی ۔

**صاعقہ بار ۔ صاعقہ زا ۔ صاعقہ فگن** ۔ (ع ۔ صف) بجلی گرانے والا ۔

**صاف** ۔ [ع ۔ صف] (۱) کھرا ۔ نرمل ۔ خالص ۔ (۲) اُجلا ۔ بے داغ ۔ کورا ۔ (۳) بے گناہ ۔ پاک (۴) سہل ۔ آسان (۵) ہموار ۔ چکنا (۶) ہو بہو بالکل (۷) ظاہر ۔ آشکار (۸) علی الاعلان (۹) نتھرا ہوا ۔ مانجھا ہوا ۔ صیقل کیا ہوا ۔ (۱۰) سچا ۔ سیدھا (۱۱) مفصل ۔ واضح (۱۲) ٹھیک درست ۔ (۱۳) بے کدورت (۱۴) بے لوث (۱۵) سادہ ۔ معصوم ۔ (۱۶) کُھلم کُھلا ۔ کھلے طور پر ۔

**صاف اُڑا لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اس طرح بھگا لانا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو ۔

**صاف انکار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بالکل جواب دینا ۔ مُکر جانا ۔

**صاف بات** ۔ (ا ۔ مث) آزادانہ رائے ۔ بے لاگ بات ۔

**صاف باطن** ۔ (ع ۔ صف) بے کینہ ۔ جس کے باطن میں کھوٹ نہ ہو ۔

**صاف جواب دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بالکل انکار کرنا ۔ دوٹوک جواب دینا ۔

**صاف بچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی ضرر نہ پہنچنا ۔

**صاف چھوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بری ہونا ۔ بے قصور بن کر رہائی پانا ۔

**صاف دِل** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بے کینہ ۔ بے ریا ۔ جس کے دل میں کوئی کدورت نہ ہو ۔

**صاف دیدہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے عزت ۔ ڈھیٹ ۔

**صاف رہ ۔ بیباک رہ** ۔ (ا ۔ مثل) حساب صاف ہو تو کسی کا ڈر نہیں ہوتا ۔

**صاف رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اُجلا رہنا ۔ پاک رہنا (۲) دیانتداری اور ایمانداری سے رہنا (۳) بھوکا رہنا ۔ کچھ نہ کھانا ۔

**صاف شفاف** ۔ (ع ۔ صف) ایسا صاف جس کے آر پار نظر آ سکے ۔ بالکل صاف ۔

**صاف صاف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بے لاگ ۔ کھری کھری ۔ کُھلم کُھلا ۔ اعلانیہ ۔

**صاف صاف سُنانا (کہنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گالیاں دینا ۔ (۲) کھری کھری کہنا ۔

**صاف کر دینا ۔ صاف کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دھونا ۔ میل نکالنا ۔ کوڑا کرکٹ نکالنا ۔ مانجھنا (۲) نقل کرنا ۔ مسوّدہ کو ٹھیک کر کے لکھنا (۳) جنگل کاٹ کر میدان بنانا (۴) چَٹ کرنا ۔ اُڑا دینا (۵) بالکل غارت کرنا ۔ اُجاڑنا ۔ مارنا (۶) مشق کرنا (۷) منہ کا مزہ ٹھیک کرنا (۸) مذبوحہ جانور کو بنانا ۔ (۹) قتل کر دینا ۔ (۱۰) کدورت رفع کرنا (۱۱) منہدم کر دینا ۔ گرانا ۔



Marfat.com

(۱۲) بیباق کرنا (۱۳) ختم کر دینا (۱۴) چوری کرنا۔

**صاف کہہ دینا (کہنا)**۔ (ا۔محاورہ) سچ سچ کہنا۔کھری کھری سُنانا (۲) بے لاگ بات کرنا۔

**صاف گزرنا**۔ (ا۔محاورہ) فاقہ گزرنا۔ بالکل کھانے کو نہ ملنا۔

**صاف گو**۔ [ع۔ف۔صف] سچا۔ کھری کھری کہنے والا۔

**صاف معاملہ**۔ (ع۔ا۔مذ) ایسا معاملہ جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔

**صاف مُنہ پر کہنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کے خلاف اس کے سامنے کہنا کُھلے طور پر کہنا۔

**صاف نکل جانا**۔ (ا۔محاورہ) کسی صدمہ۔آزار یا خطرناک جگہ سے بچ کر چلا جانا۔

**صاف ہونا**۔ (۱) اخلاص ہونا (۲) کُھلنا۔جاری ہونا (۳) گر پڑنا (۴) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا (۵) جنگل کا کٹ جانا (۶) بال مونڈا جانا (۷) بیباق ہونا (۸) آسمان کُھلنا (۹) دُرست کر کے لکھا جانا۔

**صَافہ**۔ [اُ۔ا۔مذ] (۱) سر پر باندھنے کا دوپٹہ (۲) شکاری جانور کا بُھوکا رکھنا۔

**صَافہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) شکاری جانور کو بُھوکا رہنا۔کبُوتر کو بلند پروازی کے لیے بُھوکا رکھنا۔

**صَافی**۔ (صَا۔فی) [ع۔ا۔مث] (۱) رومال یا کپڑے کا ٹکڑا جس سے صفائی کی جائے۔چُولھے پر سے برتن اُتارنے کا کپڑا (۲) چھاننے کا کپڑا۔

**صافی نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) راضی نامہ (۲) تصدیق کا خط۔فارغ خطی۔

**صالح**۔ (صَا۔لِح) [ع۔صف] (۱) نیک۔پارسا۔پرہیزگار۔متقی (۲) دیانتدار۔نیک چلن (۳) ایک پیغمبر جو قوم ثمود میں مبعوث ہُوئے تھے۔

**صالحات**۔ (صا۔لِ۔حات) [ع۔ا۔مث] (۱) صالحہ کی جمع۔نیک عورتیں (۲) اچھے کام۔

**صالحہ**۔ (صا۔لِ۔حَہ) [ع۔ا۔مث] نیک بخت عورت۔پاک دامن بی بی۔

**صالحین**۔ (صا۔لِ۔حِین) [ع۔ا۔مذ] صالح کی جمع۔نیک اور پرہیزگار لوگ۔

**صَامت**۔ (ع۔صف) چُپ۔خاموش (۲) گونگا (۳) بے جان۔

**صانع**۔ (صا۔نِع) [ع۔صف] (۱) کاریگر۔بنانے والا (۲) پیدا کرنے والا۔خالق۔

**صانع حقیقی۔صانع قدرت۔صانع مُطلق**۔ (ع۔ا۔مذ) اللہ پاک دُنیا بنانے والا۔

**صائب**۔ (صا۔ئِب) [ع۔صف] (۱) رَسا۔پہنچنے والا۔ (۲) دُرست ٹھیک۔

**صائب الرائے**۔ (ع۔صف) جس کی رائے درست ہو۔عقل مند۔

**صَائم**۔ (صا۔اِم) [ع۔ا۔مذ۔صف] روزہ۔روزہ رکھنے والا۔

**صائمُ الدّہر**۔ (ع۔صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

# ص-ب

**صَبا**۔ (صَ۔با) [ع۔ا۔مث] (۱) وہ ہوا جو مشرق سے چلے۔وہ پُروا ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے۔مشرقی ہوا۔صبح کی ہوا۔

**صَباخرام**۔ (ع۔صف) تیز رفتار کنایۃً تیز گھوڑا۔

**صَباح**۔ (صَ۔باح) [ع۔ا۔مث] صبح۔تڑکا۔سحر۔

**صَباحت**۔ (صَ۔با۔حَت) [ع۔ا۔مث] گوراپن۔خوبصورتی۔جمال۔

**صَبّاغ**۔ (صَب۔باغ) [ع۔ا۔مذ] رنگریز۔رنگنے والا۔

**صُبح**۔ (ع۔ا۔مث) تڑکا۔فجر۔سویرا۔سحر۔

**صُبحِ ازل**۔ مخلوق کی پیدائش اوّل کا وقت۔آغاز۔

**صُبحِ الست**۔ (ع۔ا۔مث) وہ صبح جب اللہ نے روحوں سے پُوچھا تھا۔ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ یعنی کیا میں تمہارا رب ہوں۔رُوحوں نے کہا تھا بَلٰی۔ ہاں تُو ہمارا رب ہے۔

**صُبحِ بنارس**۔ (ا۔مث) بنارس میں صُبح کا نظارہ بہت دلکش ہوتا ہے عورتیں نہانے کے لیے دریائے گنگا پر جاتی ہیں جس سے بڑی چہل پہل ہوتی ہے۔اسی لیے بنارس کی صبح مشہور ہے۔

**صُبحِ بہار**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) موسم بہار کی صُبح جسے بہت اچھا سمجھا جاتا ہے۔

**صبحِ پیری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) بڑھاپا۔بڑھاپے کی ابتدا۔

**صُبح خیز**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) صبح سویرے اُٹھنے والا۔عابد۔نمازی۔

**صُبح خیزا۔صُبح خیزیا**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) سوتے ہُوئے مسافروں کا مال چرانے والا۔چور۔

**صبح دم**۔ (ع۔ف) علی الصباح۔بہت تڑکے۔مُنہ اندھیرے۔

**صبح شام بتانا۔صبح شام کرنا**۔ (ا۔محاورہ) حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا۔

**صبح صادق**۔ (ع۔ف) نور کا تڑکا۔پو پھٹے۔

**صُبح صُبح**۔ (ع۔متعلق فعل) بہت سویرے۔

**صبح کا بھولا شام کو آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے**۔ (ا۔مثل) اگر آدمی خرابی اُٹھا کر جلد سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دوسرے وقت میں کرے تو وہ قابل مواخذہ نہیں ہے۔

**صُبح کا تارا**۔ (ا۔مذ) نہایت روشن ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے۔زُہرہ۔

**صُبحِ کاذب**۔ [ع۔ا۔مث] صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔

**صُبح کرنا**۔ (ا۔محاورہ) رات کاٹنا۔

**صبح کس کا مُنہ دیکھا تھا**۔ (ا۔محاورہ) جب کوئی کام بگڑ جائے یا خلاف مرضی ہو تو اس وقت کہتے ہیں۔

**صُبح کی بوہنی اللہ میاں کی آس**۔ (ا۔مثل) صبح کو کسی چیز کا بلا تکرار بک جانا مبارک ہوتا ہے۔

**صُبح کی پُوچھنا تو شام کی کہنا**۔ (ا۔محاورہ) حواس باختہ ہونا۔گھبرا جانا۔

**صُبح گاہ**۔ (ع۔ف) صبح کے وقت۔علی الصباح۔

**صبح گاہی**۔ (ف۔ا۔مث) صبح سے متعلق۔صبح والا۔

**صبح ومسا**۔ (ع۔ف) صبح شام۔

**صبح ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) دن نکل آنا۔خاتمہ ہو جانا۔

**صَبر**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) شکیبائی۔خاموشی (۲) برداشت۔بُردباری۔تحمل



Marfat.com

(۳) توقف۔ تامل (۴) خدا کی مار۔ کسی کا دل دکھانے کی آفت (۵) توکل۔ قناعت۔

**صبر آزما**۔ (ع۔ف۔ صف) تکلیف دہ۔ صبر کو آزمانے والا۔

**صبر آنا**۔ (ا۔ محاورہ) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا۔ چین آنا۔

**صبر ایوب (ایوبی)** [ع۔ا۔مذ] حضرت ایوب کا صبر جو بہت مشہور ہے انتہائی صبر۔

**صبر پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا۔

**صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد**۔ (ف۔ مثل) صبر تکلیف دہ ضرور ہے مگر اس کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

**صبر جمیل**۔ (ع۔ا۔مذ) بہترین صبر۔ وہ صبر جس پر ثواب ملے۔

**صبر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) اللہ تعالیٰ کا کسی کو تسکین دینا۔

**صبر رخصت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) صبر نہ رہنا۔ بے صبر ہونا۔

**صبر سمیٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناحق تہمت لگانا۔ بہتان کا گناہ اپنے ذمہ لینا۔ جھوٹ بولنا۔ (۲) دعائے بد لینا۔ کوسنا سننا۔

**صبر کا یارا نہ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) صبر نہ ہو سکنا۔ بے صبری۔

**صبر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناامید ہو جانا (۲) تحمل کرنا۔ خاموش رہنا (۳) ٹھہرنا۔ تامل کرنا (۴) توکل کرنا۔ قناعت کرنا۔

**صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے**۔ (ا۔ مثل) صبر کرنے والوں کا انصاف خدا ہی کرتا ہے۔

**صبر کی سل چھاتی پر رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) صبر کرنا۔ صبر کی توفیق دینا۔

**صبر لینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار رہنا (۲) کسی پر بہتان یا الزام لگا کر آہ لینا۔

**صبر و شکر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی مصیبت یا بلا سے ناگہانی پر چپ رہنا۔ تکلیف میں خدا کا شکر بجا لانا۔

**صبر کرکے بیٹھ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) مایوس ہو کر بیٹھ رہنا۔

**صبر و شکیب**۔ تحمل۔ برداشت۔ اطمینان۔

**صبر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) برداشت ہونا۔ قناعت ہونا (۲) تسلی ہونا۔ توکل ہونا۔ تامل ہونا۔

**صِبِر**۔ [ع۔ا۔مذ] ایلوا۔

**صِبغ**۔ (صبغہ) [ع۔ا۔مذ] رنگ (۲) ملت۔ دین۔

**صِبغتہ اللہ**۔ (صب۔غ۔تل۔لاہ) [ع۔ا۔مذ] قدرتی رنگ۔ دین کا رنگ۔ (۲) خدائی قانون۔

**صَبوح۔ صَبوحی**۔ (صَ۔بوح۔ صَ۔بو۔حی) [ع۔ا۔مث] شرابِ صبح وہ شراب جو صبح کو پی جائے۔

**صَبوحی کش**۔ [ع۔ف۔صف] صبح کو شراب پینے والا۔ شراب خور۔

**صَبور**۔ (صَ۔بُور) [ع۔صف] (۱) صابر (۲) گنہگاروں پر نرمی کرنے والا۔ (۳) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

**صَبورا**۔ (صَ۔بو۔را) [ا۔ا۔مذ] مصنوعی عضو تناسل۔

**صَبوری**۔ (صَ۔بو۔ری) [ف۔ا۔مث] صبر۔

**صَبی**۔ (صَ۔بی) [ع۔ا۔مذ] دودھ پیتا بچہ۔ جمع: صبیان

**صَبیح**۔ (صَ۔بیح) [ع۔صف] گورا۔ خوبصورت۔

**صَبیّہ**۔ (صَ۔بی۔یَہ) [ع۔ا۔مث] لڑکی۔ بیٹی۔

# ص۔ح

**صَحابت**۔ (صَ۔حا۔بت) [ع۔ا۔مث] رفاقت۔ دوستی۔

**صَحابہ**۔ (صَ۔حا۔بہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) صاحب۔ صحابی کی جمع۔ دوست (۲) رسول مقبول صلعم کے ہم مجلس۔

**صَحابی**۔ (صَ۔حا۔بی) [ع۔ا۔مذ] رسول مقبول کے ساتھی یا وہ مسلمان جنہوں نے آنحضرت صلعم کو دیکھا ہو۔

**صحابیہ**۔ (ع۔ا۔مث) صحابی کی تانیث۔

**صِحاح**۔ (صِ۔حاح) [ع۔ا۔مث] صحیح کی جمع۔ درست۔

**صحاح ستہ**۔ (ع۔ا۔مث) حدیث کی چھ مستند کتابیں (۱) بخاری (۲) مسلم (۳) ترمذی (۴) ابوداؤد (۵) ابن ماجہ (۶) نسائی۔

**صَحّاف**۔ (ع۔ا۔مذ) جلد ساز۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔

**صَحافت**۔ (صَ۔حا۔فت) [ع۔ا۔مث] اخبار کی کاروبار۔ اخبار نویسی۔ انگ (Journalism)

**صَحافی**۔ (صَ۔حا۔فی) [ع۔ا۔مذ] اخبار نویس (انگ Journalist)

**صَحائف** (صَ۔حا۔اِف) [ع۔ا۔مذ] صحیفہ کی جمع۔ رسالے۔ کتابیں۔

**صُحبت**۔ (صُح۔بَت) [ع۔ا۔مث] (۱) یاری۔ دوستی۔ مددگاری (۲) ہمراہی ساتھ۔ (۳) محفل۔ مجلس۔ مل بیٹھنا (۴) ہم بستری۔ عورت کے ساتھ سونا۔

**صحبت اٹھانا۔ برتنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پاس رہنا (۲) پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا۔

**صحبت برآر (برآری) ہونا**۔ صحبت کا موافق ہونا۔ دوستی نبھنا۔

**صحبت برخاست ہونا**۔ (مص مرکب) مجلس برخاست ہونا۔

**صحبت چمکا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) جلسہ کی رونق بڑھا دینا۔

**صحبت داری**۔ مجامعت۔ ہم بستری۔ جماع (۲) میل جول۔ مصاحبت۔

**صحبت راس آنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے پاس بیٹھ کر برے کام چھوڑ دینا۔

**صحبت رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہم نشینی اور ہم جلیسی اختیار کرنا۔

**صحبت صالح ترا صالح کند، صحبت طالح ترا طالح کند**۔ (ا۔ مثل) اچھی صحبت تجھے نیک اور بری صحبت تجھے برا بناتی ہے۔

**صحبت کا اثر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) پاس اٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا۔ ہم صحبتوں کا ایک دوسرے میں مخلوط ہونا۔

**صحبت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) جماع کرنا۔ ہم بستری کرنا۔

**صحبت گرم ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے تکلفی کا جلسہ ہونا۔ پاس بیٹھ کر دل خوش ہونا۔

**صحبت نہ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) پاس اٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ ملنا۔ شریک جلسہ نہ ہونا۔

**صحبت یافتہ**۔ (ع۔ف۔صف) تعلیم یافتہ۔ شائستہ۔ لائقوں کی صحبت کا فیض پایا ہوا آدمی۔



Marfat.com

**صُحبتیں اٹھانا۔ صُحبتیں پڑنا۔ صُحبتیں دیکھنا** - (ا۔محاورہ) اچھے لوگوں کی صحبتوں سے فیض اٹھانا۔

**صُحبتی** - (صُح۔بَ۔تی) [ف۔ا۔مذ] یار۔ہمنشین۔ دوست۔

**صِحّت** - (صِح۔حَت) [ع۔ا۔مث] (۱) آرام۔تندرستی۔شفا (۲) تصحیح۔املا کی درستی

**صحت افزا** - [ع۔ف۔صف] تندرستی کے لیے مُفید۔صحت کو بہتر بنانے والا۔

**صحتِ الفاظ** - (ع۔ف۔ا۔مث) صحیح لفظ بولنا۔ صحیح تلفظ کرنا۔

**صحت بخش** - (ع۔ف۔صف) فائدہ بخشنے والا۔شفا دینے والا۔ مُفید۔

**صحت خانہ** - (ع۔ف۔مذ) پاخانہ۔ٹٹی۔ بیتُ الخلا

**صحت گاہ** - (ع۔ف۔ا۔مث) وہ صحت افزا مقام جہاں مریضوں کو رکھا جاتا ہے۔ سینی ٹوریم۔

**صحت نامہ** - [ع۔ف۔ا۔مذ] (۱) فہرستِ اغلاط۔ اغلاط نامہ (۲) تندرستی کا سرٹیفکیٹ۔

**صحت یابی** - (ع۔ف۔ا۔مث) بیماری کے بعد اچھا ہونا۔تندرست ہونا۔

**صحرا** - (صَح۔را) [ع۔ا۔مذ] میدان۔جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو۔بیابان۔ ویرانہ۔ ریگستان۔

**صحرا کی خاک چھاننا** - (ا۔محاورہ) جنگلوں میں آوارہ پھرنا۔

**صحرا گرد۔ صحرا نورد** - (ع۔ف۔صف) جنگلوں میں پھرنے والا۔

**صحرا نشین** - (ف۔ا۔مذ) جو جنگلوں میں رہے۔تارک الدُنیا۔راہب۔

**صحرائے اعظم** - (ع۔ا۔مذ) افریقہ کا ایک طویل و عریض ریگستان۔

**صحرائے لق و دق** - (ع۔ا۔مذ) سنسان اور ویران جنگل۔

**صحرائی** - (صَح۔را۔ای) [ع۔صف] جنگلی۔بیابانی۔

**صُحف** - (ص۔حف) [ع۔ا۔مذ] صحیفہ کی جمع۔

**صحن** - [ع۔ا۔مذ] (۱) آنگن۔انگنائی (۲) ایک قسم کا عمدہ کپڑا۔

**صحن چمن** - (ع۔ف۔ا۔مذ) باغ کا تختہ۔ تختہ گلشن۔

**صَحنچی** - (صَحن۔چی) [ف۔ا۔مث] وہ چھوٹا صحن جو دالان کے پہلو میں بنا دیتے ہیں۔

**صَحنک** - (صَح۔نَک) [ف۔ا۔مث] (۱) رکابی۔طباق (۲) چھوٹا صحن۔ (۳) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ۔

**صحنک سے اٹھ جانا** - (ا۔محاورہ) ناپاکی کے باعث حضرت فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ کی مجلس میں شریک ہونے کے قابل نہ رہنا۔

**صُحو** - (ع۔ا۔مذ) ہوشیاری۔ بیداری۔

**صحیح** - (صَ۔حِیح) [ع۔صف] (۱) درست۔ٹھیک۔تندرست۔ پورا۔کامل۔سارا (۲) تصدیق۔دستخط۔

**صحیح العقل** - (ع۔صف) عقل کا پورا۔ وہ شخص جس کی عقل سالم ہو۔

**صحیح المزاج** - (ع۔صف) تندرست۔ بھلا چنگا۔

**صحیح النسب** - (ع۔صف) نسل سے ٹھیک۔خاندانی شریف۔

**صحیح سالم (سلامت)** [ع۔صف] پورا اور کامل۔ صحیح سلامت۔ بھلا چنگا۔تندرست۔

**صحیح کرنا** - (ا۔محاورہ) (۱) اصلاح دینا۔ درست کرنا (۲) ٹھیک کرنا۔ (۳) تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا (۴) درج حساب کرنا۔لکھ لینا۔ (۵) مارنا (۶) ثابت کرنا (۷) کھرا کرنا (۸) گواہی کے لیے پکا کرنا۔

**صحیح گئے سلامت آئے** - (ا۔مثل) جیسے یہاں نکلے تھے ایسے ہی باہر رہے نہ کچھ کمایا نہ کچھ خرچ کیا۔

**صحیح ہونا** - (ا۔محاورہ) (۱) غلطی نکلنا۔ ٹھیک ہونا (۲) تصدیق ہونا دستخط ہونا۔ثبوت ہونا۔ (۳) پکا ہونا (۴) بہی میں لکھا جانا۔

**صحیح ہے** - (امتعلق فعل) بجا ہے۔ درست ہے۔حق ہے۔

**صحیحین** - (ع۔صف) صحیح کا تثنیہ (مث) احادیث کے دو مشہور مجموعے صحیح بخاری اور صحیح مسلم۔

**صحیفہ** - (صَ۔حی۔فہ) [ع۔ا۔مذ] کتاب۔رسالہ۔ورق۔لکھا ہوا صفحہ۔ چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔

**صحیفہ آسمانی** - (ع۔ف۔ا۔مذ) خدا کی طرف سے نازل شدہ کتاب۔

**صحیفہ ابراہیمی** - وہ کتاب جو حضرت ابراہیم پر نازل ہوئی۔

**صحیفہ نگار (نویس)** [ع۔ف۔صف] صحافی۔ اخبار نویس۔

**صحیفہ نگاری (نویسی)** [ع۔ف۔ا۔مث] صحافت۔اخبار نویسی۔

## ص - د

**صَد** - [ف۔صف] اسم عدد۔ سو۔سیکڑہ۔ جمع صدہا۔

**صد آفرین۔ صد رحمت** - (ف۔کلمہ تحسین) آفرین۔شاباش۔مرحبا۔ بارک اللہ۔ (طنزاً) لعنت ملامت کے موقع پر بولتے ہیں۔

**صَد برگ** - (ف۔ا۔مذ) وہ پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوں۔ گیندا۔

**صد پا** - (ف۔مذ) بہت سے پاؤں والا۔ کنکھجورا۔

**صد پارہ (چاک)** [ف۔صف] بہت جگہ سے پھٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے۔

**صد شکر** - (ا۔محاورہ) خدا کا شکر ہے خیریت گزری۔

**صد کان گوہر** - (ف۔ا۔مذ) بہت حسین معشوق۔

**صد مرحبا** - (کلمہ تحسین) شاباش۔ آفرین۔

**صدہا** - سیکڑوں۔بہت سے۔

**صدا** - (صَ۔دا) [ع۔ا۔مث] (۱) گونج۔گنبد کی آواز (۲) مطلق آواز۔ آہٹ (۳) درویش یا فقیر کے مانگنے کی صدا۔

**صدا الصحرا** - (ف۔ع۔ا۔مث) جنگل کی آواز۔بے کار اور بے سود بات جس کی شنوائی نہ ہو۔

**صدا بندی** (ع۔ف۔ا۔مث۔انگ) (Recording) آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل۔

**صدا دینا** - (۱) فقیر کا آواز لگانا۔ (۲) بلانے کے لیے آواز دینا۔

**صدا کار** - (ع۔ف۔صف) آواز کا فنکار۔مغنی۔گانے والا۔گویا۔

**صدا کرنا۔ صدا لگانا** - (ا۔محاورہ) فقیرانہ سوال کرنا۔ آواز لگانا۔

**صدارت** - (ص۔دا۔رت) [ع۔ا۔مث] صدر نشینی۔پریزیڈنسی۔چیئرمینی۔

**صدارت عظمیٰ** - (ع۔ا۔مث) وزارت عظمیٰ۔

**صدارتی طرز حکومت** - (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نظام حکومت جس میں وزیر اعظم کی بجائے صدر انتظامی سربراہ ہوتا ہے۔



Marfat.com

**صداع** - (ع - ا - مذ) دردِ سر۔
**صداقت** : (صَ - دا - قَت) [ع - ا - مث] (۱) سچائی - خلوص - وفاداری (۲) تصدیق - ثبوت - گواہی -
**صدائے بازگشت** : (ع - ف - ا - مث) وہ آواز جو پہاڑ یا گنبد سے ٹکرا کر واپس آتی ہے - (۲) نتیجہ - اثر -
**صدائے بر نخاست** - (ف - مثل) کوئی آواز نہیں - کوئی جواب نہیں (جواب نہ ملنے پر کہتے ہیں)
**صدائے کوہ** - (ف - ا - مث) پہاڑ کی گونج -
**صدر** - [ع - ا - مذ] (۱) میرِ مجلس - چیئرمین - پریذیڈنٹ (۲) ملک کا سربراہ - (۳) سینہ - چھاتی - (۴) صحن - انگنائی (۵) سامنا - آگا - سامنے کا رُخ (۶) اعلیٰ جگہ - کسی اعلیٰ مرتبہ شخص کے رہنے کی جگہ - ہیڈ کوارٹر (۷) امیر - سردار (۸) کیمپ - چھاؤنی (۹) اعلیٰ - اونچا - اوّل - کلاں - بزرگ - (۱۰) خاص - مسندگاہ - تالین - (۱۱) پہلے استعمال شدہ - بالا مرکبات میں جیسے مندرجہ صدر -
**صدرِ اعظم** - (ع - ا - مذ) دیوانِ اعلیٰ - وزیرِ اعظم -
**صدرِ اعلیٰ** - (ک - ا - مذ) اوّل درجے کا جج - منصف درجۂ اوّل -
**صدرُ الصدور** - (ع - ا - مذ) (۱) اعلیٰ درجے کا منصف (۲) شاہی گھر کا محافظ
**صدرِ امین** - (ع - ا - مذ) اعلیٰ درجے کا امین - وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو -
**صدر بازار** - (ع - ف - ا - مذ) چھاؤنی کا بڑا بازار - اردو بازار -
**صدر بورڈ** - (ع - ا - مذ) عدالتِ عالیہ - مال کا محکمۂ اعلیٰ -
**صدر جمع** - (ع - ف - ا - مذ) لگان کی وہ اصل رقم جو اخراجات تحصیل کے علاوہ حکومت کو دینی پڑے -
**صدرِ جمہوریہ** - (ع - ا - ا) کسی جمہوری ریاست کا سربراہ -
**صدرِ جہان** - جہان کا سردار (۲) بعض کے نزدیک ایک فرضی ولی -
**صدر دفتر** - (ع - ا - مذ) سب سے بڑا دفتر - ہیڈ آفس -
**صدر دیوان** - (ع - ف - ا - مذ) دیوانِ اعلیٰ - خزانۂ شاہی کا مہتممِ اعلیٰ -
**صدر راج** - (ع - ہ - مذ) صدرِ مملکت کی حاکمیت، اسمبلی توڑنے کے بعد کسی صوبے کا براہِ راست صدرِ مملکت کی نگرانی میں آنا -
**صدر عدالت** - (ع - ا - مث) بڑی عدالت -
**صدر مال گزار** - (ع - ف - ا - مذ) کسی کی وساطت کے بغیر سرکار کو خود معاملہ ادا کرنے والا -
**صدرِ مجلس** - (ع - ا - مذ) پریذیڈنٹ - میرِ مجلس -
**صدرِ محاسب** - (ع - ا - مذ) محکمۂ حساب کا سب سے بڑا افسر اکاؤنٹنٹ جنرل -
**صدرِ مقام** - (ع - ا - مذ) پایۂ تخت - دارالحکومت -
**صدرِ مملکت** - (ع - ا - مذ) کسی ریاست یا حکومت کا سربراہ - پریذیڈنٹ -
**صدرِ منصرم** - (ع - ا - مذ) اعلیٰ درجے کا منصرم - پیمائش کے دفتر کا اعلیٰ عہدے دار -
**صدر نشین** - (ع - صف) میرِ مجلس - کرسی نشین - چیئرمین -
**صدر بر جا کہ نشیند صدر است** - (ف - مثل) بزرگ حاکم یا کوئی بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے -
**صدرہ** - (ع - ا - مذ) انسان کے جسم کا بالائی حصّہ (۲) منطق کی مشہور کتاب -
**صدرہ پڑھ کر بھی احمق رہے** - (ا - مثل) منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی -
**صدری** - (صَد - ری) [اُر - ا - مث] (۱) ایک قسم کی مرزئی یا واسکٹ (۲) سینہ بند (۳) (صف) سینہ بسینہ پہنچا ہوا نسخہ یا کلام وغیرہ -
**صَدَف** - (صَ - دَ - ف) [ع - ا - مث] سیپ - ایک قسم کا سمندری گھونگا جس سے موتی نکلتا ہے - جمع : اَصداف
**صِدق** - (ع - ا - مذ) سچ - راستی - خلوص -
**صدق دل سے - صدق نیت سے** - (ا - متعلق فعل) سچے دل سے صاف دل سے -
**صدقِ مقال** - (ف - ا - صف) سچ بولنا -
**صدقات** - (صَ - دَ - قات) [ع - ا - مذ] صدقہ کی جمع -
**صَدَقہ** - (صَدَ - قہ) [ع - ا - مذ] (۱) خیرات - وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے (۲) وہ کھانا وغیرہ جو سر سے اتار کر دیا جائے - اُتارا (۳) قربان فدا - (۴) طفیل - بدولت جمع صدقات
**صدقہ اتارنا - صدقہ دینا** - (ا - محاورہ) اُتارا دینا یا اُتارنا - خیرات کرنا قربان دینا -
**صدقۂ جاریہ** - (ع - ا - مذ) ایسی خیرات جس سے لوگوں کو ہمیشہ فائدہ پہنچتا ہے - (مسجد - کنواں وغیرہ)
**صدقہ دینا** - (ا - محاورہ) خیرات کرنا - قربان کر دینا - سر پر وار کر دینا -
**صدقہ دیا اور رد بلا** - (ا - مثل) صدقہ دینے سے بلا دور ہو جاتی ہے -
**صدقہ (سِلاّ) سِیلا** - (ع - ا - مذ) خیر خیرات - وہ صدقہ جو سلامتی کے عوض دیا جائے - (سِلاّ غالباً صِلا کا بگاڑ ہے)
**صَدقۂ فطر** - (ع - ا - مذ) رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں ہے جو نمازِ عید سے پہلے غریبوں کو دیتے ہیں -
**صَدقے** - (صَد - قے) [اُر - ا - مذ] (۱) صدقہ کی جمع (۲) واری - قربان -
**صدقے جانا** - (ا - محاورہ) قربان ہونا - واری جانا - تصدق ہونا -
**صدقے جائیے** - (ا - بول چال) جہاں کسی کی بیوقوفی کا اظہار کرنا ہو وہاں کہتے ہیں - قربان جائیے -
**صدقے کرنا** - (ا - محاورہ) قربان کرنا - وارنا - نثار کرنا (۲) کلمۂ تنفر و حقارت -
**صدقے کروں** - (ا - محاورہ) (۱) قربان کروں (۲) آگ لگاؤں -
**صدقے کی بلبل** - (ا - مث) پکڑ کر صدقے کے لیے چھوڑی ہوئی بلبل -
**صَدقے ہونا** - (ا - محاورہ) دیکھیے صدقے جانا -
**صَدمہ** - (صَد - مہ) [ع - ا - مذ] (۱) دھکا - ٹکر - آسیب (۲) تکلیف - چوٹ - ضرب (۳) حادثہ - واقعہ (۴) نقصان - ضرر (۵) بلا - مصیبت -
**صدمہ اٹھانا** - (ا - محاورہ) (۱) نقصان اٹھانا (۲) رنج اٹھانا -
**صدمہ پہنچنا** - (ا - محاورہ) دکھ ملنا - ضرب لگنا - نقصان پہنچنا -
**صدمہ جھیلنا** - (ا - محاورہ) دکھ سہنا - صدمہ برداشت کرنا -
**صدمۂ جانکاہ** - (ع - ا - مذ) سخت ضرب - وہ چوٹ جس سے نقصانِ جان ہو -
**صدمہ گزرنا** - (ا - محاورہ) مصیبت بیتنا - حادثہ پیش آنا -



Marfat.com

**صدور** ۔ (صُ ۔ دُور) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) صادر ہونا (۲) اجرا (۳) صدر کی جمع

**صدورِ حکم** ۔ حکم کا اجرا ۔ حکم کا نفاذ ۔

**صَدی** ۔ (صَ ۔ دِی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) سو برس سے منسوب ۔ سو برس کی تعداد ۔ (۲) سیکڑہ ۔

**صَدِیق** ۔ (صَ ۔ دِیق) [ع ۔ ا ۔ مذ] دوست ۔ مخلص دوست ۔

**صِدِّیق** ۔ (صِدْ ۔ دِیق) [ع ۔ اسم مبالغہ] (۱) نہایت سچا ۔ راست گو ۔ (۲) حضرت ابوبکرؓ خلیفۂ اوّل کا لقب (۳) یار وفادار جمع : صدیقین

**صِدِّیقہ** ۔ (صِدْ ۔ دی ۔ قَہ) [ع ۔ مث ۔ اسم مبالغہ] صدیق کی تانیث ۔ حضرت عائشہؓ کا لقب ۔ حضرت مریمؑ کا لقب (۲) نہایت سچی عورت ۔

## ص ۔ ر

**صَر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) جاڑے کی سردی ۔ ٹھنڈ ۔ خنکی

**صُراح** ۔ (صُ ۔ راح) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کھلی اور صاف بات چیت (۲) خالص چیز (۳) ایک مشہور عربی لغت ۔

**صَراحت** ۔ (صَ ۔ را ۔ حت) [ع ۔ ا ۔ مث] تشریح ۔ وضاحت

**صَراحتاً** ۔ (صَ ۔ را ۔ حَ ۔ تن) [ع ۔ صف] کھلم کھلا ۔ ظاہرا ۔

**صُراحی** ۔ (صُ ۔ را ۔ حی) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن (۲) کوزہ ۔ بوتل (۳) مخروطی شکل کپڑے کا ٹکڑا جو انگرکھے وغیرہ کی دونوں بغلوں کے نیچے خوب صورتی کے لیے سی دیتے ہیں ۔

**صُراحی دار** ۔ (ف ۔ صف) صراحی نما ۔ اونچی گردن کا ۔

**صُراحی دار گردن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) لمبی گردن ۔ معشوقانہ گردن ۔

**صُراحی دار گھنگرو** ۔ (ا ۔ مذ) ایک قسم کے لمبوترے خوشنما گھنگرو جو جھانجھ یا پازیب میں لگاتے ہیں ۔

**صُراحی دار موتی** ۔ (ا ۔ مذ) صراحی نما موتی ۔ کسی قدر لمبوترا موتی ۔

**صراط** ۔ (صِ ۔ راط) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) راستہ ۔ راہ راست (۲) اہل اسلام کے عقائد کے مطابق ایک پل جو دوزخ اور بہشت کے درمیان بال سے باریک اور تلوار سے تیز بنا ہوا ہے ۔

**صراطِ مستقیم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) سیدھا راستہ ۔ راہِ راست ۔

**صَرّاف** ۔ (صَرْ ۔ راف) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) روپیہ پرکھنے والا ۔ سونا چاندی پرکھنے والا (۲) مہاجن ۔ ساہوکار (۳) مالدار ۔ دولت مند ۔ معاملے کا صاف کھرا (۴) پرکھنے والا ۔ جانچنے والا ۔

**صَرّافہ** ۔ (صَرْ ۔ را ۔ فہ) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) صرافی کا پیشہ (۲) صرافوں کا بازار (۳) بینک ۔ کوٹھی ۔

**صرافہ کھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بنک جاری کرنا ۔ صرافی کی دکان کھولنا ۔

**صَرّافی** ۔ (صَرْ ۔ را ۔ فی) [اُر ۔ ا ۔ مث] (۱) روپے پیسے کا بیوپار ۔ ساہوکارہ کا کام (۲) تڑوائی ۔ روپیہ یا پیسہ کی خردہ کرائی (۳) ایک قسم کا ہندی خط جو مہاجن اور صراف لکھا کرتے ہیں ۔ لنڈے ۔

**صرافی چٹھی** ۔ (ا ۔ صف) ہنڈی ۔ چیک ۔ بل ۔

**صَرصَر** ۔ (صَرْ ۔ صَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] آندھی ۔ بادِ تند ۔ جھکڑ ۔

**صَرْع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] مرگی کا مرض ۔ (۲) پچھاڑ کھانا ۔

**صَرْف** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) خرچ (۲) مشغول ۔ مصروف (۳) وہ علم جس سے کلموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو ۔

**صَرف کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) خرچ کرنا ۔ خرچ میں لانا (۲) بسر کرنا ۔

**صرف نظر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قطع نظر کرنا ۔ نظر انداز کرنا ۔

**صَرف و نحو** ۔ (گرامر) وہ علم جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے برتنے کا قاعدہ بیان کیا جائے ۔

**صِرْف** ۔ [ع ۔ صف ۔ تابع فعل] خالص ۔ فقط ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔

**صرف کہنے کی بات ہے** ۔ (ا ۔ روزمرہ) بناوٹی اور جھوٹی بات ہے

**صَرفہ** ۔ (صَرْ ۔ فَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) فائدہ ۔ نفع (۲) خرچ (۳) فضول خرچی (۴) زیادتی ۔ غلبہ ۔ بخل ۔ کنجوسی ۔ خِسّت ۔ کفایت شعاری (۵) افسوس ۔ دریغ ۔

**صرفہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کفایت شعاری کرنا ۔ کنجوسی کرنا ۔ بخل کرنا ۔

**صَرفی** ۔ (صَرْ ۔ فی) [ع ۔ ا ۔ مذ] علم صرف جاننے والا شخص (صف) علم صرف سے متعلق ۔

**صُرّہ** ۔ (صُرْ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] توڑا ۔ تھیلی ۔ چھوٹی پوٹلی ۔

**صُرّیاں** ۔ (صُرْ ۔ ری ۔ آں) [ق ۔ ا ۔ مث] صُراحیاں ۔

**صَریح** ۔ (صَ ۔ ریح) [ع ۔ صف] ظاہر ۔ آشکار ۔ صاف ۔ علانیہ ۔

**صریح انکار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ظاہراً انکار کرنا ۔ جان بوجھ کر انکار کرنا صاف انکار کرنا ۔

**صریحاً** ۔ (صَ ۔ ری ۔ حَن) [ع ۔ صف] کھلم کھلا ۔ صاف ۔ ظاہرا ۔

**صَریر** ۔ (صَ ۔ ریر) [ع ۔ ا ۔ مث] قلم چلنے کی آواز ۔ صدا

## ص ۔ ع

**صَعْب** ۔ [ع ۔ صف] سخت ۔ دشوار ۔ کٹھن ۔ تکلیف دہ ۔

**صُعُوبَت** ۔ (صُ ۔ عُو ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] سختی ۔ دقت ۔ مشکل ۔ تکلیف مصیبت ۔ جمع : صعوبات

**صُعُود** ۔ (صُ ۔ عُود) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بلندی پر چڑھنا (۲) حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اس کی قوتوں کو نکالنا ۔

**صعود کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) اوپر چڑھنا ۔

**صعود و نزول** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اتار چڑھاؤ ۔

**صَعْوَہ** ۔ (صَعْ ۔ وَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ ۔ مث] ممولا ۔ بھجانیہ ۔ اللہ میاں کی دھوبن ۔ ایک چڑیا جس کی لمبی دم ہر وقت اور جلد جلد حرکت کرتی رہتی ہے ۔

**صَعِید** ۔ (صَ ۔ عِید) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) سطح زمین (۲) مٹی ۔ (۳) پہاڑی سڑک (۴) وہ مٹی جس سے مسح کریں ۔



Marfat.com

# ص - غ

**صِغار**۔ (صِ۔غار) [ع۔ا۔مذ] صغیر اور صُغرا کی جمع ۔ چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں۔

**صغار و کبار**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) چھوٹے بڑے (۲) عوام

**صِغَر**۔ (صِ۔غَرْ) [ع۔ا۔مذ] خردی۔ چُھٹائی۔ چھوٹا پن۔

**صِغر سِن**۔ (ع۔صف) کم عُمر۔ خُرد سال۔

**صِغر سِنی**۔ (ف۔ا۔مث) کم عُمری۔ بچپن۔ خُرد سالی۔

**صُغرا۔ صُغرٰی**۔ (صُغ۔را) [ع۔ا۔مث] (۱) چھوٹی لڑکی۔ (۲) سب سے چھوٹی چیز (۳) علمِ منطق میں شکل کا پہلا قضیہ۔

**صَغیر**۔ (صَ۔غیْر) [ع۔صف] چھوٹا۔ خُرد۔ بچہ۔ جمع: صِغار

**صَغیر سِن**۔ (ع۔صف) چھوٹی عمر کا۔

**صَغیر سِنی**۔ بچپن

**صَغیر و کبیر**۔ چھوٹے بڑے۔ ادنےٰ اعلےٰ۔

**صَغیرہ**۔ (صَ۔غ۔ی۔رَہ) [ع۔صف] چھوٹی۔ چھوٹا ۔ جمع: صغائر

# ص - ف

**صَف**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) فرش۔ بستر۔ بچھونا (۳) بوریا۔ چٹائی۔ (۴) نمازیوں کی قطار (جمع) صفوف۔

**صف آرا**۔ [ع۔ف۔صف] جنگ یا مقابلے کے لیے سپاہ کا پرا جمانے والا۔ مقابلہ کرنے والا۔

**صف آرا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

**صف آرائی**۔ صف بندی۔ قطار بندی۔ جنگ آزمائی۔ نبرد آزمائی۔

**صف اُلٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) تتر بتر ہو جانا۔ درہم برہم ہو جانا۔ شکست کھانا۔

**صف (صفیں) باندھنا**۔ قطاریں لگانا۔ صف بستہ کرنا۔

**صف بستہ**۔ (ع۔صف) پرا باندھے ہوئے۔ آراستہ۔

**صف بندی**۔ (ع۔ا۔مث) پرا جمانا۔

**صف بصف**۔ (ع۔ف) صف سے صف ملا کر (۲) ہر صف میں۔

**صفِ جنگ**۔ (ع۔ا۔مث) لڑائی کی صف آرائی۔ لڑائی کی پرا بندی (۲) وہ لڑائی جو آمنے سامنے قطار باندھ کر شروع کی جائے۔

**صَفدَر**۔ (ع۔ف۔صف) لشکر کی صف پھاڑنے والا۔ (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔

**صَف روشن کرنا**۔ (ا۔محاورہ) چراغ جلانا۔

**صف شِکن**۔ (ع۔ف۔صف) صف توڑنے والا۔ بہادر۔ دلیر۔

**صف کشی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ میں پرا باندھنا۔

**صفِ ماتم**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی آکر بیٹھیں۔

**صفیں اُلٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) لڑائی کی صف بستہ فوجوں کا تتر بتر ہونا (۲) مجلس یا محفل کا تہ و بالا ہونا۔

**صَفا**۔ (صَ۔فا) [ع۔صف] (۱) پاک۔ پاکیزہ۔ مجلّا۔ صیقل کیا ہوا (۲) ہموار۔ سپاٹ (۳) کھرا۔ نرمل (۴) [ا۔مذ] مکہ شریف کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں داخل ہے۔

**صفا چٹ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بالکل مونڈ ڈالنا۔ صفایا کرنا۔

**صفا چٹ میدان**۔ بالکل صاف میدان جس میں درخت وغیرہ بالکل کوئی چیز نہ ہو۔

**صفا چٹ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بالکل صاف نہ ہونا۔ صاف ہونا۔

**صفا کہنا**۔ (ا۔محاورہ) بے لاگ کہنا۔ کھری کھری ہونا۔

**صَفا مَشرب**۔ (ع۔صف) صاف دل۔ صاف گو۔ بے لاگ۔

**صفاً صَفَا** [صَف۔فن۔صَف۔فا] [ا۔ اُ] بے نشان۔ ویران۔ برباد۔

**صِفات**۔ (صِ۔فات) [ع۔ا۔مث] (۱) صفت کی جمع۔ اوصاف۔ خواص۔ خاصیتیں (۲) تعریفیں۔ بھلائیاں۔ خوبیاں۔

**صِفاتی**۔ (صِ۔فاتی) [ع۔صف] عارضی۔ صفات سے متعلق۔

**صَفّار**۔ (صَف۔فار) [ع۔ا۔مذ] ٹھٹھیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔

**صفائی**۔ (صَ۔فا۔ای) [اُ۔ا۔مث] (۱) پاکیزگی۔ صاف ہونا (۲) سچائی۔ راستی (۳) سادگی۔ بے وقوفی (۴) جھاڑ پونچھ (۵) چکنا ہٹ (۶) ہمواری (۷) رہائی (۸) ملاپ۔ صلح (۹) کھرا پن (۱۰) حساب کی بیباقی۔ فیصلہ۔ (۱۱) دیانتداری (۱۲) بے شرمی۔ بے حیائی (۱۳) تردید (۱۴) کانٹ چھانٹ (۱۵) فاقہ (۱۶) بربادی (۱۷) صیقل (۱۸) فاتحہ۔ انجام (۱۹) پھرتی چالاکی (۲۰) رونق (۲۱) گواہی جو ملزم کے حق میں دی جائے۔ (۲۲) غلاظت اٹھانا۔ پاخانہ صاف کرنا۔

**صفائی ظاہر ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دل کی پاکیزگی کا پتہ چلنا۔

**صفائی کا ہاتھ**۔ (ا۔مذ) تلوار کی بھرپور ضرب۔

**صفائی کرانا**۔ (ا۔محاورہ) صاف کرانا (۲) صلح کرانا (۳) پاخانہ صاف کرانا۔

**صفائی کردینا**۔ (ا۔محاورہ) جھاڑ دینا (۲) فیصلہ کر دینا۔ بے باقی کر دینا (۳) خرچ کر ڈالنا (۴) اُجاڑ دینا (۵) قتل کر دینا۔

**صفائی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) صاف کرنا (۲) فیصلہ کرنا۔ چُکتا نا (۳) چمکانا۔ جلا کرنا (۴) صرف کرنا۔ اُڑا ڈالنا (۵) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا (۶) درختوں کا چھانٹنا۔ (۷) باقی نہ رکھنا (۸) صلح کرنا (۹) پاخانہ صاف کرنا۔

**صفایا**۔ (صَ۔فایا) [اُ۔ا۔مذ] (۱) بربادی۔ تباہی (۲) کسی چیز کو نہ رہنے دینا۔ (۳) قتل۔

**صفایا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نیست و نابود کرنا۔ مٹا دینا۔ صاف کر دینا۔ کچھ نہ رہنے دینا۔

**صِفت**۔ (صِ۔فت) [ع۔ا۔مث] (۱) کسی چیز کا نشان۔ بیان۔ فضائل۔ (۲) تعریف۔ خوبی۔ عمدگی (۳) خاصیت۔ خصلت۔ عادت۔ تاثیر۔ (۴) وضع۔ شکل۔ طریق (۵) مثل۔ مانند (۶) صرف و نحو میں وہ اسم جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو۔ جمع: صِفات۔



Marfat.com

صفت رکھنا - خوبی ہونا - خاصیت ہونا -
صفت سرا - (ع - صف) تعریف کرنے والا -
صفت سرائی - (ع - ا - مث) تعریف کرنا -
صفت مُشبہ - (ع - صف) وہ صفت جس میں دوسرے معنی ہمیشہ کے واسطے پائے جائیں۔ صفت ذاتی -
صفتِ موصوف - (ع - ا - مذ) کلمہ صفت - وہ جس کی تعریف کی جائے جیسے نیک آدمی - اس میں نیک صفت ہے اور آدمی موصوف -
صَفَحات - (صَ - ف - حات) [ع - ا - مذ] صفحہ کی جمع -
صَفحہ - (صَف - حَہ) [ع - ا - مذ] (۱) ورق کے ایک طرف کا رُخ (۲) مُنہ چہرہ - (۳) سطح - فراخی - وُسعت -
صفحۂ ہستی - [ع - ف - ا - مذ] رُوئے زمین - دُنیا -
صفت وثنا - (ف - ا - صف) تعریف خوبیاں جو بیان کی جائیں -
صفحۂ ہستی سے اُٹھ جانا - (ا - محاورہ) مرجانا - گزر جانا -
صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹنا - (ا - محاورہ) بالکل ناس ہوجانا - مرجانا - ناپید ہوجانا -
صَفر المظفر (ص - فر) [ع - ا - مذ] دُوسرا قمری مہینہ جو محرم کے بعد آتا ہے -
صِفر - [ع - ا - مذ] (۱) حساب میں وہ نقطہ جو عدد کے دائیں جانب ہونے سے اس کی قیمت دس گُنا بڑھا دیتا ہے اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا (۲) (صف) خالی - تہی - بے قیمت - بے وقعت -
صَفرا - (صَف - را) [ع - ا - مذ] پِت - اخلاط اربعہ میں سے ایک زرد رنگ کا کڑوا مادّہ -
صفراوی - (صف - را - وی) [ع - صف] صفرا سے منسوب -
صفراوی مزاج - (ع - صف) وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو - تلخ مزاج -
صَفّو - (صَف - فُو) [ اُ - ا - مذ] تاش اور گنجفے کی ایک اصطلاح یعنی کھیلنے والے کے پاس پتّے بالکل نہ آنا -
صَفّو دینا - (۱) تاش کا ایک ایک پتّا جیت لینا - حریف کے پاس کوئی پتّا نہ چھوڑنا - صاف مات دینا -
صَفوت - (صَف - وَت) [ع - ا - مث] (۱) برگزیدگی (۲) خالص - بہترین (حرفِ اوّل کی تینوں حرکتوں کے ساتھ درست ہے)
صُفّہ - (ع - ا - مذ) مکان کے آگے کی ڈیوڑھی - دروازے کے آگے بیٹھنے کی جگہ چبوترا -
صِفوۃُ اللہ - مخلوق میں سے بہترین حضرت پیغمبر صلعم -
صفوف - (ع) صف کی جمع - قطاریں -
صَفوی - (صَ - ف - وِی) [ع - صف] شاہ صفی سے منسوب جو ایران کے ایک کامل فقیر تھے (۲) ایران کا ایک شاہی خاندان جو شاہ صفی سے منسوب ہے -
صَفی - [ع - صف] (۱) صاف پاک (۲) برگزیدہ دوست - خالص (۳) حضرت آدمؑ کا لقب -
صَفیر (صَ - فیر) [ع - ا - مث] پرندوں کی آواز (۲) وہ سیٹی جو پرند کے لیے مُنہ سے بجائیں -

## ص - ل

صَلّ - (صَل - ل) [ع] برکت دے - درود بھیج - رحمت اُتار (۲) تو درود بھیج -

صلِّ علیٰ - کلمۂ تعریف و تحسین - واہ واہ - سُبحان اللہ - مرحبا -
صلِّ علیٰ کہنا - (ا - محاورہ) درود بھیجنا - واہ واہ کرنا - سُبحان اللہ کہنا -
صلِّ علیٰ محمد - (سرور لولاک حضرت) محمد (مصطفےٰ) پر درود ہو -
صَلعم (صَلعَم) صلی اللہ علیہ وسلّم کا مخفف یعنی اُن پر خدا تعالیٰ کا درود، رحمت اور سلام ہو
صَلِّ وَ جَلَّ - (ع - کلمۂ تحسین) سُبحان اللہ - واہ واہ - مرحبا - شاباش -
صَلا - [ع - ا - مث] پکار - آواز - دعوت -
صَلا نہ شُد بلا شُد - (مثل) مُنہ کیا لگا یا گلے ہی پڑ گئے - بُلانا ہی غضب ہوگیا -
صَلاءِ سمرقندی - (ع - ف - ا - مث) وہ دعوت جو دل سے نہ دی جائے -
صَلاءِ عام - (ع - ف - ا - مث) دعوتِ عام
صَلابت - (صَ - لا - بَت) [ع - ا - مث] سختی - مضبوطی - استحکام -
صَلابت پیما - [ع - ا - مذ] سختی و درشتی کا اندازہ بتلانے والا آلہ -
صَلابت جنگ - (ع - ا - صف) جنگی عہدیداروں کا خطاب -
صَلاح - (صَ - لاح) [ع - ا - مث] (۱) نیکی - بھلائی - بہتری - اچھائی (۲) مشورہ - مصلحت (۳) رائے - تدبیر - تجویز (۴) ارادہ - منشا -
صلاح بتانا - (ا - محاورہ) رائے دینا - تدبیر بتانا - ڈھنگ بتانا -
صلاح بیٹھنا - (ا - محاورہ) تجویز ٹھہرنا - ارادہ ہونا - رائے قرار پانا -
صلاح پر چلنا - (ا - محاورہ) کسی کی رائے پر کام کرنا - کسی کا کہا ماننا -
صلاح پُوچھنا - (ا - محاورہ) رائے لینا - مشورہ کرنا -
صلاح ٹھہرنا - (ا - محاورہ) رائے قرار پانا - تجویز ٹھہرنا - ارادہ ہونا -
صلاح دینا - (ا - محاورہ) رائے دینا - مشورہ دینا -
صلاح سے (ا - متعلق فعل) مشورے سے - رائے سے - کہنے سننے سے - سمجھانے سے -
صلاح کار - (ع - ف - صف) ناصح (۲) رائے دینے والا - مشیر - ناصح - شریک مشورہ -
صلاحِ کار کُجا مَن خراب کُجا - (ف - مثل) میرے ایسے نصیب کہاں جو مقصد پورا ہو سکے
صلاح کرنا (لینا) (ا - محاورہ) رائے لینا - ارادہ کرنا - تدبیر سوچنا - مشورہ کرنا -
صلاح مشورہ - (ع - ا - مذ) دوسروں سے پُوچھ کر عمل کرنا - تدبیر و تجویز - ارادہ - منصوبہ -
صَلاحِ وقت - (ع - ا - مث) قرینِ مصلحت - مناسب -
صَلاحیّت - (صَ - لا - حی - یَت) [ع - ا - مث] (۱) نیکی - بھلائی - بہتری - (۲) پرہیزگاری - پارسائی (۳) رسائی - پہنچ - لیاقت - سمجھ (۴) اصلاح درستی - نرمی - (۵) ملائمت (۶) پولیس کی رپورٹ -
صَلاحیّت بہی - سیاہہ جو پولیس یا محکمۂ مال میں رہتا ہے - روزنامچہ
صَلاحیّت پر آنا - (ا - محاورہ) راہ پر آنا - ٹھیک ہونا - دُرست ہونا -
صلاحیّت لکھنا - (ا - محاورہ) سراؤں کے مسافروں کا نام پتا لکھنا - رپورٹ لکھنا - درج رجسٹر کرنا -
صُلب - [ع - ا - مث] (۱) پُشت کے مُہرے - پیٹھ کی ہڈیاں (۲) سخت زمین (۳) خاندانی بزرگی (۴) نُطفہ - اولاد - نسل -
صُلبی - (صُل - بی) [ع - صف] سگا - اصلی - حقیقی - نسلی - اپنے نُطفے کا -
صُلح - [ع - ا - مث] (۱) میل ملاپ - دوستی - اتحاد - (۲) نئے سرے سے دوستی - آپس کی صفائی (۳) امن و امان (۴) قانون - تصفیۂ باہمی -
صُلح دوست - [ع - ف - صف] وہ شخص جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرے -
صُلح کرنا - (ا - محاورہ) ملاپ کرنا - مل جانا - باہم صفائی کرنا - رنجش دُور کرنا -



Marfat.com

صُلح کُل - (ع - صف) وہ شخص جو ہر مذہب ملت اور دوست دشمن سے یکساں سلوک رکھتے
صُلح نامہ - [ع - ف - ا - مذ] صلح کا عہدنامہ - راضی نامہ۔
صُلَحا - (صُ - لَ - حا) [ع - ا - مذ] صالح کی جمع - نیک - متقی۔
صَلصَال - [ع - ا - مذ] گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں۔ سوکھی مٹی جو بجانے پر آواز دے۔
صُلصُل - (صُل - صُل) [ع - ا - مث] فاختہ - قمری۔
صلصلہ - (ع - ا - مذ) لوہے یا گھنٹی کی آواز۔ (۲) زنجیر۔
صلعم - (ع - کلمۂ دعا) دیکھیے صلی اللہ علیہ وسلم جس کا یہ مخفف ہے۔
صَلَوات - (صَ - لَ - وات) [ع - ا - مث] (۱) صلوٰۃ کی جمع - برکتیں - رحمتیں جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ہوں (۲) (اُر) سلام کرنا - رخصت کرنا (۳) باز آنا (۴) (اُر) ہجو - گالی - دشنام۔
صلوات (صلواتیں) سُنانا - (ا - محاورہ) بُرا بھلا کہنا - گالیاں دینا۔
صَلوٰۃ - (صَ - لات) [ع - ا - مث] (۱) درود - رحمت خدا - دعا (۲) نماز۔
صلوٰۃُ التسبیح - ایک خاص قسم کی نماز نفل جس میں قیام میں پندرہ بار اور باقی ہر جگہ دس دس بار سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھتے ہیں۔
صلوٰۃُ الخوف - (ع - ا - مث) خوف کی یا جنگ کی حالت میں پڑھی جانے والی نماز جس میں دو جماعتیں باری باری ایک رکعت پڑھتے ہیں۔
صِلہ - (ع - ا - مذ) (۱) انعام - عطا - تحفہ - ہدیہ (۲) بدلہ - اجر - جزائے نیک (۳) (نحو) وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آتا ہے۔
صِلہ دینا - (ا - محاورہ) انعام دینا - بدلہ دینا - عوض دینا - اُجرت یا مزدوری دینا۔
صِلۂ رحمی - (ع - ا - مث) عزیزوں اور رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنا۔
صَلیب - (صَ - لیب) [ع - ا - مث] (۱) اس شکل (+) کی لکڑی جس پر عیسائیوں کو لٹکا کر ہلاک کرتے تھے (۲) عیسائیوں کا مقدس نشان - دار - سُولی۔
صلیبی - (ع - صف) صلیب سے منسوب اور متعلق (۲) عیسائی۔

## ص - م

صُمّ - [ع - ا - مذ] اَصَم کی جمع - بہرے - جنہیں سنائی نہ دے۔
صُمٌّ بُکمٌ - (ع - ا - مذ) بہرے - گونگے (۲) وہ شخص جو بات کا جواب نہ دے۔
صَمت - [ع - ا - مذ] خاموشی۔
صَمَد - (صَ - مَد) [ع - صف] (۱) بے نیاز - جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اس کے محتاج ہوں (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
صَمدیّت - (صَ - مَ - دی - یت) [ع - ا - مث] بے نیازی۔
صَمصَام - (صَم - صام) [ع - ا - مث] تیغ بُرّاں جس کا منہ نہ پھرے (۲) تیز تلوار
صمیم - (صَ - میم) [ع - صف] (۱) خالص (۲) سچا - مخلص (۳) (مذ) گُودا (۴) کسی چیز کا بہترین حصہ (۵) جزو - اصل - (۶) اندرونی حصہ - دل کا نچلا حصہ - (۷) بہرا جسے سنائی نہ دے۔
صمیم قلب - (ع - ا - مذ) دل کی سچائی - خلوص دل۔

## ص - ن

صَنادید - (صَ - نا - دید) [ع - ا - مذ] (۱) صندید کی جمع - بزرگ - [illegible] بادشاہ۔
صنادیدِ عجم - (ع - ف - ا - مذ) عرب کے سوا باقی دنیا کے بادشاہ۔
صَنّاع - (صَن - ناع) [ع - ا - مذ - صف] بہت بڑا کاریگر - ہنرمند - [illegible]
صَناعت - [ع - ا - مث] ہنر - کاریگری - دستکاری۔
صَنائع - (صَ - نا - ءِع) [ع - ا - مذ] صنعت - صناعت اور صنعت کی جمع - کاریگریاں - ہنرمندیاں۔
صنائع بدائع - (ع - ا - مذ) وہ عجیب و غریب نکات اور خوبیاں جو نظم میں عام طور پر ہوتی ہیں [illegible]
صَندَل - (صَن - دَل) [ع - ا - مذ] ایک قسم کی خوشبودار لکڑی - چندن - اس کی دو قسمیں ہیں سرخ اور سفید۔
صندل کا برادہ - (ا - مذ) صندل کی لکڑی کا سفوف جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
صندل کا پھاہا - (ا - مذ) گھسے ہوئے صندل میں کپڑا تر کر لیا گیا ہو تو یہ سوزش وغیرہ کے لیے مفید ہے۔
صندل کی سی تختی - (ا - مث) نہایت صاف - سپاٹ - شفاف۔
صندل کے چھاپے منہ کو لگے - (مثل) بڑی بدنامی ہوئی۔
صَندلاسا - (صَن - دَ - لا - سا) [ف - ا - مذ] وہ پتھر جس پر صندل گھستے ہیں۔
صَندلانی - (صَن - دَ - لا - نی) [ف - ا - مذ] صندل بیچنے والی۔
صَندلی - (صَن - دَ - لی) [ف - ا - صف] (۱) صندل کے رنگ - صندلی [illegible] مشابہ - (۲) صندل کی لکڑی کا بنا ہوا (۳) (مث) ایک قسم کی اونچی [illegible] جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے (۴) کرسی - چوکی۔
صَندُوق - (صَن - دُوق) [ع - ا - مذ] (۱) چوبی بکس - پیٹی [illegible] (۲) [illegible] (۳) ابھرا ہوا - آگے نکلا ہو - جمع : صنادیق۔
صَندُوقچہ - (صَن - دُوق - چَہ) [ف - ا - مذ] چھوٹا بکس۔
صَندُوقچی - (صَن - دُوق - چی) [ف - ا - مث] صندوق کی تصغیر - چھوٹا بکس۔
صَنع - [ع - ا - مث] کاریگری - ہنرمندی۔
صَنعا - (صَن - عا) [ع - صف] یمن کے شہر صنعا سے منسوب [illegible]
صَنعت - (صَن - عَت) [ع - ا - مث] کاریگری - [illegible]
صنعت پروردگار - (ع - ف - صف) قدرتی کاریگری - [illegible] خدا کے عجیب [illegible]
صنعت گاہ - (ع - ا - مث) کارخانہ - کام کرنے کی جگہ۔
صنعت دکھانا - (ا - محاورہ) [illegible] کوئی کام کرنا۔
صنعت گر - (ع - ف - صف) ہنرمند - کاریگر
صنعت گری - (ع - ف - ا - مث) کاریگری - ہنرمندی۔
صنعت و حرفت - (ع - ا - مث) [illegible]
صَنعتی - (صَن - عَ - تی) [ع - صف] جو صنعت و حرفت سے تعلق رکھتا ہو۔
صنعتی محنت - (ع - ا - مث) وہ محنت جو صنعت و حرفت سے تعلق رکھتی ہے
صنعتی نفسیات - (ع - ف - ا - مث) [illegible]



Marfat.com

**صنعتیت** - (صن - ع - تی - یت) [ع - ا - مث] کسی چیز کو صنعتی بنانا۔ صنعت و حرفت والی بنانا۔

**صنف** - [ع - ا - مث] نوع - جنس - قسم - گونہ جمع : اصناف

**صنفِ نازک** - [ع - ف - ا - مث] عورتوں کا طبقہ۔

**صَنَم** - (صَ - نَمْ) [ع - ا - مذ] (۱) بُت - مُورتی - پُتلی - کسی چیز کا بنا ہُوا قالب بے جان۔ (۲) دلبر - پیارا - معشوق جمع : اصنام

**صنم خانہ - کدہ** - (ف - ا - مذ) مندر - بُت خانہ - ٹھاکر دوارہ۔

**صَنم گری** - (ف - ا - مث) بُت تراشی - مجسمہ سازی۔

**صنوبر** - (صَ - نو - بَر) [ع - ا - مذ] (۱) چلغوزے کا درخت (۲) ایک قسم کا سرو جس سے معشوق کے قد اور اُس کے خرام کو تشبیہ دیتے ہیں

## ص - و

**صواب** - (صَ - واب) [ع - ا - مذ] نیکی - نیک کام - درست عمل - راست تجویز

**صواب اندیش** - (ع - ف - ا - صف) ٹھیک اور مناسب سوچنے والا بہتری کی سوچنے والا۔

**صواب دید** - (ع - ف - ا - مث) نیک صلاح - اچھی تجویز - منظوری - مصلحت۔

**صوب** - [ع - ا - مذ] (۱) طرف - سمت (۲) راستہ (۳) تجویز - ارادہ۔

**صُوبجاتی** - (صُو - با - ای) [اُ - ا - صف] صوبے سے متعلق - پراونشل۔

**صُوبجات** - (صُو - بہ - جات) [ف - ا - مذ] صُوبہ کی جمع۔

**صُوبہ** - (صُو - بَہ) [ع - ا - مذ] (۱) ریاست یا ملک کا وہ حصہ جس میں بہت سے اضلاع شامل ہوں - کسی مُلک کی سب سے بڑی انتظامی وحدت۔

**صُوبہ دار** - (ع - ف - صف) (۱) حاکم صوبہ (۲) پیادہ سپاہ کا افسر۔

**صوبہ داری** - [ع - ف - ا - مث] صوبے کی حکومت - نظامت (۲) صوبیدار کا عہدہ

**صوت** - (ع - ا - مث) بانگ - آواز - صدا - ندا جمع : اصوات

**صوت پیما** - [ع - ف - ا - مذ] آواز کی پیمائش کرنے والا آلہ۔

**صَوتی** - [ع - صف] آواز سے متعلق۔

**صَوتیات** - (صو - تی - یات) [ع - ا - مث] وہ علوم و فنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں۔

**صُور** - [ع - ا - مذ] ترئی - بگل - نفیری - قرنا۔

**صُورِ اسرافیل** - [ع - ا - مذ] وہ آواز جو حضرت اسرافیل حشر کے دن ایک دفعہ مارنے کے لیے اور دوسری دفعہ جلانے کے لیے نکالیں گے۔

**صُورت** - (صُو - رت) [ع - ا - مث] (۱) شکل - چہرہ - مُنہ - مُکھڑا - (۲) نقش - تصویر (۳) خاکہ - ڈھانچا - (۴) حالت - کیفیت (۵) طرح - طور - طریق ڈھنگ (۶) تدبیر - تجویز (۷) مانند - مثل - مشابہ (۸) موقع - محل (۹) ظاہر (۱۰) بھیس - روپ (۱۱) علامت - نشان (۱۲) شغل - کام (۱۳) مُورت - بُت۔

**صُورت آشنا** - (ع - ف - صف) جان پہچان - معمولی واقف - رُو شناس۔

**صُورت آشنا ہونا** - (ا - محاورہ) صورت پہچاننا - جان پہچان ہو جانا۔

**صُورتِ آئینہ حیران رہ جانا** - (ا - محاورہ) بے حد متحیر ہونا۔

**صُورت اختیار کرنا** - (ا - محاورہ) ڈھنگ اختیار کرنا۔

**صُورت ببیں حالش مپرس** - (ف - مقولہ) کہنے کی ضرورت نہیں سب کچھ چہرے سے ظاہر ہے۔

**صُورت بن پڑنا** - (ا - محاورہ) تدبیر نکل آنا۔

**صُورت بنانا** - (ا - محاورہ) (۱) تصویر بنانا - شکل بنانا (۲) بھیس بدلنا (۳) مُنہ چڑانا - مُنہ بنانا (۴) خاکہ ڈھالنا (۵) غریبی اور مسکینی ظاہر ہونا۔

**صُورت پرست** - [ع - ف - صف] بُت پرست - ظاہر پرست۔

**صُورت پکڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) شکل بننا (۲) رنگ اختیار کرنا (۳) کسی طریقہ کو قبول کرنا۔

**صُورت پیدا کرنا** - (ا - محاورہ) کوئی تدبیر نکالنا۔

**صُورت تکنا** - (ا - محاورہ) غور سے مُنہ دیکھنا - حیرت سے مُنہ دیکھنا۔

**صُورت تو دیکھو** - (ا - محاورہ) چھوٹا مُنہ بڑی بات - طنزاً - نااہلی کے اظہار کے لیے کہا جاتا ہے۔

**صُورت چڑیلوں کی مزاج (دماغ) پریوں کا** - (ا - مثل) بدشکل پر یہ دماغ - بدصورتی پر ایسا مزاج۔

**صُورتِ حال** - (ع - ا - مث) صورت - معاملہ - کیفیت - ظاہری روئداد۔

**صُورت حرام** - (ع - صف) جو چیز دیکھنے میں خوش نما لیکن ذائقے میں قابلِ نفرت ہو - ظاہری ٹیپ ٹاپ۔

**صُورت دار** - (ع - ف - صف) خوب صُورت - تشکیل۔

**صُورت دیکھتا رہ جانا** - (ا - محاورہ) حیران رہ جانا۔

**صورت دیکھ کر جینا** - (ا - محاورہ) عاشق زار ہونا۔

**صُورت زہر لگنا** - (ا - محاورہ) بہت نفرت ہونا۔

**صُورت سوال ہے** - (ا - مثل) شکل سے ظاہر ہے کہ سوال ہے۔

**صُورت سے بیزار ہونا** - (ا - محاورہ) کسی کے دیکھنے کو دل نہ چاہنا۔

**صُورت سے ٹپکنا** - (ا - محاورہ) شکل سے ظاہر ہونا۔

**صُورت کو ترس جانا** - (ا - محاورہ) ملاقات کا موقع نہ ملنا۔

**صُورت کہے دیتی ہے** - (ا - محاورہ) شکل سے ظاہر ہے۔

**صُورت نظر آنا** - (ا - محاورہ) شکل سے دکھائی دینا (۲) کوئی طریقہ یا تدبیر سوجھنا۔ (۳) موقع ملنا۔

**صُورت نکل آنا** - (ا - محاورہ) ذریعہ نکل آنا (۲) حسین ہو جانا۔

**صُورت گر** - (ع - ف - صف) مُصوّر - نقاش۔

**صُورت گری** - (ع - ف - ا - مث) مُصوّری - نقاشی۔

**صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل** - (ا - مثل) بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً کہتے ہیں

**صُورت یہ ہے** - (ا - محاورہ) بات یہ ہے - حال یہ ہے۔

**صُورتاً** - (صُو - رَ - تَنْ) [تابع فعل] ظاہراً - بظاہر۔

**صُوری** - (صُو - ری) [ع - ا - مث] ظاہری - معنوی کی ضد۔

**صُوف** - [ع - ا - مذ] (۱) اُون - نمدہ - کمل (۲) ایک قسم کا دبیز پشمینے کا کپڑا۔ (۳) وہ کپڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۴) گوٹا بُننے کا بانا۔

**صُوف ڈالنا** - (ا - محاورہ) دوات میں کپڑا ڈالنا۔

**صوفہ** - [ق - ا - مذ] مکان کا بڑا کمرہ - سپرنگوں والی کرسی۔



Marfat.com

صُوفی - (صُو - فی) [ع - ا - مذ] (۱) پشمینہ پوش (۲) مُتقی - پارسا - پرہیزگار -
صُوفی صافی - (ع - صف) فقرا کی اصطلاح میں وہ شخص جو اپنے دل کو غیرِ حق سے پاک صاف رکھے -
صُوفی مَنش - (ع - ف - صف) صوفی طبیعت کا - درویشانہ مزاج کا -
صُوفیانہ - (صُوف - یا - نہَ) [ف - ا - مذ] (۱) منسوب بہ صُوفی - صوفیوں کا - سادہ -
صُوفیہ - (صُو - ف - یہ) [ع - ا - مذ] صُوفی کی جمع - پرہیزگار لوگ -
صَولت - (صَو - لَت) [ع - ا - مث] دبدبہ - رُعب - ہیبت -
صَوم - [ع - ا - مذ] روزہ - برت - جمع : صیام
صوم وصلوٰۃ - روزہ - نماز -
صَومعہ - (صَو - مَ - عَہ) [ع - ا - مذ] (۱) گرجا - (۲) عبادت خانہ
صَومعہ نشین [ع - ف - امذ] راہب - تارک الدنیا -

## ص - ہ

صہبا - (صَہ - با) [ع - ا - مث] ایک قسم کی لال شراب - سفید انگوروں کی شراب -
صِہر - [ع - ا - مذ] (۱) خُسر - داماد (۲) سسرال کا کوئی آدمی -
صَہیل - [ع - ا - مث] گھوڑے کا ہنہنانا -

## ص - ی

صیّاد - (صی - یاد) [ع - ا - مذ] شکاری - چڑی مار - ماہی گیر - جمع : صیّاداں
صیّادِ اجل - (ف - ا - مذ) فرشتۂ موت - ملک الموت - عزرائیلؑ -
صِیام - (صِ - یام) [ع - ا - مذ] (۱) صوم کی جمع - روزے (۲) صائم کی جمع - روزہ رکھنے والے (۲) روزہ رکھنا -
صِیانت - (ص - یا - نت) [ع - ا - مث] نگہبانی - حفاظت - پاسبانی - بچاؤ -
صَیحہ - (صَے - حَہ) [ع - ا - مذ] سخت یا بلند آواز - نعرہ - چنگھاڑ
صَید - [ع - ا - مذ] (۱) شکار - وہ جانور جس کو شکار کریں (۲) ہم پیشہ اور ہم کار آدمیوں کی باہمی ضد اور لڑائی -
صَید افگن - صید انداز - (ع - ف - صف) شکار کرنے والا - شکاری -
صَید بدنا - (ا - محاورہ) کبوتر کو پکڑ کر نہ دینے کا عہد کرنا - ضد باندھنا -
صَید کرنا - (ا - محاورہ) (۱) شکار کرنا - پکڑنا - (۲) قابو میں لانا - فریفتہ کرنا -
صَید گاہ - (ا - محاورہ) شکار گاہ - شکار کھیلنے کی جگہ -
صَیدی - (صَے - دی) [ف - ا - مذ] شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضد اور لڑائی رکھے -
صَیرفی - (ع - صف) صرّاف - کھوٹا کھرا پرکھنے والا - (۲) کاموں میں دخل دینے والا -
صِیغہ - (صی - غہ) [ع - ا - مذ] (۱) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز (۲) طریقہ خلقت - اصل - (۳) وہ مُشتق اور مُتصرف کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو - (۴) اہلِ تشیع میں کلماتِ ایجاب وقبول نکاح - عقد - (۵) محکمہ - شعبہ - جمع : صیغہ جات
صیغہ پڑھانا - (ا - محاورہ) اہلِ تشیع میں نکاح پڑھانا - ایجاب وقبول کرانا -
صیغہ گردانا - (ا - محاورہ) فعل کی گردان کرنا -
صَیقل - (صَے - قل) [ع - ا - مذ] جلا - صفائی - آب - چمک -
صَیقل کرنا - (ا - محاورہ) جلا دینا - صاف کرنا - چمکانا -
صَیقل گر - [ع - ف - ا - صف] جلا کرنے والا - ہتھیار صاف کرنے اور سان پر چڑھانے والا -
صَیہونی - (صَے - ہُو - نی) [ع - صف] یہودیوں کی عالمگیر تحریک وطن سے متعلق - یہودیت سے متعلق -
صَیہونیت - (صَے - ہُو - نی - یَت) [ع - ا - مث] (۱) یہودیت (۲) یہودیوں کی عالمگیر تحریک وطن -



Marfat.com

# ض

**ض** ۔ (ضاد۔ ضواد) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) اُردو کا اکیسواں فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندھواں حرف (۲) اس کو صادِ مُعجمہ یا منقُوطہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ ابجد میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کیے گئے ہیں۔ عربی کے اعتبار سے یہ شمسی حرف ہے اس سے پہلے 'ال' آئے تو 'لام' بولا نہیں جائے گا اور ض مشدّد پڑھا جائے گا۔

## ض ــــ ا

**ضابِط** ۔ (ضا۔ بِط) [ع۔ صف] (۱) حفاظت میں رکھنے والا (۲) انتظام کرنے والا۔ مدبر (۳) حاکم۔ مالک۔ قابض (۴) پابند قاعدہ۔ محتاط (۵) متحمل۔ صابر۔
**ضابطگی** ۔ (ضاب۔ طَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] قانون و ضابطہ کے مطابق ہونا۔
**ضابِطہ** ۔ (ضا۔ بِ۔ طَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) قاعدہ۔ قانون۔ دستُورُالعمل (۲) انتظام۔ بندوبست۔ ربط و ضبط۔ جمع: ضوابط۔
**ضابطۂ تعزیری** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] سزا دینے کا قانون۔
**ضابطۂ دیوانی** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] دیوانی قانون۔ وہ قانون جس میں باہمی لین دین کے قواعد منضبط ہوں۔
**ضابطۂ عدالت** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] عدالت کا طریقۂ عمل۔
**ضابِطہ کی رُو سے** ۔ (ا۔ تابع فعل) قاعدہ اور قانون کے مطابق حسبِ ضابطہ
**ضابطۂ فوجداری** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] قانُون فوجداری جرائم۔ انسداد کا دستُورُالعمل
**ضابطۂ مال** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] صیغۂ مال کا قانون۔ خزانہ یا مال گزاری کے متعلق قانون۔
**ضاحِک** ۔ (ضا۔ حِک) [ع۔ صف] ہنسنے والا۔ ظریف۔ مسخرا۔
**ضارِب** ۔ (ضا۔ رِب) [ع۔ صف] مارنے والا۔ چوٹ لگانے والا۔
**ضالّ** ۔ [ع۔ صف] گمراہ۔ بھٹکا ہوا۔ جمع: ضالین۔
**ضامِن** ۔ (ضا۔ مِن) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ذمّہ دار۔ وہ شخص جو کسی کی ضمانت دے کفیل (۲) وہ لکڑی کی پچر جو حُقّے کی نَے کے درمیان باندھ دیتے ہیں (۳) وہ دہی جس سے دُودھ جماتے ہیں۔ مایۂ شیر۔
**ضامن در ضامن** ۔ [ع۔ ف۔ صف] کفیل کا کفیل۔ ذمّہ دار کا ذمّہ دار
**ضامن نہ ہو جیبے گرہ سے دیجیے** ۔ (مثل) گرہ سے دینے میں ہرج نہیں، مگر ضمانت دینے میں خرابی ہے۔
**ضامِنی** ۔ (ضا۔ مِ۔ نی) [ع۔ ا۔ مث] کفالت۔ ذمّہ داری۔
**ضامنی پر چھوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ضمانت یا ذمّہ داری پر رہا کرنا۔
**ضامنی دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ضمانت دینا۔ کفیل یا ذمّہ دار بننا۔
**ضامنی قبول کرنا۔ ضامنی منظور کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی کفالت یا ذمّہ داری کو تسلیم کرنا۔
**ضائِع** ۔ (ضا۔ ئِع) [ع۔ صف] اکارت۔ تلف۔ رائیگاں۔ بے سود۔ بے فائدہ۔ لاحاصل۔
**ضائع کرنا** ۔ (مص۔ مرکب) (۱) برباد کرنا۔ اُڑانا (۲) بے کار اور نکما کرنا (۳) مارنا۔ قتل کرنا۔
**ضائع ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) برباد ہونا۔ خراب ہونا (۲) فوت ہونا۔ مارا جانا۔

## ض ــــ ب

**ضَبط** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نگہبانی۔ حفاظت۔ ہوشیاری (۲) انتظام۔ بندوبست (۳) روک رکاوٹ (۴) قید۔ پابندی (۵) قُرق۔
**ضبط کرنا** ۔ (مص۔ مرکب) (۱) روکنا۔ نگرانی کرنا۔ قُرق کرنا (۲) قانون باندھنا۔ قابو کرنا (۳) چھینا۔ جذب کرنا۔
**ضبط ہونا** ۔ (مص۔ مرکب) قُرق ہونا۔ چھننا۔ کسی جُرم میں مال و جائداد کا سرکاری ہو جانا (۲) تحمل ہونا۔ برداشت ہونا۔ بُردباری ہونا۔
**ضبطی** ۔ (ضب۔ طی) [اُ۔ ا۔ مث] (۱) قُرقی (۲) نگرانی۔ عدالت کے حکم سے کسی کا مال لے لینا۔
**ضبطیٔ جائداد۔ ضبطیٔ مال** ۔ [ع۔ ا۔ مث] دھن دولت کی قُرقی۔
**ضبطی میں آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) قُرق ہونا۔ چھن جانا۔ سرکاری ہو جانا۔

## ض ــــ ح

**ضُحا۔ ضُحیٰ** ۔ (ضُ۔ حا) [ع۔ ا۔ مذ] پہر دن چڑھے یا دس بجے کا وقت۔
**ضحّاک** ۔ (ضح۔ حاک) [ع۔ صف] (۱) بہت ہنسنے والا (۲) ایک ایرانی بادشاہ جو بڑا ظالم اور جابر تھا۔
**ضحک** ۔ [ع۔ ا۔ مث] ہنسنا۔
**ضُحکہ** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ جس پر سب ہنسیں۔ جو سب پر ہنسے۔

## ض ــــ خ

**ضَخامَت** ۔ (ضَ۔ خا۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] مُٹاپا۔ حجم۔ جسامت۔
**ضخیم** ۔ (ضَ۔ خیم) [ع۔ صف] بڑے حجم والا۔ بہت بڑا۔ موٹا۔



Marfat.com

## ض ــــ د

**ضِد**۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) برعکس ۔ مخالف ۔ خلاف (۲) دُشمنی ۔ عداوت ۔ بُغض ۔ (۳) ہٹ ۔ اَڑ (۴) سینہ زوری ۔ اَنانیّت (۵) غصّہ (۶) تعصّب ۔

**ضِد باندھنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بہت اصرار کرنا ۔ ہٹ کرنا (۲) دُشمنی کرنا ۔ مُخالفت کرنا (۳) بحث کرنا ۔

**ضِد پر آنا**۔ (ا ۔ محاورہ) اصرار کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ مخالفت پر کمر باندھنا ۔

**ضِد پوری کرنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی کی ہٹ کے موافق کرنا ۔ کسی کے کہنے کے بموجب کر دینا ۔

**ضِد چڑھنا**۔ (ا ۔ محاورہ) غصّہ چڑھنا ۔ اَڑنا ۔ ہٹ پر آنا ۔

**ضِد رکھنا**۔ (ا ۔ محاورہ) دُشمنی رکھنا ۔ مخالفت رکھنا ۔ کینہ رکھنا ۔

**ضِد کا پُورا ہے**۔ (ا ۔ محاورہ) اپنی ہٹ پر اڑا رہنے والا ۔

**ضِد کرنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اصرار کرنا ۔ ہٹ کرنا (۲) بحث و تکرار کرنا ۔ جھگڑنا ۔

**ضِدّم ضِدّا**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا ۔

**ضِدّی**۔ (ضِد ۔ دِی) [ارُ ۔ صف] (۱) بہت اصرار کرنے والا ۔ متعصّب ہٹ کرنے والا ۔

**ضِدَّین**۔ (ضِد ۔ دَین) [ع ۔ ا ۔ مث] دو ضدین ۔ دو نقیض اور مختلف چیزیں ۔

## ض ــــ ر

**ضَرّاب**۔ (ضَر ۔ راب) [ع ۔ ا ۔ مذ] روپیہ اشرفی پر ٹھپّا لگانے والا ۔

**ضِراب**۔ (ضِ ۔ راب) [ع ۔ ا ۔ مذ] کسی کو تلوار مارنا ۔

**ضِرار**۔ (ضِ ۔ رار) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا (۲) عہد رسالت میں مدینہ میں منافقوں کی ایک مسجد ۔

**ضَرب**۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مار ۔ چوٹ ۔ دھکّا ۔ صدمہ (۲) علمِ حساب میں جمع کا ایک قاعدہ (۳) بیان ۔ ذکر (۴) ٹھپّا ۔ مُہر (۵) شمار ظاہر کرنے کا عدد (۶) نقصان ۔ گھاٹا (۷) شمشیر زنی ۔ صوفیوں کا کسی اسم یا کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے ۔ (۸) (ق) مثل ۔ مانند ۔ بدل ۔

**ضَرب آنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چوٹ آنا ۔ دھکّا لگنا (۲) گھاٹا آنا ۔

**ضَرب اُٹھانا**۔ (ا ۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا ۔ نقصان گوارا کرنا ۔

**ضَربُ المثل**۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کہاوت ۔ وہ جملہ جو مثال کے طور پر مشہور ہو ۔

**ضَربُ المثل ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) کہاوت کی طرح مشہور ہونا ۔ بہت شہرت پانا

**ضَربِ چلیپا**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ایک خاص قسم کی ضرب جو آڑی لگائی جاتی ہے ۔

**ضَرب خانہ**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) دارُالضرب ۔ ٹکسال ۔ جہاں سکّے ڈھالے جاتے ہیں ۔

**ضَربِ خفیف**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ہلکی چوٹ ۔

**ضَرب دینا**۔ نقصان دینا ۔ ضرر پہنچانا (۲) جمع کرنے کے لیے اعداد کو باہم ٹکرانا (۳) سکّہ پر مُہر لگانا ۔

**ضَربِ شدید**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سخت چوٹ ۔ مہلک ضرب ۔

**ضَربِ شمشیر**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) تلوار کا زخم ۔ تلوار کا ہاتھ ۔

**ضَرب کی تاب نہ لانا**۔ (ا ۔ محاورہ) وار کو برداشت نہ کر سکنا ۔

**ضَربِ لازب**۔ وہ چوٹ جس کا نشان اچھا ہونے کے بعد بھی قائم رہے ۔

**ضَرب لگانا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چوٹ لگانا ۔ مارنا (۲) تلوار مارنا (۳) ٹھپّا لگانا ۔ چھاپ لگانا (۴) اس طرح خدا کا نام لینا یا کلمہ پڑھنا جس سے دل کو چوٹ لگے اور وہ بیدار ہو جائے ۔

**ضَربِ مُرکّب**۔ ایک قسم کا ضرب جس میں نقدی یا کسی جنس وغیرہ کے مختلف حصص میں ضرب دیں جیسے روپے آنے پائی کو کسی خاص عدد میں ضرب دے کر ایک مجموعہ معلوم کرنا ۔ ضربِ مخلوط ۔

**ضَربِ مرکّب**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں نقدی یا جنس کے وزن وغیرہ کو مختصر ترکیب سے کئی گُن کرتے ہیں ۔

**ضَربِ مُفرد**۔ ضرب سادہ ۔ ضرب بسیط ۔ ضربِ غیر مرکّب ۔

**ضَربِ مُہلک**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ہلاک کر دینے والی چوٹ ۔

**ضَربات**۔ (ضَر ۔ بات) [ع ۔ ا ۔ مث] ضرب کی جمع ۔ چوٹیں ۔

**ضَرَر**۔ (ضَ ۔ رَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نقصان ۔ خسارہ ۔ زیاں (۲) درد ۔ تکلیف ۔ صدمہ

**ضَررِ جسمانی**۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) جسمانی تکلیف ۔ جسمانی چوٹ ۔

**ضرر رساں**۔ (ف ۔ ا ۔ صف) نقصان پہنچانے والا ۔

**ضرر رسانی**۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ایذا پہونچانا ۔ تکلیف دینا ۔

**ضَررِ صریح**۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دھمکی (۲) مارپیٹ (۳) زخمی یا کسی عضو کے بے کار کرنے سے پہنچا ہوا نقصان یا چوٹ ۔

**ضِرغام**۔ (ضِر ۔ غام) [ع ۔ ا ۔ مذ] پھاڑنے والا شیر ۔ اسد ۔

**ضَرور**۔ (ضَ ۔ رُور) [ع ۔ صف] (۱) واجب ۔ لازم ۔ وہ بات جس کا ہونا فرض ہو (۲) درکار ۔ مطلوب (۳) بے شک بجا ۔ درُست (۴) اٹل (۵) حاجت ۔ ضرورت ۔ خواہش (۶) البتّہ ۔ لاکلام (طنزاً) جب کسی سے کہنا ہو کہ کام نہیں کیا ۔ ہرگز نہیں ۔

**ضرور بالضّرور**۔ (متعلق فعل) تاکید کے واسطے ۔

**ضرور نہیں**۔ (متعلق فعل) (۱) لازم نہیں (۲) درکار نہیں ۔

**ضرور ہے**۔ (متعلق فعل) (۱) واجب ہے (۲) درکار ہے ۔ خواہش ہے ۔

**ضرورت**۔ (ضَ ۔ رُو ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] حاجت ۔ خواہش ۔ مانگ ۔ طلب ۔

**ضرورت ایجاد کی ماں ہے**۔ (ا ۔ مثل) جب کسی چیز کی ضرورت پڑے تو انسان کو کوئی نہ کوئی انتظام کرنا ہی پڑتا ہے ۔

**ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بناتے ہیں**۔ (ا ۔ مثل) لاچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔

**ضرورت مند**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حاجت مند ۔ تنگ حال ۔ مفلس ۔

**ضَرُورتاً**۔ (ضَ ۔ رُو ۔ رَ ۔ تَن) [ع ۔ تابع فعل] از رُوئے ضرورت ۔ واجباً ۔ لازماً ۔ لاچار ۔ ضرورت کی وجہ سے ۔

**ضروری**۔ (ضَ ۔ رُو ۔ رِی) [ع ۔ صف] (۱) واجبی ۔ لازمی ۔ ناچاری ۔ ناگزیر ۔



Marfat.com

تاکیدی۔ اہم۔

**ضروریات**۔ (ضَ۔رُو۔رِی۔یات) [ع۔ا۔مث] ضروری چیزیں۔ استعمال کی چیزیں۔

**ضروریاتِ زندگی**۔ (ع۔ا۔مث) وہ چیزیں جو انسان کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں۔ کھانا کپڑا وغیرہ۔

**ضریح**۔ (ضَ۔ریح) [ع۔ا۔مث] (۱) قبر۔ وہ قبر جو سیدھی کھودی جائے۔ ایک طرف کھودی جانے والی کو لحد کہتے ہیں (۲) ایک قسم کا تعزیہ جو گنبد نما ہوتا ہے۔

## ض ــــ ع

**ضِعف**۔ [ع۔صف] دوچند۔ دُوگنا۔ علم جفر کا ایک قاعدہ جس میں حروف کا دوگنا کرکے جوابات نکالتے ہیں۔

**ضُعف**۔ (ع۔ا۔مذ) کمزوری۔ بے عقلی۔ بے ہوشی۔ سُستی۔ ناتوانی۔

**ضُعفِ باہ**۔ (ع۔ا۔مث) سُستی۔ کمزوری۔ نامردی۔

**ضُعفِ بصارت**۔ (ع۔ا۔مث) آنکھوں کی ناطاقتی۔ نظر کا کم ہونا۔

**ضُعفِ جگر**۔ (ع۔ا۔مذ) کلیجے کی ناطاقتی۔ ایک بیماری۔

**ضُعفِ دل (قلب)**۔ (ع۔ا۔مذ) دِل کی کمزوری۔

**ضُعفِ دماغ**۔ (ع۔ا۔مذ) دماغ کی کمزوری۔ تھوڑے سے کام سے دماغ کا تھک جانا۔

**ضُعفِ مثانہ**۔ (ع۔ا۔مذ) مثانہ کی کمزوری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے۔

**ضُعفِ معدہ**۔ (ع۔ا۔مذ) معدہ کی کمزوری۔ پیٹ کا ایک مرض۔

**ضُعفاء**۔ (ضُ۔عَ۔فا) [ع۔ا۔مذ] ضعیف کی جمع۔ کمزور لوگ۔

**ضعیف**۔ (ضَ۔عِیف) [ع۔صف] ناطاقت۔ کمزور۔ بُوڑھا۔

**ضعیفُ الاعتقاد**۔ وہ شخص جس کے اعتقاد میں گرم جوشی نہ ہو۔ بھولا۔ سادہ۔ کمزور اعتقاد کا۔

**ضعیفُ الایمان**۔ (ع۔ا۔مذ) کمزور ایمان والا۔ مذہبی باتوں پر یقین نہ کرنے والا۔

**ضعیفُ البُنیان**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) جس کی بنیاد کمزور ہو۔ عموماً انسان پہ ساقط بولا جاتا ہے۔

**ضعیفُ العقل**۔ (ع۔صف) کم عقل۔ بے وقوف۔

**ضعیف حال**۔ (ع۔صف) غریب۔ مصیبت زدہ۔

**ضعیفہ**۔ (ضَ۔عی۔فہَ) [ع۔ا۔مث] بوڑھی عورت۔ کمزور عورت۔

**ضعیفی**۔ (ضَ۔عی۔فی) [ع۔ا۔مث] بڑھاپا۔ پیری۔ کمزوری۔

## ض ــــ غ

**ضغطہ**۔ (ضَغ۔طَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) دباؤ (۲) جھٹکا (۳) بھینچنا۔

**ضُغطہ**۔ (ضُغ۔طہ) [ع۔ا۔مذ] سختی۔ رنج۔ تنگی۔ کشمکش۔ مشقت۔

## ض ــــ ف

**ضِفدع**۔ (ضِف۔دَع) [ع۔ا۔مذ] مینڈک۔

## ض ــــ ل

**ضلّ**۔ (ع۔ا۔مذ) غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا۔ بھٹکنا۔

**ضَلال (ضلالت)**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) گمراہی۔ تباہی (۲) گناہ۔ خطا۔

**ضِلَع**۔ (ضِ۔لَع) [ع۔ا۔مث] (۱) پسلی۔ لکیر۔ حد۔ خط (۲) جُزو۔ حصّہ۔ حاکم ضلع کا صدر مقام۔ صوبے کا وہ حصّہ جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو (۳) رعایتِ لفظی ذو معنی بات۔

**ضلع بندی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) صوبے کی ضلع وار تقسیم۔

**ضلع جگت**۔ (ا۔مث) پہلو دار بات جس میں لفظی رعایت پائی جائے۔

**ضلع دار**۔ (ضلعدار) (۱) نگرانِ ضلع۔ زمینداروں سے مالگذاری وغیرہ وصول کرنے والا افسر (۲) صیغۂ آبپاشی کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے۔

**ضلعداری**۔ ضلعدار کا عہدہ یا کام۔

## ض ــــ م

**ضَم**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ملانا۔ شامل کرنا۔ پیش کی حرکت۔ ضمّہ۔

**ضِماد**۔ (ضِ۔ماد) [ع۔ا۔مذ] لیپ۔ دوا کو نرم کرکے جسم پر لگانا۔

**ضمانت**۔ (ضَ۔ما۔نَت) [ع۔ا۔مث] ذمّہ داری۔ کفالت۔ ضامنی۔

**ضمانت دینا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کا ضامن بننا۔ تحریری ضمانت نامہ داخل کرنا۔ کسی کو ضامن پیش کرنا۔

**ضمانت ضبط ہونا**۔ (ا۔محاورہ) ضامن سے شرط ضمانت پُوری نہ ہونے کی صُورت میں نقد روپیہ وصول کرنا۔

**ضمانت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ضامنی دینا۔ کسی کا ضامن بنانا یا ہونا۔

**ضمانت حفظِ امن**۔ امن قائم رکھنے کی ضمانت۔

**ضمانت پر ہونا (رہا ہونا)**۔ (ا۔محاورہ) کسی کی ذمّہ داری پر رہا ہونا۔ قید سے آزاد ہونا۔

**ضمانت داخل کرنا**۔ (مص۔ مرکب) عدالت میں تحریری ضمانت دینا۔ ضامن ہونا۔

**ضمانت نامہ**۔ (ع۔ف۔مذ) تحریری ضمانت۔ کفالت نامہ۔

**ضماناً**۔ (ضَ۔ما۔نَ۔نَن) [ع۔تابع فعل] کفالتاً۔ بطور ضمانت۔

**ضمانتی**۔ (ضَ۔ما۔نَ۔تی) [ا۔ا۔مذ] ضامن۔ ذمّہ دار۔

**ضمائر**۔ (ضَ۔ما۔ئِر) [ع۔ا۔مث] ضمیر کی جمع۔ اسم کے بدل۔ دیکھیے ضمیر۔



Marfat.com

**ضمن** - [ع۔ا۔مذ] (۱) ذیل۔ اندر (۲) شرکت۔ شمول (۳) قانون۔ دفعہ۔ فقرہ۔ مضمون۔ فصل (۴) تعلق۔

**ضمن میں ہونا** - (ا۔محاورہ) حق میں ہونا۔ شامل ہونا۔

**ضمناً** - (ضِم۔نَن) [ع۔ تابع فعل] (۱) بشمول (۲) اشارۃً۔ کنایۃً۔

**ضمنی** - (ضِم۔نی) [ا۔ا۔مث] مقدمہ کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے۔

**ضمہ** - (ضم۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] ضم۔ پیش۔ پیش کی حرکت۔

**ضمیر** - (ضَ۔میر) [ع۔ا۔مذ] (۱) دل۔ قلب (۲) بھید۔ راز۔ پوشیدہ (۳) خیال۔ اندیشہ (۴) [مث] قواعد صرف و نحو میں وہ مختصر اسم جس سے اسم غائب یا حاضر یا متکلم سمجھا جائے۔

**ضمیمہ** - (ضَ۔می۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائیں۔ تکملہ۔ پرچہ زائد۔ اخبار کی معمول سے الگ اشاعت۔

## ض — و

**ضو** - [ع۔ا۔مث] (۱) روشنی۔ پرتو۔ نور۔ چمک۔

**ضوافشاں** - (ع۔ف۔صف) روشن۔ منور۔ روشنی دینے والا۔

**ضوریز۔ ضوفگن** - (ع۔ف۔صف) روشنی پھینکنے والا۔

**ضوابط** - (ضَ۔وا۔بِط) [ع۔ا۔مذ] ضابطہ کی جمع۔ قواعد۔ قوانین۔

## ض — ی

**ضیا** - (ضِ۔یا) [ع۔ا۔مث] (۱) روشنی۔ چمک (۲) رونق۔

**ضیا افروز۔ ضیا بار۔ ضیا پاش۔ ضیا فشاں۔ ضیا گستر** - (ع۔ف۔صف) روشن کرنے والا۔ روشنی پھیلانے والا۔

**ضیا باری۔ ضیا پاشی۔ ضیا فشانی۔ ضیا گستری** - (ع۔ف۔ا۔مث) روشنی پھیلانا۔

**ضیافت** - (ضِ۔یا۔فت) (ع۔ا۔مث) مہمانی۔ دعوت۔ کھانا کھلانا۔

**ضیافت خانہ** - (ع۔ف۔ا۔مذ) مہمان خانہ۔ مہمان داری کا مکان۔

**ضیافت کرنا** - (مص۔مرکب) مہمانی کرنا۔ دعوت کرنا۔

**ضیغم** - (ضَے۔غَم) [ع۔ا۔مذ] (۱) پھاڑنے والا شیر۔ شیر ببر۔

**ضیف** - [ع۔ا۔مذ] مہمان۔

**ضیق** - [ع۔ا۔مث] (۱) تنگی (۲) دقت۔ دشواری (۳) مکان کی تنگی۔

**ضیق النفس** - (ع۔ا۔مذ) دمہ۔ سانس کا روگ۔ دم کا گھٹنا۔

**ضیق میں آنا (ہونا)** - (ا۔محاورہ) تنگ ہونا۔ عاجز آنا۔ مشکل میں پھنسنا۔

**ضیق میں جان ہونا** - (ا۔محاورہ) سخت پریشان ہونا۔



Marfat.com

# ط

"ط" (طو۔ اے) اُردو کا بائیسواں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا سولھواں حرف (۲) حسابِ ابجد میں اس کے نو عدد مقرر ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اس کے پہلے "ال" آجائے تو لام پڑھا نہیں جاتے گا۔ "ط" مشدّد پڑھا جائے گا جیسے الطّاہر۔ علم نجوم میں بُرجِ سرطان کی علامت ہے۔

## ط ا

**طاب**۔ (ع۔ صف) (۱) خوشبودار (۲) خوش گوار۔ نفیس (۳) پاک۔

**طابَ ثَراہُ**۔ (ع۔ کلمہ دُعا) اس کی قبر خوشبودار ہو۔ یعنی اس کی رُوح کو سکون نصیب ہو۔

**طابِع**۔ (طا۔ بِع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چھاپنے والا۔ پرنٹر۔

**طابِعہ**۔ (طا۔ بِ۔ عَہ) (ع۔ ا۔ مث) ٹائپ رائٹر۔ ٹائپ مشین۔

**طابِق**۔ (طا۔ بِق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مطابقت رکھنے والا (۲) تابہ (۳) توا۔ کڑاہی (۴) پیروی کرنے والا (۵) مکان کی منزل۔

**طابَقَ النَّعلُ بالنَّعلِ**۔ (ع۔ مثل) جُوتی جُوتی کے ساتھ مطابق ہوگئی۔ دو آدمی یا چیزیں ایک دوسرے سے عین مطابق ہوجائیں تو یہ مثل بولتے ہیں۔

**طارِق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) صُبح کا ستارہ (۲) رات کو چلنے والا (۳) سخت حادثہ۔

**طارِم**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) لکڑی کا گھر (۲) گنبد (۳) بلند مکان (مجازاً) آسمان۔

**طارِمِ اعلیٰ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فلک الافلاک۔

**طارِمِ اخضر**۔ (۱) ہری چھت (۲) آسمان۔

**طاری**۔ (ع۔ صف) (۱) ناگہاں ظاہر ہونے والا (۲) چھا جانے والا۔ غالب آنے والا۔

**طاری ہونا**۔ (مص۔ مرکب) چھا جانا۔ غلبہ پانا۔

**طاس**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا طشت۔ تھال۔ لگن (۲) پیالہ (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۴) وہ علاقہ جس سے دریا گزرتا ہو۔ جیسن (۵) ایک پرندہ (ق)۔

**طاس بازی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) شُعبدہ بازی۔ مکّاری۔

**طاسِ دریا**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دہانہ۔ ڈیلٹا۔ جیسن۔

**طاسہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ڈھول۔ تاسہ۔ تاشہ۔

**طاسہ نواز**۔ (ع۔ ف۔ صف) تاشہ بجانے والا۔

**طاعات**۔ (ع۔ ا۔ مث) طاعت کی جمع۔ اطاعت کے کام۔

**طاعت**۔ (ع۔ ا۔ مث) بندگی۔ عبادت۔ پُوجا۔ فرماں برداری۔ جمع، طاعات

**طاعت گاہ**۔ (ف۔ ا۔ مث) عبادت کی جگہ۔ مسجد۔

**طاعت گذار**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ صف) فرماں بردار۔ بندگی کرنے والا۔ عبادت گذار۔

**طاعِن**۔ (ع۔ صف) (۱) طعنہ زن۔ طعنہ دینے والا (۲) نیزہ مارنے والا۔

**طاعُون**۔ (طا۔ عُون) (ع۔ ا۔ مذ) ایک مہلک اور متعدی وبا جس میں چھاتی، بغل یا خصیے کے نیچے گلٹیاں نکلتی ہیں اور تیز بخار ہوتا ہے۔ پلیگ۔

**طاغوت**۔ (طا۔ غُوت) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شیطان۔ گمراہوں کا سردار (۲) بُت دیو (۳) خدا کے سوا کسی اور کی پرستش کرنے والا۔

**طاغوتی**۔ (طا۔ غُو۔ تی) (ع۔ صف) طاغوت سے نسبت رکھنے والا۔ شیطانی۔

**طاغی**۔ (ع۔ صف) (۱) سرکش۔ باغی۔ مالک کا نافرمان (۲) حد سے گزرنے والا (۳) فساد پھیلانے والا۔

**طاق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) محراب۔ محراب دار ڈاٹ جو دیوار میں بنا دیتے ہیں۔ آلا (۲) فرد۔ یکتا۔ لاثانی۔ ماہر (۳) ایک درخت کا نام (۴) ایک کپڑے کا نام (۵) وہ عدد جو جفت نہ ہو مثلاً ۱۔ ۳۔ ۵ وغیرہ۔

**طاقِ ابرو**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ابرو کا طاق۔ بھوں کی کمان۔

**طاقِ ارزق**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نیلا طاق۔ آسمان۔

**طاقِ ایوان**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ڈیوڑھی۔ جلوہ خانہ۔

**طاق بھرنا**۔ (۱۔ محاورہ) مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلاکر پھُول بتاشے وغیرہ چڑھانا۔

**طاق پر بیٹھا اُلّو۔ بھر بھر مانگے چُلّو**۔ (۱۔ مثل) اس نکمے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہتر آدمیوں پر حکم چلائے۔

**طاق پر (دھرنا) رکھنا**۔ (۱۔ محاورہ) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔ باز آنا۔ اُٹھا رکھنا۔

**طاق پر رکھا رہنا**۔ (۱۔ محاورہ) ضائع کرنا۔ کام نہ آنا۔ بے کار اور نکما رہنا۔

**طاق کرنا**۔ (۱۔ محاورہ) یکتا کرنا۔ یگانہ کرنا۔ ماہر کرنا۔

**طاق میں ایمان رہنا**۔ (۱۔ محاورہ) ایمانداری کے تقاضوں کو پُورا نہ کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔

**طاقِ نسیاں ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) بھُول جانا۔ بھلا دیا جانا۔

**طاق و جُفت**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا جُوا جس میں ہاتھ میں کوئی چیز چھُپا کر دریافت کرتے ہیں کہ اس میں طاق ہے یا جُفت۔

**طاق و جُفت دونوں ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) ہر حالت میں کامیابی ہونا۔

**طاق ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ماہر ہونا۔ یکتا ہونا (۲) جاتا رہنا۔ زائل ہونا۔

**طاقچہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چھوٹا طاق۔

**طاقت**۔ (طا۔ قت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) زور۔ بل۔ قوّت (۲) تاب۔ مجال۔ جرأت۔ حوصلہ (۳) قابلیت۔ لیاقت۔ مقدور (۴) برداشت۔ بساط۔ سمائی (۵) سلطنت۔ حکومت۔

**طاقت آزما**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) زور دکھانے والا۔ قوّت لگانے والا۔

**طاقت آزمائی**۔ (ف۔ ا۔ مث) زور دکھانا۔ زور لگانا۔

**طاقتیں**۔ (ف۔ ا۔ مث) حکومتیں۔ سلطنتیں۔

**طاقت سلب ہونا**۔ (مص۔ مرکب) قوّت جاتی رہنا۔



Marfat.com

**طاقت طاق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بالکل طاقت نہ رہنا۔ قوت کا زائل ہو جانا۔
**طاقت کا جواب دینا۔** (ا۔ محاورہ) طاقت نہ رہنا۔ کمزور ہو جانا۔
**طاقت کرنا۔** (ا۔ محاورہ) زور دکھانا۔ زور کرنا۔ قوت آزمانا۔
**طاقتِ مہماں نداشت خانہ بمہماں گزاشت۔** (ف۔ مثل) مہمان داری کی طاقت نہ رکھتا تھا گھر مہمان کے لیے چھوڑ گیا اس وقت کہتے ہیں جب کوئی مہمان کے آنے پر ٹل جائے۔
**طاقت وَر۔** (ع۔ ف۔ ا۔ صف) زور آور۔ توانا۔ مضبوط۔ کس بل والا۔
**طاقہ۔** (طا۔ قہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ادنی یا ریشمی کپڑے کا تھان۔
**طاقی۔** (طا۔ قی) [ف۔ ا۔ مث] وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو۔ بھینگا۔ اسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔
**طاقیہ۔** (ع۔ ا۔ مث) وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں۔
**طاقی رکھے نہ باقی۔** (ا۔ مثل) بھینگا منحوس ہوتا ہے۔
**طال۔** (ع۔ ماضی) لمبا ہوا۔ بڑھ گیا۔
**طال (اللہ) عُمرُہٗ۔** (ع۔ دُعا) اس کی عمر لمبی ہو۔
**طالِب۔** (طا۔ لِب) [ع۔ صف] (۱) مانگنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ چاہنے والا مشتاق۔ خواست گار۔ اُمید وار۔
**طالب استمداد یا امداد۔** (ع۔ ا۔ صف) مدد چاہنے والا۔ امداد کا طلب گار۔
**طالب امان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پناہ چاہنا۔ جان بخشی چاہنا۔
**طالبِ جنگ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دُشمن کو لڑائی کی دعوت دینا۔
**طالبِ دُنیا۔** (ع۔ ف۔ صف) دُنیا طلب کرنے والا۔ حریص۔ لالچی۔
**طالبِ دیدار۔** (ع۔ ف۔ صف) عاشق۔ مشتاق نظارہ۔ محبوب کو دیکھنے کا خواہش مند۔
**طالبِ زر۔** (ع۔ ف۔ صف) مال و زر چاہنے والا۔ حریص۔ لالچی۔
**طالبِ عُقبیٰ۔** (ع۔ ا۔ مذ) آخرت کا طلب گار۔ دین دار۔ پارسا۔ زاہد۔
**طالبِ علم۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) علم کا طلب گار۔ مدرسہ میں پڑھنے والا۔ علم حاصل کرنے والا۔ متعلم (۲) مبتدی۔ نو آموز۔
**طالب علمانہ۔** (ع۔ ا۔ صف) طالب علموں کی مانند۔ شاگردوں کی طرح۔
**طالبِ علمی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) علم پڑھنے یا کام سیکھنے کا شغل۔ شاگردی۔
**طالبِ کفن (مرگ) ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مرنے کا خواہش مند ہونا۔
**طالب و مطلوب۔** (ع۔ ا۔ مذ) عاشق و معشوق۔
**طالبہ۔** (طا۔ لِ۔ بہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) طلب کرنے والی (۲) علم حاصل کرنے والی عورت۔ متعلمہ۔
**طالح۔** (طا۔ لح) [ع۔ صف] بدکار۔ بُرا آدمی۔ شریر۔
**طالع۔** (طا۔ لِع) [ع۔ صف] (۱) طلوع ہونے والا۔ چمکنے والا (۲) [ا۔ مذ] نصیب قسمت۔ اقبال (۳) نیا چاند۔
**طالع آزما۔** (ع۔ ف۔ صف) نصیب آزمانے والا۔ ابن الوقت۔
**طالع آزمائی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) قسمت آزمائی۔ نصیب آزمانا۔
**طالع اوج پر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نصیبا بلند ہونا۔ بختاور ہونا۔ صاحب نصیب ہونا۔ بلند قسمت ہونا۔
**طالع بیدار۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خوش نصیبی۔ اقبال مندی (۲) (کنایۃً) معشوق۔
**طالع جاگنا۔** (ا۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ قسمت جاگنا۔
**طالع سونا۔** (ا۔ محاورہ) بُرے دن ہونا۔ بدبختی آنا۔
**طالع چمکنا۔** (ا۔ محاورہ) قسمت کھلنا۔ نصیب جاگنا۔
**طالع خوابیدہ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ صف) بخت خفتہ۔ سویا ہوا نصیب۔ بدقسمتی۔
**طالع شناس۔** (ع۔ ف۔ صف) نجومی۔ جوتشی۔ قسمت کا حال بتانے والا۔
**طالع شناسی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ صف) نجوم کا علم۔
**طالع کا گھر۔** (ا۔ مذ) بارہ برجوں میں سے کوئی برج۔
**طالع کی رسائی (یاوری)۔** (ع۔ ا۔ مث) خوش قسمتی۔ قسمت کی یاوری۔
**طالع مند۔ طالع ور۔** (ع۔ ف۔ صف) نصیب والا۔ خوش قسمت۔ بختاور۔
**طالع وری۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔
**طالع ہونا۔** (مص۔ مرکب) چڑھنا۔ چمکنا۔
**طالع یاور ہونا۔** (ا۔ محاورہ) قسمت جاگنا۔ نصیب کھلنا۔
**طالعَہ۔** (طا۔ لِ۔ عَہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) روشنی (۲) طلوع کرنے والی۔
**طالُوت۔** (طا۔ لُوت) [ع۔ ا۔ مذ] بنی اسرائیل کا بادشاہ جس نے جالُوت سے جنگ کرکے اُسے قتل کیا۔
**طامات۔** (طام۔ مات) [ع۔ ا۔ مذ۔ مث] (۱) گپ بازی۔ شیخی خوری (۲) ریاکار صوفیوں کی مبالغہ آمیزی۔
**طامع۔** (طا۔ مع) [ع۔ صف] حریص۔ لالچی۔ لوبھی۔ طمع کرنے والا۔
**طاہر۔** (طا۔ ہر) [ع۔ صف] پاک۔ صاف۔ مقدّس۔
**طاہرہ۔** (طا۔ ہ۔ رَہ) [ع۔ صف] پاک باز عورت۔ جمع: طاہرات۔
**طاہری۔** (طا۔ ہ۔ ری) [اُ۔ ا۔ مث] بڑی پلاؤ۔ ایک قسم کا کھانا جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے۔
**طائر۔** (طا۔ اِر) [ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ] اُڑنے والا۔ پرند۔ پکھیرو۔
**طائرِ بسمل۔** (ع۔ ف۔ ا۔ صف) آدھا ذبح کیا ہوا پرندہ۔ نیم جان پکھیرو۔
**طائر خوش نوا۔** (ع۔ ف۔ ا۔ صف) خوش الحان پرندہ۔ اچھا گانے والا پکھیرو۔
**طائرِ خیال۔** (ع۔ ف۔ مذ) خیال کو طائر سے تشبیہ دیتے ہیں۔
**طائرِ روح۔** (ع۔ ا۔ مث) روح کا طائر سے استعارہ کرتے ہیں۔
**طائر زرّیں بال۔** (ع۔ ا۔ مذ) سُنہرے پروں والا پرندہ (۲) (مجازاً) آفتاب۔
**طائرِ سِدرہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) حضرت جبریل علیہ السلام جن کا مقام سدرہ پر ہے۔
**طائرِ قبلہ نما۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مُرغِ قبلہ نما۔ وہ مقناطیسی سوئی جس سے قبلے کا رُخ معلوم ہوتا ہے۔
**طائرِ عقل اُڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہوش و حواس جاتے رہنا۔
**طائرِ قدس یا قدسی۔** (ع۔ مذ) (۱) پاک جان کا پرندہ (۲) فرشتہ۔ جبرائیل۔
**طائرِ نو گرفتار۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ پرندہ جو تھوڑے عرصے سے قید ہوا ہو (مجازاً) وہ شخص جو تازہ تازہ عشق میں مبتلا ہوا ہو۔
**طائرِ نیم بسمل کی طرح پھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) آدھے ذبح کیے ہوئے پرند کی طرح تڑپنا۔ نہایت بے قرار ہونا۔



Marfat.com

**طائرِ وحشی**۔ (ع۔ف۔صف) جنگلی پرندہ۔ وہ پرندہ جو پالتو نہ ہو۔
**طائرِ وہم و خیال کا نہ پہنچنا**۔ (امحاورہ) کسی بات کا ناممکن ہونا۔ خیال تک نہ جا سکنا۔
**طائرانہ**۔ (طا۔ا۔رانہ) [ع۔صف] پرندے کی طرح (۲) سرسری۔ چھچھلتی۔
**طائرانہ نگاہ ڈالنا**۔ (امحاورہ) اُچٹتی نگاہ دوڑانا۔ سرسری طور پر دیکھنا۔
**طائف**۔ (طا۔اِف) [ع۔صف] (۱) طواف کرنے والا۔ چکر کاٹنے والا۔ اردگرد پھرنے والا (۲) حجاز کا ایک قصبہ۔
**طائفہ**۔ (طا۔اِ۔فہ) [ع۔ا۔مث] (۱) طواف کرنے والی (۲) قوم۔ ذات۔ ملت (۳) منڈلی۔ گروہ۔ جتھہ۔ فرقہ۔ جماعت (۴) رنڈی اور اس کے ساتھی۔ ناچنے والوں کی ٹولی (۵) قافلہ۔
**طائفہ نچانا**۔ (مص۔مرکب) رنڈی یا بھانڈوں کا ناچ کرانا۔
**طائل**۔ (طا۔اِل) [ع۔ا۔مذ] (۱) فائدہ۔ نفع (۲) افزونی (۳) تونگری (۴) بے قید۔ اردو میں لاطائل کی ترکیب کے ساتھ مستعمل ہے۔
**طاؤس**۔ (طا۔اُوس) [ع۔ا۔مذ] (۱) مور (۲) ایک ساز جو مور کی شکل کا بنا ہوتا ہے اور سارنگی کی طرح بجایا جاتا ہے۔
**طاؤس کا کوکنا**۔ (امحاورہ) مور کا چلّانا۔ مور کا بولنا۔
**طاؤس کی مستی**۔ (ا۔مث) تھوڑی دیر رہنے والی چیز۔
**طاؤسی**۔ (طا۔اُ۔سی) [ت۔صف] مور کا۔ مور کے رنگ کا۔
**طاؤسی رقص**۔ (ع۔ا۔مث) ایک خاص قسم کا ناچ جو مور کے رقص سے مشابہ ہوتا ہے۔
**طائی**۔ (طا۔ای) [ع۔صف] عرب کے قبیلہ "طے" سے منسوب جس میں حاتم بڑا سخی گزرا ہے۔

# ط ـــ ب

**طب**۔ [ع۔ا۔مث] حکمت۔ علاج۔ علاج معالجے کا علم۔ خاص کر یونانی طریقہ علاج
**طبابت**۔ (طِ۔با۔بت) [ع۔ا۔مث] علاج معالجہ۔ ڈاکٹری۔ حکمت کرنا۔ علاج کرنا۔
**طبّاخ**۔ (طب۔باخ) [ع۔ا۔مذ] باورچی۔ خان ساماں۔ کھانا پکانے والا۔
**طبّاخی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) کھانا پکانے کا کام۔
**طباشیر**۔ (طَ۔با۔شیر) [ع۔ا۔مث] بنسلوچن۔ ایک سفید رنگ کی دوائی۔ جو بانس کی گانٹھوں سے نکلتی ہے۔
**طبا طبائی**۔ (طَ۔با۔طَ۔با۔ای) [ع۔صف] حضرت اسماعیل بن ابراہیم بن امام حسنؑ کی اولاد جن کا لقب طبا طبا تھا۔ عید کے موقع پر جب ان کے والد نے لباس کے متعلق پوچھا کیا چاہیئے تو انہوں نے قبا قبا کی بجائے طبا طبا کہا۔
**طبّاع**۔ (طب۔باع) [ع۔صف] (۱) غیر معمولی ذہین۔ تیز طبیعت (۲) تلوار بنانے والا۔ ڈھلیا (۳) کوزہ گر کمہار۔ سانچے میں ڈھالنے والا۔
**طباعت**۔ (طِ۔با۔عت) [ع۔ا۔مث] (۱) پرنٹنگ۔ چھپائی (۲) تلوار بنانے یا کمہار کا فن۔
**طبّاعی**۔ (طب۔با۔عی) [ع۔ا۔مث] غیر معمولی ذہانت۔ طبیعت کی تیزی۔

**طباق**۔ (طَ۔باق) [ع۔ا۔مذ] (۱) بڑی رکابی۔ تھالی (۲) کاسۂ سر۔
**طباق سا مُنہ**۔ (ا۔مذ) چوڑا سا منہ۔ چوڑا چکلا چہرہ۔ چپٹا چہرہ۔
**طباقی**۔ (طَ۔با۔قی) [ع۔صف] طباق سا۔
**طباقی کُتّا**۔ (ا۔مذ) مُفت خورا۔ طفیلی۔ دوسروں کی روٹیاں توڑنے والا۔
**طبائع**۔ (طَ۔با۔اِع) [ع۔ا۔مذ و مث] طبیعت کی جمع۔ طبیعتیں۔
**طبع**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) طبیعت۔ فطرت۔ مزاج۔ سرشت۔ خصلت (۲) چھاپنا نشان لگانا (۳) سکہ۔ نقش۔ مُہر۔ چھاپ۔
**طبع آزمائی**۔ (ع۔ا۔مث) طبیعت کی آزمائش۔ ذہانت کا امتحان۔
**طبع رسا (رواں)**۔ (ع۔ف۔صف) تیز طبیعت۔ تیز ذہن۔
**طبع زاد**۔ (ع۔ف۔صف) اپنی ایجاد یا اختراع۔ طبیعت سے نکلا ہوا۔
**طبع کرنا**۔ (مص۔مرکب) چھاپنا۔ شائع کرنا۔
**طبع گرامی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) کسی بزرگ کی طبیعت یا مزاج پوچھتے وقت استعمال ہوتا ہے۔ بزرگ طبیعت۔
**طبع موزوں**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) شعر سے مناسبت رکھنے والی طبیعت۔
**طبعی۔ طبیعی**۔ (طَ۔بَ۔عی) (طَ۔بی۔عی) [ع۔صف] (۱) طبیعت سے منسوب (۲) ذاتی۔ فطری۔ اصلی۔ قدرتی۔ خلقی۔ ب کے سکون کے ساتھ طبع سے منسوب۔
**طبعی جغرافیہ**۔ (ع۔صف) وہ جغرافیہ جس میں خشکی و تری کی بحث ہو۔
**طبق**۔ (طَ۔بق) [ع۔ا۔مذ] (۱) تھال۔ بڑی رکابی (۲) طبقہ۔ تختہ (۳) تہ۔ چھلکا (۴) نیاز (۵) سونے کا ورق۔ پتا (۶) موافق۔ مطابق (۷) خطہ۔ ملک۔ حصہ (۸) پریوں کی نیاز کا کونڈا (۹) عمر۔ زمانہ۔ بیس برس کا عرصہ (۱۰) ڈھکنا۔ قرص۔ ٹکیہ (۱۱) عورت کی شرم گاہ (۱۲) چپٹی (۱۳) حالت درجہ۔ منزل (۱۴) گھوڑوں کی ایک بیماری۔
**طبق اُلٹ جانا**۔ (امحاورہ) کسی خاندان میں زوال آ جانا۔ کسی ملک کا تہ و بالا ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
**طبق باز۔ طبق زن**۔ (ع۔ف۔صف) چپٹی کھیلنے والی عورت۔
**طبق چھوڑنا**۔ (امحاورہ) عورتوں کا پریوں کی نیاز دے کر تھال میں پھول چراغ وغیرہ رکھ کر دریا میں ڈالنا۔ پھینک دینا۔
**طبقات**۔ (طَ۔بَ۔قات) [ع۔ا۔مذ] طبقہ کی جمع۔ طبقے۔
**طبقات الارض**۔ (ع۔ا۔مذ) زمین کے طبقے۔ زمین کی تہیں۔
**طبقچہ**۔ (طَ۔بَق۔چہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) طبق کی تصغیر۔ خوانچہ (۲) چھوٹی رکابی۔
**طبقہ**۔ (طَب۔قہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) منزل۔ درجہ (۲) تہ۔ پرت (۳) روک۔ پردہ (۴) آدمیوں کا گروہ (۵) پایہ۔ رتبہ۔ جمع: طبقات۔
**طبقہ اُڑا دینا**۔ (ا۔محاورہ) سرنگ میں بارود رکھ کر اور آگ دکھا کے زمین کا ٹکڑا اُڑا دینا۔
**طبقہ اُلٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) حالت بدل جانا (۲) کسی خاندان یا ملک میں زوال آ جانا (۳) کسی معاملے کا بگڑ جانا۔
**طبقۂ بالا**۔ اُوپر کی منزل۔
**طبقاتی**۔ (طب۔قا۔تی) [ع۔صف] طبقہ یا جماعت سے متعلق۔
**طبقاتی جنگ**۔ وہ کشمکش یا لڑائی جو معاشرے کے مختلف طبقوں میں ہو۔
**طبل**۔ [ع۔ا۔مذ] بڑا ڈھول۔ دمامہ۔ نقارہ۔ دھونسہ۔



Marfat.com

**طبلِ آسائش** - (ع - ف - ا - مذ) فوجوں کی واپسی کا طبل۔
**طبلِ بازگشت** - (ع - ف - ا - مذ) لڑتی ہوئی فوجوں کو واپس بلانے کا نقارہ۔
**طبل پر چوٹ پڑنا** - (ا - محاورہ) نقارہ بجنا (۲) اعلانِ جنگ ہونا۔
**طبلِ جنگ** - (ع - ف - ا - مذ) حرب یا رزم۔ لڑائی کے وقت کا نقارہ۔
**طبل کو چاشنی دینا** - (ا - محاورہ) نقارہ بجانا۔
**طبل نوازی** - (ع - ف - ا - مث) نقارہ بجانا۔
**طبلچی** - (طَ - بَل - چی) [اُر - ا - مذ] طبلیا۔ طبلہ بجانے والا۔
**طبلق** - (طَب - لَق) [ع - ا - مث] (۱) کاغذوں کا بنڈل (۲) کاغذی بندھن۔ وہ کاغذ جو کاغذوں کے مٹھے یا اخبارات پران کو بند کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے (۳) دو رُخ سے کُھلا ہوا لفافہ۔
**طبلک** - (طَب - لَک) [ف - ا - مث] چھوٹا ڈھول۔
**طبلہ** - (طَب - لا) [ع - ا - مذ] (۱) چھوٹا ڈرم - ڈبّہ - صندوقچی (۲) ڈھولک (۳) ایک خاص قسم کا ایک رُخا باجا۔
**طبلہ بجنا** - (مص - مرکب) طبلہ ٹھنکنا - طبلہ کھڑکنا۔
**طبلہ خوار** - (ع - ف - ا - مذ) مُفت خورا - طفیلی۔
**طبلۂ عطار** - (ع - ا - مذ) عطار کی صندوقچی جس میں وہ عطر وغیرہ رکھتے ہیں۔
**طبلۂ عطار بنا دینا** - (ا - محاورہ) معطّر کر دینا - بے حد خوشبو پیدا کر دینا۔
**طبلہ نواز** - (ع - ف - صف) طبلیا - طبلہ بجانے والے۔
**طبلے پر چھاپ (تھاپ) پڑنا** - (ا - محاورہ) طبلہ بجنا۔
**طبلی** - (طَب - لی) [ف - ا - مث] وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں۔
**طبّی** - (طِب - بی) [ع - صف] طب کا۔ یونانی اور ڈاکٹری علاج معالجہ سے متعلق۔
**طبّی مدرسہ** - (ع - ا - مذ) وہ مدرسہ جہاں طب کی تعلیم دی جاتی ہے۔
**طبیب** - (طَ - بیب) [ع - ا - مذ] ڈاکٹر - حکیم - مُعالج - علاج کرنے والا۔
**طبیبِ حاذق** - (ع - ا - مذ) تجربہ کار ڈاکٹر یا حکیم۔
**طبیبِ رُوحانی** - (ع - ا - مذ) رُوح کی بیماریوں کا علاج کرنے والا - بزرگ آدمی رُشد و ہدایت دینے والا - مُرشد۔
**طبیعت** - (طَ - بی - عَت) [ع - ا - مث] (۱) مزاج - فطرت - طینت - سرشت (۲) خصلت - عادت - سُبھاؤ (۳) خلقت - پیدائش۔
**طبیعت آنا** - (ا - محاورہ) (۱) کسی سے محبت ہو جانا - کسی پر عاشق ہونا (۲) طبیعت کا راغب یا مائل ہونا (۳) کوئی چیز پسند آنا - کسی شے کا دل کو بھانا۔
**طبیعت اُتھل پتھل ہونا** - (ا - محاورہ) طبیعت بے قرار ہونا۔
**طبیعت اُچاٹ ہونا - طبیعت اُچٹنا** - (ا - محاورہ) دل بیزار ہونا - جی اُکتانا
**طبیعت اعتدال پر آنا** - (ا - محاورہ) مزاج درست ہونا - مزاج کا صحیح حالت اختیار کرنا۔
**طبیعت اک سُو (یکسُو) ہونا** - (ا - محاورہ) مطمئن ہونا۔
**طبیعت اُکھڑنا** - (ا - محاورہ) برداشتہ خاطر ہونا - جی کا بیزار ہونا۔
**طبیعت اُلٹ جانا** - (ا - محاورہ) مزاج بدل جانا (۲) متلی ہونا - طبیعت خراب ہونا۔
**طبیعت اُلجھنا** - (ا - محاورہ) دل گھبرانا - جی پریشان ہونا - ناگوارِ خاطر ہونا۔
**طبیعت باغ باغ ہونا - طبیعت باغ و بہار ہونا** - (ا - محاورہ) بہت خوش ہونا۔
**طبیعت بحال ہونا** - (ا - محاورہ) طبیعت کا درست ہونا (۲) صحت ہونا - افاقہ ہونا - آرام ہونا (۳) مزاج کا خوش ہونا۔
**طبیعت بدلنا** - (ا - محاورہ) مزاج کا بدلنا۔
**طبیعت بڑھنا** - (ا - محاورہ) کسی کام کی مشق سے مہارت پیدا ہونا۔
**طبیعت بگڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) حالت خراب ہونا - بیمار ہونا (۲) جی متلانا - متلی ہونا (۳) ناراض ہونا - دل خفا ہونا۔
**طبیعت بھُر بھُرانا** - (ا - محاورہ) ولولہ پیدا ہونا - طبیعت گدگدانا - جوش پیدا ہونا - کسی بات کی خواہش ہونا۔
**طبیعت بھر جانا** - (ا - محاورہ) (۱) سیر ہو جانا (۲) دل اُکتا جانا۔
**طبیعت بہلنا** - (ا - محاورہ) (۱) فرحت ہونا - جی لگنا - وقت خوشی میں گزرنا (۲) دل کا سیر تماشے کی طرف مصروف ہونا۔
**طبیعت بے چین ہونا** - (ا - محاورہ) بے قرار ہونا - بے چینی ہونا۔
**طبیعت بے قابو ہونا** - (ا - محاورہ) طبیعت اختیار میں نہ ہونا (۲) کوئی کام یا بات کرنے سے رُک نہ سکنا (۳) فریفتہ ہونا - مائل ہونا۔
**طبیعت پر بوجھ ڈالنا** - (ا - محاورہ) بہت سوچنا یا غور و فکر کرنا۔
**طبیعت پر چھوڑ دینا** - (ا - محاورہ) کسی کی مرضی پر کام چھوڑ دینا۔
**طبیعت پر رکھ لینا** - (ا - محاورہ) ارادہ کر لینا۔
**طبیعت پر زور دینا** - (ا - محاورہ) بہت سوچنا - غور و فکر کرنا۔
**طبیعت پر گرانی ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) بدہضمی ہونا (۲) ناگوار ہونا۔
**طبیعت پریشان ہونا** - (ا - محاورہ) جی گھبرانا - دل اُلجھنا۔
**طبیعت پھرنا** - (ا - محاورہ) بیزار ہونا - اُکتا جانا۔
**طبیعت پھسلنا** - (ا - محاورہ) فریفتہ ہونا - کسی کی طرف مائل ہونا۔
**طبیعت پھیکی (پڑنا) ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) اُمنگ باقی نہ رہنا (۲) بیمار رہنا۔
**طبیعت ٹھکنا** - دل کو قرار ہونا - مطمئن ہونا۔
**طبیعت ثانیہ** - (ع - ا - مث) دوسری طبیعت - عادت جو مزاج کا انداز پیدا کر لیتی ہے۔
**طبیعت حاضر ہونا** - (ا - محاورہ) کوئی کام اچھی طرح ہو سکنا - کسی کام کی طرف راغب ہونا۔
**طبیعت خراب ہونا** - (ا - محاورہ) متلی ہونا - بیمار ہونا۔
**طبیعت رُکنا** - (ا - محاورہ) کسی کام کو کرنے میں ہچکچانا۔
**طبیعت دار** - (ع - صف) ذہین - ہوشیار - شوخ - چالاک - عالی دماغ۔
**طبیعت رنگ پر آنا** - (ا - محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا - خواہش جاگنا۔
**طبیعت رواں ہونا** - (ا - محاورہ) طبیعت میں تیزی آنا - کسی کام کو اچھی طرح ادا کرنا (۲) طبیعت شعر کہنے پر آمادہ ہونا۔
**طبیعت سنبھلنا** - (ا - محاورہ) افاقہ ہونا - مزاج درست ہونا۔
**طبیعت سَن سے ہو جانا** - (ا - محاورہ) کسی اچانک واقعہ سے صدمہ پہنچنا۔ دل دھک سے رہ جانا۔



Marfat.com

**طبیعت شگفتہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) دل بشاش ہونا (۲) (مذاقاً) پاخانہ کھل کر آنا۔
**طبیعت شناس**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) مزاج پہچاننے والا۔ مزاج داں۔
**طبیعت کی جولانی**۔ (ا۔ مث) تیزیٔ طبع۔ طبیعت کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے نئی نئی باتیں سُوجھیں۔
**طبیعت گُدگُدانا**۔ (ا۔ محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔
**طبیعت کا بندہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) اپنی مرضی سے کام کرنے والا۔ خودپسند۔ مغرور۔
**طبیعت کا لال اُگلنا**۔ (ا۔ محاورہ) نئے اور عمدہ مضامین پیدا کرنا۔
**طبیعت کا لہرانا، لہریں مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا
**طبیعت کا مالش کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) اُبکائیاں آنا۔ جی متلانا۔
**طبیعت کی اُفتاد**۔ (ا۔ مث) عادت کا انداز۔ فطرت کا طور۔
**طبیعت گردانتا**۔ طبیعت کا قبول کرنا۔ طبیعت کسی طرف متوجہ کرنا۔
**طبیعت گرمانا**۔ (ا۔ محاورہ) طبیعت جوش میں آنا۔
**طبیعت لااُبالی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے پروا ہونا۔ مزاج میں بے پروائی ہونا۔
**طبیعت لڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت سوچنا۔ توجہ ڈالنا۔ متوجہ ہونا۔
**طبیعت لڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ذوق پیدا ہونا۔ دماغی کام کرنا۔ طبیعت کا متوجہ ہونا۔ ذہن لڑنا۔ دل کے ساتھ کسی امر کی مناسبت اور لگاؤ رکھنا۔
**طبیعت لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) دل لگنا۔ جی بہلنا۔ جمع خاطر ہونا۔ دل کا مشغول یا مصروف ہونا۔
**طبیعت مائل ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ کسی بات کی طرف رجوع کرنا
**طبیعت مٹی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) افسردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
**طبیعت مچلنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔
**طبیعت ملنا**۔ (ا۔ محاورہ) مزاج میں موافقت ہونا۔
**طبیعت میں بل پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) طبیعت بگڑنا۔ خفا ہونا۔ مکدر ہونا۔
**طبیعت موزُوں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) شعر و سخن کی طرف مائل ہونا۔
**طبیعت میں تلوّن ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا۔
**طبیعت میں تیزی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) نئی نئی باتیں سُوجھنا۔ تیز مزاج ہونا۔
**طبیعت میں روانی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) شعر و مضمون سُوجھنا (۲) طبیعت میں تیزی ہونا۔
**طبیعت نہ لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) جی اُچاٹ ہونا۔
**طبیعت ہٹ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) نفرت ہو جانا۔
**طبیعت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) دل آنا۔ عشق ہونا۔ رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔
**طبیعی**۔ (ط۔ بی۔ بی) (ع۔ صف) سائنس جس میں خواص اشیاء اور تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے۔ وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل اور ان کی خاصیت کا حال بیان ہوتا ہے۔
**طبیعاتی۔ طبیعات**۔ (ط۔ بی۔ ع۔ یاتی) (ط۔ بی۔ عات) (ع۔ ا۔ مذ) علم الاجسام (بشمول نباتات و جمادات) فزکس۔

## ط ــــ پ

**طپاں**۔ (طَ۔ پاں) (ف۔ صف) تڑپنے والا۔
**طپانچہ**۔ (طَ۔ پاں۔ چَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تھپڑ۔ چانٹا (۲) تیز ہوا کا جھونکا۔
**طپش**۔ (طَ۔ پش) (ف۔ ا۔ مث) تڑپ۔ جلن۔ پیچ و تپش۔
**طپنچہ**۔ (طَ۔ پن۔ چَہ) (ف۔ ا۔ مذ) پستول۔ تمنچہ۔

## ط ــــ ح

**طحال**۔ (طِ۔ حال) (ع۔ ا۔ مث) تلی۔ ایک عضو جو جگر کے قریب ہے۔
**طحال**۔ (طُ۔ حال) (ع۔ ا۔ مث) تاپ تلی۔ وہ مرض جس سے تلی پھول جاتی ہے اور اس میں درد ہوتا ہے۔

## ط ــــ ر

**طُرّا**۔ (طُر۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) انوکھا۔ عجیب (۲) غالب۔ بڑھ کر (۳) پگڑی کے اوپر کا سرا جو اُبھار رہتا ہے (۴) ٹوپی کا پھندنا۔ پھنگا (۵) زُلف۔ کاکُل۔
**طُرّا جمانا**۔ (ا۔ محاورہ) رعب جمانا۔ سکہ بٹھانا۔ حکم چلانا۔
**طَرّاح**۔ (ع۔ ا۔ مذ) معمار۔ نقاش۔
**طرّار**۔ (طر۔ رار) (ع۔ صف) (۱) گرہ کٹ۔ پاکٹ مار۔ جیب کترا (۲) چالاک۔ عیار۔ ہوشیار (۳) تیز زبان۔
**طرار فرار**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بہت چالاک۔ نہایت شوخ۔ بڑا بے باک۔
**طراره۔ طراره**۔ (طَ۔ را۔ رہ) (طَ۔ را۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) چوکڑی۔ چھلانگ۔ جست۔ کلانچ۔ اُچھل کود۔
**طرارے بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیز بھاگنا۔ سرپٹ دوڑنا (۲) فرفر پڑھنا۔
**طرّاری**۔ (طَ۔ را۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) زبان کی شوخی۔ چلبلاہٹ۔ تیزی۔ چالاکی۔ عیاری۔
**طراز**۔ (طِ۔ راز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نقش و نگار۔ زینت۔ سجاوٹ (۲) شاہی لباس (۳) وہ جگہ جہاں یہ لباس تیار ہو (۴) کسی تقریب پر شہر کی سجاوٹ (۵) زردوزی کا کام۔ کارچوبی (۶) آراستہ کرنے والا۔
**طرازی**۔ (طَ۔ را۔ زی) (ف۔ ا۔ مث) سجانا۔ آراستہ کرنا۔ نقش و نگار بنانا۔ پیراستہ کرنا۔
**طراوت**۔ (طَ۔ رَا۔ وت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) نمی۔ تری۔ رطوبت (۲) ٹھنڈک۔ خنکی (۳) تازگی۔
**طراوت آنا**۔ (ا۔ محاورہ) ٹھنڈک پیدا ہونا۔
**طراوت بخشنا**۔ (مص۔ مرکب) تازگی دینا۔ فرحت بخشنا۔
**طرب**۔ (طَ۔ رَب) (ع۔ ا۔ مث) خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔
**طرب انگیز۔ طرب خیز۔ طرب سنج۔ طرب فزا**۔ (ع۔ صف) فرحت



Marfat.com

بخشنے والا ۔ خوش کرنے والا ۔ اُمنگ بڑھانے والا ۔ نشاط افزا ۔

**طرب ناک** ۔ (ع ۔ صف) فرحت بخش ۔ خوش کرنے والا ۔

**طربوش** ۔ (طَر ۔ بُوش) [ف ۔ ا ۔ مذ] ترکی ٹوپی ۔ سُرخ رنگ کی اُونچی ٹوپی ۔

**طربیَہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ قصّہ یا ڈراما جس کا انجام خوشی ہو ۔

**طرح** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) وضع ۔ انداز ۔ ڈھنگ (۲) بنیاد ۔ جڑ (۳) نقش کاری نقاشی ۔ خاکہ (۴) علیحدگی ۔ جُدائی (۵) حال احوال (۶) وہ مصرعہ جو مشاعرے میں غزل کہنے کے لیے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مقرر کرتے ہیں (۷) خارج کرنا ۔ تفریق کرنا (۸) نئی عمارت (۹) صورت ۔ پیکر ۔ شکل ۔ نقشہ ۔ گت ۔ حالت ۔

**طرح اڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) انداز اُڑانا (۲) طرز حاصل کرنا (۳) وضع سیکھ لینا ۔

**طرح بہ طرح** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) قِسم قِسم کا ۔ رنگ برنگ ۔

**طرح دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) خوب صُورت ۔ بانکا ۔ وضع دار ۔ رنگیلا ۔ خوش انداز ۔

**طرح داری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) خوبصورتی ۔ بانکپن ۔ وضع داری ۔

**طرح دے جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹال جانا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ درگُزر کرنا ۔ بے پروائی کرنا ۔

**طرح ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بنیاد ڈالنا (۲) تدبیر کرنا ۔

**طرح کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) (۱) تفریق کرنا (۲) غزل کہنے کے لیے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مصرع بتانا (۳) (کیمیا) آگ پر سُرخ کی ہوئی دھات پر کوئی ایسی دوا ڈالنا جو اس کی رنگت تبدیل کر دے ۔

**طرح نو** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) نئی بنیاد (۲) نئی طرز ۔ نیا ڈھنگ ۔ نیا انداز

**طرحیں نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طرزیں ایجاد کرنا ۔

**طرحی غزل** ۔ (طر ۔ حی ۔ غزل) (ا ۔ ا ۔ مث) وہ غزل جو مقررہ طرح پر کہی جائے ۔

**طرحی مشاعرہ** ۔ (طر ۔ حی ۔ مُ ۔ شا ۔ ع ۔ رَہ) (ا ۔ ا ۔ مث) وہ مشاعرہ جس میں مقررہ طرح پر غزلیں پڑھی جائیں ۔

**طرز** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث ۔ مذ] (۱) روش ۔ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ قاعدہ قانون (۲) شکل ۔ وضع ۔ ہیئت (۳) عادت ۔ خُو (۴) سٹائل ۔

**طرز اڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نقل کرنا ۔ دوسروں کی کوئی وضع اختیار کرنا ۔ انداز سیکھنا ۔

**طرز (تحریر) عبارت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) لکھنے کا ڈھنگ ۔ مضمون نگاری کا طریقہ ۔

**طرزِ عمل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) رویّہ ۔ روش ۔ سلوک ۔

**طرزِ قدیم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پرانی وضع ۔ پُرانا طریقہ ۔

**طرزِ کلام** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) انداز گفتگو ۔ بات کا طریقہ ۔

**طرف** ۔ (طَ ۔ رَف) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جانب ۔ پہلو ۔ رُخ ۔ سمت ۔ بازو ۔ (۲) کنارہ ۔ حاشیہ ۔ سرا ۔ اُفق (۳) مقابل ۔ حریف ۔ فریق (۴) پاس ۔ لحاظ (۵) حق ۔ جمع : اطراف ۔

**طرف اوّل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) دعوے دار ۔ مدّعی ۔ مستغیث ۔ پہلی طرف ۔

**طرفِ ثانی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مخالف ۔ مدعا علیہ ۔ فریق ثانی ۔ ملزم ۔ دوسری طرف ۔

**طرف دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ساتھی ۔ مددگار ۔ حمایتی ۔ پاسداری کرنے والا کسی فریق کا آدمی ۔

**طرف دار ہونا** ۔ (مص ۔ مرکب) مددگار ہونا ۔ حمایتی ہونا ۔

**طرف داری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) پاس ۔ لحاظ ۔ حمایت ۔ جانبداری

**طرف داری کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پاس داری کرنا ۔ حامی و مددگار ہونا ۔ جانب داری کرنا ۔

**طرفت ۔ طرفۃ** ۔ (طرفت ، طر ۔ ف ۔ تہ) [ع ۔ ا ۔ مث] آنکھ کا جھپکنا ۔

**طرفۃُ العَین** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) پلک جھپکاتے میں ۔ پلک مارتے میں ۔ ذرا سی دیر میں ۔ آن کی آن میں ۔

**طُرفگی** ۔ (طُر ۔ فَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] خوبی ۔ عُمدگی ۔ عجوبہ پن ۔ ندرت ۔

**طُرفہ** ۔ (طُر ۔ فہ) [ع ۔ صف] (۱) نیا (۲) انوکھا ۔ عجیب ۔ نادر ۔ عُمدہ ۔ خوش آیند ۔

**طُرفہ تماشا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) عجیب و غریب کھیل ۔ انوکھا تماشا ۔ عجیب واقعہ ۔

**طُرفہ گل پھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی عجیب و غریب بات کا ظہور میں آنا ۔ نئی بات ہونا ۔

**طُرفہ گل کھلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عجیب و غریب کام کرنا ۔

**طُرفہ ماجرا** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) انوکھا واقعہ ۔ تعجب کی بات ۔

**طُرفہ معجون** ۔ (ع ۔ ا ۔ ف) (۱) وہ چیز جو عجیب و غریب اشیا سے مرتب ہو (۲) عجیب آدمی (۳) بے وقوف یا احمق شخص ۔

**طُرفہ یہ ہے** ۔ (ا ۔ قاعدہ) انوکھی بات یہ ہے ۔ عجیب بات یہ ہے ۔ تعجب یہ ہے

**طرفین** ۔ (طَ ۔ رَ ۔ فین) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) فریقین ۔ دونوں جانب ۔ مدعی ۔ مدعا علیہ (۲) اصطلاح فقہ میں امام ابوحنیفہ اور امام محمد ۔

**طرفین سلسلہ** ۔ (۱) زنجیر کے دونوں سرے (۲) ایک سلسلے کی دونوں طرف کے عدد یا نشان ۔

**طُرّہ** ۔ (طُر ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) زُلف کا کُل ۔ سر کے بالوں کی لٹ (۲) وہ پُھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں ۔ پگڑی کے اُوپر کا سرا جو اُٹھا رہتا ہے ۔ جانوروں کی کلغی (۳) غالب ۔ بڑھ کر سبقت لے جانا (۴) انوکھا عجیب (۵) چھجا ۔ منڈیر (۶) کوئی پیچ دار چیز (۷) کوڑا ۔ تازیانہ ۔ (۸) اضافہ ۔ علاوہ (۹) انوکھی بات ۔ خوبی ۔ عمدگی (۱۰) جال ۔ پھندا ۔ (۱۱) بھنگ کی چُسکی یا گھونٹ (۱۲) پھولوں کی لڑیوں کا گُچھا جو دُولھا کے کان کے پاس لٹکتا ہے (۱۳) سبز ۔ نازک شاخیں جو درخت شمشاد سے نکل کر نیچے کو لٹکتی ہیں (۱۴) ایک قسم کا سُرخ اور زرد پھول ۔ (۱۵) کسی چیز کا بہترین حصّہ ۔

**طُرّہ باز** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) (۱) اکڑنے والا (۲) وہ شخص جو پگڑی پر طُرّہ لگائے ۔

**طُرّہ جمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رُعب جمانا ۔ تحکم کرنا ۔

**طُرّہ چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھنگ پینا ۔

**طُرّہ طرار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) محبوب کی زُلفیں ۔

**طُرّے کا جال** ۔ (ا ۔ مذ) ایک قسم کا جال جو عورتیں کاڑھتی ہیں ۔

**طُرّہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) تیز کرنا ۔ چمکانا (۲) بڑھانا ۔



Marfat.com

**طُرّہ گُل**۔ (ف۔ا۔مذ) پھولوں کا گچھا جو دستار میں لگاتے ہیں۔
**طُرّہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زیادہ ہونا۔ فائق ہونا (۲) انوکھا ہونا۔ بڑھ کر ہونا۔
**طُرّہ ہے**۔ (ا۔متعلق فعل) زیادتی ہے۔
**طُرّے باز خاں**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو پگڑی پر طرّہ لگائے۔ اکڑباز خاں۔
**طریق**۔ (طَ۔ ریق) (ع۔ا۔مذ) (۱) راستہ۔ سڑک (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ روش۔ (۳) مذہب۔ شریعت (۴) رواج۔ دستور۔
**طریقِ عمل**۔ (ع۔ا۔مذ) کام کرنے کا طریقہ۔
**طریقت**۔ (طَ۔ ری۔ قت) (ع۔ا۔مث) (۱) راستہ (۲) تصوّف کی اصطلاح میں تزکیۂ باطن۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے روحانی کمال حاصل ہوتا ہے۔
**طریقہ**۔ (طَ۔ ری۔ قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) طرز۔ ڈھنگ۔ روش (۲) قاعدہ۔ ترکیب۔ گُر۔ مذہب۔
**طریقہ آنا**۔ (ا۔محاورہ) کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا۔
**طریقہ برتنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی قاعدے یا دستور پر چلنا۔

## ط ــــ ش

**طشت**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) تھال۔ لگن۔ تسلا (۲) ہاتھ دھونے کا برتن۔ چلمچی (۳) پیالہ۔
**طشت ازبام ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔ عام ہونا۔ عیاں ہونا (۲) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔
**طشت چوکی**۔ (ع۔ا۔مث) پاخانے کا برتن اور وہ چوکی جس پر قضائے حاجت کے وقت بیٹھتے ہیں۔
**طشتِ زر**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) سونے کا تھال (۲) سورج۔
**طشتری**۔ (طَش۔ تَ۔ ری) (اُ۔ا۔مث) رکابی۔ چھوٹی تھالی۔ پرچ۔
**طشتری لکھنا**۔ عامل کا چینی کی رکابی پر نقش لکھنا تاکہ اُسے دھو کر پینے سے مرض اور آسیب کا خلل دور ہو۔

## ط ــــ ع

**طعام**۔ (طَ۔ عام) (ع۔ا۔مذ) (۱) کھانا۔ بھوجن۔ غذا۔
**طعامِ عروسی**۔ (ع۔ا۔مذ) شادی کی دعوت۔
**طعم**۔ (ع۔ا۔مذ) ذائقہ۔ مزہ۔ لذت۔
**طُعم**۔ (ع۔ا۔مذ) خوراک۔ چوگا۔
**طُعمہ**۔ (طُع۔ مہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) روزی۔ رزق (۲) لقمہ۔ نوالہ (۳) شکاری پرندوں کا کھاجا۔
**طعمۂ اجل ہونا**۔ (ا۔محاورہ) موت کا نوالہ ہونا۔ مرنا۔
**طعمہ روکنا**۔ (ا۔محاورہ) شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے پہلے بند کر دینا۔
**طعن**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) طنز۔ ملامت۔ حرف گیری (۲) نیزے کی ضرب۔
**طعن آمیز**۔ (ع۔ف۔صف) طنز یا ملامت سے بھرا ہوا۔
**طعن تروڑ**۔ (ا۔مذ) طعن و تعریض کا بگڑا ہوا۔ لعنت ملامت۔ طعنہ مہنا۔
**طعن تشنیع**۔ (ع۔ا۔مث) طعنہ مہنا۔ چھیڑ چھاڑ۔ آوازہ توازہ۔ جلی کٹی بات۔
**طعن توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) طنز کرنا۔ طعنہ دینا۔
**طعن کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) آوازہ کسنا (۲) نیزے کی ضرب لگانا۔
**طعنہ**۔ (طَع۔ نہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نیزہ مارنا (۲) آوازہ کسنا۔ طنز کرنا۔
**طعنہ آمیز**۔ (ع۔صف) طنز سے بھرا ہوا۔
**طعنہ تشنہ**۔ (ا۔مذ) طعن و تشنیع کا بگاڑا ہوا۔ برا بھلا۔ لعنت ملامت۔
**طعنہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) ملامت کرنا۔ چھیڑنا۔ آوازہ کسنا۔
**طعنہ زن**۔ (ع۔ا۔مذ) طعنہ دینے والا۔
**طعنہ زنی**۔ (ع۔ا۔مث) تشنہ دینا۔ چھیڑ چھاڑ۔ آوازہ کسنا۔
**طعنہ مارنا**۔ (ا۔محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔
**طعنہ مہنا**۔ (ع۔ا۔مذ) برا بھلا۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعن تشنیع۔
**طعنے تشنے (مہنے) دینا (سننا)**۔ (ا۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔
**طعنے سننا**۔ (ا۔محاورہ) لوگوں کی طعن آمیز گفتگو سن کر چپ رہنا۔

## ط ــــ غ

**طُغرا**۔ (طُغ۔ را) (ت۔ا۔مذ) (۱) نشانی۔ علامت (۲) تحریر۔ عربی رسم الخط میں پیچیدہ مگر فنکارانہ اور خوبصورت تحریر۔ مہر یا انگوٹھی پر کھدی ہوئی خوبصورت تحریر۔
**طغرا نویس**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ خوش نویس جو طغرا لکھنے میں مہارت رکھتا ہو۔ طغرا لکھنے والا۔
**طغرائے امتیاز**۔ (ع۔ف۔صف) بزرگی کی نشانی۔ وہ خصوصیت یا لیاقت جو دوسروں میں نہ ہو۔
**طغرائے ندامت**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) شرمندگی کا نشان۔
**طُغراق**۔ (طُغ۔ راق) (ق۔ا۔مذ) وہ گھونسہ یا مُکا جو کنپٹی پر مارا جائے۔
**طُغیان**۔ (طُغ۔ یان) (ع۔ا۔مذ) بڑی زیادتی۔ ظلم۔ نافرمانی۔
**طُغیانی**۔ (طُغ۔ یا۔ نی) (ع۔ا۔مث) (۱) سرکشی۔ بغاوت۔ حد سے بڑھنا۔ (۲) سیلاب۔ پانی کا چڑھاؤ (۳) زیادتی۔ افزونی۔
**طغیانی پر آنا**۔ (ا۔محاورہ) سیلاب آنا۔

## ط ــــ ف

**طِفل**۔ (ع۔ا۔مذ) لڑکا۔ بچہ۔ جمع: اطفال۔ طفلاں۔



Marfat.com

**طِفلِ اشک**۔ (ع۔ا۔مذ) آنسو۔
**طِفلِ اُفتادہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ بچّہ جسے ماں باپ چھوڑ کر چلے جائیں۔ پڑا ہوا بچّہ۔ لاوارث بچّہ۔
**طِفلِ دبستان**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) طفلِ مکتب۔ مکتب میں پڑھنے والا بچّہ۔ (۱) طالب علم۔ مبتدی (۲) ناتجربہ کار شخص۔
**طِفلِ شیر خوار**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) دودھ پیتا بچّہ۔
**طِفلِ مزاج**۔ (ع۔صف) وہ شخص جس کے مزاج میں بچپنا ہو۔
**طِفلِ ہندو**۔ (ع۔ا۔مذ) آنکھ کی پُتلی۔
**طِفلان**۔ (طِف۔لان) (ف۔ا۔مذ) طفل کی جمع۔ بچّے۔
**طِفلانِ چمن**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) باغ کا سبزہ اور پھولوں کی کلیاں اور شگوفے۔
**طِفلانہ**۔ (طِف۔لا۔نہَ) (ف۔صف) بچّوں کی طرح۔ بچّوں جیسی۔
**طُفُولی**۔ (طِف۔و۔ل) (ع۔ا۔مث) (۱) لڑکپن۔ بچپن کی عمر (۲) نادانی۔
**طفولت۔ طفولیت**۔ (طُ۔فو۔لت) (طُ۔فو۔لِ۔یت) (ع۔ا۔مث) لڑکپن۔ بچپن۔
**طُفیل**۔ (طُ۔فَیل) (ع۔ا۔مذ) ذریعہ۔ وسیلہ۔ بدولت۔ سبب۔
**طُفیلی۔ طفیلیا**۔ (طُ۔فے۔لی) (طُ۔فے۔لِ۔یا) (اُ۔صف) بن بلایا مہمان دوسروں کی بدولت گزارہ کرنے والا۔ پچھلگو۔ دوسروں کے سر سے کھانے والا۔

## ط ــــــ ل

**طِلا**۔ (طِ۔لا) (ع۔ا۔مذ) (۱) سونا۔ ملمع (۲) اصطلاحِ طب میں ایک خاص روغن جو سُستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لیے عضو پر ملتے ہیں (۳) لذّت
**طِلا بافی**۔ (ف۔ا۔مذ) جس کپڑے کی بُنائی میں سونے کے تار شامل ہوں۔
**طِلا دوز**۔ (ف۔صف) جس چیز پر طلائی کام کیا گیا ہو۔ طلا کار۔
**طِلا ساز**۔ (ع۔ف۔صف) سونا بنانے والا۔ کیمیا گر۔
**طِلا کار**۔ (ع۔ف۔صف) (۱) وہ چیز جس پر سونے سے نقش و نگار بنائے جائیں (۲) کیمیا گر (۳) ملمع ساز۔
**طلاطم**۔ (ع۔ا۔مذ) دیکھیے تلاطم۔
**طِلا کاری**۔ (ع۔ا۔مث) (۱) سونے کا کام بنانا (۲) سونے کے کام کا پیشہ (۳) سونے کا کام۔
**طلاکوب**۔ (ع۔ف۔صف) سونے کے ورق کوٹنے والا۔
**طلائے ناب**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) خالص سونا۔
**طُلّاب**۔ (طُل۔لاب) (ع۔ا۔مذ) (۱) طالب کی جمع (۲) طالب علم۔ مُبتدی۔
**طلاق**۔ (طَ۔لاق) (ع۔ا۔مث) (۱) نکاح کا فسخ ہونا۔ عورت کا نکاح سے آزاد ہونا (۲) آزادگی (۳) روانی۔ کشادگی۔
**طلاقِ بائن**۔ (ع۔ا۔مث) جُدا کرنے والی طلاق جس میں رجُوع نہیں کیا جاسکتا۔
**طلاقِ بدعت (بدعی)**۔ (ع۔ا۔مث) بے قاعدہ طلاق جو ایک ہی دفعہ تین طلاق کہہ کر دی جائے۔
**طلاقِ حسن**۔ (ع۔ا۔مث) وہ طلاق جو شریعت کے مطابق دی جائے ایک ایک کرکے وقت مقررہ کے بعد دی جانے والی طلاق۔
**طلاقِ خلع**۔ (ع۔ا۔مث) کچھ دے کر عورت کا طلاق لے لینا۔
**طلاق دینا**۔ (مص۔ مرکب) بیوی کو چھوڑنا۔ قانون مذہب کے مطابق زوجہ سے قطع تعلق کرنا۔
**طلاقِ رجعی**۔ (ع۔ا۔مث) طلاق کا پہلا درجہ۔ وہ طلاق جس کے بعد آدمی بیوی کی طرف رجوع کرسکتا ہے۔
**طلاق کنایہ**۔ (ع۔ا۔مث) کسی کے اشارے سے دی ہوئی طلاق۔ وہ طلاق جو صاف الفاظ میں نہ ہو۔
**طلاق لینا**۔ (مص۔مرکب) عورت کا خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔
**طلاقِ مُغلظ**۔ (ع۔ا۔مث) طلاق کا تیسرا درجہ۔ قطعی طلاق۔
**طلاق نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرائط درج ہوں۔
**طلاقت**۔ (طَ۔لا۔قت) (ع۔ا۔مث) چرب زبانی۔ لسانی۔ تیز زبانی۔
**طلاقن**۔ (طَ۔لا۔قن) (اُ۔ا۔مث) وہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو۔
**طلائی**۔ (طِ۔لا۔ای) (ف۔صف) سنہری۔ سونے کا۔
**طلائی کام**۔ (ف۔ا۔مذ) زردوزی یا کارچوبی کا کام جو کپڑے پر کیا ہوا ہو۔
**طلائے احمر**۔ (ع۔ا۔مذ) سُرخ سونا۔ کُندن۔
**طلایہ**۔ (طَ۔لا۔یہَ) (ف۔ا۔مث) وہ فوج جو رات کو لشکر یا شہر کی حفاظت کرے (۲) پولیس کی روند۔ گشت۔
**طلایہ گردی**۔ (ف۔ا۔مث) رات کی گشت۔ رات کا پہرہ۔
**طلائے دست افشار**۔ (ف۔ا۔صف) وہ سونا جو ہاتھ میں دب جائے (۲) وہ سونا جو خسرو پرویز کے خزانے میں تھا اور اس سے ترنج بنایا تھا۔
**طلب**۔ (طَ۔لب) (ع۔ا۔مث) (۱) مانگ (۲) خواہش۔ آرزو (۳) لت۔ دھت (۴) جستجو۔ تلاش (۵) بلاوا۔ طلبی (۶) تنخواہ۔ مشاہرہ (۷) وہ چیز جو مانگی جائے
**طلب بانٹنا**۔ (ا۔محاورہ) تنخواہ تقسیم کرنا۔
**طلب بجھانا (مٹانا)**۔ (ا۔محاورہ) خواہش مٹانا۔ آرزو پوری کرنا۔
**طلب دار**۔ (ع۔ف۔صف) (۱) کسی چیز کا خواہش مند (۲) تنخواہ دار۔
**طلب کرنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) بلانا (۲) مانگنا (۳) دعویٰ کرنا۔
**طلب گار**۔ (ع۔ف۔صف) (۱) خواہش مند (۲) متلاشی۔
**طلب مٹانا**۔ (ا۔محاورہ) خواہش مٹانا۔ طلب پوری کرنا۔
**طلب نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) سمن۔ حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ۔
**طُلَبا**۔ (طُ۔لَ۔با) (ع۔ا۔مذ) طلیب کی جمع (۲) ڈھونڈھنے والے (۳) طالب علم
**طلبانہ**۔ (طَلَ۔با۔نہَ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سپاہیوں کا یومیہ۔ روزینہ (۲) وہ روپیہ جو گواہ کو عدالت میں طلب کرنے کے واسطے لیا جائے۔
**طلبہ**۔ (طَ۔لَ۔بہَ) (ع۔ا۔مذ) (۱) طالب کی جمع (۲) طالب علموں کی جماعت (۳) طلب کرنے والے۔
**طلبی**۔ (طَ۔لَ۔بی) (اُ۔ا۔مث) بُلاوا۔ حاضر ہونے کا حُکم۔ طلب۔ بلاوا
**طلبی ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بلایا جانا۔ حاضری کا حکم ہونا۔



Marfat.com

طلبیدہ - (ف - صف) بلایا ہوا۔
طِلِسم - (طِ - لِسم) [ع - ا - مذ] (۱) جادو - سحر (۲) جادو کا تماشا (۳) ڈراؤنی اشکال یا مصنوعی سانپ کی شکل جو دفینوں پر بنائی جائے (۴) راز۔ (۵) جادو کے خطوط اور نقش (۶) وہ ملک جہاں جادوگر رہتے ہوں۔ (۷) جان ستی کا تماشا (۸) وہ علم جو موہوم خیالات کو عجیب شکل کے ساتھ نظر میں لائے۔ جمع : طلسمات۔
طلسم آمیز (افزا) - (ع - ف - صف) حیرت انگیز - عجیب۔
طلسم باندھنا - (ا - محاورہ) عجیب و غریب بات کر کے دکھانا۔ انوکھی بات کرنا۔ جادو منتر کا شعبدہ دکھانا۔
طلسم بند - (ف - ا - مذ) منتر اور جادو کے اثر میں مبتلا۔
طلسم توڑنا - (ا - محاورہ) (۱) راز افشا کرنا۔ کسی کے فریب کو کھولنا (۲) جادوگر کا ملک فتح کرنا (۳) جادو کا اثر جادو کے زور سے دور کرنا۔ جادو کا اثر زائل کرنا۔
طلسم کشا - (ف - ا - مذ) وہ شخص جو طلسم کو فتح کرے یا توڑے۔
طلسم ناہ - (ع - ف - ا - مذ) زبان بندی کا تعویذ جو شرف ماہ میں لکھا جاتا ہے
طِلِسمات - (طِ - لِس - مات) [ع - ا - مث] طلسم کی جمع - حیرت میں ڈالنے والا منظر۔
طلسماتی - (طِ - لِس - ما - تی) (ف - صف) جادو کا - آفت کا۔
طلسمی - (طِ - لِس - می) (ف - صف) جادو کے متعلق - جادو کا۔
طلعت - (طل - عت) [ع - ا - مث] (۱) چہرہ - رُخ - شکل (۲) نظارہ - دیدار۔
طلعت زیبا - (ف - ا - صف) خوبصورت شکل یا چہرہ۔
طلوع - (طُ - لُوع) [ع - ا - مذ] (۱) سورج، چاند، ستارے کا نکلنا (۲) بلند ہونا۔
طلوع صبح - (ع - ا - مذ) صبح ہونا۔
طلیعہ - (طَ - لی - عَہ) [ع - ا - مذ] وہ لشکر جو فوج کے آگے دشمن کی نقل و حرکت کا پتہ لگاتا ہے - ہراول - سکاؤٹ - شہر اور لشکر کی محافظت کرنے والی سپاہ۔
طلیق - (ع - صف) (۱) ہنس مکھ - خندہ پیشانی (۲) قید سے رہائی پایا ہوا۔
طلیق اللسان - (ع - صف) فصیح - خوش بیان - خوش تقریر۔

## ط ـــ م

طماع - (طم - ماع) (ع - صف) بہت لالچی - بڑا حریص۔
طمانچہ - (طَ - ماں - چَہ) (اُر - ا - مذ) تھپڑ - چپڑ - جو کسی کے گال پر لگائیں۔ تھپکی - روٹی بڑھانے کی تھپکی۔
طمانچہ جڑنا (جمانا) - (ا - محاورہ) تھپڑ لگانا - چپڑ مارنا۔
طمانچے سے منہ لال رکھنا - (ا - مثل) مفلسی میں بھی خودداری قائم رکھنا (۲) صاحب عزت ہونا۔
طمانچے سے منہ لال کرنا - (ا - محاورہ) (۱) تھپڑ مار کر سرخ کر دینا (۲) بناوٹ سے سرخروئی ظاہر کرنا۔
طمانیت - طمانینت - (اُر - ا - مث) دلجمعی - اطمینان - تسلی۔
طمث - (ع - ا - مذ) حیض کا خون۔
طمطراق - (طُم - طُ - راق) (ف - ا - مذ) شان و شوکت - دھوم دھام - کروفر - رعب داب (۲) غرور - تکبر۔
طمطراقی - (طُم - طُ - را - قی) (ف - ا - مث) شان اور تجمل۔
طمع - (طَ - مَع) [ع - ا - مث] (۱) لالچ - حرص (۲) خواہش - چاہ۔
طمع خام - (ع - ف - ا - مث) ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ممکن نہ ہو - بارور نہ ہونے والی آرزو - تمنائے ناتمام۔
طمع دنیا - (مص - مرکب) مال و دولت کی حرص۔
طمع را سہ حرف است و ہر سہ تہی - (ف - مثل) طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں - لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
طمع کار - (ع - ف - صف) لالچی - حریص۔
طمع کا منہ کالا - (ا - مثل) لالچ کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔
طمنچہ - (طَ - مَن - چَہ) (اُر - ا - مذ) (۱) چھوٹی بندوق - پستول (۲) (بازاری) نوخیز لڑکی - کنواری - دوشیزہ (۳) ویشیا - کسبی - جو ابھی بیاہی نہ ہو۔

## ط ـــ ن

طناب - (طَ - ناب) [ع - ا - مث] (۱) خیمے کی رسی (۲) وہ رسی جس سے زمین ماپتے ہیں (۳) بازی گروں کا رسا (۴) رسی - ڈوری۔
طنابیں کھینچنا - (ا - محاورہ) (۱) خیمے کی رسی کو کھینچ کر باندھنا (۲) دوری یا فاصلے کو کم کرنا۔
طنّاز - (طن - ناز) (ع - صف) (۱) طنز کرنے والا (۲) ناز و انداز سے چلنے والا (۳) شوخ - بے باک - چالاک (۴) اشارے کنائے میں بات کرنے والا۔
طنّازی - (طن - نا - زی) (ع - ف - ا - مث) (۱) شوخی - بے باکی - چالاکی (۲) طنز - رمز - کنایہ۔
طنبور - طنبورہ - (طَم - بُور - طَم - بُو - رَہ) (ع - ا - مذ) ایک قسم کا ستار - تان پورہ - تنبورہ۔
طنبی - (طَم - بی) (ق - ا - مث) کھڑکی۔
طنز - (ع - ا - مث) (۱) طعنہ - مہنا - آوازہ (۲) ٹھٹھا - تمسخر (۳) رمز کے ساتھ بات کرنا۔
طنز آمیز - وہ بات جو طعنے کے طور پر کہی جائے۔
طنزاً - (طن - زَن) (ع) (۱) طعنے سے (۲) اشارتاً - کنایۃً - رمزاً۔
طنزیہ - وہ بات جس میں طنز پائی جائے۔ جمع : طنزیات۔



Marfat.com

طنطنہ۔ (طَن۔ طَ۔ نَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) طنبور اور بربط وغیرہ کی آواز۔ نقارہ یا دمامہ کی آواز (۲) رعب۔ دبدبہ (۳) کروفر۔ شان و شوکت (۴) غصّہ۔ بدمزاجی۔ غرور۔ گھمنڈ (۵) شور۔ غلغلہ۔
طنطنہ بلند ہونا۔ (۱۔ محاورہ) شور مچنا۔ غلغلہ بلند ہونا۔
طنطنہ دکھانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) حکومت دکھانا (۲) اترانا (۳) ڈرانا۔ دھمکانا (۴) کروفر دکھانا۔

## ط ـــــ و

طُوَاس۔ (طُ۔ واس) [ق۔ا۔مذ] قالین۔
طواسین۔ [ع۔ا۔مذ] طٰسٓ کی جمع (۲) حسین بن منصور کی ایک کتاب کے ابواب (۳) الواح تعلیم۔
طواف۔ (طَ۔ واف) [ع۔ا۔مذ] (۱) کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد چکر کھانا (۳) گردش۔
طواف بیت اللہ۔ [ع۔ا۔مذ] کعبہ کا طواف۔
طواف کرنا۔ (۱) گرد پھرنا۔ کسی کے چاروں طرف گھومنا۔
طوالت۔ (طَ۔ وا۔ لَت) [ع۔ا۔مث] (۱) طول۔ لمبائی۔ درازی (۲) زیادتی۔ افزونی (۳) دیر۔ تاخیر۔
طوالت پذیر۔ [ع۔ف۔صف] طوالت پکڑنے والا۔ لمبا ہونے والا۔
طوائف۔ (طَ۔ وا۔ اِف) [ع۔ا۔مذ] طائفہ کی جمع۔ (۱) گروہ۔ قومیں قبیلے (۲) [اُر۔ا۔مث] ناچنے گانے والی عورت۔ رقاصہ۔ رنڈی۔
طوائف الملوکی۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) ہل چل۔ بدنظمی۔ لاقانونیت۔
طُوبیٰ۔ (طُو۔ با) [ع۔ا۔مذ] (۱) بہشت کا ایک درخت (۲) نہایت خوشبودار (۳) اچھا۔ خوشگوار (۴) نفیس۔ جائز (۵) نہایت پاک (۶) خوشخبری۔
طوبیٰ (قامت) قد۔ [ع۔صف] (۱) طوبیٰ جیسے قد والا (۲) خوش قامت (کنایۃً) معشوق۔
طور۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) حالت (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ طرح۔ طریقہ (۳) یک بار (۴) حد (۵) بنیاد (۶) صرف (۷) قسم۔ نوع۔ جمع : اطوار۔
طور بے طور ہونا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) حالت خراب ہونا (۲) قریب المرگ ہونا (۳) گڑبڑ ہونا۔
طور طریق۔ [ع۔ا۔مذ] رنگ ڈھنگ۔ چال چلن۔ رویّہ۔ برتاؤ۔
طُور۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) کوہ سینا۔ جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ پر تجلّیٔ الٰہی کا ظہور ہوا تھا۔
طُوس۔ [ع۔ا۔مذ] ایک قسم کا نہایت ملائم اونی کپڑا (۲) خراسان کا ایک شہر۔
طُوسی۔ (طُو۔ سی) [ف۔صف] (۱) طوس کا رہنے والا (۲) کرنجی یا بینگنی رنگ۔
طوطا۔ [اُر۔ا۔مذ] ایک خوبصورت سبز پرند جو سکھانے سے بولیاں بولتا ہے۔ توتا۔
طوطا چشم۔ [ف۔صف] بے وفا۔ بے مروّت۔ ناآشنا۔
طوطا چشمی۔ [ف۔صف] بے وفائی کرنا۔ بد لحاظ ہونا۔
طُوطَک۔ (طُو۔ طَک) [ف۔ا۔مذ] (۱) طوطا (۲) [مث] الغوزہ۔

طُوطی۔ (طُو۔ طی) [ف۔ا۔مذ و مث] ایک خوش آواز چھوٹا پرند۔ طوطا۔
طوطی بولنا۔ (۱۔ محاورہ) شہرت ہونا (۲) رسوخ ہونا (۳) اچھی رائے حاصل کرنا۔ اختیار یا رسوخ حاصل کرنا۔
طوطے اڑ جانا۔ (۱۔ محاورہ) سخت گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔
طوطے کی طرح آنکھیں بدل لینا۔ (۱۔ محاورہ) بے وفائی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔
طوطے کی طرح پڑھنا (۱۔ محاورہ) بے سوچے سمجھے پڑھنا۔
طوطیا۔ (طُو۔ طِ۔ یا) [ف۔ا۔مذ] (۱) نیلا تھوتھا (۲) تہمت۔ بہتان۔ الزام۔
طوطیا باندھنا۔ (۱۔ محاورہ) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ کلنک لگانا۔
طَوع۔ [ع۔ا۔مث] (۱) رغبت۔ رضامندی (۲) دل کی خوشی۔ خوشنودی خاطر (۳) اطاعت۔ فرمانبرداری۔
طَوعاً۔ (طَو۔ عَن) رضامندی سے۔ اپنی مرضی سے۔
طوعاً و کرہاً۔ چار و ناچار۔ جبراً۔ خواہ مخواہ۔
طَوف۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) طواف کرنا۔ گرد پھرنا۔
طوفِ (حرم) کعبہ۔ [ع۔ا۔صف] حرم کے ارد گرد پھرنا۔ کعبے کا طواف
طُوفان۔ (طُو۔ فان) [ع۔ا۔مذ] (۱) غرق کر دینے والی رو۔ سیلاب۔ پانی کا چڑھاؤ۔ شدید بارش (۲) آندھی۔ تیز و تند ہوا (۳) عالمگیر مصیبت۔ سانحۂ عظیم (۴) شور و غل (۵) بہتان تہمت۔ الزام (۶) فساد جھگڑا (۷) آفت (۸) ماتم۔ کہرام (۹) کارِ عظیم۔ بڑا بھاری کام
طوفان اٹھانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) بہتان لگانا۔ الزام دھرنا (۲) فساد برپا کرنا (۳) آفت مچانا۔
طوفانِ اشک۔ [ع۔ا۔مذ] آنسوؤں کا طوفان۔ بہت رونا۔ بہت آنسو بہانا
طوفان اگلنا۔ (۱۔ محاورہ) طوفان پیدا کرنا۔ کثرت کے ساتھ کوئی چیز پیدا کرنا۔
طوفان امنڈنا۔ (۱۔ محاورہ) طوفان زیادہ ہونا۔
طوفان باندھنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) تہمت لگانا۔ بدنام کرنا (۲) مبالغہ کرنا۔ بہت بڑھا کر کہنا۔
طوفان برپا کرنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) جھگڑا کرنا (۲) غل غپاڑہ مچانا۔
طوفان جوڑنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) بہتان لگانا (۲) الزام تراشنا۔
طوفان ڈھانا۔ (۱۔ محاورہ) غضب کرنا۔
طوفان رسیدہ۔ [ع۔صف] طوفان سے تباہ شدہ۔
طوفان شیطان۔ (۱) تہمت اور بہتان۔ الزام (۲) فتنہ و فساد۔
طوفان شیطان اللہ نگہبان۔ (مثل) (۱) شیطانی تہمت اور بہتان سے اللہ بچائے (۲) طوفان اور شیطان سے خدا محفوظ رکھے۔
طوفان کھڑا کرنا۔ (۱۔ محاورہ) فساد اٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا (۲) بہتان لگانا۔
طوفان میں آنا۔ (۱۔ محاورہ) کشتی یا جہاز کا ہوا یا پانی کی طغیانی میں پھنسنا۔ پانی کے تلاطم کے باعث ڈوب جانا۔
طوفانِ نوح۔ [ع۔ا۔مذ] پانی کا وہ سیلاب جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا تھا اور حضرت نوحؑ کے ماننے والوں کے علاوہ باقی سب غرقاب ہو گئے تھے
طوفان ہونا۔ (۱۔ محاورہ) تند و تیز ہوا کا چلنا (۲) سخت شریر ہونا۔
طُوفانی۔ (طُو۔ فا۔ نی) [ف۔صف] (۱) طوفان سے منسوب (۲) جھوٹا۔ شریر۔ فسادی۔ فتنہ باز (۳) آفت۔ بلا۔ غضب۔ آفت کا پرکالہ۔



Marfat.com

**طوفانی جہاز**۔ وہ جہاز جو طوفان میں پھنسا ہو۔
**طوفانی دورہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وسیع علاقے کا تیزی سے دورہ کرنا۔
**طوق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گلو بند۔ گلے کا ایک زیور۔ ہنسلی۔ ہار۔ زیور۔ حلقہ۔
**طوق بڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) منت کا طوق بچے کے گلے سے اُتار کر منت ادا کرنا۔
**طوقِ زنجیر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ہتھکڑیاں۔ بیڑیاں۔
**طوقِ غلامی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) طاعت کا بجوا۔ وہ طوق جو پرانے زمانے میں غلاموں کے گلے میں ڈالا جاتا تھا۔
**طوقِ غلامی گلے میں ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) اطاعت کرنا۔
**طوقِ لعنت بگردنِ ابلیس**۔ (ف۔ مثل) لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں۔ بُرے آدمی کو ہی بُرائی کا الزام لگتا ہے۔
**طوقِ منت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) منت کی ہنسلی۔
**طُول**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) لمبائی۔ درازی (۲) وسعت۔ پھیلاؤ (۳) طویل۔ بڑا۔
**طُولِ امل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حرص کی درازی (۲) اُمید کی طوالت۔
**طولِ بلد۔ طول البلد**۔ کسی مقام کا فاصلہ جو نصف النہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے۔
**طول پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) بڑھ جانا۔ کسی معاملے کا لمبا ہو جانا۔
**طول دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی معاملے کو بڑھانا (۲) بات کو لمبا کرنا (۳) زیادہ بولنا۔
**طول طویل**۔ (ع۔ صف) بہت لمبا۔
**طُولِ عمرہٗ**۔ (ع۔ دُعا) خدا اس کی عمر دراز کرے عربی ترکیب غلط ہے صرف اُردو میں بمعنی طال عمرہٗ مستعمل ہے۔
**طولِ عمل**۔ (ا۔ مذ) مشکل کام (۲) ایسا کام جس میں غیر معمول طوالت ہو۔
**طولِ کلام**۔ (ع۔ صف) بات کا پھیلاؤ۔ کلام کی درازی۔ فضول گفتگو۔
**طول کھینچنا**۔ (ا۔ محاورہ) دیر لگنا۔ مُدت لگنا۔ عرصہ گزرنا۔
**طُولاً**۔ (طُو۔ لَن) (ع) لمبائی میں۔ درازی میں۔
**طُولانی**۔ (طُو۔ لا۔ نی) (ف۔ صف) لمبا۔ دراز۔
**طُولیٰ**۔ (طُو۔ لا) (ع۔ صف) پورا۔ کامل جیسے یدِطولیٰ۔
**طُومار**۔ (طُو۔ مار) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کتاب۔ صحیفہ۔ دفتر (۲) لمبا خط (۳) ڈھیر۔ تودہ (۴) کاغذوں کا مُٹھا (۵) لمبی کہانی (۶) جھوٹ۔ بہتان۔
**طُومار باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) چھوٹی بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۲) جھوٹ کا پُل باندھنا (۳) چھوٹی بات سے فتنہ برپا کرنا۔
**طویٰ**۔ (ف۔ ا۔ مث) دعوت۔ ضیافت (۲) شادی۔ بیاہ۔ جشن۔
**طویٰ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ملک شام میں ایک وادی جسے وادیٔ ایمن (القدس) بھی کہتے ہیں۔
**طَویس**۔ (ع۔ ا۔ مذ) چھوٹا طاؤس۔
**طویل**۔ (طَ۔ ویل) (ع۔ صف) (۱) لمبا۔ دراز (۲) اشعار کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
**طویلُ الجثہ۔ طویلُ القامت**۔ (ع۔ صف) لمبے قد کا۔
**طویلُ المیعاد**۔ (ع۔ صف) لمبی مُدت کے لیے۔
**طویلہ**۔ (طَ۔ وے۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) گھوڑوں کا تھان۔ اصطبل۔

**طویلے کی بلا بندر کے سر**۔ (ا۔ مثل) (۱) جب کئی آدمیوں کی آفت ایک کے سر پڑے (۲) قصور کسی کا سزا کوئی پائے۔

## ط ــــــ ہ

**طٰہٰ**۔ (طا۔ ہا) (ع۔ ا۔ مث) (۱) قرآن مجید کی ایک سُورت کا نام (۲) پیغمبرِ اسلامؐ کا ایک اِسم گرامی۔
**طہارت**۔ (طَ۔ ہا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) صفائی۔ پاکی۔ پاکیزگی (۲) وضو۔ استنجا آبدست (۳) غسل کرنا۔
**طہارت خانہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) نہانے اور وضو کرنے کی جگہ۔
**طہارت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) آبدست لینا۔ وضو کرنا۔
**طُہر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حیض سے پاک ہونا (۲) وہ مدت جس میں حیض نہ ہو۔
**طِہران**۔ (ع۔ صف) پاک۔ صاف۔ ستھرا۔
**طَہُور**۔ (طَ۔ ہُور) (ع۔ صف) (۱) انتہائی پاک (۲) پاک کرنے والا۔

## ط ــــــ ی

**طےَ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) لپیٹ۔ لپیٹنا (۲) قطع مسافت (۳) پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا (۴) فیصلہ۔ بے باقی (۵) کوتاہ کرنا۔ مختصر کرنا۔ (۶) عرب کا ایک قبیلہ جس میں حاتم طائی پیدا ہُوا ہے۔ عربی میں بتشدید یا ہے۔ فارسی والوں نے تخفیف یائے استعمال کیا ہے۔
**طۓ ارض**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فاصلہ طے کرنا۔ سفر ختم کرنا۔
**طے کا روزہ**۔ (ا۔ مذ) وہ روزہ جو تیسرے روز افطار کیا جائے۔
**طے کرنا**۔ (مص۔ مرکب) لپیٹنا۔ تہ کرنا (۲) قطع مسافت کرنا (۳) فیصلہ کرنا۔ بے باق کرنا (۴) ختم کرنا (۵) معاملے کو رفع دفع کرنا۔
**طۓ مراحل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سفر کے مرحلوں پر سے گزرنا۔
**طیّار**۔ (طے۔ یار) (ع۔ صف) (۱) اُڑنے والا۔ تیز دوڑنے والا۔ تیز رو (۲) حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کا لقب (۳) پروں والا جانور۔
**طیّارہ**۔ (طے۔ یا۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) ہوائی جہاز۔
**طیّاری**۔ (طی۔ یا۔ ری) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) وہ موٹاپا جو ورزش کرنے سے آتا ہے (۲) لال اور چوکوں کا بہت بڑا پنجرہ۔
**طِیب**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) مہک۔ خوشبو (۲) کسی چیز کا بہترین حصّہ۔
**طِیبُ النفس**۔ (ع۔ صف) پاک نفس۔ مقدس۔
**طِیبِ خاطر**۔ (ع۔ ا۔ مث) خوشی۔ رضامندی۔ خوشنودیٔ مزاج۔
**طیّب**۔ (طی۔ یب) (ع۔ صف) (۱) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس (۲) پاک۔ حلال۔ جائز (۳) لذیذ۔ خوش گوار (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صاحبزادے کا نام۔ جمع: طیّبات۔



Marfat.com

**طیّبات** ۔ (طی ۔ یے ۔ بات ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] (۱) پاک عورتیں (۲) خوشیاں ۔

**طَیبَہ** ۔ (طَے ۔ بَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] مدینہ منورہ کا ایک نام ۔

**طیّبَہ** ۔ (طی ۔ یے ۔ بَہ ) [ ع ۔ صف ] پاک ۔ پوتر ۔ مدینہ منورہ کو بھی کہتے ہیں ۔

**طَیر** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] پرند ۔ چڑیا ۔ پکھیرو ۔

**طَیَران** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] اُڑان ۔ پرواز ۔

**طَیَران گاہ** ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) ہوائی اڈہ ۔ مقامِ پرواز ۔

**طیش** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) غصہ ۔ غضب ۔ جوش (۲) بے عقلی ۔ خفت ۔ سبکی ۔

**طیش دلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصہ دلانا ۔ بھڑکانا ۔ برافروختہ کرنا ۔

**طیش کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصہ برداشت کرنا ۔ غصہ کرنا ۔

**طیش میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصے میں آنا ۔ جھنجھلانا ۔ غضب ناک ہونا ۔

**طَیف** ۔ ( ع ۔ ا ۔ مذ ) شیشے کا مستطیل ٹکڑا جو روشنی کی شعاعوں کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتا ہے ۔

**طَیلَسان** ۔ (طے ۔ لِ ۔ سان ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) پگڑی کا شملہ (۲) چادر جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں ۔

**طِین** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] مٹی ۔

**طِینَت** ۔ (طی ۔ نَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] (۱) سرشت ۔ طبیعت (۲) خُو ۔ عادت (۳) خلقت ۔ پیدائش (۴) اصل ۔ خصلت ۔

**طُیُور** ۔ (طُ ۔ یُور ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] طیر کی جمع ۔ پرندے ۔ چڑیاں ۔

**طُیُوری** ۔ (طُ ۔ یُو ۔ ری ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) چڑیمار (۲) طیور سے منسوب ۔ پرندوں کا ۔



Marfat.com

# ظ

ظ (ظو - اے) (ع - ا - مث) اُردو کا تینسواں - فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے نوسو عدد فرض کیے گئے ہیں - اس کو ظاء معجمہ یا ظاء منقوطہ بھی کہتے ہیں - عربی زبان کا مخصوص لفظ ہے - اس کی آواز کسی اور زبان میں نہیں - یہ شمسی حرف ہے۔

## ظ ـــــ ا

**ظافر** - (ع - صف) فاتح۔

**ظالم** - (ظا - لِم) (ع - صف) (۱) مردم آزار - ظلم کرنے والا - جابر (۲) دل آزار (۳) زبردست (۴) جاہل - وحشی (۵) شریر (۶) شوخ - بے باک (۷) سفاک - کنایۃً معشوق۔

**ظالم اظلم** - (ع - صف) بڑا ستانے والا۔

**ظالم پھُولتا پھلتا نہیں - ظالم سرسبز نہیں ہوتا** - (ا - مقولہ) ظالم اولاد اور مُراد سے بے نصیب رہتا ہے۔

**ظالم خدا (سے ڈر) کو مان** - وہاں بولا جاتا ہے جہاں کوئی بہت جھُوٹ بولے یا کسی بے گناہ کو ستائے۔

**ظالم کی بیل نہیں بڑھتی** - (ا - مثل) ظالم کی نسل میں اضافہ نہیں ہوتا۔

**ظالم کی داد خدا کے گھر** - (ا - مثل) ستانے والے کو خدا سزا دیتا ہے۔

**ظالم کی رسّی دراز ہے** - (ا - مثل) ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے کہ گناہ کرکے اپنے لیے جہنم کا ایندھن جمع کرے۔

**ظالم مظلوم نما** - (ع - ا - صف) (۱) ظاہر میں نرم اور باطن میں سخت (۲) معشوق کی آنکھ۔

**ظالموں کا بادشاہ** - (ا - صف) بڑا ستانے والا۔

**ظالمانہ** - (ظا - لِ - ما - نَہ) (ف - صف) (۱) ظلم سے بھرا ہوا (۲) ظالم کے طریقے پر - ظالم کی طرح۔

**ظالمی** - (ظا - لِ - می) (ف - ا - مث) ظلم - ظلم سے تعلق رکھنے والی چیز۔

**ظاہر** - (ظا - ہِر) (ع - صف) (۱) آشکار - عیاں - روشن - واضح - کھُلا ہوا - (۲) باطن کا نقیض - جمع : ظواہر۔

**ظاہر اچھا، باطن بُرا** - (ا - مثل) دیکھنے میں نیک مگر دل کا بد۔

**ظاہر اللہ، باطن اللہ** - (ا - مثل) اللہ اپنی قدرت سے ہر جگہ موجود ہے۔

**ظاہر اور، باطن اور** - (ا - محاورہ) زبان پر کچھ اور دل میں کچھ اور - منافق - قول و فعل کا اعتبار نہیں۔

**ظاہر باطن ایک سا ہونا** - (ا - محاورہ) دل اور زبان کا موافق ہونا۔

**ظاہر بنائے رکھنا** - (ا - محاورہ) اپنے ظاہر کو آراستہ رکھنا۔

**ظاہر بین - ظاہر پرست** - (ع - صف) ظاہر دار - ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔

**ظاہر پر جانا** - (ا - محاورہ) ظاہری حالت دیکھ کر دھوکا کھانا۔

**ظاہر پیر** - (ع - ف - ا - مذ) خاکردبوں کا مُرشد۔

**ظاہر دار** - (ع - ف - صف) دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا - منافق - مکّار۔

**ظاہر داری** - (ع - ف - ا - مث) دکھاوا - نمائش - تکلف۔

**ظاہر داری برتنا** - (ا - محاورہ) دکھاوے کی باتیں کرنا - تکلف سے پیش آنا۔

**ظاہر رحمٰن کا - باطن شیطان کا** - (ا - مثل) اس شخص کے متعلق بولتے ہیں جس کا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو۔

**ظاہر ظہور** - (ع - متعلق فعل) ظاہر طور سے - ظاہر میں - کھُلم کھُلا - صاف صاف۔

**ظاہر کرنا** - (مص - مرکب) (۱) افشا کرنا - بھید کھولنا (۲) مشتہر کرنا (۳) تشریح کرنا - وضاحت کرنا۔

**ظاہر کا نرم باطن کا سخت** - (ا - مثل) دیکھنے میں دل موم ہے - مگر سنگ دل ہے۔

**ظاہر کی آنکھیں اور ہیں، باطن کی آنکھیں اور** - (ا - مثل) دل کی سُوجھ بُوجھ ان آنکھوں سے جُدا ہے۔

**ظاہر میں** - (ا - تابع فعل) ظاہرہ - کھُلے طور پر۔

**ظاہر و باطن** - (ع - ا - مذ) حقیقی کردار اور اس کا مظاہرہ - اصل حقیقت اور ظاہری صُورت۔

**ظاہر ہونا** - (ا - محاورہ) کھُلنا - افشا ہونا - نمودار ہونا - مشہور ہونا۔

**ظاہر ہے** - (ا - محاورہ) یہ بات پوشیدہ نہیں ہے سب جانتے ہیں۔

**ظاہرا - ظاہراً** - (ظا - ہِ - را) (ظا - ہِ - رَن) (ع - تابع فعل) بظاہر - دیکھنے میں - جہاں تک خیال کریں۔

**ظاہری** - (ظا - ہِ - ری) (ف - صف) (۱) دکھاوے کا (۲) بدیہی، کھُلا ہوا۔

## ظ ـــــ ر

**ظرافت** - (ظَ - را - فَت) (ع - ا - مث) (۱) خوش طبعی - دل لگی - مذاق - تمسخر - ٹھٹھا

**ظرافت آمیز** - (ع - ف - صف) ظرافت ملی ہوئی - دل لگی کی (بات)

**ظرافت پسند** - (ع - ف - صف) دل لگی پسند کرنے والا۔

**ظرافت کا پتلا** - (ا - صف) بڑا ظریف۔

**ظرافت کا پہلو** - (ا - مذ) دل لگی کا انداز۔

**ظرافت کی پوٹ** - (ا - مث) بہت ظریف - مسخرا۔

**ظرافتاً** - (ظَ - را - فَ - تَن) (ع - تابع فعل) ہنسی سے - مزاح سے - دل لگی سے



Marfat.com

**ظرف**۔ [ع۔ا۔ مذ] (۱) دانائی۔ زیرکی (۲) برتن۔ بھانڈا۔ ہانڈی (۳) صرف و نحو میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنوں پر دلالت کرے (۴) حوصلہ۔ سمائی۔ جمع : ظروف۔

**ظرفِ آفتاب**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) شراب کا پیالہ۔ گلاس۔

**ظرف پیدا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ پیدا کرنا۔

**ظرف دیکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) حوصلہ دیکھنا۔

**ظرفِ زمان**۔ (ع۔ا۔ مذ) صرف و نحو میں وہ اسم جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے۔ جیسے صبح و شام۔

**ظرف عالی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بڑا حوصلہ ہونا۔

**ظرف لبریز ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) عمر آخر ہونا۔

**ظرفِ مکان**۔ (ع۔ا۔ مذ) وہ اسم جس میں مکانیت پائی جائے۔ اسم مکان جیسے یہاں وہاں۔

**ظُروف**۔ (ظُ۔ روف) [ع۔ا۔ مذ] ظرف کی جمع۔ برتن۔

**ظریف**۔ (ظَ۔ ریف) [ع۔ا۔ مذ و صف] لطیفہ گو۔ بذلہ سنج۔ خوش طبع۔

**ظریف طبع (مزاج)**۔ (ع۔ صف) جس کے مزاج میں ظرافت کا مادہ زیادہ ہو۔

**ظریفانہ**۔ (ظَ۔ ری۔ فا۔ نَہ) [ف۔ صف] (۱) ظرافت کا (۲) ظریف کی طرح۔

## ظ ــــ ف

**ظفر**۔ (ظَ۔ فَر) [ع۔ا۔ مث] (۱) فتح مندی۔ نصرت۔ فتح۔ جیت (۲) کشائش۔ خوش نصیبی۔ کامیابی۔

**ظفر آیات (آیہ۔ اثر۔ پیکر۔ موج)**۔ (ع۔ ف۔ صف) جو اکثر فتح پاتا ہے۔

**ظفر پانا**۔ (مص۔ مرکب) کامیابی حاصل کرنا۔ فتح پانا۔

**ظفر تکیہ**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) فقیروں کی سہارا لینے کی لکڑی (۲) لوہے کی نوکدار سلاخ (۳) خنجر۔ لمبی اور پتلی چھری۔

**ظفر جنگ**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) ایک فوجی خطاب۔

**ظفر قرین**۔ (ع۔ ف۔ صف) جس کے حملے کے ساتھ فتح قریب ہو۔

**ظفر مراد۔ ظفر موج۔ ظفر نشان۔ ظفر نصیب۔ ظفر یاب**۔ (ع۔ ف۔ صف) فاتح۔ فتح مند۔

**ظفر یابی**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مث) فتح پانا۔

**ظفرہ**۔ (ع۔ا۔ مث) آنکھ کی ایک بیماری۔ ناخونہ۔

## ظ ــــ ل

**ظِلّ**۔ (ع۔ا۔ مذ) سایہ۔ چھاؤں۔ پناہ۔ سورج کو چھپا لینے والا۔

**ظِلّ اللہ (الٰہی)**۔ (ع۔ا۔ مذ) (۱) خدا کا سایہ (۲) نائب خدا (۳) بادشاہ۔

**ظِلّ حمایت**۔ (ع۔ا۔ مذ) حمایت کی پناہ۔

**ظِلّ ظلیل**۔ (ع۔ا۔ مذ) گھنا سایہ۔ ہمیشہ رہنے والا سایہ۔

**ظِلّ عنایت**۔ (ع۔ا۔ مذ) مہربانی کی پناہ۔

**ظِلّ گستر**۔ (ع۔ صف) سایہ دینے والا۔ پناہ دینے والا۔ حامی۔

**ظِلّ ہما**۔ (ع۔ا۔ مذ) ہما کا سایہ۔ کہتے ہیں جس پر ہما کا سایہ پڑے وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

**ظلام**۔ (ع۔ا۔ مذ) رات کی تاریکی۔ اندھیرا۔

**ظلّام**۔ (ع۔ا۔ مذ) بہت بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف۔

**ظِلُّہٗ**۔ اُس (مرد) کا سایہ۔

**ظِلُّہا**۔ (اُس (عورت) کا سایہ۔

**ظِلُّہُم**۔ اُن مردوں کا سایہ۔

**ظُلَم**۔ [ق۔ا۔ مذ] اندھیرا۔ تاریکی۔

**ظُلم**۔ [ع۔ا۔ مذ] (۱) اندھیرا (۲) ستم۔ بے انصافی۔ بے رحمی (۳) پاپ۔ (۴) زبردستی۔ زور۔ زیادتی۔

**ظُلم اٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) ظلم سہنا۔ زیادتی برداشت کرنا۔

**ظُلم پرور**۔ (ع۔ ف۔ صف) ظلم کو رونق دینے والا۔

**ظُلم پیشہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) جو ظلم کا عادی ہو۔

**ظُلم توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) سختی کرنا۔ آفت ڈھانا۔

**ظُلم دوست**۔ (ع۔ ف۔ صف) ستم پیشہ۔ ظلم کو پسند کرنے والا۔

**ظُلم ڈھانا**۔ (ا۔ محاورہ) ستانا۔ ستم کرنا۔ خفا ہونا (۲) کوئی عجیب کام کرنا۔ انوکھا کام کرنا۔

**ظُلم رسیدہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) مظلوم۔ وہ شخص جس پر جبر ہوا ہو۔

**ظُلم ہے**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) اندھیر ہے (۲) غضب ہے۔

**ظُلُمات**۔ (ظُلُ۔ مات) [ع۔ا۔ مث] ظلمت کی جمع۔ (۱) تاریکیاں۔ اندھیرے پاتال۔ وہ تاریکی جس میں آبِ حیات کا چشمہ خیال کیا گیا ہے (۲) بحرِ اوقیانوس (اردو میں مفرد مستعمل ہے)۔

**ظَلمانی**۔ (ظَ۔ لَ۔ ما۔ نی) [ع] جو صاف شفاف نہ ہو (۲) تاریک۔

**ظُلمت**۔ (ظُل۔ مَت) [ع۔ا۔ مث] تاریکی۔ اندھیرا۔ سیاہی۔ جمع : ظُلُمات۔

**ظُلمت خانہ (کدہ)**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) تاریک مقام۔ دنیا۔

**ظُلمتِ شب**۔ (ع۔ ف۔ا۔ مث) رات کی تاریکی۔

**ظُلمت کا ورس پھیلانا**۔ (ا۔ محاورہ) اندھیرا پھیلنا۔ سب طرف اندھیرا ہونا۔

**ظُلمتِ کفر**۔ (ع۔ا۔ مذ) کفر کا اندھیرا (۲) کفر کا ظلمت سے استعارہ کرتے ہیں

**ظُلمی**۔ (ظُل۔ مِی) [ار۔ صف] (۱) ظالم۔ ستم شعار۔ بے رحم۔ سنگ دل۔ سخت۔ جابر

**ظلوم**۔ (ظَ۔ لُوم) [ع۔ صف] نہایت ظالم۔

**ظلوم و جہول**۔ (ع۔ صف) سخت ظالم اور جاہل کنایتہً انسان۔

**ظِلّی نبی**۔ (ع۔ا۔ مذ) وہ نبی جو خود صاحبِ شریعت نہ ہو بلکہ کسی دوسرے نبی کی شریعت کا تابع ہو (اسلام میں ایسا کوئی تصور نہیں)۔

## ظ ــــ ن



Marfat.com

**ظَن** - (ع - ا - مذ) (۱) وہم - گمان - شُبہ - خیال (۲) تہمت - بُہتان (۳) بدگمانی - بدظنی -

**ظَنّ المومنین خیرٌ** - (ع - مثل) ایمان والوں کا گمان نیک ہوتا ہے -

**ظنِ باطل** - (ع - ا - مذ) بے اصل گمان -

**ظنِ غالب** - (ع - ا - مذ) یقین - غالب رائے - قوی گمان -

**ظنِ فاسد** - (ع - ا - مذ) گمانِ بد - شک و شبہ - بدظنی -

**ظنّی** - (ظَن - نی) (ع - صف) (۱) خیالی - قیاسی - لا سی (۲) عقل کے قریب - جمع **ظنیات**

**ظنیہ** - (ظَن - نی - یَہ) (ع - صف) (۱) ظن سے منسوب - گمانی (۲) وہ مقدمہ جو قریب بہ یقین ہو -

# ظ ــــ و

**ظَواہِر** - (ظَ - وا - ہِر) (ع - ا - مذ) (۱) زمین کی بلندیاں (۲) زمین سے اُگی ہوئی چیزیں - نباتات (۳) ظاہری شکلیں (۴) مکہ کے باہر خیمہ زن ہونے والے قریش (۵) رسمی باتوں کو اہمیت دینے والے -

# ظ ــــ ہ

**ظِہار** - (ظِ - ہار) (ع - ا - مذ) (۱) ایک قسم کی طلاق - فقہ کی اصطلاح میں مرد کا اپنی بیوی کو ماں یا بہن یا اُن عورتوں سے تشبیہ دینا جو شرعاً اس پر حرام ہیں (۲) ہم پُشت ہونا -

**ظُہر** - (ع - ا - مذ) (۱) زوال کا وقت - تیسرا پہر - تیسرے پہر کی نماز (نماز کے معنی میں مؤنث ہے) -

**ظَہر** - (ع - ا - مث) پیٹھ - پُشت -

**ظُہرانہ** - (ع - ف - ا - مذ) دوپہر کا کھانا (انگ) (Lunch)

**ظہرِ تمسک - ظہرِ سمن** - (ع - ف - ا - مذ) تمسک کی پُشت پر سمن کی پُشت پر

**ظَہری** - (ظَہ - ری) (ع - صف) پُشت پر لکھا ہوا - پُشت کا -

**ظَہری تحریر** - وہ تحریر جو سمن، وارنٹ وغیرہ کی پُشت پر لکھی جائے -

**ظُہور** - (ظُ - ہُور) (ع - ا - مذ) انکشاف - اظہار - وقوع - اعلان -

**ظُہورِ بنائے دعویٰ** - (ع - ا - مذ) مخاصمت یا جھگڑے کی وجہ پیدا ہونا -

**ظُہور میں آنا** - (ا - محاورہ) ظاہر ہونا - پیش آنا - طلوع ہونا -

**ظُہور میں لانا** - (ا - محاورہ) ظاہر کرنا - پیش کرنا - آشکارا کرنا -

**ظُہورا** - (ظُ - ہو - را) (اُر - ا - مذ) (۱) ظہور - نمود - نمائش - جلوہ (۲) ٹھاٹھ - رونق (۳) بیٹا - اولاد -

**ظَہیر** - (ظَ - ہیر) (ع - صف) (۱) مددگار (۲) حمایتی - دوست -



Marfat.com

# ع

(عَین) [ع - ا - مذ] اُردو کا چوبیسواں۔ فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارواں حرف۔ حسابِ ابجد میں اس کے ۷۰ عدد فرض کیے گئے ہیں (۲) رکوعِ قرآن کا اشارہ (۳) مصرع کی علامت (۴) علیہ السلام کا مخفف (۵) یہ قمری حرف ہے اگر اس کے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" پڑھا جائے گا جیسے "العُمر"۔ شاعری میں مصرعہ کی علامت ہے۔

## ع ــــ ا

**عابد۔** (عا-بد) [ع - ا - صف] عبادت کرنے والا۔ پجاری۔ پرہیزگار۔ متقی۔
**عاج۔** [ع - ا - مذ] ہاتھی دانت۔
**عاجز۔** (عا-جز) [ع - صف] (۱) کمزور۔ بےبس۔ مجبور۔ لاچار (۲) مغلوب۔ (۳) تھکا ماندہ (۴) مایوس۔ ناامید (۴) غریب۔ مسکین۔
**عاجز آنا۔** (ا- محاورہ) تنگ آنا۔ پریشان ہونا۔ مایوس ہونا۔
**عاجزانہ۔** (عا-ج - زا- نہ) [اُ۔ تابع فعل] عاجزی سے۔ انکساری سے۔
**عاجزی۔** (عا-ج - زی) [اُ- ا- مث] عجز۔ انکسار۔ منت۔ سماجت۔
**عاجزی خدا کو بھی پسند ہے۔** (ا۔ مقولہ) عجز و انکسار خدا کو بھی پسند ہے۔
**عاجزی کرنا۔** (ا- محاورہ) منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا۔ ہاتھ جوڑنا۔
**عاجل۔** (عا-جل) [ع- صف] جلد باز۔
**عاجلہ۔** (ع - ا- مث) فوری۔ فوراً (۲) کنایتہً یہ جہاں۔
**عاد۔** [ع - ا- مذ] (۱) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کر دے (۲) ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہودؑ تھے۔
**عادِ اعظم۔** (ع- ا- مذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کر دے۔
**عادات۔** (عا- دات) [ع - ا- مث] عادت کی جمع۔ خصلت۔ طبیعت۔
**عادت۔** (عا-دَت) [ع - ا- مث] (۱) خُو۔ خصلت۔ سبھاؤ (۲) طبیعت۔ خاصیت (۳) طور طریقہ۔ چال چلن (۴) دستور۔ قاعدہ۔ رسم (۵) طلب۔ کسی چیز کی لت
**عادت پڑنا۔** (ا- محاورہ) سبھاؤ پڑنا۔ عادی ہونا۔ ڈھب پڑنا۔
**عادت ڈالنا۔** (ا- محاورہ) کسی بات کا خُوگر ہونا۔ بُرے کام کا عادی ہونا۔
**عادت طبیعت (فطرت) ثانیہ ہے۔** (ا- مقولہ) پختہ عادت فطرت یا طبیعت بن جاتی ہے۔
**عادتِ مُستمرّہ** ۔ (ف- ا- مث) ہمیشہ کا معمول۔
**عادل۔** [ع- صف] منصف۔ جج۔ انصاف کرنے والا۔ جس کی گواہی شرعاً مُعتبر ہو۔
**عادِلُ الرّہن۔** (ع - ا- مذ) وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ رکھ دیا جائے۔
**عادلانہ۔** (ع- متعلق فعل) انصاف سے۔ انصافاً۔
**عادی۔** [ع- صف] خُوگر۔ وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی ہو۔
**عار۔** [ع - ا- مث] (۱) غیرت۔ شرم۔ لاج (۲) بُرائی۔ عیب۔

**عار آنا۔** (ا- محاورہ) شرم آنا۔
**عار سمجھنا۔** (ا- محاورہ) عیب خیال کرنا۔ بُرا سمجھنا۔
**عار کرنا۔** (ا- محاورہ) (۱) غیرت کرنا۔ شرم کرنا (۲) عیب سمجھنا۔
**عار ہونا۔** (ا- محاورہ) شرم ہونا۔ عیب ہونا۔
**عارج۔** (ع- صف) چڑھنے والا۔
**عارض۔** (عا-رِض) [ع - ا- مذ] (۱) رخسارہ۔ گال۔ رُخ (۲) فوج کی موجودات لینے والا۔ فوج کا میر منشی (۳) [صف] لاحق ہونے والا۔ پیش آنے والا۔
**عارضِ حُور۔** (ع - ا- صف) حُور کا گال۔ بدن کے کسی خوبصورت حصے کی صفائی کو عارضِ حور سے استعارہ کرتے ہیں۔
**عارضِ سیمیں۔** (ع- ا- صف) چاندی جیسا گال۔ نہایت خوبصورت اور گورا چہرہ۔
**عارض ہونا۔** (ا- محاورہ) لاحق ہونا۔ پیدا ہونا۔ نمودار ہونا۔
**عارِضہ۔** (عا-رِ-ضَہ) [ع- ا- مذ] مرض۔ دُکھ۔ بیماری۔ جمع: عوارض۔
**عارضہ لاحق ہونا۔** (ا- محاورہ) بیماری لگنا۔
**عارضی۔** (عا-رِ-ضی) [ع- صف] (۱) تھوڑی مدت کے لیے۔ وہ شے جو مستقل نہ ہو۔ اِتفاقیہ۔ وقتی۔ ہنگامی (۲) نقلی۔
**عارِف۔** (عا-رِف) [ع- صف] (۱) پہچاننے والا (۲) خداشناس۔ ولی۔
**عارِفانہ۔** (عا-رِ-فا-نَہ) [ف- تابع فعل] عارف سے منسوب۔ عقلمندانہ عارف کی طرح۔
**عاری۔** [ع- صف] (۱) ننگا۔ خالی۔ برہنہ (۲) تنگ۔ قاصر۔ عاجز۔ مجبور۔
**عاری آجانا۔ عاری ہوجانا۔ عاری ہونا۔** (ا- محاورہ) عاجز آجانا۔ تنگ آجانا۔ تھک جانا۔
**عارِیّت۔** (عا-رِی-یَت) [ع - ا- مث] قرض۔ اُدھار۔ چند روز کے لیے مانگی ہوئی چیز۔ (اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے)۔
**عاریت سرا۔** (ع- ا- مث) دنیا۔
**عاریت نامہ۔** (ع- ف- ا- مذ) اقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لیے لکھ دیا جائے۔
**عاریتاً۔** (عا-رِ-یَ-تَن) [ع- تابع فعل] قرضے کے طور پر۔ مانگ کر۔
**عازِم۔** (عا-زِم) [ع- صف] قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔
**عاشِق۔** (عا-شِق) [ع- ا- مذ] (۱) چاہنے والا۔ محبت کرنے والا۔ طالب۔ فریفتہ۔ پسند کرنے والا (۲) عارف۔ کامل (۳) بےفکرا۔ بےپروا۔ غافل۔ مدہوش (۴) وہ پرزہ جو گھنڈی کی طرح گلے میں ڈالا جاتا ہے۔ جمع: عشاق۔



Marfat.com

**عاشقِ صادق** - (ف - ا - مذ) سچا عاشق۔ جس کی محبت خودغرضی سے پاک ہو۔
**عاشق مزاج** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) حُسن پرست (۲) دل لگی کرنے والا۔
**عاشقِ مولیٰ** - (ع - ا - مذ) خدا کا طالب۔ خدا کا عاشق۔
**عاشق ومعشوق** - (ا - محاورہ) (۱) یار و آشنا۔ پریمی (۲) پکے یار۔ گہرے یار (۳) لازم وملزوم (۴) صنعت اور گھنڈی (۵) فاعل ومفعول۔
**عاشق ہونا** - (ا - محاورہ) کسی پر فریفتہ ہونا۔ کسی سے محبت ہونا۔
**عاشقانہ** - (عا - ش - قا - نہ) (ف - تابع فعل) عاشقوں کا سا۔ عاشقوں کی طرح۔
**عاشقی** - (عا - ش - قی) (ف - ا - مث) عشق ومحبت۔ فریفتگی۔
**عاشقی خالہ جی کا گھر نہیں** - (ا - مثل) عاشقی بہت مشکل ہے۔
**عاشور۔ عاشورا۔ عاشورہ** - (عا - شُور) (عا - شُو - رَا) (عا - شُو - رہ) (ع - ا - مذ) محرّم کی دسویں تاریخ۔ امام حسینؓ کے شہید ہونے کا دن۔
**عاصم** - (ع - صف) بچا ہوا۔ باعصمت۔ محفوظ (۲) بچانے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔ باز رکھنے والا۔
**عاصی** - (عا - صی) (ع - صف) نافرمان۔ گنہ گار۔ مجرم۔ تقصیر وار۔
**عاطر** - (عا - طِر) (ع - صف) (۱) خوشبودار۔ معطّر (۲) فیاض۔ بہی خواہ (۳) پاکیزہ۔ نفیس۔ خاطر کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے۔
**عاطف** - (ع - صف) جُھکنے والا۔ شفیق۔ مہربان۔
**عاطفت** - (عا - ط - فت) (ع - ا - مث) مہربانی۔ لُطف۔ عنایت۔ شفقت۔
**عاطفہ** - (عا - ط - فہ) (ع - صف) عاطف کی تانیث۔ جُھکی ہوئی۔ ملانے والی۔
**عافیت** - (عا - فی - یت) (ع - ا - مث) (۱) صحت۔ سلامتی (۲) امن۔ آسودگی (۳) نیکی۔ بھلائی۔ خیریت۔
**عافیت اندیش** - (ع - ف - صف) خیر اندیش۔ بھلائی چاہنے والا۔
**عافیت تنگ کرنا** - (ا - محاورہ) چین سے نہ بیٹھنے دینا۔ آرام نہ لینے دینا۔
**عافیت سوز** - (ع - ف - صف) امن وسکون برباد کرنے والا۔
**عاق** - (ع - صف) ماں باپ کا نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔
**عاق کرنا** - (ا - محاورہ) اولاد کو نافرمانی کے باعث حقوقِ فرزندی سے محروم کرنا۔ چھوڑ دینا۔
**عاق نامہ** - (ع - ف - ا - مذ) فرزندی سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز۔
**عاقبت** - (عا - قِ - بت) (ع - ا - مث) (۱) آخر۔ انجام۔ خاتمہ (۲) نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل (۳) آخرت۔ عُقبیٰ (۴) آخرکار۔ جمع: عواقب۔
**عاقبت الامر** - (ع - متعلق فعل) آخرکار۔
**عاقبت اندیش** - (ع - ف - صف) دور اندیش۔ انجام سوچنے والا۔ ہوشیار۔ عاقل۔
**عاقبت بخیر ہونا** - (ا - محاورہ) انجام اچھا ہونا۔
**عاقبت بگاڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) انجام خراب کرنا۔ آخرت خراب کرنا۔ (۲) ماں باپ کی نافرمانی سے گنہ گار بننا۔
**عاقبت بیں** - (ع - ف - صف) انجام پر نظر رکھنے والا۔ ہوشیار۔
**عاقبت خراب کرنا۔ عاقبت گندی کرنا** - (ا - محاورہ) عاقبت بگاڑنا۔ بُرے کام کرنا۔
**عاقبت کا توشہ** - (ع - ا - مذ) دوسری دنیا کا سہارا۔ نیک اعمال۔ اچھے کام۔
**عاقبت کے بوریے سمیٹنا** - (ا - محاورہ) مدت تک جینا۔ جو شخص باوجود بڑھاپے کے مرنے سے وہم کرے اس کی نسبت طنزاً کہتے ہیں۔
**عاقبت گرگ زادہ گرگ شود — گرچہ با آدمی بزرگ شود** - (ف - مثل) بداصل کی کتنی ہی تربیت کی جائے اس کا اصلا نہیں بدلتا۔
**عاقبت میں کام آنا** - (ا - محاورہ) قیامت کے دن گناہوں کی معافی دینا۔
**عاقر (عاقرہ)** - (ع - صف) بانجھ۔ جس کے اولاد نہ ہوتی ہو۔
**عاقر قرحا** - (عا - قِر - قَر - حا) (ع - ا - مذ) ایک دوا جو دانتوں کے درد کے کام آتی ہے۔ عقر قرحا۔
**عاقل** - (ع - صف) دانا۔ ہوشیار۔ دانش مند۔
**عاقل را اشارہ کافی ست** - (ف - مقولہ) عقلمند اشارے سے ہی بات کو پا جاتا ہے۔
**عاقلہ** - (ع - ا - مث) عقلمند عورت۔
**عاکف** - (ع - صف) گوشہ نشین۔ مسجد میں ایک گوشے کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا۔ اعتکاف کرنے والا۔ معتکف۔
**عالِم** - (ع - صف - و - ا - مذ) دانا۔ جاننے والا۔ بہت پڑھا لکھا۔ مولوی۔
**عالم الغیب** - (ع - ا - مذ) غیب کا حال جاننے والا۔ خدا تعالےٰ۔
**عالم باعمل** - (ع - ا - صف) وہ عالم جس نے پڑھ کر اس پر عمل بھی کیا ہو۔
**عالَم** - (ع - ا - مذ) (۱) زمانہ۔ دنیا۔ جہان (۲) دنیا کے لوگ۔ مخلوق (۳) قسم۔ جنس (۴) حالت۔ صورت۔ درجہ (۵) طریقہ۔ ڈھنگ۔ چال (۶) لُطف۔ مزہ (۷) حسن۔ رونق (۸) مانند۔
**عالم آرا** - (ع - ف - صف) دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ جہاں آرا۔ گیتی آرا۔
**عالم آخرت** - (ع - ا - مذ) اگلا جہان۔ آخرت۔ عُقبیٰ۔
**عالم ارواح** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) روحوں کا جہان۔ وہ جگہ جہاں روحیں رہتی ہوں۔
**عالم اسباب** - (ع - ف - ا - مذ) جہاں ہر کام کا ایک سبب ہوتا ہے۔ دُنیا
**عالم افروز** - (ع - ف - صف) جہان کو روشن کرنے والا۔
**عالم امر** - (ع - ا - مذ) (۱) عالم ملائکہ۔ عالم ارواح۔ فرشتوں یا روحوں کا جہان (۲) وہ چیزیں جن میں تول اور اندازہ کو دخل نہ ہو۔
**عالم بالا** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) آسمان۔ عرش (۲) بہشت کے عالی درجہ لوگوں کے رہنے کی جگہ۔
**عالم بدل جانا** - (ا - محاورہ) انقلاب عظیم ہو جانا۔
**عالم برزخ** - (ع - ا - مذ) مقامِ ارواح جو موت اور قیامت کے درمیان ہے
**عالم بیداری** - (ع - ف - ا - مذ) جاگنے کی حالت میں۔
**عالم پناہ** - وہ شخص جو مخلوق کے امن کا سبب ہو۔ بادشاہ۔
**عالم پھر جانا** - (ا - محاورہ) زمانہ پھر جانا۔ لوگوں کا ناراض ہو جانا۔
**عالم تاب** - (ع - ف - صف) دنیا کو روشن کرنے والا۔ سورج۔
**عالم تصور** - (ع - ف - ا - مذ) غور و فکر کی حالت۔ خیال کی دُنیا۔ سکوت اور حیرت کی حالت۔
**عالم جاوید** - (ع - ا - مذ) عالم آخرت۔ دوسری دُنیا جو بے زوال ہے۔
**عالم جبروت** - (ع - ا - مذ) فرشتوں کی دُنیا۔ وہ مقام جو ستاروں سے اوپر ہے۔



Marfat.com

**عالمِ خواب**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خواب کی حالت۔ وہ دنیا جو سوتے میں نظر آئے۔
**عالم دکھانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہار دکھانا۔
**عالم دگرگوں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) عجیب کیفیت ہونا۔
**عالم دیگر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حالت اور ہونا۔
**عالمِ ذوق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خوشی کی حالت۔
**عالمِ رُؤیا**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خواب کی حالت۔
**عالمِ شباب**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جوانی کا زمانہ۔
**عالمِ شہود**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے (۲) تصوف میں وہ حالت جس میں ہر چیز کے اندر خدا کا جلوہ نظر آئے۔
**عالمِ صغریٰ (صغیر)**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دنیا (۲) آدمی کا جسم۔
**عالمِ سفلی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دنیا۔ زمین۔
**عالم عالم**۔ (ع۔ متعلق فعل) کثرت سے۔
**عالمِ علوی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) آسمانی دنیا۔ عالمِ بالا۔
**عالمِ غیب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دوسرا جہان جو چھپا ہوا ہے۔
**عالمِ فانی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دنیا۔
**عالمِ قدس**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بہشت۔
**عالمِ کون و فساد**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دُنیا۔
**عالم گیر**۔ (ف۔ صف) (۱) جہان کو زیر کر لینے والا (۲) دنیا میں پھیلا ہوا۔ عالم پر چھایا ہوا۔ تمام دنیا کا (۳) بادشاہ۔
**عالمِ لاہوت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ذاتِ الٰہی کا مقام جہاں سالک کو فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے۔
**عالمِ مثال**۔ (ع۔ ا۔ مذ) اس دنیا سے زیادہ لطیف دنیا جس میں یہاں کی تمام چیزوں کا نمونہ یا اصل موجود ہے (۲) خیالی دنیا۔ خواب۔
**عالمِ معنی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ دنیا جو محسوس نہ ہو سکے۔ خدا کی ذات و صفات۔
**عالمِ ملکوت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فرشتوں کی دُنیا۔
**عالمِ ناسُوت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فانی دُنیا۔
**عالمِ نباتات**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نباتات کی دُنیا۔
**عالم نرالا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) انداز مختلف ہونا۔ طریقے جدا ہونا۔ بدلی ہوئی حالت
**عالمِ وجد طاری ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے خودی کی حالت ہونا۔
**عالمِ وجود**۔ (ع۔ ا۔ مذ) زندگی کا عالم۔ عالمِ ہستی۔
**عالمِ ہُو**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خاموشی کی حالت۔ سکوت۔
**عالمِ یاس**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مایوسی اور ناامیدی کی حالت۔
**عالمی**۔ (عا۔ ل۔ می) (ف۔ صف) دنیا۔ دُنیاوی۔ دنیا کا۔ جینے والا۔
**عالمیان**۔ (عا۔ ل۔ می۔ یاں) (ع۔ ا۔ مذ) عالمی کی جمع۔ انسان لوگ۔
**عالمین**۔ (عا۔ ل۔ مین) (ع۔ ا۔ مذ) عالم کی جمع۔ بہت سے جہان۔
**عالی**۔ (ع۔ صف) (۱) اُونچا۔ بلند۔ (۲) بڑا۔ عظیم (۳) صدر۔ مقدس۔ قابلِ تعظیم۔
**عالی جاہ (جناب)**۔ (ع۔ ف۔ صف) بڑے رُتبے والا۔ بلند شان والا۔ بلند پایہ۔
**عالی خاندان**۔ (ع۔ صف) بڑے گھر کا۔ امیر زادہ۔ اچھے خاندان کا۔
**عالی دماغ**۔ (ع۔ صف) بڑے دماغ والا۔ عقلمند۔ دانا۔

**عالی رتبہ۔ عالی قدر**۔ (ع۔ صف) بڑے مرتبے والا۔ والا شان۔
**عالی شان**۔ (ع۔ صف) اعلیٰ رتبے کا۔ بڑی شان والا (۲) عمدہ۔ شان دار۔
**عالی ظرف**۔ (ع۔ صف) بڑے حوصلے کا۔ بڑے صبر و تحمل کا۔
**عالی وقار**۔ (ع۔ صف) بڑے جاہ و جلال والا۔
**عالی ہمت**۔ (۱) بڑی ہمت والا۔ اولوالعزم۔ صاحبِ حوصلہ۔ سخی۔ فیاض۔ دل والا۔ بہادر۔
**عالی ہمتی**۔ (ع۔ صف) (۱) جراُت۔ دلیری (۲) بلند حوصلگی۔ سخاوت۔ فیاضی۔
**عالیہ**۔ (عا۔ لی۔ یہ۔ عا۔ لِ۔ یہ) (ع۔ صف) (۱) بلند۔ بڑی۔ بزرگ (۲) مسلمان عورتوں کا خطاب۔
**عام**۔ (ع۔ صف) (۱) پھیلا ہوا۔ مشہور۔ معمولی (۲) سب۔ تمام (۳) بازاری (۴) رواجی۔ رسمی (۵) سال۔ برس (۶) مروج (۷) مشترک۔ مشتمل۔ (۸) بہت۔ بسیار۔ کثیر۔
**عام پسند**۔ (ع۔ ف۔ صف) جسے ہر کوئی پسند کرے۔
**عام روش**۔ (ع۔ ا۔ مث) معمولی طریقہ۔
**عام فہم**۔ (ع۔ صف) آسان۔ سب کی سمجھ میں آجانے والا۔
**عام کر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) مشہور کر دینا۔ مشتہر کر دینا۔
**عام لوگ**۔ (ا۔ مذ) سب لوگ۔ معمولی لوگ۔ عوام۔
**عام میں**۔ (ا۔ متعلق فعل) سب کے سامنے۔ علانیہ۔ کُھلم کُھلا۔
**عامر**۔ (ع۔ صف) (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا۔ جمع: عُمّار۔ عامرین۔
**عامرہ**۔ (عا۔ مِ۔ رہ) (ع۔ صف) (۱) بھرا ہوا۔ مالا مال (۲) شاہی۔ شاہانہ۔
**عامل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حاکم۔ تحصیل دار (۲) سیانا۔ بھوت پریت کا عمل جاننے والا۔ منتر پڑھنے والا (۳) عمل کرنے والا۔
**عاملہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) عامل کی تانیث (ا۔ مذ) جزو مختصر۔ واقعہ۔ حقیقت۔
**عامّہ**۔ (عام۔ مَہ) (ع۔ صف) (۱) سب لوگوں سے منسوب۔ مشہور عام (۲) کل۔ سب۔
**عامّۃ النّاس**۔ (ع۔ ا۔ مث) عام لوگ۔ عوام۔
**عامی**۔ (ع۔ صف) عام سے منسوب۔ ادنیٰ۔ جاہل۔ بازاری (۲) اندھا۔
**عامیانہ**۔ (عا۔ می۔ یا۔ نہ) (ف۔ صف) (۱) جاہلوں کا (۲) عوام کا (۳) گھٹیا۔ بُرا۔
**عانہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ناف کے نیچے کی جگہ جہاں بال ہوتے ہیں (۲) شرم گاہ کے بال۔
**عائد**۔ (عا۔ ئد) (ع۔ صف) اُلٹ کر آنے والا۔ واپس آنے والا۔ پھرنے والا۔
**عائد ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) اُلٹ پڑنا۔ ذمّے پڑنا۔ صادق آنا۔
**عائل**۔ (ع۔ صف) فقیر۔ درویش۔
**عائلہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) خاندان (۲) بیوی۔
**عائلی**۔ (ع۔ صف) خاندان سے متعلق۔ بیاہ شادی سے متعلق (۲) (مث) فقیری
**عائلی قانون**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ازدواجی زندگی کے متعلق قانون۔

## ع ــــ ب

**عبا**۔ (ع۔ بَا) (ع۔ ا۔ مذ) ایک لمبا کوٹ یا چغہ جو پاؤں تک ہوتا ہے۔ جُبّہ۔ چغہ



Marfat.com

**عَبا پوش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) عبا پہنے ہوئے۔
**عُبّاد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عابد کی جمع۔
**عِباد** ۔ (عِ ۔ باد) [ع ۔ ا ۔ مذ] عبد کی جمع ۔ بندے ۔ غلام۔
**عِبادت** ۔ (عِ ۔ با ۔ دَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بندگی ۔ طاعت (۲) نماز و دُعا۔ جمع: عبادات
**عبادت کرنا** ۔ (ص ۔ مرکب) خدا کی بندگی کرنا ۔ پوجا پاٹ کرنا ۔ پرستش کرنا ۔ نماز پڑھنا ۔ اطاعت کرنا۔
**عبادت گاہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مسجد ۔ مندر ۔ گرجا۔
**عِبادلہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چار صحابہ جن کے نام عبداللہ تھے
**عِبارَت** ۔ (عِ ۔ با ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] تحریر ۔ مضمون ۔ بیان ۔ مدّعا ۔ مراد۔
**عِبارَت آرائی** ۔ (ع ۔ ف ۔ امث) مضمون کو سنوار کر لکھنا ۔ مضمون کی رنگینی ۔
**عِبارَتِ ظَہری** ۔ (ع ۔ امث) وہ عبارت جو کسی تحریر کی پُشت پر لکھی جائے
**عِبارَت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مطلب ہونا ۔ مدّعا ظاہر کرنا ۔
**عَبّاسی** ۔ (عَب ۔ با ۔ سی) [ع ۔ صف] حضرت عباس کے خاندان کا نام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم تھے (۲) ایک پھول اور بوٹا ۔ (۳) سنگِ مرمر کی ایک قسم۔
**عَبّاسِیہ** ۔ (عَب ۔ با ۔ سی ۔ یَہ) [ع ۔ صف] (۱) خلافت بنی عباس سے متعلق (۲) حضرت عباس سے متعلق۔
**عَبَث** ۔ (عَ ۔ بَث) [ع ۔ صف] (۱) بے فائدہ ۔ فضول ۔ بیکار (۲) بازی کھیل (۳) ناحق ۔ بلا وجہ۔
**عَبد** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بندہ ۔ غلام (۲) ملازم ۔ نوکر ۔ جمع: عباد۔
**عَبدُ الدُّنیا** ۔ (ع ۔ صف) دنیا کا بندہ ۔ دنیا کی لالچ پر دین کی پروا نہ رکھنے والا ۔
**عُبدِیت** ۔ (عَب ۔ دِی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) بندگی ۔ اطاعت ۔ غلامی ۔
**عِبر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) تعبیر گوئی (۲) گھاٹ (۳) گھاٹ کا محصول (۴) کنعان و دریائے فرات اور عرب کا درمیانی علاقہ جس سے عبرانی منسوب ہے۔
**عِبرانی** ۔ (عِب ۔ را ۔ نی) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) اہلِ کنعان کی زبان ۔ یہودیوں کی زبان (صف) عبر کی اولاد ۔ اسرائیلی ۔
**عِبرت** ۔ (عِب ۔ رَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) نصیحت پکڑنا (۲) خوف ۔ اندیشہ ۔
**عِبرت انگیز** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے اور وہ اس سے نصیحت پکڑے ۔
**عِبرت بیں** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) انجام بیں ۔ جو عبرت پکڑے ۔
**عِبرت پذیر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) عبرت پکڑنے والا ۔
**عبرت پکڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نصیحت پکڑنا ۔ متنبہ ہونا ۔ نصیحت حاصل کرنا۔
**عِبرت دلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نصیحت کرنا ۔ خوف دلانا ۔ ڈرانا کسی گناہ کی پاداش سے
**عِبرت ناک** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) خوف دلانے والا ۔
**عِبرت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کی نصیحت کا موجب ہونا ۔ نصیحت حاصل ہونا
**عَبَس** ۔ (ع ۔ ا ۔ ف) ترشروئی ۔ چڑچڑاپن (۲) قرآن شریف کی ایک سُورۃ ۔
**عَبقَری** ۔ (ع ۔ صف) ذہین ۔ فطین (۲) سردار ۔ اعلیٰ ۔ نہایت اچھا۔
**عُبودِیت** ۔ (عَ ۔ بُو ۔ دِی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بندگی ۔ غلامی (۲) اطاعت ۔ عبادت ۔

**عُبُور** ۔ (عُ ۔ بُور) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کو پار کرنا ۔ پانی سے گزرنا (۲) کتب یا مسائل وغیرہ پر عادی ہونا ۔ خوب مہارت ہونا ۔
**عُبُور دریائے شور کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سمندر پار اُتارنا (۲) کسی جرم کی پاداش میں جزیرہ انڈیمان (کالے پانی) بھیجنا (۳) عمر قید کی سزا۔
**عُبُور ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پورے طور پر واقفیت ہونا ۔ عادی ہونا ۔ جاننا ۔
**عبوری** ۔ (ع ۔ صف) عارضی ۔ وقتی ۔ ہنگامی ۔
**عَبہر** ۔ (عَب ۔ ہَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] نرگس کی ایک قسم جو اندر سے زرد ہوتی ہے (۲) طویل القامت ۔ سڈول ۔
**عَبِید** ۔ (عَ ۔ بید) [ع ۔ ا ۔ مذ] عبد کی جمع ۔ بہت سے غلام ۔
**عُبَید** ۔ (عُ ۔ بَید) [ع ۔ ا ۔ مذ] عبد کی تصغیر ۔ چھوٹا غلام ۔
**عَبِیر** ۔ (عَ ۔ بیر) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک خوشبودار سفوف جو مشک ۔ گلاب اور صندل وغیرہ سے تیار کر کے کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے ۔

## ع ـــ ت

**عِتاب** ۔ (عِ ۔ تاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ملامت (۲) غصہ (۳) غضب ۔ قہر ۔ ناراضگی
**عِتاب اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصہ یا خفگی دُور کرنا۔
**عتاب اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصہ دُور ہونا ۔
**عتابِ الٰہی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا کا قہر ۔ آفت سماوی ۔ غضب الٰہی ۔ خدا کی مار۔
**عتاب میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی خفگی یا غصہ کا نشانہ بننا۔
**عتاب نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) غصہ کا خط ۔ وہ خط جس میں خفگی یا سزا تحریر ہو۔
**عتاب و خطاب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) غضب و غصہ ۔ خفگی و ناراضگی ۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
**عَتَبات** ۔ (عَ ۔ تَ ۔ بات) [ع ۔ ا ۔ مذ] آستانے ۔ درگاہ ۔ روضہ ۔
**عَتَبہ** ۔ (عَ ۔ تَ ۔ بَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] آستانہ ۔ درگاہ ۔ روضہ ۔
**عتبہ عالیہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) اُونچی دہلیز ۔ بزرگ کی مقدس درگاہ ۔
**عِترت** ۔ (عِت ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] قریبی رشتہ دار ۔ بیٹیاں ۔
**عِترتِ اطہار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پاک اولاد ۔ (کنایتہً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد
**عَتیق** ۔ (عَ ۔ تیق) [ع ۔ صف] (۱) پُرانا (۲) آزاد (۳) برگزیدہ ۔ چنا ہوا۔
**عتیقیات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پُرانی چیزوں کا علم ۔

## ع ـــ ث

**عَثَرات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) ٹھوکر ۔ لغزش ۔
**عُثمان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مشہور صحابی ۔ تیسرے خلیفہ راشد ۔ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ۔
**عُثمانی** ۔ (ع ۔ صف) عثمان کی اولاد ۔ جو ترکوں کا موجدِ اعلیٰ تھا (۲) عثمان سے منسوب (۳) ترک ۔



Marfat.com

## ع — ج

**عُجَاب** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) تعجب ۔
**عُجَاج** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) گرد و غبار ۔
**عُجَالت** ۔ (عُ۔جا۔لَت) (ع ۔ا۔ مث) جلدی ۔تیزی ۔پھرتی ۔بضم اول نیز بکسر اول
**عَجَائب** ۔ (عَ۔جا۔اِب) (ع ۔ا۔ مذ) عجیب کی جمع ۔ حیرت انگیز چیزیں ۔
**عَجَائب المخلُوقات** ۔ (ع ۔ا۔ مث) پیدائشی عجیب و غریب چیزیں ۔
**عجائب خانہ (گھر)** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) عجائب گھر ۔ وہ عمارت جہاں قدیم اور نادر چیزیں دیکھنے کے لیے رکھی جائیں ۔میوزیم ۔
**عجائب و غرائب** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) انوکھی اور عجیب چیزیں ۔
**عجائبات** ۔ (عَ۔جا۔اِ۔بات) (ع ۔ا۔ مذ) عجائب کی جمع ۔ انوکھی یا حیرت انگیز چیزیں ۔
**عجائز** ۔ (ع ۔ا۔ مث) عجوز کی جمع ۔ بُوڑھی عورتیں ۔
**عَجَب** ۔ (عَ۔جَب) (ع ۔ا۔ مذ) (۱) تعجب ۔حیرت (۲) انوکھا ۔ نادر ۔ تعجب انگیز (۳) نیا ۔عمدہ ۔ طُرفہ ۔
**عجب حال ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بُرا حال ہونا ۔ ابتر حال ہونا ۔
**عجب ذاتِ شریف ہیں** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت شریر ہیں ۔بڑے بد ذات ہیں
**عجب عالم ہے** ۔ (ا۔ محاورہ) عجیب حالت ہے ۔طُرفہ بہار ہے ۔
**عجب کیا** ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ تعجب نہیں ۔بہت ممکن ہے کہ ۔
**عجب نہیں** ۔ (ا۔ روزمرہ) کچھ حیرت کی بات نہیں ۔
**عجب وقت تھا** ۔ (ا۔ محاورہ) پُر لطف زمانہ تھا ۔حیرت انگیز وقت تھا ۔
**عُجب** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) غرور ۔تکبر ۔ گھمنڈ ۔خود بینی ۔ جمع : اعجاب ۔
**عَجز** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) (۱) کمزوری ۔ ناتوانی (۲) ہار ۔شکست (۳) مسکینی ۔غریبی ۔ انکسار (۴) منت ۔سماجت ۔خوشامد ۔
**عُجلت** ۔ (عُج۔لَت) (ع ۔ا۔ مث) جلدی ۔شتابی ۔
**عَجَم** ۔ (عَ۔جَم) (ع ۔ا۔ مذ) (۱) گونگا (۲) عرب کے سوا کوئی ملک ۔
**عَجَمی** ۔ (عَ۔جَ۔می) (ع ۔صف) عجم کا رہنے والا ۔ ایرانی ۔ تورانی ۔
**عُجوبہ** ۔ (عَ۔جُو۔بَہ) (ع ۔ا۔ مذ) حیرت میں ڈالنے والی چیز ۔ انوکھی چیز ۔ عجیب چیز ۔
**عَجوز ۔ عَجوزہ** ۔ (عَ۔جُوز ۔ عَ۔جُو۔زہ) (ع ۔ا۔ مث) بُڑھیا ۔ جمع : عجائز ۔
**عَجول** ۔ (ع ۔صف) جلد باز ۔
**عجیب** ۔ (عَ۔جیب) (ع ۔صف) انوکھا ۔ قابلِ تعریف ۔ نرالا ۔حیرت انگیز
**عجیب الخلقت** ۔ (ع ۔صف) پیدائشی حیرت انگیز ۔ انوکھی شکل کا ۔
**عجیب حال ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بُرا حال ہونا ۔
**عجیب و غریب** ۔ (ع ۔صف) طُرفہ ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔ حیرت انگیز ۔
**عجیبہ** ۔ (عَ۔جی۔بَہ) (ع ۔صف) عجیب و غریب ۔عجیب کی تانیث ۔

## ع — د

**عدَالَت** ۔ (عَ۔دا۔لَت) (ع ۔ا۔ مث) (۱) برابری (۲) انصاف ۔ تیاگ ۔ عدل (۳) کچہری ۔ دربار ۔ اجلاس (۴) انصاف کرنے والا ۔ جج ۔
**عدالتِ ابتدائی** ۔ (ع ۔ف ۔ا۔ مث) وہ پہلی عدالت جس میں مقدمہ رجوع اور فیصل ہوتا ہے ۔
**عدالت اپیل** ۔ (ع ۔ا۔ مث) بڑے حاکم کی کچہری جہاں اپیل کی جائے ۔
**عدالت چڑھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دعویٰ کرنا ۔ عدالت تک جانے کی نوبت آنا ۔
**عدالت خفیفہ** ۔ (ع ۔ا۔ مث) وہ عدالت جس میں قرضہ کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے ۔چھوٹی کچہری ۔
**عدالتِ دیوانی** ۔ (ع ۔ا۔ مث) وہ عدالت جس میں صرف لین دین کے متعلق مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہو اور وہ قید کی مجاز نہ ہو ۔
**عدالتِ سشن** ۔ (ع ۔ا۔ مث) وہ فوجداری کی کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ کیا جائے ۔
**عدالتِ ضلع** ۔ (ع ۔ا۔ مث) ضلع کی کچہری جس میں مار پیٹ ۔چوری چکاری قتل و خون وغیرہ کے مقدمات فیصل کیے جائیں ۔
**عدالتِ عالیہ** ۔ (ع ۔ا۔ مث) بڑی عدالت ۔ ہائی کورٹ ۔سپریم کورٹ ۔ صوبہ یا ملک کی سب سے بڑی عدالت ۔
**عدالتِ فوجداری** ۔ (ع ۔ا۔ مث) فوجداری مقدمات کی عدالت ۔
**عدالت کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) انصاف کرنا (۲) کچہری کرنا ۔اجلاس کرنا ۔
**عدالت ماتحت** ۔ (ع ۔ا۔ مث) (۱) چھوٹی کچہری یا محکمہ جو کسی بڑے محکمے کے تحت ہو ۔
**عدالتِ مال** ۔ (ع ۔ا۔ مث) مال افسر یا کلکٹر کی عدالت جو لگان، مالیہ اور زرعی اراضی کے متعلق فیصلہ کرتی ہے ۔
**عدالت مجاز** ۔ (ع ۔ا۔ مث) بااختیار عدالت جسے پُورا پُورا اختیار حاصل ہو ۔
**عدالت مرافعۂ اوّلیٰ** ۔ (ع ۔ا۔ مث) پہلے اپیل کی عدالت ۔
**عدالتی** ۔ (عَ۔دا۔لَ۔تی) (ا۔ صف) عدالت کے متعلق ۔ عدالت کا ۔
**عدالتی پیادہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ قاصد جو عدالت کے کاغذات لے کر جاتا ہے
**عداوت** ۔ (عَ۔دا۔وَت) (ع ۔ا۔ مث) بُغض ۔ دشمنی ۔کینہ ۔ مخالفت ۔خصومت
**عداوت رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کینہ رکھنا ۔دُشمنی رکھنا ۔
**عداوت نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دُشمنی کا بدلہ لینا ۔
**عداوتی** ۔ (عَ۔دا۔وَ۔تی) (ا۔ صف) عداوت رکھنے والا ۔ دشمن ۔مخالف ۔ بدخواہ ۔ دشمنی کرنے والا ۔
**عِدّت** ۔ (عِد۔دَت) (ع ۔ا۔ مث) (۱) تعداد ۔شمار (۲) وہ مدت شرعی جس میں عورت دوسرا نکاح نہ کر سکے ۔مطلقہ کے لیے تین مہینے ۔بیوہ کے لیے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لیے وضع حمل تک ۔
**عدت میں بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عورت کا طلاق اور دوسرے نکاح کے درمیان کی شرعی مدت گزارنا ۔
**عَدَد** ۔ (عَ۔دَد) (ع ۔ا۔ مذ) (۱) نمبر ۔گنتی ۔ تعداد (۲) ہندسہ ۔ رقم ۔
**عددِ صحیح** ۔ پورا عدد ۔ نہ بٹا ہوا عدد ۔ اکائی ۔ وہ عدد جس میں کسر نہ ہو ۔
**عَدَدی** ۔ (عَ۔دَ۔دی) (ع ۔صف) عدد سے منسوب ۔ عدد سے متعلق ۔
**عددی قیمت** ۔ (ع ۔ا۔ صف) وہ قیمت جو عدد کے اعتبار سے لگائی جائے ۔



Marfat.com

**عَدَس** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مسُور۔
**عَدَسہ** ۔ (عَ ۔ دَ ۔ سَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] فوٹوگرافی کے کیمرے کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے۔ محدّب شیشہ۔ لینز۔
**عَدل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) برابری۔ مساوات (۲) نظیر۔ مانند (۳) انصاف داد۔ نیاؤ۔
**عَدل پَروَر** ۔ (ع ۔ صف) انصاف کرنے والا۔
**عَدل پروری** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) انصاف ۔ انصاف کی پرورش۔
**عَدل کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) انصاف کرنا۔ ایمان داری اور دیانت سے فیصلہ کرنا۔
**عَدل گُستر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) انصاف کرنے اور داد دینے والا ۔ عادل و منصف۔
**عَدل گُستری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) انصاف۔
**عَدلیہ** ۔ (عد ۔ لی ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] عدل وانصاف کا شعبہ۔ عدالتی نظام۔ جوڈیشری۔ (Judiciary)
**عَدَم** ۔ (عَ ۔ دَم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نیستی۔ نہ ہونا۔ ناپیدی (۲) غیر حاضری (۳) نقصان مرکبات میں نفی کے معنی میں آتا ہے جیسے عدم حاضری۔
**عَدَم آباد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ عالم جہاں آدمی مرنے کے بعد جاتا ہے۔ ابدی عالم۔
**عَدَم اختیاراتِ سماعت** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) مقدمہ سننے کا اختیار نہ ہونا۔
**عَدَم ادائیگی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) رقم ادا نہ کرنا۔
**عَدَم استطاعت** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) طاقت نہ ہونا۔ غربت۔
**عَدَم اعتماد** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) بھروسہ باقی نہ رہنا۔ اعتماد نہ ہونا۔
**عَدَم پیروی** ۔ (ا ۔ صف) بے پروائی۔ غیر حاضری (۲) مقدمہ کی پیروی نہ کرنا۔
**عَدَم تصفیہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) فیصلہ نہ ہونا۔
**عَدَم تکمیل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نامکمل ہونا۔
**عَدَم تعمیل** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تعمیل نہ کرنا یا نہ ہونا۔
**عَدَم توجہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) بے توجہی ۔ بے پروائی ۔ بے احتیاطی ۔ بے مروّتی۔
**عَدَم ثبوت** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) کسی امر کی دلیل یا تصدیق یا شہادت کا نہ ہونا
**عَدَم فرصت** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) مہلت نہ ہونا۔ وقت نہ ہونا۔
**عَدَم مداخلت** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کسی ملک کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دینا (۲) کسی کام میں دخل نہ دینا۔
**عَدَم مطابقت** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) کسی امر کا دوسرے کے مطابق نہ ہونا۔
**عَدَم موجودگی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) غیر حاضری۔
**عدم وجود برابر ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہونا نہ ہونا برابر ہے یعنی نکمّا ہے بیکار ہے۔
**عَدَن ۔ عَدَن** ۔ (عَ ۔ دَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بہشت جس میں آدم کو رکھا گیا تھا۔ (۲) اقامت کرنا (۳) عرب کے جنوب مغربی کونے میں ایک چھوٹا سا جزیرہ نما۔ تیسرے معنی میں بفتح دال مستعمل ہے۔
**عدنان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی اولاد سے ایک شخص جس تک پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کا نسب نامہ مسلسل چلتا ہے۔
**عَدَنی** ۔ (عَ ۔ دَ ۔ نی) [ع ۔ صف] عدن کا رہنے والا ۔ عدن سے منسوب۔
**عَدو** ۔ (عَ ۔ دُو) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف (۲) رقیب۔ جمع: اعداد

**عَدُو شرے برانگیزد کہ خیرِ ما در آں باشد** ۔ (ف ۔ مثل) دشمن ایسی شرارت کرتا ہے کہ اس میں ہماری بہتری ہوتی ہے۔
**عدو شود سببِ خیر گر خدا خواہد** ۔ (ف ۔ مثل) اگر خدا چاہے تو دشمن سے بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔
**عُدُول** ۔ (عُ ۔ دُول) [ع ۔ ا ۔ مذ] مُنہ پھیر لینا۔ انکار۔ روگردانی۔
**عُدُول حکم** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) نافرمان۔ حکم نہ ماننے والا۔ سرکش۔ باغی۔
**عُدُول حکمی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) نافرمانی۔ سرکشی۔ بغاوت۔
**عَدِیل** ۔ (عَ ۔ دِیل) [ع ۔ صف] (۱) برابر۔ نظیر۔ یکساں۔ مانند۔ رُتبہ اور قدر میں مساوی (۲) عادل۔ منصف۔ جمع: عُدَلا۔
**عَدِیل نہ ہونا** ۔ (مص ۔ مرکب) برابر نہ ہونا۔ نظیر نہ ہونا۔
**عَدِیم** ۔ (عَ ۔ دِیم) [ع ۔ ا ۔ مذ] نیست۔ نابُود۔ ناپید۔ گم۔ نایاب۔ معدوم۔
**عَدِیمُ الفُرصت** ۔ (ع ۔ صف) جسے بالکل فرصت نہ ہو۔
**عَدِیمُ المثال** ۔ (ع ۔ صف) بے نظیر۔ بے مثل۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو۔
**عَدِیمُ الوجود** ۔ (ع ۔ صف) نایاب۔ کم یاب۔

## ع ــــ ذ

**عذاب** ۔ (عَ ۔ ذاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تنگی۔ تکلیف۔ دُکھ۔ مصیبت۔ اذیت۔ (۲) سزائے گناہ (۳) دقت۔ جھگڑا بکھیڑا (۴) روگ۔ علت (۵) گُناہ۔ پاپ۔
**عذاب اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکلیف اٹھانا۔ برداشت کرنا۔
**عذابِ الحریق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دوزخ کی آگ کا عذاب۔
**عذابِ الٰہی** ۔ وہ مصیبت جو خدا کی طرف سے عملوں کی پاداش میں آئے۔
**عذابِ اَلیم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سخت عذاب۔
**عذاب ثواب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) گناہ ثواب۔ نیکی بدی۔ بُرائی بھلائی۔
**عذابِ جان** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جی کا وبال۔ مصیبت۔
**عذاب جھیلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ اُٹھانا۔
**عذابِ دوزخ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ تکلیف جو بداعمالیوں کی وجہ سے دوزخ میں ملے گی۔
**عذاب سہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکلیف یا دُکھ برداشت کرنا۔
**عذاب سے چھُوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت سے بچنا۔ تکلیف جاتی رہنا۔
**عذابِ قبر (گور)** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سزا جو مُردے کو قبر میں گناہوں کی پاداش میں ملے۔
**عذاب کٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔
**عذاب کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت برداشت کرنا۔
**عذاب مول لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خود سے کسی مصیبت میں مبتلا ہونا خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا۔
**عذاب میں پڑنا ۔ عذاب میں پھنسنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دقت میں مبتلا ہونا۔ مصیبت میں پڑنا۔
**عذاب میں ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت تکلیف میں ہونا۔



Marfat.com

**عذاب نازل ہونا۔** (ا۔ محاورہ) آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔
**عذاب میں ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) جھگڑے میں پھنسانا۔ مصیبت میں مبتلا کرنا۔
**عِذار۔** (ع۔ ذار) (ع۔ا۔ مذ) عارض۔ رُخسار۔ گال۔ چہرہ۔ رُخ۔
**عَذب۔** (ع۔ صف) شیریں۔ خوش گوار۔
**عَذبُ البیان۔** (ع۔ا۔ مذ) شیریں کلام۔
**عُذر۔** (ع۔ا۔ مذ) (۱) بہانہ۔ حیلہ (۲) معذرت (۳) سبب۔ حُجّت (۴) اعتراض۔ گرفت۔ پکڑ (۵) معافی۔ طلبِ عفو (۶) انکار۔
**عُذر آور۔** (ع۔ ف۔ صف) عذر کرنے والا۔
**عُذرات۔** عُذر کی جمع۔
**عُذرِ امتناعِ نالش۔** (ع۔ ف۔ا۔ مذ) دعوے کی روک کا عُذر۔
**عُذر باقی نہ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔
**عُذرِ بے جا۔** (ع۔ ف۔ا۔ مذ) ناجائز عُذر۔ لغو یا بیہودہ معذرت جو قابلِ سماعت نہ ہو۔
**عُذر پذیر۔** (ع۔ صف) (۱) عُذر قبول کرنے والا (۲) معافی کے قابل (۳) قابلِ تسلیم۔
**عُذر پیش کرنا۔** (ا۔ محاورہ) اعتراض پیش کرنا۔ کوئی دلیل یا حُجّت لانا یا بحث کرنا
**عُذر تراشنا۔** (ا۔ محاورہ) ایسا عُذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو۔
**عُذر تقصیرات کرنا۔** (ا۔ محاورہ) گناہوں کی معافی چاہنا۔
**عُذرِ تمادیِ ایام۔** (ع۔ا۔ مذ) میعاد گزرنے کا عُذر۔
**عُذر چلنا۔** (ا۔ محاورہ) عُذر کا تسلیم کیا جانا۔ عُذر قبول ہونا۔
**عُذر خواہ (ساز۔ سنج)۔** (ع۔ ف۔ صف) عُذر کرنے یا چاہنے والا۔
**عُذر خواہی۔** (ع۔ ف۔ا۔ مث) معذرت۔ کسی امر کا عُذر بیان کرنا۔
**عُذر دار۔** (ع۔ ف۔ صف) معترض۔ دعوے دار۔
**عُذر داری۔** (ع۔ ف۔ا۔ مث) (۱) اعتراض۔ مزاحمت (۲) دعویٰ۔ حُجّت۔ دلیل۔
**عُذر درمیان لانا۔** (ا۔ محاورہ) عُذر پیش کرنا۔
**عُذر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) معذرت کرنا۔ معافی مانگنا (۲) اعتراض کرنا (۳) بحث کرنا۔
**عُذرِ گناہ بدتر از گناہ۔** (ف۔ مثل) غلط اور بیہودہ عُذر کے متعلق کہتے ہیں۔
**عُذر لانا۔** (ا۔ محاورہ) عذر پیش کرنا۔
**عُذرِ لنگ۔** (ع۔ ف۔ا۔ مذ) غلط اور لغو عُذر۔
**عُذرِ معذرت۔** (ع۔ا۔ مذ) منت سماجت۔
**عُذرِ معقول۔** (ع۔ا۔ مذ) صحیح اور بجا عُذر۔
**عُذر نہ سننا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی بہانہ نہ ماننا۔
**عُذر نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) انکار نہ ہونا۔ حُجّت نہ ہونا۔
**عُذر نیوش۔** (ع۔ ف۔ صف) عُذر سُننے والا۔
**عُذرِ وراثت۔** (ع۔ا۔ مث) میراث یا ورثے کا دعوے۔
**عُذر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) اعتراض ہونا۔
**عذرا۔** (عَذ۔ را) (ع۔ا۔ مث) (۱) کنواری دوشیزہ (۲) عاشق کی معشوقہ کا نام (۳) حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمۃ الزہراؑ کا لقب۔ جمع: عذارٰی۔ عذاری۔

**عذوبت۔** (ع۔ ذُو۔ بَت) (ع۔ا۔ مث) شیرینی۔ لذّت۔

## ع ــــ ر

**عَرابہ (عَرّادہ)۔** (ع۔ا۔ مذ) لمبا چھکڑا۔ گاڑی۔
**عرابچی۔** (ع۔ ف۔ا۔ مذ) گاڑی چلانے والا۔
**عِراق۔** (ع۔ راق) (ع۔ا۔ مذ) (۱) کنارہ۔ لبِ دریا (۲) وہ خاص ملک جو دریائے جیحون، دجلہ اور فرات کے کنارے واقع ہے (۳) موسیقی کا ایک راگ جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں۔
**عِراقی۔** (ع۔ را۔ قی) (ع۔ا۔ مذ) (۱) عراق کا گھوڑا۔ تازی۔ عربی گھوڑا (۲) ملک عراق سے منسوب۔ ملک عراق کا۔
**عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے۔** (ا۔ مثل) زبردست پر بس نہ چلا تو غریب کو مارنے لگے۔
**عرائس۔** (ع۔ا۔ مث) عروس کی جمع۔
**عرائض۔** (عَ۔ را۔ ءِض) (ع۔ا۔ مذ) عریضہ کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ درخواستیں۔
**عَرَب۔** (عَ۔ رَب) (ع۔ا۔ مذ) ملک عرب کا باشندہ (۲) مشرق قریب کا ایک ملک۔ جس کی زبان عربی ہے (۳) خوش بیان۔ فصیح۔
**عَربدہ۔** (عَر۔ بَ۔ دَہ) (ع۔ا۔ مذ) (۱) بدخوئی (۲) لڑائی جھگڑا۔ فتنہ۔
**عربدہ جو۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) لڑاکا۔ جنگ جُو۔ فسادی (۲) معشوق۔
**عَرَبی۔** (عَ۔ رَ۔ بی) (ع۔ صف) (۱) عرب سے منسوب۔ عرب کا باشندہ (۲) عربی زبان۔ عرب کی بول چال (۳) تازی گھوڑا۔
**عربیت۔** (عَ۔ رَ۔ بی۔ یت) (ع۔ا۔ مث) عربوں سے متعلق۔ عربوں کے اتحاد اور آزادی کی تحریک۔
**عَربیہ۔** (عَ۔ رَ۔ بی۔ یہَ) (ع۔ صف) (۱) عرب کی عورت (۲) عربی زبان سے منسوب
**عرزہ۔** (عَر۔ زَہ) (ع۔ا۔ مث) طاقت۔
**عُرس۔** (ع۔ا۔ مذ) (۱) کسی بزرگ یا مُرشد کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات پر ہو (۲) شادی کی دعوت۔ طعام ولیمہ۔
**عرش۔** (ع۔ا۔ مذ) (۱) چھت۔ سقف (۲) تخت۔ آسمان۔ آٹھواں آسمان۔
**عرش (آشیاں) آشیانی)۔** (ع۔ ف۔ صف) وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو۔ مرحوم و مغفور۔
**عرشِ اعظم۔** (ع۔ا۔ مذ) خدا کا تخت۔
**عرشِ اکبر۔** (ع۔ا۔ مذ) انسان کا دل۔ قلب۔
**عرش بریں۔** (ع۔ ف۔ا۔ مذ) وہ آسمان جہاں خدا کا تخت ہے۔
**عرش پایہ۔** (ع۔ ف۔ صف) عالی مرتبہ۔
**عرش پر پہنچنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت بلند مرتبہ ہونا۔
**عرش پر چھو لینا۔** (ا۔ محاورہ) بلندی پر ہونا۔ بڑے رُتبے پر ہونا۔
**عرش پر جھنڈا گاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت رُعب ہونا۔ خوشامد کرنا۔
**عرش پر چڑھانا۔** بڑی قدر کرنا۔ بڑی تعریف کرنا۔ مغرور بنا دینا۔
**عرش پر چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت مغرور ہو جانا۔



Marfat.com

**عرش پر دماغ (ہونا) پہنچنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت مغرور ہونا (۲) فخر کرنا۔
**عرش پناہ۔** (ع۔ ف۔ صف) بڑے رتبے والا۔
**عرش سے اُتری کھجور میں اٹکی۔** (ا۔ مثل) ایک مصیبت سے بچے ہی تھے کہ دوسری آپڑی۔
**عرش سے فرش تک۔** (ا۔ متعلق فعل) آسمان سے زمین تک۔ اُوپر سے نیچے تک
**عرش کا تارا۔** (ا۔ صف) (۱) سب سے اُونچے آسمان کا ستارہ (۲) بہت بڑے درجے والا۔ انتہائی شان والا۔
**عرش کے تارے توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بڑا کام کرنا۔ بڑھ کر ہاتھ مارنا۔ انوکھا اور عجیب کام کرنا۔ نئے خیالات ظاہر کرنا (۲) گناہِ عظیم کرنا (۳) کمال چالاکی ہونا۔
**عرشِ معلّیٰ۔** (ع۔ ا۔ مذ) عرشِ بریں۔ سب سے اُونچا آسمان۔
**عرش ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔
**عرش ہل جانا۔** (ا۔ محاورہ) مظلوم کی فریاد سُن کر خدا کو رحم آجانا۔
**عَرشہ۔** (عَر۔ شَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بحری جہاز کی چھت (۲) بحری جہاز کا تختہ۔
**عَرشی۔** (عَر۔ شی) [ف۔ ا۔ مذ] خدا کی بارگاہ میں حاضر رہنے والے فرشتے مقرب فرشتے۔
**عَرصہ۔** (عَر۔ صَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) آنگن۔ انگنائی (۲) میدان (۳) شطرنج کی بساط (۴) فاصلہ۔ دُوری (۵) دیر۔ تاخیر۔ توقف (۶) زمانہ۔ اثناء۔
**عرصہ تنگ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) عاجز کرنا۔ بے بس کرنا۔
**عرصہ تنگ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) میدان تنگ ہونا (۲) وقت کم ہونا۔ (۳) عاجز ہونا۔
**عرصہ حشر۔** قیامت۔ محشر۔ قیامت کا میدان۔
**عرصۂ دراز۔** بہت مدت۔ بہت دن۔
**عرصۂ زیست۔** (ف۔ ا۔ مذ) زندگی۔ عمر۔
**عرصہ سے۔** (ا۔ تابع فعل) مدت سے۔
**عرصہ کھینچنا۔** دیر لگانا۔
**عرصہ لگانا۔** (ا۔ محاورہ) دیر لگانا۔ تاخیر کرنا۔
**عرصہ گاہ۔** میدان۔
**عرصہ ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) مدت گزر جانا۔ دیر ہو جانا۔
**عَرَض۔** (ع۔ رَض) [ع۔ ا۔ مث] (۱) وہ چیز جو دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو۔ برعکس جوہر کے وہ بذاتِ خود قائم ہے مثلاً رنگ اور کپڑا۔ اس میں رنگ عَرَض ہے اور کپڑا جوہر (۲) وہ بیماری جو کسی دوسرے مرض کے سبب سے ہو جیسے دردِ سر جو بخار کی وجہ سے ہو (۳) حادثہ۔
**عرض۔** [ع۔ ا۔ مث] (۱) بیان۔ گزارش۔ اِظہار۔ التماس (۲) چوڑائی۔ چوڑان۔ پاٹ (۳) عرصہ۔ مدت۔ دفعہ (۴) اثنا۔ درمیان۔
**عرض ارسال۔** وہ کاغذ جس کے ذریعے سے مال گزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیلدار کے پاس بھیجی جاتی ہے۔ رپورٹ۔ نقشہ۔ چِٹھا۔
**عرض بلد۔ عرض البلد۔** وہ فرضی خطوط جو خطِ استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں۔ طول البلد کی نقیض۔

**عرض بیگی۔** وہ عہدے دار جس کے ذریعے سے بادشاہ کے حضور میں گزارشات ہو سکیں۔
**عرض پیرا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گزارش کرنا۔
**عرضِ حال۔** (ع۔ ا۔ مث) صورتِ حال کا اظہار۔ واقعہ کا بیان۔
**عرض دار۔** (ف۔ ا۔ مذ) جس کا عرض یا چوڑائی ہو۔
**عرض داشت۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) عرضی۔ درخواست۔ گزارش۔
**عرض رسا۔** (ع۔ ف۔ صف) عرض کرنے والا۔
**عرض رسا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گزارش کرنا۔
**عرض قبول ہونا۔** (ا۔ محاورہ) درخواست منظور ہونا۔ التجا ماننا۔
**عرض کرنا۔** (مص۔ مرکب) (۱) التماس کرنا۔ کہنا۔ پیش کرنا (۲) اطلاع دینا رپورٹ کرنا۔
**عرض کنندہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔
**عرض مطلب۔** مطلب بیان کرنا۔
**عرض معروض۔** (ع۔ ا۔ مذ) درخواست۔ التماس و گزارش۔ کہنا سُننا۔
**عَرضاً۔** (عَر۔ ضَن) [ع۔ تابع فعل] از روئے عرض۔ طولاً کا نقیض۔ چوڑائی میں۔ اتفاقاً۔
**عَرضی۔** (عَر۔ ضی) [اُ۔ ا۔ مث] تحریری درخواست۔ عریضہ۔ جمع: عرائض
**عرضی ٹھوکنا۔** (ا۔ محاورہ) نالش کرنا۔ دعویٰ کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔
**عرضی دعویٰ۔** (ع۔ ا۔ مذ) وہ کاغذ جس میں مدّعی حالاتِ مقدمہ لکھ کر عدالتِ ابتدائی میں گزارے یا وہ درخواست جو ابتداء میں پیش کر کے مقدمہ چلایا جائے۔
**عرضی نویس۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) قانونی اجازت سے عدالتی عرضیاں اور تمسک وغیرہ لکھنے والا۔
**عُرضہ۔** (ع۔ ا۔ مث) (۱) ڈھال (۲) بہانہ۔ حجّت۔
**عُرف۔** [ع۔ ا۔ مذ] پہچان۔ وہ نام جس سے انسان عام طور سے پہچانا جا سکے۔ عام نام۔
**عُرَفا۔** (عُ۔ رَ۔ فا) [ع۔ ا۔ مذ] عارف کی جمع۔ ولی لوگ۔
**عَرَفات۔** (عَ۔ رَ۔ فات) [ع۔ ا۔ مذ] مکہ سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک مقدّس میدان جہاں حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔ یہاں کچھ عرصہ قیام ہی حج ہے۔
**عِرفان۔** (عِر۔ فان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) شناخت۔ پہچان (۲) حق تعالٰے کی معرفت۔ خدا شناسی۔
**عَرَفہ۔** (عَ۔ رَ۔ فَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں (۲) [اُ] ہر تہوار کا پہلا دن۔ (۳) کسی شخص کے مرنے کے بعد دوسرا دن جس میں مُردے کی فاتحہ دلواتے ہیں۔
**عُرفی۔** (عُر۔ فی) [ع۔ صف] رسمی۔ مشہور۔
**عَرَق۔** (عَ۔ رَق) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پسینہ (۲) کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی (۳) رس کسی چیز کا۔ نچوڑا ہوا پانی۔ شراب۔ شیرہ۔
**عرق آجانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پسینا آنا (۲) شرم سے پسینے پسینے ہو جانا۔
**عرق آلود۔** (ع۔ ف۔ صف) پسینے پسینے۔ پسینے سے تر۔



Marfat.com

**عرقِ انفعال۔** (ع۔ا۔مذ) شرمندگی کا پانی وہ پسینہ جو شرمندگی کے باعث آئے۔
**عرق پینا۔** (ا۔محاورہ) شراب پینا۔ کسی چیز کا پانی پینا۔
**عرق چیں۔** (۱) ایک قسم کی گول ٹوپی (۲) پگڑی کے نیچے پہننے کی ٹوپی (۳) پسینہ صاف کرنے کا رومال۔
**عرقِ حیا (خجالت۔ شرم)۔** (ف۔ا۔مذ) شرمندگی اور ندامت کا پسینہ۔
**عرق دان۔** (ف۔ا۔مذ) گلاب پاش (ق)۔
**عرق دوآتشہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) دو مرتبہ کشید کیا ہوا عرق۔
**عرق ریزی کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کمال محنت کرنا۔ نہایت جان فشانی کرنا۔
**عرق عرق ہو جانا (ہونا)۔** (ا۔محاورہ) پانی پانی ہو جانا۔ نہایت شرمندگی اُٹھانا۔ بہت شرمندہ ہونا۔
**عرق کھینچنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بخارات کے ذریعے سے کسی چیز کا پانی کشید کرنا (۲) نچوڑ لینا۔ طاقت کھینچ لینا۔
**عرق گیر۔** (۱) خوگیر۔ پالان (۲) پسینہ پونچھنے کا رومال (۳) دواؤں کا عرق کشید کرنے کا آلہ۔
**عِرق۔** (ع۔ا۔مث) (۱) رگ (۲) جڑ۔ جمع: عُروق۔
**عِرقُ النساء۔** چڈوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد۔
**عُروج۔** (عُ۔رُوج) [ع۔ا۔مذ] بلندی۔ اُونچائی۔ ارتفاع۔
**عُروج پر ہونا۔** (ا۔محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ اعلےٰ رُتبے پر پہنچنا۔ ترنگ میں ہونا۔
**عُروجِ ماہ۔** (ف۔ا۔مذ) چاند کی پہلی سے چودھویں تک کا زمانہ۔
**عُروجِ مہر۔** (ف۔ا۔مذ) سُورج کے طلوع سے بارہ بجے دن تک وقت
**عُروس۔** (عُ۔رُوس) [ع۔ا۔مث] دُلھن۔ بنی۔ بہو۔ جمع: عرائس۔
**عُروس البلاد۔** (ع۔ا۔مث) سب سے زیادہ خوبصورت شہر۔
**عُروس الخطوط۔** (ع۔ا۔مذ) سب سے خوبصورت خط۔ نستعلیق۔
**عُروسانہ۔** (عُ۔رُو۔سا۔نَہ) [ف۔صف] دُلھن کی مانند۔
**عُروسی۔** (عُ۔رُو۔سی) [ف۔ا۔مث] شادی۔ بیاہ سے نسبت رکھنے والی چیز۔
**عَروض۔** (عَ۔رُوض) [ع۔ا۔مذ] (۱) مکۂ معظمہ۔ کعبہ (۲) وہ علم جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں (۳) شعر کے پہلے مصرعے کا آخری جزو۔
**عُروض۔** (عُ۔رُوض) [ع] ظاہر ہونا۔ عارض ہونا۔
**عُروق۔** (عُ۔رُوق) [ع۔ا۔مث] عِرق کی جمع۔ رگیں۔
**عُروہ۔** (عُ۔صف) گرفت۔ کاج۔ کونہ (۲) دستہ۔ قبضہ۔
**عُروۃ الوثقیٰ۔** (ع۔صف) مضبوط گرفت۔
**عُریان۔** (عُر۔یاں) [ع۔صف] ننگا۔ برہنہ۔ بے پردا۔
**عُریانی۔** (عُر۔یا۔نی) [ف۔ا۔مث] ننگا ہونا۔ برہنگی۔
**عُریانیت۔** (ف۔ا۔مث) ننگاپن۔ عُریاں کا اسم کیفیت۔
**عَریش۔** (عَ۔ریش) [ع۔ا۔مث] پھُوس سے پٹا ہوا مکان جو باغ میں بنایا جاتا ہے۔ دھوپ سے بچنے کے لیے سایہ دار جگہ۔
**عَریض۔** (عَ۔ریض) [ع۔صف] چوڑا۔ لمبا۔ عرض دار۔

**عریضہ۔** (عَ۔ری۔ضَہ) [ع۔ا۔مذ] عرضی۔ وہ خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے۔ معروضہ۔ جمع: عرائض۔
**عریضہ نگار۔** خط لکھنے والا۔
**عریضۂ نیاز۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) عاجزانہ درخواست۔ بزرگوں یا حکام کو لکھا جانے والا خط۔

## ع ــــ ز

**عزّ۔ عِزّ۔** (ع۔ا۔مث) عزّت۔ شرف۔ بزرگی۔
**عِزّ و جاہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) عزّت اور مرتبہ۔
**عِزّ و شان۔** (ع۔ا۔مث) عزّت و مرتبہ۔
**عزّ۔** (عَزّ۔زا) [ع۔ فعل ماضی] (۱) زبردست ہُوا۔ غالب ہوا (۲) اس کی بڑائی ہو۔ اس کی حمد ہو۔
**عزّ اسمہٗ۔** (ع۔ کلمۂ توصیف) اس کے نام کی عزّت (تعریف) ہو۔ (اللہ تعالیٰ کے لیے آتا ہے)۔
**عزّ و جل۔** (ع۔صف) اس کی عزّت اور بزرگی ہو۔ خدا تعالےٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
**عزا۔** (عَ۔زا) [ع۔ا۔مذ] (۱) مصیبت پر صبر (۲) ماتم پُرسی۔ پُرسہ۔
**عزا خانہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) ماتم خانہ۔ امام باڑہ۔
**عزادار۔** (ع۔ف۔صف) سوگ دار۔ سوگی۔ میّت کا غم کرنے والا۔
**عزاداری۔** (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) سوگ۔ ماتم (۲) امام حسینؑ کی شہادت کا غم
**عُزّا۔ عُزّیٰ۔** (عُز۔زا) [ع۔ا۔مذ] (۱) ایک بُت (۲) عرب کا ایک درخت جسے کافر بُتوں کی طرح پُوجتے تھے۔
**عزازیل۔** (عَ۔زا۔زیل) [ع۔ا۔مذ] ابلیس۔ شیطان۔
**عزائم۔** (عَ۔زا۔اِم) [ع۔ا۔مذ] عزیمت کی جمع۔ (۱) ارادے (۲) اُردو میں "عزم" کی جمع کے طور پر آتا ہے۔
**عِزّت۔** (عِز۔زَت) [ع۔ا۔مث] (۱) آبرو (۲) بزرگی۔ بڑائی (۳) شان۔ عظمت۔
**عزّت اُتارنا (بگاڑنا۔ کھونا۔ لینا)۔** (ا۔محاورہ) بے آبرو کرنا۔ بے عزّت کرنا۔
**عزّت افزائی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) عزّت بڑھانا۔ توقیر بلند کرنا۔
**عزّت بنانا۔** (ا۔محاورہ) آبرو بنانا۔
**عزّت پر ہاتھ ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) ذلیل کرنے کی کوشش کرنا۔ عزّت پر حملہ کرنا۔
**عزّت جاتی رہنا۔** (ا۔محاورہ) بے آبرو ہونا۔ بے عزّتی ہونا۔
**عزّت خاک میں ملانا۔** (ا۔محاورہ) ذلیل و رسوا کرنا۔ بُرے کاموں سے اپنی عزّت کو کم کرنا۔
**عزّت خدا کے ہاتھ ہے۔** (ا۔محاورہ) اللہ ہی آبرو رکھے تو رکھے۔
**عزّت دینا۔** (ا۔محاورہ) آبرو بخشنا۔



Marfat.com

**عزّت دار۔ عزّت والا** - (ع۔ ف۔ صف) صاحبِ عزّت۔ ذی مرتبہ۔ ممتاز۔ معزّز۔
**عزّت دو کوڑی کی نہ رہنا** - (ا۔ محاورہ) سخت ذلیل ہونا۔ بے عزّتی ہونا۔
**عزّت ڈبونا** - (ا۔ محاورہ) آبرو کھونا۔
**عزّت رکھ لینا** - (ا۔ محاورہ) آبرو بچانا۔ عزّت کی حفاظت کرنا۔
**عزّت کا لاگو ہونا** - (ا۔ محاورہ) کسی کی آبرو مٹانے کی کوشش کرنا۔
**عزّت کرنا** - (ا۔ محاورہ) تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ آداب کرنا۔
**عزّت مآب** - (ع۔ ا۔ صف) ایک تعظیمی کلمہ جو وزیروں اور سفیروں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ آنریبل۔
**عزّت ملنا** - (ا۔ محاورہ) شرف و بزرگی حاصل ہونا (۲) آؤبھگت ہونا۔
**عزّت میں بٹا لگنا** - عزّت میں فرق آنا۔ بے عزّت ہونا۔ بے آبرو ہونا۔
**عزرائیل** - (عِز۔ را۔ ایل) (ع۔ ا۔ مذ) ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔
**عَزل** - (ع۔ ا۔ مذ) (۱) موقوفی۔ برطرفی۔ بیکاری۔ معطلی (۲) جماع کے وقت فرج کی بجائے باہر منی نکالنا۔
**عزل و نصب** - ترقی و تنزّل۔ موقوفی و بحالی۔
**عُزلت** - (عُز۔ لَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) خلوت۔ تنہائی (۲) اعتکاف۔
**عزلت نشیں** - (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) گوشہ میں بیٹھا ہوا۔ تنہائی میں بیٹھا ہوا۔
**عزم** - (ع۔ ا۔ مذ) قصد۔ ارادہ۔ نیّت۔ جمع: عزائم۔
**عزم بالجزم** - (ع۔ ا۔ مذ) مصمّم ارادہ۔ پکّا ارادہ۔
**عزمت** - (ع۔ ا۔ مذ) ارادہ۔ عزم (۲) وہ بات جو فرض ہو۔
**عزیز** - (عَ۔ زیز) (ع۔ ا۔ مذ وصف) (۱) پیارا۔ محبوب۔ دل پسند (۲) لائق۔ (۳) عمدہ۔ کم یاب۔ قابلِ عزّت۔ صاحبِ مرتبہ (۴) خدا تعالیٰ کا ایک نام (۵) رشتہ دار۔ قریبی (۶) یار۔ دوست۔ جمع: اَعزّہ۔
**عزیز القدر** - (ع۔ ف) قابلِ قدر۔ عزیز۔ ایک القاب جو چھوٹے بھائی یا رشتہ دار کو لکھا جاتا ہے۔
**عزیز داری** - (ع۔ ف۔ ا۔ مث) رشتہ داری۔ بھائی بندی۔ یگانگت۔
**عزیز رکھنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) قدر و منزلت کرنا (۲) دوست جاننا۔
**عزیمت** - (عَ۔ زی۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) طلسمی دُعا (۲) وہ عمل یا افسوں جس سے موکّلوں کو حاضرات میں موجود کر سکیں (۳) ارادہ۔ مقصد۔ جمع: عزائم۔

## ع ــــ س

**عساکر** - (عَ۔ سا۔ کِر) (ع۔ ا۔ مذ) عسکر کی جمع۔ بہت سے لشکر۔
**عُسر** - (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دشواری۔ دقت۔ مصیبت (۲) تنگی۔ مفلسی۔ غریبی۔
**عُسرت** - (عُس۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) تنگی۔ مفلسی۔ دشواری۔
**عسس** - (عَ۔ سَس) (ع۔ ا۔ مذ) کوتوال۔ شہر کے گرد گشت کرنے والا عہدہ دار۔
**عسکر** - (عَس۔ کر) (ع۔ ا۔ مذ) فوج۔ سپاہ۔ لشکر۔ جمع: عَساکِر۔
**عَسکری** - (عَس۔ کَ۔ ری) (ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) (۱) فوج کا۔ عسکر سے منسوب (۲) سپاہی۔
**عسکریّت** - (عَس۔ کَ۔ ری۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) جارحیت۔ جنگ پسندی فوجی اور جنگی ذہنیت۔
**عَسل** - (عَ۔ سَل) (ع۔ ا۔ مذ) شہد۔ انگبین۔
**عَسیر** - (عَ۔ سیر) (ع۔ صف) مشکل۔
**عَسیر الحال** - (ع۔ صف) تنگ حال۔

## ع ــــ ش

**عشاء** - (ع۔ ا۔ مث) (۱) رات کا اندھیرا (۲) رات کی نماز۔ سوتے کی نماز۔
**عشائیہ** - (ع۔ ا۔ مذ) رات کا کھانا۔
**عشائے ربّانی** - (ع۔ ا۔ مذ) وہ آخری کھانا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں کے ساتھ کھایا تھا۔
**عُشّاق** - (عُش۔ شاق) (ع۔ ا۔ مذ) عاشق کی جمع۔ چاہنے والے۔
**عُشبہ** - (عُش۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) ایک بُوٹی جو مصفّیِ خون ہے۔ سارسپریلا۔
**عَشر** - (ع۔ صف) دس۔ دہ۔
**عُشر** - (ع۔ ا۔ مذ) دسواں حصّہ۔ دہ یک۔
**عشر کلمات** - (ع۔ ا۔ مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دس احکام۔
**عُشر عشیر** - (۱) دسویں حصّے کا دسواں حصّہ بلیہ (۲) بہت تھوڑا سا۔
**عِشرت** - (عِش۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) خوشی۔ عیش و نشاط۔ مزہ (۲) حظِّ نفسانی۔ مُباشرت۔
**عشرت آمیز** - (ف۔ ا۔ صف) خوشی سے بھرا ہوا۔
**عشرت امروز بے اندیشۂ فردا خوش است** - (ف۔ مثل) اگر کل کی کوئی فکر نہ ہو تو آج کا عیش اچھی چیز ہے۔
**عشرت انتما** - (ف۔ ا۔ صف) خوشی یا عیش سے ملتا جلتا۔
**عشرت خانہ** - (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (سرا۔ کدہ۔ گاہ) عیش و عشرت کرنے کا مقام۔
**عشرت منانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) مزے اُڑانا۔ موج مارنا۔ چین کرنا (۲) بھوگنا۔ مباشرت کرنا۔
**عشرہ** - (عَش۔ رَہ) (ع۔ صف) (۱) دہ۔ دَس (۲) (ا۔ ا۔ مذ) محرّم کی دسویں تاریخ۔ یومِ عاشورہ۔
**عشرہ اوّل** - (ع۔ ا۔ مذ) مہینے کے پہلے دس دن۔ عمر کے پہلے دس سال۔
**عشرہ کاملہ** - (ع۔ ا۔ مذ) حاجیوں کے دس روزے جو قربانی دینے کی استطاعت نہ رکھنے والے تین حج سے پہلے اور سات اس کے بعد رکھتے ہیں۔
**عشرۂ مبشّرہ** - (ع۔ ا۔ مذ) رسول اللہ صلعم کے وہ دس صحابی جنہیں ان کی زندگی میں ہی جنّت کی بشارت دی گئی تھی۔
**عَش عَش** - (ف۔ ا۔ مث) نہایت خوشی اور تحسین و آفرین کے موقع پر بولا جاتا ہے (کرنا کے ساتھ)۔



Marfat.com

عشق ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) محبت ۔ فریفتگی ۔ پریم ۔ پیار ۔ چاہ (۲) شوق ۔ خواہش (۳) عادت ۔ لت (۴) سلام رخصت ۔
عشق است و ہزار بدگمانی ۔ (ف ۔ مثل) عاشق و معشوق کے متعلق ہمیشہ بدگمانی رہتی ہے ۔
عشق اول در دلِ معشوق پیدا می شود / تا نہ سوزد شمع کے پروانہ شیدا می شود } (ف ۔ مثل) محبت سب سے پہلے محبوب کے دل میں پیدا ہوتی ہے ۔
عشق اللہ ۔ (۱) آزاد فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام ۔
عشق باز ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حسن پرست ۔ عاشق مزاج ۔ عیاش ۔
عشق بازی کھیل نہیں ۔ (ا ۔ مثل) محبت کرنا بہت مشکل ہے ۔
عشق بازی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) (۱) عاشقی ۔ کسی کے ساتھ عشق کرنا ۔ (۲) عیاشی ۔
عشق پرداز ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) عشق باز ۔
عشق پیچاں ۔ ایک بیل جس کا پھول سُرخ اور پتیاں باریک ہوتی ہیں ۔
عشق پیشہ ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) عاشق مزاج ۔ حسن پرست ۔
عشق حقیقی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا تعالیٰ کا عشق ۔ محبتِ الٰہی ۔
عشق مجازی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دنیوی انسانوں کا عشق ۔ بناوٹ کا عشق ۔
عشق و مشک چھپائے نہیں چھپتے ۔ (ا ۔ مثل) عشق اور مشک کی خوشبو ضرور ظاہر ہو کر رہتی ہے ۔
عشقی ۔ (عِش ۔ قی) (ع ۔ صف) عشق سے منسوب ۔
عشوہ ۔ (عش ۔ وا) (ع ۔ ا ۔ مذ) ناز ۔ معشوقانہ ادا ۔ نخرہ ۔
عشوہ ساز ۔ عشوہ گر ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) معشوق ۔
عشوہ گری ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ناز و انداز ۔
عشیر ۔ (عَ ۔ شِیر) (ع ۔ ا ۔ مذ) دسواں حصّہ ۔

## ع ـــ ص

عصا ۔ (عَ ۔ صا) (ع ۔ ا ۔ مذ) لاٹھی ۔ سونٹا ۔ لکڑی ۔ بلم ۔
عصا بردار ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) چوبدار جو کسی معزز آدمی کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں ۔
عصائے پیر ۔ عصائے پیری ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی (۲) بڑھاپے کا سہارا ۔ بوڑھے کا لڑکا ۔
عصائے کلیم موسیٰ یا موسوی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس سے طرح طرح کے معجزے ظاہر ہوتے تھے ۔
عصابہ ۔ (عِ ۔ صا ۔ بَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) عورتوں کے سَر سے باندھنے کا کپڑا ۔
عصّار ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) تیلی ۔ روغن گر ۔
عُصارہ ۔ (عُ ۔ صا ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) رس ۔ نچوڑ ۔ شیرہ ۔
عصافیر ۔ (عَ ۔ صا ۔ فیر) (ع ۔ ا ۔ مث) عصفور کی جمع ۔ چڑیاں ۔ گوریاں ۔
عصب ۔ (عَ ۔ صَب) (ع ۔ ا ۔ مذ) پٹھا ۔ نس ۔ جمع : اعصاب ۔

عصبہ ۔ (عَ ۔ صَ ۔ بَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) جسم کا پٹھا (۲) باپ کی طرف سے خویش اور فرزند نرینہ (۳) ورثہ کا باقی حصّہ اور اگر کے نہ ہونے کی صورت میں سارا حصّہ لینے والے اشخاص ۔ جمع : عصبات ۔
عصبیّت ۔ (عَ ۔ صَ ۔ بی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) طرف داری (۲) رشتہ داری ۔ قرابت (۳) مضبوطی ۔ طاقت ۔
عصر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) روزگار ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ سماں (۲) دن کا اخیر حصّہ (۳) دن کی آخری نماز جو غروب آفتاب سے پہلے پڑھی جاتی ہے ۔ جمع : اعصار
عصر آفریں ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) زمانہ پیدا کرنے والا ۔ نیا ماحول پیدا کرنے والا ۔ نیا ذہن پیدا کرنے والا ۔
عصرانہ ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سہ پہر کا کھانا ۔ تیسرے پہر کی چائے وغیرہ ۔
عصری ۔ (ع ۔ ف) زمانہ سے نسبت رکھنے والی کوئی شے ۔ موجودہ زمانے کے ساتھ
عصفور ۔ (عُص ۔ فُور) (ع ۔ ا ۔ مث) چڑیا ۔ گوریا ۔ جمع : عصافیر ۔
عصمت ۔ (عِص ۔ مَت) (ع ۔ ا ۔ مث) پارسائی ۔ پاکدامنی ۔ پرہیزگاری ۔ بے گنا
عصمت بی بی از بے چادری ۔ (ف ۔ مثل) مجبوری کی نیکی ۔ وہ نیکی جو عدم استطاعت کے باعث ہو ۔
عصمت پر حرف آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بدنامی ہونا ۔ عزت خراب ہونا ۔ زنا کا مرتکب ہونا
عصمت دار ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) پاک دامن ۔ عفیفہ ۔
عصمت دری ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) بے آبروئی ۔ زنا ۔
عصمت فروشی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) آبرو بیچنے کا عمل ۔ پیشہ کرنا ۔
عصّہ ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) وہ رومال جو سوتے وقت سر سے باندھا جائے ۔
عصیان ۔ (عِص ۔ یان) (ع ۔ ا ۔ مذ) گناہ ۔ پاپ ۔ جُرم ۔ خطا ۔ قصور ۔
عصیر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نچوڑ (۲) انگوری شراب ۔

## ع ـــ ض

عضد ۔ (عَ ۔ ضُد ۔ عَ ۔ ضَد ۔ عِ ۔ ضد ۔ عَضد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) بازو (۲) ساتھی ۔ ہمراہی ۔
عضدُ الدولہ ۔ سلطنت کا بازو ۔ شاہی زمانے کا خطاب ۔
عضل ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بیوہ کو دوسرا نکاح کرنے سے روکنا ۔
عضلات ۔ (عَ ۔ ضَ ۔ لات) (ع ۔ ا ۔ مذ) عضلہ کی جمع ۔ جسم ۔ بدن کے حصّے ۔
عضلہ ۔ (عَ ۔ ضَ ۔ لَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) جسم ۔ بدن (۲) بند ۔ بدن کا ٹکڑا ۔ جمع : عضل ۔ عضلات ۔
عضو ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) جسم ۔ اندام ۔ بدن (۲) جوڑ ۔ بند ۔ بدن کا ٹکڑا ۔
عضوِ تناسل ۔ آلۂ تناسل ۔ ذکر ۔
عضو شکنی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بدن کا ٹوٹنا (۲) پرانے زمانے کی سزا ۔
عضو معطل ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ناکارہ عضو (۲) ناکارہ ۔ بے کار ۔
عضو عضو ۔ جوڑ جوڑ ۔
عضوی ۔ (ع ۔ صف) عضو سے منسوب اور متعلق ۔
عضویات ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ علم جس میں اعضاء کے جسمانی افعال کا ذکر ہو ۔



Marfat.com

# ع ــــ ط

**عطا۔** (عَ۔ طا) [ع۔ا۔مث] انعام بخشش۔ سخاوت۔ کوئی چیز کسی کو دینا۔
**عطا کرنا (فرمانا)۔** (مص۔ مرکب) دینا۔ بخشنا۔ مرحمت کرنا۔ مِنّت دینا۔
**عطا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ملنا۔ عنایت ہونا۔
**عطا ء تو بہ لقائے تو۔** (ف۔ مثل) آپ کی چیز آپ ہی کو مُبارک رہے۔
**عطّار۔** (عَط۔ طار) [ع۔ا۔مذ] (۱) عطر فروش (۲) دوا فروش۔ جمع: عطّاراں۔
**عطّار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا۔** (ا۔ مثل) عطّار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا کچھ اعتبار نہیں۔ ان میں سے ہر چیز نکل سکتی ہے۔
**عُطارِد۔** (عُ۔ طا۔ رِد) [ع۔ا۔مذ] (۱) ایک ستارہ۔ دبیر فلک (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں۔ جست۔
**عطّاری۔** (عَط۔ طا۔ ری) [ع۔ا۔مث] دوا فروشی۔ عطّار کا پیشہ۔
**عطائی۔** (عَ۔ طا۔ ای) [اُرد۔ا۔مذ] وہ شخص جس نے کسی اُستاد کے بغیر اپنے شوق سے کوئی کام حاصل کیا ہو۔ بے اُستاد۔ اَتائی۔
**عطایا۔** (عَ۔ طا۔ یا) [ع۔ا۔مذ] تحفہ۔ بخشش۔ انعام۔ عطیہ کی جمع۔
**عِطر۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) خوشبو۔ مہک۔ کسی چیز کی نکالی ہوئی خوشبو (۲) خلاصہ۔ لُبِ لُباب۔ جوہر۔ نچوڑ۔ جمع: عطریات۔
**عِطر آگیں۔** (ع۔ف۔صف) خوشبو سے بھرا ہوا۔ معطّر۔
**عِطر افشاں۔** (ع۔ف۔صف) خوشبو پھیلانے والا۔ چھڑکنے والا۔
**عِطر بیز۔** (ع۔ف۔صف) خوشبو پھیلانے والا۔
**عِطر بیزی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) خوشبو پھیلانا۔
**عِطر پان کی تواضع۔** (ا۔مث) عطر اور پان سے مہمان کی خاطر مدارات کرنا۔
**عِطر دان۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ صندوقچی یا برتن جس میں عطر کی شیشیاں رکھی جائیں۔
**عِطر فروش۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) عطر بیچنے والا۔ گندھی۔
**عِطر کا پھویا۔** (ا۔مذ) عطر میں تر کی ہوئی روئی۔
**عِطر کھینچنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوشبو کا تیل بذریعہ کشید نکالنا (۲) طاقت کھینچ لینا۔ کس نکالنا (۳) جوہر نکالنا۔ خلاصہ نکالنا۔
**عِطر گلدستہ (مجموعہ)۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ عطر جو کئی قسم کے عطروں کو ملا کر تیار کیا جائے۔
**عِطر میں بسانا۔** (ا۔ محاورہ) خوشبودار کرنا۔ بہت عطر لگانا۔
**عِطر نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) خلاصہ کرنا۔ ست نکالنا۔ جوہر نکالنا۔
**عِطریات۔** (عِط۔ ری۔ یات) [ع۔ا۔مذ] عطر کی جمع۔
**عطس۔** (ع۔ا۔مذ) چھینکنا (۲) مرنا (۳) پوکا پھوٹنا۔
**عطسہ۔** (عَط۔ سہ) [ع۔ا۔مذ] چھینک۔
**عطسۂ چاہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) کنوئیں سے گونج کی آواز کا آنا۔
**عطسۂ شب۔** (ع۔ف۔ا۔مث) پو پھٹنا۔
**عطسۂ شیشہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) شیشے سے گلاس میں شراب ڈالنے کی آواز۔
**عطش۔** (عَ۔ طَش) [ع۔ا۔مث] پیاس۔ تشنگی۔

**عطف۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) پھیرنا۔ موڑنا (۲) مہربانی (۳) کسی کلمے یا کلام کو دوسرے کلمے یا کلام کی طرف پھیرنا (۴) وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملاتے۔ جیسے اور۔ یا۔ و۔ وغیرہ۔
**عطُوفت۔** (عَ۔ طُو۔ فت) [ع۔ا۔مث] مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ نوازش۔ کرپا۔
**عطیہ۔** (عَ۔ طی۔ یہَ) [ع۔ا۔مذ] عطا۔ بخشش۔ انعام دی ہوئی چیز۔
**عطیۂ سرکار۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) گورنمنٹ سے انعام میں ملا ہوا۔
**عطیۂ دار۔** (ع۔ف۔صف) جس کو عطیہ دیا جائے۔
**عطیۂ سُلطانی۔ عطیۂ شاہی۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) بادشاہ کا بخشا ہوا۔ گورنمنٹ کا دیا ہوا۔

# ع ــــ ظ

**عِظام۔** (عِ۔ ظام) [ع۔ا۔مذ] (۱) عظیم کی جمع۔ بزرگ (۲) عَظم کی جمع ہڈیاں۔ استخوان۔
**عُظّام۔** (عُظ۔ ظام) [ع۔صف] بزرگ۔ کلاں۔ بڑا۔
**عظم۔** (ع۔ا۔مذ) ہڈی۔ اُستخوان۔ جمع: عظام۔
**عُظمیٰ۔** (عُظ۔ ما) [ع۔صف] اعظم کی تانیث۔ سب سے بڑی۔ سب سے بزرگ۔
**عظمت۔** (عَ۔ ظَ۔ مَت) [ع۔ا۔مث] بزرگی۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ قدر و منزلت۔
**عظیم۔** (عَ۔ ظیم) [ع۔صف] بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔ سخت۔ نہایت۔
**عظیم الجثّہ۔** (ع۔صف) فربہ۔ موٹا۔ جس کا قد و قامت بڑا ہو۔
**عظیم الشّان۔** (ع۔صف) بڑی شان و شکوہ والا۔ والا قدر۔ بہت بڑا۔
**عظیم القدر۔** (ع۔صف) بڑے رُتبے یا طاقت کا۔

# ع ــــ ف

**عفاریت۔** (عَ۔ فا۔ ریت) [ع۔ا۔مذ] عفریت کی جمع۔ دیو۔ بھوت۔
**عَفاف۔** (ع۔ا۔مذ) پرہیزگاری۔ پارسائی۔
**عِفاف۔** (ع۔ا۔مث) پوشیدگی۔
**عِفّت۔** (عِف۔ فَت) [ع۔ا۔مث] پرہیزگاری۔ عصمت۔ پارسائی۔ پاک دامنی۔
**عِفّت مآب۔** (ع۔صف) بڑی عزت والی۔ پارسا۔ عفیفہ۔
**عِفّت میں خلل ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) عزت لینا۔ عصمت بگاڑنا۔
**عِفریت۔** (عِف۔ ریت) [ع۔ا۔مذ] (۱) دیو۔ بھوت۔ پریت۔
**عَفص۔** (ع۔ا۔مذ) ایک درخت (۲) اس کا پھل۔
**عف عف۔** (ع۔ا۔مذ) کتے کی آواز۔
**عفو۔** (ع۔ا۔مذ) معافی بخشنا۔ بخشش۔
**عفو کرنا۔** (ا۔ محاورہ) معاف کرنا۔ بخشنا۔ درگزر کرنا۔



Marfat.com

عفوِ گناہ ۔ (ع - ف - ا - مذ) گناہ کی معافی ۔
عُفُونت ۔ (عُ - فُو - نَت) [ع - ا - مث] بدبُو - گندگی - سڑاند ۔
عُفِیَ عَنہ ۔ (عُ - فِ - یَ - عَن - ہ) [ع] اس پر معافی کی جائے ۔ خدا اس کے گناہ معاف کرے ۔
عفیف ۔ (عَ - فِیف) [ع - صف] پارسا مرد ۔ اُردو میں زیادہ تر اس کی مؤنث ہی مستعمل ہے ۔
عفیفہ ۔ (عَ - فِی - فَہ) [ع - صف - و - ا - مث] پارسا عورت - پرہیزگار عورت - باعصمت عورت ۔

## ع ـــ ق

عِقاب ۔ (ع - ا - مذ) دُکھ - تکلیف - عذاب ۔
عُقاب ۔ (عُ - قاب) [ع - ا - مذ] (۱) ایک طاقتور اور بلند پرواز شکاری پرند (۲) کیمیا گروں کی اصطلاح میں نوشادر (۳) اونچی جگہ (۴) حضرت رسول اللہ علیہ وسلّم کا ایک جھنڈا۔
عُقابی ۔ (عُ - قا - بی) [ع - صف] عقاب کی مانند - عقاب سے منسوب ۔
عقابی نظر (نگاہ) ۔ (ع - ف - ا - مذ) بہت تیز نظر ۔
عقابَین ۔ (ع - ا - مذ) مجرم کو باندھنے کی دو اونچی لکڑیاں ۔
عقارب ۔ (عَ - قا - رِب) [ع - ا - مذ] عقرب کی جمع - بچھو ۔
عقاید ۔ (عَ - قا - اِد) [ع - ا - مذ] عقیدہ کی جمع - مذہب کے اصُول ۔
عقب ۔ (ع - ا - مذ) پیچھے - پس پُشت ۔
عقبہ ۔ (ع - ا - مث) اونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔ مشکل گھاٹی ۔
عُقبیٰ ۔ (عُق - با) [ع - ا - مث] آخرت - عاقبت ۔
عقد ۔ [ع - ا - مذ] (۱) گرہ - گانٹھ (۲) قول و قرار - شادی - نکاح (۳) فروخت - بیع ۔
عقدِ انامل ۔ (ع - ا - مذ) اُنگلیوں پر گِننا - شمار کرنا ۔
عقد بندی ۔ (ع - ف - ا - مث) نکاح - عہد پُورا کرنا ۔
عقدِ بیع ۔ (ع - ا - مذ) فروخت کا اقرار نامہ ۔
عقدِ سیماب ۔ (ع - ف - ا - مذ) کیمیا کی اصطلاح میں پارے کی گولی باندھنا پارے کی گولی ۔
عقد کرنا ۔ (ا - محاورہ) نکاح کرنا - بیاہ کرنا ۔
عقد نامہ ۔ (ع - ا - مذ) نکاح اور شادی کی دستاویز ۔
عِقد ۔ (ع - ا - مذ) ہار - گلوبند ۔
عقدِ پروین یا ثریا ۔ (ع - ا - مذ) چھ ستاروں کا جھُرمٹ ۔
عُقدہ ۔ (عُق - دَہ) [ع - ا - مذ] (۱) گرہ - گانٹھ (۲) مشکل بات - پیچیدہ بات - معمّا - دقیقہ (۳) راز - بھید (۴) بکھیڑا ۔
عُقدہ حل ہونا ۔ (ا - محاورہ) گرہ کھُلنا - مشکل دور ہونا ۔
عقدہ سربستہ ۔ (ف - ا - مذ) خفیہ راز ۔

عُقدہ سُلجھانا ۔ (ا - محاورہ) مشکل حل ہونا ۔
عقدہ کُشا ۔ (ف - ا - مذ) مشکل آسان کرنے والا ۔
عُقدہ کُشائی ۔ (ع - ف - ا - مث) گرہ کھولنا - مشکل آسان کرنا - مسئلہ حل کرنا ۔
عقدہ کھُل جانا ۔ (ا - محاورہ) بھید کھُل جانا - مسئلہ حل ہو جانا ۔
عقدۂ مالاینحل ۔ (ع - ا - مذ) وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو - عقدۂ لاحل ۔
عُقر ۔ [ع - ا - مذ] بانجھ پن (۲) وہ مہر جو کسی غیر عورت کو اپنی بیوی سمجھ کر جماع کرنے سے واجب آتا ہے ۔
عَقرب ۔ (عَق - رَب) [ع - ا - مذ] (۱) بچھو - کژدم (۲) آسمان کا آٹھواں برج ۔
عقربی ۔ (عَق - رَ - بی) [ع - ا - مذ] ایک قیمتی پتھر - لعل کی ایک قسم ۔
عقرقرحا ۔ (عَ - قَر - قَر - حا) [ع - ا - مذ] ایک تیز دوا جو دانتوں کے درد میں کام آتی ہے ۔
عقل ۔ [ع - ا - مث] دانائی - فہم - شعور - تمیز - سمجھ - نفس ناطقہ - ادراک ۔
عقل آنا ۔ (ا - محاورہ) سمجھ آنا - تمیز ہونا - سمجھ حاصل ہونا ۔
عقل آرائی ۔ (ع - ا - مث) سوچنا - عقل دوڑانا ۔
عقل بڑی کہ بھینس ۔ (ا - مثل) (ظرافتہً) بے تکی بات کہنے پر کہتے ہیں ۔
عقل پر پتھر پڑنا ۔ (ا - محاورہ) عقل جاتی رہنا - غلطی کرنا ۔
عقل پر پردہ پڑ جانا ۔ (ا - محاورہ) سمجھ جاتی رہنا - غلطی ہونا ۔
عقل پکڑنا ۔ (ا - محاورہ) ہوش میں آنا - شعور آنا - تربیت پانا ۔
عقل ٹھکانے نہ رہنا ۔ (ا - محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔
عقل جاتی رہنا ۔ (ا - محاورہ) گھبرا جانا - ہوش جانا - حواس باختہ ہونا ۔
عقل چرخ میں آنا - عقل چکرانا ۔ (ا - محاورہ) ہوش گم ہونا - گھبرا جانا - حیران و پریشان ہو جانا ۔
عقل چرنے جانا ۔ (ا - محاورہ) سمجھ نہ رہنا - عقل کا موجود نہ ہونا ۔
عقل چہ کُنّی است کہ پیش مرداں بیاید ۔ (ا - مثل) بے عقل کی باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں ۔
عقل چھو نہیں گئی ۔ (ا - محاورہ) بے وقوف ہے - بے عقل ہے ۔
عقل خرچ کرنا (دوڑانا) ۔ (ا - محاورہ) سمجھ سے کام لینا - فکر کرنا ۔
عقل دنگ ہونا ۔ (ا - محاورہ) کوئی بات سمجھ میں نہ آنا - حیران ہونا ۔
عقل دینا ۔ (ا - محاورہ) سمجھ کی بات بتانا - تدبیر سمجھانا - تربیت کرنا ۔
عقل ڈاڑھ ۔ (ا - مث) وہ ڈاڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر ظاہر ہوتی ہے ۔
عقل رفو چکر ہو جانا ۔ (ا - محاورہ) حواس گم ہونا - اوسان خطا ہونا ۔
عقل زائل ہو جانا (ہونا) ۔ (ا - محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔
عقل سٹھیا جانا ۔ (ا - محاورہ) بڑھاپے کے باعث عقل کم ہونا ۔
عقلِ سلیم ۔ (ع - ا - مث) پوری عقل - رائے صائب ۔
عقل ششدر ہونا ۔ (ا - محاورہ) حیران ہونا ۔
عقل کا اندھا گانٹھ کا پُورا ۔ (ا - صف) بے وقوف مالدار ۔
عقل کا پُتلا ۔ (ا - صف) نہایت عقل مند ۔
عقل کا پُورا ۔ (ا - صف) (طنزاً) بالکل بے وقوف - احمق - کاٹھ کا اُلّو ۔
عقل کا چراغ گُل ہو جانا ۔ (ا - محاورہ) سمجھ میں فرق آجانا - عقل کا زائل ہو جانا ۔



Marfat.com

**عقل کا دشمن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بے وقوف ۔ احمق ۔
**عقل کا کام نہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ میں نہ آنا ۔
**عقل کا مارا** ۔ (ا ۔ صف) بے وقوف ۔ بے عقل ۔
**عقل پر گدھا گئی** ۔ (ا ۔ محاورہ) طنزاً بے عقلی کی باتیں کرنے والے کو کہتے ہیں ۔
**عقل کُل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) دانائے کل ۔ عقلِ کامل (۲) (مراداً) نورِ محمدی ۔ حضرت جبریل اور عرش (۳) وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں ۔ مختارِ کُل ۔
**عقل کی مار** ۔ (کلمۂ تحقیر) عقل کی پھٹکار ۔
**عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لیے پھرتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) سخت احمق ہے ۔
**عقل کے طوطے اُڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔ اوسان خطا ہو جانا ۔ گھبرا جانا ۔
**عقل کے گھوڑے دوڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بہت غور کرنا ۔ دلیلیں پیش کرنا (۲) خیالی پلاؤ پکانا ۔
**عقل کے ناخن لو ۔ عقل کے نعل بنواؤ** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوش میں آؤ ۔ سمجھ کی بات کرو ۔ بے وقوف نہ بنو ۔
**عقل گم ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔
**عقل ماری جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے عقلی کا کام ہونا ۔ کچھ سمجھ میں نہ آنا ۔
**عقل مند (عقلمند)** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) عاقل ۔ ہوش مند ۔ دانا ۔ ہوشیار ۔
**عقل مند کی دُور بلا** ۔ (ا ۔ مثل) دانش مند آفت سے بچ جاتا ہے ۔ عقلمند سے بلا دُور ہو جاتی ہے ۔
**عقل مندی (عقلمندی)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) دانائی ۔ ہوش مندی ۔ فراست
**عقل میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ میں آنا ۔ خیال میں آنا ۔
**عقل میں فتور آنا (پڑنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ میں خرابی آنا ۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا ۔ عقل میں کمی آنا ۔
**عقل میں گزرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ میں آنا ۔ خیال میں آنا ۔
**عقل واجبی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل تھوڑی ہونا ۔
**عقلاً** ۔ (عق ۔ لن) (ع ۔ تابع فعل) از روئے عقل ۔ عقلیہ ۔
**عُقَلا** ۔ (عُ ۔ قَ ۔ لَا) (ع ۔ ا ۔ مذ) عاقل کی جمع ۔ دانش ور ۔ سمجھ دار لوگ ۔
**عقلی** ۔ (عق ۔ لی) (ع ۔ صف) عقل سے منسوب ۔ ذہنی ۔
**عقلی گدا لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اٹکل سے بات کرنا ۔
**عقلیات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) معقولات ۔ وہ علم جن کا تعلق عقل سے ہو ۔ فلسفہ وغیرہ ۔
**عقلیہ** ۔ (ع ۔ صف) قیاس سے ۔
**عقلیت** ۔ (عق ۔ لِ ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) عقل سے کام لینا ۔ عقل کو تمام علم کی بنیاد تصوّر کرنا ۔ عقل پرستی ۔
**عُقُوبت** ۔ (عُ ۔ قُو ۔ بَت) (ع ۔ ا ۔ مث) دُکھ ۔ عذاب ۔ سزا ۔
**عُقُول** ۔ (عُ ۔ قُول) (ع ۔ ا ۔ مث) عقل کی جمع ۔ دانائیاں ۔
**عقولِ عشرہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دس فرشتے جنہیں خدا تعالےٰ نے یکے بعد دیگرے پیدا کیا ۔
**عقیدت** ۔ (عَ ۔ قی ۔ دَت) (ع ۔ ا ۔ مث) اعتقا[د] ۔ [د]ل کا بھروسہ ۔ ایمان ۔ مذہب کے وہ اصول جن پر یقین [ر]کھنے سے کوئی شخص کسی مذہب میں شامل ہو جائے ۔
**عقیدت کیش (مند)** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) معتقد ۔ دین دار ۔ ارادت مند ۔
**عقیدہ** ۔ (عَ ۔ قی ۔ دَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) دل میں جمایا ہوا یقین ۔ ایمان ۔ اعتقاد ۔ اعتبار ۔
**عقیدہ بگڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے ایمان ہو جانا ۔ اعتقاد نہ رہنا ۔
**عقیدہ پکا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتقاد مضبوط ہونا ۔
**عقیق** ۔ (عَ ۔ قیق) (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر (۲) ایک پودے کے بیج جس سے تسبیح کے دانے بنتے ہیں ۔
**عقیقُ البحر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مُونگا ۔ سمندری عقیق ۔
**عقیق لب** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سُرخ ہونٹ ۔ معشوق ۔
**عقیقِ یمن ۔ عقیقِ یمنی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اعلیٰ قسم کا عقیق ۔
**عقیقہ** ۔ (عَ ۔ قی ۔ قہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) مسلمانوں میں ایک رسم جو بچے کی پیدائش کے سات دن بعد منائی جاتی ہے جس میں بچے کے سر کے بال منڈوا کر ان کے برابر وزن چاندی خیرات کی جاتی ہے ۔ بچے کا نام رکھا جاتا ہے لڑکا ہو تو دو بکرے اور لڑکی ہو تو ایک بکرا ذبح کر کے رشتہ داروں میں کچا یا پکا کر تقسیم کیا جاتا ہے
**عقیل** ۔ (ع ۔ قیل) (ع ۔ صف) دانا اور ذکی آدمی ۔ جمع ، عُقَلَا ۔
**عقیلہ** ۔ (عَ ۔ قی ۔ لہ) (ع ۔ صف) عقیل کا مؤنث ۔ دانا عورت ۔
**عَقیم** ۔ (عَ ۔ قیم) (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) بانجھ مرد یا عورت ۔
**عقیمہ** ۔ (عَ ۔ قی ۔ مَہ) (ع ۔ ا ۔ مث) بانجھ عورت ۔

## ع ــــ ک

**عکّاس** ۔ (عک ۔ کاس) (ع ۔ ا ۔ مذ) فوٹوگرافر ۔ فوٹو کھینچنے والا ۔
**عکّاسی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) تصویر کشی ۔ عکس لینا ۔
**عکاظ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک میلہ جو اسلام سے پہلے مکّہ کے قریب لگا کرتا تھا ۔
**عکس** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) اُلٹنا ۔ لوٹنا ۔ ضد ۔ خلاف (۲) سایہ ۔ پرچھائیں ۔ پرتو (۳) فوٹو ۔
**عکس اُتارنا ۔ عکس کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) عکسی تصویر کھینچنا (۲) ہُو بہو نقشہ بنانا ۔
**عکس افگن** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) عکس ڈالنے والا ۔
**عکس چھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رنگ کا اثر پڑنا ۔
**عکس لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی تصویر پر باریک کاغذ رکھ کر خاکہ کھینچنا ۔
**عکس نور** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) روشنی کا کسی چیز پر پڑ کر واپس ہونا ۔
**عکسی تصویر** ۔ وہ تصویر جو کیمرے کے ذریعے کھینچی جائے ۔ فوٹو ۔
**عکسی طباعت** ۔ فوٹو آف سیٹ (Photo Offset) طباعت جس میں فوٹو کیمرہ استعمال کیا جائے ۔

## ع ــــ ل

**علا** ۔ (عَ ۔ لا ۔ عُ ۔ لا) (ع ۔ صف) (۱) بلند ۔ اعلیٰ ۔ بزرگ (۲) (ا ۔ [مذ]) مرتبہ ۔



Marfat.com

بلندی - اوج -

**علاّتی** - (عل - لا - تی) [ع - صف] ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی یا سوتیلی بہن (جیسے علاتی بھائی اور علاتی بہن) -

**عِلاج** - (عِ - لاج) [ع - ا - مذ] (۱) چارہ - اُپائے (۲) تدبیر - درستی (۳) بیماری کی دوادارو - معالجہ (۴) سزا - پاداش -

**علاج بالضِّد** - مرض کی تاثیر کے برعکس علاج کرنا - یونانی یا ڈاکٹری علاج -

**علاج بالمثل** - مرض کی تاثیر کے مطابق علاج کرنا - ہومیوپیتھی علاج -

**علاج پذیر** - (ع - ف - صف) جس کا علاج ہو سکے - علاج کے قابل -

**علاج معالجہ** - (ع - ا - مذ) دوا دارو - چارہ -

**علاحِدگی** - [ف - ا - مث] دیکھیے علیحدگی - جُدائی -

**علاحِدہ** - (عَ - لا - حِ - دہ) [ع - صف] دیکھیے علیحدہ - الگ - جُدا -

**علاقہ** - (عَ - لاَ - قَہ) [ع - ا - مذ] (۱) تعلق - لگاؤ - رابطہ - دوستی - رشتہ - (۲) سروکار - نسبت (۳) نوکری - عہدہ - کام (۴) ضلع - صوبہ - پرگنہ - احاطہ (۵) ملکیت - قبضہ - زمینداری (۶) جائیداد - ریاست (۷) حکومت (۸) حدود - سرحد -

**علاقہ اُٹھ جانا** - (ا - محاورہ) تعلق نہ رہنا - علاحدگی ہو جانا -

**علاقہ چُھٹنا** - (ا - محاورہ) تعلق نہ رہنا -

**علاقہ دار** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) رشتہ دار - قریبی (۲) تعلقہ دار - ذیل دار -

**علاقہ رکھنا** - (ا - محاورہ) تعلق رکھنا - واسطہ رکھنا - نسبت رکھنا -

**علاقہ رہنا** - (ا - محاورہ) مطلب رہنا - تعلق رہنا -

**علاقہ قطع ہونا** - (ا - محاورہ) تعلق نہ رہنا -

**علاقہ ملنا** - (ا - محاورہ) جاگیر ملنا - علاقہ سپرد ہونا - حلقہ ملنا -

**علاقہ ہونا** - (ا - محاورہ) علاقہ ملنا (۲) جائیداد ملنا (۳) واسطہ ہونا -

**عِلاقہ** - (عِ - لا - قَہ) [ع - ا - مذ] کسی چیز سے بندھی ہوئی یا لٹکی ہوئی چیز - تلوار کا ڈورا - کوڑے یا رکاب کا تسمہ - حلقہ - طرہ دستار -

**عِلاقہ بند** - پٹوا - زیور میں ڈورا ڈالنے والا -

**عِلاقہ بندی** - پٹوے کا کام - پٹواگری -

**علالت** - (عَ - لا - لت) [ع - ا - مث] بیماری - دُکھ - روگ - ماندگی -

**علاّم** - (عل - لام) [ع - ا - مذ] بہت جاننے والا - ہر بات سے واقف -

**علاّمُ الغیوب** - (ع - صف) غیب دان - چھپی ہوئی باتیں جاننے والا -

**علامات** - (عَ - لا - مات) [ع - ا - مث] علامت کی جمع - نشانیاں -

**علامت** - (عَ - لا - مَت) [ع - ا - مث] (۱) نشان - مارک (۲) پتا (۳) سُراغ - کھوج (۴) اشارہ - کنایہ (۵) چھاپ - مُہر - لیبل (۶) آثار (بیماری کے) (۷) جمع تفریق ضرب تقسیم کا نشان (۸) اسیری کا نشان (۹) فاصلے کا نشان - میل کا پتھر -

**علامتِ بلوغ** - (ع - ف - ا - مث) جوانی کی نشانی - داڑھی مونچھ کا نکلنا -

**علامتِ تذکیر و تانیث** - مذومث (نرومادہ) پہچاننے کی نشانی -

**علاّمہ** - (عل - لا - مہ) [ع - صف] (۱) بہت جاننے والی (عورت) فاضلہ (۲) نہایت چالاک اور عیار (عورت) (۳) [مذ] نہایت دانا اور فاضل مرد - (۴) نہایت چالاک اور مکار آدمی -

**علاّمۂ دہر - علاّمۃُ الدّہر** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) زمانے کا فاضل - بہت بڑا عالم (۲) نہایت چالاک - عیار - مکار -

**علاّمی** - (عل - لا - می) [ع - صف] بہت بڑا عالم - علامہ - اکبرِ اعظم کے وزیر ابوالفضل کا خطاب -

**علانیہ** - (عَ - لا - نِ - یَہ) [ع - صف] ظاہر - آشکارا - کھلم کھلا - سب کے سامنے - برسرِ عام -

**عِلاوہ** - (عِ - لا - وَہ) [ع - تابع] (۱) ماسوا - سوا (۲) اور - اوپر - فالتو - زیادہ اور بھی (اُردو میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے) -

**علاوہ ازیں - علاوہ بریں** - (ع - متعلق فعل) اس کے سوا - باوجودیکہ -

**علائق** - (عَ - لا - ئق) [ع - ا - مذ] علاقہ کی جمع - بکھیڑے - تعلقات -

**علائق سے چھوٹنا** - (ا - محاورہ) تعلقات سے بچنا -

**عِلّت** - (عِل - لت) [ع - ا - مث] (۱) بیماری - دُکھ - روگ (۲) وجہ - سبب - باعث (۳) خراب اور ناکارہ چیز (۴) جھگڑا - بکھیڑا (۵) عادتِ بد لت (۶) عیب - نقص (۷) الزام - بہتان (۸) کوڑا کرکٹ - خس و خاشاک -

**علّتِ اُبنہ** - (ع - ا - مث) فعلِ بد کرانے کی عادت - اِغلام کرانے کی عادت - پولیس -

**علّتِ تامہ** - (ع - ا - مث) سببِ کامل - پورا سبب -

**علّتِ صوری** - (ع - ا - مث) ظاہری سبب - صورت اختیار کرانے کی وجہ -

**علّتِ غائی** - (ع - ا - مث) (۱) نتیجہ - حاصل - ماحصل - مقصودِ اصلی (۲) فائدہ - پھل (۳) سبب - وجہ -

**علّتِ فاعلی** - (ع - ا - مث) سببِ ایجاد - وہ سبب جس سے کوئی شے بنائی گئی ہو -

**علّت لگا لینا** - (ا - محاورہ) (۱) عادت ڈال لینا (۲) اپنے پیچھے لگا لینا - عذاب مول لینا -

**علّتِ مشائخ** - دیکھیے علّتِ اُبنہ -

**علّت و معلول** - سبب و مسبب -

**علّت ہونا** - (ا - محاورہ) عادت ہونا - بیماری ہونا -

**عِلّتی** - (عِل - لَ - تی) [ع - ا - صف] عیب دار - بُری عادتوں والا - شریر -

**عَلَف** - [ع - ا - مذ] گھاس - گیاہ - چارا -

**عَلَف زار** - (ع - ف - ا - مذ) چراگاہ - چرانے کی جگہ -

**عِلَل** - (عِ - لَل) [ع - ا - مث] علّت کی جمع - اسباب -

**عَلَم** - (عَ - لَم) [ع - ا - مذ] (۱) جھنڈا - نیزہ - نشان - جھنڈی (۲) وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو - خاص نام (۳) مشہور - الم نشرح - رُسوا - بدنام - (۴) برہنہ - بے غلاف (۵) بلند کرنا - اُونچا کرنا - جمع: اعلام -

**عَلَم اُٹھنا** - (ا - محاورہ) محرّم میں شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈا نکلنا -

**علمِ ادب** - (ع - ا - مذ) کسی زبان کی نثر و نظم کی کتابیں جو کسی خاص علم سے تعلق رکھتی ہوں مگر ان کی زبان اعلیٰ ہو -

**علمِ اکتسابی** - (ع - ا - مذ) وہ علم جو اپنی محنت سے حاصل کیا گیا ہو -

**عَلَم بردار** - (ع - ف - صف) (۱) جھنڈا اُٹھا کر چلنے والا (۲) پیش پیش (۳)



Marfat.com

حضرت عباس ابن علی جو معرکۂ کربلا میں امام حسین کے علمبردار تھے۔
**عَلَم ٹُوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حضرت عباس کی مار پڑنا۔
**عَلَم وار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) وہ شخص جو جھنڈا لے کر آگے چلے ۔ جھنڈا اٹھانے والا (۲) حضرت عباس ابن حضرت علی کا لقب ۔
**عَلَم کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تلوار ننگی کرنا۔ تیغ یا تلوار کو میان سے نکالنا (۲) بلند کرنا ۔ اونچا کرنا۔
**عَلَم ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا۔
**عِلم** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) (۱) دانش ۔ دانائی ۔ واقفیت ۔ آگاہی (۲) ہُنر ۔ فن ۔ جوہر (۳) جادو ۔ ٹونا ۔ منتر (۴) عملِ تسخیر ۔ جمع ۔ علوم ۔
**عِلم اخلاق** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جس کے ذریعے سے لوگوں کی عادات درست ہوں ۔ نشست و برخاست کے طریقے۔
**علم افعال الاعضاء** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جو نباتات وحیوانات کے اعضاء سے بحث کرے ۔ (Anatomy)
**عِلمُ الابدان** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) اعضاء کی بناوٹ اور ان کے افعال کا علم ۔
**عِلمُ الحقیقت** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جو حقائق اشیاء سے بحث کرتا ہے۔ (Theology)
**عِلمُ الاسماء** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) ناموں کا علم۔
**علم بلاغت** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) تقریر کرنے کا علم ۔
**عِلمُ المعیشت** ۔ معاشیات ۔ اقتصادیات کا علم ۔ (Economies)
**عِلمُ النفس** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) دیکھیے نفسیات ۔
**عِلم الوجوہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) قیافہ ۔ چہرہ دیکھ کر حالات معلوم کرنے کا علم ۔
**عِلم الٰہی** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جس میں اُن امور سے بحث کی جائے جو وجود خارجی یا عقل میں مادہ کے محتاج نہ ہوں۔
**عِلمُ الیقین** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت سے پوری پوری آگاہی ۔
**عِلم باطن** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جس سے خداشناسی حاصل ہو ۔
**عِلم حرکت** ۔ وہ علم جو حرکت سے بحث کرتا ہے ۔ (Dynamics)
**علم حیوانات** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جس میں حیوانات کے حالات کا ذکر ہو۔ (Zoology)
**عِلم در سینہ باید نہ در سفینہ** ۔ (ف ۔ مقولہ) علم سینے میں ہونا چاہیے۔ نہ کہ کتابوں میں یعنی پڑھا ہوا یاد ہونا چاہیے۔
**عِلم طب** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) دوائیوں کا علم ۔
**علم طبعی یا طبیعیات** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جس میں چیزوں کی خاصیت کا ذکر ہو۔ (Physics)
**عِلم غیب** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) پوشیدہ باتوں کا علم ۔ مستقبل کا علم ۔
**عِلم فرائض** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وراثت کا علم ۔
**عِلم کلام** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) مذہبی اُمور کو دلائل سے ثابت کرنا ۔ مذہبی بحث و مناظرہ کا علم۔
**عِلم کیمیا** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) چیزوں کے اجزاء اور بناوٹ کا علم (۲) معمولی دھات سے سونا بنانے کا علم۔ (Chemistry)

**علم لَدُنی** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جو کسی کو خدا کی طرف سے براہِ راست بغیر اُستاد حاصل ہو۔
**عِلم لُغت** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) الفاظ کی بناوٹ اور معانی کا علم ۔
**عِلم مجلس** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) محفل میں نشست و برخاست اور برتاؤ کا علم۔
**عِلم نباتات** ۔ وہ علم جس میں نباتات کے متعلق باتیں ہوں (انگ) (Botany)
**عِلم نجوم** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) ستاروں کا علم (انگ) (Astronomy)
**عِلم وہبی** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) خداداد علم جس میں کوشش کو دخل نہ ہو۔
**عِلم ہندسہ** ۔ لکیروں، خطوط اور زاویوں کا علم ۔ (Geometry)
**عُلَما** ۔ (ع ُ۔ لَ ۔ ما) [ع ۔ا۔ مذ] عالم کی جمع ۔ عالم فاضل لوگ ۔
**عِلمی** ۔ (عِل ۔ می) [ع ۔ صف] علم سے منسوب ۔ علم سے متعلق۔
**عِلمیت** ۔ (عِل ۔ مِی ۔ یت) [ع ۔ا۔ مث] (۱) علم ہونا ۔ ہدایت ۔ علم۔
**علمیت بگھارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اپنے علم کا رُعب ڈالنا ۔ موقع بے موقع اپنا صاحبِ علم ہونا ظاہر کرنا۔
**عُلُو** ۔ [ع ۔ا۔ مذ] بلندی ۔ اونچائی ۔ برتری ۔ رفعت ۔
**عُلُوِ ہمت** ۔ (ع ۔ ف ۔ا۔ مذ ۔ صف) عالی ہمتی ۔ بلند ہمتی ۔ ارادے کی بلندی۔
**عُلُوفہ** ۔ (ع ُ ۔ لُو ۔ فہ) [ع ۔ا۔ مذ] خوراک ۔ راتب ۔ بھتہ ۔ وظیفہ ۔ روزینہ ۔
**عُلُوق** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) لٹکنا ۔ نطفہ قرار پانا ۔
**عُلُوم** ۔ (ع ُ۔ لُوم) [ع ۔ا۔ مذ] علم کی جمع ۔ ہنر و فن ۔
**عُلُومِ جدیدہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ہیں۔
**علومِ رسمی (رسمیہ)** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) رائج الوقت علم۔
**علومِ قدیم** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علوم جو زمانہ قدیم سے چلے آتے ہیں۔
**علومِ متجانسہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علوم جو آپس میں ایک دوسرے سے مماثلت یا رابطہ رکھتے ہوں۔
**عُلومِ مُتعارفہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ مشہور و معروف اور صریح باتیں جو دلیل کی بنیاد قائم کرنے کے لیے اختیار کی جائیں۔
**عُلومِ مشرقی** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علوم جن کی ابتدا مشرقی ممالک میں ہوئی۔
**عُلومِ مغربی** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) وہ علوم جن کی ابتدا یورپ میں ہوئی۔
**عَلَوی** ۔ (ع َ۔ لَ ۔ وی) [ع ۔ا۔ مذ] وہ شخص جو حضرت علی کی نسل سے ہو مگر حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو۔
**عُلوی** ۔ (عُل ۔ وِی) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) فرشتہ ۔ ملک (۲) ستارۂ آسمانی (۳) (صف) فلکی (۴) اعلیٰ درجہ کا ۔
**عُلویت** ۔ (عُل ۔ وِی ۔ یت) [ع ۔ا۔ مث] بلندی ۔ رفعت ۔
**عَلی** ۔ (ع َ۔ لِی) [ع ۔ صف] (۱) اونچا ۔ بلند (۲) [مذ] حق تعالیٰ (۳) خلیفۂ چہارم ۔
**عَلی بند** ۔ (ع ۔ا۔ مذ) (۱) کلائی یا بازو کا ایک زیور (۲) کشتی کا ایک پیچ۔ (۳) ایک تعویذ۔
**علی علی کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لڑتے وقت علی علی کا نعرہ لگانا ۔ کوئی مشکل کام کرتے وقت علی کے نام کا نعرہ لگانا ۔
**عَلیٰ** ۔ (ع َ۔ لیٰ) (ع ۔ حرف جر) پر ۔ اوپر ۔ بالا ۔
**علی الاتصال** ۔ علی التواتر ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔ لگاتار ۔ مکرر ۔ سہ کرر ۔



Marfat.com

عَلَی الاطلاق۔ (ع۔ متعلق فعل) مطلق۔ بے قید۔ آزاد۔ بلا شرط۔
عَلَی الاعلان۔ (ع۔ متعلق فعل) گواہوں کے رُوبرُو۔ علانیہ طور پر۔ بے روک ٹوک۔
عَلَی التحقیق۔ (ع۔ متعلق فعل) ٹھیک طور پر۔ یقیناً۔
عَلَی التوکّل۔ (ع۔ متعلق فعل) اعتبار کر کے۔ بھروسہ کر کے۔
عَلَی الاجمال۔ (ع۔ تابع فعل) مجملاً۔ بالاشتراک۔ بشمول۔
عَلَی الحساب۔ (ع۔ ا۔ مذ) چلتے ہوئے حساب میں۔ بلاحساب چکائے چُکتے
عَلَی الحساب دینا۔ قبل از حساب دینا۔ بیچ کے طور پر دینا۔ پیشگی دینا۔ بلاحساب دینا۔
عَلَی الخصُوص۔ (ع۔ متعلق فعل) خاص کر۔ خصوصاً۔
عَلَی الدّوام۔ (ع۔ متعلق فعل) ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔ دوامی۔ دائمی۔
علی الرّاس والعین۔ (ع۔ متعلق فعل) سرآنکھوں پر۔ بخوشی۔
عَلَی الرّغم۔ (ع۔ متعلق فعل) برخلاف۔ برعکس۔ مقابلے میں۔ باوجود اس کے۔
عَلَی الصّباح۔ (ع۔ متعلق فعل) بہت سویرے۔ تڑکے ہی۔ نور کے تڑکے۔
عَلَی العُموم۔ (ع۔ متعلق فعل) عموماً۔ عام طور پر۔
عَلیٰ حالہٖ۔ (ع۔ متعلق فعل) بدستور۔ اپنی پچھلی حالت پر۔
عَلیٰ رؤُسِ الاشہاد۔ (ع۔ متعلق فعل) گواہوں کے رُوبرُو۔ علی الاعلان۔ علانیہ۔
عَلیٰ قدرِ مراتب۔ (ع۔ متعلق فعل) حسبِ مرتبہ۔ حیثیت یا مرتبے کے مطابق۔
عَلیٰ کُلِّ شَےءٍ قدیر۔ (ع۔ متعلق فعل) خدا کی تعریف۔ وہ ہر شے پر قادر ہے۔
عَلیٰ وجہِ البصیرت۔ (ع۔ متعلق فعل) بصیرت سے۔ بصیرت کے طور پر۔
عَلیٰ وجہِ التفصیل۔ (ع۔ متعلق فعل) مفصّل طور سے۔ تفصیل سے۔
عَلیٰ وجہِ العُموم۔ (ع۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ عموماً (۲) سارے۔
عَلیٰ ہٰذا القیاس۔ (ع۔ متعلق فعل) اِسی طرح۔ اسی قیاس پر۔
عُلیا۔ (عُل۔ یا) [ع۔ صف] اعلیٰ۔ بزرگ۔
علیحدگی۔ (عَ۔ لا۔ حَ۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] جُدائی۔ تنہائی۔ خلوت۔ (یہ لفظ فارسی والوں نے عربی "عَلیٰ حِدَہٖ" (اپنی حد پر۔ جُدا۔ الگ) سے بنایا ہے)۔
علیحدہ۔ (عَ۔ لَا۔ حَ۔ دَہ) [ع۔ ف۔ صف] (۱) الگ (۲) سوا (۳) تنہائی میں (۴) شرکت سے باہر (اصل میں عَلیٰ حِدَہٖ تھا یعنی اپنی حد پر۔ جُدا۔ الگ)۔
علیحدہ علیحدہ۔ (ع۔ ف۔ صف) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔
علیحدہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جُدا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) انتخاب کرنا۔ چھانٹنا۔
عَلَیک۔ (عَ۔ لیک) [ع۔ تابع فعل] تجھ پر۔
علیک سلیک۔ (ا۔ مث) صاحب سلامت۔ معمولی واقفیت۔
علیل۔ (عَ۔ لِیل) [ع۔ صف] مریض۔ بیمار۔ دُکھیا۔ روگی۔
علیم۔ (عَ۔ لِیم) [ع۔ صف] (۱) دانا۔ جاننے والا۔ عالم۔ واقف (۲) علم والا۔ فاضل۔ صاحبِ علم۔
عَلَیہ۔ (عَ۔ لَے۔ ہِ) [ع۔ حرفِ جر] اُس پر۔
علیہ ما علیہ۔ (کلمۂ دُعا) اس پر ہے جو اس کے اُوپر ہے (کسی بڑے آدمی کے نام کے ساتھ واضح طور پر لکھنے کی بجائے لکھ دیتے ہیں۔
علیہ الرّحمتہ۔ (ع۔ دُعا) اِس پر خدا کی رحمت ہو۔ وفات پائے ہوئے ولیوں اور بزرگوں کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔
علیہ السّلام (والتّسلیم)۔ اس پر سلام یعنی خدا کی عنایت ہو۔
علیہمُ السّلام۔ اُن سب پر خدا کا سلام ہو (۲) پیغمبروں کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ بطور اختصار صرف ؑ بھی لکھتے ہیں۔
علیہ الصّلوٰۃ والسّلام۔ (ع۔ دُعا) اس پر خدا کی رحمت اور سلام ہو۔
علیہم۔ (ع۔ جار مجرور) اُن پر۔
علیہم السّلام۔ (ع۔ دُعا) اُن سب پر خدا تعالیٰ کا سلام۔
علیہم الرّضوان۔ (ع۔ دُعا) ان سب پر اللہ کی رضامندی ہو۔
عِلّیّین۔ (عِل۔ لی۔ یِین) [ع۔ ا۔ مث] (۱) بہشت کا نام۔ آٹھواں آسمان (۲) علّیّہ کی جمع۔ جنّت کے اُونچے اُونچے مکان یا اس کی کھڑکیاں۔

# ع — م

عَم۔ [ع۔ ا۔ مذ] چچا۔ باپ کا بھائی۔ عمو۔
عَم زادہ۔ (ع۔ ف۔ صف) چچا زادہ۔ چچا کا بیٹا۔
عَموی۔ (ع۔ صف) چچا سے منسوب (۲) (ا۔ مذ) چچا۔
عِماد۔ (عِ۔ ماد) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ستون (۲) اعتبار۔ اعتماد (۳) اُونچے مکان۔
عِمارات۔ (عِ۔ ما۔ رات) [ع۔ ا۔ مث] عمارت کی جمع۔ مکان۔ گھر۔ وہ چیز جو تعمیر کی جائے۔
عِمارت۔ (عِ۔ ما۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) آبادی۔ بستی (۲) مکان۔ محل۔ مسکن۔ گھر۔
عِمارتی۔ (عِ۔ مار۔ تی) [اُ۔ صف] عمارت سے متعلق۔
عَمّاری۔ (عَم۔ ما۔ ری) [ع۔ ا۔ مث] ہاتھی کا ہودا۔ ہودج۔
عُمّال۔ (عُم۔ مال) [ع۔ ا۔ مذ] عامل کی جمع۔ حاکم۔ روپیہ تقسیم کرنے والے عہدہ دار۔ تحصیل دار۔
عِمامہ۔ (عِ۔ ما۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] پگڑی۔ دستار۔ سرپیچ (اُردو میں بفتح اوّل مستعمل ہے)۔
عمامہ اُتارنا۔ (ا۔ محاورہ) رُسوا کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ پگڑی چھین لینا۔
عمائد۔ (عَ۔ ما۔ اِد) [ع۔ ا۔ مذ] عمید کی جمع۔ قوم کے سردار۔ معززین۔ جمع: عمائدین
عَمَد۔ (عَ۔ مَد۔ عَمَد) [ع۔ ا۔ مذ] قصد۔ ارادہ۔ نیّت۔ عزم۔
عمداً۔ (عَم۔ دَن) [ع۔ تابع فعل] قصداً۔ ارادۃً۔ جان بُوجھ کر۔ دانستہ۔
عُمدگی۔ (عُم۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] خوبی۔ وصف۔ گُن۔
عُمدہ۔ (عُم۔ دَہ) [ع۔ صف] (اصل میں عُمدۃٌ تھا) (۱) معتمد۔ اعتبار والا (۲) اچھا۔ خوب۔ بھلا (۳) شریف۔ امیر۔ دولت مند۔ ذی عزّت۔ ذی مرتبہ۔ منتخب۔ پسندیدہ (۴) نفیس۔ تحفہ۔ قابلِ تعریف (۵) اوّل درجے کا۔ اعلیٰ درجے کا (۶) خالص۔ کھرا (۷) لذیذ (۸) قیمتی (۹) نیک (۱۰) خوبصورت [ع۔ ا۔ مذ] (۱۱) ستون (۱۲) اعتبار۔ اعتماد۔ بھروسہ (۱۳) سردار۔
عُمدۃُ المُلک۔ (ع۔ ا۔ مذ) سلطنت کا ستون۔ ملکی اعلیٰ عہدہ داروں کا خطاب جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا۔



Marfat.com

**عُمر** - (ع - ا - مث) (۱) سن و سال (۲) عرصہ - مدت - زندگی - زمانہ - قرن - عہد - دور -
**عُمر آخر ہونا** - (ا - محاورہ) مرنے کے قریب ہونا - عمر ختم ہونا -
**عُمرِ اَبد** - (ع - ا - مذ) ختم نہ ہونے والی زندگی -
**عُمر بہ پایاں رسیدہ** - (ع - ف - صف) انتہائی عُمر پر پہنچا ہوا - بہت بوڑھا -
**عُمر بھر** - (ا - متعلق فعل) تمام عمر - تا زیست - ہمیشہ - سدا -
**عُمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا** - (ا - محاورہ) تمام عمر کے خرچ کے مطابق بہت سا روپیہ کما لینا -
**عُمر پٹہ** - (ا - مذ) زندگی بھر کا ٹھیکہ - ہمیشہ جیتے رہنے کا اقرار نامہ -
**عُمر تیر کرنا** - (ا - محاورہ) بُرے حالوں کی زندگی بسر کرنا - عُمر کے دن پورے کرنا
**عُمرِ جاودان (جاوید)** - (ع - ف - ا - مث) ہمیشہ کی زندگی -
**عُمر دراز** - (ع - ف - دُعا) عُمر بڑی ہو - جیتے رہو -
**عُمرت دراز باد فراموش گار من** - (ف - مثل) مجھ کو بھول جانے والے تیری عمر لمبی ہو - یہ دُعائیہ فقرہ ہے -
**عُمر رسیدہ** - (ع - ف - صف) بڑی عُمر کا بُوڑھا - معمّر - تجربہ کار - زمانہ شناس -
**عُمرِ طبعی - عُمرِ طبیعی** - (ع - ا - مث) پُوری عُمر - اصلی عُمر جو از رُوئے حکمت و فطرت قرار دی گئی ہے -
**عُمر قید** - (ع - ف - ا - مث) عُمر بھر کی قید - جیتے جی کی قید -
**عُمر کا پیمانہ بھر جانا (لبریز ہو جانا)** - (ا - محاورہ) زندگی پُوری ہو جانا - مرنے کا وقت آ جانا -
**عُمر کاٹنا** - (ا - محاورہ) عمر بسر کرنا - بے لُطفی سے دن پُورے کرنا -
**عُمر کے دن بھرنا - عُمر کے دن پُورے کرنا** - (ا - محاورہ) جوں توں کر کے عُمر کاٹنا -
**عُمرِ نوحؑ** - (ع - ا - مث) نوحؑ کی سی بڑی عُمر والا - کہتے ہیں کہ ان کی عُمر ساڑھے نو سو برس سے بھی زیادہ تھی - بہت بڑی عُمر -
**عِمران** - (عِم - ران) [ع - ا - مذ] (۱) آبادی (۲) حضرت موسیٰ کے والد -
**عِمرانی** - (عِم - را - نی) [ع - صف] معاشرتی - سوسائٹی سے متعلق - انسانوں کی آبادی سے متعلق -
**عِمرانیات** - (عِم - را - نی - یات) [ع - ا - مث] انسانی معاشرت کا عِلم - لوگوں کے رہن سہن کے اُصولوں کا عِلم - (انگ (Sociology
**عَمرو** - (عَمر) [ع - ا - مذ] (۱) فرضی نام جیسے زید - بکر وغیرہ (۲) ایک نام -
**عَمرو عیار کی زنبیل** - (ا - مث) بڑا برتن جس میں طرح طرح کی چیزیں رکھی ہوں -
**عُمرہ** - (عُم - رہ) [ع - ا - مذ] زمانہ حج کے علاوہ مکّہ معظّمہ کی حاضری اور بیت اللہ کا طواف - اس میں حج کی طرح ہی احرام باندھا جاتا اور بیت اللہ کے طواف اور صفا و مروہ کے درمیان دوڑنے کے بعد کھول دیا جاتا ہے - حج کے دیگر مناسک ادا نہیں کیے جاتے -
**عُمرے باید کہ یار آید بکنار** - (ف - مثل) محبوب کے گلے لگنے کے لیے ایک عُمر چاہیے - کسی کام کے انجام پانے میں دیر ہو جائے تو کہا جاتا ہے -

**عُمریں عیش میں تیر کر دیں** - (ا - محاورہ) زندگی عیش و آرام میں بسر کر دی -
**عُمق** - (عُ - مُق) [ع - ا - مذ] اتھاہ - تہ - گہرائی - جمع : اعماق -
**عمل** - (عَ - مَل) [ع - ا - مذ] (۱) کام - فعل - کار - دھندا (۲) تعمیل - کارروائی - برتاؤ (۳) استعمال - عادت - معمول (۴) قاعدہ (۵) اثر - تاثیر (۶) حکومت - حدود - قبضہ (۷) وقت - سماں (۸) جادُو - منتر - سحر - جمع : اعمال -
**عمل (اُٹھنا) اُٹھ جانا** - (ا - محاورہ) قبضہ نہ رہنا - حکومت جاتی رہنا -
**عملِ انہضام** - (ع - ف - ا - مذ) کھانا ہضم ہونے کا عمل -
**عمل بیٹھ جانا (بیٹھنا)** - (ا - محاورہ) قبضہ ہو جانا - عمل دخل ہونا - حکومت قائم ہونا
**عمل پانی کرنا** - (ا - محاورہ) نشہ آور چیزیں وقت پر استعمال کرنا -
**عمل پڑھنا** - (ا - محاورہ) کسی منتر یا افسوں یا عمل کا کسی خاص ترکیب سے پڑھنا -
**عمل پیرا ہونا** - (ا - محاورہ) عمل کرنا - کام کرنا -
**عملِ جرّاحی** - (ع - ف - ا - مذ) جرّاحی کا کام - چیر پھاڑ -
**عمل چلنا** - (ا - محاورہ) سحر کا کارگر ہونا -
**عمل دار** - (ع - ف - صف) حاکم - عامل - تحصیل دار - محصّل -
**عمل داری** - (ع - ف - ا - مث) (۱) حکومت - سلطنت - راج - ریاست (۲) علاقہ - قلمرو (۳) اختیار - حکم -
**عمل داری اُٹھ جانا** - (ا - محاورہ) حکومت جاتی رہنا -
**عمل دخل** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) تحت - حکومت (۲) قبضہ - اختیار (۳) اثر و رسوخ
**عمل درآمد** - (ع - ف - ا - مذ) تعمیل - کاربندی - کارروائی -
**عمل دینا** - (ا - محاورہ) حُقنہ دینا - اینما دینا -
**عملِ شمسی و قمری** - (کیمیاگروں کی اصطلاح میں) سونا چاندی بنانا -
**عملِ صالح** - (ع - ا - صف) نیک کام -
**عمل طراز** - (ع - ف - ا - صف) کوئی کام اپنے ذمّے لینا - جو کام کرے -
**عمل کرنا** - (مص - مرکب) (۱) بات ماننا - کسی بات پر چلنا (۲) اثر کرنا (۳) نشہ پانی کرنا (۴) قبضہ کرنا (۵) سوال حل کرنا -
**عمل ہونا** - (مص - مرکب) (۱) قبضہ ہونا (۲) نشہ ہونا (۳) کسی بات پر کاربند ہونا (۴) وقت ہونا (۵) اثر ہونا -
**عملاً** - (عَ - مَ - لَن) [ع - تابع فعل] بطور عمل - باعتبارِ عمل - حقیقت میں - کام کر کے -
**عملہ** - (عَم - لہ - عَ - مَ - لہ) [ع - ا - مذ] عامل کی جمع (۱) اسٹاف - کام کرنے والے کسی محکمے کے ملازم - کارکن - اہل کار - کچہری کے لوگ (۲) مکان کا سامان (اُردو میں بسکونِ م مستعمل ہے) -
**عملۂ پولیس - عملۂ فوجداری** - (ع - ا - مذ) محکمۂ پولیس - محکمہ فوجداری - شہری انتظام اور محافظت کے لوگ -
**عملہ دخلہ** - (ع - ا - مذ) قبضہ - تصرّف -
**عملہ فعلہ** - (۱) محکمے کے نوکر چاکر - اہل کارانِ محکمہ (۲) اہالی موالی -
**عملی** - (عَ - مَ - لی) [ع - صف] (۱) عمل سے منسوب (۲) نشہ باز - نشے کا عادی (۳) معمول - روزمرّہ کے استعمال کی -
**عملی جامہ پہنانا** - (ا - محاورہ) کسی کام کو وقوع میں لانا یا کرنا -
**عملی صُورت** - (ع - ا - مث) کسی کام کے ہونے کی صُورت - وہ بات



Marfat.com

جو خیال سے عمل میں آ جائے۔

**عملی صورت اختیار کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام کا ہو جانا۔

**عملیات**۔ (عَ۔ مَ۔ لی۔ یات) [ع۔ ا۔ مث] عمل کی جمع۔ افسوں۔ منتر۔ رسومات۔

**عمو**۔ (عَم۔ مُو) [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے عَم۔ چچا۔

**عمود**۔ (عَ۔ مُود) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تھم۔ کھم۔ ستون۔ چوب خیمہ (۲) وہ خطِ مستقیم جو دوسرے خطِ مستقیم پر قائم ہو کر دونوں زاویہ قائمہ پیدا کرے۔

**عمود ڈالنا (کھینچنا)**۔ (ا۔ محاورہ) کسی خطِ مستقیم پر عمود قائم کرنا۔

**عموداً**۔ (ع۔ متعلق فعل) سیدھا۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔

**عمودی**۔ (عَ۔ مُو۔ دی) [ع۔ صف] لمبی۔ ستون جیسی۔ عمود والی۔ سیدھی۔

**عموم**۔ (عُ۔ مُوم) [ع۔ ا۔ مذ] عام ہونا۔ بیشتر۔ بہت۔ علی العموم۔ سرسری طور پر۔

**عموماً**۔ (ع۔ متعلق فعل) عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔

**عمیٰ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) اندھاپن۔

**عمیا**۔ (ع۔ ا۔ مث) عمیٰ کی تانیث۔ اندھی۔

**عمید**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سردار۔ حاکم۔ مرکبات میں جیسے عمید الدولہ۔

**عمومی**۔ (عُ۔ مُو۔ می) [ع۔ صف] عام۔ اکثر و بیشتر۔

**عمیق**۔ (عَ۔ میق) [ع۔ صف] گہرا۔ ڈباؤ۔ اتھاہ (۲) کامل۔

**عمیم**۔ (عَ۔ میم) [ع۔ صف] پورا۔ تمام۔ سب میں شامل۔ سب پر حاوی۔ عام

**عمیم الاحسان**۔ (ع۔ صف) سب پر احسان کرنے والا۔

**عمیم البرکات**۔ (ع۔ صف) سب پر برکتیں بھیجنے والا۔

## ع — ن

**عن**۔ (ع۔ حرفِ جر) سے۔ ساتھ۔ ذریعہ سے۔ اس کے بموجب۔ اس کی زبانی۔

**عن قریب (عنقریب)**۔ (۱) پاس۔ نزدیک (۲) جلد۔ فوراً۔

**عنا**۔ (عَ۔ نا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تکلیف (۲) محنت (۳) تھکاوٹ (۴) رنج۔

**عناب**۔ (عُن۔ ناب) [ع۔ ا۔ مذ] ولایتی بیر جو نہایت سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

**عنابی**۔ (عُن۔ نا۔ بی) [ع۔ صف] عناب کی مانند۔ سیاہی مائل سُرخ۔

**عناد**۔ (عِ۔ ناد) [ع۔ صف] (۱) لڑائی۔ سرکشی۔ خصومت (۲) ضد۔ اصرار۔ ہٹ (۳) دشمنی۔ عداوت (۴) کینہ۔ نفاق۔

**عناداً**۔ (عِ۔ نا۔ دَن) [ع۔ تابع فعل] دُشمنی سے۔ مخالفت کی وجہ سے۔

**عنادل**۔ (عَ۔ نا۔ دِل) [ع۔ ا۔ مذ] عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔

**عناصر**۔ (عَ۔ نا۔ صِر) [ع۔ ا۔ مذ] عنصر کی جمع۔ اصلی اجزاء۔

**عناصر اربع**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مادی دُنیا کے چاروں بنیادی اجزاء۔ پانی ہوا۔ آگ۔ مٹی۔ موجودہ سائنسی تحقیقات کے مطابق ان میں کوئی عنصر نہیں ہے۔

**عنان**۔ (عِ۔ نان) [ع۔ ا۔ مذ] باگ۔ لگام۔ باگ ڈور۔ راس۔

**عنان تاب**۔ (ع۔ ف۔ صف) اشارے پر چلنے والا (گھوڑا)۔

**عنان چھوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔

**عنان گسستہ (گیختہ)**۔ (ع۔ ف۔ صف) لگام ٹوٹا ہوا یعنی بہت تیز۔

**عنان گیر**۔ (ع۔ ف۔ صف) چلنے سے روکنے والا۔ باگ پکڑنے والا۔

**عنایات**۔ (عِ۔ نا۔ یات) [ع۔ ا۔ مث] عنایت کی جمع۔ مگر اُردو میں مفرد بھی مستعمل ہے۔ مہربانی۔ عطیہ۔ التفات۔

**عنایت**۔ (عِ۔ نا۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) لُطف۔ مہربانی (۲) توجہ۔ التفات (۳) تحفہ۔ عطیہ۔

**عنایت بے غایت**۔ (ع۔ ا۔ صف) بے حد مہربانی۔

**عنایت فرما**۔ (ع۔ ف۔ صف) دوست۔ مہربانی کرنے والا۔

**عنایت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مہربانی کرنا (۲) احسان کرنا (۳) بخشنا۔ عطا کرنا۔ دینا (۴) توجہ کرنا۔

**عنایت کی نظر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مہربانی ہونا۔ نگاہِ لطف کا ہونا۔

**عنایت ہے**۔ (ا۔ محاورہ) مہربانی ہے۔ کرم بخشی ہے۔

**عنب**۔ (عِ۔ نَب) [ع۔ ا۔ مذ] انگور۔ کشمش۔ جمع: اعناب۔

**عنب الثعلب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مکو۔

**عنبر**۔ (عَم۔ بَر) [ع۔ ا۔ مذ] سمندر کی ایک قسم کی سُوکھی جھاگ جس کو جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔

**عنبر آگیں**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عنبر کی خوشبو سے بھرا ہوا۔

**عنبر اشہب**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سیاہ رنگ کا عنبر۔ اعلیٰ قسم کا عنبر۔

**عنبر افشاں۔ عنبر بیز**۔ (ع۔ صف) بہت خوشبو دینے والا۔

**عنبر خشخاش**۔ ایک قسم کا صاف کیا ہوا عنبر جس پر سفید خشخاش کی مانند پھٹیاں ہوتی ہیں۔

**عنبر سارا**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خالص عنبر۔

**عنبر سوز**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عنبر جلانے کا برتن۔

**عنبری**۔ (عَم۔ بَ۔ رِی) [ف۔ صف] عنبر کے رنگ کا۔ عنبر کی مانند۔ خوشبودار۔

**عنبریں**۔ (عَم۔ بَ۔ رِیں) [ف۔ صف] عنبر کی سی خوشبو دینے والا۔ خوشبودار۔

**عند**۔ (ع۔ اسمِ ظرف) (۱) نزدیک۔ پاس۔ قریب (۲) سامنے۔ آگے (۳) تقریباً

**عند الاستفسار**۔ (ع۔ متعلق فعل) پُوچھنے پر۔ دریافت کرنے پر۔

**عند اللہ**۔ (ع۔ متعلق فعل) خدا کے نزدیک۔

**عند التحقیق**۔ (ع۔ متعلق فعل) دریافت کرنے پر۔ تفتیش کے دوران میں۔

**عند الخلائق**۔ (ع۔ متعلق فعل) لوگوں کے نزدیک۔

**عند الضرورت**۔ (ع۔ متعلق فعل) ضرورت کے وقت۔ ضرورت میں۔

**عند الطلب**۔ (ع۔ متعلق فعل) مانگنے کے وقت۔ بروقت مطالبہ۔

**عند الطلب ہُنڈی**۔ (ع۔ ا۔ مث) وہ روپیہ جو مانگنے پر فوراً دے دیا جائے۔

**عند الفرصت**۔ (ع۔ متعلق فعل) فرصت کے وقت۔

**عند الملاقات**۔ (ع۔ متعلق فعل) بروقت ملاقات۔ ملنے کے وقت۔

**عند الناس**۔ (ع۔ متعلق فعل) لوگوں کے نزدیک۔

**عند الوقت**۔ (ع۔ متعلق فعل) عین وقت پر۔



Marfat.com

**عِنْدَالوُقُوع**۔ (ع۔ متعلق فعل) واقع ہونے کے وقت۔ آخرکار۔

**عَنْدَلِیب**۔ (عَن۔ دَ۔ لِیب) (ع۔ ا۔ مذ و مث) بُلبُل۔ گُل دُم۔ جمع: عنادل۔

**عِنْدِیہ**۔ (عِن۔ دِ۔ یَہ) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) رائے۔ منشا (۲) ارادہ۔ منصوبہ۔

**عِندیہ پانا۔ عِندیہ لینا۔ عندیہ معلوم کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) رائے لینا۔ منشا دریافت کرنا۔ بھید لینا۔

**عِندیہ کُھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) منشا معلوم ہونا۔

**عُنْصُر**۔ (عُن۔ صُر) (عُن۔ صَر) (ع۔ ا۔ مذ) اصل بنیاد۔ اصل جزو۔ وہ چیزیں جو مرکب نہ ہوں۔ مُفرد چیز۔ جمع: عناصر۔

**عُنْصُرِی**۔ (عُن۔ صُ۔ رِی) (ف۔ صف) بنیادی اجزاء سے متعلق۔

**عُنْفُوان**۔ (عُن۔ فُ۔ وان) (ع۔ ا۔ مذ) آغاز۔ شروع۔ تازگی۔ خوبصورتی۔

**عُنفُوانِ شباب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جوانی کا آغاز۔

**عُنُق**۔ (ع۔ ا۔ مذ) گردن۔

**عَنْقا**۔ (عَن۔ قا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سیمرغ۔ ایک فرضی پرند (۲) نایاب شے۔ بے نظیر چیز

**عَنقا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نادر و کمیاب ہونا (۲) غائب ہونا (۳) مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔

**عَنْکَبُوت**۔ (عَن۔ کَ۔ بُوت) (ع۔ ا۔ مث) مکڑی۔

**عُنْوان**۔ (عُن۔ وان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سُرخی۔ سرنامہ (۲) شروع۔ آغاز (۳) دیباچہ (۴) فصل۔ باب (۵) سبب۔ وجہ۔ طور طریق۔ طرز۔ ڈھنگ۔ جمع: عنوانات

**عَنِید**۔ (ع۔ صف) لڑاکا۔ سرکش۔

**عَنِیف**۔ (ع۔ صف) تُند خُو۔ درشت مزاج۔

**عِنِّین**۔ (عِن۔ نِین) (ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) نامرد۔ ہیجڑا۔

## ع ــــ و

**عَوارِض**۔ (عَ۔ وا۔ رِض) (ع۔ ا۔ مذ) عارضہ کی جمع۔ پیش آنے والی چیزیں۔ مرض۔ دُکھ۔ بیماریاں۔

**عَواطِف**۔ (عَ۔ وا۔ طِف) (ع۔ ا۔ مث) عاطفہ کی جمع۔ مہربانیاں۔ رجحانات۔

**عَواقِب**۔ (عَ۔ وا۔ قِب) (ع۔ ا۔ مذ) عاقبت کی جمع۔ نتائج۔

**عواقب بیں**۔ (ع۔ ف۔ صف) دُور اندیش۔

**عَوام**۔ (عَ۔ وام) (ع۔ ا۔ مذ) عامّہ کی جمع (۱) عام لوگ۔ مخلوق (۲) رعایا۔ پرجا (۳) جُہلا۔ جاہل آدمی۔ بازاری لوگ۔

**عوامُ النّاس**۔ (ع۔ ا۔ مذ) تمام آدمی۔ عام لوگ۔ بازاری آدمی۔

**عوام کَالاَنعام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) عام لوگ مثل چوپایوں کے ہیں۔

**عَوامِل**۔ (عَ۔ وا۔ مِل) (ع۔ ا۔ مذ) عامل کی جمع۔ عمل کرنے والے۔ اثرات۔ حاکم لوگ۔

**عَوامی**۔ (عَ۔ وا۔ می) (ف۔ صف) عوام سے منسوب۔ عام لوگوں کی۔ جمہوری۔

**عَوان**۔ (ع۔ ا۔ مث) ادھیڑ عورت (۲) گھر کی مالک۔

**عَوائِب**۔ (عَ۔ وا۔ ئِب) (ع۔ ا۔ مذ) عائب کی جمع۔ عیب کرنے والے۔

**عُوج بن عنق (عُوق)**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بہت لمبے قد والا (۲) بے وقوف۔ (۳) ایک بہت لمبا آدمی جسے موسیٰ علیہ السلام نے قتل کیا۔

**عَوْد**۔ (ع۔ ا۔ مذ) واپسی۔ مُراجعت۔ اِعادہ۔ لَوٹنا۔ پھرنا۔

**عَوْد کرنا**۔ (مص۔ مرکّب) لوٹ آنا۔ اِعادہ کرنا۔ پھر آجانا۔

**عُود**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ میں جل کر نہایت عمدہ خوشبو دیتی ہے۔ اگر (۲) بربط۔ ایک قسم کا ساز۔

**عُودسوز**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عُود جلانے کی انگیٹھی۔ اگر دان۔

**عُودِ ہندی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک درخت اور اس کی لکڑی (۲) مرزا اسد اللہ خاں غالب کی ایک نثری کتاب۔

**عَورات**۔ (عَو۔ رات) (ع۔ ا۔ مث) عورت کی جمع۔

**عَورَت**۔ (عَو۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مرد کی مادہ۔ نار۔ لگائی۔ اِستری (۲) جورو۔ بیوی۔ زوجہ (۳) شرم گاہ۔ جسم کے وہ حصے جن کا کھولنا موجبِ شرم ہے۔

**عورت اور ککڑی کی بیل جلدی بڑھے**۔ (ا۔ مثل) ککڑی کی بیل کی طرح عورت بھی جلد جوان ہو جاتی ہے۔

**عورت اور گھوڑا ران تلے**۔ (ا۔ مثل) دونوں جب تک قابو میں رہیں اپنے ہیں۔

**عورت ذات**۔ (ع۔ ا۔ مث) عورت کی جنس۔

**عِوَض**۔ (عِ۔ وَض) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بدلہ۔ مُعاوضہ۔ اُجرت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔ جزاء۔ جُرمانہ (۲) قائم مقام۔ بجائے (۳) سزا۔ تعزیر۔ عذاب۔

**عِوض لینا**۔ (ا۔ محاورہ) بدلہ لینا۔ کیے کی سزا دینا۔ انتقام لینا۔

**عِوض مُعاوضہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مُعاوضہ۔ اُلٹا پلٹی۔ اَدل بدل۔

**عِوض مُعاوضہ گلہ ندارد**۔ (ف۔ مثل) لے دے کر پھر کوئی شکوہ شکایت نہیں چاہیئے۔

**عِوض میں**۔ (ا۔ متعلق فعل) بدلے میں۔

**عِوضانہ**۔ (عِ۔ وَ۔ ضا۔ نَہ) (اُر۔ ا۔ مذ) صِلہ۔ بدلہ۔ معاوضہ (۲) وہ روپیہ جو کسی کام کے بدلے میں دیا جائے (۳) رشوت کی ایک قسم۔

**عِوَضی**۔ (عِ۔ وَ۔ ضی) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قائم مقام (۲) (مث) قائم مقامی۔

**عِوضی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنی جگہ کام کرنے کے لیے کوئی دوسرا آدمی دے کر آپ رخصت لینا۔

**عِوضی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) قائم مقامی کرنا۔

**عَوعَو**۔ (عَو۔ عَو) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کُتّے کے بھونکنے کی آواز۔ عف عف (۲) ڈینگ

**عَوْن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مدد۔ کمک۔ معاونت (۲) مددگار۔

**عَونُ اللّٰہ**۔ خدا کی مدد۔

## ع ــــ ہ

**عَبہر**۔ (ع۔ ا۔ مث) نرگس کی ایک قسم۔

**عَہد**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وقت۔ زمانہ۔ سال (۲) قول و قرار۔ اقرار مدار۔ قسم۔ سوگند (۳) سلطنت کا زمانہ۔ زمانۂ حکومت (۴) پابندی۔



Marfat.com

**عہدِ اساطیری**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ زمانہ قدیم جس کا ذکر صرف قصّے کہانیوں میں ہے۔ عہد ماقبل تاریخ۔
**عہد باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) پکّا وعدہ کرنا۔ اقرار کرنا۔ ٹھاننا۔
**عہد توڑنا**۔ (ا۔محاورہ) اقرار کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر نہ رہنا۔
**عہدِ جدید**۔ (ع۔ا۔مذ) موجودہ زمانہ۔ نیا زمانہ (۲) انجیل۔
**عہدِ حکومت**۔ (ع۔ا۔مث) سلطنت کا زمانہ۔ ایامِ حکومت۔
**عہد سے پھرنا (منحرف) ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) قول و قرار سے پھر جانا۔
**عہد شکن**۔ (ف۔ا۔مذ) وعدہ خلاف۔ اپنے قول و قرار پر نہ رہنے والا۔
**عہد شکنی**۔ (ف۔ا۔مث) وعدہ خلافی۔ اقرار کے خلاف۔
**عہدِ عتیق**۔ (ع۔ا۔مذ) زمانہ قبل از تاریخ (۲) توریت۔
**عہد کر لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قسم کھا لینا (۲) مصمّم ارادہ کرنا (۳) وعدہ کر لینا۔ قول و قرار کر لینا۔
**عہد لینا**۔ (ا۔محاورہ) قسم لینا۔ کسی امر کا وعدہ لینا۔
**عہد میں**۔ (ا۔تابع فعل) زمانہ میں۔ دور میں۔ وقت میں۔
**عہد نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) معاہدۂ تحریری۔ اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے لیے لکھا جاتا ہے۔
**عہد نامۂ جدید**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) انجیل کا وہ حصّہ جس میں حضرت عیسےٰ اور ان کے مریدانِ خاص کے عہد کے حالات درج ہیں۔
**عہد نامۂ قدیم**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) انجیل کا وہ حصّہ جس میں حضرت عیسیٰ سے پہلے کے حالات درج ہیں۔
**عہد و پیمان**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) قسا قسمی۔ اقرار۔ مدار۔ قول و اقرار۔
**عُہدہ**۔ (عُہ۔دَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ذمّہ۔ ضمانت (۲) منصب۔ سرداری۔ افسری۔
**عُہدہ برآ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بَری الذمّہ ہونا۔ فرض ادا کرنا۔ وعدہ پورا کر دینا۔
**عُہدہ پانا**۔ (ا۔محاورہ) منصب حاصل کرنا۔ درجہ پانا۔
**عُہدہ دار**۔ ذی رُتبہ۔ افسر۔ صاحبِ منصب۔
**عُہود**۔ (ع۔ا۔مذ) عہد کی جمع۔ وعدے معاہدے۔

## ع ــــ ی

**عیادت**۔ (عِ۔یا۔دَت) [ع۔ا۔مث] بیمار پُرسی۔ بیمار کی خبر پوچھنا۔
**عیادت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بیمار پُرسی کرنا۔ بیمار کا حال پُوچھنا۔
**عیاذ**۔ (عِ۔یاذ) [ع۔ا۔مذ] (۱) پناہ لینا (۲) بُرائی سے بھاگنا۔
**عیاذاً باللہ**۔ (کلمۂ پناہ) خدا کی پناہ۔ میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں۔
**عیار**۔ (عِ۔یار۔عَ۔یار) [ع۔ا۔مذ] کھرا کھوٹا پن (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا۔
**عیّار**۔ (عَیّ۔یار) [ع۔صف] (۱) مکّار۔ فریبی۔ چال باز۔ ٹھگ (۲) چالاک ہوشیار۔ دغاباز۔
**عیّاری**۔ (عَیّ۔یا۔ری) [ع۔ا۔مث] فریب۔ دغا۔ چالاکی۔ دھوکا بازی۔
**عیّاش**۔ (عَیّ۔یاش) [ع۔صف] (۱) آرام سے رہنے والا (۲) تماش بین۔ بدکار رنڈی باز۔ لُچّا۔

**عیّاشی**۔ (عَیّ۔یا۔شی) [ع۔ا۔مث] (۱) عیش و عشرت۔ تن آسانی (۲) تماش بینی۔ نفس پرستی۔ اوباشی۔
**عیّاشی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تماش بینی کرنا۔ مزے اُڑانا۔
**عِیال**۔ (عَ۔یال۔عِ۔یال) [ع۔ا۔مذ] زن و فرزند۔ بال بچے۔ متعلقین۔
**عیال دار**۔ (ع۔ف۔صف) کنبے والا۔ بال بچے والا۔
**عیال داری میں پھنسنا**۔ (ا۔محاورہ) بال بچوں میں گرفتاری۔ گھر بار اور خانہ داری کے جھگڑے بکھیڑے میں پڑنا۔
**عِیاں**۔ (عِ۔یاں) [ع۔صف] ظاہر۔ علانیہ۔ اَظہر من الشمس۔ کھُلا ہوا۔ نمودار۔
**عِیاں راچہ بیاں**۔ (ف۔مثل) ظاہر اور علانیہ چیز کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔
**عَیب**۔ [ع۔ا۔مذ] نقص۔ بُرائی۔ خرابی۔ داغ۔ روگ۔ گناہ۔ قصور۔ جمع۔ عُیُوب۔
**عیب اُچھالنا**۔ (ا۔محاورہ) تشہیر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ عیب بیان کرنا۔
**عیب بکھاننا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نقص بیان کرنا (۲) بھید کھول دینا۔
**عیب بیں۔ عیب جویا۔ عیب جُو۔ عیب چین۔ عیب گیر**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) عیب ڈھونڈنے والا۔ حرف گیر۔ نقص نکالنے والا۔ نکتہ چین۔ عیب پکڑنے والا۔
**عیب بینی۔ عیب جوئی۔ عیب چینی۔ عیب گیری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) عیب ڈھونڈنا۔ عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔
**عیب پوش**۔ (ع۔ف۔صف) لوگوں کے عیب چھپانے والا۔ اُوپر کی عُمدہ پوشاک۔
**عیب پوشی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) چشم پوشی۔ اغماض۔ پردہ پوشی۔
**عیب جاننا**۔ (ا۔محاورہ) بُرا سمجھنا۔ بُرا خیال کرنا۔
**عیب جُو**۔ (ع۔ف۔صف) عیب ڈھونڈنے والا۔ نُکتہ چین۔
**عیب چھُپانا**۔ (ا۔محاورہ) پردہ پوشی کرنا۔
**عیب چین**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) عیب چُننے والا۔ نُکتہ چین۔
**عیبِ خود ہر کسے نمی بیند**۔ (ف۔مثل) اپنا عیب کسی کو معلوم نہیں ہوتا۔
**عیب دار**۔ (ع۔ف۔صف) عیبی۔ ناقص جس میں کچھ عیب ہو۔
**عیب ڈھانکنا**۔ (ا۔محاورہ) عیب چھپانا۔
**عیب سے بَری ہونا (پاک ہونا)**۔ (ا۔محاورہ) بے عیب ہونا۔ بے نقص ہونا۔
**عیب کرنے کو بھی ہُنر چاہیئے۔ عیب کردن را ہنرے باید**۔ (ا۔ف۔مثل) عیب کرنے کے لیے بھی لیاقت چاہیئے۔
**عیب لگانا**۔ (ا۔محاورہ) الزام دھرنا۔ بہتان باندھنا۔ داغ لگانا (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا (۳) عفت میں فرق ڈالنا۔ عزت بگاڑنا۔
**عیب نکالنا**۔ (ا۔محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ بُرائی ظاہر کرنا۔
**عیب و ثواب**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) بُرائی۔ بھلائی۔
**عیب و ہُنر کھل جانا**۔ (ا۔محاورہ) اچھائی بُرائی ظاہر ہو جانا۔
**عیبہا جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو**۔ (ف۔مثل) عیب تو سارے گنوا دیئے اُس کی نیکیاں بھی بیان کرو۔



Marfat.com

عَیبی۔ (یْ ۔بی) [ا،ُ ۔ا۔ مذ] (۱) عیب دار۔ ناقص (۲) شریر۔ بد ذات (۳) روگی۔ مریض (۴) معیوب۔
عِید۔ [ع۔ا۔ مث] لغوی معنی جو بار بار آئے (۱) مسلمانوں کے جشن کا روز۔ خوشی کا تہوار (۲) نہایت خوشی۔
عِیدِ اَضحیٰ۔ عیدُ الاضحیٰ۔ (ع۔ا۔ مث) بقر عید۔ مسلمانوں کا وہ تہوار جو دسؔ ذوالحجہ کو منایا جاتا ہے جس میں جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے۔
عِیدِ غدیر۔ (ع۔ا۔ مث) اہلِ تشیع کی روایت کے مطابق حضورؐ نے مکّہ اور مدینے کے درمیان ایک گاؤں خم غدیر میں حجۃ الوداع سے واپسی پر حضرت علی کو حدیث مَن کُنتُ مَولاہُ فعلی مَولاہُ کی رُو سے اپنا خلیفہ قرار دیا۔ شیعہ حضرات یہ دن ۱۸ ذوالحجہ کو مناتے ہیں۔ اہلِ سنت والجماعت کے نزدیک اس حدیث سے خلافت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔
عِیدُ الفِطر۔ (ع۔ا۔ مث) رمضان کے بعد کی عید جو شوال کی پہلی تاریخ کو رمضان کے روزوں کی تکمیل پر منائی جاتی ہے۔
عید قربان۔ (ع۔ا۔ مث) عید جس میں قربانی کی جائے۔ عیدِ اضحیٰ۔
عید کا چاند۔ (ا۔ مذ) (۱) رمضان کے بعد کا چاند (۲) شوال کا مہینہ (۳) قابلِ اشتیاق۔ وہ شخص جسے مدت کے بعد عین انتظار یا حالتِ اشتیاق میں دیکھیں
عید کا چاند نکلنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عید کے چاند کا نظر آنا (۲) جس شخص کی ملاقات کا اشتیاق ہو اس کا یکایک مل جانا۔
عید کا چاند ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) کمالِ اشتیاق اور آرزو کے بعد ملنا۔ بہت کم نظر آنا۔
عید کا دوگانہ۔ (ا۔ مذ) عید کی دو رکعت نماز۔
عید کرنا۔ (ا۔ محاورہ) خوشی کرنا۔ جشن منانا۔
عید کے پیچھے ٹر۔ (ا۔ مثل) عید کے دوسرے روز کا میلہ۔ وقت گزر جانے کے بعد خوشی کی بے موقع نقل کرنا۔ تہوار نکل گیا تو خوشی کیسی۔ بے موقع خوشی۔
عید کے پیچھے چاند مبارک۔ (ا۔ مثل) بے محل مبارک باد دینا۔
عید گاہ۔ (ع۔ف۔ا۔ مث) وہ مقام جہاں جاکر عید کی نماز پڑھتے ہیں۔
عید منانا۔ (ا۔ محاورہ) خوشی کرنا۔ جشن منانا۔
عیدِ میلاد۔ (ع۔ا۔ مذ) پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا دن۔
عیدِ نوروز۔ (ع۔ا۔ مث) ایرانی سال کا پہلا دن۔
عید ہو جانا۔ عید ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عید کا تہوار ہونا (۲) کمال خوشی ہونا۔ مُراد بر آنا۔
عِیدی۔ (ی۔ دی) [ا،ُ ۔ا۔ مذ] (۱) عید کا انعام۔ عید کا خرچ جو بچوں کو دیا جائے (۲) وہ مٹھائی اور نقدی وغیرہ جو عید کے دن سسرال سے آئے۔ یا وہاں بھیجی جائے (۳) وہ خوش نما کاغذ جس پر عید کے اشعار لکھے ہوتے ہیں۔
عِیدَین۔ (ع۔ا۔ مث) دونوں عیدیں یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔
عیسا۔ عیسیٰؑ۔ (ی۔ سا) [عبرانی۔ا۔ مذ] (۱) گناہ سے بچانے والا (۲) ایک پیغمبر جو حضرت مریم کے بطن سے پیدا ہوئے۔ ان پر انجیل نازل ہوئی۔
عیسیٰ بدین خود و موسیٰ بدین خود۔ (ف۔ مثل) ہر شخص اپنے مذہب سے کام رکھے۔ دوسرے کے مذہب سے کیا واسطہ۔
عیسیٰ دَم۔ (ع۔ف۔ صف) پھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا۔ کامل بزرگ۔
عیسیٰ دوراں۔ (ع۔ف۔ا۔ صف) کامل طبیب۔
عیسیٰ نفس۔ (ع۔ف۔ صف) پھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا۔ ولی کامل۔
عیسائی۔ (ی۔ سا۔ ای) [ا،ُ ۔ا۔ مذ] نصرانی۔ مسیحی۔ حضرت عیسیٰ کے پیرو اور ان کے ماننے والے (صف) دینِ مسیحی سے متعلق۔
عِیسَوی۔ (ی۔ سَ۔ وی) [ع۔ صف] مسیحی۔ حضرت عیسیٰ سے متعلق۔ وہ سن جو حضرت عیسیٰ کی ولادت سے شروع ہوا۔
عَیش۔ [ع۔ا۔ مذ] (۱) عشرت۔ آرام۔ چین۔ سکھ۔ خوشی۔ مزہ (۲) خواہشوں کا پورا کرنا (۳) شہوت پرستی (۴) شراب اور عورت کا لطف (۵) خوشی سے زندگی گزارنا۔
عیش آرام حرام کرنا۔ (ا۔ محاورہ) آرام و آسائش کی پروا نہ رکھنا۔
عیش اُڑانا۔ (ا۔ محاورہ) مزے اُڑانا۔ لطف حاصل کرنا۔
عیش تلخ کرنا۔ عیش منغض کرنا۔ (ا۔ محاورہ) عیش و آرام میں خلل انداز ہونا۔
عیش کا بندہ۔ (ا۔ مذ) (۱) آرام طلب۔ نفس پرست (۲) عیاش۔
عیش کوش۔ (ع۔ف۔ صف) عیش و عشرت کرنے والا۔
عیش و عشرت۔ (۱) خوشی و خرمی۔ عیش و نشاط (۲) نفسانی خوشی۔
عیش و عشرت میں پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) زندگی کے مزے اُڑانا۔ عیاشی کرنا۔
عیش ہونا۔ (ا۔ محاورہ) مزے ہونا۔ لطف ہونا۔
عَین۔ [ع۔ا۔ مث] (۱) آنکھ۔ چشم (۲) پانی کا چشمہ (۳) حقیقت۔ جوہر (۴) حقیقی بھائی۔ سگا بھائی (۵) (صف) ٹھیک۔ ہوبہو۔ درست۔ جمع اعیُن۔
عین اتحاد۔ (ع۔ا۔ مذ) ٹھیک دوستی۔ اصل دوستی۔ گہرا یارانہ۔
عینُ المال۔ (ع۔ا۔ مذ) اصل زر۔ خاص سرکاری خزانہ۔ وہ روپیہ جو زمین کے خراج سے وصول ہو۔
عینُ الیقین۔ (ع۔ا۔ مذ) کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔
عین بعین۔ (ع۔ متعلق فعل) ہوبہو۔ ویسا ہی ٹھیک ٹھیک۔
عین صواب۔ (ع۔ متعلق فعل) بالکل ٹھیک۔
عین عنایت۔ (ع۔ا۔ مث) بڑی مہربانی۔
عین مرضی۔ (ع۔ا۔ مث) اصلی مرضی۔
عین مقصود۔ (ع۔ا۔ مذ) اصل مطلب۔
عین وقت۔ (ع۔ا۔ مذ) ٹھیک وقت۔ نازک وقت۔
عَینک۔ (یَ۔ نک) [ع۔ا۔ مث] آنکھ کا چشمہ۔
عینک باز۔ (ع۔ف۔ صف) شوقیہ چشمہ لگانے والا۔
عینک ساز۔ (ع۔ف۔ مذ) عینک بنانے والا۔
عینک لگا کر دیکھو۔ (ا۔ مقولہ) غور سے دیکھو۔
عینک لگنا۔ (ا۔ محاورہ) عینک سے ٹھیک دکھائی دینا۔
عَینی۔ (یَ۔ نی) [ع۔ صف] (۱) آنکھ سے متعلق۔ دیکھا ہوا (۲) سگا۔
عینی شہادت۔ (ع۔ا۔ مث) چشم دید گواہی۔
عینی گواہ۔ (ع۔ف۔ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے خود واقعہ دیکھا ہو۔ چشم دید گواہ۔
عینیت۔ (ع۔ا۔ مث) اصل ذات یا اصل حقیقت۔
عُیُوب۔ (عُ۔ یُوب) [ع۔ا۔ مذ] عیب کی جمع۔ برائیاں۔ نقائص۔
عُیُون۔ (عُ۔ یُون) [ع۔ا۔ مذ] عین کی جمع۔ (۱) چشمے (۲) آنکھیں۔



Marfat.com

# غ

غ - (غین) [ع - مذ] اُردو کا پچیسواں - فارسی کا بائیسواں - عربی کا اُنیسواں حرف - اِسے غین معجمہ اور منقوطہ بھی کہتے ہیں (۲) ابجد کے حساب میں اس کے ... اعداد مقرر ہیں - یہ قمری حرف ہے - اس سے پہلے اگر "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا جیسے الغیاث۔

## غ — ا

**غاب** - (ع - ا - مذ) جنگل - بن - غابہ کی جمع۔

**غابر** - [ع - صف] سابق - گزشتہ - گزرا ہوا (۲) بچا ہوا (۳) مؤخر الذکر۔

**غاٹا** - [ق - صف] مغرور - متکبر۔

**غاٹیا - غاٹیر** - (غا - ٹِ - یا - غا - ٹیر) [اُر - صف] (۱) حد سے زیادہ موٹا (۲) غیر متناسب الاعضاء (۳) پست قامت (۴) مکروہ صورت۔

**غاد** - (ع - ا - مذ) نرمی - صفائی۔

**غادر** - (غا - دِر) [ع - صف] (۱) بے وفا (۲) بد عہد (۳) پیمان شکن۔

**غار** - [ع - ا - مذ] (۱) پہاڑ کی کھوہ (۲) گڑھا (۳) جنگلی جانوروں کا مسکن - بھٹ۔

**غار پڑ جانا** - گڑھا ہو جانا - گہرا زخم ہو جانا - ناسور ہو جانا۔

**غارِ ثور** - (ع - ا - مث) مکہ کے قریب وہ غار جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کے وقت تین دن ٹھہرے تھے حضرت ابوبکر صدیقؓ آپ کے ہمراہ تھے۔

**غارِ حرا** - (ع - ا - مذ) وہ غار جس میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی نازل ہوئی تھی۔

**غارت** - (غا - رَت) [ع - ا - مذ] (۱) لُوٹ کھسوٹ (۲) مالِ غنیمت (۳) تباہی بربادی (۴) وہ حملہ جو دشمن کے علاقہ میں لُوٹ مار کے لیے کیا جائے (۵) ویران۔

**غارت جانا** - (ا - محاورہ) خراب ہو جانا - برباد ہو جانا - تباہ ہو جانا۔

**غارت غول** - (ع - صف) تباہ و برباد - ستیاناس۔

**غارت فرمائے ہوش و شکیبائی** - (ع - ف - صف) حواس اور صبر کو تباہ کرنے والا - مجازاً معشوق۔

**غارت کا مارا** - (ا - صف) (۱) تباہ شدہ (۲) خفگی کا کلمہ۔

**غارت کرنا** - (مص مرکب) (۱) لوٹنا کھسوٹنا - تباہ و برباد کرنا (۲) ضائع کرنا۔

**غارت گاہ** - (ع - ف - ا - مث) لُوٹ کا مقام - قزاقوں کی پناہ گاہ۔

**غارت گر** - (ع - ف - صف) لٹیرا - قزاق - راہزن۔

**غارت گرِ دین و ایمان** - (ا - مذ) شیطان (کنایۃً) معشوق۔

**غارت گری** - (ع - ف - ا - مث) لُوٹ مار - لوٹ کھسوٹ - راہزنی۔

**غارت ہو** - (بد دُعا) برباد ہو جائے اُجڑ جائے - مر جائے۔

**غارتِ ہوش** - (ع - ف - صف) (کنایۃً) خوبصورت - حسین معشوق طرح دار۔

**غارت ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) اُلٹنا - تباہ برباد ہونا (۲) ضائع ہونا۔

**غارق** - (غا - رِق) [اُر - صف] لوٹ مار کرنے والا۔

**غاریقون** - (غا - رِی - قُون) [یو - ا - مذ] کھمبی - مسہل کی ایک دوا۔

**غازہ** - (غا - زَہ) [ف - ا - مذ] (۱) گلگونہ - اُبٹن - اُبٹنا (۲) سُرخی پوڈر (۳) خوشبودار پوڈر۔

**غازی** - [ع - ا - مذ] (۱) کافروں سے لڑنے والا مسلمان (۲) کافروں کو قتل کرنے والا مسلمان - بہادر - سُورما - فتح مند - شجاع۔

**غازی مرد** - (ع - ف - صف) بہادر آدمی - شجاع (۲) کنایتاً گھوڑا۔

**غازی میاں** - (ا - مذ) محمود غزنوی کے سالار مسعود غازی کا لقب۔

**غازیانہ** - (غا - زِ - یا - نَہ) [ع - تابع فعل] بہادری سے۔

**غاشیہ** - (غا - شِ - یَہ) [ع - ا - مذ] (۱) پردہ (۲) زین پوش (۳) پالان۔

**غاشیہ بردار - غاشیہ بردوش** - (ع - ف - صف) (۱) مطیع (۲) فرماں بردار خادم۔

**غاصب** - [ع - صف] (۱) زبردستی کسی کا حق چھیننے والا (۲) حق مارنے والا۔

**غافر** - [ع - صف] چھپانے والا (۲) گناہ بخشنے والا۔

**غافل** - [ع - صف] غفلت کرنے والا - بے پروا - بے خبر - جمع : غافلین۔

**غالب** - [ع - صف] زبردست - زور آور - جیتنے والا - مغلوب کرنے والا (۲) اکثر - بیشتر (۳) اُردو کے شاعر اسد اللہ خاں کا تخلص۔

**غالب آنا** - (ا - محاورہ) (۱) جیت جانا - فتح مند ہونا - بڑھ جانا (۲) جیتنا۔

**غالب ہے** - (ا - محاورہ) یقین ہے - گمان ہے۔

**غالباً** - (غا - لِ - بَن) [ع - تابع فعل] یقیناً - ضرور بر ضرور - شاید - بظاہر۔

**غالی** - (غا - لی) [ع - صف] (۱) حد سے بڑھا ہوا - بہت زیادہ - مبالغہ کا کلمہ (۲) اُونی قالین (۳) ایک فرقہ جو حضرت علی کو خدا مانتا ہے۔

**غالیچہ** - (غا - لِ - چَہ) [ف - ا - مذ] (۱) قالین (۲) ایک قسم کا گلکاری والا اُونی بچھونا۔

**غالیہ** - (غا - لِ - یَہ) [ع - ا - مذ] ایک خوشبو جو عنبر اور مشک سے مل کر تیار ہوتی ہے - خوشبو - مہک۔

**غالیہ مُو** - (ع - ف - صف) خوشبودار بالوں والا - معشوق۔

**غامض** - [ع - صف] (۱) ناقابلِ فہم - جو مشکل سے سمجھ میں آئے - پوشیدہ - جمع : غوامض۔

**غانماً** - (غا - نِ - مَن) [ع - تابع فعل] فائدہ حاصل کیے ہوئے - اس حالت میں کہ مالِ غنیمت یعنی لُوٹ کا مال رکھتا ہو - نفع حاصل کرنے والا۔

**غائب** - [ع - صف] غیر حاضر - پوشیدہ - جو موجود نہ ہو - جمع : غائبین۔

**غائب باز** - (ع - ف - صف) (۱) غائبانہ شطرنج کی بازی کھیلنے والا (۲) کامل شاطر جو دُور بیٹھے بیٹھے دوسرے شخص کو چال بتا کر بازی جیت لے۔

**غائب غلّہ** - (ا - صف) بالکل غائب۔

**غائب غلّہ ہونا** - (ا - محاورہ) اچانک آنکھوں سے اوجھل ہو جانا۔

**غائب کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) چھپانا - چرانا (۲) چوری کرا دینا۔



Marfat.com

**غائب کھیلنا۔** (ا۔ محاورہ) پیٹھ موڑ کر شطرنج کھیلنا۔
**غائب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ چوری ہونا۔ چوری جانا۔
**غائبانہ۔** (غا۔ اِ۔ با۔ نَہ) (ع۔ ف۔ تابع فعل) غیر حاضری میں۔ غیر موجودگی میں۔ پیٹھ پیچھے
**غائِر۔** (ع۔ صف) (۱) گہرا (۲) وسیع۔ نشیب۔ جمع: غائرین۔
**غائی۔** (ع۔ صف) آخری۔ غایت سے منسوب۔
**غایت۔** (ع۔ صف) (۱) غرض۔ مطلب (۲) منتہا۔ آخر۔ انجام۔ جمع: غایات۔
**غایت الاَمر۔** (ع۔ متعلق فعل) انجام کار۔ آخرکار۔
**غایت درجہ۔** (ع۔ ف۔ صف) حد درجہ۔ انتہائی۔

## غ ــــ ب

**غَب۔** (ع۔ ا۔ مث) باری کا بخار۔ نوبتی بخار۔
**غُبار۔** (غُ۔ بار) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گرد۔ دُھول۔ خاک (۲) گرد ملی ہوئی ہوا (۳) رنج۔ ملال۔ آزردگی (۴) ایک خط کا نام۔
**غبار آلود۔ غبار آلودہ۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) گرد میں بھرا ہوا (۲) مٹی میں اٹا ہوا۔
**غبار آنا۔** (ا۔ محاورہ) دل میلا ہو جانا۔ کدورت پیدا ہو جانا۔
**غبار اٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زمین سے گرد کا بلند ہونا (۲) آندھی آنا۔ آندھی اُٹھنا (۳) ملال دُور ہو جانا۔ تعلقات کا بحال ہو جانا۔
**غبار بڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) کدورت زیادہ کرنا۔ ملال بڑھانا۔
**غبار بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل میں کدورت پیدا ہو جانا (۲) اُڑتی ہوئی گرد کا بیٹھنا
**غبار چھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) گرد کا پھیل کر کسی جگہ اکٹھا ہونا (۲) دُھند چھا جانا۔
**غبار چھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مطلع صاف ہو جانا (۲) گرد کا بیٹھ جانا۔
**غبارِ خاطِر۔** (ع۔ ا۔ مذ) دل کا میل۔ کدورت۔ رنج۔ ملال۔
**غبارِ راہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) راہ میں اُڑنے والی گرد۔
**غبار رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) کدورت رکھنا۔ رنج رکھنا۔
**غبار نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) دل کی کدورت کا اظہار کرنا۔ دل کی بھڑاس نکالنا۔ رنج کی باتیں کرنا۔ مخالفت کرنا۔
**غبار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہوا میں گرد ہونا (۲) آپس میں رنجیدگی ہونا (۳) آنکھوں سے کم نظر آنا۔
**غُبارا۔** (غُ۔ با۔ را) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ایک باریک کاغذ کا بنا ہوا تھیلا جس کے اندر تیل میں تر کی ہوئی گیند رکھ کر اور اسے روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ہوا میں اُڑنے والا ایک قسم کا بیلون (Baloon) (۴) گولا (۵) ربڑ کی تنگ منہ کی تھیلی جس میں ہوا بھر کر بچے اس سے کھیلتے ہیں
**غبارے سے ہوا نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) شیخی کرکری کرنا۔ غرور ٹوٹنا۔
**غَباوَت۔** (غَ۔ با۔ وَت) (ع۔ ا۔ مث) کم فہمی۔ کُند ذہنی۔
**غِبطہ۔** (غِب۔ طَہ) (ع۔ ا۔ مذ) کسی کی دولت پر اُس کے زوال کی خواہش کے بغیر رشک کرنا۔ رشک۔ برابری کی خواہش۔
**غَبغَب۔** (غَب۔ غَب) (ع۔ ا۔ مذ) ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔
**غَبن۔** (غَ۔ بَن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خرد بُرد۔ امانت میں خیانت۔ دغا بازی۔
**غبن کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خیانت کرنا (۲) چُرانا (۳) خرد بُرد کرنا۔
**غَبی۔** (غَ۔ بی) (ع۔ صف) کُند ذہن۔ کم عقل۔ کمزور حافظے والا۔ بے وقوف۔

## غ ــــ پ

**غَپ۔** (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) جھوٹی بات۔ شیخی کی بات۔ گپ (۲) ضرب کی آواز (ق) (۳) جلدی سے حلق میں اُتر جانے کی آواز۔
**غپ شپ۔** (ا۔ مث) (۱) لغو باتیں (۲) وقت گزاری کی باتیں۔ تفریح۔
**غَپّا۔** (غَپ۔ پا) (اُر۔ ا۔ مث) جلدی سے اندر اُتر جانے والا (۲) دھوکا۔
**غپا غپ۔** (اُر) (۱) متواتر۔ مسلسل۔ پے درپے (۲) کسی چیز کی ملائم چیز کے اندر آنے جانے کی آواز۔
**غُپ۔** چپ۔ خاموش (ق)۔
**غَپّی۔** (غَپ۔ پی) (اُر۔ صف) جھوٹا۔ ڈینگیں مارنے والا۔ لپاٹیا۔

## غ ــــ ت

**غَت رُبُود (غتربود)۔** (غَت۔ رُ۔ بُود) (غَ۔ تَر۔ بُود) (اُر۔ صف) (۱) ملاجلا۔ گڈمڈ (۲) گڑبڑ۔ برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ کہتے ہیں کسی جاہل شاگرد نے اُستاد سے کہا سعدیؒ کے مصرع "کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود" سمجھ میں تو آ گیا ہے مگر غت ربود کے معنی سمجھ میں نہیں آئے۔ اس سبب سے مشہور ہو گیا۔ دوسری روایت یہ ہے کہ مصرع متذکرہ کے معنی سمجھاتے وقت نیم عالم مُلا نے شاگرد کو بتایا کہ "سعدی کی گیند بلا کی" پھر کہا غت ربود صیغہ عربی کا ہے۔ آگے پڑھو۔ یوں شہرت ہو گئی۔
**غت ربود (غتربود) کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ملا جلا دینا۔ گڈمڈ کر دینا (۲) چرا لینا۔ اُڑا لینا (۳) خراب کر دینا۔ برباد کر دینا۔

## غ ــــ ٹ

**غَٹ۔** (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ہجوم۔ اژدحام۔ غول (۲) حلق میں اُتر جانے کی آواز۔ گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی آواز (۳) ایک دم۔ فوراً۔
**غٹ پٹ ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) باہم لڑائی میں گتھ جانا۔
**غٹ غٹ۔** (ا۔ مث) جلدی جلدی پانی پینے کی آواز۔
**غٹ غٹ پینا (چڑھنا)۔** (ا۔ محاورہ) کسی رقیق چیز کو جلدی جلدی پینا۔
**غٹ کے غٹ۔** (ا۔ صف) غول کے غول۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔ انبوہِ کثیر۔
**غُٹّا۔** (ق۔ ا۔ مذ) ڈنٹا۔ ڈاٹ۔
**غٹا غٹ۔** (غَ۔ ٹا۔ غَٹ) (اُر۔ ا۔ مث) متواتر پینے کی آواز۔ بغیر سانس لیے پینے کی کیفیت۔ ایک دم۔



Marfat.com

غٹرغٹر ۔ (غٹ۔ رُ۔ غٹ۔ رُ) [اُ۔ ا۔ مث] (۱) مزے لے لے کر (۲) گھونٹ لیے بغیر۔
غٹرغٹر پینا ۔ (ا۔ محاورہ) مزے لے لے کر پینا (۲) سانس لیے بغیر جلدی جلدی پینا
غٹرغٹر سننا ۔ (ا۔ محاورہ) دلچسپی سے سننا۔ ذوق و شوق سے سننا۔
غٹرغوں ۔ غٹ غوں ۔ (غٹ۔ رُ۔ غوں۔ غُٹ۔ غوں) [اُ۔ صوت۔ مث] کبوتر یا فاختہ کی آواز۔
غٹک جانا ۔ (غٹ۔ تک۔ جا۔ نا) [اُ۔ مص] نگل جانا۔ جلدی سے پی جانا۔

## غ ــــ ث

غث ۔ (غ۔ صف) لاغر۔ دُبلا۔
غثی ۔ (غ۔ ا۔ مث) متلی ہونا۔ دل متلانا۔
غثیان ۔ (غث۔ یان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) متلی (۲) جی متلانا (۳) طبیعت کا مالش کرنا۔ جی گھبرانا۔

## غ ــــ چ

غچ ۔ [اُ۔ ا۔ مث] گوشت میں کسی دھار دار آلے کے گھسنے کی آواز۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز (۲) مجامعت کے عمل سے پیدا شدہ آواز۔
غچا ۔ (غچ۔ چا) [اُ۔ ا۔ مذ] دھوکا۔ فریب۔ جُل۔
غچا دینا ۔ (ا۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
غچا کھانا ۔ (ا۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔
غچاغچ ۔ (غَ۔ چا۔ غچ) [اُ۔ ا۔ مث] (۱) تلواروں کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز (۲) کیچڑ یا دلدل میں پاؤں رکھ کر نکالنے کی آواز۔
غچاکا ۔ (غ۔ چا۔ کا) [اُ۔ صف] بھرے جسم کا۔ موٹا تازہ۔
غچ پچ ۔ [اُ۔ ا۔ مث] کھچا کھچ۔ اژدحام۔ بھیڑ۔
غچلی ۔ (غچ۔ لی) [اُ۔ صف] گندہ۔ میلا۔ غلیظ۔ کثیف۔

## غ ــــ د

غدار ۔ (غد۔ دار) [ع۔ صف] (۱) ملک کا دشمن۔ ملک کے دشمنوں سے مل جانے والا۔ نمک حرام۔ سرکش۔ باغی۔ دغاباز (۲) بہت بڑا۔ وسیع۔
غداری ۔ (غد۔ دا۔ ری) [ع۔ ا۔ مث] بے وفائی۔ ملک دشمنی۔ بدعہدی۔ بغاوت سرکشی۔
غدر ۔ [ع۔ ا۔ مذ] بغاوت۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔
غدر پڑنا ۔ غدر ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) بغاوت ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ لوٹ مار کا بازار گرم ہونا۔
غدر مچانا ۔ غدر کرنا ۔ (ا۔ محاورہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ فساد اٹھانا۔ بلوہ کرنا۔
شور کرنا۔
غدری ۔ (دَ۔ ری) [ع۔ صف] غدار۔ بے وفا۔
غدود ۔ (غُ۔ دُود) [اُ۔ ا۔ مذ] جسم کے اندر کی گانٹھ۔ گلٹی۔ عربی میں غدہ۔
غدیر ۔ (غَ۔ دِیر) [ع۔ ا۔ مذ] تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔ کُنڈ۔ حوض۔ ڈھلواں رخنہ۔
غدیر خم ۔ دیکھیے عید غدیر۔

## غ ــــ ذ

غذا ۔ (غِ۔ ذا) [ع۔ ا۔ مث] خوراک۔ کھانا۔ جمع: اَغذِیَہ۔
غذا لگنا ۔ (ا۔ محاورہ) غذا کا جزو بدن بننا۔ خوراک کا جسم پر اثر کرنا۔
غذائے ثقیل ۔ (ع۔ ا۔ مث) کھانا جو دیر میں ہضم ہو۔
غذائے لطیف ۔ (ع۔ ا۔ مث) ہلکی خوراک۔ جلد ہضم ہونے والا کھانا۔
غذائی ۔ (غِ۔ ذا۔ ای) [ع۔ صف] غذا سے منسوب۔ کھانے کا عنصر رکھنے والی شے۔
غذائیات ۔ (غِ۔ ذا۔ ای۔ یات) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] (۱) غذا سے متعلق چیزیں یا باتیں (۲) کھانے پینے کی چیزیں (۳) غذائیت کی جمع۔
غذائیت ۔ (غِ۔ ذا۔ ا۔ یت) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] (۱) کسی شے میں غذا کا عنصر پایا جانا۔ حاصل غذا (۲) غذا ہونے کی حالت۔

## غ ــــ ر

غرّا ۔ (غر۔ را) [ع۔ صف] (۱) سفید۔ چمکیلی۔ روشن (۲) گھمنڈ۔ فخر (۳) مشہور۔ جید۔ عمدہ۔
غرّا کرنا ۔ (ا۔ محاورہ) اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔
غرّا ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) گھمنڈ ہونا۔ فخر ہونا۔
غرّے میں آنا ۔ (ا۔ محاورہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
غرّا ۔ غرّہ ۔ (غر۔ را۔ غر۔ رہ) [ع۔ ا۔ مث] (۱) چاندنی رات۔ پہلی کا چاند۔ مہینے کی پہلی تاریخ (۲) ناغہ۔ تعطیل۔
غرّا بتانا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا (۲) ناغہ کرنا۔ غیر حاضر ہونا۔
غرّا (دینا) کرنا ۔ (ا۔ محاورہ) ناغہ کرنا۔ تعطیل منانا۔ کام کو ٹالنا۔
غرّا ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) گھمنڈ ہونا۔ ناز ہونا۔ فخر ہونا۔
غُراب ۔ (غُ۔ راب) [ع۔ ا۔ مذ] کوّا۔
غرابت ۔ (غَ۔ را۔ بت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) انوکھا پن (۲) تحریر میں نامانوس الفاظ کا استعمال۔
غرّاٹا ۔ (غر۔ را۔ ٹا) [اُ۔ ا۔ مذ] پانی کے تیز بہنے کی آواز۔ تیز آواز۔
غرارہ ۔ (غَ۔ را۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حلق میں پانی ڈال کر اور اندر سے ہوا نکال کر گلے کو صاف کرنا۔ غرغرہ (۲) غرغرہ کرنے کی دوائیں (۳) ڈھیلا پاجامہ۔



Marfat.com

**غرارہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دوا کی کُلی کرنا۔
**غراز**۔ (ق۔ صف) سرکش۔ مغرور۔ متکبر (۲) شجاع۔ بہادر۔
**غرازی**۔ سرکشی۔
**غرّاں**۔ (غر۔ راں) (ف۔ صف) (۱) خوں خوار (۲) دھاڑنے والا۔ گرجنے والا۔
**غُرّانا**۔ (غر۔ را۔ نا) (اُ۔ مص) غصّے کی آواز نکالنا (۲) دھاڑنا۔ غرغر کرنا۔ ڈرانا۔ گھُرکنا (۳) کفرانِ نعمت کرنا۔
**غُراہٹ**۔ (ا۔ مث) غرّانے کی آواز۔
**غرائب**۔ (غَ۔ را۔ اِب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) عجیب و غریب۔ انوکھے۔ نوادر۔ غریب کی جمع بمعنی عجیب۔
**غرب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سُورج ڈوبنے کی جگہ (۲) نگاہ سے اوجھل ہونا۔ مغرب۔ پچھم
**غُربا**۔ (غُ۔ را۔ با) (ع۔ ا۔ مذ) مفلس۔ نادار (۲) مسافر۔ پردیسی۔ غریب کی جمع۔
**غربال**۔ (غر۔ بال) (ع۔ ا۔ مث) (۱) چھلنی (۲) پیٹ کا ہلکا۔ کم ظرف۔
**غُربت**۔ (غُر۔ بَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مسافرت۔ بے وطنی (۲) مفلسی۔
**غُربت اندر وطن**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) صوفیا۔ اور متصوفین کی ایک اصطلاح جب انسان صفاتِ خدا میں محو ہو کر صفاتِ بشری سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ تو اس حالت کو غربت اندر وطن کہتے ہیں (۲) بے چارگی۔
**غُربت دیدہ۔ غُربت زدہ۔ غُربت کا مارا**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) پردیس میں (۲) مفلس۔ محتاج (۳) وطن سے دُوری کا ستایا ہوا۔
**غربی**۔ (غر۔ بی) (ع۔ صف) مغرب سے منسوب۔ مغرب کا رہنے والا (۲) سُرخ کھجور کی شراب
**غرپچہ**۔ (ق۔ ا۔ مث) (۱) گھنی جھاڑی
**غُرّش**۔ (غُر۔ رِش) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ناراض ہونا۔ غصّہ ہونا۔ غرّانا۔ ہیبت۔
**غرض**۔ (غَ۔ رَض) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مطلب۔ ضرورت (۲) حاجت۔ پروا (۳) ارادہ (۴) ہدف۔ نشانہ (۵) حاصل کلام۔ قصّۂ مختصر۔ بس (۶) کلام [illegible]
**غرض آشنا۔ غرض آلود۔ غرض آمیز**۔ (ع۔ صف) (۱) مطلبی۔ خود [illegible] لالچی۔ حریص (۲) ابن الوقت۔ موقع پرست
**غرض اٹکی ہونا۔ غرض اٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) [illegible] کام پڑنا [illegible] لالچ ہونا۔ ضرورت ہونا۔
**غرض باؤلی ہوتی ہے**۔ (ا۔ مثل) مطلب آدمی کو دیوانہ بنا دیتا ہے
**غرض پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی سے کچھ کام ہونا۔ حاجت ہونا
**غرض جتانا**۔ (ا۔ محاورہ) ضرورت سے باخبر کرنا (۲) کچھ مانگنا
**غرض دُوگونہ عذابست جانِ مجنوں را۔ بلائے صحبتِ لیلیٰ و فرقتِ لیلیٰ** (مجنوں کی جان کے لیے دوہرا عذاب ہے۔ لیلیٰ کی صحبت کی بلا اور اس کی جُدائی ہر طرح مشکل ہے۔)
**غرض ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کام پڑنا (۲) کسی کے متعلق کوئی کام آنا۔
**غرض رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مطلب رکھنا (۲) اُمید رکھنا (۳) آرزو رکھنا۔
**غرض کا آشنا (دوست۔ یار)**۔ (ا۔ مثل) (۱) مطلبی دوست (۲) خود غرض دوست۔
**غرض کا باؤلا**۔ (۱) حاجت مند (۲) مطلب کا غلام۔ مطلبی۔ لالچی۔
**غرض کا باؤلا اپنی گاوے**۔ (ا۔ مثل) غرضمند اپنی ہی بات کی دُھن میں لگا رہتا ہے۔ دوسرے کی نہیں سُنتا۔

**غرض کہ (غرضیکہ)**۔ (ع۔ متعلق فعل) حاصل مطلب یہ ہے۔ قصّہ مختصر یہ ہے
**غرض کے لیے گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے**۔ (ا۔ مثل) اپنا کام نکالنے کے لیے ذلیل سے ذلیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
**غرض مند**۔ (ع۔ ف۔ صف) حاجت رکھنے والا۔ جس کا کام اٹکا ہو (۲) مطلبی۔
**غرض نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) مطلب سیدھا کرنا۔ حاجت پوری کرا لینا۔
**غرض نکلنا**۔ (ا۔ محاورہ) مطلب براری کرنا۔ کام نکل جانا۔ مقصد حاصل ہو جانا۔
**غرض نکلی آنکھ بدلی**۔ (ا۔ مثل) مطلب پُورا ہو جانے پر پروا نہ کرنا۔
**غرض ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مطلب ہونا۔ واسطہ ہونا۔ کام پڑنا۔ تعلق ہونا۔
**غرضی**۔ (غَ۔ رَ۔ ضی) (اُ۔ صف) (۱) لالچی۔ غرض مند۔ مطلبی۔
**غرغرہ**۔ (غر۔ غَ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) غرارہ۔ کُلی۔
**غرفات**۔ (غُ۔ رُ۔ فات) (ع۔ ا۔ مذ) غرفہ کی جمع۔ دریچے۔ کھڑکیاں۔
**غُرفش**۔ (غُر۔ فِش) (ف۔ ا۔ مث) دھمکی۔ تکرار۔ غصّہ (۲) غرّانا۔
**غُرفہ**۔ (غُر۔ فَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بالاخانہ۔ برآمدہ۔ کھڑکی۔ دریچہ (۲) خلوت۔ گوشۂ تنہائی۔
**غُرفہ کی بات**۔ (ع۔ ا۔ مذ) پوشیدہ بات۔ رازِ مخفی۔ بھید۔
**غرق**۔ (ع۔ صف) (۱) ڈوبا۔ غریق (۲) محو (۳) اوجھل۔ غائب (۴) نشے میں چُور۔
**غرق کرنا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) پانی کے نیچے پہنچا دینا (۲) محو حیرت کرنا۔
**غرق ہونا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) ڈوبنا۔ پانی کا سر سے گزر جانا (۲) بہت مصروف اور مشغول ہونا (۳) نشہ میں چُور ہونا۔
**غرقاب**۔ (غر۔ قاب) (ف۔ صف) پانی میں ڈوبا ہوا۔
**غرقی**۔ (غر۔ قی) (اُ۔ صف) ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔ ڈوبنے والا۔ پانی میں ڈوبی ہوئی زمین۔
**غرقی آنا**۔ (ا۔ محاورہ) سیلاب آنا۔
**غرکی**۔ (ق۔ صف) ڈر۔ دہشت۔
**غروب**۔ (غُ۔ رُوب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سُورج یا چاند کا ڈوبنا (۲) زوال۔ خاتمہ۔
**غروب ہونا**۔ (مص۔ مرکب) (۱) چھپنا۔ ڈوبنا (۲) غائب ہونا۔ رُوپوش ہونا (۳) زوال پذیر ہونا۔
**غرُور**۔ (غُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذ) گھمنڈ۔ ناز۔ اکڑ۔ غُرّہ۔ تکبّر۔ خود بینی۔ ابھمان۔
**غرور آنا۔ غرور کرنا۔ غرور ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) گھمنڈ کرنا۔ اکڑنا۔ تکبّر کرنا
**غرور توڑ دینا۔ غرور ڈھا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) متکبّر اور مغرور کو نیچا دکھا دینا۔
**غرور ٹوٹ جانا۔ غرور نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تکبّر کی عادت کا ختم ہو جانا (۲) اکڑنے والے کا نیچا دیکھ لینا (۳) متکبّر کا راہِ راست پر آ جانا۔
**غرورِ حُسن و جمال**۔ (ف۔ ا۔ صف) حُسن اور خوبصورتی کا گھمنڈ۔
**غرور کا سر نیچا**۔ (ا۔ مثل) غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے۔
**غُرّہ**۔ (غُر۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے غُرّا۔ گھمنڈ۔ غرور (۲) ناغہ۔ تعطیل۔
**غریب**۔ (غَ۔ ریب) (ع۔ صف) (۱) مفلس۔ نادار (۲) مسافر۔ اجنبی۔ پردیسی۔ (۳) نادر۔ عجیب۔ جمع: غُربا۔ غریباں۔
**غریب آزار**۔ (ع۔ صف) غریبوں کو ستانے والا۔



Marfat.com

**غریب الدّیار (غریبُ الوطن)** - (ع - ا - مذ) (۱) مسافر - پردیسی - بے وطن - بے گھر۔
**غریب پرور** - (ع - ف - صف) غریبوں کو پالنے والا - فیاض - سخی۔
**غریب حرام زادہ** - (ا - مثل) وہ شخص جس کی صورت مسکینوں کی سی ہو اور اعمال بدمعاشوں کے سے۔
**غریب خانہ** - (ع - ف - ا - مذ) اپنا گھر (انکساری کا کلمہ) جھونپڑا۔
**غریب زادہ** - (ع - ف - ا - مذ) (۱) غریب کا بیٹا (۲) رنڈی کا بیٹا - حرام زادہ۔
**غریب غربا** - (ع - ا - مذ) (۱) محتاج - مفلس لوگ۔
**غریب کی جورو سب کی بھابی** - (ا - مثل) غریب پر سب کا بس چلتا ہے۔
**غریب نواز** - (ع - ف - صف) (۱) غریب پرور (۲) خواجہ معین الدّین چشتی اجمیری کا خطاب۔
**غریب نوازی** - (ع - ف - ا - مث) مہربانی - پرورش۔
**غریب الوطنی** - (ع - ا - مث) مسافرت - وطن سے دُور ہونا۔
**غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے ہو گئے** - (۱) نیک کام میں دشواری پیدا ہونا (۲) مفلسی کو ہزار مصیبتیں - غریبوں کی شامت آئی ہے۔
**غریبا مئو** - (غَ - ری - با - مَ - ؤ) (ا ُ - ا - مذ - صف) (۱) دال دلیا - غریبوں جیسا رُوکھا سُوکھا (۲) غریبوں کی بستی۔
**غریبانہ** - (غَ - ری - با - نَہ) (ع - ف - صف) غریب کی مانند - غریبوں جیسا۔
**غریبی** - (غَ - ری - بی) (ف - ا - مث) (۱) محتاجی - مفلسی (۲) مسافرت - عاجزی
**غریبی آنا** - (ا - محاورہ) محتاج ہونا۔
**غریزی** - (غَ - ری - زی) (ع - صف) (۱) طبعی - فطری - حقیقی۔
**غریق** - (غَ - ریق) (ع - صف) ڈوبا ہوا - سمایا ہوا - محو۔
**غریقِ رحمت** - (ع - صف) مرحوم - مغفور - رحمتِ خداوندی میں ڈوبا ہوا۔
**غریقِ رحمت ہو** - (دُعا) خدا رحمت میں غرق کرے - خدا بخشے۔
**غریو** - (غَ - ریو) (ف - ا - مذ) (۱) فریاد - گرج - شور - چیخ پکار۔

## غ — ڑ

**غڑاپ** - (غَ - ڑاپ) (اُ - ا - مذ) پانی میں غوطہ لگانے یا ڈوبنے کی آواز۔
**غڑاپ سے** - (ا - متعلق فعل) جلدی سے - آناً فاناً۔
**غڑپ** - (غَ - ڑپ) (اُ - ا - مث) ڈوبنے کی آواز (۲) پلک جھپکتے - آناً فاناً۔
**غڑپ شڑپ** - (ا - صف) (۱) جلدی کھا جانا (۲) جلد جلد باتیں کرنا۔
**غڑپ ہونا** - (ا - محاورہ) غوطہ لگانا (ق)۔

## غ — ز

**غزا** - (غَ - زا) (ع - ا - مذ) مذہبی جنگ - جہاد - جمع : غزوات۔
**غزات** - (ع - ا - مذ) غازی کی جمع - دین کے دشمنوں کو مارنے والے۔

**غزال** - (غَ - زال) (ع - ا - مذ) ہرن کا بچّہ (۲) ہرن - جمع : غزلاں۔
**غزال چشم** - (ع - ف - صف) بڑی بڑی آنکھوں والا - ہرن کی سی آنکھوں والا - معشوق۔
**غزالِ ختن** - (ع - ف - صف) شہر ختن کا آہو - معشوق۔
**غزالِ رعنا** - (ع - ف - صف) معشوق۔
**غزالِ کعبہ** - (ع - ا - مذ) سونے کا ہرن جو زمانہ جاہلیت میں زم زم میں پایا گیا اور اسے کعبہ میں لٹکا دیا گیا تھا۔
**غزالہ** - (غَ - زا - لَہ) (ع - ا - مث) (۱) ہرن کا مادہ بچہ - غزال کی تانیث۔
**غزالی** - (غَ - زا - لی) (ع - صف) منسوب بہ غزالہ جو طوس میں ایک گاؤں ہے - امام محمد غزالی۔
**غزل** - (غَ - زَل) (ع - ا - مث) (۱) عورتوں سے باتیں کرنا - عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا (۲) نظم کی ایک صنف جس میں عشق و محبت کا ذکر ہوتا ہے - غزل کا ہر شعر جداگانہ مضمون کا حامل ہوتا ہے - اس کا پہلا شعر مطلع اور آخری مقطع کہلاتا ہے۔
**غزل بنانا** - (ا - محاورہ) غزل کی اصلاح کرنا۔
**غزل پرداز** - (ع - ف - صف) غزل گو شاعر۔
**غزل پڑھنا** - (ا - محاورہ) غزل سُنانا۔
**غزل پھیکی پڑ جانا۔ غزل ٹھنڈی ہو جانا** - (ا - محاورہ) دوسرے غزل پردازان کے مقابلہ پر غزل کا رنگ نہ جمنا۔
**غزل چمکانا** - (ا - محاورہ) غزل کو اصلاح دے کر بہتر بنا دینا۔
**غزل چمکنا** - (ا - محاورہ) غزل کی تعریف ہونا - غزل کا مشاعرے میں مقبول ہونا۔
**غزل خواں** - (ع - ف - صف) غزل پڑھنے والا۔
**غزل سرا** - (ع - ف - صف) ترنّم سے غزل پڑھنے والا۔
**غزل کہنا** - (ا - محاورہ) غزل لکھنا - عشقیہ شعر کہنا۔
**غزل گو** - (ع - ف - صف) غزل لکھنے یا سنانے والا - شاعر۔
**غزل گوئی** - (ع - ف - ا - مث) غزل لکھنے کا فن۔
**غزل مسلسل** - (ع - ا - مث) وہ غزل جس میں کوئی مسلسل مضمون بیان کیا گیا ہو۔
**غزلیّت** - (ع - ا - مث) غزل کی کیفیت یا خوبی۔
**غزنوی** - (غز - نَ - وی) (ف - صف) (۱) غزنی کا رہنے والا (۲) (کنایتاً) سلطان محمود غزنوی۔
**غزوہ** - (غز - وَہ) (ع - ا - مذ) (۱) وہ جہاد جس میں رسول مقبول صلعم شریک ہوئے (۲) دینی جنگ - جمع : غزوات۔

## غ — س

**غسّال** - (غس - سال) (ع - ا - مذ) (۱) نہلانے والا (۲) مُردے کو نہلانے والا۔
**غسّالہ** - (غس - سا - لَہ) (ع - ا - مث) (۱) نہلانے والی (۲) مُردوں کو نہلانے والی۔
**غسالہ** - (غُ - سا - لَہ) (ع - ا - مذ) (۱) دھوون (۲) استعمال شدہ پانی (۳)



Marfat.com

وہ پانی جس سے ہاتھ مُنہ دھویا جائے اور دھونے کے بعد پھینک دیا جائے۔
**غُسل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نہانا۔ اشنان۔ جسم کو دھونا۔
**غُسل خانہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نہانے کا کمرہ۔ باتھ رُوم۔ حمام۔
**غُسل دینا**۔ (ا۔ محاورہ) مُردے کو نہلانا۔ نہلانا۔
**غُسلِ صحت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بیماری سے اچھا ہونے پر نہانا (۲) اچھا ہونے کی تقریب منانا۔
**غُسل کرنا**۔ (مص۔ مرکب) نہانا۔
**غُسل کی حاجت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) احتلام ہوجانا (۲) بدن ناپاک ہوجانا۔
**غُسلِ میّت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) مُردے کو نہلانا۔

## غ ــــ ش

**غش**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بے ہوشی۔ ناطاقتی۔
**غش آنا۔ غش آجانا۔ غش پڑنا۔ غش کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے ہوش ہوجانا حواس کھو بیٹھنا۔ گُم سُم رہ جانا۔ حیرت زدہ ہونا۔ غشی طاری ہوجانا۔
**غش پر غش آنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی صدمے کے باعث بار بار بے ہوش ہوجانا۔
**غش طاری ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے ہوش ہونا۔
**غش ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے ہوش ہونا (۲) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
**غِش**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) کدُورت۔ تشویش (۲) کھوٹا پن۔
**غشی**۔ (غَ۔ شی) (ف۔ ا۔ مث) بے ہوشی۔

## غ ــــ ص

**غَصَب**۔ (غَ۔ صَب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خیانت (۲) ناجائز قبضہ (۳) زبردستی کرنا۔
**غصب کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زبردستی قبضہ کرلینا۔ خیانت کرنا۔ کسی کا حق چھین لینا۔
**غصب ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خُرد بُرد ہوجانا۔ ہتھیا لیا جانا۔
**غصباً**۔ (غص۔ بَن) (ع۔ ف۔ تابع فعل) زبردستی۔ ناجائز طور پر۔
**غصبی**۔ (غص۔ بی) (ع۔ صف) غصب کیا ہوا۔ غصب کرنے والا۔ خائن۔
**غُصّہ**۔ (غُص۔ صَہ) (ع۔ ا۔ مذ) برہمی۔ خفگی۔ ناراضی۔ عتاب۔ رنجش۔
**غصہ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ طیش آنا۔
**غصہ اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کو سزا دے کر اپنی تسکین کرلینا۔ کسی پر خفا ہو کر اپنا دل ٹھنڈا کرلینا۔
**غصہ اُترنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی پر خفا ہونا۔ خفگی دُور ہوجانا۔ بخار نکلنا۔
**غصہ اُٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی خفگی کو برداشت کرنا۔
**غصہ بڑا عقل مند ہوتا ہے**۔ (ا۔ مثل) (۱) زبردست پر کبھی غصہ نہیں آتا (۲) غصہ ور غصہ میں بھی انجام کا خیال رکھتا ہے۔
**غصہ پینا۔ غصہ پی جانا۔ غصہ تھوک دینا۔ غصہ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔ خفگی سے باز آنا۔ راضی ہوجانا۔

**غصہ چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) طیش آنا۔ خفگی ہونا۔ عتاب آنا۔
**غصہ دلانا**۔ (ا۔ محاورہ) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔
**غصے سے بھُوت ہوجانا**۔ (ا۔ محاورہ) غصہ کے مارے آپے سے باہر ہوجانا
**غصہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) خفا ہونا۔
**غصہ کی آنکھ**۔ (ا۔ مث) وہ نظر جس سے غصہ ظاہر ہو۔
**غصہ کی جھانجھ**۔ (ا۔ مث) غصہ کا جوش۔ غصے میں اول فول بکنا۔
**غصہ میں بھر جانا۔ غصہ میں بھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت ناراض ہونا۔
**غصہ میں لال ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غصے کے مارے آپے سے باہر ہوجانا۔
**غصہ ناک پر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) جلد غصہ آنا۔
**غصہ نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) غصہ کا اظہار کرنا (۲) بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا۔
**غصہ ور**۔ (ع۔ ف۔ صف) بدمزاج۔ جسے جلد غصہ آئے۔
**غصے میں آگ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت خفا ہونا۔
**غصے ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
**غُصیل۔ غُصیلا**۔ (غُ۔ صیل۔ غُ۔ صے۔ لا) (اُ۔ صف) بدمزاج۔ غصہ ور۔

## غ ــــ ض

**غض**۔ (ع۔ ا۔ مذ) آنکھیں بند کرنا۔ جھکانا۔
**غضِ بصر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نگاہیں جھکانا۔
**غضب**۔ (غَ۔ ضَب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قہر۔ غصّہ (۲) آفت۔ مصیبت (۳) بے انصافی۔ ظلم (۴) کلمۂ حیرت اور کلمۂ مبالغہ بمعنی بہت۔ ازحد۔ (۵) بے جا بات (۶) اندھیر۔ زبردستی (۷) بڑھ چڑھ کر (۸) اچھا۔ عمدہ۔
**غضب آلُود**۔ (ع۔ ف۔ صف) غصہ میں بھرا ہوا۔
**غضب آنا۔ غضب ٹوٹ پڑنا۔ غضب ٹوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) عذاب آنا۔ مصیبت آنا۔ آفت آنا۔ شامت آنا۔ غصہ آنا۔
**غضبِ الٰہی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) خدا کا قہر۔
**غضب پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) آفت آنا۔ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔
**غضب توڑنا۔ غضب ڈھانا**۔ (ا۔ محاورہ) فساد برپا کرنا۔
**غضب خدا کا**۔ (ا۔ مذ) (۱) خدا کا خوف کرو (۲) حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کا کلمہ۔
**غضب ڈھانا**۔ (ا۔ محاورہ) انوکھی بات کرنا (۲) آفت برپا کرنا۔ ظلم کرنا۔
**غضب کا دیدہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت بے شرم اور ڈھیٹ ہونا۔
**غضب کا سامنا**۔ (ا۔ مذ) بُرا وقت پڑنا۔
**غضب کی**۔ (ا۔ صف) (۱) بے طرح۔ ازحد (۲) تعریف کے قابل۔
**غضب میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنس جانا۔
**غضب میں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔
**غضب ناک**۔ (ع۔ ف۔ صف) خفا۔ غصہ میں بھرا ہونا۔
**غضب ناک کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) غصہ دلانا۔
**غضب ناک ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غصہ میں بھر جانا۔ خفا ہونا۔ آپے سے باہر ہونا۔
**غضب نازل ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) آفت آنا۔ خدا کا قہر گرنا۔



Marfat.com

**غضب ہوگیا**۔ (کلمۂ حیرت) بہت بُرا ہوا۔
**غضب ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خفا ہونا (۲) کام خراب ہونا۔
**غضب ہے**۔ (ا۔ تابع فعل) ستم ہے۔ اندھیر ہے (۲) کمال ہے۔ سُبحان اللہ
**غضبن**۔ (غَضَ۔ بَن) [اُر۔ ا۔ مث] عیارہ۔ مکارہ۔
**غضبی**۔ (غَضَ۔ بی) [اُر۔ صف] (۱) ظالم۔ غصّہ ور (مذ) (۲) ظالم شخص۔ غصّہ والا شخص (مث) (۳) غصّہ۔ غضب۔
**غضبی آنا**۔ (ا۔ محاورہ) آفت آنا۔ غصّہ آنا۔
**غضبی باندی**۔ (ا۔ صف) وہ کنیز جو زیرِ عتاب ہو۔
**غضبی خانہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] غصّہ۔ غضب۔ قہر۔
**غضنفر**۔ (غَ۔ضن۔ فر) [ع۔ ا۔ مذ] شیر۔ بہادر۔
**غضنفری**۔ (غَ۔ضن۔ ف۔ ری) [ع۔ ا۔ مث] بہادری۔ شجاعت۔

## غ — ف

**غف**۔ (ف۔ صف) دبیز۔ خوب ٹھوک کر بُنا ہوا کپڑا۔ موٹا۔ گف۔
**غفار**۔ (غف۔ فار) [ع۔ صف] بڑا بخشنے والا۔ چھپانے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔
**غفاری**۔ (غف۔ فا۔ ری) [ع۔ صف] (۱) عرب کے قبیلۂ غفار سے نسبت رکھنے والا (۲) بہت بخشنے والا ہونا۔
**غفران**۔ (غُف۔ ران) [ع۔ ا۔ مذ] معافی۔ بخشش۔ گناہ معاف کرنا۔
**غفران مآب۔ غفران پناہ**۔ (ع۔ صف) مرحوم۔ بخشا ہوا۔ خدا کی پناہ میں۔
**غفرلہٗ**۔ (غُ۔ فِرَ۔ لَ۔ ہو) [ع۔ کلمۂ دُعا] (۱) اس کے لیے بخشش کی جائے (۲) خدا اس کی مغفرت کرے۔
**غفلت**۔ (غف۔ لت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) بھُول چُوک۔ غلطی۔ خطا۔ قصور۔ بےخبری۔ لاپرواہی (۲) اُونگھ۔ نیند۔ بےہوشی۔
**غفلت پیشہ۔ غفلت زدہ**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) غافل (۲) بےخبر۔ (۳) غفلت کرنے والا۔
**غفلت چھانا۔ غفلت طاری ہونا۔ غفلت ہوجانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غافل ہوجانا (۲) اُونگھنا (۳) بےخبر ہوجانا۔
**غفلت سے**۔ (ا۔ متعلق فعل) بےپرواہی سے (۲) بےخبری سے۔ کم توجّہی سے
**غفلت شعار**۔ (ع۔ صف) غفلت کرنے والا۔ غافل۔
**غفلت کا پردہ (پڑنا) پڑجانا**۔ (ا۔ محاورہ) بےخبر ہوجانا۔ مدہوش ہوجانا
**غفلت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کوتاہی کرنا۔ خبر نہ لینا۔ بےپروائی کرنا۔
**غفلت کی نیند سونا**۔ (ا۔ محاورہ) غافل ہوکر سونا۔ گہری نیند سونا۔ بےخبر ہوجانا
**غفلتی**۔ (غف۔ لَ۔ تی) [اُر۔ صف] بےپروا۔
**غفور**۔ (غَ۔ فُور) [ع۔ صف] (۱) بڑا بخشنے والا (۲) گناہوں کا چھپانے والا۔ (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**غفورالرحیم**۔ (ع۔ صف) (۱) بخشش اور رحم کرنے والا (۲) بخشنے والا مہربان۔ (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**غفیر**۔ (غَ۔ فیر) [ع۔ صف] (۱) کثیر (۲) انبوہ۔ بھیڑ۔

## غ — ل

**غل**۔ [ف۔ ا۔ مذ] شور۔ ہنگامہ۔ چیخ دھاڑ (ع) (۲) زنجیر طوق۔
**غل برپا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) شور اُٹھنا۔ ہلڑ مچنا۔ غوغا برپا ہونا۔
**غل غپاڑا**۔ (ا) بےحد شور و غوغا۔ حد سے زیادہ چیخ پکار۔ ہنگامہ۔
**غل کرنا۔ غل مچانا**۔ (مص۔ مرکب) شور مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
**غِل**۔ [ع۔ ا۔ مذ] کینہ۔ کدُورت۔
**غلاظت**۔ (غِ۔ لا۔ ظت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) گاڑھاپن (۲) کوڑا کرکٹ۔ گندگی نجاست۔ پاخانہ (۳) بول و براز۔
**غلاظت پھیلانا۔ غلاظت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) گندگی پھیلانا۔ پاخانہ کرنا۔
**غلاف**۔ (غِ۔ لاف) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) نیام۔ خانہ (۲) تکیہ۔ بکس وغیرہ کا اُوپری کپڑا (۳) خول۔ جزدان۔
**غلاف اُتارنا**۔ (ا۔ محاورہ) غلاف بدلنا۔ غلاف بدلا جانا۔ پردہ بدلنا۔
**غلاف چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) تکیے یا بکس وغیرہ کو غلاف کے اندر ڈالنا۔
**غلاف کعبہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ مخملی غلاف جسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔
**غلافنا**۔ (غِ۔ لاف۔ نا) [اُر۔ مص] (۱) مٹھائی پاگنا (۲) شیرے میں غوطہ دینا۔ (۳) شیرہ چڑھانا۔
**غلافی آنکھ**۔ [اُر۔ ا۔ مث] پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھ۔
**غلام**۔ (غُ۔ لام) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) لڑکا (۲) زر خرید نوکر۔ بندہ۔ ملازم (۳) انکسار کا کلمہ۔ نیازمند۔ فدوی (۴) تاش کا ایک تصویر دار پتہ (۵) گنجفہ کے بارہ زرد پتّوں کا نام۔ جمع: غلاماں۔
**غلام اور چنے کو منہ نہ لگائیے**۔ (ا۔ مثل) غلام سر چڑھ جاتا ہے اور چنا کھانے کی عادت ہوجائے تو چھٹتی نہیں۔
**غلام بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) مطیع کرلینا۔
**غلامِ بے دام**۔ (ع۔ ف۔ صف) مفت کا غلام۔ وہ شخص جو بہت زیادہ ممنون ہو۔
**غلامِ زرخرید**۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) مول لیا ہوا غلام (۲) خریدا ہوا چھوکرا۔ (۳) ادنیٰ غلام۔
**غلام کا غلام**۔ (۱) غلام کا غلام (۲) ادنیٰ درجہ کا غلام۔
**غلام کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) مطیع بنانا۔ شیفتہ بنانا۔
**غلام گردش**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) دیوان خانہ اور زنان خانہ کی درمیانی دیوار اور برآمدہ (۲) خادموں کے بیٹھنے کی جگہ (۳) چھت دار راستہ۔
**غلام مال**۔ (ا۔ مذ) وہ چیز جو مدتوں کام دے۔ وہ چیز جسے بےتکلف استعمال کریں۔
**غلام ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔
**غلامی**۔ (غُ۔ لا۔ می) [ف۔ ا۔ مث] (۱) حلقہ بگوشی (۲) بندگی (۳) اطاعت (۴) قید (۵) اسیری۔
**غلامی اختیار کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ملازم ہوجانا۔ مطیع ہونا۔
**غلامی میں دینا**۔ (ا۔ محاورہ) خدمت میں دینا۔



Marfat.com

**غلامی میں قبول کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) داماد بنانا (۲) اپنا وارث اور جانشین بنا لینا (۳) ملازم رکھنا۔
**غُلبُلا** ۔ (غُل۔ بُلا) (ق۔ ا۔ مث) (۱) بے تابی۔ اضطراب (۲) جوش وخروش (۳) گڑبڑ۔ خرابی۔
**غُلبُلے** ۔ (غُل۔ بُلے) (ق۔ ا۔ مذ) القاب۔
**غَلَبَہ** ۔ (غَ۔ لَ۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) برتری۔ فوقیت۔ جیت (۲) حملہ (۳) فراوانی۔ کثرت۔
**غلبہ پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) فتح پانا۔ جیت جانا۔ اثر جمالینا۔ سبقت لے جانا۔
**غلبۂ رائے** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کثرتِ رائے (۲) دوٹوں کی اکثریت۔ نصف سے زاید تعداد کی رائے۔
**غلبہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا (۲) گھیر لینا (۳) ہجوم کرنا۔
**غَلبہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غالب آنا۔ حملہ ہونا (۲) اکثریت ہونا۔
**غلت** ۔ (غَ۔ لَت) (ع۔ ا۔ مذ) حساب میں بھول چوک۔
**غلط** ۔ (غَ۔ لَط) (ع۔ صف) نادرست۔ ناصحیح۔ کھوٹا۔ بے جا۔
**غَلطُ العام** ۔ تلفظ یا املا جو غلط ہونے کے باوجود کثرتِ استعمال کے باعث صحیح تصوّر ہونے لگے۔
**غلطُ العَوام** ۔ (۱) وہ لفظ جسے عوام نے غلط تلفظ یا معانی یا ردّو بدل کے ساتھ بولنا شروع کر دیا ہو وہ غلط ہی قرار پاتا ہے۔
**غلط انداز** ۔ (ع۔ ف۔ صف) نگاہ یا تیر جو نشانے پر نہ لگے۔
**غلط بردار** ۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) کاغذ کھُرچنے کا اوزار (۲) وہ کاغذ جس پر سے حروف آسانی سے مٹائے جاسکیں۔ غلط لفظ مٹانے والا۔
**غلط بیان** ۔ (ع۔ ف۔ صف) جھوٹا۔
**غلط بیانی** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) جھوٹی بات۔ جھُوٹ بولنا۔
**غلط بیں** ۔ (ع۔ ف۔ صف) دوسروں کی غلطی نکالنے والا۔ سچائی کو جھٹلانے والا۔
**غلط ٹھہرانا** ۔ (ا۔ محاورہ) غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا ٹھہرانا۔
**غلط در غلط** ۔ (ع۔ ف۔ صف) سراپا غلط۔ بالکل جھوٹ۔ ایک غلطی جو دوسری غلطی پر مبنی ہو۔
**غلط سلط** ۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) گڑبڑ۔ خلافِ حقیقت۔ جھوٹ سچ۔
**غلط سمجھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جھوٹ سمجھنا۔
**غلط فہم** ۔ (ع۔ ف۔ صف) ناسمجھ۔ بات کو غلط سمجھنے والا۔
**غلط فہمی** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ناسمجھی۔ بے سمجھی۔ بھُول چوک۔
**غلط فیصلہ** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) فیصلہ جو انصاف کے مطابق نہ ہو۔
**غلط کاری** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بداعمالی۔ بدچلنی۔
**غلط نکلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھوٹ ثابت ہونا (۲) جو پہلے سمجھا ہو اس کے برعکس ظاہر ہونا۔
**غلط نامہ** ۔ (۱) فہرستِ اغلاط (۲) صحت نامہ۔
**غلطاں** ۔ (غَل۔ طاں) (ف۔ صف) (۱) گول (۲) لڑھکتا ہوا۔ لوٹتا ہوا۔ ڈھلکتا ہوا۔ (۳) چکر کھا کر گول چیز کا حرکت میں آنا (۴) گرتا پڑتا۔
**غلطاں وپیچاں** ۔ (ف۔ صف) (۱) اُلجھا ہوا (۲) اُدھیڑ بُن میں۔ گرتا پڑتا۔ پریشان۔

**غلطک** ۔ (غَل۔ طَک) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کروٹ (۲) پہیہ (۳) چکر (۴) گول چیز (۵) گاڑی کی دھری۔
**غَلطَہ** ۔ (غَل۔ طَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) موٹا ریشمی کپڑا (۲) میان۔ نیام۔ سرپوش۔ غلاف۔ ڈھکن۔
**غلطی** ۔ (غَ۔ لَ۔ طی) (اُ۔ ا۔ مث) بھُول چوک۔ نادرستی۔ ناسمجھی۔ کوتاہی۔ خطا۔ سہو۔ جمع: غلطیاں۔ اغلاط۔
**غلطی پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سہو ہو جانا۔
**غلطی پکڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) غلطی نکالنا۔ نقص معلوم کر لینا۔
**غلطی سے** ۔ (ا۔ متعلق فعل) بھُول سے۔ بھُول کر۔
**غلطی کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) خطا کرنا۔ دھوکا کھانا۔ بھُول جانا۔
**غلطی میں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) چُوک جانا۔ دھوکا کھا جانا۔
**غلطی نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نقص معلوم کرنا۔
**غلطی ہونا۔ غلطی پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھُول چوک ہو جانا۔ خطا ہونا۔
**غِلظت** ۔ (غِل۔ ظَت) (ع۔ ا۔ مث) گاڑھاپن۔ کثیف ہونا۔ گندگی۔
**غُلغُلہ** ۔ (غُل۔ غُ۔ لَہ) (ف۔ ا۔ مذ) ہنگامہ۔ شور وغُل۔ دھوم۔ شہرت۔
**غلغلہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) شہرت ہونا۔ چرچا ہونا۔
**غُلک** ۔ (غُل۔ لَک) (ف۔ ا۔ مث) نقدی رکھنے کا برتن۔ گولک۔
**غلک میں دھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جیب میں رکھنا۔ جمع کرنا۔
**غِلمان** ۔ (غِل۔ مان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نوعمر لڑکے۔ جنت کے کم سِن خادم۔
**غُلٹا** ۔ (غُ۔ لَم۔ ٹا) (اُ۔ ا۔ مذ) (۱) غلام کی تصغیر۔ حقارت کے اظہار کا کلمہ۔
**غُلُو** ۔ (غُ۔ لُو) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حد سے گزر جانا (۲) بہت زیادہ مبالغہ۔
**غلو کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حد سے زیادہ مبالغہ کرنا۔
**غِلول** ۔ (غِ۔ لُول) (ف۔ ا۔ مذ) غلہ مارنے کی کمان۔
**غُلولہ** ۔ (غُ۔ لو۔ لَہ) (ف۔ ا۔ مذ) غلہ۔ گلہ۔ گولی۔
**غَلّہ** ۔ (غَل۔ لَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اناج۔ دانہ۔ زمین کی پیداوار (۲) نقدی رکھنے کا صندوقچہ۔
**غلہ بھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اناج کا غلہ کرنا۔
**غلہ پھٹکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اناج کو صاف کرنا۔
**غلہ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) چکی کے گڑھے میں اناج کی مٹھی ڈالنا۔
**غلہ فروش** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) اناج بیچنے والا۔
**غلہ منڈی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) وہ جگہ جہاں غلہ لاکر فروخت کریں۔
**غُلّہ** ۔ (غُل۔ لَہ) (اُ۔ ا۔ مذ) (۱) مٹی کی گولی یا کنکری جسے غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں۔ غلولہ (۲) چھوٹی سی گول شے۔
**غُلّہ (پھینکنا) چلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) غلہ مارنا۔
**غلہ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غلیل کے ذریعے سے غلہ چلانا (۲) نشانہ مارنا (۳) مزاحم ہونا۔
**غَلّتی** ۔ (غَل۔ لَ۔ ای) (اُ۔ صف) غلّے کی صورت میں لگان۔
**غَلیان** ۔ (غَل۔ یا۔ ن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جوش۔ غلبہ (۲) حقہ۔
**غَلیظ** ۔ (غَ۔ لیظ) (ع۔ صف) گاڑھا۔ ناپاک۔ گندا۔ نجس۔
**غُلیل** ۔ (غُ۔ لیل) (اُ۔ ا۔ مث) غلہ پھینکنے والی کمان۔ مٹی کی گولی یا کنکری



Marfat.com

پھینکنے والا دوشاخہ چوبی آلہ۔
**غلیل اُتارنا**۔ (ا۔محاورہ) غلیل کا کھاڈکم کردینا۔
**غلیل باز۔ غلیلچی**۔ (ف۔ا۔مذ) غلّہ مارنے والا۔ غلیل چلانے والا۔
**غلیل لگنا**۔ (ا۔محاورہ) غلّہ کا نشانے پر لگنا۔ غلّہ سے چوٹ کھانا۔
**غُلیلہ**۔ (غُ۔ لے۔ لہ) (اُ۔ا۔مذ) غُلّہ۔ غلولہ۔
**غَلی واز**۔ (غَ۔لی۔ واز) (ف۔ا۔مث) چیل۔

## غ — م

**غَم**۔ (ع۔ا۔مذ) رنج۔ دُکھ۔ افسوس۔ صدمہ۔ ملال۔ حزن۔ الم۔ جمع: غموم۔
**غم آلُودہ**۔ (ع۔ف۔صف) رنجیدہ۔ ملول۔ غمناک۔ مغموم۔
**غم اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) دُکھ جھیلنا۔
**غم انگیز**۔ (ع۔ف۔صف) غم پیدا کرنے والا۔
**غم پالنا**۔ (ا۔محاورہ) بکھیڑا اپنے سر لینا۔ خواہ مخواہ کی کوئی مصیبت مول لے لینا۔
**غم پر غم گزرنا**۔ (ا۔محاورہ) رنج پر رنج ہونا۔
**غم خانہ۔ غم کدہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) غم کا گھر۔ ماتم کدہ۔
**غم خوار**۔ (ع۔ف۔صف) ہمدرد۔ دُکھ درد کا شریک۔
**غم خواری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) دُکھ درد میں شرکت۔ مصیبت میں کسی کا ساتھ دینا۔
**غم خواری کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ہمدردی کرنا۔
**غم دیدہ (رسیدہ۔ زدہ)**۔ (ع۔ف۔صف) مصیبت زدہ۔ غم زدہ۔ مصیبت کا مارا ہوا۔
**غم دیکھنا**۔ (ا۔محاورہ) رنج والم برداشت کرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔
**غم سے تلملانا**۔ (ا۔محاورہ) غم کی وجہ سے گھبرانا۔
**غم سے چُھٹنا**۔ (ا۔محاورہ) غم سے نجات پانا۔
**غم سے گھلنا**۔ (ا۔محاورہ) غم کی وجہ سے دُبلا یا بیمار ہو جانا۔ دُکھ کے مارے نڈھال ہو جانا۔
**غم غلط کرنا**۔ (ا۔محاورہ) دِل بہلانا۔ تفریح کرنا۔ غم کو بُھلانا۔
**غم غلط ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دِل بہلنا۔ رنج و ملال دُور ہو جانا۔
**غم فزا**۔ (ع۔ف۔صف) غم بڑھانے والا۔
**غم کا پُتلا**۔ سراپا غم۔
**غم کا مارا**۔ (ا۔مذ) مصیبت زدہ۔ رنجیدہ۔
**غم کرنا**۔ (مص۔مرکب) رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔
**غم کھانا**۔ (ا۔محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔ رنج سہنا۔ دُکھ بھوگنا۔
**غم گسار**۔ (ع۔ف۔صف) غم خوار۔ ہمدرد۔
**غم گساری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) غم خواری۔ ہمدردی۔
**غم گین**۔ (ع۔ف۔صف) رنجیدہ۔ اُداس۔
**غم گین ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مغموم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
**غم میں جان کھونا**۔ (ا۔محاورہ) غم سے بے جان ہونا۔ بہت غمگین ہونا۔
**غم ناک**۔ رنجیدہ۔ مایوس۔ اُداس۔
**غم نداری بُز بخر**۔ (ف۔مثل) اگر تجھے کوئی غم نہیں تو بکری خرید لے۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کوئی ایسا کام کرے جس سے فکر و تردّد لاحق ہو۔
**غم نہیں**۔ (ا۔محاورہ) پروا نہیں۔
**غَمّاز**۔ (غَم۔ ماز) (ع۔صف) چغل خور۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔ طعنہ دینے والا۔ پیچھے لگا رہنے والا۔
**غمّازی**۔ (غَم۔ ما۔ زی) (ف۔ا۔مث) مخبری۔ چغلخوری۔ جاسوسی۔
**غمزہ**۔ (غَم۔ زَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آنکھ کا اشارہ (۲) نخرہ۔ ناز۔ معشوق کی ادا۔
**غمزہ اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) ناز برداری کرنا۔
**غمزہ جانستاں**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) جان لینے والا نخرہ۔
**غمزہ (جتانا) دکھانا**۔ (ا۔محاورہ) نخرہ کرنا۔ ناز دکھانا۔ اترانا۔
**غمزہ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ناز کرنا۔ ادائیں دکھانا۔
**غمکدہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) رنج، مصیبت اور تکلیفوں کا گھر۔
**غمکدہ عالم**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) دُنیا۔
**غَمی**۔ (غَ۔ می) (ف۔صف) رنجیدہ۔ ملول (۲) موت۔ ماتم۔
**غمی ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) موت ہو جانا۔
**غمیں**۔ (ع۔ف۔صف) دیکھیے غمگین۔

## غ — ن

**غِنا**۔ (غِ۔ نا) (ع۔ا۔مث) تونگری۔ دولت مندی۔ بے نیازی۔ بے پرواہی۔
**غِنا**۔ (غِ۔ نا) (ع۔ا۔مذ) راگ۔ نغمہ۔ گانا۔
**غنائم**۔ (غِ۔ نا۔ ئم) (ع۔ا۔مذ) مالِ غنیمت۔ لُوٹ کا مال۔ غنیمت کی جمع۔
**غِنائی**۔ (غِ۔ نا۔ ئی) (ف۔صف) منسوب بہ غنا۔ نغمہ کا۔ نغمہ کی۔
**غِنائیت**۔ (غِ۔ نا۔ ئیت) (ف۔ا۔مث) نغمے کی کیفیت۔ موسیقیت۔
**غُنچگی**۔ (غُن۔ چَ۔ گی) (ف۔ا۔مث) کلی کی کیفیت۔ بند پھول کی مانند۔
**غُنچہ**۔ (غُن۔ چَہ) (ف۔ا۔مذ) پھول کی کلی۔ گُلِ ناشگفتہ۔ شگوفہ۔
**غنچۂ آرزو کھلنا**۔ (ا۔محاورہ) اُمید بر آنا۔ مراد پوری ہونا۔
**غنچۂ پژمُردہ**۔ (ف۔ا۔مذ) کملائی ہوئی کلی۔
**غنچۂ پیشانی**۔ (ف۔صف) تنگ ماتھے والا۔ بد دماغ۔ تنگ پیشانی۔
**غنچۂ پیکاں**۔ (ف۔ا۔مذ) تیر کا پھل۔
**غنچۂ تصویر**۔ (ف۔ا۔مذ) مرقع۔ نمونہ۔ نقشہ۔
**غنچہ چٹخنا**۔ (مص۔مرکب) غنچہ چٹکنا۔ کلی کھلنا۔
**غنچۂ خاطر (دل)**۔ (ف۔صف) نازک طبع۔ زود رنج۔
**غنچۂ خاطر شگفتہ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دل کی کلی کھلنا۔ دِل خوش ہونا۔
**غنچۂ دل تنگ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) مغموم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
**غنچہ دہاں۔ غنچہ دہن**۔ (ف۔صف) (۱) چھوٹے منہ کا (۲) محبوب جس کا



Marfat.com

منہ کلی کی طرح چھوٹا لیکن خوبصورت ہو۔
**غنچہ لب**۔ (ف۔صف) بند ہونٹ۔ محبوب کے لب۔ نازک اور حسین ہونٹ۔
**غنچۂ ناشگفتہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بند کلی (۲) دوشیزہ۔ کنواری۔
**غُنڈا۔ غنڈہ**۔ (غُن۔ڈا) (غُن۔ڈہ) (اُ۔صف) بدمعاش۔ بدچلن۔ گنڈا۔ لڑائی جھگڑا کرنے والا۔
**غُنغنا**۔ (غُن۔غُ۔نا) (اُ۔صف) ناک میں بولنے والا۔
**غُنغنانا**۔ (غُن۔غُ۔نا۔نا) (اُ۔مص) ناک میں بات کرنا۔
**غُنغنی**۔ (غُن۔غُ۔نی) (اُ۔صف) ناک میں بولنے والی عورت۔
**غُنگُڑی**۔ (غُن۔گڑی) (ق۔ا۔مث) بھکاری کا لباس۔
**غُنم**۔ (ع۔ا۔مذ) لوٹ کا مال۔
**غُنودگی**۔ (غ۔نُو۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) اُونگھ۔ نیند۔ خمار۔ نشہ۔
**غُنودگی آنا**۔ (ا۔محاورہ) اونگھنا۔ نیند آنا۔
**غُنّہ**۔ (غُن۔نَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے۔ ناک کی آواز۔ خنخناہٹ۔
**غَنی**۔ (غَ۔نی) (ع۔صف) آسودہ۔ مطمئن۔ بے نیاز (۲) دولت مند۔ جمع: اغنیاء۔
**غَنیم**۔ (غَ۔نیم) (ع۔ا۔مذ) لٹیرا۔ ڈاکو۔ دُشمن۔
**غنیم چڑھ آنا**۔ (ا۔محاورہ) دشمن کا ملک پر حملہ کر دینا۔
**غَنیمت**۔ (غَ۔نی۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) لُوٹ۔ لُوٹ کا مال۔ مفت مل ہوئی چیز (۲) قابلِ قدر۔ عمدہ۔ جمع: غنائم۔
**غنیمت (جاننا) سمجھنا**۔ (ا۔محاورہ) قدر کرنا۔ مناسب سمجھنا۔ قناعت کرنا۔ کافی ہونا۔
**غنیمت ہونا**۔ (ا۔محاورہ) قابلِ قدر ہونا۔ قابلِ شکر ہونا۔ کافی ہونا۔
**غنیمت ہے**۔ بہتر ہے۔ شکر کا مقام ہے۔ بہرحال خوب ہے۔

## غ — و

**غَوّاص**۔ (غَو۔واص) (ع۔ا۔مذ) غوطہ لگانے والا۔ غوطہ خور۔
**غَوّاصی**۔ (غَو۔وا۔صی) (ع۔ا۔مث) (۱) غوطہ خوری۔ غوطہ زنی۔ موتی نکالنے کے لیے دریا میں ڈبکی لگانا (۲) غوّاص کا پیشہ یا کام۔
**غَوامِض**۔ (غَ۔وا۔مِض) (ع۔ا۔مذ) چھپی ہوئی باتیں۔ بھید۔ باریکیاں۔
**غَوایت**۔ (ع۔ا۔مذ) گمراہی۔
**غَوث**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) فریاد کو پہنچنے والا (۲) اہلِ اسلام میں ولایتِ الٰہی کا ایک درجہ۔
**غوثُ الاعظم۔ غوثُ الثقلین**۔ (۱) شیخ عبدالقادر جیلانی، بڑے پیر صاحب کا لقب (۲) بڑا فریادرس۔
**غَور**۔ (ع۔ا۔مذ ومث) سوچ۔ فکر۔ تامل (۲) خبرگیری۔ حفاظت۔
**غور پرداخت**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) خبرگیری۔ پرورش۔ رکھ رکھاؤ۔
**غور سے دیکھنا**۔ (ا۔محاورہ) گہری نظر سے دیکھنا۔ خوب اچھی طرح دیکھنا۔
**غور طلب**۔ (ع۔ف۔صف) سوچنے، فکر کرنے کے قابل۔ قابلِ غور۔ توجہ کا مستحق۔
**غور کرنا**۔ (مص۔مرکب) سوچنا۔ دھیان کرنا۔ فکر کرنا۔ توجہ کرنا۔
**غور و خوض**۔ (ع۔ف۔مذ) غور و فکر۔ سوچ بچار۔
**غور و فکر سے کام لینا**۔ (ا۔محاورہ) خوب سوچ سمجھ کر کام کرنا۔
**غُورہ**۔ (غُو۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کچا انگور (۲) کبوتروں کا ایک رنگ۔
**غَوری**۔ (غَو۔ری) (ف۔صف) افغانستان کے ایک شہر غور سے منسوب۔
**غوز**۔ (ف۔ا۔مث) گپ۔ بے ہودہ بات (۲) شیخی۔
**غوزیں (اُڑانا۔ لگانا) لڑانا**۔ (ا۔محاورہ) گپ ہانکنا۔ شیخیاں بگھارنا۔ ڈینگیں مارنا۔
**غُوط**۔ (اُ۔ا۔مذ) (۱) پتنگ کا اُوپر سے نیچے آنا (۲) بے ہوشی۔ غشی (۳) استغراق۔
**غوط پر غوط آنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) غش پر غش آنا (۲) بہت پسینہ آنا۔
**غوط دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کنکوے کو اُوپر سے نیچے لانا (۲) ڈبکی دینا۔
**غوط (لگانا) مارنا**۔ (ا۔محاورہ) خیال میں محو ہونا۔ غائب رہنا۔
**غُوطم چارہ**۔ (غُو۔طَم۔چا۔رہ) (اُ۔ا۔مذ) بار بار ایک پتنگ کو دوسرے پر گرانا اور ہٹا لینا۔
**غوطہ**۔ (غَو۔طَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ڈبکی۔ پانی میں ڈوبنا یا ڈبونا۔
**غوطہ خور۔ غوطہ زن**۔ (ع۔ف۔صف) (۱) غوّاص۔ ڈبکی لگانے والا (۲) جل کوا۔
**غوطہ دینا**۔ (۱) پانی میں ڈبونا۔ پانی ڈال کر پاک کرنا۔ ڈبونا (۲) ناغہ کرنا۔ دھوکا دینا۔ چکمہ دینا۔
**غوطہ کھانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۲) سہو ہونا (۳) دھوکا کھانا۔
**غوطہ (لگانا) مارنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ڈبکی لگانا (۲) پوشیدہ رہنا (۳) غائب رہنا (۴) کسی خیال میں ڈوبنا۔
**غوطے میں پڑا رہنا**۔ (ا۔محاورہ) چُپ چاپ پڑا رہنا۔ بے حس و حرکت پڑے رہنا۔
**غوطے میں جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی خیال میں محو ہو جانا (۲) ڈوبنا۔
**غوغا**۔ (غَو۔غا) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) ٹڈیوں کا ہجوم (۲) آدمیوں کا مجمع (۳) شور۔ غل۔ ہُلڑ۔ ہنگامہ۔ غل غپاڑا۔
**غوغا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) شور مچانا۔
**غوغائی**۔ (غو۔غا۔ای) (ف۔صف) (۱) شور کرنے والا (۲) غل مچانے والا۔ (۲) جھوٹا (۳) خاکستری رنگ کا ایک پرند۔
**غوک**۔ (ف۔ا۔مذ) مینڈک۔
**غُول**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) انبوہ۔ گروہ۔ مجمع۔ ٹولی (۲) فوج کا مرکزی حصہ (۳) دیو۔ بھوت پریت۔ چھلاوہ۔
**غول باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) بھیڑ لگانا۔ ٹولی بنانا۔ قطار بنانا۔
**غول بیاباں (بیابانی)**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) بھوت پریت۔ چھلاوہ۔
**غول کے غول**۔ (ا۔صف) گروہ کے گروہ۔
**غولک**۔ (غو۔لک) (ف۔ا۔مث) غلک۔ نقدی رکھنے کا برتن۔
**غوں غاں**۔ (اُ۔ا۔مث) دُودھ پیتے بچّے کے بولنے کی آواز۔
**غوں غاں کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ننھے بچّے کا بولنا۔
**غُوں غُوں**۔ (اُ۔ا۔مث) کبوتر کی آواز۔



Marfat.com

# غ ـــ ی

**غِیاب** ۔ (غِ ۔ یاب) [ع ۔ ا ۔ مث] پوشیدہ ۔ اوجھل ۔ مخفی ۔ غیب کی جمع ۔

**غِیاث** ۔ (غِ ۔ یاث) (ع ۔ صف) فریاد سُننے والا ۔ فریاد کو پہنچنے والا ۔

**غیب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) غیر موجود ۔ غائب ۔ پوشیدہ ۔ اوجھل ۔ جمع : غیوب ۔ غیاب ۔

**غیب دان** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) پوشیدہ حال جاننے والا ۔ غیب کی خبر رکھنے والا

**غیب دانی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) پوشیدہ حال جاننا ۔

**غیب سے دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جہاں سے کوئی خیال نہ ہو وہاں سے چیز مل جانا ۔ خدا کی دین ۔

**غیب (غلہ) غلیلہ ہونا** ۔ چھُپ جانا ۔ گُم ہونا ۔ (ق) ۔

**غیب کی خبر** ۔ (ا ۔ مث) آئندہ واقعات کا علم ۔

**غیبانی** ۔ (غَے ۔ با ۔ نی) (ا، ر ۔ صف) (۱) بے شرم اور بدچلن عورت (۲) حرام زادہ ۔

**غیبت** ۔ (غَے ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] غیر موجودگی ۔ غیر حاضری ۔ پس پُشت ۔

**غیبت صغریٰ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) اہل تشیع کے نزدیک امام وقت کا غائب ہونا ۔ مگر امام کے نائبوں کا ظاہر ہونا ۔

**غیبت کبریٰ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) اہل تشیع کے نزدیک امام وقت اور اس کے نائبوں کا غائب ہونا ۔

**غِیبت** ۔ (غی ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بدگوئی (۲) کسی کے پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ۔ (۳) بدی ۔

**غیبت کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بدی کرنا ۔ بدگوئی سے کام لینا (۲) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ۔

**غیبتی** ۔ غیبت کرنے والا ۔ (ق) ۔

**غیبی** ۔ (غَے ۔ بی) (ا، ر ۔ صف) (۱) غائب ۔ غیر حاضر (۲) عالم غیب سے متعلق و منسوب

**غیر** ۔ (ع ۔ صف) (۱) اجنبی ۔ علیحدہ شے ۔ دوسرا ۔ رقیب ۔ دشمن (۲) بیگانہ ۔ سوا ۔ مختلف (۳) حرف نفی جیسے غیر آباد (۴) دگرگوں ۔ خراب ۔ نازک ۔

**غیر آباد** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ویران ۔ اُجاڑ ۔ بنجر ۔

**غیر آئینی** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ملک کے بنیادی قانون کے خلاف ۔

**غیر اختیاری** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) مجبوری کی حالت ۔ بے اختیاری ۔

**غیر از** ۔ (حرف استثنا) ماسوا ۔ علاوہ ازیں ۔ بجز اس کے ۔

**غیر تسلی بخش** ۔ (ا ۔ تابع فعل) جس سے تسلی نہ ہو ۔ خراب ۔

**غیر جنس** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) کسی دوسری قسم یا نوع کا ۔

**غیر حاضر** ۔ (ع ۔ صف) غائب ۔ اوجھل ۔

**غیر حالت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) جان کنی کی حالت ۔ دگرگوں حالت ۔

**غیر ذمہ دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) لاابالی ۔ فرض ناشناس ۔ جس کو ذمہ داری کا احساس نہ ہو ۔

**غیر رائج** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جو مروج نہ ہو ۔

**غیر رسمی** ۔ غیر معمولی ۔

**غیر ساکن** ۔ متحرک ۔ جو ایک جگہ نہ رہے ۔

**غیر سال** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سالِ گزشتہ ۔ گزرا ہوا سال (ق) ۔

**غیر سمجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اجنبی سمجھنا ۔ اپنا دوست یا عزیز نہ سمجھنا (۲) غلط سمجھنا ۔ (۳) توجہ نہ کرنا ۔

**غیر شافی** ۔ (ع ۔ صف) تسکین نہ دینے والا ۔ ناکافی ۔ جس سے شفا نہ ہو ۔

**غیر شخص** ۔ (ع ۔ صف) اجنبی ۔ بے گانہ ۔ نامحرم ۔

**غیر شرعی** ۔ (ع ۔ صف) شریعت کے خلاف ۔

**غیر شفاف** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) دھندلا ۔ تاریک ۔

**غیر صائب** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) نادرست ۔

**غیر ضروری** ۔ (ع ۔ صف) جس کی ضرورت نہ ہو ۔ بیکار ۔

**غیر علاقہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دوسرے کی ریاست ۔ سرحدی قبائلی علاقہ ۔

**غیر فانی** ۔ (ع ۔ صف) کبھی نہ مرنے والا ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔

**غیر کی آگ میں جلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا ۔

**غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا** ۔ (ا ۔ مثل) مخالف کے تھوڑے سے نقصان کے واسطے اپنا زیادہ نقصان کر لینا ۔

**غیر متاثر** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) جس کا اثر نہ ہو ۔ جس پر اثر نہ ہو ۔

**غیر مترقبہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) جس کا احاطہ نہ کیا جا سکے ۔ جس کی توقع نہ ہو ۔ یکایک ۔ ناگہاں ۔

**غیر متعین ۔ غیر معیّن** ۔ (ع ۔ صف) لامحدود ۔ لامتناہی ۔

**غیر متناہی** ۔ (ع ۔ صف) جس کی انتہا نہ ہو ۔

**غیر متعہد** ۔ (ع ۔ ا ۔ صف) جس سے کسی قسم کا معاہدہ نہ ہوا ہو ۔

**غیر مجاز** ۔ (ع ۔ صف) جس کو کسی کام کا اختیار نہ ہو ۔ غیر مستند ۔

**غیر محدود** ۔ (ع ۔ صف) بے شمار ۔ جس کی کوئی حد نہ ہو ۔

**غیر مرد** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) وہ شخص جو قریبی رشتہ دار نہ ہو ۔ بے گانہ ۔ نامحرم ۔

**غیر مروج** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جس کا رواج نہ ہو ۔

**غیر مزروعہ** ۔ (ع ۔ صف) کاشت نہ کی ہوئی زمین ۔

**غیر مساوی** ۔ (ع ۔ صف) جو برابر نہ ہو ۔

**غیر مستعمل** ۔ (ع ۔ صف) جو استعمال میں نہ آیا ہو ۔ کورا ۔ اچھوتا ۔

**غیر مشروط** ۔ (ع ۔ صف) بغیر کسی شرط کے ۔ یقینی ۔

**غیر معتبر** ۔ (ع ۔ صف) ناقابل اعتبار ۔ جھوٹا ۔

**غیر معروف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جس کو عام طور پر نہ جانتے ہوں ۔

**غیر مفید** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جس کا فائدہ نہ ہو ۔

**غیر معمول ۔ غیر معمولی** ۔ (ع ۔ صف) معمول کے خلاف ۔ خلافِ دستور ۔ (۲) بہت زیادہ ۔

**غیر مقبوضہ** ۔ (ع ۔ صف) جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو ۔ لاوارث ۔

**غیر مکمل** ۔ (ا ۔ تابع فعل) ادھورا ۔ نا تمام ۔

**غیر ملفوظ** ۔ (ع ۔ صف) وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے ۔ جیسے بالکل میں الف ۔

**غیر ملکی** ۔ (ع ۔ صف) پردیسی ۔ دوسرے ملک میں ۔ اجنبی ۔

**غیر ممکن** ۔ (ع ۔ صف) دُشوار ۔ ناممکن ۔ محال ۔

**غیر مناسب** ۔ (ا ۔ تابع فعل) بے جا ۔ نامناسب ۔



Marfat.com

**غیر منقولہ**۔ (ع۔ صف) (۱) قائم۔ غیر متحرک (۲) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے۔
**غیر منکوحہ**۔ (ع۔ ف۔ مث) بے نکاحی گھر میں ڈالی ہوئی۔
**غیر موروثی**۔ (ع۔ صف) وہ جو ورثہ میں نہ آئی ہو۔
**غیر مؤثر**۔ (ف۔ تابع فعل) جس کا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ ہو۔ خارج از بحث (۲) جس کا اثر نہ ہو۔
**غیر نافذ**۔ (ع۔ صف) جو جاری نہ ہو۔
**غیر واجب۔ غیر واجبی**۔ (ع۔ صف) قانون کے خلاف۔ غلط۔ بے جا۔ نامناسب۔
**غیرت**۔ (غَے۔ رَت) [ف۔ ا۔ مث] حمیت۔ لحاظ۔ شرم۔ حیا (۲) حسد۔
**غیرت (آنا) کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) غیرت ہونا۔ شرم کرنا۔
**غیرت اُڑا دینا**۔ بے حیا ہو جانا۔
**غیرت بخش**۔ (ع۔ ف۔ صف) جسے دیکھ کر شرم آئے۔
**غیرتِ چمن۔ غیرتِ گلزار**۔ جس پر باغ کو رشک آئے۔ یعنی محبوب۔
**غیرت چھوڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بے حیا ہونا۔ بالکل شرم نہ ہونا۔
**غیرتِ حور**۔ حور کو شرما دینے والا۔ نہایت حسین۔
**غیرتِ ماہ**۔ چاند کو شرما دینے والا۔ مجازاً معشوق۔
**غیرت دار۔ غیرت مند**۔ (ع۔ صف) خود دار۔ حیا دار۔ باحمیت۔
**غیرت رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) حیا رکھنا۔ باحیا ہونا۔

**غیرت سے کٹ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔
**غیرت کا تقاضا**۔ (ا۔ مذ) کسی بات کو سوچ کر دل میں ندامت ہونا۔
**غیرت کا مارا**۔ (ا۔ محاورہ) شرم لحاظ کا پابند۔
**غیرت کی جگہ ہے**۔ (ا۔ محاورہ) نادم ہونا چاہیئے۔ شرم کرنا چاہیئے۔
**غیرت مند**۔ (ع۔ ف۔ صف) غیرت والا۔ باحیا۔
**غیریت**۔ (غَے۔ رِی۔ اَت) [اُ۔ ا۔ مث] اجنبیت۔ بے گانگی۔
**غیریت برتنا**۔ (ا۔ محاورہ) بیگانگی برتنا۔ غیر سمجھنا۔
**غیض**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ناتمام بچہ جو حمل سے ساقط ہو جائے۔ بہت ہی تھوڑا۔ (۲) پانی کا کم ہو جانا۔ ناقص کرنا۔ مجازاً تھوڑی بخشش۔
**غیظ**۔ [ع۔ ا۔ مذ] سخت غصّہ۔ غصّہ کی تیزی۔
**غیظ و غضب**۔ سخت غصّہ۔
**غیں**۔ [اُ۔ ا۔ مث] ایک بے معنی آواز۔
**غیں پیں**۔ (ا۔ مث) شکایت کی آواز۔ جھگڑا۔ تکرار۔
**غیں غیں**۔ (ا۔ مث) منت سماجت۔ عاجزی۔
**غین**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) (حرف "غ" کا تلفظ) (۲) گھرا ہوا ابر (۳) پیاس۔ (۴) تاریکی (۵) نشہ میں چور۔
**غین ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) نشہ میں غرق ہونا۔
**غیور**۔ (غَ۔ یُور) [ع۔ صف] (۱) بہت غیرت کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔



Marfat.com

# ف

ف ۔ (فے) [ع ۔ مث] اُردو کا چھبیسواں ۔ فارسی کا تیئیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے اَسّی ۸۰ عدد فرض کیے گئے ہیں ۔ عربی میں حروف نتائج کا کام دیتا ہے اور پس ۔ پھر ۔ تب ۔ برائے اور لیے چنانچہ وغیرہ کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے فاعتبرو ۔ فبہا وغیرہ ۔ بعض اوقات ۔ ب ۔ پ ۔ خ ۔ د ۔ ہ اور ی سے بدل جاتا ہے ۔ قمری حرف ہے یعنی اس سے پہلے "ال" آئے تو "لام" اپنی آواز دیتا ہے جیسے الفجر ۔

## ف ۔ ا

**فاتح** ۔ (فا ۔ تح) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جیتنے والا ۔ فتح کرنے والا ۔ منصور مظفر (۲) کھولنے والا (۳) شروع کرنے والا ۔ جمع ۔ فاتحین ۔

**فاتحہ** ۔ (فا ۔ تِ ۔ حَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کسی چیز کا شروع ۔ ابتدا ۔ آغاز (۲) سورۂ الحمد ۔ (۳) قرآن شریف پڑھ کر مردے کی روح کو ثواب پہنچانا ۔ نذر ۔ نیاز ۔ (۴) فتح کرنے یا کھولنے والی عورت ۔ جمع فواتح ۔ فاتحات ۔

**فاتحہ پڑھنا** (ا ۔ محاورہ) (۱) مُردے کی روح کو ثواب پہونچانے کی نیت سے اَلحمد وغیرہ پڑھنا ۔ نذر نیاز دینا ۔

**فاتحہ خوانی** (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) کسی کے مرنے کے بعد اظہار تعزیت کے لیے آ کر فاتحہ پڑھنا ۔ (۲) [کنایۃً] مایوس ہو جانا ۔ ہاتھ اٹھا لینا ۔ توقع نہ رکھنا ۔

**فاتحہ خیر** (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) دعائے خیر (۲) [مجازاً] نکاح ۔ عقد ۔

**فاتحہ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نیاز دینا ۔ قرآن شریف پڑھ کر مردے کو ثواب پہنچانا ۔

**فاتحہ نہ درود ۔ کھا گئے مردود** ۔ (مثل) کسی شے کا عبث ضائع ہونا ۔

**فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود** ۔ (ا ۔ مثل) بے محنت و مشقت کھانے کو مانگنا ۔

**فاتحہ نہ درود مر گئے مردود** ۔ (ا ۔ مثل) جس مردے کی نیاز و فاتحہ دینے دلانے والا کوئی نہ ہو ۔ شریر اور بد مزاج کی موت پر بولتے ہیں ۔

**فاتر** ۔ (فا ۔ تِر) [ع ۔ صف] کمزور ۔ ضعیف ۔ سُست ۔

**فاتر العقل** ۔ (ع ۔ صف) جس کی عقل میں خرابی آ گئی ہو ۔

**فاجر** (فا ۔ جِر) (ع ۔ صف) بدچلن ۔ بدکار ۔ گنہگار ۔ جمع ۔ فجار ۔

**فاجرہ** ۔ (فا ۔ ج ۔ رَہ) [ع ۔ صف] بدچلن عورت ۔

**فاجعہ** (ع ۔ صف) غم انگیز ۔ غمناک ۔ دردمند کر دینے والا ۔

**فاحش** ۔ (فا ۔ حِش) [ع ۔ صف] بدی کی حد سے گزرنے والا ۔ سخت گناہ ۔ شرمناک قبیح ۔ (۲) بھاری ۔ سخت ۔

**فاحشہ** ۔ (فا ۔ ح ۔ شَہ) [ع ۔ صف] بدکار عورت ۔ جمع ۔ فواحش ۔ فاحشات ۔

**فاختہ** (فاخ ۔ تَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] قمری کے برابر اور ہم شکل خاکستری رنگ کا ایک پرند ۔

**فاختہ اڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گل چھرّے اڑانا ۔ مزے کرنا ۔ عیش منانا

**فاختئی** ۔ (فاخ ۔ تَ ۔ ئی) [ف ۔ صف] فاختہ جیسا رنگ ۔ خاکستری ۔ خاکی ۔

**فاخر** ۔ (فا ۔ خِر) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) فخر کرنے والا ۔ (۲) عمدہ بیش قیمت ۔

**فاخرہ** ۔ (فا ۔ خ ۔ رَہ) بیش قیمت ۔

**فادزہر** ۔ (فادَ ۔ زَہَر) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) تریاق ۔ دافع زہر ۔ (۲) زہر مہرہ ۔

**فار** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] چوہا ۔ مُوش ۔

**فاران** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ۔

**فارخطی** ۔ (داصل فارغ خطی ہے) (فار ۔ خ ۔ طی) [ا ۔ ا ۔ مث] (۱) مطالبہ بھر پانے کا تحریری اقرار ۔ بے باقی کی رسید ۔ (۲) بے تعلقی کی تحریر جو میاں بیوی کے درمیان ہو ۔ طلاق نامہ ۔ (۳) فارغ کرنا چھٹکارا دینا ۔ چھٹی دینا ۔

**فارس** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] گھوڑے کا سوار ۔ شہ سوار (۲) پارس ۔ ایران

**فارسٹ** ۔ (Forest) (فا ۔ رَسٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] جنگل بیابان ۔

**فارسٹر** ۔ (Forester) (فا ۔ رَس ۔ ٹَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] محکمہ جنگلات کا ایک ادنیٰ ملازم ۔

**فارسی** ۔ (فار ۔ سی) [ف ۔ ا ۔ مث] وہ زبان جو فارس یعنی ملک ایران میں بولی جاتی ہے ۔

**فارسی بگھارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فارسی زبان میں گفتگو کرنا (۲) بے موقع بے محل اپنی لیاقت کا اظہار کرنا ۔

**فارسی کی ٹانگ توڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غلط سلط فارسی بولنا ۔

**فارغ** ۔ (فا ۔ رِغ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) آسودہ ۔ مطمئن ۔ (۲) خلاصی اور نجات پانے والا (۳) آزاد ۔ بَری ۔

**فارغ البال** ۔ (ع ۔ صف) آسودہ ۔ مطمئن ۔ آزاد ۔ خوش حال ۔

**فارغ البالی** (ع ۔ ا ۔ مث) خوش حالی ۔ بے فکری ۔

**فارغ خطی** ۔ دیکھیے فارخطی ۔ بے باقی کی رسید ۔

**فارغ ہونا** ۔ (ص مرکب) چھٹکارا پانا ۔ فرصت پانا ۔

**فارق** ۔ (فا ۔ رِق) [ع ۔ صف] فرق کرنے والا ۔

**فارقلیط** ۔ (عبرانی ۔ ا ۔ مذ) پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وہ نام جو انجیل میں آیا ہے ۔ عربی ترجمہ "احمد"

**فارم** (Form) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ۔ (۱) نقشہ ۔ نمونہ ۔ وضع ۔ شکل ۔ (۲) چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پُری کے لیے دیا جائے ۔

**فارم** ۔ (Farm) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کھیت (۲) اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں کے ذریعے کاشت کی جاتی ہو ۔



Marfat.com

**فارمولا** - (Formula) (فار - مو - لا) [انگ - ا - مذ] مقررہ قاعدہ گُر - کلیہ -

**فارمیسی** (Pharmacy) (فار - مے - سی) [انگ - ا - مث] (۱) دوا سازی - دوا آمیزی (۲) دوا خانہ -

**فارمیکا** - (انگ - ا - مذ) پلاسٹک کی پتلی سی تہ جو لکڑی کی چیزوں پر کیمیائی اثرات سے بچانے کے لیے چڑھائی جاتی ہے -

**فارن آفس** (Foreign Office) (فا - رن - آ - فِس) [انگ - ا - مذ] غیر ملکوں سے معاملات کرنے کا محکمہ

**فارن ہائٹ** (Fahrenheit) (فا - رن - ہا - اِٹ) [انگ - مذ] جرمن تھرمامیٹر جس میں نقطۂ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطۂ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے -

**فارورڈ** - (Forward) (فار - ورڈ) [انگ - صف] آگے -

**فارورڈ کرنا** - آگے چلتا کرنا - بھیجنا - ارسال کرنا

**فاروق** - (فا - رُوق) [ع - صف] (۱) فرق کرنے والا - حق و باطل میں فرق کرنے والا (۲) حضرت عمر رض کا لقب (۳) ایک تریاق (۴) ایک تیزاب جس سے کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں -

**فاروقی** - (فا - رُو - قی) [ع - صف] حضرت فاروق سے منسوب - حضرت عمر رض کی اولاد -

**فاسٹ** (Fast) [انگ - صف] زیادہ تیز -

**فاسخ** (فا - سِخ) [ع - صف] فسخ کرنے والا - توڑنے والا -

**فاسد** - (فا - سِد) [ع - صف] (۱) تباہ - برباد - بد - شریر - فسادی - جھگڑالو - (۲) خراب - ناقص - بگڑا ہوا -

**فاسفورس** - (Phosphorous) (فاس - فورس) [انگ - ا - مذ] ایک تلب ناک کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے -

**فاسفیٹ** - (Phosphate) (فاس - فیٹ) [انگ - ا - مذ] فاسفوری نمک -

**فاسق** (فا - سِق) [ع - صف] (۱) گنہ گار - بدکار - (۲) دروغ گو - جھوٹا -

**فاش** - (ع - صف) ظاہر - کھلا - آشکار - صریح -

**فاش غلطی کرنا** - (ا - محاورہ) کھلی غلطی کرنا - ایسی بھاری غلطی کرنا جسے سب جانتے ہوں -

**فاش ہونا** - (مص مرکب) ظاہر ہونا - طشت از بام ہونا -

**فاشزم** - (Fascism) (فا - شزم) [انگ - ا - مذ] فسطائیت سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریت کا جمہوریت دشمن نظریہ -

**فاشِسٹ** - (Fascist) (فا - شِسٹ) [انگ - صف] فسطائی - فاشزم کا پیرو -

**فاشی** - [انگ - صف] فسطائی - فاشزم سے متعلق - آمرانہ - جارحانہ -

**فاصِل** - (فا - صِل) [ع - صف] جُدا کرنے والا - فرق کرنے والا -

**فاصِل آب** [ع - ف - مذ] دو دریاؤں کے درمیان کا مرتفع قطعۂ زمین -

**فاصلہ** - (فا - صِ - لہ) [ع - ا - مذ] دوری - مسافت - عرصہ - میدان

**فاضل** - (فا - ضِل) [ع - صف] (۱) زیادہ - نکلتا ہوا - بڑھا ہوا - (۲) عالم دانا - صاحب علم و فضل - جمع - فُضلا -

**فاضل اجل** (ع - صف) بہت بڑا فاضل - جید عالم -

**فاضل باقی** - بچا ہوا روپیہ -

**فاضل باقی نکالنا** - (ا - محاورہ) وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا -

**فاضل ہونا** - (مص مرکب) (۱) عالم ہونا - صاحب علم و فضل ہونا (۲) کسی شے کا زیادہ ہونا -

**فاضلات** - (ف - ضِ - لات) [ف - ا - مذ] (۱) فاضل رقم (۲) پانی جو سیلاب کی وجہ سے نہر سے باہر نکلے -

**فاضلہ** - (ع - صف) [مث] صاحبِ علم عورت -

**فاطمہ** - (فا - طِ - مَہ) [ع - ا - مث] (۱) وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو بچے کو دودھ نہ پلانے والی - (۲) رسولِ مقبول صلعم کی صاحبزادی فاطمۃ الزہرہ -

**فاطمی** - (فا - طِ - می) [ع - صف] حضرت فاطمہ کی نسل کا (۲) مصری فرماں رواؤں کا خاندان جنہوں نے ۹۰۹ء تا ۱۱۷۱ء حکومت کی -

**فاعتبروا یا اولی الابصار** - [ع - آیت قرآنی] اے سمجھ والو عبرت حاصل کرو -

**فاعِل** - (فا - عِل) [ع - صف] (۱) کام کرنے والا - (۲) (کنایۃً) اغلام کرنے والا -

**فاعل حقیقی** (ع - امذ) خدائے تعالیٰ -

**فاعل مختار** - (ع - ا - مذ) وہ کام کرنے والا جس کو کامل اختیار حاصل ہو -

**فاعل و مفعول** - وہ جو کام کرے اور جس کے ساتھ کیا جائے (۱) اغلام کرنے والا اور جس کے ساتھ اغلام کیا جائے -

**فاعلی** - (فا - عِ - لی) [ع - صف] فاعل سے منسوب -

**فاعلیت** - (ف - ا - مث) فاعل ہونا -

**فافہم** - (فَف - ہَم) [ع] پس غور کرو اور سمجھو -

**فاق** - [ع - ا - مذکر] تیر کا پچھلا حصہ - سوفار -

**فاقد** - (فا - قِد) [ع - صف] کھو دینے والا -

**فاقد البصر** - [ع - صف] اندھا - نابینا -

**فاقہ** - (فا - قہ) [ع - ا - مذ] کھانا نہ کھانا - بھوکا رہنا -

**فاقہ زدہ** - بھوک کا مارا - بھوکا - (۲) کنگال -

**فاقے سے ہونا** - (مص مرکب) کچھ نہ کھانا - بھوکا ہونا -

**فاقہ شکنی** - [ع - ف - مث] فاقے کے بعد کھانا کھانا -

**فاقے کا مارا** - (ا - محاورہ) غریب ہے - بھوک کا ستایا ہوا -

**فاقہ کش** - بھوکا رہنے والا - محتاج -

**فاقہ کرنا** - (ا - محاورہ) فاقہ ہونا - بھوکا رہنا

**فاقہ مست** [ع - ف - ا - مذ] (۱) تنگی میں بھی چین سے رہنے والا - (۲) تنگی میں بھی مگن رہنے والا -

**فاقہ مستی** - (ع - ف - ا - مث) تنگ دستی میں خوشی - مفلسی میں رنگ رلیاں



Marfat.com

**فاقوں پر فاقے گذرنا** - (ا - محاورہ) متواتر بھوکے رہنا - لگاتار کچھ نہ کھانا
**فاقوں کا مارا** - (ا - محاورہ) وہ جو بھوک سے دُبلا ہوگیا ہو -
**فاقہ ہونا** (ا - محاورہ) فاقہ گزرنا - بے کھائے رہنا - بھوکا رہنا -
**فاکہہ** (ع - ا - مذ) میوہ - پھل - ہرا پھل -
**فال** [ع - ا - مث] شگون - غیب کی بات - پیشین گوئی -
**فال دیکھنا - فال کھولنا - فال لینا** - (ا - محاورہ) کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک اور بد شگون معلوم کرنا - غیب کی بات دریافت کرنا -
**فال کی کوڑیاں ملا کو بھی حلال ہیں** - (ا - مثل) مشقت کی اجرت پرہیزگار اور متقی کو بھی جائز ہے -
**فال گو** [ع - ا - مذ] فال دیکھنے اور بتانے والا -
**فال نامہ** [ع - ا - مذ] وہ کتاب جس سے فال نکالی جائے -
**فال نکلنا** - شگون ہونا - غیب کی بات معلوم کرنا -
**فال نیک** [ع - ف - ا - مث] اچھا شگون
**فالتو** (فال - تُو) [اُر - صف] (۱) ضرورت سے زائد - بیکار - فاضل - فضول -
(۲) پہاڑی لوگ - قلی - مزدور
**فالج** - (فا - لِج) [ع - ا - مذ] بدن کا ڈھیلا یا سُن پڑ جانا
**فالج زدہ** [ع - ف - صف] جسے فالج ہوا ہو -
**فالج گرنا ، ہونا** - فالج کا مرض ہونا -
**فالسہ** - (فال - سَہ) [ف - ا - مذ] جھاڑی کے بیر کے برابر ایک اُودا کھٹ مٹھا میوہ -
**فالسئی** - (فال - سَ - ئِی) [ف - صف] اودا رنگ - سیاہی مائل سرخ -
**فالودہ** (فا - لُو - دَہ) [ف - ا - مذ] پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر سِویاں سی بنا لیتے ہیں اور دودھ ، برف و شکر کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں -
**فالودہ کھاتے وقت دانت ٹوٹیں تو بلا سے** - (ا - مثل) بھلائی میں بھی برائی ہو تو ہوا کرے اگر آسان کام میں بھی جی گھبرائے تو بلا سے -
**فالیز** - (فا - لیز) [ف - ا - مث] خربوزے کا کھیت - کھیرا - ککڑی - تربوز کا کھیت -
**فام** - [ف - صف] رنگ - شبیہ - مانند - مرکبات میں مستعمل ہے جیسے سیاہ فام - سفید فام -
**فانوس** - (فا - نُوس) [ف - ا - مذ] ایک قسم کی بڑی قندیل - ایک قسم کا شمع دان جس پر پنجرے کی شکل کا باریک کپڑا یا کاغذ چڑھا ہوتا ہے -
**فانوس خیال - فانوس خیالی - فانوس گرداں** - [ف - ا - مذ] ایک قسم کا کاغذی فانوس - جس پر ہاتھی - گھوڑوں وغیرہ کا چکر بنا دیتے ہیں جو گھمانے یا ہوا کے زور سے گردش کرتا ہے -
**فانہ** - (فا - نَہ) [ف - ا - مذ] پھانہ - چپٹی لکڑی جس کے ذریعہ دوسری لکڑی کی درز بند کرتے ہیں -
**فانی** - (فا - نِی) [ع - صف] (۱) فنا ہونے والا - مٹنے والا - (۲) بہت بوڑھا -
**فائدہ** - (فا - ئِدَہ) [ع - ا - مذ] (۱) نفع ، سود (۲) نتیجہ ، حاصل (۳) وصف ، خوبی (۴) پیداوار ، آمدنی - (۵) غرض ، مطلب ، واسطہ (۶) کارآمد - مفید (۷) افاقہ - آرام (۸) بہتری - بھلائی -
**فائدہ اٹھانا** - نفع حاصل کرنا - فیض حاصل کرنا -
**فائدہ دینا** - (ا - محاورہ) نفع پہونچانا -
**فائدہ مند ، فائدہ بخش** - فائدہ رساں - مفید - سودمند - کارگر - مؤثر -
**فائدہ ہونا** - (ا - محاورہ) نفع ہونا - (۲) مفید ہونا - (۳) حاصل ہونا - مرض میں افاقہ ہونا -
**فائر** - (Fire) (فا - ئِر) [انگ - ا - مذ] آگ -
**فائر انجن** - (Fire Engine) [انگ - ا - مذ] وہ انجن جس سے آگ بجھائیں -
**فائر بریگیڈ** - (Fire Brigade) آگ بجھانے والی جماعت اور مشین -
**فائر پروف** - (Fire Proof) [انگ - ا - مذ] (۱) وہ شے جس پر آگ کا اثر نہ ہو
**فائر مین** (Fireman) [انگ - ا - مذ] انجن میں کوئلہ جھونکنے والا -
**فائز** - (فا - ئِز) [ع - صف] (۱) پہنچنے والا - فتح پانے والا - کامیاب -
**فائز المرام** - مراد پانے والا - کامیاب - بامراد -
**فائق** (فا - ئِق) [ع - صف] فوقیت رکھنے والا - بڑھا ہوا - برتر - ممتاز - اعلیٰ - معزز
**فائل** - (File) (فا - ئِل) [انگ - ا - مذ] (۱) مسل - کاغذات کا مجموعہ جو سلسلہ وار اور تاریخ وار رکھا جائے - (۲) سلک - لڑی - قطار نتھی - مُٹھا -
**فائل بک** (Filebook) [انگ - ا - مذ] وہ کتاب جس میں کاغذ نتھی کر کے رکھے جائیں -
**فائل کرنا** - [مص - مرکب] منسلک کرنا - نتھی کرنا - مسل میں شامل کرنا داخل دفتر کرنا - مقدمہ دائر کرنا
**فائن** - (Fine) (فا - ئِن) [انگ - ا - مذ] (۱) جرمانہ - ڈنڈ - تاوان -
(۲) نفیس - عمدہ - خوبصورت -
**فائن آرٹ** - [انگ - ا - مذ] فنونِ لطیفہ -
**فائنری** - (Finery) (فا - ئِی - ن - رِی) [انگ - ا - مث] لوہا پگھلانے کی بھٹی -
**فائنل** - (Final) (فا - ئِ - نَل) [انگ - ا - مذ] آخری - قطعی
(۲) ٹورنامنٹ میں مقابلے کا آخری کھیل -
**فاؤل** - (Foul) (فا - اُل) [انگ - ا - مذ] کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی -
**فاؤنٹین پن** - (Fountain Pen) (فا - اُن - ٹِن - پِن) [انگ - ا - مذ] خود کار قلم - قلم جس میں روشنائی کا ذخیرہ موجود رہے -
**فاؤنڈری** (Foundry) (فا - اُنڈ - رِی) [انگ - ا - مث] کارخانہ جس میں دھاتوں کو گلا کر اشیا ڈھالی جاتی ہیں -

## ف - ب

**فبہا** - (ف - ب - ہا) [ع - متعلق فعل] بہت خوب - بہتر - مراد حاصل -



Marfat.com

# ف۔ت

**فَتا۔ فَتیٰ۔** (فَ۔تا) (ع۔ا۔مذ) (۱) جوان آدمی۔ (۲) دلیر۔ شجاع آدمی۔
**فَتّاح۔** (فت۔تاح) (ع۔صف) کھولنے والا۔ حکم کرنے والا۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
**فَتّان** (فت۔تان) (ع۔صف) فتنہ انگیز۔ آفت خیز۔ اکثر محبوب کی آنکھ کی صفت میں آتا ہے۔
**فَتاوے۔** (فَ۔تا۔وے) (ع۔ا۔مذ) فتوے کی جمع۔ شریعت اسلامیہ کے حکم۔ مفتیٔ دین کے فیصلے۔
**فَتح۔** (ع۔ا۔مث) جیت۔ ظفر۔ کامیابی۔
**فَتح الباب** (ع۔ا۔مث) (۱) ابتدا۔ آغاز (۲) موسم آنے کا آغاز۔
**فَتحِ باب۔** (ع۔ا۔مث) آسودگی۔ کشادگی۔ (لفظی معنی) دروازے کا کھلنا
**فتح پانا۔** (مص مرکب) جیتنا۔ کامیاب ہونا۔
**فتح پیچ۔** (۱) عورتوں کے بال گوندھنے کا طریقہ۔ عورتوں کی چوٹی کے گندھے ہوئے بالوں کے ایک پیچ کا نام (۲) پگڑی باندھنے کا ایک خاص طریقہ (۳) ایک قسم کا حقہ۔
**فتح کا ڈنکا** (نقارہ) بجنا۔ (ا۔محاورہ) جیتنے کی خوشی۔
**فتح گڑھ۔** (ع۔ا۔مذ) مینار یا عمارت جو کسی کی یادگار میں بنائی جائے۔
**فتح مند۔** (ع۔ف۔صف) جیتنے والا۔ ظفریاب۔ غالب۔ کامیاب۔
**فتح مندی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) جیت۔ کامیابی۔
**فتح نامہ۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور اس کے حالات میں لکھی جائے۔
**فتح و ظفر۔** (ع۔ا۔مث) فتح۔ کامیابی۔
**فَتحہ۔** (ع۔ا۔مث) زبر۔ جو حروف پر لگائی جاتی ہے تا کہ تلفظ صحیح ہو سکے۔ حرکت۔ نصب۔
**فتح یاب۔** (ع۔ف۔صف) کامیاب۔ جیتنے والا۔
**فتح یابی۔** (ع۔ف۔ا۔مث) جیت۔ فتح۔ ظفر۔
**فِتراک۔** (فِت۔راک) (ف۔ا۔مذ) شکاربند۔ شکاریوں کا تھیلا۔
**فَترت۔** (ع۔ا۔مث) سُستی۔ ضعف (۲) دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔
**فَتق۔** (ع۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں (۲) کشادگی۔
**فِتَن۔** (فِ۔تَن) (ع۔ا۔مذ) فتنہ کی جمع۔ فسادات۔
**فِتنہ۔** (فِت۔نہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جھگڑا۔ فساد۔ ہنگامہ۔ بلوہ۔ بغاوت۔ سرکشی (۲) آزمائش۔ گمراہی۔ مال۔ اولاد۔ (۳) ایک عطر کا نام (۴) دلبستگی (۵) نہایت شریر۔ شوخ۔ آفت کا پرکالا۔
**فتنہ اٹھانا۔** (ا۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔
**فتنہ انداز۔ فتنہ انگیز۔** فتنہ پرداز۔ فسادی۔ جھگڑالو۔
**فتنہ بپا (برپا) کرنا۔** (مص مرکب) جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ شرارت کرنا۔

**فتنہ بیدار کرنا۔** (ا۔محاورہ) دوبارہ فساد کھڑا کرنا۔ از سرِ نو فساد کرنا۔
**فتنہ جاگنا۔** (ا۔محاورہ) فتنہ جگانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد اٹھانا۔
**فتنۂ جہاں۔ فتنۂ عالم۔** (ع۔ف۔صف) دنیا میں حشر برپا کرنے والا (۲) معشوق۔
**فتنۂ (خفتہ) خوابیدہ۔** (ا۔محاورہ) سویا ہوا فساد۔ دبا ہوا جھگڑا۔
**فتنہ خیز۔** (ف۔ا۔صف) فتنہ برپا کرنے والا۔
**فتنہ زا۔ فتنہ سنج۔ فتنہ سگال۔ فتنہ گر۔** آفت اٹھانے والا چشم معشوق کی بابت آتا ہے۔
**فتنہ گر۔** (ع۔ف۔صف) فسادی۔ مفسد (۲) معشوق۔
**فتنہ گری۔** (ع۔ف۔ا۔مث) فساد پیدا کرنا۔
**فِتنی۔** (فت۔نی) (اُر۔صف) مفسد۔ چالاک۔ عیار عورت۔ جھگڑالو۔ لڑاکا۔
**فتوا۔** (فت۔وا) (ق۔ا۔مذ) (۱) تہمت۔ بہتان۔ (۲) فساد۔ خرابی۔
**فُتوّت۔** (فُ۔تُو۔وَت) (ع۔ا۔مث) شجاعت۔ مروّت۔ سخاوت۔
**فتوح۔** (فُ۔توح) (ع۔ا۔مذ۔مث) (۱) فتح کی جمع۔ کامیابیاں۔ کشائش (۲) بالائی آمدنی۔ مفت کا روپیہ۔
**فتوحات۔** (فُ۔تو۔حات) (ع۔ا۔مذ۔مث) فتوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع۔ کامیابیاں۔
**فتوحی۔** (فُ۔تو۔حی) (ف۔ا۔مث) صدری۔ واسکٹ۔ بغیر آستینوں کی کرتی۔
**فتور۔** (فُ۔تور) (ع۔ا۔مذ) (۱) خرابی۔ نقص۔ ضعف (۲) فتنہ۔ فساد۔ جھگڑا۔ دنگا۔
**فتور آنا۔** (ا۔محاورہ) خرابی پیدا ہونا۔ نقص نکلنا۔ رخنہ پڑنا۔ بگاڑ ہونا۔
**فتور اٹھانا۔** (ا۔محاورہ) فساد مچانا۔ جھگڑا کرنا۔ مفسدہ پردازی کرنا۔ فتور و شر کرنا۔ فتنہ اٹھانا۔
**فتور (پڑنا) ہونا۔** (ا۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔ خلل پڑنا۔ فتنہ اٹھنا۔
**فتور (ڈالنا) کرنا۔** (ا۔محاورہ) خلل انداز ہونا۔ رخنہ ڈالنا۔
**فتورِ عقل۔** (ع۔ا۔مذ) عقل کی خرابی۔
**فتوری۔ فتوریا۔** (فُ۔تو۔ری۔ فُ۔تو۔ری۔یا) (اُر۔صف) فتنہ پرداز۔ لڑاکا۔ فساد برپا کرنے والا۔ (۲) دھوکے باز۔
**فتویٰ۔** (فت۔وا) (ع۔ا۔مذ) شرعی حکم۔ مفتی کا فیصلہ۔ قاضی کا شرعی فیصلہ جو کسی بات کے جواز یا عدم جواز میں دیا جائے۔
**فتویٰ دینا۔** (ا۔محاورہ) شرعی حکم لگانا۔ قانون مذہب کے مطابق فیصلہ دینا۔
**فتیل۔** (فَ۔تیل) (ع۔ا۔مذ) چراغ کی بتی۔
**فتیل سوز۔** (ع۔ا۔مذ) فتیلہ سوز۔ دیوٹ۔ شمع دان۔ دھات کا بنا ہوا لکڑی کا چوکھا ظرف۔



Marfat.com

**فتیلہ** ۔ (فَ۔تِی۔لَہ) [ع۔ا۔مذ] موٹی بتی۔ بٹی ہوئی چیز۔ (۱) وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں۔ (۲) تعویذ کی بتی جس سے بیمار یا آسیب زدہ کو دھونی دیتے ہیں (۳) بندوق یا توپ کا توڑا۔

**فتیلہ داغنا** ۔ (ا۔محاورہ) نالش کرنا۔

**فتیلہ دکھانا** ۔ (ا۔محاورہ) بندوق یا توپ کی بارود کو فتیلے سے آگ لگانا۔

**فتیلہ دینا** ۔ (ا۔محاورہ) زخم میں بتی رکھنا۔

**فتیلہ ناک میں دینا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) تعویز کی بتی کی دھونی دینا۔ (۲) دق کرنا۔

## ف ۔ ٹ

**فٹ** ۔ (Fit) [انگ۔صف] چست۔ درست۔ ٹھیک۔

**فٹ آنا** ۔ (ا۔محاورہ) ٹھیک آنا۔ درست ہونا۔ موزوں ہونا۔

**فٹ** ۔ (Foot) [انگ۔ا۔مذ] (۱) پاؤں۔ قدم۔ پیر۔ (۲) بارہ انچ کا پیمانہ۔ گز کا تیسرا حصہ۔

**فٹ بال** ۔ (Foot Ball) پاؤں سے لڑھکانے کی گیند۔

**فٹ نوٹ** (Foot Note) وہ شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے۔

**فٹر** (Fitter) ۔ (فِ۔ٹَر) [انگ۔ا۔مذ] مستری۔ مشینوں کے پرزے مرمت کرنے یا درست کرنے والا۔

**فٹن** (Phaeton) (فِ۔ٹَن) [انگ۔ا۔مث] ایک قسم کی چار پہیوں کی بگھی۔

**فٹنگ** (Fitting) [انگ۔ا۔مث] درستی۔ کسی چیز کو درست کرنا۔

## ف ۔ ج

**فجا** [ع۔ا۔مذ] اچانک پکڑنا۔ یکایک ہونا۔

**فجائی** ۔ [ع۔صف] یکایک۔ ناگہاں۔ اچانک۔

**فجار** ۔ (فُج۔جار) [ع۔ا۔مذ] فاجر کی جمع۔ بدکار لوگ۔

**فجر** ۔ [ع۔ا۔مونث] صبح۔ سویرا۔ تڑکا۔ سحر۔

**فجر ہونا** ۔ (۱) صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔ (۲) آنکھیں کھلنا۔ غفلت دور ہونا۔

**فجور** ۔ (فُ۔جُور) [ع۔ا۔مذ] گناہ۔ جرم۔ قصور۔ گنہگاری۔ زنا۔ بدکاری۔

## ف ۔ ح

**فحاش** ۔ (فَح۔حاش) [ع۔صف] (۱) شریر۔ بدچلن (۲) گندہ۔

**فحاشی** ۔ (فَح۔حاشی) [ع۔ا۔مث] بدچلنی۔ شرارت۔ جنسی مسائل کو مشتعل کرنا۔ بےحیائی۔

**فحش** ۔ [ع۔ا۔مذ] گالی۔ بےہودہ بات۔ قابلِ شرم بات۔ جنسی بدکلامی۔ بےحیائی کی باتیں۔

**فحش بکنا** ۔ (ا۔محاورہ) گالیاں بکنا۔ لچر بات کہنا۔

**فحل** ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) اونٹ۔ سانڈ (۲) جیّد عالم (۳) ایک ستارہ۔

**فحوا۔ فحوی** ۔ (فَح۔وا) [ع۔ا۔مذ] مضمون۔ معنی۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ انداز۔

**فحوائے کلام** ۔ [ع۔ا۔مذ] بات کا مطلب۔ گفتگو کا انداز۔

**فحول** ۔ (فُ۔حُول) [ع۔ا۔مذ] فحل کی جمع۔ (۱) جیّد علما (۲) اونٹ۔ سانڈ۔

## ف ۔ خ

**فخر** ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی۔ (۲) شیخی۔ تعلّی۔ (۳) شان و شوکت۔

**فخر انبیاء۔ فخر بشر** ۔ [ع۔ا۔مذ] (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔

**فخر جاننا۔ فخر سمجھنا** ۔ (ا۔محاورہ) بڑائی اور بہتری کا باعث خیال کرنا۔

**فخر خاندان** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] وہ شخص جس کے باعث خاندان کو شرف اور بزرگی حاصل ہو۔

**فخر کرنا** ۔ (مص مرکب) ناز کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا۔

**فخراً۔ فخریہ** ۔ (فخ۔رَن) (فخ۔ری۔یَہ) [ع۔تابع فعل] فخر کے طور پر۔ شیخی سے۔ نازاں ہو کر۔

## ف ۔ د

**فدا** ۔ (فِ۔دا) [ع۔صف] (۱) نثار۔ قربان۔ صدقے۔ (۲) عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔

**فدا کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) قربان کرنا۔ تصدق کرنا۔ وارنا۔ نثار کرنا۔ چھڑکنا۔

**فدا ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) قربان ہونا۔ تصدق ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

**فداہ امی و ابی** ۔ [ع۔کلمہ] میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ پیغمبر خدا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے بعد کہتے ہیں۔



Marfat.com

**فِدائی** (فِ ـ دا ـ ای) [ع ـ ا ـ مذ] (۱) جان نثار ـ عاشق ـ سر دینے والا ـ (۲) فرقہ اسماعیلیہ کے افراد کا ایک نام ـ

**فِدَک** ـ [ع ـ ا ـ مذ] ایک گاؤں کا نام جہاں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کا سرکاری باغ تھا جو آپکے خلفاء کو منتقل ہو گیا ـ

**فِدوی** ـ (فِد ـ وی) [ع ـ صف] (۱) جان نثار ـ قربان ہونے والا (۲) معروضہ پیش کرنے والا ـ تابع دار ـ جمع ـ فدویان ـ

**فِدیہ** ـ (فِد ـ یہ) [ع ـ ا ـ مذ] (۱) نقد معاوضہ ـ (۲) خون بہا (۳) مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو ـ

**فدویانہ** ـ [ف] فدوی کی مانند ـ

## ف ـ ذ

**فَذٰلِک** ـ (فَ ـ ذا ـ لِک) [ع ـ ا مث] حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے ـ میزان ـ

## ف ـ ر

**فَر** ـ [ع ـ ا ـ مذ] (۱) شان ـ شوکت ـ زینت ـ آرائش ـ زیبائش بھڑک ـ (۲) رعب ـ داب ـ دبدبہ ـ [مث] عربی فرّ اُڑنے کی آواز ـ فر سے اُڑنا ـ [ا ـ محاورہ] پھر سے اُڑنا ـ جلدی سے پھڑ کی ایک آواز سے اُڑنا ـ

**فر** ـ (Fur) [انگ ـ ا ـ مذ] پوستین ـ سمور ـ سنجاب ـ قاقم ـ

**فُرات** ـ (فُ ـ رات) [ع ـ ا مذ] (۱) میٹھا اور ٹھنڈا پانی ـ (۲) عراق کا ایک دریا ـ

**فراٹا** ـ (فر ـ را ـ ٹا) [اُر ـ ا ـ مذ] کسی چیز کے اُڑنے کی آواز (۲) ہوا کا سناٹا ـ (۳) جلد جلد پڑھنا یا بولنا ـ

**فراٹے بھرنا ـ فراٹے لینا** ـ [ا ـ محاورہ] (۱) بہت تیز پڑھنا یا بولنا (تیز بھاگنا ـ (۳) جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا ـ (۴) بے تحاشا دوڑنا ـ

**فراخ** ـ (ف ـ راخ) [ع ـ صف] (۱) وسیع چوڑا ـ کشادہ ـ کھُلتا ہوا ـ (۲) بڑا ـ کلاں ـ

**فراخ آستین** ـ [ف ـ صف] ـ سخی ـ فیاض ـ جوانمرد ـ

**فراخ ابرو** ـ (پیشانی) [ع ـ ف ـ صف] کشادہ پیشانی

**فراخ حوصلہ** [ف ـ صف] بلند حوصلہ ـ عالی ہمت ـ

**فراخ حوصلگی** [ف ـ ا ـ مث] عالی ہمتی ـ بلند حوصلہ ہونا ـ

**فراخ حوصلہ** [ف ـ ع ـ صف] بڑے حوصلے والا ـ عالی ہمت ـ

**فراخ (دامن) دست** ـ [ف ـ صف] (۱) دولت مند ـ (۲) فیاض ـ سخی ـ

**فراخ دستی** ـ [ف ـ ا ـ مث] (۱) فیاضی ـ سخاوت (۲) دولت مندی ـ

**فراخ رو** ـ [ف ـ صف] فضول خرچ ـ فیاض (۲) چست ـ تیز ـ

**فراخ روی** ـ [ف ـ ا ـ مث] ـ فیاضی (۲) فضول خرچی

**فراخ کرنا** ـ (مص مرکب) چوڑا کرنا ـ کشادہ کرنا ـ ڈھیلا کرنا ـ

**فراخور** ـ (فَ ـ را ـ خُر) [ف ـ صف] لائق ـ مناسب ـ سزاوار ـ

**فراخی** ـ (فَ ـ را ـ خی) [ع ـ ا ـ مث] (۱) چوڑائی ـ وسعت (۲) خوش حالی ـ آسودگی ـ (۳) گھوڑے کا تنگ ـ پٹی ـ

**فراخیِ رزق** ـ [ف ـ ا ـ مث] روزی کی کشادگی ـ

**فُرادیٰ** ـ (فُ ـ را ـ دا) [ع ـ صف] فرد کی جمع ـ اکیلے ـ تنہا ـ ایک ایک ـ

**فراڈ** ـ (Fraud) (فَ ـ راڈ) [انگ ـ ا ـ مذ] مکاری ـ دھوکا ـ فریب ـ

**فرّار** ـ (فر ـ رار) [ع ـ صف] بہت بھاگنے والا ـ چالاک ـ طرار ـ بھگوڑا ـ

**فِرار** ـ (فِ ـ رار) [ع ـ ا ـ مذ] بھاگ جانا ـ بھاگنا ـ بھاگڑ ـ

**فرار ہونا** ـ (مص مرکب) (۱) بھاگ جانا ـ (۲) روپوش ہونا ـ غائب کرنا ـ

**فراری** ـ (فِ ـ را ـ ری) [ف ـ صف] (۱) بھگوڑا بھاگا ہوا ـ روپوش ـ

**فراز** ـ (فَ ـ راز) [ف ـ ا ـ مذ] (۱) بلندی ـ اونچائی (۲) آگے ـ سامنے (۳) کشادہ ـ کھلا ہوا ـ

**فرازی** ـ (فَ ـ را ـ زی) [ف ـ ا ـ مث] اونچائی ـ بلندی ـ

**فراست** ـ (فِ ـ را ـ ست) [ع ـ ا ـ مث] دانائی ـ تیز فہمی ـ سمجھداری قیافہ شناسی ـ

**فراست الید** ـ [ع ـ ا ـ مذ] دیکھیے پامسٹری ـ

**فرّاش** ـ (فر ـ راش) [ع ـ ا ـ مذ] فرش بچھانے والا (۲) وہ شخص جس کے اہتمام میں خیموں کا گاڑنا اکھاڑنا ہو ـ (۳) [اُنث] ایک درخت جو صنوبر اور شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے ـ

**فراش بین** ـ [ا ـ مث] مٹر کی قسم ایک پھلی [انگ] (Frenchbean)

**فراش خانہ** ـ [ف ـ ا ـ مذ] وہ مکان جہاں ڈیرے خیمے اور فرش فروش کا سامان رہے ـ

**فِراش** ـ (فِ ـ راش) [ع ـ ا ـ مذ] (۱) وہ فرش جس پر سوئیں ـ بستر ـ (۲) مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے جیسے صاحب فراش ـ

**فرّاشی** ـ (فر ـ را ـ شی) [ع ـ ا ـ مث] (۱) فراش کا کام ـ (۲) فراش کی بیوی ـ

**فراشی پنکھا** ـ [ا ـ مذ] (۱) ایک قسم کا پنکھا جو محفل پر ہاتھ سے ہلایا جاتا ہے ـ (۲) چھت کا پنکھا ـ

**فراشی سلام** ـ [ا ـ مذ] وہ سلام جو اس قدر جھک کر کیا جائے کہ سر فرش سے لگ جائے ـ

**فراعنہ** ـ [ع ـ ا ـ مذ] فرعون کی جمع ـ

**فراغ** ـ (ف ـ راغ) [ع ـ ا ـ مذ] (۱) چھٹی ـ آرام ـ فرصت ـ مہلت ـ نجات ـ مخلصی (۲) خوشی ـ سکھ ـ چین (۳) خوش حالی (۴) افراط ـ بہتات (۵) دلجمعی ـ اطمینان ـ

**فراغ بالی** ـ [ف ـ ع ـ صف] دیکھیے ـ فارغ البالی ـ چین ـ آسودگی ـ



Marfat.com

**فراغِ خاطر۔دل** ۔ (ف۔ا۔مذ) دلجمعی۔ تسلی۔ بے فکری۔ آسودگی۔

**فراغت**۔ (ف۔را۔غت) (ع۔ا۔مث) (۱) فرصت۔ چھٹکارا۔ نجات رہائی۔ (۲) اطمینان۔ بے فکری (۳) آرام۔ آسودگی۔

**فراغت پانا۔ فراغت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) فرصت حاصل ہونا نجات پانا۔ (۲) رفع حاجت کرنا۔ انزال ہونا۔ چھوٹنا۔ (۳) جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا۔

**فراغت جانا**۔ (ا۔ محاورہ) ٹٹی جانا۔ رفع حاجت کے لیے جانا۔

**فراغت سے**۔ (ا۔تابع فعل) آرام سے اطمینان سے۔

**فراغت سے بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) آرام اور اطمینان کے ساتھ بیٹھنا

**فراغت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) فرصت ہونا۔ (۱) انزال ہونا۔

**فراق**۔ (ف۔راق) (ع۔ا۔مذ) جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔ مفارقت (۲) فکر۔ خیال۔ دُھن

**فراق (دیدہ) کشیدہ**۔ (ف۔صف) وہ جو کسی عزیز ہستی سے جدا ہو۔

**فراق زدہ۔ فراق نصیب**۔ (ف۔صف) جو اپنے محبوب یا عزیز سے جُدا ہو۔

**فراقیہ**۔ (ف۔را۔قِ۔یہ) (ع۔صف) فراق سے منسوب۔

**فراک** (Frock) (فَ۔راک) (انگ۔ا۔مذ) بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا لباس یا قمیض۔

**فراک کوٹ**۔ (Frock Coat) مردوں کا ایک خاص وضع کا مغربی کوٹ۔

**فرامشن**۔ (فَ۔را۔مِ۔شَن) (انگ۔ا۔مذ) (Free Mason) یعنی آزاد معمار کا بگاڑا ہوا۔ ایک خاص عقیدے کا فرقہ جو باہمی اتحاد کا دم بھرتا ہے۔

**فراموش**۔ (فَ۔را۔موش) (ف۔صف) بھولا ہوا۔ یاد سے اُترا ہوا۔

**فراموش بدنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک دلچسپ کھیل۔ کسی حبیب یا عزیز کو دو جڑے ہوئے پھل دھوکے سے دینا۔ اگر وہ کہہ دے کہ یاد ہے تو خیر ورنہ فراموش کہہ کر جتنی تعداد مانگے دینا پڑتے ہیں۔

**فراموش کار**۔ (ف۔صف) جس کی عادت میں بھول جانا ہو۔ بھلکڑ تھا۔

**فراموش کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بھولنا۔ خیال نہ رکھنا۔

**فراموشی**۔ (فَ۔را۔مو۔شی) (ف۔ا۔مث) بھول۔ چوک۔ سہو۔ خطا۔ نسیان۔

**فرامین**۔ (فَ۔را۔مین) (ف۔ا۔مذ) فرمان کی جمع۔ شاہی احکام

**فرانسیس**۔ (ف۔ا۔مذ) ملک فرانس کا باشندہ۔

**فرانسیسی**۔ (ف۔ا۔مذ۔مث) فرانس کا باشندہ۔ فرانس کی زبان۔

**فرانک** (Franc) (ف۔رانک) (فر۔ا۔مذ) فرانس کا سکہ۔

**فراواں**۔ (فَ۔را۔واں) (ف۔صف) بہت۔ زیادہ۔ وافر۔

**فراوانی**۔ (فَ۔را۔وا۔نی) (ف۔ا۔مث) زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔

**فراہم**۔ (فَ۔را۔ہَم) (ف۔صف) (۱) اکٹھا۔ جمع

**فراہم کرنا**۔ (مص۔مرکب) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ یک جا کرنا۔

**فراہمی**۔ (فَ۔را۔ہَ۔می) (ف۔ا۔مث) (۱) اجتماع۔ جمعیت۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

**فرائد**۔ (فَ۔را۔ئِد) (ع۔ا۔مذ) فریدہ کی جمع۔ (۱) قیمتی پتھر۔ جواہرات (۲) اکائیاں (۳) بے مثل۔ تنہا۔ یگانہ

**فرائض**۔ (فَ۔را۔ئِض) (ع۔ا۔مذ) (۱) فریضہ کی جمع۔ وہ کام جن کا کرنا ضروری ہو۔ (۲) تقسیم میراث کا علم (۳) خدائی احکام۔

**فرائض پنج گانہ** (ع۔ف۔ا۔مذ) پانچوں وقت کی نمازیں۔ (۲) وہ پانچ باتیں جنھیں اسلام نے فرض قرار دیا ہے۔ (۱) کلمہ شہادت۔ (۲) نماز (۳) روزہ (۴) زکوٰۃ۔ (۵) حج۔

**فرائض منصبی**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ کام جن کا کرنا کسی عہدے دار کے لئے ضروری ہو۔

**فرتُودیت** (فَر۔تُو۔دِ۔یَت) (ف۔ا۔مث) بیہودگی۔ اُقل خُلول۔

**فربہ**۔ (فَر۔بِہ) (ف۔صف) موٹا تازہ۔ لحیم شحیم۔ تیار جسم۔

**فربہ اندام**۔ (ف۔صف) موٹے تازے جسم والا۔

**فربہی** (فَر۔بِ۔ہی) (ف۔ا۔مث) موٹاپا۔ تنادری۔ جسم کی تنادری۔

**فربہی چیزے دگر آماس چیزے دیگر است**۔ (ا۔مثل) موٹاپا اور چیز ہے ورم دوسری چیز ہے۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی ادنیٰ چیز کسی اعلیٰ چیز کی ہم شکل ہو۔

**فرتوت**۔ (فَر۔توت) (ف۔صف) (۱) بہت بوڑھا۔ نہایت ضعیف۔ (۲) بے عقل۔ بدحواس۔

**فرج**۔ (ع۔ا۔مث) (۱) شگاف۔ چھید۔ سوراخ (۲) عورت کا اندام نہانی شرم گاہ۔ جمع۔ فُرُوج۔

**فرج**۔ (انگ۔ا۔مذ) ریفریجریٹر کا مخفف

**فرجاد**۔ (فَر۔جاد) (ف۔صف) دانا۔ عقلمند۔

**فرجام**۔ (فَر۔جام) (ف۔ا۔مذ) انجام۔ خاتمہ۔ اخیر۔ انتہا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے نافرجام۔

**فرح**۔ (فَ۔رَح) (ع۔ا۔مث) خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔

**فرح بخش** (ناک) (ف۔صف) خوشی دینے والا۔ خوشی سے بھرا ہوا۔

**فرحان**۔ (فَر۔حان) (ع۔صف) شاداں۔ خوش۔ مگن

**فرحت**۔ (فَر۔حَت) (ع۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ سرور۔

**فرحت آگیں**۔ (ع۔صف) خوشی سے بھرا ہوا۔

**فرحت افزا**۔ (ع۔ف۔صف) خوشی بڑھانے والا۔ مُفرّح۔

**فرحت انجام**۔ (ع۔ف۔صف) جس کا انجام اچھا ہو۔ کامیاب۔ مبارک۔

**فرحت بخش**۔ (ع۔ف۔صف) خوشی دینے والا۔

**فرخ**۔ (فَر۔رُخ) (ف۔صف) مبارک۔ سعید۔ خوبصورت۔

**فرخ تبار** (ف۔صف) مبارک خاندان والا (۲) عالی خاندان۔ اچھے گھرانے والا۔

**فرخ سیر**۔ (ف۔ع۔صف) اچھی عادتوں والا۔ (۲) دہلی کے ایک مغل بادشاہ کا لقب۔

**فرخ فال**۔ (ف۔ع۔صف) مبارک شگون۔

**فرخ قدم**۔ (ف۔ا۔صف) جس کا آنا مبارک ہو



Marfat.com

فرخ نہاد۔ [ف۔ع۔صف] اچھی طبیعت والا۔ نیک طینت۔
فرخار۔ (فَر۔خار) [ف۔ا۔مذ] (۱) سجاوٹ۔زینت۔(۲) ترکی کا ایک شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی کے لیے مشہور تھا۔
فرخندہ (فَر۔خُن۔دَہ) [ف۔صف] دیکھیے فرخ۔مبارک۔خوش۔
فرخندہ بخت/طالع۔فال۔ [ف۔صف] خوش نصیب نیک اختر خوش اقبال
فرخندہ خُو۔ [ف۔ا۔صف] نیک خصلت
فرخندہ فال۔ [ف۔ا۔صف] دیکھیے فرخ فال۔
فرخندہ فرجام۔ [ف۔ا۔صف] جس کا نتیجہ اچھا ہو۔ مبارک۔
فرخی۔ (فَر۔رُ۔خی) [ف۔ا۔مث] مبارکی۔خوش نصیبی۔
فرد۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) واحد۔ایک۔طاق۔(۲) ایک شعر۔دوہا (۳) فہرست حساب۔چٹھا۔رجسٹر۔(۴) لحاف یا رضائی کا ابرہ۔چادر۔شال۔(۵) ایک آدمی۔(۶) ایک پرند۔(۷) تنہا۔اکیلا۔(۸) [صف] یکتا۔بے مثل۔جمع۔افراد۔
فرد باطل۔ [ع۔ف۔ا۔مث] حساب کا کاغذ جو ردی کر دیا گیا ہو (۲) نکمی۔بے کار چیز۔
فرد باقیات [ف۔ع۔ا۔مث] بقایا حساب کی فہرست۔
فرد تشخیص۔ [ف] تشخیص یا مال گزاری کی فرد۔
فرد بشر۔ [ع۔ا۔مذ] شخص منتفس۔
فرد تعلیقہ [ف۔ع۔ا۔مث] ضبطی جائداد کی فہرست۔
فرد جمع بندی۔مال گذاری کی فرد۔
فرد حساب۔ [ف۔ا۔مث] حساب کا کچا چٹھا۔
فرد حقیت۔عرضداشت۔واجب العرض۔
فرد فرد۔ [ف۔ا۔مذ] ایک ایک۔الگ الگ۔جدا جدا۔
فرد قرار داد جرم۔ [ف۔ع۔ا۔مث] عدالت کا وہ کاغذ جس میں مجرم ٹھہرانے کا مضمون اور قانونی دفعہ شہادت لینے کے بعد درج ہوتی ہے۔
فرد کنکوت۔ [ا۔مث] وہ کاغذ جس میں قیمت فصل کے تخمینے کی فہرست درج ہوتی ہے۔
فرداً فرداً (فر۔دَن۔فرِدَن) [ع۔تابع فعل] فرد۔فرد۔ایک ایک کر کے
فردا۔ [ف۔ا۔ظرف زمان] آنے والا دن۔آئندہ کل (مجازاً) قیامت کا دن۔
فردوس۔ (فِر۔دَوس) [ع۔ا۔مذ] (۱) باغ۔گلزار۔گلشن (۲) بہشت۔جنت۔
فردوس بریں۔ [ع۔ا۔مذ] بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔
فردوس گوش۔ [ع۔ف۔صف] وہ جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے۔
فردوس مکانی۔ [ع۔صف] (۱) فردوس میں رہنے والا۔وہ شخص جسے مرنے کے بعد فردوس نصیب ہو۔(۲) انتقال کے بعد بابر بادشاہ کا لقب۔
فردوس منزلت۔ [ع۔صف] جنت میں رہنے والا۔مرحوم و مغفور۔
فرزانگی (فَر۔زان۔گی) [ف۔ا۔مث] عقل۔دانائی۔سمجھ (۲) علم۔حکمت۔
فرزانہ۔ (فَر۔زا۔نہ) [ف۔صف] عاقل۔دانا۔دانش مند۔سمجھ دار۔ہوشیار۔ہنرمند۔لائق۔حکیم۔
فرزند۔ (فر۔زند) [ف۔ا۔مذ] بیٹا۔لڑکا (۲) اولاد لڑکا یا لڑکی۔
فرزند ارجمند۔ [ف۔ا۔صف] لائق بیٹا۔پیارا اور قابل قدر بیٹا۔
فرزند خلف۔ [ف۔ا۔مذ] نیک اور صالح بیٹا۔نیک بخت اور فرمانبردار بیٹا۔سپوت۔
فرزند رشید۔ [ف۔ع۔ا۔مذ] نیک بیٹا۔
فرزند ناخلف۔ [ف۔ا۔مذ] نالائق بیٹا۔کپوت۔
فرزند نرینہ۔ [ف۔ع۔ا۔مذ] بیٹا۔لڑکا۔
فرزندی۔ (فَر۔زَن۔دی) [ف۔ا۔مث] بیٹا ہونے کی حالت۔فرزند سے منسوب۔باپ بیٹے کا تعلق۔
فرزندی میں (قبول فرمانا) لینا۔ [ا۔محاورہ] بیٹا بنانا۔داماد بنانا۔
فرزیں۔ (فر۔زین) [ف۔صف] (۱) دانا۔عاقل (۲) [ا۔مذ] شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مہرہ۔
فرزیں بنانا/لانا۔ [محاورہ] پیدل کا آخری خانے میں پہنچ کر وزیر بن جانا۔
فرس۔ (فَ۔رَس) [ع۔ا۔مذکر] (۱) گھوڑا۔اسپ۔مرکب۔(۲) شطرنج کا گھوڑا۔
فرسا۔ (فَر۔سا) [ف۔صف لاحقہ] تباہ کرنے والا۔مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے رُوح فرسا۔
فرستادہ۔ (فِ۔رِس۔تا۔دَہ) [ف۔صف] بھیجا ہوا۔قاصد۔ایلچی۔
فرسٹ۔ (First) [انگ۔صف] اوّل۔پہلا۔اگلا۔مقدم۔سابق۔
فرسٹ اننگ۔ (First Innings) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل۔
فرسٹ ایڈ (First Aid) [انگ۔ا۔مث] ابتدائی طبی امداد حادثے کی صورت میں مریض کو ہسپتال لے جانے سے پہلے اس کی ضروری مرہم پٹی کرنا۔
فرسٹ کلاس (Frist Class) اوّل درجہ۔پہلا درجہ۔
فرسخ۔ (فَر۔سخ) [ع۔ا۔مذکر] تین میل سے زائد کا فاصلہ۔۱۸ ہزار فٹ کا فاصلہ۔
فرسنگ۔ (فَر۔سنگ) [ف۔ا۔مذ] دیکھیے فرسخ۔
فرسودگی۔ (فَر۔سُو۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] پرانا پن۔گھساؤ۔چھیچھاؤ۔
فرسودہ۔ (فَر۔سُو۔دَہ) [ف۔صف] (۱) گھسا ہوا۔پھٹا ہوا۔کہنہ پرانا۔(۲) تھکا ماندہ۔خستہ حال۔
فرسودہ حال۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] تباہ حال۔خستہ حال۔
فرش۔ [ع۔ا۔مذ] بچھونا۔بستر۔بچھانے کی چیز۔بوریا۔غالیچہ (۲) زمین (۳) چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین۔
فرش بچھانا۔ [ا۔محاورہ] پلنگ پر بچھونا وغیرہ کرنا۔
فرش خاک [ف۔ا۔مذ] زمین۔
فرش راہ۔ [ف۔ا۔مذ] راستے پر بچھا ہوا۔انکساری اور مہمان نوازی کی علامت۔
فرش زمین ہونا۔ [ا۔محاورہ] دفن ہونا۔



Marfat.com

**فرش فروش** ـ [ف ـ ا ـ مذ] بچھانے کی چیزیں ـ
**فرش کرنا** ـ [ا ـ محاورہ] (۱) بستر بچھانا (۲) چونے وغیرہ سے زمین کی سطح ہموار کرنا (۳) مار مار کر کچومر نکال دینا ـ
**فرشِ گل** ـ [ف ـ ا ـ مذ] پھولوں کی سیج ـ
**فرش ہونا** ـ (۱) فرش بچھنا (۲) چونے وغیرہ سے زمین کی سطح ٹھیک ہونا ـ
**فرشتگان** ـ (فِ ـ رِشتَ ـ گان) [ف ـ ا ـ مذ] فرشتہ کی جمع ـ ملائکہ ـ
**فرشتہ** ـ (فِ ـ رِش ـ تَہ) [ف ـ ا ـ مذ] (۱) بھیجا ہوا ـ رسول ـ قاصد ـ (۲) اسلامی عقیدہ کے مطابق ایک مخلوق جو نور سے بنی ہے ـ
**فرشتہ پر نہیں مارتا** ـ [ا ـ محاورہ] کوئی غیر اور اجنبی کسی طرح نہیں جا سکتا ـ کسی کا گذر نہیں ـ بڑی روک ٹوک ہے ـ
**فرشتہ ماننا** ـ [ا ـ محاورہ] نیک خصلت سمجھنا ـ
**فرشتہ خاں** [ا ـ مذ] تیس مار خاں ـ زبردست آدمی ـ رعب داب والا آدمی ـ
**فرشتہ خصال** ـ **خصلت** ـ **خُو** ـ **سیرت** ـ **صفت** ـ [ف ـ صف] نیک طینت پاک ـ مقدس ـ بھولا ـ بھالا ـ سیدھا سادا ـ شریف ـ
**فرشتہ سیرت** ـ [ف ـ ع ـ صف] شریف ـ بھلا مانس ـ نیک طینت ـ
**فرشتہ صورت** [ف ـ ع ـ صف] جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو ـ
**فرشتۂ مرگ** ـ [ف ـ ا ـ مذ] ملک الموت ـ موت کا فرشتہ عزرائیل ـ
**فرشتہ ہے** ـ [ا ـ محاورہ] بہت نیک ہے ـ
**فرشتوں کو خبر نہ ہونا** ـ [ا ـ محاورہ] فرشتوں کو علم نہ ہونا ـ (۱) کسی کو مطلق پتہ نہ ہونا ـ نہایت راز میں رہنا ـ (۲) بالکل بے خبر رہنا ـ محض ناواقف ہونا ـ
**فرشتوں کے پر جلنا** ـ [ا ـ محاورہ] تاب نہ ہونا ـ مجال نہ ہونا ـ رعب جلال یا خوف کے باعث حوصلہ نہ پڑنا ـ پہونچ نہ ہونا ـ
**فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** ـ [ا ـ محاورہ] موت نے گھر دیکھ لیا ـ پے در پے موتیں ہونے پر کہتے ہیں ـ
**فرشتوں کے پر کترنا** ـ [ا ـ محاورہ] فرشتوں سے بازی لے جانا ـ
**فرشتے کا گذر نہ ہونا** ـ [ا ـ محاورہ] کسی کی رسائی نہ ہونا ـ
**فرشتے دکھائی دینا** ـ [ا ـ محاورہ] مرنے کا وقت قریب آنا ـ موت نظر آنا ـ
**فرشتے کا کان میں پھونکنا** [ا ـ محاورہ] متکبر ہونا ـ مغرور ہونا ـ
**فرشی** ـ (فَر ـ شی) [ف ـ صف] فرش سے منسوب ـ
**فرشی حقہ** ـ [ا ـ مذ] چوڑے پیندے کا حقہ ـ
**فرشی سلام** ـ [ف ـ ع ـ ا ـ مذ] دیکھیے فراشی سلام ـ کورنش ـ بہت جھک کر سلام کرنا ـ
**فرشی لیمپ** [ف ـ انگ ـ ا ـ مذ] فرش پر رکھنے والا لیمپ ـ
**فرصت** ـ (فُر ـ صت) [ع ـ ا ـ مث] (۱) مہلت ـ فراغت (۲) چھٹی ـ چھٹکارا (۳) اطمینان آرام ـ موقع (۴) خلوت کا وقت ـ
**فرصت پانا** ـ [ا ـ محاورہ] (۱) چھٹی پانا ـ مہلت پانا ـ (۲) موقوف ہونا برطرف ہونا ـ
**فرصت سے** ـ [ا ـ متعلق فعل] اطمینان سے ـ موقع سے ـ
**فرصت میں** ـ [ا ـ متعلق فعل] فارغ وقت میں ـ تنہائی میں ـ

**فرض** ـ [ع ـ ا ـ مذ] (۱) وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری ہو ـ (۲) ضروری ـ لازمی (۳) نماز کی وہ رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہے ـ (۴) ذمے داری ـ بار ثبوت (۵) نکاح ـ جمع ـ فرائض ـ
**فرض ادا کرنا** ـ [ا ـ محاورہ] (۱) خدا کا حکم بجا لانا ـ (۲) اپنے اوپر جو کچھ واجب ہے اس کا بجا لانا ـ
**فرض پڑھنا** ـ [ا ـ محاورہ] نماز کی ان رکعتوں کا پڑھنا جو خدا نے لازم کر دی ہیں ـ
**فرض سے ادا ہو جانا** ـ [ا ـ محاورہ] اولاد کی شادی کرکے سبک دوش ہو جانا ـ
**فرض عائد ہونا** ـ [مص مرکب] ذمہ دار ہونا ـ لازم ہونا ـ
**فرض عین** ـ [ع ـ ا ـ مذ] خاص فرض ـ ضروری فرض ـ نہایت ضروری کام یا فریضہ ـ
**فرض کرنا** ـ [مص مرکب] تسلیم کرنا ـ خیال کرنا ـ جاننا ـ مان لینا ـ
**فرض کفایہ** ـ [ع ـ ا ـ مذ] وہ فرض جو چند آدمیوں کے کرنے سے سب کے سر سے اتر جائے جیسے نماز جنازہ ـ سلام کا جواب دینا ـ
**فرض محال** ـ [ع ـ ا ـ مذ] ناممکن ـ ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا ناممکن ہو ـ
**فرض موقت** ـ [ع ـ ا ـ مذ] وہ فرض جسے وقت پر مقرر کیا جائے ـ
**فرض ہونا** ـ [ا ـ مص مرکب] لازم ہونا ـ
**فرضاً** ـ (فَر ـ ضَن) [ع ـ تابع فعل] (۱) از روئے فرض (۲) بالفرض ـ قیاساً ـ
**فرضی** ـ (فَر ـ ضی) [ع ـ صف] خیالی ـ قیاسی ـ مصنوعی ـ نقلی ـ
**فرضیت** ـ (فَر ـ ضی ـ یَت) [ع ـ ا ـ مث] فرض ہونا ـ لازم و ضروری ہونا ـ
**فرط** ـ [ع ـ ا ـ مث] زیادتی ـ غلبہ ـ کثرت ـ افراط ـ
**فرع** ـ [ع ـ ا ـ مث] (۱) ٹہنی ـ شاخ ـ ڈالی (۲) وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو ـ جمع ـ فروع ـ فروعات ـ
**فرعون** ـ (فِر ـ عَون) [ع ـ ا ـ مذ] مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب (۲) متکبر مغرور ـ سرکش ـ ظالم (۳) باغی ـ نافرمان ـ جمع ـ فراعِنہ
**فرعون بے سامان** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مذ] وہ شخص جو بے مقدرت ہونے پر بھی اترائے ـ اور سرکشی کرے ـ (۲) متکبر ـ ظالم ـ
**فرعونی** ـ **فرعونیت** ـ [ع ـ ا ـ مث] (فِر ـ عَو ـ نی ـ فِر ـ عَو ـ نی ـ یَت) [ع ـ ا ـ مث] بدذاتی ـ شرارت ـ سرکشی ـ تکبر ـ غرور ـ
**فرغانہ** ـ (فَر ـ غا ـ نَہ) [ف ـ ا ـ مذ] (۱) ایک شہر (۲) جمہوریہ ازبکستان کا ایک علاقہ جو بابر کا وطن تھا ـ
**فرغل** ـ (فَر ـ غَل) [ع ـ ا ـ مث] روئی دار لبادہ ـ
**فرفر** ـ (فَر ـ فَر) [ا ـ م] جلد جلد ـ ہوا کی طرح ـ
**فرفر اڑا دینا** ـ [ا ـ محاورہ] جلد جلد کاٹ ڈالنا ـ (۲) جلدی جلدی پڑھ جانا ـ
**فرفر باتیں کرنا** ـ [مص مرکب] جلد جلد بولنا ـ
**فرفر پڑھنا** ـ [مص مرکب] بے رکے جلدی جلدی پڑھنا ـ



Marfat.com

**فرفر ہو آنا۔** [ا۔محاورہ] تیزی سے ہو آنا۔

**فرفرمائش۔** (فَرفَر۔ ما۔ اِش) [ا۔ر۔ا۔مث] فرمائش وغیرہ۔ تنخواہ کے علاوہ دیگر آمدنی۔

**فُرفُری۔** (فُر۔ فُ۔ ری) [ف۔ا۔مث] بچوں کی بنائی ہوئی ایک بولی جس میں ہر لفظ میں جا بجا ف بڑھا دیتے ہیں۔

**فرق۔** [ع۔ا۔مذ] (۱) جدائی۔ علیحدگی (۲) فاصلہ۔ دوری (۳) اختلاف (۴) تمیز۔ شناخت (۵) سر (۶) سر کے بالوں کی مانگ (۷) کمی۔ کسر گھٹنا (۸) بیگانگی۔ غیریت۔ جمع۔ افراق۔

**فرق (آجانا) آنا۔** [ا۔محاورہ] غیریت ہو جانا۔ پہلے سی بات نہ رہنا (۲) بات بگڑنا۔ بنا لگنا (۳) اصلیت میں اختلاف ہو جانا۔ (۴) خلل واقع ہونا (۵) کدورت آجانا۔

**فرق باقی رہنا۔** [ا۔محاورہ] تفاوت نہ مٹنا۔

**فرق پڑنا۔** [ا۔محاورہ] اختلاف ہونا۔ میل نہ کھانا۔

**فرقدان۔** [ف۔ا۔مذ] سر۔ کھوپڑی۔

**فرق سے۔** [ا۔متعلق فعل] فاصلے سے۔

**فرق کرنا۔** [مص مرکب] یکساں نہ سمجھنا (۲) جُدا کرنا (۳) صورت بدل دینا۔

**فرق لانا۔** [ا۔محاورہ] یکساں نہ رکھنا۔ کم کر دینا۔

**فرق نکالنا۔** [ا۔محاورہ] (۱) غلطی نکالنا (۲) اختلاف دور کرنا۔

**فرق ہونا۔** [مص مرکب] اختلاف ہونا۔ کمی زیادتی ہونا (۲) جدائی ہونا۔

**فُرقان۔** (فُر۔ قان) [ع۔صف] (۱) حق اور باطل میں فرق کرنے والا (۲) [ا۔مذ] قرآن شریف۔ کلام مجید۔

**فُرقت۔** (فُر۔ قت) [ع۔ا۔مث] جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔

**فِرقہ۔** (فِر۔ قہ) [ع۔ا۔مذ] قوم۔ جماعت۔ گروہ۔ فریق۔

**فرقہ بندی۔** [ع۔ف۔ا۔مث] جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم۔

**فرقہ پرست۔ فرقہ پسند۔** [ع۔ف۔صف] اپنی جماعت کا طرف دار۔ تنگ نظر۔

**فرقہ دار۔** [ع۔ف۔صف] فرقے کے متعلق۔ ہر فرقے کا الگ الگ

**فرقہ وارنہ۔** [ع۔ف۔صف] جماعت دار۔ ہر فرقے کا علیحدہ علیحدہ۔

**فرقہ واریت۔** تعصب اور تنگ نظری۔ اپنے مذہب یا گروہ کی طرف داری اور دوسروں کی مخالفت۔

**فرلانگ** (Furlong) (فر۔ لانگ) [انگ۔ا۔مذ] دو سو بیس گز کا فاصلہ۔ میل کا آٹھواں حصہ۔

**فرلو۔** (Furlovah) (فر۔ لو) [انگ۔ا۔مث] لمبی رخصت بیرون ملک جانے کی رخصت۔

**فرم** (Firm) [انگ۔ا۔مث] کارخانہ۔ کمپنی۔ دکان۔ کاروباری ادارہ۔

**فرما۔ فرمہ۔** (فر۔ ما) (فَر۔ مہ) [اَ۔ا۔مذ] فارم کا مُعَرب۔ چھپا ہوا۔ کاغذ پُرکوٹ (۲) قالب۔ ڈھانچہ۔

**فرما موڑنا۔** [ا۔محاورہ] چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب سے موڑ کر مجزبنانا۔

**فرمان۔** (فر۔ مان) [ف۔ا۔مذ] شاہی حکم۔ حکم نامہ۔ پروانہ۔ شاہی سند۔ جمع: فرامین۔

**فرمانِ بالمشافہہ۔** [ف۔ع۔ا۔مذ] زبانی حکم۔ جس کی تعمیل فوراً ہو۔

**فرمان بردار۔ فرمان پذیر۔** [ف۔صف] (۱) مطیع۔ تابع۔ (۲) نوکر چاکر۔

**فرمان برداری۔** [ف۔ا۔مث] اطاعت کرنا۔ حکم ماننا۔

**فرمان (جاری) صادر کرنا۔** [مص مرکب] حکم جاری کرنا۔

**فرمان روا۔** [ف۔صف] حکمران۔ حاکم۔ بادشاہ۔

**فرماں روائی۔** [ف۔ا۔مث] حکمرانی۔ بادشاہت۔ حکومت۔

**فرمانِ واجب الاذعان۔** [ف۔ع۔ا۔مذ] ایسا حکم جس کی تعمیل ضروری ہو۔ وہ حکم جس پر یقین کرنا ضروری ہو۔

**فرمان ہار۔** [ق] فرمان دینے والا۔

**فرمانا۔** (فر۔ ما۔ نا) [اُ۔ر۔مص] حکم دینا۔ بولنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔

**فرمائش۔** (فر۔ ما۔ اِش) [ف۔ا۔مث] درخواست۔ طلب۔ مانگ۔ تمنّا حاجت۔ ضرورت۔

**فرمائش کرنا۔** [ا۔محاورہ] چاہنا۔ کوئی چیز طلب کرنا۔

**فرمائشی۔** (فر۔ ما۔ اِ۔ شی) [ف۔صف] (۱) فرمائش کی ہوئی۔ خاص منگوائی یا بنوائی ہوئی (۲) عمدہ۔ نفیس۔ پُرتکلف۔ (۳) جوتوں کی مار۔ مغلظ گالیاں

**فرمائشی پڑنا۔** [ا۔محاورہ] جوتیاں پڑنا۔ جوتیاں لگنا۔

**فرمائشی لگانا۔** [ا۔محاورہ] خوب جوتیاں مارنا۔

**فرمودگی۔** (فر۔ مُود۔ گی) [ق۔ا۔مث] ارشاد۔ حکم۔ فرمانا۔

**فرمودہ۔** (فر۔ مُو۔ دَہ) [ف۔ا۔مذ] فرمایا ہوا۔ ارشاد۔ حکم۔

**فرن** (Fern) [انگ۔ا۔مذ] کائی کے قسم کے پودے جو نہروں اور پانی کے آس پاس اُگتے ہیں۔

**فرنٹ۔** (Front) (فَ۔ رَنٹ) [انگ۔صف] (۱) سامنا۔ مقابل کا حصّہ۔ باغی۔ سرکش۔ منحرف (۳) محاذ۔ مورچہ۔

**فرنٹ ہو جانا۔** [ا۔محاورہ] بگڑ جانا۔ باغی ہو جانا۔ (۲) رنجیدہ ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔

**فرنٹیئر** (Frontier) (فَ۔ رَن۔ ٹِ۔ یَر) [انگ۔صف] سرحد۔

**فِرنچ۔** (فِ۔ رنچ) (فِ۔ رِنچ) [انگ۔ا۔مذ] فرانس کا باشندہ۔ (۲) ایک قسم کا ہلکا کاغذ جو فرانس میں بنتا ہے (۳) فرانس کی زبان (French)

**فرنچ لیدر۔** [انگ۔ا۔مث] پلاسٹک وغیرہ کا ایک خول جو بوقت جماع عضوِ تناسل پر چڑھالیا جاتا ہے تاکہ نطفہ رحم میں داخل نہ ہو سکے۔

**فرنچ کٹ ڈاڑھی۔** [انگ۔ا۔مث] ایک خاص قسم کی ڈاڑھی جس میں گلوں کے بال تراش دیتے ہیں۔ اور ٹھوڑی کے بال مقابلتاً بڑے ہوتے ہیں۔

**فِرنگ۔** (فِ۔ رنگ) [ف۔صف] (۱) یورپ سے متعلق مغربی (۲) تلوار۔ (ق)

**فِرنگستان۔** (فِ۔ رَن۔ گِس۔ تان) [ف۔ا۔مذ] یورپ۔

**فِرنگی۔** (فِ۔ رَن۔ گی) [ف۔ا۔مث] یورپی۔ انگریز۔ مغربی۔



Marfat.com

فرنی۔ (فِر۔نی) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کی کھیر جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے

فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا۔ (ا۔مثل) ہر شے کی قدر اس کی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اعلیٰ ادنیٰ سب یکساں نہیں ہوتے۔

فرنیچر۔ (فر۔نی۔چر) (Furniture) [انگ۔ا۔مذ] میز کرسی وغیرہ اسباب آرائش۔

فرو۔ (فَ۔رَو) [ف] (۱) نیچے۔ تحت۔ (۲) زیرِ حکم۔ (۳) سفلہ۔ کم رتبہ۔

فروتن۔ [ف۔صف] غریب۔ عاجز۔ مسکین۔ خاکسار۔

فروتنی۔ [ف۔ا۔مث] غریبی۔ عاجزی۔ مسکینی۔ تواضع۔

فرو کرنا۔ (مص مرکب) دبانا۔ بٹھانا۔ بجھانا۔

فروکش ہونا۔ [ف۔صف] ٹھہرنا۔ مقام کرنا۔

فروگذاشت۔ [ف۔ا۔مث] (۱) کوتاہی۔ کمی (۲) مجھول۔ خطا (۳) بے پروائی غفلت (۴) درگزر۔ نظر انداز۔ چشم پوشی۔

فروگذاشت کرنا۔ [ا۔محاورہ] (۱) بھولنا۔ چوکنا (۲) ٹالنا۔ چشم پوشی کرنا۔

فرو ماندگی۔ [ف۔ا۔مث] لاچاری۔ عاجزی۔ افلاس۔ مفلسی۔

فرو ماندہ۔ [ف۔صف] (۱) عاجز۔ مفلس (۲) تھکا ہوا۔ کمزور۔

فرومایہ۔ [ف۔صف] کمینہ۔ سفلہ۔ کم ظرف۔ گھٹیا۔

فرو ہونا۔ (مص مرکب) نیچے بیٹھنا۔ کم ہونا۔ بجھنا۔

فروٹ۔ (فر۔وَٹ) [اُر۔صف] سرپٹ۔ تیز۔ انگریزی لفظ فارورڈ (Forward) کا مترادف۔

فروٹ اڑانا۔ [ا۔محاورہ] گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔

فروٹ جانا۔ [ا۔محاورہ] بہت تیز جانا۔

فروٹ (Fruit) (فَ۔رُوٹ) [انگ۔ا۔مذ] پھل۔ میوہ۔

فروخت۔ (فَ۔روخت) [ف۔ا۔مث] بکری۔ بیع۔ بیچنا۔

فرود۔ (فُ۔رُود) [ف۔صف] (۱) نیچے۔ زیر۔ (۲) [ا۔مذ] اُتراؤ۔ ٹھہراؤ۔ بسیرا۔

فرودگاہ۔ [ف۔ا۔مث] اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی مقام۔ قیام گاہ۔

فروردین۔ (فَر۔وَر۔دِین) [ف۔ا۔مذ] فارسی سال کا پہلا مہینہ۔

فروری۔ اصل لفظ (February) سے [انگ۔ا۔مذ] سن عیسوی کا دوسرا مہینہ۔

فروز۔ (فَ۔رُوز) [ف۔صف] روشن کرنے والا۔ مرکبات میں آتا ہے۔ جیسے دل فروز۔

فروزاں۔ (فَ۔رو۔زاں) [ف۔صف] روشن۔

فروش۔ (فَ۔روش) [ف۔صف] بیچنے والا۔ فروختن کا امر۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے سبزی فروش۔

فروشندہ۔ (فَ۔رو۔شَن۔دَہ) [ف۔صف] فروخت کرنے والا۔ بیچنے والا۔

فروع۔ (فُ۔رُوع) [ع۔ا۔مذ] (۱) فرع کی جمع۔ شاخیں۔ ڈالیاں۔ ٹہنیاں۔ (۲) مذہبی اصطلاح میں وہ مسائل جو عمل سے متعلق ہوں۔

فروغ۔ (فُ۔روغ) [ف۔ا۔مذ] روشنی۔ نور۔ چمک دمک۔ رونق۔

فروغ بخش۔ [ف۔صف] روشنی دینے والا۔

فروغ پانا۔ [ا۔محاورہ] عزت پانا۔ نام پانا۔ سربلندی حاصل کرنا۔

فروغ حاصل کرنا۔ [ا۔محاورہ] (۱) چمک پانا۔ (۲) ترقی اور عروج حاصل کرنا۔

فروغ لے جانا۔ [ا۔محاورہ] سبقت لے جانا۔

فروغ ہونا۔ [ا۔محاورہ] ترقی ہونا۔ رونق ہونا۔ شہرت ہونا۔

فروہی۔ (فَ۔رو۔ہی) [اُر۔ا۔مث] (۱) دستوری۔ کمیشن۔ بٹا (۲) فائدہ حاصل (۳) ایک قسم کی تلوار۔

فرہاد۔ (فر۔ہاد) [ف۔ا۔مذ] وہ افسانوی سنگ تراش جو خسرو بادشاہ ایران کی ملکہ شیریں پر عاشق ہوگیا تھا۔ عاشق صادق۔

فرہنگ۔ (فر۔ہنگ) [ف۔ا۔مث] (۱) دانائی۔ دانش۔ سمجھ۔ (۲) لغت کی کتاب۔ ڈکشنری۔

فری (Free) (فِ۔رِی) [انگ۔صف] (۱) آزاد۔ (۲) بلاقیمت۔ مفت

فریاد۔ (فر۔یاد) [ف۔ا۔مث] (۱) دُہائی۔ مدد۔ مانگنے کا شور۔ آہ و نالہ (۲) دکھ یا ظلم زیادتی کی شکایت (۳) نالش۔ استغاثہ۔

فریادرس۔ [ف۔صف] فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد سُننے والا۔ داد دینے والا۔

فریادرسی۔ [ف۔ا۔مث] انصاف۔ انصاف کرنا۔ نیاؤ۔

فریاد کرنا۔ (مص مرکب) (۱) دہائی دینا۔ شور کرنا۔ دُکھڑا رونا (۲) نالش کرنا۔ انصاف چاہنا

فریاد لانا۔ [ا۔محاورہ] کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا۔

فریاد سگاں کم نکند رزق گدا را۔ [ف۔مثل] کتوں کے بھونکنے سے فقیر کے رزق میں کوئی کمی نہیں ہوجاتی (۲) لگائی بجھائی یا حسد کسی کے رزق کو کم نہیں کرسکتا۔

فریاد کو پہنچنا۔ [ا۔محاورہ] انصاف کرنا۔ دادرسی کرنا۔ فریاد سُننا۔

فریادی۔ (فر۔یا۔دی) [ف۔صف] دہائی دینے والا۔ انصاف چاہنے والا۔ نالش کرنے والا۔

فریب۔ (فَ۔ریب) [ف۔ا۔مذ] دغا۔ مکر۔ دھوکا۔ دَم۔ جھانسہ (۲) چالاکی۔ عیاری۔ شعبدہ۔

فریب دینا۔ [ا۔محاورہ] فریب دینا۔ چھلنا۔ جُل دینا۔ دَم دینا۔ جھانسہ دینا۔

فریب دہی۔ [ف۔ا۔مث] دھوکا دینا۔ دغابازی۔

فریب ساز۔ (کار)۔ [ف۔ا۔صف] دغاباز۔ مکار۔ دھوکہ باز۔

فریب کرنا۔ (مص مرکب) دغا کرنا۔ چالاکی کرنا۔ دھوکا دینا۔

فریب (کھانا) میں آنا۔ [ا۔محاورہ] دھوکا کھانا۔ جال میں پھنسنا۔

فریبی۔ فریبیا۔ (فَ۔رے۔بی۔فَ۔رے۔بِ۔یا) [اُر۔صف] دغاباز۔ مکار۔ دھوکا دینے والا۔ ٹھگ۔

فرید۔ (فَ۔رِید) [ع۔صف] (۱) یکتا۔ بے مثل۔ لاثانی۔ حضرت شیخ فریدالدین کا لقب۔ جمع: فرائد۔

فرید لوئی۔ [ا۔مث] ایک نہایت سرد لبیدار لوئی۔

فرید شکر گنج، نہ رہے دُکھ نہ رہے رنج۔ (مثل) بابا فرید کے فقیروں کی صدا۔ ایک دعائیہ فقرا۔



Marfat.com

**فریدی** ۔ (فَ ۔ ری ۔ دی) [اَر ۔ ا ۔ مث] (۱) بابا فرید کی نیاز کا کھانا (۲) [صف] فرید سے منسوب

**فِریس** ۔ (فَ ۔ ریس) [اَر ۔ صف] فراست والا ۔ دانش مند

**فَریسی** ۔ (Pharisee) (فَ ۔ ری ۔ سی) [انگ ۔ صف] قدیم یہودی فرقہ جو رسم پرستی، ظاہرداری میں مشہور تھا ۔ رسم پرست ۔ ظاہردار

**فریضہ** ۔ (فَ ۔ ری ۔ ضَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] واجب ۔ لازم ۔ ضروری ۔ جمع ۔ فرائض ۔

**فریضہ ادا کرنا** ۔ [مص مرکب] فرض پورا کرنا ۔ حکم بجا لانا ۔

**فریفتگی** (فَ ۔ ریف ۔ تَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] عشق ۔ محبت ۔ چاہت ۔

**فریفتہ** ۔ (فَ ۔ ریف ۔ تَہ) [ف ۔ صف] عاشق ۔ دلدادہ ۔ جمع ۔ فریفتگاں

**فریق** ۔ (فَ ۔ ریق) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جماعت ۔ گروہ ۔ فرقہ ۔ (۲) جتھا ۔ (۳) مدعی ۔ مدعا علیہ ۔

**فریقِ اوّل** ۔ مدعی ۔ وہ شخص یا گروہ جس نے دعویٰ کیا ہو ۔

**فریقِ ثانی** ۔ مدعا علیہ ۔ وہ شخص یا گروہ جس پر دعوےٰ کیا گیا ہو ۔

**فریقین** ۔ (فَ ۔ ری ۔ قین) [ع ۔ ا ۔ مذ] دونوں فریق ۔ مدعی اور مدعا علیہ ۔ طرفین ۔ جانبین ۔

**فریم** ۔ (Frame) (فِ ۔ ریم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] چوکھٹا ۔ تصویر کا چوکھٹا ۔ ڈھانچ ۔ پنجر ۔ ڈھچر ۔

**فری میسن** ۔ (Free Mason) (فِ ۔ ری ۔ مے ۔ سَن) [انگ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے فراماسن ۔ ایک عالم گیر برادری یا انجمن جس کے رسم ورواج اور طور طریقے خفیہ ہوتے ہیں ۔

## ف ۔ ز

**فزا** ۔ (فِ ۔ زا) [ف ۔ صف] بڑھانے والا ۔ زیادہ کرنے والا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے راحت فزا ۔ جاں فزا ۔

**فزع** ۔ (فَ ۔ زَع) [ع ۔ ا ۔ مث] ڈر ۔ دہشت ۔ خوف ۔ ہراس ۔

**فِزل** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] ہتھوڑا ۔

**فزوں** ۔ (فُ ۔ زُوں) [ف ۔ صف] زیادہ ۔ بڑھا ہوا ۔

**فزونی** ۔ (فُ ۔ زُو ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] زیادتی ۔ افراط ۔ کثرت ۔ (۲) بڑائی ۔ بہتری ۔

## ف ۔ س

**فساد** ۔ (فَ ۔ ساد) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تباہی ۔ خرابی ۔ (۲) فتنہ ۔ بلوہ ۔ لڑائی جھگڑا ۔ ہنگامہ (۳) شرارت ۔ مخالفت ۔ جمع فسادات ۔

**فساد اٹھانا** ۔ (برپا کرنا) ۔ [ا ۔ محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا ۔ بلوہ کرنا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔

**فساد پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جھگڑا ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔

**فساد پھیلانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خرابی پھیلانا ۔ جھگڑا کرنا ۔ دنگا کرنا ۔

**فسادِ خون** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] خون کی خرابی ۔

**فساد کی جڑ ۔ فساد کی گانٹھ ۔ فساد کا گھر** ۔ [ا ۔ مذ ۔ مث] اصل مفسد ۔ جھگڑے کی بنیاد ۔

**فساد (مچنا) ہونا** ۔ جھگڑا ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ غدر ہونا ۔

**فساد کی نیت سے** ۔ [ا ۔ متعلق فعل] بدنیتی سے ۔ جھگڑے کی نیت سے ۔

**فسادِ معدہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] معدے کا بگاڑ ۔ پیٹ کا خلل ۔

**فسادی** ۔ (فَ ۔ سا ۔ دی) [اَر ۔ صف] فساد پھیلانے والا ۔ فتنہ انگیز ۔ جھگڑالو ۔ شریر ۔

**فسّاق** ۔ [ع ۔ صف] فاسق کی جمع ۔

**فِسان** ۔ (فَ ۔ سان) [ف ۔ ا ۔ مث] سان ۔ ہتھیار تیز کرنے کا پتھر ۔

**فسانہ** ۔ (فَ ۔ سا ۔ نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) گھڑا ہوا قصہ ۔ بنائی ہوئی بات ۔ کہانی ۔ (۲) سرگذشت ۔ حال ۔ احوال ۔

**فسخ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ارادہ توڑنا ۔ منسوخ کرنا ۔ رائے پھیرنا ۔

**فسخِ عزیمت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ارادہ پلٹنا ۔

**فسخ کرنا** ۔ [مص مرکب] توڑنا ۔ منسوخ کرنا ۔ رد کرنا ۔

**فسردگی** ۔ (فَ ۔ سُر ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] دیکھیے افسردگی ۔ رنج ۔ اضمحلال ۔

**فسردہ** ۔ (فَ ۔ سُر ۔ دَہ) [ف ۔ صف] دیکھیے افسردہ ۔ رنجیدہ ۔ مایوس ۔

**فسطائیت** ۔ (فَس ۔ طا ۔ ای ۔ اَت) [اَر ۔ ا ۔ مث] فاشزم ۔ سرمایہ دار طبقے کی جارحانہ آمریت ۔

**فِسق** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] نافرمانی ۔ جرم ۔ بدکاری ۔ گناہ ۔

**فِسق و فجور** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] بدکاری ۔ گناہ کاری

**فُسوں** ۔ (فُ ۔ سوں) [ف ۔ ا ۔ مذ] جادو ۔ منتر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔

**فسوں ساز** ۔ فسوں گر ۔ جادوگر ۔ ساحر ۔

**فسوں سازی** ۔ فسوں گری ۔ جادوگری کا پیشہ ۔

## ف ۔ ش

**فُش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] پگڑی کا شملہ ۔ طرہ ۔ (۲) گھوڑے کی دُم ۔

**فِش** ۔ [ف بطور تحقیر] ہیچ ۔ پوچ ۔ بے حقیقت ۔

**فِشار** ۔ (فَ ۔ شار) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) دبانا ۔ بھینچنا ۔ (۲) قبر کا مردے کو بھینچنا ۔ (۳) پھیلانا ۔

**فشار بگڑ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حالت خراب ہو جانا ۔ تھک جانا ۔ گھبرا جانا ۔

**فشارِ دم (خون)** [ف ۔ ا ۔ مذ] خون کا دباؤ ۔ [انگ] (Blood Pressure)

**فشارِ قبر (گور)** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ] قبر کا مردے کو بھینچنا

**فشار ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دبوچا جانا ۔ پریشان ہونا ۔ تھک کر چُور ہو جانا ۔

**فِشردہ** ۔ (فِ ۔ شُر ۔ دہ) [ف ۔ صف] (۱) نچوڑا ہوا ۔ عرق نکالا ہوا ۔ رس



Marfat.com

عرق ـ افشردہ ـ

# ف ـ ص

**فصاحت** ـ (فَ ـ صا ـ حَت) [ع ـ ا ـ مث] خوش کلامی ـ خوش بیانی ـ علم معانی کے مطابق کلام میں ایسے الفاظ لانا جو روزمرہ اور محاورے کے خلاف نہ ہوں ـ اور موقع و محل کے مطابق ہوں ـ

**فصّاد** ـ (فص ـ ساد) [ع ـ ا ـ صف] فصد کھولنے والا ـ جراح ـ

**فُصحا** ـ (فُ ـ ص ـ حا) [ع ـ ا ـ مذ] فصیح کی جمع ـ خوش بیان لوگ ـ

**فصد** ـ [ع ـ ا ـ مث] نشتر لگانا ـ رگ سے خون لینا ـ

**فصد کھلوانا** ـ (ا ـ محاورہ) رگ سے خون نکلوانا ـ رگ پر نشتر دلوانا ـ

**فصد لینا** ـ [ا ـ محاورہ] (۱) رگ سے خون نکالنا ـ (۲) اپنے جنون یا سودا کا علاج کرنا

**فصل** ـ [ع ـ ا ـ مث] (۱) موسم ـ رُت ـ سماں ـ (۲) کتاب یا کلام کا ایک حصہ ـ باب ـ (۳) جدائی ـ فرق ـ علیحدگی ـ (۴) حجاب ـ پردہ ـ اوٹ دو چیزوں کے بیچ کا حجاب ـ (۵) قطع ـ برید ـ (۶) غلہ ـ اناج ـ پیداوار ـ جمع ـ فصول ـ

**فصل آنا** ـ (ا ـ محاورہ) موسم آنا ـ پھول آنا ـ

**فصل اٹھنا** ـ [ا ـ محاورہ] کھیت سے اناج کٹ کر گھر پہنچ جانا ـ

**فصلِ ایستادہ** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مث] کھڑی کھیتی ـ

**فصل بگڑنا** ـ [ا ـ محاورہ] آب و ہوا یا پیداوار خراب ہونا ـ

**فصلِ بہار** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مث] بہار کا موسم ـ

**فصلِ خریف** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مث] ہندی سال کے پہلے چھ مہینے اساڑھ سے ماگھ تک کی ساونی فصل جس میں جوار ـ باجرہ ـ مونگ ـ موٹھ دھان وغیرہ پیدا ہوتے ہیں ـ

**فصلِ ربیع** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مث] ہندی سال کے آخری چھ مہینے پوس سے جیٹھ تک ہاڑھی کی فصل جس میں گیہوں چنا ـ مسور وغیرہ پیدا ہوتے ہیں ـ

**فصل کاٹنا** ـ [ا ـ محاورہ] تیار کھیتی کاٹنا ـ

**فصل کی چیز** ـ [ا ـ مث] موسم کا میوہ ـ

**فصلِ گل** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مث] پھولوں کا موسم ـ بہار کا موسم ـ

**فصلانہ** ـ (فص ـ لا ـ نہ) [ف ـ ا ـ مذ] وہ رقم جو فصل تیار ہونے پر زمیندار یا پٹواری کو دی جائے ـ

**فصلی** ـ (فص ـ لی) [ع ـ ا ـ مذ] فصل سے منسوب ـ موسمی ـ رُت کا ـ

**فصلی بخار** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مذ] وہ بخار جو موسم بدلنے کے زمانے میں آتا ہے ـ ملیریا ـ

**فصلی سال** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مذ] وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل یا مئی میں شروع ہوتا ہے ـ

**فصلی کوا** ـ پہاڑی کوا جو سردی میں پہاڑوں سے اُتر کر میدان میں آجاتا ہے ـ (۲) مطلب کا آشنا ـ غرض کا دوست ـ

**فصلی میوہ** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مذ] موسم کا پھل ـ

**فُصُول** ـ (فُ ـ صُول) [ع ـ ف] فصل کی جمع

**فصولِ اربعہ** ـ [ع ـ ف ـ ا ـ مذ] سال کی چار فصلیں ـ سردی ـ گرمی ـ بہار ـ خزاں ـ

**فصیح** ـ (فَ ـ صیح) [ع ـ صف] خوش بیان ـ شیریں کلام ـ

**فصیل** ـ (فَ ـ صیل) [ع ـ ا ـ مث] (۱) دیوار ـ چار دیواری (۲) شہر پناہ ـ

# ف ـ ض

**فضا** ـ (فَ ـ ضا) [ع ـ ا ـ مث] (۱) زمین کی کشادگی ـ وسعت ـ فراخی ـ سطح میدان ـ (۲) بہار ـ رونق ـ کیفیت ـ

**فضائل** ـ (فَ ـ ضا ـ ئِل) [ع ـ ا ـ مذ] فضیلت کی جمع ـ (۱) نیکیاں ـ خوبیاں (۲) ہنر ـ کمالات ـ

**فضائلِ اربعہ** ـ چار خوبیاں ـ حکمت ـ شجاعت ـ عفت ـ عدالت ـ

**فضائیہ** ـ (فَ ـ ضا ـ ئی ـ آ) [ع ـ ا ـ مذ] کسی ملک کے سرکاری ہوائی جہازوں بالخصوص جنگی طیاروں کا بیڑہ ـ ایئر فورس ـ (Air Force)

**فضل** ـ [ع ـ ا ـ مذ] (۱) زیادتی ـ افزونی (۲) علم و ہنر ـ جوہر ـ (۳) رحم ـ مہربانی ـ بخشش ـ (۴) بزرگی ـ

**فضلِ الٰہی اک طرف ساری خدائی اک طرف** ـ [ا ـ مثل] ساری دنیا مخالف ہو جائے لیکن خدا کا کرم اگر شاملِ حال ہے تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ـ

**فضلِ خدا شاملِ حال ہونا** ـ [ا ـ محاورہ] کسی کے حال پر خدا کا کرم ہونا ـ ترقی کا زمانہ آنا ـ

**فضلِ مولیٰ** ـ (فقرا کی دعا) خدا کا فضل رہے ـ اللہ کا کرم رہے ـ

**فضلِ مولیٰ از ہمہ اولیٰ** ـ خدا کا کرم ہر چیز سے بہتر ہے

**فضل ہونا** ـ [ا ـ محاورہ] خدا کی مہربانی ہونا ـ

**فُضَلا** ـ (فُ ـ ضَ ـ لا) [ع ـ ا ـ مذ] فاضل کی جمع ـ علماء ـ

**فضلات** ـ (فض ـ لات) [ع ـ ا ـ مذ] فضلہ کی جمع ـ

**فضلہ** ـ (فض ـ لہ) [ع ـ ا ـ مذ] (۱) بچا ہوا ـ پس خوردہ ـ جھوٹا کھانا ـ (۲) کسی چیز کا پھوک (۳) پاخانہ ـ جمع ـ فضلات ـ

**فضول** ـ (فُ ـ ضُول) [ع ـ صف] فضل کی جمع ـ (۱) زیادہ ـ از حد ـ کثیر ـ (۲) بے فائدہ ـ لاحاصل ـ بیکار ـ نکما ـ (۳) فالتو ـ زائد ـ

**فضول آدمی** ـ [ع ـ ا ـ مذ] بیہودہ آدمی ـ نکما آدمی ـ

**فضول خرچ** ـ [ا ـ صف] بے جا اور بے موقع خرچ کرنے والا ـ مُسرف ـ

**فضول خرچی** ـ [ا ـ مث] بے جا خرچ ـ ضرورت سے زیادہ خرچ ـ اسراف



Marfat.com

بے موقع خرچ

**فضول گو**۔ [ع۔ف۔مذ] بے ہودہ بکنے والا۔ بے کار باتیں بنانے والا۔ بکی۔ بکواسی۔

**فضول ہونا**۔ [ا۔محاورہ] بیکار ہونا۔ ضرورت سے زیادہ ہونا۔ لاحاصل اور لغو ہونا۔

**فضُولی**۔ (فَ۔ضُو۔لی) [ع۔صف] بیہودہ۔ یاوہ گو۔

**فِضّہ**۔ (فِض۔ضَہ) [ع۔ا۔مث] چاندی۔

**فضیتا۔ فضیحتا**۔ (فَ۔ضی۔تا۔فَ۔ضِیح۔تا) [اُر۔ا۔مث] فضیحت کا بگڑا ہوا۔ ذلت۔ بے عزتی۔ بدنامی۔ رسوائی۔

**فضیحت**۔ (فَ۔ضی۔حَت) [ع۔ا۔مث] ذلت۔ بدنامی۔ رسوائی۔

**فضیحت کرنا**۔ [مص مرکب] ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

**فضیحتی**۔ (فَ۔ضی۔ح۔تی) [اُر۔ا۔مث] (۱) بدنامی۔ رسوائی (۲) بے عزتی۔ (۳) لڑنا۔ جھگڑنا۔

**فضیلت**۔ (فَ۔ضی۔لَت) [ع۔ا۔مث] (۱) بڑائی۔ بزرگی۔ برتری۔ فوقیت (۲) علم و فضل (۳) نیکی۔ کمال۔ عمدگی۔ جمع۔ فضائل۔

**فضیلت انتساب**۔ [ع۔صف] (۱) جس سے بزرگی منسوب ہو (۲) عالم فاضل۔

**فضیلت رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) بزرگی رکھنا۔ شرف رکھنا۔ (۲) بہتر ہونا۔ سبقت لے جانا۔

**فضیلت کا تمغہ**۔ [ا۔مذ] لیاقت کی سند۔ ڈپلوما۔ سرٹیفکیٹ۔

**فضیلت کا وقت**۔ [ا۔مذ] وہ وقت جس میں کسی عبادت کا کرنا بہتر ہو۔

**فضیلت کی پگڑی**۔ [ا۔مث] وہ پگڑی جو تحصیل علم کے بعد باندھی جاتی ہے۔ دستار فضیلت۔

**فضیلت کی پگڑی باندھنا۔ فضیلت کی پگڑی بندھنا**۔ فارغ التحصیل ہونا۔ فاضل ہونا۔ عالم ہونا۔

**فضیلت لے جانا**۔ [ا۔محاورہ] سبقت لے جانا۔ فائق ہونا۔

**فضیلت مآب**۔ [ع۔صف] نہایت اعلیٰ۔ برتر۔ افضل۔ [انگ] (His Excellency)

**فضیلت ہونا**۔ [ا۔محاورہ] برتری ہونا۔ فوقیت ہونا۔

# ف۔ط

**فطانت**۔ (فَ۔طا۔نَت) [ع۔ا۔مث] ذہانت۔ عقل مندی۔ دانائی۔

**فطر**۔ [ع۔ا۔مذ] روزہ کھولنا۔ افطار۔

**فطرت**۔ (فِط۔رَت) [ع۔ا۔مث] (۱) قدرت۔ خلقت۔ پیدائش (۲) ضمیر۔ اصل (۳) عقل مندی۔ ہوشیاری (۴) فریب۔ چالاکی۔ (۵) سازش۔ ملی بھگت (۶) فتنہ انگیزی۔

**فطرت کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) شرارت کرنا۔ (۲) چالاکی کرنا۔

**فطرت لڑانا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) چال چلنا۔ (۲) سازش کرنا۔ (۳) چالاکی کرنا۔ شرارت کرنا۔

**فطرتاً**۔ (فِط۔رَ۔تَن) [ع] قدرتاً۔ فطرت کے رُو سے۔

**فطرتی**۔ (فِط۔رَ۔تی) [ف۔صف] (۱) قدرتی۔ پیدائشی (۲) شرارتی۔ فتنہ پرداز (۳) شوخ۔ چالاک۔

**فطرہ فِطرانہ**۔ (فِط۔رَہ) (فِط۔را۔نَہ) [ع۔ا۔مذ] عید رمضان کا صدقہ جو فی آدمی سوا دو سیر گیہوں یا چار سیر جو مقرر ہیں۔ اور نماز عید سے قبل غربا کو دیے جاتے ہیں۔

**فطری**۔ [ع۔صف] پیدائشی۔ فطرت کے مطابق۔

**فطیرہ** (فَ۔طی۔رَ) [ع۔ا۔مذ] تازہ گندھا ہوا آٹا جس کا خمیر نہ اُٹھا ہو۔

**فطیری روٹی**۔ وہ روٹی جس میں خمیر نہ ہو۔ پھلکا۔ چپاتی۔

**فطین**۔ (فَ۔طین) [ع۔صف] (۱) ذہین۔ دانا۔ زیرک (۲) چالاک۔ شریر۔

# ف۔ع

**فعّال**۔ [ع۔ا۔مبالغہ] بہت زیادہ کام کرنے والا۔ سرگرم (۲) اللہ تعالیٰ۔

**فِعل**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) کام۔ کاج۔ عمل (۲) علم صرف میں وہ کلمہ جس میں کوئی زمانہ پایا جائے۔ (۳) حرکت۔ جنبش (۴) لچھن۔ کرتوت۔ بُری حرکت (۵) حیلہ۔ بہانہ (۶) بدفعلی۔ بُرا کام۔ جمع۔ افعال۔

**فعل جائز**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ کام جو شرعاً، قانوناً اور اخلاقاً روا ہو۔

**فعل شنیع**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] شرم ناک کام۔ بُری حرکت۔

**فعل ضامنی**۔ [ع۔ا۔مث] نیک چلنی کی ضمانت۔

**فعل عبث**۔ بے فائدہ کام۔ فضول کام۔

**فعل کرانا**۔ [ا۔محاورہ] لواطت کرانا۔ زنا کرانا۔ بدکاری کرانا۔

**فعل کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) کوئی کام یا حرکت کرنا (۲) مباشرت کرنا۔ بدفعلی کرنا (۳) مکر کرنا۔ فریب سے کام لینا۔

**فعل لازم**۔ [ع۔ا۔مذ] علم صرف میں وہ فعل جو فاعل پر تمام ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے۔

**فعل متعدی**۔ [ع۔ا۔مذ] علم صرف میں وہ فعل جو فاعل سے بڑھ کر مفعول پر تمام ہو۔

**فعل مجہول**۔ [ع۔ا۔مذ] علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے زید مارا گیا۔

**فعل معروف**۔ [ع۔ا۔مذ] علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔

**فعل ناجائز**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ کام جس کا کرنا شرع یا قانون کی رُو سے منع ہو۔

**فعل ناشائستہ**۔ [ع۔ا۔مذ] نامناسب حرکت۔ غیر واجب کام۔ ناموزوں امر۔

**فعل ناقص**۔ [گرامر] وہ فعل جس کا فاعل اور مفعول معلوم نہ ہوں۔ بلکہ وہ اسم اور خبر کا خواہاں ہو۔

**فعلاً**۔ [فِع۔لَن] [ع۔تابع فعل] عمل کے رُو سے۔

**فِعلی** ۔ (فِع۔لی) [ع۔صف] فعل سے منسوب۔ عملی۔
**فِعلیا** ۔ (فِعل۔یا) [اُر۔صف] ۔ مکّار۔ فریبی۔

## ف۔غ

**فُغاں** ۔ (فُ۔غاں) [ف۔ا۔مذ] شور۔ غوغا۔ واویلا۔ نالہ۔ فریاد۔ آہ وزاری۔
**فُغانی** ۔ (فُ۔غا۔نی) [ف۔صف] فریاد کرنے والا۔
**فغفور** ۔ (فغ۔فور) [ف۔ا۔مذ] شاہانِ چین کا لقب۔

## ف۔ف

**فِف** ۔ [ف۔ا۔مث] پھونک
**فِفتھ کالم** (Fifth Column) [انگ۔ا۔مذ] غدار۔ وہ لوگ جو اپنے وطن میں رہ کر دشمن کی مدد کریں۔
**فِفرّو** ۔ (ف۔فر۔رو) [اُر۔صف] بھاگا ہوا۔ رفوچکّر۔
**فِفرّو ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] رفوچکّر ہونا۔ بھاگ جانا۔

## ف۔ق

**فَق** ۔ [ع۔صف] خوف یا حیرت سے چہرے کی رنگت سفید پڑ جانا۔ زرد ہو جانا۔ (۳) اُداس (۴) حیران و پریشان۔ ہکا بکا۔
**فق پڑ جانا (ہو جانا۔ ہونا)** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) چہرے کا رنگ اُڑ جانا (۲) حیران و پریشان ہو جانا۔ دنگ رہ جانا۔ (۳) اُداس ہونا۔
**فِقدان** ۔ (فِق۔دان) [ع۔ا۔مذ] (۱) گم کرنا۔ کھونا۔ نہ ہونا۔ مجہول۔ مرکبات میں عدم و نیستی کے معنوں میں آتا ہے جیسے فقدانِ علم۔
**فقر** ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) قلندری۔ درویشی (۲) محتاجی۔ مفلسی۔
**فقر و فاقہ** ۔ [ع۔ا۔مذ] غریبی۔ مفلسی۔ تنگی۔
**فقرا** ۔ (فُ۔قَ۔را) [ع۔ا۔مذ] فقیر کی جمع۔ بہت سے فقیر۔
**فقروں میں آنا** ۔ [ا۔محاورہ] چال میں آنا۔
**فقروں میں اُڑانا** ۔ [ا۔محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بے وقوف بنانا۔ باتوں میں ٹالنا۔
**فِقرہ** ۔ (فِق۔رہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ریڑھ کی ہڈی۔ عبارت کا ٹکڑا۔ کلام جملہ۔ (۳) دم۔ جھانسا۔ دھوکا۔ جمع۔ فقرات۔
**فقرہ (فقرے) باز** ۔ [ا۔صف] دھوکے باز۔ عیّار۔ دغا باز۔ چال باز۔
**فقرہ (فقرے) بتانا۔ فقرہ بنانا۔ فقرہ گھڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] کوئی جھوٹی بات بنا لینا۔ دھوکا دینا۔
**فقرہ بندی** ۔ [ف۔ا۔مث] تُک بندی۔
**فقرہ جڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] آوازہ کسنا۔
**فقرہ (فقرے) جوڑنا۔ (تراشنا)** ۔ [ا۔محاورہ] جھوٹی بات بنا کے کہنا۔
**فقرہ (فقرے) چُست کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔
**فقرہ (فقرے) چل جانا** ۔ [ا۔محاورہ] جھوٹی بات کا اثر ہونا۔
**فقرہ (چلنا) چھوڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ (۲) جھوٹی بات یا فریب کارگر ہونا۔
**فقرہ دینا** ۔ [ا۔محاورہ] جھانسا دینا۔ دم دینا۔ چال چلنا۔
**فقروں (فقرے) میں آنا** ۔ [ا۔محاورہ] باتوں میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
**فقرے بازی** ۔ [ا۔مث] مذاق۔ جملے چُست کرنا۔ آوازے۔
**فقرے بازیاں کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] باتیں بنانا۔ دھوکے دینا۔
**فقرے چُست کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] آوازے کسنا۔ مذاق کرنا۔
**فقرے ڈھالنا۔ فقرے سنانا۔ فقرے کہنا** ۔ [ا۔محاورہ] آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔
**فقرے ڈھانا** ۔ [ا۔محاورہ] چبھتی ہوئی بات کہنا۔ آوازے کسنا۔
**فقرے میں آجانا** ۔ [ا۔محاورہ] دھوکے میں آنا۔ چال میں آنا۔
**فقرے میں لگانا** ۔ [ا۔محاورہ] فریب میں پھنسانا۔ چالبازی کرنا۔
**فَقَط** ۔ (فَ۔قَط) [ع۔صف] (۱) صرف۔ تنہا۔ اکیلا۔ نرا۔ محض (۲) بس۔ خاتمہ۔ ختم شُد۔
**فقط تعویذ سے کام نہیں نکلتا کُچھ زور بھی چاہیے** [ا۔مقولہ] محض دعاؤں پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ حصولِ مقصد کے لیے کوشش بھی لازمی ہے۔
**فِقہ** ۔ (فِ۔قہ) [ع۔ا۔مث] (۱) واقفیت۔ علم (۲) احکام شریعت کی معلومات۔ علم دین۔ شریعت کا علم۔
**فُقہا** ۔ (فُ۔قَ۔ہا) [ع۔ا۔مذ] فقیہہ کی جمع۔ علم دین کے جاننے والے۔ علمائے دین۔
**فقید** ۔ (فَ۔قید) [ع۔صف] نایاب۔ معدوم۔
**فقیدُالمثال** ۔ جس کی مثال نہ ہو۔ بے مثل۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے نظیر۔
**فقیر** ۔ (فَ۔قیر) [ع۔ا۔مذ] گدا۔ بھکاری۔ منگتا۔ (۲) درویش۔ قلندر۔ خدا پرست (۳) غریب۔ محتاج (۴) شریعت اسلامی کے رو سے وہ شخص جس کے پاس صرف ایک دن کا کھانا ہو۔ جمع۔ فُقرا۔
**فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے** ۔ [ا۔مثل] غریب آدمی تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔
**فقیر بنا دینا۔ فقیر کر دینا** ۔ [ا۔محاورہ] مفلس بنا دینا۔ لوٹ لینا۔
**فقیر بننا** ۔ [ا۔محاورہ] محتاج ہونا۔ فقیری اختیار کرنا۔ محرم میں بچوں کو فقیرانہ لباس پہنانا۔
**فقیر خانہ** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] فقیر کا گھر۔ عاجزی کے طور پر اپنے مکان کو بھی کہا جاتا ہے۔



Marfat.com

**فقیر دوست** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] غریبوں سے محبت کرنے والا ۔
**فقیر را بہ مجادلہ چہ کار** ۔ [ف ۔ مقولہ] فقیر جھگڑے اور بحث میں نہیں پڑتا ۔
**فقیر کا پوت چلن امیروں کے** ۔ [ا ۔ مثل] غریبی میں رہ کر بھی شان و شوکت دکھانا ۔
**فقیر کا گھر بڑا ہے** ۔ [ا ۔ مثل] فقیر کو سب کچھ حاصل ہوتا ہے ۔ چونکہ اس کا خدا پر بھروسہ ہوتا ہے ۔
**فقیر کو کملی ہی دوشالہ ہے** ۔ [ا ۔ مثل] غریب کو جو میسر آجائے وہی غنیمت ہے ۔
**فقیر کھلانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مراد پوری ہونے پر غریبوں کو کھانا کھلانا ۔
**فقیر کی زبان کس نے کیلی ہے** ۔ [ا ۔ مثل] فقیر بغیر کسی کی پرواہ کیے جو جی میں آئے کہہ دیتا ہے ۔
**فقیر کی صدا** ۔ [ا ۔ مث] آواز جو فقیر مانگنے کے لیے دیتے ہیں ۔
**فقیر کی صورت (ہی) سوال ہے** ۔ [ا ۔ مثل] محتاج آدمی کے چہرے سے ہی غریبی برستی ہے ۔
**فقیر ہو جانا** ۔ (۱) فقیری اختیار کرنا ۔ تارک الدنیا ہو جانا ۔ (۲) محتاج ہو جانا ۔ مفلس ہو جانا ۔
**فقیرانہ** ۔ [فَ ۔ قی ۔ رانہ] [ف ۔ صف] (۱) درویشوں کی مانند ۔ فقیروں کی مانند ۔ (۲) وہ زمین جو فقرا کے گزارے کے واسطے وقف کر دی جائے ۔
**فقیرنی** ۔ [فَ ۔ قیر ۔ نی] [اُر ۔ ا ۔ مث] بھیک مانگنے والی عورت ۔ بھکارن محتاج عورت ۔
**فقیری** ۔ [فَ ۔ قی ۔ ری] [ع ۔ ا ۔ مث] فقیر سے منسوب ۔ غریبی ۔ مفلسی ۔ محتاجی (۲) درویشی ۔ قلندری ۔
**فقیری اختیار کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] فقیروں جیسا حال بنا لینا ۔ فقیر ہو جانا ۔
**فقیری شیر کا بُرقع بھی ہے** ۔ [ا ۔ مثل] فقیری بڑا پردہ ہے اس بھیس میں کسی وقت کامل نکل آتے ہیں ۔
**فقیری لٹکا** ۔ درویشی چٹکلا ۔ سہل علاج آسان نسخہ ۔
**فقیہہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] علم فقہ کا عالم ۔ شرعی مسئلوں سے واقف ۔ مفتی دین ۔ جمع ۔ فقہا ۔ فقیہاں ۔

# ف ۔ ک

**فکاہت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] زندہ دلی ۔ خوش طبعی ۔ مزاح ۔ جمع ۔ فکاہات ۔
**فک** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا علیحدہ کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ (۲) علم نحو میں وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے ۔
**فک اضافت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] علامت اضافت یعنی کسرہ چھوڑ دینا جیسے صاحب دل میں ب کے کسرے کو چھوڑ کر جزم دیتے ہیں ۔
**فک الرہن ۔ فک رہن** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] رہن کی ہوئی چیز کو چھڑانا ۔
**فکاہات** ۔ [فُ ۔ کا ۔ ہات] [ع ۔ ا ۔ مذکر] فکاہت کی جمع ظرافت مزاح ۔ اور تفنن طبع کی باتیں ۔ دل چسپ چٹکلے ۔ ہنسنے ہنسانے کی باتیں ۔ مطائبات ۔
**فکر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر ۔ مث] (۱) سوچ بچار ۔ اندیشہ ۔ (۲) خیال ۔ دھیان (۳) رنج ۔ غم ۔ (۴) غور ۔ تامل ۔ (۵) پروا ۔ حاجت ۔ (۶) تدبیر ۔ ٹھکانہ ۔ جمع ۔ افکار ۔
**فکر آپڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] یکایک کوئی پریشانی کی بات ہو جانا ۔
**فکر بھڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تدبیر سوجھ پڑنا ۔
**فکر دوڑانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سوچنا ۔ بچار کرنا ۔
**فکر رسا** ۔ پہنچنے والی عقل ۔ اعلیٰ عقل ۔ سوجھ بوجھ ۔
**فکر زاہد دیگر و سودائے عاشق دیگر است** ۔ [ف ۔ مثل] ہر شخص اپنی اپنی دُھن میں لگا ہوا ہے ۔
**فکر سخن** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ غور و تامل جو شعر کہنے کے واسطے ہوتا ہے
**فکر فردا** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] (۱) مستقبل کا خیال (۲) قیامت کی فکر ۔
**فکر کرنا** ۔ [مص مرکب] (۱) سوچنا ۔ غور کرنا (۲) رنج کرنا ۔
**فکر لاحق ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اندیشہ ہونا یا احتمال ہونا ۔
**فکر معاش (معیشت)** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] روزی کا تردد ۔ کمانے کی سوچ ۔
**فکر مند** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] غمگین ۔ رنجیدہ ۔ سوچ میں مبتلا ۔
**فکر مندی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] خیال ۔ سوچ بچار ۔
**فکر میں ڈوبنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خیال میں محو ہونا ۔
**فکر میں گھل جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سوچ میں نڈھال ہو جانا ۔
**فکر نہ کیجیے** ۔ [ا ۔ مقولہ] پروا نہ کریں ۔
**فکر و تردد** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] احتمال ۔ اندیشہ ۔
**فکر ہر کس بقدر ہمت اوست** ۔ [ف ۔ مثل] ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے کے مطابق ہوتا ہے ۔
**فکرت** ۔ [فِک ۔ رَت] [ع ۔ ا ۔ مث استفہام] سوچ ۔ خیال ۔ فکر ۔
**فکیف** ۔ [فَ ۔ کے ۔ فَ] [ع] پس ۔ کیونکر ۔ پس کیوں کر ہے ۔
**فکس ڈیپازٹ (Fixed Deposit)** [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ امانت جو کسی بنک وغیرہ میں مقررہ میعاد تک کیلیے رکھی جاتی ہے ۔ میعاد سے پہلے نہیں نکلوائی جا سکتی ۔

# ف ۔ گ

**فگار** ۔ [فِ ۔ گار] [ف ۔ صف] زخمی ۔ گھائل ۔ مجروح ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے دل فگار ۔ سینہ فگار ۔
**فگن** ۔ [فِ ۔ گن] [ف ۔ صف] افگن کا مخفف ۔ ڈالنے والا ۔ پھینکنے والا ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے ۔ جیسے تیر فگن ۔



Marfat.com

# ف۔ل

**فلاح**۔ (فَ۔لاح) [ع۔ف۔مث] (۱) بھلائی۔نیکی۔آسودگی۔نجات سلامتی (۲) عمدگی۔خوبی۔

**فلاحِ دارین**۔ [ع۔ا۔مث] دو جہان کی بھلائی۔دین و دنیا کی بہتری۔

**فلاح**۔ (فَل۔لاح) [ع۔ا۔مذ] کاشتکار جمع۔فلاحین

**فلاحی ریاست**۔ [ا۔ا۔مث] ایسی حکومت جس میں عوام کو ہر طرح کی سہولتیں میسر ہوں۔جیسے جان و مال کی حفاظت اور روزگار کا مہیا ہونا۔

**فلاحت**۔ (فَ۔لا۔حَت) [ع۔ا۔مث] زراعت۔کاشتکاری۔کھیتی باڑی

**فلاخن۔فلاسنگ**۔ (فَ۔لا۔خَن) (فَ۔لا۔سَنگ) [ف۔ا۔مذکر۔مث] گوپھن۔وہ رسی کا پھندہ جس میں رکھ کر پتھر پھینکتے ہیں۔

**فلاسفر**۔ (Philosopher) (فَ۔لاس۔فر) [انگ۔ا۔مذ] فلسفی علم فلسفہ کا جاننے والا (۲) دانش ور۔

**فلاسفہ** (فَ۔لا۔سِ۔فہ) [ع۔ا۔مذ] فلسفی کی جمع۔حکماء۔(۲) ایک معجون کا نام۔

**فلاطونی**۔ (فَ۔لا۔طُو۔نی) [ع۔صف] یونانی فلسفی افلاطون سے منسوب۔

**فلاطونیت**۔ [ع۔ا۔مث] افلاطون کا وہ فلسفہ جس کے مطابق خیالات اور نظریات حقیقی وجود رکھتے ہیں اور مادی اشیاء محض اُن کے مظاہر اور نامکمل نقلیں ہیں۔

**فلاکت**۔ (فَ۔لا۔کَت) [ع۔ا۔مث] غریبی۔مفلسی۔ناداری۔نحوست۔

**فلاکت زدہ**۔ [ف۔ا۔صف] مصیبت کا مارا۔بدبخت۔بدنصیب

**فلاکس**۔ (Phlox) (فِ۔لاکس) [انگ۔ا۔مذ] ایک پھیلنے والا پودا جس کے چھوٹے چھوٹے پھول طباق نما ہوتے ہیں۔

**فلالین**۔ (فَ۔لا۔لین) [اُر۔ا۔مذ] انگریزی لفظ (Flannel) کا مورّد۔ایک قسم کا روئیں دار نرم اُونی کپڑا۔

**فلان**۔ (فَ۔لان) [اُر۔ا۔مذکر و مونث] آلۂ تناسل۔شرم گاہ۔

**فلان میں تھوکنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) ذلیل کرنا۔رسوا کرنا۔بدنام۔(۲) لعنت ملامت کرنا

**فلاں**۔ (فُ۔لاں) [ع۔صف] شخص غیر معلوم وہ شخص یا چیز جو ذہن میں ہو مگر زبان سے نہ کہیں۔

**فلاں بہمان**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] ایرا غیرا۔اَمکا ڈھمکا۔

**فلاں فلاں**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] لوگ جو ذہن میں ہوں۔مگر زبان سے نام نہ لیا جاوے

**فلانا**۔ (فُ۔لا۔نا) [اُر۔صف] (۱) شخص۔کوئی شخص۔وہ شخص۔(۲) بات یا معاملے کی نسبت بھی بولتے ہیں جیسے فلانا کام

**فلانے کی ماں نے خصم کیا بہت بُرا کیا کر کے چھوڑ دیا اور بھی بُرا کیا**۔ [ا۔مثل] اس کو تب بولتے ہیں جب کوئی شخص ایک غلطی کی اصلاح میں دوسری اس سے بڑی غلطی کرے۔

**فلانی**۔ (فُ۔لا۔نی) [اُر۔صف] وہ عورت۔وہ بات۔وہ کام۔

**فلائنگ کلب** (Flying Club) (فَ۔لا۔اِنگ۔کَ۔لَب) [انگ۔ا۔مذ] ہوائی جہاز اُڑانے والوں کا کلب۔ہوابازی کا فن سکھانے کا ادارہ۔

**فلٹر**۔ (Filter) (فِل۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] پانی صاف کرنے کا آلہ۔چھلنی۔

**فلزات**۔ (فِ۔لِز۔زات) [ع۔ا۔مذ۔مث] فلز کی جمع۔وہ معدنی جوہر جن میں پگھل جانے کی صلاحیت ہے جیسے سونا۔چاندی۔ (Ore)

**فلزی**۔ (فِ۔لِز۔زی) [ع۔صف] معدنی۔کانی۔

**فلس**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) پیسہ۔تانبے کا سکہ (۲) مچھلی کے اوپر کا چھلکا (۳) اعتبار کا قرص۔جمع۔فلوس

**فلسفہ**۔ (فَل۔سَ۔فہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) علم و حکمت علم موجودات حکمت دانائی۔

**فلسفہ بگھارنا یا چھانٹنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔(۲) دانائی کا رعب ڈالنا۔

**فلسفی**۔ (فَل۔سَ۔فی) [ع۔صف] علم فلسفہ جاننے والا۔محقق۔فلاسفر جمع۔فلاسفہ (Philosopher)

**فلسفیانہ**۔ (فَل۔سَ۔فِ۔یا۔نہ) [ع۔صف] فلسفہ سے متعلق۔حکیمانہ۔

**فلس کیپ**۔ (Foolscap) (فُلس۔کیپ) [انگ۔ا۔مذ] کاغذ کا ایک سائز جو تقریباً ساڑھے تیرہ اِنچ لمبا اور ساڑھے آٹھ انچ چوڑا ہوتا ہے۔

**فلش**۔ (Flush) (فَ۔لَش) [انگ۔ا۔مذ] پانی کا تیز بہاؤ۔بدرَو یا نالی میں تیز پانی بہا کر صاف کرنا (۲) تاش کا ایک کھیل۔

**فلفل**۔ (فِل۔فِل) [ع۔ا۔مث] مرچ جمع۔فلافل۔

**فلفل دراز**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] لمبی مرچ۔پگھاں۔

**فلک**۔ (فَ۔لک) [ع۔ا۔مذ] آسمان۔گردوں۔چرخ۔

**فلک اساس**۔ [ا۔صف] آسمان جیسی بنیاد والا۔بہت مستحکم۔(۲) بلند اُونچا۔

**فلک اطلس۔فلک اعظم**۔ [ع۔ا۔مذ] آسمان۔جس پر کوئی ستارہ نہیں۔

**فلک الافلاک**۔ [ع۔ا۔مذ] ساتواں آسمان۔عرش۔کرسی۔

**فلک بارگاہ۔فلک پائگہ۔فلک پایہ**۔ [ع۔ف۔صف] بلند مرتبہ۔عالی رتبہ۔

**فلک پر چڑھانا**۔ [ا۔محاورہ] بہت زیادہ تعریف کرنا۔بہت خوشامد کرنا۔

**فلک پر دماغ (رہنا، ہونا)**۔ [ا۔محاورہ] مغرور و متکبر ہونا۔کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا۔

**فلک پر کھینچنا**۔ [ا۔محاورہ] مغرور ہونا۔اترانا۔

**فلک پرواز۔فلک پیما۔فلک تاز**۔ [ع۔ف۔صف] آسمان پر اُڑانے والا۔آسمان تک پہنچنے والا۔

**فلک پیر**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] بوڑھا آسمان۔آسمان جو مدت سے موجود ہے۔



Marfat.com

**فلک ٹوٹ پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سخت مصیبت آنا ۔
**فلک ٹوٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ۔] غضب آنا ۔ مصیبت آنا ۔
**فلک جناب** ۔ [ع ۔ صف] عالی مرتبہ ۔
**فلک زدہ** ۔ [ف ۔ صف] مفلس ۔ محتاج ۔ مصیبت کا مارا ہوا ۔
**فلک تسیر** ۔ [ع ۔ صف] بجنگ
**فلک شعبدہ باز** ۔ شعبدے دکھانے والا آسمان ۔
**فلک شکوہ ۔ فلک رتبہ ۔ فلک رفعت** ۔ [ع ۔ صف] آسمان جیسی شان و شوکت اور بلندی والا بلند مرتبہ ۔
**فلک فرسا** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] آسمان پر پہنچنے والی آہ ۔
**فلک قدر** ۔ [ع ۔ صف] عالی قدر ۔
**فلک کا ستایا** ۔ [ا ۔ صف] مصیبت زدہ ۔ بدقسمت ۔ کم بخت ۔
**فلک کو بُرا معلوم ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] شاعرانہ خیال کہ آسمان لوگوں کو خوش نہیں دیکھ سکتا ۔ مصیبتیں وہی نازل کرتا ہے ۔
**فلک کو خبر نہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) کسی کو علم نہ ہونا (۲) نہایت بے خبر ہونا ۔
**فلکی** ۔ (فَ ۔ لَ ۔ کی) [ع ۔ ف ۔ صف] آسمانی ۔ سماوی ۔ علوی ۔
**فلکیات** ۔ (فَ ۔ ل ۔ کی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) آسمان کے متعلق چیزیں (۲) ایک علم جس میں آسمان اور اس کی موجودات پر بحث ہے ۔
**فلم** ۔ (Film) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جھلی ۔ جالا ۔ (۲) وہ تصویر جو پردے پر چلتی دکھائی دیتی ہے ۔ (۳) سیاہ جھلی جسے کیمرے میں ڈال کر تصویر اتارتے ہیں ۔ فوٹو کی جھلی ۔
**فلم سٹار** ۔ [انگ ۔ ا ۔ مذ] سینما کے مشہور اداکار ۔
**فلمی** ۔ (فِل ۔ مِی) [انگ ۔ صف] فلم سے متعلق ۔
**فلو** ۔ (Flue) [انگ ۔ ا ۔ مذ] انفلوئنزا کا مخفف ۔ ایک قسم کا وبائی نزلہ ۔
**فلور** ۔ (Flour) (فَ ۔ لور) [انگ ۔ ا ۔ مذ] آٹا ۔
**فلور مل** ۔ (Flour Mill) آٹا پیسنے کی چکی
**فلور** (Floor) (فِ ۔ لور) [انگ ۔ ا ۔ مذ] سطح ۔ منزل ۔
**فلوس** ۔ (فُ ۔ لوس) [ع ۔ ا ۔ مذ] فلس کی جمع (۱) پیسے (۲) مچھلی کے چھلکے ۔
**فلولوجی** ۔ (Philology) (فِ ۔ لَو ۔ لو ۔ جی) [انگ ۔ ا ۔ مذ] تحقیق زبان کا علم ۔ صرف و نحو اور زبانوں سے واقف ہونے کا علم ۔
**فلہذا** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] بس اس لیے ۔
**فلیتہ** ۔ (فَ ۔ لی ۔ تہ) [ا ۔ مذ] چراغ کی بتی ۔ مشعل ۔ دیکھیے فتیلہ ۔
**فلیتہ دکھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) توڑے دار بندوق یا توپ چلانا ۔ (۲) آگ لگانا ۔
**فلیتہ دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) آگ روشن کرنا (۲) توپ یا بندوق چلانا ۔ (۳) آسیب زدہ کو بتی کی دھونی دینا ۔
**فلیتہ سُلگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تعویز یا منتر کی دھونی دینا ۔
**فلیٹ** ۔ (Flat) (فَ ۔ لیٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) عمارت کی ایک منزل پر رہائشی کمرے ۔ (۲) چپٹا ۔ سپاٹ ۔

# ف ۔ م

**فم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] مُنہ ۔ دہن ۔
**فم رحم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] بچہ دانی کا مُنہ ۔
**فم معدہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] معدے کا مُنہ ۔ کوڑیں ۔
**فمی بشوق** ۔ (ف ۔ می ۔ ب ۔ شَو ۔ ق) [ع] سات دن میں قرآن مجید اس طرح ختم کرنا کہ پہلے دن سورۃ فاتحہ سے مائدہ تک ۔ دوسرے دن سورۃ یونس تک ۔ تیسرے دن سورۃ بنی اسرائیل تک ۔ چوتھے دن سورۂ شعرا تک ۔ پانچویں دن سورۂ والصافات تک ۔ چھٹے دن سورۂ قاف تک ۔ ساتویں دن آخر تک ۔ ان سورتوں کے ابتدائی حروف کو ملا کر فمی بشوق بنایا ہے ۔

# ف ۔ ن

**فن** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہنر ۔ کاریگری ۔ گن ۔ طرز ۔ ڈھنگ (۲) مکر ۔ فریب ۔ (۳) دانش ۔ رائے ۔ کشتی کا داؤں ۔ کرتب ۔ (۴) قسم ۔ شاخ ۔
**فن برائے فن** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] فن کی خدمت کرتے ہوئے ۔ فن کو کسی مقصد سے وابستہ کرنا ۔
**فن شریف** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] معزز ہُنر یا پیشہ ۔
**فن کار** ۔ ہنر مند ۔ کاری گر ۔ تخلیقی کام کرنے والا ۔ ہوشیار ۔
**فن کاری** ۔ ہنر مندی ۔ کاری گری ۔
**فنا** ۔ (فَ ۔ نا) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) نیستی ۔ موت ۔ ہلاکت ۔ بربادی (۲) نابود ۔ نیست (۳) اصطلاح تصوف میں حدوث اور قدم کے فرق کا دور کرنا ۔
**فنافی الرسول** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] فقر کا وہ مرتبہ جس میں سالک اتباع رسولؐ کر اپنی طبیعت ثانی بنا لیتا ہے ۔
**فنافی الشیخ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] فقر کا ایک مرتبہ جس میں مرید ہر وقت اپنے مُرشد کے خیال میں ڈوبا رہتا ہے ۔
**فنافی الفرج** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ہر وقت عورتوں کے پیچھے لگا رہنے والا ۔
**فنافی اللہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] خدا تعالےٰ کی محبت اور معرفت میں ڈوب جانے کا مرتبہ ۔
**فنا کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کھونا ۔ برباد کرنا ۔ مٹانا ۔ نیست و نابود کرنا ۔
**فنا ہو جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مٹ جانا ۔ (۲) (کنایۃً) عاشق ہو جانا ۔
**فنانس** ۔ (Finance) (فِ ۔ نانس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) مال گزاری (۲) ذرائع آمدنی (۳) مالیات ۔ خزانہ ۔
**فنانشل** ۔ (Financial) (فِ ۔ نان ۔ شل) [انگ ۔ صف] ملک کے خزانہ یا آمدنی سے متعلق ۔
**فنجان** ۔ (فِن ۔ جان) [ع ۔ ا ۔ مذ] چھوٹی پیالی جس میں قہوہ پیتے ہیں ۔
**فند** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] مکر ۔ دغا ۔ فریب ۔ جھانسہ (۲) خامیہ ۔



Marfat.com

**فند فریب۔** [ف۔ا۔مذ] دغا فریب۔ جرم۔ جعالسازی۔

**فندق۔** (فن۔دَق) [ع۔ا۔مث] (۱) ایک ولایتی میوہ جو نہایت سُرخ اور جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے (۲) معشوق کی مہندی لگی ہوئی اُنگلی کا سرا۔ (۳) معشوق کا ہونٹ۔

**فنڈ۔** (Fund) [انگ۔ا۔مذ] سرمایہ۔ پونجی۔ جمع۔ مال۔ بضاعت۔

**فنل۔** [ا۔مذ] (۱) رقیق چیز ڈالنے کا نل دار آلہ۔ قیف۔ (۲) کاٹی۔ لوہے کا چکر۔ جو گھڑی کے اندر لگا ہوتا ہے۔ انگریزی لفظ (Funnel) فنل کا مُوَرد۔

**فنس۔** (فِ۔نَس) [اَر۔ا۔مونث] دیکھیے پینس۔ پالکی۔ ڈولا۔

**فنون۔** (فُ۔نُون) [ع۔ا۔مذ] فن کی جمع۔ (۱) صنعت۔ گُن۔ ہُنر۔ (۲) مکر۔ فریب

**فنی۔** [ف۔صف] فن کے متعلق اکثر مرکبات میں آتا ہے جیسے یک فنی۔

**فنّی۔** (فن۔نی) [ف۔صف] فن سے متعلق۔

## ف ۔ و

**فواحش۔** (فَ۔وا۔حِش) [ع۔ا۔مذ] فاحشہ کی جمع۔ (۱) بُرے کام۔ (۲) [مث] بدکار عورتیں۔

**فواد۔** (فُ۔واد) [ع۔ا۔مذ] قلب۔ دل۔

**فوارہ۔** (فو۔وا۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) اُبال۔ سرجوش۔ (۲) پچکاری۔ پُھہارا۔ (۳) نہایت جوش مارنے والا۔ (۴) پانی کو اوپر پھینکنے کا آلہ۔

**فوارہ (چلنا) چھوٹنا۔** (امحاورہ) پانی یا کسی رقیق چیز کا جوش مار کر نکلنا۔

**فواق۔** [ع۔ا۔مث] ہچکی۔

**فواکہ۔** (فَ۔وا۔کِہ) [ع۔ا۔مذ] فاکہہ کی جمع۔ میوے۔

**فوائد۔** (فَ۔وا۔اِد) [ع۔ا۔مذ] فائدہ کی جمع۔ نفع۔ خوبیاں۔ تاثیر۔ سود۔

**فوت۔** [ع۔صف] نیست۔ معدوم۔ جاتا رہنا۔ موت۔

**فوت ہونا۔** [مص مرکب] (۱) مرنا۔ انتقال کرنا (۲) جاتا رہنا۔ گم ہونا۔

**فوتی۔** (فو۔تی) [ع۔ف۔صف] مرجانے والا۔ مَرا ہوا۔ متوفی۔

**فوتی نامہ۔** بستی کے مُردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست۔

**فوٹو۔** (Photo) (فو۔ٹو) [انگ۔ا۔مذ] تصویر۔ عکس۔

**فوٹو سٹیٹ کاپی۔** (Photostet Copy) [انگ۔ا۔مذ] کسی دستاویز کی وہ نقل جو کسی تصویر کے ذریعے حاصل کی جائے۔

**فوٹو گرافر۔** (Photographer) تصویر کھینچنے والا۔ عکس اتارنے والا۔

**فوٹو گرافی۔** (Photography) تصویر کھینچنے کا فن۔ عکس اتارنا یا فوٹو کھینچنا۔

**فوج۔** [ع۔ا۔مث] (۱) سپاہ۔ لشکر۔ عسکر۔ جنگی آدمیوں کا مجمع۔ (۲) گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ جمع۔ افواج۔

**فوج چڑھنا۔** [ا۔محاورہ] لشکر کا حملہ کرنا۔

**فوج دار۔** [ع۔ف۔صف] (۱) سپہ سالار۔ فوج کا افسر۔ (۲) شہر کے اندر یا باہر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ (۳) فیل بان۔ جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے۔

**فوج داری۔** [ع۔ف۔مث] (۱) فوج دار کا عہدہ۔ (۲) مجسٹریٹی۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے۔ خون وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں (۳) لڑائی جھگڑا۔ فساد۔

**فوج داری کرنا۔** [ا۔محاورہ] لڑائی جھگڑا کرنا۔ دنگا فساد کرنا۔

**فوج کا اگا برات کا پچھا بھاری ہوتا ہے۔** [امثل] فوج کے پہلے حملے کا روکنا اور شادی کے بعد کا خرچ نمٹانا بہت دشوار ہے۔

**فوج کا گھونگھٹ کھانا۔** [ا۔محاورہ] لشکر کا شکست کھا جانا۔

**فوج کشی۔** [ع۔ف۔ا۔مث] چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔

**فوج کشی کرنا۔** (مص مرکب) حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا۔

**فوج کی اگاڑی اور آندھی کی پچھاڑی۔** [امثل] فوج کا اگلا حصّہ اور آندھی کا پچھلا حصّہ بڑے زور کا ہوتا ہے۔

**فوجی۔** (فو۔جی) [ف۔صف] فوج سے متعلق۔ لشکری۔ جنگی۔

**فور۔** [ع۔ا۔مذ] (۱) جلدی۔ شتابی (۲) طریقہ۔ طرز (۳) گھڑی۔ وقت۔

**فوراً۔** (فَو۔رن) [ع۔تابع فعل] اسی وقت۔ جھٹ پٹ۔

**فورٹ۔** (Fort) [انگ۔ا۔مذ] قلعہ۔

**فورم۔** (Forum) (فو۔رَم) [انگ۔ا۔مذ] عام مباحثہ۔ عام مباحثہ کی جگہ۔

**فورمین۔** (Foreman) (فور۔مین) [انگ۔ا۔مذ] میر کارگراں مزدوروں کا نگران مستری۔

**فوری۔** [ع۔صف] جلد۔ اسی وقت۔ عجلت۔

**فوز۔** [ع۔ا۔مث] کامیابی۔ فتح۔ ظفر۔ بخوبی مقصد کو پہنچنا۔

**فوزِ عظیم۔** [ع۔ا۔صف] بڑی کامیابی۔ بڑا فائدہ۔

**فوض۔** [ع۔ا۔مذ] کسی پر کام چھوڑ دینا۔

**فوضوی۔** (فوض۔وی) [ع۔ا۔مذ] بزاجی۔ شورش پسند۔

**فوضویت۔** (فَوض۔وی۔یت) [ع۔ا۔مث] (۱) تمدنی مساوات۔ اشتراکیت (۲) بزاج۔ طوائف الملوکی۔ [انگ] (Anarchy)

**فوطہ۔** (فو۔طَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) بیضہ۔ خصیہ۔ خایہ (۲) پیٹی۔ کمربند (۳) حمام کی لنگی۔ رومال۔ پگڑی (۴) خراج۔ محصول۔ (۵) خزانہ۔ گنج۔

**فوطہ بھرنا۔** [ا۔محاورہ] محصول ادا کرنا۔

**فوطہ چھٹکنا۔** [ا۔محاورہ] فوطہ بڑھ جانا۔

**فوطہ خانہ۔** [ف۔ا۔مذ] خزانہ۔ گنج۔

**فوطہ دار۔** [ف۔ا۔مذ] خزانچی۔ تحویل دار۔

**فوفل۔** (فُو۔فَل) [ع۔ا۔مث] چھالیہ۔ سپاری۔ بفتح اوّل نیز بضم اوّل۔

**فوق۔** [ع۔ا۔مذ] اُونچا۔ بالا۔ بلند۔ اوپر (۲) بلندی۔ اونچائی۔ اوج (۳) سبقت۔ فوقیت۔ بزرگی۔ برتری۔ بڑائی۔ فضیلت۔

**فوق البھڑک۔** [ا۔صف] بھڑکیلا۔ چمک دار۔ زرق۔ برق۔ (یہ ترکیب غلط ہے)

**فوق العادت۔** [ع۔صف] عادت سے بڑھ کر۔ بساط سے باہر۔ انسانی



Marfat.com

**فوق رکھنا۔** [ا۔ محاورہ] ترجیح دینا ۔ شرف رکھنا۔
**فوق لے جانا۔** [ا۔ محاورہ] سبقت لے جانا ۔ بڑھ جانا ۔
**فوقانی** ۔ (فَو ۔ قا ۔ نی) [ع ۔ صف] اوپر کا ۔ بالائی ۔
**فوقیت** ۔ (فَو ۔ قی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) بڑائی ۔ برتری ۔ ترجیح ۔ سبقت ۔ امتیاز (۲) بزرگی ۔ شان ۔ قدر ۔
**فوقیت حاصل ہونا۔** [ا ۔ محاورہ] بڑائی ملنا ۔ ممتاز ہونا ۔ عظمت پانا ۔
**فوقیت لے جانا۔** [ا ۔ محاورہ] بڑھ جانا ۔ بازی لے جانا ۔ سبقت لے جانا
**فوکس۔** (Focus) (فو ۔ کس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] نقطۂ ارتکاز ۔ ماسکہ ۔
**فول۔** (Fool) [انگ ۔ صف] بے وقوف ۔ احمق ۔
**فولاد** ۔ (فَو ۔ لاد) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) نہایت سخت اور اعلیٰ قسم کا لوہا ۔ اسپات (۲) سخت ۔ کڑا ۔ مضبوط ۔
**فولاد کا دل** ۔ [ا ۔ مذ] نہایت سخت دل ۔
**فولاد کا ہاتھ ۔ فولادی ہاتھ** ۔ [ا ۔ محاورہ] سخت اور مضبوط ہاتھ ۔
**فولادی** ۔ (فَو ۔ لا ۔ دی) [ف ۔ صف] (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) بہت سخت ۔ بہت مضبوط (۳) علم کی چھڑ ۔ مجانے کی لکڑی ۔ نیزے کا بانس ۔
**فولڈر۔** (Folder) (فول ۔ ڈر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کاغذ کی تہ کرنے والا آلہ ۔
**فولیو** ۔ (Folio) (فو ۔ لی ۔ او) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگا ہو ۔
**فون** ۔ [ا ۔ ا ۔ مث] سانپ کی پھنکار ۔
**فون** ۔ (Phone) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ٹیلی فون کا مخفف ۔
**فونوگراف** ۔ (Phonograph) (فو ۔ نو ۔ گراف) [انگ ۔ ا ۔ مذ] آلۂ صوت نگار ۔ ایک آلہ جس کے ذریعہ آوازیں خود بخود قلم بند ہو جاتی ہیں ۔ گرامو فون ۔
**فونوگرام** ۔ (Phonogram) (فو ۔ نو ۔ گرام) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ برقی پیغام جو بذریعہ فون تار گھر بھیجا جائے ۔ (۲) صوت بندی ۔
**فونیشی ۔ فونیقی** ۔ (Phonetician) (فو ۔ ان ۔ شی) [انگ ۔ صف] بحیرۂ روم کے جنوب مشرقی ساحل کے قدیم باشندے جنہوں نے رسم الخط ایجاد کیا ۔

## ف ۔ ہ

**فہارس** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] فہرس کی جمع ۔
**فہامہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مبالغہ] بہت سمجھدار ۔ دانا ۔ عقل مند ۔
**فہرس ۔ فہرست** ۔ (فِہ ۔ رِس) (فِہ ۔ رست) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] فرد ۔ چیزوں کی تفصیل ۔
**فہرست میں نام (چڑھانا) داخل کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دفتر میں نام درج کرنا ۔

**فہم** [ع ۔ ا ۔ مث] سمجھ ۔ دریافت ۔ عقل ۔ دانائی ۔ شعور ۔ وقوف ۔
**فہم ناقص** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ناکامل عقل ۔ ناقص رائے ۔
**فہمائش** ۔ (فہ ۔ ما ۔ اِش) [ف ۔ ا ۔ مث] ہدایت ۔ نصیحت ۔ تلقین ۔ سمجھانا ۔ آگاہ کرنا ۔
**فہمائش کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سمجھانا ۔ جتانا ۔ تنبیہ کرنا ۔
**فہمید** ۔ (فہ ۔ مید) [ف ۔ ا ۔ مث] سمجھ ۔ عقل ۔ رائے ۔
**فہمید حساب** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] حساب کا سمجھنا ۔
**فہمیدگی** ۔ (فہ ۔ مید ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] سمجھ بوجھ ۔ دانائی ۔
**فہمیدہ** ۔ (فہ ۔ می ۔ دَہ) [ف ۔ صف] سمجھ دار ۔ ہوشیار ۔ دانا ۔ جمع ۔ فہمیدگاں ۔
**فہوالمراد** ۔ (فَ ۔ ہُ ۔ وَل ۔ مُ ۔ راد) [ع] یہی اصل مراد ہے ۔ یہی مقصد ہے ۔
**فہیم** ۔ (فَ ۔ ہیم) [ف ۔ صف] عقل مند ۔ دانا ۔ سمجھدار

## ف ۔ ی

**فی** ۔ [ع ۔ حرف جار] (۱) درمیان ۔ بیچ ۔ بھیتر ۔ (۲) ساتھ ۔ (۳) ہر ۔ ایک ۔
**فی الاصل** ۔ [ع ۔ فعل متعلق] حقیقت میں ۔
**فی البدیہہ** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] فوراً ۔ فی الفور ۔ بے سوچے ۔
**فی الجملہ** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] (۱) القصہ ۔ الغرض ۔ حاصل کلام ۔ قصہ مختصر (۲) تھوڑا ۔ یونہی ۔
**فی الحال** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] اب ۔ ابھی ۔ اسی وقت سردست ۔ بالفعل ۔
**فی الحقیقت** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] دراصل ۔ واقعی ۔ بیشک ۔ حقیقتاً ۔
**فی الفور** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] جلدی ۔ شتابی ۔ جُرت ۔

**فی المثل** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] مثال کے طور پر ۔
**فی النار** ۔ [دعائے بد] دوزخ میں پڑے ۔
**فی النار والسقر ہو جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دوزخ کی آگ میں پڑنا ۔ جلنا کباب ہونا ۔ مرنا ۔
**فی الواقع** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] دیکھیے فی الحقیقت ۔ دراصل ۔
**فی الوقت** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] فوراً ۔ اسی وقت ۔
**فی امان اللہ** ۔ [دعائے نیک جو کسی عزیز ہستی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں] خدا کی امان میں ۔ خدا حافظ ۔ اللہ بیلی ۔
**فی زماننا ۔ فی زمانہ** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] اس زمانے میں ۔ آجکل ۔ ان دنوں ۔
**فی سبیل اللہ** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] (۱) خدا کی راہ میں (۲) خدا کے لیے (۳) وقف ۔
**فی صد** ۔ [ف ۔ متعلق فعل] ہر سینکڑے پر سینکڑہ پیچھے ۔
**فی کس** ۔ [ف ۔ متعلق فعل] ہر آدمی کے لیے ۔ آدمی پیچھے ۔
**فی کل وجوہ** ۔ [ع ۔ متعلق فعل] ہر حال ۔ ہر طرح ۔



Marfat.com

**فیما** ۔ (ع۔ متعلق فعل) اس میں۔ اس کے متعلق۔
**فی مابین** ۔ دونوں کے بیچ میں۔ باہم۔ آپس میں۔
**فی نفسہٖ** ۔ (ع۔ متعلق فعل) اپنی ذات میں۔ دراصل۔
**فی** ۔ [اُر۔ ا۔ مث] عیب۔ کھوٹ۔ غلطی۔
**فی نکالنا** ۔ [ا۔ محاورہ] عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
**فیاض** ۔ (فَ۔ یاض) (ع۔ صف) سخی۔ دریا دل۔
**فیاضی** ۔ (فَ۔ یا۔ضی) (ع۔ ا۔ مث) سخاوت۔ دریا دلی۔
**فیتا** ۔ (فِی۔ تا) (پُر۔ ا۔ مذ) (۱) ریشمی یا سوتی۔ کم چوڑی پٹی۔ وہ موٹا بنا ہوا دھاگا جو لوٹوں میں ڈالتے ہیں۔ (۲) بنا ہوا کنارہ۔
**فیچر** ۔ (Feature) (فی۔ چر) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں۔ (۲) اخبار کا داستان نما مضمون۔ (۳) امتیازی خدوخال۔
**فیدم** ۔ (Fathom) (فَے۔ دَم) [انگ۔ ا۔ مذ] گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ کا ہوتا ہے۔
**فیڈرل** ۔ (Federal) (فیڈ۔ رَل) [انگ۔ صف] وفاقی۔
**فیڈرل سٹیٹ** (Federal State) [انگ۔ ا۔ مذ] دولت متفقہ۔ وفاقی ریاست۔
**فیڈریشن** ۔ (Federation) (فیڈ۔ رے۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) اجتماع۔ (۲) وفاقیت۔ وفاقی انجمن یا جماعت۔
**فیر** ۔ [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) آگ۔ (۲) بندوق یا توپ کو آگ دینا۔ سَر کرنا۔ (۳) وار۔ دفعہ مرتبہ۔ کھیل (انگریزی (Fire) فائر کا مورّد)
**فیر کرنا** ۔ [مص مرکب] بندوق سَر کرنا۔ توپ چلانا۔
**فیرنی** ۔ [ا۔ مث] دیکھیے فرنی۔ دودھ میں پکا ہوا چاول کا میٹھا کھانا۔
**فیروز** ۔ (فی۔ روز) [ف۔ صف] فتح مند۔ ظفریاب۔ کامران۔ کامیاب۔
**فیروز بخت (اختر)** ۔ [ع۔ ف۔ صف] خوش نصیب۔
**فیروز مندی** ۔ [ف۔ ا۔ مث] کامیابی۔ ظفریابی۔ فتح مندی۔
**فیروزہ** ۔ (فی۔ رو۔ زَہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک پتھر جو سبز۔ زنگاری نیل گوں یا نیلا ہوتا ہے۔
**فیروزی** ۔ (فی۔ رو۔ زی) [ف۔ صف] (۱) فیروزے کے رنگ کا سبز۔ زنگاری (۲) کامیابی۔
**فیری** ۔ (Ferry) (فے۔ ری) [انگ۔ ا۔ مث] وہ کشتی یا چھوٹا جہاز جس میں بیٹھ کر لوگ دریا کے اس پار سے اُس پار آتے جاتے ہیں۔
**فیس** (Fees) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) محنتانہ۔ اُجرت (۲) وہ رقم جو طلبہ مدرسوں میں ماہانہ ادا کرتے ہیں (۳) وہ اُجرت جو ڈاکٹر وغیرہ لیتے ہیں۔
**فیشن** ۔ (Fashion) (فے۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] وضع قطع۔ ڈھنگ۔ طور طریقے۔ (۲) مروجہ آرائش و زیبائش۔
**فیشن ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] رواج ہونا۔ رسم ہونا۔ چلن ہونا۔
**فیشنیبل** ۔ (Fashionable) (فَے۔ شَ۔ نے۔ بل) [انگ۔ صف] (۱) خوش پوش۔ خوش لباس۔ (۲) فیشن کے مطابق (۳) نفیس۔ خوبصورت۔ عمدہ۔

**فیصل** ۔ (فَے۔ صَل) [ع۔ ا۔ مذ] فیصلہ۔ تصفیہ۔ نیاؤ۔
**فیصل کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) جھگڑا چکانا۔ قصّہ طے کرنا۔ (۲) کام تمام کرنا۔ برباد کرنا۔ مٹانا۔
**فیصل ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] تصفیہ ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ (۲) طے ہونا (۳) بے باق ہونا۔
**فیصلہ** ۔ (فَے۔ صَ۔ لَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تصفیہ۔ چکوتا۔ نیاؤ (۲) جانچ۔ پرکھ۔ (۳) فتویٰ۔ حکم۔ تجویز۔ جمع۔ فیصلہ جات۔
**فیصلہ رکھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] فیصلے کا کسی پر موقوف کر دینا۔
**فیصلہ زبان پر ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] کسی کے کہنے پر تصفیہ ہونا۔
**فیصلہ زیرِ اپیل** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ فیصلہ جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو۔
**فیض** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) فائدہ۔ نفع (۲) سخاوت۔ فیاضی۔ (۳) نیکی۔ بھلائی۔ جمع۔ فیوض۔
**فیض بخش** ۔ [ف۔ مذ] فائدہ پہنچانے والا۔
**فیض پانا** ۔ [ا۔ محاورہ] کسی سے فائدہ اٹھانا۔
**فیض پہنچانا** ۔ [مص۔ مرکب] (۱) فائدہ پہونچانا۔ (۲) بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا۔ (۳) خیرات کرنا۔
**فیض رساں (بخش)** ۔ [ع۔ ف۔ صف] (۱) فائدہ پہنچانے والا۔ (۲) سخی داتا۔
**فیضِ عام** (۱) عام لوگوں کا فائدہ۔ (۲) عام سلوک۔
**فیض گستر** ۔ [ع۔ ف۔ صف] بہت فیض پہنچانے والا۔
**فیض نشان** ۔ [ع۔ ف۔ صف] فائدہ پہنچانے والا۔
**فیض یاب** ۔ [ع۔ ف۔ صف] فائدہ حاصل کرنے والا۔
**فیض** ۔ (Fez) (فِز) [انگ۔ ا۔ مث] ترکی ٹوپی
**فیضان** ۔ (فَے۔ ضان) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا فائدہ (۲) بڑی بخشش۔
**فیضانِ صحبت** ۔ [ع۔ ف۔ صف] وہ فائدہ جو کسی کی صحبت سے پہونچے۔
**فیضی** ۔ (فَے۔ضی) [ع۔ ف۔ صف۔ ا۔ مذ] (۱) فیض سے منسوب (۲) شہنشاہ اکبر کے درباری ملک الشعراء کا تخلص۔
**فیکٹری** ۔ (Factory) (فیک۔ ٹری) [انگ۔ ا۔ مذ] کارخانہ۔
**فیل** ۔ (Fail) [انگ۔ صف] (۱) ناکامیاب۔ نامُراد۔ (۲) گرا ہوا۔ ناقص۔
**فیل ہونا** ۔ ناکام ہونا۔ امتحان میں پورا نہ اترنا۔
**فیل** ۔ [اُر۔ ا۔ مذکر] (۱) مکر۔ فریب (۲) شرارت
**فیل** ۔ [ع۔ ا۔ مذکر] ہاتھی۔ پیل۔ جمع۔ فیلاں۔
**فیل بان** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] ہاتھی چلانے والا۔ مہاوت۔ فوجدار۔
**فیل پا** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] ایک مرض جس میں ٹانگیں اور پاؤں بہت سوج جاتے ہیں۔
**فیل خانہ** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] ہاتھیوں کا طویلہ۔
**فیل مرغ** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] ایک پرندہ۔ پیرو۔



Marfat.com

فیلٹ۔ (Felt) (انگ۔ا۔مذ) ایک روئیں دار کپڑا جو اُون کو موڑ اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے (۲) نمدے کی ٹوپی۔

فیلڈ۔ (Field) (انگ۔ا۔مث) میدان۔ میدانِ جنگ۔

فیلڈ بُک۔ (Field Book) (انگ۔ا۔مث) ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔

فیلڈ مارشل۔ (Field Marshal) (انگ۔ا۔مذ) سپہ سالارِ افواج۔ فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ یا اعزاز۔

فیلڈر۔ (Fielder) (فیل۔ڈر) (انگ۔ا۔مذ) کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو گیند روک کر بالر یا وکٹ کی طرف پھینکے۔

فیلڈنگ۔ (Fielding) (فیل۔ڈنگ) (انگ۔صفت) کرکٹ میں گیند کو پھرتی سے روکنے کا ہنر۔

فیلسوف۔ (فیل۔سُوف) (یو۔ا۔مذ) حکیم دانش مند۔ عالم۔ فاضل (۲) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فیلسوفی۔ (فیل۔سُو۔فی) (اُر۔ا۔مث) (۱) فضول خرچی۔ نمود و نمائش۔ (۲) عیاری۔ چالاکی۔ شرارت۔

فیلو۔ (Fellow) (فے۔لو) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آدمی۔ فرد (۲) ساتھی۔ ہم جولی۔ ہمسر (۳) سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔

فیلوشپ۔ (Fellowship) (انگ۔ا۔مث) کسی تعلیمی ادارے انجمن یا برادری کی ممتاز رکنیت (۲) تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ۔

فیلہ۔ (فی۔لہ) (ف۔ا۔مذ) شطرنج کا ایک مہرہ جو ترچھا چلتا ہے۔

فیل۔ فیلیا۔ فیل پایا۔ (فے۔لی) (فے۔لی۔یا) (فے۔لی۔پا۔یا) (اُر۔صفت) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فیملی۔ (Family) (فے۔مِ۔لی) (انگ۔ا۔مث) (۱) خاندان۔ نسب۔ (۲) اہل و عیال۔ بیوی بچے۔

فیملی پلاننگ۔ (Family Planning)۔ خاندانی منصوبہ بندی۔

فین۔ (Fan) (انگ۔ا۔مذ) پنکھا۔ بجلی کا پنکھا۔

فینائل۔ (Phenyl) (انگ۔ا۔مث) ایک جراثیم کش دوا۔

فینسی۔ (Fancy) (فین۔سی) (انگ۔صفت) عمدہ۔ خوبصورت

فینسی بال۔ فینسی ڈانس۔ (Fancy Ball) (Fancy Dance) (انگ۔ا۔مث) مغربی رقص کی تقریب جس میں لوگ سوانگ بھر کر شریک ہوتے ہیں۔

فیوڈل۔ (Feudal) (فی۔اُو۔ڈل) (انگ۔صفت) جاگیرداری نظام سے متعلق قرونِ وسطیٰ کا معاشی اور معاشرتی نظام۔ بڑے زمینداروں اور جاگیرداروں سے متعلق۔

فیوز۔ (Fuse) (فی۔اُوز) (انگ۔ا۔مذ) تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا (۲) فتیلہ۔ بتی جسے آتش گیر مادے میں بھگو کر جلایا جاتا ہے۔

فیوض۔ (فُ۔یُوض) (ع۔ا۔مذ) فیض کی جمع (۱) فائدے (۲) نیکیاں (۳) بخششیں۔

فیہ نظر۔ (ع۔متعلق فعل) اس پر اعتراض ہے۔ یہ محلِ نظر ہے۔



Marfat.com

# ق

قاف ۔ (ع ۔ مذ) اُردو کا ستائیسواں ۔ فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے سَو عدد مقرر ہیں ۔ عربی میں یہ قمری حرف ہے ۔ اس کے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" اپنی آواز دے گا جیسے القمر ۔

## ق ۔ ا

**قَـاں** ۔ (اُ ۔ ا ۔ مث) کوّے کی آواز ۔ کائیں ۔ کائیں ۔

**قاآن** ۔ (قا ۔ آن) (ت ۔ ا ۔ مذ) (۱) بہت بڑا حاکم ۔ سخی اور عاقل بادشاہ ۔ (۲) شاہ چین اور شاہ ترکستان کا لقب (۳) وہ ترکی خطاب جو شہنشاہ یا حاکم اعلیٰ کو دیا جائے ۔ جو سب سے پہلے چنگیز خان کے بیٹے اُگتائی کو دیا گیا تھا ۔

**قاآنی** ۔ (قا ۔ آ ۔ نی) (ت ۔ ف ۔ صف) (۱) قاآن سے منسوب ۔ (۲) ایک مشہور ایرانی شاعر کا تخلص ۔

**قاب** ۔ (ت ۔ ا ۔ مث) بڑی رکابی ۔ تھال ۔

**قاب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ ۔

**قابَ قوسین** ۔ (۱) دو ہاتھ کا فاصلہ (۲) دو کمانوں کا فاصلہ ۔ (۳) نہایت قریب ۔ (۴) (مجازاً) ابروئے دلدار ۔

**قابِض** ۔ (قا ۔ بِض) (ع ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ) (۱) قبضہ کرنے والا ۔ (۲) دخیل جیسے مکان کا قابض (۳) وہ چیز جو قبض کرے ۔

**قابضِ اَرواح** ۔ (ع ۔ صف) روحوں کو قبض کرنے والا ۔ ملک الموت عزرائیل ۔

**قابضِ حینِ حیاتی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عمر بھر کے لیے قبضہ رکھنے والا ۔

**قابضِ شِکمی** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) درمیانی قابض ۔

**قابِل** ۔ (قا ۔ بِل) (ع ۔ صف) (۱) لائق ۔ اہل ۔ سزاوار (۲) دانا ۔ عقلمند ۔ ہوشیار ۔ تجربہ کار ۔ استعداد رکھنے والا ۔ (۳) عالم ۔ فاضل (۴) لائق ۔

**قابلِ ادا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ادا کرنے کے لائق ۔

**قابلِ اعتبار** ۔ (اعتماد) ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) معتبر ۔ بھروسے کے لائق ۔

**قابلِ اعتراض** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) اعتراض کے لائق ۔ بے جا ۔ قبیح ۔

**قابلِ التفات** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) توجہ کے لائق ۔

**قابلِ انقسام** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) وہ چیز جو تقسیم ہو سکے ۔

**قابلِ بازپرس** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جوابدہی کے لائق ۔ مواخذہ طلب ۔

**قابلِ تعریف** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سراہنے کے لائق ۔ آفرین کے قابل نہایت پسندیدہ ۔

**قابلِ دید** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دیکھنے کے قابل ۔ دیکھنے کے لائق ۔

**قابلِ ذکر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ذکر کرنے کے قابل ۔

**قابلِ زیارت** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دیکھنے کے قابل ۔

**قابلِ سزا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) سزا کا مستوجب ۔

**قابلِ سماعت** ۔ (۱) سُننے کے لائق ۔ (۲) وہ مقدمہ جو ازروئے قانون کسی عدالت کے حدُود اختیار میں ہو ۔

**قابلِ غور** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سوچنے کے لائق ۔ توجہ کرنے کے قابل ۔

**قابل کرنا** ۔ (مص مرکب) لائق بنانا ۔ شائستہ کرنا ۔ گُن سکھانا ۔ ہنرمند بنانا ۔

**قابلِ مواخذہ** ۔ (ع ۔ صف) جوابدہی یا گرفت کے مطابق ۔

**قابلِ نکاح** ۔ (ع ۔ صف) نکاح کے لائق ۔ جوان ۔ بالغ ۔ بالغہ ۔

**قابل ہونا** ۔ (مص مرکب) لائق ہونا ۔ تجربہ کار ہونا ۔ ہوشیار ہونا ۔

**قابلِ یقین** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) جس پر یقین کیا جا سکے

**قابِلہ** ۔ (قا ۔ بِ ۔ لہ) (ع ۔ صف) (۱) ہوشیار اور لائق عورت (۲) (مؤنث) بچہ جنانے والی عورت ۔ دائی ۔

**قابلیت** ۔ (قا ۔ بِ ۔ لی ۔ یت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) لیاقت ۔ سلیقہ ۔ استعداد (۲) مناسبت ۔ مادہ ۔

**قابلیت پیدا کرنا** ۔ (مص مرکب) لیاقت بہم پہونچانا ۔ استعداد حاصل کرنا ۔

**قابلیت ہونا** ۔ (مص مرکب) لیاقت ہونا ۔ مادہ ہونا ۔ استعداد ہونا ۔

**قابُو** ۔ (قا ۔ بُو) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) موقع ۔ فرصت (۲) زور ۔ بس ۔ طاقت (۳) حکم ۔ اختیار ۔ (۴) رسائی ۔ پہنچ ۔

**قابو پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قدرت پانا ۔ موقع پانا ۔ اختیار پانا ۔

**قابو پر چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے بس میں ہو جانا ۔

**قابو چڑھنا** ۔ **قابو چلنا** ۔ بس میں آنا ۔ اختیار میں آنا ۔ ہتھے چڑھنا ۔

**قابو چلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حکم چلانا ۔ قدرت دکھانا ۔

**قابو سے باہر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قدرت سے باہر ہونا ۔ آپے سے باہر ہونا ۔

**قابو سے جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اختیار سے باہر ہونا ۔ (۲) مچلنا ۔ آپے سے باہر ہونا ۔ (۳) داؤں سے نکلنا ۔ گھات سے نکلنا ۔

**قابو کر لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قابو کرنا ۔ بس میں کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔

**قابو لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قابو ہونا ۔ موقع ملنا ۔

**قابو میں رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بس میں رکھنا ۔ مغلوب رکھنا ۔

**قابو میں کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قابو میں لانا ۔ اپنے اختیار میں کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔

**قابو میں لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھات میں لگنا ۔

**قابو میں ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بس میں ہونا ۔

**قابو میں نہ رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اختیار میں رہنا ۔ بس میں رہنا ۔



Marfat.com

**قابو ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) موقع ہونا۔ (۲) بس ہونا ۔ قبضہ ہونا۔
**قابُوچی** ۔ (قا۔بُو۔چی) [ت۔ا۔مذکر] (۱) دربان ۔ (۲) کمینہ۔سفلہ۔ (۳) خود غرض (۴) مفسد۔
**قابیل** ۔ (قا۔بِیل) [سریانی۔ا۔مذکر] حضرت آدمؑ کا بیٹا جس نے اپنے بڑے بھائی ہابیل کو اپنی بہن کے حسد میں مار ڈالا تھا۔
**قاتِل** ۔ (قا۔تِل) [ع۔صفت۔و۔ا۔مذ] (۱) قتل کرنے والا ۔ جلّاد۔ خونی (۲) مہلک۔جان لیوا۔ظالم۔
**قاجار۔ قاچار** ۔ (قا۔جار) (قا۔چار) [ف۔ا۔مذ] شاہانِ ایران کا ایک خاندان۔
**قادِر** ۔ (قا۔دِر) [ع۔صفت] (۱) قدرت والا ۔ طاقت رکھنے والا ۔ قابو رکھنے والا۔ غالب۔ مختار (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**قادِرُالکلام** ۔ [ع۔صفت] کلام پر قابو اور قدرت رکھنے والا۔
**قادر انداز** ۔ [ف۔صفت] ٹھیک نشانہ لگانے والا ۔ وہ شخص جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے۔
**قادرعلی الاطلاق (قادرِ مطلق)** [ع۔ت۔صف] پوری پوری قدرت رکھنے والا ۔خدائے تعالیٰ۔
**قادری** ۔ (قا۔دِ۔ری) [ع۔صفت] (۱) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب [ا۔مث] ایک قسم کا سینہ بند۔
**قادِریہ** ۔ (قا۔دِ۔ری۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب ہے۔
**قادیانی** ۔ [ا۔صفت] ۔ مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والے مرزائی۔ منکر ختم نبوت۔
**قارُورَہ** ۔ (قا۔رُو۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) شیشی خصوصاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں (۲) مجازاً پیشاب۔
**قارورہ دیکھنے والا** ۔ [ا۔صفت] حکیم۔طبیب۔ معالج۔
**قارورہ ملنا** ۔ [ا۔محاورہ] موافقت ہونا۔ اتحاد ہونا۔
**قارُون** ۔ (قا۔رُون) [ع۔ا۔مذکر] حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا بڑا مالدار مگر کنجوس شخص جو اپنے مال سمیت زمین میں غرق ہو گیا تھا (مجازاً) ہر مالدار اور بخیل۔
**قارون کا خزانہ** ۔ [ا۔مذ] بہت بڑا خزانہ ۔ بے انتہا دولت۔
**قاری** ۔ (قا۔ری) [ع۔ا۔مذ] (۱) پڑھنے والا (۲) علم قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا ۔ جمع ۔ قاریین ۔ قرّاء۔
**قاز** ۔ [ت۔ا۔مث] ایک آبی پرندہ ۔ راج ہنس۔
**قاسِم** ۔ (قا۔سِم) [ع۔صفت و۔ا۔مذ] تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
**قاش** ۔ [ت۔ا۔مث] پھانک۔ ٹکڑا۔ پھل وغیرہ کی پھانک۔
**قاشِ زین** ۔ [ف۔ا۔مث] زین کا ابھرا ۔ زین کے آگے اور پیچھے کے ٹیکے جو پھانک کی صورت کے ہوتے ہیں۔
**قاش قاش کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ پھانک پھانک کرنا۔
**قاشیں تراشنا** ۔ [ا۔محاورہ] پھانکیں کاٹنا۔
**قاصِد** ۔ [ع۔ا۔مذ] نامہ بر۔ چٹھی رساں ۔ پیام بر۔ ایلچی۔

**قاصِر** ۔ (قا۔صِر) [ع۔صفت] (۱) کوتاہی کرنے والا (۲) مجبور۔ناچار۔جمع ۔قاصرین۔
**قاصر ہمّت** ۔ [ع۔صفت] کم ہمت ۔ بے حوصلہ۔
**قاصر ہونا** ۔ [مص مرکب] عاجز ہونا ۔ معذور ہونا ۔ مجبور ہونا ۔ فرض ادا کرنے میں کوتاہی کرنا۔
**قاضی** ۔ (قا۔ضی) [ع۔ا۔مذ] (۱) مسلمان منصف جو شرع کی رُو سے فیصلہ کرے۔ (۲) جج ۔ نکاح پڑھانے والا مولوی۔
**قاضی الحاجات** ۔ [ع۔صف] (۱) حاجت روا کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ (۳) (مجازاً) روپیہ پیسہ۔ مال و دولت۔
**قاضی القضات** ۔ [ع۔صف] سب سے بڑا قاضی۔چیف جسٹس۔
**قاضی بدو گواہ راضی** ۔ [ف۔مثل] شریعت اسلامی میں دو گواہوں سے مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔
**قاضی برشوت راضی** ۔ [ف۔مثل] رشوت دینے سے سبھی راضی ہو جاتے ہیں۔
**قاضی جی اپنا آگاہ تو ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا** ۔ [ا۔مثل] ناصح پہلے اپنے اخلاق و اطوار درست کرے پھر دوسرے کو نصیحت کرے۔
**قاضی جی بہتیرا ہرائیں میں ہارتا ہی نہیں** ۔ [ا۔مثل] سخت بے حیائی۔ نڈر پن۔ اور ضد کے اظہار میں طنزاً بولتے ہیں۔
**قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار** ۔ [ا۔مثل] حاکم کا ملازم ہمیشہ جلدی ہی کرتا ہوا آتا ہے۔
**قاضی جی کے مرنے سے کیا شہر سُونا ہو جائے گا** ۔ [ا۔مثل] کسی کے نہ ہونے سے کوئی کام نہیں رُکتا۔
**قاضی جی کیوں دُبلے؟ شہر کے اندیشے سے** ۔ [ا۔مثل] خواہ مخواہ غیروں کے غم میں گھلنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
**قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا۔قاضی جی مرے کوئی نہ آیا** ۔ [ا۔مثل] بڑے آدمی کی خوشامد اس کی زندگی میں سب کرتے ہیں مرنے پر کوئی نہیں پوچھتا۔
**قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے** ۔ [ا۔مثل] حاکم یا بڑے آدمی کے گھر کے معمولی لوگ بھی ہوشیار ہوتے ہیں۔
**قاضی چرخ (فلک)** [ع۔ف۔ا۔مث] مشتری سیارہ۔
**قاضی عدّو** ۔ [ع۔ا۔مذ] وہ شخص جو کسی طرح پیچھا ہی نہ چھوڑے۔
**قاضی قدوہ** ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ایک کثیر الاولاد قاضی ۔ (۲) (کنایۃً) ہر کثیر الاولاد شخص۔
**قاضی کا پیادہ** ۔ [ا۔مذ] عدالت کا چپراسی (کنایۃً) وہ شخص جس سے لوگ ڈریں۔ اور جو وقت بے وقت سامنے آجائے۔
**قاضی گلہ نہ کرے گا** ۔ [ا۔محاورہ] کوئی معترض نہ ہو گا۔ کوئی دشواری نہ ہو گی۔
**قاضی نیا دُونہ کریگا گھر تو آنے دے گا** ۔ [ا۔مثل] اگر نفع نہیں تو کوئی نقصان بھی نہیں۔
**قاطِبتاً۔قاطبۃً** ۔ (قا۔طِ۔بَ۔تَن) [ع] تمام۔ بالکل۔ سرتاسر۔



Marfat.com

**قاطر**۔ [ت۔ا۔مث] خچر۔
**قاطرچی**۔ [ت۔صفت] خچر والا۔
**قاطع**۔ (قا۔طع) [ع۔صفت] قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا۔
**قاطع الطریق**۔ لٹیرا۔ بٹ مار۔ ڈاکو۔ راہزن۔
**قاعدہ**۔ (قا۔عِ۔دَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) اصل بنیاد (۲) دستور۔ رسم۔ قانون۔ ضابطہ۔ (۳ مجازاً) عادت۔ خصلت (۴) حروفِ تہجی کا پہلا رسالہ۔ (۵) قرینہ۔ (۶) دستور العمل (۷) گر (۸) صرف نحو یا حساب کا کوئی قاعدہ۔ جمع۔ قواعد
**قاعدہ باندھنا**۔ [ا۔محاورہ] دستور ٹھہرانا۔ قانون مقرر کرنا۔ (۲) عادت ڈالنا۔
**قاعدہ جاری کرنا**۔ [ا۔محاورہ] دستور مقرر کرنا۔
**قاعدہ دان**۔ [ع۔ف۔صفت] قاعدہ جاننے والا۔ رسم و رواج سے واقف۔
**قاعدہ کلیہ**۔ [ع۔ا۔مذ] عام قاعدہ۔ اصول۔ گر۔
**قاعدہ نکالنا**۔ [ا۔محاورہ] طریقہ ایجاد کرنا۔
**قاعدے سے**۔ [ا۔متعلق فعل] (۱) سلیقے سے۔ (۲) دستور کے مطابق (۳) ادب سے۔
**قاعدے سے لگانا**۔ [ا۔محاورہ] ترتیب سے رکھنا۔
**قاعدے کا پابند**۔ [ا۔صفت] دستور کا پابند۔ اصول کا پابند۔
**قاعدے کی بات ہے**۔ [ا۔مث] عام دستور ہے۔ عام بات ہے۔
**قاف**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) عربی کا اکیسواں حرف (ق)، (۲) ایک پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں واقع ہے پرانے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا کہ یہ ساری دنیا پر محیط ہے۔ اور اس میں پریاں آباد ہیں۔
**قاف تا قاف**۔ [ا۔متعلق فعل] ساری دنیا۔ دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک
**قاف کی پریاں**۔ [ا۔مث] (کنایتاً) حسین عورتیں۔
**قافلہ**۔ (قا۔فِ۔لہ) [ع۔ا۔مذ] کارواں۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ۔
**قافلہ سالار**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] سردار قافلہ۔ میر قافلہ۔ سالار کارواں۔
**قافیہ**۔ (قا۔فِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) پیچھے چلنے والا۔ پے در پے آنے والا۔ (۲) علم و عروض میں ردیف سے پہلے کا لفظ۔ تک۔ جمع۔ قوافی۔
**قافیہ باندھنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی قافئے کو شعر میں نظم کرنا۔
**قافیہ بندھنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی قافئے کا شعر میں نظم ہونا۔
**قافیہ بندی**۔ [ا۔مث] تک بندی۔ اشعار موزوں کرنا۔
**قافیہ پیما**۔ [ع۔ف۔صفت] قافئے ڈھونڈ ڈھونڈ کر شعر کہنے والا۔
**قافیہ پیمائی**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] اشعار کی تعداد بڑھانے کے لیے قافیے ڈھونڈ ڈھونڈ کر نظم کرنا۔
**قافیہ تنگ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] عاجز کرنا۔ پریشان کرنا۔ زچ کرنا۔
**قافیہ تنگ ہونا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) قافیہ نہ ملنا۔ کسی مضمون شعر کے لیے قافیہ دستیاب نہ ہونا۔ گفتار و کردار میں عاجز آنا۔ (۲) دق ہونا۔ ستانا۔ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔
**قافیہ سنج**۔ [ع۔ف۔صفت] موزوں طبع شاعر۔
**قافیہ شائگان**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ دیکھیے۔ ایطا۔

**قافیہ کہنا**۔ [ا۔محاورہ] قافیہ باندھنا۔
**قافیہ لڑنا**۔ [ا۔محاورہ] قافیہ کا یکساں ہونا۔
**قافیہ ملانا**۔ [ا۔محاورہ] تک سے تک جوڑنا۔ (۲) یارانہ گانٹھنا۔ راز دار بننا۔
**قاق**۔ [ت۔ا۔مذ] (۱) سوکھا ہوا گوشت (۲) (مجازاً) نہایت دبلا۔ ناتواں آدمی۔
**قاقا**۔ (قا۔قا) [ع۔ا۔مث] کتے کی آواز۔ کائیں کائیں۔ دیکھیے۔ قا۔
**قاقلہ**۔ (قا۔قُ۔لہ) [ع۔ا۔مث] بڑی الائچی۔
**قاقم**۔ (قا۔قُم) [ت۔ا۔مذ] ایک قسم کا نیولا جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ اس کی کھال قاقم کہلاتی ہے۔
**قال**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) گفتگو۔ مباحثہ۔ مقولہ۔ قول۔ (۲) ظاہری اور دکھاوے کی بات چیت۔
**قال اقول**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) اس نے کہا، میں کہتا ہوں (۲) بحث۔ تکرار۔
**قال اللہ قال الرسول**۔ [ع۔ا۔مذ] کنایتاً قرآن و حدیث یعنی اللہ کا کہا ہوا اور رسول کا فرمایا ہوا۔
**قال قال**۔ [ع۔متعلق فعل] شدہ شدہ۔ ہوتے ہوتے۔
**قال مقال۔ [قال و قیل]**۔ [ع۔ا۔مذ] حیص بیص۔ حجت قضیہ۔
**قال وقیل**۔ تکرار۔ حجت۔ بحث۔
**قالب**۔ (قا۔لِب۔ قالب) [ع۔ا۔مذ] سانچا۔ ڈھانچا۔ کالبد (۲) انسانی جسم
**قالب بدلنا**۔ [ا۔محاورہ] چولہ بدلنا۔ دوسرا جسم اختیار کرنا۔
**قالب بے جان**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] مردہ جسم۔
**قالب پر چڑھنا**۔ [ا۔محاورہ] ٹوپی وغیرہ کا قالب پر رکھا جانا۔
**قالب خالی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مرجانا۔
**قالب خاکی**۔ [ع۔ا۔مذ] کنایتاً جسم۔ بدن۔ انسان۔
**قالب میں ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] سانچے میں ڈھالنا۔
**قالیچہ**۔ [ف۔ا۔مذ] چھوٹا قالین۔
**قامت**۔ (قا۔مَت) [ع۔ا۔مذ] قد۔ ڈیل۔ جسم۔ بدن۔
**قالین**۔ (قا۔لی۔ن قالین) [ت۔ا۔مذ] غالیچہ۔ ایک قسم کا بچھونا۔ فرش پشمینہ۔
**قالب پر راست آنا**۔ [ا۔محاورہ] موزوں ہونا۔ آنا۔ فٹ آنا۔
**قاموس**۔ (قا۔مُو۔س) [ع۔ا۔مذ] (۱) بحر۔ سمندر (۲) عربی کا ایک مشہور لغت
**قانت**۔ (قا۔نِت) [ع۔صف] (۱) تابع دار۔ عبادت گزار۔ (۲) حیپ۔ خاموش جمع۔ قانتین۔
**قاں قاں**۔ (قاں۔قاں) [ا۔مث] بطخ کی آواز۔
**قانع**۔ (قا۔نِع) [ع۔صف] قناعت کرنے والا۔ جو مل جائے اس پر راضی رہنے والا۔
**قانون**۔ (قا۔نُون) [ع۔ا۔مذ] (۱) جڑ۔ بنیاد (۲) (مجازاً) قاعدہ۔ دستور ضابطہ۔ آئین۔ رسم و رواج (۳) طریق۔ طور۔ ڈھنگ (۴) ایک باجے کا نام (۵) شیخ بو علی سینا کی طب کی ایک کتاب۔ جمع۔ قوانین۔
**قانون اساسی**۔ [ع۔ا۔مذ] بنیادی قانون۔ دستور۔
**قانون استقرائی**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ آئین جس کی رُو سے افعال جائز کی تعمیل اور



Marfat.com

نا جائز سے پرہیز کی تعریف ہو۔

**قانون بگھارنا**۔ [ا۔ محاورہ] بے ضرورت تکرار کرنا۔

**قانون پر چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] ضابطہ کی پابندی۔ آئین کے موافق کاروائی کرنا

**قانون جنگی**۔ [ع۔ ا۔ مذ] فوجی آئین۔ وہ قانون جو فوج کے لیے ہو۔

**قانون چھانٹنا**۔ [ا۔ محاورہ] بیجا حجت کرنا۔ دلیلیں لانا۔

**قانون دان**۔ [ع۔ ف۔ صف] قانون جاننے والا۔ آئین سرکاری سے واقف۔

**قانون دانی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] قانون کی واقفیت۔

**قانون دیوانی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] وہ قانون جو رقم اور جائداد کے متعلق ہو۔

**قانون رائج ہونا**۔ [مص مرکب] قانون پر عمل درآمد ہونا۔

**قانون فوجداری**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ قانون جس کے تحت جرائم کی سزائیں دی جاتی ہیں۔

**قانون کا نفاذ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] کسی ملک میں قانون کا جاری ہونا۔

**قانون گو**۔ (۱) وہ محرر جس کے پاس تمام ضلع یا علاقہ کی زمینوں کا حساب کتاب رہتا ہے پٹواریوں کا افسر (۲) شیخوں کی ایک گوت (۳) [کنایۃً] جھگڑالو۔

**قانون گوئی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] قانون گو کا عہدہ۔

**قانون مال**۔ [ع۔ ا۔ مذ] لگان اور مال گزاری کا ضابطہ۔

**قانون مختص الامر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ قانون جو کسی خاص امر کی بابت جاری ہو۔

**قانون مختص المقام**۔ وہ قانون جو کسی خاص حصۂ ملک کے لیے جاری ہو۔

**قانوناً**۔ (قا۔ نو۔ نَن) [ع۔ تابع فعل] اَز روئے قانون حسب ضابطہ۔

**قانونچہ**۔ (قا۔ نون۔ چہ) [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] (۱) علم طب کی ایک کتاب کا نام (۲) ایک باجہ۔

**قانونی**۔ (قا۔ نو۔ نی) [ف۔ صف] (۱) قانون سے متعلق (۲) قانون کی رو سے قانون بنانے یا جاننے والا۔ (۳) جھگڑالو۔ تکراری حجتی۔

**قانونیا**۔ (قا۔ نو۔ نِ۔ یا) [اُ۔ صف] حجتی۔ جھگڑالو۔

**قاہر**۔ (قا۔ ہِر) [ع۔ صف] قہر کرنے والا۔ غالب۔ زبردست۔ زور آور۔ طاقت ور۔

**قاہرہ**۔ (قا۔ ہِ۔ رَہ) [ع۔ صف] (۱) قاہر کی تانیث۔ غالب۔ زبردست۔ (۲) مصر کے دارالحکومت کا نام۔

**قاہ قاہ**۔ (قاہ۔ قاہ) [ف۔ ا۔ مث] قہقہہ۔ ٹھٹھا مارنے کی آواز۔

**قائد**۔ (قا۔ ئِد) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) فوج کا سوار۔ حاکم۔ (۲) اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا۔ رہنما۔ لیڈر۔

**قائداعظم**۔ (۱) بہت بڑا رہبر قوم (۲) پاکستانی مسلمانوں کے محسن اعظم۔ بانی پاکستان محمد علی جناح کا لقب۔

**قائزہ**۔ (قا۔ ءِ۔ زَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) لگام (۲) لنگوٹا۔

**قائزہ کرنا**۔ (۱) گھوڑے کے منہ پر دہانہ چڑھا کر لگام کے تسمے کو دُم سے باندھ دینا (۲) مجرد رہنا۔ لنگوٹا باندھنا۔

**قائل**۔ (قا۔ ئِل) [ع۔ صف] (۱) کہنے والا۔ بولنے والا (۲) اپنا قصور ماننے والا تسلیم کرنے والا۔ ہار ماننے والا۔ لاجواب۔

**قائل کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] لاجواب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

**قائل معقول کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] لاجواب کرنا۔ جھوٹ ثابت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ قصور کا اقرار کرنا۔

**قائل ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) مان لینا۔ غلطی تسلیم کرنا (۲) اُستاد ماننا۔ ماہر فن ماننا

**قائل ہونے کی جگہ ہے**۔ [ا۔ مثل] تسلیم کرنا پڑتا ہے

**قائم**۔ (قا۔ ئِم) [ع۔ صف] (۱) کھڑا ہونے والا۔ کھڑا ہوا (۲) سیدھا۔ مضبوط پائیدار (۳) موجود۔ مستقل۔ مقررہ۔ برقرار۔ (۴) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا۔

**قائم اٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] شطرنج میں بازی برابر رہنا۔ دونوں حریفوں میں سے کسی کو مات نہ ہونا۔

**قائم الزاویہ**۔ [ع۔ صف] وہ زاویہ جو نوّے درجے کا ہو۔

**قائم الزمان**۔ [ع۔ ا۔ مذ] شیعوں کے امام کا نائب۔

**قائم اللیل**۔ [ع۔ صف] عبادت کے لیے رات بھر جاگنے والا۔

**قائم المزاج**۔ [ع۔ صف] مستقل مزاج۔ دھن کا پکا۔

**قائم النار**۔ [ع۔ صف] آگ پر ٹھہرنے والا۔

**قائم انداز**۔ [ع۔ صف] (۱) شاطر کامل۔ وہ جو اپنی بازی کو ہر طرح برقرار رکھے (۲) ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ قادر انداز۔

**قائم بالذات**۔ [ع۔ صف] وہ چیز جو بذاتِ خود قائم اور برقرار ہو۔ جوہر۔

**قائم بالغیر**۔ [ع۔ صف] وہ چیز جو کسی دوسرے کے سہارے پر قائم ہو۔ دوسرے کا محتاج۔

**قائم رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] برقرار رکھنا۔ موجود رکھنا۔ صحیح و سلامت رکھنا۔

**قائم رہنا**۔ [ا۔ محاورہ] برقرار رہنا۔ مضبوط رہنا۔

**قائم کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) بنیاد رکھنا (۲) مقرر کرنا (۳) اُٹھانا۔ کھڑا کرنا۔ بنانا (۴) حد مقرر کرنا (۵) مضبوط کرنا۔ مستقل کرنا۔ برقرار کرنا (۶) رکھنا۔ جمانا۔ دھرنا (۷) پیدا کرنا۔ موجود کرنا۔

**قائم مزاج**۔ [ع۔ ا۔ مذ] مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔

**قائم مزاجی**۔ [ع۔ ا۔ مث] ثابت قدمی۔ استقلال۔ مضبوطی۔ متانت۔

**قائم مقام**۔ (۱) کسی کی جگہ کام کرنے والا۔ عوضی (۲) مختار کار۔ وکیل۔ گماشتہ۔ (۳) ولی عہد۔ خلیفہ۔ نائب۔

**قائم مقام ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] دوسرے کی جگہ کام کرنا۔ عوضی پر ہونا۔

**قائم مقامی**۔ [ع۔ ا۔ مث] (۱) عوضی (۲) وکالت۔ سفارت۔

**قائم ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) اُٹھنا۔ کھڑا ہونا (۲) مستقل ہونا۔ برقرار ہونا۔ (۳) بنیاد رکھی جانا۔ نیو پڑنا (۴) حد مقرر ہونا (۵) ٹکنا۔ رہنا (۶) دھات کا آگ پر ٹھہر جانا اور مقدار میں نہ گھٹنا۔

**قائمہ**۔ (قا۔ ءِ۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] نوّے درجے کا زاویہ۔

**قائمی**۔ (قا۔ ءِ۔ می) [ع۔ ا۔ مث] قیام۔ پائداری۔ استقلال۔ ٹھہراؤ۔

**قاؤں قاؤں**۔ (قا۔ ؤں) (قا۔ ؤں) [ترکی۔ ا۔ مث] کوّے کی آواز



Marfat.com

کائیں کائیں۔
**قائیں قائیں** ۔ (قا۔ یں۔ قا۔ یں) (اُ۔ امث) دیکھیے کائیں کائیں۔

# ق-ب

**قبا** ۔ (ق۔ با) (ع۔ امث) ایک قسم کا آگے سے کھلا ہوا کوٹ یا اچکن۔
**قبا کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) چاک کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔
**قبا ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) چاک ہونا۔ پُرزے پُرزے ہونا۔
**قباچہ** ۔ (ق۔ با۔ چہ) (ف۔ امذ) چھوٹی قبا۔
**قباحت** ۔ (قَ۔ با۔ حت) (ع۔ امث) (۱) بُرائی۔ خرابی۔ نقص۔ عیب۔ کھوٹ (۲) دشواری۔ دقت۔ مشکل۔ مصیبت۔
**قباحت نکلنا** ۔ (مص مرکب) نقص یا عیب ظاہر ہونا۔ مشکل پڑنا۔ دقت پیش آنا۔
**قباحت ہونا** ۔ (مص مرکب) خرابی ہونا۔ بُرائی ہونا۔ دشواری ہونا۔
**قبالہ** ۔ (قَ۔ با۔ لہ) (ع۔ امذ) تمسک۔ بیع نامہ۔ کاغذ جس سے کسی چیز پر ملکیت ظاہر ہو۔ مکان کا کاغذ یا سند۔
**قبالہ لکھوانا** ۔ (ا۔ محاورہ) قابض ہو جانا۔ گھر کا مالک ہو جانا۔
**قبالہ لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی مکان۔ جائداد یا جاگیر پر قابض ہونا۔ (۲) کسی پر قابو پانا۔ ذلیل کرنا۔
**قبالہ نویس** ۔ (ع۔ ف۔ امذ) وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنا ہو۔
**قبالۂ نیلام** ۔ (ع۔ ف۔ امذ) وہ سند ملکیت جو نیلام کرنے والے کی جانب سے ملے۔ خط فروخت۔
**قبالے لے ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا (۲) عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔
**قبالے (لے لینا) لکھوا لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) قابض ہو جانا۔ مالک بن جانا۔
**قبالے میں لانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بیع کرنا۔ قبضہ میں دینا۔
**قبائح** ۔ (قَ۔ با۔ اِح) (ع۔ امذ) قبیحہ کی جمع (۱) بُرائیاں۔
**قبائل** ۔ (قَ۔ با۔ اِل) (ع۔ امذکر) قبیلہ کی جمع (۱) گروہ۔ جماعتیں۔ فرقے۔ (۲) خاندان۔ عیال و اطفال۔ بال بچے۔
**قُبّۃُ الاِسلام** ۔ (ع۔ امذ) بصرہ۔
**قُبّۃُ الصَّخرہ** ۔ (ع۔ امذ) یروشلم کی ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے۔
**قبچاق** ۔ (ع۔ امث) تاتار میں ایک صحرا۔
**قبح** ۔ (ع۔ امذ) نقص۔ عیب۔ بُرائی۔
**قبر** ۔ (ع۔ امث) تربت۔ گور۔ مدفن وہ گڑھا جس میں مُردے کو دفن کرتے ہیں۔
**قبر بنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) مدفن تیار کرنا (۲) مار کر دبا دینا۔ مار رکھنا۔
**قبر پر قبر نہیں بنتی** ۔ (ا۔ مثل) اُدھار پر اُدھار نہیں ملتا۔
**قبر پر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لیے جانا۔
**قبر پہ لات مارنا** ۔ (حاتم کی) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جائے تو کہا جاتا ہے۔

**قبر تک ساتھ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) عمر بھر رہنا۔ زندگی بھر باقی رہنا۔
**قبر جھانک آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مرمر کے بچنا۔ ہلاکت سے نجات پانا۔
**قبر سلامی** ۔ (ع۔ امث) وہ رقم جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے عوض دی جائے۔
**قبر سے اُٹھ کر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دوبارہ زندہ ہونا۔
**قبر سے نکل کر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اس وقت کہتے ہیں جب سخت بیماری یا رنج سے کسی کی صورت ڈراؤنی ہو جاتی ہے۔
**قبر کا تعویذ** ۔ (ا۔ مذ) سنگ مزار وہ پتھر جو قبر کی نشانی کیلیے صندوق کی وضع کا بنا کر قبر پر رکھ دیتے ہیں۔
**قبر کا عذاب** ۔ (ا۔ مذ) وہ تکلیف جو قبر میں گنہگار کو ہوتی ہے۔
**قبر کھود کر نکال لانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کھوج لگا کے لے آنا۔
**قبر کھودنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قبر بنانا (۲) بہت مارنا۔
**قبر کے مُردے (اُکھاڑنا، اکھیڑنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پُرانے جھگڑے نکالنا۔ دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا۔
**قبر میں اُتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مُردے کو قبر میں رکھنا۔
**قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا** ۔ (ا۔ مثل) ۔ مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے کو تیار ہونا۔ بڑھاپے یا سخت بیماری کے موقع پر بولتے ہیں۔
**قبر میں (پیٹھ) کمر نہ لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کے بعد بھی چین نہ ملنا۔
**قبر میں تین دن بھاری** ۔ (ا۔ محاورہ) مسلمانوں کا خیال ہے کہ قبر میں مرنے سے تین دن تک حساب کتاب ہوتا رہتا ہے۔
**قبر میں ساتھ لے جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) قبر میں بھی یاد رکھنا۔
**قبر میں سے نکل کر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بیماری یا صدمے سے نہایت کمزور و ناتواں ہو جانا۔ صورت ڈراؤنی ہو جانا۔
**قبر میں کیڑے پڑیں** ۔ (بد دعا) قبر میں بھی آرام نصیب نہ ہو۔
**قبرستان** ۔ (قَب۔ رِس۔ تان) (ع۔ ف۔ امذ) وہ جگہ جہاں بہت سی قبریں ہوں
**قبض** ۔ (ع۔ امذ) (۱) گرفتگی۔ تنگی (۲) دل و جان۔ (۳) سمٹاؤ۔ سکیڑ۔ (۴) قابو۔ بس دخل (۵) پاخانہ نہ آنا۔
**قبض الوصول** ۔ (ع۔ امذ) وہ رجسٹر یا فارم جس پر رقم وصول کرنے والے کے دستخط لیے جاتے ہیں۔
**قبض بالجبر** ۔ (ع۔ ف۔ امذ) زبردستی قبضہ۔ ناجائز طور سے ملکیت۔
**قبض دخل** ۔ (ع۔ ف۔ امذ) پورا قبضہ۔
**قبض روح** ۔ (ع۔ امذ) جسم سے روح کا نکالنا۔
**قبض کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) روح نکالنا۔ کھینچنا (۲) پاخانہ نہ آنے دینا۔
**قبض و بسط** ۔ (ع۔ امث) تصوف کی اصطلاح میں دل کا خدا کی یاد کی طرف کبھی متوجہ ہونا اور کبھی نہ ہونا۔
**قبضہ** ۔ (قَب۔ ضہ) (ع۔ امذ) (۱) دخل۔ مداخلت۔ تصرف۔ (۲) موٹھ۔ دستہ۔ (۳) قابو۔ اختیار۔ (۴) (اُ) کواڑ وغیرہ کے جوڑ کا لوہا (۵) بازو۔ ڈنٹر۔
**قبضہ اُٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے دخل ہونا۔
**قبضہ بالنیابت** ۔ (ع۔ امذ) قائم مقام ہونے کی حیثیت سے قبضہ۔



Marfat.com

**قبضہ پانا** ۔[ا۔محاورہ] دخل حاصل کرنا۔قابو پانا۔اختیار پانا۔
**قبضہ چومنا** ۔[ا۔محاورہ] جوش و جرأت میں تلوار کے قبضے کو بوسہ دینا۔
**قبضہ دار** ۔[ع۔صف] (۱) ملکیت رکھنے والا۔قابض۔(۲) (قانون) موروثی کاشتکار۔
**قبضہ دلانا** ۔(ا۔محاورہ) دخل دلانا۔کوئی چیز کسی کے حوالے کرنا۔
**قبضہ دینا** ۔[ا۔محاورہ] ملکیت سونپنا۔دخل دینا۔
**قبضہ رکھنا** ۔[ا۔محاورہ] قابو میں رکھنا۔دخل رکھنا۔
**قبضہ علی الاتصال** ۔متواتر قبضہ۔مسلسل قبضہ
**قبضہ کرنا** ۔قابو میں کرنا۔مالک بن بیٹھنا۔
**قبضہ لینا** ۔[ا۔محاورہ] کسی جائیداد کا دخل حاصل کرنا۔خصوصاً حکومت کی مدد سے۔
**قبضہ لاخراجی** ۔[ع۔ا۔مذ] وہ قبضہ جس کا خراج اور لگان معاف ہو۔
**قبضہ مستاجرانہ** [ع۔ا۔مذ] ٹھیکیداروں کی طرح کا قبضہ۔
**قبضہ مخالفانہ** ۔[ع۔ا۔مذ] کسی کے خلاف قبضہ۔
**قبضے پر ہاتھ ڈالنا** ۔[ا۔محاورہ] تلوار سونتنے کے لیے اس کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا۔(۲) دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا تلوار نہ کھینچنے دینا۔
**قبضے پر ہاتھ رکھنا** ۔[ا۔محاورہ] لڑنے کو تیار ہونا۔
**قبضہ لگانا** ۔[ا۔محاورہ] لکڑی کی کسی چیز میں قبضے لگانا۔
**قبضے میں آنا** ۔[ا۔محاورہ] قابو میں آنا۔بس میں آنا۔
**قبضے میں کر لینا** ۔[ا۔محاورہ] قابو میں کر لینا۔بس میں کر لینا۔
**قبط** ۔[ع۔ا۔مذ] مصر کا پرانا نام۔
**قِبطی** ۔(قب۔طی) [ع۔ا۔مذ] قدیم مصری قوم۔فرعون کے ساتھی۔[صف] قبط سے متعلق۔
**قِبطیہ** ۔[ع۔صف] مصر کی عورت۔
**قبقاب** ۔[ع۔ا۔مث] (۱) کھڑاواں۔(۲) وہ کوڑی جس سے کپڑوں کو چمکاتے ہیں۔
**قبل** ۔[ع۔صف] پہلے۔آگے۔پیشتر۔اوّل۔
**قبل از اینکہ** ۔[ع۔متعلق فعل] پہلے سے۔اس سے پیشتر۔
**قبل از تولد مبارک** ۔[ف۔مثل] (۱) وقت سے پہلے خوشی کرنا۔(۲) کوئی کام بے موقع کرنا۔
**قبل از مرگ واویلا** ۔[ا۔ش] موت سے پہلے رونا پیٹنا۔کسی آئندہ تکلیف و مصیبت سے پہلے پریشان ہونا۔
**قبل ازیں** ۔اس سے پہلے۔پیشتر ہی۔
**قُبُل** ۔(قبل۔ق۔بل) [ع۔ا۔مث] (۱) اگلا حصہ (۲) عورت کا اندام نہانی۔
**قبلوانا** ۔(ق۔بل۔وانا) [ا۔مص] تسلیم کرانا۔کسی بات کا اقرار کرانا۔
**قِبلہ** ۔(قب۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) سامنے یا مقابل کی چیز۔(۲) سمت کعبہ وہ سمت جدھر مسلمان منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں۔(۳) کعبہ (۴) کلمۂ تعظیم۔حضرت۔جناب۔
**قبلۂ انام** ۔[ع۔ا۔مذ] سب کا واجب التعظیم۔
**قبلہ حاجات** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] لوگوں کی ضرورتوں کو رفع کرنے والا۔مراد بر لانے والا۔
**قبلہ رو** ۔[ع۔ف۔صف] (۱) قبلہ کی سمت (۲) وہ شخص یا چیز جو قبلہ کی طرف منہ کیے ہو۔
**قبلۂ عالم** ۔[ع۔ا۔مذ] ساری دنیا کا قبلہ۔بادشاہوں کا لقب۔
**قبلۂ کونین** ۔[ع۔ا۔مذ] (۱) دین و دنیا کا قبلہ۔
**قبلہ گاہ** ۔[ع۔ا۔مث] (۱) بجائے قبلہ (۲) والد ماجد (۳) بزرگ۔
**قبلہ نما** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔قطب نما۔
**قبلہ و کعبہ** ۔[ع۔ا۔مذ] کلمۂ تعظیم و تکریم۔
**قبلہ و کعبہ سمجھنا** ۔[ا۔محاورہ] تعظیم کے لائق جاننا۔
**قبلہ ہو تو منہ نہ کروں** ۔[ا۔مقولہ] کمال بیزاری و نفرت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔
**قُبور** ۔(ق۔بور) [ع۔ا۔مذ۔مث] (۱) قبر کی جمع (۲) [۲] پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے (اس معنی میں واحد ہے)۔
**قبول** ۔(ق۔بول) [ع۔ا۔مذ] تسلیم۔منظوری۔رضامندی (۲) [صف] منظور شدہ۔تسلیم شدہ (۳) قول۔اقرار۔
**قبولِ جواب** ۔[ع۔ا۔مذ] وہ جواب دعوے جس میں دعوے کو درست تسلیم کر لیا گیا ہو۔
**قبول خاطر ہونا** ۔[ا۔محاورہ] دل پسند ہونا۔
**قبول خاطر و لطف سخن خدا داد است** ۔[ف۔مثل] کلام میں خوبی اور دل پسندی خداداد ہوتی ہے۔
**قبول خط** ۔[ع۔ا۔مذ] تحریری منظوری۔
**قبول دینا** ۔[ا۔محاورہ] اقبال کر لینا۔مان لینا
**قبول صورت** ۔[ع۔صف] خوبصورت۔حسین۔
**قبول عام** ۔[ع۔ا۔صف] عام پسندیدگی۔ہر شخص کو پسند آنا۔
**قبول کرنا** ۔[مص مرکب] (۱) منظور کرنا۔ماننا۔(۲) پسند کرنا۔(۳) اقرار کرنا۔اقبال کرنا۔
**قبولنا** ۔(ق۔بول۔نا) [ا۔مص] منظور کرنا۔اقبال کرنا۔اقرار کرنا۔(۲) پسند کرنا۔
**قبولی** ۔(ق۔بو۔لی) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے۔کھچڑی۔
**قبولیت** ۔(ق۔بو۔ل۔یت) [ع۔ا۔مث] اجابت دعا۔پسندیدگی۔مقبول ہونا (۲) قانون۔منظوری۔اقرار نامہ (۳) کاشتکار کے اقرار نامے پر مالک اراضی کی منظوری کی سند۔
**قُبّہ** ۔(قب۔بہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) گنبد۔برج (۲) کلس جمع: قبہ جات۔
**قبیح** ۔(ق۔بیح) [ع۔صف] (۱) قباحت والا۔برا۔نازیبا۔معیوب۔شرمناک نامناسب۔بدصورت۔
**قبیحہ** ۔(ق۔بی۔حہ) [ع۔صف] بری۔معیوب۔
**قبیل** ۔(ق۔بیل) [ع۔ا۔مذ] (۱) قسم۔جنس۔نوع (۲) قبیلہ۔خاندان (۳) آدمیوں کا گروہ۔



Marfat.com

قبیلہ۔ (قَ۔بی۔لہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) ایک دادا کی اولاد۔ گروہ۔ فرقہ۔ زمرہ۔ جتھا (۲) [اُر۔ا۔مث] بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔ گھر والی؛ جمع۔ قبائل۔
قبیلہ پرور۔ [ف۔ا۔مذ] اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا۔

## ق۔ت

قتال۔ (قِ۔تال) [ع۔ا۔مث] جنگ۔ لڑائی۔ کشت و خون۔
قتّال۔ (قَت۔تال) [ع۔صف] بہت قتل کرنے والا۔
قتّالہ۔ (قَت۔تا۔لہ) [ع۔صف] قتّال کی تانیث۔ بہت قتل کرنے والی عورت (۲) کنایتاً معشوق۔
قتالۂ عالم۔ [ف۔ا۔صف] معشوقہ۔ حسین۔ خوبصورت۔
قتل۔ [ع۔ا۔مذ] مار ڈالنا۔ خون کرنا۔ ہلاک کرنا۔
قتل الموذی قبل الایذا۔ [ع۔شل] (۱) موذی کو دکھ دینے سے پہلے مار ڈالنا چاہیے۔
قتل انسان مستلزم سزا۔ [ف۔شل] انسان کا ایسا قتل جس کی سزا دی جائے۔
قتل پر کمر باندھنا۔ [ا۔محاورہ] کسی کے مار ڈالنے کا ارادہ کرنا۔
قتل عام۔ [ع۔ا۔مذ] بلا امتیاز سب کو مار ڈالنا۔
قتل عمد۔ [ع۔ا۔مذ] دیدہ دانستہ ہلاک کرنا۔ جان بوجھ کر مار ڈالنا۔
قتل کا بیڑا اٹھانا۔ [ا۔محاورہ] کسی کو ہلاک کرنے کا عہد کرنا۔ خون کرنے کی قسم کھانا۔
قتل کرنا۔ [مص مرکب] ہلاک کرنا۔
قتل کی رات۔ [ا۔مث] (مجازاً) ماہ محرّم کی دسویں رات جس کی صبح کو معرکۂ کربلا واقع ہوا۔
قتل گاہ۔ گہ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے۔ مقتل۔
قتل و غارت۔ [ع۔ا۔مث] جان سے مارنا اور لوٹ لینا۔
قتلا۔ (قَت۔لا) [اُر۔ا۔مذ] ٹکڑا۔ پارہ۔ قاش۔ پھانک۔
قتی۔ (قُت۔تی) [ت۔ا۔مث] (۱) صندوقچہ۔ صندوقچی (۲) انگور کی پٹاری
قتیل۔ (قَ۔تیل) [ع۔صف] قتل کیا ہوا۔ مقتول۔ شہید؛ جمع۔ اقتال۔

## ق۔ش

قشلاق۔ [ع۔ا۔مذ] پھیرا۔ پھیری۔
قشقشم۔ [ع۔صف] (۱) فیاض۔ سخی (۲) [مذ] نفیس کپڑے (۳) ٹکڑا۔ بکرا۔ چیرخ۔

## ق۔ح

قحبہ۔ (قَح۔بہ) [ع۔ا۔مث] بدچلن عورت۔ فاحشہ۔ رنڈی۔
قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی۔ [ف۔شل] بدکار عورت جب بوڑھی ہو جاتی ہے تو دلالہ کا کام کرنے لگتی ہے۔
قحبہ خانہ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] چکلہ۔ چکلا۔ کوٹھی۔
قحط۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) کال۔ خشک سالی (۲) گرانی۔ جھنگائی۔ کمیابی۔
قحط الرّجال۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) لوگوں کا کم پایا جانا۔ (۲) اچھے آدمیوں یا قابل لوگوں کا نہ ملنا۔
قحط پڑنا۔ [ا۔محاورہ] کال پڑنا۔ کمیابی ہونا۔ جھنگائی ہونا۔
قحط زدہ۔ قحط کا مارا۔ [ع۔ف۔صف] (۱) جہاں قحط پھیلا ہو (۲) بھوکا ننگا۔
قحط سالی۔ [ع۔مث] کال کا زمانہ۔ خشک سالی۔

## ق۔د

قدّ۔ [ع۔ا۔مذکر] جسم کی لمبائی۔ قامت۔ ڈیل (دراصل بتشدید دال ہے) فارسی اور اردو میں تخفیف بھی مستعمل ہے۔
قدِّ آدم۔ [ع۔صف] آدمی کے قد کے برابر۔
قدِّ آدم التعظیم کو اٹھنا۔ [ا۔محاورہ] سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم کرنا۔
قدِّ آزاد۔ [ع۔ا۔مذ] سیدھا قد۔
قد آور۔ قددار۔ [ع۔صف] لمبا۔ لمبے قد کا۔ طویل القامت دراز قد۔
قد برابر بجلی (گرے، ٹوٹے)۔ [بددعا] جتنا بڑا قد ہے اتنی ہی بڑی بجلی گرے۔ اور ہلاک کر دے۔
قد کاٹھ۔ [ا۔مذ] ڈیل ڈول۔
قد نکالنا۔ [ا۔محاورہ] بچے کا لمبا ہونا مگر ڈبلا ہونا۔
قد و بالا۔ قد و قامت۔ [ع۔ا۔مذ] ڈیل ڈول۔ جسامت۔
قدِ رعنا۔ [ف۔ا۔صف] خوبصورت اور موزوں قد۔
قدامت۔ (قِ۔دا۔مَت) [ع۔ا۔مث] (۱) پرانا ہونا۔ قدیم ہونا (۲) کہنہ ہونا (۳) پرانا پن ہونا۔ کہنگی (۳) زمانہ سلف۔ اگلا زمانہ۔
قدامت پسند۔ [ع۔ا۔صف] پرانی باتوں کو پسند کرنے والا۔ قدیم رسم و رواج کی پیروی کرنے والا۔
قدح۔ [ع۔ا۔مث] (۱) مدح کی ضد۔ ہجو۔ عیب گوئی۔ طعنہ زنی (۲) اعتراض (۳) تردید۔ (۴) برا بھلا کہنا (۵) لعنت ملامت کرنا۔
قدح۔ (قَ۔دَح) [ع۔ا۔مذ] بڑا پیالہ۔ مطلق پیالہ۔ جام۔ ساغر۔
قدح آشام۔ قدح پیما۔ قدح خوار۔ قدح نوش۔ [ع۔ف۔صف] شرابی۔ شراب خوار۔ مے نوش۔

Marfat.com

**قدح کی خیر منانا۔** [ا۔ محاورہ] اپنی خیر چاہنا۔ اپنی بہتری چاہنا۔ (اپنے کے ساتھ مستعمل ہے)۔

**قدر۔** (قَ۔ دَر) [ع۔ا۔مذ] (۱) قضا۔ حکمِ الٰہی۔ تقدیر (۲) [ا۔ع] مقدار۔ اندازہ ظاہر کرنے کے لئے (اس قدر یعنی اتنا)۔

**قدر انداز۔** وہ شخص جس کا نشانہ ٹھیک موقع پر بیٹھے۔ قادر انداز۔

**قدر۔** [ع۔ا۔مث] (۱) عزت۔ بزرگی۔ توقیر۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ (۲) کسی چیز کا اندازہ۔ مقدار (۳) برابر۔ یکساں۔

**قدر اُٹھ جانا۔** [ا۔ محاورہ] وقعت جاتی رہنا۔

**قدر اُلّو کی اُلّو ہی جانتا ہے۔ ہما کو کب چغد سمجھتا ہے۔** [ا۔مثل] کسی چیز یا بات کی قدر اس کا جاننے والا ہی کرتا ہے۔

**قدر جاننا۔** [ا۔ محاورہ] وقعت ہونا۔

**قدر جوہر (گوہر) شاہ داند یا بداند جوہری۔ قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری۔** [ا۔مثل] اہلِ کمال کی قدر اس کمال کے جاننے والے ہی کرتے ہیں۔

**قدردان۔** [ع۔ف۔صف] قدر شناس (۱) قدر جاننے والا۔ جوہر شناس (۲) مربی۔ سرپرست۔

**قدردانی۔ قدر شناسی۔** [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) جوہر شناسی۔ ہنر شناسی (۲) سرپرستی۔ عزت۔

**قدردانی کرنا۔** [ا۔ محاورہ] ہنر کے باعث عزت کرنا۔ ہنر کی داد دینا۔

**قدر رہنا۔** عزت قائم رہنا۔

**قدر عافیت۔** اطمینان سے زندگی بسر کرنے کا لطف۔

**قدر عافیت کسے داند کہ بہ مصیبتے گرفتار آید۔** [ف۔مثل] آرام کی قدر وہی جانتا ہے جس کو کسی مصیبت سے گزرنا پڑے۔

**قدر عافیت کھلنا۔** (معلوم ہونا)۔ [ا۔ محاورہ] حقیقت معلوم ہونا۔ پتہ لگ جانا۔

**قدر کرنا۔** [ا۔ محاورہ] عزت کرنا۔ توقیر کرنا۔

**قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا۔** [ا۔مثل] ہر وقت آنے جانے سے عزت باقی نہیں رہتی۔

**قدر مردم بعد مُردن۔** [ف۔مثل] آدمی کی قدر اس کے مر جانے کے بعد معلوم ہوتی ہے۔

**قدر نعمت بعد زوال۔** [ا۔مثل] اچھی چیز کی قدر اس چیز سے محروم ہونے کے بعد ہوتی ہے۔

**قدر و قیمت۔** [ع۔ف۔ا۔مث] عزت۔ وقعت۔ منزلت۔

**قدر و منزلت۔** [ع۔ف۔ا۔مث] رُتبہ۔ منصب۔ عزت۔ توقیر۔

**قدر ہونا۔** [ا۔ محاورہ] عزت ہونا۔ وقعت ہونا۔ توقیر ہونا۔

**قدرت۔** (قُد۔ رَت) [ع۔ا۔مث] (۱) طاقت۔ زور۔ مجال۔ قوت (۲) حوصلہ (۳) خدائے تعالیٰ کی طاقت۔ فطرت۔ شانِ الٰہی۔

**قدرت پانا۔** [ا۔ محاورہ] قابو حاصل کرنا۔ حوصلہ پانا۔ طاقت پانا۔

**قدرتِ خدا۔** [ع۔ف۔ا۔مث] خدا کی شان۔ حیرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔

**قدرت رکھنا۔** [ا۔ محاورہ] قادر ہونا۔ قابلیت رکھنا۔

**قدرت کا تماشہ۔** [ا۔مذ] زمانے کی نیرنگی۔

**قدرت کا کھلونا۔** [ا۔مذ] خوبصورت چیز۔

**قدرت کاملہ۔** [ا۔مث] پوری پوری طاقت۔ بے انتہا طاقت۔

**قدرت کے کارخانے (کرشمے۔ کھیل)۔** [ا۔مذ] خدائے تعالیٰ کی قدرت اور صنعت۔ [مذ] کائنات کی نیرنگیاں۔ عجیب عجیب باتیں جو خدا کی طرف سے ہوں۔

**قدرتی۔** (قُد۔ رَتی) [ف۔صف] جبلی۔ فطری۔ اصلی۔ حقیقی۔ پیدائشی۔

**قدرتی رنگ۔** [ف۔ا۔مذ] اصلی رنگ۔ ذاتی رنگ۔

**قدرتی علامات۔** [ف۔ا۔مث] فطری نشانیاں۔ نشانات ایزدی۔

**قدری۔** (قَد۔ رِی) [ع۔صف] مسلمانوں کے فرقۂ قدریہ سے منسوب۔ قدریہ مذہب کے عقائد رکھنے والا۔

**قدری۔** (قُد۔ ری) [ا۔ا۔مث] (۱) کوشش (۲) اصرار۔ دباؤ۔

**قدری کرنا۔** [ا۔ محاورہ] کوشش کرنا۔ اصرار کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔

**قدری ہو جائے۔** [ا۔ متعلق فعل] حاشا وکلّا کی جگہ۔ (ہرگز قدری ہو جائے میں نہ آؤں گی)۔

**قدرے۔** [ع۔ف۔صف] (قَد۔ رے) [ف۔صف] تھوڑا۔ قلیل۔

**قدریہ۔** (قَد۔ ری۔ یَہ) [ع۔ا۔مذ] ایک فرقہ جو قضا و قدر کا منکر ہے۔

**قدس۔** [ع۔صف] (۱) متبرک۔ پاک۔ مقدس (۲) [مذکر] عرب کے ایک پہاڑ کا نام (۳) بیت المقدس۔ یروشلم (۴) جبریل علیہ السلام جنہیں روح القدس بھی کہتے ہیں (۵) پاکیزگی۔ تقویٰ۔ طہارت۔

**قدس سرہ۔ قدس اللہ سرہ العزیز۔** [ع۔ کلمۂ دعا] [ع] (۱) پاک ہوا بھید اس کا۔ (۲) مرحوم بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ مستعمل ہے۔

**قدسی۔** (قُد۔ سی) [ع۔صف] پاک۔ پاکیزہ۔ متبرک (۲) [ا۔مذکر] فرشتہ۔ نیک آدمی۔ (۳) ایک مشہور فارسی شاعر حاجی جان محمد کا تخلص۔ جمع۔ قدسیان۔

**قدسی صفات۔** [ع۔ا۔صف] نیک۔ صالح۔

**قدسیہ۔** (قُد۔ سی۔ یَہ) [ع۔صف] قدسی کی تانیث۔

**قدغن۔** (قَد۔ غَن) [ت۔ا۔مذ۔مث] (۱) اہتمام۔ تاکید۔ روک۔ ٹوک۔ ممانعت۔ منادی۔ خبرداری۔

**قدم۔** (قَ۔ دَم) [ع۔ا۔مذ] (۱) پاؤں۔ پیر (۲) گام۔ ڈگ۔ وہ فاصلہ جو چلنے کی حالت میں ایک قدم سے دوسرے قدم تک ہو (۳) رفتار۔ چال (۴) پیر کا نشان (۵) تشریف آوری (۶) [مجازاً] واسطہ۔ دخل (۷) ذات۔ دم۔ موجودگی (۸) گھوڑے کی چال۔ جمع۔ اقدام۔

**قدم آگے بڑھنا۔** [ا۔ محاورہ] پیش روی کرنا۔ آگے چلنا۔ ہمت بڑھنا۔

**قدم آگے نہ بڑھنا۔** [ا۔ محاورہ] آگے چلنے کی ہمت نہ ہونا۔

**قدم آنا۔** [ا۔ محاورہ] تشریف لانا۔

**قدم اٹھانا۔ (قدم اٹھائے چلنا)۔** [ا۔ محاورہ] جلدی جلدی چلنا۔ تیزی سے چلنا۔

**قدم اکھاڑ کر (جاتا) چلنا۔** [ا۔ محاورہ] جلد جلد چلنا۔ جلدی جلدی چلنا۔



Marfat.com

**قدم اُٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] پاؤں اُٹھنا۔ سرکنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔
**قدم اُکھڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] پاؤں ڈگمگانا۔ کھڑا نہ رہ سکنا۔
**قدم باز**۔ [ع۔ ف۔ صفت] تیز رفتار (گھوڑے کی تعریف)۔
**قدم باہر نکالنا**۔ [ا۔ محاورہ] حد سے باہر ہونا۔
**قدم برداشتہ**۔ [ف۔ متعلق فعل] تیز رفتاری سے۔
**قدم بہ قدم**۔ [ع۔ ف۔ صفت] پیروی کرنے والا۔
**قدم بڑھانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) آگے چلنا (۲) تیز چلنا (۳) اپنی حد سے بڑھنا (۴) (کنایتاً) مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔
**قدم بڑھا کر چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] سبقت لے جانا۔
**قدم بڑھ کے لینا**۔ [ا۔ محاورہ] استقبال کرنا۔
**قدم بوس**۔ [ع۔ ف۔ صفت] پاؤں چومنے والا۔
**قدم بوس ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] تعظیماً پاؤں چومنا۔ کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔
**قدم بوسی**۔ [ع۔ ف۔ امث] پاؤں چومنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔
**قدم بھاری ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] منحوس قدم ہونا۔ کسی شخص کا آنا مبارک ہونا۔
**قدم بھر**۔ [ا۔ متعلق فعل] ایک قدم۔
**قدم بہ قدم چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کی پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔ ساتھ ساتھ چلنا۔
**قدم بیچ سے نکل جانا**۔ [ا۔ محاورہ] دخل نہ رہنا۔ واسطہ نہ رہنا۔
**قدم بیچ میں ہونا**۔ [واسطہ ] واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔
**قدم پر چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] پیروی کرنا۔
**قدم پر قدم رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کی پیروی کرنا۔
**قدم (قدموں) پر ہاتھ دھرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) عاجزی کرنا (۲) بطور قسم کے قدم کو ہاتھ لگانا۔
**قدم پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی چیز پر پاؤں پڑنا۔
**قدم پر سر رکھ دینا**۔ [ا۔ محاورہ] مطیع ہونا۔ اطاعت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ عزت کرنا۔
**قدم پکڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) تعظیماً بزرگوں کے پاؤں چھونا (۲) کسی جگہ کا اپنی دلچسپی کے باعث چلنے والے کو ٹھہرا لینا۔
**قدم (قدموں) پر گرنا**۔ [ا۔ محاورہ] بے حد تعظیم کرنا۔ منت خوشامد کرنا۔
**قدم پھر جانا**۔ [ا۔ محاورہ] پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا۔
**قدم پھونک کے رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] احتیاط برتنا۔
**قدم ٹوٹ جانا (ٹوٹنا)**۔ [ا۔ محاورہ] چلتے چلتے تھک جانا (۲) سپاہیوں کے قدم آپس میں نہ ملنا۔
**قدم جمانا**۔ [ا۔ محاورہ] جم کر کھڑا ہونا۔ جم کر رہنا۔ (۲) استقلال حاصل کرنا۔
**قدم چومنا**۔ [ا۔ محاورہ] پا بوس کرنا۔ (۲) کامل ماننا۔ (طنزاً) برتری تسلیم کرنا۔
**قدم چہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] کھڈی کا پایہ۔ جس پر پاؤں رکھ کر پاخانے کے لیے بیٹھتے ہیں۔
**قدم چھوڑنا**۔ کسی بزرگ سے جدا ہونا۔

**قدم درمیان سے اُٹھ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] تعلق یا واسطہ نہ رہنا۔
**قدم درمیان ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔ بیچ میں ہونا۔ آڑے آنا۔
**قدم درویشاں ردّ بلا**۔ [ف۔ ش] بابرکت آدمی کے آنے سے بلا دور ہو جاتی ہے۔
**قدم دکھانا**۔ [ا۔ محاورہ] چال دکھانا (۲) چلتے پھرتے نظر آنا۔
**قدم دھو دھو کر پینا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت عزت کرنا۔
**قدم ڈگمگانا**۔ [ا۔ محاورہ] لڑکھڑانا۔ لغزش ہونا۔
**قدم رسول۔ قدم شریف**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ مکان یا جگہ جہاں رسول مقبول کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو۔
**قدم رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) پاؤں دھرنا۔ چلنا۔ (۲) دخل دینا۔ مداخلت کرنا (۳) کوئی کام کرنے کا دعویٰ کرنا۔ (۴) کوئی کام اختیار کرنا۔ (۵) آنا تشریف لانا۔
**قدم رنجہ (فرمانا) کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] تشریف لانا۔
**قدم زمین پر نہ رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] کمال مغرور رہنا۔
**قدم زمین سے نہ لگنا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت تیز چلنا۔
**قدم سر پر رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت تعظیم و تکریم کرنا۔
**قدم سرکانا**۔ [ا۔ محاورہ] پاؤں ہٹانا۔
**قدم سست پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] رفتار کم ہونا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
**قدم قدم**۔ [ع۔ متعلق فعل] ایک ایک قدم کے فاصلے سے۔
**قدم قدم پر**۔ [ع۔ متعلق فعل] چپے چپے پر۔
**قدم قدم (جانا) چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] آہستہ آہستہ جانا۔ سج سج چلنا۔
**قدم کو ہاتھ لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔ عاجزی کرنا۔
**قدم کھوٹا ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] منحوس ہونا۔
**قدم کہیں کا کہیں پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] کمزوری یا نشے سے لڑکھڑانا۔
**قدم کے ساتھ**۔ [ا۔ متعلق فعل] ہمراہی میں، رفاقت میں۔
**قدم گاڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] ثابت قدم رہنا۔
**قدم گن گن کے رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] نہایت آہستہ آہستہ۔ کمال احتیاط سے قدم اٹھانا۔
**قدم لگنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) پاؤں چومنا (۲) گھوڑے کو قدم چال چلنا آ جانا۔ (۳) کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ ملنا۔
**قدم لینا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) ادب یا تعظیم سے پیروں کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں کو بوسہ دینا (۲) اُستاد ماننا۔ دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ احسان ماننا (۴) استقبال کرنا۔ خیر مقدم کرنا۔
**قدم مارنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا (۲) کسی کام میں پڑنا۔ قدم رکھنا (۳) جلد جانا۔ تیز جانا۔
**قدم ملانا**۔ [ا۔ محاورہ] پاؤں سے پاؤں ملانا۔
**قدم نکالنا**۔ [ا۔ محاورہ] باہر آنا جانا (۲) گھوڑے کو چال سکھانا۔
**قدم نہ اُٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] دہشت یا خوف کے مارے پاؤں نہ اُٹھنا۔ آگے نہ چل سکنا۔ عاجز ہونا۔



Marfat.com

**قدم نہ اُٹھنا۔** [ا۔محاورہ] جانے کی ہمت نہ ہونا۔
**قدم نہ چھوڑنا۔** [ا۔محاورہ] ساتھ نہ چھوڑنا۔ رفاقت میں رہنا۔
**قدم نہ رکھ سکنا۔** [ا۔محاورہ] جا نہ سکنا۔
**قدم نہ رکھنے دینا۔** [ا۔محاورہ] جانے نہ دینا۔
**قدما۔** [ع۔صف] قدیم کی جمع۔
**قدموں پر صدقے کرنا (وارنا)۔** [ا۔محاورہ] کمال اطاعت اور فرماں برداری ظاہر کرنا۔
**قدموں تک رسائی ہونا۔** [ا۔محاورہ] خدمت میں باریابی ہونا۔
**قدموں تلے آنکھیں بچھانا۔** [ا۔محاورہ] بہت تعظیم و عزت اور آؤ بھگت کرنا۔
**قدموں سے لگا رہنا۔** [ا۔محاورہ] فرمانبردار۔ مطیع ہونا۔
**قدموں پر گرنا۔** [ا۔محاورہ] پیروں پر سر رکھنا۔ پاؤں چومنا۔
**قدموں سے لگنا۔** [ا۔محاورہ] (۱) پاؤں چومنا۔ (۲) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔
**قدموں سے لگے پڑے ہیں۔** [ا۔محاورہ] (۱) تابع اور مطیع ہیں۔ فرمانبردار ہیں (۲) زیرِ سایہ ہیں۔ رعیت ہیں۔ ماتحت ہیں۔
**قدموں سے لگے رہنا۔** [ا۔محاورہ] ہر وقت ساتھ رہنا۔ پاس سے کبھی جدا نہ ہونا۔
**قدموں کو چھوڑنا۔** [ا۔محاورہ] ساتھ چھوڑنا۔ کسی سے علیحدہ ہونا۔
**قدموں کی بدولت۔** [ا۔متعلق فعل] حضور کے طفیل میں
**قدموں کے تلے سے زمین نکل جانا۔** [ا۔محاورہ] سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا۔
**قدموں لگی بلا۔** [ا۔مث] وہ مصیبت جو سدا دم کے ساتھ ہے۔
**قدموں میں۔** [ا۔متعلق فعل] زیرِ سایہ۔
**قدموں میں بچھا جانا۔** [ا۔محاورہ] بہت تعظیم کرنا۔
**قِدَم۔** (قِ۔دَم) [ع۔ا۔مذکر] (۱) کہنگی۔ پرانا ہونا (۲) ہمیشگی۔
**قدوس۔** (قُد۔دُوس) [ع۔صف] (۱) بڑا پاک۔ خدائے تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔
**قدوم۔** (قُ۔دُوم) [ع۔ا۔مذ] قدم کی جمع (۱) کسی جگہ سے آنا۔ تشریف لانا۔ سفر سے واپس آنا۔
**قدوم میمنت لزوم۔** [ع۔ا۔مذ] ایسا آنا جس سے برکت ہو۔
**قدوہ۔** (قُد۔وَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیشوا۔ رہنما۔ سردار (۲) مثال۔ نمونہ۔
**قدیر۔** (قَ۔دِیر) [ع۔صف] (۱) صاحب قدرت۔ طاقت ور (۲) مضبوط۔ پختہ (۳) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**قدیم۔** (قَ۔دِیم) [ع۔صف] (۱) ازلی جس کی ابتدا نہ ہو۔ ہمیشہ کا (۲) پرانا۔ دیرینہ۔ اگلے زمانے کا۔ (۳) آبائی۔ موروثی۔ حادث کی ضد۔ جمع: قُدَما
**قدیم الایام۔** [ع۔صف] قدیم سے۔ ہمیشہ سے۔ سدا سے۔ اگلے وقتوں سے۔
**قدیم سے۔** [ا۔متعلق فعل] زمانہ سابق سے۔

**قدیمی۔** (قَ۔دی۔می) [ف۔صف] قدیم کا۔ سدا کا۔ ہمیشہ کا۔ پرانا۔
**قدیمی نمک خوار۔** [ا۔مذ] پرانا ملازم۔ وفادار۔

## ق۔ذ

**قذف۔** [ع۔ا۔مذ] شرعاً کسی پر زنا کی تہمت لگانا (۲) گالی دینا۔

## ق۔ر

**قِریٰ۔** [ع۔ا۔مث] مہمانی۔
**قُریٰ۔** [ع۔ا۔مذ] دیکھیے قریہ۔ جس کی یہ جمع ہے۔
**قُرّاء۔** [ع۔ا۔مذ] دیکھیے قاری جس کی یہ جمع ہے۔
**قرابادین۔** (قَ۔را۔با۔دین) [ع۔ا۔مث] صفات الادویہ۔ دواؤں کی ڈکشنری۔
**قرابت۔** (قَ۔را۔بت) [ع۔ا۔مث] (۱) قربت۔ نزدیکی (۲) رشتہ داری۔
**قرابت ٹھہرنا۔** [ا۔محاورہ] نسبت قرار پانا۔ منگنی ہونا
**قرابت دار۔** [ع۔ف۔ا۔مذ] رشتہ دار۔ عزیز و اقارب۔
**قرابت داری۔** [ع۔ف۔ا۔مث] رشتہ داری۔ ناتے داری۔
**قرابت طرفی۔** [ع۔ف۔ا۔مث] باہم جدی رشتہ داری۔
**قرابت قریبہ۔** [ع۔ف۔ا۔مث] قریب کی رشتہ داری۔
**قرابت مستقیمہ۔** [ع۔ف۔ا۔مث] پختہ رشتہ۔ پشت در پشت رشتہ داری۔
**قرابتی۔** (قَ۔را۔بَ۔تی) [ا۔صف] رشتے کا۔ ناتے کا۔ یگانہ۔
**قرابتی قرابت۔** وہ رشتہ جس میں پانچ پشت سے زیادہ کا رشتہ دار شامل ہو۔
**قرابہ۔** (قَ۔را۔بہ) [ع۔ا۔مذ] عرق رکھنے کا بڑا شیشہ (۲) شراب کا شیشہ صراحی۔ خُم۔
**قرابین۔** (قَ۔را۔بِین) [ت۔ا۔مث] چھوٹے منہ کی چھوٹی بندوق۔
**قراءت۔** (قِ۔را۔اَت) [ع۔ا۔مث] (۱) پڑھنا۔ خواندگی۔ تلفظ (۲) حرفوں کا تلفظ صحیح مخرج سے ادا کرنا (۳) ایک علم جس میں عربی حروف کے مخارج اور تلفظ سے بحث کی جاتی ہے۔ علم تجوید۔
**قرار۔** (قَ۔رار) [ع۔ا۔مذ] (۱) آرام۔ سکون۔ آسودگی۔ قیام (۲) صبر و تحمل برداشت۔ سہار۔ بردباری۔ حلم۔ (۳) استقلال۔ ثبات۔ (۴) [ا۔مذ] قول۔ اقرار۔ عہد۔
**قرار آنا۔** اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔ جی ٹھہرنا۔ اضطراب رفع ہونا۔
**قرار پانا۔** [ا۔محاورہ] ٹھہرنا۔ مقرر ہونا (۲) قیام کرنا۔ تصفیہ ہونا (۳) دن مقرر ہونا (۴) باہم وعدہ یا عہد و پیماں ہونا
**قرار داد۔** [ع۔ف۔ا۔مث] عہد و پیماں۔ معاہدہ۔ قول و قرار۔ شرط۔ ٹھیکہ۔ (۲) فیصلہ۔ تصفیہ۔ تجویز۔ ریزولیشن۔ (Resolution)



Marfat.com

**قرار دادِ جُرم** - [ا - مذ] بعد از تحقیقات مجرم پر جُرم ضابطہ کا حکم لگایا جاتا ہے۔ تجویزِ جُرم۔

**قرار در کفِ آزادگان نگیرد مال، نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال** - [ف - مثل] سخی کے ہاتھ میں روپیہ۔ عاشق کے دل میں صبر۔ اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔

**قرار دینا** - [ا - محاورہ] مقرر ہونا۔ ٹھہرانا۔

**قرار گاہ** - [ع - ف - ا - مث] ٹھہرنے کی جگہ۔

**قرار لینا** - [ا - محاورہ] ٹھہرنا۔ دم لینا۔ آرام کرنا۔

**قرار مدار** - [ع - ف - ا - مذ] قول و قرار۔ عہد و پیمان۔

**قرار واقعی** - [ع - صف] (۱) بجُز بی۔ ہر طرح۔ اطمینان کے ساتھ۔ جیسا چاہیے۔ (۲) اصل میں مستقل۔

**قرار ہونا** - [ا - محاورہ] چین ہونا۔ دلجمعی ہونا (۲) اقرار ہونا۔ عہد ہونا۔

**قِراض** - (قِ - رامن) [ع - ا - مث] ایسی شرکت جس میں ایک کا روپیہ اور دوسرے کی محنت ہو۔

**قُراضہ** - (قُ - را - ضہ) [ع - ا - مذ] (۱) کترن۔ ریزہ۔ تراشا۔ (۲) سونے چاندی کا ٹکڑا۔

**قَراقِر** - (قَ - را - قِر) [ع - ا - مذ کر] قرقرہ کی جمع۔ پیٹ بولنا۔ پیٹ میں گڑگڑ ہونا۔

**قِران** - [ع - ا - مذ] چاندی کا ایک سکہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصہ ہوتا ہے۔

**قِران** - (قِ - ران) [ع - ا - مذ کر] (۱) نزدیکی۔ قربت (۲) دو ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔ لگن۔ سگرہ۔

**قِرانُ السَّعدَین** - (۱) دو مبارک ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔ (۲) نیک شگون۔ نیک ساعت (۳) دو اچھے آدمیوں کا اجتماع۔

**قرآن** - (قُر - آن) [ع - ا - مذ] کلامُ اللہ۔ کلام مجید۔ وہ کلام الٰہی جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔

**قرآن اٹھانا۔ قرآن پر ہاتھ (دھرنا) رکھنا** - [ا - محاورہ] قرآن شریف ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔

**قرآن پہ قرآن رکھنے کا کیا مضائقہ** - [ا - مثل] ہم رتبہ اشخاص باہم سب کچھ کر سکتے ہیں۔ قوم میں باہم شادی بیاہ ہونا کوئی عیب نہیں۔

**قرآن سر پہ ہاتھ رکھنا** - [ا - محاورہ] (کنایتاً) قرآن کی قسم کھانا۔

**قرآن چھٹنا کرنا** - (۱) کلام مجید ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑنا۔ اس صورت میں قرآن شریف کے برابر غلہ تول کر خیرات کرتے ہیں۔ قرآن شریف کے بوسیدہ اوراق کو کسی پاک زمین میں دفن کرنا۔

**قرآن ختم کرنا** - [ا - محاورہ] (۱) پورا قرآن پڑھ لینا۔ (۲) بغرضِ ایصالِ ثواب پورا قرآن پڑھنا۔

**قرآن خواں** - [ع - ف - صف] قرآن پڑھنے والا۔

**قرآن خوانی** - [ع - ف - ا - مث] قرآن پڑھنا۔

**قرآن درمیان ہونا** - [ا - محاورہ] قرآن کی قسم ہونا۔

**قرآن سر پہ رکھنا** - [ا - محاورہ] قرآن سر پہ رکھ کر قسم کھانا۔

**قرآن کا جامہ پہننا** - [ا - محاورہ] نیک، پارسا اور قابلِ اعتماد بننا۔

**قرآن کا دور** - [ا - مذ] حافظ کا قرآن مجید کو اس غرض سے پڑھنا کہ مبادا بھول جائے۔

**قرآن کی مار** - [ا - بددعا] قرآن کی پھٹکار پڑے۔

**قرآن کی ہوا دینا** - بیمار کو قرآن کے ورقوں کی ہوا دینا تاکہ اُسے صحت ہو۔

**قرآن میں نام نکلوانا** - [ا - محاورہ] بچے کا نام قرآن کھول کر اوّل حرف کے مطابق رکھنا۔

**قرآن ہدیہ کرنا** - [ا - محاورہ] (تعظیماً) قرآن فروخت کرنا۔

**قُرآنی** - (قُر - آ - نی) [ع - صف] قرآن سے منسوب۔

**قراول** - (قِ - را - وَل) [ت - ا - مذ] (۱) بندوق سے شکار کھیلنے والا۔ بندوقچی۔ (۲) وہ فوجی دستہ جو آگے بڑھ کر دشمن کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھتا ہے۔

**قرائن** - (قَ - را - ئِن) [ع - ا - مذ] قرینہ کی جمع۔

**قُرب** - [ع - ا - مذ] (۱) پاس۔ نزدیکی (۲) مرتبہ۔ منزلت۔

**قُربِ روحانی** - [ع - ا - مذ] دلی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔

**قُرب و جوار** - [ع - ا - مذ] آس پاس۔ پاس پڑوس۔ گرد و نواح۔ ارد گرد۔

**قُربان** - (قُر - بان) [ع - ا - مذ] (۱) وہ چیز جو خدائے تعالیٰ کی راہ میں تصدق کی جائے۔ بھینٹ۔ صدقہ (۲) صدقے۔ بلہاری۔ نثار۔ واری۔ فدا۔

**قربان جانا۔ قربان ہونا** - [ا - محاورہ] (۱) نثار ہونا۔ واری ہونا۔ صدقے ہونا۔ (۲) عاشق ہونا۔

**قربان جاؤں (جائیے)** - [ا - مقولہ] خوشامد اور طنز کے طور پر کہتے ہیں۔

**قربان کرنا** - [ا - محاورہ] (۱) تصدق کرنا۔ فدا کرنا۔ وارنا (۲) ایک کلمہ استعارت۔

**قربان کروں** - (کلمہ تنفر) صدقے کروں۔ آگ لگاؤں۔

**قربان گاہ** - [ع - ف - ا - مث] قربان ہونے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل۔

**قربانت شوم** - [ف - مقولہ] تجھ پہ قربان ہوں۔ واری جاؤں۔

**قُربانی** - (قُر - با - نی) [ت - ا - مث] (۱) ذبح حلال (۲) وہ جانور جو خدا کی راہ میں ذبح کیا جائے (۳) عید الاضحیٰ کو بکرے، دُنبے ذبح کرنا۔

**قربانی کرنا** - [ا - محاورہ] ایثار کرنا۔ دوسروں کے نفع کی خاطر اپنے نفع کو تج دینا (۲) خدا کی راہ میں حلال جانور کو ذبح کرنا۔

**قُربت** - (قُر - بت) [ع - ا - مث] نزدیکی۔ پاس۔ قرابت۔ رشتہ۔

**قربت کرنا** - مباشرت کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔

**قربوس** - [ع - ا - مذ] زین کا ابھرا حصہ جو زین کے سامنے کا حصہ جس پہ کمان رکھی جاتی ہے۔

**قُربیٰ** - [ع - ا - مذ] رشتہ۔ تعلق۔ قربت۔

**قرۃُ العین** - (قُر - رَ - تُل - عَین) [ع - ا - مذ] (۱) وہ چیز جس سے آنکھوں میں طراوت اور ٹھنڈک پیدا ہو۔ (۲) [مجازاً] بیٹا۔ نورِ چشم۔

**قرح (قرحہ)** - [ع - ا - مذ] زخم۔ گھاؤ۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔ ناسور (۳) پھوڑا۔ سوزاک۔ لاعلاج سوزاک۔

**قُرحہ (پڑ جانا) ہو جانا** - [مص مرکب] زخم پڑ جانا۔ زخم میں پیپ پڑ جانا۔ ناسور ہو جانا۔ گل جانا۔



Marfat.com

قُرْد۔ [ع۔ا۔مذ] بندہ۔ لبنڈش۔
قِرْش۔ [ع۔ا۔مذ] ایک خوفناک بحری جانور۔ وحیل مچھلی۔
قُرَشی۔ (قُ۔رَ۔شی) [ع۔صفت] قریشی۔ قریش سے منسوب۔
قُرْص۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ٹکیا۔ گردا۔ گھیرا۔ گول چیز ٹکیہ کی طرح (۲) دوا کی ٹکیا۔
قَرْض۔ [ع۔ا۔مذ] اُدھار۔ مانگا ہوا۔ مستعار۔
قرض اُتارنا۔ [ا۔ محاورہ] کسی سے لیا ہوا واپس کرنا۔ اُدھار بیباق کرنا۔ آیا ہوا چکانا۔
قرض اُٹھانا۔ [ا۔محاورہ] اُدھار لینا۔ مستعار لینا۔
قرض ادا کرنا۔ [ا۔محاورہ] قرض چکانا۔ اُدھار لیا ہوا روپیہ بیباق کرنا۔
قرضِ حسن (حسنہ)۔ [ع۔ا۔مذ] بلا میعاد اور بلا سود قرض۔
قرض خواہ [ع۔ف۔ا۔مذ] اُدھار دینے والا۔ لینے دار۔
قرض دار۔ [ع۔ف۔صفت] اُدھار لینے والا۔ مقروض۔ دین دار۔
قرض دار چھاتی پر سوار۔ [ا۔مثل] قرضخواہ ہمیشہ مقروض کو دبائے رکھتا ہے۔
قرض داری۔ [ع۔ف۔ا۔مث] قرض دار ہونا۔ مقروض ہونا۔
قرض کاڑھنا۔ [ا۔محاورہ] اُدھار لینا۔
قرض کھانا۔ [ا۔محاورہ] اُدھار لے کر کھانا۔
قرض لینا۔ [ا۔محاورہ] اُدھار لینا۔
قرض ہونا۔ [ا۔محاورہ] اُدھار کا بیجا ہونا۔
قرضہ۔ (قَر۔ضَہ) [اُر۔ا۔مذ] اُدھار۔ دین۔ قرض۔
قرضہ اُتر جانا۔ [ا۔محاورہ] قرض کی ادائیگی ہونا
قرضہ تمسکی۔ [ا۔مذ] دستاویز کی رُو سے قرضہ۔
قرضہ چکانا۔ [ا۔محاورہ] قرضہ ادا کرنا۔
قرضہ منقضی المیعاد۔ [ع۔ا۔مذ] وہ قرضہ جس کی میعاد گذر چکی ہو۔
قِرطاس۔ (قِر۔طاس) [ع۔ا۔مذکر] کاغذ۔ جمع۔ قراطیس۔
قِرطاسِ ابیض۔ (۱) سفید کاغذ (۲) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شائع کی جاتی ہے۔
قَرع۔ [ع۔ا۔مذ] کدو (۲) عرق کھینچنے کا برتن۔
قرع انبیق۔ [ع۔ا۔مذ] عرق کھینچنے کا بھبکا۔
قرعہ۔ (قُر۔عہ) [ع۔ا۔مذ] پانسا۔ نام کی پرچی نکالنا۔
قرعہ اندازی۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) پانسہ پھینکنا (۲) بہت سے لوگوں میں سے ایک کا نام نکالنے کا طریقہ۔
قرعہ (پھینکنا) ڈالنا۔ [ا۔محاورہ] پانسے کے ذریعہ فال لینا۔ چٹھی ڈالنا۔ دانہ پھینکنا۔
قرعۂ فال بنامِ من دیوانہ زدند۔ [ف۔مثل] (۱) قرعہ میں ہر پھیر کے میرا ہی نام نکلتا ہے۔ مجھی سے کام لیا جاتا ہے (۲) جس کے ذمے کوئی کام آ پڑے وہ اپنی نسبت کہتا ہے۔
قُرق۔ [ت۔ا۔مذ] (۱) ضبطی (۲) روک۔ ممانعت۔ بندش۔
قرق امین۔ [ت۔ع۔ا۔مذ] محکمہ مال کا ایک عہدہ۔ ناظر عدالت۔
قرق تحصیل۔ [ت۔ع۔ا۔مذ] مالگزاری وصول کرنے کے لیے قرقی۔
قرق کرنا۔ [مص مرکب] (۱) ضبط کرنا۔ کسی جرم یا قرضے کی بابت مال یا جائیداد کو تحویل میں لینا۔
قرق نامہ۔ [ت۔ف۔ا۔مث] ضبطی کا پروانہ
قُرقرا۔ (قُر۔قُ۔را) [ع۔ا۔مذ] ایک چھوٹا سا پرند۔
قُرقی۔ (قُر۔قی) [اُر۔ا۔مؤنث] ضبطی۔ روک۔ ممانعت۔
قرقی بٹھانا۔ [ا۔محاورہ] ضبط کیے ہوئے مال پر پہرا بٹھانا (۲) روک ٹوک کرنا۔
قرقی بھیجنا۔ [ا۔محاورہ] مال کی ضبطی کے لیے ناظر عدالت کو بھیجنا۔ (۲) ضبطی کرنا۔
قرقی دار۔ [ت۔ف۔ا۔مذ] قرقی کرنے والا۔
قرقی قبل فیصلہ۔ [ت۔ع۔ا۔مذ] ضبطی جو فیصلے سے پہلے ہوتی ہے تاکہ مدعا علیہ اپنے مال کو اِدھر اُدھر نہ کر سکے۔
قرقی کا پروانہ۔ [ا۔مذ] ضبطی نامہ۔ مال یا رقم وغیرہ ضبط کر لینے کا تحریری حکم۔
قِرمِم۔ (قِر۔مِم) [اُر۔ا۔مذکر] قرمم ساق کا مخفف۔ (۱) ا۔ جبڑوا۔ دلیت ۲۔ پاچی۔ کمینہ۔
قِرمِز۔ (قِر۔مِز) [ع۔ا۔مذکر] بیر بہوٹی کی مانند ایک کیڑا جس سے سُرخ ریشم رنگتے ہیں۔
قِرمِزی۔ (قِر۔مِ۔زی) [ع۔ف۔صفت] قرمز سے نسبت رکھنے والا (۲) سُرخ۔ لال
قرمم ساق۔ (قِر۔مِم۔ساق) [ت۔ا۔مذ] (۱) جبڑوا۔ دلیت (۲) پاجی۔ کمینہ۔
قَرن۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) ستاروں کا ملاپ (۲) جُگ۔ دس۔ بارہ۔ تیس۔ اسی یا ایک سو بیس برس کا زمانہ (۳) بڑی مدت زمانۂ دراز (۴) سینگ (۵) گیسو۔ جمع: قرون۔ اقران۔
قرنِ اوّل۔ [ع۔ا۔مذ] کنایتاً حضور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کا زمانہ۔
قَرنا۔ (قَر۔نا) [ف۔ا۔مذ] سینگ کا بگل۔ تُرہی۔ نُرسنگھا۔ نفیری۔
قَرَنطینہ (قَ۔رَن۔طی۔نہ) (Quarantine) [کا معرب۔ا۔مذ] وُہ میعاد جس میں مسافروں یا وبا زدہ علاقہ کے بیماروں کو جبراً سب سے علیحدہ رکھا جاتا ہے تاکہ مرض پھیلنے نہ پائے۔
قَرَنفُل۔ (قَ۔رَن۔فُل) [ع۔ا۔مذ] لونگ۔
قَرَولی۔ (قَ۔رَو۔لی) [ت۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی چھُری جسے کمر سے باندھتے ہیں۔ شکاری چاقو (۲) شکاری پرندوں کا شکار کی گھات میں بیٹھنا۔
قرولیاں کرنا۔ [ا۔محاورہ] فنونِ سپہ گری دکھانا۔
قُرون۔ [ع۔ا۔مذ] دیکھئے "قرن" جس کی یہ جمع ہے۔ عرصہ ہائے دراز۔
قرونِ اولیٰ۔ [ع۔ا۔مذ] اسلام کا ابتدائی دور۔
قَریب۔ (قَ۔ریب) [ع۔صفت] (۱) پاس۔ نزدیک۔ متصل۔ (۲) رشتہ دار (۳) [تابع فعل] لگ بھگ۔ تقریباً [کم ست] (۴) عروض میں ایک بحر کا نام۔
قریب الاختتام۔ [ع۔صفت] ختم ہونے کے قریب۔ ختم ہونے والا۔
قریب الفہم۔ [ع۔صفت] جلد سمجھ میں آجانے والا۔
قریب القیاس۔ [ع۔صفت] جلد قیاس میں آجانے والا۔ قرینِ عقل۔
قریب المرگ۔ [ع۔ف۔صفت] مرنے کے قریب۔ (ترکیب غلط ہے)
قریب الوقوع۔ [ع۔صفت] عنقریب واقع ہونے والا۔



Marfat.com

**قریب قریب** ۔ [ع۔ متعلق فعل] (۱) پاس پاس۔ نزدیک نزدیک (۲) ملتا جلتا۔ لگ بھگ۔
**قریب کی رشتہ داری** ۔ [ا۔ مث] پاس کی عزیز داری۔
**قریب مرگ** ۔ [ع۔ ف۔ صف] مرنے کے قریب۔ کوئی دم کا مہمان۔
**قریباً** ۔ (قَ۔ رِی۔ بَن) [ع۔ تابع فعل] اندازے سے۔ اندازاً۔
**قریش** ۔ (قُ۔ رَیش) [ع۔ ا۔ مذ] عرب کا ایک مشہور اور بڑی عزت قبیلہ۔ پیغمبر خدا صلعم اسی قبیلے سے تھے۔
**قریشی** ۔ (قُ۔ رَے۔ شی) [ع۔ صف] قبیلہ قریش کی۔ قریش سے منسوب۔ قرشی۔
**قرین** ۔ (قَ۔ رِین) [ع۔ صف] (۱) قریب۔ پاس۔ ملا ہوا۔ نزدیک۔ ملحق (۲) مثل۔ مانند۔ نظیر۔ مشابہ (۳) [ا۔ مذ] مصاحب۔ پاس رہنے والا۔ ہم نشین۔ ہم صحبت۔
**قرین عقل۔ قرین قیاس** ۔ [ع۔ صف] وہ بات جسے عقل قبول کرے۔
**قرین مصلحت** ۔ [ع۔ صف] مصلحت کے مطابق۔
**قرینہ** ۔ (قَ۔ رِی۔ نہ) [ع۔ صف] (۱) ڈھنگ۔ صورت۔ طرز۔ روش۔ طور۔ طریق (۲) مناسبت (۳) سلیقہ۔ سجاوٹ۔ ترتیب (۴) قیاس۔ قیافہ۔ انداز۔
**قرینہ بقرینہ** ۔ [ع۔ ف۔ متعلق فعل] ترتیب وار۔ موزونیت کے ساتھ۔
**قرینے سے** ۔ [ا۔ تابع فعل] ڈھنگ سے۔ ترتیب سے۔
**قرینے سے بے قرینے ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] بے ترتیب ہونا۔ بے قاعدہ ہونا۔
**قرینے سے لگانا** ۔ [ا۔ محاورہ] قاعدے سے رکھنا۔ ترتیب سے رکھنا۔
**قرینے کی بات** ۔ [ا۔ مث] موقع کی بات۔ مناسب بات۔
**قریہ** ۔ (قَر۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مذ] گاؤں۔ جمع۔ قریٰ۔ قریات۔

## ق۔ز

**قز** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] کچا ریشم۔
**قزاق** ۔ (قَز۔ زاق) [ت۔ ا۔ مذکر] (۱) قزاقستان کا باشندہ (۲) ڈاکو۔ لٹیرا۔ لوٹ مار۔
**قزاقِ اجل** ۔ [ف۔ ع۔ ا۔ مذ] موت کا فرشتہ۔ ملک الموت قابض ارواح۔
**قزاقی** ۔ (قَز۔ زا۔ قی) [ت۔ ا۔ مث] راہزنی۔ لوٹ مار۔ غارت گری۔
**قزاگند** ۔ (قَ۔ زاگَند) [ف۔ ا۔ مذ] ایک قدیم جنگی لباس۔ زرہ۔
**قزح** ۔ (قُ۔ زَح) [ع۔ ا۔ مذکر] رنگوں کی ملاوٹ۔ (۳) زرد۔ سرخ۔ سبز رنگ۔
**قزل** ۔ (قِ۔ زِل) [ت۔ صف] سرخ۔ لال۔
**قزلباش** ۔ (قِ۔ زِل۔ باش) [ت۔ ا۔ مذ] (۱) سرخ سر (۲) شاہ اسمٰعیل صفوی بادشاہ ایران کی فوج کا نام جو بارہ گوشوں کی سرخ ٹوپی پہنتی تھی (۳) ان لوگوں کی اولاد بھی قزلباش کہلانے لگی۔

## ق۔س

**قسّام** ۔ (قَس۔ سام) [ع۔ صف] تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
**قسّامِ ازل** ۔ [ع۔ صف] خدائے تعالیٰ۔
**قساوت** ۔ (قَ۔ سا۔ وَت) [ع۔ ا۔ مث] سنگدلی۔ بے رحمی۔
**قساوڑا** ۔ (قَ۔ سا۔ او۔ ڑا) [ا۔ مذ] [حقارتاً] قسائی کا بیٹا۔ قصائی کا بچہ۔
**قسائِنی** ۔ (قَ۔ سا۔ اِ۔ نی) [اُ۔ ا۔ مث] (۱) قسائی کی عورت (۲) [مجازاً] بے رحم اور ظالم عورت۔
**قسائی** ۔ (قَ۔ سا۔ ای) [اُ۔ ا۔ مذ] (۱) گوشت فروش۔ قصاب۔ قصائی (۲) ذبح کرنے والا (۳) [مجازاً] بے رحم۔ سنگدل۔ ظالم۔
**قسائی کا سلا** ۔ [ا۔ صف] خوب موٹا تازہ آدمی۔
**قسائی کی گھاس کو کٹڑا کھا جائے** ۔ [ا۔ مثل] زبردست کے مال پر کمزور قبضہ نہیں کر سکتا۔
**قسائی کے پالے پڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] ظالم کے قابو میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلے پڑنا۔
**قسائی کے کھونٹے سے بندھنا** ۔ [ا۔ مثل] ظالم کے قبضے میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلے پڑنا۔
**قسائی واڑا** ۔ [ا۔ مذ] قصائی۔ قصائیوں کا محلہ۔
**قسط** ۔ [ع۔ ا۔ مث] (۱) حصہ۔ جز۔ ٹکڑا (۲) وہ رقم جو حسب قرارداد تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے۔ جمع۔ اقساط۔
**قسط باندھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] کل کا کوئی جز کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اقرار کرنا۔
**قسط بہ قسط** ۔ [ع۔ ف۔ تابع فعل] ایک ایک قسط کرکے۔ قسط وار۔
**قسط خلافی** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] ادائے قسط میں وعدہ خلافی۔
**قسط وار** ۔ [ع۔ ف۔ تابع فعل] قسط کے مطابق۔
**قِس علیٰ ہٰذا** ۔ (قِس۔ عَ۔ لا۔ ہا۔ ذا) [ع] اسی پر قیاس کر لو۔
**قسم** ۔ (قَ۔ سَم) [ع۔ ا۔ مذ] حلف۔ سوگند۔ جمع۔ اقسام
**قسم اتارنا** ۔ [ا۔ محاورہ] عہد پورا کرنا۔ وعدہ وفا کرنا۔
**قسم توڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] عہد کے خلاف ہونا۔ عہد شکنی ہونا۔
**قسم ٹوٹنا** ۔ [ا۔ محاورہ] عہد کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر نہ رہنا۔
**قسم دلانا۔ قسم دینا۔ قسم کھلانا** ۔ [ا۔ محاورہ] حلف اٹھوانا۔ عہد لینا۔ قول لینا۔
**قسم کھانا** ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) عہد کرنا۔ قول دینا (۲) حلف اٹھانا (۳) صاف انکار کرنا۔
**قسم کھانے کو نہ رہنا** ۔ [ا۔ محاورہ] کوئی چیز نام کو نہ رہنا۔ ذرا بھی باقی نہ رہنا۔ مطلق نہ رہنا۔ بالکل نہ رہنا۔
**قسم کھانے کی بات** ۔ [ا۔ مث] حلف سے کہنے کا موقع۔
**قسم کھانے ہی کے لیے ہے** ۔ [ا۔ مثل] بے ایمانوں اور دغابازوں



Marfat.com

کا قول ہے کہ قسم صرف کھانے کے لیے ہے عمل کیلیے نہیں۔

**قسم لینا۔** [ا۔ محاورہ] عہد لینا۔ قرار کرانا۔ حلف اٹھوانا۔ خدا کو درمیان لانا۔

**قسم ہونا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) عہد ہونا۔ (۲) مطلق انکار کرنا (۳) بالکل ترک ہونا (۴) حرام ہونا۔

**قسم ہے۔** [ا۔ محاورہ] (۱) سوگند ہے (۲) مطلق انکار ہے۔ کچھ تعلق نہیں

**قسمیں دینا۔** [ا۔ محاورہ] سوگند پر سوگند دینا۔

**قِسم۔** [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حصّہ۔ ٹکڑا۔ جز (۲) جنس۔ نوع (۳) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز (۴) بانٹ۔ تقسیم۔ جمع: اقسام۔

**قِسمِ اوّل۔** [ع۔ ا۔ صف] بہت اعلیٰ قسم۔ اوّل درجے کی چیز۔

**قسم وار۔** [ا۔ صف] حصّے دار۔ جنس وار

**قَسَما قسمی۔** (قَس۔ ما۔ قَس۔ می) [ا۔ ا۔ مث] باہمی عہد و پیماں۔

**قِسمت۔** (قِس۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) تقدیر۔ نصیب۔ بخت۔ مقدّر بھاگ (۲) حصّہ۔ بخرہ۔ مقسوم۔ تقسیم کیا ہوا۔ (۳) صوبہ۔ کمشنری۔ احاطہ ضلع۔ پرگنہ۔ علاقہ۔

**قسمت آزمائی۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] مقدر آزمانا۔ تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔

**قسمت آزمائی کرنا۔** [ا۔ محاورہ] نصیبے کا امتحان کرنا۔ تقدیر کی آزمائش کرنا۔

**قسمت اُلٹنا۔ قسمت بگڑنا۔** [ا۔ محاورہ] نصیبے کا خلاف ہو جانا۔ نحوست اور شامت آجانا۔

**قسمت بدلنا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر پلٹنا۔ اچھے دن آنا۔

**قسمت بُری (برگشتہ) ہونا۔** [ا۔ محاورہ] بُرے دن ہونا۔ تقدیر کا پھر جانا۔

**قسمت بگڑنا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر بگڑنا۔ بداقبالی آنا۔

**قسمت پر بیٹھا رہنا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر پر بھروسہ کر کے ہاتھ پیر نہ ہلانا

**قسمت پر جھاڑو پھرے۔** [روزمرہ] عورتیں قسمت سے ناخوش ہو کر کہتی ہیں۔

**قسمت پر چھوڑنا۔** [ا۔ محاورہ] توکل کرنا۔ تقدیر کے حوالے کرنا۔

**قسمت (پلٹنا) پھرنا۔** [ا۔ محاورہ] نصیبا جاگنا۔ بھلے دن آنا۔

**قسمت پھوٹنا۔** [ا۔ محاورہ] بُرے دن آنا۔ مقدر بگڑنا۔

**قسمت پھوڑنا۔** (۱) تکلیف دینا۔ رنج دینا۔ (۲) لڑکی کا بیاہ کسی خراب جگہ پر کرنا۔

**قسمت جاگنا۔ قسمت چمکنا۔ قسمت رَسا ہونا۔ قسمت راہ پر ہونا۔** [ا۔ محاورہ] اقبال یاور ہونا۔ دن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔

**قسمت رسا ہونا۔** [ا۔ محاورہ] اچھی قسمت ہونا۔ اچھے دن آنا۔

**قسمت سو جانا۔** [ا۔ محاورہ] بُرے دن آنا۔

**قسمت سے۔** [ا۔ تابع فعل] (۱) خوش نصیبی سے (۲) بدقسمتی سے۔

**قسمت سیدھی ہونا۔** [ا۔ محاورہ] نصیب یاور ہونا۔

**قسمت کا بدا۔** [ا۔ صف] تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر

**قسمت کا پھیر۔** [ا۔ مذ] تقدیر کا چکر۔ بدبختی۔ بداقبالی۔ ادبار۔

**قسمت کا پیچ۔** [ا۔ مذ] تقدیر کا دیا ہوا رنج۔

**قسمت کا ٹکڑا۔** [ا۔ مذ] رزق جو تقدیر میں لکھا ہو۔

**قسمت کا دھنی۔** [ا۔ مذ] اقبال مند۔ صاحبِ نصیب قسمت والا

**قسمت کا سکندر۔** [ا۔ مذ] نہایت خوش اقبال۔ بڑا خوش نصیب۔

**قسمت کا لکھا۔** [ا۔ مذ] نوشتۂ تقدیر۔ مشیّت ایزدی۔

**قسمت کا لکھا پورا ہونا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مقسوم کا لکھا پیش آنا۔ مصیبت پیش آنا۔

**قسمت کا منہ پھیر لینا۔** [ا۔ محاورہ] قسمت بُری ہو جانا۔

**قسمت کا ہیٹا۔** [ا۔ مذ] بدنصیب۔ بدبخت۔ منحوس۔

**قسمت کو رونا۔** [ا۔ محاورہ] بدقسمتی کی شکایت کرنا۔

**قسمت کھُلنا۔** [ا۔ محاورہ] نصیبا جاگنا۔ خوش اقبالی کے دن آنا۔

**قسمت کی بات۔** [ا۔ مث] کوئی بات خلافِ توقع ہو تو کہتے ہیں۔

**قسمت کے بلیا (دلیا) پکائی کھیر ہو گیا دلیا۔** [ا۔ مثل] بدنصیبی کچھ کا کچھ کر دیتی ہے۔

**قسمت کے لکھے کو کون میٹ سکتا ہے۔** [ا۔ مثل] جو ہونا ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔

**قسمت کی (گرہ) گتھی۔** [ا۔ مث] مصیبت۔ مشکل۔

**قسمت کے ہاتھ بات ہے۔** [ا۔ مقولہ] قسمت کا لکھا ہوتا ہے تقدیر کی تحریر پوری ہوتی ہے۔

**قسمت لڑنا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر کا یاور ہونا۔ حالات سازگار ہونا۔

**قسمت میں ہونا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر میں ہونا۔ مقدر میں ہونا۔

**قسمت والا۔** [ا۔ صف] خوش نصیب۔ خوش قسمت۔

**قسمت ہیٹی ہونا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر بُری ہونا۔

**قسمت یاور ہونا۔** [ا۔ محاورہ] تقدیر کا موافق ہونا۔

**قَسَمیّہ۔** (قَ۔ سا۔ مِی۔ یہ) [ع۔ تابع فعل] از روئے قسم۔ قسم کھا کر۔

**قسمیہ بیان کرنا۔** [ا۔ محاورہ] حلف اٹھا کر بیان کرنا۔

**قسمیہ ہونا۔** قسمی قسمی ہونا۔ عہد و پیماں ہونا۔

**قَسِیُّ القلب۔** (قَ۔ سی۔ یُل۔ قَلب) [ع۔ صف] سنگدل۔

**قِسّیس۔** (قِس۔ سِیس) [ع۔ ا۔ مذکر] دینِ نصاریٰ کا عالم۔ جمع: قسّیسین۔

**قَسِّم۔** (قَ۔ سِم) [ع۔ صف] تقسیم کرنے والا۔

# ق۔ ش

**قِشر۔** [ع۔ ا۔ مذ] چھلکا۔ جمع: قشور۔

**قشقہ۔** (قَش۔ قہ) [ف۔ ا۔ مذ] تلک۔ ٹیکا۔ صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔



Marfat.com

**قشلاق**۔ (قِش۔لاق) [ع۔ا۔مذ] وہ گرم مقام جہاں بادشاہ اور امیر سردیوں کا موسم گزاریں۔

**قُشُون**۔ (قُ۔شُو۔ن) [ت۔ا۔مذ] (۱) فوج کا دستہ۔فوج۔ (۲) چھاؤنی۔کیمپ۔

# ق ص

**قصّاب**۔ (قَص۔صاب) [ع۔ا۔مذ] ذبح کرنے والا۔کاٹنے والا بوچڑ۔قسائی۔

**قصّاب کے برتنے پر تسکرا پالنا**۔ [ا۔محاورہ] دوسرے کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔

**قصّابیہ**۔ (قَص۔صا۔بِیَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) قصائی کا پیشہ۔قصائی خانہ قصائیوں کا بازار (۲) [مونث] قصاب کی مونث۔

**قصابہ**۔ (قَ۔صا۔بَہ) [ع۔ا۔مذ] عورتوں کے سر سے باندھنے کا رومال۔

**قصّار**۔ (قَص۔صار) [ع۔ا۔مذ] دھوبی۔

**قِصاص**۔ (قِ۔صاص) [ع۔اسمذ] (۱) بدلہ۔انتقام۔جزا۔مکافات۔ (خون کا عوض خون)

**قصائد**۔ (قَ۔صا۔ئِد) [ع۔ا۔مذ] قصیدہ کی جمع

**قصائی**۔ (قَ۔صا۔ئی) [اُر۔اسمذ] قسائی۔قصاب۔

**قصبات**۔ (قَ۔صَ۔بات) [ع۔ا۔مذ] قصبہ کی جمع چھوٹے شہر بڑے گاؤں۔

**قصباتی**۔ (قَص۔با۔تی) (قَ۔صَ۔با۔تی) [ف۔صف] قصبہ سے منسوب۔

**قَصبَہ**۔ (قَص۔بَہ) [ع۔اسمذ] چھوٹا شہر۔بڑا گاؤں (صحیح بفتح دوم) جمع۔قصبات۔

**قَصد**۔ [ع۔اسمذکر] (۱) اِرادہ۔نیت۔عزم (۲) منشا۔مطلب عندیہ۔مقصد۔مرضی۔خواہش۔ (۳) سعی۔کوشش۔پیش قدمی۔اقدام۔

**قصد رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] ارادہ رکھنا۔نیت رکھنا۔

**قصد کرنا**۔ [ا۔محاورہ] ارادہ کرنا۔نیت کرنا۔دل میں ٹھانا۔

**قصداً**۔ (قَص۔دَن) [ع۔تابع فعل] ارادہ کر کے۔جان بوجھ کر۔دیدہ و دانستہ۔

**قَصر**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) محل۔ایوان۔حویلی۔مکان۔ (۲) کمی۔تخفیف اختصار۔ (۳) [مث] وہ نماز جو حالت سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے۔

**قصص**۔ (قِ۔صَص) [ع۔ا۔مذ] قصہ کی جمع۔کہانیاں۔داستانیں۔

**قصور**۔ (قُ۔صور) [ع۔ا۔مذ] (۱) خطا۔بھول چوک (۲) قصر کی جمع۔محلات۔ایوان

**قصور کرنا**۔ [ا۔محاورہ] خطا کرنا۔غلطی کرنا۔

**قصور معاف**۔ [ا۔روزمرہ] گستاخانہ گفتگو کی تلافی کے لیے یہ کلمہ مستعمل ہے۔

**قصور مند**۔ [ع۔ف۔صف] تقصیر وار۔گنہگار۔خطاوار۔

**قصور وار**۔ [ع۔ف۔صف] خطا کرنے والا۔گنہگار۔

**قصور ہونا**۔ [ا۔محاورہ] خطا سرزد ہونا۔

**قِصّہ**۔ (قِص۔صَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) کہانی۔داستان۔افسانہ۔حکایت (۲) ذکر بیان (۳) لڑائی جھگڑا۔قضیہ۔بکھیڑا۔جمع۔قصص۔

**قصہ آخر ہونا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا ختم ہونا۔

**قصہ انفصال ہونا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا نمٹنا۔لڑائی ختم ہونا۔بکھیڑا چکنا۔

**قصہ باندھنا**۔ [ا۔محاورہ] فتنہ اٹھانا۔جھگڑا کھڑا کرنا۔

**قصہ بڑھانا**۔ [ا۔محاورہ] قصے کو طول دینا۔بات بڑھانا۔

**قصہ پاک کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) جھگڑا طے کرنا۔فیصلہ چکانا۔قتل کر ڈالنا۔مار کر کام تمام کرنا (۲) قرضہ صاف کرنا۔

**قصہ تمام کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) داستان پوری کرنا۔ (۲) کام تمام کرنا۔مار ڈالنا۔

**قصہ چکانا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑے کا فیصلہ کر دینا۔

**قصہ چکنا**۔ [ا۔محاورہ] تکرار ختم ہونا جھگڑا فیصل ہونا (۲) عذاب دور ہونا۔ کام تمام ہونا۔

**قصہ چھیڑنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) ذکر شروع کرنا (۲) جھگڑے کی بات نکالنا۔

**قصہ خواں**۔ (گو) [عف۔صف] داستان گو۔کہانی کہنے والا۔ افسانہ خواں۔

**قصہ خوانی**۔ (گوئی) [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) داستان گوئی۔کہانی سنانا۔

**قصہ رہنا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا قائم رہنا۔

**قصہ زمین برسر زمین**۔ (ف۔مثل) معاملے کا فیصلہ موقع پر ہونا چاہیے۔

**قصہ طے ہونا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا چکنا۔

**قصہ فیصل ہونا**۔ [ا۔محاورہ] لڑائی ختم ہونا جھگڑا چکنا۔

**قصہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا کرنا۔تکرار کرنا۔

**قصہ کوتاہ**۔ [ف۔ع۔تابع فعل] الغرض۔مختصر یہ کہ۔بس۔فقط بس۔

**قصہ کہانی**۔ [ا۔مث] افسانہ و حکایت۔ذکر اذکار۔

**قصہ کہانی ہے**۔ [ا۔روزمرہ] بات قابل اعتبار نہیں ہے۔

**قصہ کہنا**۔ [ا۔محاورہ] مصیبت کی طویل کہانی بیان کرنا۔ پرانی داستان سنانا۔

**قصہ کھڑا کرنا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا اٹھانا۔فساد برپا کرنا۔

**قصہ لے بیٹھنا**۔ [ا۔محاورہ] بے موقع تذکرہ شروع کر دینا۔

**قصہ مختصر**۔ (ف۔تابع فعل) دیکھیے قصہ کوتاہ۔

**قصہ مول لینا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا خریدنا۔جان کو روگ لگانا بکھیڑے میں پڑنا۔

**قصے باندھنا**۔ [ا۔محاورہ] مصیبت بیان کرنا۔دکھڑا بیان کرنا۔

**قصہ یکسو ہونا**۔ [ا۔محاورہ] جھگڑا تمام ہو جانا۔

Marfat.com

**قضیے میں پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑے میں مبتلا ہونا۔
**قضیہ ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا۔
**قصوری**۔ (قَ۔ صُو۔ ری) [ق۔ ا۔ مث] قصور۔ کوتاہی۔ کمی۔
**قصیدہ**۔ (قَ۔ صی۔ دہ) [ع۔ ا۔ مذ] نظم کی وہ قسم جس میں کسی کی تعریف یا ہجو ہو۔ اس کے پہلے دونوں مصرعوں اور ہر شعر کے آخری مصرعے میں قافیے کا التزام ہوتا ہے۔ جمع ۔ قصائد۔
**قصیر**۔ (قَ۔ صیر) [ع۔ صف] پست قد۔ کوتاہ۔

## ق ۔ ض

**قضا**۔ (قَ۔ ضا) [ع۔ ا۔ مث] (۱) حکم۔ حکم خدا۔ مشیتِ ایزدی۔ فرمانِ الٰہی۔ (۲) تقدیر۔ قسمت (۳) موت۔ وفات۔ اَجل (۴) وہ عبادت جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے۔
**قضا آنا**۔ [ا۔ محاورہ] موت آنا۔
**قضا ادا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] چھوٹی ہوئی نماز پڑھنا۔
**قضا بھرنا**۔ [ا۔ محاورہ] قضا ادا کرنا۔ چھوٹی ہوئی عبادت ادا کرنا۔
**قضا پڑھنا**۔ [ا۔ محاورہ] چھوٹی ہوئی نماز بے وقت ادا کرنا۔
**قضا سر پر پھرتی ہے**۔ [ا۔ محاورہ] موت قریب ہے۔
**قضا ٹلنا**۔ [ا۔ محاورہ] موت سے بچ جانا
**قضا دامنگیر ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] موت کا پیچھے پڑنا۔ موت آنا۔
**قضارا**۔ [ع۔ ف۔ تابع فعل] اتفاقاً۔ اچانک۔ یکایک۔
**قضا سر پر سوار ہونا۔ قضا سر پہ کھیلنا**۔ [ا۔ محاورہ] موت کا سر پر منڈلانا موت سر پہ سوار ہونا۔
**قضا سے چارہ نہیں**۔ [ا۔ محاورہ] موت کا کوئی علاج نہیں۔ موت سے کوئی نہیں بچتا۔
**قضا عند اللہ**۔ [ع۔ متعلق فعل] دیکھیے قضارا۔
**قضا کا پیغام**۔ [ا۔ مذ] موت کے آثار۔
**قضا کار**۔ اتفاقاً۔
**قضا کا سامنا**۔ [ا۔ مذ] موت کا سامنا۔ سخت خطرہ۔ بے حد پریشانی۔
**قضا سر پر پکارنا**۔ [ا۔ محاورہ] موت قریب آنا۔ شامت آنا۔
**قضا کا فرشتہ**۔ [ا۔ مذ] موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔
**قضا کا کھینچ ، گھیر کر لانا**۔ [ا۔ محاورہ] موت کا پیچھے پڑ کر مرنے کی جگہ لے آنا اس وقت کہتے جب کوئی پردیس میں مرے
**قضا کا مارا**۔ [ا۔ محاورہ] اَجل گرفتہ (۲) شامت زدہ۔
**قضا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) مرنا۔ انتقال کرنا۔ (۲) مذہبی فرض کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا
**قضا کے منہ میں جھونکنا**۔ [ا۔ محاورہ] خطرناک جگہ یا کام کے لیے بھیجنا۔
**قضا لکھی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] موت کا کسی خاص طریقہ اور وقت یا جگہ پر مقرر ہونا۔
**قضا نے گھر دیکھ لیا**۔ [ا۔ محاورہ] موت کے آنے کا راستہ کھل گیا۔
**قضا و قدر**۔ وہ حکم جو خدائے تعالیٰ نے کائنات کی نسبت روزِ ازل سے لگا دیئے ہیں۔ تقدیرِ الٰہی۔ خدا کی رضا۔
**قضا ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] فرائض مذہبی کا وقت مقررہ پر ادا نہ ہونا۔
**قضائے الٰہی سے مرنا**۔ [ا۔ محاورہ] طبعی موت سے مرنا۔ اپنی آئی سے مرنا۔
**قضائے حاجت کرنا**۔ [ع۔ ا۔ مث] پاخانہ پھرنا۔
**قضائے عمری**۔ [ع۔ ا۔ مث] وہ نماز جو ہر نماز کے ساتھ گذری ہوئی عمر کی قضا شدہ نمازوں کے عوض پڑھی جائے۔
**قضائے کار**۔ [ع۔ ا۔ مث] اتفاقاً۔
**قضائے مُبرَم**۔ [ع۔ ا۔ مث] نہ ٹلنے والا حکم۔ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔
**قضائے ناگہانی**۔ [ع۔ ا۔ مث] اچانک موت۔ خطرناک حادثہ۔
**قضائے معلق**۔ [ع۔ ا۔ مث] وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔
**قضات**۔ (قُ۔ ضات) [ع۔ ا۔ مذ] قاضی کی جمع (اُردو۔ فارسی میں بتشدید دوم بھی مستعمل ہے۔
**قضایا**۔ (قَ۔ ضا۔ یا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) قضیہ کی جمع۔ جھگڑے فساد (۲) فقرے جملے (۳) مباحثے (۴) احکام۔ خبریں۔
**قضیب**۔ (قَ۔ ضیب) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) کٹی ہوئی شاخ (۲) تیز تلوار (۳) عضو تناسل۔ ذکر۔ لنگ۔
**قضیہ**۔ (قَ۔ ضی۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) جھگڑا بکھیڑا۔ فساد۔ بحث۔ تکرار۔ (۲) نالش۔ مقدمہ (۳) جملہ۔ فقرہ۔ عبارت کا ٹکڑا۔ جمع ۔ قضایا۔
**قضیہ اٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا۔
**قضیہ پاک ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا طے ہونا۔
**قضیہ چکانا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا مٹانا۔
**قضیہ کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
**قضیہ مول لینا**۔ [ا۔ محاورہ] دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا۔ پرائی بلا لینا۔
**قضیے میں پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑے میں پڑنا
**قضیۂ نامرضیہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ معاملہ یا مقدمہ جو مرضی کے خلاف ہو۔

## ق ۔ ط

**قط**۔ [ع۔ ا۔ مذ] تراشنا۔ کاٹنا۔ قلم کی نوک کاٹنا۔
**قط دینا۔ قط رکھنا۔ قط لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] قلم کی نوک قطگیر پہ رکھ کر کاٹ ڈالنا۔
**قطزن (گیر)**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ چپٹی چیز جس پر قلم کی نوک رکھ کر کاٹتے ہیں۔
**قطار**۔ (قِ۔ طار) [ع۔ ا۔ مث] سیدھی اور لمبی صف۔ بیڑا۔ ٹکڑی۔ زنجیر



Marfat.com

سلسلہ ۔ ترتیب ۔ (اُردو میں بفتح اوّل غلط العام ہے) ۔

**قطار باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سلسلہ باندھنا ۔ پرا جمانا ۔ صف باندھنا ۔

**قطار بندی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] قطار باندھنے کا فعل ۔

**قطار در قطار** ۔ [ع ۔ ف ۔ متعلق فعل] صف در صف ۔ صفیں بنا کر ۔

**قطار لڑانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ایک کھیل (۲) انڈے لڑانا نوروز کے دن ۔

**قطاع** ۔ (قِط ۔ طا ۔ ع) [ع ۔ ا ۔ مذ] قاطع کی جمع ۔ کاٹنے والے ۔

**قطاع الطریق** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) راستہ کاٹنے والے ۔ (۲) راہزن ۔ لٹیرے ڈاکو ۔ بٹ مار ۔

**قطاع دائرہ** ۔ (ق ۔ طا ۔ ع ۔ دا ۔ اِ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] دائرے کا وہ حصّہ جو دو نصف قطروں اور قوس کے کسی حصّے سے گھِر گیا ہو ۔

**قطامہ** ۔ (قَطا ۔ مَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) چھنال ۔ فاحشہ عورت ۔ بے غیرت عورت کسبی ۔ بیسوا (۲) حرامزادی ۔

**قُطب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے ۔ (۲) زمین کے محور کے دونوں سرے (۳) سردار قوم (۴) مسلمانوں کے عقیدے میں وہ ولی جس کے سپرد کسی بستی یا علاقے کا انتظام ہو ۔ [صف] افضل ۔ اعلیٰ ۔ برگزیدہ ۔ جمع اَقطاب ۔

**قطب تارا** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ تارا جو کرہ زمین کے شمالی یا جنوبی سرے پر نظر آتا ہے ۔

**قطبِ جنوبی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] زمین کے محور کا جنوبی سرا ۔

**قطبِ شمالی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] زمین کے محور کا شمالی سرا ۔

**قطب مینار** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ مینار جسے سلطان قطب الدین ایبک نے دہلی میں مسجد قوت الاسلام کے ساتھ بنوایا تھا ۔ یہ سنگِ سُرخ کا بنا ہوا ہے ۔ اور اس پر آیات قرآنی لکھی ہوئی ہیں ۔

**قُطب نما** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] قطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ۔

**قُطبی** ۔ (قُط ۔ بی) [ف ۔ صف] قطب سے منسوب ۔ قطب سے متعلق

**قُطبَین** ۔ (قُط ۔ بَین) [ع ۔ ا ۔ مذ] دونوں قطب ۔ قطب شمالی اور قطب جنوبی ۔

**قُطر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) طرف ۔ سمت ۔ کنارہ (۲) وہ خط مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے ۔ یہ دائرے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے ۔ جمع اَقطار ۔

**قطرات** ۔ (قط ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذ] قطرہ کی جمع ۔ بوندیں ۔

**قطرہ** ۔ (قَط ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کی بُوند ۔ (۲) کسی سیال چیز کی بُوند ۔ جمع قطرات ۔

**قطرہ آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پیشاب کی بوند ٹپکنا ۔ بلا ارادہ پیشاب کی بُوند نکل جانا ۔

**قطرہ زن** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] (کنایۃً) تیز رو ۔ تیز رفتار ۔

**قطرہ قطرہ** ۔ [ع ۔ تابع فعل] بُوند بُوند ۔ تھوڑا تھوڑا ۔

**قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے** ۔ [ا ۔ مثل] تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے

**قطع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) تراش ۔ کاٹ (۲) طور ۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ طرز ۔ انداز ۔ وضع ۔

**قطع بنانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] انداز اختیار کرنا ۔ صورت شکل بنانا ۔

**قطع تعلق کرنا** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] واسطہ چھوڑ دینا ۔ ترک ملاقات یا دوستی کرنا ۔ لگاؤ نہ رکھنا ۔

**قطع دار** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] اچھی شکل کا ۔ خوش شکل

**قطع دائرہ** ۔ [ع] دائرے کا وہ حصّہ جو وتر اور کسی قوس سے محیط ہے

**قطع راہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] راہ طے کرنا ۔ سفر کرنا ۔

**قطع رحم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] عزیزوں سے تعلق توڑ دینا ۔

**قطع سخن ۔ قطع کلام** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] بات کاٹنا ۔

**قطع کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کاٹنا ۔ تراشنا (۲) چھوڑنا ۔ الگ کرنا ۔

**قطع کلام کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بات کاٹنا ۔ کسی کی بات کے درمیان بولنا ۔

**قطع مسافت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] راستہ طے کرنا ۔

**قطع نظر** ۔ [ع ۔ تابع فعل] (۱) سوا ۔ اس کے سوا ۔ بجز ۔ بن (۲) اس پر بھی ۔ تاہم ۔ بہر صورت ۔

**قطع و بُرید** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] کاٹ ۔ چھانٹ ۔ تراش خراش کتر بیونت ۔

**قطع ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) کٹنا ۔ ترشنا ۔ کپڑے کا چھانٹا جانا (۲) بسر ہونا گزرنا (۳) فیصلہ ہونا ۔

**قطعاً** ۔ (قَط ۔ عن) [ع ۔ تابع فعل] اصلاً ۔ ہرگز ۔ ذرا بھی ۔ بالکل ۔

**قطعات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] قطعہ کی جمع ۔

**قِطعہ** ۔ (قِط ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ٹکڑا ۔ حصّہ ۔ جُز (۲) پُرزہ ۔ پرچہ (۳) زمین کا ٹکڑا ۔ خطّہ (۴) نظم کی وہ قسم جس میں کوئی ایک چیز بیان کی جاتی ہے ۔ اس میں مطلع نہیں ہوتا ۔ اور کم سے کم دو شعر ہوتے ہیں بعض فصحا کے نزدیک بالفتح بھی جائز ہے ۔

**قطعہ بند** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] دو یا زیادہ مسلسل اشعار جن میں کوئی خاص بات بیان کی گئی ہو ۔

**قَطعی** ۔ (قَط ۔ عی) [ف ۔ صف] (۱) ناطق ۔ کامل ۔ آخری ۔ پورا پورا کامل ۔ (۲) مقرر ۔ یقینی ۔ واقعی ۔

**قطعی گز** ۔ درزیوں کا وہ گز جس سے کپڑا ناپ کر قطع کرتے ہیں ۔

**قطعیات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] قطعیت کی جمع (۲) وہ امور جن پر شک و شبہ نہ ہو ۔

**قِطمیر** ۔ (قِط ۔ میر) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اصحاب کہف کے کتّے کا نام (۲) کھجور یا چھوہارے کی گٹھلی پر کی باریک جھلی (۳) (کنایۃً) بہت چھوٹا ۔ ذرا سا نہایت قلیل ۔

**قُطن** ۔ (قُطن ۔ قُ ۔ طُن) [ع ۔ ا ۔ مذ] کپاس ۔ روئی ۔

**قُطنی** ۔ [ع ۔ صف] روئی کا بنا ہوا ۔

# ق ۔ ع

**قَعب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] قاب ۔ بڑا پیالہ (۲) کسی بات کا خفیہ مطلب ۔

Marfat.com

**قعدہ** ۔ (قَع۔دَہ) [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) بیٹھنا۔ (۲) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا۔

**قعر** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) گہرائی۔ اتھاہ کنویں یا دریا کی (۲) بڑا گڑھا۔

**قعرِ مذلت** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] انتہائی ذلت۔

**قعود** ۔ (قُ۔عُوْ) [ع ۔ ا۔ مذ] بیٹھک۔ قعدہ۔ نشست۔

# ق۔ف

**قفا** ۔ (ق۔ فا) [ع ۔ ا۔ مث] (۱) پشتِ گردن۔ گُدّی (۲) کسی چیز کا پچھلا حصہ۔ (۳) (مجازاً) پیچھے۔ پس پشت۔

**قفائے فلک** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] حادثات جو ستاروں کی گردش سے ہوتے ہیں۔

**قفس** ۔ (ق۔فَس) [ف ۔ ا۔ مذ] (۱) پنجرا۔ جال۔ پھندا۔ (۲) (مجازاً) قالب خاکی۔ جسم۔ اس معنی میں قفسِ عنصری بھی کہتے ہیں۔

**قُفل** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] تالا۔ جمع اقفال۔

**قفلِ اَبجد** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں۔ انہیں ترتیب کے ساتھ ملا دینے سے قفل کھل جاتا ہے اور گڈمڈ کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔

**قفل بند** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] تالا لگا ہوا۔ مقفل۔

**قفل توڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] تالا توڑنا۔ قفل توڑ کر چوری کرنا۔

**قفل جڑ دینا، جڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] تالا لگانا۔

**قفل جھوٹا ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] قفل کا ایسا ناقص ہونا کہ بغیر کنجی کے کھل جائے۔

**قفلِ خموشی** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] خموشی کا قفل سے استعارہ۔ خاموشی۔ چُپ۔

**قفلِ دہن کھلنا** ۔ [ا۔ محاورہ] بات کرنا۔ بولنا۔

**قفل دینا** ۔ [ا۔ محاورہ] تالا ڈالنا۔ قفل لگانا۔

**قفل لگانا** ۔ [ا۔ محاورہ] تالا لگانا۔ مکان بند کرنا۔ (۲) (کنایۃً) مکان پر قبضہ کرنا۔

**قُلفی** ۔ (قُل۔ فی) [ا ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ڈھکنے دار ظرف جو ایک دوسرے میں آ کر پھنس جاتا ہے (۲) وہ نل یا نلی جو ایک دوسرے میں آ جاتی ہو جیسے حقے کی قُلفی (۳) سالن وغیرہ بند کر کے رکھنے کا ڈھکنے دار ظرف (۴) وہ نلکی جس میں دودھ اور برف ملا کر جماتے ہیں۔ (۵) کھیر اور فرنی کے ایک دوسری پر رکھے ہوئے پیالے۔ (۶) نمش کا پیالہ۔ (۷) پہلوانی کا ایک پیچ۔

**قلفی جمانا** ۔ [ا۔ محاورہ] دودھ وغیرہ کا قلفی میں رکھ کر برف سے منجمد کرنا۔

**قلفی کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] درندوں کا دانتوں کو اس طرح بند کرنا کہ کھل نہ سکیں۔

**قلفی لگ جانا** ۔ [ا۔ محاورہ] دو چیزوں کا آپس میں اس طرح پھنس جانا کہ چھوٹنا مشکل ہو۔

# ق۔ق

**ققنس** ۔ (قُق۔ نُس) [یُو ۔ ا۔ مذ] ایک روایتی خوش رنگ اور خوش آواز پرند کہتے ہیں کہ اس کی چونچ میں ۳۶۰ سوراخ ہوتے ہیں۔ اور ہر سوراخ سے ایک راگ نکلتا ہے۔

# ق۔ل

**قُل** ۔ [ع ۔ ا۔ مذکر] صیغۂ امر یعنی کہہ (۲) [اُ] فاتحہ۔ سوم۔ تیجا۔ ختم۔ پھول (۳) قرآن مجید کی چار سورتیں۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق۔ سورۂ ناس۔ سورۂ کافرون انہیں چار قُل کہتے ہیں۔ اور یہ فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں (۴) (کنایۃً) خاتمہ کام تمام ہونا۔ جان نکل جانا۔

**قُل اَعُوذی۔ قُل اَعُوذیہ** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] نیاز فاتحہ پر بسر اوقات کرنے والا۔

**قُل پڑھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] فاتحہ پڑھنا۔ ختم پڑھنا۔ قل ھو اللہ پڑھ کر پھونکنا دم کرنا۔

**قُل کرنا** ۔ (۱) کام تمام کرنا (۲) انتظار کراتے کراتے تھکا دینا۔

**قُل ھو اللہ پڑھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) سورہ اخلاص پڑھنا (۲) بہت بھوک لگنا (آنتوں یا انتڑیوں کے ساتھ۔)

**قُل ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) عرس ہونا۔ فاتحہ ہونا (۲) کام تمام ہونا۔ حالت تباہ ہونا۔ مرجانا (۳) انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔

**قلا** ۔ [ا۔ مث] ہندی "کلا" کا بگڑا ہوا۔ بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچے اور ٹانگیں اُوپر کر کے سر کے بل اُلٹ جاتا ہے۔

**قلا بازی** ۔ (قَ۔ لا۔ با۔ زی) [اُ ۔ ا۔ مث] کرتب۔ کھیل۔ سر نیچے پاؤں اُوپر کر کے لڑھکنیاں کھانا۔

**قلا بازی کھانا** ۔ [ا۔ محاورہ] سر نیچے پاؤں اُوپر کر کے لڑھکنا (۲) لوٹے لوٹے پھرنا۔ پٹخنیاں کھانا۔

**قُلّابہ** ۔ (قُل۔ لا۔ بہ) [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) آنکڑا۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) کنڈا۔ کڑی۔ حلقہ۔

**قلاچ** ۔ (قُل۔ لاچ) [اُ۔ صف] دیکھیے قلاش۔

**قلادہ** ۔ (قِ۔ لا۔ دہ) [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) گلوبند۔ گلے کا پٹا جو کتے وغیرہ کا پٹا۔

**قلاش** ۔ (قَل۔ لاش) [ت۔ صف] (۱) مفلس۔ غریب۔ کنگال (۲) بے غیرت۔ لُچا۔

**قلاقنا** ۔ (قَ۔ لاق۔ نا) [اُ۔ مص] آواز کسنا۔ ہنسانا۔ مذاق کرنا۔

**قلاقند** ۔ (قَ۔ لا۔ قند) [اُ ۔ ا۔ مذ۔ مث] ایک قسم کی مٹھائی۔

**قلانچ** ۔ (قَ۔ لانچ) [اُ ۔ ا۔ مث] چوکڑی۔ زقند۔ جست۔ چھلانگ۔

**قلانچ مارنا** ۔ [ا۔ محاورہ] چھلانگ لگانا۔ جست لگانا۔ کودنا۔

**قلب** ۔ [ع ۔ ا۔ مذ] (۱) دل۔ ضمیر۔ من۔ (۲) وسط۔ درمیان۔ فوج کا درمیانی حصہ۔ (۳) [صف] اُلٹا ہوا۔ اوندھا۔ (۴) غیر خالص۔ کھوٹا سکہ جمع قلوب۔

**قلب چاک ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] سخت روحانی صدمہ ہونا۔

**قلب ساز** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا۔



Marfat.com

**قلب سازی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] جھوٹا سکہ بنانا ۔ کھوٹ ملانا ۔
**قلبِ ماہیّت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ۔ مث] اصلیت بدل جانا ۔
**قلبِ مُضطر** ۔ [ع ۔ ا ۔ صف] پریشان دل ۔ بے چین دل ۔
**قلب مکدّر ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دل میں ملال ہونا ۔ رنج ہونا ۔
**قلبانہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] قوالی سے ملتا جلتا ۔ وہ گانا یا گانے کا انداز جو امیر خسرو کی ایجاد ہے
**قُلبہ** ۔ (قُل ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] ہل ۔ زمین جوتنے کا آلہ ۔
**قلبہ رانی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] ہل چلانا ۔ زمین جوتنا ۔
**قلبی** ۔ (قل ۔ بی) [ع ۔ صف] (۱) دلی ۔ جانی ۔ (۲) کھوٹا ۔ جعلی ۔ (۳) اُلٹا کیا ہوا ۔
**قلبی عداوت** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف] دلی عداوت ۔
**قلپاق** ۔ (قَل ۔ پاق) [ت ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی اُونچی ٹوپی ۔
**قِلّت** ۔ (قِل ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مث] کمی ۔ تھوڑا ہونا ۔ کمیابی ۔
**قلتبان** ۔ (قل ۔ ت ۔ بان) [ع ۔ ا ۔ مذ] دیوث ۔ بھڑوا ۔ قرم ساق ۔ وہ جو اپنی عورت کو دوسروں کے پاس بھیجے ۔
**قُلّتین** ۔ (قُل ۔ لَ ۔ تین) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پانی کے ایسے دو ظرف جن میں دس دس مَن پانی آجائے (۲) [اُر] ناپاک ۔ نجس (۳) [کنایۃً] کمینی ۔ فاحشہ ۔
**قُلّتین کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ناپاک کرنا ۔ گندہ کرنا ۔ نجس کرنا ۔
**قُلچاق** ۔ [ت ۔ ا ۔ مذ] آہنی دستانہ جو فوجی لوگ پہنتے ہیں ۔
**قُلزُم** ۔ (قُل ۔ زُم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ بحیرہ جو عرب اور مصر کے درمیان واقع ہے (۲) [کنایۃً] نہایت گہرا سمندر ۔
**قلع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] گرانا ۔ ڈھانا ۔ مسمار کرنا ۔ بیخ کنی ۔
**قلع قمع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] توڑ پھوڑ ۔ مسماری ۔ انہدام ۔
**قلعہ** ۔ (قل ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ محفوظ اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ ، حاکم یا فوج رہے ۔ گڑھی ۔ حصار ۔ (۲) شطرنج میں بادشاہ کو اس طرح گوشے میں رکھنا کہ مہرے اُسے بچانے کے لیے آ جائیں (۳) ایک قسم کی آتش بازی ۔ اُردو جمع ۔ قلعے ۔ قلعوں ۔ فارسی جمع قلعہ جات ۔ عربی جمع قلاع اور قلوع ۔ مگر اُردو میں عربی جمع مستعمل نہیں ۔
**قلعہ اکھاڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قلعہ مسمار کرنا ۔
**قلعہ باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] چاروں طرف ٹاٹ کے بورے رکھ کر حصار تیار کرنا ۔ گھیرا بنانا (۲) فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا (۳) شطرنج کے مہروں کو بادشاہ کے آس پاس رکھنا ۔
**قلعہ بنانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) قلعہ تعمیر کرنا ۔ (۲) کسی جگہ کو ایسا مستحکم کرنا کہ بیرونی حملہ نہ ہو سکے ۔
**قلعہ بند** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] قلعہ میں پناہ لینے والا ۔
**قلعہ دار** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] قلعہ کا افسر ۔ محافظِ قلعہ ۔
**قلعہ سر کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قلعہ فتح کرنا ۔
**قلعہ شکن** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] قلعہ توڑنے والا ۔
**قلعہ شکن توپ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] بڑی توپ جس کے گولوں سے قلعہ کی دیواریں ٹوٹتے ہیں ۔
**قُلعی** ۔ (قُل ۔ عی) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) رانگ ۔ رانگا (۲) [اُر] سفیدی ۔ مکانوں پر پھیرنے کا چونا (۳) مُلمع ۔ گلٹ ۔ روغن ۔ وارنش ۔ جلا (۴) ظاہری ٹیپ ٹاپ اور چمک دمک ۔
**قلعی اُتر جانا ۔ قلعی اُترنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قلعی جاتی رہنا ۔ ملمع دور ہو جانا اصلی دھات نکل آنا ۔
**قلعی اُڑ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ملمع اُتر جانا ۔
**قلعی پھروانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سفیدی کرانا
**قلعی چڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ملمع کرنا ۔ سفیدی کرنا ۔
**قلعی دار** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] وہ برتن جس پر قلعی ہو ۔
**قلعی کا چونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پتھر کا چونا ۔ سفیدی ۔
**قلعی کا کشتہ** ۔ [ا ۔ مذ] رانگ کا کشتہ ۔ پھونکا ہوا رانگا ۔
**قلعی کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) برتنوں پر رانگ چڑھانا ۔ (۲) سفیدی پھیرنا ۔ چمکانا ۔
**قلعی کھل جانا ۔ کھلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ملمع اُتر جانا ۔ قلعی اُڑ کر برتن کی اصلی حالت نظر آنا (۲) حقیقت ظاہر ہونا ۔ اصلیت معلوم ہو جانا ۔
**قلعی کھولنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی کا پوشیدہ راز افشا کرنا ۔ چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا ۔
**قلعی گر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] برتنوں پر قلعی کرنے والا ۔
**قلغا** ۔ (قل ۔ غا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] طرّہ ۔ ایک حاجی ۔
**قُلفہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] عضو تناسل کا سر بغیر ختنہ کیے ہوئے ۔
**قُلفی** ۔ (قُل ۔ فی) [اُر ۔ ا ۔ مث] دیکھیے قفلی ۔
**قلق** ۔ (قَ ۔ لَق) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اضطراب ۔ بیقراری ۔ بے چینی ۔ گھبراہٹ (۲) رنج غم ۔ اندوہ ۔ سوچ ۔ فکر (۳) حسرت ۔ افسوس ۔ پچھتاوا ۔
**قلق جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] رنج دُور ہونا ۔
**قلق گزرنا** ۔ ناگوار ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ رنج ہونا ۔ بیقراری ہونا ۔
**قلقاری** ۔ (قل ۔ قا ۔ ری) [اُر ۔ ا ۔ مث] شیر خوار بچے کی ہنسی ، آواز کے ساتھ ۔
**قلقاریاں مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] شیر خوار بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا ۔
**قلقل** ۔ (قُل ۔ قُل) [ع ۔ ا ۔ مذ ۔ مؤنث] صراحی یا بوتل سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز ۔
**قلم** ۔ (قَ ۔ لَم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) خامہ ۔ کلک ۔ لکھنے کا آلہ (۲) مصوری یا رنگ سازی کا برش (۳) حکم ۔ حکومت ۔ فرماں روائی (۴) [صف] بُریدہ ۔ کٹا ہوا ۔ (۵) [مؤنث] کاٹی ہوئی ہری شاخ جو زمین میں پودا تیار کرنے کے لیے لگاتے ہیں ۔ جیسے گلاب کی قلم ۔ آم کی قلم (۶) کنپٹی کے اُوپر کے چھوٹے چھوٹے بال (۷) شاخ ۔ ٹہنی جو ایک درخت سے کاٹ کر دوسرے درخت میں لگاتے ہیں ۔ جمع اقلام
**قلم اُٹھا کر لکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قلم برداشتہ لکھنا ۔ فی البدیہہ لکھنا ۔ بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا ۔
**قلم اُٹھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لکھنے کا ارادہ کرنا ۔
**قلم انداز کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لکھنے میں چھوڑ جانا ۔



Marfat.com

**قلم برداشتہ لکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] بے تامل لکھنا۔ بے ساختہ لکھنا۔ فوراً لکھ دینا۔

**قلم بنانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) قلم تراشنا۔ قلم چھیل کر لکھنے کے قابل کرنا (۲) کنپٹی سے اوپر کے بالوں کو درست کرنا۔

**قلم بند**۔ (۱) لکھا ہوا۔ مرقومہ (۲) مندرجہ رجسٹر۔ درج فہرست (۳) شمار کیا ہوا۔ گنا ہوا (۴) داخل شدہ (۵) گنتی کے مطابق حساب سے۔

**قلم بند سنانا**۔ [ا۔ محاورہ] بے حساب گالیاں دینا۔ خوب گالیاں دینا۔

**قلم بند کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] درج کرنا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا۔ کتاب یا رجسٹر پر چڑھا لینا۔

**قلم بند ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] لکھا جانا۔ تحریر میں آنا۔

**قلم پاک**۔ [ف۔ ا۔ مذ] قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا۔

**قلم پکڑنا نہیں آتا**۔ [ا۔ محاورہ] لکھنا نہیں آتا۔

**قلم پھیرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا۔ مٹا دینا۔ منسوخ کر دینا (۲) گناہوں اور خطاؤں سے درگزر کرنا۔

**قلم تراش**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] قلم بنانے کا چاقو۔

**قلم توڑ دینا**۔ [ا۔ محاورہ] ایسی نثر یا نظم لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم نہ اٹھا سکے

**قلم جاری رہے**۔ [دعا] حکم چلتا رہے۔ حکومت برقرار رہے۔

**قلم چلانا**۔ [ا۔ محاورہ] لکھنا۔ تحریر کرنا۔ درج کرنا۔ رجسٹر میں داخل کرنا۔

**قلم دان**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا بکس۔

**قلمدان (دینا) عنایت کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] عہدہ دینا۔ منشی خاص مقرر کرنا۔ وزیر بنانا۔

**قلمدانِ وزارت**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وزارت کا عہدہ۔

**قلم دشمن کے ہاتھ میں ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] مخالف کو فیصلہ کرنے کا اختیار دینا۔

**قلمرو**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] سلطنت۔ حکومت۔ ریاست۔ عملداری بادشاہی راج۔

**قلم رو قسن رہے**۔ [دعا] حکم جاری رہے حکومت قائم رہے۔

**قلم زد کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو مٹا دینا۔ قلم پھیر دینا۔ کاٹ دینا۔

**قلم زن**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] (۱) منشی۔ محرر (۲) مصور۔ نقاش۔

**قلم سرب یا سرمہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] پنسل۔

**قلم فولاد**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] لوہے کا قلم۔ ہولڈر۔

**قلم قتلے**۔ [ف۔ ا۔ مذ] قلم کے تراشے (۲) [کنایۃً] مختلف مضامین کے منتخب ٹکڑے۔

**قلم قصائی**۔ نالم اہل کار۔ قلم کے ذریعہ ظلم ڈھانے والا محرر۔ رشوت خوار منشی۔

**قلمکار**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] (۱) منشی۔ محرر۔ متصدی۔ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا (۲) نقاش۔ مصور۔ رنگ ساز۔ رنگ بھرنے والا (۳) کندہ کار۔ مہرکن (۴) چھینٹ کا کپڑا۔

**قلمکاری**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] (۱) تحریر۔ کتابت (۲) نقاشی۔ مصوری۔ رنگسازی (۳) مہرکنی۔ منبت کاری۔

**قلم کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) کاٹنا۔ تراشنا (۲) اتارنا۔ جدا کرنا۔ اڑانا (۳) چھانٹنا۔ درخت وغیرہ۔

**قلم کش**۔ [ع۔ ف۔ صف] لکھنے والا کاتب۔ صاحب قلم۔

**قلم کھینچنا۔ قلم مارنا**۔ [ا۔ محاورہ] کاٹنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ قلم پھیرنا

**قلم لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) کسی پودے کی شاخ کاٹ کر نیا پودا اگانے کے لئے زمین میں لگانا۔ کسی درخت کی شاخ چھیل کر پودے کی شاخ جوڑنا۔

**قلم میں زور ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] تحریر کا زوردار ہونا۔

**قلم مو**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] بالوں کا قلم۔ تصویر بنانے یا رنگ بھرنے کا برش۔ موقلم۔

**قلم نہ اٹھ سکنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) لکھا نہ جانا (۲) قلم اٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔

**قلم ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) ترشنا۔ کٹنا (۲) درخت یا شاخ کا کاٹا جانا۔ (۳) اڑ جانا۔ جدا ہو جانا۔

**قلمیں بنوانا**۔ کنپٹی کے بال ترشوانا۔

**قلمیں چھوڑنا۔ قلمیں رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] کنپٹیوں کے بال بڑھانا۔ قلمیں بڑھانا۔

**قلماقنی**۔ (قل۔ ماق۔ نی) [تر۔ ا۔ مث] اردابیگنی۔ وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں میں سپاہیوں کی طرح پہرا دیتی ہے

**قلمی**۔ (قَ۔ لَ۔ مِی) [ف۔ صف] (۱) قلم کا۔ تحریری۔ مخطوطی (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستی تحریر (۳) شاخ کا۔ قلم پیوندی۔

**قلمی آم**۔ [ا۔ مذ] پیوندی آم۔ جو بہت بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔

**قلمی شورہ**۔ [ا۔ مذ] صاف کیا ہوا شورہ جس کی قلمیں سی بن جاتی ہیں۔

**قلمی کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] تحریر کرنا۔ لکھنا۔

**قلنج**۔ (قُ۔ لَنج) [تر۔ ا۔ مذ] قولنج کا بگڑا ہوا دیکھیے قولنج۔

**قلندر**۔ (قَ۔ لَن۔ دَر) [ف۔ صف] (۱) رند۔ اوباش (۲) [مذ] اصطلاح فقرا میں دین و دنیا سے آزاد آدمی (۳) [اردو۔ مذکر] بندر یا ریچھ نچانے والا (۴) خیمے کا انگڑا یا قلابہ۔

**قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید**۔ [ف۔ مثل] قلندر اسرار الٰہی کی جو خبر دیتا ہے۔ آنکھوں دیکھی دیتا ہے۔

**قلندرا**۔ (قَ۔ لَن۔ دَ۔ رَا) [تر۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) خیمے کا انگڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں (۳) ایک قسم کا جالان جو تیلیں پیش کرتی ہے۔

**قلندری**۔ (قَ۔ لَن۔ دَ۔ رِی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی جھولداری جس میں قلندرا لگاتے ہیں (۲) [صف] قلندر سے منسوب۔ قلندر کا نام یا پیشہ۔

**قلندریہ**۔ (قَ۔ لَن۔ دَ۔ رِی۔ یَہ) [ف۔ ا۔ مذ] درویشوں کا ایک فرقہ جس کی بنیاد قلندر یوسف نے رکھی تھی۔

**قلوب**۔ (قُ۔ لُوب) [ع۔ ا۔ مذ] قلب کی جمع۔

**قلّہ**۔ (قُل۔ لَہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پہاڑ کی چوٹی (۲) [ف] گھوڑے کا ایک رنگ جو زردی مائل ہوتا ہے۔



Marfat.com

**قلہ شجرہ** [ا۔مذ] (اصل کلاہ و شجر تھا) مال اسباب۔ لہر یا بدھنا۔
**قلہ کوہ** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] پہاڑ کی چوٹی۔
**قُلی** ۔(قُ۔لی) [ت۔ا۔مذ] (۱) غلام (۲) [اُ] مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا اجیر۔ محنتی۔
**قُلی گری۔ قُلی گیری** ۔[ت۔ا۔مث] محنت۔ مزدوری۔ قُلی کا کام یا پیشہ۔
**قُلیا** (قُل۔یا) [اُ۔ا۔مث] قرآن مجید کی سورہ کافرون
**قُلیا تمام کرنا۔ قُلیا ختم کرنا** ۔[ا۔محاورہ] کام تمام کرنا۔ خاتمہ کرنا۔
**قلیان** ۔(قَل۔یان) [ف۔ا۔مذ] حقہ۔ کلی۔ گڑگڑی۔ پیچوان۔
**قلیان کشی** ۔[ف۔ا۔مث] حقہ پینا۔
**قلیب** ۔(قَ۔لیب) [ف۔ا۔مذ] ایک بحر (وزن) کا نام۔
**قلیچ** ۔[ف۔ا۔مث] تلوار۔ شمشیر۔
**قلیل** ۔[ع۔صف] (۱) کم۔ تھوڑا۔ ذرا سا (۲) چھوٹا۔ کوتاہ۔ خُرد۔
**قلیل الاعتبار** ۔[ع۔صف] بے اعتبار۔ جس کا اعتبار کم ہو۔
**قلیل البضاعت** ۔[ع۔صف] تھوڑی پونجی والا۔
**قلیل القامت** ۔[ع۔صف] چھوٹے قد والا۔
**قلیل و کثیر** ۔[ع۔صف] تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔
**قلیہ** ۔(قَل۔یہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) توے پر بھنا ہوا گوشت (۲) سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربے دار پکا ہوا۔
**قلیہ چپاتی** ۔[ا۔مث] بھنا گوشت۔ گوشت روٹی۔

# ق - م

**قُم** ۔[ع۔ا۔مذ] اُٹھ کھڑا ہوا۔ اٹھ بیٹھ۔ جی اُٹھ۔
**قُم باذن اللہ** ۔[ع۔ا۔مذ] خدائے تعالےٰ کے حکم سے جی اُٹھ۔ حضرت عیسےٰ کا معجزہ۔ آپ یہ کلمہ فرما کر مُردے کو زندہ کر دیتے تھے۔ اُسے قُم عیسےٰ بھی کہتے ہیں۔
**قُم باذنی** ۔[ع۔ا۔مذ] میرے حکم سے جی اُٹھ۔ شمس تبریزی کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انہوں نے یہ کلمہ کہہ کر مُردہ کو زندہ کر دیا تھا۔ اس پر انہیں بحکم شرع قتل کر دیا گیا۔
**قِمار** ۔(قِ۔مار) [ع۔ا۔مذکر] جوا بازی۔ جس کے ساتھ شرط ہو۔
**قمار باز** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] جوئے باز۔ جواری۔ شرط لگا کر بازی بدنے والا۔
**قمار بازی** ۔[ع۔ف۔ا۔مث] جوا کھیلنا۔
**قمار خانہ** ۔[ف۔ع۔ا۔مذ] جوا کھیلنے کا مکان۔ جوئے بازی کا اڈا۔
**قمار کاغذی** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] آتش۔ گنجفہ۔
**قماریا** ۔(قِ۔مار۔یا) [اُ۔صف] عیار۔ چالاک۔
**قماش** ۔(قُ۔ماش) [ع۔ا۔مث] (۱) متاع۔ اثاثہ۔ گھر کا اسباب (۲) ریشم کا کپڑا۔ مشجر۔ جوہر (۳) [اُ] وضع۔ قطع۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز (۵) قسم۔ نوع۔ جنس (۶) گنجفہ کی ایک بازی۔ (اُردو میں ق کے زیر سے مستعمل ہے)۔

**قمچی** ۔(قَم۔چی) [ت۔ا۔مث] (۱) کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔ ہنٹر (۲) بید۔ چھڑی (۳) [اُ] پتلی اور لچک دار شاخ یا ٹہنی۔
**قمچی کرنا** ۔[ا۔محاورہ] پنجہ کشوں کی اصطلاح میں۔ پنجہ لڑاتے وقت ہاتھ کو جھٹکا دینا۔
**قمچی لگانا** ۔[ا۔محاورہ] چھڑی مارنا۔
**قمر** ۔(قَ۔مَر) [ع۔ا۔مذ] (۱) چاند۔ ماہ۔ مہ۔ تیسری رات کے بعد کا چاند۔ پہلی اور دوسری کے چاند کو ہلال کہا جاتا ہے (۲) کیمیا گروں کی اصطلاح۔ چاندی۔ نقرہ۔
**قمر پیکر۔ قمر شمائل۔ قمر طلعت** ۔[ع۔صف] حسین۔ خوبصورت۔
**قمر خدم** ۔[ع۔صف] وہ بڑے لوگ جن کا چاند بھی غلام ہو۔
**قمر داغ** ۔[ف۔ع۔ا۔مذ] بیگمات، قورمہ۔
**قمر عقرب** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] وہ وقت جبکہ چاند برج عقرب میں آئے یہ وقت نامبارک خیال کیا جاتا ہے۔
**قمر طلعت** ۔[ع۔صف] حسین۔ خوبصورت۔
**قمر محاق میں آنا** ۔[مص مرکب] چاند کا آخری تین تاریخوں میں نظر نہ آنا۔ مَتیا کی راتیں۔
**قمر نورد** ۔[ع۔ف۔صف] چاند پر جانے والا۔ چاند کی سیر کرنے والا۔
**قمر وش** ۔[ع۔ف۔صف] چاند جیسا خوبصورت۔
**قمری** ۔(قَ۔مَ۔ری) [ع۔صف] قمر سے منسوب۔ وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مطابق قرار دیے گئے ہوں۔
**قُمری** ۔(قُمْ۔ری) [ع۔ا۔مث] (۱) فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرندہ (۲) [اُ۔ا۔مث] ایک گداگر قوم کی عورتوں کا لقب۔
**قمرین** ۔[ع۔ا۔مذ] سورج اور چاند۔
**قمع** ۔[ع۔ا۔مذکر] بیخ کنی۔ انہدام۔ توڑنا۔ پھوڑنا۔ (عموماً) قلع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
**قمقام** ۔(قَم۔قام) [ع۔ا۔مذ] (۱) بڑا مچھر (۲) بڑا دریا (۳) سردار قوم۔
**قُمقُمہ** ۔(قُم۔قُ۔مہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (۲) بجلی کا بلب۔ (۳) [اُ] وہ گولہ جس میں عبیر۔ گلال یا رنگ بھر کر ہولی میں ایک دوسرے پر مارتے ہیں (۴) شیشے کا رنگین گولہ جسے آرائش کیلئے چھت میں لٹکاتے ہیں۔
**قمیص** ۔(قَ۔میص) [ع۔ا۔مث] بے کلی کا کرتا۔ خصوصاً کالر والا۔ (بعض فصحا نے مذکر بھی لکھا ہے۔)

# ق - ن

**قنات** ۔(قَ۔نات) [ت۔ا۔مث] (۱) وہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمے کے چاروں طرف لگاتے ہیں۔ کپڑے کا بنا ہوا پردہ۔ اوٹ یا ٹٹی۔
**قنات روک دینا** ۔[ا۔محاورہ] اوٹ کھڑی کرنا۔ قنات لگانا۔
**قنات کھینچنا، گھیرنا** ۔[ا۔محاورہ] پردے کی دیوار کھڑی کرنا۔ خیمے کے چاروں



Marfat.com

طرف یا صحن میں کپڑے کا پردہ لگانا۔

**قَنّاد**۔ (قَن۔ناد) [ع۔ا۔مذ] حلوائی۔قند ساز۔

**قَنادِیل**۔ (قَن۔نا۔دِیل) [ع۔ا۔مذ] قندیل کی جمع۔

**قَناعَت**۔ (قَ۔نا۔عَت) [ع۔ا۔مث] تھوڑی چیز پر راضی اور خوش رہنا جو مل جائے اس پر راضی رہنا۔

**قناعت تونگر کند مرد را**۔ [ف۔مثل] قناعت انسان کو بے نیاز کر دیتی ہے۔

**قَنادِیز**۔ (قَ۔نا۔دِیز) [ت۔ا۔مث] ایک قسم کا نہایت چمکدار ریشمی کپڑا۔

**قَند**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) شکر۔چینی۔کھانڈ (۲) [ا۔مذ] ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی (۳) سُرخ کچے رنگ کا کپڑا (۴) [صف] نہایت شیریں۔

**قندِ پارسی**۔ [ع۔ا۔مث] ایک قسم کی نہایت لذیذ مصری۔

**قند گھولنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) پانی میں شکر ملانا (۲) [کنایۃً] شیریں سخن ہونا۔

**قند لُٹے کوئلوں پر مُہر**۔ [ا۔مثل] دیکھیے اشرفیاں لُٹیں اور کوئلوں پر مُہر۔

**قندِ مکرّر۔قندِ دوبارہ**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) دو مرتبہ صاف کیا ہوا قند۔ (۲) وہ عمدہ بات جو دوبارہ کہی جائے۔ (۳) [مجازاً] معشوق کے ہونٹ۔

**قِندِیل**۔ (قِن۔دِیل) [ع۔ا۔مث] ایک قسم کا شیشہ کا ظرف جس میں بتی روشن کر کے چھت میں زنجیروں سے لٹکا دیتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔

**قِندیلا**۔ (قِن۔دی۔لا) [ا۔ا۔مذ] کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس۔

**قَنفَل**۔ (قَن۔فَل) [ف۔ا۔مذ] دیکھیے قرنفل۔

**قِنطار**۔ [ع۔ا۔مذ] ایک وزن جو ۴۰ اوقیہ۔ قریباً سوا سیر۔

**قنوت**۔ (قُ۔نُوت) [ع۔ا۔مث] ایک دعا جو نماز وتر میں پڑھتے ہیں۔ (۲) فرماں برداری۔پاک بازی۔عبادت (۳) خاموشی۔فرمانبرداری۔

**قُنُوط**۔ (قَ۔نُو۔ط) [ع۔ا۔مث] ناامید ہونا۔مایوسی۔

**قنوطیّت**۔ [ع۔ا۔مث] زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا۔ [انگ] (Pessimism)

**قنوطی**۔ [ف۔ا۔مذ] جس کو کوئی اُمید نہ ہو۔مایوس۔بے اُمید۔

# ق-و

**قُو**۔ [اُر۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی آواز جو کبوتر باز، کبوتر اُڑاتے وقت نکالتے ہیں (۲) وہ آواز جو بچوں کے کان کے پاس انہیں چونکا دینے کے لیے نکالتے ہیں۔

**قُوا۔قُویٰ**۔ (قُو۔وا) [ع۔ا۔مذ] قوت کی جمع۔قوتیں۔طاقتیں۔

**قوائے حیوانی**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ قوتیں جن کا تعلق دل سے ہے۔ جیسے خوشی غصہ یہ قوتیں حیوان کے ساتھ مخصوص ہیں۔

**قوائے طبعی**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ قوتیں جن کا تعلق جگر سے ہے اور وہ یہ ہیں۔ جاذبہ۔ماسکہ۔ہاضمہ۔دافعہ۔نامیہ۔مولدہ

**قوائے نفسانی**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ قوتیں جو دماغ سے تعلق رکھتی ہیں۔ وہ دس ہیں۔ باصرہ۔شامّہ۔ذائقہ۔لامسہ۔حِسّ مشترک۔خیال۔متفکرہ۔واہمہ۔حافظہ۔

**قواریر**۔ (قَ۔وا۔رِیر) [ع۔ا۔مذ] قارورہ کی جمع۔

**قواعد**۔ (قَ۔وا۔عِد) [ع۔ا۔مذ] (۱) قاعدہ کی جمع۔دستور۔قاعدے۔رسوم ضوابط۔رواج (۲) قانون۔اصول (۳) [مث] صرف و نحو (۴) اصول جنگ سپاہیوں کی ورزش۔پریڈ۔

**قواعد دان**۔ [ع۔ف۔صف] (۱) فوجی قاعدوں اور ورزشوں سے واقف۔تجربہ کار اور قواعد جنگ سے آگاہ سپاہی (۲) قواعد زبان کا جاننے والا۔صرفی۔نحوی۔

**قواعد کرنا**۔ [ا۔محاورہ] ورزش کرنا۔جنگی کرتب کرنا۔

**قواعد گاہ**۔ [ا۔مث] فوجی ورزش کا میدان۔

**قوافی**۔ (قَ۔وا۔فی) [ع۔ا۔مذ] قافیہ کی جمع۔

**قوّال**۔ (قَو۔وال) [ع۔ا۔مذ] (۱) بہت بولنے والا۔بسیار گو (۲) بزرگوں کے قول گانے والا۔صوفیانہ اور حقانی چیزیں گانیوالا۔

**قوّالی**۔ (قَو۔وا۔لی) [ع۔ا۔مث] صوفیانہ اور حقانی کلام کا گانا۔ وہ گانا بجانا جو صوفیوں کی مجلس یا مزار پر ہوتا ہے۔

**قِوام**۔ (قِ۔وام) [ع۔ا۔مذ] (۱) قیام۔ٹھہراؤ (۲) مدار۔نظام (۳) اصل۔ اصلیت۔مادّہ۔خمیر۔بنیاد (۴) چاشنی۔شیرہ۔

**قوانین**۔ (قَ۔وا۔نِین) [ع۔ا۔مذ] قانون کی جمع۔اصول۔قاعدے ضابطے

**قُوت**۔ [ع۔ا۔مث] کھانا۔خوراک۔طعام۔بھوجن۔

**قُوت بسری**۔ [ع۔ا۔مث] روکھی سوکھی کھا کر زندگی بسر کرنا۔

**قُوتِ لایموت**۔ [ع۔ا۔مث] اس قدر خوراک جس سے زندگی قائم رہے

**قُوّت**۔ (قُو۔وَت) [ع۔ا۔مث] (۱) طاقت۔قدرت۔زور۔توانائی (۲) سہارا مدد۔کمک۔اعانت (۳) سلطنت۔دولت۔ریاست۔

**قوت آخذہ**۔ [ع۔ا۔مث] دل کی قوت۔ اخذ کرنے۔حاصل کرنے یا کسی بات کو سمجھنے کی قوت۔

**قوت آزمانا**۔ [مص مرکب] طاقت کی آزمائش کرنا۔

**قوتِ ارادی**۔ [ع۔ا۔مث] ارادے کی پختگی۔ارادے کا پکا۔ [انگ] (Will Power)

**قوت بازو**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) بازو کی قوت (۲) [کنایۃً] بھائی۔

**قوت باصرہ**۔ [ع۔ا۔مث] دیکھنے کی قوت۔بینائی۔بصارت۔آنکھ کی روشنی۔

**قوت باہ**۔ [ع۔ا۔مث] قوت۔قوت مجامعت۔

**قوت بشری**۔ [ع۔ا۔مث] انسانی طاقت۔

**قوت پذیر**۔ [ع۔ف۔صف] قوت حاصل کرنے والا۔

**قوت جاذبہ**۔ [ع۔ا۔مث] چوس لینے والی قوت۔غذا کھینچ لینے والی قوت۔

**قوت جسمانی**۔ [ع۔ا۔مث] بدنی طاقت۔

**قوتِ حافظہ**۔ [ع۔ا۔مث] یاد رکھنے والی قوت۔

**قوت دافعہ**۔ [ع۔ا۔مث] باہر نکالنے اور دفع کرنے کی قوت۔

**قوت ذائقہ**۔ [ع۔ا۔مث] مزہ بتانے والی قوت۔



Marfat.com

**قوتِ روحانی**۔ [ع۔ا۔مث] وہ قوت جو روح میں خدا سے تعلق پیدا کرنے کا باعث ہوتی ہے۔
**قوتِ سامعہ**۔ [ع۔ا۔مث] سُننے کی قوّت۔
**قوتِ شامہ**۔ [ع۔ا۔مث] سونگھنے کی قوت۔
**قوتِ شہوانیہ**۔ [ع۔ا۔مث] دیکھیے قوت باہ۔
**قوّتِ لامسہ**۔ [ع۔ا۔مث] چھونے اور مَس کرنے کی قوت۔
**قوّتِ ماسکہ**۔ [ع۔ا۔مث] وہ قوت جو غذا کو معدے میں محفوظ رکھتی ہے۔ غذا کو روکے رکھنے کی قوت۔
**قوّتِ متخیلہ**۔ [ع۔ا۔مث] خیال پیدا کرنے کی قوت۔ سوچنے کی قوت۔
**قوّتِ متصرفہ**۔ [ع۔ا۔مث] تصرف کرنے والی طاقت۔ بعض صورتوں کو بعض معانی کے ساتھ نسبت دینے والی قوّت۔
**قوّتِ متصورہ**۔ [ع۔صف] تصور کرنے یا سوچنے کی قوت۔
**قوّتِ متفکرہ**۔ [ع۔ا۔مث] سوچنے کی قوت۔
**قوّتِ محرکہ**۔ [ع۔ا۔مث] حرکت کرنے کی طاقت۔
**قوّتِ مُدرکہ**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت (۲) سمجھ۔ فہم۔
**قوّتِ ممیزہ**۔ [ع۔ا۔مث] تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوّت۔ ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی قوت۔
**قوّتِ مولدہ**۔ [ع۔ا۔مث] بچہ پیدا کرنے کی طاقت۔
**قوّتِ نامیہ**۔ [ع۔ا۔مث] بڑھنے کی قوّت۔
**قوّتِ واہمہ**۔ [ع۔ا۔مث] وہ طاقت جس سے انسان سوچتا ہے۔
**قوّتِ ہاضمہ**۔ [ع۔ا۔مث] کھانا پچانے کی قوّت۔
**قور**۔ [ت۔ا۔مث] (۱) ہتھیار۔ سلاح (۲) خلعے کا حاشیہ (۳) کپڑوں کے حاشیے پر لگایا جانے والا فیتہ۔
**قوربیگی**۔ [ف۔ا۔مذ] سلاح خانے کا داروغہ۔
**قورخانہ**۔ [ت۔ف۔ا۔مذ] سلاح خانہ۔ میگزین۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھتے ہیں۔
**قورچی**۔ (قور۔چی) [ت۔ا۔مذ] ہتھیار بند سپاہی۔
**قورمہ**۔ قورمہ۔ (قور۔ما) [ت۔ا۔مذ] گھی میں بھنا ہوا گوشت۔
**قوس**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) کمان (۲) دائرے کا ایک حصہ (۳) آسمان کا نواں برج جو کمان کی شکل کا نظر آتا ہے۔
**قوسِ قُزَح**۔ [ع۔ا۔مذ] دھنک۔ ست رنگی کمان جو برسات میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے۔
**قوس نما**۔ [ع۔ف۔صف] کمان کی وضع کا۔ محراب دار۔
**قوسی**۔ (قو۔سی) [ع۔صف] قوس نما۔ قوس کی طرح۔ محراب دار۔
**قوسین**۔ [ع۔ا۔مث] قوس کی جمع تثنیہ (۲) خطوط وحدانی۔
**قول**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) بات۔ سخن۔ کہاوت (۲) عہد و پیمان۔ اقرار۔ قسم۔ سوگند (۳) مقولہ۔ بیان۔ (۴) ایک راگ جس کے موجد امیر خسرو ہیں۔
**قول پر مٹھی کھلنا**۔ [ا۔محاورہ] وعدہ کرنا۔ (۲) کسی بات پر رضامند ہونا۔
**قول توڑنا**۔ [ا۔محاورہ] وعدہ خلافی کرنا۔ وعدے سے پھر جانا۔

**قول دینا**۔ [ا۔محاورہ] عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ قسم کھانا۔
**قول سے پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] بات کہہ کر مکر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔
**قولِ صالح**۔ [ع۔ا۔مذ] پکّا اقرار۔ پختہ عہد و پیمان۔
**قولِ فیصل**۔ [ع۔ا۔مذ] فیصلے کی بات۔ محاکمہ۔
**قول قرار**۔ [ع۔ا۔مذ] وعدہ وعید۔ عہد و پیمان۔
**قول کا پکّا۔ قول کا پورا**۔ [ا۔صف] بات کا سچّا۔ وعدے کا پابند۔
**قول کا چھلّا**۔ [ا۔مذ] (۱) وہ چھلّا جو بطور عہد یا یادداشت کے لیے احباب ایک دوسرے کو دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا چھلّا جس میں پیچھے سے پیچ اس طرح لگا ہوتا ہے جیسے کوئی ہاتھ میں ہاتھ دے رہا ہے یہی چھلّا قول کے وقت اکثر دیا جاتا ہے۔
**قول لینا**۔ [ا۔محاورہ] عہد لینا۔ اقرار لینا۔
**قولِ مرداں جان دارد**۔ [ف۔مثل] مردوں کی زبان پکّی ہوتی ہے مرد اپنی زبان سے نہیں پھرتے۔
**قول نامہ**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جس میں قول و قرار لکھا جائے۔
**قول و فعل**۔ [ع۔ا۔مذ] گفتار و کردار۔ چال چلن۔ طور طریق رنگ ڈھنگ۔
**قول و قسم**۔ [ع۔ا۔مذ] عہد و پیماں۔
**قول ہارنا**۔ [ا۔محاورہ] وعدہ کرنا۔ زبان دینا۔
**قولاً**۔ (قو۔لَن) [ع۔تابع فعل] قول کے ساتھ۔ قول کے اعتبار سے۔
**قولنج**۔ (قو۔لنج) [ع۔ا۔مذ] وہ درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے۔ بڑی انتڑی (قولن) کا درد۔
**قولہٗ**۔ [ع۔ا۔مذ] اس کا قول۔ اس کا کہا ہوا۔ کسی بات کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔
**قوم**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) فرقہ۔ خاندان (۳) نسل ذات۔ گوت۔ جمع: اقوام۔
**قوم دار**۔ [ع۔ف۔صف] اچھی نسل کا۔ اصیل۔ خاندانی۔
**قَومہ**۔ (قَو۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا۔
**قومی**۔ (قَو۔می) [ع۔صف] قوم سے متعلق۔
**قومیانا**۔ [ا۔مص۔جعلی] قومی بنانا۔ قومی ملکیت میں لے لینا [انگ]
(Nationalise)
**قومیّت**۔ (قَو۔می۔یَت) [ع۔ا۔مث] نسل۔ اصل۔ کسی قوم کا ہونا۔
**قونصل**۔ (قوَن۔صَل) [انگ (Council) کا معرّب۔ا۔مذکر] سفیر۔ مختار۔ جو ایک ملک کا دوسرے ملک میں رہے (۲) وکیل۔ مشیر قانونی (۳) نصیحت۔ مشورہ (۴) مجلسِ شوریٰ
**قونصل خانہ**۔ [ع۔ا۔مث] قونصل کی فرودگاہ۔ دفتر۔
**قُوماق**۔ (قُو۔ماق) [ق۔ا۔مث] ایک خاص قسم کی روٹی جو آٹے، پیاز، گھی اور انڈوں کی سفیدی سے بنائی جاتی ہے۔
**قوی**۔ (قَ۔وِی) [ع۔صف] (۱) زور آور۔ توانا۔ طاقتور۔ قدرت والا (۲) مضبوط۔ مستحکم (۳) سخت۔ کڑا۔



Marfat.com

**قویُ الجُثّہ**۔(ع۔صف) مضبوط جسم کا۔ ہٹّا کٹّا۔
**قوی بازو**۔(بال۔پنجہ۔است)(ع۔صف) مضبوط۔ طاقت ور۔ زور آور۔
**قوی تن**۔(ع۔صف) مضبوط بدن
**قوی دل**۔(ع۔صف) بہادر۔ شجاع۔
**قوی ہیکل**۔(ع۔صف) شہ زور۔ قد آور۔

## ق۔ہ

**قہّار**۔(ق۔ہار)(ع۔صف)(۱) بڑا قہر کرنے والا۔(۲) غلبہ حاصل کرنے والا۔ زبردست (۳) زور دار (۴) خدائے تعالےٰ کا صفاتی نام۔
**قہّاری**۔(ع۔صف) قہار کا۔ خدا کا جیسے غضبِ قہاری۔
**قہر**۔(ع۔ا۔مذ)(۱) غلبہ۔ زور آوری۔ زبردستی۔ (۲)(آ۔ر) خفگی۔ غضب غصّہ۔ خشم (۳) جوش۔ جذبہ۔ دلولہ۔(۴) تیزی۔ تندی۔ غضب ناکی (۵) دشوار کام۔ مشکل امر۔(۶) بلا۔ آفت۔ شامت۔ مصیبت۔ (۷) بلائے جان۔ عذاب۔ روگ۔ سوہانِ روح۔(۸) افسوس حیف۔ دریغ۔(۹) ظلم۔ ناانصافی۔ اندھیر (۱۰)(آ۔صف) فتنہ انگیز۔(۱) غضب کا۔ قیامت کا۔ نہایت شوخ۔ آفت کا پرکالا۔(۲) قابلِ تحسین۔ قابلِ تعریف۔ نہایت وضعدار۔ بیحد خوب صورت (۳) ازحد۔ بہت زیادہ (۴) نہایت بدمزاج۔ غضیل (۵) نہایت مشکل۔ اُدق۔(۶) عجیب۔ انوکھا۔ (۷) نامناسب۔ ناگوار۔ بُرا۔
**قہر آمیز**۔(ع۔صف) غصّے سے بھرا ہوا۔
**قہر الٰہی**۔(ع۔ا۔مذ) خدا کا غضب۔ بلائے آسمان۔
**قہر توڑنا**۔(ا۔محاورہ) غضب ڈھانا۔ نہایت غصّے ہونا۔
**قہر ٹوٹنا**۔(ا۔محاورہ) غضبِ الٰہی نازل ہونا۔ آفت آنا۔
**قہر ٹوٹے**۔(بد دعا) آفت آئے۔ مرے۔ غضب کا سامنا ہو۔
**قہرِ درویش برجانِ درویش**۔(ف۔مثل) غریب کا غصّہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے۔
**قہر ڈھانا**۔(ا۔محاورہ) کسی پر آفت لانا۔ ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔
**قہر قیامت ہونا**۔(ا۔محاورہ) بے حد خوب صورت اور شوخ ہونا۔ فتنہ زا ہونا (۲) فسادی ہونا
**قہر کا**۔(ا۔صف)(۱) آفت کا۔ غضب کا (۲) نہایت۔ ازحد (۳) خوفناک ہولناک (۴) نہایت چالاک۔ بہت شوخ۔ منفنی
**قہر کا سامنا**۔(ا۔مقولہ) آفت سے مقابلہ۔
**قہر کرنا**۔(ا۔محاورہ)(۱) غضب کرنا۔ بیجا حرکت کرنا (۲) ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔ (۳) انوکھا کام کرنا۔
**قہر کی آنکھ سے دیکھنا**۔(ا۔محاورہ) غصّے سے دیکھنا۔
**قہر نازل ہونا**۔(ا۔محاورہ) غضب اُترنا۔ آفت کا نزول ہونا۔
**قہر ناک**۔(ع۔صف) غضب ناک۔ سخت غصّہ (۲) بہت بُرا۔ بڑا تیز۔

**قہر ہوتا ہے**۔(ا۔مثل) بُرا ہوتا ہے۔ غضب ہوتا ہے۔
**قہر ہونا**۔(ا۔محاورہ) غضب ہونا۔ آفت کا پرکالا ہونا۔
**قہر ہے**۔(ا۔تابع فعل)(۱) آفت ہے۔ غضب ہے۔ فتنہ پرداز۔ عیّار اور چالاک ہے (۲) بیحد خوبصورت ہے۔
**قہراً**۔(قہ۔رَن)(ع۔تابع فعل) زبردستی سے۔ جبراً۔ چاروناچار
**قہرمان**۔(قَہر۔مان)(ع۔ا۔مذ)(۱) حاکم۔ صاحبِ اقتدار (۲) قہر و جلال کے ساتھ حکومت۔(۳) بڑی طاقت۔ پہلوان۔(۴) بہادر۔ شجاع۔ زبردست۔
**قہری**۔(ع۔صف) غصّے والا۔
**قہقری**۔(قہ۔قَ۔را)(ع۔ا۔مذ) اُلٹا چلنا۔(۲) پچھلے پاؤں چلنے والا۔
**قہقہہ**(قہ۔ق۔ہہ)(ع۔ا۔مذ) ٹھٹھا۔ زور سے ہنسنا۔ بلند آواز سے ہنسنا کھکھلا کر ہنسنا۔
**قہقہہ اُڑانا**(ا۔محاورہ) ٹھٹھا مارنا (۲) احمق بنانا (۳) مضحکہ اُڑانا۔
**قہقہہ لگانا، مارنا**۔(ا۔محاورہ) ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ زور سے ہنسنا۔
**قہقہوں میں اُڑانا**۔(ا۔محاورہ) ہنسی میں ٹالنا۔
**قہقہے اُڑانا** مضحکہ اُڑانا۔ ہنسی میں ٹالنا۔
**قہقہے چہچہے کی باتیں ہونا**۔(ا۔محاورہ) ہنسی مذاق کی باتیں ہونا۔
**قہقہے لگانا**۔(ا۔محاورہ) بہت ہنسنا۔ مضحکہ اُڑانا۔
**قہوہ**۔(قہ۔وہ)(ع۔ا۔مذکر) ایک قسم کا تخم جسے بھون کر پیستے اور پھر چائے کی طرح پانی میں جوش دے کر پیتے ہیں۔ کافی۔
**قہوہ خانہ**۔(ع۔ف۔ا۔مذ) وہ دکان جہاں لوگ قہوہ پیتے اور گپ شپ اُڑاتے ہیں۔

## ق۔ی

**قَے**۔(ع۔ا۔مث) اُلٹی۔ متلی۔ استفراغ۔ نفث
**قے آنا**۔(ا۔محاورہ)(۱) جی متلانا۔ اُبکائی آنا۔ اُلٹی ہونا۔ رد ہونا۔(۲) کراہت ہونا۔ نفرت ہونا۔
**قے کرنا**۔(ا۔محاورہ) اُلٹی کرنا۔ اُگلنا۔
**قیادت**۔(قِ۔یا۔دَت)(ع۔ا۔مث)(۱) راہبری۔ رہنمائی۔(۲) سرداری۔ سرکردگی۔
**قیاس**۔(قِ۔یاس)(ع۔ا۔مذ)(۱) جانچ۔ اندازہ۔ اٹکل۔ تخمینہ (۲) منطق دو جملوں سے مرکب قول جس سے نتیجہ لازم آئے۔ منطقی شکل (۳)(آ۔ر) ذہن۔ رائے۔ سوچ بچار (۴) قیافہ۔
**قیاسِ استثنائی**۔(ع۔ا۔مذ) منطق میں قضیہ یا شرط۔
**قیاسِ استقرائی**۔(ع۔ا۔مذ) منطق میں قضیہ کل۔
**قیاس دوڑانا**۔(ا۔محاورہ) خیال دوڑانا۔ سوچنا۔
**قیاس سے باہر**۔(ا۔صف)(۱) سمجھ سے زیادہ۔ تصور یا خیال کی حد سے گذرا



Marfat.com

ہوا (۲) بیشمار۔ بے اندازہ۔ بے حساب۔

**قیاس دوڑانا، لگانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ ذہن میں تولنا (۲) خیال کرنا۔ گمان کرنا (۳) تصور کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔

**قیاس کن زگلستان من بہار مرا۔** [ف۔ مثل] موجودہ حالت سے گذشتہ حالت کا اندازہ ہوتا ہے۔

**قیاس مع الفارق۔** [ع۔ا۔ف] ایک چیز کو دوسری چیز پر اُن میں مناسبت اور مشابہت کے بغیر قیاس کرنا۔

**قیاس میں آنا۔** [ا۔ محاورہ] خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔

**قیاساً۔** (قِ۔ یا۔ سَن) [ع۔ تابع فعل] قیاس سے۔ اندازے سے۔

**قیاسی۔** (قِ۔ یا۔ سی) [ع۔ صف] قیاس سے منسوب۔ خیالی۔ وہمی۔

**قیاصرہ۔** (قَ۔ یا۔ صِ۔ رَہ) [ع۔ امذ] قیصر کی جمع۔

**قیافہ۔** (قِ۔ یا۔ فَہ) [ع۔ا۔ مذ] (۱) فال۔ شگون۔ (۲) ایک علم جس میں خد و خال اور علامات سے بھلا بُرا پہچان لیتے ہیں (۳) [اُر] اندازہ۔ قیاس۔ (۴) عقل۔ سمجھ۔ دریافت۔ شناخت۔

**قیافہ دان۔ قیافہ شناس۔** [ع۔ف۔ا۔ مذ] علم قیافہ سے واقف۔

**قیافہ شناسی۔ قیافہ دانی۔** [ع۔ف۔ا۔ مث] چہرہ بشرہ دیکھ کر آدمی کا کردار معلوم کرنا۔ علم قیافہ سے واقفیت۔

**قیام۔** (قِ۔ یام) [ع۔ا۔ مذ] (۱) کھڑا ہونا۔ اٹھنا۔ ٹھہراؤ (۲) سکونت۔ بسیرا۔ (۳) پائیداری۔ استحکام۔ ٹکاؤ (۴) وثوق۔ اعتماد۔ استقلال (۵) موجودگی۔ سلامتی۔ ہستی (۶) نماز میں کھڑا ہونا (۷) مسلمانوں کا ایک گروہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں درود و سلام پڑھا جاتا ہے تو لوگ احتراماً کھڑے ہو جاتے ہیں۔

**قیام پذیر۔** (۱) دیرپا (۲) دیر تک ٹھہرنے والا (۳) ٹکا ہوا۔ مقیم۔ فروکش۔

**قیام کرنا۔** [ا۔ محاورہ] مقام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اُترنا۔

**قیامت۔** (قِ۔ یا۔ مَت) [ع۔ا۔ مث] (۱) قائم کرنا۔ کھڑا ہونا۔ (۲) روز محشر مسلمانوں کے عقیدے میں وہ دن جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے۔ اور حساب کتاب ہوگا۔ روز حساب یعنی جزا۔ (۳) [اُر] زمانہ دراز۔ مدت دراز۔ (۴) موت۔ قضا۔ اجل (۵) (لوکی) بات۔ عجیب (۶) بلا۔ آفت۔ غضب قہر (۷) غصہ۔ (۸) واویلا۔ آہ و زاری۔ ادھم۔ شور و غل۔ (۹) ہلچل۔ کھلبلی (۱۰) اندھیر۔ ظلم۔ ناانصافی (۱۱) مصیبت۔ سختی۔ عذاب۔ دُکھ (۱۲) افسوس۔ دریغ۔ رنج۔ ملال (۱۳) [صف] اَزحد۔ بہت زیادہ (۱۴) چالاک۔ چلبلا (۱۵) فسادی (۱۶) مشکل۔ دشوار۔

**قیامت آنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) حشر برپا ہونا (۲) آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔

**قیامت اٹھانا۔** [ا۔ محاورہ] آفت برپا کرنا۔ شور مچانا۔ شور و غل کرنا۔

**قیامت اٹھنا۔** [ا۔ محاورہ] آفت برپا ہونا۔ شور و شر ہونا۔

**قیامت ڈھانا، برپا کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) فتنہ اٹھانا (۲) مصیبت ڈالنا۔ اندھیر مچانا۔ شور و غل کرنا (۳) غضب ڈھانا۔ بہت غصہ کرنا۔

**قیامت پہ اٹھا رکھنا۔ قیامت پر رکھنا۔** [ا۔ محاورہ] روز محشر کے لیے خدا کے انصاف پر چھوڑنا۔ (۲) وعدہ کا ایفا مدت مدید پر چھوڑنا۔

**قیامت پر قیامت۔** [ا۔ مث] مصیبت پر مصیبت۔ آفت پر آفت۔ ظلم پر ظلم۔

**قیامت پڑنا۔** [ا۔ محاورہ] یک لخت مصیبت آنا۔

**قیامت پیشہ۔** (پیکر، خرام) [ع۔ف۔ صف] جس کا پیشہ قیامت ڈھانا ہو۔ محبوب کی تعریف۔

**قیامت توڑنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) بے حد غصہ کرنا (۲) بہت ستانا۔ بہت ظلم کرنا۔

**قیامت ٹوٹنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) آفت آنا۔ مصیبت نازل ہونا (۲) بے حد خفگی ہونا۔

**قیامت خرام۔** [ع۔ف۔ صف] ایسے ناز و انداز سے چلنے والا جس سے قیامت بپا ہو جائے۔ محبوب کی تعریف۔

**قیامت خیز۔** [ع۔ف۔ صف] قیامت اُٹھانے والا۔

**قیامت ڈھانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) ظلم و ستم کرنا۔ (۲) غضب کرنا۔ آفت توڑنا (۳) واویلا مچانا۔

**قیامت زا۔** [ع۔ صف] غضب کا۔ آفت کا۔

**قیامت زار۔** [ع۔ا۔ مذ] میدان حشر۔ مصیبت کی جگہ۔

**قیامت سے کم نہ ہونا۔** [ا۔ محاورہ] غضب کا ہونا۔

**قیامت صغریٰ۔** [ع۔ا۔ مث] چھوٹی قیامت۔ یعنی شخصی موت۔

**قیامت کا۔** [ع۔ صف] آفت کا۔ غضب کا۔ نہایت فتنہ پرداز (۲) نہایت حسین۔

**قیامت کا آنا۔** [ا۔ محاورہ] دیر سے آنا۔ بہت انتظار کرا کے آنا۔

**قیامت کا دامن۔** [ا۔ مذ] بہت وسیع۔

**قیامت کا نمونہ۔** [ا۔ صف] قیامت جیسا۔

**قیامت کبریٰ۔** [ع۔ا۔ مث] وہ دن جس میں تمام دنیا کا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

**قیامت کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) غضب کرنا (۲) عجیب کام کرنا (۳) بُرا کرنا۔

**قیامت کی بات ہے۔** [ا۔ مثل] غضب ہے۔ حیرت اور تعجب کے قابل بات ہے۔

**قیامت کی گھڑی۔** [ا۔ مث] کٹھن وقت۔ مصیبت کا وقت۔

**قیامت کے آثار۔** [ا۔ مذ] قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والی نشانیاں (۲) دابۃ الارض کا نکلنا۔ دجال کا آنا۔ یاجوج ماجوج کا خروج (۳) سخت مصیبت۔ سخت ہنگامہ۔

**قیامت کے بوریئے سمیٹنا۔** [ا۔ محاورہ] مدت دراز تک زندہ رہنا مرنے کا نام نہ لینا۔

**قیامت گزرنا۔** [ا۔ محاورہ] مصیبت کا سامنا ہونا۔ آفت آنا۔

**قیامت لانا۔** [ا۔ محاورہ] آفت برپا کرنا۔ بلا میں پھنسانا۔ فساد مچانا۔

**قیامت مچانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) ظلم توڑنا (۲) خفا ہونا (۳) آفت برپا کرنا (۴) شور کرنا (۵) کہرام مچانا۔

**قیامت مچنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) ماتم پڑنا۔ کہرام ہونا۔ (۲) خفگی ہونا۔



Marfat.com

آفت ٹوٹنا۔
**قیامت ہونا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مصیبت ہونا۔ آفت ہونا (۲) مشکل ہونا۔ دشوار ہونا (۳) کمال شوخ اور شریر ہونا۔ (۴) ہنگامہ بر پا ہونا۔ شور ہونا۔ (۵) نہایت خوبصورت ہونا۔
**قیامت ہے۔** [ا۔ محاورہ] (۱) آفت ہے بلا ہے (۲) خورد غل ہے۔ (۳) نہایت خوبصورت ہے۔ (۴) ظلم ہے۔ اندھیر ہے۔
**قید۔** [ع۔ ا۔ مث] (۱) بند۔ حبس۔ اسیری۔ (۲) روک۔ شرط۔ پابندی
**قید اُٹھا دینا۔ قید اُڑا دینا۔** [ا۔ محاورہ] پابندی ہٹا دینا۔ شرط اُٹھا دینا۔
**قید بلا مشقت۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] وُہ قید جس میں قیدی سے مشقت نہ لی جائے۔
**قید بھرنا۔ بھگتنا۔** [ا۔ محاورہ] قید کاٹنا۔ قید کی مُدّت پوری کرنا۔
**قید تنہائی۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] تنہا رہنے کی قید جس میں قیدی سے مشقت بھی زیادہ لی جاتی ہے۔
**قید خانہ۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] جیل خانہ۔ بندی گھر۔
**قید سخت۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] مشقت والی قید۔
**قید فرنگ۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] اہل فرنگ کی ایک قسم کی قید جس سے رہائی مشکل سے ہوا کرتی تھی۔
**قیدِ قفس۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] (۱) پنجرے کی قید (۲) [مجازاً] عورتوں کا مکان کی چار دیواری میں پردہ نشین ہو کر رہنا۔
**قید کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) بند کرنا۔ جیل بھیجنا۔ اسیر کرنا۔ (۲) روکنا ضبط کرنا۔ پابند کرنا۔ ضروری قرار دینا۔
**قید لگانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) حد باندھنا۔ محدود کرنا۔ (۲) شرط باندھنا۔ (۳) پابند کرنا (۴) ضروری کرنا۔
**قید محض۔** [ع۔ ا۔ مث] بلا مشقت قید۔
**قید ہونا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) گرفتار ہونا۔ جیل ہونا (۲) پابند ہونا۔
**قیدی۔** (قے۔ دی) [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] (۱) اسیر۔ مقید۔ محبوس۔ گرفتار۔ پابند (۲) مجرم۔ سزا یافتہ۔
**قیر۔** [ع۔ ا۔ مذ] (رال) ایک قسم کا سیاہ روغن جو کشتیوں اور جہازوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ درزوں سے پانی نہ آسکے۔ تارکول۔
**قیر گوں۔** [ع۔ ف۔ صف] سیاہ فام۔
**قیراط۔** (قی۔ راط) [ع۔ ا۔ مذ] درہم کے بارہویں حصّے کے برابر ایک وزن۔
**قیس۔** [ع۔ ا۔ مذ] مجنوں عامری کا نام جو لیلیٰ پر عاشق تھا۔
**قیصر۔** (قے۔ صَر) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) شاہِ روم کا لقب۔ (۲) سلطان شہنشاہ۔
**قیصری۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] بادشاہی۔ شہنشاہی۔
**قیطون۔** (قے۔ طُون) [ع۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی ندی اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری (۲) ایک قسم کی باریک پیچک۔
**قیف۔** [ت۔ ا۔ مذ۔ و مث] بوتلوں میں رقیق چیز بھرنے کا ایک آلہ۔
**قیق۔** [اُرد۔ ا۔ مث] زور کی چیخ۔ ہاتھی کی آواز۔
**قیل و قال۔** (قی۔ لو۔ قال) [ع۔ ا۔ مث] (۱) گفتگو۔ بات چیت تذکرہ (۲) بحث و مباحثہ۔ رد و کد۔ حُجّت
**قیلولہ۔** (قے۔ لو۔ لہ) [ع۔ ا۔ مذ] دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد قدرے آرام کرنا۔
**قیم۔** (قی۔ یم) [ع۔ ا۔ مذ] قائم کرنے والا (۲) نگران۔ منتظم (۳) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**قیماق۔** [ت۔ ا۔ مذ] بالائی۔ دُودھ پر کی ملائی۔
**قیمت۔** (قی۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) مول۔ دام (۲) بھاؤ۔ نرخ۔ (۳) وزن (۴) قدر۔ مرتبہ۔
**قیمت اُٹھنا۔** [ا۔ محاورہ] دام تجویز ہونا۔ مول طے ہونا۔
**قیمت پانا۔** [ا۔ محاورہ] دام وصول ہونا۔ مُول بھر جانا۔
**قیمت ٹھہرانا۔ (چکانا)** [ا۔ محاورہ] بھاؤ چکانا۔ مول مقرر کرنا۔
**قیمت طے کرنا** [ا۔ محاورہ] قیمت مقرر کرنا۔
**قیمت طے ہونا۔** [ا۔ محاورہ] قیمت کا فیصلہ ہونا۔ بھاؤ چکانا۔
**قیمت کا نام رکھنا۔** [ا۔ محاورہ] کم قیمت مقرر کرنا۔
**قیمت کرنا۔** [ا۔ محاورہ] چکانا۔ قیمت طے کرنا۔
**قیمت گرا کے لینا۔** [ا۔ محاورہ] کم قیمت پر لینا۔
**قیمت لگانا۔** [ا۔ محاورہ] دام لگانا۔ مول قرار دینا۔
**قیمت گرنا۔** [ا۔ محاورہ] قیمت کا کم ہو جانا۔
**قیمت مال مبیعہ۔** [ع۔ ا۔ مث] بکے ہوئے مال کی قیمت۔
**قیمتاً۔** (قی۔ مَ۔ تَن) [ع۔ تابع۔ فعل] قیمت کے ساتھ۔ قیمت چکا کر۔
**قیمتی۔** (قی۔ مَ۔ تی) [ف۔ صف] (۱) بیش بہا۔ گراں بہا۔ بڑی قیمت کا۔ (۲) نفیس۔ قابل قدر۔
**قیمہ۔** (قی۔ مہ) [ع۔ ا۔ مذ] ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔ کٹا ہوا گوشت
**قیمہ کرنا۔** [ا۔ محاورہ] ریزہ ریزہ کرنا۔
**قینچی۔ قینچی۔** (قین۔ چی) [اُرد۔ ا۔ مث] (۱) مقراض۔ کترنی (۲) لوہے کی دو آڑی ترچھی سلاخیں جو جنگلے کے طور پر مکان کے گرد لگا دیتے ہیں (۳) دو آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹھ رکھتے ہیں۔
**قینچی باندھنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگیں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر بے بس کر دینا۔ (۲) گھوڑے کو دونوں رانوں میں دبا لینا۔
**قینچی سی زبان چلنا۔ قینچی کی طرح زبان چلنا۔** [ا۔ محاورہ] جلد جلد باتیں کرنا۔ فر فر زبان چلنا۔
**قینچی لگانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) قینچی سے کترنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ قلم کرنا۔ چھانٹنا۔ (۲) ترچھی اڑ۔ واڑ لگانا۔
**قیود۔** (قی۔ یُود) [ع۔ ا۔ مذ۔ مث] قید کی جمع۔ شرطیں۔ پابندیاں
**قیوم۔** (قی۔ یُوم) [ع۔ صف] (۱) قائم رہنے والا۔ مستحکم۔ استوار (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔



Marfat.com

# ک

ک ۔ (کاف) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] اُردو کا اٹھائیسواں، فارسی کا پچیسواں عربی کا بائیسواں اور ہندی کا پہلا حرف حساب ابجد میں اس کے بیس عدد فرض کیے گئے ہیں۔ یہ قمری حرف ہے اگر اس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام پڑھا جائے گا۔ جیسے الکوثر۔ فارسی میں کسی اسم کے بعد آئے تو اسم تصغیر بنا دیتا ہے جیسے طفلک۔ اردو میں آخر میں اگر اسم کیفیت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے ٹھنڈک۔ عربی میں بطور حرف جار مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بمعنی مثل۔ مانند۔ ہندی میں الفاظ کے پہلے آکر ناقص اور گھٹیا کے معنی دیتا ہے جیسے کپوت۔

## ک ۔ ا

**کا** ۔ [ ہ ] حرف اضافت۔ بشرطیکہ مضاف مذکر ہو۔ یہ لفظ اُردو میں متعلق۔ نسبت۔ لگاؤ۔ ملکیت اور قبضہ ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے۔

**کابَر** (کا۔ بَر) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] چتکبرا۔ چتی دار۔ (۲) ایک سیاہ پرند کا نام۔ جس کے پیٹ پر سفید چتیاں ہوتی ہیں۔

**کابرا** (ا ۔ مذ) ایک قسم کے کبوتر کا رنگ۔

**کابس** ۔ (کا۔ بَس) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی۔ اس مٹی کو حاملہ عورتیں کھاتی بھی ہیں۔

**کابک** (کا۔ بُک) [ ف ۔ ا ۔ مث ] بٹیروں۔ کبوتروں کا ڈربا جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں۔ لکڑی کے ڈربے کو بھی کہتے ہیں۔

**کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟** [ ہ ۔ مثل ] کابل کے گھوڑے مشہور ہیں۔ اس مثل میں یہ دکھایا گیا ہے کہ جہاں اچھے لوگ ہوتے ہیں۔ وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں۔

**کابلا** ۔ (کا۔ ب۔ لا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک قسم کا بڑا اوبچ۔ ڈھبری۔

**کابلی** ۔ (کا۔ ب۔ لی) [ ف ۔ صف ] افغانستان کے دارالحکومت کابل کا باشندہ۔ (۲) کابل سے منسوب (۳) ایک قسم کا کبوتر جو بہت بلندی پر اڑتا ہے اور دو دو تین تین دن تک زمین پر نہیں اُترتا۔

**کابوس** ۔ (کا۔ بُو۔ س) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] ایک قسم کی بیماری۔ جس میں آدمی کو نیند میں یوں محسوس ہوتا ہے۔ جیسے کسی نے اُسے دبایا ہے وہ خوف و ڈر سے چیخنے و چلانے لگتا ہے۔

**کابین** ۔ (کا ۔ بِین) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] مہر۔ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر منکوحہ کو دینا منظور کرتا ہے۔

**کابین نامہ** ۔ مہر کا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر مہر کی مقدار اور اقرار نامہ لکھا جاتا ہے مہر کی دستاویز۔

**کابینہ** ۔ (کا ۔ بی ۔ نَہ) [ انگ (Cabinet) کے ۔ بِ ۔ نٹ) کا مفرس ] [ ا ۔ مذ ] مجلس وزراء۔ وزارت۔

**کاپی** (Copy) [ انگ ۔ ا ۔ مث ] (۱) نقل تحریر۔ تصویر وغیرہ کی (۲) نسخہ (کتاب وغیرہ کا) (۳) مشقی یا تعلیمی تختیاں۔ لکھنے کی کتاب۔ سر مشق۔ بیاض۔ (۴) چھپائی کے لیے کتابت کیے ہوئے اوراق۔

**کاپی اُٹھنا** (ا ۔ محاورہ) کتابت شدہ حروف کا چھاپے کی پلیٹ پر اُبھرنا۔

**کاپی اُڑنا** (ا ۔ محاورہ۔ چھاپے کی پلیٹ پر سے الفاظ اور حروف کا نہ اُبھرنا۔

**کاپی رائٹ** (Copyright) حق طبع یا اشاعت۔ حق تصنیف و تالیف حق ایجاد۔

**کاپی نویس** (ف ۔ صف) نقل کرنے والا۔ نقل نویس (۲) کاتب۔ خوشنویس۔

**کاٹ** ۔ [ ق ۔ ا ۔ مذکر ] کتھا۔

**کاتا** ۔ (کا۔ تا) [ ہ ۔ صف ] کتا ہوا (۲) [ ا ۔ مذ ] دھاگا۔ سُوت (۳) بانس کاٹنے کا چھرا۔

**کاتا اور لے دوڑی** (ا ۔ مثل) کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا۔ پیٹ کے ہلکے اور متلون مزاج کی نسبت بولتے ہیں۔ جلد باز۔

**کاتب** (کا۔ تِب) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) کتابت کرنے والا۔ لکھنے والا (۲) کاپی نویس۔ محرر۔ خوشنویس۔ نویسندہ۔

**کاتب ازلی** (ع ۔ ا ۔ مذ) کنایتاً اللہ تعالیٰ۔

**کاتب اعمال** (ع ۔ ا ۔ مذ) انسان کا اعمال نامہ لکھنے والا فرشتہ۔

**کاتب الحروف** ۔ ( ع ۔ ا ۔ مذ) لکھنے والا۔ کتابت کرنے والا۔

**کاتب تقدیر** ۔ **کاتب قدرت** (کنایتاً) خدا تعالیٰ۔

**کاتب سر** (ع ۔ ا ۔ مذ) پرائیویٹ سیکرٹری۔ نجی منشی

**کاتبی** (ف ۔ ا ۔ مث) نصف بازو کی ایک قسم کی واسکٹ

**کاتک** ۔ (کا۔ تِک) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ہندی سال کا ساتواں مہینہ۔ تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک کا زمانہ۔

**کاتک کی کُتیا** ۔ (ا ۔ مث) مستی میں آئی ہوئی کتیا۔ (مجازاً) فاحشہ اور چھنال عورت۔

**کاتنا** ۔ (کات۔ نا) [ ہ ۔ مص ] چرخے پر رُوئی سے سُوت بنانا۔ چرخے کے ذریعے روئی کے تار نکالنا۔

**کاتنا تو آتا نہیں۔ نگی پونیاں بنانے** ۔ (ا ۔ مثل) بے جانے بوجھے کام میں دخل دینے پر کہا جاتا ہے۔

**کاتن بیٹھی دیا بالے۔ دِن کھویا آلے بالے** ۔ (ا ۔ مثل) مناسب وقت کو ضائع کرکے بے وقت کام شروع کرنے والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**کاتی** ۔ (کا۔ تی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] سُناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پترا کاٹتے ہیں۔

**کاٹ** ۔ ( ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) بُرش۔ کٹاؤ (۲) زخم۔ گھاؤ (۳) چھانٹ۔ قطع برید۔ تراش۔



Marfat.com

(۴) تیزی - روانی (۵) خراش - چھیلن (۶) بُرائی - بدی (۷) عداوت - دُشمنی - (۸) کتر بیونت (۹) ڈینگ - شیخی - (ق)

**کاٹ چھانس** (ا - مث) توڑ موڑ - کتر بیونت - لگائی بجھائی (۲) عیاری - چالاکی - (۳) اُجرت میں کمی بیشی -

**کاٹ چلنا** - (ا - محاورہ) شیخی بگھارنا - (ق)

**کاٹ چھانٹ** - (۱) قطع و برید - تراش خراش - جوڑ توڑ - کتر بیونت - (۲) چھٹی اور کٹی ہوئی نکمی چیز - چھیٹن ریزہ -

**کاٹ چھانٹ کرنا** (ا - محاورہ) (۱) قطع و برید کرنا - (۲) جوڑ توڑ کرنا (۳) کمی بیشی کرنا - غبن کرنا (۴) بُرائی کرنا - دشمنی کرنا (۵) منہا کرنا (۶) اگلے پچھلے حساب میں وضع کرنا (۷) مجرا لینا -

**کاٹ دینا** - (مص مرکب) (۱) قطع کرنا - (۲) (کنایۃً) روکنا (۳) وضع کرنا - (۴) قلمزد کرنا (۵) عمر بسر کرنا -

**کاٹ ڈالنا** - (مص مرکب) (۱) تراش دینا - قطع کر دینا (۲) قلمزد کر دینا (۳) اُڑا دینا - (۴) قلم کر دینا -

**کاٹ کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) زخم ڈالنا - چھیلنا - (۲) پانی کا اپنے آپ راستہ بنا لینا (۳) توڑ کرنا - تردید کرنا - (۴) تراشنا کاٹنا - بُرش کرنا -

**کاٹ کوٹ** - (ا - مث) (۱) چیر پھاڑ - جراحی (۲) کمی بیشی - وضع - مجرا - کترن چھانٹ
**کاٹ کوٹ کر - کاٹ کوٹ کے** - (ا - تابع فعل) وضع کر کے - کمی بیشی کر کے - مجرا کر کے -

**کاٹ کھانے کو دوڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) بدمزاجی سے جواب دینا (۲) تُند مزاجی اور تُرش روئی سے پیش آنا (۳) بات بات پر آمادۂ جنگ ہونا -

**کاٹا** - (کا - ٹا) [ہ - صف] ڈسا ہوا، کاٹا ہوا (۲) (مذ) چوٹ - مار - زخم -

**کاٹا اور اُلٹ گیا** (ا - محاورہ) ڈس کر پلٹ کھا جانا - سانپ کا قاعدہ ہے کہ آدمی کو کاٹ کر پلٹ جاتا ہے جس سے اس کا زہر زخم میں بھر جاتا ہے اس وجہ سے اس کا اطلاق ایسے موذی شخص یا جانور پر ہوتا ہے جو نقصان پہنچا کر محض ناآشنا بن جائے -

**کاٹک** - (ق - صف) دہشت ناک -

**کاٹن** - (Cotton) - (کا - ٹن) [انگ - ا - مث] کپاس - پنبہ (۲) (صف) روئی کا (کپڑا)

**کاٹنا** (کاٹ - نا) [اُ - مص] (۱) تراشنا - قاش اتارنا (۲) شاخ قلم کرنا - درخت چھانٹنا - (۳) قینچی سے کترنا (۴) قطع کرنا (۵) ڈسنا - (۶) منہ مارنا - دانت مارنا (۷) زخم کرنا (۸) دور کرنا - چھوڑنا (۹) القط کرنا (۱۰) گزارنا - بسر کرنا (۱۱) ضائع کرنا - گنوانا - (۱۲) حلال کرنا - ذبح کرنا - گردن مارنا (۱۳) طے کرنا - قطع مسافت کرنا (۱۴) فیصلہ کرنا - چکانا - (۱۵) وضع کرنا - منہا کرنا (۱۶) کمیشن دینا (۱۷) منسوخ کرنا - قلم پھیرنا - (۱۸) تردید کرنا - (۱۹) شرم دلانا - شرمانا (۲۰) بھگتنا - بھرنا - پورا کرنا (۲۱) آگے سے نکل جانا (۲۲) ڈبے کو ریل گاڑی سے جُدا کرنا (۲۳) چوری پالی لینا بیچ میں بولنا -

**کاٹنے کو دوڑنا** (ا - محاورہ) (۱) دیکھیے کاٹ کھانے کو دوڑنا (۲) ناگوار گزرنا - (۳) ویران اور اُجاڑ معلوم ہونا -

**کاٹو تو خون نہیں - کاٹو تو لہو نہیں** - (ا - محاورہ) خوف کے باعث بدن میں لہو کی بوند نہیں رہی - شدید صدمہ گزرنے اور خوف طاری ہونے کے موقع پر بولتے ہیں -

**کاٹھ** (کا - ٹھ) [ہ - مذ] (۱) لکڑی - چوب (۲) ایک بھاری اور موٹا لٹھ جس میں مجرموں کے پاؤں ٹھونکنے کے لیے چھید کر دیتے ہیں - (۳) (صف) سخت - دُشوار (۴) کندۂ ناتراش - بے وقوف (۵) بے درد - بے رحم - کٹھور -

**کاٹھ پتلی** - (ا - محاورہ) عام طور پر کٹھ پتلی کہا جاتا ہے - لکڑی کی بنی ہوئی پتلی - لکڑی کی گڑیا - لُعبتِ چوبیں -

**کاٹھ چبانا** - (ا - محاورہ) تنگی میں بسر کرنا - مشکل سے بسر اوقات کرنا -

**کاٹھ کا** - (ا - صف) (۱) لکڑی کا بنا ہوا - چوبیں (۲) بے وقوف (کاٹھ کا اُلّو کا مخفف)

**کاٹھ کا اُلّو** - (۱) بے وقوف - احمق - نادان - کندۂ ناتراش - گاؤدی (۲) منحوس -

**کاٹھ کا گھوڑا** (۱) لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا (۲) لنگڑے آدمی کی لاٹھی یا سہارا -

**کاٹھ کباڑ** - (ا - مذ) نکما اسباب - ٹوٹا ہوا اسباب -

**کاٹھ کٹول بانسلی** - (ا - مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں آنکھ مچولی کی طرح آنکھیں بند کر کے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے ہیں - اس کھیل میں جو چور بنتا ہے - کہتا ہے "کاٹھ کٹول بانسلی جنبیری میرا نام"

**کاٹھ کوڑا چلنا** - (ا - محاورہ) (۱) کاٹھ میں دینے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا - (۲) زور چلنا - صاحب حکومت ہونا -

**کاٹھ کی گھوڑی** - (ا - مث) جنازہ - ارتھی - تابوت -

**کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار** - (ا - مثل) (۱) بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار کرنا - (۲) تعجب اور بد اقبالی کا اظہار -

**کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی** - (ا - مثل) جھوٹ اور دغابازی ہمیشہ نہیں چل سکتی - ناپائیدار شے کا اعتبار نہیں ہوتا -

**کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا** - (ا - محاورہ) بے ہودہ باتیں بنانا -

**کاٹھ میں پاؤں پڑنا** - (ا - محاورہ) بیڑی کا پہنایا جانا (۲) کنایۃً، پابندی ہونا -

**کاٹھ ہو جانا** (ا - محاورہ) بالکل بے حس و حرکت ہو جانا - خاموش ہونا (۲) اکڑ جانا - سخت ہو جانا - پتھر ہو جانا -

**کاٹھی** - (کا - ٹھی) [ہ - ا - مث] (۱) جسم - جسامت (۲) ڈھانچ - قالب - (۳) تلوار کا نیام - میان - غلاف - (۴) گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے

**کاٹھی دھرنا - کاٹھی کسنا** - (ا - محاورہ) گھوڑے پر زین یا کاٹھی رکھ کر اُسے تیار کرنا -

**کاٹھی خالی کرنا** - (ا - محاورہ) گھوڑے کی سواری کا ایک فن، زین چھوڑ کر ایک طرف کی رکاب پر آ جانا تاکہ حریف کا وار خالی جائے -

**کاٹی انگلی پر نہ موتنا** - [اُ - مثل] (۱) نہایت سخت دلی اور بے رحمی کا اظہار - (۲) ذرا سا کام کر کے نہ دینا (۳) بہت بے درد ہونا -



Marfat.com

**کاٹے بازو نام تلوار کا۔ لڑے فوج نام سردار کا۔** [ہ - امثل] چھوٹوں کی کارگزاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔

**کاٹے کا منتر نہیں** (ا۔ مثل) کسی کی ایذا رسانی کا دفعیہ نہ ہونے اور بڑے عیار ہونے کی جگہ بولا جاتا ہے۔

**کاٹے کٹے نا ناٹے سٹلے۔ کاٹے کٹے نہ مارے مرے۔** [ہ - ا - مثل] (۱) نہایت سخت جان ہے (۲) بڑا دشوار کام ہے۔

**کاٹے کھانا۔** (اُر۔ محاورہ) (۱) نہایت ناگوار گذرنا (۲) خوفناک معلوم ہونا۔ (۳) تکلیف دینا۔ آزار رساں ہونا۔

**کاٹے گا۔** (ا۔ محاورہ) کمزور آدمی غصہ دکھائے تو طنزاً کہتے ہیں۔

**کاٹے نہ کٹنا۔** [اُر۔ محاورہ] دوبھر ہونا۔ اجیرن ہونا۔ کٹھن اور سخت ہونا کسی طرح تمام نہ ہونا۔

**کاج۔** [ہ - ا - مذ] (۱) کام۔ کار۔ (۲) بٹن کا گھر۔ (۳) بیاہ شادی کا کاروبار خوشی کا کام۔

**کاج بنانا۔** (ا۔ محاورہ) بوتام کا گھر بنانا۔ بٹن کے لیے کسی کپڑے میں سوراخ بنانا۔

**کاجل۔** (کا۔ جَل) [ہ - ا - مذ] چراغ کا دھواں جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے۔ دُودِ چراغ۔

**کاجل اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) کاجل صاف کر دینا۔ نشان مٹا دینا۔

**کاجل پارنا** (ا۔ محاورہ) چراغ کی لَو پر سرپوش رکھ کر کاجل اکٹھا کرنا۔

**کاجل دینا۔ کاجل سارنا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھوں میں کاجل لگانا۔

**کاجل کا تِل۔** (ا۔ مذ) وہ خال جو خوبصورت لوگ خوشنمائی کے لیے کاجل سے اپنے رخساروں پر بنا لیتے ہیں۔

**کاجل کی کجلوٹی اور پھوہڑوں کا سنگار** (ا۔ مثل) بدصورت جب بناؤ سنگار کرتا ہے تو ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ کالی رنگت پر حُسن چمکانے کا اظہار۔

**کاجل کی کجلوٹی** (ا۔ مث) وہ برتن جس میں عورتیں کاجل رکھتی ہیں۔

**کاجل کی کوٹھڑی** (ا۔ مث) (۱) کاجل اکٹھا کرنے کا مکان (۲) بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کی جگہ۔

**کاجل کی کوٹھڑی میں دھبّے کا ڈر** (ا۔ مثل) بدنام جگہ جانے میں بدنامی لازمی ہے۔

**کاجل کی کوٹھڑی میں جائے گا اُسے ٹیکا لگے گا۔** (مثل) بُری صحبت یا بدنام جگہ جانے سے بدنامی ہی ہوتی ہے۔

**کاجنا۔** (کا ج۔ نا) [ق۔ مص] بجنا۔

**کاجو۔** (کا۔ جُو) [ہ - ا - مذ] ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

**کاجو بھوجو۔** [اُر۔ صف] (۱) نہایت نازک اور کمزور چیز۔ ناپائدار (۲) دکھانے کا۔ جلد ٹوٹنے والا (یہ لفظ کانچ اور بھوج پتر سے بگڑ کر بنا ہے)

**کاچا۔** [ق۔ صف] کچا۔

**کاچھ۔** [ہ - ا - مذ] (۱) زانو کے اوپر کا حصہ۔ جانگھ۔ (۲) جانگھیا۔ کاچھا۔ آدھا گھٹنا (۳) بھیس۔ لباس۔ رُوپ دھانا۔

**کاچھ کچھنا۔** (ا۔ محاورہ) سوانگ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔

**کاچھ کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ننگا ہونا۔ لنگوٹا کھولنا۔ ازاربند کھولنا لہنگا اُتارنا۔ (۲) بے حیا اور بے شرم بننا (۳) جماع کرنا۔

**کاچھا۔** (کا۔ چھا) [ہ - ا - مذ] جانگھیا۔ گھٹنا۔

**کاچھن۔** (کا۔ چھَن) [ہ - ا - مث] (۱) کاچھی کی بیوی (۲) سبزی فروش عورت۔ (۳) مالن۔

**کاچھی۔** (کا۔ چھی) [ہ - ا - مذ] ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی فروش۔

**کاخ۔** [ف - ا - مذ] (۱) بلند عمارت۔ محل۔ ایوان۔ قصر (۲) بالاخانہ۔

**کاڈ** [Cod] (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی بڑی بحری مچھلی جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

**کاذِب۔** (کا۔ ذِب) [ع۔ صف] دروغ گو۔ جھوٹا۔ صادق کا نقیض۔

**کار** [(Car) انگ۔ ا۔ مث] (۱) موٹر کار (۲) گاڑی۔

**کار۔** [ف - ا - مذ] (۱) کام کاج۔ دھندا۔ فعل۔ کرتوت (۲) ہنر۔ پیشہ (۳) زراعت کھیتی باڑی۔ (۴) جنگ وجدل۔ لڑائی۔ (۵) مطلب۔ مراد۔ مقصد (۶) معروفیت شغل۔ (۷) معاملہ۔ بیوپار (۸) شادی کی تقریب (۹) غرض۔ واسطہ۔

**کار آزمودہ۔** (ف۔ صف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاں دیدہ۔ واقف کار۔

**کار آفریں۔** (ف۔ صف) کام کا پیدا کرنے والا۔ (مجازاً) خدا تعالیٰ۔

**کار آگاہ۔** (ف۔ صف) کام کی حقیقت سے واقف۔ خبردار۔

**کار آمد** (ف۔ صف) مفید مطلب۔ کام کا آدمی۔ کام آنے والا۔ سودمند، فائدہ مند چیز۔ ضروری۔

**کار آموز۔** (ف۔ صف) کام سیکھنے والا۔ (Apprentice)

**کار آموزی۔** نوکر ہونے سے مستقل ہونے تک کا درمیانی وقفہ (Apprenticeship)

**کار امروز بفردا مگزار۔** (ف۔ مثل) آج کا کام کل پر نہ چھوڑ۔

**کار برآری** (ف۔ ا۔ مث) کام نکالنا۔ مطلب براری۔

**کار از دست رفتہ** (ف۔ ا۔ مذ) وہ کام جو ہاتھ سے نکل گیا یا ہو گیا۔

**کار از دست رفتہ۔ تیر از کمان جستہ باز نمی آید** (ف۔ مثل) جو بات ہو چکی اس پر افسوس کرنا فضول ہے۔

**کار برآر** (ف۔ صف) مطلب پرست۔ کام نکالنے والا۔

**کاربند** (ف۔ صف) (۱) تعمیل کرنے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار (۲) عمل میں لانے والا (ہونا کے ساتھ)

**کار بوزینہ نیست نجاری۔** (ف۔ مثل) بندر کا کام آرہ کشی نہیں جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے ہر کسے را بہر کارے ساختند۔

**کار پرداز۔** (ف۔ صف) کارکن۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ کارندہ۔ گماشتہ۔ منصرم۔ کارندہ۔ مہتمم۔

**کار پردازی** (ف۔ ا۔ مث) (۱) اہتمام۔ کارروائی۔ سربراہی، کارندگی۔ گماشتہ گری۔

**کارِ ثواب۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ بھلی کام

**کار جوئی** (ف۔ ا۔ مذ) معرکے کا کام، کارِ عظیم۔ مہم۔ اولوالعزمی۔ ہمت ارادہ۔ انگ (Enterprise)

**کار چوب۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ لکڑیاں یا اوزار جن پر جولاہے تانی پھیلا کر بُنتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے۔



Marfat.com

(۲) زردوز۔ کشیدہ کار (۳) زردوزی۔

**کارچوبی۔** (ف۔ ا۔ مث) گلکاری۔ زردوزی۔ کشیدہ کاری۔ زردوزی کیا ہوا۔

**کارِخانگی** (ف۔ ا۔ مذ) نجی کا کام۔ ذاتی معاملات

**کارخانہ۔** (۱) کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام۔ (۲) دُکان۔ کوٹھی۔ (۳) ایک قسم کی اُونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹہ کناری بُنتے ہیں۔ (۴) جولاہوں کا کرگھا۔ (۵) کاروبار۔ کام کاج (۶) معاملہ حساب (۷) نیچر۔ خدائی کاروبار۔ خدا کی قدرت۔

**کارخانۂ الٰہی۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) خدائی کام۔ معاملاتِ خدا۔ قدرتِ خدا۔

**کارخانہ پھیلانا۔** (ا۔ محاورہ) کاروبار شروع کرنا۔ کاروبار کو وسعت دینا۔

**کارخانہ دار۔** (ف۔ صف) (۱) کارخانے کا مالک۔ وہ شخص جس کا کاروبار ہو۔ (۲) خانساماں۔ داروغۂ باورچی خانہ (۳) میر سامان۔ بکاول۔

**کارِخیر۔** (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) نیکی کا کام۔ ثواب یا بھلائی کا کام (۲) فاتحہ خیر (۳) اصطلاحاً لڑکی کا نکاح۔ کنیادان۔

**کاروار۔** (ع۔ صف) عہدیدار۔ عامل۔ منصب دار۔ تجربہ کار۔ واقف کار۔

**کاردان۔** (ف۔ صف) (۱) تجربہ کار۔ واقف کار۔ (۲) ہنرمند۔ کاریگر (۳) قدردان کارشناس۔ معاملہ فہم۔

**کاردانی** (ف۔ ا۔ مث) معاملہ فہمی۔ واقف کار ہونا۔

**کارروائی۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کام چلانا۔ اجرائے کار۔ کارپردازی۔ (۲) کام کاج۔ (۳) تعمیل۔ کارگذاری۔ برتاؤ۔ (۴) قانون۔ ضابطہ۔ (۵) انتظام۔ بندوبست۔ اہتمام۔ پیروی۔ (۶) (قانون) رُوئداد عدالت۔ روبکاری۔

**کارروائی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کارگذاری کرنا۔ کام چلانا (۲) عمل کرنا۔ تعمیل کرنا۔ (۳) فرض ادا کرنا۔ (۴) مطلب نکالنا۔ پیروی مقدمہ کرنا۔

**کارزار۔** (ف۔ ا۔ مذ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ پیکار۔

**کارساز۔** (ف۔ صف) (۱) کام بنانے والا۔ کام سنوارنے والا (۲) صانع۔ قادرِ مطلق۔

**کارسازی** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کام کرنا۔ کام بنانا۔ (۲) صنعت۔ ہُنر۔ حرفت (۳) چالاکی۔ عیّاری۔ دغابازی۔ دھوکا بازی۔

**کارسنج۔** (ف۔ صف) (۱) دانا۔ صاحبِ لیاقت (۲) کام سے واقف۔ معاملہ فہم۔

**کارشناس۔** (ف۔ صف) کار آزمودہ۔ تجربہ کار۔ کام جاننے والا۔

**کارستانی** (ف۔ ا۔ مث) شرارت۔ چالاکی۔ عیّاری۔ سازش۔

**کارفرما۔** (ف۔ صف) (۱) کام لینے اور کام بنانے والا۔ حکم کرنے اور چلانے والا کمانڈر (۲) بادشاہ۔ اُستاد۔

**کارکردگی** (ف۔ صف) (Efficiency) کارگذاری اچھا کام۔

**کارکردہ۔** (ف۔ صف) آزمودہ۔ تجربہ کار۔

**کارکن** (ف۔ صف) کام کرنے والا۔ کارندہ۔ عامل۔

**کارگاہ** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کام کرنے کی جگہ۔ کارخانہ (۲) جولاہوں کا کرگھا۔

**کارگاہِ ہستی۔** (ف۔ ا۔ مث) دُنیا۔ جہان۔

**کارگر۔** (ف۔ صف) (۱) مؤثر۔ سریعُ التاثیر۔ تیر بہدف (۲) فائدہ مند۔ سُودمند (۳) چابک۔ چالاک۔ چابک دست (۴) کام کرنے والا۔ ہنرمند۔

**کارگر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مؤثر ہونا (۲) مفید ہونا (۳) کاری ہونا۔

**کارگزار۔** (ف۔ صف) کام کرنے اور حکم بجالانے والا۔ خدمت گزار (۲) چالاک (۳) حاجت روا۔

**کارگزاری۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) خدمت گزاری۔ فرماں بَرداری۔ تعمیل (۲) خدمت۔ نوکری (۳) ہوشیاری۔ مستعدی۔

**کارگزاری پر پانی پھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) اچھے کام کا صلہ نہ ملنا۔ اچھا کام خراب کر دینا۔

**کارگزاری دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) اچھا کام کرنا۔ مستعدی دکھانا۔

**کارِمردانہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) بہادری کا کام۔ جرأت کا کام۔ مردانہ کام۔

**کارمَنْد۔** (ف۔ صف) کام کرنے والا۔ خدمت گار۔

**کارنامہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جنگ نامہ (۲) تمغۂ بہادری (۳) تاریخی واقعات۔ (۴) ضابطہ۔ قانونِ سلطنت۔ آئین۔ (۵) غیر معمولی کام۔ یادگاری کام۔

**کارِنمایاں** (ف۔ ا۔ مذ) بڑا کام۔ اہم کام۔

**کاروبار۔** (ف۔ ا۔ مذ) کام کاج۔ دھندا۔ شغل (۲) لین دین۔ بنج بیوپار۔

**کاروباری۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کام کاج کا آدمی (۲) کارندہ۔ مہتمم۔ منصرم۔ (۳) تاجر۔ سوداگر (۴) مطلب کی بات کرنے والا۔

**کارے دارد۔** (ف۔ مذ) بہت مشکل ہے۔ کوئی خالہ جی کا گھر نہیں۔

**کارے نہ مشلے۔** (ا۔ تابع فعل) حاصل نہ حصول۔ یونہی۔ فضول۔

**کاربانک** (Carbonic) کاربانک (انگ۔ صف) کاربن سے منسوب

**کاربانک ایسڈ گیس** (Carbonic Acid Gas) ( ) وہ زہریلی ہوا جو زندہ حیوانات کی سانس اور نباتات سے بکثرت نکلتی ہے اور آگ جلنے سے بھی پیدا ہوتی ہے۔

**کاربن** (Carbon) (کار۔ بَن) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) خالص کوئلہ۔ کوئلے کی اصل (۲) ایک عنصر جو ہیرے کوئلے وغیرہ کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ (۳) برقی لیمپوں میں کاربن کی قلم۔

**کاربن پیپر** (Carbon Paper) (انگ۔ مذ) وہ کاغذ جس کے ایک طرف مسالہ لگا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے کسی تحریر کی نقل اُتاری جاتی ہے۔

**کاربنکل۔** (Carbuncle) ا۔ (کار۔ بَن۔ کل) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا پھوڑا۔ راج پھوڑا۔ گوشت خور پھوڑا۔ لعل خوش رنگ (۲) شب چراغ۔

**کاربین۔** (کار۔ بین) [اُر۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی بندوق۔

**کارپوریشن** (Corporation)۔ (کار۔ پو۔ ر۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) سند یافتہ جماعت (۲) وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کے کرنے کی مجاز ہو (۳) بڑی میونسپل کمیٹی۔

**کارپورل۔** (Corporal) (کار۔ پو۔ رل) [انگ۔ ا۔ مذ] دفعدار فوج کا ایک چھوٹا عہدہ دار۔

**کارتوس۔** (کار۔ توس) [اُر۔ ا۔ مذ] بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں (انگ) (Cartridge) کارتوس رنج کا بکار۔



Marfat.com

کارٹون ۔ (Cartoon) (کار۔ ٹون) [انگ ۔ ا ۔ مذ] تصویر کے ذریعے کسی کا خاکہ اڑانا۔ مزاحیہ تصویر۔

کارٹونسٹ (Cartoonist) ۔ (کار۔ ٹو۔ نِسٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کارٹون بنانے والا۔

کارج ۔ (کا۔ رَج، کارَج) [س ۔ ا ۔ مذ] کام کاج (۲) تقریب (۳) غرض۔ مطلب۔ مقصد۔ مدعا (۴) باعث۔ سبب (۵) پیشہ۔ حرفہ (۶) شادی کی تقریب۔

کارج رچنا ۔ (ا ۔ محاورہ) شادی بیاہ کا سلسلہ شروع ہونا۔ تقریب کرنا۔

کارد ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) چاقو۔ چھری۔ چھرا۔

کارڈ ۔ (Card) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پوسٹ کارڈ وہ سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بذریعہ ڈاک بھیجا جاتا ہے۔ (۲) تاش کا پتا۔ (۳) موٹے کاغذ کا ٹکڑا۔

کارڈ بورڈ ۔ (Card Board) موٹے کاغذ کا تختہ۔ پٹھا۔ گتا۔

کارڈرائے ۔ (Corduroy) ۔ [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک موٹا سوتی یا مخمل کپڑا۔

کارسپانڈنٹ ۔ ر (Correspondent) (انگ ۔ صف) مضمون نگار۔ نامہ نگار۔

کارسپانڈنس ۔ ر (Correspondence) (انگ ۔ ا ۔ مذ) خط و کتابت۔ مراسلت۔

کارک ۔ ر (Cork) ۔ [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک درخت کی چھال جس سے بوتلوں وغیرہ کے ڈاٹ بنائے جاتے ہیں۔

کارن ۔ (کا۔ رَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سبب۔ واسطے۔ باعث۔ لیے۔ خاطر۔

کارنچہ ۔ (کا۔ رَن۔ چَہ) [ق ۔ ا ۔ مذ] چھوٹا حوض۔

کارندہ ۔ (کا۔ رِن۔ دہ) [ف ۔ صف] محنتی۔ کام کرنے والا۔ (مذ) مزدور۔ کارکن۔ سربراہ۔ منیجر۔ ایجنٹ۔ مختار۔ گماشتہ۔

کارنس (Cornice) (کار۔ نِس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] دیوار کی کگنی۔ منڈیر۔

کارن فلور ۔ ر (Cornflour) ۔ (کارن۔ فُ۔ لور) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا چاول کا آٹا۔

کارنے ۔ (ا ۔ ق ۔ مذ ۔) سبب ۔ کارن۔

کارنیوال ۔ ر (Carnival) ۔ (کار۔ نی۔ وال) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کیتھولک عیسائیوں کا جشن۔ جشن عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔

کارواں ۔ (کار۔ واں) [ف ۔ ا ۔ مذ] قافلہ۔ مسافروں کی جماعت۔

کارواں سالار ۔ (ف ۔ صف) ۔ قافلے کا سردار۔ میر قافلہ۔

کارواں سرا ۔ کارواں سرائے ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ۔ قافلہ اترنے کی یا ٹھہرنے کی جگہ۔

کاری ۔ (کا۔ ری) [ف ۔ صف ۔] مہلک۔ کارگر۔ کام تمام کرنے والا۔ گہرا۔ بھاری۔ بااثر۔ کارآمد۔ باقاعدہ۔

کاری (کری صحیح) (Curry) [انگ ۔ ا ۔ مذ] شوربے دار ترکاری اور گوشت۔ ماکولات خوردنی۔ ملا ہوا۔ گاڑھا شوربا۔

کاریز ۔ (کا۔ ریز) [ف ۔ ا ۔ مث] کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی جو چوٹی نہر (بلوچستان میں آبپاشی کا یہی ذریعہ ہے)۔

کاریگر ۔ (کا۔ رِی۔ گر) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہنرمند۔ پیشہ ور۔ دستکار۔ کام بنانے والا۔ (۲) اُستاد فن۔ ماہر (۳) کامل۔ ہوشیار۔ سمجھ دار (۴) موچی۔ معمار۔ لوہار وغیرہ (۵) کام کو خوب سمجھنے والا۔

کاریگری ۔ (کا۔ رِی۔ گ۔ رِی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ہنرمندی۔ دستکاری۔ پیشہ۔ حرفت (۲) اُستادی۔ ہوشیاری (طنزاً) بے سلیقگی۔ نادانی۔

کاڑا ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] کاڑھا۔ جوشاندہ۔

کاڑھا ۔ (کا۔ ڑھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ جوش دی ہوئی گرم دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں۔ ابوائن (۲) جوشاندہ۔

کاڑھنا ۔ (کاڑھ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) نکالنا (۲) باہر کرنا (۳) کھینچنا (۴) کشید کرنا (۵) جوش دینا (۶) سوئی کا کام کرنا (۷) ادھار لینا (۸) انتخاب کرنا (۹) نقشہ کھینچنا (۱۰) موقوف کرنا (۱۱) پیٹ گرانا (۱۲) دیس نکالا دینا (۱۳) جالی کا حلقہ سینا (۱۴) کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔

کاڑی ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] تنکا۔ تیلی۔

کاڑی کپٹ ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] کوڑا کرکٹ۔

کاس ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] (۱) گائے۔ بھینس یا بکری کا تھن۔ (۲) جنوبی ہند کے ایک سکہ کا نام۔

کاسب ۔ (کا۔ سِب) [ع ۔ صف] کسب کرنے والا۔ جمع ۔ کاسبین۔

کاست ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کمی۔ گھاٹا۔ بے کم و کاست میں مستعمل ہے۔

کاستیا ۔ (کا۔ سْت۔ یا) [ق ۔ ا ۔ مث] ورانتی۔

کاسٹ ۔ ر (Cast) ۔ [انگ ۔ ا ۔ مث] ایکٹروں کی جماعت جو کسی کھیل میں کام کرے۔

کاسٹنگ ووٹ ۔ (Casting Vote) (کاس۔ ٹنگ۔ ووٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] صدر کا ووٹ۔ رائے فیصل جو دو برابر کے فریقوں میں فیصلہ کرے۔

کاسٹر آئل ۔ [انگ ۔ مذ] ارنڈی کا تیل، جو دست آور ہے۔

کاسد ۔ (کا۔ سِد) [ع ۔ صف] کھوٹا۔ غیر خالص۔ ناقص۔ جس کا رواج نہ ہو۔

کاسر ۔ (کا۔ سِر) [ع ۔ صف] توڑنے والا۔ جمع ۔ کاسرین۔

کاسرِ ریاح ۔ (ع ۔ صف) ریاح کو توڑنے والا۔

کاسف ۔ (ع ۔ مث) بُرے۔ بدقسمتی کے (دن)

کاسمیٹکس (Cosmetics) (کاس۔ مے۔ ٹکس) [انگ ۔ ا ۔ مث] آرائش جمال کی اشیاء۔ غازہ۔ اُبٹن وغیرہ۔

کاسنی ۔ (کاس۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] ایک دوا کا نام جو سرد اور دافع بخار ہے۔ ایک رنگ۔

کاسنی رنگ ۔ سرخی مائل نیلا رنگ۔ بنفشی۔

کاسہ ۔ (کا۔ سَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) کٹورا۔ پیالہ۔ بادیہ (۲) بھیک کا ٹھیکرا۔ (۳) نقارہ۔ دھونسا (۴) طعام۔ خاصہ۔

کاسہ باز ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) شعبدہ باز۔ بازی گر کنایتاً مکار۔ حیلہ باز۔



Marfat.com

**کاسہ بھر کھانا اور رسا بھر چلنا۔** (ا۔ مثل) زندگی گزارنا (۲) پیٹ بھر کر کھانا اور کام تھوڑا کرنا۔

**کاسۂ پشت۔** (ف۔ صف) بہت بوڑھا جس کی کمر جھک گئی ہو، کبڑا (۲) کچھوا (۳) کنایتاً آسمان۔

**کاسۂ چشم۔** (ف۔ ا۔ مذ) آنکھ کا حلقہ۔

**کاسۂ سر۔** (ف۔ ا۔ مذ) سر کا پیالہ۔ کھوپڑی۔

**کاسۂ گدائی۔** (ف۔ ا۔ مذ) بھیک کا ٹھیکرا۔ پیالہ۔ کچکول۔

**کاسہ لیس۔** (ف۔ صف) (۱) جھوٹے برتن چاٹنے والا۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ (۲) پس خوردہ خور (۳) خفیر۔ گداگر (۴) حریص۔ لالچی۔ لوبھی۔

**کاسہ گر۔** (ف۔ ا۔ مذ) پیالہ بنانے والا۔ کوزہ گر۔ کمہار۔

**کاش۔ کاشکے۔** (ف۔ صف) تمنا اور افسوس کا کلمہ۔ خدا کرے! کیا اچھا ہوا۔ حسرت و خواہش کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

**کاشانہ۔** (کا۔ شا۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا (۲) آشیانہ۔ گھونسلا۔

**کاشانی۔** (کا۔ شا۔ نی) (ف۔ صف) (۱) ایران کے شہر کاشان کا رہنے والا۔ اس شہر سے منسوب (۲) مونث) ایک عمدہ قسم کی مخمل۔

**کاشت۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) زراعت۔ کھیتی باڑی (۲) جوتی ہوئی زمین کھڑا کھیت (۳) موروثی زمین۔ قبضۂ زمین۔

**کاشت کار۔** (ف۔ ا۔ مذ) کسان۔ زمیندار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ مزارع۔ اسامی۔

**کاشت کار باستحقاق حقہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) موروثی اسامی۔ مستقل۔ آسامی۔

**کاشت کاری۔** (ف۔ ا۔ مذ) کھیتی باڑی۔ زراعت۔ قلبہ رانی۔

**کاشتہ۔** (ف۔ صف) بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

**کاشف۔** (کا۔ شِف) (ع۔ صف) کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔

**کاظم۔** (کا۔ ظِم) (ع۔ صف) غصہ پی جانے والا۔ (۲) (مذکر) امام موسیٰ رضا کا لقب۔

**کاغذ۔** (کا۔ غذ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) قرطاس۔ پتر (۲) پرچہ۔ پرزہ۔ رقعہ (۳) چٹھی۔ خط۔ (۴) دفتر۔ نوشتہ۔ تحریر۔ دستاویز۔ تمسک (۵) اخبار۔ پرچہ اخبار۔ (۶) ورق (۷) روزنامچہ۔ اعمال نامہ (۸) ہنڈی کا غذ زر۔

**کاغذ پتر۔** (۱) خط۔ پتر۔ چٹھی۔ (۲) دستاویز۔ تحریر۔ بند۔

**کاغذ پر چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) درج رجسٹر کرنا۔ بہی میں لکھنا۔

**کاغذ سا۔** (ا۔ محاورہ) پتلا۔ باریک۔ نازک۔ نہایت ہلکا اور پتلا۔

**کاغذ سیاہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوب لکھ کر کاغذ بھرنا (۲) طنزاً کاغذ خراب کرنا (۳) نکمی باتیں لکھنا۔

**کاغذ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دستاویز لکھنا۔ تمسک لکھنا (۲) ہبہ لکھنا (۳) کوئی چیز کسی کے نام پر لکھ دینا۔

**کاغذ کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ عیب تلاش کرنا۔

**کاغذ کھوٹ** (ف۔ ا۔ مذ) وہ کاغذ جو پٹواری سالانہ تیار کرتا ہے۔

**کاغذ کی ناؤ۔** (ف۔ ا۔ مذ) (کنایتہً) ناپائیدار چیز۔ فانی۔ کمزور۔ بے اصل بات۔

**کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی۔** (ا۔ مثل) بے اصل اور ناپائیدار شے کے وجود کا کچھ اعتبار نہیں۔ بے اصل بات کو قیام نہیں ہوتا۔

**کاغذ کی ناؤ بہانا۔** (ا۔ مثل) بے سود تدبیر کرنا۔ بے نتیجہ اور ناپائیدار کام کرنا۔

**کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی** (ا۔ مثل) دھوکے سے کام نہیں چلتا۔ ایک نہ ایک دن قلعی کھل جاتی ہے۔

**کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا ہے؟** (ا۔ مثل) ناپائیدار سہارے پر کیا بھروسہ؟

**کاغذ کے کاغذی گھوڑے دوڑانا۔** (ا۔ محاورہ) جا بجا خطوط بھیجنا خط و کتابت کرنا۔

**کاغذ گیر۔** (ف۔ ا۔ مذ) روشن دان جس پر کاغذ لگا دیا جائے تاکہ روشنی بدستور رہے مگر دھوپ اور سرد ہوا کمرے میں نہ آئے۔

**کاغذ گر۔** (ف۔ ا۔ مذ) کاغذ بنانے والا۔

**کاغذ نکاح۔** (ف۔ ا۔ مذ) نکاح نامہ۔ کابین نامہ۔

**کاغذات۔** (کا۔ غ۔ ذات) (ف۔ ا۔ مذ) کاغذ کی جمع۔

**کاغذی۔** (کا۔ غَ۔ ذی) (ف۔ صف) (۱) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۲) کاغذ کا بنا ہوا (اُر) (۳) نازک۔ پتلا (۴) (مذ) دفتری (۵) ایک قسم کا لیمو۔ (۶) سفید کبوتر (۷) دریائی جانور۔ (ق)

**کاغذی اخروٹ۔** (ف۔ ا۔ مذ) پتلے چھلکے دار۔ اخروٹ۔

**کاغذی بادام۔** ایک قسم کا باریک چھلکے والا بادام۔

**کاغذی پیرہن۔** (ف۔ ا۔ مذ) کاغذی پوشاک جو ایران میں فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کے سامنے پیش ہوتے تھے۔ (مراد) عاجزی اور بے چارگی۔

**کاغذی ثبوت۔** (ف۔ ا۔ مذ) (قانون) تحریری ثبوت۔

**کاغذی لیموں۔** (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا لیموں جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔

**کاف۔** (ع۔ ا۔ مذ) ایک حرف تہجی کا نام جسے کاف تازی بھی کہتے ہیں دیکھئے "ک"۔

**کاف عجمی۔ کاف فارسی۔** گاف یہ حرف عربی میں نہیں ہوتا۔

**کاف کُن۔** (ع۔ ا۔ مذ) روز ازل۔ کُن۔ عربی بمعنی موجود ہو جا۔ ابتدائے آفرینش کے وقت خدائے تعالٰے نے جس چیز کو پیدا کرنا چاہا۔ کُن فرمایا۔ اور حکم الٰہی سے سب کچھ پیدا ہو گیا۔ اس لئے کُن سے روز ازل مراد ہے۔

**کاف ولام۔** (ع۔ ا۔ مذ) شیخی۔ لاف و گزاف۔

**کاف النون۔** (ع۔ ا۔ مذ) قرآن مجید کی دو سورتیں جو ان دو حرفوں سے شروع ہوتی ہیں۔

**کافر۔** (کا۔ فِر) (ع۔ صف۔ ا۔ مذ) (۱) غیر۔ دشمن۔ بیگانہ (۲) (اصطلاحاً) خدا کو نہ ماننے والا۔ بے دین۔ ملحد (۳) (اس دعا ازاً) معشوق۔ محبوب۔ (۴) ایک قوم جو افغانستان کی سرحد پر رہتی ہے (۵) افریقہ کے حبشیوں کا ایک فرقہ (۶) غیر دشمن۔ بیگانہ۔ منکر۔

**کافر ادا۔** (ع۔ ف۔ صف) جس کی ادائیں دل پسند ہوں۔ کنایتہً معشوق۔

**کافر آواز۔** (ع۔ ا۔ مث) عمدہ اور رسیلی آواز۔

**کافرانہ۔** (ع۔ صف) کافر کا۔ کافر کی طرح کا۔

**کافر حربی۔** (ع۔ ا۔ مذ) وہ کافر جس کے سبب سے امور دین میں حرج واقع ہو۔ اس سے لڑنا پڑے۔



Marfat.com

**کافرِ ذِمّی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ کافر جو سلطنت اسلام کا مطیع ہو اور اس سے جزیہ لیا جائے۔

**کافرِ کتابی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ کافر جو کسی پیغمبر کی اُمت میں ہو مگر دین محمدؐ کے خلاف ہو جیسے یہود و نصاریٰ۔

**کافر کیش**۔ (ع۔ صف) بے وفا معشوق کی تعریف میں۔

**کافر ماجرا**۔ (ع۔ ف۔ صف) جس کا حال کافروں کا سا ہو۔

**کافر ماجرائی**۔ (ع۔ ا۔ مذ) کافروں کی طرح ہونا۔ (مث) ظلم و جور۔

**کافر منش**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ظلم و جور کرنے والا۔ کنایتاً معشوق۔

**کافر نعمت**۔ (ف۔ صف) (۱) ناسپاس۔ ناشکرا۔ احسان فراموش۔ منکر نعمت۔ کفرانِ نعمت کرنے والا۔ (۲) حرام خور۔ نمک حرام۔

**کافرانہ**۔ (کا۔ ف۔ را۔ نہ) [ف۔ صف و تابع فعل] کافروں کی طرح ملحدانہ۔

**کافرہ**۔ (کا۔ ف۔ رَہ) [ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مث] خدا کو نہ ماننے والی عورت۔

**کافری**۔ (کا۔ ف۔ ری) [ف۔ صف] کافر سے منسوب۔ کافر سے متعلق [مث] کفر۔ بے دینی۔

**کافور**۔ (کا۔ فُور) [ع۔ ا۔ مذ] کپور۔ ایک نہایت تیز خوشبو اور تلخ ذائقہ کا سفید مادہ جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے۔ (صف) دُور۔ غائب۔

**کافور ہونا۔ کافور ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) اُڑ جانا۔ غائب ہو جانا۔ چل دینا۔ زائل ہو جانا۔ قائم نہ رہنا۔

**کافوری**۔ (کا۔ فُو۔ ری) [ف۔ صف] کافور کا بنا ہوا۔ (۲) کافور کے سے رنگ کا (۳) کافور ملا ہوا۔

**کافوری رنگ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) ہلکا زردی مائل رنگ۔

**کافوری شمع**۔ (ف۔ ا۔ مث) کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی بہت صاف ہوتی ہے اور دُھواں مطلق نہیں دیتی۔

**کافوری مرہم**۔ (ف۔ ا۔ مث) نہایت ٹھنڈا مرہم جس کا اہم جزو کافور ہوتا ہے۔

**کافۂ انام**۔ [ع۔ ا۔ مذ] عربی میں کافّۃ تھا۔ اہل ایران نے اسے کافہ بنا لیا۔ آدمیوں کا گروہ۔ سب لوگ۔

**کافی**۔ (Coffee) (کا۔ فی)۔ [انگ۔ ا۔ مث] قہوہ کی ایک قسم جو افریقہ میں پیدا ہوتا ہے۔ جس علاقے میں یہ پیدا ہوتا ہے۔ اسے کافہ کا علاقہ کہتے تھے۔ اسی سے کافی کہنے لگے۔

**کافی**۔ (کا۔ فی) [ع۔ صف] مکتفی۔ وافر۔ بہت۔ بس۔ بخوبی (اُر۔ مث) ایک قسم کی راگنی (۲) (ین) قافیہ بندی۔ تُک بندی۔ نظم کی ایک قسم۔

**کافی وافی**۔ (ع۔ صف) بہت سے۔ بہت۔ بھرپور۔ بخوبی۔ بہت۔ پورا پورا۔

**کافی ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مکتفی ہونا۔ کام نکل جانے کے مطابق ہونا۔ ضرورت کے مطابق ہونا۔

**کافیہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) کافی کی تانیث، نحو کی ایک کتاب۔

**کافین۔ کیفین**۔ (Caffeine) (انگ۔ ا۔ مث) ایک جوہر جو قہوے اور کافی میں ہوتا ہے اور طاقت دینے والی چیز ہے۔

**کاک**۔ [اُر۔ ا۔ مذ] دیکھیے کارک (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی روغنی ٹکیا (۲) گندم (ق) (۳) خاک (ق)

**کاکا**۔ (کا۔ کا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا بھائی (۲) بہت بوڑھا اور قدیم غلام [ہ۔ ا۔ مذ] (۳) باپ کا چھوٹا بھائی۔ چاچا۔ (۴) [ین۔ ا۔ مذ] چھوٹا بچہ۔

**کاکاتوا۔ کاکاکوا**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا اور سفید طوطا جس کے سر پہ سُرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔

**کاک ٹیل**۔ (Cock Tail) (انگ۔ ا۔ مث) کئی شرابوں سے مرکب شراب۔

**کاکریزی**۔ (کاک۔ ری۔ زی) [ہ۔ ا۔ مذ] سیاہی مائل اُودا رنگ۔

**کاکڑا**۔ (کاک۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہرن کی قسم کا ایک جانور جسے سانبھر بھی کہتے ہیں (۲) بڑی بتی (ق) (۳) چابک کا چمڑا۔

**کاکڑا سینگی**۔ ایک قسم کی پھلی جو اکثر دواؤں میں کام آتی ہے۔ یہ کاکڑا جانور کے سینگوں کی طرح بل کھائی ہوئی ہوتی ہے۔

**کاکُل**۔ (کا۔ کُل) [ف۔ ا۔ مث] سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال۔ زُلف۔ گیسو۔ لٹ۔

**کاکل پیچاں**۔ (ف۔ ا۔ مث) خمدار زلفیں۔ بل کھائے ہوئے بال۔

**کاکل چھوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) زلفیں چھوڑنا۔ لٹیں لٹکانا۔

**کاکلوت۔ کاکلوو**۔ (کاک۔ لوت) (کاک۔ لو) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) محبت فرطِ الفت کا تقاضا۔ مامتا (۲) حرص۔ لالچ (۳) آرزو، خواہش۔ (۴) کنجوسی۔ بخل۔

**کاکُن**۔ (کا۔ کُن) [ہ۔ ا۔ مث] کنگنی۔ ایک قسم کا چھوٹا غلہ جو بیٹروں کو کھلاتے ہیں۔

**کاکَن**۔ (س۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کوڑھ جس میں سُرخ اور سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں یہ لاعلاج بیماری ہے۔

**کاکندی**۔ (س۔ ا۔ مث) آلہ۔

**کاکو**۔ (کا۔ کو) [ہ۔ ا۔ مذ] ماں کا بھائی۔ ماموں۔

**کاکی**۔ (کا۔ کی) [ہ۔ ا۔ مث] چچی۔ باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی (۲) (ین) لڑکی۔ بچی۔ بیٹی۔ [ف۔ صف] کاک کھانے والا کاک سے رغبت رکھنے والا۔ خواجہ قطب الدین بختیار چشتی کا لقب۔

**کاگ** [اُر۔ مذ] دیکھیے کارک [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کوا۔ زاغ (۲) حلق کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کی طرف لٹکتا رہتا ہے۔

**کاگ اُڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) تند و تیز شراب کی بوتل کھولنا۔

**کاگ اٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) حلق کے کوے کو اوپر دبانا۔

**کاگا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کوا۔ زاغ۔

**کاگا باسی**۔ (ہ۔ صف) وہ بھنگ جو متھرا کے چوبے صبح کے وقت پیتے ہیں۔ (۲) سیاہ موتی۔

**کاگا رول**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کوؤں کی کائیں کائیں (۲) نہایت شور و غل۔ غوغا۔ ہلڑ۔

**کال**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] موت۔ قضا۔ اجل (۲) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ (۳) وقت۔ زمانہ۔ موسم۔ رُت (۴) قحط۔ گرانی۔ خشک سالی۔



Marfat.com

(۵) قلت۔کمی۔توڑا۔ (۷) سیاہ۔کالا (۸) (صفت) کہنہ۔پرانا۔نامی۔مشہور۔
**کال بنجر**۔(ہ۔ا۔صفت) بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین۔
**کال پڑنا**۔(ہ۔صفت) (۱) قحط ہونا۔خشک سالی ہونا (۲) تھوڑا ہونا۔کمی ہونا۔توڑا ہونا۔
**کال۔ٹین۔(کالاٹین)**۔(ہ۔صفت) نہایت کالا۔حبشی۔کالیا۔
**کال جُواری**۔(ہ۔ا۔مذ) نامی جوئے باز۔بڑا بھاری جواریا۔نامی قمار باز۔
**کال کا ٹوٹا**۔(ہ۔صفت) قحط زدہ۔بھوکا۔کنگال۔
**کال کا مارا سب جگ مارا**۔(ا۔مثل) بھوک کا مارا نہیں پنپتا۔موت کا مارا نہیں بچتا۔
**کال کر جانا**۔(ا۔محاورہ) مر جانا۔انتقال کر جانا۔گزر جانا۔
**کال کوٹھڑی**۔(ہ۔ا۔مث) (۱) اندھیری کوٹھڑی (۲) قید تنہائی۔
**کال کے ہاتھ کمان، نہ بُوڑھا بچے نہ جوان**۔(ا۔مثل) ظالم آدمی یا موت کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں۔
**کال آنا**۔(ا۔محاورہ) موت کا وقت آنا۔
**کالا**۔(کا۔لا) [ہ۔صفت] (۱) سیاہ۔اسود (۲) [مذ] کالے رنگ کا آدمی۔سیاہ فام (۳) سانپ۔ناگ۔مار سیاہ۔
**کالا آدمی**۔(ا۔مذ) (حقارتاً) (۱) دیسی آدمی۔نیٹو (۲) حبشی۔افریقہ کا آدمی۔
**کالا بال**۔(ا۔مذ) موئے زہار۔جھانٹ کا بال (کنایتہً) ناچیز۔ادنیٰ اور حقیر شے۔
**کالا بھُٹ۔(بھجنگ)** (ہ۔صفت) بہت زیادہ کالا۔نہایت کالا۔از حد سیاہ۔
**کالا پانی** (۱) جزائر انڈمان جہاں ہندوستان سے عمر قیدی بھیجے جاتے تھے (۲) عبور دریائے شور۔عمر قید۔حبس دوام (۳) سمندر کا پانی جو سیاہ نظر آتا ہے۔
**کالا پہاڑ**۔(۱) کوہ سیاہ جو پاکستان کے شمال مغرب میں واقع ہے (۲) (مجازاً) ہاتھی۔فیل (۳) انسان کا سر۔سیس (۴) ناگوار طبع۔اجیرن۔آفت۔مصیبت۔
**کالا تل**۔(ا۔مذ) خال سیاہ (۲) کنجد سیاہ۔
**کالا چور**۔(ا۔مذ) نامی چور۔بڑا بھاری چور (۲) چوروں کا سردار (۳) نامعلوم الاسم۔
**کالا دانہ**۔(ا۔مذ) سپند۔ہرمل۔عورتیں نظر بد کے دفعیہ کے لیے اس کو جلاتی ہیں۔
**کالا دیو**۔(ا۔مذ) (کنایتہً) بہت کالا آدمی۔قوی ہیکل آدمی۔
**کالا زیرہ**۔(ا۔مذ) ایک قسم کا خوشبودار زیرہ۔زیرۂ سیاہ۔
**کالا کرنا**۔(ا۔محاورہ) سیاہ کرنا (۲) کاغذ لکھنا (۳) بدفعلی کرنا۔
**کالا کلوٹا**۔(ہ۔صفت) نہایت کالا۔حبشی۔
**کالا کوّا**۔(ا۔مذ) بڑا کوّا۔پہاڑی کوّا۔کاگ۔
**کالا کوّا کھایا ہے**۔(ا۔محاورہ) دیکھیے "کالے کوّے کھائے ہیں"
**کالا کوئلہ**۔(ا۔صفت) نہایت سیاہ۔کالا کلوٹا۔کالا بھجنگ۔

**کالا کھیلنا**۔(ا۔محاورہ) منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا۔
**کالا مُنہ**۔(ا۔محاورہ) کلمۂ تنفر (دُعائے بد) (۱) دور ہو۔منہ نہ دکھا۔پرے ہٹ (۲) رُوسیاہ۔
**کالا مُنہ کر جگ دکھلاوے۔تب لاگن کی لالی پاوے**۔(ا۔مثل) آدمی بدنامی جھیل کر اور مشقت اٹھا کر نام روشن کرتا ہے۔
**کالا منہ کروا** (ا۔روزمرہ) دفع ہو جا۔دُور ہو جا۔
**کالا منہ کرنا**۔(ا۔محاورہ) (۱) کسی کا منہ کالا کرنا (۲) عیب لگانا۔بے عزتی کرنا (۳) چھوڑنا۔ترک کرنا (۴) نکال دینا (۵) بُرا کام کرنا۔زنا کرنا۔
**کالا منہ کریل کے دانت**۔(ا۔مثل) سب باتیں بگڑی ہوئی ہیں۔
**کالا منہ نیلے ہاتھ پاؤں**۔(کلمۂ تنفر دعائے بد) جب عورتیں کسی سے ناراض یا بیزار ہوتی ہیں۔تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔
**کالا منہ ہو**۔(دُعائے بد) رسوا ہو۔بدنام ہو۔
**کالا منہ ہونا**۔(ا۔محاورہ) (۱) منہ کا کالا کیا جانا۔روسیاہ ہونا (۲) بدنام اور رسوا ہونا (۳) نکالا جانا (۴) دفع ہونا۔
**کالا ناگ**۔(ا۔مذ) (۱) مار سیاہ (۲) موذی۔ظالم۔ایذا رساں۔تکلیف دہ۔
**کالا نمک**۔(لون) (ا۔مذ) ایک سیاہ رنگ کا نمک جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
**کالا ہرن مت مارو سنتر ہو جائیں گی رانڈ**۔(ا۔مثل) ایسا آدمی نہ مرے جس کے ہاتھ میں بہتوں کی روزی ہو۔
**کالے پانی بھیجنا**۔(ا۔محاورہ) جلاوطن کرنا۔عبور دریائے شور کرانا۔
**کالے تِل چابنا**۔(ا۔محاورہ) (۱) نہایت بُرا کام کرنا۔بُرے کاموں کی سزا بھگتنا (۲) احسان اٹھانا۔
**کالے تِل چبوانا**۔(ا۔محاورہ) غلام بنا لینا۔مول لے لینا۔مطیع و فرماں بردار بنا لینا۔احسان مند بنانا۔
**کالے سر کا**۔(ا۔مذ) (۱) انسان (۲) بنی آدم (۳) جوان آدمی۔گبھرو۔
**کالے سر کا ایک نہ چھوڑا**۔(ا۔مثل) چھنال عورت کے بارے میں بولتے ہیں۔یعنی کوئی جوان مرد نہیں چھوڑا۔
**کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا** }
**کالے کے کاٹے کا نہ جنتر نہ منتر** } (ا۔مثل) (۱) سانپ کے کاٹے کا بچنا محال ہے (۲) موذی، دغاباز اور فریبی آدمی سے بچنا مشکل ہے۔
**کالے کے کاٹے کا منتر نہیں** }
**کالے کوس (کوسوں)** (ا۔مذ) (۱) دور دراز کا راستہ (۲) لمبے کوس۔مہینوں اور برسوں کی راہ۔
**کالے کوّے کھائے ہیں**۔(ا۔مثل) عوام کا اعتقاد ہے کہ جو کالے کوّے کا گوشت کھاتا ہے اس کے بال سفید نہیں ہوتے جب بڑھاپے میں بھی کسی کے بال سفید نہ ہوں۔تو ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
**کالے کی سی لہر آنا**۔(ا۔مثل) (۱) کبھی کبھی جنون کا اُبھر آنا (۲) کبھی کبھی سانپ کی طرح لہریا چال چلنا۔
**کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا**۔(ا۔مثل) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی۔چونکہ کالے سانپ کی پھنکار کے سامنے چراغ



Marfat.com

نہیں چلتا۔ اس سبب سے یہ محاورہ بن گیا کہ زور آور کے سامنے کمزور کی نہیں چلتی۔

**کالے کے منہ میں اُنگلی دینا**۔(ا۔ مثل) ایسا کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔ جان بوجھ کر خطرہ مول لینا۔

**کالے منہ اندھیرے**۔(ا۔ تابع فعل) نہایت سویرے نور کے تڑکے سے پہلے علی الصبح۔

**کالانعام**۔(کل۔ اَن۔ عام) [ع۔ صف] چوپایوں کی مانند۔ بیوقوف۔

**کالبُد**۔(کال۔ بُد) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) قالب۔ ڈھانچہ۔ ڈھانچا (۲) جسم۔ تن بدن سریر۔ (۳) سانچہ وہ اوزار جس میں کوئی چیز ڈھالیں۔

**کالبُوت**(کال۔ بُوت) [اُر۔ ا۔ مذ] دیکھیے کالبد (۲) جُوتے کے اندر پھنسا کر اُسے اُبھارنے والی لکڑی۔

**کالبُوت چڑھانا**۔(ا۔ محاورہ) جُوتا تیار کرکے اس کے اندر لکڑی کا بنا ہوا پاؤں رکھنا۔ تنگ جُوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا۔

**کالج**۔ (College) (کا۔ لِج) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا مدرسہ۔ مدرسۃ العلوم۔ دارالعلوم جو کسی یونیورسٹی سے ملحق ہو (۲) کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ۔ (۳) مجلس۔ انجمن جمعیت۔

**کالجیئٹ**۔ (Collegiate)۔ [انگ۔ ا۔ مذ] کالج کا طالب علم۔ کالج میں تعلیم پانے والا۔

**کالر**۔ (Collar) (کا۔ لَر) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) کنٹھا۔ گلوبند۔ پٹا۔ حلقہ۔ طوقِ گردن (۲) قمیض میں گریبان سے اُوپر کا زائد کپڑا جو خوبصورتی کے لیے لگاتے ہیں۔

**کالرا**۔ (Cholera)، (کال۔ را) [انگ۔ ا۔ مذ] ہیضہ۔

**کالعدم**۔(کل۔ عَ۔ دَم) [ع۔ صف] معدوم۔ ناپید۔ گویا کہ ہے ہی نہیں۔

**کالک**۔(کا۔ لَک) [ہ۔ ا۔ مث] سیاہی (۲) رسوائی۔ عیب۔

**کالک کا ٹیکا**۔(ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سیاہی کا داغ۔ دھبا۔ (۲) بدنامی۔ ذلت۔

**کالک کا ٹیکا لگنا**۔(ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔ داغ لگنا۔ ذلت نصیب ہونا۔ کلنک لگنا۔

**کالکا**۔(کال۔ کا) [س۔ ا۔ مث] کالی دیوی۔ دُرگا۔ کالے رنگ کی دیوی جسے ہندو پُوجتے ہیں۔

**کالم**۔ (Column) (کا۔ لم) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) صفحے کا حصہ (خصوصاً اخبار کا)۔ خانہ۔ (۲) فوج کا ایک دستہ۔

**کالمعدُوم**۔(کَل۔ مَع۔ دُوم) [ع۔ صف] دیکھیے کالعدم۔

**کالنقش فی الحجر**۔(کَن۔ نَق۔ ش۔ فِل۔ حَ۔ جَر) [ع۔ صف] پتھر کی لکیر کی طرح پائیدار۔

**کالنگڑا**۔(ہ۔ ا۔ مذ) صبح کے وقت کا ایک راگ۔

**کالوا**۔(کال۔ وا) [ق۔ ا۔ مذ] چشمہ۔ ندی نہر۔

**کالواٹ**(کال۔ واٹ) [ق۔ ا۔ مذ] ہرن (نر)

**کالونی**۔ (Colony) (کا۔ لُو۔ نی) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) نئی بستی۔ نو آبادی۔ (۲) کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے ہو۔

**کالوسے**(کال۔ وسے) [ق۔ ا۔ مذ] چھوٹا پُل۔

**کالی**۔(کا۔ لی) [ہ۔ صف] (۱) کالا کی تانیث۔ سیاہ کالے رنگ کی۔ اسود (۲) [مث] ایک دیوی کا نام جس کا رنگ سیاہ ہے۔ دُرگا۔ کالکا۔ (۳) شیوجی کی استری پاربتی۔ (۴) روشنائی (ق)

**کالی آندھی**۔(ا۔ مث) وہ آندھی جس کے گرد سے اندھیرا چھا جائے۔

**کالی آنکھ**۔(ا۔ مث) سیاہ آنکھ جو خوبصورتی کی دلیل ہے۔

**کالی بلی کالی رات مارنے والے تیری عمر دراز**۔(ا۔ مثل) خوب بات کر پہنچا

**کالی بھیڑ**۔(ا۔ صف) پاجی۔ بدنام۔ بدمعاش (انگ) (Black Sheep)

**کالی بلا**۔(ا۔ مث) (۱) نہایت کالی چڑیل۔ بُھتنی۔ پچھل پائی (۲) سخت مصیبت۔ بپتا۔ (۳) کالی اور بدصورت عورت۔

**کالی پیلی آنکھیں کرنا**۔ اصل محاورہ ہے "نیلی پیلی آنکھیں کرنا" بڑے غصے کا اظہار کرنا۔

**کالی جمعرات**۔(ا۔ مث) وہ دن جو مقرر نہ ہو۔ فرضی روز و شب۔ وعدہ ٹالنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

**کالی دیبی**۔(ا۔ مث) (۱) کالی دیوی۔ دُرگا۔ کالکا (۲) افیم۔ افیون۔

**کالی زبان**۔(ا۔ مث) سیاہ زبان۔ جس کے متعلق عوام کا اعتقاد ہے کہ اس کی بددعا جلد اثر کرتی ہے۔

**کالی زیری**۔ ایک قسم کا سیاہ زیرہ۔

**کالی سیتلا۔ کالی ماتا**۔(ہ۔ ا۔ مث) چیچک۔ جس کے دانے سیاہ ہوتے ہیں۔

**کالی کلوٹی**۔(ا۔ مث۔ صف) نہایت سیاہ۔

**کالی کھانسی**۔(ا۔ مث) ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔

**کالی گھٹا**۔(ا۔ مث) ابر سیاہ۔ سیاہ بادل۔

**کالی گھٹا ڈراؤنی، بھوری برسن ہار**۔(ا۔ مثل) جو شیخی خورے اور بکواسی نہیں ہوتے وہی کام آتے ہیں۔

**کالی مٹی**۔(ا۔ مث) جو ہڑ کی چکنی مٹی جو پینے لوہے تپنے کے کام آتی ہے۔

**کالی مرچ**۔(ا۔ مث) (۱) سیاہ مرچ (۲) تیتیا۔ مکھی۔ مگس۔

**کالی ہانڈی سر پر دھرنا**۔(ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ رسوائی اختیار کرنا۔

**کالی ہڑ**۔(ا۔ محاورہ) ہلیلہ سیاہ۔ چھوٹی ہڑ۔

**کام**۔[س۔ ا۔ مذ] (۱) خواہش نفسانی۔ شہوت (۲) عشق (۳) کامنا۔ اِچھیا۔ مرضی۔

**کام دیو**۔(س۔ ا۔ مذ) خواہش نفسیاتی کا دیوتا (۲) قوت باہ۔ خواہش جماع۔

**کام**۔[ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کار۔ کاج۔ کاروبار۔ دھندا۔ فعل (۲) بیوپار۔ لین دین۔ بنج۔ بیوپار۔ (اُر) (۳) کرتوت۔ کردار (۴) ہنر۔ پیشہ۔ دستکاری (۵) شغل۔ مصروفیت (۶) مطلب۔ واسطہ۔ تعلق۔ غرض (۷) مجامع۔ مجامعت۔ (۸) روزگار۔ نوکری۔ خدمت (۹) زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی (۱۰) فرض۔ ڈیوٹی (۱۱) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاشی (۱۲) ضرورت۔

**کام آپڑنا**۔(ا۔ محاورہ) ضرورت پیش آنا۔ غرض اٹکنا



Marfat.com

**کام آخر ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنا - دم نکلنا - قریب مرگ ہونا۔
**کام آنا** - (ا - محاورہ) (۱) کار آمد ہونا - مفید مطلب ہونا (۲) مناسب جگہ خرچ ہونا۔ (۳) مددگار ہونا - سہارا دینا (۴) مارا جانا۔ لڑائی میں ہلاک ہونا۔ (۵) خرچ ہونا (۶) استعمال میں آنا - (۷) ٹھیک لگنا۔ ٹھکانے لگنا۔
**کام اٹکا رہنا** - (ا - محاورہ) کام رُکا رہنا۔
**کام اٹکانا** - (ا - محاورہ) کام روکنا یا کام میں رکاوٹ ڈالنا۔
**کام اُٹھا رکھنا** - (ا - محاورہ) کام ملتوی کرنا۔ کام باقی رکھنا
**کام اٹھا لینا** - (ا - محاورہ) کام اپنے ذمے لے لینا - برداشت کرنا۔
**کام اَدھورا رکھنا** - (مص مرکب) کام کو نامکمل رکھنا۔
**کام بتانا** - (ا - محاورہ) کسی کام کی تعلیم دینا۔ کام سکھانا۔ کام پر لگانا۔
**کام بٹانا** - (بٹا لینا) (ا - محاورہ) کام میں شریک ہونا - مددگار ہونا۔
**کام بَر آنا** - (ا - محاورہ) مراد پوری ہونا - مقصد حاصل ہونا۔
**کام بڑھانا** - (ا - محاورہ) (۱) کام بند کرنا - کام ختم کرنا (۲) کام کو طول دینا (۳) کام کو ترقی دینا - بیوپار کو وسعت دینا۔
**کام بگاڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) کام خراب کرنا۔ کسی کے کام یا مطلب میں خلل ڈالنا۔ (۲) ساکھ کھو دینا - بے عزتی کرنا۔
**کام بگڑنا** - (ا - محاورہ) کام خراب ہونا (۲) معاملہ بگڑنا (۳) بات میں فرق آنا۔ (۴) کام میں فرق آ جانا (۵) نوکری کا چھوٹ جانا (۶) دیوالہ نکل جانا۔
**کام بنا رہنا** - (ا - محاورہ) اقبال کا یاور ہونا - زمانہ کا حسب مراد رہنا - دور دورہ رہنا۔
**کام بنا لینا** - (ا - محاورہ) مطلب حاصل کر لینا۔
**کام بنانا** - (ا - محاورہ) (۱) کام درست کرنا (۲) کوئی چیز بنانا (۳) مطلب نکالنا۔ مقصد پورا کرنا - ارمان پورا کرنا (۴) کام تیار کرنا۔
**کام بن جانا** - کام بننا - (ا - محاورہ) مطلب پورا ہونا - مراد بر آنا - کامیابی حاصل ہو جانا - کام درست ہونا۔
**کام بھگتانا** - (ا - محاورہ) کام پورا کرنا - کام نمٹانا - کام کو انجام دینا۔
**کام پہ جانا** (ا - محاورہ) کام کرنے جانا - مزدوری پہ جانا۔
**کام پہ لگانا** - (ا - محاورہ) کسی خدمت پہ مقرر کرنا (۲) کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا (۳) مزدوری پہ لگانا۔
**کام پہ دیدہ لگنا** - (ا - محاورہ) کام میں جی لگنا۔
**کام پڑا رہنا** - (ا - محاورہ) کام کا مکمل نہ ہونا۔
**کام پڑنا** - (ا - محاورہ) تعلق ہونا - غرض ہونا - واسطہ پڑنا - پالا پڑنا۔
**کام پیارا ہے چام پیارا نہیں** - (ا - مثل) انسان کی قدر اس کے کام سے ہوتی ہے نہ کہ چمڑے سے کسی کو کیا پیار۔
**کام تجنا** - (مص مرکب) کام چھوڑ دینا - دھندا چھوڑ دینا - ترک کر دینا۔
**کام تقدیر پہ چھوڑنا** - (ا - محاورہ) کام کو اللہ کے حوالے کرنا۔
**کام تمام کرنا** - (ا - محاورہ) کام پورا کرنا یا انجام کو پہنچانا - (۲) مار ڈالنا۔ (۳) ہلاک کر دینا۔
**کام چڑھانا** - (ا - محاورہ) کسی کل یا مشین وغیرہ پہ کام لگانا

**کام چلانا** - (ا - محاورہ) مطلب بر آری کرنا (۲) کارروائی کرنا (۳) بندوبست کرنا۔ (۴) کاروبار چلتا رکھنا (۵) انتظام کرنا - (۶) وقت سے کام نکالنا۔
**کام چلاؤ** - (ا - صف) ضرورت پوری کرنے کے لائق - گزارے کے قابل۔
**کام چلنا** - (ا - محاورہ) (۱) مطلب نکلنا (۲) کارروائی ہونا (۳) گزر ہونا - بسر ہونا۔ (۴) ہاتھ تنگ نہ ہونا (۵) کاروبار جاری رہنا۔
**کام چمکنا** - (ا - محاورہ) کاروبار ترقی پر ہونا - کام کا رونق پہ ہونا۔
**کام چوپٹ ہو جانا** - (ا - محاورہ) کام خراب ہو جانا۔
**کام چور** - (ا - صف) سُست - کاہل - کام سے دل چرانے والا - نکما۔
**کام چور نوالے حاضر** - (ا - مثل) سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے مگر کھانے پر آ موجود ہو۔
**کام چھیڑنا** - (ا - محاورہ) کوئی کام جاری کرنا - عمارت شروع کرنا۔
**کام دار** - (کامدار) (ا - صف) (۱) کارکن - عہدیدار (۲) زردوزی یا زری کا کام کیا ہوا - (جیسے کامدار جوتی)
**کام دانی** (کامدانی) (ا - مث) وہ ریشمی کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بوٹے کاڑھے گئے ہوں۔
**کام دولہا دلہن ہی سے پڑتا ہے** - (ا - مثل) آپس کا معاملہ آپس میں ہی میں طے ہوتا ہے۔
**کام دھندا** - (ا - مذ) کاروبار - کام کاج - شغل۔
**کام دیکھنا** - (ا - محاورہ) کام کی پڑتال کرنا - معائنہ کرنا۔
**کام دینا** - (ا - محاورہ) (۱) کام آنا - حاجت روائی کرنا - (۲) عہدہ یا خدمت سپرد کرنا - (۳) کام سپرد کرنا (۴) کوئی کام بنانے کو دینا - (۵) مدد دینا۔
**کام سمٹنا** - (ا - محاورہ) کام قابو میں آنا - کام اکٹھا اور یکجا ہونا۔
**کام ڈالنا** - (ا - محاورہ) پالا ڈالنا - سروکار ہونا۔
**کام رکھنا** - (ا - محاورہ) غرض یا مطلب ہونا - تعلق ہونا۔
**کام رُوپی** - (س - ا - صف) شہوت انگیز - حسینہ - من موہنی - خوبصورت۔
**کام رہ جانا** - (ا - محاورہ) کام پورا نہ ہونا۔
**کام رہنا** - (ا - محاورہ) سروکار رہنا - واسطہ رہنا۔
**کام سپرد ہونا** - (ا - محاورہ) کام حوالے ہونا۔
**کام سکھانا** - (مص مرکب) کوئی ہنر بتانا۔
**کام سنوارنا** - (مص مرکب) بگڑے ہوئے کام کو ٹھیک کرنا۔
**کام سے جاتے رہنا** - (ا - محاورہ) (۱) مطلب کا نہ رہنا - قابل استعمال نہ رہنا۔ (۲) موقوف ہو جانا (۳) نامرد ہو جانا۔
**کام سے کام رکھنا** - کام سے کام ہونا - (ا - محاورہ) اپنے مطلب سے مطلب اور غرض سے غرض ہونا یا رکھنا۔
**کام کا** - (ا - صف) کار آمد - مفید مطلب۔
**کام کا آدمی** - (ا - مذ) (۱) اچھی طرح کام کرنے والا آدمی (۲) ہوشیار اور تجربہ کار آدمی۔



Marfat.com

کام کاج ۔ (ا۔ مذ) (۱) کاروبار۔ معاملہ۔ بیوپار۔ لین دین (۲) تقریب (شادی کی)۔
کام کاجی ۔ (ا۔ صف) (۱) محنتی۔ پھرتیلا۔ کامی (۲) جو شخص کسی پیشے میں مصروف ہو۔
کام کا نہ کاج کا۔ دشمن اناج کا ۔ (ا۔ مثل) سست اور کاہل آدمی جو کھانے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو۔
کام سے لگنا۔ (ا۔ محاورہ) نوکر ہونا۔ ملازم ہونا (۲) خدمت پر مقرر ہونا۔
کام فرمانا۔ (ا۔ محاورہ) عمل میں لانا۔
کام کا نہ رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) بیکار کر دینا۔
کام کر جانا۔ (ا۔ محاورہ) اثر دکھانا۔ کارگر ہونا۔ کامیاب ہونا۔
کام کرنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کاروبار میں لگنا (۲) کوئی شغل کرنا (۳) فائدہ مند ہونا (۴) اثر کرنا۔ مؤثر ہونا (۵) مطلب پورا ہونا۔ کامیاب ہونا (۶) کارنمایاں کرنا (۷) ہم صحبت ہونا۔ مجامعت ہونا (۸) قتل کرنا (۹) کوئی عجیب کام کرنا (۱۰) کام دینا۔
کام کرنے کی سو راہیں ہیں نہ کرنے کی ایک نہیں۔ (ا۔ مثل) کام صدق نیت سے کیا جائے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں اگر نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا۔
کام کرے سپاہی نام ہو سردار کا۔ (ا۔ مثل) دیکھیے کاٹے باڑھ نام تلوار کا۔
کام کو ہاں ہاں! کھانے کو ہوں ہوں (ا۔ مثل) جو آدمی کام کے وقت تو حیلے بہانے کرے اور کھانے کے وقت آموجود ہو اس کے متعلق کہتے ہیں۔
کام لگانا۔ (ا۔ محاورہ) تعمیر کا کام شروع کرنا۔
کام لگنا۔ (ا۔ محاورہ) غرض اٹکنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ہونا (۲) سروکار ہونا۔
کام لو دام دو۔ (ا۔ محاورہ) کام دیکھ کر اجرت دو۔
کام لینا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کام کرانا (۲) دفتر کا کام سنبھالنا (۳) اختیار کرنا (۴) ٹھیکا لینا (۵) کسی بات کا ذمہ لینا۔
کام مٹی ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) کام خراب ہونا۔
کام ملنا ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی عہدہ یا نوکری ملنا۔ ٹھیکا لینا۔ کام حاصل ہونا۔
کام میں کام نکالنا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کر لینا۔ ایک کام میں دوسرا کام نکالنا (۲) ایک دوسرے کے ساتھ دوسرا کام بتا دینا۔
کام میں لانا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) استعمال یا برتاؤ میں لانا (۲) صرف کرنا (۳) اُٹھانا۔
کام میں ہاتھ ڈالنا ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی کام شروع کرنا۔ کسی معاملے میں دخل دینا۔
کام ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ضرورت پڑنا (۲) مطلب حاصل ہونا (۳) جان سے جانا۔ (۴) کام تمام ہونا۔
کام ۔ [ف ۔ ا۔ مذ] (۱) تالو۔ حلق۔ دہان۔ منہ (۲) مراد۔ مقصد۔ مطلب (۳) خواہش۔ آرزو۔
کام بخش (ف۔ صف) آرزوؤں یا خواہشوں کے مطابق خوشی دینے والا آرزوئیں پوری کرنے والا۔
کامران (کامران) [ف۔ صف] صاحب نصیب۔ اقبال مند۔ بختاور۔
کامرانی (کامرانی) [ف ۔ ا۔ مث] خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔

کام روا ہونا ۔ (معین مرکب) کامیاب ہونا۔
کام گار ۔ (ف۔ صف) خوش نصیب۔ اقبال مند۔
کام یاب (کامیاب) [ف۔ صف] فتح مند۔ کامران۔ مظفر۔ منصور۔
کام یابی (کامیابی) فتح یابی۔ نصرت۔ ظفر۔ بہرہ مندی۔
کاما ۔ (Comma) [انگ ۔ ا۔ مذ] سکتہ۔ عبارت میں ٹھہراؤ کی علامت۔
کاماٹی (کاماٹی) [ق ۔ ا۔ مث] راج۔ معمار۔
کامرس (Commerce) (کا۔ مرس) [انگ ۔ ا۔ مث] (۱) تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار (۲) تاش کا ایک کھیل۔
کامریڈ (Comrade) (کام۔ ریڈ) [انگ ۔ ا۔ مذ] یار۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمدم۔
کامل ۔ (کا۔ مِل) [ع ۔ صف] (۱) پورا۔ تمام۔ سب۔ سموچا۔ جملہ (۲) ماہر۔ کاریگر (۳) پہنچا ہوا۔ عارف۔ خدارسیدہ (۴) فاضل اجل (۵) مضبوط۔
کامل العیار (ع۔ صف) نہایت اعلیٰ چال چلن۔ معیار کے مطابق۔ کھرا۔
کامل فن (ع ۔ صف) کسی فن کا ماہر۔ ماہر فن۔
کامل ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام میں پورا ہونا۔ پکا ہونا۔ اُستاد ہونا (۲) عارف ہونا۔ خدارسیدہ ہونا۔ پہنچا ہوا ہونا۔
کاملیٹ ۔ (Camlet) (کام۔ لیٹ) [ہند ۔ ا۔ مذ] اونٹ کی اُون اور ریشم کا بنا ہوا ایک کپڑا۔
کامن ویلتھ ۔ (Commonwealth) (کا۔ مَن۔ ویلتھ) [انگ ۔ ا۔ مث] دولت مشترکہ برطانیہ کے آزاد کردہ ممالک کی برادری جس کا سربراہ برطانیہ ہے۔
کامنا ۔ (س ۔ ا۔ مث) تمنا۔ آرزو۔ خواہش (۲) شہوت۔
کامنی ۔ (کام ۔ نی) [ہ ۔ ا۔ مث] نہایت خوبصورت عورت۔ حسینہ (۲) نازک اور دُبلی عورت (۳) ایک خوشبودار پھل۔
کامود ۔ (کا۔ مُود) [ہ ۔ ا۔ مذ] مالکوس۔ راگ کی ایک قسم جو رات کے وقت گاتے ہیں
کامون ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) زیرہ۔
کامونی ۔ (ف۔ ا۔ مث) زیرہ ملا کر بنائی ہوئی ایک قسم کی معجون۔ کمونی۔
کامی ۔ (کا۔ می) [ف۔ صف] (۱) کاروباری۔ کام میں لگا ہوا (۲) کام کا۔ کارآمد۔ (۳) عیاش۔ شہوت پرست۔
کامیڈی ۔ (Comedy) (کا۔ م۔ ڈی) [انگ ۔ ا۔ مث] طربیہ۔ ایسا ڈراما یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔
کامیڈین ۔ (Comodian) (کا۔ م۔ ڈی۔ اَن) [انگ ۔ ا۔ مذ] (۱) طربیہ نگار۔ خوش کن ڈرامے لکھنے والا (۲) نقال۔ بھانڈ۔ سوانگیا۔ مسخرا ایکٹر۔
کان ۔ [ق] کھان۔
کان ۔ [ہ ۔ ا۔ مذ] سُننے کا عضو۔ گوش (۲) سماعت۔ سننے کی قوت (۳) چارپائی کی ٹیڑھ۔ بَل۔ کھچاؤ (۴) کپڑے کا ایک کونہ بڑا، ایک چھوٹا جو کلف کی وجہ سے ہو جاتا ہے (۵) (مجازاً) توجہ۔ دھیان (۶) عورتوں کے کان کا ایک زیور (۷) ستار۔ تنبورہ وغیرہ کی کھونٹی۔
کان آشنا ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کا سُنا ہوا ہونا۔



Marfat.com

**کان اُڑے جاتے ہیں۔ کان پھٹے جاتے ہیں۔ کان پھوٹے جاتے ہیں۔** } کثرت شور و غل یا داستانِ طویل کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔

**کان اُکھاڑنا۔ اینٹھنا (اینٹھنا) کھینچنا۔ مروڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سزا دینا۔ ادب دینا۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا (۲) باز آنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا (۳) ستار۔ طنبورہ یا سارنگی کی کھونٹی مروڑنا۔

**کان اُونچے (کھڑے) کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چوکنّا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا۔

**کان بال۔** ہندوؤں کی ایک رسم جن میں بچے کے بال منڈوائے اور کان چھدوائے جاتے ہیں۔

**کان بجنا۔** (ر ۲۔ ا۔ مذ) (۱) کان میں ہر وقت آواز آنا (۲) کسی کے بغیر پکارے اور بے بلائے بول اٹھنا۔

**کان بچپانا۔** (ا۔ محاورہ) شرارت کے لیے گھوڑے کا اپنے کانوں کو پھڑپھڑانا۔

**کان بدمزہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سننا ناگوار ہونا۔

**کان بند کر لینا (کرنا)** (ا۔ محاورہ) کان میں روئی رکھ لینا یا انگلی دے لینا (۲) بے توجہی کرنا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔

**کان بندھنا۔** (ا۔ محاورہ) کان میں چھید ہونا۔ سوراخ ہونا۔

**کان بندھوانا۔** (ا۔ محاورہ) کان میں چھید کرنا۔ کان چھدوانا۔

**کان بہرا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) جان بوجھ کر اپنے آپ کو بہرا بنانا۔ جان بوجھ کر بات نہ سُننا۔

**کان بھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) باتوں سے اُکتا جانا۔

**کان بھر لینا۔** (ا۔ محاورہ) یکطرفہ بات سُن کر اس پر یقین کر لینا۔ کانوں میں بسا لینا۔

**کان بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غیبت کرنا۔ چغلی کھانا۔ لگائی بُجھائی کرنا۔ (۲) بدظن کرنا (۳) دوسرے کے دل میں کسی کی طرف سے بل ڈالنا۔

**کان بہرے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) قوّتِ سماعت جاتی رہنا۔ غل یا بکبک ناگوار ہونے کی جگہ کو کہتے ہیں۔

**کان بہنا۔** (ا۔ محاورہ) کان سے پیپ جاری ہونا۔

**کان پر جُوں نہ چلنا۔ کان پر جُوں نہ رینگنا۔** (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) (۱) کہنا نہ ماننا۔ (۲) بے پروائی کرنا (۳) ڈھٹائی کرنا (۴) بالکل بے خبر ہونا (۵) کسی بات کے سُننے کا اثر نہ ہونا۔

**کان پر سے گولی نکل جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا۔

**کان (کانوں) پر ہاتھ دھرنا (رکھنا)** (ا۔ محاورہ) (۱) صاف انکار کرنا۔ لاعلمی کا اظہار کرنا۔ (۲) مُکر جانا۔ کہہ کر پھر جانا۔

**کان پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سُننے میں آنا۔ سُنائی دینا۔

**کان پڑی آواز (بات) سنائی نہ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شور و غل کے باعث بات سمجھ میں نہ آنا (۲) نہایت شور و غل ہونا۔

**کان پڑی کام آتی ہے۔** (ا۔ مثل) سُنی سُنائی بات کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے۔

**کان پکڑ کے اُٹھا (نکال) دینا۔** (ا۔ محاورہ) زبردستی اٹھا دینا یا نکال دینا۔ بے عزّت کر کے نکال دینا۔

**کان پکڑ کے اُٹھانا بٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کان پکڑ کے کبھی اُٹھانا اور کبھی بٹھانا۔ شاگردوں کی ایک قسم کی سزا (۲) نہایت مطیع اور فرمانبردار بنانا۔

**کان پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کان مروڑنا (۲) قائل ہونا۔ اُستاد تسلیم کرنا۔ (۳) توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔ (۴) اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا۔ (۵) بچوں کی ایک طرح کی سزا۔ (۶) عاجزی کرنا (۷) اطاعت کرنا (۸) اپنے آپ کو کمتر تسلیم کرنا۔

**کان پکڑی باندی۔ (لونڈی کنیز)۔** نہایت مطیع اور فرماں بردار کنیز۔

**کان پھٹ جانا۔ کان پھوٹ جانا۔ کان پھوٹے جانا۔** (ا۔ محاورہ) شور و غل کے باعث پریشان ہونا۔

**کان پھڑپھڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مستعد ہونا۔ (۲) کسی کی آمد کا انتظار ہونا۔

**کان پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بہرا ہونا۔

**کان پھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) شور و غل سے پریشان کرنا۔

**کان پیارے تو بالیاں جورو پیاری تو سالیاں۔** (ا۔ مثل) کسی چیز کے ساتھ محبت ہونے کی وجہ سے اس کے متعلقات سے محبت ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**کان تک نہ ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) عذر نہ کرنا۔ مان لینا۔

**کان تلے کی چھوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بھید کی بات کہنا۔ راز کی بات کہنا (۲) چبھتی ہوئی کہنا۔ ناگوار بات کہنا۔

**کان جھکانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دھیان دینا۔ کان لگا کر سُننا۔ کسی بات کو توجہ سے سُننا۔ (۲) حکم مان لینا۔

**کان جھنّانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی سخت آواز کا کانوں کو ناگوار اور گراں گزرنا۔

**کان چاٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت بک بک کرنا۔ بہت بولنا۔

**کان دبا کر چلا جانا۔** (ا۔ محاورہ) بے چون و چرا کیے چُپ چاپ چلے جانا۔ دُم دبا کر چلے جانا۔ سیدھا اور خاموش چلے جانا۔

**کان دبا لینا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی بات سُن کر چُپ ہو جانا۔ غریب بن جانا۔

**کان دبائے ہوئے۔** (ا۔ صف) چُپ چاپ۔

**کان دکھانا۔** کان کا مَیل نکلوانا۔ کان میلے سے کان صاف کرانا۔

**کان دھر کر۔ (دھر کے) سُننا۔ کان دھرنا۔** (ا۔ محاورہ) غور سے سُننا۔ دھیان دے کر سُننا۔ توجہ سے سُننا۔

**کان رکھنا (لگانا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) توجہ دے کر سُننا (۲) خیال رکھنا۔



Marfat.com

**کان سے سُننا۔** (ا۔ محاورہ) توجّہ سے سُننا۔
**کان سے نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) سُنی ہوئی بات بھُول جانا۔
**کان کا پَردہ۔** کان کے اندر کی باریک سُوراخ دار جھلّی جو نہایت باریک اور نازک ہوتی ہے۔
**کان کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) کان تراشنا (۲) مات کرنا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ فوقیت رکھنا (۳) دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔
**کان (کانوں) کا کچّا۔** (ا۔ صفت) وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک بات پر اعتبار کر لے۔ ضعیف الاعتقاد۔
**کان کا مَیل۔** (ا۔ مذ) وہ غلاظت اور کثافت جو کان کے اندر جمع ہو جاتی ہے۔
**کان کترنا۔** (کنایۃً) (۱) ایسا ہوشیار ہونا جو دوسرے کو عاجز اور پست کر دے (۲) کسی کام میں اُستادِ کامل ہونے کی جگہ بولتے ہیں۔ (دیکھیے کان کاٹنا)
**کان کرنا۔** (ا۔ محاورہ) غور سے سُننا۔ توجہ سے سُننا۔
**کان کُرَولنی۔** کان میں سے مَیل نکالنے والا آلہ۔
**کان کھانا۔ کان کھا لینا۔** (ا۔ محاورہ) بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ شور و غل کرنا۔ تکلیف دینا۔
**کان کھُجانے کی فرصت نہیں۔** (ا۔ محاورہ) بالکل فرصت نہیں۔ ذرا فراغت نہیں۔
**کان کھڑے رکھنا** (ا۔ محاورہ) ہوشیار رہنا۔ چوکس رہنا۔
**کان کھڑے کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کان اُونچے کرنا۔ چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا۔
**کان کھُل جانا (کھُلنا)** (ا۔ محاورہ) چوکنا ہو جانا۔ عبرت ہونا۔ اپنی غلطی سے آگاہ ہونا۔
**کان کھُلنا۔** (ا۔ مص۔ مرکب) متنبّہ ہونا۔ ہوشیار ہونا
**کان کھُلے رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) ہوشیار اور چوکنا رہنا۔
**کان کھول دینا۔** (ا۔ محاورہ) جتا دینا۔ آگاہ کر دینا۔ ہوشیار کر دینا۔ خبردار کر دینا۔
**کان کھول کے۔** (ا۔ تابع فعل) غفلت دُور کر کے۔ ہوشیار کر کے۔
**کان کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی بات کے سُننے کے لیے کانوں کا متوجّہ کرنا۔ (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت کرنا۔
**کان کے پَردے پھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) شور و غُل کی وجہ سے کانوں کو اس قدر صدمہ پہنچنا کہ سماعت میں فرق آ جائے۔
**کان کے کیڑے کھا جانا۔** (ا۔ محاورہ) [کنایۃً] بکواس۔ بہت زیادہ باتیں کرنا۔
**کان گنگ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کان بہرا ہونا۔ کان کا سن سن کرنا۔

**کان گنہگار ہیں۔** (ا۔ محاورہ) میں نے صرف سُنا ہے۔ جھوٹ سچ کا ذمہ دار نہیں
**کان لگا کر سُننا۔** (ا۔ محاورہ) توجہ سے سُننا۔
**کان لگانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دھیان لگا کر سُننا (۲) چھُپ کر سُننا
**کان لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کان لگ جانا۔ (۲) یار بننا۔ مُنہ چڑھنا (۳) کانا پھُوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا۔ (۴) خیال ہونا۔ توجہ ہونا۔
**کان لگے رہنا۔** (ا۔ محاورہ) سُننے کے لیے متوجّہ رہنا۔
**کان لگے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دھیان لگنا۔ توجہ ہونا۔
**کان لینا۔** (ا۔ محاورہ) گوشمالی کرنا۔ کان اینٹھنا۔
**کان مانُوس ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کان آشنا ہونا۔ سُنا ہُوا ہونا
**کان مروڑنا (مَلنا)۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کان کھینچنا۔ گوشمالی کرنا (۲) ڈرانا۔ سزا دینا۔ (۳) ستار یا سارنگی کی کھُونٹی کسنا۔ (۴) [کنایۃً] عاجز ہونے اور قائل ہونے کا اعتراف۔
**کان مَیلیا۔** (ا۔ صفت) کان کا مَیل صاف کرنے والا
**کان (کانوں) میں اُنگلی دینا۔ کان (کانوں) میں اُنگلی رکھنا** (ا۔ محاورہ) کسی کی آواز نہ سُننے کے لیے کان بند کر لینا۔ ڈراؤنی آواز سے بچنے کے لیے کانوں میں اُنگلیاں ڈال لینا۔ عموماً جمع بولتے ہیں۔
**کان میں بات ڈال دینا۔** (ا۔ محاورہ) آگاہ کر دینا۔ سمجھا دینا۔
**کان میں بات کہنا (کرنا)** (ا۔ محاورہ) کوئی خفیہ یا راز کی بات کرنا۔ سرگوشی کرنا۔
**کان میں بات (بول) مارنا۔** (ا۔ محاورہ) بات سُن کر ٹال جانا۔ سُنی اَن سُنی کر جانا۔
**کان میں بھنک پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) افواہ سُنائی دینا۔
**کان میں پارہ بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) گونگا بہرا کر دینا۔
**کان میں پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔ آگاہی ہونا۔
**کان میں پھُونکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کان میں کہنا۔ (۲) بدگوئی کرنا۔ (۳) بدگمان کرنا۔ (۴) کسی کی تعریف کر کے اُسے پھسلانا۔ بہکا دینا۔ (۵) کسی کے متعلق کوئی بُری بات دوسرے کے دل میں بٹھا دینا۔
**کان میں تیل ڈال لینا۔** (ا محاورہ) (۱) اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا لینا۔ (۲) خاموشی اختیار کر لینا۔ کچھ نہ سننا۔ بے پروا بن جانا۔
**کان میں حبشی کوڑی ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) غلام بنانا۔ غلام ہونے کی نشانی کان میں ڈالنا۔
**کان میں ڈال دینا۔ (ڈالنا)۔** (ا۔ محاورہ) سُنا دینا۔ کہہ دینا۔ آگاہ کر دینا۔ گوش گزار کر دینا۔
**کان میں ڈھول بجانا۔** (ا۔ محاورہ) کان کے پاس چلّانا۔ بہت



Marfat.com

زور سے کہنا۔

**کان میں رکھنا۔** (ا۔محاورہ) یاد رکھنا۔خیال رکھنا۔

**کان میں رُوئی دینا۔** (ا۔محاورہ) محض بے خبر۔غافل۔بے سُدھ اور بے پروا بن جانا۔

**کان میں کھٹکنا۔** (ا۔محاورہ) کانوں کو بُرا لگنا۔ناگوار معلوم ہونا۔

**کان میں کہنا۔ کان میں کہہ دینا۔** (ا۔محاورہ) چپکے سے کہنا۔ پوشیدہ یا خفیہ طور سے کہہ دینا۔

**کان نہ پھڑکانا۔ پھڑپھڑانا۔ ہلانا۔** (ا۔محاورہ) چوں نہ کرنا۔چُپ ہو جانا۔ (۲) جانور کا سدھ جانا۔ (۳) شرارت نہ کرنا۔

**کان نہ دھرنا۔ رکھنا۔** (ا۔محاورہ) توجہ نہ رہنا۔غور نہ کرنا۔متوجہ ہو کر نہ سُننا۔بے پروائی سے سُننا۔

**کان ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چارپائی یا کپڑے میں ٹیڑھ ہونا۔ (۲) نصیحت حاصل ہونا۔خبردار ہو جانا۔ (۳) اطلاع ہو جانا۔امتحان ہو جانا۔ (۴) خیال ہو جانا۔ دھیان ہو جانا۔ (۵) عقل آنا۔ ہوش آنا۔

**کانوں پر ہاتھ دھرنا۔** (ا۔محاورہ) صاف انکار کرنا۔ (۲) مُکر جانا۔ نفرت کرنا۔ (۴) پناہ مانگنا۔

**کانوں پڑی آواز۔** (ا۔روزمرہ) وہ بات جو کبھی سُنی ہو اور یاد ہو۔

**کانوں تک رہنا۔** (ا۔محاورہ) بات سُن کر کسی سے نہ کہنا۔

**کانوں کان خبر نہ ہونا۔** (ا۔مثل) اس طرح کوئی بات کہنا جس کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہو۔بالکل خبر نہ ہونا۔

**کانوں میں رس پڑنا۔** (ا۔محاورہ) کانوں کا رسیلی یا سُریلی آواز سے حظ اُٹھانا۔لُطف حاصل کرنا۔

**کان۔** [ف۔ا۔مؤنث] معدن۔وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھات یا جواہرات وغیرہ نکالتے ہیں۔ (۲) منبع۔سرچشمہ۔

**کانِ جُود و سخا۔** (ف۔صف) فیاض۔مخیّر۔

**کان کن۔** (ف۔صف) کان کھودنے والا۔

**کان کنی۔** (ف۔ا۔مث) کان کھودنا۔کان کھودنے کا عمل۔

**کانِ ملاحت۔** (ف۔صف) وہ معشوق جو سانولا سلونا ہو۔خوبصورت۔

**کانا۔** (کا۔نا) [اُ] بمعنی کان میں مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔جیسے کانا پھوسی۔

**کانا باتی۔** (ا۔مث) کان میں بات کہنا۔کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو تو اس کے کان میں "کانا باتی، کانا باتی کُر" کہتے ہیں۔اور "کُر" پر زیادہ زور دیتے ہیں۔

**کانا پھوسی۔** سرگوشی۔چپکے چپکے کان میں بات کہنا۔کھسر پھسر

**کانا گوشی۔** (۱) کانا پھوسی۔ (۲) گوشمالی۔

**کانا۔** (کا۔نا) [ہ۔صف۔و۱۔مذ] ایک آنکھ والا۔واحد العین۔ یک چشم۔کانڑا۔ (۲) داغی پھل۔ (۳) ٹیڑھا ترچھا۔

**کانا پردہ۔** (ا۔مذ) ناقص پردہ۔برائے نام پردہ۔

**کانا فُسُو بُدھو نفر۔** (ا۔مثل) عیب ہی عیب۔خراب و تباہ کا بے جوڑ اور بے میل سامان۔ (۲) نہایت مفلس۔

**کانا کچھو۔** (ا۔مذ) ایک پہاڑی ترکاری جو موسم برسات میں از خود پیدا ہوتی ہے۔

**کانے کو مُنہ پر کانا نہیں کہتے۔** (ا۔محاورہ) عیب والے کا عیب مُنہ پر نہیں کہتے۔

**کانپ۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) پتنگ یا کنکوّے کی خمدار اور لچکدار پتلی کھپچی جو قوس نما لگائی جاتی ہے۔ (۲) چھتری کے تار جن پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔ (۳) سؤر یا ہاتھی کا اگلا دانت۔ (۴) کانپنا کا امر۔

**کانپ اُٹھنا۔ (جانا)۔** (ا۔محاورہ) خوف سے لرز جانا۔تھرا جانا۔ بدن میں کپکپی پیدا ہو جانا۔(کانپ کانپ اُٹھنا بھی مستعمل ہے)

**کانپ جانا۔** (ا۔محاورہ) خوف سے تھرا جانا۔ (۲) جاڑے سے کپکپی چھوٹ جانا۔

**کانپ چھُٹنا۔** (ا۔محاورہ) کپکپی آنا۔لرزہ طاری ہونا۔ (ق)

**کانپنا۔** (کانپ۔نا) [ہ۔مص] لرزنا۔تھرتھرانا۔ (کنایتاً) خوف کھانا۔ ڈر جانا۔

**کانپنی۔** (کانپ۔نی) [ق۔ا۔مث] کپکپی۔تھرتھراہٹ۔لرزش۔

**کانٹا۔** (کان۔ٹا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) خار۔سُول۔کنڈا۔ (۲) ترازو۔ (۳) ترازو کے دستے کی سُوئی۔ (۴) مچھلی پکڑنے کا خمیدہ اور نوکدار کانٹا۔ (۵) کنویں وغیرہ میں گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار۔ (۶) پنجے کی شکل کی ایک آہنی یا پیتلی چیز جس سے گوشت وغیرہ کھایا جاتا ہے۔ (۷) مچھلی کا خار (۸) آنکڑا۔ (۹) وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے۔ (۱۰) ٹک۔ (۱۱) پرندوں کا ایک مہلک مرض جس میں دُم کے پاس پھنسی نکل آتی ہے۔ (۱۲) خلش۔کھٹکا۔ (۱۳) وہ چوبی پنجہ جس سے زمیندار لوگ گھاس وغیرہ اکٹھی کرتے ہیں۔ (۱۴) شراب کا مہلک نشہ۔نہایت تیز اور تند شراب۔ (۱۵) گھنٹے یا گھڑی کی سوئی۔ (۱۶) علم حساب میں جمع۔ضرب۔تقسیم۔تفریق کا نشان۔ (۱۷) زبان کا کھُردرا پن۔ (۱۸) قوام کا تار۔ (۱۹) روک۔ اٹکاؤ۔ (۲۰) دشمن۔ (۲۱) مہمیز جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں۔ (۲۲) سیہ کا کانٹا۔ (۲۳) جانوروں کے پاؤں کا خار۔ [صف] (۲۴) نہایت دُبلا۔لاغر۔ (۲۵) نہایت ناگوار طبع۔ (۲۶) ایذا پہنچانے والا۔فتنہ پرداز۔

**کانٹا بدلنا۔** (ا۔محاورہ) ریل کے کانٹے کا ایک طرف سے دوسری طرف کرنا۔ (۲) رُخ پھیرنا

**کانٹا پڑنا۔** (ا۔محاورہ) پرندوں میں کانٹے کی بیماری کا ہونا (۲) پیاس کے باعث زبان کا کھُردرا ہونا۔کنویں سے ڈول وغیرہ نکالنے کے لیے کانٹا ڈالا جانا۔

**کانٹا چبھونا۔** (ا۔محاورہ) [کنایتہً] خلش دینا۔تکلیف دینا۔



Marfat.com

**کانٹا سا** ۔ (ا ۔ صفت) خار کی طرح ۔ (۲) دُبلا

**کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بُرا لگنا ۔ ناگوار گزرنا ۔ محسود خلائق ہونا ۔

**کانٹا سا کھٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت ناگوار گذرنا ۔ بُرا لگنا ۔ ناگوارِ خاطر ہونا ۔

**کانٹا سا نکل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی دُکھ یا مصیبت یا سختی سے رہائی پانا ۔ آرام پانا ۔ چین آجانا ۔

**کانٹا سا ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت لاغر اور کمزور ہو جانا ۔

**کانٹا کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مچھلی کا کانٹے میں پھنسنا ۔

**کانٹا لگنا** ۔ (۱) کانٹا چُبھنا ۔ (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا ۔ (۳) مُہلک نشہ ہونا ۔ (۴) ناگوار معلوم ہونا ۔

**کانٹا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پَر مارنا (۲) لڑتے وقت ایک مرغ کا دوسرے مرغ کو لات مارنا ۔ (۳) کم تولنا ۔

**کانٹا نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکلیف یا مصیبت سے بچانا ۔ خلش مٹانا ۔ کھٹکا دُور کرنا ۔

**کانٹا نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خلش دُور ہونا ۔ تکلیف دُور ہونا ۔ رنج سے نجات پانا ۔ (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا ۔

**کانٹا نہ لگے** ۔ (کلمۂ دُعا) کوئی تکلیف نہ پہنچے ۔

**کانٹا ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سُوکھ کے لاغر ہو جانا ۔ بہت دُبلا ہو جانا ۔

**کانٹوں بھرا** ۔ (ا ۔ صفت) بہت تکلیف رساں ۔

**کانٹوں پر بسر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [کنایۃً] کمال ایذا برداشت کرنا ۔ بہت تکلیف اُٹھانا ۔

**کانٹوں پر کھینچنا ۔ کانٹوں پر گھسیٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سزا دینا ۔ (۲) شرمندہ کرنا ۔ (۳) نہایت تکلیف دینا ۔ (۴) ازحد ستانا ۔ آزار پہنچانا ۔

**کانٹوں پر لوٹنا ۔ (تڑپنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے قرار رہنا (۲) آتشِ رشک و حسد میں جلنا ۔ (۳) بڑی مصیبت اُٹھانا ۔

**کانٹوں میں اُلجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [کنایۃً] جھگڑے میں پھنسنا ۔

**کانٹوں میں تل کر بکنا ۔ کانٹے میں تلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت گراں بکنا ۔ کسی چیز کی کمال قدر ہونا ۔ سونے چاندی کے بھاؤ بکنا ۔

**کانٹوں میں گھِرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت میں پڑنا ۔ آتشک میں مبتلا ہونا ۔

**کانٹے بچھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایذا رسانی کا کام کرنا ۔

**کانٹے بونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اپنے یا کسی کے حق میں بُرائی کرنا ۔

**کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں** ۔ (ا ۔ مثل) بدی کر کے نیکی کی اُمید رکھنا حماقت ہے ۔

**کانٹے بوئے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکلیف دِہ ہونا ۔ ایذا رساں ہونا ۔

**کانٹے پر کی اوس (پھُنبھیری)** ۔ (ا ۔ مث) بیکار چیز ۔ ناپائیدار چیز ۔

**کانٹے پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیاس کے مارے زبان یا حلق خشک ہو جانا ۔

**کانٹے کی تول** ۔ (ا ۔ مث) بالکل ٹھیک ۔ نہ کم نہ زیادہ ۔

**کانٹے کیطرح سُوکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت دُبلا پتلا ہو جانا ۔

**کانٹے کیطرح نظر میں کھٹکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمال ناگوار گذرنا ۔ کسی چیز کا دیکھنا ناگوار ہونا ۔

**کانٹے میں تلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت بیش قیمت ہونا ۔ مہنگا ہونا ۔

**کانٹے میں لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹے میں چارہ لگانا ۔

**کانٹی** ۔ (کاں ۔ ٹی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) رُوئی کا کوڑا ۔ وہ نکمی رُوئی جو دُھنتے میں نہ آسکے ۔ (۲) چھوٹا ہُک ۔ آنکڑا ۔ (۳) بیڑی ۔ جولان (۴) تولنے کا چھوٹا کانٹا ۔ (۵) وہ لنگر جو لڑکے ڈور میں باندھ کر لڑاتے ہیں ۔ (۶) مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی بیڑی

**کانٹی کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قید کاٹنا ۔ جیل خانے جانا ۔ سزا یافتہ ہونا ۔ داغی ہونا ۔

**کانجی** ۔ (کاں ۔ جی) [ھ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی ، زیرہ ، نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں ۔ (۲) چاولوں کے بیچ ۔ مانڈی ۔ (۳) گاجروں کے اچار کا پانی ۔

**کانجی ہاؤس** ۔ (کاں ۔ جی ۔ ہا ۔ اُس) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) قید خانے کا مکان (۲) حوالات ۔ نگرانی ۔ (۳) وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی بھیج دیے جاتے ہیں ۔

**کانچ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) شیشہ ۔ ایک قسم کا سخت چمکدار مادّہ جو ریت اور کھار یعنی سجی کے ذریعے سے بنایا جاتا ہے ۔ (۲) (توتش) ایک بیماری جس میں پاخانہ کرتے وقت مقعد کا گوشت باہر نکل آتا ہے ۔

**کانچ نکال دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [کنایۃً] بہت مارنا ۔ عاجز کرنا ۔ کسی کو نقصان پہنچانا ۔ مار مار کے ناس کر دینا ۔

**کانچ نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مقعد کے گوشت کا نقاہت و ضعف کے باعث نکل آنا ۔ (۲) (کنایۃً) خسارہ اُٹھانا ۔ (۳) عاجز ہونا ۔ صدمہ برداشت کرنا ۔

**کانچو** ۔ (کاں ۔ چو) [ھ ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جس کو کانچ نکلنے کا مرض لاحق ہو ۔ (۲) اِغلامی ۔ لُوطی ۔ گانڈو ۔

**کانچی** ۔ (کاں ۔ چی) [ق ۔ ا ۔ مث] شادی کی ایک رسم ۔

**کانڈ** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) دیوار ۔ پشتہ

**کانڈا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) نیشکر ۔ (۲) [ھ] پیاز ۔ کسی پودے کی گانٹھ دار جڑ ۔

**کانڈو** ۔ (کاں ۔ ڈو) [ق ۔ ا ۔ مذ] نیشکر ۔ چیبی ۔ (۲) بھڑبھونجا ۔

**کاندھا** ۔ (کاں ۔ دھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کندھا ۔ شانہ ۔ دوش ۔ کندھا



Marfat.com

**کاندھا بدلنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر کسی کا بوجھ لینا۔

**کاندھا دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جنازے کو کندھا دینا۔ (۲) سہارا دینا۔

**کاندھی دے جانا** ۔ [ھ ۔ مص] (۱) بہانہ کرنا۔ ٹال جانا۔ پہلوتہی کرنا۔ (۲) گھوڑے کا پیٹھ کو جھٹکا دے کر سوار کو گرا دینا۔

**کانڈ** ۔ (ھ ۔ ا۔ مذ) کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل۔

**کانڈا** ۔ (کان۔ ڈا) [ھ ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی جڑ جو پیاز سے مشابہ ہوتی ہے۔

**کانڈل** ۔ (کان۔ ڈل) [ھ ۔ ا۔ مذ] سرسوں کا ساگ۔

**کانڈلی** ۔ (کانڈ۔ لی) [ھ ۔ ا۔ مث] خرفہ۔

**کانڑا** ۔ (کان۔ ڑا) [ھ ۔ ا۔ مذ] دیکھیے کانا (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا پتنگ۔

**کانڑا رگی** ۔ (ھ۔ صف) نہایت شوخ اور شریر۔

**کانڑا مجھے بھائے نہیں۔ کانڑے بن سہائے نہیں** ۔ (ا۔ مثل) ایک شخص سے نفرت بھی کرنا اور پھر اس کے بغیر صبر بھی نہ کر سکنا۔

**کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے** ۔ (ا۔ مثل) کانے میں شرارت زیادہ ہوتی ہے۔

**کانڑے کے بیاہ کو سَو سَو جوکھوں** ۔ (ا۔ مثل) عیب دار شے کے لیے ہر جگہ مشکلات پیش آتی ہیں۔

**کانڑی** ۔ (کان۔ ڑی) [ھ ۔ صف و ا۔ مث] کانڑا کا مونث۔

**کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے اوروں کی پُتلی دیکھ بھالے** ۔ (ا۔ مثل) عیب دار کو اپنا عیب تو خواہ کیسا ہی بڑا ہو، معلوم نہیں ہوتا۔ مگر دوسرے کا معمولی عیب بھی بڑا معلوم ہوتا ہے۔

**کانڑی کو کون سراہے کانڑی کا باوا** ۔ (ا۔ مثل) اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔

**کانس** ۔ (کا۔ نس) [اُر ۔ ا۔ مث] انگریزی لفظ "کارنس" کا بگڑا ہوا۔ کنگنی۔ چھجا۔

**کانس** ۔ (ھ ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جو اکثر غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے۔ (۲) جھگڑا ٹنٹا۔ قضیہ۔ (۳) چمک۔ تابش۔

**کانس میں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دھوکہ کھانا۔ (۲) سوچ بچار میں لگے رہنا۔ غور و فکر میں محو رہنا۔ (۳) جان جوکھوں میں رہنا۔

**کانس میں پھنسنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مشکل میں پڑنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

**کانسا** ۔ (کان۔ سا) [ھ ۔ ا۔ مذ] راجہ کا کھانا۔ خاصہ۔ (۲) ایک دھات۔ کانسی۔

**کانسٹبل** ۔ (Constable) (کانس۔ ٹے۔ بل) [انگ ۔ ا۔ مذ] پولیس کا سپاہی۔

**کانسٹی ٹیوشن** ۔ (Constitution) (کانس۔ ٹی۔ ٹیوشن) [انگ ۔ ا۔ مذ] ساخت۔ بناوٹ۔ وجود۔ (۲) قوانین۔ دستور۔ آئین۔ (۳) نظام۔ اصول۔

**کانسہ** ۔ (کان۔ سَہ) [اُر ۔ ا۔ مذ] صحیح (فارسی) کاسہ۔ پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا۔

**کانسی** ۔ (کان۔ سی) [ھ ۔ ا۔ مونث] ایک قسم کی دھات جو تانبے اور رانگ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے۔

**کانشنس** ۔ (Conscience) (کان۔ شَنس) [انگ ۔ ا۔ مذ] انسانی ضمیر۔ وجدان سلیم۔ وہ انسانی قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف متوجہ کرے۔

**کانفرنس** ۔ (Conference) (کان۔ فے۔ رنس) [انگ ۔ ا۔ مث] مجلس شوریٰ۔ مشورہ کی مجلس۔ مشاورت۔

**کانفیڈنشل** ۔ (Confidential) (کان۔ فی۔ ڈن۔ شل) [انگ ۔ صف] رازداری کا۔ خفیہ۔ بصیغۂ راز۔ پرائیویٹ۔

**کانکرا** ۔ (کانک۔ ڑا) [ھ ۔ ا۔ مذ] گُلدم۔ مبتل۔ مشعل کی بتی (ق)

**کانکھ** ۔ (ھ ۔ ا۔ مونث) (۱) بغل (۲) کنارہ۔ پہلو۔

**کانکھنا** ۔ (کانکھ۔ نا) [ھ ۔ مص] گلا صاف کرنے کے لیے آواز نکالنا۔ (۲) کراہنا۔ آہیں بھرنا۔

**کانگرس** ۔ (Congress) (کانگ۔ رس) [انگ ۔ ا۔ مث] مجلس۔ سبھا (نمائندوں کی) (۲) انجمن۔ پارٹی۔ جماعت۔

**کانگڑا** ۔ (کانگ۔ ڑا) [ق ۔ ا۔ مذ] تربوز

**کانگڑی** ۔ (کانگ۔ ڑی) [ھ ۔ ا۔ مونث] مٹی کی انگیٹھی جس کے اوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔ کشمیریوں میں اس کا استعمال عام ہے۔

**کانور** ۔ (ھ ۔ ا۔ مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس میں زردی چھا جاتی ہے۔ (۲) [مث] ایک لکڑی جس کے دونوں کناروں پر ٹوکریاں رکھ کر ان میں چیزیں رکھ لیتے ہیں۔ بہنگی۔

**کانورا** ۔ (کان۔ وَ۔ را) [ھ ۔ صف] حواس باختہ۔ بےاوسان۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔

**کانون** ۔ (کا۔ نُون) [ف ۔ ا۔ مذ] (۱) انگیٹھی (۲) آگ ڈالنے کا پیالہ

**کانووکیشن** ۔ (Convocation) (کان۔ وو۔ کے۔ شَن) [انگ ۔ ا۔ مذ] جلسہ تقسیم اسناد۔ یونیورسٹی۔

**کانوینٹ** ۔ (Convent) (کان۔ وینٹ) [انگ ۔ ا۔ مذ] عیسائی اہل خانقاہ۔ عیسائی خانقاہ۔ (۲) عیسائی مدرسہ۔

**کانی** ۔ (ھ ۔ صف و ا۔ مونث) کانا کی تانیث۔ ایک آنکھ والی۔ (ف) معدن کی چیز۔ معدنی۔ کان سے منسوب۔ (۳) کہانی۔ (ق)

**کاو** ۔ (ف ۔ ا۔ مث) (۱) کھودنا (۲) تلاش۔ تفتیش (۳) امتحان۔



Marfat.com

**کاوکاو۔** (۱) کوشش (۲) تفتیش۔ (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا۔

**کاوا۔** (کا۔وا) (۱) [اُر۔ا۔مذکر] گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پہ ایک دائرہ پیدا ہو جائے۔ (۲) چوگان۔

**کاوا دینا۔** گھوڑے کو حلقہ باندھ کر چکر دینا۔

**کاواک۔** (کا۔واک) [ف۔صف] (۱) خالی۔ کھوکھلا [اُر] (۲) بیڈول۔

**کاوِش۔** (کا۔وِش) [ف۔ا۔مث] (۱) کھودنا۔ کھوج لگانا۔ (۲) خلش۔ (۳) کرید۔ تلاش۔ تجسس۔ جستجو (۴) [اُر] بیر۔ دشمنی۔ حسد۔ جلن۔

**کاوَل۔** (کا۔وَل) [ق۔ا۔مونث] گشت۔

**کاوَل گر۔** گشت کرنے والا۔

**کاوَہ۔** (کا۔وَہ) [ف۔ا۔مذ] ایک آہنگر۔ جس نے فریدوں کو ڈھونڈھ نکالا اور اسے ضحاک پر چڑھا کر ملک دلوایا۔

**کاوِی۔** (کا۔وِی) [ف۔ا۔مث] (۱) کھودنا۔ (۲) تلاش کرنا۔ تفتیش کرنا۔ (مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے)

**کاہ۔** [ف۔ا۔مث] کٹی ہوئی سوکھی گھاس۔

**کاہ رُبا۔** (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا زرد گوند جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے رکھیں تو وہ مقناطیس کی طرح اُسے اُٹھا لیتا ہے۔

**کاہکشاں۔** (کہکشاں) (ف۔ا۔مث) بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار جو اندھیری رات میں آسمان پر سڑک کی مانند نظر آتی ہے۔

**کاہ گِل۔** کہگل۔ (ف۔ا۔مث) پلستر کرنے کی بھُس ملی ہوئی مٹی۔

**کاہِش۔** (کا۔ہِش) [ف۔ا۔مث] (۱) زوال۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ تنزل۔ (۲) لاغری۔ دُبلاپن۔

**کاہش اُٹھانا۔** (ا۔محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔

**کاہشِ جاں۔** (ف۔ا۔مث) وہ صدمہ جو جان پر ہو۔

**کاہِل۔** (کا۔ہِل) [ع۔صف] سُست۔ کام چور۔ مجہول۔ آرام طلب۔

**کاہلا۔** (کاہ۔لا) [اُر۔صف] سُست۔ تھکا ہوا۔ (ہن) تیز۔ جلد باز۔

**کاہلی۔** (کاہ۔لی) [ف۔ا۔مث] سُستی۔ آرام طلبی۔ آلکسی۔

**کاہِن۔** (کا۔ہِن) [ع۔ا۔مذ] جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتلانے والا۔ جمع: کَہَنَہ

**کاہِنَہ۔** (کا۔ہِ۔نَہ) [ع۔ا۔مث] کاہن کی مونث۔

**کاہُو۔** (کا۔ہُو) [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا ساگ اور اس کا تخم۔

**کاہی۔** (کا۔ہی) [اُر۔ا۔مذ] (۱) ہلکا سبز رنگ مائل بہ سیاہی۔ (۲) کیس جو ایک قسم کی پھپھوندی ہے۔ بعض کائی کہتے ہیں۔

**کاہے سے۔ کاہے کو؟** (ہ۔ کلمۂ استفہام) کیوں۔ کس لیے۔ کس واسطے۔

**کاہیدگی۔** (کا۔ہی۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مث] لاغری۔ دُبلاپن۔

**کاہیدہ۔** (کا۔ہی۔دَہ) [ف۔صف] گھٹا ہوا۔ دُبلا۔ لاغر۔

**کائپھل۔** (کا۔اِ۔پھَل) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک دوا جو کسی درخت کی چھال ہوتی ہے۔ (۲) فلسے کی طرح کا ایک پہاڑی اور دوا اثر میں پھل۔

**کائد۔** (کا۔ئِد) [ع۔صف] مکار۔ فریبی۔

**کائن۔** (ع۔صف) ہونے والا۔ موجود۔

**کائنات۔** (کا۔اِ۔نات) [ع۔ا۔مونث] (۱) موجودات۔ دُنیا (۲) حقیقت۔ حیثیت۔ (۳) سرمایہ۔ پونجی۔ (۴) خلق اللہ۔

**کاؤنٹ۔** (Count) (کو۔نٹ) [انگ۔ا۔مذ] یورپ میں نواب کا لقب۔

**کاؤنٹر۔** (Counter) (کا۔اُن۔ٹَر) [انگ۔ا۔مذ] گلک۔ تختہ۔ (روپیہ گننے کی میز یا تختہ دوکان وغیرہ میں)

**کاؤں کاؤں۔** (کا۔اُوں۔کا۔اُوں) [ہ۔ا۔مث] (۱) کوّے کی مسلسل آواز۔ (۲) لوگوں کا شور و غل۔

**کاؤں کاؤں کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کوّے کا کائیں کائیں کرنا۔ (۲) لوگوں کا شور و غل کرنا۔ چلّانا۔

**کائی۔** (کا۔اِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر یا برسات میں چونے کی دیواروں وغیرہ پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی پھپھوندی۔ پانی کا جالا۔ (۲) گہرا سیاہی مائل سبز رنگ۔

**کائی سی پھٹ جانا۔** (ا۔محاورہ) بادلوں کی طرح الگ الگ ہو جانا۔ دفعتہً تتر بتر ہو جانا۔

**کائی لگنا۔** (ا۔محاورہ) پانی یا کسی اور چیز پر سبزی جم جانا۔

**کائیاں۔** (کا۔اِ۔یاں) [اُر۔صف] (۱) نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ خرانٹ۔ تجربہ کار۔ (۲) فریبی۔ دغا باز۔ (۳) بخیل۔ کنجوس۔

**کائیاں پن۔** (ا۔مذ) (۱) عیاری۔ چالاکی۔ مکاری۔ کنجوسی۔

**کائیں کائیں۔** (کا۔ایں۔کا۔ایں) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے کاؤں کاؤں۔

**کائیں کائیں کرنا۔ کائیں کائیں مچانا۔** (ا۔محاورہ) غل شور کرنا۔

**کایا۔** (کا۔یا) [ہ۔ا۔مث] جسم۔ تن۔ بدن۔ سریر۔ (۲) روپ۔ بھیس۔ (۳) اصلیت۔ ماہیت۔

**کایا بڑی کہ مایا؟** (ا۔مثل) جان سے بہتر مال نہیں۔

**کایاپلٹ۔** (ا۔صف۔مذ) (۱) قالب بدلنے والا۔ (۲) بھیس بدلنے والا۔ (۳) بہروپیا۔ (۴) وہ دوا جس سے بُڑھا جوان ہو جائے۔

**کایاپلٹ دینا۔** (ا۔محاورہ) ہیئت بدل دینا۔

**کایاپلٹنا۔** (ا۔محاورہ) چولا بدلنا۔ قالب تبدیل کرنا۔ (۲) تناسخ اختیار کرنا۔ (۳) دوسری جون میں آنا۔ (۴) روپ دھارنا۔ (۵) جوبن پر آنا۔ ماہیت بدلنا۔



Marfat.com

**کایا پلٹ ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) رنگ رُوپ بدل جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ دوسرے رنگ میں آجانا۔

**کایا کشٹ** جسمانی تکلیف۔ جسمانی مرض۔

**کایا کلپ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) دواؤں کے ذریعے دوبارہ جوانی حاصل کرنا۔

**کایَتھ۔ کایَستھ۔** (کا۔ یَتھ۔ کا۔ یَستھ) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک ہندو ذات کا نام جس کا کام نوشت و خواند اور منشی گری ہے۔

**کایتھ کی کھوپڑی۔** (ا۔ مث) (کنایۃً) دغاباز۔ چالاک آدمی۔

# ک ۔ ب

**کَب۔** [ظرفِ زمان جو محل استفہام میں آتا ہے] (۱) کس وقت کس دن۔ (۲) کیونکر۔ کس طرح۔ کس زمانے میں؟

**کب بابا مریں کب بیل بٹیں۔** (ا۔ مثل) کسی بات کا بہت انتظار کرنا ہو تو کہتے ہیں۔

**کب تک۔ کب تلک۔** (ا۔ مثل) کس وقت تک۔ کس زمانے تک۔

**کب تھوکتے ہیں۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) بالکل خیال نہیں کرتے۔ ہرگز متوجہ نہیں ہوتے۔ کبھی خاطر میں نہیں لاتے۔ نفرت کرتے ہیں۔

**کب سے؟** (ا۔ تابع فعل) (۱) کس وقت سے؟ کس زمانے سے؟ (۲) دیر سے۔ عرصے سے۔

**کب کا۔** (ا۔ تابع فعل) (۱) کس زمانے کا۔ کس مدت کا۔ (۲) مدت دراز کا۔ بڑی دیر کا۔

**کُب۔** (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) انسان کی پیٹھ کی کجی۔ اصلی ہو یا بڑھاپے سے (۲) ٹیڑھ۔ کج (۳) خم۔ جھکاؤ۔ (۴) اُونٹ یا سانڈ کے اُوپر کا اُبھرا ہُوا مقام۔ کوہان۔

**کُب نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) پیٹھ کا کبڑا ہو جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

**کباب۔** (کَ۔ بابْ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پہ بھنا ہُوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے۔ (۲) گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں۔ (۳) [کنایتاً صفت] سوختہ۔ بریان۔ جلا ہُوا۔

**کباب کا آنسو۔** (ا۔ مذ) وہ پانی جو سیخ کے کباب سے پکتے ہوئے ٹپکتا ہے۔

**کباب کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کباب بنانا۔ کباب بھوننا (۲) جلانا۔ بھوننا۔ (۳) رنج پہنچانا۔ (۴) رشک دلانا۔ (۵) غصہ دلانا (۶) دُکھ دینا۔

**کباب لگانا۔** (ا۔ محاورہ) کباب بھوننا یا تیار کرنا۔

**کباب ہونا۔** (ا۔ محاورہ)۔ (۱) کباب تیار ہونا۔ (۲) جلنا۔ بھننا۔ (۳) دُکھ پانا۔ (۴) حسد ہونا (۵) نہایت بُرا لگنا۔ (۶) غصے میں نیلا پیلا ہو جانا (۷) ناگوار گزرنا۔ (۸) آگ بگولا ہونا۔ (۹) طیش میں آجانا۔ (۱۰) حسد یا رشک سے جلنا۔

**کبابہ۔ کبابہ۔** (کَ۔ بابْ۔ کَ۔ بابَہ) [ف۔ ا۔ مذ] سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج جو بطور دوا مستعمل ہوتے ہیں۔

**کباب چینی۔** کبابہ۔ سیتل چینی۔ سرد چینی۔

**کبابی۔** (کَ۔ با۔ بی) [ف۔ ا۔ مذ] کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش۔

**کبادہ۔** (کَ۔ با۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمزور کمان۔

**کِبار۔** (کِ۔ بارْ) [ع۔ ا۔ مذ] کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔ بزرگ۔

**کباڑ۔** (کَ۔ باڑْ) [ہ۔ ا۔ مذ] کاٹھ۔ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔

**کباڑخانہ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرہ یا دُکان۔

**کباڑیا۔** (کَ۔ باڑ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا۔ نیلام کا لایا ہُوا مال فروخت کرنے والا۔

**کبائر۔** (کَ۔ با۔ ئِرْ) [ع۔ ا۔ مذکر] کبیرہ کی جمع۔ بڑے گناہ۔

**کبت۔** (کَ۔ بتْ) [ہ۔ ا۔ مذ] شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم۔

**کُبجا۔** (کُبْ۔ جا) [ق۔ صفت] کبڑا۔

**کَبِد۔** (کَ۔ بِدْ) [ع۔ ا۔ مذ] جگر۔ کلیجہ۔

**کبدھی۔** (کَ۔ بُدھی) [ہ۔ صفت] احمق۔ بے سمجھ۔ بے وقوف۔

**کبڈی۔** (کَ۔ بڈْ۔ ڈی) [اَر۔ ا۔ مث] ایک کھیل کا نام۔

**کبڈی کھیلتے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ بیکار پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

**کِبر۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ (۲) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔

**کبر و نخوت۔** (ع۔ ا۔ مذ) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ

**کِبَر۔** (کِ۔ بَرْ) [ع۔ ا۔ مذ] بڑھاپا۔ پیری۔

**کبر سن۔** (کِبَرْ۔ سِنّ) [ع۔ ا۔ مذ] بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ کہن سال۔

**کبرا۔** (کَبْ۔ را) [ہ۔ صفت] چتکبرا۔ ابلق۔ سیاہ و سفید۔

**کُبَرا۔** (کُ۔ بَ۔ را) [ع۔ ا۔ مذ] کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔

**کُبریٰ۔** (کُبْ۔ را) [ع۔ صفت] (۱) بہت بڑی۔ بہت بزرگ۔ (۲) عظیم۔ اکبر کی تانیث۔

**کبریا۔** (کِبْ۔ رِیا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بزرگی۔ عظمت۔ (۲) فخر۔ غرور۔ تکبر۔ (۳) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**کبریائی۔** (ع۔ ا۔ صفت) اُونچا درجہ۔ بڑا ہونا۔ بڑائی۔ عظمت۔

**کبریت۔** (کِبْ۔ ریتْ) [ع۔ ا۔ مذ] گندھک (۲) عمدہ سونا۔ زرِ خالص۔

**کبریتِ احمر۔** لال گندھک جو کمیاب ہے۔ معدوم۔ کمیاب۔ عنقا۔ (۲) وظائف کی ایک کتاب جو حضرت غوث الاعظمؒ کی تصنیف ہے۔

**کُبڑا۔** (کُبْ۔ ڑا) [ہ۔ صفت و ا۔ مذ] خمیدہ پُشت۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھک گئی ہو۔



Marfat.com

**کُبڑا پَن**۔ ٹیڑھ۔ خمیدگی۔
**کُبڑن**۔ (کُب۔ ڑَن) [ھ۔ا۔مث] ترکاری بیچنے والی عورت۔
**کُبڑی**۔ (کُب۔ ڑِی) کبڑا کی تانیث۔
**کَبڑیا**۔ (کَ۔ بڑ۔ یا) ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش۔
**کَبک**۔ (ف۔ا۔مذ) چکور۔ ایک قسم کا تیتر جس کا سر اور پنجے سُرخ ہوتے ہیں۔ اس کی چال کو معشوق کی چال سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
**کَبک دری**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) پہاڑی چکور جو نہایت خوش رفتار ہوتا ہے۔
**کَبک رفتار**۔ (ف۔صف) چکور کی طرح چلنے والا۔ (۲) معشوق۔
**کُبَل**۔ (ق۔صف) مشکل۔ سخت دشوار۔
**کبوتر**۔ (کَ۔ بُو۔ تَر) [ف۔ا۔مذ] ایک مشہور پرندہ۔
**کبوتر باز**۔ (ف۔ا۔مذ) کبوتر پالنے اور اُڑانے والا۔
**کبوتر بازی**۔ (ف۔ا۔مث) کبوتر پالنے اور اُڑانے کا مشغلہ۔
**کبوتر با کبوتر باز با باز**۔ (ف۔مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ کبوتر کبوتر سے اور باز باز سے محبت رکھتا ہے۔
**کبوتر حرم**۔ (ف۔ا۔مذ) خانہ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار کرنا منع ہے۔
**کبوتر خانہ**۔ (۱) دڑبا۔ کابک (۲) مسافر خانہ۔ سرائے۔ (۳) وہ مقام جہاں پر ایک آتا رہے اور ایک جاتا رہے۔
**کبوتر کا گونجنا**۔ (ا۔محاورہ) کبوتر کا مست ہو کر بولنا۔
**کبوتر کیطرح لوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) بری طرح تڑپنا۔ لوٹن کبوتر کی مانند زمین پر لوٹنا۔
**کَبُوتری**۔ (کَ۔ بُوت۔ رِی) [ھ۔ا۔مث] (۱) کبوتر کی مادہ۔ (۲) ناچنے والی۔ (۳) دہقانی۔ (۴) دلہن۔ خوبصورت۔ خوش وضع۔
**کبُود**۔ (کَ۔ بُود) [ف۔ا۔مذ] (۱) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ۔ (۲) نیلگوں۔
**کَبُودی**۔ (کَ۔ بُو۔ دِی) [ف۔صف] نیلا۔ نیلگوں آسمانی۔
**کبھُو**۔ (کَ۔ بھُو) [اُر۔ تابع فعل] (۱) کبھی۔ گاہے۔ کسی وقت۔ (ق)
**کبھی**۔ (کَ۔ بھِی) [ھ۔ تابع فعل] گاہے۔ کسی نہ کسی وقت۔ کوئی دم۔ (۲) شاذو نادر۔ اتفاقاً (۳) کسی زمانے میں (۴) ہرگز۔ بالکل۔ مطلق۔
**کبھی ایسا ہے کبھی ویسا ہے**۔ (ا۔مثل) انقلاب زمانہ ہے۔
**کبھی تولہ کبھی ماشہ**۔ (ا۔مثل) دم میں کچھ اور دم میں کچھ۔ غیر مستقل مزاج اور متلون شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
**کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے**۔ (ا۔مثل) کسی زمانے میں ہم سے بھی ربط وضبط اور میل ملاقات تھی۔ اگرچہ اب نہیں ہے۔
**کبھی دن بڑا اور کبھی رات بڑی**
**کبھی رات بڑی اور کبھی دن** } (ا۔مثل) زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ انقلاب زمانہ ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

**کبھی کا**۔ (ا۔تابع فعل) بہت دیر کا۔ مدت کا۔
**کبھی کبھار**۔ (ا۔تابع فعل) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔ بھولے چوکے۔ وقت بے وقت۔
**کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے**۔ (ا۔محاورہ) ایک حال پر نہیں۔ تلوّن اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔
**کبھی گھی گھنا کبھی مٹھی بھر چنا**۔ (ا۔مثل) کبھی عیش کبھی دکھ، کبھی امیر کبھی غریب۔ زمانے کا انقلاب۔
**کبھی گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں**۔ (ا۔مثل) کبھی زمانہ موافق ہو ہی جاتا ہے۔
**کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر**
**کبھی ناؤ گاڑی پر۔ کبھی گاڑی ناؤ پر** } زمانے کے انقلاب پر بولتے ہیں۔ کبھی ایسا کبھی ویسا۔
**کبھی نہ دیکھا بوریا اور سپنے آئی کھاٹ**۔ (ا۔مثل) نودولتیوں کے متعلق کہا جاتا ہے۔
**کبھی نہ کبھی**۔ (۱) کسی نہ کسی وقت۔ (۲) گاہے گاہے۔ (۳) بھولے بسرے۔
**کبھی نہیں**۔ (ا۔تابع فعل) ہرگز نہیں۔ کسی صورت میں نہیں۔ انکار کے موقع پر بولتے ہیں۔
**کَبیدگی**۔ (کَ۔ بِی۔ دَ۔ گی) [ف۔ا۔مث] رنجیدگی۔ آزردگی۔
**کَبیدَہ**۔ (کَ۔ بِی۔ دَہ) [ف۔صف] (۱) رنجیدہ۔ غمگین۔ ملول آزردہ۔ (۲) شکستہ۔ کھنچا ہوا۔
**کَبیدہ خاطر**۔ (ف۔صف) رنجیدہ دل۔ آزردہ خاطر۔ ملول طبع۔
**کبیر**۔ (کَ۔ بِیر) [ع۔صف] (۱) بڑا بزرگ۔ (۲) ایک خدا پرست ہندی شاعر کا تخلص جو خدا تعالیٰ کی وحدانیت کے اشعار لکھا کرتا تھا۔ اس کی روش صلح کل تھی۔ (۳) [ھ۔ا۔مذ] ہندوؤں کے فحش گیت جو ہولی کے موقع پر گائے جاتے ہیں۔ عربی جمع: کبار۔ کبرار۔
**کبیر پنتھی**۔ (ھ۔ا۔مذ)۔ وہ لوگ جو بھگت کبیر کے مسلک اور اقوال پر عمل کرتے ہیں۔
**کبیرہ**۔ (کَ۔ بِی۔ رَہ) [ع۔صف] کبیر کی تانیث۔ بڑی۔ جمع کبائر۔
**کبینسر**۔ (کَ۔ بِی۔ نَسر) [ھ۔صف] بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔
**کبیسہ**۔ (کَ۔ بِی۔ سَہ) [ع۔ا۔مذ] لوند کا مہینہ۔ قمری سال میں ½ دن بڑھا کر شمسی سال کو پورا کیا جاتا ہے۔ ان کے عوض تین سال بعد ایک مہینہ بڑھا دیا جاتا ہے۔ جس طرح سال شمسی کو پورا کرنے کے لیے چوتھے سال فروری میں ایک دن بڑھا کر اسے اُنتیس (۲۹) دن کا کر دیا جاتا ہے۔
**کبیشر**۔ (کَ۔ بِی۔ شَر) [س۔ا۔مذ] ملک الشعراء۔ شاعروں کا بادشاہ۔

# ک ۔ پ



Marfat.com

**کَپ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) لرزہ ۔ کانپنا

**کَپ** ۔ (Cup) [انگ ۔ ا ۔ مذ] پیالہ ۔

**کَپ بورڈ** ۔ (Cup Board) ۔ نعمت خانہ ۔ ڈولی ۔

**کُپ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) بھس کا بُورا جو بُرج کی شکل کا بنا کر رکھتے ہیں ۔

**کُپّا** ۔ (کُپ ۔ پا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چمڑے کا چھوٹے مُنہ کا پھُولا ہُوا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھا جاتا ہے ۔ (۲) (تشبیہًا ۔ صف) موٹے جسم کا ۔ فربہ ۔ (۳) پھُولا ہُوا جیسے کُپّے کی مانند بھرا ہُوا ۔ سُوجا ہُوا ۔

**کُپّا ایسا پھُولا بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصّے میں بھرا ہونا ۔ سُوجا پھُولا بیٹھا ہونا ۔

**کُپّا ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پھُول جانا ۔ سُوج جانا ۔ (۲) نہایت موٹا اور فربہ ہو جانا ۔ (۳) خفا ہو جانا ۔

**کُپّے کی طرح مُنہ پھُلا لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غصّے سے مُنہ سُجا لینا ۔

**کپاٹ** ۔ (ا ۔ مذ) دروازہ ۔ (۲) کھٹکا ۔

**کپار** ۔ (کَ ۔ پار) [ھ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے "کَپال"

**کپاری ۔ (کپالی)** ۔ (کَ ۔ پا ۔ رِی ۔ کَ ۔ پا ۔ لِی) [ھ ۔ ا ۔ مث] گھوڑے کے منہ پہ باندھنے کی رسّی ۔

**کپاس** ۔ (کَ ۔ پاس) [ھ ۔ ا ۔ مث] بغیر صاف کی ہوئی رُوئی ۔ ایسی رُوئی جس میں بنولے بھی ہوں ۔ (۲) رُوئی کا پودا ۔

**کپاس جس جگہ جائے گی اوٹی جائے گی** ۔ (ا ۔ مثل) مزدور کو ہر جگہ بوجھ اُٹھانا پڑے گا ۔

**کپاسی** ۔ (ا ۔ صف) کپاس سے منسوب ۔ ہلکا زرد رنگ ۔ (پن) کپاہی ۔

**کَپال** ۔ (کَ ۔ پال) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) کھوپری ۔ کاسۂ سر ۔ (۲) شیوجی کا لقب ۔ (۳) ماتھا ۔ پیشانی ۔ (۴) قسمت نصیب ۔ بھاگ ۔ (۵) بنگالی ہندوؤں کی ایک ذات ۔

**کپال کِریا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) ہندوؤں کی ایک رسم ۔ جب چتا میں لاش جل چکتی ہے تو بیٹا اس کی کھوپری پھوڑ کر اس میں گھی ڈالتا ہے ۔ (۲) مُردے کی کھوپری پھوڑنا ۔

**کپتان** ۔ (کَپ ۔ تان) ۔ (Captain) [سوتر و ۔ ا ۔ مذ] فوج ۔ پولیس یا جہاز کا بڑا افسر ۔

**کپَٹ** ۔ (کَ ۔ پَٹ) [س ۔ ا ۔ مث] دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۔ چھل ۔ کھوٹ ۔ (۲) بغض ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ (۳) کینہ ۔ نفاق ۔ کدُورت ۔

**کپٹ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) حسد رکھنا ۔ کینہ رکھنا ۔ عداوت رکھنا ۔ کدُورت رکھنا ۔

**کپٹی** ۔ (کَ ۔ پَ ۔ ٹی) [س ۔ صف و ا ۔ مذ] دغا باز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ کینہ ور ۔ حاسد ۔ دشمن ۔ بیری ۔ بدخواہ ۔ منافق ۔ کدورت رکھنے والا ۔

**کپٹی کی پریت ۔ مرن کی ریت** ۔ (ا ۔ مثل) کینہ ور کی دوستی

میں ہمیشہ خطرہ ہی خطرہ ہے ۔

**کپچھہ** ۔ (کَپ ۔ چھہ) [ق ۔ ا ۔ مث] صدری ۔

**کپڑ** ۔ (کَ ۔ پڑ) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کپڑا کا مخفف ۔

**کپڑ دپھول ۔ کپڑ دھول** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ کریپ (۲) ساڑھی کا ایک خاص قسم کا کپڑا جس پر سنہرے اور روپہلے پھول بنے ہوتے ہیں ۔ (ق)

**کپڑ چھن (چھان)** ۔ (ا ۔ مذ) کپڑے کا چھنا ہُوا ۔ باریک اور میدہ سا چھنا ہُوا ۔

**کپڑ کوٹ** ۔ (ا ۔ مذ) ڈیرہ خیمہ ۔ تنبو ۔

**کپڑ گند** ۔ (ا ۔ مث) کپڑے کے جلنے کی بُو ۔

**کپڑا** ۔ (کَپ ۔ ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] پارچہ ۔ بستر (۲) لباس ۔ پوشاک جامہ ۔

**کپڑا اوڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کپڑا اوپر لینا ۔ کپڑے سے اپنے آپ کو ڈھانپنا ۔ (۲) سر پہ دوپٹہ ڈالنا ۔

**کپڑا پہنیے جگ بھاتا ۔ کھانا کھائیے من بھاتا** ۔ (ا ۔ مثل) لباس ما پسند کا پہننا چاہیے اور خوراک اپنی پسند کی کھانی چاہیے ۔

**کپڑا چل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپڑے کا پھٹ جانا ۔ کپڑے کا مسک جانا ۔

**کپڑا نہ لتّا مستی سلے البتہ** ۔ (ا ۔ مثل) مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس ۔ وہ بھی غیر مناسب ۔

**کپڑوں سے ہونا ۔ کپڑوں کا آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حیض سے ہونا ۔ آنا ۔ میلے سر ہونا ۔

**کپڑوں میں نہ سمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوشی کے مارے از حد پھُول جانا ۔

**کپڑے آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حیض آنا ۔ ایام ہونا ۔

**کپڑے اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) لباس بدلنا (۲) کپڑے چھین لینا ۔ (۳) ننگا کر دینا (۴) بے عزت کرنا ۔ عیب لگانا ۔ (۵) ننگا ہونا ۔

**کپڑے بسانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لباس میں خوشبو لگانا ۔ عطر لگانا ۔

**کپڑے پھاڑ کے نکل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ۔ [کنایۃً] دیوانہ ہو کر نکل جا

**کپڑے چپتنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپڑوں میں بُنتے پڑ جانا ۔

**کپڑے چیکٹ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپڑے گندے ہونا ۔

**کپڑے چھڑانا مشکل ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رہائی پانا مشکل ہو جانا ۔ خلا پانا دشوار ہو جانا ۔

**کپڑے گُوہ کر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپڑوں کو بہت میلا کر دینا ۔

**کپڑوٹی** ۔ (کَپ ۔ ڑو ۔ ٹی) [ھ ۔ ا ۔ موقث] (۱) کپڑے پر مٹی لتھیڑ کر کسی برتن پر لپیٹنا ۔ گل حکمت ۔ (۲) کپڑ چھن ۔ ت کی بجائے ٹ بھی بولا جاتا ہے ۔ کپڑوٹی ۔

**کپڑوٹی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گل حکمت کرنا ۔ (۲) کپڑے میں چھاننا ۔

**کپڑھ** ۔ (کَ ۔ پڑھ) [ھ ۔ صف] اَن پڑھ ۔

**کپکپانا** ۔ (کَپ ۔ کَ ۔ پا ۔ نا) [ھ ۔ مص] تھر تھرانا ۔ لرزنا ۔ لرزہ براندام ہونا ۔



Marfat.com

کپکپاہٹ ۔ کپکپی ۔ (کَپ ۔ کَ ۔ پا ۔ ہَٹ ۔ کَپ ۔ کَ ۔ پی) [ہ ۔ ا ۔ مث] لرزہ ۔ تھرتھری ۔ (۲) گھبراہٹ ۔ (عام طور پر کپکپی مستعمل ہے)
کپکپی چھوٹنا ۔ (لگنا) (ا ۔ محاورہ) کانپنا ۔ تھرتھرانا ۔ لرزنا ۔ خوف یا جاڑے کے بخار کے باعث کانپنے لگنا۔
کپل ۔ (ق ۔ صف) تیز ۔ سخت۔
کپوت ۔ (کَ ۔ پُوت) [ہ ۔ ا ۔ مذ] نالائق بیٹا ۔ بُرا اور بدچلن لڑکا۔
کپوت بیٹا مرا بھلا ۔ (ا ۔ مثل) نالائق بیٹے کا مرنا بہتر ہے۔
کپور ۔ (کَ ۔ پُور) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کافور۔
کپور کچری ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
کپورا ۔ (کَ ۔ پُو ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خصیہ ۔ بیضہ ۔ بخصوصاً بکرے یا مینڈھے کا۔
کپوری ۔ (کَ ۔ پُو ۔ رِی) [ہ ۔ صف] (۱) کافور کی طرح سفید اور خوشبودار ۔ کافوری ۔ [مذ] (۲) ایک قسم کا پان ۔ (۳) ایک رنگ۔
کپول ۔ (کَ ۔ پُول) [ق ۔ ا ۔ مذ] گال۔
کپولی ۔ (کَ ۔ پُو ۔ لی) [ق ۔ ا ۔ مذ] مَستک ۔ ماتھا۔
کپی ۔ (کُپ ۔ پی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا کُپا ۔ (۲) چھوٹی سی چرمی شیشی ۔ (۳) بارُود رکھنے کا ظرف۔

# ک ۔ ت

کت ۔ (ہ ۔ تابع فعل) کدھر ۔ کس طرف ۔ کہاں؟
کِتا ۔ (کِت ۔ تا) [ہ ۔ تابع فعل] کتنا؟ (ق)۔
کُتا ۔ (کُت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ۔ ایک قسم کی تلوار۔
کُتا ۔ (کُت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سگ ۔ کلب ۔ مشہور جانور ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے ۔ (۳) غلام ۔ (۴) بندوق کا گھوڑا (۵) رہٹ کی لکڑی (۶) گھڑی کا پُرزہ ۔ (۷) (کنایۃً) کمینہ ۔ پاجی ۔ ذلیل۔
کُتا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے ۔ (ا ۔ مثل) گھر کی صفائی جب جانور پسند کرتے ہیں تو انسان کو سب سے زیادہ صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔
کُتا دیکھے گا نہ بھونکے گا ۔ (ا ۔ مثل) نہ لالچی کو مال کی خبر ہوگی نہ نقصان پہنچائے گا ۔ یعنی دیکھنے سے انسان کی ہوس بڑھتی ہے۔
کُتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا ۔ (ا ۔ مثل) کمینہ آدمی اعلیٰ رتبہ پر پہنچ کر اپنے رتبہ کا لحاظ نہیں رکھتا بلکہ اپنی جبلّی عادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔
کُتا گھاس ۔ (ا ۔ مث) ایک قسم کی گھاس جو بسبب اپنے خاروں کے چمٹ جاتی ہے۔
کُتے تیرا مُنہ نہیں، تیرے سائیں کا مُنہ ہے ۔ (ا ۔ مثل) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولتے ہیں ۔ کہ اُن کی خاطر ہے ورنہ خوب سزا دیتے۔
کُتے خسّی (خصی) ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) پاجی پن ۔ زبُونی (۲) مصیبت کی نوکری ۔ (۳) آوارہ گردی ۔ ذلیل کام۔
کُتے خصی میں کون پڑے ۔ (ا ۔ مثل) جھگڑے سے الگ رہنے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کُتے کا بھیجا کھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بکواس کرنے اور برابر بولے جانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کُتے کا رونا ۔ (مع ۔ مرکب) کُتے کا ایک خاص انداز سے بولنا جسے عام طور پر منحوس سمجھا جاتا ہے۔
کُتے کا کاٹا ۔ (ا ۔ مذ) کُتے کے کاٹنے کا زخم۔
کُتے کا کُتا بیری ۔ (ا ۔ مثل) ہر جنس کا دشمن اُسی کی جنس سے ہوتا ہے۔
کُتے کا کفن ۔ (ا ۔ مذ) [حقارتاً] نہایت کھرکھرا موٹے سُوت کا اور نکما کپڑا ۔ (۲) دھوتر۔
کُتے کو گھی نہیں پچتا ۔ (ا ۔ مثل) کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا ۔ کمینے کو سمائی نہیں ہوتی۔
کُتے کی دُم ۔ (ا ۔ صف) (کنایۃً) کج فہم ۔ نااہل ۔ بدطینت ۔ جسے صحبت کا اثر نہ ہو۔
کُتے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا ، پھر دیکھا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی ۔ کُتے کی دُم موئے پر بھی ٹیڑھی ۔ (ا ۔ مثل) کج طبع کبھی تربیت سے درست نہیں ہوتا۔
کُتے کی سی لہر لک اُٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بُری بات کا کبھی کبھی دفعتاً خیال آجانا ۔ شوق اُبھرنا۔
کُتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے ۔ (ا ۔ مثل) جب آدمی کی شامت آتی ہے تو دانستہ خطرناک کام میں پڑتا ہے۔
کُتے کی موت مرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بُرے حال مرنا ۔ ذلیل حالت میں جان دینا ۔ (۲) حرام موت مرنا۔
کُتے کے بھونکنے سے ہاتھی نہیں ڈرتا ۔ (ا ۔ مثل) ذلیل اور کمینے لوگوں کی دھمکی کی شریف لوگ پروا نہیں کرتے۔
کُتے کے پاؤں جا اور بلی کے پاؤں آ ۔ (ا ۔ مثل) تیز جا اور تیز آ ۔ جلد جا کر جلد واپس آنا۔
کُتے گھسیٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ذلیل کام کرنا ۔ (۲) رنڈی رکھنا۔
کُتے لوٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ویران ہونا ۔ اُجڑ جانا۔
کِتا ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) گنڈاسا ۔ گردن مارنے کا ہتھیار ۔ قصائیوں کا بڑا چھرا ۔ کتام۔
کتاب ۔ (کِ ۔ تاب) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) نوشتہ ۔ نامہ (۲) پوتھی ۔ گرنتھ ۔ (۳) جلد ۔ نسخہ (۴) رسالہ ۔ (۵) [اُمّ] بہی ۔ رجسٹر ۔ بیاض۔



Marfat.com

جمع : کُتب۔

**کتابِ آسمانی۔ کتابِ الٰہی**۔ (ع۔ ا۔ مث) وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے سے بطورِ احکامِ خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو۔ قرآن شریف۔ توریت۔ زبور۔ انجیل وغیرہ۔

**کتاب بِیں**۔ (ع۔ ف۔ صف) کتاب پڑھنے والا۔

**کتاب پر چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) رجسٹر میں درج کرنا۔ بہی پر لکھنا۔ کھاتے میں اُتارنا۔ نوٹ کر لینا۔

**کتابِ حوالہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) حوالے کی کتاب۔ ایسی کتاب جس سے تصنیف و تالیف میں مدد لی جاتی ہے۔ (Reference Book)

**کتاب رُو**۔ (ع۔ ف۔ صف) لمبے چہرے کا۔ کتابی چہرے والا۔

**کتاب رُوداد**۔ (ع۔ ف۔ مث) کسی جلسہ کی کارروائی لکھنے کی کتاب۔ (Minute Book)

**کتاب فروش**۔ (ع۔ ف۔ صف) تاجرِ کتب۔ کتابیں بیچنے والا۔

**کتاب کا کیڑا**۔ (ا۔ مذ) وہ کیڑا جو کتابوں کو چاٹ جاتا ہے۔ کرمِ کتابی۔ (۲) [مجازاً] وہ شخص جو ہر وقت کتاب بینی میں مشغول رہتا ہو۔

**کتابِ مجید (مقدس۔ ہُدیٰ)**۔ (ع۔ ا۔ مث) بزرگ کتاب۔ الہامی کتاب۔ قرآن مجید۔

**کتاب و سُنّت**۔ (ع۔ ا۔ مث) قرآن مجید اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔

**کتابت**۔ (کِ۔ تا۔ بَت) [ع۔ ا۔ مث] تحریر۔ نوشت۔ کاپی نویسی۔ محرّری۔ نقل نویسی۔

**کتابچہ**۔ (کِ۔ تا۔ بِ۔ چَہ) [ف۔ ا۔ مذ] چھوٹی سی کتاب۔ رسالہ۔ جزو۔

**کِتابہ**۔ (کِ۔ تا۔ بَہ) [ع۔ ا۔ مذ] کتبہ۔ وہ عبارت جو کتبوں پر لکھی جاتی ہے۔

**کِتابی**۔ (کِ۔ تا۔ بی) [ع۔ صف] (۱) کتاب سے منسوب۔ (۲) بیضوی۔ لمبوترا۔ (۳) لکھی ہوئی۔ تحریری۔ یقینی۔ قابلِ وثوق۔ (۴) [مذکر] اہلِ کتاب۔ یہود و نصاریٰ۔

**کتابی چہرہ**۔ (رُخ۔ رُو) [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] لمبوترا چہرہ۔

**کتابی علم**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ علم جو محض کتابوں سے حاصل ہوا ہو مگر تجربہ نہ ہو۔

**کتابی کافر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) اہلِ کتاب ماسوا مسلمانوں کے۔

**کتابیات**۔ (ع۔ ا۔ مث) کسی خاص بحث کے متعلق کتابوں کی فہرست۔

**کَتارا**۔ (کَ۔ تا۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ ] ایک قسم کا پتلا گنا جس سے گڑ، کھانڈ وغیرہ بناتے ہیں۔ (۲) اِبل۔

**کِتاف**۔ (ع۔ ا۔ مذ) رسّی جس سے پیچھے کی طرف ہاتھ باندھتے ہیں۔ بیڑی۔ ہتھکڑی۔

**کَتان**۔ (کَ۔ تان) [ف۔ ا۔ مث] (۱) اَلسی (۲) [مذکر] ایک قسم کا باریک کپڑا جس کی نسبت مشہور ہے کہ چاندنی رات میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ درست نہیں۔

**کتانا**۔ (کَ۔ تا۔ نا) [ہ۔ مص] دیکھیے کتوانا۔

**کَتا ہُوں**۔ (ق) کہتا ہوں۔

**کَتائی**۔ (کَ۔ تا۔ ئی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) کاتنا کا فعل۔ (۲) کاتنے کی اُجرت۔

**کُتُب**۔ (کُ۔ تُب) [ع۔ ا۔ مث] کتاب کی جمع۔

**کُتب خانہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کتاب گھر۔ کتابوں کی دوکان۔ بُک ڈپو۔ لائبریری

**کُتبِ سماوی**۔ (ع۔ ا۔ مث) آسمانی کتابیں۔ توراۃ۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن مجید۔

**کُتب فروش**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) تاجرِ کتب۔ کتابیں بیچنے والا۔ کتاب فروش۔

**کَتَبہ**۔ (کَ۔ تَ۔ بَہ) [ع۔ ا۔ مذ] وہ عبارت جو اکثر مقابر، مساجد اور سراؤں وغیرہ کے دروازوں پر لکھوا کر یا کھدوا کر لگا دیتے ہیں۔ کتابہ۔

**کتخدا**۔ (کَت۔ خُ۔ دا) [ف۔ ا۔ مذ] دیکھیے کدخدا۔

**کتخدائی**۔ (کَت۔ خُ۔ دا۔ ئی) [ف۔ ا۔ مث] دیکھیے کدخدائی۔

**کتر۔ کتر**۔ (کَ۔ تَر۔ کَت۔ تَر) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) کپڑے کی چھانٹن۔ (۲) دھجی۔

**کتر بیونت**۔ (۱) کاٹ چھانٹ۔ قطع برید۔ (۲) غبن۔ خُرد بُرد۔ (۳) حساب میں کمی بیشی کرنا۔ منہائی۔ وضع۔ (۴) کاٹ چھانٹ۔ توڑ جوڑ۔ چال (۵) فکر۔ سوچ۔ (۶) سودے سلف یا خرید فروخت میں بچانا۔

**کترا کر جانا۔ کترا کے جانا۔ کترانا**۔ (ہ۔ مص) (۱) راستے سے بچ کر نکل جانا۔ (۲) بیگانگی اختیار کرنا۔ (۳) جُدا ہو کر چلنا (۴) کنارا کرنا۔ (۵) گھوم کر جانا۔ (۶) ٹیڑھا چلنا (۷) بچنا۔

**کَترن**۔ (کَت۔ رَن) [ھ۔ ا۔ مث] چھانٹن۔ کتری ہوئی دھجی۔ کترا ہوا ٹکڑا۔

**کُترن**۔ (کُت۔ رَن) [ھ۔ ا۔ مث] دانتوں سے کتری ہوئی چیز۔

**کترنا**۔ (کَ۔ تَر۔ نا) [ھ۔ مص] قطع کرنا۔ چھانٹنا۔ کاٹنا۔

**کُترنا**۔ (کُ۔ تَر۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) دانتوں سے کاٹنا۔ (۲) پرندوں کا چونچ سے کاٹنا۔ (۳) بیچ میں سے رکھ لینا۔

**کَترنی**۔ (کَ۔ تَر۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] قینچی۔ مقراض۔

**کترنی سی زبان چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) دیکھیے قینچی سی زبان چلنا۔



Marfat.com

**کَتَرْوال** ۔ (کَ ۔ تَرْ ۔ وال) [ھ ۔ صفت] آڑا ۔ ترچھا ۔ اُریبوال ۔
**کَتَرْوال چال** ۔ (ا ۔ مث) ٹیڑھی چال ۔
**کَتَرْوانا** ۔ (کَ ۔ تَرْ ۔ وا ۔ نا) [ھ ۔ مص] قطع کرانا ۔ ترشوانا ۔ بیونت کرانا ۔
**کَتَرْوائی** ۔ (کَ ۔ تَرْ ۔ وا ۔ ئی) [ھ ۔ ا ۔ مونث] قطع کرانے کی اُجرت
**کِتْرِی** ۔ (کِت ۔ رِی) [ق ۔ ا ۔ مث] آفت ۔
**کَتْرِی** ۔ (کُت ۔ رِی) [ق ۔ ا ۔ مث] قینچی ۔
**کَتِف** ۔ **کِتْف** ۔ **کَتْف** ۔ (کَ ۔ تِف) [ع ۔ ا ۔ مذ] کندھا ۔ شانہ ۔ مونڈھا (۲) گائے بکری کے اگلے پیروں کا اُوپر کا حصہ جو شانے سے ملا ہوتا ہے ۔ جسے قصاب کتیب کہتے ہیں ۔
**کُتَک** ۔ **کُتکا** ۔ (کُ ۔ تَک ۔ کُت ۔ کا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] لٹھکا ۔ (۲) بھنگ گھوٹنے کا سونٹا ۔ مُوسل ۔ ڈنڈا ۔
**کَتَل** ۔ (کَت ۔ تَل) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) اینٹ یا سِل کا ٹکڑا ۔ (۲) پتھر کی کرچ ۔ (۳) مٹی کے برتن کا ٹکڑا ۔ ٹھیکری ۔
**کَتَل تِرا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) ٹھیکری اس طرح پھینکنا کہ پانی پر تیرتی ہوئی نکل جائے ۔
**کُتْلا** ۔ (کُت ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] قتلا ۔ پھانک ۔ ٹکڑا ۔
**کُتلے** ۔ (کُت ۔ لے) [ق ۔ ا ۔ مذکر] وہ سالن جو چنے کی دال اور ترکاری سے بنایا جاتا ہے ۔
**کِتْم** ۔ **کِتْمان** ۔ (کِت ۔ مان) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھپاؤ ۔ پوشیدگی (۲) حجاب ۔ پردہ ۔
**کِتْنا** ۔ (کِت ۔ نا) [ھ ۔ تابع فعل] (۱) اِس قدر ۔ کس مقدار کا ۔ (۲) کہاں تک ۔ کس درجے تک ؟ (۳) چاہے ۔ جسقدر ۔
**کتنے پانی میں ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کتنا حوصلہ ہے ۔ (۲) کہاں تک دستگاہ ہے ۔
**کُتْنا** ۔ (کُت ۔ نا) [ھ ۔ مص] کاتا جانا ۔ رُوئی کا تاگا بنانا ۔
**کُتْنا** ۔ (کُت ۔ نا) [ھ ۔ مص] اندازہ ہونا ۔ تخمینہ ہونا ۔
**کُتْوال** ۔ (کُت ۔ وال) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کوتوال کا مخفف ۔
**کَتْوانا** ۔ (کَت ۔ وا ۔ نا) [ھ ۔ مص] سُوت تیار کرانا ۔ چرخہ چلوانا ۔ کسی سے سُوت کاتنے کا کام لینا ۔
**کَتھا** ۔ (کَ ۔ تھا) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) بیان ۔ مقولہ ۔ بات (۲) قصہ ۔ کہانی ۔ افسانہ (۳) ذکر ۔ روایت ۔ (۴) وعظ ۔ پندِ مذہبی ۔ اُپدیش ۔
**کَتھا باچنا** ۔ (ھ ۔ مص ۔ مرکب) مقدس کتاب کا وعظ سنانا ۔ شاستر سنانا ۔
**کَتّھا** ۔ (کَتھ ۔ تھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] پان کے ساتھ کھانے والی ایک سیاہی مائل چیز ۔
**کُتھرا** ۔ (کُتھ ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سڑاند ۔ بساند ۔ (۲) ناپاکی ۔ گندگی ۔
**کُتھری** ۔ (کُتھ ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چیتھڑے لگا ہوا کپڑا ۔ گدڑی ۔ (۲) کملی (۳) بستر ۔
**کَتھَک** ۔ (کَ ۔ تھَک) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ناچنے اور گانے والا لڑکا ۔ (۲) گویوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ ۔ (۳) تعریف گو ۔
**کَتھَل** **کَتھیل** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذکر) رانگا ۔
**کُتّی** ۔ (کُت ۔ تی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) سُناروں کا ایک اوزار (۲) ایک قسم کی تلوار ۔ سیچہ ۔
**کُتّی** ۔ **کُتیا** ۔ (کُت ۔ تی ۔ کُت ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) مادۂ سگ ۔ (۲) (حقارتاً) کمینی اور چھنال عورت ۔
**کُتیا چوروں سے مل گئی پہرا دیوے کون** ۔ (ا ۔ مثل) جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو پھر ساتھ کون دے ۔
**کُتیا کا پِلّا** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) کُتیا کا بچہ ۔ پلا ۔ (۲) ادنیٰ آدمی ۔ (۳) حرام کار ۔ حرامی ۔
**کُتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا (پھنسنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) اور کی بلا میں پھنسنا ۔ دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا ۔ مُفت میں بدنام ہونا ۔
**کَتیرا** ۔ (کَ ۔ تی ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کا گوند ۔ (۲) لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار ۔

## ک ۔ ٹ

**کُٹ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مونث) (۱) ایک دوا (۲) کُٹی کا کاغذ ۔ (۳) دھات ۔ (۴) زدوکوب ۔ مار پیٹ ۔ (۵) الگ ۔ الگ ۔ جُدا (۶) انگوٹھے کے ناخن کو اُوپر کے دانت سے رکھ کر بجانے کی آواز جو بچوں میں دوستی قطع کرنے کی علامت ہوتی ہے ۔
**کُٹ بِدیا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) زدوکوب ۔ گوشمالی ۔
**کُٹ کرنا** ۔ (مص ۔ مرکب) دوستی ترک کرنا ۔ ملاقات چھوڑنا ۔ آشنائی ترک کرنا ۔
**کَٹ** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) کاٹ کا مخفف ۔ (۲) [مذ] سیاہ رنگ جس سے چھینٹ چھاپتے ہیں ۔ (۳) کمر ۔ صُلب ۔
**کَٹ جانا** ۔ (۱) دو ٹکڑے ہو جانا ۔ زخم لگ جانا ۔ تَرش جانا (۲) بارش کے سبب راستے میں گڑھے پڑ جانا ۔ (۳) شرمندہ ہو جانا ۔ خجل ہو جانا ۔ (۴) گذر جانا ۔ بسر ہونا ۔ (۵) علیحدہ ہو جانا ۔ (۶) قتل ہو جانا ۔ (۷) رنگ اُڑ جانا ۔ (۸) منہا ہو جانا ۔ (۹) فصل کا صاف کیا جانا ۔ (۱۰) ہار جانا ۔ (۱۱) خارج ہو جانا ۔ (۱۲) دریا کا کٹ کر رہ جانا ۔
**کَٹ حُجّت** ۔ (ا ۔ صفت) خواہ مخواہ حُجّت کرنے والا ۔
**کَٹ حُجّتی** ۔ (ا ۔ مث) بے جا حُجّت ۔
**کَٹ کَٹ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا ۔ شرم کے مارے



Marfat.com

مر مِٹ جانا۔

**کٹ کٹ کے مرنا۔** (ا۔محاورہ) خوب جان توڑ کر لڑنا۔ نہایت بہادری سے اور شجاعت سے لڑنا۔

**کَٹ کھنا۔** (ا۔صف) (۱) کاٹ کھانے والا۔ منہ مارنے والا (۲) حرفوں کی وہ شکل جس میں اُن کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے طالب علم کا امتحان صاف کرنے کے لیے لکھ دیتے ہیں۔ (۳) عادت۔ لچھن۔ ڈھنگ۔ (آخری معنی میں جمع (کٹ کھنے) مستعمل ہے)

**کٹ مرنا۔** (ا۔محاورہ) باہم لڑ کر مر جانا۔

**کَٹ مِٹھا۔** (ا۔مذ) (۱) بدمست۔ (۲) موٹا۔ (۳) طاقت ور (۴) بے فکرا۔

**کَٹ مَستی۔** (ق۔صف۔مث) قوی ہیکل۔

**کَٹا۔** (کَ۔ٹا) [ھ۔صف] کٹا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

**کٹا چھنی۔** (۱) بیر۔ سخت عداوت (۲) لڑائی بھڑائی۔ کشت و خون۔

**کٹے پر نمک چھڑکنا۔ کٹے پر لُون لگانا۔** (ا۔محاورہ) زخم پر نمک ڈال کر تکلیف دینا۔ دُکھ میں اور دُکھ دینا۔ جلے کو اور جلانا۔ مرے کو مارنا۔

**کٹے جانا۔** شرم کے مارے گڑے جانا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔

**کَٹّا۔** (کَٹ۔ٹا) [ہ۔صف] (۱) سخت۔ پکا۔ مضبوط (۲) طاقت ور۔ زور آور۔ (۳) [مثلاً] موٹی جوں۔ (۴) (پن) بھینس کا بچہ۔

**کُٹّا۔** (کُٹ۔ٹا) [ھ۔ا۔مذکر] پر اکھاڑا ہوا کبوتر۔

**کٹا چھنی۔** (ہ۔محاورہ) لاگ جھونک۔ عداوت۔

**کٹّا دینا۔** (ا۔محاورہ) پر کٹے ہوئے کبوتر کو اس غرض سے جنبش دینا کہ اُسے دیکھ کر دوسرے کبوتر آ جائیں۔

**کَٹار۔** (کَ۔ٹار) [ھ۔ا۔مث] خنجر۔ نیمچہ۔ پیش قبض۔ (۲) ایک درندہ جو نیولے سے مشابہ ہوتا ہے۔

**کُٹار۔** (کُ۔ٹار) [ھ۔ا۔مذ] چھوٹا گھوڑا۔ شریر ٹٹو۔

**کٹارا۔** (کَ۔ٹا۔را) [ھ۔ا۔مث] ایک دوا کے پودے کا نام۔

**کٹاری۔** (کَ۔ٹا۔ری) [ھ۔ا۔مث] (۱) چھوٹا خنجر۔ (۲) خنجر کی شکل کے نشان جو ریشمی گلبدن یا لُنگی وغیرہ پر ہوتے ہیں۔

**کٹاری کی کوڑی۔** (ا۔مث) وہ سوئی نوک جو کٹاری کے سرے پر ہوتی ہے۔

**کٹاریا۔** (ا۔مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں آڑی دھاریاں ہوتی ہیں۔

**کٹانا۔** (کَ۔ٹا۔نا) [ھ۔مص] دیکھیے کٹوانا۔

**کٹاؤ۔** (کَ۔ٹا۔او) [ھ۔ا۔مذ] تراش۔ خراش۔ (۲) گلکاری۔ (۳) قلمکاری۔ (۴) زخم۔

**کٹائی۔** (کَ۔ٹا۔ای) [ہ۔ا۔مونث] (۱) فصل کا کٹنا۔ (۲) کٹوانے کی اُجرت۔ (۳) فصل اُٹھانے کا موسم۔

**کٹ پیس۔** (Cutpiece) [انگ۔ا۔مذ] کپڑے کے تھانوں کے ٹکڑے۔

**کٹی کٹی باتیں۔** (ہ۔ا۔مث) طعنے کی باتیں۔ جلی کٹی باتیں۔

**کٹتی کہنا۔** (ھ۔مص) برائی کرنا۔ کسی کے خلاف کہنا۔

**کٹّر۔** (کَٹ۔ٹر) [ہ۔صف] (۱) سنگ دل۔ بے شرم۔ سخت دل۔ (۲) بے وفا۔ بے مروّت۔ طوطا چشم۔

**کٹر کٹر۔** (کَٹ۔ٹر۔کَٹ۔ٹر) [ہ۔ا۔مونث] کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔

**کَٹرا۔** (کَٹ۔را) [ھ۔ا۔مذکر] (۱) احاطہ۔ چھوٹا سا کوچہ۔ (۲) منڈی۔ چوک۔ چھوٹا سا بازار۔ (۳) بھینس کا نر بچہ۔ (۴) کا کٹا کا ... ر کی بجائے ڑ بھی مستعمل ہے۔

**کَٹڑی۔** (کَٹ۔ڑی) [ھ۔ا۔مونث] (۱) دریا کے کنارے کی زمین (۲) بھینس کا مادہ بچہ (۳) چھوٹا سا احاطہ۔ ر کی جگہ ڑ بھی بولی جاتی ہے۔

**کٹ سُوئی۔** (ق۔ا۔مذ) ایک پرندہ۔

**کٹک۔** (کَ۔ٹک) [س۔ا۔مذ] لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔

**کٹکٹانا۔** (کِٹ۔کِ۔ٹا۔نا) [ھ۔مص] (۱) دانتوں کا آپس میں رگڑ... (۲) دانت پیسنا۔ کسی پر غصہ کرنا۔ (۳) حیوانات کو جلد جلد چلانا۔

**کٹکٹی۔** (کَٹ۔کَ۔ٹی) [ا۔مث] دانت پیسنے کا عمل (۲) تکلیف رنج۔ (ق) ڈبکی۔

**کٹکن۔ کٹکنہ۔** (کَٹ۔کَ۔نا) (کَٹ۔کَ۔نہ) [ھ۔ا۔مذ] (۱) نمو... (۲) خاکہ۔ (۳) تدبیر۔ (۴) قانون۔ (۵) صنعت (۶) مکتہ (۷) اجارہ۔ پٹّا۔ (۸) چالاک (۹) منصوبہ باز۔

**کٹکنہ دار۔** (ا۔صف) زمیندار کا پٹا یا ٹھیکہ رکھنے والا۔

**کٹکنہ رکھنا۔** (ا۔محاورہ) زمیندار کا کسی کو ٹھیکہ یا پٹا دینا۔

**کٹکی۔** (کُٹ۔کی) [ھ۔ا۔مث] ایک کالے رنگ کی گرہ دار کڑوی دوا۔ (۲) ڈور پر دانتوں کا لگایا ہوا نشان جس سے پتنگ ٹوٹ جائے۔

**کٹکی دینا یا کٹکی لگانا۔** (ا۔محاورہ) ڈور میں دانتوں کا نشان ڈال دینا۔

**کٹ گلاس۔** (Cut Glass) (کَٹ۔گِلاس) [انگ۔ا۔مذ] ایک عمدہ قسم کا مضبوط گلاس۔ نقشیں گلاس۔

**کٹلری۔** (Cutlery) (کَٹ۔لَ۔ری) [انگ۔ا۔مث] چھری، کانٹا چاقو وغیرہ۔ ان چیزوں کی دوکان یا کارخانہ۔

**کٹلس۔** (Cutlet) (کَٹ۔لِس) [کا مورد۔ا۔مذ] گوشت کا بھونا ہوا یا اُبالا ہوا ٹکڑا۔

**کٹم۔ کٹمب۔** (کُ۔ٹم) (کُ۔ٹمب) [ھ۔ا۔مذ] کنبہ۔ گھرانا۔ خاندان۔ رشتہ داری۔

**کٹنا۔** (کَٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) تراشا جانا (۲) زخم لگنا (۳) الگ



Marfat.com

ہونا۔ (۴) شرمندہ ہونا۔ (۵) جیتنا۔ بسر ہونا۔ (۶) رستہ طے ہوجانا۔ (۷) رنگ اُڑنا۔ (۸) منہا ہونا۔ (۹) کھیت میں درانتی پڑنا۔ (۱۰) حسد کرنا۔ (۱۱) ذلت ہونا۔ (۱۲) خارج ہونا۔ (۱۳) روپیہ خرچ ہونا۔ (۱۴) پانی کے زور سے زمین کا بہہ جانا۔ (۱۵) پتنگ کا کٹ جانا۔ (۱۶) قلمزد ہونا۔ (۱۷) وقت بسر ہونا۔ (۱۸) بچھڑنا۔ راہ جُدا ہونا۔

**کُٹنا** ۔ (کُٹ۔ نا) [ھ۔ ا۔ مذکر] (۱) دیوث۔ بھڑوا۔ (۲) [ھ مص] کوٹا جانا۔ (۳) مار کھانا۔ پٹنا

**کُٹناپا** ۔ (کُٹ۔ نا۔ پا) [ھ۔ ا۔ مذ] بھڑواپن۔ دیوثی۔ قرمساقی۔

**کُٹنی** ۔ (کُٹ۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) دلّالہ۔ نائکہ۔ (۲) [صف] عیارہ۔ چالاک۔ عورتوں کو ورغلانے والی۔

**کٹوال** ۔ (کٹ۔ وال) [ھ۔ صف] (۱) تراشیدہ۔ تراشا ہُوا۔ (۲) سُود۔ جو ماہانہ کم یا زیادہ کر کے لیتے ہیں۔ (۳) کٹا ہُوا پانی جو نالی کے ذریعے پہنچتا ہے۔

**کٹوانا** ۔ (کٹ۔ وا۔ نا) [ھ۔ مص] کسی سے کاٹنے کا کام لینا۔

**کُٹوانا** ۔ (کُٹ۔ وا۔ نا) [ھ مص] (۱) پٹوانا۔ (۲) کسی سے کُوٹنے کا کام لینا۔

**کٹوتی** ۔ (ک۔ ٹو۔ تی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) بٹا۔ دستوری۔ منی کاٹا۔ مجرائی۔ منہائی۔ (انگ) کمیشن۔ (۲) کٹائی۔ تراشش۔ (Discount)

**کٹورا** ۔ (ک۔ ٹو۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) پانی پینے کا تانبے یا پیتل کا پیالہ۔ (۲) پُورا کِھلا ہُوا پھول۔ (۳) [کن یۃً] آباد۔ معمُور۔

**کٹورا بجنا۔ کٹورا کھنکنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رونق ہونا۔ شہر کا آباد ہونا۔ (۲) گرم بازاری ہونا۔

**کٹورا پھرانا۔ کٹورا دوڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) منتر یا کسی عمل کے زور سے چور کو معلوم کرنے کے لیے کٹورے میں ناموں کی چٹھیاں رکھ کر مشتبہ لوگوں کے نام لے کر پھرانا۔

**کٹوراسی آنکھیں** ۔ (ا۔ مث) بڑی بڑی اور گول گول آنکھیں۔

**کٹوردان** ۔ (ک۔ ٹور۔ دان) [ھ۔ ا۔ مذ] ڈھکنے والا پیتل کا برتن۔

**کٹوری** ۔ (ک۔ ٹو۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا کٹورا۔ پیالی (۲) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ غلافِ پستان۔

**کٹول** ۔ (ک۔ ٹول) [س۔ ا۔ مذ] ایک نیچ ذات کا آدمی۔ چنڈال۔

**کٹول** ۔ (ک۔ ٹول) [ھ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا درخت۔

**کٹھ** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) کاٹھ کا مخفف۔ لکڑی۔ چوب۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ (۲) محنت۔ مشقت۔ ریاضت۔

**کٹھ پُتلی** ۔ (ا۔ مث) (۱) کاٹھ کی مُورتی۔ لکڑی کا ایک کھلونا۔ (۲) نازک لڑکی۔ دُوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت۔ (۳) [مذ] بے اختیار شخص۔ بے بس۔

**کٹھ پھوڑا** ۔ (ا۔ مذ) ہُدہُد۔ ایک پرندہ۔

**کٹھ گلاب** ۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا گلاب۔

**کٹھ مُلّا** ۔ کٹ مُلّا۔ جاہل مولوی۔ متعصب۔ دقیانوسی۔

**کٹھا** ۔ (کَٹھ۔ ٹھا) [ھ۔ ا مذ] (۱) پانچ سیر غلے کا پیمانہ۔ (۲) ایک درخت (۳) زمین کا ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

**کُٹھالی** ۔ (کُ۔ ٹھا۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] چاندی یا سونا گلانے کی پیالی جو کھریا مٹی اور رُوئی کو کُوٹ کر بنائی جاتی ہے۔

**کُٹھالی کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سونا چاندی گلانا۔ (۲) مُردے کو جلانا۔

**کٹہرا** ۔ (کَ۔ ٹہ۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا۔ (۲) درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا۔ (۳) عدالتوں میں لکڑی کے وہ جنگلے جن میں ملزم اور گواہ کھڑے ہوتے ہیں۔

**کٹھرا۔ کٹھڑا** ۔ (کَٹھ۔ را۔ کَٹھ۔ ڑا) [ھ۔ ا مذکر] لکڑی کا بڑا اور چوڑا ظرف۔ چوبی ناند۔ (۲) منڈی۔ چھوٹا بازار۔ محلہ۔ (۳) بھینس کا نر بچہ۔ کٹڑا۔

**کَٹھل** ۔ (کَ۔ ٹھل) [ھ۔ ا۔ مذ] ایک پھل، جس کے اُوپر کانٹے ہوتے ہیں۔

**کَٹھلا** ۔ (کَٹھ۔ لا) [ھ۔ ا۔ مذ] ہنسلی۔ گلے کا ایک زیور۔

**کُٹھلا** ۔ (کُٹھ۔ لا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) اناج کا گودام۔ (۲) چونے کا بھٹا (۳) کان کی بالی۔

**کٹھن** ۔ (کَ۔ ٹھن) [ھ۔ ا۔ صف] (۱) سخت۔ دشوار (۲) تکلیف دہ۔ بے لچک۔ مشکل۔ (۳) دُشوار گزار۔ (ہندی اور اُردو میں بفتح دوم مستعمل ہے)۔

**کٹھنائی** ۔ (کَٹھ۔ نا۔ ای) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) سختی۔ دُشواری۔ (۲) مشکل۔ تکلیف۔ دُکھ۔ مُصیبت۔

**کَٹھوتی** ۔ (ک۔ ٹھو۔ تی) [ھ۔ ا۔ مث] کٹھڑا۔ کاٹھ کا برتن۔

**کٹھور** ۔ (ک۔ ٹھور) [ھ۔ ا۔ صف] سنگدل۔ بے رحم۔ سخت۔ کڑا۔ بے حس۔ ظالم۔

**کٹھورپن** ۔ (ھ۔ ا۔ صف) سنگدلی۔ ظلم۔ بے رحمی۔ سختی۔ بے حسی۔

**کٹھیا** ۔ (کَٹھ۔ یا) [ھ۔ صف] (۱) سخت۔ کڑا۔ (۲) [ا مث] بھینس کا مادہ بچہ۔ (۳) ایک قسم کا سخت چھلکے والا بادام۔ (۴) ایک قسم کا گیہوں۔

**کُٹھیا** ۔ (کُٹھ۔ یا) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) ذخیرہ۔ گودام۔ (۲) غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن۔ (۳) اناج کی کوٹھڑی۔

**کُٹی** ۔ (کُٹ۔ ٹی) [ھ۔ ا۔ مونث] (۱) گنڈاسے سے باریک باریک کٹا ہُوا چارہ۔ (۲) پانی میں گلایا ہُوا کاغذ۔ (۳) پر کٹا ہُوا کبوتر۔

**کُٹی۔ کُٹیا** ۔ (کُٹ۔ ٹی۔ کُٹ۔ یا) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی (۲) مڑھی۔ سمادھ

**کَٹیا** ۔ (کَٹ۔ یا) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) دودھ رکھنے کا مٹی کا بنا ہوا برتن۔



Marfat.com

(۲) پھل پکڑنے کا کانٹا ۔ (۳) جوان جنس ۔

**کٹیا** ۔ (کَ ۔ ٹِی ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک خاردار بوٹی ۔ (۲) ایک قسم کی سوئی گھاس ۔

**کٹیلا** ۔ (کَ ۔ ٹِی ۔ لا) [ھ ۔ صف] (۱) خاردار ۔ نوک دار ۔ (۲) دل میں کھبنے والا ۔ دلربا ۔ (۳) زہریلا ۔ قاتل ۔ (۴) تیز ۔ آبدار ۔ (۵) چالاک ۔ بہادر ۔

## ک ۔ ث

**کثافت** ۔ (کَ ۔ ثا ۔ فَت) [ع ۔ ا ۔ مث] گاڑھاپن ۔ گھنا پن ۔ موٹائی ۔ (۲) غلاظت ۔ نجاست ۔

**کثافت پیما** ۔ غلاظت کو ناپنے والا آلہ (Pvrometer)

**کثرت** ۔ (کَث ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) زیادتی ۔ افراط ۔ بہتات ۔ (۲) (مجازاً) انبوہ ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ جمگھٹ ۔

**کثرتِ رائے** ۔ لوگوں کی رائے کا کسی امر کی طرف زیادہ ہونا ۔

**کثیر** ۔ (کَ ۔ ثِیر) [ع ۔ صف] بہت ۔ زیادہ ۔ افراط سے ۔ بے شمار ۔

**کثیر الاضلاع** ۔ [ع ۔ صف] بہت سے ضلعوں کی شکل ۔ (اقلیدس) ۔

**کثیر العیال** ۔ **کثیر الاولاد** ۔ (ع ۔ صف) وہ شخص جس کی اولاد بہت زیادہ ہو ۔ بہت سے بال بچوں والا ۔

**کثیر العلائق** ۔ (ع ۔ صف) کثرت سے تعلقات رکھنے والا ۔

**کثیر المعانی** ۔ (المعنی) (ع ۔ صف) وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں ۔

**کثیر المقاصد** ۔ (ع ۔ صف) جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں ۔ (Multipurpose)

**کثیر الوقوع** ۔ (ع ۔ صف) کثرت سے واقع ہونے والا ۔

**کثیف** ۔ (کَ ۔ ثِیف) [ع ۔ صف] (۱) دبیز ۔ غلیظ ۔ گاڑھا ۔ (۲) گندہ ۔ میلا ۔ ناپاک ۔

**کثیف الطبع** ۔ میلا آدمی ۔ غلیظ آدمی ۔ وہ شخص جو پاک صاف نہ رہے ۔

## ک ۔ ج

**کج** ۔ [ف ۔ صف] (۱) خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ آڑا ۔

**کج اخلاق** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) بد اخلاق ۔ بدمزاج ۔ اکھڑ ۔ روکھا ۔

**کج ادا** ۔ (ف ۔ صف) بدخلق ۔ بے مروت ۔ بے وفا ۔ روکھا ۔ اکھڑ ۔

**کج ادائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بے مروتی ۔ بے وفائی ۔ بے رخی ۔ (۲) (مجازاً) دشمنی ۔ برائی ۔ عداوت ۔

**کج بحث** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) وہ شخص جو اُلٹی سیدھی بحث کرے ۔ اُلٹی سیدھی باتیں کرنے والا ۔

**کج بحثی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) نامعقول گفتگو ۔ فضول تکرار ۔ اُلٹی پلٹی بحث

**کج خلق** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) بدمزاج ۔ اکھڑ ۔ بے مروت ۔ بداخلاق بدخو ۔ بد سرشت ۔

**کج خلقی** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) اکھڑپن ۔ بدخلقی ۔ بدمزاجی ۔

**کج دار و مریز** ۔ (ف ۔ مثل) پانی سے بھرے ہوئے گلاس کو ٹیڑھا رکھ مگر گرانا نہیں ۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں ۔ جب کسی شخص کو تنگ کرنے کے لیے اُسے دو متضاد باتوں کی تعمیل پر مجبور کیا جائے ۔

**کج رائے** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) وہ شخص جس کی تدبیر اور رائے درست نہ ہو ۔

**کج رفتار** ۔ **کج رو** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) ٹیڑھی چال چلنے والا ۔ ناہنجار

**کج روی** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) (۱) ٹیڑھی چال چلنا ۔ (۲) اُلٹے راستے پر چلنا ۔

**کج سرشت** ۔ **کج طبع** ۔ **کج مزاج** ۔ (ف ۔ صف) بدخو ۔ بدطینت ۔ بداخلاق ۔

**کج فہم** ۔ (ف ۔ صف) خود رائے ۔ اُلٹی رائے کا ۔

**کج فہمی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ناسمجھی ۔ غلط فہمی ۔

**کج کلاہ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا ۔ شاہانِ ایران کا لقب ۔ (۲) بانکا ۔ ترچھا ۔ (۳) (کنایتہً) معشوق ۔

**کج کلاہی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بانکپن ۔ خودنمائی ۔

**کج بیان** ۔ **کج زبان** ۔ (ف ۔ صف) (۱) وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو ۔ (۲) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے ۔

**کج مدار** ۔ (ف ۔ صف) ٹیڑھی چال چلنے والا ۔

**کج مریز** ۔ (ف ۔ صف) انکار میں درپردہ اقرار کرنے والا ۔

**کج نظر** ۔ (ف ۔ صف) ٹیڑھی نظر والا ۔ بدباطن ۔

**کج نظری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ترچھی نگاہ سے دیکھنا ۔ بدباطنی ۔

**کج نہاد** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) بدسرشت ۔ بری فطرت والا ۔

**کجا** ۔ (کُ ۔ جا) [ف ۔ تابع فعل] (۱) "کدام جا کا" مخفف ۔ کہاں ۔ کس جگہ ۔ (۲) نفی کے واسطے بھی آتا ہے ۔

**کجا** ۔ (ا ۔ مذ) کوزہ کا بگڑا ہوا ۔ دیکھیے "کوزہ"

**کجات** ۔ (کُ ۔ جات) [ھ ۔ صف] کمینی ذات کا ۔ کمینہ ۔ نیچی قوم کا ۔ (۲) غیر ذات کا ۔

**کجاوہ** ۔ (کَ ۔ جا ۔ وَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] اونٹ کی کاٹھی ۔ جس پر دو شخص ایک دوسرے کے مقابل بیٹھتے ہیں ۔

**کجتا** ۔ (کج ۔ تا) [ق ۔ صف] غمگین ۔

**کجرا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) کاجل ۔



Marfat.com

**کَجَری**۔ (ہ۔ا۔مث) گیت کی ایک قسم جو عموماً ہولی میں گاتے ہیں۔
**کَجَک**۔ (کَ۔جَک) [ت۔ا۔مذکر] ہاتھی کا آنکس۔
**کَجکول۔ کَچکَول**۔ (کَج۔کَول)، (کَج۔کَول) [ف۔ا۔مذ] بھیک کی جھولی۔ کشکول۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل (۲) (مجازاً) وہ بیاض جس میں منتخب اشعار یا مضامین درج ہوں۔
**کجلا**۔ (کَج۔لا) [ہ۔ا۔مذ] کاجل کی تصغیر۔
**کجلانا**۔ (کَج۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آگ کا بجھ جانا۔ (۲) سانولا پڑ جانا۔
**کَجلَوٹی**۔ (کَج۔لَو۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] کاجل کی ڈبیا۔ سُرمہ دانی۔
**کَجلی**۔ (کَج۔لی) [ہ۔ا۔صف] (۱) کاجل (۲) ہاتھی۔
**کجلی بَن**۔ (ہ۔ا۔مث) ہاتھیوں کا جنگل۔
**کَجی**۔ (کَ۔جی) [ف۔ا۔مث] ترچھا پن۔ خمیدگی۔ ٹیڑھا پن۔
**کَجّی**۔ (کَج۔جی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا کوزہ۔
**کجی دینا**۔ (ہ۔محاورہ) روغنِ قاز ملنا۔ خوشامد کرنا۔

# ک۔چ

**کَچ**۔ [ہ۔صف] (۱) کچّا کا مخفف۔ خام۔
**کَچ بَچ**۔ (ہ۔ا۔مذ) چھوٹے چھوٹے۔ کم عمر لڑکے بالے۔
**کَچ پیندیا**۔ (ہ۔صف) (۱) بودا۔ کمزور (۲) اوچھا۔ (۳) غیر مستقل مزاج۔
**کَچ دِلا**۔ (ہ۔صف) بودے دل کا آدمی۔ بزدل۔ وہ شخص جو مشکل کام میں ہمت ہار جائے۔
**کَچ دھات**۔ (ہ۔صف) کچی دھات۔ فلز۔ دھات اور دیگر چیزوں کا مرکب۔
**کَچ لَوندا**۔ (ہ۔ا۔مذ) کچّا آٹا۔ کچے آٹے کا پیڑا۔
**کَچ لَہو۔ کَچ لَہُو**۔ (ہ۔ا۔مذ) پیپ ملا ہوا خون
**کُچ**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی چھاتی۔ پستان۔ ممّن۔ (۲) سرِ پستان۔ ڈھنڈی۔
**کَچّا**۔ (کَچ۔چا) [ہ۔صف] (۱) خام۔ ناپختہ۔ (۲) بودا۔ (۳) ملائم۔ (۴) بن پکا۔ (۵) وہ بچہ جو پیدا ہونے کے معمولی اوقات سے پہلے ہو جائے۔ (۶) ناتجربہ کار (۷) اُڑ جانے والا رنگ (۸) ایسا مکان جو صرف مٹی کا بنا ہُوا ہو۔ (۹) اَدھ گلا۔ (۱۰) پھوڑا جس کا مواد پکا نہ ہو۔
**کچّا پکّا**۔ (ا۔صف) (۱) نیم پختہ (۲) مذبذب (۳) وہ تعمیر جس میں کہیں اینٹ چُونا اور کہیں اینٹ گارے کی چنائی ہو۔
**کچّا پکّا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ادھ بھنا کرنا۔ (۲) کسی بات پر نیم رضامندی کرنا۔
**کچّا پن۔ پنا**۔ (ا۔مذ) خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری۔
**کچّا تاگا**۔ (ا۔مذ) (۱) بغیر بل دیا ہُوا سوت۔ (۲) نازک چیز۔
**کچّا تخمینہ**۔ (ا۔مذ) سرسری اندازہ۔ ناقص اندازہ۔

**کچّا جانا**۔ (ا۔محاورہ) استقاطِ حمل ہونا۔ ادھورا بچہ پیدا ہونا۔
**کچّا چِٹھا**۔ (ا۔مذ) صحیح صحیح حال۔ کل کیفیت۔
**کچّا دُودھ پینا**۔ (ا۔محاورہ)۔ (کنایتاً) طینت میں خامی ہونا۔ خامیٔ سرشت ہونا
**کچّا دُودھ سب نے پیا ہے**۔ (ا۔مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں یہ کہنا ہو کہ انسان سے بھول چوک ہُوا ہی کرتی ہے۔
**کچّا ساتھ**۔ (کنبہ)۔ (ا۔مذ) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ۔
**کچّا کاغذ**۔ (ا۔مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس پر اسٹامپ نہ لگا ہو۔
**کچّا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ (۲) کچی سلائی کرنا۔
**کچّا کوڑ**۔ (ا۔مذ) دریا کا ڈھلوان کنارہ۔ دریا برآمد زمین۔
**کچّا کھا جانا**۔ (ا۔محاورہ) نہایت خفگی کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی ایسا غصّہ ہے کہ پکانے میں بھی دیر نہ لگاؤں گا۔ کچّا ہی کھا جاؤں گا۔
**کچالُو**۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری جو اروی کی قسم سے ہے اور نمک مرچ اور کھٹائی وغیرہ ڈال کر کھاتے ہیں۔
**کچاند (کچاہند)** [ہ۔ا۔مث] تلی ہوئی چیز کے کچّا رہ جانے کی بُو۔
**کچّا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہمت ہارنا۔ شرمندہ ہونا۔ (۲) کھسیانا ہونا۔ (۳) ناتجربہ کار ہونا۔
**کچے پکے دن**۔ (ا۔محاورہ) (۱) حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا زمانہ جس میں بہت احتیاط کرنی پڑتی ہے۔ (۲) برسات کا موسم جس میں بیماری کا اندیشہ ہوتا ہے۔
**کچے دھاگے میں بندھنا**۔ (ا۔محاورہ) (کنایۃً) مطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
**کچے گھڑے پانی بھرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) دشوار اور ناممکن کام کرنا (۲) سخت مشکل یا تکلیف اُٹھانا۔ بہت بڑی مصیبت جھیلنا۔
**کچے گھڑے کی چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نشے میں غرق ہونا۔ (۲) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔
**کَچ پَچ**۔ (ہ۔ا۔مث) کیچڑ۔ دلدل (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
**کَچرا**۔ (کَچ۔را) [ہ۔ا۔مذ] کچّا پھل۔ (۲) کچّا خربوزہ۔ (۳) کپاس کا ڈوڈا۔
**کَچَر پَچَر**۔ (کَ۔چَر۔پَ۔چَر) [ہ۔صف] (۱) مٹی میں لت پت کیچڑ میں لتھڑا ہوا۔ (۲) بھیگا ہوا۔
**کچر پچر ہونا**۔ (ا۔محاورہ) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا۔ لت پت ہونا۔ کیچڑ ہونا۔
**کَچَر کَچَر**۔ (کَ۔چَر۔کَ۔چَر) [ہ۔ا۔مث] کچے پھل کھانے کی آواز۔ (۲) بک بک شور و غل۔
**کَچَری**۔ (کَچ۔ری) [ہ۔ا۔مث] ایک پھل۔ چھوٹا کچرا۔
**کَچڑانا**۔ (کَچ۔ڑانا) [ہ۔مص] آنکھوں میں کیچڑ آنا۔
**کَچ کَچ**۔ (ہ۔ا۔مث) بک بک۔ تکرار۔ حجّت۔



Marfat.com

کچکچانا۔ (کَچ۔ک۔چا۔نا) [ق۔مص] عاجز آنا۔
کچکچانا۔ (ھ۔مص) غصے سے دانت پیسنا۔
کچکچاہٹ۔ (ھ۔ا۔مث) کچکچانا کا حاصل مصدر۔ دانتوں کے پیسنے کی حالت۔ زور سے دانت پیسنا۔
کچکچی۔ (کِچ۔کِ۔چی) [ھ۔ا۔مث] کچکچاہٹ۔
کچکڑ۔ (کَچ۔کَڑ) [ھ۔ا۔مذ] کچھوے یا دھیل مچھلی کی ہڈی۔
کچکول۔ (کَچ۔کَول) [اُر۔ا۔مذ] دیکھیے کجکول۔
کچ کھانا۔ (ق۔مص) دق ہونا۔ پریشان ہونا۔
کچلا۔ (کُچ۔لا) [ھ۔ا۔مذ] ایک زہریلا پھل۔ ایک زہریلی دوا۔
کچلا جانا۔ (کُچ۔لا۔جا۔نا) [ھ۔مص] (۱) پس جانا۔ مسلا جانا۔ (۲) پامال ہونا۔ (۳) مارا جانا۔ پیٹا جانا۔
کچل دینا۔ (کُ۔چل۔دے۔نا) [ھ۔مص] مسل دینا۔ پیس دینا۔ موٹا موٹا پیس دینا۔
کچل ڈالنا۔ (ھ۔مص) (۱) پیس ڈالنا۔ مَل دینا۔ مسل دینا۔ (۲) پامال کر دینا۔ روند ڈالنا۔
کچلنا۔ (کُ۔چل۔نا) [ھ۔مص] (۱) مسلنا۔ رگیدنا۔ روندنا۔ (۲) مارنا۔ کچومر نکالنا۔ بھرکس نکالنا۔ (۳) کسی چیز کو نیم کوب کرنا۔
کچلی۔ (کُچ۔لی) [ھ۔ا۔مث] نوک دار دانت۔ کُتا دانت۔
کچلی۔ (کُچ۔لی) [ق۔ا۔مونث] کینچلی۔
کچن۔ (ق۔ا۔مذ) زر۔ طلا
کچنار۔ کچنال۔ (کَچ۔نار۔ کَچ۔نال) [ھ۔ا۔مث] ایک درخت اور اس کے پھول جو سبزی کی طرح پکا کر کھائے جاتے ہیں۔
کچو۔ (کَچ۔چو) [ھ۔ا۔مذ] کچالو کی طرح کا ایک پھل۔
کچواٹ۔ (کَچ۔واٹ) [ق] نفرت۔
کچوانا۔ (کَچ۔وا۔نا) [ق۔مص] جی متلانا۔ نفرت کرنا۔ رنج کرنا۔ بیزار رہنا۔ دق ہونا۔ پہلو تہی کرنا۔
کچوانسی۔ (کَچ۔وان۔سی) [ھ۔ا۔مث] بسوانسی کا بیسواں حصہ $\frac{9}{20}$ ۹۵ مربع انچ کی مقدار۔
کچور۔ (کَ۔چور) [ھ۔ا۔مث] ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اُس کی جڑ۔
کچوری۔ (کَ۔چو۔ری) [ھ۔ا۔مث] ماش کی دال بھری ہوئی پوری۔
کچوری کے سے گال۔ (ا۔مذ) پھولے پھولے گال۔
کچوکا۔ (کَ۔چو۔کا) [ھ۔ا۔مذ] نوکدار چیز۔ چبھونا۔ (کنایتہً) طعن و تشنیع۔
کچومر۔ (کَ۔چو۔مر) [ھ۔ا۔مذ] ایک طرح کا اچار۔ جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ملا لیتے ہیں۔
کچومر کر دینا۔ (ا۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ ہلاکت کے قریب پہنچا دینا۔
کچومر نکالنا۔ (ا۔محاورہ) بھرکس نکالنا۔ بہت مارنا۔
کچونا۔ (کَ۔چو۔نا) [ھ۔مص] چبھونا۔ بھونکنا۔ گھونپنا۔
کچوہ۔ (کَ۔چوہ) [ہ] "بھرا" کا تابع مہمل جو تاکید کے لیے آتا ہے جیسے "بھرا کچوہ"
کچھ۔ (ھ۔ا۔مذکر) (۱) بغل۔ پہلو (۲) دیوار کا کونا (۳) چوتڑ (۴) اندام نہانی (۵) کچھوا۔ سنگ پشت (۶) سکھوں کا جانگھیا
کچھ مچھ۔ کچھوے اور مچھلیاں۔ آبی جانور۔
کچھ۔ (ھ۔صفت) (۱) ذرا۔ کسی قدر۔ تھوڑا۔ (۲) (استفہام کے لیے) کیا کہیں؟ کوئی؟ (۳) (کثرت کے لیے) بہت کچھ۔ بہت زیادہ۔ (۴) بطور (انکار۔ نہیں کی تاکید)۔ بالکل۔ مطلق۔ (۵) (جب مکرر آتا ہے) حالت کا جلد جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے۔ (۶) کسی جھٹکے کے صدمہ یا اشارے کے لیے جہاں قرینہ دلالت کرے (کچھ کا کچھ مرگیا)
کچھ آج سے نہیں۔ (ا۔محاورہ) قدیم سے ہے۔ ہمیشہ سے ہے۔
کچھ آنسو پونچھ گئے۔ (ا۔محاورہ) کسی قدر صبر آگیا۔ کسی قدر تسلی ہوگئی۔
کچھ اپنی خبر ہے۔ (ا۔محاورہ) اپنی حالت کا بھی کچھ پتہ ہے۔
کچھ اتنا فرق نہیں۔ (ا۔محاورہ) کوئی زیادہ فرق نہیں۔
کچھ اجارہ ہے۔ (ا۔محاورہ) قابو نہیں۔ کچھ دعوی نہیں۔
کچھ اور۔ (ا۔صفت) (۱) اور بھی (۲) دوسری بات۔ (۳) تازہ۔ جدید نئی۔
کچھ اور بات ہے۔ (ا۔محاورہ) (۱) شک کے لیے بولا جاتا ہے۔ یہ بات نہیں کوئی اور بات ہے۔ (۲) خلاف اُمید بات ہے۔
کچھ اور عالم ہو گیا ہے۔ (ا۔محاورہ) حالت اور کیفیت بدل گئی ہے
کچھ ایسا نہیں۔ (ا۔محاورہ) جیسا خیال ہے ویسا نہیں۔
کچھ بات بھی؟ (ا۔محاورہ) کوئی وجہ بھی (سوال کے لیے) کس لیے؟ آخر کوئی سبب بھی؟
کچھ بات نہیں۔ (ا۔محاورہ) معمولی بات ہے۔
کچھ بات ہے۔ (ا۔محاورہ) کس لیے؟ کیوں؟
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے؟ (ا۔محاورہ) دُنیا کے حالات سے بھی واقف ہو؟
کچھ بنیاد ہے؟ کوئی اصل اور حقیقت نہیں۔ کیا اصل ہے؟ نہایت مفلس اور عاجز ہے۔
کچھ پروا نہیں۔ (ا۔محاورہ) کیا ڈر ہے۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
کچھ پڑا پایا ہے۔ (ا۔مثل) جب کسی آدمی کو بغیر کسی ظاہری سبب کے خوش دیکھتے ہیں تو یہ فقرہ کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ کیا غیب سے کوئی نعمت ہاتھ آگئی ہے؟
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے۔ (ا۔مثل) کسی امر کا تمہیں خیال ہوا اور کسی کا ہمیں۔ ہم تم برابر ہیں۔



Marfat.com

کچھ تم نے سُنا۔ (۱۔ محاورہ) حیرت کے قابل بات کہنے سے پہلے یہ فقرہ کہا جاتا ہے۔

کچھ تو۔ (۱۔ محاورہ) ذرا تو۔ تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔ کوئی چیز۔

کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اُوپر سے قند پڑا۔ (۱۔ مثل) دل میں لالچ تو تھا ہی اُوپر سے نفع ہُوا، حرص اور بڑھ گئی۔

کچھ تو میٹھا ہے۔ (۱۔ مثل) ضرور کچھ غرض ہے۔

کچھ تو ہے۔ کوئی وجہ ضرور ہے۔ کوئی راز ہے۔

کچھ ٹھکانا ہے؟ (۱۔ محاورہ) کثرت اور عظمت کے موقع پر بولتے ہیں۔

کچھ حقیقت نہیں۔ (۱۔ محاورہ) بے حقیقت ہے۔ بے وقعت ہے۔

کچھ خیر ہے؟ (۱۔ محاورہ) حیرت اور تعجب کی جگہ کہتے ہیں۔

کچھ دال میں کالا کالا ہے۔ (۱۔ مثل) کوئی راز ہے۔ کوئی معاملہ ہے۔ کوئی مشتبہ امر ہے۔

کچھ دلا دیجیے۔ کچھ دلوا دیجیے۔ (۱۔ محاورہ) تھوڑا بہت ضرور دیجیے۔

کچھ دُور نہیں۔ (۱۔ محاورہ) بعید نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے۔ شاید ایسا ہی ہو۔

کچھ دیا ہی آگے آ گیا۔ (۱۔ مثل) کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آ گئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچا لیا۔

کچھ دیکھ کر۔ (۱۔ محاورہ) کچھ نقص پا کر۔ (۲) سمجھ بوجھ کر۔ (۳) طمع سے۔ لالچ سے۔

کچھ ڈر نہیں۔ (۱۔ محاورہ) (۱) اندیشہ نہ کرو۔ دہشت نہ کھاؤ۔ خوف نہ کرو (۲) کیا پرواہ ہے بدلہ لے کر چھوڑیں گے۔

کچھ راہ پر آ گئے ہیں۔ (۱۔ محاورہ) نیم راضی ہو گئے ہیں۔ کچھ درست ہو گئے ہیں۔

کچھ سمجھ کر۔ (۱۔ تابع فعل) کسی مصلحت سے۔

کچھ سُننا چاہتے ہو؟ (۱۔ محاورہ) گالیاں سُننا چاہتے ہو؟

کچھ سونا کھوٹا کچھ سُنار کھوٹا۔ (۱۔ مثل) (۱) ہر طرح نقصان۔ (۲) اُستاد اور شاگرد دونوں نکمے۔ (۳) بگاڑ دونوں طرف سے ہوتا ہے۔

کچھ سے (کا) کچھ ہو جانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) تھوڑی بات کا بڑھ جانا۔ (۲) کوئی بُرا یا بھلا کام خلاف توقع ہو جانا۔ (۳) معاملہ کا رنگ بدل جانا (۴) انقلاب ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔

کچھ شک نہیں۔ (۱۔ محاورہ) بلاشبہ۔ بے شک۔ کسی امر کا گمان نہیں۔ یقیناً۔

کچھ کا کچھ سمجھنا۔ (۱۔ محاورہ) اُلٹا سمجھنا۔

کچھ کا کچھ کہنا۔ (۱۔ محاورہ) اصل کے خلاف کہنا۔ اُمید کے خلاف کہنا۔

کچھ کا کچھ ہونا۔ (۱۔ محاورہ) انقلاب ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔

کچھ کام نہیں۔ (۱۔ محاورہ) کچھ واسطہ نہیں۔ کچھ تعلق نہیں۔

کچھ کام ہو جانا۔ (۱۔ محاورہ) کچھ تعلق پیدا ہو جانا۔ ضرورت پیش آنا۔ کوئی عُہدہ مل جانا۔

کچھ کان میں پھونکنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) کچھ بُرائی کرنا۔ (۲) کوئی منتر یا جادُو پڑھ کر کان میں پھونکنا۔ (۳) کانا پھوسی کرنا۔

کچھ کچھ۔ (۱۔ صفت) ذرا ذرا۔ کسی قدر۔ تقریباً۔ تھوڑا بہت۔ الگ الگ۔ قدرے قلیل۔

کچھ کہتے دھرتے بن نہیں پڑتی (پڑتا)۔ (۱۔ محاورہ) عاجز ہونے کے لیے مستعمل ہے۔ یعنی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں۔

کچھ کر دینا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) کوئی کام کر کے دکھا دینا۔ (۲) جادُو کر دینا۔

کچھ کر لینا۔ (۱۔ محاورہ) نیکی کرنا۔ ثواب کا کام کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ بدلہ لینا۔

کچھ کھا جانا۔ کچھ کھا لینا۔ (۱۔ محاورہ) زہر کھا جانا۔ کوئی مہلک دوا کھا کر خودکشی کر لینا۔

کچھ کھا کے سو رہنا۔ (۱۔ محاورہ) زہر کھا کے سو رہنا۔ خودکشی کرنا۔ افیون یا سنکھیا پھانک کر لیٹ رہنا۔

کچھ کہہ بیٹھنا۔ (گالی دے بیٹھنا۔ کوئی ناگوار بات کہہ دینا۔

کچھ کھو کے سیکھنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا۔ (۲) ٹھوکریں کھا کے سیدھا ہونا۔

کچھ کھیل نہیں ہے۔ (۱۔ محاورہ) کچھ آسان نہیں۔

کچھ گرہ میں بھی ہے۔ (۱۔ محاورہ) کوئی رقم بھی پاس ہے۔ کوئی ہنر یا خوبی بھی ہے۔

کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان۔ (۱۔ مثل) صُلح کے لیے طرفین میں نرمی چاہیے۔ کچھ تم نرم ہو کچھ وہ نرم ہوں جب کام بنے۔

کچھ گیہوں پیلے کچھ جندرے ڈھیلے۔ (۱۔ مثل) بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے۔

کچھ لے رہنا۔ (۱۔ محاورہ) کچھ حاصل کرنا۔ کچھ فائدہ اُٹھانا۔

کچھ ملا دینا۔ (۱۔ محاورہ) کوئی مہلک چیز کھانے میں ملا دینا۔ زہر ملا دینا۔

کچھ مُنہ سے نکالنا۔ (۱۔ محاورہ) زبان سے کچھ کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

کچھ نہ اُکھاڑنا۔ (۱۔ محاورہ) ذرا نقصان نہ پہنچانا۔ قابو نہ چل سکنا۔

کچھ نہ پوچھو۔ کچھ نہ پوچھیے۔ (۱۔ محاورہ) (۱) کہنے کے قابل نہیں۔ قابلِ اظہار بات نہیں۔ (۲) کیا کہتا ہے۔ کیا بات ہے۔

کچھ نہ چلنا۔ (۱۔ محاورہ) کچھ پیش نہ جانا۔

کچھ نہ کچھ۔ (۱۔ محاورہ) کسی نہ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔

کچھ نہ کچھ ہو رہنا۔ (۱۔ محاورہ) تھوڑی بہت کامیابی ہونا۔

کچھ نہ نکلا۔ (۱۔ محاورہ) بالکل خراب نکلا۔ اکارت گیا۔

کچھ نہ ہُوا۔ (۱۔ محاورہ) کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

کچھ نہیں۔ (۱۔ محاورہ) کوئی بات نہیں (۲) بالکل نہیں۔ (۳) بُرا ہے۔ خراب ہے۔

کچھ نہیں آتا۔ (۱۔ محاورہ) جاہل ہے۔ کچھ نہیں جانتا ہے۔

کچھ نہیں چلتا۔ (۱۔ محاورہ) کچھ بس نہیں چلتا۔ قابو سے باہر ہے۔



Marfat.com

**کچھ نہیں رہا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی چیز باقی نہیں بچی بالکل برباد ہو گیا (۲) بچنے کی اُمید نہیں ۔ (۳) طاقت ختم ہو گئی ہے (۴) ہمت جواب دے گئی ہے
**کچھ نہیں گیا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ابھی بہت کچھ ہو سکتا ہے ۔ کچھ نقصان نہیں ہوا ۔
**کچھ نہیں ہو سکتا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی ۔
**کچھ نہیں کیا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کوئی بھلائی نہیں کی ۔ کوئی نیکی نہیں کی ۔ (۲) کوئی کام کی بات نہیں کی ۔ (۳) بُرا کیا ۔ اچھا نہیں کیا ۔
**کچھ ہو** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہرچہ بادا باد ۔ جو ہو سو ہو ۔ کیا پروا ہے ۔
**کچھ ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سایہ ہو جانا ۔ آسیب چمٹ جانا ۔ (۲) کسی لائق ہونا ۔
**کچھ ہو رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی قابل ہو جانا ۔ (۲) تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا ۔
**کچھ ہی کرو** ۔ (ا ۔ محاورہ) جو چاہو سو کرو ۔ جو مرضی آئے سو کرو ۔
**کچھ ہی کہو** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذرا نہیں سُنتا ۔ کہا نہیں مانتا کچھ پرواہ نہیں ۔
**کچھ ہی ہو** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے "کچھ ہو" تاکید ور تاکید ۔
**کچھ ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کوئی بات ہے ۔ دال میں کالا ہے ۔ (۲) بہت کچھ ہے ۔ بہت زیادہ ہے ۔ (۳) بُرائی ہے ۔ کھوٹ ہے ۔ ارادہ فاسد ہے ۔
**کچھ ہیں** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی قابل ہیں ۔ کسی لائق ہیں ۔ کسی شمار میں ہیں ۔
**کچھا** ۔ (کچھ ۔ چھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے کچھ ۔
**کچھار** ۔ (کَ ۔ چھار) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دریا کا کنارہ (۲) دریا کے قریب کی زمین ۔ (۳) ترائی جہاں شیر رہتا ہے ۔
**کچہری** ۔ (کَ ۔ چَہ ۔ رِی) [ھ ۔ ا ۔ مث] محکمہ عدالت ۔ انصاف گاہ ۔
**کچہری برخاست ہونا** ۔ (ا ۔ مص ۔ مرکب) عدالت بند ہونا تعطیل ہونا ۔ چھٹی ہونا ۔
**کچہری چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عدالت تک جانا ۔ عدالت میں مقدمہ لے جانا ۔ نالش کرنا ۔
**کچہری کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عدالت میں بیٹھ کر مقدمات طے کرنا ۔ اجلاس لگانا ۔
**کچہری کے کُتے** ۔ (ا ۔ مذ) عدالت کے چپڑاسی اور اہل کار جو رشوت کے لیے مُستغیث کے پیچھے پڑ جاتے ہیں ۔
**کچہری گرم ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شور و غُل ہونا ۔ (۲) کچہری میں اہل معاملہ کا جمع ہونا ۔
**کچہری لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اجلاس کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کا جمع کرنا ۔ زور شور دکھانا ۔ غُل مچانا ۔
**کچھنا** ۔ (کچھ ۔ نا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] جانگھیا ۔ گھٹنا ۔
**کچھنی** ۔ (کچھ ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] کچھنا کی تانیث
**کچھنیا** ۔ (کَ ۔ چھَن ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مث] کچھنی کی تصغیر ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔ گھٹنا یا جانگھیا ۔ گھگریا ۔

**کچھو** ۔ (ق ۔ صف) کچھ ۔
**کچھو کے کچھو** ۔ (ا ۔ مثل) بُلبل کے بچے ۔ بدذاتوں کے بدذات ۔
**کچھوا** ۔ (کچھ ۔ وا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سنگ پُشت ۔ ایک دریائی جانور ۔
**کچھواہا** ۔ (کچھ ۔ وا ۔ ہا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] راجپوتوں کی ایک گوت جو رامچندر جی کے بیٹے کشور سے ہونے کی دعویدار ہے ۔
**کچھوٹی** ۔ (کَ ۔ چھو ۔ ٹی) [ھ ۔ ا ۔ مث] لنگوٹی ۔ کچھ ۔
**کچھوی** ۔ (کچھ ۔ وی) [ھ ۔ ا ۔ مث] کچھوے کی مادہ ۔
**کچھی** ۔ (ھ ۔ صف) کچھ کے علاقے کا گھوڑا ، جس کی کمر بیچ میں سے جھکی ہوتی ہے ۔
**کچھیانا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) وہ کھیت جس میں ساگ اور ترکاریاں بوئی جاتی ہیں ۔
**کچی** ۔ (کَ ۔ چی) [ھ ۔ صف] کچا کی تانیث
**کچی آسامی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) غیر موروثی زمیندار ۔ چند روزہ ۔ (۲) قائم مقامی ۔ عارضی جگہ نوکری ۔
**کچی بہی** ۔ (ا ۔ مث) وہ بہی جس میں رقم کے زیادہ یا کم کرنے اور غلطی درست کرنے کا اختیار ہو ۔
**کچی پیشی** ۔ (ا ۔ مث) (۱) اپیل کی پہلی شنوائی جس پر اُس کے قابل سماعت اور لائق غور ہونے یا نہ ہونے کا دارومدار ہوتا ہے ۔
**کچی ترکاری** ۔ (ا ۔ مث) ہری ترکاری ۔ سبز ترکاری ۔
**کچی تول** ۔ (ا ۔ مث) کچے بٹوں کے موافق وزن ۔ کچے وزن کے حساب سے ۔
**کچی ٹوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کم عمری میں ہی ازالۂ بکر ہونا ۔
**کچی رسوئی** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) وہ روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں ۔ (۲) گھی کے بغیر روٹی ۔
**کچی رسید** ۔ (ا ۔ مث) مشروط صداقت نامۂ زر جو چند روز کے لیے باقاعدہ صداقت نامۂ زر کا قائم مقام ہوتا ہے ( ) ۔
**کچی ریشدی دسترخوان کا ضرر** ۔ (ا ۔ مثل) نادان اور ناتجربہ کار کی صحبت میں بدنامی اور افشائے راز کا اندیشہ ہوتا ہے ۔ طفل نوخیز سے احتراز کرنا چاہیے ۔
**کچی سڑک** ۔ (ا ۔ مث) وہ سڑک جس پر کنکر وغیرہ کوٹ کر زمین کو سخت اور پختہ نہ کیا گیا ہو ۔
**کچی سلائی** ۔ تیلچی ۔ تگیانا ۔ لنگر ۔
**کچی عقل** ۔ (ا ۔ مث) ناقص عقل ۔
**کچی عمر** ۔ (ا ۔ مث) ناتجربہ کاری اور ناسمجھی کی عمر ۔
**کچی کلی** ۔ (۱) منہ بند کلی ۔ (۲) باکرہ ۔ دوشیزہ ۔ نابالغہ ۔
**کچی کلی توڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چھوٹی عمر میں مر جانا ۔ (۲) کم سنی میں ازالۂ بکر ہو جانا ۔
**کچی گولیاں کھیلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد



Marfat.com

ٹوٹ جاتی ہیں۔ (۲) ناتجربہ کار ہونا۔ نادان ہونا۔
**کچی لکڑی جدھر موڑو مُڑ جاتی ہے۔** (ا۔مثل) بچپن میں جس طرح چاہو بچے کی تربیت کر سکتے ہو۔
**کچی مُدّت۔** (ہ۔ا۔مث) میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو کر پورا سود لگا لیا جائے۔
**کچی مچھلی پکی مچھلی۔** (ا۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی مزاج کھانے کے وقت پکی ہوئی چیز میں برابر نقص نکالے جائے۔
**کچیا۔** (کچ۔یا) [ہ۔ا۔مث] کان کی لو۔
**کچیا جانا۔** (ا۔محاورہ) ہمت ٹوٹ جانا۔ دل چھوڑ دینا۔ سٹھیا جانا۔
**کچیانا۔** (کچ۔یا۔نا) [ہ۔مص] کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ (۲) شرما جانا۔ جھینپ جانا۔
**کچیانَد۔** (کچ۔یانَد) [ہ۔ا۔سونث] دیکھیے "کچا ہند"۔
**کچیل۔** (کُ۔چیل) میل کا تابع مہمل۔
**کچیلا۔** (کُ۔چے۔لا) میلا کا تابع مہمل

## ک - ح

**کحّال۔** (کَح۔حال) [ع۔ا۔مذ] (۱) آنکھوں میں سرمہ لگانے والا۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا۔ آنکھوں کا حکیم۔ معالج چشم۔ (۲) وہ شخص جس کا پیشہ لوگوں کی آنکھوں میں سرمہ لگانا ہو۔
**کحل۔** (کُ۔حل) [ع۔ا۔مذ] سرمہ۔ انجن۔
**کحل البصر۔** (ع۔ا۔مذ) آنکھوں کا سرمہ۔
**کحل الجواہر۔** (ع۔ا۔مذ) وہ سرمہ جس میں آنکھوں کی تقویت کے لیے مروارید ناسفتہ اور دوسرے جواہر ڈالے جاتے ہیں۔
**کحیل۔** (کَ۔حیل) [ع۔صف] (۱) جس کی آنکھ میں سرمہ لگا ہو۔ (۲) سُرمگیں۔ (۳) سرمئی رنگ کا۔

## ک - د

**کَد۔** [اُر۔تابع فعل] کب؟ (ق)
**کَد۔** [ع۔ا۔مث] (۱) سختی۔ تکلیف (۲) جدوجہد۔ سرگرمی۔ سعی۔ کوشش۔ (۳) ضد۔ اِصرار۔ ہٹ۔
**کدوکاوش۔** (ف۔ا۔مث) (۱) تلاش۔ جستجو۔ (۲) کوشش۔ چھان بین۔
**کد ہونا۔** (ا۔محاورہ) ضد ہونا۔ اصرار ہونا۔ پیچ ہونا۔
**کَد۔** (ف۔ا۔مذ) [کدہ کا مخفف] گھر۔ خانہ۔ بیت۔ مکان۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
**کدبانو۔** (ا۔مث) (۱) گھر والی۔ دُلہن۔ بیوی۔ بیگم۔ (۲) سلیقہ والی عورت۔ سگھڑ عورت۔
**کدخُدا۔ کتخدا۔** (ف۔ا۔مذ) صاحب خانہ۔ گھر والا۔ دُولہا۔ نوشہ۔ خاوند۔ خصم۔
**کدخُدائی۔** نکاح۔ اِزدواج۔ بیاہ۔
**کِدارا۔** (کِ۔دا۔را) [ہ۔ا۔مذ] کلیان ٹھاٹھ کا ایک راگ جو عموماً چاندنی رات میں گایا جاتا ہے۔
**کُدال۔** (کُ۔دال) [ہ۔ا۔مث] زمین کھودنے کا ایک اوزار۔
**کُدال سے فصد کھلواؤ۔** (ا۔محاورہ) جب کوئی شخص بعید از عقل باتیں کرتا ہے تو اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ تم پہ پاگل پن کا اثر ہے نشتر کی بجائے کُدال سے فصد کھلواؤ۔ عقل کے ناخن لو۔ ہوش کی لو۔
**کُدالی۔** (کُ۔دا۔لی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی کدالی
**کُدام۔** (کُ۔دام) [ف۔کلمۂ استفہام] کون۔ کونسا؟
**کُدانا۔** (کُ۔دا۔نا) [ہ۔مص] اُڑانا۔ اُچھلوانا۔ چھلانگ لگوانا۔ کسی سے کُودنے کا کام لینا۔
**کُدائی۔** (کُ۔دا۔ای) [ہ۔ا۔مث] گھوڑوں کا گڑھوں۔ دیواروں اور ٹیلوں پر سے کُودنا۔ (۲) انعام جو کُودنے کے لیے دیا جائے۔
**کَدَر۔** (کَ۔دَر) [ع۔ا۔مث] کدورت۔ گدلاپن۔
**کَدِر۔** (کَ۔دِر) [ع۔صف] (۱) میلا۔ مکدر۔ (۲) تیرہ
**کِدَر۔** (ق، تابع فعل) کدھر۔
**کَدَّر۔** (کَد۔دَر) [ہ۔ا۔مذ] ذلیل آدمی۔ کمینے لوگ
**کدرنا۔** (کَ۔دَر۔نا) [ق۔مص] (۱) کُڑنا۔ (۲) مِٹنا۔ فنا ہونا۔ (۳) بیزار ہونا۔
**کَدَر نہار۔** (کَدَر۔نہ۔ہار) [ق۔صف] فنا ہونے والی۔
**کُدکڑے۔ کُدکّے۔** (کُد۔کَڑے۔کُد۔کَکے) [ہ۔ا۔مذ] چھلانگیں۔ قلانچیں۔ چوکڑیاں۔
**کُدکڑے لگانا۔ کُدکڑے مارنا۔** (ا۔محاورہ) کھیلنا کُودنا۔ چھلانگیں مارنا۔ اُچھلنا کُودنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔
**کُدکنا۔** (کُد۔کَ۔نا) [ہ۔مص] اُچھلنا۔ کُودنا۔ پھاندنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔
**کُدکنی۔** (کُد۔کَ۔نی) [ق۔ا۔مث] مکروفریب۔
**کَدلی۔** (کَد۔لی) [س۔ا۔مث] (۱) ایک پھل۔ کیلا۔ (۲) جھنڈا۔ (۳) ایک قسم کا ہرن۔
**کَدَم۔** (کَ۔دَم) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی دریا میں نہاتی ہوئی عورتوں کے کپڑے لے کر بیٹھ گئے تھے۔ (۲) ایک قسم کی گھاس۔
**کَدَن۔** (کَ۔دَن) [ق۔ا۔مث] طرف۔
**کَدُو۔** (کَ۔دُو) [ف۔ا۔مذ] (۱) ایک ترکاری۔ گھیا۔ اُردو میں بتشدید دال بھی مستعمل ہے۔ (۲) کدوِ شراب۔ شراب کی بوتل یا صراحی۔ (کنایۃً) بچوں کا سر۔ (اس معنی میں بتشدید دال بولتے ہیں)۔



Marfat.com

**کُدُو دانہ** ۔ (۱) پیٹ کا ایک قسم کا کیڑا ۔ کرمِ شکم ۔ (۲) وہ بیماری جس سے سارے بدن پر تخمِ کدُو کی مانند پھنسیاں نکل آتی ہیں ۔
**کُدُو کش** ۔ (ف ۔ا۔ مذ) ایک آلہ جس سے کدُو کو رگڑ کر باریک کرتے ہیں ۔
**کُدوانا** ۔ (کُدْوانا) [ھ بعن ] دیکھیے کُدانا ۔
**کُدُورت** ۔ (کُ ۔ دُو ۔ رَت) [ ع ۔ا۔ مث ] (۱) گدلاپن ۔ تلچھٹ ۔ آلودگی (۲) رنجش ۔ آزردگی ۔ (۳) دل کا غبار ۔
**کُدُورت رکھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کینہ رکھنا ۔ کپٹ رکھنا
**کَدَہ** ۔ (کَ ۔ دَہ) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) جگہ ۔ مقام ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مرکبات میں بطورِ لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بُت کدہ ۔
**کدھاں لگ** ۔ (ق) کب تک ۔ کہاں تک ۔
**کِدھر** ۔ (کِ ۔ دَھر) [ھ ۔ تابع فعل ] (۱) کہاں ۔ کس جگہ ۔ کس طرف ۔ (۲) کس طرف چلے ۔
**کدھر آیا کدھر گیا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) آنے جانے کی کچھ بھی خبر نہ ہوئی ۔ (۲) غفلت اور بے خبری کے اظہار پر بھی بولا جاتا ہے ۔
**کدھر جاؤں کیا کرُوں** ۔ (۱۔ محاورہ) ہر طرح مجبوری اور بے بسی ہے ۔ کون سی تدبیر کروں ؟ حیرت اور مجبوری کی حالت میں بولتے ہیں ۔
**کدھر کا چاند نکلا ۔ کدھر بھُول پڑے ؟** ۔ (۱۔ محاورہ) مقامِ حیرت ۔ تعجب اور محلِ استعجاب پر بولتے ہیں ۔ (۲) کسی دوست یا عزیز کے دفعتاً آجانے پر کہتے ہیں ۔ یعنی کہاں سے آگئے ۔ یہ بات کیونکر ہوگئی ۔
**کَدھَن** ۔ (کَ ۔ دھَن) [ق ۔ا۔ مث ] طرف ۔
**کِدھیں** ۔ (کِ ۔ دھیں) [ ق ۔ متعلق فعل ] کبھی ۔ کہیں ۔

## ک ۔ ڈ

**کُڈھب** ۔ (کُ ۔ ڈھَب) [ھ ۔ صفت ] (۱) بے ڈھب ۔ بے موقع ۔ (۲) بُرا ۔ زبوں ۔ بے ربط ۔
**کُڈھنگ ۔ کُڈھنگا** ۔ (کُ ۔ ڈھنگ ؛ کُ ۔ ڈھنگ ۔ گا) [ھ ۔ صفت ] بدسلیقہ ۔ بے ڈھنگا ۔ (۲) وحشی ۔ بداخلاق ۔
**کَڈھیلڑ ۔ کَڈھیلڑا** ۔ (کَ ۔ ڈھے ۔ لَڑ ) (کَ ۔ ڈھے ۔ لَ ۔ ڑا) [ھ ۔ا۔ مذ ] سوتیلا بیٹا ۔ پچھلگ بیٹا ۔

## ک ۔ ذ

**کَذا و کَذا** ۔ [ ع ۔ تابع فعل ] اس طرح ۔ اُس طرح ۔ ایسا ۔ اس کی مانند ۔
**کَذّاب** ۔ (کَذْ ۔ ذاب) [ ع ۔ صفت ] نہایت جھُوٹا ۔ جھُوٹوں کا بادشاہ ۔

**کِذْب** ۔ [ ع ۔ا۔ مذ ] جھُوٹ ۔ دروغ ۔

## ک ۔ ر

**کَر** ۔ (س ۔ا۔ مذ) (۱) ہاتھ (۲) ہاتھی کی سُونڈ ۔ (۳) [ مؤنث ] چنگی کا محصول ۔ (۴) خراج ۔ مالگزاری ۔ (۵) ٹیکس (۶) جرمانہ ۔ تاوان (۷) جزیہ ۔
**کَر** ۔ (ف ۔ صفت) (۱) بہرہ ۔ اَصَم (۲) [ مذ ] زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ توانائی ۔ (۳) شان و شوکت ۔
**کَرّوفَر** ۔ (ف ۔ا۔ مذ) شان و شوکت ۔ دُھوم دھام ۔ ٹھاٹ باٹ ۔ زور و توانائی ۔ (۳) تزک و احتشام ۔
**کَر** ۔ (۱۔ تابع فعل ) ماضی کے بعد آکر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور دُوسرا بعد میں ۔ (۲) رعایت سے ۔ لحاظ سے ۔ (۳) مصدر کرنا کا امر ۔
**کر بیٹھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کوئی بات بغیر سوچے سمجھے اختیار کرلینا ۔ جلدی سے غلطی میں کوئی کام کرجانا ۔
**کرتو ڈر نہ کر تو بھی ڈر** ۔ (۱۔ مثل) جب کسی بے گناہ پر کوئی الزام آئے تو کہتے ہیں ۔ (۲) خدا سے ہر وقت پناہ مانگنی چاہیے ۔
**کرتے دھرتے بن نہیں پڑتی** ۔ (۱۔ محاورہ) کچھ کام نہیں ہوسکتا کچھ کرتے بن نہیں پڑتا ۔
**کرتے کی سب بڑیا ہے** ۔ (۱۔ مثل) عمل کرنے سے ہی کامیابی حاصل ہوتی ہے ۔
**کرچکنا** ۔ (فعل ۔ مرکب) کوئی کام مکمل کرنا ۔
**کر دھر لینا** ۔ (۱۔ محاورہ) انتظام کرلینا
**کر دیکھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) آزما کر دیکھ لینا ۔ تجربہ کرنا ۔
**کر سیوا کھا میوا** ۔ (۱۔ مثل) خدمت کرنے سے ہی آرام ملتا ہے ۔
**کر گزرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ضد پر اڑا رہنا ۔ ہٹ سے باز نہ آنا ۔ مشکل کام کرکے چھوڑنا ۔
**کرلینا** ۔ (۱۔ محاورہ) بیوی بنا لینا ۔ (۲) ملازمت کرنا ۔
**کَرا** ۔ (۱۔ مث) محصول چنگی ۔ (۲) خرچ ۔ مالگزاری ۔ (۳) تاوان ۔ جُرمانہ (۴) وہ کام جس کا کرنا لازم ہو جائے ۔
**کر باندھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ہمیشہ کے لیے کوئی معمول بنا لینا ۔
**کرا** ۔ (۱۔ حرف اضافت ) کا
**کَرّات و مَرّات** ۔ (کَرْ ۔ رات و مَرْ ۔ رات) [ ع ] بہت دفعہ ۔ بار بار
**کَرّار** ۔ (کَرْ ۔ رار ) [ ع ۔ صفت ] (۱) بار بار حملہ کرنے والا ۔ بھگانے والا (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا لقب ۔
**کِرار** ۔ (کِ ۔ رار ) [ھ ۔ا۔ مذ] دیکھیے کراڑ
**کَرارا** ۔ (کَ ۔ را ۔ را) [ھ ۔ صفت ] (۱) سخت اکڑا ہوا (۲) زور آور ۔ بھلا چنگا (۳) خستہ ۔ بھُربھُرا (۴) مہنگا ۔ گراں (۵) وہ سکہ جس کے حروف نہ مٹے ہوں (۶) ایک قسم کی شیرینی (۷) تازہ ۔ نیا ۔



Marfat.com

**کرارے دَم** - (ا - صف) تازہ دم - توانا - جو تھکا ہوا نہ ہو - ثابت قدم -
**کرارا پن** - (کَ - را - را - پَن) [ھ - ا - مذ] (۱) سختی - اکڑ - (۲) مضبوطی - (۳) خستگی - بھُربھرا پن -
**کراری** - (کَ - را - ری) [ھ - صف] کرارا کی تانیث -
**کراڑ** - (کِ - راڑ) [ھ - ا - مذ] دوکاندار - غلے کا تاجر - بنیا -
**کراڑا** - (کَ - را - ڑا) [ھ - ا - مذ] دریا کا بلند کنارہ - دریا کے کنارے کی بلندی -
**کُرّاسہ** - (کُرّ - را - سَہ) [ع - ا - مذ] جُزوِ کتاب - چھوٹی سی غیر مجلد کتاب -
**کراکُل** - (کَ - را - کُل) [ھ - ا - مذ] (۱) کلنگ - سارس - لق لق - (۲) ایک قسم کا بگلا -
**کَرال** - (کَ - رال) [ھ - صف] بڑے بڑے دانتوں والا - ڈراؤنا - خوفناک -
**کِرام** - (کِ - رام) [ع - صف] کریم کی جمع - بڑے لوگ - ذی رُتبہ اشخاص - سخی لوگ -
**کَرامات** - (کَ - را - مات) [ع - ا - مث] کرامت کی جمع - (۱) بزرگیاں - نوازشیں - فضیلتیں - (۲) [اُر] عمدگی - بڑائی (۳) خرقِ عادات - جو ولی سے ظاہر ہوں -
**کَراماتی** - (کَ - را - ما - تی) [اُر - صف] کرامات دکھانے والا - صاحبِ کرشمہ -
**کِراماً کاتبین** - (کِ - را - مَن - کا - تِ - بِین) [ع - ا - مذ] (۱) بزرگ لکھنے والے - (اصطلاحاً) وہ دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے رہتے ہیں -
**کَرامَت** - (کَ - را - مَت) [ع - ا - مث] (۱) بزرگی - بڑائی - فضیلت - (۲) بخشش - سخاوت (۳) [اُر] کرامات - خرقِ عادت - (۴) خوبی - عمدگی - انوکھا پن - جمع - کرامات -
**کَران** - (کَ - ران) [ف - ا - مذ] کنارہ - انتہا -
**کَرانا** - (کَ - را - نا) [ھ - مص] دوسرے سے کام لینا - کرنا کا متعدی - (کروانا فصیح ہے) -
**کِرانا** - (کِ - را - نا) [ھ - ا - مذ] مختلف قسم کا مسالا وغیرہ - پرچون - ایک جنس کی چیز کو دوسری سے الگ کرنا -
**کرانت** - (کِ - رانت) [ف - ا - مذ] ایک پیمانہ -
**کرانت** - (کَ - رانت) [ھ - ا - مث] سبقت لے جانا - آگے بڑھنا - (۱) نجوم فلکی کا زوال پذیر ہونا - (۲) راس چکر منطقۃ البروج (۳) منطقہ حارہ -
**کَرانجنا** - (کَ - رانج - نا) [ق - مص] کراہنا -
**کَرانچی** - (کَ - رانچی) [ھ - ا - مث] اسباب لادنے کی گاڑی، جسے بیل یا اُونٹ کھینچتے ہیں -
**کرانہ** - (کَ - را - نہ) [ف - ا - مذ] دریا وغیرہ کا کنارہ - ساحل -

**کِرانی** - (کِ - را - نی) [اُر - ا - مذ] (۱) عیسائی - نصرانی - کرسچین - (۲) انگریزی دفتر کا کلرک - محرّر -
**کَراہ** - (کَ - راہ) [ھ - ا - مث] وہ آواز جو کسی دُکھ یا درد کے باعث نکلے - ہائے ہائے -
**کُراہ** - (کُ - راہ) [ھ - ا - مذ] بُرا راستہ - ٹیڑھا راستہ - غلط راستہ -
**کَراہَت** - (کَ - را - ہَت) [ع - ا - مث] نفرت - بیزاری - گھِن -
**کَراہنا** - (کَ - راہ - نا) [ھ - مص] ہائے ہائے کرنا - دُکھ یا درد سے آہ آہ کرنا -
**کَراو** - (کَ - را - او) [ھ - ا - مذ] (۱) ہندو جاٹوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رسم - (۲) رنڈی کا کسی کو شوہر بنا لینا -
**کراو کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) رانڈ سے شادی کرنا (۲) بیوہ کا کسی مرد کے ساتھ خود نکاح پڑھوا لینا -
**کِراو** - (کِ - را - او) [ھ - ا - مذکر] ایک قسم کا چھوٹا مٹر -
**کَراوَن** - (کَ - را - اُن) (Crown) [انگ - ا - مذ] تاج -
**کراوَن پرنس** - (Crown Prince) ولیعہدِ سلطنت -
**کِرایہ** - (کِ - را - یَہ) [ف - ا - مذ] کسی چیز کے استعمال کی اُجرت - بھاڑا - مزدوری -
**کرایہ اُگاہنا** - (ا - محاورہ) کرایہ وصول کرنا - بھاڑا لے کر جمع کرنا -
**کرایہ پہ چلانا - کرائے پہ دینا** - (ا - محاورہ) بھاڑے پر دینا - اُجرت پر چڑھانا - (۲) کسی عورت کی خرچی کھانا -
**کرایہ دار - کرائے دار** - (ف - صف) (۱) کرایہ کے مکان میں رہنے والا - اسامی - رعیّت - (۲) پیٹ کے اندر کا بچہ -
**کرایہ (کرائے) دار اُترنا** - (ا - محاورہ) (۱) کسی مکان میں کرایہ دار آکر رہنا - (۲) حاملہ ہونا -
**کرایہ کرنا** - (ا - محاورہ) بھاڑا مقرر کرنا - بھاڑے پر لینا -
**کرایہ کا - (کی)** [ا - صف] وہ چیز جو کرایہ پر دی جائے -
**کرایہ نامہ** - (ف - ا - مذ) وہ کاغذ جو مکان وغیرہ لینے کی بابت کرایہ دار کی جانب سے بطور اقرار نامہ لکھ کر دیا جائے -
**کُرائی** - (ق - ا - مونث) کورا پن - صفائی -
**کَرْب** - [ع - ا - مذ] (۱) رنج والم - دُکھ - مصیبت - (۲) بے قراری - اضطراب (۳) نہایت تکلیف اور سختی -
**کَرب انگیز** - (ع - ف - صف) دُکھ دینے والا - تکلیف بڑھانے والا -
**کَربَڑا** - (کَر - بَ - ڑا) [ھ - صف] سیاہ و سفید ملا ہوا - چتکبرا
**کَربَڑی** - (کَر - بَ - ڑی) [ھ - ا - مث] کربڑا کی تانیث - کالے اور دھولے رنگ کی -
**کَربَلا** - (کَر - بَ - لا) [ع - ا - مث] رنج و آفت کا مقام - بیابانِ عراق میں اُس جگہ کا نام جہاں حضرت امام حسینؑ نے شہادت پائی - (۲) [اُر] وہ جگہ جہاں تعزیئے دفن کیے جاتے ہیں - (۳) وہ جگہ جہاں پانی نہ ملے (۴) مدفنِ شہداء - (اصل میں یہ لفظ



Marfat.com

"کرب و بلا" ہے۔

کربلائی۔ (کَر۔ بَ۔ لا۔ اِئی) [اُر۔ صف] کربلا سے منسوب۔

کر بیٹھنا۔ (کَر۔ بَیٹھ۔ نا) [ہ۔ محاورہ] (۱) جلدی سے کسی کام کو کر گزرنا۔ کسی کام کو اختیار کر لینا۔ (۲) خاوند کر لینا (۳) جورو بنا لینا۔

کرپا۔ (کِر۔ پا) [ہ۔ ا۔ مث] مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم۔

کرپا کرنا۔ (مص مرکب) مہربانی کرنا۔ عنایت فرمانا۔

کُرُت۔ (کُ۔ رُت) [ہ۔ صف] بے موسم۔ خلافِ موسم

کَرَت۔ (کَر۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] دفعہ۔ باری۔ نوبت۔ نمبر۔

کُرتا۔ (کُر۔ تا) [ف۔ ا۔ مذ] دیکھیے کُرتہ۔

کرتا دھرتا۔ (کَر۔ تا۔ دَھر۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کرنے والا۔ فاعل۔ (۲) خالق۔ (۳) مالک۔ مختار۔ (۴) تجربہ کار۔ واقف کار۔

کرتار۔ (کَر۔ تار) [ہ۔ ا۔ مذ] کرنے والا۔ خالق۔ پیدا کرنے والا۔

کَرتَب۔ (کَر۔ تَب) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کام۔ فعل۔ (۲) کمال۔ ہنر (۳) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاری (۴) طلسم۔ عجیب و غریب کام۔ (۵) مشق۔ مہارت۔ عمل (۶) فنِ سپہ گری۔

کرتب دکھانا۔ (ا۔ محاورہ) کمال دکھانا۔ کھیل دکھانا۔ سپاہ گری کا ہنر دکھانا۔

کرتب کی بتریا ہے۔ (ا۔ مثل) ہر کام مشق و مہارت سے ٹھیک ہوتا ہے۔

کرتبی۔ کرتبیا۔ (کر۔ تَ۔ بی۔ کَر۔ تَب۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) عامل۔ کرنے والا۔ فنِ سپہ گری میں مشاق و ماہر۔ (۲) شعبدہ گر۔ بھان متی۔

کُرتی۔ (کُر۔ تی) [ق۔ ا۔ مث] بغیر آستینوں کے چھوٹا کُرتا جو عورتیں پہنتی ہیں۔

کرتوت۔ (کَر۔ تُوت) [ہ۔ ا۔ مذ] کام۔ فعل۔ عمل (۲) چالاکی۔ فریب۔ کرتب (۳) بُرا کام۔ بد عادت۔ (۴) جادو۔ ٹونا۔

کرتو ڈر نہ کرتو ڈر۔ [ہ۔ مثل] انسان کو چاہیے کہ خواہ گناہ کرے یا نہ کرے خدا سے ڈرتا رہے۔ اکثر کسی بے گناہ کے مبتلائے مصیبت ہونے پر بولتے ہیں۔

کُرتہ۔ (کُر۔ تہ) [ف۔ ا۔ مذ] جسم ڈھانکنے کا سِلا ہُوا کپڑا۔ بے کالر کی قمیص۔

کُرتھی۔ (کُر۔ تھی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا اناج جو خشخاش کی طرح چھوٹا چھوٹا ہوتا ہے۔

کُرتی۔ (کُر۔ تی) [اُر۔ ا۔ مث] آستینوں کے بغیر اونچا کُرتہ جسے عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں۔ (۲) وردی کا کوٹ۔

کِر جانا۔ (کِر۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] کسی دھاردار چیز کی دھار ٹوٹ جانا۔

کرجاتے داڑھی والا۔ پکڑا جاتے مونچھوں والا۔ (ہ۔ مثل) کرے کوئی بھرے کوئی۔ جب جرم کسی کا ہو اور پکڑا جائے دُوسرا تو اس موقع پر بولتے ہیں۔

کَرجُگ۔ (کَر۔ جُگ) [ہ۔ ا۔ مذ] کام کرنے کا زمانہ۔ موجودہ زمانہ۔

کِرَچ۔ (کِ۔ رَچ) (کِرْچ) [ہ۔ ا۔ مث] ذرّہ۔ ٹکڑا۔

کِرَچ۔ (کِرَچ۔ کِ۔ رِچ) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی لمبی تلوار۔

کرچ جھاڑنا۔ (ق۔ مص) پرندے کا پَر جھاڑنا

کرچھا۔ (کَر۔ چھا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی وغیرہ داغتے ہیں۔ (۲) فرائنگ پین۔

کرچھی۔ (کَر۔ چھی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کرچھا کی تانیث۔

کَرخت۔ (کَ۔ رَخت) [ف۔ صف] سخت۔ کڑا۔

کرختگی۔ (کَ۔ رَخ۔ تَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] کڑا پن۔ سختی

کَروا۔ (کَر۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بٹنا۔ بدلوائی (۲) کٹوتی۔ دھوڑا۔

کِردار۔ (کِر۔ دار) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) طرز۔ طریق۔ قاعدہ (۲) شغل۔ کام۔ (۳) چلن۔ خصلت۔ عادت۔

کردار نگاری۔ (ف۔ ا۔ مث) سیرت نگاری۔ اشخاص قصہ کے احوال و اطوار کا بیان۔

کر دکھانا۔ (کَر۔ دِکھا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کوئی کام بنا کر دکھا دینا۔ عمل کر کے دکھا دینا۔ (۲) انجام کو پہنچا دینا۔

کِردگار۔ (کِر۔ دِگار) [ف۔ ا۔ مذ] خالق۔ خدا تعالیٰ۔

کردنی۔ (کَر۔ دَ۔ نی) [ف۔ صف] (۱) کرنے کے لائق (۲) اعمال کئے اعمال۔

کردنی خویش آمدنی پیش۔ (ف۔ مثل) بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔ جیسا کیا تھا ویسا پایا۔

کرڈورار۔ (ق۔ ا۔ مذ) وہ دوا جس سے لنگوٹی باندھی جائے۔

کَردہ۔ (کَر۔ دَہ) [ف۔ صف] کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہُوا۔

کردہ پشیماں ناکردہ ارماں۔ (ف۔ مثل) اُس فعل کی نسبت کہتے ہیں جس کا کرنے والا پچھتائے اور نہ کرنے والا تمنا کرے۔

کَردھنی۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی زنجیر جسے ہندو بچے کمر میں باندھتے ہیں۔

کر دیکھنا۔ (کَر۔ دیکھ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مص] (۱) تجربہ کر لینا۔ آزما کر دیکھ لینا۔ (۲) برائی بھلائی سے واقفیت پیدا کر لینا۔

کَرڑ۔ کَرڑ۔ (کَ۔ رَڑ۔ کَ۔ رَڑ) [ہ۔ ا۔ مث] کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔

کَرڑی۔ (ق۔ صف) سخت۔

کرُساں کا پٹی۔ (ق۔ ا۔ مذ) عورتوں کا وہ زیور جو کمر کے گرد پہنا جاتا ہے۔

کرِشتان۔ (کِ۔ رِس۔ تان) [اُر۔ ا۔ مذ] عیسائی۔ نصرانی۔ کرسچین۔ (Christian)

کرِسٹل۔ (Crystal) (کِ۔ رِس۔ ٹَل) [انگ۔ ا۔ مذ] بلور۔ بلور نما۔



Marfat.com

کرسکسی ۔ (کَرْ ۔ سَک ۔ سِیْ ) [ق ۔ مص ] کر سکے گا ۔
کرسمس ڈے ۔ (Christmas Day) کْ ۔ رِسْ ۔ مِسْ ۔ ڈے )
[ انگ ۔ ا ۔ مذ ] عیسائیوں کا بڑا دن ۔ حضرت عیسٰے علیہ السلام
کی پیدائش کا دن ۔ ۲۵ دسمبر ۔ عید نصاریٰ ۔

کرسمس ٹری ۔ (Christmas Tree) ) شجرِ عید ۔ سرو کی شاخ
جسے بطور درخت کرسمس کے موقع پر کمرے میں رکھا جاتا ہے اور
اس موقع پر موم بتیاں ۔ مٹھائی اور تحائف لٹکا دیے جاتے ہیں ۔
کرسی ۔ (کَرْ ۔ سِیْ ) [ ھ ۔ ا ۔ مث ] (۱) گوہر (۲) اُپلوں کے چھوٹے
چھوٹے ٹکڑے ۔ چورا ۔
کُرسی ۔ (کُرْ ۔ سی ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] (۱) چوکی ۔ (۲) تخت ۔ مسند ۔
گدی ۔ (۳) عمارت کی تہ کی اونچائی (۴) زینہ ۔ درجہ ۔ (۵)
(شرعی اصطلاح میں ) آٹھویں آسمان پر تختِ الٰہی کا مقام ۔
(۶) پیڑھی ۔ پُشت ۔ خاندان ۔
کُرسی دینا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) برابر بیٹھنے کی عزت دینا ۔ تعظیم و تکریم
اور آؤ بھگت کرنا (۲) عمارت کو سطحِ زمین سے اونچا کرکے
بنانا ۔
کُرسی کا احمق ۔ (ا ۔ صفت ) نہایت احمق ۔ نرا گاؤدی ۔ بالکل گاؤدی ۔
کُرسی نامہ ۔ ( ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ) سلسلۂ خاندان ۔ نسب نامہ ۔
شجرۂ نسب ۔
کُرسی نشین ۔ (۱) وہ شخص جسے افسر ملاقات کے وقت کرسی بیٹھنے
کو دیں ۔ (۲) کرسی پر بیٹھنے والا ۔ (۳) ذہن نشین ۔ (۴) کامیابی
یا مرتبہ حاصل کرنے والا ۔
کُرسی نشین ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) کرسی پر بیٹھنے کے درجے کو پہنچنا ۔
(۲) ٹھیک بیٹھنا ۔ درست ہونا ۔
کرشمہ ۔ (کَ ۔ رِشْ ۔ مَہ ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] (۱) آنکھ کی جھپکی ۔ ناز ۔ نخرہ ۔
غمزہ ۔ (۲) [اُر] انوکھی بات ۔ حیرت انگیز بات (۳) کرامات ۔
اعجاز ۔ (۴) نشان ۔ علامت ۔
کرشمہ دکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) کوئی کرامت یا اعجاز دکھانا ۔ کوئی
عجیب اور حیرت انگیز بات کرنا ۔ (۲) ناز دکھانا ۔
کرشن ۔ (کَ ۔ رِشْنْ ) [ س ۔ ا ۔ مذ ] (۱) شو کے اوتار ۔ کنہیا جی ۔
(۲) (مجازاً ) [ صفت ] سیاہ فام آدمی ۔
کرشن پکش ۔ پکھ (س ۔ ا ۔ مذ ) چاند کے آخری دن جن میں اول رات
اندھیرا رہتا ہے ۔ وہ پندرہ دن جن میں چاند گھٹتا ہے ۔
کرشن لیلا ۔ (س ۔ ا ۔ مذ ) کرشن جی کے کھیل تماشے ۔
کرفس ۔ (کَ ۔ رَفْس ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] خراسانی اجوائن ۔
کرفیو ۔ (Curfew) [ کَرْ ۔ فْ ۔ یُو ] [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] خانہ بندی
کا حکم ۔ جس میں وقتِ مقررہ کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے
باہر نہیں نکل سکتا ۔

کَرَک ۔ (کَ ۔ رَک ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] دکھ ۔ درد ۔ ٹیس ۔
کَرْک ۔ (س ۔ ا ۔ مذ ) (۱) کیکڑا ۔ (۲) برجِ سرطان ۔ (۳) سفید گھوڑا ۔
کَرْکَٹ ۔ (کَرْ ۔ کَٹ ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] گھاس پھوس ۔ خس و خاشاک (عام طور
پر کوڑا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے )
کِرِکِٹ ۔ (Cricket) (کْ ۔ رِکْٹ ۔ کِر ۔ کِٹ ) [ انگ ۔ مذ ]
گیند بلّے کا کھیل ۔
کَرکَٹی ۔ (ق ۔ ا ۔ مث ) کوڑا کرکٹ ۔ گھاس پھونس ۔
کَرْکَچ ۔ (کَرْ ۔ کَچ ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] سمندری نمک ۔
کِرکِر ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث صوت ) وہ آواز جو ریت اور شیشہ وغیرہ کو دانتوں
میں دبانے سے پیدا ہوتا ہے ۔
کِرکِرا ۔ (کِر ۔ کِ ۔ را ) [ ھ ۔ صفت ] خاک آمیز ۔ ریتیلا ۔
کِرکِرا کر دینا ۔ (ا ۔ محاورہ ) عیش ۔ مزہ ۔ لطف وغیرہ کے واسطے خراب
کر دینا ۔ بگاڑ دینا ۔
کُرکُرا ۔ (کُرْ ۔ کُرا ) (کُرْ ۔ کُ ۔ را ) [ ہ ۔ صفت ] خستہ ۔ بھربھرا ۔ کراما ۔
کِرکِرانا ۔ (کِرْ ۔ کِ ۔ را ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] بگاڑنا ۔ بدمزہ کرنا ۔ بھنگ
ڈالنا ۔
کِرکِراہٹ ۔ (کِرْ ۔ کِرا ۔ ہَٹ ) [ ھ ۔ ا ۔ مث ] دانت کے تلے کنکریلی
چیز کے بولنے کی آواز
کِرکِری ۔ (کِرْ ۔ کِ ۔ رِیْ ) [ ھ ۔ صفت ] (۱) کرکرا کی تانیث (۲) [ مث ]
ذلت ۔ خواری ۔ ہیٹی ۔ (۳) ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا ۔ (۴)
مٹی ملی ہوئی چیز ۔
کِرکِری اٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) پیٹ میں درد ہونا ۔ (۲) گھوڑے
کا پیشاب بند ہونا ۔
کِرکِری خانہ ۔ اُمرا کے پرانا اسباب رکھنے کی جگہ ۔
کُرکُری ۔ (کُرْ ۔ کُ ۔ رِیْ ) [ ہ ۔ صفت ] (۱) کرکرا کی تانیث (۲) مونث )
مروڑ ۔ پیچش ۔ (۳) گھوڑے کی بدہضمی ۔ (۴) نرم اور ملائم ہڈی
جو چبائی جا سکے ۔
کُرکُری اٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) پیٹ میں درد ہونا ۔ (۲) گھوڑے کا پیشاب
بند ہو جانا ۔ (۳) شامت آنا ۔
کُرکُری ہڈی ۔ (ا ۔ مث ) خستہ اور ملائم ہڈی جو چبائی جا سکے ۔
کَرکَنا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث ) درد اٹھنا ۔ ٹیس کرنا ۔
کرکولنا ۔ (کَرْ ۔ کول ۔ نا ) [ ھ ۔ مص ] کسی ٹھوس چیز کے اندرونی حصے
کو خالی کر دینا ۔
کرگدن ۔ (کَرْ ۔ گَ ۔ دَن ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] گینڈا ۔
کرگذرنا ۔ (کَرْ ۔ گذر ۔ نا ) [ ھ ۔ مص ] کر ڈالنا ۔ کرکے چھوڑنا ۔ بن کیے نہ
ہٹنا ۔ اپنی ہٹ پر قائم رہنا ۔
کرگس ۔ (کَرْ ۔ گَس ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] گدھ ۔
کرگہ ۔ (کَرْ ۔ گَہ ) (کَ ۔ رَ ۔ گہ ) [ ف ۔ ا ۔ مث ] وہ گڑھا جس میں جولاہے
بیٹھ کر کپڑا بنتے ہیں ۔ کھڈی ۔ (اصل میں یہ لفظ " کارگاہ " تھا ۔



Marfat.com

یعنی کام کرنے کی جگہ )

**کرگہ چھوڑ تماشا جاتے۔ ناحق چوٹ جولاہا کھاتے۔** (ا۔ مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دوسروں کی ریس کر کے بے فائدہ اپنا نقصان کرے یا تکلیف اُٹھائے۔

**کَرَم۔** (کَ۔ رَم) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) بزرگی (۲) ہمت۔ جوانمردی (۳) بخشش۔ دان۔ پُن۔ (۴) عنایت۔ مہربانی۔

**کرم بخشی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) مہربانی۔ عنایت۔

**کرم پرور۔ کرم فرما۔ کرم گستر۔** (ع۔ ف۔ صف) مہربانی کرنے والا۔ مہربان۔ عنایت کرنے والا۔

**کرم کرنا۔** (ا۔ مص۔ مرکب) (۱) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا (۲) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ (۳) رحم کرنا۔ بخشنا۔

**کَرَم۔** (کَ۔ رَم) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) کام (۲) نوکری (۳) فرض (۴) چال چلن (۵) مذہبی رسم (۶) ذات کے فرائض۔ (۷) مفعول (۸) قسمت۔ نصیبہ (عموماً بلفتح دوم بولتے ہیں)۔

**کرم بھوگ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پہلے جنم میں کیے ہوئے کاموں کا پھل۔ بھلائی بُرائی کا نتیجہ۔

**کرم پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بدنصیب ہونا۔ (۲) رانڈ ہونا۔ (۳) بُری جگہ شادی ہونا۔

**کرم چاری۔** (ہ۔ صف) کارکن

**کرم ریکھ۔ کرم ریکھا۔** (ہ۔ ا۔ مث) تقدیر کا لکھا ہوا۔ نوشتہ ازل۔

**کرم کا بلیا۔ کرم کا دھنی۔** (ا۔ محاورہ) (۱) زبردست نصیبے والا (۲) (طنزاً) بدقسمت۔

**کرم کی ریکھا نہیں مٹتی۔** (ا۔ محاورہ) تقدیر کا لکھا ہوا نہیں مٹتا۔ نوشتہ ازل ہو کر رہتا ہے۔

**کرموں کو رونا۔** (ا۔ محاورہ) قسمت کو رونا۔ افسوس کرنا۔

**کَرَم۔ کَرَم کلا۔** (کَ۔ رَم۔ کَ۔ رَم۔ کَل۔ لا) [ف۔ ا۔ مذ] بند گوبھی۔

**کِرْم۔** (ف۔ ا۔ مذ) کیڑا۔ مکوڑا۔

**کرم پیلہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) ریشم کا کیڑا۔

**کرم خوردہ۔** (ف۔ صف) گھن لگا ہوا۔ پرانا۔ بوسیدہ

**کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ۔** (۱) خدا نے اس کے منہ کو بزرگی دی۔ حضرت علیؓ کے نام کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔ کیونکہ آپ نے قبل از اسلام بھی بتوں کو کبھی سجدہ نہیں کیا تھا۔

**کِرمک۔** (کِرْ۔ مَک) [ف۔ ا۔ مذ] کرم کی تصغیر۔ چھوٹا کیڑا۔

**کرمک شب افروز۔** (شب تاب۔ شب چراغ) جگنو۔

**کُرمُر کُرمُر۔** (کُر۔ مُر۔ کُر۔ مُر) [ہ۔ ا۔ مث] بھربھری یا کرکری چیز چبانے کی آواز۔

**کرمُل۔** (کر۔ مُل) [ہ۔ ا۔ مذ] کن پیڑا۔ کانوں کے نیچے کا ورم۔

**کرمی۔** (ق۔ ا۔ مث) سبب۔

**کرمی۔** (کُر۔ مِی) [ہ۔ ا۔ مذ] پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات۔

**کَرَن۔** (کَ۔ رَن) [س۔ ا۔ مذ] (۱) کان۔ گوش۔ (۲) مثلث کا قاعدہ۔

**کرن پھول۔** کان کا ایک زیور۔ گوشوارہ

**کِرَن۔** (کِ۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سورج یا چاند کی شعاع۔ (۲) سنہری یا رُوپہلی گوٹے کا تار۔

**کرن کا پھرا۔** نور کا تڑکا۔ علی الصباح۔

**کرنا۔** (کَرْ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بنانا۔ عمل میں لانا (۲) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ (۳) بیوہ کا کسی سے شادی کر لینا (۴) بیوی بنانا۔ (۵) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ (۶) کاروبار کرنا (۷) مجامعت کرنا (۸) ذبح کرنا (۹) خروج کرنا۔ (۱۰) [مذ] ایک قسم کی گلگل۔

**کرنا خدا کا کیا ہوتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا واقعہ پیش آتا ہے۔ عجیب واقعہ پیش آتا ہے۔

**کرنا دھرنا۔** (ا۔ محاورہ) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔

**کَرنا۔ کَرّنا۔** (کَرْ۔ نا۔ کَر۔ رَ۔ نا) [ف۔ ا۔ مونث] نفیری۔ بگل۔ قرنا۔

**کِرنا۔** (کِرْ۔ نا) [ہ۔ مص] دیکھیے کِر جانا۔

**کَرنتا۔** (کَ۔ رَن۔ تا) [ق۔ صف] کرنے والا۔

**کَرَنْٹ۔** (Current) [انگ۔ ا۔ مذ] رَو۔ لہر۔ خاص طور سے بجلی کی۔

**کَرَنْٹا۔** (ا۔ مذ) [حقارت سے] عیسائی۔ کرسٹان۔

**کَرَنجا۔** (کَ۔ رَن۔ جا) [ہ۔ مص] اَزرق چشم۔ کیرا۔ نیلی آنکھوں والا۔

**کَرَنجوا۔** (کَ۔ رَنج۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک درخت اور اسی کا خاکی پھل۔ (۲) خاکی رنگ۔

**کَرَنجی۔** (کَ۔ رَن۔ جی) [ہ۔ صف] کرنجا کی تانیث۔ ایک قسم کا بونا۔

**کرنجی آنکھ۔** (ا۔ مث) نیلی آنکھ۔ کیری آنکھ۔ چشم ازرق۔

**کُرُنڈ۔** (کُ۔ رُنڈ) [ہ۔ ا۔ مذ] لاکھ اور ریت سے بنا ہوا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے۔

**کُرُنڈی۔** (کُ۔ رُن۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سر کی چادر (۲) کچے ریشم کی لنگی۔

**کَرَنسی۔** (Currency) (کَ۔ رَن۔ سی) [انگ۔ ا۔ مث] سکۂ رائج الوقت۔ کسی ملک کا روپیہ۔

**کرنسی آفس۔** (Currency Office) [انگ۔ ا۔ مذ] نوٹوں کے روپے بدلنے کا محکمہ۔

**کرنسی نوٹ۔** (Currency Note) [انگ۔ ا۔ مذ] نقدی کی بجائے لین دین میں مستعمل ہونے والا سرکاری نوٹ۔

**کَرَنک۔** (کَ۔ رَنک) [ق۔ صف] سوکھا۔ کراہا۔

**کرنل۔** (Colonel) (کَرْ۔ نَل) [انگ۔ ا۔ مذ] سردار فوج۔ پلٹن یا فوج کا اعلیٰ افسر۔ اعلیٰ فوجی عہدہ دار۔ کرنیل۔

**کَرنی۔** (کَرْ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کام۔ فعل (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونا لگاتے ہیں۔



Marfat.com

**کرنی نہ کرتُوت ۔ پھوہڑ لڑنے کو مضبوط** ۔ (۱۔ مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کام تو کوئی نہ کرے اور مُفت کی شیخی اور بد مزاجی ظاہر کرے۔

**کَرْوا** ۔ (کَرْ ۔ وا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] مٹی کا ٹونٹی والا برتن ۔ لوٹا ۔

**کَرْوا چوتھ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

**کروانا** ۔ (کَرْ ۔ وا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) کام بنوانا ۔ کام لینا (۲) مجامعت کرنا ۔

**کَرُّوبی** ۔ (کَرْ ۔ رُو ۔ بی) [ع ۔ ا ۔ مذ] اعلیٰ درجہ کا فرشتہ ۔ جمع ۔ کرّوبیاں ۔

**کَرُّوبیاں** ۔ (کَرْ ۔ رُو ۔ بی ۔ یاں) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] کرّوبی کی فارسی جمع ۔ اعلیٰ درجہ کے فرشتے ۔

**کَرَوْت** ۔ (کَرْ ۔ وَت) [ھ ۔ ا ۔ مذ] بڑا آرا ۔

**کَرَوَٹ** ۔ (کَرْ ۔ وَٹ) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) پہلو ۔ سینے کی دونوں طرفوں میں سے ایک طرف (۲) جانب ۔ رُخ ۔ بل (۳) طور ۔ ڈھنگ ۔ (۴) انقلاب ۔

**کروٹ بدلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ایک پہلو سے دُوسرا پہلو بدلنا ۔ (۲) انقلاب ہوجانا ۔ (۳) مخالف سے جا ملنا ۔

**کروٹ کروٹ جنّت نصیب کرے** ۔ (ا ۔ محاورہ) اللہ تعالےٰ مغفرت کرے ۔

**کروٹ پر سونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک پہلو پر سونا ۔

**کروٹ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رُخ بدلنا ۔ (۲) مُنہ پھیر لینا (۳) انقلاب اختیار کرنا ۔

**کروٹ نہ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [کنایتاً] (۱) خبر نہ ہونا (۲) بے خبر ہونا ۔ (۳) واپس نہ پھرنا ۔

**کروٹوں میں رات کاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے قراری اور اضطراب سے رات بسر کرنا ۔ بے چین رہنا ۔ تڑپ کر رات بسر کرنا ۔

**کروٹیں بدلنا ۔ کروٹیں لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بستر پر بے قرار اور بے چین رہنا ۔ آرام سے نہ سونا ۔

**کرودھ** ۔ (کَ ۔ رودھ) [س ۔ ا ۔ مذ] غُصّہ ۔ خفگی ۔ طیش ۔ عتاب ۔ غضب ۔

**کرودھی** ۔ (کَ ۔ رو ۔ دھی) [ھ ۔ صف] غُصّے والا ۔ غصیل ۔ غضبی ۔

**کروڑ** ۔ (کَ ۔ روڑ) [ہ ۔ صف] سو لاکھ ۔ ۱۰۰۰۰۰۰۰ ۔

**کروڑپتی** ۔ (ھ ۔ صف) ایک کروڑ کا مالک ۔ دولت مند ۔ امیر آدمی ۔ مالدار ۔

**کروڑ کی ایک بات** ۔ (ا ۔ صف ۔ مث) نہایت تجربے کی بات ۔ وہ بات جو کروڑوں باتوں کا خلاصہ ہو ۔ نہایت پکی بات ۔ کھری اور بے لاگ بات ۔

**کرُوزر** ۔ (Cruiser) (کُ ۔ رُو ۔ زَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بحر گرد جنگی جہاز ۔ جنگی جہاز جو سمندر کا گشت کرتا پھرے ۔

**[کر]وشیا** ۔ (ا ۔ مذ) دھاگے کی جالی بُننے کا آلہ جو آر کی طرح کا ہوتا ہے ۔

**کرولنا** ۔ (کَ ۔ رول ۔ نا) [ہ ۔ مص] کھرچنا ۔ اندر سے نکالنا ۔

**کَرَونْدا** ۔ (کَ ۔ رون ۔ دا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کَرونْدا ۔ سُرخ اور سفید رنگ کا ایک تُرش پھل (۲) کان کے پاس کی گلٹی یا غدود ۔

**کَرَوہ** ۔ (کَ ۔ روہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] کوس ۔

**کُرَوی** ۔ (کُرَ ۔ وِی) [ع ۔ صف] گول ۔ مدوّر ۔ دائرہ نُما ۔

**کُرہ** ۔ (کُ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] گیند ۔ گولا ۔ ہر گول چیز ۔

**کُرۂ آب** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پانی جس نے کرۂ زمین کو گھیر رکھا ہے ۔

**کُرۂ ارض ۔ (زمین)** [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے ۔

**کُرۂ باد ۔ کُرۂ ہوا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ہوا کا تمام مجموعہ جو زمین کے چاروں طرف کئی کوس تک بلند گھِرا ہُوا ہے ۔ زمین کے اِردگِرد کی ہوا ۔

**کَرْہاً** ۔ (کَرْ ۔ ہَن) ۔ (ع ۔ تابع فعل) ناگواری سے ۔ مجبوری سے ۔

**کُرّی** ۔ (کُرْ ۔ ری) [از ۔ صف] کُرکُری ۔ خستہ ۔ بھُربھُری ۔

**کرے ایک پکڑے جائیں سب** ۔ (ا ۔ مثل) ایک شخص کی بُرائی سے تمام قوم بدنام ہوتی ہے ۔

**کرے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا** ۔ (ا ۔ مثل) گناہ یا غلطی کوئی کرے اور اس کی سزا کسی اور کو ملے ۔

**کِریا** ۔ (کِرْ ۔ یا) [س ۔ ا ۔ مث] (۱) کام ۔ کاج ۔ دھندا ۔ (۲) تجہیز و تکفین (۳) حلف ۔

**کِریاکرم** ۔ مُردے کو کھلانے اور جلانے کی مذہبی رسوم ۔

**کُریال** ۔ (کُرْ ۔ یال) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھُجانا اور ہلانا ۔ (۲) امن ۔ آرام ۔ بے فکری ۔

**کُریال میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پرندوں کا خوش ہو کر اپنے پروں کو جھڑ جھڑانا اور صاف کرنا ۔

**کُریال میں غلّہ (غلیلہ) لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عین حصول مقصود میں خلل واقع ہونا ۔ عین مزے میں بے مزا ہونا ۔ رنگ میں بھنگ پڑنا ۔

**کریپ** ۔ (کَ ۔ ریپ ۔ انگ ۔ کریپ) (Crape) ۔ (کا مقد) [ا ۔ مث] ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا ۔

**کُریت** ۔ (کُ ۔ ریت) [ہ ۔ ا ۔ مث] بُری رسم ۔ بد معاملگی ۔

**کریٹ** ۔ (Crate) (کَ ۔ ریٹ) [ٹوکرا ۔ چھبیا ۔ لکڑی کا معمولی بکس جس میں کوئی چیز بند کرکے بھیجی جائے ۔

**کُرید** ۔ (کُ ۔ رید) [ہ ۔ ا ۔ مث] چھان بین ۔ تلاش ۔ جُستجو ۔

**کُرید کُرید کر پُوچھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر پہلو سے دریافت کرنا

**کُرید میں رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی بُرائی کی تلاش میں رہنا ۔

**کُریدنا** ۔ (کُ ۔ رید ۔ نا) [ھ ۔ مص] کھودنا ۔ کسی چیز کی تلاش کرنا ۔ (۲) کھُرچنا (۳) نکالنا ۔ کھود کر باہر نکالنا ۔ (۴) دانتوں میں خلال کرنا ۔ (۵) آگ کو اُوپر تلے کرنا ۔ (۶) ہر بات کی تفتیش کرنا (۷) راز کی تلاش کرنا ۔ (۸) پرندوں کا چونچ سے زمین کُریدنا ۔

**کُریدنی** ۔ (کُ ۔ رید ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ قسم آلہ] کھُرچنے کا آلہ ۔ (۲) آگ کو اُلٹ پُلٹ کرنے کا آلہ (۳) کان کھُجانے کا آلہ (۴) خلال (۵) کھنکا (۶) تلاش ۔ (۷) کھوج ۔ تجسّس ۔



Marfat.com

کَری ۔ (ق) کی ۔
کرے ۔ (ق) کے ۔
کرے دار ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) ایک پھل کا نام
کریڈٹ ۔ (Credit) (کْ ۔ رے ۔ ڈِٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) نیک نامی ۔ شہرت ۔ ساکھ ۔ پت ۔ اعتبار ۔ بھرم ۔ عزت ۔ وقعت ۔ سَرسہرا (۲) قرض ۔ اُدھار ۔ بانفتی ۔
کرِیر ۔ (کَ ۔ رِیْر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک کانٹوں والا پودا جس کے پودے پتے نہیں ہوتے ۔
کُریز ۔ (کُ ۔ ریز) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) پرندوں کے پُرانے پر گرانا ۔ (۲) پرندوں کے پَر جھاڑنے کی کیفیت ۔
کُریز چھوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) پرندوں کو پنجروں میں چھوڑ دینا تاکہ پُرانے پَر جھاڑ کر نئے پر نکالیں ۔
کریز ۔ (Crease) (کْ ۔ ریز) [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) تہ کی شکن یا خط (پتلون وغیرہ کا) (۲) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد (کرکٹ)
کُری کُری ۔ کُڑی کُڑی ۔ (کُ ۔ ری ۔ کُ ۔ ری ۔ کُ ۔ ڑی ۔ کُ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مث] مُرغی مرغوں کو ہنکانے کی آواز ۔
کریل ۔ (کَ ۔ ریل) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک خاردار جھاڑی جس کا کانٹا بہت زہریلا ہوتا ہے ۔
کریلا ۔ (کَ ۔ رے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی کڑوی ترکاری ۔
کریلا اور نیم چڑھا ۔ (ا ۔ مثل) کریلا پہلے ہی تلخ تھا نیم چڑھ کر اور زہریلا ہوگیا ۔ یعنی پہلے ہی بد مزاج تھے خود مختار ہو کر اور بھی آزاد ہوگئے ۔
کریلا دھار ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۲) جنوبی ہند میں چوٹی کی ایک خاص وضع ۔
کریم ۔ (Cream) (کْ ۔ ریم) [انگ ۔ ا ۔ مث] مَلائی ۔ بالائی ۔
کَریم ۔ (کَ ۔ ریم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بخشنے والا (۲) سخی ۔ فیاض (۳) مہربان ۔ (۴) خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام ۔
کریم النفس ۔ (ع ۔ صف) (۱) نیک دل ۔ نیک مزاج (۲) سخی ۔ مہربان ۔
کریم النفسی ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) مہربانی ۔ سخاوت ۔ (۲) نیک دلی ۔
کَریمانہ ۔ (کَ ۔ ری ۔ ما ۔ نہ) [ف ۔ صف] سخی کی مانند ۔
کریم رول ۔ (انگ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جس میں مکھن بھرا ہوتا ہے ۔
کَریمہ ۔ (کَ ۔ ری ۔ مَہ) [ع ۔ صف] کریم کی تانیث ۔ سخی عورت ۔
کَریمی ۔ (کَ ۔ ری ۔ می) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) فیاضی ۔ سخاوت (۲) عنایت مہربانی ۔
کرین ۔ (Crane) (کْ ۔ رین) [انگ ۔ ا ۔ مث] وزن اُٹھانے کا ایک بڑا آلہ ۔
کَرِیہہ ۔ (کَ ۔ رِیہ) [ع ۔ صف] مکروہ ۔ قابلِ نفرت ۔ بدشکل ۔
کَرِیہہ الصّوت ۔ [ع ۔ صف] بدآواز ۔ ناگوار آواز والا ۔
کَرِیہہ منظر ۔ (ع ۔ صف) بدصورت ۔ بدشکل ۔ بدنُما ۔

# ک ۔ ڑ

کَڑ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) کسُم کا بیج (۲) گاڑی یا چھکڑے کا اُلٹ جانا ۔
کِڑ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) کیڑا کا مخفف ۔ کِرم ۔
کِڑ کھایا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کیڑوں کا کھایا ہُوا ۔ کِرم خوردہ ۔ (۲) بوسیدہ ۔ پُرانا ۔ (۳) (حقارتاً) چیچک رُو ۔
کَڑا ۔ (کَ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سخت ۔ کرخت ۔ (۲) بے رحم (۳) مضبوط ۔ زور آور (۴) بدمزاج (۵) کٹھن ۔ دُشوار ۔ (۶) بہادُر ۔ دلیر ۔ (۷) دھات کا حلقہ یا کُنڈا (۸) وہ عمارت جس میں چُونے، پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو ۔ (۹) [صف] گراں ۔ مہنگا ۔
کڑا پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت ہو جانا ۔ (۲) کُنڈی چڑھنا ۔ بند ہونا ۔
کڑاپن ۔ (ا ۔ مذ) (۱) سختی ۔ کرختگی ۔ مضبوطی (۲) بہادری ۔ (۳) تُندی ۔
کڑا تاؤ ۔ (ا ۔ مذ) سخت جوش ۔ غصّے کا جوش ۔
کڑا دن ۔ (ا ۔ مذ) سخت دن ۔ منحوس دن ۔
کڑا سماں ۔ (ا ۔ مذ) (۱) گرانی ۔ کال (۲) بُرا زمانہ ۔ افلاس کے دن ۔
کڑا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) سخت کرنا (۲) بھاؤ چڑھانا ۔ (۳) مضبوط کرنا ۔ (۴) جکڑنا ۔ کَسنا ۔ (۵) سختی جھیلنا ۔ (۶) ہمت بڑھنا ۔
کڑا کوس ۔ (ا ۔ مذ) دو میل سے زیادہ کا فاصلہ ۔
کڑا مول ۔ (ا ۔ مذ) مہنگا ۔ زیادہ قیمت والا ۔
کڑا ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت ہونا ۔ دشوار ہونا ۔ گراں ہونا ۔ بے رحم ہونا ۔
کُڑایا ۔ (ق ۔ ا ۔ مونث) جلن ۔
کَڑاڑا ۔ (کَ ۔ ڑا ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دیکھیے کراڑا ۔ دریا کا کنارہ ۔ (۲) بُڈھا ۔ (ق)
کڑا کڑی ۔ (ق ۔ صف) سخت ۔
کڑاکا ۔ (کَ ۔ ڑا ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) فاقہ ۔ (۳) سختی ۔ شدت ۔
کڑاکا گزرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) فاقہ ہونا ۔ بھوکا رہنا ۔
کڑاکے کا جاڑا ۔ (ا ۔ مذ) شدت کا جاڑا ۔ سخت سردی جس میں دانت سے دانت بجتے ہوں ۔
کڑاکے کا فاقہ ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت فاقہ ۔
کڑاکڑ ۔ (کَ ۔ ڑا ۔ کَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کسی چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز ۔
کَڑاوا ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) بے پَر کی بات ۔
کڑاہ ۔ (کَ ۔ ڑاہ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بڑی کڑاہی ۔ (۲) لوہے کا بڑا برتن ۔ (۳) ۔ (پن ۔ سکھ) حلوا ۔
کڑھاؤ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) بڑی کڑاہی ۔



Marfat.com

کڑاہی۔ (ک۔ڑا۔ہی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوٹا کڑھاؤ۔ لوہے کا ظرف۔ (۲) اُپن۔ سکھ (حلوا) (۳) شیرینی کی نیاز۔

کڑاہی چڑھنا۔ (۱) کڑاہی کا کسی چیز کے تلنے کے لیے چولہے پر رکھا جانا۔ (۲) پکوان کا تلا جانا۔ (۳) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا۔

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا۔ اپنی صداقت جتانے کو جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈال کر دکھا دینا کہ ہم سچے ہوں گے تو ہاتھ نہیں جلے گا۔

کڑبڑا۔ (کڑ۔ب۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] اُدھیڑ۔ وہ شخص جس کی ڈاڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔ (۲) ابلق۔ چتکبرا۔

کڑبڑی ڈاڑھی۔ (ہ۔ا۔مث) وہ ڈاڑھی جس میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔

کَڑپ۔ (ک۔ڑپ) [ق۔ا۔مذ] شکم۔ پیٹ۔

کُڑتی۔ (کُڑ۔تی) [ق] (۱) وہ برتن جس میں جانوروں کو پانی پلایا جاتا ہے۔ (۲) عورتوں کا کُرتا جس میں آستین نہیں ہوتی۔

کڑ دینا۔ (ا۔محاورہ) ناز نخرے دکھانا۔

کڑکڑی۔ (ق۔ا۔مث) غصے کی نظر (بات)۔

کڑک۔ (ک۔ڑک) [ہ۔ا۔مث] (۱) بجلی کی آواز۔ سخت اور مہیب آواز۔ (۲) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ (۳) گھوڑے کی لپیہ رفتار۔

کڑک بانکا۔ (ا۔صفت) بانکا ترچھا جوان۔ کڑیل جوان۔

کڑک بجلی۔ (ا۔مث) (۱) توڑے دار بندوق۔ وہ بندوق جس کی آواز نہایت مہیب ہو۔ (۲) کڑاکے کی آواز والی عورت۔ رعب داب والی عورت۔

کڑک کر۔ کڑاکے کی آواز سے۔ سخت آواز سے۔

کُڑک۔ (کُ۔ڑک) [اُر۔ا۔مث] (۱) وہ مرغی جو انڈے دینے سے رُک گئی ہو۔ (۲) (صفت) خالی۔ کورا۔ تہی۔

کڑک ناتھ۔ ایک قسم کا مرغ۔

کڑک ہونا۔ (ا۔محاورہ) مرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا

کڑکا۔ (کڑ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کڑاکا۔ بجلی کا شور۔ آوازہ۔ (۲) رجز۔ میدان میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت۔ (۳) وہ آواز جو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں۔ (۴) رزم نامہ۔ بہادری کے گیت (۵) کنارہ (ق)

کڑکڑ۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ (۲) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔ (۳) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

کڑکڑ۔ (ہ۔ا۔مث) مرغیوں کے بلانے یا جگانے کی آواز۔

کڑکڑ۔ (ہ۔ا۔مث) دانتوں کے باہم رگڑ کھانے کی آواز۔

کڑکڑاتا۔ (کڑ۔کڑا۔تا) [ا۔صفت] زور کا۔ شدت کا (جاڑا)

کڑکڑاتا جاڑا۔ (ا۔مذ) نہایت زور کی سردی۔ شدت کا جاڑا۔

کڑکڑانا۔ (کڑ۔ک۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا۔ بگھارنا۔ داغ دینا۔

کڑکڑانا۔ (کڑ۔ک۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا۔

کُڑکُڑانا۔ (کُڑ۔کُڑا۔نا) (۱) مرغیوں کا بولنا (۲) بڑبڑانا۔ (۳) جلنا۔ حسد کرنا۔ (۴) بُرا بھلا کہنا۔

کڑکنا۔ (ک۔ڑک۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرجنا۔ بجلی کی آواز پیدا ہونا۔ (۲) چیخ کر بولنا۔ (۳) باجے یا نوبت کا زور سے بجنا۔

کُڑکنا۔ (کُ۔ڑک۔نا) [ہ۔مص] (۱) تڑکنا۔ چٹکنا۔ تڑخنا۔ (۲) موتی میں بال آنا۔ موتی کا ٹوٹ جانا۔ (۳) چرمُر ہو جانا۔

کَڑکو۔ (کڑ۔کو) [ہ۔ا۔مث] (۱) بدمزاج عورت (۲) بے ہودہ عورت۔

کڑکی۔ (ق۔ا۔مث) غوطہ۔

کُڑکی۔ (کُ۔ڑک۔کی) [ہ۔ا۔مث] وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹے چھوٹے پرندے پکڑتے ہیں۔

کڑکَیت۔ (کڑ۔کَیت) [ہ۔ا۔مذ] (۱) نقیب (۲) وہ شخص جو میدان جنگ کے اندر نظم یا نثر میں بہادروں کو جوش اور غیرت دلاتا ہے۔

کُڑ بنگا۔ (کُ۔ڑن۔گا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) سخت کلام۔ سخت گو۔ (۲) قوی۔ توانا۔

کَڑوا۔ (کَڑ۔وا) [ہ۔صفت] (۱) تلخ۔ نیم کے مزے کا (۲) تیز۔ تُند۔ (۳) کھاری۔ نمکین۔ (۴) بدمزاج۔ غصیل۔ (۵) سخت۔ اکھڑ۔

کڑوا تھو تھو۔ میٹھا ہپ ہپ۔ (ا۔مثل) بُری چیز چھوڑ دینا اور اچھی چیز لے لینا۔

کڑوا تیل۔ (ا۔مذ) سرسوں وغیرہ کا تیل۔ روغن تلخ۔

کڑوا دل کرنا۔ (ا۔محاورہ) سختی جھیلنا۔ ہمت باندھنا۔ ناگوار بات کی برداشت نہ کرنا۔

کڑوا زہر۔ (ا۔صفت) نہایت تلخ۔ زہر ہلاہل۔

کڑوا کریلا۔ (ا۔محاورہ) نہایت بدمزاج۔

کڑوا کریلا نیم چڑھا۔ (ا۔مثل) دیکھیے کریلا اور نیم چڑھا۔

کڑوا کسیلا۔ (ا۔صفت) تلخ۔ ناگوار طبع۔

کڑوا لگنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) تلخ معلوم ہونا۔ (۲) ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا۔

کڑوا ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی چیز کا تلخ اور بدمزہ ہونا۔ (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔

کڑواہٹ۔ (ا۔مث) تلخی۔ تیزی۔

کڑوے کسیلے دن۔ (ا۔مذ) بُرے بھلے دن۔ سختی اور مصیبت کے دن۔ تنگی کا زمانہ۔ (۲) حمل کا آٹھواں مہینہ۔

کڑوے گھونٹ۔ (ا۔مذ) مشکل اور ناگوار بات۔ کٹھن کام۔ کار سخت۔

کڑوانا۔ (کڑ۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کڑواہٹ آجانا (۲) بگڑنا۔ خفا ہو جانا۔ (۳) نیند میں بھرنا

کڑوڑ۔ (ک۔ڑوڑ) [ہ۔صفت] دیکھیے کروڑ

کڑوڑا۔ (ک۔ڑو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] حاکم اعلیٰ۔ وہ حاکم جو اور افسروں پر افسر



Marfat.com

افسروں کا افسر۔ حاکموں کا حاکم۔
**کڑوی۔** (کَڑ۔ وِی) [ہ۔صف] کڑوا کی تانیث۔
**کڑوی بات۔** (ا۔مث) ناگوار بات۔ ناملائم بات۔
**کڑوی روٹی۔ کڑوی کھچڑی۔** (ا۔مث) جس دن کوئی ہندو مر جائے اس دن کا کھانا۔
**کڑوی نگاہ۔** (ا۔مث) خفگی کی نظر۔ ناراضی کی نگاہ۔
**کڑوے سے ملیے میٹھے سے ڈریئے۔** (ا۔مثل) بد مزاج آدمی صاف دل ہوتا ہے اور نرم مزاج اچھا نہیں ہوتا۔
**کڑھاپا۔** (ق۔ا۔مث) بسیار خوری۔ پیٹو پن۔
**کڑھانا۔** (کَڑ۔ ہانا) [ہ۔مص] (۱) رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ رنج دینا۔ (۲) رنج دلانا۔ (۳) افسوس دلانا۔ (۴) جان بوجھ کر ناراض کرنا۔
**کڑھا ہوا۔** (ہ۔صف) (۱) کشیدہ۔ کام دار۔ زردوزی وغیرہ۔ (۲) جوش دیا ہوا (دودھ)۔ (۳) کھنچا ہوا۔ مقطر کیا ہوا۔
**کُڑھن۔** (ا۔مث) رنج۔ دُکھ۔ مصیبت
**کڑھنا۔** (کَڑھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) نکلنا۔ باہر آنا (۲) کھنچنا۔ (۳) زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا۔ (۴) دودھ اُبلنا۔
**کُڑھنا۔** (کُڑھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) رنجیدہ ہونا۔ دل دُکھنا۔ (۲) درد آنا۔ رحم آنا۔ (۳) افسوس کرنا۔ سوچ کرنا۔ (۴) رنج کرنا۔ غم کھانا۔
**کڑھوانا۔** (کَڑھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کشیدہ کڑھوانا۔ (۲) نکلوانا۔ (۳) کسی چیز کو گروی رکھ کر قرض لینا۔ (۴) دودھ اُبلوانا۔
**کڑھوائی۔** (کَڑھ۔وا۔ای) [ہ۔ا۔مث] کاڑھنے کی اُجرت۔
**کڑھی۔** (کَ۔ڑھی) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا سالن جو بیسن اور دہی یا چھاچھ میں مسالہ ڈال کر پکاتے ہیں۔
**کڑھی کا سا اُبال۔** (ا۔مذ) [مجازاً] جلد فرو ہو جانے والا غصہ یا ارادہ۔
**کڑھی میں کوئلہ۔** (ا۔مثل) اچھی بات میں کچھ نقص۔
**کُڑی۔** (کُ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز۔ (۲) (پن) لڑکی۔
**کڑی۔** (کَ۔ڑی) [ہ۔صف] کڑا کی تانیث۔ (۱) کرخت۔ سخت۔ شدید۔ (۲) مضبوط۔ مستحکم۔ (۳) ناگوار طبع (۴) تیز۔ تند۔ (۵) سختی اُٹھانے والی (۶) مشکل۔ کٹھن۔ دشوار۔ بھاری۔ (۷) خشمناک۔ غضبناک۔ (۸) [مونث] شہتیر۔ چھت کا تیر۔ (۹) جریب کا باریک اور پتلا حصہ۔ (۱۰) حلقہ آہنی۔ (۱۱) چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ۔ (۱۲) سختی۔ رنج۔ دُکھ۔ (۱۳) ہندی نظم کا بند (۱۴) پاؤں کا ایک زیور
**کڑی آنا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت آنا۔
**کڑی آنکھ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) قہر کی نظر پڑنا۔
**کڑی اُٹھانا۔ کڑی جھیلنا۔** (ا۔محاورہ) سختی جھیلنا۔ سخت بات سُننا۔
**کڑی بات۔** (ا۔مث) ناملائم بات۔ ناگوار طبع بات۔
**کڑی بولی۔** (ا۔مث) سخت زبان۔ تلخ گفتگو۔
**کڑی ٹھوکر۔** (ا۔مث) بڑی لغزش۔ سخت غلطی۔
**کڑی چوٹ۔** (ا۔مث) ضرب شدید۔ سخت صدمہ۔
**کڑی دھوپ پڑنا۔** (ا۔محاورہ) شدت کی دھوپ پڑنا۔ تیز دھوپ پڑنا۔
**کڑی راہ۔** (ا۔مث) کٹھن راستہ۔ سخت راہ۔
**کڑی سُنانا۔** (ا۔محاورہ) سخت بات کہنا۔ ناملائم بات کہنا۔
**کڑی قید۔** (ا۔مث) سخت قید۔ تکلیف دہ قید۔
**کڑی کا بولنا۔** (ا۔محاورہ) شہتیر کا چٹکنا یا آواز دینا۔
**کڑی کمان۔** (ا۔مث) سخت کمان جس کو بڑی طاقت سے کھینچنا پڑے۔
**کڑے دن۔** (ا۔مذ) آزمائش کے دن۔ مشکل اوقات۔

## ک۔ز

**کَزلک۔** (ف۔ا۔مث) تیز چھری۔

## ک۔ژ

**کژدُم۔** (کَژ۔دُم) [ف۔ا۔مذکر] بچھو۔ عقرب۔

## ک۔س

**کس۔** (ف۔ا۔مذکر) (۱) آدمی۔ شخص۔ لوگ۔ (۲) کوئی۔
**کس مپُرسی۔** (ف۔ا۔مث) ایسی حالت جس میں کوئی پُرسانِ حال نہ ہو۔
**کس نہ گوید کہ دوغِ من ترش است۔** (ف۔مثل) کوئی نہیں کہتا کہ میرا دہی کھٹا ہے۔ اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں کہتا۔
**کس نمے پُرسد کہ بھیا کون ہو؟ تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو؟** (ا۔مثل) مفلس آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے؟
**کس و ناکس۔** (ف۔ا۔مذ) ادنیٰ و اعلیٰ۔ خاص آدمی۔ ہر آدمی۔
**کس نیاموخت علم تیر از من کہ مرا عاقبت نشانہ نکرد** (ف۔مثل) میں نے جس کے ساتھ نیکی کی اس نے میرے ساتھ بُرائی ہی کی۔
**کَس۔** [ہ۔ا۔مذ] (۱) زور۔ طاقت۔ بل۔ (۲) امتحان۔ آزمائش۔ چاشنی۔ (۳) تلوار کی خمیدگی۔ (۴) مضبوطی۔ (۵) حقیقت۔ (۶) پہاڑی بارش کے بہنے والا نالہ۔ (۷) تاؤ۔ (جیسے سونے کا کس۔ گھی کا کس۔
**کس بل۔** (ا۔مذ) دم۔ خم۔ زور و طاقت۔ قوت۔



Marfat.com

**کَس دیکھنا**۔ (امحاورہ) سونے کو کسوٹی پر لگانا۔ سونے کو پرکھنا۔

**کُس**۔ (ف۔ا۔مث) عورت کی شرمگاہ۔ اندامِ نہانی۔ عورت کی پیشاب کرنے کی جگہ۔

**کِس**۔ (ہ۔کلمۂ استفہام) کون۔ کدام؟

**کِس بات پر پھُولا ہے**۔؟ (ا۔مثل) کس گھمنڈ میں ہے؟ کس خیال میں ہے؟

**کِس باغ (کھیت) کی مُولی ہے؟ کس باغ (کھیت) کا بتھوا ہے**۔؟ (ا۔مثل) بےحقیقت ہے۔ کیا اصل و حقیقت ہے۔ کس شمار قطار میں ہے؟ کسی حساب میں نہیں۔ کون پُوچھتا ہے؟

**کِس برتے پر تتّا پانی**۔ (ا۔مثل) کس حوصلے پر شیخی مارتے ہیں۔ اس مقدار اور حقیقت پر غرور؟

**کِس بَلا کا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کس غضب کا ہے۔ تعریف کے موقع پر بولتے ہیں۔

**کِس بَلا کو پیچھے لگا لیا**۔ (ا۔مثل) جب کسی ضدّی سے پالا پڑ جاتا ہے تو بولتے ہیں کہ ہم کس عذاب میں پھنس گئے۔

**کِس پتھر سے سر پھوڑیں**۔ (ا۔مثل) کس سے فریاد کریں۔

**کِس پر پھُولے ہو؟** (ا۔مثل) کس بات پر غرور ہے۔ کونسا وسیلہ ہے؟۔

**کِس پُورے پر؟** یعنی کس توقع۔ کس اُمید اور کس دوست کی آمد پر؟ کونسے بھروسے پر؟۔

**کِس جانور کا نام ہے؟**۔ (ا۔محاورہ) کیا بےحقیقت چیز ہے؟۔

**کِس جنم کے کلّے تِل چابے ہیں**۔ (ا۔محاورہ) کس زمانے سے اطاعت اور فرمانبرداری کا بیڑا اُٹھایا ہے؟

**کِس جوبن سے**۔ (ا۔محاورہ) کس شان سے؟

**کِس چکّی کا پیسا کھایا ہے؟**۔ (ا۔محاورہ) کس چکّی کا آٹا کھایا ہے کہ اتنے موٹے ہوگئے ہو۔

**کِس حساب میں ہے**۔ (ا۔محاورہ) کون پُوچھتا ہے۔ کس گنتی میں ہے۔

**کِس خدا نے بتایا (دکھایا)**۔ (ا۔محاورہ) بےہُودہ یا بےوقوفی کی بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

**کِس خیال میں ہے**۔ (ا۔محاورہ) کیا سوچتا ہے۔ کیوں نہیں سمجھتا۔ کیوں بےخبر ہے؟

**کِس درد کی دوا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کس کام کا ہے۔ تجھ سے کیا اُمید ہے۔ کیا کام آئے گا؟۔

**کِس دِل سے؟**۔ (ا۔محاورہ) کس برتے پر۔ کس ہمّت پر؟

**کِس دن کو (کے لیے) اُٹھا رکھا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کب کے لیے ملتوی کیا ہے۔ کرتے کیوں نہیں؟

**کِس زبان سے؟** (ا۔محاورہ) کس طرح؟ جو شخص کچھ کہہ کے مکر جاتے یا اپنے کہے کے خلاف کہے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

**کِس زبان سے بیان ہو**۔ (ا۔محاورہ) زبان اس کے بیان سے قاصر ہے۔

**کِس زبان سے تعریف ہو**۔ (ا۔مثل) تعریف نہیں ہو سکتی۔ بہت اچھا ہے۔

**کِس شخص کا مُنہ دیکھ کے اُٹھا ہوں**۔ (ا۔محاورہ) جب کسی شخص کو کوئی زحمت پیش آتی ہے تو یہ فقرہ کہتا ہے۔ مطلب یہ کہ صبح اُٹھ کر کسی منحوس آدمی کا مُنہ دیکھا تھا کہ یہ زحمت پیش آئی۔

**کِس شمار و قطار (گنتی) میں ہے؟** (ا۔محاورہ) کون پُوچھتا ہے؟ کوئی نہیں جانتا۔ کچھ قدر و منزلت نہیں۔

**کِس طرح؟** (ا۔تابع فعل) کیونکر۔ کیسے۔ کس سبب سے۔؟

**کِس قدر**۔ (ا۔تابع فعل) (۱) کتنا؟ (۲) نہایت۔ حد سے زیادہ۔

**کِس قیامت کے**۔ (ا۔صف) کس بلا کے! کس غضب کے!

**کِس کا؟** (ا۔تابع فعل) کس شخص کا! کون سے آدمی کا؟

**کِس کا سر لائیں؟ (لاؤں)؟** (ا۔محاورہ) (۱) کسی شخص کی مدد چاہنے کے لیے کہتے ہیں۔ کوئی ہو تو یہ کام سرانجام ہو سکے۔ (۲) بعض اوقات کسی کی باتوں سے تنگ آ کر بھی کہتے ہیں۔

**کِس کافر کو اعتبار آئے گا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کو اعتبار نہیں آئے گا۔

**کِس کام آئے گا**۔ (ا۔محاورہ) بیکار ہے۔ فضول ہے۔

**کِس کام کا (کی۔کے)** [ا۔صف] نکمّا۔ نکمّی۔ بےکار۔ ناکارہ۔

**کِس کام کو نکلا تھا کیا کر آیا**۔ (ا۔محاورہ) جب غلطی سے اصل مقصد کو بھول کر آدمی کوئی اور کام کر بیٹھتا ہے تو بولتے ہیں۔

**کِس کا مُنہ ہے**۔ (ا۔محاورہ) کس کی طاقت ہے۔ کس کی جرأت ہے۔

**کِس کان سے سُنُوں**۔ (ا۔محاورہ) یہ بات بڑی ناگوار ہے۔

**کِس کان میں فرشتے نے تمہیں پھُونکا ہے**۔ (ا۔مثل) مغرور کی نسبت کہتے ہیں۔

**کِس کتاب میں لکھا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کس قانون کے مطابق ہے؟ دستور کے خلاف ہے۔

**کِس کِس دُکھ کو روئیں**۔ (ا۔محاورہ) کون کون سی مصیبت بیان کریں۔

**کِس کو؟**۔ (ا۔تابع فعل) کس شخص کو؟ کسے؟

**کِس کی بکری کون ڈالے گھاس!** (ا۔مثل) دوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا۔ سب اپنی ہی چیز کی رکھوالی کرتے ہیں۔

**کِس کی بنی رہی**۔ (ا۔محاورہ) عروج اقتدار ہمیشہ قائم نہیں رہتے

**کِس کی رہی کس کی رہ جائے** (ا۔محاورہ) دل کی اُمنگ نکالنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**کِس کی گور کون دُھواں کرے**۔ (ا۔محاورہ) غیر کا کام کوئی نہیں کرتا

**کِس کی ماں کا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کسی کے قابو اور اختیار کا نہیں۔

**کِس کی ماں کو ماں کہیں**۔؟ (ا۔محاورہ) یتیم یا غریب بچے کی مصیبت پر بولتے ہیں کہ ماں نہ تھی کسے ماں کہتا یا کہتی اور وہ امداد کرتی۔

**کِس لیے۔ کس واسطے؟** (ا۔تابع فعل) کیوں؟ کس سبب سے؟ کس وجہ سے؟

**کِس مرض کی دوا ہے؟ کس مرض کی دوا ہو؟** کس کام کا ہے۔ محض نکمّا اور بےفائدہ ہے۔ کیا کام آئے گا کسی کام کا نہیں۔



Marfat.com

**کس مُنہ سے** ۔ (ا۔متعلق فعل) (۱) بات کرنے کا مُنہ نہیں۔ (۲) کوئی اعتراض کرنے کی وجہ نہیں۔ (۳) اتنی عزت نہیں کہ ایسی بڑی بات مُنہ سے کہہ بیٹھیں۔ (۴) ایسی خوبی نہیں کہ اتنی بڑی بات منہ سے نکالیں۔ (۵) اتنا حوصلہ اور جُرأت نہیں (۶) کس دل سے ؟ (۷) کون سی بات پہ۔ کس ہُنر پہ۔

**کس مُنہ سے کوسُوں** ۔ (ا۔محاورہ) کونسی زبان سے بددُعا دُوں۔ کیا کہہ کر کوسُوں۔

**کس نے کہا تھا** ۔ (ا۔محاورہ) کوئی غلط کام کرنے پر اعتراض کے طور پر کہتے ہیں کہ کس نے صلاح دی تھی۔

**کس نیند سوتا (سو رہا یا سویا) ہے** ۔ (ا۔محاورہ) کس بے خبری میں ہے ؟ ہوش پکڑ۔ عبرت حاصل کر۔

**کس ہوا میں ہے** ۔ (ا۔محاورہ) کیا سمجھے ہُوئے ہے ؟

**کَسا** ۔ (کَ۔سا) (کَ۔سا) [ہ۔صف] (۱) کھینچا ہوا۔ تنا ہوا۔ (۲) تنگ۔ چُست۔ (ان معنوں میں ہُوا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) (۳) وزن میں کم۔

**کسا جانا** ۔ (ا۔محاورہ) کھانے کا بدمزہ ہو جانا۔

**کَسا کَسایا** ۔ (۱) تیار۔ مستعد۔ کاٹھی رکھا رکھایا۔ (۲) گاڑی میں جُتا جُتایا۔

**کسا ہُوا** ۔ (ا۔صف) کھینچا ہُوا۔ تنا ہُوا۔ تنگ۔ چُست۔

**کَسّا** ۔ (کَس۔سا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کیکر کی چھال۔ (۲) کیکر کی چھال میں بنی ہوئی شراب۔ ٹھرّا۔

**کُسّا** ۔ (کُس۔سا) [ہ۔ا۔مذ] پھاوڑا۔ کُدال۔

**کساد** ۔ (کَ۔ساد) [ع۔ا۔مث] جنس کا نہ بکنا۔ عدم خریداری اشیا۔

**کساد بازاری** ۔ (ع۔ف۔ا۔مث) بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا۔ مندا ہونا۔

**کَسارنا** ۔ (کَ۔سار۔نا) [ق۔مص] کراہنا۔

**کِساری** ۔ (کِ۔سا۔ری) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی دال۔

**کسالا** ۔ (کَ۔سا۔لا) (عربی لفظ کسالۃ کا مورّد۔ا۔مذ) (۱) تکلیف۔ دُکھ۔ درد۔ محنت۔ مشقت۔ (۲) سُستی۔ کاہلی۔ آلکسی۔

**کسالت** ۔ (کَ۔سا۔لت) [ع۔ا۔مث] (۱) سُستی۔ کاہلی۔ آلکسی۔

**کِسان** ۔ (کِ۔سان) [ہ۔ا۔مذ] کاشتکار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ مزارع۔

**کَسانا** ۔ (کَ۔سا۔نا) [ہ۔مص] (۱) امتحان کرنا۔ پرکھوانا۔ کسوٹی پر لگوانا۔ (۲) تنوانا۔ کھچوانا۔ (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا۔ (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لیے باہم کشتی کرا کے دیکھنا۔ (۵) مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا۔

**کساوٹ** ۔ (کَ۔سا۔وٹ) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے کساو۔

**کساو** ۔ (کَ۔سا۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کھچاوٹ۔ تناؤ۔ (۲) تنگی۔ چُستی (۳) بدمزگی۔ کسیلاپن۔ وہ کیفیت جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی تُرش چیز کے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔

**کَسب** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) حاصل کرنا۔ (۲) پیشہ۔ دھندا۔ کام۔ (۳) ہُنر۔ فن۔ (۴) وہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے۔

**کسب کرنا۔ کسب کمانا** ۔ (ا۔محاورہ) بدکاری سے کما کر کھانا۔ پیشہ کرنا۔ کوٹھے پر بیٹھنا۔

**کسب کمال کُن کہ عزیزِ جہاں شوی** ۔ (ف۔مثل) کسی ہُنر میں کمال حاصل کر تاکہ دُنیا میں ہر دلعزیز ہو۔

**کِسبَت** ۔ (کِس۔بَت) [اُر۔ا۔مث] چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اور جرّاح اپنے اوزار رکھتے ہیں۔ (۲) چمڑے کا ٹکڑا جو ستے اکثر اپنے بائیں پُوتڑ پر حفاظت کے لیے باندھتے ہیں۔

**کَسبی** ۔ (کَس۔بی) [ف۔ا۔مذ] (۱) پیشہ ور۔ دستکار۔ کاریگر۔ (۲) [صف] اپنی کوشش سے حاصل کیا ہُوا مال۔ (۳) [اُر۔ا۔مث] فاحشہ۔ بدکار عورت۔ بازاری عورت۔

**کَستُورا** ۔ (کَس۔تُو۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مُشک نافہ نکلتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی جس کے سینگ ہوتے ہیں۔ (۳) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ (۴) ابابیل کا لُعاب جو بہت مقوی ہوتا ہے۔

**کستُوری** ۔ (کَس۔تُو۔ری) [ہ۔ا۔مث] مُشک۔ وہ خوشبُودار چیز جو کستُورے ہرن سے نکلتی ہے۔

**کسٹرڈ** ۔ (Custard) ۔ کَس۔ٹرڈ) [انگ۔ا۔مذ] دُودھ انڈے اور چینی کی پیسی۔ انگریزی فیرنی۔

**کَسٹم** ۔ (Custom) (کَس۔ٹم) [انگ۔ا۔مذ] (۱) محصول درآمد محصول چُنگی۔ بحری لگان۔ (۲) رسم و رواج۔ دستور

**کَسٹمر** ۔ (Customer) (کَس۔ٹ۔مَر) [انگ۔ا۔مذ] خریدار۔ گاہک۔

**کَسٹوڈین** ۔ (Custodian) ۔ (کَس۔ٹو۔ڈِ۔یَن) [انگ۔ا۔مذ] محافظ۔ نگران۔ رکھوالا۔

**کَسر** ۔ (ع۔ا۔مث) (۱) شکستگی۔ ٹُوٹ پھُوٹ۔ (۲) ٹکڑا۔ حصّہ۔ جزو۔ (۳) زیر کی حرکت۔ کسرہ۔ (۴) علم حساب میں اکائی کا ایک حصّہ یا کئی حصّے۔

**کسرِ اعشاریہ** ۔ وہ کسر جو دس کا کوئی حصّہ ہو۔ اس کی نشانی ء ہے۔

**کسرِ اعشاریہ متوالی** ۔ (ع۔ا۔مث) وہ کسر اعشاریہ جس میں کچھ حصّے بار بار آتے ہیں۔ اُن کے پہلے اور آخری ہندسے پر نقطہ لگا دیتے ہیں۔

**کسرِ غیر واجب۔ کسرِ ملفوظی** ۔ (ع۔ا۔مث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ یعنی کسر نما، نسب نما کے برابر یا اس سے بڑا ہو۔ جیسے ۳/۳ یا ۷/۳۔

**کسرِ مُرکّب** ۔ (ع۔ا۔مث) وہ رقم جس میں کسر کے ساتھ عدد صحیح بھی موجود ہے۔ ۱/۲

**کسرِ مضاف** ۔ (ع۔ا۔مث) وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو کسرُ الکسر



Marfat.com

**کسرِ مُفرد** ۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں ۔ $\frac{2}{3}$ کا $\frac{3}{5}$ مُساوی کسر۔
**کسرِ مکتف** ۔ وہ کسر جس کے شمار کنندہ یا نسب نما دونوں میں کوئی عدد مرکب یا کسرِ مضاف ہو۔
**کسرِ نفس** ۔ (ع ۔ا۔ مث) نفس کا توڑنا ۔
**کسرِ نفسی** ۔ (ع ۔ ف ۔ا۔ مث) اپنے آپ کو کم رتبہ ظاہر کرنا عاجزی ۔ انکساری ۔
**کسرِ واجب** ۔ (ع ۔ا۔ مث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو ۔
**کسر** ۔ (کَ ۔ سَر) اُر ۔ ا ۔ مث ] (۱) نقص ۔ کمی ۔ (۲) بچّوں کی بدہضمی ۔ (۳) گھاٹا ۔ نقصان ۔ (یہ لفظ عربی کسر سے بنایا گیا ہے)
**کسر اُٹھا رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کمی باقی رکھنا ۔
**کسر باقی نہ رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ذرا کوتاہی اور کمی نہ کرنا ۔ (۲) کوئی بات باقی نہ چھوڑنا ۔
**کسر بھرنا** ۔ (پُوری کرنا) (ا۔ محاورہ) نقصان پُورا کرنا ۔ خسارہ بھرنا ۔ کمی پُوری کرنا ۔
**کسر پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کمی واقع ہونا ۔
**کسر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) نقصان پہنچانا ۔ خسارہ دینا ۔
**کسر رہ جانا (رہنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھاٹا رہنا ۔ (۲) کمی رہنا ۔ (۳) نقص رہنا ۔
**کسرِ شان** ۔ (ا۔ مث) خلافِ شان ۔ وہ بات جس سے آدمی کی عزّت و آبرو میں فرق آجائے ۔
**کسر کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) نقصان اُٹھانا ۔ خسارہ بھرنا ۔ پلّے سے دینا ۔
**کسر نکال دینا (نکالنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمی پُوری کرنا ۔ خسارہ پُورا کرنا ۔ (۲) بدلہ لینا ۔ انتقام لینا ۔
**کسر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمی ہونا ۔ تفرقہ نا ۔ (۲) خسارہ ہونا (۳) بچّے کو بدہضمی ہونا ۔ (۴) کوتاہی ہونا ۔
**کِسریٰ** ۔ (کِس ۔ را) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) نوشیروان عادل ۔ (۲) شاہانِ عجم کے ہر بادشاہ کا لقب ۔
**کُسُرات** ۔ (کُس ۔ رات) [اُر ۔ا۔ مث] وہ رقوم جو رخصت وغیرہ سے کٹ کر بچت میں ڈالی جاتی ہیں ۔
**کسرت** ۔ (کَس ۔ رت) [اُر ۔ا۔ مث] (۱) ورزش ۔ ریاضت ۔ (۲) مشق ۔ مہارت ۔
**کسرت کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ورزش کرنا ۔ ریاضت کرنا ۔ پہلوانی کرنا ۔ (۲) مشق کرنا ۔
**کسرتی** ۔ (کَس ۔ رَ ۔ تی) [اُر ۔ صفت] (۱) کسرت یا ورزش کیا ہُوا ۔ (۲) کسرت کرنے والا ۔ ورزشی ۔
**کَسرہ** ۔ (کَس ۔ رہ) [ع ۔ا۔ مذ] زیر ۔ زیر کی حرکت ۔

**کسک** ۔ (کَ ۔ سَک) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) ٹیس ۔ ہلکا سا درد ۔
**کسک آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ضرب پہنچنا ۔ درد ہونا ۔
**کسک اُٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ٹیس ہونا ۔ درد ہونا ۔
**کسک مٹانا (نکالنا)** (ا۔ محاورہ) (۱) تکلیف دُور کرنا ۔ (۲) خواہشِ نفسانی کو پُورا کرنا ۔
**کَسکُٹ** ۔ (کَس ۔ کُٹ) [ہ ۔ا۔ مذ] کئی قسم کی ملی ہوئی دھات ۔ کانسی ۔ بھرت
**کسکنا** ۔ (کَ ۔ سَک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) درد کرنا ۔ دُکھنا ۔ (۲) ٹیس مارنا ۔ کم کم درد ہونا ۔
**کُشگر** ۔ (کَش ۔ گر) [اُر ۔ا۔ مذ] مٹی کے برتن بنانے والا ۔ کمہار ۔ کوزہ گر ۔
**کسل** ۔ (کَ ۔ سَل) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) سُستی ۔ کاہلی ۔ (۲) تھکان ۔ تھکاوٹ ۔ (۳) [اُر] علالتِ طبع ۔ (۴) کمزوری ۔ ناتوانی ۔
**کسل مند** ۔ (ع ۔ ف ۔ صفت) (۱) علیل ۔ بیمار ۔ (۲) سُست ۔
**کسل مندی** ۔ (ع ۔ ف ۔ا۔ مث) (۱) علالت ۔ بیماری (۲) سُستی ۔
**کسل ناک** ۔ (ع ۔ ف ۔ صفت) (۱) دیکھیے کسل مند (۲) بُزدل ۔
**کُسل** ۔ (کُ ۔ سَل) [ہ ۔ا۔ مذکر] دیکھیے کُشل
**کُسُم ۔ کُسُمبھ** ۔ (کُ ۔ سُم ۔ کُ ۔ سُمبھ) [ہ ۔ا۔ مذ] کڑ کا پھُول جس سے شہاب نکلتا اور سُرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں ۔
**کُسُم کا آزار ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) متواتر حیض آتے جانا ۔
**کُسمُساکنا** ۔ (ہ ۔ مص) بل کھانا ۔ انگڑائی لینا ۔ پہلو بدلنا ۔ (۲) گھبرانا ۔ بیقرار ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ (۳) قابُو سے نکلنے کی کوشش کرنا ۔
**کسمساہٹ** ۔ (کَس ۔ مَ ۔ سا ۔ ہَٹ) [ہ ۔ا۔ مث] بے آرامی ۔ بے چینی ۔ اضطراب ۔
**کَسنا** ۔ (کَس ۔ نا) [ہ ۔ا۔ مذکر] (۱) پٹاری کا غلاف ۔ (۲) بستر بند (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری ۔ (۴) خوان پوش ۔ (۵) چھینکا ۔
**کَسنا** ۔ (کَس ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کھینچنا ۔ جکڑنا ۔ تاننا ۔ (۲) مضبوط اور تنگ کرکے باندھنا ۔ (۳) تلوار کو خمیدہ کرنا ۔ (۴) ستانا ۔ تنگ کرنا (۵) کسوٹی پر لگانا ۔ کھرا کھوٹا پرکھنا ۔ (۶) آزمائش کرنا ۔ جانچنا ۔ (۷) بٹیروں کا باہم لڑانا ۔ (۸) بندوق بھرنا (۹) دام بڑھانا ۔ (۱۰) کم تولنا ۔ (۱۱) مارنا ۔ پھینکنا ۔
**کُسنبالے** ۔ (کُس ۔ نُ ۔ بالے) [ق ۔ا۔ مذ] ایک قسم کے پرندے ۔
**کَسنڈ** ۔ (کَ ۔ سَن ۔ نڈ) [ق ۔ا۔ مذکر] سیسا ۔
**کُسنگ** ۔ (کُ ۔ سَنگ) [ہ ۔ا۔ مذ] بُرا ساتھ ۔ بُری صحبت ۔
**کَسوانا** ۔ (کَس ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کسنا کا متعدی المتعدی ۔
**کُسوانا** ۔ (کُس ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کوسنا کا متعدی المتعدی ۔
**کسوائی** ۔ (ا۔ مث) کسنے کی اُجرت ۔
**کِسوت** ۔ (کِس ۔ وَت) [ع ۔ا۔ مث] لباس ۔ پوشاک ۔
**کسوٹی** ۔ (کَ ۔ سو ۔ ٹی) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں ۔ (۲) پرکھ ۔ جانچ ۔ امتحان ۔



Marfat.com

کسَوٹی پہ رکھنا ۔ کسَوٹی پہ لگانا ۔ کسَوٹی پہ کَسنا ۔ (امحاورہ) (۱) کسَوٹی پرگِھس کرسونے چاندی کا کھوٹا کھرا پرکھنا ۔ (۲) آزمانا ۔ جانچنا ۔

کُسُور ۔ (کُ ۔ سُور) [ع ۔ ا ۔ مث] کسر کی جمع ۔ کسرات ۔ اجزا ۔ ٹکڑے ۔

کسورِ اعشاریہ ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ کسریں جن کا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت رکھتا ہو ۔

کسورِ عام ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) وہ کسریں جن کا نسب نما لکھا جاتے ۔

کُسُوف ۔ (کُ ۔ سُوف) [ع ۔ ا ۔ مذ] سُورج گرہن ۔ چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان آکر سُورج پہ اپنا سایہ ڈالنا ۔

کَسُون ۔ (کَ ۔ سُون) [اُ ۔ صف] (۱) کنجی آنکھ کا (گھوڑا) بھینگا ۔ (۲) چابک سوار ۔

کَسونجی ۔ (کَ ۔ سُون ۔ جی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک درخت کا نام ۔

کَسی ۔ (کَس ۔ سِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) چھوٹا پھاوڑا ۔ بیلچہ ۔ (۲) دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ ۔

کِسی ۔ (کِ ۔ سی) [علامت تنکیث] کوئی چیز ۔ کوئی آدمی ۔ کوئی بات (۲) نامعلوم الاسم (۳) فلاں شخص معلوم ۔ (۴) وہ شخص جس کا نام نہ لیں قرینے سے اس کی طرف اشارہ کریں ۔ شعرا کبھی رقیب کبھی عاشق اور کبھی معشوق کی طرف "کسی" سے اشارہ کرتے ہیں ۔

کسی بات سے ہاتھ اٹھانا ۔ (امحاورہ) کسی بات یا کام کو چھوڑ دینا ۔ کسی بات سے باز آنا ۔ دست بردار ہونا ۔ ناامید ہونا ۔ مایوس ہونا ۔ ترک کر دینا ۔

کسی بات کی کمی نہیں ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر چیز موجود ہے ۔ امیر ہیں ۔

کسی بات کے لالے پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی بات کا دشوار ہونا ۔ (۲) کسی بات کا بہت خواہش مند ہونا مگر اسے پُورا نہ کر سکنا ۔ (۳) مایوسی ہونا ۔ ناامیدی ہونا ۔

کسی پہ اُدھار کھائے ہیں ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی ارادے پہ تُلے ہوئے ہیں ۔

کسی پہ پھُولے پھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی اُمید یا حمایت پہ اِتراتے پھرنا ۔

کسی پہ تکیہ کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی پہ بھروسہ اور اعتماد کرنا ۔

کسی پہ جان جانا ۔ کسی پہ جان (دم) دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی پہ عاشق و مفتون ہونا ۔

کسی پہ دیوانہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے عشق میں مجنون و سودائی ہونا ۔ کسی پہ فریفتہ ہونا ۔

کسی پہ ہاتھ رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تسلی دینا ۔ کسی کا حامی و مددگار رہنا ۔

کسی پہ ہاتھ صاف کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دھوکہ دینا ۔ نقصان پہنچانا ۔

کسی پہلو ۔ (ا ۔ تابع فعل) کسی ڈھب ۔ کسی طریقے سے ۔ کسی طرح سے ۔ (اس کے بعد سے "لانا خلاف فصاحت ہے)

کسی چیز پہ آنکھ نہ ٹھہرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) کمالِ استغنا سے کسی چیز کو خاطر میں نہ لانا ۔ (۲) نہایت خوبصورت ہونا ۔ (۳) کسی چیز کی آب و تاب اور چمک دمک کے باعث اُس پہ نظر نہ ٹھہر سکنا ۔

کسی چیز پہ لات مارنا ۔ (ٹھوکنا) (ا ۔ محاورہ) کسی چیز کو ٹھکرانا یا خاطر میں نہ لانا ۔

کسی چیز پہ نہ تھوکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خاطر میں نہ لانا ۔ کسی چیز سے نہایت اکراہ اور نفرت ظاہر کرنا ۔

کسی چیز پہ ہاتھ نہ رکھنے دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فروخت کی اشیا میں نہایت بے پروائی اور تُرش رُوئی سے کام لینا ۔ (۲) گرانی کے باعث کسی چیز کو چھونے نہ دینا ۔

کسی چیز کا دھواں اُڑانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی چیز کو خاک میں ملانا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ۔

کسی چیز کو رو بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی چیز سے ناامید اور مایوس ہو جانا ۔ (۲) صبر کر بیٹھنا ۔ (۳) ماتم کر بیٹھنا ۔

کسی سے ٹکّر لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی سے مقابلہ کرنا ۔ کسی کے مقابل ہونا ۔

کسی سے دل لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی سے دوستی کرنا ۔

کسی سے سائی ۔ کسی سے بدھائی ۔ (ا ۔ مثل) جھوٹی خاطر داری ۔ ہر ایک سے وعدہ وعید ۔

کسی طرح ۔ کسی طور ۔ کسی عنوان ۔ (ا ۔ تابع فعل) دیکھیے کسی پہلو ۔

کسی قابل نہ رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بیکار کر دینا ۔ مفلس کر دینا ۔

کسی قدر ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) ذرا سا ۔ کچھ قدرے ۔ قلیل ۔ (۲) بہت کچھ ۔ بہت سا ۔

کسی کا ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) کسی شخص کا (۲) شخصِ معلومہ کا ۔ (۳) (مجازاً) معشوق ۔ دلرُبا کا ۔ (۴) دوسرے کا ۔ غیر کا ۔ (۵) اپنا ۔ اپنی ذات کا

کسی کا پاس ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) لحاظ ہونا ۔ خیال ہونا ۔ خیال رکھنا ۔

کسی کا دیا نہیں کھانا ۔ (ا ۔ مثل) ۔ [کنایۃً] کسی کا محتاج نہیں ۔ دست نگر نہیں ۔

کسی کا کچھ نہیں جانا ۔ (ا ۔ مثل) کسی کا کچھ نقصان ہونا ۔

کسی کا کچھ (بس) نہیں چلتا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی پیش نہیں جاتی ۔ قابو اور اختیار سے باہر ہے ۔

کسی کا کلمہ بھرنا (پڑھنا) ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا نہایت مطیع و معتقد ہونا ۔ کسی پہ ایمان لانا ۔ (۲) کسی کو ہر وقت یاد کرنا ۔

کسی کا کیا ہے ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا کیا اجارہ ہے ۔

کسی کا گھر جلے کوئی تاپے ۔ (ا ۔ مثل) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے ۔ ایک کی مصیبت دوسرے کی خوشی ۔

کسی کام کا نہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) محض نکما اور بے کار ہونا ۔

کسی کا مُنہ تکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) منہ سے کسی بات کے سننے کا آرزومند ہونا ۔ کسی بات کا متمنی ہونا ۔ (۲) کچھ حاصل کرنے کی اُمید ہونا ۔ (۳) مدد کے لیے عاجزانہ نظر ڈالنا ۔

کسی کا نقش جمنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کا قبضہ ہونا ۔ دخل ہونا ۔ بات بننا ۔

کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان چلے ۔ (ا ۔ مثل) (۱) ایک شخص مارتا



Marfat.com

ہے تو دُوسرا زبان سے گالی دے کر اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے۔ (۲) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا اور ستانے کا نتیجہ کوسنے سننا ہے۔ (۳) ہر شخص اپنے مقدور اور امکان کے مطابق انتقام ضرور لیتا ہے۔

**کسی کا ہو رہنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کا مطیع و فرماں بردار ہو جانا۔

**کسی کروٹ کل (چَین) نہ آنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی پہلو آرام نہ آنا۔ کسی طور قرار نہ آنا۔

**کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت بے پروائی کا اظہار کرنا۔ (۲) نہایت شرم والا ہونا۔ (۳) نہایت مغرور ہونا۔

**کسی کو اپنا کر رکھو یا کسی کے ہو رہو۔** (ا۔ مقولہ) یا تو خود کسی کی متابعت اختیار کر لو یا کسی کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنا لو۔

**کسی کو اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا۔

**کسی کو بینگن بیالے کسی کو ان بیچ۔** (ا۔ مثل) بعض اوقات ایک ہی چیز کسی کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے اور دوسرے کے لیے نقصان رساں۔

**کسی کو خیال میں نہ لانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی پرواہ نہ کرنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔ کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ کسی کی طرف توجہ نہ کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔

**کسی کو کیا پڑی ہے۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو کیا غرض ہے۔

**کسی کی آگ میں پڑنا۔ (گرنا)** (ا۔ محاورہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ ہمدردی کرنا۔ تکلیف کے وقت ساتھ دینا۔

**کسی کی آنکھیں دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سبق لینا۔ سیکھنا۔ (۲) صحبت اختیار کرنا۔

**کسی کی آئی مجھ کو آجائے۔** (ا۔ کلمۂ بددعا) دوسرے کی موت مجھے آجائے۔ نہایت غصے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بددُعا دینے کا فقرہ ہے۔

**کسی کی بات پر جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی پر اعتبار کرنا۔ کسی بات کا خیال رکھنا۔

**کسی کی جان سے دُور۔** (ا۔ دُعا) عورتیں مُردہ یا میت کا ذکر کرتے وقت یہ فقرہ کہتی ہیں تاکہ اس کا اثر زندہ تک نہ پہنچے۔

**کسی کی خبر لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کی خبر گیری کرنا۔ مدد کرنا (۲) مارنا۔ پیٹنا۔ سیدھا کرنا۔ (۳) لعنت ملامت کرنا۔ (۴) کسی کی بیمار پُرسی کو جانا۔

**کسی کی دھول اُڑا دینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو ملیامیٹ یا برباد کر دینا۔

**کسی کی راہ میں کانٹے بچھانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے لیے تکلیف کا سامان پیدا کر دینا۔

**کسی کی رُوح پیاسی تھی۔** (ا۔ مثل) جب پانی کا بھرا ہُوا گھڑا یا مٹکا از خود ٹوٹ جاتا ہے تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔

**کسی کی کاٹ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرائی کرنا۔ اثر زائل کرنا۔

**کسی کی کسی کو خبر نہیں۔** (ا۔ مثل) کسی جماعت میں بے ہوشی اور غفلت کا عالم ہونے پر بولتے ہیں۔

**کسی کی مٹی خراب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی نہایت بے قدری ہونا۔ کمال ذلت اور خواری پیش آنا۔

**کسی کی نہیں سُنتا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی بات نہیں مانتا۔ بے پرواہ ہے

**کسی کے آگے پانی بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) عاجزی ظاہر کرنا۔ مطیع ہونا۔

**کسی کے آگے کان پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو اپنا اُستاد ماننا۔ سب سے بڑھ کر تسلیم کرنا۔ جگت اُستاد جاننا۔ سردار ماننا۔

**کسی کے آگے (سامنے) چراغ نہ جلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت رُعب چھانا۔ رُعب غالب ہونا۔ (۲) بات نہ چلنا۔ اثر نہ ہونا۔ (۳) زبردست کے آگے پیش نہ چلنا۔

**کسی کے پالے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے قابو میں آنا۔ (۲) کسی سے واسطہ پڑنا۔

**کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) دوسرے کی روٹیاں کھانا۔ مُفت کی روٹیاں توڑنا۔ دوسرے کے گھر کھانا۔

**کسی کے حال پر رونا آنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی پر رحم آنا یا افسوس ہونا۔

**کسی کے حق میں کانٹے بونا۔** کسی کے لیے بُرائی کرنا۔ کسی کی طرف سے بدگمان کرنا۔

**کسی کے خون کے پیاسے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی جان کا دشمن ہونا۔ کسی کے درپے قتل ہونا۔ کسی کی جان کا لاگو ہونا۔

**کسی کے سر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے پیچھے پڑنا۔ (۲) کسی کے ذمے پڑنا۔

**کسی کے کھاتے کسی کے گیت گاتے۔** (ا۔ مثل) فائدہ کسی سے اُٹھاتے اور تعریف کسی کی کرے۔

**کسی کے کیے میں گھی گھڑے۔ کسی کے کیے میں پتھر پڑے** (ا۔ مثل) ایک ہی کام اگر دولتمند یا قسمت والا کرے تو اس سے نیک نام ہو جاتا ہے۔ وہی کام دُوسرا بدقسمت غریب کرے تو اس پر انگلیاں اُٹھتی ہیں۔

**کسی کے لتے لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بحث و گفتگو میں عاجز اور قائل معقول کرنا۔ (۲) تنگ کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

**کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کسی سے غرض اور سروکار نہ ہونا۔

**کسی کے مُنہ چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) برابری کرنا۔ مقابل ہونا۔ (۲) قُرب حاصل کرنا۔

**کسی کے مُنہ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کی باتوں میں برابری کرنا۔ ہمکلام ہونا۔ (۲) قُرب حاصل ہونا۔ اخلاص سے باتیں ہونا۔

**کسی کے نام کا گدھا بنانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو رُسوا کرتے عام کرنا۔

**کسی لائق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی قابل ہونا۔ (۲) کسی ہنر یا لیاقت میں کامل ہونا۔



Marfat.com

**کسی مرض کی دوا نہیں۔** (۱۔ محاورہ) بے کار ہے۔ بے فائدہ ہے۔
**کسی نہ کسی۔** (۱۔ تابع فعل) کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک۔
**کسی نہ کسی طرح۔** (۱۔ تابع فعل) (۱) جس طرح بھی ہو سکا۔ (۲) بُرے یا بھلے حال سے۔
**کسی نے پیا دُودھ کسی نے پیا پانی سب کو ایک بن گنوائی۔** (۱۔ مثل) امیر اور غریب۔ بُرے اور بھلے سب کی گذر جاتی ہے۔
**کسی وقت کام آئے گا۔** (۱۔ محاورہ) ضرورت کے وقت کام آجائے گا۔
**کَسے۔** (کَ۔ سے) [ف] کوئی آدمی۔ کوئی شخص۔
**کسے باشد۔** کوئی ہو۔
**کِسے۔** (کِ۔ سے) [ھ۔ کلمۂ استفہام] کس شخص کو؟ کون سے آدمی کو؟
**کسے دماغ؟** (۱۔ محاورہ) کسی کو اتنی برداشت نہیں۔
**کسے گِنتے ہیں۔** (۱۔ محاورہ) کیا وقعت رکھتا ہے؟
**کسیا جانا۔ کسیانا۔** (کس۔ یا۔ جانا۔ کس۔ یا۔ نا) [ہ۔ مص] کسیلا ہو جانا۔ کساو آجانا۔
**کسیرا۔** (کَ۔ سے۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] ٹھٹیرا۔ تانبے پیتل اور کانسی کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
**کسیرن۔** (کَ۔ سے۔ رَن) [ہ۔ ا۔ مث] کسیرا کی بیوی۔
**کسیرو۔** (کَ۔ سے۔ رُو) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ کچی اور بھون کر کھاتے ہیں۔
**کسیر ہٹّا۔** (کَ۔ سیر۔ ہٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذ] کسیروں کا بازار۔ وہ بازار جہاں تانبے۔ پیتل اور کانسی کے برتن فروخت ہوتے ہیں۔
**کسیس۔** (کَ۔ سیس) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی پھٹکڑی جو لوہے اور گندھک کے پھُونکنے سے تیار ہوتی ہے۔
**کسیلا۔** (کَ۔ سی۔ لا) [ہ۔ صف] کساؤ دار۔ بد مزہ۔ تُرش جو زبان اور حلق کو پکڑ لے۔
**کسیلا پن۔** کساو۔ کسباؤ۔

# ک ش

**کش۔** (ف۔ صف) (۱) کھینچنے والا۔ (۲) برداشت کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے محنت کش)۔ (۳) [اُر۔ مذ] حُقّے کا دم۔
**کش مکش۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کھینچا تانی۔ کشا کش۔ کشیدگی۔ رکاوٹ۔ (۲) [اُر] اُلجھیڑا۔ مخمصہ (۳) دِقّت۔ دشواری۔ (۴) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔
**کُش۔** (ف۔ صف) قتل کرنے والا۔ کُشتن مصدر کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ جیسے جراثیم کُش۔ محسن کُش۔
**کُشا۔** (کُ۔ شا) [ف۔ صف] کھولنے یا حل کرنے والا۔ کشیدن مصدر کا صیغہ امر۔ (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے مشکل کُشا)
**کُشاد۔** (کُ۔ شاد) [ف۔ صف] (۱) کُشادہ کا مخفف۔ فراخ (مذ)۔ (۲) حل۔ (۳) کامیابی۔ فتح۔ (۴) خوشی۔
**کُشادگی۔** (کُ۔ شاد۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] فراخی۔ وسعت۔ چوڑائی۔ پھیلاوٹ۔
**کُشادہ۔** (کُ۔ شا۔ دَہ) [ف۔ صف] (۱) کھُلا ہُوا۔ وا۔ (۲) فراخ۔ لمبا۔ چوڑا۔ پھیلا ہُوا۔
**کُشادہ پیشانی۔ (جبیں۔ رُو)** (ف۔ صف) چوڑے اور کھلے ہوئے ماتھے والا۔ خندہ پیشانی۔ ہنس مُکھ۔ خوش اخلاق۔
**کُشادہ دِل۔** (ف۔ صف) سخی۔ فیاض۔ عالی حوصلہ۔ فراخ دل۔
**کُشادہ رُوئی۔** (ف۔ ا۔ مث) خوش طبعی۔ خوش اخلاقی۔
**کُشادہ کُشادہ۔** (ف۔ صف) دُور۔ دُور۔ فرق فرق سے۔
**کُشادہ کف۔** (ف۔ صف) سخی۔ جواں مرد۔
**کشّاف۔** (کَش۔ شاف) [ع۔ صف] نہایت کھولنے والا۔ بالکل پردہ اُٹھا دینے والا۔
**کَشاکش۔** (کَ۔ شا۔ کَش) [ف۔ ا۔ مث] (۱) کھینچا تانی۔ (۲) دھکم دھکا۔ (۳) تکرار۔ جھڑپ۔ (۴) چھینا جھپٹی۔
**کشاکش سے چھُٹنا۔** (۱۔ محاورہ) تکلیف یا فکر سے نجات پانا۔
**کشاں کشاں۔** (ف۔ تابع فعل) کھینچتے ہوئے۔ بالجبر۔ زبردستی۔
**کشاورز۔** (کَ۔ شا۔ وَرز) [ف۔ ا۔ مذ] کھیتی کرنے والا۔ دہقان۔ کسان۔ مزارع۔
**کشاورزی۔** (کَ۔ شا۔ ورزی) [ف۔ ا۔ مث] کھیتی باڑی۔ بونا جوتنا۔
**کُشایش۔** (کُ۔ شا۔ یِش) [ف۔ ا۔ مث] فراخی۔ کشادگی۔ وسعت۔
**کشت۔** (س۔ ا۔ مذ) دیکھیے کَشٹ۔
**کشت کی صحنک۔** (ا۔ مث) ایک سنت جس میں عورتیں مُرادِ دل پانے پر ملیدہ اور قورمہ پکاتی اور پاتوں پہ رکھ کر حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ دلاتی ہیں۔
**کِشت۔** (ف۔ ا۔ مث) (۱) کھیتی۔ زراعت۔ بویا ہُوا کھیت۔ (۲) شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانے میں ہونا کہ اگر اس کی جگہ کوئی اور مہرہ ہوتا تو مارا جاتا۔ جمع: کِشت ہا۔
**کِشت زار۔** (ف۔ ا۔ مذ) کھیتی۔ ہرا بھرا کھیت۔
**کشتِ زعفران۔** (ف۔ ا۔ مذ) زعفران کا کھیت۔ (۲) ہنسی کا مقام۔ ہنسی کا محل۔
**کِشت کار۔** (ف۔ صف) کھیتی کرنے والا۔ کسان۔ مزارع۔ دہقان۔
**کِشت کاری۔** کھیتی باڑی کرنا۔
**کُشت۔** (ف۔ ا۔ مذ) قتل۔ خونریزی۔
**کُشت و خون۔** (ف۔ ا۔ مذ) جنگ و جدال۔ خونریزی۔ مارکٹائی۔
**کِشت کھانا۔** (ق۔ مص) (۱) کرکری ہونا۔ (۲) بادشاہ کا عدل و انصاف



Marfat.com

سے کام نہ لینا۔ (۲) مات ہونا۔

**کُشتگان**۔ (کُش۔تَ۔گان) [ف۔ا۔مذ] کُشتہ کی جمع۔ (۱) مقتولین۔ (۲) عُشّاق

**کُشتم کُشتا**۔ (کُش۔تَم۔کُش۔تا) [اُر۔ا۔مذ] گتھم گتھا ہونا۔ لپٹ جانا۔

**کُشتنی**۔ (کُش۔تَ۔نی) [ف۔صف] گردن مارنے کے قابل۔ گردن زدنی۔

**کُشتہ**۔ (کُش۔تہ) [ف۔صف] (۱) مقتول۔ قتل کیا ہوا۔ (۲) [مذ] لاش۔ جسم مردہ۔ (۳) عاشق۔ مفتون۔ (۴) ماری ہوئی دھات۔

**کُشتہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قتل کرنا۔ شہید کرنا۔ (۲) دھات کا پھونکنا۔ اکسیر بنانا۔ (۳) تباہ و برباد کرنا۔

**کُشتہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قتل ہونا۔ ذبح ہونا۔ (۲) عاشق ہونا۔ کسی پر مرنا۔ (۳) دھات کا آگ میں پھنک کر اکسیر ہونا۔

**کُشتوں کے پُشتے لگ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔ بہت خون خرابہ ہونا۔

**کِشتی**۔ (کِش۔تی) [ف۔ا۔مث] (۱) ناؤ۔ بیڑی۔ سفینہ۔ ڈونگا۔ (۲) ایک قسم کی پیالی۔ (۳) [اُر] سینی۔ لمبا خوان۔

**کِشتیِ بادہ**۔ (۔۔) [ف۔ا۔مث] شراب کا پیالہ جو کشتی کی شکل میں ہوتا ہے۔

**کِشتی بان**۔ (ف۔ا۔مذ) ملاح۔ مانجھی۔

**کُشتی**۔ (کُش۔تی) [ف۔ا۔مث] زور آزمائی۔ دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔

**کُشتی برابر رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک دوسرے پر غالب نہ آنا۔ ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا۔

**کُشتی جیتنا**۔ (ا۔ محاورہ) کُشتی مارنا۔ پچھاڑنا۔

**کُشتی کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زور آزمائی کرنا۔ لڑنا جھگڑنا۔ (۲) ورزش کرنا۔ پہلوانی کرنا۔

**کُشتی لڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) باہم لڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ (۲) زور آزمائی کرنا۔ آپس میں گتھ جانا۔

**کُشٹ**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) دُکھ۔ سختی۔ (۲) دقت۔ (۳) تنگی۔ مصیبت تکلیف۔ عذاب۔ بپتا۔

**کُشٹ اُٹھانا۔ کُشٹ بھوگنا**۔ (ہ۔ محاورہ) مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف جھیلنا۔

**کِشٹا**۔ (کِش۔ٹا) [اُر۔ا۔مذ] (۱) زرد آلو (۲) شفتالو۔ (۳) ایک قسم کا چھوٹا اور زرد آڑو۔

**کَشِش**۔ (کَ۔شِش) [ف۔ا۔مث] (۱) کشیدگی۔ کھنچاؤ۔ جذب (۲) دلربائی۔ ناز و کرشمہ۔ (۳) رُجحان۔ رغبت۔ (۴) [اُر] دیر۔ توقف۔ (۵) مصیبت۔ سختی۔ (۶) شکر رنجی۔ انقباض۔ (۷) حرفوں کی کشش، جیسے ک کی کشش گ کی کشش وغیرہ۔

**کشش اتصال**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) علم طبیعات میں اجسام کے آس پاس کے اجزاء کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت۔

**کشش انابیب شعری**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ قوت جس سے مائعات اپنی سطح ہموار سے اُوپر چڑھ جاتے ہیں۔

**کشش ثقل**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ کشش جس سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

**کشش زمین**۔ (ف۔ع۔ا۔مث) زمین کی کشش جو ہر شے کو مرکز زمین کی طرف مائل کرتی ہے۔

**کشش کہربائی**۔ (ف۔ع۔ا۔مث) وہ قوت جس کے ذریعے سے کہربا گوند، گھاس کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

**کشش کیمیائی**۔ (ف۔ع۔ا۔مث) وہ قوت جس کے اثر سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہے۔

**کشش مقناطیسی**۔ (ف۔ع۔ا۔مث) پتھر کی وہ قوت جس کے ذریعے سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

**کشمکش**۔ (ف) کھینچا تانی۔ جھگڑا۔

**کشمکش میں پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) سوچ میں پڑنا۔ مخمصہ میں پڑنا۔

**کشف**۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ پردہ اُٹھانا۔ (۲) غیب کی باتوں کا اظہار۔ انکشاف۔ الہام۔ القاء۔

**کشف حجب**۔ (ف۔ع۔ا۔مذ) پردہ اُٹھ جانا۔ معرفت حاصل کرنا۔

**کشف قبور**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں انہیں مردے کی قبر سے حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔

**کشف و کرامات**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) اعجاز و تصرف۔ خرق عادت۔

**کشفی**۔ (کش۔فی) [ف۔صف] کشف سے منسوب۔

**کشکول**۔ (کش۔کول) [ف۔ا۔مذ] کچکول۔ فقیروں کا پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل۔

**کُشَل**۔ (کُ۔شَل) [س۔ا۔مذ] عافیت۔ خیریت۔ صحت۔ تندرستی۔

**کِشمِش**۔ (کِش۔مِش) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کے چھوٹے سوکھے ہوئے انگور۔

**کشمش کی طرح تنکے موجود**۔ (ا۔مثل) عورتیں اس جگہ بولتی ہیں۔ جہاں کسی گھرانے کی ذات میں کوئی نقص ہو۔

**کِشمِشی**۔ (کِش۔مِ۔شی) [ف۔صف] کشمش سے منسوب۔ کشمش کے رنگ کا۔

**کشمیرا**۔ (کش۔می۔را) [ہ۔ا۔مذ] کشمیر کا بنا ہوا اونی کپڑا۔ پشمینہ۔

**کشمیری**۔ (کش۔می۔ری) [ہ۔صف] کشمیر سے منسوب۔ (۲) [مذ] باشندۂ کشمیر۔ (۳) [مؤنث] اہل کشمیر کی زبان۔

**کُشَن**۔ (کُ۔شَن) (Cushion) [انگ۔ا۔مذ] گدا۔ تکیہ۔ گدیلا۔

**کُشَن**۔ (کُ۔شَن) [ہ۔ا۔مذکر] کرشن جی کا مخفف۔

**کُشندہ**۔ (ف۔صف) قاتل۔ مارنے والا۔

**کشنیز**۔ (کش۔نیز) [ف۔ا۔مذ] دھنیا۔



Marfat.com

**کُشُود** ۔ (کُ۔شُود) [ف۔ا۔مث] (۱) کھُلنا ۔ (۲) پھیلاؤ ۔ (۳) خوشی سے پھیلنا ۔ (۴) کامیابی ۔ فائدہ ۔

**کُشُودِ کار** ۔ (ف۔ا۔مذ) مطلب حاصل ہونا ۔ مشکل حل ہونا ۔

**کُشُود و بَست** ۔ (ف۔ا۔مذ) کھُلنا ۔ بند ہونا ۔ (کنایتہً) انتظام ۔

**کِشور** ۔ (کِ۔شور) [س۔ا۔مذ] (۱) لڑکا ۔ جوان ۔ (۲) ہندوؤں کے نام کا آخری جُزو ۔ (۳) جانور کا بچہ ۔

**کِشْوَر** ۔ (کِش۔وَر) [ف۔ا۔مث] ولایت ۔ اقلیم ۔ مُلک ۔ دیس ۔

**کِشور کُشا ۔ کِشور گیر** ۔ (ف۔ا۔مذ) بادشاہ ۔ مُلکوں کا بادشاہ ۔

**کَشی** ۔ (کَ۔شی) [ف۔ا۔مث] (۱) کھینچنا ۔ (۲) برداشت کرنا ۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل کشی ۔ فاقہ کشی ۔

**کشید** ۔ (کَ۔شید) [ف۔ا۔مث] (۱) کھینچنا ۔ (۲) عرق نکالنا ۔

**کشیدگی** ۔ (کَ۔شید۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) کھنچاؤ ۔ کشش ۔ (۲) شکر رنجی ۔ ملال ۔

**کشیدہ** ۔ (کَ۔شی۔دہ) [ف۔صف] (۱) کھینچا ہُوا ۔ (۲) رنجیدہ ۔ ملول ۔ (۳) دراز ۔ بلند ۔ (۴) (مذکر) سُوئی کا کام ۔ زردوزی ۔ گُلکاری ۔

**کشیدہ خاطر** ۔ (ف۔صف) رنجیدہ دل ۔ آزردہ ۔ ناراض ۔

**کشیدہ قامت** ۔ (ف۔ع۔صف) لمبے قد والا ۔ دراز قد ۔

**کشیدہ کار** ۔ (ف۔صف) کڑھائی کا کام کرنے والا ۔ زردوز ۔ سُوئی کا کام کرنے والا ۔

**کشیدہ کاری** ۔ (ف۔ا۔مث) کڑھائی ۔ سُوئی کا کام ۔

**کشیدہ کاڑھنا** ۔ (ا۔محاورہ) سُوئی کا کام کرنا ۔ باریک کام کرنا (۲) سُستی سے کام کرنا ۔ دیر لگانا ۔

# ک ۔ ع

**کَعْب** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹخنہ (۲) پانسہ ۔ نرد (۳) علم حساب میں جب کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اس کا حاصل ضرب "کعب" کہلاتا ہے ۔

**کَعبتَین** ۔ (کَع۔بَ۔تَین) [ع۔ا۔مذ] (۱) کعب کا تثنیہ ۔ دونوں ٹخنے ۔ (۲) ہڈی کے دو مربع شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جُوا کھیلا جاتا ہے ۔ (۳) ہر دو کعبہ یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس ۔

**کَعْبہ** ۔ (کَع۔بَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) چارگوشوں والی چیز مربع ۔ (۲) مکہ مکرمہ ۔ اہل اسلام کے متبرک اور مقدس مقام کا نام جہاں ہر سال حج ہوتا ہے ۔ یہ عمارت چارگوشوں والی ہے ۔

**کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھانا** ۔ (ا۔محاورہ) کعبہ کو اپنی قسم اور عہد کا گواہ ٹھہرانا ۔ کعبہ کی قسم کھانا ۔

**کعبۂ مقصود** ۔ (ع۔ا۔مذ) [کنایتاً] اصل مقصود ۔

**کعبہ ہو تو اس طرف منہ نہ کروں** ۔ (ا۔مثل) کسی جگہ سے اس قدر بیزار ہونا کہ اگر وہ مقام مقدس اور خُدا کا گھر بھی ہو تو ادھر رُخ نہ کرنا ۔ نہایت بیزار ہونا ۔

# ک ۔ ف

**کَف** ۔ (Cuff) [انگ۔ا۔مذ] کپڑے کی دوہری پٹی جو قمیص کی آستین کے آگے لگاتے ہیں ۔

**کَف** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) روکن (۲) بحر کے رُکن کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا ۔ (۳) ہاتھ ۔ پنجہ ۔ ہتھیلی ۔

**کف** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) تلوا ۔ پاؤں ۔ پاؤں کے نیچے کا حصہ ۔ (۲) پنجہ دست (۳) ہاتھ کی ہتھیلی ۔ (۴) کپڑے کی دوہری پٹی جو آستینوں اور خاص کر قمیص کی آستینوں میں لگاتے ہیں ۔ (۵) جھاگ پھین ۔ (۶) [اُر] تھوک ۔ بلغم ۔

**کفِ آبگینہ** ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ جھاگ جو شیشہ پگھلانے سے اُوپر آجاتی ہے ۔

**کف آنا** ۔ (ا۔محاورہ) مُنہ سے پھین گرنا ۔ مُنہ سے جھاگ نکلنا ۔

**کفِ افسوس ملنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ ملنا ۔ (۲) افسوس کرنا (۳) پچھتانا ۔

**کف بہ کف** ۔ (تابع فعل) شرط بدکر ۔ (ق)

**کفِ پا** ۔ (ف۔ا۔مذ) پاؤں کا تلوا ۔

**کف پائی** ۔ (ا۔مث) زنانہ سلیپر ۔ ایک قسم کی پتلی ایڑی کی جُوتی ۔

**کفِ خاک** ۔ (ف۔ا۔مث) مُٹھی بھر خاک ۔ (کنایتہً) انسان ۔

**کفِ دریا** ۔ (۱) ہاتھ کی ہتھیلی ۔ (۲) برابر ۔ ہموار ۔ یکساں ۔

**کفِ دستِ میدان** ۔ (ف۔ا۔مذ) ویران جگہ چٹیل میدان ۔ بیابان ۔ سنسان ۔ جنگل ۔

**کف گیر** ۔ (ف۔ا۔مذ) ڈوئی ۔ کفچہ ۔ ڈنڈی والا بڑا چمچہ ۔

**کف لانا ۔ کف لے آنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) جھاگ لانا ۔ (۲) غصہ لانا ۔ بدمزاج ہونا ۔ (۳) بدی یا شرارت کرنا ۔

**کفِ لسان** ۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) زبان کو روکنا ۔ بدگوئی سے باز رہنا ۔

**کَفا جَفا** ۔ (کَ۔فا۔جَ۔فا) [ف۔ا۔مث] (۱) ظلم و ستم ۔ (۲) [اُر] بمشکل تمام ۔ جُوں توں کرکے ۔

**کُفّار** ۔ (کُف۔فار) [ع۔ا۔مذ] کافر کی جمع ۔ ناشکرے ۔ کافر لوگ ۔ انکار کرنے والے ۔

**کَفّارہ** ۔ (کَف۔فا۔رَہ) [ع۔ا۔مذ] گناہ دھو دینے والا ۔ گناہ یا خطا کا بدلہ ۔ قصور کا ڈنڈ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے ۔

**کفارہ دینا** ۔ (ا۔محاورہ) گناہ کا عوض ادا کرنا ۔ خطا کا بدلہ دینا ۔

**کَفاف** ۔ (کَ۔فاف) [ع۔ا۔مذ] روزمرہ کا خرچ روزینہ ۔ وظیفہ ۔ روزینہ ۔



Marfat.com

روٹی کپڑا ۔ نان و نفقہ ۔ (۳) اندازہ ۔

**کَفالَت** ۔ (کَ ۔ فا ۔ لَت) [ع ۔ ا ۔ مث] ذمہ داری ۔ ضمانت ۔ ضمانگی ۔ بار اُٹھانا ۔

**کفالتُ المال** ۔ مال کی ضمانت ۔ ایسی دستاویز جس کے ذریعے سے کوئی شخص اقرار کرے کہ ہیں قانوناً ذمہ دار ہوں ۔

**کفالتِ خاص** ۔ کسی شخص کا کسی چیز کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا اس بنا پر دعوے دار ہونا کہ اس نے مذکورہ چیز پر محنت یا روپیہ صرف کیا ہے ۔

**کفالت نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ضمانت کی دستاویز ۔ ضمانت نامہ ۔

**کِفایَت** ۔ (کِ ۔ فا ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کافی ہونا ۔ حسب ضرورت فائدہ حاصل ہونا ۔ (۲) بچت ۔ کمی ۔ صرفہ ۔

**کِفایت سے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کفایت سے ۔ جُزرسی سے ۔ واجبی خرچ سے ۔

**کِفایت شعار** ۔ (ع ۔ صفت) کم خرچ کرنے والا ۔ جُزرس ۔

**کِفایت شعاری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) کم خرچی ۔ جُزرسی ۔ صرفہ ۔

**کِفایت کرنا** ۔ (۱) کافی ہونا ۔ پُورا ہونا ۔ (۲) بچت کرنا ۔ صرفہ کرنا (۳) قیمت میں کمی کرنا ۔

**کَفتار** ۔ (کَف ۔ تار) [ف ۔ ا ۔ مذکر] بجّو ۔ (۲) چرخ ۔ (۳) کفن چور ۔

**کفچہ** ۔ (کَف ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھوٹا کفگیر (۲) سانپ کا پھن ۔

**کُفر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ناشکری ۔ (۲) خدا کو نہ ماننا ۔ بے دینی ۔ (۳) ہٹ ۔ ضد ۔ آڑ ۔

**کُفر توڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دیندار بنانا ۔ (۲) ضد توڑنا ۔ ہٹ توڑنا ۔ (۳) مطیع کرنا ۔ مُرید کرنا ۔

**کُفر ٹوٹا خدا خدا کر کے** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت مُشکل سے مانا یا راضی ہُوا ۔

**کُفرستان** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) کافروں کا مُلک ۔

**کُفر کا فتویٰ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) از روئے شرع کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا ۔

**کُفر کا کلمہ بولنا (مُنہ سے نکالنا ۔ بکنا)** (ا ۔ محاورہ) بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا ۔

**کُفر کچہری** ۔ (ا ۔ مث) بُری صحبت ۔ بدسنگت ۔

**کُفران** ۔ (کُف ۔ ران) [ع ۔ ا ۔ مذ] ناشکری ۔ ناسپاسی ۔

**کُفرانِ نعمت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) احسان فراموشی ۔ نعمت کی ناشکری ۔ نمک حرامی ۔

**کفش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جُوتی ۔ پاپوش ۔ نعلین ۔

**کفش بردار** ۔ (ف ۔ صفت) (۱) ادنیٰ ترین ۔ ادنیٰ مرتبہ کا ۔ (۲) غلام بے دام ۔

**کفش پا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پاؤں کی جُوتی ۔

**کفش خانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) غریب خانہ ۔ (انکسارا) اپنا مکان جھونپڑا ۔

**کفش دوز** ۔ (ف ۔ صفت) موچی ۔ جُوتے بنانے والا ۔ چمار ۔

**کفش کاری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جُوتے مارنا ۔ سزا دینا ۔

**کفش کن** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) درگاہ کا وہ خادم یا دروازہ جہاں زیارت کو آنے والے جُوتے اُتارتے ہیں ۔

**کفش نشین** ۔ (ف ۔ صفت) جوتیوں میں بیٹھنے والا ۔ حاشیہ نشین ۔ ادنیٰ مرتبہ کا آدمی ۔

**کَفَک** ۔ (کَ ۔ فَک) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ہاتھ کی ہتھیلی ۔ (۲) پاؤں کا تلوا ۔ (۳) مہندی لگا ہُوا پاؤں کا تلوا ۔

**کَفَل** ۔ (کَ ۔ فَل) [ع ۔ ا ۔ مذ] آدمی یا حیوان کے چُوتڑ ۔

**کَفَن** ۔ (کَ ۔ فَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ کپڑا جس میں مُردے کو لپیٹتے ہیں ۔ مُردے کی چادر ۔

**کفن پھاڑ کر بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دفعتہً بول اُٹھنا یا چیخ مارنا ۔ نہایت بے تاب اور مضطرب ہو کر بولنا ۔

**کفن چور** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) قبر کھود کر کفن چُرانے والا ۔ (۲) شریر ۔ بے رحم ۔

**کفن دفن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) تجہیز و تکفین ۔

**کفن سر سے باندھنا ۔ (لپیٹنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) جان پر کھیلنا ۔ مرنے پر آمادہ ہونا ۔

**کفن سر سے باندھے پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑنے مرنے کو تیار ہونا ۔ جان ہتھیلی پر لیے پھرنا ۔

**کفن کو کوڑی نہیں** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت مفلس و قلاش ہے ۔

**کفن کو لگے** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں ۔ یعنی اگر کچھ ہو تو کفن کو لگے ۔ (۲) اگر کوئی نادہند آدمی کسی سے روپیہ لے اور کسی صُورت میں اس سے واپسی کی اُمید نہ رہے تو اسے بطورِ بد دُعا کہتے ہیں کہ یہ رقم تیرے کفن پر لگے ۔

**کفن کھسوٹ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) کفن چور (۲) لوگوں کا مال کھا جانے والا ۔

**کفن میلا نہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مرے ہوئے کو زیادہ زمانہ نہ گذرنا ۔ (۲) تازہ معاملہ ہونا ۔

**کفن نصیب نہ ہو** ۔ (ا ۔ کوسنا) بے گور و کفن رہے ۔

**کفنانا** ۔ (کَف ۔ نا ۔ نا) [اُر ۔ مص] میت کو کفن پہنانا ۔ مُردے کو نہلا دُھلا کر کفن میں لپیٹنا ۔

**کَفنی** ۔ (کَف ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) فقیروں کے پہننے کا پیراہن جو مُردے کی کفنی کی طرح ہوتا ہے ۔ (۲) وہ بے آستین کُرتا جو مُردے کو پہناتے ہیں ۔

**کُفو** ۔ (کُ ۔ فو ۔ کفو) [ع ۔ صفت] (۱) ہم جنس ۔ ہم ذات ۔ ہم قوم ۔ ہم خاندان ۔ (۲) مانند ۔ برابر ۔ (۳) فرقہ ۔ قوم ۔ برادری ۔

**کَفیان** ۔ (کَف ۔ یان) [ق ۔ صفت] مست ۔

**کَفیل** ۔ (کَ ۔ فیل) [ع ۔ صفت] ذمہ دار ۔ ضامن ۔ جوابدہ ۔

**کفیل ہونا** ۔ (مص مرکب) ضامن ہونا ۔ ذمہ دار ہونا ۔ ضمانت دینا ۔



Marfat.com

## ک۔ک

کِک۔ (Kick) [ انگ ۔ ا ۔ مث ] ٹھوکر ۔
کِک آف ۔ ( (Kick Off)) ۔ پہلی ٹھوکر جس سے کھیل (فٹ بال) شروع ہوتا ہے۔
کِک اِسٹارٹر ۔ ( (Kick Starter) ) موٹر سائیکل کا پیرم جسے پیر سے دبانے سے انجن چلتا ہے۔
کُک ۔ ( (Cook) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] باورچی ۔ طبّاخ ۔
کُکّا ۔ (کُک ۔ کا ) [ ہ ۔ صف ] (۱) سفید ۔ بھُورا ۔ (۲) [ ا ۔ مذ ] چچا ۔
کُکّا ۔ (کُک ۔ کا ) [ س ۔ ا ۔ مذ ] (۱) سُورج ۔ (۲) برہما ۔ (۳) آگ ۔ (۴) ہوا ۔ (۵) موت ۔ (۶) رُوح ۔ (۷) حرف ک (۸) سکھوں کی پانچ مذہبی علامتوں میں سے ہر ایک کا نام ۔
کُکہ ۔ (ق ) کہہ کر ۔ سمجھ کر ۔
کُکرالی ۔ (کُک ۔ را ۔ لی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) ایک قسم کی گلٹی جو بغل میں ہو جاتی ہے ۔ (۲) رال ۔ پیپ ۔
کُکُرمُتّا ۔ (کُ ۔ کُر ۔ مُت ۔ تا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے ۔ کھُمبی ۔
کُکرَوندا ۔ (کُک ۔ رَون ۔ دا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] ایک درخت اور اس کا پھل ۔
کُکّڑ ۔ (کُک ۔ کَڑ ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ایک قسم کا بھربھرا تمباکو ۔ (۲) مٹی کا بڑا حُقّہ ۔ (۳) لمبے نیچے کا حُقّہ ۔ (۴) دُبلا پتلا آدمی ۔
کُکّڑ باز ۔ (ا ۔ صف ) ککڑ کا حُقّہ بہت پینے والا ۔
کُکّڑ خانہ ۔ (ا ۔ مذ ) (۱) حُقّہ پینے کی جگہ ۔ تکیہ ۔ دائرہ (۲) بُری صحبت ۔
کُکّڑ والا ۔ (ا ۔ مذ ) بازاروں میں حُقّہ پلانے والا ۔ (مجازاً) ذلیل اور خوار آدمی
کُکّڑ ۔ کُکڑا ۔ (کُک ۔ کَڑ ) ۔ (کُک ۔ ڑا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] مُرغا ۔ (طنزاً) بُوڑھا آدمی ۔
کُکڑوں کُوں ۔ (کُک ۔ ڑوں ۔ کُوں ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] مُرغ کی اذان ۔ مُرغے کے بولنے کی آواز ۔
کَکڑی ۔ (کَک ۔ ڑی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) خیار ۔ ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری ۔ (پن ) تَر ۔
کَکڑی کا چور باندھا جانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) ادنیٰ قصور پر بڑی سزا ملنا ۔ اندھیر ہونا ۔
کَکڑی کھیرا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) بات بات پر کوسنا ۔ نہایت بے قدر سمجھنا ۔
کَکڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے ۔ (ا ۔ مثل ) چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہیں چاہیئے ۔
کُکڑی ۔ (کُک ۔ ڑی ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] (۱) کچے سُوت کی لچھی ۔ انٹی ۔ (۲) مکئی کا بھٹا ۔ (۳) آک کا ڈوڈا ۔ (۴) مُرغی ۔
کُکڑی ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ ) (۱) سردی سے اینٹھ جانا ۔ (۲) سُوکھ کر دُبلا ہو جانا ۔
ککھوائی ۔ ککھوری ۔ (ککھ ۔ وائی ۔ ک ۔ کھو ۔ ری ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] دیکھیے ککرالی ۔
کِکیانا ۔ (کِک ۔ یا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] بندر کا چلّانا ۔ چیچیانا ۔ (۲) چیخنا ۔ چنگھاڑنا ۔
کَکیرا ۔ (ا ۔ مذ ) ایک قسم کا پان ۔

## ک۔گ

کَگار ۔ کگر ۔ (کَ ۔ گار ۔ کَ ۔ گر ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) کنارا ۔ حاشیہ ۔ لب ۔ حد ۔ مکان کی کنگنی ۔ (۲) دھار ۔ باڑھ ۔

## ک۔ل

کَل ۔ (ہ ۔ صف و ا ۔ مث ) آج سے پہلا دن جو گزر چکا ہو ۔ (۲) آج سے دُوسرا دن جو آئے گا ۔ (۳) زمانہ قریب جیسے کل کی بات ہے ۔ (۴) قیامت کا دن ۔
کَل کا لڑکا ۔ (ا ۔ مذ ) (۱) حال کا پیدا شدہ ۔ سامنے کا پیدا ہُوا بچّہ ۔ (۲) ناتجربہ کار ۔
کَل کلاں (کو ) (ا ۔ تابع فعل ) پھر ۔ آئندہ زمانے میں ۔
کَل کل کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) آج کل کرنا ۔ لیت و لعل کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔
کَل کو ۔ آئندہ پھر ۔ زمانہ آئندہ میں ۔
کَل کی بات ۔ (ا ۔ مث ) حال کا ذکر ۔ تھوڑے دنوں یا تھوڑے زمانے کا ذکر
کَل پر اُٹھا رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) کسی کام کو دوسرے وقت پر ٹال دینا
کَل پر نہ چھوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ ) کام فوراً کر دینا ۔ کام کو آج ہی ختم کر دینا ۔
کَل کے جوگی کندھے پر جٹا ۔ (ا ۔ مثل ) کل کی پیدائش اور اتنے کمال کا دعویٰ ۔ صرف بھیس بدلنے سے کچھ نہیں ہوتا ۔ جب تک کچھ زمانہ نہ گذرے فقیری نہیں آتی ۔
کَل ۔ (ہ ۔ صف ) کالا کا مخفف ۔ مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے ۔
کَل جِبّا ۔ (۱) کالی زبان والا ۔ منحوس ۔ (۲) وہ شخص جس کی دُعا بد جلد اثر کرے ۔
کَل چھواں ۔ (ا ۔ صف ) سانولا ۔
کَل جِبّیں صُورت ۔ (ا ۔ مث ) کالی صُورت ۔ سانولی رنگت ۔
کَل سِرا ۔ (ا ۔ صف ) (۱) کالے سر کا پرندہ ۔ (۲) انسان ۔ (۳) کالے سر کا پتنگ ۔



Marfat.com

**کل مُنہا۔ کل مُوہا** ۔ (ا۔ صف) (۱) کالے منہ کا آدمی ۔ (۲) کم بخت۔ بدنصیب۔
**کل مُنہی۔ کل مُوہی۔ کل مُنہی** ۔ (ا۔ مث) (۱) نابکار۔ ذلیل (عورت) (۲) بدنصیب۔ کم بخت (عورت)۔
**کَل** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مشین۔ آلہ۔ (۲) کسی چیز کا حصہ یا جوڑ۔
**کل بگڑ جانا۔ کل بگڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مشین کا بیکار ہوجانا۔ (۲) مزاج کا بگڑنا
**کل دار** ۔ (ا۔ صف) کل کے ذریعے سے بنا ہوا سکہ۔ چہرہ شاہی روپیہ۔
**کل دار بندوق** ۔ (ا۔ صف) توڑے دار بندوق کا نقیض۔ گھوڑے کی بندوق۔ چاپ دار بندوق۔
**کل کا** ۔ (ا۔ صف) کل کے ذریعے سے بنایا ہوا۔
**کل کا پتلا** ۔ (ا۔ مذ) (۱) کل کی طرح کا حرکت کرنے والا۔ (۲) دوسرے کی مدد سے کام کرنے والا۔ دوسرے کا تابع۔ (۳) کل ماریتلی۔
**کل کا ذکر ہے** ۔ (ا۔ مقولہ) تھوڑی مدت کی بات ہے۔
**کل کا گھوڑا** ۔ (ا۔ مذ) وہ گھوڑا جو کل اور پرزوں سے چلے۔
**کل کس نے دیکھی ہے** ۔ (ا۔ مثل) تاخیر نہ کرو، معلوم نہیں کل کیا ہو۔
**کل کل** ۔ (ا۔ مث) جوڑ جوڑ۔ بند بند۔ انجر پنجر۔
**کل کل توڑ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ بند بند ہلا دینا۔ مارکے ہلا دینا۔ ایک ایک عضو کو ڈھیلا اور بیکار کر دینا۔
**کل کو نہ کہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) آئندہ الزام نہ دینا۔
**کل کی خبر نہیں** ۔ (ا۔ مقولہ) خدا جانے آئندہ کیا ہو۔
**کل مروڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مشین کو چالو کرنا کل درست ہونا۔ (۲) خلاف کر دینا۔ طبیعت کو پھیر دینا۔ برگشتہ کر دینا۔
**کُل** ۔ (ق۔ ا۔ مذ و مث) (۱) ترکیب حکمت۔ (۲) فوارہ۔ (۳) بندوق کا گھوڑا۔
**کَل** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) آرام۔ چین۔ سکون۔ قرار۔ اطمینان۔
**کل آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اطمینان ہونا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا۔
**کل بیکل ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بے آرام ہونا۔ رل جانا۔ (۲) بے ترتیب ہو جانا۔ (۳) انجر پنجر ہل جانا۔
**کل پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) آرام پانا۔ اطمینان ہونا۔
**کل پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جی ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا۔ چین پڑنا
**کل نہ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) تڑپنا۔ آرام نہ کرنا۔ چین نہ پڑنا۔
**کَل** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پاسا (۲) پاسے کا دیوتا۔ (۳) لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔ (۴) کسی قسم کی سب سے بُری چیز۔
**کَل جُگ** ۔ (س۔ ا۔ مذ) چوتھا جُگ۔ وہ زمانہ جس میں فساد و گناہ کی کثرت ہو۔
**کُل** ۔ (ق۔ ا۔ مذ) پھوڑا۔
**کُل** ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) خاندان۔
**کُل** ۔ (ع۔ صف) (۱) تمام۔ سب۔ جملہ۔ پورا۔ کامل۔ (۲) ہر۔ ہر ایک (۳) صرف۔ فقط۔
**کُلُّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ** ۔ (ع۔ مثل) ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے۔
**کُل جمع** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) کُل سرمایہ۔ میزان کُل۔
**کُلُّ حَامِضٍ بَارِدٌ** ۔ (ع۔ مقولہ) ہر ترش چیز سرد ہوتی ہے۔
**کُلُّ شَیٍٔ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ** ۔ (ع۔ مثل) ہر چیز اپنے اصل کی طرف لوٹتی ہے
**کُلُّ طَوِیلٍ اَحْمَقُ اِلَّا عُمَرؓ** ۔ (ع۔ مثل) ہر لمبے قد والا بے وقوف ہوتا ہے (سوائے حضرت عمرؓ کے)
**کُلُّ قَصِیرٍ فِتْنَۃٌ اِلَّا عَلِیؓ** ۔ (ع۔ مثل) چھوٹے قد کا آدمی شرارتی ہوتا ہے (سوائے حضرت علیؓ کے)
**کُل کائنات** ۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) جمیع مخلوق (۲) ساری جمع پونجی۔ تمام سرمایہ۔
**کُل کلا۔ کُل کلاں** ۔ (۱) کسی قصہ (۲) سلسلے کے جملہ وجوہ۔ (۳) بالکل۔ پورا پورا۔ (۴) مختار کل۔ مالک مجاز۔
**کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ** ۔ (آیت) دنیا کی ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔
**کُل** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ۔ (۲) ذات۔ قوم۔
**کُل اُچھال** ۔ (ا۔ مذ) خاندان کو بدنام کرنے والا آدمی۔ ننگ خاندان۔
**کُل بکھاننا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی خاندان کی تعریف و توصیف کرنا۔ (۲) کسی خاندان کا نسب نامہ پڑھنا۔ (۳) خوشامد اور تعریف کرنا۔ کسی کے بڑوں کو بُرا کہنا۔
**کُل دھرم** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) خاندانی رسم و قاعدہ۔ بڑوں کی ریت۔
**کلا** ۔ (کَ۔ لا) [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) بہت چھوٹا حصہ۔ ذرے کا آٹھواں حصہ۔ (۲) چاند کے قطر کا سولھواں حصہ۔ (۳) منٹ۔ درجے کا سولھواں حصہ۔ (۴) فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ (۵) بہانہ (۶) شعبدہ۔ (۷) گن۔ ہنر۔ فن۔ (۸) روشنی۔ (۹) گانے کے جو نسخہ کمال۔ (۱۰) نٹ کا کرتب۔ (۱۱) کرامت۔ معجزہ۔
**کلابازی** ۔ قلابازی۔ وہ حرکت جو سر نیچے اور پاؤں اوپر کرکے نٹ کیا کرتے ہیں۔ (اُردو میں عموماً قلابازی مستعمل ہے)
**کلاجنگ** ۔ (ا۔ مث) کشتی کا ایک داؤ۔
**کلاکار** ۔ (۱) فن کار۔ صاحب ہنر (۲) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ (۳) فسادی۔ دنگا کرنے والا۔ شور مچانے والا۔
**کلا** ۔ [ق۔ صف] بے پروائی۔ کمال۔ سکت۔
**کلّا** ۔ (کَل۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کونپل۔ (۲) گال۔ (۳) جبڑا۔ (۴) سر (۵) لیمپ کا وہ پرزہ جس میں بتی لگائی جاتی ہے۔ (۶) بلند آوازی۔ (۷) بدزبانی شور و غل۔ (۸) مکر۔ فریب (ق)
**کلّا بہ کلّا لڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دُو بدُو لڑنا۔ (۲) برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
**کلّا پھلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گالوں میں ہوا بھرنا۔ (۲) مغرور ہونا۔ (۳) خفگی یا رنج کے باعث منہ سجائے رکھنا۔
**کلّا توڑ** ۔ (ا۔ صف) برابر کا۔ (۲) دندان شکن۔
**کلّا چلانا** ۔ (ا۔ مذ) (۱) زبان درازی۔ (۲) ظاہرداری (۳) رعب داب۔



Marfat.com

**کلّا جبڑا** - (۱ - مذ) (۱) رخسار - گال - (۲) بلند آوازی - (۳) (کنایۃً) رعب - دھاک -
**کلّا چلے ستر بلا ٹلے** - (۱- محاورہ) کھانے پینے سے آدمی توانا اور تندرست رہتا ہے -
**کلّا دبانا** - (۱- محاورہ) بولنے سے روکنا -
**کلّا (کلّے) دراز** - (۱) بے ہودہ شور و غوغا کرنے والا - چلّا کر بولنے والا "بدزبان - زبان دراز -
**کلّا گرم کرنا** - (۱- محاورہ) شور و غوغا کرنا - زبان درازی کرنا -
**کلّا گرم ہونا** - (۱- محاورہ) کھانے کو کچھ مل جانا -
**کلّے پائے** - (۱- مذ) سری پائے - بکری کا سر اور اس کے پاؤں جو پکائے جاتے ہیں -
**کلّے تلے دبا لینا** - (۱- محاورہ) دوسرے کو بات نہ کرنے دینا - غل مچا کر دوسرے کو دبا لینا -
**کلّے چیرنا** - (۱- محاورہ) گال چیرنا - رخساروں کا پھاڑ ڈالنا
**کلّے والی** - (۱- مث) بلند آواز عورت - زبان دراز عورت -
**کُلّا** - (کُل - لا) [ہ - ۱- مذکر] کُلی - غرارہ - غرغرہ - (کرنا کے ساتھ ہندو بولتے ہیں) -
**کِلاب** - (ک - لاب) [ع - ۱ - مذ] کلب کی جمع - کتّے -
**کلابتو - کلابتون** - (ک - لا - بَت - تُو (تون) [تنہ - ۱ - مذکر] چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بُنے جاتے ہیں - چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈوری -
**کلابتونی** - (ک - لا - بَت - تُو - نی) [تنہ - صفت] کلابتوں کا بنا یا ہوا -
**کلابہ** - (ک - لا - بہ) [ف - ۱ - مذ] کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو -
**کلاتھ** - (Cloth) - (کِ - لاتھ) [انگ - ۱ - مذ] جامہ - کپڑا -
**کلاتھ مارکیٹ** - (Cloth Market) [انگ - ۱ - مث] کپڑے کی منڈی -
**کلاتھ مرچنٹ** - (Cloth Merchant) انگ - ۱ - مذ] کپڑا بیچنے والا سوداگر -
**کلار** - (ک - لار) [ہ - ۱ - مذ] شراب فروش -
**کلارک** - (انگ - ۱- مذ) دیکھیے کلرک جو زیادہ مشہور ہے -
**کلارینٹ** - (Clarinet) [انگ - مذ] ایک باجا جو منہ سے بجاتے ہیں -
**کلاس** - (Class) (ک - لاس) [انگ - ۱ - مذ] (۱) درجہ - مرتبہ - رُتبہ - پایہ - طبقہ - (۲) جماعت - درجہ (۳) ذات پات -
**کلاس فیلو - کلاس میٹ** - (Class fellow) ہم جماعت - ہم سبق -
**کُلاسی** - (ق - ۱- مؤنث) کلائی -
**کلاسیک** - (Clasic) - (ک - لا - سیک) [انگ - صفت و ۱ - مذ]
(۱) قدیم - اعلیٰ درجہ کا - مستند - (۲) ادبیاتِ عالیہ -
**کلاسیکی** - (ک - لا - سی - کی) [انگ کلاسیکل (Classical) کا مورد - صفت] اعلیٰ درجے کا - مستند - مسلّم الثبوت - ٹکسالی - (خصوصاً ادبیات میں)
**کُلاغ** - (کُ - لاغ - گ - لاغ) [ع - ۱ - مذ] جنگلی کوّا -
**کلافر** - (ک - لا - فر) [ق - ۱ - مذ] قرنفل - لونگ -
**کلاک** - (Clock) (ک - لاک) [انگ - ۱ - مذ] گھنٹا - وقت بتانے والی بڑی گھڑی -
**کلاکھات** - (۱ - مث) [ق] غداری - مکاری -
**کَلال** - (ک - لال) [ہ - ۱ - مذ] کلار - شراب بیچنے والا -
**کلال خانہ** - (ہ - ف - ۱ - مذ) شراب خانہ - شراب کی دُکان -
**کُلال** - (کُ - لال) [ف - ۱ - مذ] کوزہ گر - کمہار -
**کلام** - (ک - لام) [ع - ۱ - مذ] (۱) سخن - بات - گفتگو - (۲) (نحو) وہ عبارت جو کلموں سے مرتب ہو - (۳) شعر و سخن - نظم - (۴) [اثر] مقولہ - قول (۵) ملفوظات (۶) تصنیف - مضمون - (۷) اعتراض - عذر -
**کلامِ تام** - (۱- گرامر) وہ مرکب جو اپنے کلموں میں اسناد ہونے کے سبب سننے والے کو مزید کہنے والے کے پوری پوری خبر دے اور سننے والے کو مزید دریافت کرنے کی حاجت نہ رہے -
**کلام الملوک ملوک الکلام** - (ع - مثل) بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں -
**کلام اللہ** - (۱) خدا کا کلام - کلام الٰہی (۲) الہامی کتاب (۳) وہ خدائی کتاب جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے نازل ہوئی - قرآن شریف -
**کلام اللہ اٹھانا** - (ع - ۱ - مذ) قرآن شریف اٹھا کر قسم کھانا -
**کلام کرنا** - (۱- محاورہ) (۱) بولنا - بات چیت کرنا - (۲) جھگڑنا - بحث کرنا - (۳) شبہ کرنا -
**کلام کی جگہ** - (۱- مث) کچھ کہنے سننے کا محل - اعتراض کا مقام -
**کلام گرم** - (ع - ف - ۱ - مذ) شوخ کلام -
**کلام مجید** - (ع - ۱ - مذ) بزرگ کلام - قرآن مجید -
**کلام ناقص** - (نحو) وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو - مرکب غیر مفید جیسے احمد کا غلام - محمود کا باپ - مرد عقل مند -
**کلام ہونا** - (۱- محاورہ) شک ہونا - اعتراض ہونا -
**کلام ہے** - (۱- محاورہ) اعتراض ہے - شبہ ہے -
**کلاں** - (ک - لاں) [ف - صفت] (۱) بڑا - بزرگ (۲) لمبا - طویل (۳) بلند - اونچا - (۴) وسیع - فراخ -
**کلانا** - (ق - بمعنی) بلانا - ہلا جلا دینا -
**کلانا** - (ق - بمعنی) بدلنا - پھینکنا -
**کلانا** - (ق - بمعنی) لڑانا - جھگڑا کرنا -
**کلانا** - (کَل - لانا) [ہ - بمعنی] (۱) چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا درد کرنا - (۲)



Marfat.com

سوزش ہونا۔ (۴) جلنا۔

**کَلانا** ۔ (کَ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پھٹکنا۔ رولنا۔ اناج کا چھڑانا۔

**کَلانج** ۔ (کَ ۔ لانج) [اُ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے قُلانج۔

**کلاونت** ۔ (کَ ۔ لاں ۔ وَنت) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کے ڈوم (۲) مغنی۔ گویا۔

**کلاوَہ** ۔ (کَ ۔ لا ۔ وَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) نکلے پر لپیٹا ہوا کچا سوت۔ (۲) (اَ) سُرخ سوت۔ مولی۔

**کُلاہ** ۔ (کُ ۔ لاہ) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) لمبی ٹوپی۔ (۲) تاج شاہی۔ (۳) ٹوپی۔

**کلاہِ تتری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) تاتاری ٹوپی۔ (۲) تاج شاہی۔

**کلائمکس** ۔ (Climax) ۔ (ک ۔ لا ۔ ای ۔ میکس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ۔ نقطۂ عروج ۔ منتہائے کمال۔ انتہا۔

**کلائی** ۔ (کَ ۔ لا ۔ اِیْ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ساعد۔ پہنچا۔ ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصّہ۔ (۲) قلعی۔ (ق)

**کلائی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اپنی کلائی کو حریف کے ہاتھ سے چھڑا کر اُس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا۔

**کلائیاں مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھوڑے یا شیر وغیرہ کا پاؤں اُٹھا کر خاص انداز سے چلنا۔

**کلَب** ۔ (Club) ۔ (کَ ۔ لَب) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) انجمن ۔ سبھا۔ بزم۔ (۲) ڈنڈا۔ سونٹا۔ لٹھ۔ (۳) گاف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا۔

**کَلب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کُتّا۔ جمع ، اکلاب۔

**کَلبَل** ۔ (کَل ۔ بَل) [ھ ۔ ا ۔ مث] آفت۔

**کِلبِل** ۔ (کِل ۔ بِل) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) کیڑوں کا رینگنا۔ (۲) کچر پچر۔ (۳) بچے کچے۔

**کِلبلانا** ۔ (کِل ۔ بِ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔ کلبل کرنا۔

**کُلبُلانا** ۔ (کُل ۔ بُ ۔ لا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) آہستگی سے ہلنا۔ (۲) کھجانا۔ (۳) بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ (۴) کیڑوں کا رینگنا۔ (۵) انتڑیوں کا بولنا۔ (۶) گدگدیاں کرنا۔

**کُلبُلاہٹ** ۔ (کُل ۔ بُ ۔ لا ۔ ہٹ) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) کیڑوں کا رینگنا۔ (۲) آہستگی سے حرکت کرنا۔

**کُلبہ** ۔ (کُل ۔ بہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) چھوٹا سا گھر۔ غریبوں کا جھونپڑا۔ (۲) گوشہ۔ کونا۔

**کُلبۂ احزان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) غم کدہ۔ غموں کا گھر۔ ماتم کدہ۔

**کلبی** ۔ (ع ۔ صف) دنیا سے بیزار۔ ناک چڑھا۔

**کلبیّت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) مردم بے زاری۔ عیش سے نفرت۔

**کلپ** ۔ (س ۔ ا ۔ مذکر) وید کے چھ انگوں میں کا ایک انگ۔ وید کی ایک فصل۔ (۲) قیامت۔ (۳) خطرہ۔ اندیشہ (۴) شک و شبہ (۵) مطلب مراد۔ (۶) دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ۔ (۷) صرف و نحو۔ گرامر۔

**کلپ برچھ۔ کلپ برکش** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) بہشت کا ایک درخت۔

**کلپ** ۔ (Clip) (کِ ۔ لپ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا کرنے کی چٹکی

**کَلپانا** ۔ (کَل ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] ستانا۔ دُکھ دینا۔ ظلم کرنا۔ بیقرار کرنا۔ تڑپانا۔

**کَلَپنا** ۔ (کَ ۔ لَپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دُکھ پانا۔ ستایا جانا۔ کُڑھنا۔ (۲) کوسنا۔ بددُعا دینا۔ (۳) افسوس کرنا۔

**کلتکا** ۔ (کَل ۔ تَ ۔ کا) [ق ۔ ا ۔ مذ] معمار۔

**کُلتن** ۔ (کُ ۔ لَت ۔ تَن) [ق ۔ صف] بُرا۔ بدسلیقہ۔

**کُلتھی** ۔ (کُل ۔ تھی) [ھ ۔ ا ۔ مث] ماش۔

**کَلٹا** ۔ (کَل ۔ ٹا) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا کھانچا۔

**کِل جانا** ۔ (کِل ۔ جا ۔ نا) [ھ ۔ مص] کیلا جانا۔ (۲) منتر کے ذریعے قابو کر لینا۔

**کَل جُگ** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) وہ زمانہ جس میں گناہ کی کثرت ہو۔ بہت بُرا زمانہ۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق چوتھا جُگ۔

**کلچ** ۔ (کَ ۔ لچ) (Clutch) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ آلہ جس سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ہے۔

**کُلچا ۔ کُلچہ** ۔ (کُل ۔ چا ۔ کُل ۔ چہ) [اُ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے۔

**کُلچا سا** ۔ (ا ۔ صف) کلچے کی مانند پھولا ہوا۔

**کلچر** ۔ (Culture) (کَل ۔ چَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ثقافت۔ تہذیب۔ ترقی (ذہنی) (۲) زراعت۔ کاشت۔ کھیتی۔

**کلچڑا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک خوش آواز پرندہ۔ (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) فقیر۔ (۴) کالے رنگ کا۔

**کَلچَرل** ۔ (Cultural) ۔ (کَل ۔ چَ ۔ رَل) [انگ ۔ صف] تہذیبی۔ ثقافتی۔

**کَلچھَن** ۔ (کُ ۔ لچھ ۔ چھَن) [ھ ۔ صف] بدچلن۔ بدکردار

**کلچی** ۔ (کَل ۔ چی) [ق ۔ ا ۔ مث] انگلیوں کا جوڑ۔

**کَلَر** ۔ (کَل ۔ لَر) (ہ ۔ صف) (۱) بنجر۔ شور۔ (۲) (مث) وہ زمین جس میں شورئیت کے سبب کچھ پیدا نہ ہو۔ (۳) [مذ] شور۔

**کُلَر** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) چوہا۔ لٹیرا۔

**کلرک** ۔ (Clerk) (کَ ۔ لَرک) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) محرّر۔ منشی۔ متصدی۔ اہلمد۔

**کلرکی** ۔ (کَ ۔ لَر ۔ کی) [اُ ۔ ا ۔ مث] منشی گری۔ محرّری۔ (Clerkship)

**کَلرِن** ۔ (کَل ۔ رِن) [ھ ۔ ا ۔ مؤنّث] چونا لگانے والی عورت۔

**کَلَس** ۔ (کَ ۔ لَس) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گنبد کے اُوپر کا نوک دار حصّہ۔ (۲) سنہری کلغی جو مندروں، مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے۔

**کَلسا** ۔ (کَل ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا۔ دیگچہ۔ گاگر۔



Marfat.com

**کلسٹ** - (کَل - سَٹ) [ق - صفت] کالا - سیاہ -
**کلغی** - (کَل - غی) [اُر - ا - مث] (۱) پرندوں کے خوش نما پر جو بادشاہ اپنے تاج - ٹوپی یا پگڑی پر لگاتے ہیں - جیغہ - طُرّہ - (۲) مور یا پرندوں کے سر کا تاج - پرندوں کی چوٹی - (۳) کلس -
**کُلَف** - (ق - ا - مذ) قفل - تالا -
**کلفا** - (کَل - فا) [اُر - ا - مذ] ایک سُرخ رنگ کا پھول -
**کَلَف** - (کَ - لَف) [اُر - ا - مذ] ایک پکا ہُوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبو دیتے ہیں - (۲) ہار - (۳) وہ سیاہ دھبے جو خون کے بگاڑ سے منہ پہ ہو جاتے ہیں - چھیپ - (۴) وسمہ - خضاب -
**کُلفت** - (کُل - فَت) [ع - ا - مث] (۱) رنج - تکلیف - مصیبت - (۲) کدُورت - رنجش -
**کُلفت دُور ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) رنج و تکلیف کا دُور ہونا - (۲) کدُورت کا جاتا رہنا -
**کُلفہ** - (کُل - فہ) [ھ - ا - مذ] دیکھیے قُلفہ اور خرُفہ -
**کِلک** - (ف - ا - مذ و مث] نیزہ جس کا قلم بناتے ہیں - نَے - نرسل - (۲) [اُر] قلم - خار -
**کِلکار مارنا** - (کِل - کار) [ق - محاورہ] زور سے چلّانا -
**کِلکارنا** - (کِل - کار - نا) [ا - محاورہ] پکارنا - نعرہ لگانا - چیخنا -
**کِلکاری** - (کِل - کا - ری) [ہ - ا - مث] چیخ - زور کی آواز - (۲) بندر کی آواز -
**کِلکاری مارنا** - (ا - محاورہ) - (۱) چیخ مارنا - چلّانا - قہقہہ لگانا - کُوکنا - زور سے پکارنا - (۲) بندر کا کلکیانا - بندر کا چیخ مارنا -
**کِلکانا** - (کِل - کا - نا) [ق - مص] (۱) بد دُعا دینا - (۲) شور کرنا -
**کُلکٹر** - (Collector) (کُ - لَک - ٹر) [انگ - ا - مذ] (۱) صاحب ضلع - ڈپٹی کمشنر (۲) محصّل - وصول کرنے والا - اُگاہنے والا -
**کُلکٹری** - (کُ - لَک - ٹَ - ری) [ہ - ا - مث] (۱) کلکٹر کا عُہدہ - (۲) کلکٹر کا کام - (۳) کلکٹر کی کچہری -
**کِلکِل** - (کِل - کِل) [ھ - ا - مث] (۱) بک بک - (۲) جھگڑا - (۳) شور و غل - (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا -
**کِلکِل پٹ پٹ** - (ا - مث) (۱) بکواس - بک بک (۲) جھگڑا - فساد -
**کِلکِل کانٹا** - (ا - مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں لکیریں کھینچ کھینچ کر چھپا دیتے ہیں -
**کِلکِل کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) بکواس کرنا - (۲) باہم تکرار کرنا - (۳) دماغ پریشان کرنا -
**کِل کلاٹ** - (ق - ا - مونث) صبر - آہ -
**کلبلانا** - (کُل - بِ - لا - نا) [ھ - مص] کاٹ کھانے کو دوڑنا - بدمزاج اور ترش رُو ہونا - چڑچڑانا -
**کِلکم** - (کِل - کَم) [ق] آنجن -
**کِلکنا** - (کِ - لَک - نا) [ھ - مص] (۱) کبوتر کے بچے کا پرواز میں تیزی کرنا - (۲) چوپایوں کے بچّوں کا میدان میں اُچھلنا کُودنا - (۳) نگلنا - زہر مار کرنا - بے رغبتی سے کھانا -
**کلکُوٹ** - (کِل - کُوٹ) [ق] ہوس - لالچ -
**کِلکی** - (کِل - کی) [ق - ا - مونث] تتیا کو پینے کی نَے -
**کلما** - (کَل - ما) [اُر - ا - مذ] دُلمہ - مسالے دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی -
**کَلِمات** - (کَ - لِ - مات) [ع - ا - مذکر و مونث] کلمہ کی جمع -
**کَل مُکھی** - (ق - صفت) سیاہ رُو - کالی -
**کَلِمہ** - (کَ - لِ - مَہ) [ع - ا - مذ] (۱) لفظ - بات - قول (۲) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے - (۳) دین اسلام کی صداقت کا عقیدہ (مجازاً) خدا کا نام - جمع : کلمات -
**کلمۃُ الحق** - (ع - ا - مذ) سچی بات - حق کی بات - انصاف کی بات -
**کلمۃُ الخیر** - (ع - ا - مذ) نیک بات - نیک صلاح -
**کلمہ بھرنا** - (ا - محاورہ) (۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنا - خدا کا نام لینا - (۲) کسی کا کمال معتقد اور والا و شیدا ہونا -
**کلمہ پڑھانا** - (ا - محاورہ) مسلمان بنانا - اسلام میں لانا -
**کلمہ پڑھنا** - (ا - محاورہ) (۱) خدا تعالٰے کی توحید کا اقرار کرنا - کلمۂ شہادت کو زبان سے نکالنا - مسلمان ہونا - (۲) خدا کا نام لینا - (۳) کسی کی اطاعت و فرمانبرداری کرنا - (۴) کسی بات میں اُستاد یا کامل ماننا - (۵) کسی کا نام یاد کرتے رہنا - (۶) کسی کا عاشق اور شیدا ہونا -
**کلمہ پڑھوانا** - (ا - محاورہ) مطیع کرنا - فرمانبردار کرنا -
**کلمۂ تکبیر** - (ع - ا - مذ) اللہ اکبر سے مُراد ہے -
**کلمۃُ اللہ** - (ع - مذ) مراد حضرت عیسٰی علیہ السلام -
**کلمۂ شہادت** - اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ - اس میں صرف خدا ہی کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بندہ اور رسول ہونے پہ گواہی دی جاتی ہے -
**کلمۂ طیّبہ** - (ع - ا - مذ) پہلا کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
**کلمۂ کُفر** - (ع - ا - مذ) (۱) وہ بات جس سے دین کی مخالفت یا اہانت ہو - (۲) غرور گھمنڈ کی بات -
**کلمہ گو** - (ع - ا - صفت) (۱) مسلمان - دین اسلام کا کلمہ پڑھنے والا (۲) [اُر] کسی کا معتقد - (۳) کسی کا خیر طلب -
**کلمے کا شریک** - (ا - مذ) ایک ہی خدا اور ایک ہی رسول کا کلمہ پڑھنے والا - مسلمان بھائی - دینی بھائی -
**کلمے کی اُنگلی** - انگوٹھے کے پاس کی انگلی - انگشت شہادت - سبابہ -



Marfat.com

**کَلَن** ۔ (کَ۔ لَن) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) زخم کی ٹیس ۔ (۲) درد ۔
**کِلنا** ۔ (کِل۔ نا) [ق۔ مص] کراہنا
**کَلَنتَر** ۔ (کَ۔ لَن۔ تَر) [ق۔ ا۔ مذ] بدسلیقہ ۔
**کَلَنج** ۔ (کَ۔ لَنج) [ہ۔ ا۔ مذ] چلتے وقت گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا ۔ (۲) ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی ۔
**کُلَندرا** ۔ (کُ۔ لَن۔ دَ۔ را) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) فرد۔ فہرست ۔ قرار داد ۔ جُرم ۔ (۲) جنتری ۔
**کَلَنک** ۔ (کَ۔ لَنک) [س۔ ا۔ مذ] عیب ۔ الزام ۔ بدنامی ۔ داغ ۔ دھبا ۔
**کَلَنک کا ٹیکا** ۔ (ا۔ مذ) بدنامی کا دھبا ۔ داغِ رُسوائی ۔ رُوسیاہی ۔
**کَلَنک کا ٹیکا لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عیب لگنا ۔ رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا ۔ الزام دھرا جانا ۔
**کَلَنکہ** ۔ (کَ۔ لَن۔ کہ) [ق۔ ا۔ مث] کسوٹی ۔
**کُلَنگ** ۔ (کُ۔ لَنگ) [ق۔ ا۔ مذ] قاز ۔ کونج ۔ ایک مٹیالا لمبی گردن کا پرندہ (۲) (اُر۔ مجازاً) لمبی ٹانگوں والا آدمی ۔
**کُلَنگڑا** ۔ (کُ۔ لَنگ۔ ڑا) [ق۔ ا۔ مذ] تربُوز
**کِلَنگڑا** ۔ (کِ۔ لَنگ۔ ڑا) [ق۔ صف] موٹا ۔ فربہ ۔
**کِلنی** ۔ (کِل۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] چیچڑی جو جانوروں کے جسم میں ہوتی ہے ۔
**کِلو** ۔ (Kilo) (کِ۔ لو) [پیہ ۔ سابقہ] ہزار مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔
**کِلوگرام** ۔ (Kilogram) ۔ ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولہ کے برابر وزن ۔
**کِلومیٹر** ۔ (Kilometer) ۔ ۵ فرلانگ یا گیارہ سو گز کے برابر کا فاصلہ ۔
**کِلوواٹ** ۔ (Kilowatt) ۔ برقی طاقت کا درجہ ۔
**کَلُّو** ۔ (کَل۔ لُو) [ھ۔ صف] کالے رنگ کا آدمی ۔ حبشی ۔ سیاہ فام ۔ کالا کلوٹا ۔ (مونث کے لیے واوِ مجہول کے ساتھ مستعمل ہے)
**کَلوا** ۔ (کَل۔ وا) [ہ۔ صف] کالا کلوٹا ۔ سیاہ فام ۔ (۲) (مذکر) کالا کتا ۔
**کلوا بیر** ۔ (کالا دیو ۔ کالے رنگ کا ایک فرضی مؤکل)
**کَلوار** ۔ (کَل۔ وار) [ھ۔ ا۔ مذ] کلال ۔ شراب بنانے اور بیچنے والا ۔
**کِلوانا** ۔ (کِل۔ وا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) منتر سے قابو کرانا ۔ (۲) بند کروانا ۔
**کَلوٹا** ۔ (کَ۔ لو۔ ٹا) [ھ۔ صف] کالا ۔ سیاہ فام ۔
**کُلوخ** ۔ (کُ۔ لوخ) [ف۔ ا۔ مذ] مٹی کا ڈھیلا ۔ کچی یا پکی اینٹ کا روڑا ۔
**کلوخ انداز را پاداش سنگ است** ۔ (ف۔ مثل) اینٹ کا جواب پتھر ۔ خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سخت سزا ملتی ہے ۔
**کَلور** ۔ (کَ۔ لور) [ھ۔ ا۔ مث] گائے کا بچہ جو جوان ہونے کے قریب ہو ۔
**کلورائیڈ** ۔ (Chloride) ۔ (کَ۔ لو۔ را۔ اِڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] کلورین کا مرکب ۔

**کلوروفارم** ۔ (Chloroform) (کَ۔ لو۔ رو۔ فا۔ رم) [انگ۔ ا۔ ...] فارمولے سے بے ہوشی ۔ ایک رقیق دوا جو بیہوشی پیدا کرتی ...
**کلورین** ۔ (Chlorine) ۔ (کَ۔ کلو۔ رین) [ک۔ لو۔ رین] ایک ... انگریزی دوا ۔
**کلوکیم** ۔ (Colocuim) ۔ (ک۔ لو۔ ک۔ اَم) [انگ۔ ا۔ ...] مجلس مذاکرہ ۔
**کلول** ۔ (کَ۔ لول ۔ کَ۔ لول) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) کھیل کود ۔ اچھل کو... (۲) دل لگی ۔ سیر ۔ (۳) شوخی ۔ چلبلا پن ۔ پیارا مذاق ۔
**کلول کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کھیلنا ۔ کودنا ۔ (۲) خوشی میں بولنا ۔ چہچہانا ۔ (۳) مزے لوٹنا ۔ باہم ہنسنا بولنا ۔
**کَلَونجی** ۔ (کَ۔ لَون۔ جی) [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کے سیاہ بیج جو اکثر اچار میں ڈالے جاتے ہیں ۔
**کَلَونس** ۔ (کَ۔ لَونس) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) کالک ۔ سیاہی کا جل ۔ (۲) داغ دھبا ۔ (۳) بدنامی ۔
**کلویٹ** ۔ (کَل۔ ویٹ) [ق] (۱) ہرن کا نر ۔ (۲) کالا ۔
**کُلَہ** ۔ (کُ۔ لَہ) ۔ [ف۔ ا۔ مذ] کُلاہ کا مخفف ۔ ٹوپی ۔
**کُلَہ شجرہ** ۔ (۱) سلسلہ خاندان ۔ (۲) [اُر] مال ۔ اسباب ۔ استر بستر ۔
**کَلَّہ** ۔ (کَل۔ لہ) [ف۔ ا۔ مذکر] سر ۔ کھوپڑی ۔ دیکھیے کلا ۔
**کَلہارنا** ۔ (کَل۔ ہار۔ نا) [ہ۔ مص] دال کا چھلکا جلا کر اُتارنا ۔
**کَلہاری** ۔ (کَل۔ ہاری) [ھ۔ ا۔ مث] جھگڑالو عورت ۔ جنگجو عورت ۔
**کُلہاڑا** ۔ (کُل۔ ہا۔ ڑا) [ھ۔ ا۔ مذ] بڑی کلہاڑی جس سے لکڑی کاٹتے اور پھاڑتے ہیں ۔
**کُلہاڑی** ۔ (کُل۔ ہا۔ ڑی) [ھ۔ ا۔ مث] لکڑی پھاڑنے اور کاٹنے کا چھوٹا آلہ ۔
**کَلہَڑ** ۔ (کَل۔ ھَڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) مٹی کا بڑا آبخورہ ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔
**کُلہُم** ۔ (کُل۔ لُ۔ ہُم) [ع۔ تابع فعل] (۱) سب کا سب ۔ پورا کا پورا ۔ (۲) [صف] سب ۔ تمام ۔ کامل ۔ پورا ۔ (۳) [اُر] صرف ۔ فقط ۔
**کُلھیا** ۔ (کُلھ۔ یا) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا سا مٹی کا گول برتن ۔ (۲) چھوٹا سا آبخورہ ۔ (۳) چھوٹی سی ہانڈی جس میں جانوروں کا دانہ پانی یا کھانا پڑا رہتا ہے ۔
**کُلھیا سا** ۔ (ا۔ صف) بہت تنگ ۔ سکڑا ہوا ۔ چھوٹا سا ۔
**کُلھیا میں گڑ پھوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ۔ (۱) چھپ کر کوئی کام کرنا (۲) ناممکن کام کرنا ۔
**کُلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے** ۔ (ا۔ مثل) ۔ (۱) بُرا کام چھپ کر نہیں ہو سکتا ۔ (۲) راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا ۔
**کَلی** ۔ (کَ۔ لی) [س۔ ا۔ مث] (۱) غنچہ ۔ بن کھلا پھول ۔ شگوفہ ۔ (۲) کونپل ۔ (۳) دوشیزہ ۔ کنواری ۔ باکرہ ۔ (۴) پرندوں کے ننھے اور چھوٹے پر ۔ (۵) مثلثی تراش کا کپڑا جو پاجاموں اور انگرکھوں وغیرہ



Marfat.com

میں ڈالتے ہیں۔ نرینہ (۶) ایک قسم کا صُراحی دار حُقّہ۔ (۷) نرچونا۔ قلعی۔ (۸) شُعلہ۔ چراغ کی لَو۔ دق)

**کلی چٹکنا۔** (پھُولنا۔ کھِلنا)۔ (ا۔ محاورہ) (۱) غنچہ کا شگفتہ ہونا پھُول کھِلنا۔ (۲) فرحتِ دل اور انبساطِ خاطر۔ خوشی ہونا۔

**کلی مرجھانا۔** (ا۔ محاورہ) غنچہ پژمردہ ہونا۔ (۲) طبیعت بجھ جانا۔ (۳) کبیدہ ہونا۔

**کُلّی۔** (کُل۔ لی) [ہ۔ا۔ مث] مُنہ میں پانی بھر کر گُلگلنا۔ غرغرہ۔ غرارہ۔

**کُلّی۔** (کُل۔ لی) [ع۔ صف] (۱) سارا۔ پُورا۔ تمام۔ کامل۔ سموچا۔ (۲) منطق کی اصطلاح ہیں جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شریک ہوں۔ جیسے انسان۔ حیوان۔ جمع: کُلّیات

**کِلّی۔** (کِل۔ لی) [ہ۔ا۔ مث] (۱) میخ۔ (۲) کھُونٹی۔ کیل۔ (۳) چچڑی۔ (۴) کُنجی۔

**کُلیا۔** (کُل۔ یا) [ہ۔ا۔ مث] (۱) کلھیا (۲) تنگ کوچہ

**کُلّیات۔** (کُل۔ لی۔ یات) [ع۔ا۔ مذ و مث] کُلّی کی جمع۔ ایک ہی شخص کی منظومات یا تصنیفات کا مجموعہ۔

**کلیان۔** (کَل۔ یان) [ہ۔ا۔ مذ] ایک قسم کا چھوٹا سا حُقّہ۔

**کلیان۔** (کَل۔ یان) [س۔ا۔ مذ] (۱) خیریت۔ عافیت۔ (۲) خوشی آئندہ۔ (۳) سونا۔ زر۔ (۴) صاحبِ اقبال۔ (۵) ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے۔ اسے شام کلیان بھی کہتے ہیں۔

**کلیان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) صاحبِ اقبال ہونا۔ خوش طالع ہونا (۲) کھِلنا۔ پھُولنا۔ سرسبز ہونا۔ (۳) مرنا۔ فوت ہونا۔ (۴) فنا فی اللہ ہونا۔

**کلیانا۔** (کَل۔ یا۔ نا) [ہ۔ مص] درختوں میں شگوفوں کا آنا۔ (۲) پرندوں کا نئے پَروں پہ آنا۔ نئے پَر نکلنا۔

**کُلّیتہً۔** (کُل۔ لی۔ یَ۔ تنْ) [ع۔ تابع فعل] پُورے طور پہ۔

**کلیجا۔** (کَ۔ لے۔ جا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) جگر۔ ایک عضو (۲) [مجازاً] ہمت۔ جُرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔ (۳) [کنایتہً] نہایت عزیز۔ دوست۔ (۴) (عوام) مطلق دل (۵) کلمۂ تنفر۔

**کلیجا اُچھلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل دھڑکنا۔ گھبرا جانا۔ (۲) خوشی کے مارے بے تاب ہو جانا۔

**کلیجا اُڑا جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل کا نہایت پریشان ہو جانا۔ اوسان اُڑ جانا۔

**کلیجا اُلٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل اُلٹ جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ (۲) قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا۔

**کلیجا اُمنڈنا۔** (ا۔ محاورہ) رِقّت طاری ہونا۔

**کلیجا بلّیوں** (یا بانسوں) **اُچھلنا۔** (ا۔ محاورہ) کمال بے چینی اور اضطراب ہونا۔

**کلیجا بڑھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل بڑھ جانا (۲) جوشِ مسرت سے باغ باغ ہو جانا۔

**کلیجا بیٹھا جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل کا خوف اور ناتوانی کے باعث ڈوبا جانا۔ نہایت مضمحل ہوا جانا۔

**کلیجا پاش پاش ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ دل خُون ہو جانا۔ دل کُڑھنا۔

**کلیجا پتّھر ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل کا نہایت سخت ہو جانا۔

**کلیجا پک جانا۔** (ا۔ محاورہ) دُکھی ہو جانا جلتے جلتے کباب ہو جانا چھاتی پک جانا۔

**کلیجا پکڑ کر رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ (۲) کسی صدمے کی بے تابی کو روکنے کے لیے کلیجے پہ ہاتھ رکھنا۔

**کلیجا پکڑ لینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی صدمے سے بے تاب اور مضطرب ہو جانا۔

**کلیجا پک کر کے پھوڑا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کمال صدمہ پہنچنا۔

**کلیجا پکنا۔** (ا۔ محاورہ) عاجز آنا۔ دل جلنا۔ تنگ آ جانا۔ چھاتی کا پکنا۔

**کلیجا پھٹا جانا۔** کسی صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔

**کلیجا پھٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل پاش پاش ہو جانا۔ (۲) کسی کے تیرِ نظر کا گھائل ہو جانا۔ (۳) رشک سے جل مرنا۔ (۴) دُکھ سے رہ جانا۔

**کلیجا پھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کی مصیبت نہ دیکھ سکنا۔ ترس آنا (۲) دل پہ صدمہ گذرنا۔ دل بھر آنا۔ (۳) جلنا۔ رشک کھانا۔ حسد کرنا۔

**کلیجا پھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) کلیجا بے تاب ہونا۔

**کلیجا پھُنکنا۔** (ا۔ محاورہ) کلیجا جلنا۔

**کلیجا تر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پوٹ تر ہونا۔ دولت کے سبب بے فکر ہونا۔ دولت مند ہونا۔

**کلیجا تھام تھام کر رونا۔** (ا۔ محاورہ) بے تابانہ گریہ وزاری کرنا۔ زار و قطار رونا۔ بے تابی کے باعث دل کو پکڑ پکڑ کر رونا۔

**کلیجا تھام کر رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ نہایت بے قرار اور بے تاب ہو جانا۔ تڑپ کر رہ جانا۔ (۲) صبر کر بیٹھنا۔ رنج و غم کا اظہار نہ کر سکنا۔

**کلیجا تھام لینا۔** (ا۔ محاورہ) صدمے کی شدّت سے جگر پکڑ لینا۔ سخت بے چین ہونا۔

**کلیجا تھر تھرانا۔** (ا۔ محاورہ) سخت سردی لگنا۔ (۲) سخت خوف اور وحشت ہونا۔

**کلیجا ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) دل پہ چوٹ لگنا۔ دل پہ صدمہ پہنچنا۔

**کلیجا ٹوک ٹوک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دل پھٹنا۔ دل پہ صدمہ گذرنا۔ دل بے تاب ہونا۔

**کلیجا ٹھنڈا رہنا۔** (ا۔ محاورہ) ماتا خوش رہنا۔ جی خوش رہنا۔ چین اور



Marfat.com

دُکھ سے رہنا۔

**کلیجا ٹھنڈا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چین دینا۔ تسکین دینا۔ کسی کو خوش کرنا۔ خوشی پانا۔ راحت حاصل کرنا۔

**کلیجا ٹھنڈا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جی خوش ہونا۔ دل کو آرام ملنا۔ (۲) تسلّی پانا۔ (۳) صبر آنا۔ چین آنا۔

**کلیجا جلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل جلانا۔ آزردہ کرنا۔ (۲) (کنایۃً عوام) زیادہ حُقّہ پینا۔ (۳) کلیجے پر کسی گرم چیز کا اثر کرنا۔

**کلیجا جلنا۔** (ا۔ محاورہ) کوفت ہونا۔ آزردگی ہونا۔

**کلیجا جلی۔** (ا۔ صفت) دل سوختہ۔ غم رسیدہ۔

**کلیجا چاہیے۔** (ا۔ محاورہ) ہمّت چاہیے۔ حوصلہ چاہیے۔

**کلیجا چھلنی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) طعن و تشنیع سے سخت رنج پہنچنا۔ باتوں کا سخت ناگوار گزرنا۔

**کلیجا چھیدنا۔** (ا۔ محاورہ) دل صدمہ پہنچانا۔ بولی مارنا۔ طعن و تشنیع سے رنج پہنچانا۔

**کلیجا خون کرنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔

**کلیجا دھڑکنا۔** (ا۔ محاورہ) خوف یا اندیشے کے باعث دل کانپنا۔ دل لرزنا۔ دل کپکپانا۔ دل میں دھڑکن ہونا۔

**کلیجا دھک دھک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل کانپنا۔ خوف چھا جانا۔

**کلیجا دھک سے ہو جانا (رہ جانا)۔** (ا۔ محاورہ) دل پہ خوف چھا جانا۔ صدمہ سا گزرنا۔ دل دہل جانا۔ (۲) متحیّر ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ دنگ رہ جانا۔

**کلیجا سراہنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کی عالی ہمّتی کی تعریف کرنا۔

**کلیجا سُلگانا۔** (ا۔ محاورہ) دل جلانا۔ دل کباب کرنا۔ رنج کرنا۔

**کلیجا سنبھالنا۔** (ا۔ محاورہ) دل تھام لینا۔ دل کو قابو میں کرنا۔

**کلیجا کاڑھ لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ڈائن کی طرح جگر کھا جانا۔ (۲) فریفتہ کر لینا۔ دل چھین لینا۔ (۳) چوٹی کی یا بیچ کی عمدہ چیز نکال لینا۔

**کلیجا کانپنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) خوف چھانا۔ دل کا لرز جانا۔ (۲) سردی لگنا۔ کپکپی چھُوٹنا۔

**کلیجا کباب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) جی جھُلسنا۔ دل جلنا۔ کوفت ہونا۔

**کلیجا کٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہیرے کی کنی یا کوئی اور زہریلی چیز کھا جانے سے دل یا جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ (۲) خونی دست آنا۔ اسہال آنا۔ (۳) دل دُکھنا۔ دل پہ نہایت صدمہ گزرنا۔ (۴) حادثہ گزرنا۔

**کلیجا کھرچنا۔** (ا۔ محاورہ) خوب بھوک لگنا۔

**کلیجا کھلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دولت کھلانا۔ (۲) [کنایۃً] جان تک نکال کر حوالے کر دینا۔ از حد خاطر تواضع کرنا۔

**کلیجا مَسوس کر رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) صدمے کو ضبط کر کے چُپ رہ جانا۔ دل مار کر رہ جانا۔

**کلیجا ملنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی صدمے سے بے تاب ہو کر دل کو پکڑ لینا۔ دل دُکھانا۔

**کلیجا مُنہ کو آنا۔** (ا۔ محاورہ) دل گھبرانا۔ جی اُکتانا۔ خفقان ہونا۔

**کلیجا نکال کے (کر) لے جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کی دولت لے جانا۔ مال مار کر لے جانا۔ (۲) چُن کر سب سے اچھی چیز لے جانا۔

**کلیجا نکال کر (کے) رکھ دینا۔** (ا۔ محاورہ) جان دے دینا۔ مر جانا۔ (۲) بہترین چیز نکال کر دینا۔ (۳) کسی امر کی صداقت کے لیے بے حد کوشش کرنا۔

**کلیجا نکال لینا۔** (ا۔ محاورہ) دیکھیے کلیجا کاڑھ لینا۔

**کلیجا ہاتھ بھر کا ہو جانا۔ کلیجا ہاتھ بھر بڑھ جانا۔ کلیجا ہاتھوں بڑھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہمّت بڑھ جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔

**کلیجا ہل جانا۔** (ا۔ محاورہ) خوف یا دہشت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کمالِ خوف ہونا۔

**کلیجے پہ پتھر رکھ لینا۔** (ا۔ محاورہ) صبر کرنا۔

**کلیجے پہ تیر یا چوٹ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) سخت اندرونی صدمہ پہنچنا۔

**کلیجے پہ چھُری سی چل جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل پہ تیر سا لگنا۔ دل پہ صدمہ سا گزرنا۔

**کلیجے پہ سانپ لوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) دل پہ نہایت افسوس سا گزرنا۔ رشک گزرنا۔ حسد گزرنا۔ رنج و صدمہ گزرنا۔

**کلیجے پہ گھونسا سا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) دل پہ نہایت صدمہ گزرنا۔ دل پہ چوٹ لگنا۔

**کلیجے پہ ہاتھ دھر کے دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) اپنے دل کا سا حال دوسرے کے دل کا جاننا۔

**کلیجے پہ ہاتھ دھرے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) بے تاب اور مضطرب ہو کر پھرنا۔ دل پکڑے پھرنا۔

**کلیجے سے دُھواں اُٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) کمال دل جلنا۔ نہایت بے چینی اور برافروختگی ہونا۔ دل سے دُھواں نکلنا۔

**کلیجے سے لگا کے رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت عزیز کر کے رکھنا۔ (۲) کمال احتیاط اور حفاظت سے رکھنا۔ (۳) چھُپا کے رکھنا۔ (۴) جان سے زیادہ رکھنا۔

**کلیجے کا ٹکڑا۔** (ا۔ مذ) لختِ جگر۔ نورِ چشم۔ پارۂ دل۔

**کلیجے کے اندر پھانسی لگنا۔** (ا۔ محاورہ) اندرونی صدمہ یا رنج پہنچنا۔

**کلیجے کے پار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) سخت ناگوار ہونا۔

**کلیجے میں آگ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دل جگر یا سینے میں کسی چیز کے کھا جانے سے سوزش ہونا۔ (۲) نہایت پیاس اور تشنگی ہونا۔ (۳) کسی صدمے سے دل کا بیقرار ہونا۔

**کلیجے میں برچھی گڑنا۔** (ا۔ محاورہ) رُوحانی ایذا یا صدمہ پہنچنا۔

**کلیجے میں پنکھے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) کمال بے قراری ہونا۔

**کلیجے میں چٹکیاں لینا۔** (ا۔ محاورہ) دل جلانا۔ طعنے مہنے کی باتوں سے ذہنی صدمہ پہنچانا۔

**کلیجے میں چھید ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) کمال ایذا پہنچانا۔



Marfat.com

**کلیجے میں ڈال رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) فرطِ محبت کے باعث یا ممتا کے مارے دل کے اندر رکھ لینا
**کلیجے میں ہاتھ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دل میں گھر کرنا۔ مقرب اور عزیز ہونا۔ (۲) دولت پہ ہاتھ مارنا۔ (۳) دل دُکھانا۔ تکلیف دینا۔
**کلیجی** ۔ (کَ۔ لِ۔ جی) [ھ۔ ا۔ مث] بکرے وغیرہ کا کلیجا جس میں جگر، دل پھیپھڑا، تلی وغیرہ شامل ہے۔
**کُلیچہ** ۔ (کُ۔ لی۔ چَہ) [ف۔ ا۔ مذ] دیکھیے کُلچا۔
**کلید** ۔ (کَ۔ لید) [ف۔ ا۔ مث] چابی۔ کنجی (بکسر اوّل بھی صحیح ہے)
**کلیر** ۔ ((Clear) (کَ۔ لِ۔ یَر) [ انگ۔ صف] (۱) صاف۔ شفاف۔ (۲) ظاہر۔ واضح۔ صریح۔ ہویدا۔ (۳) کھُلا۔ بے روک۔ صاف (۴) بے باک۔ پاک۔
**کلیرنگ سیل** ۔ ((Clearing Sale)۔ (کلی۔ یَ۔ رنگ سیل) [ انگ۔ ا۔ مث]۔ دُکان کا موجُودہ مال ختم کرنے کے لیے سستے داموں فروخت۔
**کلیسا** ۔ (کَ۔ لی۔ سا) [ یو۔ ا۔ مذ] گرجا۔ قوم ترسا کا معبد۔
**کلیسائی** ۔ (کَ۔ لی۔ سا۔ ای) [ یو۔ صف] منسوب بہ کلیسا۔
**کلیسیا** ۔ (کَ۔ لِس۔ یا) [یو۔ ا۔ مذ] عیسائیوں کی ایک جماعت جو حضرت مریمؑ کے بُت کو پُوجتی ہے۔
**کلیش** ۔ (کَ۔ لیش) [س۔ ا۔ مذ] (۱) دُکھ۔ تکلیف۔ درد بختی۔ مُصیبت۔ (۲) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا۔
**کلیگڑا** ۔ (کلی۔ گڑا) [ق۔ ا۔ مذ] تربُوز
**کلیل** ۔ (کَ۔ لیل) [ھ۔ ا۔ مث] چوپایوں کا خوشی میں اُچھلنا۔ کُودنا۔
**کلیل میں غلیل لگنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خوشی کی حالت میں دفعۃً رنجش پیدا ہونا۔ رنگ میں بھنگ پڑنا۔
**کلیل** ۔ (کَ۔ لیل) [ف۔ صف] (۱) کُند۔ شست (۲) تھکا ہُوا۔ (۳) گُونگا۔
**کلیم** ۔ (کَ۔ لیم) [ع۔ صف] (۱) بات کرنے والا۔ ہم سخن۔ (۲) حضرت مُوسٰی علیہ السلام کا لقب۔
**کلیم اللہ** ۔ (ع۔ صف) خدا سے کلام کرنے والا۔ حضرت موسٰی علیہ السلام کا لقب۔
**کلیم** ۔ ((Claim)۔ (کِ۔ لیم) [ انگ۔ ا۔ مذ] (۱) حق۔ دعوٰی۔ مطالبہ۔ (۲) استغاثہ۔ نالش۔
**کلینر** ۔ (کلی۔ نَر) ( انگ۔ صف) صاف کرنے والا۔ (۲) لاری کے ڈرائیور کا مددگار۔
**کلینک** ۔ ((Clinic)) (کِ۔ لی۔ نِک) [ انگ۔ ا۔ مذ] صحت گاہ۔ شفاخانہ۔
**کُلیہ** ۔ (کُل۔ یَہ) [ ع۔ ا۔ مذ] گُردہ۔ ایک اندرونی عضو۔
**کُلیہ** ۔ (کُل۔ لِ۔ یَہ)۔[ ع۔ ا۔ مذ] (۱) جُزئیہ کی ضد۔ عام قاعدہ۔ (۲) کالج۔ (۳) یونیورسٹی۔ (۴) ہمگی۔ تمام پن۔ (۵) تمام وکمال۔ سب کا سب۔

# ک ۔ م

**کم** ۔ (ف۔ صف) تھوڑا۔ ذرا سا۔ خفیف۔ قلیل۔ (۲) ادنٰی۔ گھٹیا۔
**کم آزار** ۔ (ف۔ صف) تھوڑی تکلیف دینے والا۔
**کم اختلاطی** ۔ (ف۔ صف) ملنساری کی نقیض۔ الگ الگ رہنا۔
**کم از کم** ۔ (ف۔ صف) کم سے کم۔ بہت کم۔ تھوڑے سے تھوڑا۔
**کم اصل** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ صف) (۱) نیچ ذات کا۔ کمینہ۔ ذلیل۔ (۲) نالائق۔
**کم اصل سے وفا نہیں** ۔ (ا۔ مقولہ) کمینے سے وفاداری کی امید نہ رکھنی چاہیے۔
**کم اوقات** ۔ (ف۔ ع۔ صف) کم حیثیت۔ بے حیثیت۔
**کم بخت** ۔ (ف۔ صف) بدبخت۔ بدنصیب۔ ابھاگی۔
**کم بخت گئے ہاٹ۔ ترازو ملے نہ باٹ** ۔ (ا۔ مثل) بدنصیب دُکان سے سودا لینے جاتے تو ترازو اور باٹ نہیں ملتے۔ نہایت بدنصیبی کے اظہار پہ بولتے ہیں۔
**کم بختی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بدبختی۔ بدقسمتی۔ (۲) بدشگونی۔ بدفالی۔ (۳) مصیبت۔ بُرے دن۔
**کم بختی آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) شامت آنا۔ بُرے دن آنا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت نازل ہونا۔
**کم بختی جب آئے اُونٹ چڑھے کو کُتا کاٹے** ۔ (ا۔ مثل) بدنصیبی میں چاہے لاکھ احتیاط کرو، ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے۔
**کم بختی کا مارا** ۔ (ا۔ مذ) بدنصیبی کا مارا ہُوا۔ بدنصیب۔
**کم بختی کے دن** ۔ (ا۔ مذ) بُرے دن۔ ایامِ نحوست۔
**کم بختی نے تو نہیں گھیرا۔ کم بختی تو نہیں آئی** ۔ (ا۔ مثل) تمہاری شامت آگئی ہے۔؟ پٹنے کو تو جی نہیں چاہتا۔
**کم بضاعت** ۔ (ف۔ ع۔ صف) کم حیثیت۔ ٹٹ پُونجیا۔
**کم بیں** ۔ (ف۔ صف) پست حوصلہ۔ (۲) اندھا۔ نابینا۔
**کم پایہ** ۔ (ف۔ صف) کم رتبہ۔ کمینہ۔
**کم پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جتنی ضرورت ہو اس سے کم پڑنا۔ تھڑ جانا۔
**کم تر** ۔ (ف۔ صف) بہت کم۔ بہت تھوڑا۔ (۲) نہایت ادنٰی۔
**کم ترین** ۔ (ف۔ صف) (۱) بہت ہی کم۔ (۲) خاکسار۔ ناچیز۔ عرضیوں، درخواستوں میں یہ لفظ فدوی یا خاکسار کی جگہ "میں" کے معنی میں مستعمل ہے۔
**کم توجہی** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بے پروائی۔ غفلت۔
**کم حوصلگی** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بے ہمتی۔ تھڑدلی۔
**کم حوصلہ** ۔ (ف۔ ع۔ صف) کم ظرف۔ اوچھا۔ تھڑدلا۔ کم ہمت۔
**کم حیثیت** ۔ (ف۔ صف) (۱) ٹٹ پونجیا۔ کم بضاعت۔ کم سرمایہ۔ تھوڑی سی پُونجی والا۔ (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ ذلیل۔ (۳) تھڑدلا۔ اوچھا۔
**کم خرچ** ۔ (ا۔ صف) (۱) کفایت شعار۔ جُز رس۔ (۲) کنجوس۔ تنگدل۔
**کم خرچ بالا نشین** ۔ (ف۔ مثل) (۱) قیمت میں کم اور پائیداری میں



Marfat.com

زیادہ۔ (۲) تھوڑے داموں میں بڑا کام نکالنے والی :

**کم خوابی**۔ (ف۔ ا۔ مث) نیند نہ آنے کا مرض۔

**کم خور۔ کم خوراک**۔ (ف۔ صف) تھوڑا کھانے والا۔

**کم دِلا**۔ (ف۔ صف) (۱) بُزدل۔ ڈرپوک۔ (۲) کنجوس۔

**کم ذات**۔ (ف۔ صف) رذیل۔ کمینہ۔ نیچ ذات۔

**کم رَو**۔ (ف۔ صف) سُست رفتار۔

**کم رُو**۔ (ف۔ صف) بدصُورت۔

**کم زُبان**۔ (ف۔ صف) کم بولنے والا۔

**کم زور**۔ (ف۔ صف) (۱) ناتواں۔ ناطاقت۔ (۲) ہلکا۔

**کمزور مار کھانے کی نشانی**۔ (ا۔ مثل) زبردست ہمیشہ دبا رہتا ہے۔

**کمزوری**۔ (ف۔ ا۔ مث) ضعف۔ ناطاقتی۔ نقاہت۔

**کم سال**۔ (ف۔ صف) کم عمر۔ تھوڑی عُمر کا۔

**کم سخن**۔ (ف۔ صف) کم بولنے والا۔ چُپ۔ کم گو۔

**کم سخنی**۔ (ف۔ ا۔ مث) کم گوئی۔ تھوڑا بولنا۔

**کم سِن**۔ (ف۔ صف) چھوٹی عمر کا۔

**کم سُننا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) توجہ نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ (۲) اُونچا سُننا۔ کسی قدر بہرا ہونا۔

**کم سِنی**۔ (ف۔ ا۔ مث) بچپن۔ خُورد سالی۔ طفولیت۔

**کم سواد**۔ (ع۔ ف۔ صف) کم فہم۔ ناقص العقل۔

**کم سے کم**۔ (ا۔ صف) دیکھیے۔ کم از کم۔

**کم طالعی**۔ (ف۔ صف) بدنصیبی۔ کم نصیبی۔

**کم ظرف**۔ (ف۔ صف) (۱) کم حوصلہ۔ اوچھا۔ تھُڑدلا۔ (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ عالی ظرف کا نقیض۔

**کم ظرفی**۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) کم حوصلگی۔ (۲) کمینہ پن۔ رذالت۔ اوچھا پن۔

**کم عقل**۔ (ف۔ صف) بے وقوف۔ نادان۔ کم فہم۔ مُورکھ۔

**کم عقلی**۔ (ف۔ صف) بے عقلی۔ نادانی۔ کم فہمی۔ ناسمجھی۔

**کم عُمر**۔ (ف۔ صف) دیکھیے کم سن۔

**کم عَیار**۔ (ف۔ ع۔ صف) وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے۔ غیر معیاری۔ کھوٹا۔

**کم فرصتی**۔ (ف۔ ع۔ صف) بہت مصروف ہونا۔ عدم فرصت۔

**کم فہم**۔ (ف۔ ع۔ صف) نادان۔ ناسمجھ۔

**کم فہمی**۔ (ف۔ ا۔ مث) نادانی۔ ناسمجھی۔

**کم قدر**۔ (ف۔ ع۔ صف) بے وقعت۔ بے قدر۔

**کم قسمتی**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مث) کم نصیبی۔ بدقسمتی۔

**کم قیمت**۔ (ف۔ ع۔ صف) سستا۔ ارزاں۔ نرخ میں کم۔

**کم کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھٹانا۔ (۲) وضع کرنا۔ (۳) شکست کرنا۔ (۴) مختصر بنانا۔ اختصار کرنا۔

**کم کم**۔ (ف۔ صف) (۱) تھوڑا تھوڑا۔ (۲) کبھی کبھی۔ (۳) آہستہ آہستہ۔

بتدریج۔

**کم کھائے غم نہ کھائے**۔ (ا۔ مثل) کم کھانے سے آدمی نہیں مرتا لیکن غم کھانے اور فکر کرنے سے آدمی تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

**کم گفتار۔ کم گو**۔ (ف۔ ا۔ مث) دیکھیے کم سخن۔

**کم گفتاری (گوئی)**۔ (ف۔ ا۔ مث) کم سخنی۔ خاموشی۔ چپ۔

**کم مایگی**۔ (ف۔ ا۔ مث) بے حیثیت ہونا۔ بے بضاعتی۔

**کم مایہ**۔ (ف۔ صف) تھوڑی پُونجی والا۔

**کم محنت**۔ (ف۔ ع۔ صف) کام چور۔ محنت مشقت سے دل چُرانے والا۔

**کم نصیب**۔ دیکھیے کم بخت۔

**کم نظر۔ (نگاہ)**۔ (ف۔ ع۔ صف) کوتاہ نظر۔ وہ شخص جسے کم دکھائی دیتا ہو۔

**کم و بیش**۔ (ف۔ صف) تھوڑا بہت۔ تقریباً لگ بھگ۔

**کم ہمت**۔ (ف۔ ع۔ صف) کم حوصلہ۔ بُزدل۔ ڈرپوک۔ کام چور۔

**کم ہمتی**۔ (ف۔ ا۔ مث) بُزدلی۔ کم حوصلگی۔ کام چوری۔

**کم ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھٹنا۔ گھٹنا۔ (۲) کسر رہنا۔

**کم یاب**۔ (ف۔ صف) (۱) کم ملنے والا۔ (۲) نادر۔ نایاب۔

**کم یابی**۔ (ف۔ ا۔ مث) ناپیدگی۔ نایابی۔ قلت۔

**کَما**۔ (کَ۔ ما) [ع۔ تابع فعل] جیسا۔ جس۔ قدر۔

**کَماحَقّہٗ**۔ (ع۔ تابع فعل) بخوبی۔ ٹھیک ٹھاک۔ بخوبی۔ جیسا اس کا حق ہے۔

**کَماہیَ**۔ (ع۔ تابع فعل) جیسا کہ وہ ہے۔ پُورا۔ کامل۔

**کَماینبغی**۔ (ع۔ تابع فعل) جیسا کہ چاہیے۔ حسب اطمینان۔ بخوبی۔

**کُماج۔ کُماچ**۔ (کُ۔ ماج۔ کُ۔ ماچ) [ت۔ ا۔ مث] (۱) وہ روٹی جو کہیں سے پتلی اور کہیں سے موٹی ہو۔ (۲) [مجازاً] موٹی اور گول چیز۔ (۳) لکڑی کا گول ٹکڑا جو چوب خیمہ کے اُوپر ہوتا ہے۔

**کَماچہ**۔ (کَ۔ ما۔ چَہ) [ق۔ ا۔ مث] ایک قسم کی روٹی۔

**کُمار**۔ (کُ۔ مار) [س۔ ا۔ مذ] (۱) کنوارہ۔ بن بیاہا۔ (۲) شہزادہ۔ کنور۔ راجا کا بیٹا۔ (۳) فرزند۔ پسر۔

**کُماری**۔ (کُ۔ ما۔ ری) [س۔ ا۔ مث] (۱) کمار کی تانیث۔ نوجوان لڑکی۔ بن بیاہی لڑکی۔ (۲) شہزادی۔

**کَما کھانا**۔ (کَ۔ ما۔ کھا۔ نا) [ا۔ محاورہ] محنت مزدوری سے پیٹ پالنا۔

**کَمائی**۔ (ق۔ ا۔ مؤنث) شال۔

**کَمال**۔ (کَ۔ مال) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پُورا ہونا۔ (۲) ہُنر۔ گُن۔ لیاقت۔ (۳) [اُر] عجیب کام۔ انوکھی بات۔ اچنبھا۔ (۴) خُوبی۔ عُمدگی۔ (۵) صنعت۔ کاریگری۔ اُستادی۔ (۶) کامل۔ پُورا۔ سارا۔ سب کامل۔ (۷) ازحد۔ نہایت۔ ازبس۔ بدرجہ غایت۔ انتہا کا۔ جمع : کمالات۔



Marfat.com

**کمال پیدا کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) خوبی پیدا کرنا ۔ ہنر پیدا کرنا ۔

**کمال حاصل کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی ہنر یا فن بہم پہنچانا ۔ لیاقت یا قابلیت حاصل کرنا ۔ (۲) کسی کام میں ید طولیٰ رکھنا ۔ مہارت کامل بہم پہنچانا ۔

**کمال درجے کا** ۔ (ا۔ صف) از حد ۔ نہایت ۔ کامل ۔ پورا ۔

**کمال دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہنر یا کرتب دکھانا ۔ گن دکھانا ۔ جوہر دکھانا ۔ (۲) کرامت دکھانا ۔ کرشمہ دکھانا ۔

**کمال کا** ۔ (ا۔ صف) بہت اچھا ۔ عمدہ ۔ اعلیٰ ۔ عجیب ۔

**کمال کا بنا ہوا** ۔ (ا۔ صف) (۱) پُرفن ۔ بڑا کرتبی ۔ (۲) نہایت عیار ۔ آفت کا پرکالہ ۔ (۳) فریبی ۔ چالباز ۔ (۴) نہایت ہوشیار

**کمال کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا ۔ (۲) مبالغہ کرنا ۔ (۳) دھوکا دینے میں کامل ہونا ۔ (۴) کسی بات میں غالب آنا ۔

**کمال کو پہنچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی بات میں کمال حاصل ہونا ۔ (۲) پورا ہونا ۔ ختم ہونا ۔

**کمالا** ۔ (کَ ۔ ما ۔ لا) [ اُرد ۔ ا ۔ مذ ] صبح کے ساتھ کشتی کرنا ۔ پہلوانوں کی جنگ زرگری ۔ (پن) نورا کشتی ۔

**کمالات** ۔ (کَ ۔ ما ۔ لات) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] کمال کی جمع ۔

**کمالت** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) کمال ۔ انتہائے کمال ۔

**کمالیت** ۔ (کَ ۔ ما ۔ لی ۔ یَت) [ ع ۔ ا ۔ مث ] کمال ۔

**کمالینا** ۔ (کَ ۔ ما ۔ لے ۔ نا) ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دباغت کر لینا ۔ چمڑے کو ملائم اور درست کر لینا ۔ (۲) نوکری یا تجارت کے وسیلے سے روپیہ پیدا کر لینا ۔ (۳) نجاست صاف کر دینا ۔ (۴) کمزور کر دینا ۔ نچوڑ لینا ۔

**کمان** ۔ (کَ ۔ کان) [ انگ ۔ کمانڈ Command کا مورد ۔ ا ۔ مث ] (۱) حکم ۔ (بولی ، جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں ) ہدایت (۲) سرداری ۔ قیادت ۔ امارت ۔

**کمان افسر** ۔ (ا۔ مذ) کمانڈر ۔ فوج کا سردار ۔ کمانیر ۔ سالارِ لشکر ۔

**کمان بولی جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) نوکری نکلنا ۔ ڈیوٹی بتائی جانا ۔

**کمان پر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جنگی خدمت پر جانا ۔ لڑائی پر جانا ۔

**کمان** ۔ (کُ ۔ مان) [ ف ۔ ا ۔ مث ] (۱) ایک خمدار آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں ۔ قوس ۔ دھنک ۔ (۲) دائرے کا کوئی حصہ (۳) خمیدہ ۔ کبڑا ۔ جھکا ہوا ۔ لچکدار ۔

**کمان ابرو** ۔ (ف ۔ صف) (۱) کمان جیسی ابروؤں والا ۔ (۲) (مجازاً) معشوق ۔

**کمان بردار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کمان اٹھا کر چلنے والا ۔ کمان دار ۔ تیر انداز سپاہی ۔

**کمان پشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) کبڑا ۔

**کمان تاننا** ۔ (ا۔ محاورہ) کمان چڑھانا ۔ کمان کھینچنا ۔

**کمان چڑھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) با اقبال ہونا ۔ ڈنکا بجنا ۔ دور دورہ ہونا ۔ غلبہ ہونا ۔

**کمان دار** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دیکھیے کمان بردار ۔ (۲) محراب دار ۔ قوس نما ۔

**کمان رستم** ۔ (ا۔ مث) قوس قزح ۔

**کمان زہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کمان پر چلہ چڑھانا ۔

**کمان سے نکلا تیر اور منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتی** ۔ (ا۔ مثل) بہت سوچ سمجھ کر بات کرنی چاہیے ۔

**کمان کش** ۔ (ف ۔ صف) کمان کھینچنے والا ۔ تیر انداز ۔

**کمان گر** ۔ (۱) کمان بنانے والا ۔ کمان ساز ۔ کنگر ۔ (۲) ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں کو جوڑنے اور باندھنے والا ۔

**کمان گری** ۔ (۱) کمانوں کے بنانے کا کام یا پیشہ ۔ (۲) ہڈیوں کے جوڑنے یا باندھنے کا ہنر ۔

**کمان میں ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) زیر حکم ہونا ۔ تابع ہونا ۔

**کمانا** ۔ (کَ ۔ ما ۔ نا) [ ا ۔ مص ] (۱) روپیہ حاصل کرنا ۔ (۲) لوہے کی سختی دور کرنا ۔ (۳) چمڑا صاف کرنا ۔ (۴) مٹی صاف کرنا ۔ (۵) پیشہ کرنا ۔ (۶) برا کام کر کے روپیہ حاصل کرنا ۔ (۷) ارتکاب کرنا ۔ ذمے لینا ۔ (۸) زمین کو زرخیز بنانا ۔ (۹) کمزور کرنا ۔ (۱۰) کم کرنا ۔ گھٹانا ۔

**کمانچہ** ۔ (کَ ۔ مان ۔ چہ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] کمان کی تصغیر ۔ چھوٹی کمان ۔ (۲) دھنکی جس سے روئی دھنتے ہیں ۔ (۳) ایک قسم کی سارنگی ۔ چوتارا ۔ (۴) [ مجازاً ] طاقچہ ۔ محرابدار چھت ۔ فولاد کی کمانی ۔

**کمانڈ** ۔ (Command) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] دیکھیے کمان ۔

**کمانڈر** ۔ (Commander) (کَ ۔ ماں ۔ ڈر) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] فوج کا بڑا افسر ۔ سالار لشکر ۔

**کمانڈر انچیف** ۔ (Commander-in-Chief) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] امیر فوج ۔ سپہ سالار اعظم ۔ جنگی لاٹ

**کمانڈنٹ** ۔ (Commandant) (کَ ۔ ماں ۔ ڈَنٹ) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] کیدان ۔ فوجی سردار ۔ جنگی حاکم ۔

**کمانڈو** ۔ (Commando) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] چھاپا مار سپاہی ۔

**کمانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بڑھئی کی کمان جس سے وہ برما چلاتا ہے ۔

**کمانی** ۔ (کَ ۔ ما ۔ نی) ۔ (ا ۔ ا ۔ مث) وہ خمیدہ اور لچکدار لوہے کی قوس یا حلقہ وغیرہ جو اکثر گاڑیوں ، گھڑیوں اور کرسیوں وغیرہ میں لگتے ہیں ۔

**کمانی نہ پہیا گاڑی جوت میرے بھیا** ۔ (ا ۔ مثل) غربت میں شیخی ۔

**کمانے کو بھیڑ ۔ کھانے کو شیر** ۔ (ا ۔ مثل) مجہول اور نکمے آدمی کے لیے بولتے ہیں ۔

**کماؤ** ۔ (کَ ۔ ما ۔ اُو) [ ا ۔ صف ] (۱) روپیہ کمانے والا (مذکر) (۲) محنتی ۔ مزدور ۔ (۳) خاوند ۔ مالک ۔ شوہر ۔

**کماؤ آئے ڈرتا ، نکھٹو آئے لڑتا** ۔ (ا ۔ مثل) نکھٹو اور نکما گھر والوں پہ اپنا ناجائز رعب ڈالتا ہے ۔ اور کماؤ بے چارہ خاموشی سے



Marfat.com

گزارہ کرلیتا ہے۔

**کماؤ پُوت**۔ (ا۔ مذ) کمائی کرنے والا بیٹا۔

**کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا**۔ (ا۔ مثل) جس شخص سے کوئی فائدہ ہو اسے ہر ایک چاہتا ہے۔

**کماؤ دھن**۔ (ا۔ مذ) بیٹا۔ فرزند۔ (۲) بھاڑے کا ٹٹو۔ کرائے کی گاڑی۔ (۳) فوجی جو لڑکی فاحشہ اور طوائفوں نے پالی ہو تاکہ اس سے پیشہ کرا کے اس کی کمائی کھائی جا سکے۔

**کمائی**۔ (کَ۔ ما۔ اِی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) آمدنی۔ پیدا۔ یافت۔ (۲) نفع۔ فائدہ۔ (۳) کام۔ مزدوری۔

**کمائیں میاں خان خاناں، اُڑائیں میاں فہیم۔ کماوے لُوبی والا اُڑاوے دھوتی والا**۔ (ا۔ مثل) کوئی کمائے کوئی کُٹائے۔ دوسرے کے مال پر گلچھرے اُڑانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**کمبل**۔ (کَم۔ بَل) [اُر۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی موٹی اُونی لوئی۔

**کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا**۔ (ا۔ مثل) فقیری نیکی اور صفائی باطنی سے حاصل ہوتی ہے صرف گودڑی پہننے پر موقوف نہیں۔

**کمبل پوش**۔ (ا۔ مذ) وہ درویش جو ہمیشہ کمبل ہی اوڑھے یا پہنے رہے۔

**کمبل نے پکڑ لیا**۔ (ا۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی سے جان چھڑانا چاہے مگر وہ اس کا پیچھا نہ چھوڑے۔

**کمبوہ**۔ (کَم۔ بوہ) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قوم۔

**کمبھ**۔ (س۔ ا۔ مذ) (۱) گھڑا۔ مٹکا۔ (۲) ہاتھی کا سر یا مستک (۳) گیارہواں آسمانی بُرج۔ دلو (۴) ہردوار کا میلہ جو بارہویں برس ہوتا ہے۔

**کمپا**۔ (کَم۔ پا) [ہ۔ ا۔ مذ] لاسہ لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔

**کمپا لگانا (مارنا)** [ا۔ محاورہ] (۱) لاسہ کے ذریعے سے جانور کو پکڑنا (۲) کسی کو قابو میں لانا۔ داؤں لگانا۔

**کمپارٹمنٹ** (Compartment) (کَم۔ پارٹ۔ مَنْٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) کمرہ۔ حجرہ۔ (۲) درجہ۔ ڈبا۔

**کمپاس**۔ (Compass) (کَم۔ پاس) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) قطب نما۔ قبلہ نما۔ (۲) پُرکار۔ (۳) حدود و دائرہ۔ رقبہ۔ (۴) پیمائش کا آلہ جس سے زمین ناپتے ہیں۔

**کمپاؤنڈ**۔ (Compound) (کَم۔ پا۔ وَنڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] احاطہ۔ مکان۔ (۲) مرکب۔

**کمپاؤنڈر**۔ (Compounder) کَم۔ پاؤن۔ ڈَر) [انگ۔ ا۔ مذ] دواساز۔ ڈاکٹر کا ماتحت اور مددگار۔

**کمپیٹیشن**۔ (Competition) (کَم۔ پی۔ ٹی۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] مقابلہ (امتحان یا تجارت میں) رقابت۔ مسابقت۔

**کمپنی** (Company) کَم۔ پَ۔ نی) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) کارخانے کے شرکا جن کا نام ظاہر نہ کیا جائے۔ (۲) ٹولی۔ منڈلی۔ (گانے بجانے والوں کی) (۳) فوجی دستہ (جو بالعموم کپتان کے ماتحت ہوتا ہے)

**کمپنی کا راج**۔ (ا۔ مذ) ۱۸۵۷ء کی بغاوت سے پہلے برصغیر پر ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت۔

**کمپنی کمانڈر** (Company Commander) فوجی دستے کا ...

**کمپنی مارک**۔ (Company Mark) مخصوص علامت جو کسی کمپنی نے تجویز کر رکھی ہو۔

**کمپو**۔ (کَم۔ پُو) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) کیمپ۔ لشکر گاہ۔ چھاؤنی۔ (۲) ڈیرے۔ (۳) فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ (۴) فوج جو ایک جنرل کے ماتحت ہو۔

**کمپوزنگ** (Composing) کَم۔ پو۔ زِنگ) [انگ۔ ا۔ مذ] ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا۔ ملانا۔ مرتب کرنا۔

**کمپوزنگ سٹک**۔ (Composing Stick) وہ قالب سانچہ جس میں ٹائپ کے حروف جوڑ کر رکھے جاتے ہیں۔

**کمپوزیٹر** (Compositor) کَم۔ پو۔ زی۔ ٹَر) [انگ۔ ا۔ مذ] ٹائپ کے حروف جوڑنے یا ملانے والا۔

**کمپونڈ**۔ (Compound) [کَم۔ پُونڈ] (انگ۔ ا۔ مذ) گھیر۔ احاطہ ...

**کمتائی**۔ (کَم۔ تا۔ اِی) [اُر۔ ا۔ مث] (ق) کمی۔ قلت۔ توڑ۔

**کمتی**۔ (کَم۔ تی) [اُر۔ صف] کسی چیز میں گھٹا ہوا۔

**کمٹھا**۔ (کَم۔ ٹھا) [اُر۔ ا۔ مذ] بانس کی کمان۔

**کمخواب**۔ (کَم۔ خاب) [ف۔ ا۔ مث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے۔ زربفت۔

**کمُنڈا**۔ (کَم۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] گول کدو۔

**کمر**۔ (کَ۔ مَر) [ف۔ ا۔ مث] (۱) جسم کا درمیانی حصہ۔ (۲) پیٹھ۔ پُشت۔ (۳) وسط۔ بیچ کا حصہ۔ (۴) پٹکا۔ پیٹی۔ پرتلا۔ (۵) فوج کا پہلو۔ (۶) [مجازاً] ہمت۔ ڈھارس۔

**کمر اکڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) کمر کی لچک جاتی رہنا۔

**کمر اکھڑ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا۔

**کمر باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کمر سے دوپٹا یا پٹکا کسنا۔ (۲) مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ (۳) ارادہ کرنا۔ (۴) سفر کو آمادہ ہونا۔ چلنے کو تیار ہونا۔

**کمر بستر سے نہ لگنا**۔ (ا۔ محاورہ) تڑپنا۔ بے تاب ہونا۔ بے چین ہونا۔

**کمر بستہ**۔ (ف۔ صف) موجود۔ حاضر۔ آمادہ (۲) ہتھیار بند۔ مسلح۔ (۳) نوکر۔ خدمت گار۔

**کمر بستہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) آمادہ ہونا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

**کمر بند**۔ (ف۔ صف) کمر کے باندھنے کا دوپٹہ۔ (۲) آزار بند۔ (۳) مستعد۔ تیار۔

**کمر پٹا**۔ کمر میں پہننے کا زیور۔ (ق)

**کمر پکڑ کے اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بڑھاپے یا کمزوری کے سبب کمر تھام کر کھڑا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔

**کمر پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔

**کمر پیچ**۔ (ا۔ مذ) کہاروں کی اصطلاح۔ موڑ۔

**کمر تکیہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) کمر کے نیچے رکھنے کا تکیہ۔



Marfat.com

**کمر توڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کمر شکستہ کر دینا۔ (۲) ناامید کرنا۔ ہمت توڑنا۔ (۳) عاجز کر دینا۔ کمزور اور ناتواں کر دینا۔

**کمر تھامنا۔** (ا۔محاورہ) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔

**کمر ٹوٹا۔** (ا۔محاورہ) کبڑا۔ خمیدہ پُشت۔ سُست۔ کاہل

**کمر ٹوٹ جانا۔** (ا۔محاورہ) کمر ٹوٹنا۔ کمر شکستہ ہو جانا۔ (۲) مایوس ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ (۳) بے یار و مددگار رہ جانا۔ (۴) اولاد یا بھائی بند کا مرجانا۔ (۵) سخت صدمہ گزرنا۔

**کمر ٹوٹ گئی۔** (ا۔مث) ہمّت جاتی رہی۔ مایوسی ہو گئی۔

**کمر ٹھوکنا۔** (ا۔محاورہ) پیٹھ ٹھونکنا۔ تھپکنا۔ تعریف کرنا۔ شاباش دینا۔ سراہنا۔

**کمر جُھکنا۔** (ا۔محاورہ) کُبڑا ہو جانا۔ نہایت بوڑھا اور کمزور ہو جانا۔

**کمر چُست باندھنا۔** (ا۔محاورہ) کمر کس کر باندھنا۔ کسی کام کا پُختہ ارادہ کرنا۔

**کمر دوال (دیوال)۔** (ا۔مذ) (۱) کمر باندھنے کا تسمہ۔ (۲) چمڑے کا تنگ۔

**کمر رہ جانا۔** (ا۔محاورہ) کمر تھک جانا۔ مفلوج ہو جانا۔ دھڑ کا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔

**کمرسال۔** (ہ۔ا۔مذ) کمر پٹہ۔ کمر میں پہننے کا زیور [ق]

**کمر سیدھی کرنا۔** (ا۔محاورہ) آرام کرنا۔ لیٹنا۔ (۲) (مجازاً) کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا۔

**کمر شکستہ۔** (ف۔صف) بے یار و مددگار۔

**کمر کا بل کھانا۔** (ا۔محاورہ) کمر لچکنا۔ چلنے میں نزاکت سے کمر کا پیچ و تاب کھانا۔

**کمر کا ڈھیلا۔** (ا۔صف) نامرد۔ خصّی۔ ہیجڑا۔

**کمر کا مضبوط۔** (ا۔صف) (۱) پُوری قوّت باہ والا۔ (۲) طاقت ور۔ شہ زور۔

**کمر کرنا۔** (ا۔محاورہ)۔ (۱) کبوتر کا اُڑنے میں قلابازیاں کھانا۔ (۲) گھوڑے کا کمر کو اس طرح اُچھالنا کہ سوار کو گِرنے کا اندیشہ ہو۔ (۳) پہلوانوں کا کمر کو داؤں کرنا۔

**کمر کس کر باندھنا۔** (ا۔محاورہ) کسی کام کے کرنے کا مصمّم اور پُختہ ارادہ کرنا۔

**کمر کسنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تیار رہنا۔ (۲) پکّا ارادہ کرنا۔ (۳) کسی کام پہ مستعد ہونا۔

**کمر کشائی۔** (ف۔ا۔مث) کمر کھولنا۔ پیٹی اُتار کر رکھنا۔ سپاہیوں کا اپنے ہتھیاروں کا کمر سے کھولنا۔

**کمر کمر۔** (ا۔تابع فعل) کمر تک۔ کمر کے برابر۔

**کمر کوٹ۔** (ا۔مذ) کمر کے برابر فصیل۔ سینہ پناہ۔ چھوٹی دیوار۔

**کمر کوٹھا۔** (ا۔مذ) شہتیر یا کڑی کا وہ حصّہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا ہوتا ہے۔

**کمر کوہ۔** (ف۔ا۔مث) پہاڑ کا بیچ کا حصّہ۔ میان کرہ۔

**کمر کھول کر بیٹھنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا۔ (۲) کوشش سے باز آنا۔ (۳) پیٹی کھول دینا۔ (۴) خانہ نشین ہونا۔

**کمر کھولنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) پٹکا کھولنا۔ ہتھیار کھولنا۔ (۲) کوشش سے باز آنا۔ (۳) کسی کام سے فارغ ہونا۔ (۴) آرام لینا۔ دم لینا۔ ارادہ فسخ کرنا۔

**کمر لچکانا۔** (ا۔محاورہ) کمر مٹکانا۔ کمر کو جنبش دینا۔ بل دینا۔

**کمر لگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا۔ (۲) چارپائی یا بستر پہ پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔

**کمر مار کر چلنا۔** (ا۔محاورہ) گھوڑے کا بوجھ کے سبب سے کمر جھکا کر چلنا۔

**کمر مارنا۔** (ا۔محاورہ) فوج کے بیچ کے حصہ پہ حملہ کرنا۔ (۲) پہلو کے رُخ ضرب لگانا۔ (۳) ترچھا یا آڑا وار کرنا۔

**کمر میں توشۂ راہ کا بھروسہ۔** (ا۔مثل) (۱) کھانا ساتھ ہو تو منزل اطمینان سے طے ہو جاتی ہے۔ (۲) مالدار کو سفر میں بھی تسلّی ہوتی ہے۔

**کمر میں چک آنا۔** (ا۔محاورہ) کمر میں دھچکا لگنا۔ کمر کا جھٹکا کھانا۔ کمر میں ضرب آنا۔

**کمر ہلانا۔** (ا۔محاورہ) کمر کو حرکت دینا۔

**کمر ہمّت باندھنا۔** (ا۔محاورہ) مستعد ہونا۔ ہمّت باندھنا۔

**کَمرا۔** (کَم۔را) [پر۔ا۔مذ] (۱) حجرہ۔ کوٹھڑی۔ خلوت خانہ۔ (۲) کوٹھی کا ہر درجہ۔ (۳) ریل یا جہاز کا درجہ۔

**کَمَرشِیَل۔** ((Commercial) (کَ۔مَر۔شیَ۔اَل) [انگ۔صف] تجارتی۔ تجارت کا۔

**کَمرَک۔ کَمرَکھ۔** (کَم۔رَک۔کَمَ۔رَکھ) [ھ۔ا۔مث] ایک تُرش پھل جس کی قدرتی طور پہ چار پھانکیں ہوتی ہیں۔

**کَمرک۔** (انگریزی کیمبرک) [ا۔صف] ایک قسم کا باریک کپڑا۔

**کَمری۔** (کَم۔ری) [ف۔ا۔مث] جھک کر چلنے والا گھوڑا۔ کمزور گھوڑا۔ (۲) ایک قسم کی جاکٹ۔ مرزائی۔ [اُر۔ا۔مث] نیمہ۔

**کِمِسرئیٹ** (Commissariat) (کِ۔مِس۔رئیٹ) [انگ۔ا۔مذ و مث] سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ۔ رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔

**کِمِشنَر** (Commissioner) (کِ۔مِش۔نَر) [انگ۔ا۔مذ] کئی ضلعوں کا حاکم۔ قسمت کا حاکم۔

**کِمِشنری۔** (کِ۔مِش۔نَ۔رِی) [ار۔ا۔مث] (۱) قسمت۔ کئی ضلعوں کا حلقہ (Commissionary)۔ (۲) کمشنر کی کچہری۔ (۳) کمشنر کا عہدہ۔

**کُمَک۔** (کُ۔مَک) [ف۔ا۔مث] (۱) مدد۔ حمایت۔ (۲) وہ فوج جو لڑائی میں مدد کے لیے بھیجی جائے۔ (یہ تُرکی لفظ کومک کا مفرس ہے)

**کُمک پہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) کسی کا مددگار رہنا۔ معاون ہونا۔

**کُمک دینا۔** (ا۔محاورہ) سہارا دینا۔ مدد دینا۔ اعانت کرنا۔ حمایت کرنا۔

**کُمکا۔** (کُم۔کا) [ق] باقی۔

**کُمکُنا۔** (کُم۔کُ۔نا) [ق۔صف] کنکنا۔ نیم گرم۔

**کَمَل۔** (ق۔ا۔مذ) کنول۔

**کَمَل۔** (کَم۔مَل) [اُر۔ا۔مذ] دیکھیے کمبل۔



Marfat.com

کمل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا۔ (ا۔مثل) بھیس بدلنے سے کمال پیدا نہیں ہوتا۔

کمَلا۔ (کَم۔ لا) [س۔ا۔مث] (۱) لچھمی دیوی کا نام۔ وشنو کی بیوی۔ (۲) خوبصورت عورت۔

کمَلا۔ (کَم۔ لا) [ھ۔ا۔مذ] ایک قسم کا زرد کیڑا جس کے جسم پر کثرت سے رُواں ہوتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی نارنگی۔ (۳) پاگل۔

کمُلانا۔ (کُمْ۔ لا۔ نا) [ھ۔مص] مُرجھانا۔ طراوت نہ رہنا۔ (۲) خشک ہونا۔ سوکھنا۔ (۳) دُبلا ہونا۔ (۴) غمگین ہونا۔

کمل بائی۔ کمل باؤ۔ (کَ۔ مَل۔ با۔ ای۔ کَ۔ مَل۔ با۔ اُو) [ہ۔ا۔مذ] یرقان ایک بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔

کمُلنا۔ (کُ۔مَل۔نا) [ف۔مص] کملانا۔

کمَلی۔ (کَم۔ لی) [ا۔ا۔مؤنث] کمل کی تصغیر۔ چھوٹا کمل۔

کملی بچھانا۔ (ا۔محاورہ) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا کیونکہ جس شخص کا کوئی مر جائے اسے کریا کرم تک کملی بچھا کر بیٹھنا پڑتا ہے۔

کملی جتنی بھیگے گی بھاری ہوگی۔ (ا۔مثل) جتنا اسراف کروگے یا جھگڑا بڑھاؤ گے زیر باری بڑھے گی۔

کملی ڈالنا۔ (کنایۃً) کسی کو فریب دے کر لوٹ لینا۔

کملی میں مست (مگن) ہونا۔ (ا۔محاورہ) کسی کی پروا نہ ہونا۔ مستغنی ہونا۔

کملیٹ۔ (کَم۔ لَیٹ) [ہند۔ا۔مذ] دیکھیے کاملیٹ۔

کمنٹری۔ (Commentary) کَ۔مِنْ۔ٹَ۔ری) [انگ۔ا۔مث] تفسیر۔ شرح۔ تبصرہ۔

کمنٹیٹر۔ (Commentator) کَ۔مِن۔ٹے۔ٹَر) [انگ۔ا۔مذ] شارح۔ مفسر۔ حاشیہ نویس۔ مبصر۔

کمَند۔ (کَ۔مَنْد) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کی چرمی رسّی جو کسی کی گردن یا منڈیر میں ڈال دیتے ہیں اور اس کے ذریعے سے گلا گھونٹتے یا دیوار پر چڑھنے میں مدد لیتے ہیں۔ (۲) رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں۔ (۳) پھندا۔ حلقہ۔

کمنڈل۔ (کَ۔مَن۔ڈَل) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں۔ (۲) ٹونٹی والا برتن۔

کمنگر۔ (کَ۔مَن۔گَر) [ف۔ا۔مذ] دیکھیے کمان گر۔

کموُدنی۔ (کَ۔مُو۔دِ۔نی) [ف۔ا۔مث] نیلوفر۔

کموڈور۔ (Commodore) (کَ۔مُو۔ڈُور) [انگ۔ا۔مذ] بحری فوج کا اعلیٰ عہدیدار جس کا درجہ امیر البحر کے بعد ہوتا ہے۔

کمونی۔ (کَ۔مُو۔نی) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کی معجون جس کا جزو اعظم زیرہ ہے (کمون (زیرے) سے منسوب۔

کمُہار۔ (کُم۔ہار) [ھ۔ا۔مذ] مٹی کے برتن بنانے والا۔ کوزہ ساز۔

کمہار پہ بس نہ چلا گدھیا کے کان اینٹھے۔ (ا۔مثل) زبردست سے پیش نہ چلی تو غریب پر غصہ اتارا۔

کمہار کا آوا۔ (ا۔مذ) برتن پکانے کا پژاوہ

کمہار کا چاک۔ (ا۔مذ) لکڑی کا گول مسطح ٹکڑا جس کو چکر دے کر کمہار برتن بناتا ہے۔

کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا۔ (ا۔مثل) جب کوئی صرف اپنی ہی خوشی سے کام کرے اور لوگوں کے کہنے سننے سے نہ کرے۔ اس پر یہ مثل بولی جاتی ہے۔

کمُہارن۔ کمُہاری۔ (کُم۔ہا۔رَن۔ کُم۔ہا۔ری) [ھ۔ا۔مث] کمہار کی جورو (۲) ایک قسم کی بھڑ۔

کمی۔ (کَ۔می) (ا۔مث) توڑا۔ قلت۔ نقصان۔ خسارہ۔ کوتاہی۔ کسر۔

کمی نہ کرنا۔ (ا۔محاورہ) کوتاہی نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ کوشش سے باز نہ رہنا۔ ذرا نہ چوکنا۔

کمیت۔ (کُ۔مَیْت) [ف۔ا۔مذ] سیاہی مائل۔ سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ تیلیا۔ سُرنگ۔

کمیّت۔ (کَم۔ مِیْ۔یَت) [ع۔ا۔مث] مقدار۔ مقدار اس چیز کی جو تولی ناپی یا گنی جائے۔

کمیٹی۔ (Committee) (کَ۔مے۔ٹی) [انگ۔ا۔مث] ذیلی مجلس یا جماعت جو کسی خاص مقصد کے لیے مقرر کی گئی ہو۔

کمیٹی کرنا۔ (ا۔محاورہ) پنچایت کرنا۔ باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا۔

کمیدان۔ (کُ۔مے۔دان) [ت۔ا۔مذ] کپتان کا نائب۔

کمیرا۔ (کَ۔مے۔را) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کسان کا ٹہلوا نوکر۔ چاکر۔ (۲) باغبان کے تحت کام کرنے والا مزدور۔ (۳) مددگار۔ معاون۔

کمیسار۔ (کَ۔مے۔سار) (Commissar) [انگ۔ا۔مذ] ناظر۔ افسرِ محکمہ (روس میں)

کمیشن۔ (Commission) کَ۔مِی۔شَن) [انگ۔ا۔مذ] (۱) جماعت ماہرین۔ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا ہو۔ (۲) پروانگی۔ حکم۔ ہدایت۔ سند تقرر (۳) معاوضہ یا فیصدی رقم جو کسی کمیشن ایجنٹ یا آڑھتیے کو دی جائے۔ دلالی۔ آڑھت۔ دستوری۔

کمیشن ایجنٹ۔ (Commission Agent) [انگ۔ا۔مذ] دلال۔ آڑھتیا۔

کمیشن بیٹھنا۔ (ا۔محاورہ) کسی امر کی تحقیقات یا تصفیہ کے لیے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔

کمیشنڈ (Commissioned) کَ۔می۔شَن۔نڈ) [انگ۔صف] (۱) سند یافتہ (فوجی افسر) (۲) کسی سرکاری جماعت (سول سروس وغیرہ) کا عہدہ دار۔ کسی علاقہ یا محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار۔

کمیلا۔ (کَ۔می۔لا) [ھ۔ا۔مذ] ایک سرخ رنگ کی دوا جو اکثر بچوں کو کرم شکم یا کھجلی والے زخموں کے دفعیہ کے لیے دیتے ہیں۔

کمیلا۔ (کَ۔مے۔لا) [ھ۔ا۔مذ] مذبح۔ ذبح خانہ۔

کمین۔ (کَ۔مِین) [ف۔صف۔وا۔مذ] (۱) نیچ۔ کمینہ۔ (۲) سفلہ۔



Marfat.com

اوچھا۔ کم ظرف۔ (۳) نالائق۔ نابکار۔ (۴) نوکر چاکر۔ نیچ ذات کے لوگ۔

**کَمِین**۔ (کَ۔ مِین) [ع۔ امث] گھات۔ دشمن یا شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا۔ شب خون۔

**کَمِین گاہ**۔ (ف۔ امث) گھات کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں چھپ کر شکار یا دشمن کو ماریں۔

**کُمِینڈ**۔ (ک۔ مِینڈ) [ہ۔ ا۔ مذ] دغا۔ فریب۔ مکر

**کُمِینڈیا**۔ (کُ۔ مِینڈ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] دغا باز۔ فریبی۔ مکّار۔ چالباز۔

**کَمِینگی**۔ (کَ۔ مِین۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] اوچھاپن۔ کم ظرفی۔ سفلہ پن۔ کمینہ پن۔

**کَمِینَہ**۔ (کَ۔ می۔ نہ) [ف۔ صف] (۱) اوچھا۔ سفلہ۔ کم ظرف۔ (۲) نیچ ذات کا۔ کم اصل۔

**کمینہ پَن**۔ (کَ۔ مِی۔ نہ) [ا۔ مذ] (۱) اوچھاپن۔ رذالت۔ کم ظرفی۔ کمینگی

**کمینے سے خدا کام نہ ڈالے**۔ (ا۔ مثل) بد اصل اور کم ذات سے خدا پالا نہ ڈالے۔

**کَمیُونَ**۔ (Commune) (کَم۔ یُونَ) [انگ۔ ا۔ مذ] پرگنہ۔ تعلقہ۔ ملکی انتظام کا سب سے چھوٹا مرکز۔

**کَمیُونٹی**۔ (Community) (کَم۔ یُو۔ نِ۔ ٹی) [انگ۔ امث] (۱) ساجھا۔ ملکیت مشترکہ۔ (۲) طبقہ۔ فرقہ۔ گروہ۔ (۳) بستی۔ آبادی۔ محلہ۔ برادری۔

**کمیونزم**۔ (Communism) دیکھیے اشتمالیت۔ وہ معاشرتی نظریہ جس کے مطابق دولت آفرینی کے تمام ذرائع، زمین، بنک، فیکٹری وغیرہ محنت کرنے والوں کی مشترکہ ملکیت ہوں اور ہر شخص کو بقدر محنت یا بقدر ضرورت اجرت ملے۔

**کمیونسٹ**۔ (Communist) دیکھیے اشتراکی۔ کمیونزم کے نظریہ پر عمل کرنے والا۔

# ک۔ ن

**کَن**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ریزہ۔ ذرہ۔ ذرا سا۔ (۲) اناج کا دانہ۔ نخلہ۔ (۳) شگوفہ۔ غنچہ۔ پھول (۴) طاقت۔ بل۔ زور۔ (۵) نیم۔ آدھا۔ کونہ۔ گوشہ۔ جیسے کن انکھیاں یعنی گوشۂ چشم۔ (۶) کان (ق) (۷) نزدیک (ق) (۸) سے (ق)۔

**کن انکھیوں سے دیکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ آنکھ چرا کر دیکھنا۔ نیچی نظر سے دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا۔

**کَن بَٹائی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) فصل کو چند حصہ داروں میں نسبتہً تقسیم کرنا۔

**کَن پَھٹا**۔ (ا۔ مذ) وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں۔

**کَن پھُول**۔ (ا۔ مذ) کرن پھول۔

**کَن پھیڑ**۔ (ا۔ مذ) وہ ورم جو کان کے نیچے سے گلے کی حد تک آجاتا ہے۔

**کن ٹوپ**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں۔

**کَن چھدا**۔ (ا۔ مذ) وہ شخص جس کے کان چھدے ہوں۔

**کن چھیدن**۔ (ا۔ مذ) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔

**کَن رَس**۔ (ا۔ صف) (۱) راگ رنگ سننے کا مزہ۔ (۲) باتیں سننے کا مزہ۔ (۳) کانوں کا راگ کی آوازوں سے آشنا ہونا۔ (۴) بدگوئی سننے کی عادت۔

**کَن رَسیا**۔ (ا۔ مذ) وہ شخص جسے گانا سننے کا شوق ہو۔ راگ کے سمجھنے اور لطف حاصل کرنے کا مذاق رکھنے والا۔

**کَن سلائی**۔ (ا۔ مث) ایک قسم کا لمبا خاردار کیڑا جو برسات میں نکلتا ہے اور اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔ کن کھجورا۔ ہزار پایہ۔

**کَن سُوئیاں لینا**۔ (ا۔ محاورہ) چھپ کر باتیں سننا۔ خفیہ بھید لینا۔ ٹوہ رکھنا۔ جاسوسی کرنا۔

**کن کٹا**۔ (ا۔ صف) (۱) گوش بریدہ۔ بوچا۔ (۲) دوسروں کے کان کاٹنے والا۔

**کن کھجورا**۔ (ا۔ مذ) ہزار پا۔ ایک زہریلا کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے یا جسم سے چمٹ کر اپنے پاؤں گاڑ دیتا ہے۔

**کَن**۔ (ف۔ صف) کھودنے والا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے گورکن چاہ کن۔

**کِن**۔ (ہ۔ کلمۂ استفہام) کس کی جمع۔

**کن آنکھوں سے دیکھوں**۔ (ا۔ محاورہ) دیکھا نہیں جاتا۔

**کن وقتوں کی**۔ (ا۔ صف) پرانے زمانے کی۔ پرانی۔

**کُن**۔ (ف۔ صف) کرنے والا۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جیسے کارکن۔

**کُن**۔ (ع۔ صیغۂ امر حاضر) ہو جا۔ وجود میں آجا۔ خدا تعالیٰ کو جب عالم کا پیدا کرنا منظور ہوا تو یہ لفظ فرمایا۔

**کُن فکاں**۔ (ع۔ فعل) ہو جا پس وہ ہو گئی (مجازاً) دُنیا۔ مخلوقات۔ موجودات۔ کائنات۔

**کُن فیکون**۔ (ع۔ فعل) ہو جا پس وہ ہو گیا۔ (۲) (مجازاً) مخلوق۔ کائنات۔

**کَنّا**۔ (کَن۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) کنارہ۔ لب۔ کور۔ (۲) پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور باندھتے ہیں۔ (۳) جوتی کے نیچے کا کنارہ۔

**کنّا نکل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) کنارے کا پھٹ جانا۔ کنارہ ٹوٹ جانا۔

**کنّے ڈھیلے ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) رگ و پے کا سُست اور عضو کا بیکار ہو جانا۔ (۲) تھک جانا۔ عاجز آجانا۔ پتلا حال ہونا۔ جوش جوانی اور غرور و نخوت کا جاتا رہنا۔ (۳) کنکوے کے بازو ڈھیلے ہو جانا۔

**کَنّا**۔ (ق۔ مص) کہنا۔

**کِنار**۔ (کِ۔ نار) [ف۔ ا۔ مث] (۱) بغل۔ آغوش۔ گود۔ سینہ۔ چھاتی۔ (۲) جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔



Marfat.com

کُنار ۔ (کَ ۔ نار) [ف ۔ ا ۔ مث] حاشیہ ۔ کنارہ ۔ کور ۔ سنجاف ۔ طرف ۔ پہلو ۔
کُنار ۔ (کَ ۔ ناڑ) [اُر ۔ ا ۔ مذ] گھوڑے کا زکام ۔
کِنارا ۔ (کِ ۔ نا ۔ را) [اُر ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے کِنارہ ۔
کنارہ ۔ (کَ ۔ نا ۔ رَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] ساحل ۔ لب دریا ۔ کراڑا ۔ (۲) طرف ۔ گوشہ ۔ گھونٹ ۔ (۳) انجام ۔ سِرا ۔ انتہا ۔ حد ۔ (۴) جدائی ۔ علیحدگی ۔ انقطاع [ہ] گوٹ ۔ کنارہ ۔ پلو ۔ حاشیہ ۔ فیتہ ۔
کنارہ کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) علیحدگی اختیار کرنا ۔ الگ ہونا ۔ چھوڑ دینا ۔ باز آنا ۔ گوشہ نشین ہونا ۔ دست بردار ہونا ۔ بچنا ۔
کنارہ کش ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے کنارہ کرنا ۔
کنارہ کشی ۔ (ا ۔ مث) علیحدگی ۔ جدائی ۔ قطع تعلق ۔
کنارے آ لگنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ساحل پر آ کر ٹھہرنا ۔
کنارے بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) الگ بیٹھ جانا ۔ (۲) گور میں پاؤں لٹکائے ہونا ۔
کنارے کنارے ۔ (ا ۔ محاورہ) الگ الگ ۔ پہلو میں ۔
کنارے کنارے چلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بچ کر چلنا ۔
کنارے لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دریا پار اُتارنا ۔ (۲) مدد کرنا ۔ (۳) انجام کو پہنچنا ۔
کنارے لگنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساحل پر پہنچنا ۔ دریا پار ہونا ۔ (۲) اختتام پر پہنچنا ۔ (۳) قریب مرگ ہونا ۔
کنارے ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) راستے سے بچ جانا ۔ ایک طرف کو ہٹ جانا ۔
کِناری ۔ (کِ ۔ نا ۔ ری) [اُر ۔ ا ۔ مث] دوپٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگانے والا نیلا گوٹا ۔
کِناری باف ۔ (ا ۔ مذ) کناری بننے والا ۔
کَنّاس ۔ (کَن ۔ ناس) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مہتر ۔ خاکروب ۔ حلال خور ۔ (۲) جلاد ۔ پھانسی دینے والا ۔
کناگت ۔ (کَ ۔ نا ۔ گَت) [ھ ۔ ا ۔ مث] سرادھ ۔
کنال ۔ (کَ ۔ نال) [اُر ۔ ا ۔ مث] ایک پیمانے کا نام ۔ ۲۰ مرلے کے برابر زمین کا پیمانہ ۔ گھماؤں کا آٹھواں حصہ ۔ بیگھے کا چوتھا حصہ ۔
کَنائی ۔ (کَ ۔ نا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] راہ ۔ گذرگاہ ۔ راستہ ۔
کنائی کاٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا ۔
کِنایت ۔ (کِ ۔ نا ۔ یَت) [ف ۔ ا ۔ مث] ۔ عربی کنایۃ کا مفرس ۔ دیکھیے کنایہ ۔
کنایۃً ۔ (کِ ۔ نا ۔ یَ ۔ تَن) [ع ۔ تابع فعل] اشارۃً ۔ ضمناً ۔ مجازاً ۔
کنایہ ۔ (کِ ۔ نا ۔ یَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) عربی کنایۃ کا مفرس ۔ ایما ۔ رمز ۔ اشارہ ۔ مبہم بات ۔ (۲) منشا ۔ مطلب ۔ معنی ۔ مراد ۔ (۳) مجازاً استعارہ ۔
کنایہ میں کہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) اشارے سے مطلب ظاہر کرنا ۔ صاف الفاظ میں نہ کہنا ۔

کُنبا ۔ کُنبہ ۔ (کُن ۔ بہ ۔ کُم ۔ بہ) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قبیلہ ۔ گھرانہ ۔ خاندان ۔ (۲) بال بچے ۔ اہل و عیال ۔ لڑکے بالے ۔ آل و اولاد ۔
کُنبہ پرور ۔ (ا ۔ صف) بال بچے اور رشتہ داروں کی خبر گیری کرنیوالا
کُنبہ پروری ۔ (ا ۔ مث) خاندان اور آل و اولاد کی پرورش ۔
کُنبہ جوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رشتہ داروں اور عزیزوں کو جمع کرنا ۔ (۲) بھیڑ لگانا ۔ جیسے کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا ۔
کُنبَٹ ۔ (کُن ۔ بَٹ) [ق ۔ ا ۔ مذ] کسان ۔ کاشت کار ۔ رعیت ۔
کُنبھ ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے کُمبھ
کُنتھا ۔ (کُن ۔ تھا) [ق ۔ ا ۔ مث] (۱) گودڑی ۔ دلق ۔ (۲) کتھا ۔ قصہ
کَنٹر ۔ (کَن ۔ ٹَر) [انگ (Decanter) ڈی کینٹر کا مخفف ۔ ا ۔ مذ] شراب رکھنے کا شیشہ ۔ قرابہ ۔ مینائے شراب ۔
کنٹرول ۔ (Control) (کَن ۔ ٹرول) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) اقتدار ۔ حکومت ۔ قابو ۔ نگرانی ۔ (۲) روک ۔ رکاوٹ ۔ بندش ۔
کنٹرولر ۔ (Controller) (کَن ۔ ٹرو ۔ لَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) محاسب سرکاری (۲) ناظم ۔ ناظر ۔
کنٹریکٹ ۔ (Contract) (کَن ۔ ٹ ۔ ریکٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] معاہدہ ۔ اقرار نامہ ۔ ٹھیکہ ۔
کنٹریکٹر ۔ (Contractor) (کَن ۔ ٹ ۔ ریک ۔ ٹَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مستاجر ۔ ٹھیکیدار ۔
کنٹک ۔ (کَن ۔ ٹَک) [ھ ۔ صف] بخیل ۔ کنجوس ۔ تنگ دل ۔ خسیس ۔
کنٹجنٹ ۔ (Contingent) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بالائی خرچ ۔ زائد خرچ ۔ (۲) حصہ ۔ خرچ کا حصہ ۔
کنٹونمنٹ ۔ (کَن ۔ ٹون ۔ منٹ) (Contonment) [انگ ۔ ا ۔ مذ] صدر کیمپ ۔ چھاؤنی ۔
کنٹونمنٹ بورڈ ۔ (Cantonment Board) چھاؤنی کے علاقہ میں میونسپل کمیٹی کی طرح کام کرنے والا ادارہ ۔
کنٹھ ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) گلا ۔ (۲) گلے کی ہڈی ۔ گانٹھی ۔ (۳) آواز ۔ سُر ۔ (۴) حفظ ۔ ازبر ۔
کنٹھ بیٹھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) آواز بیٹھ جانا ۔ گلا پڑ جانا ۔ (۲) موت کے آثار ظاہر ہونا ۔
کنٹھ سوکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پیاس یا خشکی سے گلا خشک ہو جانا ۔ (۲) دُبلا ہو جانا ۔ لاغر ہو جانا ۔
کنٹھ مالا ۔ (ا ۔ مذ) (۱) خنازیر ۔ گلے کا مرض جس میں گلٹیاں ہوتی ہیں (۲) ایک زیور مالا کے طور پر پہنا جاتا ہے ۔
کنٹھ نکلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کنٹھ پھوٹنا ۔ گلے کی ہڈی کا نمایاں ہونا ۔ بالغ ہونا ۔



Marfat.com

**کنٹھا** - (کَن - ٹھا) [ھ - ا - مذ] (۱) سونے کے بڑے بڑے دانوں کا ہار - (۲) پھولوں کا ہار جس میں کلیاں گوندھی جاتی ہیں - (۳) بڑے بڑے دانوں کی تسبیح جسے فقرا گلے میں ڈالتے ہیں - (۴) وہ ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں -

**کنٹھا اُٹھانا** - (ا - محاورہ) تسبیح کی قسم اُٹھانا -

**کنٹھالنا** - (کَن - ٹھال - نا) [ق - مص] نفرت کرنا - جی متلانا -

**کنٹھی** - (کَن - ٹھی) [ھ - ا - مث] (۱) تسبیح - (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی - (۳) پرندوں کے گلے کا طوق -

**کنٹھی باندھنا** - (ا - محاورہ) (۱) مُرید ہونا - بیعت کرنا - (۲) سادھو ہو جانا -

**کنٹیا** - (کَن - ٹِ - یا) [ھ - ا - مث] (۱) کانٹا کی تصغیر - چھوٹا کانٹا - مچھلی پکڑنے کا کانٹا -

**کنٹیلا** - (کَن - ٹی - لا) (ہ - صف) خاردار - کانٹے والا -

**کُنج** - (ف - ا - مذ) زاویہ - گوشہ - کونہ - کنارہ -

**کنجِ تنہائی** - (خلوت) [ا - مذ] گوشہ - عزلت - کامل تنہائی -

**کنجِ قفس** (ف - ا - مذ) پنجرے کا کونہ -

**کنجِ قناعت** - (ف - ا - مذ) صبر کا گوشہ - گوشۂ تسلیم و رضا -

**کنجِ لحد (گور)** [ف - ا - مذ] قبر کا گوشہ -

**کُنج** - (س - ا - مذ) (۱) درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ - بیل بوٹوں کی جگہ - (۲) [ھ - ا - مذ] گلی - کوچہ - محلہ - (۳) ہاتھی دانت -

**کنجا** - (کَن - جا) [ہ - صف] کرنجہ - نیلی آنکھوں والا - گربہ چشم -

**کنجال** - (کَن - جال) [ق - ا - مؤنث] کائی -

**کُنجد** - (کُن - جَد) [ف - ا - مذ] تِل - جس سے تیل نکالا جاتا ہے -

**کنجر** - (کَن - جَر) [ہ - ا - مذ] (۱) ایک خانہ بدوش قوم - سانسی - (۲) (صف) کمینہ - ارذل - بدوضع - بدشکل - (۳) بے سرو سامان (ق) (۴) [پن] ارباب نشاط کی قوم - ناچنے والی قوم - بھڑوا -

**کنجر، کُنجل** - (کُن - جَر - کُن - جَل) [س - ا - مذ] (۱) بڑا اور قوی الجثہ - ہاتھی - (۲) پُرانا - (ق)

**کنجری** - (کَنج - رِی) [ہ - ا - مث] (۱) کنجر قوم کی عورت - (۲) ایک قسم کے فحش گیت - (۳) [پن] رنڈی - کسبی -

**کُنجڑا** - (کُنج - ڑا) [ھ - ا - مذ] ترکاری بیچنے والا - سبزی فروش -

**کنجڑے قصائی** - (ا - مذ) گھٹیا درجہ کے لوگ -

**کنجڑے کی گاڑی قصائی کی پچھاڑی** - (مثل) ترکاری اول وقت یعنی آتے ہی اچھی ملتی ہے اور گوشت اخیر وقت اچھا ملتا ہے -

**کُنجڑن** - (کُنج - ڑَن) [ہ - ا - مث] ترکاری بیچنے والی عورت -

**کُنجشک** - (کُن - جِشک - کُن - جِشک) [ف - ا - مث] چڑیا -

**کنجوس** - (کَن - جُوس) [ہ - صف] بخیل - شوم - تنگ دل - ممسک -

**کنجوس مکھی چوس** - (ا - صف) انتہائی کنجوس -

**کنجوسی** - (کَن - جُو - سی) [ہ - ا - صف] بخل - خسست - تنگ دلی -

**کُنجی** - (کُن - جی) [ھ - ا - مث] چابی - تالی - کلید -

**کُنجی ہاتھ ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) کسی کے مزاج پر قابو ہونا - (۲) خزانہ پر قابو ہونا -

**کنجی** - (کَن - جی) [ھ - صف] نیلی - کرنجی - نیگوں (آنکھیں)

**کنچن** - (کَن - چَن) [ھ - ا - مذکر] (۱) سونا - زر - طلا - (۲) ایک قوم جو اپنی عورتوں کو نچواتی اور اُن سے کسب کرواتی ہے - (۳) حرامی - (صفت)

**کنچن بچہ** - (ا - مذ) کنچن کا بیٹا - کسبی کا جنا ہُوا - بیسوا پُتر -

**کنچن برسنا** - (ا - محاورہ) (۱) روپیہ برسنا - کثرت سے آمدنی ہونا - (۲) زرخیز ہونا اور خوب پیداوار ہونا -

**کنچن نیر** - (ا - مذ) (۱) صاف و شفاف پانی - ستھرا پانی - (۲) آبِ زر -

**کنچنی** - (کَن - چَ - نی) [ھ - ا - مؤنث] بیسوا - رنڈی - کسبی - ناچنے والی رقاصہ -

**کَند** - (ہ - ا - مث) جڑ -

**کُند** - (ف - صفت) (۱) کھنڈا - وہ چاقو، چھری یا تلوار وغیرہ جو تیز نہ ہو - (۲) سُست - کاہل - غبی -

**کند چھری سے حلال کرنا** - (ا - محاورہ) بہت ایذا دینا - بہت تکلیف دینا -

**کُند ذہن** - (ف - صفت) غبی - ٹھس - بے وقوف -

**کُندا** - (کُن - دا) [اُر - ا - مذ] پاجامے کی سہ گوشہ تریز - (۲) بندوق کا پچھلا حصہ - (۳) پتنگ کا ہر گوشہ - (۴) کھویا بھنا ہُوا دودھ

**کُندا بھوننا - کُندا کسنا** - (ا - محاورہ) دودھ کا کھویا بنانا - دودھ کا مادا بنانا -

**کُندا چڑھانا** - (ا - محاورہ) بندوق کی نالی میں لکڑی لگانا -

**کُندے تولنا** - (ا - محاورہ) پرندکا اپنے شہپر سمیٹ کر دونوں بازوؤں کو اُڑنے کی غرض سے جنبش دینا - (۲) [مجازاً] کہیں جانے کا قصد کرنا -

**کِندراش** - (کِن - دَ - راش) [ق - ا - مث] نفرت - کراہت -

**کِندرانا** - (ق - مص) نفرت کرنا - ناپسند کرنا -

**کُندرُو** - (کُنْد - رُو) [ھ - ا - مذکر] ایک قسم کی ترکاری -

**کُندرری** - (کُند - رَری) [ق - ا - مث] نذر و نیاز کا کھانا - دعوت - دسترخوان -

**کُندلا** - (کُند - لا) [ھ - ا - مذکر] سونے کا تار - سونے کا ڈلا -

**کندلاکش** - (ا - صف) وہ شخص جو چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھائے -

**کَندن** - (کَن - دَن) [ف - مص] کھودنا - گودنا - (مذ) منبت کاری - کندہ کاری

**کندن کرنا** - (ا - محاورہ) کھودنا - کھدائی کرنا - گودنا - منبت کاری کرنا - کندہ کرنا -

**کُندن** - (کُن - دَن) [ھ - ا - مذ] خالص سونا - (صفت) نہایت چمکیلا - دمکتا ہوا - خالص - زرِل -

**کُندن بن جانا** - (ا - محاورہ) (۱) اکسیر کے ذریعے سے خالص سونا بن جانا - (۲) نکھرنا - صاف اور ستھرا نکل آنا - (۳) اکسیر بن جانا - کیمیا بن جانا -



Marfat.com

پارس بن جانا۔
**کُندن سا رنگ۔** (ا۔ مذ) نہایت سنہری اور زرد رنگ۔ چمکتا ہُوا سنہری رنگ۔
**کُندن سا دمکنا۔** (ا۔ محاورہ) سونے چاندی کی طرح چمکنا۔
**کَندُورا۔** (کَن۔ دُو۔ را) [ف۔ ا۔ مذ] دسترخوان۔
**کَندُوری۔** (کَن۔ دُو۔ رِی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) دسترخوان۔ روٹیوں پر لپیٹنے کا رومال۔ (۲) بیوی کی صحنک۔ (۳) [مذ] ایک قسم کا جنگلی کھیا۔
**کَندَہ۔** (کَن۔ دَہ) [ف۔ صفت] کھُدا ہُوا۔ منقش۔
**کندہ کار۔** (ا۔ صفت) قلم کار۔ نقش و نگار کھودنے والا۔ نبت کار۔
**کندہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کھودنا۔ قلم کاری کرنا۔ نقاشی کرنا۔
**کُندَہ۔** (کُن۔ دَہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا۔ (۲) بندوق کی لکڑی۔ (۳) وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں۔ (۴) وہ لکڑی جس میں سوراخ کر کے مجرموں کے پاؤں ٹھونک دیتے ہیں (۵) نیز دیکھیے کُندا۔
**کُندہ ناتراش۔** (ف۔ صفت) اَن گھڑی لکڑی (۲) (مجازاً) احمق۔ بے وقوف۔ نالائق۔ بے تمیز۔
**کَندھا۔** (کَن۔ دھا) [ھ۔ ا۔ مذ] شانہ۔ مونڈھا۔
**کندھا بدلنا۔** (ا۔ محاورہ) ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ لینا۔ ڈولی اٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا۔
**کندھا دینا۔** (ا۔ محاورہ) جنازے کو کندھے پر لینا۔ (۲) مدد دینا۔ سہارا دینا۔ (۳) باری باری کندھے پر لینا۔
**کندھا ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) بیل کا اپنے کندھے پر سے جُوا اتار دینا۔ (۲) تھک جانا۔ ہمت ہار دینا۔
**کندھا لگنا۔** (ا۔ محاورہ) بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہونا۔
**کندھے چڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بچوں کو کندھے پر اُٹھانا۔ (۲) پہلوانوں کو کشتی جیتنے کے بعد کندھوں پر چڑھا کر لوگوں کو دکھانا۔
**کند ہم جنس باہم جنس پرواز۔** (ف۔ مثل) ہر چیز اپنی ہم جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اعلیٰ اعلیٰ کی طرف، ادنیٰ ادنیٰ کی طرف۔ اُتم سے اُتم ملے۔ ملے نیچ سے نیچ۔
**کَندی۔** (کَن۔ ڈ۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چُول گھومتی ہے۔
**کُندی۔** (کُن۔ دِی) [اُر۔ ا۔ مث] (۱) دُھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو صفائی کرنے کا کام۔ کپڑوں کی صفائی جو موگروں کے ذریعے سے کی جائے (۲) موگری۔ (۳) مار پیٹ۔ زد و کوب۔
**کُندی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا۔ (۲) استری کرنا۔ (۳) مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔
**کُندی گر۔** (ا۔ صفت) ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا۔
**کُنڈ۔** (س۔ ا۔ مذ) (۱) گڑھا۔ غار۔ کھڈ۔ (۲) تالاب۔ حوض۔ پانی کا چشمہ۔
**کُنڈا۔** (کُن۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] اُپلا۔ تھاپی۔ ارنا۔
**کنڈا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خشک ہونا۔ دُبلا ہونا۔
**کُنڈا۔** (کُن۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) حلقہ۔ لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں۔ (۲) زنجیر۔ کنڈی۔
**کُنڈال۔** (کُن۔ ڈال) [ق۔ ا۔ مؤنث] کُنڈلی۔
**کِنڈرگارٹن۔** (Kindergarten) (کِن۔ ڈَر۔ گا۔ رٹن) [انگ۔ ا۔ مذ] چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔
**کَنڈکٹر۔** (Conductor) (کَن۔ ڈک۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] رہنما۔ رہبر۔ پیشرو۔ (۲) منتظم۔ مہتمم۔ منصرم۔ داروغہ۔ (۳) کرائے کی گاڑیاں چلانے والا۔ (۴) موصل۔ ناقل۔ (حرارت)
**کَنڈل۔** (کَن۔ ڈَل) [ہ۔ ا۔ مذ] پیاز کا موٹا چھلکا۔
**کُنڈل۔** (کُن۔ ڈَل) [س۔ ا۔ مذ] حلقہ۔ دائرہ۔ چکر۔ (۲) کان کا بالا۔ (۳) چاند یا سورج کا حلقہ۔ ہالہ۔
**کُنڈل مارنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سانپ کا جسم کو جلیبی کی شکل میں بنا کر بیٹھنا۔ (۲) چاند کا ہالہ نشین ہونا۔ سورج کا کنڈل میں ہونا۔
**کُنڈلی۔** (کُنڈ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا سا حلقہ (۲) دَور۔ چکر۔ گھیرا۔ (۳) جنم پترا۔ (۴) سانپ کا جلیبی کی طرح بن کر بیٹھنا۔
**کُنڈلی بنانا۔** (ا۔ محاورہ) زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا۔
**کُنڈلیاں۔** (ا۔ مث) لٹیں۔ (ق)
**کَنڈم۔** (کَن۔ ڈَم) (Condemned) کا مورد۔ صفت] ناکارہ۔ نکما۔ رد کیا ہوا۔ مسترد۔
**کنڈم کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ناکارہ کرنا۔ رد کرنا۔ ناکارہ قرار دینا۔
**کَنڈنسر۔** (Condenser) (کَن۔ ڈَن۔ سَر) [انگ۔ ا۔ مذ] آلۂ تکثیف۔ بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں)
**کُنڈی۔** (کُن۔ ڈِی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دروازے کی زنجیر۔ حلقۂ در۔
**کُنڈی دینا۔ کنڈی لگانا۔** (ا۔ محاورہ) زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔
**کُنڈی کھڑکھڑانا۔ کھٹکھٹانا۔** (ا۔ محاورہ) دروازے پر زنجیر مار کر بُلانا۔ دستک دینا۔ پکارنا۔
**کُنڈی مُوندنا۔** (ا۔ محاورہ) دروازہ بند کرنا۔
**کَنڈیشن۔** (Condition) کَن۔ ڈِی۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] حالت۔ احوال۔
**کَنز۔** (ع۔ ا۔ مذ) خزانہ۔ مخزن۔ گنجینہ۔ جمع کنوز۔
**کَنس۔** (س۔ ا۔ مذ) متھرا کا ایک ظالم راجہ جسے سری کرشن نے ہلاک کیا تھا۔
**کَنستر۔** (کَ۔ نَس۔ تَر) [انگریزی Canister کا مہند۔ ا۔ مذ] ٹین کا بکس۔ پیپا۔
**کَنسرویٹر۔** (کَن۔ سَر۔ وے۔ ٹَر) [انگ۔ ا۔ مذ] محافظ۔ نگرانِ مال۔ مہتمم جنگلات (Conservator)
**کَنسرٹ۔** (Concert) (کَن۔ سَرٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] نغمہ و سرود



Marfat.com

کاجلسہ۔

**کَنسیشَن** ۔ (Concession) (کَن ۔ سے ۔ شَن) انگ ۔ا۔ مذ] رعایت۔

**کنسورشیم** ۔ (Consortium) (انگ ۔ا۔ مذ) ادارہ ۔ انجمن ۔ مجلس۔

**کَنِش** ۔ (کَ ۔ نِش) [ف ۔ صفت] کنجوس ۔ بخیل۔

**کُنِش** ۔ (کُ ۔ نِش) [ف ۔ا۔ مث] کردار ۔ افعال نیک ہوں یا بد۔

**کُنِشت** ۔ (کُ ۔ نِشت) [ف ۔ا۔ مذ] (۱) آتش کدہ ۔ (۲) بت خانہ ۔ کفار کا عبادت خانہ ۔ یہودیوں کا عبادت خانہ۔

**کنعان** ۔ (کَن ۔ عان) [ع ۔ا۔ مذ] (۱) شام کا صوبہ فلسطین، جہاں حضرت یوسف علیہ السلام پیدا ہوئے تھے۔ (۲) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو کافر تھا۔ (۳) نمرود کے باپ کا نام۔

**کَنَف** ۔ (کَ ۔ نَف) [ع ۔ا۔ مذ و مث] (۱) جانب ۔ سمت ۔ طرف۔ (۲) پناہ ۔ (۳) پرندے کا بازو ۔ (۴) کنارہ ۔ ساحل ۔ جمع :۔ اکناف۔

**کنفرمڈ** ۔ (Confirmed) (کَن ۔ فَرمڈ) [انگ ۔ صفت] مستقل ۔ پکا۔

**کنفرمیشن** ۔ (Confirmation) (کَن ۔ فَر ۔ مے ۔ شَن) [انگ ۔ا۔ مث] مستقلی ۔ استقلال ۔ برقراری ۔ توثیق ۔ منظوری۔

**کنفیڈریشن** ۔ (Confederation) (کَن ۔ فیڈ ۔ رے ۔ شَن) [انگ ۔ا۔ مث] حلیف اور متحد ریاستیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں۔

**کَنَک** ۔ (ق ۔ا۔ مث) (۱) کلنک ۔ دھبہ ۔ داغ ۔ عیب۔ (۲) سونا ۔ زر

**کَنَک** ۔ (ہن ۔ا۔ مث) گیہوں ۔ گندم۔

**کنکالا ۔ کنکالن** ۔ (کَن ۔ کا ۔ لا ۔ کَن ۔ کا ۔ لَن) [ہ ۔ا۔ مث] ۔ ڈائن ۔ جادوگرنی۔

**کنکر** ۔ (کَن ۔ کَر) (ہ ۔ا۔ مذ) (۱) چونے کا سخت ٹکڑا۔ (۲) سنگریزہ۔

**کنکر پتھر** ۔ (ا۔ مث) (۱) کوڑا کرکٹ ۔ الا بلا ۔ واہیات ۔ (۲) تحقیراً ۔ جواہرات۔

**کنکر سا** ۔ (ا۔ صفت) نہایت سرد ۔ خنک ۔ بہت ٹھنڈا ۔ کنکر جیسا۔

**کنکری** ۔ (کَنک ۔ ری) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) ٹھیکری ۔ (۲) ڈلی ۔ ٹکڑا۔

**کنکری** ۔ (ق ۔ا۔ مؤنث) زرخرید لونڈی ۔ محتاج۔

**کنکریٹ** ۔ (Concrete) (کَنک ۔ ریٹ) [انگ ۔ا۔ مث] کنکر اور سیمنٹ کا مرکب۔

**کنکریلا** ۔ (کَنک ۔ ری ۔ لا) [ہ ۔ صفت] کنکر ملا ہوا ۔ کرکرا۔

**کنکریلی** ۔ (کَنک ۔ ری ۔ لی) [ہ ۔ صفت] کنکریلا کی تانیث (مؤنث) پتھریلی زمین ۔ سنگلاخ زمین۔

**کُنکُنا** ۔ (کُن ۔ کُ ۔ نا) [ہ ۔ صفت] نیم گرم ۔ تھیر گرم ۔ سہتا سہتا۔

**کنکوا** ۔ (کَن ۔ کَو ۔ آ) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) کاغذ کا بنا ہوا پتنگ ۔ گڈی ۔ تکل ۔ (۲) ایک بوٹی۔

**کنکوا اڑانا ۔ کنکوا بڑھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پتنگ بازی کرنا ۔ گڈی کو ہوا پر تاننا۔

**کنکوا کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مخالف کے پتنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے گھسے اور پتنگ کے زور سے اڑا دینا۔

**کنکوا لڑانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پتنگ بازی کرنا ۔ پتنگوں کا باہم اڑا کر گھستوں سے کاٹ دینا یا کٹوا دینا

**کنکوت** ۔ (کَن ۔ کُوت) [ہ ۔ا۔ مذ] کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا۔

**کنکی** ۔ (کَن ۔ کی) [ہ ۔ا۔ مث] چاول کا چورا ۔ چاول کے ٹکڑے ۔ (۲) کنکر (ق)

**کنکیاں** ۔ (کَن ۔ کی ۔ آں) [ق ۔ا۔ مث] چاول کے ٹوٹے ہوئے ٹکڑے

**کنگال** ۔ (کَن ۔ گال) [ہ ۔ صفت] (۱) مفلس ۔ محتاج ۔ نادار ۔ تنگ حال (۲) کال کا مارا ۔ فاقہ کش۔

**کنگال بانکا** ۔ (ا۔ صفت) فاقہ مست ۔ مفلس شوقین۔

**کنگال کر دینا** ۔ (مص ۔ مرکب) مفلس بنا دینا ۔ تہی دامن کر دینا ۔ محتاج کر دینا۔

**کنگال گھر کا** ۔ (ا۔ صفت) غریب گھر کا ۔ محتاج خاندان کا۔

**کنگال ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) مفلس ہو جانا ۔ محتاج ہو جانا ۔ افلاس میں گھر

**کنگائی** ۔ (کَن ۔ گا ۔ ئی) [ق ۔ا۔ مث] کنگھی۔

**کنگرو** ۔ (Kangaroo) (کَنگ ۔ رُو) [انگ ۔ا۔ مذ] آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں ۔ اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں وہ اپنے بچے کو بٹھا لیتا ہے۔

**کنگرہ** ۔ (کَن ۔ گُ ۔ رَہ) [ف ۔ا۔ مذ] دیکھیے کنگورہ

**کنگری** ۔ (کَنگ ۔ ری) [ق ۔ا۔ مث] زرخرید لونڈی ۔ محتاج۔

**کنگری** ۔ (کِنگ ۔ ری) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی بین (۲) (پ) کپڑوں پر لگانے کا بہترین کنگرے دار فیتہ۔

**کنگڑ ۔ کنگھڑا** ۔ (کَن ۔ گُڑ ۔ کَن ۔ گڑا) [اُر ۔ صفت] موٹا ۔ فربہ ۔ قوی ہیکل

**کنگلا** ۔ (کَنگ ۔ لا) [ہ ۔ صفت] کنگال کی تصغیر بالتحقیر ۔ مفلس ۔ قلاش ۔ محتاج ۔ نادار۔

**کنگلی** ۔ (کَنگ ۔ لی) [ہ ۔ صفت] کنگلا کی تانیث ۔ فاقہ زدہ ۔ بھوکی عورت ۔ محتاج عورت۔

**کنگن** ۔ (کَن ۔ گَن) [ہ ۔ا۔ مذ] کلائی کا ایک زیور ۔ دستینہ۔

**کنگنا** ۔ (کَنگ ۔ نا) [ہ ۔ا۔ مذ] وہ ڈورا جو دولہا کی کلائی پر باندھا جاتا ہے

**کنگنی** ۔ (کَنگ ۔ نی) [ہ ۔ا۔ مث] (۱) کانس ۔ دیوار کی کگر ۔ (۲) ایک چھوٹا سا چکنا اناج۔

**کنگورا ۔ کنگورہ** ۔ (کَن ۔ گو ۔ را ۔ کَن ۔ گُو ۔ رَہ) [اُر ۔ا۔ مذ] وہ طاقچے جو فصیل قلعہ یا دوسری عالیشان عمارتوں میں خوبصورتی کے لیے بنا دیتے ہیں ۔ (۲) کلغی ۔ جیغہ ۔ (۳) خوش نما پر جو ٹوپی پر لگاتے ہیں۔

**کنگھا** ۔ (کَن ۔ گھا) [ہ ۔ا۔ مذ] (۱) بال سلجھانے کا اوزار جس میں دندانے ہوتے ہیں ۔ شانہ ۔ (۲) جولاہوں کا ایک اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں۔



Marfat.com

**کنگھی** ۔ (کَن ۔ گھی) [ھ ۔ ا ۔ مث] کنگھا کی تانیث ۔ چھوٹا کنگھا جس کے دونوں طرف دندانے ہوتے ہیں ۔ (۲) ایک درخت کا نام جس کے پھول میں کنگھی کے سے دندانے ہوتے ہیں ۔

**کنگھی چوٹی** ۔ (ا ۔ صف) آرائش ۔ بناؤ سنگھار ۔

**کنگھی چوٹی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بناؤ سنگھار کرنا ۔ بال سنوارنا ۔ سر گوندھنا ۔

**کنگھی چوٹی میں اُلجھا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا ۔

**کنگھی کرنا** ۔ (مص مرکب) بال بنانا ۔ بالوں کو کنگھی سے سلجھانا ۔

**کُنمنانا** ۔ (کُن ۔ مَ ۔ نا ۔ نا) [ھ ۔ مص] بے چین ہونا ۔ (۲) عُذر کرنا ۔

**کُنِندَہ** ۔ (کُ ۔ نِن ۔ دہ) [ف ۔ صف] کرنے والا ۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے تحریر کُنندہ ۔

**کِنو** ۔ (ا ۔ مذ) سنگترے کی جدید ترقی یافتہ قسم جو سنگترے سے زیادہ شیریں اور زیادہ بہتر ہے ۔

**کُنوار** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) ایک پودا جو اکثر دواؤں میں کام آتا ہے ۔ (۲) اسوج کا مہینہ ۔

**کُنوارا** ۔ (کُن ۔ وا ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] بن بیاہا مرد ۔ مجرد ۔

**کُنوارپَت (پتا) کُنوار جھَل** ۔ (کُن ۔ وار ۔ پَت ۔ کُن ۔ وار ۔ جھَل) ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] دوشیزگی ۔ لڑکی کی شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ ۔

**کُنوارپَن ۔ کُنوارپنا** ۔ (کُن ۔ وار ۔ پَن ۔ کُنوار ۔ پنا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے کُنوارپت ۔

**کُنواری** ۔ (کُن ۔ وا ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] بن بیاہی لڑکی ۔ باکرہ ۔

**کنواری ارمان ۔ بیاہی پشیمان** ۔ (ا ۔ مثل) کام نہ کرنے والا تو یاس میں پریشان اور کرنے والا مصیبت میں حیران ۔

**کنواری کو سدا بسنت** ۔ (ا ۔ مثل) آزاد اور مجرد آدمی کے لیے ہر وقت خوشی ہے ۔

**کنواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں** ۔ (ا ۔ مثل) کنوارپن کے زمانے میں لڑکی کا خرچ کچھ زیادہ نہیں ہوتا لیکن بیاہ دینے کے بعد اس کا خرچ والدین پر بڑھ جاتا ۔

**کنواں** ۔ (کُو ۔ آں) [ھ ۔ ا ۔ مذ] چاہ ۔ کھُو ۔

**کنواں اُگاڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں کی مٹی نکالنا ۔ کنواں صاف کرنا ۔

**کنواں اندھا ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں کا پانی خشک ہو جانا ۔ کنویں کی تہہ کا بیٹھ جانا ۔

**کنواں بیچا ہے کنویں کا پانی نہیں بیچا** ۔ (ا ۔ مثل) بے فائدہ تکرار اور خواہ مخواہ حجت کا اظہار ۔

**کنواں ٹوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں کا پانی کم ہو جانا ۔

**کنواں چھوڑ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں کا پانی چلا دینا ۔ (۲) کنواں بند کر دینا ۔ آبپاشی سے باز رہنا ۔

**کنواں کھودنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنواں تیار کرنا ۔ (۲) کسی سے بدی کرنا ۔ (۳) دوسرے کے گرانے کو گڑھا کھودنا ۔

**کنواں کھودنے والا** ۔ (۱) چاہ کن ۔ (۲) [مجازاً] برائی کرنے والا ۔

**کنوؤں (کنویں) میں بانس ڈالنا ۔ (ڈلوا دینا)** (ا ۔ محاورہ) بہت دیکھ بھال کرنا ۔ نہایت ڈھونڈھنا ۔

**کنویں بھانگ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سب کا متوالا اور پاگل ہو جانا ۔ اوپر نیچے سے لے کر اعلیٰ تک کا مست و بے ہوش بلکہ از خود رفتہ اور دیوانہ ہو جانا ۔ کسی عقل کا بھی سلیم اور سچا نہ رہنا ۔

**کنویں پہ جا کر پیاسا آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فیض کی جگہ جا کر محروم آنا ۔

**کنویں جھانکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نہایت جستجو اور تلاش کرنا ۔ (۲) حیران پریشان ہونا ۔ (۳) کنویں میں گرنا ۔

**کنویں جھنکانا ۔ کنویں جھنکوانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں کا پانی یا تہہ دکھانا ۔ (مجازاً) حیران کرنا ۔ آوارہ پھرانا ۔ دربدر پھرانا ۔ تھکا مارنا ۔

**کنویں کھودتے کو کھاتا تیار** ۔ (ا ۔ مثل) اوروں کی برائی کرنے والے کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے ۔ چاہ کن را چاہ درپیش ۔

**کنویں کی مٹی کنویں کو لگتی ہے** ۔ (ا ۔ مثل) جس قدر آمد ہوتی ہے اسی قدر خرچ بھی ہوتا ہے ۔ جہاں کی کمائی ہوتی ہے وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے ۔

**کنویں میں بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت آہستہ اور دبی آواز سے بولنا ۔ قریب مرگ ہونے کی آواز ۔

**کنویں میں پھینک دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کنویں میں گرانا ۔ (۲) ضائع کرنا ۔

**کنویں میں دھکیل دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑکی کی شادی کسی بُری جگہ کر دینا ۔

**کنویں میں ڈوب مرو** ۔ (ا ۔ مقولہ) شرم کرو ۔ غیرت کرو ۔

**کنواسا** ۔ (کنواں ۔ سا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] نواسے کا بیٹا ۔

**کنواسی** ۔ (کنواں ۔ سی) [ھ ۔ ا ۔ مث] نواسی کی بیٹی ۔

**کنوائے** ۔ (Convoy) [کَن ۔ وا ۔ اے] [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بدرقہ ۔ (۲) فوجی دستہ یا سامان رسد (جس کے ہمراہ بدرقہ ہو)

**کَنَوتی** ۔ (کَ ۔ نَو ۔ تی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) گھوڑے کا کان ۔ (۲) کان کی بالی ۔ مُرکی ۔

**کنوتیاں بدلنا ۔ کنوتیاں کھڑی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا ۔ چوکنا ہونا ۔

**کَنَوٹھا** ۔ (کَ ۔ نَو ۔ ٹھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کونہ ۔ گوشہ ۔ (۲) بغل ۔ آغوش ۔ (۳) برابر کا بھائی ۔

**کَنوَر** ۔ (کَن ۔ وَر) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] ورم جو کانوں کی جڑ میں ہوتا ہے ۔

**کُنوَر** ۔ (کُن ۔ وَر) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لڑکا ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ (۲) راجہ کا بیٹا ۔ ٹیکا ۔ شہزادہ ۔ (۳) اعزازی خطاب ۔

**کَنوَل** ۔ (کَن ۔ وَل) (۱) ایک پھول ۔ گل نیلوفر ۔ (۲) قمقمہ ۔ سُرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاتے ہیں ۔ (۳) شیشے کے ایک ظرف کا نام جس میں شمع روشن کرتے ہیں ۔

**کنول کھلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گل نیلوفر کا شگفتہ ہونا ۔ (۲) دل کا خوش خرم اور شاداب ہونا ۔

**کنول گٹا** ۔ (ا ۔ مذ) کول ڈوڈے ۔ کمھانا ۔ کنول کا بیج ۔

**کنول نین** ۔ (ا ۔ صف) کٹورا سی آنکھوں والا ۔



Marfat.com

**کنونڈا** ۔ (کَ۔ نَوَن۔ ڈا) [ہ۔ صفت] (۱) شرمندہ۔ شرمسار۔ (۲) بدنام۔ رُسوا۔ ذلیل۔ (۳) عیبی۔ ناقص۔

**کنونڈی** ۔ (کَ۔ نَوَن۔ ڈِی) [ہ۔ صفت] کنونڈا کی تانیث۔

**کنونڈی بِلی چُوہے سے کان کُترواتی ہے** ۔ (ا۔ مثل) احسانمندی شرمسار کرتی ہے۔

**کنونشن** ۔ (Convention) کَن۔ وَن۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] انعقاد۔ مجلس۔ اجتماع۔

**کنویسر** ۔ (Canvasser) کَن۔ وَے۔ سَر) [انگ۔ ا۔ مذ] ووٹ کے حصول کے لیے کوشش کرنے والا۔

**کُنہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کسی چیز کی انتہا۔ تہہ۔ حقیقت۔ (۲) (مجازاً) نکتہ۔ باریکی۔ بات کی تہہ۔ عطر۔ (۳) کسی چیز کی وجہ۔ طرز۔

**کُنہ کو پہنچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کی تہہ کو پہنچنا۔

**کُنہ نکالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دشمنی نکالنا۔ کینہ نکالنا۔

**کنہائی** ۔ (کَن۔ ہا۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) سری کرشن جی۔ (۲) [مؤنث] کھڑی فصل کا تخمینہ۔

**کنہیا** ۔ (کَن۔ ہیَ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) سری کرشن جی۔ (۲) خوبصورت لڑکا۔ [اُر] معشوق۔

**کنی** ۔ (کَ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارہ۔ الماس کا ریزہ۔ (۲) ٹوٹے ہوئے چاول۔ (۳) خامی۔ چاولوں کا وہ حصہ جو گلنے سے رہ گیا ہو۔

**کنی** ۔ (کَن۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) حاشیہ۔ کنارہ۔ سنجاف۔ فیتہ۔ (۲) کنکوے کا بازو۔ (۳) تمباکو کی کونپلیں جو ایک دفعہ کاٹنے کے بعد دوسری دفعہ نکلتی ہیں۔

**کنی باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پتنگ کے بازو میں دھجی باندھ کر اس کے دونوں بازوؤں کو ہم وزن کرنا۔

**کنی دار** ۔ (ا۔ صفت) وہ کپڑا جس کے کناروں پر کسی رنگ کی کناری ہو۔ کنارہ دار۔

**کنی دبانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) قابو میں آنا۔ (۲) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔

**کنی دبنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مطیع و فرماں بردار ہونا۔ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔ (۲) جھینپنا۔ لجانا۔ شرم کرنا۔ آنکھ نیچی کرنا۔ (۳) ڈرنا۔ خائف ہونا۔

**کنی کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کترانا۔ نظر بچا کر چلے جانا۔ ایک طرف ہو کر چلے جانا۔

**کنی کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پتنگ کا ایک رُخ کو جھکنا۔ کنکوے کا ایک طرف سے نیچا ہو کر اُڑنا۔

**کنے** ۔ (ق) پاس۔ نزدیک۔ (۲) قبضے میں۔ (۳) گھر پر۔

**کنیا** ۔ (کَن۔ نِ۔ یا) [س۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی معصومہ۔ (۲) دوشیزہ۔ کنواری۔ (۳) بیٹی۔ دختر۔ (۴) دلہن۔ عروس۔ (۵) چھٹی راس۔ برج سنبلہ کا ہندی نام۔ (۶) درگا دیوی۔

**کنیا دان** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لڑکی کا بیاہ کرنا۔ (۲) جہیز دان۔ (۳) بیٹی کے بیاہنے کے لیے لوگوں سے للہ کچھ مانگنا۔

**کنیانا** ۔ (کَن۔ یا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کنکوے کا ایک طرف کو جھکنا۔ پتنگ کا کنی کھانا۔ (۲) کنارہ کرنا۔ بچنا۔ کترانا۔ (۳) شرمانا۔ آنکھ سامنے نہ کر... (۴) پاس نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔

**کُنیت** ۔ (کُن۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] وہ نام جو باپ۔ ماں۔ بیٹا۔ بیٹی وغیرہ کے تعلق سے بولا جائے۔

**کنیر** ۔ (کَ۔ نیر) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک تلخ زہریلا درخت اور اس کا پھل۔ ... کے سفوف کے جوشاندے سے پسّو اور کھٹمل مر جاتے ہیں۔

**کنیر کا پھول** ۔ (۱) گل خر زہرہ۔ (۲) لڑائی کا گھر۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ انگیز۔

**کنیز** ۔ (کَ۔ نیز) [ف۔ ا۔ مث] لونڈی۔

**کنیزک** ۔ (کَ۔ نی۔ زَک) [ف۔ ا۔ مث] کنیز کی تصغیر۔

**کنیسہ** ۔ (کَ۔ نی۔ سَہ) [ف۔ ا۔ مذ] گرجا۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

**کنیف** ۔ (کَ۔ نیف) (ع۔ ا۔ مذ) بیت الخلا۔ پاخانہ۔ جائے ضرو...

## ک ۔ و

**کو** ۔ (ہ۔ علامت مفعول) واسطے۔ لیے۔ برائے۔

**کو** ۔ (ق) (۱) کب۔ (۲) کون۔ کس نے۔ (۳) کہو۔ (۴) کوس۔

**کو** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) گلی۔ کوچہ۔ محلّہ۔

**کو بہ کو** ۔ (ف۔ تابع فعل) دربدر۔ گلی گلی۔ کوچہ بہ کوچہ۔

**کوبی** ۔ (ف) مار پیٹ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سینہ کوبی۔

**کوا اٹھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حلق میں جب گوشت کا ٹکڑا لٹک جائے تو اُسے درست کرنا۔

**کوا** ۔ (کَو۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) زاغ۔ کاگ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا سا لوتھڑا جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے۔

**کوا پری** ۔ (ا۔ مث) کالی عورت۔ حبشن۔

**کوا پھنسانے کی چال ہے** ۔ (ا۔ مثل) ہوشیار آدمی کو دامِ فریب میں لانے کی تدبیر ہے۔

**کوا ٹرّاتا ہی ہے، ڈھان پکتے ہی ہیں** ۔ (ا۔ مثل) دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔

**کوا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا** ۔ (ا۔ مثل) اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے۔

**کوا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے، کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں** ۔ (ا۔ مثل) جہاں کوئی شخص جھوٹی بات کی پیروی کرتا جائے اور تحقیق کی طرف متوجہ نہ ہو۔ وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔



Marfat.com

**کوّے اُڑانی۔ کوّے ہکنی۔** (ا۔مثل) (۱) نہایت ادنیٰ درجہ کی ملازمہ۔ (۲) دیوانی۔ پگلی۔ باؤلی۔

**کوّے اُڑجا۔** (ا۔محاورہ) جب کوئی پردیسی آنے کو ہو اور کوّا گھر میں آ بیٹھے، تو عورتیں یہ فقرہ کہہ کر اس امر کا شگون لیتی ہیں کہ اگر وہ آنے والا ہوگا، تو یہ اُڑ جائے گا۔ ورنہ بیٹھا رہے گا۔

**کوّے کھائے ہیں۔** (ا۔مثل) (۱) یعنی بڑی عمر کا ہے۔ اس عمر میں بھی بال سیاہ ہیں (عوام کا خیال ہے کہ چونکہ کوّے کی عمر بڑی ہوتی ہے اس لیے کوّے کھانے والے کی عمر بھی بڑی ہو جاتی ہے اور بال سیاہ رہتے ہیں۔ (۲) بہت باتیں کرنے والے کے متعلق بھی کہتے ہیں۔

**کواپریٹو سوسائٹی۔** (Cooperative Society) [انگ۔ا۔مث] (۱) انجمن امداد باہمی۔ (۲) مشترکہ سرمائے سے کام کرنے والی جماعت۔

**کُوار۔** (ہ۔ا۔مذ) ہندی چھٹا مہینہ۔ اسوج۔

**کوار جاڑے کا دُوار۔** (ہ۔ا۔مثل) اسوج کے مہینے سے سردی شروع ہو جاتی ہے۔

**کُوارا۔** (کُ۔وَا۔رَا) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے کنوارا۔

**کوارپت۔ کوارچھل۔** (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کنوارپت۔ کنوارچھل۔

**کوارپن۔ کوارپنا۔** (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کنوارپن۔ کنوارپنا۔

**کُوارٹر۔** (Quarter) [انگ۔ا۔مذ] (۱) چوتھا حصہ۔ چوتھائی مربع۔ (۲) ہنڈرویٹ کا چوتھا حصہ۔ ۲۸ پونڈ کا وزن۔ (۳) سہ ماہی۔ سال کا چوتھا حصہ۔ (۴) مقام۔ جگہ۔ چھاؤنی۔ قیام۔ (۵) محلّہ۔ ٹولہ۔ (۶) سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کا قیام۔

**کوارٹر گارڈ۔** (Quarter Guard) چھاؤنی۔ فوج یا پولیس گارڈ کی حوالات، جہاں قید کی سزا پانے والے سپاہی رکھے جاتے ہیں۔

**کوارٹر ماسٹر۔** (Quarter Master)۔ فوجی محکمے کا وہ افسر جو چھاؤنیوں کے لیے ہر چیز مہیا کرتا ہے۔

**کُوارِی۔** (کُ۔وا۔رِی) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے کنواری۔

**کِواڑ۔** (کِ۔واڑ) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) لکڑی کا تختہ جس سے دروازہ بند کرتے ہیں۔ (۲) در۔ دروازہ۔

**کواڑ بند کرنا۔** (مص مرکب) کواڑ بھیڑنا۔ پٹ بھیڑنا۔ کواڑ موندنا۔ کنڈی لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔

**کواڑ بند ہو جانا۔** (ا۔محاورہ) خاندان میں سے کسی کا نہ رہنا۔

**کواڑ توڑ کے کھانا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت کے دن کاٹنا۔ جُوں تُوں عمر بسر کرنا۔

**کِواڑی۔** (کِ۔وا۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) کواڑ کی تصغیر۔ (۲) انگرکھے کا پردہ۔ وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے۔ (۳) [مذکر] نیلام کی چیزیں بیچنے والا۔ کباڑیا۔

**کَواسا۔** (کَ۔وا۔سا) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے کنواسا۔

**کَواکب۔** (کَ۔وا۔کِب) [ع۔ا۔مذ] کوکب کی جمع۔ روشن ستارے۔

**کَوانا۔** (کَ۔وا۔نا) [ہ۔مص] ترانا۔ (۲) کنایۃً بدحواس ہو جانا۔

**کَوانا۔** (ق۔مص) کہلانا۔

**کِوانچ۔** (کِ۔وانچ) [ہ۔ا۔مث] ایک درخت اور اس کی پھلی کا نام جس کے چھڑکنے سے آدمی کے جسم میں خارش ہونے لگتی ہے۔

**کَوائِف** (کَ۔وا۔اِف) [ع۔ا۔مذ] کیفیت کی غلط جمع۔ صحیح کیفیات

**کُوائل۔** (Coil) (کُ۔وا۔اِل) [انگ۔ا۔مذ] لچھا۔ گولا۔ سونپڑا۔

**کُوب۔** (ف۔صف) کوٹنے والا۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) از کوب بالکوب (سوَ نث) مارکٹائی (زد کے ساتھ بطور معطوف استعمال ہوتا ہے)

**کُوبالٹ۔** (Cobalt) [انگ۔ا۔مذ] ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ½۸ گنا زیادہ ہوتا ہے۔

**کُوبانس۔** (کَو۔بانس) [ہ۔ا۔مذ] کوّوں کو بانس سے اُڑانے کا فعل۔ (۲) کوّوں کے اُڑانے کی آواز۔

**کُوبرا۔** (Cobra) [انگ۔مذ] سیاہ پھن دار نہایت زہریلا سانپ

**کُوبڑ۔** (کُو۔بڑ) [ہ۔ا۔مذ] بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈی کا نکل جانا۔

**کُوپَن۔** (ق۔ا۔مذ) لنگوٹ۔

**کُوبہ۔** (کُو۔بہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) مٹی کوٹنے یا ڈھیلے پھوڑنے کا چوبی آلہ (۲) تھاپی۔ موگری۔ موسل۔ (۳) چابک۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ سانٹا۔ قمچی۔

**کوبہ کاری۔** (ف۔ا۔صف) (۱) چُونا وغیرہ کوٹنا۔ (۲) مارپیٹ کرنا۔ زد و کوب کرنا۔

**کوپ۔** (س۔ا۔مذ) (۱) غصہ۔ خفگی۔ کرودھ۔ عتاب۔

**کوپڑ۔** (ق۔ا۔مث) ناہموار راستہ۔

**کوپل۔** (کو۔پل) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے کونپل۔

**کوپَن۔** (Coupon) (کو۔پَن) [انگ۔ا۔مذ] پرچہ۔ رسید۔ (۲) ٹکٹ کا ٹھپّا۔ (۳) اقرارنامہ۔

**کوت۔** (ہ۔ا۔مث) (۱) اندازہ۔ تخمینہ۔ اٹکل۔ پرکھ۔ جانچ۔ (۲) پیمائش ماپ۔ (۳) مثلث قائمۃ الزاویہ کا قاعدہ۔

**کوتاہ۔** (کو۔تاہ) [ف۔صف] (۱) چھوٹا۔ اوچھا۔ (۲) کم۔ تھوڑا۔ (۳) مختصر مجمل۔ (۴) تنگ سکڑا ہوا۔ (۵) ٹھنگنا۔ پست۔ (۶) [اُر] بے باق بیٹھے

**کوتاہ اندیش۔** (ف۔صف) (۱) بے سوچے سمجھے کام کرنے والے۔ عاقبت نااندیش۔ کم فہم۔

**کوتاہ اندیشی۔** (ف۔ا۔مث) کم فہمی۔ عاقبت نااندیشی۔

**کوتاہ بیں۔** (ف۔صف) (۱) کم نظر۔ کم بیں۔ (۲) کوتاہ اندیش۔ عاقبت نااندیش۔

**کوتاہ فہم۔** (ف۔صف) کم فہم۔ کم عقل۔

**کوتاہ قد۔** ٹھنگنا۔ بونا۔ پستہ قد۔

**کوتاہ کرنا۔** (مص مرکب) (۱) چھوٹا کرنا۔ گھٹانا۔ مختصر کرنا۔ (۲) بٹے کرنا بے باق کرنا۔ بٹانا۔ چکانا۔ چکتا کرنا۔



Marfat.com

**کوتاہ گردن** ۔ (ف ۔ صف) چھوٹی گردن والا ۔ (مجازاً) شریر آدمی ۔

**کوتاہ گردن تنگ پیشانی** ۔ (ف ۔ صف) کنایتاً شریر ۔ مفسد ۔

**کوتاہ نظر** ۔ (ف ۔ صف) تنگ نظر ۔ کم بیں ۔ کم فہم ۔

**کوتاہ ہمت** ۔ (ف ۔ صف) کم حوصلہ ۔ پست ہمت ۔

**کوتاہی** ۔ (کو ۔ تا ۔ ہی) [ف ۔ صف] (۱) کمی ۔ نقص ۔ کسر ۔ (۲) تنگی ۔ ضیق ۔

**کوتاہی کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی کرنا ۔ کسر چھوڑنا ۔ دریغ کرنا ۔

**کُوتَک** ۔ (کُو ۔ تَک) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کام ۔ فعل ۔ لچھن ۔ حرکت ۔ گن ۔ (۲) افعال ۔ ناشائستہ ۔ بدکرداری ۔ بدچلنی ۔

**کوتَل** ۔ (کو ۔ تَل) [ف ۔ ا ۔ مذ] خالی گھوڑا ۔ خاص گھوڑا ۔ وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے آراستہ پیراستہ ہو کر محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لیے رہے ۔ جلو کا گھوڑا ۔

**کوتل گارد** ۔ (کو ۔ تَل ۔ گارد) [مہند ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے کوارٹر گارڈ ۔

**کُوتنا** ۔ (کُوت ۔ نا) [ھ ۔ مص] اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔ پرکھنا ۔

**کوتوال** ۔ (کوت ۔ وال) [ف ۔ ا ۔ مذ] پولیس کا وہ عہدے دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں ۔ محافظ قلعہ یا شہر ۔

**کوتوالی** ۔ (کوت ۔ وا ۔ لی) [اُر ۔ ا ۔ مث] کوتوال کا صدر مقام ۔ پولیس اسٹیشن ۔ بڑا تھانہ ۔

**کوتوالی چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دنگا فساد ۔ چوری یا فوجداری کے جرم میں کوتوالی تک جانا ۔ (۲) بدمعاشوں میں نام لکھا جانا ۔

**کوتوالیا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سپاہی ۔

**کوتہ** ۔ (کو ۔ تہ) [ف ۔ صف] کوتاہ کا مخفف ۔

**کَوتھا** ۔ (کَو ۔ تھا) [ہ ۔ تابع فعل] کونسا ۔

**کوتھلا** ۔ (کوتھ ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھیلا ۔ تھیلی ۔ (۲) جیب ۔ پاکٹ ۔ (۳) (مجازاً) پیٹ ۔ شکم ۔

**کوتھلا بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیٹ بھرنا ۔ ادھوڑی ناننا ۔

**کوتھمیر** ۔ (کوتھ ۔ میر) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ہرا دھنیا ۔ دھنیے کے پتے ۔

**کُوتھی** ۔ (کُو ۔ تھی) [ہ ۔ تابع فعل] کونسی ۔

**کُوتھی** ۔ (کو ۔ تھی) [ھ ۔ ا ۔ مث] تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا جو بطور رشام کے لگا ہوتا ہے ۔

**کُوتی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) بندر

**کوٹ** ۔ (Coat) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) آستینوں والا فرنگی جامہ ۔ آستینوں کی کرتی ۔ (۲) استرکاری ۔ دو یا زیادہ تہوں میں سے ایک تہہ (قلعی، رنگ وغیرہ کی) ۔

**کوٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) قلعہ ۔ حصار ۔ گڑھ ۔ (۲) فصیل ۔ شہر پناہ ۔ چار دیواری ۔ (۳) احاطہ ۔ (۴) [مجازاً] قالب ۔ جسم ۔ سر ۔ بدن ۔

**کوٹا** ۔ (Quota) [انگ ۔ ا ۔ مذ] حصہ ۔ مع رسد ۔

**کُوٹاپلی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مؤنث) موگری ۔

**کُوٹ ڈالنا** ۔ (کُوٹ ۔ ڈال ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) کسی چیز سے ضرب لگانا ۔ (۲) ضرب لگا کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۳) مارنا ۔

**کُوٹ کر** ۔ (کُوٹ ۔ کر) [ھ ۔ تابع فعل] پیس کر ۔ چور کر کے ۔ از حد ۔

**کُوٹ کر بھرنا ۔ کُوٹ کے بھر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اتنا بھرنا کہ ظرف میں جگہ باقی نہ رہے ۔ ٹھونس کے بھرنا ۔ (کنایتاً) کثرت کا اظہار کرنا ۔

**کُوٹ کُوٹ کر موتی بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دنیا کے تمام حسن کا یکجا جمع کر دینا ۔ (۲) آنکھوں کا نہایت چمکدار اور بارونق ہونا ۔

**کُوٹنگا** ۔ (کُوٹ ۔ گا) [ق ۔ صف] ذلیل و خوار

**کوٹلا** ۔ (کوٹ ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] چھوٹا قلعہ ۔ گڑھی ۔

**کُوٹنا** ۔ (کُوٹ ۔ نا) [ھ ۔ مص] پیٹنا ۔ کوبہ کاری کرنا ۔ (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ کچلنا ۔ (۳) مارنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ (۴) بجانا ۔ ڈنکا لگانا ۔

**کُوٹُو** ۔ (کُو ۔ ٹو) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا اناج ۔

**کوٹھا** ۔ (کو ۔ ٹھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بالاخانہ ۔ اوپر کا کمرہ ۔ (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی ۔ (۳) ذخیرہ ۔ گودام ۔ گھر ۔ (۴) پیٹ ۔ شکم ۔ معدہ ۔ (۵) بچہ دان ۔ رحم ۔

**کوٹھا بگڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) معدے کا غلیظ ہونا ۔ (۲) رحم یا بچہ دان میں خرابی ہونا ۔

**کوٹھا لینا ۔ کوٹھا لے کر بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیشہ کمانا ۔ (مجازاً) کسب اختیار کرنا ۔ چکلے میں بیٹھنا ۔

**کوٹھے اُوپر تومڑی ۔ کیا دے گی سو مڑی** ۔ (ا ۔ مثل) کنجوس سے حاجت پوری ہونے کی اُمید نہیں ہوتی ۔

**کوٹھے پر بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیشہ کمانا ۔ کسب کرانا ۔

**کوٹھے چڑھ کر دیکھا سب کا ایک ہی لیکھا** ۔ (ا ۔ مثل) خانہ داری کے جھگڑے سب جگہ ایک جیسے ہی ہوتے ہیں ۔

**کوٹھے چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بات کا مشہور ہو جانا ۔

**کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے** ۔ (ا ۔ مثل) دولت مند کی نسبت غریب آدمی آسودہ زندگی بسر کرتا ہے ۔ غریبوں کی نسبت دولت مند زیادہ محتاج اور رشاکی ہوتے ہیں ۔

**کوٹھے والیاں** ۔ (ا ۔ مث) رنڈیاں ۔ کنچنیاں ۔ کسبیاں ۔ طوائفیں ۔

**کوٹھری ۔ کوٹھڑی** ۔ (کوٹھ ۔ ری ۔ کوٹھ ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] حجرہ ۔ کمرہ ۔ درجہ ۔

**کوٹھی** ۔ (کو ۔ ٹھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا پکا گھر ۔ (۲) گودام ۔ ذخیرہ ۔ غلہ رکھنے کا ظرف ۔ (۳) بینک ۔ ساہوکار یا صراف کی کوٹھی ۔ (۴) کارخانہ ۔ بڑی دکان ۔ (۵) بندوق کا خزانہ جس میں بارود جا کر ٹھہرتی ہے ۔ (۶) امیروں کے رہنے کا مکان جو شہر سے باہر ہو ۔ بنگلہ ۔ حویلی (۷) بچہ دان ۔ رحم ۔

**کوٹھی اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیوار یا ستون کو نیچے سے مٹی نکال کر نیچے لے جانا ۔ خاص طور پر پختہ کنوئیں ۔

**کوٹھی خانہ** ۔ (ا ۔ مذ) بدمعاشی کا اڈہ ۔ وہ مکان جہاں عورتوں سے پیشہ کرایا جاتا ہو ۔

**کوٹھی بیٹھنا** ۔ دیوالہ نکلنا ۔ گھاٹا نکلنا ۔ ٹھاٹ اُلٹ جانا ۔



Marfat.com

کوٹھی کٹھلا کو ہاتھ نہ لگانا سب کچھ آپ کا ہے۔ (اِ۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی مطلوبہ چیز تو نہ دے مگر زبانی کہتا جائے کہ سب کچھ آپ کا ہے۔

کوٹھی وال۔ (ہ۔صف) ساہوکار۔ مہاجن۔ صرّاف۔ ہنڈی کا بنج بیوپار کرنے والا۔

کَوثَر۔ (کو۔ثَر) [ع۔اِ۔مذ] بہشت کی ایک نہر۔ جنّت کا حوض۔

کوثر سے دُھلی ہوئی زُبان۔ (اِ۔مث) پاک اور شگفتہ زبان۔

کوچ۔ (ق) کچھ۔

کوچیں۔ کوچھ۔ (ق) کچھ کا کچھ۔

کَوچ۔ (Couch) [انگ۔اِ۔مذ] صوفہ۔ پلنگڑی۔ سپرنگ والی کرسی۔

کَوچ۔ (Coach) [انگ۔اِ۔مث] (۱) شاہی گاڑی۔ سواری گاڑی۔ (۲) ریل کا ڈبا۔ (۳) اُستاد۔ معلّم۔ (خصوصاً کھیلوں کا)

کوچبان۔ کوچوان۔ (اِ۔مذ) گھوڑا گھوڑی چلانے والا۔

کُوچ۔ (ہ۔اِ۔مذ) (۱) جُلاہوں کی تانی صاف کرنے والا برش۔ (۲) [مؤنث] وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اُوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے ہوتا ہے۔ (دوسرے معنوں میں بیشتر جمع میں مستعمل ہے)۔

کوچیں کاٹنا۔ (اِ۔محاورہ) ایڑی کے اُوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا۔ قدم کاٹ ڈالنا۔ لُولا بنا دینا۔

کُوچ۔ (ف۔اِ۔مذ) روانگی۔ رِحلت۔ نقلِ مکان۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

کُوچ بول دینا۔ (اِ۔محاورہ) روانگی کا حکم دینا۔ روانہ ہونا۔

کُوچ کا دن۔ (اِ۔مذ) روانگی کا دن۔ موت کا دن۔

کُوچ کرنا۔ (۱) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ (۲) مَرنا۔ وفات پانا۔ (۳) رخصت ہونا۔ وداع ہونا۔

کُوچ مقام۔ (ف۔ع۔اِ۔مذ) چلنا اور ٹھہرنا۔

کوچا۔ (کو۔چا) [ہ۔اِ۔مذ] کچوکا۔ کسی نوکدار چیز یا تلوار وغیرہ کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہُوا ہو۔

کوچا (کوچے) دینا۔ (مارنا) (اِ۔محاورہ) (۱) گودنا۔ زخم ڈالنا (۲) طعنے مہنے دینا۔

کُوچا۔ (کُو۔چا) [اَر۔اِ۔مذکر] (۱) املی کی سبز پھلی جسے مرچ کے ساتھ پیس کر کھاتے ہیں۔

کُوچک۔ (ف۔صف) چھوٹا۔ خُرد۔ کوتاہ۔ ننھا۔ صغیرسن۔

کوچنا۔ (کوچ۔نا) [ہ۔مص] چبھونا۔ چھُری یا کانٹے سے گودنا۔

کُوچہ۔ (کُو۔چہ) [ف۔اِ۔مذ] کو کی تصغیر۔ گلی۔ محلّہ۔ باڑہ۔ تنگ راہ۔

کُوچہ بکوچہ۔ (ف۔تابع فعل) گلی گلی۔ محلّے محلّے۔ کُو بکُو۔

کُوچہ بندی کرنا۔ (اِ۔محاورہ) محلوں یا گلیوں کی حد

کُوچہ گردی۔ (ف۔اِ۔مث) آوارہ گردی۔ گلیوں کوچوں میں پھرنا۔

کُوچہ گردی کرنا۔ (اِ۔محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ خراب خستہ ہونا۔ واہی تباہی کرنا۔

کُوچی۔ (کُو۔چی)۔ [ہ۔اِ۔مث] سفیدی کرنے یا سونے چاندی کا برش

کُود۔ (ہ۔اِ۔مث) جست۔ چھلانگ۔

کُود پڑنا۔ (اِ۔محاورہ) کسی معاملے میں بے جا دخل دینا۔

کُود پھاند۔ (اِ۔مث) اُچھل کُود۔ دَوڑ دھوپ۔

کُودَک۔ (کُو۔دَک) [ف۔اِ۔مذ] طفل۔ لڑکا۔ بچہ۔ جمع: کُودکان۔

کُودَن۔ (کُو۔دَن) [ف۔اِ۔مذ]۔ (۱) سست رفتار۔ بارکش گھوڑا۔ (۲) (صف) کُند فہم۔ مُورکھ۔ نادان۔ احمق۔

کُودنا۔ (کُود۔نا) [ہ۔مص] (۱) اُچھلنا۔ پھاندنا۔ چھلانگیں مارنا۔ (۲) نہایت خوش ہونا۔ خوشی میں پھُولا نہ سمانا۔ (۳) گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔

کودوں۔ (کو۔دوں) [ہ۔اِ۔مث] ایک قسم کا سخت غلّہ۔

کودوں دلانا۔ (اِ۔محاورہ) سخت کام لینا۔ کٹھن کام کرانا۔

کودوں دے کر پڑھنا۔ (اِ۔محاورہ) مفت پڑھنا۔ کم خرچ کرکے پڑھنا۔ ناقص تعلیم پانا۔

کودوں کا بھات کن بھاتوں میں ممیا ساس کن ساسوں میں۔ (اِ۔مثل) دُور کے رشتے کا کیا اعتبار۔

کودیاں۔ (ق۔اِ۔مث) قلابازیاں۔

کوڈ۔ (Code) [انگ۔اِ۔مذ] (۱) مجموعۂ قوانین۔ (۲) اشاروں کا کلام۔ تخفیف لُغت۔ بری اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔

کَوَر۔ (Cover) (کَ۔وَر) [انگ۔اِ۔مذ] (۱) ڈھکن۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ چپنی۔ (۲) پوشش۔ غلاف۔ (۳) کتاب کا پٹھا۔ مقوی۔ دفتی۔ سرورق۔

کور۔ (Corps) [انگ۔اِ۔مث] فوج کا دستہ۔ (جو کسی خاص کام کے لیے متعین کیا جائے)۔

کور۔ (ہ۔اِ۔مث) کنارہ۔ حاشیہ۔ کنی۔ سرا۔ سنجاف۔ مغزی۔

کور دینا۔ (اِ۔محاورہ) (۱) کنی دینا۔ (۲) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔

کور کسر۔ (اِ۔مث) کمی۔ نقص۔ عیب۔ کمی بیشی۔ بُرائی بھلائی۔ قصور۔ قباحت۔

کور کسر نکالنا۔ (اِ۔محاورہ) گھاٹا پُورا کرنا۔ کمی پُوری کرنا۔ نقص دُور کرنا۔ عیب دُور کرنا۔

کور۔ (ف۔صف) اندھا۔ نابینا۔ جمع: کوراں۔

کور باطن۔ کوردل۔ (ف۔صف) کند فہم۔ کج طبع۔ کم ذہن۔ ناسمجھ۔ کُودن۔ کینہ رکھنے والا۔

کور بخت۔ (ف۔صف) بدبخت۔ بدنصیب۔ تیرہ بخت۔

کور چشم۔ کور دیدہ۔ کور نگاہ۔ (ف۔صف) اندھا۔ نابینا۔

کورِدہ۔ (ف۔اِ۔مذ) (۱) کم آباد اور چھوٹا گاؤں جسے کوئی نہ جانتا ہو۔ (۲) جاہلوں کی بستی۔

کور مادر زاد۔ (ف۔صف) پیدائشی اندھا۔



Marfat.com

**کور نمک** ۔ (ف ۔ صف) نمک حرام ۔ ناشکرا ۔ احسان فراموش ۔

**کُوُنْد** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) (۱) دھوکا ۔ فریب ۔ (۲) ظلم ۔ دشمنی ۔

**کَوَر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے کَوَل ۔

**کورا** ۔ (کو ۔ را) [ہ ۔ صف] نیا ۔ غیر مستعمل ۔ (۲) سادہ ۔ صاف ۔ بے لاگ ۔ (۳) محض جاہل ۔ احمق ۔ نادان ۔ (۴) غریب ۔ مفلس ۔ تنگ دست ۔ (۵) بے مروّت ۔ بے وفا ۔ رُوکھا ۔ (۶) خالص ۔ بالکل ۔

**کورا بچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صاف بچنا ۔ بال بال بچنا ۔

**کورا برتن** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) غیر مستعمل برتن ۔ (۲) [مجازاً] دوشیزہ لڑکی ۔ کنواری بچی ۔

**کورا پنڈا** ۔ (ا ۔ مذ) بن بیاہی عورت ۔ کنوارا ۔ کنواری ۔

**کورا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خالی ہاتھ جانا ۔

**کورا رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کچھ نہ سکھانا ۔ (۲) بالکل محروم رکھنا ۔ وعدہ وفا نہ رکھنا ۔

**کورا رہ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بالکل محروم رہ جانا ۔ (۲) کچھ حاصل نہ ہونا ۔ (۳) جاہل رہنا ۔

**کورا کاغذ** ۔ (ا ۔ مذ) بے لکھا کاغذ ۔ سادہ کاغذ ۔

**کورے اُسترے سے سر مُنڈانا (مونڈنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت تکلیف دینا ۔ سخت سزا دینا ۔ (۲) لُوٹ لینا ۔ سب کچھ چھین لینا ۔

**کورا نکل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے داغ بچ جانا ۔ صاف بچ جانا ۔

**کورانہ** ۔ (کو ۔ را ۔ نہ) [ف ۔ صف] اندھوں کی طرح ۔

**کورٹ** ۔ (Court) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قصرِ شاہی ۔ محل سرا ۔ (۲) کچہری ۔ عدالت ۔ دربار ۔ (۳) ٹینس کھیلنے کا میدان ۔

**کورٹ آف وارڈ** ۔ (Court of Ward) [انگ ۔ ا ۔ مث] نابالغوں کی جائداد کے انتظام کا سررشتہ ۔

**کورٹ انسپکٹر** ۔ (Court Inspector) [انگ ۔ ا ۔ مث] پولیس کا وہ عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے ۔

**کورٹ شپ** ۔ (Courtship) [انگ ۔ ا ۔ مذ] شادی سے قبل لڑکے لڑکی میں راز و نیاز ۔

**کورٹ مارشل** ۔ (Court Martial) [انگ ۔ ا ۔ مذ] جنگی عدالت ۔ فوجی عدالت ۔

**کُوَرڑا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) کوڑا ۔

**کورس** ۔ (Course) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) تعلیم کا زمانہ ۔ (۲) درسی کتاب ۔ (۳) گھوڑ دوڑ کا میدان ۔

**کورس** ۔ (Coarse) [انگ ۔ صف] ادنیٰ ۔ معمولی ۔ گھٹیا ۔ موٹا کھردرا ۔ گنوارُو ۔

**کورس کلاتھ** ۔ (Coarse Cloth) ادنیٰ ۔ موٹا اور کھردرا کپڑا ۔ دیسی کپڑا ۔

**کورس** ۔ (Chorus) کو ۔ رس [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں ۔ (۲) گانے والوں کی جماعت ۔ چوکی ۔ طائفہ ۔

**کُوَر کُوَر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) کُتّے کے پِلّے کو بلانے کی آواز ۔

**کورم** ۔ (Quorum) کو ۔ رَم [انگ ۔ ا ۔ مذ] ارکان کی وہ تعداد جن کی موجودگی سے جلسہ کی کارروائی جائز اور مؤثر ہو سکتی ہے ۔

**کورنش** ۔ (کو ۔ نِش) [ت ۔ کرنش کا مفرس ۔ ا ۔ مث] خمیدگی ۔ جھکاؤ ۔ تسلیم ۔ بندگی ۔ آداب ۔ جُھک کر سلام کرنا ۔

**کورنش بجالانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آداب بجالانا ۔ تسلیم عرض کرنا ۔ بندگی کرنا ۔

**کورنشات** ۔ (کور ۔ ن ۔ شات) [ت ۔ ا ۔ مث] کورنش کی فارسی جمع بقاعدہ عربی (خلافِ فصاحت)

**کَوْرَو** ۔ (کَو ۔ رَو) [س ۔ ا ۔ مذ] دھرت راشٹر کے بیٹے ۔ مہابھارت کی لڑائی میں یہی پانڈوؤں کے مقابلہ پر تھے ۔

**کُوْرُو** ۔ (کُو ۔ رُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] غلّے وغیرہ کی کوٹھی یا جھانکڑ ۔ (۲) شہتیر ۔

**کوری** ۔ (کو ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مث] اندھاپن ۔

**کوری** ۔ (کو ۔ ری) [ہ ۔ صف] کورا کی تانیث ۔

**کوری آنکھ سے دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے حیائی سے دیکھنا ۔ نڈر ہو کر دیکھنا ۔

**کوریڈار** ۔ (Corridor) کو ۔ ری ۔ ڈار [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) غلام گردش ۔ متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ ۔ (۲) کسی ملک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دوسرے ملک کے علاقے میں سے گزرتا ہو ۔

**کُوڑ** ۔ (ق ۔ صف) دیوانہ ۔ بے وقوف ۔ گنوار ۔ احمق ۔

**کَوڑا** ۔ (کو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑی کوڑی ۔

**کوڑے کر ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بیچ دینا ۔ ارزاں بیچ ڈالنا ۔ دام کم سے کرنا ۔

**کوڑا** ۔ (کو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چابک ۔ دُرّہ ۔ تازیانہ ۔ (۲) تنبیہ ۔ گوشمالی ۔

**کوڑا لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چابک مارنا ۔ تازیانہ لگانا ۔ (۲) تنبیہ کرنا ۔ گوشمالی کرنا ۔

**کُوڑا** ۔ (کُو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گھاس پھونس ۔ خس و خاشاک ۔ (۲) خراب اور نکمی چیز ۔ الا بلا ۔

**کوڑا کرکٹ** ۔ (ا ۔ مذ) گھاس پھونس ۔ ردّی اور نکمی چیز ۔

**کوڑا کرکٹ سمجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فضول خیال کرنا ۔ کوئی وقعت نہ دینا ۔

**کوڑا کرنا ۔ کوڑا پھیلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خس و خاشاک پھیلانا ۔ کوڑا کرکٹ بکھیرنا ۔

**کوڑھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) برص ۔ جذام ۔ ایک مرض جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گرنے لگتی ہیں ۔

**کوڑھ ٹپکنا (چونا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) برص یا جذام کی شدت سے جابجا زخم ہو کر بہنے لگنا ۔

**کوڑھ میں کھاج** ۔ (ا ۔ مثل) آفت پر آفت ۔ تکلیف میں تکلیف ۔ ایک تو کوڑھ اس پر کھجلی اور بھی عذاب جان ۔



Marfat.com

کوڑھ ۔ (ہ ۔ صف) مورکھ ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔
کوڑھ پن ۔ کوڑھ پنا ۔ (ا ۔ مذ) بدسلیقگی ۔ بدتمیزی ۔ بے وقوفی ۔
کوڑھ مغز ۔ (ف ۔ صف) بے وقوف ۔ کند ذہن ۔ ابلہ ۔
کوڑھی ۔ (کو ۔ ڑھی) [ہ ۔ ا ۔ مذ و صف] جذامی ۔ مجذوم ۔ کوڑھ ۔ مریض ۔
کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی ۔ (ا ۔ مثل) جو خود مصیبت زدہ ہے اس پر کیا آفت آئے ۔ دراصل کوڑھی کا خون خراب ہو جاتا ہے جیسے جوں بھی پینے کے لائق نہیں سمجھتی ۔
کوڑی ۔ (کو ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک بیسی ۔ بیس ۔
کَوڑی ۔ (کَو ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مث] خرمہرہ ۔ ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو ادنیٰ سکے کا کام بھی دیتا تھا ۔ (۲) سینے کی ہڈی جو خرمہرے کی طرح اونچی ہے ۔ (۳) کٹاری کی نوک ۔ (۴) (مجازاً) روپیہ ۔ دولت ۔ مقدار قلیل ۔ (۵) حبہ ۔ دمڑی ۔ پائی ۔
کوڑی بھر ۔ (ا ۔ صف) تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔
کوڑی پاس نہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت مفلس اور تنگدست ہونا ۔
کوڑی پھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) چند آدمیوں کا کسی امر پہ متفق اور ہم ملے ہونا ۔
کوڑی پھیرا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت سے پھیرے کرنا ۔ بار بار آنا جانا ۔
کوڑی دانتوں سے اٹھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت کنجوسی کرنا ۔
کوڑی کا کر دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) بے وقعت کر دینا ۔ بے عزت کر دینا ۔
کوڑی کا مال نہیں ۔ (ا ۔ محاورہ) محض نکما ہے ۔ بے حقیقت ہے ۔
کوڑی کا ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) نکما اور خراب ہو جانا ۔ کام کا نہ رہنا ۔ نظروں سے گر جانا ۔
کوڑی کا آدمی ۔ (ا ۔ مذ) حقیر و ذلیل آدمی ۔ بیکار اور نکما آدمی ۔
کوڑی کفن کو نہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت مفلس اور محتاج ہونا ۔
کوڑی کوڑی ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) ایک ایک کوڑی ۔ (۲) ذرا ذرا ۔ حبہ حبہ ۔
کوڑی کوڑی ادا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک ایک حبہ چکا دینا ۔ دام دام بے باق کر دینا ۔
کوڑی کوڑی بھر پانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کل وصول پانا ۔
کوڑی کوڑی پہ جان دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت کنجوس ہونا ۔
کوڑی کوڑی پہ دانت رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت لالچی ہونا ۔
کوڑی کوڑی جوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تھوڑا تھوڑا روپیہ جمع کرنا ۔ نہایت کفایت شعاری اور کنجوسی سے پس انداز کرنا ۔
کوڑی کوڑی کا حساب ۔ (ا ۔ مذ) چھوٹی سے چھوٹی رقم کا حساب ۔ مکمل حساب ۔ باقاعدہ حساب ۔
کوڑی کوڑی کو تنگ (حیران) ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت تنگدست ایک ایک پیسے کے لیے حیران و پریشان ہونا ۔
کوڑی کوڑی لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) سب کچھ وصول کرنا ۔
کوڑی کوس دوڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نہایت لالچی اور حریص ہونا ۔ ایک ایک کوڑی کے لیے کوس بھر کا چکر لگانا ۔ (۲) نہایت محنت و مشقت کرنا ۔

کوڑی کو نہ پوچھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ذرا قدر نہ کرنا ۔ مفت میں کام نہ لینا ۔ (۲) نہایت حقیر اور ذلیل جاننا ۔
کوڑی کی بات ہو جانا ۔ کوڑی کی عزت ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بات بگڑ جانا ۔ کچھ عزت نہ رہنا ۔ آبرو نہ رہنا ۔
کوڑی کے تین تین بکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نہایت ارزاں اور سستا بکنا ۔ (۲) کمال بے قدری اور حقیر ہونا ۔
کوڑی کے کام کا نہیں ۔ (ا ۔ محاورہ) محض نکما اور ناکارہ ہے ۔ بالکل بے مصرف اور بے کار ہے ۔
کوڑی کے مول بکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت سستا اور ارزاں بکنا ۔
کوڑی نہ ملنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ نہ ملنا ۔
کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر ۔ (ا ۔ مثل) کم مائگی کی حالت میں بڑے حوصلے کرنیوالے کی نسبت بولتے ہیں ۔
کوڑیوں کے مول بکنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت ارزاں اور بے قدری سے فروخت ہونا ۔ سستا بکنا
کوڑیوں کے مول نہ لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناکارہ اور بے قدر سمجھنا ۔ مفت بھی نہ لینا ۔
کوڑے کر ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دام کھرے کرنا ۔ اونے پونے بیچ ڈالنا ۔
کوڑیا ۔ (ک ۔ وڑ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] چھوٹا دروازہ ۔ کھڑکی کا پٹ ۔
کوڑیالا ۔ (کوڑ ۔ یا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا سفید چتیوں والا زہریلا سانپ ۔ (۲) ایک بوٹی ۔ (۳) مالدار ۔ دولت مند ۔ امیر ۔
کُوز ۔ (ف ۔ صف) خمیدہ ۔ کُبڑا ۔
کُوز پُشت ۔ کوزہ پشت ۔ (ف ۔ صف) خمیدہ پُشت ۔ کُبڑا ۔
کُوزَہ ۔ (کُو ۔ زَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ڈونگا ۔ (۲) قلفی ۔ (۳) مصری کے گول گول ڈلے ۔ (۴) مٹی کا برتن ۔ (۵) مٹی کا آبخورہ ۔
کُوزہ گر ۔ کمہار ۔ کاسہ گر ۔ کلال ۔
کُوزَہ نبات ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مصری کا کوزہ ۔
کوزے میں دریا بند کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بڑے مضمون یا بیان کو نہایت مختصر کر کے لکھ دینا کہ اختصار بھی ہو جائے اور مطلب بھی فوت نہ ہونے پائے ۔
کُوزیاں ۔ (کُوز ۔ یاں) [اُر ۔ ا ۔ مث] مٹی کے چھوٹے آبخورے ۔
کوس ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) راستہ کی ایک حد معینہ ۔ فرسنگ ۔ تین ہزار گز کی لمبائی ۔ سنگ نشان جو ہر فرسنگ پہ ہوتا ہے کروہ ۔ (۲) [اُر] آستین کا کف ۔
کوس نہ چلی ، بابل پیاسی ۔ (ا ۔ مثل) کام کے شروع ہوتے ہی ہمت ہار دینا ۔ تھک جانے کا اظہار کر دینا ۔
کوس ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نقارۂ کلاں ۔ دمامہ ۔ بڑا طبل ۔ ڈھولیا ۔
کوس رحلت ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) کوچ کا نقارہ ۔ روانگی کی گھنٹی ۔
کوس لمن الملک ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بڑائی کا ڈنکا ۔ لن ترانی ۔
کوسا ۔ (کو ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] دعائے بد ۔ برا بھلا کہنا ۔



Marfat.com

**کوساکافی۔ کوساکاسی۔** ... جھٹکا۔

**کوسنا۔** (کو-س-نا) [ھ۔مص] دعائے بد ... جلانا۔ (۲) پیٹنا۔ ماتم کرنا (۳) (مذ) دُعائے بد۔

**کوسنا لگ جانا۔** (ا۔محاورہ) بددُعا کا ...

**کُوسَنگ۔** (ق۔صفت) بدصحبت۔

**کوسوں بھاگنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دور چلے جانا۔ الگ رہنا۔ (۲) از حد نفرت کرنا۔

**کوسوں تک۔** (ا۔تابع فعل) دُور تک۔

**کوسوں دُور۔** (ا۔تابع فعل) بہت دُور۔

**کوسے جنیں ایسے مریں۔** (ا۔مثل) جن کو بددعا دی جاتی ہے وہ زندہ رہتے ہیں اور جن کو دعا دی جاتی ہے وہ مر جاتے ہیں۔

**کوش۔** (س۔ا۔مذ) (۱) خزانہ۔ گنجینہ۔ (۲) ڈکشنری۔ لغت۔ (۳) میان۔ نیام۔ خانہ۔

**کوش۔** (ف۔ا۔مث) بغیر ایڑی کا جوتا۔ سلیپر۔

**کوش۔** (ف۔صفت) برداشت کرنے والا۔ جھیلنے والا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے) جیسے ستم کوش۔

**کوشاں۔** (کو-شاں) [ف۔صفت] کوشش کرنے والا۔

**کوشش۔** (کو-شش) [ف۔ا۔مث] (۱) سعی۔ جد وجہد۔ جتن۔ دوڑ دھوپ۔ (۲) قصد۔ (۳) جستجو۔ (۴) پیروی۔

**کوشش کرنا۔** (مص مرکب) جد وجہد کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔

**کُوشک۔** (کُو-شک) [ف۔ا۔مذ] قصر۔ محل۔ ایوان۔ اونچی اور بلند عمارت۔ راج مندر۔ جمع: کوشکہا۔

**کوشی۔** (کو-شی) [ف۔ا۔مث] برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ (۲) محنت کرنا۔ کوشش کرنا (مرکبات میں مستعمل ہے)

**کوفت۔** (ف۔ا۔مث) (۱) صدمہ۔ آزار۔ آسیب۔ (۲) [اُر] درد۔ دُکھ۔ سختی۔ مصیبت۔ (۳) غم۔ رنجش۔ (۴) تھکن۔ تکان۔

**کوفت اُٹھانا۔** (ا۔محاورہ) مصیبت یا تکلیف برداشت کرنا۔

**کوفتہ۔** (کوف-تہ) [ف۔صفت] (۱) آسیب رسیدہ۔ رنج دیدہ (۲) گوشت کے قیمے کے گول کباب جو شوربے میں ڈالتے ہیں۔ جمع: کوفتگاں۔

**کوفتہ بیختہ۔** (ف۔تابع فعل) کوٹ چھان کر۔

**کوفتہ نان تہی کوفتہ است۔** (ف۔مثل) دھنی اور غریب کے لیے سُوکھی روٹی بھی غنیمت ہے۔

**کُوفی۔** (کُو-فی) [ع۔صفت] (۱) عراق کے شہر کُوفہ سے منسوب۔ (۲) (مذکر) کوفہ کا باشندہ۔ (۳) [مجازاً] (صفت) بے وفا۔

**گوگ۔** (ف۔ا۔مث) کچی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔ بخیہ۔

**کوک۔** (ف۔ا۔مث) (۱) آواز بلند۔ صدائے بلند۔ (۲) [اُر] سریلی آواز۔ ترانہ۔ (۳) قمری، فاختہ اور کوئے کی آواز۔ (۴) چیخ۔ شور۔

عماری۔ (۵) آہ و نالہ۔ (۶) گھڑی، گھنٹے یا باجے وغیرہ میں چابی دینا۔

**کوک۔** (Coke) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کوئلہ جو کول سے تیار کرتے ہیں یہ دھواں نہیں دیتا۔

**کوک شاستر۔** (ھ۔ا۔مذ) وہ کتاب جس میں عورتوں کی قسمیں اور عورتوں کے آسنوں کے ڈھنگ لکھے ہیں۔ اس کتاب کے مصنف کا نام کوک تھا۔ اس پر اس کتاب کا نام "کوک شاستر" رکھا گیا۔

**کوک مارنا۔** (ا۔محاورہ) چیخ مارنا۔ (ق)

**کُوکا۔** (کُو-کا) [ھ۔ا۔مذ] سکھوں کے اس فرقے کا نام جسے بھائی رام سنگھ نے قائم کیا تھا۔

**کوکا۔** (کو-کا) [ھ۔ا۔مذ] چھوٹی سی میخ۔ باریک کیل۔

**کوکابیلی۔** (کو-کا-بے-لی) [ھ۔ا۔مذ] گُل نیلوفر۔ کنول۔

**کَوکَب۔** (کَو-کَب) [ع۔ا۔مذ] روشن تارہ۔ بڑا تارہ۔ محض ستارہ۔

**کوکبہ۔** (کو-ک-بہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) ستارہ۔ (۲) جماعت۔ انبوہ۔ بھیڑ (۳) شان وشکوہ۔ (۴) شاہی جلوس۔ جلو۔

**کُوکُر۔** (کُو-کُر) [ھ۔ا۔مذ] کُتا۔ سگ۔

**کُوکر بسیرا کرنا۔** (ھ۔ا۔مذ) ذرا کی ذرا سستانا۔ بہت کم آرام لینا۔ بہت کم ٹھہرنا۔

**کُوکر چندی۔** (ھ۔ا۔مث) ایک جنگلی بُوٹی جس کے پتوں کو پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لیپ کرتے ہیں۔

**کُوکلا۔** (کُو-ک-لا) [س۔ا۔مث] (۱) کوئل۔ (۲) ...

**کُوکلتاش۔** (کُو-کل-تاش) [ت۔ا۔مذ] بادشاہ کا دودھ شریک بھائی۔

**کوکلکس کلین۔** (Ku-Klux-Klan) کو-ک-لکس-ک-لین [انگ۔ا۔مث] امریکہ کی جنوبی ریاستوں کی ایک خفیہ انجمن جس کا مقصد امریکہ سے حبشیوں کو نکالنا ہے۔

**کوکن۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) آلو (۲) کچا بُھنا اناج۔

**کوکنا۔** (کوک-نا) [ھ۔مص] کچی سلائی کرنا۔ لنگر ڈالنا۔ دھاگا ڈالنا۔

**کُوکنا۔** (کُوک-نا) [ھ۔مص] (۱) چیخنا۔ چلانا۔ شور کرنا۔ (۲) کوئل کا بولنا (۳) گھڑی گھنٹے یا باجے میں چابی دینا۔ (۴) کراہنا۔ درد کی آواز نکالنا۔

**کوکنار۔** (کوک-نار) [ف۔ا۔مث] پوست۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

**کوکنی۔** (کوک-نی) [ھ۔صفت] (۱) چھوٹا۔ ننھا۔ (۲) ادنیٰ درجہ کا۔ گھٹیا۔

**کُوکنی۔** (کُوک-نی) [اُر۔ا۔مذ] ایک رنگ جو شہاب، لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار ہوتا ہے۔

**کُوکُو۔** (کُو-کُو) [ف۔ا۔مث] فاختہ کی آواز۔ قمری کی آواز۔

**کوکو۔** (کو-کو) [ھ۔ا۔مث] کوا۔ زاغ۔ (۲) بچوں کو ڈرانے کی آواز۔

**کوکو۔** (Cocoa) (کو-کو) [انگ۔ا۔مث] ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی چائے جو اس سفوف سے تیار کی جاتی ہے۔

**کوکہ۔** [ف۔ا۔مذ] (۱) انا کا بیٹا۔ دودھ پلانے والی کا لڑکا۔ برادر رضاعی۔



Marfat.com

دودھ شریک بھائی ۔ (۲) [مث] انا کی بیٹی ۔ دودھ شریک بہن ۔

**کُوکھ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) پیٹ ۔ شکم ۔ بطن ۔ (۲) نیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی ۔ (۳) حمل ۔ گربھ (۴) مجازاً ۔ اولاد ۔

**کوکھ آباد رہے** ۔ (۱ ۔ دعا) بچے جیتے رہیں ۔

**کوکھ اُجڑ جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) حمل کا گر جانا ۔ حمل کا قرار نہ پانا ۔ حمل نہ رہنا ۔ (۲) اولاد کا مر جانا ۔ اولاد کا زندہ نہ رہنا ۔

**کوکھ بند** ۔ (۱ ۔ صف) بانجھ ۔ عقیمہ ۔

**کوکھ جلی** ۔ (۱ ۔ صف) وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو ۔

**کوکھ سے ٹھنڈی ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) اولاد سے خوش ہے ۔ اولاد والی ہے ۔ گود بھری ہے ۔

**کوکھ ماری جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بانجھ ہو جانا ۔ حمل کے قابل نہ ہونا ۔

**کوکھ مانگ بھری پُری رہے** ۔ (۱ ۔ محاورہ) تمہاری اولاد اور خاوند زندہ و سلامت رہے ۔ گود بھری اور سہاگن بنی رہو ۔ (دعائے خیر) ۔

**کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) آل اولاد اور خاوند سے خوش ہو کر اس کا سکھ دیکھنا ۔

**کوکھ کی آنچ** ۔ (۱ ۔ مث) مادری محبت ۔

**کوکھیں لگنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بھوک کے مارے کوکھوں کا خالی معلوم ہونا ۔ بھوکا ہونا ۔

**کوکیں کوکھ** ۔ (ق) زار و زار رونا ۔ دھاڑیں مارنا ۔

**کوکئی** ۔ (کو ۔ کَ ۔ اِی) [اُر ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا اودا رنگ ۔ کوکئی رنگ ۔

**کوکی** ۔ (ا ۔ مث) دودھ شریک بہن ۔ کوکا کی تانیث ۔

**کوکین** ۔ (Cocaine) (کو ۔ کین) [انگ ۔ ا ۔ مث] ایک نشہ آور اور بے حس کر دینے والی دوا ۔

**کول** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) لقمہ ۔ نوالہ ۔ (۲) اناج کی وہ مقدار جو چکی میں پیسنے کے لیے ڈالتے ہیں ۔ گالا ۔ (۳) کچا اناج جو بھون کر یا اسی طرح کھاتے ہیں ۔ (۴) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۵) (رپ) کٹورا ۔ (۶) کشمیری پنڈتوں کی ایک گوت ۔ اچھے خاندان کا ۔

**کول** ۔ (Coal) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کوئلہ ۔ (۲) پتھر کا کوئلہ ۔

**کول تار** ۔ (Coaltar) تارکول ۔

**کول سٹیشن** ۔ (Coal Station) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ مقام جہاں ریل کا انجن یا جہاز کوئلہ لیتے ہیں ۔

**کول گیس** ۔ (Coal Gas) کوئلے کی گیس ۔

**کول** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) خلیج ۔ کھاڑی ۔ (۲) غار ۔ سوراخ ۔ (۳) گلی ۔ راستہ ۔

**کُول** ۔ (Cool) [انگ ۔ صف] ٹھنڈا ۔ سرد ۔

**کولا** ۔ (کو ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دروازے کا اِدھر اُدھر کا پہلو ۔ کونہ ۔ گوشہ ۔ (۲) وہ اناج کی بالی جو کاٹنے کو دی جائے ۔ (۳) بغل ۔ گود ۔ (۴) رنگترا ۔ نارنگی ۔

**کُولا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) گیدڑ ۔

**کولا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے کونا ۔

**کُولا ۔ کُولھا** ۔ (کُو ۔ لا ۔ کُو ۔ لھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] پُٹھا ۔ پٹھا ۔ چوتڑ ۔ سرین ۔ آزار بند بندھنے کی جگہ ۔

**کُولا اُتر جانا** (اُترنا) ۔ (ا ۔ محاورہ) کولھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا ۔

**کولا کاٹنا** ۔ سزا دینا ۔ سخت صدمہ پہنچانا ۔

**کولا مٹکانا ۔ کولا مار کر چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چوتڑ نچانا ۔ کولا پھڑکانا ۔

**کولانٹی** ۔ (ق ۔ صف) گرہ باز ۔

**کولانٹیاں** ۔ (ق ۔ ا ۔ مونث) قلابازیاں ۔

**کُولتی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مونث) جلتی ہوئی لکڑی ۔

**کولڑا** ۔ (کول ۔ ڑا) [ق ۔ ا ۔ مذکر] کوڑا ۔

**کُولر** ۔ (Cooler) (کُو ۔ لر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ٹھنڈا کرنے کا برتن یا مشین ۔ خنک ساز ۔

**کولسا** ۔ (کول ۔ سا) [ق ۔ ا ۔ مذ] کوئلا ۔

**کولھو** ۔ (کو ۔ لھو) [ھ ۔ ا ۔ مذ] تیل یا رس بیلنے کا آلہ ۔ تیل یا رس نکالنے کی کل ۔

**کولھو سے پیٹنا** (ا ۔ محاورہ) بہت ایذا دینا ۔

**کولھو سے کھل اُتری بھنی بیلوں جوگ** ۔ (ا ۔ مثل) آدمی بوڑھا ہو کر نکما ہو جاتا ہے ۔

**کولھو کا بیل** ۔ (ا ۔ صف) تیلی کا بیل ۔ نہایت محنتی ۔ محنت کش ۔ وہ جو ہر وقت کام میں لگا رہے ۔

**کولھو کاٹ موگری بنانا** ۔ اونے کام بیچے بڑا کام خراب کرنا ۔ ایک بڑے کام کی چیز کو بگاڑ کر چھوٹی چیز بنانا ۔

**کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس ۔ کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی قرار نہیں ملتا ۔

**کولھو کے بیل کی طرح پلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سخت محنت و مشقت کرنا ۔ کسی کام میں دن رات مصروف رہنا ۔

**کولھو میں پلوا دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شکنجے میں کھنچوا دینا ۔ سخت بے رحمی کی سزا دینا ۔

**کولھو میں پیل ڈالنا (پیلنا)** (ا ۔ محاورہ) سخت سزا دینا ۔ سخت تکلیف دینا ۔

**کَولی ۔ کولیا** ۔ (کَو ۔ لی ۔ کول ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مث] گود ۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ ۔ گودی ۔ آغوش ۔

**کولی بھرنا ۔ کولی میں بھر لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گودی بھرنا ۔ بغل میں دبانا ۔ بغل گیر ہونا گلے لگانا ۔

**کُولی** ۔ (کُو ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جلاہا ۔ (۲) وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد مہندی لگے ہاتھوں میں نمودار ہوتی ہے ۔

**کولیشن** ۔ (Coalition) (کو ۔ لی ۔ شن) [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) اتحاد ۔ اتفاق ۔ (۲) مختلف جماعتوں کی متحدہ حکومت ۔



Marfat.com

**کُوم** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذکر) پودے کی نوک ۔

**کُومل** ۔ (کو ۔ مَل) [ھ ۔ صفت] (۱) نرم ۔ ملائم ۔ نازک ۔ (۲) شیریں ۔ میٹھا ۔ (۳) فصیح

**کُومَل ۔ کومَھل ۔ کُونبَھل** ۔ (کُو ۔ مَل ۔ کَو ۔ مَھل ۔ کُوں ۔ بَھل) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سیندھ ۔ نقب ۔ شگاف جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر گھس آتے ہیں ۔

**کُومل لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نقب لگانا ۔ سیندھ لگانا ۔

**کَون** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ہونا ۔ وجود میں آنا ۔ (۲) عالم موجودات ۔ دنیا ۔ جہان ہستی ۔ (۳) حادث ہونے والی چیز ۔

**کون وفساد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) موجود ہونا اور تباہ ہو جانا ۔ ہو کر بگڑ جانا ۔ بودنی و نابودنی ۔

**کون ومکان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دنیا ۔ جہان ۔ جگ ۔ سنسار ۔

**کَون** ۔ [کلمۂ استفہام] کدام ۔ (۲) کیا چیز ہے ۔ بے حقیقت ۔

**کون بشر ہے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کون شخص ہے ۔ ہم نہیں جانتے ۔

**کون پرائی آگ میں گرتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) کوئی شخص کسی کے عوض مصیبت میں نہیں پڑتا ۔ دوسرے کی مصیبت کوئی اپنے سر نہیں لیتا ۔

**کون جانے** ۔ (ا ۔ روزمرہ) خدا جانے (۲) کون نہیں جانتا ۔ (۳) میں نہیں جانتا ۔

**کون دن تھے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کیسے اچھے دن تھے ۔ کیا اچھا زمانہ تھا ۔ (ق)

**کون سا** ۔ (ا ۔ حرفِ استفہام) (۱) کون ۔ (۲) کیا ۔ (۳) کس قدر ۔ کتنا ۔

**کون سا درخت ہے جسے ہوا نہیں لگتی** ۔ (ا ۔ مثل) عیب اور تعیبت سے کوئی خالی نہیں ۔

**کون سا تیر مل گیا ہے** ۔ (ا ۔ روزمرہ) کیا برائی ہو گئی ہے ۔

**کون سنتا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) کوئی نہیں سنتا ۔

**کون سے مرض کی دوا ہو** ۔ کس کام کے ہو ۔ محض نکمے اور بے مصرف ہو ۔

**کون سی بات اٹھا رکھی ہے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کوئی کسر باقی نہیں رہنے دی ۔

**کون سے قرآن میں لکھا ہے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کس قاعدے سے جائز ہے ۔

**کون سے لعل لگے ہیں** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کیا خاص بات ہے ۔

**کون کہتا ہے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) کوئی نہیں کہتا ۔ میں نہیں کہتا ۔

**کون کہے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) بیان نہیں ہو سکتا ۔

**کون وقت ہوا** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) دیر ہو گئی ۔ مدت ہو گئی ۔

**کون وقتوں سے** ۔ (ا ۔ روزمرّہ) بڑی دیر سے ۔

**کون ہوتا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اسے کیا واسطہ ہے ۔ وہ کیا تعلق رکھتا ہے ۔ (۲) کیا رشتہ ہے ۔

**کون ہے** ۔ (ا ۔ کلمۂ استفہام)

**کَون کوتی ہے** ۔ (ا ۔ صفت) (دلالوں کی اصطلاح) (نو ۔ ۹)

**کُونْث** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مقعد ۔ گانڈ ۔ شُفرہ ۔

**کُون خَر** ۔ (۱) مردِ نادان ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ بے تمیز ۔ مورکھ (۲) گندہ دماغ ۔

**کونا** ۔ (کو ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گوشہ ۔ زاویہ (۲) طرف ۔ جانب ۔ پہلو ۔ کولا ۔

**کونا کونا جھانکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے انتہا تلاش کرنا ۔ جستجو کرنا ۔

**کونا کھدرا ۔ کونا کھترا** ۔ (ا ۔ مذ) کونہ ودونہ ۔ گوشہ ووشہ ۔

**کونے میں بیٹھ رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گوشہ نشین ہو جانا ۔

**کونے میں پڑا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سب سے الگ رہنا ۔

**کَونپل** ۔ (کون ۔ پَل) [ہ ۔ ا ۔ مث] شگوفہ ۔ کلی ۔ نئی چھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے ۔

**کونپل پھوٹنا ۔ کونپل نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شگوفہ نکلنا ۔ نئے پتے پھوٹنا ۔

**کُوتت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) اندازہ ۔ تخمینہ ۔ اٹکل ۔ تشخیص ۔

**کُونتنا ۔ کُونتھنا** ۔ (کونت ۔ نا ۔ کُونتھ ۔ نا) [ھ ۔ مص] براز کے واسطے زور کرنا ۔ حالتِ قبض میں زور لگا کر پاخانہ نکالنا ۔

**کُونج** ۔ (اُر ۔ ا ۔ مث) قاز ۔ کلنگ ۔ راج ہنس ۔ حواصل ۔ مرغابی ۔

**کُونجڑی** ۔ (ا ۔ مث) سبزی فروش عورت ۔ کنجڑا کی تانیث ۔

**کونجڑی اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتی** ۔ (ا ۔ مثل) کوئی اپنی چیز کو برا نہیں کہتا ۔

**کُونچ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) ایک زہریلا درخت اور اس کی پھلی کا نام ۔

**کُونچ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) دیکھیے کونچ ۔

**کُونچا** ۔ (کُون ۔ چا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] بھڑ بھونجے کا کڑچھا جس سے بالو وغیرہ نکالتے ہیں ۔

**کُونچا** ۔ (کُون ۔ چا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] گھاس کا پودا ۔

**کُونچی** ۔ (کُون ۔ چی) [ھ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے کوچی ۔

**کَوند** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) بجلی کی چمک ۔

**کَوندا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے کوند ۔

**کَوندنا** ۔ (کَوند ۔ نا) [ھ ۔ مص] بجلی چمکنا ۔

**کُونڈ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) ناند ۔ (۲) منقبد

**کُونڈا** ۔ (کُون ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا ظرف ۔ ناند ۔ پرات ۔ (۲) نذر نیاز کی شیرینی ۔

**کونڈا بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نذر پوری ہونے پر امام جعفرؓ کی نیاز دلوانا ۔

**کونڈا کرنا** ۔ (۱) کسی کے نام کی نیاز دلوانا ۔ (۲) دو تین آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ برا کام کرنا ۔

**کونڈا بار** ۔ (ق) قید بند ۔

**کُونڈی** ۔ (کُون ۔ ڈی) [ھ ۔ ا ۔ مث] چھوٹا کونڈا جو اکثر مٹی یا پتھر کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔ دوری ۔

**کَونرا** ۔ (کَون ۔ را) [ھ ۔ صفت] (۱) بے اوسان ۔ بدحواس ۔ (۲) کائیں کائیں سے گھبرایا ہوا ۔



Marfat.com

**کونسل** ۔ (Counsel) (کَوُن ۔ سِل) [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) جماعت ۔ مجلس ۔ سبھا ۔ (۲) مجلس شوریٰ ۔ مؤتمر ۔ دیوان ۔ (۳) ارکانِ مجلس ۔
**کونسل کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صلاح مشورہ کرنا ۔ منصوبہ گانٹھنا ۔
**کونسلر** ۔ (Councillor) (کَونس ۔ لَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مجلس شوریٰ کا رکن ۔ کونسل کا رکن ۔ مشیر ۔ صلاح کار ۔
**کونسلی** ۔ (کَونس ۔ لی) [انگ ۔ ا ۔ مذ] صلاح کار ۔ کونسل کا ممبر ۔ مشیر ۔ وکیل ۔ پیروکار ۔
**کوں کوں** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) کتّے کے پلّوں کی آواز ۔
**کونی** ۔ (کَو ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جسے علتِ مشائخ ہو ۔ بولسیا ۔ گانڈو ۔
**کونین** ۔ (کَو ۔ نَین) [ع ۔ ا ۔ مذ] (کون کا تثنیہ) دونوں جہان ۔ ہر دو عالم ۔ دین و دنیا ۔ ہر دو سرا ۔
**کونین** ۔ (Quinine) (کُوَن ۔ اِن) [انگ ۔ ا ۔ مث] ایک مشہور انگریزی دوا جو بخار اور بالخصوص ملیریا بخار میں استعمال کی جاتی ہے ۔
**کوہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پہاڑ ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو سطح زمین سے بلند ہو ۔
**کوہِ آتش فشاں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پہاڑ جس میں سے گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اٹھتے رہتے ہیں ۔ جوالا مکھی ۔
**کوہِ آدم** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) لنکا کے سلسلہ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے یہیں اترے تھے ۔
**کوہِ البرز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایران کے شمال میں ایک مشہور بلند پہاڑ کا نام ۔
**کوہِ بے ستون** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایران کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر اپنی معشوقہ شیریں کے لیے جوئے شیر نامی نہر نکالی تھی ۔
**کوہ پیکر** ۔ (ف ۔ صف) پہاڑ جیسے جسم والا ۔ گرانڈیل ۔ قوی جُثّہ ۔
**کوہ ٹوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت بڑی مصیبت پڑنا ۔
**کوہ جگر** ۔ (ف ۔ صف) باحوصلہ آدمی ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ بہادر ۔
**کوہِ جودی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی ۔
**کوہِ رحمت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی ۔
**کوہِ رواں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) چلنے والا پہاڑ (۲) مجازاً گھوڑا ۔ ہاتھی ۔
**کوہسار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پہاڑی جگہ ۔ (۲) سلسلہ کوہ ۔ جمع ۔ کوہساراں ۔
**کوہستان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پہاڑی ملک ۔ (۲) پہاڑوں کا سلسلہ ۔ پہاڑ ۔
**کوہستانی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) پہاڑی ۔ کوہی ۔ پہاڑ کا ۔ (۲) (مذ) پہاڑ کا رہنے والا ۔
**کوہِ سینا ۔ کوہِ طور** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) شام کا وہ مشہور پہاڑ جس پر خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی تجلی دکھائی تھی اور دس شرعی احکام نازل فرمائے تھے ۔
**کوہِ صفا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) صفا اور مروہ ، مکہ معظمہ کے نزدیک دو مقدس پہاڑیاں ہیں ۔ جن کے بیچ میں حاجیوں کو سات بار دوڑنے کا حکم ہے ۔
**کوہ قاف** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں واقع ہے ۔ (۲) [اُلٹا] وہ جگہ جہاں آدمی کا گزر نہ ہو سکے ۔ نہایت دشوار گذار اور سنسان پہاڑ ۔
**کوہ کن** ۔ (ف ۔ صف) پہاڑ کھودنے والا ۔ شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب جس نے کوہِ بے ستون کھود کر ایک نہر شیریں کے محل تک پہنچائی تھی ۔
**کوہ کندن ، کاہ برآوردن** ۔ (ف ۔ مثل) بے نتیجہ کام کرنا ۔ ایسا کام کرنا جس میں مشقت زیادہ اور فائدہ کچھ نہ ہو ۔
**کوہ کنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پہاڑ کھودنا ۔
**کوہ کو کاہ سمجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دشوار کام کو آسان سمجھنا ۔
**کوہِ نور** ۔ ہندوستان کا ایک نہایت مشہور و معروف ہیرا جو آجکل انگلستان میں حکومت برطانیہ کے پاس ہے ۔
**کوہاڑا** ۔ (ق ۔ صف) (۱) مشکل ۔ (۲) تردّد ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ غم ۔
**کوہان** ۔ (کو ۔ ہان) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) اونٹ کی پیٹھ کی بلندی ۔ (۲) سانڈ یا بیل کا اونچا کندھا ۔
**کوہی** ۔ (کو ۔ ہی) [ف ۔ صف] پہاڑی ۔ پہاڑ کا باشندہ ۔
**کوہی** ۔ (کُو ۔ ہی) [ہ ۔ ا ۔ مث] بہری ۔ ایک قسم کا شکرا جو اکثر کبوتروں کو پکڑ لیتا ہے ۔
**کوئلا** ۔ (کو ۔ اِ ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جلی ہوئی لکڑی کا بجھا یا ہوا ٹکڑا یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ ۔ دیکھیے کولہ ۔
**کوئلوں پر مُہر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بڑے بڑے اخراجات پر توجہ نہ کرنا اور ادنیٰ خرچ پر کفایت دکھانا ۔
**کوئلوں کی دلالی میں (منہ میں بھی کالا کپڑے بھی کالے) ہاتھ کالے** ۔ (ا ۔ مثل) جس کام میں ناحق نام بدنام ہو اس کی نسبت بولتے ہیں ۔ برے کاموں میں پڑنے کا انجام بدنامی ہے ۔
**کوئلوں کے مول** ۔ (ا ۔ صف) بہت سستا ۔
**کوئلے کی کان** ۔ (ا ۔ مث) وہ کان جس میں سے پتھر کا کوئلہ نکلتا ہے ۔
**کوئی** ۔ (کو ۔ اِی) [کلمہ تنکیر] (۱) کچھ ۔ کسی ۔ (۲) نامعلوم شخص ۔ (۳) تقریباً ۔ لگ بھگ ۔ تخمیناً ۔ (۴) ایک آدھ ۔ اِکّا دُکّا ۔ (۵) کہیں ۔ ممکن ہے ۔ (۶) ذرا ۔ ایک ۔
**کوئی اب بولے کوئی جب بولے میری نکٹی شپا شپ بولے** ۔ (ا ۔ مثل) نہایت بے شرم اور بے حیا کی نسبت بولتے ہیں جو بے عزت ہو کر بھی بکواس کرتا چلا جائے ۔
**کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی عقل کا اندھا** ۔ (ا ۔ مثل) کوئی جہالت کے سبب سے بے وقوف اور کوئی پڑھا لکھا ہو کر جاہل ۔
**کوئی آشنا نہیں** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کو اتنی توفیق نہیں ۔
**کوئی بات اٹھا نہ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ کسر نہ رکھنا ۔ سب کچھ کہہ لینا ۔ سب تدبیریں کر چکنا ۔
**کوئی پل کا مہمان** ۔ (ا ۔ مذ) چند گھڑی کا مہمان ۔ مرنے کے قریب ۔
**کوئی پوچھتا نہیں** ۔ (ا ۔ مقولہ) کوئی پرسانِ حال نہیں ۔ کوئی توجہ نہیں کرتا ۔



Marfat.com

**کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا نہیں سکتا۔** (ا۔ مثل) کسی تدبیر سے تقدیر نہیں بدل سکتی۔

**کوئی تن دکھی کوئی من دکھی، دکھی سارا سنسار۔** (ا۔ مثل) کسی کو کوئی دکھ، کسی کو کوئی۔ دنیا میں کوئی سکھی نہیں۔

**کوئی تو پوچھے گا۔** (ا۔ محاورہ) کوئی تو باز پرس کرے گا۔ کوئی تو سنے گا۔ کسی کو تو ضرور رحم آئے گا۔

**کوئی تولوں بھاری، کوئی مولوں بھاری۔ کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم۔** (ا۔ مثل) کوئی کسی سبب سے مراد اور عزت والا ہے کوئی کسی سبب سے۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے۔

**کوئی جیسے کہ مرے ان کو اپنے کام سے کام۔** (ا۔ مثل) خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کو کسی کے رنج و راحت کی پرواہ نہ ہو۔

**کوئی چیز ہے۔** (ا۔ محاورہ) بے کار چیز ہے۔

**کوئی حال مست کوئی مال مست۔** (ا۔ مثل) کوئی اپنی غریبی پر قناعت کیے ہوئے ہے کوئی اپنی دولت کے نشے میں چور۔ ہر ایک اپنے حال پر خوش ہے۔

**کوئی دم کا دمامہ ہے۔** (ا۔ مثل) زندگی بہت تھوڑی ہے۔

**کوئی دم کا مہمان۔** (ا۔ محاورہ) قریب مرگ۔ جلد رخصت ہونے والا۔ جانہار۔

**کوئی دن۔** (ا۔ تابع فعل) چند روز۔ تھوڑے دنوں کے لیے۔

**کوئی دن جاتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) عنقریب ہے۔ تھوڑی مدت میں۔

**کوئی دن کی ہوا کھانا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑے دن کی زندگی اور ہونا۔

**کوئی دن یاد کرو گے۔** (ا۔ محاورہ) ہماری قدر کچھ دن بعد ہوگی۔

**کوئی کسی کا درد بانٹ نہیں لیتا۔** (ا۔ محاورہ) رنج و غم خود ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

**کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا۔** (ا۔ مثل) کسی کی مصیبت اور بلا کو کوئی شخص اپنے سر نہیں لیتا۔

**کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا۔** (ا۔ مثل) کوئی کسی کے عوض نہیں مرتا۔ ہر شخص اپنی ہی جواب دہی کرے گا۔

**کوئی کل سیدھی نہیں۔** (ا۔ محاورہ) کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔ ہر بات میں پیچ ہے۔

**کوئی کل نہ بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی طرح چین نہیں ہے۔

**کوئی کم نہ سمجھے۔** (ا۔ روزمرّہ) (ہجو ملیح) یعنی آپ بڑے بد ذات ہیں۔

**کوئی کوئی۔** (ا۔ صفت) ایک آدھ۔ اِکّا دُکّا۔ شاذ و نادر۔

**کوئی کہاں سے لائے۔** (ا۔ تابع فعل) ناپید ہونے اور مجبوری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**کوئی کیا جانے۔** (ا۔ روزمرّہ) کسی کو نہیں معلوم۔ مجھ کو نہیں معلوم۔

**کوئی کیا کرے۔** (ا۔ روزمرّہ) مجبوری ہے۔ چارہ نہیں (۲) بیکار ہے۔

**کوئی مرے کوئی ملہار گائے۔** (ا۔ مثل) جب کسی کی مصیبت پر کوئی خوشی منائے اس موقع پر بولتے ہیں۔

**کوئی نہ کوئی۔** (ا۔ متعلق فعل) ایک نہ ایک۔ یہ نہیں وہ۔

**کوئی گھڑی کا مہمان ہے۔** (ا۔ مثل) مرنے کے قریب ہے۔ قریب المرگ ہے۔

**کوئی نہیں پوچھتا کہ منہ میں کے دانت ہیں۔** (ا۔ مثل) (۱) نہایت امن و چین کا زمانہ۔ ہر شخص بے خوف و آزاد ہے۔ (۲) کس مپرسی کا اظہار۔

**کوئی ہو۔** (ا۔ روزمرّہ) کسے باشد۔ جو چاہے۔ کسی کی خصوصیت نہیں۔

**کوئی ہے۔** (ا۔ حرفِ ندا) (۱) ملازم کو بلانے کی آواز۔ (۲) کیا کوئی شخص موجود ہے؟

**کُوئے۔** (کُو۔ اے) [ف۔ ا۔ مذ] دیکھیے کُو۔

**کَوِی۔** (کَ۔ وی) [س۔ ا۔ مذ] (اصل کَوِ) (۱) شاعر (۲) عالم و فاضل شخص۔

**کَوِی راج۔** (س۔ ا۔ مذ) ملک الشعراء۔

**کوّے اُڑجانا۔** (ا۔ شگون) جب کوئی پردیس سے آنے والا ہو اور کوّا منڈیر پر آکر بولے تو عورتیں یہ فقرہ کہہ کر شگون لیتی ہیں کہ اگر وہ آنے والا ہو گا تو کوّا اُڑ جائے گا۔

**کوّے کوسا کریں کھیت پکّا کریں۔** (ا۔ مثل) ناحق بددعا کا اثر نہیں ہوتا۔ (۲) دشمن کے برا چاہنے سے برا نہیں ہوتا۔

**کوّے کوسنے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں۔** (ا۔ مثل) کسی کی بددعا سے کسی کا نقصان نہیں ہوتا۔

**کوّے کھائے ہیں۔** (ا۔ مثل) عوام کا اعتقاد ہے کہ کوّے کھانے سے انسان کی عمر لمبی ہوتی ہے اور بال کالے ہو جاتے ہیں۔ (۲) بہت بولنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

**کوّے کی دُم (دگانڈ) میں انار کلی۔** (ا۔ مثل) کالے رنگ کا آدمی سُرخ لباس پہنے تو کہتے ہیں۔

**کویا۔** (کو۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) آنکھ کا کوہ۔ گوشۂ چشم۔ (۲) شریفے یا کٹھل کا دانہ یا گودا۔ (۳) ریشم کے کیڑے کا خول۔

**کویَل۔** (کو۔ یَل) [ہ۔ ا۔ مث] ایک خوش آواز کالے رنگ کے پرند کا نام جو آموں کے موسم میں یہاں آتا ہے۔

**کویل کوکنا۔** (مص مرکب) کویل کا بولنا۔

**کویلو۔ کویلی۔** (کوے۔ لو۔ کوے۔ لی) [ق۔ ا۔ مث] کھپریل۔

# ک - ہ

**کہ۔** (ف) (۱) بیان کے لیے نیز "جو" کی بجائے جو بیان کے موقع پر آتا ہے (۲) علت۔ سبب۔ (۳) ناگاہ۔ دفعۃً (۴) بمعنی یا۔

**کِہ۔** (ف۔ صفت) چھوٹا۔ کم مرتبہ۔ ادنیٰ۔

**کِہتر۔** (کِہ۔ تر) [ف۔ تفضیل بعض] زیادہ چھوٹا۔ ادنےٰ۔ بہتر کا نقیض۔

**کِہترین۔** (کِہ۔ تَرین) [تفضیل کل] سب سے چھوٹا۔ سب سے حقیر۔

**کِہ و مِہ۔** (ف۔ صفت) چھوٹا بڑا۔ خورد و کلاں۔ خاص و عام۔ ہر قسم۔

**کَہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) کاہ کا مخفف۔



Marfat.com

**کہربا**۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا زرد گوند۔ اسے کپڑے یا چمڑے سے رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے کریں تو اسے اُٹھا لیتا ہے۔
**کہربائی**۔ (ف۔صفت) (۱) کہربا سے منسوب۔ (۲) برقی۔ مقناطیسی۔
**کہربائیت**۔ (ف۔ا۔مث) کشش۔
**کہکشاں**۔ (ف۔ا۔مذ) بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی دھار جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پہ دُور تک گئی ہوئی نظر آتی ہے۔
**کہگل**۔ (ف۔ا۔مث) پلستر کرنے کی بھس ملی ہوئی مٹی۔ دیکھیے کاہ گل۔
**کہا**۔ (کَ۔ہا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کہنا کا ماضی۔ کہنا۔ بچن۔ سخن۔ قول۔ مقولہ۔ (۲) کہا ہوا کلمہ۔
**کہاسنا**۔ (ا۔مذ) (۱) جرم۔ تقصیر۔ (۲) گلہ۔ شکوہ (۳) منہ سے نکلا یا کانوں سے سنا ہوا۔
**کہاسنا بخشوانا**۔ (ا۔محاورہ) مرتے وقت خطائیں معاف کرانا۔
**کہاسُنی**۔ (ا۔مث) لگائی بجھائی۔ غیبت۔ اِدھر کی اُدھر کہنی۔
**کہا کرنا۔ کہا ماننا**۔ (ا۔محاورہ) کہنا کرنا۔ کہنے کے مطابق کرنا۔ کہنے پہ عمل کرنا۔
**کہہ اُٹھنا**۔ (کَہ۔اُٹھ۔نا) [ھ۔مص] بے سمجھے بوجھے کہنے لگنا۔
**کہہ کے پھر جانا**۔ (ا۔محاورہ) مکر جانا۔
**کہہ کے گنہگار ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بے جا کہنا۔ بے تکی بات کہنا۔
**کہہ مکرنی**۔ (ا۔مث) ایک قسم کی پہیلی جس میں اس کا جواب بھی ہوتا ہے۔
**کہار**۔ (کَ۔ہار) [ھ۔ا۔مذ] (۱) پانی لانے والا۔ مہرہ (۲) ڈولی یا پالکی اُٹھا کر چلنے والا۔ حمال۔ (۳) برتن مانجھنے والا۔
**کہاری**۔ (کَ۔ہا۔ری) [ھ۔ا۔مث] کہاروں کی مزدوری۔ ڈولی کا کرایہ۔ (۲) کہار کی تانیث۔ کہار کی بیوی۔
**کہاں**۔ (کَ۔ہاں) [ھ۔استفہام] (۱) کس جگہ۔ کدھر۔ (۲) نہیں۔ کب۔ (۳) دوری۔ فرق عظیم۔
**کہاں تک**۔ (ا۔تابع فعل) (۱) کتنی دور تک۔ (۲) کتنی دیر تک۔ کس عرصے تک۔
**کہاں جاتا ہے**۔ (ا۔محاورہ) کس جگہ (کس کے پاس) جاتا ہے۔ (۲) کہاں بچ کے جاتا ہے۔ (۳) ضرور سزا پائے گا۔
**کہاں جاؤں**۔ (ا۔محاورہ) (مایوسی کے عالم میں) کیا علاج کروں۔ کیا تدبیر کروں۔
**کہاں راجہ بھوج کہاں گنگوا تیلی کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں**۔ (ا۔مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت؟ کہاں یہ کہاں وہ؟
**کہاں سر پھوڑوں**۔ (ا۔محاورہ) کہاں جاؤں۔ کیا کروں۔ کدھر جاؤں۔ کوئی تدبیر بن نہیں آتی۔ عالم مجبوری اور ناچاری ہے۔
**کہاں سے ٹپک پڑے**۔ (ا۔محاورہ) کدھر سے آ گئے۔ اچانک کہاں سے آ گئے۔

**کہاں سے کہاں**۔ (ا۔تابع فعل) (۱) کدھر سے کدھر۔ (۲) بہت آگے۔ بے ٹھکانے۔ کالے کوسوں۔
**کہاں سے آیا ہے**۔ (ا۔مقولہ) کیا چیز ہے کوئی وقعت نہیں۔
**کہاں کا**۔ (ا۔صفت) (۱) کس جگہ کا؟ کس شہر کا۔ (۲) کس طرف کا۔ (۳) کیسا کس مطلب کا۔ (۴) کس کا۔ کدھر کا۔ (۵) کون سا۔ (۶) کب کا۔ کس زمانے کا۔
**کہاں کا آنا کہاں کا جانا**۔ (ا۔محاورہ) کیسا آنا۔ کیسا جانا۔ کیسی ملاقات۔ کیا واسطہ۔ قطعی بے تعلق۔
**کہاں کی بلا پیچھے لگی**۔ (ا۔محاورہ) کسی بات سے تنگ یا ناراض ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں، کہ کس آفت میں پڑ گئے۔
**کہاں کے تیس مار خاں ہیں**۔ (ا۔محاورہ) کہاں کے اتنے بہادر ہیں۔
**کہاں کے ہیں**۔ (ا۔محاورہ) کونسے ملک کے رہنے والے ہیں۔ ایسے کون ہیں۔
**کہاں لا کر پھنسایا**۔ (ا۔محاورہ) کس عذاب میں ڈال دیا۔ کس مصیبت میں مبتلا کر دیا۔
**کہاں مر رہا**۔ (ا۔محاورہ) کہاں دیر لگا دی۔ کیوں دیر لگا دی۔
**کہاں یہ کہاں وہ**۔ (ا۔مثل) ان کا مقابلہ کیا۔
**کہانا**۔ (کَ۔ہا۔نا) [ھ۔مص] (۱) مشہور ہونا۔ کہلانا۔ نام رکھا جانا۔ (۲) پیغام دینا۔
**کہانت**۔ (کَ۔ہا۔نت) [ع۔ا۔مث] (۱) غیب کی بات بتانا۔ فال گوئی
**کہانی**۔ (کَ۔ہا۔نی) [ھ۔ا۔مث] (۱) حکایت۔ قصہ۔ داستان۔ افسانہ۔ (۲) ذکر۔ بیان (۳) سرگذشت۔ گزری ہوئی بات۔
**کہانی جوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) افسانہ گھڑنا۔ قصہ بنانا۔
**کہاوت**۔ (کَ۔ہا۔وَت) [ھ۔ا۔مث] (۱) قول۔ بچن۔ مثل۔ ضرب المثل۔
**کہہ بیٹھنا**۔ (کَہ۔بیٹھ۔نا) [ھ۔مص] بُرا بھلا کہہ دینا۔ گالی دے بیٹھنا۔
**کہتے سُنتے**۔ (ھ۔تابع فعل) ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ۔
**کہتے سُنتے نہ بنی**۔ (ا۔محاورہ) کچھ جواب نہ بن پڑا۔
**کہتے کہتے زبان دبا جانا**۔ (ا۔محاورہ) باتیں کرتے کرتے کسی بات کو ٹال جانا۔
**کہتے کے ساتھ ہی**۔ (اُ۔تابع فعل) فوراً۔ حکم سنتے ہی۔ جھٹ پٹ۔ تُرت۔
**کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی**۔ (اُ۔مثل) کہنے کو کوئی روک نہیں سکتا۔
**کہتے ہوئے**۔ (ھ۔تابع فعل) مُنہ سے نکالتے ہوئے۔ زبان پر لاتے ہوئے۔
**کہتے ہیں**۔ (ا۔روزمرہ) روایت ہے۔
**کہہ**۔ (ا۔فعل) کہنا مصدر سے صیغۂ امر (۲) منہ سے بول۔ بات کر۔ بیان کر
**کہہ اُٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) بے سوچے سمجھے کچھ کہہ دینا۔
**کہہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔ (۲) جتا دینا۔ بتا دینا۔ (۳) عرض کر دینا۔ بات سنا دینا۔
**کہہ دیں گے**۔ (ا۔محاورہ) کسی امر کے ٹالنے اور انکار کرنے کے موقع پہ بولتے ہیں۔
**کُہر**۔ (ھ۔ا۔مث) وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دُھند



Marfat.com

سی پیدا کر دیتے ہیں۔

کُمَیت۔ (ف-ا-مذ) گھوڑے کا ایک خاص رنگ۔ کمیت رنگ۔

کُہرا۔ (کُہْ-رَا) [ہ-ا-مذ] کُہر۔

کُہرام۔ (کُہْ-رَام) [ہ-ا-مذ] رونا۔ واویلا۔ آہ و نالہ۔ آفت۔ قیامت۔

کُہرام مچنا۔ (ا-محاورہ) ماتم ہونا۔ رونا پیٹنا پڑنا۔ شور و شیون ہونا۔ آفت برپا ہونا۔

کہروا۔ (کَ-ہَر-وا) [ہ-ا-مذ] کہاروں کا ناچ اور گانا۔ وہ گانا جو طوائفیں مجمع کے وقت گایا کرتی ہیں۔

کَہف۔ (ع-ا-مذ) (۱) غار۔ گڑھا۔ (۲) وہ کھوہ جس میں اصحاب کہف جا کر سوئے تھے۔

کہل۔ (ع-ا-مذ) ادھیڑ۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا نہ جوان۔

کہلا بھیجنا۔ (ا-محاورہ) [کَہ-لا-بھیج-نا] (ہ-مص) پیغام بھیجنا۔ بُلا بھیجنا۔

کہلانا۔ (کَہ-لا-نا) [ہ-مص] دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا۔ (۲) اقرار لینا۔ (۳) دوسری دفعہ پڑھوانا۔ (۴) مشہور ہونا۔ نامزد ہونا۔

کہلوانا۔ (کَہل-وا-نا) (ہ-مص) دیکھیے کہلانا۔ ۱۔ ۳۔

کَہَن۔ (کَ-ہَن) [ہ-ا-مث] کہنے کا ڈھنگ۔ طرز گفتار۔ کہاوت۔ قول۔ بچن۔ بات۔ مقولہ۔

کُہَن۔ (کُ-ہَن) [ف-صف] پرانا۔ کہنہ۔ سال خوردہ۔

کُہن سال۔ (ف-صف) بڈھا۔ بوڑھا۔ بڑی عمر والا۔ معمّر۔

کُہن سالی۔ (ف-ا-مث) بڑھاپا۔ پیری۔ ضعیفی۔

کہنا۔ (کَہ-نا) [ہ-مص] (۱) بیان کرنا۔ زبان پر لانا۔ (۲) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ (۳) اطلاع دینا۔ خبر کرنا۔ (۴) نام رکھنا۔ (۵) بُرا کہنا۔ گالی دینا۔ (۶) شعر کہنا۔ (۷) سمجھانا۔ نصیحت کرنا۔ (۸) تنبیہ کرنا۔ کان کھولنا۔ (مذ) (۹) مقولہ۔ قول۔ کہاوت۔ (۱۰) ذکر۔ بیان۔ (۱۱) نصیحت۔ پند۔ (۱۲) حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ (۱۳) گفتگو۔ بات چیت۔ (۱۴) جواب دینا۔ (۱۵) عرض۔ (۱۶) روایت بیان کرنا۔ (۱۷) شکوہ کرنا۔ (۱۸) پیغام دینا۔

کہنا بجالانا۔ (ا-محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا۔

کہنا ٹالنا۔ (ا-محاورہ) بات نہ ماننا۔

کہنا سننا۔ (ا-محاورہ) (۱) بہکانا۔ ورغلانا۔ (۲) گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا سنانا۔ (۳) دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔ (۴) حکم۔ اختیار۔

کہنا کرنا۔ کہنا ماننا۔ (ا-محاورہ) حکم بجالانا۔ کہنے پر چلنا۔ تعمیل ارشاد کرنا۔ بات ماننا۔

کہنے پر جانا۔ (ا-محاورہ) کہا ماننا۔ کسی بات کا خیال کرنا۔ کسی بات کا یقین کرنا۔

کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے۔ (ا-مثل) مُنہ سے نکلی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا۔

کہنے سے ضد سوا ہوتی ہے۔ (ا-مثل) آدمی کو جس قدر سمجھاؤ اُسی قدر زیادہ ہٹ کرتا ہے۔

کہنے سُننے میں آجانا۔ (ا-محاورہ) لگائی بجھائی پر عمل کرنا۔

کہنے کو۔ (ا-تابع فعل) (۱) نام کو۔ برائے نام (۲) عیب لگنے یا نکالنے کو۔

کہنے کو بات رہ گئی۔ (ا-مثل) وقت نکل گیا۔ شکوہ شکایت اور گلہ باقی رہ گیا۔

کہنے کو مُنہ میں زبان رکھتے ہیں۔ (ا-محاورہ) (۱) سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔ جیسا کہو گے ویسا سنو گے۔ (۲) برائے نام زبان ہے گویائی کے قابل نہیں۔

کہنے کی بات نہیں۔ (ا-مثل) کہنے کے قابل نہیں۔ کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ مشکل ہے۔

کہنے کی باتیں ہیں۔ (ا-محاورہ) خالی باتیں ہی باتیں ہیں۔ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔ عمل میں لانا مشکل ہے۔

کہنے میں۔ (ا-تابع فعل) (۱) مطیع۔ فرمانبردار۔ (۲) قابو میں۔ بس میں۔

کہنے میں آجانا۔ (ا-محاورہ) بہکانے میں آجانا۔ دھوکے میں آجانا۔ کسی بات کا اعتبار کر لینا۔ کہے کا یقین کر لینا۔

کہنے میں ہونا۔ (ا-محاورہ) بس میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔

کُہنگی۔ (کُہ-نَ-گی) [ف-ا-مث] پرانا پن۔ بڑھاپا۔ پیری۔ قدامت۔

کُہنہ۔ (کُہ-نہ) [ف-صف] پرانا۔ دیرینہ۔ سال خوردہ۔

کُہنہ مشق۔ (ف-صف) مشّاق۔ تجربہ کار۔

کُہنی۔ (کُہ-نی) [ہ-ا-مث] کلائی اور بازو کا جوڑ۔

کُہنی مارنا۔ کُہنی چلانا۔ (ا-محاورہ) کہنی کی ضرب لگانا۔ کہنی سے ہٹانا۔

کُہو۔ (کُ-ہو) [ہ-ا-مث] کویل کی آواز۔

کہوانا۔ (کَہ-وا-نا) [ہ-مص] دیکھیے کہلوانا۔

کہو دن کی سُنے رات کی۔ کہو کھیت کی سُنے کھلیان کی۔ (ا-مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔

کہولَت۔ (کُ-ہو-لَت) [ع-ا-مث] آغاز پیری۔ بڑھاپے کی شروعات۔

کہوں تو ماں ماری جائے نہ کہوں تو باوا کُتّا کھائے۔ (ا-مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں طرح خرابی پیدا ہونے کا ڈر ہو۔

کہی۔ (کَ-ہی) [ہ-ا-مث] بات۔ کہا۔

کہی بدی۔ (ا-مث) قول و قرار۔ باہمی عہد و پیمان۔

کہی سُنی۔ (ا-مث) لوگوں کا کہنا سُننا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔

کہے جانا۔ (ا-محاورہ) لگانا۔ (کوئی بات کہنا بار بار کہنا)

کہے دینا۔ (ا-محاورہ) کسی بات سے خبردار کرنا۔

کہے سُننے سے۔ (ا-تابع فعل) سمجھانے بجھانے سے۔

کہے میں ہونا۔ (ا-محاورہ) بس میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔

کہیں۔ (ف-صف) بہت چھوٹا۔

کہیں کیا۔ (ا-روزمرہ) کیا شکایت کریں۔ کیا بیان کریں۔



Marfat.com

کہیں کچھ کریں کچھ ۔ (۱۔مثل) اُن کی بات کا اعتبار نہیں۔ کہتے کچھ اور کرتے کچھ ہیں۔

کہیں ۔ (کَ ۔ہِیں ) [ھ۔تابع فعل ] (۱) کسی جگہ ۔جائے ۔جا۔ دوسری جگہ۔ اورجگہ ۔ (۲) کسی طرف ۔کسی جانب ۔ (۳) شاید ۔ ایسا نہ ہو ۔

کہیں اور ۔ (۱۔تابع فعل ) کسی اور جگہ ۔ دُوسری جگہ ۔

کہیں اوس سے پیاس بُجھتی ہے ۔ (۱۔مثل ) تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہوسکتی ۔

کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں ۔ (۱۔مثل ) زیادہ عمر کا آدمی علم حاصل نہیں کرسکتا ۔

کہیں پاؤں رکھتے ہیں کہیں پڑتا ہے ۔ (۱۔مثل ) نشہ یا ضعف کی یہ حالت ہے کہ قدم لڑکھڑاتے ہیں ۔

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں ۔ (۱ ۔مثل ) بہت ہجوم ہے ۔ بالکل جگہ نہیں ۔

کہیں دائی سے پیٹ چُھپتا ہے ۔ (۱۔مثل ) خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا ۔

کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں ۔ (۱۔مثل ) بگڑوں کا سنورنا دُشوار ہے ۔

کہیں سُنا ہے ۔ (۱۔مثل ) تعجب کی بات ہے ۔

کہیں سے ۔ (۱۔تابع فعل ) کسی جگہ سے ۔کسی مقام سے ۔

کہیں کا کہیں ۔ (۱ ۔تابع فعل ) اظہارِ بُعد و فرقِ عظیم کے موقع پر بولتے ہیں ۔کہاں کا کہاں ۔

کہیں کا نہ رہنا ۔ (۱۔محاورہ ) کسی جگہ اور کسی موقع کے قابل نہ رہنا ۔ دین و دنیا سے جانا ۔ کسی کام کا نہ رہنا ۔ کسی قابل نہ رہنا ۔ محض نکما ہوجانا ۔

کہیں کا ہو رہنا ۔ (ہو جانا ) ۔ (۱۔محاورہ ) کسی جگہ رہ پڑنا ۔ جہاں جانا اسی جگہ کا ہوجانا ۔ جاکر واپس نہ جانا ۔

کہیں کہیں ۔ (۱۔تابع فعل ) بہت کم ۔ کسی کسی جگہ ۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا ۔ بھان متی نے کنبہ جوڑا ۔ (۱۔مثل ) بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

کہیں گرجیں کہیں برسیں ۔ (۱۔مثل ) ایک کا غصہ دوسرے پر نکالنا ۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جُدا ہوا ہے ۔ (۱۔مثل ) اپنوں سے چُھوٹنا مشکل ہے ۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھُوٹتا ۔ اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے ۔

کہیں نہ کہیں ۔ (۱۔تابع فعل ) کسی نہ کسی جگہ ۔ ضرور ۔ کسی نہ کسی مقام پر ۔

کہیں نہیں ۔ (۱۔تابع فعل ) کسی جگہ نہیں ۔ کسی موقع پر یا مقام پر نہیں ۔ بالکل پتہ نہیں ۔

کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں ۔ (۱۔مثل ) کہیں تقدیر بھی خطا کرتی ہے ۔

## کھ

۔ ہرنا ۔ (۱۔محاورہ ) ضبط کرنا ۔ خاموش ہو جانا ۔ برداشت کرنا ۔ جواب نہ دینا ۔

کھا بیٹھنا ۔ (۱۔محاورہ ) رقم دبا لینا ۔

کھا جانا ۔ (۱۔محاورہ ) ہڑپ کر جانا ۔ نگل جانا ۔ (۲) غبن کرنا ۔ (۳) صرف ہو جانا ۔ (۴) اُجاڑ دینا ۔ (۵) کسی کو غصے کی نظر سے دیکھنا ۔ (۶) چبا ڈالنا ۔

کھا کے ڈکار نہ لینا ۔ (۱۔محاورہ ) پرایا مال بالکل ہضم کر جانا ۔

کھابڑ ۔ (کھا ۔بڑ ) [ھ ۔صفت ] اونچا نیچا ۔ ناہموار ۔

کھاپڑ ۔ (ق ۔ا ۔مث ) ٹھیکری ۔

کھات ۔ (ھ ۔ا ۔مث ) (۱) وہ میلا یا گھُورا جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے ہیں اور کچھ عرصہ میں نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں ۔ (۲) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں ۔ کھاد ۔

کھاتا ۔ (کھا ۔تا ) [ھ ۔ا ۔مذ ] (۱) حساب کی کتاب ۔ روزنامچہ ۔ لیکھا ۔ بہی ۔ (۲) لین دین ۔

کھاتا بہی ۔ (ھ ۔ا ۔مث ) ہر اسامی کے لیے علیحدہ حساب کی کتاب ۔

کھاتے پڑنا ۔ (۱۔محاورہ ) حساب میں درج ہونا ۔ روزنامچہ سے پکی بہی پر چڑھا لیا جانا ۔

کھاتا پیتا ۔ (کھا ۔تا ۔پی ۔تا ) [ھ ۔صفت ] خوش حال ۔ آسودہ حال ۔ مرفہ الحال ۔

کھاتا ڈالنا ۔ (۱۔محاورہ ) کسی سے لین دین جاری کرنا ۔

کھاتری ۔ (کھات ۔ری ) [ھ ۔ا ۔مث ] دریا کے کنارے کی فصل ۔

کھاتک ۔ (ق ۔ا ۔مث ) بُرائی ۔ دُشمنی ۔

کھاتگی ۔ (کھات ۔گی ) [ق ۔ا ۔مث ] کھانا ۔ خوراک ۔ غذا ۔

کھاتی ۔ (کھا ۔تی ) [ھ ۔ا ۔مذ ] بڑھئی ۔ نجار ۔

کھاتے پیتے لاتیں مارنا ۔ (۱۔محاورہ ) آسودگی میں بھی قسمت کا شاکی رہنا ۔

کھاٹ ۔ (ھ ۔ا ۔مث ) چارپائی ۔ پلنگڑی ۔

کھاٹ پر پڑے کھانا ۔ بیماری پر اُٹھنا ۔ بیماری میں صرف ہونا ۔ بیماری پر لگنا ۔

کھاٹ پڑنا ۔ (کھاٹ سے لگ جانا ) (۱۔محاورہ ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑنا ۔ صاحب فراش ہونا ۔

کھاٹ سے اُتار لینا ۔ (۱۔محاورہ ) قریب مرگ آدمی کو چارپائی سے اُتار کر زمین پر ڈال دینا ، تاکہ مر کر بھوت نہ بن جائے ۔ (ہندوؤں کا اعتقاد )

کھاٹ سے لگ جانا ۔ (۱۔محاورہ ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا ۔ بیماری کے باعث بہت کمزور ہو جانا ۔

کھاٹ کھٹولا ۔ (۱۔مذ ) استر بستر ۔ انگڑ کھنگڑ ۔ مال اسباب ۔ بوریا بندھنا ۔

کھاٹ نکلنا ۔ (۱۔محاورہ ) جنازہ نکلنا ۔ ارتھی نکلنا ۔ مرنا ۔

کھاج ۔ (ھ ۔ا ۔مث ) (۱) کھجلی ۔ خارش ۔ (۲) جماع کی خواہش ۔

کھاجا ۔ (کھا ۔جا ) [ھ ۔ا ۔مذ ] خوراک ۔ غذا ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی ۔

کھاد ۔ (ھ ۔ا ۔مذ ) (۱) دیکھیے کھات ۔ (۲) پیشگی جو کاشتکار کو خوراک کے لیے دی جاتی ہے ۔ (۳) کوڑا کرکٹ اور بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں جو کھیت میں ڈالتے ہیں ۔



Marfat.com

**کھادر** - (کھا - دَر) [ھ - ا - مث] نشیب - پست زمین - وہ زمین جہاں سیلاب رہے -

**کھادی** - (کھا - دی) [ھ - ا - مث] دیکھیے کھدر -

**کھار** - (ھ - ا - مذ) (۱) شورہ - کلر - شوریت - نمک - (۲) سجی - کاٹ کرنے والی چیز -

**کھار لگنا** - (ا - محاورہ) شور لگنا - کلر لگنا -

**کھارا** - (کھا - را) [ھ - صف] شور - نمکین - کڑوا - (۲) (پورب) کھاس - لادی - (۳) سرکی کی تیلیوں یا سرکنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولھا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں -

**کھاروا** - (کھار - وا) [ھ - ا - مذ] ایک قسم کا سُرخ رنگ کا موٹا کپڑا -

**کھاری** - (کھا - ری) [ھ - صف] کھارا کی تانیث - نمکین - شور - تلخ - کڑوا -

**کھاری پن** - (ا - مذ) کھاری ہونے کا ذائقہ - کھاری ہونے کی کیفیت -

**کھاری کنواں** - (ا - مذ) (۱) وہ کنواں جس کا پانی نمکین ، بدمزہ یا کڑوا ہو - (۲) (اصطلاحاً) بے فیض دولت مند - بے مروّت حاکم -

**کھاری کنوئیں میں ڈال دینا** - (ا - محاورہ) ضائع کر دینا - کھو دینا - پھینک دینا - فائدے سے ہاتھ اٹھا لینا - بے فائدہ کھو دینا -

**کھاڑ - کھاڑو** - (ق - صف) بہت بڈھا - فرتوت -

**کھاڑنا** - (ق - مص) (۱) نکالنا - (۲) گاڑنا - چھاننا -

**کھاڑی** - (کھا - ڑی) [ھ - ا - مث] خلیج - پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دُور تک خشکی میں چلا گیا ہو -

**کھاس** - (ھ - ا - مث) وہ جالی دار بورا جس میں اُپلے یا مٹی کے برتن گدھوں پر لادتے ہیں -

**کھاکر - کھاکھر** - (کھا - کر - کھا - کھر) [ھ - ا - مث] دستہ دار لکڑی جس میں لوہے کی زنجیریں لگی ہوئی ہیں اور اس سے گھوڑے کو دوڑانے کی مشق کراتے ہیں -

**کھاکر (کے) ڈکار نہ لینا** - (اُر - مثل) (۱) پرایا مال لے کر بالکل ہضم کر جانا - (۲) قرض لے کر نہ دینا -

**کھاکسی** - (کھاک - سی) [ھ - ا - مث] وہ موٹی موٹی لکیریں یا نشان جو بچہ جننے کے بعد زچہ کی رانوں اور پیٹ پر پڑ جاتے ہیں -

**کھاکل** - (ا - تابع فعل) کب تک - کہاں تک -

**کھاگ** - (ھ - ا - مذ) گینڈے کا سینگ جو اکثر خنجر ، پیش قبض اور دستی چھریوں میں لگایا جاتا ہے -

**کھال** - (ھ - ا - مث) (۱) چمڑا - چام - چرم - دھوڑی - انسان کے جسم کا پوست - (۲) دھونکنی - (۳) پوست - چھلکا - چھال -

**کھال اُتارنا** - (ا - محاورہ) (۱) کسی کے جسم سے پوست جُدا کرنا - چمڑی ادھیڑنا - (۲) سزا دینا - بدلہ لینا -

**کھال اُدھیڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) پوست اُتارنا - (۲) قمچی یا کوڑے سے مارنا -

**کھال بگڑنا** - (ا - محاورہ) شامت آنا - پٹنے کو جی چاہنا -

**کھال کھینچنا** - (ا - محاورہ) چمڑا ادھیڑنا - پوست اُتارنا - زمانہ قدیم کی سزا جس میں زندہ مجرم کی کھال اُتروا کر اس میں بھس بھروا دیا کرتے تھے

**کھال میں مست ہونا** - (ا - محاورہ) اپنے حال میں خوش ہونا - مگن ہونا -

**کھالا** - (کھا - لا) [ھ - ا - مذ] (۱) وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں - (۲) غار - گڑھا - (۳) ندی نالے -

**کھالنا** - (کھال - نا) [ق - مص] کراہنا -

**کھام** - (ق - ا - مذ) ستون -

**کھان** - (ھ - ا - مث) (۱) کان - معدن - (۲) مخزن - خزانہ - منبع - چشمہ - (۳) افراط - کثرت - بہتات - (۴) غارت گری - (ق)

**کھان** - (ق - ا - مذکر) کھانا -

**کھان مان** - کھانا پانی - (ق)

**کھانا** - (کھا - نا) [ھ - ا - مذ] (۱) خوراک - طعام - بھوجن - (۲) دعوت - ضیافت - مہمانی - (۳) [ہ - مص] نوش کرنا - نگلنا - (۴) حلق سے اتارنا (۵) ہضم کرنا - اڑانا - غبن کرنا - (۶) رشوت لینا - (۷) اُڑانا - فضول خرچی کرنا - سہنا - برداشت کرنا - (۹) ڈسنا - ڈنگ مارنا - (۱۰) مار ڈالنا - قتل کر دینا - (۱۱) گلا دینا - بوسیدہ کر دینا - (۱۲) سُنسنا - (۱۳) برباد کرنا - ستیاناس کر دینا - (۱۴) پریشان کرنا (۱۵) پٹنا - زدوکوب کرنا -

**کھانا اور غرانا** - (ا - محاورہ) بلی کی سی عادت رکھنا - اپنے محسن کا احسان فراموش کرنا - ایک تو کھانا دُوسرا دھمکانا -

**کھانا پانی حرام کر لینا** - (ا - محاورہ) کچھ نہ کھانا -

**کھانا بڑھانا** - (ا - محاورہ) دسترخوان اُٹھانا -

**کھانا پرایا ہے پیٹ تو پرایا نہیں** - (ا - مثل) جب کوئی شخص زیادہ کھا تو کہتے ہیں کہ کھانا پرایا سہی پیٹ تو تمہارا اپنا ہے - زیادہ کھا کر تکلیف اُٹھاؤ گے -

**کھانا پینا** - (ا - مذ) (۱) دانہ پانی - آب و خور - (۲) خورد و نوش کا خرچ -

**کھانا پینا لہو کرنا** - (ا - محاورہ) رنج یا غصہ دلا کر کھانے پینے کو خون آلود کرنا - کھایا پیا خاک میں ملانا - رنج دلانا -

**کھانا جوڑا** - (ا - محاورہ) وہ طعام اور دولھا کا بیش قیمت جوڑا جو دلھن کے گھر سے آتا ہے -

**کھانا چھاتی پر رہنا** - (ا - محاورہ) کھانا ہضم نہ ہونا -

**کھانا زہر مار کرنا** - (ا - محاورہ) غصے میں کھانا - مجبوری سے کھانا -

**کھانا کھانا** - روٹی کھانا -

**کھانا کھلانا** - (ا - محاورہ) روٹی کھلانا - دعوت دینا - ضیافت کرنا -

**کھانا نوش کرنا** - (مص مرکب) کھانا تناول کرنا - کھانا کھانا -

**کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو (ہاتھ یہاں دھو)** جلد آؤ - ذرا جلے آؤ - آنے میں دیر نہ کرو جس طرح بیٹھے ہو اسی طرح چلے آؤ -

**کھانے کمانے کا ٹھیکرا** - (ا - مذ) (۱) روزی کا وسیلہ - (۲) لڑکی - وہ لڑکی جسے کمانے کے لیے پالا ہو -

**کھانے کمانے لگنا** - (ا - محاورہ) گزر اوقات کرنے لگنا -



Marfat.com

**کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں۔ کھانے کو شیر کمانے کو بکری۔** (ا۔ مثل) کھانے میں سب سے زیادہ اور زبردست، کمانے میں سب سے کم اور پست۔

**کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ۔** (ا۔ مثل) کھانے میں چُستی اور کام کاج میں سستی کا اظہار۔ کام چور۔

**کھانے کو دوڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بدمزاجی سے پیش آنا۔ (۲) ڈرانا۔ (۳) کاٹ کھانے کو دوڑنا۔

**کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور۔** (ا۔ مثل) ظاہر باطن کے خلاف ہے۔ قول کچھ ہے عمل کچھ۔

**کھانپ۔** (ھ۔ ا۔ مث) پھانک۔ ٹکڑا۔

**کھانچا۔** (کھاں۔ چا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا اُونچا ٹوکرا۔ ٹاپا۔ (۲) چھابہ۔ خوان۔ خوانچہ۔ (۳) وقفہ۔ دیر۔ ڈھیل۔ (۴) فرق۔ تاخیر۔ (۵) گڑھا جو سڑک یا راستے میں ہو۔

**کھانچا پڑنا۔** تسلسل میں فرق ہونا۔ وقفہ ہونا۔ ناغہ ہونا۔

**کھاندنا۔** (کھاند۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا۔ (۲) درخت لگانے کے لیے گڑھا کھودنا۔

**کھانڈ۔** (ہ۔ ا۔ مث) چینی۔ شکر سفید۔

**کھانڈا۔** (کھاں۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی سیدھی دو رُخی تلوار۔ تیغہ۔ (۲) مچھلی کا قتلہ۔ (۳) قصائی کا بُغدا۔

**کھانڈا بجنا۔** (ا۔ محاورہ) تلوار چلنا۔ شمشیر زنی ہونا۔ جنگ و جدل ہونا۔

**کھانڈے کی دھار پر چلنا۔** (ا۔ محاورہ) خطرناک کام کرنا۔

**کھانسنا۔** (کھانس۔ نا) [ھ۔ مص] کھانسی کی آواز نکالنا۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھنکارنا۔

**کھانسی۔** (کھاں۔ سی) [ہ۔ ا۔ مث] سرفہ۔ سُعال۔ خارش گلو۔ کھُر کھُر۔ کھوں کھوں۔

**کھانکڑ۔** (ھ۔ صفت) خُشک۔ سُوکھا ہُوا۔ وہ چیز جو بہت خشک ہو گئی ہو۔

**کھانکھ۔** (ھ۔ ا۔ مث) خندق۔ کھائی۔

**کھانگ۔** (ھ۔ ا۔ مذ) ہاتھی یا سُؤر کے باہر نکلے ہوئے دانت۔

**کھاؤ۔** (کھا۔ اُو) [ھ۔ صفت] پُرخور۔ بہت کھانے والا پیٹو۔ چٹورا۔ (۲) رشوت خور۔ (۳) بہت خرچ کرنے والا۔

**کھاؤ اُڑاؤ۔** (ا۔ صفت) فضول خرچ۔ مسرف۔ چٹورا۔ تن پرور۔

**کھاؤ میت۔** (ھ۔ صفت) کھانے پینے کا دوست۔ مطلب کا یار۔ مطلب کا آشنا۔ خود غرض۔

**کھائے بکری کی طرح۔ سُوکھے لکڑی کی طرح۔** (ھ۔ مثل) بہت کھا کر دُبلا نظر آنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا۔** (ا۔ مثل) زیادہ حرص کرنے والا پہلا جمع جتھا بھی کھو بیٹھتا ہے۔

**کھائے جانا۔** (کھا۔ اے۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز سے بے حد خوف معلوم ہوتا ہو۔ (۲) تقاضا کر کے سُتانا۔

تنگ کرنا۔

**کھائیں تو گھی سے نہیں جائیں جی سے۔** (ا۔ مثل) ہو تو اچھا ہو نہیں تو بھوکا مرنا منظور ہے۔

**کھائیے من بھاتا پہنیے جگ بھاتا۔** (ا۔ مثل) جس چیز کو جی چاہے وہ کھانی چاہیے، لباس ایسا پہننا چاہیے جو رواج کے مطابق ہو۔

**کھایا پیا اُگل دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عمر بھر کی کمائی پیش کر دینا۔ (۲) قے کر دینا۔

**کھایا پیا انگ نہ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) خوراک کا جزوِ بدن نہ ہونا۔ روز بروز دُبلا اور لاغر ہوتے جانا۔

**کھایا پیا نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) [کنایتاً] خوب پیٹنا۔ ایسی محنت لینا کہ آدمی بے حد تھک جائے۔

**کھایا ہُوا اُگلنا پڑا۔** (ا۔ مثل) جو رقم ماری تھی وہ دینی پڑی۔

**کھبّا۔** (کھَب۔ با) [ھ۔ صفت] (۱) بایاں۔ اُلٹا۔ چپ۔ (۲) [مذ] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

**کھُب جانا۔ کھُبنا۔** (کھُب۔ جا۔ نا۔ کھُب۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) گھُس جانا۔ گڑ جانا۔ چُبھ جانا۔ (۲) سما جانا۔ پسندِ خاطر ہونا۔ نقش ہونا۔ (۳) دل نشین ہونا۔

**کھُب کھُب۔** (ق۔ صفت) خم دار۔

**کھبالے۔** (کھَ۔ با۔ لے) [ق۔ صفت] عیب والے۔ بانکے۔ ترچھے

**کھبّی۔** (کھَب۔ بی) [ہ۔ ا۔ مث] کھبّا کی تانیث۔

**کھپاٹا۔** (کھَ۔ پا۔ ٹا) [ق۔ ا۔ مذ] بانس کی تیلی۔

**کھپاچ۔** (کھَ۔ پاچ) [ھ۔ ا۔ مث] کھپچی۔ بانس کا ٹکڑا۔ پھانس۔ (۲) (صفت) نہایت دُبلا پتلا آدمی۔

**کھپا دینا۔ کھپانا۔** (کھَ۔ پا۔ دے۔ نا۔ کھَ۔ پا۔ نا) [ھ۔ مص] برتنا۔ صرف کرنا۔ کام میں لانا۔ (۲) گھلانا۔ تحلیل کرنا۔ (۳) کام تمام کرنا۔ (۴) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ (۵) کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا۔ (۶) جذب کرنا۔ پلانا۔ (۷) سمانا۔ بھرنا۔

**کھپت۔** (کھَ۔ پت) [ھ۔ ا۔ مث] صَرف۔ خرچ۔ گنجائش۔ گزار۔ سمائی۔

**کھپٹ۔** (کھَپ۔ پٹ) [ھ۔ صفت] بُوڑھا۔ بُڑھی۔

**کھپٹا۔** (کھَپ۔ ٹا) [ھ۔ ا۔ مذ] لکڑی یا اینٹ کا بنایا ہوا ٹکڑا۔ (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا۔

**کھپچ۔** (کھَ۔ پچ) [ھ۔ ا۔ مث] دیکھیے کھپاچ۔

**کھپچا۔** (کھَپ۔ چا) [ھ۔ ا۔ مذ] لکڑی کا کٹ گیر۔

**کھپچی۔** (کھَپ۔ چی) [ھ۔ ا۔ مث] گود۔ بغل۔ آغوش۔

**کھپچی۔** (کھَ۔ پچ۔ چی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا۔ بانس کی تیلی یا لمبی۔ (۲) [صفت] لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔

**کھپّر۔** (کھَپ۔ پر) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) کھوپڑی۔ سر کی ہڈی۔ (۲) تونبی۔ تونبے کا بنا ہُوا برتن۔ (۳) خون کی بھینٹ یا قربانی جو دیوتا کو چڑھائی جاتی ہے۔ (۴) کشکول (ق)

**کھپرا۔** (کھَپ۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) چھال۔ چھلکا۔ پوست۔ (۲) پھانک۔



Marfat.com

تاش۔ (۴) مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھایا جاتا ہے (۴) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ سُرسُری (۵) چوڑے پھل کا تیر۔

**کھپری۔** (کھَپ۔ری) [ا۔مث] مٹی کا چھوٹا ٹھیکرا۔ (۲) چھوٹا ٹھیکرا جس پر روٹی پکاتے ہیں۔

**کھپری مُنہ میں لگانا۔** (ا۔محاورہ) تہمت لگانا۔ رُسوا کرنا۔

**کھپریل۔** (کھَپ۔رَیل) [ھ۔ا۔مث] کھپروں سے چھائی ہوئی چھت

**کھُرپ کھپاٹ۔** (ق۔ا۔مث) غصّہ۔ رشک۔

**کھپکھپانا۔** (کھُپ۔کھُ۔پا۔نا) [ق۔مص] (۱) غصہ میں آنا۔ رشک و حسد کرنا۔ (۲) چھید کرنا۔ گھُسنا۔

**کھپلا۔** (کھَپ۔لا) [ھ۔ا۔مذ] دیکھیے کھپٹا۔ (۲) کھرنڈ۔

**کھپنا۔** (کھَپ۔نا) [ھ۔مص] (۱) صرف ہونا۔ خرچ میں آنا۔ (۲) سمانا۔ اَٹنا۔ کسی چیز کا کسی چیز کے اندر آجانا۔ (۳) جذب ہونا۔ سوکھنا۔ خشک ہونا۔ (۴) بکجا ہونا۔ فروخت ہو جانا۔ (۵) گھُلنا۔ تحلیل ہونا۔ (۶) کام آنا۔ مارا جانا۔ (۷) سمائی ہونا۔ گذر ہونا۔

**کھتا۔** (کھَت۔تا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) وہ گڑھا جس میں غلّہ بھر کر رکھتے ہیں۔ کھتی۔ (۲) ذخیرہ۔ ڈھیر۔ (۳) خزانہ۔ گنجینہ۔

**کھتر۔** (ق) خاطر۔

**کھتر۔** (ق۔ا۔مؤنث) جنگ۔ رزم گاہ۔

**کھترا۔** (کھُت۔را) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کونہ۔ گوشہ۔ (۲) [صفت] جس کے مُنہ پر چیچک کے داغ ہوں۔

**کھترانی۔** (کھَت۔را۔نی) [ھ۔ا۔مث] (۱) کھتری کی تانیث۔ کھتری کی جورو۔ (۲) کھتری قوم کی عورت۔

**کھترانا۔** (کھَت۔رَم۔ما) [ھ۔ا۔مذ] کھتریوں کی برادری۔

**کھتری۔** (کھَت۔ری) [ھ۔ا۔مذ] ہندوؤں کی ایک قوم۔

**کھتونی۔** (کھَ۔تَو۔نی) [ھ۔ا۔مث] گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع کیفیت تقسیم وغیرہ۔

**کھتونی عام۔** (ا۔مث) ایک کتاب جس میں سیاہے کی ہر رقم درج ہوتی ہے اور پٹواریوں کے پاس رہتی ہے۔

**کھتی۔** (کھَت۔تی) [ھ۔ا۔مث] کھتا۔

**کھتی۔** (کھُت۔تی) [ھ۔ا۔مث] روپے پیسے جمع کرنے کی گولک۔ خزانہ۔ دولت۔

**کھتیانا۔** (کھَت۔یا۔نا) [ھ۔مص] روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں چڑھانا۔ کھاتے میں جمع کرنا۔

**کھٹ۔** (ھ۔ا۔مث) چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔

**کھٹ پٹ۔** (ا۔مذ) جلد جلد چلنے کی آواز۔ (۲) متواتر ٹکرانے کی آواز۔ (۳) لڑائی بھڑائی۔ اَن بَن۔ ناچاقی۔

**کھٹ پھٹ کرنا۔** (ا۔محاورہ) فتنہ و فساد برپا کرنا۔

**کھٹ پٹ ہونا۔** (ا۔محاورہ) لڑائی جھگڑا ہونا۔

**کھٹ کھٹ۔** (۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے، کُوٹے جانے یا بجنے کی آواز۔ (۲) جھگڑا۔

**کھٹ مِٹھا۔** (ا۔صفت) کھٹا میٹھا۔

**کھَٹ۔** (ھ۔ا۔مث) کھاٹ کا مخفف۔

**کھٹ بُنا۔** چارپائی بُننے والا۔

**کھٹ مِٹھا۔** (۱) کھٹا میٹھا۔ (۲) ایک پھل جو ذائقے میں کھٹا میٹھا ہوتا ہے

**کھٹ۔** (س۔صفت) چھ۔ شش۔

**کھٹ راگ۔** (س۔ا۔مذ) (۱) چھ راگ۔ بھیرَوں۔ مالکوس۔ سری۔ میگھ۔ ہنڈول۔ اور دیپک۔ (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ عذاب۔

**کھٹ راگ میں پڑنا۔** (ھ۔محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔ فضول اور بے ہُودہ کام میں پھنسنا۔ جھمیلے میں پڑنا۔ جنجال میں پڑنا۔

**کھَٹ۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز۔ کھٹکا۔ بچوں کے یاری توڑتے وقت انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے کھٹک کر نکلنے کی آواز۔ یعنی یاری کُٹ

**کھُٹ بڑھئی۔** (ھ۔ا۔مث) کٹھ پھوڑا۔ ہُد ہُد۔ ایک لمبی چونچ والا پرندہ۔ جو درخت کھود کر اس کے اندر اپنا گھر بنا کر رہتا ہے۔

**کھٹّا۔** (کھَٹ۔ٹا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ایک تُرش پھل۔ گلگل۔ (۲) (صفت) تُرش۔

**کھٹّا چُوک۔** (ا۔صفت) نہایت تُرش۔ بہت کھٹّا۔

**کھٹّا کھا رہنا۔** (ا۔محاورہ) کسی سے ناراضگی ہونا۔ عناد ہونا۔ خفا ہونا۔

**کھٹا میٹھا۔** (ا۔صفت) کچھ تُرش کچھ شیریں۔ کھٹ میٹھا۔

**کھٹا میٹھا ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) دل للچانا۔ لالچ ہونا۔ منہ میں پانی بھر آنا۔ (۲) شکر رنجی ہونا۔ اَن بَن ہونا۔

**کھٹّا ہو جانا۔ کھٹا ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ترش ہو جانا۔ (۲) اچار کا تیار ہو جانا۔ (۳) سڑ جانا۔ (۴) بیزار اور متنفر ہو جانا۔

**کھٹے میٹھے دن۔** (ا۔محاورہ) بُرے دن۔ کڑوے کسیلے دن۔ (۲) ایامِ حمل۔

**کھٹا پٹ۔** (کھَ۔ٹا۔پَٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) اَن بَن۔ لڑائی۔ تکرار۔ ناراضی۔ ناچاقی۔ (۲) ہتھیاروں یا کسی چیز کے متواتر ٹکرانے کی آواز۔

**کھٹا پٹی۔** (کھَ۔ٹا۔پ۔ٹی) [ھ۔ا۔مث] ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا۔ (۲) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ بگاڑ۔ ناموافقت۔

**کھٹا پٹی ہونا۔** (ا۔محاورہ) ان بن ہونا۔ ناموافقت ہونا۔ رنجش ہونا۔ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ شکر رنجی ہونا۔

**کھٹاس۔** (کھَ۔ٹاس) [ھ۔ا۔مث] (۱) ترشی۔ کھٹائی۔ (۲) خفگی۔ ناراضگی۔ بدمزگی۔ کلفت۔ (۳) ایک قسم کا نیولا۔

**کھٹاکا۔** (کھَ۔ٹا۔کا) [ھ۔ا۔مذ] دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔ گرنے یا ٹوٹنے کی آواز۔ کھڑکا۔

**کھٹا ہونا۔** (ق۔مص) آزردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

**کھٹائی۔** (کھَ۔ٹا۔ای) [ھ۔ا۔مث] (۱) ترشی۔ کھٹاس۔ کھٹاپن۔ (۲) کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں۔ امچور۔

**کھٹائی کھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) تُرشی کھانا۔ (۲) ترشی سے رغبت رکھنے والا۔



Marfat.com

کھٹائی کا عادی۔ (۳) [مجازاً] وہ بھڑوا جو کسی زوجی کی کمائی کھاوے۔ (۴) نامرد۔ ہیجڑا۔ گھر کا ڈھیلا۔ (۵) بے غیرت۔

**کھٹائی میں پڑنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) زیور کو صاف کرنے کے لیے ترشی میں ڈالا جانا۔ (۲) بکھیڑے میں پڑنا۔ (۳) وعدہ وعید میں پڑنا۔ (۴) دیر لگنا۔ توقف کرنا۔

**کھٹائی میں ڈالنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) زیور کا ترشی میں ڈالنا۔ (۲) ٹال مٹول کرنا۔ (۳) وعدہ وعید کرنا۔ (۴) دیر کرنا۔ توقف کرنا۔

**کھُٹائی۔** (کھُ۔ٹا۔ای) [ھ۔ا۔مث] (۱) کھوٹا پن۔ کھوٹ۔ (۲) عیب۔ بُرائی۔ نقص۔ (۳) قصور۔ (۴) بدی۔ (۵) بدسلوکی۔ (۶) دغا۔ فریب۔

**کھٹک۔** (کھَ۔ٹک) [ھ۔ا۔مث] خلش۔ چبھن۔ اٹک۔ (۲) ٹیس۔ (۳) رنج و غم۔

**کھٹکتے رہنا۔** (ا۔محاورہ) چبھتا رہنا۔ (۲) بچے رہنا۔ الگ الگ رہنا۔

**کھٹک جانا۔** (ا۔محاورہ) چبھ جانا۔ خلش کر جانا۔ اثر کر جانا۔ (۲) ناگوار گزر جانا۔ بُرا لگنا۔ (۳) اُچٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ (۴) بگڑ جانا۔ درستی میں فرق آ جانا۔

**کھٹکا۔** (کھَ۔ٹ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] کسی چیز کے ٹکرانے یا گرنے کی آواز۔ کھڑکا۔ آہٹ۔ (۲) خلش۔ چبھن۔ (۳) بانس کا وہ ٹکڑا جو درختوں میں جانوروں کے ڈرانے کے لیے باندھ دیتے ہیں اور اسے ہلاتے رہتے ہیں۔ (۴) چٹخنی۔ (۵) ہک۔ کانٹا۔ (۶) سُریلی آواز کا وہ جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے (۷) خوف۔ خطرہ۔ ڈر۔ اندیشہ۔ تردد۔

**کھٹکا لگا رہنا۔** (ا۔محاورہ) فکر و تشویش رہنا۔ اندیشہ اور دغدغہ لگا رہنا۔ خطرے میں جان رہنا۔

**کھٹکا لگنا۔** (ا۔محاورہ) اندیشہ ہونا۔ چنتا ہونا۔ فکر ہونا۔ تشویش رہنا۔

**کھٹکا گزرنا۔** (ا۔محاورہ) اندیشہ ہونا۔

**کھٹکا مٹنا۔** (ا۔محاورہ) اندیشہ دُور ہونا۔ فکر رفع ہونا۔

**کھٹکا ہونا۔** (ا۔محاورہ) آہٹ ہونا۔ کھڑکا ہونا۔ (۲) فکر ہونا۔ سوچ ہونا۔ (۳) خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا۔

**کھُٹکا۔** (کھُ۔ٹ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کھڑکا۔ آہٹ۔ (۲) نقصان۔ ضرر۔ (۳) اندیشہ۔ دغدغہ۔ (۴) گمان۔ بھرم۔ شک و شبہ۔

**کھٹکا۔** (کھٹ۔کا) [ق۔ا۔مث] کینہ۔ گرہ۔

**کھٹکار۔** (کھُٹ۔کار) [ہ۔ا۔مث] آواز جو مچھلی پکڑنے کی چھڑی کو جنبش دینے سے ہوتی ہے۔

**کھٹکارنا۔** (کھُٹ۔کار۔نا) [ھ۔مص] مچھلی کا شست کو جنبش دینا۔

**کھٹکانا۔** (کھَٹ۔کا۔نا) [ھ۔مص] کھڑکانا۔ (ق)

**کھٹکتے رہنا۔** (کھَ۔ٹک۔تے۔رہ۔نا) [ھ۔مص] الگ الگ رہنا۔ بچے بچے رہنا۔ بچتے رہنا۔ کنارہ کش رہنا۔

**کھٹکنا۔** (کھَ۔ٹک۔نا) [ھ۔مص] (۱) چبھنا۔ کھُبنا۔ خلش ہونا۔ (۲) درد کرنا۔ ٹیس مارنا۔ (۳) رڑکنا۔ (۴) بُرا لگنا۔ گراں گزرنا۔ (۵) کھڑکنا۔ بجنا۔ (۶) لڑائی ہونا۔ بگڑنا۔ (۷) اُچٹنا۔ کنارہ کش ہونا۔ بیزار ہونا۔ (۸) خائف ہونا۔ ڈرنا۔ دبنا۔ کسیانا۔ بدکنا۔ چونکنا۔ (۹) تردد اور اندیشہ کرنا۔ (۱۰) دل پر اثر کرنا۔ (۱۱) جلا لگنا۔ کھُبنا۔

**کھُٹکنا۔** (کھُ۔ٹک۔نا) [ھ۔مص] پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔ (۲) چھلکا اُتارنا۔

**کھٹکھٹا۔** (کھَٹ۔کھَ۔ٹا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھمیلا۔ (۲) کام۔ دھندا۔

**کھٹکھٹانا۔** (کھَٹ۔کھَ۔ٹا۔نا) [ھ۔مص] کھڑکھڑانا۔ دستک دینا۔

**کھٹکھٹی۔** (کھِٹ۔کھِ۔ٹی) [ھ۔ا۔مث] ہنسی۔ کھِلکھِلی۔

**کھِٹکھٹی مار کر ہنسنا۔** (ا۔محاورہ) زور سے قہقہہ مار کر ہنسنا۔ (ق)

**کھُٹکی۔** (کھُٹ۔کی) [ھ۔ا۔مث] ڈور یا تاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹ جانے کے قابل کر دینا۔

**کھُٹکی لگانا۔** (ھ۔ا۔مذ) ڈور کو دانت سے کاٹ دینا۔ ڈور میں دانتوں سے نشان ڈال دینا۔

**کھٹلا۔** (کھَٹ۔لا) [ھ۔ا۔مذ] نااتفاقی۔ لڑائی جھگڑا۔ (۲) رکاوٹ۔ (۳) چیزیں جو قبضے یا ملکیت میں ہوں۔ (۴) مال و اسباب۔ (۵) سامانِ سفر۔ (۶) سامانِ خانہ داری۔ (۷) محنت مشقت۔ (۸) کام دھندا۔ (۹) مشکل کام۔ (۱۰) معاملہ۔ مقدمہ۔

**کھٹلے۔** (کھَٹ۔لے) [ھ۔ا۔مذ] کان کے اوپر کے سوراخ جو عورتیں زیور پہننے کے لیے چھدواتی ہیں۔

**کھٹمل۔** (کھَٹ۔مل) ایک سیاہی مائل سُرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر چارپائی میں پیدا ہو جاتا ہے اور آدمی کا خون چوستا ہے۔

**کھٹنا۔** (کھَٹ۔نا) [ہ۔مص] کمانا۔ حاصل کرنا۔ فروخت کرنا۔

**کھٹو۔** (کھَٹ۔ٹو) [ھ۔صف] کماؤ۔ کمانے والا۔ محنتی۔ مشقت کرنے والا۔

**کھٹوائی پٹوائی۔** (کھَٹ۔وا۔ئی۔پَٹ۔وا۔ئی) [ھ۔ا۔مث] دیکھیے اٹوائی کھٹوائی۔

**کھٹولا۔** (کھَ۔ٹو۔لا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) چھوٹا پلنگ۔ (۲) پالنا۔ جھولنا۔ ہنگوڑا۔

**کھٹولنا۔** (کھَ۔ٹول۔نا) [ق۔ا۔مذکر] کھٹولا۔

**کھٹولی۔** (کھَ۔ٹو۔لی) [ھ۔ا۔مؤنث] چھوٹی سی چارپائی۔ کھٹیا۔

**کھٹی۔** (کھَٹ۔ٹی) [ھ۔صف] (۱) کھٹا کی تانیث۔ (۲) [مجازاً] بیزار۔ متنفر۔ (۳) [مؤنث] کمائی۔ نفع۔ فائدہ۔

**کھٹی چھاچھ سے بھی گئے۔** (ا۔مثل) کچھ فائدہ کی اُمید تھی وہ بھی جاتی رہی۔

**کھٹی چیز کو جی چاہنا۔** (ا۔محاورہ) حاملہ عورت کا ترش چیز کھانے کو جی چاہنا۔

**کھٹی میٹھی باتیں سُننا۔** (ا۔محاورہ) بُری بھلی باتوں کو برداشت کرنا۔

**کھٹیا۔** (کھَٹ۔یا) [ھ۔ا۔مث] (۱) کھاٹ کی تصغیر۔ چھوٹی کھاٹ۔ پلنگڑی۔ چارپائی۔ (۲) [مجازاً] (۱) ارتھی۔ تابوت۔ جنازہ۔

**کھٹیا پہ بیٹھ کر کھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) بیمار پڑ کر کھانا۔ (۲) (بددعا) بیماری میں صرف ہونا۔

**کھٹیا نکلنا۔** (ا۔محاورہ) ارتھی نکلنا۔ جنازہ نکلنا۔



Marfat.com

**کھٹیک** ۔ (کھَ ۔ ٹیک) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چڑا رنگنے والا ۔ (۲) ہندوؤں کی ایک قوم جس کا پیشہ عموماً ہر قسم کے جانور پالنے اور رکھنے کا ہے ۔ اہیری ۔

**کھِج** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) رنجیدگی ۔ ملال ۔ رنج ۔ خفگی ۔ ناراضی ۔ چِڑچِڑ ۔

**کھجانا** ۔ (کھِ ۔ جا ۔ نا) [ھ ۔ مص] چِڑانا ۔ چھیڑنا ۔ جلانا ۔ ناراض کرنا ۔

**کھُجانا ۔ کھُجلانا** ۔ (کھُ ۔ جا ۔ نا ۔ کھُج ۔ لا ۔ نا) [ھ ۔ مص] سہلانا ۔ ناخن سے کھُرچنا ۔ (۲) خارش ہونا ۔ چُل ہونا ۔ کھُجلی ہونا ۔ (۳) تحقیراً ۔ سراہنا ۔ تعریف کرنا ۔

**کھجلا** ۔ (کھِج ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی خستہ پوری جس میں چار چھید اور پرت پرت علیحدہ ہوتے ہیں ۔

**کھُجلاہٹ** ۔ (کھُج ۔ لا ۔ ہٹ) [ھ ۔ ا ۔ مث] خارش ۔ کھجلی ۔ چُل ۔

**کھُجلی** ۔ (کھُج ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مث] خارش ۔ کھاج ۔ خارشت ۔ چُل

**کھجلی اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خارش ہونا ۔ چُل اُٹھنا ۔ (۲) پِٹنے یا مار کھانے کو جی چاہنا ۔ (۳) خواہش جماع کا زور کرنا ۔

**کھَجُور** ۔ (کھَ ۔ جُور) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) خُرما ۔ (۲) درخت خُرما ۔ (۳) ایک قسم کی مٹھائی جس پر کھجور کی مانند نشان ڈال کرتلتے ہیں ۔

**کھجور چھڑی** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کھجور کی پتیوں کے مشابہ چھڑیاں بنی ہوتی ہیں ۔

**کھجُورا** ۔ (کھَ ۔ جُو ۔ را) نر کھجور ۔ جس میں پھل نہیں لگتا ۔

**کھجُوری** ۔ (کھَ ۔ جُو ۔ ری) [ھ ۔ صف] کھجور سے منسوب ۔ کھجور کی وضع کا ۔ کھجور کی ٹہنی یا درخت کی مانند ۔

**کھجوری چوٹی** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) لہردار مضبوط ۔ گُندھے ہوئے بال ۔

**کھِچا** ۔ (کھِچ ۔ چا) [ھ ۔ صف] (۱) تنا ہُوا ۔ کسا ہُوا ۔ جکڑا ہوا ۔ (۲) کشیدہ ۔ ناراض ۔ (۳) گراں ۔ مہنگا ۔

**کھِچا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) گراں ہوا جانا ۔ بھاؤ چڑھتا جانا ۔ (۲) کشش کے سبب کسی طرف چلا جانا ۔

**کھِچا چلا آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کشش سے چلا آنا ۔ (۲) مال کا تیزی سے چلا آنا ۔

**کھِچا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) الگ اور دُور دُور رہنا ۔ (۲) رُکا رہنا ۔ (۳) آزردہ رہنا ۔ کشیدہ رہنا ۔

**کھِچا کھِچا** ۔ (ا ۔ صف) ناراض ۔ کشیدہ خاطر ۔

**کھچا کھچ** ۔ (کھَ ۔ چا ۔ کھچ) [ا ۔ صف] خوب بھرا ہوا ۔ بکثرت ۔ کثرت سے ۔

**کھِچاوٹ** ۔ (کھِ ۔ چا ۔ وَٹ) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) تناوٹ ۔ کساوٹ ۔ (۲) کشش ۔ جذب ۔ (۳) رُکاوٹ ۔ کشیدگی ۔ انقباض ۔

**کھِچاؤ** ۔ (کھِ ۔ چا ۔ او) [ھ ۔ ا ۔ مذ] تناؤ ۔ کساؤ ۔ کھچاوٹ ۔ کشیدگی ۔ کشش ۔

**کھِچ جانا** ۔ (کھِچ ۔ جا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) آزردہ او خفا ہوکر ترک ملاقات کرنا ۔ (۲) کنارہ کش ہو جانا ۔

**کھچڑا** ۔ (ا ۔ مذ) نمکین کھانا جس میں گیہوں اور تمام دالیں ڈال کر عشرۂ محرم میں پکاتے ہیں

**کھچڑی** ۔ (کھِچ ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) ایک خوراک جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں ۔ (۲) بیری کا پھول ۔ (۳) ملی جلی اشرفیاں اور روپے ۔ (۴) خفیہ صلاح مشورہ ۔ (۵) سیاہ اور سفید بال ۔ (۶) خلط ملط ۔ ملا جُلا ۔

**کھچڑی آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بیری کے درخت میں پھول آنا ۔ (۲) چھٹی کے روز زچہ کے لیے میکے سے کھچڑی آنا ۔

**کھچڑی پکانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دال اور چاول ملا کر پکانا (۲) خفیہ صلاح مشورہ کرنا ۔ سازش کرنا ۔

**کھچڑی پکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کام کے متعلق خفیہ صلاح مشورہ ہونا کھُسر پھُسر ہونا ۔ چُپکے چُپکے چرچا ہونا ۔

**کھچڑی پکے کھُد بُد کھُوں** ۔ (ا ۔ مثل) فضول اور احمقانہ حرکت ۔

**کھچڑی ڈاڑھی** ۔ (ا ۔ مث) وہ ڈاڑھی جس میں کچھ سیاہ بال ہوں اور کچھ سفید

**کھچڑی کھاتے پہنچا اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ناحق کی اور جھُوٹی نزاکت جتانا ۔ کمال نازک ہونا ۔

**کھچڑی ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بالوں کا سیاہ اور سفید ہو جانا ۔ (۲) گڈمڈ ہو جانا ۔ مِل جُل جانا ۔

**کھچ کھچ** ۔ (کھِچ ۔ کھچ) [ھ ۔ ا ۔ مث] کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

**کھچ کے ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صاف دل سے نہ ملنا ۔

**کھچم کھچا** ۔ (ا ۔ مذ) دھکا پیل ۔ کشاکش ۔ زیادہ آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی طرف کھینچنا ۔

**کھِچنا** ۔ (کھِچ ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) کسا جانا ۔ تننا ۔ (۲) کھنچنا ۔ (۳) کنارہ کش ہونا ۔ کشیدہ ہونا ۔ (۴) عرق نکلنا (۵) عرصہ لگنا ۔ طول پکڑنا ۔ (۶) اُترنا ۔ نقل ہونا ۔ (۷) گراں ہونا ۔ مہنگا ہونا ۔ (۸) کشش ہونا ۔

**کھِچوانا** ۔ (کھِچ ۔ وا ۔ نا) [ھ ۔ مص] کھِچنا کا متعدی

**کھدانا** ۔ (کھَ ۔ دا ۔ نا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] وہ گڑھا جہاں سے چکنی مٹی کھودتے ہیں ۔

**کھدائی** ۔ (کھُ ۔ دا ۔ ای) [ا ۔ مث] (۱) کھودنے کا فعل ۔ (۲) کھُدوانے کی اُجرت (۳) کندہ کاری ۔

**کھُدبُد** ۔ (کھُد ۔ بُد) [ھ ۔ ا ۔ مث] کسی اناج کے اُبلنے کی آواز ۔ پکنے کا شور ۔

**کھدبدانا** ۔ (کھُد ۔ بَ ۔ دا ۔ نا) [ھ ۔ مص] اُبلنا ۔ پکنا ۔ کھولنا ۔

**کھدبدی** ۔ (ا ۔ مث) رل چل ۔ فکر و اندیشہ ۔ (۲) شوق و ہوس ۔

**کھدّر** ۔ (کھَد ۔ دَر) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) موٹا ۔ کھُردرا سفید دیسی کپڑا ۔ (۲) موٹا کھُردرا ۔

**کھدرا** ۔ (کھُد ۔ را) [ھ ۔ صف] کھُردرا ۔ ناہموار ۔ اونچا نیچا ۔

**کھدڑنا** ۔ (کھَ ۔ دَڑ ۔ نا) [ق ۔ مص] ہانکنا ۔

**کھُدنا** ۔ (کھُد ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) کندہ ہونا ۔ کھودا جانا ۔ (۲) نقش کیا جانا ۔ (۳) اکھڑنا ۔ مسمار ہونا ۔

**کھُدنی** ۔ (کھُد ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) خلال ۔ (۲) کھُدائی ۔ دولت کی



Marfat.com

تلاش میں زمین کھودنا۔

**کھُدوانا۔** (کھُد۔ وا۔ نا) [ا۔ محاورہ] (۱) کندہ کرانا۔ نقش کرانا۔ (۲) جڑ سے نکلوانا۔

**کھُدوائی۔** (کھُد۔ وا۔ ای) [ھ۔ا۔ مث] کھُدوانے کی اُجرت۔ کندہ کرائی۔

**کھُدیڑ۔** (کھُ۔ دیڑ) [ھ۔ا۔ مث] تعاقب۔ پیچھا۔

**کھُدیڑنا۔** (کھُ۔ دیڑ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا۔ (۲) نکالنا۔ بھگانا۔ باہر کرنا۔

**کھڈ۔** (ھ۔ا۔ مذ) (۱) دو پہاڑوں کے بیچ کا عُمق۔ درہ (۲) خندق۔ گھاٹی۔ گڑھا۔ غار۔

**کھڈا۔** (کھڈ۔ ڈا) [ھ۔ا۔ مذ] گڑھا۔ غار۔ (۲) وہ گڑھا جو ہنستے وقت گال میں پڑ جاتا ہے۔ چاہِ غبغب۔ (۳) گھٹنے کا گڑھا۔ (۴) دندانہ۔ (۵) کبڑا۔

**کھُڈا۔** (ق۔ا۔ مذ) سُوراخ۔ چھید۔

**کھُڈی۔** (کھُڈ۔ ڈی) [ھ۔ا۔ مؤنث] (۱) قدمچہ۔ اینٹوں یا پتھروں کا وہ چولہا سا جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں۔ (۲) (مجازاً) دانتوں کا سوراخ۔ ریخ۔ (۳) جولاہوں کے کام کرنے کا گڑھا۔ (ان معنوں میں بفتح اوّل مستعمل ہے)۔

**کھُر۔** (ھ۔ا۔ مذ) گائے بکری اور ہرن وغیرہ کے ناخن۔ چرے ہوئے سُم۔

**کھرا۔** (ھ۔ا۔ مذ) کھُر۔ ایڑی۔ (۲) پاؤں کا نشان جو زمین پر رہ جاتا ہے۔ نقشِ پا۔ (۳) سُراغ۔ کھوج۔ (۴) وہ پختہ جگہ جہاں بیٹھ کر کپڑے دھوتے اور برتن وغیرہ صاف کرتے ہیں۔

**کھُربندی۔** (ا۔ مث) گھوڑے کی نعل بندی۔

**کھُرپکا۔** (ھ۔ا۔ مذ) مویشیوں کی ایک بیماری جس میں اُن کے کھُر زخمی ہو جاتے ہیں۔

**کھُرکھوج۔** نشان۔ سراغ۔ پتا۔

**کھُر۔** (ھ۔ا۔ مث) کھانسی۔ خُرخُر کی آواز۔

**کھُرکھانسی۔** ایک مشہور فقرہ ہے جو عورتیں بچے کو کھانسی کی تکلیف یا کھانسنے کے وقت رونے سے بہلانے کے واسطے زبان پر لاتی ہیں۔ جیسے کھُرکھانسی بیری والی کے گلے میں پھانسی۔

**کھُرکھُر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کھانسنا

**کھرا۔** (کھ۔ را) [ھ۔ صفت] (۱) خالص۔ زرِ خالص۔ بے ملاوٹ۔ (۲) اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ (۳) صاف۔ سچا۔ خوش معاملہ۔ (۴) صاف گو۔ کسی کا پاس اور لحاظ نہ کرنے والا۔ (۵) نقد۔

**کھراپن۔** (ھ۔ا۔ مذ) (۱) صفائی۔ خوش معاملگی۔ (۲) خوبی۔ عمدگی۔ (۳) دیانتداری۔ ایمانداری۔ (۴) سچائی۔ صداقت۔ (۵) صاف گوئی۔

**کھراپن بگھارنا۔** (ا۔ محاورہ) صاف اور خوش معاملہ ہونے کا دعویٰ کرنا۔

**کھرا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) پرکھنا۔ چُٹکی لگانا۔

**کھرا کھوٹا۔** (ا۔ صفت) بُرا بھلا۔ ایسا ویسا۔

**کھرا کھوٹا پرکھنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ اچھے بُرے کو آزمانا۔

**کھرا کھوٹا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) نیت بگڑنا۔ نیت میں فرق آنا۔

**کھراکھیل۔** (ھ۔ا۔ مذ) (۱) خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی۔ (۲) [تابع فعل] جلد۔ فوراً۔

**کھراکھیل فرخ آبادی۔** (ا۔ مذ) چونکہ فرخ آباد کا روپیہ کھرا مانا جاتا تھا۔ اس لیے خوش معاملگی کے معنی میں بولتے ہیں، یعنی خوش معاملگی اچھی ہے۔

**کھرے دام۔** (ا۔ مذ) پوری قیمت۔

**کھرے رہے۔** (ا۔ محاورہ) فائدے میں رہے۔

**کھرے سے کھوٹا ایسے کو برابر ٹوٹا۔** (ا۔ مثل) جو شخص نیکوں سے بدی کرتا ہے وہ ہمیشہ نقصان میں رہتا ہے۔

**کھرے کرنا۔** (ا۔ محاورہ) نقد وصول کرنا۔

**کھرے کھرے۔** (ا۔ تابع فعل) نقد۔ چوکھے۔ بغیر دستوری اور بٹے کے۔

**کھرے ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) نقد کے برابر ہو جانا۔ قائم ہو جانا۔

**کھرّا۔** (کھر۔ را) [ھ۔ا۔ مذ] (۱) مسودہ۔ کچا حساب کتاب۔ (۲) طول طویل خط۔

**کھُرّا۔** (کھُر۔ را) (۱) ایک قسم کا اوزار جس سے کپڑے چھیلتے اور اس میں چُنٹ ڈالتے ہیں۔ (۲) گھنگر۔ کھنگری۔ ایک مسالے کا نام جس سے چھاپنے کے پتھر سے حروف سے مٹاتے ہیں۔ (۳) [صفت] درشت۔ سخت۔ (۴) بدمزاج۔ اکھڑ (۵) بچھونے کے بغیر پلنگ یا تخت۔

**کھُرانٹ۔** (کھُ۔ رانٹ) [ق۔ صفت] بدبودار۔ متعفن۔

**کھرانڈ۔ کھراہنڈ۔** (کھ۔ رانڈ۔ کھ۔ راہنڈ) [ھ۔ا۔ مث] پیشاب کی بُو۔ (۲) بُری بُو۔

**کھرب۔** (س۔ صفت و ا۔ مذ) سو ارب۔ دس ہزار کروڑ۔

**کھُرپا۔** (کھُر۔ پا) [ھ۔ا۔ مذ] (۱) گھاس کھودنے کا آلہ۔ (۲) [پن] رنبا۔ (۳) [مجازاً] کندۂ ناتراش۔ احمق۔ کاٹھ کا اُلّو۔

**کھُرپا جالی سنبھالنا۔** (ا۔ محاورہ) گھاس کھودنے جانا۔ سائیسی کرنا۔

**کھُرپی۔** (کھُر۔ پی) [ھ۔ا۔ مث] چھوٹا کھُرپا۔ کھُرچنی۔

**کھُرپیچ۔** (کھُر۔ پیچ) [ھ۔ا۔ مذ] دیکھیے کھُرپیچ۔

**کھرتل۔** (کھر۔ تل) [ھ۔ صفت] کھرا۔ صاف گو۔ بے ریا۔ (۲) آزاد۔

**کھرتوا۔** (کھر۔ ت۔ وا) [ھ۔ا۔ مذ] ایک قسم کی گھاس جو بتھوے کے ساگ کے مشابہ ہوتی ہے۔

**کھرج۔** (ق۔ا۔ مث) کھُجلی۔

**کھرچال۔** (کھر۔ چال) [ھ۔ا۔ مث] لوہے کا برتن جس میں راکھ چھانی جاتی ہے۔

**کھُرچن۔** (کھُر۔ چن) [ھ۔ا۔ مث] (۱) وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کی پیندی میں جم جاتے۔ (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی۔ (۳) آخری بچہ۔ پیٹ کی پُونچھن۔ (۴) بچا کھچا۔ پس ماندہ مال۔

**کھُرچن باقی ہے۔** (ا۔ محاورہ) پہلی جمع کی ہوئی دولت چلی آتی ہے۔ ابھی بہت کچھ باقی ہے۔

**کھُرچنا۔** (کھُ۔ رچ۔ نا) [ھ۔ مص] چھیلنا۔ کُریدنا۔ رگڑنا۔



Marfat.com

**کھُردرا** ۔ (کھُر۔ دَ۔ را) [ھ۔ صف] ناہموار۔ دانہ دار۔ اُونچا نیچا۔
**کھُردراپن** ۔ (ا۔ صف) ناہمواری۔ کھرکھراہٹ۔ (۲) درشتی۔
**کھرسا** ۔ (کھَر۔ سا) [ھ۔ ا۔ مذ] خشک موسم۔ وہ موسم جس میں گرمی کے باعث گھاس وغیرہ جل جاتی ہے۔ (۲) قحط۔ کال۔ خشک سالی۔
**کھرسیلا** ۔ (کھَر۔ سے۔ لا) [ھ۔ صف] کھجلی والا۔ خارشی۔
**کھرک** ۔ (کھَ۔ رَک) [ھ۔ ا۔ مذ] باڑہ۔ وہ مکان جس میں چوپائے بند کیے جاتے ہیں۔
**کھرکھرا** ۔ (کھُر۔ کھُرا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) کھردرا۔ ناہموار۔ (۲) [مذ] خرخرا۔ کھریرا۔
**کھرگونیا** ۔ (کھَر۔ گوں۔ یا) [ار۔ صف] کمینہ۔ کم عقل۔ سفلہ۔
**کھرل** ۔ (کھَ۔ رَل) [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی پتھر کی کونڈی جو دوا ئیں پیسنے اور حل کرنے کے کام آتی ہے۔
**کھرل کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ خوب باریک کرنا۔
**کھُرلی** ۔ (کھُر۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] چوپایوں کو چارہ دینے کی جگہ۔
**کھرن** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) سیاہ حلقہ جو طبلہ پر بناتے ہیں۔
**کھرنجا** ۔ (کھَ۔ رَن۔ جا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) کھڑی اینٹوں کا فرش۔ (۲) پتھر کا فرش یا سڑک۔
**کھُرنڈ** ۔ (کھُ۔ رَنڈ) [ھ۔ ا۔ مذ] زخم کا انگور۔ وہ خشکی جو زخم اچھا ہو جانے کے بعد اس کے اوپر جم جاتی ہے۔
**کھرنڈ بندھنا۔ کھرنڈ جمنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخم کا انگور بندھ کر اس پر خشکی آجانا۔ زخم کے اوپر پپڑی بندھ جانا۔
**کھِرنی** ۔ (کھِر۔ نی) [ھ۔ ا۔ مث] ایک درخت اور اس کا میٹھا پھل۔
**کھروٹ** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) منڈی۔ وہ شہر جس میں منڈی ہو۔ (۲) دامنِ کوہ گاؤں۔
**کھروچا۔ کھرونچا** ۔ (کھَ۔ رو۔ چا۔ کھَ۔ روں۔ چا) [ھ۔ ا۔ مذ] خراش۔ رگڑ۔
**کھرونچنا** ۔ (کھَ۔ رونچ۔ نا) [ھ۔ مص] نوچنا۔ پنجہ مارنا۔
**کھرونٹ** ۔ (کھَ۔ رونٹ) [ھ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے کھروچا۔
**کھری** ۔ (کھَ۔ ری) [ھ۔ صف] کھرا کی تانیث۔ خالص۔ بے میل۔ صاف۔ چوکھی۔ عمدہ۔ صاف گو۔
**کھری بات** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) بے لگاؤ بات۔ جس میں کسی کی طرفداری نہ ہو۔
**کھری بولی** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) خالص زبان۔ (۲) ٹکسالی زبان۔
**کھری سُنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) صاف صاف سُنانا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔
**کھری مزدوری چوکھا کام** ۔ (ا۔ مثل) نقد مزدوری دینے سے کام بہت اچھا اور جلد ہوتا ہے۔
**کھُری** ۔ (کھُ۔ ری) [ھ۔ ا۔ مؤنث] جُوتی کے تلے کا وہ حصہ جو ایڑی کے نیچے رہتا ہے۔ جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں۔
**کھُرّی** ۔ (کھُر۔ ری) [ھ۔ صف] کھُرا کی تانیث۔ کھُردری چارپائی وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔
**کھُرّی چارپائی پر سو کے آئے ہو** ۔ (ا۔ مثل) جب کوئی شخص خواہ مخواہ بدمزاجی کی باتیں کرتا ہے تو اس سے کہتے ہیں۔ یعنی یہ بدمزاجی بدخوابی کا نتیجہ تو نہیں ہے۔
**کھُرّی کھاٹ** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) وہ پلنگ جس پر بچھونا نہ ہو۔
**کھرے دام** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) پوری قیمت۔
**کھرے رہے** ۔ (بول چال) اچھے رہے۔ فائدے میں رہے۔
**کھریا** ۔ (کھَر۔ یا) [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی سفید مٹی۔ چاک۔
**کھریا میں کوئلہ** ۔ (ا۔ مث) ناموزوں اور بے میل بات۔
**کھُریا** ۔ (کھُر۔ یا) [ھ۔ ا۔ مؤنث] (۱) کپڑا چھننے کا کٹورے کی جیسا آلہ۔ (۲) گھٹنے کی چپنی۔
**کھریرا** ۔ (کھَ۔ رے۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا۔
**کھڑ** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) (۱) قیمتی موتی کا ریزہ۔ (۲) کانچ کا ٹکڑا۔ (۳) گھاس۔
**کھڑا** ۔ (کھَ۔ ڑا) [ھ۔ صف] (۱) سیدھا۔ اُٹھا ہوا۔ قائم۔ (۳) کچا۔ ادھ گلا۔ (۴) کچی سلائی کیا ہوا۔ (۵) عمودی۔ (۶) بغیر کٹا ہوا کھیت۔ (۷) نصب۔ برقرار۔
**کھڑا پانی** ۔ (ا۔ مذ) وہ پانی جو بہتا نہ ہو۔ بند پانی۔
**کھڑا پانی نہ پینا۔ کھڑے پانی نہ پینا** ۔ (ا۔ محاورہ) تُرت چلا جانا۔ فوراً چلا جانا۔ ذرا نہ ٹھہرنا۔ نہایت نفرت یا خفگی کے موقع پر بولا کرتے ہیں
**کھڑا پچھاڑیں کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بچے کا غصے یا ضد کے سبب اپنے آپ کو ہلکان کرنا۔ کھڑے ہو ہو کر گر پڑنا۔ (۲) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
**کھڑا داؤں** ۔ قمار بازی میں وہ داؤں جو چلتے چلتے لگایا جاتا ہے۔ آخری دانک۔
**کھڑا دُونا** ۔ (ا۔ مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نیاز جو مُراد پوری ہونے پر فوراً دی جاتی ہے۔
**کھڑا رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) استادہ اور قائم رکھنا۔ (۲) حساب چلتا رکھنا۔ باقی رکھنا۔ بے باق نہ کرنا۔
**کھڑا رہ جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حیرت یا محویت میں کھڑا رہ جانا۔
**کھڑا رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) ٹھہرا رہنا۔ (۲) استادہ رہنا۔ (۳) منتظر رہنا۔ راہ تکنا۔
**کھڑا زبر** ۔ (ا۔ مذ) عربی رسم الخط میں وہ چھوٹا الف جو کسی حرف پر ڈال دیا جاتا ہے۔
**کھڑا زیر** ۔ (ا۔ مذ) وہ زیر جسے یائے مجہول کی طرح پڑھا جائے۔
**کھڑا کر کے دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا۔ صاف انکار کرنا۔



Marfat.com

**کھڑا کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) استادہ کرنا ۔ اُٹھانا ۔ سیدھا کرنا ۔ (۲) برپا کرنا ۔ (۳) ٹھہرانا ۔ روکنا ۔ (۴) جاری کرنا ۔ قائم کرنا ۔ (۵) پکی سلائی کرنا (۶) نصب کرنا ۔ گاڑنا ۔ (۷) کمانا ۔ حاصل کرنا ۔

**کھڑا کھیت** ۔ (ا۔مذ) سبز کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو ۔ (۲) لمبا میدان ۔

**کھڑا کھیل** ۔ (ا۔مذ) ترت کا معاملہ ۔ ہاتھوں ہاتھ کا کام ۔

**کھڑاک میں پڑنا** ۔ (ا۔معاملہ) جھیلے میں پڑنا ۔ فضول باتوں میں لگنا ۔

**کھڑا کھیل فرخ آبادی** ۔ دیکھیے کھڑا کھیل ۔

**کھڑا نقشہ** ۔ (ا۔مذ) لمبا چہرہ ۔

**کھڑا ہونا** ۔ (۱) اُٹھنا ۔ استادہ ہونا ۔ (۲) گھوڑے کا چراغ پا ہونا ۔ (۳) برپا ہونا ۔ بنیاد پڑنا ۔ (۴) ٹھہرنا ۔ تھمنا ۔ (۵) گڑنا ۔ نصب ہونا ۔ (۶) [کنایۃً] لڑنے پہ آمادہ ہونا ۔ (۷) حاصل ہونا ۔ ہاتھ لگنا ۔ (۸) کسی سرکاری ادارہ یعنی اسمبلی وغیرہ کے لیے بطور اُمیدوار کھڑا ہونا ۔

**کھڑے پاؤں** ۔ (ا۔تابع فعل) کھڑے کھڑے ۔ فوراً ۔ اُسی وقت ۔ ترت ۔

**کھڑے پاؤں بیٹھک دینا** ۔ (ا۔محاورہ) فوراً حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ مشکل کشا کی نیاز دلوانا ۔ منت ادا کرنا ۔ ہاتھوں ہاتھ فاتحہ یا نیاز دلوانا ۔

**کھڑے پیر کا روزہ رکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) برابر کھڑے رہنا ۔ بیٹھنے کا نام نہ لینا ۔

**کھڑے ترڑے** ۔ (ا۔تابع فعل) کبھی کبھی ۔ گاہے گاہے ۔

**کھڑے رہ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) محروم رہ جانا ۔

**کھڑے سُوکھا کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی کے انتظار میں دیر تک کھڑے رہنا ۔

**کھڑے کا کھڑا رہ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) حیران رہ جانا ۔

**کھڑے کرنا** ۔ وصول کرنا ۔ اٹھانا ۔ حاصل کرنا ۔ جمع باندھنا ۔

**کھڑے کھڑے** ۔ (ا۔تابع فعل) (۱) فوراً ۔ جلد ۔ شتاب ۔ اُسی وقت ۔ (۲) ذرا کی ذرا ۔ تھوڑی سی دیر کو ۔ بے تاخیر ۔ (۳) دیر تک کھڑے رہ کر ۔ عرصہ تک انتظار کرکے ۔

**کھڑے کھڑے پھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) مضطرب پھرنا ۔ بے قرار پھرنا ۔ پیٹ پکڑے پھرنا ۔ نہایت تلملانا ۔ گھبرایا گھبرایا پھرنا ۔

**کھڑے کھڑے ہو جانا** ۔ (ا۔محاورہ) ذرا کی ذرا ہو جانا ۔ لمحہ بھر کو آجانا ۔ تھوڑی سی دیر کو آجانا ۔

**کھڑے گھاٹ کپڑے دُھلوانا** ۔ (ا۔محاورہ) کھڑے کھڑے کپڑے دُھلانا ۔ کپڑے دُھلنے کی جگہ جا کر کپڑے دُھلوا لینا ۔

**کھڑڑا** ۔ (ق۔ا۔مذ) ڈربا ۔

**کھڑاکا** ۔ (کھ۔ڑا۔کا) [ھ۔ا۔مذ] کھڑکا ۔ کھٹکا ۔

**کھڑالو** ۔ (ق۔صفت) مسخرا ۔ گنوار ۔

**کھڑاؤں** ۔ (کھ۔ڑا۔اوں) [ھ۔ا۔مث] لکڑی کی جُوتی ۔

**کھڑبڑ** ۔ (کھڑ۔بڑ) [ھ۔ا۔مث] ٹاپ کی متواتر آواز ۔ کھٹ کھٹ ۔

**کھڑپیچ** ۔ (کھڑ۔پیچ) ۔ (ھ۔ا۔مذ) عیب ۔ نقص ۔ حجت ۔

**کھڑتل** ۔ (ق۔صفت) خراب ۔ برباد ۔

**کھڑک** ۔ (کھ۔ڑک) [ھ۔ا۔مث] پتھریلی زمین

**کھڑکا** ۔ (کھڑ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کھٹکا ۔ آہٹ ۔ کھٹکا ۔ (۲) دانت کریدنے کی چیز ۔ سینک ۔ تنکا ۔

**کھڑکانا** ۔ (کھڑ۔کا۔نا) [ھ۔مص] (۱) کُنڈی کھٹکھٹانا ۔ زنجیر مارنا ۔ پکارنا ۔ بُلانا ۔ (۲) جھڑکنا ۔ دھمکانا ۔

**کھڑکائیگی** ۔ (کھڑ۔کا۔اے۔گی) [ق۔ا۔مث] قحط ۔

**کھڑکنا** ۔ (کھ۔ڑک۔نا) [ھ۔مص] (۱) سُوکھے پتوں کا بجنا ۔ (۲) دیگوں کا بجنا ۔ (۳) بگاڑ ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔

**کھڑکھڑ** ۔ (کھڑ۔کھڑ) [ھ۔ا۔مث] کھٹ کھٹ ۔ کسی چیز کے ٹکرانے ، چلنے یا گھسنے کی آواز ۔ ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز ۔

**کھڑکھڑانا** ۔ (کھڑ۔کھڑا۔نا) [ھ۔مص] (۱) کھٹکھٹانا ۔ بجانا ۔ کھٹ کھٹ کرنا ۔ کنڈی بجانا ۔ (۲) دھمکانا ۔ خبر لینا ۔ جھڑکنا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔

**کھڑکھڑاہٹ** ۔ (کھڑ۔کھ۔ڑا۔ہٹ) [ھ۔ا۔مؤنث] (۱) سُوکھے پتوں کے بجنے کی آواز ۔ (۲) دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔

**کھڑکھڑیا** ۔ (کھڑ۔کھڑ۔یا) [ھ۔ا۔مث] ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑوں کو سدھاتے ہیں ۔

**کھڑکی** ۔ (کھڑ۔کی) [ھ۔ا۔مث] جھروکا ۔ دریچہ ۔ چھوٹا دروازہ ۔ غرفہ ۔

**کھڑکی دار انگرکھا** ۔ (ا۔مذ) وہ انگرکھا جو سینے پر سے کھلا ہو ۔

**کھڑکی دار پگڑی** ۔ (ا۔مث) مارواڑی پگڑی ۔ وہ پگڑی جس کے آگے موکھا سا ہوتا ہے ۔

**کھڑگ** ۔ (کھ۔ڑگ) (کھڑگ) [ھ۔ا۔مؤنث] تیغ ۔ تلوار ۔ شمشیر ۔

**کھڑگنجا** ۔ (کھڑ۔گن۔جا) [ھ۔صفت] (۱) سر سے گنجا ۔ (۲) چیچک رُو ۔ (۳) نہایت بدصورت اور کریہہ منظر ۔ (۴) بدحال ۔

**کھڑگنجی** ۔ (کھڑ۔گن۔جی) [ھ۔صفت] کھڑگنجا کی تانیث ۔

**کھڑلا** ۔ (کھڑ۔لا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ڈربا ۔ مُرغی خانہ ۔ (۲) گڑھا ۔ (۳) [صفت] ناہموار ۔ (۴) سوراخ دار ۔ کھڑی اینٹوں کا فرش ۔

**کھڑنجا** ۔ (کھ۔ڑن۔جا) [ھ۔ا۔مذ] دیکھیے کھرنجا ۔

**کھڑنک** ۔ (کھ۔ڑنک) [ھ۔صفت] نہایت سُوکھا ۔ پاپڑ سا ۔ کرارا ۔ کھانگڑا ۔

**کھڑوا** ۔ (کھڑ۔وا) [ھ۔ا۔مذ] ہندو بچوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور ۔

**کھڑی** ۔ (کھ۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کی تیراکی جس میں سیدھے کھڑے ہو کر تیرتے ہیں ۔ (۲) [صفت] کھڑا کی تانیث ۔ استادہ ۔ اُٹھی ہوئی ۔ (۳) پکی ۔

**کھڑی ایڑی** ۔ (ا۔مث) ایسی ایڑی جس میں خم نہ ہو ۔

**کھڑی بولی** ۔ (ا۔مث) مردوں کے سب و لہجہ میں جو گفتگو کی جاتی ہے اس کو کھڑی بولی کہتے ہیں ۔ (۲) گنگا اور جمنا کے دوابے کی زبان ۔

**کھڑی چوٹ** ۔ (ا۔تابع فعل) فوراً ۔ اسی وقت ۔ (۲) سیدھی چوٹ ۔



Marfat.com

کھڑی سواری۔ (۱۔محاورہ) تھوڑی دیر کے لیے۔
کھڑی لگانا۔ (۱۔محاورہ) کھڑے رہ کر تیرنا۔ کھڑی کی تیراکی تیرنا۔
کھڑی مسور۔ (۱۔مث) ثابت مسور۔ سالم مسور۔
کھڑی نیاز دینا۔ (۱۔محاورہ) مُراد پوری ہونے پر فوراً نیاز دینا۔
کھڑی ہنڈی۔ (۱۔مث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ادا نہ ہُوا ہو۔
کُھڑ پنچ۔ (کھُ۔ڑپنچ) [ھ۔ا۔مث] (۱) خفیف زخم۔ کھرونٹ۔ (۲) کینہ۔ دشمنی۔ بغض۔ عداوت۔ (۳) نکتہ چینی۔ (۴) چھیڑ چھاڑ۔ بے جا تکرار۔
کُھڑ پنچ رکھنا۔ (۱۔محاورہ) کینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔
کھڑ پنچ نکالنا۔ (۱۔محاورہ) عیب چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ (۲) دشمنی کرنا۔ بیر کرنا۔ (۳) چھیڑ چھاڑ کرنا۔ ناحق تکرار اور حجت کرنا۔
کھڑ پنچیا۔ (کھُ۔ڑپنچ۔یا) (۱) نکتہ چین۔ حاسد۔ عیب جُو۔ دشمن۔ بیری۔ معترض۔
کھُساٹ۔ (ق۔ا۔مث) کھوسٹ۔ بوڑھی عورت۔
کھُسار۔ (کہُ۔سار) [ف۔ا۔مذ] دیکھیے کوہسار۔
کھِساری۔ (کھِ۔سا۔ری) [ھ۔ا۔مث] ایک قسم کا غلہ جس کی دال کھاتے ہیں۔
کھسانا۔ (کھَ۔سا۔نا) [ھ۔مص] دیوار کا کوئی حصہ گرانا۔
کھُساندا۔ (کھُ۔ساں۔دا) [ق۔ا۔مذ] کندھا۔
کھس پھس۔ (کھُس۔پھس) [ھ۔ا۔مث] دیکھیے کھُسر پھُسر۔
کھَسرا۔ (کھَس۔را) [ھ۔ا۔مث] چھوٹی چیچک۔ دیکھیے خسرہ۔
کھُسر پھُسر۔ (کھُ۔سر۔پھُ۔سر) [ھ۔ا۔مث] (۱) کانا پھوسی۔ سرگوشی۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔
کھِسکانا۔ (کھِس۔کا۔نا) [ھ۔مص] (۱) ہٹانا۔ سرکانا۔ (۲) روانہ کرنا۔ ٹالنا۔ (۳) الگ کرنا۔ غائب کرنا۔ (۴) چُھپانا۔ (۵) ملتوی کرنا۔
کھِسک جانا۔ کھِسکنا۔ (کھِسک۔جا۔نا۔کھِ۔سک۔نا) (۱۔محاورہ)۔ (۱) سرک جانا۔ ہٹ جانا۔ (۲) چلا جانا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا۔ چپکے سے نکل جانا۔ دبک کر چلا جانا۔ (۳) پھسل جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔
کھَس کھَس۔ (کھَس۔کھَس) [ھ۔ا۔مث] گھاس کٹنے کی آواز۔
کھِسکھِسا۔ (کھِس۔کھِ۔سا) [ھ۔صف] کرکرا۔
کھِسکھِسانا۔ (کھِس۔کھِ۔سا۔نا) [ھ۔مص] کرکرانا۔
کھِسکھِساہٹ۔ (کھِس۔کھِ۔سا۔ہٹ) [ھ۔ا۔مث] کھِسکھِسانا۔ کرکرا ہونے کی کیفیت۔
کھِسلنا۔ (کھِ۔سل۔نا) [ھ۔مص] پھسلنا۔ رپٹنا۔ کھِسکنا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔
کھسوٹا۔ (کھَ۔سو۔ٹا) [ھ۔ا۔مذ] کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں۔
کھسوٹنا۔ (کھَ۔سوٹ۔نا) [ھ۔مص] (۱) نوچنا۔ بال اکھاڑنا۔ (۲)

زبردستی لے لینا۔
کھسیانا۔ (کھِس۔یا۔نا) [ھ۔صف] رونی صُورت کا۔ رو دینے والا چہرہ۔ (۲) شرمندہ۔ خجل۔ نادم۔ محجوب۔
کھسیا کرنا۔ (۱۔محاورہ) چڑانا۔ رُلانا۔ شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا۔
کھسیانا ہو جانا۔ (۱۔محاورہ) (۱) رونے کو تیار ہو جانا۔ رو دینا۔ رو پڑنا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔
کھسیان پت۔ (ق۔ا۔مث) شرمندگی۔ ندامت
کھسیانی۔ (کھِس۔یا۔نی) [ھ۔صف] کھسیانا کی تانیث۔
کھسیانی بلی کھمبا نوچے۔ (۱۔مثل) غصّے والا اور شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی جھلاہٹ اور شرمندگی اُتارتا ہے۔
کھسیانی ہنسی۔ (۱۔مث) وہ ہنسی جو حالت شرمندگی یا قہر و غضب میں ہو۔ زہر خند۔
کھکا۔ (کھُک۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) خاکی۔ پنجابی فوج کا وہ آدمی جسے غدر میں سرکاری خاکی پوشاک ملی تھی۔ (۲) عیار۔ پُرانا۔ (ق)
کھُکل کھُکھل۔ (کھُک۔کل۔کھُکھ۔کھل) [ھ۔صف] کھوکھلا۔ خالی۔
کھکھد۔ [ہ۔صف] (۱) کھوکھلا۔ خالی۔ (۲) تہی دست۔ مفلس۔ نادار۔
کھکھارنا۔ (کھَک۔کھار۔نا) [ق۔مص] (۱) زمین کو پنجوں سے کھودنا۔ (۲) کریدنا۔ بخوبی تلاش کرنا۔ (۳) معلوم کرنا۔
کھکیڑ۔ کھکھیڑ۔ (کھَ۔کھیڑ۔کھَ۔کیڑ) [ھ۔ا۔مث] رنج۔ مصیبت۔ صعوبت۔ زحمت۔ بپتا۔ سخت محنت۔
کھکیڑ اُٹھانا۔ (مص مرکب) (۱) مصیبت جھیلنا۔ رنج و مصیبت سہنا۔ سختی برداشت کرنا۔
کھگ۔ (ھ۔ا۔مث) ایک قسم کی ہندوانہ اونچی پگڑی۔
کھل۔ (س۔ا۔مث) کھلی۔ تِل یا سرسوں کا پھوک۔
کھل کھا کھل۔ (۱۔محاورہ) سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لیے کہتے ہیں۔ یعنی تجھ میں اس چیز کے کھانے یا خریدنے کی لیاقت اور حوصلہ نہیں، اس کی جگہ کھل خریدے جو سستی ہوگی۔
کھَل۔ (ھ۔ا۔مث) کھال کا مخفف۔ چمڑا۔ پوست۔
کھل اُپاڑ۔ (۱) کھال ادھیڑنے والا۔ (۲) لینے کے لیے کھال تک میں سے نکال لینے والا۔ (۳) کج بحث۔
کھَلا۔ (ق۔ا۔مذ) (۱) چاند کا ہالہ۔ (۲) خرمن۔ اناج کا ڈھیر۔
کھُلا۔ (کھُ۔لا) [ھ۔صف] (۱) کشادہ۔ وا۔ فراخ۔ چوڑا۔ (۲) ننگا۔ صاف۔ (۳) بے روک۔ آزادانہ۔ (۴) عام۔ مشہور۔ (۵) ظاہر۔ علانیہ۔
کھُلا دشمن۔ ظاہری دشمن۔
کھُلا ڈُلا۔ (۱۔صف) بے تکلف۔ بے باک۔
کھُلا کھُلا۔ (۱) صاف صاف۔ کھرا کھرا۔ (۲) دُور دُور فاصلے سے۔ (۳) فراخ کشادہ۔
کھِلا۔ (۱۔صف) شگفتہ۔ خوش۔
کھلے بازار کھلے بند۔ کھلے بندوں کھلے خزانے۔ (۱۔صف) کھُلم کھُلا۔



Marfat.com

علانیہ ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔ (۲) بے تکلف ۔ آزادانہ ۔ ظاہر ۔ (۳) وہ شخص جو پابند نہ ہو ۔

**کھلے بالوں** ۔ (ا ۔ صف) بال کھولے ۔ بے حجابانہ ۔

**کھلے بھاؤ** ۔ (ا ۔ صف) عام نرخ سے ۔

**کھلے میدان میں** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اعلانیہ ۔

**کھلابلی** ۔ (کھَ ۔ لا ۔ بَ ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے کھلبلی ۔

**کِھلا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوشی سے ہنسے جانا ۔

**کھلار** ۔ (کھَ ۔ لار) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ڈھلوان جگہ ۔ (۲) غار ۔ گڑھا ۔ تہہ ۔

**کِھلاڑ** ۔ (کھِ ۔ لاڑ) [ھ ۔ ا ۔ مث وصف] فاحشہ ۔ مردوں کے ساتھ کھیلنے والی بدکار عورت ۔ (۲) [مذ] وہ شخص جو عیاشی اور لہو ولعب کی طرف مائل ہو ۔

**کھلاڑپن** ۔ (ا ۔ صف ۔ مث) چھنال پن ۔ چھنالا ۔ شوخی ۔ چنچل پن ۔

**کِھلاڑن** ۔ (کھِ ۔ لا ۔ ڑَن) [ھ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے کھلاڑ ۔

**کِھلاڑی** ۔ (کھِ ۔ لا ۔ ڑی) [ھ ۔ صف] (۱) کوئی کھیل یا بازی جاننے والا ۔ اُستاد ۔ (۲) جُواری ۔ جُوا کھیلنے والا ۔ (۳) کھلنڈرا ۔ کھیل کود میں مصروف رہنے والا ۔

**کھلال** ۔ (ق ۔ صف) تربتر ۔

**کھلالا** ۔ (کھَ ۔ لا ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بہت شور کرنے والی ندی ، نالہ یا چشمہ ۔ (۲) سر پہ پانی ڈال کر نہانا ۔

**کِھلانا** ۔ (کھِ ۔ لا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) تناول طعام کرانا ۔ (۲) دعوت دینا ۔ روٹی کرنا ۔ (۳) بہلانا ۔ بچے کا دل خوش کرنا ۔ (۴) شگفتہ کرنا ۔ (۵) دانہ دانہ الگ کرنا ۔ (۶) مال جیت کرانا ۔ (۷) پٹوانا ۔ (۸) کھیلیں کرنا یا پھُلانا ۔ (۹) خستہ کرنا ۔ بھُربھُرا کرنا ۔

**کِھلاؤ** ۔ (کھِ ۔ لا ۔ اُو) [ھ ۔ صف] دُوسروں کو مال کھلانے والا ۔ دریادل ۔ سخی ۔

**کِھلائی** ۔ (کھِ ۔ لا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) خوراک ۔ خورش ۔ (۲) خوراک کی قیمت ۔ (۳) بچوں کو کھلانے والی عورت ۔ دایہ ۔

**کھلائی پلائی** ۔ (ا ۔ مث) کھانے پینے کی قیمت ۔

**کھلائے سونے کا نوالہ ۔ دیکھیے شیر کی نظر** ۔ (ا ۔ مثل) اولاد کو کھلائے تو حسب دلخواہ ، مگر ادب وتہذیب سکھانے کے لیے اپنا رعب ضرور قائم رکھے ۔

**کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا نام ہے** ۔ (ا ۔ مثل) (۱) نیک کام کی کوئی داد نہیں دیتا ، مگر بری بات فوراً پکڑلی جاتی ہے ۔

**کھلبلا** ۔ (کھَل ۔ بَ ۔ لا) [ق ۔ صف] بے چین ۔

**کُلبلانا** ۔ (ا ۔ مص) کھولنا ۔ اُبلنا ۔ جوش میں آنا ۔

**کھلبلاہٹ** ۔ (ھ ۔ صف) ایک فکر میں دوسری فکر پیش آنے کی گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔

**کھلبلی** ۔ (کھَل ۔ بَ ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) ہل چل ۔ ہنگامہ ۔ فتور ۔ شوروشر ۔ فتنہ وفساد ۔ (۲) گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔ بے قراری ۔

جلدی ۔

**کھلبلی پڑنا ۔ کھلبلی مچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہل چل ہونا ۔ ہنگامہ برپا ہونا ۔ شوروشر ہونا ۔ ہلڑ مچنا ۔ (۲) گھبراہٹ ہونا ۔ اضطراب اور بیقراری ہونا ۔ جلدی پڑنا ۔

**کھُل بیٹھنا** ۔ (کھُل ۔ بیٹھ ۔ نا) [ھ ۔ ا ۔ محاورہ] (۱) اچھی طرح آرام سے چارزانو ہوکر بیٹھنا ۔ دلی کدورت ظاہر ہونا ۔

**کھُل پڑنا** ۔ (کھُل ۔ پڑ ۔ نا) [ھ ۔ مص] بے تکلف ہوجانا ۔ شرم کو درمیان سے اُٹھا دینا ۔ (۳) کسی چیز کا کھُل کر گر پڑنا ۔

**کھُلتا ہوا** ۔ (ا ۔ صف) موزوں ۔ صاف ۔

**کھُل جا سِم سِم** ۔ (ا ۔ مذ) جادُو کے وہ الفاظ جن کے بولنے سے خزانے کا دروازہ کھُل جاتا ہے ۔ الف لیلیٰ کی کہانی میں اس کا ذکر ہے ۔

**کھُل جانا** ۔ (کھُل ۔ جا ۔ نا) [ھ ۔ مص] دیکھیے کھُلنا ۔

**کِھل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شگفتہ ہوجانا ۔ خوش ہوجانا ۔

**کھلڑ** ۔ (کھَل ۔ ڑ) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) وہ بوڑھی عورت جس کے جسم پہ گوشت کی بجائے کھال ہی کھال ہو ۔ (۲) چمڑے کی تھیلی ۔

**کھلڑی** ۔ (کھَل ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] کھال کی تصغیر ۔ پوست ۔ چمڑا ۔ کھال ۔

**کھُل کر (کے)** ۔ (کھُل ۔ کر) [ھ ۔ تابع فعل] (۱) آرام سے اچھی طرح ۔ آزادانہ ۔ جی کھول کر ۔ (۲) بے حجاب ہوکر ۔ بے تکلف ہوکر ۔ (۳) ظاہر ۔ علانیہ

**کھُل کر بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے کھُل بیٹھنا ۔

**کھُل کر کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صاف صاف کہنا ۔ اعلانیہ کہنا ۔

**کھِل کھِل** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز ۔

**کِھلکِھلا کر (کے) ہنسنا ۔ کِھلکِھلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زور سے ہنسنا ۔ قہقہہ مارنا ۔ بہت ہنسنا ۔ خندہ زنی کرنا ۔ خرم وشاداں ہونا ۔

**کھُلکھلانا** ۔ (کھُل ۔ کھ ۔ لا ۔ نا) [ھ ۔ مص] انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا ۔ پیٹ بولنا ۔

**کھُل کھیلنا** ۔ (کھُل ۔ کھیل ۔ نا) [ھ ۔ مص] شرم وحجاب اُٹھا کر علانیہ کوئی معیوب کام کرنا ۔ مطلق آزاد ہوجانا ۔ شرم وحیا بالائے طاق رکھنا ۔

**کھلگا** ۔ (کھَل ۔ گا) [ق ۔ ا ۔ مذ] بھبھّا ۔

**کھُلّم کھُلّا** ۔ (کھُل ۔ لَم ۔ کھُل ۔ لا) [ا ۔ صف] بے روک ٹوک ۔ علانیہ ۔

**کَھلنا** ۔ (کھَل ۔ نا) [ھ ۔ مص] ناگوار ہونا ۔ دُوبھر ہونا ۔

**کِھلنا** ۔ (کھِل ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) کلی کا پھُوٹنا ۔ پھُول کا شگفتہ ہونا ۔ (۲) پھُول آنا ۔ (۳) خوش ہونا ۔ ہنسنا ۔ (۴) زیب دینا ۔ پھبنا ۔ سجنا ۔ نکھرنا ۔

**کھُلنا** ۔ (کھُل ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) ظاہر ہونا ۔ معلوم ہونا ۔ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہوجانا ۔ (۲) پھٹ جانا ۔ شق ہوجانا ۔ (۳) عُریاں ہوجانا ۔ ننگا ہونا ۔ (۴) اُدھڑ جانا ۔ (۵) رسی تُڑا جانا ۔ (۶) صاف ہونا ۔ کُشادہ ہونا ۔ (۷) جاری ہونا ۔ بہنے لگنا ۔ (۸) بے تکلف وبے حجاب ہوجانا ۔ شرم اُٹھ جانا ۔



Marfat.com

لحاظ جاتا رہنا۔ (۹) ابر یا گھٹا کا ہٹ کر مطلع صاف ہو جانا۔ بادل نہ رہنا۔ (۱۰) آزاد ہونا۔ (۱۱) مزیّن ہونا۔ پھبنا۔ (۱۲) گرہ سے جاتا رہنا۔ (۱۳) روک نہ رہنا۔ بے لگام ہو جانا۔

**کھلنڈرا** ۔ (کھ۔ لَنڈ۔ را) [ھ۔ صف] کھلاڑی۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔

**کھلنڈری** ۔ (کھ۔ لَنڈ۔ ری) [ھ۔ صف] کھلنڈرا کی تانیث۔

**کھلّو** ۔ (کھِل۔ لُو) [ھ۔ صف و ا۔ مذ و مث] ہر وقت ہنستی (ہنستا) رہنے والی۔ (والا) کھلنڈری۔ کھلنڈرا۔

**کھِلّو باؤلی** ۔ (ا۔ صف) بے موقع ہنسنے والی۔ ہنسوڑ۔

**کِھلوانا** ۔ (کِھل۔ وا۔ نا) [ھ۔ مص] کھلانا کا متعدی۔

**کِھلونا** ۔ (کِھ۔ لَو۔ نا) [ھ۔ ا۔ مذ] بچوں کے کھیلنے کی چیز۔ (۲) نازک اور دکھاوے کی چیز۔ (۳) خوش طبع یا مسخرا آدمی۔

**کھَلی** ۔ (کھَ۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] تل یا سرسوں کا پھوک۔ کھَل۔

**کِھلّی** ۔ (کِھل۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چہل۔ مذاق۔ تمسخر۔

**کھلی اُڑانا۔ کھلی کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا۔ رُسوا کرنا۔ فضیحت کرنا۔

**کھلیان** ۔ (کھَل۔ یان) وہ جگہ جہاں بھُس میں سے اناج برسا کر ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن۔ غلّے کا انبار۔ کوٹھی۔

**کھلیان کر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔ تباہ و برباد کر دینا

**کھَم** ۔ [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) تھم۔ ستون۔ (۲) رُکن۔ (۳) مینار (۴) لاٹھ۔

**کھماچ** ۔ (کھَ۔ ماچ) [ھ۔ ا۔ مث] ایک راگنی۔

**کھُمانا** ۔ (کھُ۔ ما۔ نا) [ق۔ مص] جھکانا۔

**کھُمبا** ۔ (کھُم۔ با) [ھ۔ ا۔ مذ] دیکھیے کھم

**کھُمبی** ۔ (کھُم۔ بی) [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں۔

**کھمٹ** ۔ (ق۔ ا۔ مذ) روزن۔ سوراخ۔

**کھن** ۔ [ھ۔ ا۔ مذکر] (۱) لکڑی میں سوراخ کرنا۔ (۲) روپیہ بجنے کی آواز۔ (۳) کھنڈ کا مخفف۔ منزل۔ درجہ۔ حصّہ۔ (۴) آسمان (ق) (۵) معدن۔ کان۔ (ق)

**کھن** ۔ (ق۔ ا۔ مث) (۱) منزل۔ (۲) عاجز۔ مصیبت زدہ۔

**کھناں** ۔ (ق۔ صف) درجہ بدرجہ۔

**کھنجری** ۔ (کھَنج۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] دیکھیے خنجری۔

**کھنجن** ۔ (کھَن۔ جَن) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ۔ شاما۔

**کھنچاؤ** ۔ (کھِن۔ چا۔ او) [ھ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے کھچاؤ۔

**کھنچنا** ۔ (کھِنچ۔ نا) [ھ۔ مص] دیکھیے کھچنا۔

**کھند** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) دیوار کا چھوٹا طاق۔

**کھندانا** ۔ (کھَن۔ دا۔ نا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) تلوار وغیرہ کی باڑھ میں پڑ جانے والا دندانہ۔ (۲) لکڑی یا دیوار کا خفیف سا سوراخ۔

(۳) [کنایتاً] رخنہ۔ (۴) گڑھا جہاں سے مٹی کھودی جائے۔

**کھندل** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) وسیع میدان۔

**کھندلنا** ۔ (کھَن۔ دَل۔ نا) [ھ۔ مص] پامال کرنا۔ پاؤں میں ملنا۔ مسلنا۔ کچلنا

**کھنڈ** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹکڑا۔ حصّہ۔ (۲) منزل۔ درجہ۔ (۳) خطّہ۔ دیس۔ ملک (۴) کتاب کا حصّہ۔ باب۔ ادھیائے۔ (۶) [مث] کھانڈ۔

**کھنڈسا** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) کھانڈ بنانے کا کارخانہ۔

**کھَنڈا** ۔ (کھَن۔ ڈا) [ھ۔ ا۔ مذکر] (۱) چاولوں کا چُورا۔ (۲) کھانڈ کا مخفف۔ تلوار۔

**کھُنڈا** ۔ (کھُن۔ ڈا) [ھ۔ ا۔ مذکر] کُند۔ جو تیز نہ ہو۔

**کھُنڈے اُسترے سے سر مُونڈنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بن دھار کے اُسترے سے حجامت کرنا۔ خوب تکلیف دینا۔ (۲) خوب صفایا کرنا۔ لُوٹنا۔

**کھَنڈانا** ۔ (کھَن۔ ڈا۔ نا) [ھ۔ مص] بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

**کھنڈت** ۔ (کھَن۔ ڈَت) [س۔ ا۔ مث] (۱) ٹکڑے ہونا۔ ابتری۔ پراگندگی (۲) خلل۔ مزاحمت۔ دست اندازی۔ حرج۔ (۳) تردید۔ تنسیخ۔

**کھنڈت پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کام میں حرج واقع ہونا۔ (۲) کسی بات کا سلسلہ نہ رہنا۔

**کھنڈر** ۔ (کھَن۔ ڈَر) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) ٹوٹا ہوا مکان۔ ویران مکان۔ ویرانہ۔ (۲) ٹوٹے ہوئے مکانوں کے نشان۔

**کھنڈری** ۔ (کھَنڈ۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) فقیروں کا لباس جس میں پیوند لگے ہوتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا پشمینہ جس میں مختلف رنگ کے ٹکڑے بنے ہوتے ہیں۔

**کھنڈلا** ۔ (کھَنڈ۔ لا) [ھ۔ ا۔ مذ] قاش۔ پھانک۔ قتلہ۔ ٹکڑا۔

**کھُنڈلا** ۔ (کھُنڈ۔ لا) [ھ۔ ا۔ مذ] [تحقیراً] جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر۔ ٹوٹا پھوٹا مکان۔ [صف] وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔

**کھنڈن** ۔ (کھَن۔ ڈَن) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) تردید۔ تنسیخ۔ (۲) بُت شکنی۔ (۳) ٹکڑے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ (۴) توڑنا۔ (۵) کاٹنا۔ (۶) تباہ و برباد کرنا۔

**کِھنڈنا** ۔ (کِھنڈ۔ نا) [ھ۔ مص] بکھرنا۔ پھیلنا۔ پریشان ہونا۔ منتشر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

**کھنڈوی** ۔ (کھَنڈ۔ وی) [ھ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی بیسن کی غذا۔

**کھنڈی** ۔ (کھَن۔ ڈی) [ق۔ ا۔ مث] وزن مساوی بیس مَن۔

**کھُنس** ۔ (کھُ۔ نَس) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) نفرت۔ (۲) دشمنی۔ (۳) غصّہ۔ (۴) حسد۔ (۵) رشک۔

**کھُنسانا** ۔ (کھُن۔ سا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) حسد کرنا۔ (۲) دشمنی کرنا۔ (۳) تیوری چڑھانا۔ (۴) لگائی بجھائی کرنا۔

**کھُنسی** ۔ (کھُن۔ سی) [ھ۔ صف] (۱) لڑاکا۔ چڑچڑا۔ (۲) خفا۔ (۳) حسد کرنیوالا۔

**کھنک** ۔ (کھَ۔ نَک) [ھ۔ ا۔ مث] بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ کھڑاک۔ روپے کی آواز۔ (۲) بوڑھا۔ ضعیف۔ (ق)

**کھنکا** ۔ (کھَن۔ کا) [ق۔ ا۔ مث] جھنکار۔



Marfat.com

**کھنکار۔ کھنکھار** ۔ (کھَن۔کار۔کھَن۔کھار) [ھ۔ا۔مث] (۱) بلغم۔ کف۔ (۲) کھانسی کی آواز۔ وہ آواز جو بلغم کو ہٹانے یا گلا صاف کرنے کے واسطے نکالی جائے۔

**کھنکارنا۔ کھنکھارنا** ۔ (کھَن۔کار۔نا۔کھَن۔کھار۔نا) [ھ۔مص] (۱) کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا۔ (۲) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا۔ (۳) کھانس کر تھوکنا۔ گلا صاف کرنا۔

**کھنکانا** ۔ (کھَن۔کا۔نا) [ہ۔مص] بجانا۔ جھنکارنا۔ کھڑکانا۔ روپیہ بجانا۔

**کھنکتی ہوئی آواز** ۔ (ا۔مذ) دلفریب آواز۔

**کھنکڑی** ۔ (کھَنک۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] ایک قسم کا پاپڑ۔ کراری چوری۔

**کھنکنا** ۔ (کھَ۔نک۔نا) [ھ۔مص] بجنا۔ کھڑکنا۔ جھنکار ہونا۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا۔ (۳) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کی آواز۔

**کھنکھو** ۔ [ھ۔صف] (۱) بہت خشک۔ (۲) کمزور۔ (۳) بوڑھا۔

**کھنکھڑ** ۔ (کھَن۔کھَڑ) [ھ۔صف] (۱) خشک۔ سخت۔ (۲) مرجھایا ہوا۔

**کھنکھن** ۔ (کھِن۔کھِن) [ھ۔ا۔مث] بچے کے ناک میں رونے کی آواز۔

**کھنکھن کرنا** ۔ بیماری کے باعث بچے کا ناک میں رونا۔

**کھنکھنا** ۔ (کھَن۔کھَ۔نا) [ھ۔ا۔مذ] مٹی کا برتن جس میں دراڑ پڑ جائے۔

**کھنکھنانا** ۔ (کھَن۔کھَ۔نا۔نا) [ھ۔مص] دیکھیے کھنکانا۔

**کھنکھنانا** ۔ (کھِن۔کھِ۔نا۔نا) بچے کا بیماری کے باعث ناک میں رونا۔

**کھنگ** ۔ (ق۔ا۔مث) کھانسی۔

**کھنگالنا** ۔ (کھَن۔گال۔نا) [ھ۔مص]۔ (۱) پانی ڈال کر برتن ہلانا اور اسے پھینک دینا۔ پانی سے برتن صاف کرنا۔ (۲) سرسری طور پر کپڑے کو دھونا اور صاف کرنا۔

**کھنگر۔ کھنگڑ** ۔ (کھِن۔گر۔کھِن۔گڑ) [ھ۔ا۔مذ] (۱) بہت سی جلی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ۔ (۲) دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے۔ (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کا پتھر صاف کیا جاتا ہے۔

**کھنگر لگ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) ہڈیاں نکل جانا۔ گوشت اور جسم گھل کر صرف ہڈیاں رہ جانا۔

**کھو بیٹھنا** ۔ (ا۔محاورہ) ضائع کر دینا۔ (۲) تباہ و برباد کر دینا۔

**کھو جانا** ۔ (ا۔محاورہ) بدحواس ہو جانا۔ (۲) گم ہو جانا۔ (۳) سٹ پٹا جانا۔

**کھو کر سیکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔

**کھو۔ کھوہ** ۔ [ھ۔ا۔مث] غار۔ بھٹ۔ گڑھا۔ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔

**کھوا** ۔ (کھَ۔وا) [ھ۔ا۔مذ] شانہ۔ مونڈھا۔ کندھا۔ دوش۔ شانہ کی ہڈی۔

**کھوے سے کھوا چھلنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) نہایت بھیڑ بھاڑ ہونا۔ لوگوں کی کثرت کے باعث کندھے سے کندھا چھلنا۔ شانے سے شانہ رگڑ کھانا۔

**کھوے رہ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) مونڈھے تھک جانا۔

**کھوبڑ** ۔ (کھو۔بڑ) [ھ۔ا۔مذ] درخت کی لکڑی کی برآمدگی

**کھو بیٹھنا** ۔ (ھ۔مص) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

**کھوپرا** ۔ (کھوپ۔را) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کھوپا۔ ناریل کا مغز۔ (۲) کاسۂ سر۔ کھوپڑی۔

**کھوپری۔ کھوپڑی** ۔ (کھوپ۔ری۔کھوپ۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] کاسۂ سر۔ سر کے اوپر کا حصہ۔ سر کی ہڈی۔

**کھوپری چٹخنا۔ چٹکنا** ۔ (ا۔محاورہ) کاسۂ سر کا شق ہونا۔ تالو پھٹنا۔ شدت کی گرمی کے باعث کاسۂ سر کا پھٹ جانا۔

**کھوپری پِلپِلانا** ۔ (ا۔محاورہ) مار کھانے کو جی چاہنا۔

**کھوپری کھا جانا** ۔ (ا۔محاورہ) دماغ چٹ کر جانا۔ (۲) ستانا۔ دق کرنا۔ بک بک کر کے بھیجا کھا جانا۔

**کھوپری گنجی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) اس قدر مارنا کہ سر کے بال اڑ جائیں۔ بہت مارنا۔

**کھوٹ** ۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) ملاوٹ۔ آمیزش۔ (۲) [مذکر] نقص۔ عیب۔ روش۔ قباحت۔ خطا۔ قصور۔ (۳) نقصان۔ ضرر۔ (۴) بدی۔ برائی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ حرامزدگی۔ (۵) دغا۔ فریب۔ کینہ۔ کپٹ۔ چھل۔

**کھوٹ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) برائی کرنا۔ قصور کرنا۔ دوسرے کو نقصان یا ضرر پہنچانا۔

**کھوٹ ملانا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) خالص سونے چاندی میں کوئی ادنیٰ دھات ملانا۔ (۲) نقص کرنا۔ خلل ڈالنا۔ (۳) برائی کرنا۔

**کھوٹ نکالنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کا نقص یا عیب نکالنا۔

**کھوٹا** ۔ (کھو۔ٹا) [ہ۔صف] کھرا کا نقیض۔ جعلی۔ غیر خالص سکہ۔ (۲) برا۔ خراب۔ شریر۔ عیبی۔ ناقص۔ نکما۔ ناکارہ۔ (۴) دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ (۵) برے ارادے والا۔ بدنیت۔

**کھوٹا بیٹا** ۔ (ا۔مذ) کپوت۔ ناخلف۔ نالائق بیٹا۔

**کھوٹا پن** ۔ (ا۔صف) کھوٹا ہونا۔

**کھوٹا پیسا** ۔ (ا۔مذ) گھسا ہوا پیسا۔ وہ پیسا جو چلنے کے قابل نہ ہو۔

**کھوٹا پیسا (کھوٹا بیٹا) برے وقت کام آتا ہے** ۔ (ا۔مثل) نکمی اور خراب چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔

**کھوٹا سکہ** ۔ (ا۔مذ) ناقص سکہ۔

**کھوٹا سماں** ۔ (ا۔مذ) برا زمانہ۔ کل جگ۔

**کھوٹا کھرا (پرکھنا) دیکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) برے بھلے کی آزمائش کرنا۔ پرکھنا۔

**کھوٹا کھرا ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) نیت کا ڈانواں ڈول ہونا۔ نیت بگڑنا۔ للچانا۔

**کھوٹا مال** ۔ (ا۔مذ) ناقص مال۔

**کھوٹی** ۔ (کھو۔ٹی) [ہ۔صف] (۱) کھوٹا کی تانیث۔ غیر خالص۔ جعلی۔ (۲) بد۔ (۴) ناقص۔ نکمی۔ (۵) دغاباز۔ (۶) بدکار۔ فاحشہ۔ (۷) کینہ توز۔

**کھوٹی بات** ۔ (ا۔مذ) دھوکے کی بات۔ (۲) بری بات۔

**کھوٹی کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) کھوٹ ملانا۔ (۲) بدی کرنا۔ برائی کرنا۔

**کھوٹی گھڑی** ۔ (ا۔مث) بری گھڑی۔ برا وقت۔ منحوس گھڑی۔ بری ساعت۔

**کھوٹے داموں** ۔ کم قیمت پر۔



Marfat.com

**کھوٹے کھرے کو پرکھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) نیک و بد کی جانچ پڑتال کرنا ۔
**کھوج** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) سُراغ ۔ آدمی کے پاؤں کا نشان ۔ (۲) ٹھکانا ۔ پتہ ۔ نشان ۔ (۳) تلاش ۔ جستجو ۔ (۴) خبر ۔ واقفیت ۔ (۵) بُنیاد ۔
**کھوج پانا** ۔ (۱۔ محاورہ) سراغ لگانا ۔ خبر پانا ۔ نشان ملنا ۔ ٹھکانا معلوم کرنا ۔
**کھوج (ڈھونڈھنا) کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ڈھونڈھنا ۔ تلاش کرنا ۔ پتہ لگانا ۔ سُراغ لگانا ۔
**کھوج کھونا** ۔ (۱۔ محاورہ) ستیاناس کرنا ۔ (۲) بیڑا غرق کرنا ۔ (۳) کسی کام کا نہ رکھنا ۔ (۴) نشان مٹانا ۔ سراغ گنوانا ۔
**کھوج لگانا** ۔ (۱۔ محاورہ) پتہ لگانا ۔ سراغ لگانا ۔ کسی شخص یا کسی چیز کے بڑی تلاش کے بعد نشان معلوم کرنا ۔ تفتیش کرنا ۔
**کھوج مٹا** ۔ (۱۔ صفت) خانہ خراب ۔ خانہ ویران ۔ بے نام و نشان ۔ بدبلا (عورت کے لیے کھوج مٹی ۔)
**کھوج مٹانا** ۔ (۱۔ محاورہ) نام و نشان نہ رکھنا ۔ نیست و نابود کرنا ۔ بیخ کنی کرنا ۔ استیصال کرنا ۔
**کھوج مِٹ جانا** ۔ (ٹمنا) [۱۔ محاورہ] نام و نشان نہ رہنا ۔ معدوم ہوجانا ۔ نیست و نابود ہوجانا ۔
**کھوج ملنا** ۔ (۱۔ محاورہ) سراغ ملنا ۔ پتہ لگنا ۔ خبر معلوم ہونا ۔
**کھوج نکالنا** ۔ (۱۔ محاورہ) دیکھیے کھوج لگانا ۔
**کھوج ہاتھ آنا** ۔ (۱۔ محاورہ) پتا لگنا ۔ سُراغ ملنا ۔
**کھوجانا** ۔ (کھو ۔ جا ۔ نا) [ھ ۔ مص] گُم ہوجانا ۔ غائب ہوجانا ۔
**کھوجڑ** ۔ (کھو ۔ جَڑ) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] پھوک ۔
**کھوجڑا** ۔ (کھوج ۔ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کھوج ۔ سراغ ۔ (۲) نام و نشان ۔ بیخ و بنیاد ۔
**کھوجڑا جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) ستیاناس جانا ۔ اُجڑ جانا ۔ غارت ہونا ۔ نام و نشان تک نہ رہنا ۔ نیست و نابود ہونا ۔
**کھوجڑا جائے** ۔ (دُعائے بد) غارت ہو ۔ برباد ۔ ستیاناس ہو ۔ نام و نشان تک نہ رہے ۔
**کھوجڑے پیٹیا** ۔ (بددُعا) خانہ خراب ۔ نگوڑا ۔
**کھوجنا** ۔ (ھ ۔ مص) تلاش کرنا ۔ دریافت کرنا ۔
**کھوجی ۔ کھوجیا** ۔ (کھو ۔ جی ۔ کھوج ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سراغ لگانے والا ۔ سراغ رساں ۔ کھوج نکالنے والا ۔ جوئندہ ۔
**کھوچڑ** ۔ (کھو ۔ چَڑ) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ہوتے ہوتے کام کو روک دینے والا ۔ رخنہ انداز ۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا ۔ فسادی ۔
**کھود** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) کھودنے کا فعل ۔ (۲) کھوج ۔ کھوتپ ۔ بھنک ۔
**کھود کر پوچھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کھود کھود کر پوچھنا ۔ خوب چھان بین کرنا ۔ طرح طرح سے پوچھنا ۔ نہایت تفتیش کرنا ۔
**کھود ڈالنا** ۔ (۱۔ محاورہ) زمین اکھاڑنا ۔ (۲) کھرچنا ۔ کریدنا ۔ (۳) کندہ کرنا ۔ منبت کاری کرنا ۔ (۴) جڑ سے نکالنا ۔ (۵) خالی کرنا ۔ (۶) تلاش کرنا ۔

**کھودنا** ۔ (کھود ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) گڑھا کرنا ۔ (۲) جڑ سے اکھاڑنا ۔ (۳) خالی کرنا ۔ کھرچنا ۔ کریدنا ۔ (۴) نقاشی کرنا ۔ کندہ کرنا ۔
**کھودنی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) جستجو ۔ تلاش ۔ دریافت ۔ سُراغ ۔
**کھودی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) زیرِ کاشت زمین ۔
**کھودینا** ۔ (ھ ۔ مص) (۱) ضائع کردینا ۔ برباد کردینا ۔ (۲) نکما کردینا ۔ (۳) غا... کردینا ۔ گُم کردینا ۔ گنوا دینا ۔
**کھور** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) مویشیوں کے کُٹی کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نا... (۲) غار ۔ کھوہ ۔ چھوٹی وادی ۔ (۳) راستہ ۔ گلی ۔ (۴) چھپّی ۔ ڈھکنا ۔ بہ... (۵) لحاف ۔ رضائی ۔
**کھورُو** ۔ (کھو ۔ رُو) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کھُردار جانوروں کی وہ حالت جس میں وہ زمین کو اپنے کھُروں یا سُموں سے کھود کر کسی خواہش کا اظہار کرتے ہیں ۔ (۲) بدی ۔ خسارہ ۔ شرارت ۔ جھگڑا ۔ تنازع ... خرابی ۔ عیب (ق)
**کھورولانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) حیوانوں کا زمین پر کھُر یا سُم دے دے مارنا ۔ (۲) شور مچانا ۔ (۳) جھگڑا کرنا ۔ شرارت کرنا ۔ فساد کرنا ۔
**کھوڑ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) دیکھیے کھورو ۔ (۲) مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی ۔ (۳) آسیب ۔ خلل ۔
**کھوڑ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) وہ تلک جو ہندو لوگ صندل یا سیندور وغیرہ کا لگاتے ہیں ۔
**کھوڑا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) ہتھکڑی ۔ (۲) لکڑی جو مویشی کے گلے میں باندھتے ہیں ۔
**کھوڑکا** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] سوکھا درخت ۔
**کھوڑل** ۔ [ق ۔ صفت] ناقص ۔ عیب دار ۔
**کھوسا** ۔ (کھو ۔ سا) [ھ ۔ صفت] (۱) وہ شخص جس کے ڈاڑھی اور مونچھ نہ ہو ۔ (۲) [پن] کھوسا ۔ ایک قوم ۔
**کھوسٹ** ۔ (کھو ۔ سَٹ) [اُر ۔ صفت] بڈھا پھوس ۔ پیرِ فرتوت ۔ نہایت بڈھا ۔ کہن سال ۔
**کھوسرا (کھوسڑا)** [ا ۔ مذ] پُرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی ۔
**کھوسنا** ۔ (کھوس ۔ نا) [ھ ۔ مص] کسی چیز کو کسی چیز میں اڑس دینا ۔ ٹھونس دینا ۔ اُلجھانا ۔ (۲) بال نوچنا ۔
**کھو کر سیکھنا** ۔ [ھ ۔ مص] نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا ۔
**کھوکھا** ۔ (کھو ۔ کھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ ہنڈی جس کے روپے دیے جا چکے ہوں ۔ (۲) لڑکا ۔ طفل ۔ [صفت] خالی ۔ تہی ۔ چھوچھا ۔ (۳) لکڑی کا بڑا صندوق ۔
**کھوکھلا** ۔ (کھوکھ ۔ لا) [ا ۔ صفت] پولا ۔ خالی ۔ کھُکل ۔ بے مغز ۔ چھوچھا ۔
**کھوکھیانا** ۔ (ا ۔ مص) دیکھیے کھوکھیانا ۔
**کھولا** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) (۱) جھولی ۔ (۲) صندوق ۔
**کھولا مانجا** ۔ (کھولا ۔ ماں ۔ جا) [ق ۔ ا ۔ مذ] خارپُشت ۔ سیہہ ۔
**کھولانا** ۔ (کھو ۔ لا ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) جوش دینا ۔ اُبالنا ۔ (۲) جلانا ۔ غم دینا ۔
**کھول کر** ۔ (۱۔ تابع فعل) (۱) ظاہر کرکے ۔ واضح طور سے ۔ (۲) بے روک ٹوک ...



Marfat.com

آزادانہ۔ (۳) بجز بی۔ جیسا چاہیے۔

**کھول کر کہنا۔** (۱۔محاورہ) کسی بات کو خوب ظاہر کر کے اور علانیہ کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ صاف کہنا۔

**کھول کیسہ کھا ہر لیسہ۔** (۱۔مثل) گرہ کا زر خرچ کر اور دنیا کا مزہ اُٹھا۔

**کھولن۔** (کھَو۔لَن) [ھ۔ا۔مث] (۱) جوش۔ اُبال۔ (۲) جلن۔ سوزش۔ (۳) زخم۔ ٹیس۔

**کھَولنا۔** (کھَول۔نا) [ھ۔مص] (۱) اُبلنا۔ پکنا۔ جوش کھانا۔ نہایت گرم ہونا۔ (۲) دل ہی دل میں غم کھانا۔ (۳) زخم یا پھوڑے میں جلن یا ٹیس ہونا۔

**کھولنا۔** (کھول۔نا) [ھ۔مص] (۱) کسی بندھی چیز کا وا کرنا۔ (۲) ظاہر کرنا۔ (۳) بھانڈا پھوڑنا۔ (۴) پھاڑنا۔ چیرنا۔ (۵) اُدھیڑنا۔ (۶) رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔ (۷) ننگا کرنا۔ عُریاں کرنا۔ (۸) سلجھانا۔ حل کرنا۔ (۹) صاف کرنا۔ (۱۰) حجاب دور کرنا۔ خاموشی دُور کرنا۔ ہم راز بنانا۔ (۱۱) گھٹا یا بادل کا دُور کرنا۔ بارش روکنا۔ (۱۲) چھوڑا کرنا۔ (۱۳) قید و بند سے آزاد کرنا۔ (۱۴) کسی بندھے ہوئے جانور کی چوری کرنا۔ (۱۵) ہتھیار کمر سے جدا کرنا۔ (۱۶) قفل کو زنجیر سے دور کرنا۔

**کھونا۔** (کھو۔نا) [ھ۔مص] (۱) گُم کرنا۔ گنوانا۔ (۲) بھُلانا۔ بسرانا۔ (۳) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ (۴) بے قابو کرنا۔ (۵) بگاڑنا۔ (۶) رفع کرنا۔

**کھونپ۔** (ھ۔ا۔مث) ایک قسم کی لمبی لمبی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔

**کھونپ کرنا۔** (۱۔محاورہ) موٹا موٹا سینا۔ تنگیانا۔ تنگے مارنا۔ دھاڑا سینا۔

**کھُونٹ۔** [ھ۔ا۔مث] (۱) کونہ۔ گوشہ۔ زاویہ۔ (۲) جانب۔ طرف۔ سمت۔ پہلو۔ (۳) کان کا میل۔ (۴) مُلک کا حصّہ۔ قطعہ۔

**کھُونٹا۔** (کھُوں۔ٹا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) میخ۔ کیل۔ چوب۔ (۲) کولھو کی لاٹھ۔ (۳) چکّی کا ہتھا۔

**کھونٹا سا۔** (۱۔مذ) میخ کی مانند سیدھا اور مضبوط گڑا ہوا۔

**کھونٹا تکڑا ہونا۔** (۱۔محاورہ) پختہ سہارا ہونا۔ بڑا آدمی مددگار ہونا۔

**کھونٹا سا بیٹھ جانا (گڑ جانا)** [۱۔محاورہ] مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جانا۔ کھونٹے کی طرح جم جانا۔

**کھُونٹے پر مارنا۔** (۱۔محاورہ) خاطر میں نہ لانا۔ جُوتے کی نوک پر مارنا۔ پروا نہ کرنا۔

**کھُونٹے سے بندھنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) میخ سے بندھنا۔ (۲) پابند ہونا۔ (۳) نکاح یا شادی ہونا۔

**کھُونٹے کے بل کُودنا۔** (۱۔محاورہ) کسی کی حمایت پر اترانا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

**کھُونٹی۔** (کھُوں۔ٹی) [ھ۔ا۔مث] (۱) چھوٹی میخ۔ کیل۔ (۲) سارنگی یا ستار کے کان۔ (۳) بالوں کی جڑ۔

**کھُونٹی لینا۔** (۱۔محاورہ) چھوٹے چھوٹے بال مونڈنا۔

**کھُونٹی مروڑنا۔** (۱۔محاورہ) گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ کان اینٹھنا۔

**کھُونٹی نہ چھوڑنا۔** (۱۔محاورہ) (۱) بہت صفائی سے حجامت بنانا۔ (۲) لُوٹ کر بالکل صفایا کر دینا۔

**کھونچ۔** (ھ۔ا۔مث) کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے اُلجھ کر پھٹ جائے۔ (۲) چارپائی کی کان۔ (۳) جسم کا وہ حصّہ جو کسی صدمہ سے پھٹ جائے۔

**کھونچ آنا۔ کھونچ لگنا۔** (۱۔محاورہ) کپڑے کا کسی چیز سے اُلجھ کر پھٹ جانا۔

**کھُونچا۔** (کھُوں۔چا) [ھ۔ا۔مذ] بڑی کھونچ۔

**کھَونچا۔** (کھَوں۔چا) [ھ۔ا۔مذ] ساڑھے چھ کا پہاڑہ۔

**کھونچڑ۔** (کھَوں۔چڑ) [ھ۔صف] دیکھیے کھوچڑ۔

**کھُوندنا۔** (کھُوند۔نا) [ھ۔مص] پامال کرنا۔ روندنا۔ پاؤں سے ملنا یا کچلنا۔

**کھُونڈا۔** (کھُوں۔ڈا) [ھ۔صف] وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔ کھنڈلا۔ (مؤنث کے لیے کھونڈی)

**کھَونسڑا۔** (کھَونس۔ڑا) [ھ۔ا۔مذ] پُرانی اور ٹوٹی ہوئی جُوتی۔

**کھَوں کھَوں۔** [ھ۔ا۔مث] کھانسی کی آواز۔

**کھوں کھوں کرنا۔** (۱۔محاورہ) کھانسنا۔ دھانسنا۔

**کھوہ۔** (ھ۔ا۔مث) پہاڑ کی غار۔ گپھا۔

**کھُوئی۔** (کھُو۔ای) [ھ۔ا۔مث] گنّے یا ایکھ کی پھوک جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

**کھوئے سے گئے۔** [اُردُ] سٹ پٹا گئے۔ گھبرا گئے۔ حواس باختہ اور متحیر ہو گئے۔ اوسان جاتے رہے۔

**کھَوَیا۔** (کھَو۔وَی۔یا) [ھ۔صف] بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

**کھِوَیا۔** (کھِو۔وَی۔یا) [ھ۔ا۔مذ] ناؤ چلانے والا۔ ملّاح۔ مانجھی۔

**کھویا۔** (کھو۔یا) [ھ۔ا۔مذ] دُودھ کا ماوا۔ ربڑی۔

**کھویا (کھوئے) جانا۔** (ھ۔مص) (۱) گُم ہو جانا۔ جاتا رہنا۔ (۲) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ حیران ہو جانا۔ (۳) لاجواب ہو جانا۔

**کھویا کھویا رہنا۔** (۱۔محاورہ) کسی خیال میں محو رہنا۔ طبیعت کا بند رہنا۔ انقباض رہنا۔

**کھے۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) میلا۔ گوہ۔ نجاست۔ (۲) خاک دھول۔ راکھ۔ کوڑا کرکٹ۔ گندگی۔

**کھے کھانا۔** (۱۔محاورہ) (۱) جھک مارنا۔ بے ہودہ بکنا۔ (۲) [پن] بُرا کام کرنا۔

**کھِیارا۔** (کھی۔آ۔را) [ق۔صف] مکّار۔ عیّار۔ بے مروّت۔

**کھِیارَی۔** (ق) بے مروّت عورت۔ عیّارن۔

**کھِیانا۔** (کھی۔آ۔نا) [ق۔مص] (۱) کھسکانا۔ سرکانا۔ (۲) گھس جانا۔ پُرانا ہو جانا۔

**کھیپ۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) دریائی سفر۔ (۲) بھرتی۔ بوجھ۔ (۳) دفعہ



Marfat.com

شمار ۔ بار ۔ مرتبہ (۴) کھوٹ
کھیپ بھرنا ۔ (ا۔ محاورہ) بوجھ لادنا ۔ مال بھرنا ۔
کھیت ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کِشت ۔ وہ زمین جس میں بویا جوتا جائے ۔
(۲) زمین ۔ ملک ۔ دیس ۔ خطہ ۔ (۳) کارزار ۔ جنگ و جدل ۔
جنگاہ ۔ (۴) چاند کی روشنی ۔ (۵) تلوار کا پھل ۔
کھیت آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کام آنا ۔ مارا جانا ۔ قتل ہو جانا ۔ شہید ہونا ۔
مقتول ہونا ۔
کھیت اُٹھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کھیت لگان پہ دینا ۔
کھیت بھر ۔ (ا ۔ تابع فعل) ایک کھیت کے فاصلے پر ۔
کھیت پتر ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) زمین کا رہن نامہ ۔ زمین کا کاغذ ۔ خطِ زمین ۔
کھیت پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی جگہ جنگ و جدل کا واقع ہونا ۔ بہت سے
لوگوں کا مارا جانا ۔ گھمسان پڑنا ۔
کھیت چِٹھا ۔ (ا ۔ مذ) پیمائش والوں کی کتاب جس میں زاویہ کی پیمائش
لکھی جاتی ہے ۔ پٹواریوں کا خسرہ ۔
کھیت چھوڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) میدانِ جنگ سے بھاگ نکلنا ۔
پیٹھ دکھانا ۔
کھیت رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کام آنا ۔ مارا جانا ۔ قتل ہونا ۔ (۲) فریفتہ
ہو جانا ۔ جان دینا ۔
کھیت کاٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) فصل کاٹنا ۔ غلّہ کاٹنا ۔
کھیت کا لکھا پڑھا ۔ (ا ۔ صفت) کسان ۔ دہقان ۔ دیہاتی ۔ ہل
چلانے والا ۔
کھیت کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چاند نکلنا ۔ (۲) زراعت کرنا ۔ بونا جوتنا ۔
کھیت کمانا ۔ (ا ۔ محاورہ) محنت کرکے کھیت کی زمین کو پیداوار کے
قابل بنانا ۔
کھیت کھائے گدھا مارا جائے جولاہا ۔ (ا ۔ مثل) قصور کوئی کرے
سزا کسی کو ملے ۔
کھیت لہلہانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کھیت کا سرسبز و شاداب ہونا ۔
کھیت نلانا ۔ (ا ۔ محاورہ) زراعت کو خودرو گھاس سے صاف کرنا ۔
گھاس پات نکال کر پودوں کی جڑوں کو گودتے جانا ۔
کھیت ہاتھ ہونا ۔ کھیت ہاتھ رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) میدان ہاتھ رہنا ۔
فتحیابی ہونا ۔ پالا جیتنا ۔
کھیتی ۔ (کھے ۔ تی) [ا ۔ مث] (۱) زراعت ۔ کِشت ۔ بویا ہوا کھیت ۔
(۲) فصل ۔ اناج ۔ غلّہ ۔ (۳) کاشتکاری ۔
کھیتی باڑی ۔ (ا ۔ مث) کسانی ۔ کاشتکاری ۔
کھیتی باڑی کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) زراعت کرنا ۔ بونے جوتنے کا کام کرنا ۔
کھیتی پاتی بینتی اور گھوڑے کا تنگ } (ا ۔ مثل) کھیتی کرنا چٹھی
اپنے ہاتھ سنوارئیے چاہے لاکھ ہوں سنگ } لکھنا اور گھوڑے کو تنگ
کو اپنے ہاتھ سے درست کرنا چاہیے ۔
کھیتی خصم سیتی ۔ (ا ۔ مثل) کام مالک ہی کی وجہ سے خوب ہوتا ہے ۔
اگر مالک کسی کام میں خود توجہ نہ دے اور دوسروں پر چھوڑ دے
تو وہ کام حسبِ دلخواہ نہیں ہو سکتا ۔
کھیتی رکھے باڑ کو ، باڑ رکھے کھیتی کو ۔ (ا ۔ مثل) بادشاہ رعیت کے
سبب اور رعیت بادشاہ کے سبب قائم ہے ۔
کھیچڑ ۔ (کھی ۔ چڑ) [ق ۔ ا ۔ مث] شرارت ۔ شوخی ۔
کھید ۔ (س ۔ ا ۔ مث) (۱) دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ (۲) سوچ ۔ فکر ۔ (۳) غم ۔
ماتم ۔ سوگ ۔ (۴) بیماری ۔ روگ ۔
کھیدا ۔ (کھے ۔ دا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] جنگلی ہاتھیوں کے پکڑنے کا گڑھا ، جسے
گھاس پھوس اور پتلی پتلی لکڑیوں سے پاٹ کر مٹی سے چھپا
دیتے ہیں ۔
کھیدنا ۔ (کھید ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) نکالنا ۔ ہانکنا ۔ باہر کرنا ۔ (۲) ستانا ۔
(۳) ہاتھیوں کا شکار کرنا ۔
کِھیر ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) دودھ اور چاول کا پکا ہوا ایک لذیذ کھانا ۔
شیر برنج ۔
کھیر کا دلیا ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) قسمت پلٹ جانا ۔ اقبال جاتا رہنا ۔
(۲) کچھ سے کچھ ہو جانا ۔ سنوارا ہوا کام بگڑ جانا ۔
کھیرا ۔ (کھے ۔ را) [ھ ۔ صفت] (۱) تھوڑا ۔ بھوتسلا ۔ خاکی ۔ (۲) [مذ]
ایک قسم کا کبوتر ۔
کِھیرا ۔ (کھی ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی ۔
کھیرا ککڑی کرنا ۔ بے دردی سے کوسنا ۔ کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ
کر کسی کا مرنا چاہنا ۔
کِھیری ۔ (کھی ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] بانک کا گوشت ۔ جانوروں کے
تھنوں سے اوپر کا گوشت ، جس میں دودھ بنتا ہے اور
رہتا ہے ۔
کھیڑا ۔ (کھے ۔ ڑا) [ھ ۔ مذ] (۱) بستی ۔ چھوٹا سا گاؤں ۔ (۲) کئی
قسم کا ملا جلا اناج ۔
کھیڑی ۔ (کھے ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا سخت اور عمدہ
لوہا ۔ فولاد ۔ اسپات ۔
کھیس ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے
کے کام آتا ہے ۔
کِھیس ۔ [ھ ۔ ا ۔ مث] وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر پہلے
تین روز نکلتا ہے ۔
کِھیسا ۔ (کھی ۔ سا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھیلی ۔ کیسہ ۔ جیب ۔ پاکٹ ۔ (۲) وہ
تھیلی جس کو ہاتھ میں پہن کر بدن کا میل صاف کرتے ہیں ۔ کپڑے
کا مجھاوان ۔
کھیسیں نکالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہنسی میں دانت نکالنا ۔
کِھی کِھی ۔ (کھی ۔ کھی) [ھ ۔ ا ۔ مث] ہنسنے کی ناگوار آواز ۔
کھے کھے ۔ (کھے ۔ کھے) [ھ ۔ ا ۔ مث] ہے ہے کا مترادف ۔ جھگڑا ۔ فساد
دنگا ۔ کل کل ۔



Marfat.com

**کھیکٹا** ۔ (کھیک۔ ٹا) [ق۔ا۔مث] سختی۔ مصیبت

**کھیل** ۔ (ھ۔ا۔مذ) (۱) بازی ۔ بازیچہ۔ تماشا۔ کرتب ۔ (۲) دل بہلاوا۔ سیر۔ مشغلہ۔ شغل ۔ (۳) کاریگری ۔ (۴) کام۔ کاج۔ فعل۔ دھندا۔ (۵) چھوٹا سا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں۔ (۶) [صفت] سہل۔ آسان۔

**کھیل بگاڑنا** ۔ (۱۔محاورہ) بنا بنایا کام خراب کرنا۔ رخنہ ڈالنا ۔

**کھیل بگڑ جانا** ۔ (۱۔محاورہ) بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا ۔ کام میں رخنہ پڑنا۔

**کھیل بنانا** ۔ (۱۔محاورہ) کام بنانا۔ پالانہ لگانا۔ بات بنانا۔

**کھیل جانا** ۔ (۱۔محاورہ) (۱) گزار دینا۔ کھپا دینا ۔ جوکھوں یا ہلاکت میں ڈال دینا ۔ (۲) مرجانا ۔ ہلاک ہو جانا ۔ جان سے جاتا رہنا ۔

**کھیل جاننا (سمجھنا)** ۔ (۱۔محاورہ) آسان جاننا۔ بہت ہی سہل جانا۔ سہج سمجھنا ۔

**کھیل کرنا** ۔ (۱۔محاورہ) (۱) مذاق میں ٹالنا ۔ کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا۔ (۲) کھیلنا۔

**کھیل کُود** ۔ (۱۔مذ) لہو و لعب ۔ اُچھل کود۔

**کھیل کُود کے گزارنا** ۔ (۱۔محاورہ) کھیل کود میں وقت کاٹنا ۔

**کھیل کھانا** ۔ (۱۔محاورہ) بدچلنی اور آوارگی میں زندگی گزارنا۔

**کھیل کِھلانا** ۔ (۱۔محاورہ) (۱) بازی کرانا ۔ (۲) ستانا ۔ دق کرنا ۔

**کھیل کے دن** ۔ (۱۔مذ) لڑکپن کا زمانہ۔

**کھیل نہیں** ۔ (۱۔محاورہ) آسان نہیں ہے ۔ دشوار ہے۔

**کھیل ہاتھ لگنا** ۔ (۱۔محاورہ) دل کا بہلاوا ہاتھ آنا ۔ شغل ہاتھ لگنا ۔

**کھیل ہے** ۔ (۱۔محاورہ) (۱) ایک ادنیٰ بات ہے ۔ (۲) تماشا ہے۔ شغل ہے۔ (۳) سہل ہے ۔ آسان ہے ۔

**کھیل** ۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) بھُنے ہوئے چاول یا اناج، جو پھول گیا ہو۔ (۲) ذرا سا۔ قلیل مقدار ۔ (۳) بھُنا ہوا سہاگہ یا دھات جو پھول جائے۔

**کھیل اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا** ۔ (نہ پڑنا) ۔ (۱۔محاورہ) کوئی چیز نہ کھانا۔ بالکل نہ کھانا۔

**کھیل بتاشوں کا میل ہے** ۔ (۱۔مثل) نہایت موزوں ہیں ۔ خوب جوڑی ملی ہے

**کھیل کھیل ہو جانا** ۔ (۱۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا یا ریزہ ریزہ ہو جانا۔ خستہ ہو جانا ۔ پارہ پارہ ہو جانا ۔

**کھیل ہونا** ۔ (۱۔محاورہ) بھُن کر کھیل کی مانند ہو جانا ۔

**کھیلیں** ۔ (ھ۔ا۔مث) بھُنے ہوئے دھان جو شگفتہ ہو جاتے ہیں۔ (۲) ہر وہ چیز جو بھُن کر شگفتہ ہو جائے۔

**کھیلا کھایا** ۔ (ھ۔صفت) تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔

**کھیلنا** ۔ (کھیل ۔ نا) [ھ۔مص] (۱) بازی کرنا ۔ کھیل کرنا ۔ (۲) اُچھلنا۔ کودنا۔ (۳) لہو و لعب کرنا ۔ (۴) کام کرنا ۔ کوئی فعل کرنا ۔ (۵) دل بہلانا ۔ (۶) گزرنا۔ بیتنا ۔ (۷) جوا کھیلنا ۔ قمار بازی کرنا ۔ (۸) بھوت پریت یا جن پری کے اثر سے سر ہلانا ۔

**کھیلنا کھانا** ۔ (۱۔محاورہ) زندگی کا لطف اُٹھانا ۔

**کھینا** ۔ (کھے۔ نا) [ھ۔مص] (۱) ناؤ چلانا ۔ چپّو سے کشتی چلانا ۔ (۲) برداشت کرنا۔ سہنا ۔ (۳) جلانا ۔ آگ پر رکھنا ۔ دھونی دینا ۔ (۴) ضرورت پر کسی کے کام آنا۔

**کھینچ** ۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) کشش ۔ کھنچاؤ ۔ (۲) کمی ۔ قلت ۔ قحط ۔ کال ۔

**کھینچ ہونا** ۔ (۱۔محاورہ) زبردستی ہونا۔

**کھینچ تان کے** ۔ (۱۔تابع فعل) کوشش سے ۔ زبردستی ۔ گھسیٹ گھاٹ کر ۔ بدقت ۔ بمشکل ۔

**کھینچ کرنا** ۔ (۱۔محاورہ) کمی کرنا ۔ رکاوٹ کرنا۔

**کھینچ لانا** ۔ (۱۔محاورہ) پکڑ لانا ۔ گھسیٹ لانا ۔

**کھینچا تانی** ۔ (کھیں۔ چا۔ تا۔ نی) [ھ۔ا۔مث] کشاکش۔ لڑائی جھگڑا۔

**کھینچنا** ۔ (کھینچ ۔ نا) [ھ۔مص] (۱) گھسیٹنا ۔ تاننا ۔ اینچنا۔ (۲) جذب کرنا۔ چوسنا ۔ (۳) غرور کرنا ۔ اکڑنا ۔ (۴) جلد جلد لکھنا ۔ (۵) تصویر بنانا۔ عکس اُتارنا ۔ (۶) میان سے تلوار باہر نکالنا ۔ (۷) باہر لانا ۔ نکالنا۔ (۸) کمانا ۔ (۹) لٹکانا ۔ چڑھانا ۔ (۱۰) روکنا ۔ سمیٹنا ۔ (۱۱) بھرنا ۔ لمبا یا ٹھنڈا سانس لینا ۔ (۱۲) حلقہ بنانا ۔ گھیرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ سرکل بنانا ۔ (۱۳) کاڑھنا ۔ نقش بنانا ۔ (۱۴) اُوپر لانا ۔ اُوپر چڑھانا ۔ (۱۵) جکڑنا ۔ باندھنا۔

**کھیوا** ۔ (کھے ۔ وا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ناؤ کا کرایہ ۔ (۲) کشتی ۔ ناؤ ۔ (۳) دریا کے پار اُترنا ۔ (۴) کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ ۔

**کھیوا پار کرنا** ۔ (لگانا) ۔ (۱۔محاورہ) (۱) کشتی کو کنارے پہنچانا ۔ بیڑا پار لگانا۔ (۲) عاقبت بخیر کرنا ۔ نجات دینا ۔

**کھیوٹ** ۔ (کھے ۔ وَٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کی کیفیت مندرج ہوتی ہے ۔ کاغذات بندوبست ۔ (۲) خراج کی قسط ۔ (۳) ملاح ۔

**کھیوٹ وار** ۔ (۱۔صفت) گاؤں کا شریک ۔ شریک حصہ ۔

**کھیوٹ کھتونی** ۔ (۱۔مث) (۱) گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب۔ (۲) مالکان اراضی اور ان کی زمینوں کا حساب کتاب ۔

**کھیوٹیا ۔ کھیون ہار ۔ کھیویّا** ۔ (کھے ۔ وَٹ ۔ یا ۔ کھے ۔ وَن ۔ ہار ۔ کھے وَی ۔ یا) [ھ۔ا۔مذ] کھویّا ۔ کشتی بان ۔ ملاح ۔ مانجھی ۔

**کھیئی** ۔ (کھے ۔ اِئی) [ھ۔ا۔مث] سوکھی ہوئی جھاڑی یا جھڑبیری کے وہ درخت جو باڑ لگانے اور جلانے کے کام آتے ہیں ۔

## ک۔ ی

**کئی** ۔ (کَ ۔ ای) [ا۔صفت] چند ۔ کتنے ہی ۔ دو چار ۔

**کئی ایک** ۔ (ا۔صفت) چند ۔ چند ایک ۔ دو چار ۔

**کئی بار** ۔ (۱۔تابع فعل) چند مرتبہ ۔ چند بار ۔ اکثر ۔ بارہا ۔ کتنی دفعہ ۔



Marfat.com

کئی ہاتھ ۔ (ا۔ تابع فعل) چند ہاتھ ۔ بہت سا۔

# ک ۔ ی

کی ۔ (ہ۔ حرفِ اضافت) "کا" کی تانیث ۔

کی خاطر ۔ (ا۔ تابع فعل) کے لیے ۔

کے ۔ (ہ۔ حرفِ جار) (۱) "کا" کی جمع ۔ الفاظ جمع سے پہلے "کا" کی جگہ مستعمل ہوتا ہے ۔ (۲) دو فعلوں کے درمیان اظہارِ عطف کے لیے جیسے پڑھ کے آیا ۔

کے ۔ (ہ۔ استفہام عددی) کتنے ؟

کے بار ۔ (ا۔ تابع فعل) کتنی دفعہ ۔

کَے ۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا بادشاہ ۔ (۲) خاندانِ کیانیاں کا بادشاہ [حرفِ استفہام] کب ۔

کے آمدی و کَے پیر شُدی ۔ (ف۔ مثل) تھوڑے تجربے پر اترانے والے کو کہتے ہیں کہ ابھی کچھ کرو تو سہی ، اتنی جلدی کہاں سے تجربہ کار ہوگئے ۔

کیا ۔ (ہ۔ کلمۂ استفہام) (۱) چہ (۲) آیا ۔ (۳) خواہ ۔ چاہے ۔ (۴) کس قدر کتنا ۔ (۵) استفہام انکاری ۔ (۶) کون ۔ کدام ۔ (۷) اظہارِ عظمت کے لیے ۔ (۸) برائے نفی ۔ (۹) برائے تحسین و آفرین ۔ (۱۰) کراہت و نفرت کے واسطے ۔ (۱۱) کونسی بڑی بات ہے ۔ (۱۲) کیوں ۔ کس لیے ۔ کس واسطے ۔ (۱۳) حیرت و تعجب ۔ (۱۴) برائے کثرت ۔

کیا آدمی ہے ۔ (ا۔ محاورہ) خوب آدمی ہے ۔ (۲) [طنزاً] بڑا شریر آدمی ہے ۔

کیا آسمان کے تارے ہیں ۔ (ا۔ مثل) ایسی نایاب چیز تو نہیں کہ نہ مل سکے ۔

کیا آگ لگاؤں ؟ (ا۔ محاورہ) کیا کروں ۔ نہایت بیزاری اور اکراہ کے موقع پر بولتے ہیں

کیا آگ لینے آئے تھے ؟ (ا۔ محاورہ) فوراً آکر چلے جانے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں ۔

کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو ۔ (ا۔ محاورہ) کیا صریح دھوکا دیتے ہو ۔

کیا آئے کیا چلے ۔ (ا۔ محاورہ) جب کوئی آتے ہی جانے کا ارادہ کرتا ہے تو اس وقت بولتے ہیں کہ یہ آنا نہ آنا تو برابر ہے ۔

کیا اجارہ ہے ۔ (ا۔ محاورہ) قابو نہیں ۔ دعوے نہیں ۔

کیا اُدھار کی ماں مری ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا لین دین کا دستور دُنیا سے اُٹھ گیا ہے ۔ تم نہ دوگے تمہارا دوسرا بھائی موجود ہے ۔ جب کوئی قرض دینے میں حجت کرے تو کہتے ہیں ۔

کیا اصل ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا حقیقت ہے ۔

کیا اُکھاڑ سکتا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ نقصان یا ضرر نہیں پہنچا سکتا ۔

کیا اُن ہی کے سر ٹیکا دھرا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) یہ کام اُن ہی پر موقوف منحصر نہیں اور لوگ بھی کر سکتے ہیں ۔

کیا ایسے لعل ٹکے ہیں ۔ (ا۔ محاورہ) کون سی خوبی ہے ۔

کیا بات ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا کہنا ہے ۔ کیا خوب ! سبحان اللہ ! شاباش مرحبا ! واہ وا ! (طنزاً بھی کہا جاتا ہے ۔)

کیا بات رہی ۔ (ا۔ مقولہ) کیا عزت رہی ۔

کیا بُرا تھا ۔ (ا۔ محاورہ) بہت اچھا تھا ۔ بہت غنیمت تھا ۔

کیا برائی ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ عیب نہیں ۔

کیا بڑا کام ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ نہیں ۔ آسان کام ہے ۔

کیا بڑی عمر ہے ۔ (ا۔ محاورہ) جب کوئی شخص اپنی یاد یا اپنا ذکر ہوتے وقت آجائے تو اُسے یہ فقرہ سناتے ہیں ۔ اور خیال کرتے ہیں کہ ایسے شخص کی عمر بڑی ہوتی ہے ۔

کیا بساط ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی قیمت نہیں ۔ کچھ حقیقت نہیں ۔

کیا بکتا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) غلط کہتا ہے ۔ بے ہودہ کہتا ہے ۔

کیا بگڑتا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا نقصان ہوتا ہے ۔

کیا بلا ۔ (ا۔ صفت) غضب کا ۔ قیامت کا ۔

کیا بلا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی چیز نہیں ۔ کچھ نہیں ۔ ہیچ ہے

کیا بلی نے چھینک دیا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) تم نے کیوں اس کام کو نہیں کیا ۔

کیا بور کے لڈو ہیں ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی نایاب چیز نہیں ۔

کیا بھاڑ میں جھونکیں ۔ (ا۔ محاورہ) بیکار ہے ۔ فضول ہے ۔

کیا بھروسہ ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا اعتبار ہے ۔ کچھ ٹھکانا نہیں ۔ اطمینان کے قابل نہیں ۔

کیا پاؤ گے ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ نہیں ملے گا ۔ کچھ حاصل نہ ہوگا ۔

کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کونسی بات یہاں آنے میں مانع ہے ۔ جب کوئی شخص تکبر کے باعث آنے جانے میں حجت کرے تو اس موقع پر بولتے ہیں ۔

کیا پدی کیا پدی کا شوربا ۔ (ا۔ مثل) نہایت بے قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں ۔

کیا پروا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کچھ مضائقہ ہے ۔ کیا بات ہے !

کیا پڑی ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیا فکر ہے ۔ ؟

کیا پوچھنا (ہے) ۔ ! کیا کہنا ہے ! کیا بات ہے !

کیا پھولا پھرتا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) کیوں اس قدر غافل ہے ۔ کیوں اس قدر مغرور ہے ۔

کیا تعلق ؟ ۔ (ا۔ محاورہ) کوئی تعلق نہیں ۔ کیوں ۔ کس وجہ سے ۔

کیا تماشا ہے ۔ (ا۔ محاورہ) حیرت کے قابل بات ہے ۔ انوکھی بات ہے !

کیا تمہارے سُرخاب کا پر لگا ہے ۔ ؟ تم میں کونسی خوبی ہے ؟ کیا تم ہی سب سے بڑھ کر ہو ۔

کیا تھا کیا ہوا ۔ کیا تھا کیا ہوگیا ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بنا ہوا کام یا بنی ہوئی بات بگڑ گئی ۔ (۲) زمانہ دگرگوں اور الٹ پلٹ ہوگیا ۔



Marfat.com

**کیا ٹوٹکا کرنے آئی تھیں۔ ؟** (ا۔ محاورہ) جب کوئی عورت آکر جلد چلی جائے یا تھوڑی دیر کے لیے آئے تو طنزاً یہ محاورہ بولا جاتا ہے۔
**کیا ٹھکانہ۔** (ا۔ محاورہ) کوئی حد نہیں۔ کوئی انتہا نہیں۔
**کیا جاتا۔** (ا۔ محاورہ) کون سا نقصان ہو جاتا۔ کون سا کام بگڑ جاتا۔ کیا بگڑتا۔
**کیا جاتی دنیا دیکھی ہے۔ ؟** (ا۔ محاورہ) جب کسی بے رحم اور بے مروت سے کوئی رحم یا مروت کا کام ہو جائے یا کسی بخیل سے سخاوت ظہور میں آئے تو اس وقت کہتے ہیں۔ کیا سبب ہوا جو تم نے دنیا کو فانی سمجھ کر خلاف عادت بات کر دی ہے۔
**کیا جان باقی ہے۔ کیا جان ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا تاب و طاقت اور کیا مجال ہے۔!
**کیا جانے۔ کیا جانیے۔** (ا۔ محاورہ) خدا جانے۔ ہمیں خبر نہیں۔ لاعلمی ظاہر کرنے کو بولتے ہیں۔
**کیا جائے گا۔ ؟** (ا۔ محاورہ) کیا نقصان ہوگا؟
**کیا جوڑ۔** (ا۔ محاورہ) کیا مقابلہ۔
**کیا چاہیے۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کیا ضرورت ہے۔ کس چیز کی حاجت ہے۔ کیا مانگتے ہو۔ (۲) کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے۔ کیا پوچھنا ہے۔
**کیا چلائی۔** (ا۔ محاورہ) کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے۔
**کیا چلے۔** (ا۔ محاورہ) کچھ قابو اور اختیار نہیں۔ عالم مجبوری و ناچاری ہے۔
**کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی۔** (ا۔ محاورہ) جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں سستی کرے تو طنزاً یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔
**کیا چھاتی ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا حوصلہ ہے۔ بڑا حوصلہ ہے۔
**کیا چیز ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا حقیقت ہے۔ کم قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں۔
**کیا حقیقت ہے۔ ؟** (ا۔ محاورہ) کچھ حقیقت نہیں۔ ذلیل ہے۔ ہیچ ہے۔
**کیا خاک رہا۔** (ا۔ محاورہ) کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا۔
**کیا خاک ہے۔** (ا۔ محاورہ) دیکھیے کیا چیز ہے۔
**کیا خبر۔** (ا۔ محاورہ) خدا جانے۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔
**کیا خدائی ہے۔** (ا۔ محاورہ) خدا تعالیٰ کی کیسی قدرت اور کیسی شان ہے: خدا کی قدرت ہے۔
**کیا خوب!** (ا۔ تابع فعل) (۱) (کلمۂ طنز و تعریف) واہ۔ کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ۔ (۲) ہوش کی لو عقل سے بات کرو۔
**کیا خوب آدمی تھا۔** (ا۔ محاورہ) کسی نیک آدمی کے مرجانے کے بعد جب اس کا ذکر کیا جاتا ہے تو یہ کلمہ افسوس کے ساتھ زبان پر لاتے ہیں۔
**کیا خوب آدمی ہے۔** (ا۔ محاورہ) نہایت اچھا آدمی ہے۔ قابل تعریف ہے۔ بھلا مانس ہے۔
**کیا خوب سمجھتے ہیں۔** (ا۔ محاورہ) آپ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔
**کیا خو نکالی ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیسی عادت اختیار کی ہے۔ کیا بُری عادت ڈالی ہے۔
**کیا دال بھات کا نوالہ ہے ؟** (ا۔ مثل) کچھ آسان بات نہیں۔
**کیا دخل ہے۔** (ا۔ محاورہ) ممکن نہیں۔ کیا ممکن۔
**کیا درجہ کر رکھا ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا حال کر رکھا ہے۔ کیا دُرگت بنا رکھی ہے۔
**کیا درزی کا کُرج کیا مقام۔** (ا۔ مثل) اکیلے آدمی کو سفر و حضر میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی! مفلس کو سفر کا تردد نہیں کرنا پڑتا۔
**کیا دم (زندگی) کا بھروسہ ہے۔** (ا۔ محاورہ) زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
**کیا دم ہے۔** (ا۔ محاورہ) اچھی طاقت ہے۔ بہت دم ہے۔
**کیا دل تھے۔** (ا۔ محاورہ) ایام گذشتہ کیسے اچھے تھے جواب یاد آتے ہیں۔
**کیا دُور ہے۔** (ا۔ مثل) کچھ تعجب نہیں۔ کچھ بعید نہیں۔
**کیا دُھوپ میں بال سفید کیے ہیں ؟** (ا۔ مثل) بوڑھے اور عمر رسیدہ ہونے پر بھی کوئی تجربہ نہ ہوا۔
**کیا ڈر ہے۔!** (ا۔ محاورہ) کچھ مضائقہ نہیں۔ کیا اندیشہ ہے۔ کوئی نقصان نہیں۔
**کیا ذکر ہے۔** (ا۔ محاورہ) قطعاً انکار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ کسی چیز کا وجود کیسا۔ اس کا تو ذکر تک نہیں۔
**کیا رکھا ہے۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کچھ باقی نہیں۔ (۲) کیا خصوصیت ہے۔ کیا انوکھا پن ہے۔
**کیا رنگ ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیسی حالت ہے۔ کیا حال ہے۔
**کیا رہا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی امید نہیں رہی۔ (۲) کچھ باقی نہیں رہا۔ آس ٹوٹ گئی۔ توقع اُٹھ گئی۔ وقت نزع قریب آپہنچا ہے۔
**کیا زمانہ ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیسا بُرا وقت ہے۔ کیا انقلاب ہے۔
**کیا سانپ سونگھ گیا ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیوں نہیں بولتے۔
**کیا سانپ کا پاؤں دیکھا ہے۔** (ا۔ محاورہ) جب کوئی ناممکن بات ہو تو کہتے ہیں۔
**کیا سبب۔** (ا۔ محاورہ) کس وجہ سے۔ کس غرض سے۔
**کیا ستم ہے ؟** (ا۔ محاورہ) اندھیر ہے۔ قہر ہے۔
**کیا سمجھا تھا۔** (ا۔ محاورہ) شاید کچھ اور سمجھا تھا۔ جیسا مشاہدے اور تجربے میں آیا ویسا ہی سمجھا تھا۔
**کیا سمجھ کر ؟** (ا۔ تابع فعل) ناحق۔ عبث۔ اپنی بساط اور فہم کے خلاف سمجھ کر۔
**کیا سُوجھی ؟** (ا۔ محاورہ) کیا خیال پیدا ہوا۔ کیا دُھن بندھی ہے۔
**کیا سے کیا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) انقلاب عظیم ہو جانا۔ کچھ کا کچھ ہو جانا۔
**کیا شاخ نکلی ہے لو** (ا۔ محاورہ) کونسی انوکھی اور عجیب بات ہو گئی ہے۔ ایسی کیا شان شکوہ اور شیخی بڑھ گئی ہے۔
**کیا شان میں بٹّا لگ جائے گا (جُھنّے پڑ جائیں گے) ؟** (ا۔ محاورہ) کونسا عزت میں بٹا لگ جائے گا۔ جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے



Marfat.com

میں پس و پیش کرتا ہے اُس وقت طنزاً یہ فقرہ بولا جاتا ہے۔

**کیا شک ہے؟** (ا۔ محاورہ) یقین ہے۔

**کیا شے ہے۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عجیب چیز ہے۔ (۲) (حقارتاً) بے وقعت ہے۔ بے قدر ہے۔

**کیا ضرور ہے۔** (ا۔ محاورہ) کوئی ضرورت نہیں۔

**کیا علاج (ہے)۔** (ا۔ محاورہ) کچھ چارہ نہیں۔ کوئی تدبیر نہیں۔

**کیا غرض۔** (ا۔ محاورہ) کیوں۔ کس لیے۔

**کیا غضب کیا۔** (ا۔ محاورہ) کیا قہر کیا۔ بڑا ستم کیا۔

**کیا غضب ہے۔** (ا۔ محاورہ) اندھیر ہے۔ قہر ہے۔ ستم ہے۔

**کیا غم ہے۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کیا اندیشہ ہے۔ کیا فکر ہے۔ (۲) کچھ ڈر نہیں۔ کیا مضائقہ ہے۔

**کیا فائدہ۔** (ا۔ محاورہ) بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔

**کیا فرض ہے۔** (ا۔ محاورہ) کچھ فرض نہیں۔ کچھ ضرورت نہیں۔ کوئی مجبوری نہیں۔

**کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے؟** ہم نے کونسا گناہ یا جرم کیا ہے جس کے سبب ڈریں؟

**کیا قاضی گلہ کرے گا؟** (ا۔ مثل) کچھ نقصان یا ضرر نہیں ہوگا۔ کوئی شکوہ شکایت نہیں کرے گا۔ کوئی نام نہیں دھرے گا۔ کوئی منہ پر بات نہ لائے گا۔

**کیا قہر ہے۔** (ا۔ مقولہ) کیا غضب ہے۔ کیا ستم ہے۔

**کیا قیامت ہے۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کیسا بُرا ہے۔ کیا ستم ہے (۲) نہایت خوبصورت ہے۔ کس قدر حسین ہے۔

**کیا کابل میں گدھے نہیں ہوتے۔** (ا۔ مثل) بے وقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔

**کیا کام؟** (ا۔ تابع فعل) کچھ کام نہیں۔

**کیا کچھ۔** (ا۔ تابع فعل) کس قدر۔ کتنا۔ بہت کچھ۔

**کیا کچھ سنا چاہتے ہو۔** (ا۔ محاورہ) کلمۂ استفہامیہ۔ گالیاں سننے کو جی چاہتا ہے۔

**کیا کرتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) ایسا نہ کر۔ کیا کام کر رہا ہے۔

**کیا کر لیا۔** (ا۔ محاورہ) کیا نقصان پہنچایا۔ کچھ نقصان نہ پہنچا سکے۔

**کیا کروں۔** (ا۔ محاورہ) (۱) حیرانی۔ تعجب اور مجبوری کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ یعنی حیران ہوں مجبور ہوں۔ کوئی تدبیر بتاؤ۔ کسی طرح تسلی دو۔ (۲) کس کام میں لاؤں؟ مجھے نہیں چاہیے۔

**کیا کرے۔** (ا۔ محاورہ) مجبور ہے۔ کچھ علاج نہیں ہو سکتا۔

**کیا کرے گا۔ کیا کر لے گا؟** (ا۔ محاورہ) کچھ نہیں کر سکتا یا کیا کر سکتا ہے۔

**کیا کرے گا قاضی جب دے مولا۔** (ا۔ مثل) جسے مولا دے اُسے ملے۔ تدبیر سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ اللہ کی دین میں کسی کو دخل نہیں۔

**کیا کمی ہے۔** (ا۔ محاورہ) سب کچھ ہے۔ بہت کچھ ہے۔

**کیا کوسوں؟ کیا کہہ کر کوسوں؟** (ا۔ محاورہ) ہم تو ایسے ناراض ہیں کہ کوئی بددعا بھی ایسی نہیں پاتے جو اس ملال کو رفع کرے اور ہمارا دل ٹھنڈا ہو۔

**کیا کوئی آگ لگائے۔** (ا۔ محاورہ) بالکل بے کار ہے۔

**کیا کہنا ہے!** (ا۔ روزمرہ) کلمۂ تحسین و طنز۔ کیا بات ہے! کیا پوچھنا ہے!

**کیا کہیں۔** مجبوری اور بے بسی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ کیا بیان کریں کیا شکایت کریں۔ قابل بیان نہیں۔

**کیا کہیں گے۔** (ا۔ محاورہ) کیا خیال کریں گے۔ کیا شبہ کریں گے۔

**کیا کیا؟** (ا۔ تابع فعل، (۱) افسوس۔ تعجب۔ حیرت اور پریشانی کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بڑا غضب کیا۔ نہایت شرم کی بات ہے۔ (۲) کون سا بُرا کیا۔ کوئی بے جا بات نہیں کی۔

**کیا کیا؟** (ا۔ تابع فعل) (۱) کون کون سا۔ (۲) سب کچھ۔ کس قدر۔ کیسے کیسے۔

**کیا کیا کچھ۔؟** (ا۔ تابع فعل، کون کون سی بات۔ کون کون سی چیز۔ بہت کچھ۔

**کیا کیا کچھ کہا۔ کیا کیا کچھ نہ کہا۔** (ا۔ محاورہ) بہت بُرا بھلا کہا۔ کون کون سی بات نہ کہی۔

**کیا کیا نہ ہوا۔** (ا۔ محاورہ) کون سی بات رہ گئی۔ کون سی بے عزتی تھی جو باقی رہ گئی۔

**کیا کیجیے۔** (ا۔ روزمرہ) کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

**کیا گزری؟** کیوں کر بسر ہوئی۔ کیا ہوا؟

**کیا گت ہو گئی۔** (ا۔ محاورہ) کیا حالت ہو گئی۔

**کیا گل پھولا (کھلا) ہے۔؟** (ا۔ مثل، کیا ہنگامہ اُٹھا ہے۔ کیا خرابی نکلی ہے؟ کون سی عجیب و غریب بات ظہور میں آئی ہے؟

**کیا گونگے کا گُڑ کھایا ہے؟** (ا۔ مثل، کیوں نہیں بولتے۔ کیوں خاموشی اختیار کر لی ہے۔ کس لیے گونگے بن گئے ہو؟

**کیا گیا۔** (ا۔ محاورہ) کیا نقصان ہوا۔

**کیا لعل لگے ہیں۔ کیا ایسے لعل لگے ہیں؟** (ا۔ مثل، کون سی خوبی ہے؟ (طنزاً)

**کیا لگتا ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا خرچ (نقصان) ہوتا ہے۔ (۲) کچھ تعجب نہیں۔

**کیا لوگے۔** (ا۔ محاورہ) کیا فائدہ اٹھاؤ گے۔ کیا حاصل ہوگا۔ کیا پاؤ گے۔

**کیا مال ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا حقیقت ہے نہایت کم قدر اور حقیر ہے بے حقیقت اور ناچیز ہے۔ کون ہے۔

**کیا مجال ہے۔** (ا۔ محاورہ) کیا مقدور ہے۔ کیا تاب و طاقت ہے۔ کیا کر سکتا ہے۔ کیا حوصلہ ہے۔؟

**کیا مچھلیاں سڑی جاتی ہیں؟** (ا۔ مثل، کیا جلدی تھی۔ کس بات کی جلدی پڑی تھی۔

**کیا مذکور۔** (ا۔ روزمرہ) (۱) کیا تعریف۔ (۲) کچھ موقع نہیں۔ محل نہیں۔

**کیا مزے کی بات ہے۔** (ا۔ روزمرہ) کس قدر حیرت انگیز ہے۔ کس قدر پُر لطف بات ہے!

**کیا مصیبت ہے۔** (ا۔ روزمرہ۔ بڑی مصیبت ہے۔

**کیا معرکہ مارا۔** (ا۔ روزمرہ) بڑی فتح حاصل کی۔



Marfat.com

کیا مقدور ۔ (ا ۔ روزمرہ) کیا حیثیت ۔ کیا مجال ۔ کیا تاب ۔

کیا معنی ؟ ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کیا وجہ ۔ کیا سبب ۔ کیوں ۔ (۲) کیا مراد ۔ کیا غرض ۔ (۳) کیا حوصلہ ۔ کیا مجال ۔

کیا ممکن ۔ (ا ۔ روزمرہ) ناممکن ہے ۔ نہیں ہوسکتا ۔

کیا مُنہ ۔ (ا ۔ محاورہ) کیا مجال ۔ کیا رُتبہ ۔ کیا حقیقت ۔

کیا مُنہ پر پھٹکار برستی ہے ۔ (ا ۔ مثل) کیا لعنت برستی ہے ۔ کیا بے رونق اور اُداس چہرہ ہے ۔

کیا مُنہ دکھاؤ گے ؟ ۔ (ا ۔ مثل) کیا جواب دوگے ؟ کیوں کر سامنے آؤ گے ؟

کیا مُنہ دکھائیں ۔ (ا ۔ مثل) بڑے شرمندہ ہیں ۔ سخت منفعل ہیں ۔

کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کیسا خوش گفتار و خوش بیان ہے ! کیا فصیح ہے ! (۲) کسی شخص کی بدکلامی پر طنزاً بھی کہا جاتا ہے ۔

کیا مُنہ کا نوالہ ہے ؟ (ا ۔ مثل) یہ کچھ آسان کام تو نہیں کہ جلد ہوجائے ۔

کیا منہ لے کر جاؤں ۔ ؟ (ا ۔ مثل) کس منہ سے جاؤں ۔ جاتے ہوئے شرم آتی ہے ۔

کیا مُنہ میں پنجیری (گھنگنیاں) ہے ۔ (ا ۔ مثل) بولتے کیوں نہیں ۔

کیا مُنہ ہے ؟ (ا ۔ مثل) کیا حوصلہ ہے ۔ کیا مقدور ہے ؟

کیا ناک لے کر بولتے (بات کرتے) ہو ۔ ؟ (ا ۔ مثل) کس منہ سے بات کرتے ہو ؟ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر شرماؤ ۔

کیا نشہ پیا ہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) کیوں بہکی بہکی باتیں کرتے ہو ۔

کیا ننگی نہائے گی ، کیا نچوڑے گی ۔ (ا ۔ مثل) مفلس آدمی کیا دے گا ۔ کیا دلائے گا ۔ مفلس کے پاس کیا دھرا ہے ۔ ؟

کیا نہ چاہیے ۔ (ا ۔ روزمرہ) (۱) کیا کہنا ہے ۔ کیا بات ہے ۔ (۲) سب کچھ چاہیے ۔ (۳) سب کچھ موجود ہے ۔

کیا واسطہ ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) کیا تعلق ۔ کیا علاقہ ۔ کیا نسبت ۔ (۲) کیوں ۔ کس لیے ۔ کیا سبب ؟

کیا ہاتھوں میں مہندی لگی ہے ۔ (ا ۔ مثل) کام کیوں نہیں کرتے ۔

کیا ہستی ہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) کیا حقیقت ہے ۔ کچھ حقیقت نہیں ۔ کیڑا ہے ۔

کیا ہو (ا ۔ روزمرہ) تمہاری کوئی حقیقت نہیں ۔ اب کیا کیا جائے ۔

کیا ہُوا ۔ ؟ (ا ۔ روزمرہ) (۱) کیا حال گزرا ۔ (۲) کون سا نقص رہ گیا ۔ کیا بگڑ گیا ؟ (۳) کیا بات ہے ۔ کیا معاملہ ہے ؟ (۴) کچھ تعجب نہیں ۔ (۵) کیا اندیشہ ہے ۔ کیا ڈر ہے ؟

کیا ہوا تھا ؟ ۔ (ا ۔ روزمرہ) کس خیال میں تھا ۔ عقل کہاں تھی ۔ حواس کہاں تھے ؟

کیا ہوتا ؟ (ا ۔ روزمرہ) کیا حاصل ہوتا ۔ کیا فائدہ ہوتا ۔ کون سا کام بن جاتا ۔ ؟ (۲) کیا بگڑ جاتا ۔ کیا نقصان ہوجاتا ؟ (۳) کیا مصیبت پڑتی ۔ (۴) کیا اچھا ہوتا ۔ !

کیا ہوگا ؟ (ا ۔ روزمرہ) (۱) کیا پیش آئے گا ۔ کیا گزرے گا ۔ (۲) کیا نقصان ہوگا ۔ کیا بگڑے گا ۔ (۳) کونسی آفت آجائے گی ؟ (۴) کچھ نہیں ہوگا ۔

کیا ہوگیا ۔ (ا ۔ روزمرہ) (۱) حیرت تعجب ۔ افسوس اور دفعۃً کسی معاملے کے دگرگوں ہوجانے پر بولتے ہیں ۔ (۲) کچھ ڈر نہیں ۔

کیا ہوتا ہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) کچھ فائدہ نہیں ہوگا ۔ بیکار ہے ۔ (۲) اس کا کیا نتیجہ ہوگا ۔ کیا انقلاب ہوتا ہے ۔

کیا ہی ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) بہت ہی ۔ بکثرت ۔ (۲) عمدہ ۔ حسبِ دلخواہ ۔ مبارک ۔

کیا ہے (ا ۔ روزمرہ) (۱) کیا بات ہے ۔ کیا معاملہ ہے ۔ (۲) کون ہے ۔ (۳) بیکار ہے ۔ نکما ہے ۔ بے حقیقت ہے ۔ (۴) کیوں ہے ۔ (۵) کیا کہتے ہو ۔

کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں ۔ ؟ (ا ۔ مثل) [طنزاً] آپ نے سے کیوں ڈرتے ہو ؟

کیا یاد کروگے ۔ کیا یاد رکھوگے ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت یاد رکھوگے ۔ مدت تک یاد کرتے رہوگے ۔

کیے کا پھل پانا ۔ (ا ۔ محاورہ) بُرے اعمال کی سزا پانا ۔

کِیا ۔ (کِ ۔ یا) [ق ۔ ا ۔ مذکر] کہا ۔ حکم ۔

کِیا ۔ (کِی ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کیا ہوا فعل ۔ عمل ۔ بُرے افعال ۔

کِیا آگے (سامنے) آئے ۔ (ا ۔ محاورہ) بُرے فعل کا خمیازہ اُٹھانا پڑے ۔

کِیا پانا ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے ۔ کیا آگے آنا ۔

کِیا دھرا اکارت ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) جو کچھ کیا تھا سب غارت ہوجانا ۔

کِیا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہمیشہ کوئی کام کرنا ۔ کوئی کام مسلسل کرنا ۔

کَیّاد ۔ (ع ۔ صف) مکار ۔ عیار ۔ فریبی ۔ مکر کرنے والا ۔

کِیاری ۔ (کِ ۔ یا ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] کھیت یا باغ کا چھوٹا حصہ یا تختہ ۔ تختۂ باغ ۔

کِیاست ۔ (کِ ۔ یا ۔ سَت) [ع ۔ ا ۔ مث] دانائی ۔ زیرکی ۔ فہم و فراست ۔ ہوش و خرد ۔

کیانی ۔ (کَ ۔ یا ۔ نی) [ف ۔ صف] کَے کی طرف منسوب ۔ بادشاہوں کے لائق ۔

کِیانگ ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) تبت کا گدھا ۔

کَیبرا ۔ ( (Cabaret) ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ناچ کی ایک قسم ۔

کَیبن ۔ ( (Cabin) ) (کَے ۔ بِن) [انگ ۔ ا ۔ مث] کوٹھڑی ۔ کمرہ ۔

کَیبل ۔ ( (Cable) ) [کَے ۔ بل] سمندر کا برقی تار ۔ بحری تار ۔

کَیبنٹ ۔ ( (Cabinet) ) [کَے ۔ بی ۔ نٹ] [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) مجلس منتظمہ ۔ (۲) وزیروں کی مجلس ۔ کابینہ (۳) چھوٹا کمرہ ۔ کوٹھڑی ۔ (۴) چھوٹی الماری ۔

کَیپ ۔ ( (Cap) ) [انگ ۔ ا ۔ مث] کُلاہ ۔ ٹوپی

کَیپٹن ۔ ( (Captain) ) کَیپ ۔ ٹن ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک فوجی عہدہ ۔ کپتان ۔ سردار ۔ لیڈر ۔ مکھیا ۔ (۲) جہاز کا کپتان ۔ جنگی جہاز کا سردار ۔ (۳) کھیلوں میں کسی فریق کا کپتان ۔

کَیپسول ۔ ( (Capsule) ) کَیپ ۔ سول ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گولیاں



Marfat.com

یادداشت رکھنے کی جِلی دار ڈبیا۔ (۲) جِلی دار لفافہ یا غلاف۔ (۳) خانہ۔ گھر۔ ڈوڑا۔

**کَیت** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) ایک درخت اور اس کا ترش پھل۔

**کیت** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) دُم دار ستارہ۔ کیتو (۲) نواں ستارہ۔ (۳) کیتکی کا مخفف جو ایک مشہور پھل ہے۔ (۴) کوڑا۔ تازیانہ۔ بید۔ چھی۔

**کیتک** ۔ (کی تک) [ق] کہاں تک۔

**کیتکی** ۔ (کیت ۔ کی) [ھ ۔ ا ۔ مث] ایک خوشبودار پودا جو کیوڑے کے درخت کے مشابہ ہوتا ہے۔

**کیتلی** ۔ (کیت ۔ لی) [اُر ۔ ا ۔ مونث] (انگ (Kettle) کا مورد) ایک ٹونٹی والا ظرف جس میں چائے یا پانی جوش کرتے ہیں۔ آفتابہ۔

**کَیتھا** ۔ (کَے ۔ تھا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے کَیت۔

**کَیتھانا** ۔ (کَے ۔ تھا ۔ نا) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] کانستھوں کا محلہ۔

**کَیتھولک** ۔ ( (Catholic) ) [کے ۔ تھو ۔ لک] [انگ ۔ ا ۔ مذ] کٹر اور راسخ العقیدہ عیسائی۔ رومن کیتھولک مذہب کا پابند۔

**کَیتھی** ۔ (کَے ۔ تھی) [ھ ۔ ا ۔ مونث] ہندی زبان جو کائستھ لکھتے ہیں۔

**کیتھیڈرل** ۔ ( (Cathederal)) (کے ۔ تھے ۔ ڈ ۔ رل) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بڑا گرجا جس میں اسقف کا تخت ہوتا ہے۔ کنیسۂ اسقف۔

**کیتے** ۔ (کی ۔ تے) [ق] کِتنے

**کَیٹ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) چراغ کی گاد۔ (۲) حُقّے کا میل۔ (۳) کیڑا مکوڑا۔

**کیٹلاگ** ۔ ( (Catalogue) ) ۔ (کیٹ ۔ لاگ) [انگ ۔ ا ۔ مث] فرد۔ فہرست۔

**کَیچ** ۔ ( (Catch) ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] پکڑ۔ گرفت۔ کرکٹ میں گیند دبوچنے کا عمل۔

**کیچ** ۔ **کیچڑ** ۔ (کی ۔ چڑ) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) گارا۔ غلیظ مٹی۔ دلدل۔ (۲) چرک چشم۔ چیپڑ۔

**کیچڑ اُچھالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) الزام لگانا۔ بہتان باندھنا۔ (۲) کیچڑ پھینکنا۔

**کیچڑ کی کوڑی دانتوں سے اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے حد بخیل ہونا۔

**کیچڑ میں پھنسنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دلدل میں دھنسنا۔ (۲) کسی مصیبت یا دقت میں گھرنا۔

**کیچل** ۔ **کیچلی** ۔ (کَے ۔ چَل ۔ کیچ ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے کینچلی۔ کینچلی۔

**کیچوا** ۔ (کیچ ۔ وے) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کا لمبا اور سرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر برسات کے موسم میں نمناک زمین میں پیدا ہو جاتا ہے (۲) ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا۔ کرم شکم۔

**کَید** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔

**کیدھر** ۔ (کی ۔ دھر) [ھ ۔ تابع فعل] کدھر (ق)

**کیڈٹ** ۔ (Cadet) (کے ۔ ڈٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) فوجی کالج کا طالب علم۔

**کیر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) عضو تناسل۔ آلت۔ (۲) لکیر (ق)

**کَیرا** ۔ (کَے ۔ را) [ھ ۔ صف] نیلی آنکھوں والا۔ کرنجا۔ ازرق چشم

**کیرالین** ۔ (انگ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا عمدہ کپڑا۔

**کیرت** ۔ (کی ۔ رَت) [ق ۔ ا ۔ مث] شہرت۔ نیکی۔

**کیرتن** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) تعریف۔ ذکر۔ گفتگو۔ (۲) سکھوں کا گرنتھ صاحب کو گا کر پڑھنا۔

**کَیرِیَر** ۔ ( (Carrier) ) (کَے ۔ ری ۔ یَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بوجھ لے جانے والا۔ حمّال۔ مزدور۔ (۲) بائیسکل کا پچھلا حصہ جس پر اسباب باندھا جاتا ہے۔

**کَیرِیَر** ۔ ( (Career) ) (کَے ۔ ری ۔ اَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] چال۔ روش۔ ترقی۔ نشوونما۔

**کَیری** ۔ (کَے ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں۔

**کَیری** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) نیلی یا فاختہ رنگ کی آنکھ۔ (۲) کرنجی آنکھ والی عورت۔

**کیری آنکھ** ۔ کرنجی آنکھ۔ چشم ازرق۔

**کَیریکٹر** ۔ ( (Character) ) [کَے ۔ ریک ۔ ٹر] (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) کردار۔ شخص یا قوم کی خصوصیت۔ سرشت۔ سیرت۔ خاصیت۔ چال چلن۔ (۲) وہ افراد جو افسانہ نویس وغیرہ اپنے قصوں میں ایجاد کرتے ہیں۔ کردار۔

**کَیرم بورڈ** ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک تختہ جس پر قرص نما ٹیپوں سے کھیلتے ہیں۔

**کیریکیچر** ۔ ( (Caricature) ) [کَے ۔ ری ۔ کے ۔ چر] (انگ ۔ ا ۔ مذ) کسی شخص یا چیز کے نمایاں حصے کو لے کر تصویر، تحریر یا بیان کے ذریعے سے خاکہ اڑانا۔ خندہ آور بگاڑی ہوئی تصویر۔ ہجو کی تصویر۔

**کیڑا** ۔ (کی ۔ ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) کرم۔ مکوڑا۔ حشرات الارض۔ گھن۔ رینگنے والا جانور۔ (۲) سانپ۔ ناگ۔

**کیڑا اُچھلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) علت مشائخ کا زور کرنا۔

**کیڑا دبانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نفسانی خواہش کا مٹانا۔ چُل مٹانا۔

**کیڑا سا** ۔ (ا ۔ صفت) چھوٹا سا۔ دُبلا پتلا۔

**کیڑا کلبلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خواہش نفسانی کا زور ہونا۔ چُل مٹوانے کو دل چاہنا۔

**کیڑا لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیمک لگنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ گھن لگنا۔

**کیڑے پڑنا** ۔ (۱) سڑ جانے سے کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا۔ (۲) عیب ہونا۔ نقص ہونا۔

**کیڑے پڑیں** ۔ (ا ۔ روزمرہ) ۔ (دُعائے بد) گلے سڑے۔

**کیڑے ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

**کیڑے کا چاٹ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کیڑے کا کپڑے کو کھا جانا۔

**کیڑی** ۔ (کی ۔ ڑی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) چیونٹی۔ (۲) جونک۔



Marfat.com

**کیڑیاں لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جونکیں لگانا۔

**کیس** ۔ (Case) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) معاملہ ۔ واقعہ ۔ حالات ۔ کیفیت ۔ (۲) مقدمہ ۔ دعویٰ ۔ نالش ۔ عرض حال ۔ (۳) مریض جو ڈاکٹر کے زیر علاج ہو ۔ بیمار کی حالت مرض ۔ (۴) ڈھکنا ۔ خانہ ۔ پیٹی ۔ بکس ۔ (۵) ٹائپ رکھنے کا خانہ دار بکس یا فریم ۔ (۶) نظیر ۔ تمثیل ۔ حوالہ ۔

**کیس** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بال ۔ موئے سر ۔ لمبے بال ۔ (۲) پنڈت کی چوٹی ۔

**کیسا** ۔ (کے ۔ سا) [ھ ۔ صفت و تابع فعل] (۱) کس قسم کا ۔ (۲) کس چیز کا ۔ (۳) کس کام کا ۔ (۴) کیوں ۔ کس لیے ۔ (۵) کس قدر ۔ کتنا ۔ کس درجہ ۔ از حد (۶) کس ڈھنگ سے (۷) (استفہام انکاری) کیا ذکر ۔ (۸) کہاں کا ۔ کس کا ۔

**کیسا علاج کرتا ہوں** ۔ (ا ۔ محاورہ) قرار واقعی سزا دینے کی جگہ بولتے ہیں ۔

**کیسا کیسا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) طرح طرح سے ۔ ہر طرح سے ۔

**کیسا ہی** ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) کتنا ہی ۔ کسی قدر ۔ تا بہ مقدور ۔ (۲) کسی قسم کا ہی ۔ کسی طرح کا ہی ۔

**کیسر** ۔ (کے ۔ سر) [ھ ۔ ا ۔ مث] زعفران ۔ زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول ۔

**کیسری** ۔ (کیس ۔ ری) [ھ ۔ صفت] زعفرانی ۔ زرد ۔

**کیسری بانا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) زعفرانی پوشاک جو ہندو دولہا کو پہناتے ہیں ۔ ہندو راجپوت میدان جنگ میں یہی لباس پہن کر جایا کرتے تھے ۔

**کیسہ** ۔ (کی ۔ سہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] جیب ۔ پاکٹ ۔ تھیلا ۔

**کیسہ بُر** ۔ (ف ۔ صفت) گرہ کترا ۔ جیب کترا ۔ اُچکا ۔

**کیسے میں نہیں پھل کی ڈلی بانکا پھرے گلی گلی** (ا ۔ مثل) مفلسی میں اِترانا

**کیسی** ۔ (کے ۔ سی) [ھ ۔ صفت و تابع فعل] کیسا کی تانیث ۔

**کیسی مسجد کیسا مندر، جو دیکھو وہ دل کے اندر** ۔ (ا ۔ مثل) یہ قول وحدت الوجود والوں کا ہے ۔ اس سے ان کی یہ مراد ہے کہ دل ہی میں سب کچھ موجود ہے ۔ خدا ہر جگہ موجود ہے ۔

**کیش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) مذہب ۔ دین ۔ اعتقاد ۔ (۲) عادت ۔ خصلت ۔ (۳) صفت ۔ وصف ۔ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ روش ۔ (۴) ترکش ۔ تیردان ۔

**کیش** ۔ (Cash) [انگ ۔ ا ۔ مذ] نقد روپیہ پیسہ ۔ نقدی ۔ روکڑ ۔

**کیش بک** ۔ (Cash Book) [انگ ۔ ا ۔ مث] روکڑ بہی ۔ نقد کے حساب کی کتاب ۔

**کیف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) نشہ ۔ خمار ۔ سرور ۔ (۲) حالت ۔ کیفیت ۔ کیونکر ۔ کیسا ۔

**کیف و کم** ۔ (ع ۔ صفت) کیسا ۔ کتنا ۔

**کیفیٹیریا** ۔ (Cafe Teria) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ طعام گاہ جہاں گاہک خود ہی ضرورت کی چیزیں نکال کر استعمال کرتا ہے ۔ اپنی خدمت خود کرتا ہے ۔

**کیفر** ۔ (کے ۔ فر) [ف ۔ ا ۔ مذ] سزا ۔ پاداش ۔ بُرے کام کا بدلہ ۔

**کیفر کردار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کیے کی سزا ۔ کار بد کی سزا ۔ بُرے کام کا بدلہ ۔

**کیفر کردار کو پہنچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اپنی سزا کو پہنچنا ۔ کیے کی سزا پانا ۔ ندامت اٹھانا ۔ کرنی کا پھل پانا ۔

**کیفی** ۔ (کے ۔ فی) [ع ۔ صفت] (۱) متوالا ۔ مدہوش ۔ مسرور ۔ مخمور ۔ سرشار ۔ نشہ میں چُور ۔ (۲) [اُر] نشہ باز ۔

**کیفے** ۔ (Cafe) (کے ۔ فے) [انگ ۔ ا ۔ مذ] قہوہ خانہ ۔

**کیفیت** ۔ (کے ۔ فی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) حالت ۔ احوال ۔ حقیقت ۔ (۲) عالم ۔ رنگ ۔ ڈھنگ ۔ (۳) [اُر] شرح ۔ تفسیر ۔ تشریح ۔ (۴) جوبن ۔ رونق ۔ (۵) مزہ ۔ لطف ۔ جمع ۔ کیفیات ۔

**کیفیتِ بندوبست** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) بندوبست کی رپورٹ ۔ تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ ۔

**کیفیت جب ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) لطف جب ہے ۔

**کیفیت طلب کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) استفسار کرنا ۔ پوچھنا ۔ سرکاری طور پر دریافت کرنا ۔ باز پرس کرنا ۔

**کیفیت لکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تحریری رپورٹ کرنا ۔

**کیفیت میں رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نشہ میں رہنا ۔

**کیقباد** ۔ (کی ۔ قُ ۔ باد) [ف ۔ صفت] (۱) عادل ۔ برحق ۔ [مذ] عجم کا ایک بادشاہ جس نے سو سال تک حکومت کی ۔ (۲) دہلی کے بادشاہ معز الدین کا لقب جو امیر خسرو کا ممدوح تھا ۔

**کیک** ۔ (Cake) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی جو میدہ ۔ انڈے ۔ میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعے تنور میں پکائی جاتی ہے ۔

**کیکاؤس** ۔ (کے ۔ کا ۔ اُس) [ف ۔ ا ۔ مذ] ایران کا ایک مشہور بادشاہ ۔ رستم پہلوان اسی کا ملازم تھا ۔

**کیکباڑ** ۔ (کی ۔ ک ۔ باڑ) [ق ۔ ا ۔ مذکر] جانوروں کا چارہ ۔

**کیکر** ۔ (کی ۔ کر) [ھ ۔ ا ۔ مذ] ببول کا درخت ۔ مغیلاں ۔

**کیکری** ۔ (کیک ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) چھوٹا کیکر ۔ کیکر کا پودا ۔ (۲) ایک قسم کی سلائی جو کپڑے کو کتر کر کنگرے سے اسی کے اندر بناتے چلے جاتے ہیں ۔

**کیکڑا** ۔ (کیک ۔ ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سرطان ۔ کرک ۔ ایک آبی کیڑا جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے ۔

**کیکنا** ۔ (کیک ۔ نا) [ھ ۔ مص] چیخنا ۔ چلاتا ۔ پکارنا ۔ بندر کا کلکاری مارنا ۔

**کیل** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) میخ ۔ لوہے کی کھونٹی ۔ (۲) مہاسوں یا پھوڑے کے اندر کی جمی ہوئی پیپ ۔ (۳) ناک میں پہننے کا زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔ (۴) لوہے کی کیل جو چکی میں ہوتی ہے ۔ (۵) نشتر ۔



Marfat.com

کیل ڈالنا - (ا - محاورہ) بس میں لانا - (۲) سانپ کو منتر کے زور سے ڈسنے سے روکنا - (۳) کیل پر منتر پڑھ کر اس کے ذریعے کسی کو قابو کر لینا -

کیل کا کھٹکا نہیں - (ا - محاورہ) کسی شے کا خوف و اندیشہ نہیں -

کیل کانٹا - (ا - مذ) (۱) اوزار - (۲) ایک قسم کا زیور - (۳) بچوں کا ایک کھیل -

کیل کانٹے سے درست (لیس) ہونا - (ا - محاورہ) مسلح ہونا - اپنا سامان لیکر تیار ہونا -

کیل گھر - (ا - مذ) مذبح -

کیل نکالنا - (۱) پھنسی یا پھاسے کو دبا کر اس کے اندر سے پیپ کا خشک مادہ نکالنا - (۲) مارتے مارتے گرہ نکالنا - خوب ٹھیک بنانا - (۳) گائے بھینس وغیرہ کے بیانے پر تھنوں میں سے جما ہوا دودھ نکالنا -

کیلا - (کے - لا) [ھ - ا - مذ] ایک درخت اور اس کا پھل جس کی پھلی لمبی اور میٹھی ہوتی ہے -

کیلا - (کِی - لا) [ھ - ا - مذ] (۱) کھونٹا - بڑی میخ - (۲) گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں - کچلی - کتا دانت -

کیلسیم - (Calcium) [کَیل - سِ - یَم] چونا - ایک کیمیاوی عنصر -

کیلنا - (ا - مص) (۱) منتر سے سانپ کو قابو کرنا - (۲) منتر پڑھ کر مکان کے کونوں میں کیلیں گاڑنا تاکہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو - (۳) کیلیں ٹھونکنا - (۴) آنے جانے سے روک دینا - (۵) قابو میں کرنا - (۶) جادو کے زور سے کسی کو لوٹنے سے باز رکھنا - (۷) تسخیر کرنا -

کیلنڈر - (Calendar) [کَے - لَن - ڈر] (انگ - ا - مذ) جنتری - تقویم - نظام - فہرست - پترا -

کیلوس - (کَے - لُوس) [یو - ا - مذ] غذا کا معدے میں پہلا ہضم -

کیلی - (کِی - لی) [ھ - ا - مث] (۱) لکڑی کی کھونٹی - (۲) لوہے کی لاٹھ - (۳) کشتی کا ایک داؤں (۴) پیچ -

کیلی بارا چلانا - (ا - محاورہ) کنواں چلانا - کنوئیں کا پانی بیلوں کے ذریعے سے نکالنا -

کیلی کرنا - (ا - محاورہ) پہلوانوں کا کشتی کے وقت وہ پیچ کرنا جسے کیلی کہتے ہیں - ٹانگوں میں ہاتھ ڈال کر مارنا -

کیلی والا - کیلیا - (ا - صف) (۱) وہ شخص جو کنوئیں کے بیل جوتتا ہے - (۲) پانی کا چرس ڈالنے اور نکالنے والا -

کیلیڈوسکوپ - (Kaleidoscope) (کَے - لے - ڈو - س - کوپ) [انگ - ا - مذ] عکس نما - عکس بین - ایک نلکی جس میں رنگین شیشوں کے ٹکڑے لگے ہوتے ہیں - اور جن کے عکس کے سڈول اور متناسب شکلیں پیدا ہوتی ہیں - اور نلکی کے پھرانے سے بدلتی رہتی ہیں -

کیلیکو - (Calico) [کَے - لی - کو] انگ - ا - مذ] چھپا ہوا کپڑا - چھینٹ -

کیمپ - (Camp) [انگ - ا - مذ] پڑاؤ - چھاؤنی - لشکرگاہ - فوجی ڈیرا - خیمہ زن ہونا -

کیمپ کلرک - (Camp Clerk) [انگ - ا - مذ] وہ محرر یا منشی جو لشکرگاہ میں آمدنی و خرچ وغیرہ کا حساب رکھتا ہے -

کیمخت - (کِی - مخت) [ف - ا - مذ - مث] گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کی کھال - دانہ دار چمڑا - گودے کا چمڑا -

کیمرا - (Camera) [کَیم - رَا] (انگ - ا - مذ) عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ - (۲) جج کا پوشیدہ کمرا -

کیمرک - (Cambric) [کَیم - رِک] (انگ - ا - مث) ایک نہایت عمدہ اور باریک لٹھا جو ملین سکو کے مشابہ ہوتا ہے -

کیمسٹ - (Chemist) (کے - مِسٹ) [انگ - ا - مذ] کیمیا دان - دوا ساز - دوا فروش -

کیمسٹری - (Chemistry) (کے - مِسٹ - ری) [انگ - ا - مث] علم کیمیا - (رسائن ودیا)

کیموس - (کَے - مُوس) [یو - ا - مذ] رس - وہ رقیق شے جو معدہ میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو - غذا کا معدے میں دوسرا ہضم -

کیمیا - (کِی - مِی - یا) [ع - ا - مث] (۱) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا - (۲) (مجازاً) رسائن - اکسیر (۳) خاصیت و ماہیت اشیاء کا علم - کیمسٹری - (۴) [اُر - صف] نہایت مفید - تیر بہدف بیش قیمت -

کیمیا اثر - (ف - ع - صف) کیمیا کا اثر رکھنے والی چیز - فوری اثر کرنے والی -

کیمیا بنانا - (ا - محاورہ) (۱) رسائن بنانا - چاندی کا سونا بنانا - (۲) مطلب حاصل کرنا - آسانی سے روزی حاصل کرنا -

کیمیاگر - (ف - صف) (۱) ہنوس - کیمیا بنانے والا - زرساز - (۲) چالاک - مکار -

کیمیاگری - (ف - ا - مث) چاندی سونا بنانے کا فن -

کیمیاوی - کیمیائی - (کیم - یا - وی، کیم - یا - ای) [ف - صف] کیمیا کے متعلق - کیمیاوی - کیمیاوی اشیاء - وہ اشیاء جو کیمیاوی اعمال سے حاصل ہوں یا ان میں استعمال ہوں -

کیمیائی الفت - کیمیاوی نسبت - مماثلت - (Chemical Affinity)

کیمیائی تبدیلی - کیمیاوی کایا پلٹ - تغیر کلی - بالکل بدل جانا - ٹھوس چیز کا سیال اور سیال چیز کا گیس بننا - (Chemical Transformation)

کیمیائی توازن - کیمیاوی مساوات برابر (Chemical Equilibrium)

کیمیائی کاشت - کیمیائی کھیتی باڑی - (Chemiculture)

کیمیائے احمر - (ع - ا - مث) سرخ گندھک، جو نایاب ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ اس سے تانبے کا سونا بن جاتا ہے -

کین - (ف - ا - مث) نفاق - حسد - بغض - دشمنی - عداوت - بیر -

کیناں - (کی - ناں) [ق - ا - مث] متاع -

کینٹب - (Cantab) [کَین - ٹَب] (انگ - صف) کیمبرج یونیورسٹی کے متعلق - کیمبرج یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ -



Marfat.com

**کینٹین** ۔ (Canteen) (کَین ۔ ٹِین) [انگ ۔ ا ۔ مث] چھاؤنی اور بارکوں میں خورد و نوش کی دوکان ۔

**کینچل ۔ کینچلی** ۔ (کَیں ۔ چُل ۔ کینچ ۔ لی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم کے اُوپر سے اُترتی ہے ۔ (۲) [مجازاً] لباس ۔ پوشاک ۔

**کینچلی بدلنا ۔ کینچلی جھاڑنا** ۔ (۱) سانپ کا پرانی جھلی بدل کر نئی جھلی لانا ۔ (۲) [ظرافتاً] پوشاک بدلنا ۔ نکھرنا ۔ رُوپ نکالنا ۔

**کینچوا** ۔ (کینچ ۔ وا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے کیچوا ۔

**کینڈا** ۔ (کَین ۔ ڈا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] نمونہ ۔ پیمانہ ڈول ۔ اندازہ ۔ خاکہ ۔ ناپ ۔ درجہ ۔

**کینڈا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سرسری پیمائش کرنا ۔ ناپنا ۔ تخمینہ لگانا ۔

**کینڈل** ۔ (Candle) (کَین ۔ ڈل) [انگ ۔ ا ۔ مث] موم بتی ۔ شمع ۔

**کینڈل پاور** ۔ (Candle Power) [انگ ۔ ا ۔ مث] ۔ بتی کی طاقت ۔ لورکی پیمائش کی اکائی ۔

**کینسر** ۔ (Cancer) (کَین ۔ سر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سرطان کی بیماری ۔ بھگندر ۔ راج پھوڑا ۔ کینکڑا ۔ خط سرطان (۲) خراب عادت جو ناسور کی طرح لاعلاج ہو گئی ہو ۔

**کینسل** ۔ (Cancel) (کَین ۔ سَل) [انگ ۔ ا ۔ مث] قلمزد کرنا ۔ منسوخ کرنا ۔

**کینگل** ۔ (کَین ۔ گُل) [ق ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا میوہ جو جڑ کی شکل میں زمین میں بڑھتا ہے ۔

**کینوس** ۔ (Canvas) (کَین ۔ وَس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کرمچ ۔ ولایتی ٹاٹ ۔ (تصویر ۔ نقاشی وغیرہ کے لیے)

**کینہ** ۔ (کی ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] کین ۔ حسد ۔ بغض ۔ عداوت ۔ کپٹ

**کینہ پرور ۔ کینہ توز ۔ کینہ وَر ۔ کینہ کش** ۔ (ف ۔ ا ۔ صفت) کینہ رکھنے والا ۔ بغض رکھنے والا ۔ دشمنی رکھنے والا ۔ حاسد ۔ کپٹی ۔

**کینہ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عداوت رکھنا ۔ دشمنی رکھنا ۔

**کیواں** ۔ (کَے ۔ واں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] زحل ستارہ ۔ سنیچر ۔ (مجازاً) ساتواں آسمان ۔

**کیوٹی** ۔ (کیو ۔ ٹی) [ھ ۔ ا ۔ مث] پلی ہوئی دالیں ۔

**کیوریٹر** ۔ (Curator) (کیو ۔ رے ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) منتظم ۔ مہتمم ۔ نگہبان ۔ محافظ (عجائب گھر وغیرہ) (۲) رکن مجلس انتظامیہ (جامعہ)

**کیوڑا** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک درخت اور اس کے پھول کا نام جس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے ۔ (۲) کیوڑے کا عرق ۔

**کیوٹی دال** ۔ دیکھیے کیوٹی ۔

**کیوَل** ۔ (کے ۔ وَل) [س ۔ تابع فعل] (۱) ایک ۔ واحد ۔ اکیلا ۔ (۲) صرف ۔ نرا (۳) تمام ۔ بالکل ۔ کامل ۔ (۴) علم وحدانیت ۔

**کیولری** ۔ (Cavalry) [کَے ۔ وَل ۔ ری] [انگ ۔ ا ۔ مث] گھڑسوار فوج ۔ سواروں کا رسالہ ۔

**کیوں؟** (ہ ۔ کلمۂ استفہام) کس لیے ۔ کس سبب سے ۔ کس خاطر ۔ کس وجہ سے ۔ کس باعث ۔

**کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلائے** ۔ (ا ۔ مثل) اپنی بے وقوفی سے دوگنا نقصان اُٹھانے کی جگہ بولتے ہیں ۔ یعنی اندھے شخص کو بُلاؤ گے تو ایک کے ساتھ دُوسرا بھی آئے گا کیونکہ اندھا کسی کی مدد کے بغیر نہیں آسکتا ۔

**کیوں بے ۔ کیوں رے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) [حقارتاً] کیوں جی ؟

**کیوں جان نکلتی ہے ۔ کیوں دم نکلتا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کس لیے مرا جاتا ہے ۔ کس لیے گھبراتا ہے ۔ تجھے کیا غرض ۔ تجھے کیا مطلب ۔ تجھ کو کیا پڑی ہے ۔ (۲) جلدی کیا ہے ۔

**کیوں جی** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کیوں صاحب ۔

**کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو** ۔ (ا ۔ مثل) کس لیے طنز آمیز باتیں کرتے ہو ۔ کس واسطے اس قدر اِتراتے ہو ۔

**کیوں دانت نکالتا ہے** ۔ (ا ۔ روزمرہ) بے محل ہنسنے پر کہتے ہیں ۔

**کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو** ۔ (ا ۔ مثل) کس لیے شرمندہ کرتے ہو ۔

**کیوں کر** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کس طرح ۔ کس لیے ۔ کیسے ۔ کس بنا پر ۔

**کیوں کر عرض کروں** ۔ (ا ۔ مقولہ) کہہ نہیں سکتا ۔ بیان کرنا مشکل ہے ۔

**کیوں کر ہو** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کیا سامان ہو ۔ کیا تدبیر ہو ۔ کیسے ہو ۔

**کیوں کہ (کیونکہ)** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اس لیے کہ ۔ اس طرح کہ ۔

**کیوں کیسی کہی** ۔ (ا ۔ محاورہ) کیسی انوکھی بات کہی ۔

**کیوں گولر کا پیٹ پھڑواتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) کیوں پوشیدہ عیوب ظاہر کراتا ہے ۔

**کیوں مرے جاتے ہو** ۔ (ا ۔ محاورہ) کیوں گھبراتے ہو ۔ کیوں اس قدر پریشان ہو رہے ہو ۔

**کیوں مغز کھاتا ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) چُپ رہو ۔ بک بک نہ کرو ۔

**کیوں نہ ہو** ۔ (کلمۂ تحسین و آفرین) سبحان اللہ ۔ واہ وا ۔ کیا کہنا ہے کوئی انکار نہیں کر سکتا ۔

**کیوں نہیں** ۔ (کلمۂ اقرار) (۱) کیا وجہ ۔ کیا سبب ۔ (۲) ضرور ۔ بلاشبہ ۔ (۳) ایسے ہی ہو ۔ ایسا ہی ہے ۔ کون انکار کر سکتا ہے ۔

**کیوں ہم نہ کہتے تھے** ۔ (ا ۔ محاورہ) آخر وہی ہوا جو ہم کہتے تھے ۔

**کیہاں** ۔ (کَے ۔ ہاں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے گیہان ۔ زمانہ ۔ جہان ۔

**کیہل** ۔ (کَے ۔ ہَل) [ہ ۔ ا ۔ مونث] شدید گرمی جب ہوا بند ہو ۔ حبس ۔

**کیے کی سزا پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بُرے کاموں کی سزا بھگتنا ۔



Marfat.com

# گ

گ (گاف) (ف ۔ا ۔ مذ) اُردو کا اُنتیسواں، فارسی کا چھبیسواں اور ہندی کا تیسرا حرف۔ حسابِ ابجد میں کاف شمار ہوتا ہے اور اس کے بھی بیس عدد فرض کیے گئے ہیں۔

## گ ۔ ا

**گا** ۔ (۱) علامتِ مستقبل۔ جیسے آئے گا، پڑھے گا (۲) گانا۔ مصدر سے فعل امر۔

**گاب** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) گودا۔ مغز۔

**گابا ۔ گابھا** ۔ (گا ۔ با ۔ گا ۔ بھا) (ف ۔ا ۔ مذ) (۱) پیڑ کا نیا پتا (۲) لکڑی کا گودا۔ (۳) پُرانی روئی (۴) درخت کے پوست کا تازہ حصہ ۔ خاص کر کیلے کے پوست کا تازہ حصہ (۵) کھڑی کھیتی ۔ کچا اناج ۔ درخت کے اندر کا نرم حصہ ۔ مغز۔

**گابھ** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) (۱) حیوانات کا حمل (۲) کچی فصل ۔ کم پختہ غلہ۔

**گابھ ڈالنا** ۔ حیوانات کا خام حمل گرانا۔

**گابھن ۔ گیابھن** ۔ (گا ۔ بھن ۔ گ ۔ یا ۔ بھن) (ف ۔ا ۔ مث) (۱) حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو (۲) حاملہ عورت۔

**گابھن (گا بھنی) گابھ ڈالتی ہے** ۔ بڑا رعب اور دبدبہ ہے خوف کے مارے حاملہ عورتوں کے حمل ضائع ہو جاتے ہیں۔

**گابھی** ۔ (گا ۔ بھی) (ف ۔ا ۔ مث) کشتی یا جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

**گات** ۔ (س ۔ا ۔ مث) (۱) وضع ۔ اسلوب (۲) حمل ۔ پیٹ (۳) عورت کی چھاتیوں کی ہیئت ۔ پستان کا اُبھار (۴) عورت کا اوپر کا دھڑ۔

**گات اُبھرنا** ۔ عورت کے بالغ ہونے پر اس کی چھاتیاں نمودار ہونا۔

**گات اُٹھنا** ۔ چھاتیاں اُبھرنا ۔ عورت کے بالغ ہونے کی علامت ظاہر ہونا۔

**گات سے ہونا** ۔ حمل سے ہونا ۔ حاملہ ہونا۔

**گات نکالنا** ۔ جسم کی خوشنمائی ظاہر کرنا۔

**گاتی** ۔ (گا ۔ تی) (ف ۔ا ۔ مث) چادر یا دوپٹے کو کندھوں کے اوپر لے جا کر سینے پر باندھنے کا خاص طرز۔

**گاتی باندھنا** ۔ چادر یا دوپٹے کو دونوں کندھوں پر ڈال کر سینہ پر باندھنا۔

**گاتے گاتے** ۔ (گا ۔ تے ۔ گا ۔ تے) (ف) گا گا کر ۔ الاپ الاپ کر۔

**گاتے گاتے کلاونت ہو ہی جاتا ہے** ۔ (مثل) کام کرتے کرتے آدمی



Marfat.com

پڑھتے تجربہ کار ہو جاتا ہے۔ سیکھتے سیکھتے انسان ماہر ہو جاتا ہے۔

**گاگھی** ۔ (ق) گانٹھ۔

**گاج** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) گرج ۔ بجلی ۔ برق (۲) غضب ۔ قہر ۔ غصّہ۔

**گاج پڑنا** ۔ بجلی گرنا

**گاج گرنا** ۔ خدا کا قہر نازل ہونا۔

**گاجر** ۔ (گا ۔ جر) (ہ ۔ ا ۔ مث) نارنجی یا سیاہ رنگ کی ایک مخروطی جڑ جو کھائی جاتی ہے۔

**گاجر کھا گجر ونا چھینکا** ۔ ماں ری ماں میرا ٹک ٹک سہاگ ہو بیٹھا۔ (ا ۔ مثل) بیوی سے نفرت کرنے والا شوہر اس کی طرف ذرا متوجہ ہو یا جب کوئی آدمی کسی غریب کی طرف التفات کرے۔ تو یہ مثل بولی جاتی ہے۔

**گاجر مُولی** ۔ دو ترکاریوں کے نام (۲) (مجازاً) بے قدر ۔ بے وقعت ۔ سستی

**گاجر مُولی سمجھنا** ۔ کم قیمت خیال کرنا ۔ بے قدر جاننا۔

**گاجنا** ۔ (گاج ۔ نا) (ہ ۔ مص) گرجنا ۔ چنگھاڑنا ۔ دھاڑنا (۲) خوش و خرم ہونا (۳) ناگوار گزرنا۔

**گاچ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) جالی کی طرح کا باریک کپڑا۔

**گاد** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) تلچھٹ (۲) تیل یا شربت کے نیچے بیٹھا ہوا میل نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل وغیرہ۔

**گاد بیٹھنا** ۔ تلچھٹ کا نیچے بیٹھ جانا۔

**گادا** ۔ (گا ۔ دا) (ہ ۔ ا ۔ مث) پھنا ہوا خام گیہوں اور جو (۲) گیہوں اور جو کی قریب قریب تیار فصل۔

**گادنا** ۔ (گاد ۔ نا) (ہ ۔ مص) دبانا ۔ ٹھونسنا ۔ بھرنا ۔ بھینچنا۔

**گادی** ۔ (گا ۔ دی) (ہ ۔ ا ۔ مث) لہریا ۔ گدّی ۔ گدیلا۔

**گاڈ** ۔ (God) (انگ ۔ ا ۔ مذ) خدا ۔ ایشور ۔ اللہ تعالیٰ۔

**گاڈر** ۔ (گا ۔ ڈر) (ہ ۔ ا ۔ مث) بھیڑ۔

**گاڈر** ۔ (Garder) (گا ۔ ڈر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) لوہے کا بڑا شہتیر۔

**گاڈرو** ۔ (گاڈ ۔ رُو) (س ۔ ا ۔ مذ) ایک منتر جس سے سانپ کے زہر کا اثر دُور ہو جاتا ہے (۲) مداری سانپ پالنے والا۔

**گار** ۔ (ف) کرنے والا ۔ مرکبات میں لاحقہ کے طور پر آتا ہے ۔ جیسے گنہگار (۲) ستم گار۔

**گار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) اولا ۔ ژالا ۔ پالا (۲) ایک سفید پتھر (ق)

**گارا** ۔ (گا ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چننے یا لپائی کرتے ہیں (۲) ایک راگنی کا نام۔

**گارا بنانا ۔ گارا کرنا** ۔ مٹی گوندھنا ۔ مٹی میں پانی ملانا

**گارا گانا** ۔ گارا راگ گانا (۲) لمبی چوڑی کہانی سنانا۔

**گارد** ۔ (Guard) سے بنا ہوا (انگ ۔ ا ۔ مذ) سپاہیوں کی چھوٹی ٹولی پہرہ دار سنتری (۲) سپاہیوں کے رہنے کی جگہ ۔ چوکی۔

**گارڈ** ۔ (Guard) (انگ ۔ ا ۔ مذ) محافظ ۔ پہرہ دار ۔ ریل گاڑی کا نگران۔

**گارڈن** ۔ (Garden) (گار ۔ ڈن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) باغ ۔ گلستان ۔ چمن ۔ گلزار ۔ پھلواری۔

**گارڈن پارٹی** ۔ (Garden Party) وہ ضیافت جو کسی باغ میں دی جائے اور اس میں پھل اور چائے وغیرہ کا اہتمام ہو۔

**گارڈنر** ۔ (Gardener) (گار ۔ ڈ ۔ نر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مالی ۔ باغبان۔

**گارڈینیا** ۔ (Gardenia) (گار ۔ ڈی ۔ نی ۔ آ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک جھاڑی جو عام طور پر مکان یا باغ کی باڑھ کے کام آتی ہے۔

**گارڈین** ۔ (Guardian) (گار ۔ ڈین) (انگ ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جو کسی نابالغ کی ذات یا جائیداد یا دونوں کا محافظ ہو (۲) سرپرست ۔ نگران۔

**گارنٹی** ۔ (Guarantee) (گا ۔ رَن ۔ ٹی) (انگ ۔ ا ۔ مث) ذمہ داری ۔ ضمانت

**گاڑا** ۔ (گا ۔ ڑا) (س ۔ ا ۔ مذ) بندوق کی گولی (۲) کمین گاہ ۔ گھات کی جگہ (۳) وہ لوگ جو کمین گاہ میں بیٹھیں (۴) گاڑنا ۔ مصدر سے فعل ماضی (۵) بہت بڑی گاڑی (۶) گاڑھا (ق)

**گاڑا بٹھانا ۔ گاڑے بٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پوشیدہ جگہ کسی کو تاک میں بٹھانا تاکہ

**گاڑا بیٹھنا ۔ گاڑے بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھات لگانا ۔ شکاریوں کا گھات میں بیٹھنا (۲) چوروں ڈاکوؤں یا دشمن کی گھات میں بیٹھنا۔

**گاڑنا** ۔ (گاڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ٹھونکنا (۲) کسی چیز کا زمین میں دفن کرنا ۔ دفنانا (۳) آگ کو راکھ کے نیچے دبانا (۴) پودا لگانا۔

**گاڑھ** ۔ (س ۔ ا ۔ مث) مصیبت ۔ مشکل ۔ دُشواری (۲) (مذ) کرگہ کپڑا بننے کا گڑھا۔

**گاڑھ پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت پیش آنا ۔ مشکل پڑنا۔

**گاڑھا** ۔ (گا ۔ ڑھا) (ہ ۔ صف) موٹا ۔ دبیز (۲) غلیظ ۔ پتلا کی ضد جیسے گاڑھا دودھ (۳) چالاک (۴) ایک قسم کا موٹا کپڑا ۔ کھدر (۵) لڑائی کا مست ہاتھی (۶) گہرا ۔ دلی ۔ جانی (۷) مشکل ۔ سخت ۔ دُشوار۔

**گاڑھا پردہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گہرا پردہ۔

**گاڑھا پسینہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) محنت و مشقّت۔

**گاڑھا پن** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) کثافت ۔ موٹا ہونا۔

**گاڑھا دھوتر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) معمولی موٹا کپڑا۔

**گاڑھا وقت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) مشکلات کا زمانہ ۔ مصیبت کا وقت۔

**گاڑھے پسینے کا پیسہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) محنت اور مشقت کی کمائی۔

**گاڑھے ہیں** ۔ زبردست ہیں ۔ غالب ہیں ۔ بڑھ کر ہیں (۲) خوب نفع ہے۔

**گاڑھی** ۔ (گا ۔ ڑھی) (ہ ۔ صف) دبیز ۔ موٹی (۲) غلیظ ۔ پتلا کی ضد (۳) دلی جانی (۴) مشکل ۔ دشوار۔

**گاڑھی چھننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا (۲) (مجازاً) آپس میں خوب میل جول ہونا ۔ کمال محبت ہونا (۳) بے تکلفی اور مذاق میں ایک دوسرے کو سخت سُست کہنا (۴) بھنگ پی کر نشہ میں ہونا۔

**گاڑھی دوستی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) بہت زیادہ میل جول ۔ گہری یاری۔

**گاڑھی کمائی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ مال جو کمال محنت و مشقت سے حاصل کیا گیا ہو۔

**گاڑھے پسینے کی کمائی** ۔ (ا ۔ مث) وہ کمائی جو بڑی محنت اور مشقت سے کمائی گئی ہو۔



Marfat.com

**گاڑی** ۔ (گا۔ڑی) (ہ یا ۔مث) اسباب لادنے یا سوار ہونے کی پہیے دار چیز۔ چھکڑا ۔ بہلی ۔ رتھ ۔ ٹمٹم ۔ تانگہ ۔ فٹن وغیرہ (۲) ریل گاڑی ۔ موٹر ۔
**گاڑی بان ۔ گاڑی وان** ۔ (ا ۔ مذ) کوچبان ۔ گاڑی چلانے والا ۔
**گاڑی بھر** ۔ (ا ۔ صف) بہت سا ۔ بہت زیادہ ۔ اَٹ گٹ ۔
**گاڑی بھر آشنائی سے چٹکی بھر ناتا** ۔ (ا ۔ مثل) معمولی سی رشتہ داری بہت زیادہ دوستی سے بہتر ہے ۔
**گاڑی بھر راستہ** ۔ (ا ۔ مذ) اتنا راستہ جس میں سے گاڑی نکل جائے ۔ چوڑا سا راستہ ۔
**گاڑی جوتنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بگھی وغیرہ میں گھوڑے کو جوڑنا ۔
**گاڑی چلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گاڑی ہانکنا ۔ کوچوانی کرنا (۲) گاڑی کو کرائے پہ دینا یا خود چلانا ۔
**گاڑی چھوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ریل کا اسٹیشن سے روانہ ہونا ۔
**گاڑی خانہ** ۔ (ا ۔ مذ) گاڑیاں رکھنے کی جگہ ۔ بگھی خانہ ۔
**گاڑی دیکھ کر پاؤں پھولتے ہیں** ۔ (ا ۔ مثل) آرام کے لیے بہانہ ۔ جب کوئی خود ہمت نہ کرے اور دوسروں کے سہارے چلنے پر تکتے ہیں ۔
**گاڑی سا ڈیل گھل جانا** ۔ موٹے آدمی کا دُبلا ہو جانا ۔
**گاڑی کاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹرین میں کوئی ڈبّا الگ کرنا (۲) گاڑی سے مال چوری کر لینا ۔
**گاڑی کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (کنایتاً) کنبے کا بوجھ یا کسی کام کی ذمہ داری اپنے سر لینا ۔
**گاڑی لیٹ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گاڑی کا وقت مقررہ پر نہ پہنچنا ۔
**گاڑی ہانکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گاڑی کے جانور کو چلانا ۔
**گاز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی قینچی (۲) شمع کا گل کترنے کی قینچی ۔ گُل گیر (۳) ہری گھاس ۔
**گاز** ۔ (Gauze) (انگ ۔ ا ۔ مذ) سوتی دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا ۔
**گازر** ۔ (گا۔زر) (ف ۔ ا ۔ مذ) کپڑے دھونے والا ۔ دھوبی ۔
**گاف** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک حرف کا نام (۲) بیہودہ باتیں ۔ بکواس ۔ حد سے زیادہ بڑھ جانا ۔
**گاف** ۔ (Golf) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک مغربی کھیل جو میدان میں ہاکی نما لکڑی اور چھوٹی گیند سے دو آدمی کھیلتے ہیں ۔
**گاگر** ۔ (گا۔گر) (ہ ۔ ا ۔ مث) مٹی یا دھات کا گگڑا ۔ مٹی کا وہ برتن جس میں شربت بھر کر منہ پر سُرخ کپڑا اور پھولوں کے ہار ڈال کر مزاروں پر چڑھاتے ہیں
**گال** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) رخسار (۲) ایک قسم کا تمباکو (۳) گفتگو ۔ باتیں (۴) لقمہ ۔ گھونٹ (۵) اناج کی مٹھی جو چکی میں ڈالیں ۔ (۶) روٹی کا ٹکڑا ۔ (۷) (مث) گالی ۔
**گال بجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منہ سے بم بم کی آواز نکالنا (۲) بیہودہ بکنا (۳) ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔
**گال پر گال دھر جانا ، چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موٹاپے سے گالوں کا جھول جانا (۲) بہت موٹا ہونا ۔
**گال پھلانا ۔ گال سجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گالوں میں ہوا بھر کر انہیں اُونچا کرنا (۲) رنجیدہ ہونا ۔ غصّہ کرنا ۔ منہ سجانا ۔
**گال پچک جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گالوں کا بیٹھ جانا ۔ دُبلا ہو جانا ۔
**گال توڑنا ۔ گال کاٹنا** ۔ کسی کا گال مسکنا ۔ گال میں چٹکی لینا ۔ زور سے بوسہ لینا کہ گال میں دانت کا نشان پڑ جائے ۔ رخسار پہ دانت مارنا ۔ نقصان پہنچانا ۔
**گال سجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منہ پھلانا ۔ روٹھ جانا ۔ غصّے میں ہونا ۔
**گال سے گال جُدا نہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وصل میں ہم آغوش ہونا ۔
**گال کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زبان درازی کرنا (۲) گالی دینا ۔
**گال نیلے کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زیادہ بوسوں سے گالوں کا نیلا ہو جانا ۔
**گال میں چاول بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طعن و طنز سے باتیں کرنا ۔ ڈینگ ملنا ۔
**گال والا جیتے ۔ مال والا ہارے** ۔ (ا ۔ مثل) زبان دراز کے آگے بھلے مانس کو خاموش ہونا پڑتا ہے ۔ چالاک جھوٹا آدمی سچے کو جھٹلا دیتا ہے ۔
**گال** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) کیچڑ ۔ گارا ۔
**گالا** ۔ (گا۔لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دھنی ہوئی روئی کا چھوٹا سا گچھا (۲) برف کی مانند سفید چیز ۔
**گالا سا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) روئی کی مانند ملائم (۲) برف کی مانند سفید ۔ بہت زیادہ سفید ۔
**گالا سے بال** ۔ (ا ۔ صف) سفید بال ۔ دُھلے بال ۔
**گالے (کرنا) بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دُھنکی اور صاف کی ہوئی روئی کے گولے بنانا ۔
**گالے ڈوبیں ۔ پتھر تریں** ۔ (ا ۔ مثل) جھوٹا آدمی سچا ثابت ہو جائے اور سچے کو جھوٹا بنا دیا جائے ۔ ایمان دار کا نقصان ہو اور بے ایمان کا فائدہ ۔ کمینے کی عزت ہو جائے اور شریف کی ذلت ہو ۔
**گالم گلوچ** ۔ (گا۔لم ۔ گَ ۔ لوچ) (ہ ۔ ا ۔ مث) گالی گفتار ۔ دشنام دہی ۔
**گالنا** ۔ (ق ۔ مص) گلانا ۔ پگھلانا ۔
**گالو** ۔ (گا۔لو) (ہ ۔ صف) باتونی ۔ بکواسی ۔
**گالی** ۔ (گا۔لی) (س ۔ ا ۔ مث) دشنام ۔ بد زبانی ۔ فحش بات ۔
**گالی چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایسا کہنا جس سے کوئی سسرالی رشتہ بنتا ہو ۔
**گالی دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دشنام دینا ۔ بُری بات منہ سے نکالنا ۔
**گالی دیے سے گونگا بولے** ۔ (ا ۔ مثل) بُری بات کوئی بھی نہیں سہارتا
**گالی کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دشنام سُننا ۔ فحش بات سُننا ۔
**گالی گفتار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) گالی گلوچ ۔ باہمی دشنام دہی ۔
**گالی ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گالی دی جانا ۔
**گالیاں بکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فحش باتیں منہ سے نکالنا ۔
**گالیاں پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بُرا بھلا سُننا ۔ سخت و سست کہا جانا ۔
**گالیاں پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گالیاں دی جانا ۔
**گالیاں دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بد زبانی کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ دشنام طرازی کرنا ۔
**گالیاں سُننا** ۔ دشنام سُننا ۔
**گالیاں سہانیاں** ۔ (ا ۔ مثل) معشوقوں یا پیاروں کی گالیاں جو اچھی معلوم ہوں ۔



Marfat.com

**گالیاں گھڑ گھڑ کے دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) نئی نئی گالیاں دینا۔ بنا بنا کر گالیاں دینا۔
**گالیوں پر اُتر آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنے لگ جانا
**گالیوں پر زبان کھولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گالیوں پر منہ کھولنا۔ گالیاں دینے لگنا۔
**گالیوں کا جھاڑ باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گالیوں کی بوچھاڑ کرنا۔ لگاتار گالیاں دیے جانا۔
**گالیوں کی بھرمار۔ گالیوں کی کثرت** ۔ (ا۔مث) لگاتار بے شمار گالیاں۔
**گام** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) قدم (۲) ایک قدم کا فاصلہ (۳) گھوڑے کی ایک چال۔
**گام زن** ۔ (ف۔ صف) چلنے والا۔ تیز رو۔ تیز رفتار۔
**گام فرسائی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) تیز چلنا۔
**گامچی** ۔ (گام۔ چی) (ف۔ ا۔ مث) ساز کا ایک ٹکڑا جو گھوڑے کی دُم میں لگایا جاتا ہے۔
**گانا** ۔ (گا۔ نا) (ہ۔ مص) الاپنا۔ راگ گانا۔ ترنم سے آواز نکالنا (۲) بیہودہ باتیں کرنا (۳) سراہنا۔ تعریف کرنا (۴) اپنے مطلب کی بات کرنا۔
(ا۔ مذ) راگ۔ نغمہ۔
**گانا بجانا** ۔ (ا۔ مذ) راگ رنگ۔ نغمہ سرود۔
**گانا رونا کس کو نہیں آتا** ۔ (ا۔ مثل) ایسی باتیں سب جانتے ہیں۔
**گانتھنا** ۔ (گانتھ۔ نا) (ہ۔ مص) اینٹوں کی چنائی کرنا۔ چُننا۔
**گانٹھ** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) گرہ (۲) جوڑ بند (۳) گٹھڑی (۴) جڑ (۵) عداوت۔ نفاق بیر (۶) عہد۔ پیمان۔ قول و قرار (۷) ہاتھ پاؤں اور انگلیوں کے جوڑ گنّے اور بانس وغیرہ کی گرہ۔
**گانٹھ اکھڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جوڑ ہل جانا۔
**گانٹھ باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گرہ دینا (۲) یاد رکھنا (۳) عقد باندھنا نکاح کرنا۔
**گانٹھ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گرہ لگنا (۲) آن بن ہونا (۳) طعام کھانے کا پکتے پکتے بستہ ہو جانا۔
**گانٹھ جوڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔
**گانٹھ دار** ۔ (ا۔ صف) گرہیں رکھنے والا۔
**گانٹھ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) گانٹھنا۔ گرہ دینا۔ گرہ لگانا۔
**گانٹھ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز میں گرہ ڈال دینا۔
**گانٹھ سے جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذاتی نقصان ہو جانا۔ اپنی جیب سے روپیہ نکل جانا۔ اپنے پاس سے خرچ ہو جانا۔
**گانٹھ کا** ۔ (ا۔ صف) اپنا۔ ذاتی۔ اپنے پاس کا۔
**گانٹھ کا پورا** ۔ (ا۔ صف) دولت مند۔ مالدار (۲) عیار۔ چالاک۔ مطلب کا پکا۔
**گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا** ۔ (ا۔ مثل) بیوقوف مالدار جو سستی چیز مہنگے داموں خریدے۔ احمق دولتمند جو جلد فریب میں آ جائے۔
**گانٹھ کا پیسہ** ۔ (ا۔ مذ) ذاتی روپے۔ اپنا روپیہ۔ پلے کی رقم۔
**گانٹھ کا دیجے پر بیچ میں نہ پڑے** ۔ (ا۔ مثل) ضامن بننے سے نقد دینا بہتر ہے۔
**گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا** ۔ (ا۔ مثل) اپنا نقصان برداشت کرکے جھگڑا مول لینا۔ پاس سے رقم دے کر دشمنی خریدنا۔
**گانٹھ کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جیب کترنا۔ ٹھگنا۔
**گانٹھ کا کھونا** ۔ (ا۔ محاورہ) اپنی گرہ کا روپیہ ضائع کرنا۔
**گانٹھ کترا** ۔ (ا۔ صف) جیب کترنے والا۔ جیب کترا
**گانٹھ کترنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جیب کاٹ لینا (۲) چرانا (۳) غبن کرنا۔
**گانٹھ کٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جیب کا کٹ جانا (۲) جیب سے روپیہ چوری ہونا۔ ٹھگا جانا۔
**گانٹھ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اتفاق کرنا۔ سازش کرنا (۲) اپنی جیب میں روپیہ رکھنا (۳) جمع کرنا۔ جوڑنا۔
**گانٹھ کھولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گرہ کھولنا (۲) (کنایۃً) کینہ دور کرنا۔ صلح صفائی کرنا (۳) خوب خرچ کرنا۔
**گانٹھ گٹھیلا** ۔ (ا۔ مذ) گرہ دار۔ بہت سی گرہوں والا (۲) مضبوط۔ گانٹھوں سے گٹھا ہوا۔
**گانٹھ گرہ میں کچھ نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بالکل مفلس ہونا۔ پاس کچھ نہ ہونا۔
**گانٹھ گرہ میں نہ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) پاس کچھ روپیہ پیسہ ہونا۔
**گانٹھ لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) قبضہ میں کر لینا (۲) ہم خیال کرنا۔ ملانا۔ موافق کر لینا۔
**گانٹھ میں باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نصیحت کی بات یاد رکھنا۔ عبرت حاصل کرنا (۲) اپنے قبضے میں کر لینا۔
**گانٹھ میں پیسہ نہ رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) سب خرچ کر ڈالنا۔
**گانٹھ میں رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) نقدی پلے رکھنا۔ اپنی جیب میں رکھنا۔ اپنے قبضے میں رکھنا۔
**گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے** ۔ (ا۔ مثل) اگر آدمی کے پاس دولت ہے تو وہ سب سے دانا اور عقلمند ہے۔ ورنہ بیوقوف بدھو ہے۔
**گانٹھ نہ مُٹھی پھر پھرا تی اُٹھی** ۔ (ا۔ مثل) پاس تو کچھ نہیں خرچ کرنے کو جی چاہتا ہے۔
**گانٹھا** ۔ (گاں۔ ٹھا) (ہ۔ ا۔ مذ) گرہ دار حصہ۔ ڈنٹھل۔
**گانٹھنا** ۔ (گانٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) گرہ دینا۔ باندھنا (۲) جوڑنا۔ مرمت کرنا (۳) خیال باندھنا (۴) ملانا۔ سازش کرنا (۵) قابو کرنا۔
**گانٹھی** ۔ (گاں۔ ٹھی) (ق۔ ا۔ مث) گانٹھ۔
**گانجا۔ گانجھا** ۔ (گاں۔ جا۔ گاں۔ جھا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھنگ کا پودا۔ ایک نشہ دار درخت کا نام جس کے بیج چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔
**گانجنا۔ گانجھنا** ۔ (گانج۔ نا۔ گانجھ۔ نا) (ہ۔ مص) مل دل ڈالنا۔ کپڑے کی تہیں خراب کرنا۔
**گانجے کا دم** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گانجے کا کش۔ گانجے کا دھواں۔
**گانجے والا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گانجا پینے والا۔ گانجا بیچنے والا۔
**گاندھار** ۔ (گاں۔ دھار) (س۔ ا۔ مذ) علم موسیقی کے سات سُروں میں سے تیسرا سُر۔



Marfat.com

سوراخ کرنا۔

**گانسی** ۔ (گاں ۔سی) (ہ ۔ ا ۔ مث) لوہے کا پھل جو تیروں میں لگاتے ہیں۔

**گانگن** ۔ (گاں ۔گن) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا پھوڑا ۔ ڈنبل ۔ وہ پھوڑا جس کا منہ اُوپر کی طرف نہ ہو۔

**گانوں** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گاؤں ۔ موضع ۔ دیہہ ۔ بستی ۔

**گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کا پیر** ۔ (ا ۔ مثل) جس کی جو عادت ہوتی ہے وہ اکثر جاری رہتی ہے ۔

**گاو** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث و مذ) بیل (۲) گائے (۳) ایک برج کا نام ۔

**گاوِ پرواری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) گھر کا پلا ہوا بیل ۔ موٹا تازہ بیل ۔

**گاوُ پشت** ۔ (ف ۔ صف) مخروطی (۲) آسمان ۔

**گاوُ پلنگ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) زرافہ ۔

**گاوُ پیکر** ۔ (ف ۔ صف) گائے کے بدن کا (۲) فریدوں کے گُرز کا نام ۔

**گاوُ تکیہ** ۔ (ا ۔ مذ) لمبا اور بڑا تکیہ جس کو پس پشت لگا کر بیٹھتے ہیں۔

**گاوُ چشم** ۔ (ا ۔ مذ) بڑی بڑی آنکھوں والا (۲) ایک انگریزی پھول ڈیزی۔

**گاوِ خراس** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کولھو کا بیل۔

**گاوُ خورد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) برباد ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ ضائع ہونا ۔

**گاوُ دُم** ۔ (ف ۔ صف) مخروطی (۲) ترئی ۔ قرنا ۔

**گاوُ زبان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک مشہور دوا ، جس کے پتوں پر گائے کی زبان کی طرح کے اُبھار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا لمبوترا پراٹھا جو تنور میں پکایا جاتا ہے ۔

**گاوُ زر ، گاوِ زریں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سونے کا پیالہ جس کی شکل گائے جیسی ہوتی ہے (۲) گاوُ سامری ۔

**گاوِ زمین** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قدیم خیال کے مطابق وہ بیل جس کے ایک سینگ پر زمین رکھی ہوئی ہے

**گاوُ زہرہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) تکونا پتھر (۲) وہ پتھری جو گائے کے پتے سے نکلتی ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

**گاوِ سامری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سونے کا بچھڑا جو حضرت موسیٰ کے زمانہ میں سامری نے بنایا تھا۔

**گاوُ عنبر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ سمندری گائے جس کی نسبت لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ عنبر اُگلتی ہے ۔

**گاوِ فلک** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گاوِ گردوں ۔ برج ثور ۔

**گاوُ کشی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گائے کو ذبح کرنا ۔ ذبیحہ گاے ۔

**گاوُ کوہان دار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) جنگلی گایوں کی ایک قسم ۔ نر کے کوہان ہوتا ہے ۔

**گاوُ گاہ گاہ ماہی ہر ماہ بُز ہر گاہ** ۔ (ف ۔ مقولہ) طبیبوں کا خیال ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی ، مچھلی ہر ماہ ایک بار اور بکری کا گوشت ہر روز کھانا چاہیئے۔

**گاوُ ماہی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ایک جانور جو نصف مچھلی اور نصف بیل ہے ۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق زمین اس کے سینگ پر کھڑی ہے ۔

**گاوُ میش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) بھینس ۔

**گاوِن** ۔ (گا ۔ وِن) (ق ۔ ا ۔ مث) گائن ۔ گانے والی ۔

**گاہ ۔ گہ** ۔ (گاہ ۔ گہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) وقت ۔ سماں (۲) جگہ ۔ مقام ۔ مکان (۳) بار ۔ دفعہ ۔ موقع (۴) کسی وقت ۔ کبھی۔

**گاہ بہ گاہ ۔ گاہ گاہ** ۔ (ف ۔ تابع فعل) کبھی کبھی ۔ کسی کسی وقت (۲) بھولے بسرے۔

**گاہک** ۔ (گا ۔ ہک) (ہ ۔ ا ۔ مذ) خریدار ۔ مشتری ۔

**گاہکی** ۔ (گاہ ۔ کی) (ہ ۔ ا ۔ مث) خریداری ۔ طلبگاری ۔

**گاہن** ۔ (گا ۔ ہن) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہل چلاتے ہوئے کھیت کی گھاس دور کرنے کا سراون ۔

**گاہنا** ۔ (گاہ ۔ نا) (ہ ۔ مص) مسلنا ۔ روندنا ۔ اناج پر بیلوں کو پھرانا تاکہ بھس اور اناج الگ الگ ہو جائے ۔

**گاہے** ۔ (گا ۔ ہے) (ف) کبھی ۔ کسی وقت ۔

**گاہے گاہے ۔ گاہ بہ گاہ** ۔ (ف ۔ تابع فعل) کبھی کبھار ۔

**گاہے باشد کہ کودکے ناداں ٭ ز غلط بر ہدف زند تیرے** ۔ (ف ۔ مقولہ) بچہ بھی غلطی سے نشانے پر تیر مار دیتا ہے جب کوئی شخص اتفاقیہ صحیح بات کہہ دیتا ہے تو کہا جاتا ہے۔

**گاہے تولہ گاہے ماشہ** ۔ (ف ۔ مقولہ) متلون مزاج شخص کے متعلق کہا جاتا ہے ۔

**گاہے ماہے** ۔ (ف ۔ تابع فعل) مہینے بعد ۔ مہینے میں ایک دفعہ (۲) کبھی کبھار ۔ کبھی کبھی ۔

**گائیڈ** ۔ (Guide) (گا ۔ اِڈ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) رہنما ۔ پیشوا ۔ رہبر ۔

**گائک** ۔ (گا ۔ اِک) (س ۔ ا ۔ مذ) گویا ۔ گانے والا ۔ قوال ۔ ڈوم ۔

**گائن** ۔ (گا ۔ اِن) (س ۔ ا ۔ مث) گائک کی تانیث ۔ گانے والی ۔

**گاؤن** ۔ (Gown) (گا ۔ اُن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مغربی وضع کا لمبا چغہ ۔ جبہ جو پادری عموماً اور ڈگری لینے والے طلباءُ اور وکلاء اور یونیورسٹی کے اراکین وغیرہ خاص موقعوں پر پہنتے ہیں (۲) مغربی عورتوں کا ایک لباس ۔

**گائے** ۔ (گا ۔ اے) (ہ ۔ ا ۔ مث) مادہ گاو ۔ گئو (کنایتاً) غریب بے ضرر ۔ بے زبان ۔

**گائے جنے ۔ بیل کی دُم پھٹے** ۔ (ا ۔ مثل) سخی دے اور حاسد کو حسد ہو۔

**گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے تلے کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حکمت عملی سے کام لینا ۔ تدبیر سے مطلب براری کرنا ۔

**گائے کرنا** ۔ گائے ذبح کرنا ۔

**گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے** ۔ (ا ۔ مثل) ماں باپ کو اولاد کی پرورش مشکل معلوم نہیں ہوتی ۔ مالک کو اپنی چیز خواہ وہ تکلیف دہ کیوں نہ ہو ، ناگوار نہیں گزرتی ۔

**گائے کی طرح کانپنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت ڈرنا ۔

**گائے نہ بچھی ۔ نیند آئے اچھی** ۔ (ا ۔ مثل) جس کے پاس کچھ نہیں وہ بے فکری کی نیند سوتا ہے ۔

**گائیدہ** ۔ (ف ۔ صف) وہ جس نے اپنی بکارت کھو دی ہو ۔ کنواری لڑکی



Marfat.com

کا زنا کرانا۔
**گایتری**۔ (گا۔یت۔ری) (س۔ا۔مث) رگ وید کا ایک منتر۔
**گائک**۔ (س۔صف) مغنّی۔ گویّا۔ گانے والا۔

## گ۔ب

**گَب**۔ (ہ۔ا۔مذ) حمل۔ گربھ (۲) (مث) گائے۔
**گبا گبھا**۔ (گَب۔با۔گبھ۔بھا) (ہ۔ا۔مذ) توشک۔ گدیلا۔ روئی دار نرم بچھونا۔
**گَبد**۔ (گَ۔بَد) (ہ۔صف) بے وقوف۔ بُھس۔ کم عقل۔
**گبدا**۔ (گَب۔دا) (ہ۔صف) موٹا تازہ۔ لحیم و شحیم۔ بھرا ہوا بدن۔
**گبر**۔ (ف۔ا۔مذ) آتش پرست۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ زردشت کا پیرو۔
**گبّر**۔ (گَب۔بَر) (ہ۔صف) مغرور۔ متکبّر (۲) مالدار۔ دولتمند۔
**گبرو۔ گبھرو**۔ (گَب۔رو۔گبھ۔رُو) (ہ۔صف) نوجوان۔ نوخیز (۲) (ا۔مذ) دولہا۔ نوشہ۔
**گبرون**۔ (گَب۔رُون) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔
**گبھانا**۔ (ہ۔مص) چبھونا۔ گھونپنا۔ گھسیڑنا (۲) رنجڑ لگانا۔ آنکس لگانا۔
**گبھوتی**۔ (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جو گاؤں کے اردگرد ہو۔
**گبریلا**۔ (گَب۔ری۔لا) (ہ۔ا۔مذ) بھونرے کی مانند پردار کالا کیڑا جو گوبر میں ہوتا ہے۔
**گبھیلا**۔ (ہ۔صف) سخت چیز۔ سخت گولیاں۔ سخت گولیوں سے مرکب جیسے پاخانے کی۔
**گبھیلے**۔ (ہ۔ا۔مذ) سُدّے جو قبض کی وجہ سے انتڑیوں میں پڑ جاتے ہیں۔
**گبھیلن**۔ (گَ۔بھے۔لَن) (ہ۔ا۔مث) ایک رحم ہونے کی محبت۔

## گ۔پ

**گپ**۔ (ہ۔ا۔مث) جھوٹی بات۔ افواہ (۲) شیخی۔ ڈینگ (۳) افسانہ (۴) بکواس۔ لغویات۔
**گپ اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) جھوٹی بات مشہور کرنا۔ جھوٹی باتیں کرنا۔
**گپ اُڑنا**۔ (ا۔محاورہ) جھوٹی بات مشہور ہونا۔ بے تکی باتیں مشہور ہونا۔
**گپ زن**۔ (ا۔صف) گپیں ہانکنے والا (۲) ڈینگ مارنے والا۔
**گپ شپ**۔ (ہ۔ا۔مث) ہنسی دل لگی کی باتیں۔ جھوٹی باتیں۔
**گپ شپ اُڑانا**۔ (ا۔محاورہ) جھوٹی سچی باتیں مشہور کرنا۔
**گپ مارنا۔ گپ ہانکنا**۔ (ا۔محاورہ) جھوٹ بولنا۔ شیخی بگھارنا۔
**گُپت**۔ (ہ۔صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) اندھا۔
**گُپ چُپ**۔ (ہ۔صف) خاموش۔ چُپ چاپ (۲) خاموشی سے مخفی طور سے (۳) لڑکوں کا ایک کھیل۔
**گپ چپ کی مٹھائی** (کے لڈو)۔ ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے۔
**گپ چپ کی مٹھائی کھانا**۔ (ا۔محاورہ) گپ چپ سے لڈو کھانا۔ خاموش رہنا۔ منہ سے نہ بولنا۔
**گپا**۔ (گَپ۔پا) (ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔
**گپا دینا**۔ (ا۔محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
**گپا کھانا**۔ (ا۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
**گپا گپ**۔ (گَ۔پا۔گپ) (ہ۔ا۔مذ) جلد جلد کھاتے اور نگلنے کی آواز (۲) بکثرت۔ بافراط۔
**گپت**۔ (س۔صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ درپردہ۔ غائب۔ محفوظ۔ بچا ہوا۔
**گپت آمدنی**۔ (ہ۔ا۔مث) بالائی آمدنی۔ وہ آمدنی جو ظاہر نہ ہو۔ رشوت۔
**گپت دان**۔ (ہ۔ا۔مذ) خفیہ طور پر خیرات۔
**گپت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
**گپت مار**۔ (ہ۔ا۔مث) گُجھی مار (۲) وہ مار جس کا نشان بظاہر دکھائی نہ دے (۲) طعنہ۔ طنز۔
**گپت مال**۔ (ہ۔ا۔مذ) چھپا خزانہ۔ دفینہ۔
**گپت ہونا**۔ (ا۔محاورہ) چھُپ جانا۔ غائب ہو جانا۔
**گپتی**۔ (گپ۔تی) (ہ۔ا۔مث) وہ تلوار جو دستی چھڑی میں مخفی ہوتی ہے۔
**گپڑ**۔ (گَ۔پڑ) (ہ۔ا۔مث) گپ۔ بیہودہ بات۔ محض بکواس۔
**گپڑ چوتھ**۔ (ہ۔ا۔مث) گڈمڈ۔ غلط سلط۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے۔
**گپڑ فپڑ۔ گپ شپ**۔ (ہ۔ا۔مث) بے ہودہ باتیں۔ واہیات گپیں۔
**گپکنا**۔ (گَ۔پک۔نا) (ہ۔مص) نگلنا۔ ہوا میں جاتے ہوئے گیند کو ہاتھ میں لے لینا۔
**گپ گپ**۔ (ہ۔ا۔مث) دیکھیے گپا گپ۔ جلدی جلدی۔
**گپل**۔ (گَپ۔پل) (ہ۔ا۔مذ) گول ٹھیکرا۔
**گپھا**۔ (گ۔پھا) (ہ۔ا۔مذ) غار۔ کھوہ۔ چھپنے کی جگہ۔
**گپھا**۔ (گپ۔پھا) (ہ۔ا۔مذ) پھندنا (۲) ریشم زری کے تاروں کا گچھا۔
**گپھے**۔ (ہ۔ا۔مذ) سر کے سامنے کے ڈھلکے ہوئے بال جو عورتیں زینت کے لیے اُٹھا دیتی ہیں۔
**گپھے دار**۔ پھندنے دار۔
**گپی گپیا**۔ گپ۔پی۔گپ۔پیا) فضول باتیں کرنے والا۔ جھوٹا۔ شیخی مار۔

## گ۔ت

**گت**۔ (ہ۔ا۔مث) حرکت۔ چال۔ رفتار (۲) حالت۔ کیفیت۔ طرز (۳) کریا کرم۔ مُردے کے جلانے یا دفنانے کی رسم (۴) مارپیٹ۔ زدوکوب (۵) لے۔ تار۔ سُر۔ نغمہ (۶) ایک قسم کا ناچ (۷) خوشی۔ فرحت (۸) جلوس (۹) چالاکی۔ عیّاری (۱۰) سلیقہ۔ ترکیب۔ ٹال مٹول (ق)
**گت بجانا**۔ (ا۔محاورہ) ساز بجانا۔ کوئی لے چھیڑنا۔ ساز کا ایک خاص



Marfat.com

انداز سے بجانا ۔
**گت بنانا** ۔ (۱۔ محاورہ) ڈھنگ بنانا ۔ وضع اختیار کرنا (۲) باجے کے سُر گانے کے موافق بنانا (۳) سازوں کے بجانے کا نیا طرز ایجاد کرنا (۴) بُرا حال کرنا (۵) سزا دینا ۔ مارنا پیٹنا ۔
**گت بھرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ناچ کا ٹھاٹھ بنانا ۔ راگ کے اصول کے مطابق ناچنا ۔
**گت چلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گت پر ناچنا ۔
**گت کا** ۔ (ہ ۔ صف) وضع کا ۔ ڈھنگ کا ۔ ٹھکانے کا (۲) اچھا ۔ عمدہ قابلِ تعریف ۔
**گت کرانا** ۔ (۱۔ محاورہ) دُرگت بنوانا ۔ بُری حالت کرانا ۔
**گت کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا (۲) مردے کی رسم ادا کرنا (۳) مارنا پیٹنا ۔ استعمال میں لانا (۴) آدنے پونے فروخت کرنا ۔
**گت ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) کام میں آنا (۲) مار کھانا ۔ سزا پانا (۳) مُردے کی کریا کرم ہونا (۴) نجات ہونا (۵) بِک جانا ۔ دام کھرے ہونا ۔
**گتّا** ۔ (گت تا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلد باندھتے ہیں ۔
**گتکا** ۔ (گت ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پٹا کھیلنے کی لکڑی ۔
**گت کار** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) ہنرمند ۔
**گُتھ جانا** ۔ (گُتھ ۔ جانا) (ہ ۔ مص) بھڑ جانا ۔ لڑ جانا ۔ لڑتے لڑتے آپس میں لپٹ جانا ۔
**گُتھم گتھا** ۔ (گُتھ ۔ تھم ۔ گُتھ ۔ تھا) (ہ ۔ صف) غٹ پٹ ۔ گُتھم گُتھا ۔ لڑائی جھگڑا ۔
**گُتھم گتھا ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) گتھنا ۔ لڑائی میں باہم لپٹ جانا ۔
**گُتھنا** ۔ (گُتھ ۔ نا) (ہ ۔ مص) لڑائی میں باہم لپٹنا ۔ بھڑنا (۲) پرویا جانا ۔ نتھی ہونا (۳) محو ہونا ۔ غرق ہونا (۴) پھنس جانا ۔
**گُتھوال** ۔ (گُتھ ۔ وال) (ہ ۔ صف) بٹا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ گُندھا ہوا ۔
**گُتھوانا** ۔ (گُتھ ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) بھڑوانا (۲) گندھوانا ۔
**گُتھی** ۔ (گُتھ ۔ تھی) (ہ ۔ ا ۔ مث) گنجلک ۔ گرہ ۔ اُلجھن ۔ پیچ (۲) دشواری ۔ مشکل (۳) تھیلی ۔
**گُتھی پڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) اُلجھاؤ ہونا ۔ سوت میں گرہ پڑنا (۲) دل میں گرہ پڑنا ۔ عداوت ہونا (۳) معاملے میں پیچ پڑنا ۔ اُلجھاؤ پیدا ہونا ۔
**گُتھی سلجھانا** ۔ (۱۔ محاورہ) گرہ کھولنا (۲) عقدہ حل کرنا ۔
**گُتھی سلجھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گرہ کھل جانا (۲) عقدہ حل ہونا
**گتی** ۔ (گ ۔ تی) (ق ۔ صف) عیار ۔ چالاک ۔
**گتی** ۔ (گ ۔ تی) (س ۔ ا ۔ مث) نجات ۔ مُکتی ۔
**گتّی** ۔ (گت ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) سپاہیوں کی ایک قسم کی چھوٹی سی پگڑی ۔ (۲) بچّوں کا کھیل ۔
**گتیا** ۔ (گت ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) طبلہ بجانے والا ۔ طبلچی ۔

# گ ۔ ٹ

**گٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) نگلنے یا حلق سے اُتر جانے کی آواز (۲) تو تل یا صراحی سے پانی نکلنے کی آواز ۔
**گٹ پٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) باہم گُتھ جانا (۲) انبار ۔ ڈھیر (۳) بے ترتیبی ۔ خلط ملط ۔
**گٹ پٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) انگریزی زبان میں ت کو ٹ بولتے ہیں اس لیے ہندوستانیوں نے انگریزی زبان کا نام گٹ پٹ رکھ دیا ۔
**گٹ پٹ ہو جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) باہم مل جانا (۲) ہم بستر ہونا ۔ گُتھ جانا ۔ لڑ جانا ۔
**گٹ گٹ** ۔ پانی کے جلد جلد پینے کی آواز (۲) ایک برتن سے دوسرے برتن میں پانی اُنڈیلنے کی آواز ۔ قلقل ۔
**گٹّا** ۔ (گٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ٹخنے یا کلائی کا جوڑ (۲) حقے کا وہ حصہ جہاں دو نلی نیچے ملائے جاتے ہیں (۳) وہ نشان جو سجدے کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے (۴) پاؤں کے پشت کی وہ سخت جو بیٹھنے سے زمین پر ٹکنے سے گٹّا پڑتی ہے (۵) ایک قسم کی مٹھائی ۔
**گٹّا سی جان** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) پیاری جان ۔ جانِ شیریں ۔
**گٹّا** ۔ (گٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) تاگے کا ریل ۔ دھاگے کی ٹکی ۔
**گٹّا** ۔ (گٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ صف) بونا ۔ ٹھگنا ۔ پستہ قد (۲) (۱ ۔ مذ) کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا ۔
**گٹّے کھیلنا** ۔ ایک قسم کا کھیل جسے کم عمر لڑکیاں کھیلتی ہیں ۔
**گٹّا پارچا ۔ گٹّا پرچا** ۔ (گٹ ۔ ٹا ۔ پار ۔ چا ۔ گٹ ۔ ٹا ۔ پر ۔ چا) (ملائی ۔ ا ۔ مذ) ربڑ کی مانند ایک مادہ جو درختوں کے دودھ سے بنایا جاتا ہے ۔
**گٹّھ ۔ گٹّھک** ۔ (گٹ ۔ ٹھ) (گٹ ۔ ٹھک) (ہ ۔ صف) بونا ۔ پستہ قد (۲) (۱ ۔ مث) چلم کے سوراخ میں رکھنے کی ٹھیکری ۔
**گٹر** ۔ (Gutter) (گ ۔ ٹر) (انگ ۔ ا ۔ مث) نالی ۔ موری ۔ پرنالہ
**گٹر گوں** ۔ (گ ۔ ٹر ۔ گوں) (ہ ۔ ا ۔ مث) کبوتر کے بولنے کی آواز ۔ غٹر غوں ۔
**گٹکا** ۔ (گٹ ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بڑی گولی (۲) شطرنج کا مہرہ ۔ چھوٹی سی کتاب (۳) ایک مرکب مسالہ جسے لوگ بجائے پان کے استعمال کرتے ہیں ۔
**گٹکری** ۔ (گٹ ۔ ک ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ پیچ دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے گاتے وقت نکلتی ہے ۔ یہ لفظ "گ" کے زبر سے بھی مستعمل ہے (۲) ڈلا اینٹ یا کنکر کا چھوٹا ٹکڑا ۔
**گٹکری لینا ، نکالنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گلتے گلتے آواز کا لچکانا (۲) آواز کو جنبش دینا (۳) آواز کا لہرا لینا ۔
**گٹکنا** ۔ (گٹ ۔ ٹک ۔ نا) (ہ ۔ مص) کبوتر کا بولنا ۔ غٹر غوں کرنا (۲) نگل جانا ۔
**گٹھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) گانٹھ کا مخفف ۔ گرہ ۔ عقدہ (۲) بٹا ۔ بقچہ ۔
**گٹھ بندھن ۔ گٹھ جوڑ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گرہ بندھن ۔ ہندوؤں میں دولہا دُلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے (۲) میاں بیوی



Marfat.com

دولہا دُلہن (۳) دو آدمیوں کا ایک دل ہونا۔ دوستی۔

**گٹھ جوڑ باندھنا۔** (۱۔ محاورہ) دُولہا دلہن کے آنچلوں کو گرہ لگا دینا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔ عقد باندھنا۔ دوستی کرنا۔

**گٹھ کٹ۔ گٹھ کٹا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) جیب کترا۔ اچکا۔ ٹھگ۔

**گٹھا۔** (گٹھ۔ ٹھا) (ہ۔ ا۔ مذ) کسی چیز کا بڑا گٹھڑ۔ بوجھ (۲) بقچہ (۳) پیاز لہسن کی گانٹھ (۴) تین گز کا پیمانہ۔ جریب کا بیسواں حصہ۔

**گٹھا۔** (گ۔ ٹھا) (ہ۔ ا۔ مث) گرہ۔

**گٹھانا۔** (گ۔ ٹھا۔ نا) (ہ۔ مص) سلوانا۔ پیوند لگانا۔ چمڑے کے سامان کی مرمت کرانا۔

**گٹھاؤ۔** (ہ۔ ا۔ مث) جوڑنا۔ ملانا (۲) بنانا۔ بناوٹ۔ تعمیر (۳) تدبیر مشورہ سازش (۴) ملاوٹ جوڑ۔

**گٹھاؤ باندھنا۔** (۱۔ محاورہ) تعلق پیدا کرنا (۲) انجمن بنانا (۳) مشورہ کرنا۔

**گٹھائی۔** (گ۔ ٹھا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) سلائی۔

**گٹھرا۔** (گٹھ۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) سرمایا۔ پونجی۔

**گٹھڑا۔** (گٹھ۔ ٹھڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی گٹھڑی۔ انبار۔

**گٹھڑی۔** (گٹھ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) بقچی (۲) مقدار۔ تعداد۔

**گٹھڑی باندھنا۔** (۱۔ محاورہ) متفرق چیزوں کو ایک جگہ جمع کرنا۔ مال جمع کرنا۔

**گٹھڑی حلال لقمہ مُردار۔** (۱۔ مثل) کسی کی بہت بڑی چیز کو حلال جان کر خورد برد کرنا۔ اور تھوڑی سی چیز کو حرام سمجھ کر اس میں ایمانداری ظاہر کرنا۔

**گٹھڑی کر دینا۔** (۱۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر یا توڑ کر ایک جگہ ڈال دینا کسی کو باندھ دینا۔ پوٹ بنا دینا۔

**گٹھڑی مارنا۔** (۱۔ محاورہ) لوٹنا۔ مال مارنا۔ چوری کرنا۔ چھپانا۔

**گٹھل۔** (گٹھ۔ ٹھل) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی گرہ۔ بڑی گانٹھ (۲) گلٹی۔ غدود۔ (۳) بڑی گٹھلی (۴) (صف) گرہ (۵) سخت (۶) جما ہوا۔ بستہ (۷) کند (۸) کند ذہن۔ غبی۔

**گٹھلی۔** (گٹھ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) پھل کا بیج۔ تخم (۲) گلٹی (۳) گانٹھ۔

**گٹھنا۔** (گٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) سلنا۔ پیوند لگانا (۲) مل جانا۔ شریک ہونا (۳) سجنا۔ زیب دینا۔

**گٹھوانا۔** (گٹھ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) جڑوانا۔ سلوانا۔

**گٹھوانسی۔** (گٹھ۔ واں۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) جریب کے گٹھے کا بیسواں حصہ جو پانچ انچ ہوتا ہے۔

**گٹھوت۔** (گ۔ ٹھوت) (ہ۔ ا۔ مث) میل جول (۲) سازش۔

**گٹھونڈ۔** (گ۔ ٹھونڈ) (ہ۔ ا۔ مث) تحویل۔ تھیلی میں رکھی ہوئی امانت۔

**گٹھی۔** (گٹھ۔ ٹھی) (ہ۔ ا۔ مث) گرہ۔ گانٹھ (۲) جوڑ۔ بند۔

**گٹھیا۔** (گٹھ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) جوڑوں کے درد کی ایک بیماری۔ وجع مفاصل گٹھیا بائی (۲) اناج باندھنے یا روئی رکھنے کی گٹھڑی۔

**گٹھیلا۔** (گ۔ ٹھی۔ لا) (ہ۔ ا۔ مث) گرہ دار۔ گانٹھل والا (۲) مضبوط۔ سخت۔

**گٹھیلی۔** (گ۔ ٹھی۔ لی) (ہ۔ صف) گٹھیلا کی تانیث۔ گرہ والی۔ گانٹھ دار۔

**گٹی۔** (گٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) نیل کا مربع کاٹا ہوا ٹکڑا (۲) مٹی کا ڈھیلا۔

**گٹی۔** (گٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) پھرکی۔ ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے۔ (۲) چلم کی ٹھیکری۔

# گ۔ج

**گج۔ گجہ۔** (س۔ ا۔ مذ) ہاتھی۔ فیل۔

**گج باگ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) انکس۔ ہاتھی چلانے کا ہتھیار۔

**گج پال۔** (ہ۔ ا۔ مذ) فیلبان۔ مہاوت۔

**گج پتی۔** ہاتھیوں کا راجہ (۲) ہاتھی کا مالک (۳) سب سے بڑا ہاتھی (۴) مہاوت۔ فیلبان۔

**گج دنت۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی دانت۔

**گجرات۔** (ہ۔ ا۔ مذ) فیل بان (ق)۔

**گجراج۔** بہت بڑا ہاتھی۔ ہاتھیوں کا سردار۔

**گج گاہ۔** (ہ۔ ا۔ مذ) سرا۔ گاؤ کی دُم کے پھندنے جو ہاتھی کے سر کے دونوں طرف سجاوٹ کے لیے لٹکاتے ہیں۔

**گج گتی۔** (ہ۔ ا۔ مث) ہاتھی کی چال (۲) شاندار مستانہ چال۔

**گج متی۔** (ہ۔ ا۔ مذ) مست ہاتھی (ق)۔

**گج موتی۔** (ہ۔ ا۔ مذ) بہت بڑا موتی۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کی پیشانی سے نکلتا ہے۔

**گج نال۔** بہت بڑی جنگی توپ۔ قلعہ شکن توپ۔

**گجا۔** (گ۔ جا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھکڑے کا ایک حصہ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ خرما۔ بالوشاہی۔

**گجر۔** (گ۔ جر) (ہ۔ ا۔ مذ) گھنٹے یا گھڑیال کی آواز۔ چار بجے۔ آٹھ بجے اور بارہ بجے گھنٹے پر چند ضربیں (۲) صبح صادق کا وقت (۳) گاجر کا مخفف (۴) گیہوں یا جَو یا سُرخ و سفید گیہوں ملے ہوئے۔

**گجر بجنا۔** گھنٹے گھڑیال کا لگاتار بجنا (۲) صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا (۳) صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔

**گجر بجے۔ گجر دم۔** (ہ۔ تابع فعل) علی الصباح تڑکے۔ بہت سویرے۔

**گجر بھت۔ گجر بھتا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) کدوکش میں سے نکال کر دودھ اور چاولوں میں پکائی ہوئی گاجر۔ گجریلا۔

**گجر بھتا بنانا۔** (۱۔ محاورہ) خلط ملط کر دینا۔ اچھے بُرے کا ملا دینا۔

**گجرا۔** (گج۔ را) (ہ۔ ا۔ مث) پھولوں کا ہار۔ پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں (۲) کلائی میں پہننے کا ایک قسم کا زیور (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ مشروع۔

**گجرا ہار۔** دُہرا گندھا ہوا پھولوں کا ہار (۲) گلے میں پہننے والا سونے کا خوبصورت ہار۔

**گجری۔** (گج۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) کلائی میں پہننے کی موٹی سی چوڑی۔



Marfat.com

گجری - (گج - ری) (ہ - ا - مث) گوجری۔ گوجر کی عورت۔
گجری - (گُج - ری) (ق - ا - مث) منڈی۔ چوک۔ بازار۔
گجگجا - (گج - گ - جا) (ہ - صف) گیلا گیلا۔ نم دار (۲) کچا۔ نیم پختہ۔
گجگجانا - (گج - گ - جا - نا) (ہ - مص) (۱) بچے کا چٹکی میں آواز دینا (۲) بہت کاروبار ہونا۔ (۳) لٹے ہونا (۴) کھٹکنا (۵) کیڑوں کا رینگنا۔ کلبلانا۔
گجگجنا - (گج - گج - نا) (ق - مص) جگمگانا۔
گجنی - (گج - نی) (ہ - ا - مث) زمین۔ ڈھیلا۔ مٹی (۲) گاچنی۔ ملتانی مٹی۔
گجوا - (گج - وا) (ہ - ا - مذ) ناک کا میل جو اندر جم جاتا ہے۔
گجھا - (گجھ - جھا) (ہ - ا - مذ) بہت سا مال۔ دولت۔ خزانہ (۲) ڈھیر۔ انبار۔
گجھا مارنا / دبا بیٹھنا - (ہ - محاورہ) فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا۔
گجھا - (گجھ - جھا) (ہ - صف) پوشیدہ۔ مخفی۔
گجھے اشارے - (ہ - ا - مذ) خفیہ اشارے۔ رمز کی باتیں۔
گجھی - (گجھ - جھی) (ہ - صف) گجھا کی تانیث۔ اندرونی۔ مخفی۔
گجھی (چوٹ / مار) - (ہ - ا - مث) اندرونی صدمہ (۲) مخفی ضرب۔ وہ چوٹ جس کا کوئی ظاہری نشان نہ ہو۔ بھیتری مار۔
گجھی گرمی - (ہ - ا - مث) ایسی گرمی جس میں حبس ہو۔ مگر بظاہر گرمی معلوم نہ ہو۔
گجئی - (گ - ج - ای) (ہ - ا - مث) ایک برساتی کیڑا۔ کن سلائی۔
گجئی - (گ - ج - ای) (ہ - ا - مذ) گیہوں اور جو باہم ملے ہوئے۔ گوجی۔
گجیا - (گج - یا) (ہ - ا - مث) ایک قسم کی مٹھائی (۲) کرن پھول (۳) ایک کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے۔ کن سلائی۔

## گ - چ

گچ - (ف - ا - مذ) چونا یا سیمنٹ کا مسالا جو اینٹوں کو جوڑنے یا پلاسٹر کرنے میں استعمال ہوتا ہے (۲) پکا فرش۔ پکی چھت (۳) دلدل (۴) وہ آواز جو کیچڑ میں چلنے سے پیدا ہوتی ہے (۵) وہ آواز جو دھار دار آلے کے گوشت میں گھسنے سے ہوتی ہے (۶) (صف) بہت گاڑھا۔
گچ کاری - (ف - ا - مث) چونے کا کام۔
گچاگا - (گ - چا - گا) (ہ - صف) نوعمر۔ نوخیز۔ نوجوان۔
گچاپچ - (گ - چا - پچ) (ہ - ا - مذ) کسی ملائم گوشت میں تلوار یا خنجر وغیرہ گھسنے کی آواز۔
گچ پچ - (گچ - پچ) (ہ - صف) فربہ۔ موٹا (۲) بھرپور۔ بھرا پڑا (۳) اژدحام۔ بکثرت۔ گھچا گھچ (۴) پاس پاس۔
گچ پچیا - (گچ - پچ - یا) (ہ - ا - مذ) سات ستاروں کا گچھا۔ عقد ثریا۔ پروین۔
گچھا - (گچھ - چھا) (ہ - ا - مذ) خوشہ۔ اناج کی بالی (۲) جھرمٹ۔ بھیڑ (۳) پھندنا (۴) لچھا۔ ناگوں کا ڈھیر۔
گچھے دار - (ہ - صف) وہ جس میں گچھے پڑے ہوئے ہوں۔
گچھی - (گچھ - چھی) (ہ - ا - مث) گچھا کی تانیث (۲) گیہوں اور جو ملا ہوا غلہ (صف) غبار آلود۔
گچی - (گچ - چی) (ہ - ا - مذ) چھوٹے منہ کا ننھا سا گڑھا جس میں بچے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔ گیند ڈالنے کا گڑھا۔
گچی آنکھ - چھوٹی آنکھ۔
گچی پالا - (ہ - ا - مذ) بچوں کا کھیل جس میں گڑھا کھود کر پھینکتے ہیں۔

## گ - د

گد - (ہ - ا - مث) زمین پر دے مارنے کی آواز۔
گداگد - (ہ - ا - مث) اوپر تلے یا پے در پے گرنے کی آواز (۲) لگاتار مارنے کی آواز۔
گدا - (گ - دا) (ف - ا - مذ) فقیر۔ بھکاری۔ منگتا۔ جمع۔ گدایاں۔
گداگر - (ف - ا - مذ) منگتا۔ بھکاری۔
گداگر تواضع کند خوئے اوست - (ف - مثل) تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے۔ تواضع اور انکساری کے موقع پر بولتے ہیں۔
گداگری - (ف - ا - مث) بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری۔
گداگری کرنا - (ا - محاورہ) بھیک مانگنا۔ ٹکڑے مانگنا۔ بھکشا مانگنا۔
گدا - (گد - دا) (ہ - ا - مذ) جوار، جو یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو (۲) توشک۔ گدیلا۔ روئی دار بستر (۳) چری کی پولی۔ رہٹ کا چار جامہ (۵) قیاس (۶) فریب۔ دھوکا۔
گدے بازی - (ا - محاورہ) عقل دوڑانا۔ قیاس لڑانا۔
گدا - (گد - دا) (ہ - ا - مذ) ایک قسم کی چلتی ہوئی لے کے گیت۔
گدا - (گُد - دا) (ہ - ا - مذ) ٹھنا۔ درخت کی موٹی شاخ۔
گداختہ - (ف - صف) پگھلا ہوا۔ گلا ہوا۔
گداز - (گ - داز) (ف - ا - مذ) نرمی۔ ملائمت (۲) (صف) پگھلانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے دل گداز (۳) نرم۔ ملائم۔
گداز کرنا - (ا - محاورہ) نرم کرنا۔ پگھلانا۔ ملائم کرنا۔
گدازی - (گ - دا - زی) (ف - ا - مث) نرمی۔ ملائمت۔ پگھلن۔
گداکا - (گ - دا - کا) (ہ - ا - مذ) فربہ اندام اور سڈول جسم کا معشوق۔ نوخیز محبوب۔
گداگد - (گ - دا - گد) (ہ - ا - مث) پے در پے گرنے کی آواز۔
گدالا - (گ - دا - لا) (ہ - ا - مذ) وہ بڑی کدال جس سے زمین کھودتے ہیں۔
گدام - (Godown) (انگ - مورد) (انگ - ا - مذ) ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔
گدائی - (گ - دا - ای) (ف - ا - مث) فقیری۔ گداگری۔
گدائی کرنا - (ا - محاورہ) بھیک مانگنا۔ فقیر بننا۔ خیرات لینا۔
گدایانہ - (گ - دا - یا - نہ) (ف - صف) فقیروں کی طرح۔
گدبد - (گد - بد) (ہ - ا - مث) پے در پے گرنے کی آواز۔ اوپر تلے گرنے کی آواز۔



Marfat.com

**گدبدانا** - (۱ - محاورہ) رنج وغم سے بول نہ سکنا (۲) خوش ہونا۔

**گدر** - (گَدَر) (ہ - صف) ادھ پکا۔ نیم پختہ (۲) پھل جو پک جانے کے قریب ہو۔

**گدرانا** - (گَد - را - نا) (ہ - مص) نیم پختہ ہونا۔ پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا (۲) جوانی کا آغاز ہونا۔ جوبن پر آنا۔

**گدراہٹ** - (گَد - را - ہَٹ) (ہ - ا - مث) پھل کے پکنے کے قریب ہونے کی حالت۔

**گدرایا** - (گَد - را - یا) (ہ - صف) اَدھ کچا اَدھا پکا۔ پکنے کے قریب۔

**گدرایا ہوا بدن** - (ا - مذ) جوانی میں بھرا ہوا بدن۔ گوشت سے خوب بھرا ہوا جسم۔

**گدڑی** - (گُد - ڑی) (ہ - ا - مث) فقیروں کا جُبّہ جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوں۔ گُودڑی۔ خرقہ (۲) وہ بازار جس میں ہر قسم کی پُرانی چیزیں بکتی ہوں۔

**گدڑی میں لعل، لال** - (ا - مثل) غریب گھرانے میں صاحب ہنر (۲) نالائقوں میں لائق۔ وہ ہنر مند جو اپنے کمال پر پردہ ڈالے۔

**گدڑیا** - (گُد - ڑِ - یا) (ہ - ا - مث) گدڑی کی تصغیر۔ چھوٹی گدڑی (۲) وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے (۳) پھٹے پُرانے کپڑے پہننے والا (۴) خیمہ اور فرش کرایہ پر دینے والا۔

**گدڑیا پیر، فقیر** - (ا - مذ) گدڑی پہننے والا فقیر۔

**گدکا** - (گَد - کا) (ہ - ا - مذ) چمڑے کا مُڑھا ہوا ڈنڈا۔ کُتکا۔

**گدکڑا** - (گَد - کَ - ڑا) (ق - صف) گدلا۔ میلا۔

**گدگدا** - (گُد - گُ - دا) (ہ - صف) نرم۔ ملائم۔ پلپلا۔

**گدگدانا** - (گُد - گُ - دا - نا) (ہ - مص) انگلیوں سے جسم چھُو کر ہنسانا (۲) اُبھارنا۔ بھڑکانا (۳) چھیڑنا۔ مذاق کرنا (۴) شوق بڑھانا۔ گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں لگانا کہ جست وخیز میں آئے۔

**گدگداہٹ** - (گُد - گُ - دا - ہَٹ) (ہ - ا - مث) گدگدی کا اثر۔

**گدگدایئے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے** - (ا - مثل) دل لگی وہیں تک اچھی ہے جہاں تک ناگوار نہ گزرے۔

**گدگدی** - (گُد - گُ - دی) (ہ - ا - مث) جسم کے انگلیوں سے چھُونے کے باعث ہنسی کی کیفیت (۲) جوش۔ شوق۔ مستی۔

**گدگدی کرنا** - (ا - محاورہ) انگلیوں کو بدن سے لگا کر ہنسانا۔ چھیڑنا۔ گدگدانا۔

**گدگدے** - (گُد - گُ - دے) (ہ - ا - مذ) اُبلی ہوئی جوار۔ گھنگھنیاں جو نرم اور ملائم ہوگئی ہوں۔

**گدلا** - (گَد - لا) (ہ - صف) میلا۔ مکدر۔ گاڑھا۔ غلیظ۔

**گدلاپن** - (ا - مذ) میل۔ کدورت۔

**گدلانا** - (گَد - لا - نا) (ہ - مص) رقیق شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے میلا ہونا۔

**گدما** - (گَد - ما) (ہ - ا - مذ) ایک قسم کا ملائم پشمدار کمبل۔

**گدنا** - (گُد - نا) (ہ - مص) سوئی سے جسم کے کسی حصہ میں سُرمہ یا نیل بھرا جانا۔

**گدنا۔ گدوانا** - بدن پر سوئی اور نیل وغیرہ سے بیل بوٹے بنوانا۔

**گدوائی** - (گُد - وا - ئی) (ہ - ا - مث) بدن پر بیل بوٹے گدوانے کی اُجرت۔

**گدھ** - (ہ - ا - مذ) چیل کی قسم کا ایک مردار خور پرندہ۔

**گدھا** - (گَ - دھا) (ہ - ا - مذ) خر (صف) احمق۔ نادان۔ بیوقوف۔

**گدھا برسات میں بھوکا مرے** - (ا - مثل) احمق اپنے خیالات سے آپ ہی مصیبت میں پڑتا ہے۔

**گدھاپن** - (ا - مذ) بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

**گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا** - (ا - مثل) بیوقوف کو ادب سکھانے سے عقل نہیں آتی۔

**گدھا دھوئے سے بچھڑا نہیں ہوتا** - (ا - مثل) کمینہ اچھا لباس پہننے سے شریف نہیں بن سکتا۔ زیب و آرائش سے اندرونی خوبی پیدا نہیں ہو سکتی۔

**گدھا کیا جانے زعفران کی قدر** - (ا - مثل) بیوقوف کسی جاہ و منصب کی قدر نہیں کر سکتا۔

**گدھا گھوڑا ایک بھاؤ۔ گدھا گھوڑا ایک برابر** - (ا - مثل) بدتمیزی بے انصافی اور قدر ناشناسی کے موقع پر بولتے ہیں جب اچھی بُری چیز کا نرخ ایک ہو۔

**گدھا گیا دُم کی تلاش میں - کٹا آیا کان** - (ا - مثل) احمق اپنے نقصان کی تلافی کے لیے کوشش کرتا ہوا نقصان کر بیٹھا۔

**گدھا مرے کمہار کا - دھوبن ستی ہو** - (ا - مثل) نقصان کسی کا ہو۔ جی کسی کا کڑھے۔

**گدھوں بخار چڑھنا** - (ا - محاورہ) شدت سے بخار چڑھنا۔

**گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں** - (ا - مثل) اگر نادانوں سے ہنرمندوں کا کام نکلے تو ہنرمندوں کو کون پوچھے۔

**گدھوں کے ہل پھرنا، چلنا** - (ا - محاورہ) اُجڑ جانا۔ ویران ہو جانا۔

**گدھی** - (ا - مث) مادہ خر (۲) (صف) بے وقوف احمق عورت۔

**گدھی بھی جوانی میں بھلی لگتی ہے** - (ا - مثل) جوانی میں بدشکل بھی اچھا لگتا ہے۔

**گدھے** - (ا - مذ) گدھا کی جمع۔

**گدھے پر چڑھانا** - (ا - محاورہ) گدھے پر سوار کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ تشہیر کرنا۔

**گدھے پر کتابیں لادنا** - (ا - محاورہ) بے وقوف کو علم پڑھانا (۲) نالائق کو اعلیٰ کام ملنا۔

**گدھے کا کھایا پاپ میں نہ پُن میں** - (ا - مثل) جو شخص مستحق نہ ہو اُسے دینے کا عذاب نہ ثواب۔ بُرے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا بیکار ہے۔

**گدھے کا ماس کتے کے دانت** - (ا - مثل) گوشت بہ دندانِ سگ کا ترجمہ۔ گدھے کے گوشت کو کتا ہی کھاتا ہے۔ جب دو بُرے آدمی آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں۔

**گدھے کا ہل چلنا، پھرنا** - (ا - محاورہ) کسی جگہ کا برباد اور ویران کر دینا۔



Marfat.com

**گدھے کو آدمی بنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بیوقوف کو عقلمند بنانا۔

**گدھے کو انگوری باغ ۔ گدھے کو پوری حلوا ۔ گدھے کو گلقند** ۔ (ا۔ مثل) احمق کو بڑا رتبہ۔ نالائق کو بڑا کام۔

**گدھے کو باپ بنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کام نکالنے کے لیے بیوقوف کی منت خوشامد کرنا۔

**گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے دکھ اور تکلیف اٹھانا۔

**گدھے کو گدھا کھجاتا ہے** ۔ (ا۔ مثل) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

**گدھے کے سر سے سینگ جانا** ۔ (ا۔ مثل) کسی چیز کا کوئی نشان نہ ہونا۔ بالکل نہ ہونا۔

**گدھے کے ہل چلانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی شہر یا جگہ کو اجڑوانا۔ تباہ و برباد کروانا۔

**گدھے کے منہ میں خشکا** ۔ (ا۔ مثل) نااہل کو کوئی اچھی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**گدھے والا** ۔ (ا۔ مذ) (۱) وہ شخص جو کرایہ کے لیے گدھے رکھے (۲) وہ شخص جو گدھے پر چیزیں لادنے کا کام کرے۔

**گدھیڑی** ۔ (گ۔ دھے۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) بے تمیز اور بے سلیقہ عورت۔ پھوہڑ عورت۔

**گدھیلا** ۔ (گ۔ دھے۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس کے پاس بہت گدھے ہوں۔

**گدی** ۔ (گد۔ دی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تخت شاہی۔ مسند حکومت (۲) گدیلا۔ مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ۔

**گدی پر بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مسند حکومت پر جلوہ گر ہونا (۲) کسی پیر یا بزرگ یا گرو کے بعد اس کا گدی نشین ہونا۔

**گدی سے اتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) حکومت سے معزول کرنا۔ تخت سے اتارنا۔

**گدی نشین** ۔ (ف۔ صف) (۱) تخت نشین۔ وہ شخص جو حکومت کی گدی پر بیٹھے (۲) پیر و مرشد۔ پیروں اور فقیروں کا جانشین۔

**گدی نشینی** ۔ (۱) تخت نشینی (۲) پیر یا گرو وغیرہ کا جانشین۔

**گدی** ۔ (گُد۔ دی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سر کا پچھلا حصہ۔ گردن کا پچھلا حصہ (۲) ہتھیلی۔

**گدی بجانا ۔ گدی ناپنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دھپ لگانا۔ گدی پر دھپیں جڑنا۔

**گدی سے زبان کھینچنا (نکالنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر اس راستے سے زبان نکال لینا (۲) سزائے موت دینا (۳) پرانے زمانے کی ایک سزا۔

**گدیلا** ۔ (گ۔ دے۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) روئی کا گدا۔ توشک (۲) ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی۔

**گدیہ** ۔ (گد۔ یہ) (ف۔ ا۔ مذ) گدائی کرنا۔ بھیک مانگنا۔



# گ۔ڈ

**گڈ** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گاڑی کا مخفف۔ گاڑی۔ چھکڑا (۲) (مذکر) دو آدمیوں یا چند آدمیوں کا اتفاق (۳) کاغذوں کا مجموعہ۔ ملے جلے کاغذ (۴) مجموعہ۔

**گڈمڈ۔ گڈمڈ** ۔ (ہ۔ صف) ملا جلا۔ گڑبڑ۔

**گڈمڈ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ملا دینا۔ گڑبڑ کرنا۔

**گڈمڈ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مخلوط ہونا۔ مل جل جانا۔

**گڈ** ۔ (Good) (انگ۔ صف) (۱) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ خوب (۲) پارسا۔ نیک۔ شریف (۳) مفید۔

**گڈ فرائی ڈے** ۔ (Good Friday) (۱) مسیحی عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ کے سولی چڑھنے کا دن (۲) عیسائی تہوار جو اپریل میں جمعہ کے دن منایا جاتا ہے۔

**گڈ مارننگ** (Good Morning) صبح کو سلام۔ بمعنی صبح سلامتی سے گزرے۔

**گڈا** ۔ (گڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی۔

**گڈا** ۔ (گڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) کپڑے کا بنا ہوا آدمی کا پتلا۔

**گڈا بنانا** ۔ (ا۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔

**گڈے گڑیا کی شادی** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بچوں کا ایک کھیل ہے جس میں وہ کپڑے کے بنے ہوئے گڈے گڑیا کی شادی رچاتے ہیں (۲) معمولی کام۔

**گڈریا** ۔ (گ۔ ڈر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھیڑ بکریاں چرانے والا۔ گوالا۔ مویشی چرانے والا چرواہا۔ راعی۔

**گڈس** ۔ (Goods) (انگ۔ ا۔ مذ) مال۔ سامان۔ اسباب۔

**گڈس آفس** ۔ (Goods Office) (انگ۔ ا۔ مذ) مال کا دفتر۔ مال گودام کا دفتر۔

**گڈس ٹرین** ۔ (Goods Train) (انگ۔ ا۔ مث) مال گاڑی۔ وہ ریل گاڑی جس میں صرف سامان آتا جاتا ہے۔

**گڈس کلرک** ۔ (Goods Clerk) (انگ۔ ا۔ مذ) مال گودام کا بابو۔ ریل کا بابو۔

**گڈھ** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گڑھ۔ کوٹ۔ قلعہ۔ حصار۔

**گڈھ جیتنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گڑھ فتح کرنا۔ قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی اہم کام کرنا۔ کسی مشکل یا مصیبت سے رہائی پانا۔

**گڈھ کپتان** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) قلعہ کا افسر۔ قلعے کی مرمت کرانے والا افسر۔

**گڈھا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گڑھا۔

**گڈھی** ۔ (گ۔ ڈھی) (ہ۔ ا۔ مث) گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔ کوٹ۔

**گڈی** ۔ (گڈ۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پولی۔ مٹھا۔ پنڈلی (۲) گاڑی۔ چھکڑا۔

**گڈی** ۔ (گڈ۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بنڈلوں کا جوڑ (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) پرندے کے پر کی گرہ جو اسے اڑنے سے باز رکھنے کے لیے باندھ دیتے ہیں (۴) گڑیا۔



Marfat.com

# گ ۔ ر

**گر** ۔ (ف ۔ حرف شرط) اگر کا مخفف جب (صف) گار کا مخفف ۔ بنانے والا ۔ کرنے والا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ کاریگر ۔ زرگر وغیرہ ۔

**گر بدولت برسی مَسِت نہ گردی مردی ٭ بادہ نوشیدن و ہوشیار نشستن سہل است** ۔ (ف ۔ مثل) شراب پی کر ہوشیار رہنا آسان ہے ۔ لیکن دولت مل جانے پر مست و متکبر نہ ہونا ۔ بڑے جری مرد کا کام ہے ۔ یعنی مرد وہ ہے جو دولت کے نشے میں مست نہ ہو ۔

**گر بر سرِ من نشینی نازت بکشم کہ نازنینی** ۔ (ف ۔ مثل) اگر تو میرے سر آنکھوں پر بیٹھے تو اٹھانے کو تیار ہوں کیونکہ تو میرا محبوب ہے اور میں تیرے ناز اٹھانا چاہتا ہوں ۔

**گر جاں طلبی مضائقہ نیست ۔ زر طلبی سخن درین است** ۔ (ا ۔ مثل) اگر تو جاں مانگے تو حاضر ہے ۔ لیکن اگر پیسے مانگے تو مشکل ہے ۔ بخیل کو روپیہ جان سے عزیز ہوتا ہے ۔

**گرچہ** ۔ (ف ۔ حرف شرط) اگرچہ کا مخفف ۔

**گر ضرورت بود روا باشد** ۔ (ف ۔ مثل) ضرورت کے وقت سب کچھ جائز ہے ۔

**گر قبول افتد زہے عزّ و شرف** ۔ (ف ۔ مثل) نذر یا کسی تحفے کے پیش کرتے وقت کہا کرتے ہیں ۔ مطلب ۔ اگر یہ حقیر تحفہ قبول ہو جائے تو کیا ہی عزت اور بزرگی ہے ۔

**گر نبودے چوب تر ۔ فرمان نہ بُردے گاؤ خر** ۔ (ف ۔ مثل) اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہیں مانتے ۔ جب تک کسی کا ڈر نہ ہو کوئی کسی کی اطاعت نہیں کرتا ۔

**گر ہمیں مکتب ، ہمیں مُلّا ، کارِ طفلاں تمام خواہد شُد** ۔ (ف ۔ مثل) جب بڑوں کا یہ حال ہو تو چھوٹوں کا خدا حافظ ۔

**گُر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) اصول ۔ قاعدہ ۔ کلیہ ۔ راز (۲) کسی کام کرنے کا خاص طریقہ کار یا قاعدہ ۔ انگریزی میں اسے فارمولا (Formula) کہتے ہیں (۳) گرو کا مخفف ۔ مرشد ۔ رہنما ۔ استاد (۴) نکتہ ۔ باریکی ۔

**گُربھائی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) پیر بھائی ۔ ایک گورو کے چیلے (۲) ایک استاد کے شاگرد (۳) ہم جماعت ۔ ہم مکتب ۔

**گُردوارہ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کی دھرم سالہ ۔

**گُر گُر بدیا ۔ سر سر گیان** ۔ (ہ ۔ مثل) ہر گرو اور مرشد کا علم و عمل مختلف ہوتا ہے جیسے ہر سر میں عقل اور ذہانت مختلف ہوتی ہے ۔

**گُرمکھی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) گرو کے منہ (مکھ) کی زبان یعنی پنجابی زبان ۔ سکھ پنجابی کو گورمکھی کہتے ہیں ، گورمکھی رسم الخط جو ناگری سے ملتا جلتا ہے ۔

**گَرا** ۔ (گَر ۔ را) (ہ ۔ صف) سرخی مائل ۔ لاکھی رنگ ۔

**گِرا** ۔ (گ ۔ را) (ہ ۔ صف) محتاج ۔ غریب ۔ ذلیل ۔

**گرا پڑا** ۔ (ا ۔ صف) زمین پر گرا اور پڑا ہوا (۲) ذلیل ۔ خوار ۔

**گرا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹوٹا پڑنا ۔ کسی چیز پر حد سے زیادہ رغبت کرنا

**گرا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمزوری محسوس کرنا ۔ گھبرا جانا ۔

**گرا کہ گرا** ۔ (ا ۔ صف) اب بہت جلد گرا چاہتا ہے ۔

**گرا نہیں سنبھلتا** ۔ (ا ۔ مثل) ذلت پا کر پھر وقار حاصل نہیں ہوتا ۔

**گرے پڑے کا سودا** ۔ (ا ۔ مثل) وہ معاملہ جو خوشامد درآمد کر ... دبایا جائے ۔

**گرے پڑے وقت کا ٹکڑا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وہ چیز جو مصیب... کے وقت کام آئے ۔

**گراب** ۔ (گ ۔ راب) (آر ۔ ا ۔ مذ) کارتوس کے چھرّوں سے بڑ... گولی ۔ بڑا چھرا ۔

**گراری** ۔ (گ ۔ را ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) دھاگا یا رسی بٹنے کا آلہ (۲) ... لپیٹنے کی ریل (۳) کوئیں کی چرخی (۴) مشینوں کا پرزہ جو پہیے کی ... کا ہوتا ہے ۔

**گراز** ۔ (گ ۔ راز) (ف ۔ ا ۔ مذ) نر سور (۲) شجاع ۔ بہادر ۔

**گراس** ۔ (گ ۔ راس) (ہ ۔ ا ۔ مذ) لقمہ ۔ نوالہ ۔

**گراس** ۔ (Grass) (گ ۔ راس) (انگ ۔ ا ۔ مذ ۔ مث) ہری گھاس ...

**گراس کٹ گراس کٹر** ۔ (Grass Cut) (Grass Cutter) گھسیارا ۔ گھاس کاٹنے والا ۔ سائیس ۔

**گراف** ۔ (Graph) (انگ ۔ ا ۔ مذ) خاکہ ۔ اعداد و شمار کا علامتی خاکہ ۔

**گرام** ۔ (گ ۔ رام) (س ۔ ا ۔ مذ) گاؤں ۔ موضع ۔ بستی ۔ (۲) راگ کے سُرو... کا مجموعہ ۔

**گرام** ۔ (Gramme) ایک مکعب سنٹی میٹر مقطر پانی کا وزن جب کا... کثافت رکھتا ہو ۔ اور خلا میں تولا جائے ۔ وزن تقریباً ایک ماشہ ۔ اعشاری نظام کا ایک حصہ ۔ ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برا... وزن ۔

**گرامر** ۔ (Grammar) (گ ۔ را ۔ مر) (انگ ۔ ا ۔ مث) صرف و نحو ... زبان کی قواعد ۔

**گراموفون** ۔ (Gramophone) (گ ۔ را ۔ مُو ۔ فون) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ... آلہ جس کے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے ۔

**گرامی** ۔ (گ ۔ را ۔ می) (ف ۔ صف) بہت بزرگ ۔ مکرم ۔ معظم (۲) فارسی کے ... شاعر مولانا غلام قادر جالندھری کا تخلص ۔

**گرامی منش** ۔ (ف ۔ صف) گرامی قدر ۔ بزرگ طبیعت والا ۔

**گرامی نامہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بڑے کا خط ۔

**گراں** ۔ (ق) گرہی ۔

**گراں** ۔ (گ ۔ راں) (ف ۔ صف) ثقیل ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ بوجھل (۲) ہنگار... ناگوار ۔ تکلیف دہ (۳) بیش قیمت ۔ انمول (۵) سخت ۔ درشت ۔ کڑا (۶) ... سست ۔ کاہل (۷) مشکل ۔ دشوار ۔

**گراں بار** ۔ (ف ۔ صف) بھاری بوجھ لدا ہوا (۲) باردار ۔ پھل لانے والا (۳) مالدار ۔

**گراں باری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) زیر باری ۔ پریشانی ۔

**گراں بہا** ۔ (ف ۔ صف) قیمتی ۔ بیش قیمت ۔



Marfat.com

**گراں بہ حکمت ارزاں بہ علت** ۔ (ف ۔ مثل) جو چیز بیش قیمت ہوتی ہے وہ اچھی ہوتی ہے اور جو چیز سستی ہوتی ہے اس میں کوئی نہ کوئی خرابی ہوا کرتی ہے ۔
**گراں پایہ** ۔ (ف ۔ صف) بڑا آدمی ۔ بڑے پائے کا شخص ۔ صاحب قدر و منزلت ۔
**گراں جاں** ۔ (ف ۔ صف) سخت جان والا ۔ یعنی ایسا شخص جسے زندگی دوبھر ہو ۔ سست ۔ کاہل ۔
**گراں خاطر** ۔ (ف ۔ صف) دوبھر ۔ اجیرن ۔ ناگوار طبع (۲) ناراض ۔ آزردہ رنجیدہ ۔ غمگین ۔
**گراں خواب** ۔ (ف ۔ صف) وہ شخص جو بہت سوئے ۔ دیر تک سوتا رہے (۲) غافل ۔
**گراں خوابی** ۔ (ف ۔ امث) غفلت ۔ کاہلی ۔
**گراں سر** ۔ (ف ۔ صف) متکبر ۔ مغرور ۔
**گراں سرشت** ۔ (ف ۔ صف) صاحب وقار (۲) مغرور ۔ متکبر ۔
**گراں سنج** ۔ (ف ۔ صف) وزنی ۔ بیش قیمت ۔
**گراں قدر** ۔ (ف ۔ صف) عالی مرتبہ ۔ صاحب اعزاز ۔
**گراں کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مہنگا کرنا ۔ بھاؤ چڑھانا ۔
**گراں گزرنا** ۔ (ف ۔ صف) ناگوار ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ دوبھر ہونا ۔ ناپسند خاطر ہونا ۔
**گراں گوش** ۔ (ف ۔ صف) بہرا ۔ جو اونچا سنے ۔
**گراں گیر** ۔ (ف ۔ صف) سخت گیر ۔ جابر ۔
**گراں مائگی** ۔ (ف ۔ صف) بزرگی ۔ سرداری (۲) دولت مندی ۔
**گراں مایہ** ۔ (ف ۔ صف) نفیس ۔ قیمتی (۲) بڑا آدمی جو صاحب قدر و منزلت ہو ۔
**گراں ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوبھر ہونا (۲) بھاری ہونا (۳) مہنگا ہونا ۔ بھاؤ چڑھنا ۔
**گرانا** ۔ (گ ۔ را ۔ نا) (ہ ۔ مص) نیچے ڈالنا ۔ پھینکنا (۲) ڈھانا ۔ مسمار کرنا ۔ (۳) دے مارنا ۔ ٹپکنا (۴) درجہ توڑنا ۔ مرتبہ گھٹانا (۵) قیمت کم کرنا (۶) نڈھال کرنا ۔
**گرانٹ** ۔ (Grant) (انگ ۔ امث) منظوری ۔ مالی اعانت ۔
**گرانٹ ان ایڈ** ۔ (انگ ۔ امث) مالی امداد جو حکومت رفاہ عامہ کے اداروں کو دیتی ہے ۔
**گرانڈ جیوری** ۔ (Grand Jury) (گ ۔ را نڈ ۔ ج ۔ یو ۔ ری) (انگ ۔ امث) وہ عدالت جس میں بارہ سے کم اور تیئیس سے زیادہ پنچ نہ ہوں ۔
**گرانی** ۔ (گ ۔ را ۔ نی) (ہ ۔ امث) مہنگا پن ۔ بھاؤ کی تیزی (۲) توڑا ۔ کمی قلت (۳) قحط ۔ کال ۔ خشک سالی (۴) بدہضمی ۔ بوجھ ۔
**گرانی خاطر (طبع)** ۔ (ف ۔ امث) بیزاری ۔ طبیعت کی ناگواری ۔
**گرائی** ۔ (ف ۔ امث) گیرائی کا مخفف ۔ پکڑ ۔ گرفتاری ۔ محکمہ ۔ تھگی ۔
**گراہ** ۔ (گ ۔ راہ) (ہ ۔ امذ) مگرمچھ ۔ نہنگ ۔ گھڑیال ۔
**گراؤنڈ** ۔ (Ground) (گ ۔ را ۔ ؤ ۔ نڈ) (انگ ۔ امث) زمین (۲) میدان ۔

**گرب** ۔ (س ۔ امذ) گمان ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ تکبر ۔
**گربز ۔ گربُز** ۔ (گُر ۔ بُز ۔ گر ۔ بُز) (ف ۔ صف) مکار ۔ حیلہ گر ۔ دغاباز ۔
**گربزی ۔ گربُزی** ۔ (گُر ۔ ب ۔ زی ۔ گر ۔ ب ۔ زی) (ف ۔ امث) مکاری فریب ۔ دھوکا ۔
**گربہ** ۔ (گُر ۔ بہ) (ف ۔ امث) بلی ۔
**گربہ چشم** ۔ (ف ۔ صف) بلی کی سی آنکھوں والا ۔ نیلی آنکھوں والا ۔
**گربہ کشتن روز اوّل** ۔ (ف ۔ مثل) رعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہے ۔
**گربہ مسکین** ۔ (ف ۔ صف) ایسا شخص جو دیکھنے میں غریب ہو لیکن اعمال میں شریر ہو ۔
**گربہ مسکین اگر پر داشتے**
**تخم گنجشک از جہاں برداشتے** ۔ (ف ۔ مثل) خدا اگر ظالموں کو اور قوت دیتا تو وہ اس سے بھی زیادہ ظلم کرتے ۔ (معنی) مسکین بلی کے اگر پر ہوتے تو وہ دنیا سے چڑیوں کا بیج ختم کر دیتی ۔
**گربھ** ۔ (س ۔ امذ) حمل (۲) کچا بچہ ۔ جنین (۳) گمان ۔ غرور ۔ تکبر ۔
**گربھ استان** ۔ (س ۔ امذ) رحم ۔ بچہ دان ۔
**گربھ پات** ۔ (س ۔ امذ) اسقاط حمل ۔ حمل گرنا ۔
**گرر** ۔ (ہ ۔ امث) گھوڑے کے گلے کی خراش جو مہلک مرض ہے ۔
**گر پڑ کر** ۔ (ہ ۔ تابع فعل) جوں توں کر کے ۔ بہت مشکل سے (۲) مصیبت اٹھا کر (۳) گڑگڑا کے ۔ منت سماجت کر کے ۔
**گر پڑ کے** ۔ (ہ ۔ تابع فعل) منت و سماجت کر کے (۲) بہزار ذلت و رسوائی ۔
**گر پڑ کے ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے وقعتی سے ملنا ۔
**گر پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (گر ۔ پڑ ۔ نا) زمین پر آپڑنا ۔ بلندی سے پستی پر آنا نیچے آرہنا (۲) دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا (۳) نہایت کمزور اور نحیف ہو جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا ۔
**گرتی** ۔ (ق ۔ امث) باعصمت ۔ شرمیلی عورت ۔
**گر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نیچے گرنا (۲) بچھڑ جانا (۳) تلف ہونا ۔ برباد ہونا ۔ (۴) غریب ہونا ۔
**گر کر** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اصل مقام سے نیچے ہو کر ۔ اصل قیمت سے کم کر کے ۔
**گرج** ۔ (گ ۔ رج) (ہ ۔ امث) وہ آواز جو بادلوں سے پیدا ہو ۔ کڑک ۔ بادل یا بجلی کی آواز (۲) شیر کی دھاڑ (۳) ہاتھی کی چنگھاڑ (۴) چیخ ۔ زور کی آواز (۵) گرجنا کا امر ۔
**گرج کر بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چیخ کر بولنا ۔ کڑاکے کی آواز نکالنا ۔
**گرجا** ۔ (گر ۔ جا) (ہ ۔ امذ) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو ۔
**گرجا** ۔ (گر ۔ جا) (پر ۔ امذ) کلیسا ۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔
**گرجات** ۔ (گر ۔ جات) (ق) گرج ۔
**گرجتے ہیں سو برستے نہیں** ۔ (ا ۔ مثل) زبانی شیخی بگھارنے والوں سے کچھ نہیں ہوتا ۔ شیخی بازوں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں ۔
**گرجنا** ۔ (گ ۔ رج ۔ نا) (ہ ۔ مص) غصہ میں چیخنا ۔ چلا کر بولنا ۔ شور مچانا ۔ کڑکنا ۔ (۲) شیر کا دھاڑنا ۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا ۔



Marfat.com

**گُرْج** ۔ (گُ۔رَج گُرْج) (س ۔ا ۔ مث) ایک گھاس جو بیل کی طرح پھیلتی ہے۔

**گرد** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) غبار ۔ راکھ ۔ دُھول (۲) بے حقیقت ۔ ناچیز (صف) پھرنے والا ۔ چکر کھانے والا ۔ سفر کرنے والا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ آوارہ گرد ۔ جہاں گرد وغیرہ۔

**گردِ آفتاب** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) ذرے جو سورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں۔

**گرد آلودہ** ۔ (ف ۔ صف) مٹی میں ملا ہوا ۔ غبار آلود ۔ وہ چیز جس پر گرد جمی ہوئی ہو۔

**گرد اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوا کے زور سے غبار کا زمین سے بلند ہونا۔

**گرد اُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غبار اڑانا ۔ خاک کرنا (۲) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا۔

**گرد باد** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) بگولا ۔ پھرنے والی ہوا ۔ ہوا جس میں غبار ملا ہوا ہو۔

**گرد بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غبار کا تہ نشین ہونا ۔ غبار کا نیچے جم جانا (۲) میل جمنا (۳) آندھی کا کم ہونا۔

**گرد پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غبار کا اثر کسی کے جسم یا کپڑوں وغیرہ پر پڑنا۔

**گرد پوش** ۔ (ف ۔ صف) وہ کاغذ جو کتاب کو میلا ہونے سے بچاتا ہے۔

**گرد پونچھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دُھول صاف کرنا۔

**گرد جمنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غبار کا ایک جگہ بیٹھ جانا۔

**گرد جھاڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دھول صاف کرنا (۲) مارنا ۔ سزا دینا۔

**گرد کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے نور کرنا ۔ ماند کرنا ۔ مات کرنا ۔ ہرانا (۲) کپڑے میلے کرنا۔

**گرد کو نہ پہنچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیچھے رہ جانا ۔ برابری نہ کر سکنا ۔ عاجز رہنا۔

**گرد نامہ** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) وہ مربع کاغذ کا ٹکڑا جس پر دعائیں لکھ کر گھر کے ستون میں یا کسی درخت کے گرد باندھتے ہیں ۔ تاکہ بھاگا ہوا آدمی واپس آجائے۔

**گرد و پیش** ۔ اردگرد ۔ آس پاس ۔ قریب۔

**گرد و غبار** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) مٹی اور دُھول ۔ خاک اور دُھول۔

**گرد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مات ہونا ۔ خاک ہونا ۔ بے اثر ہونا (۲) بے رونق ہونا (۳) شرمندہ ہونا

**گرد ہے** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہیچ ہے ۔ بے حقیقت ہے ۔ کچھ حیثیت نہیں رکھتا۔

**گِرد** ۔ (ف ۔ صف) آس پاس ۔ نواح (۲) مدوّر ۔ گول (۳) حلقہ ۔ گھیرا (۴) پیچھے۔

**گرد بالش** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) وہ گول اور چھوٹا تکیہ جو سوتے وقت رخسار کے نیچے رکھا جائے۔

**گرد پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طواف کرنا ۔ صدقے ہونا۔

**گرد گھما** ۔ (ا ۔ صف) آوارہ گرد (۲) مفلس تماش بین۔

**گرد نما** ۔ وہ آلہ جس کے ذریعے سمت معلوم کی جائے۔ (Periscope)

**گرد و پیش** ۔ **گرد و نواح** ۔ (ف ۔ا ۔ مذ) آس پاس کا علاقہ ۔ قرب و جوار۔

**گرد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیچھے پڑنا ۔ در پے ہونا۔

**گُرد** ۔ (ف ۔ صف) بہادر شخص ۔ پہلوان ۔ طاقتور ۔ جمع ۔ گُرداں۔

**گردا** ۔ (گَر ۔ دا) (ا ۔ مذ) گرد ۔ دھول ۔ غبار۔

**گرداب** ۔ (گِر ۔ داب) (ف ۔ا ۔ مذ) بھنور ۔ پانی کا چکر ۔ گھمن گھیری۔

**گرداگرد** ۔ (گِر ۔ دا ۔ گرد) (ف ۔ تابع فعل) چاروں طرف ۔ اردگرد۔

**گرداں** ۔ (گَر ۔ داں) (ف ۔ صف) پھرنے والا ۔ دوّار (۲) الٹا ہوا ۔ پلٹا ہوا۔

**گردان** ۔ (گَر ۔ دان) (ف ۔ا ۔ مث) پھیراؤ (۲) ترتیب کے مطابق صیغوں کا دہرانا۔

**گردان کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صیغوں کو بالترتیب زمانہ اور وحدت و جمع وغیرہ کے لحاظ سے پڑھنا۔

**گرداننا** ۔ (گَر ۔ دان ۔ نا) (ا ۔ مص) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا (۲) دہرانا ۔ دور کرنا (۳) ماننا ۔ تسلیم کرنا۔

**گردانی** ۔ (گَر ۔ دا ۔ نی) (ا ۔ا ۔ مث) چادر یا دوپٹہ جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے اوڑھتی ہیں۔

**گرداور** ۔ (گِر ۔ دا ۔ وَر) (ف ۔ا ۔ مذ) پٹواریوں کے حلقہ یا چکی کے علاقے کا افسر ۔ گشت کرنے والا عہدے دار۔

**گرداوری** ۔ (گِر ۔ دا ۔ وَری) (ف ۔ا ۔ مث) گرداور کا عہدہ (۲) دورہ گشت (۳) نگرانی ۔ نگہبانی ۔ گشت کرنے کا حلقہ یا علاقہ ۔ محکمہ مال کے کسی عہدیدار کا فصلوں کے اندراج کے لیے گشت۔

**گردش** ۔ (گَر ۔ دش) (ف ۔ا ۔ مث) چکر ۔ دور ۔ پھیر (۲) انقلاب ۔ تغیر (۳) ادبار ۔ بدنصیبی ۔ بداقبالی (۴) سختی ۔ مصیبت ۔ آفت۔

**گردشِ آسماں یا ایام** ۔ بخت فلک (ف ۔ا ۔ مث) دنوں کی گردش ۔ بدنصیبی

**گردش چشم** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) آنکھوں کی حرکت ۔ توجہ سے دیکھنا۔

**گردشِ دوراں (زمانہ)** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) زمانے کا چکر۔

**گردش زدہ** ۔ (ف ۔ا ۔ صف) مصیبت کا مارا۔

**گردشِ زمین** ۔ (ف ۔ا ۔ مث) زمین کی دو گردشیں ہیں ۔ ایک محوری جس میں زمین اپنے محور کے گرد ۲۴ گھنٹے میں اپنا پورا چکر لگاتی ہے ۔ جس سے دن رات بنتے ہیں ۔ دوسری دوری گردش جس میں زمین ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ اور بارہ سیکنڈ میں سورج کے گرد اپنا ایک چکر پورا کرتی ہے ۔ جس سے مختلف موسم ظہور میں آتے ہیں ۔ اس پورے چکر کو ایک سال کہتے ہیں جسے شمسی سال کہا جاتا ہے۔

**گردش کرنا یا کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھومنا ۔ چکر کھانا ۔ پھرنا ۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔

**گردشِ لیل و نہار** ۔ (ف ۔ ع ۔ا ۔ مث) دن رات کا چکر ۔ آفت ۔ مصیبت۔

**گردش میں آنا (ہونا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) چکر میں آنا ۔ مصیبت یا بپتا میں پھنسنا۔

**گردگاں** ۔ (گِر ۔ دگاں) (ف ۔ا ۔ مذ) اخروٹ۔

**گردن** ۔ (گَر ۔ دَن) (ف ۔ا ۔ مث) گلا ۔ گلو (۲) صراحی کا اوپر کا حصہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔

**گردن اُڑانا یا اُڑا دینا** ۔ قتل کرنا ۔ گردن کاٹنا ۔ سر قلم کرنا ۔ سر اڑانا۔

**گردن اکڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گردن اینٹھ جانا ۔ تھک جانا ۔ گردن کے پٹھوں کا سخت ہو جانا۔

**گردن اینٹھی رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خفا رہنا ۔ اکڑا اور کھچا رہنا۔



Marfat.com

**گردن بند** - (ف - ا - مذ) ایک زیور کا نام۔

**گردن پر احسان ہونا** - (۱ - محاورہ) بارِ احسان سے سر جھکا ہونا۔

**گردن پر بوجھ رہنا** - (۱ - محاورہ) عذاب سر پہ رہنا (۲) احسان مند ہونا (۳) ناگوار ہونا (۴) سرگردانی کا موجب ہونا۔

**گردن پر بوجھ لینا** - (۱ - محاورہ) اپنے سر ذمہ داری لینا۔ ممنونِ احسان ہونا۔

**گردن پر بوجھ ہونا** - (۱ - محاورہ) بارِ احسان میں رہنا (۲) گناہوں کے عذاب کا سر پہ ہونا (۳) ناگوارِ خاطر ہونا (۴) گراں بار ہونا۔

**گردن پر جوا رکھنا** - (۱ - محاورہ) بوجھ اٹھانا (۲) کوئی بھاری کام ذمے لینا۔

**گردن پر چھری پھیرنا** - (۱ - محاورہ) ذبح کرنا (۲) صریح ظلم کرنا۔

**گردن پر چھری چلنا** - (۱ - محاورہ) ذبح کیا جانا (۲) حق تلفی ہونا - بہت ظلم ہونا۔

**گردن پر حق رہنا** - (۱ - محاورہ) کسی کے ذمے کسی کا حق رہنا۔

**گردن پر خط کھینچنا** - (۱ - محاورہ) قتل کرنے کے لیے جلاد کا قتل سے پہلے گردن پر نشان لگانا تاکہ تلوار نشان پہ لگے۔

**گردن پر خنجر چلانا** - (۱ - محاورہ) بہت ظلم کرنا۔

**گردن پر خون رہنا** - (۱ - محاورہ) کسی کے قتل کا وبال گردن پہ رہنا۔

**گردن پر خون ہونا** - (۱ - محاورہ) کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پہ ہونا۔ قتل کے گناہ کا مجرم اور خون کا ذمہ دار ہونا۔

**گردن پر خون سوار ہونا** - (۱ - محاورہ) خون کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر کسی کے پیچھے پڑنا۔

**گردن پر خون لینا** - (۱ - محاورہ) قتل کی ذمہ داری اپنے اوپر لینا۔

**گردن پر سوار ہونا** - (۱ - محاورہ) کسی کی گردن پر چڑھنا (۲) سخت تقاضا کرنا۔ کسی بات یا کام کے لیے ازحد تنگ اور مجبور کرنا۔

**گردن پر وبال ہونا** - (۱ - محاورہ) کسی کے ذمے عذاب ہونا (۲) کسی گناہ کا بوجھ جب تک کفارہ ادا نہ ہو، ہونا۔

**گردن پکڑ کر نکال دینا** - (۱ - محاورہ) بے عزت کر کے نکال دینا۔ گردن میں ہاتھ ڈال کر نکال دینا۔

**گردن پھنسانا** - (۱ - محاورہ) گردن کو پھندے میں ڈالنا (۲) اپنے آپ کو پھندے میں پھنسانا (۳) ضامن ہونا۔ ذمہ داری لینا۔

**گردن پھنسنا** - (۱ - محاورہ) بلا میں گرفتار ہو جانا۔ خطرے میں پڑنا۔

**گردن پھیرنا** - (۱ - محاورہ) منحرف ہونا۔ سرکشی کرنا۔ حکم نہ ماننا۔

**گردن توڑ بخار** - (۱ - محاورہ) ایک خطرناک بخار جس میں گردن اکڑ جاتی ہے۔

**گردن توڑنا** - (۱ - محاورہ) کسی کو مارنا پیٹنا۔ سزا دینا۔ مغلوب کرنا۔

**گردن جھکا کر چلنا** - (۱ - محاورہ) انکساری کرنا۔

**گردن جھکانا** - (۱ - محاورہ) گردن نیچے کرنا۔ بوجھ کے مارے گردن خم کرنا (۲) تسلیم بجا لانا۔ ادب سے سلام کرنا (۳) اطاعت کرنا۔ متابعت کرنا (۴) شرمندہ ہونا۔ احسان مند ہونا (۵) عاجزی کرنا۔

**گردن جھکنا** - (۱ - محاورہ) گردن نیچی ہونا (۲) سلام کے لیے جھکنا (۳) زیر بارِ احسان ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) مطیع ہونا (۶) عاجزی ظاہر کرنا۔

**گردن چھڑانا** - (۱ - محاورہ) مصیبت سے نجات دلانا۔ آزاد کرانا۔

**گردن دبانا** - (۱ - محاورہ) مغلوب کرنا۔ قابو کرنا۔

**گردن دبی ہونا** - (۱ - محاورہ) ممنونِ احسان ہونا۔

**گردن ڈالنا** - (۱ - محاورہ) گردن نیچی کرنا (۲) شرمندگی سے یا عاجزی سے گردن جھکا دینا۔

**گردن ڈھلکنا۔ گردن ڈھلنا** - (۱ - محاورہ) گردن کا ٹوٹ جانا۔ منکا ڈھلنا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔

**گردن زدنی** - (۱ - مث) کشتنی۔ واجب القتل۔ قتل کیے جانے کا سزاوار۔ مار ڈالنے کے قابل۔

**گردن زن** - (۱ - مذ) جلاد۔

**گردن سے جوا اتارنا** - (۱ - محاورہ) آزاد ہونا۔ اطاعت اور فرمانبرداری سے نجات پانا۔

**گردن سیدھی ہونا** - (۱ - محاورہ) مغرور ہونا۔

**گردن فراز** - (ف - صف) سرکش۔ متکبر۔ باغی۔

**گردن کا بوجھ اتارنا** - (۱ - محاورہ) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔

**گردن کاٹنا** - (۱ - محاورہ) گردن سے سر جدا کرنا۔ قتل کرنا (۲) حق تلفی کرنا۔ بہت ظلم ڈھانا۔

**گردن کا ڈورا** - (۱ - مذ) وہ سیاہ ڈورا جو نظرِ بد کے خیال سے گلے میں پہنتے ہیں (۲) ایک خاص اندازِ معشوقانہ سے گردن کی لچک۔

**گردن کا منکا (مہرہ)** - (۱ - مذ) پشت کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔

**گردن کا منکا ڈھلکنا (ڈھلنا)** - (۱ - محاورہ) گردن کی پچھلی ہڈی کا نیچے کھسک جانا (۲) مرنے لگنا۔

**گردن کٹنا** - (۱ - محاورہ) گلا کٹنا۔ مرجانا۔ قتل ہونا۔ حلال ہونا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ زبردستی مال لیا جانا۔

**گردن کش** - (ف - صف) منحرف۔ باغی۔ متکبر۔

**گردن کشی** - (ف - ا - مث) بغاوت۔ نافرمانی (۲) غرور۔ تکبر (۳) شرارت۔ شوخی۔

**گردن مارنا** - (۱ - محاورہ) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۲) تکلیف دینا۔ نقصان پہنچانا۔

**گردن مارو اور گریبان میں منہ ڈالو** - (۱ - مثل) نقصان کر کے چاپلوسی کرو۔ بظاہر نیک بن کر لوگوں کو ٹھگو۔

**گردن مروانا** - (۱ - محاورہ) قتل کروانا۔ ہلاک کروانا۔

**گردن مروڑنا** - (۱ - مص) گلا گھونٹنا (۲) کسی جانور کو بغیر ذبح کیے گلا گھونٹ کر مارنا۔

**گردن مینا** - (۱ - مث) صراحی کی گردن۔ صراحی کا اوپر کا پتلا حصہ۔

**گردن میں تسبیح ڈالنا** - (۱ - محاورہ) زہد و تقویٰ اختیار کرنا۔

**گردن میں ہاتھ دے کر نکالنا** - (۱ - محاورہ) نہایت بے عزتی سے نکال دینا۔



Marfat.com

**گردن میں ہاتھ دینا** ۔(۱۔ محاورہ) نکالنے کے لیے گردن پکڑنا (۲) تیار کرنا۔ محبت کرنا۔

**گردن ناپنا** ۔(۱۔ محاورہ) درزی کا گردن کی پیمائش کرنا (۲) گردن پکڑ کے نکال دینا (۳) مار ڈالنا۔

**گردن نیچی ڈالنا** ۔(۱۔ محاورہ) شرم سے گردن جھکا لینا۔

**گردن نیچی ہونا** ۔(۱۔ محاورہ) گردن جھکنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) غرور ٹوٹ جانا۔

**گردن نہ اُٹھانا** ۔(۱۔ محاورہ) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ کرنا اُف نہ کرنا۔ دم نہ مارنا (۲) انکار نہ کرنا۔

**گردن وہاں ماریے جہاں پانی نہ ہو** ۔(۱۔ مثل) بہت بُرے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**گردن ہلانا** ۔(۱۔ محاورہ) انکار کرنا۔ مکرنا (۲) اقرار کرنا۔

**گردن ہلنے لگنا** ۔(۱۔ محاورہ) بڑھاپے کے باعث گردن میں رعشہ ہو جانا۔ بہت بوڑھا ہو جانا۔

**گردَنا** ۔(گَر۔ دَ۔ نا) (اُرد۔ ا۔ مذ) موٹی گردن (۲) دھول دھپا۔

**گردَنی** ۔(گَر۔ دَ۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے لے کر پٹھوں تک ہوتا ہے (۲) کشتی کا ایک داؤ۔

**گردنی دینا** ۔(۱۔ محاورہ) گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا۔ گردن پر چانٹا لگانا۔

**گردنی مارنا** ۔(۱۔ محاورہ) گردن پر ہاتھ مارنا۔

**گردُوں** ۔(گَر۔ دُوں) (ف۔ ا۔ مذ) آسمان۔ چرخ (۲) رتھ۔ بہلی (۳) گاڑی۔ چھکڑا (۴) گھومنے والا۔

**گردُوں اقتدار** ۔(ف۔ ا۔ صف) صاحب منزلت۔ صاحب قدرت۔ زبردست۔

**گردوں پر دماغ ہونا** ۔(۱۔ محاورہ) آسمان پر دماغ ہونا۔ بہت متکبر ہونا۔

**گردوں پر کلاہ پھینکنا** ۔(۱۔ محاورہ) ٹوپی اُچھالنا۔ خوشی سے اترانا۔ فخر کرنا۔

**گردوں پناہ** ۔(۱۔ صف) بادشاہ کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

**گردوں تمکیں** ۔(ف۔ صف) عزت یا طاقت میں آسمان کے برابر۔

**گردوں پر تھوکے اسی پر پڑے** ۔(۱۔ مثل) آسمان پر تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے۔

**گردوں رکاب (سریر)** ۔(ف۔ صف) بادشاہ۔

**گردوں سرشت** ۔(ف۔ صف) مغرور۔ متکبر (۲) باوقار (۳) ناموافق۔

**گردونِ گرداں** ۔(ف۔ ا۔ مذ) پھرنے والا آسمان۔

**گردوں وقار** ۔(ف۔ ع۔ صف) بڑے اختیار یا مرتبے والا۔

**گردوں ہمت** ۔(ف۔ ع۔ صف) بلند ہمت۔

**گردہ** ۔(گَر۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) خاکہ (۲) مصوروں کے استعمال کا سفوف۔

**گردہ** ۔(گِر۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) دائرہ۔ حلقہ۔ کنڈلی (۲) احاطہ (۳) ایک قسم کی خمیری روٹی (۴) چھوٹا گول تکیہ۔

**گُردہ** ۔(گُر۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) انسان یا حیوان کا ایک اندرونی عضو جس میں پیشاب چھنتا ہے (۲) جرأت۔ حوصلہ۔ دلیری (۳) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔

**گردہ ہونا** ۔(۱۔ محاورہ) حوصلہ ہونا۔ دلیری ہونا۔ جرأت ہونا۔

**گِدھر** ۔(س۔ صف) حریص۔ لالچی۔

**گردی** ۔(ف۔ ا۔ مث) مرکبات میں مستعمل ہوتا ہے۔ بدبختی۔ بدنصیبی جیسے بادشاہ گردی۔

**گردیدہ** ۔(ف۔ صف) پھرا ہوا۔ مڑا ہوا (۲) بدلا ہوا (۳) ناراض۔

**گرڑ** ۔(گُ۔ رُڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) گدھے کی طرح کا ایک جانور (۲) نیل کنٹھ۔

**گرز** ۔(ف۔ ا۔ مذ) ایک ہتھیار جو اوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔

**گرزبردار** ۔(ف۔ صف) گرز اٹھانے والا۔

**گرزِ گاؤ سر** ۔(ف۔ ا۔ مذ) فریدوں بادشاہ کے گرز کا نام (۲) گرز جس کی شکل گائے کے سر کی ہو۔

**گُرزمار** ۔(۱۔ مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو گُرز لیے پھرتا ہے اگر کوئی خیرات نہ دے تو اپنے آپ کو زخمی کر لیتا ہے۔

**گرس (Gross)** ۔(گ۔ رس) (انگ۔ ا۔ مذ) بارہ درجن۔ ۱۴۴ عدد۔

**گرسل** ۔(گُر۔ سل) (ہ۔ ا۔ مث) مینا کی قسم کی زرد چونچ والا پرندہ۔

**گُرسنگی** ۔(گُر۔ سَ۔ نَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) بھوک۔ اشتہا۔

**گُرسنہ** ۔(گُر۔ سَ۔ نہ) (ف۔ صف) بھوکا۔

**گرسنہ چشم** ۔(ف۔ صف) بخیل۔ کمینہ۔ لالچی۔

**گرسنہ چشمی** ۔(ف۔ ا۔ مث) حرص۔ گدائی۔

**گُرسی** ۔(گُر۔ سی) (ق۔ ا۔ مث) کھٹولا۔ جھونپڑا۔ چھپر۔

**گرفت** ۔(گَ۔ رِفت) (ف۔ ا۔ مث) پکڑ (۲) دستہ۔ قبضہ (۳) اعتراض۔ مزاحمت۔ مطالبہ۔

**گرفت کرنا** ۔(۱۔ محاورہ) پکڑنا (۲) اعتراض کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ تھامنا۔

**گرفت میں آنا** ۔(۱۔ محاورہ) چنگل میں آنا۔ قابو میں آنا۔ پکڑا جانا۔

**گرفتار** ۔(گَ۔ رِف۔ تار) (ف۔ صف) پکڑا ہوا۔ قیدی۔ اسیر (۲) پھنسا ہوا۔ (۳) عاشق۔ فریفتہ۔

**گرفتار رہنا** ۔(۱۔ محاورہ) پھنسا رہنا۔ مقید رہنا۔

**گرفتار شدہ** ۔(۱۔ محاورہ) اسیر۔ قیدی۔ گرفتار۔

**گرفتار کرنا** ۔(۱۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ قید کرنا۔ اسیر بنانا۔ جیل خانے میں ڈالنا

**گرفتار ہونا** ۔(۱۔ محاورہ) پکڑا جانا (۲) پھنسنا۔ مبتلا ہونا۔

**گرفتاری** ۔(گَ۔ رِف۔ تا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) پکڑ (۲) قید۔ نظر بندی۔ الجھاؤ۔ جنجال۔

**گرفتگی** ۔(گَ۔ رِف۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) پکڑ (۲) رکاوٹ۔ گھٹاؤ (۳) کلفت (۴) ملول ہونا۔

**گرفتگی آواز** ۔(ف۔ ا۔ مذ) گلا پڑنا۔ آواز کا بیٹھ جانا۔

**گرفتہ** ۔(گَ۔ رِف۔ تہ) (ف۔ صف) پکڑا ہوا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے اجل گرفتہ۔

**گرفتہ خاطر (دل)** ۔(ف۔ صف) ناخوش۔ رنجیدہ۔ ملول۔

**گرفتہ لب** ۔(ف۔ صف) خاموشی۔ عاجزی یا حیرانی کی وجہ سے چپ چاپ۔

**گرگ** ۔(ف۔ ا۔ مذ) بھیڑیا۔ جمع ۔ گرگاں۔



Marfat.com

**گرگ آشتی** ۔(ف ۔ا ۔ مث) منافقانہ صلح ۔ مکرو فریب کی دوستی ۔
**گرگ آشنائی** ۔(ف ۔ا ۔مث) ظاہری دوستی ۔ بظاہر دوستی اور باطن میں دُشمنی ۔
**گرگ اجل** ۔(ف ۔ا ۔ مث) موت کا بھیڑیا ۔ یعنی موت ۔
**گرگ باراں دیدہ** ۔(ف ۔صف) تجربہ کار ۔ خرانٹ ۔ آزمودہ کار
**گرگ بغل ۔ گرگ بغلی** ۔(ف ۔صف) چھپا ہوا دُشمن جو ساتھ رہ کر دُشمنی کرے ۔
**گرگ کہن** ۔(ف ۔صف) بوڑھا اور پرانا بھیڑیا (۲) بڑا بھاری مکار ۔
**گرگا** ۔(گر ۔گا) (ہ ۔ا ۔مذ) چھوکرا ۔ چیلا ۔ شاگرد (۲) نوکر ۔ ادنیٰ ملازم (۳) بدکار ۔ بدمعاش ۔ (۴) نہایت شریر ۔
**گرگابی** ۔ (گر ۔گا ۔بی) (ر ۔ا ۔ مث) جوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے ۔
**گرگٹ** ۔ (گر ۔گٹ) (ہ ۔ا ۔مذ) ایک قسم کی چھپکلی جو طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے ۔ کرلا ۔
**گرگٹ کا جنم لینا** ۔(ا ۔ محاورہ) ایک حالت پر قائم نہ رہنا ۔
**گرگٹ کی دوڑ بٹورے تک** ۔(ا ۔ مثل) ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ لیتا ۔ ہر شخص اپنے مربی پر بھروسہ کرتا ہے ۔
**گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا** ۔(ا ۔ محاورہ) نہایت متلون مزاج ہونا ۔ ایک حال پر نہ رہنا ۔ گھڑی میں کچھ ہونا ۔ گھڑی میں کچھ (۲) نیلی پیلی آنکھیں ہونا ۔
**گرگٹ کی طرح کبھی کالا کبھی لال ہونا** ۔ (ا ۔ مثل) غصّہ سے چہرے کا رنگ بدلنا ۔
**گرگرانا** ۔(گر ۔گر ۔را ۔نا) (ہ ۔مص) بٹیروں کو جال کی طرف ہنکانا ۔
**گرگریا ۔ گرگیا** ۔(گر ۔گر ۔ری ۔یا) (گر ۔گی ۔یا) (ہ ۔ا ۔مث) چڑیا ۔
**گرل** ۔ (Girl) (انگ ۔ا ۔مث) لڑکی ۔ بچی ۔ دوشیزہ ۔ کنواری ۔
**گرلز سکول** ۔(Girl School) لڑکیوں کا سکول ۔
**گرلز گائیڈ** ۔(Girl Guide) (گر ۔لز ۔گا ۔ایڈ) (انگ ۔ا ۔مذ) سکاؤٹنگ کی طرح لڑکیوں کا نظام ۔
**گرم** ۔(ف ۔صف) جلتا ہوا ۔ دہکتا ہوا (۲) اختلاط رکھنے والا (۳) مستعد ۔ تند ۔ تیز (۴) خفا ۔ ناراض (۵) گرم اثر رکھنے والا (۶) تیز دھار (۷) شوخ ۔ چلبلا (۸) صفراوی (۹) بارونق (۱۰) غالب ۔ فائق (۱۱) پُر اثر ۔ پُر زور (۱۲) بہت زیادہ ۔ (تابع فعل) شتاب جلد ۔ (۲) خوب کھرے ۔ چوکے ۔
**گرم اختلاط** ۔(ف ۔صف) از حد بے تکلف ۔ گہرا دوست ۔
**گرم اختلاطی** ۔(ف ۔ا ۔مث) گہری دوستی ۔ بہت بے تکلفی ۔
**گرم بازاری** ۔(ف ۔ا ۔مث) بڑی گاہکی اور خریداری ۔ خرید و فروخت کی کثرت ۔ بڑا لین دین اور بیوپار ۔ گہما گہمی ۔
**گرم بولنا** ۔(ا ۔محاورہ) بدمزاجی سے جواب دینا ۔ تیز ہونا ۔
**گرم جوشی** ۔(ف ۔ا ۔مث) تپاک ۔ اختلاط (۲) سرگرمی ۔ جوش ۔ شوق (۳) کوشش ۔ سعی ۔
**گرم خانہ** ۔(ف ۔ا ۔مذ) سردیوں میں نازک پودوں کو رکھنے کا مکان (۲) سردیوں کا موسم گزارنے کا مکان ۔
**گرم خبر** ۔(ف ۔ا ۔مث) عام خبر ۔ افواہ ۔ دھوم ۔
**گرم خو** ۔(ف ۔صف) غضبناک ۔ تندخو ۔ تیز مزاج ۔
**گرم خیز** ۔(ف ۔صف) تیز چلنے والا ۔ چالاک ۔
**گرم دستی** ۔(ف ۔ا ۔مث) تیز دستی ۔
**گرم رفتار (رو)** ۔(ف ۔صف) تیز رو ۔ جلدی چلنے والا ۔
**گرم رفتاری** ۔(ف ۔ا ۔مث) تیز چلنا ۔
**گرم سخن ہونا** ۔(ا ۔محاورہ) بات چیت میں مشغول ہونا ۔
**گرم سرد** ۔(ف ۔صف) شیر گرم (۲) بُرا بھلا ۔ نیک و بد ۔
**گرم سرد اٹھانا ۔ گرم سرد سہنا** ۔(ا ۔محاورہ) بُرا بھلا وقت دیکھنا زمانے کی مصیبتوں کو برداشت کرنا ۔
**گرم عناں** ۔(ف ۔صف) تیز دوڑانے والا ۔
**گرم فغاں** ۔(ف ۔صف) رونے دھونے میں مصروف ۔
**گرم فقرہ سوجھنا** ۔(ا ۔ محاورہ) کوئی نئی شوخی کی بات سمجھ میں آنا ۔
**گرم کپڑے** ۔(ف ۔ا ۔مذ) اُونی یا روئی دار کپڑے ۔ جاڑے کی پوشاک ۔
**گرم کرنا** ۔(ا ۔محاورہ) آگ پر رکھ کر سینکنا (۲) غصّہ دلانا ۔ تیز کرنا ۔ دوڑانا ۔
**گرم مزاج** ۔(ف ۔ا ۔صف) بدمزاج ۔ غصیلا ۔ تندخو ۔
**گرم مزاجی** ۔(ف ۔ا ۔مث) تندخوئی ۔ بدمزاجی ۔
**گرم مسالہ** ۔(ف ۔ا ۔مذ) زیرہ ۔ سیاہ مرچ ۔ لونگ ۔ الائچی اور دار چینی کا مجموعہ
**گرم و سرد آزمانا** ۔(ا ۔محاورہ) زمانے کی مصیبتیں سہنا ۔ تجربہ کار ہونا ۔
**گرم و سرد زمانہ چشیدہ** ۔(ف ۔صف) تجربہ کار ۔ جس نے رنج و غم اٹھائے ہوں ۔ معمّر ۔
**گرم ہونا** ۔ تپنا ۔ جلنا (۲) پُرجوش ہونا ۔ اُبلنا (۳) خفا ہونا ۔ تیز ہونا (۴) بارونق ہونا ۔
**گرما** ۔(گر ۔ما) (ف ۔ا ۔مذ) گرمی کا موسم ۔
**گرمابہ** ۔(گر ۔ما ۔بہ) (ف ۔ا ۔مذ) حمام ۔ نہانے کا گرم مکان ۔ گرم غسل خانہ ۔
**گرما گرم** ۔(گر ۔ما ۔گرم) (ف ۔صف) جلتا بھنا (۲) تازہ و بتازہ (۳) پُررونق ۔ رقت خیز (۴) ظریف الطبع ۔ چرب زبان (۵) شوخ ۔ چلبلا (۶) تپاق ۔ چپاق ۔
**گرما گرم باتیں** ۔(ف ۔ا ۔ مث) شوخ باتیں ۔ محبت کی باتیں ۔
**گرما گرمی** ۔(ف ۔ا ۔مث) تیزی ۔ شوخی ۔ جوش ۔
**گرما گرمی سے** ۔ (ف ۔ا ۔مث) (ا ۔ تابع فعل) بڑے تپاک سے تیزی اور جوش کے ساتھ ۔
**گرمانا** ۔ (گر ۔ما ۔نا) (ا ۔ مص) گرم ہونا (۲) خفا ہونا ۔ غصّے میں بھرنا (۳) جوش میں آنا (۵) گرم رفتار ہونا (۶) مادہ جانور کا مستی میں آنا ۔ خواہش جماع کرنا ۔
**گرمائی** ۔(گر ۔ما ۔ئی) (ا ۔ا ۔مث) گرمی ۔ تپش ۔
**گرمی** ۔ (گر ۔می) (ف ۔ا ۔مث) تپش ۔ حرارت (۲) موسم گرما (۳) تپاک ۔ گرم جوشی (۴) شوخی ۔ طراری (۵) تیزی ۔ تندی (۶) آتشک



Marfat.com

(۷) غصّہ (۸) شہوت۔ خواہش نفسانی (۹) آتشک کا مرض (۱۰) گرمی دانے (۱۱) اندرونی حرارت (۱۲) پسینہ (۱۳) جوانی۔ اُمنگ (۱۴) ولولہ۔ جوش (۱۵) محبت۔ اُلفت۔
**گرمیٔ بازار**۔ [ف۔ا۔مث] رونق بازار۔ خرید و فروخت کی کثرت (۲) شہرت۔ ناموری۔
**گرمی پڑنا**۔ [ا۔محاورہ] موسم گرما کا آنا۔ دھوپ آنا
**گرمی چڑھ جانا**۔ [ا۔محاورہ] دماغ میں خلل آنا۔
**گرمی چھانٹنا**۔ [ا۔محاورہ] مزاج کی گرمی نکالنا (۲) غصّہ کا اظہار کرنا۔
**گرمی دانے**۔ [ا۔مذ] چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں بدن پر نکل آتے ہیں۔ پت۔
**گرمیٔ سخن**۔ [ف۔ا۔مث] بات کرنے کی خوبی۔ شعر کی تاثیر۔
**گرمی سے جواب دینا**۔ [ا۔محاورہ] جھلّا کر جواب دینا۔ غصّہ سے جواب دینا۔
**گرمی کا پھونکے دینا**۔ [ا۔محاورہ] بے حد تپش ہونا۔ سخت گرمی پڑنا۔
**گرمی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] بدن میں گرمی بڑھا دینا (۲) شوخی کرنا۔ شرارت کرنا۔
**گرمی کے دن**۔ [ا۔مذ] گرمیوں کا موسم۔
**گرمی کے رنگ**۔ [ا۔مذ] ہلکے رنگ جو گرمی کے موسم میں پہنے جاتے ہیں مثلاً ہلکا گلابی۔ آبی۔ اگرئی۔ بادامی۔ پیازی۔ خشخاشی۔ دودھیا۔ علاگیری وغیرہ۔
**گرمی کے کپڑے**۔ [ا۔مذ] وہ ٹھنڈی پوشاک جو موسم گرما میں پہنی جائے۔
**گرمیٔ مضمون**۔ [ف۔ا۔مث] مضمون کی شوخی۔
**گرمی نکالنا**۔ [ا۔محاورہ] حرارت دفع کرنا (۲) غصّہ نکالنا۔ کسی کو مار پیٹ کرنا (۳) جماع کی خواہش مٹانا۔
**گرمی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا۔
**گرنا**۔ (گِر۔نا) [ہ۔مص] اُوپر سے نیچے آپڑنا (۲) پھسلنا۔ ڈھلکنا (۳) شکست کھانا (۴) بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا (۵) مکان کا منہدم ہونا (۶) ہجوم کرنا (۷) حمل ساقط ہونا (۸) قدر نہ رہنا (۹) مائل ہونا۔ لالچ کرنا۔
**گرنتھ**۔ (گ۔رَنتھ) [س۔ا۔مذ] سکھوں کی مذہبی کتاب۔
**گرنتھی**۔ (گ۔رَن۔تھی) [ہ۔صف] مؤلف۔ کتاب لکھنے والا۔ تصنیف و تالیف کا کام کرنے والا (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب گرنتھ کا عالم۔
**گرنڈ**۔ (گ۔رَنڈ) [ہ۔ا۔مذ] چکّی کا وہ حصّہ جس میں پس پس کر آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے۔
**گرو**۔ (گِ۔رو) [ف۔ا۔مذ] رہن۔ گہنے۔ گروی (۲) مطیع۔ مبتلا (۳) [ف] شرط۔ بازی۔
**گرو کرنا**۔ [ا۔محاورہ] رہن کرنا۔ کسی چیز کو نقدی کے عوض ضامن رکھنا۔
**گرو نامہ**۔ [ف۔ا۔مذ] رہن نامہ۔ گہنے رکھنے کا تمسّک۔
**گرویدہ ہونا**۔ گروی ہونا۔
**گرو**۔ (گُ۔رُو) [س۔ا۔مذ] پیر و مرشد (۲) بزرگ (۳) اُستاد۔ معلّم

(۴) کامل فن۔ جگت اُستاد۔ شریر۔ مفسد (۵) ہوشیار۔ غرانٹا۔
**گرو بڑا کہ چیلا**۔ [ا۔مثل] ایک سے ایک بڑھ کر۔
**گرو گڑ ہی رہے اور چیلے شکر ہو گئے**۔ [ا۔مثل] اُستاد ویسے کے ویسے ہی رہے لیکن شاگرد اور چیلے بہت آگے بڑھ گئے۔
**گرو گھنٹال**۔ [ہ۔ا۔مذ] بہت بڑا اُستاد۔ سب کا پیر (۲) بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بہت بڑا چالاک۔ غرانٹا۔
**گروا**۔ (گَر۔وا) [ہ۔صف] بھاری (۲) ضروری (۳) معزز۔ بڑا۔
**گروپ**۔ (Group) [انگ۔ا۔مذ] ٹولی۔ جماعت۔ مجمع۔ حلقہ۔ درجہ۔ کئی چیزوں کا مجموعہ۔
**گرور**۔ (گَر۔وَر) [ہ۔ا۔مذ] پہاڑ۔ کوہ۔ پربت۔
**گروسر**۔ (Grocer) (گْرو۔سَر) [انگ۔ا۔مذ] پنساری۔ بقّال۔ چھوٹی چھوٹی دوائیں یا مسالے بیچنے والا۔
**گروسری**۔ (Grocery) [انگ۔ رو۔س۔ری] (۱) پنساری کی دوکان یا پیشہ (۲) پنساری کا سامان۔
**گروی**۔ [ہ۔ا۔مث] حاملہ عورت۔ گابھن۔
**گروہ**۔ (گُ۔روہ) [ف۔ا۔مذ] ٹولی۔ منڈلی۔ جماعت۔ جرگہ۔ مجمع (۲) غول۔ پرندوں کی جماعت (۳) نوع۔ قسم۔ درجہ۔ ذات۔
**گروہ بندی**۔ [ف۔ا۔مث] گروہ بنانا۔ جماعت قائم کرنا۔
**گروی**۔ (گِر۔وی) [اُ۔ا۔مث] رہن شدہ چیز جو گرو رکھی گئی ہو۔
**گروی پتر**۔ [ہ۔ا۔مذ] رہن نامہ۔
**گروی دار**۔ [ا۔مذ] وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز کسی شرط کے ایفا پر واپس لینے کو رکھی گئی ہو۔
**گروی رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] رہن رکھنا۔
**گروی سے چھڑانا**۔ [ا۔محاورہ] رہن سے نکالنا۔ فک الرہن کرنا۔
**گروی**۔ (گَر۔وی) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کیڑا جو فصلوں کو لگ جاتا ہے جس سے دانہ نہیں پڑتا۔
**گرویدگی**۔ (گِر۔وی۔دگی) [ہ۔ا۔مذ] رغبت۔ میلان۔ فریفتگی۔
**گرویدہ**۔ (گِر۔وی۔دہ) [ف۔صف] فریفتہ۔ عاشق۔
**گرویدہ ہونا**۔ [ا۔محاورہ] عاشق و شیدا ہونا۔ دلدادہ ہونا۔ مرنا۔ کسی پر جان دینا (۲) سر ہونا۔ درپے ہونا۔
**گرہ**۔ (گْ۔رہ) [س۔ا۔مذ] ستارہ (۲) ہندو جوتش کے موافق ان نو ستاروں کو کہتے ہیں (۱) سورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بدھ (۵) برہسپت (۶) شکر (۷) سنیچر (۸) راہو (۹) کیت۔
**گرہ آنا**۔ [ا۔محاورہ] بُرا ستارہ آنا۔ نحوست آنا۔ ادبار آنا۔
**گرہ پتر**۔ [ہ۔ا۔مذ] اچھے بُرے پھلوں کا زائچہ۔ لگن۔ کنڈلی۔
**گرہ**۔ (گِ۔رہ) [ف۔ا۔مذ] گانٹھ۔ عقدہ (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) گز کا سولہواں حصّہ۔ قریباً تین انگل کی چوڑائی (۴) [اُ] جوڑ (۵) کدورت۔ رنج (۶) [اُ] سدّہ۔ گلٹی (۷) بند کا آخری شعر (۸) مشکل
**گرہ باز**۔ ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھائے

Marfat.com

**گرہ باندھنا۔ گرہ میں باندھنا**۔(۱۔محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنے کیلیے رومال یا پگڑی وغیرہ میں گانٹھ دینا (۲) کسی چیز کو اپنے قابو میں سنبھال کر رکھنا
**گرہ بر**۔(ف۔صف) جیب کترا۔ وہ شخص جو لوگوں کی جیب کتر کر مال نکال لے۔
**گرہ پڑنا۔ گرہ پڑ جانا**۔(۱۔محاورہ) گانٹھ پڑنا۔ اُلجھنا (۲) دل کی محبت میں فرق آنا۔ دشمنی ہونا۔ عداوت ہونا
**گرہ ٹٹولنا**۔(۱۔محاورہ) مال و دولت کی طلب ظاہر کرنا (۲) دوسرے کا مال لینے کی کوشش کرنا۔
**گرہ دار**۔(ف۔صف) بہت سی گانٹھوں والا۔ گنٹھیلا۔
**گرہ دینا**۔(۱۔محاورہ) گانٹھ لگانا۔ یاد رکھنا۔
**گرہ سے جانا**۔(۱۔محاورہ) اپنی جیب سے خرچ ہونا۔ ذاتی نقصان ہونا۔
**گرہ کا دیجیے پر ضامن نہ ہوجیے**۔(۱۔مثل) کسی کی ضمانت دیجیے ضامن بننے کی نسبت گرہ سے روپیہ دے دینا بہتر۔
**گرہ کا کھونا**۔(۱۔محاورہ) اپنا نقصان کرنا۔
**گرہ کٹ۔ گرہ کاٹ**۔(۱۔صف) جیب کترا۔
**گرہ کشا**۔(ف۔صف) گانٹھ کھولنے والا۔ مشکل کشا
**گرہ کھلنا**۔(۱۔محاورہ) عقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا۔ ذاتی نقصان ہو جانا۔
**گرہ کھولنا**۔(۱۔محاورہ) گانٹھ کھولنا۔ عقدہ وا کرنا (۲) دل کی کدورت نکال دینا۔ رنجش دور کرنا۔
**گرہ گانٹھ میں**۔(۱۔تابع فعل) قبضے میں۔ کسی کے پاس۔
**گرہ گیر**۔(ف۔صف) بل کھائے ہوئے۔ مڑا ہوا۔ پیچیدہ۔
**گرہ لگانا**۔(۱۔محاورہ) گانٹھ باندھنا (۲) مصرع پر دوسرا مصرع لگانا۔ (۳) دل میں رنجش ڈالنا۔
**گرہ میں**۔(۱۔تابع فعل) قبضے میں۔ تحویل میں۔ پاس۔
**گرہ میں باندھنا**۔(۱۔محاورہ) قبضے میں کرنا (۲) یاد رکھنا۔
**گرہ میں پیسہ (مال) ہونا**۔(۱۔محاورہ) مالدار ہونا (۲) دولت مند ہونا۔
**گرہ میں کوڑی نہیں اور بازار کی سیر**۔(۱۔مثل) مفلسی میں امیرانہ وضع اختیار کرنا۔
**گرہ نکلنا**۔(۱۔محاورہ) گتھی سلجھنا۔ پیچ دور ہونا۔ مشکل حل ہونا۔
**گرہست**۔(ہ۔ا۔مث) عیالداری۔ قبیل داری۔ دنیاداری۔ خاندان۔
**گرہستن**۔(گ۔رہس۔تن)(ہ۔ا۔مث) (۱) زوجہ۔ بیوی (۲) سگھڑ سلیقہ شعار۔
**گرہستی**۔(گ۔رہس۔تی)(ہ۔ا۔مذ) دنیادار۔ عیالدار۔ گھر والا۔
**گرہن**۔(گر۔ہن)(س۔ا۔مذ) گہن (۲) کسوف و خسوف۔ سورج یا چاند کا یا چاند پر زمین کا سایہ ہو جانے سے ان کا سیاہ نظر آنا۔
**گرہن لگنا**۔(۱۔محاورہ) سورج یا چاند میں اندھیرا ہونا (۲) داغ لگنا۔ عیب لگنا۔
**گرہی**۔(گ۔رہی)(ق۔ا۔مث) گھاس کا انبار۔
**گرہی**۔(گ۔رہی)(ہ۔ا۔مث) گودڑ کی رسی لپیٹنے کی چرخی۔

**گری**۔(گ۔ری)(ہ۔ا۔مث) مغز۔ تخم (۲) کھوپا۔ ناریل کا مغز۔ کھوپرا۔ (۳) گودا۔ بھیجا۔
**گری**۔(ف۔ا۔مث) بنانا۔ کرنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے شیشہ گری۔ صنعت گری۔ کاری گری۔
**گرے**۔(Grey)(گ۔رے)(انگ۔صف) خاکستری۔ بھورا۔ قدرے سفید قدرے سیاہ۔
**گریا**۔(گر۔یا)(س۔ا۔مث) پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ (۲) سانپ کا پنجر (۳) شیشے کا موتی (۴) تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی۔
**گریاں**۔(گر۔یاں)(ف۔صف) روتا ہوا۔ نالاں۔
**گریبان**۔(گ۔ری۔بان)(ف۔ا۔مذ) پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔
**گریبان پرزے ہونا**۔(۱۔محاورہ) گریبان چاک چاک ہونا۔
**گریبان پکڑنا۔ گریبان میں ہاتھ ڈالنا**۔(۱۔محاورہ) گریبان پکڑ کر گھسیٹ لینا۔ سخت تقاضا کرنا۔
**گریبان پھاڑنا۔ گریبان تار تار کرنا**۔(۱۔محاورہ) وحشت کے سبب کپڑے پھاڑنا۔ دیوانہ ہونا۔ سودائی ہونا۔ بہت رنج کرنا۔
**گریبان دری**۔(ف۔ا۔مث) گریبان پھاڑنا۔
**گریبان دریدہ**۔(ف۔صف) وہ شخص جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو۔ پریشان حال۔ بدحال۔ مصیبت زدہ۔
**گریبان کوہ**۔(ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جو پہاڑ کے درمیان ہو۔
**گریبان کھینچنا**۔(۱۔محاورہ) جبراً کوئی کام لینے کے لیے گریبان سے پکڑ کرلے جانا۔
**گریبان گیر**۔(ف۔صف) روکنے والا۔ مقابلہ کرنے والا۔ مزاحم (۲) دعویدار۔ الزام لگانے والا۔
**گریبان میں منہ چھپانا**۔(۱۔محاورہ) شرمندہ ہونا۔ آنکھیں نیچی کرنا۔
**گریبان میں منہ ڈالنا**۔(۱۔محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔ شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا (۲) سر جھکا کر غور کرنا۔
**گریبان میں ہاتھ ڈالنا**۔(۱۔محاورہ) کسی کا گریبان پکڑنا (۲) کسی چیز کا تقاضا کرنا۔
**گرے پڑنا**۔(گ۔رے۔پڑ۔نا)(ہ۔مص) ٹوٹے پڑنا۔ ہجوم کرنا۔
**گریپ فروٹ**۔(انگ۔ا۔مذ) ترشاوا پھل۔
**گریٹ**۔(Great)(گ۔ریٹ)(انگ۔صف) بڑا۔ عظیم۔ بہت۔
**گریجویٹ**۔(Graduate)(گ۔رے۔جو۔ایٹ)(انگ۔ا۔مذ) بی اے پاس۔ سند یافتہ (۲) عطار کا دوائی ماپنے کا گلاس۔
**گریجویٹی**۔(Gratuity)(گ۔رے۔چو۔ا۔ٹی)(انگ۔ا۔مث) بخشش انعام۔ زرِ انعام۔ صلہ۔ عطیہ۔ وظیفہ۔
**گریڈ**۔(Grade)(گ۔ریڈ)(انگ۔ا۔مذ) پایہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔
**گریز**۔(گ۔ریز)(ف۔ا۔مث) بھاگنا۔ فرار (۲) علیحدگی۔ اجتناب۔ پرہیز (۳) قصیدہ میں تمہید کے بعد اصلی مقصد کی طرف متوجہ ہونا۔
**گریز پا**۔(ف۔صف) بھگوڑا۔ مفرور (۲) وحشت زدہ (۳) ناپائیدار۔



Marfat.com

گھر سے اکثر بھاگ جانے والا۔

**گریز کرنا۔** (ا۔مص مرکب) بھاگنا۔ فرار کرنا (۲) پرہیز کرنا (۳) متنفر ہونا۔

**گریزاں۔** (گ۔رے۔زاں) (ف۔صف) بھاگنے والا۔ بھاگتا ہوا۔ متنفر۔

**گریس۔ (Grease)** (گ۔ریس) (انگ۔ا۔مث) چربی۔ چکنائی۔ روغن (۲) ایک بیماری جو گھوڑے کے پیروں میں ہو جاتی ہے۔

**گریک۔ (Greek)** (گ۔ریک) (انگ۔ا۔مذ و مث) یونانی۔ یونان کا باشندہ (۲) یونانی زبان۔

**گرگیل۔ گرگیل** (ہ۔ا۔مذ) وہ آدمی جو سستی کے باعث کسی جگہ پڑا رہے (۲) وہ کبوتر جو چھینے کے مکان پر گرے۔

**گریمر۔ (Grammar)** (گ۔رے۔مر) (انگ۔ا۔مث) صرف و نحو۔ قواعد زبان (۲) صرف و نحو کی کتاب۔

**گریمیرین۔ (Grammarian)** (گ۔مے۔رے۔رین) (انگ۔ا۔مذ) قواعد زبان کا جاننے والا۔ ماہر صرف و نحو۔

**گرین۔ (Grain)** (گ۔رین) (انگ۔ا۔مذ) بیج۔ تخم (۲) اناج۔ غلہ۔ (۳) دانہ۔ ریزہ۔ ٹکڑا (۴) ڈیڑھ رتی کا ایک وزن (۵) نہایت خفیف مقدار۔

**گرین۔ (Green)** (گ۔رین) (انگ۔صف) سبز۔ ہرا۔

**گرینٹ۔** (گ۔رینٹ) (ہ۔ا۔مث) وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی چرخی چلتی ہے۔

**گرینڈ۔ (Grand)** (گ۔رینڈ) (انگ۔صف) بڑا۔ عظیم (۲) عالیشان۔ خوبصورت (۳) عالی ظرف۔ عالی حوصلہ۔

**گرینیڈ۔ (Gernade)** (گ۔رے۔نیڈ) (انگ۔ا۔مذ) چھوٹا بم کا گولا۔ ہتھ گولا۔

**گریہ۔** (گ۔رے۔یہ) (ف۔ا۔مذ) رونا۔ پیٹنا۔ آہ و زاری کرنا۔

**گریۂ شادی۔** (ف۔ا۔مذ) خوشی کی حالت میں رونا۔

**گریۂ شبنم۔** (ف۔ا۔مذ) اوس گرنا۔

**گریۂ شمع۔** (ف۔ا۔مذ) موم کے قطرے جو موم بتی کے جلنے سے گرتے ہیں۔

**گریۂ شیشہ۔** (ف۔ا۔مذ) شراب کا صراحی سے جام میں گرنا۔

**گریہ کرنا۔** (ا۔مص مرکب) رونا۔ پیٹنا۔ واویلا کرنا۔ ماتم کرنا۔ آنسو بہانا۔

**گریہ کناں۔** (ف۔صف) روتا۔ پیٹتا۔ نالاں۔ گریاں۔

**گریۂ مستانہ۔** (ف۔ا۔مذ) شراب کی مستی میں رونا۔

**گریہ مند (ناک)۔** (ف۔صف) رونے والا۔

**گریہ وزاری۔** (ف۔ا۔مث) واویلا۔ کہرام۔ آہ و بکا۔ رونا پیٹنا۔

**گرے ہاؤنڈ۔ (Grey Hound)** (انگ۔ا۔مذ) کتے کی ایک نسل جس کے پاؤں لمبے ہوتے ہیں۔ آنکھیں تیز ہوتی ہیں اور دبلا پتلا ہوتا ہے۔ شکاری کتا۔

# گ۔ڑ

**گڑ۔** (ہ۔ا۔مذ) گنے کا جما ہوا رس۔ قند سیاہ (۲) مٹھاس۔ شیرینی۔ (۳) میٹھا۔ شیریں۔

**گڑامبہ۔** (ا۔مذ) گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں۔

**گڑدھانی۔** بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

**گڑ دیے مرے تو زہر کیوں دیجیے۔ گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو۔** (ا۔مثل) جو کام آسانی اور نرمی سے نکل سکے اس میں سختی نہیں چاہیئے۔

**گڑ دینا۔** (ا۔محاورہ) میٹھی میٹھی باتیں کرنا (۲) بوسہ دینا۔

**گڑ کا شیرہ۔** (ا۔مذ) گڑ کا بہت گاڑھا شربت (۲) راب۔

**گڑ کلہیا (کلھیا) میں پھوٹنا۔** (ا۔محاورہ) کسی ظاہر ہونے والے کا کام پوشیدہ طور پر ہو جانا (۲) کسی خفیہ مشورہ کا کھل جانا۔

**گڑ (کلھیا) کلیا میں پھوڑنا۔** چھپ کر کوئی کام کرنا (۲) ناممکن کام کرنا۔

**گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا۔** (ا۔مثل) چھوٹی برائی سے بچنا اور بڑی برائی کا خیال نہ کرنا۔

**گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا۔** (ا۔مثل) نفع کی امید پر تکلیف بھی برداشت کرے گا۔

**گڑ کی جوتی۔** (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز کے نایاب ہونے پر غریب لوگ اس کی شکل تک دیکھنے کو ترسیں مگر امیر لوگ اُسے بے تحاشا استعمال کریں۔

**گڑ لینا۔** (ا۔محاورہ) بوسہ لینا۔ چومنا (ق)۔

**گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے۔** (ا۔مثل) کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دو۔

**گڑ ہوگا تو مکھیاں بھی آئیں گی۔** (ا۔مثل) دولت ہوگی تو بہتیرے یار بن جائیں گے۔

**گڑا۔** (گ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) بڑا ڈھیلا (۲) ڈھیر۔ کھلیان (۳) (فعل) گڑنا مصدر سے فعل ماضی مطلق۔

**گڑا بٹائی۔** (ا۔مث) اناج وغیرہ کی وہ تقسیم جو اندازے سے انبار لگا کر کی جائے۔

**گڑا دبا مال۔** (ا۔مذ) وہ مال جو دفن کیا گیا ہو۔

**گڑے مُردے اکھاڑنا۔** (ا۔محاورہ) پرانے قصے دہرانا (۲) بھولی بسری بات کو چھیڑنا (۳) مرے ہوئے بزرگوں کے عیب نکالنا۔

**گڑاکو۔** (گ۔ڑا۔کو) (ہ۔ا۔مذ) گڑ ملا ہوا تمباکو۔ بنا ہوا تمباکو۔ پینے کا تمباکو۔

**گڑا ہونا۔** (ا۔محاورہ) دبا ہونا۔ دفن ہونا۔

**گڑبڑ۔ (گڑبڑ)** (ہ۔ا۔مث) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) جھمیلا۔ بکھیڑا۔ افراتفری۔ بے انتظامی۔ کھلبلی (۳) گڈمڈ۔



Marfat.com

**گڑ ارجھالا** ۔ (ا۔مذ) مینہ اور آندھی (۲) بد نظمی۔

**گڑ بڑ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) پیٹ بولنا (۲) گڈ مڈ کرنا مال گول کرنا (۳) جھگڑا پھیلانا۔

**گڑ بڑانا** ۔ (گڑ۔ب۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

**گڑ بڑاہٹ** ۔ (گڑ۔ب۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) گڑبڑ۔ افراتفری۔

**گڑ بڑائی** ۔ (ق۔صف) دہشت مند۔

**گڑ بڑی** ۔ (گڑ۔ب۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) کھلبلی۔ افراتفری۔ بدانتظامی۔

**گڑپ** ۔ (گ۔ڑپ) (ہ۔ا۔مث) جلدی سے کسی ملائم چیز میں گھس جانے کی آواز۔ غڑپ (۲) جلد۔ جھٹ۔

**گڑپنکھ** ۔ (ہ۔ا۔مذ) بڑے بڑے پروں والا پرندہ (۲) ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی۔

**گڑتی** ۔ (گڑ۔تی) (ق۔ا۔مذ) ساتھی۔ دوست۔ یار۔

**گڑجانا** ۔ (گڑ۔جا۔نا) (ہ۔مص) دھنس جانا (۲) دب جانا (۳) نہایت شرمندہ ہونا (۴) قائم ہوجانا (۵) جم جانا۔ اڑجانا۔

**گڑدینا** ۔ (ق۔مص) سردینا۔

**گڑریا** ۔ (گ۔ڑر۔یا) (ہ۔ا۔مذ) چرواہا۔ گڈریا۔ بھیڑوں کو پالنے اور چرانے والا۔

**گڑکوٹ** ۔ (گڑھ۔کوٹ) (ق۔ا۔مذ) قلعہ۔

**گڑکا** ۔ (گڑ۔کا) (ق۔ا۔مذ) پاجامہ۔

**گڑگج** ۔ (گڑھ۔گج) (ہ۔ا۔مذ) قلعے کا وہ بُرج جس پر توپیں نصب کی جاتی ہیں۔

**گڑگڑ** ۔ (گڑ۔گڑ) (ہ۔ا۔مث) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) حقہ پینے کی آواز۔

**گڑگڑ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) پیٹ بولنا۔ آنتوں کا بولنا (۲) حقے کا گڑگڑانا۔

**گڑگڑا** ۔ (گڑ۔گڑا) (ہ۔ا۔مذ) بڑا حقہ۔

**گڑگڑانا** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) گرجنا۔ کڑکنا (۲) توپوں کا لگاتار چھوٹنا۔

**گڑگڑانا** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ التجا کرنا۔

**گڑگڑانا** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) آنتوں کا بولنا۔ پیٹ کا آواز دینا۔ قراقر ہونا (۲) حقے کا بولنا۔

**گڑگڑاہٹ** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) گرج۔ کڑک (۲) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز۔

**گڑگڑاہٹ** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ) عاجزی۔ منت سماجت۔ خوشامد۔ التجا۔

**گڑگڑاہٹ** ۔ (گڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) پیٹ کے بولنے کی آواز۔

**گڑگڑی** ۔ (گڑ۔گ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ایک خاص وضع کا چھوٹا سا حقہ۔

**گڑگنجل** ۔ (گڑ۔گن۔جل) (ق) متفرق۔

**گڑگودڑ** ۔ (گڑ۔گو۔دڑ) (ہ۔ا۔مذ) پھٹے پرانے کپڑے۔ چیتھڑے۔

**گڑگی** ۔ (گڑ۔گی) (ق۔ا۔مث) پاجامہ۔

**گڑگے لومنڈی جھکانا** ۔ (ا۔محاورہ) نکرمندہونا۔ سوچنا (ق)

**گڑام** ۔ (گ۔ڑام) (ہ۔ا۔مذ) ورم جو سر پر چوٹ لگنے سے ہو جائے۔

**گڑان** ۔ (گ۔ڑان) (ہ۔ا۔مث) دلدل۔ کیچڑ۔

**گڑنا** ۔ (گڑ۔نا) (ہ۔مص) دبنا (۲) دفن ہونا (۳) چبھنا (۴) جمنا (۵) قائم ہونا (۶) کھڑا ہونا (۷) شرمندہ ہونا۔

**گڑنت** ۔ (گ۔ڑنت) (ہ۔ا۔مث) دفینہ۔ زمین میں گڑی ہوئی چیز۔ وہ چیز جس پر منتر پڑھ کر زمین میں دفن کر دیا جائے۔

**گڑنگ** ۔ (گ۔ڑنگ) (ہ۔ا۔مث) شیخی۔ ڈینگ۔ بڑائی۔

**گڑنگیا** ۔ (گ۔ڑنگ۔یا) (ہ۔ا۔مث) شیخی بگھارنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔ ڈینگیا۔

**گڑوا** ۔ (گڑ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) پانی رکھنے کا برتن۔ لوٹا۔ آبخورہ (۲) آفتابہ۔ ٹونٹی والا (۳) سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔

**گڑوانا** ۔ (گڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) زمین میں دبوانا۔ دفن کرانا۔

**گڑوانا** ۔ (گڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) زمین کھدوانا۔ کھیت سے گھاس نکلوانا۔

**گڑولنا** ۔ (گ۔ڑو۔ل۔نا) (ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو کھڑے ہو کر چلنا سکھاتے ہیں۔

**گڑونا** ۔ (گ۔ڑو۔نا) (ہ۔مص) گاڑنا۔ گھسیڑنا (۲) سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ چبھونا۔

**گڑھ** ۔ (س۔ا۔مذ) قلعہ۔ کوٹ۔ حصار۔ دمدمہ۔

**گڑھ جیتنا** ۔ (ا۔محاورہ) قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا (۳) کسی مشکل یا مصیبت سے رہائی پانا۔

**گڑھ کپتان** ۔ (ا۔مذ) جمعدار (۲) حاکم قلعہ (۳) قلعوں کی مرمت کرانے والا افسر۔ انجینیر۔

**گڑھا** ۔ (س۔ا۔مذ) غار (۲) کھڈ۔ کھائی (۳) قبر۔ گور۔

**گڑھا بھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا (۲) بُری بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا (۳) کمی یا گھاٹا پورا کرنا۔

**گڑھالت** ۔ (ق۔مث) تاویل۔ توجیہہ۔

**گڑھت** ۔ (گ۔ڑھت) (ہ۔ا۔مث) گڑھ ہنا۔ گڑھنے کا انداز۔

**گڑھل** ۔ (گ۔ڑھل) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس میں سرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔ اس کے پھولوں کا شربت بناتے ہیں۔

**گڑھنا** ۔ (گڑھ۔نا) (ہ۔مص) ڈھالنا۔ بنانا۔ تیار کرنا۔ دھات کو کوٹ پیٹ کر کوئی شکل دینا۔

**گڑھنت** ۔ (گ۔ڑھنت) (ہ۔ا۔مث) شکل۔ بناوٹ (۲) بات بنانا۔

**گڑھواڑ** ۔ (گڑھ۔واڑ) (س۔صف) موٹا۔ گاڑھا۔

**گڑھی** ۔ (گ۔ڑھی) (س۔ا۔مث) چھوٹا قلعہ۔ کوٹلہ (گڑھ کا اسم مصغر)

**گڑھی پھاندنا** ۔ (ا۔محاورہ) کارنمایاں کرنا۔ بڑی بہادری کا کام کرنا۔

**گڑھی ٹوٹنا** ۔ (ا۔محاورہ) قلعہ کا شکست کھانا۔



Marfat.com

**گڑھی فتح کرنا**۔(ا۔محاورہ) قلعہ فتح کرنا (۲) کسی مہم کا سر کرنا۔غالب آنا۔

**گڑھیا**۔(گڑھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) چھوٹی سی گھڑی۔گودڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ (۳) گڑھا (۴) ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔برچھی (۵) وہ گڑھا جہاں برسات کا پانی جمع ہو۔

**گڑھیا میں منہ دھو رکھو**۔انکار کا کلمہ۔

**گڑی**۔(گُ۔ڑی)(ق) ساتھی۔دوست۔گڑیا۔

**گڑیا**۔(گڑ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔

**گڑیا**۔(گُڑ۔یا)(ہ۔ا۔مث) کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ (۲) بچی (۳) خوبصورت لڑکی یا لڑکا (۴) غریب اور حقیر سی بیوی (۵) کوئیں کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی۔

**گڑیا سنوار دینا**۔(ا۔محاورہ) مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

**گڑیا کے بیاہ میں چیونٹوں کی بیل**۔(ا۔مثل) جیسا دیکھنا۔ویسا برتنا جیسا موقع ویسا خرچ۔جیا اہلی کے بیچ کو کہتے ہیں۔

**گڑیاں کھیلنا**۔لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا (۲) لڑکیوں کی سی باتیں کرنا (۳) لڑکیوں کا سا کھیل کھیلنا (۴) ناتجربہ کار ہونا۔

**گڑیوں کا بیاہ**۔(ا۔محاورہ) گڈے گڑی کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ جس میں کوئی دھوم دھام نہ ہو۔

**گڑیوں کا کھیل**۔(ا۔محاورہ) لڑکیوں کا گڑیوں سے کھیلنا (۲) آسان کام نہایت سہل بات۔

**گڑیوں کا میلا**۔(ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک میلا۔

## گ۔ز

**گز**۔(ف۔ا۔مذ) تین فیٹ کا ناپ۔ناپنے کا ایک آلہ۔۱۶ گرہ یا ۳۶ انچ کا پیمانہ (۲) وہ آلہ جس سے سارنگی یا ستار بجاتے ہیں (۳) بندوق صاف کرنے کی سلاخ۔

**گز الٰہی**۔اکبر شاہی گز جو ۳۳ انچ کا ہوتا تھا۔اور لکڑی ناپنے کے کام آتا تھا۔کپڑا اس سے نہیں ناپتے تھے۔

**گز اور سکہ جاری ہونا**۔(ا۔محاورہ) شاہی رعب داب قائم ہونا

**گز بنا دینا**۔(ا۔محاورہ) مارتے مارتے سیدھا کر دینا۔

**گز بن جانا**۔(ا۔محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

**گز بھر**۔پورا گز۔تین فٹ کے برابر۔

**گز بھر کا**۔(کنایہ) بہت طول طویل۔بہت لمبا۔

**گز بھر کی زبان**۔(ا۔مث) زیادہ اور بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

**گزار**۔(گُ۔زار)(ف۔گزاشتن ، مصدر سے حاصل مصدر۔مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے (۱) ادا کرنے والا۔جیسے خدمت گزار (۲) فصد کھولنے کا نشتر (۳) تصویر بنانے کا خاکہ (۴) گزارنا سے فعل امر۔ادا کر۔چھوڑ دے۔

**گزارش**۔(گُ۔زا۔رِش)(ف۔ا۔مث) عرضی۔درخواست (۲) بیان۔خبر۔جمع۔گزارشات۔

**گزارش پذیر**۔(ف۔صف) عرض کرنے والا۔درخواست دینے والا۔

**گزارش نامہ**۔(ف۔ا۔مذ) خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کے نام ہو۔

**گزارنا**۔(گُ۔زار۔نا)(اُ۔ص) ادا کرنا (۲) بجا لانا (۳) چھوڑنا۔مہلت دینا۔عمر بسر کرنا (۴) پیش کرنا۔

**گزارہ**۔(گُ۔زا۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) نباہ (۲) گزر اوقات۔وجہ معیشت۔ (۳) پہنچ۔رسائی۔دخل۔

**گزارہ کرنا**۔(ا۔محاورہ) بسر اوقات کرنا۔دن کاٹنا۔نباہنا۔کام چلانا

**گزارہ ہونا**۔(ا۔محاورہ) بسر ہونا۔کٹنا۔نبھ جانا۔

**گزارے کا جھونپڑا**۔(ا۔مذ) وہ مکان جس میں مشکل سے گزارہ ہو۔

**گزارے کی صورت (شکل) نکلنا**۔(ا۔محاورہ) کمائی کی صورت بننا۔نوکری کی تدبیر ہونا۔فکر معاش ہونا۔

**گزارے کی ناؤ**۔(ا۔محاورہ) وہ کشتی جس پر سوار ہو کر مسافر دریا یا نہر سے پار ہوں۔

**گزارندہ**۔(گُ۔زا۔رِندہ)(ف۔صف) ادا کرنے والا۔گزارش کرنے والا راوی۔جمع۔گزارندگان۔

**گزاشت**۔(ف۔ا۔مث) گزاشتن کی ماضی مطلق۔چھوڑی ہوئی چیز۔اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔مرکبات میں بطور لاحقہ آتا ہے جیسے واگزاشت۔فرد گزاشت۔

**گزاشتنی**۔(گُ۔زاشت۔نی)(ف۔صف) چھوڑ دینے یا ترک کرنے کے لائق۔

**گزاف**۔(گُ۔زاف)(ف۔ا۔مث) بکواس۔بیہودہ گفتگو۔

**گزٹ** (Gazette)۔(گَ۔زَٹ)(انگ۔ا۔مذ) اخبار۔وہ اخبار جس میں سرکاری اعلانات چھپتے ہیں۔

**گزٹ ہو جانا**۔(ا۔محاورہ) گزٹ میں درج ہو جانا۔کسی خبر کا سرکاری طور پر چھپ کر مشتہر ہو جانا۔

**گزر**۔(گَ۔زَر)(ف۔ا۔مث) گاجر۔زردک۔ترکاری جو کچی اور پکی دونوں طرح کھائی جاتی ہے۔

**گزر**۔(گُ۔زَر)(ف۔ا۔مذ) راستہ۔راہ۔سڑک (۲) گھاٹ (۳) دخل باریابی۔رسائی۔پہنچ۔آمد و رفت (۴) نباہ۔گذران (۵) اترائی۔ عبور (۶) گزرنا مصدر کا فعل امر۔

**گزر اوقات**۔(ف۔ا۔مث) دیکھیے گزر بسر۔

**گزر بسر**۔(ف۔ا۔مث) بسر اوقات۔

**گزر جانا**۔(ا۔محاورہ) چلا جانا۔بیت جانا (۲) مر جانا۔فوت ہو جانا۔ (۳) نکل جانا۔

**گزر جائے گی**۔(ا۔مثل) عمر بسر ہو جائے گی۔

**گزر عام**۔(ف۔ا۔مذ) عام راہ۔شارع عام۔سب کے آنے جانے کا راستہ۔

Marfat.com

گُزر کرنا ۔[۔ محاورہ] (۱) اتفاق سے جانکلنا (۲) دن کاٹنا ۔ بسر اوقات کرنا (۳) پورا کرنا ۔ نباہنا۔
گُزر کی صورت ۔[ا۔ مث] اوقات بسر کرنے کا ذریعہ یا تدبیر۔
گُزرگاہ ۔[ف ۔ صف] (۱) راستہ (۲) سڑک ۔ شارعِ عام (۳) گھاٹ۔
گُزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان ۔[ا۔ مثل] اخیر عمر میں جب بہت سی زندگی گزر چکی ہو۔ اچھا بُرا سب برابر ہے۔
گُزر گیا ۔[۔ محاورہ] (۱) بیت گیا (۲) مر گیا۔
گُزرنامہ ۔[ا۔ مذ] پروانۂ راہداری۔
گُزران ۔[گُز ۔ ران] [اُر ۔ ا۔ مث] گزارہ ۔ اوقات بسری۔
گُزران ۔[گُز ۔ ران] [ف ۔ صف] گزر جانے والا ۔ ناپائیدار۔
گُزراننا ۔[گُز ۔ ران ۔ نا] [اُر ۔ مص] پیش کرنا۔
گُزرنا ۔[گُ ۔ زر ۔ نا] [اُر ۔ مص] (۱) بیتنا ۔ گزر جانا (۲) مر جانا ۔ دنیا سے کوچ کرنا (۳) اتفاق سے کسی جگہ نکل آنا (۴) چھوڑنا (۵) پیش آنا (۶) بسر کرنا (۷) نباہ کرنا ۔ موافق آنا (۸) پار ہونا (۹) رخصت ہونا ۔ چلنا (۱۰) دل میں سمانا ۔ مرضی ہونا (۱۱) حد سے بڑھ جانا (۱۲) جی میں خیال آنا (۱۳) باز آنا (۱۴) رائیگاں جانا ۔ ضائع ہونا۔
گُزری ۔[گُز ۔ ری] [ہ ۔ ا۔ مث] (۱) شام کا بازار (۲) وہ مقام جہاں شام کو کسی راستے کے کنارے سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں (۳) مصیبت پیش آئی۔
گُزری سو دل پر گزری ۔[ا۔ مثل] سب صدمے دل پر اٹھائے اور زبان سے اُف تک نہ کی۔
گُزشت آنچہ گُزشت ۔[ف ۔ مثل] (۱) جو کچھ اب تک ہوا وہ ہو گیا۔ آئندہ احتیاط چاہیئے (۲) بڑا صدمہ ہوا جو قابلِ بیان نہیں۔
گُزشتنی ۔[گُ ۔ زشت ۔ نی] [ف ۔ صف] گزرنے والا ۔ گزرنے کے قابل۔
گُزشتہ ۔[گُ ۔ زش ۔ تہ] [ف ۔ صف] گزرا ہوا ۔ بیتا ہوا۔
گُزشتہ را صلوٰۃ ۔ آئندہ را احتیاط ۔[ف ۔ مثل] گزری ہوئی بات کو جانے دو۔ آئندہ کے لیے احتیاط کرو۔
گَزَک ۔[گَ ۔ زَک] [ف ۔ ا۔ مث] (۱) وہ چیز جو نشہ پیتے وقت منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائیں (۲) نقل (۳) ایک مٹھائی ۔ گجک ۔ تل شکری۔
گَزَک دان ۔[ف ۔ ا۔ مذ] گزک رکھنے کا ظرف۔
گَزَک کرنا ۔[ا۔ محاورہ] (۱) نقل کرنا ۔ ناشتہ کی بجائے کھانا (۲) اُڑانا ۔ چٹ کر جانا۔
گَزَند ۔[گَ ۔ زَند] [ف ۔ ا۔ مذ] (۱) صدمہ ۔ آفت (۲) رنج (۳) نقصان (۴) دکھ ۔ ایذا ۔ تکلیف۔
گَزَند پہنچانا ۔[ا۔ محاورہ] نقصان پہنچانا۔
گَزَند ہونا ۔[ا۔ محاورہ] تکلیف ہونا ۔ صدمہ ہونا ۔ ایذا ہونا۔
گَزَندہ ۔[گَ ۔ زَن ۔ دہ] [ف ۔ صف] ڈنک مارنے والا ۔ ڈسنے والا ۔ سانپ ۔ بچھو۔

گُزِندہ ۔[گُ ۔ زِن ۔ دہ] [ف ۔ صف] منتخب۔
گَزی ۔[گَ ۔ زی] [اُر ۔ ا۔ مذ] موٹا سوتی کپڑا۔
گزی گاڑھا پہننا ۔[ا۔ محاورہ] موٹا جھوٹا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا۔
گزیٹڈ آفسر ۔[انگ ۔ ا۔ مذ] وہ افسر جس کا نام سرکاری گزٹ میں چھپتا ہے یہ درجہ دوم یا اس سے اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔
گزیٹیئر ۔ (Gazetteer) [گَ ۔ زیٹ ۔ ای ۔ اَر] [انگ ۔ ا۔ مذ] ایسی لغت یا انسائیکلوپیڈیا جس میں جگہوں کے تاریخی اور جغرافیائی حالات درج ہوں۔
گَزیدہ ۔[گَ ۔ زی ۔ دَہ] [ف ۔ صف] ڈسا ہوا ۔ کاٹا ہوا ۔ جمع ۔ گزیدگان۔
گُزیدہ ۔[گُ ۔ زی ۔ دہ] [ف ۔ صف] چُنا ہوا ۔ برگزیدہ ۔ اچھا۔
گُزیر ۔[گُ ۔ زیر] [ف ۔ ا۔ مذ] چارہ ۔ علاج ۔ اُردو میں صرف ناگزیر کی ترکیب سے مستعمل ہے۔
گُزین ۔[گُ ۔ زین] [ف ۔ صف] (۱) پسندیدہ ۔ دلچسپ (۲) پسند کرنے والا ۔ اُردو میں صرف مرکبات میں مستعمل ہے ۔ خلوت گزین ۔ عزلت گزین۔

# گ ۔ س

گِس ۔ (Guess) [انگ ۔ ا۔ مذ] قیاس ۔ اندازہ ۔ سرسری تخمینہ۔
گِس پیپر ۔ (Guess Paper) [انگ ۔ ا۔ مذ] امتحان کا پرچہ جو قیاس سے تیار کیا جائے ۔ پرچہ سوالات جس میں قیاس سے امتحانی طرز کے سوال دیئے جائیں۔
گَسّا ۔[گَس ۔ سا] [ہ ۔ ا۔ مذ] لقمہ ۔ نوالہ۔
گُسار ۔[گُ ۔ سار] [ف ۔ صف] (۱) دور یا رفع کرنے والا (۲) کھانے پینے والا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے غم گسار ۔ مے گسار۔
گُسائیں ۔[گُ ۔ سا ۔ ایں] [ہ ۔ ا۔ مذ] (۱) گوسائیں کا مخفف ۔ گایوں کا سائیں ۔ گایوں کا مالک (۲) سوامی (۳) زاہد ۔ جوگی ۔ سنت ۔ مہنت۔
گُستاخ ۔[گُس ۔ تاخ] [ف ۔ صف] شوخ ۔ بے ادب ۔ شریر ۔ بے شرم
گُستاخ چشم ۔[ف ۔ صف] (۱) وہ شخص جس کی آنکھوں سے غضب اور غصہ ظاہر ہو (۲) وہ شخص جس کی کسی آفت سے آنکھ نہ جھپکے ۔ بے باکی میں کامل۔
گُستاخ دست ۔[ف ۔ صف] چالاک ۔ سبک دست۔
گُستاخ روئی ۔[ف ۔ صف] بے شرمی ۔ بے حیائی۔
گُستاخانہ ۔[گُس ۔ تا ۔ خا ۔ نہ] [ف ۔ صف] شوخی سے ۔ گستاخی سے ۔ بے ادبانہ۔
گُستاخی ۔[گُس ۔ تا ۔ خی] [ف ۔ ا۔ مث] (۱) شوخی ۔ بے ادبی ۔ بے شرمی (۲) تحقیر ۔ حقارت (۳) شرارت۔
گُستاخی کرنا ۔[ا۔ محاورہ] بے ادبی ۔ شرارت کرنا ۔ شوخی کرنا۔



Marfat.com

گستاخی معاف۔ (ا۔ روزمرہ) میری خطا معاف فرمائیے (معذرت کا کلمہ)

گستاخگر۔ (گس۔تاں۔گر) (ہ۔صف) بے وقوف۔ بے شعور۔ احمق جاہل۔ ناشائستہ۔

گستر۔ (گس۔تر) (ف۔صف) پھیلانے والا۔ کسی چیز کی افراط کرنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کرم گستر۔ سخن گستر۔

گسترده۔ (ف۔صف) وہ چیز جو بچھائی جائے۔ پھیلایا ہوا۔

گسٹ۔ (Guest) (انگ۔ا۔مذ) مہمان۔

گسٹ ہاؤس۔ (انگ۔ا۔مذ) مہمان خانہ۔

گسٹاپو۔ (Gestapo) (گس۔ٹا۔پو) (انگ۔ا۔مذ) ہٹلر کے زمانے میں جرمنی کی خفیہ پولیس۔

گسستہ۔ (گ۔سس۔تہ) (ف۔صف) ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔

گسستہ عناں۔ (ف۔صف) (۱) آزاد۔ بے لگام (۲) کھلا۔ بے قید۔

گسل۔ (ف۔لاحقہ) تباہ کرنے والا۔ توڑنے والا۔ اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے جیسے جاں گسل۔

گسیختہ۔ (ف۔صف) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

گسیختہ عناں۔ (ف۔صف) وہ گھوڑا جس کی بھاگ ٹوٹ گئی ہو۔ کنایتاً بے قابو۔

## گ۔ش

گشت۔ (ف۔ا۔مث) (۱) دور۔ چکر۔ دَورہ (۲) پھرنا۔ چکر لگانا۔

گشت پھرنا۔ گشت کرنا۔ گشت لگانا۔ گشت مارنا۔ (ا۔محاورہ) دَورہ لگانا۔ چکر لگانا۔

گشت سلامی۔ (ف۔ا۔مث) وہ نذرانہ جو حاکم کو دَورے کے وقت دیا جاتا تھا۔

گشت کرنا۔ (ا۔محاورہ) پھرنا۔ دَورہ کرنا۔ چکر لگانا۔

گشت ناچنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کنچنیوں کا برات کے آگے ناچتے ہوئے جانا۔ (۲) برات کے ساتھ ناچتے ہوئے چلنا۔

گشتاسپ۔ (گش۔تا۔سَپ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایران کے بادشاہ اسفندیار کا باپ (۲) برزخ۔

گشتہ۔ (ف۔صف) پھرا ہوا۔ اُلٹا ہوا۔ بدلا ہوا۔ بنا ہوا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے برگشتہ۔

گشتی۔ (گش۔تی) (ف۔صف) (۱) پھرنے والی۔ گشت لگانے والی (۲) پہریدار سنتری۔ آوارہ گردی۔

گشتی چٹھی۔ وہ حکم جو تمام افسروں کو بھیجا جائے۔ سرکلر۔

گشتیا۔ (ا۔مذ) (۱) چوکیدار (۲) روند (۳) محصول اکٹھا کرنے والا۔

گشت۔ (س۔ا۔مث) سازش۔ ایسا میل جول جو کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے کیا جائے۔

## گ۔ف

گفت۔ (اُر۔صف) موٹا۔ گاڑھا۔ خوب ٹھونک کر بُنا ہوا۔

گفت۔ (ف۔ا۔مث) بات چیت۔ بول۔ لفظ (۲) فعل۔ گفتن۔ مصدر سے ماضی کا صیغہ۔ اس نے کہا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے

گفت و شنید۔ (ف۔ا۔مث) (۱) ذکر اذکار (۲) بحث۔ رد و بدل (۳) کہنا سننا۔

گفتار۔ (گف۔تار) (ف۔ا۔مث) (۱) بول چال۔ گفتگو۔ قول۔ مقولہ (۲) (صف) کہنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے شیریں گفتار۔

گفتگو۔ (گفت۔گو) (ف۔ا۔مث) بات چیت۔ بول چال۔ تقریر۔

گفتگو آنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) بات چیت ہونا (۲) تکرار ہونا۔

گفتگو بڑھ جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) تقریر میں طوالت ہو جانا (۲) نزاع لفظی ہو جانا۔

گفتگو درمیان آنا۔ (ا۔محاورہ) بات چیت ہونا۔

گفتگو کرنا۔ (مص مرکب) بات چیت کرنا۔

گفتنی۔ (گف۔تَ۔نی) (ف۔صف) کہنے کے لائق۔ بیان کرنے کے قابل۔

گفٹ۔ (Gilt) (انگ۔ا۔مث) (۱) عطا۔ بخشش۔ عطیہ۔ ہدیہ (۲) خداداد قابلیت۔

## گ۔گ

گگ۔ (Gig) (انگ۔ا۔مث) ہلکی گاڑی۔ ٹمٹم۔

گگرا۔ (گگ۔را) (س۔ا۔مذ) دھات کا گھڑا۔ پانی کا بڑا برتن۔

گگری۔ گگریا۔ (گگ۔ری۔ گگ۔ری۔یا) (س۔ا۔مث) چھوٹا گگرا۔ چھوٹی گاگر۔

گگل۔ (س۔ا۔مذ) ایک درخت جس کی گوند خوشبودار ہوتی ہے۔ گوگل۔

گگلا۔ (گگ۔لا) (ق۔ا۔مذ) دیوانہ۔

گگن۔ (گَ۔گن) (س۔ا۔مذ) (۱) آسمان۔ کرہ ہوا (۲) نہایت اُونچا (۳) لہر سے پانی کا اچھلنا۔

گگن کھیلنا۔ (ا۔محاورہ) پانی کا بلندی کی طرف اچھلنا۔ لہروں کا خوب اچھلنا۔

گگن کے بچے والی مرغی۔ (ہ۔ا۔مث) ثریا۔ پروین۔ سات سہیلیوں کا گچھا۔

گگن ہونا۔ (ا۔محاورہ) بلند ہونا۔ اُونچا ہونا۔ آسمان سے لگنا۔



Marfat.com

# گ ۔ ل

گل ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] گلا کا مخفف (۲) گال کا مخفف (۳) گالی کا مخفف (۴) بات چیت (۵) معاملہ۔

گل بہیاں (بیاں) ڈالنا ۔ [ا ۔ محاورہ] محبت یا پیار سے گلے میں ہاتھ ڈالنا ۔ ناز کرنا۔

گل پھڑا (گلپھڑا) ۔ مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے (۲) پرندہ کی چونچ سے نیچے لٹکتی ہوئی کھال۔

گل پھُولا ۔ [ا ۔ مذ] وہ شخص جس کے گال پھُولے ہوئے ہوں۔

گل پھیڑ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] گلے کی گھٹی ۔ گردن کی ہنسلی۔

گل تکیہ ۔ [ا ۔ مذ] وہ چھوٹا اور گول تکیہ جو سوتے وقت رخساروں تلے رکھتے ہیں

گل تنگ ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] کمال بے خبر ہونا ۔ غافل ہونا۔

گل تنی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] بیلوں کے گلے کی رسّی جو جوئے کے ساتھ باندھی جاتی ہے۔

گل جندٹھا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] کپڑے کا ٹکڑا جو گلے میں لٹکا کر ضرب رسیدہ ہاتھ کو اس میں لٹکائے رکھتے ہیں۔

گل جوٹ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ رسی جو دو بیلوں کو آپس میں جتے رہنے کے لیے باندھتے ہیں۔

گل خپ ۔ (گلخپ) [ا] ہاتھا پائی ۔ باہمی تکرار۔

گل خور ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] پھندے دار رسّی، جو مویشیوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گل دینا ۔ [ا ۔ محاورہ] پھانسی دینا (۲) کسی چیز کو کنڈی میں لگا دینا۔

گل گل جوتھ ملانا ۔ [ا ۔ محاورہ] مزے اُڑانا ۔ خوشی منانا (۲) تر مال کھانا۔

گل لچا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] گلے کا لچّا ۔ سہاگ لچا ۔ (ق)

گل مالا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] کنٹھا ۔ گجرا ۔ گلے کا ہار۔

گل مچھے (گلمچھے) ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] رخساروں کے پاس خوب بڑھائے ہوئے بال۔

گِل ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] گارا ۔ گیلی مٹی (۲) کیچڑ ۔ دلدل۔

گِل ارمنی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی سیاہی مائل سُرخ مٹی۔

گِل حکمت (کپڑ مٹی) ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنے کا عمل تاکہ بھاپ باہر نہ نکلنے پائے۔

گِل حکمت کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] مٹی اور کپڑے سے کسی چیز کا منہ بند کرنا کہ بھاپ باہر نہ نکل سکے۔

گِل خراسانی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کھریا مٹی۔

گِل خوبو ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] کینچوا۔

گِل در گِل ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا۔

گِل مالہ ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک آلہ جس سے مٹی لیپتے ہیں۔

گُل ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] پھُول (۲) جسم کو داغنے کا نشان (۳) چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا (۴) جوتے کی ایڑی کا چمڑہ (۵) معشوق (۶) داغ ۔ دھبہ (۷) پھانسی (۸) حقے کا جلا ہوا تمباکو (۹) وہ سفید دھبہ جو آنکھوں میں پڑ جاتا ہے (۱۰) آگ سے جل جانے کا نشان۔

گُل آفتاب ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] سورج مکھی پھول۔

گُل احمر ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] سُرخ پھول۔

گُل اشرفی ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا گول پھول۔

گُل افشاں ۔ [ف ۔ صف] پھول بکھیرنے والا (۲) ایک قسم کی آتش بازی پھلجھڑی (۳) خوش گفتار آدمی۔

گُل افشانی کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] خوش بیانی سے باتیں کرنا (۲) طعن و طنز کی باتیں کرنا۔

گُل انار ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] انار کا پھول (۲) سُرخ ۔ لال ۔ ارغوانی رنگ (۳) ایک قسم کا انار کا درخت جس میں پھل نہیں لگتا ۔ صرف پھول ہی لگتے ہیں۔

گُل اندام ۔ [ف ۔ صف] پھول کے سے جسم والا ۔ معشوق۔

گُل اورنگ ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا پھول جو گھنڈی کی وضع کا ہوتا ہے ایک قسم کا گیندا۔

گُل بار (گلبار) ۔ [ف ۔ صف] پھول برسانے والا۔

گلباری ۔ پھول برسانا۔

گُل بازی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] پھولوں کا کھیل جس میں پھول ایک دوسرے کی طرف پھینکتے ہیں۔

گُل بانگ ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] چہچہا ۔ بلبل کی آواز (۲) شادی کی دھوم دھام کا شور (۳) نعرہ جنگ (۴) خوشخبری ۔ مژدہ۔

گُل بدن ۔ [ف ۔ صف] پھول جیسے نازک بدن والا ۔ معشوق ۔ ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔

گُل برگ ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] گلاب کی پتی ۔ گلاب کی پنکھڑی (۲) نازک اندام ۔ معشوق۔

گُل بکاؤلی ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کے پودے کا رنگ ہلدی کی طرح زرد ہوتا ہے۔

گلبن ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] گلاب کا پودا (۲) گلاب کے پودے کی جڑیں کسی درخت کا حصہ جو زمین کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔

گُل بو ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] پھول کی خوشبو۔

گُل بوٹا ۔ [ا ۔ مذ] پھول اور اس کا پودا (۲) بیل بوٹا ۔ زیب و زینت۔

گُل بوٹے جمانا ۔ [ا ۔ محاورہ] پھول بوٹے ترتیب سے لگانا۔

گُل بیگانہ ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] خود رو پھول ۔ جنگلی پھول۔

گُل پاپوش (گل کفش) ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ پھول جو ابریشم یا کلابتون سے بنا کر ذکا نہ جوتیوں پر ٹانکتے ہیں۔

گُل پلاس ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ڈھاک کا پھول جو سُرخ ہوتا ہے۔

گُل پوش ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] پھولوں سے چھپا ہوا ۔ بہت پھول نکلے ہوئے۔



Marfat.com

(۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے۔

گُل پھولنا۔ [محاورہ] پھول کھلنا (۲) کسی عجیب بات ظہور میں آنا۔

گُل پیادہ۔ [ف۔ا۔مذ] وہ گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ سدا گلاب۔

گُل پیراہن۔ [ف۔صف] پھولوں کے سے لباس والا۔ معشوق۔

گُل پیرہنی۔ [ف۔ا۔مث] (۱) پیراہن کا پھول کی طرح ہونا۔ (۲) نزاکت۔

گُل پھینکنا۔ [محاورہ] ایک دوسرے کو پھول مارنا۔

گُل تر۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) تازہ پھول (۲) حسینوں کا چہرہ۔ حسین معشوق۔

گُل تراش۔ [ف۔ا۔مذ] چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔ گلگیر۔

گُل تراشنا۔ [محاورہ] بتی یا شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی یا گلگیر سے الگ کرنا۔

گُل تسبیح۔ [ف۔ا۔مذ] تسبیح کا امام جو تمام دانوں کے اوپر پرو دیا جاتا ہے۔

گُل جعفری۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے کے مشابہ ہوتا ہے (۲) زرد رنگ۔

گُل جھڑنا۔ [محاورہ] چراغ یا سگریٹ کی راکھ گرنا (۲) درخت سے پھولوں کا از خود گرنا۔

گُل چاندنی۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گُل مہتاب۔

گُل چشم۔ [ف۔صف] وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی یا سفیدی ہو۔

گُل چکاں۔ [ف۔ا۔مذ] مہوا کا پھول۔

گُل چہرہ۔ [ف۔صف] پھول جیسے چہرے والا۔ معشوق۔

گُل چھڑی۔ [ا۔مذ] پھولوں کی چھڑی۔

گُل چیں۔ [ف۔صف] پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان۔

گُل خال۔ [ف۔ا۔صف] دھبے والا۔ چتکبرا۔ چتی دار۔

گُل خطمی۔ گُل خیرو۔ [ف۔ا۔مذ] نیلے رنگ کا ایک پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

گُل خن۔ [ف۔ا۔مذ] بھٹی۔ تنور۔ چولہا (۲) کوڑا کرکٹ۔

گُلخن افروز۔ [ف۔صف] بھٹی جلانے والا۔

گُل خنداں۔ [ف۔صف] کھلا ہوا پھول۔

گُل خندہ۔ [ف۔ا۔مذ] منہ کھول کر ہنسنا۔ قہقہہ۔

گُل خودرو۔ [ف۔ا۔مذ] ایسے پھول جو جنگل اور باغ کے نواح میں خود بخود اگیں۔

گُل خوردہ۔ [ف۔صف] داغ کھائے ہوئے۔

گُل دار۔ [ف۔صف] وہ چیز جس پر پھول بنے ہوں (۲) داغ دار۔ دھبے دار۔

گُل دام۔ [ف۔ا۔مذ] پھولوں کا جال (۲) جال (۳) پنجرا۔

گُل دان۔ [ف۔ا۔مذ] پھول دان۔ پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن۔

گُل داؤدی۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا پھول۔ (Chrysanthemum)

گُل دستہ۔ [ف۔ا۔مذ] پھولوں کی ٹہنیوں کا مجموعہ۔ پھولوں کا گچھا (۲) طاق یا محراب جہاں اذان ہو (۳) غزلوں کا رسالہ یا مجموعہ۔

گُل دستہ باندھنا۔ [محاورہ] پھولوں کا خاص طریقے سے سجانا۔

گُل دُم۔ [ف۔ا۔مذ] بلبل کی قسم کا ایک پرندہ جس کی دم کے نیچے سرخ نشان ہوتا ہے۔

گُل دوپہری۔ گُل دوپہریا۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے۔ سورج مکھی۔

گُل دوز۔ [ف۔صف] وہ چیز جس پر پھول بوٹے کڑھے ہوں۔

گُل دیگر شگفت۔ [ف۔مثل] ایک اور نئی بات ظہور میں آئی۔ ایک اور پھول کھلا۔

گُل دینا۔ [محاورہ] جسم کو داغنا۔ پھانسی پر چڑھانا۔ (ق)

گُل رخ۔ گُل رخسار۔ [ف۔صف] وہ شخص جس کا چہرہ یا رخسار گلاب کی طرح سرخ ہوں۔ خوبصورت۔ معشوق۔

گُل رعنا۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا سرخ اور زرد پھول (۲) معشوق۔

گُل رنگ۔ [ف۔صف] جس کا رنگ سرخ ہو۔ لال۔ ارغوانی۔

گُل رو۔ [ف۔صف] گلاب کے سے چہرے والا۔ خوبصورت۔ معشوق۔

گُل ریز۔ [ف۔ا۔مذ] کپڑا جس پر سرخ پھول کڑھے ہوئے ہوں (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔ پھلجھڑی۔ خزاں کا موسم۔

گُل ریزی۔ [ف۔ا۔مث] پھولوں کا جھڑنا (۲) پھلجھڑی (۳) خوش بیانی۔

گُل زار۔ [ف۔ا۔مذ] باغ۔ گلشن۔ پھلواری (۲) رونق۔

گلزار ابراہیم (خلیل)۔ [ف۔ا۔مذ] وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا اور وہ خدا کے حکم سے سرد ہو کر باغ بن گئی تھی۔

گلزار قالی (قالین)۔ [ف۔ا۔مذ] وہ پھول بوٹے جو قالین پر بنے ہوئے ہوں۔

گُل زمیں۔ [ف۔ا۔مث] زمین کا سرسبز اور شاداب قطعہ (۲) قطعہ زمین۔

گلستان۔ [ف۔ا۔مذ] باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواری (۲) شیخ سعدی کی مشہور کتاب کا نام۔

گُل سرا۔ گُل سہرا۔ ایک زیور جو شادی شدہ عورتیں گلے میں پہنتی ہیں (ق)

گُل سرسبد۔ [ف۔ا۔مذ] سب سے اچھا پھول۔ کنا یتاً عمدہ منتخب۔

گُل سوَر۔ [ا۔مذ] سورج مکھی پھول (ق)۔

گُل سوری۔ [ف۔ا۔مث] ایک بہت خوشبودار گلاب۔

گُل سوسن۔ [ف۔ا۔مذ] آسمانی رنگ کا ایک پھول۔



Marfat.com

گُل شب افروز۔ (ف۔ا۔مذ) رات کو کھِلنے والے ایک پھول کا نام۔
گُل شب بو۔ (ف۔ا۔مذ) ایک پھول جو رات کے وقت خوشبو دیتا ہے۔ (شب بو، شب بو) شب کو خوشبو دینے والا۔
گُل شکر۔ (ف۔ا۔مذ) گلقند۔
گُل شمع۔ (ف۔ا۔مذ) شمع کا گل (۲) شمع کی لو۔
گُلشن۔ (ف۔ا۔مذ) باغ۔ پھلواڑی۔ چمن۔ گلزار۔ باغ۔
گُلشن آرا۔ (ف۔صف) باغبان۔ باغ کو سجانے والا۔
گُلشن ایجاد۔ (ف۔ا۔مذ) دنیا۔
گُل صد برگ۔ (ف۔ا۔مذ) گیندے کا پھول۔
گُل عباسی۔ (ف۔ا۔مذ) ایک پھول کا نام۔
گُل عذار۔ (ف۔ا۔مذ) پھول جیسے رخساروں والا۔ لال لال گالوں والا (۲) خوبصورت۔
گُل فام (گلفام)۔ (ف۔صف) پھول کے سے رنگ والا۔ معشوق۔
گُل فشانی۔ گُل افشانی۔ (ف۔ا۔مث) (۱) پھول جھاڑنا۔ (۲) خوش بیانی۔
گُل قند۔ (ف۔ا۔مذ) ایک دوا جو گلاب کے پھولوں کو شکر میں ملا کر بناتے ہیں۔
گُل کار۔ (ف۔ا۔مذ) نقاشی کا کام کرنے والا۔
گُل کاری۔ (ف۔ا۔مث) نقاشی۔ بیل بوٹے کا کام۔
گُل کترنا۔ (ا۔محاورہ) پھول تراشنا۔ گلکاری کرنا (۲) جلی ہوئی بتی کو کاٹنا۔ بتی کا جلا ہوا سرا جھاڑنا (۳) عجیب و غریب کام کرنا (۴) شرارت کرنا (۵) انوکھی بات کرنا (۶) اتہام لگانا۔
گُل کدہ۔ (ف۔ا۔مذ) باغ۔ پھلواری۔
گُل کرنا۔ (ا۔محاورہ) چراغ بجھانا۔ دیا بڑھانا۔
گُل کھانا۔ حسد کرنا (۲) قسک کرنا (۳) عاشق ہونا
گُل کھلانا۔ (ا۔محاورہ) پھول کھلانا (۲) فساد کھڑا کرنا۔ آفت لانا۔ کوئی عجیب و غریب اور انوکھا کام کرنا (۳) الزام دینا۔ تہمت دھرنا۔
گُل کھلنا۔ (ا۔محاورہ) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) کوئی نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا (۳) بھید کھلنا (۴) دھوم مچنا (۵) فساد بپا ہونا (۶) طوفان اٹھنا۔ بہتان لگنا۔
گُل کیس۔ (ف۔ا۔مذ) ایک پھول کا نام۔
گُل گشت۔ (ف۔ا۔مث) باغ کی سیر۔ سیرِ چمن۔
گُل گوں۔ (ف۔صف) گلاب کی طرح سرخ رنگ کا (۲) چالاک گھوڑا۔
گُل گونہ۔ (ف۔ا۔مذ) غازہ۔ رنگین سفوف جسے عورتیں خوبصورتی کے لیے چہرے پر ملتی ہیں۔ اُبٹنا۔ پاؤڈر۔
گُل گیر۔ (ف۔ا۔مذ) شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔
گُل لالہ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سرخ پھول۔
گُل لحنہ۔ (ف۔ا۔مذ) گوبھی کا پھول۔

گُل مشکی۔ (ف۔ا۔مذ) ایک سیاہ رنگ کا خوشبودار پھول۔
گُل مہندی۔ (ف۔ا۔مذ) ایک مشہور پھول بالسم۔
گُل میخ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک موٹی کیل جس کے اوپر موٹا سا پھول بنا ہوتا ہے (۲) موٹی کیل۔
گُلنار۔ (ف۔ا۔مذ) گل انار کا مخفف (۲) گلنار کا پھول۔ گلنار کا درخت۔ انار سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس میں پھل نہیں آتا (۳) سرخ رنگ والا۔
گُل ناشگفتہ۔ (ف۔ا۔مذ) کلی۔ غنچہ (۲) کنواری لڑکی۔
گُل نافرمان۔ (ف۔ا۔مذ) اُودے رنگ کا پھول۔
گُل نسرین۔ (ف۔ا۔مذ) جنگلی گلاب۔ سیوتی۔
گُل نشاط۔ (ف۔ا۔مذ) شراب۔
گُل نیلوفر۔ (ف۔ا۔مذ) کنول۔
گُل و بلبل۔ (ف۔ا۔مذ) عاشق و معشوق۔
گُل و لالہ۔ (ف۔ا۔مذ) معشوق لوگ (۲) طوائف۔ ارباب نشاط۔
گُل ہزارہ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول۔ گیندا۔
گُل ہونا۔ چراغ بجھنا (۲) رونق ختم ہونا (۳) عزت کا گر جانا۔
گُل۔ (ہ۔ا۔مث) گولی کا مخفف (۲) گٹھلی (۳) گٹھلی (۴) عقدہ۔
گُل بھٹی۔ گُل جھڑی۔ (ہ۔ا۔مث) گرہ در گرہ تنبک (۲) شکن۔ بل (۳) کدورت ملال طبع (۴) ایک آتش بازی کا نام۔
گُل چھرّے۔ (ا۔مذ) لطف۔ عیش۔ مزہ۔
گُل چھرّے اڑانا۔ (ا۔محاورہ) خوب عیش کرنا (۲) مزے اڑانا (۳) دولت برباد کرنا۔
گَلا۔ (گَ۔لا) (ہ۔صف) گلا ہوا۔ خوب پکا ہوا (۲) بوسیدہ۔ بے جان (۳) سڑا ہوا (۴) پگھلا ہوا۔
گلا سڑا۔ (ا۔صف) بوسیدہ۔ نکما۔ خراب۔
گلّا۔ (گَل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دکاندار کا نقدی کی نقدی رکھنے کا برتن (۲) اناج۔ غلہ (۳) جائے ضرور۔ پاخانہ۔
گلا۔ (گَ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) گلو۔ حلق (۲) آواز۔ سُر (۳) گریبان۔
گلا آنا۔ (ا۔محاورہ) حلق کے کوّے کا ورم کر جانا۔ گلے میں چھالا یا ورم ہو جانا۔ گلے میں درد ہونا۔
گلا اُٹھانا۔ (ا۔محاورہ) حلق کے اندر کوّے کو رومال یا انگوٹھے سے دبانا تاکہ وہ اپنی جگہ پر آجائے۔ بچوں کے تالو کو انگوٹھے سے اُٹھانا۔
گلا بلانا۔ (ا۔محاورہ) گویوں کا گانے کے وقت گلے میں آواز کو گردش دینا۔
گلا بند ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) آواز بیٹھ جانا۔
گلا بندھانا۔ (ا۔محاورہ) قرض لینا۔ مقروض ہونا (۲) ذمہ دار ہونا۔ اپنے اوپر بوجھ لینا (۳) نکاح پڑھا لینا۔ آزادی بیچنا (۴) ضروری اخراجات روک کر کچھ جمع کرنا۔
گلا بندھنا۔ (ا۔محاورہ) قرضدار ہونا۔ مقروض بننا۔



Marfat.com

**گلا بیٹھ جانا۔ گلا پڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) آواز کا بھاری ہو جانا۔ آواز بھرّا جانا۔
**گلا پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) گردن پکڑنا (۲) کسیلی چیز کھانے سے گلے میں تکلیف ہونا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا۔
**گلا پھاڑنا۔** (ا۔ محاورہ) زور سے بولنا۔ چیخ کر بولنا۔ چلّانا۔
**گلا پھانسنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز سے گلا دبانا (۲) قرض میں مبتلا ہونا۔
**گلا پھٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) آواز کا زور سے نکلنا (۲) آواز کا بے سرا ہو جانا۔
**گلا پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) آواز کا حسب مراد گانے میں پھرنا۔
**گلا پھولنا۔** (ا۔ محاورہ) گلپھڑا نکلنا۔ گلا سوجنا۔ گلے میں ورم ہونا۔
**گلا خشک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گلے میں رطوبت باقی نہ رہنا (۲) پیاس لگنا۔
**گلا دابنا۔** (ا۔ محاورہ) گلے کو دبانا (۲) بولنے سے روکنا۔
**گلا دبانا۔** (ا۔ محاورہ) گلا گھونٹنا۔ سانس روکنا (۲) بات کرنے سے روکنا۔
**گلا دبایا جانا۔** (ا۔ محاورہ) ظلم ہونا۔ زبردستی کی جانا (۲) بولنے سے روکا جانا۔
**گلا کاٹ مرنا۔** (ا۔ محاورہ) خودکشی کرنا۔
**گلا کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) سر قلم کرنا۔ قتل کرنا (۲) حق دبانا۔ زبردستی کسی کا حق لینا (۳) ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔
**گلا کانی۔** (ا۔ مث) سارنگی سے ملتا جلتا ایک باجا۔
**گلا کٹنا۔ گلا کٹوانا۔** (ا۔ محاورہ) مقتول ہونا۔
**گلا کھل جانا۔** (ا۔ محاورہ) بیٹھی ہوئی آواز کا صاف ہو جانا۔
**گلا کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) گلے کا پھندا دور کرنا (۲) گلے کی آواز صاف ہونا۔
**گلا گھٹنا۔** (ا۔ محاورہ) گلا بھنچنا۔ گلا دبنا۔
**گلا گھونٹ کے سلا دینا۔** (ا۔ محاورہ) گلا گھونٹ کے مار دینا۔
**گلا گھونٹنا۔** (ا۔ محاورہ) گلا دبانا۔ بولنے نہ دینا۔
**گلا ملانا۔** (ا۔ محاورہ) آواز ملانا۔
**گلے باز۔** (ا۔ صف) خوش آواز۔ اچھی آواز والا۔
**گلے بندھنا۔** (ا۔ محاورہ) ذمے پڑنا۔ بلاخواہش کسی چیز کا سر پڑنا (۲) کسی ناپسند عورت کا نکاح میں آنا۔
**گلے پر چھری پھیرنا۔ گلے پر چھری چلانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ جبر و تشدد کرنا۔
**گلے پر خنجر پھیرنا۔** (ا۔ محاورہ) گلے پر چھری پھیرنا۔ جبر و ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔
**گلے پڑ کے سودا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) زبردستی بیچنا۔ خواہ مخواہ کوئی چیز دینا۔
**گلے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ذمے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی چمٹ جانا (۴) بلاخواہش نکاح ہونا (۵) بغیر خواہش یا مرضی کے کوئی چیز دینا۔
**گلے پڑے کا سودا۔** (ا۔ مذ) زبردستی کا سودا جو جبراً سر منڈھا جائے۔
**گلے تک بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی ظرف کو پورا پورا بھرنا۔
**گلے تک پانی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ڈوب جانے کے قریب ہونا۔
**گلے دراز۔** (ف ۔ صف) زبان دراز۔ چالاک (ق)۔
**گلے سے اترنا۔** (ا۔ محاورہ) حلق سے اترنا۔ نگلا جانا۔ سمجھ میں آنا۔
**گلے کا تعویذ بنانا۔** (ا۔ محاورہ) کمال حفاظت سے رکھنا (۲) ہر وقت ساتھ رکھنا۔
**گلے کا توڑا۔** (ا۔ مذ) گلے میں پہننے کی سونے کی زنجیر۔
**گلے کا جوڑا۔** (ا۔ مذ) وہ لباس جو زیب تن ہو۔
**گلے کا ہار۔** (ا۔ مذ) ایک زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے (۲) وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (۳) ناگوار خاطر۔ اجیرن (۴) وہ جو کسی وقت جدا نہ ہو (۵) نہایت عزیز۔ پیارا۔
**گلے کا ہار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) چمٹنا۔ پیچھے پڑنا (۲) وبال جان ہونا (۳) بار خاطر ہونا۔
**گلے کی رگیں پھلانا۔** (ا۔ محاورہ) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔
**گلے گلے۔** (ا۔ تابع فعل) گلے تک۔
**گلے گلے پانی۔** (ا۔ مذ) اتنا پانی جس میں آدمی کی گردن ڈوب جائے۔
**گلے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) چھاتی سے لگانا۔ پیار کرنا۔ چمٹانا (۲) زبردستی کوئی چیز ذمے لینا۔
**گلے لگ کر رونا۔** (ا۔ محاورہ) مل کر رونا۔ دردمندوں کا باہم مل کر اظہار ہمدردی کرنا۔
**گلے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) بغلگیر ہونا۔ چھاتی سے لگنا۔ لپٹنا۔ چمٹنا۔
**گلے ملنا۔** (ا۔ محاورہ) ہم آغوش ہونا۔ گلے لگنا (۲) صفائی کرنا۔ سلوک کرنا (۳) ملاقات کرنا۔
**گلے ملوا دینا۔** (ا۔ محاورہ) صلح کروا دینا۔ صفائی کرا دینا۔ رنجش دور کرانا۔
**گلے (مڑھنا) منڈھنا۔** (ا۔ محاورہ) زبردستی کوئی چیز گلے ڈالنا۔ حوالے کرنا۔
**گلے میں اٹکنا۔ گلے میں پھنسنا۔** (ا۔ محاورہ) بدمزہ یا ناپسند کھانے کا حلق سے نیچے نہ اترنا۔
**گلے میں پانی ٹپکانا۔** (ا۔ محاورہ) دم نکلتے وقت حلق میں پانی چوانا۔
**گلے میں جان اٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) نزع کا عالم ہونا۔
**گلے میں زنجیر پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) بیاہ ہونا (۲) بند ہونا۔ مقید ہونا۔
**گلے میں طوق پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) دیوانے کا زنجیروں سے جکڑا جانا (۲) مصیبت میں مبتلا ہونا (۳) کسی کی غلامی کرنا۔
**گلے میں کانٹے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) حلق خشک ہونا۔
**گلے میں گرہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) آواز نہ نکلنا۔
**گلے میں گھنگرو بولنا۔** (ا۔ محاورہ) نزع کا وقت ہونا۔

Marfat.com

گلے میں ہاتھ ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) گردن میں ہاتھ ڈال کر تقاضا کرنا۔

گلے میں ہڈی نہیں۔ (ا۔ محاورہ) آواز نہایت دلکش ہے۔ گانے میں ماہر ہے۔

گلاب۔ (گُ۔ لاب) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک پھول (۲) گلاب کا پودا (۳) گلاب کے پھولوں کا عرق۔

گلاب پاش۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔

گلاب جامن۔ (ا۔ مث) (۱) ایک قسم کا جامن جس میں گلاب کی سی خوشبو آتی ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس کا رنگ جامن کی طرح ہوتا ہے۔

گلاب کھنچوانا۔ (ا۔ محاورہ) گلاب کا عرق نکلوانا۔

گلاب کھینچنا۔ (ا۔ محاورہ) گلاب کا عرق نکالنا۔

گلاب کی پتی۔ گلاب پنکھڑی۔ (ا۔ مث) (۱) برگ گل (۲) لب نازک معشوق کے ہونٹ۔

گلابہ۔ (گُ۔ لا۔ بہ) (ف۔ ا۔ مذ) گارا۔ پچارا۔

گلابی۔ (گُ۔ لا۔ بی) (ف۔ صف) گلاب کے پھول کی طرح ہلکے سرخ کا۔ (۲) شراب کی بوتل۔ شراب کا گلاس۔ ساغر۔

گلابی آنکھ۔ (ا۔ مث) شربتی آنکھ۔ مخمور آنکھ۔

گلابی اُردو۔ (ا۔ مث) اُردو تحریر کا وہ اسلوب جسے مُلّا رموزی نے رواج دیا۔

گلابی پوش۔ (ف۔ صف) وہ شخص جو گلابی لباس زیب تن ہو۔

گلابی جاڑا۔ (ا۔ مذ) ہلکا جاڑا۔ سردی کے ابتدائی اور آخری دن۔

گلاپا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گولائی۔ گول ہونا۔

گلاس۔ (Glass) (گِ۔ لا س) (انگ۔ ا۔ مذ) پانی پینے کا برتن پیالہ۔ ساغر۔ ایک قسم کا آبخورہ (۲) شیشہ۔ کانچ (۳) آئینہ۔

گلال۔ (گُ۔ لال) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہولی کے دنوں میں ہندو لوگ ایک دوسرے پر چھڑک کر خوشی مناتے ہیں (۲) سنگھاڑے کا باریک پسا ہوا آٹا جس میں مختلف قسم کے رنگ ملاتے ہیں۔

گلال باڑی۔ (ا۔ مث) وہ شاہی باغ جو شاہی محل کے ملحق ہو (۲) وہ باغ جو بڑے مکان کے ملحق ہو۔

گلال چشم۔ (ا۔ صف) سرخ آنکھوں والا۔

گلالا۔ (ق۔ ا۔ مذ) پھول کا ذیرہ۔

گلانا۔ (گَ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پگھلانا (۲) گوشت ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا (۳) سڑانا (۴) بیماری یا غم کا بدن کو دُبلا کر دینا۔ (۵) ضائع کرنا (۶) بوسیدہ کرنا۔

گلاوا۔ گلابہ۔ (گِ۔ لا۔ وا) (گِ۔ لا۔ بہ) (ہ۔ ا۔ مذ) کیچڑ۔ دلدل۔ گارا۔ مٹی میں پانی ملایا ہوا۔ لیپ پوت۔

گلاوٹ۔ (گُ۔ لا۔ وَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) گلانے کی اہلیت۔ تحلیل۔ وہ چیز جس سے گوشت وغیرہ گل جائے۔

گلاؤ فریوک۔ (گَ۔ لا۔ اُو) (ہ۔ صف) جلد گلنے والا۔ جلد سڑنے والا پھل۔

گلائی۔ (گَ۔ لا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) گولائی۔ گولاپا۔ گول ہونا

گلائیڈر۔ (Glider) (گ۔ لا۔ ای۔ ڈر) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ہوائی جہاز جو انجن کے بغیر چلے۔

گلتھی۔ (گَ۔ لَتھ۔ تھی) (ہ۔ ا۔ مث) اُبلے ہوئے نرم چاول (۲) صفت، ملائم۔ نرم۔

گلٹ۔ (Gilt) (انگ۔ ا۔ مذ) ملمع کا پترا یا پانی (۲) ظاہری خوبصورتی اوپر کی سجاوٹ۔

گلٹ۔ (گَ۔ لَٹ) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی گلٹی۔ ورم۔

گلٹی۔ (گِل۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) رسولی۔ گانٹھ۔ گرہ (۲) غدود (۳) گلے کے اندر کا پھوڑا۔

گلڈ۔ (Guild) (انگ۔ ا۔ مث) ہم پیشہ لوگوں کی انجمن۔ جماعت۔ یونین۔

گلڈانگ۔ (گُل۔ ڈانگ) (Bull Dog) بل ڈاگ کا مُحرّف۔ ا۔ مذ) بڑے جبڑوں والا ایک قسم کا شکاری کتا۔ بل ڈاگ۔

گلسرین۔ (Glycerine) (گِ۔ لِس۔ رین) (انگ۔ ا۔ مث) ایک بے رنگ میٹھی اور سیال شے جو چکنائی سے تیار ہوتی ہے اور تیل یا دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

گلکٹ۔ (گُل۔ کَٹ) (ق۔ ا۔ مذ) پھاوڑا۔

گلگل۔ (گَل۔ گَل) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو۔ ترنج۔

گلگلا۔ (گُل۔ گُ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا میٹھا پکوان۔ میٹھا پکوڑا۔

گلگلا۔ (گُل۔ گِ۔ لا) (ہ۔ صف) گیلا گیلا۔ تر۔ نم دار۔ نرم۔

گلگلانا۔ (گُل۔ گَ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) نرم کرنا۔ پگھلانا۔

گلگلاہٹ۔ (گُل۔ گَ۔ لا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) نرمی۔ ملائمت (۲) نرم کرنے کا فعل۔

گلگلی۔ (گُل۔ گُ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) گلگلا کا اسم تصغیر۔ چھوٹا گلگلا۔

گل گوتھنا۔ (گُل۔ گوتھ۔ نا) (ہ۔ صف) گوشت سے بھرا ہوا۔ موٹا پلپلا۔ بھاری بھرکم۔

گلم۔ (گُ۔ لَم) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ سخت آماس جو پیشانی یا سر پر کسی چوٹ کے باعث پیدا ہو جائے۔ گرمہ۔

گلنا۔ (گَل۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) پکنا (۴) بوسیدہ ہونا۔ سڑنا (۵) داغ لگنا (۶) ضائع ہونا (۷) اُجڑنا۔ ستیاناس ہونا (۸) گرنا۔

گلنا سڑنا۔ (ا۔ محاورہ) بوسیدہ ہونا۔ سڑ کے بیکار ہو جانا۔

گلنداز۔ (گُل۔ اَنداز) (ق۔ ا۔ مذ) گرلنداز۔

گلو۔ (گِ۔ لو) (ہ۔ ا۔ مث) ایک بیل جو خشک کر کے دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ بخار کے لیے مفید ہے۔

گلو۔ (گُ۔ لو) (ہ۔ ا۔ مث) گلہری۔ چھوٹی لڑکیوں کا خطاب۔

گلو۔ (گُ۔ لو) (ف۔ ا۔ مذ) گلا۔ حلق۔ گردن (۲) آواز۔ نے۔ سُر۔



Marfat.com

گلو بریدہ - (ف - صف) جس کا گلا کٹا ہوا ہو۔
گلو بستہ - (ف - صف) خاموش - ساکت - جس کا گلا بند ہو۔
گلو بند - (ف - ا - مذ) گلے میں باندھنے کا اُونی یا ریشمی پٹکا۔
گلو خلاصی - (ع - ف - ا - مث) رہائی - چھٹکارا - نجات۔
گلو سوز - (ف - صف) نہایت میٹھی اور لذیذ چیز - نہایت شیریں۔
گلو گیر - (ف - صف) گردن پکڑنے والا - الزام لگانے والا (۲) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑے (۳) لالچی - طامع۔
گلوب - (Globe) (گ - لوب) (انگ - ا - مذ) گولا - گول - چیز - کرہ (۲) کرہ زمین۔
گلوری - (گ - لَو - ری) (ہ - ا - مث) پان کا بیڑا - بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع پر لپیٹا جاتا ہے۔
گلوکوز - (Glucose) (گ - لُو - کوز) (انگ - ا - مذ) انگور سے نکلی ہوئی شکر۔
گلولہ - (گ - لُو - لہ) (ف - ا - مذ) گولی - گولہ - غلّہ۔
گلوندی - (گ - لوں - دی) (ہ - ا - مذ) مہوے کا پھول یا اس کی کلی۔
گلہ - (گل - لہ) (ف - ا - مذ) جھنڈ - غول - ریوڑ - مویشیوں کا ڈار۔
گلہ بان - (ف - ا - مذ) چرواہا - گڈریا - ریوڑ والا - بکریاں اور دیگر مویشی چرانے والا۔
گلہ بانی - (ف - ا - مث) نگہبانی - محافظت - ریوڑ کی رکھوالی۔
گلہ - (گِ - لہ) (ف - ا - مذ) شکوہ - شکایت - اُلاہنا۔
گلہ زبان پر لانا - (ا - محاورہ) شکوہ کرنا - شکایت کرنا۔
گلہ شکوہ - (ف - ا - مذ) اُلاہنا - شکوہ - شکایت۔
گلہ کرنا - (ا - محاورہ) اُلاہنا دینا - شکوہ کرنا۔
گلہ گزاری - (ف - ا - مث) شکوہ - شکایت۔
گلہار کرنا - (گل - ہار) (ق - مص) گلے میں ہار ڈالنا۔
گلہرا - (گ - لہ - را) (ہ - ا - مذ) گلہری کا نر (۲) پان رکھنے کا برتن۔
گلہری - (گ - لہ - ری) (ہ - ا - مث) چوہے کی مانند ایک جانور جس پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں اور درختوں پر رہتا ہے۔
گلہری کا بیر ٹھکانہ - (ا - مثل) ہر شخص کو اپنی ہی جگہ آرام ملتا ہے۔
گلہریا - (گ - لہ - ریا) (ہ - ا - مذ) وہ پتنگ جس میں دھاریاں ہوتی ہیں۔
گلھڑ - (گل - لھڑ) (ہ - ا - مذ) گلے کا پھولا ہوا غدود - گلے کی ایک بیماری۔
گلی - (گ - لی) (ہ - ا - مث) کوچہ - محلے کے اندر کا راستہ - آبادی کے اندر تنگ سڑک۔
گلی جھکانا - (ا - محاورہ) آوارہ پھرنا۔
گلی کوچہ - (ا - مذ) محلہ - کوچہ۔
گلی گلی - (ا - تابع فعل) ہر گلی میں - ہر کوچہ میں - کوچہ بکوچہ۔
گلیاں چھاننا - (ا - محاورہ) گلی گلی آوارہ پھرنا - کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا۔
گلیوں کی خاک چھاننا - (ا - محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

گلی - (گ - لی) (ف - صف) مٹی کا بنا ہوا - کچا - ناپائیدار۔
گلی - (گل - لی) (ہ - ا - مث) مکئی کا بھٹا (۲) کیوڑے کا پھول (۳) وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو خول کے اندر دی جاتی ہے (۴) چاندی سونے کا ڈلا (۵) صیقل کرنے کا ایک اوزار (۶) دونوں طرف نوک دار چھوٹی سی لکڑی کا ٹکڑا جسے لڑکے ڈنڈے سے مار کر اچھالتے ہیں (۷) شہد کی چھال۔
گلی بندھنا - (ا - محاورہ) پورا جوان ہونا - سن بلوغت کو پہنچنا (۲) شہد کا چھال میں پک جانا۔
گلی ڈنڈا - (ا - مذ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جو گلی ڈنڈا سے کھیلا جاتا ہے - اس میں دو لکڑیاں ہوتی ہیں - ایک چھوٹی جسے گلی کہتے ہیں - دوسری بڑی اور لانبی جسے ڈنڈا کہتے ہیں۔
گلی ڈنڈا کھیلنا - (ا - محاورہ) گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا (۲) وقت ضائع کرنا - آوارہ پھرنا۔
گلیا - (گل - یا) (ہ - ا - مذ) تھکا ہارا بیل (۲) کام چور۔
گلیا - (گل - یا) (ہ - ا - مذ) رنگریز جو ریشمی کپڑے اور بانات رنگتا ہے۔
گلیارا - (گل - یا - را) (ہ - ا - مذ) کوچہ - گلی۔
گلیان - (گل - یان) (ق - ا - مذ) مرجان۔
گلیانا - (گل - یا - نا) (ہ - مص) گالیاں دینا۔
گلیر - (گل - یر) (ہ - صف) سست - کاہل (۲) گلا ہوا (۳) پھوہڑ (۴) غلیظ۔
گلیز - (Glaze) (گ - لیز) (انگ - ا - مذ) چمک - مٹی یا چینی کے برتن پر روغن جس سے چمک آجائے۔
گلیشیر - (Glacier) (گ - لے - شِ - یَر) (انگ - ا - مذ) برف کی چٹان جو آہستہ آہستہ نیچے کو ڈھلکے (۲) برف کا چشمہ۔
گلیم - (گ - لیم) (ف - ا - مث) کمبل - اُونی کپڑا - دُھسا - کملی۔
گلیم پوش - (ف - ا - مذ) کملی پوش جو کمبل اوڑھے رکھے۔
گلینڈ - (Gland) (گ - لینڈ) (انگ - ا - مث) غدود - گلٹی - گانٹھ۔

## گ م

گم - (Gum) (انگ - ا - مذ و مث) گوند۔
گم - (ف - صف) کھویا ہوا (۲) ضائع - رائیگاں (۳) غائب - پوشیدہ - چھپا ہوا (۴) ناپید (۵) مغرور (۶) حواس باختہ - حیران - پریشان۔
گم راہ - گمراہ - (ف - صف) راستہ بھولا ہوا - آوارہ - بھٹکا ہوا (۲) بے دین - بد دین - بدعتی (۳) برگشتہ - سرکش - متمرد (۴) مغرور - متکبر۔
گمراہ ہونا - (ا - محاورہ) راستہ بھول جانا - بہکنا - بھٹکنا (۲) بے دین ہونا - پھر جانا - منحرف ہونا (۳) متکبر ہونا - مغرور ہونا۔
گمراہی - (گم - را - ہی) (ف - ا - مث) بے راہی - کجروی (۲) تمرد - انحراف (۳) بے دینی - بدعت۔
گم شدہ - (ف - صف) کھویا ہوا - ضائع شدہ (۲) مغرور - بھاگا ہوا۔



Marfat.com

(۳) بھولا ہوا (۴) حواس باختہ۔
**گُم شُدگی** ۔ (ف ۔ مث) کھویا جانا۔
**گُم صُم** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) (۱) گونگا۔ بہرا (۲) خاموش ۔ چُپ چاپ (۳) حیران ۔ ششدرہ۔
**گُم صُم رہ جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) چپ چاپ رہ جانا ۔ جھجک کر رہ جانا ۔ حیران و ششدر رہ جانا۔
**گُم کردہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کھویا ہوا۔
**گُم کردہ آشیاں** ۔ (ف ۔ صف) گھر بھولا ہوا جانور۔
**گُم کرنا** ۔ (مص مرکب) کھو دینا (۲) چھپانا (۳) ضائع کرنا (۴) چُرانا (۵) بھلانا۔
**گُم گشتہ** ۔ (ف ۔ صف) کھویا ہوا (۲) بھاگا ہوا (۳) بھولا ہوا
**گُم نام** ۔ (ف ۔ صف) غیر معروف ۔ جس کو کوئی نہ جانتا ہو (۲) پوشیدہ ۔ مخفی (۳) نام ظاہر کیے بغیر (۴) نیست و نابود۔
**گُم نامی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پوشیدگی ۔ نامعلومی۔
**گُم ہونا** ۔ (مص مرکب) ضائع ہونا (۲) کسی خیال میں محو ہونا (۳) بے خبر ہونا (۴) کسی چیز کا کھو جانا ۔ بدحواس ہونا۔
**گُمّا** ۔ (گُم ۔ مّا) (ہ ۔ ا ۔ مث) بڑی اور موٹی اینٹ ۔ ڈبل اینٹ۔
**گُماشتہ** ۔ (گُ ۔ ماش ۔ تہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو ۔ کارندہ (۲) منیم ۔ وکیل۔
**گُماشتہ کرنا** ۔ (مص مرکب) نائب بنانا ۔ مینجر مقرر کرنا ۔ کارندہ قرار دینا ۔ ایجنٹ بنانا۔
**گُماشتہ گری** ۔ (ا ۔ مث) گماشتہ کا کام۔
**گُمان** ۔ (گُ ۔ مان) (ف ۔ ا ۔ مذ) خیال ۔ اندازہ (۲) شک و شبہ ۔ احتمال (۳) وہم ۔ وسواس۔
**گُمان پڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) شک ہونا۔
**گُمان غالب (قوی)** ۔ (ا ۔ مذ) پکا خیال ۔ یقین کامل ۔ احتمال قوی۔
**گُمان کرنا** ۔ (مص مرکب) خیال کرنا ۔ شبہ کرنا۔
**گُمان گزرنا ۔ گُمان ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) شک ہونا ۔ شبہ ہونا ۔ خیال میں آنا۔
**گُمان** ۔ (گُ ۔ مان) (ہ ۔ صف) غرور ۔ تکبر۔
**گُمان بھرا** ۔ (ا ۔ صف) مغرور ۔ متکبر۔
**گُمان بھری** ۔ (ا ۔ صف) مغرور اور متکبر عورت۔
**گُمان ہے** ۔ (۱۔ محاورہ) یقین ہے ۔ اغلب ہے۔
**گُمانا** ۔ (گُ ۔ مانا) (ار ۔ مص) کھونا ۔ گم کرنا (۲) کپڑے میں نہ رہنا۔
**گُمانی** ۔ (گُ ۔ مانی) (ہ ۔ صف) متکبر ۔ مغرور (۲) بدظن ۔ وہمی۔
**گُمبھیر** ۔ (گُم ۔ بھیر) (س ۔ صف) گہرا ۔ عمیق ۔ اتھاہ (۲) بُردبار ۔ متحمل (۳) سوچنے والا ۔ دور اندیش (۴) بھاری ۔ بوجھل ۔ وزنی (۵) (مذکر) ایک قسم کا پھوڑا جو اکثر پشت یا گردن پر نکلتا ہے ۔ خنازیر۔
**گُمت** ۔ (ا ۔ مث) تفریح ۔ تماشا۔
**گُمت گاہ** ۔ (ا ۔ مث) تفریح گاہ ۔ تماشا گاہ (ق)

**گُمتی** ۔ (گُم ۔ تی) (ق) خوش دل ۔ خوش طبع ۔ کھلاڑی۔
**گُمَت** ۔ (گُم ۔ مت) (ہ ۔ ا ۔ مث) منڈلی ۔ جتھا ۔ ٹولی ۔ سنگت (۲) مطلب ۔ غرض (۳) رائے ۔ صلاح ۔ مشورہ۔
**گُمٹ** ۔ (گُم ۔ مٹ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گنبد ۔ برج۔
**گُمٹی** ۔ (گُم ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) چھوٹا گنبد ۔ برجک۔
**گُمٹی** ۔ (گُم ۔ ٹی) (ار ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا پھول دار یا دھاری دھار مضبوط سوتی کپڑا ۔ انگریزی ڈمٹی (Dimity) کا بگاڑ۔
**گُمَر** ۔ (گُ ۔ مر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گمان ۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ تکبر۔
**گُمک** ۔ (گُ ۔ مک) (ہ ۔ ا ۔ مث) ڈھول طبلے یا باجے کی آواز (۲) گرج ۔ کڑک (۳) صدمہ ۔ تصادم (۴) وہ گونج دار آواز جو گانے والوں کے منہ سے بھاری ہو کر نکلے۔
**گُمکا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) بڑے منہ کا مٹی کا برتن ۔ ناند۔
**گُمکیلا** ۔ (گُم ۔ کی ۔ لا) (ہ ۔ صف) خوشبودار ۔ مسالے دار
**گُملا ۔ گھملا** ۔ (گُم ۔ لا) (گھم ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) مٹی کا برتن جس میں پودے بوتے ہیں۔
**گُمنا** ۔ (گُم ۔ نا) (ق ۔ مص) بسر کرنا ۔ رہنا (۲) پسند آنا ۔ ریجھنا۔

## گ ۔ ن

**گن** ۔ (Gun) (انگ ۔ ا ۔ مث) بندوق ۔ توپ۔
**گن پاؤڈر** ۔ (Gun Powder) (انگ ۔ ا ۔ مذ) بارود۔
**گن کاٹن** ۔ (Guncotton) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک مادہ جو روئی اور شورے کے تیزاب سے تیار کیا جاتا ہے اور توپ میں بطور پاؤڈر استعمال ہوتا ہے۔
**گُن** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) عادت ۔ خصلت ۔ سبھاؤ (۲) اعمال ۔ کرتوت ۔ لچھن (۳) صفت ۔ اثر ۔ تاثیر (۴) تعریف ۔ مدح (۵) ہنر ۔ فن (۶) خوبی ۔ عمدگی ۔ نیکی ۔ بھلائی (۷) رسی جس سے ملاح کشتی کھینچتے ہیں (۸) احسان ۔ مہربانی ۔ عنایت۔
**گُن بھرے ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) ہنرمند ہونا ۔ خوبیاں رکھنا (۲) شرارت سے بھرپور ہونا۔
**گُن بُن** ۔ (ہ ۔ مث) گُن مُن ۔ سرگوشی ۔ کانا پھوسی (ق)
**گُن کار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گن والا (ق)
**گُن گانا** ۔ (۱۔ محاورہ) تعریف کرنا ۔ مدح سرائی کرنا۔
**گُن ماننا** ۔ (۱۔ محاورہ) احسان ماننا ۔ ممنون ہونا۔
**گُنونت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) گن والا۔
**گُنوتنا** ۔ ہنرمند ۔ گن والا۔
**گُنونتی** ۔ گنونت کی تانیث ۔ دانشمند ۔ سلیقہ شعار ۔ سگھڑ۔
**گُن گُن** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) آہستہ آہستہ گانا یا پڑھنا (۲) جھنجھناہٹ (۳) اپنے آپ باتیں کرنا (۴) ناک میں بولنا۔



Marfat.com

**گُنا** ۔ (گُ۔نا) [ہ۔ا۔مذ] چند۔ مرتبہ۔ بار۔ جیسے چوگنا۔ سوگنا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔

**گَنا** ۔ (گَن۔نا) [ہ۔ا۔مذ] نیشکر۔ پونڈا۔

**گِنانا** ۔ (گِ۔نا۔نا) [ہ۔مص] شمار کروانا۔ گنوانا۔

**گُناہ** ۔ (گُ۔ناہ) [ف۔ا۔مذ] مذہبی احکام کے خلاف عمل۔ عصیان۔ جُرم۔ خطا۔ قصور۔ پاپ۔

**گُناہ آمرز (بخش)** ۔ [ف۔صف] گناہ بخشنے والا۔ [ا۔مذ] خدائے تعالیٰ۔

**گُناہ بخشنا** ۔ [ا۔محاورہ] خطا معاف کرنا۔ قصور معاف کرنا۔

**گُناہ بے لذّت** ۔ [ا۔مذ] وہ گناہ جس کے کرنے میں کچھ فائدہ نہ ہو۔

**گُناہ دھونا** ۔ [ا۔محاورہ] گُناہ مٹانا یا محو کرنا۔

**گُناہ رکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] کسی پر ناکردہ قصور ثابت کرنا۔ جھوٹا الزام لگانا۔

**گُناہ سمیٹنا** ۔ [ا۔محاورہ] گناہ کا وبال اپنے سر لینا۔

**گُناہ صغیرہ** ۔ [ف۔ا۔مذ] معمولی گناہ۔ ادنیٰ گناہ۔ جُرم خفیف۔

**گُناہ کا وبال پڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] گناہ کا خمیازہ بھگتنا۔ قصور کی سزا پانا۔

**گُناہ کبیرہ (عظیم)** ۔ [ف۔ا۔مذ] بھاری جُرم۔ بڑا گناہ۔ وہ گناہ جس کی سزا قرآن شریف یا شرع میں مقرر ہو۔ فرائض مذہبی کا ادا نہ کرنا۔

**گُناہ کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] کوئی ایسا کام کرنا جس کے کرنے کی قانون و مذہب میں ممانعت ہو۔ قصور کرنا۔

**گُناہ گار۔ گُنہگار** ۔ [ف۔صف] عاصی۔ پاپی۔ بدکار۔ فاسق۔ (۲) خطاکار۔ مُجرم۔

**گُنہگار کرنا۔ گُنہگار بنانا** ۔ [ا۔محاورہ] گناہوں میں مُبتلا کرنا۔ شرمندہ کرنا (۲) ملزم بنانا۔

**گُناہ گاری۔ گُنہگاری** ۔ [ف۔ا۔مث] قصور۔ خطا۔ جُرم (۲) آمدنی جرمانی عدالت کی طرف سے وصول کی جائے۔ جرمانہ۔ تاوان۔

**گُناہوں کی گٹھڑی** ۔ [ا۔مث] بہت سے گناہوں کا بوجھ۔

**گُنبد** ۔ [ف۔ا۔مذ] (گُم۔بَد) بُرج۔ گول چھت۔ عمارت کا بالائی حصہ جو گول ہو۔

**گُنبد ازرق۔ گُنبد فیروزہ رنگ** ۔ [ف۔ا۔مذ] آسمان۔ (لفظی معنی نیلا آسمان)

**گُنبد بے در** ۔ [ف۔ا۔مذ] آسمان۔

**گُنبد خضرا** ۔ آسمان (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مبارک کا گنبد (لفظی معنی سبز گنبد)

**گُنبد کی آواز** ۔ [ف۔ا۔مذ] گنبد کی گونج (۲) جیسا کہنا ویسا سُننا۔

**گُنبد گرداں** ۔ [ف۔ا۔مذ] آسمان (لفظی معنی گھومنے والا گنبد)

**گُنبد مینا۔ گُنبد مینائی** ۔ [ف۔ا۔مذ] آسمان (لفظی معنی نیلا گنبد)

**گُنبدی** ۔ [ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا ایک ستون والا خیمہ۔ گول خیمہ۔ گنبد کی شکل کا۔

**گَنَت** ۔ (گَ۔نَت) [س۔ا۔مث] علم حساب۔

**گَنَت بِدیا** ۔ [ہ۔ا۔مث] علم ہندسہ۔ علم ریاضی۔

**گَنَت** ۔ [ق۔ا۔مذ] کنارہ۔

**گِنتی** ۔ (گِن۔تی) [ہ۔ا۔مث] حساب۔ تعداد۔ اندازہ۔ شمار (۲) حاضری۔

**گِنتی کے** ۔ تھوڑے سے۔ چند۔

**گِنتی کے دن** ۔ [ا۔مذ] زندگی کے چند دن۔

**گِنتی گنوانا** ۔ [ا۔محاورہ] نام کی تعداد ظاہر کرنا۔ نمائشی خانہ پُری کرکے دکھانا۔

**گِنتی میں لانا** ۔ [ا۔محاورہ] شمار میں لانا۔ حساب میں داخل کرنا (۲) بات پوچھنا۔ خاطر میں لانا۔

**گُنٹا** ۔ (گُن۔ٹا) [ق۔ا۔مذ] تالاب۔

**گَنٹھا** ۔ (گَن۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذ] پیاز کی گرہ۔

**گَنٹھڑا** ۔ (گَنٹھ۔ڑا) [ق۔ا۔مذ] سرمایہ۔ پونجی۔ اصل۔

**گَنٹھنا** ۔ (گَنٹھ۔نا) [ہ۔مص] سیا جانا۔ گانٹھا جانا۔

**گَنٹھیا** ۔ (گَنٹھ۔یا) [ہ۔ا۔مث] جوڑوں کا درد۔ نقرس۔ وجع المفاصل۔

**گَنج** ۔ [ف۔ا۔مذ] خزانہ۔ دفینہ (۲) ذخیرہ۔ گودام (۳) مخزن۔ خزینہ (۴) اناج کی منڈی۔ بازار۔ انبار۔ ڈھیر۔ جمع۔ گنجہا۔

**گنج بخش** ۔ [ف۔ا۔صف] بہت بڑا فیاض۔ لکھ داتا (۲) حضرت علی ہجویری کا لقب۔

**گنج بے رنج نہیں** ۔ [ا۔مثل] امیر آدمی کو کئی پریشانیاں ہوتی ہیں۔

**گنج حکیم** ۔ [ف۔ا۔مذ] سورۃ فاتحہ۔

**گنج ڈالنا (لگانا)** ۔ [ا۔محاورہ] اناج کی منڈی آباد کرنا (۲) انبار لگانا۔

**گنج رواں** ۔ [ف۔ا۔مذ] قارون کا خزانہ جو روایت کے مطابق برابر زمین میں دھنستا جاتا ہے (۲) وہ خزانہ جو کبھی خالی نہ ہو۔

**گنج شائگاں** ۔ [ف۔ا۔مذ] بہت بڑا خزانہ یا چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔

**گنج شہیداں** ۔ [ف۔ا۔مذ] وہ گڑھا یا بڑی قبر جس میں شہیدوں یا مقتولوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کر دیتے ہیں (۲) مُردوں کا ڈھیر۔

**گنج فریدوں** ۔ [ف۔ا۔مذ] ایرانی موسیقی کے ایک راگ کا نام۔

**گنج قاروں** ۔ [ف۔ا۔مذ] قارون کا خزانہ۔ کنجوس دولت مند کا خزانہ (۲) بہت بڑا خزانہ جس میں سے کچھ خرچ نہ ہوا ہو۔

**گَنج** ۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

**گنجا** ۔ [ہ۔ا۔مذ] وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجے سر والا آدمی۔

**گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے** ۔ [ا۔مثل] کمینوں کو خدا اس قدر اختیار نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔

**گنجان** ۔ (گُن۔جان) [ف۔صف] گھنا۔ پاس پاس۔ متصل۔



Marfat.com

گنجانا۔ (گن۔جا۔نا) (ہ۔مص) ہاتھ سے ملانا۔
گنجانی۔ (گن۔جا۔نی) (ہ۔ا۔مث) گھنا ہونا۔
گنجائش۔ (گن۔جا۔ئش) (ف۔ا۔مث) سمائی۔ ٹھکانہ۔ جگہ (۲) فائدہ بچت۔ کفایت۔ وسعت۔ مقدور۔
گنجائش پذیر۔ (ف۔صف) سمانے کے قابل جو سما سکے۔
گنجائش رکھنا۔ (ا۔محاورہ) اتنی جگہ ہونا کہ اس میں سما سکے۔
گنجائی۔ (گن۔جا۔ای) (ہ۔ا۔مث) ایک کیڑے کا نام جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ کنسلائی۔
گنجرنا۔ (گنج۔جر۔نا) (ہ۔مص) زور سے چیخنا۔ دہاڑنا۔ گرجنا۔
گنجفہ۔ (گنج۔فہ) (ا۔ر۔ا۔مذ) ایک کھیل کا نام جس میں ۹۶ گول پتے ہوتے ہیں اور تین کھلاڑی۔
گنجفہ ابتر ہونا۔ (ا۔محاورہ) گنجفہ کے ناقص پتے حصے میں آنا۔
گنجفہ باز۔ (ف۔صف) گنجفہ کھیلنے والا (۲) مکار۔ چالباز۔ فریبی۔
گنجفہ کا ورق۔ (ا۔مذ) گنجفہ کا پتا۔
گنجلک۔ (گنج۔لک) (ہ۔ا۔مث) شکن۔ سلوٹ (۲) گانٹھ۔ گرہ عقدہ (۳) الجھن۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔
گنجلک کی باتیں۔ (ا۔مث) پیچیدہ باتیں۔ گول مول باتیں۔
گنجور۔ (گن۔جور) (ف۔ا۔مذ) دولت مند۔ امیر آدمی۔ صحیح گنج ور ہے۔
گنجھیا۔ (گنجھ۔یا) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا تلا ہوا سموسہ۔
گنجی۔ (ہ۔ا۔مث) وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔
گنجی پنہاری اور گوکھرو کا اینڈوا۔ (ا۔مثل) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔
گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا۔ (ا۔مثل) بدصورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ درجہ پر دیکھ کر کہتے ہیں۔
گنجیا۔ (گنج۔یا) (ہ۔ا۔مث) گاڑی بان یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا۔
گنجیا۔ (گنج۔یا) (ہ۔ا۔مث) کان کا ایک زیور۔
گنجیڑی۔ (گن۔جے۔ڑی) (ہ۔ا۔مذ) گانجا پینے والا۔
گنجیفہ۔ (گن۔جی۔فہ) (ف۔ا۔مذ) گنجفہ۔
گنجینہ۔ (گن۔جی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) خزانہ۔ دفینہ (۲) ذخیرہ۔ مال گودام۔
گنجینہ دار۔ (ف۔صف) خزانچی۔
گند۔ (ف۔ا۔مث) بدبو۔ عفونت۔ تعفن (۲) نجاست۔ غلاظت۔ پلیدی (۳) کوڑا کرکٹ (۴) خراب اور نکمی چیز (۵) جھگڑا۔ بکھیڑا۔
گند پاک ہونا۔ گند کٹنا۔ (ا۔محاورہ) جھگڑا پاک ہونا۔ رنج و مشقت سے نجات پانا۔
گند پھیلنا۔ (ا۔محاورہ) کوڑا کرکٹ پھیلنا (۲) بکھیڑا ہونا۔
گندا۔ (گن۔دا) (ف۔صف) ناپاک۔ غلیظ۔ نجس۔ میلا۔ بدبودار۔
گندا انڈا۔ (ہ۔ا۔مذ) انڈا جو خراب ہوگیا ہو (۲) بدچلن بیٹا۔
گندا پانی۔ میلا۔ غلیظ پانی (۲) شراب (۳) پیشاب (۴) آنسو۔ منی
گندا موبہ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ زرد چھوٹے چھوٹے پر جو پرندوں کے بچوں کے نکلتے ہیں (۲) وہ بال جو بچوں کے جسم پر سب سے پہلے نکلتے ہیں۔
گندانا۔ (ق۔مص) گوندھنا۔
گندر۔ (گن۔در) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔
گندک۔ (گن۔دک) (ہ۔ا۔مث) گندھک۔
گندگی۔ (گن۔دگی) (ف۔ا۔مث) بدبو۔ عفونت۔ بساند (۲) غلاظت نجاست۔ ناپاکی۔
گندگی پھیلانا۔ (ا۔محاورہ) بدبو پھیلانا۔ سڑاند پھیلانا (۲) کسی جگہ کو میلا یا گندا کرنا (۳) نامہذب گفتگو کرنا۔
گندم۔ (گن۔دم) (ف۔ا۔مذ) گیہوں۔ کنک۔
گندم از گندم بروید جو ز جو۔ (ف۔مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (لفظی معنی گندم سے گندم اُگتا ہے اور جو بونے سے جو اُگتا ہے۔
گندم اگر بہم نرسد جو غنیمت است۔ (ف۔مثل) اگر زیادہ فائدہ میسر نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی (لفظی معنی۔ اگر گندم نہ مل سکے تو جو یا بھس ہی سہی)
گندم گوں۔ (ا۔مذ) گندمی رنگ کا۔ سانولا۔
گندم نما۔ (ف۔صف) دھوکے باز۔ مکار۔ چالاک۔ دغاباز۔
گندم نما جو فروش۔ (ف۔صف) گندم دکھا کر جو بیچنے والا۔ جس کے ظاہر باطن میں فرق ہو۔ مکار۔ دغاباز۔ دھوکا دینے والا۔
گندم نمائی۔ (ف۔ا۔مث) فریب۔ دغابازی۔
گندمی۔ (گن۔دمی) (ف۔صف) گندم کے رنگ کا سانولا۔
گندنا۔ گندنا۔ (ف۔ا۔مذ) ایک ترکاری کا نام جو لہسن سے مشابہ ہوتی ہے۔
گندوڑا۔ (گن۔دو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) کھانڈ کی ٹکیا یا روٹی جو ہندو شادیوں میں تقسیم کرتے ہیں۔
گندہ۔ (گن۔دہ) (ف۔صف) ناپاک۔ غلیظ۔ نجس (۲) میلا (۳) بدبودار (۴) بگڑا ہوا سڑا ہوا (۵) بدزبان (۶) برا (۷) خراب (۸) بے ہودہ۔
گندہ بروزہ (بیروزہ)۔ ایک بدبودار مادہ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے۔ ایک قسم کی گوند۔
گندہ بغل۔ (ف۔صف) وہ شخص جس کی بغلوں سے بو آئے۔
گندہ بہار۔ (ف۔ا۔مث) وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔
گندہ دماغ۔ (ف۔ا۔مذ) مغرور۔ متکبر۔
گندہ دہن۔ (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے منہ سے بو آئے۔
گندہ کرنا۔ (ا۔محاورہ) ناپاک کرنا (۲) خراب کرنا (۳) عصمت بگاڑنا۔
گندہ۔ (گن۔دہ) (ف۔صف) موٹا۔
گندھ۔ (س۔ا۔مذ) بو (۲) بدبو (۳) سرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل۔
گندھار۔ (گن۔دھار) (ہ۔ا۔مذ) ایک ہندوستانی راگ کا نام۔
گندھاوٹ۔ (گن۔دھا۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) بالوں کے گندھنے کا انداز



Marfat.com

(۲) پھولوں کا ہار بنانے کا طریقہ۔
گندھرپ۔ (گَن۔ دھرپ) (س۔ا۔مذ) راجہ اندر کے دربار کا گویا (۲) اچھا گانے والا۔ قوال۔ مغنی (۳) ایک پرندے کا نام (۴) خوبصورت حسینہ (۵) مزیدار راگ۔
گندھرب بیاہ۔ (س۔ا۔مذ) عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کرنا۔
گندھک۔ (گَن۔ دھک) (ہ۔ا۔مث) زرد رنگ کا ایک مادہ جو زمین سے نکلتا ہے۔
گندھنا۔ (گُندھ۔ نا) (ہ۔مص) آٹے میں پانی ڈال کر ملانا (۲) سر کے بالوں کا گتھنا (۳) ہار کا گتھنا۔
گندھوانا۔ (گُندھ۔ وا۔ نا) (ہ۔مص) آٹے میں پانی ڈال کر ملانا (۲) بال یا ہار کا گتھنا۔
گندھی۔ (گَن۔ دھی) (ہ۔ا۔مذ) عطر پھلیل بیچنے والا۔ عطار۔
گندی۔ (گَن۔ دی) (ا۔صف) گندا کی تانیث۔ ناپاک عورت۔ غلیظ عورت (۲) فحش، غیر مہذب گفتگو (۳) خراب، ناکارہ، نکمی چیز۔
گندی بوٹی کا گندھا شوربا۔ (ہ۔مثل) بدوں کی بری اولاد۔ برے کام کا برا نتیجہ۔
گندی گندی باتیں کرنا۔ (ا۔محاورہ) گالیاں بکنا۔ بے شرمی کی باتیں زبان پر لانا۔
گندیلا۔ (گُن۔ دی۔ لا) (ہ۔صف) گوند والا۔ وہ درخت جس میں سے گوند نکلے۔
گنڈ۔ (گُن۔ نڈ) (ق۔ا۔مذ) بھاری پتھر۔
گنڈا۔ (گَن۔ ڈا) (ہ۔ا۔مذ) حلقہ۔ چھلا۔ کڑا۔ چوڑی (۲) چار عدد۔ چار کوڑیاں (۳) گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹہ (۴) وہ بڑا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں اور بچوں کے گلے یا بازو پر بیماری دور کرنے کے لیے باندھتے ہیں۔
گنڈا باندھنا۔ (ہ۔محاورہ) افسوں پڑھتے ہوئے چند سیاہ دھاگوں کو دفع آسیب یا ازالہ مرض کے لیے گلے میں باندھنا۔
گنڈا پٹا۔ (ا۔مذ) ساز جو گھوڑے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
گنڈا پہنانا۔ (ہ۔محاورہ) گنڈا گلے میں ڈالنا۔
گنڈا تعویذ۔ (ہ۔مذ) منتر جنتر۔ جھاڑ پھونک۔ جادو ٹونا۔
گنڈے دار۔ (ہ۔محاورہ) حلقہ دار۔ دھاری دار (۲) بے سلیقہ بے قاعدہ۔
گنڈے دار آواز۔ (ا۔صف) وہ آواز جو تان لگاتے وقت کسی جگہ سے ٹوٹ جائے اور گویا چالاکی اور خوبصورتی سے اس کی جگہ کوئی دوسرا پہلو پیدا کر کے آخر تک پہنچائے۔
گُنڈا۔ (گُن۔ ڈا) (ہ۔ا۔مذ) لچا۔ شہدا۔ بدکار۔ اوباش۔ بدمعاش۔
گنڈا گردی۔ (ہ۔ف۔ا۔مث) بدمعاشوں کا دور دورہ۔ گنڈوں کا راج
گنڈاسا۔ (گَن۔ ڈا۔ سا) (ہ۔ا۔مذ) چارہ کاٹنے کا ہتھیار (۲) لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار۔
گنڈاسی۔ (گَن۔ ڈا۔ سی) (ہ۔ا۔مث) گنڈاسا کی تانیث۔ چھوٹا گنڈاسا۔
گنڈلا۔ (گَنڈ۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) دائرہ۔ حلقہ۔ کنڈل۔
گنڈلی۔ (گُنڈ۔ لی) (ہ۔ا۔مث) گنڈلا کی تانیث۔
گنڈلی مارنا۔ (ہ۔محاورہ) سانپ کا حلقہ کر کے بیٹھنا۔
گندلم۔ (گَن۔ دلم) (ہ۔مث۔ق) آفت۔ مصیبت۔
گنٹھالا۔ (گُنٹھ۔ سالا) (ق۔ا۔مذ) کنٹھ مالا۔
گنڈولا (Gondola) (گَن۔ ڈو۔ لا) (اطالوی۔ا۔مذ) شہر وینس کی نہروں میں چلنے والی کشتیاں۔
گنڈی۔ (گَن۔ ڈی) (س۔ا۔مث) جادو کا حلقہ (۲) مٹی کا بند جو تالاب کے گرد بناتے ہیں۔
گنڈیری۔ (گَن۔ ڈے۔ ری) (ہ۔ا۔مث) گنے کی چھوٹی سی پوری۔
گنڈیری دار۔ (ہ۔ف۔صف) گرہوں والا۔ حقے کا نیچا (۲) رنگ برنگ کی چیز۔
گنر (Gunner) (گَن۔ نَر) (انگ۔ا۔مذ) بندوقچی۔ توپچی۔ توپ خانے کا افسر (۲) شکاری۔ بندوق سے شکار کھیلنے والا۔
گنگ۔ (ف۔ا۔مث) دریائے گنگا جو ہندوستان میں ہے۔
گنگ۔ (ف۔صف) گونگا۔ زبان سے نہ بول سکنے والا۔
گنگ محل۔ اکبر بادشاہ کا وہ محل جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لیے بنوایا تھا۔
گنگا۔ (گَن۔ گا) (س۔ا۔مث) ہندوستان کا مشہور دریا جس میں نہانے سے ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق پاپ دور ہوتے ہیں۔ اور اس میں مُردوں کی راکھ یا ہڈیاں ڈالنا باعث نجات سمجھا جاتا ہے۔
گنگا اٹھانا۔ دریائے گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم اٹھانا۔
گنگا اشنان۔ گنگا نہان۔ (ہ۔ا۔مذ) گنگا میں نہانا۔
گنگا بہانا۔ (ہ۔محاورہ) فیض جاری کرنا (۲) کسی کام سے فراغت کرنا۔
گنگا بہنا۔ دریائے گنگا کا چلنا (۲) فیض جاری ہونا۔ داد و دہش کرنا۔
گنگا پار کرنا۔ (ہ۔محاورہ) جلا وطن کرنا۔
گنگا جل۔ (ہ۔ا۔مذ) دریائے گنگا کا پانی جسے پوتر مانا جاتا ہے۔
گنگا جلی۔ (ہ۔ا۔مث) وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھا جائے۔
گنگا جلی اٹھانا۔ (ہ۔محاورہ) گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔
گنگا جمنا۔ (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کے دو مقدس دریاؤں کے نام (۲) ملا جلا۔ دو رنگا۔
گنگا جمنی۔ (ہ۔صف) ملا جلا۔ دو رنگا (۲) سنہری اور روپہلی (۳) کان کا ایک زیور (۴) سیاہ اور سفید رنگ سا ابلق۔
گنگا دھر۔ (ہ۔ا۔مذ) مہادیو۔ شو شمبھو۔
گنگا ساگر۔ (س۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں گنگا سمندر سے ملتی ہے۔ دریائے گنگا کا دہانہ (۲) ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔ آفتابہ۔
گنگا کس نے کھدائی ہے۔ (ا۔مثل) ایسے کام قدرتی ہوتے ہیں۔



Marfat.com

گنگا لابھ ہونا۔ (۱۔ محاورہ) گنگا پر جا کر مرنا۔
گنگا مدار کا ساتھ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندو مسلم اتحاد۔
گنگا نہانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) دریائے گنگا میں اشنان کرنا (۲) کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا (۳) پاک ہونا۔ گناہ دھلنا (۴) قرضے سے سبکدوش ہونا (۵) بیٹی کے فرض سے فارغ ہونا (۶) ثواب کمانا۔
گنگا یاترا۔ (ہ۔ ا۔ مث) نہانے کے لیے دریائے گنگا پر جانا۔ قریب المرگ آدمی کو گنگا کنارے لے جانا۔
گنگال۔ (گن۔ گال) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی رکھنے کا بڑا برتن۔ گاگر۔
گنگنا۔ (گن۔ گ۔ نا) (ہ۔ صف) (۱) ناک میں بولنے والا (۲) نیم گرم پانی۔
گنگنانا۔ (گن۔ گ۔ نا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ناک میں بولنا (۲) دھیمی آواز سے گانا۔ منہ ہی منہ میں گانا۔
گنگناہٹ۔ (گن۔ گ۔ نا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) گنگنانے کا فعل۔
گن گن (کر) کے۔ (ہ۔ تابع فعل) (۱) ایک ایک کر کے (۲) سنبھال سنبھال کر (۳) چھانٹ چھانٹ کر (۴) بمشکل تمام۔ جوں توں کر کے۔
گن گن کے دن (کاٹنا) گزارنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) مصیبت سے دن پورے کرنا (۲) جوں توں کر کے دن تمام کرنا۔
گن گن کے قدم رکھنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) آہستہ آہستہ چلنا (۲) ڈر ڈر اور سنبھل کر چلنا (۳) نہایت نزاکت سے قدم اٹھانا۔
گنگوتری۔ (گن۔ گو۔ ت۔ ری) (س۔ ا۔ مث) دریائے گنگا کے منبع کا نام جو کوہ ہمالیہ میں واقع ہے۔
گننا۔ (گن۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گنتی کرنا۔ شمار کرنا (۲) جانچنا۔ اندازہ کرنا۔
گُننا۔ (گُن۔ نا) (ہ۔ مص) مشق کرنا۔
گنوار۔ (گن۔ وار) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گاؤں کا رہنے والا آدمی۔ دیہاتی (۲) کسان۔ زمیندار (۳) نادان (۴) ان پڑھ۔ جاہل۔ غیر مہذب۔
گنوارپن۔ (ہ۔ ا۔ صف) بے سلیقگی۔ بدتہذیبی۔ بے توفی۔
گنوار کا لٹھ۔ (۱۔ مذ) (۱) دہقان کی بڑی موٹی لاٹھی (۲) ناشائستہ۔ بے تمیز (۳) بداخلاق۔ کج خلق۔
گنوار کا ہانسا لوڑے سے پانسا۔ (۱۔ مثل) احمق کا مذاق نقصان دیتا ہے۔
گنوار گنّا نہ دے بھیلی دے۔ (۱۔ مثل) بے وقوف آدمی خسّت کر کے نقصان اٹھاتا ہے۔
گنوارا۔ (گن۔ وا۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) گہوارہ۔
گنوارو۔ (گن۔ وا۔ رو) (ہ۔ صف) گنواروں کا سا۔ بدنما۔ بھدا۔ بدزیب۔
گنواری۔ (گن۔ وا۔ ری) (ہ۔ صف) گنوار کی طرح (۲) (صف) بدنما۔ بھدی۔
گنواری باتیں۔ (۱۔ مث) دہقانوں کی سی باتیں۔
گنوانا۔ (گن۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ کھونا۔
گِنوانا۔ (گِن۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) شمار کرانا۔
گنوریا۔ (Gonorrhoea) (گ۔ نو۔ ری۔ یا) (انگ۔ ا۔ مذ) جنسی مرض جس میں پیشاب کے مقام سے پیپ نکلتی ہے۔ سوزاک۔
گنہ۔ (گ۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) گناہ کا مخفف۔ جرم۔ خطا۔ قصور۔ جمع: گناہاں۔
گنہ گار ہو جانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) پاپی بن جانا (۲) قصوروار ہونا۔ ملزم ٹھہرنا۔
گنی۔ (Gunea) (گ۔ نی) (انگ۔ ا۔ مذ) سونے کا ایک سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے۔
گنی بوٹی ٹمیا شوربا۔ بوٹیاں گنی ہوئیں اور رمایا ہوا شوربا۔ (۱۔ مثل) صرف گزارے کے قابل۔ بقدر ضرورت۔ بہت کھینچ تان کر۔ نہایت کفایت شعاری۔ کنجوسی۔
گنی۔ (گ۔ نی) (ہ۔ صف) (۱) ہنرمند۔ کامل (۲) خدارسیدہ (۳) لائق فائق (۴) سانپ کا منتر جاننے والا (۵) سیانا۔ جادو ٹونا کرنے والا۔
گنیا۔ (گن۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مضروب فیہ جس میں ضرب دیں (۲) بڑھئی کا کھتیا۔ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ۔
گنیش۔ (گ۔ نیش) (س۔ ا۔ مذ) شوجی اور پاربتی کا بیٹا۔ جسے ہندو دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مانتے ہیں۔
گنیش چوتھ۔ (ہ۔ ا۔ مث) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

## گ۔ و

گو۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گوہ۔ غلاظت۔ فضلہ۔ میلا۔ براز۔ نجاست۔
گو اچھالنا۔ (۱۔ محاورہ) بری بات کو شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔
گو تھاپتے پھرنا۔ (۱۔ محاورہ) سودائی بنے پھرنا۔ مجنونانہ حرکتیں کرتے پھرنا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ پاگل ہو جانا۔
گو سے گھناؤنا کرنا۔ از حد ذلیل و رسوا کرنا۔ بے حد نفرت کے قابل سمجھنا۔ کراہت کی نظر سے دیکھنا۔
گو کا ٹوکرا سر پر اٹھانا۔ (۱۔ محاورہ) برائی سر پر لینا۔
گو کا کیڑا۔ (۱۔ مذ) وہ کیڑا جو فضلہ میں پیدا ہوتا ہے۔
گو کا کیڑا گو ہی میں خوش رہتا ہے۔ (۱۔ مثل) جو شخص جیسی صحبت میں پلا ہوتا ہے ایسی ہی صحبت اس کو بھلی معلوم ہوتی ہے۔
گو کرنا۔ (۱۔ محاورہ) میلا کرنا۔ پائخانہ کرنا۔
گو کھانا۔ (۱۔ محاورہ) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا۔ بیہودہ بکنا۔
گو میں ڈھیلا ڈالیں نہ چھینٹیں پڑیں۔ گو میں ڈھیلا پھینکے گا۔ سو چھینٹے کھائے گا۔ شریر یا کمینے آدمی سے الجھے نہ ذلت اٹھائے گا۔
گو میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اٹھائے۔ (۱۔ مثل) ایسا کنجوس جو نجاست کی بھی پرواہ نہیں کرتا۔
گو نہ کھا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) جھک نہ مار۔ بکواس نہ کر۔ بک بک نہ کر (۲) جھوٹ



Marfat.com

نہ بول۔ شیخی نہ مار۔
**گُو نہیں چھپی چھپی**۔ (ا۔ مثل) کسی کی تھوڑی ذلّت اور رسوائی پر بولتے ہیں
**گو ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) میلا ہو جانا۔
**گو**۔ (ف۔ صف) (۱) کہنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ دعا گو۔ بدگو وغیرہ۔ (۲) ہر چند۔ اگرچہ۔
**گو کہ**۔ (ف۔ تابع فعل) باوجود اس کے۔ با صرف اس کے۔
**گومگو**۔ (ف۔ صف) تذبذب۔ شک و شبہ۔ وسوسہ۔ کسی بات کے کہنے یا نہ کہنے کے متعلق سوچ (۲) مشتبہ۔ مشکوک (۳) پوشیدہ مخفی (۴) ناگفتہ بہ۔
**گُوار**۔ (گُ۔ وار) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا غلّہ جو مویشیوں کو دودھ کی زیادتی کے لیے کھلایا جاتا ہے۔
**گوارا**۔ (گ۔ وا۔ را) (ف۔ صف) (۱) زود ہضم۔ انگ لگنے والا (۲) خوش ذائقہ۔ من بھاتا (۳) سہارے کے قابل۔ قابل برداشت (۴) منظور۔ پسند خاطر۔ فارسی میں بالضم اوّل ہے۔
**گوارا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) ماننا۔ منظور کرنا۔
**گوال۔ گوالا**۔ (گ۔ وال۔ گ۔ وا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مث) گائیں بھینسیں پالنے والا۔
**گوالن**۔ (گ۔ وا۔ لن) (ہ۔ ا۔ مث) گوالا کی تانیث۔
**گوالن اپنے دہی کو کھٹا نہیں کہتی**۔ (ا۔ مثل) اپنی چیز کو کوئی برا نہیں کہتا۔
**گوانا**۔ (گ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) کسی کو گانے کے لیے کہنا۔
**گواہ**۔ (گ۔ واہ) (ف۔ ا۔ مذ) شاہد۔ ثبوت پہنچانے والا۔ جمع۔ گواہاں۔
**گواہ بنانا**۔ (ا۔ محاورہ) شاہد ٹھہرانا (۲) جھوٹا گواہ بنانا۔
**گواہ بے لوث**۔ (ا۔ صف) کھرا اور خود مختار گواہ۔
**گواہ تعلیمی**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) سکھایا پڑھایا گواہ۔
**گواہ توڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) گواہ کا فریق مخالف سے مل جانا (۲) گواہ کا بیان بگڑ جانا۔
**گواہ حاشیہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جو کسی تحریر کے حاشیے پر دستخط کرے۔
**گواہ دینا**۔ (ا۔ محاورہ) دعوے کے ثبوت یا اپنی براءت کے لیے شاہد پیش کرنا۔
**گواہ رویت۔ گواہ عینی۔ گواہ مشاہدہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو۔
**گواہ سماعی (سمعی)**۔ (ف۔ ا۔ مذ) سنی سنائی بات کی گواہی دینے والا۔
**گواہ طلب کرنا (ہونا)**۔ (ا۔ محاورہ) عدالت میں گواہی دینے والے کا بلایا جانا۔
**گواہ کا مل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) گواہ کا فریق ثانی کا حامی ہو جانا۔
**گواہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) شاہد بنانا (۲) آگاہ کرنا۔ جتانا۔
**گواہ مرقوم الحاشیہ**۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے دستاویز کے حاشیے پر اپنی گواہی لکھی ہو۔
**گواہ مندرجہ دستاویز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے دستاویز پر دستخط کیے ہوں۔

**گواہی**۔ (گ۔ وا۔ ہی) (ف۔ ا۔ مث) شہادت۔ گواہ کا بیان۔ جمع۔ گواہیاں۔
**گواہی اُلٹی ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) شہادت کا خلاف ہو جانا۔
**گواہی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) شہادت دینا۔ اظہار دینا۔
**گواہی کرنا۔ گواہی لکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی دستاویز پر شہادت کے طور پر اپنے دستخط کرنا۔
**گوائی**۔ (گ۔ وا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) گانے کی اجرت۔
**گوبر**۔ (گو۔ بر) (ہ۔ ا۔ مذ) چوپایوں کا فضلہ۔ سرگین۔ میلا۔
**گوبر گنیش**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گوبر کا بنا ہوا گنیش (۲) نہایت بدصورت۔ بدنما۔ بے ڈھنگی چیز (۳) موٹا بھینسا (۴) سست۔ کاہل (۵) احمق۔ کند ذہن۔
**گوبردھن**۔ (گو۔ بر۔ دھن) (ہ۔ ا۔ مذ) ہندو دیو مالا میں مویشیوں کا محافظ دیوتا (۲) ایک تہوار جو دیوالی کے دوسرے دن منایا جاتا ہے۔
**گوبر نکال دینا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت مارنا۔
**گوبری**۔ (گو۔ ب۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پتلی مٹی اور گوبر کا میل۔ جس سے لپائی کرتے ہیں۔
**گوبریلا**۔ (گب۔ ری۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوبر کا کیڑا۔
**گوبند**۔ (گو۔ بند) (س۔ ا۔ مذ) کرشن جی کا ایک لقب۔
**گوبھی**۔ (گو۔ بھی) (ہ۔ ا۔ مث) کرم کلا۔ ایک ترکاری۔
**گوپ**۔ (س۔ ا۔ مذ) گوجر۔ گوالا۔ گائے چرانے والا۔
**گوپ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) سونے چاندی کے تاروں کی گندھی ہوئی زنجیر (۲) سونے کا ہار (۳) سونے چاندی کی پہنچی (۴) گندھے ہوئے ریشم کا کمربند۔
**گوپال**۔ (گو۔ پال) (س۔ ا۔ مذ) گائیوں کو پالنے والا۔ کرشن جی کا لقب۔
**گوپال**۔ (گو۔ پال) (ف۔ ا۔ مذ) گرز۔ لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام۔
**گوپن۔ گوپھن**۔ (گو۔ پن۔ گو۔ پھن) (ہ۔ ا۔ مذ) گوپیا۔ فلاخن۔ رسی کا بنا ہوا آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر مارتے ہیں۔
**گوپی**۔ (گو۔ پی) (س۔ ا۔ مث) گوالن۔ گوجری۔ گائے چرانے والی (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کے ساتھ بچپن میں کھیلنے والی گوالوں کی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب۔
**گوپیا**۔ (گو۔ پ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوپن۔ فلاخن۔
**گوپیا پھرانا۔ گوپیا چلانا**۔ (ا۔ محاورہ) فلاخن سے پرندوں کا اڑانا۔
**گوت۔ گوتر**۔ (گو۔ تر) (ہ۔ ا۔ مذ) خاندان۔ گھرانا۔ حسب نسب (۲) قوم۔ فرقہ۔ قبیلہ۔
**گوتم**۔ (گو۔ تم) (س۔ ا۔ مذ) بدھ مذہب کا بانی ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا (۲) ایک رشی کا نام جس نے شاستر بنایا تھا۔
**گوتھنا**۔ (گوتھ۔ نا) (ہ۔ مص) پرونا۔ گوندھنا۔ سینا۔
**گوتی**۔ (گو۔ تی) (ہ۔ صف) ہم نسل۔ ایک خاندان کے۔
**گوٹ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) حاشیہ۔ سنجاف۔ کنارہ۔ کور۔ لیس (۲) چوسر کی نرد (۳) دعوت (۴) گاؤں۔ موضع (۵) جماعت۔ گروہ (۶) دریافت رقم (۷) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۸) وہ لکڑی جو تخت اور صندوقچے کے اردگرد لگاتے ہیں۔



Marfat.com

گوٹا۔ (گو۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) کناری۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا بافتہ۔ پتلی لیس۔

گوٹا کناری۔ (ا۔مث) چاندی سونے کی تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے کی کھنچی جاتی ہے۔

گوچ۔ (ا۔مث) (ق) اسرار۔ پوشیدہ بات۔

گوجر۔ (گو۔جر) (ہ۔ا۔مذ) برصغیر کی ایک قدیم زمیندار قوم۔

گوجرا۔ (گو۔ج۔را) (ہ۔ا۔مذ) گیہوں اور جو ملا ہوا اناج۔

گوجری۔ گجری۔ (گو۔ج۔ری۔گج۔ری) (ہ۔ا۔مث) گوجر کی تانیث۔ گوجر قوم کی عورت۔

گوجھا۔ (گو۔جھا) (ہ۔ا۔مذ) جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ (۲) ایک قسم کا پکوان۔ سموسہ (۳) ایک قسم کی خاردار گھاس (۴) خفیہ۔ چھپا ہوا۔

گوجھے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔ (ا۔مثل) گھر کی تکلیفیں کچھ گھر والے ہی جانتے ہیں۔

گوچنا۔ گونچنا۔ (گو۔چ۔نا۔ گونچ۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز کا ہوا کے رخ اس طرح ہاتھوں پر لینا کہ زمین پر گرنے نہ پائے۔

گوچنی۔ (گو۔چ۔نی) (ہ۔ا۔مث) گیہوں اور چنے ملا ہوا غلہ۔

گود۔ (ہ۔ا۔مث) آغوش۔ پہلو۔ کنار۔

گود بٹھانا۔ (ا۔محاورہ) متبنیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔

گود بھرنا۔ (ا۔محاورہ) حاملہ عورتوں کی رسم۔ شگون کے طور پر دوسری عورتیں حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات قسم کی ترکاریاں رکھتی ہیں۔

گود بھری۔ (ا۔مث) بچے والی۔ صاحب اولاد۔

گود بھری رہے۔ (ا۔دعا) گود میں ہر وقت بچہ رہے۔ اولاد زندہ سلامت رہے۔

گود پسار کے کوسنا۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ پھیلا کے یا دامن پھیلا کے کسی کو بد دعا کرنا۔

گود پسارنا۔ گود پھیلانا۔ دامن پھیلانا۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔

گود دینا۔ (ا۔محاورہ) اپنا بچہ کسی کی گود میں ڈالنا۔

گود کا۔ (ا۔مذ) دودھ پیتا بچہ۔ شیر خوار۔ وہ بچہ جو گود میں ہو۔

گود کا پالا۔ (ا۔مذ) بہت پیارا۔

گود کھلانا۔ (ا۔محاورہ) بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا (۲) گود میں پالنا۔ پرورش کرنا۔ بچے کو دودھ پلانا۔

گود کا کھلایا گود میں نہیں رہتا۔ (ا۔مثل) انسان ہمیشہ یکساں اور ایک حال میں نہیں رہتا۔

گود لینا۔ (ا۔محاورہ) متبنیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔

گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا۔ (ا۔مثل) چیز پاس پڑی ہے اور تلاش کسی اور جگہ کی جاتی ہے۔

گود میں لینا۔ (ا۔محاورہ) گودی میں لینا۔ آغوش میں لینا۔ دونوں زانوؤں پر بٹھانا۔

گودا۔ (گو۔دا) (ہ۔ا۔مذ) مغز۔ بھیجا (۲) گری (۳) اندرونی حصہ (۴) خلاصہ۔ کسی چیز کا بہترین حصہ (۵) ہڈی کے اندر کی نرم چیز۔ مغزِ استخوان۔

گودا نکالنا۔ (ا۔محاورہ) ہڈی سے مغز باہر نکالنا۔

گودے دار۔ (ا۔مذ) پُر مغز (۲) گری دار۔

گودام۔ گدام۔ (Godown) کا مورد۔ گو۔دام۔ گ۔دام (ا۔مذ) ذخیرہ۔ ڈھیر۔ انبار۔

گودڑ۔ (گو۔دڑ) (ہ۔ا۔مذ) پھٹا پرانا اور ناکارہ کپڑا (۲) پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے (۳) آنکھوں کا میل۔

گودڑ خیل۔ (ا۔مث) پھوہڑ اور بد سلیقہ عورت۔

گودڑ کا لال (لعل)۔ (ا۔مذ) وہ شریف اور نجیب شخص جو مفلسی میں مبتلا ہو۔ خوبصورت آدمی پھٹے پرانے لباس میں (۲) وہ صاحب کمال جس کا حال معلوم نہ ہو۔ چھپا رستم۔

گودڑ گانٹھنا۔ (ا۔محاورہ) پھٹے پرانے کپڑے میں پیوند لگانا۔

گودڑ میں سے گندوڑا نکلنا۔ (ا۔محاورہ) جاہلوں کے ہاں عالم کا پیدا ہونا۔ بُروں میں اچھا نکلنا۔

گودنا۔ (گود۔نا) (ہ۔مص) بدن میں سوئی سے سُرمہ یا نیل بھرنا (۲) آم یا آملہ یا کسی اور پھل میں سوئی یا کسی اور شے سے سوراخ کرنا۔

گودھ۔ (ہ۔ا۔مذ) کیلوں کا پورا گچھا۔

گودی۔ (گو۔دی) (ہ۔ا۔مث) گود۔ آغوش۔ کنار۔ جھولی (۲) پہلو۔ کوکھ (۳) دامن۔ آنچل (۴) بندرگاہ کا ایک حصہ۔

گودی پھیلا پھیلا کر دعا دینا۔ (ا۔محاورہ) دل سے دعا دینا۔

گودی میں بیٹھ کے داڑھی نوچے۔ (ا۔مثل) بہت بے ادب ہے جس سے نفع حاصل کرے اسی کی توہین کرے۔

گوڈا۔ (گو۔ڈا) (ق۔ا۔مذ) گھٹنا۔ زانو۔

گور۔ (ہ۔ا۔مث) ایک ہندوستانی راگنی کا نام (۲) گوری۔ پاربتی۔ (۳) ہندوؤں کی ایک رسم۔

گور۔ (ف۔ا۔مث) قبر۔ تربت۔ مزار۔

گور بنانا۔ (ا۔محاورہ) قبر کھودنا۔

گور پر چونا پھیرنا۔ (ا۔محاورہ) مرے ہوئے کی یاد تازہ کرنا۔ نام روشن کرنا۔

گور پر رونا۔ (ا۔محاورہ) قبر پر بیٹھ کر رونا (۲) کسی کے اچھے صفات یاد کرکے رونا۔

گور پرست۔ (ف۔صف) قبر کی پرستش کرنے والا۔

گور پر گور نہیں ہوتی۔ (ا۔مثل) ایک شخص کے قابض ہوتے ہوئے دوسرے کو دخل نہیں ہوتا۔

گور جھانک آنا۔ (ا۔محاورہ) بیمار کا مرتے مرتے بچ جانا۔

گور خانہ۔ (ف۔ا۔مذ) مقبرہ۔ قبر (۲) غار۔ گڑھا (۳) ایسا مکان جس میں کھڑکی روشندان نہ ہو۔

گور خر۔ (ف۔ا۔مذ) جنگلی گدھا۔

گورستان۔ (ف۔ا۔مذ) قبرستان۔ مُردوں کے دفن ہونے کی جگہ۔



Marfat.com

**گور سے بیٹھ نہ لگنا** ۔ (۱۔ محاورہ) مرنے کے بعد بھی چین نہ ملنا۔
**گورِ غریباں** ۔ زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں۔ بیکسوں کا گورستان۔ غریبوں کی ٹوٹی پھوٹی قبریں۔
**گور کا منہ جھانک کر آنا (پھرنا)** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی مہلک بیماری سے نجات پانا۔ از سرِ نو زندگی حاصل کرنا۔
**گور و کفن کرنا** ۔ (ف۔ا۔ مذ) تجہیز و تکفین کرنا۔
**گورکَن** ۔ (ف۔ا۔ مذ) قبر کھودنے والا۔ وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنے اور مُردہ دفن کرنے کا ہو۔ (کن۔ کندن مصدر سے بمعنی کھودنا)
**گور کنارے جا لگنا (پہنچنا)** ۔ (۱۔ محاورہ) مرنے کو تیار بیٹھنا۔ قریبِ مرگ ہونا (۲) نہایت بوڑھا ہونا۔
**گور کی گود میں پلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کمال ایذا اور تکلیف میں پرورش پانا۔
**گور کے مُردے اُکھاڑنا** ۔ (۱۔ محاورہ) پچھلی باتوں کو یاد کرنا (۲) پرانے جھگڑے نکالنا۔
**گور کے مُردے سے بدتر ہو جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) کمال لاغر اور ضعیف ہو جانا۔
**گورگان** ۔ (ف۔ صف) عیش و عشرت کرنے والا (۲) تیمور کا لقب۔
**گور گڑھا** ۔ (۱۔ مذ) تجہیز و تکفین۔
**گور گڑھا کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) مُردے کی تجہیز و تکفین کرنا (۲) نیست و نابود کرنا۔
**گور میں انگارے بھرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گنہ گار ہونا۔ بدی کرنا۔ عذاب کمانا۔
**گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں** ۔ (۱۔ مثل) چند روز کے مہمان ہیں۔ نہایت بوڑھے ہیں۔ مرنے کے قریب ہیں۔
**گور میں دھواں اُٹھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) عذابِ قبر ہونا۔ قبر میں سلگنا۔ جلنا۔
**گور میں کیڑے پڑیں** ۔ لاش میں کیڑے پڑیں (بد دعا)۔
**گور میں لات مار کر کھڑا ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) سخت بیماری سے شفا پانا۔
**گورا** ۔ (گو۔ رَا) (ہ۔ صف) چٹا۔ سفید رنگ والا (۲) خوبصورت۔ حسین۔ (۳) یورپین سپاہی۔ فرنگی۔
**گوراپن** ۔ (۱۔ مذ) رنگ کی سفیدی۔ صباحت۔
**گورا چٹّا** ۔ (۱۔ صف) خوبصورت۔ حسین و جمیل۔
**گورا شاہی** ۔ گوروں کے استعمال کا مضبوط (۲) فرنگی سپاہیوں کے پہننے کا بہت مضبوط بوٹ۔
**گورا گٹّا** ۔ (۱۔ مذ) سُرخ و سفید رَق)۔
**گورا گورا** ۔ (۱۔ صف) بہت خوبصورت۔ حسین و صبیح۔
**گورا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) چڑیا کا نر۔ گوریا کا نر۔
**گورکھا** ۔ (گور۔ کھا) (ہ۔ ا۔ مذ) نیپال کا پیشہ ور سپاہی۔ نیپالی۔
**گورکھ دھندا** ۔ (گو۔ رکھ۔ دھن۔ دَہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پیچیدہ قفل جس کا کھولنا مشکل ہوتا ہے (۲) پیچیدہ معاملہ۔

**گورنس** ۔ (Governess) (گَ۔ وَر۔ نِس) (انگ۔ ا۔ مث) اَستانی خاتون اتالیق۔ دولت مند لوگوں کے گھروں میں چھوٹے بچوں کی نگران۔
**گورنر** ۔ (Governor) (گَ۔ وَر۔ نَر) (انگ۔ ا۔ مذ) حاکم اعلیٰ۔ ناظم اعلیٰ (۲) صوبے کا حاکم اعلیٰ (۳) کالج یا سکول کا افسرِ اعلیٰ یا اس کی مجلسِ انتظامیہ کا رکن (۴) وہ پُرزہ جس کے ذریعے مشین کو تیل پہنچتی ہے۔
**گورنر جنرل** ۔ (Governor General) صوبہ دارِ اعلیٰ۔ وائسرائے۔
**گورنری** ۔ (گَ۔ وَر۔ نَ۔ ری) (انگ۔ ا۔ مث) گورنر کا عہدہ (۲) گورنر کی حکومت۔
**گورنمنٹ** ۔ (Government) (گَ۔ وَرن۔ مِنٹ) (انگ۔ ا۔ مث) حکومت۔ حکمرانی۔ سیاست (۲) اختیار (۳) سرکار۔
**گورنمنٹ ہاؤس** ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) گورنر کی سرکاری اقامت گاہ۔
**گورُو** ۔ (گو۔ رُو) (ہ۔ ا۔ مذ) گائے بھینس اور دوسرے سینگ والے مویشی۔
**گورُو** ۔ (ہ۔ صف) دیکھو گرو کے مرکبات۔
**گوری** ۔ (گو۔ رِی) (س۔ ا۔ مث) پاربتی۔ مہادیو کی استری (۲) چھوٹی بچی باکرہ۔ دوشیزہ (۳) مالکوس راگ کی دوسری راگنی کا نام (ہ۔ صف) (۴) گورا کی تانیث۔ سفید چٹی خوبصورت عورت۔
**گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی کے حسن کی بے قدری ہونا۔ کسی چیز کی خوبی کا بے فائدہ ضائع جانا۔
**گوریا۔ گوریّا** ۔ (گو۔ رِ۔ یا) (گو۔ رِی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) چڑیا (۲) مٹی کا چھوٹا حقہ۔
**گوریلا** ۔ (Gorilla) (گو۔ رِی۔ لا) (انگ۔ ا۔ مذ) بن مانس۔
**گوریلا جنگ** ۔ (انگ۔ ا۔ مث) چھاپہ مار سپاہیوں کی لڑائی۔
**گوریلا سپاہی** ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) غیر منظم مسلح فوج کا ایک رکن۔ چھاپہ مار۔
**گوڑ** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بنگال کا درمیانی حصہ (۲) گوڑ کا باشندہ (۳) برہمنوں کا ایک اعلیٰ فرقہ (۴) بنگال کے قدیم دارالحکومت کا نام۔
**گوڑ** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) پاؤں۔ قدم (۲) پنڈلی۔ ٹانگ (۳) ٹخنہ (۴) گرد رق (۵) جادہ رق (۶) زمین کھودنا۔ کھیت یا تھالے کی مٹی کھود کر پٹنا۔
**گوڑ پڑنا۔ گوڑ لگنا** ۔ (۱۔ محاورہ) پاؤں پڑنا۔ خوشامد کرنا۔
**گوڑ دینا۔ گوڑ کے رکھ دینا** ۔ (۱۔ محاورہ) خراب کر دینا۔ پڑھا لکھا بھلا دینا۔
**گوڑا** ۔ (گو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوڑا۔ گھٹنا۔
**گوڑ سے پسار جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) پاؤں پھیلا دینا (۲) ہمت ہار دینا حوصلہ چھوڑ دینا۔
**گوڑ سے ٹوٹ جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھٹنے ٹوٹ جانا (۲) چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا۔ چلنے کی ہمت نہ رہنا (۳) نا اُمید ہو جانا۔
**گوڑنا** ۔ (گوڑ۔ نا) (ہ۔ مص) ہل چلانا۔ زمین کھودنا (۲) اناج صاف کرکے بھس سے نکالنا (۳) خراب کرنا۔



Marfat.com

**گوڑی** ۔ (گو۔ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) فائدہ۔ نفع ۔ وہ مال جو محنت و مشقت کے بغیر حاصل ہو (۲) چوری کرنا ۔ لے جانا (۳) (س) گرگا کی شراب (۴) ایک راگنی۔

**گوڑی کرنا** ۔ (ہ۔ محاورہ) کمانا (۲) فائدہ اٹھانا۔

**گوڑی ہاتھ سے جانا** ۔ (ہ۔ محاورہ) کمائی نہ ہونا ۔ کچھ ہاتھ نہ لگنا۔ (۲) شکار جاتا رہنا۔

**گوڑیت** ۔ (گو۔ ڑیت) (س۔ ا۔ مذ) گاؤں کا چوکیدار (۲) مخبر۔

**گوز** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) پاد ۔ ریح ۔ وہ گندی ہوا جو مقعد سے باآواز خارج ہو۔

**گوز اڑانا ۔ گوز مارنا** ۔ (ہ۔ محاورہ) پاد مارنا ۔ پادی پھیلانا۔

**گوز بر گوز وضو بر وضو** ۔ (ا۔ مثل) بڑے مکار کی نسبت بولتے ہیں۔

**گوز شتر** ۔ (ف۔ صف) بے بنیاد۔ بے وقعت ۔ باد ہوائی ۔ بیہودہ ۔ بے اثر۔ بے تاثیر۔

**گوز شتر زمین کا نہ آسمان کا** ۔ (ا۔ مثل) بے تکی بات کی نسبت بولتے ہیں۔

**گوز شتر سمجھنا** ۔ (ہ۔ محاورہ) خاطر میں نہ لانا ۔ بیہودہ اور لغو خیال کرنا بے وقعت سمجھنا۔

**گوزن** ۔ (گو۔ زن) (ف ۔ ا۔ مث) پہاڑی یا جنگلی گائے ۔ بارہ سنگھا۔ سانبھر۔

**گوسالہ** ۔ (گو۔ سا۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذ) گائے کا ایک سالہ بچہ۔ بچھڑا۔ جمع :۔ گوسالہ ہا۔

**گوسالۂ فلک** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) برج ثور۔

**گوسپند ۔ گوسفند** ۔ (گو۔ س ۔ پند ۔ گو۔ س ۔ فند) (ف ۔ ا۔ مث) بھیڑ۔ بھیڑی۔ دُنبہ ۔ مینڈھا۔ بکری بکرا۔ جمع :۔ گوسپنداں۔ گوسفنداں۔

**گوش** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) کان۔ جمع :۔ گوش ہا۔

**گوش بر آواز ہونا** ۔ (ف۔ صف) کسی کی بات کے سننے کا منتظر ہونا کسی خبر کے آنے کی اُمید رکھنا۔

**گوش بریدہ** ۔ (ف ۔ صف) کن کٹا۔ جس کا کان کٹا ہو۔

**گوش بفریاد** ۔ (ف۔ صف) فریاد سننے پر متوجہ۔

**گوش دل سے سننا** ۔ (ا۔ محاورہ) ذوق و شوق سے سننا بڑی توجہ سے سننا۔

**گوش زد** ۔ (ف) وہ بات جو سنی جائے۔

**گوش شنوا** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) سننے والا کان ۔ جو سن کر کہا جائے اور عبرت حاصل کرے۔

**گوش گذار کرنا** ۔ (ہ۔ محاورہ) سنانا ۔ اطلاع دینا ۔ آگاہ کرنا۔

**گوش مال** ۔ (ف ۔ ا۔ مث) تنبیہ ۔ تادیب ۔ سزا۔

**گوش مالی (گوشمالی) دینا** ۔ (ہ۔ محاورہ) کان اینٹھنا ۔ تنبیہ کرنا۔

**گوشوارہ** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) کان کا بالا آویزہ (۲) بہت بڑا موتی (۳) خلاصہ حساب ۔ میزان ۔ جوڑ (۴) کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی۔

**گوش ہوش** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) ہشیاری۔

**گوش ہوش سے سننا** ۔ (ہ۔ محاورہ) غور سے سننا ۔ نصیحت پکڑنا۔

**گوشت** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) لحم ۔ ماس۔

**گوشت پوست** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) تمام اعضاء۔

**گوشت خر ، دندان سگ** ۔ (ا۔ مثل) خراب چیز خراب جگہ صرف ہوتی ہے۔ (لفظی معنی گدھے کا گوشت کتے کے دانتوں کے لیے ہے) دو برے شخصوں کے آپس میں لڑنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

**گوشت خوار** ۔ (ف۔ صف) گوشت کھانے والا۔

**گوشت سے ناخن جدا کرنا** ۔ (ہ۔ محاورہ) اپنوں کو چھوڑنا۔ گہرے دوستوں میں تفرقہ ڈالنا۔

**گوشت سے ناخن جدا ہونا** ۔ (ہ۔ محاورہ) اپنوں کا چھوٹ جانا۔ کوئی ناممکن اور دشوار کام ہونا۔

**گوشت کا لوتھڑا** ۔ (ہ۔ مذ) گوشت کا ٹکڑا (۲) بالکل نکما جس سے کچھ نہ ہو سکے ۔ اپاہج ۔ سست ۔ بیوقوف۔

**گوشت میں بھرا ہونا** ۔ (ہ۔ محاورہ) پُرگوشت ہونا ۔ فربہ ہونا۔

**گوشت ناخنوں سے کبھی جدا نہیں ہوتا** ۔ (ا۔ مثل) انسان رشتہ داری اور عزیزوں سے جدا نہیں ہو سکتا۔

**گوشہ** ۔ (گو۔ شہ) (ف ۔ ا۔ مذ) کونہ (۱) خلوت ۔ تنہائی۔ کنارہ ۔ تخلیہ (۳) طرف جانب (۴) کمان کا سرا۔

**گوشۂ تنہائی** ۔ (ف ۔ ا۔ مث) تنہائی کی جگہ۔ خلوت۔

**گوشۂ چشم** ۔ آنکھ کا کونہ۔

**گوشہ دار** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) کونے رکھنے والا۔

**گوشۂ دل میں جگہ دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) یاد رکھنا۔

**گوشۂ زنجیر** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) زنجیر کا حلقہ۔

**گوشۂ عافیت** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں کوئی جھگڑا بکھیڑا نہ ہو۔ امن کی جگہ۔

**گوشۂ کماں** ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) کمان کی نوک جس میں تانت اٹکی ہوتی ہے۔

**گوشہ گیر ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) گوشہ نشین ہونا ۔ دنیا سے کنارہ کش ہونا۔

**گوشہ میں بیٹھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) معتکف ہونا۔ دنیا کے بکھیڑوں سے الگ ہو جانا۔

**گوشہ نشین ۔ گوشہ گزین** ۔ (ف ۔ صف) تنہائی میں رہنے والا۔ سب سے الگ رہنے والا ۔ تارک الدنیا۔

**گوشہ نشینی** ۔ (ف ۔ ا۔ مث) عزلت ۔ تنہائی ۔ علیحدگی۔

**گوکل** ۔ (گو۔ کل) (س ۔ ا۔ مذ) کرشن جی کی پیدائش کا مقام۔

**گوکھا** ۔ (گو۔ کھا) (ہ ۔ ا۔ مذ) گائے کا بچھڑا ۔ احمق ۔ بیوقوف۔

**گوکھرو** ۔ (گو۔ کھ ۔ رو) (ہ ۔ ا۔ مذ) ایک کانٹا جو سہ گوشہ ہوتا ہے ۔ بھکڑا۔ (۲) گوکھرو کا پودا یا بیل (۳) لوہے کے بنے ہوئے کانٹے جو دشمن کی راہ میں ڈال دیتے ہیں (۴) کان کا ایک زیور (۵) مقیش کا موڑا ہوا گوٹا۔



Marfat.com

**گوگا** ۔(گو۔گا) (ہ۔ا۔مذ) خاکروبوں کا پیر۔

**گوگرد** ۔(گو۔گرد) (ف۔ا۔مذ) گندھک۔ کبریت۔

**گوگل** ۔(گو۔گل) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

**گوگلی** (Googly) (گُو۔گلی) (انگ۔ا۔مذ) کرکٹ کی گیند پھینکنے کا ایک طریقہ۔

**گول** ۔ (Goal) (انگ۔ا۔مذ) ہاکی۔پولو۔فٹ بال اور بعض دوسرے مغربی کھیلوں میں دو نشانوں کے بیچ کی جگہ جس میں ہاکی وغیرہ کی گیند نکالتے ہیں (۲) ایک بازی کی جیت۔

**گول** ۔(ہ۔صف) مدور۔ چکردار (۲) وہ بات جو بخوبی سمجھ میں نہ آئے۔ مشکوک اور پیچدار بات (۳) کرہ۔ دائرہ۔

**گول بات** ۔(ا۔مث) مبہم بات۔ جو ٹھیک طرح سمجھ میں نہ آئے۔ پیچ دار بات۔

**گول بدن** ۔(ا۔مذ) جسم جو موٹاپے کی وجہ سے گول ہو گیا ہو۔

**گول شاخ** ۔(ا۔مذ) بھری ہوئی شاخ جو کسی جانب دبی ہوئی نہ ہو۔

**گول گپا** ۔(ا۔مذ) گول مٹول۔ موٹا تازہ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

**گول کنارہ** ۔(ا۔مذ) کنوئیں کا گول چرخ۔

**گول گول** ۔(ا۔صف) مشتبہ۔ مبہم۔ مشکوک (۲) مدور۔ گول۔

**گول گول کہنا** ۔(ا۔محاورہ) صاف صاف نہ کہنا۔ اس طرح بیان کرنا کہ بخوبی سمجھ میں نہ آئے۔

**گول گھر** ۔(ا۔مذ) قید خانہ۔

**گول مال** ۔(ا۔مذ) رَلا ملا۔ ملا جُلا (۲) سازش (۳) غبن۔ خیانت۔ (۴) مشتبہ۔ مشکوک (۵) غائب۔

**گول مال کرنا** ۔(ا۔محاورہ) گڈمڈ کرنا (۲) غبن کرنا۔ خیانت کرنا (۳) غائب کرنا چرالینا (۴) اَٹ سَٹ کرنا۔ سازش کرنا۔

**گول مرچ** ۔(ا۔مث) کالی مرچ۔

**گول منہ** ۔(ا۔مذ) آفتابی چہرہ۔ چوڑا منہ۔

**گول مول** ۔(ا۔مذ) مدور۔ نہایت گول (۲) موٹا تازہ اور ٹھگنا آدمی (۳) موٹا بے وقوف۔

**گول مول جواب** ۔(ا۔مذ) پیچیدہ جواب۔ مبہم جواب۔

**گول ہو رہنا** ۔ خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔

**گولا** ۔(گو۔لا) (اُر۔ا۔مذ) ڈھیر (۲) تاگوں کی پھنک (۳) گیند (۴) ستون کے گرد اُبھرا ہوا حلقہ (۵) ایک قسم کا کبوتر (۶) پگڑی کا قالب جس پر دستار بند پگڑی باندھا کرتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری (۸) اناج کا کوٹھا۔ اناج کی منڈی (۹) پکا کنواں جو اندر سے استرکاری کیا ہوا ہو (۱۰) گول شہتیر (۱۱) گیدڑ (ق) (۱۲) بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں (۱۳) ہوا جو انسان کے پیٹ میں گھومتی ہے اور اس سے درد اٹھتا ہے۔ (۱۴) ان چرخی ہمنی چلانے کی گول لکڑی (۱۵) کچی سڑک کا درمیانی اُبھرا ہوا حصّہ (۱۶) ایک قسم کی آتشبازی۔

**گولا اٹھانا** ۔(ا۔محاورہ) پرانی رسم کے مطابق اپنی صداقت اور رات کے لیے جلتے ہوئے لوہے کو ہاتھ میں پکڑ لینا کہ اگر ہم سچے ہوں گے تو اس گرم لوہے کا کوئی اثر نہ ہو گا اور جھوٹے ہوئے تو جلا دے گا۔

**گولا چلانا** ۔(ا۔محاورہ) گولا مارنا۔ توپ چھوڑنا۔

**گولا دھار برسنا** ۔(ا۔محاورہ) موسلا دھار مینہ برسنا۔ نہایت زور سے بارش ہونا۔

**گولا لاٹھی** ۔(ا۔مث) ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت۔

**گولا لاٹھی کرنا** ۔(ا۔محاورہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اٹھانا جو ایک سزا ہے (۲) مائیں بھی چھوٹے بچوں کے چاروں ہاتھ پیر اکٹھے پکڑ کر ان کو اٹھاتی ہیں جو بچوں کی ایک ورزش ہے

**گولائی** ۔(گو۔لا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) دوَر۔ چکر۔

**گولڈ** ۔ (Gold) (انگ۔ا۔مذ) سونا۔ زر۔ طلا (۲) روپیہ۔ پیسہ۔ مال دولت (۳) خوبصورت۔ شاندار۔ قیمتی۔

**گولڈن** ۔ (Golden) (گول۔ڈن) (انگ۔صف) طلائی۔ سنہری۔ سونے کا (۲) چمکدار۔ قیمتی۔ عمدہ (۳) زرخیز۔

**گولر** ۔(گو۔لر) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے (۲) کپاس۔ روئی کا ڈوڈا۔

**گولر کا پھول** ۔(ا۔مذ) نایاب۔ کمیاب۔ ناپید۔

**گولر کا پیٹ پھڑوانا** ۔(ا۔محاورہ) بھید کھلوانا۔ پوشیدہ یا دبی ہوئی بات کو ظاہر کرنا۔

**گولر کا کباب** ۔(ا۔مذ) ایک قسم کا کباب جو گوشت کو جوش دے کر اور پودینہ اور سرخ مرچ بھر کر پکاتے ہیں۔

**گولر کا کیڑا** ۔(ا۔مذ) وہ کیڑا جو گولر کے اندر رہتا ہے (۲) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو۔ تنگ نظر۔ قدامت پرست۔

**گولر گنکنا** ۔(ا۔محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔

**گولف** ۔(انگ۔ا۔مذ) دیکھیے گالف۔

**گولک** ۔(گو۔لک) (ہ۔ا۔مذ و مث) غلّہ۔ گلہ۔ روز مرّہ کی بکری رکھنے کا ظرف (۲) حرامی بچّہ۔

**گولہ انداز (گولندا ز)** ۔(گو۔لن۔داز) (ف۔ا۔مذ) توپ چلانے والا۔ توپچی۔

**گولہ** ۔(گو۔لہ) (ف۔ا۔مذ) گیند (۲) دھات یا مٹی کی گول شکل (۳) گرہ توپ کا گولہ۔

**گولہ باری کرنا** ۔(ا۔محاورہ) توپ کے گولے پھینکنا۔

**گولی** ۔(گو۔لی) (ہ۔ا۔مث) گولا کی تصغیر (۲) کسی ٹھوس چیز کی مدوّر شکل۔ (۳) گولا (ق) (۴) بندوق یا پستول کی گولی (۵) افیون کی گولی (۶) اَدوِیہ کی ٹکیہ (۷) چھوٹی گول چیز (۸) بچوں کے کھیلنے کی گولی۔

**گولی بارود کہیں جائے، طلب لینے سے کام** ۔(ا۔مثل) کسی کا کام بگڑے یا سنورے اپنے مطلب اور تنخواہ سے کام ہے۔

**گولی بچا جانا** ۔(ا۔محاورہ) کسی مشکل کام یا مصیبت کے وقت الگ ہو جانا۔

**گولی بنانا** ۔(ا۔محاورہ) کسی چیز کو مدوّر شکل میں بنانا۔



Marfat.com

**گولی بیٹھ جانا**۔ (۱۶۔محاورہ) گولی کا کسی جگہ لگ جانا۔
**گولی پر گولی لگانا**۔ (۱۶۔محاورہ) متواتر گولیاں چلانا۔
**گولی چلانا**۔ (۱۶۔محاورہ) گولی مارنا (۲) بندوق میں گولی بھرنا (۳) کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔
**گولی چوکنا**۔ (۱۶۔محاورہ) نشانہ خطا جانا۔
**گولی دینا**۔ (۱۶۔محاورہ) دوا کی ٹکیہ کھلانا۔
**گولی ڈھالنا**۔ (۱۶۔محاورہ) گولی کا سانچے میں بنانا۔
**گولی کا ٹپا**۔ (۱۶۔مذ) وہ فاصلہ جہاں تک بندوق کی گولی جا سکے۔
**گولی کان پر سے نکل جانا**۔ (۱۶۔محاورہ) کسی صدمہ یا آفت سے بال بال بچ جانا۔
**گولی کھانا**۔ (۱۶۔محاورہ) بندوق کی گولی کی چوٹ کھانا۔
**گولی لگنا**۔ (۱۶۔محاورہ) بندوق کا نشانہ لگنا (۲) گولی کی ضرب یا زخم آنا۔
**گولی لگے**۔ (بددعا) بندوق سے مارا جائے۔
**گولی مارنا**۔ (۱۶۔محاورہ) گولی چلانا۔ بندوق چھوڑنا۔ جان سے مارنا۔
**گولی مارو**۔ (۱۶۔کلمۂ نفرت) دور کرو۔ ایسے کام کا نام نہ لو۔
**گولیوں کا مینہ برسنا**۔ (۱۶۔محاورہ) لگاتار گولی چلنا۔
**گولیاں کھیلتے ہیں**۔ (۱۶۔محاورہ) ابھی تک بچے ہیں۔ ناسمجھ ہیں۔
**گولیاں کھیلنا**۔ (۱۶۔محاورہ) گولیوں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا۔
**گُوماچی** (ق۔۱۔مث) گھوڑے کی مکھی۔
**گومتا**۔ (گُوم۔تا) (ہ۔۱۔مذ) ایک دوا کا نام۔
**گومڑ۔ گومڑا**۔ (گُو۔مڑ۔ گُومم۔ڑا) (ہ۔۱۔مذ) سوجن۔ ورم۔ اماس۔ (۲) دُنبل۔ پھوڑا۔
**گومڑا پڑنا**۔ (۱۶۔محاورہ) چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا۔
**گومڑی**۔ (گُو۔م۔ڑی) (ہ۔۱۔مث) (۱) گومڑ کی تصغیر (۲) پھنسی۔ دانہ۔
**گو مگو میں رکھنا**۔ (۱۶۔محاورہ) دھوکے میں رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا۔
**گَوں**۔ (ہ۔۱۔مث) مطلب۔ غرض۔ واسطہ (۲) خواہش۔ ضرورت۔ (۳) قابل۔ لائق۔
**گوں کا**۔ (۱۶۔مذ) مطلب کا۔ غرض کا۔ لالچی (۲) کام کا۔
**گوں کا یار**۔ (۱۶۔صف) مطلب کا یار۔ خود غرض۔
**گوں گانٹھنا۔ گوں نکالنا**۔ (۱۶۔محاورہ) مطلب براری کرنا۔ مل جل کر کام بنا لینا۔ چاپلوسی کرکے مطلب نکال لینا۔
**گوں گانٹھیا**۔ (۱۶۔صف) چاپلوسی کرکے مطلب نکال لینے والا۔
**گوں کس**۔ (۱۶۔صف) خود غرض۔ مطلبی۔
**گوں نکل گئی آنکھ بدل گئی**۔ (۱۶۔مثل) مطلب نکال لینے کے بعد بے پرواہ ہوگیا۔
**گُون**۔ (ہ۔۱۔مث) خرجین۔ بار بردار جانور پر سامان لادنے کا تھیلا جو عموماً ٹاٹ یا موٹے بالوں یا رسیوں سے بنا ہوتا ہے۔
**گُوں**۔ (ف۔امذ) رنگ (۲) طرح (۳) گونہ (۴) مانند۔
**گونا**۔ (گَو۔نا) (ہ۔مص) دولہا کا سسرال جاکر دولہن کو اپنے گھر لانا۔
**گوناگوں**۔ (گُو۔نا۔گُوں) (ف۔صف) طرح طرح کا۔ رنگ برنگی۔
**گونتھنا**۔ (گُو۔نتھ۔نا) (ہ۔مص) ریشم کے تاروں کو آپس میں لپیٹنا۔ گوندھنا۔
**گونج**۔ (ہ۔۱۔مث) آواز کی گردش۔ شور۔ گرج۔ غلغلہ (۲) شیر کی آواز (۳) ناک کا ایک زیور۔
**گونج اُٹھنا**۔ (۱۶۔محاورہ) آواز سے پُر ہو جانا۔ شور و فغاں سے لبریز ہونا۔
**گونجنا**۔ (گُو۔نج۔نا) (ہ۔مص) آواز کا گردش کرنا۔ شور ہونا (۲) شیر کا دھاڑنا۔ (۳) کبوتر کا مستی میں بولنا۔
**گونچ**۔ (ہ۔۱۔مث) رتی۔ گھونگچی (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
**گونچنا**۔ (گُو۔نچ۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز کا ہوا کے رُخ اس طرح ہاتھوں میں لینا کہ گرنے نہ پائے۔
**گوند**۔ (ہ۔امذ) ایک قسم کا لیس دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔
**گوند پنجیری۔ گوند مکھانے**۔ (۱۶۔مث) گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا مکھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔
**گوند پنجیری اور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں**۔ (۱۶۔مثل) مزے اور لوٹیں تکلیف کوئی اُٹھائے۔
**گوند دانی**۔ (۱۶۔مث) وہ برتن جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔
**گوند کش**۔ (ف۔صف) جس کے ساتھ گوند دانی سے گوند نکالی جائے۔
**گوندا**۔ (گوں۔دا) (ہ۔۱۔مذ) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا لڈو جو پرندوں کو کھلایا جائے (۲) گلتی۔
**گوندا دکھانا**۔ (۱۶۔محاورہ) بلبلوں کو باہم لڑانے کے لیے چارہ دکھا کر بھڑکانا (۲) ورغلانا۔ اُکسانا۔ لڑوانا۔
**گوندے کی دیوار**۔ (۱۶۔مث) وہ کچی دیوار جو خمیر کی ہوئی مٹی سے لَوندے رکھ کر بناتے ہیں۔
**گوندلا**۔ (گوند۔لا) (ہ۔صف) مدور۔ گول (۲) ورغلانا۔ اُکسانا (۳) شہ دینا۔ ڈھکانا۔
**گوندنی۔ گوندی**۔ (گُوند۔نی۔ گوں۔دی) (ہ۔۱۔مث) ایک درخت اور اس کا پھل جو نہایت لیسدار ہوتا ہے۔
**گوندھنا**۔ (گوندھ۔نا) (ہ۔مص) آٹے میں پانی ملا کر روٹی کے قابل کرنا (۲) مہندی لگانا (۳) سر کے بالوں کو باہم گُوندھنا (۴) چوٹی کرنا۔ (۵) پُرونا منسلک کرنا۔
**گوندی**۔ (گوں۔دی) (ق۔۱۔مث) کوسہ۔ گرخنہ۔
**گونڈ**۔ (س۔امذ) گونڈوانہ (آزلیسہ) کا رہنے والا۔ (۲) ایک غیر ترقی یافتہ قدیم قوم۔
**گونڈا**۔ (گوں۔ڈا) (ہ۔امذ) گاؤں۔ گاؤں کے قریب کے کھیت (۲) گاڑی کی سڑک۔ شاہراہ (۳) وہ خیرات جو دولہن کے گھر پر برات پہنچنے کے وقت نچھاور کرتے ہیں۔ بکھیر۔ نثار۔



Marfat.com

**گوند ملار**۔ رگوند۔م۔لار،[ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی ہندوستانی راگنی۔
**گونیا**۔ رگوں۔نڑا،[ہ۔ا۔مذ] جہاز کا شہتیر۔
**گونگا**۔ رگوں۔گا،[ہ۔ا۔مذ] وہ شخص جو بول نہ سکے۔ گنگ (۲) چُپ چاپ۔ خاموش۔
**گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے**۔ [ا۔مثل] ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے۔
**گونگے کا خواب یا سپنا**۔ [ا۔مذ] وہ بات جس سے آدمی واقف ہو مگر زبان سے نہ کہہ سکے (۲) مبہم بات جس کا سمجھنا مشکل ہو۔
**گونگے کا گڑ**۔ وہ لذت جو بیان نہ ہو سکے
**گونگے کا گڑ کھانا**۔ [ا۔محاورہ] چپ سا رہنا۔ کچھ بیان نہ کر سکنا۔
**گونگے کا گڑ نہ کھٹا نہ میٹھا**۔ [ا۔مثل] بیان نہ کر سکنے کے قابل۔ ناقابل اظہار۔
**گونگے کی مٹھائی**۔ [ا۔مث] نہایت ہی لطیف اور مزیدار چیز۔ ایسا لطف جو بیان سے باہر ہو۔
**گونگے نے سپنا دیکھا من ہی میں پچھتائے**۔ [ا۔مثل] کسی بات کے بیان کرنے کو جی چاہے مگر بیان نہ کر سکے۔
**گونگی**۔ رگوں۔گی،[ہ۔ا۔مث] گونگا کی تانیث۔ وہ عورت جو بول نہ سکے۔
**گون مٹھون**۔ رگوں۔م۔ٹھوں،[ہ۔ا۔مذ] منہ پھلا کر چپ ہو جانے والا۔
**گونہ**۔ رگو۔نہ،[ف۔صف] اسلوب۔ وضع (۲) کسی قدر۔
**گونہ گونہ**[ف۔صف] طرح طرح کا۔ انواع و اقسام کا۔
**گونہار**۔ رگوں۔ہار،[ہ۔ا۔مذ و مث] وہ عورتیں جو دُلہن کے ساتھ میکے سے سسرال جاتی ہیں (۲) وہ لوگ جو دولہا کے ساتھ گوٹے کے لیے جاتے ہیں۔
**گونی**۔[ق۔ا۔مث] پانی یا غلہ رکھنے کا بڑا مٹی کا برتن۔
**گوہی**۔ رگ۔ہی،[ق۔ا۔مث] شیر کے رہنے کی جگہ۔ غار۔ کھو۔
**گونیا**۔ رگو۔نیا،[ف۔ا۔مث] ایک مثلث شکل کا اوزار جس سے عمارت یا دیوار کی کجی اور راستی دریافت کرتے ہیں۔
**گوہ**۔[ہ۔ا۔مث] ایک رینگنے والا جانور جو چھپکلی کے مشابہ ہوتا ہے۔ سوسمار۔
**گوہ**۔[ف۔ا۔مذ] دیکھیے گُو (اس کے مرکبات بھی وہاں دیکھیے)
**گوہا چھیچھی**۔ رگو۔ہا۔چھی۔چھی،[اُر۔ا۔مث] غلاظت۔ نجاست۔ پلیدی (۲) بک بک۔ جھک جھک۔ دگالی۔ بدتہذیبی (۳) جھگڑا (۴) رسوائی (۵) بحث۔ تکرار
**گوہار**۔ رگو۔ہار،[ہ۔ا۔مث] واویلا۔ فریاد۔ استغاثہ (۲) غل شور (۳) ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مقابلہ (۴) گالی۔ گلوچ۔ (۵) امدادی۔
**گوہار لڑنا**۔ [ا۔محاورہ] ایک آدمی کا بہت سے لوگوں سے لڑائی کرنا۔
**گوہاری**۔ رگو۔ہا۔ری،[ہ۔صف] ساتھی۔ مددگار (۲) بہت زرخیز زمین۔
**گوہان**۔ رگو۔ہا۔ن،[ہ۔ا۔مذ] گاؤں۔

**گوہانجنی**۔ رگو۔ہا۔نج۔نی،[اُر۔ا۔مث] آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہوتی ہے
**گوہانی**۔ رگو۔ہا۔نی،[ہ۔ا۔مث] گاؤں کے آس پاس کے کھیت (۲) عمدہ قسم کی زمین۔
**گوہائی**۔ رگو۔ہا۔ئی،[ہ۔ا۔مث] آنکھ کی پھنسی۔ گوہانجنی (۲) بیلوں سے گُندا کروا کے نکالنا۔ گاہنا۔
**گوہر**۔ رگو۔ہر،[ف۔ا۔مذ] موتی۔ مروارید (۲) جواہر۔ قیمتی پتھر (۳) مادہ۔ اصل۔ نسل۔
**گوہر آگیں**۔[ف۔صف] وہ چیز جس میں موتی جڑے ہوں۔
**گوہر افشاں**۔[ف۔صف] فیض پہنچانے والا (۲) خوش بیان۔
**گوہر بار**۔[ف۔صف] موتی برسانے والا۔ ابر۔ زبان اور قلم کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔
**گوہر بیندھنا**۔[ا۔محاورہ] موتی میں سوراخ کرنا۔
**گوہر تاب**۔[ا۔مذ] ایک پیرہن جسے عورتیں گرمیوں کے موسم میں پہنتی ہیں اور وہ اس قدر باریک ہوتا ہے کہ سارا جسم نمایاں ہوتا ہے۔
**گوہر تر**۔[ف۔ا۔مذ] آنسو (۲) اچھی باتیں۔
**گوہر سفتہ**۔[ف۔ا۔مذ] بندھا ہوا موتی (۲) وہ بات جو مشہور ہو۔
**گوہر سنج**۔[ف۔صف] خوش بیان۔
**گوہر شب تاب۔ گوہر شب چراغ**۔[ف۔ا۔مذ] ایک قسم کا لعل جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے۔
**گوہر غلطاں**۔[ف۔ا۔مذ] اعلیٰ قسم کا گوہر۔
**گوہر فروش**۔[ف۔ا۔مذ] موتی بیچنے والا۔
**گوہر نگار**۔[ف۔صف] جڑاؤ۔ موتیوں سے جڑا ہوا۔
**گوہری**۔ رگو۔ہ۔ری،[ف۔صف] جوہری۔ موتی والا (۲) گوہر کی آب و تاب رکھنے والا۔
**گوہونا**۔ رگو۔ہو۔نا،[س۔ا۔مذ] ایک قسم کا سانپ۔
**گوہی**۔ رگو۔ہی،[س۔صف] گُوہ سے لتھڑا ہوا۔ بہت گندہ۔ غلیظ۔
**گوئیٹھا**۔ گو۔اِ۔ٹھا،[ہ۔ا۔مذ] اُپلا۔ کنڈا۔
**گوئندہ**۔ رگو۔اِن۔دہ،[ف۔صف] کہنے والا۔ کہنے والی۔ مخبر۔ جاسوس۔
**گوئنڈ**۔ رگو۔اِنڈ،[ہ۔ا۔مث] گاؤں کے پاس کی زمین۔
**گوئی**۔ رگو۔اِی،[ہ۔ا۔مث] ایک ہل میں جتے ہوئے دو بیل (۲) روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں میں لوٹی جائے۔
**گوئے**۔ رگو۔اِے،[ف۔ا۔مذ] گیند۔
**گوئے باز**۔[ف۔صف] گیند کھیلنے والا (۲) وہ بازی گر جو کئی گیندیں لے کر ہوا میں پھینکتا ہوا پکڑتا ہے۔
**گوئے سبقت لے جانا**۔[ا۔محاورہ] غالب آنا۔ بڑھ جانا۔
**گوئیاں**۔ رگو۔اِ۔یاں،[ہ۔ا۔مث] سہیلی۔
**گوئینڑا**۔ رگو۔این۔ڑا،[ہ۔ا۔مذ] گاؤں کے قریب کی زمین۔
**گویا**۔ رگو۔یا،[ف۔صف] بولنے والا۔ خوش گفتار (۲) مانند۔ مثل۔ ہو بہو (۳) تسلیم کیا جانا (۴) حیوان ناطق۔
**گوّیا**۔ رگ۔ّوی۔یا،[ہ۔ا۔مذ] گانے والا۔ مطرب۔ مغنی۔

Marfat.com

**گویائی** ۔ (گو ۔ یا ۔ ای) (ف ۔ امث) نطق ۔ گفتار ۔ بول چال ۔ بات چیت ۔ (۲) بولنے کی طاقت ۔ فصاحت ۔ بلاغت ۔

**گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل** ۔ (ف ۔ مثل) کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل ۔

# گ ۔ ہ

**گہ** ۔ (ف ۔ ظرف زماں) گاہ کا مخفف ۔ کبھی ۔

**گہ** ۔ (س ۔ امث) کمرے یا مکان کی بلندی (۲) طبقہ ۔ درجہ (۳) قبضہ ۔ دستہ ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ ۔

**گہ بیٹھنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) جم کر بیٹھنا (۲) تلوار کے قبضے کا ہاتھ میں جم جانا ۔

**گہ جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) گرہن میں آجانا (۲) کسی کرٹی چیز کا گھس جانا ۔

**گہ گیر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سرکش گھوڑا ۔

**گہر** ۔ (گ ۔ ہر) (ہ ۔ ا ۔ مث) کیلے کی پھلی ۔

**گہر** ۔ (گُ ۔ ہر) (ف ۔ ا ۔ مذ) موتی ۔ جوہر ۔ قیمتی پتھر (۲) اصل نسل ۔ حسب نسب ۔ ذات ۔ خاندان ۔ مادہ ۔ اصلیت ۔

**گہرریز ۔ گہرپاش** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) موتی برسانے والا (۲) فیض پہنچانے والا ۔

**گہرا** ۔ (گہ ۔ را) (ہ ۔ صف) عمیق ۔ بے تھاہ ۔ ڈباؤ (۲) نہایت تیز (۳) شوخ ۔ گاڑھا (۴) بھاری ۔ پکا (۵) غار ۔ گڑھا ۔

**گہرا اخلاص** ۔ (ا ۔ صف) پکی دوستی ۔ بے حد محبت ۔

**گہرا پردہ** ۔ (ا ۔ مذ) سخت پردہ ۔ بھاری اوٹ ۔ شرم و حجاب ۔

**گہراپن** ۔ (ا ۔ مذ) گہرائی ۔ گہرا ہونا ۔

**گہرا خیال** ۔ (ا ۔ مذ) دُور کا خیال ۔

**گہرا دوست** ۔ (ا ۔ مذ) سچا دوست ۔ بے تکلف دوست ۔

**گہرا رنگ** ۔ (ا ۔ مذ) شوخ رنگ ۔ وہ رنگ جس میں سیاہی نمودار ہو ۔

**گہرا زخم** ۔ (ا ۔ مذ) کاری زخم ۔ مہلک زخم ۔

**گہرا سہاگ** ۔ (ا ۔ مذ) میاں بیوی میں بے حد پیار (۲) بڑا میل جول ۔

**گہرا ہاتھ لگانا ۔ گہرا ہاتھ مارنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) زور کا ہاتھ مارنا (۲) بڑا بھاری غبن کرنا ۔ بڑی چوری کرنا (۳) بہت نفع کمانا (۴) کسی بڑے خاندان کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرنا ۔

**گہرا یارانہ** ۔ (ا ۔ مذ) پکی دوستی ۔

**گہرے سانس بھرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ٹھنڈے سانس بھرنا ۔ لمبے سانس کھینچنا ۔

**گہرے کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بہت نفع اُٹھانا ۔ مال مارنا ۔ خاطر خواہ فائدہ حاصل کرنا ۔

**گہرے ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) خوب کمانا ۔ خوب مال مارنا ۔

**گہرے یار ہیں** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بہت بے تکلف ہیں ۔ دلی دوست ہیں ۔ یک جان دو قالب ہیں ۔

**گہرانا** ۔ (گہ ۔ رانا) (ہ ۔ مص) گہرا ہونا ۔ عمیق ہونا ۔

**گہرانا** ۔ (گہ ۔ رانا) (ہ ۔ مص) بلند آواز سے بلانا ۔ پکارنا ۔

**گہراؤ** ۔ (گہ ۔ را ۔ او) (ہ ۔ ا ۔ مذ) قعر ۔ نشیب ۔ گہرا ہونا ۔

**گہرائی** ۔ (گہ ۔ را ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) گہراؤ کی تانیث ۔ گہرا ہونا ۔

**گہری** ۔ (گہ ۔ ری) (ہ ۔ صف) گہرا کی تانیث ۔ عمیق (۲) گاڑھی (۳) بہت زیادہ (۴) دُور کی ۔

**گہری بات** ۔ (ا ۔ مث) دُور کی بات ۔ باریک خیال ۔ دقیق اور مشکل بات ۔

**گہری چھننا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) نہایت گاڑھی بھنگ چھننا (۲) گاڑھی دوستی ہونا ۔ نہایت اخلاص اور پکا یارانہ ہونا (۳) از حد لڑائی ہونا ۔

**گہری گھٹنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲) بہت محبت ہونا ۔ خاص یارانہ ہونا ۔

**گہری نیند سونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بے خبر سونا (۲) سکھ کی نیند سونا ۔ آرام سے سونا ۔

**گہک** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) خوشی کی لہر (۲) نشے کی لہر (۳) نشے کے جوش میں بہنا (۴) تیز ہو کر بولنا ۔

**گہک کر بولنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) تیز ہو کر بولنا ۔ سخت کلامی (۲) نہایت تپاک محبت اور گرم جوشی سے گفتگو کرنا ۔

**گہکنا** ۔ (گ ۔ ہک ۔ نا) (ہ ۔ مص) خوشی سے بولنا (۲) نشے کے جوش میں ہونا (۳) تیز ہو کر بولنا ۔

**گہگانا** ۔ (گہ ۔ گا ۔ نا) (ق ۔ مص) گڑگڑانا ۔

**گہگڈ** ۔ (گہ ۔ گڈ) (ہ ۔ صف) گہرا ۔ گھنگور ۔ بھاری ۔

**گہما گہم ۔ گہما گہمی ۔ گہما گھمی** ۔ (گہ ۔ ما ۔ گہم ۔ گہ ۔ ما ۔ گہم ۔ گہ ۔ ما ۔ گہ ۔ می) (ہ ۔ صف) چہل پہل ۔ گرم بازاری ۔ رونق ۔ دھوم دھام ۔ آدمیوں کی بھیڑ (۲) گہما گہم ۔ وہ آواز جو کنوئیں میں ڈھیل کے جنبش دینے سے پیدا ہوتی ہے ۔

**گہن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) گرہن ۔ چاند یا سورج پر سایہ (۲) داغ ۔ عیب (۳) بگل ۔

**گہن پڑنا ۔ گہن لگنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) کسوف اور خسوف ہونا (۲) عیب لگنا ۔ دھبا لگنا ۔ بدنامی یا رسوائی ہونا ۔

**گہن چھٹنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) گہن کا اثر کم ہونا ۔ چاند یا سورج میں گہن کے بعد روشنی آنے لگنا ۔

**گہن میں آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) کسوف یا خسوف میں ہونا (۲) آدمی یا حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا ۔

**گہنا** ۔ (گہ ۔ نا) (ہ ۔ مص) گہن لگنا (۲) گرو رکھنا (۳) (ا ۔ مذ) زیور ۔

**گہنے رکھنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) گرو رکھنا ۔ رہن رکھنا ۔

**گہنے کا تار تک باقی نہیں** ۔ (۱ ۔ مثل) کسی قسم کا زیور باقی نہیں ۔

**گہنانا** ۔ (گہ ۔ نا ۔ نا) (ہ ۔ مص) گہن لگنا ۔ کسوف یا خسوف میں آنا (۲) مدہم



Marfat.com

پڑنا۔ رونق گھٹنا۔ ماند پڑنا (۳) کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا پیدا ہونا۔

**گہنی**۔ (گہ۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ گائے جو چاند گہن کے وقت پیدا ہو اور اس کے بدن پر کوئی نقص ہو (۲) چھوٹے قد کی گائے۔

**گہوا**۔ (گہ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) موچنا۔ چمٹا۔

**گہوارَہ**۔ (گہ۔وا۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) مہد۔ پنگوڑا۔ ہنڈولا (۱) بچوں کے سُلانے یا بہلانے کا جھولا (۲) وہ چارپائی جس پر محراب نما لکڑیاں باندھ کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں۔

**گہواں رَنگ**۔ (گہ۔واں۔رَنگ) (اُر۔ا۔مذ) گندمی رنگ۔

**گہے**۔ (گہ۔ہے) (ا۔تابع فعل) گاہے کا مخفف۔ کبھی کبھی۔

**گہیرا**۔ (گ۔ہی۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا جو مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے اور اکثر جنگلوں یا کھنڈروں میں بل بنا کر رہتا ہے (۲) ایک قسم کا نہایت زہریلا گرگٹ۔

## گ ۔ ھ

**گھابَرا**۔ (گھا۔بَ۔را) (ہ۔صف) گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

**گھات**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) تاک۔ داؤں۔ موقع (۲) فریب۔ دھوکا (۳) ارادہ۔ مطلب (۴) کمین گاہ۔ وہ جگہ جہاں شکاری یا دشمن کے انتظار میں بیٹھیں (۵) جادو۔ ٹونا۔

**گھات پانا**۔ (ا۔محاورہ) موقع پانا۔ قابو حاصل کرنا۔

**گھات پر آنا۔ گھات پر چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) قابو میں آنا۔ چال میں آنا۔

**گھات تاکنا**۔ (ا۔محاورہ) موقع ڈھونڈنا۔

**گھات چلانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) داؤ چلانا۔ وار کرنا (۲) جادو کرنا۔

**گھات چلنا**۔ (ا۔محاورہ) چالبازی کا کارگر ہونا۔

**گھات سُوجھنا**۔ (ا۔محاورہ) تدبیر کا ذہن میں آنا۔

**گھات کرنا**۔ (ا۔محاورہ) خفیہ تدبیر کرنا۔

**گھات کھیلنا**۔ (ا۔محاورہ) دوسرے کو غافل پا کر اپنا مطلب نکالنا۔

**گھات لگانا**۔ (ا۔محاورہ) تاک میں بیٹھنا۔

**گھات میں آنا**۔ (ا۔محاورہ) دم میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ جال میں آنا۔ فریب کھانا۔

**گھات میں بیٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) شکاری یا دشمن کی تاک میں کسی جگہ چھپ کر بیٹھنا (۲) موقع ڈھونڈنا۔

**گھات میں پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) تاک میں پھرنا۔ موقع ڈھونڈتے پھرنا۔ داؤں میں رہنا۔

**گھات میں رہنا**۔ (ا۔محاورہ) تاک میں رہنا۔

**گھاتنا**۔ (ہ۔ا۔مث) مول لی ہوئی چیز پر کوئی چیز لے لینا۔

**گھاتک**۔ (س۔ا۔مذ) (۱) خونی۔ قاتل (۲) جان کا لاگو۔ لہو کا پیاسا۔

**گھاتوں میں آنا**۔ (ا۔محاورہ) چالوں میں آنا۔ فریب میں آنا۔

**گھاتیں بتانا**۔ چالیں بتانا۔ چالبازیاں سکھانا۔

**گھاتے میں**۔ (ا۔تابع فعل) خرید کی ہوئی چیز سے زیادہ منافع میں مُفت۔

**گھاتو**۔ (ق۔صف) (۱) دغاباز۔ مکار (۲) مہلک۔

**گھاتی**۔ (گھا۔تی) (ہ۔صف) (۱) موقع تاکنے والا۔ داؤ گھات رکھنے والا (۲) چالباز (۳) خودغرض۔ مطلبی۔

**گھاتیا**۔ (گھا۔ت۔یا) (ہ۔صف) (۱) وہ شخص جو کسی کی گھات میں رہے (۲) خودغرض۔ مطلبی۔

**گھاتیں بتانا**۔ (ا۔محاورہ) چالیں بتانا۔ چالبازیاں سکھانا۔

**گھاٹ**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) دریا یا تالاب سے اترنے کا مقام (۲) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے (۳) طرف۔ جانب۔ سمت (۴) انگیا کا گریبان (۵) راہ راستہ (۶) ناؤ کا کرایہ (۷) کمی (۸) دغا۔

**گھاٹ اُترنا**۔ (ا۔محاورہ) گھاٹ کو عبور کرنا۔

**گھاٹ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) کمی کرنا۔ دغا کرنا۔ فریب کرنا۔

**گھاٹ کھڑا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بہانہ سازی کرنا (ق)

**گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا**۔ (ا۔محاورہ) جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا۔ جہاندیدہ اور تجربہ کار ہونا۔

**گھاٹ لگنا**۔ (ا۔محاورہ) کشتی کا کنارے پر لگنا۔

**گھاٹ مار**۔ (ا۔صف) جو چُنگی اور راہداری کا محصول نہ دے۔

**گھاٹ مارنا**۔ (ا۔صف) پُل کا محصول نہ دینا۔ اترائی کا محصول ادا نہ کرنا۔

**گھاٹ مانجھی**۔ (ا۔مذ) وہ ملاح جو کشتیوں کے کرائے کا انتظام کرتا ہے۔

**گھاٹ وال**۔ (ہ۔ا۔صف) وہ برہمن جو گھاٹوں پر اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے۔

**گھاٹا**۔ (گھا۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) نقصان۔ خسارہ۔ کمی۔

**گھاٹا آنا**۔ (ا۔محاورہ) نقصان ہونا۔

**گھاٹا اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) خسارہ برداشت کرنا۔

**گھاٹا بھرنا**۔ (ا۔محاورہ) نقصان کی تلافی کرنا۔

**گھاٹا پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) نقصان ہونا۔

**گھاٹا دیکھنا**۔ (ا۔محاورہ) خسارہ کا اندیشہ کرنا۔

**گھاٹا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

**گھاٹی**۔ (گھا۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ پہاڑ یا پہاڑیوں کے درمیان خشکی کا قطعہ (۲) پروانہ۔ راہداری چالان۔

**گھاٹیا**۔ (گھا۔ٹ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) وہ برہمن جو گھاٹوں پر اشنان کراتا ہے۔ گھاٹ وال۔

**گھاڑ**۔ (ق۔صف) بپتا۔ مصیبت۔

**گھاس**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) گاہ۔ گیاہ (۲) پھوس (۳) چارہ (۴) ساگ پات۔ سبزی۔



Marfat.com

**گھاس پات** ۔ (ا۔ مث) خس و خاشاک۔ سبزی۔
**گھاس پھونس** ۔ (ا۔ مث) کوڑا کرکٹ۔
**گھاس کاٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گھاس کا تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے (۳) بے دلی سے کام کرنا۔
**گھاس کھانا۔ گھاس کھا جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) حیوانوں کا گھاس چرنا (۲) بے عقل ہو جانا۔ حماقت کی بات کرنا۔
**گھاس کھودنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زمین سے اُگی ہوئی سبزیاں اُکھاڑنا۔ عقل و شعور کے خلاف کام کرنا۔ ذلیل کام کرنا۔
**گھاس کے گٹھے میں سوئی ڈھونڈنا** ۔ (ا۔ مثل) بے کار کام کرنا۔
**گھاس والا** ۔ (ا۔ محاورہ) گھاس بیچنے والا۔ گھاس کاٹنے والا۔
**گھاگ** ۔ (ہ۔ صف) پُرانا تجربہ کار آدمی۔
**گھاگر** ۔ (گھا۔ گر) (ہ۔ ا۔ مث) بُھیر کی ایک قسم۔
**گھاگھرا۔ گھاگرا** ۔ (گھا گھ۔ را۔ گھاگ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) لہنگا۔ پیشواز (۲) ایک دریا کا نام (۳) ایک قسم کا کبوتر۔
**گھاگھرا پلٹن** ۔ سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن۔ جو ایک قسم کا گھگھرا پہنتی ہے۔
**گھاگھرا گھول** ۔ (ق صف) پریشان۔ بے قرار۔
**گھاگس۔ گھاگس** ۔ (گھا گس۔ گھا۔ گس) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا دوغلا مرغا۔
**گھال** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) شرارت (۲) نقصان (۳) آفت۔ مصیبت (۴) تباہی۔
**گھال میل** ۔ (ہ۔ صف) ملا جُلا۔ گڈ مڈ (۲) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔
**گھال میل رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) میل ملاپ رکھنا۔ اتحاد رکھنا۔
**گھال میل کر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ملا جُلا دینا۔ گڈ مڈ کر دینا۔ خلط ملط کر دینا۔
**گھالا** ۔ (ق۔ ا۔ مث) آفت۔ مصیبت (۲) شرارت۔ نقصان۔
**گھالنا** ۔ (گھال۔ نا) (ہ۔ مص) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۲) ڈالنا۔ پھینکنا (ق) (۳) قائم کرنا (ق)۔
**گھام** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) دھوپ۔ گرمی۔ تپش۔
**گھامڑ** ۔ (گھا مڑ) (ہ۔ صف) گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بدحواس۔ بے اوسان (۳) احمق۔ سادہ لوح (۴) بدسلیقہ۔ پھوہڑ (۵) سست۔ کاہل۔
**گھان** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ و مث) اناج یا سرسوں کی وہ مقدار جو کولہو میں یکبارگی ڈالی جائے (۲) پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈال جائے (۳) چنے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھونی جائے۔
**گھان اُتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) گھان تیار کرنا
**گھان ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ایک دفعہ کسی معین مقدار کا کڑاہی چکی یا بھاڑ میں ڈالنا (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا۔
**گھانٹ۔ گھانٹا** ۔ (ق۔ ا۔ مث) گھنٹی۔
**گھانٹی** ۔ (گھاں۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) گلا۔ حلق (۲) حلق کا کوا (۳) گانٹھ۔ کئی رنگ کے چیتھڑے جو محرم کے فقیر پاؤں میں باندھتے ہیں۔

**گھانس** ۔ (ا۔ مث) دیکھیے گھاس جو فصیح ہے۔
**گھانی** ۔ (گھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو یکبار کولہو میں پلنے کے واسطے ڈالی جائے (۲) مٹی کا تغار (۳) تیل پیلنے کی مشین۔ گنے کا رس نکالنے کی مشین۔
**گھانی کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کولہو چلانا۔ تیل نکالنا۔
**گھاؤ** ۔ (گھا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) گہرا زخم۔ جراحت (۲) نقصان۔ خسارہ۔
**گھاؤ آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخمی ہونا۔
**گھاؤ بھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا (۲) نقصان کی تلافی ہونا۔
**گھاؤ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخم ڈالنا۔
**گھاؤ کھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخمی ہونا۔
**گھاؤ گھپ** ۔ (ا۔ صف) فضول خرچ (۲) غبن کرنے والا۔
**گھاؤ گھپ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) فضول خرچی کرنا۔ غبن کرنا۔
**گھاؤ میں نون مرچ لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) دکھ پر دکھ پہنچانا۔
**گھاتی** ۔ (گھا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) چھل۔ فریب۔ دھوکا۔ مغالطہ (۳) چولہے کی وہ جگہ جہاں روٹی سینکتے ہیں۔
**گھاتی رکھی میری توے کی تیری** ۔ (ا۔ مثل) خود غرضی کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
**گھاتیاں بتانا** ۔ (ا۔ محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) ٹالنا۔ حملہ بچانا۔
**گھائیں** ۔ (گھا۔ ایں) (ہ۔ ا۔ مث) طرف۔ جانب (۲) مددگار۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ طرفدار (۳) بار۔ دفعہ۔
**گھائیں مائیں کر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) ادھر اُدھر کر دینا۔ اُڑا دینا۔ غائب کر دینا (۲) آج کل کرنا۔ ٹالنا۔
**گھایل۔ گھائل** ۔ (گھا۔ یل۔ گھا۔ ئل) (ا۔ صف) زخمی (۲) عشق کا مارا دل فگار۔
**گھائل کی گت گھائل جانے** ۔ (ا۔ مثل) مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے۔
**گھائل ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا (۲) عاشق ہونا۔
**گھبرا جانا** ۔ (گھب۔ را۔ جا۔ نا) (ا۔ محاورہ) بدحواس ہونا۔ بے قرار ہونا پریشان ہونا۔
**گھبرا کر** ۔ (ا۔ تابع فعل) مضطرب ہو کر (۲) جلدی سے۔
**گھبرانا** ۔ (ہ۔ مص) بے اوسان ہونا۔ سٹ پٹانا۔ تلملانا۔ بے قرار ہونا۔ پریشان ہونا۔ ڈر جانا۔ اُچاٹ ہو جانا۔
**گھبراہٹ** ۔ (گھب۔ را۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) بے قراری۔ اضطراب۔ بدحواسی۔ ہل چل۔ جلدی۔ پریشانی۔
**گھبرائی ہوئی ڈومنی پھر پھر شہلے گائے** ۔ (ا۔ مثل) گھبراہٹ کے وقت عقل ٹھکانے نہیں رہتی۔
**گھبیر** ۔ (گھ۔ بیر) (ق۔ صف) گمبھیر۔



Marfat.com

**گھُپ** ۔ (ہ ۔ صف) نہایت تاریک ۔ سخت اندھیرا ۔
**گھپلا** ۔ (گھپ ۔ لا) (ہ ۔ امذ) گڑبڑ ۔ جھگڑا (۲) شور و غل (۳) حساب کی غلطی ۔
**گھپلا پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گڑبڑ ہو جانا ۔ حساب میں غلطی پڑنا ۔
**گھپلا ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھگڑا ڈالنا ۔ گڑبڑ کر دینا ۔
**گھپنا** ۔ (گھپ ۔ نا) (ہ ۔ مص) گھونپا جانا ۔
**گھپنا** ۔ (گھپ ۔ نا) (ہ ۔ مص) گھونپا جانا ۔
**گھپونا** ۔ (گھ ۔ پو ۔ نا) (ہ ۔ مص) گھونپنا ۔
**گھتر** ۔ (گھ ۔ تر) (ق ۔ ا ۔ مث) صبح ۔ فجر ۔
**گھٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) دل ۔ من ۔ جی (۲) کم ۔ تھوڑا (۳) گھٹا ۔ بادل ابر (۴) ڈھیٹ (ق)
**گھٹ کا مال** ۔ (ا ۔ مذ) ادنیٰ درجہ کا مال ۔ کم قیمت مال ۔
**گھٹ** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) گھونٹ ۔
**گھٹا** ۔ (گھ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مث) ابر ۔ بادل ۔ کالی بدلی (۲) غبار و کدورت ۔
**گھٹا اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بادلوں کا آسمان پر ظاہر ہونا ۔ بدلی چھانا ۔
**گھٹا اُمنڈنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھٹا اُمڈنا ۔ بادل کا گھر کر آنا ۔ بادل گھرنا ۔ ابر کا کثرت سے چھانا ۔
**گھٹا ٹوپ** ۔ (ا ۔ مث) پالکی ۔ بہنس یا گھوڑا گاڑی کا غلاف جو گرد و غبار اور بارش سے محفوظ رکھنے کے لیے ڈالتے ہیں (۲) وہ اندھیرا جو بادلوں کے گھرے ہونے سے ہوتا ہے ۔ اندھیرا گھپ ۔
**گھٹا جھومتی آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا ۔
**گھٹا جھومنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بادل چھانا ۔ بادلوں کا گھرنا ۔
**گھٹا چھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ابر گھرنا ۔ بادل گھرنا ۔ ابر کا آسمان پر محیط ہونا ۔
**گھٹّا** ۔ (گھٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) نقب ۔ سیندھ (۲) چھید ۔ رخنہ (۳) شگاف ۔ دراڑ (۴) وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے (۵) خاک ۔ دھول ۔ گرد و غبار ۔
**گھٹّا** ۔ (گھٹ ۔ ٹا) (ق ۔ صف) سخت دل ۔
**گھٹانا** ۔ (گھ ۔ ٹا ۔ نا) (ہ ۔ مص) کم کرنا (۲) نرخ گرانا (۳) درجہ توڑنا (۴) منہا کرنا ۔ وضع کرنا (۵) دُبلا کرنا ۔
**گھٹاؤ** ۔ (گھ ۔ ٹا ۔ او) (ہ ۔ ا ۔ مذ) کمی ۔ قلت ۔ تخفیف (۲) دریا کا اتار ۔
**گھٹاؤ بڑھاؤ** ۔ (ا ۔ مذ) کمی بیشی ۔ ترقی تنزل ۔
**گھٹاؤ** ۔ (گھ ۔ ٹا ۔ اؤ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گھٹن ۔ حبس ۔ تنگی (۲) گُمس ۔
**گھٹا ہوا** ۔ (گھ ۔ ٹا ۔ ہو ۔ آ) (ہ ۔ صف) پسا ہوا (۲) پختہ کار ۔ تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ ہوشیار (۳) مُنڈا ہوا سر ۔
**گھٹائی** ۔ (گھ ۔ ٹا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) رگڑائی ۔ پالش ۔ کسی چیز کو رگڑ رگڑ کر حل کرنے کا عمل ۔
**گھٹتی** ۔ (گھٹ ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) کمی ۔ تخفیف (۲) زوال ۔ انحطاط ۔
**گھٹتی کا پھیرا** ۔ (ا ۔ مذ) زوال کا زمانہ ۔ کمی کا زمانہ ۔
**گھٹس** ۔ (گھٹ ۔ ٹس) (ہ ۔ ا ۔ مث) تنگ و تاریک جگہ میں دم کا گھٹ جانا ۔ گھٹن ۔
**گھٹک** ۔ (گھ ۔ ٹک) (س ۔ ا ۔ مذ) دلّال (۲) ثالث (۳) درمیان میں پڑ کر شادی کرانے والا شخص ۔
**گھٹکنا** ۔ (گھ ۔ ٹک ۔ نا) (ہ ۔ مص) غبن کرنا (۲) نگلنا ۔
**گھٹ گھٹ پینا** ۔ (ا ۔ مص) کسی رقیق چیز کا آہستہ آہستہ پینا ۔
**گھٹ گھٹ کے** ۔ (ہ ۔ تابع فعل) رُک رُک کے ۔ سانس رُک رُک کر ۔
**گھٹ گھٹ کے مرنا / جان دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تنگی اور تکلیف برداشت کر کے جان دینا ۔ بے کسی اور کس مپرسی کی حالت میں مرنا ۔
**گھٹن** ۔ (گھ ۔ ٹن) (ہ ۔ ا ۔ مث) ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دم گھٹ جائے ۔
**گھٹنا** ۔ (گھٹ ۔ نا) (ہ ۔ مص) کم ہونا ۔ تھوڑا ہونا (۲) اُترنا (۳) تنزل ہونا (۴) دُبلا ہونا (۵) نرخ کم ہونا ۔ بھاؤ گرنا ۔
**گھٹنا بڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کمی زیادتی ہونا ۔
**گھٹنا** ۔ (گھٹ ۔ ٹنا) (ہ ۔ مص) پِسنا ۔ حل ہونا ۔ کھرل ہونا (۲) یک جان ہونا (۳) پالش ہونا ۔ ریگ مال ہونا (۴) سر مُنڈنا ۔ صفایا ہونا (۵) دم گھٹنا ۔ سانس رُکنا (۶) بھرنا ۔ ٹھنسنا ۔ سمانا (۷) موافقت کرنا (۸) دوستی ہونا ۔
**گھٹنا** ۔ (گھٹ ۔ نا) (ہ ۔ امذ) زانو ۔ پنڈلی ۔ گوڈا ۔ ران کے بیچ کا جوڑ ۔ ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ ۔
**گھٹنا** ۔ (ا ۔ مذ) گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگیے سے بڑا ہوتا ہے (۲) پاجامے سے نیچے پہننے کی پوشش ۔
**گھٹنوں کے بل چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زانو کے بل چلنا ۔ رینگنا ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔
**گھٹنوں گھٹنوں** ۔ (ا ۔ تابع فعل) گھٹنوں تک ۔
**گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غم یا فکر کے مارے سر جھکا کر بیٹھنا ۔ سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھ جانا ۔
**گھٹنوں میں سر دے لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شرما جانا ۔ شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا ۔
**گھٹنے ٹیک دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھٹنے زمین پر رکھ دینا (۲) شکست تسلیم کرنا ۔
**گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا ۔ جان کے ساتھ لگا کر رکھنا ۔
**گھٹنے نیویں پڑیں گے تو پیٹ کی طرف** ۔ (ا ۔ مثل) ہر شخص اپنوں کی پاس داری کرتا ہے ۔
**گھٹیوں چلنا** ۔ دونوں ہاتھوں اور دونوں زانوؤں کے بل چلنا ۔
**گھٹنت** ۔ (گھ ۔ ٹنت) (ہ ۔ ا ۔ مث) کمی ۔ تخفیف ۔
**گھٹنی** ۔ (گھٹ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) بیمار آدمی کا دُبلا سا گھٹنا ۔ گھٹنا کی تصغیر ۔
**گھٹوار** ۔ (گھٹ ۔ وار) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ملاح ۔ کشتی بان ۔
**گھٹوانا** ۔ (گھٹ ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) حل کرانا ۔ کھرل کرانا (۲) سر یا داڑھی منڈوانا ۔



Marfat.com

**گھٹور** - (گھُٹ - ) (ہ - صف) دغاباز - بے مروّت - سنگدل - سُستی سے کام کرنے والی نوکرانی - کام چور -

**گھٹی** - (گھُ - ٹی) (ہ - ا - مث) کمی -

**گھٹی** - (گھُٹ - ٹی) (ہ - ا - مث) (۱) وہ دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے جوش دے کر پلاتے ہیں (۲) عادت - طبیعت - خصلت -

**گھٹی میں پڑنا** - (ا - محاورہ) عادی ہونا - طبیعت میں داخل ہونا - بچپن میں کسی چیز کا عادی ہونا -

**گھٹی میں پلانا** - (ا - محاورہ) (۱) گھٹی کی جگہ پلانا (۲) بچپن سے کسی بات کا عادی کرنا -

**گھٹی میں ہونا** - (ا - محاورہ) فطرت میں ہونا - بچپن سے کسی بات کا عادی ہونا -

**گھٹیا - گھٹیل** - (گھَٹ - یا ، گھَٹ - یل) (ہ - صف) (۱) کم قیمت - معمولی - ارزاں (۲) ادنے - کمینہ -

**گھچاگھچ** - (گھَ - چا - گھَچ) (ہ - ا - مث) گوشت کے اندر ہتھیار کے متواتر گھُسنے یا نکلنے کی آواز - چخ -

**گھچ پچ** - (گھِچ پِچ) (ہ - ا - مث) کثرت - بھیڑ بھاڑ - جمگھٹ (۲) بہت گنجان اور پاس پاس لگا ہوا -

**گھچ پچ بولنا** - (ا - محاورہ) گِچ پِچ بکنا - جلدی جلدی بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے -

**گھر** - (ہ - ا - مذ) (۱) مکان - خانہ (۲) رہنے کی جگہ - مسکن (۳) ٹھکانا (۴) خول - کیس (۵) چھت - کھوہ - بل (۶) گھونسلا - آشیانہ (۷) وطن - دیس - جائے پیدائش - خاندان - گھرانا -

**گھر آباد کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) گھر میں بسنا (۲) بیوی لانا - شادی کرنا -

**گھر آ پڑنا** - (ا - محاورہ) کسی کے گھر میں جا کر ٹھہر جانا -

**گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے** - (ا - مثل) اپنے گھر پر کسی کی بےعزتی نہیں کرتے - ہر ایک کی خاطر تواضع کی جاتی ہے -

**گھر آئے کی شرم - گھر آئے کی لاج (شرم)** - (ا - محاورہ) گھر پر آنے کا لحاظ اور پاس -

**گھر آئے ناگ نہ پوجے - بانبی پوجن جائے** - (ا - مثل) جو گھر آئی دولت چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جائے - یہ مثل اس کی جہالت اور حماقت پر بولتے ہیں -

**گھر اجڑنا** - (ا - محاورہ) (۱) گھر برباد ہونا - خانہ ویران ہونا (۲) گھر لٹنا (۳) میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا (۴) خاوند یا جورو کا مر جانا - رانڈ ہونا -

**گھر اُف ہو جانا** - (ا - محاورہ) خانہ خراب ہو جانا - گھر کا بالکل تباہ ہو جانا - گھر میں کچھ نہ رہنا -

**گھر اکھڑوا کے پھینکوانا** - (ا - محاورہ) گھر منہدم کروانا -

**گھر بار** - گھر - خانہ - مکان (۲) اسباب خانہ داری (۳) بال بچے (۴) خاندان - کنبہ -

**گھر بسا لینا** - (ا - محاورہ) شادی کرنا -

**گھر بار بسنا** - (ا - محاورہ) شادی ہونا -

**گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا** - (ا - مثل) یہ کہاوت ایسے موقع پر بولتے ہیں جب جھوٹی باتوں سے دل بہلانا مقصود ہو اور مطلوب شے نہ دینے کا ارادہ ہو -

**گھر بار چھوڑنا** - (ا - محاورہ) مکان اور گرہستی کے سب تعلقات ترک کرنا (۲) دیس چھوڑنا -

**گھر بار خالصے لگ جانا** - (ا - محاورہ) گھر ضبط ہو جانا - گھر تباہ ہو جانا -

**گھر بار کا دھندا** - (ا - مذ) خانہ داری کا کام -

**گھر بار لٹانا** - (ا - محاورہ) گھر تباہ کر دینا -

**گھر بارو** - (ا - مذ) وہ شخص جو گھر اور عیال و اطفال رکھتا ہو - معتمد - قابل اعتبار -

**گھر بار ہونا** - (ا - محاورہ) اہل و عیال ہونا -

**گھر باری** - (ا - صف) (۱) عیالدار - بال بچے دار (۲) دنیادار - گرہستی -

**گھر برباد کرنا** - (ا - محاورہ) گھر کی دولت کو فضول خرچ کر دینا -

**گھر برباد ہونا** - (ا - محاورہ) گھر تباہ ہونا - خانہ خراب ہونا (۲) شوہر یا بیوی کا مر جانا (۳) کسی سرپرست اور بزرگ کا سر سے اٹھ جانا -

**گھر بسا** - وہ شخص جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے (۲) سُست - کاہل -

**گھر بسنا - گھر آباد ہونا** - (ا - محاورہ) شادی ہونا (۲) گھر کا خرچ چلنا -

**گھر بسی** - (ا - صف) بیوی - زوجہ - جورو -

**گھر بگاڑنا** - (ا - محاورہ) گھر تباہ کرنا (۲) میاں بیوی میں نااتفاقی کرانا (۳) اغوا کرنا -

**گھر بگڑنا** - میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا (۲) بیوی کا مر جانا -

**گھر بنا لینا** - (ا - محاورہ) مکان تعمیر کر لینا (۲) رسائی حاصل کرنا -

**گھر بنانا** - (ا - محاورہ) مکان بنانا - مکان کی تعمیر کرنا (۲) پاؤں جمانا - اطمینان سے بیٹھنا (۳) گھر بھرنا (۴) گھر سنوارنا (۵) گھر کا انتظام کرنا (۶) شادی کرنا - گھر آباد کرنا -

**گھر بند کرنا** - (ا - محاورہ) شطرنج کی چال میں بادشاہ یا کسی اور مہرے کو کسی خانے میں جانے سے روکنا - چوسر کی بازی میں گوٹ کا گھر بند کرنا -

**گھر بند ہو جانا** - (ا - محاورہ) شطرنج یا چوسر میں کسی مہرے کا کسی خانہ میں نہ جا سکنا (۲) گھر کو قفل لگنا (۳) گھر کا کوئی والی وارث نہ رہنا (۴) بیوی کا مر جانا -

**گھر بندی** - (ا - مث) وہ لونڈی جو خانہ زاد ہو -

**گھر بول اٹھنا** - (ا - محاورہ) رونق آ جانا (۲) گھر کے آثار سے ظاہر ہونا -

**گھر بولنا** - (ا - محاورہ) جنگل کا چہکنا - خوش الحان پرندوں کا چہچہانا -

**گھر بھائیں بھائیں کرتا ہے** - (ا - محاورہ) گھر سے ڈر لگتا ہے - گھر سنسان ہے -

**گھر بھر** - (ا - تابع فعل) گھر کے سب لوگ -



Marfat.com

**گھر بھر کر باہر بھرے** ۔ (دعائیہ فقرہ) اس قدر دولت ہو کہ گھر میں رکھنے کی جگہ نہ ملے۔

**گھر بھرنا** ۔ (محاورہ) (۱) مکان کو اسباب یا غلے سے پُر کرنا (۲) دولت گھسیٹنا (۳) گھاٹا پورا کرنا (۴) لوگوں کو مکان میں جمع کرنا۔

**گھر بہ گھر** ۔ (تابع فعل) گھر گھر۔ خانہ بخانہ۔

**گھر بیٹھنا** ۔ (محاورہ) (۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بیکار ہونا (۳) کام کاج چھوڑنا۔ ملازمت سے دستبردار ہونا (۴) مکان کا گر جانا۔ مسمار ہونا۔

**گھر بیٹھے** ۔ (تابع فعل) بے سعی و کوشش۔ بلا تردد۔ خانہ نشینی کی حالت میں۔

**گھر بیٹھے بیر دوڑانا** ۔ (محاورہ) (۱) سحر اور جادو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بلانا (۲) جبراً کسی کو گھر بلوانا۔

**گھر بیٹھے پانا** ۔ (محاورہ) بغیر محنت مشقت حاصل کرنا۔

**گھر بیٹھی روٹی** ۔ (مث) بلا محنت مشقت کے آمدنی۔ گھر سے باہر آئے جائے کے بغیر کمائی (۲) پنشن۔ وظیفہ۔ کرایہ۔

**گھر بیٹھے کی تنخواہ** ۔ (مث) وہ تنخواہ جو بغیر خدمت ملے۔

**گھر بیٹھے مول لینا** ۔ (محاورہ) (۱) بازار نہ جانا اور گھر کے دروازہ پر سودا خرید لینا (۲) خواہ مخواہ اپنے سر ذمہ داری لینا۔

**گھر بے چراغ ہونا** ۔ (محاورہ) والی وارث کے مرجانے سے گھر کا ویران ہونا۔

**گھر پر گنگا آئی** ۔ (مثل) بغیر محنت و مشقت کے کام ہو جانا۔

**گھر پڑا رہنا** ۔ (محاورہ) (۱) گھر سے باہر نہ جانا (۲) کسی کے گھر ہر وقت رہنا۔

**گھر پڑنا** ۔ (محاورہ) عورت کا کسی مرد کے نکاح میں آنا۔

**گھر پکڑنا** ۔ (محاورہ) کسی جگہ ٹھہر جانا۔ قیام کرنا۔

**گھر پورا کرنا** ۔ گھر کی ضرورتیں پوری کرنا (۲) اپنا نقصان پورا کرنا۔

**گھر پھاندنا** ۔ (محاورہ) چوری چھپے بدکاری کے لیے کسی کے گھر جانا۔ چور کا دیوار پھاند کر اندر آنا۔

**گھر پھوٹے گنوار لوٹے** ۔ (مثل) گھر میں نا اتفاقی ہو تو دوسرے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

**گھر پھوڑنا** ۔ (محاورہ) نقب لگانا۔ چوری کرنا۔

**گھر پھونک تماشا دیکھنا** ۔ (محاورہ) (۱) دولت برباد کر کے خوش ہونا (۲) فضول خرچی سے خوش ہونا (۳) نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا (۴) حماقت اور بیوقوفی سے کام لینا۔

**گھر تاکنا** ۔ (محاورہ) (۱) نقب لگانے کے لیے کوئی گھر تلاش کرنا (۲) گھر ڈھونڈنا۔

**گھر تجنا** ۔ (محاورہ) گھر چھوڑ دینا۔ تارک الدنیا ہونا۔

**گھر تک پہنچانا** ۔ (محاورہ) (۱) کسی کو گھر تک چھوڑ آنا (۲) انجام تک پہنچانا۔ پورا پورا قائل کرنا۔ کوئی حجت باقی نہ رہنا۔

**گھر تک پہنچنا** ۔ (محاورہ) (۱) کسی کے مکان تک جانا (۲) ماں بہن کی گالی دینا۔

**گھر تنگ ہو جبر جنگ** ۔ (مثل) اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**گھر جا رہنا** ۔ (محاورہ) خاوند سے تعلق منقطع ہونا۔ طلاق میں آنا (۲) خاوند کا مر جانا۔ گھر اُجڑ جانا۔

**گھر جانا** ۔ (محاورہ) (۱) اپنے مکان کو جانا (۲) گھر اجڑنا۔ خانہ ویران ہونا (۳) خاوند سے چھوٹنا (۴) دوستی جانا۔

**گھر جائی من مانی** ۔ (مثل) اپنی خواہش کے مطابق ہر کام کرنا۔

**گھر جلنے کا راستہ نہ ملنا** ۔ (محاورہ) گھبرا جانا۔

**گھر جلے کسی کا تاپے کوئی** ۔ (مثل) نقصان کسی کا ہو فائدہ کوئی اور ہی اُٹھائے۔

**گھر جنوائی** ۔ (مذ) وہ داماد جو سسرال میں آباد ہو جائے۔

**گھر جنوائی رکھنا** ۔ (محاورہ) بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے گھر رکھنا۔

**گھر جوت** ۔ (مث) اپنی کھیتی۔ گھر کی کھیتی۔ ذاتی زراعت۔

**گھر جھانکنا** ۔ (محاورہ) تھوڑی دیر کے لیے گھر میں قدم رکھنا۔

**گھر جھکنی** ۔ (مث) وہ عورت جو دوسرے گھروں میں ماری ماری پھرے۔

**گھر جہنم ہے گھر دوزخ ہے** ۔ (مثل) گھر مصیبت اور لڑائی جھگڑے کی وجہ سے رہنے کے قابل نہیں۔

**گھر چڑھ کر لڑنے کو آنا** ۔ (محاورہ) کسی کے مکان پر آ کر لڑنا۔

**گھر چلانا** ۔ (محاورہ) گھر کا خرچ اٹھانا۔ گھر کا انتظام سنبھالنا۔

**گھر چلنا** ۔ (محاورہ) گھر کا انتظام چلنا۔ گھر کا خرچ اٹھنا۔

**گھر چھوٹا سمدھیانہ بڑا** ۔ (مثل) حیثیت کم شہرہ زیادہ۔

**گھر چھوڑ خطیرہ قائم** ۔ (مثل) گھر چھوڑ کر جھونپڑا اختیار کرنا۔ فائدہ چھوڑ کر نقصان کی طرف دوڑنا۔

**گھر چین تو باہر چین** ۔ (مثل) گھر میں آرام ملے دل خوش ہو تو باہر بھی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔

**گھر خاک سیاہ کرنا** ۔ (کر دینا) ۔ (محاورہ) گھر تباہ کر دینا۔

**گھر خاک میں ملانا** ۔ (محاورہ) گھر تباہ کرنا۔

**گھر خالی کرنا** ۔ (محاورہ) گھر سے اسباب وغیرہ نکال لینا۔

**گھر خالی ہونا** ۔ (محاورہ) مکان کا غیر آباد ہونا۔

**گھر دار** ۔ (صف) گھر والا۔ دنیا دار۔ بال بچے والا۔ کنبہ والا۔

**گھر داری** ۔ (مث) خانہ داری۔ گرہستی۔

**گھر داماد** ۔ (مذ) دیکھیے گھر جنوائی۔

**گھر دا** ۔ (مذ) شوہر۔ شوہر کا گھر۔

**گھر دکھانا** ۔ مکان کی شناخت کروانا۔

**گھر دواری** ۔ محصول جو ہر گھر سے وصول کیا جائے۔

**گھر دوار** ۔ (مذ) گھر بار۔

**گھر دُکھ بھروٹا بھاری** ۔ (مثل) گھر دُور ہے اور بوجھ بھاری ہے۔ یعنی سخت مصیبت ہے۔

**گھر دیکھ رکھنا** ۔ (محاورہ) گھر تاک رکھنا۔



Marfat.com

**گھر دیکھ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) مکان دیکھ لینا ۔ گھر سے واقف ہونا ۔ مانوس ہو جانا ۔
**گھر ڈبونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر برباد کرنا ۔ گھر اُجاڑنا (۲) خاندان کو بدنام کرنا
**گھر ڈھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر منہدم کرنا ۔
**گھر سبیل** ۔ (ا ۔ مث) وہ سرکاری روپیہ جو زمینداروں کو گھر بنانے کے لیے تقاوی کے طور پر دیا جاتا ہے ۔
**گھر سجانا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) مکان کو آراستہ کرنا ۔
**گھر سر پر اٹھانا** ۔ بہت شور و غل مچانا (۲) گھر کا انتظام یا خرچ اپنے سر لینا ۔
**گھر سکھ تو باہر چین** ۔ (ا ۔ مثل) گھر میں راحت ہے تو باہر بھی آرام ملتا ہے ۔
**گھر سونا ہو جانا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) مکان سے بہت سے آدمیوں کا نکل جانا ۔
**گھر سے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) مکان سے (۲) گرہ سے ۔ پلے سے (۳) اندرون خانہ سے مراد بیوی ۔ گھر والی ۔
**گھر سے باہر پاؤں (قدم) نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حد سے بڑھ کر کام کرنا ۔
**گھر سے باہر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر سے نکال دینا ۔ گھر میں نہ رکھنا ۔
**گھر سے بے گھر کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر سے باہر نکال دینا ۔ خانہ خراب کرنا ۔
**گھر سے پاؤں نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) باہر پھرنے کی عادت ڈالنا (۲) حد سے باہر جانے لگنا ۔
**گھر سے دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پلے سے دینا ۔ گرہ سے دینا ۔ اپنے پاس سے دینا ۔ نقصان اُٹھانا ۔
**گھر سے کافور ہو** ۔ (ا ۔ مثل) گھر سے نکلو ۔
**گھر سے کھونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گرہ سے خرچ کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ (۲) نقصان اُٹھانا ۔
**گھر سے لڑ کر تو نہیں چلے** ۔ (ا ۔ مثل) یہ مثل کسی کے ساتھ خواہ مخواہ لڑنے کے وقت بولتے ہیں ۔
**گھر سے مرتے دَم نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زندگی بھر گھر میں رہنا ۔
**گھر سینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر وقت گھر میں پڑے رہنا ۔ گھر سے باہر نہ نکلنا (۲) بیکار اور نکما رہنا ۔ سست ہو جانا ۔
**گھر صاف (کر دینا) کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھاڑو سے گھر کی صفائی کرنا (۲) گھر کے رہنے والوں میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑنا ۔
**گھر عید تو باہر عید** ۔ (ا ۔ مثل) گھر میں آرام ہو تو باہر بھی دل خوش رہتا ہے ۔
**گھر کا** ۔ (ا ۔ صف) گھریلو ۔ گھر سے متعلق (۲) اپنا ۔ ذاتی (۳) رشتہ دار (۴) قدیمی جو ہمیشہ خدمت کرتا ہو ۔ جیسے گھر کا نائی ۔ گھر کا دھوبی وغیرہ ۔
**گھر کا آدمی** ۔ (ا ۔ مذ) رشتہ دار ۔ بھائی بند (۲) ذاتی ملازم ۔ نجی کا غلام (۳) واقف کار جان پہچان والا (۴) بندہ ۔ مملوک (۵) جورو ۔ خاوند ۔
**گھر کا آنگن ہو جانا (ہونا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر تباہ ہو جانا ۔ خانہ ویرانی ہونا ۔
**گھر کا آٹا کون گیلا کرے** ۔ (ا ۔ مثل) اپنی گرہ سے کون خرچ کرے ۔

**گھر کا اُجالا** ۔ (ا ۔ مذ) نہایت عزیز (۲) بیٹا ۔
**گھر کا باہمن** ۔ (ا ۔ مذ) پروہت ۔ برہمن ۔ گرو ۔
**گھر کا باوا آدم نرالا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) اس گھر کی ہر بات انوکھی ہے ۔
**گھر کا بوجھ اُٹھانا (سنبھالنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر کا انتظام کرنا ۔ گھر کے خرچ کا کفیل ہونا ۔
**گھر کا بوجھ پڑنا** ۔ گھر کے انتظام اور اخراجات کا بوجھ اپنے سر ہونا ۔ امورِ خانہ داری میں مبتلا ہونا ۔
**گھر کا بھاڑا** ۔ (ا ۔ مذ) مکان کا کرایہ ۔
**گھر کا بھرا پُرا** ۔ (ا ۔ صف) خاندانی امیر ۔
**گھر کا بھولا** ۔ (ا ۔ صف) گھر میں سب سے زیادہ بے وقوف ۔ سیدھا سادا ۔ نادان احمق ۔
**گھر کا بھیدی** ۔ (ا ۔ مذ) وہ شخص جو گھر کے کل راز جانتا ہو ۔ امور خانگی سے آگاہ (۲) رازدان ۔ محرم ۔ ہمدم ۔
**گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے** ۔ (ا ۔ مثل) رازدار کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے ۔
**گھر کا جوگی جوگنا ، آن گاؤں کا سدھ** ۔ (ا ۔ مثل) اپنے وطن میں قدر نہیں ہوتی ۔
**گھر کاٹ کھانے (کاٹنے) کو دوڑتا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) گھر میں جی گھبراتا ہے ۔ گھر میں رہنا خوش نہیں آتا ۔ گھر نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے ۔
**گھر کا چراغ** ۔ (ا ۔ صف) گھر کا اُجالا ۔ گھر کا نور ۔ اولاد ۔ عزیز ۔
**گھر کا حساب** ۔ (ا ۔ مذ) ذاتی حساب کتاب ۔ خانگی لین دین (۲) اپنی ہی سمجھ کا حساب ۔
**گھر کا خرچ** ۔ (ا ۔ مذ) اخراجات خانگی ۔
**گھر کا دھندا** ۔ (ا ۔ مذ) گھر کے کام کاج ۔ امور خانگی ۔
**گھر کا راستہ** ۔ (ا ۔ مذ) وہ راستہ جو اپنے مکان کی طرف جائے (۲) نہایت آسان اور سہل کام ۔
**گھر کا راستہ بتانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹالنا ۔ رخصت کرنا ۔
**گھر کا راستہ بھول جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی جگہ ایسا جی لگنا کہ گھر جانے کا خیال نہ آئے (۲) ایسا بدحواس ہو جانا کہ گھر کا راستہ بھی بھول جائے ۔
**گھر کا راستہ سمجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کام کو نہایت آسان اور سہل جاننا ۔
**گھر کا راستہ لو** ۔ (ا ۔ محاورہ) سدھارو ۔ چلو ۔ ہٹو ۔ رخصت ہو جاؤ ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔
**گھر کا راستہ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر کو سدھارنا ۔ کسی جگہ سے واپس آنا ۔
**گھر کا کام (کاج)** ۔ (ا ۔ مذ) گھر کا دھندا ۔
**گھر کا گھر** ۔ (ا ۔ مذ) کنبہ بھر ۔ گھر کے تمام لوگ ۔ گھر بھر ۔ سارا گھر (۲) گھر کا تمام مال و اسباب ۔
**گھر کا گھروا کر دینا** ۔ دیکھیے گھر کا گھروا ہو جانا ۔
**گھر کا گھروا ہو جانا** ۔ گھر کا تباہ و برباد ہو جانا (۲) بڑے گھر کا چھوٹا گھر رہ جانا ۔



Marfat.com

**گھر کا مال** ۔ (۱۔ مذ) (۱) دولت خانہ (۲) ذاتی روپیہ ۔ ذاتی دولت (۳) سامانِ خانہ ۔

**گھر کا مالک** (۱۔ مذ) گھر والا ۔ مالک مکان (۲) شوہر ۔

**گھر کا مرد** ۔ (۱۔ مذ) شوہر (۲) خاندان یا کنبے قبیلے کا مرد (۳) وہ مرد جو اپنے گھر میں شیر اور باہر بھیڑ ہو ۔

**گھر کا نام اُچھالنا (ڈبونا)** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر کا نام بدنام کرنا ۔ خاندانی عزت برباد کرنا ۔ خاندان کو بٹہ لگانا ۔

**گھر کا نہ گھاٹ کا** ۔ (۱۔ صف) کہیں کا نہیں ۔ بالکل ناکارہ ۔

**گھر کا ہوا نہ در کا** ۔ (۱۔ صف) کہیں کا نہ رہا ۔ نکما ہو گیا ۔

**گھر کتی کا** ۔ (۱۔ صف) گھر کے کتے ہوئے سوت کا (۲) گھر کا بنا ہوا سوت ۔ (۳) مفت کا ۔ مفت برابر ۔

**گھر کرا ستر بلا سر دھر** ۔ (۱۔ مثل) خانہ داری ستر بلاؤں کے قبول کرنے کے برابر ہے ۔

**گھر کرنا** ۔ جگہ کرنا ۔ رسائی کرنا ۔ گنجائش کرنا (۲) گھر بسا کر رہنا ۔ گھر آباد کرنا (۳) خاوند سے نباہ کرنا (۴) بیٹھنا ۔ گھسنا (۵) قبضہ کرنا ۔ تصرف کرنا (۶) گھر بنانا ۔ رہنا ۔ بسنا (۷) گھونسلا بنانا (۸) چھید کرنا ۔ سوراخ کرنا (۹) گھر کے کام کاج میں نہایت کفایت شعاری کرنا (۱۰) بیاہ کرنا باہم عقد کرنا (۱۱) قیام کرنا ۔ جمنا (۱۲) اثر کرنا ۔ سرایت کرنا (۱۳) سمائی کرنا ۔ گنجائش کرنا ۔

**گھر کھا لینا** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی کا گھر لوٹنا ۔ ستیاناس کر دینا ۔

**گھر کھائے جاتا ہے ۔ گھر کاٹنے کو دوڑتا ہے** ۔ (۱۔ محاورہ) جی گھبراتا ہے ۔

**گھر کھوج مِٹا** ۔ (۱۔ صف) خانہ ویران ۔ خانہ خراب ۔

**گھر کھوج مِٹی** ۔ (۱۔ صف) وہ عورت جس کے گھر کا تباہی اور بربادی میں نام و نشان تک مٹ گیا ہو ۔ خانماں برباد ۔

**گھر کھوج مِٹے** (بددعا) گھر برباد ہو جائے ۔ تباہ ہو جائے ۔

**گھر کھود کر میدان کر دینا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر کو منہدم کر دینا ۔

**گھر کھود کر تماشا دیکھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر کی دولت ضائع کر کے عیش کرنا ۔

**گھر کھونا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر برباد کرنا ۔ گھر اُجاڑنا (۲) خاوند سے بگاڑ کرنا ۔

**گھر کی** ۔ (۱۔ صف) (۱) خانہ ساز ۔ خانگی (۲) ذاتی ۔ اپنی ۔ نج کی (۳) آپس کی ۔

**گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری** ۔ (۱۔ مثل) گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے ۔ وطن کی آدھی روٹی پردیس کی ساری سے اچھی ہے ۔

**گھر کی بات** ۔ (۱۔ مث) گھر کا بھید (۲) آپس کی بات ۔ آپس کا معاملہ (۳) اپنے ہاتھ کا کام ۔ نہایت سہل اور آسان کام ۔

**گھر کی بیوی باندی گھر کھول جو گی گا** ۔ (۱۔ مثل) جب گھر کی بیوی ادھر اُدھر پھرے گی گھر میں کتے لوٹیں گے ۔

**گھر کی پکی باسی ساگ** ۔ (۱۔ مثل) بے جا شیخی بگھارنا ۔ گھر میں مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہیں ۔ مگر باہر شیخی بگھاری جاتی ہے ۔

**گھر کی پونجی** ۔ (۱۔ مث) گھر کا سرمایہ ۔ گھر کا مال و متاع ۔

**گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ ۔ بن بیچارہ کیا کرے جو ہیں ہمارے بھاگ** ۔ (۱۔ مثل) بدنصیب کا کہیں ٹھکانہ نہیں جہاں جائے گا مصیبت ہی اُٹھائے گا ۔

**گھر کی چورو کی چو کسی کہاں تک** ۔ (۱۔ مثل) اپنے ہی گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنی بڑی مشکل ہے ۔

**گھر کی سوبھا گھر والے سے** ۔ (۱۔ مثل) مکان کی رونق صاحبِ خانہ ہی سے ہوتی ہے ۔

**گھر کی طرح بیٹھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) آرام سے بیٹھنا ۔ فراغت سے بیٹھنا ۔ چین سے بیٹھنا ۔ بلاتکلف بیٹھنا ۔

**گھر کی طرح رہنا** ۔ (۱۔ محاورہ) بے تکلفی سے بسر کرنا ۔ اپنا گھر سمجھ کر رہنا ۔

**گھر کی کھانڈ کِرکِری چوری کا گُڑ میٹھا** ۔ (۱۔ مثل) حلال کی کمائی کی قدر نہیں ۔ البتہ ناجائز کمائی زیادہ پسند آتی ہے ۔

**گھر کی کھیتی** ۔ (۱۔ مث) نج کی کھیتی ۔ اپنی کھیتی (۲) موروثی مال ۔

**گھر کی لونڈی** ۔ (۱۔ مث) گھر کی کنیز (۲) بے حد مطیع ۔ بہت اطاعت گزار ۔

**گھر کی مرغی دال برابر** ۔ (۱۔ مثل) گھر کی اچھی چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی ۔

**گھر کے پاس نہ پھٹکنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر کی طرف مطلق رُخ نہ کرنا ۔ گھر نہ جانا ۔

**گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ** ۔ (۱۔ مثل) گھر والوں کی بے قدری اور غیروں کی خاطر و مدارات ۔

**گھر کے جالے لیتے پھرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) گھر کے کونے کونے کو جھانکتے اور ٹٹولتے پھرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا ۔

**گھر کے گھر** ۔ (۱۔ مذ) گھر ہی میں ۔ گھر کے اندر (۲) برابر ۔ نفع میں نہ نقصان میں (۳) بہت سے گھر ۔ بہت سے خاندان ۔

**گھر کے گھر بند ہو گئے** ۔ (۱۔ محاورہ) بہت سے گھر تباہ ہو گئے (۲) بستیاں ویران ہو گئیں ۔

**گھر کے گھر بیٹھ گئے** ۔ (۱۔ محاورہ) بارش کی کثرت سے بہت سے مکانات گر پڑے ۔

**گھر کے گھر رہنا** ۔ (۱۔ محاورہ) نہ نفع ہونا نہ نقصان ۔ برابر برابر رہنا ۔

**گھر کے گھر صاف ہو جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) بہت سے خاندانوں کا تباہ ہو جانا ۔

**گھر کے گھر میں** ۔ (۱۔ تابع فعل) باہمی طور پر ۔ آپس میں ۔

**گھر کے لوگ (آدمی)** ۔ (۱۔ مذ) بال بچے ۔ سارا کنبہ ۔

**گھر کے ہوئے نہ در کے** ۔ (۱۔ مثل) نہ گھر کے قابل رہے نہ باہر کے ۔ کہیں کے نہ رہے ۔

**گھر گرہست** ۔ (۱۔ مث) گھر کا نظام (۲) گھر سے متعلق ۔



Marfat.com

**گھر گھرہستی** ۔ (۱) مث۔ گھر کا انتظام (۲) گھر میں رہنے والی شریف عورت۔

**گھر گھاٹ** (۱) مذ۔ چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق (۲) خو خصلت۔ عادت طبیعت (۳) نشان۔ پتہ۔ مقام۔ ٹھکانہ۔

**گھر گھاٹ معلوم ہونا** ۔ (۱) محاورہ۔ تمام باتوں کی واقفیت اور آگاہی ہونا۔ طور طریق معلوم ہونا۔ سارے بھید جاننا۔

**گھر گھالنا** ۔ (۱) محاورہ۔ گھر برباد کرنا۔ لوٹنا۔ فریب سے مال مارنا (۲) عاشق بنانا (۳) موہنا۔ فریفتہ کرنا۔

**گھر گھر** ۔ (۱) تابع فعل۔ خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ ہر مکان میں۔ سب جگہ (۲) سب کے گھروں میں۔ ہر کس و ناکس کے گھر میں۔

**گھر گھر پھرنا** ۔ (۱) محاورہ۔ مارا مارا پھرنا۔

**گھر گھر جھانکنا** ۔ (۱) محاورہ۔ ہر گھر میں جانا۔

**گھر گھر چراغ جلنا** ۔ (۱) محاورہ۔ ہر گھر میں خوشی ہونا۔ عام خوشی ہونا۔

**گھر گھر عید ہے** ۔ (۱) محاورہ۔ عام خوشی ہے۔ سب خوش و خرم ہیں۔

**گھر گھر کے جالے لینا** ۔ (۱) محاورہ۔ ہر ایک کو ٹٹولتے پھرنا۔ گھر گھر پھرنا۔

**گھر گھر کے مزے چکھنا** ۔ (۱) محاورہ۔ ایک گھر میں نہ رہنا۔ ملازم یا نوکر کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ کنایتاً تجربہ کار ہونا۔

**گھر گھر لیے پھرنا** ۔ (۱) محاورہ۔ ہر جگہ لیے پھرنا۔ دربدر لیے پھرنا۔

**گھر گھر مانگتے پھرنا** ۔ (۱) محاورہ۔ ہر گھر سوال کرتے پھرنا (۲) قرض لیتے پھرنا۔

**گھر گھر مٹیالے چولہے ہیں** ۔ (۱) مثل۔ سب ایک جیسے ہیں کوئی آسودہ اور فارغ البال نہیں۔ سب ایک حال میں ہیں۔

**گھر گھسڑو۔ گھر گھسنا** ۔ (۱) صف۔ وہ مرد جو ہر وقت زنان خانہ میں بیٹھا رہے۔ عورتوں میں بیٹھنے والا شخص۔

**گھر گھوڑا نخاس میں مول** ۔ (۱) مثل۔ بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنا (۲) فضول اور بے فائدہ کام۔ جو چیز پاس نہ ہو اس کی قیمت چکانا۔

**گھر گئی** ۔ (۱) صف۔ خانہ خراب۔ رانڈ۔ بیوہ۔

**گھر گیا** ۔ (۱) صف۔ نگوڑا۔ گھر اجڑا۔ خانہ خراب۔

**گھر لٹانا** ۔ (۱) محاورہ۔ بے جا داد و دہش کرنا (۲) بہت فضول خرچی کرنا۔

**گھر لٹ جانا** ۔ (۱) محاورہ۔ مکان میں چوری ہونا (۲) کسی موت سے گھر کا تباہ ہونا۔

**گھر لینا** ۔ (۱) محاورہ۔ مکان مول لینا (۲) گھر کرایہ پر لینا۔

**گھر ملتا ہے تو بر نہیں ملتا، بر ملتا ہے تو گھر نہیں ملتا** ۔ (۱) مثل۔ بیٹیوں کو اچھا رشتہ نہ ملنے پر کہا جاتا ہے۔

**گھر مُوسنا** ۔ (۱) محاورہ۔ گھر میں چوری کرنا۔ گھر کا صفایا کرنا۔ لوٹنا۔

**گھر میں** ۔ (۱) تابع فعل۔ کنایتاً زوجہ۔ بیوی۔

**گھر میں آگ لگانا** ۔ (۱) محاورہ۔ گھر کا تباہ کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

**گھر میں آنا** ۔ (۱) محاورہ۔ مکان میں داخل ہونا (۲) کسی سیانے کا برج میں داخل ہونا (۳) اپنے ہاتھ لگنا۔ اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا۔

**گھر میں آئی جورو ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہو گئے** ۔ (۱) مثل۔ بیاہ ہوتے ہی سارا بانکپن نکل جاتا ہے۔ بیوی آتے ہی گھر بار کی فکر ہو جاتی ہے۔

**گھر میں بھونی بھانگ نہیں ہے اور باہر نیوتے سات** ۔ (۱) مثل۔ مفلس و قلاش ہوتے ہوئے بھی بڑی شیخی بگھارتے ہیں۔

**گھر کی بی بی بکھواؤ تار۔ باہر میاں تھانیدار** ۔ (۱) مثل۔ گھر میں بی بی فلی بن کر رہیں۔ اور باہر میاں حکومت جتا کر رہیں (۲) گھر میں غریب اور میاں شیخی خورے۔

**گھر میں بیٹھ رہنا** ۔ (۱) محاورہ۔ گوشہ نشین ہو جانا۔

**گھر میں بیٹھے شکار کرنا / کھیلنا** ۔ (۱) محاورہ۔ گھر بیٹھے مال مارنا۔ گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا (۲) گھر کے اندر مزے اڑانا۔

**گھر میں پڑنا** ۔ (۱) محاورہ۔ بیوی بننا۔ کسی بیسوا کا پیشہ ترک کر کے نکاح میں آنا۔

**گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے** ۔ (۱) مثل۔ اپنی عزت اپنے منہ سے نہیں ہوا کرتی۔

**گھر میں جو شہد ہے تو کاہے کو بن جائیں** ۔ (۱) مثل۔ اگر بغیر محنت و مشقت کے روزی مل جائے تو دوڑ دھوپ کی کیا ضرورت ہے۔

**گھر میں چوہے لوٹتے ہیں۔ گھر میں چوہے قلابازیاں کھاتے ہیں** ۔ (۱) مثل۔ اس قدر مفلس ہیں کہ گھر کے چوہے تک بھوک کے مارے لوٹنیاں لے رہے ہیں۔

**گھر میں خاک اڑنا** ۔ (۱) محاورہ۔ نہایت غریبی اور مفلسی ہونا۔

**گھر میں دوا، ہائے ہم مر گئے** ۔ (۱) مثل۔ اس بے وقوف آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے جس کے پاس ضرورت کی چیز موجود ہو۔ مگر وہ اس کا استعمال نہ جانتا ہو۔

**گھر میں دھان نہ پان، بیٹی کو بڑا گمان** ۔ (۱) مثل۔ مفلسی میں غرور کرنا اور شیخی بگھارنا۔

**گھر میں دیکھو چھلنی نہ چھاج، باہر میاں تیر انداز** ۔ (۱) مثل۔ غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔

**گھر میں ڈالنا** ۔ (۱) محاورہ۔ کسبی یا بیسوا کے ساتھ نکاح کر کے اُسے بیوی بنا لینا۔ گھر میں داخل کرنا۔

**گھر میں سُوت نہ کپاس جولاہے سے لٹھم لٹھا** ۔ (۱) مثل۔ دیکھو سوت نہ کپاس۔

**گھر میں شیر باہر بھیڑ** ۔ (۱) مثل۔ گھر والوں پر بے جا حکومت کرنا اور باہر والوں سے دبنا۔

**گھر میں کھانے کو نہیں اٹاری پر دھواں** ۔ (۱) مثل۔ شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔

**گھر میں گھر لڑائی کا ڈر** ۔ (۱) مثل۔ ایک گھر میں دوسرا گھر بنا دیا جائے تو ہمیشہ جھگڑا رہتا ہے۔

**گھر میں نہ سمانا** ۔ (۱) محاورہ۔ گھر میں نہ آ سکنا۔ مکان کی گنجائش سے زیادہ ہونا۔

**گھر میں نہیں تاگا۔ البیلا مانگے پاگا۔ گھر میں نہیں دانے بی بی چلی بھنانے**



Marfat.com

(۱) شل) مفلس شخص یا نے سے متعلق کہتے ہیں۔

**گھر نہ بار میاں محلے دار** - (۱) شل) مفلس کی شیخی بگھارنے اور خواہ مخواہ اترانے والا۔

**گھر نہ بَر** - (۱) شل) اکیلی عورت۔

**گھر نہ بسنا** - (۱) محاورہ) آپس میں نہ بننا۔

**گھر نہ ہونا** - (۱) محاورہ) نباہ نہ ہونا۔ موافقت نہ ہونا۔ خانہ داری کا انتظام نہ ہونا۔

**گھر واس** - (ہ۔۱۔مذ) رہنے کی جگہ۔ مکان۔

**گھر والا** - (۱۔مذ) صاحب خانہ۔ مکان کا مالک (۲) شوہر۔

**گھر والی** - (۱۔مث) گھر کی مالکہ (۲) بیوی۔ بیگم۔

**گھر والے کا ایک گھر نگھرے کے سو گھر** - (۱۔شل) شہدے بدمعاشوں کے لیے ہر جگہ ہی گھر ہے۔ آزاد اور درویش جہاں ٹھہر جائے وہیں گھر ہو گیا۔

**گھر ویران ہونا** - (۱۔مص مرکب) گھر اُجڑنا۔ گھر تباہ و برباد ہونا (۲) بیوی کا مرنا میاں بیوی میں نااتفاقی ہو جانا۔

**گھر ہو آؤ** - (۱۔محاورہ) ہر کام تمہاری خواہش کے مطابق نہیں ہوگا۔

**گھر ہونا** - نباہ ہونا۔ میاں بیوی میں اتفاق ہونا (۲) گھر میں سلیقہ اور انتظام ہونا (۳) سوراخ ہونا۔ چھید ہونا (۴) گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا۔

**گھرا** - (گھ۔را) (ہ۔۱۔مذ) آنکھ کی ایک دوا کا نام (۲) گھنگھرو۔ غرغرہ۔ وہ آواز جو حالت نزع میں سانس رک رک کر نکلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

**گھرا چلنا** - (۱۔محاورہ) حالت نزع میں گھنگھرو بولنا۔ اخیر دم ہونا۔ مرتے وقت سانس رک رک کر نکلنا۔

**گھرا لگنا** - (۱۔محاورہ) گھنگھرو بولنا۔ اخیر سانس چلنا۔ قریب المرگ ہونا۔

**گھراٹا** - (گھ۔را۔ٹا) (ہ۔۱۔مذ) خراٹا۔ وہ آواز جو سوتے وقت نکلتی ہے

**گھرامی** - (گھ۔را۔می) (س۔۱۔مذ) چھپر بند۔

**گھرانا** - (گھ۔را۔نا) (ہ۔مص) گھرانا۔

**گھرانا** - (گھ۔را۔نا) (ہ۔۱۔مذ) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ (۲) سلسلۂ نسب پشت (۳) نسل۔ اولاد۔

**گھرانا** - (گھ۔را۔نا) (ہ۔مص) اُمنڈ آنا۔ چھا جانا۔ ہجوم کر لینا۔

**گھرانا** - (گھ۔را۔نا) (ہ۔مص) کسی کو گھیرنے کے لیے کہنا۔ احاطہ کرانا۔ محصور کرانا۔

**گھراند** - (گھ۔راند) (ہ۔۱۔مث) بدبو۔ پیشاب کی بو۔

**گھرائی** - (گھ۔رائی) (ہ۔۱۔مث) پھاٹک سے مویشی چھڑانے کی اُجرت۔

**گھرچ** - (گھ۔رَچ) (ہ۔۱۔مث) وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو ستار میں لگاتے ہیں اور جس پر تار رکھتے ہیں۔

**گھر جانا** - (گھر۔جا۔نا) (ہ۔مص) دشمن کے حلقہ میں آجانا (۲) محصور ہو جانا (۳) تنگی اور مصیبت میں مبتلا ہو جانا۔

**گھرسنا** - (گھ۔رس۔نا) (ہ۔مص) گھسیٹنا۔ کسی چیز میں اٹکا دینا۔

**گھرسکا** - (ق۔۱۔مذ) بچوں کا کھیل

**گھر کر آنا** - (گھر۔کر۔آنا) (۱۔محاورہ) چھا کر آنا۔ اُمنڈ کر آنا۔

**گھرکنا** - (گھ۔رک۔نا) (ہ۔۱۔مث) گھرکی دینا۔ ڈانٹنا۔ گھورنا۔ دھمکانا جھڑکی دینا۔

**گھرکی** - (گھر۔کی) (ہ۔۱۔مث) جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ۔

**گھرکی دینا** - (۱۔محاورہ) جھڑکی دینا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔

**گھرکی کھانا۔ گھرکی سننا** - (۱۔محاورہ) گھرکی برداشت کرنا۔

**گھرکٹ** - (ق۔۱۔مذ) گرگٹ۔

**گھرگھر** - (گھر۔گھر) (ہ۔۱۔مث) چکی کی آواز۔ مشین کے چلنے کی آواز۔ گھرگھراہٹ۔

**گھرگھراہٹ** - (گھر۔گھ۔را۔ہٹ) (ہ۔۱۔مث) گھرگھر کی آواز۔

**گھرنا** - (گھر۔نا) (ہ۔مص) گھیرے میں آنا۔ محصور ہونا (۲) جھومنا۔ چھا جانا۔ اُمنڈ آنا۔

**گھرنائی** - (گھر۔نا۔ای) (ہ۔۱۔مث) ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بنائی جاتی ہے۔

**گھرنی** - (گھر۔نی) (ہ۔۱۔مث) چرخی۔ پھرکی۔ گھمانے کا آلہ (۲) رسی بٹنے کی کل (۳) دوران سر (۴) ایک آبی پرند۔ رام چڑیا (۵) لوٹن کبوتر۔

**گھرنی کھانا** - (۱۔محاورہ) لوٹنی کھانا۔ گھومنا۔ چکر کھانا۔

**گھروا** - (گھر۔وا) (ہ۔۱۔مذ) گھر کی تصغیر۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ کٹیا۔

**گھروار** - (گھر۔وار) (ہ۔۱۔مذ) خاندان والا۔

**گھروارہ** - (گھر۔وا۔رہ) (ہ۔۱۔مذ) مکان کا ٹیکس۔

**گھروا۔ گھروایا** - (گھر۔وا۔ہا۔ گھر۔وا۔یا) (ہ۔۱۔مذ) گھروا جھونپڑا۔ کٹیا۔

**گھرُوپا** - (گھ۔رو۔پا) (ق۔صف) تعلق۔ محبت۔

**گھروندا** - (گھ۔روں۔دا) (ہ۔۱۔مذ) گڑیوں کا گھر۔ چھوٹا سا مٹی کا گھر (۲) ناپائیدار۔

**گھریا** - (گھر۔یا) (ہ۔۱۔مث) کٹھالی۔ مٹی کی کلھیا جس میں سونا ڈھالتے ہیں (۲) نرغہ۔

**گھریا میں گھرنا** - (۱۔محاورہ) نرغے میں گھرنا۔

**گھریلو** - (گھ۔رے۔لو) (ہ۔صف) خانگی (۲) خانہ ساز۔ گھر کا بنا ہوا۔ (۳) پالتو۔ گھر کا پلا ہوا۔

**گھڑ** - (ہ۔۱۔مذ) گھوڑا کا مخفف۔ جیسے گھڑدوڑ۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔

**گھڑبہلی** - (ہ۔۱۔مث) گھوڑوں کی رتھ۔

**گھڑچڑھا** - (ہ۔صف) گھوڑے پر چڑھا ہوا سوار (۲) پکا سوار۔ عمدہ سواری جاننے والا۔

**گھڑچڑھی** - بیاہ کے موقع پر دولہا کا گھوڑے پر سوار ہو کر دلہن کے گھر جانا۔ برات (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں (۳) رسالہ۔ سواروں کی فوج۔

**گھڑدوڑ** - (ہ۔۱۔مث) گھوڑوں کی دوڑ۔ گھوڑوں کا باہم شرط باندھ کر دوڑانا۔ (۲) وہ میدان جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو۔

**گھڑسال** - اصطبل۔ طویلہ۔

**گھڑمکھی** - (ہ۔۱۔مث) ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت تنگ کرتی ہے۔



Marfat.com

**گھڑ مُنہا** ۔ (ہ۔ا۔ مث) وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے ملتا جلتا ہو لمبے منہ یا ٹھوڑی والا۔

**گھڑ نال** ۔ (ہ۔ا۔مث) توپ۔ دہکلہ۔

**گھڑا** ۔ (گھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) ٹھلیا۔ مٹی کا مٹکا۔ گاگر۔

**گھڑوں پانی پڑ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) نہایت شرمندہ ہو جانا۔ شرم کے مارے پسینہ پسینہ ہو جانا۔

**گھڑے لنڈھانا** ۔ (ا۔محاورہ) گھڑے کا پانی بہانا (۲) بہت شرمندہ کرنا۔

**گھڑانا** ۔ (گھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) بنوانا۔

**گھڑاون** ۔ (گھ۔ڑا۔وَن) (ہ۔ا۔مث) گھڑنے کی اُجرت۔

**گھڑائی** ۔ (گھ۔ڑا۔ای) (ہ۔ا۔مث) گھڑنے کی اُجرت۔ بنانے کی مزدوری (۲) گھڑت۔ ساخت۔ بناوٹ۔

**گھڑت** ۔ (گھ۔ڑت) (ہ۔ا۔مث) ساخت۔ بناوٹ۔ تصنع (۲) بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات۔

**گھڑگھڑاہٹ** ۔ (گھڑ۔گھ۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) گھڑگھڑ کی آواز۔ گاڑی یا چکی چلنے کی آواز۔ گڑگڑاہٹ بھی مستعمل ہے۔

**گھڑنا** ۔ (گھڑ۔نا) (ہ۔مص) بنانا (۲) اینٹ کو تراش کر درُست کرنا (۳) زیور بنانا (۴) جھوٹی بات بنانا (۵) قلم۔ پنسل بنانا (۶) روٹی بنانا۔ (۷) مارنا۔ زدوکوب کرنا (۸) گزرنا۔ واقع ہونا (ق)۔

**گھڑنت** ۔ (گھ۔ڑنت) (ہ۔ا۔مث) گھڑت۔

**گھڑونچی** ۔ (گھ۔ڑوں۔چی) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھتے ہیں۔

**گھڑی** ۔ (گھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) گھنٹے کا ۵/۲ حصہ۔ ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ رات دن کا ساٹھواں حصّہ۔ ساعت (۲) وقت۔ زمانہ۔ سماں (۳) وقت بتانے کا آلہ (۴) گھڑا کی تصغیر۔ چھوٹا گھڑا۔

**گھڑی بھاری ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) گھڑی کا گزرنا نہایت دشوار ہونا۔ وقت مشکل سے کٹنا۔

**گھڑی بھر** ۔ (ا۔تابع فعل) ایک گھڑی۔ ایک ساعت (۲) لمحہ بھر۔ لحظہ بھر۔

**گھڑی بھر کی بے شرمی، سارے دن کا آرام** ۔ (ا۔مثل) بے شرم کچھ نہ کچھ حاصل کر لیتا ہے۔ عموماً رنڈیوں سے متعلق کہا جاتا ہے۔

**گھڑی بھر میں** ۔ (ا۔تابع فعل) دم بھر میں۔ ایک لمحہ میں۔ فوراً۔

**گھڑی پل کی آس نہیں کہے کال کی بات** ۔ (ا۔مثل) دم بھر کا بھروسا نہیں کل کی نسبت بات کرتے ہیں۔

**گھڑی پہاڑ ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) وقت مشکل سے کٹنا۔

**گھڑی دو گھڑی** ۔ (ا۔تابع فعل) تھوڑی دیر میں۔

**گھڑی ساز** ۔ (ا۔مذ) گھڑی کی مرمت کرنے والا۔

**گھڑی ساعت ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ کوئی دم کا مہمان ہونا دم توڑنا۔

**گھڑی کوکنا** ۔ (ا۔محاورہ) گھڑی کو چابی دینا۔

**گھڑی گھڑی** ۔ (ا۔تابع فعل) دم بدم۔ لحظہ بہ لحظہ۔ لمحہ بہ لمحہ (۲) بار بار پے در پے۔ متواتر۔ لگاتار۔

**گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت** ۔ (ا۔مثل) ذرا سی بات میں خوش ہونا، ذرا سی بات میں بگڑ جانا۔

**گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ** ۔ (ا۔مثل) غیر مستقل مزاج۔ کبھی کچھ کبھی کچھ۔ دم بھر میں طبیعت بدلنے والا۔

**گھڑی میں گھڑیال ہے** ۔ (ا۔مثل) مرتے دیر نہیں لگتی۔ گھڑی میں کچھ ہے تو دم بھر میں کچھ۔

**گھڑیا** ۔ (ا۔مث) گھڑا کی تصغیر (۲) کٹھالی جس میں سونا چاندی پگھلایا جاتا ہے (۳) شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتا۔ جھال (۴) رحم۔ بچہ دان۔

**گھڑیاں گننا** ۔ (ا۔محاورہ) شدت سے انتظار کرنا۔ کسی کے انتظار میں وقت کاٹنا۔

**گھڑی** ۔ (ق۔ا۔مث) ایک قسم کی آتش بازی۔

**گھڑیال** ۔ (گھڑ۔یال) (ہ۔ا۔مذ) پیتل کا وہ گھنٹہ جو مندروں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے (۲) مگر۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔

**گھڑیالی** ۔ (گھڑ۔یا۔لی) (ہ۔ا۔مذ) گھڑیال بجانے والا۔

**گھس** ۔ (ہ۔ا۔مث) گھاس کا مخفف۔

**گھس کھدا** ۔ (ہ۔ا۔مذ) گھسیارا۔ گھاس کھودنے والا (۲) ادنیٰ۔ کمینہ۔ رذیل (۳) اناڑی۔ ناشائستہ۔ ناکارہ۔ نادان۔ احمق۔ بے وقوف۔

**گھسا** ۔ (ہ۔صف) جنا ہوا۔ نطفہ۔ تخم۔

**گھسا** ۔ (گھ۔سا) (ہ۔صف) گھسا ہوا۔ فرسودہ۔ پرانا۔ کہنہ۔ مستعمل۔

**گھسا** ۔ (گھس۔سا) (ہ۔ا۔مذ) رگڑ۔ رگڑا (۲) گھوڑے کی بگھی میں جُتنے کے لیے سدھانے کی لکڑی۔

**گھسا لگنا** ۔ (ا۔محاورہ) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا۔ گھسے کا نشان پڑنا۔

**گھسا میری** ۔ (ا۔مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ ڈور ڈال کر گھسے ہیں۔

**گھسے دینا** ۔ (ا۔محاورہ) رگڑا دینا۔

**گھس** ۔ (ا۔فعل) گھسنا مصدر کا فعل امر۔

**گھس آنا** ۔ (ا۔محاورہ) (گھس۔آ۔نا) (ہ۔مص) بلا اجازت مکان میں داخل ہونا۔

**گھسانا** ۔ (گھ۔سا۔نا) (ہ۔مص) داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ سمانا۔ بھرنا۔

**گھساؤ** ۔ (گھ۔سا۔او) (ہ۔ا۔مذ) رگڑ (۲) فرسودگی۔

**گھسائی** ۔ (گھ۔سا۔ای) (ہ۔ا۔مث) فرسودگی (۲) گھسانے کی اُجرت۔

**گھس بیٹھنا** ۔ (گھس۔بیٹھ۔نا) (ہ۔مص) اندر ہو بیٹھنا (۲) چھپ جانا (۳) لڑ بیٹھنا۔ پاس بیٹھنا۔

**گھس پڑنا** ۔ (گھس۔پڑ۔نا) (ا۔محاورہ) بے کھٹکے کسی مکان میں داخل ہونا۔

**گھس پس کر اُترنا** ۔ (ا۔محاورہ) لباس کا خوب کام میں آنا۔ کپڑوں کا پوری طرح مستعمل ہو کر اُترنا۔

**گھس پیٹھ** ۔ (گھس۔پیٹھ) دخل۔ پہنچ۔ رسائی و باریابی (۲) رسائی پیدا کر کے۔ رسوخ حاصل کر کے۔ یار بنا کر (۳) داخل ہو کر۔ گھس کر۔ اندر پہنچ کر۔

**گھس پیٹھ کر (کے)** ۔ یارانہ گانٹھ کر۔ راہ و رسم پیدا کر کے۔

**گھس پیٹھیا** ۔ (ا۔صف) غیر کی حدود میں زبردستی یا چوری چھپے داخل ہونے



Marfat.com

والا۔ مداخلت کرنے والا۔

گھُس مُس۔ (ا۔ مث) دیکھیے گھُسر پھُسر۔

گھسٹتے گھسٹتے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) بگڑے پڑے پھرنا۔ کھنچے کھنچے پھرنا۔

گھسٹنا۔ (گھ۔ سَٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کھچنا۔ کھنچ کر آنا (۲) زمین سے رگڑا ہوا چلنا۔

گھِس ڈالنا۔ (گھِس۔ ڈال۔ نا) (ہ۔ مص) رگڑ ڈالنا۔

گھِس کر لگانے کو نہیں۔ (ہ۔ مثل) (۱) اتنا نہیں کہ کوئی چیز گھِس کر دوا کی بجائے لگالیں۔ ذرا نہیں۔ مطلق نہیں۔ بالکل نہیں (۲) ناپید اور عنقا ہے۔ نہایت کمیاب ہے (۳) کچھ نہیں بچا۔ سب کچھ صرف ہوگیا۔

گھِس گھِس کر چلنا۔ (گھِس۔ گھِس۔ کر۔ چل۔ نا) (ا۔ محاورہ) کپڑے یا جوتے کا خوب اور مدت تک استعمال میں آنا۔

گھِس گھِس کرنا۔ (گھِس۔ گھِس۔ کر۔ نا) (ہ۔ محاورہ) (۱) کانا پھوسی کرنا (۲) کام کرنے میں دیر کرنا۔

گھسَم گھسا۔ (گھَس۔ سَم۔ گھَس۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک دوسرے کو زمین پر رگڑ دے دینا (۲) ایک پتنگ کی ڈور سے دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑا دینا۔

گھِسن۔ (گھِ۔ سَن) (ہ۔ ا۔ مث) رگڑ۔

گھِسنا۔ (گھِس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا (۲) پُرانا ہونا۔ فرسودہ ہونا (۳) وزن میں کم ہونا (۴) رگڑنا۔ پیسنا۔ حل کرنا۔

گھُسنا۔ (گھُس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اندر جانا۔ داخل ہونا (۲) دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔

گھُسّن پٹی۔ (گھُ۔ سَن۔ پَٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) مارکٹائی۔ زدوکوب۔

گھسوانا۔ (گھِس۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) گھسانا مصدر سے متعدی اور گھِسنا مصدر سے متعدی المتعدی۔

گھسیارا۔ (گھَس۔ یا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گھاس کھودنے والا (۲) گھاس بیچنے والا۔

گھسیارن۔ گھسیاری۔ (ہ۔ ا۔ مث) گھسیارا کی تانیث۔ گھاس کھودنے یا بیچنے والی عورت۔

گھسیٹ۔ (گھَ۔ سیٹ) (ہ۔ ا۔ مث) وہ نشان جو زمین پر کسی چیز کے گھسیٹنے سے ظاہر ہو۔

گھسیٹا گھسائی۔ (گھَ۔ سی۔ ٹا۔ گھَ۔ سا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) کھینچا کھینچی۔ کھینچا تانی۔

گھسیٹن۔ (گھَ۔ سی۔ ٹَن) (ہ۔ ا۔ مث) گھسیٹنے کا نشان وہ نشان جو کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جاتا ہے۔

گھسیٹنا۔ گھسٹنا۔ (گھَ۔ سیٹ۔ نا۔ گھَ۔ سٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کھینچنا۔ زمین پر رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جلد جلد بُرا بھلا لکھ دینا (۳) پکڑوا بلوانا (۴) مصیبت میں مبتلا کرنا۔

گھسیڑا۔ (گھَ۔ سے۔ ڑا) (ق۔ ا۔ مذ) خراش۔

گھسیڑنا۔ (گھُ۔ سیڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اندر داخل کرنا (۲) ٹھونسنا (۳) ایک چیز کو دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا۔

گھکوار۔ (گھِک۔ وار) (ہ۔ ا۔ مذ) ناگ پھنی کے خاندان کا ایک پودا جس کے پتے موٹے اور نوکیلے ہوتے ہیں اور ان میں لیس دار مادہ بھرا ہوتا ہے۔ گھی کوار۔

گھگرا۔ (گھَگ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) لہنگا۔ دیکھیے گھاگرا۔

گھگری۔ گھگریا۔ (گھَگ۔ ری۔ گھَگ۔ رِ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) گھگرا کی تصغیر اور تانیث چھوٹا لہنگا۔

گھگّو۔ (گھُگ۔ گو) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) اُلو۔ چغد۔ بیوقوف (۲) مٹی کا ایک کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز۔

گھُگّی۔ (گھُگ۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) فاختہ۔

گھِگّی۔ (گھِگ۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہچکی۔ روتے روتے سانس کا رک کر نکلنا (۲) خوف یا دہشت کے مارے سسکنے کا عالم۔

گھِگّی بندھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) روتے روتے سانس بند ہو جانا۔ ہچکی بندھ جانا (۲) ڈر کے مارے بول نہ سکنا۔

گھگیانا۔ (گھِگ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گھگی بندھ جانا (۲) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا۔

گھُل۔ (ہ۔ فعل) گھُلنا مصدر کا فعل امر۔

گھُلا۔ (گھُ۔ لا) (ہ۔ صف) گھُلا ہوا۔

گھُلا مِلا۔ (ا۔ مذ) بے تکلف۔

گھُلانا۔ (گھُ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گداز کرنا۔ پگھلانا۔ ملائم کرنا (۲) دُبلا کرنا۔ لاغر کرنا (۳) تحلیل کرنا۔

گھُلاوٹ۔ گھُلاہٹ۔ (گھُ۔ لا۔ وَٹ۔ گھُ۔ لا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) ملائمت نرمی۔ گداز پن۔ پلپلاہٹ۔

گھُلاوٹ کی آنکھ۔ (ا۔ محاورہ) محبت کی نگاہ۔ وہ نظر جو اپنی طرف مائل کر لے۔

گھُلا دُپنا۔ (ق۔ صف) فریب۔ ترغیب۔ دل فریبی۔

گھُل جانا۔ (گھُل۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پگھل جانا (۲) نرم ہو جانا۔ گداز ہو جانا۔ پتلا ہو جانا (۳) پانی ہو جانا۔ رقیق ہو جانا (۴) تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا (۵) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ سوکھ جانا (۶) پتلا پڑ جانا۔

گھُل کر بیٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) گھُل مل کر بیٹھنا۔

گھُل گھُل کر (کے)۔ (گھُل۔ گھُل۔ کر (کے)) (ا۔ تابع فعل) تحلیل ہو ہو کر۔ دُبلا ہو ہو کر۔

گھُل گھُل کر آخر (تمام) ہونا۔ (ا۔ محاورہ) تحلیل ہو ہو کر مرنا۔ غم بیماری یا عشق سے رو رو کر دم دینا۔ دُبلا اور لاغر ہو ہو کر مرنا۔

گھُل گھُل کر (کے) کانٹا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) غم یا بیماری کے باعث گھُل گھُل کر لاغر اور دُبلا ہونا۔ سوکھ کر کانٹے کی طرح لاغر ہو جانا۔

گھُل گھُل کر مرنا۔ (ا۔ محاورہ) غم یا بیماری میں تحلیل ہو ہو کر جان دینا۔ نہایت دُبلا اور لاغر ہو کے مرنا۔



Marfat.com

**گُھل مِل جانا** ۔ (گُھل۔مِل۔جا۔نا) ف۔ محاورہ (۱) ایک ہو جانا۔ یک جان ہونا (۲) دوستی گانٹھ لینا۔ بے تکلف ہونا۔

**گُھل مِل کر (کے) بیٹھنا** ۔ (گُھل۔مِل۔کر۔کے۔بیٹھ۔نا) ف۔ محاورہ مل جُل کر بیٹھنا۔ محبت سے پاس جاکر بیٹھنا۔

**گُھل مِل کر رہنا** ۔ (گُھل۔مِل۔کر۔رَہ۔نا) ف۔ محاورہ پیار محبت سے رہنا۔ مل جل کر بسر کرنا۔

**گُھلا مِلا** ۔ ف۔ صفت بے تکلف۔ حل کیا ہوا۔ خوب ملا ہوا۔

**گُھلانا** ۔ (ق۔مص) پھانسنا۔ فریب دینا۔

**گُھلاؤ** ۔ (ق۔ا۔مذ) فریبی۔ دل فریب۔

**گُھلنا** ۔ (گُھل۔نا) ہ ف۔مص (۱) پگھلنا۔ گداختہ ہونا۔ رقیق ہو جانا (۲) گداز ہونا۔ ملائم ہونا۔ نرم ہونا (۳) بیٹھ جانا۔ مضمحل ہونا (۴) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۵) چلا جڑنا (۶) کشتی کرنا۔

**گُھلوانا** ۔ (گُھل۔وا۔نا) ہ ف۔مص حل کرانا۔ پگھلوانا۔

**گُھلو مِٹھو ہو جانا** ۔ ف۔ محاورہ جلد مل جُل جانا۔ بے تکلف ہو جانا۔

**گُھم** ۔ (ق۔ا۔مذ) آسمان

**گُھام** ۔ (گُھ۔ام) (ق۔ا۔مذ) گھمسان۔

**گُھمانا** ۔ (گُھ۔ما۔نا) ہ ف۔مص دھوپ لگانا۔ دھوپ میں رکھ کر گرم کرنا۔

**گُھمانا** ۔ (گُھ۔ما۔نا) ہ ف۔مص پھرانا۔ چکر دینا۔ سیر کرانا۔ گشت کرانا۔

**گُھماؤ** ۔ (گُھ۔ما۔او) ہ ف۔ا۔مذ (۱) پھیر۔ چکر (۲) زمین کا وہ رقبہ جسے بیل ایک دن میں جوت لیں۔

**گُھماؤں** ۔ (گُھ۔ما۔اُوں) ہ ف۔ا۔مذ آٹھ کنال یا دو بیگہ زمین۔

**گَھمبیر** ۔ (گُھم۔بیر) س۔صفت متحمل۔ حوصلے والا۔ دیکھیے گمبھیر۔

**گُھمَرا** ۔ (گُھم۔را) ہ ف۔ا۔مذ ایک پودے کا نام۔ ایک کیڑے کا نام۔

**گُھمر گُھمر** ۔ (گُھ۔مر۔گُھ۔مر) ہ ف۔ا۔مث چکی چلنے کی آواز۔

**گُھمر وَل** ۔ (گُھم۔رول) ہ ف۔ا۔مث (۱) ازدحام۔ افراتفری (۲) لڑائی جھگڑا۔ فساد (۳) گھبراہٹ۔ حیرانی۔ پریشانی۔

**گُھمڑی** ۔ (گُھم۔ڑی) ہ ف۔ا۔مث چکر۔ دوران سر۔

**گُھمڑیاں لینا** ۔ ف۔ محاورہ چکر کھانا۔ گرد پھرنا۔ گھیرنیاں کھانا۔

**گُھمس** ۔ (گُھ۔مس) ہ ف۔ا۔مث حبس۔ مینہ کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہونا۔

**گُھمسان** ۔ (گُھم۔سان) ہ ف۔ا۔مذ (۱) لڑائی۔ رَن۔ جنگ۔ رزم (۲) قتل عام۔ خونریزی (۳) لاشوں کے انبار (۴) بھیڑ۔ ہجوم (۵) تباہی۔ بربادی (۶) زیر و زبر۔ اُوپر تلے۔

**گُھمسان پڑنا** ۔ ف۔ محاورہ کشت و خون ہونا۔

**گُھمسان کا رَن پڑنا** ۔ ف۔ محاورہ کشتوں کے پشتے لگ جانا۔ لاشوں کے ڈھیر لگنا۔

**گُھمسان کرنا** ۔ ف۔ محاورہ خونریزی کرنا۔ کشت و خون کرنا (۲) جان توڑ کر لڑنا۔

**گُھمسان کی لڑائی** ۔ ف۔ا۔مث بڑے معرکے کی جنگ۔ بڑی بھاری لڑائی ہونا۔

**گُھمسان ہو جانا** ۔ ف۔ محاورہ (۱) کشتوں کے پشتے لگ جانا۔ مقتولوں کے ڈھیر لگ جانا (۲) فوج کا ہجوم ہونا۔ لشکر اکٹھا ہو جانا۔

**گُھمکا** ۔ (گُھم۔کا) ہ ف۔ا۔مذ حبس۔ گُھمس۔ انقباض۔

**گُھم گُھم** ۔ ہ ف۔ا۔مث رتھ کے چلنے کی آواز۔ کہاروں کی آواز جو ڈولی لے جاتے ہوئے نکالتے ہیں۔

**گُھملا** ۔ (گُھم۔لا) ہ ف۔ا۔مذ گملا۔

**گُھمنڈ** ۔ (گُھ۔منڈ) ہ ف۔ا۔مذ (۱) تکبر۔ غرور۔ کبر۔ نخوت (۲) خود نمائی۔ نمود۔ دکھاوٹ (۳) خود بینی۔ خود پسندی (۴) فخر۔ ناز۔ شیخی (۵) بل۔ زور۔ طاقت (۶) بھروسا۔ سہارا۔ اُمید۔

**گُھمنڈ پر آ جانا** ۔ ف۔ محاورہ تکبر کرنا۔ مغرور ہونا۔ اِترانا۔ شیخی سے بھر جانا۔

**گُھمنڈ پر ہونا** ۔ ف۔ محاورہ مغرور ہونا۔ اترانا۔ ناز کرنا۔ متکبر ہونا۔

**گُھمنڈ کرنا۔ گُھمنڈ رکھنا۔ گُھمنڈ ہونا** ۔ ف۔ محاورہ (۱) تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ شیخی کرنا۔ اترانا (۲) ناز کرنا۔ فخر کرنا۔

**گُھمنڈ معلوم ہونا** ۔ ف۔ محاورہ بڑا بول سامنے آنا۔ بڑے بول کا سر نیچا ہونا۔

**گُھمنڈ نکال دینا** ۔ ف۔ محاورہ نیچا دکھانا۔ شیخی دور کر دینا۔ سزا دینا۔

**گُھمنڈ نکل جانا** ۔ ف۔ محاورہ غرور دور ہو جانا۔

**گُھمنڈ** ۔ (گُھ۔منڈ) ہ ف۔ا۔مث بادلوں کا گھرنا یا چھانا۔ ابر کا ہجوم

**گُھمنڈنا** ۔ (گُھ۔منڈ۔نا) ہ ف۔مص بادل گھرنا۔ ابر چھانا۔

**گُھمنڈی** ۔ (گُھ۔مَن۔ڈی) ہ ف۔صفت (۱) متکبر۔ مغرور (۲) خودنما۔ خود پسند (۳) شیخی خورا (۴) اترانے والا۔ فخر کرنے والا۔

**گُھمنی** ۔ (گُھم۔نی) ہ ف۔ا۔مث سر کا گھومنا۔

**گُھمیر۔ گُھمیری** ۔ (گُھ۔میر۔گُھ۔می۔رِی) ہ ف۔ا۔مث چکر۔ دوران سر۔ دردِ سر۔

**گَھن** ۔ (س۔ا۔مذ) (۱) ابر۔ گھٹا۔ بادلوں کا ہجوم (۲) بہت بڑا ہتھوڑا (۳) اَہرَن (۴) جسم۔ بدن۔ انگ۔ سراپا (۵) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۶) تعداد۔ گنتی (۷) وسعت۔ فراخی (۸) مضبوطی (۹) کھنکھار (۱۰) گھنٹہ۔ گھڑیال (۱۱) ایک قسم کا رقص (۱۲) مٹھاس۔ میٹھا (۱۳) بھاری ٹھوس۔ وزنی (۱۴) سخت۔ کڑا (۱۵) بھرا ہوا (۱۶) بہت (۱۷) مبارک (۱۸) مستقل۔ دائمی (۱۹) گنجان (۲۰) بھرا ہوا۔

**گَھن پڑنا** ۔ ف۔ محاورہ (۱) ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا (۲) کوئی دلی صدمہ یا روحانی تکلیف پہنچنا۔

**گَھن چکر** ۔ ف۔ا۔مذ (۱) بہت چکر کھانے والا۔ بہت گردش کرنے والا (۲) آوارہ گرد (۳) بیوقوف۔ نادان (۴) آتشبازی کا چکر جو آگ دینے سے خوب گردش کرتا ہے (۵) سورج مکھی کا پھول (۶) آسمان۔ (ق)

**گَھن چکر میں آنا** ۔ ف۔ محاورہ مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا۔

**گَھن دار** ۔ ف۔ صفت گھنا۔ پاس پاس۔ گنجان۔

**گَھن سیام۔ گَھن شیام** ۔ ہ ف۔ا۔مذ (۱) سیاہ بادل (۲) کرشن جی



Marfat.com

کا ایک نام۔

**گھن کار** (۱) صف۔ گنجان (۲) شاخ در شاخ اور سایہ دار درخت۔

**گھن کا سکہ** ۔ ا۔ مذ۔ رائج سکہ۔

**گھن کی چوٹ** ۔ ا۔ مث۔ بھاری چوٹ۔ ضرب شدید۔ سخت چوٹ۔

**گھن گرج** ۔ ا۔ مث۔ بجلی کی کڑک۔ زور کی کڑک (۲) نہایت شور و غل۔

**گھنگھور۔ گھنگور** ۔ ہ۔ صف۔ گہرا بادل۔ ابر مہیب۔ گھٹا۔ ڈراؤنی اور گہری گھٹا۔ ہولناک بادل۔ ابر آلودگی۔

**گھنگھور گھٹا** ۔ ہ۔ مث۔ بہت چھائی ہوئی اور گہری گھٹا۔ بہت زیادہ برسنے والے بادل۔

**گھنگھور گھٹا چھانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ کالی اور گہری گھٹا کا نمودار ہونا۔

**گھن مارنا** ۔ ا۔ محاورہ۔ ضرب لگانا۔

**گھن** ۔ ا۔ مث۔ کراہت۔ نفرت۔ اکراہ۔ تنفر (۲) متلی۔ اُلٹی۔

**گھن آنا۔ گھن کھانا** ۔ ا۔ مث۔ کراہت آنا۔ نفرت آنا۔

**گھن** ۔ ہ۔ ا۔ مذ۔ ایک کیڑا جو لکڑی یا غلے میں ہوتا ہے۔

**گھن جھڑنا** ۔ ا۔ محاورہ۔ کرم خوردہ لکڑی کا بُرادہ ہو ہو کر جھڑنا۔

**گھن لگ جانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ کیڑا لگنا۔ لکڑی یا غلے میں گھن یعنی کیڑے کا پیدا ہو جانا (۲) ایسا مرض لگ جانا جو دم کے ساتھ جائے۔ روگ لگ جانا (۳) فکر لگ جانا۔

**گھنا** ۔ (گھ۔ نا) س۔ صف۔ گنجان چیزوں کا پاس پاس ہونا کہ بیچ میں کسی دوسری چیز کی گنجائش نہ ہو۔ قریب قریب۔

**گھنا** ۔ (گھ۔ نا) ہ۔ صف۔ گھنا ہوا۔ جیسے گھن لگ گیا ہو۔

**گھنا** ۔ (گھُن۔ نا) ہ۔ صف۔ بات کو سمجھ کر انجان بننے والا (۲) دل میں بات رکھنے والا۔ کینہ پرور۔

**گھناؤ** ۔ (گھ۔ نا۔ اؤ) ہ۔ مص۔ گھن آنا۔ نفرت آنا۔

**گھناؤنا** ۔ (گھ۔ نا۔ اؤ۔ نا) ہ۔ صف۔ جس سے گھن آئے۔ مکروہ۔

**گھناؤنی** ۔ (گھ۔ نا۔ اؤ۔ نی) ہ۔ صف۔ گھناؤنا کی تانیث۔ وہ چیز جس سے کراہت ہو۔

**گھنٹ** ۔ (گھن۔ نٹ) س۔ ا۔ مذ۔ وہ گھنٹا جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

**گھنٹا۔ گھنٹہ** ۔ (گھن۔ ٹا۔ گھن۔ ٹہ) ہ۔ ا۔ مذ۔ گھڑیال (۲) حیوانات کے گلے میں لٹکانے والی گھنٹی (۳) وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ کلاک (۴) ساٹھ منٹ کا وقت۔

**گھنٹا بجانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ گھنٹے پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا۔

**گھنٹا گھر** ۔ ا۔ مذ۔ وہ اُونچا مینار جس پر کلاک کی بڑی بڑی سوئیاں دُور سے وقت بتاتی ہیں۔

**گھنٹا ہلانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ گھنٹہ ہلا کر پوجا کرنا (۲) وقت گزاری کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

**گھنٹے مور چھل سے اُٹھانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ بوڑھے آدمی کے جنازے کو بڑی دھوم دھام اور باجے گاجے کے ساتھ مرگھٹ میں لے جانا۔ (ہندوؤں کی رسم)۔

**گھنٹالی** ۔ (گھن۔ ٹا۔ لی) س۔ ا۔ مث۔ چھوٹی گھنٹی۔

**گھنٹی** ۔ (گھن۔ ٹی) گھنٹا کی تانیث اور تصغیر۔

**گھنٹی** ۔ ا۔ مذ۔ گردن۔ گلا (۲) نرخرہ۔ حلق۔

**گھنڈی** ۔ (گھُن۔ ڈی) ہ۔ ا۔ مث۔ گریبان کو بند کرنے کے لیے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی پھوٹ (۳) پھندا۔ گرہ (۴) کدورت (۵) رکاوٹ۔ انقباض۔

**گھنڈی کھولنا** ۔ ا۔ محاورہ۔ گرہ کھولنا۔ بند کھولنا۔ بٹن کھولنا۔

**گھنڈی لگانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ بند باندھنا۔ بٹن لگانا (۲) گھنڈی ٹانکنا۔

**گھنسار** ۔ (گھن۔ سار) س۔ ا۔ مذ۔ کافور۔

**گھنگچی** ۔ (گھن۔ گچی) ہ۔ ا۔ مث۔ سُرخ رتی۔ ایک قسم کے سُرخ دانے جن کا منہ سیاہ ہوتا ہے۔ سونا وغیرہ قیمتی اشیاء تولنے کا ایک وزن۔ بڑا ماشہ۔

**گھنگرالے** ۔ (گھنگ۔ را۔ لے) ہ۔ صف۔ گھنگر والے بال۔ بل کھائے ہوئے۔

**گھنگرو** ۔ (گھنگ۔ رُو) ہ۔ ا۔ مذ۔ ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی وہ آواز جو جان کنی کے وقت سانس کے رک کر نکلنے یا بلغم کے پھنس جانے سے نکلتی ہے (۳) چھوٹے گول بجنے والے گھنگھرو جو ناچتے وقت پاؤں میں باندھ لیتے ہیں۔

**گھنگرو باندھنا** ۔ ا۔ محاورہ۔ کنچنوں کی اصطلاح میں ناچنے میں شاگرد ہونا (۲) ناچنے کی تیاری کرنا۔

**گھنگرو بند بھائی** ۔ ا۔ مذ۔ کنچن بچہ۔ ناچنے گانے والے آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں۔

**گھنگرو بولنا** ۔ ا۔ محاورہ۔ گھنگروؤں کا چھن چھن کرنا (۲) موت کے قریب ہونا۔ جان کنی کے وقت سانس کا رک رک کر نکلنا۔

**گھنگریا** ۔ (گھن۔ گر۔ یا) ہ۔ ا۔ مث۔ بچوں کے بجنے کا ایک قسم کا چھوٹا لہنگا۔ (گھگری)

**گھنگنی** ۔ (گھنگ۔ نی) ہ۔ ا۔ مث۔ اُبالا ہوا غلہ۔ چنے۔ مٹر۔ جوار۔ گیہوں وغیرہ جو نمک ملا کر کھایا جاتا ہے۔

**گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھ جانا** ۔ ا۔ محاورہ۔ خاموشی اختیار کرنا۔ چُپ سادھنا۔

**گھنگولنا** ۔ (گھن۔ گول۔ نا) ہ۔ مص۔ کسی رقیق چیز یا پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا گدلا کرنا (۲) گھنگھالنا۔ خوب ہلانا۔

**گھنگھانا** ۔ (گھن۔ گھا۔ نا) ہ۔ مص۔ گلا بیٹھ جانا۔ گھگھیانا (۲) گڑگڑانا۔

**گھنگھنانا** ۔ (گھن۔ گھ۔ نا۔ نا) ہ۔ مص۔ پہیے یا پرخی کے جلدی جلدی چلنے یا چکر کھانے میں آواز پیدا ہونا۔

**گھنسنا** ۔ (گھُن۔ نا) ہ۔ مص۔ گھن لگنا۔ خراب ہو جانا

**گھنوری** ۔ (گھ۔ نو۔ ری) ق۔ صف۔ غارت گر۔

**گھنونا** ۔ (گھ۔ نو۔ نا) ہ۔ صف۔ مکروہ۔ قے لانے والا۔

**گھنی** ۔ (گھ۔ نی) س۔ صف۔ گھنا کی تانیث۔ بہت گنجان۔

**گھنی چھاؤں** ۔ ا۔ مث۔ گنجان سایہ جس میں سے دھوپ نہ چھنے۔

**گھنی** ۔ (گھ۔ نی) ہ۔ صف۔ گھنا کی تانیث۔ وہ چیز جسے گھن لگ جائے۔

**گھنی** ۔ (گھُن۔ نی) ہ۔ صف۔ گھنا کی تانیث۔ خاموش۔ مکار (۲) اکڑا پن۔



Marfat.com

**گھنی سادھنا**۔ (ا۔محاورہ) جان کر خاموش ہو جانا۔
**گھنّی مسّمی**۔ (ا۔مث) مکری۔ دیدہ دانستہ تنگ کرنے کے لیے چپ سادھ جانے والی۔
**گھنیانا**۔ (گھن یا۔نا) (ف۔مص) کسی مکروہ چیز سے طبیعت کا گھن کھانا۔ گندی چیز سے نفرت کرنا۔
**گھنیرا۔ گھنیری**۔ (گھ۔نے۔را۔ گھ۔نے۔ری) (ف۔صف) گھنا۔ گہرا (۲) بہت۔
**گھنیس۔ گھنیش**۔ (گھ۔نیس۔ گھ۔نیش) (اس۔امذ)۔ ایک آبی پرندے کا نام۔ وحتیس۔
**گھوآ**۔ (گھو۔آ) (ف۔امذ) (۱) ایک کیڑے کا نام جو پانی کے کنارے رہتا ہے (۲) سرکنڈے کے اوپر کا پھول جو روئی کے مانند ہوتا ہے۔
**گھوٹ**۔ (ف۔امذ) گھوٹنا۔ پالش۔
**گھوٹا**۔ (گھو۔ٹا) (ف۔امذ) (۱) کاغذ گھوٹنے کا مہرا۔ صاف یا چمکیلا بنانے کا اوزار (۲) اُسترے سے سر یا داڑھی کی صفائی۔ چار ابرو کا صفایا۔
**گھوٹنا**۔ (گھوٹ۔نا) (ف۔مص) (۱) رگڑنا۔ حل کرنا۔ باریک کرنا (۲) مہرے سے صفائی کرنا (۳) رٹنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کر لینا۔
**گھوٹوانا**۔ (ف۔مص) اُسترے سے اس طرح منڈوانا کہ کھونٹی تک باقی نہ رہے۔
**گھور**۔ (ف۔امذ و صف) غلاظت۔ میل۔ چرک (۲) خوفناک۔ بھیانک۔ ڈراونا۔ (۳) نظربندی۔ غضبناک نظر (۴) (س) رات۔ شب۔
**گھور گھور دیکھنا**۔ (ا۔محاورہ) تند نظر سے دیکھنا۔
**گھورا**۔ (گھو۔را) (ف۔امذ) چوپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ۔
**گھورا**۔ (گھو۔را) (ف۔امذ) (۱) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے (۲) میلا۔ چرک۔ گوہ۔ وغیرہ جو خاکروب صاف کر کے لے جاتے ہیں۔ (۳) گندا۔
**گھوراگھاری**۔ (گھو۔را۔گھا۔ری) (ف۔امث) نظربازی۔ ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے بغور دیکھنا۔
**گھورچی**۔ (گھور۔چی) (ف۔امث) تاگے کی گرہ۔ اُلجھی۔
**گھورنا**۔ (گھور۔نا) (ف۔مص) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا (۳) دیدار بازی کرنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا۔
**گھوری**۔ (گھو۔ری) (ف۔صف) غلیظ۔ میلا۔ گندا۔
**گھوڑا**۔ (گھو۔ڑا) (ف۔امذ) ایک چوپایہ جس کے سم ٹھوس ہوتے ہیں اور دُم اور ایال لمبی ہوتی ہے اور سواری کے کام آتا ہے (۲) اسپ۔ مرکب۔ فرس (۳) شطرنج کا ایک مہرہ (۴) بندوق کا گھٹکا۔ وہ پرزہ جس کے دبانے سے بندوق چلتی ہے۔
**گھوڑا اُلجھانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو دوڑانا۔ گھوڑا بھگانا۔
**گھوڑا اُٹھانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔
**گھوڑا اَڑنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا جگہ سے نہ ہلنا۔ گھوڑے کا سرکشی کرنا۔
**گھوڑا الانگنا**۔ (ا۔محاورہ) نئے گھوڑے پر پہلی بار سواری کرنا۔

**گھوڑا اُلٹنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا گرداں ہونا۔ واپس ہو جانا۔
**گھوڑا اور پھوڑا جتنا رولو اتنا ہی بڑھے**۔ (ا۔مثل) دونوں پر ہاتھ پھیرا جائے تو بہت بڑھتے ہیں۔
**گھوڑا بڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو آگے کرنا (۲) گھوڑا تیز چلانا۔ گھوڑا دوڑانا۔
**گھوڑا بڑھ جانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا سبقت لے جانا۔
**گھوڑا بکھر جانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا بند بند تھک کر جکڑ جانا۔
**گھوڑا پلانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا۔
**گھوڑا پائے پر چڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) بندوق کے گھتے کو پٹاخے پر بارود ڈالنے کے لیے اٹھانا۔
**گھوڑا پھیرنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو سدھانا (۲) گھوڑے کو واپس کرنا۔
**گھوڑا پھینکنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو کسی چیز کے پیچھے دوڑانا۔ گھوڑا ڈالنا۔
**گھوڑا چراغ پا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔
**گھوڑا چڑھانا**۔ (ا۔محاورہ) بندوق کی جانب کو ٹوپی پر بندوق داغنے کے لیے چڑھانا۔
**گھوڑا چمکانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو تیز چلانا۔
**گھوڑا چھوڑنا**۔ گھوڑے کو گھوڑی پر جفتی کے لیے چڑھانا (۲) گھوڑا دوڑانا (۳) گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا (۴) جتے ہوئے گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا (۵) گھوڑے کو چرنے کے لیے کھلا چھوڑنا۔
**گھوڑا داغ ہونا**۔ (ا۔محاورہ) ہونا۔ سواروں کے زمرے میں ذکر ہونا۔
**گھوڑا دوڑانا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑا بھگانا۔ گھوڑے کو سرپٹ کرنا۔ گھوڑا تیز چلانا۔
**گھوڑا ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) گھوڑے کو کسی کے پیچھے لپکانا۔
**گھوڑا ران کے نیچے ہونا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کی سواری ہونا۔
**گھوڑا کسنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑا سواری کے لیے تیار کرنا
**گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے**۔ (ا۔مثل) مزدور مزدوری نہ لے تو بھوکا مرے۔ معاملے کی جگہ مروت برتنے سے فائدہ نہیں ہوتا۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا۔
**گھوڑا گھڑسال ہی میں قیمت پاتا ہے**۔ (ا۔مثل) ہر چیز اپنی ہی جگہ قابل قدر ہوتی ہے۔ گھوڑے کی پوری قیمت تھان ہی پر ملتی ہے۔
**گھوڑا مارنا**۔ گھوڑا بھگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔
**گھوڑا ملا تو کوڑا ابھی مل جائے گا**۔ (ا۔مثل) بڑا کام ہو جائے تو چھوٹے کی کیا فکر وہ بھی ہو جائے گا۔
**گھوڑا نکالنا**۔ (ا۔محاورہ) گھوڑے کو گاڑی کے لیے سدھانا۔ گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا (۲) گھوڑے کو آگے لے جانا۔ گھوڑا بڑھانا (۳) محرم کے دنوں میں شیعوں کا دُلدُل نکالنا۔



Marfat.com

**گھوڑوں کو گھر کتنی دُور۔** (ا۔ مثل) گھوڑوں کے آگے مسافت اور فاصلہ کچھ چیز نہیں۔ دوڑ کر فوراً پہنچ جاتے ہیں۔ کام کرنے والے کے لیے سب کچھ آسان ہے۔

**گھوڑے بیچ کر سونا۔** (ا۔ محاورہ) پاؤں پھیلا کر سونا۔ بے فکری سے سونا۔

**گھوڑے جوڑے کی خیر۔** (دعا) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے۔

**گھوڑے دوڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) بہت محنت کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔ دور کی باتیں سوچنا۔

**گھوڑے دوڑ لیے۔** (ا۔ مثل) خواہش۔ طاقت یا قوت کا ختم ہو جانا۔

**گھوڑے سوار۔** (ا۔ مذ) (۱) اسپ سوار۔ گھوڑ چڑھا (۲) جلد باز۔

**گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات۔** (ا۔ مثل) نادان کو مار پیٹ اور آدمی کو اشارہ کافی ہے۔

**گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اُڑائے گا۔** (ا۔ مثل) ہر شخص اپنی ترقی سے خود ہی فائدہ اٹھاتا ہے۔ اوروں کے کام نہیں آتا۔

**گھوڑے کی شادی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) گھوڑا بیچنا (چونکہ گھوڑے کی نسبت بیچنے کا لفظ استعمال کرنا بُرا سمجھتے ہیں۔ اس لیے بیچنے کی بجائے شادی کرنا کہتے ہیں۔)

**گھوڑے کے دانت کی سیاہی۔** دانتوں کی سیاہی جس سے گھوڑے کی عمر کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

**گھوڑے گھوڑے لڑیں۔ موچی کا زین ٹوٹے۔** (ا۔ مثل) زبردستوں کے جھگڑوں میں کمزور نا حق نقصان اٹھائیں۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔

**گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا۔** (ا۔ مثل) شریف گئے بیوقوف ان کی جگہ قائم مقام ہوئے۔

**گھوڑی۔** (گھو۔ڑی) (ھ۔ا۔مث) گھوڑا کی تانیث (۱) مادہ اسپ۔ (۲) سوپاں بنانے کا آلہ (۳) وہ لکڑی جو گوٹے کے تختے رکھنے کیلیے تانے کے نیچے گھوڑی کر دیتے ہیں (۴) کپڑا ڈالنے کی چوبی تپائی (۵) بچوں کا ایک کھیل یعنی جس کی جیت ہو اُسے گھوڑی کہتے ہیں (۶) بانس کے بیچ میں سے چری ہوئی لکڑی جس سے ختنے کے وقت کھال دبا کر کاٹتے ہیں۔

**گھوڑی چڑھانا۔** ختنے کی رسم ادا کرنا (۲) چری ہوئی لکڑی سے بچے کے عضو مخصوص کی کھال کھینچ کر ختنہ کرنا (۳) برات چڑھانا۔

**گھوڑی چڑھنا۔** تندرست ہو کر کسی مقدس جگہ دھوم دھام سے شکر صحت ادا کرنے کے لیے جانا (۲) ختنے کی رسم ادا ہونا (۳) دولہا بن کر دلہن کے مکان پر جانا۔

**گھوس۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا چوہا۔ گھونس (۲) رشوت۔

**گھوس دان۔** (ا۔ مذ) چوہے دان۔ جس میں چوہے پکڑتے ہیں۔

**گھوست۔** (گھو۔ست) (ا۔ مذ) اُلو۔ چھوٹا الو۔

**گھوسیلا۔** (گھو۔سی۔لا) (ا۔ مذ) مرہٹوں کا ایک قبیلہ۔

**گھوسم گھوسا۔** (گھو۔سم۔گھوں۔سا) (ا۔ مذ) مکا بازی۔ مار کٹائی۔

نزد و قریب۔

**گھوسن۔** (گھو۔سن) (ھ۔ا۔مث) گوالن۔ دودھ بیچنے والی۔

**گھوسی۔** (گھو۔سی) (ھ۔ا۔مذ) گائے بھینس چرانے والا (۲) گھاس کاٹنے والا۔ گھسیارا (۳) گوالا۔ دودھ بیچنے والا۔

**گھوش۔** (س۔ا۔مذ) شور۔ ڈھول کی آواز (۲) چنگھاڑ۔ دہاڑ (۳) زبان (۵) گوالوں کے رہنے کا مقام (۶) گوالوں کی ذات (۷) بنگالی کائستھوں کی ایک گوت۔

**گھوکنا۔** (گھو۔ک۔نا) (ھ۔مص) سبق کا بار بار پڑھنا۔ رٹنا۔ یاد کرنا۔

**گھوگس۔** (گھو۔گس) (ھ۔ا۔مذ) برج۔ فصیل۔ کنگرہ۔

**گھوگی۔** (گھو۔گی) (ھ۔ا۔مث) جیب۔ کیسہ (۲) گھگی۔ فاختہ۔ ڈُرو۔

**گھول۔** (ا۔ فعل) گھولنا۔ مصدر کا صیغہ امر۔

**گھولا۔** (گھو۔لا) (ھ۔ا۔مذ) پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ گھولوا۔ ایک قسم کی مچھلی۔

**گھول پینا۔** (گھول۔پی۔نا) (ھ۔مص) شربت کی طرح پانی میں ڈال کر پی جانا (۲) کچھ نہ سمجھنا۔ ہیچ جاننا (۳) مار ڈالنا۔

**گھول کے پلانا۔** (ا۔ محاورہ) تعویذ گھول کے پلانا (۲) کسی کو جلد کچھ سکھا دینا۔

**گھول گھال کے۔** (گھول۔گھال۔کے) (ا۔ تابع فعل) گھول کے پانی میں حل کر کے۔

**گھولم گھالا۔** (گھو۔لم۔گھا۔لا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) گھولی ہوئی افیون (۲) مشکل میں پھنسنا۔

**گھول میل۔** (گھول۔میل) (ھ۔ا۔مذ) میل جول۔ میل ملاپ۔

**گھولنا۔** (گھول۔نا) (ھ۔مص) پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا۔ حل کرنا۔ (۲) چوسنا۔ رس لینا۔

**گھولوا۔** (گھول۔وا) (ھ۔ا۔مذ) پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ گھولا (۲) کسی دوا کا عرق (۳) شوربا۔ پیچ۔ ڈلیا۔

**گھولوا پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کام میں دقت پیش آنا۔

**گھولوا گھولنا۔** (ا۔ محاورہ) رقیق بنانا۔ گھول کر پتلا کرنا (۲) افیون کو پانی میں حل کرنا (۳) دیر لگانا۔ ڈھیل کرنا

**گھولے میں پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) عذاب میں پڑنا۔ کسی ایسے کام میں پڑنا جو تمام نہ ہو۔

**گھولے میں ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) بکھیڑے میں ڈالنا۔ کشمکش میں ڈالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آج کل کرنا۔

**گھومتا گھامتا۔** (گھوم۔تا۔گھام۔تا) (ھ۔صف) پھرتا پھراتا۔

**گھومتی گھامتی۔** (گھوم۔تی۔گھام۔تی) (ھ۔صف) پھرتی پھراتی۔ گھومتا گھامتا کی تانیث۔

**گھوم جانا۔** (ا۔ محاورہ) (گھوم۔جا۔نا) (ھ۔مص) چکرا جانا (۲) پھر جانا۔

**گھومنا۔** (گھوم۔نا) (ھ۔مص) پھرنا۔ چکر لگانا۔ سیر کرنا (۲) بخارات کا دماغ کو لگنا۔

**گھومنا گھامنا۔** (ا۔ محاورہ) چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔ سیر کرنا۔

**گھومنی۔** (گھوم۔نی) (ھ۔ا۔مث) دوران سر۔ سر درد۔



Marfat.com

**گھُونا** ۔ (گھُو۔نا) (ہ ۔ صف) تجربہ کار۔ خرانٹ ۔ ہوشیار ۔

**گھُونپنا** ۔ (گھُونپ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) بری طرح سینا (۲) گھسیڑنا ۔ بھونکنا ۔

**گھُونٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) جُرعہ ۔ چسکی ۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے (۲) حقّے کا دم ۔ کش ۔

**گھُونٹ اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھونٹ حلق کے نیچے لے جانا ۔

**گھُونٹ بھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جرعہ پینا (۲) حقّے کا دم لگانا ۔

**گھُونٹ پی کر رہ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (کنایۃً) غصّہ ضبط کرنا ۔

**گھُونٹ گھُونٹ کر کے پینا (اُتارنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذرا ذرا پینا تھوڑا تھوڑا کر کے پینا ۔

**گھُونٹ گھُونٹ کر (دے کے) رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مجبور کر کے رکھنا ۔ مجبور کرنا ۔

**گھُونٹ گھُونٹ کر مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پیچ دے دے کر مارنا ۔ جلا جلا کر مارنا (۲) اندرونی مار دینا ۔

**گھُونٹ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حقّے کا دم لگانا ۔

**گھُونٹ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پانی کا گھونٹ لینا (۲) حقّے کا دم لینا ۔

**گھُونٹنا** ۔ (گھُونٹ۔نا) (ہ ۔ مص) (۱) گلا دبانا ۔ دم روکنا ۔ سانس بند کرنا (۲) تنگ کرنا ۔ دق کرنا

**گھُونٹنا** ۔ (گھُونٹ۔نا) (ہ ۔ مص) (۱) گھونٹنا حل کرنا ۔ رگڑنا (۲) کسی چیز سے رگڑ رگڑ کے کاغذ کو چکنا کرنا (۳) کسی چیز کو دکھلی یا کسی اور ظرف میں ڈال کر دستہ یا لکڑی سے پیسنا (۴) بار بار رٹنا ۔

**گھُونٹوانا** ۔ (گھُونٹ۔وا۔نا) (ہ ۔ مص) (۱) گھونٹنا کا متعدی المتعدی (۲) استرے سے ڈاڑھی اس طرح منڈوانا کہ بال کی کھونٹی تک کا نشان بھی باقی نہ رہے ۔ دیکھیے گھوٹوانا ۔

**گھُونٹی** ۔ (گھُون۔ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ایک دوائی جو نومولود بچے کو اس کا پیٹ صاف کرنے کیلیے دیتے ہیں ۔ گھٹّی زیادہ مستعمل ہے ۔

**گھُونس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ و مث) گھوس (۱) بڑا چوہا (۲) رشوت ۔

**گھُونسا** ۔ (گھُون۔سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) مکّا ۔ مُشت (۲) ضرب ۔ چوٹ ۔ صدمہ ۔

**گھُونسا جڑنا ۔ گھُونسا چلانا ۔ گھُونسا مارنا ۔ گھُونسا لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مکّا لگانا ۔

**گھُونسا لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اچانک صدمہ ہونا ۔

**گھُونسوں کا کیا اُدھار** ۔ (ا ۔ مثل) جرم کی سزا میں کیا دیر ۔ مار کا بدلا فوراً ۔

**گھُونسوں لڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مکّوں سے لڑنا ۔ دنگا بازی کرنا ۔

**گھُونسلا** ۔ (گھُونس۔لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) پرندوں کا گھر ۔ آشیانہ (۲) چھوٹا سا گھر ۔ جھونپڑا ۔

**گھُونسلا بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پرندوں کا گھر یا آشیانہ بنانا (۲) چھوٹا سا گھر تعمیر کرنا (۳) (مجازاً) کسی کو معمولی سی ملازمت دلانا ۔

**گھُونسلا نوچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آشیانہ کو ویران کرنا ۔

**گھُونسم گھُوسا** ۔ (گھُون۔سم۔گھُو۔سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گھسّم گھسّا ۔ زد و کوب ۔

**گھُونسیا** ۔ (گھُون۔سیا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) رشوت خوار ۔ کھاؤ یار ۔

**گھُونگا** ۔ (گھُون۔گا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند سیپی یا سنکھ کی قسم سے ہے ۔

**گھُونگٹ ۔ گھُونگھٹ** ۔ (گھُون۔گٹ ۔ گھُن۔گٹ ۔ گھُون۔گھٹ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) برقع ۔ نقاب پردہ ۔ چادر کا منہ پر پڑا ہوا کپڑا (۲) روک ۔ حجاب ۔ دروازے کی اندرونی دیوار (۳) شرم ۔ حیا ۔ لاج ۔ لحاظ ۔

**گھُونگٹ اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پردہ دور کرنا ۔ دُلہن کا سامنے ہونا (۲) پردہ اُونچا کرنا ۔

**گھُونگٹ اُلٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دُلہن کا بے حجاب ہونا (۲) گھونگٹ ہٹا دینا ۔

**گھُونگٹ کا چراغ دان** ۔ (ا ۔ مذ) ایک قسم کا چراغ دان ۔

**گھُونگٹ کاڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھونگٹ نکالنا ۔

**گھُونگٹ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پردہ کرنا ۔ دوپٹے سے منہ چھپانا (۲) لحاظ کرنا ۔ شرم کرنا (۳) گھوڑے کا اپنی گردن کو پیچھے کی طرف موڑنا (۴) فوج کا پسپا ہونا ۔

**گھُونگھٹ کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لشکر یا فوج کا مڑ جانا یا رُخ بدلنا (۲) شکست کھانا ۔ منہ موڑنا ۔ بھاگ نکلنا ۔

**گھُونگٹ کھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پردہ یا حجاب دُور کرنا ۔ منہ دکھانا ۔

**گھُونگٹ کی دیوار** ۔ (ا ۔ مث) دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار پردے کی دیوار ۔

**گھُونگٹ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھونگٹ چہرے پر لینا ۔ منہ چھپانا ۔

**گھُونگٹ نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پردہ کرنا ۔ منہ چھپانا ۔

**گھُونگٹ والی** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) برقع پوش عورت ۔ پردہ دار ۔ حیا والی شرم والی (۲) دلہن ۔ عروس ۔

**گھُونگر** ۔ (گھُون۔گر) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بالوں کا قدرتی پیچ و خم ۔

**گھُونگر والے بال ۔ گھُونگریالے بال** ۔ (ا ۔ مذ) پیچ در پیچ بال ۔ جڑے بڑے بال ۔

**گھُونگرو** ۔ (گھُون۔گ۔رو) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کا زیور جو پاؤں میں پہنتے ہیں (۲) حیوانوں کے گلے میں ڈالنے والی چھوٹی سی گھنٹی ۔ گھنگھرو ۔

**گھُونگھی** ۔ (گھُونگ۔ھی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا ۔ جو کھپروں کے بیچ میں کھپریل میں رخنہ بندی کرنے کے لیے رکھتے ہیں (۲) ایک کیڑے کا نام ۔

**گھُونگنی** ۔ (گھُونگ۔نی) (س ۔ ا ۔ مث) گھنگنی ۔ اُبلے ہوئے چنے گیہوں وغیرہ ۔

**گھُوئیاں** ۔ (ا ۔ مث) ایک قسم کی ترکاری ۔ اروی ۔

**گھی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) روغن زرد ۔ پگھلایا ہوا مکھن (۲) (صف) نرم ۔ ملائم ۔

**گھی اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھی جذب کرنا ۔

**گھی جاٹ کا تیل ہاٹ کا** ۔ (ا ۔ مثل) گھی زمیندار کے ہاں ہی خالص مل سکتا ہے اور تیل دکاندار کے ہاں کیونکہ وہاں پڑا رہنے سے اس کی میل بیٹھ جاتی ہے ۔

**گھی چپڑنا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) روٹی یا کسی چیز پر تھوڑا سا گھی لگانا ۔

**گھی دو آتشہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھی کا تڑکا لگانا ۔ گھی کڑکڑانا ۔

**گھی سنوارے سالن ، بڑی بہو کا نام کام** ۔ (ا ۔ مثل) اگرچہ کوئی کام کسی کا ہو ۔ لذت گھی سے درست ہوتی ہے اور نام پکانے والی کا ہو جاتا ہے ۔

**گھی کا کُپّا لنڈھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) روغن زرد کا اوندھا ہونا (۲) کسی بہت بڑے رئیس یا امیر



Marfat.com

یا بادشاہ وقت کا مرجانا۔

**گھی کہاں گیا کھچڑی میں** ۔(۱)۔مثل) جب اپنا مال اپنے ہی عزیز و اقارب میں خرچ ہو یا ایسا نقصان ہو جس سے اپنوں کو فائدہ پہنچے تو اس موقع پر بولتے ہیں۔گویا ہمارا مال ہمارے ہی کام آیا۔

**گھی کھچڑی** ۔(۱)۔محاورہ) شیر و شکر۔نہایت گہرے دوست۔گھلے ملے۔

**گھی کے چراغ جلانا** ۔(۱۔محاورہ) مراد بر آنے پر مزار و درگاہ یا مندر وغیرہ میں چراغوں میں تیل کی بجائے گھی کی روشنی کرنا (مجازاً) نہایت خوشی منانا (۲) اس قدر دولت مند ہونا کہ تیل کی بجائے گھی کے چراغ جلیں۔

**گھی کے گھونٹ اُترتے ہیں** ۔(۱۔محاورہ) بہت گھی پڑا ہوا ہے اور چیز نہایت لذیذ اور ذائقہ دار ہے۔

**گھی کے کپّے کے پاس جا لگنا** ۔(۱۔محاورہ) کسی مالدار کے پاس رسائی ہو جانا۔

**گھی گر پڑا مجھے رُوکھی ہی بھاتی ہے** ۔(۱۔مثل) یہ مقولہ اپنی مجبوری اور شرمندگی کو چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں جیسے انگور کھٹّے ہیں۔

**گھی نکالنا** ۔(۱۔محاورہ) مکھن (مسکہ) سے گھی نکالنا۔

**گھی والا** ۔(۱۔مذ) روغن فروش۔گھی بیچنے والا۔

**گھیا** ۔(گھی یا)(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کی ترکاری۔کدو۔

**گھیا توری** ۔(۱۔مث) ایک نرم و ملائم قسم کی توری۔

**گھیا کدو** ۔(۱۔مذ) ایک قسم کا لمبا کدو۔

**گھیا کش** ۔ایک آلہ جس سے گھیا کو رگڑ کر بد بکیہ کرتے ہیں۔

**گھیاں** ۔(گھی یاں)(ہ۔۱۔مث) ایک قسم کی لیس دار ترکاری جو جڑ کی قسم کی ہوتی ہے۔اروی۔

**گھیٹنا** ۔(گھیٹ۔نا)(ہ۔مص) (۱) خوب ملانا (۲) چھیلنا۔کھرچنا۔

**گھیٹلا** ۔(گھیٹ۔لا)(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کا زنانہ جوتا جو آگے سے بہت مڑا ہوا ہوتا ہے۔لمبی نوک کا جوتا۔

**گھیر** ۔(ہ۔۱۔مذ) دور۔محیط۔گھیرا۔گردا۔گھیرنا کا امر۔چکر۔گھماؤ (۲) حلقہ۔دائرہ۔احاطہ۔صحن (۳) الجھیر۔خلاق۔

**گھیردار** ۔(ہ۔صف) فراخ۔کشادہ۔ڈھیلا ڈھالا۔

**گھیر گھار کر لانا** ۔(۱۔محاورہ) چاروں طرف سے اکٹھا کر کے لانا۔ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر ایک جگہ لانا۔

**گھیرا** ۔(گھے۔را)(ہ۔۱۔مذ) (۱) گردا۔حلقہ۔دائرہ (۲) محیط۔چکر۔باڑ (۳) چار دیواری۔حصار۔فصیل (۴) نرغہ۔محاصرہ۔

**گھیرا ڈالنا** ۔(۱۔محاورہ) محاصرہ کرنا۔چاروں طرف سے گھیر لینا۔حلقہ کر لینا۔

**گھیرنا** ۔(گھیر۔نا)(ہ۔مص) (۱) احاطہ کرنا۔محصور کرنا (۲) چار دیواری بنانا۔جنگلہ لگانا۔باڑ لگانا (۳) بند کرنا۔روکنا (۴) پکڑنا۔جکڑنا (۵) قبضہ کرنا۔

**گھیرنی** ۔(گھیر۔نی)(ہ۔۱۔مث) مرغہ چلانے کا ہتھا۔

**گھیری** ۔(گھے۔ری)(ق۔۱۔مث) سر کا چکرانا۔غش۔

**گھیرڑا** ۔(گھے۔ڑا)(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کا رہن جس میں زمین بطور امانت رکھی جائے۔

**گھیسکوا** ۔**گھیسکوا** ۔(الف) سو روپیہ ادا ہو۔

**گھیکوار** ۔**گھیکوار** ۔(گھی۔کوار۔گھی۔کُ۔وار)(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کا پودا جس کے پتے لمبے ہوتے ہیں اور ان سے لیس دار مادہ نکلتا ہے۔(۱ب) کوار گندل۔

**گھینگا پلانا** ۔(گھے۔نگا)(۱۔محاورہ) مکر کرنا۔پھسلانا۔

**گھیلا** ۔(گھی۔لا)(ہ۔۱۔مذ) ایک جنگلی بیل۔

**گھینٹ** ۔(ہ۔۱۔مذ) گلا۔گلو۔حلق۔

**گھینٹا** ۔(گھین۔ٹا)(ہ۔۱۔مذ) سؤر کا بچہ۔بچہ خوک۔

**گھینٹی** ۔(گھین۔ٹی)(س۔۱۔مث) گھینٹا کی تانیث۔

**گھینگھا** ۔**گھینگا** ۔(گھین۔گھا۔گھین۔گا)(ہ۔۱۔مذ) ایک مرض جس میں گلا پھول جاتا ہے۔گلھڑ۔

**گھیو** ۔(ق۔۱۔مذ) گھی۔

**گھیور** ۔(گھی۔وَر)(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے۔

**گھیورا** ۔(ہ۔۱۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا کھیرا۔

## گ۔ع

**گَو** ۔**گئو** ۔(گ۔اُو)(س۔۱۔مث) گائے۔بقر۔

**گئوپال** ۔**گوپال** ۔(ہ۔صف) (۱) گوالا۔گایوں کو پالنے والا (۲) کرشن جی کا لقب۔

**گئودان** ۔(ہ۔۱۔مذ) گائے کو خیرات کرنا۔

**گئودنتی** ۔(ہ۔۱۔مث) ایک قسم کا پتھر جس کا کشتہ بخار میں مفید ہوتا ہے اسے ہڑتال گئودنتی بھی کہتے ہیں۔

**گئورس** ۔(ہ۔۱۔مذ) (۱) دودھ (۲) دہی (۳) چھاچھ۔لسی۔

**گئوسالہ** ۔**گئوشالہ** ۔(ہ۔۱۔مذ) گایوں کے رہنے کی جگہ۔

**گئوگھاٹ** ۔(ہ۔۱۔مذ) دریا یا تالاب کا وہ مقام جو مویشیوں کے پانی پینے کے لیے بنایا جاتا ہے۔

**گئومکھی** ۔(ہ۔۱۔مث) (۱) بانات وغیرہ کی وہ تھیلی جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپتے ہیں (۲) ہمالیہ پہاڑ کی ایک کھوہ جہاں سے گنگا نکلتی ہے۔

**گئوہتیا** ۔**گئوہتھیا** ۔(ہ۔۱۔مث) گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا گناہ۔

**گئی** ۔(گ۔ئی)(ہ۔صف) چلی گئی۔گزری ہوئی (۲۔مث) درگزر۔تغافل۔

**گئی بوُ بودار کی اور رہی کھال کی کھال** ۔(۱۔مثل) عزت یا دولت کھو کر پیچھے تھے ویسے کے ویسے ہی رہ گئے۔

**گئی بیتی** ۔(۱۔صف۔مث) گزری ہوئی۔فراموش شدہ (۲) ناقابل اعتبار۔نکمّی۔

**گئی کرنا** ۔(۱۔محاورہ) درگزر کرنا۔چشم پوشی کرنا۔جان کر ٹالنا (۲) کمی کرنا۔کوتاہی کرنا (۳) صبر کرنا۔سہارنا۔برداشت کرنا (۴) غفلت کرنا۔چوکنا۔

**گئی گزری** ۔(۱۔محاورہ) ناچیز۔حقیر۔بے وقعت (۲) بھولی بھولی۔پرانی۔

**گئے** ۔(گ۔ئے)(ہ) جانا مصدر سے ماضی کا جمع کا صیغہ۔گیا کی جمع۔



Marfat.com

**گئے بیچارے روزے رہے ایک کم تیس** ۔ (ا ۔ مثل) جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی کے بھی رکھے ہوا برابر سمجھو (۲) جب ایک مشکل کام کا کوئی حصّہ کر لیا تو وہ آسان نظر آئے گا۔

**گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی ۔ گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے** ۔ (ا ۔ مثل) ایک کام سے عذر کیا ، دوسرا کام اور سپرد ہو گیا۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑے۔

**گئے گزرے** ۔ (ف ۔ صف) بدتر۔ ناکارہ۔ بیکار۔ بے وقعت ۔

**گئے گزرے زمانے میں** ۔ (ا ۔ مثل) بُرے وقت میں ، مفلسی میں تنگ دستی میں ۔

**گئے وقت میں** ۔ (ا ۔ تابع فعل) بُرے وقت میں ۔ بداقبالی کے زمانے میں ۔

# گ ۔ ی

**گی** ۔ (ا ۔ لاحقہ مستقبل) گا کی تانیث (ف لاحقہ ۔ اسم کیفیت) وہ لاحقہ جو ہائے مختفی پر ختم ہونے والے کو دور کر کے "گی" کے بڑھانے سے اُسے اسم کیفیت بنا دیتا ہے۔ جیسے کشیدہ سے کشیدگی ۔ سنجیدہ سے سنجیدگی وغیرہ ۔

**گے** ۔ (ا ۔ لاحقہ مستقبل) "گا" کی جمع ۔

**گیا** ۔ (گ ۔ یا) (ہ ۔ صف) رفتہ ۔ سابق ۔ گزشتہ (۲) چلا گیا (۳) گزرا جاتا رہا۔

**گیا اور آیا** ۔ (ا ۔ صف) فوراً واپس آنے کے لیے بولتے ہیں ۔

**گیا بیتا** ۔ گزرا ہوا ۔ پچھلا (۲) نکما ۔ ناکارہ ۔ ناقابل استعمال ۔ بیکار (۳) خراب ۔ بُرا ۔

**گیا گزرا** ۔ (ا ۔ صف) گزرا ہوا ۔ رفتہ ۔ گذشتہ (۲) معدوم ۔ مفقود (۳) ناکارہ نکما ۔ بیکار (۴) خراب ۔ بُرا (۵) کم حوصلہ ۔ بُزدل (۶) نہایت کمزور ۔ ناتواں (۷) بے حیثیت ۔ ناچیز ۔ بے قدر (۸) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے غیرت ۔ نالائق ۔ بدچلن (۹) مفلس ۔ غریب ۔ قلّاش (۱۰) ناقابل وصول (۱۱) تباہ شدہ ۔ (ماضی) کسی کام کا نہ رہنا ۔

**گیا گوابا** ۔ (ا ۔ صف) گزرا اور بیتا ہوا ۔ جو گزر چکا ہو ۔

**گیا وقت** ۔ (ا ۔ تابع فعل) وہ وقت جو گزر چکا ہو (۲) خوشی سے گزرا ہوا زمانہ ۔

**گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں** ۔ (ا ۔ مثل) گزرا ہوا وقت دوبارہ نہیں مل سکتا جو موقع ہاتھ سے نکل جائے ، پھر میسر نہیں آتا ۔ فرصت کو غنیمت سمجھو ۔

**گیابھ** ۔ (گ ۔ یا بھ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) حیوان کا حمل ۔ گابھ ۔

**گیابھ ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حمل گرانا (۲) خوف کے مارے وقت سے پہلے بچہ جن دینا (۳) بے حد ڈرنا ۔

**گیابھن ۔ گیابھنی** ۔ (گ ۔ یا ۔ بھَن ۔ گ ۔ یا بھ ۔ نی) (ہ ۔ امث) پیٹ والی حاملہ (یہ لفظ صرف حیوانوں کے لیے آتا ہے)

**گیارہ** ۔ (گ ۔ یا ۔ رَہ) (ہ ۔ صف) ایک اور دس (۱۱) ۔

**گیارھواں** ۔ (گ ۔ یارہ ۔ واں) (ہ ۔ صف) یازدہم ۔ دسویں کے بعد کا گیارہ سے منسوب ۔

**گیارھویں** ۔ (گ ۔ یارہ ۔ ویں) (ہ ۔ ا ۔ مث) دسویں کے بعد (۲) حضرت غوث الاعظم کی نیاز جو گیارھویں ربیع الآخر کو دی جاتی ہے۔ بعض لوگ ہر قمری مہینے کی گیارھویں تاریخ کو دیتے ہیں ۔

**گیاست** ۔ (ق ۔ صف) گیان پتی ۔

**گیان** ۔ (گ ۔ آن) (س ۔ ا ۔ مذ) علم ۔ دانش (۲) عقل ۔ فہم (۳) علم الٰہی علم معرفت ۔ عرفان ۔

**گیان چرچا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) علمی یا مذہبی ذکر اذکار ۔ علمی یا مذہبی مباحثہ ۔

**گیان چوسر** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوئی ہوتی ہے اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے ۔

**گیان دوڑانا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) بہت سوچ بچار کرنا ۔ سوچ میں ڈوب جانا ۔

**گیان دان** ۔ (ہ ۔ صف) عالم ۔ فاضل ۔ ودوان ۔

**گیانی** ۔ (گ ۔ آ ۔ نی) (س ۔ صف) عارف ۔ خدا شناس ۔ عالم ۔ فاضل ۔

**گیاہ** ۔ (گ ۔ یاہ) (ف ۔ ا ۔ مث) ہری گھاس (۲) خشک گھاس ۔ کاہ ۔

**گیبر** ۔ (گے ۔ بر) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک پرندے کا نام ۔

**گیبرڈین** ۔ (Gabardine) (گے ۔ بر ۔ ڈین) (انگ ۔ ا ۔ مذ) سوتی یا ریشمی کپڑا جس میں اُون کی آمیزش ہو ۔

**گیپ** ۔ (Gap) (انگ ۔ ا ۔ مذ) خلا ۔ دراز ۔ شگاف ۔ رخنہ (۲) خندق ۔ کھائی (۳) پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ ۔

**گیپا** ۔ (گی ۔ پا) (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا پلاؤ ۔

**گیپائی** ۔ (گی ۔ پا ۔ ئی) (ف ۔ ا ۔ مذ) گیپا بیچنے والا ۔

**گیت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) راگ ۔ بھجن ۔ سرود ۔

**گیت گانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (کنایۃً) تعریف کرنا ۔

**گیتا** ۔ (گی ۔ تا) (س ۔ ا ۔ مث) راگ ۔ گیت ۔ نغمہ ۔ بھجن (۲) بحث ۔ مباحثہ چرچا ۔ ذکر اذکار ۔ تذکرہ (۳) ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں کرشن جی کے اس وعظ کو پیش کیا گیا ہے جو انہوں نے ارجن کو سمجھانے کے لیے دیا تھا (۴) مقدس نظم ۔

**گیتی** ۔ (گے ۔ تی) (ف ۔ ا ۔ مث) دنیا ۔ عالم ۔ جہان ۔ زمانہ ۔ سنسار ۔ جگ ۔

**گیتی آرا** ۔ (ف ۔ صف) جہاں کو آراستہ کرنے والا ۔ نہایت خوبصورت (کنایۃً) بادشاہ (۲) بصرہ کا ایک خوبصورت پھول جس کی خوشبو اس کے سوکھ جانے کے بعد بھی کستوری کی طرح رہتی ہے ۔

**گیتی آفرین** ۔ (ف ۔ صف) عالم کو پیدا کرنے والا ۔ خدائے تعالیٰ ۔

**گیتی افروز ۔ گیتی فروز** ۔ (ف ۔ صف) جہاں کو روشن کرنے والا (۲) سورج خورشید ۔ آفتاب ۔

**گیتی بان** ۔ (ف ۔ صف) دنیا کا محافظ ۔ ہفت اقلیم کا بادشاہ ۔

**گیتی پژوہ** ۔ (ف ۔ صف) دنیا دار (۲) دنیا کا طالب (۳) بادشاہ (پژوہ پژوہیدن سے ہے بمعنی طلب کرنا ۔ ڈھونڈنا ۔

**گیتی پناہ** ۔ (ف ۔ امذ) (کنایۃً) بادشاہ ۔

**گیتی نورد** ۔ (ف ۔ صف) جہاں کی سیر کرنے والا ۔ بہت پھرنے والا



Marfat.com

والا (لوند، لوندیدن سے مشتق ہے یعنی لپیٹنا۔

**گیٹ** ۔ (Gate) (انگ ۔ ا ۔ مذ) دروازہ ۔ پھاٹک (۲) راہ ۔ راستہ (۳) دو پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ۔

**گیٹ اپ** ۔ (Get Up) (گَیٹ ۔ اَپ) (انگ ۔ ا ۔ مث) انداز۔ وضع طرز (۲) کتاب کی لکھائی چھپائی وغیرہ۔

**گیٹس** ۔ (گَے ۔ ٹِس) (ہند انگریزی گارٹر (Garter) سے ۔ ا ۔ مذ) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے سوار لوگ پنڈلیوں پر بٹنوں سے کس لیتے ہیں (۲) ربڑ یا سوت کا فیتہ جو موزوں پر چڑھا لیا جاتا ہے ۔ تاکہ وہ نیچے کو نہ اتریں ۔

**گیج** ۔ (Gauge) (انگ ۔ مذ) ناپ ۔ پیمائش ۔ گنجائش ۔

**گیدرا** ۔ (گیَد ۔ رَا) (ہ ۔ صف) احمق ۔ بے وقوف ۔ سادہ لوح (۲) بھدا بدنمائی ۔

**گیدڑ** ۔ (گی ۔ دَڑ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک جنگلی جانور جو کتے سے ذرا چھوٹا اور لومڑی سے ذرا بڑا ہوتا ہے (۲) شغال ۔ بزدل ۔

**گیدڑ اوروں کو شگون بتائے ۔ آپ اپنی گردن کتوں سے تڑوائے** ۔ (ا ۔ مثل) اپنی خبر نہیں ۔ اوروں کو مشورہ دیتے پھرتے ہیں ۔

**گیدڑ بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گیدڑوں کا بھونکنا (۲) بدشگونی کی علامت ظاہر کرنا ۔ (۳) اُجڑنا ۔ ویران ہونا ۔ غیر آباد ہونا ۔

**گیدڑ بھبکی ۔ گیدڑ بھپکی** ۔ (ا ۔ مث) گیدڑ کی طرح غرّا کر حملہ کر کے ڈرانا (۲) دکھاوے کی دھمکی ۔ بے اثر دھمکی ۔ نکما ڈراوا ۔

**گیدڑ بھبکی دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جھوٹ موٹ کا ڈرانا ۔

**گیدڑ کی جمعداری اُلٹی ہوئی ہے** ۔ (ا ۔ مثل) زبردستی کی حکومت ہے ۔

**گیدڑ کی کم بختی آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے** ۔ (ا ۔ مثل) جب بُرے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی اُلٹی سوجھتی ہیں ۔

**گیدڑ کے کہنے سے بیر نہیں پکتے** ۔ (ا ۔ مثل) اُمیدیں حسب مُراد پوری نہیں ہوتیں ۔

**گیدھنا** ۔ (گید ۔ نا) (ہ ۔ مص) چسکا پڑ جانا ۔ حریص ہو جانا ۔

**گیدی** ۔ (گی ۔ دی) (ف ۔ صف) بے عزت ۔ بے حمیت (۲) (مجازاً) ہیجڑا ۔ دیوث (۳) نامرد ۔ ہیجڑا (۴) بزدل (۵) احمق ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔ گید سے منسوب ہے ۔ جس کے معنی چیل کے ہیں ۔ اور لوگوں کا خیال ہے کہ وہ چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتی ہے ۔

**گیدی خر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بہت بڑا بے وقوف ۔ اُلو ۔ گدھا ۔

**گیر** ۔ (ف ۔ لاحقہ) گرفتن مصدر سے صیغہ امر سے جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پکڑنے والے کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے دل گیر عالم گیر وغیرہ ۔

**گیراج** (Garage) (انگ ۔ ا ۔ مذ) موٹر خانہ (۲) گودام ۔

**گیرودار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پکڑ ۔ دھکڑ (۲) جنگ و جدل ۔ لڑائی (۳) حکومت (۴) شان و شوکت ۔

**گیرائی** ۔ (گی ۔ را ۔ ئی) (ف ۔ ا ۔ مث) گرفتگی ۔ پکڑ (۲) خفیہ پولیس کا محکمہ ۔

**گیرنا** ۔ (گیر ۔ نا) (ہ ۔ مص) گرانا (۲) لگانا (۳) بنانا ۔ تیار کرنا ۔

**گیرو** ۔ (گے ۔ رُو) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گل ارمنی ۔ ایک قسم کی لال مٹی ۔ گیری ۔

**گیروا** ۔ (گیر ۔ وا) (ہ ۔ صف) لال رنگ کا ۔ گیرو کے رنگ کا ۔ گہرا گلابی ۔

**گیری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پکڑنا ۔ لینا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دست گیری ۔ نکتہ گیری وغیرہ ۔

**گیریژن** ۔ (Garrison) (گے ۔ رِیْ ۔ زَن) (انگ ۔ ا ۔ مث) قلعہ کی فوج (۲) قلعہ یا شہر کی حفاظتی فوج ۔

**گیڑی** ۔ (گے ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ لکڑی جس سے لڑکے اس طرح کھیلتے ہیں کہ ایک لکیر کھینچ کر اس سے تھوڑے فاصلے پر لکڑی رکھتے ، اور دوسرا لڑکا اس پر اپنی لکڑی کی چوٹ لگا کر لکیر سے پار کر دینے کی صورت میں جیت لیتا ہے ۔

**گیڑیاں کھیلنا ۔ گیڑیوں سے کھیلنا** ۔ (ہ ۔ محاورہ) (کنایۃً) نادان ۔ بے ہنر ہونا ۔

**گیزر** ۔ (Geyser) (گی ۔ زَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گرم پانی کا چشمہ جس میں مسلسل قدرتی فوارے چھوٹتے ہیں ۔

**گیس** ۔ (Gas) (انگ ۔ ا ۔ مث) ہوائے بسیط (۲) ایک قسم کی پھٹنے والی ہوا جو معدنی کانوں میں پائی جاتی ہے (۳) بے ہوش کرنے والی ہوا ۔

**گیس بیگ** ۔ (Gas Bag) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گیس بھرا تھیلا ۔ خالی خولی باتیں کرنے والا ۔ شیخی باز ۔

**گیسو** ۔ (گے ۔ سُو) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) سر کے لمبے بال (۲) زلف کاکل ۔ لٹ ۔

**گیسو بریدہ** ۔ (ف ۔ صف) جس کے گیسو کٹے ہوئے ہوں (۲) فاحشہ بے حیا ۔

**گیسو چھٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) زلفوں کا بکھر کر شانوں پر لہرانا ۔

**گیسو دار** ۔ (ف ۔ صف) گیسو والا (۲) (مجازاً) پیرزادہ ۔

**گیسو دراز** ۔ (ف ۔ صف) لمبے گیسوؤں والا (۲) مشہور بزرگ خواجہ میر سید محمد گیسو دراز کا لقب ۔

**گیسوؤں والا** ۔ (ف ۔ صف) زلفوں والا (۲) (کنایۃً) معشوق ۔

**گیسوئے شمع** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) شمع کا دھواں ۔

**گیسو میٹر** ۔ (Gaso-Meter) (گے ۔ سُو ۔ مِی ۔ ٹر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گیس رکھنے کا برتن (۲) گیس خانہ جس میں نلکیوں کے ذریعے گیس تقسیم ہوتی ہے ۔

**گیگلا** ۔ (گیگ ۔ لا) (ہ ۔ صف) سادہ لوح ۔ بھولا ۔ احمق ۔ مورکھ ۔

**گیگلا پن** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) بھولا پن ۔ سادہ لوحی ۔ حماقت ۔ بے وقوفی ۔

**گیگلی** ۔ (گیگ ۔ لی) (ہ ۔ صف) گیگلا کی تانیث ۔ بدتمیز عورت ۔ پھوہڑ ۔ احمق ۔

**گیل** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) راستہ ۔ راہ ۔ بات ۔ سڑک ۔ پگ ڈنڈی ۔ بٹیا (۲) کیلوں کا گچھا (۳) ساتھ ۔ سنگ ۔ ہمراہ ۔

**گیل گیل** ۔ (ہ) ساتھ ۔ ساتھ ۔

**گیل لگے پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیچھے پیچھے پھرنا ۔ ساتھ رہنا ۔

**گیلا** ۔ (گے ۔ لا) (ق ۔ صف) بے وقوف ۔



Marfat.com

**گیلا** ۔ (گی۔ لا) (ہ۔ صف) بھیگا ہوا۔ نم آلود۔ تر۔

**گیلا سیلا** ۔ (ا۔ صف) سیل کی وجہ سے نم۔

**گیلا ہونا** ۔ (ا۔ مص مرکب) بھیگنا۔ تر ہونا۔

**گیلانی** ۔ (گی۔ لا۔ نی) (ف۔ صف) عراق کے ایک صوبہ یا نواح بغداد کے ایک گاؤں گیلان سے منسوب۔ گیلان کا رہنے والا۔ جناب غوث الاعظم کا لقب کیونکہ وہ گیلان میں پیدا ہوئے عربی والوں نے اس لفظ کو جیلانی بنا لیا ہے۔

**گیلری** ۔ (گے۔ لَ۔ رِی) (انگ۔ ا۔ مث) (Gallery) دالان۔ برآمدہ (۲) کمرے کے اندر کا چھجہ۔ شہ نشین (۳) (تھیٹر) سب سے اونچی نشست (۴) گیلری میں بیٹھنے والے لوگ (۵) ادنیٰ طبقہ کے حاضرین یا ناظرین (۶) تصویر خانہ۔ رنگ محل۔

**گیلڑ** ۔ (گے۔ لڑ) (ہ۔ صف) پہلے خاوند کا وہ بچہ جسے عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے ہاں لائی ہو۔

**گیلن** ۔ (گے۔ لَن) (Gallon) (انگ۔ ا۔ مث) سیال اور رقیق اشیا ناپنے کا پیمانہ۔ جو دو سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے

**گیلی** ۔ (گے۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) تنے کی کاٹی ہوئی گول لکڑی جس سے شہتیر نکلتے ہیں۔ (۲) بیوقوف عورت (ق)۔

**گیلی** ۔ (گے۔ لی) (Galley) (انگ۔ ا۔ مث) چھاپے خانے کی اصطلاح میں لکڑی کا وہ خانہ جس میں کمپوز شدہ ٹائپ کی قطاریں لگی ہوں۔

**گیلی** ۔ (گی۔ لی) (ف۔ صف) گیلان کا رہنے والا۔ گیلان کی رہنے والی۔

**گیلی** ۔ (گی۔ لی) (ہ۔ صف) گیلا کی تانیث۔ بھیگی ہوئی۔

**گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے** ۔ (ا۔ مثل) بچپن کی تربیت ہو سکتی ہے۔

**گیلے** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) گیلا کی جمع۔

**گیم** ۔ (Game) (انگ۔ ا۔ مث) کھیل (۲) کھیل کی ایک بازی۔ (۳) کسی کھیل کا پورا سامان (۴) دل لگی۔ تمسخر (۵) سیر۔ تفریح۔ (۶) تماشا۔ سوانگ (۷) شکار (۸) شکار کے جانور (۹) کام۔ منصوبہ۔ مہم۔

**گین** ۔ (ف۔ صف) آگین کا مخفف۔ جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے نگین۔ اندوگین (والا) سرگین۔ شرمگین

**گینا** ۔ (گے۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھوٹے قد کا بیل (۲) مال و دولت (ق) (۳) چھارٹی۔

**گینتی** ۔ (گین۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار آہنی اوزار۔ کدال۔

**گینجنا** ۔ (گینج۔ نا) (ہ۔ مص) ہاتھ سے مل دل ڈالنا۔

**گیند** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی۔

**گیند** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ و مث) چمڑے، کپڑے یا ربڑ کا وہ گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔

**گیند بلا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ڈنڈے اور گیند کا کھیل۔ کرکٹ۔

**گیندا** ۔ (گیں۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) گل صد برگ۔ ایک قسم کا زرد پھول اور اس کا پودا۔

**گیندوا** ۔ (گیند۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تکیہ (۲) پیٹ میں پیدا ہونے والا ایک کیڑا۔

**گینڈا** ۔ (گیں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھینسے کے برابر ایک بڑا شہزور چوپایہ جس کی ناک پر ایک سینگ ہوتا ہے۔ کھال اتنی سخت اور مضبوط ہوتی ہے کہ اس کی ڈھالیں بناتے ہیں۔

**گینڈلی** ۔ (گینڈ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) سوت کا لچھا۔ سوت کی انٹی (۲) سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا۔ کنڈلی۔

**گینگ** ۔ (Gang) (انگ۔ ا۔ مذ) جتھا۔ ٹولی۔ طائفہ۔ گروہ (۲) مجرموں کا گروہ (۳) وہ آلات جن کا سلسلہ ایک دوسرے سے ملا کر اور ساتھ ساتھ کام کرتے ہوں۔

**گینگٹا** ۔ (گینگ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) کیکڑا۔ سرطان۔

**گینگلا** ۔ (گے۔ نَ۔ گلا) (ق۔ صف) بے وقوف۔ سادہ لوح۔

**گینی** ۔ (گے۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹے قد کی موٹی گائے۔

**گیہان** ۔ (گے۔ ہان) (ف۔ ا۔ مذ) جہان۔ زمانہ۔

**گیہان خدا** ۔ خدیو۔ جہان کا بادشاہ۔ خداوند۔

**گیہوں** ۔ (گے۔ ہوں) (ہ۔ ا۔ مذ) گندم۔ ایک قوت بخش اناج۔

**گیہوں کی بال نہیں دیکھی** ۔ (ہ۔ مثل) نہایت ناتجربہ کار اور ناداں ہے گھر سے باہر بالکل قدم نہیں رکھا۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ گیہوں کا پودا اور اس کی بال کیسی ہوتی ہے۔

**گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیئے** ۔ (ا۔ مثل) نعمت کھا کر پچانے کو بڑا حوصلہ چاہیئے۔ دولت پا کر عاجز رہنے کا مادہ چاہیئے۔

**گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے** ۔ امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آ جاتی ہے۔ گناہ گار کے ساتھ اس کا بے گناہ ساتھی بھی گرفتار بلا ہو جاتا ہے۔ بُرے کے ساتھ اچھا بھی دھر لیا جاتا ہے۔



Marfat.com

# ل

ل - لام - (ع - مذ) اُردو کا تیسواں[30]، فارسی کا ستائیسواں[27]، عربی کا تیئیسواں[23] اور ہندی کا اٹھائیسواں[28] - حساب ابجد میں اس کے تیس[30] عدد مانے گئے ہیں - یہ حرف اُردو مصادر کو متعدی بناتا ہے جیسے جینا سے جِلانا، پینا سے پلانا کبھی متعدی مصدر میں تاکیدی خصوصیت پیدا کرتا ہے جیسے دکھانا سے دکھلانا، بتانا سے بتلانا۔ کبھی الفاظ کے آخر میں آنے سے مصدریت کا فائدہ دیتا ہے جیسے دیکھ بھال، چال ڈھال۔ کبھی نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے بوجھل۔ عربی میں کلمہ کی ابتدا میں آکر "لیے" کے معنی دیتا ہے جیسے لِلّٰہ۔ لفظِ شوال کا مخفف بھی ہے۔ شمسی حرف ہے، اس سے پہلے "ال" لگایا جائے تو پڑھا نہیں جائے گا البتہ دوسرے لام کو مشدد کر دے گا جیسے "اللطیف"۔

## ل - ا

**لآلی** - (ع - مذ) لُؤلُؤ کی جمع۔
**لا** - (ا - فعل) لانا مصدر کا صیغہ امر۔
**لا** - (ع - کلمۂ نفی) بغیر۔ بِنا۔ نہیں۔ نا (۲) الجبرا میں مقدار مجہول یا نامعلوم۔
**لااُبالی** - (ع - ا - صف) میں پرواہ نہیں کرتا (۱) نڈر۔ دلیر (۲) بے فکر۔ بے پرواہ۔ (۳) لامذہب۔ رند مشرب (۴) شوخ۔ بے شرم۔
**لااُبالی پن** - (ا - مذ) بے پرواہی۔ بے فکری۔ شوخی۔
**لااُبالی کارخانہ** - (ع - ف - ا - مذ) نہایت بدانتظامی۔
**لااُحصِی** - (ع - مقولہ) میں احاطہ نہیں کرسکتا۔ ایک حدیثِ نبوی کی طرف اشارہ ہے۔ جس کے معنی ہیں (اے خدا) میں تیری صفت کا شمار نہیں کرسکتا۔ تجھ میں وہ سب موجود ہیں جو تُو نے آپ اپنی نسبت بیان فرمائی ہیں۔
**لااَدرِی** - (ع - کلمۂ انکار) لااَعلَم۔ مجھے معلوم نہیں۔
**لااَدریا** - (ع - صف) متشکک۔ وہ شخص جسے خدا کے وجود اور ہر چیز کے بارے میں شبہ ہو۔
**لااَدریت** - (ع - ا - مث) متشککین کا نظریہ کہ ہم خدا اور کسی چیز کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے۔
**لاالٰہ** - (ع - تابع فعل) لاالٰہ الا اللہ کا مخفف (۲) معاذ اللہ۔ توبہ ہے۔
**لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ** - (کلمۂ طیب) خدا کے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔
**لابُد** - (ع - تابع فعل) (۱) بے شک۔ یقیناً۔ قطعی (۲) مجبوراً۔
**لابُدی** - (ع - صف) لازمی۔ ضروری۔ یقینی۔
**لاپتا** - (ا - صف) بے پتا۔ وہ جس کا پتہ نہ ہو۔ گم۔ غائب۔
**لاپروا** - (ع - ا - مث) بے پروا۔
**لاپروائی** - (ع - ف - ا - مث) (۱) بے پروائی۔ غفلت۔ (۲) بے خوفی۔
**لاتحصٰی و لاتعد** - (ع - صف) لاتعداد - بے حساب - بے شمار۔ اَن گنت۔
**لاتعداد** - (ع - صف) بے حساب - بے شمار۔
**لاثانی** - (ع - صف) بے مثل - بے نظیر - یگانہ - یکتا - فرد۔
**لاجُرعہ** - (ع - صف) بغیر گھونٹ کے ایک ہی سانس میں پی جانا۔
**لاجَرَم** - (ع - تابع فعل) (۱) بے شک - یقیناً (۲) مجبوراً۔
**لاجواب** - (ع - صف) (۱) خاموش - چُپ (۲) مغلوب - عاجز (۳) جھوٹا (۴) بے نظیر - بے مثل - جس کا جواب نہ ہو۔
**لاجواب کر دینا** - (ا - محاورہ) ہرا دینا - جواب نہ بننے دینا - تھکا دینا - بند کر دینا۔
**لاچار** - (ا - صف) (۱) ناچار - لاعلاج (۲) محتاج - غریب - مفلس - (۳) بے بس - معذور (۴) ہار کر - مجبور ہو کر - تھک کر۔ (صحیح ناچار)
**لاچار کرنا** - (ا - محاورہ) (۱) مجبور کرنا - بے بس کرنا - (۲) اپاہج کرنا - ناکارہ کرنا (۳) مفلس بنانا - تنگدست کر دینا۔
**لاچارگی** - (ا - صف) (۱) ناچاری - مجبوری (۲) محتاجی - غریبی - مفلسی۔
**لاچار ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) لاعلاج ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) عاجز ہونا - ہارنا - تھکنا (۴) محتاج ہونا - (۵) مُفلس اور تنگدست ہونا۔
**لاچاری** - (۱) ناچاری (صحیح) مجبوری (۲) عاجزی - (۳) مُحتاجی - غریبی - مفلسی - مصیبت۔
**لاچاری پربت سے بھاری** - (ا - مثل) درماندگی پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہے۔
**لاحاصل** - (ع - صف) بے فائدہ - فضول - نکما - بے کار - بے نتیجہ۔
**لاحَل** - (ع - صف) جو حل نہ ہو سکے - مشکل - دُشوار - کٹھن - دقیق۔
**لاحَول** - (ع - کلمۂ نفرت) اظہارِ نفرت و حقارت کلمہ - (۲) شیطان کے بھگانے اور بھوت پریت دفع کرنے کا کلمہ۔



Marfat.com

**لاحول بھیجنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لعنت بھیجنا ۔ نفرت ظاہر کرنا ۔

**لاحول پڑھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) شیطان یا بھوت پریت بھگانے کیلیے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ پڑھنا ۔

**لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ** ۔ (ع۔ کلمۂ نفرت) اظہارِ نفرت و بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں ۔

**لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم** ۔ (ع۔ کلمۂ پناہ) کسی کو کوئی قدرت طاقت حاصل نہیں، لیکن خدائے بزرگ و بلند کو سب کچھ حاصل ہے ۔

**لاخراج** ۔ (ع۔ صفت) وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو۔ معافی۔ وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے ۔

**لاخراج دار** ۔ (ع۔ ف۔ صفت) وہ زمیندار جس کو سرکاری محصول نہ دینا پڑے ۔

**لادعویٰ** ۔ (ع۔ ا۔ صفت۔ مذ) دست برداری ۔ فارغ خطی ۔ بے تعلق ہونے کی سند ۔

**لادعویٰ دینا (لکھنا)** (ا۔ محاورہ) کسی حق یا دعویٰ کو چھوڑ دینا ۔

**لا دَوا** ۔ لاعلاج ۔ جس کی دوا نہ ہو سکے ۔

**لَارَیب** ۔ (ع۔ تابع فعل) بلاشبہ ۔ یقیناً ۔ بیشک ۔ تحقیق ۔

**لازوال** ۔ (ع۔ صفت) جس کو زوال نہ ہو ۔ غیر فانی ۔ ازلی ۔ قدیم ۔

**لاسخن** ۔ (ع۔ ف۔ صفت) خاموش ۔ بے زبان (۲) [مذ] بدزبانی ۔ گستاخی ۔

**لاشریک** ۔ (ع۔ صفت) خدا ۔ جس کا کوئی شریک نہیں ۔

**لاشے** ۔ (ع۔ صفت) ہیچ ۔ بے وقعت ۔ معدوم ۔

**لاطائل** ۔ (ع۔ ف) لاحاصل ۔ بے فائدہ ۔ بے سُود ۔ بیکار ۔

**لاعلاج** ۔ (ع۔ ا۔ صفت) (۱) جس کا علاج نہ ہو سکے ۔ لادوا (۲) لاچار ۔ ناچار ۔

**لاعلم** ۔ (ع۔ صفت) بے علم ۔ جسے معلوم نہ ہو ۔ کسی بات کا نہ جاننے والا ۔ ناواقف ۔ انجان ۔

**لاعلمی** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بے خبری ۔ کسی بات کا علم نہ ہونا ۔

**لاغرض** ۔ (ع۔ صفت) بے غرض ۔

**لافانی** ۔ (ع۔ صفت) جس کو فنا نہ ہو ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔

**لَافَتیٰ اِلَّا عَلِی لَاسَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار** ۔ (ع۔ مقولہ) حضرت علیؓ کے سوا کوئی بہادر نہیں، اور ذوالفقار کے سوائے کوئی تلوار نہیں ۔

**لاکلام** ۔ (ع۔ صفت) (۱) وہ کلام جس میں کچھ جائے گفتگو نہ ہو ۔ (۲) بلاشبہ ۔ یقیناً ۔ ضرور ۔ البتہ ۔

**لاکلامی** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خاموشی ۔ چُپ رہنا (۲) [صفت] بے شبہ ۔ یقینی ۔

**لامتناہی** ۔ (ع۔ صفت) غیر محدود ۔ جس کی کوئی حد نہ ہو ۔

**لامحالہ** ۔ (ع۔ تابع فعل) (۱) ناچار (۲) بالضرور ۔ یقیناً ۔

**لامذہب** ۔ (ع۔ صفت) جس کا کوئی مذہب نہ ہو ۔ بے دین ۔ دہریہ ۔

**لامذہبیت (ذہنیت)** [ع۔ ا۔ مذ] مذہب سے کوئی تعلق نہ ہونا (۲) لامذہب کا اسم کیفیت (انگ) (Secularism)

**لامرکزیت** ۔ جس کا کوئی مرکز نہ ہو (۲) مرکزی حکومت کو توڑنا ۔ (۳) سیاسی کی ایک اصطلاح ۔

**لامکان** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ مکان جس میں مکانیت کی تخصیص نہ ہو ۔ عالم قدس ۔ خدائے تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ ۔

**لامکان پرواز (سیر)** [ع۔ ف۔ صفت] عالم بالا تک پہنچنے والا ۔ مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۔

**لاوارث** ۔ (ع۔ صفت) وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو ۔ وہ چیز جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو ۔

**لاوارثی** ۔ (ع۔ صفت۔ مث) وہ شے جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو ۔

**لاوَلَد** ۔ (ع۔ صفت) بے اولاد ۔ جس کے کوئی اولاد نہ ہو ۔

**لا وَنَعَمْ** ۔ (ع۔ تابع فعل) نہیں ۔ ہاں ۔ آرے ۔ ہے ۔

**لاہُوت** ۔ (ع۔ صفت) تصوّف میں مقامات کا وہ درجہ جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے ۔

**لایَجُوز** ۔ (ع۔ صفت) ناجائز ۔ جائز نہیں ۔

**لایُحْصیٰ** ۔ (ع۔ صفت) بے حد ۔ بے شمار ۔

**لایَزال** ۔ (ع۔ صفت) ہمیشہ رہنے والا ۔ بے زوال ۔ قدیم ۔ دائمی ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ۔

**لایَعْقِل** ۔ (ع۔ صفت) بے وقوف ۔ نادان ۔

**لایَعْلَم** ۔ (ع۔ صفت) جاہل و بے علم ۔

**لایَعْنی** ۔ (ع۔ صفت) بیہودہ ۔ لغو ۔ بے فائدہ ۔ بے نتیجہ ۔ فضول ۔ لاحاصل ۔

**لایَمُوت** ۔ (ع۔ صفت) (۱) نہ مرنے والا ۔ غیر فانی (۲) وہ خوراک جو صرف زندگی قائم رکھنے کے لیے کھتی ہو ۔ (قوتِ لایموت)

**لایَنبَغی** ۔ (ع۔ صفت) نامناسب ۔ جو لائق نہ ہو ۔

**لایَنحَل** ۔ (ع۔ صفت) جو حل نہ ہو سکے ۔ مشکل ۔ پیچیدہ ۔

**لایَنفَک** ۔ (ع۔ صفت) جُدا نہ ہونے والا ۔

**لا** ۔ (Law) [انگ۔ ا۔ مذ] قانون ۔ ضابطہ ۔ قاعدہ ۔

**لاب** ۔ (ق۔ ا۔ مذ) فائدہ ۔

**لابہ** ۔ (لا۔ بہ) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) درخواست ۔ خواہش (۲) فریاد (۳) طنز (۴) مذاق (۵) خوشامد ۔

**لابہ گر** ۔ (ف۔ صفت) چاپلوسی کرنے والا ۔ خوشامدی ۔

**لابھ** ۔ (س۔ ا۔ مذ) (۱) فائدہ ۔ نفع (۲) حصول تحصیل ۔ (۳) بالائی آمدنی ۔ رشوت (۴) نجوم کا گیارھواں گھر ۔ (۵) حرص ۔ طمع ۔ لالچ ۔ لوبھ ۔

**لابی** ۔ (Lobby) [انگ۔ ا۔ مث] پارلیمنٹ یا اسمبلی کا بڑا کمرہ جہاں ممبر حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں ۔

**لات** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) زمانۂ جاہلیت میں عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش کی جاتی تھی ۔ چاند کی دیوی ۔

**لات** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پاؤں کی ضرب ۔ ٹھوکر (۲) نت ۔ لکد ۔



Marfat.com

**لات کا آدمی بات سے نہیں مانتا۔** (ا۔مثل) شریر اور بدمعاش آدمی سختی کیے بغیر درست نہیں ہوتا۔
**لات مار کر کھڑا ہونا۔** (ا۔محاورہ) بچّہ جن کر تندرستی کے ساتھ اٹھنا۔ جننے سے بخیریّت فراغ پانا۔
**لات مارنا۔** (ا۔محاورہ) پاؤں کی ٹھوکر لگانا (۲) نفرت ظاہر کرنا۔ بے عزّتی کرنا۔ (۳) ترک کر دینا۔ چھوڑنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ دست بردار ہونا۔
**لات مُکّی۔** لاتوں اور مکّوں سے مارنے کی لڑائی۔
**لاتوں کا بھُوت (دیو) باتوں سے نہیں مانتا۔** (ا۔مثل) کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔
**لاتیں چلانا۔** (ا۔محاورہ) لاتوں سے مارنا۔ ٹھوکریں لگانا (۲) دولتیاں مارنا۔
**لاتیں کھانا۔** (ا۔محاورہ) لاتوں سے مار کھانا۔
**لاٹ۔** (ھ۔ا۔مؤنّث) (۱) بہت اُونچا ستون یا مینار۔ لاٹھ (۲) لو۔ شُعلہ۔
**لاٹ۔** [ (Lord) ] کا مخفّف۔ ا۔ مذ) (۱) مالک۔ آقا (۲) امیر۔ (۳) برطانیہ کا اعزازی خطاب (۴) گورنر (۵) حاکم صوبہ۔
**لاٹ پادری۔** (ا۔ مذ) بڑا پادری۔ سب سے بڑا پادری۔
**لاٹ۔** ( (Lot)) [ انگ۔ا۔ مذ] چیزوں کا انبار۔ ڈھیر۔ تھوک۔
**لاٹ بندی۔** (ا۔مث) چیزوں کے الگ الگ انبار لگانا۔
**لاٹری۔** ( (Lottery)) لاٹ۔ رِی ) [ انگ۔ا۔ مؤنّث] ایک قسم کی قرعہ اندازی۔ جوئے کی ایک قسم۔
**لاٹنا۔** (لاٹ۔ نا) [ق۔مص] ذلیل کرنا۔
**لاٹوں والی۔** (ھ۔مث) جوالامکھی۔ ایک دیوی جو دُرگاجی کا اوتار سمجھی جاتی ہے۔
**لاٹھ۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) تھم۔ ستون۔ کھمبا (۲) کولھو کی موٹی اور لمبی لکڑی۔ (۳) مُوسل۔ دستہ۔ موگری (۴) چرخی کی سب سے لمبی اور بیچ کی کھونٹی۔
**لاٹھی۔** (لا۔ ٹھی) [ھ۔ا۔مث] عصا۔ جریب۔ ہاتھ کی لکڑی۔
**لاٹھی پاٹھی۔** (ھ۔ا۔مث) مار پیٹ۔ زدوکوب۔
**لاٹھی پونگا۔** (ھ۔ا۔مث) لاٹھی اور سونٹا۔ لٹھ اور بانس۔ لٹھم لٹھا۔ مار پیٹ۔ جُوتی پیزار۔
**لاٹھی پونگا کرنا۔** (ا۔محاورہ) لٹھم لٹھا ہونا۔ جُوتی پیزار کرنا۔
**لاٹھی ٹوٹے نہ باسَن پھُوٹے۔** (ا۔مثل) اس طرح کام لینا کہ کسی کا بھی نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام لینا۔
**لاٹھی لٹھوّل۔** جُوتی پیزار۔ مار پیٹ۔ زدوکوب۔
**لاٹھی مارے پانی جُدا نہیں ہوتا۔** (ا۔مثل) رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے، سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا۔
**لاٹھی ہاتھ کی، بھائی ساتھ کا۔** (ا۔مثل) لاٹھی وہ جو ہاتھ میں ہو اور بھائی وہ جو ساتھ دے۔

**لاج۔** ( (Lodge) ) [انگ۔ا۔مث] مکان۔ منزل۔ عمارت۔
**لاج۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) شرم۔ حیا۔ غیرت۔ (۲) عزّت۔ آبرو۔
**لاج آنا۔ لاج لگنا۔** (ا۔محاورہ) شرم آنا۔
**لاج رکھنا۔** (ا۔محاورہ) آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزّت بچانا۔ شرم رکھنا۔
**لاج سے مرنا۔ لاجوں مرنا۔** (ا۔محاورہ) بہت زیادہ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا۔
**لاج کرنا۔** (ا۔مص مرکب) شرم کرنا۔
**لاج کھانا۔** (ا۔محاورہ) شرم کھانا یا آنا۔
**لاج کھونا۔** (گنوانا) [ا۔محاورہ] بے شرم ہو جانا۔ بے حیا ہو جانا۔
**لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری۔** (ا۔مثل) عزّت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنا اور نقصان اٹھانا۔
**لاج لجانا۔** (ا۔محاورہ) شرمانا۔
**لاجنا۔** (لاج۔نا) [ق۔مص مرکب] شرمانا۔
**لاجوَرد۔** (لاج۔ وَرد) [ف۔ا۔مذکر] (۱) نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر۔ (۲) نیل۔ نیلا رنگ۔
**لاجوَردی۔** (لاج۔ وَر۔ دِی) [ف۔صفت] لاجورد کے رنگ کا گہرا نیلا۔
**لاجونتی۔** (لاج۔ وَن۔ تی) [ھ۔ا۔مث] چھوئی موئی کا پودا۔ (۲) شرم والی۔ غیرت مند۔ پاکدامن۔
**لاچا۔** (پ۔ا۔مذکر) ریشمی تہمد۔
**لاچین۔** (ف۔ا۔مذ) شاہین شکاری۔
**لاحِق۔** (لا۔حِق) [ع۔صفت] ملا ہوا۔ پیوستہ۔ وابستہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔
**لاحق ہونا۔** (۱) ملنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ وابستہ ہونا (۲) کوئی بیماری لگنا۔
**لاحِقہ۔** (لا۔حِ۔قہ) [ع۔صفت] لاحق کی تانیث۔ پیچھے لگا ہوا۔ واقعہ۔ ملحق۔ [مذ] لفظ بنانے کے لیے لفظ کے آخر میں کوئی لفظ لگانا۔ جیسے نامہ بر۔ دلبر۔ جمع لواحق۔
**لادْ۔** (ا۔مث) بار۔ بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔
**لاد پھاند۔** (ھ۔ا۔مث) اسباب باندھنا اور بار کرنا۔
**لاد چلنا۔** (ھ۔مص) کوچ کرنا۔ بستر بوریا سمیٹ کر رخصت ہونا۔
**لاد دے لدا دے، لدانے والا ساتھ دے۔** (ا۔مثل) چیز بھی دے، اُسے لدوا بھی دے اور ایک آدمی بھی دے جو جا کر اُتروا دے۔ ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈالنے والا۔
**لادنا۔** (لاد۔نا) [ھ۔مص] اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھنا۔ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔
**لادُوْ۔** (ھ۔صفت) وہ جانور جس پر سامان لادتے ہیں۔ بوجھ لادنے کے قابل۔
**لادی۔** (لا۔ دِی) [ھ۔ا۔مث] (۱) بوجھ۔ بھار۔ بوجھا۔ دھوبیوں کی گٹھڑی۔



Marfat.com

لادیا۔ (لا۔ دِ۔ یا) [ھ۔ا۔مذ] بار بردار۔ بوجھ لاد کر لے جانے والا۔

لاڈ۔ [ھ۔ا۔مذ] لاڈ۔ پیار۔ اِخلاص۔ محبت۔

لاڈ پیار۔ (ا۔مذ) پیار۔ اِخلاص۔

لاڈ لڈانا۔ (ا۔محاورہ) چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا۔ ناز و نعمت سے پالنا۔

لاڈا۔ (لا۔ڈا) (ہ۔صفت) پیارا۔ معشوق۔ (۲) ناز و نعمت سے پالا ہوا (۳) [مذکر] عاشق (۴) دُولہا

لاڈا۔ لاڈی۔ (ا۔صفت) (۱) عاشق و معشوق (۲) دولھا۔ دُلہن۔ لاڑا۔ لاڑی۔ بنّا۔ بنّی۔

لاڈلا۔ (لاڈ۔لا) [ھ۔صفت] پیارا۔ معشوق۔ ناز و نعمت سے پالا ہوا۔

لاڈلا پُوت کٹورے مُوت۔ (ا۔مثل) زیادہ لاڈ پیار سے اولاد بدتمیز اور گستاخ ہو جاتی ہے۔

لاڈ لپیٹ کی باتیں۔ (ا۔مثل) ظاہرداری کی باتیں۔ گول مال باتیں۔

لاڈلی۔ (لاڈ۔لی) [ھ۔صفت] لاڈلا کی تانیث۔ پیاری۔ دُلاری۔ نازپروردہ۔

لاڈو۔ (لا۔ڈو) [ھ۔صفت] (۱) لاڈلی [مث] (۲) دُلھن۔ عُروس۔

لار۔ (ھ۔ا۔مث) قطار۔ صف۔ پرا۔ اُونٹوں کی قطار۔

لارا۔ (لا۔را) [ھ۔ا۔مث] حیلہ۔ بہانہ۔

لارا لیری۔ (ھ۔ا۔مث) حیلہ۔ حوالہ۔ ٹال مٹول۔

لارا لیری کا یار کبھی نہ اُترے پار۔ (ا۔مثل) حیلے بہانے بنانے والا ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ اس سے کوئی کام نہیں نکل سکتا۔

لارا لیری لگانا۔ (ا۔محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹالنا۔ آج کل کرنا۔

لارڈ۔ (Lord) [انگ۔ا۔مذ] دیکھیے "لاٹ" ایک انگریزی خطاب۔

لاروا۔ (Larva) (لار۔وا) [انگ۔ا۔مذ] کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت۔ جھانجا۔ پہل رُوپ۔

لاری۔ (لا۔ری) [انگ۔ا۔مؤنث] ایک قسم کی موٹر گاڑی۔

لاڑ۔ [ھ۔ا۔مؤنث] دیکھیے "لاڈ پیار"

لاڑھیا۔ (لاڑھ۔یا) [ھ۔ا۔مذ] بُری چیز کی تعریف کر کے اُسے بِکوا دینے والا۔ دلال [صفت] مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

لاڑھیاپن۔ (ا۔مذ) دغابازی۔ دھوکہ بازی۔

لازم۔ (لا۔زِم) [ع۔صفت] چمٹا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق (۲) ضرور۔ واجب۔ فرض (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے۔ ذمّہ۔ تعلق۔

لازم آنا۔ (ا۔محاورہ) ضروری ہونا۔ یقینی نتیجہ نکلنا۔

لازم و ملزوم۔ (ع۔صفت) ایک دوسرے کے متعلق۔ ایک دوسرے سے وابستہ۔ واجب۔ ضرور۔

لازمہ۔ (لا۔زِ۔مہ) [ف۔ا۔مذ] جوڑ۔ میل۔ سامان۔ ضروری اسباب۔

لازمی۔ (لا۔زِ۔می) [ا۔صفت] ضروری۔ لابدی۔ واجب۔

لاسا۔ (لا۔سا) [ھ۔ا۔مث] ایک لیسدار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور اس سے پرندوں کو پکڑا جاتا ہے (۲) چسکا۔ عادت۔ (۳) نشاستہ۔ گوند۔

لاسا لگانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) پرندے پکڑنے کے لیے کسی چیز پر چیپ دار مادہ لگانا۔ (۲) دو شخصوں کو بھڑوانا۔ جھگڑا لگا دینا (۳) پھنسانا۔ چپکانا۔

لاسا ہو جانا۔ (ا۔محاورہ) چیپک ہو جانا۔

لاسے پہ لگانا۔ (ا۔محاورہ) مانوس کرنا۔ ہلانا۔ گرویدہ بنانا۔ یار بنانا۔

لاسلکی۔ (لا۔سل۔کی) [ع۔ا۔مث] بلاتار کی برقی رو جس سے ریڈیو وغیرہ چلتے ہیں۔ وائرلیس (Wireless)

لاش۔ (ت۔ا۔مث) مُردہ جسم۔ نعش۔ میّت۔ جنازہ۔

لاش پٹی۔ (ا۔مث) خون یا سببِ موت کی اطلاعی رپورٹ۔

لاش پڑنا۔ (ا۔محاورہ) مارا جانا۔ ہلاک ہونا۔ مُردہ ہو کر گرنا۔

لاش ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) قتل کرنا۔ مار کر ڈھیر کرنا۔

لاشعاعیں۔ (لا۔شُ۔عا۔عیں) [انگ۔ا۔مث] وہ خاص قسم کی شعاعیں جو ٹھوس اجسام سے گذر جاتی ہیں اور اس سے جسم کے اندر کی تصویر لی جاتی ہے۔ (X-Rays)

لاشہ۔ (لا۔شہ) [ف۔ا۔مذ] لاش۔ مُردہ جسم۔ (۲) لاغر۔ دُبلا۔

لاطینی۔ (لا۔طی۔نی) [انگ (Latin)] [معرب۔صفت] قدیم رُوما کی زبان۔ رُومی زبان۔ قدیم رُوما سے متعلق۔

لاغر۔ (لا۔غر) [ف۔صفت] دُبلا۔ پتلا۔ نزار۔

لاغری۔ (لا۔غ۔ری) [ف۔ا۔مث] دُبلاپن۔ کمزوری۔ ناطاقتی۔ ناتوانی۔

لاف۔ (ف۔ا۔مث) شیخی۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ خودستائی۔

لاف زن۔ (ف۔صفت) شیخی باز۔ ڈینگیا۔ بڑبولا۔

لاف زنی۔ (ف۔ا۔مث) شیخی۔ خودستائی۔ تعلّی۔

لاف زنی کرنا۔ (ا۔محاورہ) لاف مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ اِترانا۔ ڈینگ مارنا۔

لاف و گزاف۔ (ف۔ا۔مث) بیہودہ سرائی۔ شیخی۔ تعلّی۔

لاکٹ۔ (Locket) [انگ۔ا۔مذ] گھنڈی۔ تکمہ۔ تمک۔ تعویذ۔ گلے میں پہننے کا زیور۔

لاکھ۔ [ھ۔صفت] (۱) سو ہزار کی تعداد۔ لکھ ۰۰۰۰۰ا (۲) بہت۔ بے حد۔ بہتیرے۔ بہت سے۔ ہر چند (۳) ایک قسم کی گوند جو لاکھ کے کیڑے سے پیدا ہوتی ہے۔ جسے پگھلا کر مُہر لگائی جاتی ہے۔

لاکھ بات کی ایک بات۔ (ا۔مث) مختصر مگر پُرمغز بات

لاکھ باتیں۔ (ا۔مث) مختلف قسم کی باتیں۔

لاکھ بسوے۔ (ا۔تابع فعل) ضرور۔ یقیناً۔ بلاشبہ۔

لاکھ پہ بھاری ہے۔ (ا۔صفت) بہادر ہے۔ غالب ہے۔ کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ لاثانی ہے۔ بے نظیر ہے۔



Marfat.com

**لاکھ جان (جی) سے۔** (ا۔ تابع فعل) ہزار جان سے۔ نہایت شوق سے۔ بدل و جان۔

**لاکھ کا گھر خاک کر دینا۔** (ا۔ محاورہ) تمام دولت و عزت خاک میں ملا دینا۔ بالکل تباہ و برباد ہو جانا۔ بنا بنایا کام بگاڑ دینا۔

**لاکھ کوئی کہے۔** (ا۔ روزمرہ) کوئی کچھ کہے۔ ہر چند کوئی کہے۔

**لاکھ لاکھ بناؤ دینا۔** (ا۔ محاورہ) بہت زیب و زینت دینا۔ بہت بھلا لگنا۔

**لاکھ لاکھ کوس۔** (ا۔ مذ) دُور دُور۔

**لاکھ لاکھ شکر۔** (ا۔ صف) خدا کا بے حد شکر۔

**لاکھ من کا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بہت بھاری اور بوجھل ہونا۔ (۲) صاحبِ عزت و وقار ہونا۔ (۳) بھاری بھرکم ہونا۔

**لاکھ میں۔** (ا۔ تابع فعل) (۱) ہزاروں میں۔ سینکڑوں میں۔ بہتیروں کے سامنے (۲) ضرور۔ یقیناً۔ بیشک۔

**لاکھ میں ایک۔** (ا۔ صف) منتخب۔ چُنا ہوا۔ چھٹا ہوا۔

**لاکھ میں کہنا۔** (ا۔ محاورہ) علی الاعلان کہنا۔ کھُل کر کہنا۔

**لاکھوں۔** (ا۔ مذ) ہزاروں۔ سینکڑوں۔ بہت سے۔ بے شمار۔

**لاکھوں گھڑے پانی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت شرمندہ ہونا۔

**لاکھوں میں۔** (ا۔ صف) دیکھئے "لاکھ میں"۔

**لاکھ ہاتھی لُٹ گیا پھر سوا لاکھ ٹکے کا ہے۔** (ا۔ مثل) امیر کتنا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اس کی عزت برقرار رہتی ہے۔

**لاکھا۔** (لا۔ کھا) [ھ۔ ا۔ مذ] لاکھ کا سُرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی بڑھانے کے لیے اپنے ہونٹوں پر لگاتی ہیں۔ ہونٹوں پر لگانے کی سُرخی۔ (۲) لاکھی رنگ کا گھوڑا۔ (۳) ایک قسم کا جنگلی مرغ۔

**لاکھوال۔** (لاکھ۔ وال) [ا۔ صف] لاکھ کی نسبت رکھنے والا

**لاکھی۔** (لا۔ کھی) [ھ۔ صف] لاکھ کے رنگ کا۔ سُرخ۔ گھوڑے کا ایک رنگ۔ لاکھ کا بنا ہوا۔

**لاگ۔** (ھ۔ ا۔ مث) (۱) تعلق۔ علاقہ۔ نسبت (۲) اُنس۔ محبت۔ لگن۔ (۳) مزہ۔ چسکا (۴) شوق۔ رغبت (۵) عداوت و دُشمنی۔ بَیر۔ (۶) کرتب۔ شعبدہ۔ طلسم (۷) جادُو۔ ٹونا۔ منتر (۸) دوا۔ دارُو (۹) سہارا۔ مدد۔

**لاگ باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) دشمنی پیدا کرنا۔

**لاگ پیدا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) عداوت پیدا کرنا۔

**لاگ دار۔** (ا۔ صف) (۱) رشتہ دار۔ ناتا دار (۲) بہنوئی۔ بہن کا خاوند (۳) دوست۔ یار۔ آشنا۔

**لاگ ڈانٹ۔** (ا۔ مث) اَن بَن۔ عناد۔ بُغض۔ عداوت۔

**لاگ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) تعلق رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دشمنی رکھنا

**لاگ سے۔** (ا۔ تابع فعل) مدد سے۔ سہارے سے۔ اشتعال سے۔

**لاگ کھلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلانا۔ (۲) جادو کرنا (۳) کُشتہ کھلانا۔

**لاگ لپیٹ۔** (ا۔ مث) (۱) طرفداری۔ پاسداری۔ حمایت (۲) دغا۔ مکر فریب۔

**لاگ لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) عشق ہونا۔ لگن ہونا۔ (۲) شوق ہونا۔ اُمنگ ہونا۔ نیا رشتہ نکلنا (۴) ٹیکس لگنا۔

**لاگ لگی ہوئی ہے۔** (ا۔ مثل) آپس میں دشمنی ہے۔ (۲) بہت خواہش اور تمنّا ہے۔

**لاگت۔** (لا۔ گت) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) اصل خرچ۔ صرف (۲) قیمت۔ مُول۔ بھاؤ۔ نرخ۔

**لاگت آنا۔ لاگت بیٹھنا۔ لاگت لگنا۔** (ا۔ محاورہ) خرچ ہونا۔ صرف بیٹھنا۔ خرچ اُٹھنا۔ دام بیٹھنا۔

**لاگو۔** (لا۔ گو) [ھ۔ صف] (۱) درپے (۲) یار۔ دوست۔ آشنا (۳) خواہشمند۔ چاہنے والا (۴) ساتھی۔ خبرگیر (۵) طرفدار (۶) خریدار۔ گاہک (۷) دُشمن۔

**لاگو ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا خواہ ہونا۔ چاہنا۔ خواہش رکھنا (۲) خریدار ہونا (۳) پیچھے پڑنا (۴) شریکِ حال ہونا (۵) حامی ہونا۔ (۶) مطلب رکھنا۔

**لاگوٹ۔** (ق ا۔ مث) محبت۔ پیار۔

**لال۔** (ھ۔ ف۔ صف) (۱) سُرخ۔ احمر۔ سُوہا (۲) دہکتا ہوا۔ انگارا سا (۳) (ف۔ صف) گونگا بہرا (۴) خشمناک۔ غصے میں بھرا ہوا (۵) [مذ] ایک قسم کا بیش قیمت پتھر۔ لعل۔ (۶) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔ (۷) [ھ۔ صف] پیارا۔ لاڈلا۔ ناز پروردہ (۸) قیمتی (۹) [مذ] بالک۔ لڑکا۔ (۱۰) بیٹا۔ فرزند۔

**لال اُگلنا۔** (ا۔ محاورہ) منہ سے موتی جھڑنا (۲) عجیب باتیں کرنا (۳) گالیاں دینا۔

**لال انگارا۔** (ا۔ مذ۔ صف) (۱) آگ کا انگارا (۲) نہایت سُرخ۔ (۳) غصہ میں بھرا ہوا۔ غضبناک۔

**لال بجھکڑ۔** (ا۔ صف) پرلے درجے کا بے وقوف۔ وہ احمق جسے اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ ہو۔

**لال بُخار۔** (ا۔ مذ) متعدی بخار جس میں جسم پر سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔

**لال بھبوکا۔** (ا۔ صف) (۱) نہایت سُرخ (۲) غصے کے باعث سُرخ (چہرہ)

**لال بیگ۔** (ا۔ مذ) (۱) خاکروبوں کا پیشوا (۲) ایک پردار کیڑا۔

**لال بیگی۔ لال بیگیا۔** (ا۔ مذ) لال بیگ کا معتقد۔ خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔

**لال پانی۔** (ا۔ مذ) (۱) حیض کا خون (۲) سُرخ رنگ کی شراب۔

**لال پری۔** (ا۔ مث) (۱) سُرخ پوشاک پہننے والی پری (۲) اندر سبھا کے قصے کی ایک پری۔ (۳) شراب سُرخ۔ لال شراب۔

**لال پڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) سُرخ ہو جانا۔ غضبناک ہو جانا۔ انتہائی غصہ آنا۔



Marfat.com

**لال پَلکا**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ سُرخ۔ پوٹا۔ دُم اور بازو سفید ہوتے ہیں۔

**لال پیارا تو اُس کا خیال بھی پیارا**۔ (ا۔ مثل) جو من بھا جائے اُس کی ہر بات پسند ہوتی ہے۔

**لال پیلا**۔ (ا۔ مذ) غضبناک۔ خشمناک۔ غصہ میں بھرا ہوا۔

**لال پیلی آنکھیں کرنا (نکالنا)**۔ (ا۔ محاورہ) غصّے کی نگاہ سے دیکھنا۔ بہت ناراض ہونا۔

**لال خاں کا لکڑا**۔ (ا۔ مذ) مجرم کو سزا دینے کا ایک بڑا بھاری شہتیر جو بیچ میں سے چِرا ہوا اور سوراخ والا ہوتا ہے۔ اُس میں مجرم کے پاؤں رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملا دیتے ہیں۔

**لال ڈورے**۔ (ا۔ مذ) (۱) سُرخ تار۔ (۲) سُرخ تاگے (۳) لال لال رگیں، جو آنکھوں میں دکھائی دیتی ہیں۔

**لال رکابی**۔ (ا۔ مث) حضرت فاطمہ زہرا رضؓ کی نیاز۔ صحنک۔

**لال سوداگر**۔ (ا۔ مذ) وہ کم مایہ سوداگر جو اِدھر مال لے اور اُدھر جھٹ تھوڑے سے منافع پر بیچ ڈالے۔ ٹُٹ پونجیا۔

**لال کتاب**۔ (ا۔ مث) وہ کتاب جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسبِ مرضی یا حسبِ حال مِل جائے۔ (۲) بندوبست کی کتاب۔ پٹواریوں یا قانون گویوں کی سرکاری کتاب۔

**لال کُرتی**۔ (ا۔ مث) گوروں کی پلٹن جو سُرخ وردی پہنتی تھی۔

**لال گودڑ میں نہیں چھپتا**۔ (ا۔ مثل) اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی۔

**لال مرچ**۔ (ا۔ مث) سُرخ مرچ۔

**لال ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سُرخ ہو جانا (۲) غصّے میں چہرہ تمتما اُٹھنا۔ (۳) غضبناک ہونا۔ خفا ہونا۔ (۴) پھل پکنا۔ پختہ ہونا۔

**لالوں کا لال**۔ نہایت پیارا۔ لاڈلا۔ سرخ و سفید۔ رنگ و روغن والا۔

**لالوں لال**۔ نہایت شوخ۔ چہچہاتا ہوا۔ سُرخ و شاداب۔

**لالا**۔ (لا۔ لَا) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) غلام (۲) [صف] روشن۔ درخشاں۔

**لالا**۔ (لا۔ لا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) جناب۔ صاحب۔ معزز۔ ہندوؤں کا خطاب (۲) بنیا۔ ساہوکار۔ مہاجن۔ (۳) والد کا خطاب۔ ابا۔ باوا (۴) عزیز۔ پیارا۔ (۵) خسر۔ سسرا۔

**لالا شاہی**۔ (ا۔ مذ) پینے کا تمباکو

**لالٹین**۔ (لال۔ ٹَین) [انگ (Lantern) کا مفرس۔ ا۔ مث] وہ فانوس جس میں شیشے لگے ہوئے ہوں۔ شیشے کی قندیل۔

**لالَچ**۔ (لا۔ لَچ) [ھ۔ ا۔ مذ] حرص۔ طمع۔ لوبھ (۲) ترغیب۔ پھسلاوا (۳) رشوت

**لالچ بُری بلا ہے**۔ (ا۔ مثل) حرص سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں۔

**لالچ خورا**۔ (ا۔ صف) لالچی۔ حریص۔ طمع کرنے والا۔

**لالچ دینا**۔ (ا۔ محاورہ) طمع دینا۔ لوبھ دینا۔ پھسلانا۔ ترغیب دینا۔

**لالچ میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) لوبھ میں آنا۔ دم میں آنا۔ طمع میں پھنسنا۔

**لالچی**۔ (لال۔ چی) [ھ۔ صف] حریص۔ طامع۔ لوبھی۔

**لالچی بندہ**۔ خود غرض۔ لوبھی۔ مطلبی۔

**لالڑی**۔ (لال۔ ڑی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹا لال۔ یاقوت (۲) تامڑا۔

**لالن**۔ (ق۔ ا۔ مذ) معشوق۔ محبوب۔

**لالوں کا لال**۔ (۱) سرخ و سفید رنگ والا (۲) بہت پیارا۔ لاڈلا۔

**لالہ**۔ (لا۔ لَہ) [ف۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا سُرخ پھول جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے۔

**لالہ بناگوش**۔ (ف۔ صف) جس کے کان کی لَو سُرخ ہو۔

**لالہ رُخ۔ لالہ رخسار۔ لالہ رُو۔ لالہ عذار**۔ (ف۔ صف) سُرخ چہرے والا معشوق۔ دلبر۔

**لالہ رنگ**۔ (ف۔ صف) جس کا رنگ سُرخ ہو۔

**لالہ زار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ کھیت جس میں لالہ کے بوٹے ہوں۔ (۲) باغ۔ گلزار۔ چمن۔

**لالہ طُور**۔ (ف۔ ا۔ مذ) آتشِ طُور۔

**لالہ فام۔ لالہ گوں**۔ (ف۔ صف) لال۔ سُرخ رنگ کا۔

**لالی**۔ (لا۔ لی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) سُرخی (۲) عزت۔ آبرو۔ سُرخ روئی۔ (۳) عزیزہ۔ (۴) ہمشیرہ۔ بہن۔ (۵) لالچ (ق)

**لالی رہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) عزت رہ جانا۔ آبرو بچ جانا۔ بات بنی رہنا۔

**لالی پاپ**۔ (Lollypop) [انگ۔ ا۔ مذ] بچوں کی مٹھائی۔

**لالے**۔ (لا۔ لے) [ھ۔ ا۔ مذ] آرزو۔ اشتیاق۔ تمنّا۔ ارمان۔ (۲) کسی چیز سے نا امید ہونا۔

**لالے پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ارمان ہونا۔ آرزو ہونا (۲) نہایت نا اُمید ہونا۔ (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔

**لام**۔ [ھ۔ ا۔ مذ] فوج یا پلٹن کا مجموعہ وغیرہ۔ بریگیڈ۔ فوج کا دستہ (یہ لفظ غالباً فرانسیسی لفظ (Larme) کا مفرس ہے۔

**لام باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا۔

**لام**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حرف "ل" کا تلفظ (۲) [ف۔ صف] خمیدہ۔ ٹیڑھا (۳) تشبیہاً) زلف۔

**لام کاف**۔ (ع۔ ا۔ مذ) گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی۔

**لام کاف بکنا**۔ (ا۔ محاورہ) گالی گلوچ کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ فحش کرنا۔

**لاما**۔ [س۔ ا۔ مذ] تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب۔

**لامال**۔ [ق۔ ا۔ مث] قطار

**لامِس**۔ (لا۔ مِس) [ع۔ صف] چھونے والا۔

**لامسہ**۔ (لا۔ م۔ سَہ) [ع۔ ا۔ مث] چھونے یا مس کرنے والی قوت۔

**لامع**۔ (لا۔ مِع) [ع۔ صف] چمکنے والا۔ روشن۔ درخشاں۔

**لان**۔ (Lawn) [انگ۔ ا۔ مذ] گھاس کا قطعہ۔ سبزہ زار۔

**لانا**۔ (لا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) لے آنا (۲) حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔ سامنے کرنا۔ (۳) اُٹھانا۔ برپا کرنا۔ (۴) مُول لینا۔ خریدنا۔

**لانا بندی**۔ (اُر۔ ا۔ مث) معاملہ۔ مالگزاری۔ ہلوں کے مطابق لگان۔

**لانبا**۔ (لان۔ با) [ھ۔ صف] لمبا۔ اونچا۔ طویل۔ دراز۔

**لانچ**۔ (Launch) [انگ۔ ا۔ مذ] پٹرول اور بھاپ سے چلنے



Marfat.com

والی بڑی کشتی۔

**لانڈا۔** (ق، صفت) لنڈورا۔

**لانڈری۔** (Laundry) (لان۔ڈ۔ری) [انگ۔ا۔مث] کپڑے دھونے کا کارخانہ۔ دھوبی کی دوکان۔

**لانڈکا۔** (ق۔ا۔مذ) بھیڑیا۔

**لانک۔** (ھ۔ا۔مث) (۱) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر۔ کھلیان۔ خرمن۔ (۲) بھس۔ بھوسا۔ چوکر (۳) مقدار۔ اندازہ۔ تعداد۔

**لانگ۔** (ھ۔ا۔مث) دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے اور جسے پیچھے کی طرف اُڑس لیتے ہیں۔

**لانگا ٹیر۔** (لان۔گا۔ٹیر) [ھ۔ا۔مث] قطار۔ صف۔ پرا۔ ڈار۔ سلسلہ۔

**لانگن۔ لانگھن۔** (لان۔گن۔ لان۔گھن) [ھ۔ا۔مث] اُلانگن کا مخفف۔ پھاند۔ چھلانگ۔

**لانگنا۔ لانگھنا۔** (لانگ۔نا، لانگھ۔نا) [ھ۔مص] (۱) اُلانگنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔ (۲) عبور کرنا۔ اُوپر سے گزر جانا۔ (۳) گھوڑے پر پہلے پہل سواری کرنا۔

**لانی۔** (ق۔ا۔صفت) رنگیلا۔

**لاوا۔** (Lava) [انگ۔ا۔مذ] آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والا سیال مادہ۔

**لاوک۔** (ق۔ا۔مذ) (۱) خمیر اُٹھانے کا کونڈا۔ (۲) سُرمہ۔

**لاوَن۔** (لا۔وَن) [ھ۔ا۔مذ] سالن۔ ترکاری وغیرہ۔ وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھاتے ہیں۔

**لاہ۔** (ھ۔ا۔مذ) (۱) کوئیل کا بڑا اور کھردرا پتا (۲) جالی کے مانند ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) مُہر لگانے کی لاکھ۔

**لاہا۔** (لا۔ہا) [ھ۔ا۔مذ] لابھ۔ فائدہ۔ نفع

**لاہن۔** (لا۔ہَن) [ھ۔ا۔مذ] شراب کا خمیر۔ جو۔ بیر، پیپل اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اُٹھایا جاتا ہے۔

**لاہوری۔** (لا۔ہو۔ری) [ہ۔صفت] صوبہ پنجاب کا دارالحکومت لاہور سے منسوب [مذکر] لاہور کا باشندہ۔ ایک چھوٹے کا نام۔ کارنیکل۔

**لاہوری نمک۔** (ا۔مذ) وہ نمک جو پنجاب میں نمک کی کان سے نکلتا ہے۔

**لاہی۔** (لا۔ہی) [ھ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ (۴) سُرخی رنگ جس میں سیاہی غالب ہو۔

**لائبریری۔** (Library) (لا۔ئب۔رے۔ری) [انگ۔ا۔مث] کتب خانہ۔ مجموعہ کتب۔ دارالمطالعہ۔

**لائبریرین۔** (Librarian) (لا۔ئب۔رے۔ری۔ین) [انگ۔ا۔مذ] محافظ کتب خانہ۔ کتب خانہ کا ناظم۔

**لائٹ۔** (Light) (لا۔ئٹ) [انگ۔ا۔مث] روشنی۔

**لائٹ ہاؤس۔** (Light-House) [انگ۔ا۔مذ] مینار جس پر جہازوں کی رہنمائی کے لیے روشنی کی جاتی ہے۔ روشنی کا مینار۔

**لائٹر۔** (Lighter) (لا۔ئ۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] پٹرول سے سگریٹ جلانے کی مشین۔

**لائحہ۔** (لا۔ئ۔حَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) کوئی چمکیلی چیز (۲) کوئی واضح چیز۔ (۳) ثبوت۔ (۴) فہرست۔ (۵) پروگرام۔ منصوبہ۔ جمع لوائح۔

**لائحہ عمل۔** (ع۔ا۔مذ) دستور العمل۔ نصب العین۔ پروگرام۔ نظامِ عمل۔

**لائیسنس۔** (Licence) (لا۔ای۔سِنس) [انگ۔ا۔مذ] اجازت نامہ۔ پرمٹ

**لائیسنس دار۔** (ا۔صفت) جسے کوئی چیز رکھنے یا بیچنے کی اجازت ملی ہو۔

**لائف۔** (Life) [انگ۔ا۔مث] زندگی۔ حیات۔

**لائف انشورنس** (Life Insurance) [انگ۔ا۔مث] زندگی کا بیمہ۔

**لائف بوٹ** (Life Boat) [انگ۔ا۔مث] بچاؤ کی کشتی۔ وہ کشتی جو جہازوں میں خطرے کے وقت استعمال کے لیے رکھی جاتی ہے۔

**لائق۔** (لا۔ئِق) [ع۔صفت] (۱) قابل۔ مناسب۔ زیبا۔ موزوں۔ واجب۔ (۲) روا۔ جائز۔ (۳) سچا۔ درست (۴) اُمرا کافی۔ مکتفی۔ وافی (۵) ہنرمند۔ گنی۔ ذی جوہر۔ مستعد۔ اہل۔ دانا۔ ہوشیار۔

**لائق فائق۔** (ف۔صفت) لیاقت میں فوقیت رکھنے والا۔

**لائم۔** (لا۔ئِم) [ع۔صفت] ملامت کرنے والا۔

**لائن۔** (Line) [انگ۔ا۔مث] (۱) خط (۲) ریل کی لوہے کی سڑک۔ (۳) قطار (۴) وضع۔ طرز۔ انداز۔

**لائن اختیار کرنا۔** (ا۔محاورہ) کسی طریقے پر چلنا۔ وضع یا انداز اختیار کرنا۔

**لائن کلیئر۔** (Line Clear) [انگ۔ا۔مذ] ریل کی سڑک صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سند۔

**لاؤ۔** (لا۔او) [ھ۔ا۔مذ] (۱) چرس کھینچنے کی موٹی رسی۔ سوتا رستہ۔ (۲) اس قدر زمین جو ایک دن میں ایک چرس کے ذریعے سے بھری جائے (۳) مانگ۔ طلب (۴) قرض جو بے ضمانت لیا جائے (۵) خوشامد۔

**لاؤ لپیٹ کی باتیں۔** (ا۔مث) گول مول باتیں۔

**لاؤ لشکر۔** [اُر۔ا۔مذ] فوج۔ بھیڑ بھاڑ۔ لشکر اور اُس کے ہمراہی ہجوم۔ اژدہام۔

**لاؤڈ سپیکر۔** (Loud Speaker) (لاؤڈ۔سپی۔کَر) [انگ۔ا۔مذ] آلہ مکبر الصوت۔ ایک آلہ جو برقی قوت کے ذریعے آواز کو اونچا کرتا ہے۔

**لاؤنا۔** (ق۔مص) لگانا۔

**لاونی۔** (لا۔اُ۔نی) [ھ۔ا۔مث] (۱) ایک قسم کے گیت (۲) فصل کاٹنے کی مزدوری۔ (۳) خراج مال گزاری۔ معاملہ۔

**لائی۔** (لا۔ای) [ھ۔ا۔مث] (۱) فصل کا کاٹنا۔ (۲) خودرو چاول۔ (۳) بھنا ہوا اناج۔ (۴) ایک قسم کی مٹھائی۔

**لائی لوچی۔** (لا۔ای۔لو۔چی) [ھ۔ا۔مث] خوشامد۔

**لاٹے۔** (ف۔ا۔مث) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

## ل۔ب

**لب۔** (ف۔ا۔مذ) (۱) ہونٹ (۲) کنارہ (۳) طرف۔ جانب (۴) ساحل۔ کرارا



Marfat.com

(۴) حاشیہ۔ ڈور۔ کنی۔ (۵) مُنڈیر (۶) [اُر] تھوک۔ لُعابِ دہن (۷)
ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ مونچھیں۔

**لبِ آب۔** (ف۔ ا۔ مذ) دریا، ندی یا حوض وغیرہ کا کنارہ۔

**لبِ بام۔** (ف۔ ا۔ مذ) کوٹھے یا چھت کا کنارہ۔

**لب بستہ۔** (ف۔ ا۔ صف) مُحنہ بند۔

**لب بند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) مُنہ بند ہونا۔ خاموش ہونا۔

**لَب پر لَب۔** (ف۔ صف) لَب سے لب ملائے ہوئے (۲) مقابلہ کرنے والا۔

**لَب پر آنا۔** (ا۔ محاورہ) زُبان پر آنا۔ کچھ کہا جانا۔

**لَب پر آہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) زُبان پر آہ و زاری ہونا۔ ظُلم کی شکایت ہونا۔ شکوہ ہونا۔

**لَب پر دم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔

**لَب پر رکھا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پہلے سے کچھ کہنے کو تیار ہونا۔

**لَب پہ لانا۔** (ا۔ محاورہ) کچھ کہنا۔ تذکرہ کرنا۔

**لَب پر مُہر لگانا (کرنا)۔** (ا۔ محاورہ) خاموش ہو جانا۔

**لَب تر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا پانی پینا۔

**لَب تشنہ۔** (ف۔ مذ) پیاسا (۲) آرزومند۔

**لَب تقریر۔** (ف۔ ا۔ مذ) کنایتاً تقریر۔

**لَبِ تیغ۔** (ف۔ ا۔ مذ) تلوار کی دھار۔

**لَبِ جام۔** (ف۔ ا۔ مذ) پیالے کا کنارہ۔

**لَبِ جو۔** (ف۔ ا۔ مذ) ندی کا کنارہ۔

**لَب چبانا۔** (ا۔ محاورہ) کنایتاً حسرت و افسوس کرنا۔

**لَب چوسنا۔** (ا۔ محاورہ) ہونٹوں کو دانتوں میں دبا کر چوسنا۔

**لَب خشک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پیاس کا غلبہ ہونا۔ کنایتاً بے حد تعریف کرنا۔

**لبِ دریا۔** (ف۔ ا۔ مذ) دریا کا کنارا۔ کراڑا۔ ساحل۔

**لب دوز۔** (ف۔ صف) سِیے ہوئے لب۔ چُپ۔ خاموش۔

**لب ریز۔** (ف۔ صف) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب۔

**لبِ سوفار۔** (ف۔ ا۔ مذ) تیر کی نوک۔

**لب سینا۔** (ا۔ محاورہ) بولنے نہ دینا۔

**لبِ شیریں۔** (ف۔ ا۔ صف) میٹھے ہونٹ۔ معشوق کے ہونٹ۔

**لب کشائی۔** (ف۔ صف) مُنہ کھولنا۔ بات کرنا۔

**لب کھولنا۔** (ا۔ محاورہ) بات کرنا۔ بولنا۔

**لبِ گور ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ گور کے کنارے پہنچنا۔

**لبِ گویا۔** (ف۔ ا۔ مذ) بولنے والے لب۔

**لب لگانا۔** (ا۔ محاورہ) تھوک لگانا۔ لعابِ دہن لگانا۔

**لبِ نوشین۔** (ف۔ ا۔ صف) میٹھے ہونٹ۔

**لب نہ ہلانا۔** (ا۔ محاورہ) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا۔

**لب و لہجہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) تلفظ۔ طرزِ کلام۔ طرزِ گفتگو۔

**لبوں پر جان آنا۔** (ا۔ محاورہ) ہونٹوں پہ دم آنا۔ جان کنی کا وقت آنا۔ دم واپسیں ہونا۔ گور کنارے لگنا۔

**لبوں پہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کنارے پر پہنچنا۔

**لبیں لینا۔** (ا۔ محاورہ) مونچھیں مُنڈوانا۔ ہونٹوں کے بال کتروانا۔

**لُب۔** [ع۔ ا۔ مذ] عطر۔ نچوڑ۔ خُلاصہ۔ سَت۔ مغز۔ جمع۔ لُبُوب۔

**لُبِّ لُباب** [ع۔ ا۔ مذ] خُلاصے کا خُلاصہ۔ عطر کا عطر۔ سَت کا سَت۔ نہایت خالص۔

**لَبادہ۔** (لَ۔ با۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذکر] رُوئی دار چغہ۔ جُبّہ۔ فرغل۔

**لباڑ۔ لباڑی۔** (لَ۔ باڑ۔ لَ۔ با۔ ڑی) [ہ۔ صف] جھوٹا۔ لپاٹی (۲) لُٹیرا۔ (ق)

**لِباس۔** (لِ۔ باس) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) پوشاک۔ جامہ۔ کپڑے (۲) رُوپ۔ شکل۔ بھیس۔ جمع۔ لباسات۔ اَلبِسہ۔

**لَبالَب۔** (لَ۔ با۔ لب) [ف۔ صف] مذکر] لبریز۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا۔

**لبالب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہا۔ مُنہ تک بھرنا۔ پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔

**لَبد۔** [ق۔ ا۔ مذ] نمدہ۔

**لَبدا۔** (لَب۔ دا) [ق۔ صف] موٹا ہوا۔ بے ڈول۔ ڈُنڈا۔

**لُبدا۔** (لُب۔ دا) [ق۔ صف] فریفتہ۔

**لبدانا۔** (ق) ڈنڈے لگانا۔

**لُبدانا۔** (ق۔ مص) گرویدہ کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

**لُبدان ہار۔** (لُب۔ دان۔ ہار) [ق۔ صف] فریفتہ کرنے والا۔

**لُبدی۔** (لُب۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] لگدی۔ پیڑی۔ پلٹس۔

**لِبرٹی۔** (Liberty) [لِ۔ بَر۔ ٹی] (انگ۔ ا۔ مث) آزادی۔ حُرّیت۔

**لِبرل۔** ((Liberal)) [لِب۔ رَل] (انگ۔ صف) آزاد خیال۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔ سب کا بھلا چاہنے والا۔ جمہوری اور معاشرتی اصطلاحات کا حامی اور خیر خواہ خلائق۔

**لبرل ازم** (Liberalism) [انگ۔ ا۔ مذ] آزاد خیالی۔ جمہوری اور معاشرتی اصطلاحات کی موافقت کا نظریہ۔

**لَبَڑ** (لَ۔ بَڑ) [ہ۔ صف] جھوٹا۔ بیہودہ۔

**لَبَڑ خندہ۔** (ا۔ مذ) بیہودہ گو۔ جھوٹا۔ لپاٹی۔ مؤنث کی لبڑ خنیا۔

**لبڑ دھول دھول۔** (ا۔ مث) (۱) غُل۔ شور۔ ہنگامہ (۲) بے نیا (۳) بد انتظامی۔ بد عملی۔

**لَبڑ سَبڑ۔** (ا۔ مث) بیہودگی۔ بدسلیقگی۔ پھوہڑپن۔

**لبڑو۔** (لَب۔ ڑو) [ہ۔ صف] جھوٹی۔ بیہودہ۔ بکواسن۔ باتونی۔ چرب زبان۔



Marfat.com

**لَبلَب**۔ (لَب۔لَب) [ہ۔صف] کم عقل۔ بے وقوف۔
**لَبلَبا**۔ (لَب۔لَ۔با) [ھ۔صف] لیس دار۔ چپکنے والا۔ لچک دار۔
**لَبلَبی**۔ (لَب۔لَ۔بی) (لِب۔لِ۔بی) [ھ۔ا۔مث] بندوق اور پستول وغیرہ کا وہ پُرزہ جس کو دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔
**لَبلُوس**۔ (لَب۔لُوس) [ھ۔صف] (۱) ننگا۔ بے حیا (۲) بیوقوف۔
**لَبَن**۔ (لَ۔بَن) [ع۔ا۔مذ] دُودھ۔
**لَبنی**۔ (لَب۔نی) [ہ۔ا۔مث] مٹی کی چھوٹی سی ہَنڈیا۔
**لُبُوب**۔ (لُ۔بُوب) [ع۔ا۔مذ] لُب (مغز) کی جمع۔ ایک قسم کی معجون مغزیات۔ دیکھیے لُب۔
**لبوں پر آنا**۔ (ا۔محاورہ) کہنے کے لیے کوئی بات منہ پر آنا۔ (۲) انتہا کو پہنچنا (۳) کناروں پر پہنچنا۔
**لبوں پر جان (دم) آنا**۔ (ا۔محاورہ) مرنے کا وقت قریب ہونا۔
**لُبھانا**۔ (لُ۔بھا۔نا) [ھ۔ا۔مص] (۱) لالچ دینا۔ للچانا (۲) مائل کرنا۔ عاشق بنانا۔ موہنا (۳) پھسلانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔
**لُبھاؤ**۔ (لُ۔بھاؤ) [ھ۔ا۔مذ] (۱) لالچ۔ ترغیب (۲) رونگا۔ کوئی چیز جو سودے کے بعد مُفت دی جائے۔
**لبھیڑا**۔ (لَ۔بھے۔ڑا) [ھ۔ا۔مذ] لسوڑا۔
**لَبی**۔ (لَ۔بی) [ھ۔ا۔مث] گنّے کا اُبلا ہوا رس۔ راب۔
**لبے آجانا**۔ (ا۔محاورہ) تالو میں ورم ہو جانا۔
**لَبیب**۔ (لَ۔بیب) [ع۔صف] عقلمند۔ دانا۔
**لبیدا**۔ (لَ۔بے۔دا) [ھ۔ا۔مذ] سونٹا۔ لٹھ۔
**لَبیرا**۔ (لَ۔بی۔را) [ھ۔ا۔مذ] دھجی۔ چیتھڑا۔ لیر۔
**لَبَّیک**۔ (لَب۔بیک) [ع۔ا۔مذ۔مث] حاضر ہوں۔ موجود ہوں۔ حاجی لوگ میدان عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں۔
**لَبیں**۔ (ا۔مث) ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ مونچھیں۔
**لبیں لینا**۔ (ا۔محاورہ) مونچھیں کترنا یا مونڈنا۔

## ل۔پ

**لَپ**۔ (ھ۔ا۔مث) مُٹھی بھر۔
**لَپا**۔ (لَپ۔پا) [ھ۔ا۔مذ] تھپڑ۔ چانٹا۔ لَپڑ۔ لپاڈگی
**لپاڈگی**۔ (ھ۔ا۔مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔ مار پیٹ۔
**لپاٹی۔ لپاٹیا**۔ (لَ۔پا۔ٹی۔ل۔پا۔ٹیا) [ھ۔صف] جھوٹا۔ دروغگو۔ کاذب۔
**لَپالَپ**۔ (لَ۔پا۔لَپ) [ہ۔تابع فعل] جلد جلد۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔
**لپائی**۔ (لِ۔پا۔ئی) [ہ۔ا۔مؤنث] کہگل۔ پلستر لیپنے کا کام۔ لیپنے کی اُجرت۔
**لَپٹ**۔ (لَ۔پَٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) شعلہ۔ لَو۔ آنچ۔ گرمی (۲) ہوا کی لہر۔ مہک۔ خوشبو۔
**لپٹ آنا**۔ (ا۔محاورہ) خوشبو کی لہر آنا۔ جھونکا آنا۔
**لپٹ دینا**۔ (ا۔محاورہ) خوشبو دینا۔ مہک دینا۔
**لپٹ لگ جانا (لگنا)** (ا۔محاورہ) لُو لگنا۔ آگ کی گرمی پہنچنا۔ شعلہ جلا دینا۔
**لِپَٹ**۔ (ا۔تابع فعل) مصدر لپٹنا کا صیغۂ امر۔
**لپٹ پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) گتھ جانا۔
**لپٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) جوشِ محبت سے گلے لگ جانا۔
**لپٹ کر**۔ (ا۔تابع فعل) ہم بغل ہو کر۔
**لپٹا**۔ (لَپ۔ٹا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) موٹے موٹے آٹے کا حلوا۔ (۲) راب۔ پتلا شیرا (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) رشتہ۔ ناتا۔
**لپٹا جانا**۔ (ا۔محاورہ) زبردستی کسی سے گتھ جانا۔
**لپٹا لینا**۔ (ا۔محاورہ) چمٹا لینا۔ بغل گیر ہونا (۲) کٹے ہوئے پتنگ کی ڈور کو اُڑتے ہوئے پتنگ میں اُلجھا لینا۔
**لپٹانا**۔ (ہ۔مص) [لِپ۔ٹا۔نا] (۱) چمٹانا۔ گلے لگانا۔ پیار کرنا (۲) اُلجھانا۔ دلپیٹنا۔ (۳) چپکانا (۴) ساتھ لگانا (۵) پیچھے لگانا۔ بھڑانا (۶) کنکوا اڑانا (۷) شادی کرنا۔ رشتہ کرنا۔
**لپٹنا**۔ (لِ۔پَٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) چمٹنا۔ پیچھے لگنا۔ چسپاں ہونا۔ چپکنا۔ (۳) چھاتی سے لگنا (۴) عاشق ہونا (۵) دوستی ہونا۔ پھنسنا (۶) بھڑنا۔ گتھنا (۷) مُبتلا ہونا۔ (۸) مصروف ہونا (۹) کشتی کرنا۔ (۱۰) بل کھانا۔ (۱۱) کنکوے کا اُلجھنا۔ (۱۲) بند ہونا۔ ملفوف ہونا۔
**لپٹنٹ**۔ (لِپ۔ٹَنٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) بغل گیری۔ ہم آغوشی۔ (۲) کشتی۔ لڑنت۔
**لپ جھپ**۔ (لَپ۔جھَپ) [ھ۔ا۔مث] (۱) پھُرتی۔ تیزی۔ جلدی (۲) فریب۔ مکاری۔ چالاکی۔ (۳) چوری۔ (۴) فوراً۔ فی الفور۔ جھٹ پٹ۔
**لپ چھنی**۔ (لَپ۔چَھ۔نی) [ھ۔صف] خوشامد کرنے والی۔ زٹلو۔ بکواس (عورت)
**لَپڑ**۔ (لَپ۔پَڑ) [ھ۔ا۔مذ] تھپڑ۔ طمانچہ۔ چانٹا۔
**لپڑ شپڑ**۔ (لَ۔پَڑ۔شَ۔پَڑ) [ھ۔ا۔مث] جلدی جلدی بولنا۔ ایسی بات جو سمجھ میں نہ آئے۔ (۲) خلط ملط۔ گڈ مڈ۔ (۳) ٹال مٹول۔
**لپڑ لپڑ**۔ بے ڈھنگے پن سے کھانے پینے کی آواز۔
**لپڑ لپڑ کرنا**۔ (لَ۔پَڑ۔لَ۔پَڑ۔کر۔نا) [ھ۔مص] بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔
**لُپڑی**۔ (لُپ۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] (۱) لیپ۔ پلٹس۔ ضماد۔ (۲) سرمے وغیرہ کی پوٹلی جس سے ٹکور یا سینک کرتے ہیں۔ (۳) سر کی پگڑی۔ دستار۔
**لُپڑی باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) لنگدی باندھنا۔ ضماد کرنا۔ پلٹس



Marfat.com

باندھنا۔

**لِپڑی**۔ (لِپ۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] (۱) کپڑا۔ لبترا۔ چھیتھڑا پُرانا صافہ۔ پگڑی۔

**لَپسی**۔ (لَپ۔سی) [ھ۔ا۔مث] (۱) موٹے آٹے کا پتلا حلوہ۔ سیرا۔ لیپی (۲) بُوڑھا پھُونس۔ نہایت بُوڑھا۔

**لَپک**۔ (لَ۔پک) [ھ۔ا۔مث] (۱) کوندا۔ روشنی۔ چمکارا۔ چمک (۲) لاٹ۔ لَو۔ شُعلہ۔ لپٹ (۳) دھڑک۔ تڑپ (۵) ٹیس۔ زخم کی سوزش۔

**لَپک جھپک**۔ (ا۔مث) تیزی۔ طرّاری۔ چُستی۔ پھُرتی۔ جلدبازی۔

**لَپک کر**۔ (ا۔تابع فعل) جلدی سے۔ دَوڑ کر۔ فوراً۔ تُرت۔

**لَپک لینا**۔ (ا۔محاورہ) جھپٹ کر لینا۔ اُچھلتی ہوئی چیز کو ہاتھوں پر لینا۔ چھین لینا۔

**لَپکا**۔ (لَپ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) بدعادت (۲) لَت۔ عادت۔ خُو۔ (۳) مزہ۔ چسکا۔

**لپکا پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مزہ پڑنا۔ چسکا لگنا (۲) بُری عادت پڑنا۔

**لپکا جانا**۔ (ا۔محاورہ) عادت ترک ہونا۔

**لپکانا**۔ (لَپ۔کا۔نا) [ھ۔مص] (۱) اُڑانا۔ بھگانا (۲) آگے کرنا۔ پھیلانا

**لپکا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی بُرے کام کی عادت ہونا۔ چسکا پڑ جانا۔ عادی ہو جانا۔

**لپکنا**۔ (لَ۔پَک۔نا) [ھ۔مص] (۱) دَوڑنا۔ جھپٹنا۔ (۲) اُچکنا۔ چھیننا۔ چھلانگ مارنا۔ ٹیس پڑنا۔ (۴) بجلی چمکنا (۵) دھڑکنا۔ پھڑکنا (۶) اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔ پھاندنا (۷) دَوڑ کر جانا۔ حملہ کرنا (۸) آگ کا تیز ہونا۔ شعلہ بھڑکنا۔

**لَپکی**۔ (لَپ۔کی) [ھ۔ا۔مث] (۱) ٹانکا۔ سیون۔ (۲) شلنگا۔ کچی سلائی (۳) گوٹ کنارہ۔

**لپکی بھرنا۔ لپکی مارنا**۔ (ا۔محاورہ) ٹانکا لگانا۔ کچی سلائی کرنا۔

**لُپکی**۔ (لُپ۔کی) [ھ۔ا۔مث] (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت (۲) ڈر سے چھُپ جانا۔

**لَپ لَپ**۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) کُتّے کے کھانے پینے کی آواز (۲) زبان سے چاٹنے یا پوپلے مُنہ سے کھانے کی آواز۔

**لَپ لَپ کرنا**۔ (۱) کھانے میں کُتّے کی طرح آواز نکالنا (۲) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

**لَپ لَپ کھانا**۔ جلد جلد کھانا۔ بغیر چبائے کھا جانا۔

**لپلپانا**۔ (لَپ۔ل۔پا۔نا) [ھ۔مص] مقعد کا بند ہونا اور کھُلنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

**لِپنا**۔ (لِپ۔نا) [ھ۔مص] استرکاری ہونا۔ پلستر ہونا۔

**لِپوائی**۔ (لِپ۔وا۔ای) [ھ۔ا۔مث] لپائی کی اُجرت۔ کہگل کرانے کی مزدوری۔

**لَپوڑیا**۔ (لَ۔پوڑ۔یا) [ھ۔صف] منت سماجت کر کے کام نکالنے والا۔ خوشامدی۔

**لپیٹ**۔ (لَ۔پیٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) پیچ۔ بل (۲) مکر۔ فریب۔ دغا (۳) گھیرا۔ دور۔ محیط (۴) اُلجھیڑا۔ جنجال (۵) مصیبت۔ آفت۔

**لپیٹ جھپیٹ**۔ (ھ۔ا۔مث) فریب۔ مکر۔ پیچ۔ داؤ۔ فتنہ۔

**لپیٹ لپاٹ کر**۔ (ا۔تابع فعل) باندھ کر۔ تہ کر کے۔

**لپیٹ کی باتیں**۔ (ا۔مث) چالاکی اور فریب کی باتیں۔

**لپیٹ لینا**۔ (ا۔محاورہ) شریک کر لینا۔ (جلا لینا، کر لینا) اُلجھا لینا۔

**لپیٹ میں آجانا**۔ (ا۔محاورہ) مصیبت میں پھنس جانا۔ چپکس جانا۔

**لپیٹن**۔ (لَ۔پے۔ٹن) [ھ۔ا۔مث] (۱) پیچ (۲) چرخ (۳) بیلن جس پر جولاہے کپڑا لپیٹتے ہیں۔

**لپیٹنا**۔ (لَ۔پیٹ۔نا) [ھ۔مص] (۱) تہ کرنا۔ سمیٹنا۔ باندھنا۔ کسنا (۲) آلودہ کرنا۔ لتھیڑنا (۳) اُلجھانا۔ ملانا (۴) چھپانا۔ ڈھانکنا۔

**لپیٹواں**۔ (لَ۔پیٹ۔واں) [ھ۔صف] (۱) پیچیدہ۔ ملفوف۔ (۲) ملا ہوا۔ (۳) دَرپردہ۔ پوشیدہ (۴) بل دار۔ پیچ دار۔

**لپیٹواں بات**۔ (ا۔مث) گول بات۔ پیچیدہ بات۔ چال کی بات۔ فریب کی بات۔

## ل۔ت

**لَت**۔ (ھ۔ا۔مث) (۱) بُری عادت (۲) خُو۔ خصلت۔ علت۔ لپکا۔ (۳) لات کا مخفف۔ دولتی۔

**لَت پَت**۔ (لتھ پتھ)۔ (ا۔صف) آلودہ۔ بھرا ہوا (۲) آلودگی۔ آمیزش (۳) خراب حال۔ خستہ حال۔

**لَت پَت کر دینا**۔ (ا۔محاورہ) آلودہ کر دینا۔ بھر دینا۔

**لَت پَت ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بھر جانا۔ بہت آلودہ۔ ملوث ہونا۔

**لَت پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) عادت پڑنا۔

**لَت پیچھے لگنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی بات کا عادی ہو جانا۔

**لَت خور (خوار)**۔ (ا۔صف) لاتیں کھانے والا۔ ذلیل۔ کمینہ۔ (۲) (مذ) غلام۔ بردہ (۳) دہلیز۔ آستانہ۔

**لَت ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) بُری عادت کا عادی ہو جانا۔

**لت گھت**۔ (ا۔مث) عادتیں۔ خصلتیں۔

**لَتا**۔ (س۔ا۔مث) انگور کی بیل۔ (۲) لمبی اور پتلی عورت۔

**لَتّا**۔ (لَت۔تا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) گودڑ۔ چیتھڑا (۲) پارچہ کپڑا۔

**لَتاڑ**۔ (لَ۔تاڑ) [ا۔مث] (۱) ملامت۔ سرزنش (۲) فکر۔ مصیبت (۳) کام کاج کی زیادتی (۴) دوڑ دھوپ (۵) پائمالی (۶) دباؤ۔

**لتاڑ میں آنا**۔ (ا۔محاورہ) گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

**لتاڑنا**۔ (لَ۔تاڑ۔نا) [ھ۔مص] (۱) لاتیں مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔



Marfat.com

خراب کرنا۔ (۲) دُھتکارنا۔ ملامت کرنا۔ (۳) محنت لینا۔ (ق)

**لت خوُر** - [ق۔صفت] خراب کرنا۔

**لُترا** - (لُت۔را) [ھ۔صفت] (۱) اِدھر کی اُدھر کہنے والا۔ چُغل خور۔ (۲) بکواسی۔ بَکّی (۳) بے وفا۔ بے مروّت۔

**لُتراپن** - (ھ۔ا۔مذ) بات کا اِدھر سے اُدھر جا لگانا۔ فساد کرانا۔

**لُتری** - (لُت۔ری) [ھ۔صفت] وہ عورت جو اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کہے۔ چُغل خور۔ پیٹ کی ہلکی۔

**لُتری کان کُتری** - (ا۔محاورہ) وہ عورت جو اپنے لُترا لنے کے سبب کان کاٹ دینے کے لائق ہو یا جس کے کان کاٹ دیئے گئے ہوں۔ غمّازہ۔

**لَتھ پَتھ** - [ھ۔صفت] دیکھیے لَت پَت۔ بھرا ہوا۔ آلودہ۔

**لَتھڑ پَتھڑ** - (لَ۔تھَڑ۔پَ۔تھَڑ) [ھ۔صفت] دیکھیے لَت پَت۔ آلودہ۔

**لِتھڑنا** - (لِ۔تھڑ۔نا) [ھ۔مص] (۱) آمیز ہونا۔ مِلنا (۲) مِلانا (۳) آمیز کرنا (۴) لیپ کرنا۔ لیپ لگانا۔

**لَتھیڑنا** - (لَ۔تھیڑ۔نا) [ھ۔مص] (۱) کیچڑ یا کسی گاڑھی چیز میں لت پت کرنا (۲) موٹا موٹا لیپ لگانا۔ (۳) خراب کرنا۔

**لِتّی** - (لِت۔تی) [ھ۔ا۔مث] (۱) لٹّو کی ڈوری (۲) پگڑی۔ دستار۔

**لَتیا** - (لَت۔یا) [ھ۔صفت] بُری عادت والا۔ عادی۔ عِلّتی۔

**لتّے کا سانپ بن جانا** - (ا۔محاورہ) بے حد مبالغہ کرنا۔

**لتّے لینا** - (ا۔محاورہ) دھجیاں اُڑانا (۲) آڑے ہاتھوں لینا (۳) لتاڑنا۔ سرزنش کرنا۔ (۴) عاجز کرنا (۵) ذلیل کرنا (۶) کپڑے اُتارنا۔

## ل-ٹ

**لَٹ** - [ھ۔ا۔مث] (۱) جٹا۔ بالوں کی لڑی۔ زلف (۲) رسّی۔ ڈوری۔

**لَٹا** - (ھ۔صفت) (۱) دُبلا۔ لاغر [مذکر] جٹا۔ لٹ (۲) پپیہا۔

**لٹا دھاری** - (ھ۔ا۔مذ) جٹا دھاری۔ جوگی۔ لمبے لمبے بالوں والا فقیر۔

**لُٹا پِٹا** - (ھ۔صفت) لُٹا ہوا۔ تباہ حال۔ برباد۔

**لُٹا ہاتھی بُھڑ اسا** - [ا۔مثل] اُمراء کے پاس تباہی میں بھی بہت کچھ ہوتا ہے۔

**لُٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے گا** - [ا۔مثل] گیا گزرا امیر بھی غریبوں سے بہتر ہے۔

**لِٹانا** - (لِ۔ٹا۔نا) [ھ۔مص] (۱) لٹارنا۔ پھیلانا۔ فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) بچّے کو سُلانا (۳) قبر میں ڈالنا۔ (۴) پچھاڑنا (۵) چت کرنا۔

**لُٹانا** - (لُ۔ٹا۔نا) [ھ۔مص] (۱) اُڑانا۔ روپیہ برباد کرنا (۲) غارت کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

**لُٹاؤ** - (لُ۔ٹا۔او) [ھ۔صفت] فضول خرچ۔ اُڑاؤ۔ کھاؤ۔

**لَٹائی** - (لَ۔ٹا۔ئی) [ھ۔ا۔مث] پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چھوٹی چرخی۔

**لٹ پَٹا** - [ھ۔صفت] (۱) رنگیلا۔ بانکا۔ چھیل چھبیلا (۲) نشیلا۔ متوالا (۳) اُلٹ پلٹ (۴) اُلجھا ہوا (۵) آڑا ترچھا۔ بے ترتیبی سے لپٹا ہوا۔

**لٹ پٹانا** - (ا۔مص) نقصان کرنا۔ لڑکھڑانا۔ ہلانا۔

**لٹ پٹی پگڑی (دستار)** - [ا۔مث] ٹیڑھی بندھی ہوئی پگڑی۔

**لٹ پٹی چال** - (ا۔بول چال) مستانہ چال۔ خرام ناز۔

**لٹ پٹے دن** - (ھ۔ا۔مذ) مصیبت کے دن۔

**لَٹر** - (لَ۔ٹر) [ھ۔ا۔مذ] بد وضع اور بیہودہ مرد۔

**لِٹر** - (Litter) [انگ] اعشاری نظام میں سیال چیزوں کے ماپنے کا پیمانہ

**لٹریچر** - (Literature) (لِٹ۔رِے۔چر) [انگ۔ا۔مذ] ادب۔ علم ادب۔ انشا پردازی۔

**لُٹّس** - (لُٹ۔ٹس) [ھ۔ا۔مث] لُوٹ مار۔ لُوٹ کھسوٹ۔

**لُٹس مچانا** - (ا۔محاورہ) لُوٹ مچانا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔ غارت گری کرنا۔

**لٹک** - (لَ۔ٹک) (ھ۔ا۔مث) (۱) لٹکاؤ۔ آویزش (۲) ناز و ادا۔ آن بان (۳) لہر۔ موج۔ ترنگ (۴) سایہ بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔ (۵) لت۔ عادت۔ (۶) لاپروائی (۷) عشق۔ محبت (۸) براہ۔ بہار۔

**لٹک جاتی رہنا** - (ا۔محاورہ) بانکپن جاتا رہنا۔ ناز و انداز نہ رہنا۔

**لٹک چال** - (ا۔مث) مستانہ چال۔ ناز و ادا کی چال۔

**لٹک میں آنا** - (ا۔محاورہ) موج میں آنا۔ ترنگ میں آنا۔

**لٹک کر چلنا** - مستانہ چال سے چلنا۔ جھوم کر چلنا۔ ناز نخرے سے قدم اُٹھانا۔

**لٹکا** - (لَٹ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) جادو۔ منتر۔ ٹوٹکا (۲) شعبدہ۔ کرتب۔ عیاری۔ چالاکی۔ (۳) چٹکلا۔ (۴) طور۔ طریقہ۔ تدبیر۔ داؤں پیچ۔ (۵) شغل۔ دل بہلاوا۔ (۶) مکر۔ فریب (۷) چلتا ہوا نسخہ۔ اکسیر۔

**لٹکا چل جانا** - (ا۔محاورہ) منتر یا جادو چل جانا۔

**لٹکا رکھنا** - (ا۔محاورہ) آویزاں رکھنا۔ (۲) حیلے بہانے سے کسی کے کام کو ٹالتے رہنا۔ (۳) کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ مایوس نہ ہونے دینا۔

**لٹکا ہاتھ آنا** - (ا۔محاورہ) آسان تدبیر سُوجھنا۔

**لٹکانا** - (لَٹ۔کا۔نا) [ھ۔مص] (۱) معلق کرنا۔ آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا۔ (۳) اٹکائے رکھنا۔ اُلجھانا (۴) اُمید میں رکھنا۔ انتظار میں رکھنا۔

**لٹکن** - (لَٹ۔کَن) [ھ۔ا۔مذ] (۱) لٹکنے والی چیز (۲) ایک زیور (۳) ایک قسم کی کڑی کی چھوٹی سی گھڑونجی جس پر گھڑا یا صراحی رکھتے ہیں۔ (۴) گھڑی کا پنڈولم۔



Marfat.com

**لٹکنا۔** (لَ۔ٹَک۔نا) [ھ۔مص] (۱) آویزاں ہونا۔ معلق ہونا (۲) پھانسی لگنا (۳) رُکنا۔ اٹکنا (۴) منتظر رہنا۔ اُمیدوار رہنا۔ (۵) مدتوں بیمار رہنا۔ لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۶) آگے نہ بڑھنا۔ پیچھے رہنا۔

**لِٹمس۔** (Litmus) (لِٹ۔مَس) [انگ۔ا۔مذ] ایک نیلا رنگ جو تیزاب ڈالنے سے سُرخ ہو جاتا ہے۔

**لَٹنا۔** (لَٹ۔نا) [ھ۔مص] دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔

**لُٹنا۔** (لُٹ۔نا) [ھ۔مص] تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ چوری ہونا۔ مالی نقصان اُٹھانا۔ گھر کا اُجڑنا۔ ویران ہونا۔

**لَٹّو۔** (لَٹ۔ٹُو) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ایک گول مخروطی کھلونا جو دیر تک گھومتا رہتا ہے۔ سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ ساقول (۳) کنایۃً عاشق۔

**لٹّو ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) محو ہونا (۳) چکر کھانا۔

**لُٹوانا۔** (لُٹ۔وا۔نا) [ھ۔مص] (۱) غارت کرانا۔ تباہ کرانا۔ صرف کرنا۔ مہنگا سودا دلوانا۔ نقصان کرانا۔

**لٹورا۔** (لَ۔ٹُو۔را) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا پرندہ (۲) (بفتح دوم) اُلجھے ہوئے بالوں کی لِٹ۔

**لٹوری۔** (لَ۔ٹُو۔ری) [ھ۔ا۔مث] اُلجھے ہوئے بالوں کی چھوٹی لِٹ۔

**لٹوریوں والی۔** ڈائن۔ چڑیل۔ جادوگرنی۔

**لٹوریا۔** (لَ۔ٹور۔یا) [ھ۔ا۔مذکر] جٹا دھاری۔ لِٹوں والا جوگی۔ گیسو دراز۔

**لَٹھ۔** [ھ۔ا۔مذ] (۱) موٹی لکڑی۔ سونٹا۔ لاٹھی۔ (۲) چرخے یا کسی اور چیز کی لاٹھ۔

**لَٹھ باز۔** (ھ۔ف۔صفت) لاٹھی سے لڑنے والا۔

**لٹھ بازی۔** (ھ۔ف۔ا۔مث) لاٹھیوں کی لڑائی۔ لٹھم لٹھا۔

**لٹھ بند۔** (ھ۔ف۔صفت) لاٹھی باندھنے والا۔ (کنایتاً) اُجڈ۔

**لٹھ سا مار دینا۔** (ا۔محاورہ) سخت بات کہہ دینا۔ نہایت درشت جواب دے دینا۔

**لَٹھا۔** (لَٹھ۔ٹھا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) شہتیر۔ لکڑی۔ ریلوے سلیپر۔ (۲) جریب کا دسواں حصہ (۳) ایک قسم کا سوتی کپڑا۔

**لُٹھیا۔** (لَٹھ۔یا) [ھ۔ا۔مث] لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی چھڑی۔

**لٹھیت۔** (لَ۔ٹھیت) [ھ۔صفت] (۱) لاٹھی سے لڑنے والا۔ لٹھ باز۔ (۲) دستہ (۳) ضدی۔

**لُٹیا۔** (لُٹ۔یا) [ھ۔ا۔مث] چھوٹا سا لوٹا۔ گڑوی۔

**لٹیا ڈبونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) لوٹا پانی میں گرا دینا (۲) کام خراب کر دینا۔ بات بگاڑنا۔ (۳) نقصان اٹھانا۔ ہمت ہارنا (۴) آبرو کھونا۔ توہین کرانا۔

**لُٹیا ڈوبی اسے ہر داس۔ گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاس۔** (ا۔مقولہ) کام بالکل بگڑ گیا ہے اب سدھرنے کی اُمید نہیں۔

**لُٹیرا۔** (لُ۔ٹے۔را) [ھ۔صفت] لوٹ مار کرنے والا۔ راہزن۔ قزاق۔

ڈاکو۔ چور۔

## ل۔ج

**لَج۔** (ھ۔ا۔مث) لاج کا مخفف۔

**لجا۔** (لَج۔جا) [س۔ا۔مث] شرم۔ حیا۔ غیرت۔ لاج۔

**لجاجت۔** (لَ۔جا۔جَت) [ف۔ا۔مث] عاجزی۔ منت۔ سماجت۔ خوشامد۔

**لجالو۔** (لَ۔جا۔لُو) [ھ۔صفت] (۱) شرم والا۔ باحیا (۲) [مذکر] ایک پودا جو آدمی کے ہاتھ لگانے یا گرم ہوا سے مرجھا جاتا ہے۔ لاجونتی۔ چھوئی موئی۔

**لِجام۔** (لِ۔جام) [ع۔ا۔مث] لگام کا معرب۔ باگ۔ عنان۔

**لجانا۔** (لَ۔جا۔نا) [ھ۔مص] شرمانا۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ خجل ہونا۔

**لجاؤ۔** (لَ۔جا۔او) [ھ۔صفت] دیکھیے لجالو (۱) شرم۔ حیا۔ لاج۔

**لجلاج۔** (لَج۔لاج) [ف۔ا۔مذ] (۱) شطرنج کا موجد (۲) شطرنج یا چوپڑ کا اُستاد۔ (۳) صاف کیا ہوا پارہ۔

**لجلجا۔** (لِج۔لِ۔جا) [ھ۔صفت] پلپلا۔ لچکدار۔ ملائم۔ لیس دار۔

**لُجّہ۔** (لُج۔جَہ) [ع۔ا۔مذکر] دریا۔ ندی۔ بھنور۔ منجدھار۔

**لجّہ آفت۔** (ع۔ف۔ا۔مذ) سخت مصیبت۔

**لجیلا۔** (ھ۔صفت) باحیا۔ شرمیلا۔ حیادار۔

## ل۔چ

**لُچ۔** [ف۔صفت] (۱) ننگا۔ برہنہ (۲) بدچلن۔ آوارہ۔ بدکار۔ بدمعاش۔

**لچ بہادر۔** غنڈوں کا سردار۔ نہایت شہدا۔ بدمعاش۔

**لُچّا۔** (لُچ۔چا) [ھ۔صفت۔ا۔مذکر] (۱) بے شرم۔ بے باک (۲) بدمعاش۔ شہدا۔ گنڈا۔ اوباش۔ (۳) فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر۔ (۴) اچکا۔ ٹھگ (۵) عیبی۔

**لچاپن۔ لچپن۔** (ا۔مذ) (۱) شہدا پن۔ بے شرمی۔ بے عزتی۔ بدچلنی۔ شرارت۔ بدکاری۔

**لچانا۔** (لَ۔چا۔نا) [ھ۔مص] ٹیڑھا کرنا۔ جھکانا۔ (۲) کمزور کرنا۔ مغلوب کرنا۔

**لچر۔** (لَ۔چَر) [ہ۔صفت] (۱) لغو۔ مہمل۔ بیہودہ۔ (۲) بے وقوف۔ احمق۔ (۳) بے ربط۔ بے معنی، بے تکی (بات)

**لچک۔** (لَ۔چَک) [ھ۔ا۔مث] (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) کسی چیز کا نزاکت سے حرکت کرنا۔ لرزش۔ (۳) جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا۔ (۴) کجی۔ خم۔ جھکاؤ۔



Marfat.com

**لچک آجانا۔** (ا۔محاورہ) جھٹکا آجانا۔ ضرب آجانا۔

**لچک جانا۔** (ا۔محاورہ) بل کھانا۔ مُڑ جانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔

**لچک دار۔** (ا۔صفت) وہ چیز جس میں لچک ہو۔ لرزاں۔ لہردار۔

**لچکا۔** (لِچ۔کا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ضرب۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ (۲) موج۔ لچک (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹہ (۴) جنبش۔ لرزش۔

**لچکانا۔** (لِچ۔کا۔نا) [ہ۔مص] نرم چیز کو ہلانا۔ لغزش دینا۔ جنبش دینا۔

**لچکنا۔** (ل۔چک۔نا) [ھ۔مص] (۱) خمیدہ ہونا۔ جھکنا۔ مُڑنا۔ بل کھانا۔ (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا جلنا۔

**لچکیلا۔** (لِچ۔کی۔لا) [ھ۔صفت] لچک دار۔

**لچ لچ۔** [ھ۔ا۔مث] لچکنے کی آواز۔

**لچلچا۔** (لِچ۔لَ۔چا) [ھ۔ا۔مذ] لُعابدار سالن۔ رس دار سالن۔

**لچلچانا۔** (لِچ۔لَ۔چا۔نا) [ھ۔مص] لیس دار ہونا۔ لُعاب دار ہونا۔ چکیلا ہونا (۲) چاٹنا۔ (ق)

**لچنا۔** (لِچ۔نا) [ھ۔مص] (۱) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا (۲) فروتنی کرنا (۳) مغلوب ہونا۔

**لچھا۔** (لَچھ۔چھا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) سُوت کی انٹی (۲) ایک زیور (۳) اُلجھی ہوئی ڈور۔ (۴) مسلسل اور پیچیدہ لپٹے ہوئے تار۔ (۵) بہت باریک کترا ہوا پیاز یا ادرک (۶) ریشم ایسے باریک تاروں کی ایک مٹھائی جو کھانڈ سے تیار کی جاتی ہے (۷) آواز کی پیچیدگی۔ گٹکری۔

**لچھے دار۔** (ہ۔ا۔صفت) (۱) پیچیدہ۔ پیچدار۔ پیچ در پیچ (۲) سلسلہ وار۔ متواتر۔ برابر (۳) ڈورے دار (۴) حلقہ دار۔ پرت دار۔ (۵) مزیے دار۔

**لچھے دار باتیں۔** (ا۔مث) مسلسل اور مزیدار باتیں۔ پیچ در پیچ باتیں۔

**لچھمی۔** (لَچھ۔مِی) [ھ۔ا۔مذکر] (۱) دولت کی مالک۔ دھن کی دیوی۔ لکشمی۔ (۲) دھن۔ دولت۔ مال۔ (۳) شان و شوکت۔ حشمت۔ دبدبہ (۴) حُسن۔ خوبصورتی۔ جمال (۵) بہو، بیٹے کی بیوی (۶) لڑکیاں۔ بیٹیاں (۷) رام چندرجی کی بیوی، سیتا۔

**لچھمی بِن آدر کون ہے۔** (ا۔مَثَل) دولت کے بغیر کوئی نہیں پُوچھتا۔

**لچھمی گھر میں آنا۔** (ا۔محاورہ) دولت کا گھر میں آنا۔ صاحبِ اقبال ہونا (۲) گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا۔ (۳) خوش نصیب بیٹی پیدا ہونا۔ (۴) خوش نصیب بہو آنا۔

**لچھمی نارائن کرنا۔** (ا۔محاورہ) بسم اللہ کرنا۔ کھانا شروع کرنا۔

**لچھن۔** (لَچھ۔چھَن) [ھ۔ا۔مذ] (۱) علامت۔ نشانی۔ آثار۔ انداز۔ (۲) طور۔ طریق۔ ڈھنگ (۳) کرتوت۔ فعل۔ کام (۴) عادت۔ خصلت۔ کردار (۵) عیب۔ بدنامی (۶) حال۔ کیفیت (۷) اعمال۔

کرم

**لچھن بگڑ جانا۔** (بِگڑنا)۔ (ا۔محاورہ) پہلی سی رونق نہ رہنا۔ مُنہ کا نور اُڑ جانا۔ رنگ رُوپ جاتا رہنا۔ حُسن کا زوال پر ہونا۔

**لچھن سیکھنا۔ لچھن پکڑنا۔** کسی کے ڈھنگ سیکھنا۔ کسی کے ڈھنگوں پر آنا۔ بُری عادت پکڑنا۔ اوگن سیکھنا۔

**لچھن ونتا۔** [ق۔صفت] خوبصورت۔ مبارک۔ نیک بخت۔

**لچھی۔** (ق۔ا۔مؤنث) خون اور پانی کی آمیزش۔ (پ) ایک گانا۔ لچھا کی تصغیر۔

**لچھیانا۔** (لَچھ۔یا۔نا) [ھ۔مص] ڈور دھاگے کا چرخی پر لپیٹنا۔

**لچُّی۔** (لُ۔چ۔ای) [ہ۔ا۔مث] میدے کی ملائم اور پتلی پوری۔

**لچُّی پچُّی سا پیٹ۔** نہایت نرم پیٹ۔

**لچی۔** (لُچ۔چی) [ہ۔صفت] لُچا کی تانیث۔ شُہدی۔ بدچلن (۲) بدخُو۔ لڑاکا۔ (۳) فضول خرچ (۴) بیہُودہ (عورت)

**لچیلا۔** (ا۔صفت) لوچدار۔ لیسدار (۲) نرم۔ ملائم۔ نازک۔

# ل ۔ ح

**لحاظ۔** (لِ۔حاظ) [ع۔ا۔مذ] (۱) نظر۔ نگاہ (۲) ادب۔ حفظِ مراتب۔ (۳) شرم۔ حیا (۴) مروت۔ ملاحظہ (۵) خیال۔ دھیان (۶) پرہیز۔ اجتناب (۷) توجہ (۸) غیرت۔ حمیت۔

**لحاظ آنا۔** (ا۔محاورہ) مروت آنا (۲) شرم آنا۔

**لحاظ اُٹھا دینا۔** (ا۔محاورہ) بے شرم ہو جانا۔ بے غیرت ہو جانا۔ بے حیا بن جانا۔

**لحاظ رکھنا۔** (۱) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا (۲) ادب کا خیال رکھنا (۳) شرم کرنا۔ پرہیز کرنا۔

**لحاظ کرنا۔** (ا۔محاورہ) ادب کرنا (۲) پاس کرنا (۳) شرم کرنا۔ حیا کرنا۔ (۴) مروت سے پیش آنا۔

**لحاظ کھونا (کھو دینا)۔** (ا۔محاورہ) ادب و مروت کو قائم نہ رہنے دینا۔ (۲) شرم نہ رہنے دینا۔

**لحاظ نہ کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ادب نہ کرنا۔ حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا (۲) شرم نہ کرنا۔ حیا نہ کرنا۔ (۳) مروت سے پیش نہ آنا۔ خیال نہ کرنا۔

**لحاظ والا۔** (ا۔صفت) (۱) شرم و حیا والا۔ (۲) بامروت۔

**لحاف۔** (لِ۔حاف) [ع۔ا۔مذ] رضائی جس میں رُوئی بھری ہو۔

**لحد۔** (لَ۔حَد) [ع۔ا۔مث] قبر۔ مزار۔ تُربت۔ گور۔ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مُردے کو رکھا جاتا ہے۔

**لحد سے اُٹھنا۔** (ا۔محاورہ) قیامت کے روز مُردوں کا زندہ ہو کر قبر سے اُٹھنا۔

**لحد میں اُتارنا۔** (ا۔محاورہ) مُردے کو قبر میں دفن کرنا۔

**لحظہ۔** (لَح۔ظَہ) [ع۔ا۔مذ] پل۔ لمحہ۔ دم کے دم۔ دم بھر۔

**لحظہ بہ لحظہ۔** (ا۔تابع فعل) دم بہ دم۔ ساعت بہ ساعت۔ ہر دم۔



Marfat.com

ہر گھڑی۔
**لَحم** ۔ (ع-ا-مذ) گوشت ۔ ماس ۔
**لَحمیہ** ۔ (ع-ا-مذ) پروٹین ۔ ( (Protein) ) ۔ وہ غذائیں جن میں گوشت کے اجزا پائے جاتے ہیں لحمیہ غذا کا اساسی عنصر ہے۔
**لَحن** ۔ [ع-ا-مذ] (۱) آواز ۔ (۲) سُریلی آواز ۔ خوش آوازی ۔ خوش خوانی۔
**لَحنِ داؤدی** ۔ (ع-ا-مذ) حضرت داؤد علیہ السلام کی آواز جو سُریلے پن کی وجہ سے مشہور ہے ۔ کنایتاً سُریلی آواز۔
**لُحوق** ۔ (ع-ا-مذ) دو یا زیادہ چیزوں کا مل جانا ۔ آمیزش۔
**لُحوم** ۔ (ع-ا-مذ) لحم کی جمع۔
**لَحیم** ۔ (ل-حِیْم) [ع-صفت] موٹا ۔ فربہ۔
**لحیم شحیم** ۔ (ع-ف) موٹا ۔ تازہ ۔ فربہ اندام ۔ توانا۔

## ل - خ

**لَخ** ۔ (ق-ا-مذ) لقا کبوتر۔
**لَخت** ۔ (ف-ا-مذ) ٹکڑا ۔ پارہ ۔ حصّہ۔
**لختِ جگر** ۔ (ف-ا-مذ) جگر کا ٹکڑا ۔ (۲) اولاد ۔ بیٹا ۔ بیٹی۔
**لختِ جگر کھانا** ۔ (ا-محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔
**لَختہ** ۔ (ف-ا-مذ) جمے ہوئے خون کا لوتھڑا ۔ ٹکڑا۔
**لَخ لَخ** ۔ (ف-صفت) (۱) لاغر ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ (۲) بھوک ۔ وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے۔
**لَخلخانا** ۔ (لَخ-ل-خا-نا) [اُر-مص] بھوک پیاس سے تڑپنا ۔ بھوک سے نڈھال ہو جانا۔
**لَخلخہ** ۔ (لَخ-ل-خہ) [ف-ا-مذکر] چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویتِ دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں۔
**لَخ لَخ کرنا** ۔ (ا-محاورہ) پیاس کی شدت سے پرندوں کے گلے سے آواز نکلنا۔

## ل - د

**لدا پھندا** ۔ (ل-دا-پھن-دا) [ھ-صفت] اچھی طرح لدا ہوا ۔ بہت بھرا ہوا ۔ بوجھ میں دبا ہوا ۔ اسباب ساتھ لیے ہوئے۔
**لدالد** ۔ (ل-دا-لد) [ھ-ا-مث] (۱) اُونچائی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) درختوں سے پھلوں کے گرنے کی آواز۔ (۳) کنوئیں میں گرنے کی آواز ۔ (۴) لگاتار ۔ پے در پے۔
**لدانا** ۔ (ل-دا-نا) [ھ-مص] بار کرانا ۔ بوجھ دھروانا ۔ اسباب لدوانا۔
**لداوا** ۔ (ل-دا-وا) [ھ-ا-مذ] بوجھ ۔ بھار ۔ اسباب۔
**لداؤ** ۔ (ل-دا-او) [ھ-ا-مذ] بوجھ ۔ بھار ۔ لادنے کا اسباب۔
**لداؤ کی چھت** ۔ وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بنا دیں۔ اس چھت پر کڑیاں نہیں ہوتیں ۔ گنبد نما چھت۔
**لدا ہے** ۔ (ا-محاورہ) کنایتاً بے وقوف (۲) کاہلا۔
**لدنا ۔ لدجانا** ۔ (لَد-نا-لَد-جا-نا) [ھ-مص] (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا ۔ پُر ہو جانا ۔ (۳) چلا جانا ۔ گذر جانا ۔ (۴) مر جانا ۔ انتقال کر جانا (۵) درخت پر بہت سا پھل ہونا۔
**لَدُنّی** ۔ (ل-دُن-نی) [ع-ا-مذ] خداداد ۔ وہ علم جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام وغیرہ کے ذریعہ حاصل ہو۔
**لَدّو** ۔ (لَد-دُو) [ہ-صفت] (۱) بوجھ اُٹھانے کے قابل ۔ باربرداری کے لائق (۲) وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے۔
**لدّو کرنا** ۔ (ا-محاورہ) (۱) بار برداری کے قابل بنانا (۲) سواری کے قابل نہ رکھنا۔
**لَدوانا** ۔ (لَد-وا-نا) [ھ-مص] لادنا کا متعدی المتعدی ۔ بار کرانا۔
**لَدوائی** ۔ (ا-مث) لدوانے کی اُجرت۔
**لَدّھڑ** ۔ (لَد-دھڑ) [ھ-صفت] (۱) موٹا اور بدوضع کا غذ یا کپڑا (۲) بھاری اور بھدا ۔ (۳) کند ذہن (۴) پانی کا ایک جانور۔

## ل - ڈ

**لَڈّو** ۔ (لَڈ-ڈُو) [ھ-ا-مذ] (۱) ڈھیلا ۔ ڈلا ۔ کلوخ (۲) بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی ۔ (۳) کنایتاً ۔ نفع ۔ فائدہ۔
**لڈّو بانٹنا** ۔ (ا-محاورہ) کسی خوشی کی تقریب پر شیرینی تقسیم کرنا ۔ خوشی منانا۔
**لڈّو کھلانا** ۔ (ا-محاورہ) (۱) مٹھائی کھلانا ۔ منہ میٹھا کرنا (۲) رشوت دینا ۔ منہ بھر دینا۔
**لڈّو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا** ۔ (ا-مثل) نری چاپلوسی اور خالی باتوں ہی باتوں سے مطلب برآری نہیں ہوتی ۔ بغیر لیے دیے کچھ کام نہیں چلتا۔
**لُڈّی** ۔ (پ-ا-مث) ایک قسم کا پنجابی مردانہ ناچ۔

## ل - ذ

**لَذّات ۔ لذائذ** ۔ (لَذ-ذات ، ل-ذا-ئِذ) [ع-ا-مث] لذت کی جمع ۔ مزے ۔ ذائقے ۔ لذتیں۔
**لذائذِ نفسانی** ۔ (ع-ا-مث) حظِ نفسانی ۔ نفس کی خوشی ۔ شہوت پرستی۔



Marfat.com

**لَذّت** ۔ (لَذ ۔ ذَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مزہ ۔ ذائقہ ۔ سواد (۲) حظ ۔
جمع ۔ لذائذ ۔ لذّات ۔

**لذّت اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مزہ لینا ۔ لُطف حاصل کرنا ۔ حظ اٹھانا ۔ (۲) ذائقہ لینا ۔

**لذّت آشنا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) لذّت حاصل کرنے والا ۔ لذّت کا خُوگر ۔

**لذّت پرست** ۔ (ف ۔ صف) لذّت اور مزے کا عاشق ۔

**لذّت چکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مزہ چکھنا ۔ مزہ لینا ۔ سواد پانا ۔ (۲) لُطف حاصل کرنا ۔

**لذّت دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مزہ دینا ۔

**لذّتیت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] لذّت پرستی ۔

**لذِیذ** ۔ (لَ ۔ ذِیذ) [ع ۔ صف] (۱) خوش ذائقہ ۔ مزیدار (۲) خوشگوار ۔ پُرلُطف ۔ (۳) عزیز ۔ پیارا ۔

# ل ۔ ر

**لَر** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے ۔ اس کی لمبائی ساڑھے چار فٹ سے ساڑھے چھ فٹ تک ہوتی ہے ۔

**لُر** ۔ [ف ۔ صف] احمق ۔ اجہل ۔ بے تمیز ۔

**لُرپن** ۔ لُرپنا ۔ حماقت ۔ بے وقوفی ۔

**لرز اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) [لَ ۔ رَز ۔ اُٹھ ۔ نا] خوف سے کانپ جانا ۔

**لرز جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوف سے ڈر جانا ۔ کانپ اٹھنا ۔ تھرا جانا ۔

**لرزاں** ۔ (لَر ۔ زاں) [ف ۔ صف] لرزنے والا ۔ ہلنے والا ۔

**لرزانا** ۔ (لَر ۔ زا ۔ نا) [اُ ۔ مص] کپکپا دینا ۔ ڈرانا ۔ خوف دلانا ۔

**لرز جانا** ۔ [اُ ۔ مص] تھرا جانا ۔ کانپ اُٹھنا ۔ ڈرنا ۔

**لرزش** ۔ (لَر ۔ زِش) [ف ۔ ا ۔ مث] رعشہ ۔ کپکپی ۔ تھرتھراہٹ ۔

**لرزنا** ۔ (لَ ۔ رَز ۔ نا) [اُ ۔ مص] (۱) کانپنا ۔ تھرانا ۔ ڈرنا (۲) ہلنا جنبش کرنا ۔

**لَرزہ** ۔ (لَر ۔ زہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھرتھراہٹ ۔ لرزش ۔ رعشہ ۔ کپکپاہٹ (۲) وہ کپکپی جو خوف یا بیماری کی حالت میں ہوتی ہے (۳) زلزلہ بھونچال ۔

**لرزہ آنا** ۔ (۱) کانپنا ۔ خوف آنا (۲) بھونچال آنا ۔

**لرزہ براندام** ۔ (ف ۔ صف) وہ جس پر کپکپی طاری ہو ۔ کانپنے والا ۔

**لرزہ چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کپکپی چڑھنا ۔ (بیماری یا خوف سے) تھرتھر کانپنا ۔

**لرزے سے بخار آنا** ۔ (ا ۔ مص ۔ مرکب) کپکپاہٹ کے ساتھ بخار آنا ۔

# ل ۔ ڑ

**لَڑ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مث) (۱) لڑی ۔ ہار ۔ سلسلہ (۲) ڈور یا سُتی کا بل ۔ (۳) قطار ۔ صف (۴) پلّہ ۔ کنارہ ۔ دامن (۵) گرہ ۔ گانٹھ (۶) وسیلہ ۔ تعلق ۔ رشتہ ۔

**لڑ بندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعلق ہونا ۔ واسطہ ہونا ۔

**لڑبندی** ۔ (ق) فہرست ۔

**لڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ٹکرا جانا ۔ مقابل ہو جانا ۔

**لڑ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا ۔ بیاہنا ۔ شادی کرنا ۔

**لڑ مرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تکرار کرنا ۔ جھگڑنا (۲) لڑ کر مر جانا ۔

**لڑ ملانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعلق پیدا کرنا ۔ سلسلہ پیدا کرنا ۔

**لڑ میں رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کسی کا طرفدار بنا رہنا ۔ ساتھ دینا ۔ جیب میں ہونا ۔ پلّے ہونا ۔

**لڑا** ۔ (لَ ۔ ڑا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] لڑی کا مذکر ۔ بڑی کڑی ۔ سِلک ۔

**لڑاک** ۔ **لڑاکا** ۔ **لڑاکو** ۔ (لَ ۔ ڑاک ۔ لَ ۔ ڑا ۔ کا ۔ لَ ۔ ڑا ۔ کُو) [ہ ۔ صف] جنگجو ۔ جھگڑالو (۲) شریر ۔ (۳) بدخو ۔ بدمزاج ۔ تُرش رُو ۔

**لڑاکا کے چار کان** ۔ (ا ۔ مثل) جس عورت کو لڑائی کا چسکا ہو وہ لڑنے کے لیے ہمیشہ کوئی بہانہ تلاش کر لیتی ہے ۔

**لڑانا** ۔ (لَ ۔ ڑا ۔ نا) [ھ ۔ مص] لڑائی کرانا ۔ جنگ کرانا ۔ کشتی کرانا ۔ بھڑانا ۔ فساد کرانا ۔ (۲) دو چیزوں کو باہم ٹکرانا ۔

**لڑاؤ** ۔ (لَ ۔ ڑا ۔ اَو) [ھ ۔ ا ۔ مذ] لڑنے کے قابل ۔ ڈور جو ایک مرتبہ کنکوا لڑانے کے قابل ہو ۔ [صف] لڑنے کے قابل ۔

**لڑائی** ۔ (لَ ۔ ڑا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) جنگ ۔ رزم ۔ معرکہ ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ مارپیٹ (۲) مقابلہ ۔ آمنا سامنا (۳) شیخی (۴) عداوت ۔ خفگی ۔ اَن بن ۔

**لڑائی باندھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جنگ کی ٹھہرانا ۔ دشمنی کرنا ۔ جھگڑا کھڑا کرنا ۔

**لڑائی بھڑائی** ۔ دنگا فساد ۔ جنگ و جدل ۔

**لڑائی اور آگ کا بڑھانا کیا** ۔ (ا ۔ مثل) ان دونوں کا بڑھانا آسان ہے ۔

**لڑائی پر اُتر آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہو جانا ۔

**لڑائی پر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لام پر جانا ۔ میدان جنگ میں جانا ۔

**لڑائی ٹل جانا** ۔ **لڑائی ٹھن جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جنگ کا موقع قریب آ جانا ۔ مہم سر پہ آ جانا

**لڑائی ٹھن جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑائی کا یقین ہونا ۔ لڑائی ٹھہر جانا ۔

**لڑائی چھڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جنگ شروع ہونا ۔

**لڑائی کا گھر** ۔ (ا ۔ مذ) فساد کی جڑ ۔ فتنہ پرداز ۔ جھگڑا ڈالنے والا ۔ فساد کرانے والا ۔

**لڑائی کا گھر ہانسی، روگ کا گھر کھانسی** ۔ (ا ۔ مثل) لڑائی کی ابتدا،



Marfat.com

ہنسی مذاق سے ہوتی ہے اور بیماری کا آغاز کھانسی سے۔

**لڑائی کی پوٹ** ۔ (ا۔مث) جھگڑالو۔ فسادی۔

**لڑائی لڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) جنگ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

**لڑائی مارنا** ۔ (ا۔محاورہ) شکست دینا۔ حریف کو مغلوب کرنا۔ لڑائی سر کرنا۔ میدان فتح کرنا۔

**لڑائی مُول لینا** ۔ (ا۔محاورہ) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ ناحق مصیبت میں پڑنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔

**لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے (مٹھائی) نہیں بٹتی** ۔ (ا۔مثل) لڑائی خوشی کی جگہ نہیں۔ لڑائی آسان کام نہیں

**لڑائی باندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) لڑائی کا سلسلہ جاری رکھنا۔

**لڑائی ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) جنگ ہونا۔ تنازعہ ہونا۔

**لڑبڑا** ۔ (لَڑ۔ب۔ڑا) [ہ۔صف] دیکھیے: لجلجلا۔ ملائم۔ لیس دار۔

**لڑبڑانا** ۔ (لَڑ۔ب۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] (۱) زبان میں لکنت ہونا۔ ہکلانا۔ رُک رُک کر بولنا۔ (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔

**لڑبیٹھنا** ۔ لڑپڑنا۔ (ہ۔مص) خواہ مخواہ لڑنے لگنا۔ جھگڑا مول لینا۔

**لڑت** ۔ (لَ۔ڑَت) [ہ۔ا۔مث] لڑنت۔ جنگ کرنے کا انداز۔ کشتی۔ لڑائی۔

**لڑتی بلا پڑنا** ۔ [ق۔مص] مغالطے میں پڑنا۔

**لڑنے کے پیچھے بھاگتوں کے آگے** ۔ (ا۔مثل) بزدل اور ڈرپوک آدمی کے لیے بولا جاتا ہے۔

**لڑجانا** ۔ (ا۔محاورہ) مقابل ہونا۔ ٹکرا جانا۔ لڑنا۔

**لڑجانا** ۔ (ق) اطاعت قبول کرنا۔ ہتھیار ڈال دینا۔

**لڑکا** (لڑ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] طفل۔ چھوکرا۔ بالک۔ بچّہ (۲) بیٹا۔ پُوت۔ پسر (۳) ناتجربہ کار۔ نادان۔

**لڑکا بالا** ۔ (ا۔مذ) بال بچہ۔ اولاد۔ عیال و اطفال۔

**لڑکا بننا** ۔ (ا۔محاورہ) بے وقوفی کی حرکت کرنا۔ نادانی کی بات کرنا۔

**لڑکا بے دودھ پالنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی نہ کسی سہارے پر اُٹھنا۔ اُمید پُوری نہ ہونے دینا۔ ٹالنا۔

**لڑکا جنے بیوی اور پٹی باندھیں میاں** ۔ (ا۔مثل) تکلیف کوئی اٹھائے اور اظہارِ تکلیف کوئی کرے۔

**لڑکا گود لینا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی بچے کو متبنیٰ بنانا۔

**لڑکپن** ۔ (ا۔مذ) بچپن۔ طفولیت (۲) کم سنی کا زمانہ۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن۔

**لڑکپن کی باتیں** ۔ (ا۔مث) نادانی کی باتیں۔ ناسمجھی کی باتیں۔

**لڑکوں کا باوا (بابا) ہے** ۔ (ا۔مثل) لڑکوں سے زیادہ شریر ہے۔

**لڑکوں کا کھیل** ۔ (ا۔مذ) بچوں کا کھیل۔ بچوں کا دل بہلاوا۔ (۲) آسان کام۔ سہل بات (۳) (طنزاً) ادنیٰ کام۔

**لڑکوں کا کھیل، چڑیوں کا مرن** ۔ (ا۔مثل) ناسمجھ کے آگے جان کی کچھ قدر نہیں۔

**لڑکوں کا کھیل نہیں ہے** ۔ (ا۔مثل) آسان کام نہیں ہے۔ دشوار ہے۔

**لڑکے بالے** ۔ بال بچے۔ بیوی بچے۔ عیال و اطفال۔ کنبہ۔

**لڑکے کو منہ لگاؤ، مُوا داڑھی کھسوٹے** ۔ (ا۔مثل) کمینہ منہ لگانے سے سر پر چڑھتا ہے۔

**لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں** ۔ (ا۔مثل) ہونہار بچے کا ابتدا ہی میں پتہ چل جاتا ہے۔ (۲) کام کا انجام شروع ہی سے معلوم ہو جاتا ہے۔

**لڑکے والا** ۔ (ا۔مذ) لڑکے کا باپ۔ دُولہا کا باپ۔

**لڑکھڑانا** ۔ (لڑ۔کھ۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] ڈگمگانا۔ پاؤں کا کانپنا (۲) لرزنا۔ تھرانا۔ (۳) ہلنا (۴) بے راہ ہونا۔ بہکنا۔ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔

**لڑکی** ۔ (لَڑ۔کی) [ہ۔ا۔مث] (۱) چھوکری۔ کنیا۔ بیٹی۔ دختر (۲) دوشیزہ۔ کم عمر۔ نادان۔ ناسمجھ

**لڑکی تیرا بیاہ کریں، کہا میں کیسے کہوں** ۔ (ا۔مثل) جہاں کسی بات کی خواہش ہو مگر کہی نہ جائے۔

**لڑکی والا** ۔ (ا۔مذ) لڑکی کا باپ۔ دُلہن کا باپ۔

**لڑمرنا** ۔ [ہ۔مص] لڑکر مرجانا۔ آخری دم تک مقابلہ کرنا۔

**لڑنا** ۔ (لَڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جھگڑنا۔ تکرار کرنا (۲) بھڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ (۳) باہم ٹکرانا (۴) باہم ضد کرنا (۵) زور آزمائی کرنا۔ کشتی کرنا۔ (۶) مطابق ہو جانا۔ (ایک شعر کا دوسرے کے شعر سے) (۷) نصیبہ جاگ جانا (قسمت لڑ گئی) (۸) کاٹنا۔ ڈسنا۔

**لڑنا بھڑنا** ۔ جھگڑنا۔ (ا۔محاورہ) آپس میں جھگڑا فساد کرنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

**لُڑنا** ۔ [ق۔مص] چمٹ جانا۔ چپٹنا (۲) لڑھکنا۔

**لڑنا** ۔ [ق۔مص] کسی چیز کا زمین سے رگڑتے ہوئے چلنا (۲) زمین پر لوٹنا۔

**لڑنت** ۔ (لَ۔ڑنت) [ہ۔ا۔مث] پہلوانی۔ کشتی۔ زور آزمائی۔ جنگ۔

**لڑنتیا** ۔ (ا۔صف) لڑنے والا۔ پہلوان۔

**لڑکھڑا کر چلنا** ۔ (ا۔محاورہ) ڈگمگا کر چلنا۔ مستانہ چال سے چلنا۔ ٹھوکریں کھا کر چلنا۔

**لڑکھڑانا** ۔ (ا۔مص) ڈگمگانا۔ لٹنے میں اِدھر اُدھر جھومنا۔

**لڑوانا** ۔ (لڑ۔وا۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے لڑانا۔ جھگڑا کرانا۔

**لُڑھانا** ۔ (لُ۔ڑھا۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھسلانا (۲) لڑھکانا (۳) بہانا۔ گرانا (۴) مار گرانا۔ مار کر گرا دینا۔

**لُڑھکانا** ۔ (لُڑھ۔کا۔نا) [ہ۔مص] گھومتا ہوا پھینکنا۔ کسی چیز کو گھمانا۔

**لُڑھکنا** ۔ (لُ۔ڑھک۔نا) [ا۔مص] (۱) پھسلنا۔ لڑھکنی کھانا۔ ڈگمگانا۔ (۲) لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا۔ (۳) مرنا۔ انتقال کرنا۔

**لُڑھکنی** ۔ (لُ۔ڑھک۔نی) [ہ۔ا۔مث] لوٹنی۔ لوٹ۔ لڑھکنا



Marfat.com

کا فعل۔

**لُڑھکنی کھانا**۔ (ا۔محاورہ) پھسل جانا۔ قلابازی کھانا۔ لڑھکنا۔

**لُڑھنا**۔ (لُڑھ۔نا) [ا۔مص] (۱) لُڑھکنا۔ پھسلنا (۲) بہنا۔ گرنا (۳) بندوق یا توپ کا نشانہ بننا۔ (۴) مرجانا۔

**لُڑھی**۔ (ا۔مث) ایک قسم کی بیل گاڑی۔

**لَڑی**۔ (لَ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] (۱) ہار۔ موتیوں کی مالا۔ لَڑ (۲) جھڑی۔ سلسلہ۔ تسلسل۔

**لڑے فوج نام سردار (سرکار) کا**۔ (ا۔مثل) کام کسی کا نام کسی کا۔

**لڑیں سانڈ باڑی کا نکبرکس**۔ (ا۔مثل) بڑوں کی لڑائی میں چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

## ل۔ز

**لَزِج**۔ (لَ۔زِج) [ع۔صف] لُعابدار۔ لیس دار۔ چیپ دار۔

**لَزوجَت**۔ (لَ۔زو۔جَت) [ع۔ا۔مث] لیس۔ چیپ۔ لُعاب۔

**لَزوق**۔ (ع۔ا۔مذ) چپکنا۔ چسپاں ہونا۔

**لُزوم**۔ (لُ۔زُوم) [ع۔ا۔مذ] لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ ضرور۔ لازم۔

**لزوم مالایلزم**۔ (ع۔ا۔مذ) غیر ضروری کو ضروری قرار دینا۔

## ل۔س

**لَس**۔ (ہ۔ا۔مذ) لیس۔ لُعاب۔ چیپ۔

**لَس لگا**۔ (ا۔مذ) تعلق۔ واسطہ۔ سبب۔

**لَس دار**۔ لُعاب دار۔ چیپ دار۔

**لِسان**۔ (لِ۔سان) [ع۔ا۔مث] زبان۔ بولی۔ بھاشا۔ جمع: اَلسِنہ

**لِسان العصر**۔ اپنے وقت کا فصیح الکلام۔ اکبر الہ آبادی کا لقب۔

**لِسان الغیب**۔ غیب کی زبان۔ حافظ شیرازی کا لقب۔

**لَسّان**۔ (لَس۔سان) [ع۔صف] (۱) بہت بولنے والا۔ بکّی۔ (۲) خوش گفتار۔ شیریں زبان (۳) چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا۔

**لِسانی**۔ (لِ۔سا۔نی) [ع۔صف] زبان سے متعلق۔

**لِسانیات**۔ (لِ۔سا۔نِ۔یات) [ع۔ا۔مث] زبان کی ابتدا، ارتقا، اور اس کی تشکیل کے قانون کا علم۔ زبان کی تاریخ کا علم۔

**لِسٹ**۔ (List) [انگ۔ا۔مث] فہرست۔

**لِسٹرین**۔ (Listrine) (لِس۔ٹ۔رِین) [انگ۔ا۔مث] جراثیم کش۔ رقیق۔ مرکب۔

**لَسرکا**۔ (لَ۔سَر۔کا) [ہ۔ا۔مذ] تھوڑا سا تعلق۔ واسطہ۔ سروکار۔

**لَسٹَری**۔ (لَس۔ٹَری) [ق۔ا۔مث] رسّی۔

**لَسلَسا**۔ (لَس۔لَ۔سا) [ا۔صف] لُعاب دار۔ لیس دار۔ چیپ دار۔

**لَسلَساتا**۔ (لَس۔لَ۔سا۔تا) [ق۔صف] سرسبز۔ تر و تازہ۔

**لَسَن**۔ (لَس۔سَن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) لسن۔ ہقوم (۲) وہ سرخ یا سیاہ داغ جو جسم پر ہو جاتے ہیں۔

**لَسنا**۔ [ہ۔مص] (۱) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا (۲) چسپاں ہونا (۳) ٹھیک بیٹھنا۔

**لَسوڑا**۔ (لَ۔سو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] ایک چیپ دار پھل۔ سپستان۔

**لَسّی**۔ (لَس۔سی) [ہ۔ا۔مث] (۱) پانی ملا ہوا دودھ۔ (۲) دہی اور پانی کا مرکب۔ چھاچھ۔

## ل۔ش

**لَش**۔ (اُر۔ا۔مث) کتے کو کسی پر جھپٹنے کا اشارہ کرنے کی آواز۔ ہوچھ ہوچھ۔

**لَشتَر**۔ (لَش۔تَر) [ا۔صف] ناکارہ۔ سست۔

**لَشَم پَشَم۔ لَشٹَم پَشٹَم**۔ (لَش۔تَم۔پَش۔تَم۔لَش۔ٹَم۔پَش۔ٹَم) [ا۔صف] بُری بھلی طرح۔ جوں توں کر کے۔ بمشکل سے۔

**لَشکارنا**۔ (لَش۔کار۔نا) [اُر۔مص] کتے کو شکار پر جھپٹنے کے لیے لش لش کرنا۔

**لَشکَر**۔ (لَش۔کَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) فوج۔ سپاہ (۲) بھیڑ بھاڑ۔ ہجوم۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔

**لشکر آرا**۔ (ف۔صف) لشکر آراستہ کرنے والا۔ لشکر تیار کرنے والا۔

**لشکر اکٹھا کرنا**۔ (۱) فوج اکٹھی کرنا۔ سپاہ فراہم کرنا۔ (۲) بہت سے آدمی جمع کرنا۔ بھیڑ لگانا۔

**لشکر ٹوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) فوج کا دشمن پہ اچانک حملہ کرنا۔

**لشکر جرّار**۔ (ف۔ا۔مذ) بڑا بھاری لشکر۔

**لشکر جمانا**۔ (ا۔محاورہ) فوج کو ترتیب دینا۔

**لشکر شکن**۔ (ا۔صف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔

**لشکر کا لشکر**۔ (ا۔مذ) ہجوم۔ انبوہ

**لشکر کشی**۔ (ف۔ا۔مث) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔

**لشکر کی اگاڑی۔ آندھی کی پچھاڑی**۔ (ا۔مثل) لشکر کا سامنا اور آندھی کا اخیر دونوں نقصان دہ ہوتے ہیں۔

**لشکر کی بولی۔ لشکری بولی۔ لشکری زبان**۔ (ا۔مث) وہ بولی جس میں بھانت بھانت کی زبانیں مل گئی ہوں۔ ملی جلی زبان۔

**لشکر گاہ**۔ (ف۔ا۔مث) کیمپ۔ چھاؤنی۔ سپاہ کا پڑاؤ۔

**لشکر میں اونٹ بدنام**۔ (ا۔مقولہ) خواہ مخواہ کی بدنامی۔

**لشکری**۔ (لَش۔کَ۔ری) [ف۔ا۔مث] سپاہی۔ فوجی۔ لشکر



Marfat.com

سے متعلق۔

## ل ۔ ط

**لطافت** ۔ (لَ ۔ طا ۔ فَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) عمدگی ۔ خُوبی (۲) نرمی ۔ ملائمت ۔ (۳) پاکیزگی ۔ صفائی (۴) نزاکت (۵) خوبصورتی (۶) مزہ ۔ ذائقہ ۔ لذت (۷) باریکی ۔ نکتہ (۸) فصاحت ۔

**لطائف** ۔ (لَ ۔ طا ۔ ئف) [ع ۔ ا ۔ مذ] لطیفہ کی جمع ۔ چٹکلے ۔ ظرافت کی باتیں ۔ باریکیاں

**لطائف الحیل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حیلے ۔ بہانے ، جو دوسروں کو ناگوار نہ گزریں ۔

**لطائف ستہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) چھ لطیفے جو سالکوں کے لیے حاصل کرنے لازمی ہیں ۔ لطیفہ نفس ۔ ناف کے مقام سے لفظ اللہ نکالنا (۲) لطیفہ قلب ۔ جس کا محل دل ہے ۔ (۳) لطیفہ روح ۔ جس کا مقام سینہ میں دائیں طرف ہے (۴) لطیفہ سِر ، جس کا مقام فم معدہ ہے (۵) لطیفہ خفی جس کا محل پیشانی ہے (۶) لطیفہ اخفیٰ جس کا مقام کاسۂ سر ہے ۔

**لطائف غیبی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) غیب کی نیکیاں ۔ وہ نیکیاں اور عنایات جو محض خدا کی طرف سے ہوں ۔

**لُطف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) عنایت ۔ مہربانی (۲) خوبی ۔ عُمدگی ۔ (۳) نرمی ۔ ملائمت (۴) لذت ۔ مزہ ۔ حلاوت ۔ (۵) خوش طبعی ۔ جمع :۔ الطاف ۔

**لُطف اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مزہ حاصل کرنا ۔

**لطف تب تھا** ۔ (ا ۔ روزمرہ) مزہ اس وقت ملتا ۔

**لطف جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے لطفی ہونا ۔ بدمزگی ہونا ۔

**لطف دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پیار دینا ۔ مزہ دینا ۔

**لطف فرمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مہربانی کرنا ۔

**لطف کُن لطف کہ بیگانہ شود حلقہ بگوش** ۔ (ف ۔ مقولہ) ۔ مہربانی کرنا کہ غیر بھی تیرے غلام ہو جائیں ۔

**لُطف یہ ہے** ۔ (ا ۔ روزمرہ) خوبی یہ ہے ۔ عمدگی یہ ہے ۔ عجب یہ ہے ۔

**لُطفی** ۔ (لُط ۔ فی) [ف ۔ صف ۔ وا ۔ مذ و مث] متبنیٰ ۔ لے پالک ۔

**لطمہ** ۔ (لَط ۔ مَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھپڑ ۔ طمانچہ ۔ مُکا (۲) دریا کا تھپیڑا ۔

**لَطیف** ۔ (لَ ۔ طِیف) [ع ۔ صف] (۱) نازک ۔ نرم ۔ ملائم ۔ سُبک (۲) صاف ۔ شفاف (۳) پاکیزہ ۔ ستھرا (۴) لذیذ ۔ مزہ دار ۔ خوب ۔ عُمدہ ۔ (۵) پاک ۔ مقدس ۔

**لطیف الطبع والمزاج** ۔ [ع ۔ ف] زندہ دل ۔ خوش مزاج ۔ رحم دل ۔ سلیم الطبع ۔

**لطیفہ** ۔ (لَ ۔ طی ۔ فَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اچھی چیز ۔ نیکی (۲) چٹکلا ۔ دلچسپ بات ۔ شگوفہ (۳) انوکھا ۔ عجیب ۔ جمع : لطائف ۔

**لطیفہ چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انوکھی بات کہنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ۔

**لطیفہ گو** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ظریف ۔ خوش مزاج ۔ بذلہ سنج ۔ چٹکلے بیان کرنے والا ۔

## ل ۔ ع

**لُعاب** ۔ (لُ ۔ عاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تھوک ۔ آبِ دہن ۔ کف ۔ رال ۔ (۲) لیس ۔ چیپ ۔

**لُعاب دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) چیپ دار ۔ لسلسا ۔

**لِعان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک دوسرے پر لعنت کرنا (۲) اصطلاح فقہ میں شوہر کا اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگانا اور پھر قاضی کے سامنے اپنے سچے ہونے کی چار مرتبہ قسم کھانا اور پانچویں مرتبہ کہنا کہ اگر میں جھوٹ بولوں تو مجھ پر خدا کی لعنت ہو ۔ اس طرح عورت کا قسم کھانا ۔ اس کے بعد نکاح ٹوٹ جاتا ہے ۔

**لَعِب** ۔ (لَ ۔ عِب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کھیل کود ۔ دل بہلاوا ۔ سیر تماشا ۔ جمع ملاعبت ۔

**لُعبت** ۔ (لُع ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) پُتلی ۔ گڑیا ۔ گڈا ۔ مُورت ۔ بُت (۲) کھلونا ۔ کھیل ۔

**لُعبتِ چین** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) چینی کی گڑیا (۲) کنایتاً معشوق ۔

**لعل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سُرخ رنگ جواہر ۔ (۲) معشوق کے ہونٹ ۔

**لعل آبدار** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) چمکدار ہیرا ۔ (۲) کنایتاً معشوق کے ہونٹ ۔

**لعل اُگلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مُنہ سے پھول جھڑنا ۔ خوش کلام ہونا ۔ بدزبانی کرنا ۔ گالی بکنا ۔

**لعل بدخشاں** ۔ (بدخشانی) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] بدخشاں کا موتی ۔ عمدہ لعل ۔

**لعل پیکانی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تیر کی شکل کا ترشا ہوا لعل ، جسے عورتیں بُندوں کی طرح کانوں میں پہنتی ہیں ۔

**لعل رُمانی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سُرخ رنگ کا لعل ۔

**لعل شب چراغ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) رات کو چراغ کی طرح چمکنے والا لعل ۔

**لعل گودڑی میں نہیں چھُپتا** ۔ (ا ۔ مثل) عمدہ وصف چھُپے نہیں رہتے ۔

**لعل گوں** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) لعل کے رنگ کا ۔ سُرخ ۔

**لعل لب** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) سُرخ ہونٹ ۔

**لعل لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہار بڑھا دینا ۔ شان بڑھا دینا

**لعل لگے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انوکھا ہونا ۔ ممتاز ہونا ۔



Marfat.com

**لعل لگنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قیمتی ہونا۔ انمول ہونا (۲) انوکھاپن ہونا۔
**لعلِ ناسُفتہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) بن چھِدا لعل۔ وہ لعل جس میں سُوراخ نہ ہو۔
**لَعن**۔ (ع۔ا۔مث) لعنت۔ ملامت کرنا۔ نفرین۔ پھٹکار۔ دُھتکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔
**لعن طعن**۔ (ع۔ا۔مث) لعنت۔ ملامت۔ بُرا بھلا۔ نفرین۔ پھٹکار۔
**لَعنت**۔ (لَع۔نَت) [ع۔ا۔مث] پھٹکار۔ نفرین۔ سرزنش۔ دُھتکار۔ سخت سُست۔ بُرا بھلا۔
**لَعْنَۃُ اللہِ عَلَی اَلکَاذِبِیْن**۔ (ع۔مقولہ) جھوٹوں پر خُدا کی لعنت۔
**لعنت برسنا**۔ (ا۔محاورہ) بے رونقی ہونا۔ (۲) ہر شخص کا لعنت کرنا۔
**لعنت بکارِ شیطان**۔ (ع۔ف۔روزمرّہ) کسی کام سے بیزاری ظاہر کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔
**لعنت بھیجنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نفرین کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) بددُعا دینا۔ کوسنا۔
**لعنت بھیجو نام نہ لو**۔ (ا۔مثل) ذکر نہ کرو۔ جانے دو۔
**لعنت کا طوق**۔ (ا۔مذ) رُسوائی۔ ذِلّت۔
**لعنت کا مارا**۔ (ا۔صفت) مردُود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
**لعنت ملامت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ سخت سُست کہنا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ دھتکارنا۔ خبر لینا۔
**لعنتی**۔ (لَع۔ن۔تی) [ف۔صفت] مردُود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
**لَعُوق**۔ (لَ۔عُوق) [ع۔ا۔مذ] چلٹنے کی لیس دار دوا۔ چٹنی۔
**لعین**۔ (لَ۔عِین) [ع۔صفت] ملعون۔ مردُود۔ لعنتی۔ بدبخت۔ دوزخی۔ جہنمی۔

## ل - غ

**لُغات**۔ (لُ۔غات) [ع۔ا۔مذ] لُغت کی جمع (۱) الفاظ (۲) زبانیں۔ (۳) فرہنگ۔ ڈکشنری۔ وہ کتاب جس میں حروفِ تہجّی کے اعتبار سے الفاظ اور اُن کے معانی درج ہوں۔
**لَغام**۔ (لَ۔غام) [ف۔ا۔مث] لگام۔ عنان۔
**لِغایت**۔ (لِ۔غا۔یت) [ع۔تابع فعل] آخر تک۔ انجام تک۔
**لُغت**۔ (لُ۔غَت) [بولی۔ زبان۔ لفظ۔ فرہنگ۔ ڈکشنری۔ وہ کتاب جس میں الفاظ اور اُن کے معانی و مطالب وغیرہ درج ہوں۔ جمع لُغات۔
**لُغت تراش**۔ (ع۔ف۔صفت) لَسّان۔ لفّاظ۔ لُغت بنانے والا
**لُغت چھانٹنا**۔ (ا۔محاورہ) علمیت جتانا۔ غیر معروف اور مشکل الفاظ بولنا۔
**لُغت چھانٹنا**۔ (ا۔محاورہ) نہایت مشکل اور ناموزوں الفاظ استعمال کرکے علمیت کا اظہار کرنا۔
**لُغز**۔ (ع۔ا۔مث) معمّا۔ بُجھارت۔ پہیلی۔ چیستان۔
**لغزش**۔ (لَغ۔زِش) [ف۔ا۔مث] (۱) پھسلن۔ پھسلاہٹ۔ (۲) لرزش۔ جنبش۔ کپکپی (۳) خطا۔ سہو۔ غلطی۔ بھول چُوک۔ گمراہی۔ ضلالت۔
**لغزش آنا**۔ (ا۔محاورہ) پھسلنا۔ بہکنا۔ لڑکھڑانا۔ استقلال میں فرق آنا۔ گمراہ ہونا۔ بیان میں فرق آنا۔
**لغزش کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) گمراہ ہونا۔ بہکنا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا (۳) کانپنا (۴) بھول چُوک کرنا۔
**لغزش کھانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ڈگمگانا۔ پھسلنا (۲) بہکنا۔ گمراہ ہونا۔
**لَغو**۔ (ع۔صفت) (۱) بیہودہ۔ واہیات۔ نامعقول۔ مہمل۔ بےمعنی۔ بےکار۔ بےفائدہ (۲) بکواس۔ ژٹل۔ جھک۔ لایعنی بات۔ جمع: لغویات۔
**لغو بکنا**۔ (ا۔محاورہ) بیہودہ بکنا۔ واہیات باتیں زبان پر لانا۔ بےمعنی باتیں کہنا۔
**لُغوی**۔ (لُ۔غَ۔وی) [ع۔صفت] لُغت سے منسوب۔ اصلی۔ ماہرِ لُغت۔
**لَغویات**۔ (لَغ۔وِ۔یات) [ع۔ا۔مث] لَغویت کی جمع۔ بیہودہ باتیں یا افعال، حرکات۔
**لَغویّت**۔ (لَغ۔وِ۔یّت) [ع۔ا۔مث] بیہودگی۔ جمع، لغویات۔

## ل - ف

**لَف**۔ (ع۔صفت) لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا۔ شامل۔ منسلک۔
**لف و نشر**۔ (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی۔ لپیٹنا اور پھیلانا۔ علم بیان کی اصطلاح میں، وہ صنعت جس میں اوّل چند چیزوں کا ذکر کریں پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں۔ مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مِل جائے۔
**لفّاظ**۔ (لَف۔فاظ) [ع۔مبالغہ۔صفت] خوش گو۔ خوش بیان۔ شیریں زبان (۲) مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا۔
**لفّاظی**۔ (لَف۔فا۔ظی) [ع۔ا۔مث] فصاحت۔ خوش بیانی (۲) لسانی۔ بکواس۔ بک بک (۳) شیخی۔ ڈینگ۔
**لِفافہ**۔ (لِ۔فا۔فہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) وہ چیز جو کسی چیز پر لپیٹی جائے (۲) وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جاتا ہے (۳) بناوٹ۔ دکھاوا۔ ظاہری سامان۔ دھوکا۔ قلعی۔ ملمع (۴) جلد ٹوٹ جانیوالی چیز (۵) بھید۔ راز۔
**لفافہ بنانا**۔ (ا۔محاورہ) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔ دھوکہ دینا۔



Marfat.com

**لفافہ سربمُہر** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ لفافہ جسے مُہر لگا کر بند کیا گیا ہو۔
**لفافہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دکھاوا کرنا۔ ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا۔
**لفافہ کھُل جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چٹھی کے مضمون کا معلوم ہو جانا۔ بھید فاش ہو جانا۔ فریب کھُل جانا۔
**لِفٹ** ۔ (ل (Lift)) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مشین جس کے ذریعے لوگ ایک منزل سے دُوسری منزل پر جاتے ہیں۔
**لَفٹنٹ** ۔ (لَفٹ ۔ ٹنٹ) [انگریزی (Lieutenant) کا موزد ۔ ا ۔ مذ] نائب حاکم۔ کپتان کے ماتحت۔ ایک فوجی افسر۔ کپتان کا نائب۔ بحری فوج کا افسر (۳) (طنزاً) بڑا حاکم۔
**لَفظ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کلمہ۔ شبد۔ بات۔ لُغت۔ وہ بامعنی کلمہ جو مُنہ سے نکلے۔ جمع: الفاظ۔
**لفظ بلفظ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) حرف بحرف۔ ایک ایک لفظ۔ ہو بہو۔ تفصیل وار۔ صاف صاف۔
**لفظاً** ۔ (لَف ۔ ظن) [ع ۔ تابع فعل] لفظ کے اعتبار سے۔
**لفظی** ۔ (لَف ۔ ظی) [ع ۔ صف] اصلی حقیقی۔ لُغوی۔ باتوں کی۔ الفاظ کی۔
**لفنگ** ۔ **لفنگا** ۔ (ل فَنگ) (ل ۔ فَن ۔ گا) [اُر ۔ صف (ا ۔ مذ] لُچا۔ شُہدا۔ گُنڈا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بےعزت۔ شیخی باز۔
**لفیف** ۔ (ع ۔ صف) لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا (۲) جمع کیا ہوا (۳) پیچیدہ (۴) مختلف لوگوں کا ہجوم۔

## ل ۔ ق

**لَق** ۔ (ف ۔ صف) صاف جس میں بال نہ ہوں۔
**لقّا** ۔ (لَق ۔ قا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا کبوتر، جو اکثر اپنی گردن دُم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے۔
**لِقا** ۔ (لِ ۔ قا) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) دیدار۔ ملاقات (۲) چہرہ۔ صورت۔ شکل۔
**لُقّا** ۔ (لُق ۔ قا) [اُر ۔ صف] لُچا۔ شہدہ۔ بدمعاش۔
**لقّاش** ۔ (لَق ۔ قاش) [اُر ۔ صف] نہایت دُبلا۔ (فارسی لکات)
**لَقَب** ۔ (لَ ۔ قَب) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو۔ جمع: القاب۔
**لُقطہ** ۔ (لُق ۔ طہ) [ع ۔ ا ۔ مث] راستے سے اُٹھائی ہوئی گری پڑی چیز۔
**لَقلَق** ۔ (لَق ۔ لَق) [فارسی لک لک کا مُعرب ۔ ا ۔ مذ] سارس۔
**لقلقہ** ۔ (لَق ۔ لَ ۔ قہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) سارس کے زور سے بولنے کی آواز۔ (۲) [کنایتاً] رُعب۔ داب۔ حوصلہ۔ ہمت۔ ظرف۔ (۳) لہجہ۔

خوش الحانی۔ قوّتِ بیان۔
**لُقمان** ۔ (لُق ۔ مان) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) ایک مشہور حکیم جس کی حکایات، اقوال اور نصائح مشہور ہیں اور ان کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے (۲) کامل، بڑا دانا۔ نہایت تجربہ کار آدمی۔
**لقمان کو حکمت سکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقلمند کو تدبیر بتانا۔ لغو کام کرنا۔
**لُقمہ** ۔ (لُق ۔ مہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] نوالہ۔ کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے۔
**لقمۂ اجل ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مرجانا۔
**لقمۂ تر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عمدہ اور لذیذ غذا۔
**لقمۂ حرام** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) حرام کی آمدنی۔ حرام کا مال
**لقمہ حلق سے نہ اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بہت ناگوار گزرنا۔
**لقمۂ چرب** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) لذیذ خوراک۔
**لُقمہ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نوالہ دینا (۲) دوسرے کی بات میں بولنا (۳) کسی کو قرآن شریف یا اور کوئی چیز سُنتے وقت بھُول چُوک بتانا (۴) توپ میں گولہ بارود ڈالنا (۵) رشوت دینا۔
**لقمہ کر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نگل جانا۔ چٹ کر جانا۔ اُڑا جانا۔
**لُقندرا** ۔ (لُ ۔ قَند ۔ را) [اُر ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذکر] بدمعاش۔ لُچا۔ شُہدا۔ گُنڈا۔ بدچلن۔
**لق و دق** ۔ (ف ۔ صف) [اصل تُرکی لغ و دغ] چٹیل میدان۔ صحرا۔ بیابان۔ ہُو کا مقام۔ سنسان جگہ۔ ویرانہ۔
**لق و دق میدان** ۔ (ف ۔ صف ۔ مذ) وہ میدان جہاں گھاس پات اور درخت وغیرہ کا نام نہ ہو۔ چٹیل میدان۔
**لَقوَہ** ۔ (لَق ۔ وَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا اور چہرہ پھر جاتا ہے۔
**لقوہ مار جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لقوہ کا مرض ہو جانا۔ مُنہ پھر جانا۔ مُنہ ٹیڑھا ہو جانا۔
**لُقّہ** ۔ (لُق ۔ قہ) [اُر ۔ صف] دیکھیے لُقّا (۱) بدمعاش۔ شُہدا۔ (۲) بادل کا ٹکڑا۔

## ل ۔ ک

**لُک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) روغن۔ وارنش۔ جلا (۲) لَو۔ شُعلہ۔ لُوکا۔
**لُکاتہ** ۔ (لُک ۔ کا ۔ تہ) [اُر ۔ ا ۔ مث] بےحیا اور فاحشہ عورت۔
**لُکان** ۔ (لُ ۔ کان) [ھ ۔ ا ۔ مذ] کُشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کو جھکا کر نیچے لایا جاتا ہے۔
**لُکانا** (لُ ۔ کا ۔ نا) [ھ ۔ مص] چھُپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
**لُکٹی** ۔ **لُکھٹی** ۔ (لُک ۔ ٹی ۔ لُکھ ۔ ٹی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) ادھ جلی لکڑی۔ جس سے آگ لگا دیتے ہیں۔ آگ لگاؤ عورت۔ لڑائی کرا دینے والی



Marfat.com

عورت ۔

**لیکچر** ۔ ( Lecture ) ( لِک ۔ چَر ) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) درس ۔ سبق ۔ وعظ ۔ تقریر ۔ زبانی مضمون ۔ اُپدیش ۔

**لیکچرار** ۔ ( Lecturer ) ( لِک ۔ چَ ۔ رار ) [ انگ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) واعظ ۔ (۲) مدرس ۔ درس دینے والا (۳) اُپدیشک ۔ تقریر کرنے والا ۔ مقرر ۔

**لَگد** ۔ ( لَ ۔ گَد ) [ ف ۔ ا ۔ مث ] لات ۔ ٹھوکر ۔ دولتی ۔

**لگد زن** ۔ ( ف ۔ صف ) لاتیں مارنے والا ۔

**لگد کوب** ۔ ( ف ۔ ا ۔ مذ ) لات مارنا ۔ ضرب ۔

**لگ دَنے** ۔ [ ق ] فوراً ۔

**لکڑ** ۔ ( لَک ۔ کَڑ ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] شہتیر ۔ بڑی لکڑی ۔ لٹھا ۔

**لکڑ بگھا** ۔ ( لَ ۔ گڑ ۔ بگھ ۔ ھا ) [ ھ ۔ ا ۔ مذ ] بھیڑیئے کی قسم کا ایک جنگلی جانور ۔ چرخ ۔ لگڑ بگھا ۔

**لکڑ ہارا** ۔ ( لَک ۔ کَڑ ۔ ہا ۔ را ) [ ھ ۔ ا ۔ مذ ] لکڑیاں بیچنے والا ۔ لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا ۔

**لکڑی** ۔ ( لَک ۔ ڑی ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) ہیزم ۔ کاٹھ ۔ چوب (۲) چھڑی ۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی ۔ لاٹھی ۔ عصا ۔ سونٹا (۳) سہارا ۔ مدد ۔ آسرا (۴) پٹا ۔ چوب بازی (۵) کنایتاً ، سخت ۔ کڑا ۔

**لکڑی پکڑانا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) سہارا دینا ۔

**لکڑی پھینکنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) پٹا پھینکنا ۔ چوب بازی کرنا ۔

**لکڑی کے بل بندریا ناچے** ۔ ( ا ۔ مثل ) ہر شخص اپنے حمایتی کے بل پر کودتا ہے (۲) ڈر کے سبب کچھ کرنا پڑتا ہے ۔

**لکڑی مارے پانی جُدا نہیں ہوتا** ۔ ( ا ۔ مثل ) رشتہ داروں میں دوسروں کے بہکانے سے جھگڑا ہو بھی جائے ، پھر بھی وہ ایک ہو جاتے ہیں ۔

**لکڑیاں چلنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) لاٹھیوں سے مار پیٹ ۔

**لکڑیاں دینا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) مُردے کو جلانا ۔ چتا میں آگ دینا ۔ کریا کرم کرنا ۔

**لکڑیاں کھانا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) لاٹھیوں سے مار کھانا ۔ لکڑیوں سے پٹنا ۔

**لکشمن** ۔ ( س ۔ ا ۔ مذ ) راجا رام چندر جی کے چھوٹے بھائی کا نام ، جس نے بن باس میں وفاداری سے ان کا ساتھ دیا ۔

**لکشمی** ۔ ( لَکش ۔ مِی ) [ س ۔ ا ۔ مث ] دیکھیے لچھمی ۔ (۱) دولت کی دیوی ۔ دولت (۲) خوش قسمت لڑکی ۔

**لک لکاٹ** ۔ [ ا ۔ مث ] چمک ۔ رونق ۔

**لکلکانا** ۔ ( لَک ۔ لَ ۔ کا ۔ نا ) [ ق ۔ مص ] پیاس یا گرمی سے بے دم ہونا ۔

**لکلکاہٹ** ۔ ( لَک ۔ لَ ۔ کا ۔ ہَٹ ) [ ق ۔ ا ۔ مذ ] لخلخہ ۔

**لکش لک کرنا** ۔ [ ق ۔ مص ] چمکنا ۔

**لک لکنا** ۔ [ ق ۔ مص ] چمکنا ۔

**لکنا** ۔ ( لَک ۔ نا ) [ ھ ۔ مص ] پوشیدہ ہونا ۔ چھپنا ۔ مخفی ہونا ۔

**لکنت** ۔ ( لُک ۔ نَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] ہکلاپن ۔ رک رک کر بولنے کی عادت ۔

**لکنجن** ۔ ( لُ ۔ کَن ۔ جَن ) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] وہ سُرمہ جس کی نسبت خیال ہے کہ اُس کے لگانے سے آدمی دوسروں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے ۔ ( لُک ۔ آنجن ۔ )

**لکہ** ۔ ( لَک ۔ کَہ ) [ ف ۔ ا ۔ مذ ] ٹکڑا ۔ پارچہ ( عام طور پر ابر اور دھوئیں کے ٹکڑے کے لیے مستعمل ہے )

**لکھ** ۔ ( ہ ۔ ا ۔ مذ ) لاکھ کا مخفف ۔ سو ہزار کی تعداد ۔ ( مرکبات میں مستعمل ہے )

**لکھ بخش ( داتا )** ۔ ( ا ۔ صف ) نہایت سخی ۔ داتا ۔ فیاض ۔ (۲) قطب الدین ایبک کا لقب ۔

**لکھ پتی** ۔ ( ا ۔ صف ) وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو ۔ دھنی ۔ دولتمند ۔ امیر ۔

**لکھ پیڑا** ۔ ( ا ۔ مث ) وہ باغ جس میں بہت سے پیڑ ہوں ( خصوصاً آموں کے ) ۔

**لکھ لُٹ** ۔ ( ا ۔ صف ) بہت بڑا فضول خرچ ۔ مُسرف ۔ کھاؤ اُڑاؤ ۔

**لکھ دینا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) تحریر کر دینا ۔ نوشتہ تقدیر کر دینا ۔

**لکھ رکھنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) یاد رکھنا ۔ یقین رکھنا ۔

**لکھ رکھو** ۔ ( ا ۔ مقولہ ) یاد رکھو ۔ یقینی سمجھو ۔

**لکھا** ۔ ( لِکھ ۔ کھا ) ( لِ ۔ کھا ) [ ھ ۔ ا ۔ مذ ] نوشتہ ۔ لکھا ہوا ۔ قضا ۔ بھاگ ۔ تقدیر قسمت ۔ شُدنی امر ۔ بغیر تشدید صحیح ہے ۔

**لکھا آگے آنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) قسمت کا لکھا پیش آنا ۔

**لکھا پڑھا** ۔ ( ا ۔ صف ) تعلیم یافتہ ۔ خواندہ ۔

**لکھا پڑھی** ۔ ( ا ۔ مث ) نوشت و خواند ۔ تحریر ۔ دستاویز ۔

**لکھا پُورا کرنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) مصیبت برداشت کرنا ۔ بُرے دن کاٹنا ۔

**لکھے کو رونا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) قسمت کو کوسنا ۔ تقدیر کا شاکی ہونا ۔

**لکھانا** ۔ ( لِ ۔ کھا ۔ نا ) [ ھ ۔ مص ] (۱) لکھوانا ۔ تحریر کرنا (۲) تحریری اقرار نامہ لینا (۳) مشق کرانا ۔

**لکھائی** ۔ ( لِ ۔ کھا ۔ ای ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) تحریر ۔ لکھنے کا کام (۲) لکھنے کی مزدوری ۔ لکھنے کی اجرت ۔

**لکھا ہے** ۔ ( ا ۔ روز مرہ ) روایت ہے ۔ تحریر ہے ۔

**لکھاڑی** ۔ ( ہ ۔ صف ) لکھنے والا ۔ مصنف ۔

**لکھت** ۔ ( لِ ۔ کھَت ) [ ھ ۔ ا ۔ مث ] (۱) تحریر ۔ نوشت (۲) اقرار نامہ ۔ (۳) دستاویز ۔

**لکھت پڑھت کرنا** ۔ ( ا ۔ محاورہ ) تحریری عہد و پیمان ہونا ۔ باہمی دستاویز لکھی جانا ۔

**لکھَن** ۔ ( ق ۔ ا ۔ مث ] چال ۔ رویّہ ۔

**لکھنا** ۔ ( لَکھ ۔ نا ) [ ق ۔ مص ] دیکھنا ۔

**لکھنا** ۔ ( لِکھ ۔ نا ) [ ھ ۔ مص ] تحریر کرنا ۔ لکھائی کرنا (۲) کتابت کرنا (۳) کسی کی قسمت میں مقرر کرنا ۔

**لکھنا پڑھنا** ( ا ۔ محاورہ ) نوشت و خواند ۔ لکھائی پڑھائی ۔

**لکھنڈ** ۔ ( لَ ۔ کھَنڈ ) [ ق ۔ ا ۔ مث ] قلابازی ۔

**لکھنی لیکھنی** ۔ ( لِکھ ۔ نی ) ( لیکھ ۔ نی ) [ ھ ۔ ا ۔ مث ] کِلک ۔ قلم ۔



Marfat.com

**لکھوات** ۔ (لِکھ ۔ واث) [ق ۔ ا ۔ مث] تحریر ۔
**لکھوانا** ۔ (لِکھ ۔ وا نا) [ھ ۔ مص] لکھنا کا متعدی المتعدی ۔
**لکھوٹا** ۔ (لَ ۔ کھو ۔ ٹا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پہ لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مُہر جو لفافوں یا پارسلوں پر لگائی جاتی ہے ۔
**لکھوری** ۔ (لَ ۔ کھو ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھڑ ۔ کمہاری ۔
**لکھی** ۔ (لَکھ ۔ کھی) [ھ ۔ صف] لکھ پتی ۔ لاکھ روپے کی حیثیت والا ۔
**لکھے مُوسیٰ پڑھے خدا** ۔ (ا ۔ مثل) ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے ۔
**لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل** ۔ (ا ۔ مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا ۔ جاہل ۔ جسے لکھنا پڑھنا تو نہ آتا ہو ، مگر فضیلت کا دعویدار ہو ۔
**لکھیرا** ۔ (لَ ۔ کھے ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذ] لاکھ کا کام کرنے والا ۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا ۔
**لکیر** ۔ (لَ ۔ کیر) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) خط ۔ لائن ۔ سلسلہ ۔ قطار ۔ سطر (۲) پرانا دستور رسم قدیم ۔
**لکیر پر چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پرانے طریقہ کے مطابق چلنا ۔ پرانی رسموں کا پابند رہنا ۔
**لکیر پیٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پرانی رسم پر چلنا (۲) فضول اور بے سود کام کرنا (۳) افسوس کرنا ۔ ہاتھ ملنا ۔
**لکیر کا فقیر** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) پرانی رسم کا پابند وہ شخص جو اپنی عقل سے کام نہ لے (۲) کسی شے پر فریفتہ ۔
**لکیر کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خط کھینچنا ۔ ڈول کرنا (۲) نشان لگانا (۳) حد باندھنا (۴) قلم پھیرنا ۔ مٹانا (۵) توبہ کرنا ۔ کان پکڑنا ۔ عہد کرنا ۔ (ان معنی میں ناک سے زمین پر لکیر کھینچنا مستعمل ہے ۔
**لکیرنا** ۔ (لَ ۔ کیر ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) منتر سے محدود کرنا (۳) ڈول یا خاکہ بنانا ۔

# ل ۔ گ

**لگ** ۔ [ھ ۔ حرف ربط] (۱) قریب ۔ پاس ۔ تک ۔ مرکبات میں مستعمل ہے (۲) لگنا کا امر ۔
**لگ بھگ** ۔ (ا ۔ تابع فعل) قریب قریب ۔ ملتا جلتا ۔ مُشابہ ۔
**لگ بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا ۔ مل کے بیٹھنا ۔
**لگا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعاقب کیے جانا پیچھے پڑا رہنا ۔
**لگ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چھو جانا (۲) چوٹ آجانا (۳) مائل ہو جانا ۔ رجوع ہو جانا (۴) شروع ہو جانا ۔ (۵) اثر کر جانا ۔ (۶) کھٹک جانا ۔ چبھ جانا ۔ (۷) جل جانا ۔ (۸) بھر جانا ۔ (۹) کپڑے وغیرہ کو کھا جانا ۔ (۱۰) عادت ہو جانا ۔
**لگ چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ ہو لینا ۔ ہمراہ چلنا ۔ پاس ہو کر چلنا ۔ چھو کر چلنا ۔ مل کر چلنا ۔ (۲) دوستی بڑھانا ۔ یار بنانا ۔ محبت جتانا ۔ ۔ ۔ لپٹنا ۔ چمٹنا ۔
**لگ لپیٹ کر** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کوشش کر کے ۔ محنت کر کے
**لگا** ۔ (لَ ۔ گا) [ھ ۔ صف] (۱) ملا ہوا ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ پیوستہ ۔ چسپاں ۔ ۔ ۔ لگا سہڑا (۳) جلا ہوا ۔ (۴) عادی ۔ خوگر ۔
**لگا بندھا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) مُطیع ۔ فرمانبردار (۲) مقرر کیا ہوا ۔ ٹھہرایا ہوا ۔ ۔ ۔ آشنا ۔ یار (۴) متعلق ۔ وابستہ (۵) قیدی ۔ پابند ۔ گرفتار ۔
**لگاتار** ۔ (ا ۔ مث) پے در پے ۔ برابر ۔ مُتواتر ۔
**لگا تو تیر، نہیں تو تکّا** ۔ (ا ۔ مثل) ہو گیا تو اچھا نہ ہوا تو خیر ۔ آدمی کو ۔ ۔ ۔ نہیں ہارنی چاہیے چاہے کام ہو یا نہ ہو ۔
**لگا (لگائے) رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بچا رکھنا ۔ اُٹھا رکھنا ۔ (۲) اُمید د ۔ ۔ ۔ رکھنا ۔ مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا (۳) پاس سے جدا نہ ہونے ۔ ۔ ۔
**لگا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ رہنا ۔ پیچھے رہنا ۔ چمٹا رہنا (۲) مصروف ۔ ۔ ۔ (۳) جما رہنا ۔
**لگا سو بھگا** ۔ (ا ۔ مثل) جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا ۔ زمانے کو گذر ۔ ۔ ۔ دیر نہیں لگتی ۔
**لگا لانا** ۔ بھگا کے لے آنا ۔ بہلانے سے لے آنا ۔ دم دلاسا دے کر لے آنا ۔
**لگا لگایا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) بنا بنایا ۔ جُڑا جڑایا ۔ جما جمایا (۲) صرف شدہ ۔ ۔ ۔ آراستہ ۔ درست ۔
**لگائے جانا (چلنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) دم دلاسا دے کر ساتھ لے جانا ۔ پُھسلا ۔ ۔ ۔ لے جانا ۔
**لگا لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ کر لینا ۔ یار بنا لینا (۲) مشغول کر لینا (۳) اپ ۔ ۔ ۔ مطلب کا بنا لینا (۴) شروع کر لینا (۵) گنتی میں شامل کر لینا ۔ جُ ۔ ۔ ۔ کر لینا ۔ محسوب کر لینا ۔
**لگا مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عیب دھرنا ۔ تہمت لگانا ۔ الزام رکھنا ۔ بدنام کر ۔ ۔ ۔
**لگا ہوا** ۔ (ا ۔ صف) ملا ہوا ۔ پاس (۲) مصروف (۳) دوست ۔ یار (۴) ۔ ۔ ۔ راستہ ۔ متعلق (۵) عادی خوگر (۶) سدھا ہوا ۔ (۷) وافدار ۔ داغ ۔ ۔ ۔
**لگا نہ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ مناسبت نہ ہونا ۔ بہت فرق ہونا ۔
**لگا نہیں** ۔ (ا ۔ مقولہ) کچھ مناسبت نہیں ۔ بڑا فرق ہے ۔
**لگاؤ** ۔ (لَگ ۔ گا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) لاگ پیار ۔ محبت ۔ عشق ۔ دوستی ۔ ۔ ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ نسبت ۔ ربط (۲) برابری ۔ ہمسری (۳) ڈھنگ ۔ ۔ ۔ ڈول (۴) شروع ۔ آغاز (۵) پہنچ ۔ رسائی ۔ دخل (۶) ناؤ کھینے کا ۔ ۔ ۔ چپّو ۔ (۷) لمبا بانس ۔
**لگاسگا** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) محبت ۔ رابطہ ۔ آنٹ سانٹ ۔ میل جول ۔ ۔ ۔ تعلق ۔ ۔ ۔ رسائی ۔
**لگا کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مطابقت کھانا (۲) ہم پلّہ ہونا ۔ برابر کا ہونا ۔ (۳) نسبت رکھنا ۔
**لگا لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ابتدا کرنا ۔ پہل کرنا (۲) آشنائی کا الزام لگانا (۳) آشنائی کرنا ۔



Marfat.com

**لگام** ۔ (لَ ۔ گام) [ف ۔ ا ۔ مث] باگ ۔ عنان ۔ گھوڑے کے مُنہ کا دہانہ
**لگام چڑھانا ۔ لگام دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جانور کے منہ میں دہانہ چڑھانا ۔ (۲) روکنا ۔ بند کرنا ۔ تھامنا ۔ قابو کرنا ۔ (۳) چُپ کرنا
**لگام چھوڑ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آزاد کر دینا ۔ روک ٹوک موقوف کر دینا (۲) قابو نہ رہنا ۔
**لگام لیے پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رسی لیے پھرنا ۔ کسی کو پکڑنے کے لیے رسّی لیے پیچھے پیچھے پھرنا ۔
**لگان** ۔ (لَ ۔ گان) [ھ ۔ ا ۔ مذکر] معاملہ ۔ خراجِ زمین ۔ باج ۔ سرکاری محصول ۔ زرِ آمدن جو زمین سے حاصل ہو ۔
**لگانا** ۔ (لَ ۔ گا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چھُونا (۲) جوڑنا ۔ ملانا ۔ پیوست کرنا ۔ ٹانکنا ۔ سینا (۳) شامل کرنا ۔ ساتھ جوڑنا (۴) بونا (۵) اُکسانا ۔ اُبھارنا ۔ (۶) چُغلی کھانا (۷) سجانا (۸) ترتیب سے رکھنا (۸) مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا (۹) سدھانا ۔ ہلانا ۔ (۱۰) پھنسانا ۔ اُلجھانا ۔ (۱۱) تہمت دھرنا ۔ عیب لگانا ۔ (۱۲) مقرر کرنا (۱۳) قیمت لینا (۱۴) محسوب کرنا (۱۵) مال تجویز کرنا ۔ (۱۶) داؤں پہ رکھنا ۔ بازی پہ رکھنا (۱۷) مارنا ۔ ضرب لگانا ۔ (۱۸) بنانا ۔ (دیان)
**لگانا بجھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لڑائی جھگڑا کرنا ۔ غیبت اور بدگوئی کرنا ۔
**لگانے میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لگائی بجھائی کا اثر لینا ۔ بہکاتے میں آنا ۔
**لگانے والے** ۔ (ا ۔ صفت ۔ مذ) چُغل خور ۔ غیبت کرنے والے ۔ دراندار ۔
**لگاوٹ** ۔ (لَ ۔ گا ۔ وَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) لگاو ۔ تعلق ۔ علاقہ ۔ میلان ۔ رُجحان ۔ میل ملاپ (۲) سازش (۳) دوستی ۔ یارانہ ۔ آشنائی ۔ (۴) ناز نخرہ ۔
**لگاوٹ دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) توجہ ظاہر کرنا ۔ دوستی کا دم بھرنا ۔
**لگاوٹ باز** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) لگاوٹ کرنے میں مشّاق (۲) یارانہ لگانے والا ۔
**لگاوٹ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) محبت جتانا ۔ آشنائی جتانا ۔ اُنس ظاہر کرنا (۲) غمزہ کرنا ۔ ناز کرنا ۔
**لگاوٹ کی باتیں** ۔ (ا ۔ مث) (۱) دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں ۔ (۲) پھسلانے والی باتیں ۔
**لگاوٹ ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بناوٹی محبت کا اظہار ہونا ۔
**لگاؤ** ۔ (لَ ۔ گا ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) تعلق ۔ علاقہ ۔ نسبت (۲) پہنچ ۔ دخل ۔ باریابی ۔ (۳) میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔ محبت پیار (۴) رشتہ ۔ ناتا ۔ یگانگی ۔ (۵) مناسبت ۔ جوڑ ۔ ہمسری (۶) آمیزش ۔ لاگ ۔ (۷) شرکت (۸) رُجحان ۔ میلانِ طبع ۔ (۹) ایما ۔ اشارہ ۔
**لگائی** ۔ (لَ ۔ گا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) عورت ۔ بیوی (۲) آشنا عورت ۔ مدخولہ ۔
**لگائی بجھائی** ۔ (لَ ۔ گا ۔ ای ۔ بُ ۔ جھا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] چُغل خوری ۔ بدگوئی ۔ غمازی ۔ تہمت ۔ بہتان ۔ الزام ۔

**لگائی لُتری** ۔ (تابع فعل) ایک کی بُرائی دوسرے سے کہنا ۔ لگائی بجھائی
**لَگت** ۔ (ا ۔ مث) [ق] فوراً ۔ اُسی وقت ۔
**لگتا لگت** ۔ (ق) [تابع فعل] فوراً ۔ اُسی وقت ۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔
**لگتا** ۔ (ا ۔ صفت) متعلق (۲) ملتا جلتا (۳) چُبھتا ہوا ۔ ناگوار ۔ (۴) جلتا ہوا
**لگتا ہوا** ۔ (ہ) ا ۔ چھوتا ہوا ۔ ملتا ہوا ۔ مشابہ ۔ ملتا جلتا (۲) چُبھنے یا کھلنے والا ۔ کاٹ کرنے والا ۔ زخم ڈالنے والا ۔ (۲) موثر ۔ (۴) قرینِ قیاس (۵) ناگوار ۔
**لگتا ہے** ۔ (ہ ۔ ا ۔ تابع فعل) معلوم ہوتا ہے ۔ دکھائی دیتا ہے ۔
**لگتی** ۔ (لَگ ۔ تی) [ا ۔ صفت ۔ مث] (۱) چُبھتی ۔ کھُبتی ۔ کاٹ کرنیوالی ۔ زخم ڈالنے والی (۲) ہم شکل ۔ مشابہ ۔ ملتی جُلتی (۳) اثر کرنے والی موثر ۔
**لگتی کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) چُبھتی بات کہنا ۔ موثر بات کہنا ۔ پسندیدہ بات کہنا ۔
**لگتی لگاتی بات** ۔ (ا ۔ مث) وہ بات جو کسی موقع پہ چسپاں یا قرینِ قیاس ہو ۔ چُبھتی ہوئی بات ۔
**لگتے ہاتھ** ۔ (ا ۔ تابع فعل) ساتھ کے ساتھ ۔ کسی کام کے ساتھ ۔ لگے ہاتھوں ۔
**لگدی** ۔ (لَگ ۔ دی) [ھ ۔ ا ۔ مث] کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی ۔ ٹکیہ ۔
**لگڑ** ۔ (لَ ۔ گڑ) ایک قسم کا باز ۔ جُھگرا ۔
**لگڑا** ۔ (لَگ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چیتھڑا ۔ پھٹا پُرانا کپڑا ۔
**لگڑ بھگڑ ۔ بھگا** ۔ (لَ ۔ گڑ ۔ بھَ ۔ گڑ) (بھگ ۔ گا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] چرخ ۔ لکڑ بگھا ۔ بھیڑیے کی قسم کا ایک جنگلی جانور ۔
**لگڑنا** ۔ (لَ ۔ گڑ ۔ نا) [ق ۔ مص] رگڑنا ۔
**لگّی** ۔ (ا ۔ مث) لمبی لکڑی جس کا سرا ٹیڑھا ہوتا ہے اور اس سے درختوں سے پھل توڑنے کا کام لیا جاتا ہے ۔
**لگماترا** ۔ (لَگ ۔ مات ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مث) اعراب ۔ حرفوں کی علامات و حرکات ۔ زبر ۔ زیر ۔ پیش وغیرہ (۲) یار آشنا ۔
**لگن** ۔ (لَ ۔ گن) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) طشت ۔ طاس ۔ پرات ۔ ٹب ۔ چلمچی ۔ (۲) شمعدان ۔ اگردان ۔
**لگن** ۔ (س ۔ ا ۔ مث) (۱) تعلق ۔ نسبت (۲) دُھن ۔ خیال ۔ چاہت ۔ شوق ۔ خواہش ۔ محبت ۔ عشق ۔ (۲) [مذ] گھڑی ۔ ساعت ۔ وقت ۔ سماں ۔ مہورت ۔ (۳) پیغامِ شادی ۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر ۔ (۴) آفتاب کے بُرجِ حمل میں تحویل کرنے کی ساعت ۔
**لگن دھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شادی کا روز مقرر کرنا ۔
**لگن کنڈلی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) جنم پترا ۔ زائچہ ۔
**لگن لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) محبت ہونا ۔ عشق ہونا (۲) دل لگنا ۔ دھیان لگنا ۔ خیال بندھنا ۔
**لگنا** ۔ (لَگ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چسپاں ہونا ۔ ملنا ۔ جُڑنا (۲) سلنا ۔ ٹنکنا ۔ (۳) شامل ہونا ۔ ملحق ہونا ۔ (۴) جمنا ۔ قائم ہونا ۔ (۵) اُگنا ۔ پیدا ہونا ۔



Marfat.com

**لکھوات**۔ (لِکھ ۔ واث) [ق ۔ ا ۔ مث] تحریر۔
**لکھوانا**۔ (لِکھ ۔ وانا) [ھ ۔ مص] لکھنا کا متعدّی المتعدّی۔
**لکھوٹا**۔ (لَ ۔ کھو ۔ ٹا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پہ لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مُہر جو لفافوں یا پارسلوں پر لگائی جاتی ہے۔
**لکھوری**۔ (لَ ۔ کھو ۔ ری) [ھ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھڑ۔ کنباری۔
**لکھی**۔ (لکھ ۔ کھی) [ھ ۔ صف] لکھ پتی۔ لاکھ روپے کی حیثیت والا۔
**لکھے موسیٰ پڑھے خدا**۔ (ا ۔ مثل) ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔
**لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل**۔ (ا ۔ مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا ۔ جاہل۔ جسے لکھنا پڑھنا تو نہ آتا ہو، مگر فضیلت کا دعویدار ہو۔
**لکھیرا**۔ (لَ ۔ کھے ۔ را) [ھ ۔ ا ۔ مذ] لاکھ کا کام کرنے والا ۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔
**لکیر**۔ (لَ ۔ کیر) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) خط ۔ لائن ۔ سلسلہ ۔ قطار ۔ سطر (۲) پرانا دستور رسم قدیم۔
**لکیر پر چلنا**۔ (ا ۔ محاورہ) پُرانے طریقے کے مطابق چلنا۔ پُرانی رسموں کا پابند رہنا۔
**لکیر پیٹنا**۔ (ا ۔ محاورہ) پُرانی رسم پر چلنا (۲) فضول اور بے سُود کام کرنا (۳) افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔
**لکیر کا فقیر**۔ (ا ۔ مذ) (۱) پرانی رسم کا پابند وہ شخص جو اپنی عقل سے کام نہ لے (۲) کسی شے پہ فریفتہ۔
**لکیر کھینچنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خط کھینچنا ۔ ڈول کرنا (۲) نشان لگانا (۳) حد باندھنا (۴) قلم پھیرنا۔ مٹانا (۵) توبہ کرنا۔ کان پکڑنا۔ عہد کرنا۔ (ان معنی میں ناک سے زمین پر لکیر کھینچنا مستعمل ہے۔
**لکیرنا**۔ (ل ۔ کیر ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) منتر سے محدود کرنا (۳) ڈول یا خاکہ بنانا۔

# ل ۔ گ

**لگ**۔ [ھ ۔ حرف ربط] (۱) قریب ۔ پاس ۔ تک ۔ مرکبات میں مستعمل ہے (۲) لگنا کا امر۔
**لگ بھگ**۔ (ا ۔ تابع فعل) قریب قریب ۔ ملتا جلتا۔ مُشابہ۔
**لگ بیٹھنا**۔ (ا ۔ محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا ۔ مل کے بیٹھنا۔
**لگا جانا**۔ (ا ۔ محاورہ) تعاقب کیے جانا ۔ پیچھے پڑا رہنا۔
**لگ جانا**۔ (ا ۔ محاورہ) چھو جانا (۲) چوٹ آجانا (۳) مائل ہو جانا ۔ رجوع ہو جانا (۴) شروع ہو جانا ۔ (۵) اثر کر جانا ۔ (۶) کھٹک جانا ۔ چُبھ جانا۔ (۷) جل جانا ۔ (۸) بھر جانا ۔ (۹) کپڑے وغیرہ کو کھا جانا ۔ (۱۰) عادت ہو جانا۔
**لگ چلنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ ہو لینا۔ ہمراہ چلنا ۔ پاس ہو کر چلنا۔ چھُو کر چلنا ۔ مل کر چلنا ۔ (۲) دوستی بڑھانا ۔ یار بنانا ۔ محبت جتانا ۔ (۳) لپٹنا ۔ چمٹنا۔
**لگ لپٹ کر**۔ (ا ۔ تابع فعل) کوشش کر کے ۔ محنت کر کے
**لگا**۔ (لَ ۔ گا) [ھ ۔ صف] (۱) ملا ہُوا ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ پیوستہ ۔ چسپاں ۔ (۲) گلا سڑا (۳) جلا ہوا ۔ (۴) عادی ۔ خوگر۔
**لگا بندھا**۔ (ا ۔ صف) (۱) مُطیع ۔ فرمانبردار (۲) مقرّر کیا ہوا ۔ ٹھہرایا ہوا (۳) آشنا ۔ یار (۴) متعلق ۔ وابستہ (۵) قیدی ۔ پابند ۔ گرفتار۔
**لگا تار**۔ (ا ۔ مث) پے در پے ۔ برابر ۔ متواتر۔
**لگا تو تیر، نہیں تو تکا**۔ (ا ۔ مثل) ہو گیا تو اچھا نہ ہوا تو خیر۔ آدمی کو ہمت نہیں ہارنی چاہیے چاہے کام ہو یا نہ ہو۔
**لگا (لگائے) رکھنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بچا رکھنا ۔ اُٹھا رکھنا ۔ (۲) اُمیدوار رکھنا ۔ مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا (۳) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا
**لگا رہنا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ رہنا ۔ پیچھے رہنا ۔ چمٹا رہنا (۲) مصروف رہنا (۳) جما رہنا۔
**لگا سو بھگا**۔ (ا ۔ مثل) جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا ۔ زمانے کو گذرتے دیر نہیں لگتی۔
**لگا لانا**۔ بھگا کر لے آنا ۔ بہلاتے سے لے آنا ۔ دم دلاسا دے کر لے آنا۔
**لگا لگایا**۔ (ا ۔ صف) (۱) بنا بنایا ۔ جُڑا جڑایا ۔ جما جمایا (۲) صرف شدہ (۳) آراستہ ۔ درست۔
**لگائے جانا (چلنا)** (ا ۔ محاورہ) دم دلاسا دے کر ساتھ لے جانا ۔ پھُسلا کر لے جانا۔
**لگا لینا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ساتھ کر لینا ۔ یار بنا لینا (۲) مشغول کر لینا (۳) اپنے مطلب کا بنا لینا (۴) شروع کر لینا (۵) گنتی میں شامل کر لینا ۔ جمع کر لینا ۔ محسوب کر لینا۔
**لگا مارنا**۔ (ا ۔ محاورہ) عیب دھرنا ۔ تہمت لگانا ۔ الزام رکھنا ۔ بدنام کرنا۔
**لگا ہوا**۔ (ا ۔ صف) ملا ہوا ۔ پاس (۲) مصروف (۳) دوست ۔ یار (۴) راستہ ۔ متعلق (۵) عادی ۔ خوگر (۶) سدھا ہوا ۔ (۷) وفادار ۔ دائمی۔
**لگا نہ ہونا**۔ (ا ۔ محاورہ) کچھ مناسبت نہ ہونا ۔ بہت فرق ہونا۔
**لگا نہیں**۔ (ا ۔ مقولہ) کچھ مناسبت نہیں ۔ بڑا فرق ہے۔
**لگا**۔ (لَگ ۔ گا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) لاگ پیار ۔ محبت ۔ عشق ۔ دوستی تعلق ۔ واسطہ ۔ نسبت ۔ ربط (۲) برابری ۔ ہمسری (۳) ڈھنگ ڈول (۴) شروع ۔ آغاز (۵) پہنچ ۔ رسائی ۔ دخل (۶) ناؤ کھینے کا چپّو ۔ (۷) لمبا بانس۔
**لگا سگا**۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) (۱) محبت ۔ رابطہ ۔ آشنا سائی ۔ میل جول ۔ قربت ۔ رسائی۔
**لگا کھانا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مطابقت کھانا (۲) ہم پلہ ہونا ۔ برابر کا ہونا ۔ (۳) نسبت رکھنا۔
**لگا لگانا**۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ابتدا کرنا ۔ میل کرنا (۲) آشنائی کا الزام لگانا (۳) آشنائی کرنا۔



Marfat.com

**لگام** ۔ (لَ۔گام) [ف۔ا۔مث] باگ۔عنان۔گھوڑے کے مُنہ کا دہانہ

**لگام چڑھانا۔ لگام دینا** ۔ (ا۔محاورہ) جانور کے منہ میں دہانہ چڑھانا۔ (۲) روکنا۔ بند کرنا۔ تھامنا۔ قابو کرنا۔ (۳) چُپ کرنا

**لگام چھوڑ دینا** ۔ (ا۔محاورہ) آزاد کر دینا۔ روک ٹوک موقوف کر دینا (۲) قابو نہ رہنا۔

**لگام لیے پھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) رسی لیے پھرنا۔ کسی کو پکڑنے کے لیے رسّی لیے پیچھے پیچھے پھرنا۔

**لگان** ۔ (لَ۔گان) [ھ۔ا۔مذکر] معاملہ۔خراجِ زمین۔باج۔ سرکاری محصول۔ زرِ آمدن جو زمین سے حاصل ہو۔

**لگانا** ۔ (لَ۔گا۔نا) [ہ۔مص] (۱) چھُونا (۲) جوڑنا۔ ملانا۔ پیوست کرنا۔ٹانکنا۔ سینا (۳) شامل کرنا۔ ساتھ جوڑنا (۴) لونا (۵) اُکسانا۔ اُبھارنا (۶) چُغلی کھانا (۷) سجانا (۸) ترتیب سے رکھنا (۹) مشغول رکھنا۔ مصروف رکھنا (۹) سدھانا۔ ہلانا۔ (۱۰) پھنسانا۔ اُلجھانا۔ (۱۱) تہمت دھرنا۔ عیب لگانا۔ (۱۲) مقرر کرنا (۱۳) قیمت لینا (۱۴) محسوب کرنا (۱۵) مال تجویز کرنا۔ (۱۶) داؤں پر رکھنا۔ بازی پہ رکھنا (۱۷) مارنا۔ ضرب لگانا۔ (۱۸) بنانا۔ (دیان)

**لگانا بجھانا** ۔ (ا۔محاورہ) لڑائی جھگڑا کرنا۔ غیبت اور بدگوئی کرنا۔

**لگانے میں آنا** ۔ (ا۔محاورہ) لگائی بجھائی کا اثر لینا۔ بہکانے میں آنا۔

**لگانے والے** ۔ (ا۔صفت۔مذ) چُغل خور۔ غیبت کرنے والے۔ دراندازی۔

**لگاوٹ** ۔ (لَ۔گا۔وَٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔میلان رُجحان۔میل ملاپ (۲) سازش (۳) دوستی۔ یارانہ۔آشنائی۔ (۴) ناز نخرہ۔

**لگاوٹ دکھانا** ۔ (ا۔محاورہ) توجہ ظاہر کرنا۔ دوستی کا دم بھرنا۔

**لگاوٹ باز** ۔ (ہ۔ا۔مذ) لگاوٹ کرنے میں مشاق (۲) یارانہ لگانے والا۔

**لگاوٹ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) محبت جتانا۔ آشنائی جتانا۔ اُنس ظاہر کرنا (۲) غمزہ کرنا۔ ناز کرنا۔

**لگاوٹ کی باتیں** ۔ (ا۔مث) (۱) دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں۔ (۲) پھسلانے والی باتیں۔

**لگاوٹ ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) بناوٹی محبت کا اظہار ہونا۔

**لگاؤ** ۔ (لَ۔گا۔او) [ہ۔ا۔مذ] (۱) تعلق۔ علاقہ۔ نسبت (۲) پیچ۔ دخل۔ باریابی۔ (۳) میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ محبت پیار (۴) رشتہ۔ ناتا۔ یگانگی۔ (۵) مناسبت۔ جوڑ۔ ہمسری (۶) آمیزش۔ لاگ۔ (۷) شرکت (۸) رُجحان۔ میلانِ طبع۔ (۹) ایما۔ اشارہ۔

**لگائی** ۔ (لُ۔گا۔ای) [ھ۔ا۔مث] (۱) عورت۔ بیوی (۲) آشنا عورت۔ مدخولہ۔

**لگائی بجھائی** ۔ (لَ۔گا۔ای۔بُ۔جھا۔ای) [ھ۔ا۔مث] چُغل خوری۔ بدگوئی۔ غمازی۔ تہمت۔ بہتان۔ الزام۔

**لگائی لُتری** ۔ (تابع فعل) ایک کی بُرائی دوسرے سے کہنا۔ لگائی بجھائی۔

**لگت** ۔ (ا۔مث) [ق] فوراً۔ اُسی وقت۔

**لگتا لگت** ۔ (ق) [تابع فعل] فوراً۔ اُسی وقت۔ لگاتار۔ مسلسل۔

**لگتا** ۔ (ا۔صفت) متعلق (۲) لگتا جُلتا (۳) چُبھتا ہوا۔ ناگوار۔ (۴) جلتا ہوا۔

**لگتا ہوا** ۔ (ہ) (۱) چھُوتا ہوا۔ مِلتا ہوا۔ مشابہ۔ ملتا جُلتا (۲) چُبھنے یا کھلنے والا۔ کاٹ کرنے والا۔ زخم ڈالنے والا۔ (۳) موثر۔ (۴) قرینِ قیاس (۵) ناگوار۔

**لگتا ہے** ۔ (ہ۔ا۔تابع فعل) معلوم ہوتا ہے۔ دکھائی دیتا ہے۔

**لگتی** ۔ (لَگ۔تی) [ا۔صفت۔مث] (۱) چُبھتی۔ کھُبتی۔ کاٹ کرنیوالی۔ زخم ڈالنے والی (۲) ہم شکل۔ مشابہ۔ ملتی جُلتی (۳) اثر کرنے والی۔ موثر۔

**لگتی کہنا** ۔ (ا۔محاورہ) چُبھتی بات کہنا۔ مؤثر بات کہنا۔ پسندیدہ بات کہنا۔

**لگتی لگاتی بات** ۔ (ا۔مث) وہ بات جو کسی موقع پہ چسپاں یا قرینِ قیاس ہو۔ چُبھتی ہوئی بات۔

**لگتے ہاتھ** ۔ (ا۔تابع فعل) ساتھ کے ساتھ۔ کسی کام کے ساتھ۔ لگے ہاتھوں۔

**لگدی** ۔ (لَگ۔دی) [ھ۔ا۔مث] کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی۔ ٹکیہ۔

**لگڑ** ۔ (لَ۔گڑ) ایک قسم کا باز۔ جُھکرا۔

**لگڑا** ۔ (لَگ۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] چیتھڑا۔ پھٹا پُرانا کپڑا۔

**لگڑ بھگڑ۔ بھگّا** ۔ (لَ۔گَڑ۔بھ۔گڑ) (بھگ۔گا) [ھ۔ا۔مذ] چرخ۔ لکڑ بگھا۔ بھیڑیے کی قسم کا ایک جنگلی جانور۔

**لگڑنا** ۔ (لَ۔گڑ۔نا) [ق۔مص] رگڑنا۔

**لگسی** ۔ (ا۔مث) لمبی لکڑی جس کا سرا ٹیڑھا ہوتا ہے اور اس سے درختوں سے پھل توڑنے کا کام لیا جاتا ہے۔

**لگماترا** ۔ (لَگ۔مات۔را) (ہ۔ا۔مث) اعراب۔ حرفوں کی علامات۔ حرکات۔ زبر۔ زیر۔ پیش وغیرہ (۲) یار آشنا۔

**لگن** ۔ (لَ۔گن) [ف۔ا۔مذ] (۱) طشت۔ طاس۔ پرات۔ ٹب۔ چلمچی۔ (۲) شمعدان۔ اگروان۔

**لگن** ۔ (س۔ا۔مث) (۱) تعلق۔ نسبت (۲) دُھن۔ خیال۔ چیت۔ شوق۔ خواہش۔ محبت۔ عشق۔ (۲) [مذ] گھڑی۔ ساعت۔ وقت۔ سماں مہورت۔ (۳) پیغام شادی۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر۔ (۴) آفتاب کے بُرج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت۔

**لگن دھرنا** ۔ (ا۔محاورہ) شادی کا روز مقرر کرنا۔

**لگن کنڈلی** ۔ (ہ۔ا۔مث) جنم پتری۔ زائچہ۔

**لگن لگنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) محبت ہونا۔ عشق ہونا (۲) دل لگنا۔ دھیان لگنا۔ خیال بندھنا۔

**لگنا** ۔ (لَگ۔نا) [ہ۔مص] (۱) چسپاں ہونا۔ ملنا۔ جُڑنا (۲) سِلنا۔ ٹنکنا۔ (۳) شامل ہونا۔ منسلک ہونا۔ (۴) جمنا۔ قائم ہونا۔ (۵) اُگنا۔ پیدا ہونا۔



Marfat.com

(۶) کھڑا ہونا۔ نصب ہونا (۷) چوٹ آنا۔ ضرب پہنچنا۔ (۸) ٹکر کھانا۔ (۹) محسوس ہونا۔ مَس ہونا۔ (۱۰) مقابل ہونا۔ برابر ہونا۔ (۱۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۱۲) باہم آشنائی کرنا (۱۳) مؤثر ہونا۔ کارگر ہونا (۱۴) جلنا۔ سلگنا۔ منتقل ہونا (۱۵) ہضم ہونا۔ انگ لگنا۔ (۱۶) ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا (۱۷) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا (۱۸) سجایا جانا۔ ترتیب سے رکھا جانا (۱۹) مشغول ہونا۔ مصروف ہونا (۲۰) ذمہ پڑنا۔ سر پڑنا (۲۱) گھسنا۔ چبھنا۔ (۲۲) تیز ہونا۔ دھار پر رکھا جانا۔ (۲۳) کنارے پر پہنچنا (۲۴) خرچ ہونا۔ صرف ہونا (۲۵) بازی پر لگانا۔ داؤں پر رکھنا (۲۶) استعمال میں آنا۔ برتا جانا (۲۷) جُڑ جانا۔ مرصّع کیا جانا (۲۸) بکنا (۲۹) پان چبانا (۳۰) قیمت قرار پانا (۳۱) الزام لگنا (۳۲) جوتے کا کاٹنا۔ (۳۳) تاک میں ہونا۔

**لگَنت** ۔ (لگ۔ نت) [ھ۔ا۔ مث] مجامعت۔ جماع۔

**لگنت بدّیا** ۔ وہ علم جس میں جماع کے طریق اور ڈھنگ بتلائے گئے ہوں۔ کوک شاستر

**لگنی** ۔ (لگ۔ نی) [ھ۔ا۔ مث] چھوٹا لگن۔

**لگو۔ لگو۔ بندھو** ۔ (لگ۔ گو۔ لگ۔ گو۔ بن۔ دھو) [ھ۔ صفت] یار۔ آشنا۔ دوست۔

**لگوا۔ لگواڑ** ۔ (لگ۔ وا۔ لگ۔ واڑ) [ھ۔ا۔ مذ وصفت] ا۔ یار آشنا۔ (۲) مطلبی۔ خود غرض۔ مطلب کا یار۔

**لگوانا** ۔ (لگ۔ وا۔ نا) [ھ۔ مص] لگانا کا متعدی المتعدی۔ (۲) نر کا مادہ پر چھوڑنا۔ جماع کرنا۔

**لگوا** (ھ۔ صفت) حملہ کرنے والا۔ چوٹ کرنے والا۔ (۲) یار۔ آشنا۔

**لگ ہارن** ۔ (Leghorn) [انگ۔ صفت] ولایتی مرغیوں کی ایک نسل۔

**لگّی** ۔ (لگ۔ گی) [ھ۔ا۔ مث] (۱) مچھلی پکڑنے کی لچکدار چھڑی (۲) بانس کی لمبی چھڑی۔ (۳) لمبی بچھی۔ بیر۔ ناؤ ٹھہرانے کا لمبا بانس۔

**لگی** ۔ (ل۔ گی) [ھ۔ا۔ مث] (۱) خواہش۔ آرزو۔ عشق۔ لگن (۲) بھوک۔ اشتہا۔

**لگی بجھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] خواہش پوری ہونا (۲) روٹی پیٹ میں پڑنا۔ بھوک رفع ہونا (۳) غصہ دھیما ہونا۔

**لگی بری ہوتی ہے** ۔ (ا۔ مثل) عشق بری بلا ہے۔ محبت میں برا بھلا کچھ نہیں سوجھتا

**لگی تو روزی نہیں تو روزہ** ۔ (ا۔ مثل) انتہا کی غریبی کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**لگی کو بجھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عشق کی آگ کو دبانا (۲) آرزو پوری کرنا۔ (۳) پیٹ میں ڈالنا۔ بھوک مٹانا۔ (۴) غصہ فرو کرنا (۵) فتنہ و فساد کو مٹانا۔

**لگی کہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) طرفداری کی بات کہنا۔ موافق کہنا۔ خوشامد کرنا۔

**لگی لپٹی** ۔ (ا۔ مث) کسی کے موافق۔ طرفداری کی۔

**لگی لپٹی رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) طرفداری کرنا۔ رعایت کرنا (۲) صاف نہ کہنا۔ شک وشبہ میں رکھنا۔

**لگی لگائی** ۔ (ا۔ صفت) لگی ہوئی۔ طے شدہ۔ مقررہ۔

**لگی میں اور لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت پر اور مصیبت ڈالنا۔

**لگی نہ رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔ پاس نہ رکھنا۔ کسر نہ رکھنا۔ نہ رعایت نہ کرنا (۲) قطع تعلق کر لینا۔ بالکل بگاڑ بیٹھنا۔

**لگی ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) محبت ہونا۔ دُھن ہونا (۲) ناجائز تعلق ہونا۔

**لگی ہوئی بات** ۔ (ا۔ مث) منگنی۔ نسبت

**لگے** ۔ (ل۔ گے) [ا۔ تابع فعل] قریب۔ پاس۔ نزدیک۔ ساتھ۔ ہمراہ۔

**لگے انگلی پکڑتے پہنچا پکڑتے** ۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا سہارا پاکر اور آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ معمولی سہارا پاکر سر پر چڑھنا۔

**لگے بندھے** ۔ (ا۔ صفت) علاقہ دار۔ متعلقین۔ لگے بندھے۔ (ق)

**لگے جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ساتھ ساتھ جانا۔ پیچھے پیچھے چلا جانا (۲) چین نہ لینے دینا۔ پیچھے پڑے رہنا۔

**لگے دم سے غم** ۔ (ا۔ مقولہ) نشہ پینے سے غم دُور ہوتا ہے۔ (نشہ بازوں کا مقولہ)۔

**لگے رہنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے رہنا۔

**لگے لگے** ۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) پاس پاس۔ قریب قریب۔ پہلو بہ پہلو۔ ساتھ ساتھ۔ (۲) ایک کلمہ جس سے بندروں کو ہنکاتے ہیں۔

**لگے ہاتھ۔ لگے ہاتھوں** ۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) ساتھ کے ساتھ۔ اسی وقت۔ (۲) اسی سلسلے میں۔

**لگ بگ** ۔ [ق] فوراً۔ جوں ہی۔

## ل - ل

**للّا** ۔ (لل۔ لا) [ھ۔ا۔ مذ] (۱) بچہ۔ طفل۔ بالک۔ لڑکا (۲) بیٹا۔ پوت۔ (۳) کرشن جی کا لقب (۴) [صفت] پیارا۔ لاڈلا۔ (۵) نادان۔ کم عمر (۶) احمق۔ بیوقوف۔ گاؤدی۔

**للاٹ** ۔ (ل۔ لاٹ) [س۔ا۔ مذ] (۱) ماتھا۔ پیشانی (۲) بھاگ۔ نصیب۔ قسمت۔

**للت** ۔ (ل۔ لت) [س۔ صفت] (۱) مرغوب۔ پسند خاطر (۲) خوبصورت۔ حسین۔ (۳) شوخ۔ چنچل۔ چلبلی (۴) ولولہ عشق۔ جذبۂ محبت (۵) ایک راگنی۔

**للچانا** ۔ (لل۔ چا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) لالچ کرنا۔ لالچ کرنا۔ حرص کرنا (۲) آرزو کرنا۔ تمنا کرنا۔ (۳) مائل کرنا (۴) طمع دینا۔ لبھانا۔

**للچاہٹ** ۔ (لل۔ چا۔ ہٹ) [ھ۔ا۔ مث] (۱) لالچ۔ طمع۔ حرص (۲) خواہش۔ آرزو۔

**للک** ۔ (ل۔ لک) [ھ۔ا۔ مث] (۱) اُمنگ۔ شوق (۲) جوش۔



Marfat.com

ولولہ (۳) لالچ۔ لوبھ۔ طمع۔ حرص (۴) خیال۔ دُھن۔ لو (۵) لہر۔ موج۔

**للکار**۔ (لَل۔ کار) [ھ۔ا۔ مث] (۱) نعرہ۔ سخت آواز (۲) ہانک۔ پکار۔ (۳) ڈپٹ۔ دھمکی۔ جھڑکی۔ رُعب کی آواز

**للکارنا**۔ (لَل۔ کار۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) نعرہ مارنا۔ آواز لگانا (۲) پکارنا۔ (۳) دھمکانا۔ دھتکارنا۔ کڑک کر بولنا۔

**لَلّو**۔ (لَل۔ لُو) [ھ۔ا۔ مث] (۱) زبان۔ جیبھ (۲) بولی۔ بول چال گفتگو۔ (۳) چٹورپن۔ چاٹ۔

**لَلّو پتّو** (ا۔ مث) خوشامد و درآمد۔ چاپلوسی۔ سخن سازی۔ چکنی چپڑی باتیں۔

**لَلّو پتّو کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زبانی عزت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ سخن سازی کرنا۔

**لَلّو میں سانپ ڈسے**۔ (دُعائے بد) جھوٹ بولنے والے کی زبان میں سانپ ڈسے۔

**لَلّو نہ رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) بِن بولے نہ رہنا۔ زبان تالو سے نہ لگنا۔

**لِلّٰہ**۔ (لِل۔ لاہ) [ع۔ تابع فعل] خدا کے لیے۔ برائے خدا۔ خدا کے نام پر۔

**لِلّٰہِ الحمد**۔ (ع۔ کلمۂ ندا) (۱) سب تعریف خدا کے لائق ہے (۲) خدا کا شکر ہے۔

**لِلّٰہِ الحمدُ والمِنّہ**۔ خدا کا شکر و احسان ہے۔

**لِلّٰہ فی اللّٰہ**۔ خدا کی راہ۔ اللہ کے واسطے۔

**لِلّٰہی**۔ (ع۔ صفت) خدا کے لیے۔ جس میں ذاتی غرض نہ ہو۔ مطلب نہ ہو۔

**لِلّٰہیت**۔ (ع۔ مث) بے غرضی۔ خلوص۔

**لِلیانا**۔ (ا۔ مص) منت خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

## ل۔م

**لَم**۔ [ھ۔ صفت] لمبا کا مخفف۔ طویل۔ دراز۔ لانبا۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)۔

**لَم تڑنگا**۔ (ا۔ صفت) دراز قد۔ قد آور۔

**لم ٹنگا۔ لم ٹنگو**۔ (ا۔ صفت) (۱) بڑی بڑی اور لمبی ٹانگوں والا۔ (۲) لم ڈھینگ۔ کُلنگ۔

**لم چھڑ۔ لم چھڑا**۔ (۱) لمبا۔ قد آور۔ طویل القامت (۲) بانس کی لمبی اور پتلی چھڑی۔

**لم دراز**۔ (ا۔ مث) ایک قسم کا سفید کپڑا جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔

**لم ڈگو**۔ (ا۔ صفت) لمبے لمبے قدم بھرنے والا۔

**لم ڈور**۔ (ا۔ مث) لمبی ڈور۔ شکار کی ڈور۔

**لم ڈھینگ**۔ (ا۔ مذ) ایک قد آور آبی طیور۔ لم ٹنگو۔ (کنایۃً) بیوقوف۔

احمق۔

**لم کنّا**۔ (ا۔ صفت) لمبے لمبے کانوں والا۔ خرگوش۔

**لَم**۔ [ع۔ حرفِ نفی] نہ۔ نہیں۔

**لم یزل**۔ (ع۔ صفت) لازوال۔ اٹل۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی۔

**لِم**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) اصلیت۔ کُنہ۔ بات کی تہ۔ (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ (۳) بہتان۔ الزام۔ تہمت۔

**لِم دھرنا۔ لِم رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا۔

**لِم لگانا**۔ (ا۔ محاورہ) الزام لگانا۔ عیب لگانا۔ قصوروار ٹھہرانا۔

**لمبا**۔ (لَم۔ با) [ا۔ صفت] (۱) دراز۔ طویل۔ بلند۔ اُونچا۔ طویل القامت۔ (۲) بہت کثیر۔ زیادہ۔

**لمبا بننا**۔ (ا۔ محاورہ) رخصت ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا۔

**لمبا چوڑا**۔ (ا۔ صفت) فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔ طویل و عریض۔

**لمبا دفتر**۔ (ا۔ مذ) طویل مضمون۔

**لمبا سفر کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دُور کا سفر کرنا۔ دنیا سے کُوچ کرنا۔ مرجانا۔

**لمبا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دراز کرنا۔ طول میں بڑھانا۔ (۲) روانہ کرنا۔ رخصت کرنا۔

**لمبا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دراز ہونا۔ طویل ہونا (۲) چل دینا۔ رفوچکر ہونا۔ رخصت ہونا۔

**لمباڑا**۔ (لَم۔ با۔ ڑا) [ق۔ا۔ مذ] بنجاروں جیسی ایک قوم۔

**لمبان**۔ (لَم۔ بان) [ھ۔ا۔ مذ و مث] درازی۔ لمبائی۔ طول۔ طوالت۔

**لمبان چوڑان**۔ لمبائی چوڑائی۔ طول و عرض۔

**لمبانا**۔ (لَم۔ با۔ نا) [ھ۔ مص] لمبا کرنا۔

**لمبائی**۔ (لَم۔ با۔ ای) [ھ۔ا۔ مث] درازی۔ طوالت۔ طول۔

**لمبائی چوڑائی**۔ (۱) عرض و طول۔ لمبان چوڑان۔ (۲) قد و قامت۔ جسامت۔

**لمبر**۔ (لَم۔ بر) انگریزی (Number) کا مستعمل۔ ا۔ مذ] (۱) ہندسہ۔ عدد۔ رقم۔ (۲) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عُہدہ (۳) باری۔ دار۔ نوبت۔ (۴) مقررہ۔ نشان۔ علامت (۵) شمار۔ گنتی۔ تعداد۔

**لمبر آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نوبت آنا۔ باری آنا (۲) امتحان میں نمبر پانا۔

**لمبر چڑھانا**۔ (ا۔ محاورہ) امتحان میں ملنے والے نمبروں کو رجسٹر میں درج کرنا۔ (۲) درجہ میں ترقی دینا۔

**لمبردار**۔ (ا۔ مذ) مقدم۔ گاؤں کا چودھری۔ وہ زمیندار جو مال گزاری وصول کرکے سرکاری خزانے میں داخل کرتا ہے۔

**لمبر سے خارج ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خانوں یا فہرست سے خارج ہونا۔ نام کٹنا۔ داخل دفتر نہ ہونا۔

**لمبر قائم رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) (قانون) پہلی ہی مسل پہ کارروائی ہونا۔

**لمبروار**۔ (ا۔ صفت) نمبروار۔ سلسلہ وار۔ باری باری سے۔ درجہ بدرجہ۔

**لمبری**۔ (لَم۔ بَ۔ ری) [ا۔ صفت] (۱) نمبر کے مطابق۔ نمبر کا۔ نمبر والا۔ (۲) نشان لگا ہوا۔ (۳) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا پیمانہ۔



Marfat.com

(۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش۔
**لمبری دعویٰ۔ لمبری نالش**۔ (ا۔ مذ۔ مث) نالش عام۔ دعویٰ عام۔
**لمبڑ**۔ (لَم۔ بَڑ) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) معمولی سے زیادہ لمبا (۲) لمبا اور احمق آدمی۔
**لمبُو**۔ (لَم۔ بُو) [ھ۔ صف] لمبا۔ دراز قد۔ لانبا۔ طویل القامت۔
**لمبُوترا**۔ (لَم۔ بُوت۔ را) [ھ۔ صف] چوڑا کم اور لمبا زیادہ۔ بیضوی۔ کتابی۔
**لمبی**۔ (لَم۔ بی) [ھ۔ صف] لمبا کی تانیث۔ دراز۔ طویل۔ بڑی اُونچی بلند۔
**لمبی تان کر سونا**۔ (ا۔ محاورہ) اطمینان سے سونا۔ غفلت کی نیند سونا۔
**لمبی تاننا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بے فکری سے سوجانا۔ (۲) دُور کا سفر کرنا۔ مدت تک اپنے ملک سے دُور رہنا (۳) مرجانا۔ سفرِ آخرت اختیار کرنا۔
**لمبی چوڑی ہانکنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ (۲) لمبی داستان سُنانا۔
**لمبی داستان**۔ (ا۔ مث) طول طویل کہانی۔
**لمبی سانس بھرنا۔ (لینا)**۔ (ا۔ محاورہ) دیر تک سانس لینا۔ آہ سرد کھینچنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ نزع کا وقت ہونا۔
**لَمپ**۔ ( (Lamp) ) [انگ۔ ا۔ مذ] مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہو۔
**لَمحہ**۔ (لَم۔ حہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) کوندہ۔ بجلی کی چمک (۲) پلک مارنے کا وقفہ۔ چشم زدن (۲) ثانیہ۔ پل۔ دقیقہ۔ سکنڈ۔ جمع: لمحات۔
**لمحہ بھر**۔ (ا۔ تابع فعل) ذرا سی دیر۔ پل بھر۔ ایک نظر۔
**لَمس**۔ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مَس۔ کسی چیز کو ہاتھ لگانا۔ (۲) کسی چیز کو چھُو کر معلوم کرنے کی قوت۔ قوت لامسہ۔
**لَمعان**۔ (ع۔ صف) چمکیلا۔ چمکنے والا۔
**لَمعہ**۔ (لَم۔ عہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) چمک۔ روشنی۔ نور (۲) شعاع۔ کرن۔ جمع: لمعات۔
**لَمکنا**۔ (لَ۔ مک۔ نا) [ھ۔ ا۔ مص] لپکنا۔ جھپٹنا۔ دوڑنا۔ لپک کر جانا۔ لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔
**لِمَنِ المُلک**۔ (ع۔ کلمۂ استفہامیہ) (۱) کس کا ملک ہے۔ قرآن شریف میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ بتاؤ آج کس کی حکومت اور سلطنت ہے (۲) بے جا ناز و فخر۔
**لمیٹڈ**۔ ( (Limited) ) [لِ۔ می۔ ٹڈ] (انگ۔ صف) شرکت محدود۔ وہ کمپنی جس کے حصہ داروں کی ذمہ داری محدود ہوتی ہے۔

---

# ل - ن

**لَن**۔ (لَن) [ع۔ حرف نفی] نہ۔ مت۔
**لن ترانی**۔ (ع۔ ا۔ مث) [تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا] خودستائی۔ تعلّی۔ انانیت۔ شیخی۔ ڈینگ۔
**لن ترانی کرنا۔ کی لینا**۔ (ا۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ لن ترانی کی لینا۔
**لَن ترانیاں**۔ (ع۔ ا۔ صف) شیخیاں۔ ڈینگیں۔ تعلّیاں۔
**لُنا**۔ [ق۔ مص] کاٹنا (فصل کاٹنا)
**لنبا**۔ (لَم۔ با) [ھ۔ صف] لمبا۔
**لنبان**۔ (لَم۔ بان) لمبان۔ لمبائی۔ درازی۔ طوالت۔
**لنبائی**۔ (لَم۔ با۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] لمبائی۔
**لِنٹل**۔ ( (Lintel) ) [لِن۔ ٹل] (انگ۔ ا۔ مذ) بے ڈاٹ کی چھت جس میں سریا اور سیمنٹ سے کام لیتے ہیں۔
**لِنٹرن**۔ (انگ۔ ا۔ مث) دیکھیے لالٹین۔
**لُنج**۔ (ف۔ صف) ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لنگڑا۔ لُولا۔
**لُنج مُنج**۔ لنگڑا۔ لُنجا۔
**لُنجا**۔ (لُن۔ جا) [اُر۔ صف] لُنج۔ لنگڑا۔ ہاتھ پاؤں سے معذور۔
**لَنجھاڑا۔ لنجھیڑا**۔ (لَن۔ جھا۔ ڑا۔ لَن۔ جھے۔ ڑا) [ھ۔ ا۔ مذ] دنیا کے بکھیڑے۔ دنیاوی تعلقات۔
**لَنچ**۔ ( (Lunch) ) [انگ۔ ا۔ مذ] دوپہر کا کھانا۔ حاضری۔ چاشت کا کھانا۔
**لندے پھندے**۔ [ھ۔ ا۔ مذ] دیکھیے لدے پھندے۔
**لنڈ**۔ [س۔ ا۔ مذ] آلۂ تناسل۔ ذکر۔ لِنگ۔
**لُنڈ**۔ (ہ۔ صف) (۱) سر کٹا ہوا۔ دھڑ۔ بے سر کا تڑپتا ہوا جسم (۲) کٹا ہوا (۳) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت۔ ٹھُونٹھ۔
**لُنڈ مُنڈ**۔ (ا۔ صفت) (۱) وہ شخص جس کا سر، ڈاڑھی اور مونچھیں منڈی ہوئی ہوں۔ صفا چٹ۔ (۲) بن پتوں اور بن شاخوں کے درخت۔ (۳) مفلس۔ تنگ دست۔ بے سروسامان۔
**لُنڈا**۔ (لُن۔ ڈا) [ا۔ صفت] (۱) دُم بریدہ۔ لُنڈورا۔ دُم کٹا۔ (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بےکس۔ بے یار مددگار۔ وہ شخص جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔
**لُنڈکری**۔ (لُنڈ۔ ک۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] لڑھکنی۔ قلابازی۔
**لنڈکری (لنڈکریاں) کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) گر کر قلابازی کھانا۔ گر کر لوٹ پوٹ ہوجانا۔
**لَنڈورا**۔ (لَن۔ ڈو۔ را) [ھ۔ صف] (۱) دُم بُریدہ۔ لنڈا۔ دُم کٹا۔ (۲) بے یار و مددگار۔ بےکس۔



Marfat.com

**لنڈوری** ۔ (لَن۔ڈو۔رِی) [ھ۔صف] (۱) لنڈورا کی تانیث۔ بے کس۔

**لنڈوری فاختہ** ۔ (ا۔مث) وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔ بیکس۔

**لُنڈھانا** ۔ (لُن۔ڈھا۔نا) [ھ۔مص] اونڈھانا۔ بہانا۔ کسی رقیق چیز کو برتن سے زمین پر گرانا۔

**لُنڈھنا** ۔ (لُنڈھ۔نا) [ھ۔مص] (۱) بہنا (۲) لڑھکنا۔ غلطیدہ ہونا۔

**لَنڈی** ۔ (لَن۔ڈِی) [ھ۔ا۔مث] حقارت کا کلمہ عورت کے واسطے۔

**لُنڈی** ۔ [ق] لنڈوری۔ لُنڈا کی تانیث۔

**لِنز** ۔ (Lens) [انگ۔ا۔مذ] (۱) عینک کا شیشہ۔ عدسہ۔ (۲) آنکھ کا پردہ (۳) دُوربین یا خوردبین کا شیشہ۔

**لنگ** ۔ [ھ۔ا۔مذ] (۱) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ (۲) [مث] باگ۔ عنان۔ (۳) میان۔ کمر۔

**لنگ لگنا** ۔ (ا۔محاورہ) انبار لگنا۔ ڈھیر لگنا۔

**لنکا میں جو چھوٹا سو باون ہی گز کا** ۔ (ا۔مثل) چھوٹے سے بڑے تک سب بُری عادتوں میں مبتلا ہیں۔

**لنگ** ۔ (ف۔صف) لنگڑا۔ لُولا۔ اپاہج [مذکر] لنگڑاپن۔ پاؤں کا نقص۔

**لنگ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) لنگڑانا۔ کسی نقص کے باعث پُورا پاؤں زمین پر نہ لگنا۔

**لنگ** ۔ [ھ۔ا۔مذ] (۱) قطار۔ صف۔ سلسلہ (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ سرا۔ کنارا۔ (۳) دیوار۔ قنات اوٹ۔ پردہ (۴) دھوتی کا لڑیا پلا۔

**لنگ** ۔ [س۔ا۔مذ] عضوِ تناسل۔

**لنگ** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) گھٹنوں تک تہ بند۔ لنگوٹی۔ (۲) آلۂ تناسل۔

**لنگارا۔ لُنگاڑا** ۔ (لَن۔گا۔را۔ لُن۔گا۔ڑا۔) (ا۔صف) (۱) بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔ (۲) لُچا۔ لفنگا۔ شہدا۔ (۳) شریر۔ بدمعاش (۴) فسادی۔

**لنگاراپن۔ لُنگاڑاپن** ۔ (ا۔مذ) (۱) بے شرمی۔ بے حیائی۔ ڈھٹائی۔ (۲) چھچھورپن۔ گنڈا پن (۳) شرارت۔ بدمعاشی۔

**لنگر** ۔ (لَن۔گَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) جہاز یا قافلہ کا ٹھہراؤ۔ لوہے کی زنجیر یا رسّہ جو کشتی ٹھہرانے کے لیے کسی بھاری چیز کے ساتھ کنارے پر باندھ رکھتے ہیں۔ (۲) خیرات خانہ۔ وہ جگہ جہاں روزانہ فقیروں کو کھانا تقسیم ہو۔ (۳) وہ کھانا جو مساکین و فقرا کو دیا جاتا ہے۔ (۴) بڑے آدمیوں کا باورچی خانہ۔ (۵) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا۔ (۶) پہلوانوں کا لنگوٹ۔ (۷) دھڑ کے نیچے کا حصّہ۔ کُولھے۔ چوتڑ (۸) بوجھ۔ بار۔ وزن (۹) گھنٹے کا لٹکن۔ پنڈولم

**لنگر اُٹھانا** ۔ (ا۔محاورہ) کشتی یا جہاز کا رسّہ کھول کر آگے کو چلانا۔ جہاز روانہ کرنا۔

**لنگر باندھنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا۔ (۲) کنایۃً مجامعت سے پرہیز کرنا۔

**لنگر بٹنا** ۔ (ا۔محاورہ) غربا میں روزانہ مفت کھانا تقسیم ہونا۔

**لنگر توڑنا** ۔ (ا۔محاورہ) پہلوان کا اپنے حریف کو زمین پر سے اُٹھا لینا۔ شکست دینا۔

**لنگر جاری کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) خیرات تقسیم کرنا۔ سدابرت جاری کرنا۔

**لنگر خانہ** ۔ (ا۔مذ) مساکین و فقرا کے لیے روزمرہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ۔ خیرات خانہ۔ باورچی خانہ۔ رسوئی۔

**لنگر ڈالنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) جہاز یا کشتی کو ٹھہرانا۔ (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ (۳) بوجھ ڈالنا۔

**لنگر کا بوجھ** ۔ (ا۔مذ) بہت وزنی۔

**لنگر کا ٹکڑا** ۔ (ا۔مذ) خیرات کا کھانا۔ بھیک۔

**لنگر کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) جہاز یا کشتی کا ٹھہرانا۔

**لنگرگاہ** ۔ (ا۔مذ) بندرگاہ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

**لنگر لنگوٹ** ۔ (ا۔مذ) پہلوانوں کا لنگوٹ۔

**لنگر لنگوٹا باندھنا** ۔ کسنا۔ کُشتی کرنے کو تیار ہونا۔

**لنگر لنگوٹا دینا۔ لنگر لنگوٹا آگے رکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا۔

**لنگروا** ۔ (لَن۔گَر۔وا) [ہ۔صف] (۱) بے حیا۔ بے غیرت (۲) لُچا۔ لفنگا۔ بدچلن۔

**لنگری** ۔ (لَنگ۔رِی) [ف۔صف] (۱) لنگر سے منسوب (۲) جیسے لنگر کا کھانا۔ (۳) [مذ] ایک قسم کا بڑا طشت [ا۔مذ] (۴) وہ شخص جو محتاج خانہ میں مساکین و غربا کو کھانا تقسیم کرے۔ [مث] پان رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی۔ کلئی۔ (۵) وہ اُتھلی تھالی جس میں لنگر کا کھانا تقسیم کرتے ہیں۔

**لنگڑ** ۔ (لَن۔گَڑ) [اُر۔ا۔مذ] وہ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا۔ جسے بچے ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں۔ اس کھیل کو لنگڑ پیچ کہتے ہیں۔

**لنگڑا** ۔ (لَنگ۔ڑا) [اُر۔صف] و۔ا۔مذ] (۱) ایک ٹانگ سے معذور۔ اپاہج۔ پاشکستہ (۲) [کنایۃً] بودا۔ کمزور (۳) ایک مشہور آم۔

**لنگڑانا** ۔ (لَنگ۔ڑا۔نا) [ھ۔مص] لنگ کرنا۔ پاؤں میں نقص ہونا۔ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چلنا۔

**لنگڑی** ۔ (لَنگ۔ڑی) [ھ۔صف و ا۔مث] لنگڑا کی تانیث۔ وہ عورت جس کے پاؤں میں نقص ہو۔

**لنگڑی کا درد** ۔ (ا۔مذ) دیکھیے عرق النّسا۔

**لنگڑی کبوتری آسمان پر گھونسلا** ۔ (ا۔مثل) اپنی لیاقت سے بڑھ کر کام کرنا۔

**لنگوٹ** ۔ (لَن۔گوٹ) [ھ۔ا۔مذ] کاچھا۔ کم عرض کپڑا جو فقرا یا پہلوان باندھتے ہیں۔

**لنگوٹ بند** ۔ (ا۔صف) (۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا۔ (۲) مجرّد۔ عورت سے بچنے والا۔



Marfat.com

**لنگوٹ پاڑنا**۔ (ا۔محاورہ) کُشتی لڑنا ترک کر دینا۔
**لنگوٹ وار**۔ (ا۔صفت) وہ پتنگ یا کنکوا جس کے نیچے کی طرف رنگین مثلث یا لانبا کاغذ لگا ہوا ہو۔
**لنگوٹ کا سچا**۔ (ا۔صفت) وہ شخص جو غیر عورت سے پرہیز کرے۔ زنا سے بچنے والا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
**لنگوٹ کھولنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مجامعت کرنا (۲) زنا کرنا۔
**لنگوٹا**۔ (لَن۔گو۔ٹا) [اُر۔ا۔مذ] دیکھیے لنگوٹ۔
**لنگوٹی**۔ (لَن۔گو۔ٹی) [اُر۔ا۔مث] (۱) لنگوٹا کی تانیث۔ (۲) چھوٹی دھوتی۔ کپڑے کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا جس کا ایک سرا سُرین میں سے نکال کر کمر میں باندھ لیتے ہیں۔
**لنگوٹی باندھے پھرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) نہایت غریبی کے باعث ننگا پھرنا (۲) بچہ ہونا۔ کم سن۔
**لنگوٹی بندھوا دینا**۔ (ا۔محاورہ) [کنایتاً] بالکل مفلس۔ قلاش بنا دینا۔ سب کچھ لُوٹ لینا۔
**لنگوٹی کھلنا**۔ (ا۔محاورہ) [کنایتہً] پردے کی دیوار گر جانا۔ پردہ فاش ہو جانا۔
**لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا**۔ (ا۔محاورہ) [کنایتہً] تنگدستی میں مزے اُڑانا۔ مفلسی میں عیش و عشرت کرنا۔
**لنگوٹی میں مست**۔ (ا۔صفت) غریبی میں خوش۔ بے فکرا۔
**لنگوٹے کا ڈھیلا**۔ (ا۔صفت) عیاش۔ زانی۔
**لنگوٹے کا سچا**۔ (ا۔صفت) پاکباز۔ دیکھیے لنگوٹ کا سچا۔
**لنگوٹیا**۔ (لَن۔گوٹ۔یا) [اُر۔صفت] [ا۔مذکر] (۱) لنگوٹ بند (۲) ساتھ کا کھیلا۔ بچپن کا یار۔ پرانا اور گہرا دوست۔
**لنگوچا**۔ (لَن۔گُو۔چا) [ھ۔ا۔مذکر] بھیڑ بکری وغیرہ کی آنت جس میں قیمہ بھر کر تلتے ہیں۔
**لنگور**۔ (لَن۔گُور) [ھ۔ا۔مذ] ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے۔
**لنگوری**۔ (لَن۔گو۔ری) [ھ۔ا۔مث] (۱) چوری کا مال برآمد کرانے میں امداد (۲) چور پکڑانے کا انعام۔ (۳) گھوڑے کی ایک چال۔
**لنگھانا**۔ (لَن۔گھا۔نا) [ھ۔مص] پار اُتارنا۔ ندی یا دریا سے پار کرنا۔
**لنگھن**۔ (لَن۔گھن) [س۔ا۔مذ] (۱) کُود پھاند۔ چھلانگ (۲) پار اترنا۔ عبور کرنا (۳) روزہ۔ فاقہ۔
**لنگھنا**۔ (لنگھ۔نا) [ھ۔مص] پار ہونا۔ عبور کرنا۔ اُلانگھنا۔ پھلانگ جانا۔
**لُنگی**۔ (لُن۔گی) [ھ۔ا۔مث] پیشاب۔ بول۔ مُوت۔
**لُنگی**۔ (لُن۔گی) [اُر۔ا۔مث] (۱) تہ بند۔ دھوتی (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔
**لنولیم**۔ (لِ۔نو۔لی۔یم) (Lnioleum) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کی دری جس پر موٹا روغن پھرا ہوتا ہے۔

**لُنیا**۔ (لُن۔یا) [ھ۔ا۔مذکر] ایک قوم جس کا پیشہ کنوئیں کھودنا اور دیوار بنانا ہے۔

# ل ۔ و

**لَو**۔ [ھ۔ا۔مث] (۱) شُعلہ۔ لپَٹ۔ بھبوکا۔ لاٹ (۲) دھیان۔ توجہ۔ خیال۔ یکسوئی۔ (۳) آس۔ اُمید۔ توقع (۴) شوق۔ محبت (۵) کان کی جڑ۔ کان کے نیچے کے رُخ کی نوک۔ گُچیا۔
**لَو اُٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) شُعلے کا بلند ہونا۔ لاٹ نکلنا۔
**لَو بُجھنا**۔ (ا۔محاورہ) شُعلہ فرو ہونا۔ (۲) خواہش مٹنا۔
**لَو بھڑکنا**۔ (ا۔محاورہ) چراغ میں تیل ختم ہونے پر شُعلہ کا بھڑک اُٹھنا۔
**لَو دینا**۔ (ا۔محاورہ) شعلہ نکلنا۔ بے حد چمک دکھانا۔
**لَو لگانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تصور باندھنا۔ خیال باندھنا۔ توجہ دینا۔ رجوع ہونا۔ ہر وقت دھیان لگانا۔ (۲) عشق کرنا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا۔ (۳) خواہش کرنا۔ آرزومند ہونا۔
**لَو لگنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تصور بندھنا۔ خیال بندھنا۔ توجہ دینا۔ رجوع ہونا۔ (۲) عبادت یا ذکر خدا میں مصروف ہونا۔ (۳) خواہش ہونا۔ اشتیاق ہونا۔ (۴) اُمید بندھنا۔ آس بندھنا (۵) تپش لگنا۔ لپٹ لگنا (۶) بار بار نام لینا۔ دیر تک ذکر کیے جانا۔
**لَو**۔ [ع۔حرفِ شرط] اگر۔
**لَو فرضنا**۔ (ع۔تابع فعل) اگر ہم نے فرض کیا۔ بالفرض۔ فرض کرو۔
**لَولاک**۔ حدیث قدسی لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الاَفلاکَ کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی اگر تیری (رسولِ اکرمؐ کی) ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا۔
**لو**۔ (ہ۔ واؤ مجہول سے) (ا۔تابع فعل) (۱) پکڑو۔ سنبھالو (۲) کسی شخص کو اپنی طرف مخاطب کرنے کا کلمہ۔ سنو۔ دیکھو۔ خیال کرو (۳) کلام کو خوبصورت بنانے کا کلمہ۔ تحسین کلام کا کلمہ۔
**لو اور تماشا دیکھو**۔ (مقولہ) حیرت انگیز بات ظاہر کرنے پر کہتے ہیں۔
**لو اور سنو**۔ (ا۔روزمرہ) حیرت انگیز بات ظاہر کرنے پر کہتے ہیں۔
**لوجی (صاحب)** (ا۔روزمرہ) تعجب اور حیرت کے مقام پر کہتے ہیں۔
**لُو**۔ (ھ۔ا۔مث) وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے۔ سَمُوم
**لُو لگنا**۔ (ا۔محاورہ) گرم ہوا کا اثر ہونا۔ گرم ہوا لگنے سے بیمار ہو جانا۔
**لوا**۔ (لَ۔وا) [ھ۔ا۔مذ] بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے۔
**لِوا**۔ (لِ۔وا) [ع۔ا۔مذ] علم۔ جھنڈا۔ فوج کا نشان۔
**لَواحق**۔ (لَ۔وا۔حِق) [ع۔ا۔مذ] لاحق کی جمع۔ (۱) متعلقین۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ (۲) نوکر۔ چاکر



Marfat.com

**لَواحِقِین** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) لاحق کی جمع الجمع ۔ (ثقہ لوگ نہیں بولتے)

**لَوارا** ۔ (ل۔ وا۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] گوسالہ۔ بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔

**لَوازِم** ۔ (ل۔ وا۔ زِم) [ع۔ ا۔ مذ] لازم کی جمع۔ ضروری چیزیں۔ اسباب۔

**لَوازِمات** ۔ (ل۔ وا۔ ز۔ مات) [ع۔ ا۔ مذ] لوازم کی جمع۔ سامان۔

**لَوازِمہ** ۔ (ل۔ وا۔ ز۔ مہ) [ع۔ ا۔ مذ] لازمہ کی جمع ۔ ضروری چیزیں۔ سامان۔

**لَواطَت** ۔ (ل۔ وا۔ طت) اِغلام ۔ لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا۔

**بُلا لانا** ۔ (ا۔ محاورہ) جاکر اپنے ساتھ لانا۔

**بُلا لے جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ساتھ لے جانا۔ اٹھوا لے جانا۔

**لَوامِع** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے "لامع" جس کی یہ جمع ہے۔

**لَوّامہ** ۔ (ع۔ اسم مبالغہ) سخت ملامت کرنے والا (۲) نفس کی ایک قسم، جو انسان کو بُرے کام کرنے پر ملامت کرتی ہے۔

**لِوانا** ۔ (لِ۔ وا۔ نا) [ھ۔ مص] لینا کا متعدی المتعدی۔ (۱) خرید کروانا۔ مول لے دینا۔ (۲) اٹھوانا۔ (۳) بدلوانا۔

**لَوائِح** ۔ (لَ۔ وا۔ ءِح) [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے "لائحہ" جس کی یہ جمع ہے۔ دستور، (۲) روشنیاں

**لُوبان** ۔ (لُو۔ بان) [ع۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔

**لوبھ** ۔ (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) حرص۔ لالچ۔ طمع (۲) تمنا۔ آرزو (۳) کنجوسی۔

**لوبھ کرنا** ۔ (ا۔ مص۔ مرکب) لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔ حرص کرنا۔

**لوبھی** ۔ (لو۔ بھی) [ھ۔ صفت] (۱) حریص۔ لالچی۔ طامع (۲) خواہش مند۔ آرزومند (۳) کنجوس۔ بخیل۔ ممسک۔

**لوبیا** ۔ (لو۔ ب۔ یا) [ھ۔ ا۔ مذ] ماش کی قسم کا پودا جس کی کچی پھلیوں اور دانوں کو پکا کر کھاتے ہیں۔

**لوپ** ۔ (ھ۔ صفت) (۱) مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا (۲) نیست و نابود۔ معدوم۔

**لوپنا** ۔ (لوپ۔ نا) [ق۔ مص] بہلانا۔

**لوتھ** ۔ [ھ۔ ا۔ مث] لاش۔ مُردہ جسم۔

**لوتھ پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مُردہ ہو کر گرنا۔

**لوتھ پوتھ** ۔ (ھ۔ صفت) تھک کر چور۔ مُردہ جسم کی طرح۔

**لوتھ ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) مار کر گرا دینا۔ لاش ڈال دینا۔

**لوتھڑا** ۔ (لوتھ۔ ڑا) [ھ۔ ا۔ مذ] گوشت کا بڑا ٹکڑا، جس میں ہڈی نہ ہو۔ مضغہ۔ پارچہ۔ منجمد خون کا ٹکڑا۔

**لوٹ** ۔ (ھ۔ ا۔ واو مجہول۔ مث) (۱) لوٹنی۔ لڑھکنی۔ غلطیدگی (۲) کروٹ۔ پہلو (۳) [صفت] عاشق۔ مفتون۔ فریفتہ۔

**لوٹ پوٹ** ۔ (ا۔ صفت) (۱) لوٹنیاں کھاتا ہوا۔ لڑھکتا پھرتا (۲) عاشق فریفتہ۔ مفتون۔ مضطر۔ بے قرار (۳) اوپر تلے۔ الٹ پلٹ۔

**لوٹ پوٹ ہوجانا** (ہونا) ۔ (۱) غلطاں و پیچاں۔ تڑپ جانا۔ پھڑک جانا (۲) فریفتہ ہونا۔ (۳) تڑپ کر مر جانا۔ دفعۃً مر جانا۔

**لوٹ جانا۔ لوٹ ہوجانا۔ لوٹ ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لڑھکنیاں کھانے لگنا۔ زمین پر لوٹنے لگنا۔ (۲) غش آجانا (۳) مرجانا (۴) عاشق ہوجانا۔ (۵) بے قرار ہوجانا۔ تڑپ جانا۔ (۶) لگر جانا۔ انکار کر جانا۔ پھر جانا۔ برگشتہ ہوجانا۔ (۷) ازحد خوش ہونا۔ بہت پسند کرنا۔ (۸) للچانا۔ ریجھنا۔ (۹) قربان ہونا۔ تصدق ہونا۔ صدقے ہونا۔

**لوٹ لگانا** ۔ (ا۔ محاورہ) لڑھکنا۔ [کنایۃً] کسی پر عاشق ہونا (۲) مچلنا۔ ضد کرنا۔

**لوٹ ہوجانا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کے حسن و خوبی کو دیکھ کر وجد میں آجانا۔ (۲) عاشق ہونا۔ (۳) کمال اشتیاق ہونا۔

**لُوٹ** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) (۱) دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ۔ زبردستی قبضہ۔ غارت گری۔ تاراج۔ چھیننا جھپٹی (۲) ظلم۔ اندھیر (۳) موج۔ لہر۔

**لُوٹ پر کمر باندھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لوٹ مار کا پیشہ اختیار کرنا۔

**لُوٹ پڑنا۔ مچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لُوٹ مار ہونا۔ غارت گری ہونا۔ ظلم ہونا۔ اندھیر ہونا۔

**لُوٹ ڈالنا۔ مچانا** ۔ (ا۔ محاورہ) زبردستی کرنا۔ غارت گری کرنا۔ کھُلا مال مارنا۔

**لُوٹ کا مال** ۔ (ا۔ مذ) (۱) مال غنیمت (۲) چوری کا مال۔ ناجائز حاصل کیا ہوا سامان (۳) مفت کا مال (۴) نہایت سستا مال

**لُوٹ کھانا** ۔ (ا۔ مص۔ مرکب) کسی کا مال زبردستی لے لینا۔

**لُوٹ کھسوٹ۔ مار** ۔ (ا۔ مث) غارت گری۔ ڈاکہ۔ قزاقی۔ رہزنی۔

**لُوٹ کے مُوسل بھی بھلے** ۔ (ا۔ مثل) مفت میں ادنیٰ چیز بھی مل جائے تو غنیمت ہے۔

**لُوٹ لائے، کُوٹ کھائے** ۔ (ا۔ مثل) مفت کا مال حاصل کیا اور مزے اڑائے۔

**لُوٹ لینا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مال چھین لینا (۲) موہ لینا۔ عاشق کر لینا (۳) چوری کر لینا۔ مال مار لینا۔ (۴) تباہ و برباد کر دینا۔

**لُوٹ میں پڑنا** ۔ (ا۔ محاورہ) لُٹ جانا۔ (۲) لوٹ میں مصروف۔

**لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے** ۔ (ا۔ مثل) مفت میں جو بھی مل جائے وہی اچھا ہے۔

**لوٹا** ۔ (واو مجہول سے) (ھ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ٹونٹی والا برتن۔ آفتابہ۔ بڑی لٹیا۔

**لوٹا اٹھانا۔ لوٹا رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ادنیٰ درجہ کی نوکری کرنا۔

**لوٹے ڈالنا** ۔ نہا کر پاک ہونا۔ غسل کرنا۔

**لوٹے میں نمک ڈالنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عہد کرنا۔ قسمیہ کرنا۔

**لوٹا سجی۔ لوٹن سجی** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی سفید یا گلابی رنگ کی کھا

**لوٹا لُوٹ** ۔ (لو۔ ٹا۔ لوٹ) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) لوٹ مار۔ قزاقی۔ رہزنی۔ غارت گری۔ (۲) اندھیر۔ ظلم۔

**لَوٹانا** ۔ (لو۔ ٹا۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) واپس کرنا۔ پھیرنا۔ (۲) اوپر تلے کرنا نیچے کا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا۔

**لَوٹ پَوٹ** ۔ (ھ۔ ا۔ مث) (اہل مطابع کی اصطلاح) دورخی چھپائی۔۔



Marfat.com

پُشتہ چھپائی۔

**لوٹتا پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تڑپتے پھرنا۔ زمین پر لڑھکنیاں لینا۔

**لوٹم لاٹ**۔ (لُو۔ ٹَم۔ لاٹ) [ھ۔ ا۔ مث] ایک دوسرے کو لُوٹنا۔

**لوٹن**۔ (لو۔ ٹَن) [ھ۔ صف] لوٹنے والا۔ پھڑکنے والا۔ تڑپنے والا۔

**لوٹن کبوتر**۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پہ ہاتھ پھیر کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے۔ قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔

**لَوٹنا**۔ (لوٹ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) واپس ہونا۔ پھرنا۔ ہٹنا۔ واپس پھرنا۔ اُلٹنا۔ پلٹنا۔ رُخ بدلنا۔

**لوٹنا**۔ (لوٹ۔ نا) [واؤ مجہول سے] ہ۔ مص] (۱) لڑھکنا۔ کروٹیں بدلنا۔ (۲) مچلنا۔ بچے کا ضد کرنا (۳) پھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ تلملانا۔ بے چین ہونا۔ (۴) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ (۵) پاؤں پر گر پڑنا۔ (۶) وجد میں آنا۔ رقص کرنا۔ نہایت خوش ہونا (۷) از حد پسند کرنا۔

**لوٹنے کی جا ہے**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کیا لطف ہے۔ عجیب کیفیت (۲) پھڑکنے کا موقع ہے۔ قربان ہونے کی جگہ ہے۔ دلچسپی کا مقام ہے۔

**لُوٹنا**۔ (لوٹ۔ نا) [ھ۔ مص] (۱) لُوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت کرنا۔ زبردستی چھین لینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) عاشق کرنا۔ شیدا کرنا (۴) مال مارنا۔ غبن کرنا۔ (۵) حاصل کرنا۔ (مزہ، لطف وغیرہ کے ساتھ)۔

**لوٹنی**۔ (لوٹ۔ نی) [واؤ مجہول سے۔ ہ۔ ا۔ مث] (۱) قلابازی۔ لڑھکنی (۲) صاف جواب۔ بالکل انکار۔

**لوٹنی لینا**۔ (ا۔ محاورہ) بالکل انکار کرنا۔ صاف مکر جانا۔ بے ایمانی کرنا۔

**لوٹنیاں کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) تڑپنا۔ قلابازیاں کھانا۔ بے قرار ہونا۔ پھڑکنا۔

**لَوٹھا**۔ (لَو۔ ٹھا) [ھ۔ صف] ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ لنڈا۔ مسٹنڈا۔

**لَوٹھی**۔ (لَو۔ ٹھی) [ہ۔ صف] لوٹھا کی تانیث۔ تندرست۔

**لوٹے اُٹھوانا**۔ (ا۔ محاورہ) ذلیل کام لینا۔

**لَوث**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) آلودگی (۳) داغ۔ عیب۔

**لوچ**۔ [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) چیپ۔ لیس (۲) نرمی۔ ملائمت۔ نزاکت۔ لچک۔

**لوچ دار**۔ (ا۔ صف) لیسدار۔ لسدار۔ ملائم۔ نازک۔ لچک دار۔

**لوچرا**۔ (ہ۔ صف) نامرد۔ ڈھیلا۔ بودا۔

**لوچن**۔ (لو۔ چن) [س۔ ا۔ مذ] آنکھ۔ دیدہ۔ چشم۔

**لَوح**۔ (ع۔ ا۔ مث) (۱) لکھنے کی تختی (۲) قبر کے سرہانے کا پتھر یا سِل۔ (۳) سرورق۔ ٹائیٹل پیج۔ سرنامہ۔ عنوان (۴) وہ بیل بوٹے جو کسی کتاب کے شروع میں بنا دیتے ہیں۔ جمع:۔ الواح۔

**لوحِ پیشانی (جبیں)** [ع۔ ف۔ ا۔ مث] ماتھا۔ پیشانی۔

**لوحِ تربت، لوحِ قبر۔ لوحِ مرقد۔ لوحِ مزار**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) قبر کے سرہانے کا پتھر جس پہ تاریخ وفات وغیرہ لکھی جاتی ہے۔

**لوحِ زبرجد**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) [کنایۃً] تورات جو قرآن شریف سے منسوخ ہو گئی ہے۔

**لَوحِ سیمیں**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) چاندی کی تختی۔ (۲) کنایۃً معشوق کا پیٹ اور پیشانی۔

**لوحِ طلسم**۔ وہ تختی جس میں طلسم کے کھولنے کا طریق اور حقیقت کندہ کر کے دفن کر دیتے ہیں۔

**لوحِ محفوظ**۔ (ع۔ ا۔ مث) وہ تختی جس پہ خدا نے دنیا میں ہونے والے ہر فعل کی نسبت ابتدا سے انتہا تک لکھ رکھا ہے۔ اور کوئی اس میں ردّ و بدل نہیں ہو سکتا۔ علمِ الٰہی۔

**لوحِ مشق**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) تختۂ مشق۔ وہ تختی جس پہ بچے مشق کرتے ہیں۔ (۲) وہ چیز جو کثرت سے استعمال میں آئے (۳) زیرِ مشق۔

**لَوح نویس**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) نقاش۔ مصوّر۔ کتابوں کا سرورق بنانے والا۔

**لوح و قلم**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) تختی اور خامہ (۲) خدا کے احکام کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم۔

**لاوحشَ اللہ**۔ (ع۔ کلمۂ تحسین) عربی میں لاوحش اللہ (خدا وحشت نہ دے) تھا۔ تعظیم و استعجاب کے موقع پہ بطور کلمۂ تحسین استعمال کرتے ہیں۔

**لودھ۔ لودھرا**۔ (لودھ۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی بوٹی جو رنگنے کے کام آتی ہے۔ لودھر درخت کی چھال جو دوا کے طور پہ استعمال ہوتی ہے۔

**لُودھا**۔ (لُو۔ دھا) [ھ۔ ا۔ مذ] ایک نومسلم فرقہ۔

**لودھی۔ لودی**۔ (لو۔ دھی۔ لو۔ دی) [ھ۔ ا۔ مذ] پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔

**لوڈ**۔ (Load) [انگ۔ ا۔ مذ] بوجھ۔ بھار۔ وزن۔

**لُوڈو**۔ (Ludo) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا کھیل جس میں پانسہ استعمال ہوتا ہے۔

**لَوذ**۔ (ع۔ ا۔ مث) پناہ۔ پناہ گیری۔

**لَوذعی**۔ (لَو۔ ذَ۔ عی) [ع۔ صف] نہایت عقل مند۔ دانا۔ زود فہم۔

**لُورا**۔ (لُو۔ را) [ھ۔ ا۔ مذ] آوارہ مرد۔

**لوری**۔ (لو۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] ہلکی آواز کے سُریلے گیت جو عورتیں بچوں کو سُلانے یا بہلانے کے لیے آہستہ آہستہ گاتی ہیں۔

**لوری دینا**۔ (ا۔ محاورہ) بچے کے سُلانے یا بہلانے کے لیے گیت گانا۔

**لوڑ۔ لوڑھ**۔ [پ۔ ا۔ مث] ضرورت۔ خواہش۔ حاجت۔ چاہ۔

**لَوڑا**۔ (لَو۔ ڑا) [ھ۔ ا۔ مذ] آلۂ تناسل۔ ذکر۔ لنگ۔ لنڈ۔

**لوڑنا**۔ (ق۔ ا۔ مص) طلب کرنا۔ چاہنا۔ تلاش کرنا۔

**لوڑھنا**۔ (لوڑھ۔ نا) [ھ۔ مص] کپاس سے بیج علیحدہ کرنا۔

**لوڑھی**۔ (لو۔ ڑھی) [ھ۔ ا۔ مث] کالی دیوی کا تہوار۔

**لوڑیالیشت**۔ [ق۔ ا۔ مذ] گاؤ تکیہ۔

**لوڑیجنا**۔ (لوَ۔ ڑی۔ جنا) [ق۔ مص] لازم ہونا۔ فرض ہونا۔



Marfat.com

**لَوزِ** - (ع - ا - مذ) (۱) بادام (۲) ایک مثلثی وضع کی تراشی ہوئی مٹھائی۔

**لَوزات** - (لَو - زات) [ع - ا - مث] لوز کی جمع - بادام کی مٹھائی۔

**لَوزِیات** - (لَو - زی - یات) [ع - ا - مؤنث] بادام کا حلوہ۔

**لَوزِینہ** - (لَو - زی - نہ) [ف - ا - مذ] (۱) بادام کا حلوا (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔

**لُوس** - (ہ - ا - مث) جلن کی بُو - سالن وغیرہ جل جانے کی بُو۔

**لُوط** - (ع - ا - مذ) ایک مشہور پیغمبر جنہیں خدا نے ملک شام کے شہر سدوم کے لوگوں کی ہدایت کے لیے بھیجا۔

**لُوطی** - (لُو - طی) [ع - ا - مذ] (۱) لوط پیغمبر کی قوم (۲) (مجازاً) اِغلام کرنیوالا۔

**لوفر** - ( Loafer ) [انگ - مذ] کھلنڈرا - آوارہ - وقت برباد کرنے والا۔

**لوک** - (س - ا - مذ) انسان - آدمی - بشر - لوگ - مرد (۲) عالم ارواح (۳) دنیا - عالم - جہان (۴) نیچے کا طبقہ - تحت الثریٰ۔

**لوک آچار - لوک بیوپار** - (ہ - ا - مذ) ملکی رسوم - ملک کا دستور۔

**لوک پال** - (ہ - ا - مذ) راجہ - بادشاہ - جہاں پناہ۔

**لوک سبھا** - (ہ - ا - مث) قومی اسمبلی - ایوانِ زیریں - پارلیمنٹ۔

**لوک کہانی** - (ہ - ا - مث) وہ بن لکھی عوامی افسانے جو سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں۔

**لوک گیت** - (ہ - ا - مذ) عوام کے قدیم گیت - (انگ (Folksong)

**لوک ناتھ** - (س - ا - مذ) (۱) راجا - بادشاہ (۲) مہادیو - شیو - برہما - وشنو۔

**لوک ناچ** - (ہ - ا - مذ) عوام کے قدیم ناچ جو کسی رسم یا تہوار سے تعلق رکھتے ہوں - (انگ (Folkdance) )

**...کا** - (لُو - کا) [ہ - ا - مذ] (۱) لاٹ - لو - لپٹ - آگ کا شعلہ (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔

**لوکا لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) آگ لگانا - جلانا - جھلسنا (۲) چھوڑنا - ترک کرنا (۳) چغلی کھانا - اِدھر کی بات اُدھر لگانا۔

**لوکا لگاتے - لوکا لگے** - (دُعائے بد) آگ لگے - غارت ہو - چولہے میں جائے۔

**...کاٹ** - (لو - کاٹ) [ہ - ا - مذ] ایک زرد رنگ کا پھل۔

**...ارثم** - (لو - کار - ثم) [ع - ا - مذ] ایک قسم کا حساب، جو حساب کے پھیلاؤ کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔

**...لوک** - (لوکا لوک) [س - ا - مذ] پہاڑوں کا وہ فرضی سلسلہ جو تمام دنیا کے اردگرد حد کے طور پر خیال کیا گیا ہے۔

**...ڑا** - (لوک - ڑا) [ہ - ا - مذ] لڑکا - طفل - (خصوصاً وہ لڑکا جو مندر میں کسی دیوی کی خدمت پر مامور ہو۔)

**...ل** - ( Local ) ( لو - کل ) [انگ - صفت] مقامی - کسی خاص مقام سے متعلق۔

**لوکل سیلف گورنمنٹ** - (Local Self-Government) (انگ - مث) مقامی حکومتِ خود اختیاری ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیاں - بلدیات۔

**لَوکنا** - (لَوک - نا) [ہ - مص] بجلی چمکنا۔

**لَوکھڑی** - (لوکھ - ڑی) [ہ - ا - مث] لومڑی۔

**لَوکی** - (لَو - کی) [ہ - ا - مث] کدّو - لمبا گھیا۔

**لوگ** - (ہ - ا - مذ) بنی نوع انسان - بہت سے آدمی - اشخاص - خلقت۔

**لوگ باگ** - عوام - عام لوگ۔

**لُولا** - (لُو - لا) [ہ - صفت - ا - مذ] (۱) ٹُنڈا - جس کے ہاتھ پیر نہ ہوں (۲) پیروں سے اپاہج - لنگڑا (۳) ٹُنڈا اور لنگڑا - ہاتھ پاؤں سے معذور - اپاہج - لُنجا۔

**لَولاسی** - (لَو - لا - سی) [ہ - ا - مث] پھولوں کی چھڑیاں جو سالیاں دولھا کو اُس روز مارتی ہیں جب وہ پہلی دفعہ زنانہ مکان میں جاتا ہے۔

**لُؤلُؤ** - (لُؤ - لُؤ) [ع - ا - مذ] موتی - مروارید - گوہر - جمع : لآلی۔

**لولو** - (لو - لو) [ہ - ا - مذ] بچّوں کا آلۂ تناسل - چھُنّو۔

**لُولُو** - (لُو - لُو) [ف - ا - مذکر] ایک فرضی ڈراؤنی چیز جس سے بچّوں کو ڈراتے ہیں - ہیّا (۲) ایران کی ایک خوبصورت قوم کرجی (۳) [اُر - صفت] بیوقوف - احمق (۴) پاگل - سودائی - خبطی - دیوانہ - باؤلا۔

**لُولُو بنانا** - (ا - محاورہ) احمق بنانا - پاگل بنانا۔

**لُولی** - (لُو - لی) [ف - ا - مث] کنچنی - رنڈی - ناچنے گانے والی عورت۔

**لُولیِ فلک - لُولیِ گردُوں** - (ف - ا - مث) زُہرہ - ایک مشہور ستارہ۔

**لَولین** - (لَو - لین) [ہ - صفت] محو - مستغرق - کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔

**لَومَت** - (لَو - مَت) [ع - ا - مث] ملامت - ملامت کرنا۔

**لَومتِ لائم** - ملامت کرنے والے کی ملامت کرنا - رسوائی۔

**لُومڑی** - (لُوم - ڑی) [ہ - ا - مث] (۱) روباہ - بلّی کے قد کے برابر ایک جنگلی جانور - (۲) کنایۃً] عیار - مکّار - فریبی۔

لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجیے - (ا - مثل، معمولی سے کام کے لیے بھی کافی انتظام چاہیے۔

**لَون** - (ہ - ع - ا - مذ) (۱) رنگ (۲) چہرے کی رنگت (زردی، سُرخی، سفیدی)۔

**لُون** - (ہ - ا - مذ) نمک - کھار - نون - (بواوِ مجہول بھی صحیح ہے)

**لون مرچ لگانا** - (ا - محاورہ) [ہ - ا - مذ] بات کو بڑھا کر بیان کرنا - حاشیہ چڑھانا - بھڑکانا۔

**لُونا** - (لُو - نا) [ہ - صفت] (۱) سلونا - نمکین (۲) کھاری - شور - کڑوا - (۳) [مذ] وہ کھار جو دیوار دل یا زمین میں پیدا ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

**لُونار**۔ (لُو۔نار) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شورگی زمین۔ وہ زمین جس میں کھا ہو (۲) وہ جگہ جہاں نمک بنایا جاتا ہے۔

**لُونٹ**۔ [ق۔ا۔مث] لومڑی۔

**لُونبر ط**۔ (لُون۔بَرْ) [ہ۔صف] (۱) لمبا۔ طویل القامت (۲) احمق۔ بے وقوف۔

**لَونجی**۔ (لون۔جی) [ھ۔ا۔مث] کچے آموں کی پھانکوں کا اچار۔

**لَوند**۔ [ھ۔ا۔مذ] وہ مہینہ جو ہر تیسرے سال قمری حساب سے بڑھایا جاتا ہے۔ اس کو لوند کا مہینہ بھی کہتے ہیں (۲) [کنایۃً] زیادہ۔ فاضل۔

**لَوندا**۔ (لون۔دا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ڈلا۔ ڈھیلا (۲) گندھی ہوئی مٹی یا مکھن وغیرہ کا ڈلا۔ (۳) گلدی۔

**لَونڈا**۔ (لون۔ڈا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) لڑکا۔ چھوکرا۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو (۲) بیٹا (۳) غلام (۴) کام کاج کرنے والا لڑکا (۵) یار۔ مفعول۔ بدفعلی کرانے والا لڑکا (۶) [کنایۃً] نادان اور ناتجربہ کار۔ (۷) سفلہ۔ چھچھورا

**لونڈاپن**۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھوکراپن۔ لڑکپن (۲) سفلہ پن۔ چھچھوراپن۔

**لَونڈر**۔ (Lavender) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۲) ایک قسم کا انگریزی عطر

**لونڈوں کھدیری (گھیری)**۔ وہ عورت جو نوجوانوں کی تلاش میں رہے۔

**لونڈوں بائی**۔ (ہ۔صف۔مث) لڑکوں سے محبت رکھنے والی عورت۔ لڑکوں سے صحبت رکھنے والی عورت۔

**لَونڈی**۔ (لون۔ڈی) [ھ۔ا۔مث] (۱) کنیز۔ باندی (۲) خدمت کرنے والی خادمہ۔ ٹہلنی۔ (۳) مطیع۔ فرمانبردار (۴) احسانمند۔

**لونڈی اوروں کے پیر دھوئے اپنے پیر دھوتی لجائے**۔ (ا۔مثل)۔ اوروں کا کام کرنا مگر اپنا کام کرتے ہوئے شرمانا۔

**لونڈی بچہ**۔ (ا۔مذ) وہ شخص جو باندی کے پیٹ سے ہو۔

**لونڈیا**۔ (لونڈ۔یا) [ھ۔ا۔مث] لڑکی۔ چھوکری (۲) بیٹی۔ دختر۔

**لونڈی کو لونڈی کہا رو دی۔ بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی**۔ (ا۔مثل)۔ شریف کا حوصلہ بلند ہوتا ہے اور رذیل کا کم۔

**لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس**۔ (ا۔مثل) نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے مالک بھی خوش رہتا ہے۔

**لونڈی ہو کے کمانا بیوی ہو کے کھانا**۔ (ا۔مثل) محنت سے عار نہ کرنے والا امیرانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

**لونڈے باز**۔ (ا۔صف) اغلام کرنے والا۔ بچہ باز۔ لُوطی۔

**لونڈے بازی**۔ (ا۔مث) اغلام۔ لواطت۔

**لونڈے لاڑھیے**۔ (ا۔مذ) ناتجربہ کار بچے۔

**لَونگ**۔ [ھ۔ا۔مث] (۱) قرنفل۔ ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز اور خوشبودار ہوتی ہے (۲) ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے۔ ناک کی کیل۔

**لونگ چڑے (لونچڑے)** بیسن کی پھلکیاں۔ بیسن کی آمیزش سے بنائے ہوئے کباب۔

**لُونی**۔ (لُو۔نی) [ا۔صف] (۱) شور۔ کھار۔ (۲) وہ نمکین مٹی جو دیوار سے جھڑتی ہے۔

**لُونی لگنا**۔ (ا۔محاورہ) دیوار میں شورہ لگنا۔

**لُونیا**۔ (لُون۔یا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور ترش ہوتا ہے (۲) نمک بنانے والا (۳) نمک فروش۔ نمک کی سوداگری کرنے والا۔

**لوہ**۔ [س۔ا۔مذ] لوہا۔ آہن۔

**لوہ پھٹکڑی**۔ (ا۔مث) ایک قسم کی پھٹکڑی۔

**لوہ چُون**۔ (ا۔مذ) لوہے کا چورا۔ برادۂ آہن۔

**لَوہا**۔ (لَو۔ہا) [ھ۔ا۔مذ] (۱) آہن۔ حدید (۲) [کنایۃً] مضبوط۔ سخت بھاری (۳) تلوار۔

**لوہا بجانا**۔ (ا۔محاورہ) تیغ زنی کرنا۔ تلواروں سے لڑنا۔

**لوہا برسنا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار چلنا۔ کشت و خون ہونا۔ جنگ ہونا

**لوہا تیز ہونا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) تلوار یا چھری کا تیز ہونا (۲) قابو چلنا۔ زور چلنا (۳) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ غالب ہونا۔

**لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے**۔ (ا۔مثل) اپنے معاملے کو تو فریقین ہی اچھی طرح سمجھتے ہیں دوسرے کو کیا خبر۔

**لوہا دینا۔ (کرنا)** (ا۔محاورہ) کپڑے کو استری کرنا۔

**لوہا لاٹھ**۔ (ا۔صف) (۱) نہایت مضبوط۔ بہت سخت (۲) مشکل قافیہ ردیف کے اشعار۔

**لوہا لوٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار کا ٹیڑھا ہونا (۲) وار خالی ہونا (۳) [کنایۃً] کام بگڑ جانا۔ نصیبہ بگڑ جانا۔

**لوہا مان جانا۔ (ماننا)** [ا۔محاورہ] کسی کی دلیری، شجاعت یا سنگدلی کا قائل ہونا۔ (۲) کسی کو اپنے سے بڑا ماننا۔ کسی کی اُستادی کا قائل ہونا۔

**لوہار**۔ (ا۔مذ) لوہے کی چیزیں بنانے والا۔ آہن گر۔

**لوہار خانہ**۔ (ا۔مذ) جس جگہ لوہار کام کرتے ہیں۔

**لوہڑی**۔ (ہ۔ا۔مث) دیکھیے لوڑھی۔

**لوہو**۔ (ا۔مذ) لہو کی قدیم صورت۔

**لوہے ٹھنڈے ہو گئے**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ پست ہو گیا۔ اُمنگ غائب ہو گئی۔ ارادہ جاتا رہا۔

**لوہے کا پانی**۔ (ا۔مذ) تلوار کی آب۔

**لوہے کا دل**۔ (ا۔صف) مذ۔ سخت دل۔

**لوہے کی چھاتی کر لینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) پتھر کا جگر کر لینا۔ دل سخت کر لینا۔ (۲) مصیبت سہنے کا خوگر ہو جانا۔

**لوہے کے چنے**۔ (ا۔مذ) سخت اور مشکل کام۔

**لوہے کے چنے چبانا**۔ (ا۔محاورہ) سخت اور مشکل کام کرنا۔



Marfat.com

**لوہے میں ڈوبا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پُوری طرح مسلح ہونا ۔

**لوہیا** ۔ (لوہ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ صفت] لوہے کی چیزیں بیچنے والا (۲) [صفت] لوہے کا ۔ لوہے کا بنا ہوا ۔

**لوئر** ۔ (Lower) [انگ ۔ ا ۔ صفت] (۱) چھوٹا ۔ ادنیٰ ۔ گھٹیل (۲) ماتحت (۳) ابتدائی ۔

**لوئر پرائمری** ۔ (Lower Primary) پہلی تا پانچویں جماعت ۔

**لوئر سکول** ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) ابتدائی سکول ۔ چھوٹا سکول ۔

**لوئر کلاس** ۔ (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) ابتدائی جماعت ۔ چھوٹا درجہ (۲) نچلا طبقہ ۔

**لوئی** ۔ (لو ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) اُونی چادر (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا ۔

**لوئی اُترنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے عزت ہونا ۔

**لَوے** ۔ (لَ ۔ وے) (ہ) (۱) اُوپر کو (۲) قریب ۔ نزدیک ۔

**لَوے لگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) یقین ہونا ۔ اعتبار ہونا (۲) پاس آنا ۔ قریب آنا ۔

**لویں پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نزع کی حالت میں کان کی لویں پھرنا ۔

## ل ۔ ہ

**لَہار** ۔ (لَ ۔ ہار) [ق ۔ ا ۔ مذ] نشہ (۲) لہر ۔

**لُہار** ۔ (لُ ۔ ہار) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لوہار کا مخفف ۔

**لَہاڑا** ۔ (لَ ۔ ہا ۔ ڑا) [ا ۔ صفت] نادہند ۔ لین دین کا کھوٹا ۔ لیکر نہ دینے والا ۔

**لَہاس** ۔ (لَ ۔ ہاس) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) موٹا رسہ (۲) جہاز کا رسہ (۳) بڑا ٹوکرا ۔ جال ۔

**لَہاسی** ۔ (لَ ۔ ہا ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مث] کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسّی ۔

**لُہان** ۔ (لُ ۔ ہان) [ہ ۔ صفت] خون آلود ۔ لہو سے لتھڑا ہوا ۔ یہ لفظ لہو کے ساتھ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے لہولہان ۔

**لَہاؤ** ۔ (لَ ۔ ہاؤ) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چوچلے ۔ نخرے ۔

**لَہبر** ۔ (لَہ ۔ بَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چوغہ ۔ لبادہ ۔ جُبّہ (۲) ایک قسم کا دراز قد طوطا ۔ (۳) پھریرا ۔ نیزہ ۔ علَم ۔ جھنڈا ۔ نشان ۔

**لہٹنا** ۔ (لَ ۔ ہَٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] طبیعت کا مائل ہونا ۔

**لہجہ** ۔ (لہ ۔ جہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) الفاظ کی آواز ۔ تلفظ کلام (۲) زبان ۔ محاورہ ۔ بول چال (۳) طرز کلام ۔ انداز گفتگو ۔ (۴) سُر لَے ۔ سُر ۔

**لہچون** ۔ (لہ ۔ چون) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لوہ چون کا مخفف ۔ لوہے کا بُرادہ ۔

**لہٰذا** ۔ (لے ۔ ہا ۔ ذا) [ع ۔ تابع فعل] اسی واسطے ۔ اسی لیے ۔ پس ۔ الحاصل ۔ الغرض ۔ القصہ ۔

**لہر** (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پانی کی موج ۔ تلاطم ۔ جوار بھاٹا (۲) اُمنگ ۔ ترنگ ۔ (۳) وجد ۔ حال (۴) وہم ۔ خیال (۵) دیوانگی ۔ سودا ۔ خبط ۔ جنون ۔ (۶) کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ ۔ مُڑک (۷) سوزش ۔ جلن ۔ تیزی ۔ ٹیس ۔ چبک (۸) خواہش جماع ۔ خرمستی (۹) کشیدہ کی دھاری دار بیل ۔ (۱۰) ہرے پودوں کی جُنبش ۔ لہلہاہٹ (۱۱) دھیان ۔ کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا ۔ (بفتح اوّل و دوم بھی صحیح ہے)

**لہر آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) موج آنا ۔ تلاطم ہونا (۲) تصوّر بندھنا ۔ خیال آنا ۔ (۳) شوق پیدا ہونا (۴) زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا ۔

**لہر اُٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) موج کا اونچا ہونا ۔ ترنگ آنا (۲) جوش اُٹھنا ۔ شوق پیدا ہونا (۳) ارادہ ہونا ۔ خیال پیدا ہونا ۔ (۴) ٹیس اُٹھنا ۔

**لَہر اُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تان لگانا ۔ سُر نکالنا (۲) پیہم مارنا ۔ متواتر پیٹنا ۔

**لَہر بَہر** ۔ (۱) خوشحالی ۔ خوش اقبالی (۲) کسی چیز کی افراط ۔

**لَہر بَہر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) روپے پیسے کی طرف سے فارغ البالی ہونا ۔ اقبال یاور ہونا ۔

**لَہر چڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) پانی کا زور پر ہونا (۲) زہر کا اثر کرنا ۔

**لہر چھوٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مستی چھوٹنا ۔ جماع کو جی چاہنا ۔

**لہریں گننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وقت ضائع کرنا ۔ بیکار رہنا ۔ تضیع اوقات کرنا ۔

**لہریں لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لہرانا ۔ جھومنا ۔ ہلنا (۲) دریا کا موجیں مارنا ۔

**لَہرا** ۔ (لَہ ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) چلتی ہوئی لَے ۔ طبیعت میں جوش پیدا کرنے والی سُر ۔ سارنگی کی ایک گت (۲) سُر ۔ آواز ۔ لَے ۔ ترانہ ۔ نغمہ ۔ (۳) [کنایتاً] جوتیاں مارنا ۔ تڑاتڑ مارنا ۔

**لَہرا اُڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سُریلی آواز سے گانا ۔ (۲) خوب مارنا ۔

**لَہرانا** ۔ (لَہ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] موج مارنا ۔ پانی کا لہریں لینا ۔ (۲) ہلنا ۔ ہلنا ۔ جنبش کرنا (۳) اکڑنا (۴) نخرے لٹے بھرنا (۵) للچانا ۔ مائل ہونا (۶) سانپ کا چلنا ۔

**لَہری** ۔ (لَہ ۔ ری) [ہ ۔ صفت] (۱) ترنگی ۔ موجی ۔ دل چلا ۔ خودسر ۔ زندہ دل ۔ ظریف ۔ ٹھٹھول ۔ خوش مزاج ۔

**لَہریا** ۔ (لَہ ۔ ر ۔ یا) [ہ ۔ صفت] (۱) لہردار ۔ دھاری دار (۲) [مذکر] ایک قسم کا کپڑا ، جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

**لَہسن** ۔ (لَہ ۔ سَن) [ا ۔ مذ] دیکھیے لسن ۔ پیاز سے مشابہ ایک ترکاری جو ہنڈیا میں بطور مصالحہ استعمال ہوتی ہے ۔

**لَہسنیا** ۔ (لَہ ۔ سَن ۔ یا) [ا ۔ صفت] لہسن کے رنگ سے مشابہ ایک بیش قیمت جواہر ۔ لہسن کا سا ۔ لہسن سے متعلق ۔

**لَہَک** ۔ (لَ ۔ ہَک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) شعلہ ۔ لاٹ (۲) لہلہاہٹ ۔ بہار جوبن ۔ (۳) چمک ۔ (۴) خوشبو جو ہوا کے ساتھ پھیلے ۔

**لَہک لَہک کر** ۔ (ا ۔ تابع فعل) جھوم جھوم کر ۔ خوش ہو ہو کر ۔ اُمنگ کے ساتھ ۔

**لَہکارنا** ۔ (لَہ ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ مص] اُچکارنا ۔ تھپکی دینا ۔ اُکسانا ۔ (گھوڑے وغیرہ کو)

**لَہکانا** ۔ (لَہ ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بھڑکانا ۔ اُکسانا ۔ اُبھارنا (۲) آگ سلگانا ۔



Marfat.com

آگ دہکانا۔ (۳) چمکانا۔ اُجلوانا۔ صیقل کرانا۔ (۴) آواز نکلوانا (۵) کسی پرند کو بلوانا۔

**لہکنا**۔ (لَ۔ہَک۔نا) [ھ۔مص] (۱) چہکنا۔ چہچہانا۔ نغمہ سرا ہونا (۲) بھڑکنا۔ جلنا۔ دہکنا۔ مشتعل ہونا (آگ کا) (۳) لہلہانا۔ لہرانا (۴) چمکنا۔ روشن ہونا۔

**لہلوٹ**۔ (لَہ۔لوٹ) [ہ۔صفت] (۱) نادہند (۲) بیقرار۔ بے تاب۔

**لہلہانا**۔ (لَہ۔لَ۔ہا۔نا) [ھ۔مص] جھومنا۔ ہوا سے ہلنا۔ سبزہ کھیت۔ (۳) تر و تازہ ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا۔

**لہلہاہٹ**۔ (لَہ۔لَ۔ہا۔ہَٹ) [ھ۔ا۔مث] (۱) کھیت کے ہوا سے ہلنے کی کیفیت (۲) سرسبزی شادابی۔

**لہن**۔ (ہ۔ا۔مذ) وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں۔

**لہنا**۔ (لَہ۔نا) [ھ۔ا۔مذ ] (۱) قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت۔ بہرہ (۲) فائدہ۔ نفع۔ حاصل۔

**لہنا بہنا**۔ (ھ۔ا۔مذ) (۱) قسمت کا ساجھا (۲) حاصل حصول۔ (۳) نصیب۔

**لہنگا**۔ (ھ۔ا۔مذ) دیہاتی عورتوں کا غرارہ۔ گھگرا۔

**لہنگا پہننا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) زنانہ لباس پہننا۔ عورت کا بھیس بدلنا (۲) [طنزاً] چوڑیاں پہننا۔ عورت بن جانا۔

**لہو**۔ (لَ۔ہُو) [ھ۔ا۔مذ] لوہو کا مخفف۔ خون۔ دم۔ ایک خلط۔ (۲) اپنا یگانہ۔ ایک باپ دادا کی اولاد۔ (۳) [کنایتاً] بہت سُرخ۔

**لہو آنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون کے دست آنا۔ (۲) خون نکلنا۔

**لہو اُترنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون جمع ہو جانا۔ (آنکھوں میں غصے کی وجہ سے) (۲) سخت غصہ آنا۔

**لہو اُگلنا**۔ (ا۔محاورہ) خون تھوکنا۔

**لہو اُونٹنا**۔ (ا۔محاورہ) غم و غصہ کے سبب خون جوش میں آنا۔

**لہو برسنا**۔ (ا۔محاورہ) خونریزی ہونا۔ غصے کی حالت میں آنکھیں سُرخ ہونا۔ نہایت خونریزی ہونا۔

**لہو بگڑنا**۔ (ا۔محاورہ) خون میں فساد آجانا (۲) کوڑھ ہو جانا (۳) آتشک ہو جانا۔

**لہو بن کے دوڑنا**۔ (ا۔محاورہ) رگ و پے میں سرایت کر جانا

**لہو بولنا**۔ (ا۔محاورہ) قتل کا ثبوت ہونا۔ خون کا ثبوت مل جانا۔

**لہو بہانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون نکالنا (۲) جان سے مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ (۳) جان دینا۔ ہلاک ہونا (۴) قتل و خونریزی کرنا۔

**لہو پانی، پسینہ ایک کرنا۔ لہو پانی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) [کنایتاً] کسی کام میں سخت محنت اُٹھانا (۲) بے حد رنج اُٹھانا۔ اپنے آپ کو بے حد تکلیف دینا۔ (۳) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ غصہ کرنا۔ (۴) کسی کو سخت تکلیف دینا۔ ستانا۔

**لہو پانی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) رنج و غصہ میں جھنجلا کرنا۔ (۲) بہت رنج اُٹھانا۔ بہت محنت و مشقت اُٹھانا۔

**لہو پی کے رہ جانا**۔ (ا۔محاورہ) غصے کو ضبط کرنا۔ خون کا سا گھونٹ پی کر رہ جانا۔ جی ہی جی میں جلنا۔

**لہو پینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون پینا۔ خون چوسنا۔ (۲) تکلیف دینا۔ نہایت دق کرنا (۳) قتل کرنا۔ جان لینا۔

**لہو پیو**۔ [ق] لہو پینے والا۔

**لہو ترنگ**۔ (ا۔مذ) ایسا نغمہ جس میں خون دل شامل ہو۔

**لہو تھوکنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون کی قے کرنا۔ پھیپھڑے میں زخم کی وجہ سے منہ سے لہو آنے لگنا۔ (۲) تپ دق کا مریض ہونا۔

**لہو ٹپکنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) لہو گرنا۔ لہو بہنا (۲) نہایت سرخ و سفید ہونا۔ (۳) کسی جلدی مرض کے سبب جسم سے خون بہنا۔ کوڑھ ہو جانا۔ (۴) غصے سے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔

**لہو جوش کھانا**۔ (ا۔محاورہ) خون کا جوش کھانا۔

**لہو چاٹنا**۔ (ا۔محاورہ) لہو کا مزہ لینا۔ تلوار یا خنجر وغیرہ سے قتل کرنا۔

**لہو چڑھنا**۔ (ا۔محاورہ) قاتل کی حرکات سے قتل کا اندازہ ہونا۔

**لہو خشک ہونا۔ لہو سوکھ جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون سوکھ جانا (۲) ڈر جانا۔ غم یا خوف سے جسم میں خون نہ رہنا۔ (۳) خوف کے مارے دم فنا ہونا۔

**لہو دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون چھوڑنا (۲) فصد کھولتے وقت رگ سے خون نکلنا۔

**لہو رونا**۔ (ا۔محاورہ) بہت رونا۔

**لہو سفید ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) محبت نہ رہنا۔ مروت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا۔

**لہو کا پیاسا**۔ (ا۔صفت) جانی دشمن۔ جان کا لاگو۔

**لہو کا جوشش**۔ (ا۔مذ) ماتنا۔ مادری محبت۔ ایک خون ہونے کی محبت

**لہو کا گھونٹ پی کے رہ جانا**۔ (ا۔محاورہ) غم و غصہ ضبط کرنا۔

**لہو کا ہلکا**۔ (ا۔مذ) (۱) لطیف اور صاف خون والا۔ وہ شخص جس کا خون جلد اثر قبول کرے (۲) نہایت نرم دل (۳) وہ شخص جو کسی کا صدمہ یا خون دیکھ کر غش کھا جائے۔

**لہو گھٹنا**۔ (ا۔محاورہ) دیکھیے "لہو آنا"۔

**لہو کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) خون میں ڈبونا۔ (۲) دکھ دینا۔ عیش تلخ کرنا۔

**لہو کی دھار چھوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) لہو کا دھارا بندھ کر نکلنا۔

**لہو کی قسم دینا**۔ (ا۔محاورہ) لہو کا واسطہ دے کر قسم کھانا۔

**لہو کی ندیاں بہانا**۔ (ا۔محاورہ) بہت خونریزی کرنا۔

**لہو کے سے گھونٹ پینا**۔ (ا۔محاورہ) غم کھانا۔ (۲) سخت تکلیف یا صدمہ اٹھانا۔ غصے کو مار کر رہ جانا۔ کمال ضبط کرنا۔ اُف نہ کرنا۔

**لہو گھوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔

**لہو لگا کر شہیدوں میں (داخل ہونا) ملنا**۔ (ا۔مثل) ذرا سا کام کر



Marfat.com

کے اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہوکر اپنا نام کرنا۔

**لہُولُہان**۔ (ا۔ صفت) خون آلودہ۔ خون میں لتھڑا ہوا۔

**لہُولُہان کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خون آلود ہوجائے۔

**لہُولینا**۔ (ا۔ محاورہ) خون لینا۔ فصد کھولنا۔ فصد کھلوانا۔

**لہُو ملنا**۔ (ا۔ محاورہ) میل جول ہونا۔ اتحاد ہونا۔

**لہُو میں نہانا**۔ (ا۔ محاورہ) بہت زخمی ہونا۔

**لہو میں ہاتھ رنگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خون کرنا۔ قتل کرنا۔ (۲) کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔

**لہو ہوکر بہہ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دل و جگر کا خون ہوکر بہہ جانا۔ (شاعرانہ تخیل ہے)۔

**لہو ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مجروح ہونا۔ زخمی ہونا (۲) سُرخ ہونا۔ لال ہونا

**لَہو**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] کھیل۔ بازی۔

**لَہو و لَعِب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) کھیل کود۔ سیر و تماشا۔ عیش و نشاط۔ تفریح۔ ہنسی۔ مذاق۔

**لہوا**۔ (لَہ۔ وا) [ق۔ ا۔ مذ] لوہا۔ تلوار۔

**لہوا چابنا**۔ (ا۔ محاورہ) لوہا چبانا۔ بہادری دکھانا۔

**لہوار**۔ (لہ۔ وار) [ق۔ ا۔ مذ] لوہار۔

**لَہینڈی**۔ (لَ۔ ہیں۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] ٹوکری کے ذریعے نیچی جگہ سے اونچی جگہ (کھیت وغیرہ) میں پانی پہنچانا۔

## ل۔ ی

**لَئی**۔ (ق۔ ا۔ صفت) بہت۔

**لیے**۔ (ا۔ تابع فعل) واسطے۔ اس غرض سے۔

**لیے بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضد کرنا۔

**لیے پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بار بار ذکر کرنا۔ بار بار کہنا۔ (۲) ساتھ لے کر چلنا۔

**لَیِق**۔ (لَ۔ ایق) [اَ۔ صفت] لائق۔ قابل۔

**لَئیم**۔ (لَ۔ ایم) [ع۔ صفت] (۱) وہ کنجوس جو نہ خود کھائے، نہ دوسروں کو دے (۲) کمینہ۔ سفلہ۔

**لئیم الطبع**۔ (ع۔ صفت) وہ شخص جس کی طبیعت میں کنجوسی اور خست ہو۔

## ل۔ ے

**لَے**۔ [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) آواز۔ سُر۔ آہنگ۔ لحن۔ لہجہ (۲) شوق۔ آرزو۔ تمنّا۔ (۳) دُھن۔ رٹ (۴) تسلسل۔ سلسلہ۔

**لے بڑھنا۔ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) چسکا لگنا۔ عادت پڑنا۔ مزہ پڑجانا۔

**لے بھول جانا**۔ (ا۔ محاورہ) عادت بھول جانا۔ (۲) سٹّی گم ہوجانا۔

**لے چھانا**۔ (ا۔ محاورہ) آواز کا گونج جانا۔ کسی مقام میں کیفیت طاری ہونا۔

**لَے لینا**۔ (ا۔ محاورہ) گانا۔ الاپنا۔

**لَے میں ڈوبی ہوئی آواز**۔ (ا۔ مث) وہ آواز جو اصولِ موسیقی کے مطابق ہو۔

**لے**۔ (ہ۔ یائے مجہول سے۔ ا۔ فعل۔ لینا کا امر) (۱) پکڑ۔ گرفت کر (۲) سنبھال۔ قابو کر (۳) [حرفِ ندا و حیرت] متوجہ ہو۔ سُن۔ جان۔ آگاہ ہو۔ دیکھ۔ (۴) [تابع فعل] لے کر۔ ساتھ لے کر۔ مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لے بھاگنا۔ لے آنا وغیرہ۔

**لے آنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز اُٹھا لانا۔ (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر سے لانا (۴) دُوسرے مقام سے لانا۔

**لے اُڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لے کر بھاگ جانا (۲) بھڑکا دینا۔ تیز کرنا۔ (۳) نشے میں ہونا۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا۔ مزہ دوبالا کردینا۔ (۴) رونق بڑھا دینا (۵) لے جانا۔ پہنچا دینا (۶) نقل اُڑا لینا (۷) طرز حاصل کرلینا۔ (۸) بات کا بتنگڑ بنا دینا۔

**لے بھاگنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کو لے کر فرار ہوجانا۔ لے کر چل دینا۔ (۲) بھگا کر لے جانا۔ (۳) کسی کی طرز اُڑا لینا۔

**لے بھاگو**۔ (ا۔ صفت) (۱) طرز اُڑا لینے والا (۲) وہ شخص جس نے بغیر اُستاد کے کوئی کام اختیار کرلیا ہو۔ بے اُستادا۔ عطائی

**لے بھی**۔ (ا۔ تابع فعل) میں کہتا ہوں۔ سنو یار۔ (۲) بڑا غضب ہے۔

**لے بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ و برباد کردینا۔ (۲) اپنے ساتھ گرانا (۳) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا۔

**لے پالک**۔ (ا۔ صفت) مُتبنّٰی۔ گود لیا ہوا۔ وہ بچہ جسے لے کر پال لیا گیا ہو۔

**لے پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) ساتھ لے کر لیٹ جانا۔ ساتھ لے کر گر پڑنا۔

**لے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کو اپنے ساتھ لے کر چلے جانا۔

**لے دوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) بے موقع اور بے ڈھنگے طریقے سے بیان کرنا۔ (۲) ساتھ لے کر دوڑنا۔

**لے دے**۔ (ا۔ مث) (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا کبھی دینا (۳) دوڑ دُھوپ۔ جدّوجہد۔ کوشش (۴) سرزنش۔ لعنت۔ ملامت۔ لتّے

**لے دے کر (دے کے)**۔ (ا۔ تابع فعل) بڑی محنت اور کوشش سے بمشکل (۲) بے باق کرکے دے دلا کر۔ کاٹ کوٹ کے بانٹ بونٹ کے (۳) صرف۔ فقط۔ کُل۔

**لے دے کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) خوب کوشش کرنا۔ جدّوجہد کرنا۔ (۲) سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ (۳) مار پیٹ کرنا۔

**لے دے ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تعلقے پر تقاضا ہونا۔



Marfat.com

کوشش ہونا۔

**لے ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) شامل کرلینا (۲) تباہ کر دینا (۳) عاجز کر دینا۔ بُرا حال کر دینا۔

**لے دینا۔** (ا۔ محاورہ) دلوا دینا۔ خرید دینا۔ مول لے دینا۔

**لے ڈوبنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی ڈبو دینا۔ (۲) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔

**لے کر (کے) بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) بیان کرنا۔

**لے کے جا پٹنا۔** (ا۔ محاورہ) جب کوئی چیز بیکار ہوتی ہے یا وہ دینے سے انکار کرے تو اُس کی نسبت کہتے ہیں۔

**لے لُوٹ۔** (ا۔ صفت) قرض لے کر نہ دینے والا۔ نادہند۔ لے کر مکر جانے والا۔ لیچڑ۔

**لے لے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) اعتراضات ہونا۔

**لے لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چھین لینا۔ مار لینا۔ دبا لینا (۲) خرید لینا۔ اپنا کرلینا۔ (۳) سنبھال لینا۔ قابو کرلینا (۴) واپس کرلینا۔ پھیر لینا (۵) جا پہنچنا۔ منزل طے کرلینا۔ (۶) جالینا۔ پکڑ لینا (۷) بہم پہنچانا۔ حاصل کرلینا۔

**لے مرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لے ڈوبنا۔ لے بیٹھنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ (۲) الزام دھرنا۔ چوری لگانا۔ (۳) دبا لینا۔ مار لینا۔ (۴) حاصل کرلینا۔ کما لینا۔

**لِیے۔** (لِ۔ یے) [ہ۔ حرف جار] واسطے۔ برائے (۲) مفعول جمع مذکر کی صورت میں "لیا" کے بجائے (۳) تکمیل فعل کے لیے جیسے کیا آپ نے انگور کھا لیے۔ (۴) [تابع فعل] لیے ہوئے کر۔

**لیا دیا۔** [ھ۔ا۔مذ] اعمال کا نتیجہ۔ کرنی کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

**لیا دیا آگے آجانا۔** (ا۔ محاورہ) نیکی بدی کا نتیجہ ملنا۔ کرنی کا پھل ملنا۔

**لیاقت۔** (ل۔ یا۔ قت) [ع۔ا۔مث] قابلیت۔ استعداد (۲) وصف۔ جوہر۔ خوبی۔ عمدگی (۳) دانائی۔ ہوشیاری (۴) کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ (۵) شائستگی۔ تمیز (۶) حوصلہ (۷) ظرف۔ مقدور۔ مقدرت۔

**لیا گیا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہوا۔ رسوا ہوا۔ ذلیل ہوا۔

**لیا ہی نہیں جاتا۔** (ا۔ محاورہ) منائے نہیں منتا۔ سنبھالے نہیں سنبھلتا (۲) دھوکہ نہیں کھاتا۔

**لَیالی۔** (ع۔ا۔مث) راتیں۔ لیل کی جمع۔

**لِیام۔** (ع۔ صفت) لئیم کی جمع۔ دیکھیے لئیم۔

**لِیال۔** (لِ۔ یال) [ہ۔ا۔مث] کھیلیں۔

**لیانہارا۔** (لَ۔ یان۔ ہا۔ را) [ق۔ صفت] لانے والا۔

**لیبارٹری۔** (Laboratory) (لے۔ بر۔ رے۔ ٹ۔ ری) [انگ۔ا۔مث] وہ کمرہ جہاں سائنس کے تجربات کیے جاتے ہیں۔ دارالتجربہ۔ معمل۔

**لیبر۔** (لے۔ بَر) [ہ۔ا۔مذ] منہ کا لعاب جس میں پیپ ہو۔

**لیبر۔** (Labour) (لے۔ بَر) [انگ۔ا۔مث] (۱) محنت۔ مشقت۔

**لیبر پارٹی۔** (Labour Party) [انگ۔ مث] (۱) مزدوروں کی جماعت (۲) انگلستان کی ایک سیاسی پارٹی جو مزدوروں کی نمائندگی کی دعویدار ہے۔

**لیبر گورنمنٹ۔** (Labour Government) [انگ۔ مث] لیبر پارٹی کی حکومت۔

**لیپڑ۔** (لِ۔ پڑ) [ہ۔ا۔مذ] آنکھ کا میل۔

**لیبل۔** (Label) (لے۔ بل) [انگ۔ا۔مذ] کاغذ، کپڑے یا دھات کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام، نوعیت اور مالک کا پتہ نشان وغیرہ بتانے کے لیے لگایا جاتا ہے۔ چٹ۔ سرنامہ۔

**لیپ۔** (یائے مجہول سے) [س۔ا۔مذ] ضماد۔ پلستر۔ وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جاتی ہے۔ کہگل۔ لپائی۔

**لیپا۔** (لی۔ پا) [ہ۔ا۔مذ] پلستر۔ کہگل۔

**لیپا پوتا۔** (ا۔ مذ) (۱) لیپا اور پوتا ہوا۔ پلستر کیا ہوا (۲) بنا بنایا۔ کیا کرایا۔

**لیپا پوتی کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بات بنانا۔ بہانے کرنا۔ پردہ پوشی کرنا۔

**لیپ پوت برابر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) عیب چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا۔

**لیپ چیپ۔** (ا۔ مذ) کسی کے سر کوئی چیز منڈھنا۔ کسی کے ذمے کرنا۔

**لیپ کا سال۔** (ا۔ مذ) عیسوی سن کا وہ سال جس کے اعداد چار سے تقسیم ہو جاتے ہیں، اُس سال فروری کا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے۔

**لیپن۔** (لے۔ پَن) [ق۔ا۔مث] لیپ۔

**لیپنا۔** (لیپ۔ نا) [ا۔مص] (۱) پوتنا۔ کہگل کرنا۔ سفیدی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ پلستر کرنا۔ (۲) [کنایۃً] چھپانا۔ مخفی کرنا۔ [بیائے مجہول بھی صحیح ہے]

**لیپنے کا نہ پوتنے کا۔** (ا۔ صفت) کسی کام کا نہیں۔ نکما اور بیکار۔

**لیتا بھوکے نہ دیتا۔** (ا۔ مقولہ) نقد بکری کے متعلق کہتے ہیں۔

**لیترا۔ لیتڑا۔** (لیت۔ را۔ لیت۔ ڑا) [ھ۔ا۔مذکر] پُرانا اور ٹوٹا ہوا جوتا۔

**لیترے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) جوتیاں پڑنا (۲) نہایت ذلیل ہونا۔

**لَیت۔** (ع۔ حرف تمنا) کاش۔ کاش کہ۔ کسی ایسی چیز کے لیے کہتے ہیں جس کا ملنا ناممکن ہو۔

**لیت و لعل۔** (لے۔ ت و۔ ل۔ عَل) [ع۔ا۔مذ] ٹال مٹول۔ آج کل۔ بہانہ۔ عذر۔ حیلہ۔ حوالہ۔ وعدہ وعید۔

**لیتھ۔** (Lathe) [انگ۔ا۔مث] خرادنے کی مشین۔

**لیتھوگرافی۔** (Lithography) (لے۔ تھو) [انگ۔ مث] طباعت کا وہ طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا دھات کی پلیٹ سے چھپائی کرتے ہیں۔



Marfat.com

**لیٹ۔** (Late) [انگ۔ صفت] (۱) دیر سے آنے والا ۔ [تابع فعل] (۲) دیر سے بے وقت۔ وقت کے بعد۔ ٹائم کے پیچھے۔

**لیٹر۔** (Letter) لے۔ ٹر [انگ۔ ا۔ مذ] خط۔ چٹھی۔

**لیٹربکس۔** (Letter Box) خطوں کا صندوق۔ ڈاکخانے کا سُرخ ڈبہ جس میں چٹھیاں ڈالتے ہیں۔

**لیٹرن۔** (Latrine) لَیٹ۔ رَن [انگ۔ ا۔ مذ] پاخانہ۔ سنڈاس۔

**لیٹنا۔** (لیٹ۔ نا) [ا۔ مص] (۱) سیدھا ہو کر پڑنا۔ پسرنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ (۲) پاؤں پڑنا۔ (۳) خوشامد کرنا۔ عجز کرنا۔ (۴) ہار ماننا۔ مغلوب ہونا (۵) زمین پر گر جانا۔

**لیٹے جانا۔** (ا۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ بچھ جانا۔ (۲) ہمت ہار دینا۔

**لیج (لیجو)** [ھ۔ ا۔ مث] رسّی جسے ڈول وغیرہ کے ساتھ باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔ (بیائے مجہول)۔

**لیجر۔** (Ledger) (لے۔ جر) [انگ۔ ا۔ مث] روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

**لیجسلیٹو اسمبلی۔** (Legislative Assembly) لے۔ جس۔ لے۔ ٹیو۔ اسمب۔ لی [انگ۔ ا۔ مث] صُوبے (یا ملک) کی مجلس قانون ساز۔

**لیجسلیٹو کونسل** (Legislative Council) انگ۔ ا۔ مث) صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں۔

**لیچھی۔** (لی۔ چھی) [ھ۔ ا۔ مث] (۱) وہ چیز جو پان کی گلوری کا عرق نکلنے کے بعد رہ جاتی ہے۔ (پان کی لیچھی) (۲) کنایتاً گرم اور نکمی چیز۔

**لیچڑ۔** (لی۔ چڑ) [ھ۔ صفت] (۱) خسیس۔ بخیل۔ کنجوس (۲) نادہند۔ قرض لے کر نہ دینے والا۔ بدمُعاملہ۔

**لیچڑپن۔** (ا۔ مذ) کنجوسی۔ بخیلی (۲) نادہندگی۔ بدمعاملگی۔

**لیچی۔** (لی۔ چی) [چینی۔ ا۔ مث] (۱) ایک گُھردرے چھلکے والا سُرخی مائل شیریں پھل۔

**لید۔** (ھ۔ ا۔ مث) گھوڑے۔ گدھے۔ ہاتھی وغیرہ کا فضلہ یا گوبر۔

**لیدر۔** (لے۔ دَر) [انگ۔ ا۔ مذ] کمایا ہُوا چمڑا۔ (Leather)

**لیڈر** (Leader) لی۔ ڈر) (۱) رہنما۔ سرکردہ۔ سربراہ۔ سردار۔ (۲) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون ، اداریہ۔

**لیڈنگ آرٹیکل۔** (انگ۔ ا۔ مذ) دیکھیے "لیڈر"۔

**لیڈی۔** (Lady) لے۔ ڈی [انگ۔ ا۔ مث] (۱) بی بی بیگم۔ (۲) معزز عورت خاتون (۳) لارڈ کی بیگم۔

**لیر۔** [ھ۔ ا۔ مث] دھجّی۔ کتر۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔ چیتھڑا۔

**لیر لیر کرنا۔** (ا۔ محاورہ) دھجیاں اڑانا۔ پھاڑ ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**لیریں لگنا۔** (ا۔ محاورہ) پُرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا۔ (۲) غریب ہونا۔

**لیری۔** (لی۔ ری) [ھ۔ ا۔ مث] کنکوے کے پچھاڑے میں لگانے کی لمبی دھجّی۔

**لیرے۔** (لی۔ رے) [ھ۔ ا۔ مذ] چیتھڑے۔ دھجیاں (عموماً جمع استعمال ہوتا ہے۔)

**لیرے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) کپڑے پھٹ جانا۔ کپڑوں کا تار تار ہونا۔

**لیزم۔** (لی۔ زم) [ف۔ ا۔ مث] ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں لوہے کی زنجیر اور بہت سی کٹوریاں پڑی ہوتی ہیں۔

**لیس۔** (اُر۔ صفت) کمربستہ۔ مُستعد۔ تیار۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے درست۔

**لیس** (Lace) [انگ۔ ا۔ مث] فیتہ۔ جھالر۔ گوٹا کناری۔ ڈوری۔

**لیس۔** [ھ۔ ا۔ مث] چیپ۔ چپچپاہٹ۔ (ف۔ حرف) چاٹنے والا مرکبات میں جیسے کاسہ لیس۔

**لیسدار۔** (ا۔ صفت) چپچپا۔ چپکنے والا۔

**لیسنا۔** (لیس۔ نا) [ا۔ مص] پلستر کرنا۔ لیپنا۔ لگانا۔

**لیک۔** (ف) لیکن کا مخفف [بیائے مجہول]

**لیک۔** [ھ۔ ا۔ مث] (۱) راہ۔ باٹ۔ سڑک۔ پگڈنڈی (۲) گاڑی کے پہیے کا نشان۔ (۳) انعام جو حسب دستور مکینوں کو دیا جاتا ہے (۴) رسم و رواج۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ۔ داغ۔ عیب۔

**لیک پیٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) لکیر پیٹنا۔ قدیم رسم و رواج اور پرانے دستور پر چلنا (۲) کسی بات کو بار بار دُہرانا۔

**لیک سے بے لیک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) گمراہ ہونا۔ بے راہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا۔

**لیک لیک چلنا۔** (ا۔ محاورہ) رستہ سے چلنا۔ راہ راہ چلنا۔ پرانے رسم و رواج کا پابند ہونا۔

**لیکر۔** (Lacquer) لے۔ کَر) [انگ۔ ا۔ مذ] لکڑی۔ پیتل اور کاغذ وغیرہ پر لاکھ کی وارنش کا کام۔ کشمیری نقش کاری۔

**لیکن۔** (لے۔ کن) [ف۔ حرف شرط] مگر۔ اِلّا۔

**لیکوریا۔** (Lecueraea) [انگ۔ ا۔ مذ] اختناق الرحم۔

**لیکوڈیٹر۔** (Liquidator) [انگ۔ ا۔ مذ] بھگتان کرنے والا۔ قرض بے باق کرنے والا۔ وہ سرکاری افسر جو کمپنیوں یا فرموں کے دیوالیہ ہو جانے پر بھگتان کرتا ہے۔

**لیکوڈیشن۔** (Liquidatin) [انگ۔ ا۔ مث] لیکوڈیٹر کی تحویل میں بھگتان۔

**لیکھ۔** [ھ۔ ا۔ مث] (۱) لکھی ہوئی چیز۔ تحریر (۲) نام لکھنا۔ دستخط [بیائے مجہول]

**لیکھ۔** [ھ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹی جُوں۔ دھکّ (۲) لکیر۔ ایک۔

**لیکھا۔** (لے۔ کھا) [ھ۔ ا۔ مذ] (۱) حساب۔ لین دین (۲) پکّا حساب۔



Marfat.com

بہی کھاتہ (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔
**لیکھا جوکھا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) لین دین۔ حساب کتاب۔
**لیکھا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) حساب کرنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔
**لیکھے والا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ساہوکار۔ اکاؤنٹنٹ۔ محاسب
**لیکھے**۔ (لے۔ کھے) [ہ۔ تابع فعل] حساب سے۔ حساب بول۔ نزدیک۔
**لیگ**۔ (League) [انگ۔ ا۔ مث] جمعیت۔ مجلس۔ جماعت۔
**لیگ آف نیشنز** (League of Nation) جمعیتہ الاقوام
**لَیل**۔ (ع۔ ا۔ مث) رات۔ شب۔ جمع: لیالی۔
**لیل ونہار**۔ (ع۔ ا۔ مذ) رات اور دن۔ شب و روز۔
**لیلا**۔ (لے۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] بکری یا بھیڑ کا بچہ۔ برّہ۔
**لیلا**۔ (لی۔ لا) [س۔ ا۔ مث] کھیل۔ لہو ولعب۔ عیش ونشاط۔ سیر و تماشا۔ کرتب۔ (۲) بہروپ (۳) قدرت (۴) کرشمہ۔ عجوبہ۔
**لیلا دھاری**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایکٹر۔ ناٹک دکھانے والا۔
**لیلا رچانا**۔ (ا۔ محاورہ) سوانگ رچانا۔ تماشا کرنا۔
**لیلاوتی**۔ عیاش عورت۔ عیش و نشاط کی رسیا عورت۔ (۲) خوبصورت۔ حسین۔
**لَیلَۃ**۔ (لے۔ لَت) [ع۔ ا۔ مث] لیل۔ رات۔ شب۔ (اصل لَیلَتٌ)
**لَیلَۃَ الاَسرا**۔ (ع۔ ا۔ مث) شب معراج۔
**لَیلَۃَ البَدر**۔ (ع۔ ا۔ مث) قمری مہینے کی چودھویں رات جس میں چاند پورا ہوتا ہے۔
**لَیلَۃَ القَدر**۔ (ع۔ ا۔ مث) رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی ایک طاق رات جس میں عبادت کرنے کا ثواب ہزار ماہ سے زیادہ ہوتا ہے۔
**لیلے۔ لیلیٰ**۔ (لے۔ لا۔ لے۔ لیٰ) [ع۔ صفت و ا۔ مث] کالی۔ شب رنگ۔ سیاہ فام۔ سانولی (۲) قیس (مجنوں) کی معشوقہ۔ (۳) معشوقہ۔ خوبصورت۔ حسینہ۔ جمیلہ۔
**لیلیٰ را بچشم مجنوں باید دید**۔ (ف۔ مثل) معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہیئے۔
**لیلیٰ زادہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) معشوق۔ ماہ وش۔
**لیمپ**۔ (Lamp) [انگ۔ ا۔ مذ] چراغ۔ دیا۔
**لیمن** لے۔ مَن (Lemon) [انگ۔ ا۔ مذ] لیموں۔ نیبو۔ ترنج۔
**لیمو۔ لیموں**۔ (لی۔ مُو۔ لی۔ مُوں) [ف۔ ا۔ مذ] نیبو۔ ترنج۔ ایک ترش، گول پھل۔
**لیمو نچوڑ**۔ (ا۔ صفت) مفت خورا۔
**لیمونیڈ**۔ (Lemonade) (لیمو۔ نیڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] لیمو کا میٹھا پانی یا شربت۔
**لین**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] لینا کا مخفف۔ حصول۔ حاصل کرنا (یائے مجہول)۔
**لین دین**۔ (ا۔ مذ) (۱) لینا دینا۔ داد و ستد (۲) حساب کتاب (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔ بیوپار (۴) خرید و فروخت (۵) واسطہ۔ تعلق۔ سرکار (۶) کاروبار۔ تجارت۔ سوداگری۔
**لین دین کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) معاملہ کرنا (۲) معاملہ کرنا۔ بیوپار کرنا۔ (۳) خرید و فروخت کرنا۔ کاروبار کرنا۔ تجارت کرنا۔
**لین**۔ (Lane) [انگ۔ ا۔ مث] گلی۔ تنگ سڑک۔
**لین**۔ [انگریزی لائن (Line) کا بگاڑ۔ ا۔ مث] (۱) لکیر۔ خط۔ جدول (۲) ڈوری۔ رسی۔ (۳) حد۔ جینڈھ (۴) قطار۔ صف۔ باڑ۔ (۵) سطر (۶) لوہے کی پٹڑی۔ ریل کی پٹڑی (۷) چھاؤنی۔ کیمپ۔
**لین ڈوری**۔ (ا۔ مث) (۱) وہ خیمہ جو آگے جاتا ہے۔ پیش خیمہ۔ (۲) وہ فوجی سامان جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے۔
**لین کلیئر**۔ (Line Clear) [انگ۔ ا۔ مذ] ریل کی پٹڑی صاف اور قابل آمد و رفت ہونے کی سند۔
**لینا**۔ (لے۔ نا) [ا۔ مص] (۱) پکڑنا۔ گرفت کرنا (۲) حاصل کرنا۔ اخذ کرنا (۳) سنبھالنا۔ سہارنا۔ تھامنا (۴) خریدنا (۵) قرض لینا۔ (۶) فتح کرنا۔ جیتنا (۷) وصول کرنا۔ اگاہنا (۸) استقبال کرنا۔ (۹) پیش آنا (۱۰) [مذکر] وہ روپیہ جو لینا ہو۔ قرضہ۔
**لینا ایک نہ دینا دو**۔ (ا۔ محاورہ) حاصل نہ حصول۔ فائدہ نہ غرض۔ کسی سے ایک لیں گے نہ دو دینے پڑیں گے۔
**لینا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) لین دین۔ داد و ستد (۲) حساب کتاب۔ (۳) برتاؤ۔ معاملہ۔
**لینا لوانا**۔ (ا۔ مذ) قابل وصول قرضہ۔
**لینا لینا**۔ (ا۔ کلمۂ ندا) بھاگتے ہوئے انسان یا چور کی نسبت بولتے ہیں (۲) گرتے ہوئے کے متعلق / لینا تھامنا۔
**لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ**۔ (ا۔ مثل) فضول وقت گزارنا۔ نری باتیں ہی باتیں کرنا، جن کا نتیجہ کچھ نہ نکلے۔ ناحق کی دردسری۔
**لینا نہ دینا، کارے نہ مسئلے**۔ (ا۔ مثل) فضول۔ بے ہودہ۔ لاحاصل۔ بے فائدہ۔ کچھ حاصل نہ حصول۔
**لینے آنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کا استقبال کرنا۔
**لینے دینے میں نہ آنا (ہونا)**۔ (ا۔ محاورہ) بے تعلق ہونا۔ بے غرض ہونا۔
**لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا**۔ (ا۔ مثل) لیتے وقت اچھی چیز لینا، اور دیتے وقت بری شے دینا۔
**لینے کے دینے پڑ جانا (پڑنا)**۔ (ا۔ محاورہ) فائدے کی جگہ نقصان ہونا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔
**لینے میں نہ دینے میں**۔ (ا۔ صفت) نفع میں نہ نقصان میں۔ برے میں نہ بھلے میں۔ بے تعلق۔ لاسے غرض۔
**لینڈ**۔ (Land) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) زمین۔ خشکی (۲) سرزمین۔ ملک۔
**لینڈ لارڈ**۔ (Land Lord) [انگ۔ ا۔ مذ] مالک زمین۔ زمین دار۔ (۲) مالک مکان۔



Marfat.com

**لینڈ** ۔ (ھ ۔ ا ۔ مذ) فضلہ ۔ موٹی لینڈی ۔ گندگی ۔ گوہ (بیائے مجہول)

**لینڈو** ۔ (Landau) (لین ۔ ڈو) [انگ ۔ ا ۔ مث] چار پہیوں کی گاڑی جس کی چھت گرائی جا سکتی ہے ۔ فٹن ۔

**لینڈی** ۔ (لیں ۔ ڈی) [ھ ۔ ا ۔ مث] (۱) چھوٹا لینڈ ۔ بندھا ہوا پلشا ۔ (۲) چھوٹا کتا جو شکار کے قابل نہیں ہوتا (۳) [کنایتاً] بزدل ۔ ڈرپوک ۔ نامرد ۔ (بیائے مجہول)

**لینڈی پھولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مغرور ہونا ۔

**لینڈی تر ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) غرور زیادہ ہونا ۔ گھمنڈ بڑھنا ۔ بہت خوش ہونا ۔

**لینڈی کتا** ۔ (۱) بازاری اور عام کتا ۔ (۲) ڈرپوک اور بودا کتا ۔

**لینڈی کتے کی موت مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نہایت آسانی سے مار ڈالنا ۔ (۲) نہایت ذلت سے مارنا ۔

**لینن ازم** ۔ (Leninism) (لے ۔ نن ۔ ازم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] روسی اشتراکی لیڈر لینن کا انقلابی نظریہ ۔

**لینوٹائپ** ۔ (Ljnotype) (لی ۔ نو ۔ ٹا ۔ ئپ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مشین جس میں الفاظ کی پوری سطر بیک وقت ڈھل جاتی ہے ۔

**لینی** ۔ (لے ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] وہ رسم جو بچے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے ۔

**لیوا** ۔ (لے ۔ وا) [ھ ۔ صفت] [ھ ۔ ا ۔ مذ] لینے والا ۔ محصّل (۲) گائے بھینس یا بکری کا تھن ۔ (۳) ہانڈی کے پیندے پر چڑھانے کی مٹی ۔

**لیوا دیوا** ۔ (لے ۔ وا ۔ دے ۔ وا) [ق] لین دین ۔

**لیور** ۔ (Lever) (لی ۔ ور) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مشین میں لگی ہوئی ۔ دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھا سکے ۔

**لیول** ۔ (Level) (لے ۔ ول) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہموار سطح (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی یکسانیت دیکھتے ہیں ۔ گنیا ۔ (۳) [صفت] مساوی ۔ برابر ۔ یکساں ۔ ایک سطح پر ۔

**لیوی** ۔ (Levy) (لی ۔ وی) [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) تحصیل محصول (۲) تحصیل مالگذاری یا لگان ۔ وصولی ٹیکس (۳) جنگ کیلئے فوج کی بھرتی ۔

**لیہی** ۔ (لے ۔ ہی) [ھ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے "لیئی" ۔

**لیئی** ۔ (لے ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] وہ لیسدار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لیے بناتے ہیں ۔



Marfat.com

# م

[میم] (ع-مذ) اردو کا اکتیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں، عربی کا چوبیسواں اور ہندی کا پچیسواں حرف - حساب ابجد میں اس کے چالیس عدد فرض کیے گئے ہیں - یہ قمری حرف ہے اگر اس کے پہلے "ال" آئے گا تو ل آواز دے گا - جیسے "المرکز" عربی لفظ کے شروع میں مفتوح آئے تو اسے اسم ظرف یا اسم مفعول بنا دیتا ہے - جیسے مجلس - مظلوم - مضموم آئے تو اسم فاعل بنا دیتا ہے - جیسے محافظ - فارسی میں محبوب کے دہن کی علامت - فارسی میں اسمائے اعداد کے بعد آ کر ان کو صفت ترتیبی بنا دیتا ہے جیسے دوم -

## م - ا

**مآب** (م-آب) [ع-امث] (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ - جائے بازگشت - واپسی کی جگہ (۲) جگہ - اُردو میں جیسے عزّت مآب - رسالت مآب - فضیلت مآب -

**مآت** (ع-مذ) مِاۃ کی جمع صدہا - کئی سو -

**مآثر** (م-آثِر) [ع-ا-مذ] (۱) اچھے آثار - اچھے کام (۲) یادگاریں - نشانیاں - (۳) قدیم مکان جس کے آثار باقی ہوں - ماثرہ کی جمع -

**مآرب** (ع-امث) مآربہ کی جمع - ضروری چیزیں ——— ضروریات -

**مآل** (م-آل) [ع-ا-مذ] (۱) مرجع - جائے بازگشت - جائے رجوع - لوٹنے کی جگہ (۲) انجام - نتیجہ - خاتمہ - اخیر -

**مآل اندیش** (ع-ف-صف) دور اندیش - انجام کو سوچنے والا -

**مآل اندیشی** (ع-ف-امث) دور اندیشی - سوچ بچار - انجام بینی -

**مآل کار** (ع-ف-تابع فعل) (۱) انجام کار - آخر کار - آخر کو (۲) نتیجہ - کرنی کا پھل -

**ما** (ہ-مذ-مث) ماں کا مخفف -

**ما** [ف-ض-مذ-مث] من کی جمع - ہم -

**ما** (ع-حرف نفی) نہ - نہیں - مت (۱) (اسم مفعول) جو کچھ - جو کہ - کوئی چیز (۲) (کلمہ استفہام) کیا - کیا چیز (۳) کون - کدام (۴) کیوں کر - کیسے - کیوں -

**مابخیر، شما بسلامت** (ف - تقولہ) ہم خیریت سے، تم سلامتی سے - ہم جُدا، تم جُدا - ہم الگ تم الگ - ہمارا تم سے کوئی واسطہ نہیں -

**مابدولت** (ف-ا-مذ-مرہ) وہ کلمہ جو بادشاہ اپنے متعلق استعمال کرتے تھے -

**مادرچہ خیالیم و فلک درچہ خیال است** (ف-مثل) (۱) ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کیا سوچ رہا ہے (۲) خلافِ امید کسی امر کے پیش آنے پر بولتے ہیں -

**ماچہ می سرائیم و طنبورہ ما چہ می سرائد** (ف-مثل) بے تکی باتوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں اور تم کیا کہہ رہے ہو -

**مارا ازیں گیاہِ ضعیف ایں گماں نہ بود** (ف-مثل) مجھے اس کمزور گھاس سے یہ توقع نہ تھی - جو کمزور شخص اپنی ہمت سے زیادہ کام کرے تو اس وقت کہتے ہیں -

**ماراچہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت** (ف-مثل) (ترجمہ) ہمیں اس سے کیا غرض کہ بیل آیا اور گدھا چلا گیا - کسی کے آنے جانے پر بے پروائی کا اظہار مقصود ہو تو بولتے ہیں -

**مابعد** (ع-ف) پچھلا - پیچھے کا - پیچھے آنے والا - جو کچھ بعد میں آئے -

**مابعد الطبیعات** (ع-امث) الٰہیات - فوق الفطرت -

**مابعد الطبیعی** (ع-صف-ا) بعد الطبیعات سے منسوب -

**مابقا - مابقی - مابقیہ** (ع-ف) باقی بچا ہوا - جو باقی رہ گیا ہو -

**مابہ الاحتیاج** (ع-ا-مذ) ضرورت کی چیز یا چیزیں - جن کی حاجت ہو -

**مابہ الامتیاز** (ع-ا-مذ) وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے - باعثِ امتیاز - نشانِ امتیاز

**مابہ النزاع** (ع-ا-مذ) جھگڑے کی بنا - فساد کا باعث - وہ بات جس پر جھگڑا ہوا ہو -

**مابین** (ع-تابع فعل) اثنا - وسط - دوران - درمیان - بیچ -

**مابین تحقیقات** (ع-ف-تابع فعل) تحقیقات کے دوران میں -

**مابین فریقین** (ع-تابع فعل) دو فریقوں (گروہوں) کے درمیان -

**ماتحت** (ع-صف) (۱) زیرِ فرمان - زیرِ حکم - جو نیچے ہو تابع (۲) نائب - مددگار - ہاتھ بٹانے والا -

**ماتقدم** (ع-صف) اوّل کا - پہلے کا - جو پہلے گزرے - مذکورہ بالا -

**ماجرا** (ع-ا-مذ) (۱) سرگزشت - جو کچھ گزر گیا (۲) واقعہ - واردات (۳) حالت - کیفیت -

**ماحصل - ماحاصل** (ع-ا-مذ) (۱) حاصل شدہ - حاصل کی ہوئی شے - نتیجہ - پھل - ثمرہ (۲) نفع - منافع - فائدہ (۳) پیداوار - غلہ - اناج جنس (۴) خلاصہ - لبِ لباب -

**ماحضر** - (ع-ا-مذ) جو کھانا موجود ہو - جو کچھ حاضر ہو - وہ کھانا جو تھوڑا سا ہو، اور بے تکلف موجود اور حاضر ہو -

**ماحول** - (ع-امذ) گرد و پیش - پاس پڑوس -

**مادام** - (ع-تابع فعل) (۱) ہمیشہ - مدام - دائم (۲) جب کہ - جب تک - تا وقتیکہ (۳) [فرنچ] بیگم - خاتون -

**مادام الحیات** - (ع-تابع فعل) عمر بھر - تمام عمر - زندگی بھر - تا زیست -

**مازاغ** (ع) قرآن شریف کی آیت مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی - کی طرف اشارہ ہے - یعنی آں حضرتؐ نے معراج کی شب مقامِ قربِ الٰہی میں نہ کسی طرف آنکھ پھیری اور نہ حکمِ الٰہی سے نافرمانی کی -

**ماسبق** (ع-صف) گزشتہ - گزرا ہوا - جو پہلے گزر چکا ہو - جو بیت چکا ہو - اوّل الذکر -

**ماسلف** (ع-صف) گزرا ہوا - بیتا ہوا - گزشتہ -

**ماسوا** (ع-حرفِ استثنا) (۱) بجز - علاوہ ازیں - علاوہ بریں - اس کے علاوہ - اس کے سوا (۲) صوفیوں کی اصطلاح ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے ماسوا ہے -

**ماشاءاللہ** (کلمۂ دعا) (۱) جو اللہ نے چاہا - جو اللہ چاہے - جو خدا کرے - اگر خدا نے چاہا



Marfat.com

جو خدا کی مرضی (۲) کلمۂ تحسین و آفرین - ماشاءاللہ! آپ کے کیا کہنے سبحان اللہ! (۳) کسی خوبصورت چیز کو دیکھ کر کہتے ہیں جیسے فارسی میں چشم بد دور (۴) طنزاً بھی کہتے ہیں - ماشاء اللہ ہاتھ پاؤں نکالنے لگے ہو -

**ماصدق** (ع - مذ) (۱) جو کہ درست ہو (۲) مضمون - معنی -

**مافات** - (ع - ا - مذ) جو فوت ہوا - جو گزر گیا -

**مافوق** - (ع - صف) جو فوقیت رکھتا ہو - جو اوپر ہو - اعلیٰ - اونچا - بلند - ممتاز - برتر - فائق بزرگ تر - معظم -

**مافوق الفطرت** - (ع - صف) عقل و ذہن سے بالاتر - انتہائی حیرت انگیز -

**مافی الضمیر** - (ع - ا - مذ) دل کی بات - نیت - غرض - مطلب - مقصد - مدعا -

**مافیہا** - (ع - ا - مذ) جو کچھ اس میں ہے -

**ماقبل** - (ع - صف - پہلے کا - جو پہلے ہو -

**ماقبل الذکر** - (ع - ا - مذ) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو - مذکورۂ بالا -

**ماقل و دل** - (ع - ا - مذ) تھوڑا جس کے معنی زیادہ ہوں -

**مالاکلام** - (ع - ا - مذ) جس میں کسی شک اور اعتراض کی گنجائش نہ ہو -

**مالایطاق** - (ع - ا - مذ) طاقت سے بڑھ کر کام - وہ کام جو کسی کی طاقت اور قدرت سے باہر ہو -

**مالاینحل** - (ع - ا - مذ) جو حل نہ ہو سکے - مشکل مسئلہ - جو ناقابل حل ہو - یعنی کٹھن - سخت - بہت دشوار -

**مالہٗ و ماعلیہ** - (ع - ا - مذ) جو اس کے لیے ہے اور جو کچھ اس پر ہے (۱) معاملہ کے تمام پہلو - (۲) برائی اور بھلائی - نفع و نقصان -

**مامضیٰ** - (ع - صف) جو گزر گیا - جو ہو چکا - گزشتہ -

**ماوجب** - (ع - ا - مذ) جس کا کرنا واجب ہو -

**ماوراء** - (ع - صف) بجز - سوا - اس کے علاوہ - علاوہ بریں - بالاتر -

**ماتحلل** - (ع - صف) جو گھل کر غائب ہو گیا ہو - جب کوئی چیز دوسری میں حل ہو کر اپنا وجود کھو بیٹھی ہو -

**مایحتاج** - (ع - ا - مذ) وہ چیز جس کی ضرورت ہو - انسانی ضرورت کی چیزیں - ضروریات -

**مایرید** - (ع - صف) جو خدا چاہتا ہے (۲) خدا کی مرضی - مشیت خداوندی -

**مایعرف** - (ع - صف) جو معلوم ہو - (۲ - مذ) کل (۳) کل شئے مقبوضہ -

**مایقرأ** - (ع - صف) جو پڑھا جائے -

**ماینطق عن الھویٰ** - (آیت قرآنی) نہیں بولتے اپنی مرضی سے - سورہ نجم کی آیت جس میں پیغمبر صلعم کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے جو کچھ کہتے ہیں خدا کے حکم سے کہتے ہیں -

**مایون** - (ع - ا - مذ) وہ شخص جسے اغلام ( علت اُبنہ ) کی عادت ہو - پوسیا (۲) نامرد - زنانہ (۳) مشتبہ -

**ماپ** [ہ - امث] (۱) پیمائش - ناپ - رقبہ بندی - جریب کشی (۲) پیمانہ (۳) جانچ - اندازہ - طول و عرض کا تخمینہ -

**ماپ تول** - [ہ - امث] (۱) عرض و طول کی پیمائش (۲) جانچ - پڑتال - رقبہ -

**ماپ کا پورا** - (ہ - صف) آدمی یا گھوڑا جو فوج اور پولیس کے قانون کے مطابق ان محکموں میں لیا جا سکے -

**ماپا** [ہ - ا - مذ] (۱) پیمائش کرنے والا - رقبہ بندی کرنے والا (۲) [صف] جس کی پیمائش کر لی گئی ہو - جس کی رقبہ بندی کر دی گئی ہو -

**ماپا شوربا اور گنی بوٹیاں** [امثل] (۱) خست - کنجوسی (۲) کفایت شعاری (۳) کھانے پینے کی چیزوں کی کمی -

**ماپنا** - (ماپ - نا) [ہ - مص] پیمائش کرنا - جانچنا - اندازہ کرنا - ناپنا -

**مات** - [ق - ا - ت] ماں - مادر -

**مات** - [ق - ا - ت] ہار - شکست - زک - ہزیمت - شطرنج یا بیت بازی کی ہار -

**مات دینا** - (ا - محاورہ) (۱) شکست دینا - ہرانا - زک دینا (۲) نیچا دکھانا - مغلوب کرنا - شرمندہ کرنا - خجل کرنا - بازی لے جانا (۳) شطرنج یا بیت بازی میں فریق مقابل پر غالب آنا -

**مات کرنا** - (ا - محاورہ) شکست دینا - ہرانا - بازی لے جانا (۲) مغلوب کرنا - نیچا دکھانا - شرمندہ کرنا - (۳) شطرنج کی بازی یا بیت بازی میں حریف کو ہرا دینا (۴) فوقیت لے جانا - کسی کام میں بڑھ جانا -

**مات کھانا** - (ا - محاورہ) بازی میں ہار جانا -

**مات ہو جانا - مات ہونا** - (ا - محاورہ) (۱) شکست کھا جانا - ہارنا (۲) شرمندہ ہونا - ماند ہو جانا -

**ماتا** - [ہ - امث] (۱) والدہ - ماں (۲) بڑی عورت کو عزت سے ماتا کہتے ہیں - (۳) چیچک - سیتلا (۴) [صف] مدہوش - مست -

**ماتا پتا** - (ہ - ا - مذ) (۱) ماں باپ - والدین (۲) بزرگ - آقا - مالک - مائی باپ -

**ماتا پوجنا** - (ا - محاورہ) سیتلا کی پوجا کرنا -

**ماتا سیتلا کے دن** - (ہ - ا - مذ) وہ زمانہ جب چیچک کا بہت زور ہوتا ہے -

**ماتا نکلنا** - (ا - محاورہ) چیچک نکلنا - سیتلا اُبھرنا -

**ماتر** - (ما - تر) [س - امث] (۱) اکیلا - تنہا - فقط - تھوڑا سا - کسی قدر (۲) اندازہ -

**ماترا** - (مات - را) [س - امث] (۱) ناپ - پیمائش (۲) کسی دوا کی مقدار یا اندازہ - (۳) ہندی حرفوں کے اعراب (۴) مال - دھن - دولت (۵) ناگری حروف کا حصہ یا جز (۶) وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے (۷) شبشہ (۸) زیور - گہنا (۹) مادہ -

**ماترا لگانا** - (ا - محاورہ) اعراب دینا - حروف علت کو حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنا -

**ماتم** - (ما - تم) [ع - ا - مذ] (۱) مصیبت - آفت - بپتا (۲) سوگ (۳) رنج - غم - ملال - الم - اندوہ - کہرام (۴) مرنے کا غم - گریہ و زاری (۵) سینہ زنی (۶) غم حسینؑ میں سینہ کوٹنا -

**ماتم پرسی** - (ع - ف - س - ت) تعزیت - پرسا - ورثائے میت کے ساتھ ہمدردی -

**ماتم پرسی کرنا** - (ا - محاورہ) تعزیت کرنا - پرسا دینا - ورثائے میت سے ہمدردی اور غم خواری کرنا -

**ماتم پڑنا** - (ا - محاورہ) کسی کی موت پر کہرام مچنا -

**ماتم خانہ - بھرا - کدہ** - (ع - ف - ا - مذ) غم کا گھر - سوگ کا گھر - وہ گھر جس میں کوئی مصیبت یا غمی ہو گئی ہو -

**ماتم دار** - (ع - ف - صف) ماتمی - سوگوار - سوگی -

**ماتم داری** - (ع - ف - ا - ث) غم - سوگ - رنج - الم - کہرام - گریہ و زاری -

**ماتم زدہ** - (ع - ف - صف) سوگوار - ماتمی - غمگین - رنجور -



Marfat.com

ماتم کرنا - (ا-مص-مرکب) (۱) رنج کرنا - غم کرنا - (۲) سوگ کرنا - مردے کو رونا (۳) مرثیہ خوانی کرنا - سینہ کوبی کرنا - امام حسینؑ کے غم میں سینہ کوٹنا -
**ماتمی** - (ما - تَ - می) [ف - صف] ماتم کرنے والا - سوگوار - ماتم سے تعلق رکھنے والا
ماتمی باجہ - (ا-مذ) وہ باجہ جو ماتم میں بجاتے ہیں -
ماتمی پوشاک (جامہ - لباس) (ا-مذ) نیلے یا سیاہ رنگ کا لباس جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے -
**ماتھا** - (ما - تھا) [ہ-ا-مذ] (۱) پیشانی - جبیں - ناصیہ - جُبہ - سر کا اگلا حصّہ - (۲) ناؤ کا اگلا حصّہ -
ماتھا پیٹنا - (ا-محاورہ) (۱) سر پیٹنا - ماتم کرنا (۲) پچھتانا - افسوس کرنا -
ماتھا پیٹن کرنا - (ا-محاورہ) (۱) ظاہرداری کا سلام کرنا - (۲) مغز مارنا - دیر تک سمجھانا -
ماتھا پیٹی - (ا-صف) وہ عورت جس کا ماتھا چپٹا اور بدنما ہو -
ماتھا ٹھنکنا - (ا-محاورہ) (۱) کسی کام کی بدانجامی کے متعلق پہلے سے خبر ہو جانا -
ماتھا ٹیکنا - (ا-محاورہ) (۱) سجدہ کرنا - عبادت کرنا - خوشامد کرنا -
ماتھا رگڑنا - (ا-محاورہ) (۱) پیشانی گھسنا - عاجزی سے سجدے کرنا - جبہ سائی کرنا - (۲) خوشامد کرنا - نہایت عاجزی کرنا -
ماتھا کوٹنا - (ا-محاورہ) (۱) سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا -
ماتھا گودنا - (ا-محاورہ) دائم الحبس قیدی یا غلام کی پیشانی پر علامت بنانا -
ماتھا مارنا - (ا-محاورہ) - سر مارنا - مغز پچی کرنا - سر کھپانا -
ماتھے بیتنا - آفت آنا - مصیبت آنا - کسی کے سر جانا -
ماتھے پر افشاں چُننا - (ا-محاورہ) پیشانی پر ستارے جمانا - عورتیں خوبصورتی کے لیے ایسا کرتی ہیں -
ماتھے پر الف کھینچنا - (ا-محاورہ) فقیر ہو جانا - آزاد ہو جانا -
ماتھے پر بل پڑنا - (ا-محاورہ) ناراض ہونا - غصے ہونا - چیں بر جبیں ہونا -
ماتھے پر پسینہ ہونا - (ا-محاورہ) تکلیف، غم یا شرمندگی کی وجہ سے پیشانی پر پسینہ آجانا -
ماتھے پر ٹیکہ ہونا - (ا-محاورہ) کسی امر کا کسی پر منحصر ہونا -
ماتھے پر شکن ہونا - (ا-محاورہ) پیشانی پر بل پڑنا - رنج یا ناگواری سے پیشانی پر بل پڑ جانا -
ماتھے پر گولی لگنا - (ا-محاورہ) کسی بات کے ہونے سے پہلے اس کی بُری علامتیں نظر آنے لگنا -
ماتھے جانا - (ا-محاورہ) (۱) ذمہ پڑنا - سر لگنا - تھپنا (۲) نقصان ہونا -
ماتھے چاند ٹھوڑی تارا - (ا-مثل) خوب صورتی کی تعریف یعنی ماتھا چاند سا روشن ہے - اور ٹھوڑی تارے کی طرح چمک رہی ہے -
ماتھے کا گٹّا - (ا-محاورہ) وہ نشان جو سجدہ کرتے کرتے پیشانی پر پڑ جاتا ہے -
ماتھے مارنا - (ا-محاورہ) واپس کرنا - لوٹانا - پھیرنا - واپس کرنا
ماتھے مڑھنا - (ا-محاورہ) ذمّے ڈالنا - زبردستی کوئی بات تھوپنا -
ماتھے ہونا - (ا-محاورہ) ذمّے ہونا -
**ماتھر** (ما - تھر) [س-ا-مذ] (۱) متھرا کا رہنے والا - (۲) کایستھوں کی ایک ذات (۳) متھرا کے برہمنوں کی ایک ذات -

**ماتی** (ما - تی) [ہ-صف] (۱) سرشار - مست - متوالا - مدہوش - مخمور (۲) بالغ - نوجوان (۳) شاداب - شگفتہ - تر و تازہ (۴) کامل - پُورا - بھرپُور -
**ماٹ** [ہ-ا-مذ] (۱) مٹکا - خُم (۲) نیل کا حوض -
**ماٹ بگڑنا** (ا-محاورہ) نیل کا مٹکا (حوض) خراب ہو جانا (۲) کنبہ کا افواہ اُڑنا -
**ماٹھ** [ہ-ا-مث] (۱) بھٹی (۲) [مذ] بڑا مٹکا - خُم - گول (۳) جھونپڑا (۴) خانقاہ (۵) ہندو فقیروں کی جھونپڑی (۶) مذہبی مدرسہ - پاٹ شالہ -
**ماٹھو** (ما - ٹھو) [ہ-صف] (۱) مسخرہ آدمی - بیوقوف شخص - (۲) ایک قسم کا بندر -
**ماٹی** (ما - ٹی) [ہ-ا-مث] (۱) مٹی - خاک - دُھول - گرد - غبار (۲) زمین - دھرتی -
ماٹی پھانکنا (پھنکنا) (ا-محاورہ) جلنا - حسد کرنا - دشمنی کرنا - بیر کرنا -
ماٹی میں رُلنا - (ا-محاورہ) خاک میں مِلنا - بدن کا مٹی میں ملنا - دفن ہونا (۲) خراب ہو جانا - تباہ ہو جانا - بگڑ جانا -
**ماثُور - ماثُورہ** (ما - ثُور، ما - ثُو - رَہ) [ع-صف] (۱) اثر قبول کیا ہوا (۲) جزا دیا گیا (۳) نقل کیا ہُوا -
**ماجد** (ما - جِد) [ع-صف] بزرگ - قابلِ احترام شخص - معزّز -
**ماجدہ** (ما - جِ - دَہ) [ع-صف] قابلِ تعظیم عورت - معظّمہ - محترمہ - بزرگ عورت ماجد کی تانیث -
**ماجُو** (ما - جُو) [ہ-ا-مذ] مازو ایک دوا کا نام -
**ماجُوج** (ما - جُوج) [ع-ا-مذ] ایک قوم جو حضرت یافث بن نوحؑ کی اولاد سے ہے - تاتاری لوگ - یاجوج ماجوج -
**ماجُور** (ما - جُور) [ع-صف] اجر دیا گیا - ثواب دیا گیا - نیک بدلہ دیا گیا -
**ماجوم** (ہ-ا-مث) (۱) معجون کا مخرب (۲) ایک مٹھائی جس میں بھنگ ملی جاتی ہے -
**ماجھی** (ما - جھی) [ہ-ا-مذ] ملّاح - کشتی چلانے والا -
**ماچا** (ما - چا) [ہ-ا-مذ] (۱) اونچی اور بہت بڑی چارپائی (۲) وہ اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر کھیت سے پرندوں کو اڑاتے ہیں - ٹانڈ - مچان -
**ماچاتوڑ** (ہ-صف) (۱) جو ہر وقت چارپائی پر پڑا رہے - سست - کاہل (۲) راجپوت سپاہیوں کی ایک قسم جو جنگ میں مست پڑے رہتے تھے مگر بوقتِ جنگ بڑی بہادری دکھاتے تھے - انہیں اکبر کے عہد میں احدی کہا جاتا تھا -
**ماچھی** (ما - چھی) [ہ-ا-مث] مچھلی - ماہی (پن) سقہ - بہشتی -
**ماچی** (ما - چی) [ہ-ا-مث] (۱) چھوٹی چارپائی - پلنگڑی (۲) وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے ہوتا ہے - (۳) لکڑی کا وہ آلہ جو ہل چلاتے وقت بیلوں کے گلے میں ڈالتے ہیں -
**ماحی** (ما - حی) [ع-صف] نیست کرنے والا - محو کرنے والا - مٹانے والا -
**ماخذ** (ما - خذ) [ع-ا-مذ] (۱) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے - اخذ کرنے یا لینے کی جگہ - منبع - نکاس (۲) اصل - بنیاد (۳) مادہ - مبدأ -
**ماخوذ** (ما - خوذ) [ع-صف] (۱) گرفتار - پکڑا ہُوا - پھنسا ہوا - بازپرس میں مبتلا (۲) اخذ کیا ہوا - جمع : ماخوذین -
ماخوذ کرنا (ا-محاورہ) (۱) پکڑنا - گرفتار کرنا (۲) پھنسانا - لپیٹنا (۳) الزام لگانا -
**ماخولیا** (ما - خو - لِ - یا) [یو-ا-مذ] دیکھیے مالیخولیا -
**مادح** (ما - دِح) [ع-صف] تعریف کرنے والا -
**مادر** (مادَر) [ف-ا-مث] والدہ - ماں - امّاں - ماتا - جمع : مادراں



Marfat.com

مادر بہ خطا (ف-ا-مث) حرامی - ولدالزنا -
مادر پدر آزاد (ف-صف) مکمل آزاد - ہر قسم کی مذہبی یا اخلاقی پابندیوں سے آزاد -
مادر پدر ہونا - مادر خواہر کرنا (ا-محاورہ) گالی گلوچ کرنا - ایک دوسرے کو گالیاں دینا -
مادر چود (بازاری گالی) جس نے اپنی ماں کے ساتھ زنا کیا ہو - شریر - حرامزادہ بدذات -
مادر خواہی کرنا - (ا-محاورہ) ماں کی گالی دینا -
مادرِ رضاعی - (ف - ع - ا مث) دودھ پلانے والی -
مادر زاد - پیدائشی - جنم کا - جیسے مادر زاد اندھا -
مادرِ علاتی - (ف - ا مث) سوتیلی ماں -
مادرِ گیتی - (ف - امث) زمین - دھرتی ماتا -
مادرانہ (ما - دَ - ری) [ف - صف] ماں سے متعلق -
مادری (ما - دَ - ری) [ف - صف] (۱) ماں کی طرف منسوب (۲) پیدائشی - فطری -
مادری زبان - (ف - ا - مث) ماں کی زبان - گھر کی زبان - ذاتی زبان اپنی بولی
مادہ (ما - دَہ) [ف - ا - مث] عورت ذات - نر کی نقیض - استری -
مادّہ (مادْ - دَہ) [ع - ا - مذ] (۱) ہر چیز کی اصل - جس سے کوئی شے بنائی جائے (۲) جوہر - قابلیت - صلاحیت (۳) ماخذ - اصل - جڑ - منبع (۴) کسی بات کے سمجھنے کی قوت - عقل - ادراک - سمجھ (۵) جسم - وجود - (۶) مواد - پیپ - جمع مواد -
مادّہ پرست - (ع - ف - صف) مادہ کو سب کچھ سمجھنے والا - خدا کا منکر - دہریہ -
مادّہ ہونا - (۱) لیاقت یا استعداد ہونا (۲) کسی چیز کی اصلیت (جڑ) ہونا -
مادّہِ تولید - وہ رقیق مادہ جو مرد کے عضو تناسل سے خارج ہوتا ہے - اور استقرارِ حمل کا باعث بنتا ہے (انگ) (Semen)
...دی (مادْ - دی) [ع - صف] ذاتی - اسلی - قدرتی - طبعی -
...ریات (مادْ - دِ - یات) [ف - ا - مث] مادیت کی جمع - مادی چیزیں - مخلوقات -
...ریان (ما - دِ - یان) [ف - امث] یہ لفظ واحد ہے - گھوڑی مادہ اسپ -
...یت (مادْ - دِیت) [ع - امث] (۱) جسمانیت جسمیت - مادہ ہونا - جمع: مادّیات
...ین (ف - ا - مث) ہر حیوان اور پرندکی مادہ -
...ڈرن (Modern) [انگ - صف] دیکھیے موڈرن -
...ڈل (Model) (ما - ڈل) [انگ - ا - مذ] (۱) نمونہ - نقشہ (۲) ناپ - پیمانہ (۳) سانچہ - قالب (۴) طور طریق -
...ذنہ (ما - ذَ - نَہ) [ع - ا - مذ] مینار یا وہ جگہ جہاں سے اذان دی جائے - جہاں سے کسی چیز کا اعلان یا منادی کی جائے -
...ذون (ما - ذُون) [ع - صف] اجازت دیا گیا -
... ف - ا - مذ) سانپ - ناگ - افعی - جمع: ماراں - مارہا -
... رِ آستین (ف - صف) میٹھی چھری - بغلی گھونسہ - دوست نما دشمن -
... ربسر گنج (ف - مثل) خزانے پر سانپ - اس کنجوس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ جس کے پاس دولت تو ہو مگر نہ خود اپنی ذات پر خرچ کرے اور نہ کسی کو دے -

مارِ پیچ پرچم - سیاہ رنگ کا گچھا جو جھنڈے کے سر پر لگا دیتے ہیں (۲) سانپ کی سی لہر (۳) کئی سانپوں کے مانند باہم پیچیدہ تصویر (۴) پیچ دار راستہ - ٹیڑھا راستہ -
مار خور - (ف - ا - مذ) ایک قسم کا جنگلی بکرا -
مارِ دو زبان - (ف - صف) کنایتاً منافق آدمی کے لیے کہتے ہیں -
مارِ زلف - (ف - صف) زلف کا سانپ - معشوق کی زلف کو سیاہی اور پیچ خم کی وجہ سے سانپ سے استعارہ کرتے ہیں -
مارِ ضحاک - (ف - ا - مذ) وہ سانپ جو بادشاہ ضحاک کے کاندھوں پر پیدا ہو گئے تھے - اور آدمی کا بھیجا کھاتے تھے -
مار گزیدہ - (ف - صف) وہ جسے سانپ نے کاٹ کھایا ہو -
مار گزیدہ از ریسماں می ترسد - (ف - مثل) سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے ڈرتا ہے جس چیز سے نقصان پہنچا ہو اس کے ہم شکل سے بھی خوف آتا ہے -
مار گیر - (ف - ا - مذ) (۱) سانپ پکڑنے والا - سپیرا (۲) مکار - دغا باز - حیلہ ساز -
مارِ گیسو - (ف - صف) معشوق کی پیچ دار زلف - کاکل - معشوق کی لٹ -
مار ماہی - ایک قسم کی مچھلی - بام مچھلی -
مار مہرہ - (ف - ا - مذ) وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکالا جاتا ہے (۲) زہر کا تریاق
مار [ہ - ا - مث] (۱) چوٹ - ضرب - مار پیٹ - زدوکوب (۲) دھکا - صدمہ - آسیب (۳) دُکھ - درد - تکلیف - عذاب - رنج - کوفت (۴) تنگی - مفلسی - (۵) ٹوٹا - خسارہ - گھاٹا - حق تلفی - خیانت (۶) لوٹ - غارت (۷) سزا (۸) غضبِ الٰہی - وبال (۹) کثرت - بہتات - افراط (۱۰) علاج دفعیہ مصلح - بدرقہ (۱۱) لالچ - طمع (۱۲) فریب - دغا - دھوکا - چال (۱۳) توڑ زور (۱۴) سعی - کوشش (۱۵) کاروبار - کام کاج (۱۶) خرچ - صرف - (۱۷) لعنت - پھٹکار - دھتکار - بددعا - (۱۸) دھمکی - ڈراوا (۱۹) ہلاک کرنے والا (۲۰) پوتنی مٹی (۲۱) چکنی مٹی جس میں دھان پیدا ہوتا ہے - (۲۲) مارنا کا امر -
مار اتارنا - (ا - محاورہ) (۱) مار ڈالنا - ہلاک کرنا (۲) مرنے کے قریب کر دینا - (۳) برباد کرنا تباہ کرنا - (۴) فریفتہ کرنا - عاشق بنا لینا - موہ لینا -
مار بھگانا - (ا - محاورہ) مار کر بھگا دینا - شکست دینا - ہرا دینا -
مار بیٹھنا - (ا - محاورہ) (۱) ٹھونک دینا - پیٹ دینا (۲) غضب کر لینا - مار لینا -
مار پٹائی - مار پیٹ - (ا - مث) مار کٹائی - زدوکوب - لڑائی جھگڑا -
مار پٹنا - (ا - محاورہ) مارا جانا - زدوکوب ہونا -
مار پیٹ کے - (ا - مقولہ) بڑی مشکل سے - دقت سے -
مار پیٹ کیے جانا - (ا - محاورہ) (۱) متواتر مارے جانا (۲) [کنایتاً] کوشش کیے جانا - کوشش میں کسر نہ اٹھا رکھنا -
مار پیچھے سنوار - (ا - مثل) لڑائی کے بعد صلح - رسوائی کے بعد نیک نامی - ذلت کے بعد عزت -
مار چلنا - (ا - محاورہ) مار شروع کر دینا -
مار دِلوانا - (ا - محاورہ) پٹوانا - زدوکوب کرانا -
مار دھاڑ - (ا - مث) (۱) مار پیٹ - زدوکوب - (۲) لڑائی - جنگ و جدل - (۳) ڈانٹ ڈپٹ -



Marfat.com

**مار دینا** - (۱- محاورہ) (۱) قتل کر دینا - ہلاک کر دینا (۲) مار پیٹ کرنا (۳) شکست دینا - ہرا دینا (۴) دست درازی کر بیٹھنا -
**مار ڈالنا** - (۱- محاورہ) (۱) قتل کر دینا - ہلاک کر دینا (۲) تباہ کرنا - برباد کرنا - عاشق بنا لینا - فریفتہ کر لینا - موہ لینا (۴) بیتاب کر دینا - پھڑکا دینا (۵) ہنساتے ہنساتے لوٹا دینا -
**مار ذبح کرنا** - [ق - ۱- محاورہ ] کام تمام کرنا - جیتا نہ چھوڑنا - قتل و غارت کرنا - مار ڈالنا -
**مار رکھنا** - (۱- محاورہ) (۱) کام تمام کرنا - بچ کر نہ جانے دینا - مُردے کے برابر کر دینا - (۲) فریفتہ کر لینا - عاشق بنا لینا (۳) تباہ کر دینا - برباد کر دینا - (۴) ناجائز طور پر قبضہ کر لینا - ہتھیا لینا -
**مار رہنا** - (۱- محاورہ) زیادتی رہنا - افزونی رہنا -
**مار سے بھُوت بھاگتا ہے - مار کے آگے بھُوت بھاگتا ہے** - [۱- مثل] مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دُور ہو جاتی ہے - مار سے ہی شریر درست ہوتے ہیں -
**مار کٹائی - مار کُٹیا** - (۱- مث) مار پیٹ - مار دھاڑ - زد و کوب -
**مار کر بیڑا کر دینا** - (۱- محاورہ) بہت مارنا - نہایت زد و کوب کرنا -
**مار کھا جانا** - (۱- محاورہ) دھوکے میں آ جانا - فریب میں آ جانا -
**مار کھانا** - (۱- محاورہ) (۱) پِٹنا - سزا پانا - ضرب کھانا (۲) ہار جانا - شکست کھانا (۳) فریب یا دغا بازی سے کمانا -
**مار کھانے کی باتیں** - (۱- محاورہ) سزا پانے کے کام -
**مار کھانے کی نشانی** - (۱- صف) کم زور کے حق میں استعمال ہوتا ہے -
**مار کھلوانا** - (۱- محاورہ) پِٹوانا - سزا دِلوانا -
**مار کے** - (۱- تابع فعل) (۱) پیٹ کر - زد و کوب کر کے (۲) بہت - بے حد - کثرت سے -
**مار کے اُلّو بنا دینا** - (۱- محاورہ) اتنا مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں - بہت زیادہ مارنا -
**مار کے بچھا دینا - مار کے لِٹا دینا** - (۱- محاورہ) بہت مارنا - بے حد زد و کوب کرنا -
**مار گُسیّاں تیری آس** - [۱- مثل] نوکر مالک کو یا بیوی خاوند کو کہتی ہے کہ جتنا چاہے مار لے - میں تو تیرے بھروسے پر ہوں -
**مار لانا** - (۱- محاورہ) (۱) شکار کرنا - مار کر لے آنا (۲) غصب کر کے لینا - دھوکے سے حاصل کرنا - چرا لینا - لُوٹ کھسوٹ کر لانا -
**مار لینا** - (۱- محاورہ) (۱) دبا لینا - غصب کر لینا (۲) لوٹ لینا - تباہ کر دینا (۳) غبن کرنا - ناجائز طور سے لے لینا (۴) پیٹ لینا - تھپڑ لگا لینا - (۵) جیت لینا - فتح کر لینا - مغلوب کر لینا (۶) قابو کر لینا - مطیع کر لینا -
**مار مار** - (۱- مث) ہنکائے جانے کا شور -
**مار مار دُھول اُڑا دینا** - (۱- محاورہ) (۱) بہت مارنا (۲) مار کر - دبا کر - ناچار
**مار مار کر کے** - (۱- تابع فعل) جلدی کر کے - بہت کوشش کر کے - بہ مشکل تمام
**مار مار (کر) کے بھُرکس نکال دینا** - (۱- محاورہ) بہت مارنا -
**مار مار (کر) کے سیدھا کرنا** - (۱- محاورہ) پیٹ پیٹ کر درست کرنا -

**مار مار کرنا** - (۱- محاورہ) (۱) پیٹنے کا حکم دینا (۲) جنگ و جدل پر اُکسانا (۳) سرزنش کرنا - للکارنا (۴) نہایت کوشش کرنا - خوب جد و جہد کرنا - (۵) بہت محنت و مشقت کرنا (۶) نہایت جلدی کرنا (۷) مار پیٹ کرنا (۸) شور غل کرنا -
**مار مارنا** - (۱- محاورہ) پیٹنا - زد و کوب کرنا -
**مار مار ہونا** - (۱- محاورہ) (۱) مار مار کرنا (۲) بڑا تقاضا یا تاکید ہونا -
**مار مرنا** - (۱- محاورہ) دوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ کو ہلاک کرنا - خودکشی کرنا
**مار میں جانا** - (۱- محاورہ) (۱) ڈوبنا - ضائع ہونا - جاتا رہنا (۲) لُٹ جانا - غارت جانا (۳) بٹے کھاتے میں پڑنا - وصول نہ ہونا -
**مار ہٹانا** - (۱- محاورہ) مار بھگانا - شکست دینا -
**مارا** (ما - را) [ہ - صف] (۱) کشتہ - مقتول (۲) ڈسا ہُوا - گزیدہ (۳) تباہ شدہ - (۴) دُکھی - ستایا ہُوا - مارا ہُوا - مُردہ -
**مارا جانا** - (۱- محاورہ) (۱) قتل ہونا - ہلاک ہونا (۲) ضائع ہونا - تلف ہونا (۳) تباہ ہونا - برباد ہونا (۴) غائب ہونا (۵) ذلیل ہونا (۶) لُٹ جانا - چوری ہو جانا - (۷) بلا میں پھنسنا - گرفتار ہونا (۸) شامت آنا (۹) (فوج کا) کٹ جانا -
**مار دھاڑی** - [ق] مار پیٹ - جھگڑا -
**مارا مار** - (۱- مث) (۱) کثرت - افراط - بہتات - زیادتی - افزونی (۲) کوشش - سعی - دوڑ دھوپ (۳) مار پیٹ - مار دھاڑ (۴) ہل چل - افراتفری - بھاگڑ (۵) محنت - جاں فشانی - مشقت (۶) کش مکش - کشاکش - دھکا پیل (۷) ظلم و ستم جو کسی پر ہر طرف سے ہو (۸) پیہم - لگاتار -
**مارا مار کرنا** - (۱- محاورہ) (۱) دوڑ دھوپ کرنا - بہت کوشش کرنا (۲) جلدی کرنا - شتابی کرنا -
**مارا مارا پھرنا** - (۱- محاورہ) (۱) آوارہ پھرنا - خراب و خستہ پھرنا - دربدر پھرنا (۲) ٹھوکریں کھاتے پھرنا - بھٹکتے پھرنا -
**مارا ہُوا** - (۱- صف) (۱) قتل کیا ہُوا (۲) تباہ کیا ہُوا - برباد کیا ہوا - اجاڑا ہوا (۳) کشتہ کیا ہُوا -
**مارْبل** (Marble) (مارْبِل) [انگ - ۱- مذ] سنگِ مرمر - ایک قسم کا سفید پتھر -
**مارْپارُو** [ق - صف] مہلک - ہلاک کرنے والا -
**مارْتا** (مارْ - تا) [ہ - ۱- مذ] مارنے والا - ضرب لگانے والا -
**مارتا پیر** - [۱- مذ] (۱) زبردست آدمی - جو دوسرے پر قابو پا لے -
**مارتے خاں** - [۱- مذ] (۱) زبردست - زورآور (۲) بہادر (۳) ظالم -
**مارنے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہے - کہنے کا منہ نہیں پکڑا جاتا** (۱- مثل) بدزبان کی بدزبانی نہیں روکی جا سکتی - مارنے والے کا ہاتھ تو پکڑا جا سکتا ہے - مگر کسی کی زبان کو نہیں روکا جا سکتا -
**مارتے کے پیچھے بھاگتے کے آگاڑی** - (۱- مثل) بزدل کے متعلق کہتے ہیں -
**مارتے مارتے بھُرکس کر دینا - گُھڑی بنا دینا** - (۱- محاورہ) بہت مارنا بُری طرح پیٹنا - نہایت سخت مارنا -
**مارتول** - (مارْ - توْل) [ہ - ۱- مذ] ہتھوڑا - موگرا - ٹھوکنے کا آلہ -
**مارٹ** - (Mart) [انگ - ۱- مذ] (۱) نیلام گھر (۲) منڈی - تجارتی مرکز -



Marfat.com

**مارٹر۔** (Mortar) (۱) [انگ۔ امث] اوکھلی ہاون (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔

**مارجن۔** (Margin) مار۔جِن۔ [انگ۔ ا۔ مذ] حاشیہ۔ آخری حد (۲) زائد رقم جو کمی بیشی پوری کرنے کو رکھی جاتے۔

**مارچ۔** (March) [انگ۔ ا۔ مذ] سَنہ عیسوی کا تیسرا مہینہ۔ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے (۲) کوچ۔ روانگی (۳) باقاعدہ قدم اُٹھانا۔ معین رفتار سے چلنا۔

**مارچ پاسٹ** (March Past) [انگ۔ ا۔ مذ] فوج کی سلامی۔

**مارشل۔** (Marshal) (مارْ۔شَل) [انگ۔ ا۔ مذ] سپہ سالار۔ جنرل۔ سب سے اونچے درجے کا فوجی افسر۔

**مارشل۔** (Marshal) (مار۔شَل) [انگ۔ ا۔ صف] (۱) جنگی۔ حربی۔ عسکری۔ فوجی۔ (۲) جنگ جُو۔ بہادر۔

**مارشل لا** (Martial Law) [انگ۔ ا۔ مذ] فوجی قانون۔ جنگی قانون۔

**مارفیا۔** (Morphia) (مارْ۔فِ۔یا) [انگ۔ ا۔ مذ] افیون کا ست۔

**مارک۔** (Mark) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) جرمنی کا ایک سکّہ (۲) سونے چاندی کا پیمانہ۔

**مارک۔** (Mark) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) نشانی۔ نشانہ۔ علامت (۲) کوئی نشان جو ناخواندہ آدمی دستخط کی جگہ بنائے (۳) امتحان کے سوالات کے نمبر (۴) داغ۔ دھبّہ (۵) معیار سے بلند۔

**مارک کرنا۔** (ا۔ محاورہ) نشان لگانا۔ علامت بتانا۔ نقش کرنا (۲) نشان جو دھوبی کپڑوں پر لگاتا ہے۔ (۳) نقشے پر کسی نشانی کو ظاہر کرنا۔

**مارکا۔** (مار۔کا) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) علامت۔ پہچان۔ نشانی (۲) وہ نشان جو کسی سلطنت کی طرف سے اس سلطنت کی علامت ظاہر کرے (۳) وہ علامت جو کوئی کمپنی اپنے کارخانہ کی مصنوعات کے لیے مقرر کرے۔

**مارکر۔** (Marker) (مارْ۔کَر) [انگ۔ صف] (۱) نشان لگانے والا۔ نشان کرنے والا (۲) کھوجی۔

**مارکسزم۔** (Marxism) (مار۔کس۔زم) [انگ۔ صف] مشہور جرمن اشتراکی کارل مارکس کا عقیدہ۔ اشتمالیت۔ مارکسی نظریات۔

**مارکسی۔** (مارْ۔کَ۔سِی) [اُر۔ ا۔ مذ] اشتمالی نظریات کو ماننے والا۔ کارل مارکس کے نظریات کا حامل۔

**مارکسیت۔** (مار۔ک۔سی۔یَت) [اُر۔ صف] وہ اقتصادی۔ سیاسی اور سماجی نظریات جن کی بنا۔ کارل مارکس اور فریڈرک اینگلز نے ڈالی تھی۔

**مارکوئیس۔** (Marquis Quess) مارْ۔کو۔ایُس [انگ۔ ا۔ مذ] نواب ڈیوک سے چھوٹا۔ ایک انگریزی خطاب

**مارکیٹ۔** (Market) (مار۔کیٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) بازار۔ منڈی۔ گذری پیٹھ (۲) بازار لگنے کا دن۔ اُردو میں مارکیٹ کہتے ہیں۔

**مارگ۔** [س۔ ا۔ مذ] (۱) راستہ۔ راہ۔ باٹ۔ سبیل۔ طریق۔ پنتھ (۲) طرح۔ طور۔ طریقہ۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ (۳) زہر کا اتار۔ بدرقہ (۴) چارہ۔ علاج تدبیر۔ اُپاتے۔

**مارنا۔** (مار۔نا) [ہ۔ مص] (۱) پیٹنا۔ زدوکوب کرنا (۲) ضرب لگانا۔ چوٹ لگانا (۳) حملہ کرنا (۴) سزا دینا۔ ڈانٹنا۔ (۵) لگانا۔ جڑنا (۶) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۷) فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ (۸) فتح کرنا۔ جیتنا۔ تسخیر کرنا۔ (۹) بازی لینا۔ کشتی جیتنا (۱۰) حریف کے مُہرے کو پیٹنا (۱۱) ہنکانا۔ دھتکارنا۔ بھگانا (۱۲) پھانسنا (۱۳) غبن کرنا۔ خُرد بُرد کرنا۔ اڑا لینا (۱۴) پٹکنا۔ دے مارنا۔ (۱۵) پچھاڑنا (۱۶) قابو میں کرنا (۱۷) اشارہ کرنا (آنکھ سے) (۱۸) پانی کے اندر جانا (غوطہ)۔

**مارننگ** (Morning) (مار۔ننگ) [انگ۔ امث] صبح۔

**مارنے والے سے بچانے والا بڑا ہے** [ا۔ مثل] اُس موقع پر بولتے ہیں جب دشمن بُرائی یا ہلاکت میں پوری کوشش کر چکے اور خدا کی مہربانی سے کوئی نقصان نہ پہنچے۔

**مارُو۔** (ما۔رُو) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا (۲) مث۔ ایک راگنی (۳) مخالف سمتوں میں ملے ہوتے ہرن کے دو سینگ۔

**مارواڑ۔** (مار۔واڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) جودھ پور کا علاقہ (۲) ایک قسم کے گیت جو راجپوتانہ میں گائے جاتے ہیں۔ (۳) ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے پروں پر سفید چتیاں ہوتی ہیں۔

**مارُوت۔** (ما۔رُوت) [ع۔ ا۔ مذ] ایک فرشتہ جو ہاروت فرشتہ کے ہمراہ دنیا میں آیا تھا۔ مشہور ہے کہ دونوں ایک طوائف زہرہ پر عاشق ہوگئے اور اُسے آسمان پر جانے کا علم بتا دیا۔ وہ زہرہ تو ستارہ بن گئی اور اُن کو یہ سزا ملی کہ تا قیامت کنویں میں اُلٹے لٹکے ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے۔

**ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ۔** [ا۔ مثل] بے محل اور بے جوڑ بات۔

**ماری۔** (ما۔رِی) [ہ۔ ا۔ مث] مار۔

**ماری پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) مار پڑنا۔ شامت آنا۔ جان پر بننا۔ صدمہ پہنچنا۔

**مارے** (ہ۔ ا۔ تابع فعل) (۱) وجہ۔ سبب۔ خاطر۔ لیے۔ واسطے۔ کارن۔ (۲) مارنا کا مضارع (۳) مارے ہوتے۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے شامت مارے۔

**مارے آپ لگاوے تاپ۔** (ا۔ مثل) آپ کرے اور دوسرے کے سر لگاتے

**مارے اور رونے نہ دے۔** (ا۔ مثل) زبردست ظلم کرے اور فریاد بھی نہ سنے۔

**مارے باندھے۔** (ا۔ تابع۔ فعل) زبردستی۔ مجبوری سے۔

**مارے باندھے کا سودا۔** (ا۔ مذ) مجبوری کا معاملہ۔

**مارے جُوتیوں کے سر پر ایک بال نہ رکھوں۔** (ا۔ محاورہ) کسی پر بہت غصّہ ظاہر کرنے کے لیے یہ کلمات بولتے ہیں۔

**مارے سپاہی نام سردار کا۔ کاٹے باڑھ نام تلوار کا۔** (ا۔ مثل) کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔

**مارے سے پیرا یا اچھا۔** (ا۔ مثل) دھمکی سے کام نکال لینا چاہیے۔

**مارے مارے پھرنا۔** (ا۔ محاورہ) بھٹکتے پھرنا۔ بیکار گھومنا۔

**مارے نہ چُوہی نام فتح خاں۔** (ا۔ مثل) مفت میں بہادر مشہور ہوگئے۔

**مارے نہ کُوٹے دل ہی دل میں گھونٹے۔** (ا۔ مثل) چپکے چپکے دل کو تکلیف پہنچانا۔ اندر ہی اندر دل دُکھانا۔

**مارے ہنسی کے لوٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہنسی کی شدت سے بے تاب ہو جانا



Marfat.com

مارے ہول کے - (ا۔ تابع۔فعل) خوف کی شدت سے۔ ڈر کے مارے۔
**ماڑا** - (ما۔ ڑا) [ہ۔صف] (۱) بودا۔کم زور۔کم طاقت۔ ناتوان (۲) دُبلا پتلا۔ لاغر (۳) بوڑھا۔ضعیف (۴) غریب۔مسکین (۵) مفلس۔کنگال۔تنگدست (۶) نکما۔خراب۔کھوٹا (۷) حقیر۔ناچیز (۸) کمینہ۔ادنیٰ۔ہیچ۔
**ماڑی** - (ما۔ ڑی) [ہ۔صف] (۱) ماڑا کی تانیث۔کم زور۔ ناتوان۔ ضعیفہ۔ نحیفہ (۲) [مث] کلف۔ اہار (۳) اوپر کی منزل۔ اٹاری۔
**مازُو** - (ما۔ زُو) [ف۔ا۔مث] ماجُو ایک مشہور دوا۔
**ماس** - [س۔ا۔مذ] (۱) مہینہ (۲) چاند۔ماہ۔قمر (۳) گوشت۔
ماس سب کوئی کھاتا ہے۔ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا - [امثل] اچھی چیز سبھی چاہتے ہیں۔ بُری کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔
ماس کھاتے ماس بڑھے، گھی کھاتے بل ہو ⎫ (ہ۔مثل) گوشت کھانے سے
ساگ کھاتے اوجھ بڑھے بوتا کہاں سے ہو ⎭ بدن کا گوشت بڑھتا ہے گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ساگ کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں آتی۔
ماس نوچنا - (ا۔محاورہ) بوٹیاں کاٹنا۔بھنبھوڑنا۔گوشت اتارنا۔
**ماسٹر** - (Master) (ماس۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] مالک۔مختار۔ قابض۔ (۲) آقا۔کارخانے کا مالک (۳) صاحب خانہ۔ماہر فن۔ حاکم (۴) اُستاد۔معلّم (۵) کاریگر (۶) بڑے لوگوں کے بچوں کو ملازم اسی نام سے پکارتے ہیں۔
**ماسٹر پیس** - (Masterpiece) [انگ۔ا۔مذ] شاہکار۔بہترین کاریگری اعلیٰ صنعت۔
**ماسکہ** - (ما۔ سِ۔ کہ) [ع۔صف] وہ قوت جو غذا کو معدے میں ہضم کے لیے روکتی ہے۔
**ماسی** - (ہ۔امث) ماں کی بہن۔خالہ۔
**ماش** - (ہ۔ا۔مذ) اُڑد۔ایک لیس دار اناج جس کی دال وغیرہ بناتے ہیں۔
ماش مارنا - (ا۔محاورہ) ماش کے دانوں پر جادو ٹونا کر کے کسی پر پھینکنا۔ ٹونا کرنا۔
**ماشہ** - (ما۔ شہ) [ف۔ا۔مذ] آٹھ رتی کا وزن۔تولہ کا بارھواں حصّہ۔
ماشہ بھر (ا۔صف) (۱) ایک ماشہ کی مقدار۔پورا آٹھ رتی (۲) ذرا سا۔تھوڑا سا
ماشہ تولہ ہونا - (ا۔محاورہ) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
**ماشو** - (ما۔ شُو) [ق۔ا۔مذ] ایک قسم کا کپڑا۔
**ماشی** - (ما۔ شی) [ہ۔صف] ماش کے رنگ کا۔سبز کاہی۔سیاہی مائل سبز۔
**ماضی** - (ما۔ ضی) [ع۔صف] (۱) گزشتہ۔گزرا ہوا زمانہ (۲) [مث] مصدر سے بنا ہوا وہ فعل جس سے گزشتہ زمانہ ثابت ہو۔
ماضی احتمالی - ماضی شکیہ - (ع۔ف۔امث] وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانہ میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک ہو۔مثلاً بکر آیا ہوگا۔
ماضی استمراری - ماضی ناتمام - (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس میں زمانہ گزشتہ میں کسی فعل کا لگاتار واقع ہونا ظاہر ہو۔جیسے کھاتا تھا یا کھا رہا تھا۔

ماضی بعید - (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس سے دُور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے۔جیسے آیا تھا۔
ماضی تمنائی - ماضی شرطی - (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے۔جیسے کاش وہ آتا۔
ماضی قریب - (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے۔جیسے حمید آیا ہے۔
ماضی مُطلق - (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس سے زمانہ کے قریب و بعید ہونے کا لحاظ نہ ہو۔بلکہ مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے باسط آیا۔
ماضی معطوفہ (ع۔ف۔امث) وہ ماضی جس میں کسی بات یا کلام کا بار بار ہونا ظاہر ہو بذریعہ عطف۔
**ماضیہ** - (ما۔ضی۔یَہ) [ع۔صف] گزرا ہوا۔بیتا ہوا۔گزشتہ۔پیشتر کا۔
**ماغ** - (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر۔
**ماقوتی** - (ما۔قو۔تی) [ع۔امث] ایک قسم کا حلوا۔
**ماکُول** - (ما۔کُول) [ع۔صف] (۱) کھایا ہوا۔(۲) کھانے کی چیز۔ غذا۔ خوراک۔
**ماکُولات** - (ما۔کُو۔لات) [ع۔ا۔مذ] ماکول کی جمع۔کھانے کی چیزیں۔
**ماکھن** - (ما۔کھَن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مکھن۔مسکا۔کچا گھی (۲) روغن۔تیل۔ (۳) گاڑھا پکا ہُوا دودھ۔ربڑی۔
**ماکھو** - (ما۔کھُو) [ہ۔امث] (۱) افواہ۔شہرت۔چرچا۔ (۲) شہد کی مکھی۔
**ماکیاں** - (ما۔کِ۔یاں) [ف۔امث] مرغی۔یہ لفظ جمع نہیں ہے مفرد ہے۔
**ماگھ** - (س۔ا۔مذ) ہندی آٹھویں مہینے کا نام۔
ماگھ ننگی بیٹیا کھ بھوکی - [امثل] ہمیشہ مفلس۔سدا کنگال۔
**مال** - [ہ۔امث] (۱) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے۔(۲) مالا۔ ہار۔(۳) [پن] کوئیں کا موٹا رسّہ (۴) مویشی۔
**مال** - (Mall) [انگ کا۔نث] شہر کی بڑی سڑک۔ٹھنڈی سڑک خیابان۔
**مال** - [ع۔ا۔مذ] (۱) دھن۔دولت۔نقدی۔مایہ۔پونجی (۲) اسباب۔جائداد سامان (۳) سوداگری کی چیزیں (۴) خاص ملکیت جس میں دوسرے کا تصرف نہ ہو۔ (۵) بیش قیمت چیز قیمتی لتّے (۶) گلّے۔بھینس۔مویشی۔ عرب میں اونٹ۔دنبہ وغیرہ۔(۷) مال گزاری۔لگان۔محصول۔ خراج۔معاملہ (۸) پیداوار۔آمدنی۔زراعت (۹) نفیس کھانا۔قیمتی طعام (۱۰) اصل حقیقت۔کائنات۔ہستی۔وجود۔(۱۱) ڈاک کی تھیلی (۱۲) وہ چیز جس پر چٹھی پڑے۔لاٹری کا انعام (۱۳) ایک ہی عدد کے باہمی ضرب سے جو حاصل ہو۔جیسے سولہ۔چار کا مال ہے۔(۱۴) نیل جو فروخت ہوتا ہے (۱۵) دانے دار نیل کی گار جو بھٹی میں پانی خشک ہو جانے پر رہ جاتی ہے۔(۱۶) خوبصورت اور نوعمر لونڈیا (۱۷) خوب صورت لڑکا۔
مال اڑانا - [ا۔محاورہ] (۱) روپیہ لٹانا۔فضول خرچی کرنا (۲) لذیذ اور نفیس چیزیں کھانا۔(۳) روپیہ خُرد بُرد کرنا۔غبن کرنا۔خیانت کرنا۔
مال بازیافتہ - (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مال جو ملزم (چور) سے برآمد ہوا ہو۔



Marfat.com

**مال برآمد** - [ع - ف - ا - مذ] (۱) وہ مال جو درساور کو بھیجا جائے۔ اپنے ملک سے دوسرے ملک میں لے جا کر فروخت کرنے کی جنس (۲) چوری کا مال جو ملزم سے واپس لیا گیا ہو۔

**مال پچا بیٹھنا** - (ا - محاورہ) غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔

**مال پر زکوٰۃ ہے** - (ا - مثل) آمد پر ہی خرچ ہوتا ہے۔ آمدنی ہی پر زکوٰۃ منحصر ہے۔

**مال پرست** - (ع - ف - صف) مال کی پرستش کرنے والا۔ بندۂ سیم وزر۔

**مال پڑا پانا** - (ا - محاورہ) بے محنت ومشقت دولت ملنا۔

**مال تال - مال ٹال** - (ا - مذ) روپیہ پیسہ - مال ومتاع۔

**مال چیرنا** - (ا - محاورہ) غبن کرنا۔ مال ہضم کرنا۔ غصب کرنا۔

**مال حرام** - (ا - صف) ناجائز مال - چوری کا مال - بُری کمائی - مفت کا مال۔

**مال حرام بود بجائے حرام رفت** - (ف - مثل) ناجائز مال جس طرح آیا تھا اُسی طرح چلا گیا جیسی بُری کمائی تھی ویسی ہی بُری جگہ خرچ ہوتی۔

**مال حصّہ داری** - [ع - ف - ا - مث] (۱) ساجھے کی پونجی - شرکت کا مال (۲) قانون حصّہ داری کا سرمایہ۔

**مال خانہ** - (ع - ف - ا - مذ) گودام - ذخیرہ - بھنڈار - کوٹھی - جنس گھر۔

**مال دار** - (ع - ف - صف) دولت مند - دھنی - روپے والا - زردار - صاحبِ زر۔

**مال داری** - (ع - ف - ا - مث - دولت مندی - تونگری - ثروت۔

**مال زادہ** - (ع - ف - ا - مذ) حرام کا بچہ - پیشہ ور عورت کا بچہ - قرمساق - بھڑوا

**مال زادی** - [ع - ف - ا - مث] (۱) فاحشہ عورت - رنڈی - قحبہ - بازاری عورت (۲) کٹنی - نائکہ - دلّالہ۔

**مال سائر** - (ع - ف - ا - مذ) مال گزاری کے علاوہ چنگی - سڑک - مدرسہ وغیرہ کے محاصل۔

**مال سستے پر ڈھالنا** - (ا - محاورہ) سستا بیچنا۔

**مال شراکت** - (ا - محاورہ) حصّہ داری کا مال - ساجھے پونجی۔

**مال ضامن** - (ع - ف - ا - مذ) نقدی کی ضمانت دینے والا - روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار۔

**مال ضامنی** - (ع - ف - ا - نث) مال کی ضمانت۔

**مال ضبطی** - (ع - ف - ا - مذ) سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال - قُرق کیا ہوا مال

**مال طیّب** - (ع - ف - ا - مذ) پاکیزہ مال - حلال کی کمائی۔

**مال عرب - پیش عرب** - (ت - مثل) اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے۔

**مال غنیمت** - (ع - ف - ا - مذ) لوٹ کا مال - دشمن کا وہ مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے

**مال غیر منقولہ** - (ع - ف - ا - مذ) وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کیا جا سکے - جیسے زمین - مکان وغیرہ۔

**مال فرود** - [ع - ف - ا - مذ] (۱) مال اترنے کی جگہ - آڑھت - منڈی (۲) کوٹھی یا دوکان کا مال۔

**مال کا بندوبست** - (ع - ف - ا - مذ) خرچ کا انتظام - بندوبست - پیداوار کا انصرام - مال گزاری کی تجویز۔

**مال کاسد** - (ع - ف - ا - مذ) وہ مال جس کی بازار میں مانگ نہ ہو اور کم قیمت پر بیچا جائے۔

**مال کا منہ کرتا ہے جان کا منہ نہیں کرتا** - (ا - مثل) بخیل کی نسبت بولتے ہیں - یعنی مال کے مقابلہ میں جان کی پروا نہیں کرتا۔

**مال کا نقصان جان کی خیر** - (ا - محاورہ) اُس وقت بولتے ہیں جب مال کا نقصان ہو کر جان بچ جائے۔

**مال کٹنا** - (۱) مال چوری جانا - (۲) مال کا کثرت سے بکنا۔

**مال کنگنی** - (ہ - ا - نث) ایک درخت جس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے اور ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔

**مال کھینچنا** - (ا - محاورہ) مال کمانا - مال حاصل کرنا

**مال کیا ہے** - (ا - مقولہ) دولت کی کوئی حقیقت نہیں - کیا شے ہے۔

**مال گاڑی** - (ا - نث) وہ ریل گاڑی جس میں مال روانہ کیا جاتا ہے۔

**مال گزار** - (ع - ف - ا - مذ) مال گزاری ادا کرنے والا۔

**مال گزاری** - (ع - ف - ا - نث) زمین کا لگان - زمین سرکاری محصول (Land Revenue)

**مال لاوارث** - (ع - ا - مذ) وہ مال جس کا کوئی وارث اور دعوے دار نہ ہو۔

**مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ** - (ا - مثل) دوسروں کے مال پر عیش اڑانا۔

**مال مارنا** - (ا - محاورہ) غبن کرنا - ٹھگنا - فریب سے لینا - چوری کرنا۔

**مال مارو** - (ا - صف) غبن کرنے والا - خرد برد کرنے والا - خائن - غاصب۔

**مال متاع** - (ع - ا - مذ) - دولت - اسباب۔

**مال مجرم** - (ع - ا - مذ) چوری - مال ملزم۔

**مال محمولہ** - (ع - ا - مذ) مال جو بذریعہ گاڑی ناؤ یا جہاز دوسری جگہ لاد کر لے جائیں جہاز پر لدا ہوا مال

**مال مست** - (ع - ف - ا - مذ) دولت کے نشہ میں سرشار - دولت پر مغرور - بہکا

**مال مسروقہ** - (ع - ا - مذ) وہ مال جو چوری کیا جائے - چوری شدہ مال۔

**مال مفت** - (ع - ف - ا - مذ) محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال - بن داموں ملا ہوا مال۔

**مال مفت دل بے رحم** - (ا - مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب دوسرے کا مال بے دریغ صرف کیا جائے۔

**مال مقروقہ** - (ع - ا - مذ) وہ مال جو قرق کیا گیا ہو - ضبط شدہ مال۔

**مال منقولہ** - (ع - ا - مذ) وہ مال یا جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا سکے۔

**مال موذی - نصیب غازی** - (ف - مثل) بخیل کا مال کسی کو ملنے پر بولتے ہیں۔

**مال والا ہارے - گال والا جیتے** - (ا - مثل) آج کل کچہریوں میں وہی مقدمہ جیتتا ہے جس کا وکیل بہت بولنے والا ہوتا ہے۔

**مال وقف** - (ع - ا - مذ) وہ مال جو خدا کے نام پر عام استعمال کے لیے چھوڑ دیا جائے مثلاً مسجد - مندر - سرائے وغیرہ۔

**مال ومتاع** - (ع - ا - مذ) سامان اور روپیہ پیسہ دولت واسباب وغیرہ۔

**مالا** - [ہ - ا - مذ و مث] (۱) پھولوں - موتیوں یا سونے کا بنا ہوا ہار - گجرا (۲) ہندوؤں کی تسبیح (۳) ایک درخت کا نام (۴) قطارہ - سلک - (۵) وہ نشان جو تیغ فولادی اور شمشیر ہندی کے دونوں طرف ہوتا ہے۔

**مالا پھیرنا - جپنا** - (ا - محاورہ) تسبیح پڑھنا - سمرن جپنا۔



Marfat.com

**مالا مال** - (ما-لا-مال) [اُر-صف] (۱) دولت مند۔ تونگر۔ خوش حال۔ زردار۔ (۲) بہت۔ کثیر۔ کثرت سے (۳) لبریز۔ معمور۔ بھرا ہُوا۔

**مالا مال کر دینا** - امیر بنا دینا۔ دولت مند بنا دینا۔

**مال پُوا** - (مال-پُ-وا) [ہ-ا-مذ] (۱) ایک قسم کی روغنی روٹی۔ گلگلا۔

**مالتی** - (مال-تی) [ہ-ا-مث] (۱) ایک بوٹی کا نام - ایک قسم کی بیل (۲) ایک قسم کے پھول کا نام - چنبیلی (۳) جوان عورت (۴) دریا۔ چاندنی رات۔

**مالتی بسنت** - (ہ-ا-مذ) ایک کشتہ جو سونے کے ورقوں اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

**مالتی پھل** - (ہ-ا-مذ) جائفل۔

**مالتی مالا** - (ہ-ا-مث) چنبیلی کے پھولوں کا ہار

**مالٹ** - (Malt) [انگ-ا-مذ] شراب سازی کے لیے تیار کیے ہوئے جَو یا کوئی اور اناج - شعیر۔

**مالٹا** - (مال-ٹا) [اُر-ا-مذ] ایک مشہور پھل جو ترش و شیریں ہوتا ہے۔

**مالدا** - (ہ-ا-مذ) ایک مشہور اعلیٰ قسم کا آم۔

**مال سَری** - (مال-سَ-رِی) [س-ا-مث] ایک راگنی جو بعد دو پہر اگھن پوس میں گائی جاتی ہے۔ (۲) ایک خوشبودار پھولوں والا درخت۔

**مالِش** - (ما-لِش) [ف-ا-مث] (۱) ملنا۔ رگڑنا۔ (۲) متلی۔ جی کا متلانا۔

**مالِک** - (ما-لِک) [ع-ا-مذ] (۱) صاحب۔ آقا۔ خداوند (۲) خدائے تعالےٰ۔ رب۔ ایشور۔ (۳) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا۔ (۴) خصم۔ شوہر۔ خاوند پتی (۵) قابض۔ متصرِف (۶) مختار۔ اختیار والا (۷) حاکم۔ افسر۔ سردار (۸) حضرت امام مالک رح فقہ کے بہت بڑے امام - جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں۔

**مالک المُلک** - [ع-ا-مذ] (۱) ملک کا مالک - بادشاہ - شہنشاہ (۲) خدائے تعالےٰ۔

**مالکِ حقیقی** - (ع-ا-مذ) اصلی مالک - خداوند تعالےٰ۔

**مالکِ خود کاشت** - (ع-ف-ا-مذ) اپنی زمین خود بونے والا مالک۔

**مالکِ علی الاطلاق** - (ع-ا-مذ) مالکِ مطلق۔ ہر کام کا مالک و مختار یعنی خدائے تعالیٰ۔

**مالک کرنا** - (ا-محاورہ) مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ مختار کرنا۔ اختیار دینا۔

**مالکِ مکان** - (ع-ف-ا-مذ) - گھر والا - صاحبِ خانہ۔

**مالک ہونا** - [ا-محاورہ] (۱) وارث ہونا - حامی ہونا - قابض ہونا (۲) مختار ہونا مجاز ہونا - (۳) سرپرست ہونا - مربّی ہونا۔

**مالکانہ** - (مَا-لِ-کا-نَہ) [ف-صف] (۱) مالک کے طور پر (۲) زمینداری کا حق - حقِ زمین جو کاشتکار سالانہ یا ماہانہ نقدی یا جنس کی صورت میں زمین دار کو ادا کرتا ہے۔

**مالکانہ رسوم** - (ف-ا-مث) ملکیت کا حق - حقیّت کا روپیہ۔

**مالکوس** - (مال-کوس) [ہ-ا-مذ] ایک راگ۔

**مالکی (مالکیہ)** [ع-صف] (۱) حضرت امام مالکؒ سے منسوب - حضرت امام مالکؒ کا پیرو (۲) [ہ-ا-مث] ملکیت۔

**مالن** - (ما-لَن) [ہ-ا-مث] مالی کی بیوی - پھول بیچنے والی۔

**مالُوف** - (ما-لُوف) [ع-صف] عادی - خوگر۔ الفت کیا گیا۔ عزیز۔ پیارا۔ انیس۔

**مالی** - (ما-لی) [ہ-ا-مذ] (۱) باغبان (۲) ایک قوم جو باغبانی اور کھیتی باڑی کرتی ہے۔

**مالی** - (ما-لی) [ف-صف] (۱) مال سے منسوب (۲) مال گزاری سے منسوب۔

**مالی پیشکار** - (ع-ف-ا-مذ) واصل - باقی نویس - مال گزاری یا معاملہ کا جمع خرچ لکھنے والا - محررِ مال گزاری۔

**مالی کام** - (ع-ا-مذ) مال گزاری کے متعلق کام - زمین کے متعلق کام کاج۔

**مالیات** - (ع-ا-نث) مالی امور خزانہ۔

**مالیاتی** - (ما-لِ-یا-تی) مال کے متعلق - مالی معاملات سے متعلق [انگ] (Financial)

**مالیّت** - (ما-لی-یت) [ف-ا-مث] (۱) پونجی - سرمایہ (۲) دھن - دولت (۳) قیمت - مول (۴) قدر و منزلت - وقعت (۵) تشخیص - قیمت جانچ۔

**مالیخولیا** - (ما-لِی-خُو-لِ-یا) [ف-صف] سودا - خیالِ خام - خللِ دماغ - ایک قسم کا جنون - پاگل پن - خفقان - ماخولیا۔

**مالیدہ** - (ما-لِی-دَہ) [ف-صف] (۱) ملا ہوا (۲) ایک قسم کا پشمینے کا کپڑا جو مل کر ملائم کیا جاتا ہے - (۳) ملیدہ - چورما۔

**مالیہ** - (ما-لِ-یہ) [ف-ا-مذ] (۱) مالیت (۲) مال گزاری - خراج - حکومت کی سالانہ آمدنی -

**ماشم** - [ہ-ا-مث] استطاعت - بساط - طاقت - بل - بوتہ (ف-امث) مال -

**ماما** - [ف-ا-مث] (۱) ماں - والدہ (۲) بوڑھی عورت (۳) کھانا پکانے والی عورت - باورچن (۴) خادمہ - ملازمہ - دائی (۵) کنیز - باندی لونڈی -

**ماما اصیل** - (ا-نث) لونڈی - باندی - کنیز۔

**ماماگری - ماماگیری** (ا-صف) (۱) کھانا پکانے کی ملازمت (۲) خدمتگاری کا پیشہ۔

**ماماں** - (ما-ماں) [ہ-ا-مذ] ماں کا بھائی - ماموں۔

**ممتا** - (مام-تا) [ہ-ا-مث] (۱) الفت - محبت - پیار (۲) ماں کی محبت -

**ممتا ٹھنڈی رہنا** - (ا-محاورہ) بچے کو دیکھ دیکھ کر ماں کا خوش رہنا۔

**مامَلا** - (مَا-مَ-لَا) [ق] معاملہ -

**مامن** - (مَا-مَن) [ع-ا-مذ] پناہ گاہ - آرام کی جگہ - ٹھکانہ - جائے امن۔

**ماموں - ماموں** - (ما-مُو) - (ما-مُوں) [ہ-ا-مذ] ماں کا بھائی (پن) ماماں - ماموں

ماموں (ماموں) کے کان میں انٹیا (انٹیاں)
(بالیاں) بھانجا اینڈا اینڈا پھرے - } [مثل] دوسروں کی دولت پر اترانا۔

**مامُور** - (ما-مُور) [ع-صف] (۱) مقرر - متعیّن (۲) حکم کیا گیا - اجازت دیا گیا۔

**مامور ہونا** - (ا-محاورہ) کوئی کام سپرد ہونا - مقرر ہونا۔

**مامول** - (ع-صف) امید کیا گیا - وہ چیز جس کی امید ہو۔

**مامون** - (ما-مُون) [ع-صف-و-ا-مذ] (۱) محفوظ - بے خوف (۲) ہارون رشید خلیفہ بغداد کے بیٹے کا نام۔



Marfat.com

**مامی** - (ما - می) [ہ - امث] (۱) ماموں کی بیوی - ممانی (۲) ماں کی محبت - ماں کی سی طرف داری -
**مامی پینا** - (ا - محاورہ) کسی کی طرف داری کی بات کہنا - طرف داری کرنا -
**امیران** - (ما - می - ران) [ف - ا - مذ] ایک جڑ جو گٹھیلی اور ہلدی کے مشابہ ہوتی ہے - اور آنکھ کی دوا میں استعمال ہوتی ہے - ممیرا -
**ماں** - [ف - ا - مث] اماں - والدہ - ماتا -
**ماں ایلی باپ تیلی بیٹا (پوت) شاخ زعفران** - (ا - مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی پنج قوم یا کمینہ شیخی مارے یا کوئی ادنے ماں باپ کی اولاد فخرِ خاندان ہو جائے -
**ماں باپ کا لاڈلا** - (ہ - ا - مذ) وہ لڑکا جسے والدین نے بڑے ناز و نعم سے پالا ہو -
**ماں بہن کرنا** - (ا - محاورہ) کسی کو ماں بہن کی گالی دینا -
**ماں بیلیوں میں پھنالا نہیں چھپتا** - (ا - مثل) قریبی رشتہ داروں یا پاس رہنے والوں سے عیب نہیں چھپ سکتا -
**ماں بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا** - (ا - مثل) آپس کی لڑائی کوئی لڑائی نہیں سمجھی جاتی -
**ماں پسنہاری پوت چھیلا، پوتڑ پہ باندھے پور کا تھیلا** - (ا - مثل) غریب کا بیٹا فیشن کرے تو کہتے ہیں -
**ماں پسنہاری بھلی - باپ ہفت ہزاری نہ بھلا** - (ا - مثل) ماں کی محبت باپ کی محبت سے زیادہ ہونے پر بولتے ہیں -
**ماں پر پوت پتا پر گھوڑا، بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا** - (ا - مثل) اولاد اپنے ماں باپ پر ہوتی ہے -
**ماں تیلن، باپ پٹھان، بیٹا دیکھو شاخ زعفران** - (ا - مثل) کمینے شیخی باز کے متعلق کہا جاتا ہے جب کوئی ادنیٰ بڑا ہو جائے تو کہتے ہیں -
**ماں ٹینی باپ کلنگ - بچے نکلے رنگ برنگ** - (ا - مثل) دوغلی اور بداطوار اولاد یا نالائق خاندان کے متعلق کہتے ہیں -
**ماں جایا** (ا - مذ) برادرِ حقیقی - سگا بھائی -
**ماں جائی** - (ا - مث) ہمشیرہ - سگی بہن -
**ماں جنا** - (ا - مذ) بھائی جو ماں کے پیٹ سے ہو -
**ماں چاہے بیٹی کو، بیٹی چاہے مُوسے ڈھینگ کو** - (ا - مثل) ماں بیٹی سے جس قدر محبت کرتی ہے - بیٹی کو ماں سے نہیں ہوتی - شادی کے بعد وہ اپنے خاوند سے زیادہ محبت کرتی ہے -
**ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا** - (ہ - مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے -
**ماں چیل باپ کوا** - (ہ - مثل) کم اصل - دوغلہ -
**ماں سے سوا چاہے تو پھاپھا کٹنی کہلائے** - (ا - مثل) ماں سے زیادہ پیار جتانا ضرور کسی خاص غرض سے ہوتا ہے -
**ماں سے لے کر کون آیا ہے** - (ا - مثل) سب سکھانے ہی سے سیکھتے ہیں -
**ماں فقیرنی پوت فتح خاں** - (ا - مثل) کم اصل اور پنج خاندان کے مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں -

**ماں کا پیٹ کمہار کا آوا - کوئی کالا کوئی گورا** - (ا - مثل) جس طرح کمہار کے آوے سے برتن پکے کچے - سُرخ اور سیاہ نکلتے ہیں - اسی طرح ماں کے پیٹ سے بھی کالے اور گورے بچے پیدا ہوتے ہیں - یہ مثل وہاں بولی جاتی ہے جہاں ایک ہی ماں باپ کی اولاد بعض خوبصورت اور بعض بدصورت ہوتی ہے -
**ماں کا دودھ** - (۱) شیرِ مادر (۲) نہایت مفید (۳) حلال - جائز -
**ماں کو نہ باپ کو جو بنے گی سو آپ کو** - (ا - مثل) ہر نیک و بد عمل کا ذمہ دار کرنے والا ہی ہوتا ہے -
**ماں کے پیٹ سے لے کر کوئی نہیں آتا** - (ا - مثل) سیکھا سکھایا کوئی نہیں پیدا ہوتا - کام سیکھنے ہی سے آتا ہے -
**ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا** - (ا - مثل) سیکھا سکھایا پیدا ہونا - سیکھے بغیر حاصل کر لینا -
**ماں مارے اور ماں ہی پکارے** - (ا - مثل) اپنا چاہے کتنی ہی تکلیف دے پھر بھی اپنا ہی کہلائے گا - اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں لگتی -
**ماں مرے ماسی جئے** - (ا - مثل) ماں مرے گی تو خالہ پال لے گی - یعنی ماں اور خالہ کی محبت میں کوئی فرق نہیں -
**ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا** - (ا - مثل) اُس جگہ کی نسبت بولتے ہیں جہاں کوئی اپنا واقف نہ ہو -
**مان** - [س - ا - مذ و مث] (۱) گھمنڈ - غرور - تکبر - نخوت - کبر (۲) عزت - قدر منزلت (۳) خاطر، تواضع - آؤ بھگت -
**مان** - (۱) ماننا کا امر - تسلیم کر - قبول کر (۲) [ت - ا - مذ] گھر - خانہ (۳) اسباب خانہ -
**مان بھری** - [ہ - صف - مث] (۱) ارمان بھری - آرزومند - مشتاق - پُر ارمان (۲) مغرور - دماغ دار - مزاج دار - متکبر - گھمنڈی -
**مان پان - مان تان** - (ہ - ا - مذ) عزت - آبرو -
**مان جانا** - (ا - محاورہ) تسلیم کر لینا - منظور کر لینا - (۲) راضی ہو جانا - اقرار کر لینا - (۳) اُستادی کا قائل ہو جانا - اعتراف کرنا -
**مان ڈھینا** - (ا - محاورہ) غرور نہ رہنا - گھمنڈ جاتا رہنا -
**مان رکھنا** - [ا - محاورہ] (۱) بات رکھنا - عزت رکھنا - خاطر مدارات کرنا - تعظیم و تکریم کرنا - (۲) تمنا پوری کرنا - مراد برلانا (۳) بات ماننا - کہا ماننا -
**مان رہنا** - [ا - محاورہ] (۱) عزت رہنا - بات رہنا (۲) ماتحت رہنا - زیرِ سایہ رہنا - تابع رہنا -
**مان کا پان بہت ہوتا ہے** - (ا - مثل) عزت کے ساتھ تھوڑا ملنا بھی بہت ہوتا ہے -
**مان کرنا** - [ا - محاورہ] (۱) تعظیم و تکریم کرنا - آؤ بھگت کرنا - (۲) تکبر کرنا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - دماغ کرنا - مزاج کرنا - اترانا -
**مان گمان** - (ہ - ا - مذ) گھمنڈ - غرور - تکبر - نخوت - ناز - تمکنت - کبر -
**مان گون** - [ہ - ا - مذ] (۱) ناز و نیاز - ناز برداری (۲) عزت - قدر - منزلت -
**مان گون رکھنا** - (ا - محاورہ) حسب خواہش مراد پوری کرنا - دل رکھنا - ناز برداری



Marfat.com

کرنا۔ ناز اٹھانا۔ عزت کرنا۔ بات رکھنا۔

**مان گون والی۔** [ہ۔ صف] آن بان والی۔ ناز و ادا والی عزت والی۔

**مان مرجانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) تجبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا (۲) دل مرجانا۔ امنگ نہ رہنا (۳) عاجز ہو جانا۔

**مان مَہَت۔** [ہ۔ و ل ۲۰] (۱) مان گمان (۲) ناز و نخرہ۔ ناز و غمزہ (۳) چاؤ چوچلا۔ آؤ بھاؤ (۴) آن تان (۵) نا بیجا غمزہ تازیبا۔ (۶) قدر و منزلت۔ تعظیم و تکریم۔

**مان نہ مان میں تیرا مہمان۔** [مثل] اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بے بلائے کسی کے یہاں جائے۔ خواہ مخواہ بغیر پوچھے کسی کو صلاح دے۔

**مانا۔** (ما۔نا) [ق۔ مص] سمانا۔ کسی چیز میں آجانا۔

**مانا۔** (ما۔نا) [ق] معنی۔

**مانا** [ہ] فرض کیا۔ تسلیم کیا۔ منظور کیا [ف۔ صف] مشابہ۔ مانند۔

**مانْتْ۔** (ما۔نَتْ) [ق] مانند۔

**مانَتْ۔** [ق] مقصد۔ منت۔ مشابہت۔

**مانتا۔** (مان۔تا) [ہ۔ ا] (۱) منّت۔ اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا۔ (۲) عقیدہ۔ اعتقاد (۳) نیت۔ عہد (۴) تعظیم و تکریم۔

**مانتا ہوں۔** [ہ] قائل ہوں۔ تمہاری ہوشیاری اور رہبالاکی کو تسلیم کرتا ہوں۔ کیا بات ہے۔

**مانتھا۔** (مان۔تھا) [ق۔ ا۔ مذ] ماتھا۔

**مانج۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دلدل کی زمین (۲) ترائی کچھار (۲) [ہ۔ ا] مانجنا مصدر سے صیغۂ امر۔

**مانجنا۔** (مانج۔نا) [ہ۔ مص] (۱) صاف کرنا۔ برتن ملنا۔ اُجالنا۔ صیقل کرنا۔ جِلا کرنا (۲) سونتنا۔ بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو نرم کپڑے سے صاف کرنا۔

**مانجھ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ایک راگنی کا نام (۲) وسط۔ بیچ

**مانجھا۔** (مان۔جھا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ کلف دار مسالہ جو ڈور پر تیزی اور چمک کے لیے پھیرتے ہیں (۲) وہ ضیافت جو دولہا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے (۳) زرد پوشاک جو دولہا دلہن کو مانجھے میں پہناتے ہیں۔ مایوں کا زرد جوڑا (۴) مانجھے بیٹھنا (ا۔ محاورہ) دلہا دلہن کا شادی سے پہلے گوشے میں بیٹھنا۔ مایوں بیٹھنا (۵) درخت کا تنہ۔

**مانجھن۔** (مان۔جھن) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ملاح کی بیوی (۲) کشتی چلانے والی عورت۔

**مانجھی۔** (مان۔جھی) [ہ۔ ا۔ مذ] ملاح۔ کشتی چلانے والا۔

**مانجی۔** [ہ۔ ا۔ مث] گھر دیغی کی قسم کا آلہ جو کسم کا رنگ ٹپکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**مانْد۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) گوبر کا ڈھیر۔ سوکھا ہوا گوبر جسے اپلوں کی طرح جلاتے ہیں (۲) [مث] غار۔ بھٹ۔ کھوہ (۳) [صفت] جس کی آب و تاب اور چمک جاتی رہے۔

**ماند۔** [ف۔ ماضی] مصدر ماندن سے تھکنا۔ رہنا [ا۔ مث] قیام۔ سکونت۔

**ماند پڑ جانا (پڑنا)** [ا۔ محاورہ] آب و تاب نہ رہنا۔ مدہم پڑ جانا۔ پھیکا پڑ جانا۔ رنگ کی شوخی جاتے رہنا۔

**ماند و بود۔** [ف۔ ا۔ مث] رہنے سہنے کا طریقہ۔ طرز بود و باش۔

**ماند کرنا۔** [ا۔ محاورہ] مدہم کرنا۔ بے رونق کرنا۔

**ماندا۔** (مان۔دا) [ہ۔ صف] بیمار۔ مریض۔ علیل۔ ناساز۔ روگی۔

**ماندا پڑنا۔** [ا۔ محاورہ] عاجز ہونا۔ بیمار پڑنا۔

**ماندگی۔** (ماندگی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) تکان۔ تھکن۔ کسل۔ سستی۔ (۲) ایک قسم کا جنون (۳) بیماری۔ علالت۔ ناسازی۔ روگ۔ آزار۔

**ماندنا۔** [ق۔ مص] قائم کرنا۔ لگانا۔ ارتکاب کرنا۔

**ماندہ۔** (مان۔دَہ) [ف۔ صف] (۱) تھکا ہوا۔ خستہ (۲) بچا ہوا۔ پیچھے رہا ہوا۔ جمع: ماندگاں۔

**ماندے ہونا۔** [ق۔ مص] تھکے ہونا۔ بیمار ہونا۔

**مانڑ۔** [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ پیچ۔ مانڈی۔ کانجی۔ (۲) کلف۔ آہار (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت۔

**مانڈا۔** (مان۔ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کی نہایت پتلی اور بڑی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔ پوری۔ پھلکی (۲) سفید جالا جو آنکھ کی پتلی پر آجاتا ہے۔

**مانڈل۔** (مان۔ڈَل) [ہ۔ ا۔ مث] لوہے کا حلقہ جو پانی کے چرس کے منہ پر لگا رہتا ہے۔

**مانڈنا** (مانڈ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) مسلنا۔ کچلنا۔ پاؤں کے نیچے روندنا (۲) گوندھنا۔ سانٹنا (۳) بنانا۔ جِیتا کرنا۔ رچانا (۴) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ قلم کرنا۔ ٹھاننا۔ پکا ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا۔

[ق۔ ا۔ مث] ران۔ زانو۔ گھٹنا۔

**مانڈی۔** (مان۔ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] کانجی۔ اُبلے ہوئے چاولوں کی پیچ۔ کلف۔

**مانُس۔** (ما۔نُس) [ہ۔ ا۔ مذ] آدمی۔ بشر۔ انسان۔ شخص۔

**مان سون۔** (Monsoon) [انگ۔ ا۔ مث] موسمی ہوائیں جو بحر ہند سے جنوب مغرب کو چلتی ہیں اور بارش لاتی ہیں (۲) برسات کا موسم۔

**مانِع۔** (ما۔نِع) [ع۔ ا۔ مذ] منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سد راہ (۲) ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ۔

**مانع آنا۔** (ا۔ محاورہ) سد راہ ہونا۔ منع کرنا۔ مزاحم ہونا۔ معترض ہونا۔

**مانع عفونت۔** (۱۔ صف) جراثیم کش ادویہ جو عمل جراحی (Surgery) میں استعمال ہوتی ہیں (انگ) (Antiseptics)

**مانعَہ۔** (ما۔نِ۔عَہ) [ع۔ ا۔ مذ] روک۔ حائل۔ مزاحم۔ روکنے والا۔

**مانِک۔** (ما۔نِک) [س۔ ا۔ مذ] (۱) یاقوت۔ لعل (۲) گوہر۔ جوہر۔

**مانگ ٹیکا۔** [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا ماتھے پر لٹکانے کا جڑاؤ زیور۔

**مانگ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر (۲) منگیتر۔ کنواری



Marfat.com

لڑکی جس کی نسبت ہوگئی ہو (۳) شوہر۔ خاوند (۴) طلب جیسے ایسی چیزوں کی بڑی مانگ ہے (۵) انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سلائی۔

**مانگ اُجڑنا** - (ا۔ محاورہ) بیوہ ہو جانا۔ رانڈ ہو جانا۔

**مانگ آنا** - (ا۔ محاورہ) مانگا جانا۔ خریداری ہونا۔

**مانگ بھرنا** - [ا۔ محاورہ] (۱) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا۔ جو اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں (۲) بیاہ دینا۔ شادی کر دینا۔

**مانگ بھری** - [ا۔ نث] (۱) سہاگن۔ خاوند والی (۲) پیاری۔ عزیزہ (۳) جورو۔ بیوی۔

**مانگ پٹی** - (ا۔ نث) بالوں کی درستگی۔ کنگھی چوٹی۔

**مانگ پٹی میں لگا رہنا** - (ا۔ محاورہ) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔

**مانگ ٹھنڈی رہے** - (دعا) خاوند جیتا رہے۔ سہاگ بنا رہے۔

**مانگ ٹھنڈی ہے** - (ا۔ محاورہ) خاوند زندہ ہے۔ سہاگن ہے۔

**مانگ جلی** - بیوہ۔ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو۔

**مانگ چِرنا** - ازالہ بکر ہونا۔ چیر اُٹھنا۔ کنوار پنا دور ہونا (طوائفوں کی)

**مانگ دار** - مانگیا (ا۔ مذ) ایک قسم کا کنکوا جس میں مانگ کی شکل بنی ہوتی ہے۔

**مانگ دار خربوزہ** (ا۔ مذ) ایک قسم کا خربوزہ جس میں مانگ کی طرح لکیریں بنی ہوتی ہیں۔

**مانگ سنوارنا** (ا۔ محاورہ) بال درست کرنا۔ کنگھی چوٹی کرنا۔

**مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے** (دعا) شوہر اور بچے جیتے رہیں۔

**مانگ کھلنا** - (ا۔ محاورہ) منگیتر لڑکے یا لڑکی کے مر جانے سے رشتہ نہ رہنا (۲) بیاہی عورت کا مر جانا۔

**مانگ میں آگ لگنا** - (ا۔ محاورہ) بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا۔

**مانگ میں سیندور بھرنا۔ مانگ میں صندل بھرنا۔ مانگ میں موتی بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) عورتیں مانگ میں کبھی سیندور کبھی صندل بھرتی ہیں اور کبھی مانگ کی جگہ موتی کی لڑیاں آویزاں کرتی ہیں۔

**مانگ نکالنا** - سر کے بالوں کے بیچ میں لکیر بنانا۔

**مانگ** - (ہ۔ امث) خواہش۔ چاہ۔ ضرورت۔ حاجت۔ گاہکی۔ خریداری (۲)

**مانگ تانگ کر کام چلانا** - (ا۔ محاورہ) اِدھر اُدھر سے لے لوا کر کام نکالنا ادھر اُدھر سے پورا کر کے گزارہ کرنا۔ قرض دام سے وقت گزارنا۔

**مانگ تانگ کر کھانا** - (ا۔ محاورہ) بھیک مانگ کر بسر کرنا۔

**مانگ کھانا** (ا۔ محاورہ) مانگ کر کھانے والا (ق)

**مانگ کیا مانگتا ہے** - [ا۔ محاورہ] امیر لوگ کسی پر بہت مہربان ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔

**مانگ لینا** - (ا۔ محاورہ) عاریتہً لے لینا۔ مستعار لے لینا۔ اُدھار لینا۔

**مانگ ہونا** - (ا۔ محاورہ) ضرورت ہونا۔ طلب ہونا۔

**مانگا** - (مانگ۔ گا) (ہ۔ صفت) طلب کیا ہوا۔ مستعار لیا ہوا۔

**مانگا تانگا** - (ا۔ صفت) قرض لیا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ عاریتہً لیا ہوا۔

**مانگا کرنا** - مانگتے رہنا۔

**مانگا ہوا** - مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ۔

**مانگنا** - (مانگ۔ نا) (ہ۔ مص) درخواست کرنا۔ چاہنا۔ طلب کرنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا۔ سگائی چاہنا (۳) دعا۔ التجا (۴) اُدھار چاہنا۔ قرض طلب کرنا (۵) تقاضا کرنا۔

**مانگی تھی سینے کو ملی ادیر کو** - (ا۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز مانگی ہوئی چیز کے خلاف ملے۔

**مانگے** - (مان۔ گے) (ہ) اُدھار۔ قرض۔ مستعار۔

**مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات** - (ا۔ مثل) کوئی بات درست نہیں خود مختار رہیں اور ادھر اُدھر سے کام نکال لیتے ہیں۔ اس وقت کہتے ہیں جب ایک شخص کوئی چیز خود مانگ کر لایا ہو اور دوسرا شخص اس سے وہی چیز مانگ کر کام نکالے۔

**مانگے تانگے** - [ا۔ تابع فعل] قرض۔ اُدھار۔ مانگ تانگ کر۔ اُدھار لے کر۔

**مانگے تانگے کا (کی)** - (ا۔ صفت۔ مذ۔ مث) مانگا ہوا۔ مانگی ہوئی (۲) مستعار لی ہوئی (۳) لی ہوئی۔

**مانگے تانگے کام چلے تو بیاہ کرے بلا ریبزار** - (ا۔ مثل) جب آسانی سے کام ہو جائے تو محنت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

**مانگے دینا** - عاریتہً دینا۔ مستعار دینا۔

**مانگے کی منگی اور گڑیا کا سنگار** - (ا۔ مثل) جب کوئی پرائی چیز مانگ کر استعمال کرے اور اس پر اترائے اس وقت کہتے ہیں۔

**مان لینا** - [ہ۔ مص] (۱) منظور کر لینا۔ تسلیم کر لینا (۲) راضی ہو جانا۔ اقرار کر لینا۔

**مانْ مُتْ** - (مان۔ مُت) [ہ۔ ا۔ مذ] شور واویلا۔ چیخ پکار۔ بکڑ بگلہ غل غپاڑا۔

**ماننا** - (مان۔ نا) (ہ۔ مص) تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا (۲) قیاس کرنا (۳) خیال کرنا۔ اثر ماننا (۴) سستی کرنا (۵) تعظیم و تکریم کرنا۔ ادب کرنا۔ احترام کرنا (۶) پاس داری کرنا (۷) استاد جاننا۔ کسی کے ہنر یا کمال کا اقرار کرنا (۸) پرستش کرنا۔ اعتقاد رکھنا (۹) بزرگوں کی ارواح کیلئے کچھ دینے کا عہد کرنا (۱۰) راضی ہونا۔ خوش ہونا (۱۱) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا (۱۲) تابع ہونا مطیع ہونا (۱۳) کہا ماننا (۱۴) جاننا

**مانِنْد** - (ف۔ صفت) مثل۔ نظیر۔ مشابہ۔ مطابق۔ جیسا (۲) ہو بہو۔ بعینہٖ۔

**مانو** - (ما۔ نو) (ہ۔ صفت) جیسا۔ گویا (۲) (امر) تسلیم کرو۔ قبول کرو (۳) فرض کرو (۴) جانور ہم پیار سے بلی کو کہتے ہیں۔

**مانو تو الہ شور نہیں تو پتھر** - (ا۔ مثل) اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حرمت کی جاتی ہے۔ بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں۔

**مانو نہ مانو** - (ا۔ روزمرہ) تم کو ماننے نہ ماننے کا اختیار ہے۔

**مانُوس** - (ما۔ نُوس) (ع۔ صفت) مائل۔ مالوف۔ راغب۔ خوگر (۲) پسند۔ مرغوب۔ ہلا ہوا۔

**مانوس ہو جانا** - (ا۔ محاورہ) ہل جانا۔ گھل مل جانا۔



Marfat.com

**مانوس ہو جانا**۔(۱۔محاورہ) ہل جانا۔گھل مل جانا۔

**مانی**۔ (ما۔نی)(ف۔ا۔مذ) ۲۱۶ء تا ۲۷۶ء کا ایک مشہور و معروف نقاش جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرتا تھا اور نقاشی کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔کتاب "ارژنگ" اسی کی تصنیف ہے۔

**مانی**۔ (ما۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) دایہ۔آیا۔بچوں کو کھلانے والی عورت (۲) وہ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے۔جس سے چکی کا پاٹ بہ آسانی پھرتا ہے۔

**مانی**۔(ما۔نی)(ہ۔صف) مغرور۔متکبر۔گھمنڈی۔مان کرنے والا۔

**مانیٹر**۔ (Monitor) (ما۔نی۔ٹر)(انگ۔ا۔مذ)(۱) جماعت کا وہ ہوشیار لڑکا جو استاد کے بعد جماعت کا انتظام کرتا ہے (۲) ڈرانے والا (۳) آہن پوش جہاز۔

**ماوا۔ ماویٰ**۔(ع۔ا۔مذ) جائے پناہ۔گھر۔ٹھکانا۔

**مادا**۔(ما۔دا)(ہ۔ا۔مذ) مادہ۔اصل جوہر (۲) بہت زیادہ گاڑھا ہوا دودھ۔کھویا (۳) سامان۔مسالا (۴) کلف۔مائڑی۔کانجی (۵) سرشت۔خمیر (۶) دودھ۔نشاستہ (۷) انڈے کی زردی۔

**ماوس**۔(ما۔وس)(ہ۔ا۔مذ) اماوس کا مخفف۔قمری مہینے کا آخری دن۔

**ماہ**۔(ف۔ا۔مذ) چاند۔قمر۔ماہتاب۔چندرماں (۲) مہینا۔ماس۔

**ماہِ آب**۔(ف۔ا۔مذ) اکتوبر کا مہینا۔

**ماہِ الٰہی**۔موسم بہار کا ایک شمسی مہینہ۔سنہ الٰہی کا مہینہ۔اس سن کو شہنشاہ اکبر نے ایجاد کیا تھا۔

**ماہ بہ ماہ**۔(ف۔تابع فعل) ہر مہینہ۔ماہوار۔ماہانہ۔

**ماہ پارہ**۔(ف۔صف) چاند کا ٹکڑا۔خوب صورت۔حسین معشوق۔دلدار۔

**ماہ پرست**۔(ف۔ا۔مذ) چاند کی پوجا کرنے والا (۲) مجازاً عاشق (۳) چکور۔

**ماہ پیکر**۔چاند جیسے جسم والا۔محبوب کی تعریف میں مستعمل ہے۔

**ماہتاب۔مہتاب**۔(ف۔ا۔مذ) چاند۔قمر (۲) گنجفہ کا وزیر (۳) ایک قسم کی آتشبازی (۴)(امث) چاندنی۔چاند کی روشنی۔

**ماہتاب دینا**۔(ا۔محاورہ) توپ کے فتیلہ میں آگ دینا۔

**ماہِ تاباں**۔(ف۔ا۔مذ) چمکنے والا چاند۔معشوق کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

**ماہتابی۔مہتابی**۔(ف۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کا تربوز (۲) چبوترہ (۳) ایک قسم کا کپڑا جس پر سنہری یا روپہلی شکلیں منقوش ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی آتش بازی جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے۔

**ماہِ تمام**۔(ف۔ا۔صف) پورا چاند۔چودھویں رات کا چاند۔ماہِ کامل۔بدر۔پورن ماشی۔

**ماہ جبیں۔مہ جبیں**۔(ف۔صف) چاند جیسی پیشانی والا۔صفت کے طور پر معشوق کو کہا جاتا ہے۔

**ماہِ جلالی**۔(ف۔ا۔مذ) موسم بہار کا ایک شمسی مہینہ۔فروردین۔اس کی نسبت سلطان جلال الدین سلجوقی سے ہے جس کے زمانہ میں سنہ جلالی ایجاد ہوا۔

**ماہِ چاردہ۔مہ چاردہ**۔(ف۔ا۔مذ) چودھویں رات کا چاند۔

**ماہِ چہار ہفتہ**۔(ف۔ا۔مذ) چاند جو بعد اٹھائیس روز کے بہت باریک ہو جاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔کنایۃً معدوم چیز۔

**ماہِ در عقرب**۔چاند کا برج عقرب میں آنا۔اس موقع پر اچھا کام کرنا منع ہے۔

**ماہ دو ہفتہ**۔(ف۔صف) چودھویں رات کا چاند۔

**ماہ رُخ۔(رُو)**۔(ف۔صف)(۱) چاند جیسے چہرے والا۔معشوق (۲) سفید رنگ کا کبوتر۔

**ماہ روزہ**۔(ف۔ا۔مذ) رمضان کا مہینا۔

**ماہ سیام**۔(ف۔ا۔مذ) وہ چاند جو مقنع نے نخشب کے کنوئیں سے نکالا یہ چار مہینے تک نکلتا رہا۔

**ماہ سیما (طلعت)**۔(ف۔صف) چاند جیسی پیشانی والا۔محبوب کی تعریف میں مستعمل ہے۔

**ماہِ شمسی**۔(ف۔ا۔مذ) شمسی سال کا مہینہ۔

**ماہِ صیام۔مہ صیام**۔(ع۔ف۔ا۔مذ) رمضان کا مہینا۔

**ماہِ عزا**۔(ف۔ع۔ا۔مذ) غم و ماتم کا مہینہ۔کنایتاً محرم کا مہینہ (شیعوں کے نزدیک)۔

**ماہِ لقا**۔(ف۔صف) چاند جیسی شکل والا۔صفت محبوب میں مستعمل ہے۔

**ماہِ کامل**۔(ف۔صف) پورا چاند۔چودھویں رات کا چاند۔پورن ماشی کا چاند۔

**ماہِ کنعان**۔(ف۔ا۔مذ) کنعان کا چاند۔حضرت یوسفؑ سے مراد ہے۔

**ماہِ منیر**۔(ف۔ا۔مذ) چمکنے والا چاند۔کنایتاً حسین معشوق۔

**ماہِ نخشب**۔(ف۔ا۔مذ) وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے اپنے سیمابی کی ترکیب سے بنا کر روشن کیا تھا۔نخشب ماوراء النہر کا ایک شہر ہے جہاں یہ چاند بنایا گیا تھا۔

**ماہِ نو**۔(ف۔ا۔مذ) مہینے کا پہلا چاند۔نیا چاند۔ہلال۔

**ماہِ نیم ماہ**۔(ف۔ا۔مذ) چودھویں رات کا چاند۔

**ماہوار**۔(ف۔صف) ہر مہینہ۔ماہ بماہ۔مشاہرہ۔تنخواہ۔

**ماہواری**۔(ہ۔ا۔مث) مہینے کا۔پورے مہینے کا (۲) وظیفہ جو نوکروں کو ہر مہینہ گزرنے کے بعد دیتے ہیں (۳) حیض جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔

**ماہ و سال**۔(ف۔تابع فعل) ہمیشہ۔مدام۔

**ماہِ وش۔مہوش**۔(ف۔صف) چاند کی طرح۔کنایتاً محبوب۔

**ماہانہ۔ماہیانہ**۔(ما۔ہا۔نہ)(ما۔ہِ۔یا۔نہ)(ف۔صف) ماہوار (۲) وہ تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جائے۔وہ رقم یا چیز جو ہر مہینے کے بعد دی جائے۔

**ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا**۔(ا۔محاورہ) بے حد شور و غل ہونا (۲)



Marfat.com

بسبب آواز آنا۔

**ماہر**۔ (ما۔ہر) (ع۔صف) کامل فن۔زیرک۔تیز فہم (۲) واقف کار۔تجربہ کار۔

**ماہُو**۔ (ما۔ہُو) (ہ۔ا۔مث) ایک برساتی کیڑے کا نام جو اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔کن سلائی۔

**ماہُول**۔ (ما۔ہُول) (ہ۔ا۔مذ) ایک کیڑا جو کپاس کو کھا جاتا ہے۔

**ماہی**۔ (ما۔ہی) (ف۔ا۔مث) مچھلی۔جمع۔ماہیاں۔

**ماہی بان**۔ (ف۔ا۔مذ) مچھلیوں کی نگرانی کرنے والا۔مچھلی گھاٹ کا چوکیدار۔

**ماہی بے آب**۔ (ف۔ا۔مث) وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے (۲) (صف) بہت بے تاب۔

**ماہی پُشت**۔ (ف۔صف) گنبدی۔محدب۔قُبّہ دار۔وہ چیز جو آس پاس سے نیچی اور درمیان میں اونچی ہو (۲) ایک قسم کا رچوب جو پشت ماہی سے مشابہ ہوتا ہے اس کو ماہی پشت کا جال بھی کہتے ہیں۔

**ماہی توا**۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا گہرا توا جس میں مچھلی یا کباب تلتے ہیں۔

**ماہی خوار**۔ (ف۔صف) مچھلی کھانے والا۔بگلا۔بوتی مار۔

**ماہی دنداں**۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلواروں کے قبضے بناتے ہیں۔

**ماہی زریں**۔ ایک قسم کی مچھلی جو ریت میں ہوتی ہے۔بعض کہتے ہیں کہ وہ سقنقور ہے۔ریگ ماہی۔

**ماہی کاری**۔ (ف۔ا۔مث) مچھلیاں پیدا کرنا اور پکڑنا۔

**ماہی گاہیں**۔ (Fisheries) (ف۔ا۔مث) مچھلیاں پکڑنے کی جگہ۔مچھلیاں شکار کرنے کا گھاٹ۔

**ماہی گیر**۔ (ف۔ا۔مذ) مچھلیاں پکڑنے والا۔مچھیرا۔

**ماہی مراتب**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ اعزازی نشان جو بہ شکل سیارات بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے۔

**ماہیانہ**۔ (ما۔ہِ۔یا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) تنخواہ۔مہینہ۔مشاہرہ (۲) (صف) مہینے کا۔ماہواری۔

**ماہیّت**۔ (ما۔ہِیّت) (ع۔ا۔مث) حقیقت۔کیفیت (۲) اصل۔جوہر۔مادہ۔مغز۔

**ماء**۔ (ع۔ا۔مذ) پانی۔جل (۲) عرق۔

**ماءُ الجبن**۔ وہ پانی جو دودھ کو پھاڑ کر سفیدی دور کرنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

**ماءُ الحیات**۔ آب حیات (۲) کیمیا گروں کی اصطلاح میں ایک مرکب دوا کا نام جس کو دھات کے کشتہ میں ملا کر آگ پر رکھنے سے دھات اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔

**ماءُ الشباب**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ آب و تاب جو جوان کے چہرے پر ہوتی ہے۔

**ماءُ الشعیر**۔ (ع۔ا۔مذ) جو کا پانی۔جو آش۔آش جو۔

**ماءُ اللحم**۔ (ع۔ا۔مذ) گوشت کا پانی جو کشید کر کے نکالا جائے۔

**ماءُ الورد**۔ (ع۔ا۔مذ) گلاب کا عرق۔

**ماءِ مُعین**۔ (ع۔ا۔مذ) جاری پانی۔صاف اور پاک پانی۔

**مائدہ**۔ (ما۔ءِ۔دہ) (ع۔ا۔مذ) دسترخوان جس پر کھانا چنا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سُورۃ۔

**مائر**۔ (ع۔صف) جو دوسروں ملکوں سے اپنی ضرورت یا فروخت کے لیے غلّہ خرید کر لائے۔

**مائس**۔ (ع۔صف) جو غرور سے چلے (۲) جو شانے ہلا کر چلے۔اکڑ کر چلنے والا۔

**مائع**۔ (ما۔ئع) (ع۔صف) رقیق شے جیسے دودھ۔پانی۔تیل وغیرہ۔

**مائع پیما**۔ وہ آلہ جس سے رقیق چیزوں کی پیمائش ہوتی ہے (Hydrometer)

**مائعات**۔ (ما۔ءِ۔عات) (ع۔ا۔مث) مائع کی جمع۔وہ بہنے والی چیزیں جو مثل پانی کے رقیق ہوں۔

**مائل**۔ (ما۔ئِل) (ع۔صف) راغب۔متوجہ (۲) میلان رکھنے والا۔شائق عاشق (۳) جھکا ہوا۔خمیدہ (۴) ڈھلوان (۵) تھوڑا سا۔جیسے سُرخ سیاہی مائل۔

**مائل کرنا**۔ (ا۔مص۔مرکب) راغب کرنا۔متوجہ کرنا۔

**مائل ہونا**۔ (ا۔مص مرکب) راغب ہونا۔متوجہ ہونا۔رجوع ہونا۔رغبت کرنا۔

**ماؤف**۔ (ما۔ؤف) (ع۔صف) وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو کے لیے مستعمل ہے) بے حس۔

**مائی۔ماوی**۔ (ما۔ئی) (ما۔وی) (ع۔صف) آبی۔پانی سے نسبت رکھنے والا۔آبی۔وہ جس کا تعلق پانی سے ہو۔

**مائی**۔ (ما۔ای) (ہ۔ا۔مث) والدہ۔ماں۔مادر۔اماں۔ماتا (۲) ضعیفہ بڑھیا۔

**مائی باپ**۔ (ہ۔ا۔مذ) والدین۔ماتا۔پتا۔مادر و پدر (۲) خداوند نعمت۔پالنہار ولی نعمت۔حاکم۔سردار۔اَن داتا۔

**مائی کا پوت**۔ (ہ۔ا۔مذ) ماں کا بیٹا۔ماں کا لاڈلا۔ناز کا پلا ہوا۔

**مائی کا لال**۔ (ہ۔ا۔مذ) اپنی ماں کا پیارا بیٹا۔ماں کا لاڈلا بیٹا (۲) بہادر۔سورما۔

**مائیک**۔ (Mike) (ما۔ئیک) (انگ۔ا۔مذ) دیکھیے مائیکروفون۔

**مائیکروسکوپ**۔ (Microscope) (ما۔ئیک۔رَو۔س۔کوپ) (انگ۔ا۔مث) خردبین۔ایک آلہ جس سے چھوٹی سے چھوٹی چیز دیکھ سکتے ہیں۔

**مائیکروفون**۔ (مائیک۔رُو۔فون) (انگ۔ا۔مذ) آلہ مکبر الصوت۔آلہ نشر الصوت۔(Microphone)

**مائیں**۔ (ما۔ئیں) (ہ۔ا۔مث) ایک پھل جو مازو سے مشابہ ہوتا ہے۔اور بطور دوا کے کام آتا ہے۔

**مائینس**۔ (Minus) (ما۔ای۔نس) (انگ۔صف) منفی کی نشانی (-) منفی۔کمی۔

**مائیاں**۔ (ماں۔ای یاں) (ہ۔ا۔مث) ماں کی جمع۔غریب عورتیں۔خادمائیں۔ (۲) شادی کی ایک رسم جس میں دُلہن اور دولہا کو شادی سے کچھ دن پہلے زرد کپڑے پہنا کر اندر بٹھا دیتے ہیں۔



Marfat.com

**مائیوں بٹھانا**۔ (ا۔ محاورہ) شادی سے کچھ روز پہلے دولھا دُولھن کو زرد کپڑے پہنا کر بٹھانا۔ خاص کر لڑکی کو ایسی جگہ بٹھا دیتے ہیں جہاں بجز اس کی ہم سنوں کے اور کوئی نہیں جاتا۔

**مائیوں بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (مجازاً) گوشہ نشین ہونا۔ خلوت نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔

**مایا**۔ (س۔ ا۔ مث) خدا کی قدرت۔ ایشور کی شکتی (۲) ظہورِ قدرت۔ نیچر (۳) رحم۔ دیا۔ کرپا (۴) پیار۔ محبت (۵) دھوکا۔ فریب (۶) دھن۔ دولت۔ زَر (۷) عجیب۔ نادر (۸) رونق۔ بہار۔ کیفیت (۹) کرامت۔ کرشمہ (۱۰) روح۔ جان۔ آتما۔ پران (۱۱) سامان۔ دستگاہ (۱۲) دنیا۔ خلقت۔ مخلوق۔

**مایا پتر**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دولت مند۔ مال دار۔ زردار۔ دھنی (۲) لالچی۔ حریص۔ لوبھی۔

**مایاپتی**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایشور۔ پرمیشور۔ خدائے تعالیٰ۔

**مایا جال**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دولت کا چکر۔ حرص۔ لالچ۔ لوبھ۔

**مایا روپی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) فریبی۔ پُرفریب۔ دھوکے کی ٹٹی۔

**مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ۔ تلسی داس گریب کی کوئی نہ پوچھے بات**۔ (ہ۔ مثل) دولتمند ہی کو اور دولت ملتی ہے۔ امیر لوگ امیر ہی کو ملتے ہیں۔ غریب کو کوئی پوچھتا تک نہیں۔

**مایا کے ہیں تین نام۔ پرسو۔ پرسا۔ پرس رام**۔ (ہ۔ مثل) جوں جوں انسان کے پاس دولت جمع ہوتی جاتی ہے۔ اُس کی عزت بڑھتی جاتی ہے۔

**مایُوس**۔ (ما۔ یُوس) (ع۔ صف) نااُمید۔ نراس۔ بے آس (۲) ناکام۔ نامراد۔ بےنیلِ مرام (۳) دل شکستہ۔

**مایوس کرنا**۔ (ا۔ مص مرکب) نااُمید کرنا۔ ناکام کرنا۔ نراس کرنا۔ دل توڑنا۔

**مایوسی**۔ (ما۔ یُو۔ سی) (ع۔ ا۔ مث) نااُمیدی۔ ناکامی۔ شکستہ دلی۔

**مایہ**۔ (ما۔ یہ) (ف۔ ا۔ مث) پونجی۔ جمع۔ سرمایہ (۲) اصل۔ راس المال (۳) مادّہ۔ جوہر (۴) دستگاہ۔ سامان (۵) مال۔ دولت۔

**مایہ دار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) دولتمند۔ مال دار۔ دھن والا۔

**مایہ ناز**۔ (ف۔ ا۔ مذ) فخر و ناز کا سبب (۲) معشوق۔

## م۔ب

**مُباح**۔ (مُ۔ باح) (ع۔ صف) جائز۔ روا۔ حلال۔ درست۔ پاک۔ شدُّھ۔ پوتر۔ جمع۔ مُباحات۔

**مباح کرنا**۔ جائز کرنا۔ حلال ٹھہرانا۔ جائز قرار دینا۔

**مُباحِث**۔ (مُ۔ با۔ حِث) (ع۔ ا۔ مذ) بحثیں۔ بحث کے مقامات۔

**مُباحثہ**۔ (مُ۔ با۔ حِ۔ ثہ) (ع۔ ا۔ مذ) بحث۔ مناظرہ۔ تکرار۔ سوال و جواب۔

**مباحثہ کرنا**۔ (ا۔ مص مرکب) بحث کرنا۔ مناظرہ کرنا۔

**مبادا**۔ (مَ۔ با۔ دا) (ف۔ کلمۂ دعائیہ) ایسا نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔ خدانخواستہ۔

**مُبادِر**۔ (ع۔ صف) جلدی کرنے والا (۲) گذشتہ۔ سابق (۳) جرأت یا دلیری کرنے والا۔

**مُبادَرَت**۔ (مُ۔ با۔ دَ۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) جلدی۔ تیزی۔ شتابی۔ سُرعت (۲) سبقت۔ پیشی (۳) دلیری۔ جُرأت۔ چالاکی۔ چُستی۔

**مُبادَلہ**۔ (مُ۔ با۔ دَ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) اَدَل بَدَل۔ باہم تبادلہ کرنا۔

**مبادلۂ جنس**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جنس دے کر جنس لینا۔ (انگ) (Barter System)

**مَبادی**۔ (مَ۔ با۔ دی) (ع۔ ا۔ مث) مبدا کی جمع (۱) شروع۔ ابتدا۔ آغاز۔ بنیاد۔ اصل (۲) ابتدائی اصول۔ بنیادی باتیں۔ جمع۔ مبادیات۔

**مُبادیُ العلوم**۔ (ع۔ ا۔ مث) علم کی ابتدائی باتیں، جن کا جاننا حصولِ علم کے لیے ضروری ہے۔

**مُباذَرت**۔ (ع۔ ا۔ مث) مٹانا۔ کھونا۔ پھینکنا۔

**مُبار**۔ (ف۔ ا۔ مذ) بگولا۔ گلگلے۔ پوڑے۔

**مُبارِز**۔ (مُ۔ با۔ رِز) (ع۔ صف) مقابلہ پر چڑھ کر لڑنے والا۔ آگے بڑھ کر لڑنے والا سپاہی۔ جنگ جو۔ جنگی بہادر۔ مَن چلا۔ جمع۔ مبارزین۔

**مُبارَزَت**۔ (مُ۔ با۔ رَ۔ زَت) (ع۔ ا۔ مث) لڑائی۔ جنگ (۲) لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا۔

**مُبارَزَت طلبی**۔ (ع۔ ا۔ مث) لڑائی کے لیے اپنے مقابل یا حریف کو طلب کرنا قدیمی جنگوں میں اس کا رواج تھا۔

**مُبارَک**۔ (مُ۔ با۔ رَک) (ع۔ صف) باعثِ برکت۔ برکت دیا گیا (۲) خوش قسمت۔ نصیبہ ور۔ بھاگوان (۳) نیک۔ سعید۔ موافق۔ لائق (۴) خوش آمدید۔ خوشا۔ مرحبا (۵) مژدہ۔ خوش خبری۔

**مبارکباد**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خوشخبری۔ مژدہ۔ تہنیت۔ شادیانہ (۲) دعائے خیر۔ آشیرباد (۳) خدا برکت دے۔ برکت نصیب ہو۔

**مبارکباد دینا۔ مبارکبادی دینا**۔ (ا۔ محاورہ) خوشی کی تہنیت دینا۔ بدھائی دینا۔ بدھاوا دینا۔

**مبارک بادی**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خوش خبری۔ شادیانہ۔ تہنیت۔ بدھائی۔

**مبارکبادی گانا**۔ (ا۔ محاورہ) شادی کے گیت گانا۔ شادیانہ گانا۔ بدھائی گانا۔

**مبارک سلامت**۔ (ع۔ ا۔ مث) خوشی کی باہمی مبارکباد۔ آپس میں ایک دوسرے کو مبارکباد دینا۔

**مبارک فال**۔ (ع۔ صف) جس سے نیک شگون ظاہر ہو۔

**مبارک قدم**۔ (ع۔ صف) وہ شخص جس کا آنا باعثِ برکت ہو۔

**مبارک ہو**۔ (کلمۂ دعائیہ) خدا نیک کرے۔ راس آئے۔ سازگار ہو۔

**مُبارکی**۔ (مُ۔ با۔ رکی) (اُر۔ ا۔ مث) مبارک بادی۔ تہنیت (۲) دعائے خیر (۳) نیکی۔ سعادت (۴) دانے جو چیچک میں نکل آتے ہیں۔



Marfat.com

**مُباشرت**۔ (مُ۔ بَا۔ شِ۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) عورت مرد کی ہم بستری۔ جماع۔ مجامعت۔ صحبت۔

**مُبالغ**۔ (مُ۔ بَا۔ لِغ) (ع۔ ا۔ مذ) مَبلغ کی جمع۔ روپے۔ نقد رقوم۔

**مُبالغہ**۔ (مُ۔ بَا۔ لَ۔ غَہ) (ع۔ ا۔ مذ) کسی بات کو بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔ حد سے زیادہ تعریف یا بُرائی کرنا۔ حد سے زیادہ بڑھا جانا (۲) زیادہ گوئی (۳) کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔

**مبالغہ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) زیادہ گوئی کرنا۔ بڑھا کر بیان کرنا۔ اصل کے خلاف کہنا حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا۔

**مبانی**۔ (مَ۔ بَا۔ نِی) (ع۔ ا۔ مذ) مبنیٰ کی جمع (۱) بنیادیں (۲) مکانات۔ عمارتیں۔

**مُباہات**۔ (مُ۔ بَا۔ ہَات) (ع۔ ا۔ مث) فخر۔ بڑائی۔ شیخی (۲) شان و شوکت (۳) شیخی کرنا۔ فخر کرنا۔

**مُباہلہ**۔ (مُ۔ بَا۔ ہَ۔ لَہ) (ع۔ ا۔ مذ) ایک دوسرے کے حق میں بددعا کرنا۔ ایک دوسرے کو بُرا کہنا۔ نفرین کرنا۔ اصطلاحِ شریعت میں کسی متنازعہ فیہ مسئلے کو خدا پر چھوڑتے ہوئے بددعا کرنا کہ جو جھوٹا ہو وہ برباد ہو جائے۔

**مُبتدا**۔ (مُب۔ تَ۔ دا) (ع۔ ا۔ مذ) آغاز۔ شروع۔ پہل۔ اوّل۔ ابتدا (۲) اصطلاحِ علمِ نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جز۔ جس کے متعلق کوئی خبر دی جائے۔

**مُبتدا خبر**۔ (ع۔ ا۔ مث) اول و آخر۔ ابتدا و انتہا (۲) اسم اور اس کی خبر مسند الیہ و مسند۔

**مبتدا خبر ندارد**۔ (ف۔ مقولہ) وہ بات جس کا سر پیر نہ ہو۔ بے سر و پا بات لغو اور بے ہودہ بات۔

**مُبتدَع**۔ (مُب۔ تَ۔ دَع) (ع۔ ا۔ مذ) نئی ایجاد۔ وہ کام جو دین میں نیا نکالا گیا ہو۔

**مُبتدِع**۔ (مُب۔ تَ۔ دِع) (ع۔ صف) دین میں نئی بات نکالنے والا۔ بدعت کرنے والا۔

**مُبتدی**۔ (مُب۔ تَ۔ دِی) (ع۔ ا۔ مذ) ابتدا کرنے والا۔ نو آموز۔ شروع کرنے والا (۲) ابجد خواں۔ جمع۔ مُبتدیاں۔

**مُبتذَل**۔ (مُب۔ تَ۔ ذَل) (ع۔ صف) ذلیل۔ حقیر۔ رذیل۔ سفلہ۔ کمینہ بے قدر۔ خفیف۔

**مُبتسم**۔ (ع۔ صف) کھلنے والا۔ ہنسنے والا۔

**مُبتلا**۔ (مُب۔ تَ۔ لا) (ع۔ صف) پکڑا ہوا۔ گرفتار۔ ماخوذ (۲) پھنسا ہوا الجھا ہوا۔ لپٹا ہوا۔ گھرا ہوا (۳) بلا یا آفت میں پڑا ہوا (۴) مشغول۔ معروف (۵) فریفتہ۔ عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ دلدادہ۔

**مُبتلا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) فریفتہ کرنا۔ عاشق کر لینا۔ پھنسا لینا۔

**مُبتلا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ الجھنا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

**مُبتلائے آفت۔ مبتلائے بلا**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ صف) مصیبت میں پھنسا ہوا۔ آفت میں گرفتار۔ مصیبت کا مارا۔

**مُبتلائے عشق**۔ (ا۔ صف) عشق میں گرفتار۔ عاشق۔ والہ و شیدا۔

**مَبحث**۔ (مَب۔ حَث) (ع۔ صف و ا۔ مذ) بحث۔ معاملہ (۲) بحث یا تفتیش کا کام۔ جمع۔ مباحث۔

**مَبدا**۔ (مَب۔ دا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شروع ہونے کی جگہ۔ ظاہر ہونے کی جگہ (۲) آغاز۔ شروع۔ ابتدا (۳) اصل۔ بنیاد (۴) چشمہ جمع۔ مَبادی۔

**مبداءِ فیض**۔ (ع۔ ا۔ مذ) فیض کا سرچشمہ۔ مجازاً خدائے تعالیٰ۔

**مُبدِع**۔ (مُب۔ دِع) (ع۔ صف) بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ نئی چیز کا پیدا کرنے والا بے مادہ بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

**مُبدَّل**۔ (مُ۔ بَد۔ دَل) (ع۔ صف) بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ تبدیل شدہ۔ متغیر۔

**مُبذِّر**۔ (مُ۔ بَذ۔ ذِر) (ع۔ صف) فضول خرچ۔ اسراف کرنے والا۔ جمع۔ مبذّرین۔

**مَبذُول**۔ (مَب۔ ذُول) (ع۔ صف) خرچ کیا گیا (۲) لگایا گیا۔ منعطف۔

**مُبرّا**۔ (مُ۔ بَر۔ را) (ع۔ صف) پاک۔ بے عیب۔ بَری۔ صاف۔ منزّہ۔ (۲) بے زار۔ متنفر۔

**مُبرَّد**۔ (مُ۔ بَر۔ رَد) (ع۔ صف) سرد کیا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔

**مُبرِّد**۔ (مُ۔ بَر۔ رِد) (ع۔ ا۔ مذ) سرد کرنے والا۔

**مُبرِّدات**۔ (مُ۔ بَر۔ رِ۔ دات) (ع۔ صف) سرد کرنے والی چیزیں۔ وہ دوائیں جن کی تاثیر سرد ہو۔

**مَبرَز**۔ (مَب۔ رَز) (ع۔ ا۔ مذ) پاخانہ نکلنے کی جگہ۔ مقعد۔ دُبر۔

**مُبرَم**۔ (مُب۔ رَم) (ع۔ صف) مضبوط۔ استوار۔ مستحکم۔ ضروری۔ نہ ٹلنے والی۔ شُدنی۔

**مَبرُور**۔ (مَب۔ رُور) (ع۔ صف) نیکی کیا گیا۔ پاک۔ مقدس۔ گناہوں سے بَری۔ (۲) مقبول۔ قبول کیا گیا جیسے حج مبرور۔

**مَبرُوص**۔ (ع۔ صف) برص کا مریض۔ پھلبہری کا مریض۔

**مُبرہَن**۔ (مُ۔ بَر۔ ہَن) (ع۔ صف) دلیل سے ثابت کیا ہوا۔ ثابت۔ مضبوط۔

**مَبسُوط**۔ (مَب۔ سُوط) (ع۔ صف) پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ فراخ۔

**مُبشَّر**۔ (مُ۔ بَش۔ شَر) (ع۔ صف) جس کی خوشخبری دی گئی ہو۔ خوشخبری دیا گیا۔

**مُبشِّر**۔ (مُ۔ بَش۔ شِر) (ع۔ صف) بشارت دینے والا۔ خوش خبری سنانے والا۔ جمع۔ مبشّرین۔

**مُبصِر**۔ (مُب۔ بَص۔ صِر) (ع۔ صف) دیکھنے والا۔ بینا (۲) پرکھنے والا۔ صرّاف (۳) مشیر۔ صلاح کار۔ (انگ) (Adviser)

**مبصّرِ بہی**۔ (قانون) بہی کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

**مُبطِل**۔ (ع۔ صف) باطل کرنے والا۔

**مَبعُوث**۔ (مَب۔ عُوث) (ع۔ صف) اٹھایا گیا۔ بھیجا گیا۔ پیدا کیا گیا۔

**مَبعُوث ہونا**۔ (ع۔ ا۔ صف) نبی کا بھیجا جانا۔

**مَبغُوض**۔ (مَب۔ غُوض) (ع۔ صف) بغض کیا گیا۔ دشمن رکھا گیا۔ قابلِ نفرت۔



Marfat.com

**مَبغُوض** ۔ (مَب ۔ غُوض) (ع ۔ صف) بُغض کیا گیا ۔ دشمن رکھا گیا ۔ قابل نفرت ۔

**مَبلغ** ۔ (مَب ۔ لَغ) (ع ۔ صف) روپیہ کی رقم ۔ تعداد زر (۲) کُل ۔ تمام ۔ کمال (۳) تھوڑا (۴) کھرا ۔ پرکھا ہوا (ف) حد ۔ نہایت ۔ اُردو میں معنی اول میں بضم میم مستعمل ہے ۔

**مُبَلِّغ** ۔ (مُ ۔ بَل ۔ لِغ) (ع ۔ ا ۔ مذ) پہنچانے والا ۔ تبلیغ کرنے والا ۔ مشنری ۔ جمع : مُبلّغین ۔

**مَبنا ۔ مَبنیٰ** ۔ (مَب ۔ نا) (ع ۔ ا ۔ مذ) بنیاد (۲) عمارت ۔ جمع : مبانی ۔

**مَبنِی** ۔ (مَب ۔ نی) (ع ۔ صف) بنیاد رکھا ہوا ۔ بنیاد رکھنے کی جگہ ۔ جس پر کسی چیز کی بنا ہو ۔

**مَبنی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کا کسی بات پر موقوف ہونا ۔ منحصر ہونا ۔

**مُبہَم** ۔ (مُب ۔ ہَم) (ع ۔ صف) مشکوک ۔ وہ جس کا مطلب صاف نہ ہو ۔ گول مول بات ۔

**مَبہُوت** ۔ (مَب ۔ ہُوت) (ع ۔ صف) حیران ۔ متحیر ۔ ہکا بکا (۲) دیوانہ باؤلا (۳) نشہ میں چور ۔ مخمور ۔ مدہوش ۔

**مُبہِی** ۔ (مُ ۔ بَہ ۔ ہی) (ع ۔ ا ۔ مذ) قوتِ باہ بڑھانے والا ۔ شہوت زیادہ کرنے والا ۔

**مُبہیات** ۔ (مُ ۔ بَہ ۔ ہِ ۔ یات) (ع ۔ صف) مُبہی کی جمع ۔ قوتِ باہ بڑھانے والی دوائیں ۔

**مَبِیع** ۔ (مَ ۔ بِیع) (ع ۔ صف) خریدی ہوئی چیز ۔ بکا ہوا مال ۔

**مُبِین** ۔ (مُ ۔ بِین) (ع ۔ صف) ظاہر ۔ صاف ۔ کھلا ہوا ۔ آشکارا ۔ صریح ۔ روشن

**مُبَیَّن** ۔ (مُ ۔ بَی ۔ یَن) (ع ۔ صف) بیان کیا گیا ۔ بیان کیا ہوا ۔ (۲) نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو (مونث کے لیے مبینہ آتا ہے ۔)

**مُبَیَّنہ** ۔ (ع ۔ صف) بیان کیا گیا ۔ کھولا گیا (انگ) (Alleged)

# م ۔ پ

**مَپان** ۔ (مَ ۔ پان) (ہ ۔ ا ۔ مث) ناپ ۔ نپان ۔ پیمائش ۔

**مَپانا** ۔ (مَ ۔ پا ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پیمانہ ۔ ناپنے کی چیز (۲) ناپنا ۔ پیمائش کرنا ۔

**مپائی ہونا** ۔ (ہ ۔ مص مرکب) ناپا جانا ۔ اندازہ کیا جانا ۔

**مَپَت** ۔ (مَ ۔ پَت) (ہ ۔ ا ۔ مث) ناپ ۔ پیمائش ۔

**مَپنا** ۔ (مَپ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ناپا جانا ۔ پیمائش ہونا ۔ اندازہ کیا جانا ۔

**مَپوانا** ۔ (مَپ ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) ناپ کرانا ۔ پیمائش کرانا ۔

# م ۔ ت

**مَت** ۔ (ہ ۔ کلمہ نفی) نہ ۔ نہیں ۔

**مت پوچھو** ۔ (ا ۔ محاورہ) قابل بیان نہیں ۔ کراہت اور رغبت دونوں موقعوں پر آتا ہے (۲) ایسا اچھا ہے کہ قابل بیان نہیں (۳) ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں ۔

**مت کر ساس بُرائی ۔ تیرے بھی آگے جائی** ۔ (ا ۔ مثل) ساس جیسا اپنی بہو سے کرے گی ویسا ہی اس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا ۔

**مَت** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) سمجھ ۔ بوجھ ۔ عقل ۔ دانش ۔ فہم ادراک ۔ دانائی (۲) رائے ۔ نصیحت (۳) عادت رسم (ا مذ) مذہب ۔ ملت ۔ دھرم عقیدہ ۔ اعتقاد ۔

**مَت اُلٹنا ۔ مت اُلٹی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔

**مت بدلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سمجھ کا کچھ سے کچھ ہو جانا ۔ طرز بدلنا ۔

**مت پلٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رائے بدل جانا ۔ سمجھ اُلٹی ہو جانا ۔

**مت پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رائے بدلنا (۲) عقل ماری جانا ۔

**مَت پھیرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) رائے دینا ۔ عقل کی بات بتانا ۔ نصیحت کرنا ۔

**مت مار دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل زائل کر دینا ۔ عقل کا کام کرنے کے قابل نہ رہنا ۔

**مت ماری پڑنا ۔ (ماری جانا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔ بیوقوف بننا ۔

**مَت ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عقل ہونا ۔ سمجھ ہونا ۔

**مِتا** ۔ (ا ۔ مث) مجال ۔ طاقت (۲) مشورہ ۔ رائے ۔

**مُتبارِز** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جو نکل کر حریف کے مقابلے پر آئے ۔

**مِتّا** ۔ (ق ۔ صف) سست ۔

**مُتابعت** ۔ (مُ ۔ تا ۔ بَ ۔ عَت) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) پیروی (۲) فرمانبرداری ۔ اطاعت ۔

**مُتاثِّر** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَث ۔ ثِر) (ع ۔ صف) اثر قبول کرنے والا ۔ مؤثر ۔ کارگر (۲) دل گداز ۔ جگر سوز ۔ رقت انگیز ۔

**مُتاخِّر** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَخ ۔ خِر) (ع ۔ صف) پیچھے آنے والا ۔

**مُتاخِّرین** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَخ ۔ خِ ۔ رین) (ع ۔ صف) پیچھے آنے والے لوگ اخیر زمانے والے ۔

**مُتاذّی** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَذ ۔ ذی) (ع ۔ صف) اذیت پانیوالا ۔ تکلیف پانیوالا ۔

**مُتارا** ۔ (ق) مال ۔ متاع ۔

**مُتاس** ۔ (مُ ۔ تاس) (ہ ۔ ا ۔ مث) پیشاب کرنے کی حاجت ۔

**مُتاسا** ۔ (مُ ۔ تا ۔ سا) (ہ ۔ صف (۲) ا ۔ مذ) وہ جسے پیشاب کرنے کی حاجت ہو ۔

**مُتاسِّف** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَس ۔ سِف) (ع ۔ صف) افسوس کرنے والا ۔

**مَتاع** ۔ (مَ ۔ تاع) (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) پونجی ۔ اثاثہ ۔ تجارت کا سامان ۔

**متاعِ غرور** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کنایۃً دنیا ۔ جہان ۔



Marfat.com

**مُتاعی**۔ (مُ ۔ تا ۔ عی) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) اہلِ تشیع میں وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو ۔ مقررہ مدت کیلیے نکاحی ہوئی عورت ۔

**مُتألّم**۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَ ۔ لِم) (ع ۔ صف) الم پایا ہوا ۔ جسے رنج پہنچا ہو ۔ رنجیدہ ۔ دُکھیا ۔

**مُتالی**۔ (مُ ۔ تا ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ جگہ جو گھوڑے کے پیشاب کے لیے ہو (۲) گھاس جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو ۔

**مُتأمّل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَمْ ۔ مِل) (ع ۔ ا ۔ مذ) تامل کرنے والا ۔ سوچنے والا ۔

**مُتانا**۔ (مُ ۔ تا ۔ نا) (ہ ۔ مص) بچہ کو پیشاب کرانا (۲) (ا ۔ مذ) جسم میں پیشاب کرنے کی تھیلی ۔ مثانہ ۔ پُھکنا ۔

**مَتانَت**۔ (مَ ۔ تا ۔ نَت) (ع ۔ ا ۔ مث) سنجیدگی ۔ مضبوطی ۔ پختگی ۔ اُستواری ۔ سنگینی (۲) تہذیب (۳) خیالات کی آراستگی اور دُرستی ۔ زبان کا بے ہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا ۔

**مُتانی**۔ (مُ ۔ تا ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) اصطبل میں گھوڑے کے پیشاب کرنے کی جگہ ۔ گھوڑے کا پیشاب ۔

**مُتاہِل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ اَہ ۔ ہِل) (ع ۔ صف) اہلیہ کرنے والا ۔ بیاہا ۔ شادی شدہ ۔ بیوی بچے والا ۔

**مُتَبادِر**۔ (مُ ۔ تَ ۔ با ۔ دِر) (ع ۔ صف) جلدی کرکے آگے بڑھ جانے والا ۔ (۲) جلد ذہن میں آنے والا (۳) جلد نکلنے والا ۔

**مُتَبادِل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ با ۔ دِل) (ع ۔ صف) بدلنے والا ۔ باری سے آنے یا کام کرنے والا ۔

**مُتَبادلہ**۔ (مُ ۔ تَ ۔ با ۔ دِ ۔ لہ) (ع ۔ صف) وہ جو بدلے (۲) (اصطلاح اقلیدس) دو خطوط متوازی پر جب تیسرا خط آکر گرے تو اس خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں ۔

**مُتَبَحِّر**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَحْ ۔ حِر) (ع ۔ صف) علم کا دریا ۔ بہت بڑا عالم ۔ فاضل اجل ۔

**مُتَبَدَّل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَدْ ۔ دَل) (ع ۔ صف) بدلا ہوا ۔ تبدیل شدہ ۔

**مُتَبَدِّل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَدْ ۔ دِل) (ع ۔ صف) بدلنے والا ۔ تبدیل کرنے والا ۔ کسی چیز کا معاوضہ لینے والا ۔

**مُتَبَرَّک**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَرْ ۔ رَک) (ع ۔ صف) برکت والا ۔ مقدس ۔ پاک ۔ صاف ۔ پوتر (۲) معزز ۔ بزرگ ۔ قابلِ تعظیم ۔ مونث کے لیے متبرکہ ۔

**مُتَبَرَّکہ**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَر ۔ رَ ۔ کہ) (ع ۔ صف) برکت والی چیز ۔ پاک چیز ۔

**مُتَبَسِّم**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَس ۔ سِم) (ع ۔ صف) مسکرانے والا (۲) شگفتہ ۔ کھلا ہوا ۔

**مُتَّبِع**۔ (مُت ۔ تَ ۔ بِع) (ع ۔ صف) پیچھے چلنے والا ۔ پیروی کرنے والا ۔

**مُتَبَنّیٰ**۔ (مُ ۔ تَ ۔ بَن ۔ نا) (ع ۔ صف) فرزندی میں لیا ہوا ۔ گود لیا ہوا ۔ لے پالک ۔ بیٹا بنایا ہوا ۔

**مُتَبَنّیٰ کرنا**۔ (ا ۔ مص مرکب) بیٹا بنانا ۔ فرزندی میں لینا ۔ گود لینا ۔

**مَتبوع**۔ (مَت ۔ بوع) (ع ۔ صف) سردار ۔ پیروی کیا گیا ۔

**مُتَجانِس**۔ (مُ ۔ تَ ۔ جا ۔ نِس) (ع ۔ صف) ہم جنس ہونے والا ۔

**مُتَجاوِز**۔ (مُ ۔ تَ ۔ جا ۔ وِز) (ع ۔ صف) اپنی حد سے بڑھنے والا ۔

**مُتَجَسِّس**۔ (مُ ۔ تَ ۔ جَس ۔ سِس) (ع ۔ صف) تجسس کرنے والا ۔ ڈھونڈنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔

**مُتَجَلّی**۔ (مُ ۔ تَ ۔ جَل ۔ لی) (ع ۔ صف) چمکدار ۔ روشن ۔ آشکارا ۔

**مُتَحارِب**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حا ۔ رِب) (ع ۔ صف) آپس میں جنگ کرنے والا ۔

**مُتَّحِد**۔ (مُت ۔ تَ ۔ حِد) (ع ۔ صف) اتحاد رکھنے والا ۔ متفق ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔

**مُتَّحِدُالمفہوم**۔ (ع ۔ صف) جس کا مطلب ایک ہو ۔

**مُتَحَرِّک**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَر ۔ رِک) (ع ۔ صف) حرکت کرنے والا ۔ جاری ۔ رواں ۔ (۲) نحو میں وہ حرف جس پر حرکت یعنی زبر ۔ زیر یا پیش ہو ۔

**مُتحَف**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عجائب خانہ ۔

**مُتَحَقَّق**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَق ۔ قَق) (ع ۔ صف) تحقیق کیا گیا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح ۔

**مُتَحَقِّق**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَق ۔ قِق) (ع ۔ صف) تحقیق کرنے والا ۔ کسی چیز کا صحیح اور درست کرنے والا ۔

**مُتَحَکِّم**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَک ۔ کِم) (ع ۔ صف) حکومت کرنے والا ۔ شہنشاہ ۔

**مُتَحَلّی**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَل ۔ لی) (ع ۔ صف) زیور پہننے والا ۔ آراستہ ہونے والا ۔

**مُتَحَمِّل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَم ۔ مِل) (ع ۔ صف) تحمل کرنے والا ۔ برداشت کرنے والا ۔ مستقل مزاج ۔ صابر ۔

**مُتَحَیِّر**۔ (مُ ۔ تَ ۔ حَی ۔ یِر) (ع ۔ صف) حیرت زدہ ۔ حیران ۔ حواس باختہ ۔ ہکا بکا ۔ متعجب ۔

**مُتَحَیِّرَہ**۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (علمِ ہیئت) ذیل کے پانچ سیارے خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں ۔ عطارد ۔ زہرہ ۔ مریخ ۔ مشتری اور زحل ۔ یہ سیارے کبھی کبھی اپنی معمولی رفتار سے پیچھے کی طرف لوٹ جاتے ہیں اور پھر اپنی معمولی پر چلنے لگتے ہیں ۔

**مُتَخاصِم**۔ (مُ ۔ تَ ۔ خا ۔ صِم) (ع ۔ صف) خصومت کرنے والا ۔ لڑنے والا ۔ مدعی ۔ مخالف ۔ دشمن ۔ جھگڑالو ۔

**مُتَخاصِمِین**۔ (مُ ۔ تَ ۔ خا ۔ صِ ۔ مِین) (ع ۔ ا ۔ مذ) طرفین جو جھگڑا کریں ۔ فریقین ۔ باہم مخالف ۔ مدعی اور مدعا علیہ ۔ متخاصم کی جمع ۔

**مُتَخالِف**۔ (ع ۔ صف) ایک دوسرے کے مخالف ۔ آپس میں مخالفت کرنے والا ۔

**مُتَخَصِّص**۔ (ع ۔ صف) خصوصیت رکھنے والا ۔ کسی فن کا ماہر خصوصی (انگ) (Specialist)

**مُتَخَلخَل**۔ (مُ ۔ تَ ۔ خَل ۔ خَل) (ع ۔ صف) اندر سے خالی ۔ پولا (۲) ڈھیلا ۔ ڈھالا ۔

**مُتَخَلِّص**۔ (مُ ۔ تَ ۔ خَل ۔ لِص) (ع ۔ صف) تخلص رکھنے والا ۔ موسوم ۔ لقب ۔ معروف ۔



Marfat.com

**مُتَخَلِّل**۔ (مُ۔تَ۔خَل۔لِل) (ع۔صف) خلل ڈالنے والا۔
**مُتَخَیَّل**۔ (مُ۔تَ۔خَیْ۔یَل) (ع۔صف) خیال کیا گیا۔ خیال میں لایا ہوا۔
**مُتَخَیَّلَہ**۔ (مُ۔تَ۔خَیْ۔یَ۔لَہ) (ع۔صف) خیال کیا گیا۔ جہاں خیال پیدا ہو۔ یعنی دماغ۔
**مُتَخَیِّلَہ**۔ (مُ۔تَ۔خَیْ۔یِ۔لَہ) (ع۔صف) خیال میں لانے کی قوت۔ سوچنے کی قوت۔ ایک دماغی قوت کا نام جس سے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں بناتا ہے۔ وہم۔ خیال۔ قیاس۔
**مُتَدارِک**۔ (مُ۔تَ۔دا۔رِک) (ع۔صف) (۱) کھوئی ہوئی چیز کو پانے والے (۲) عروض میں ایک بحر کا نام جو بعد میں ایجاد ہو کر پہلی بحروں میں شامل کی گئی۔
**مُتَداوَل**۔ (مُ۔تَ۔دا۔وَل) (ع۔صف) ہاتھوں میں پھری ہوئی چیز۔ دست بہ دست پہنچی ہوئی چیز۔ مروّج۔
**مُتَداوَلَہ**۔ (ع۔صف۔مث) ایک دوسرے سے باری باری لیا گیا۔ ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔ رائج۔
**مُتَدَیِّن**۔ (مُ۔تَ۔دَی۔یِن) (ع۔صف) (۱) دین دار۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔ امانت۔ امین۔ امانت دار۔ معاملہ اور بات کا سچا اور پورا۔
**مُتَذَبذِب**۔ (مُ۔تَ۔ذَب۔ذِب) (ع۔صف) تذبذب میں پڑنے والا۔ تردّد میں پڑنے والا۔ لٹکا ہوا۔ جمع: متذبذبین۔
**مُتَذَکَّرَہ**۔ (مُ۔تَ۔ذَک۔کَ۔رَہ) (ع۔صف) ذکر کیا گیا۔ مذکورہ۔
**مُتَذَکَّرَہ بالا**۔ (ع۔ف۔صف) جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو۔ مرقومۂ بالا۔
**مُتَذَکَّرَہ ذیل**۔ وہ جس کا ذکر آگے آئے گا۔
**مِتَّر**۔ (مِت۔تَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرگروہ۔ سرغنہ (۲) دوست۔ یار۔ آشنا۔
**مِتّرائی**۔ (مِت۔را۔ئی) (ہ۔ا۔مث) دوستی۔ یارانہ۔
**مُتَرادِف**۔ (مُ۔تَ۔را۔دِف) (ع۔صف) ہم ردیف۔ دو ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں۔ جمع۔ مترادفات۔
**مُتَرَتَّب**۔ (مُ۔تَ۔رَت۔تَب) (ع۔صف) ترتیب دیا گیا۔
**مُتَرَتِّب**۔ (مُ۔تَ۔رَت۔تِب) (ع۔صف) ترتیب دینے والا۔
**مُتَرجِم**۔ (مُ۔تَر۔جِم) (ع۔صف) ترجمہ کرنے والا۔
**مُتَرجَم**۔ (مُ۔تَر۔جَم) (ع۔صف) ترجمہ کیا ہوا۔
**مُتَرَدِّد**۔ (مُ۔تَ۔رَد۔دِد) (ع۔صف) (۱) تردّد کرنے والا۔ فکر مند۔ پس و پیش کرنے والا۔ سوچ میں پڑ جانے والا (۲) پریشان۔ مضطرب۔
**مترس از بلائے کہ شب درمیان ست**۔ (ف۔مثل) مصیبت سے مت ڈرا ابھی رات درمیان میں ہے۔ اس مصیبت کی فکر میں پریشان نہ ہونا چاہیئے جو ابھی نہ آئی ہو۔
**مُتَرَسِّل**۔ (مُ۔تَ۔رَس۔سِل) (ع۔ا۔مذ) خط بھیجنے والا۔
**مُتَرَشِّح**۔ (مُ۔تَ۔رَش۔شِح) (ع۔صف) ترشح کرنے والا۔ ٹپکنے والا۔
**مُتَرَصِّد**۔ (مُ۔تَ۔رَص۔صِد) (ع۔صف) اُمیدوار۔ اُمید رکھنے والا۔ آس لگانے والا۔
**مُتَرَقَّب**۔ (مُ۔تَ۔رَق۔قَب) (ع۔صف) انتظار کیا گیا۔ اُمید کیا گیا۔
**مُتَرَقِّب**۔ (مُ۔تَ۔رَق۔قِب) (ع۔صف) انتظار کرنے والا۔ منتظر۔ اُمیدوار۔
**مُتَرَقَّبَہ**۔ (مُ۔تَ۔رَق۔قَ۔بَہ) (ع۔صف) انتظار کیا ہوا۔ اُمید کی ہوئی چیز۔
**مَتَّر نا**۔ (مَت۔تَر۔نا) (ہ۔مص) آسیب اتارنا۔ بھوت پریت اتارنا۔
**مُتَرَنِّم**۔ (مُ۔تَ۔رَن۔نِم) (ع۔صف) گانے والا۔
**مَترُوک**۔ (مَت۔رُوک) (ع۔صف) ترک کیا ہوا۔ چھوڑا ہوا۔
**مَترُوکات**۔ (مَت۔رُو۔کات) (ع۔ا۔مذ) چھوڑی ہوئی چیزیں۔
**مَترُوکَہ**۔ (مَت۔رُو۔کَہ) (ع۔صف) ترک کی ہوئی۔ چھوڑی ہوئی۔
**مُتَزائِد**۔ (مُ۔تَ۔زا۔ئِد) (ع۔صف) زاید ہونے والا۔ زیادہ ہونے والے۔ بڑھنے والا۔
**مُتَزَلزِل**۔ (مُ۔تَ۔زَل۔زِل) (ع۔صف) کانپنے والا۔ ڈگمگانے والا۔ جنبش کرنے والا۔ لرزاں۔
**مُتَساوی**۔ (مُ۔تَ۔سا۔وی) (ع۔صف) ایک دوسرے کے مساوی۔ برابر۔
**مُتَسَلِّط**۔ (مُ۔تَ۔سَل۔لِط) (ع۔صف) غالب ہونے والا۔ قبضہ کرنے والا۔
**مُتَشابِہ**۔ (مُ۔تَ۔شا۔بِہ) (ع۔صف) (۱) مشابہ ہونے والا۔ مانند۔ ہم شکل۔ ہم صورت۔ یکساں (۲) مشتبہ۔ مشکوک۔ جس کے بارے میں کچھ شبہ ہو (۳) (ا۔مذ) بھول۔ چوک۔ شبہ۔ جمع: متشابہات۔
**مُتَشابِہ لگنا**۔ (محاورہ) شبہ میں پڑنا۔ بھول میں پڑنا۔ چوکنا۔ یہ محاورہ خاص کر قرآن شریف کے لیے ہے۔ کیونکہ بعض آیات کے مختلف موقعوں پر آجانے سے حافظ لوگ کہیں سے کہیں پڑھ جاتے ہیں۔
**مُتَشابِہات**۔ (مُ۔تَ۔شا۔بِ۔ہات) (ع۔ا۔مث) متشابہ کی جمع۔ قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی سوائے خدائے تعالےٰ کے کوئی نہیں جانتا۔ جن کے ایک سے زائد معنی ہو سکتے ہیں۔
**مُتَشاعِر**۔ (مُ۔تَ۔شا۔عِر) (ع۔صف) جو شاعر نہ ہو مگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے۔ بناوٹی شاعر۔
**مُتَشَدِّد**۔ (مُ۔تَ۔شَد۔دِد) (ع۔صف) سختی کرنے والا۔ جمع: متشددین۔
**مُتَشَرِّع**۔ (مُ۔تَ۔شَر۔رِع) (ع۔صف) شریعت پر عمل کرنے والا۔ پابند شرع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
**مُتَشَکِّر**۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِر) (ع۔صف) شکر ادا کرنے والا۔ شکرگزار۔
**مُتَشَکِّک**۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِک) (ع۔صف) شبہ کرنے والا۔ شک کرنے والا۔
**مُتَشَکِّل**۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِل) (ع۔صف) شکل اختیار کرنے والا۔ صورت قبول کرنے والا۔
**مُتَشَکّی**۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کی) (ع۔صف) (۱) شکایت کرنے والا (۲) جھگڑنے والا۔
**مُتَصادِم**۔ (مُ۔تَ۔صا۔دِم) (ع۔صف) ٹکرا جانے والا۔
**مُتَصاعِد**۔ (مُ۔تَ۔صا۔عِد) (ع۔صف) صعود کرنے والا۔ اوپر چڑھنے والا۔



Marfat.com

**مُتَصَدِّع**۔ (مُ۔تَ۔صَد۔دِع) [ع۔صف] دردِ سر دینے والا۔ تکلیف دینے والا۔

**مُتَصَدِّی**۔ (مُ۔تَ۔صَد۔دِی) [ع۔صف] (۱) دیوان۔ محاسب۔ جمع خرچ نویس (۲) محرر۔ کاتب۔ منشی۔ نائب گماشتہ (۳) منتظم۔ انتظام کرنے والا (۴) ذمہ دار۔ کفیل۔ جمع:۔ متصدیان۔

**مُتَصَرِّف**۔ (مُ۔تَ۔صَر۔رِف) [ع۔صف] قبضہ کرنے والا۔ قابض۔

**مُتَصَرَّفہ**۔ [ع۔صف] وہ چیز جو قبضے میں آگئی ہو۔

**مُتَصَف**۔ (مُت۔تَ۔صَف) [ع۔صف] وصف کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔ موصوف۔ جس کے ساتھ کوئی صفت لگی ہو۔

**مُتَّصِف**۔ (مُت۔تَ۔صِف) [ع۔صف] صفت رکھنے والا۔

**مُتَّصِل**۔ (مُت۔تَ۔صِل) [ع۔صف] اتصال رکھنے والا۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک لگا ہوا۔ برابر ملنے والا۔ لگاتار۔ پے درپے۔

**مُتَصَنِّع**۔ (مُ۔تَ۔صَن۔نِع) [ع۔صف] تصنع کرنیوالا۔ بناوٹ کرنیوالا۔

**مُتَصَوِّر**۔ (مُ۔تَ۔صَو۔وِر) [ع۔صف] تصور کرنے والا۔ دل میں نقشہ جما لینے والا۔ خیال قائم کرنے والا۔

**مُتَصَوَّر**۔ (مُ۔تَ۔صَو۔وَر) [ع۔صف] تصور میں لایا ہوا۔ خیال کیا گیا۔ سوچا ہوا۔

**مُتَصَوِّف**۔ (مُ۔تَ۔صَو۔وِف) [ع۔صف] صوفی بننے والا۔ جمع۔ متصوفین۔

**مُتَضَاد**۔ (مُ۔تَ۔ضاد) [ع۔صف] برعکس۔ خلاف۔ اُلٹا۔

**مُتَضَرِّع**۔ (مُ۔تَ۔ضَر۔رِع) [ع۔صف] زاری کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا۔

**مُتَضَمَّن**۔ (مُ۔تَ۔ضَم۔مَن) [ع۔صف] داخل کیا ہوا۔ شامل کیا ہوا۔

**مُتَضَمِّن**۔ (مُ۔تَ۔ضَم۔مِن) [ع۔صف] پیٹ میں لینے والا۔ داخل۔ شامل۔ مشتمل۔ مندرج۔

**مُتَظَلِّم**۔ (مُ۔تَ۔ظَل۔لِم) [ع۔صف] ظلم کی شکایت کرنے والا۔ فریادی۔ دادخواہ۔

**مُتَعَارِض**۔ (مُ۔تَ۔عا۔رِض) [ع۔صف] ایک دوسرے کے سامنے آنیوالے۔ ایک دوسرے کے برخلاف۔ جمع۔ متعارضین۔

**مُتَعَارَف**۔ (مُ۔تَ۔عا۔رَف) [ع۔صف] مشہور۔ معروف۔ آپس میں جان پہچان والے۔ جمع:۔ متعارفین۔

**مُتَعَارَفہ**۔ (مُ۔تَ۔عا۔رَ۔فہ) [ع۔صف] مشہور۔ معروف۔ ظاہر۔

**مُتَعَاقِب**۔ (مُ۔تَ۔عا۔قِب) [ع۔صف] تعاقب کرنیوالا۔ پیچھے آنے والا۔

**مُتَعَاقِد**۔ (مُ۔تَ۔عا۔قِد) [ع۔صف] عہد و پیمان کرنے والا۔

**مُتَعَاقِدَین**۔ (مُ۔تَ۔عا۔قِ۔دَین) [ع۔اسم] فریقین۔ باہم معاہدہ کرنیوالا۔

**مُتَعَال**۔ (مُ۔تَ۔عال) [ع۔صف] عالی۔ بلند۔ برتر۔ بزرگ۔ خدا کے واسطے مستعمل ہے۔

**مُتَعَالی**۔ (مُ۔تَ۔عا۔لی) [ع۔صف] (۱) بلند۔ برتر (۲) خدائے تعالیٰ کا نام۔

**مُتَعَجِّب**۔ (مُ۔تَ۔عَج۔جِب) [ع۔صف] تعجب کرنے والا۔ حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ ششدر۔

**مُتَعَدِّد**۔ (مُ۔تَ۔عَد۔دِد) [ع۔صف] (۱) گنے ہوئے۔ تھوڑے۔ چند (۲) بہت کئی۔ بہتیرے (۳) مختلف۔ جدا جدا۔ متفرق۔ گنتی کے۔

**مُتَعَدِّی**۔ (مُ۔تَ۔عَد۔دی) [ع۔صف] (۱) حد سے بڑھنے والا (۲) طب میں وہ مرض جو ایک سے دوسرے کو لگے (۳) نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔

**متعدی امراض**۔ [ع۔امث] چھوت چھات سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔

**مُتَعَذِّر**۔ [ع۔صف] مشکل۔ دشوار۔ محال کے قریب۔

**مُتَعَرِّض**۔ (مُ۔تَ۔عَر۔رِض) [ع۔صف] (۱) روکنے والا (۲) آگے آنے والا۔

**مُتَعَصِّب**۔ (مُ۔تَ۔عَص۔صِب) [ع۔صف] تعصب کرنے والا۔ مذہب یا قوم کی پچ کرنے والا۔

**مُتَعَفِّف**۔ [ع۔صف] عفت والا۔ پارسا۔ مُتّقی۔

**مُتَعَفِّن**۔ (مُ۔تَ۔عَف۔فِن) [ع۔صف] سڑا ہوا۔ بدبودار۔ بسا ہوا۔

**مُتَعَلِّق**۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِق) [ع۔صف] (۱) تعلق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔ جمع، متعلقات (۲) رشتہ دار۔ قرابتی۔ وابستہ۔ جمع، متعلقین (۳) شامل۔ شمولہ۔ منسلک (۴) ماتحت۔ تابع۔

**متعلق کرنا**۔ [۔محاورہ] (۱) شامل کرنا۔ ملانا۔ ملحق کرنا (۲) جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ ساتھ لگانا (۳) سونپنا۔ سپرد کرنا۔

**مُتَعَلَّقَات**۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قات) [ع۔صف] متعلق کی جمع۔ وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے تعلق رکھیں۔ کسی دوسری چیز سے وابستہ چیزیں۔

**مُتَعَلِّقِین**۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قین) [ع۔صف] متعلق کی جمع۔ تعلق رکھنے والے۔ بیوی بچے۔ گھر کے لوگ۔ نوکر چاکر۔

**مُتَعَلِّم**۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِم) [ع۔صف] تعلیم پانے والا۔ طالب علم۔ شاگرد۔ تلمیذ۔ چیلا۔ بلندی۔ جمع۔ متعلمین۔

**مُتعَہ**۔ (مُت۔عَہ) [ع۔امذ] شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کر لینا۔

**مُتَعَہِّد**۔ (مُ۔تَ۔عَہ۔ہِد) [ع۔صف] (۱) عہد کرنے والا (۲) جس سے عہد کیا گیا ہو (۳) ذمہ دار۔ کام میں مشغول (۴) ہم عصر۔ ایک زمانہ کے (۵) ٹھیکہ دار۔ مستاجر۔

**مُتَعَیَّن**۔ (مُ۔تَ۔عَی۔یَن) [ع۔صف] تعین کیا ہوا۔ مقرر کیا ہوا۔ کسی کام پر لگایا ہوا۔

**مُتَعَیَّن کرنا**۔ [۔محاورہ] تعینات کرنا۔ مقرر کرنا۔ کام پر لگانا۔ نامزد کرنا۔ نوکر رکھنا۔

**مُتَعَیَّنَہ**۔ (مُ۔تَ۔عَی۔یَ۔نَہ) [ع۔صف] متعین کی ہوئی۔ مقرر کی ہوئی۔ کام پر لگائی ہوئی۔

**مُتَغَایِر**۔ (مُ۔تَ۔غا۔یِر) [ع۔صف] الگ۔ جدا۔

**مُتَغَزِّل**۔ (مُ۔تَ۔غَز۔زِل) [ع۔صف] غزل کہنے والا۔ غزل گو شاعر۔

**مُتَغَیِّر**۔ (مُ۔تَ۔غَی۔یِر) [ع۔صف] بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ۔ پلٹا ہوا۔



Marfat.com

**مُتَغَیِّر**۔ (مُ۔تَ۔غَی۔یِر) (ع۔صف) بدلنے والا۔ تبدیل ہونے والا۔ قابل تغیر (۲) غیر مستقل۔ بے ثبات۔

**مُتَفَاوَت**۔ (مُ۔تَ۔فَا۔وَت) (ع۔صف) فرق کیا گیا۔ دُور کیا ہُوا۔

**مُتَفَاوِت**۔ (مُ۔تَ۔فَا۔وِت) (ع۔صف) فرق رکھنے والا۔ ایک دوسرے سے دُور ہونے والا۔ مخالف۔ متضاد۔

**مُتَفَحِّص**۔ (مُ۔تَ۔فَح۔حِص) (ع۔صف) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا۔ متلاشی۔ کھوجی (۲) تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

**مُتَفَرِّد**۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِد) (ع۔صف) اکیلا۔ تنہا۔ یگانہ۔

**مُتَفَرِّع**۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِع) (ع۔صف) کسی چیز سے اُس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔

**مُتَفَرِّق**۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِق) (ع۔صف) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ پراگندہ۔ منتشر۔

**مُتَفَرِّقَات**۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِ۔قات) (ع۔صف) متفرقہ کی جمع۔ مختلف چیزیں۔ (۲) حساب کی مختلف رقمیں (۳) زمین کے دو جُدا جُدا اور مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔

**مُتَّفِق**۔ (مُت۔تَ۔فِق) (ع۔صف) اتفاق کرنے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ لگا ہوا۔ (۲) رضامند۔ موافق (۳) ہم خیال۔ ہم رائے۔ ہم صلاح۔

**مُتَّفِق الرّائے**۔ (ع۔صف) ہم رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ۔

**مُتَّفِق اللفظ**۔ (ع۔صف) ایک زبان ہوکر۔ یک جان۔

**مُتَّفِق ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) موافق ہونا۔ ایک زبان ہونا۔ ایک دل ہونا۔

**مُتَّفَق**۔ (مُت۔تَ۔فَق) (ع۔صف) اتفاق کیا ہوا۔

**مُتَّفَق عَلَیہ**۔ (ع۔ا۔مذ) جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے مطابق۔

**مُتَّفِقَہ**۔ (مُت۔تَ۔فِ۔قَہ) (ع۔صف) اتفاق کیا ہوا جیسے متفقہ قوت۔

**مُتَفَکِّر**۔ (مُ۔تَ۔فَک۔کِر) (ع۔صف) فکرمند۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ اُداس۔

**مُتَفَنِّن**۔ (مُ۔تَ۔فَن۔نِن) (ع۔صف) مختلف فن جاننے والا۔

**مُتَفَنِّی**۔ (مُ۔تَ۔فَن۔نِی) (ع۔صف) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار۔

**مُتَقَابِل**۔ (مُ۔تَ۔قَا۔بِل) (ع۔صف) مقابلہ کرنے والا۔ حریف۔ (۲) آمنے سامنے۔

**مُتَقَارِب**۔ (مُ۔تَ۔قَا۔رِب) (ع۔صف) ایک دوسرے کے نزدیک (۲) (ا۔مذ) عروض میں ایک بحر کا نام۔

**مُتَقَاضی**۔ (مُ۔تَ۔قَا۔ضی) (ع۔صف) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔ طلب کرنے والا۔

**مُتَقَاطِع**۔ (مُ۔تَ۔قَا۔طِع) (ع۔صف) ایک دوسرے کو کاٹنے والا۔

**مُتَقَاطِر**۔ (ع۔صف) قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔

**مُتَقَاعِد**۔ (ع۔صف) بیٹھنے والا (۲) ملازمت سے سبکدوش ہوکر بیٹھنے والا (۳) سبکدوش۔

**مُتَقَدِّم**۔ (مُ۔تَ۔قَد۔دِم) (ع۔صف) آگے بڑھنے والا۔ اگلا۔ پہلے زمانے کا۔ سابق۔ پُرانا۔

**مُتَقَدِّمِین**۔ (مُ۔تَ۔قَد۔دِ۔مِین) (ع۔صف) متقدم کی جمع۔ اگلے زمانہ کے۔ سابقین۔

**مُتَّقی**۔ (مُت۔تَ۔قی) (ع۔صف) پرہیزگار۔ گناہوں سے بچنے والا۔ خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔ خداترس۔

**مُتَکَبِّر**۔ (مُ۔تَ۔کَب۔بِر) (ع۔صف) تکبر کرنے والا۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ خود پسند (۲) کمال بزرگی والا۔ بزرگ منش۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**مُتَکَفِّل**۔ (مُ۔تَ۔کَف۔فِل) (ع۔صف) کفالت کرنے والا۔ کفیل۔ ضامن۔ ذمہ دار۔

**مُتَکَلِّف**۔ (مُ۔تَ۔کَل۔لِف) (ع۔صف) تکلیف دینے والا (۲) تکلیف کرنے والا۔ کوشش کرنے والا۔

**مُتَکَلِّم**۔ (مُ۔تَ۔کَل۔لِم) (ع۔صف) کلام کرنے والا۔ بات کرنے والا۔

**مُتَکَلِّمِین**۔ (مُ۔تَ۔کَل۔لِ۔مِین) (ع۔صف) متکلم کی جمع (۱) کلام کرنے والے لوگ (۲) وہ لوگ جو مذہبی اُمور عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔ علم کلام کے ماہر۔

**مُتَّکی**۔ (مُت۔تَ۔کی) (ع۔صف) بھروسہ کرنے والا۔ تکیہ کرنے والا۔

**مُتَلَاشی**۔ (مُ۔تَ۔لا۔شی) (ع۔صف) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ جستجو کرنے والا۔ ترکی لفظ تلاش سے عربی طریقہ پر اسم فاعل بنایا گیا ہے۔

**مُتَلَاطِم**۔ (مُ۔تَ۔لا۔طِم) (ع۔صف) تلاطم برپا کرنے والا۔ تھپیڑے مارنے والا۔ موجزن۔ طوفانی۔

**مَتْلَانا**۔ (مَت۔لا۔نا) (ہ۔مص) طبیعت کا مالش کرنا۔ قے کرنے کو جی چاہنا۔

**مُتَلَذِّذ**۔ (مُ۔تَ۔لَذ۔ذِذ) (ع۔صف) لذت اٹھانے والا۔ مزہ چکھنے والا۔ لطف اٹھانے والا۔

**مُتَلَوِّن**۔ (مُ۔تَ۔لَو۔وِن) (ع۔صف) غیر مستقل مزاج۔ رنگ برنگ ہونے والا۔ جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔

**مُتَلَوِّن مِزاج**۔ (ع۔صف) غیر مستقل طبیعت والا۔ جس کا مزاج گھڑی گھڑی بدلتا رہے۔

**مَتْلی**۔ (مَت۔لی) (ہ۔ا۔مث) جی متلانا۔ طبیعت کا مالش کرنا۔ اُبکائی۔

**مُتَمَادی**۔ (مُ۔تَ۔مَا۔دِی) (ع۔صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔

**مُتَمَتِّع**۔ (مُ۔تَ۔مَت۔تِع) (ع۔صف) فائدہ اٹھانے والا۔ نفع حاصل کرنے والا۔ مستفید (۲) حج اور عمرہ دونوں ایک ہی وقت میں کرنے والا۔

**مُتَمَثِّل**۔ (ع۔ف) مانند۔ ہم شکل۔

**مُتَمَدِّن**۔ (مُ۔تَ۔مَد۔دِن) (ع۔صف) بسنے والا۔ مہذب۔

**مُتَمَرِّد**۔ (مُ۔تَ۔مَر۔رِد) (ع۔صف) تمرد کرنے والا۔ نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔ پھرا ہوا۔

**مُتَمَسِّک**۔ (ع۔صف) چنگل مارنے والا۔ پکڑنے والا۔ ماننے والا۔



Marfat.com

**مُتَمَکِّن** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَک ۔ کِن) [ع ۔ صف] جگہ پکڑنے والا ۔ قرار پکڑنے والا ۔ جاگزیں ۔ قائم ۔

**مُتَمَلِّق** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَل ۔ لِق) [ع ۔ صف] تملّق کرنے والا ۔ خوشامدی ۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ۔

**مُتَمِّم** ۔ (مُ ۔ تَم ۔ مِم) [ع ۔ صف] تمام کرنے والا ۔ پورا کرنے والا ۔ ختم کرنے والا ۔

**مُتَمَنّی** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَن ۔ نی) [ع ۔ صف] تمنا کرنے والا ۔ آرزو رکھنے والا ۔ خواہش مند ۔

**مُتَمَوِّج** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَو ۔ وِج) [ع ۔ صف] موجیں مارنے والا ۔ لہریں مارنے والا ۔

**مُتَمَوِّل** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَو ۔ وِل) [ع ۔ صف] مال دار ۔ دولت مند ۔

**مُتَمَیِّز** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ مَی ۔ یِز) [ع ۔ صف] (۱) الگ ہونے والا (۲) جدا ۔

**مَتن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کتاب کی اصلی عبارت ۔ کتاب ۔ کپڑے یا سڑک کے بیچ کا حصہ (۲) درمیان ۔ وسط ۔ درمیانی (۳) پشت (۴) مضبوط ۔

**مَتّنا** ۔ (مَت ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گنے کی ایک قسم ۔ نیشکر کی ایک قسم (۲) (مص) مشورہ کرنا ۔ صلاح کرنا ۔ اتفاق کرنا ۔ متفق ہونا ۔

**مَتّنا** ۔ (مَت ۔ نا) [ق ۔ مص] متھنا ۔

**مُتنا** ۔ (مُت ۔ نا) [ہ ۔ صف] وہ بچہ جسے بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہو ۔

**مُتَنازَع** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ زَع) [ع ۔ صف] تنازع کیا گیا ۔ جھگڑا کیا گیا ۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو ۔

**مُتَنازع فیہ** ۔ [ع ۔ صف] وہ جس میں نزاع ہو ۔

**مُتَنازِعہ** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ زِ ۔ عہ) [ع ۔ صف] وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو ۔

**مُتَناسِب** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ سِب) [ع ۔ صف] تناسب رکھنے والا ۔ باہم نسبت رکھنے والا ۔

**مُتَناقِص** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ قِص) [ع ۔ صف] نقص رکھنے والا ۔ ناقص ۔ ناتمام

**مُتَناقِض** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ قِض) [ع ۔ صف] نقیض ۔ مخالف ۔ برعکس ۔ اُلٹا ۔ خلاف ۔

**مُتَناہی** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نا ۔ ہی) [ع ۔ صف] انتہا کو پہنچنے والا ۔

**مُتَنَبَّہ** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نَب ۔ بہ) [ع ۔ صف] تنبیہ کیا گیا ۔ خبردار ۔ آگاہ ۔ ہوشیار ۔ چوکس ۔

**مُتَنَبِّہ کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] آگاہ کرنا ۔ جتانا ۔ خبردار کرنا ۔ ہوشیار کرنا ۔

**مُتَنَبّی** ۔ [ا ۔ مص مرکب] (مُ ۔ تَ ۔ نَب ۔ بی) [ع ۔ صف] نبوت کا دعوے کرنے والا ۔ (۲) (مذ) ایک بلند پایہ عرب شاعر کا تخلص ۔

**مُتَنجن** ۔ (مُ ۔ تَن ۔ جن) [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں نیبو کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے ۔

**مُتَنَوِّع** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نَو ۔ وِع) [ع ۔ صف] نوع نوع اور قسم قسم کا ۔

**مُتَنَزِّہ** ۔ [ع ۔ صف] عیب سے دور رہنے والا ۔

**مُتَنَفِّر** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نَف ۔ فِر) [ع ۔ صف] نفرت کرنے والا ۔ بیزار ۔ کراہت کرنے والا ۔

**مُتَنَفِّس** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ نَف ۔ فِس) [ع ۔ صف] سانس لینے والا ۔ جاندار (۲) انسان ۔ آدمی ۔ بشر ۔ شخص ۔ نفر ۔

**مُتَنگ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] ہاتھی ۔

**مُتَنی** ۔ (مُت ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] پیشاب کرنے کا عضو ۔

**مُتَواتِر** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ تِر) [ع ۔ صف] ایک کے بعد ایک ۔ یکے بعد دیگرے لگاتار ۔ سلسلہ وار ۔ مسلسل ۔

**مُتَوارِث** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ رِث) [ع ۔ صف] باہم میراث پانے والا ۔

**مُتَوارِث اِمراض** ۔ [ا ۔ مذ] موروثی امراض ۔ ایسی بیماریاں جو بچوں کو ورثہ میں ملیں ۔ (انگ)
(Hereditary Diseases)

**مُتَوارِد** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ رِد) [ع ۔ صف] باہم ایک جگہ اُترنے والا ۔ ایک دوسرے کے بعد آنے والا ۔

**مُتَوازی** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ زی) [ع ۔ صف] برابر فاصلے پر رہنے والا ۔ اصطلاح ہندسہ میں وہ دو خط جو برابر فاصلے پر ہوں اور دونوں پہلوؤں پر بڑھانے کے باوجود آپس میں نہ ملیں اور برابر فاصلے پر رہیں ۔ (انگ)
(Parallel)

**مُتَوازی الاَضلاع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک چار اضلاع کی شکل جس کی مقابل کی طرفوں کے ہر دو جوڑے باہم متوازی ہوں ۔ (انگ)
(Parallelogram)

**مُتَواضِع** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ ضِع) [ع ۔ صف] تواضع کرنے والا ۔ عاجزی کرنے والا ۔ (۲) خاطر و مدارت کرنے والا ۔ آؤ بھگت کرنے والا ۔

**مَتوال** ۔ (مَت ۔ وال) [ع ۔ صف] متوالا ۔

**مَتوالا** ۔ (مَت ۔ وا ۔ لا) [ہ ۔ صف] مست ۔ مدہوش ۔ نشہ میں چور ۔ مخمور ۔ مدمائد (۲) مجازاً مغرور ۔ گھمنڈی (۳) وہ بڑا گول پتھر جو قلعہ کی دیوار پر سے دشمن کو دفع کرنے کے واسطے لڑھکاتے ہیں ۔

**مَتوالا ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] مست ہونا ۔ مدہوش ہونا ۔ نشہ میں چور ہونا ۔

**مَتوالی** ۔ (مَت ۔ وا ۔ لی) [ہ ۔ صف] متوالا کی تانیث ۔

**مُتَوالی** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وا ۔ لی) [ع ۔ صف] لگاتار آنے والا ۔ لگاتار ۔ پیہم ۔ متواتر ۔

**مُتَوالِی الحَرَکات** ۔ [ع ۔ صف] وہ (لفظ) جس کے تین حرف متحرک ہوں ۔

**مُتَوَجِّہ** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وَج ۔ جِہ) [ع ۔ صف] توجہ کرنے والا ۔ دھیان دینے والا ۔ راغب (۲) مخاطب (۳) مہربان ۔ نظر عنایت کرنے والا ۔

**مُتَوَجِّہ ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] (۱) توجہ کرنا ۔ دھیان دینا (۲) مخاطب ہونا ۔

**مُتَوَحِّش** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وَح ۔ حِش) [ع ۔ صف] وحشت میں ڈالنے والا (۲) وحشت میں پڑنے والا ۔ غیر مانوس (۳) نفرت کرنے والا ۔

**مُتَوَرِّع** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وَر ۔ رِع) [ع ۔ صف] پارسا ۔ پرہیزگار ۔ عابد ۔ زاہد ۔

**مُتَوَرِّم** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ وَر ۔ رِم) [ع ۔ صف] وَرَم کرنے والا ۔ سوجنے والا ۔ سوجا ہوا ۔

**مُتَوڑا** ۔ (مُ ۔ تَ ۔ ڑا) [ہ ۔ صف] بستر پر موت دینے والا ۔



Marfat.com

مُتَوَسِّط۔ (مُ۔ تَ۔ وَس۔ سِط) [ع۔ صف] اوسط درجہ کا۔ درمیانی بیچ کا (۲) معمولی۔ رسمی۔ رواج۔ جمع ۔ متوسطین۔

مُتَوَسِّطُ الحال۔ [ع۔ صف] اوسط درجہ کی حالت والا۔ نہ امیر نہ غریب درمیانی حیثیت کا۔

مُتَوَسِّل۔ (مُ۔ تَ۔ وَس۔ سِل) [ع۔ صف] وسیلہ ڈھونڈنے والا۔ وسیلہ بنانے والا۔ نزدیکی چاہنے والا۔ سبب تلاش کرنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا۔ مقرب۔ جمع ۔ متوسلین۔

مُتَوَطِّن۔ (مُ۔ تَ۔ وَط۔ طِن) [ع۔ صف] وطن اختیار کرنے والا۔ رہنے والا۔ باشندہ۔ ساکن۔ مقیم۔

مُتَوَفّٰی۔ (مُ۔ تَ۔ وَف۔ فی) [ع۔ صف] وفات پایا ہوا۔ مرا ہوا۔ جہان سے گذرا ہوا۔ جمع ۔ متوفین۔ متوفیان۔

مُتَوَقِّع۔ (مُ۔ تَ۔ وَق۔ قِع) [ع۔ صف] توقع رکھنے والا۔ اُمیدوار۔ آس لگانے والا۔ جمع ۔ متوقعین۔

مُتَوَقِّف۔ (مُ۔ تَ۔ وَق۔ قِف) [ع۔ صف] توقف کرنے والا۔ دیر لگانے والا۔ ٹھہرنے والا۔ جمع ۔ متوقفین۔

مُتَوَکِّل۔ (مُ۔ تَ۔ وَک۔ کِل) [ع۔ صف] توکل کرنے والا۔ بھروسہ کرنے والا۔ صابر۔ جمع ۔ متوکلین۔

مُتَوَکِّلاً علی اللہ۔ [ع۔ مقولہ] اللہ پر توکل کرکے۔ خدا پر بھروسہ کرکے۔

مُتَوَکِّلانہ۔ (مُ۔ تَ۔ وَک۔ کِ۔ لا۔ نہ) [ع۔ صف] خدا کے بھروسے پر متوکل کی مانند۔

مُتَوَلِّد۔ (مُ۔ تَ۔ وَل۔ لِد) [ع۔ صف] تولّد ہونے والا۔ پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلّی۔ (مُ۔ تَ۔ وَل۔ لی) [ع۔ صف] انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ منصرم۔

مُتَوَہِّم۔ (مُ۔ تَ۔ وَہ۔ ہِم) [ع۔ صف] وہم کرنے والا۔ وسواسی۔

مَتھا۔ (مَتھ۔ تھا) [ہ۔ ا۔ مذ] ماتھا۔ پیشانی۔ جبیں۔

مَتھا چُھوَل۔ [ہ۔ ا۔ مذ] معمولی صاحب سلامت۔

مُتَہاوِن۔ (مُ۔ تَ۔ ہا۔ وِن) [ع۔ صف] سستی کرنے والا۔ غافل (۲) حقیر۔ خوار۔

مَتھانی۔ (مَ۔ تھا۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں (پس) مدھانی۔

مُتَھَری۔ (مُ۔ تھ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] اصطبل میں جگہ جو گھوڑوں کے پیشاب کے لیے بنائی جاتی ہے۔

مُتَّہَم۔ (مُت۔ تَ۔ ہَم) [ع۔ صف] جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

مُتَّہِم۔ (مُت۔ تَ۔ ہِم) [ع۔ صف] تہمت لگانے والا۔

مُتھُن۔ (مُ۔ تھُن) [س۔ ا۔ مذ] آسمان کا تیسرا بُرج جسے جوزا بھی کہتے ہیں۔

مَتھنا۔ (مَتھ۔ نا) [ہ۔ مص] ہلانا۔ بلونا۔ چکر دینا (۲) مکھن نکالنے کے لیے دہی کو بلونا۔ (۳) دل میں کسی بات کو بار بار سوچنا (۴) تفتیش کرنا۔

مَتھنی۔ (مَتھ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] تاریخ تتمہ (۲) سود (۳) دستوری۔ کمیشن۔

مَتی۔ [ق۔ صف] مست۔

مِتی۔ (مِ۔ تی) [ہ۔ ا۔ مث] تاریخ۔ تتمہ (۲) سود (۳) دستوری۔ کمیشن۔

مِتی بگنا۔ [ا۔ محاورہ] روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہو جانا۔ ہنڈی کی میعاد کا ختم ہو جانا۔

مِتی چڑھانا۔ [ا۔ محاورہ] تاریخ ڈالنا۔ تاریخ لکھنا۔

مِتی کاٹا۔ [ہ۔ ا۔ مذ] وہ حساب جس کے مطابق ہنڈی پر مدت معینہ کا سود لیتے ہیں۔ کٹوتی۔

مِتی کاٹنا۔ [ا۔ محاورہ] سود یا کمیشن کی رقم وضع کرنا۔

مِتی وار۔ [ہ۔ صف] تاریخ وار۔

مَتیا۔ (مَت۔ یا) [ق۔ صف] مست۔

مَتیرا۔ (مَ۔ تی۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا چھوٹا اور بہت میٹھا تربوز۔

مُتَیَقَّن۔ (مُ۔ تَ۔ یَق۔ قَن) [ع۔ صف] یقین کیا گیا۔ وہ امر جس کا یقین ہو۔ یقینی۔

مُتَیَقِّن۔ (مُ۔ تَ۔ یَق۔ قِن) [ع۔ صف] یقین کرنے والا۔

مَتین۔ (مَ۔ تین) [ع۔ صف] مضبوط۔ مستحکم۔ استوار (۲) سنجیدہ۔ مستقل مزاج (۳) دقیق۔ مشکل۔

## م۔ٹ

مُٹ۔ [ق۔ ا۔ مذ] مکان۔

مُٹیا۔ [ق۔ صف] موٹا۔

مُٹا۔ [ق] چوگان۔

مُٹاپا۔ (مُو۔ ٹا۔ پا) [ہ۔ صف] موٹاپن۔ فربہی۔ جسامت۔

مُٹاپا چڑھنا۔ [ا۔ محاورہ] جسم کا پھول جانا۔ خوب تیاری آنا۔ فربہ ہونا۔

مِٹانا۔ (مِ۔ ٹا۔ نا) [ہ۔ مص] نابود کرنا۔ زائل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) کھرچنا۔ چھیلنا (۴) منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔

مِٹا ہوا۔ محو کیا ہوا۔ اُڑا ہوا (کنایۃً) عاشق۔

مُٹائی۔ (مُ۔ ٹا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] موٹاپن۔ فربہی۔

مُٹ بھیڑ۔ مُٹھ بھیڑ۔ [ہ۔ ا۔ مث] آمنا سامنا۔ دو بدو۔ مقابلہ (۲) گتھ جانا (۳) اتفاقیہ ملاقات۔

مِٹ جانا۔ [ہ۔ مص] تباہ و برباد ہو جانا۔ بے نشان ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) محو ہو جانا (۴) زائل ہو جانا۔

مَٹَر۔ (مَ۔ ٹَر) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا غلہ جس کے دانے گول ہوتے ہیں۔

مَٹر رگڑنا۔ [ا۔ محاورہ] پریشان ہونا۔ دقت میں پڑنا۔

مَٹر سی آنکھیں۔ مَٹر سے دیدے۔ [ہ۔ صف] چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔

مَٹرگشت۔ (مَ۔ ٹَر۔ گشت) [ہ۔ ا۔ مذ] سیر۔ ہوا خوری۔ آوارہ گردی۔

مَٹرگشت کرنا۔ سیر کرنا۔ ہوا خوری کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔



Marfat.com

مارے مارے پھرنا۔

**مٹرالا۔ مٹریلا** ۔ (مَٹ۔را۔لا۔مَٹ۔ری۔لا) [ہ۔ا۔مذ] مٹر اور جَو کو ملا کر مٹرالا یا مٹریلا بولتے ہیں۔

**مٹریلا چنا**۔[ہ۔مذ] چنا جس میں مٹر ملا ہو۔

**مٹر مٹر**۔ (مُٹ۔ٹُر۔مُٹ۔ٹُر) [ہ۔صف] چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کیلیے مستعمل ہے۔

**مٹر مٹر دیکھنا**۔[ا۔محاورہ] چھوٹے بچوں کا حیرت اور تعجب سے دیکھنا۔ پچکے پڑے ہوئے دیکھنا۔

**مٹری**۔(مَٹ۔ری) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا مٹر۔

**مٹک**۔(مَ۔ٹَک) [ہ۔ا۔مث] ناز نخرہ۔چوچلا (۲) نخرے کی چال نازکی رفتار۔

**مٹک چٹک**۔[ا۔محاورہ] تیزی۔طراری۔شوخی (۲) باتیں کرنے میں سر اور اعضا کو خاص انداز سے حرکت دینا۔

**مٹکا**۔(مَٹ۔کا) [ہ۔ا۔مذ] خم۔بڑا گھڑا۔

**مٹکانا**۔(مَٹ۔کا۔نا) [ہ۔مص] گھمانا۔پھرانا۔گردش دینا۔چمکانا۔جیسے آنکھیں مٹکانا (۲) ہلانا۔نچانا۔جیسے ہاتھ مٹکانا (۳) کسی کے ساتھ تمسخر آمیز حرکتیں کرنا۔

**مٹکلا**۔(مَٹ۔کلا) [ق۔صف] موٹا (تحقیراً)۔

**مٹکنا**۔(مُ۔ٹَک۔نا) [ا۔مص] نخرہ کرنا۔ناز دکھانا (۲) ہاتھوں کو نچانا (۳) زنانہ حرکتیں کرنا۔

**مٹکنا**۔(مُ۔ٹَک۔نا) [ہ۔صف] میانہ قد اور خوبصورت۔

**مٹکنا سا قد**۔[ا۔محاورہ] میانہ اور موزوں قد۔لٹا سا قد۔

**مٹکو**۔(مَ۔ٹَک۔کُو) [ہ۔صف] ناز نخرہ کرنے والی اور مٹک مٹک کر چلنے والی عورت۔

**مٹکی**۔(مَٹ۔کی) [ہ۔ا۔مث] چھوٹا گھڑا۔ٹھلیا (۲) شراب کا گھڑا (۳) دہی جمانے کا برتن۔چاٹی۔

**مٹکینا**۔(مَٹ۔کی۔نا) [ہ۔ا۔مذ] آب خورہ۔کوزہ۔

**مٹل۔ مٹلا**۔(مُٹ۔ٹَل۔مُ۔ٹَل۔لا) [ہ۔صف] موٹے جسم کا۔ بہت موٹا۔بھدا۔

**مٹن** (Mutton) (مَ۔ٹَن) [انگ۔ا۔مذ] بھیڑ یا بکری کا گوشت۔

**مٹن چاپ** (Mutton Chap) انگریزی طرز کے پسندے جو سینہ کے گوشت سے تیار کیے جاتے ہیں۔

**مٹنا**۔(مِٹ۔نا) [ا۔مص] ناپید ہونا۔معدوم ہونا (۲) تباہ ہونا۔برباد ہونا (۳) چھیلا جانا (۴) عاشق ہونا۔فریفتہ ہونا (۵) منسوخ کرنا (۶) (مجازاً) کسی کام میں بہت محنت و مشقت کرنا۔

**مٹوانا**۔(مِٹ۔وا۔نا) [ہ۔مص] برباد کرانا۔نابود کرانا (۲) چھلوانا۔

**مٹھ**۔[ہ۔ا۔مذ] مندر۔بت خانہ۔بت کدہ (۲) خانقاہ۔دھرم سالہ (۳) ہندو فقیروں کی جھونپڑی۔کٹی (۴) پاٹ شالہ۔مذہبی مدرسہ (۵) نیل کا حوض۔

**مٹھ دھاری**۔[ہ۔ا۔مذ] جنت۔جوگی۔بیراگی۔

**مٹھ مارا جانا**۔[ا۔محاورہ] (مجازاً) خراب ہوجانا۔بگڑ جانا۔ستیاناس ہوجانا (۲) نیل کا حوض خراب ہوجانا۔

**مٹھ**۔[ہ۔صف] میٹھا کا مخفف۔شیریں۔

**مٹھ بولا۔ مٹھ بولنا**۔[ا۔صف] میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام۔

**مٹھلونا**۔[ا۔صف] کم نمک کا۔پھیکا۔میٹھا۔جس میں کچھ میٹھا پن ہو۔

**مٹھ**۔[ہ۔ا۔مذ] مُوٹھ کا مخفف۔مشت۔مُکا۔گھونسا (۲) پنجہ۔مٹھی۔چنگل (۳) قبضہ۔دستہ۔پکڑ (۴) جلق۔ہاتھ رس۔

**مٹھ مارنا**۔جلق لگانا۔مشت زنی کرنا۔

**مٹھ مرد**۔[ہ۔ا۔مذ] مضبوط آدمی۔قوی ہیکل۔زبردست۔زور آور شخص (۲) چور۔لٹیرا۔راہ زن۔

**مٹھ مردی**۔[ہ۔ا۔مث] شہ زوری۔زور آوری۔طاقت۔قوت (۲) سینہ زوری۔زبردستی۔جبر و تعدی۔ظلم و ستم۔اندھیر۔

**مَٹھا**۔(مَ۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذ] دہی جو مسکہ نکل جانے کے بعد رہ جاتا ہے۔چھاچھ۔

**مٹھا**۔(مِٹھ۔ٹھا) [ہ۔صف] سست۔کاہل۔ڈھیلا (۲) گھوڑا جو آہستہ چلے ڈھیما (۳) کند ذہن۔غبی۔موٹی سمجھ کا۔

**مٹھاپن**۔[ا۔مذ] سستی۔کند ذہن ہونا۔

**مٹھا**۔(مُٹھ۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مٹھی۔لپ (۲) بنڈل۔گڈا۔کاغذ دل کا پشتارہ (۳) قبضہ۔دستہ۔مُٹھ۔ہل کا وہ حصہ جس جگہ سے اُسے پکڑتے ہیں (۴) لکڑی کا وہ اوزار جسے تانت پر مار کر روئی دھنتے ہیں۔

**مٹھار مٹھار کے باتیں کرنا**۔[ا۔محاورہ] چبا چبا کر باتیں کرنا۔مزے مزے لے لے کر باتیں کرنا۔تمکنت کے ساتھ باتیں کرنا۔

**مٹھارنا**۔(مَ۔ٹھار۔نا) [ا۔مص] گول کرنا۔مدور بنانا (۲) رس پیدا کرنا۔ آٹے کو لوچ دینا۔مکی دینا (۳) مزے سے لے کر باتیں کرنا۔باتیں بنانا۔باتیں بگھارنا (۴) پھیلانا۔چوڑا کرنا۔فراخ کرنا (۵) مفصل بیان کرنا۔شرح کرنا۔تفسیر کرنا۔

**مٹھاس**۔(مِ۔ٹھاس) [ہ۔ا۔مث] شیرینی۔حلاوت۔مٹھائی۔رس۔

**مٹھائی**۔(مِ۔ٹھا۔ای) [ہ۔ا۔مث] شیرینی۔لڈو۔پیڑا۔جلیبی وغیرہ۔

**مٹھائی بٹنا**۔[ا۔محاورہ] شیرینی تقسیم ہونا۔فائدہ ہونا۔نعمت پانا۔

**مٹھائی چڑھنا**۔[ا۔محاورہ] قبروں اور مزاروں پر مٹھائی رکھنا

**مٹھائی سے منہ بھر دینا**۔[ا۔محاورہ] کنایتہً دل خوش کر دینا۔

**مٹھڑی**۔(مِٹھ۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] میٹھی تلی ہوئی خستہ ٹکیا۔

**مٹھڑیاں**۔(مِٹھ۔ڑِ۔یاں) [ہ۔ا۔مث] دودھ پیتے بچے کی ہچکیاں۔

**مٹھو**۔(مِٹھ۔ٹھو) [ہ۔ا۔مذ] طوطا۔ (۲) شیریں کلام۔خوش گفتار۔پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ (۳) بچوں کا پیار۔بوسہ۔چوما۔

**مٹھو سا**۔(مُ۔ٹھو۔سا) [ہ۔ا۔مذ] وہ شخص جو رنج یا فکر کے باعث خاموش



Marfat.com

رہے اور کسی سے بات نہ کرے (۲) گُھنّا آدمی۔ وہ شخص جو اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔

**مُٹھولا۔** (مُٹھو۔لا) (ف۔ا۔ مذ) جلق۔ مشت زنی۔ ہتھ رس۔

**مُٹھولے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) جلق لگانا۔ ہتھ رس۔ مُٹھ مارنا۔

**مِٹھی۔** (مِٹھ۔ ٹھی) (ف۔ا۔ مث) بچوں کا پیار۔ بوسہ (۲) میٹھی (ق)

**مُٹھی۔** (مُٹھ۔ ٹھی) (ف۔ا۔ مث) مشت۔ قبضہ۔ چنگل (۲) مکّی (۳) ایک مشت کے برابر مقدار۔ لپ بھر (۴) گرفت۔ پکڑ (۵) بند ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے (۶) مالش (۷) وہ مٹھی بھر غلہ جو خیرات کے لیے نکالتے ہیں۔

**مُٹھی بھر۔** (ف۔ا۔ مث) لپ بھر۔ ایک مشت مقدار کے برابر۔

**مُٹھی (مٹھیاں) بھرنا۔** چپی کرنا۔ پاؤں دبانا۔ مالش کرنا۔

**مُٹھی گرم کرنا۔** (ا۔ محاورہ) رشوت دینا۔ منہ بھرائی دینا۔ کسی کے ہاتھ میں نقد سی دینا (۲) ناجائز فائدہ اٹھانا۔

**مُٹھی مُٹھی۔** (ا۔ تابع فعل) مٹھی بھر۔ لپ بھر۔

**مُٹھی ملنا۔** (ا۔ محاورہ) رشوت پہنچانا۔

**مُٹھی میں۔** (ا۔ تابع فعل) قبضہ میں۔ قابو میں۔

**مُٹھی میں دھرا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) پاس موجود ہونا۔

**مُٹھی میں دینا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ میں دینا۔

**مُٹھی میں طاق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) استخارہ میں قاعدہ ہے اگر طاق ہوتا ہے کام کی اجازت ہوتی ہے۔

**مُٹھی میں ہوا بند کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ناممکن کام کرنے کا خیال یا ارادہ کرنا۔

**مُٹھی میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔

**مُٹھیا۔** (مُٹھ۔ یا) (ف۔ا۔ مث) ہل کی موٹھ (۲) کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے (۳) قبضہ۔ موٹھ (۴) گڑ کی بٹی (۵) ایک قسم کا زیور جو گول ہوتا ہے اور اس میں تعویذ رکھ کر باندھتے ہیں۔

**مُٹھیا قلم۔** چھوٹا قلم جو مٹھی سے چھوٹا ہوتا ہے۔

**مُٹھیانا۔** (مُٹھ۔ یا۔ نا) (ف۔ مص) ہاتھ میں پکڑنا۔ بٹیر کا موٹھ کرنا (۲) قبضہ میں لانا۔ مٹھی میں لینا۔ ہتھیانا (۳) جلق لگانا۔

**مِٹّی۔** (مِٹ۔ ٹی) (ف۔ا۔ مث) زمین۔ دھرتی (۲) گیلی مٹی۔ کیچڑ (۳) خاک دھول (۴) دنیا۔ سنسار۔ کرۂ زمین (۵) ریت۔ ریگ (۶) راکھ خاکستر (۷) خمیر۔ سرشت۔ مادہ۔

**مٹی اٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) مرنا۔ فوت ہونا۔

**مٹی اڑانا۔** (ا۔ محاورہ) خاک اڑانا۔ بار بار آنا جانا۔

**مٹی برباد کرنا۔** (ا۔ محاورہ) میت کو رسوا کرنا۔ کسی کو رسوائے عام کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ بدنام کرنا۔

**مٹی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) میت کا قبر میں دفن ہونا (۲) جھگڑے یا تنازعہ کا ختم ہونا۔

**مٹی پکڑنا۔** (ا۔ محاورہ) جگہ پکڑنا۔ جم جانا۔ مقام کرنا۔

**مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے۔** (ا۔ مثل) ایسا صاحب اقبال ہے کہ مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونے کی طرح فائدہ دیتی ہے۔

**مٹی پلید کرنا۔** ذلیل و رسوا کرنا۔ بُرا حال کرنا۔ درگت بنانا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

**مٹی پلید ہونا۔ مٹی خراب ہونا۔ مٹی خوار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ برباد ہونا۔ نہایت دکھ میں ہونا۔

**مٹی تھوپنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز پر مٹی لگانا۔ پلستر کرنا۔ کہگل کرنا۔

**مٹی ٹھکانے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) اچھی طرح کفن دفن کرنا۔

**مٹی ٹھکانے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) اچھی طرح کفن دفن ہونا۔ مردے کی تجہیز و تکفین حسب قاعدہ سرانجام پانا۔

**مٹی خراب رہنا۔** (ا۔ محاورہ) پریشان رہنا۔ سرگردان رہنا۔

**مٹی خراب کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مردے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا (۲) رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا (۳) ستانا۔ تکلیف دینا۔ حیران کرنا (۴) احمق بنانا۔ ہنسی اڑانا (۵) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔

**مٹی خرابہ۔** (ا۔ مذ) (۱) بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ ستیاناسی (۲) بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی۔

**مٹی خراب ہونا۔** (ا۔ محاورہ) میت کا اچھی طرح نہ اٹھایا جانا (۲) بدنام ہونا۔ خوار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا (۳) درگت بننا۔ بُرا حال ہونا (۴) دق ہونا۔ حیران ہونا (۵) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۶) آوارہ ہونا۔ پریشان ہونا۔ بے قدر ہونا۔ بے قدری ہونا۔

**مٹی دینا۔** (ا۔ محاورہ) دفن کرنا۔ دفنانا۔ قبر میں گاڑنا۔ میت کے دفن ہونے کے بعد قبر پر تھوڑی تھوڑی مٹی ڈالنا۔

**مٹی ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) خاک ڈالنا (۲) چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا (۳) لعنت بھیجنا۔ ٹالنا۔ معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔

**مٹی ڈلوانا۔** (ا۔ محاورہ) جب کسی کی کوئی چیز چوری ہو جاتی ہے تو مشتبہ اشخاص سے کسی خاص جگہ پر مٹی ڈلواتے ہیں تاکہ چور مال کو وہاں ڈال دے اس طرح اس کا پردہ ڈھکا رہے۔

**مٹی ڈھونا۔** (ا۔ محاورہ) مٹی اٹھانے کی مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا۔ بے نفع کا کام کرنا۔

**مٹی ڈھیلے جانا۔** (ا۔ محاورہ) بدن قابو میں نہ رہنا۔ جسم کا گوشت مرجانا۔ جسم کی سکت جاتی رہنا (۲) مرنے کے دن قریب آجانا۔

**مٹی سے مٹی مل جانا۔** (ا۔ محاورہ) میت کا دفن ہو جانا۔ پیوند خاک ہو جانا۔

**مٹی عزیز کرنا۔** (ا۔ محاورہ) مٹی ٹھکانے لگانا۔ مردے کے دفن میں شریک ہونا۔ اپنے ہاتھوں سے دفن کرنا (۲) گاڑنا۔ دابنا۔

**مٹی کا پتلا۔** (ا۔ مذ) خاکی جسم (مجازاً) انسان۔

**مٹی کا پنجر۔** (ا۔ مذ) خاکی قالب۔ خاکی جسم۔

**مٹی کا تھوا۔** (ا۔ مذ) بھدا۔ کم عقل۔ ناسمجھ۔

**مٹی کا تیل۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا بدبودار تیل جو زمین سے نکلتا ہے اور لیمپ



Marfat.com

وغیرہ میں جلایا جاتا ہے۔ بکرد میں آگل۔
**مٹی کا عطر**۔[ا۔مذ] ایک قسم کا عطر جس کا جزو اعظم ملتانی یا پنڈول مٹی ہوتی ہے۔
**مٹی کا کھینچ لانا**۔[ا۔محاورہ] قضا کا اس جگہ سے آنا جہاں کی مٹی ہو۔
**مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں**۔[ا۔مثل] ادنیٰ چیز بھی دیکھ بھال کر لینی چاہیے۔ معمولی کام بھی خوب سوچ سمجھ کر اور احتیاط سے کرنا چاہیئے۔
**مٹی کا مادھو**۔[ا۔مذ] احمق۔بے وقوف۔
**مٹی کرنا**۔[ا۔محاورہ] خاک میں ملانا۔ مٹی کی طرح بے قدر کر دینا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا (۲) مٹی کے رنگ کا کر دینا۔ میلا کرنا (۳) بے لطف کرنا۔ کھانا ٹھنڈا کر دینا (۴) برباد کرنا۔ لٹانا۔
**مٹی کی مورت**۔[ا۔مث] مٹی کا بنا ہوا پتلا (۲) [کنایتاً] جس میں شوخی نہ ہو۔
**مٹی کے برابر**۔[ا۔صف] نہایت بے عزت۔ کمال بے وقعت۔
**مٹی کے مول**۔[ا۔صف] نہایت سستا۔ کوڑیوں کے مول بہت ارزاں۔
**مٹی لے ڈالنا**۔[ا۔محاورہ] بار بار آنا جانا۔
**مٹی مانگنا**۔[ا۔محاورہ] لوگوں سے اپنے دفن میں شرکت کی تمنا کرنا۔
**مٹی میں اٹنا (سننا)**۔[ا۔محاورہ] خاک میں رُلنا۔
**مٹی میں رنگنا**۔[ا۔محاورہ] ملتانی مٹی میں رنگنا۔
**مٹی میں لوٹنا**۔[ا۔محاورہ] خاک میں رُلنا۔
**مٹی میں مٹی ملانا**۔[ا۔محاورہ] دفن کرنا۔ مٹانا۔ ناپید کرنا۔
**مٹی میں مل جانا (ملنا)**۔[ا۔محاورہ] خاک میں مل جانا (۲) جسم کا خاک ہو جانا (۳) بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔
**مٹی میں ملانا**۔[ا۔محاورہ] خاک میں ملانا۔ ستانا۔ ناپید کرنا۔ بے نشان کرنا (۳) دفن کرنا (۴) بے لطف کرنا (۵) ضائع کرنا۔ گنوانا۔
**مٹی ہو جانا (ہونا)**۔[ا۔محاورہ] خاک میں مل جانا۔ خاک ہو جانا (۲) بگڑ جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ نکما ہو جانا (۳) بے رونق ہو جانا۔ ماند ہو جانا (۴) مردہ دل ہو جانا (۵) خیرہ جانا۔ شرمندہ ہو جانا (۶) کھانے کا ٹھنڈا ہو کر بے لطف ہو جانا (۷) دفن ہونا۔
**مٹیا**۔(مَٹ۔یا)[ہ۔صف] مٹی کے رنگ کا (۲) چکنی مٹی کی زمین۔
**مٹیا بھوس**۔[ا۔صف] نہایت بوڑھا اور ناتواں جس کی مٹی یعنی جسم بھوس کی طرح ہو گیا ہو۔
**مٹیا سانپ**۔[ا۔مذ] بھورے رنگ کا سانپ جس پر کالی چتیاں ہوتی ہیں۔
**مٹیا محل**۔[ا۔مث] (۱) چکنی مٹی کا بنا ہوا محل (۲) دہلی کے ایک محلہ کا نام۔

**مٹیا**۔(مَٹ۔یا)[ہ۔مث] مٹی کا چھوٹا برتن جس میں دودھ دہی گھی وغیرہ رکھتے ہیں۔
**مٹیار**۔(مَٹ۔یار)[ہ۔صف] مٹی کا۔ مٹی کے رنگ کا بھورا (۲) گدلا۔ مکدر (۳) [پن] جوان عورت۔
**مٹیال**۔(مَٹ۔یال)[ہ۔مذ] گڑھا جس سے مٹی کھودی جائے۔
**مٹیالا**۔(مَٹ۔یا۔لا)[ہ۔صف] مٹی کا بنا ہوا (۲) مٹی کے رنگ کا بھورا (۳) مٹی میں بھرا ہوا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔
**مٹیانا**۔(مَٹ۔یا۔نا)[ہ۔مص] سُن کر ٹال جانا۔ مکر اپن کرنا۔ چپ سادھ لینا (۲) درگذر کرنا (۳) چراغ گل ہو جانا (۴) مٹی سے ملنا۔ مٹی مل کر صاف کرنا (۵) مٹی کا پلستر کرنا (۶) مٹی ہو جانا (۷) ہموار ہو جانا۔

# م۔ث

**مُثاب**۔(مُ۔ثاب)[ع۔صف] ثواب دیا گیا۔ اجر کے لائق۔ ثواب کے قابل۔ لائق۔
**مِثال**۔(مِ۔ثال)[ع۔امث] نظیر۔ مثل۔ مانند (۲) تصویر۔ صورت۔ نمونہ۔ تمثال (۳) کہانی۔ حکایت (۴) مثل۔ کہاوت۔
**مثال دینا**۔[ا۔محاورہ] تشبیہ دینا۔ مشابہت ظاہر کرنا۔ نظیر دینا۔
**مثالی**۔[ع۔صف] نمونے کا۔
**مثانہ**۔(مَ۔ثا۔نہ)[ع۔امذ] جسم کے اندر پیشاب کی تھیلی۔
**مُثبَت**۔(مُث۔بَت)[ع۔صف] ثبت کیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ ساکن کیا گیا۔ جو منفی نہ ہو۔ جس میں فعل کا ہونا پایا جائے (۲) لکھا گیا۔
**مُثبِت**۔(مُث۔بِت)[ع۔صف] ثابت کرنے والا۔ تصدیق کرنے والا۔ منظور کرنے والا (۲) اقراری۔ اثباتی (۳) مدلل۔
**مُثبَت۔مُثبَتہ**۔(مُث۔بَت۔مُث۔بَ۔تہ)[ع۔صف] ثابت شدہ۔ مقرر شدہ (۲) تصدیق کیا ہوا (۳) لکھا ہوا (۴) مہر لگا ہوا۔ اسٹامپ لگا ہوا۔ نشان لگا ہوا۔
**مُثبَتہ اسٹام**۔ وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو۔ مہر کیا گیا ہو۔
**مِثقال**۔(مِث۔قال)[ع۔امذ] ساڑھے چار ماشہ وزن (۲) سونے کا ایک سکہ جو عرب میں رائج ہے۔
**مَثَل**۔(مَ۔ثَل)[ع۔امث] کہاوت۔ مثال (۲) کہانی۔ داستان۔
**مِثل**۔[ع۔صف] مانند۔ موافق۔ جیسا۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ یکساں۔ نظیر۔ ویسا ہی۔ دیکھیے مسل۔
**مَثَلاً**۔(مَ۔ثَ۔لَنْ)[ع۔صف] جیسے۔ جس طرح۔ گویا۔
**مثلا**۔(مَث۔لا)[ق] مثل۔ کہاوت۔
**مَثلَب**۔[ع۔امذ] عیب (۲) عیب کی جگہ۔ جمع۔ مثالب۔
**مُثَلَّث**۔(مُ۔ثَل۔لَث)[ع۔امذ] سہ گوشہ۔ تکون۔ وہ سطح جو تین



Marfat.com

خطوطِ مستقیم سے گھری ہوئی ہو۔ تین ضلعوں کی جیسے △ (۲) وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں (۴) وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے (۵) زاویوں کی پیمائش کا علم (۶) علم عروض کے ایک وزن کا نام جس میں تین رُکن ہوتے ہیں۔ (۷) ایک خوشبو کا نام جس کے سہ گوشہ قرص ہوتے ہیں (۸) ایک قسم کا تعویذ جس میں سہ در سہ خانے ہوتے ہیں۔

**مثلث حادۃ الزاویہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کا زاویہ قائمہ سے کم ہو۔

**مثلث قائم الزاویہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔

**مثلث متساوی الاضلاع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کے سب ضلعے آپس میں برابر ہوں۔

**مثلث متساوی الساقین** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔

**مثلث مختلف الاضلاع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے برابر نہ ہوں۔

**مثلث منفرجۃ الزاویہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔

**مُثَلَّثی** ۔ (مُ ۔ ثَل ۔ لَ ۔ ثی) (ع ۔ صف) تکونا ۔ تکونیا ۔ تکھونٹا۔

**مُثلہ** ۔ (مُث ۔ لہ) (ع ۔ صف) کان اور ناک کاٹنا۔

**مَثلے** ۔ (مَث ۔ لے) (ق) جمع ۔ مثلاً بمعنی مثل۔

**مُثمر** ۔ (مُث ۔ مر) (ع ۔ صف) ثمر دار ۔ پھل دار (۲) فائدہ دینے والا ۔ نتیجہ بخش۔

**مُثَمَّن** (مُ ۔ ثَم ۔ مَن) (ع ۔ صف) ہشت پہلو ۔ آٹھ ضلعوں کا (۲) آٹھ ضلعوں کی شکل (۳) اصطلاحِ عروض میں ایک وزن جس میں آٹھ رکن ہوتے ہیں۔

**مَنثُور** ۔ (ع ۔ مفعول) بہت ۔ افراط ۔ دولت (۲) بے ترتیب ۔ لاتعداد۔

**مُثنات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) شکن ۔ دوہرے شکن والا (۲) ہیئت (۳) گانا (۴) توریت کے علاوہ یہودیوں کی ایک کتاب۔

**مُثَنّیٰ** ۔ (مُ ۔ ثَن ۔ نا) (ع ۔ ا ۔ مذ) ثانی ۔ دوسرا (۲) نقل مطابق اصل ۔ دوسرا پرت (۳) جوڑ ۔ جوڑا ۔ جفت۔

**مُثَنّٰی منہ** ۔ وہ اصل جس سے نقل کی گئی ہو۔

**مثنوی** ۔ (مَث ۔ نَ ۔ وی) (ع ۔ ا ۔ مث) دو دو والا (۲) نظم کی ایک قسم جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے ۔ اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہوتی ۔ جمع ۔ مثنویات۔

---

## م ۔ ج

**مُجاب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مفعول) جواب دیا گیا (۲) منظور کیا گیا۔

**مُجابُ الدعوات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جس کی دعائیں قبول کی گئی ہوں۔

**مُجادِل** ۔ (مُ ۔ جا ۔ دِل) (ع ۔ صف) لڑنے والا ۔ جھگڑنے والا۔

**مُجادلہ** ۔ (مُ ۔ جا ۔ دِ ۔ لہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) لڑائی ۔ جنگ ۔ ہنگامہ ۔ خون ریزی (۲) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ تنازع (۳) دشمنی ۔ عداوت ۔ خصومت (۴) بحث ۔ تکرار ۔ مباحثہ۔

**مُجاذِیب** ۔ (مُ ۔ جا ۔ ذیب) (ع ۔ صف) جمع ہے مجذوب کی ۔ دیوانے ۔ مخبوط الحواس۔

**مُجاری** ۔ (مُ ۔ جا ۔ ری) (ع ۔ ا ۔ مذ) جاری ہونے کے مقامات ۔ مجریٰ کی جمع۔

**مُجاریہ** ۔ (مُ ۔ جا ۔ رِ ۔ یہ) (ع ۔ صف) (قانون) جاری شدہ ۔ رواں شدہ ۔ پاس شدہ ۔ رواں ۔ مروجہ ۔ نافذہ۔

**مَجاز** ۔ (مَ ۔ جاز) (ع ۔ صف) راہ گزرنے کی جگہ (۲) حقیقت کے برعکس ۔ وہ جس کی اصلیت نہ ہو (۳) کسی کلمہ کے غیر حقیقی معنی اصلی معنی کی مناسبت کے ساتھ ۔ جیسے مٹی کے اصلی معنی خاک اور مجازی معنی موت (۴) بااختیار ۔ اختیار دیا گیا۔

**مَجازاً** ۔ (ع ۔ تابع فعل) فرضاً ۔ مراداً (۲) حسب قانون (۳) ازروئے شرع ۔ شرعاً۔

**مجاز سماعت** ۔ (ع ۔ صف) سننے اور منظور کرنے والا ۔ قانون میں وہ حاکم جسے کسی مقدمہ کی سماعت کا اختیار ہو۔

**مجاز مرسل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) علم بیان میں صفت بیانیہ سے مراد ہے جس میں سبب سے مسبب ۔ کل سے جزو ۔ لازم سے ملزوم ۔ ذکر سے ماحصل ذکر اور ظرف سے مظروف مراد لیے جا سکتے ہیں۔

**مُجاز ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی امر کا ازروئے شرع یا قانون اختیار رکھنا ۔ حق ہونا ۔ کسی بات کو کر سکنے کی طاقت رکھنا۔

**مَجازی** ۔ (مَ ۔ جا ۔ زی) (ع ۔ ا ۔ مث) غیر حقیقی ۔ غیر اصلی (۲) فرض کیا ہوا ۔ فرضی ۔ مرادی (۳) نقلی ۔ جعلی ۔ مصنوعی۔

**مَجال** ۔ (مَ ۔ جال) (ع ۔ ا ۔ مث) مجازاً ۔ طاقت ۔ قدرت ۔ بساط ۔ حوصلہ ۔ مقدور ۔ بس ۔ قابو۔

**مَجال رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی بات کی قدرت رکھنا ۔ کسی کام کی تاب و طاقت رکھنا۔

**مَجالِس** ۔ (مَجا ۔ لِس) (ع ۔ ا ۔ مث) مجلس کی جمع ۔ بیٹھنے کی جگہیں ۔ جلسے ۔ محفلیں ۔ سبھائیں ۔ سوسائٹیاں۔

**مُجالَسَت** ۔ (مُ ۔ جا ۔ لَ ۔ سَت) (ع ۔ مث) باہم مل کر بیٹھنا ۔ مل جل کر بیٹھنا ۔ ہم نشینی۔



Marfat.com

**مُجَامِع**۔ (مُ۔جا۔مِع) [ع۔ا۔مذ] مجمع کی جمع (۲) جماع کرنے والا۔
**مُجَامَعَت**۔ (مُ۔جا۔مَ۔عَت) [ع۔ا۔مث] عورت سے ہم بستری۔ جماع۔ صُحبت۔ ہم خوابی۔
**مُجَانَسَت**۔ (مُ۔جا۔نَ۔سَت) [ع۔ا۔مث] ہم جنسی۔ ہم قومی۔
**مَجَانِق (مَجَانِیق)**۔ [ع۔ا۔مث] منجنیق کی جمع۔
**مَجَانِین**۔ [ع۔ا۔مذ] مجنون کی جمع۔
**مُجَاوِر**۔ (مُ۔جا۔وِر) [ع۔ا۔مذ] ہم سایہ۔ پڑوسی۔ پاس رہنے والا۔ کسی خانقاہ یا درگاہ کا جھاڑو دینے والا۔ خادم۔ جمع۔ مجاورین۔
**مُجَاوَرَت**۔ [ع۔ا۔مث] ہمسائگی۔ قرب (۲) بے تکلفی (۳) مسجد یا کسی مزار پر بطور مجاور رہنا۔
**مُجَاوِری**۔ [ع۔ا۔مث] مجاور کا عہدہ۔ مجاور کا حق۔
**مُجَاہِد**۔ (مُ۔جا۔ہِد) [ع۔صف] کوشش کرنے والا۔ جان فشانی کرنے والا (۲) خدا کی راہ میں لڑنے والا۔ کافروں سے جہاد کرنے والا۔
**مُجَاہَدَہ**۔ (مُ۔جا۔ہَ۔دَہ) [ع۔ا۔مذ] کوشش۔ سعی۔ جدوجہد۔ جاں فشانی (۲) نفس کشی۔ ریاضت۔
**مُجَاہِدِین**۔ (مُ۔جا۔ہِ۔دِین) [ع۔صف] مجاہد کی جمع۔ اللہ کی راہ میں لڑنے والے۔ غازی۔
**مَجَاہِیل**۔ [ع۔ا۔مذ] مجہول کی جمع۔
**مَجْبُور**۔ (مَج۔بُور) [ع۔صف] ناچار۔ تنگ۔ بے بس۔
**مَجْبُور کَرنَا**۔ [ا۔محاورہ] ناچار کرنا۔ تنگ کرنا۔ بے بس کرنا۔ دبانا۔ ستانا۔
**مَجْبُور ہونا**۔ [ا۔محاورہ] تنگ آنا۔ عاجز ہو جانا۔ ناچار ہونا۔
**مَجْبُوراً**۔ (مَج۔بُو۔رَن) [ا۔تابع فعل] مجبور ہو کر۔ عاجز آ کر۔ تنگ ہو کر۔ بے اختیاری کی حالت میں۔
**مَجْبُوری**۔ (مَج۔بُو۔ری) [ا۔ا۔مث] عاجزی۔ بے بسی۔ ناچاری۔
**مُجْتَبےٰ**۔ (مُج۔تَ۔با) [ع۔صف] چنا ہوا۔ منتخب۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت۔ حضرت امام حسنؓ کی صفت۔
**مُجْتَمِع**۔ (مُج۔تَ۔مِع) [ع۔صف] اکٹھا۔ جمع کیا ہوا۔
**مُجْتَمِعاً**۔ (مُج۔تَ۔مِ۔عَن) [ع۔تابع فعل] مجموعی طور پر۔ یک جائی طور پر۔
**مُجْتَنَب**۔ (مُج۔تَ۔نَب) [ع۔صف] اجتناب کیا ہوا۔ پرہیز کیا گیا۔
**مُجْتَنِب**۔ (مُج۔تَ۔نِب) [ع۔صف] اجتناب کرنے والا۔ پرہیز برتنے والا۔ علیحدگی اختیار کرنیوالا۔ دُور رہنے والا۔
**مُجْتَہِد**۔ (مُج۔تَ۔ہِد) [ع۔صف] جدوجہد کوشش کرنے والا (۲) راہِ صواب پیدا کرنے والا۔ ٹھیک اور عمدہ راستہ نکالنے والا (۳) فرقہ امامیہ کا فقیہ۔ پیشوائے مذہب (۴) جو دلیل کے ساتھ ایک بات کا قائل ہو (۵) اجتہاد کرنے والا۔ کتاب اور سنت سے دینی مسائل کرنے والا۔ جمع۔ مجتہدان۔ مجتہدین۔
**مُجْتَہِدانہ**۔ [ع۔ا۔تابع فعل] مجتہدوں کے طریقے پر۔
**مَجْحَر**۔ [ع۔ا۔مذ] پناہ گاہ۔ چھپنے کی جگہ۔

**مَجْد**۔ [ع۔صف] بڑائی۔ بزرگی۔ شرف۔ عظمت۔
**مُجَدِّد**۔ (مُ۔جَد۔دِد) [ع۔صف] تجدید کرنے والا۔ پرانے کو نیا کرنیوالا۔
**مجددِ الفِ ثانی**۔ [ع۔ا۔مذ] دوسرے ہزار برس کا مجدد۔ مراد حضرت شیخ احمد سرہندی جو ۹۷۱ھ میں بمقام سرہند پیدا ہوئے اور ۱۰۳۴ھ میں وفات پائی۔ آپکی تصانیف میں "مکتوبات" بہت مشہور ہیں۔
**مجددِ وقت**۔ [ع۔صف] وہ کامل بزرگ جو ہر صدی کے شروع میں پیدا ہوتا اور مسلمانوں میں رائج شدہ بدعات کی اصلاح کرتا ہے۔
**مُجَدَّداً**۔ (مُ۔جَد۔دَ۔دَن) [ع] نئے سرے سے۔ از سر نو۔
**مَجْذُوب**۔ (مَج۔ذُوب) [ع۔صف] جذب کیا گیا۔ کھینچا گیا (۲) صاحب جذب۔ خدا کی محبت میں غرق (۳) بے ہوش۔ مست۔ بے خود۔ آپے سے باہر (۴) دیوانہ۔ پاگل۔ سِڑی۔ سودائی۔
**مجذوب کی بڑ**۔ [ا۔مث] بے معنی باتیں۔ بے سروپا باتیں۔ مجنونانہ بکواس۔
**مَجْذُور**۔ (مَج۔ذُور) [ع۔صف] فی نفسہٖ ضرب کھایا ہوا۔ کسی عدد کو اسی عدد سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب آئے اسے مجذور کہتے ہیں۔ جیسے چار کا مجذور سولہ ہے۔ ۴×۴ = ۱۶۔
**مَجْذُوم**۔ (مَج۔ذُوم) [ع۔صف] جذامی۔ کوڑھی۔ مبروص۔
**مَجْرا**۔ (مَج۔را) [ع۔ا۔مذ] جاری ہونے کا مقام۔
**مجرائے آبِ عملی**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] انسانی کی بنائی ہوئی پانی جاری ہونے کی جگہ جیسے بدررو۔ نالی وغیرہ۔
**مجرائے آبِ قدرتی**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] پانی جاری ہونے کی جگہ جو انسان کی بنائی ہوئی نہ ہو جیسے دریا، ندی وغیرہ۔
**مُجْرا**۔ (مُج۔را) [ع۔ا۔مذ] جاری کیا گیا (۲) کٹوتی۔ منہائی۔ محسوب کیا گیا (۳) سلام۔ آداب۔ کورنش۔ تسلیمات (۴) مرثیہ جو رباعی، غزل، قطعہ یا قصیدے کے طور پر کہا جاتا ہے۔ اور اس کے مطلع میں مجرے یا سلام کا لفظ لایا جاتا ہے (۵) ناچ رنگ۔ رقص و سماع۔
**مُجرا پانا**۔ [ا۔محاورہ] باریابی پانا۔ امیر یا بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہونا۔ (۲) روپیہ وصول پانا۔ بھر پانا۔
**مُجرا دینا**۔ [ا۔محاورہ] وضع کر دینا۔ حساب میں لگا دینا۔ کاٹ دینا۔ جمع میں محسوب کر دینا۔
**مُجرا طلبی**۔ [ع۔ا۔مث] دعوے بالمقابل۔ اُلٹا دعوے۔ دعوے پر دعوے۔ باز دعوے۔
**مُجرا عرض کرنا**۔ [ا۔محاورہ] سلام کرنا۔
**مُجرا کرنا**۔ [ا۔محاورہ] آداب و تسلیمات بجا لانا (۲) ناچنا گانا (۳) حساب میں لگانا۔ کاٹ دینا۔ محسوب کر لینا۔
**مُجرا لینا**۔ [ا۔محاورہ] حساب میں لگا لینا۔ وضع کر لینا۔
**مُجرا ہونا**۔ [ا۔محاورہ] ناچ گانا ہونا۔ رقص و سرود ہونا (۲) وصول ہونا۔ وضع ہونا۔ حساب میں لگایا جانا۔
**مُجرائی**۔ (مُج۔را۔ای) [ع۔ا۔مذ] مجرا بجا لانے والا۔ سلام کرنے والا (۲)۔



Marfat.com

منصب دار - درباری (۳) مرتبہ - قلل (۴) وصول -

**مُجرائی** - [ع - ا - مذ] دیکھیے مُجرائی (۲) ناچنے گانے والا - بیٹھ کر گانے والا (۳) سلام کرنے والا -

**مُجرِّب** - (مُ - جَر - رِب) [ع - صف] تجربہ کرنے والا - آزمانے والا -

**مُجرّبات** - [ع - ا - مذ] تجربہ کی ہوئی ادویات - آزمائے ہوئے نسخے (۲) وہ کتاب یا بیاض جن میں ان دوائیوں کے نسخے درج ہوں -

**مُجرَّب** - (مُ - جَر - رَب) [ع - صف] تجربہ کیا ہوا - آزمایا ہوا - آزمودہ - موثر -

**مُجرَّد** - (مُ - جَر - رَد) [ع - صف] جریدہ - اکیلا - تنہا (۲) وہ شے جو مادہ سے پاک ہو (۳) بن بیاہا - غیر شادی شدہ - ناکتخدا - بغیر بیوی بچوں والا (۴) وہ شخص جو دنیا سے الگ ہو گیا ہو - سنیاسی - تارک الدنیا (۵) وہ شے جو مادہ سے پاک ہو -

**مُجرّد رہنا** - (ا - محاورہ) آزاد رہنا - اکیلا رہنا - بن بیاہا رہنا - شادی نہ کرنا -

**مجرد سب سے اعلیٰ جس کے لڑکا نہ بالا**
**مجرد سب سے اعلیٰ جس کے سسر نہ سالا** } - [ا - مثل] چھڑا آدمی سب سے اچھا ہے جس کو کسی کا غم نہ فکر -

**مُجرّدات** - (مُ - جَر - رَ - دات) [ع - ا - مذ] مجرّد کی جمع - غیر جسمانی وجود - غیر محسوس چیزیں (۲) ملائک - ارواح -

**مُجرّدی** - (مُ - جَر - رَ - دی) [ع - صف] کوارا پن - تنہائی - آزادی - تجرّد -

**مُجرِم** - (مُج - رِم) [ع - ا - مذ] جرم کرنے والا - گنہ گار - خطاکار - پاپی - عاصی -

**مُجرِم اشتہاری** - [ع - ا - مذ] وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار ہو چکا ہو -

**مُجرِم عادی** - [ع - ا - مذ] وہ مجرم جسے جرم کرنے کی عادت ہو گئی ہو - بار بار جرم کرنے والا -

**مُجرِم فراری** - [ع - ا - مذ] بھاگا ہوا مجرم -

**مُجرِم قرار دینا** - (ا - محاورہ) مجرم ٹھہرانا - قصوروار ٹھہرانا -

**مُجرِم ہونا** - (ا - محاورہ) جرم کرنا - خطاوار ہونا - قصوروار ہونا -

**مجرمانہ حملہ** - [ع - ف - ا - مذ] وہ حملہ جو کسی عورت پر زنا کی نیت سے کیا جائے -

**مجروح** - (مج - رُوح) [ع - صف] زخمی - گھائل - چوٹ کھایا ہوا - وہ جس کے زخم لگا ہو (۲) اُردو کے ایک مشہور شاعر میر مہدی دہلوی تلمیذ غالب کا تخلص -

**مجسٹریٹ** - (Magistrate) (مَ - جِسٹ - ریٹ) [انگ - ا - مذ] حاکم فوجداری -

**مجسٹریٹی** - (مَ - جِسٹ - رے - ٹی) [انگ - ا - مث] مجسٹریٹ کا عہدہ (۲) اختیار حکومت -

**مجسٹک** - (Majestic) (مَ - جِس - ٹِک) [انگ - صف] عظیم الشان - عالی شان - پرشکوہ - شاندار - باوقار - شاہانہ -

**مُجسَّم** - (مُ - جَس - سَم) [ع - صف] جسم دار - وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو - اسطح (۲) سر سے پاؤں تک - سراپا -

**مُجسّمات** - (مُ - جَس - سَ - مات) [ع - ا - مذ] وہ اجسام جن میں طول عرض اور عمق پایا جائے -

**مُجسّمہ** - (مُ - جَس - سَ - مَہ) [ع - ا - مذ] بُت - جمع - مجسّمات -

**مجسمہ ساز** - [ع - ف - صف] مٹی اور پتھر کے بُت بنانے والا -

**مجسمہ سازی** - [ع - ف - ا - مث] بُت بنانے کا کام - (Modelling) (انگ)

**مُجلّا** - (مُ - جَل - لا) [ع - صف] جلا کیا ہوا - چمکایا ہوا - صاف کیا ہوا - روشن - آشکارا -

**مُجلّد** - (مُ - جَل - لَد) [ع - صف] جلد بندھا ہوا - جلد بندی کیا ہوا -

**مجلس** - (مج - لِس) [ع - ا - مث] بیٹھنے کی جگہ - انجمن - بزم - جلسہ - مجمع - سبھا - وہ جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو (۲) شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع - مجمع - مجلسی -

**مجلس آرا - (افروز)** - [ف - ا - مذ] مجلس کو زینت دینے والا - مجلس کو رونق بخشنے والا -

**مجلس احتساب فلمی** - [ع - ا - مث] وہ مجلس جو فلموں کی جانچ پڑتال کے لیے مامور ہو (انگ) (Board of Film Censor)

**مجلس انتظامیہ - مجلس منتظمہ** - [ع - ا - مث] انتظام کرنے والی جماعت (انگ) (Executive Council Board)

**مجلس برہم ہونا** - (ا - محاورہ) مجلس کے انتظام میں خرابی پیدا ہونا -

**مجلس تقرر** - [ع - ا - مث] وہ مجلس جسے ملازم رکھنے کے اختیارات دیے گئے ہوں (انگ) (Appointment Committee)

**مجلس حیران** - [ع - ا - مث] ایک قسم کی نہایت عمدہ مستی جو عورتیں رکھتی ہیں -

**مجلس خانہ** - [ع - ف - ا - مث] وہ مکان جو مجلس کے لیے مخصوص ہو (۲) حضرت امام حسین علیہ السلام کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مکان (۳) دربار - دیوان عام -

**مجلس شوریٰ** - [ع - ا - مث] مشورہ کرنے والی مجلس - مجلس مشاورت -

**مجلس عاملہ** - [ع - ا - مث] منتخب ارکان کی جماعت جو عملی طور پر کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے (انگ) (Working Committee)

**مجلس عامہ** - [ع - ا - مث] عام اجلاس - (انگ) (General Meeting)

**مجلس علمی** - [ع - ا - مث] علمی سوسائٹی یا انجمن علوم -

**مجلس قائمہ** - [ع - ا - مث] مستقل کمیٹی جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے - (انگ) (Standing Committee)

**مجلس کرنا** - (ا - محاورہ) جلسہ کرنا (۲) ماتم حضرت امام حسین علیہ السلام کے لیے جلسہ کرنا (۳) مرثیہ خوانی کرنا -



Marfat.com

**مجلس کی رونق** ۔ (ا۔ صف) مجلس کی رونق بڑھانے والا (۲) مسخرہ۔
**مجلس گرم ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) مجلس میں رونق آنا۔ گرما گرم بحث ہونا
باتیں ہونا۔
**مجلس مضامین** ایسی مجلس جس میں ان قراردادوں پر بحث کی جاتی ہے
جو اجلاس عام میں پیش کی جانے والی ہوتی ہیں۔
(انگ) (Subject Committee)
**مجلسی** ۔ (مج۔ لِ۔ سی) (ع۔ اسذ) مجلس سے متعلق۔ اہلِ مجلس۔ وہ
شخص جو شریک جلسہ ہو۔
**مجلّہ** ۔ (مُ۔ جل۔ لہ) (ع۔ صف) رسالہ۔ میگزین۔
**مجمر** ۔ (مج۔ مر) (وہ برتن جس میں خوشبودار چیزیں جلاتے ہیں۔ عوددان۔
**مجمع** ۔ (مج۔ مع) (ع۔ اسذ) مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ جلسہ
(۲) ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔
**مجمع اخلاق** ۔ (ع۔ ف) اچھے اوصاف کا مجموعہ۔
**مجمع البحرین** ۔ (ع۔ اسذ) وہ جگہ جہاں سمندر یا دو دریا ملتے ہوں
دو دریاؤں کا ملاپ۔
**مجمع الجزائر** ۔ (ع۔ اسذ) بہت سے جزیروں کا مجموعہ۔ اکٹھے
جزیرے۔
**مجمع چھٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بھیڑ کم ہونا۔
**مجمع خلاف قانون** ۔ (ع۔ اسذ) قانون کے خلاف لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
خلاف قانون ہنگامہ۔ مجمع ناجائز۔
**مجمع عوام** ۔ (ع۔ اسذ) عوام لوگوں کی بھیڑ۔ عوام کا ہجوم۔
**مجمعہ** ۔ (مج۔ مَ۔ عَہ) (ا۔ اسذ) بڑا طباق۔ سینی۔
**مجمل** ۔ (مج۔ مَل) (ع۔ صف) اجمال کیا گیا۔ مختصر۔ خلاصہ۔ اختصار۔
**مجمل حساب** ۔ (ع۔ اسذ) وہ حساب جو تفصیل کے ساتھ نہ ہو
حساب کا گوشوارہ۔
**مجملاً** ۔ (مج۔ مَ۔ لَن) (ع۔ تابع فعل) اجمال کے طور پر۔ مختصر طریقے سے
فی الجملہ۔ اختصاراً۔
**مجموع** ۔ (مج۔ موع) (ع۔ صف) جمع کیا گیا۔ جمع۔ تمام۔ سب۔ میزان۔ کُل۔
**مجموعہ** ۔ (مج۔ مو۔ عہ) (ع۔ صف) جمع کیا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جوڑ (۲) (ا۔ اسذ)
ذخیرہ۔ خزانہ۔ مخزن۔ کلیات (۳) پشتارہ۔ بنڈل۔ گٹھا۔
**مجموعۂ تعزیرات پاکستان** ۔ قانون کی وہ کتاب جس میں پاکستان
میں ہونے والے جرائم کے لیے سزاؤں کا قانون درج ہے۔
(انگ) (Pakistan Penal Code)
**مجموعۂ تعزیرات ہند** ۔ وہ کتاب جس میں انگریزی حکومت نے اہل
ہند کے لیے سزاؤں کے قانون درج کیے تھے۔ انڈین پینل کوڈ کا اردو
ترجمہ۔ (Indian Penal Code)
**مجموعۂ قوانین** ۔ (ع۔ اسذ) قانون کا ذخیرہ۔ وہ کتاب جس میں متعدد
قوانین اکٹھے کیے گئے ہوں
**مجموعۂ کلام** ۔ (ع۔ اسذ) کلام کا ذخیرہ۔ وہ کتاب جس میں کسی
شاعر کی منظومات جمع کر دی گئی ہوں۔
**مجموعہ کا عطر** ۔ ایک عطر کا نام جس میں کئی خوشبویات شامل ہوتی ہیں۔
**مجموعی** ۔ (مج۔ مو۔ عی) (ع۔ صف) تمام۔ یکجا طور پر۔ اجمالی۔
**مجموعی قیمت** ۔ (ع۔ اسف) اکٹھی قیمت۔ کُل دام۔
**مجنون** ۔ (مج۔ نون) (ع۔ صف) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ خبطی۔ باؤلا
(۲) قیس عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا۔ عشق کی دیوانگی کے
سبب مجنوں نام پڑ گیا تھا (۳) عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ فریفتہ (۴) نہایت
دُبلا پتلا اور کمزور آدمی۔ جمع: مجانین۔
**مجنونِ دوری** ۔ (ع۔ ف۔ صف) جو ہمیشہ پاگل نہ رہے، کبھی کبھی
پاگل ہو جاتا ہو۔
**مجنون کر دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) دیوانہ بنا دینا۔ پاگل کر دینا۔ خبطی کر دینا۔
**مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا** ۔ (ا۔ مثل) جس سے محبت ہو اس کی ہر
چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔
**مجنونیت** ۔ (ع۔ امث) پاگل پن۔ دیوانگی۔
**مجوّز** ۔ (مُ۔ جو۔ وَز) (ع۔ صف) تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا۔
**مجوِّز** ۔ (مُ۔ جو۔ وِز) (ع۔ صف) تجویز کرنے والے۔ رائے دینے والا۔ فیصلہ
دینے والا (۲) جائز رکھنے والا (۳) اصرار کرنے والا۔ مُصر۔
**مجوِّزانِ قانون** ۔ (ع۔ ف۔ اسذ) قانون بنانے والے۔ واضعانِ قانون
قانون بنانے والوں کی جماعت۔
**مجوّزہ** ۔ (مُ۔ جو۔ وَ۔ زہ) (ع۔ صف) تجویز کیا ہوا۔ مقررہ۔ معینہ۔
جمع: مجوّزات۔
**مجوس** ۔ (مَ۔ جوس) (ف۔ اسذ) مجوسی کی جمع۔ آتش پرست۔
**مجوسا** ۔ (مَ۔ جو۔ سا) (ا۔ اسذ) لکڑی جو چھت کے نیچے کوڑی کرتے ہیں۔ اڑھا
**مجوسی** ۔ (مَ۔ جو۔ سی) (ف۔ اسذ) آتش پرست۔ گبر۔ زردشت کا پیرو۔
**مجوّف** ۔ (مُ۔ جو۔ وَف) (ع۔ صف) جوف کیا ہو۔ اندر سے خالی۔
کھوکھلا۔ پولا۔ تھوتھا۔
**مجھ** ۔ (ا) (ضمیر متکلم) ایک کلمہ ہے جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے
جیسے مجھ کو۔
**مجھ سے** ۔ (ا۔ تابع فعل) میری ذات سے (۲) مجھ جیسے۔
**مجھ کو** ۔ (ا۔ ضمیر واحد متکلم) مجھے۔ میری ذات کو۔
**مجھ کو پیٹے** ۔ (ا۔ کلمۂ قسم) میرا ماتم کرے۔ ایک قسم کی قسم ہے۔
**مجھ میں آیا** ۔ (ا۔ محاورہ) میں ذمہ دار ہوں۔ میں ضامن ہوں
**مجھار** ۔ (ق) بیچ میں۔ درمیان۔
**مجھلا** ۔ (مجھ۔ لا) (ہ۔ اسذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھمیلا۔
**مجہلہ** ۔ (ع۔ اسذ) کوئی چیز جیسے بے وقوفی۔ غفلت یا جہالت ظاہر کرے۔
**مجہول** ۔ (مج۔ ہول) (ع۔ صف) نامعلوم۔ غیر معلوم (۲) وہ فعل جس
کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) سست۔ کاہل۔ آرام طلب۔ نکما۔ نکھٹو۔
(۴) جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم۔
**مجہولِ مطلق** ۔ (ع۔ ف۔ اسذ) سخت جاہل۔



Marfat.com

**مَجہُول النَّسَب** ۔ (ع ۔ صف) وہ شخص جس کے حسب نسب اور اصل نسل میں شبہ ہو۔

**مَجھُولا** ۔ (مَ ۔ جھُو ۔ لا) (ہ ۔ صف) منجھلا بیچ کا ۔ درمیانی ۔ وسطی ۔ میانہ متوسط (۲) بڑا دیگچہ ۔ چھوٹی دیگ۔

**مَجھُولی** ۔ (مَ ۔ جھُو ۔ لی) (ہ ۔ صف) منجھلی ۔ درمیانی ۔ وسطی (۲) (اِ ۔ مث) ایک قسم کی چھوٹی بیل گاڑی۔

**مُجھی** ۔ (مُ ۔ جھی) (اِ ۔ کلمۂ ضمیر) مجھ ہی کا مخفف۔

**مُجھے** ۔ (مُ ۔ جھے) (اِ ۔ کلمۂ ضمیر) مجھ کو ۔ میری ذات کو۔

**مُجھے اور نہ تجھے ٹھور** ۔ (اِ ۔ مثل) مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں۔

**مجھے منہ نہ دکھا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) مجھ کو اپنی شکل نہ دکھلا ۔ میرے سامنے مت آ ۔ دُور ہو جا۔

**مُجھیلا** ۔ (مُ ۔ جھے ۔ لا) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) جھگڑا ۔ قضیہ ۔ لڑائی ٹنٹا۔

**مُجھیلا پڑنا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) جھگڑا ہونا ۔ کھیڑا ہو جانا۔

**مُجِیب** ۔ (مُ ۔ جِیب) (ع ۔ صف) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا۔ (۳) خدائے تعالیٰ کا نام۔

**مُجِیب الدَّعوات** ۔ (ع ۔ صف) دعائیں قبول کرنے والا ۔ مراد خدائے تعالیٰ۔

**مَجِیٹھ** ۔ (مَ ۔ جِیٹھ) (ہ ۔ اِ ۔ مث) ایک قسم کی سُرخ لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

**مَجِید** ۔ (مَ ۔ جِید) (ع ۔ صف) بزرگ ۔ بزرگ وار ۔ گرامی ۔ اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک نام۔

**مَجِیدی** ۔ (مَ ۔ جی ۔ دی) (ع ۔ اِ ۔ مذ) ایک ترکی سکہ۔

**مُجِیر** ۔ (مُ ۔ جِیر) (ع ۔ صف) دست گیر ۔ پناہ دینے والا۔

**مُجِیرا** ۔ (مُ ۔ جی ۔ را) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں۔

# م ۔ چ

**مَچ** ۔ (ہ ۔ اِ ۔ مث) بھول ۔ چوک (۲) جہالت (۳) بے توجہی (۴) نیند کا خمار (۵) سونے کا ٹکڑا جو پرکھنے کے لیے بطور نمونہ لیا جائے (پن ۔ الاؤ)۔

**مُچَل** ۔ (مُ ۔ چَل) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا ۔ لوتھڑا ۔ مضغہ۔

**مَچامَچ** ۔ (مَ ۔ چا ۔ مَچ) (ہ ۔ صف) کھچا کھچ بھرپور ۔ لبریز ۔ لبالب ۔ (مث) چارپائی کے چول چوں کرنے کی آواز۔

**مَچان** ۔ (مَ ۔ چان) (ہ ۔ اِ ۔ مث) ٹانڈ ۔ وہ تختہ یا لکڑیاں جو دیوار میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے اونچی جگہ لگا دیتے (۲) درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں (۳) باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں اور فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

**مَچانا** ۔ (مَ ۔ چا ۔ نا) (اِ ۔ مص) (۱) رچانا ۔ عمل میں لانا ۔ برپا کرنا (۲) گاڑی میں جوتنا۔

**مَچک** ۔ (مَ ۔ چک) (ہ ۔ اِ ۔ مث) لچک ۔ لرزش۔

**مَچکا** ۔ (مَچ ۔ کا) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) (۱) سستا پن ۔ ارزانی (۲) فرق ۔ تفاوت وقفہ ۔ ڈھیل۔

**مچکا پڑنا ۔ مچکا کھا جانا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) سستا ہو جانا ۔ بازار کا مندہ پڑ جانا (۲) کسی چیز کی آمد کا کم ہو جانا (۳) ڈھیل پڑ جانا ۔ وقفہ ہو جانا۔

**مَچکانا** ۔ (مَچ ۔ کا ۔ نا) (اِ ۔ مص) لچکانا ۔ ہلانا ۔ جنبش دینا ۔ جھکانا۔

**مُچکانا** ۔ (مُچ ۔ کا ۔ نا) (اِ ۔ مص) آنکھ مارنا ۔ جھپکانا ۔ پلک مارنا ۔ آنکھ کا موندنا اور کھولنا۔

**مَچکنا** ۔ (مَ ۔ چک ۔ نا) (اِ ۔ مص) لرزنا ۔ تھرتھرانا ۔ کانپنا (۲) چارپائی کا چوں چوں کرنا۔

**مُچلا** ۔ (مُچ ۔ لا) (اِ ۔ صف) مکرا ۔ گھنا ۔ ڈھیٹ ۔ ضدی ۔ ہٹیلا۔

**مچلائی** ۔ (اِ ۔ مذ) ضد ۔ ہٹ ۔ اڑ ۔ مکراپن ۔ ڈھٹائی۔

**مَچلانا ۔ مُچلانا** ۔ (ہ ۔ مص) ٹالنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ بہانہ کرنا (۲) ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ اڑ جانا ۔ اصرار کرنا۔

**مُچلانا** ۔ (مُچ ۔ لا ۔ نا) (اِ ۔ مص) متلانا ۔ مالش کرنا ۔ قے آنا ۔ ابکائی کرنا۔

**مُچلائی** ۔ (مُچ ۔ لا ۔ ای) (ہ ۔ اِ ۔ مث) ڈھٹائی ۔ ضد ۔ ہٹ ۔ شوخی۔

**مَچل پڑنا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) (مَ ۔ چَل ۔ پڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) مچلنا ۔ ضد پر آ جانا ۔ اڑ جانا۔

**مُچلکہ** ۔ (مُچ ۔ لِ ۔ کہ) (ف ۔ اِ ۔ مذ) عہد نامہ ۔ قول و قرار (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد جو ملزم کی طرف سے ہو۔

**مچلکہ لکھانا ۔ مچلکہ لکھوانا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) کسی بات کے نہ کرنے کا تحریری عہد لینا ۔ عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا۔

**مچلکہ لینا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) کسی امر کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ لینا۔

**مچلکہ نکلنا** ۔ (اِ ۔ محاورہ) مچلکہ لینے کا حکم صادر ہونا۔

**مَچلنا** ۔ (مَ ۔ چل ۔ نا) (اِ ۔ مص) ضد پر آنا ۔ ہٹ کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ ڈھٹائی کرنا ۔ بگڑنا (۲) ٹال مٹول کرنا ۔ ٹالنا ۔ تجاہل عارفانہ کرنا (۳) رفتہ رفتہ بگڑنا (۴) کسی چیز کے نہ دینے کی ہٹ کرنا۔

**مَچلی** ۔ (ق ۔ اِ ۔ مث) مچھلی۔

**مُچلی** ۔ (مُچ ۔ لی) (ہ ۔ صف) شوخ ۔ ڈھیٹ ۔ ضدی (۲) حیلہ باز ۔ گھنی (۳) مکر سُست ۔ کاہل۔

**مَچمَچانا** ۔ (مَچ ۔ مَ ۔ چا ۔ نا) (اِ ۔ مص) گرمانا ۔ کچکچانا ۔ شہوت یا مستی کے جوش میں آنا۔

**مَچمَچاہٹ** ۔ (مَچ ۔ مَ ۔ چا ۔ ہٹ) (ہ ۔ اِ ۔ مث) شہوت یا مستی کا جوش (۲) چارپائی کی چول چوں۔

**مَچنا** ۔ (مَچ ۔ نا) (اِ ۔ مص) رچنا ۔ بسنا (۲) عمل میں آنا۔

**مُچنا** ۔ (مُچ ۔ نا) (اِ ۔ مص) بند ہونا ۔ مندنا۔



Marfat.com

**مچوانا** - (مَچ-وا-نا) [ا-مص] عمل کرانا جیسے غُل مچوانا۔
**مُچوانا** - (مُچ-وا-نا) [ا-مص] بند کرانا۔ مندوانا۔
**مچھ** - [ہ-ا-مذ] بڑی مچھلی۔
**مچھ راند** - [ہ-ا-صف] مچھلی کی بُو۔
**مچھ رنگا** - [ہ-ا-مذ] ایک آبی پرندہ جو اکثر مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔ رام چڑیا۔
**مچھر** - (مَچ-چھر) [ہ-ا-مذ] ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو اپنے ڈنگ کے ذریعہ آدمی اور جانور کا خون چوستا ہے۔ پشہ۔
**مچھر کی جھول** - [ا-مث] نہایت کم قیمت اور ادنیٰ درجہ کی چیز۔
**مچھر کی جھول کا چور** - [ا-مث] چھوٹی موٹی چیزیں چرانے والا اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔
**مچھلہارا** - (مَچھ-چھل-ہا-را) [ق-ا-مذ] مچھیرا۔
**مچھلی** - (مَچھ-لی) [ہ-ا-مث] (۱) ماہی۔ مچھی (۲) انسان کے بازو کا گوشت جو کسی قدر اُبھرا ہوتا ہے (۳) ساق حیوانات کا گوشت (۴) مچھلی کی شکل کا کان میں پہننے کا ایک زیور (۵) ناک میں پہننے کا بُلاق۔ (۶) مچھلی کی صورت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو بعض زیورات میں لگائے جاتے ہیں (۷) بچوں کا ایک کھیل جس میں مچھلی کی شکل کا کھلونا بالوں میں لٹکاتے اور نچاتے ہیں (۸) وہ گوشت جو رانوں کے جوڑ میں ہوتا ہے۔
**مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی** - [ا-مثل] اکثر اوقات بیٹی کی شادی کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی اتنی جلدی کیا ہے۔ جب کہیں اچھا بَر ملے گا کردیں گے۔
**مچھلی کا تیل** - [ا-مذ] ایک خاص قسم کی مچھلی کے بھیجے کا تیل جو سِل اور دِق میں مفید ہوتا ہے۔
**مچھلی کا چارا** - [ا-مذ] وہ چیز جسے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔
**مچھلی کا کانٹا** - [ا-مذ] ایک قسم کی سلائی جو چادر یا کھیس پر کرتے ہیں (۲) استخوان ماہی۔ مچھلی کی ہڈیاں پسلیاں۔
**مچھلی کھانا** - [ا-مذ] ایک قسم کی نیاز۔ عورتیں پکے ہوئے چاولوں کے طباق پر مچھلی کے کباب رکھ کر حضرت سلیمانؑ کی نیاز دلواتی اور کھاتی ہیں۔
**مچھلی کی طرح تڑپنا** - [ا-محاورہ] بہت بے چین ہونا۔ از حد بے قرار ہونا۔
**مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے** - [ا-مثل] اپنے آبائی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے۔
**مچھلی مارکیٹ** - [ا-انگ-مث] مچھلی بکنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں بہت شور و غل ہو۔
**مچھلی والا - مچھوا** - [ا-مذ] ماہی گیر۔ مچھلی بیچنے والا۔

**مچھلیاں پڑنا** - [ا-محاورہ] ورزش کے باعث ڈنڑوں پر تیاری اگر عضلوں کا اُبھر آنا۔
**مُچھندر** - (مُچ-چھن-دَر) [ہ-صف] (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲) چوہا۔ موش (۳) مسخرہ۔ بے ہودہ آدمی۔ بدوضع۔ یاوہ گو۔ ذلیل۔
**مچھوا** - [ہ-ا-مذ] ماہی گیر۔ مچھلیاں پکڑنے والا اور بیچنے والا۔
**مچھیاں لینا** - [ا-محاورہ] بوسے لینا۔ پیار کرنا۔
**مچھی** - (مَچھ-چھی) [ہ-ا-مث] مچھلی۔ ماہی (۲) بوسۂ اطفال۔ بچی۔ چُمّا۔
**مچھی بھون** - (۱) بادشاہوں۔ راجاؤں یا امیروں کے محل کا وہ تالاب جس میں مچھلیاں پالی جاتی ہیں (۲) لکھنؤ کے ایک مشہور شاہی محل کا نام۔
**مُچھیں** - (مُچ-چھیں) [ق-ا-مث] مونچھ۔
**مچھیرا** - (مَچ-چھے-را) [ہ-ا-مذ] مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔
**مچھیل** - (مُچ-چھیل) [ہ-صف] بڑی بڑی مونچھوں والا۔

# م - ح

**مُحابا** - (مُ-حا-با) [ع-ا-مذ] لحاظ۔ مروّت۔ پاس داری۔ صلح۔ اعانت (۲) فروگذاشت (۳) احتیاط (۴) ڈر۔ خوف۔
**مَحاذ** - (مَ-حاذ) [ع-ا-مذ] (۱) مقابلہ کی جگہ۔ میدان (۲) سامنے۔ مقابل۔
**مَحاذ آرائی** - [ع-ا-مث] لڑائی۔ جنگ۔
**مَحاذِ جنگ** - [ع-ف-ا-مذ] لڑائی کا میدان۔
**مَحاذ قائم کرنا** - [ا-محاورہ] کسی کے مقابلے کے لیے ساز و سامان تیار کرنا (۲) دشمن ہونا۔ مخالفت کرنا۔
**مُحاذات** - [ع-ا-مذ] مقابلہ۔ آمنا سامنا۔
**مُحاذی** - (مُ-حا-ذی) [ع-صف] مقابل۔ سامنے۔ روبرو۔ برابر برابر ہونے والا۔
**مُحارِب** - (مُ-حا-رِب) [ع-صف] لڑنے والا۔ جنگ کرنے والا۔
**مُحارَبہ** - (مُ-حا-رَ-بہ) [ع-صف] لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ مجادلہ۔
**مُحاسِب** - (مُ-حا-سِب) [ع-ا-مذ] علم حساب سے واقف۔ حساب داں (۲) حساب کرنیوالا۔ پڑتال کرنے والا۔
**مُحاسِبِ اعلیٰ** - حساب کی جانچ پڑتال کرنے والوں کا سب سے بڑا افسر [انگ] (Auditor General)
**مُحاسِب دِہ** - [ا-مذ] گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ پٹواری۔
**مُحاسَبہ** - (مُ-حا-سَ-بہ) [ع-ا-مذ] حساب۔ شمار۔ پڑتال (۲) حساب کے متعلق پوچھ گچھ۔
**مُحاسبہ طلب کرنا** - [ا-مص مرکب] حساب مانگنا۔



Marfat.com

**مُحاسَبہ کرنا** ۔ [ا۔ مص مرکب ] حساب طلب کرنا ۔ روپیہ کی پوچھ گچھ کرنا۔ مطالبہ کرنا۔

**محاسبہ لینا** ۔ [ا۔ مص مرکب ] حساب لینا ۔ پرسش کرنا۔

**محاسن** ۔ (مَ ۔حا۔سِن )[ع ۔ ا۔مث ] حُسن کی جمع ۔ اچھائیاں۔ خوبیاں ۔ بھلائیاں۔ نیکیاں ۔

**مُحاصِر** ۔ (مُ ۔حا۔صِر )[ع ۔صف ] محاصرہ کرنے والا۔ گھیرنے والا ۔

**مُحاصَرہ** ۔ (مُ ۔حا۔صَ ۔رَہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] گھیرا ڈالنا ۔ چاروں طرف سے بند کر دینا۔ راہ بندی۔ قلعہ بندی۔ اِحصار ۔

**محاصرہ اُٹھانا** ۔ [ا۔ محاورہ ] ناکہ بندی چھوڑ دینا۔ گھیرا ہٹا لینا۔

**محاصرہ کرنا** ۔ [ا۔ مص مرکب ] چاروں طرف سے گھیر لینا۔

**محاصرہ میں آجانا** ۔ [ا۔ محاورہ ] ہر طرف سے گھر جانا ۔ قلعہ بند ہو جانا ۔

**مُحاصِرین** ۔ (مُ ۔حا۔صِ ۔رِین )[ع ۔ ا ۔ مذ ] محاصرہ کی جمع ۔ گھیرا ڈالنے والے ۔ محاصرہ کرنے والے ۔

**محاصِل** ۔ (مَ ۔حا۔صِل )[ع ۔ ا۔ مذ ] محصول کی جمع مگر اُردو میں واحد مستعمل ہوتا ہے (۱) پیداوار کا محصول ۔ معاملہ ۔ لگان ۔ مال گزاری ۔ خراج ۔ (۲) حاصل ۔ آمدنی ۔ نفع ۔ پھل ۔ نتیجہ ۔

**محاصِل خام** ۔ [ع ۔ف ۔ ا۔ مذ ] کچی نکاسی ۔ غیر مستقل آمدنی جس میں مال گزاری بھی شامل ہو ۔

**محاضِر** ۔ [ع ۔صف ] جو سامنے کھڑا ہو ۔

**محاضَرات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] یاد رکھی ہوئی باتیں یا چیزیں ۔ گزری ہوئی کہانیاں بیان کرنا ۔ یعنی علم تاریخ (۲) معلومات ۔

**مُحاط** ۔ [ ع ۔ صف ] گھیرا گیا ۔ احاطہ کیا گیا (۲) ، سمجھا گیا (۳) مشہور ۔

**محافِظ** ۔ (مُ ۔ حا۔ فِظ )[ع ۔صف ] حفاظت کرنے والا ۔ نگہبانی کرنیوالا ۔ نگران ۔ پاسبان ۔ چوکیدار (۲) سرپرست ۔ مربی ۔ وَلی ۔

**مُحافِظ حقیقی** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] اصلی حفاظت کرنے والا ۔ مراد خدا سے تعالےٰ ۔

**محافظ خانہ** ۔ [ع ۔ف ۔ ا ۔ مذ ] مکان جس میں فیصلہ شدہ مسلیں اور کاغذات رکھتے ہیں ۔

**محافظ دفتر** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] نگران دفتر ۔ مسلوں کی حفاظت رکھنے والا ۔

**مُحافِظ محبس** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] داروغہ جیل ۔ جیل خانہ کا داروغہ ۔

**مُحافظت** ۔ (مُ ۔حا۔فَ ۔ظت )[ع ۔ ا ۔ مث ] حفاظت ۔ پاسبانی ۔ رکھوالی (۲) ، سرپرستی ۔ اہتمام ۔

**محافِل** ۔ (مَ ۔حا۔فِل )[ع ۔ ا ۔ مث ] محفل کی جمع ۔ محفلیں ۔ انجمنیں ۔ مجلسیں ۔

**مُحافہ** ۔ (مُ ۔حا۔فہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] وہ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں ۔ اور کہار اُٹھا کر چلتے ہیں ۔ ڈولی ۔ ڈولا ۔ فینس ۔ پالکی ۔ میانہ ۔

**مُحافیاں** ۔ (مُ ۔حا۔فِی ۔آں )[ق ] روشنی کے کنول ۔

**محاق** ۔ (مَ ۔حا۔ق )[ع ۔ ا ۔ مذ ] یہ لفظ "م" کے زیر، زبر اور پیش تینوں طرح صحیح ہے (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن جو بیسویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں (۳) ماہ قمری کی آخری تین تاریخیں جن میں چاند نظر نہیں آتا ۔

**مِحاق میں آنا** ۔ [ا۔ محاورہ ] چاند کا زوال شروع ہونا ۔

**مُحاکات** ۔ (مُ ۔حا۔کات )[ع ۔ ا ۔ مث ] باہمی بات چیت ۔ باہمی داستان گوئی (۳) ، ایک دوسرے سے مشابہ ہونا ۔ کسی چیز یا حالت کی نقل کرنا ۔

**مُحاکَمہ** ۔ (مُ ۔حا۔کَ ۔مہ )[ ع ۔ ا ۔ مذ ] فیصلہ کرانے حاکم کے پاس جانا ۔ انصاف طلبی (۲) ، دعوے ۔ فیصلہ (۳) ، منصف بن کر جھگڑا نمٹانا ۔ جمع ۔ محاکمات ۔

**محال** ۔ (مَ ۔حال )[ع ۔ ا ۔ مذ ] محل کی جمع مکانات ۔ مقامات ۔ منازل (۲) جائیداد غیر منقولہ ۔ پرگنے ۔ ضلعے ۔ جاگیریں (۳) شہد کی مکھیوں کا چھتہ ۔ اُردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۔

**محال آبکاری** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] شراب کا محکمہ ۔

**محال حضور** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] ایسی جاگیر جس کے مالک کو براہِ راست مالگزاری خزانہ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو ۔

**مُحال** ۔ (مُ ۔حال )[ع ۔صف ] غیر ممکن ۔ ناممکن ہونی (۲) ، دشوار ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔ جمع ۔ محالات ۔

**مُحال مطلق** ۔ [ع ۔صف ] قطعاً ناممکن ۔

**محالات** ۔ (مُ ۔حا۔لات )[ع ۔صف ] محال کی جمع ۔ ناممکن باتیں ۔ وہ چیزیں جن کا ہونا سخت دشوار ہو ۔ مشکلات ۔ دشواریاں ۔

**مُحامِد** ۔ (مُ ۔حا۔مِد )[ع ۔ ا ۔ مث ] محمدت کی جمع ۔ اچھائیاں ۔ عمدہ اوصاف ۔ نیک خصلتیں ۔

**مُحاوَرات** ۔ (مُ ۔حا۔وَ ۔رات )[ع ۔ ا ۔ مذ ] محاورہ کی جمع ۔ باہمی باتیں ۔ آپس کی بول چال ۔

**محاوَرہ** ۔ (مُ ۔حا۔وَ ۔رَہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] ہم کلامی ۔ باہمی گفتگو ۔ بول چال ۔ بات چیت ۔ سوال جواب (۲) اصطلاح عام ۔ وہ کلمہ یا کلام جسے اہلِ زبان نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لیے مخصوص کر لیا ہو (۳) مشق ۔ عبارت ۔

**محاورہ پڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ ] عادت ہو جانا ۔ مشق ہو جانا ۔

**محاورہ ڈالنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] عادت ڈالنا ۔ مشق کرنا ۔ عادت پیدا کرنا ۔

**مُحِب** ۔ (مُ ۔حِب )[ع ۔ ا ۔ مذ ] حُب رکھنے والا ۔ محبت کرنے والا ۔ یار ۔ دوست ۔ مشفق ۔ شفیق ۔

**مُحِبّانہ** ۔ (مُ ۔حِب ۔با ۔نہ )[ف ۔صف ] دوست کی مانند ۔

**مُحَبّت** ۔ (مُ ۔حَب ۔بَت )[ع ۔ ا ۔ مث ] الفت ۔ پیار ۔ چاہ ۔ دوستی ۔ یارانہ (۲) ، عشق ۔ لگن ۔ بضم غلط ہے ۔

**مُحبّت آمیز** ۔ [ع ۔صف ] محبت بھرا ۔ پیار سے ملا ہوا ۔ اُلفت آمیز ۔

**محبت اُچھلنا** ۔ [ا۔ محاورہ ] محبت کا جوش مارنا ۔ دوستی کا وَلولہ اُٹھنا ۔



Marfat.com

**محبت جتانا** ۔ (ا۔ محاورہ) اظہار محبت کرنا۔ اُلفت ظاہر کرنا۔
**محبت دل لگی نہیں** ۔ (ا۔ مقولہ) عشق آسان نہیں۔
**محبت دلی (قلبی)** ۔ (ع۔ ا۔ مث) بے حد محبت۔ سچا عشق۔
**محبت رکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دوستی رکھنا۔ چاہنا۔ پیار کرنا۔
**محبت کا بھوکا** ۔ (ا۔ صف) محبت کا آرزو مند۔
**محبت کا جوش** ۔ (ا۔ مذ) ولولۂ عشق۔
**محبت کا دم بھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) اُلفت کا اقرار کرنا۔ عشق ظاہر کرنا دوستی کا دعویٰ کرنا۔
**محبت کرنا** ۔ (ا۔ مص مرکب) چاہنا۔ پیار کرنا۔
**محبت کُل** ۔ (ع۔ ا۔ مث) سب سے برابر محبت۔ صوفیوں کی اصطلاح میں سب کو دوست خیال کرنا۔
**محبت کی نظر (نگاہ) ڈالنا** ۔ (ع۔ ا۔ مث) اُلفت کی نگاہ سے دیکھنا۔ نظرِ التفات کرنا۔ توجہ کی نگاہ کرنا۔
**محبت کے مارے سدا گور کنارے** ۔ (ا۔ مقولہ) عاشق ہمیشہ تکلیف میں رہتے ہیں۔
**محبت نامہ** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خط یا چٹھی جو کسی عزیز کی طرف سے آئے۔
**مَحبس** ۔ (مَح۔ بِس) (ع۔ ا۔ مذ) قید خانہ۔ زنداں۔ جیل خانہ۔
**محبُوب** ۔ (مح۔ بُوب) (ع۔ صف) (۱) پیارا۔ دوست۔ مُحب (۲) معشوق دلدار۔ منظورِ نظر۔ دل رُبا۔
**محبوبِ الٰہی** ۔ خدا کا پیارا (۲) حضرت نظام الدین اولیاء کا لقب۔ جن کا مزار دہلی میں مرجع خاص و عام ہے۔
**محبوبِ خدا (کبریا)** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
**محبوبہ** ۔ (مح۔ بُو۔ بہ) (ع۔ صف) پیاری۔ معشوقہ۔
**محبُوبی** ۔ (مح۔ بُو۔ بی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پیارا پن۔ معشوقی۔
**محبُوبیّت** ۔ (مح۔ بُو۔ بی۔ یت) (ع۔ صف) پیارا ہونا۔ پیارا پن۔
**محبُوس** ۔ (مح۔ بُوس) (ع۔ ا۔ مذ) حبس میں رکھا گیا۔ قید میں رکھا گیا۔ اسیر۔ زندانی۔ مُقیّد۔
**مُحتاج** ۔ (مح۔ تاج) (ع۔ صف) (۱) ضرورت مند۔ حاجت مند۔ طلبگار خواہش مند (۲) لولا۔ لنگڑا۔ اندھا۔ وہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص آگیا ہو۔
**مُحتاج الیہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس کا کوئی دستِ نگر ہو۔
**مُحتاج خانہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں غریب۔ اپاہج اور معذور رکھے جاتے ہیں۔ وہ مکان جہاں محتاجوں کی پرورش کی جاتی ہے۔
**محتاج ہونا** ۔ (ا۔ مص مرکب) حاجت مند ہونا۔ مفلس ہونا۔ دست نگر ہونا۔ اپاہج ہونا۔
**مُحتاجی۔ مُحتاجگی** ۔ (مح۔ تا۔ جی) (مح۔ تاج۔ گی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) افلاس۔ تنگدستی۔ غریبی (۲) دوسرے کا ہاتھ تکنا۔ دست نگری (۳) مجبوری۔ ناچاری۔
**مُحتاط** ۔ (مح۔ تاط) (ع۔ صف) (۱) احتیاط کیا ہوا (۲) وہ شخص جو ہر معاملہ میں احتیاط برتے۔ احتیاط سے چلنے والا۔ ہوشیار۔
**مُحترِز** ۔ (مح۔ تَ۔ رِز) (ع۔ صف) احتراز کرنے والا۔ پرہیز برتنے والا۔ اپنے آپ کو بچانے والا۔ ہوشیار۔ محتاط۔
**مُحترِف** ۔ (ع۔ صف) پیشہ ور۔ اہلِ حرفہ۔
**مُحترِق** ۔ (ع۔ صف) جلا ہوا۔ جسے آگ لگی ہو۔
**مُحترَم** ۔ (مح۔ تَ۔ رَم) (ع۔ صف) احترام کیا گیا۔ معزز۔ واجب التعظیم۔ بزرگ۔
**مُحترمہ** ۔ (ع۔ صف) محترم کی تانیث۔ قابلِ تعظیم عورت۔
**مُحتسِب** ۔ (مح۔ تَ۔ سِب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حساب لینے والا (۲) وہ حاکم جو خلافِ شرع باتوں کی ممانعت کرے۔ حاکمِ شرعی۔ مفتی قاضی۔ کوتوال۔
**مُحتسب را درونِ خانہ چہ کار** ۔ (ا۔ مثل) کسی کو دوسرے کے گھریلو معاملات میں دخل دینے کا حق نہیں۔
**مُحتشِم** ۔ (مح۔ تَ۔ شِم) (ع۔ صف) احتشام والا۔ نوکروں چاکروں والا۔ امیر اور دولت مند۔ رئیس۔
**مُحتشی** ۔ (ع۔ صف) بھرا ہوا۔ لبالب۔
**مُحتکِر** ۔ (ع۔ صف) غلے کو گرانی کی خاطر بند رکھنے والا سوداگر۔ ذخیرہ اندوز۔ (انگ) (Hourder)
**مُحتلِم** ۔ (ع۔ صف) جسے احتلام ہو جائے۔ جو سنِ بلوغت کو پہنچ جائے۔
**مُحتمَل** ۔ (مح۔ تَ۔ مَل) (ع۔ صف) احتمال کیا گیا۔ شک کیا ہوا۔ مشکوک۔ مُشتبہ۔
**مُحتملات** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) شبہات۔
**مُحتوی** ۔ (مح۔ تَ۔ وی) (ع۔ صف) احاطہ کرنے والا۔ گھیر لینے والا۔ شامل۔
**مُحجّر** ۔ (ع۔ صف) جالی دار۔
**محجُوب** ۔ (مح۔ جُوب) (ع۔ صف) (۱) حجاب کیا ہوا۔ پردہ میں پوشیدہ۔ مخفی (۲) شرمندہ۔ نادم۔ منفعل۔
**مُحدَّب** ۔ (مُ۔ حَد۔ دَب) (ع۔ صف) اُبھرا ہوا۔ اُبھروال۔ قبّہ وار۔
**مُحدّب شیشہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا گول بیچ میں سے اُبھرا ہوا شیشہ جس کے ذریعے چیزیں بڑی معلوم ہوتی ہیں۔ اُسے اگر سورج کے سامنے کیا جائے تو سورج کی کرنیں اس میں سے گزر کر ایک مرکز پر جمع ہو جاتی ہیں۔ اگر وہاں کوئی نازک چیز یا سیاہ کپڑا رکھا ہو تو فوراً جل اُٹھتا ہے۔
**مُحدِّث** ۔ (مُ۔ حَد۔ دِث) (ع۔ ا۔ مذ) علم حدیث کا جاننے والا۔ فقیہ۔
**مُحدِث** ۔ (مح۔ دِث) (ع۔ ا۔ مث) (۱) نئی بات نکالنے والا (۲) بے وضو ہو جانے والا۔
**مَحدُود** ۔ (مح۔ دُود) (ع۔ صف) حد کیا گیا۔ گھرا ہوا۔ احاطہ کیا ہوا۔
**محدود ذمہ داریاں** ۔ (ع۔ ا۔ مث) مشترکہ سرمایہ کی کمپنی کے حصہ داروں کی ذمہ داری یا وہ ذمہ داریاں جو ان کے حصص کی نامزد رقم تک



Marfat.com

محدود ہوں۔ (انگ) (Limited Liability)
**محدود کرنا**۔ (۱۔ محاورہ) گھیر دینا۔ احاطہ کر دینا۔ باندھنا۔ روکنا۔
**محذوف**۔ (ح۔ ذُوف) (ع۔ صف) حذف کیا گیا۔ علیحدہ کیا ہوا۔ الگ کیا گیا۔
**محراب**۔ (ح۔ راب) (ع۔ ا۔ مث) (لغوی معنی) ہتھیار۔ سلاح۔ (۲) (اصطلاحی) وہ قوس یا کمان نما جگہ جہاں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے (۳) ڈاٹ۔ گول دروازہ (۴) کمرے میں سب سے اونچی بیٹھنے کی جگہ (۵) حجرۂ خاص۔ شاہی خلوت گاہ۔
**محرابِ تیغ**۔ (ع۔ ا۔ مث) شمشیر کا ٹیڑھا پھل۔
**محراب دار**۔ کمان کی مانند۔ قوس نما۔ گول۔
**محراب گاہ** (گم۔ مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔
**محرابی**۔ (ح۔ رابی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مسجد (۲) ایک قسم کی تلوار (۳) محراب سے منسوب۔
**مُحَرَّر**۔ (ع۔ صف) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔
**مُحَرِّر**۔ (مُ۔ حَر۔ رِر) (ع۔ ا۔ مذ) تحریر کرنے والا۔ لکھنے والا۔ کاتب۔ راقم۔ منشی۔ نویسندہ۔ جمع۔ محرران۔
**محررِ حسابات**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ منشی جو حساب لکھنے پر مقرر ہو۔ (انگ) (Accounts Clerk)
**محررِ رسید**۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ منشی جو رسید دینے پر مامور ہو۔ (Receipt Clerk)
**مُحَرَّرہ**۔ (مُ۔ حَر۔ رَہ) (ع۔ صف) تحریر کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ مرقومہ۔
**مُحَرِّرانِ فلک**۔ (مُ۔ حَر۔ رِ۔ را۔ نِ۔ فَ۔ لَک) (ف۔ ا۔ مذ) ساتوں سیارے (۱) مریخ (۲) مشتری (۳) زحل (۴) زہرہ (۵) عطارد (۶) شمس (۷) قمر۔
**مُحَرِّری**۔ (مُ۔ حَر۔ رِ۔ ری) (ع۔ ا۔ مث) تحریر کا کام۔ لکھنے کا کام۔ منشی گری (۲) محرر کا عہدہ۔
**مُحَرَّف**۔ (مُ۔ حَ۔ رَف) (ع۔ صف) مطلب سے پھیرا ہوا۔ ٹیڑھا کج۔ الٹا بدلا ہوا۔ جگہ سے ہٹا ہوا۔ تحریف کیا گیا۔
**مُحَرِّف**۔ (ع۔ ا۔ مذ) تحریف کرنے والا۔ بدلنے والا (۲) مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنانے والا۔
**مُحْرِق**۔ (ح۔ رِق) (ع۔ صف) جلا دینے والا۔
**مُحْرَق**۔ (ح۔ رَق) (ع۔ صف) جلایا ہوا۔
**مُحْرِقہ**۔ (ح۔ رِ۔ قہ) (ع۔ صف) ایک قسم کا بخار جس سے انسان کی سب غلطیاں مل جاتی ہیں۔ ٹائیفائڈ بخار (۲) جلانے والی۔
**مُحَرِّک**۔ (مُ۔ حَر۔ رِک) (ع۔ صف) حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ہلانے والا (۲) ابھارنے والا۔ اکسانے والا۔
**محرم**۔ (ح۔ رَم) (ع۔ ا۔ مذ) ایسا قریبی رشتہ دار جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو۔ وہ شخص جس سے پردہ ضروری نہ ہو (۲) راز دار۔ ہم راز۔ (۳) واقف۔ روشناس (اُر۔ ا۔ مث) انگیا کی کٹوری۔ انگیا۔
**محرمِ اسرار**۔ (ع۔ صف) پوشیدہ باتوں کا جاننے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
**محرمِ راز**۔ (ع۔ صف) راز سے آگاہ۔ ہم راز۔ رازدار۔
**محرمِ کار**۔ (ع۔ صف) کسی کام سے واقف (۲) ماہر۔ تجربہ کار۔
**محرم ہونا**۔ (۱۔ محاورہ) واقف ہونا۔ جاننا۔
**مُحْرِم**۔ (ح۔ رِم) (ع۔ صف۔ و۱۔ مذ) حج کے لیے احرام باندھنے والا۔
**مُحَرَّم**۔ (مُ۔ حَر۔ رَم) (ع۔ ا۔ مذ) حرام کیا گیا (۲) تعظیم کیا گیا۔ عزت کیا گیا۔ (۳) اسلامی سال کا پہلا مہینہ۔ وہ مہینہ جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام شہید کیے گئے۔ ماتم کا مہینہ۔ سوگ کا مہینہ۔
**محرم کا سپاہی**۔ وہ شخص جو محرم میں حضرت امام حسینؑ کی مصیبت یاد کر کے لڑنے مرنے پر آمادہ ہو اور بعد ازاں کچھ بھی نہیں۔ چند روزہ جوش دکھانے والا۔ دو دن کا بہادر۔
**محرم کی پیدائش**۔ وہ شخص جو ایام محرم میں پیدا ہوا ہو (۲) مجازاً سوگی۔ دکھی۔ رونی صورت والا۔ ہمیشہ غمگین اور رنجیدہ رہنے والا۔
**مُحَرَّمات**۔ (مُ۔ حَر۔ رَ۔ مات) (ع۔ صف) محرم کی جمع۔ ممنوع اشیا۔ وہ باتیں جن سے روکا گیا ہے۔ منع کی ہوئی چیزیں۔
**مُحَرَّمات**۔ (ح۔ رِ۔ مات) (ع۔ ا۔ مث) ایک قسم کا سوتی یا ریشمی کپڑا جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں (۲) گوٹے۔ گوکھرو۔ لہریے اور سلمے ستارے سے مرصع کپڑا (۳) ایک قسم کا پشمینہ۔
**مُحْرُور**۔ (ح۔ رُور) (ع۔ صف) حرارت والا۔ گرم۔
**محرور المزاج**۔ (ع۔ صف) جس کے مزاج میں حرارت ہو۔ گرم طبیعت تیز مزاج۔
**مَحْرُوس**۔ (ع۔ صف) محفوظ۔ حفاظت کیا گیا (۲) زیر نگرانی۔ زیر حفاظت۔
**مَحْرُوسہ**۔ (ح۔ رُو۔ سہ) (ع۔ صف) نگہبانی کیا گیا۔ ماتحت کیا گیا۔
**مَحْرُوف**۔ (ع۔ ا۔ مذ) الٹا کیا گیا۔
**مَحْرُوق**۔ (ح۔ رُوق) (ع۔ صف) جلا ہوا۔
**مَحْرُوم**۔ (ح۔ رُوم) (ع۔ صف) حرام کیا گیا۔ باز رکھا گیا (۲) بے نصیب ناکام۔ ناامید۔ مایوس۔ نراس۔
**محروم الارث**۔ وراثت سے محروم رکھا گیا۔ وہ جسے وراثت سے خارج کر دیا جائے۔
**محروم پھرنا (چلنا)**۔ (۱۔ محاورہ) مایوس واپس ہونا۔
**محروم رکھنا**۔ (۱۔ محاورہ) بے نصیب رکھنا۔ مایوس رکھنا۔
**محروم کرنا**۔ (۱۔ محاورہ) حق مار لینا۔ حق نہ دینا (۲) کسی کام سے روکنا۔
**محرومی۔ محرومیت**۔ (ح۔ رُو۔ می) (ح۔ رُو۔ مِی۔ یَت) (ف۔ ا۔ مث) ناامیدی۔ مایوسی۔ ناکامی۔
**مَحْزُون**۔ (ح۔ زُون) (ع۔ صف) غمگین۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ دلگیر۔ ملول۔
**مُحْسِن**۔ (ح۔ سِن) (ع۔ صف) (۱) احسان کرنے والا۔ بھلائی کرنے والا۔ سلوک کرنے والا (۲) سخی۔ فیاض۔ مربی۔ سرپرست۔ معاون۔ مددگار۔



Marfat.com

**مُحسن کُش** ۔ احسان کرنے والے کے ساتھ بُرائی کرنے والا ۔ ناشکرا ۔ احسان نہ ماننے والا ۔

**مُحَسنَات** ۔ (ع ۔ س ۔ نات) (ع ۔ ا ۔ مث) اچھائیاں ۔ بھلائیاں ۔ نیکیاں خوبیاں (۲) احسانات ۔ سلوک ۔

**مَحسُوب** ۔ (ع ۔ سُوب) (ع ۔ صف) حساب کیا گیا ۔ وضع کیا گیا ۔ حساب میں لگایا گیا ۔

**مَحسُوب ہونا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) حساب میں لگنا ۔ وضع ہونا ۔ مجرا ہونا ۔

**مَحسُود** ۔ (ع ۔ سُود) (ع ۔ صف) حسد کیا گیا ۔ رشک کیا گیا ۔

**مَحسُوس** ۔ (ع ۔ سُوس) (ع ۔ صف) (۱) حس کیا گیا ۔ وہ شے جو حواس خمسہ میں سے کسی کے ذریعہ معلوم ہو (۲) ظاہر ۔ معلوم ۔ آشکارا ۔

**مَحسُوس ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حس میں آنا ۔ معلوم ہونا ۔ ظاہر ہونا پہچانا جانا ۔

**مَحسُوسات** ۔ (ع ۔ سُو ۔ سات) (ع ۔ صف) محسوسہ کی جمع ۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں ۔

**مَحشَر** ۔ (ع ۔ شر) (ع ۔ ا ۔ مذ) میدانِ حشر ۔ قیامت کے دن اکٹھا ہونے کی جگہ (۲) قیامت ۔

**مَحشَر بپا ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) قیامت برپا ہونا (۲) بڑا ہنگامہ ہونا ۔

**مَحشَر خرام (رچال)** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) جس کا چلنا قیامت برپا کرے ۔ شوخ و رفتار معشوق کے لیے مستعمل ہے ۔

**مَحشُور** ۔ (ع ۔ شُور) حشر کیا گیا ۔ قیامت میں اُٹھایا گیا ۔

**مَحشَری** ۔ (ع ۔ ش ۔ ری) (ف ۔ صف) محشر کے لوگ ۔

**مُحَشّٰی** ۔ (ع ۔ حش ۔ شا) (ع ۔ صف) حاشیہ چڑھا ہوا ۔ شرح کے ساتھ ۔ مُشرّح ۔

**مُحَصِّل** ۔ (ع ۔ حص ۔ صِل) (ع ۔ صف) تحصیل کرنے والا ۔ محصول وصول کرنے والا ۔

**مُحصَن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جس کی حفاظت کی جائے (۲) پاک دامن ۔ پارسا (۳) شادی شدہ (۴) جس کے گرد دیوار بنائی جائے ۔

**مُحصِن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بچانے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۔

**مُحصَنَات** ۔ (ع ۔ ص ۔ نات) (ع ۔ صف) محصنہ کی جمع ۔ نیک بیویاں ۔ باعصمت بیویاں ۔ شوہر والی ۔ پارسا ۔

**مُحصَنہ** ۔ (ع ۔ ص ۔ نہ) (ع ۔ صف) پارسا عورت ۔ نیک بیوی ۔

**مَحصُور** ۔ (ع ۔ صُور) (ع ۔ صف) حصر کیا گیا ۔ گھرا ہوا ۔ گھرا ہوا ۔ قلعہ بند ۔ روکا ہوا ۔ مُقیّد ۔

**مَحصُور کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھیرنا ۔ گھیرا ڈالنا ۔ قلعہ بند کرنا ۔

**مَحصُور ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھر جانا ۔ قلعہ بند ہو جانا ۔ گھیرے میں آجانا ۔

**مَحصُورِین** ۔ (ع ۔ صُو ۔ رین) (ع ۔ صف) محصور کی جمع ۔ گھیرے ہوئے قلعہ بند لوگ ۔

**مَحصُول** ۔ (ع ۔ صُول) (ع ۔ ا ۔ مذ) زرِ خراج ۔ زرِ مال گزاری ۔ ٹیکس (۲) لگان (۳) اجرت ۔ کرایہ (۴) آ ۔ ن ۔ جمع ۔ ماحصل ۔

**محصول چُنگی** ۔ (ا ۔ مذ) وہ محصول جو میونسپل کمیٹی شہر کی حدود میں لانے والی چیزوں پر لگاتی ہے ۔

**محصول سائر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مختلف قسم کے محصول ۔

**محصُولی** ۔ (ع ۔ صُو ۔ لی) (ف ۔ صف) قابلِ محصول شے ۔ محصول لیے جانے کے قابل ۔

**مَحض** ۔ (ع ۔ صف) (۱) صرف ۔ فقط (۲) نرا ۔ خالص (۳) بالکل تمام ۔ سرتاسر ۔

**مَحضَر** ۔ (ع ۔ ضر) (ع ۔ ا ۔ مذ) حاضر ہونے کی جگہ (۲) وہ کاغذ جو قاضی کی مہر سے مزین کیا گیا ہو (۳) وہ کاغذ جس پر کسی بات کے لیے لوگ اپنے دستخط اور مہریں ثبت کریں ۔ عام درخواست ۔ مجموعی عرضداشت ۔

**مَحضرِ خُون** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) وہ محضر جس کے اوپر کسی کے واجب القتل ہونے کی تصدیق کی گئی ہو ۔ قتل نامہ (۲) وہ محضر جس سے کسی کا قتل کیا جانا ثابت کیا جائے ۔

**مَحض قید** ۔ وہ قید جس میں مشقت نہ ہو ۔

**مَحضر نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) شہادتوں اور مہروں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ ۔ متفقہ عرض داشت ۔

**مَحظُوظ** ۔ (ع ۔ ظُوظ) (ع ۔ صف) بہرہ مند ۔ نصیب ور ۔ مسرور ۔ خوش و خرم شاد ۔ شادماں ۔ مگن ۔ آنند ۔

**مَحفِل** ۔ (ع ۔ فِل) (ع ۔ ا ۔ مث) مجلس ۔ جلسہ ۔ انجمن ۔ سبھا ۔ جمع ۔ محافل ۔

**محفل برخاست ہونا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) جلسہ ختم ہونا ۔

**محفل برہم ہونا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) محفل کا بدمزہ ہونا ۔ لوگوں کا چلا جانا محفل خراب ہونا ۔

**محفل پر چھا جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اہلِ محفل پر رُعب قائم کر لینا ۔ محفل والوں پر رنگ جما لینا ۔

**محفل جمانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مجلس قائم کرنا ۔

**محفلِ رقص و سُرود** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ناچ گانے کی محفل ۔

**محفل سرد پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جلسہ کا بے رونق ہو جانا ۔

**محفلِ عروسی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) شادی کی محفل ۔

**محفل کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جلسہ کرنا ۔ مجلس کرنا ۔ سبھا جوڑنا ۔

**مَحفُوظ** ۔ (ع ۔ فُوظ) (ع ۔ صف) حفاظت کیا گیا (۲) صحیح سلامت ۔

**مَحو** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مٹانا ۔ محو کرنا ۔ منسوخ کرنا (۲) جلانا ۔

**مُحِق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سچ بولنے والا (۲) انصاف کرنے والا (۳) حق دار (۴) یقینی جاننے والا (۵) قدر کرنے والا ۔

**مُحَقَّر** ۔ (ع ۔ حق ۔ قر) (ع ۔ صف) حقیر ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔ شرمندہ کیا ہوا ۔

**مُحَقِّق** ۔ (ع ۔ حق ۔ قِق) (ع ۔ ا ۔ مذ) تحقیق کرنے والا ۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے ۔ حکیم ۔ فلسفی ۔

**مُحَقِّقانہ** ۔ (ع ۔ حق ۔ قِق ۔ قا ۔ نہ) (ف ۔ صف) تحقیق کی رُو سے ۔ صداقت



Marfat.com

کے اعتبار سے۔

**مُحَقِّقِین** - (مُ۔حَق۔قِ۔قِین) (ع۔ا۔مذ) محقق کی جمع۔ تحقیق کرنے والے۔

**مِحَک** - (مِ۔حَک) (ع۔ا۔مث) کسوٹی۔ وہ سیاہ پتھر جس پر سونا چاندی پرکھا جاتا ہے۔

**مُحْکَم** - (مُح۔کَم) (ع۔صف) مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار۔ مستقل۔ پکا۔

**مُحْکَمات** - (مُح۔کَ۔مات) (ع۔ا۔مث) قرآن مجید کی وہ آیات جن کے معنی صاف اور واضح ہیں (۲) پرکھ۔ آزمائش۔

**مَحْکَمَہ** - (مَح۔کَ۔مہ) (ع۔ا۔مذ) حکم کرنے کی جگہ۔ عدالت۔ کچہری۔ دربار (۲) صیغہ۔ سررشتہ۔

**مَحْکُوک** - (ع۔ا۔صف) چھیلا گیا (۲) نگینہ جس پر کندہ کیا گیا ہو۔

**مَحْکُوم** - (مَح۔کُوم) (ع۔صف) حکم کیا گیا (۲) تابع۔ ماتحت۔ زیر فرمان (۳) (مذ) رعیت۔ رعایا۔ نوکر چاکر۔

**مَحْکُومَہ** - (مَح۔کُو۔مہ) (ع۔صف) حکم دیا گیا۔ حکم کیا گیا۔

**مَحَل** - (مَ۔حَل) (ع۔ا۔مذ) منزل۔ مکان۔ گھر (جمع، محلات) (۲) موقع وقت (۳) بادشاہوں، نوابوں، راجاؤں یا امیروں کا مکان۔ قصر ایوان (۴) (اُر۔مث) ملکہ بیگم۔ رانی بیوی۔

**محل آیا جی محل آیا، سر مونڈی دو لونڈیاں}**
**اسباب آیا جی اسباب آیا، گلا ٹوٹی دو ہانڈیاں}** - (ا۔مثل) دھوم دھام تو بہت مگر دیا کچھ نہیں۔

**محل اُٹھانا** - (ا۔محاورہ) عالی شان مکان بنانا۔

**محل پانا** - (ا۔محاورہ) موقع پانا۔

**محل خاص** - (ع۔ا۔مذ) تمام بیگمات یا رانیوں میں سے چہیتی بیگم۔ سب بیگموں میں افضل۔ پٹ رانی۔ بڑی رانی۔

**محل خانہ** - (ع۔ف۔ا۔مذ) رئیسوں کا حرم۔ زنان خانہ۔

**محل خطر** - (ع۔ا۔مذ) خطرے کی جگہ۔

**محلاتی سازشیں** - (ا۔مث) وہ منصوبے یا سازشیں جو اندرون خانہ بنائی گئی ہوں۔ عام طور پر حصول اقتدار کے لیے مستعمل ہے۔

**محل دار** - (ع۔ف۔ا۔مذ) محل کی حفاظت رکھنے والا۔ ایک عہدہ دار جو محل کا محافظ ہوتا ہے۔

**محل دارنی** - (ا۔مث) محل کی پہرہ دار عورت۔ قلماقنی۔

**محل سرا** - (ع۔ف۔ا۔مذ) بادشاہوں، نوابوں اور راجاؤں کا زنان خانہ۔ حرم سرا۔

**محل نظر** - (ع۔ف) فکر و تامل کی جگہ۔ جائے غور۔ موقع اعتراض۔

**مَحَلّات** - (مَ۔حَل۔لات) (ع۔ا۔مذ) محل کی جمع۔ محلّے کی جمع۔ بہت سے محل۔ بہت سے محلے۔

**مُحَلَّل** - (مُ۔حَل۔لَل) (ع۔صف) حل کیا ہوا۔ تحلیل کیا ہوا۔ گھلایا ہوا۔

**مُحَلِّل** - (مُ۔حَل۔لِل) (ع۔صف) حل کر دینے والی چیز۔ گھلا دینے والی شے۔

**مَحْلُول** - (ع۔صف) حل کیا ہوا۔

**مَحَلّہ** - (مَ۔حَل۔لہ) (ع۔ا۔مذ) اُترنے کی جگہ۔ منزل۔ ٹھکانا (۲) شہر کا کوئی حصہ ٹولہ۔ پورہ۔ کوچہ۔ گلی۔

**محلہ دار** - محلے کا چودھری۔ محلے کا بڑا آدمی۔ میر محلہ (۲) ایک محلے کے بسنے والے (۳) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔

**مُحَلّی** - (مُ۔حَل۔لی) (اُر۔ا۔مذ) خواجہ۔ خوجہ۔ مخنث۔ وہ نامرد آدمی جو شاہی حرم سرا میں آنے جانے کا مجاز ہوتا ہے۔

**مُحَلّٰی** - (مُ۔حَل۔لا) (ع۔صف) آراستہ کیا ہوا۔

**مُحَمَّد** - (مُ۔حَم۔مد) (ع۔صف) بہت تعریف کیا گیا۔ نہایت سراہا گیا (۲) (ا۔مذ) حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک۔ ولادت ۵۷۱ء بمقام مکہ اور وفات مدینہ منورہ ۶۳۲ء میں ہوئی۔

**مَحْمِدَت** - (مَح۔مِ۔دَت) (ع۔ا۔مث) تعریف۔ توصیف۔ ستائش۔

**مُحَمَّدی** - (مُ۔حَم۔مَ۔دی) (ع۔صف) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت رکھنے والا۔ آں حضرتؐ کا پیرو۔ مسلمان۔

**مَحْمِل** - (مَح۔مِل) (ع۔ا۔مذ) کجاوا۔ اونٹ کا ہودہ (جمع، محامل)۔

**محمل نشین** - کجاوے میں بیٹھا ہوا۔ محمل میں بیٹھنے والا۔

**مَحْمُود** - (مَح۔مود) (ع۔صف) تعریف کیا گیا۔ سراہا گیا (۲) غزنی کے مشہور بادشاہ کا نام (محمود غزنوی) جس نے ہندوستان پر سترہ حملے کیے (۳) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا صفاتی نام۔

**محمود کے رہے مسعود کے انڈے دے** - (ا۔مثل) کسی کے ہاں آرام پائے اور فائدہ کسی کو پہنچائے۔

**مَحْمُودی** - (مَح۔مو۔دی) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی باریک ململ (۲) عرب کا ایک نقرئی سکہ جو قیمت میں ڈھائی آنے کے قریب ہوتا ہے۔

**مَحْمُول** - (مَح۔مول) (ع۔صف) حمل کیا گیا۔ لادا گیا۔ اٹھایا گیا (۲) گمان کیا گیا۔ ظن کیا گیا (۳) علم منطق میں وہ خبر جو مبتداء کے مقابل واقع ہوتی ہے۔

**محمول علیہ** - (ع۔صف) جس پر قیاس کیا جائے۔

**مَحْمُولَہ** - (مَح۔مو۔لہ) (ع۔صف) لدا ہوا۔

**مِحَن** - (مِ۔حَن) (ع۔ا۔مث) محنت کی جمع۔ تکلیفیں۔ بلائیں۔

**مِحْنَت** - (مِح۔نت) (ع۔ا۔مث) رنج۔ دکھ۔ تکلیف (۲) سرگرمی کوشش۔ مشقت۔ ریاضت (۳) مزدوری۔ کام کاج (۴) کام کی اُجرت۔

**محنت اُٹھانا** - (ا۔محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔ دکھ سہنا۔ جان مارنا۔ کوشش کرنا۔

**محنت اکارت جانا** - (ا۔مص مرکب) محنت برباد جانا۔ محنت کا ضائع جانا۔



Marfat.com

**محنت برباد گناہ لازم** ۔ (۱۔ مقولہ) محنت اکارت گئی الٹا الزام آیا۔
**محنت ٹھکانے لگنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کوشش کا صلہ ملنا۔ کسی کام میں کوشش کرکے کامیاب ہونا۔
**محنت شاقہ** ۔ (ع۔ا۔ صف) سخت محنت۔ دشوار کام۔ سعی بلیغ
**محنت کش** ۔ (ع۔ف۔ا۔ مذ) محنت کرنے والا۔ جفاکش۔ مزدور۔
**محنت رائیگاں ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) محنت کا کچھ صلہ نہ ملنا۔
**محنت کو راحت ہے** ۔ (ا۔ مقولہ) محنت سے ہی انسان ترقی کرتا ہے۔
**محنتانہ** ۔ (مح۔ نَ۔ تا۔ نہ) (ا۔ ا۔ مذ) محنت کا صلہ۔ وکیل کی فیس۔
**محنتی** ۔ (مح۔ نَ۔ تی) (ا۔ صف) محنت کرنے والا۔ جفاکش (۲) مزدور۔ قُلی۔
**محو** ۔ (ع۔ صف) زائل۔ دُور۔ گُم۔ معدوم۔ مِٹا ہوا۔ فنا (۲) فریفتہ۔ عاشق۔ (۳) چھپا ہوا۔ مِٹا ہوا
**محو کردینا** ۔ (ا۔ مص مرکب) مٹا دینا۔ دُور کردینا۔ گُم کردینا۔ بُھلا دینا (۲) متحیر کردینا۔ حیران کردینا (۳) عاشق کرلینا۔ فریفتہ کرلینا۔ موہ لینا۔
**محو ہوجانا** ۔ (ا۔ مص مرکب) (۱) فکر میں ڈوب جانا (۲) ہَٹ جانا۔ گُم ہوجانا۔ غائب ہوجانا (۳) عاشق ہوجانا۔ فریفتہ ہوجانا۔ (۴) حیران ہوجانا۔
**مِحوَر** ۔ (مِح۔ وَر) (ع۔ ا۔ مذ) دُھرا جس پر پہیہ گردش کرتا ہے۔ کیلی۔
**محور زمین** ۔ قطبین کے درمیان وہ عرضی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے۔
**محوری طاقتیں** ۔ (ع۔ ا۔ مث) دوسری جنگ عظیم میں نازی جرمنی اور فسطائی اٹلی کے اتحاد کا نام (Axis Powers)
**مُحَوَّل مُحَوَّلہ** ۔ (مُ۔ حَو۔ وَل) (مُ۔ حو۔ وَ۔ لہ) (ع۔ صف) حوالے کیا گیا۔ سپرد کیا گیا۔
**مُحَوَّلہ حاشیہ** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جس کا حوالہ حاشیے پر دیا گیا ہو۔
**محویت** ۔ (مح۔ وی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) خیال میں گُم۔ غرق ہونا۔ استغراق۔
**مُحی** ۔ (مُ۔ حی) (ع۔ صف) مخلوق کو حیات بخشنے والا۔ زندہ کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔
**مُحیُ الدین** ۔ (ع۔ صف) دین کو زندہ کرنے والا (۲) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب (۳) شہنشاہ اورنگ زیب کا نام۔
**مُحَیِّر** ۔ (مُ۔ حَی۔ یِر) (ع۔ صف) حیران کرنے والا۔ تعجب میں ڈالنے والا۔
**محیر العقول** ۔ (ع۔ صف) عقلوں کو حیرانی میں ڈالنے والا۔ تعجب میں ڈالنے والا۔
**مُحیط** ۔ (مُ۔ حیط) (ع۔ صف) احاطہ کرنے والا۔ گھیرنے والا (۲) (ا۔ مذ) دائرہ کا گول خط (۳) دورا۔ چکر۔ گھیرا۔
**محیط ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) احاطہ کرنا۔ گھیر لینا (۲) حاوی ہوجانا۔ غالب ہوجانا۔ چھا جانا۔
**مُحیل** ۔ (مُ۔ حیل) (ع۔ صف) فریبی۔ مکّار۔ حیلہ گر۔

**مُحیی** ۔ (مُح۔ یی) (ع۔ صف) مخلوق کو زندہ رکھنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

## م ۔ خ

**مُخ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) مغز سر۔ گودا۔
**مُخابَرہ** ۔ (مُ۔ خا۔ بَ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) خبر رسانی۔ باہم خبریں پہنچانا۔
**مخارج** ۔ (مَ۔ خا۔ رِج) (ع۔ ا۔ مذ) مخرج کی جمع۔ خارج ہونے کے مقامات۔ نکلنے کی جگہیں۔
**مخازن** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے مخزن جس کی یہ جمع ہے۔
**مخاصِم** ۔ (مُ۔ خا۔ صِم) (ع۔ ا۔ مذ) خصومت کرنے والا۔ دشمنی کرنے والا۔ دشمن۔
**مُخاصِمانہ** ۔ (مُ۔ خا۔ صِ۔ ما۔ نہ) (ف۔ صف) دشمنی سے۔
**مُخاصَمت** ۔ (مُ۔ خا۔ صَ۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) دشمنی۔ مخالفت۔ عداوت۔ لاگ۔ بَیر۔
**مُخاطَب** ۔ (مُ۔ خا۔ طَب) (ع۔ ا۔ مذ) جسے خطاب کیا جائے۔ جس سے بات کی جائے۔
**مخاطِب** ۔ (مُ۔ خا۔ طِب) (ع۔ ا۔ مذ) خطاب کرنے والا۔ بات کرنے والا۔ بولنے والا۔
**مُخاطبت** ۔ (ع۔ ا۔ مث) بات۔ خطاب۔ ایک دوسرے کو مخاطب کرنا۔
**مُخاطَب ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) متوجہ ہونا۔ خطاب کرنا۔ بات کرنا۔
**مُخاطَرہ** ۔ (مُ۔ خا۔ طَ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ جوکھوں (۲) وہ بات جو ذہن میں آجائے۔
**مُخافات** ۔ (مُ۔ خا۔ فات) (ع۔ ا۔ مث) مخافت کی جمع۔ خطرے۔ اندیشے۔ خدشے۔
**مخافت** ۔ (مُ۔ خا۔ فت) (ع۔ ا۔ مث) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ خطرہ
**مخالطت** ۔ (مُ۔ خا۔ لَ۔ طت) (ع۔ ا۔ مذ) اختلاط۔ میل جول۔ دوستی۔ میل ملاپ۔ اتحاد۔
**مُخالِف** ۔ (مُ۔ خا۔ لِف) (ع۔ ا۔ مذ) دشمن۔ عدو۔ بیری (۲) مدعی۔ برخلاف برعکس۔ الٹا۔
**مخالف ہونا** ۔ (ا۔ مص مرکب) خلاف ہونا۔ دشمن ہونا۔ باغی ہونا
**مخالفت** ۔ (مُ۔ خا۔ لِ۔ فت) (ع۔ ا۔ مث) دشمنی۔ عداوت۔ روگردانی۔ (۲) ضد (۳) اختلاف۔ کشیدگی۔
**مخالفت کرنا** ۔ (ا۔ مص مرکب) اختلاف کرنا۔ اعتراض کرنا۔
**مخالفت ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) اَن بَن ہونا۔ باہم کشیدگی ہونا۔
**مُخبِر** ۔ (مُخ۔ بِر) (ع۔ ا۔ مذ) خبر دینے والا۔ جاسوس۔ خفیہ پولیس۔
**مخبر صادق** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) (کنایۃً) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔



Marfat.com

**مُخبری**۔ (مُخ۔بِ۔رِی) (ف۔ا۔مث) خفیہ خبر رسانی۔ جاسوسی۔

**مَخبُوط**۔ (مَخ۔بُوط) (ع۔صف) خبطی۔ جنون۔ مجنون۔ بدحواس۔ سودائی۔

**مَخبُوط الحواس**۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔

**مُختار**۔ (مُخ۔تار) (ع۔صف) با اختیار۔ آزاد۔ مجاز (۲) سربراہ کار۔ ولی۔ سرپرست (۳) گماشتہ۔ وکیل (۴) اختیار دیا گیا پسند کیا گیا۔

**مُختارِ خاص**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے ذمے کوئی خاص کام کیا گیا ہو۔

**مختارِ ریاست**۔ (ع۔ا۔مذ) ریاست کا منتظم۔

**مختارِ عام**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ گماشتہ جسے ہر بات کے کرنے کا اختیار دیا گیا ہو وہ شخص جس کے نام مختار نامہ عام ہو۔

**مختارِ عدالت**۔ (ع۔ا۔مذ) کچہری کا مختار۔ پبلک اٹارنی۔

**مختارِ کار**۔ (ع۔ا۔مذ) کام کرنے کا مجاز۔ سربراہ کار۔ مہتمم

**مختار کرنا**۔ (ا۔محاورہ) اختیار دینا۔ اجازت دینا۔ مجاز ٹھہرانا۔

**مختارِ کُل۔ مختارِ مطلق**۔ (ع۔ا۔مذ) پورا صاحبِ اختیار۔ مکمل با اختیار جسے قطعی اختیار حاصل ہو۔ مدار المہام۔

**مختار نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو۔

**مختار نامۂ خاص**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی خاص کام یا امر کی بابت نوشتہ۔

**مختار نامہ عام**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی شخص کو عام امور کی نسبت مختار کر دینے کی تحریر۔

**مختار ہونا**۔ (ا۔محاورہ) با اختیار ہونا۔ مجاز ہونا۔

**مُختاری**۔ (مُخ۔تا۔ری) (ع۔ا۔مث) سربراہی۔ مختاری کا پیشہ یا کام۔

**مُختاری کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مختاری کا پیشہ کرنا (۲) انتظام کرنا۔

**مُختال**۔ (ع۔صف) مغرور۔ متکبر۔ جو اپنے آپ کو متکبر سمجھے۔

**مُختتَم**۔ (مُخ۔تَ۔تَم) (ع۔صف) ختم کیا گیا۔

**مُختتِم**۔ (مُخ۔تَ۔تِم) (ع۔ا۔مذ) ختم کرنے والا۔

**مُخترِع**۔ (مُخ۔تَ۔رِع) (ع۔ا۔مذ) اختراع کرنے والا ایجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ موجد واضع۔ بانی۔

**مُختَرِع**۔ (مُخ۔تَ۔رِع) (ع۔صف) بانی۔ موجد۔ ایجاد کرنے والا۔

**مُختَرَعات**۔ (مُخ۔تَ۔رَ۔عات) (ع۔ا۔مث) وہ چیزیں جو ایجاد کی گئی ہوں۔

**مُختَص**۔ (مُخ۔تَص) (ع۔صف) مخصوص کیا گیا۔ خاص کیا گیا۔

**مُختَصَر**۔ (مُخ۔تَ۔صَر) (ع۔صف) اختصار۔ خلاصہ۔ انتخاب۔ مجمل۔ تھوڑا (۲) چھوٹا جو ڈیل نہ ہو۔

**مختصر سی بات**۔ (ع۔ا۔مث) وہ بات جس میں طوالت نہ ہو۔

**مختصر طور پہ**۔ (ا۔تابع فعل) قصہ کوتاہ۔ اختصار سے۔

**مختصر کرنا**۔ (ا۔مص مرکب) اختصار کرنا۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔ چھانٹنا۔

**مُختَصَراً**۔ (مُخ۔تَ۔صَ۔رَن) (ع۔ف۔تابع فعل) اختصار کے ساتھ۔ خلاصۃً۔ خلاصے کے طور پہ۔

**مختصر نویس**۔ (ع۔ف۔صف) دیکھیے اختصار نویس۔

**مُختَفِی**۔ (مُخ۔تَ۔فِی) (ع۔صف) خفا کیا گیا۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔

**مُختَل**۔ (مُخ۔تَل) (ع۔صف) بگڑا ہوا۔ درہم برہم۔

**مختل الحواس**۔ (ع۔صف) حواس باختہ۔ مخبوط الحواس۔ وہ شخص جس کے ادراک میں فتور آگیا ہو۔ فاتر العقل۔

**مُختَلَط**۔ (ع۔صف) ملا ہوا۔ گڈمڈ۔

**مُختَلِط**۔ (ع۔صف) اختلاط کرنے والا (۲) نامعلوم۔ گمنام۔

**مُختَلِف**۔ (مُخ۔تَ۔لِف) (ع۔صف) علیحدہ۔ جدا (۲) مخالف (۳) قسم قسم کا۔ طرح طرح کا۔

**مختلف الاضلاع**۔ (ع۔صف) وہ چکور یا مثلث جس کے اضلاع یا پہلو ایک جیسے نہ ہوں۔

**مختلف الطباع**۔ (ع۔ف) قسم قسم کی طبیعتوں کے۔

**مختلف العقائد**۔ (ع۔صف) الگ الگ عقیدوں کے۔

**مختلف فیہ**۔ (ع۔صف) وہ جس میں اختلاف ہو۔ جیسے بلبل کی تذکیر و تانیث مختلف فیہ ہے۔ بفتح لام۔

**مَختُوم**۔ (مَخ۔تُوم) (ع۔صف) مُہر کیا ہوا۔ مُہر شدہ (۲) بند کیا ہوا۔ مقفل۔

**مَختُون**۔ (مَخ۔تُون) (ع۔صف) ختنہ کیا ہوا۔

**مُخَدَّر**۔ (مُ۔خَد۔دَر) (ع۔صف) پردہ میں رکھا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پردہ نشین۔ پردہ میں بیٹھنے والی۔ پردہ دار۔

**مُخَدِّر**۔ (مُ۔خَد۔دِر) (ع۔صف) بے حس و حرکت کر دینے والا۔ سُن کرنے والا (۲) نیند لانے والا۔

**مُخَدَّرات**۔ (مُ۔خَد۔دَ۔رات) (ع۔ا۔مث) مخدّر کی جمع۔ پردہ نشین پردہ والیاں۔

**مُخَدِّرات**۔ (مُ۔خَد۔دِ۔رات) (ع۔ا۔مث) سُن کر دینے والی دوائیں خواب آور دوائیں۔

**مَخدُوش**۔ (مَخ۔دُوش) (ع۔صف) خدشہ سے بھرا ہوا۔ شک و شبہ کیا ہوا۔ وسوسہ کیا ہوا۔

**مَخدُوم**۔ (مَخ۔دُوم) (ع۔ا۔مذ) خدمت کیا گیا۔ قابلِ تعظیم۔ بزرگ۔ آقا مالک۔ ولی نعمت۔ مربی۔

**مَخدُومہ**۔ (مَخ۔دُو۔مہ) (ع۔ا۔مث) مخدوم کی تانیث۔ خدمت کی گئی۔ معظمہ۔ محترمہ۔

**مَخذُول**۔ (ع۔صف) ذلیل کیا گیا۔ ذلیل و خوار۔

**مُخراج**۔ (ع۔ا۔مذ) خارج کرنے والا آلہ۔

**مُخَرَّب**۔ (مُ۔خَر۔رَب) (ع۔ا۔مذ) خراب شدہ، بگڑا ہوا۔

**مُخَرِّب۔ مُخرِب**۔ (مُ۔خَر۔رِب) (مُخ۔رِب) (ع۔ا۔مذ) ویران کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔



Marfat.com

**مَخرَج** ۔ (مَخ۔رَج) [ع۔ا۔مذ] خارج ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ مصدر۔ نکاس (۲) اصل جڑ۔ مادہ۔
**مَخرُوط** ۔ (مَخ۔رُوط) [ع۔صف] خراط کیا گیا۔ چھیلا گیا۔ تراشا ہوا۔ گاؤ دُم۔ گاجر کی شکل کا۔
**مَخرُوطی** ۔ (مَخ۔رُو۔طی) [ع۔صف] گاؤ دُم۔ گاجر کی شکل کا۔
**مَخزَن** ۔ (مَخ۔زَن) [ع۔ا۔مذ] خزانہ کی جگہ۔ خزانہ۔ گودام۔ ذخیرہ۔ سٹور۔ جمع کرنے کی جگہ۔
**مَخزَنُ الاَسرار** ۔ [ع۔ا۔مذ] وہ جسے بہت سے راز معلوم ہوں۔
**مَخزَنُ العلوم** ۔ [ع۔ا۔مذ] ایک قسم کی کتاب جس میں مختلف علوم کا تذکرہ ہو۔ [انگ] (Encyclopedia)
**مَخصُوص** ۔ (مَخ۔صُوص) [ع۔صف] خاص کیا گیا۔ نامزد کیا گیا۔
**مَخصُوص کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] خاص کرنا۔ نامزد کرنا۔
**مُخَضَّب** ۔ (مُ۔خَض۔ضَب) [ع۔صف] خضاب کیا ہوا۔ رنگین کیا ہوا۔ وسمہ لگایا ہوا۔
**مَخزُوم** ۔ [ع۔ف] جس کی ناک چھدی ہو (۲) عرب کے ایک قبیلے کا نام۔
**مَخزُون** ۔ [ع۔صف] خزانہ میں رکھا گیا۔ شامل خزانہ۔
**مَخزُونہ** ۔ [ع۔صف۔مث] خزانہ میں رکھی ہوئی چیز۔ گڑی ہوئی چیز۔ دفینہ۔
**مُخضَر** ۔ [ع۔صف] سبز۔ سرسبز (۲) مبارک۔ بابرکت۔
**مُخَضرَم** ۔ [ع۔صف] لونڈی کا بچہ جسے باپ کا نام معلوم نہ ہو (۲) جس نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانے دیکھے ہوں۔
**مُخَطَّط** ۔ (مُ۔خَط۔طَط) [ع۔صف] خط دار۔ لکیروں والا۔ وہ چیز جس پر دھاریاں پڑی ہوئی ہوں۔ دھاری دار۔
**مَخطُوب** ۔ [ع۔صف] منسوب۔ وعدہ کیا گیا۔
**مَخطُوبہ** ۔ (مَخ۔طُو۔بہ) [ع۔صف] وہ عورت جس کی منگنی ہو گئی ہو۔
**مَخطُور** ۔ (مَخ۔طُور) [ع۔صف] خطرہ کیا گیا۔ اندیشہ کیا گیا۔ (۲) وہ بات جو دل میں گزرے۔ دل میں پیدا ہونے والا خیال (۳) خطرناک۔
**مَخطُورات** ۔ (مَخ۔طُو۔رات) [ع۔ا۔مذ] مخطور کی جمع۔ دلی خطرے۔ اندیشے۔
**مُخطِی** ۔ (مُخ۔طی) [ع۔صف] جس سے بے ارادہ خطا ہو جائے۔ وہ جو غلطی سے خطا کرے۔
**مُخَفَّف** ۔ (مُ۔خَف۔فَف) [ع۔صف] تخفیف کیا گیا۔ کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔ اختصار کیا گیا۔ ہلکا کیا گیا (۲) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا گیا ہو جیسے بود سے بد۔
**مَخفی** ۔ (مَخ۔فی) [ع۔صف] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔
**مَخفی رکھنا (کرنا)** ۔ [ا۔مص مرکب] چھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔
**مَخفی نہ رہے** ۔ [ا۔تابع فعل] چھپا نہ رہے۔ واضح ہو۔ معلوم ہو۔
**مُخِلّ** ۔ (مُ۔خِلّ) [ع۔ا۔مذ] خلل ڈالنے والا (۲) رخنہ انداز۔ مفسد۔ فتنہ پرداز۔
**مُخِلّ ہونا** ۔ [ا۔مص مرکب] خلل ڈالنا۔ خلل انداز ہونا۔ رخنہ انداز ہونا۔
**مُخَلَّد** ۔ (مُ۔خَل۔لَد) [ع۔صف] ہمیشہ کا۔ دائمی (۲) جو بڑھاپے میں بھی کام کے لائق ہو۔
**مُخلِص** ۔ (مُخ۔لِص) [ع۔صف] خالص۔ بے میل۔ سچا۔ صادق۔ راست باز۔ (۲) سچا دوست۔ یار صادق۔ جمع مخلصین۔
**مُخلِصانہ** ۔ (مُخ۔لِ۔صا۔نہ) [ف۔تابع فعل] خلوص سے۔ اخلاص کے ساتھ۔ سچی ہمدردی کے طور پر۔
**مَخلَصی** ۔ (مَخ۔لَ۔صی) [ف۔ا۔مث] نجات۔ چھٹکارا۔ رہائی۔
**مُخَلَّط** ۔ [ع۔صف] اچھی طرح ملا ہوا۔
**مُخَلَّع** ۔ [ع۔صف] خلعت دیا گیا۔ خلعت پہنایا گیا۔
**مَخلُوط** ۔ (مَخ۔لُوط) [ع۔صف] ملا جُلا۔ گڈ مڈ۔
**مَخلُوطُ النَّسل** ۔ [ع۔صف] وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو۔ دوغلا۔
**مَخلُوق** ۔ (مَخ۔لُوق) [ع۔صف] خلق کیا گیا۔ پیدا کیا ہوا (۲) [ا۔مث] خلق۔ خلقت۔ کائنات۔ دنیا۔ سنسار۔ جمع مخلوقات۔
**مُخَلّٰی** ۔ (مُ۔خَل۔لا) [ع۔صف] خالی کیا گیا۔ آزاد کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔
**مُخَلّٰی بالطبع** ۔ طبیعت پر چھوڑا گیا۔ باہم بے تکلف۔
**مُخَمَّر** ۔ (مُ۔خَم۔مَر) [ع۔صف] خمیر کیا گیا۔ خمیر اٹھایا گیا۔ گوندھا ہوا۔
**مُخَمِّر** ۔ (مُ۔خَم۔مِر) [ع۔ا۔صف] شراب بنانے والا (۲) خمیر کرنے والا۔
**مُخَمَّس** ۔ (مُ۔خَم۔مَس) [ع۔صف] پنج گوشہ۔ پانچ ضلعوں والی شکل (۲) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو۔
**مُخَمَّسات** ۔ (مُ۔خَم۔مَ۔سات) [ع۔ا۔مذ و مث] مخمس کی جمع۔
**مَخمَصَہ** ۔ (مَخ۔مَ۔صہ) [ع۔ا۔مذ] جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھنجھٹ۔
**مَخمَصے** ۔ (مَخ۔مَ۔صے) [ا۔ا۔مذ] مخمصہ کی جمع۔ جھگڑے۔ جھمیلے۔ مشکلیں۔
**مَخمَصے میں پڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] جھگڑے میں پڑنا۔ عذاب میں گرفتار ہونا۔
**مَخمَل** ۔ (مَخ۔مَل) [ع۔ا۔مث] ایک نہایت ملائم روئیں دار کپڑا (۲) ایک سرخ اور بہت ملائم مخمل۔
**مَخمَل کاشانی** ۔ ایک اعلیٰ قسم کی مخمل۔
**مَخمَلی ۔ مَخمَلیں** ۔ (مَخ۔مَ۔لی) (مَخ۔مَ۔لیں) [ع۔ف۔صف] مخمل کا (۲) مخمل جیسا۔
**مَخمُور** ۔ (مَخ۔مُور) [ع۔صف] نشہ میں چور۔ مست۔ مدہوش۔ متوالا۔
**مَخمُوریت** ۔ (مَخ۔مُو۔ری۔یت) [ف۔ا۔مث] مخمور ہونے کی کیفیت یا حالت۔
**مُخَوِّف** ۔ (مُ۔خَو۔وِف) [ع۔صف] خوف دلانے والا۔ ڈرانے والا۔
**مُخمُول** ۔ (مُخ۔مُول) [ق۔صف] افسردہ۔ مرجھایا ہوا۔
**مُخَنَّث** ۔ (مُ۔خَن۔نَث) [ع۔صف] ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔ نامرد۔
**مَخَول** ۔ (مَ۔خول) [ا۔ا۔مذ] مذاق۔ ٹھٹھا۔ چھیڑ خانی۔
**مَخَولیا** ۔ (مَ۔خو۔ل۔یا) [ا۔صف] مسخرا۔ ظریف۔ ہنسوڑ۔ ٹھٹھول۔



Marfat.com

**مُخَیِّر** ۔ (مُ۔خی۔یِر) [ع۔صف] (۱) نہایت نیک (۲) خیرات کرنے والا۔ سخی۔ فیاض۔

**مُخَیَّل** ۔ [ع۔صف] خیال کیا گیا۔ سوچا گیا۔

**مُخَیِّلہ** ۔ (مُ۔خی۔یِ۔لہ) [ع۔صف] خیال کرنے کی قوت۔ قوتِ خیال۔

**مُخَیَّم** ۔ (مُ۔خی۔یَم) [ع۔ا۔مذ] خیمہ کھڑا کرنے کی جگہ۔ خیمہ لگانے کی جگہ۔ پڑاؤ (مجازاً) قیام و مقام کرنے کی جگہ۔

# م ۔ د

**مَد** ۔ [ع۔ا۔مث] (۱) کشش۔ کھنچاؤ (۲) چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا چڑھاؤ۔ جزر کا نقیض (۳) درازی۔ پھیلاؤ (۴) وہ لمبا خط جو حساب یا عرضی میں کھینچ کر اس کے نیچے حساب یا مضمون شروع کرتے ہیں۔ (۵) سررشتہ۔ دفتر۔ صیغہ (۶) عنوان۔ سرنامہ۔ جمع، مدات (۷) (مث) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔ (سہ) (۸) باب (۹) اندراج (۱۰) رقم۔

**مدِ امانت** ۔ [ع۔ا۔مث] بصیغہ امانت۔ رقمِ امانت۔ حسابِ امانت۔

**مَد بھرے نیناں** ۔ [ہ۔ا۔صف] نشیلی آنکھیں۔ مست آنکھیں۔

**مدِ خورد** ۔ [ع۔ا۔مث] ذیلی عنوان جو کسی بڑے عنوان کے تحت ہو۔ (انگ) (Minor Head)

**مدِ سُرمہ** ۔ [ع۔ا۔مث] سرمہ کا خط جو آنکھوں میں کھینچا جاتا ہے۔

**مدظلہٗ۔ مدظلہ العالی** ۔ [ع۔دعا] خدا اس کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے۔

**مدِ فاضل** ۔ وہ مد جو بے کار ہو۔ کنایۃً فضول اور بے کار چیز۔

**مدِ کلاں** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] وہ بڑا عنوان جس کے ماتحت کئی ذیلی عنوان ہوں۔ (Major Head)

**مدِ مقابل** ۔ [ع۔صف] (۱) مخالف برابر کا دعوے دار۔ حریف۔ رقیب برابر کی جوٹ۔ برابر کا جوڑ (۲) برابر خط۔ جمع اور خرچ کی مد جو ایک دوسرے کے محاذی ہوتی ہے (۳) سوداگروں کا باہمی کھاتہ۔

**مدِ نظر** ۔ [ع۔ا۔مث] (۱) وہ چیز جو نگاہ کے سامنے ہو۔ پیشِ نظر (۲) (مجاز) ارادہ۔ قصد۔ منصوبہ۔

**مد و جزر** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا روزانہ اُتار چڑھاؤ۔

**مَدّ** ۔ [ع۔مص] (۱) پھیلنا (۲) لمبا کرنا۔

**مَد** ۔ [س۔ا۔مث] (۱) خمار۔ نشہ۔ سرشاری۔ مدہوشی (۲) شراب باده (۳) خوشی۔ مسرت۔ فرحت (۴) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (۵) جنون دیوانگی (۶) منی۔ نطفہ (۷) وہ پانی جو مستی کی حالت میں ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکے۔ پستانوں یا درختوں سے ٹپکے۔ (۸) ندی دریا۔

**مد بھرا** ۔ [ہ۔صف] مست۔ نشہ میں چور۔

**مد بھرے نین** ۔ [ہ۔ا۔صف] نشیلی آنکھیں۔ مست آنکھیں۔

**مد پر آنا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) مست ہونا (۲) جوان ہونا۔

**مد ماتا** ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) سرشار۔ مخمور۔ مست۔ مدہوش۔ نشہ میں چور (۲) مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر (۳) جوان۔ جوبن پر آیا ہوا۔ (۴) نفس پرست۔

**مد ماتی** ۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) مستی کے جوش میں آئی ہوئی (۲) مخمور۔ مست متوالی (۳) خواہشمند۔ پرشوق (۴) غرور میں بھری ہوئی۔

**مد متا** ۔ مدہوش۔ مست۔

**مُدّ** ۔ [ع۔ا۔مذ] ایک پیمانہ۔ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے۔

**مدّا** ۔ (مَد۔دا) [ہ۔صف] سستا۔ ارزاں۔ کم قیمت۔

**مدّا پڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] کساد بازاری ہونا۔ سستا ہونا۔

**مدّاح** ۔ (مَد۔داح) [ع۔صف] مدح کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔ ثناخوان۔ جمع، مدّاحین۔

**مدّاحی** ۔ (مَد۔دا۔حی) [ع۔ا۔مث] تعریف کرنے کا فعل۔ ثناخوانی مدح سرائی۔

**مداخل** ۔ (مَ۔دا۔خِل) [ع۔ا۔مث] مدخل کی جمع۔ آمدنی۔ محاصل مداخل۔ خراج۔

**مداخل و مخارج** ۔ [ع۔ا۔مذ] آمدنی و خرچ۔ روپیہ کی درآمد و برآمد

**مداخلت** ۔ [ع۔ا۔مث] (مُ۔دا۔خِ۔لت) (۱) دخل۔ دست اندازی۔ مزاحمت تعرض (۲) قبضہ۔ قابو۔ تصرف۔

**مداخلت بلا مرضی** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (قانون) بلا اجازت کسی کے مکان میں گھس جانا۔ بغیر اجازت دخل کرنا۔

**مداخلت بے جا** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (قانون) کسی کے مکان یا زمین پر بغیر اس کی اجازت کے جرم کرنے یا کسی کو بے عزت کرنے یا رنج دینے کے لیے داخل ہونا۔

**مداخلت صریح** ۔ [ع۔ا۔مث] کھلم کھلا دست اندازی۔ علانیہ کسی کے گھر میں گھس آنا۔

**مداخلت کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] دخل انداز ہونا۔ بیچ میں بولنا۔ دست اندازی کرنا۔

**مِداد** ۔ (مِ۔داد) [ع۔ا۔مث] روشنائی۔ دوات کی سیاہی۔

**مداد پاک کن** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] حرف مٹانے کی چیز۔ ربڑ وغیرہ۔

**مدار** ۔ (مَ۔دار) [ع۔ا۔مث] آکھ (آک) کا پودا جس کے پھلوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی کی مانند روئیں نکلتے ہیں۔

**مدارِ ارضی** ۔ [ف۔ا۔مذ] زمین کا مرکز۔

**مدار کا ٹڈا** ۔ [ا۔مذ] آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا جس کے پر سُرخ ہوتے ہیں۔



Marfat.com

**مدار کی بڑھیا**۔ (ا۔مث) آک کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے روئیں جو ہوا میں اڑتے پھرتے ہیں۔

**مدار**۔ (مَ۔دار) (ع۔ا۔مذ) گردش کی جگہ۔ دَوَر کرنے کی چول۔ دھری کیلی (۲) منحصر کیا گیا۔ موقوف کیا گیا جس پر کوئی بات ٹھہری ہو۔ انحصار (۳) وَفَدر۔ دائرہ (۴) قرار۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔

**مدار المہام**۔ وہ شخص جس پر امورِ سلطنت کا دارومدار ہو۔ وزیر اعظم۔

**مدارِ کار**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) کام کا انحصار۔ موقوف علیہ۔

**مُدارا**۔ (مُ۔دا۔رَا) (ف۔ا۔مث) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔ صُلح۔ رعایت۔ آشتی۔

**مُدارات**۔ (مُ۔دا۔رات) (ع۔ا۔مث) خاطر تواضع۔ اچھی طرح پیش آنا۔

**مُدارِج**۔ (مُ۔دا۔رِج) (ع۔ا۔مذ) مدرج کی جمع۔ درجے۔ رُتبے مَناصب۔

**مدارِس**۔ (مَ۔دا۔رِس) (ع۔ا۔مذ) مدرسہ کی جمع۔ مدرسے۔ مکاتب درس گاہیں۔

**مداری**۔ (مَ۔دا۔ری) (ہ۔ا۔مذ) شعبدہ باز۔ ہاتھ کی چالاکی سے کھیل تماشے کرنے والا (۲) بھان متی۔ نٹ۔ بازی گر۔ بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا۔

**مداریا**۔ (مَ۔دا۔رِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) حضرت شاہ مدار کے سلسلہ کا پیرو۔ (۲) ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔

**مُدافَع**۔ (ع۔صف) جس کی مخالفت کی جائے جسے روکا جائے۔

**مُدافِع**۔ (مُ۔دا۔فِع) (ع۔صف) دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔

**مُدافعت**۔ (مُ۔دا۔فَ۔عَت) (ع۔ا۔مث) دفع کرنا۔ روک۔ دفیعہ۔ تردید۔

**مُدام**۔ (مُ۔دام) (ع۔صف) ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ دائم۔ متواتر (۲) شراب سے۔

**مُداوا**۔ (مُ۔دا۔وا) (ع۔ف۔ا۔مذ) مداوات کا مخفف۔ دوا۔ علاج۔ معالجہ۔ درماں۔ تدبیر۔ چارہ۔

**مُداوَمت**۔ (مُ۔دا۔وَ۔مَت) (ع۔ا۔مث) ہمیشگی۔ تمام ثبات۔ دوام۔

**مداونی**۔ (مَ۔دا۔ون۔نی) (ق) مشاطہ۔

**مُداہِن**۔ (مُ۔دا۔ہِن) (ع۔ا۔مذ) سستی کرنے والا (۲) بات چھپانے والا۔

**مُداہنت**۔ (مُ۔دا۔ہَ۔نَت) (ع۔ا۔مث) خوشامد۔ چرب زبانی۔ جھوٹ جو دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کرنا (۲) سستی۔

**مدائح**۔ (مَ۔دا۔ئِح) (ع۔ا۔مذ) مدیحہ کی جمع۔ تعریفیں۔ ستائشیں۔

**مدائن**۔ (مَ۔دا۔ئِن) (ع۔ا۔مذ) مدینہ (شہر) کی جمع (۲) عراق عرب کا ایک شہر جو نوشیرواں کا پایۂ تخت تھا۔

**مُدائنت**۔ (ع۔ا۔مث) قرضہ کا لین دین۔

**مُدبِر**۔ (مُد۔بِر) (ع۔صف) بدنصیب۔ بدبخت۔ واپس آنے یا جانے والا۔ وہ جو پیٹھ پھیرے۔

**مُدبِّر**۔ (مُ۔دَب۔بِر) (ع۔صف) تدبیر کرنے والا۔ عاقل۔ دانشمند (۲) مشیر۔ صلاح کار۔

**مُدبِّران**۔ (مُ۔دَب۔بِ۔ران) (ع۔ف۔ا۔مذ) مُدبِّر کی جمع۔

**مُدبِّرانِ سلطنت**۔ (ع۔ا۔مذ) اراکینِ سلطنت۔ کارپردازانِ سلطنت۔ امیر۔ وزیر۔

**مُدبِّرانِ فلک**۔ (ع۔ا۔مذ) (کنایۃً) سات سیارے۔ سبعہ سیارہ۔

**مُدبِّری**۔ (مُ۔دَب۔بِ۔ری) (ع۔ا۔مث) انتظام۔ انصرام۔ (مجازاً) عقلمندی۔ مدبر کا عہدہ۔

**مُدبِّرین**۔ (مُ۔دَب۔بِ۔رین) (ع۔صف) مدبر کی جمع۔ عقلمند لوگ اہلِ دانش۔

**مُدّت**۔ (مُد۔دَت) (ع۔ا۔مث) عرصہ۔ میعاد۔ مہلت (۲) وقت۔ زمانہ۔ (۳) وقفہ۔ ڈھیل۔

**مُدّت العمر**۔ (ع۔تابع فعل) ساری عمر۔ تمام زندگی۔ عمر بھر۔ جیتے جی۔

**مُدّتِ حیات تمام ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) زندگی کے دن پورے ہو جانا۔ عمر ختم ہو جانا۔

**مُدّتِ عدّت**۔ (ع۔ا۔مث) طلاق یا شوہر کے انتقال کے بعد کی میعاد جس کے اندر عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں۔

**مُدّتِ مدید**۔ (ع۔ا۔مث) زمانہ دراز۔ بہت زمانہ۔

**مُدّتِ مقررہ**۔ (ع۔ا۔مث) میعاد معینہ۔ بندھی ہوئی میعاد۔

**مُدّت میں**۔ بہت عرصے میں۔

**مُدّت ہوئی**۔ (ا۔مقولہ) عرصہ گزرا۔ بہت زمانہ ہو گیا۔

**مُدّتوں**۔ (مُد۔دَ۔توں) (ا۔م) عرصہ دراز تک۔ بہت زمانہ تک۔

**مُدّتوں کی بات**۔ (ا۔محاورہ) عرصۂ دراز کی بات۔

**مُدّثّر**۔ (ع۔صف) وہ جس نے کمبل یا لحاف لپیٹا ہوا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سورت۔

**مدح**۔ (ع۔ا۔مث) تعریف۔ توصیف۔ ستائش (۲) وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو۔

**مدح خواں**۔ (ع۔ف۔صف) ثنا خواں۔ تعریف کرنے والا۔ ستائش گر۔

**مدح خوانی۔ مدح سرائی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) ثنا گوئی۔ تعریف و توصیف کرنا۔

**مِدحت**۔ (مِد۔حَت) (ع۔ا۔مث) مدح۔ تعریف۔ ثنا۔ ستائش۔

**مدحیہ**۔ (مد۔حی۔یَہ) (ع۔صف) قابلِ تعریف چیز۔ منسوب بہ مدح۔

**مدخل**۔ (مَد۔خل) (ع۔ا۔مث) داخل ہونے کی جگہ (۲) آمدنی

**مُدخَل**۔ (ع۔صف) داخل کیا گیا (۲) داخل دفتر کیا گیا۔

**مُدخِل**۔ (ع۔صف) داخل کرنے والا۔ داخل ہونے والا۔

**مَدخَن**۔ (مَد۔خَنہ) (ع۔ا۔مذ۔مث) دھواں نکلنے کی جگہ۔ چمنی۔ دود کش۔

**مَدخول**۔ (ع۔صف) داخل کیا گیا۔



Marfat.com

**مَدخولہ** ۔ (مَد۔خو۔لَہ) [ع ۔صف] وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو ۔ وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو۔

**مَدَد** (مَ ۔دَد) [ع ۔ا۔مث] کمک ۔ امداد ۔ سہارا ۔ اعانت (۲) رسائی ۔ کمک (۳) راج ۔ مزدور ۔ کار تعمیر ۔ اُجرت ۔ مزدوری ۔

**مَدَدُاللہ** [ع ۔ف ۔کلمہ اسلام] عشق اللہ کا جواب جو آزاد فقیر بجائے وعلیکم اسلام کے استعمال کرتے ہیں۔

**مَدَد بانٹنا** ۔ [ا۔محاورہ] مزدوروں کو مزدوری تقسیم کرنا ۔ اُجرت تقسیم کرنا ۔

**مدد پہنچانا** ۔ [ا۔محاورہ] سہارا دینا ۔ دستگیری کرنا ۔ کمک پہنچانا ۔

**مدد خرچ** ۔ [ا۔مث] بطور امداد کچھ دینا ۔ خرچ میں امداد (۲) پیشگی روپیہ دینا ۔ تقاوی ۔

**مَدد کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] دستگیری کرنا ۔ کمک دینا ۔ سہارا دینا ۔ پشتی کرنا ۔

**مددگار** ۔ [ع ۔ف ۔صف] مدد کرنے والا ۔ معاون ۔ حمایتی ۔ مُعین ۔

**مدد لگانا** ۔ [ا۔محاورہ] معماروں مزدوروں کو تعمیر کے کام پر لگانا ۔

**مدد مانگنا** ۔ امداد چاہنا ۔ سہارا طلب کرنا ۔ حمایت کی درخواست کرنا ۔

**مددِ محرّر** ۔ [ع ۔ف ۔ا۔مذ] نائب محرّر ۔ وہ اہلکار جو کار تحریر میں اپنے سے بالاتر محرر کی مدد کرے ۔

**مددِ معاش** ۔ [ع ۔ا۔مث] کھانے پینے کا سہارا ۔ پرورش کا وسیلہ (۲) وظیفہ ۔ پنشن ۔ وہ جاگیر جو علماء اور درویشوں کو بطور امداد معاش کے دی جائے ۔

**مَدَر** ۔ [س ۔ا۔مذ] ایک پودا جس کے پھول سُرخ ہوتے ہیں اور دوائیوں میں کام آتا ہے ۔ خیار ۔

**مُدِرّ** ۔ (مُ ۔دِرّ) [ع ۔صف] پیشاب لانے والی دوا ۔ جمع ۔ مُدِرّات ۔

**مَدِر** ۔ [س ۔ا۔مذ] بادل (۲) عاشق (۳) عیاش ۔

**مُدرا** ۔ (مُد۔را) [س ۔ا۔مث] انگوٹھی ۔ چھلا (۲) مہر ۔ چھاپ ۔ مہر والی انگوٹھی (۳) مہر کا نشان (۴) جوگیوں کے کان کا چوبی کنڈل ۔ (۵) تمغہ (۶) کالر ۔ پٹہ (۷) پروانۂ راہداری جس پر مہر ہو (۸) آنکھوں کا کھولنا اور بند کرنا (۹) قفل ۔ تالا (۱۰) انگلیوں پر گننا ۔

**مُدِرّات** ۔ (مُ ۔دِر ۔رات) [ع ۔ا۔مث] مدر کی جمع ۔ پیشاب لانے والی دوائیں ۔

**مُدَرِّس** ۔ (مُ ۔دَر ۔رِس) [ع ۔ا۔مذ] درس دینے والا ۔ پڑھانے والا ۔ معلّم پروفیسر ۔ استاد ۔ اتالیق ۔ جمع ۔ مدرسین ۔

**مدرسہ** ۔ (مَد۔رِ ۔سہ) [ع ۔ا۔مذ] جائے درس ۔ پڑھانے کی جگہ ۔ مکتب اسکول ۔ پاٹ شالہ ۔ جمع ۔ مدارس ۔

**مدرسۂ ابتدائی ۔ مدرسۂ تحتانی** ۔ [ع ۔ا۔مذ] وہ مدرسہ جس میں شروع کی تعلیم دی جاتی ہو ۔ مکتب جس میں شروع کے تین چار درجے ہوں ۔ پرائمری سکول ۔

**مدرسۂ فوقانی ۔ مدرسۂ فوقانیہ** ۔ [ع ۔ا۔مذ] وہ مدرسہ جہاں میٹرک (دسویں) کی تعلیم ہو ۔ (High School) ہائی سکول ۔

**مدرسۂ وسطیٰ** ۔ وہ مدرسہ جس میں درمیانی درجوں کی تعلیم دی جاتی ہو ۔ مڈل سکول ۔

**مُدَرِّسی** ۔ (مُ ۔دَر ۔رِ ۔سی) [ع ۔ا۔مث] درس دینے کا پیشہ ۔ معلّمی ۔

**مُدرِک** ۔ (مُد۔رِک) [ع ۔صف] درک کرنے والا ۔ سمجھنے والا ۔ مطلب کو پہنچنے والا (۲) دانا ۔ عقیل ۔ فہیم ۔ ذہین ۔

**مُدرِکہ** ۔ (مُد۔رِ۔کہ) [ع ۔ا۔مث] وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کر سکے ۔ یعنی عقل اور ذہن ۔

**مُدری** ۔ (مُد۔ری) [ق ۔ا۔مث] وہ حلقے جو جوگی کان میں رکھتے ہیں ۔ مُندری ۔

**مُدرے** ۔ (مُد۔رے) [ق ۔ا۔مث] بالیاں ۔ مُندرے ۔

**مدریا** ۔ (مَ ۔دَر ۔یا) [ہ ۔ا۔مذ] چھوٹا مٹی کا حقہ ۔

**مُدّعا** ۔ (مُد۔دَ ۔عا) [ع ۔ا۔مذ] مطلب ۔ مقصد ۔ مراد ۔ غرض ۔ خواہش ۔ ارادہ (۲) مال ملکیت ۔ مال مسروقہ ۔

**مُدّعا بر آنا** ۔ [ا۔محاورہ] مطلب پورا ہونا ۔

**مدّعا بہا** ۔ [ع ۔صف] (قانون) وہ چیز جس کے لیے دعویٰ کیا گیا ہو ۔

**مدعا پکڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] چوری پکڑنا ۔ چوری کا مال نکالنا ۔ مال مسروقہ برآمد کرنا ۔

**مدعا حاصل ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] مقصد پانا ۔ مراد پوری ہونا ۔

**مدعا علیہ** ۔ [ع ۔ا۔مذ ۔مث] وہ شخص جس پر دعوےٰ کیا جائے ۔ [مث] مدعا علیہا ۔

**مدعا علیہ ترتیبی** ۔ [ع ۔ا۔مذ] وہ شخص جو بہ غرض ترتیب مقدمہ مدعا علیہ کیا گیا ہو جس کے مقابلے میں کوئی دادرسی مطلوب نہ ہو ۔

**مدعا علیہ گرداننا** ۔ [ا۔مص مرکب] ملزم ٹھہرانا ۔ مجرم قرار دینا ۔ الزام دھرنا ۔

**مدعا نکلنا** ۔ [ا۔محاورہ] (قانون) چوری کا مال برآمد ہونا ۔ مال مسروقہ پکڑا جانا ۔

**مُدّعا ہونا** ۔ [ا۔مص مرکب] مطلب ہونا ۔ مقصد ہونا ۔ مراد ہونا ۔

**مدعوّہ** (مَد۔عو۔وَہ) [ع ۔صف] دعوت دیا گیا ۔ بلایا گیا ۔ جمع ۔ مدعوئین ۔

**مُدّعی** ۔ (مُد۔دَ ۔عی) [ع ۔ا۔مذ] دعویٰ کرنے والا ۔ نالشی ۔ دعوے دار ۔ مستغیث ۔ سائل (۲) رقیب ۔ حریف ۔ غیر ۔

**مدعی سست گواہ چست** ۔ [ا۔مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب خود صاحب غرض تو سستی برتے ۔ اور حمایتی جوش و سرگرمی کا اظہار کریں ۔

**مدّعی مدّعا علیہ** ۔ [ع ۔ا۔مذ] وہ دونوں فریق جو کسی معاملہ میں عدالت کی طرف رجوع ہوں ۔ فریقین ۔

**مدّعی مدّعا علیہ ناؤ میں شاہد تیرتے جائیں** ۔ [ا۔مثل] اپنے حامی اور مدد دینے والوں کی بے قدری پر بولتے ہیں ۔

**مدّعی ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] دعوے دار ہونا ۔ نالشی ہونا ۔



Marfat.com

**مُدَّعِیَہ** ۔ (مُد۔دَ۔عی۔یَہ) [ع۔امث] دعوی کرنے والی عورت۔ مستغیثہ۔
**مُدْغَم** ۔ (مُد۔غَم) [ع۔امذ] پیوست کیا گیا۔ تشدید کے ذریعہ ایک حرف دوسرے میں ملا ہوا۔ ایک جنس کے دو حرفوں کو باہم ملا کر ایک کو ساقط کر کے تشدید لگا دیتے ہیں۔ جیسے، حمّام اصل میں حمم۔ مام تھا پہلے میم کو دوسرے میم میں مدغم کر دیا گیا۔
**مَدْفَن** ۔ (مَد۔فَن) [ع۔امذ] دفن ہونے کی جگہ۔ وہ گڑھا جس میں مردہ دفن کیا جائے۔ قبر۔ گور۔ مزار۔ مقبرہ۔
**مَدْفُوع** ۔ [ع۔صف] دفع کیا گیا۔
**مَدْفُون** ۔ (مَد۔فُو۔ن) [ع۔صف] (۱) دفن کیا ہوا۔ گاڑھا ہوا (۲) پوشیدہ۔ مخفی۔
**مُدَقِّق** ۔ [ع۔صف] باریک بین۔ دقیقہ رس۔ باریک باتیں بیان کرنے والا (۲) وہ چیز جو بڑی تحقیق کے بعد ثابت ہو گئی ہو۔
**مَدْقُوق** ۔ (مَد۔قُوق) [ع۔صف] تپِ دِق کا مریض۔ وہ شخص جسے دِق ہو گئی ہو۔
**مَدَک** ۔ (مَ۔دَک) [ہ۔امث] ایک نشہ آور چیز جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیتے ہیں۔
**مَدَک باز** ۔ **مَدَکی** ۔ **مَدَکیا** ۔ [ہ۔ا۔صف] مدک کا نشہ کرنے والا مدک پینے والا۔
**مُدَّل** ۔ (مُ۔دَل) [ق] اصل زر۔ سرمایہ۔ پونجی۔
**مُدَلَّل** ۔ (مُ۔دَل۔لَل) [ع۔صف] دلیل سے ثابت کیا ہوا۔ معقول ٹھیک۔ درست۔
**مَدْلُول** ۔ (مَد۔لُول) [ع۔صف] دلالت کیا گیا۔ بتایا گیا۔
**مُدَمِّغ** ۔ (مُ۔دَم۔مِغ) [اُ۔صف] دماغ دار۔ متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی دماغ (اُردو) سے عربی طریقہ پر اسم فاعل بنایا گیا ہے۔
**مَدَن** ۔ (مَ۔دَن) [ہ۔ا۔مذ] خواہش کرنے کا فعل (۲) محبت۔ عشق۔ جوشِ جوانی۔ شہوت (۳) شہد کی مکھی (۴) موسم بہار (۵) ہم بغل ہونے کا ایک طریقہ (۶) کئی پودوں کا نام۔
**مَدَن بان** ۔ [ہ۔ا۔مذ] محبت کا تیر (۲) بیلے کی قسم کا ایک مشہور پھول
**مَدَن گور** ۔ [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی خوش آواز طوطی۔
**مَدَن مَد** ۔ [ا۔مث] جوانی کی مستی۔
**مُدُن** ۔ (مُ۔دُن) [ع۔ا۔مذ] مدینہ کی جمع۔ بہت سے شہر۔
**مَدْنایک** ۔ [ا۔مذ۔ق] سردار۔
**مَدَنی** ۔ (مَد۔نی) [ع۔صف] مدینہ کا باشندہ۔ شہری۔ مدینہ سے منسوب۔
**مَدَنی الطبع** ۔ [ع۔صف] فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے والا۔ شہری پن۔
**مَدَنِیت** ۔ (مَ۔دَ۔نی۔یَت) [ع۔امث] شہریت۔ شہری پن۔
**مَدْوَ** ۔ (مَد۔دَو) [ہ۔امذ] کنبھ۔ کوہان۔ اونٹ یا سانڈنی کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ (۲) وہ زخم جو گھوڑے کے دوش پر ہو۔ چار جامے کے اوپر کی طرف خم۔

**مدّو آنا** ۔ **مدّو لگنا** ۔ **مدّو پکنا** ۔ [ا۔محاورہ] گھوڑے کے کندھے پر زخم ہو جانا۔
**مدو سیاہی پیسہ** ۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا موٹا پیسہ جس کا چلن اب نہیں رہا۔
**مُدَوَّر** ۔ (مُ۔دَو۔وَر) [ع۔صف] دائرہ نما۔ گول۔
**مُدَوِّن** ۔ (مُ۔دَو۔وِن) [ع۔امذ] ترتیب دینے والا۔ جمع کرنے والا۔
**مُدَوَّن** ۔ (مُ۔دَو۔وَن) [ع۔صف] جمع کیا ہوا۔ ترتیب دیا ہوا۔
**مدھ** ۔ [ہ۔ا۔مذ] شہد۔ پھولوں کا رس (۲) شراب۔ کوئی منشی چیز (۳) غرور۔ تکبر (۴) موسم بہار۔ بسنت رُت (۵) عنفوانِ شباب (۶) مستی (۷) وہ رطوبت جو درختوں سے ٹپکتی ہے (۸) [صف] درمیان۔ وسط۔ بیچ۔
**مدھ پر آنا** ۔ **مدھ میں آنا** ۔ [ا۔محاورہ] جوان ہونا۔ پھل کا پکنے پر آنا۔
**مدھ مات** ۔ [ہ۔ا۔مث] ایک راگنی کا نام۔
**مدھ ماتا** ۔ [ہ۔صف۔مذ] نشہ میں مست۔
**مُدھُر** ۔ (مَ۔دھُر) [س۔صف] شیریں۔ میٹھا۔ مزے دار (۲) سُریلا (۳) دل پسند۔ پیارا۔ مرغوب الطبع (۴) خراماں۔ مٹک چال۔ لٹک چال معشوقانہ رفتار (۵) دھیما۔ نرم۔ ملائم۔ متوسط درجہ کا۔
**مدھر بانی** ۔ [ہ۔ا۔مث] شیریں کلامی۔ میٹھا بول۔
**مدھر بولنا** ۔ [ا۔مص مرکب] میٹھا بولنا۔ شیریں کلامی سے پیش آنا۔
**مدھرا** ۔ (مَد۔ھ۔را) [ہ۔صف] متوسط۔ درمیانہ۔ میانہ۔
**مدھری** ۔ (مَ۔دھُو۔ری) [ا۔صف] میٹھی۔ رسیلی۔ مرغوب۔ دل پسند۔
**مدھم** ۔ (مَد۔دھم) [ہ۔ا۔صف] آہستہ۔ دھیما (۲) متوسط۔ میانہ نہ اچھا نہ بُرا (۳) نیچا۔ کم (۴) ہلکا۔ خفیف (۵) بے آب۔ پھیکا (۶) ایک سُر۔
**مدھم بیچنا** ۔ [ا۔محاورہ] سستا بیچنا۔ ارزاں کر دینا۔ قیمت سے گرا کر فروخت کرنا۔
**مدھم ٹھاٹھ** ۔ [ا۔مذ] سست آدمی (۲) ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سُر پر قائم کیا جائے۔
**مدھم سُر** ۔ [ا۔مذ] راگ کا سُر جو گندھار سے ایک درجہ بلند اور اس کا مخرج معدہ ہے۔ دھیما سُر۔ اس کا مخفف ما ہے۔
**مدھم کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] کم کرنا۔ گھٹانا (۲) دھیما کرنا۔ مدھم کرنا۔ پھیکا اور بے رُوپ کرنا۔
**مدھم ہونا** ۔ [ا۔مص مرکب] سست ہونا۔ کم ہونا۔ دھیما ہونا۔
**مدھو** ۔ (مَ۔دھو) [س۔ا۔مذ] شہد (۲) شراب (۳) موسم بہار (۴) دودھ (۵) پانی۔ جل (۶) میٹھا۔ شیریں (۷) ایک قسم کا درخت (۸) ایک راکشس۔
**مدھو ماکھی** ۔ [س۔ا۔مث] شہد کی مکھی۔
**مدھوکر** ۔ (مَ۔دھو۔کر) [ق۔ا۔مذ] بھونرا۔



Marfat.com

**مدھیا (مدھیہ)** ۔ (ا ۔ صف) وسطی ۔ درمیانی ۔
**مدہوش** ۔ (مَد ۔ ہوش) (ف ۔ صف) بدمست ۔ متوالا ۔ حیران ۔ متحیر ۔ ہکا بکا ۔
**مدہوشی** ۔ (مد ۔ ہو ۔ شی) (ف ۔ ا ۔ مث) بدمستی ۔ متوالاپن ۔ بے ہوشی ۔
**مدیح (مدیحہ)** ۔ (مَ ۔ دیح ۔ مَ ۔ دی ۔ حَہ) (ع ۔ ا ۔ مث) تعریف ۔ توصیف ۔ ثنا ۔ جمع : مدائح ۔
**مدید** ۔ (مَ ۔ دِید) (ع ۔ صف) لمبا ۔ طویل ۔ دراز ۔
**مُدِیر** ۔ (مُ ۔ دِیر) (ع ۔ ا ۔ مذ) دَور دینے والا ۔ گھمانے والا (۲) اخبار کا مہتمم ۔ اڈیٹر ۔ جمع : مدیراں ۔
**مدیرا** ۔ (مَ ۔ دی ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مرغابی ۔
**مدینہ** ۔ (مَ ۔ دی ۔ نَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) شہر ۔ بلدہ ۔ نگری (۲) حجاز عرب کا مشہور مقدس شہر جہاں حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ مبارک ہے ۔ جمع : مدائن ۔
**مدینۃ السلام** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) بغداد کا لقب ۔
**مدینۃ العلم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت رسول خدا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ۔
**مدیون** ۔ (مَد ۔ یُون) (ع ۔ ا ۔ مذ) قرض دار ۔ مقروض ۔

## م ۔ ڈ

**مُڈاسا** ۔ (مُ ۔ ڈا ۔ سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) صحیح لفظ "منڈاسا" ہے سر کا پھینٹا ۔ پگڑی ۔ دستار ۔ صافہ ۔
**مِڈل** ۔ (Middle) (مِ ۔ ڈل) (انگ ۔ صف) وسط ۔ درمیانہ درجہ (۲) درمیان ۔
**مڈل چی** ۔ (ا ۔ کلمہ حقارت) وہ شخص جس نے صرف مڈل کا امتحان پاس کیا ہو ۔
**مڈل سکول** ۔ (Middle School) (انگ ۔ ا ۔ مذ) اوسط درجہ کی تعلیم کا مدرسہ ۔ میٹرک سے نیچے درجے کی تعلیم کا سکول ۔ وہ سکول جہاں آٹھویں درجہ تک تعلیم دی جاتی ہو ۔ مدرسہ وسطی ۔
**مِڈوائف** ۔ (Midwife) (مِڈ ۔ وا ۔ اِف) (انگ ۔ ا ۔ مث) دائی ۔ جنائی ۔ قابلہ ۔
**مُڈھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) کسی چیز کا نچلا حصہ ۔ جڑ ۔ بنیاد (۲) بوڑھا آدمی (۳) سرغنہ ۔ سردار ۔ چودھری ۔ سرگروہ ۔
**مڈھ بھیڑ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) آمنا سامنا ۔ ملاقات ۔ مٹھ بھیڑ ۔
**مُڈھا** ۔ (مُڈ ۔ ڈھا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) پتنگ کا سرا (۲) (دیہ) لکڑی جو نکلے پر بنتی ہے ۔

## م ۔ ذ

**مذاق** ۔ (مَ ۔ ذا ۔ ق) (ع ۔ ا ۔ مذ) چکھنے کی جگہ ۔ چکھنا (۲) چاٹ ۔ مزہ ۔ لذت ۔ سواد ۔ چسکا (۳) قوت ذائقہ (۴) باہمی اختلاط ۔ آپس کی چہل (۵) رغبت ۔ میلان ۔ رجحان (۶) سلیقہ ۔ مادہ (۷) ہنسی ۔ دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔ ظرافت ۔ تمسخر ۔ چہل ۔
**مذاق اڑانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تمسخر کرنا ۔ ہنسی کرنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔
**مذاق سخن** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) شعر و شاعری کا سلیقہ ۔
**مذاق سے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) ظرافت سے ۔ چھیڑ سے ۔ ہنسی سے ۔
**مذاق کا آدمی** ۔ (ا ۔ مذ) ظریف ۔ خوش طبع ۔ زندہ دل ۔
**مذاقاً** ۔ (مَ ۔ ذا ۔ قَن) (ع ۔ ف ۔ تابع فعل) ہنسی سے ۔ ظرافت سے ۔ دل لگی کے طور پر ۔
**مذاقیہ** ۔ (مَ ۔ ذا ۔ قِ ۔ یَہ) (اُر ۔ صف) ہنسی کے طور پر ۔ ظرافتاً (۲) دل لگی باز ۔ ظریف (۳) منسوب جیسے مذاقیہ بات ۔
**مذاکرہ** ۔ (مُ ۔ ذا ۔ کَ ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) باہم ذکر کرنا ۔ آپس میں بات چیت کرنا ۔ مباحثہ ۔ جمع : مذاکرات ۔
**مذاہب** ۔ (مَ ۔ ذا ۔ ہِب) (ع ۔ ا ۔ مذ) مذہب کی جمع ۔ راستے ۔ طریقے ۔ پنتھ (۲) کیش ۔ ملتیں ۔
**مذبح** ۔ (مَذ ۔ بَح) (ع ۔ ا ۔ مذ) ذبح کرنے کی جگہ ۔ جمع : مذابح ۔
**مُذَبذَب** ۔ (مُ ۔ ذَب ۔ ذَب) (ع ۔ صف) غیر مستقل مزاج ۔ متردد ۔ جھگڑا پیدا کرنے والا ۔ ڈانواں ڈول ۔ وہ جس کا ارادہ مصمم نہ ہو ۔ ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا ۔
**مذبوح** ۔ (مَذ ۔ بُوح) (ع ۔ ا ۔ مذ) ذبح کیا گیا (۲) مقتول ۔
**مُذَکِّر** ۔ (ع ۔ صف) یاد دلانے والا ۔ نصیحت کرنے والا ۔
**مُذَکَّر** ۔ (مُ ۔ ذَک ۔ کَر) (ع ۔ صف) نر ۔ مرد (۲) یاد دلایا ہوا ۔ نصیحت کیا ہوا ۔
**مذکور** ۔ (مَذ ۔ کُور) (ع ۔ صف) ذکر کیا گیا (۲) ذکر ۔ گفتگو ۔ بات (۳) افواہ ۔ چرچا ۔ شہرت ۔
**مذکور آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذکر آنا ۔
**مذکور نکلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ذکر چھڑنا ۔
**مذکورہ** ۔ (مَذ ۔ کُو ۔ رَہ) (ع ۔ صف) ذکر کیا گیا ۔
**مذکورہ بالا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں کیا گیا ہو ۔
**مذکوری** ۔ (مذ ۔ کُو ۔ ری) (اُر ۔ ا ۔ مذ) وہ بلا تنخواہ چپراسی جو مالگزاری وصول کرنے پر تعینات ہو اور جسے رقم طلبانہ سے اجرت دی جاتی ہو (۲) سمنوں وغیرہ کی تعمیل کرانے والا چپراسی ۔
**مُذِلّ** ۔ (ع ۔ صف ۔ مذ) ذلیل کرنے والا (۲) خدا کے تعالٰے کا نام ۔



Marfat.com

**مذلّت**۔ (مَ۔ذَل۔لَت) [ع۔ا۔مث] ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ خواری بے عزتی۔
**مذمّت**۔ (مَ۔ذَم۔مَت) [ع۔ا۔مث] برائی۔ ہجو۔ نندا۔
**مذموم**۔ (مَذ۔موُم) [ع۔صف] (۱) بُرا۔ خراب۔ قبیح (۲) وہ جس کی برائی کی جائے۔
**مذمومہ**۔ (مَذ۔موُ۔مَہ) [ع۔صف] بُری۔ خراب۔
**مُذنِب**۔ (مُذ۔نِب) [ع۔صف] گنہگار۔ گناہ کرنے والا۔
**مُذنبین**۔ (مُذ۔نِ۔بِین) [ع۔صف] مذنب کی جمع۔ گنہگار لوگ۔ اہلِ معاصی۔
**مَذہَب**۔ (مَذ۔ہَب) [ع۔ا۔مذ] راستہ۔ طریقہ (۲) ایمان۔ دھرم۔ عقیدہ۔ (۳) ملت۔ مشرب (م) رستے۔ جمع: مذاہب۔
**مذہب بدلنا**۔ [ا۔محاورہ] دوسرا مذہب اختیار کرنا۔ دوسرے پنتھ میں آنا۔
**مذہب پھیلانا**۔ [ا۔محاورہ] دین کی اشاعت کرنا۔ دین کو ترقی دینا۔ پنتھ بڑھانا۔
**مذہب میں ملانا**۔ دین میں شامل کرنا۔ پنتھ میں داخل کرنا۔
**مُذہّب**۔ (مُ۔ذَہ۔ہَب) [ع۔صف] سونا چڑھا ہوا۔ سونے کی ملمع کیا ہوا۔
**مذہبی**۔ (مَذ۔ہَ۔بی) [ف۔صف] مذہب سے منسوب۔ مذہب سے تعلق رکھنے والا۔ مذہب سے متعلق۔
**مذہبی سِکھ**۔ [ا۔مذ] جو ہر طرح جو سکھ ہو گیا ہو۔
**مذی**۔ (مَ۔ذی) [ع۔ا۔مث] وہ پتلا مادہ جو شہوت کے غلبہ سے نکلتا ہے۔

## م ۔ ر

**مَرا**۔ (مَ۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) مُردہ نعش (۲) بدبخت شخص (۳) کھوٹی دھات۔
**مِرا**۔ [ف۔ض] میرا۔ مجھ کو۔
**مِرا**۔ (مِ۔را) [ہ۔ض] میرا کا مخفف۔
**مِرا مُردہ دیکھو**۔ [ا۔کلمۂ قسم] قسم کی جگہ مستعمل ہے۔
**مِرآت**۔ (مِر۔آت) [ع۔ا۔مذ] آئینہ۔ آرسی۔ منہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن۔ جمع: مرایا۔
**مراتب**۔ (مَ۔را۔تِب) [ع۔ا۔مذ] مرتبہ کی جمع۔ درجے۔ رُتبے۔ مناصب۔
**مراتب تمہیدی**۔ [ع۔ا۔مذ] ابتدائی باتیں۔ ابتدائی امور۔
**مراتب طے کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مدارج طے کرنا۔ دریافت طلب امور کا فیصلہ کرنا۔ مرحلوں اور درجوں کا تصفیہ کرنا۔
**مراثی**۔ (مَ۔را۔ثی) [ع۔ا۔مذ] مرثیہ کی جمع۔ مرثیے۔
**مرا جاتا**۔ [ا۔محاورہ] بے تاب ہوا جاتا۔ کسی کام کے لیے جلدی کرنا۔
**مُراجَعَت**۔ (مُ۔را۔جَ۔عَت) [ع۔ا۔مث] واپسی۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ رجوع۔
**مراجعت کرنا**۔ [ا۔مص مرکب] لوٹنا۔ واپس ہونا۔ اُلٹا پھر آنا۔
**مراحل**۔ (مَ۔را۔حِل) [ع۔ا۔مذ] مرحلہ کی جمع۔ منزلیں۔ درجے۔
**مراحم**۔ (مَ۔را۔حِم) [ع۔ا۔مذ] مرحمت کی جمع۔ مہربانیاں۔ شفقتیں۔ بخششیں۔
**مراحمِ خسروانہ**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] شاہی عنایتیں۔ شاہی عطیات۔
**مُراد**۔ (مُ۔راد) [ع۔ا۔مث] ارادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ غرض۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو (۲) منت۔ نذر۔ بھینٹ (۳) مفہوم۔ منشا۔
**مُراد بھر آنا۔ مراد بر لانا**۔ [ا۔محاورہ] مقصد پورا ہونا۔ مقصد پورا کرنا۔
**مراد پانا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب بر آنا۔ آرزو پوری ہونا۔ مقصد میں کامیاب ہونا۔
**مراد پوری کرنا**۔ [ا۔محاورہ] آرزو بر لانا۔ مطلب پورا کرنا۔ کام نکالنا۔
**مراد حاصل ہونا**۔ [ا۔محاورہ] کام بننا۔ غرض حاصل ہونا۔ تمنا پوری ہونا۔
**مراد دعویٰ**۔ [ع۔ا۔مذ] (قانون) دعوے دائر کرنے کی اصل غرض۔ مدعائے نالش۔
**مراد دکھلانا**۔ [ا۔محاورہ] تمنائے دل پوری کرنا۔
**مراد دینا**۔ [ا۔محاورہ] غرض پوری کرنا۔ مراد پوری کرنا۔
**مراد کو پہنچنا**۔ [ا۔محاورہ] مقصد میں کامیاب ہونا۔
**مراد لینا**۔ [ا۔محاورہ] معنی نکالنا۔ نتیجہ نکالنا۔ قیاس کرنا (۲) غرض پوری کرنا۔ کام لینا۔
**مراد (مرادیں) مانگنا**۔ [ا۔محاورہ] دل کے مقصد پورے ہونے کی دعا مانگنا۔
**مراد ماننا**۔ [ا۔محاورہ] منت ماننا۔ نیت باندھنا۔
**مراد ملنا**۔ [ا۔محاورہ] دلی مقصد پورا ہونا۔
**مراد مند**۔ [ع۔ف۔صف] خواہش مند۔ آرزو مند۔ محتاج۔
**مراد ہے**۔ [ا۔تابع فعل] مطلب ہے۔ منشا ہے۔ غرض ہے۔ مفہوم ہے۔
**مُرادوں کے دن**۔ [ا۔مذ] ایامِ جوانی۔ شباب کا زمانہ۔ بہار کے دن۔ جوبن کا موسم۔
**مُرادات**۔ (مُ۔را۔دات) [ع۔صف] مراد کی جمع۔ مطالب۔ مقاصد۔
**مُرادِف**۔ (مُ۔را۔دِف) [ع۔ا۔مذ] کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا۔ ہم معنی۔ جیسے خانہ مُرادِف ہے گھر کا۔ جمع: مرادفات۔
**مُرادی**۔ (مُ۔را۔دی) [ع۔صف] منشا کے مطابق۔ مراد کے موافق۔ (۲) فرضی۔ اصطلاحی۔
**مُراری**۔ (مُ۔را۔ری) [س۔ا۔مذ] راکشس کا دشمن (۲) کرشن جی کا لقب۔ وشنو۔
**مُراسلات**۔ (مُ۔را۔سَ۔لات) [ع۔ا۔مذ] مراسلہ کی جمع (۱) چٹھیاں۔ خطوط (۲) خط و کتابت۔ تحریر۔



Marfat.com

**مُراسلت** - (مُ - را - سَ - لَت) [ع - ا - مث] باہمی خط و کتابت - ایک دوسرے کو چٹھیاں لکھنا (۲) قانون اطلاع - طلبی - سمن -

**مُراسلہ** - (مُ - را - سَ - لَہ) [ع - ا - مذ] چٹھی - خط - نامہ - جمع - مراسلات -

**مراسلۂ تقرر** - ملازمت کا پروانہ [انگ] (Appointment Letter)

**مراسم** - (مَ - را - سِم) [ع - ا - مذ] رسوم کی جمع (۱) رسومات - رسمیں - نشانیاں (۲) قاعدہ - برتاؤ - دستور -

**مراعات** - (مُ - را - عا - ت) [ع - ا - مث] جانوروں کا باہم مل کر چرنا (۲) نگاہ رکھنا - کنکھیوں سے دیکھنا (۳) (اصطلاحاً) رعایت - سلوک - مروت - لحاظ - توجہ -

**مُراعاتُ النظیر** - علم بدیع کی ایک صنعت کا نام، کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو ایک جگہ جمع کرتے ہیں - اس کو صنعت رعایت لفظی بھی کہتے ہیں - ؎

ہر شاخ میں ہے شگوفہ کاری ثمرہ ہے قلم کا حمد باری -

**مُراغبت** - (مُ - را - غِ - بَت) [ع - ا - مث] رغبت - آرزو - خواہش -

**مُرافعہ** - (مُ - را - فَ - عَہ) [ع - ا - مذ] اپیل - نگرانی - ایک حاکم کے فیصلہ پر مطمئن نہ ہو کر اس سے بڑے حاکم کے پاس دادخواہی کرنا - جمع - مرافعات -

**مرافعۂ آخر** - [ع - ف - ا - مذ] وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو سکے -

**مرافعۂ اولیٰ** - [ع - ا - مذ] پہلی اپیل -

**مرافعہ کرنا** - [ا - محاورہ] اپیل کرنا - ایک حاکم کی عدالت سے مقدمہ ہار کر حاکم بالادست کے روبرو اپیل کرنا -

**مُرافقت** - (مُ - را - فَ - قَت) [ع - ا - مث] باہمی میل جول - ہم نشینی - اتحاد باہمی - رفاقت -

**مِراق** - (مِ - راق) [ع - ا - مذ] ایک قسم کا مالیخولیا - جنون - سودا -

**مُراقب** - (مُ - را - قِب) [ع - صف] مراقبہ کرنے والا -

**مُراقبہ** - (مُ - را - قَ - بَہ) [ع - ا - مذ] غور - تصور - سوچ بچار - دھیان گیان - گردن جھکا کر فکر کرنا - حضوری دل سے خدا کا دھیان کرنا - سب چیزوں کو چھوڑ کر خدا کا دھیان کرنا -

**مِراقی** - [ع - صف] جنونی - جو جنون میں مبتلا ہو -

**مراکب** - [ع - ا - مذ] مرکب کی جمع - سواریاں -

**مرام** - (مَ - رام) [ع - ا - مذ] مراد - مطلب - مقصد -

**مُراہق** - (مُ - را - ہِق) [ع - صف] بالغ ہونے کے قریب لڑکا -

**مراہم** - (مَ - را - ہِم) [ع - ا - مذ] مرہم کی جمع -

**مراۃ - امرائی** - (مَ - را - ۃ - مُ - را - ئی) [ہ - ا - مذ] ترکاری بونے یا بیچنے والا - کنجڑا - کاچھی -

**مَرایا** - [ع - ا - مذ] مِرآۃ کی جمع (۲) علم مناظرہ کی ایک شاخ -

**مُربّا** - (مُ - رَب - با) [ع - ا - مذ] وہ پھل وغیرہ جو کھانڈ وغیرہ کے قوام میں ملا کر رکھا گیا ہو -

**مربّا ڈالنا** - [ا - محاورہ] میوے کو قند کے شیرے میں پرورده کرنا -

**مُربّع** - (مُ - رَب - بَع) [ع - ا - مذ] چوگوشہ - چوکھونٹا - وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں (۲) ہر چوکور چیز جس کے طول و عرض برابر ہوں (۳) ایک قسم کی کشست - جمع - مرابع -

**مربّع بیٹھنا** - [ا - محاورہ] چارزانو بیٹھنا - آلتی پالتی مار کر بیٹھنا -

**مربوط** - (مَر - بُو - ط) [ع - صف] ربط کیا گیا - بندھا ہوا - لگا ہوا - وابستہ -

**مربھکّا** - (مُر - بُھک - کا) [ہ - صف] وہ جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو - پیٹو (۲) کنگال -

**مُربھی** - [ا - مذ مرہ] سوجا -

**مُربّی** - (مُ - رَب - بی) [ع - ا - مذ] پرورش کرنے والا - تربیت کرنے والا - سرپرست - پشت پناہ - حامی -

**مربّی بنانا** - [ا - محاورہ] سرپرست قرار دینا - معاون بنانا - پشت پناہ ٹھہرانا -

**مربّی بننا** - [ا - محاورہ] سرپرستی اختیار کرنا - حامی ہونا - کسی کی پرورش کا ذمہ لینا -

**مربّی پیار مرتا بجور** - [ف - مثل] اس صورت میں کامیابی ہو سکتی ہے کہ کوئی مربی ہو -

**مرے چور پرائے دھن پر** - [ا - مثل] پرائے مال کی خاطر جان دینا بے وقوفی ہے -

**مر پٹ کر (کے)** - [ا - تابع فعل] نہایت کوشش سے - بڑی محنت سے - سخت مشقت کے ساتھ -

**مرتا** - (مَر - تا) [ا - صف] نیم جان - جان بلب - قریب ہلاکت -

**مرتا کیا نہ کرتا** - [ا - مثل] جس کی جان پر آ بنتی ہے - وہ سب کچھ کر گزرتا ہے -

**مرتا ہے** - [ا - محاورہ] (۱) بڑا شوقین ہے - جان دیتا ہے - عاشق ہے (۲) مر رہا ہے -

**مُرتاض** - (مُر - تا - ض) [ع - ا - مذ] ریاضت کرنے والا - علم و ہنر یا تصوف و دینی میں مشقت اٹھانے والا -

**مُرتّب** - (مُ - رَت - تَب) [ع - صف] ترتیب دیا گیا - قرینے سے لگایا گیا (۲) تیار - مکمل (۳) اکٹھا کیا گیا - تالیف کیا گیا -

**مرتب کرنا** - [ا - مص مرکب] ترتیب دینا - درست کرنا - بنانا - تالیف کرنا - قاعدے سے چُننا -

**مُرتّب** - (مُ - رَت - تِب) [ع - ا - مذ] ترتیب دینے والا - باقاعدہ چننے والا - جمع - مرتبین -

**مرتبان** - (مَر - تَ - بان) [ا - ا - مذ] اچار چٹنی رکھنے کے لیے چینی یا مٹی کا برتن جس پر روغن کیا گیا ہو (۲) برہما کے جنوب میں ایک جزیرہ کا نام (۳) ایک خلیج -

**مرتبت** - (مَر - تَ - بَت) [ع - ا - مذ] مرتبہ - درجہ - رتبہ -

**مرتبہ** - (مَر - تَ - بَہ) [ع - ا - مذ] درجہ - منصب - عہدہ (۲) بار - دفعہ -



Marfat.com

جمع :- مراتب۔

**مُرتَد**۔ (مُر۔تَدّ) [ع - ا۔مذ] اسلام سے پھرا ہوا۔ منحرف۔ مردود۔ ملحد۔ ملعون۔ جمع :- مُرتَدِّین۔

**مرتد ہو جانا**۔ [ا۔مص مرکب] دین سے پھر جانا۔ ملحد ہو جانا۔ کافر ہو جانا۔

**مُرتَسِم**۔ (مُر۔تَ۔سِم) [ع۔صف] نشان کیا گیا۔ مہر لگایا گیا۔

**مُرتَشی**۔ (مُر۔تَ۔شی) [ع۔صف] رشوت لینے والا۔ رشوت خور۔

**مُرتَضوی**۔ (مُر۔تَ۔ضَ۔وی) [ع۔صف] حضرت علی مرتضٰےؓ سے نسبت رکھنے والا۔ حضرت علی مرتضٰےؓ کی طرف منسوب۔

**مُرتَضیٰ**۔ (مُر۔تَ۔ضا) [ع - ا۔مذ] پسندیدہ۔ مقبول (۲) حضرت علی کا لقب۔

**مُرتَعِش**۔ (مُر۔تَ۔عِش) [ع۔صف] ارتعاش کرنے والا۔ کانپنے والا۔

**مُرتَفِع**۔ (مُر۔تَ۔فِع) [ع۔صف] اونچا۔ بلند۔

**مُرتَکِب**۔ (مُر۔تَ۔کِب) [ع۔صف] ارتکاب کرنے والا۔ کسی فعل کا کرنے والا (۲) قصوروار۔ مجرم۔

**مرتل**۔ (مر۔تل) [ہ۔صف] نہایت کمزور۔ مریل۔

**مِرتُو**۔ [ہ - ا۔مذ] اجل۔ موت۔ قضا۔

**مُرتَہِن**۔ (مُر۔تَ۔ہِن) [ع - ا۔مذ] رہن رکھنے والا۔ گرو رکھنے والا۔

**مرتہن قابض**۔ رہن کیے ہوئے مال یا جائیداد پر قبضہ رکھنے والا۔ گرودار۔

**مرتے**۔ (مَر۔تے) [ہ] مرتا کی جمع۔

**مرتے جیتے**۔ [ا۔تابع فعل] جس طرح ہو سکا۔ جوں توں کر کے۔ بُری بھلی طرح۔

**مرتے جیتے بسر ہونا**۔ [ا۔محاورہ] کسی نہ کسی طرح زندگی کے دن پورے ہونا۔

**مرتے دم**۔ [ا۔مذ] آخیر وقت۔ حالت نزع میں۔

**مرتے کو مارنا**۔ [ا۔محاورہ] مصیبت زدہ کو اور مصیبت میں ڈالنا۔ غریبوں کو ستانا۔

**مرتے کو ماریں شاہ مدار**۔ [ا۔مثل] غریب ہی کو ہر ایک ستاتا ہے۔

**مرتے مرتے**۔ [ا۔محاورہ] ساری زندگی۔ آخری وقت تک۔ (۲) حالت نزع میں۔

**مرتے مر گیا**۔ [ا۔محاورہ] یہاں تک نوبت پہنچی کہ مر گیا۔

**مرتیلیا**۔ (مَر۔تے۔لی۔آ) [ہ۔صف] مرتا ہوا (۲) دبلا۔ لاغر۔ بہت کمزور۔ بے حد ناتواں (۳) سست۔ کاہل۔

**مَراثی**۔ (مَر۔ثی۔اے) [اُرد - ا۔مذ] مرثیہ کی جمع۔

**مرثیہ**۔ (مَر۔ثِ۔یَہ) [ع - ا۔مذ] وہ نظم جس میں مردے کے اوصاف بیان کیے گئے ہوں (۲) وہ نظم جس میں شہدائے کربلا کے مصائب اور شہادت کا ذکر ہو (۳) رونا۔ جمع :- مراثی۔

**مرثیہ پڑھنا۔ مرثیہ خوانی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ مردے کے اوصاف بیان کر کے رونا۔

**مرثیہ خواں**۔ [ع۔ف۔صف] مرثیہ پڑھنے والا۔ وہ شخص جو مجالس عزا میں جا کر مرثیے پڑھنے کا پیشہ کرتا ہو۔

**مرثیہ خوانی**۔ [ع۔ف - ا۔مث] مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ خوانی۔

**مرثیہ خوانی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مرثیہ پڑھنا۔

**مَرَج**۔ (مَ۔رَج) [ع - ا۔مذ] خرابی۔ تباہی۔ بے چینی۔ بے آرامی۔

**مرجان**۔ (مَر۔جان) [ع - ا۔مذ] مونگا۔ چھوٹا موتی۔

**مر جانا**۔ (مَر۔جا۔نا) [ہ۔مص] انتقال کر جانا (۲) کسی دھات کا کشتہ ہو جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔ عاشق ہو جانا (۴) تباہ ہو جانا۔ سخت نقصان ہو جانا (۵) نہایت شرمندہ ہونا (۶) خواہش نہ رہنا (۷) بجھ جانا۔ فرد ہو جانا۔

**مُرَجَّح**۔ (مُ۔رَج۔جَح) [ع۔صف] ترجیح دیا گیا۔ غلبہ دیا گیا۔ افضل۔ فائق۔

**مُرَجِّح**۔ [ف۔صف] ترجیح دینے والا۔

**مُرَجَّز**۔ (مُ۔رَج۔جَز) [ع۔صف] نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات ہم وزن اور ہم قافیہ ہوں۔

**مرجع**۔ (مَر۔جَع) [ع - ا۔مذ] رجوع کرنے کی جگہ۔ لوٹنے کی جگہ۔ جائے پناہ۔ ٹھکانا (۲) وہ لفظ جس کی طرف ضمیر پھرے۔

**مرجع خلائق (عام)**۔ [ع - ا۔مذ] وہ شخص یا ٹھکانہ جہاں سب رجوع ہوں۔

**مرجوع۔ مرجوعہ**۔ (مَر۔جو۔ع۔ مَر۔جو۔عَہ) [ع۔صف] رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا۔

**مرجعیت**۔ [ع - ا۔مث] مرکزیت۔

**مُرجھانا**۔ (مُر۔جھا۔نا) [ہ۔مص] کملانا۔ پژمردہ ہونا۔ افسردہ ہونا (۲) لاغر ہونا۔ دبلا ہونا (۳) خشک ہونا۔ سوکھنا (۴) غمگین ہونا۔ اُداس ہونا۔

**مُرجھن**۔ (مُر۔جھَن) [ق۔صف] پژمردہ۔ مرجھایا ہوا۔

**مرجیا**۔ (مَر۔جیا) [ہ - ا۔مذ] وہ جو مرتے مرتے بچا ہو (۲) نہایت سست۔ مردہ دل (۳) غواص۔ غوطہ خور (۴) زندہ۔ جاوید۔

**مرجیونا**۔ (مَر۔جیو۔نا) [ہ۔صف] مرتے مرتے بچا ہوا۔ نہایت دبلا پتلا۔ ادھ موا۔ بہت ناتواں۔

**مرجیونی**۔ (مَر۔جیو۔نی) [ہ۔صف] مونث کے لیے مرجیونا کی تانیث۔

**مرچ**۔ [ہ - ا۔مث] ایک پھل جو عموماً سُرخ لیکن زرد۔ سیاہ اور سفید بھی ہوتا ہے اس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے اور ہنڈیا میں بطور مسالا کام آتا ہے (۲) نہایت تیز (۳) قیامت۔ آفت۔

**مرچیں سی لگ اٹھنا۔ مرچیں سی لگنا**۔ [ا۔محاورہ] آگ سی لگ جانا۔ آتش رشک سے جل جانا۔ پتنگے لگ جانا۔ جھنجلا جانا۔ جھلا جانا۔

**مُرچِڑا**۔ (مُر۔چِ۔ڑا) [ہ۔صف] اصل منڈ چڑا (۱) اپنا سر چیر دینے والا۔ اپنا سر پھاڑ ڈالنے والا (۲) ایک قسم کے فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں (۳) ضدی۔ ہٹیلا۔



Marfat.com

**مُرچڑاپن** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) سرزوری۔ سینہ زوری۔ مرچڑے فقیر کی سی ضد۔ ہٹیلا پن۔

**مُرچڑاپن دکھانا** ۔ (ا۔ محاورہ) منہ چڑے فقیروں کی حرکتیں کرنا۔ سینہ زوری دکھانا۔ سرزوری کرنا۔

**مرچلنا** ۔ (ہ۔ مص) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے لگنا۔

**مرچنٹ** ۔ (Merchant) (مَر۔ چِنٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) سوداگر۔ تاجر۔

**مرچنگ** ۔ (مَر۔ چنگ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک باجہ جسے منہ سے پکڑ کر انگلیوں سے بجاتے ہوں۔

**مرچیا دیو** ۔ (مَر۔ چ۔ یا۔ دیو) (ہ۔ صف) بونا اور پستہ قد دیو (۲) بہت تیز مزاج اور غصیلا آدمی۔

**مرحبا** ۔ (مَر۔ حَ۔ با) (ع) شاباش۔ آفرین۔ کیا کہنا۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔

**مرحلہ** ۔ (مَر۔ حَا۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) سفر کی جگہ۔ کوچ کی جگہ (۲) دن بھر کا سفر منزل۔ بارہ میل کی مسافت (۳) وہ جگہ جہاں سفر کے بعد مسافر قیام کریں (۴) بڑی منزل (۵) درجہ۔ مرتبہ (۶) سفر کوچ (۷) قلعے کے گرد ایک قسم کی عمارت جس پر بیٹھ کر جنگ کرتے تھے جمع :۔ مراحل۔

**مرحلہ طے کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) منزل پوری کرنا (۲) کام نپٹانا۔ معاملہ نپٹانا اہم کام کرنا۔

**مَرحَمَت** ۔ (مَر۔ حَ۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) مہربانی۔ رحم۔ کرم۔ عنایت نوازش۔ الطاف۔ جمع :۔ مراحم۔

**مرحمت فرمانا** ۔ (ا۔ مص مرکب) عنایت کرنا۔ کرم کرنا۔ مہربانی فرمانا۔

**مرحمت نامہ** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عنایت نامہ۔ نوازش نامہ۔

**مرحوم** ۔ (مَر۔ حُوم) (ع۔ صف۔ مذ) رحمت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مغفور۔ جنتی (۲) مرا ہوا۔ فوت شدہ۔ متوفی۔ جمع :۔ مرحومین۔

**مرحومہ** ۔ (مَر۔ حُو۔ مَہ) (ع۔ صف۔ مث) رحمت کی گئی۔ مغفورہ (۲) مری ہوئی فوت شدہ۔ مرحوم کی تانیث۔

**مُرَخّص** ۔ (مُ۔ رَخ۔ خَص) (ع۔ صف) رخصت کیا گیا۔ اجازت دیا گیا ادا کیا گیا۔

**مُرَخّص ہونا** ۔ (ا۔ مص مرکب) رخصت ہونا۔ چل پڑنا۔ سدھارنا۔

**مُرَخّم** ۔ (مُ۔ رَخ۔ خَم) (ع۔ صف) نرم کیا گیا (۲) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو جیسے "گوز"، مرخم ہے "گوزن" کا اور "مال" مرخم ہے "مانند" کا۔

**مَرد** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) نر۔ مذکر (۲) آدمی۔ بشر۔ شخص۔ منش (۳) خاوند شوہر۔ پتی (۴) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ سورما جمع :۔ مرداں۔ مردان۔

**مردِ آدمی** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) شریف۔ بھلا مانس۔ مہذب

**مردِ آخربیں مبارک بندہ است** ۔ (ف۔ مقولہ) عاقبت اندیش انسان بہت بہتر ہوتا ہے۔

**مَردِ آزما۔ افگن** ۔ (ف۔ صف) قوی۔ شہ زور۔

**مردِ اساس** ۔ (ف۔ صف) مرد کی طرح۔

**مرد باید کہ ہراساں نہ شود، مشکلے نیست کہ آسان نشود** ۔ (ف۔ مثل) آدمی کو ہمت نہ ہارنی چاہیے۔ ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

**مرد باید کہ گیرد اندر گوش، گر نوشت است پند بر دیوار** ۔ (ف۔ مثل) عقل مند وہ ہے جو دیوار پر لکھی ہوئی نصیحت کو بھی حاصل کرتا ہے۔

**مرد بچہ** ۔ (ف۔ صف) دلیر۔ جوانمرد۔ بہادر۔

**مرد بننا** ۔ (ا۔ محاورہ) جرأت دکھانا۔ حوصلہ دکھانا۔

**مردپن** ۔ (ا۔ مذ) مرد کی خاصیت۔ آدمیت۔ انسانیت۔

**مردِ تازہ ولایت** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) جو شخص حال ہی میں ولایت سے آیا ہو (۲) (کنایتاً) وہ شخص جو اپنے ملکی بھائیوں سے تو دور بھاگے اور غیر ملکیوں کی نقل کرے۔

**مرد چوں پیر شود حرص جواں می گردد** ۔ (ف۔ مثل) بڑھاپے میں حرص بڑھ جاتی ہے۔

**مردِ حق** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) ولی۔ عارف۔ پارسا۔

**مردِ خدا** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) خدا شناس۔ پرہیزگار (۲) شریف بزرگ کی شان میں بھی کہتے ہیں۔ خواہ وہ زاہد و مرتاض ہو یا نہ ہو (۳) حسن کلام کے لیے بھلے مانس کی جگہ اور کبھی طنز کے استعمال کرتے ہیں۔ جیسے مردِ خدا تم کیسے بزدل ہو۔

**مردِ غیب** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد چکر لگاتی ہے۔

**مردِ کار آمد** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو کسی کام کو بخوبی انجام دے۔

**مرد کی بات** ۔ (کا قول) سچی بات۔ معقول بات۔ پائیدار بات۔

**مرد کی ذات۔ مرد کی صورت** ۔ مرد کی جنس۔ نر۔ مذکر۔

**مرد کی صورت نہ دیکھنا** ۔ (ا۔ محاورہ) عورت کا مرد کے پاس نہ جانا۔ عورت کا مجرد رہنا۔

**مرد کی موت نامرد کے ہاتھ** ۔ (ا۔ محاورہ) (ا۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کم زور اور پست ہمت کسی بہادر کو مارے۔

**مرد مانس** ۔ (ا۔ مذ) مرد کی ذات۔ مرد۔ منش۔ پرس۔

**مرد مانس گھر ہی بھلے** ۔ (ا۔ مقولہ) شریف آدمی وہی ہے جو گھر ہی میں رہے۔ یعنی آوارہ اور بد چلن نہ ہو۔

**مرد مرے نام کو، نامرد مرے نان کو** ۔ (ا۔ مثل) شریف اور بہادر لوگ عزت و شہرت کی خاطر جان تک دے دیتے ہیں۔ مگر ذلیل آدمی روٹی کے لیے خوار ہوتا ہے۔

**مردِ معقول** ۔ (ا۔ مذ) بھلا مانس۔ شریف۔ مہذب۔ شائستہ۔ ذی فہم۔ سمجھدار دانا۔ زیرک۔

**مردِ میداں** ۔ (ا۔ صف) بہادر۔ جری۔ دلیر۔ سورما۔

**مرد و زن** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) مرد و عورت۔ عام لوگ۔

**مرد ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہادر ہونا۔ دلیر ہونا۔

**مُرداد** ۔ (مُر۔ داد) (ف۔ ا۔ مذ) پانچواں شمسی مہینہ جو انگریزی میں اگست اور ہندی میں بھادوں سے ملتا ہے (۲) ہر شمسی مہینہ کا ساتواں



Marfat.com

آٹھواں دن ۔

**مُردار** ۔ (مُر ۔ دار) [ف ۔ صف] اپنی موت سے مرا ہوا ۔ ناپاک ۔ نجس ۔ حرام (۳) مُردہ ۔ بے جان (۴) انتہائی حقارت کا کلمہ ۔ جو بحالت ناراضی کسی کو کہا جاتا ہے (۵) فاحشہ ۔ نالائق ۔ نابکار ۔

**مُردار پڑ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بے جان ہو جانا

**مُردار خوار** ۔ وہ جو مردہ جانوروں کو کھاتے جیسے گدھ ۔ چیل ۔ کوا وغیرہ ۔

**مُردار سنگ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک دوا کا نام جو پتھر کی مانند ہوتی ہے

**مردار مال** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] حرام مال ۔ ناجائز دولت ۔ خلاف شرع حاصل کیا ہوا مال ۔

**مردار ہڈی پر لڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حرام مال پر تکرار کرنا ۔

**مُردار ہو جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حرام ہو جانا ۔ ناجائز ہو جانا ۔ ذبح کے قابل نہ رہنا ۔

**مُرداری** ۔ (مُر ۔ دا ۔ ری) [ا ۔ ا ۔ مث] چیپ کی ۔ چل پاسہ ۔

**مردا ۔ مردی** ۔ (مَر ۔ دا ۔ مَر ۔ دی) [ا ۔ ا ۔ مث] زبردستی ۔

**مردان** ۔ (مَر ۔ دان) [ف ۔ ا ۔ مذ] مرد کی جمع ۔ پہلوان ۔ دلاور ۔ جوان ۔

**مردان خدا** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] خدا کے خاص بندے ۔ باخدا لوگ ۔ (۲) بہادر ۔

**مردان علوی** ۔ ستارے ۔

**مردانگی** ۔ (مَر ۔ دان ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] مردمی ۔ بہادری ۔ دلیری ۔ جوانمردی ۔

**مردانہ** ۔ (مَر ۔ دا ۔ نہ) [ف ۔ صف] مرد سے متعلق ۔ مرد سے نسبت رکھنے والا ۔ مرد کے مانند (۲) دلیری سے ۔ جرأت سے (۳) مکان کا وہ حصہ جہاں مرد بیٹھتے ہوں ۔

**مردانہ بھیس** ۔ [ا ۔ مذ] مردوں کا سا لباس ۔ مرد کا روپ ۔

**مردانہ جوڑا** ۔ [ا ۔ مذ] مردوں کے پہننے کا لباس ۔

**مردانہ چال** ۔ [ا ۔ مذ] مردوں کی سی رفتار ۔

**مردانہ کام** ۔ [ا ۔ مذ] ہمت اور بہادری کا کام ۔

**مردانہ مکان** ۔ [ا ۔ مذ] وہ مکان جس میں مرد رہتے ہوں ۔ مردانہ بیٹھک ۔

**مردانہ وار** ۔ [ا ۔ صف] مردوں کی طرح ۔ بہادروں کی مانند ۔ دلیرانہ ۔

**مردانہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] گھر کی عورتوں کا پردے میں چلا جانا ۔ گھر میں پردہ ہو جانا ۔

**مردانی** ۔ (مَر ۔ دا ۔ نی) [ا ۔ صف] وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنائے (۲) جرأت والی عورت ۔ بہادر خاتون ۔ مردوں کے سے کام کرنے والی عورت ۔ چالاک عورت ۔

**مردانیت** ۔ (مَر ۔ دا ۔ نی ۔ یت) [ف ۔ ا ۔ مث] بہادری ۔ دلیری ۔ جرأت ۔

**مردانے** ۔ (مَر ۔ دا ۔ نے) [ا ۔ صف] (۱) بہادر ۔ جرأت والا ۔ (۲) مردانہ کی جمع ۔

**مردانے آدمی** ۔ بہادر لوگ ۔ شجاع لوگ ۔

**مُرَدَّد** ۔ [ع ۔ صف] رد کیا گیا ۔ تردید کیا گیا ۔ واپس کیا گیا ۔

**مُرَدِّد** ۔ [ع ۔ صف] تردید کرنے والا ۔ پھیرنے والا ۔

**مَردک** ۔ (مَر ۔ دَک) [ف ۔ صف] مرد کی تصغیر ۔ حقیر آدمی ۔ ذلیل آدمی ۔

**مُردگان** ۔ (مُر ۔ دگان) [ف ۔ ا ۔ مذ] مردہ کی جمع ۔ مرے ہوئے لوگ ۔ مُردے ۔

**مردُم** ۔ (مَر ۔ دُم) [ف ۔ ا ۔ مذ] مرد ۔ انسان ۔ آدمی ۔ لوگ ۔ یہ لفظ اسم جنس ہے ۔ واحد پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جمع پر بھی ۔

**مردم آبی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] جل مانس ۔ دریائی آدمی ۔ انسانی صورت کے حیوانات جو سمندر میں رہتے ہیں ۔

**مردُم آزار** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] لوگوں کو ستانے والا ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔ موذی ۔

**مردم آمیز** ۔ [ف ۔ صف] لوگوں سے گھل مل جانے والا ۔ خلیق ۔ متواضع ۔ ملنسار ۔

**مردم چشم** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] آنکھ کی پتلی ۔

**مردم خاکی** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] انسان ۔

**مردم خوار** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] آدم خور ۔ وہ لوگ یا جانور جو آدمیوں کو کھا جاتے ہیں ۔

**مردم خیز** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] وہ مقام جہاں قابل اور بہادر لوگ پیدا ہوں ۔

**مردم دیدہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] آنکھ کی پتلی ۔

**مردم شماری** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] آدمیوں کی گنتی ۔

**مردم شناس** ۔ [ف ۔ صف] وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت اور قابلیت کو جانچ لے ۔

**مردم شناسی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] اچھے برے آدمیوں کو پہچاننے کا وصف ۔

**مردم قالی ۔ مردم قالین** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] انسان کی شکل جو قالین پر بنی ہوتی ہے (۲) بے مصرف آدمی ۔

**مردم کش** ۔ [ف ۔ صف] انسان کو قتل کرنے والا ۔

**مردم کشی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] انسان کو ہلاک کرنا ۔

**مردم گیا ۔ مردم گیاہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی چینی گھاس جس کی جڑ انسان کی شکل کی سی ہوتی ہے ۔ اس کے پتے آفتاب کے مقابل رہتے ہیں مشہور ہے کہ اس کا اکھاڑنے والا فوراً مر جاتا ہے (۲) تزک جہانگیری میں یہ معنی حنظل آیا ہے ۔

**مردم ماہی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ انسان جیسا ہوتا ہے ۔

**مردُمک** ۔ (مَر ۔ دُ ۔ مک) [ف ۔ ا ۔ مث] آنکھ کی پتلی ۔

**مردُمی** ۔ (مَر ۔ دُ ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مث] بہادری ۔ شجاعت ۔ دلیری (۲) انسانیت مروت ۔ خلق ۔ رعایت ۔

**مِرْدَنگ** ۔ (مِر ۔ دَنگ) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی ڈھولک جو طبلہ کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے (۲) شیشے کا فانوس جسے شمع روشن کر کے اس کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے ۔

**مِردنگی** ۔ (مِر ۔ دَن ۔ گی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مردنگ بجانے والا ۔

**مُردنی** ۔ (مُر ۔ دَ ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] موت کے آثار ۔ علامت مرگ ۔ جو چہرہ پر خون خشک ہونے سے پائی جاتی ہے (۲) مرنا (۳) قضا ۔ موت ۔

**مُردنی پھرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] موت کے آثار ظاہر ہونا ۔ چہرہ کا رنگ زرد



Marfat.com

پڑ جانا۔

**مردنی چھا جانا**۔ [امحاورہ] چہرے پر موت کے آثار ظاہر ہونا۔

**مردنی میں جانا**۔ [ا۔ محاورہ] مُردہ کی تجہیز و تکفین میں شریک ہونا۔

**مرُدوا**۔ (مَر۔دُ۔وا) [ہ۔ا۔مذ] مرد کی تصغیر۔ مردک (۲) غیر شخص۔ مرد بیگانہ۔

**مرُدود**۔ (مَر۔دُود) [ع۔صف] رَد کیا گیا۔ راندہ ہوا۔ بے حرمت کیا گیا۔ ملعون نابکار (۲) نالائق۔ بدنصیب۔ نکما۔

**مرُدود درگاہ خُداوندی**۔ خدا کی درگاہ سے راندہ ہوا۔ شیطان۔ ابلیس۔

**مرُدود الشہادۃ**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس کی گواہی ناقابلِ قبول ہو۔

**مرُدود ہو جانا**۔ [ا۔ محاورہ] باہر کیا جانا۔ ملعون۔

**مَردے از غیب بروں آید و کارے بکند**۔ [ف۔مثل] جب کوئی کام ہونے والا ہوتا ہے تو غیب سے اس کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔

**مُردہ**۔ (مُر۔دہ) [ف۔صف] بے جان۔ بے روح۔ مرا ہوا۔ فوت شدہ متوفی (۲) (مجازاً) کمزور۔ ناتواں۔ نحیف۔ لاغر۔ دُبلا (۳) بہت بوڑھا۔ نہایت عمر رسیدہ (۴) مرجھایا ہوا۔ افسردہ (۵) لاش۔ میت۔ جنازہ۔

**مُردہ اٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] تجہیز و تکفین کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ میّت کی رسمیں ادا کرنا۔

**مُردہ اُٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] جنازہ اُٹھنا۔

**مُردہ باد**۔ [ف۔ نعرہ] مر جائے۔ تباہ ہو جائے۔

**مردہ بن جانا**۔ [امحاورہ] بے جان ہو جانا۔ بہت کمزور ہو جانا۔

**مردہ بہ دست زندہ**۔ [ا۔ مثل] مُردہ زندہ کے ہاتھ میں۔ جب آدمی مر گیا تو زندہ جو چاہے اس کا حال کرے۔ وہ بے اختیار ہوتا ہے۔ بے کس اور بے بس کے حق میں یہ بولتے ہیں۔

**مردہ بھاری ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] میت کا بوجھل ہونا۔ لاشہ کا وزنی ہونا۔ عوام میں مشہور ہے کہ جو نہایت گنہگار مرتا ہے۔ اس کی لاش وزنی ہو جاتی ہے۔ اس وجہ سے بہت گنہگار کے مرنے پر اطلاق ہونے لگا۔

**مردہ پسند (پرست)**۔ [ف۔صف] مرنے کے بعد قدر کرنے والا۔

**مردہ جلانا**۔ [ا۔ مص مرکب] میت کو پھونکنا۔ میت کو داغ دینا۔ ہندوؤں کی رسم جو کہ لاش کو جلاتے ہیں۔

**مُردہ خراب ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] میّت کی مٹی پلید ہونا۔ مُردہ کا رُسوا ہونا۔

**مُردہ خوار**۔ [ف۔صف] مردہ کھانے والا (۲) غیبت کرنے والا۔

**مُردہ دل**۔ [ف۔صف] اُداس۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ دلگیر۔ مغموم (۲) سست کاہل (۳) کم ہمت (۴) بے ذوق۔

**مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام**۔ [ا۔ مثل] خود غرض کو اپنے مطلب سے کام خواہ کوئی مرے یا جیئے۔

**مردہ دیکھنا**۔ [امحاورہ] سخت قسم۔ مرا ہوا دیکھنا۔ جنازہ دیکھنا جیسے بہلا مردہ دیکھو جو آج جائے۔

**مردہ سا پڑا رہنا**۔ [ا۔ محاورہ] سست پڑا رہنا۔

**مُردہ سنگ**۔ دیکھیے مردار سنگ۔

**مُردہ شو**۔ [ف۔ا۔مذ] مردہ نہلانے والا۔ میت کو غسل دینے والا۔ غسّال۔

**مُردہ شو کے حوالے**۔ [ا۔ بددعا] مر جائے۔ موت آ جائے۔

**مردہ شو لے جائے**۔ [ا۔ بددعا] میت نہلانے والا اٹھا لے جائے غسال کے سپرد ہو۔ دنیا سے رخصت ہو جائے۔

**مُردہ کر دینا (کر ڈالنا)**۔ [ا۔ محاورہ] مرنے کے قریب پہنچا دینا۔ بہت کمزور کر دینا (۲) مار ڈالنا۔ ذبح کر دینا۔

**مُردے سے بدتر**۔ [ا۔صف] بہت کمزور یا ضعیف۔

**مُردوں سے شرط باندھ کر سونا**۔ [ا۔ محاورہ] غیر معمولی دیر تک سونا۔ بہت غافل رہنا۔

**مُردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] مرے ہوئے لوگوں کی باتیں نکالنا (۲) مُردوں کو بُرائی کے ساتھ یاد کرنا۔ اساتذہ سلف کے کلام پر نکتہ چینی کرنا (۳) اگلے لوگوں کی پیروی کرنا۔ پرانے مضامین باندھنا۔

**مُردوں کی ہڈیاں بچوڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] بزرگوں کے کارنامے معلوم مختصر کرنا۔

**مُردے پر تین دن بھاری**۔ [ا۔ مثل] مرنے کے بعد پہلے تین دن بہت سخت ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ تین دن تک مُردے سے حساب و کتاب ہوتا رہتا ہے۔

**مُردے جلانا**۔ [ا۔ محاورہ] مُردے زندہ کرنا۔

**مُردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من**۔ [ا۔ مثل] جب مصیبت ہی ہے تو جیسی تھوڑی ویسی بہت۔

**مُردے سے بدتر**۔ [ا۔صف] بہت ضعیف اور کمزور۔

**مُردے کا مال**۔ [ا۔ مذ] (۱) مال متروکہ (۲) لاوارث مال (۳) بہت سستا مال۔

**مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں اور روزی کو کھڑے ہو کر**۔ [ا۔ مثل] روزی کا غم مُردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

**مُردے کی نیند سونا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت غافل ہو کر سونا۔

**مردوے**۔ مردوا کی جمع۔ بہت سے مُردے۔

**مردہا**۔ (مَر۔دَ۔ہا) [ف۔ا۔مذ] گاؤں کا حاکم۔ چوبیس محل کا سردار۔ قاصد کا افسر۔ افغانوں کا ایک قبیلہ۔ میروہ بھی کہلاتے ہیں۔

**مردی**۔ (مَر۔دی) [ف۔ا۔مث] مردانگی۔ بہادری (۲) آدمیت۔ انسانیت (۳) قوت باہ۔ رجولیت۔

**مَر رہنا**۔ (مَر۔رَہ۔نا) [ہ۔مص] مر جانا۔ موت آ جانا (۲) مجازاً کام میں دیر لگانا۔ جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا (۳) بے خبر ہونا۔ سو رہنا۔



Marfat.com

**مرز**۔ (ف۔ا۔مذ) زمین۔ قابل کاشت زمین (۲) حد۔ سرحد۔
**مرزبان**۔ (ف۔ا۔مذ) زمین دار۔ حاکم زمین (۲) سرحد کا افسر۔ سرحدی صوبہ کا گورنر (۳) صوبے دار حاکم (۴) شاہ۔ شہزادہ۔ آتش پرستوں کا سردار۔ جمع۔ مرزبانان۔
**مرزبوم**۔ (ف۔ا۔مث) پیدائش کی جگہ (۲) ملک کی حدود۔ (۳) مملکت۔ سلطنت۔
**مِرزا**۔ (مِر۔زا) (ف۔ا۔مذ) میرزا کا مخفف (۱) امیرزادہ۔ شہزادہ (۲) مغلوں کا لقب۔ مغل زادہ (۳) خاندان مغلیہ کے شہزادوں کا لقب۔
**مرزا پھویا**۔ (ا۔صف) نہایت نازک اندام آدمی۔ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔ آرام طلب۔ تن آسان آدمی۔
**مرزا چھیلا**۔ (ا۔صف) چھیل چھبیلا۔ رنگیلا۔ سجیلا۔
**مرزا منشی**۔ (ف۔ا۔مث) نازک طبعی۔ نازک مزاجی۔
**مرزا ہیلن**۔ (ا۔صف) کمال نازک بدن۔ دُبلا۔ پتلا۔
**مِرزائی**۔ (مِر۔زا۔ای) (ف۔ا۔مث) شہزادگی (۲) حکومت کی بُو۔ تکبر غرور (۳) حکومت۔ سرداری (۴) صدری۔ کمری۔ واسکٹ۔ نیم آستین (۵) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔
**مرزائی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
**مرزائی کی بُو**۔ (ا۔مث) حکومت کا نشہ۔ سلطنت کا گھمنڈ۔
**مرزائیت**۔ (مِر۔زا۔ای۔یت) (اُ۔صف) احمدیت۔ مرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا فرقہ۔

**مَرزوق**۔ (مَر۔زو۔ق) (ع۔صف) رزق دیا گیا۔
**مِرزئی**۔ (مِر۔ز۔ای) (ف۔ا۔مث) مرزائی کا مخفف۔ پوری یا آدھی آستین کی کمری۔
**مُرسَل**۔ (مُر۔سَل) (ع۔ا۔مذ) ارسال کیا گیا۔ بھیجا ہوا۔ رسُول۔ پیغمبر۔ نبی۔ جمع۔ مرسلین (۲) حدیث کی ایک قسم۔
**مُرسَل الیہ**۔ (ع۔ا۔مذ) جس کی طرف بھیجا جائے۔
**مُرسِل**۔ (مُر۔سِل) (ع۔ا۔مذ) ارسال کرنیوالا۔ بھیجنے والا۔ خط بھیجنے والا۔
**مُرسَلہ**۔ (مُر۔سَ۔لَہ) (ع۔صف) بھیجا ہوا۔ فرستادہ۔ ارسال کیا ہوا (۲) گلے کا ہار۔
**مُرسلہ بند**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) ہار کا کنٹھا۔
**مُرسَلین**۔ (مُر۔سَ۔لین) (ع۔ا۔مذ) مرسل کی جمع۔ بہت سے رسول بہت سے پیغمبر۔
**مَرسُوب**۔ (ع۔صف) تلچھٹ۔ تہ میں بیٹھا ہوا۔
**مَرسُوم**۔ (مَر۔سُو۔م) (ع۔صف) رسم ڈالا گیا۔ قاعدہ باندھا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳) تنخواہ۔ وظیفہ۔ مشاہرہ۔
**مُرشِد**۔ (مُر۔شِد) (ع۔ا۔مذ) ہدایت کرنے والا۔ سیدھی راہ بتلانے والا۔ رہ نما۔ ہادی۔ پیر (۲) اُستاد۔ چالاک۔ عیار۔ ہوشیار۔ شریر۔ فریبی دغا باز۔ پاکھنڈی۔ گرو گھنٹال۔

**مُرشد زادہ**۔ (ف۔ا۔مذ) پیر کا بیٹا (۲) بادشاہ کا رشتہ دار۔
**مُرشدی**۔ (مُر۔شِ۔دی) (ع۔ا۔مذ) پیر ہونے کا پیشہ (۲) راہ راست دکھانا۔ ہدایت کرنا (۳) میرا پیر۔
**مَرصَد**۔ (ع۔ا۔مث) امید گاہ۔ گھات (۲) رصد گاہ۔
**مُرصّع**۔ (مُ۔رَص۔صَع) (ع۔صف) جڑاؤ۔ موتی یا جواہرات جڑا ہوا۔ (۲) آراستہ (۳) وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے مقابلہ میں دوسرا لفظ اسی مضمون یا قافیے کا ہو (۴) خوش بیانی سے آراستہ۔
**مرصّع رقم**۔ (ع۔ف۔صف) نہایت خوبصورت لکھنے والا۔ نہایت خوشنما لکھنے والے کاتب کی تعریف۔
**مرصّع زبان**۔ (ع۔ف۔صف) نہایت خوش بیان۔
**مرصّع ساز۔ مرصّع کار**۔ (ع۔ف۔صف) نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔ جڑیا۔
**مُرصّع سازی۔ مُرصّع کاری**۔ جڑنے کا کام۔ جڑت۔
**مرصّع نگار**۔ (ع۔ف۔صف) بہت خوش قلم۔ نہایت خوشخط لکھنے والا۔
**مَرصُوص**۔ (مَر۔صُو۔ص) (ع۔صف) بہت مضبوط کیا ہوا۔ رانگ پلایا ہوا۔ سیسہ پلایا ہوا۔
**مَرصُوصہ**۔ (مَر۔صُو۔صَہ) (ع۔صف) بہت مضبوط کی ہوئی۔ نہایت پکی ہوئی۔ مرصوص کی تانیث۔
**مَرَض**۔ (مَ۔رَض) (ع۔ا۔مذ) بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ آزار (۲) لت۔ عادت (جمع) (ا۔امراض۔
**مرض اُٹھ کھڑا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بیماری پیدا ہونا۔
**مرض اصلی**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مرض جو خود پیدا ہو۔ اور کسی دوسرے مرض کا تابع نہ ہو۔
**مرض الموت**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مرض جس میں مبتلا ہو کر آدمی مرجائے۔
**مرض بگڑنا**۔ (ا۔محاورہ) بیماری کا خراب صورت اختیار کرلینا۔ مرض کا خطرناک حالت میں داخل ہونا۔ بیماری بڑھ جانا۔
**مرض حاد**۔ (ع۔ا۔مذ) شدید بیماری۔
**مرض خانہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بیماری کا گھر (۲) بیماروں کے رہنے کا مکان۔
**مرض عارض ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بیماری پیچھے لگ جانا۔ مرض لاحق ہونا۔
**مرض کا طوطا پالنا**۔ (ا۔محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔
**مرض کی دوا ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی مصرف کا ہونا۔ کسی کام کا ہونا۔
**مرض لاحق ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بیماری ہونا
**مرض لاحقہ**۔ (ع۔ا۔مذ) موجودہ بیماری۔
**مرض لادوا**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ بیماری جس کا علاج نہ ہو (مجازاً) عشق کو بھی کہتے ہیں۔
**مرض متعدی**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگے۔
**مرض مُزمن**۔ (ع۔ا۔مذ) پُرانی بیماری۔
**مرض مقامی**۔ (ع۔ا۔مذ) وہ بیماری جو کسی خاص مقام سے مخصوص ہو۔



Marfat.com

**مَرَضِ مُہلک** ۔ (ع ۔ امذ) ہلاک کرنے والا مرض ۔ وہ بیماری جس میں جان کا اندیشہ ہو۔
**مَرَضا ۔ مَرضیٰ** ۔ (مَر۔ ضا) (ع ۔ ا ۔ مذ) مریض کی جمع ۔ بہت سے بیمار ۔
**مُرضِعَہ** ۔ (مُر ۔ ضِ ۔ عہ) (ع ۔ صف) بچے کو دودھ پلانے والی عورت دائی ۔ انا ۔
**مَرضی** ۔ (مَر۔ ضی) (ع ۔ ا ۔ مث) پسندیدگی ۔ پسند رہنا ۔ خوشنودی ۔ اقرار منظوری ۔ (۲) اجازت (۳) خواہش ۔
**مرضی پٹنا (ملنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) اتفاق رائے ہونا ۔ دل ملنا ۔ باہم رضامند ہونا ۔

**مرضی ملے کا سودا ہے** رضامندی کا معاملہ ہے رضامندی پر موقوف ہے ۔
**مرضی ملے کا سودا ہے** ۔ (ا ۔ مذ) رضامندی کا معاملہ ہے ۔ رضامندی پر موقوف ہے ۔
**مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ** ۔ (ف ۔ مقولہ) مالک کی رضا سب سے بہتر ہے ۔ ہر امر میں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیے ۔ کنایہ ہے انسان کی بے لبسی سے ۔
**مرضی میں آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پسند ہونا ۔ رائے میں آنا ۔ رائے کے موافق ہونا ۔
**مَرضیات** ۔ (مَر ۔ضی ۔ یات) (ع ۔ ا ۔ مث) مرضی کی جمع ۔ پسندیدہ چیزیں ۔
**مَرطُوب** ۔ (ع ۔ صف) تر ۔ گیلا ۔ بھیگا ہوا ۔ سیلا ۔
**مَرطُوبِیَّت** ۔ (مَر۔ طو ۔ بی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) تری ۔ (Humidity)
**مَرعُوب** ۔ (مَر ۔ عو ۔ ب) (ع ۔ صف) رُعب میں آیا ہوا ۔ ڈرا ہوا ڈرنے والا
**مُرعیٰ** ۔ (مُر ۔ عی) (ع ۔ صف) رعایت کیا گیا ۔ لحاظ کیا گیا ۔ نافذ کیا گیا ۔ حکومت کیا گیا ۔
**مَرغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہری گھاس ۔ سبزہ ۔
**مَرغ زار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) سبزہ زار ۔ گیاہستان ۔
**مُرغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پرند ۔ اُڑنے والا جانور ۔ مرغا ۔ خروس ۔ جمع ۔ مرغان
**مُرغِ آتش بار (زن)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی آتش بازی ۔
**مُرغِ آتش خوار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) چکور ۔ کبک ۔
**مُرغِ بادنما** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ٹین کا بنا ہوا وہ مرغ جو ہوا کا رخ بتاتا ہے ۔
**مُرغ باز** ۔ (ف ۔ صف) مرغ پالنے اور لڑانے والا ۔
**مُرغ بازی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مرغ لڑانا ۔
**مُرغِ بام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بلبل (۲) فاختہ ۔ قمری ۔
**مُرغِ بسم اللہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جسے مرغ کی صورت میں لکھا جائے ۔
**مُرغِ چمن (خوش الحان)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بلبل ۔ عندلیب ۔ وہ پرندہ جس کی آواز سُریلی ہو ۔
**مُرغِ چمن زاد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پرند جو باغ میں پیدا ہو ۔
**مرغِ حق گو (زیرک ۔ شب آویز)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک پرند جو رات کو اُلٹا لٹک کر حق حق کی سی آواز نکالتا رہتا ہے ۔

**مُرغِ خانگی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گھر کا پلا ہوا مرغ ۔ پالتو مرغ ۔
**مُرغِ خیال** ۔ (ف ۔ صف) خیال کا مرغ ۔ خیال کو پرواز کے باعث مرغ سے تشبیہ دیتے ہیں ۔
**مُرغِ دست آموز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہاتھ پر پلایا ہوا پرند ۔ وہ سدھایا ہوا پرند جو چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھے ۔
**مُرغِ دل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) حرکت کرنے کی وجہ سے دل کا مرغ سے استعارہ کرتے ہیں ۔
**مرغِ دیبا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ریشم کے دھاگے سے کپڑے پر مرغ کی بنی ہوئی تصویر ۔
**مرغِ زرّیں (زرّین تاج)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) تیتر اور مور سے ملتا ہوا مرغی کے برابر سبز رنگ کا ایک پرند جس کے چمکدار پر اور سر پر کلغی ہوتی ہے ۔ ایک قسم کا جنگلی مرغ ۔
**مُرغِ سحر (صبح)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مرغ جو صبح کے وقت اذان دیتا ہے (۲) صبح کو چہچہانے والے پرندے ۔
**مرغِ سدرہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بیری پر رہنے والا پرندہ ۔ مراد حضرت جبرئیلؑ ۔ مسلمانوں کے عقیدے میں آسمان پر ایک بیری کا درخت ہے جو کہ حضرت جبرئیلؑ کا مقام ہے ۔ اُس کے آگے کسی کی رسائی ممکن نہیں ۔
**مرغِ سلیمان** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) حضرت سلیمانؑ کا پرند ۔ ہُدہُد جو کہ حضرت سلیمانؑ کا خط لے کر بلقیس ملکہ سبا کے پاس گیا تھا ۔
**مُرغِ شاد (شاہانہ)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہُدہُد ۔ اس کی کلغی کے دندانے کنگھی کی طرح ہوتے ہیں ۔
**مُرغِ شب آہنگ ۔ مرغِ شب خیز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) رات کو گانے والا پرند ۔ بلبل ۔ مرغا ۔
**مُرغِ عیسیٰ (مسیحا)** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پرند جسے حضرت عیسیٰؑ نے مٹی کا بنا کر دم پھونکا تھا ۔
**مرغِ قبلہ نما** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) آلہ قبلہ نما کے اندر وہ پُرزہ جو سمت قبلہ بتاتا ہے ۔ قبلہ نما کی سوئی ۔
**مرغ کی ایک ہی ٹانگ ۔ مرغے کی ایک ہی ٹانگ** ۔ (ا ۔ مثل) اپنی بات کی رٹ ۔ اپنے جھوٹے قول کی ٹیک ۔ بے جا بات کی اڑ ۔
**مُرغِ مجنوں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پرند جس نے مجنوں کے سر پر گھونسلا بنایا تھا ۔
**مرغِ مصلّیٰ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) جو شخص ظاہر میں نمازی اور باطن میں مکار ہو ۔
**مُرغِ نامہ آور** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہُدہُد (۲) خط لانے والا کبوتر (۳) قاصد ۔ پیک ۔
**مُرغِ نامہ بر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ کبوتر جس کے گلے میں چٹھی باندھ کر بھیجیں ۔
**مُرغِ نو گرفتار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پرند جو نیا نیا پکڑا گیا ہو ۔
**مرغِ ہمایوں فال** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مبارک شگون والا طائر ۔ ہما ۔



Marfat.com

**مرغوں کی پالی**۔ [ا۔ مث] (۱) مرغوں کی لڑائی (۲) وہ جگہ جہاں مُرغے لڑائے جائیں۔
**مرغوں کی پالی بندھنا**۔ [ا۔ محاورہ] مرغوں کی اکھاڑا جمنا۔ مرغوں کی لڑائی ہونا۔
**مرغوں کی سی لڑائی ہے**۔ [ا۔ محاورہ] بے لاگ ہے۔ کوئی مطلب نہیں۔
**مُرغوں کے خواب میں دانا ہی دانا**۔ [ا۔ مثل] انسان ہر وقت اپنے مطلب ہی کی بات سوچتا ہے۔ جیسا خیال ہوتا ہے ویسے ہی خواب نظر آتے ہیں۔
**مُرغا**۔ (مُر۔ غا) [ف۔ ا۔ مذ] مرغی کا نر۔ خروس۔
**مُرغا بنانا**۔ [ا۔ محاورہ] ٹانگوں کے نیچے سے ہاتھ نکال کر کان پکڑنے پر مجبور کرنا۔
**مُرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی۔ مرغا بانگ نہ دے گا تو کیا صُبح نہ ہوگی**۔ [ا۔ مثل] کوئی کام کسی کی ذات خاص پر موقوف نہیں رہتا۔ رہتی دنیا تک کام ہوتے ہی رہیں گے۔
**مُرغا ہضم بکری پر دَم**۔ [ا۔ مثل] چھوٹی چیز لیکر بڑی پر نظر رکھنا۔
**مُرغابی**۔ (مُر۔ غا۔ بی) [ف۔ ا۔ مث] ایک آبی پرندہ۔
**مُرغاں**۔ (مُر۔ غاں) [ف۔ ا۔ مذ] مرغ کی جمع۔ پرندے۔
**مُرغانِ اولیٰ لاجنحہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] بازو رکھنے والے پرند۔ کنایہ ہے فرشتوں سے۔
**مُرغّن**۔ (مُ۔ رَغ۔ غن) [ف۔ صف] بہت سا گھی پڑا ہوا۔ خوب روغن دار۔
**مَرغوب**۔ (مَر۔ غو۔ ب) [ع۔ صف] رُغبت کیا گیا۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ قابل رُغبت۔ من بھاتا (۲) دل کش۔ دل رُبا۔ محبوب۔ پیارا (۳) خوبصورت۔ مزیدار۔ لذیذ۔
**مرغوب آنا**۔ [ا۔ محاورہ] پسند آنا۔ من کو بھانا۔
**مرغوب الطبع**۔ [ع۔ صف] دل کو پسند آنے والا۔ جو جی کو بھاتے۔
**مرغوبات**۔ (مَر۔ غو۔ بات) [ع۔ ا۔ مث] مرغوب کی جمع۔ دل پسند چیزیں۔
**مُرغول۔ مُرغولہ**۔ (مُر۔ غول) (مُر۔ غو۔ لہ) [ت۔ صف] پیچ دار۔ پیچیدہ۔ خمدار۔ ٹیڑھا۔ گھنگھریالا۔ بل کھائے ہوئے۔ مُڑا ہوا (۲) گُنڈی دار یا کنگورے دار محراب (۳) مُدوّر بنا ہوا کھم (۴) پیچیدہ آواز۔ گٹکری۔
**مُرغولنا**۔ [ا۔ ق۔ مص] چہچہانا۔
**مرغولی**۔ [ا۔ ق] خوشی (۲) پرندوں کا چہچہانا۔
**مُرغی**۔ (مُر۔ غی) [ف۔ ا۔ مث] مرغے کی مادہ۔ ماکیاں۔
**مرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو سواد (مزہ) نہ آیا**۔ [ا۔ مثل] ایک شخص نے دوسرے کے لیے بے حد کوشش کی۔ مگر دوسرے نے کوئی قدر نہ کی۔
**مرغی انڈے کی بحث**۔ [ا۔ مث] بے نتیجہ بحث۔ بے کار حُجت۔
**مرغی بٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] مرغی کو انڈوں پر سینے کے لیے بٹھانا۔
**مرغی کا**۔ [ا۔ مثل] بطور گالی بولتے ہیں یعنی مرغی کا جنا ہوا۔

**مُرغی کا گوہ**۔ [ا۔ مذ] ناکارہ شئے۔ نکمّی چیز۔
**مرغی کو تکلے کا (گھاؤ) داغ بہت ہے**۔ [ا۔ مثل] غریب کو تھوڑا نقصان بھی بہت ہے۔
**مُرغی کی اذان، بانگ**۔ [ا۔ مث] وہ اذان جو خلاف فطرت مرغی دے بیٹھتی ہے۔ لوگ اسے منحوس خیال کر کے مرغی کو ذبح کر ڈالتے ہیں۔
**مُرغی کی بانگ کون سُنتا ہے**۔ [ا۔ مثل] عورت کی بات کا کیا اعتبار۔
**مرغی میسر**۔ [ا۔ مذ] (مضافاتی) مرغیوں کا سوداگر۔ مرغیاں پالنے والا۔
**مرغی نجا ؤنی کا**۔ [ا۔ مذ] بطور دشنام کے استعمال کرتے ہیں جیسے پاجا۔
**مرغی والا**۔ [ا۔ مذ] (گالی ہے) مُرغی کا جنا (۲) وہ شخص جو مُرغیاں بیچتا ہے۔
**مَرفوع**۔ (مَر۔ فُو۔ ع) [ع۔ صف] (۱) رفع کیا گیا۔ اُٹھایا گیا۔ بلند کیا گیا (۲) علم صرف میں وہ حرف جس پر پیش ہو (۳) [ا۔ مث] وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے۔
**مرفوع القلم**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ جس کا جُرم قابل بازپُرس نہ ہو۔ معذور دیوانہ یا مخبوط الحواس۔
**مُرفّہ**۔ (مُ۔ رَف۔ فہ) [ع۔ صف] آسودہ۔ خوش حال۔ پیٹ بھرا ہوا۔ فارغ البال۔
**مُرفّہ الحال**۔ [ع۔ صف] خوش حال۔ آسُودہ۔
**مَرقَد**۔ (مَر۔ قَد) [ع۔ ا۔ مذ] سونے کی جگہ۔ آرام گاہ۔ خوابگاہ (۲) تُربت۔ قبر۔ گور۔ مزار۔
**مُرقّع**۔ (مُ۔ رَق۔ قع) [ع۔ ا۔ مذ] مرمّت شدہ۔ جس میں پیوند لگے ہوں۔ فقیروں کی گدڑی (۲) تصویروں کی کتاب۔ البم۔ (۳) قطعات رکھنے کی کتاب۔
**مُرقّع اُتروانا**۔ [ا۔ محاورہ] تصویر کھنچوانا۔
**مرقع بن جانا**۔ [ا۔ محاورہ] حیران ہو جانا۔ تصویر بن جانا۔
**مُرقّع درہم و برہم ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] جو لوگ ایک جگہ جمع ہوں اُن کا پریشان ہو جانا۔ صحبت یا جلسے کا منتشر ہونا۔
**مُرقّع کھینچنا**۔ [ا۔ محاورہ] تصویر کھینچنا۔
**مرقوم**۔ (مَر۔ قُوم) [ع۔ صف] لکھا ہوا۔ لکھا گیا۔
**مرقوم الحاشیہ**۔ [ع۔ صف] (قانون) حاشیہ پر لکھا ہوا۔
**مرقوم الذیل**۔ [ع۔ صف] نیچے لکھا ہوا۔
**مرقومہ**۔ (مَر۔ قُو۔ مہ) [ع۔ صف] لکھا ہوا۔ لکھی ہوئی۔
**مرقومہ بالا**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ صف] اُوپر لکھی ہوئی۔
**مُرکانا**۔ (مُر۔ کا۔ نا) [ا۔ مص] مروڑنا۔ موڑنا۔ بل دینا۔
**مَرکَب**۔ (مَر۔ کَب) [ع۔ ا۔ مذ] وہ شئے جس پر سوار ہوں۔ سواری (جمع) مراکب۔
**مرکب تازی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] عربی گھوڑا۔
**مرکب چوبیں**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] کنایۃً تابوت۔
**مُرکّب**۔ (مُ۔ رَک۔ کَب) [ع۔ صف] ترکیب دیا ہوا۔ ملا ہوا۔ مخلوط (۲) دوات کی سیاہی (جمع) مرکبات۔



Marfat.com

**مُرکّب کرنا** ۔ (ا۔ مص مرکب) کئی چیزوں کو ملانا۔
**مُرکّبات** ۔ (مُ۔رَک۔ کَ۔ بات) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مرکب کی جمع۔
**مُرکّباتِ ناقصہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ مرکب کلام جس سے سُننے والے کو پورا فائدہ نہ ہو وہ ہمیشہ جملے کا جزو ہوتا ہے۔ گرامر میں اس کی تقریباً تیرہ قسمیں ہیں۔
**مَر کر (کے)** ۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) مشکل تمام۔ نہایت دشواری سے (۲) مرنے کے قریب پہنچ کر۔
**مر کر بچنا (مر کے بچنا)** ۔ (ا۔ محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچ جانا۔ دوبارہ زندگی پانا۔
**مر کر چھوٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) جان دے کر خلاصی پانا۔ موت کے بعد چھٹکارا پانا۔
**مَرکَز** ۔ (مَر۔ کَز) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کسی چیز کے کھڑے کرنے کی جگہ۔ نوک دار چیز (۲) کسی چیز کا درمیانی حصہ۔ عین وسط۔ درمیان۔ قلب (۳) دائرے کے بیچ کا وہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک جتنے خط کھینچے جائیں سب آپس میں برابر ہوں (۴) وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے (۵) دَورہ کرنے کی جگہ۔ مدار دھری۔ کیلی۔ وہ شے جس کے گرد کوئی چیز گھومے۔ جمع۔ مراکز۔
**مرکزِ ثِقل** ۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) کسی جسم کا وہ نقطہ کہ جب اُس جسم کو کسی نوک دار چیز پر ٹھہرایا جائے تو اُس کے سارے اجزا ملے رہیں اور جسم گرے نہیں۔
**مرکزِ چرخ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) آسمان کا مرکز۔ زمین۔ قدیم لوگوں کا خیال تھا کہ تمام عالم کا مرکز زمین ہے اور آسمان زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔
**مرکزِ خاک** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کرہ ارض کا مرکز۔ زمین کے بیچوں بیچ۔
**مرکزِ خورشید** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) سورج کا مرکز۔ چوتھا آسمان (۲) دنیا۔ قدیم لوگوں کا خیال تھا کہ سُورج زمین کے گرد چکر لگاتا ہے۔
**مرکزِ دولت** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دارُالسلطنت۔ پایہ تخت راجدھانی۔
**مرکزِ زمین** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) زمین کا وسطی نقطہ۔ مدارِ اضی۔ دُنیا کی کیلی دنیا کی دُھری۔
**مَرکَزَہ** (Nucleus) (مَر۔ کَ۔ زَہ) (اُ۔ ا۔ مذ) مرکزی شعبہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں۔
**مُرکنا** ۔ (مُ۔ رَک۔ نا) (ا۔ مص) بل کھانا۔ مُڑنا۔ موچ آنا۔ ٹوٹنا۔
**مَرکَنٹائل** ۔ (Mercantile) (مَر۔ کَن۔ ٹائل) (انگ۔ صف) تجارتی تاجرانہ کاروبار کے متعلق۔
**مَرکُوز** ۔ (مَر۔ کُو۔ ز) (ع۔ صف) گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا (۲) مجازاً منظور کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ دل نشین (۳) ایک نقطہ پر جمع کیا گیا۔
**مرکوزِ خاطر** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دل میں بیٹھا ہوا۔ دل نشین۔ دل میں جما ہوا۔
**مرکوز کرنا** ۔ (ا۔ مص مرکب) ایک نقطہ پر جمع کرنا۔
**مرکھپنا** ۔ (ا۔ مص) مر کر خاک میں مل جانا۔ مر کر تمام ہو جانا۔ بہت زیادہ کوشش کرنا۔

**مَرکَھنا** ۔ (مَر۔ کَھ۔ نا) (ا۔ صف) وہ جانور جسے سینگ مارنے کی عادت ہو۔
**مُرکی** ۔ (مُر۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) کان کا ایک زیور۔ چھوٹی سی بالی۔
**مَر کے** ۔ (ا۔ تابع فعل) فوت ہو کر۔ دنیا سے گزر کر۔
**مَرگ** ۔ (ف۔ ا۔ مث) موت۔ اجل۔
**مرگِ آسان** ۔ (ف۔ مث) وہ موت جو آسانی سے آجائے۔ جلدی سے دم نکل جائے۔
**مرگِ اتفاقی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) وہ موت جو اچانک آجائے۔ ناگہانی موت۔
**مرگِ انبوہ جشنے دارد** ۔ (ف۔ مثل) عام مصیبت ایک قسم کا جلسہ و جشن بن جاتی ہے۔ عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔ دوسروں کی مصیبت دیکھ کر اپنا رنج کم ہو جاتا ہے۔
**مرگِ پیچ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) پگڑی کا ایک خاص قسم کا پیچ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اُس پیچ کا باندھنے والا مرنے پر تیار ہے۔
**مرگِ تازہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذ) نیا حادثہ (مجازاً) نیا عشق۔
**مرگِ جوانانہ** ۔ (ف۔ ا۔ مث) جوانی کی موت۔
**مرگِ طبعی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) قدرتی موت۔ اپنی موت۔ وہ موت جو پوری عمر پر پہنچ کر آئے۔
**مرگِ مفاجات۔ مرگِ ناگہانی** ۔ (ف۔ ا۔ مث) اتفاقی موت۔
**مرگِ نو** ۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) تازہ موت (۲) عشق۔
**مرگِ نو مبارک باد** ۔ (ف۔ مقولہ) اس وقت بولتے جب کوئی تازہ حادثہ پیش آ جائے۔
**مِرگ** ۔ (مِر۔ گ) (ہ۔ ا۔ مذ) ہرن۔ آہو۔ چکارا (۲) چوپایہ۔ حیوان (۳) پانچواں نچھتر۔
**مِرگ چھالا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر درویش لوگ عبادت کرتے ہیں۔
**مِرگ سالا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔
**مِرگ کی آنکھ** ۔ (ا۔ مث) ہرن کی طرح بڑی بڑی اور خوبصورت آنکھیں۔
**مِرگ کی سی آنکھیں چیتے کی سی کمر** ۔ (ا۔ مقولہ) خوب صورت عورت کی تعریف میں کہتے ہیں۔
**مِرگ مارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ہرن کا شکار کھیلنا (۲) ایک رسم جس میں لڑکا پیدا ہونے پر باپ زچہ کی چارپائی پر کھڑے ہو کر چھت میں تیر مارتا ہے۔
**مِرگ مَدھ** ۔ (ہ۔ ا۔ مث) کستوری۔ مشک۔ نافہ۔
**مِرگ نَین** ۔ (ہ۔ ا۔ صف) (۱) ہرن کی آنکھ (۲) ہرن جیسی آنکھ والی۔
**مِرگان** ۔ (ق) مرگ چھالا۔
**مِرگانک** ۔ (مِر۔ گانک) (ہ۔ ا۔ مذ) دھات وغیرہ کا کشتہ۔
**مُرگَل** ۔ (مُر۔ گَل) (ہ۔ ا۔ مث) تلی ہوئی مچھلی (۲) تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے۔
**مَرگھٹ** ۔ (مَر۔ گھٹ) (ہ۔ ا۔ مذ) مسان۔ شمشان۔ ہندوؤں کے



Marfat.com

مُردے جلانے کی جگہ۔

**مرگھٹ کا بھتنا** ۔ [ہ۔ا۔مذ] مسان کا آسیب۔ پریت۔ سایہ۔ ہمزاد۔

**مِرگی** ۔ (مِر۔گی) [ہ۔ا۔مث] ایک مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ اور مُنہ سے جھاگ نکلتا ہے۔ صَرع۔

**مِرگی آنا** ۔ [ا۔محاورہ] مرگی کا دورہ پڑنا۔ مرگی کا مرض ہونا۔

**مِرگیا** ۔ (مِر۔گی۔یا) [ہ۔صف] وہ آدمی جس کو مرگی کا مرض ہو۔

**مرگیا مردود جس کا فاتحہ نہ درود** ۔ [ا۔مثل] نکمے آدمی کی بات پر بولتے ہیں۔

**مُرلی** ۔ (مُر۔لی) [س۔ا۔مث] بانسری۔ نے۔ الغوزہ۔

**مُرلی دھر** ۔ [ہ۔ا۔مذ] کرشن جی کا لقب۔ اکثر ہندوؤں کا نام ہوتا ہے۔

**مُرلی دُھن** ۔ [ہ۔ا۔مث] بانسری کی سُریلی اور دلکش آواز۔

**مُرلیا** ۔ (مُر۔لِ۔یا) [ہ۔ا۔مث] چھوٹی مُرلی۔ چھوٹی بانسری۔

**مُرلیا باجنا** ۔ [ا۔محاورہ] چھوٹی مُرلی کا بجنا (۲) دست آنا۔

**مَرَم** ۔ (مَ۔رَم) [س۔ا۔مذ] بدن کا کوئی نازک مقام۔ نازک عضو (۲) کسی چیز کا اندرونی حصّہ۔ دل۔ اندر۔ باطن (۳) جوڑ (۴) کوئی چیز جو مخفی رکھی جائے۔ راز۔ بھید (۵) عالم۔ دانش۔ گیان (۶) مطلب مقصد۔ غرض۔ مُدعا۔

**مُرَم** ۔ (مُ۔رَم) [ہ۔ا۔مث] کنکریلی مٹی (۲) بھربھری چٹان (۳) ٹوٹے ہوئے ریزہ ریزہ پتھر۔ روڑی۔

**مَرَمَّت** ۔ (مَ۔رَم۔مَت) [ع۔ا۔مث] دُرستی۔ اصلاح۔ ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا۔ ترمیم۔ پھٹے کپڑے کی درستی۔ (۲) سزا۔ گوشمالی۔ مار پیٹ۔

**مَرَمَّت طلب** ۔ [ع۔صف] دُرستی کے قابل۔ ٹھیک ہونے کے لائق۔

**مَرَمَّت کرانا** ۔ [ا۔مص مرکب] درست کرانا۔

**مرمت کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] ٹھیک کرنا۔ درست کرنا (۲) مارنا پیٹنا۔ گوشمالی کرنا۔ گت بنانا۔

**مَرمِٹا** ۔ [ہ۔صف] جو فنا اور بے نشان ہو گیا (۲) عاشق۔

**مَرمِٹنا** ۔ (مَر۔مِٹ۔نا) [ا۔مص] قتل ہونا (۲) کمال مشقت برداشت کرنا (۳) فنا ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا (۴) عاشق ہو جانا۔

**مَرمَر** ۔ [یو۔ا۔مذ] ایک سفید یا نیل گوں چمکدار پتھر۔

**مَرمَریں** ۔ (مَر۔مَ۔رِیں) [ف۔صف] مرمر کی مانند۔

**مُرمُرا** ۔ (مُر۔مُ۔را) [ہ۔ا۔مذ] بھنے ہوئے چاول جنہیں چباتے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے۔

**مُرمُروں کا تھیلا** ۔ [ہ۔ا۔صف] مرمروں کی بوری (۲) موٹا فربہ آدمی۔ بے رس دولوش والا آدمی۔

**مُرمُرے کا گوکھرو** ۔ [ا۔مذ] ایک قسم کا پتلا اور مُڑا ہوا گوٹا۔

**مرمر جانا** ۔ [ا۔مص] مر جانے کی تاکید ہے (۲) بہت مشقت اُٹھانا۔

**مر مر کر۔ مر مر کے** ۔ [ا۔تابع فعل] بڑی مشکل سے سختی محنت برداشت کر کے۔

**مر مر کے بچنا** ۔ [ا۔محاورہ] مرنے کے قریب پہنچ کر جان بچ جانا۔ مرض مُہلک سے صحت پانا۔

**مر مر کے جینا** ۔ [ا۔محاورہ] نئے جنم سے پیدا ہونا۔ خطرناک بیماری سے نجات پانا۔

**مر مر کے دن گزارنا** ۔ [ا۔محاورہ] بڑی مشکل سے زندگی کاٹنا۔

**مُرَمَّم** ۔ (مُ۔رَم۔مَم) [ع۔ا۔مذ] ترمیم کیا ہوا۔ اصلاح شدہ۔ ٹھیک کیا ہوا۔ دُرست کیا ہوا۔

**مُرَمَّمَہ** ۔ (مُ۔رَم۔مَ۔مَہ) [ع۔صف] اصلاح کی ہوئی۔ ٹھیک کی ہوئی (مرمّم کی تانیث)

**مَرموز** ۔ [ع۔صف] رمزیہ۔

**مَرَن** ۔ (مَ۔رَن) [ہ۔ا۔مذ] قضا۔ موت۔ مرگ (۱) اجل (۲) مرنے کا وقت۔ وقتِ مرگ (۳) جان دینا۔ مرجانا۔

**مَرَن برت** ۔ [ہ۔ا۔مذ] وہ فاقہ جسے کرتے کرتے انسان مرجائے۔

**مَرنا** ۔ (مَر۔نا) [ا۔مص] فوت ہونا۔ انتقال کرنا۔ وفات پانا۔ دَم نکلنا دنیا سے گزرنا۔ چل بسنا (۲) جان جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ جان سے گزرنا (۳) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ لٹو ہونا۔ (۴) کمال محنت کرنا۔ از حد مشقت کرنا۔ لہو پانی ایک کرنا۔ کشٹ کرنا (۵) پسند ہونا۔ مرغوب ہونا۔ بھانا (۶) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۷) مُرجھانا۔ کملانا۔ پژمردہ ہونا۔ سوکھ جانا (۸) طاقت نہ رہنا۔ سکت نہ رہنا۔ سوکھ کر خراب ہو جانا۔ جیسے چونا مرنا (۹) ڈوبنا۔ وصول نہ ہونا۔ بٹے کھاتے میں لکھا جانا مثلاً اسامی مرنا (۱۰) ٹوٹا آنا۔ خسارہ بیٹھنا۔ نقصان ہونا (۱۱) قمار بازوں کی اصطلاح میں ہارنا۔ جیسے بازی مرنا (۱۲) دھات وغیرہ کا کُشتہ ہونا۔ جیسے پارہ مرنا (۱۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۱۴) سونا۔ نیند لینا۔ آنکھ جھپکانا (۱۵) نہایت شرمندہ ہونا (۱۶) نہایت بیزاری اور خفگی ظاہر کرنے کیلئے بھی آتا ہے جیسے جاؤ مرو۔

**مرنا بھرنا** ۔ [ا۔محاورہ] مصیبت جھیلنا۔ تکلیف اُٹھانا۔

**مرنا جینا** ۔ [ا۔مذ] موت زندگی۔ شادی غمی۔

**مرنا جینا لگ رہا ہے** ۔ [ا۔مثل] زندگی اور موت کا سلسلہ جاری ہے۔

**مرنجاں مرنج** ۔ (مَ۔رَن۔جاں۔مَ۔رَنج) [ف۔صف] نہ کسی کو رنجیدہ کرو نہ خود رنجیدہ ہو (۲) وہ شخص جس سے کسی کو رنج نہ پہنچے۔ سب سے ہنس بول کر رہنے والا۔

**مُرنڈا** ۔ (مُ۔رَن۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] بھنے ہوئے گیہوں وغیرہ جن میں گڑ کا اور کبھی ملا کر لڈو بناتے ہیں (۲) چڑچڑا۔ سوکھا ہوا۔

**مُرنڈا (بنا دینا) کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] گٹھڑی بنانا۔ توڑنا۔ مروڑنا۔ (۲) بھونا (۳) شیدا بنانا۔

**مرنڈے کی رسم** ۔ [ا۔مث] جب بچہ پانچ مہینے کا ہو کر مٹھیاں بند



Marfat.com

کرنے لگتا ہے۔ تو نانی کے گھر سے مرنڈا آتا ہے اور رشتہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

**مَرنے** - [ا۔ تابع فعل] جان دیتے۔ مرنے کی حالت مغیرہ۔

**مَرنے تک کی فرصت نہیں یا مرنے کی فرصت نہیں** - [ا۔ مقولہ] دم بھر کی فرصت نہیں۔ ذرا فرصت نہیں۔ بہت مصروفیت ہے۔

**مرنے جائیں تلار گائیں** - [ا۔ مثل] آزاد طبع اور بے پرواہ کی نسبت بولتے ہیں کہ مصیبت آرہی ہے مگر خوش ہیں ذرا پرواہ نہیں۔

**مرنے جوگا** - [ا۔ صف] مٹ جانے کے قابل۔ مرنے کے لائق۔ رکوسنا]

**مرنے کو** - [ا۔ تابع فعل] مرنے کے لیے۔ جان دینے کو۔ ہلاک ہونے کے واسطے۔

**مرنے کو بیٹھا ہے** - [ا۔ محاورہ] موت کے قریب ہے بہت بوڑھا ہوگیا ہے۔ قبر میں پاؤں لٹکائے ہے۔

**مرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا** - [ا۔ مثل] بہانہ بنانے والے شخص کی بابت بولتے ہیں کہ مرنے کا تو دعویٰ ہے۔ مگر کفن میسر نہ ہونے کا بہانہ ہو رہا ہے۔

**مرنے لگنا** - [ا۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا (۲) عاشق ہونا فریفتہ ہونا۔

**مرنے کو کیا ہاتھی گھوڑے جُتے جاتے ہیں** - [ا۔ مثل] موت کسی وقت بھی آسکتی ہے۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔

**مرنے کے نام سے موت آنا** - [ا۔ محاورہ] مرنے سے بہت ڈرنا۔

**مرنے والا** - [ا۔ صف] مرنے کا ارادہ کرنے والا (۲) وہ شخص جو مرگیا ہو مرحوم (۳) عاشق۔ شیدا (۴) بہادر۔ شجاع۔ دل چلا۔ جان پر کھیلنے والا۔

**مَروا** - (مَر۔وا) [ہ۔ امذ] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوشبودار پودا۔

**مَروا** - (مر۔وا) [ہ۔ امذ] گُلتھر۔ چھوٹی ٹلیا۔

**مُروا** - (مُر۔وا) [ہ۔ امذ] وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس کے اوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں۔

**مَروارید** - (مَر۔وا۔رید) [ف۔ امذ] موتی۔ گوہر۔ دُر۔

**مَروارید ناسُفتہ** - [ف۔ امذ] اَن بندھا موتی۔

**مَروانا** - (مَر۔وا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ہلاک کرانا۔ قتل کرانا (۲) اغلام کرانا۔ جماع کرانا۔

**مُرُوّت** - (مُ۔رُو۔وت) [ع۔ امث] مردانگی۔ بہادری۔ جوانمردی (۲) لحاظ۔ رعایت (۳) اخلاق۔ خلق۔ بھل منسائی۔ انسانیت (۴) سخاوت۔ فیاضی۔ توفیق۔

**مُروّت برتنا** - اخلاق سے پیش آنا۔ انسانیت کا برتاؤ کرنا۔

**مروت توڑنا** - [ا۔ محاورہ] بد اخلاقی سے پیش آنا۔ رکھائی برتنا انسانیت ملحوظ نہ رکھنا۔

**مروت کرنا** - [ا۔ مص مرکب] پاس کرنا۔ لحاظ کرنا۔

**مروت والا** - [ع۔ امذ] بااخلاق۔ ملاحظہ کا۔ رحم دل۔

**مُرُوتنا** - [ا۔ مص] اکڑ کر چلنا۔ تان سے چلنا۔

**مُرَوَّج** - (مُ۔رَو۔وَج) [ع۔ صف] رواج دیا گیا۔ رائج کیا گیا۔ چلایا گیا جاری (۲) رسمی۔ معمولی۔ مستعمل۔

**مُرَوِّج** - (مُ۔رَو۔وِج) [ع۔ امذ] رواج دینے والا۔ رائج کرنے والا چلانے والا۔

**مُروج** - (م۔رو۔ج) [ع۔ امذ و مث] سہاگ پڑے کی خوشبودار چیزیں جو دلھن کی مانگ میں بھرتے ہیں۔

**مِروَحہ** - (مِر۔وَ۔حہ) [ع۔ امذ] دستی پنکھا۔ جمع : مراوح۔

**مِروحہ جُنباں** - [ع۔ ف۔ صف] پنکھا جھلنے والا۔

**مِروحہ جُنبانی** - [ع۔ ف۔ امث] پنکھا جھلنے کی خدمت۔

**مُرُور** - (مُ۔رُور) [ع۔ امذ] گزرنا۔ چلا جانا۔ منقضی ہونا۔

**مَروڑ** - (مَ۔روڑ) [ہ۔ امث] پیچ۔ خم۔ بل۔ زور۔ تمکنت۔ نخوت (۲) اینٹھن۔ تشنج (۳) مروڑ توڑ۔ پیٹ کا بل۔ قراقر۔ ریاح۔ پیچش۔

**مروڑ پھلی** - [ا۔ امث] ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے۔

**مروڑ پھینکنا** - [ا۔ محاورہ] موڑ توڑ کر پھینک دینا۔

**مروڑ دینا (ڈالنا)** - [ا۔ محاورہ] موڑ دینا۔ مڑکا دینا۔ پھیر دینا۔

**مَروڑ کی بات** - [ا۔ امث] اینچ پیچ کی بات (۲) اکڑ کی بات۔ اینٹھ کی بات (۳) طعن و طنز کی بات۔

**مروڑ لینا** - [ا۔ محاورہ] نچوڑنا۔ مسوسنا۔

**مروڑ میں رہنا** - [ا۔ محاورہ] اکڑ میں رہنا۔ گھمنڈ میں رہنا۔

**مروڑ میں مرا جانا** - [ا۔ محاورہ] سخت غصے میں پیچ و تاب کھانا۔

**مَروڑا** - (مَ۔روڑا) [ہ۔ امذ] پیچش۔ اینٹھن (۲) وہ درد جو پاخانہ آتے وقت ہوتا۔

**مروڑا اُٹھنا** - [ا۔ محاورہ] پیٹ میں پیچ و تاب ہونا۔ قراقر ہونا۔

**مروڑے اُٹھنا** - [ا۔ محاورہ] پیچ اُٹھنا۔ پیچ سے درد ہونا۔ پیچش کی تکلیف ہونا۔

**مروڑے کے درد کھانا** - [ا۔ محاورہ] پیچ و تاب کے درد جو ولادت کے وقت ہوتے ہیں۔

**مَروڑنا** - (مَ۔روڑ۔نا) [ہ۔ مص] بل دینا۔ پھیرنا (۲) اینٹھنا (۳) دبوچنا۔ دبانا (۴) نچوڑ لینا۔ جیسے بنجارے نے بچے کو دوہی دن میں مروڑ دیا (۵) توڑنا۔ کھانا جیسے مفت کی روٹیاں مروڑنا۔

**مَروڑی** - (مَ۔رو۔ڑی) [ہ۔ امث] وہ آٹا جسے روٹی پکاتے ہیں بتیوں کی صورت میں ہاتھ سے چھڑاتے بیٹتے ہیں (۲) بدن کے میل کی بتیاں (۳) پیچ۔

**مروڑی دے کر دھونا** - [ا۔ محاورہ] بل دے کر دھونا۔

**مروڑی دے کر سینا** - [ا۔ محاورہ] موڑ دے کر سینا۔ بل دے کر سینا۔

**مروڑی دینا** - [ا۔ محاورہ] بل دینا۔ مروڑنا۔



Marfat.com

**مروڑی کھانا**۔(ا۔محاورہ) بل کھانا۔اینٹھنا۔اکڑنا۔
**مُرَوَّق**۔(مُ۔رَو۔وَق) (ع۔ا۔صف) صاف کیا ہوا۔مصفا۔مقطر۔خالص۔
**مَرُونا**۔(ق۔مص) گشت کرنا۔آوارہ پھرنا۔
**مَرْوَہ**۔(مَر۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) مکہ معظمہ میں ایک پہاڑی۔
**مَرْوِی**۔(مَر۔وِی) (ع۔صف) روایت کیا گیا۔بیان کیا گیا۔
**مَرَّہ**۔(مَر۔رَہ) (ع۔صف) ایک بار۔ایک دفعہ۔
**مَرہَٹّہ**۔(مَر۔ہَ۔ٹّہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قوم جو مہاراشٹر (ہندوستان) کی رہنے والی ہے۔
**مَرہَٹی**۔(مَر۔ہَ۔ٹی) (ہ۔ا۔صف) مرہٹے سے منسوب (۲) مرہٹی زبان (۳) ایک قسم کے گیت (۴) بدعملی۔ابتری۔بدنظمی۔
**مرہٹی ساڑی**۔(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ساڑی جس میں پنڈلیاں کھلی رہتی ہیں۔مرہٹہ عورتوں کی وضع کی ساڑی۔
**مرہٹی گھس گھس**۔(ا۔مث) مرہٹوں کے راج کی بدانتظامی اور ابتری مشہور ہے۔نہایت بدنظمی۔کمال ابتری۔
**مَرہَم**۔(مَر۔ہَم) (ع۔ا۔مذ) وہ گاڑھی، نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے (مجازاً) کسی قسم کے زخم کا علاج۔وہ چیز جو تسکین دے۔
**مرہم پٹی کرنا**۔(ا۔محاورہ) زخم کا علاج کرنا۔زخمی کا علاج معالجہ کرنا۔
**مرہم دان**۔(ف۔ا۔مذ) مرہم رکھنے کا ڈبہ۔
**مرہم رکھنا**۔(ا۔محاورہ) زخم پر مرہم لگانا۔
**مرہم زنگار**۔(ف۔ا۔مذ) ایک خاص قسم کا مرہم جو سبز رنگ کا ہوتا ہے۔
**مرہم کی بتی**۔(ا۔مث) وہ بتی جو مرہم میں لت کرکے زخم بھرنے کے لیے رکھی جاتی ہے۔
**مرہم لگانا**۔(ا۔محاورہ) زخم پر مرہم چپڑنا۔مرہم کا لیپ کرنا۔
**مُرَہَن**۔(مُ۔رَ۔ہَن) (ہ۔ا۔مث) تمباکو کا چورا۔سوکھا اور کٹا ہوا تمباکو۔
**مَرہُون**۔(مَر۔ہُون) (ع۔ا۔مذ) رہن کیا گیا۔گرو رکھا گیا۔
**مرہون منت**۔(ع۔صف) احسان مند۔ممنون۔شکر گزار۔
**مرہونہ**۔(مَر۔ہُو۔نَہ) (ع۔صف) رہن رکھی ہوئی چیز۔
**مَرْئی**۔(مَر۔ئی) (ع۔صف) دیکھی گئی۔جو چیز دیکھنے میں آئے۔جس کو دیکھ سکیں۔
**مَرْئیات**۔(مَر۔ئی۔یات) (ع۔صف) مرئی کی جمع۔وہ چیزیں جو دیکھی جاسکیں۔
**مَری**۔(مَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) وبا۔مرض عام جیسے ہیضہ۔طاعون (۲) وبائے حیوانات (۳) مرد و تخنے۔ماری گئی۔
**مری بھیڑ خواجہ خضر کے نام**۔(ا۔مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص کھوٹی ہوئی یا ناقص شے کو اللہ کے نام پر خیرات کرکے مفت ثواب کمانا چاہے۔
**مری پڑنا**۔(ا۔محاورہ) وبا پھیلنا۔کسی عام مرض کا پھوٹ پڑنا۔
**مری پڑول**۔(ا۔صف) (کنایۃً) بہت کاہل اور سست آدمی (۲) کنجوس۔
**مری کیوں سانس نہ آیا**۔(ا۔مثل) اظہار مصیبت کے وقت بولتے ہیں۔
**مری مٹی کی نشانی**۔(ا۔صف) مردے کی یادگار۔اولاد۔
**مِری**۔(مِ۔ری) (ہ۔ض) میری کا مخفف۔
**مری جان**۔(ا۔کلمۂ محبت) میری جان۔جان من۔عزیز من۔معشوق کو یا اس کو جو بہت عزیز ہو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں۔
**مُری**۔(مُ۔ری) (ہ۔ا۔مث) نرم ہڈی۔مٹرکنی ہڈی۔گلے سے معدہ تک کی نلی۔
**مُرّی**۔(مُر۔ری) (ہ۔ا۔مث) گرہ۔پھندا۔مروڑی۔
**مَرے**۔(مَ۔رے) (ہ۔صف) مرے ہوئے۔فوت شدہ مرا کی بدلی ہوئی شکل۔
**مرے پر سو دُرّے**۔(ا۔مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور دوسری مصیبت بھی آجائے۔
**مرے پیچھے**۔(ا۔تابع فعل) مرنے کے بعد۔
**مرے تو شہید مارے تو غازی**۔(ا۔مقولہ) ہر بات میں اچھائی ہے۔
**مرے جانا**۔(ا۔محاورہ) بے قرار ہونا۔جلدی کرنا۔
**مرے کو ماریں شاہ مدار**۔(ا۔مثل) مصیبت زدہ کو اور ایذا پہنچانا۔
**مرے مُردے اکھاڑنا**۔(ا۔محاورہ) پچھلی باتوں کا چھیڑنا۔
**مرے ہوئے ہونا**۔(ا۔محاورہ) فریفتہ ہونا۔
**مِرّیخ**۔(مِر۔ریخ) (ع۔ا۔مذ) ایک ستارہ کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے ساتویں آسمان پر ہے اُسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔منگل سیارہ۔
**مُرِید**۔(مُ۔رید) (ع۔ا۔مذ) (۱) خواہش مند۔مشتاق (۲) ارادہ کرنے یا رکھنے والا (۳) مطیع۔فرماں بردار۔معتقد (۴) دینی شاگرد۔چیلا۔بالکا۔
**مُرید کرنا**۔(ا۔محاورہ) چیلا بنانا۔بالکا بنانا (۲) فرماں بردار بنانا۔معتقد کرنا۔پیرو بنانا۔
**مُریدی**۔(مُ۔ری۔دی) (ع۔ا۔مث) پیروی۔شاگردی۔مرید ہونا۔
**مَرِیض**۔(مَ۔ریض) (ع۔صف) بیمار۔علیل۔روگی۔
**مریضہ**۔(مَ۔ری۔ضَہ) (ع۔صف) بیمار عورت (مریض کی تانیث)۔
**مَرِیل**۔(مَ۔رِیل) (ہ۔صف) نہایت دبلا پتلا۔لاغر۔کم زور۔ناتواں۔
**مریل ٹٹو**۔(ہ۔ا۔مذ) بہت سست رفتار۔نہایت کاہل۔
**مَریَم**۔(مَر۔یَم) (ع۔صف) کنواری۔دوشیزہ۔کنیا (۲) پارسا۔باعصمت۔پاک دامن (۳) حضرت عیسیٰ کی والدہ ماجدہ کا نام۔
**مریم کا پنجہ**۔(ا۔) ایک خوشبودار گھاس جو پنجے کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے کہتے ہیں کہ دردِ زہ کے وقت حضرت مریمؑ نے اس پر ہاتھ رکھا تھا اس سبب سے یہ شکل ہوگئی۔



Marfat.com

**مَرِینَہ** ۔ (مَ ۔ رِی ۔ نَہ) [اَ ۔ ا ۔ مذ] اصل میں مرینو تھا ۔ (Merino) ایک قسم کا اونی کپڑا جو مرینو بھیڑ کے اُون سے بنایا جاتا ہے ۔

## م ۔ ڑ

**مُڑ آنا** ۔ (مُڑ ۔ آ ۔ نا) [ا ۔ مص] لوٹ آنا ۔ واپس آنا ۔ پلٹ آنا ۔
**مُڑاسا** ۔ (مُ ۔ ڑا ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے منڈاسا ۔ پگڑی ۔ دستار ۔
**مُڑپ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] سرمایہ ۔
**مُڑ جانا** ۔ [ا ۔ مص] (۱) واپس ہو جانا ۔ پھر جانا (۲) جُھکنا ۔
**مُڑک** ۔ (مُ ۔ ڑک) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) اَینٹھ ۔ ٹیڑھ ۔ بل ۔ کجی ۔ مروڑ (۲) گُر ۔ قاعدہ کُلیّہ (۳) ساز باز ۔ داؤں گھات ۔ توڑ جوڑ ۔
**مُڑ کر نہ دیکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مُنہ موڑ کر نہ دیکھنا ۔ دوبارہ نہ دیکھنا ۔ رُخ نہ کرنا ۔ بات نہ پوچھنا ۔
**مُڑکنا** ۔ (مُ ۔ ڑک ۔ نا) [ہ ۔ مص] لوٹنا ۔ چٹکنا ۔ چٹ چٹ ٹوٹنا ۔ جیسے چوڑیاں مُڑکنا ۔
**مُڑ کے کروٹ نہ لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] توجہ نہ کرنا ۔ خبر نہ لینا ۔ بھول جانا ۔
**مُڑ مُڑ کر دیکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پھر پھر کر دیکھنا ۔ کسی عزیز کو بار بار پھر کر دیکھنا ۔
**مُڑنا** ۔ (مُڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] لوٹنا ۔ واپس ہونا ۔ پلٹنا (۲) بل کھانا ۔ خم کھانا ۔
**مُڑد** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] تالاب ۔
**مُڑوا** ۔ (مُڑ ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا غلّہ ۔
**مُڑوڑیاں** ۔ [ق] پیچ و تاب ۔
**مَڑھنا** ۔ (مَڑھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] کھال چڑھانا ۔ منڈھنا ۔ پوشش کرنا ۔
**مَڑھوانا** ۔ (مَڑھ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کھال چڑھوانا ۔ پوشش کرانا ۔ منڈھوانا ۔
**مَڑھی** ۔ (مَ ۔ ڑھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) جھونپڑی (۲) چھوٹا مندر ۔ سمادھ ۔
**مَڑی** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] باغ کی کیاری ۔ کھیت ۔

## م ۔ ز

**مَزا** ۔ (مَ ۔ زا) [ف ۔ ا ۔ مذ] اصل میں یہ لفظ مزہ ہے لیکن قافیے کے لحاظ سے کبھی الف کے ساتھ بھی آتا ہے ۔ سواد ۔ ذائقہ ۔
**مزا کرکرا ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بے لُطف ہونا ۔ رنگ میں بھنگ پڑنا ۔
**مِزاج** ۔ (مِ ۔ زاج) [ع ۔ ا ۔ مذ] طبیعت ۔ سرشت ۔ خمیر (۲) گُن خاصیت ۔ خاصہ ۔ اثر (۳) عادت ۔ خصلت ۔ سبھاؤ (۴) مادہ جوہر ۔ حقیقت ۔ اصلیت (۵) تکبّر ۔ غرور ۔ دماغ ۔ کبر (۶) دل (۷) ناز نخرہ ۔ جمع ۔ امزجہ ۔
**مزاج آشنا** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] طبیعت شناس ۔ مزاج پہچاننے والا مزاج داں ۔ عادت سے واقف ۔
**مزاج آگ کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت میں زیادہ گرمی پیدا کر دینا ۔ بہت تیزی پیدا کر دینا ۔ غصّہ دلانا ۔
**مزاج آگ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت میں بہت زیادہ گرمی پیدا ہونا ۔ غصّہ میں آنا ۔
**مزاج آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت کا مائل ہونا ۔
**مزاج اُٹھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بدمزاجی برداشت کرنا ۔ نازبرداری کرنا ۔
**مزاج اُٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی کی نازبرداری کی برداشت ہونا ۔ غمزے سہے جانا ۔
**مزاج اچھا ہے** ۔ [ا ۔ کلمہ مزاج پُرسی] طبیعت تو درست ہے ۔
**مزاج اچھا تو ہے** ۔ [ا ۔ روزمرہ] طبیعت تو درست ہے ۔ طنزاً بھی بولا جاتا ہے (۲) خیریت دریافت کرنے کے لیے کہتے ہیں (۳) جب کسی کے چہرے سے بیماری یا اُداسی ظاہر ہو اُس وقت بھی کہا جاتا ہے ۔
**مزاج اصلاح پر آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بدمزاجی کم ہونا (۲) مرض میں افاقہ ہونا ۔ اچھا ہونا ۔ تندرست ہونا ۔
**مزاج اعتدال پر ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت میں زیادہ تیزی یا گرمی کا نہ ہونا مزاج ٹھیک حالت پر ہونا ۔ مزاج درست ہونا ۔
**مزاج ایک حال پر رہنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت کا ایک حالت پر قائم ہونا ۔
**مزاج ایک ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خاصیت یکساں ہونا ۔ طبیعتوں میں کامل موافقت ہونا ۔
**مزاج بحال ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بیمار کی طبیعت کا اصلی حالت کی طرف آنا مرض کم ہونا ۔
**مزاج بدلا ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت کا رنگ کچھ کا کچھ ہونا ۔
**مزاج بد ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] مزاج بُرا ہونا ۔ بدمزاج ہونا ۔
**مزاج برہم کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] ناراض کر دینا ۔ غصّہ دلا دینا ۔
**مزاج برہم ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] ناراض ہونا ۔ غصّہ آنا ۔ بدمزاج ہونا
**مزاج بگاڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] عادت خراب کرنا ۔ طبیعت میں غصّہ اور تیزی پیدا کرنا ۔
**مزاج بنا دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت کی اصلاح کر دینا (۲) خاصیت پیدا کر دینا ۔
**مزاج بننا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت کی اصلاح ہونا ۔
**مزاج بہکنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خلل دماغ ہونا ۔ دیوانہ ہو جانا ۔
**مزاج بہلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت بہلنا ۔
**مزاج بے مزہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بیمار ہونا ۔ علیل ہونا ۔
**مزاج پانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] توجہ پانا ۔ رُخ پانا (۲) رنگ طبیعت معلوم کرنا ۔



Marfat.com

**مزاج پُرسی کرنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا حال پوچھنا۔خیریت معلوم کرنا۔
**مزاج پوچھنا** ۔(ا۔محاورہ) خیریت دریافت کرنا۔ مزاج کا حال پوچھنا۔
**مزاج پہچاننا** ۔(ا۔محاورہ) مزاج شناسی ہونا۔ عادات سے واقف ہونا۔
**مزاج پھرنا** ۔(ا۔محاورہ) باؤلا ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲) بددماغ ہو جانا
**مزاج پھڑک جانا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت خوش ہو جانا۔
**مزاج پھیرنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت دوسری طرف متوجہ کرنا۔ طبیعت ہٹانا۔ برگشتہ ہونا۔
**مزاج پیٹی** ۔(ا۔صف۔مث) بد دماغ، دماغ دار۔ مغرور۔ گھمنڈی عورت۔ نک چڑھی۔
**مزاج پیدا کرنا** ۔(ا۔محاورہ) کیفیت و خاصیت پیدا کرنا۔
**مزاج تولے ماشے ہونا** ۔(ا۔محاورہ) بہت نازک مزاج ہونا۔ ذرا ذرا میں طبیعت بدلتی رہنا۔
**مزاج تیز ہونا** ۔(ا۔محاورہ) غصہ ور ہونا۔
**مزاج ٹیڑھا ہونا** ۔(ا۔محاورہ) نازک مزاج ہونا۔
**مزاج چل جانا** ۔(ا۔محاورہ) دیوانہ ہو جانا۔ دماغ خراب ہو جانا۔
**مزاج چوتھے فلک پر ہونا** ۔(ا۔محاورہ) بہت مغرور ہونا۔
**مزاج چھپنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا حال ظاہر نہ ہونا۔
**مزاج خانقاہی** ۔(ع۔ف۔ا۔مذ) بے عملی کا رجحان۔
**مزاج خفا ہونا** ۔(ا۔محاورہ) ناراض ہونا۔ غصہ آنا۔
**مزاج دار** ۔(ع۔ف۔صف) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔
**مزاج داں** ۔(ع۔ف۔صف) طبیعت سے واقف۔ مزاج سے آگاہ۔
**مزاج درست رکھنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کو ٹھیک حالت پر رکھنا۔
**مزاج درست ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا ٹھیک حال پر ہونا۔ طبیعت کا اصلاح پر ہونا۔
**مزاج دیکھنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کو دیکھنا کہ خوش ہے یا ناخوش۔
**مزاج راہ پر آنا** ۔(ا۔محاورہ) مزاج اصلاح پر آنا۔ طبیعت درست ہونا۔
**مزاج رنگین ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت میں شوخی ہونا۔ مزاج میں رنگیلاپن ہونا۔
**مزاج ساتویں آسمان پر ہونا** ۔(ا۔محاورہ) بہت مغرور ہونا۔ بڑا گھمنڈ کرنا۔
**مزاج شاد ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا خوش ہونا۔
**مزاج شریف (عالی۔ مبارک۔ معلیٰ)** ۔(ا۔کلمہ مزاج پرسی) آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ خیریت سے ہیں۔ مزاج کیسے ہیں؟ آپ کی طبیعت اچھی ہے؟

**مزاج عالی نہ تو تُنک نہ نہالی** ۔(ا۔مثل) غریبی میں امیرانہ مزاج دکھانے والے پر طنزاً بولا جاتا ہے۔
**مزاج شناسی** ۔(ف۔ا۔صف) کسی کی طبیعت کو جاننا۔
**مزاج عرش پر ہونا** ۔(ا۔محاورہ) نہایت مغرور ہونا۔
**مزاج قابو میں نہ رہنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت بے اختیار ہونا
**مزاج قائم نہ ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت میں استقلال نہ ہونا۔
**مزاج کا نقشہ بگڑنا** ۔(ا۔محاورہ) کسی بات کا ناگوار گزرنا۔
**مزاج کرنا** ۔(ا۔محاورہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ تکبر کرنا۔
**مزاج کی افتاد** ۔(ا۔مث) طرز طبیعت۔ طبیعت کا رنگ ڈھنگ۔
**مزاج کی لینا** ۔(ا۔محاورہ) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
**مزاج کے مارے** ۔(ا۔تابع فعل) غرور کے سبب۔ تکبر کے باعث۔ گھمنڈ سے۔
**مزاج کے مارے مرے جانا** ۔(ا۔محاورہ) بہت زیادہ غرور کرنا۔
**مزاج لڑ جانا** ۔(ا۔محاورہ) دو شخصوں کے مزاج کا موافق آنا۔
**مزاج مل جانا (ملنا)** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا دوسرے کی موافق ہونا۔
**مزاج میں آنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا (۲) اِترانا۔ غرور کرنا۔ نخوت کرنا۔
**مزاج میں خودی سمانا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت میں خود پسندی آ جانا۔
**مزاج میں دخل ہونا** ۔(ا۔محاورہ) کسی کی طبیعت پر قابو ہونا۔ کسی کے مزاج تک رسائی ہونا۔
**مزاج نازک ہونا** ۔(ا۔محاورہ) ذرا سی بات بھی برداشت نہ کر سکنا۔
**مزاج ناساز ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت علیل ہونا۔ مزاج میں کچھ برہمی ہونا۔
**مزاج نہ پایا جانا** ۔(ا۔محاورہ) مزاج نہ ملنا۔ نہایت مغرور ہونا۔ بہت اِترانا۔ غرور کے سبب کسی کی طرف توجہ نہ کرنا۔
**مزاج والا** ۔(ا۔مذ) مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔
**مزاج والی** ۔(ا۔مث) مغرور عورت۔ متکبر خاتون۔
**مزاج ہاتھ سے جاتا رہنا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت بے قابو ہو جانا۔
**مزاج ہوا پر ہونا** ۔(ا۔محاورہ) بہت مغرور ہونا۔
**مزاج ہونا** ۔(ا۔محاورہ) مغرور ہونا۔
**مزاج یکسو ہونا** ۔(ا۔محاورہ) طبیعت کا اطمینان پر ہونا۔ طبیعت پریشان نہ ہونا۔
**مزاجاً** ۔(م۔زا۔جَن) (ع۔تابع فعل) طبیعت کی رُو سے یا خاصیت۔ خاصیت کے اعتبار سے۔
**مُزاح** ۔(م۔زاح) (ع۔ا۔مذ) خوش طبعی۔ مذاق۔ ہنسی۔ ٹھٹھا (۲) خوش طبعی کرنا۔
**مُزاحَف** ۔(فم۔زا۔حَف) (ع۔ا۔مذ) گری ہوئی چیز۔ اپنی اصل سے دور ہٹے (۲) علم عروض میں وہ رکن جو سالم نہ رہا ہو بلکہ اس میں



Marfat.com

کچھ تغیر آگیا ہو۔

**مُزاحفات** ۔ (مُ ۔ زا ۔ حَ ۔ فات) (ع ۔ صف ۔ مذ) وہ بحور جن میں زحاف واقع ہوا ہو۔

**مُزاحِم** ۔ (مُ ۔ زا ۔ حِم) (ع ۔ ا ۔ مذ) مزاحمت کرنے والا ۔ روکنے والا ۔ حائل ۔ مانع ۔

**مُزاحِم ہونا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) روکنا ۔ حائل ہونا ۔ سدِ راہ ہونا ۔ مانع ہونا ۔

**مُزاحمت** ۔ (مُ ۔ زا ۔ حَ ۔ مَت) (ع ۔ ا ۔ مث) روک ۔ ممانعت ۔ تعرض ۔

**مُزاحمت بے جا** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) قانون کے خلاف روک ٹوک ۔

**مزاحمت بالارادہ** ۔ (قانون) وہ روک ٹوک جو جان بُوجھ کر کی جائے ۔

**مَزار** ۔ (مَ ۔ زا ۔ ر) (ع ۔ ا ۔ مذ) زیارت کرنے کی جگہ ۔ درگاہ ۔ آستانہ ۔ مقبرہ ۔ قبر ۔ تربت ۔ گور (جمع) مزارات ۔

**مُزارِع** ۔ (مُ ۔ زا ۔ رِع) (ع ۔ ا ۔ مذ) کھیتی کرنے والا کسان ۔ کاشتکار (جمع) ۱ ۔ مزارعین ۔

**مُزارع تابع مرضیٔ مالک** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ کاشتکار جسے زمیندار جب چاہے نکال دے ۔

**مزارع تحت بند** ۔ (ا ۔ مذ) وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو ۔

**مَزامِیر** ۔ (مَ ۔ زا ۔ میر) (ع ۔ ا ۔ مذ) مزمار کی جمع ۔ بانسریاں ۔ مطربوں کے ہر قسم ساز (۲) راگ ۔ گیت ۔ راگ میں گائی جانے والی دعائیں ۔

**مزامیر داؤد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب زبور کی آیتیں ۔ نغمے ۔ خوش آوازیاں ۔

**مَزاوَجَت** ۔ (مَ ۔ زا ۔ وَ ۔ جَت) (ع ۔ ا ۔ مث) زوج ہونا ۔ بیاہ ۔ شادی ۔

**مُزاوَلَت** ۔ (مُ ۔ زا ۔ وَ ۔ لَت) (ع ۔ ا ۔ مث) کسی کام کو ہمیشہ کرنا روزمرہ خلق ۔

**مِزائل** ۔ (Missile) (مِ ۔ زا ۔ ئل) (انگ ۔ ا ۔ مث) راکٹ موٹروں کی طاقت سے پرواز کرنے والے خوفناک جنگی ہتھیار جنہیں ہزاروں میل دُور مقررہ مقام پر گرایا جا سکتا ہے ۔

**مَزبَلہ** (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ مقام جہاں کوڑا کرکٹ اور نجاست ڈالتے ہیں ۔

**مزبور** ۔ (مَز ۔ بور) (ع ۔ ا ۔ مذ) اوپر لکھا ہوا ۔ مذکورۃ الصدر ۔ مذکورۂ بالا ۔

**مُزجات** ۔ (مُز ۔ جات) (ع ۔ صف) تھوڑا ۔ ناچیز ۔ ادنیٰ ۔

**مُزخرف** ۔ (مُ ۔ زَخ ۔ رَف) (ع ۔ ا ۔ مث) بناوٹ کی بات ۔ وہ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو ۔ بیہودہ بات ۔

**مُزَخرَفات** ۔ (مُ ۔ زَخ ۔ رَ ۔ فات) (ع ۔ ا ۔ مث) مُزخرف کی جمع جھوٹی باتیں ۔ بناوٹی باتیں ۔ واہیات باتیں ۔

**مُزد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مزدوری ۔ اُجرت ۔ طلب ۔ تنخواہ ۔ صلہ ۔ بدلہ ۔

**مُزدلفہ** ۔ (مُز ۔ دَل ۔ فہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جہاں حاجی لوگ عرفات سے واپسی پر ۹ اور ۱۰ ذوی الحجہ کی رات کو قیام کرتے ہیں ۔

**مَزدُور** ۔ (مَز ۔ دُو ۔ ر) (ف ۔ ا ۔ مذ) مزدوری کرنے والا ۔ اُجرت پر کام کرنے والا ۔ بوجھ اُٹھانے والا ۔ محنتی (اصل لفظ مُزدوَر)

**مزدور خوش دل کُند کار بیش** ۔ (ف ۔ مثل) اچھی اُجرت پانے والا مزدور زیادہ کام کرتا ہے ۔

**مَزدُوری** ۔ (مَز ۔ دُو ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مث) اُجرت ۔ کام کا معاوضہ محنت کا صلہ (۲) محنت ۔ مشقت ۔ محنتانہ ۔

**مزدوری پڑ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محنت پڑ جانا ۔ کام پڑ جانا ۔

**مزدوری کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) محنت مشقت کا کام کرنا ۔

**مزدوری لنڈوری** ۔ (ا ۔ مثل) مزدوری کو قیام نہیں ہوتا ۔ کبھی ملی کبھی نہ ملی ۔

**مَزرَع ۔ مزرعہ** ۔ (مَز ۔ رَع ، مَز ۔ رَ ۔ عہ) (ع ۔ ا ۔ مذ ۔ مث) کھیتی کھیت ۔ کشت ۔

**مزرعِ آخرت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) عاقبت کی کھیتی ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔

**مَزرُوع** ۔ (ع ۔ صف) بویا گیا (۲) کھیت میں بوئی ہوئی چیز ۔

**مَزرُوعہ** ۔ (مَز ۔ رُو ۔ عہ) (ع ۔ صف) بویا ہوا ۔ کاشت کیا ہوا ۔ بویا ہوا کھیت ۔ کاشت کی ہوئی زمین ۔

**مُزعفر** ۔ (مُ ۔ زَع ۔ فَر) (ع ۔ ا ۔ مذ) زعفرانی ۔ زرد (۲) زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ ۔

**مَزعُوم ۔ مزعومہ** ۔ (مَز ۔ عو ۔ م ، مَز ۔ عُو ۔ مہ) (ع ۔ صف) گمان کیا ہوا ۔ زعم کیا ہوا ۔

**مُزکّٰی** ۔ (مُ ۔ زک ۔ کا) (ع ۔ صف) پاک کیا گیا ۔ زکوٰۃ دیا گیا ۔

**مُزکّی** ۔ (مُ ۔ زک ۔ کی) (ع ۔ ا ۔ مذ) پاک کرنے والا (۲) زکوٰۃ دینے والا ۔

**مَزَلّت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) پھسلنے کی جگہ ۔

**مُزَلَّف** ۔ (مُ ۔ زَل ۔ لَف) (ع ۔ صف) زلفوں سے گھرا ہوا ۔ زلف والا ۔ معشوق ۔

**مِزمار** ۔ (مِز ۔ مار) (ع ۔ ا ۔ مث) بانسری ۔ باجہ ۔ نے ۔ (جمع) مزامیر ۔

**مُزَمِّل** ۔ (مُز ۔ زَم ۔ مِل) (ع ۔ صف) کپڑوں میں لپٹا ہوا (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ ۔

**مُزمِن (مزمنہ)** ۔ (ع ۔ صف) پرانا ۔ کہنہ ۔

**مزمورہ** (ع ۔ ا ۔ مث) نغمہ ۔ مناجات ۔

**مُزمّکہ** ۔ (مُ ۔ زم ۔ کہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے



Marfat.com

کی پچھاڑی کے ساتھ بندھا ہوتا ہے۔ تاکہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے۔

**مُزرے لینا** - [ا۔ محاورہ] خبر لینا۔ تنگ کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

**مُزَوَّر** - (مُ۔زَوْ۔وَر) [ع۔ا۔مذ] جھوٹا کیا گیا۔ آمیزش کیا گیا۔ ملایا گیا۔ کھوٹا۔

**مُزَوِّر** - (مُ۔زَوْ۔وِر) [ع۔ا۔مذ] جھوٹا۔ دروغ گو (۲) بدمعاش۔ بدچلن۔ لچا۔ شہدا (۳) زیارت کرنے والا۔

**مُزُوری** - [ق۔ا۔مث] مزدوری۔ معاوضہ۔ بدلہ۔

**مَزَہ** - (مَ۔زَہ) [ف۔ا۔مذ] لذت۔ سواد۔ ذائقہ (۲) چسکا۔ چاٹ (۳) لُطف۔ حَظ۔ رَس۔ بہار (۴) خوشی۔ عیش۔ عشرت (۵) جوبن۔ شباب (۶) لت۔ عادت۔ وُصت (۷) سیر۔ تماشا (۸) حالت کیفیت گت۔ درجہ (۹) سزا۔ جزا۔ تعزیر۔

**مزہ آنا۔ مزہ آجانا** - [ا۔ محاورہ] لطف آنا۔ لذت حاصل ہونا۔

**مزہ اُٹھانا** - [ا۔ محاورہ] لطف حاصل کرنا۔ حظ اٹھانا (۲) تکلیف برداشت کرنا (۳) (طنزاً) بُرے کام کی سزا پانا۔ رنج اُٹھانا۔

**مزہ اُڑانا** - [ا۔ محاورہ] عیش اُڑانا۔ لُطف حاصل کرنا (۲) بہار لُوٹنا۔ جوبن لوٹنا۔

**مزہ بھولنا** - [ا۔ محاورہ] مزے بھولنا۔ ذائقہ یاد نہ رہنا۔

**مزہ پانا** - [ا۔ محاورہ] لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا۔ لذت پانا (۲) کیے کی سزا پانا۔ رنج اُٹھانا۔

**مزہ پڑنا** - [ا۔ محاورہ] عادت پڑنا۔ چاٹ پڑنا۔

**مزہ تو یہ ہے** - [ا۔ محاورہ] لُطف اس بات میں ہے۔

**مزہ ٹپکنا** - [ا۔ محاورہ] لطف کا نمایاں ہونا۔

**مزہ جاتا** - [ا۔ محاورہ] لُطف جاتا رہنا۔

**مزہ جب ہے** - [ا۔ روز مرہ] لطف جب ہے۔

**مزہ چکھانا** - [ا۔ محاورہ] ذائقہ چکھانا۔ کسی چیز میں سے تھوڑا سا یہ معلوم کرنے کے لیے کھلانا کہ سواد ٹھیک ہے (۲) سزا دینا۔

**مزہ چکھ لینا** - [ا۔ محاورہ] نتیجہ بھگتنا۔

**مزہ دکھانا** - [ا۔ محاورہ] لطف چکھانا۔ بہار دکھانا (۲) (طنزاً بھی مستعمل ہے) سزا دینا۔

**مزہ دیکھنا** - [ا۔ محاورہ] ذائقہ معلوم کرنا (۲) سیر دیکھنا۔ تماشا دیکھنا (۳) سزا پانا۔ پاداش کو پہنچنا۔

**مزہ دینا** - [ا۔ محاورہ] لطف دینا۔ ذائقہ بخشنا۔ لذت دینا۔

**مزہ زہر ہونا** - [ا۔ محاورہ] ذائقہ تلخ ہونا۔

**مزہ کرکرا (کھنڈت) ہونا** - [ا۔ محاورہ] رنگ میں بھنگ پڑنا۔ بے لطف ہونا۔

**مزہ کرنا۔ مزے کرنا** - [ا۔ محاورہ] انوکھی بات کرنا۔ تماشے کی بات کرنا۔ تماشا دکھانا۔ عیش کرنا۔

**مزہ کھلنا** - [ا۔ محاورہ] ناگوار گزرنا۔

**مزہ کھینچنا** - [ا۔ محاورہ] لطف حاصل ہونا۔

**مزہ لُٹ جانا** - [ا۔ محاورہ] لطف جاتا رہنا۔

**مزہ لگا ہونا** - [ا۔ محاورہ] چسکا ہونا۔

**مزہ لگ جانا** - [ا۔ محاورہ] چسکا پڑ جانا۔

**مزہ (مزے) لُوٹنا** - [ا۔ محاورہ] عیش منانا۔ لطف حاصل کرنا۔ بہار لوٹنا۔ جوبن لوٹنا۔

**مزہ (مزے) لینا** - [ا۔ محاورہ] لطف حاصل کرنا۔ ذائقہ چکھنا۔

**مزہ ملنا** - [ا۔ محاورہ] لذت آنا (۲) سزا پانا۔ کاربد کا عوض پانا۔

**مزہ نکلنا** - [ا۔ محاورہ] نتیجہ یا فائدہ حاصل کرنا۔

**مزہ ہونا** - [ا۔ محاورہ] لُطف ہونا۔ سیر ہونا۔ تماشا ہونا۔

**مزہ ہے** - [ا۔ محاورہ] عیش ہے۔ بڑا لطف ہے۔ عجب کیفیت ہے۔

**مزے دار** - [ا۔ صف] لذت والا۔ لذیذ۔ اچھے ذائقہ کا۔ پُرلطف (۲) خوش طبع۔

**مزے داری** - [ا۔ صف۔ مث] لذت۔ لُطف۔ حَظ۔

**مزے سے گزرنا** - [ا۔ محاورہ] آرام سے بسر ہونا۔

**مزے کا** - [ا۔ صف] بامزہ۔ پُرلطف۔

**مزے کرنا** - [ا۔ محاورہ] لُطف اٹھانا۔ عیش کرنا۔ خوش فعلیاں کرنا۔

**مزے کی بات** - [ا۔ مث] ہنسی کی بات۔ تماشے کی بات۔ لطف کی بات۔

**مزے کے مارے** - [ا۔ تابع فعل] لذت کے باعث۔ لطف کے باعث۔

**مزے میں** - [ا۔ تابع فعل] لطف کے ساتھ۔

**مزے میں آنا** - [ا۔ محاورہ] خوشی میں آنا۔ چاؤ میں آنا (۲) ناز کرنا۔ اترانا۔

**مزے میں گزرنا** - [ا۔ محاورہ] عیش و آرام میں بسر ہونا۔

**مزے ہی مزے ہیں** - [ا۔ محاورہ] عیش ہی عیش ہے۔ خوب بن آئی ہے۔ مطلب اچھی طرح حاصل ہو گیا ہے۔

**مُزَیَّب** - (مُ۔زَیْ۔یَب) [ف۔صف] زیبا۔ سجا ہوا۔ فارسی زیب سے عربی قاعدے پر اسم مفعول بنایا گیا (غیر فصیح ہے)۔

**مَزِید** - (مَ۔زِید) [ع۔ا۔مذ] اضافہ۔ زیادتی۔ افزونی۔ بیشی۔ بڑھوتری۔

**مزید برآں** - [ع۔ف۔ تابع فعل] اس کے علاوہ۔ اس کے سوا۔

**مزید علیہ** - [ع۔صف] زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔

**مزید فیہ** - [ع۔صف] زیادہ۔ فالتو۔ زائد۔

**مزید مال۔ مزیدی مال** - وہ شے جو مستعمل ہو کر بطور شئے زائد کے پڑی ہو۔ استعمال شدہ چیز۔ سستا مال۔

**مُزِیر** - [ع۔صف] سخت۔ سخت دل۔

**مُزِیل** - (مُ۔زِیل) [ع۔ا۔مذ] مٹانے والا۔ کسی چیز کے آثار کا دُور کرنے والا۔

**مُزَیَّن** - (مُ۔زَیْ۔یَن) [ع۔صف] زینت دیا گیا۔ سجایا ہوا۔ آراستہ۔ مکلف۔



Marfat.com

## م ۔ ژ

مُژدَہ ۔ (مُژ ۔ دَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) خوش خبری ۔ بشارت ۔ مبارک باد ۔ تہنیت ۔

مژدہ باد ۔ (ف ۔ کلمۂ دعا) ۔ مبارک ہو ۔ خوشخبری ہو ۔

مژدہ باد اے مرگِ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے ۔ (ف ۔ مثل) جس سے امداد کی توقع تھی ۔ وہ خود مصیبت میں گرفتار ہے ۔

مژدہ پہنچانا ۔ (ف ۔ محاورہ) خوشخبری دینا ۔ بشارت دینا ۔

مژدہ سنانا ۔ (ف ۔ محاورہ) خوشخبری لاکر دینا ۔

مژگاں ۔ (مژ ۔ گاں) (ف ۔ ا ۔ مث) مژہ کی جمع ۔ پلکیں ۔

مِژہ ۔ (م ۔ ژہ) (ف ۔ ا ۔ مث) پلک ۔ (جمع) مژگاں ۔

## م ۔ س

مَس ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) مونچھوں کا رُواں ۔

مسیں بھیگنا ۔ (ہ ۔ محاورہ) سبزہ آغاز ہونا ۔ مونچھیں نکلنا ۔

مَس ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) چھونے کا فعل (۱) لگاؤ ۔ رغبت ۔ میل ۔ رجحان (۲) چھونا ہاتھ لگانا ۔ ملنا ۔ رگڑنا ۔

مَس کرنا ۔ (ع ۔ محاورہ) چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔

مَس ہونا ۔ (ع ۔ محاورہ) رجحان ہونا ۔ رغبت ہونا ۔ میل ہونا ۔ لگاؤ ہونا ۔

مِس ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) تانبا ۔ ایک دھات جس کے برتن وغیرہ بنتے ہیں ۔

مِس خام ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) کچا تانبا ۔ وہ تانبا جو کان سے نکلنے کے بعد ابھی صاف نہ کیا گیا ہو ۔

مِس گر ۔ (ف ۔ صف) تانبے کے برتن بنانے والا ۔ ٹھٹھیرا ۔ کسیرا ۔

مِس لاکلل ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) خالص تانبا ۔

مِس ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) سیاہی ۔ روشنائی (۱، ۲ مذ) بہانہ ۔ حیلہ ۔ عذر ۔

مِس (Miss) (انگ ۔ ا ۔ مث) دوشیزہ ۔ ناکتخدا لڑکی (۲) نشانے کا خطا جانا ناکام رہنا (۳) نہ مل سکنا (۴) نہ پکڑ سکنا ۔

مِس کرنا ۔ (انگ ۔ ا ۔ مص مرکب) بھول جانا ۔ چوکنا ۔ غلطی سے چھوڑنا ۔ چھوٹ دینا ۔

مَسا ۔ مُسّا ۔ (مَ ۔ سا) (مُس ۔ سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے ۔ بڑا تل ۔ خال کلاں (۲) زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) بندوق کی مکھی (۴) گھنڈی ۔ ابھرا ہوا دانہ جو گھڑی کے ڈھکنے یا ڈبیوں پر ہوتا ہے ۔

مسّے پہ بال باندھنا ۔ (ہ ۔ محاورہ) مسّا کاٹنے کے لیے گھوڑے کا بال باندھ دیتے ہیں اور ہر روز تھوڑا سا کس دیتے ہیں ۔ یہاں تک کہ مسّا بغیر تکلیف کے جھڑ جاتا ہے ۔

مَسا ۔ (مَ ۔ سا) (ع ۔ ا ۔ مث) شام ۔ سانجھ ۔

مِسّا ۔ (مِس ۔ سا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ملا جلا اناج ۔ موٹا جھوٹا اناج ۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اناج ۔

مِسا کُستا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) چھوٹا اناج ۔

مُسابقت ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) باہم سبقت لے جانا ۔ آگے بڑھ جانا ۔ سبقت ۔

مَساج ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) مالش کرنا ۔ اعصابی طاقت کے لیے ہاتھوں سے جسم کو ملنا ۔

مَساجِد ۔ (مَ ۔ سا ۔ جِد) (ع ۔ ا ۔ مث) مسجد کی جمع ۔ بہت سی مسجدیں ۔

مَسّاح ۔ (مَس ۔ ساح) (ع ۔ ا ۔ مذ) پیمائش کرنیوالا ۔ ناپنے والا ۔

مَساحَت ۔ (مَ ۔ سا ۔ حت) (ع ۔ ا ۔ مذ) زمین کی پیمائش ۔

مُساس ۔ (مُ ۔ ساس) (ع ۔ ا ۔ مذ) چھونا ۔ ہاتھ پھیرنا ۔ ہاتھ سے ملنا ۔ عورت کے کسی حصۂ جسم کو ہاتھ سے ملنا ۔

مُساعِد ۔ (مُ ۔ سا ۔ عِد) (ع ۔ ا ۔ مذ) مددگار ۔ یاور معاون ۔ موافق ۔

مُساعَدَت ۔ (مُ ۔ سا ۔ عَ ۔ دَت) (ع ۔ ا ۔ مث) یاری ۔ یاوری امانت ۔ مدد ۔

مَساعی ۔ (مَ ۔ سا ۔ عی) (ع ۔ ا ۔ مث) مسعات کی جمع ۔ کوششیں ۔

مَساعیِ جمیلہ ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) نیک کوششیں ۔

مَسافَت ۔ (مَ ۔ سا ۔ فت) (ع ۔ ا ۔ مث) دوری ۔ فاصلہ ۔ عرصہ ۔ سفر ۔ (۲) سفر کی تکان (جمع) مسافات ۔

مسافت اٹھانا ۔ (ع ۔ محاورہ) سفر کی تکان برداشت کرنا ۔

مسافت پڑنا ۔ (ع ۔ محاورہ) فاصلہ ہونا ۔

مسافت طے ہونا ۔ (ع ۔ محاورہ) راستہ کٹنا ۔ فاصلہ طے ہونا ۔

مُسافِر ۔ (مُ ۔ سا ۔ فِر) (ع ۔ ا ۔ مذ) سفر کرنے والا ۔ راہ گیر ۔ پردیسی ۔

مسافر خانہ ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان ۔ سرائے (کنایۃً) دنیا ۔ دنیاوی قیام گاہ ۔

مسافر گاڑی ۔ (ع ۔ مث) وہ ریل گاڑی جس سے مسافر سوار ہوتے ہیں ۔ پسنجر ٹرین ۔

مُسافرانِ عدم ۔ (مُ ۔ سا ۔ فِ ۔ رانِ ۔ عَ ۔ دَم) (ف ۔ ا ۔ مذ) عدم کا سفر کرنے والے ۔ مردہ لوگ ۔

مُسافرانہ ۔ (مُ ۔ سا ۔ فِ ۔ را ۔ نہ) (ع ۔ ف ۔ صف) مسافر کی طرح ۔ پردیسیوں کی مانند ۔

مُسافَرَت ۔ (مُ ۔ سا ۔ فَ ۔ رَت) (ع ۔ ا ۔ مث) سفر ۔ سیاحی (۲) پردیس ۔

مُسافری ۔ (مُ ۔ سا ۔ فِ ۔ ری) (اُ ۔ ا ۔ مث) سیاحی ۔ سفر ۔ پردیس ۔

مسا کرکے ۔ (ہ ۔ تابع فعل) بہت تھوڑا سا ۔ بمشکل تمام ۔ دقت سے ۔ جیسے مسا کرکے آدھ سیر ہوگا ۔

مَساکِن ۔ (مَ ۔ سا ۔ کِن) (ع ۔ ا ۔ مذ) مسکن کی جمع ۔ مکانات ۔ رہنے کی جگہیں ۔ مقامات سکونت ۔

مَساکین ۔ (مَ ۔ سا ۔ کین) (ع ۔ ا ۔ مذ) مسکین کی جمع ۔ غریب لوگ ۔ مفلس لوگ ۔ محتاج ۔

مَسالا ۔ (مَ ۔ سا ۔ لا) (اُ ۔ ا ۔ مذ) عربی مصالح سے مورّد (۱) سامان ۔ ہر چیز



Marfat.com

کی تیاری کی ضروریات اور لوازم۔ جیسے نمک۔ مرچ۔ لہسن پیاز، سالن کا مسالہ ہے (۲) گوٹا کناری۔ گوکھرو وغیرہ۔

**مسالا بنانا۔** (۱۔ محاورہ) مسالا مرکب کرنا۔ مسالا تیار کرنا۔

**مسالا ٹانکنا۔** (۱۔ محاورہ) گوٹا کناری وغیرہ لگانا۔

**مسالا ڈالنا۔** (۱۔ محاورہ) کھانے میں گرم مسالہ وغیرہ ڈالنا۔

**مسالے دار۔** (۱۔ صف) وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہوا ہو۔ چٹپٹی۔

**مسالے کا تیل۔** (۱۔ مذ) ایک قسم کا مرکب تیل جس کی خوشبو تیز ہوتی ہے۔

**مسالے کی سِل۔** (۱۔ مث) مسالہ پیسنے کی سِل۔

**مَسالِک۔** (مَ۔سا۔لِک) (ع۔ ا۔ مذ) مسلک کی جمع۔ راہیں۔ راستے۔ طریقے۔

**مسالمہ۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ مجلس جس میں سلام پڑھے جائیں (۲) باہم سلام پڑھنا۔ خاص طور سے شہدائے کربلا کی یاد میں سلام پیش کرنا (اہلِ ہند کی اختراع)۔

**مَسام۔** (مَ۔سا۔م) (ع۔ ا۔ مذ) جسم کے وہ سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے۔

**مَسامات۔** (مَ۔سا۔ما۔ت) (ع۔ ا۔ مذ) مسام کی جمع۔

**مُسامَحَت۔** (مُ۔سا۔مَ۔حَت) (ع۔ ا۔ مث) چشم پوشی کرنا کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا (۲) سستی۔ کاہلی (۳) کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔

**مسامرت۔** (ع۔ ا۔ مذ) قصہ کہنا۔ کہانی سنانا۔

**مُسامُسا گر۔** (ا۔ تابع فعل) کھینچ تان کے۔ بڑی مشکل سے۔

**مَسان۔** (مَ۔سا۔ن) (ہ۔ ا۔ مذ) مرگھٹ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔ شمشان (۲) بچوں کی ایک بیماری جس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے۔ اُمّ الصبیان۔ دقّ الاطفال (۳) سفلی عمل، جس سے خبیث روح کو قابو کرتے ہیں۔ جنتر منتر (۴) خبیث۔ بھوت۔

**مَسانند۔** (ق۔ ا۔ مذ) خیال۔

**مَسانی۔** (مَ۔سا۔نی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی چیچک۔ خسرا

**مَسانیا۔** (مَ۔سا۔نِ۔یا) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ جو جلی ہوئی لاش کی راکھ اور ہڈیاں اٹھائے (۲) وہ جو خبیث ارواح کو نکالے۔

**مُساوات۔** (مُ۔سا۔وات) (ع۔ ا۔ مث) برابری۔ ہمسری (۲) باہم برابر کرنا۔ حالت کا برابر ہونا۔

**مُساواتِ ذاتی۔** (جبر و مقابلہ کی اصطلاح) وہ مساوات جس میں حرف مجہول کی کوئی سی قیمت کیوں نہ ہو ہر حالت میں مساوات کی طرفیں برابر رہتی ہیں۔

**مساوات شرطی۔** (ع۔ ا۔ مث) (جبر و مقابلہ) وہ مُساوات کہ جس میں حرف مجہول کی کوئی خاص قیمت مقرر نہ کریں۔ مساوات کی شرط برابر نہ ہو۔

**مساوات نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) مساوات کی نامعلوم مقدار کی قیمت دریافت کرنا۔

**مُساوِی۔** (مُ۔سا۔وی) (ع۔ صف) برابر۔ یکساں

**مساوی الاَضلاع۔** (ع۔ ا۔ مث) وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔

**مُساہَلَت۔** (مُ۔سا۔ہَ۔لَت) (ع۔ ا۔ مث) تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔

**مساہَمَت۔** (مُ۔سا۔ہَ۔مَت) (ع۔ ا۔ مث) شرکت۔ ساجھا۔ قرعہ اندازی۔

**مَسائِل۔** (مَ۔سا۔اِل) (ع۔ ا۔ مذ) مسئلہ کی جمع۔ سوالات۔ پوچھی ہوئی باتیں۔ اُمور دریافت طلب (۲) مذہبی قواعد یا احکام۔ اصولِ مذہب۔

**مُسَبَّب۔** (مُ۔سَب۔بَب) (ع۔ صف) سبب کیا گیا۔ باعث۔ وجہ۔

**مُسَبِّب۔** (مُ۔سَب۔بِب) (ع۔ ا۔ مذ) سبب پیدا کرنے والا۔

**مُسَبِّبُ الاسباب۔** (ع۔ صف) سبب پیدا کرنے والا۔

**مُسَبِّبِ حقیقی۔** (ع۔ صف) سبب کا اصل پیدا کرنے والا۔ خداوند تعالیٰ۔

**مُسَبِّح۔** (مُ۔سَب۔بِح) (ع۔ صف) سبحان اللہ کہنے والا۔ تسبیح کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کو پاکی سے یاد کرنے والا۔

**مُسَبِّحانِ ملاءِ اعلیٰ۔** (ع۔ ا۔ مذ) فرشتوں سے مراد ہے۔

**مُسَبِّحَہ۔** (مُ۔سَب۔بِ۔حَہ) (ع۔ ا۔ مث) شہادت کی انگلی۔ سبابہ۔

**مُسَبَّع۔** (مُ۔سَب۔بَع) (ع۔ ا۔ مذ) سات حصے کیا گیا۔ سات پہلو والی چیز۔ سات برابر ضلعوں والی شکل (۲) سات مصرعوں کے بند والے شعر۔

**مَسبُوق۔** (مَس۔بُو۔ق) (ع۔ صف) سابق۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ (۲) اصطلاحِ فقہ میں وہ شخص جو ایک یا کئی رکعتیں فوت ہو جانے کے بعد جماعت میں آکر شریک ہوا ہو۔

**مَسبُوقُ الذِّکر۔** (ع۔ صف) جس کا سابق میں ذکر آچکا ہو۔ جو بیان کیا جا چکا ہو۔

**مَست۔** (ف۔ صف) متوالا۔ مدھ ماتا۔ نشہ میں چور۔ مخمور (۲) پُرشہوت۔ جوانی میں بھرا ہوا (۳) سرشار۔ بےخود۔ بےہوش۔ مدہوش (۴) مجذوب مجنوں۔ دیوانہ (۵) خوش۔ مگن۔ آنند۔ بشاش (۶) بےپرواہ (۷) مغرور۔ گھمنڈی۔

**مَست آواز۔** (ف۔ ا۔ مث) وہ آواز جو سننے والوں کو بےخود بنا دے۔ آواز جو سننے والوں کے دلوں میں سرور اور نشہ سا پیدا کر دے۔

**مست ازل (الست)۔** (ف ع۔ صف) ظہورِ مخلوق سے پہلے خدا تعالیٰ نے تمام ارواح کو جمع کر کے فرمایا اَلَستُ بِرَبِّکُم۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں تو سب نے بلیٰ کہا یعنی ہاں۔ اس دن جس کی روح خدا کی آواز سن کر مجذوب ہو گئی۔ مراد مجذوب کامل۔ ازلی مست۔

**مَست بوک۔** (ا۔ مذ) مستی میں بھرا ہوا بکرا۔

**مَست مولا۔** (ا۔ مذ) بےپرواہ آدمی۔ آزاد طبع۔

**مست مہینہ۔** (ا۔ مذ) پھاگن کا مہینہ۔ ہولی کا مہینہ جو مستی کے مشاغل کے لیے مخصوص ہے۔



Marfat.com

**مَسْت ہاتھی**۔ (ا۔مذ) ہاتھی جو مستی کے باعث دیوانہ ہو۔

**مَسْت ہو جانا**۔ (ا۔ مص مرکب) متوالا ہو جانا۔ نشہ میں چُور ہو جانا (۲) بے ہوش ہونا (۳) اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ مغرور ہونا (۴) شہوت میں بھرنا۔ دھ پر آنا (۵) جوانی میں بھرنا۔ جوش میں آنا۔ بہت خوش ہونا (۶) دیوانہ ہونا۔ مجنوں ہونا۔ مجذوب ہونا۔

**مستوں کے گھوڑے**۔ (ا۔ مثل) نہایت احمق۔ نہایت بے وقوف۔

**مُسْتَاجِر**۔ (مُس۔ تا۔ جِر) (ع۔ ا۔ مذ) ٹھیکہ دار۔ اجارہ پہ لینے والا۔ زمیندار۔

**مستاجر سرکاری**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سرکاری ٹھیکہ دار۔

**مُسْتَاجِرِی**۔ (مُس۔ تا۔ جِ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) ٹھیکہ داری۔ اجارہ داری

**مُسْتَاصَل**۔ (مُس۔ تا۔ صَل) (ع۔ صف) جڑ سے اکھڑا ہوا۔ برباد۔ تباہ

**مُسْتَاصِل**۔ (مُس۔ تا۔ صِل) (ع۔ ا۔ مذ) جڑ سے اکھاڑنے والا۔

**مُسْتَامِن**۔ (مُس۔ تا۔ مِن) (ع۔ ا۔ مذ) پناہ مانگنے والا۔ امن چاہنے والا۔

**مَسْتَان**۔ (مَس۔ تان) (ا/ر۔ ا۔ مذ) مجذوب دیوانہ۔ مجنون۔ اس معنے میں بطور واحد مستعمل ہے۔

**مستان شاہ**۔ (ا۔ مذ) مست فقیر۔ گدائے مجذوب۔

**مَسْتَانا**۔ (مَس۔ تا۔ نا) (ہ۔ مص) مستی پر آنا۔ مدھ پر آنا۔ گرما جانا۔

**مَسْتَانَہ**۔ (مَس۔ تا۔ نہ) (ف۔ صف) مست کی طرح یا مانند۔ متوالے کی طرح۔ مجذوب۔

**مستانہ چال**۔ (ف۔ ا۔ مث) متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال۔ جھومتی چال۔

**مُسْتَانِس**۔ (مُس۔ تا۔ نِس) (ع۔ صف) اُلفت رکھنے والا۔ خوگر۔ آرام پانے والا۔

**مُسْتَانِفَہ**۔ (ع۔ صف) پہل کرنے والا (۲) جُدا۔ علیحدہ (۳) (اصطلاح نحو) وہ جملہ جس کو سابقہ جملہ سے معناً تو ربط ہو مگر لفظاً کچھ تعلق نہ ہو۔

**مَسْتَانِی**۔ (مَس۔ تا۔ نی) (ا/ر۔ صف۔ و۔ ا۔ مث) مدھ میں بھری ہوئی عورت (۲) دیوانی۔ مجنونہ۔

**مُسْتَاہِل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) نالائق۔ سزاوار۔

**مُسْتَبِد**۔ (مُس۔ تَ۔ بِد) (ع۔ ا۔ صف) اکیلے کام کرنے والا (۲) خودمختار مطلق العنان۔ جمع۔ مُسْتَبِدِین۔

**مُسْتَبِدانہ**۔ (مُس۔ تَ۔ بِد۔ دانہ) (ع۔ صف) خود مختارانہ۔ مطلق العنانہ۔

**مُسْتَبْدَل**۔ (ع۔ صف) بدل کیا گیا۔ بدل جاتا گیا۔

**مُسْتَبْدِل**۔ (ع۔ صف) بدل کرنے والا۔ بدل چاہنے والا۔

**مُسْتَبْشِر**۔ (ع۔ صف) خوش خبری چاہنے والا۔ خوش ہونے والا

**مُسْتَبْصِر**۔ (ع۔ صف) بینائی چاہنے والا۔ جس کا دل بینا ہو۔

**مُسْتَبْعَد**۔ (مُس۔ تَب۔ عد) (ع۔ صف) دُور۔ بعید (۲) دور از قیاس۔ دشوار۔

**مُسْتَتِر**۔ (مُس۔ تَ۔ تِر) (ع۔ صف) چھپنے والا۔ پوشیدہ۔

**مُسْتَثْنیٰ**۔ (مُس۔ تَث۔ نا) (ع۔ صف) استثنا کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھوٹا ہو۔ ماسوا۔ اِلّا۔ مگر۔ بجز (۳) وہ شخص یا چیز جسے علیحدہ کر دیا گیا ہو (۴) اصطلاح نحو میں وہ اسم جو حرف استثنا کے بعد واقع ہوا ہو۔ جمع۔ مستثنیات۔

**مستثنیٰ کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ کسی میں سے کسی کو جُدا کرنا۔

**مُسْتَثْنیٰ مِنْہُ**۔ (ع۔ صف) وہ شخص یا چیز جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو۔

**مُسْتَثْنَیَات**۔ (مُس۔ تَث۔ نَ۔ یات) (ع۔ صف) مستثنیٰ کی جمع۔ الگ کیے ہوئے امور۔

**مُسْتَجَاب**۔ (مُس۔ تَ۔ جاب) (ع۔ صف) جواب دیا گیا (مجازاً) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔

**مستجاب الدعوات**۔ (ع۔ ا۔ مث) جس کی دُعا قبول ہو۔ جس کی دعا درگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پائے۔

**مُسْتَجْمِع**۔ (مُس۔ تَج۔ مِع) (ع۔ ا۔ مذ) جمع کرنے والا۔

**مُسْتَجْمَع**۔ (مُس۔ تَج۔ مَع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جمع ہونے کی جگہ (۲) جمع کیا گیا۔

**مستجمع الصفات**۔ (ع۔ صف) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں۔

**مُسْتَجِیب**۔ (مُس۔ تَ۔ جِیب) (ع۔ صف) جواب دینے والا۔ دُعا قبول کرنے والا۔

**مستجیب الدعوات**۔ (ع۔ صف) دُعائیں قبول کرنے والا۔ مُراد خدائے تعالیٰ۔

**مُسْتَحَاضَہ**۔ (مُس۔ تَ۔ حا۔ ضہ) (ع۔ صف) وہ عورت جسے معمول سے زیادہ عرصہ تک خون آئے۔

**مُسْتَحَب**۔ (مُس۔ تَ۔ حَب) (ع۔ صف) محبت کیا گیا۔ پسند کیا گیا پسندیدہ (۲) (ا/ر۔ ا۔ مذ) فقہ کی اصطلاح میں عبادات میں سے وہ فعل جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرما کر خود کیا ہو یا اُس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔ جمع۔ مستحبات۔

**مُسْتَحْسَن**۔ (مُس۔ تَح۔ سَن) (ع۔ صف) نیک۔ پسندیدہ۔ خوب۔ بہتر۔

**مُسْتَحْضَر**۔ (مُس۔ تَح۔ ضَر) (ع۔ صف) یاد رکھا ہوا۔ وہ بات جو یاد ہو۔

**مُسْتَحِق**۔ (مُس۔ تَ۔ حِق) (ع۔ صف) حق دار۔ حق رکھنے والا۔ دعوے دار (۲) لائق۔ قابل۔ سزاوار (۳) درویش۔ مفلس۔ مسکین۔ نادار۔ جمع۔ مستحقین۔

**مُسْتَحْکَم**۔ (مُس۔ تَح۔ کَم) (ع۔ صف) پکا۔ مضبوط۔ سخت۔ قائم کرنے والا۔ اٹل۔ مضبوط۔

**مُسْتَحِیل**۔ (مُس۔ تَ۔ حِیل) (ع۔ صف) بدلا ہوا۔ ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا (۲) ناممکن۔ محال۔

**مُسْتَخْرَج**۔ (مُس۔ تَخ۔ رَج) (ع۔ صف) نکالا ہوا۔ خارج کیا ہوا۔

**مُسْتَخْلَص**۔ (مُس۔ تَخ۔ لَص) (ع۔ صف) چھوڑا گیا۔ خلاص کیا گیا۔



Marfat.com

**مُستَدعی**۔ (مُس۔تَد۔عی) (ع۔صف) استدعا کرنے والا۔ خواہش مند۔ کسی بات کا چاہنے والا۔ ملتجی۔

**مُستَدِیر**۔ (مُس۔تَ۔دِیر) (ع۔صف) گول۔ مُدوّر۔

**مُستَرَد**۔ (مُس۔تَ۔رَد) (ع۔صف) رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔

**مُستَرشِد**۔ (ع۔صف) ہدایت طلب کرنے والا۔ سیدھی راہ چاہنے والا۔ مرید۔

**مُستَرضی**۔ (ع۔صف) رضا چاہنے والا۔ خوشنودی چاہنے والا۔

**مِستَری**۔ (مِس۔تَ۔ری) (اُ۔ا۔مذ) (۱) اہل حرفہ کا افسر۔ کاریگروں کا اُستاد (۲) کسی پیشہ کا کاریگر۔ خصوصاً لوہار۔ بڑھئی۔ معمار۔

**مُستَزاد**۔ (مُس۔تَ۔زا۔د) (ع۔صف) بڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔ افزوں (۲) عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرع یا شعر کے بعد ایسا زائد ٹکڑا لگا ہو جو اسی مصرع کے رُکن اول اور رُکن آخر کے برابر ہو۔ مثلاً ہم سے چُھپ چُھپ کر جو راتوں کو چلے جاتے ہو۔ سچ بتاؤ تمہیں اب کس سے نیا پیار ہوا۔ اس کا باعث تو کہو کون دلدار ہوا۔

**مُستَسقی**۔ (مُس۔تَس۔قی) (ع۔صف) وہ جو پانی طلب کرے (۲) وہ شخص جسے جلندھر کی بیماری ہو۔

**مُستَشار**۔ (مُس۔تَ۔شا۔ر) (ع۔صف) وہ جس سے مشورہ کیا جائے۔

**مُستَشارِ قانونی**۔ (ع۔ف۔مذ) وہ شخص جس سے قانونی مشورہ لیا جائے۔

**مُستَشرِق**۔ (مُس۔تَش۔رِق) (ع۔صف) وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔ جمع، مستشرقین۔

**مُستَشہِد**۔ (ع۔ف) گواہی چاہنے والا۔ شہادت طلب کرنے والا۔

**مُستَشِیر**۔ (ع۔صف) مشورہ کرنے والا۔

**مُستَشفیٰ**۔ (ع۔ا۔مذ) شفا خانہ۔ ہسپتال۔

**مُستَضِیٔ**۔ (ع۔صف) روشنی چاہنے والا۔ روشنی قبول کرنیوالا۔

**مُستَطاب**۔ (مُس۔تَ۔طا۔ب) (ع۔صف) خوش گوار۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۲) مبارک۔ خجستہ۔ سعید۔ نیک۔

**مُستَطِیع**۔ (مُس۔تَ۔طِیع) (ع۔صف) استطاعت رکھنے والا۔ صاحب مقدور۔

**مُستَطِیل**۔ (مُس۔تَ۔طِیل) (ع۔ا۔مذ) (۱) طویل۔ لمبا (۲) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں۔

**مُستَظہِر**۔ (مُس۔تَظ۔ہِر) (ع۔صف) مدد چاہنے والا۔ امداد کا خواہاں (۲) ظہور چاہنے والا۔

**مُستَعار**۔ (مُس۔تَ۔عار) (ع۔صف) مانگا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ چند روزہ جیسے حیات مستعار۔

**مُستَعان**۔ (ع۔صف) مدد طلب کیا گیا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

**مُستَعجِل**۔ (مُس۔تَع۔جِل) (ع۔صف) تعجیل کرنے والا۔ جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔

**مُستَعجِلانہ**۔ (مُس۔تَع۔ج۔لا۔نہ) (ع۔ف۔صف) جلد بازانہ۔

**مُستَعِد**۔ (مُس۔تَ۔عِد) (ع۔صف) آمادہ۔ تیار۔ موجود۔ کمربستہ (۲) چُست۔ چالاک۔ ہوشیار۔ طرار۔

**مُستَعِد کرنا**۔ (ا۔مص مرکب) تیار کرنا۔ آمادہ کرنا۔

**مُستَعِدی**۔ (مُس۔تَ۔عِد۔دی) (ف۔ا۔مث) آمادگی۔ تیاری۔

**مُستَعذِر**۔ (ع۔صف) عذر چاہنے والا۔

**مُستَعفی**۔ (مُس۔تَع۔فی) (ع۔صف) استعفاء دینے والا۔ معافی چاہنے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔

**مُستَعمَر**۔ (مُس۔تَع۔مَر) (ع۔صف) آبادی۔ کالونی۔ آبادی جایا ہوا (جمع، مستعمرات۔

**مُستَعمَل**۔ (مُس۔تَع۔مَل) (ع۔صف) (۱) عمل میں لایا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔

**مُستَعمَل ہونا**۔ (ا۔مص مرکب) استعمال میں آنا۔ کام میں لایا جانا برتنے میں آنا۔

**مُستَعِین**۔ (مُس۔تَ۔عِین) (ع۔صف) مدد چاہنے والا۔ امداد طلب کرنے والا۔

**مُستَغاث**۔ (مُس۔تَ۔غاث) (ع۔ا۔مذ) وہ جس سے فریاد چاہیں۔

**مُستَغاث علیہ**۔ جس کے خلاف استغاثہ کیا گیا ہوا۔ مدعا علیہ جس پر نالش کی گئی ہو۔

**مُستَغرِب**۔ (ع۔صف) وہ مشرقی جو مغربی علوم کا ماہر ہو۔

**مُستَغرَق**۔ (مُس۔تَغ۔رَق) (ع۔صف) غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا۔ (۲) نہایت مصروف۔

**مُستَغفِر**۔ (مُس۔تَغ۔فِر) (ع۔صف) استغفار کرنے والا۔ گناہوں کی معافی مانگنے والا۔

**مُستَغنی**۔ (مُس۔تَغ۔نی) (ع۔صف) آزاد۔ بری۔ بے پرواہ (۲) دولتمند مال دار۔ آسودہ حال۔ فارغ البال۔ مطلق۔

**مُستَغِیث**۔ (مُس۔تَ۔غیث) (ع۔صف۔مذ) استغاثہ کرنے والا۔ داد خواہ۔ نالشی (۲) مدعی۔ دعوے دار۔ سائل۔

**مُستَغِیث الیہ**۔ (ع۔صف) جس پر دعوے کیا جائے۔ مدعا علیہ۔

**مُستَغِیثہ**۔ (ع۔صف۔مث) مُستغیث کی تانیث۔ دعویدار عورت۔

**مُستَفاد**۔ (مُس۔تَ۔فاد) (ع۔صف) فائدہ حاصل کیا ہوا۔ جو چیز فائدے میں حاصل ہو۔

**مُستَفاض**۔ (ع۔صف) فیض چاہا ہوا۔

**مُستَفتی**۔ (مُس۔تَف۔تی) (ع۔صف) فتویٰ طلب کرنے والا۔ کسی معاملے میں شرعی حکم چاہنے والا۔

**مُستَفسِر**۔ (مُس۔تَف۔سِر) (ع۔صف) استفسار کرنے والا۔ پوچھنے والا تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

**مُستَفِید**۔ (مُس۔تَ۔فید) (ع۔صف) فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ طلب



Marfat.com

کرنے والا۔ فائدہ اُٹھانے والا۔

**مُسْتَفِیض**۔ (مُس۔تَ۔فِیض) [ع۔صف] فیض چاہنے والا۔ فیض کا خواہاں (۲) فائدہ اُٹھانے والا۔

**مُسْتَقْبِل**۔ (مُس۔تَق۔بِل) [ع۔ا۔صف] آگے آنے والا۔ آئندہ (۲) وہ فعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔ زمانۂ آئندہ۔

**مُسْتَقَر**۔ (مُس۔تَ۔قَر) [ع۔ا۔مذ] ٹھہرنے کی جگہ۔ جائے قرار۔ ٹھکانہ۔

**مُسْتَقِل**۔ (مُس۔تَ۔قِل) [ع۔صف] مضبوط۔ مستحکم۔ اٹل۔ برقرار۔ پائدار پکا۔ قائم۔ ہمیشہ۔ مدام۔

**مُسْتَقِل اسامی**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] مستقل جگہ۔ پکی اسامی۔ پائیدار نوکری۔

**مستقل رہنا**۔ [ا۔محاورہ] قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔ جما رہنا۔

**مستقل مزاج**۔ [ع۔صف] وہ جس کے مزاج میں استقلال ہو۔

**مستقل ہونا**۔ [ا۔مص مرکب] پکا ہونا۔ پائدار ہونا (۲) قائم ہونا۔ برقرار ہونا (۳) ملازمت پر پکا ہونا۔

**مُسْتَقِلی**۔ (مُس۔تَق۔لی) [ف۔ا۔مث] کسی عہدے پر پکا ملازم کیا جانا (Confirmation) مضبوطی۔ مستحکمی۔

**مُسْتَقِیم**۔ (مُس۔تَ۔قیم) [ع۔صف] سیدھا۔ راست۔ درست۔ مضبوط۔

**مُسْتَک**۔ (مُس۔تَک) [س۔ا۔مث] ہاتھی کا ماتھا (۲) ماتھا۔ پیشانی۔

**مُسْتَکْبِر**۔ (مُس۔تَک۔بِر) [ع۔صف] متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔

**مُسْتَکْفِی**۔ [ع۔ف] کفایت چاہنے والا۔

**مُسْتَلِذ**۔ [ع۔صف] لذت پانے والا۔

**مُسْتَلْزِم**۔ (مُس۔تَل۔زِم) [ع۔صف] کوئی کام اپنے اُوپر لازم کرنے والا۔

**مستلزم سزا**۔ [ع۔صف] سزا کے قابل۔

**مُسْتَمِد**۔ [ع۔صف] امداد چاہنے والا۔

**مُسْتَمِر**۔ (مُس۔تَ۔مِر) [ع۔صف] ہمیشہ رہنے والا۔ دائم۔ مضبوط پائدار۔ مستقل۔ پیوستہ۔

**مُسْتَمِع**۔ (مُس۔تَم۔مِع) [ع۔صف] سُننے والا۔

**مُسْتَمَنْد**۔ (مُس۔تَ۔مَنْد) [ع۔صف] غمگین (۲) (مجازاً) حاجت مند ضرورت والا۔ جمع: مستمندان۔

**مُسْتَنَد**۔ (مُس۔تَ۔نَد) [ع۔صف] سند پایا ہوا۔ تصدیق کیا ہوا۔ مصدقہ قابلِ اعتبار۔ قابلِ اعتماد۔ معتبر۔

**مُسْتَنْبَط**۔ (مُس۔تَم۔بَط) [ع۔صف] اخذ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانٹا گیا۔

**مُسْتَنْصَر**۔ [ع۔صف] مدد طلب کیا گیا۔ مدد مانگا ہوا۔

**مُسْتَنْصِر**۔ [ع۔ف] مدد طلب کرنے والا۔ مدد مانگنے والا۔

**مُسْتَنِیر**۔ [ع۔صف] پُر روشن۔ روشنی طلب کرنے والا۔

**مُسْتَوْجِب**۔ (مُس۔تَو۔جِب) [ع۔صف] واجب کرنے والا۔ لازم ہونے والا۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔

**مُسْتَوْدَع**۔ [ع۔صف] امانت رکھا گیا۔

**مُسْتَوْدِع**۔ [ع۔صف] امانت کا نگران۔

**مَسْتُور**۔ (مَس۔تُور) [ع۔صف] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

**مَسْتُورات**۔ (مَس۔تُو۔رات) [ع۔ا۔مث] مستورہ کی جمع۔ پردہ نشین عورتیں۔ (مجازاً) عورتیں۔

**مُسْتَوْفِی**۔ (مُس۔تَو۔فی) [ع۔ا۔مذ] پورا لینے والا (۲) (مجازاً) محاسب اعلیٰ جو اپنے ماتحتوں کے حساب کتاب کی جانچ کرے۔

**مُسْتَول**۔ (مَس۔تُو۔ل) [پ۔ا۔مذ] جہاز یا کشتی کا ستون۔

**مُسْتَوْلِی**۔ (مُس۔تَو۔لی) [ع۔صف] غالب چھا جانے والا۔ قابو پانے والا۔

**مُسْتَوِی**۔ (مُس۔تَ۔وِی) [ع۔صف] برابر۔ ہموار۔

**مُسْتَہام**۔ (مُس۔تَ۔ہام) [ع۔صف] سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان۔

**مُسْتَہِین**۔ [ع۔صف] کسی کو حقیر سمجھنا۔

**مَسْتی**۔ (مَس۔تی) [ف۔ا۔مث] نشہ۔ خمار۔ کیف۔ مدہوشی (۲) مدہوشی۔ بے ہوشی۔ بدمستی۔ متوالا پن (۳) رغبت جماع۔ جوش شہوت۔ باہ ٹھل۔ خواہش نفسانی۔ وہ حالت یا کیفیت جو پرندوں یا دوسرے حیوانات کی ہیجانِ شہوت کے وقت ہوتی ہے۔ جیسے مور۔ کبوتر۔ شیر۔ ہاتھی کی مستی (۴) وہ پانی جو جوشِ شہوت میں حیوانات کے کان گردن یا آنکھ کے قریب سے ٹپکتا ہے (۵) حیوانات کی منی (۶) وہ پانی جو بعض درختوں سے ٹپکتا ہے۔ جیسے نیم کی مستی (۷) خوشی کی حرکتیں (۸) غرور۔ تکبر۔ (سلاجیت کو پہاڑوں کی مستی کہا جاتا ہے)۔

**مستی آنا**۔ [ا۔محاورہ] شہوت میں بھرنا۔ گرم ہونا۔

**مستی اُٹھنا**۔ [ا۔محاورہ] مجامعت کو جی چاہنا۔ جماع کی خواہش ہونا۔

**مستی ٹپکنا**۔ [ا۔محاورہ] منی کا رس رس کر گرنا (۲) درختوں سے بدلُو دار پانی کا چُھٹنا (۳) نشیلا پن پایا جانا (۴) حرکات و سکنات سے جوشِ شہوت یا جوشِ جوانی کا ظاہر ہونا۔

**مستی جھاڑنا**۔ [ا۔محاورہ] شہوت بجھانا (۲) نشہ دُور کرنا (۳) شرارت نکالنا۔

**مستی جھڑنا**۔ [ا۔محاورہ] نشہ ہرن ہونا (۲) شرارت نکل جانا (۳) اوسان درست ہو جانا۔

**مستی چڑھنا**۔ [ا۔محاورہ] متوالا ہونا۔ نشہ میں ہونا۔ مستی میں بھرنا۔ شہوت کا جوش پر ہونا۔

**مستی چھانا**۔ [ا۔محاورہ] نشہ میں ہونا۔ بے ہوش ہونا۔

**مستی کا عالم**۔ [ا۔مذ] نشہ کی حالت۔

**مستی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] خوش فعلیاں کرنا۔

**مستی میں آنا**۔ [ا۔محاورہ] مدھ پر آنا۔

**مستی میں بھرنا**۔ [ا۔محاورہ] شہوت کا زور ہونا۔

**مستی نکالنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) منی نکالنا (۲) شرارت دُور کر دینا۔

**مستی نکلنا**۔ [ا۔محاورہ] نشہ اُترنا (۲) مزاج درست ہو جانا۔

**مستی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مجامعت کی خواہش ہونا۔

**مَسَٹ**۔ (مَ۔سَٹ) [س۔ا۔مث] خاموشی۔ سکوت۔

**مَسَٹ مارنا**۔ [ا۔محاورہ] سوتا بن جانا۔ ڈھیٹ بن کر بیٹھے رہنا۔

**مِسْٹَر**۔ (مِس۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] تعظیمی خطاب جو انگریزی میں نام سے



Marfat.com

پہلے استعمال ہوتا ہے۔ صاحب۔ جناب۔ (Mister)

**مِسٹرس**۔ (مِسٹ۔رِس) [انگ۔ا۔مث] (Mistress) عورت کے واسطے تعظیمی خطاب جو نام سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔

**مُسٹنڈا**۔ (مُس۔ٹن۔ڈا) [ہ۔صف] موٹا تازہ آدمی۔ ہٹا کٹا۔

**مُسٹنڈی**۔ (مُس۔ٹن۔ڈی) [ہ۔صف] موٹی عورت۔ ہٹی کٹی۔

**مَسجِد**۔ (مَس۔جِد) [ع۔ا۔مث] سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسلمانوں کا عبادت خانہ (جمع) مساجد۔

**مسجدِ اقصیٰ**۔ [ع۔ا۔مث] (۱) دور کی مسجد (۲) بیت المقدس میں وہ مسجد جو حضرت سلیمانؑ نے بنائی تھی۔

**مسجد ٹھنڈی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مسجد ڈھانا۔ مسجد شہید کرنا۔

**مسجدِ جامع**۔ [ع۔ا۔مث] وہ مسجد جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔

**مسجدِ حرام**۔ [ع۔ا۔مث] کعبہ۔ اُسے مسجد حرام اس لیے کہتے ہیں کہ حرمت کے باعث اس کے حدود میں کئی جائز باتیں حرام ہو جاتی ہیں۔ جیسے کسی جاندار کو مارنا۔

**مسجد ڈھا کر امام بارہ بنانا**۔ [ا۔محاورہ] فرض کام کو چھوڑ کر سُنّت و مستحب پر آ رہنا۔

**مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی**۔ [ا۔مثل] اصلی چیز جاتی رہی صرف نشانی رہ گئی۔

**مسجد شہید کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مسجد کا منہدم کرنا۔ مسجد کا گرانا۔

**مسجد کا مُلّانا**۔ [ا۔محاورہ] وہ مُلّا جس کی بسر مسجد کی روٹیوں پر ہو۔

**مسجد میں اینٹ اُلٹ کر رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] سخت قسم۔ مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ اگر کوئی جھوٹا آدمی مسجد میں اینٹ اوندھی کر کے رکھ دے تو وہ برباد ہو جاتا ہے۔ یعنی اگر جھوٹ بولیں تو اپنا تختہ اُلٹ جائے۔

**مسجد میں چراغ جلانا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) منّت پوری ہونے پر مسجد کے طاق میں چراغ روشن کرنا (۲) روشنی کی غرض سے مسجد میں چراغ روشن کرنا۔

**مسجد میں چُونا لگانا**۔ [ا۔محاورہ] سخت قسم کھانا۔ مسلمان عورتوں کا اعتقاد ہے کہ اگر جھوٹا شخص مسجد میں جا کر آنکھوں کو چونا لگاتے تو آنکھیں سفید ہو جاتی ہیں۔ یعنی اندھا ہو جاتا ہے۔

**مسجدِ نبویؐ**۔ [ع۔ا۔مث] وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزارِ مقدس کے قریب ہے۔ حضور صلعم کی مسجد جو بعد میں بہت وسیع کر دی گئی۔

**مُسَجَّع**۔ (مُ۔سَج۔جَع) [ع۔صف] قافیے دار عبارت۔ وہ عبارت یا مضمون جس میں قافیے کا اہتمام ہو۔

**مُسَجَّل**۔ (مُ۔سَج۔جَل) [ع۔ا۔مذ] (۱) کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ثبت ہو (۲) درست۔ صحیح ثابت شدہ (۳) رجسٹری شدہ [انگ] (Registered)

**مَسجُود**۔ (مَس۔جُود) [ع۔صف] سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔

**مَسح**۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) پونچھنا۔ چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غسل کرتے وقت کسی عضو پر ہاتھ پھیرنا۔

**مَسحُور**۔ (مَس۔حُو۔ر) [ع۔صف] جس پر سحر کیا گیا ہو۔ جس پر جادو کیا جائے۔

**مَسحُوق**۔ [ع۔صف] پسا ہوا۔ گھسا ہوا۔

**مَسحِی**۔ [ع۔صف] جس پر مسح جائز ہو۔ چمڑے کا موزہ وغیرہ۔

**مَسخ**۔ [ع۔صف] اچھی صورت بدل کر بُری صورت ہو جانا۔

**مسخ ہو جانا**۔ [ا۔محاورہ] صورت بگڑ جانا۔ چہرہ پلٹ جانا۔ اعلیٰ شکل کا ادنیٰ شکل میں تبدیل ہو جانا۔

**مُسَخَّر**۔ (مُ۔سَخ۔خَر) [ع۔صف] تسخیر کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔

**مَسخرگی**۔ (مَس۔خَر۔گی) [ف۔ا۔مث] مسخرہ پن۔ ٹھٹھا۔ ٹھٹھول۔

**مَسخرہ**۔ (مَس۔خَ۔رَہ) [ف۔ا۔مذ] ٹھٹھے باز۔ مذاقیہ۔ ہنسوڑ۔

**مَسخری**۔ (مَس۔خَ۔ری) [اُ۔ا۔مث] (۱) مسخرہ پن۔ مذاق (۲) [صف] مذاقیہ عورت۔ ظریف عورت۔

**مسخری کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

**مسخری میں اُڑا ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی بات کا مذاق میں ٹال دینا۔

**مُسَدَّس**۔ (مُ۔سَد۔دَس) [ع۔ا۔مذ] (۱) علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلعے اور زاویے برابر ہوں (۲) نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں۔

**مَسدُود**۔ (مَس۔دُو۔د) [ع۔صف] (۱) بند کیا گیا۔ روکا گیا (۲) بند۔ رُکا ہوا۔

**مَسَرَّت**۔ (مَ۔سَر۔رَت) [ع۔ا۔مث] خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔

**مُسرِف**۔ (مُس۔رِف) [ع۔صف] فضول خرچ۔ بہت خرچ کرنے والا۔ کھاؤ اُڑاؤ۔

**مَسرُور**۔ (مَس۔رُو۔ر) [ع۔صف] خوش۔ شادماں۔ آنند۔ مگن۔

**مَسرُوق**۔ (مَس۔رُو۔ق) [ع۔صف] چوری کیا گیا۔ چُرایا گیا۔

**مَسرُوقہ**۔ (مَس۔رُو۔قہ) [ع۔صف] چرائی ہوئی چیز۔

**مِسِز**۔ [انگ۔ا۔مذ] (Missis) بیگم (شوہر کے نام کے ساتھ بولا جاتا ہے) جیسے مسز انور۔

**مُسطَّح**۔ (مُ۔سَط۔طَح) [ع۔صف] پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ چوڑا۔ کھلا۔

**مِسطَر**۔ (مِس۔طَر) [ع۔صف] وہ کاغذ کی وصلی جس سے سطریں بنانے کے لیے ڈورے کھینچ کر تیار کرتے ہیں۔ وہ آلہ جس سے جدول کھینچتے ہیں۔ سطروں کی جگہ۔

**مسطر کرنا / کھینچنا**۔ [ا۔محاورہ] رُول کرنا۔ ایک دوسرے کے محاذ میں خط کھینچنا۔

**مَسطُور**۔ (مَس۔طُو۔ر) [ع۔صف] (۱) سطر کیا گیا۔ سطر بندی کیا گیا (۲) اُوپر لکھا گیا۔ مرقومہ بالا۔

**مَساعی**۔ [ع۔ا۔مث] کوشش۔ جدوجہد۔

**مَسعُود**۔ (مَس۔عُو۔د) [ع۔صف] (۱) سعید۔ نیک۔ مبارک (۲) خوش نصیب۔ بختاور۔ سعادت مند۔



Marfat.com

**مُسقَط** ۔ (مُس۔ قَط) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گرنے کی جگہ (۲) خلیج فارس کا ایک ساحلی شہر۔

**مَسقَطُ الرّاس** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] پیدا ہونے کی جگہ ۔ جائے پیدائش ۔ مولد ۔ وطن ۔ بلاد ۔ بوم ۔ جنم بھوم ۔

**مسقط کا حلوا** ۔ [ا ۔ مذ] ایک قسم کا نہایت چکدار حلوا جو مسقط میں اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

**مُسَقَّف** ۔ (مُ ۔ سَق ۔ قَف) [ع ۔ صف] چھت ڈالا گیا ۔ پاٹا گیا ۔ چھت دار جس پر چھت ڈالی گئی ہو ۔

**مِشک** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] مُشک ۔ کستوری ۔

**مَسک** ۔ (مَ ۔ سَک) [ہ ۔ ا ۔ مث] کپڑے کا ذرا سا پھٹنا ۔ زور پڑنے کے سبب کپڑے کا ذرا سا نکل جانا ۔

**مَسک جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا ۔

**مُسک لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] چھین لینا ۔ فریب سے لینا ۔

**مُسکا** ۔ (مُ ۔ سک ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ چھینکا جو چوپایوں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں کہ وہ کسی چیز پر مُنہ نہ ڈال سکیں ۔

**مُسکا مُسکی** ۔ (مُس ۔ کا ۔ مُس ۔ کی) [ہ] دبانا ۔ بھینچنا ۔

**مُسکانا** ۔ (مُس ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں (۲) ناچنے والے کا اپنے بدن کو لچکانا ۔

**مُسکانا** ۔ (مُس ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] ٹوٹنا ۔ چٹ چٹ ہو جانا ۔ جیسے چوڑیاں مسکائیں ۔

**مُسکاوَنا** ۔ (مُس ۔ کا ۔ وَ ۔ نا) [ق ۔ مص] مسکرانا ۔

**مُسکِت** ۔ (مُس ۔ کِت) [ع ۔ صف] چُپ کرانے والا ۔ خاموش کرانے والا

**مُسکَٹ** ۔ (Musket) (مُس ۔ کَٹ) [انگ ۔ ا ۔ مث] بندوق ۔ تفنگ ۔

**مُسکُٹانا** ۔ (مُس ۔ کُٹ ۔ نا) [ق ۔ مص] مسکرانا ۔

**مسک جانا** ۔ [ہ ۔ مص] ٹوٹ جانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔

**مُسکِر** ۔ (مُس ۔ کِر) [ع ۔ ا ۔ مث] نشہ پیدا کرنے والی چیز ۔ مستی لانے والی چیز ۔

**مُسکِرات** ۔ (مُس ۔ کِ ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مث] مُسکِر کی جمع ۔ نشہ لانے والی چیزیں ۔

**مُسکُرانا** ۔ (مُس ۔ کُ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] تبسّم کرنا ۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا ۔

**مُسکَراوَنا** ۔ [ق ۔ مص] مسکرانا ۔

**مُسکُراہٹ** ۔ (مُس ۔ کُ ۔ را ۔ ہَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مث] تبسّم ۔ دبی دبی ہنسی ۔

**مَسکَن** ۔ (مَس ۔ کَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] سکونت کی جگہ ۔ رہنے کا مقام ۔ گھر ۔ مکان ۔ ٹھکانا ۔

**مُسَکِّن** ۔ (مُ ۔ سَک ۔ کِن) [ع ۔ صف] تسکین دینے والا ۔ تسکین بخش ۔

**مُسکنا** ۔ (مُ ۔ سک ۔ نا) [ہ ۔ مص] پھٹنا (۱) کپڑے کا ذرا سا نکل جانا (۲) بات کا جواب دینا ۔ عذر کرنا (۳) دبانا ۔ بھینچنا (۴) اپنی جگہ سے ہلنا ۔ جنبش کرنا ۔

**مُسَکِّنات** ۔ (مُ ۔ سَک ۔ کِ ۔ نات) [ع ۔ صف] مُسکّن کی جمع ۔ مسکّن دوائیں ۔ تسکین بخش دوائیں ۔

**مَسکَنَت** ۔ (مَس ۔ کَ ۔ نَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مسکینی ۔ غریبی ۔ مفلسی (۲) عاجزی ۔

**مِسکورٹ** ۔ (Mess-court) انگریزی سے اُردو بنایا ہوا ۔ [ا ۔ مذ] (۱) صلاح ۔ مشورہ (۲) مُرتب ۔ خفیہ سازش ۔

**مُسکورا** ۔ (مُس ۔ کو ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مسوڑھا ۔

**مَسکوڑا** ۔ (مَس ۔ کو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] کروٹ کا جھٹکا جیسے ایک ہی مسکوڑے میں مرزئی نکل گئی ۔

**مسکوڑا لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جھٹکے سے کروٹ لینا ۔ دفعتاً پہلو بدلنا ۔

**مسکوڑا مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] زور کے ساتھ کروٹ لینا ۔

**مَسکوک** ۔ (مَس ۔ کوک) [ع ۔ صف] سکّہ لگا ہوا ۔ ٹھپہ کیا ہوا سرکاری چھاپ کا ۔

**مَسکون** ۔ (مَس ۔ کون) [ع ۔ صف] (۱) سکونت کیا گیا ۔ آباد (۲) رہنے کے قابل ۔

**مَسکہ** ۔ (مَس ۔ کہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] مکھن ۔ تازہ نکلا ہوا کچا گھی جو تپایا نہ گیا ہو (۲) اصطلاح کیمیا میں پارہ جو دواؤں سے منجمد کیا گیا ہو ۔

**مسکہ باز** ۔ [ا ۔ مذ] چاپلوسی کرنے والا ۔

**مسکہ لگانا** ۔ چاپلوسی کرنا ۔ بے جا خوشامد کرنا (۲) بے وقوف بنانا ۔

**مسکیٹری** ۔ (Musketry) (مَس ۔ کے ۔ ٹری) [انگ ۔ صف] بندوق ۔ بندوق چلانے کا علم ۔

**مِسکین** ۔ (مِس ۔ کین) [ع ۔ صف] غریب ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ نادار (۲) عاجز ۔ ناتواں ۔ بے چارا (۳) حلیم ۔ بُردبار (۴) اصطلاح فقہ میں وہ شخص جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ زکوٰۃ واجب ہو سکے ۔

**مسکین صورت** ۔ [ع ۔ صف] (۱) جس کی صورت پر مسکینی اور عاجزی برستی ہو (۲) بعض اوقات اُسے کہتے ہیں جو حقیقت میں شریر مگر ظاہر میں بھولا بھالا نظر آتا ہو ۔

**مسکین طبع** ۔ [ع ۔ صف] غریب طبیعت ۔ حلیم ۔ بُردبار ۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں شرارت نہ ہو ۔

**مِسکینی** ۔ (مِس ۔ کی ۔ نی) [ع ۔ ا ۔ مث] غریبی ۔ مفلسی (۲) حلم (۳) انکسار ۔ عاجزی ۔ فروتنی ۔

**مَسَل ڈالنا** ۔ (مَ ۔ سَل ۔ ڈال ۔ نا) [ہ ۔ مص] کچل ڈالنا ۔ روند ڈالنا ۔

**مَسَل کر** ۔ [ا ۔ تابع فعل] پیس پسا کر ۔ توڑ مروڑ کر ۔

**مَسَل کر رکھ دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پیس ڈالنا ۔ مل ڈالنا ۔

**مِسَل** ۔ [ا ۔ ا ۔ مث] مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں ۔ روئداد مقدمہ ۔

**مسل داخل دفتر کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مقدمہ کی کارروائی ختم ہونے کے بعد مسل کا محافظ خانے میں بھیجا جانا

**مسل مرتب کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مقدمے کے کاغذات ترتیب وار مرتب کرنا ۔



Marfat.com

**مُسَلّا**۔ (مُس۔ سلّا) [ق م] مثل۔ کہاوت۔
**مُسَلّح**۔ (مُ۔ سَل۔ لَح) [ع۔ صف] ہتھیار بند۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔
**مُسَلّح ہونا**۔ [۱۔ مص مرکب] ہتھیار لگا کر لڑنے کو تیار ہونا۔ کمربستہ ہونا۔
**مَسلَخ**۔ (مَس۔ لَخ) [ع۔ امذ] جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔ کمیلا۔
**مُسَلسَل**۔ (مُ۔ سَل۔ سَل) [ع۔ صف] سلسلہ وار۔ لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔
**مُسَلَّط**۔ (مُ۔ سَل۔ لَط) [ع۔ صف] مغلوب کیا گیا۔ فتح کیا گیا (۲) مقرر کیا گیا۔ تعینات کیا گیا (۳) حاکم۔
**مُسَلِّط**۔ (مُ۔ سَل۔ لِط) [ع۔ صف] تسلّط کرنے والا۔ قبضہ کرنے والا۔ غالب۔ طاقت ور۔
**مُسَلَّط ہونا**۔ [۱۔ محاورہ] سر پر سوار ہونا (۲) چھایا ہوا (۳) قابو یافتہ ہونا۔
**مَسلَک**۔ (مَس۔ لَک) [ع۔ امذ] راہ۔ راستہ (۲) طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور۔
**مُسلِم**۔ (مُس۔ لِم) [ع۔ صف] اسلام رکھنے والا۔ جس کا اسلام پر عقیدہ ہو۔ مذہب اسلام کا پیرو۔ مسلمان۔
**مُسَلَّم**۔ (مُ۔ سَل۔ لَم) [ع۔ صف] پورا۔ کامل۔ ثابت۔ سارا۔ سب (۲) تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا (۳) درست۔ بجا۔ ٹھیک۔ بے شک (۴) ضرور۔ واجب۔ فرض۔
**مُسَلَّم الثبوت**۔ [ع۔ صف] جو ثبوت کا محتاج نہ ہو۔ مانا ہوا۔
**مُسَلمان**۔ (مُ۔ سَل۔ مان) [ف۔ امذ] مسلم۔ مومن۔ دینِ محمدی کا پیرو۔ وہ جس کا مذہب اسلام ہو۔
**مسلمان ہونا**۔ [۱۔ محاورہ] اسلام کا لانا۔ دینِ محمدی میں داخل ہونا۔
**مسلماناں در گور و مسلمانی در کتاب**۔ [ف۔ مثل] مسلمان مر گئے اور اسلام کتابوں میں لکھا رہ گیا۔ سچے مسلمانوں کے نہ ہونے پر بطور افسوس کہتے ہیں۔
**مُسَلمانی**۔ (مُ۔ سَل۔ مانی) [ا۔ امث] مسلمان عورت۔
**مُسَلمانی**۔ (مُ۔ سَل۔ ما۔ نی) [ا۔ صف] مسلمان سے منسوب۔ مسلمان سے نسبت رکھنے والا (۲) [امث] اسلام۔ اسلامیات (۳) ختنہ۔ سُنت (۴) مسلمان عورت۔
**مسلمانی آبادانی**۔ [۱۔ مثل] مسلمانی باعثِ برکت ہے۔
**مُسلِمہ**۔ (مُس۔ لِ۔ مَہ) [ع۔ صف] مسلمان عورت۔
**مُسَلَّمہ**۔ (مُ۔ سَل۔ لَ۔ مَہ) [ع۔ صف] مانی ہوئی باتیں۔ تسلیم شدہ امور۔
**مُسلِمین**۔ (مُس۔ لِ۔ مین) [ع۔ ا۔ مذ] مسلم کی جمع۔ بہت سے مسلم۔ مسلمان لوگ۔
**مَسَلنا**۔ (مَ۔ سَل۔ نا) [ہ۔ مص] کچلنا۔ بہت دبانا۔
**مَسلوب**۔ (مَس۔ لوب) [ع۔ صف] سلب کیا گیا۔ چھین لیا گیا۔ مٹایا گیا۔ نابود کیا گیا۔
**مَسلوبُ الاختیار**۔ [ع۔ صف] جس کے اختیارات چھین لیے گئے ہوں۔
**مسلوبُ الحواس۔ مسلوبُ العقل**۔ [ع۔ صف] جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں۔ سٹھیا (سترا بہترا) (۲) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔
**مَسلوک**۔ (مَس۔ لوک) [ع۔ صف] جاری کیا گیا۔ سلوک کیا ہوا۔ احسان کیا گیا (۲) سلوک کرنے والا۔
**مَسلول**۔ (مَس۔ لول) [ع۔ صف] سِل کی بیماری والا (۲) کھینچا ہوا۔
**مِسلی**۔ (مِس۔ لی) [ا۔ صف] وہ جس کی مسل بنی ہوئی ہو۔ سزا یافتہ۔
**مِسلینِیس**۔ (مِس۔ لے۔ نی۔ اس) [انگ۔ صف] متفرق۔ مختلف۔ مخلوط۔ کئی طرح کے۔ مختلف النوع۔ (Miscellaneous)
**مُسَمّاۃ**۔ (مُ۔ سَم۔ ما۔ ۃ) [ع۔ ا۔ مث] وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے (۲) نام رکھی گئی۔
**مِسمار**۔ (مِس۔ مار) [ع۔ ا۔ مث] میخ۔ کھونٹی۔ کیلی۔ کیل (۲) [ف] گرایا ہوا۔ منہدم۔
**مسمار کرنا**۔ [۱۔ محاورہ] ڈھانا۔ منہدم کرنا۔ ویران کرنا۔ برباد کرنا۔
**مِسماع**۔ (مِس۔ ماع) [ع۔ ا۔ مذ] سُننے کا آلہ۔
**مسماعُ الصدر**۔ وہ آلہ جس کے دونوں سرے ڈاکٹر اپنے کان میں اور آخری سرا مریض کے سینے یا پُشت سے لگا کر مرض کی تشخیص کرتے ہیں۔ صدربین۔ (Stethoscope)
**مِسمِریزم**۔ (Mesmerism) (مِس۔ مَ۔ رے۔ زَم) [انگ۔ ا۔ مذ] ڈاکٹر مسمر ۱۷۳۴ء۔ ۱۸۱۵ء باشندہ آسٹریا کا ایجاد کیا ہوا ایک علم جس میں تصور یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر ڈال کر پوشیدہ اور آئندہ کے حالات پوچھے جاتے ہیں۔
**مُسَمسی**۔ (مُس۔ مُ۔ سی) [ہ۔ صف] گھُنّا۔ دیکھنے میں سیدھی سادی۔ مسکین صورت۔
**مُسمسی صورت**۔ [۱۔ مث] غریب صورت۔ گربہ مسکین۔ دیکھنے میں بھولی بھالی مگر شریر۔
**مُسَمَّط**۔ (مُ۔ سَم۔ مَط) [ع۔ صف] پروئی ہوئی چیز۔ موتیوں کو لڑیوں میں پرونا۔ موتیوں کی لڑی (۲) وہ شعر جس میں کئی جگہ ایک قسم کا قافیہ ہو (۳) وہ نظم جس میں تین سے لیکر دس مصرعے تک ہوں۔
**مُسَمَّن**۔ [ع۔ صف] موٹا کیا گیا۔ فربہ کیا گیا۔
**مُسَمِّن**۔ (مُ۔ سَم۔ مِن) [ع۔ صف] فربہ کرنے والا۔ موٹا کرنے والا۔
**مَسموع**۔ (مَس۔ موع) [ع۔ صف] سنا گیا۔ قبول کیا گیا۔
**مَسموم**۔ (مَس۔ موم) [ع۔ صف] زہر دیا گیا۔ وہ جس نے زہر کھا لیا ہو (۲) زہریلا۔
**مُسَمّیٰ**۔ (مُ۔ سَم۔ ما) [ع۔ صف] موسوم کیا گیا۔ نام رکھا گیا۔ پکارا گیا۔
**مُسِن**۔ (مُ۔ سِن) [ع۔ صف] سن رسیدہ۔ عمر رسیدہ۔ بوڑھا (۲) پرانا۔ کہنہ (۳) تجربہ کار۔ دانا۔
**مِسنا**۔ (مِس۔ نا) [ہ۔ مص] گُتھنا۔ پسنا (۲) جُھر مُر ہونا۔
**مُسنا**۔ (مُس۔ نا) [ہ۔ مص] کُٹنا۔ لُٹنا۔ جانا۔
**مَسنَد**۔ (مَس۔ نَد) [ع۔ ا۔ مث] تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ تکیہ گاہ۔



Marfat.com

**مسند آرا۔** [ف۔صف] مسند کو زینت دینے والا۔مسند نشین۔
**مسندِ حکومت۔** [ف۔صف] تختِ شاہی۔
**مسند کا گدھا۔** [ا۔مذ] بے وقوف امیر۔
**مسند لگانا۔** [ا۔محاورہ] مسند بچھانا۔
**مسند نشین۔** [ع۔ف۔صف] مسند پر آنے والا۔ بادشاہ۔والیِ ملک۔
**مسند نشین ہونا۔** [ا۔مص مرکب] مسند پر بیٹھنا۔بادشاہ ہونا۔
**مسند نشینی۔** [ع۔ف۔ا۔مث] تخت نشینی۔
**مُسنَد۔** (مس۔نَد) [ع۔ا۔مذ] دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا (۲) سہارا دیا گیا (۳) نحو کی اصطلاح میں خبر کو کہتے ہیں۔
**مُسنَد الیہ۔** [ع۔ا۔مذ] علم نحو میں مُبتدا کو کہتے ہیں۔
**مَسنُون۔** (مَس۔نُون) [ع۔صف] سُنّت کی گئی۔وُہ کام جسے حضرت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیا ہو۔
**مِسواک۔** (مِس۔واک) [ع۔ا۔مث] داتن۔ دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔
**مسواک کرنا۔** [ا۔محاورہ] داتن سے دانت صاف کرنا۔
**مُسوانا۔** (مُس۔وا۔نا) [ا۔مص] چوری کرانا۔
**مُسَوَّدہ۔** (مُ۔سَوْ۔وَ۔دَہ) [ع۔ا۔مذ] وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف و صحیح کرنے کی ضرورت ہو۔وہ تحریر جو بہ طور خاکہ لکھی گئی ہو (۲) منصوبہ۔مُدعا۔مطلب۔جمع۔مسودات۔
**مُسَوَّدہ گانٹھنا۔** مضمون بنانا (۲) ارادہ باندھنا۔منصوبہ تیار کرنا۔
**مَسُور۔** (مَ۔سُو۔ر) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا غلّہ جو بطورِ دال کے پکایا جاتا ہے۔
**مَسُوڑا۔ مَسُوڑھا۔** (مَ۔سُو۔ڑا۔مَ۔سُو۔ڑھا) [ہ۔ا۔مذ] دانتوں کے اُوپر کا گوشت۔
**مَسُوسا۔** (مَ۔سُو۔سا) [ہ۔ا۔مذ] پچھتاوا۔ندامت۔ پشیمانی (۲) نقصان جو چپکے سے برداشت کیا جائے (۳) دباؤ۔بوجھ۔ زور (۴) جوش جس کو دبایا جائے۔
**مسوسا دے رہنا۔** [ا۔محاورہ] صبر سے برداشت کرنا۔شکایت زبان پر نہ لانا۔
**مَسُوسنا۔** (مَ۔سوس۔نا) [ا۔مص] بل دینا۔مروڑنا۔نچوڑنا (۲) پچھتانا افسوس کرنا۔دل میں رنج کرنا۔کڑھنا۔صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا۔جبراً صبر کو گوارا کرنا۔
**مَسُول۔** [ق] مجھے۔
**مَسہری۔** (مَ۔سہ۔ری) [ہ۔ا۔مث] چھپر کھٹ۔ ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لیے بنایا جاتا ہے۔
**مُسہِل۔** (مُس۔ہِل) [ع۔صف] اسہال لانے والا۔دست آور۔وہ دوا جس سے دست آئیں (۲) [ا۔مذ] جلاب۔
**مسہل دینا۔** [ا۔مص مرکب] جلاب دینا۔دست آور دوا کھلانا۔
**مسہل لینا۔** [ا۔مص مرکب] جلاب لینا۔دست آور دوا استعمال کرنا

**مسئلہ۔** (مَس۔ءَ۔لَہ) [ع۔ا۔مذ] سوال۔پُوچھی ہوئی بات (۲) [ا۔م] دینی بات یا دینی قانون۔جمع۔مسائل۔
**مسئلہ کھل جانا۔** [ا۔محاورہ] مسئلہ حل ہو جانا۔بات صاف ہو جانا۔معاملہ کی پیچیدگی دُور ہو جانا۔
**مسئول۔** (مَس۔ءُول) [ع۔صف] سوال کیا گیا۔مانگا گیا۔ذمّہ دار۔جواب دہ۔
**مسئول الیہ۔** [ع۔صف] جس سے سوال کیا جائے۔جس سے مسئلہ دریافت کیا جائے۔
**مِسّی۔** (مِس۔سی) [س۔ا۔مث] سیاہی۔ دندا سا۔
**مِسّی۔** (مِس۔سی) [ف۔صف] تانبے کا۔تانبے کا بنا ہوا۔
**مسی جوتھیلا۔** [ا۔تابع فعل] تانبے کا ٹکا ٹکا۔
**مسی جوتش کرانا۔** [ا۔محاورہ] ٹکا ٹکا لگوانا۔
**مِسّی۔** (مِس۔سی) [ہ۔صف] چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی۔
**مسّی روٹی۔** دال دلا۔ موٹے چھوٹے اناج کی روٹی۔
**مسی۔ مِسّی۔** (م۔سی) (مِس۔سی) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں۔ (۲) طوائفوں کی اصطلاح میں ایک تقریب شادی۔اس دن سے کسبیاں مسّی ملنا شروع کرتی ہیں۔اس روز بڑا جشن ہوتا ہے اور جو شخص اس رقم کا کفیل ہوتا ہے وہ باکرہ لڑکی کا ازالۂ بکارت کرتا ہے۔
**مِسّی اُدھڑنا۔ مِسّی چھوٹنا۔** [ا۔محاورہ] دانتوں پر مسّی کا نہ رہنا۔
**مِسّی سُرمہ۔ مِسّی کاجل۔** [ا۔مذ] عورتوں کا سنگار۔
**مِسّی کاجل کرنا۔** [ا۔محاورہ] دانتوں میں مسّی ملنا اور آنکھوں میں سُرمہ لگانا۔عورتوں کا بناؤ سنگھار۔
**مِسّی کرنا۔** [ا۔محاورہ] لڑکی کے ازالۂ بکارت کی تقریب کرنا۔
**مِسّی کی دھڑی۔** [ا۔مث] مسّی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔
**مِسّی کی لکیر۔** [ا۔مث] وہ سیاہ خط جو مسّی لگانے سے دانتوں کے درمیان ظاہر ہوتی ہے۔
**مِسّی لگانا (ملنا)۔** [ا۔محاورہ] دانتوں اور ہونٹوں پر مسّی ملنا۔
**مِسّی ہونا۔** [ا۔محاورہ] لڑکی کے سر ڈھکے جانے کی تقریب ہونا۔
**مَسیت۔** (مَ۔سیت) [ا۔ا۔مث] گنواروں کی زبان میں مسجد کا بگڑا ہوا تلفظ۔
**مسیح۔ مسیحا۔** (مَ۔سیح۔مَ۔سی۔حا) [ع۔ا۔مذ] حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو بطور معجزہ مُردے کو زندہ کر دیتے تھے۔
**مسیحا دم۔ مسیحا نفس۔** [ع۔ف۔ا۔مذ] وہ جس کی پھونک میں اعجاز مسیحا ہو یعنی مُردوں کو زندہ کر دے (۲) (کنایۃً) معشوق اور حکیم حاذق کے لیے آتا ہے۔
**مسیحا نفسی۔** [ع۔ف۔ا۔صف] جس کی پھونک میں زندہ کر دینے کا اعجاز ہو۔مسیحائی۔
**مسیحائی۔** (مَ۔سی۔حا۔ای) [ع۔ف۔ا۔مث] حضرت عیسیٰؑ کے معجزے والی طاقت۔حیات بخشی۔
**مسیحائی دکھانا (کرنا)۔** [ا۔محاورہ] زندہ کرنا۔حیات بخشنا۔اعجاز دکھانا۔



Marfat.com

(۲) مرتے کو بچانا ۔ جاں بلب بیمار کو تندرست کرنا ۔
**مسیحی** ۔ (مَ ۔ سی ۔ حی) [ع ۔ صف] حضرت عیسیٰؑ سے منسوب ۔ عیسائی نصرانی ۔
**مُسَیَّر** ۔ (مَ ۔ سَیْر) [ع ۔ ا ۔ مذ] سیر کرنے کا مقام (۲) جانا ۔ چلنا سیر کرنا ۔
**مَسیں بھیگنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مونچھوں کا رواں نکلنا ۔ سبزہ آغاز تھا ۔
**مُسینا** ۔ (مَ ۔ سی ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] موٹا اناج ۔ غریبوں کے کھانے کا غلّہ ۔

## م ۔ ش

**مُشابِہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ بِہ) [ع ۔ صف] مانند ۔ مثل ۔ نظیر ۔ ہم شکل ۔ مطابق یکساں ۔ جمع ۔ مشابہات ۔
**مُشابہت** ۔ (مُ ۔ شا ۔ بَ ۔ ہَت) [ع ۔ ا ۔ مث] مطابقت ۔ موافقت (۲) شکل ۔ شبیہ ۔ تشبیہ ۔
**مشابہت پائی جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مطابقت ہونا ۔ موافقت ہونا ایک دوسرے سے ملنا ۔
**مُشاتمت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ایک دوسرے کو گالیاں دینا ۔ گالی گلوچ ۔
**مُشاجرہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ جَ ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] مخالفت ۔ منازعت ۔
**مُشار** ۔ (مُ ۔ شار) [ع ۔ صف] اشارہ کیا گیا ۔ بتایا گیا ۔ جتایا گیا ۔
**مشارٌالیہ** ۔ [ع ۔ صف] وہ جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو ۔ جس کا اوپر اشارہ آچکا ہو ۔ مذکورالصدر ۔
**مشارِب** ۔ (مَ ۔ شا ۔ رِب) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشرب کی جمع ۔ پانی پینے کی جگہیں (۲) مذاہب ۔ طریقے ۔
**مشارِق** ۔ (مَ ۔ شا ۔ رِق) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشرق کی جمع ۔ طلوع ہونے کی جگہیں ۔
**مُشارَکت** ۔ (مُ ۔ شا ۔ رَ ۔ کَت) [ع ۔ ا ۔ مث] باہم شرکت کرنا ۔ حصّہ داری ۔
**مُشارے** ۔ [ق] مشورہ ۔
**مُشاطگی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مشاطہ کا کام ۔ بنانا سنوارنا ۔
**مَشاطہ** ۔ (مَش ۔ شا ۔ طہ) [ع ۔ ا ۔ مث] وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگھار کرائے (۲) وہ عورت جو شادی کرائے ۔
**مُشاعرہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ عَ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] شاعروں کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا ۔
**مُشاعرہ اُکھڑ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] شعر و سخن کا جلسہ درہم برہم ہونا
**مُشاعرہ پڑھنا** ۔ مشاعرے میں شعر خوانی کرنا ۔
**مُشاعرہ جمنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] شعر و سخن کی محفل جمنا ہونا ۔ مشاعرہ کا رنگ پیدا ہونا
**مُشاغل** ۔ (مُ ۔ شا ۔ غِل) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشغلہ کی جمع ۔ بہت سے شغل ۔ کام

**مُشافہہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ فَ ۔ ہَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] سامنے ۔ روبرو ۔ منہ در منہ ۔
**مَشّاق** ۔ (مَش ۔ شاق) [ع ۔ صف] نہایت مشق رکھنے والا ۔ بہت مہارت رکھنے والا ۔ ماہر ۔
**مَشّاقی** ۔ (مَش ۔ شا ۔ قی) [ف ۔ ا ۔ مث] مہارت ۔ مشق ۔ تجربہ ۔
**مُشاکِل** ۔ [ع ۔ صف] ہم شکل ۔ مانند (۲) عروض کی ایک بحر ۔
**مُشاکلت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ہم شکلی ۔
**مشام** ۔ (مُ ۔ شام) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشم کی جمع ۔ دماغ میں سونگھنے کی قوت کی جگہ ۔
**مشامِ جاں** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] کنایتاً دماغ ۔
**مُشاوَرت** ۔ (مُ ۔ شا ۔ وَ ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] آپس میں مل کر مشورہ کرنا ۔ باہم صلاح کرنا ۔
**مُشاہَدہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ ہَ ۔ دَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] دیکھنا ۔ دید ۔ معاینہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں نورِ الٰہی کا نظارہ ۔ جمع ۔ مشاہدات ۔
**مشاہدہ کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دیکھنا ۔ معاینہ کرنا ۔ دیکھ کر تجربہ کرنا ۔ تصوف کی اصطلاح میں نورِ الٰہی سے مشرف ہونا ۔
**مُشاہَرہ** ۔ (مُ ۔ شا ۔ ہَ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] ماہوار تنخواہ ۔ طلب وظیفہ ۔ جمع ۔ مشاہرات ۔
**مشاہیر** ۔ (مَ ۔ شا ۔ ہیر) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشہور کی جمع ۔ نامور لوگ ۔ مشہور لوگ ۔
**مشائخ** ۔ (مَ ۔ شا ۔ ئِخ) [ع ۔ ا ۔ مذ] شیخ کی جمع ۔ بزرگ لوگ ۔ اکابر دین ۔ جیسے علما ۔ صوفیا ۔
**مَشّائین** ۔ (مَش ۔ شا ۔ ئین) [ع ۔ ا ۔ مذ] مشائی کی جمع (۱) چلنے والے (۲) وہ حکما جو ایک دوسرے کے پاس جا کر تحصیل علم کیا کرتے تھے (۳) ان حکما کا ایک گروہ جو حقائق اشیا کو دلائل سے ثابت کرتے تھے ۔
**مُشایعت** ۔ (مُ ۔ شا ۔ یَ ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مث] رخصت کرنے کیلیے چند قدم ساتھ جانا (۲) پیروی ۔ تعظیم ۔
**مُشَبَّک** ۔ (مُ ۔ شَب ۔ بَک) [ع ۔ صف] جالی دار ۔ وہ شے جس میں سوراخ ہوں ۔
**مُشَبَّہ** ۔ (مُ ۔ شَب ۔ بَہ) [ع ۔ صف] تشبیہ دیا گیا ۔ مثال دیا گیا ۔ نظیر دیا گیا ۔ وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے ۔
**مُشَبَّہٌ بہ** ۔ [ع ۔ صف] وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے ۔
**مُشت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] مُکّا ۔ گھونسہ ۔ ڈگ (۲) [مث] مٹھی ۔ تھوڑی چیز ۔
**مُشتِ استخواں** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مٹھی بھر ہڈیاں (۲) (کنایتاً) نہایت لاغر ۔ بہت دبلا پتلا ۔
**مُشتِ پَر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] تھوڑے سے پر (۲) (کنایتاً) ذرا سی جان ۔ پرندوں کے لیے مستعمل ہے ۔
**مُشتِ خاک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مٹھی بھر خاک (۲) (مجازاً) انسان جو کہ خاک سے بنا ہے ۔
**مُشت زن** ۔ [ف ۔ صف] مکّے سے لڑنے والا ۔ گھونسہ باز (۲) کشتی



Marfat.com

لڑنے والے پہلوان ۔ (Boxer) (۳) جلق لگانے والا۔

**مُشت زنی**۔ [ف ۔ا۔ مث] جلق۔ جلق لگانا۔ مُٹھ مارنا۔

**مُشتِ غبار** ـــــ ۔ [ف ۔ا۔ مث] مٹھی بھر دُھول (۲) مُردہ انسان کی خاک جو بدن کے گل سڑ جانے کے بعد ذرا سی رہ جاتی ہے۔ مردہ انسان۔

**مُشت مال۔ مُشت مالی**۔ [ف ۔ا۔ مث] مالش جو پہلوان بدن کو سخت بنانے کے لیے کراتے ہیں۔ مالش جو حمّام میں نہانے والے کراتے ہیں۔

**مُشتاق**۔ (مُش۔ تاق) [ع۔ صف] آرزومند۔ شائق۔ خواہاں۔ طالب۔ خواہشمند (۲) منتظر۔ انتظار کرنے والا۔ جمع۔ مشتاقاں۔

**مُشتاقانہ**۔ (مُش۔ تا۔ قا۔ نہ) [ف۔ صف] مشتاق کے مانند۔ آرزومندانہ۔

**مُشتبہ**۔ (مُش۔ تَ۔ بہ) [ع۔ صف] مشکوک۔ جس میں شُبہ ہو۔ شبہ والا۔

**مُشتّت**۔ [ع۔ صف] پراگندہ۔ پریشان۔ متردّد۔

**مُشتَرَک**۔ (مُش۔ تَ۔ رَک) [ع۔ صف] شریک کیا گیا۔ شرکت کیا ہوا۔ وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں۔

**مُشتَرِک**۔ (مُش۔ تَ۔ رِک) [ع۔ صف] شریک۔ شرکت کرنے والا۔

**مُشترکہ**۔ (مُش۔ تَ۔ رَ۔ کہ) [ع۔ صف] شرکت کیا ہوا۔ شرکت کا۔ ساجھے کا۔

**مُشتَری**۔ (مُش۔ تَ۔ ری) [ع ۔ا۔ مذ] خریدار۔ مول لینے والا (۲) ایک ستارہ کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے اور سعدِ اکبر سمجھا جاتا ہے (۳) کیمیا گروں کی اصطلاح میں رانگ کی قلعی (۴) لکھنؤ کی ایک مشہور شاعرہ طوائف کا تخلص۔

**مُشتریِ بیعِ مشروط**۔ [ع۔ صف] شرط پر چیز خریدنے والا۔

**مُشتری ہوشیار باش**۔ [ف۔ مثل] اُس موقع پر طنزاً بولتے ہیں جب خریدار سودا دیکھ بھال کر نہ لینے کے باعث نقصان اُٹھائے۔

**مُشتعِل**۔ (مُش۔ تَ۔ عِل) [ع۔ صف] بھڑکتا ہوا۔ شعلے مارنے والا۔

**مُشتغِل**۔ (مُش۔ تَ۔ غِل) [ع۔ صف] مشغول ہونے والا۔ مصروف۔

**مُشتق**۔ (مُش۔ تق) [ع۔ صف] نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنا ہو۔

**مُشتمل**۔ (مُش۔ تَ۔ مِل) [ع۔ صف] شامل ہونے والا۔ شامل۔ شریک۔

**مُشتہَر**۔ (مُش۔ تَ۔ ہَر) [ع۔ صف] شہرت دیا گیا۔ مشہور کیا گیا۔

**مُشتہر کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] مشہور کرنا۔ اشتہار دینا۔ منادی کرنا۔

**مُشتہِر**۔ (مُش۔ تَ۔ ہِر) [ع۔ صف] شہرت دینے والا۔ اشتہار دینے والا۔ مشہور کرنے والا۔

**مُشتہی**۔ (مُش۔ تَ۔ ہی) [ع۔ صف] خواہش کرنے والا۔ آرزو کرنے والا (۲) اشتہا پیدا کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔

**مُشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلّہ خود باید زد**۔ [ف۔ مثل] لڑائی کے بعد اگر مُکّا مارنا یاد آئے تو اپنے ہی مُنہ پر مارنا چاہیے۔ موقع کے بعد کوئی بات یاد آنے سے سوائے پچھتانے کے کچھ حاصل نہیں۔

**مُشتے نمونہ از خروارے**۔ [ف۔ مثل] ڈھیر میں سے مٹھی بھر تھوڑے سے نمونے سے کل چیز کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے۔

**مَشَٹ**۔ [ہ ۔ا۔ مث] چُپ۔ خاموشی۔

**مشٹ مارنا**۔ [ا۔ محاورہ] چُپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ سنی اَن سُنی کر دینا۔

**مشٹ مارے جانا**۔ [ا۔ محاورہ] چُپ چاپ چلے جانا۔

**مِشٹ**۔ [س۔ صف] شیریں۔ میٹھا۔

**مِشٹان**۔ (مِش۔ ٹان) [س۔ ا۔ مث] مٹھائی۔ لذیذ کھانا۔

**مُشٹنڈا**۔ (مُش۔ ٹن۔ ڈا) [ہ۔ صف] موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔

**مُشٹنڈی**۔ (مُش۔ ٹن۔ ڈی) [ہ۔ صف] موٹی تازی عورت۔ ہٹی کٹی۔

**مُشجّر**۔ (مُ۔ شج۔ جَر) [ع۔ ا۔ مذ] درختوں کی شکل نقش کی ہوئی شے۔ وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوں۔

**مشحون**۔ (مش۔ حُون) [ع۔ صف] بھرا گیا۔

**مَشَخ**۔ [ق ۔ا۔ مث] مُشک۔

**مُشخّص**۔ (مُ۔ شخ۔ خَص) [ع۔ صف] تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔

**مُشخِّص**۔ (مُ۔ شخ۔ خِص) [ع۔ صف] تشخیص کرنے والا۔ تجویز کرنے والا۔

**مُشدّد**۔ (مُ۔ شد۔ دَد) [ع۔ صف] تشدید دیا گیا۔ وہ حرف جس پر تشدید ہو (۲) باندھا گیا۔ مضبوط کیا گیا۔

**مِشر**۔ [س۔ صف] ملا جلا۔ گڈ مڈ۔ مخلوط (۲) شریف۔ معزز۔ عزت دار (۳) حکیم۔ طبیب۔ وید (۴) برہمنوں کا لقب (۵) رسوئی کرنیوالا برہمن۔ پانی پلانے والا برہمن۔

**مِشرانی**۔ (مِش۔ را۔ نی) [ہ ۔ا۔ مث] مشر کی بیوی (۲) برہمنی۔

**مَشرب**۔ (مَش۔ رَب) [ع۔ ا۔ مذ] پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ جھیل (۲) دین مذہب۔ ملت (۳) طور طریق۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔

**مُشرّح**۔ (مُ۔ شر۔ رَح) [ع۔ صف] تشریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا۔ صاف مفصل۔ واضح۔

**مُشرّف**۔ (مُ۔ شر۔ رَف) [ع۔ صف] شرف دیا گیا۔ عزت بخشا گیا۔ معزز۔

**مشرف بہ اسلام ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] مسلمان ہونے کی عزت حاصل کرنا۔ دینِ اسلام قبول کرنا۔ دینِ محمدی میں داخل ہونا۔

**مشرف ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] عزت حاصل کرنا۔ امتیاز پانا (۲) کسی بزرگ یا اپنے سے زیادہ معزز شخص کی ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا۔

**مشرف**۔ (مُش۔ رِف) [ع ۔ا۔ مذ] بلند جگہ۔ اونچا مقام (۲) بلند ہونے والا۔ اونچائی پر چڑھنے والا (۳) خبردار۔ نگران (۴) صدر۔ محرّر۔ میر منشی (۵) خزانہ کا عہدے دار۔

**مشرق**۔ (مَش۔ رِق) [ع ۔ا۔ مث] سورج نکلنے کی سمت یا طرف۔ پورب۔

**مشرقی**۔ (مَش۔ رِ۔ قی) [ف۔ صف] مشرق سے منسوب۔ پوربی (۲) ایشیائی کیونکہ ایشیا یورپ کے مشرق میں ہے۔

**مشرقی زبان**۔ اُن ملکوں کی زبان جو یورپ کے مشرق میں واقع ہیں۔ جیسے اُردو۔ عربی۔ فارسی۔ سنسکرت وغیرہ۔

**مشرقین**۔ (مَش۔ رِ۔ قین) [ع ۔ا۔ مذ] مشرق کا تثنیہ۔ مشرق و مغرب۔



Marfat.com

**مُشرِک** ۔ (مُش ۔ رِک) [ع ۔ صف] شریک کرنے والا ۔ وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے ۔ بُت پرست (جمع) مشرکین ۔
**مَشرُوب** ۔ [ع ۔ صف] پیا ہوا (۲) پینے کی چیز ۔
**مَشرُوح** ۔ [ع ۔ صف] کھول کر بیان کیا گیا ۔
**مَشرُوحاً** ۔ [ع ۔ تابع فعل] تشریح کے ساتھ ۔ تفصیل کے ساتھ ۔
**مَشرُوط** ۔ (مَش ۔ رُو ۔ ط) [ع ۔ صف] شرط کیا گیا ۔ کسی شرط پر موقوف ۔
**مَشرُوع** ۔ (مَش ۔ رُو ۔ ع) [ع ۔ صف] شرع کے موافق ۔ جائز کیا گیا ۔
(۲) ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور روئی کے سوت کو ملا کر بنایا جاتا ہے ۔
**مُشعِر** ۔ (مُش ۔ عِر) [ع ۔ صف] خبر دینے والا ۔ اطلاع دینے والا ۔ جتلانے والا ۔ ظاہر کرنے والا ۔
**مَشعَر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] قربانی کی جگہ ۔
**مَشعَرُ الحَرام** ۔ (مَش ۔ ع ۔ رُل ۔ حَ ۔ رام) [ع ۔ ا ۔ مث] مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں بہ ایامِ حج میں قربانی کرتے سر منڈاتے اور عبادت کرتے ہیں ۔
**مشعل** ۔ (مَش ۔ عل) [ع ۔ ا ۔ مث] ۔ روشنی کی جگہ ۔ چراغدان (۲) بہت موٹی بتی ۔ شمع ۔
**مشعل بردار** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] مشعل اُٹھانے والا ۔ مشعل روشن کرنے والا ۔
**مشعل جلانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مشعل روشن کرنا ۔
**مشعل دکھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] رہ نمائی کرنا ۔
**مشعل کی لو دماغ میں سمائی ہے** ۔ [ا ۔ مثل] غرور میں حکمت رکھتا ہے ۔ رسی جل گئی بل نہیں گیا ۔
**مشعل کے نیچے سے نکلا ہوا ہے** ۔ [ا ۔ مثل] زنانوں کے ساتھ ناچا ہوا ہے ۔
**مشعل لے کر ڈھونڈنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بہت تلاش کرنا ۔ از حد جستجو کرنا ۔
**مشعلچی** ۔ (مَش ۔ عل ۔ چی) [ف ۔ ا ۔ مذ] مشعل اُٹھانے والا ۔ مشعل دکھانے والا ۔
**مشعلچی آپ ہی اندھا ہے** ۔ [ا ۔ مثل] راہ نما آپ ہی بے راہ ہے مشعلچی کو اپنے سامنے مشعل کی وجہ سے دکھائی نہیں دیتا ۔
**مَشعَلہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] چراغدان ۔ شمع دان ۔
**مَشغَلہ** ۔ (مَش ۔ غَ ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] شغل ۔ کام ۔ تفریح (۲) کھیل ۔ تماشہ ۔ (۳) ہنسی ۔ ٹھٹول ۔
**مشغلہ ہاتھ آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دل بہلانے کی بات مل جانا ۔ ہنسی اُڑانے کا موقع ملنا ۔
**مشغُول** ۔ (مش ۔ غُول) [ع ۔ صف] شغل میں لگا ہوا ۔ مصروف ۔
**مشغُولا** ۔ (مش ۔ غُو ۔ لا) [ق] شغل ۔
**مشغُولی** ۔ (مش ۔ غُو ۔ لی) [ف ۔ ا ۔ مث] مصروفیت ۔ مشغولیت ۔
**مُشفِق** ۔ (مُش ۔ فِق) [ع ۔ ا ۔ مذ] شفقت کرنے والا ۔ مہربان ۔ شفیق ۔ جمع ۔ مشفقاں ۔
**مُشفِقِ من** ۔ میرے مہربان ۔ مہربانِ بندہ ۔ یہ فقرہ دوستوں کے خطوں میں بطور القاب لکھا جاتا ہے ۔
**مُشفِقانہ** ۔ (مُش ۔ فِ ۔ قا ۔ نہ) [ف ۔ صف] ہمدردانہ ۔ دوستانہ ۔
**مُشفِقی** ۔ (مُش ۔ فِ ۔ قی) [ع] میرے دوست ۔ میرے مہربان ۔
**مشق** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] مہارت ۔ مداومت (۲) بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا (۳) تختی یا وصلی جس کی مشق کی ہو ۔
**مشق بڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی کام کو زیادہ کرنے کی عادت ڈالتے رہنا ۔
**مشق رہنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی بات کی عادت جاری رہنا ۔
**مشقِ سخن** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] شعر و سخن کی مہارت ۔ شعر کہنا ۔
**مشق کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] مہارت پیدا کرنا (۲) بار بار لکھنا (۳) لگاتار کوئی کام کیے جانا ۔
**مُشقاب** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] رکابی ۔
**مشقت** ۔ (م ۔ شق ۔ قت) [ع ۔ ا ۔ مث] محنت ۔ ریاضت (۲) کام کاج مزدوری ۔ (۳) دُکھ ۔ تکلیف ۔
**مشقت اُٹھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] محنت کرنا ۔ دُکھ جھیلنا ۔ تکلیف برداشت کرنا
**مشقت اُٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تکلیف برداشت ہونا ۔
**مشقی** ۔ (مش ۔ قی) [ف ۔ صف] مشق کیا ہوا ۔ منجھا ہوا (۲) [ا ۔ مث] مشق کرنے کی وصلی (۳) لکھنے کا موٹا کاغذ ۔
**مشک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] پانی بھرنے کی کھال ۔ وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے ۔
**مشک اُٹھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سقے کا کام کرنا ۔
**مشک سے دریاؤ کی** ۔ بچوں کا ایک کھیل ہے کہ چھوٹے بچے مشک کی طرح ایک بچے کو کمر پر لاد کر یہ فقرہ کہتے ہیں اور جب کوئی بچہ پانی مانگتا ہے تو کہتے ہیں ۔ اوک بناؤ ۔ جب وہ اوک بناتا ہے تو مشک بنا ہوا بچہ اس کی اوک میں تھوک دیتا ہے ۔
**مشکیں چھوٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بہت دست آنا ۔
**مُشک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو نیپال ۔ تبت ۔ تاتار ، خطا اور ختن میں ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے ۔ کستوری (۲) شعراء زلفِ معشوق کی سیاہی کو مشک سے تشبیہ دیتے ہیں (۳) کالا سیاہ ۔
**مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید** ۔ [ف ۔ مثل] مشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ عطار بتائے ۔ اچھی چیز خود ہی اپنی خوبی ظاہر کر دیتی ہے ۔ تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔
**مشکبار** ۔ [ف ۔ صف] نہایت معطر ۔
**مُشک بلاؤ** ۔ [ا ۔ مذ] ایک قسم کا جنگلی بلا جس سے خوشبو آتی ہے ۔
**مشکبو ۔ مشک بیز** ۔ [ف ۔ صف] خوشبودار ۔ معطر ۔ معنبر ۔ مشک میں لبسا ہوا ۔
**مُشک بید** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا بید ۔ جس کا پھول خوشبودار ہوتا ہے ۔
**مُشک فام** ۔ [ف ۔ صف] جس کا رنگ مثل مشک کے ہو ۔



Marfat.com

کالا سیاہ۔

**مُشک نافہ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] ہرن کے پیٹ کی وہ تھیلی جس میں مُشک ہوتا ہے۔

**مُشَکَّل**۔ (مُ۔ شَک۔ کَل) [ع۔ صف] شکل دیا گیا۔ مجسّم۔

**مُشکِل**۔ (مُش۔ کِل) [ع۔ صف] دشوار۔ کٹھن۔ سخت (۲) پیچیدہ۔ اُلجھا ہوا۔ (۳) [ا۔ مث] دشواری۔ سختی۔ مصیبت۔ دقت۔ جمع مُشکلات۔

**مُشکل آپڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] مصیبت آپڑنا۔ یکایک کوئی دشواری پیش آجانا۔

**مُشکل آسان ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] دشواری دُور ہونا۔ سختی رفع ہونا۔ مصیبت سے نجات پانا۔ اڑی نکلنا۔ عذاب سے چھُوٹنا (۲) جان کنی سے نجات پانا۔ جان نکلنا۔ دم آخر ہونا۔

**مُشکل آنا**۔ [ا۔ محاورہ] دشواری پیش آنا۔ مصیبت آنا۔

**مُشکل بننا (پڑنا)**۔ [ا۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔ دقت پیش آنا۔

**مُشکل پسند**۔ [ع۔ ف۔ صف] دشواری پسند کرنیوالا۔ وہ جو نظم و نثر میں مشکل اور نادر الفاظ استعمال کرے۔

**مُشکل راستہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] کٹھن راہ۔ وہ راستہ جس پر سفر کرنے میں تکلیف ہو۔

**مُشکل سے**۔ [ا۔ تابع فعل] دقت سے۔ جوں توں کرکے۔

**مُشکل سے مُشکل**۔ [ا۔ صف] بہت مُشکل۔ کمال پیچیدہ۔

**مُشکل سے نکلنا**۔ [ا۔ محاورہ] مصیبت سے چھٹکارا پانا

**مُشکل کٹ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] مصیبت دُور ہوجانا۔

**مُشکل کردینا**۔ [ا۔ محاورہ] دشوار کردینا۔

**مُشکل کُشا**۔ [ف۔ صف] مشکل حل کرنے والا۔ مصیبت دُور کرنیوالا۔ مشکل (کو) آسان کردینے والا (۲) لقب حضرت علیؓ کا۔

**مُشکل کُشا کا کھڑا دونا**۔ [ا۔ مذ] حضرت علیؓ کی نیاز جو مشکل دور ہونیکے بعد دی جاتی ہے۔

**مُشکل کُشائی**۔ [ف۔ ا۔ مث] مشکل آسان کرنا۔

**مُشکل کُشائی کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کا کام بنانا۔ آفت سے نجات دلانا مصیبت دُور کرنا۔

**مُشکل کی بات**۔ [ا۔ مث] دقت طلب بات۔ پیچیدہ معاملہ۔

**مُشکل میں پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] آفت میں پھنسنا۔ بلا میں گرفتار ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔

**مُشکل میں کام آنا**۔ [ا۔ محاورہ] مصیبت میں مدد دینا۔

**مُشکل ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] دُوبھر ہونا۔ دشوار ہونا۔

**مُشکلوں سے**۔ [ا۔ تابع فعل] دقت سے۔ دشواری سے۔

**مُشکلے نیست کہ آساں نہ شود۔ مرد باید کہ ہراساں نہ شود**۔ [ف۔ مقولہ] کوئی ایسی مشکل نہیں ہے جو آسان نہ ہوجائے۔ آدمی کو نا اُمید نہ ہونا چاہیے۔ اس شعر کو مصیبت میں تسکین دینے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

**مِشکوٰۃ**۔ (مِش۔ کات) [ع۔ ا۔ مث] چراغ دان۔ فانوس (۲) حدیث کی مشہور کتاب۔

**مَشکُور**۔ (مَش۔ کُور) [ع۔ صف] پسندیدہ (۲) شکر کیا ہوا۔

**مَشکوری**۔ (مَش۔ کُو۔ ری) [ف۔ ا۔ مث۔ ق] شکرگزاری۔

**مَشکُوک**۔ (مَش۔ کُوک) [ع۔ صف] شک کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ مشتبہ۔

**مشکوک بنا دینا**۔ [ا۔ محاورہ] اس طرح کام کرنا کہ اس کے درست ہونے میں شبہ پڑجائے۔

**مُشکُوئے**۔ (مُش۔ کُو۔ ئے) [ف۔ ا۔ مذ] بُت خانہ (۲) محل۔ حویلی۔ گرمی و بالاخانہ (۳) قیصر یا خسرو کا خلوت خانہ۔

**مُشکوئے زَرّیں۔ مُشکوئے مُعلّیٰ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] بادشاہی حرم سرا۔ محل خانہ شاہی۔ امرا و رؤسا کا دولت خانہ۔

**مُشکی**۔ (مُش۔ کی) [ف۔ صف] مُشک کے رنگ کا۔ سیاہ (۲) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

**مُشکیزہ**۔ (مُش۔ کی۔ زہ) [ف۔ ا۔ مث] چھوٹی مَشک۔

**مُشکیں**۔ (مُش۔ کیں) [ہ۔ ا۔ مث] دونوں بازو۔ دونوں شانے۔

**مُشکیں باندھنا**۔ [ا۔ محاورہ] شانوں کو پشت کی طرف ملا کر جکڑنا۔

**مُشکیں کسنا**۔ [ا۔ محاورہ] مشکیں باندھنا۔

**مُشکیں**۔ (مُش۔ کیں) [ف۔ صف] مُشک کے مانند۔ سیاہ۔ کالا (۲) مُشک کی سی خوشبو کا۔ مُشک آلودہ۔

**مشکیں پرند**۔ [ف۔ ا۔ مذ] سیاہ بادل۔

**مشکیں کمند**۔ [ف۔ ا۔ صف] وہ جس کے بال سیاہ اور دراز ہوں (کنایتاً)، معشوق۔

**مُشَلَّل**۔ [ع۔ صف] جس کے ہاتھ پیر بے حس ہوگئے ہوں۔ اپاہج۔

**مَشمُول**۔ (مَش۔ مُول) [ع۔ صف] شامل کیا گیا۔ شریک کیا گیا۔ ملایا گیا۔

**مَشمُولہ**۔ (مَش۔ مُو۔ لہ) [ع۔ صف] شامل۔ شریک۔ ملایا ہوا۔ ملحق۔ پیوستہ۔

**مِشن**۔ (Mission) (مِ۔ شَن) [انگ۔ ا۔ مذ] رسالت۔ پیغمبری (۲) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) سفارت۔ وفد۔ کمیشن (۴) پیغام۔ مقصد تبلیغ۔

**مِشن اسکول**۔ (Mission School) (۱) وہ اسکول جو کوئی مشن چلائے (۲) عیسائیوں کا اسکول۔ وہ مدرسہ جہاں عیسائیت کی تعلیم دی جاتی ہے۔

**مِشنری**۔ (Missionary) (مِش۔ نَ۔ ری) [انگ۔ صف] تبلیغی ادارے (۲) تبلیغی جماعت کا رکن۔

**مَشورَت**۔ (مَش۔ وَ۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] صلاح۔ مشورہ۔ باہمی تجویز (۲) سازش۔

**مشورت کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] صلاح کرنا۔ تجویز کرنا۔ سازش کرنا۔

**مشورت لینا**۔ [ا۔ محاورہ] صلاح لینا۔ رائے لینا۔ تدبیر پوچھنا (۲) نظم و نثر میں اصلاح لینا۔

**مَشورَہ**۔ (مَش۔ وَ۔ رَہ) [ف۔ ا۔ مذ] صلاح۔ باہمی تجویز۔

**مشورہ دینا**۔ [ا۔ محاورہ] صلاح دینا۔



Marfat.com

**مشورہ رہنا۔** (محاورہ) کسی سے وقتاً فوقتاً صلاح ہونا۔
**مشورہ لینا۔** (ا۔ محاورہ) رائے لینا۔ صلاح لینا۔ تجویز دریافت کرنا۔
**مُشوّش۔** (مُ۔ شَو۔ وَش) (ع۔ صف) پریشان۔ مضطرب۔ حیران۔
**مُشوِّش۔** (مُ۔ شَو۔ وِش) (ع۔ صف) پریشان کرنے والا۔ گھبرا دینے والا۔
**مَشہد۔** (مَش۔ ہَد) (ع۔ ا۔ مذ) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ۔ شہادت گاہ۔ شہیدوں کا قبرستان (۳) ایران کا ایک مشہور شہر جسے طوس بھی کہتے ہیں اور جہاں حضرت امام علی موسیٰ رضاؑ کا مزار ہے۔
**مشہود۔** (مَش۔ ہُود) (ع۔ صف) حاضر کیا گیا۔ موجود۔ ظاہر۔ ثابت کیا گیا۔
**مشہور۔** (مَش۔ ہُور) (ع۔ صف) شہرت کیا گیا۔ نامور۔ معروف جمع: مشاہیر۔
**مشہور و معروف۔** (ع۔ ف۔ صف) نامی۔ نامور۔ جسے سب جانتے ہوں۔
**مشہور ہے۔** (ا۔ محاورہ) افواہ ہے۔ خلق کی زبان پر ہے۔ کہتے ہیں۔
**مُشتہی۔** (ع۔ صف) اشتہا پیدا کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔
**مَشی۔** (ع۔ ا۔ مذ) پیادہ پا چلنا۔
**مَشِیّت۔** (مَ۔ شی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ (۲) قسمت تقدیر۔
**مشیّت ایزدی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) اللہ کی مرضی۔ حکم ربّی تقدیر الٰہی۔
**مشیّت میں گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) خدا کی مرضی ہونا۔
**مَشیخت۔** (مَ۔ شی۔ خَت) (ع۔ ا۔ مث) بزرگی (۲) شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ۔
**مشیخت پناہ۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) بزرگ۔ بزرگوار (۲) شیخی بگھارنے والا۔
**مشیخت کرکری ہونا۔** (ا۔ محاورہ) غرور نکل جانا۔
**مشیخت مآب۔** (ع۔ ا۔ مذ) ڈینگ مارنے والا۔ شیخی خورا۔ غرور سے بھرا ہوا۔
**مُشیر۔** (مُ۔ شیر) (ع۔ ا۔ مذ) مشورہ دینے والا۔ صلاح کار۔ تدبیر بتانے والا۔ رائے دینے والا (۲) کارپرداز۔ دیوان۔ مصاحب۔
**مشیر الدّولہ۔** (ع۔ ا۔ مذ) سلطنت کا صلاح کار۔ ایک شاہی خطاب جو بڑے امرا اور وزرا کو دیا جاتا تھا۔
**مشیر خاص۔** (ع۔ ا۔ مذ) خاص صلاح کار۔ مصاحب خاص۔ دیوان خاص۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔
**مشیر مال۔** (ع۔ ا۔ مذ) وزیر مال۔ محکمۂ مال کا اعلیٰ عہدیدار۔
**مشیران۔** (مُ۔ شی۔ ران) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مشیر کی جمع۔ مشورے دینے والے۔
**مشیران سلطنت۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ارکان حکومت۔ حکومت کے امیر، وزیر۔ حکومت کے صلاح کار۔
**مُشیشا۔** (مُش۔ شی۔ شا) (ق۔ ا۔ مذ) ایک پرندے کا نام۔

**مُشَیَّن۔** (مُ۔ شی۔ یَن) (ع۔ صف) غلط العوام۔ شان دار۔ رعب والا خوبصورت۔ وجیہ۔ تمکنت والا۔
**مشین۔** (Machine) (مَ۔ شین) (انگ۔ ا۔ مث) مشین۔ کل آلہ (بھاپ یا دخانی)
**مشین گن۔** ایک قسم کی توپ جس سے گولیاں بہت جلد جلد چلتی ہیں۔
**مشینری۔** (Machinery) (مَ۔ شی۔ نَ۔ ری) (انگ۔ ا۔ مث) کل کے پرزے۔ کلیں۔ مشینیں (۲) کل کی ساخت۔ فنی تدبیریں جن سے فنکار کام لے۔

## م۔ص

**مُصّ۔** (ع۔ صف) چوسنا۔
**مصاب۔** (ع۔ صف) دکھیارا۔ مصیبت زدہ۔
**مصابرت۔** (ع۔ صف) صبر۔ صبر کرنا۔
**مصابیح۔** (مَ۔ صا۔ بیح) (ع۔ ا۔ مث) مصباح کی جمع۔ (۱) بہت سے چراغ۔
**مُصاحِب۔** (مُ۔ صا۔ حِب) (ع۔ ا۔ مذ) ساتھی۔ جلیس۔ ہم نشین ہم صحبت۔ ندیم۔ خاص دوست۔
**مُصاحبت۔** (مُ۔ صا۔ حَ۔ بَت) (ع۔ ا۔ مث) ہم نشینی۔ ساتھ رہنا۔ ساتھ اٹھنا بیٹھنا۔
**مصاحف۔** (مَ۔ صا۔ حِف) (ع۔ ا۔ مذ) مصحف کی جمع۔
**مصادر۔** (مَ۔ صا۔ دِر) (ع۔ ا۔ مذ) مصدر کی جمع۔ نکلنے کے مقامات۔
**مُصادرت۔** (ع۔ ا۔ مث) ڈنڈ۔ تاوان۔ واپسی۔
**مُصادقت۔** (ع۔ ا۔ مث) باہم دلی دوستی۔
**مُصادمت۔** (ع۔ ا۔ مث) صدمہ پہنچانا۔ تصادم۔ ٹکرانا۔
**مُصارع۔** (ع۔ صف) کشتی گیر۔ ہاتھا پائی کرنے والا۔
**مُصارعت۔** (ع۔ ا۔ مث) دنگل۔ کشتی۔
**مصارف۔** (مَ۔ صا۔ رِف) (ع۔ ا۔ مذ) مصرف کی جمع۔ اخراجات بہت سے خرچ۔
**مصارف بے جا۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) غیر ضروری خرچ۔ فضول اخراجات۔
**مصافّ۔** (مَ۔ صاف) (ع۔ ا۔ مث) مصف کی جمع (۱) صف باندھنے کی جگہیں۔ لڑائی کا میدان۔ لڑائی۔ جنگ۔
**مصافات۔** (ع۔ ا۔ مث) درستی۔ اخلاص۔
**مُصافحہ۔** (مُ۔ صا۔ فَ۔ حَہ) (ع۔ ا۔ مذ) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا فعل۔
**مصافحہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ملتے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔
**مَصالح۔** (مَ۔ صا۔ لِح) (ع۔ ا۔ مث) مصلحت کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔
**مُصالحت۔** (مُ۔ صا۔ لَ۔ حَت) (ع۔ ا۔ مث) باہمی صلح۔ آپس



Marfat.com

میں میل ملاپ کرنا۔

**مصالحہ**۔ [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے مسالا۔

**مصائب**۔ (مَ۔ صا۔ اِب) [ع۔ ا۔ مث] مصیبت کی جمع۔ تکلیفیں مصیبتیں۔ آفتیں۔ بلائیں۔

**مِصباح**۔ (مِص۔ باح) [ع۔ ا۔ مث] چراغ۔ دیا (۲) صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔ جام صبوحی (جمع) مصابیح۔

**مُصَبِّر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] ایلوا۔ مشہور کڑوی دوا۔

**مُصَحِّح**۔ (مُ۔ صَح۔ حِح) [ع۔ ا۔ مذ] صحت کرنے والا۔ صحیح کرنے والا جمع۔ مصححین۔

**مُصحَف**۔ (مُص۔ حَف) [ع] وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ قرآن مجید (مجازاً) رُخسارِ معشوق۔

**مُصحف اُٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] کلام مجید کی قسم کھانا۔

**مُصحف بغلی**۔ [ف۔ ا۔ مذ] چھوٹی تقطیع کا کلام مجید۔

**مصحف مجید (مُقدس۔ ناطق)**۔ [ف۔ ا۔ مذ] قرآن شریف کلام اللہ۔

**مُصحفی**۔ (مُص۔ حَ۔ فی) [ع۔ صف] مصحف سے نسبت رکھنے والا (۲) اُردو کے مشہور شاعر غلام ہمدانی ساکن امروہہ کا تخلص جو شروع میں دہلی چلے گئے تھے اور آخیر میں لکھنؤ جاکر ۱۲۴۰ھ میں وفات پائی۔

**مصحُوب**۔ (مص۔ حُوب) [ع۔ ا۔ مذ] ساتھ کیا گیا۔ ہمراہ۔ ساتھ۔

**مصداق**۔ (مِص۔ داق) [ع۔ ا۔ مذ] وہ چیز جو کسی کی صفائی ثابت کرے۔ آلۂ مصداق۔ ثبوتِ صداقت (۲) وہ شئے جس پر کوئی معنی بولے جاسکیں۔ جیسے حسن سیرت اس کو کہتے ہیں اور اس کا مصداق آپ ہیں (۳) تصدیق کرنے والا۔ گواہ (۴) گواہی شہادت بات کی سچائی کا مجازاً ثبوت۔

**مَصدَر**۔ (مص۔ دَر) [ع۔ ا۔ مذ] صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ سرچشمہ۔ جڑ۔ بنیاد (۲) جھڑنا۔ پھر آنے کی جگہ (۳) اف (سبب باعث (۴) نحو میں وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔ اُردو میں مصدر کے آخر میں نا ہوتا ہے اور اس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا جیسے آنا لانا وغیرہ۔

**مصدر اصلی (وضعی)**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ مصدر جسے اہل زبان نے مصدر ہی کے لیے وضع کیا ہو جیسے بونا۔ کہنا۔ جانا وغیرہ۔

**مصدر غیر وضعی**۔ وہ مصدر جن میں دوسری زبانوں کے الفاظ پر علامت مصدری بڑھا کر مصدر بنالیا گیا ہو جیسے دعا کرنا۔ خوش ہونا۔ آزمانا۔ بحث کرنا۔

**مصدر لازم**۔ وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے جیسے دوڑنا۔ سونا۔

**مصدر متعدی**۔ وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے۔ جیسے۔ کھانا۔ لکھنا۔

**مصدری**۔ (مَص۔ دَ۔ رِی) [ف۔ صف] مصدر سے منسوب (۲) اصل یا بنیاد کے متعلق۔

**مُصَدَّق**۔ (مُ۔ صَد۔ دَق) [ع۔ صف] تصدیق کیا گیا۔ آزمائش کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا۔

**مُصَدِّق**۔ (مُ۔ صَد۔ دِق) [ع۔ صف] تصدیق کرنے والا۔ سچائی کی گواہی دینے والا۔ ثابت کرنے والا۔ جمع۔ مُصدّقین۔

**مُصَدَّقہ**۔ (مُ۔ صَد۔ دَ۔ قہ) [ع۔ صف] تصدیق کیا ہوا۔ جس کی تصدیق ہوگئی ہو۔ جیسے مصدقۂ عدالت۔ جمع۔ مصدّقات۔

**مُصَدِّع**۔ (مُ۔ صَد۔ دِع) [ع۔ صف] تکلیف دینے والا۔ دردِ سر پیدا کرنے والا۔

**مصدُور۔ مصدُورہ**۔ (مَص۔ دُور۔ مَص۔ دُو۔ رَہ) [ع۔ صف] صادر کیا گیا۔

**مِصر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] شہر۔ بلدہ۔ نگر (۲) افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک جو حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی وجہ سے مشہور ہے۔

**مصر کا بازار**۔ [ا۔ مذ] وہ بازار جہاں حضرت یوسفؑ کو قافلے والوں نے فروخت کیا تھا۔

**مُصِر**۔ (مُ۔ صِر) [ع۔ صف] اصرار کرنے والا۔ کسی چیز پر اڑ جانے والا۔

**مُصَرَّح**۔ (مُ۔ صَر۔ رَح) [ع۔ صف] تصریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا۔

**مُصَرِّح**۔ (مُ۔ صَر۔ رِح) [ع۔ صف] صراحت کرنے والا۔ تفصیل کرنے والا۔

**مِصرع۔ مصرعہ**۔ (مِص۔ رَع) (مِص۔ رَ۔ عہ) [ع۔ ا۔ مذ] ایک کواڑ۔ ایک پٹ (۲) آدھا شعر۔ نصف بیت۔

**مصرع برجستہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ مصرع جو بے ساختہ موزوں ہوجائے۔

**مصرع پیچیدہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ مصرع جس کا مضمون مشکل اور دقیق ہو۔

**مصرع تر**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] شگفتہ اور عمدہ مصرع۔

**مصرع دولخت ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] شعر کے دونوں مصرعوں میں ربط نہ ہونا۔

**مصرع طرح**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتانے کے لیے بطور نمونہ کے دیا جائے۔

**مصرع طرح کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] طرح کے لیے مصرع تجویز کرنا۔

**مصرعِ قد**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] قد کا استعارہ مصرع سے کرتے ہیں۔

**مصرع لڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] ایک شاعر کے مصرع سے دوسرے شاعر کا مصرع مطابق ہونا۔

**مصرع لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا۔

**مَصرِف**۔ (مَص۔ رِف) [ع۔ ا۔ مذ] خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کرنے کا موقع (۲) مطلب۔ کام۔ غرض۔ جمع۔ مصارف۔

**مُصرِف**۔ (مُص۔ رِف) [ع۔ صف] صرف کرنے والا۔ خرچ کرنے والا۔



Marfat.com

**مَصْرُوع** ۔ (مَص۔رُوع) [ع۔ا۔مذ] وہ جسے مرگی کی بیماری ہو۔ مرگی کا مریض۔

**مَصْرُوف** ۔ (مَص۔رُوف) [ع۔صف] صرف کیا گیا۔ پھیرا گیا (۲) مشغول۔ کام میں لگا ہوا۔

**مِصْرِی** ۔ (مِص۔رِی) [ع۔صف۔و۔ا۔مث] مصر سے منسوب۔ (۲) مصر کا رہنے والا (۳) شکاری چاقو (۴) ایک قسم کی تلوار (۵) شیرہ رباب (۶) [ا۔] دانہ دار قند۔ قند کی ڈلیاں۔

**مِصْری کُوزہ** ۔ [ا۔مذ] مصری کا بنا ہوا گول ڈلا (۲) (تشبیہاً) نہایت میٹھا خربوزہ۔

**مِصْری کھلانا** ۔ [ا۔محاورہ] قتل کرنا۔ تلوار۔ کٹار۔ خنجر یا پیش قبض سے ہلاک کرنا (۲) نسبت کرنا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا۔

**مِصْری کی ڈلی** ۔ [ا۔مث] (۱) مصری کا ٹکڑا (۲) نہایت شیریں۔ بہت میٹھا۔

**مُصْطَفَوی** ۔ (مُص۔طَ۔فَ۔وِی) [ع۔صف] مُصطفیٰ سے منسوب۔

**مُصْطَفیٰ** ۔ (مُص۔طَ۔فا) [ع۔صف] چُنا ہُوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ مقبول (۲) حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

**مصطکی یَا مَصطگی** ۔ (مُص۔طَ۔کی) (مَص۔طَ۔گی) [ع۔ا۔مث] ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے۔

**مُصْطَلَح** ۔ (مُص۔طَ۔لَح) [ع۔صف] اصطلاح کیا ہوا۔

**مُصْطَلَحات** ۔ (مُص۔طَ۔لَ۔حات) [ع۔ا۔مث] مصطلح کی جمع۔ اصطلاحیں محاورے۔

**مَصَفّ** ۔ [ع۔ا۔ظرف] صف باندھنے کی جگہ۔

**مُصَفّا** ۔ (مُ۔صَف۔فا) [ع۔صف] پاک۔ صاف۔ ستھرا ہُوا۔

**مُصَفّی** ۔ (مُ۔صَف۔فی) [ع۔صف] صاف کرنے والا۔ جمع۔ مُصفّیات۔

**مُصَفّیِ خون** ۔ [ع۔ا۔مذ] خون صاف کرنے والا۔

**مِصْقَل یَا مِصْقَلہ** ۔ (مِص۔قَل) (مِص۔قَ۔لہ) [ع۔ا۔مذ] صیقل کرنے کا آلہ۔ چمکدار بنانے کا اوزار۔

**مُصَلّا یَا مُصَلّیٰ** ۔ (مُ۔صَل۔لا) [ع۔ا۔مذ] نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد (۲) جانماز۔ بوریا۔ دری۔ صف وغیرہ (۳) شیراز کی مشہور عیدگاہ جو ایک پُرفضا میدان میں واقع ہے۔

**مُصْلِح** ۔ (مُص۔لِح) [ع۔صف] اصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔ نیکی کی طرف لانے والا۔ عیوب دور کرنے والا (۲) اصطلاحِ طب میں ضرر سے بچانے والا۔ جمع۔ مصلحین۔

**مَصْلَحَت** ۔ (مَص۔لَ۔حَت) [ع۔ا۔مث] نیک صلاح۔ اچھا مشورہ۔ مناسب تجویز (۲) خوبی۔ بھلائی (۳) حکمت یا بھید۔ جمع۔ مصالح۔

**مصلحت اندیش یا سنج** ۔ [ع۔ف۔صف] مناسب اور معقول بات سوچنے والا۔

**مصلحت ایزدی** ۔ [ع۔صف] خدا کی حکمت۔ خدا کی مرضی۔

**مصلحت خواہ** ۔ [ع۔ف۔صف] خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔ بہی خواہ۔

**مصلحت دید** ۔ [ع۔ف۔صف] (۱) بھلائی۔ بہتری (۲) نیک بات سوچنا۔

**مصلحت دیکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] خوبی دیکھنا۔ بھلائی دیکھنا۔

**مصلحت کار** ۔ [ع۔ف۔صف] نیک کام کرنے والا (۲) جو معاملات میں ماہر ہو۔

**مصلحت مُلکی** ۔ [ع۔ا۔مث] معاملات سلطنت کے مطابق تدبیر۔ رموزِ مملکت۔ راج نیتی۔

**مصلحت وقت** ۔ [ع۔ا۔مث] وقت کے مناسب۔

**مَصْلَحَتاً** ۔ (مَص۔لَ۔حَ۔تن) [ع۔تابع فعل] بھلائی کی بنیاد پر۔

**مَصْلُوب** ۔ (مَص۔لُوب) [ع۔صف] صلیب پر چڑھایا گیا۔ سولی دیا گیا۔

**مُصَلّی** ۔ (مُ۔صَل۔لی) [ع۔صف] صلوٰۃ ادا کرنے والا۔ نماز پڑھنے والا نمازی (۲) [ہ] نومسلم۔ خاک روب۔ جمع۔ مُصلّیاں۔

**مُصْمَت** ۔ [ع۔صف] خاموش (۲) حرفِ علت۔

**مُصَمَّم** ۔ (مُ۔صَم۔مَم) [ع۔صف] پکّا۔ مضبوط۔ اُستوار۔ محکم۔

**مُصَمَّم ارادہ** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] پکّا ارادہ۔ عزم بالجزم۔

**مُصَنِّف** ۔ (مُ۔صَن۔نِف) [ع۔ا۔مذ] تصنیف کرنے والا۔ اپنے دل سے کوئی بات بنانے والا (مجازاً) کتاب بنانے والا۔

**مُصَنِّفہ** ۔ (مُ۔صَن۔نِ۔فہ) [ع۔ا۔مث] مصنّف عورت۔

**مُصَنَّفہ** ۔ (مُ۔صَن۔نَ۔فہ) [ع۔صف] تصنیف کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ تصنیف۔

**مَصْنُوع** ۔ (مَص۔نُوع) [ع۔صف] صنعت کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔

**مَصْنُوعات** ۔ (مَص۔نُو۔عات) [ع۔ا۔مذ۔مث] مصنوع کی جمع۔ بنائی ہوئی چیزیں۔

**مَصْنُوعی** ۔ (مَص۔نُو۔عی) [ع۔صف] بنایا ہُوا۔ جو قدرتی نہ ہو۔ بناوٹی نقلی۔ جعلی۔

**مُصَوَّر** ۔ (مُ۔صَو۔وَر) [ع۔صف] تصویر بنایا گیا۔ باتصویر۔

**مُصَوِّر** ۔ (مُ۔صَو۔وِر) [ع۔ا۔مذ] تصویر کھینچنے والا۔ تصویر بنانے والا۔ نقاش۔ آرٹسٹ (۲) رنگ بھرنے والا۔ بیل بوٹے بنانے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ جمع۔ مصوّرین۔ مصوّران۔

**مُصَوِّری** ۔ (مُ۔صَو۔وِ۔ری) [ع۔ف۔ا۔مث] تصویر کشی۔ تصویریں بنانے کا فن۔ تصویر کشی کا پیشہ۔

**مَصْئُون یَا مَصْئُونہ** ۔ (مَص۔اُون) (مَص۔اُو۔نہ) [ع۔صف] محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔

**مُصِیب** ۔ [ع۔صف] بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ ٹھیک کہنے والا۔

**مُصِیبَت** ۔ (مُ۔صی۔بَت) [ع۔ا۔مث] رنج۔ دُکھ۔ تکلیف (۲) حادثہ۔ صدمہ (۳) نحوست۔ بداقبالی۔ ادبار (۴) دقت۔ مشکل دشواری۔ جمع۔ مصائب۔

**مصیبت اُٹھانا** ۔ [ا۔محاورہ] دُکھ جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا

**مصیبت اُٹھنا** ۔ [ا۔محاورہ] دُکھ سہا جانا۔ تکلیف برداشت ہونا۔



Marfat.com

**مصیبت بن جانا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] جان کا عذاب ہو جانا ۔ دُوبھر ہو جانا ۔

**مصیبت بھرنا ( بُھگتنا )** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] تکلیف اُٹھانا ۔ دُکھ جھیلنا ۔

**مصیبت پڑنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] آفت آنا ۔ بپتا پڑنا ۔

**مصیبت پٹینا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] دُکھ بھوگنا ۔ تکلیف اُٹھانا ۔

**مصیبت جھیلنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] سختی برداشت کرنا ۔ دُکھ سہنا ۔

**مصیبت دیکھنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] مصیبت پیش آنا ۔ تکلیف سہنا ۔

**مصیبت زدہ** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] مصیبت کا مارا ہوا ۔ بدبخت ۔ تباہ خستہ حال ۔ خراب و خستہ ۔

**مصیبت سے جان چھوٹنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] تکلیف سے نجات پانا ۔

**مصیبت کا پہاڑ** ۔ [ ا ۔ مذ ] بڑی مصیبت ۔

**مصیبت کاٹنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] مصیبت برداشت کرنا ۔

**مصیبت کٹ جانا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] دُکھ کا زمانہ بسر ہو جانا ۔

**مُصیبت کدہ** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ] مصیبت کا گھر ۔ تکلیف کا مقام ۔

**مصیبت کے دن ٹالنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] دُکھ کی مُدت بسر کرنا ۔

**مصیبت کے دن کاٹنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] تکلیف کا زمانہ بسر کرنا ۔

**مصیبت مارا** ۔ [ ا ۔ صف ] آفت زدہ ۔

**مصیبت مول لینا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] خواہ مخواہ کوئی جھگڑا اپنے ذمے لینا ۔

**مصیبت میں پڑنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] آفت یا جھگڑے میں مُبتلا ہونا ۔

**مصیبت ناک** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] مصیبت میں مُبتلا کرنے والا ۔

**مصیبت ناگہانی** ۔ وہ صدمہ یا حادثہ جو اچانک پیش آجائے ۔ بلائے ناگہانی ۔

**مُصَیقَل** ۔ [ ع ۔ صف ] روشن کیا گیا ۔ زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا ۔

## م ض

**مضار** ۔ ( مَ ۔ ضار ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] مضرت کی جمع ۔ نقصانات ۔

**مُضَارَبَت** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مث ] نفع میں شریک بنا کر کسی کو تجارت کے لیے مال دینا ۔ (۲) تلوار مارنا ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

**مُضَارِع** ۔ ( مُ ۔ ضا ۔ رع ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] مشابہ ۔ مانند (۲) اصطلاح قواعد زبان میں وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں ۔

**مُضَاعَف** ۔ ( مُ ۔ ضا ۔ عف ) [ ع ۔ صف ] دُگنا ۔ دونا ۔ دوچند ۔ (۲) اصطلاح علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں ۔

**مُضَاف** ۔ ( مُ ۔ ضاف ) [ ع ۔ صف ] جڑا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ پیوستہ ۔ ملحق کیا ہوا ۔ منسلک ۔ شامل (۲) منسوب ۔ متعلق (۳) علم نحو میں وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے ۔ جیسے امجد کی کتاب ۔ اس میں کتاب مضاف اور امجد مضاف الیہ ہے (۴) اضافہ کیا گیا ۔ زیادہ کیا گیا ۔

**مضاف الیہ** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے ۔

**مُضَافات** ۔ ( مُ ۔ ضا ۔ فات ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] مضاف کی جمع ۔ متعلقات منسوبات ۔ ضمیمہ ۔ تتمہ (۲) قرب و جوار ۔ اردگرد ۔ اطراف و جوانب مضافات ۔ شہر کے آس پاس کے قصبے اور گاؤں ۔

**مضافاتِ شہر** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ] شہر کے آس پاس کی آبادی گاؤں یا قصبے ۔

**مضامین** ۔ ( مَ ۔ ضا ۔ مین ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] مضمون کی جمع ۔ مطالب ۔ معانی ۔

**مُضَایقہ** ۔ ( مُ ۔ ضا ۔ یَ ۔ قہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] تنگی ۔ دشواری ۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا (۲) حرج ۔ قباحت (۳) ڈر ۔ خوف ۔ پروا ۔

**مضبوط** ۔ ( مَض ۔ بُو ۔ ط ) [ ع ۔ صف ] ضبط کیا گیا ۔ قبضہ کیا گیا (۲) پکا پائیدار ۔ دیرپا ۔ استوار (۳) شہ زور ۔ قوی ۔ طاقت والا (۴) توانا تندرست ۔ ہٹا کٹا ۔

**مضبوط رہنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] مستقل رہنا ۔ جما رہنا ۔ ثابت قدم رہنا ۔

**مضبوطی** ۔ ( مَض ۔ بُو ۔ طی ) [ ا ۔ ا ۔ مث ] استقلال ۔ پائیداری ۔ طاقت ۔ ہمت ۔ جرأت (۲) اطمینان ۔ دل جمعی ۔ تسلی ۔

**مَضحَک** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] ہنسی کا مقام ۔ وہ چیز جس پر لوگ ہنسیں ۔

**مُضحِک** ۔ ( مُض ۔ حِک ) [ ع ۔ صف ] ہنسانے والا ۔

**مُضحِکات** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] ہنسانے والی باتیں ۔ لطیفے ۔

**مَضحَکَہ** ۔ ( مَض ۔ حَ ۔ کہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ تمسخر ۔ مذاق (۲) مسخرہ (۳) وہ شخص جس کا مذاق اُڑائیں ۔

**مضحکہ ( اُڑانا ) کرنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] ہنسنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ مسخرہ بنانا ۔

**مضحکہ خیز** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] ہنسی مذاق میں ڈالنے والی بات ۔

**مُضِر** ۔ ( مُ ۔ ضِر ) [ ع ۔ صف ] ضرر پہنچانے والا ۔ نقصان رساں ۔ جمع ۔ مضرات ۔ اردو میں بغیر تشدید یا مستعمل ہے ۔

**مُضِر ہونا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] نقصان رساں ہونا ۔

**مِضراب** ۔ ( مِض ۔ راب ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] ستار بجانے کا چھلا ۔

**مُضِرّات** ۔ ( مُ ۔ ضِر ۔ رات ) [ ع ۔ ا ۔ مذ و مث ] نقصان پہنچانے والی چیزیں ۔

**مُضَرَّت** ۔ ( مُ ۔ ضَر ۔ رَت ) [ ع ۔ ا ۔ مث ] ضرر ۔ نقصان ۔ زیاں ۔

**مضرت رساں** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] نقصان پہنچانے والا ۔ زیاں کار ۔

**مضرت رسانی** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] نقصان پہنچانا ۔ تکلیف دہی ۔ ایذا رسانی ۔

**مضروب** ۔ ( مَض ۔ رُوب ) [ ع ۔ صف ] ضرب کھایا ہوا ۔ چوٹ لگا ہوا ۔ وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو (۲) اصطلاح حساب میں وہ عدد جس کو ضرب دیا جائے ۔



Marfat.com

**مضروب فیہ**۔ [ع۔صف] وہ عدد جس سے ضرب دی جائے۔

**مُضطر**۔ (مُض۔طَر) [ع۔صف] ضرر رسیدہ۔ تکلیف میں مُبتلا مجازاً بے بس۔ بے اختیار (۲) بے تاب۔ بے قرار۔ بے چین پریشان۔ آزردہ۔

**مُضطَرِب**۔ (مُض۔طَ۔رِب) [ع۔صف] بے چین۔ بے قرار۔

**مُضطرِبُ الحال**۔ [ع۔صف] پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔

**مُضطربانہ**۔ (مُض۔طَ۔رِ۔با۔نَہ) [ع۔ف۔تابع فعل] بیقراری سے بے چینی کی حالت سے۔

**مُضعِف**۔ (مُض۔عِف) [ع۔صف] ضعیف کرنے والا۔ کمزور بنانے والا۔

**مُضغہ**۔ (مُض۔غہ) [ع۔ا۔مذ] لوتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) وہ جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو (۳) لقمہ۔ نوالہ۔

**مضغۂ گوشت**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] گوشت کا لوتھڑا (۲) نکما اور بے کار آدمی۔

**مُضِل**۔ (مُ۔ضِل) [ع۔صف] گمراہ کرنے والا۔ بہکانے والا۔

**مُضِلّت**۔ [ع۔ا۔مث] گمراہی۔

**مِضمار**۔ (مِض۔مار) [ع۔ا۔مذ] میدان۔ ہموار اور وسیع میدان۔ (۲) میدانِ جنگ۔ وہ جگہ جہاں گھوڑا دوڑاتے ہیں۔ جمع: مضامیر۔

**مُضمَحِل**۔ (مُض۔مَ۔حِل) [ع۔صف] محو ہونے والا۔ کم ہونے والا۔ (۲) کم زور۔ دُبلا پتلا۔ ناتواں۔ لاغر (۳) اُداس۔ دلگیر۔ رنجیدہ۔ مغموم۔

**مُضمحل ہونا**۔ [ا۔محاورہ] نڈھال ہو جانا۔

**مُضمَر**۔ (مُض۔مَر) [ع۔صف] پوشیدہ۔ مخفی۔ دل میں رکھا گیا۔

**مَضمَضَہ**۔ (مَض۔مَ۔ضَہ) [ع۔ا۔مث] کُلّی۔ مُنہ میں پھرانا۔ کُلّی۔

**مُضَمَّن**۔ (مُ۔ضَم۔مَن) [ع۔صف] شامل کیا گیا۔

**مضموم**۔ (مَض۔موم) [ع۔صف] ضمہ دیا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش ہو۔

**مضمون**۔ (مَض۔مُون) [ع۔ا۔مذ] ضمن میں کیا ہوا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز (۲) مطلب۔ معنی۔ بیان (۳) جواب مضمون۔ انشا ادار یہ (۴) بات۔ سخن۔

**مضمون آفرین**۔ [ع۔ف۔صف] نئی بات پیدا کرنے والا۔

**مضمون آفرینی**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] ذہن سے نئی بات نکالنا۔

**مضمون باندھنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی مضمون کو شعر میں نظم کرنا۔

**مضمون بٹھانا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون کو عبارت میں ٹھیک موقع پر جگہ دینا۔

**مضمون بندھنا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون نثر یا نظم میں آجانا۔

**مضمون پست ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب گھٹیا ہونا۔

**مضمون ٹپکنا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون ظاہر ہونا۔

**مضمون چرانا**۔ [ا۔محاورہ] دوسرے کے مضمون کو اپنے نام سے منسوب کرنا۔

**مضمون ڈھل جانا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون کا اچھی عبارت میں لکھا جانا۔

**مضمون روشن ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون صاف ہونا۔

**مضمون سست ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون بے لطف اور بے مزہ ہونا۔

**مضمون سلجھنا**۔ [ا۔محاورہ] بات کی پیچیدگی جاتی رہنا۔

**مضمون سوجھنا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون خیال میں آنا۔

**مضمون کھپنا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون صادق آجانا۔

**مضمون کی بندش**۔ [ا۔مث] مضمون کی بناوٹ۔

**مضمون گانٹھنا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب حاصل کرنا۔

**مضمون گھڑنا**۔ [ا۔محاورہ] تہمت لگانا۔

**مضمون لڑنا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون کا حسب منشا سوجھنا (۲) کسی کے مضمون سے مضمون کا مطابق ہونا۔

**مضمون مبتذل ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون کا اپنے مقام سے گرا ہونا۔

**مضمون نکالنا**۔ [ا۔محاورہ] مقصد سمجھنا۔ تہ کی بات نکالنا۔

**مضمون نگار (نویس)**۔ [ع۔ف۔صف] مضمون لکھنے والا انشا پرداز۔

**مضمون نگاری (نویسی)**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] مضمون لکھنا۔

**مضمون واحد ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب ایک ہونا۔ ایک غرض میں دو شخصوں کا شامل ہونا۔

**مضمون ہاتھ (آنا) لگنا**۔ [ا۔محاورہ] نئی بات کا خیال میں آنا۔ مضمون سوجھنا۔

**مُضی**۔ (مُ۔ضی) [ع۔صف] گزرا ہوا۔ گزر گیا۔ بیت گیا۔

**مضی مامضیٰ**۔ جو ہوا سو ہوا۔ گزرا سو گزرا۔

## م ۔ ط

**مَطابِخ**۔ [ع۔ا۔مذ] مطبخ کی جمع۔ باورچی خانے۔

**مَطابِع**۔ (مَ۔طا۔بِع) [ع۔ا۔مذ] مطبع کی جمع۔ چھاپے خانے۔

**مطابِق**۔ (مُ۔طا۔بِق) [ع۔صف] موافق۔ برابر۔ یکساں۔ مانند (۲) بموجب۔ حسب۔ مناسب۔ بہ لحاظ۔

**مُطابَقت**۔ (مُ۔طا۔بَ۔قَت) [ع۔ا۔مث] موافقت۔ مشابہت برابری۔

**مَطار**۔ [ع۔ا۔مذ] اُڑنے کی جگہ۔ ہوائی اڈہ۔

**مُطارَحہ**۔ (مُ۔طا۔رَ۔حہ) [ع۔ا۔مذ] گفتگو۔ بحث۔ مشورہ۔

**مُطاع**۔ (مُ۔طاع) [ع۔صف] اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ بزرگ۔ مُربی وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے۔

**مَطاعِن**۔ (مَ۔طا۔عِن) [ع۔ا۔مذ] مطعن کی جمع۔ معنے عیب۔ طعنے۔

**مَطاف**۔ (مَ۔طاف) [ع۔ا۔مذ] طواف کی جگہ۔



Marfat.com

**مطالب**۔ (مَ۔طا۔لِب) [ع۔ا۔مذ] مطلب کی جمع۔ مقاصد۔ مرادیں۔
**مُطالبہ**۔ (مُ۔طا۔لَ۔بَہ) [ع۔امذ] دعویٰ۔ نالش (۲) اپنا حق چاہنا۔ درخواست۔ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔
**مُطالبۂ خفیفہ**۔ [ع۔ف۔روزمرہ] عدالت خفیفہ یعنی چھوٹی عدالت جہاں معمولی دیوانی مقدمات فیصل ہوں۔ وہاں دعویٰ کرنا۔
**مطالبہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔ مانگنا۔ دعوے دار ہونا۔
**مطالع**۔ (مَ۔طا۔لِع) [ع۔ا۔مذ] مطلع کی جمع۔ طلوع ہونے کے مقامات۔
**مُطالعہ**۔ (مُ۔طا۔لَ۔عَہ) [ع۔امذ] غور۔ توجہ۔ دھیان۔ کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کی غرض سے دیکھنا (۲) کتب بینی۔
**مطالعہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] پڑھنا۔ کتاب دیکھنا۔ آگے سبق نکالنا۔
**مُطاوَعت**۔ (مُ۔طا۔وَ۔عَت) [ع۔ا۔مث] اطاعت کرنا۔ فرماں برداری۔
**مُطایَبہ**۔ (مُ۔طا۔یَ۔بَہ) [ع۔امذ] خوش طبعی۔ جہذب۔ تفریح۔ مزاح۔ جمع: مطایبات۔
**مَطَب**۔ (مَ۔طَب) [ع۔ا۔مذ] وہ مکان جہاں بیٹھ کر طبیب مریض کا علاج کرے۔
**مطبخ**۔ (مَط۔بَخ) [ع۔ا۔مذ] کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ۔
**مطبع**۔ (مَط۔بَع) [ع۔ا۔مذ] طبع کرنے کی جگہ۔ چھاپنے کی جگہ۔ چھاپہ خانہ۔ پریس۔
**مطبوخ**۔ (مَط۔بُوخ) [ع۔صف] آگ پر پکائی ہوئی۔ پکی ہوئی (۲) [ا۔مذ] جوشاندہ۔ جوش دی ہوئی دوا۔
**مطبوع**۔ (مَط۔بُوع) [ع۔صف] طبع کیا ہوا۔ چھپا ہوا (۲) پسند کیا گیا۔ مرغوب۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔
**مطبوعہ**۔ (مَط۔بُو۔عَہ) [ع۔صف] طبع شدہ۔ چھپا ہوا۔ جمع: مطبوعات۔
**مَطحَن**۔ [ع۔ا۔مث] چکی۔ پیسنے کا آلہ۔
**مَطحُول**۔ [ع۔صف] تلی کا مریض۔
**مَطَر**۔ (مَ۔طَر) [ع۔ا۔مذ] بارش۔ باراں۔
**مِطراق**۔ [ع۔امذ] ہتھوڑی (۲) نظیر۔ مثال۔
**مُطرِب**۔ (مُط۔رِب) [ع۔ا۔مذ] خوش کرنے والا (۲) گویا۔ قوال۔ گانے والا۔ ڈوم۔ کلاونت۔ میراثی۔
**مُطرِبہ**۔ (مُط۔رِ۔بَہ) [ع۔ا۔مث] گانے والی عورت۔ جمع: مطربات۔
**مَطروح**۔ [ع۔صف] حقیر۔ ناپسندیدہ (۲) نکالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔
**مطرود**۔ (مَط۔رُود) [ع۔صف] دھتکارا ہوا۔ نکالا ہوا (۲) دور پھینکا ہوا۔ شہر بدر کیا ہوا۔
**مُطعِم**۔ [ع۔صف] کھلانے والا (کھانا)۔
**مَطعَن**۔ [ع۔ا۔مذ] طعن۔ طعنہ۔
**مطعون**۔ (مَط۔عُون) [ع۔صف] طعنہ دیا گیا۔ عیب نکالا گیا۔ بدنام۔ رسوا۔
**مطعونِ خلائق**۔ [ع۔صف] رسوائے عالم۔ دنیا بھر کا بدنام وہ شخص جسے خلقت لعنت ملامت کرے۔
**مُطَلّا**۔ (مُ۔طَل۔لا) [ع۔صف] طلا کیا گیا۔ سنہرا۔ زرّیں۔ طلائی۔
**مَطلَب**۔ (مَط۔لَب) [ع۔ا۔مذ] مقصد۔ غرض۔ منشا۔ خواہش۔
**مطلب اٹکنا**۔ [ا۔محاورہ] غرض اڑنا۔ غرض وابستہ ہونا (۲) خواہش پوری نہ ہونا۔
**مطلب الٹ دینا**۔ [ا۔محاورہ] مضمون کچھ کا کچھ کر دینا۔ مفہوم بدل دینا۔
**مطلب برآری**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] کام نکالنا۔ حاجت روائی۔ حصول مدعا۔
**مطلب برآری کرنا**۔ [ا۔مص مرکب] مقصد پورا کرنا۔ حاجت روائی کرنا۔
**مطلب برآنا**۔ [ا۔مص مرکب] مقصد پورا ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔
**مطلب پر آنا**۔ [ا۔محاورہ] تمہید کے بعد اپنے مدعا کی بات کہنا یا لکھنا۔
**مطلب پر لانا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب پورا کرنے پر آمادہ کرنا۔
**مطلب پورا کرنا**۔ [ا۔محاورہ] مراد بر لانا۔ مقصد میں کامیاب کرنا۔
**مطلب چبا جانا**۔ [ا۔محاورہ] صاف صاف مطلب ظاہر نہ کرنا۔
**مطلب حل ہونا**۔ [ا۔محاورہ] مطلب سمجھ میں آنا (۲) کار برآری ہونا۔
**مطلب خبط ہونا**۔ [ا۔محاورہ] بات بے معنی ہونا۔ تحریر یا تقریر کا بے معنی ہونا۔
**مطلب رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] غرض رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔
**مطلب سعدی دیگر است**۔ [ف۔مثل] سعدی کا مطلب دوسرا ہے یعنی ظاہر یوں ہے مگر دلی مقصد کچھ اور ہے۔
**مطلب سے مطلب ہونا**۔ [ا۔محاورہ] اپنے کام سے کام ہونا۔ اپنے کام سے غرض رکھنا۔
**مطلب فوت ہونا**۔ [ا۔محاورہ] غرض حاصل نہ ہونا۔
**مطلب کا آشنا (یار)**۔ [ا۔صف] خود غرض۔ مطلبی۔ جو صرف اپنے مطلب کی غرض سے یار بنا ہو۔
**مطلب کو پہنچانا**۔ [ا۔محاورہ] کام بنا دینا۔ کامیاب کر دینا۔
**مطلب کھل جانا**۔ [ا۔محاورہ] غرض ظاہر ہو جانا۔
**مطلب کہنا**۔ [ا۔محاورہ] غرض بیان کرنا۔
**مطلب کی**۔ [ا۔تابع فعل] غرض کی۔ جس میں مطلب پایا جائے۔
**مطلب کی بات**۔ [ا۔مث] کار آمد بات (۲) کنایۃً اصل۔
**مطلب کی (بات) سنانا**۔ [ا۔محاورہ] اپنی غرض کی بات کہنا۔
**مطلب کی سوجھنا**۔ [ا۔محاورہ] غرض کی بات خیال میں آنا۔ اپنے فائدہ کی بات سوچنا۔
**مطلب کی گھات چلنا**۔ [ا۔محاورہ] اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنے فائدے کی بات پر نظر رکھنا۔
**مطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں**۔ [ا۔مثل] غرض



Marfat.com

نکالنے کے لیے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرتے ہیں۔

**مطلب نکالنا** - [ا۔ محاورہ] بات سمجھنا۔ غرض پوری کرنا۔ غرض حاصل کرنا۔

**مطلب ہو جانا** - [ا۔ محاورہ] کام بن جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ خواہش پوری ہونا۔

**مطلبی۔ مطلبیا** - (مَط۔ لَ۔ بی، مط۔ لَ۔ بی۔ آ) [اُ۔ صف] خود غرض۔ ابن الوقت۔

**مَطلِع** - (مَط۔ لِع) [ع۔ ا۔ مذ] طلوع ہونے کی جگہ۔ مشرق۔ پورب فضا (۲) غزل یا قصیدے کے شروع کا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیے ہوں۔

**مطلع صاف ہونا** - [ا۔ محاورہ] آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا (۲) کسی جگہ ایک آدمی بھی نہ ہونا (۳) دشمنوں سے مقام خالی ہونا روک ٹوک نہ ہونا (کنایتاً) داڑھی مونچھ کا نہ ہونا۔ ابھی سبزہ آغاز نہ ہونا۔

**مطلعِ صبح** - [ف۔ ا۔ صف] افق کا وہ مقام جہاں صبح کی روشنی پہلے پہل ظاہر ہوتی ہے۔

**مُطّلَع** - (مُط۔ طَ۔ لَع) [ع۔ صف] اطلاع دیا گیا۔ خبردار کیا ہوا۔ واقف۔ آگاہ۔

**مُطّلع کرنا** - [ا۔ محاورہ] اطلاع دینا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ واقف کرنا۔

**مُطلَق** - (مُط۔ لَق) [ع۔ صف] آزاد۔ بے قید (۲) بالکل۔ قطعی جیسے وہ آزاد مطلق (۳) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیئے۔

**مطلق الرِّجلین** - وہ گھوڑا جس کے پاؤں کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو۔

**مطلق العنان** - [ع۔ صف] بے لگام۔ جس کی لگام چھوٹ گئی ہو (۲) آزاد۔ خود سر۔ بے باک۔

**مطلقُ الیَدَین** - [ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پیر سفید ہوں۔

**مطلقُ الیَسار** - [ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے دونوں پچھلے پاؤں سفید ہوں۔

**مطلق الیمین** - وہ گھوڑا جس کے دونوں دائیں پاؤں سفید ہوں۔

**مُطلَقاً** - (مُط۔ لَ۔ قَن) [ع۔ تابع فعل] بالکل۔ قطعی۔ اصلاً۔

**مُطَلَّقہ** - (مُ۔ طَل۔ لَ۔ قہ) [ع۔ صف] طلاق دی ہوئی عورت۔ وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو۔

**مطلُوب** - (مَط۔ لُوب) [ع۔ صف] طلب کیا گیا۔ مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ کنایتاً معشوق۔

**مطمح** - (مَط۔ مَح) [ع۔ ا۔ مذ] نظر پڑنے کی جگہ (۲) مقصود (جمع) مطامح۔

**مطمحِ نظر** - [ع۔ ا۔ مذ] مرکزِ نگاہ۔ مقصدِ اصلی۔

**مطمئن** - (مُط۔ مَ۔ اِن) [ع۔ صف] اطمینان پانے والا۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ بے فکر۔ آسودہ۔

**مُطوّعہ** - [ع۔ صف] وہ مسلمان جسے جہاد سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہو۔ مگر وہ اپنی خوشی سے جہاد کرے (۲) رضاکار۔

**مُطوِّف** - [ع۔ صف] طواف کرنے والا۔

**مُطوَّق** - (مُ۔ طَو۔ وَق) [ع۔ صف] طوق پڑا ہوا۔ قید کیا گیا۔

**مُطوَّل** - (مُ۔ طَو۔ وَل) [ع۔ صف] لمبا۔ دراز۔ طویل۔

**مُطہَّر** - (مُ۔ طَہ۔ ہَر) [ع۔ صف] پاک۔ صاف۔ مبرا۔ معصوم۔

**مُطہِّر** - (مُ۔ طَہ۔ ہِر) [ع۔ صف] پاک کرنے والا۔

**مُطہّرات** - (مُ۔ طَہ۔ ہَ۔ رات) [ع۔ ا۔ مث] مُطہّرہ کی جمع۔ جیسے ازواج مطہرات۔

**مِطہَرہ** - (مِط۔ ہَ۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذ] پاک ہونے کا آلہ۔ چھاگل۔ آفتابہ۔ وضو کرنے کا لوٹا (۲) غسل خانہ۔

**مُطَیِّب** - (مُ۔ طَی۔ یِب) [ع۔ صف] خوشبو دینے والا۔ خوشبودار۔ معطر (۲) پاک ہونے والا۔

**مُطیر** - (مُ۔ طِیر) [ع۔ صف] برسنے والا۔ بارش کرنے والا۔

**مُطیع** - (مُ۔ طِیع) [ع۔ صف] اطاعت کرنے والا۔ فرماں بردار۔ تابع۔ حکم بردار۔ ماتحت۔

**مطیع کرنا** - [ا۔ مص مرکب] فرمانبردار بنانا۔ زیر کرنا۔ ماتحت بنانا۔ مغلوب کرنا۔

## م ۔ ظ

**مَظالِم** - (مَ۔ ظا۔ لِم) [ع۔ ا۔ مذ] مظلمہ کی جمع۔ ظلم۔ ستم۔ سختیاں۔ بے انصافیاں۔

**مَظاہِر** - (مَ۔ ظا۔ ہِر) [ع۔ ا۔ مذ] مظہر کی جمع۔ ظاہر ہونے کی جگہیں۔

**مُظاہِر** - (مُ۔ ظا۔ ہِر) [ع۔ صف] مظاہرہ کرنے والا۔ (جمع) مظاہرین۔

**مُظاہرہ** - (مُ۔ ظا۔ ہَ۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] مدد دینا۔ کسی خاص امر میں اظہار تائید کے لیے جمع ہونا۔ مجمع کرکے گشت کرنا۔ کسی بات کی موافقت یا مخالفت کے لیے جوش و جذبات کا اظہار (۳) اظہار نمائش (انگ)

**مَظرُوف** - [ع۔ صف] برتن میں رکھی ہوئی چیز۔

**مُظفَّر** - (مُ۔ ظَف۔ فَر) [ع۔ صف] ظفریاب۔ منصور۔ فتح یاب۔ فتح مند۔

**مُظلِم** - (مُظ۔ لِم) [ع۔ صف] تاریک۔ سیاہ (۲) مخفی۔ پوشیدہ۔

**مَظلِمہ** - (مَظ۔ لِ۔ مہ) [ع۔ ا۔ مذ] ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ اندھیر۔ بے انصافی۔ (جمع) مظالم۔

**مَظلُوم** - (مَظ۔ لُوم) [ع۔ صف] ظلم کیا گیا۔ ستم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔

**مظلومی** - (مَظ۔ لو۔ می) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] مظلوم ہونا۔ مظلوم ہونے کی حالت (۲) ظلم۔ جور۔

**مظلومیت** - (مَظ۔ لو۔ مِی۔ یَت) [ع۔ ف۔ ا۔ مث] ظلم رسیدہ ہونے کی حالت۔



Marfat.com

**مَظنُون** ۔ (مَظ ۔ نُون) [ع ۔ صف] ظن کیا گیا ۔ مشتبہ ۔ مشکوک ۔
**مَظِنَّہ** ۔ (مَ ۔ ظِن ۔ نَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] گمان کرنے کی جگہ ۔ شک کرنے کا موقع (۲) گمان ۔ قیاس ۔ خیال ۔
**مَظہَر** ۔ (مَظ ۔ ہَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] ظاہر ہونے کی جگہ ۔ جائے ظہور ۔ تماشا گاہ اسٹیج ۔ اکھاڑا ۔ تماشا دکھانے کا چبوترا ۔
**مُظہِر** ۔ (مُظ ۔ ہِر) [ع ۔ صف] بیان کرنے والا ۔ گواہ ۔ شاہد ۔ مخبر ۔ جاسُوس ۔ خبر رساں ۔

# م ۔ ع

**مَع** ۔ [ع ۔ تابع فعل] ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سمیت ۔ سنگ ۔
**مَعَ الحَدِیث** ۔ [ع ۔ تابع فعل] القصہ ۔ الغرض ۔ الحاصل ۔
**مَعَ الخَیر** ۔ [ع ۔ صف] خیریت سے ۔ سلامتی سے ۔ بخیر و عافیت ۔
**مَعَ ہٰذا** ۔ [ع ۔ تابع فعل] علاوہ بریں ۔ باوجود اس کے ۔ ساتھ اس کے ۔
**مَعاً** ۔ (مَ ۔ عَن) [ع ۔ ف ۔ تابع فعل] ایک ساتھ ۔ ساتھ مل کر (۲) فی الفور ۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ دفعتہً ۔ ایک ہی وقت ۔ ایک ہی دفعہ ۔
**مَعابِد** ۔ (مَ ۔ عا ۔ بِد) [ع ۔ ا ۔ مذ] معبد کی جمع ۔ عبادت خانے ۔ مسجدیں شوالے ۔ گرجے وغیرہ ۔
**مَعابِر** ۔ (مَ ۔ عا ۔ بِر) [ع ۔ ا ۔ مث] معبر کی جمع ۔ گھاٹ ۔ پُل ۔ دریا سے پار اُتارنے کی جگہیں ۔
**مُعاتَب** ۔ (مُ ۔ عا ۔ تَب) [ع ۔ صف] عتاب کیا گیا ۔ وہ جس پر خفگی ہو ۔ معتوب ۔
**مُعاتِب** ۔ (مُ ۔ عا ۔ تِب) [ع ۔ صف] عتاب کرنے والا ۔ خفا ہونے والا ۔ سرزنش کرنے والا ۔
**مَعاد** ۔ (مَ ۔ عاد) [ع ۔ ا ۔ مث] لوٹ کر جانے کی جگہ ۔ واپس جانے کا مقام (۲) مجازاً عُقبیٰ ۔ آخرت ۔ قیامت ۔ حشر ۔
**مُعادِل** ۔ (مُ ۔ عا ۔ دِل) [ع ۔ صف] برابر ۔ مساوی ۔ انصاف کے ساتھ عدل سے ۔
**مُعادَلت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ دَ ۔ لَت) [ع ۔ ا ۔ مث] برابری ۔ مساوات انصاف ۔ نیاؤ ۔
**مَعادِن** ۔ (مَ ۔ عا ۔ دِن) [ع ۔ ا ۔ مث] معدن کی جمع ۔ کانیں ۔ کھانیں ۔
**مَعاذ** ۔ (مَ ۔ عاذ) [ع ۔ ا ۔ مث] بچاؤ کی جگہ ۔ جائے پناہ ۔
**مَعاذَ اللہ** ۔ [ا ۔ کلمہ استغفار] پناہ چاہتا ہوں میں خدا سے ۔ خدا کی پناہ اللہ محفوظ رکھے ۔ توبہ ۔
**مَعارِج** ۔ (مَ ۔ عا ۔ رِج) [ع ۔ ا ۔ مث] معراج کی جمع ۔ زینے سیڑھیاں ۔
**مُعارِض** ۔ (مُ ۔ عا ۔ رِض) [ع ۔ صف] معترض ۔ جھگڑا کرنے والا ۔ مخالف ۔ مدعی ۔ حریف ۔

**مُعارَضہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ رَ ۔ ضَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔ مناقشہ ۔
**مَعارِف** ۔ (مَ ۔ عا ۔ رِف) [ع ۔ ا ۔ مذ] معرفت کی جمع (۲) شناسائیاں (۳) جان پہچان کے مقامات (۴) شناسا لوگ (۵) علم و فضل ۔ علوم و فنون (۶) نامور لوگ ۔
**مَعارِک** ۔ (مَ ۔ عا ۔ رِک) [ع ۔ ا ۔ مذ] معرکہ کی جمع ۔ لڑائی کے میدان رزم گاہیں ۔
**مُعارَکت (معارکہ)** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] لڑائی ۔ جنگ ۔
**مُعارَکتُ الآرا** ۔ [ع ۔ ا ۔ صف] عقلی لڑائی ۔ باہم بحث و مباحثہ ۔
**مَعاش** ۔ (مَ ۔ عاش) [ع ۔ ا ۔ مث] رزق ۔ خوراک ۔ روزی (۲) وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے ۔
**مُعاشَرت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ شَ ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مث] کسی کے ساتھ عیش کرنا (۲) کسی کے ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرنا ۔
**مُعاشَرہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ شَ ۔ رَہ) [ع ۔ صف] جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے اپنی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے ۔
**مَعاشی ۔ مَعاشِیاتی** ۔ (مَ ۔ عا ۔ شی) (مَ ۔ عا ۔ شِ ۔ یا ۔ تی) [ع ۔ صف] روزی اور بسر اوقات کے متعلق ۔ (Economic)
**مَعاشیات** ۔ (مَ ۔ عا ۔ شی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مث] اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے ۔ (Economics)
**معاشیات دان** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] علم معاشیات کا ماہر ۔ کفایت شعار ۔ منتظم ۔ (Economist)
**مُعاصِر** ۔ (مُ ۔ عا ۔ صِر) [ع ۔ صف] ہم عصر ۔ ہم زمانہ ۔ ہم عہد ۔
**مُعاصِرین** ۔ (مُ ۔ عا ۔ صِ ۔ رین) [ع ۔ ا ۔ مذ] معاصر کی جمع ۔ اپنے ہم عصر ۔ ہم زمانہ لوگ ۔
**مَعاصی** ۔ (مَ ۔ عا ۔ صی) [ع ۔ ا ۔ مذ] معصیت کی جمع ۔ گناہ ۔ معصیت جرم ۔ پاپ ۔
**مُعاطَفت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ طَ ۔ فت) [ع ۔ ا ۔ مث] مہربانی ۔ الطاف عنایت ۔
**مُعاف** ۔ (مُ ۔ عاف) [ع ۔ ف ۔ صف] بخشا گیا ۔ عفو کیا گیا ۔ چھوڑا گیا ۔ بری ۔ آزاد (۲) درگزر ۔ عفو ۔
**معاف رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] باز رکھنا ۔ درگزر کرنا ۔
**معاف کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بخشنا ۔ درگزر کرنا ۔ عفو کرنا ۔ چھوڑنا ۔
**معاف کرو** ۔ [ا ۔ روزمرہ] جاؤ ۔ رخصت ہو ۔ سدھارو ۔
**مُعافی** ۔ (مُ ۔ عا ۔ فی) [ع ۔ ا ۔ مث] بخشش ۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ نجات عفو ۔ مغفرت (۲) وہ زمین جس کا لگان سرکار سے معاف ہو ۔
**معافی استمراری (دائمی)** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] دوامی جاگیر ۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے واسطے معافی کے طور پر دے دی جائے ۔
**معافی چاہنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] معذرت کرنا ۔ عذرخواہی کرنا ۔
**معافی حین حیات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] وہ زمین جو کسی کو زندگی بھر کے



Marfat.com

لیے بلا لگان عطا کی جائے۔

**معافی دار**۔ (ع۔صف) معافی کی ہوئی زمین کا مالک۔

**معافی مانگنا**۔ (۱۔محاورہ) قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا۔ عذر معذرت کرنا

**معافی نامہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) معافی کی درخواست۔ معافی کی تحریر۔

**مُعاقبت**۔ (مُ۔عا۔قِ۔بَت) (ع۔ا۔مث) سزا۔ ڈنڈ۔ سیاست۔ (۲) عقوبت۔ عذاب۔

**مُعاقِد**۔ (مُ۔عا۔قِد) (ع۔ا۔مذ) عقد کرنے والا۔ نکاح کرنے والا۔ عہد باندھنے والا۔

**مُعالِج**۔ (مُ۔عا۔لِج) (ع۔ا۔مذ) علاج کرنے والا۔ حکیم۔ طبیب۔ وید۔ ڈاکٹر۔ جمع: معالجین۔

**معالجات**۔ (مُ۔عا۔لَ۔جات) (ع۔ا۔مذ) معالجہ کی جمع۔ دوا دارمن۔ علاج۔

**مُعالجہ**۔ (مُ۔عا۔لَ۔جَہ) (ع۔ا۔مذ) علاج۔ دوا دارو۔

**مَعالِم**۔ (ع۔ا۔مذ) معلم کی جمع۔ نشانیاں۔ علامتیں۔ دیکھیے مَعلَم۔

**معالی**۔ (مَ۔عالی) (ع۔ا۔مذ) معلی کی جمع۔ اونچائیاں۔ بلندیاں۔

**معاملات**۔ (مُ۔عام۔لات) (ع۔ا۔مذ) معاملہ کی جمع۔ اُمور۔ کاروبار۔

**معاملاتِ ملکی**۔ (ع۔ا۔مذ) سلطنت کے کام۔ کاروبارِ حکومت۔ سیاسی اُمور۔

**معاملت**۔ (مُ۔عام۔لَت) (ع۔ا۔مث) لین دین۔ بیوپار۔ کاروبار (۲) کوئی بات (۳) باہم کوئی فیصلہ کرنا۔ قول و قرار۔

**مُعاملہ**۔ (مُ۔عام۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) عمل۔ کام کاج۔ کاروبار۔ دھندا باہم مل کر کوئی کام کرنا (۲) لین دین۔ خرید و فروخت۔ بیچ بیوپار (۳) واقعہ۔ وہ بات جو عمل میں آئے (۴) قول و قرار (۵) بات جھگڑا قضیہ (۶) خاص بات۔ تعلق۔ واسطہ۔ سابقہ۔ برتاؤ (جمع) معاملات (۷) محاصل۔ مال گزاری۔ لگان۔

**معاملہ ادا کرنا**۔ (۱۔محاورہ) مال گزاری دینا۔

**معاملہ باندھنا**۔ (۱۔محاورہ) اُن باتوں کو نظم کرنا جو خیالی نہ ہوں بلکہ عمل میں آئی ہوں۔

**معاملہ بندی**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) بیتی ہوئی باتوں کو نظم کرنا۔

**معاملہ بن جانا**۔ (۱۔محاورہ) مقصد حاصل ہو جانا۔ کام درست ہو جانا۔

**معاملہ بننا**۔ (۱۔محاورہ) کام بننا۔ کام دُرست ہونا۔ بات چیت ہونا (۲) مباشرت ہونا۔

**معاملہ پڑنا**۔ (۱۔محاورہ) کام پڑنا۔ تعلق پڑنا۔ واسطہ ہونا

**معاملہ پکا کرنا**۔ (۱۔محاورہ) بات طے ہونا۔ قطعی فیصلہ ہونا۔ سودا پختہ ہونا۔

**معاملہ پیش کرنا**۔ (۱۔محاورہ) فیصلے کے لیے کسی کے پاس معاملہ لے جانا۔

**معاملہ (دان) شناس**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) فہیم۔ تجربہ کار۔ بات کی تہہ کو پہنچنے والا۔

**معاملہ (دانی، رسی) معاملہ (شناسی، فہمی)**۔ (ع۔ف۔ا۔مث) بات کی تہہ کو پہنچنا۔ کاروبار سے واقفیت۔

**معاملہ سنگین**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) اہم بات۔ سخت معاملہ۔

**معاملہ کا کھوٹا**۔ (۱۔مذ) بے ایمان۔ دغاباز۔ خائن۔

**معاملہ کرنا**۔ (۱۔محاورہ) بات چیت کرنا۔ کسی امر کی نسبت طے کرنا (۲) لین دین کرنا۔ سودا کرنا۔ خرید و فروخت کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) عہد و پیمان کرنا۔ مل جل کر کام کرنا۔

**معاملہ کھٹائی میں پڑ جانا**۔ (۱۔محاورہ) بات طے ہونے میں دیر ہو جانا۔

**معاملہ ہونا**۔ (۱۔محاورہ) کام ٹھیک ہونا۔ بات چیت ہونا۔ کام بننا۔ کارروائی ہونا (۲) سودا طے ہونا۔ بھاؤ چکنا (۳) فیصلہ ہونا۔

**معاملے کا (سچا، کھرا)**۔ (۱۔صف) لین دین میں ایماندار۔ بات کا پورا۔ دیانت دار۔

**مُعانِد**۔ (مُ۔عا۔نِد) (ع۔ا۔مذ) عناد کرنے والا۔ دُشمن۔ مخالف۔ عدو۔ جمع: معاندین۔

**معاندانہ**۔ (ف۔ا۔صف) دشمنوں کی طرح۔

**مُعانَدت**۔ (مُ۔عا۔نَ۔دَت) (ع۔ا۔مث) دُشمنی۔ عداوت جھگڑا۔ ٹنٹا۔

**مُعانِق**۔ (ع۔صف) بغل گیر ہونے والا۔ گلے ملنے والا۔

**مُعانقہ**۔ (مُ۔عا۔نِ۔قہ) (ع۔ا۔مذ) بغل گیر ہونا۔ گلے ملنا۔

**معانی**۔ (مَ۔عانی) (ع۔ا۔مث) معنی کی جمع۔ مطالب۔ مقاصد۔ مرادیں (۲) وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنوں کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے۔

**مُعاوَدت**۔ (مُ۔عا۔وَ۔دَت) (ع۔ا۔مث) واپسی۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ پھر آنا۔

**مُعاوضت**۔ (مُ۔عا۔وَ۔ضَت) (ع۔ا۔مث) بدلہ۔ پلٹا۔ تاوان۔

**مُعاوضہ**۔ (مُ۔عا۔وَ۔ضہ) (ع۔ا۔مذ) بدلہ۔ پلٹا۔ عوض (۲) اجرت۔ حق خدمت۔

**معاوضہ دلانا**۔ (۱۔محاورہ) عوض دلانا۔ تاوان ادا کرانا۔ ہرجہ دلوانا۔

**مُعاوِن**۔ (مُ۔عا۔وِن) (ع۔ا۔مذ) اعانت کرنے والا۔ مددگار۔ دست گیر۔ حمایتی۔ جمع: معاونین۔

**معاونِ جرم**۔ (ع۔ف۔ا۔صف) جرم میں شریک۔ ملزم کی مدد کرنا۔

**معاونت**۔ (مُ۔عا۔وَ۔نَت) (ع۔ا۔مث) مدد۔ حمایت۔ امداد۔ سہارا۔ تائید۔

**مُعاہِد**۔ (مُ۔عا۔ہِد) (ع۔ا۔مذ) عہد و پیمان کرنے والا۔ قول و قرار کرنے والا۔

**مُعاہدہ**۔ (مُ۔عا۔ہَ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) باہم قول و قرار۔ عہد نامہ۔



Marfat.com

**مُعاہدۂ ساقطُ النِّفاذ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ناجائز اقرار نامہ ۔ وہ معاہدہ جو جاری نہ ہو سکے ۔

**مُعاہدۂ مُمکن الانفساخ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ٹوٹ سکنے والا معاہدہ ۔

**مَعائب** ۔ (مَ ۔ عا ۔ اِب) (ع ۔ ا ۔ مذ) معیب کی جمع ۔ عیوب ۔ نقائص خرابیاں ۔ کھوٹ ۔ بُرائیاں ۔

**مُعائنہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ ئ ۔ نہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) ملاحظہ ۔ جانچ پڑتال ۔ مطالعہ ۔ مشاہدہ سامنے دیکھنا ۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا ۔

**مُعائنہ کرنا** ۔ ملاحظہ کرنا ۔ دیکھنا ۔ نظر ڈالنا (۲) پرکھنا ۔

**مَعْبَد** ۔ (مَع ۔ بَد) (ع ۔ ا ۔ مذ) عبادت گاہ ۔ جائے پرستش ۔

**مَعْبَر** ۔ (مَع ۔ بَر) (ع ۔ ا ۔ مذ) دریا سے پار اُترنے کی جگہ ۔ گھاٹ پُل ۔

**مِعْبَر** ۔ (مِع ۔ بَر) (ع ۔ ا ۔ مث) دریا سے پار اُترنے کی سواری ۔ کشتی ۔ ناؤ ۔ ڈونگا ۔

**مُعَبِّر** ۔ (مُ ۔ عَب ۔ بِر) (ع ۔ ا ۔ مذ) خواب کی تعبیر بیان کرنے والا ۔

**مَعْبُود** ۔ (مَع ۔ بُود) (ع ۔ ا ۔ مذ) عبادت کیا گیا ۔ جس کی عبادت کی جائے ۔ اللہ تعالیٰ ۔ خداوند کریم ۔ جمع ؛ معبودین ۔ معبودان ۔

**مُعْتاد** ۔ (مُع ۔ تاد) (ع ۔ صف) عادی ۔ خوگر (۲) (ا ۔ مذ) مقدار ۔ خوراک خوراک کا اندازہ ۔

**مُعْتَبَر** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ بَر) (ع ۔ صف) اعتبار کیا گیا ۔ بھروسے کے قابل (۲) درست ۔ ٹھیک ۔ راست ۔

**مُعْتَبَری** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ بَ ۔ ری) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) قابلِ اعتبار ہونا ۔

**مُعْتَد** ۔ (مُع ۔ تَد) (ع ۔ صف) گنا گیا ۔ شمار کیا گیا ۔

**مُعْتَد بِہ** ۔ (ع ۔ صف) مُعتبر ۔ قابلِ اعتماد (۲) معقول ۔ بہت سا (۳) تعداد یا مقدار میں زیادہ ۔

**مُعْتَدِل** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ دِل) (ع ۔ صف) اعتدال والا ۔ درمیانی درجہ کا ۔ متوسط ۔ مدھم ۔ موافق ۔

**مُعْتَدِلُ المِزاج** ۔ جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اُوسط درجہ پر ہو ۔

**مُعْتَدِل ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اوسط درجے پر ہونا ۔ موافق ہونا ۔

**مُعْتَرِض** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ رِض) (ع ۔ ا ۔ مذ) اعتراض کرنے والا ۔ روک ٹوک کرنے والا ۔ مزاحم ۔ جمع ؛ معترضین ۔

**مُعْتَرِض ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتراض کرنا ۔ روکنا ۔ سدِّ راہ ہونا ۔ مزاحمت کرنا ۔

**مُعْتَرِف** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ رِف) (ع ۔ ا ۔ مذ) اعتراف کرنے والا ۔ اقرار کرنے والا ۔ اقبالی ۔ اقراری ۔ جمع ؛ معترفین ۔ معترفان ۔

**مُعْتَزِل** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ زِل) (ع ۔ ا ۔ مذ) جُدا ہونے والا ۔ اختلاف کرنے والا ۔ جمع ؛ معتزلین ۔

**مُعْتَزِلہ** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ زِ ۔ لہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو معقول پسند کہلاتا ہے ۔ ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے اس لیے "وحی" کے بغیر ہی اہلِ عقل و حکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں ۔ یہ لوگ اللہ کو منزہ صفات خیال کرتے تھے ۔ یعنی خدا میں متضاد صفات نہیں ہو سکتیں ۔ مامون رشید کے دَور میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا ۔

**مُعْتَزِلی** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ زِ ۔ لی) (ع ۔ ا ۔ مذ) فرقۂ معتزلہ کا پیرو ۔

**مُعْتَصِم** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ صِم) (ع ۔ ا ۔ مذ) بھروسہ رکھنے والا ۔ سہارا پکڑنے والا ۔ توکل کرنے والا (۲) خُدا کا بندہ ۔

**مُعْتَضِد** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ ضِد) (ع ۔ ا ۔ مذ) مدد لینے والا ۔ امداد چاہنے والا ۔

**مُعْتَقِد** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ قِد) (ع ۔ ا ۔ مذ) اعتقاد رکھنے والا ۔ جمع ؛ معتقدین ۔

**مُعْتَقِد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتقاد دلانا ۔ ایمان لانا ۔ پیروی کرنا ۔ بھروسہ کرنا ۔

**مُعْتَکِف** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ کِف) (ع ۔ ا ۔ مذ) ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھنے والا ۔ عبادت کے لیے ایک کونے میں بیٹھنے والا گوشہ نشین ۔ جمع ؛ معتکفین ۔

**مُعْتَل** ۔ (مُع ۔ تَل) (ع ۔ ا ۔ مذ) بیمار ۔ کمزور (۲) اصطلاح علم صرف میں وہ فعل یا اسم جس میں حرفِ علت ہو ۔

**مُعْتَمَد** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ مَد) (ع ۔ صف) اعتماد کیا گیا ۔ بھروسہ کیا گیا ۔ قابلِ اعتبار (۲) سیکرٹری (جمع ؛ معتمدین ۔

**مُعْتَمَدِ اعلیٰ** ۔ (ع ۔ صف) انتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عہدہ ۔ معتمدِ خصوصی چیف سیکرٹری ۔ (Chief Secretary)

**مُعْتَمَد عَلَیہ** ۔ (ع ۔ صف) جس پر اعتبار کیا جائے ۔ اعتباری آدمی ۔ معتبر ۔ بھروسے کا ۔

**مُعْتَمِد** ۔ (مُع ۔ تَ ۔ مِد) (ع ۔ صف) اعتماد کرنے والا ۔ بھروسے کرنے والا ۔

**مَعْتُوب** ۔ (مَع ۔ تُوب) (ع ۔ صف) وہ جس پر عتاب کیا جائے ۔ یہ لفظ عتاب سے بنایا گیا ہے ۔ عربی میں یہ لفظ نہیں ۔ جمع ؛ معتوبین ۔

**مُعْجَب** ۔ (مُع ۔ جَب) (ع ۔ صف) مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈی ۔

**مُعَجِّب** ۔ (مُ ۔ عَج ۔ جِب) (ع ۔ صف) تعجب میں ڈالنے والا ۔ حیرت میں ڈالنے والا ۔

**مِعْجَر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) چادر ۔ اوڑھنی ۔

**مُعْجِز** ۔ (مُع ۔ جِز) (ع ۔ صف) عاجز کرنے والا ۔ طاقت بشری سے باہر ۔

**مُعْجِز بَیان** ۔ (ع ۔ صف) کمال فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا ۔ بڑا خوش بیان ۔

**مُعْجِز بَیانی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) بیان میں اعجاز ہونا ۔

**مُعْجِز رَقَم** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جس کی تحریر کا دوسرے مقابلہ نہ کر سکیں ۔

**مُعْجِز نِگار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بے مثل مضمون لکھنے والا ۔

**مُعْجِز نُما** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) معجزہ دکھانے والا ۔

**مُعْجِزات** ۔ (مُع ۔ جِ ۔ زات) (ع ۔ ا ۔ مذ) معجزہ کی جمع ۔ خلافِ عادت باتیں ۔

**مُعْجِزہ** ۔ (مُع ۔ جِ ۔ زہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ کام جو انسانی طاقت سے باہر ہو ۔



Marfat.com

وہ خلافِ قانونِ قدرت بات جو نبی سے ظاہر ہو۔

**معجزہ دکھانا** ۔ [ا۔ محاورہ ] نبی یا پیغمبر کا وہ بات کر دکھانا جو انسانی طاقت سے باہر ہو۔

**معجزہ کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ ] قوتِ انسانی سے باہر بات کرنا۔

**مُعَجَّل** ۔ (مُ ۔ عَجْ ۔ جَل )[ع ۔ صف ] فوراً ۔ جلد ۔ ہاتھوں ہاتھ ۔ دست بدست۔

**مُعَجِّل** ۔ (مُ ۔ عَجْ ۔ جِل )[ع ۔ صف ] جلدی کرنے والا ۔ جلد باز۔

**مُعْجَم ۔ مُعْجَمَہ** ۔ (مُع ۔ جَم )( مُع ۔ جَ ۔ مَہ )[ع ۔ صف ] نقطہ والا حرف ۔ منقوطہ۔

**مَعْجُون** ۔ (مَع ۔ جُون )[ع ۔ ا ۔ مث ] گوندھا ہوا (۲) کوئی مرکّب دوا جو کئی دواؤں کو ملا کر آٹے کی طرح گوندھ کر بنائی گئی ہو (۳) ملی ہوئی مرکّب ۔ آمیختہ (۴) قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔

**معجونِ فلاسفہ** ۔ ایک قسم کی معجون جو سرد مزاجوں اور بوڑھوں کے لیے مفید ہے۔

**مَعْدِل** ۔ (مَع ۔ دِل )[ع ۔ صف ] پھرنے کی جگہ ۔ واپسی کی جگہ۔

**مَعْدِلُ النّہار** ۔ آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خطِ استوا کے محاذات میں ہے ۔ آفتاب جب اس پر ہوتا ہے تو رات دن برابر ہوتے ہیں۔

**مَعْدِلَت** ۔ (مَع ۔ دِ ۔ لَت )[ع ۔ ا ۔ مث ] عدل ۔ انصاف۔

**مَعْدِن** ۔ (مَع ۔ دِن )[ع ۔ ا ۔ مذ ] کان ۔ کھان ۔ وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں اور کوئلہ وغیرہ نکالیں ۔ (جمع ) معادن۔

**معدنی** ۔ (مَع ۔ دَ ۔ نی )[ع ۔ صف ] معدن سے منسوب ۔ کان ۔ کھان فلزاتی ۔ دھاتی۔

**معدنیات** ۔ (مَع ۔ دَ ۔ نی ۔ یات )[ع ۔ ا ۔ مث ] وہ چیزیں جو کان سے نکلیں ۔ دھات ۔ فلزات۔

**معدود** ۔ (مَع ۔ دُود )[ع ۔ صف ] گنا گیا ۔ شمار کیا گیا (۲) چند ۔ گنتی کے ۔ تھوڑے۔

**معدودے چند** ۔ [ع ۔ ف ] گنتی کے بہت تھوڑی تعداد میں۔

**معدولہ** ۔ (مَع ۔ دُو ۔ لہ )[ع ۔ صف ] وہ لفظ جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے ۔ یہ بات واؤ (و) کے لیے مخصوص ہے ۔ جیسے خود ۔ خوش کی واؤ ۔ اسے واؤ معدولہ کہتے ہیں۔

**معدوم** ۔ (مَع ۔ دُوم )[ع ۔ صف ] مٹایا گیا ۔ نیست کیا گیا ۔ فنا کیا گیا ۔ نابود ۔ ناپید ۔ کالعدم۔

**معدوم البصر** ۔ [ع ۔ صف ] اندھا ۔ نابینا ۔ کور۔

**معدوم کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] نیست کرنا ۔ مٹانا ۔ فنا کرنا۔

**معدومی** ۔ (مَع ۔ دُو ۔ می )[ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] ناپید ہونا ۔ کالعدم ہونا۔

**مِعْدَہ** ۔ (مِع ۔ دَہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] پیٹ کے اندر کی تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے۔

**مُعَذَّب** ۔ (مُ ۔ عَذْ ۔ ذَب )[ع ۔ صف ] سزا دیا گیا ۔ عذاب کیا ہوا۔

**مُعَذِّب** ۔ [ع ۔ صف ] عذاب دینے والا۔

**معذِرت** ۔ (مَع ۔ ذِ ۔ رَت )[ع ۔ ا ۔ مث ] عذر ۔ حیلہ ۔ بہانہ۔

**معذور** ۔ (مَع ۔ ذُور )[ع ۔ صف ] عذر کیا گیا ۔ بہانہ کیا گیا ۔ مجبور ناچار (۲) اپاہج ۔ جمع ؛ معذورین۔

**معذور الخدمت** ۔ [ع ۔ اسمذ ] نوکری سے معاف کیا گیا (۲) بیمار (۳) پنشن یافتہ۔

**معذور رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] معاف رکھنا ۔ قابلِ عذر سمجھنا۔

**معذوری** ۔ (مَع ۔ ذو ۔ ری )[ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] مجبوری۔

**مُعَرّا (مُعَرّیٰ)** ۔ (مُ ۔ عَر ۔ را )[ع ۔ صف ] ننگا ۔ برہنہ ۔ خالی ۔ سادہ (۲) وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو (۳) بلا ترجمہ قرآن شریف (۴) پاک ۔ صاف (۵) آزاد ۔ کھلا ہوا۔

**معراج** ۔ (مِع ۔ رَاج )[ع ۔ ا ۔ مث ] زینہ ۔ سیڑھی ۔ اوپر چڑھنے کی چیز (۲) درجۂ اعلیٰ ۔ مرتبۂ بلند ۔ وہ رُتبہ یا درجہ جس سے زیادہ تصور میں نہ آسکے (۳) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمان پر جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا نظارہ کرنا۔

**معراج کی رات** ۔ [ا ۔ مث ] رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم معراج کو تشریف لے گئے۔

**مُعَرَّب** ۔ (مُ ۔ عَر ۔ رَب )[ع ۔ صف ] وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو اور دراصل وہ لفظ دوسری زبان کا ہو۔

**مُعْرَب** ۔ (مُع ۔ رَب )[ع ۔ صف ] اعراب لگایا گیا۔

**مَعْرِض** ۔ (مَع ۔ رِض )[ع ۔ ا ۔ مذ ] ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران۔

**مُعَرَّف** ۔ (مُ ۔ عَر ۔ رَف )[ع ۔ صف ] تعریف کیا گیا (۲) نشان کیا گیا۔

**مُعَرِّف** ۔ (مُ ۔ عَر ۔ رِف )[ع ۔ صف ] تعریف کرنے والا ۔ مدّاح (۲) وہ شخص جو دربار میں ہر درباری کو اس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہے (۳) وہ شخص جو کسی آدمی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہے۔

**مَعْرِفَت** ۔ (مَع ۔ رِ ۔ فَت )[ع ۔ ا ۔ مث ] شناخت ۔ پہچان (۲) علمِ الٰہی قانونِ قدرت یا فطری اشیا کی واقفیت (۳) خدا شناسی (۴) ذریعہ ۔ سبب ۔ وسیلہ۔

**مَعْرِفہ** ۔ (مَع ۔ رِ ۔ فہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] وہ اسم جو ایک معیّن شے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

**مَعْرِکہ** ۔ (مَع ۔ رِ ۔ کہ )[ع ۔ ا ۔ مذ ] میدانِ جنگ ۔ لڑائی کا میدان ۔ رزم گاہ (۲) لڑائی ۔ جنگ (۳) جھگڑا ۔ قضیہ ۔ نزاع (۴) ہنگامہ۔

**معرکہ آرا ۔ معرکۃ الآرا** ۔ [ع ۔ صف ] صف آرا ۔ جنگ آور ۔ جنگ جو (۲) زبردست ۔ زور آور (۳) معرکے کو رونق دینے والا۔

**معرکہ آرائی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] جنگ کے لیے ایک دوسرے کے مقابل ہونا صف آرائی ۔ لڑائی ۔ جنگ (کنایتاً) پُر زور ۔ زبردست۔

**معرکہ پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] لڑائی ہونا ۔ جنگ پیش آنا۔

**معرکہ جھیلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] لڑائی لڑنا ۔ مقابلہ کرنا۔

**معرکہ جیتنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مقابلہ میں فتح حاصل کرنا ۔ لڑائی میں غالب آنا۔



Marfat.com

**معرکہ سر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مقابلے میں فتح حاصل ہونا۔
**معرکہ کا۔** (ا۔ محاورہ) مشکل۔ دشوار۔ بھاری۔ دھوم دھام کا۔
**معرکہ گاہ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) لڑائی کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔
**معرکہ گرم ہونا۔** (ا۔ محاورہ) لڑائی کا زوروں پر ہونا۔ سخت ہنگامہ پڑنا۔
**معرکہ گزرنا۔** (ا۔ محاورہ) جھگڑا ہونا۔ مقابلہ ہونا۔
**معرکہ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) مقابلے میں کامیابی حاصل کرنا۔
**معرکہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہنگامہ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ مقابلہ ہونا۔
**معرکے کا آدمی۔** (ع۔ ا۔ مذ) مردِ میدان۔ بہادر آدمی۔
**معروض۔** (مَع۔ رُوض) (ع۔ صف) عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا (۲) (ا۔ مث) التماس۔ عرض۔ گزارش۔ درخواست۔
**معروضہ۔** (مَع۔ رُو۔ ضَہ) (ع۔ صف) عرضی۔ عریضہ۔ گزارش۔ معروض کی تانیث۔
**معروضی۔** (ع۔ صف) خارجی۔ واقعی (انگ) (Objective)
**معروضیت۔** (ع۔ ا۔ مث) اصطلاحِ فلسفہ۔ یہ نظریہ کہ خارجی اشیا کا علم مقدم اور حقیقی ہے (انگ) (Objectism)
**معروف۔** (مَع۔ رُوف) (ع۔ صف) مشہور۔ معلوم۔ ظاہر۔ الم نشرح (۲) نیکی۔ نیک بات (۳) علمِ صرف میں فعل جس کا فاعل معلوم ہو جیسے ناصر نے کریم سے کہا (۴) وہ حرف جس کے پہلے پیش ہو اور خوب کھینچ کر پڑھا جائے۔ جیسے نُور۔ حُور (۵) وہ یائے جس کے پہلے کسرہ ہو اور خوب کھینچ کر پڑھی جائے۔ جیسے وزیر۔ نظیر۔
**معزّ۔** (مُ۔ عِزّ) (ع۔ صف) عزت دینے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔
**معزّز۔** (مُ۔ عَز۔ زَز) (ع۔ صف) عزت دار۔ باوقعت۔ بزرگ۔ بڑا۔ بڑا شریف (جمع) معززین۔
**معزول۔** (مَع۔ زُول) (ع۔ صف) موقوف کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا۔ تخت یا گدی سے اتارا گیا۔ بے کار کیا ہوا۔
**معزولی۔** (مَع۔ زُو۔ لی) (ع۔ ا۔ مث) موقوفی۔ معطلی۔ برطرفی۔ بے کاری۔
**معسکر۔** (مُ۔ عَس۔ کَر) (ع۔ ا۔ مذ) لشکر اترنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ لشکرگاہ۔
**معشر۔** (مَع۔ شَر) (ع۔ ا۔ مذ) آدمیوں کا گروہ (۲) سوسائٹی۔
**معشّر۔** (مُ۔ عَش۔ شَر) (ع۔ صف) دس سے منسوب۔ دس پہلو کا (۲) نظم کی ایک قسم۔
**معشوق۔** (مَع۔ شُوق) (ع۔ ا۔ مذ) جس پر کوئی عاشق ہو۔ محبوب۔ پیارا۔ دلبر۔ دلدار۔ دلربا۔
**معشوقانہ۔** (مَع۔ شُو۔ قا۔ نہ) (ف۔ صف) معشوق سے منسوب۔ محبوب کے مانند (۲) دلکش۔ دلفریب۔
**معشوقانہ انداز۔** (ع۔ ف۔ صف) دل لبھانے والی ادائیں۔
**معشوقہ۔** (مَع۔ شُو۔ قَہ) (ع۔ ا۔ مث) محبوبہ۔ پیاری۔ وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔
**معشوقی۔** (مَع۔ شُو۔ قی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دل فریبی۔ دلبری۔ دلربائی۔ محبوبیت (۲) دوستی۔ محبت۔
**معصفر۔** (مُ۔ عَص۔ فَر) (ع۔ صف) کسم سے رنگا ہوا۔
**معصوم۔** (مَع۔ صُوم) (ع۔ صف) بے گناہ۔ بے قصور۔ پاک دامن (۲) ننھا۔ کمسن۔ بچہ (۳) بھولا۔ سیدھا سادہ۔
**معصومیت۔** (مَع۔ صُو۔ می۔ یَت) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بے گناہی۔ پاکدامنی۔ سادگی۔ بھولاپن۔ بچپن۔
**معصیت۔** (مَع۔ صِی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) گناہ۔ قصور۔ خطا۔ پاپ (۲) نافرمانی۔ انحراف۔ جمع۔ معاصی۔
**معطّر۔** (مُ۔ عَط۔ طَر) (ع۔ صف) خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا۔
**معطّل۔** (مُ۔ عَط۔ طَل) (ع۔ صف) بے کار۔ کام سے خالی (۲) سست۔ کاہل۔ ڈھیلا (۳) نکما (۴) کچھ دنوں کے لیے بے کار (۵) بنجر۔ غیر مزروعہ۔ افتادہ زمین۔
**معطّل ڈال رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) بیکار رکھنا۔ کسی کام میں نہ لانا۔
**معطّل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کچھ عرصے کے لیے کام سے ہٹا دینا۔
**معطّلی۔** (مُ۔ عَط۔ طَ۔ لی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بیکاری۔ کام سے علیحدگی۔
**معطوف۔** (مَع۔ طُوف) (ع۔ صف) پھیرا گیا۔ لپٹا ہوا۔ موڑا ہوا۔ جھکایا گیا (۲) (ا۔ مذ) نحو میں وہ کلمہ جو حرفِ عطف کے بعد واقع ہو۔
**معطوف علیہ۔** (ع۔ صف) وہ کلمہ یا کلام جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو۔
**معطی۔** (مُع۔ طی) (ع۔ صف) عطا کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔ جمع۔ معطیان۔
**معطی لہٗ۔** (ع۔ صف) وہ جس کے لیے کچھ عطا کیا گیا ہو۔
**معظّم۔** (مُ۔ عَظ۔ ظَم) (ع۔ صف) بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔ بڑا شریف۔ واجب التعظیم۔
**معظّمہ۔** (مُ۔ عَظ۔ ظَ۔ مَہ) (ع۔ صف) تعظیم کی ہوئی۔ بزرگ عورت۔ محترم خاتون۔ معظّم کی تانیث۔ جمع۔ معظّمات۔
**معقّد۔** (ع۔ صف) پیچیدہ۔
**معقول۔** (مَع۔ قُول) (ع۔ صف) عقل دیا گیا۔ عقل میں لایا گیا (۲) قرینِ عقل۔ پسندیدۂ عقل (۳) مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست (۴) اچھا بھلا۔ پسندیدہ (۵) مہذب۔ فہمیدہ۔ شائستہ (۶) قابل۔ لائق۔ لئیق (۷) حسبِ اطمینان۔ خاطر خواہ (۸) موزوں۔ زیبا۔ شایان۔ پھبتا ہوا (۹) کافی (۱۰) قائل۔ ماننے والا (۱۱) مقابلے سے عاجز۔ بند۔ لاجواب (۱۲) وہ جو حواسِ پنجگانہ سے محسوس نہ ہو (۱۳) (طنزاً) کیا خوب (۱۴) فلسفہ۔ منطق (جمع) معقولات۔
**معقول آدمی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مہذب آدمی۔ شائستہ انسان۔



Marfat.com

سمجھ دار آدمی۔

**معقول تنخواہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) کافی تنخواہ ۔ اچھا مشاہرہ۔

**معقول کرنا** ۔ (محاورہ) قایل کرنا ۔ لاجواب کرنا ۔ عاجز کرنا۔

**معقول می شوند چو معزول می شوند** ۔ (ف ۔ مثل) جب لوگ اپنے عہدے سے ہٹا دیے جاتے ہیں تو انہیں عقل آجاتی ہے۔

**معقُولات** ۔ (مع ۔ قُو ۔ لات) (ع ۔ ا ۔ مث) معقول کی جمع ۔ علوم حکمت و فلسفہ و منطق۔

**معقُولی** ۔ (مع ۔ قُو ۔ لی) (ع ۔ صف) منطقی ۔ فلسفی۔

**معقولیّت** ۔ (مع ۔ قو ۔ لی ۔ یت) (ع ۔ ا ۔ مث) انسانیت ۔ سمجھ بوجھ پسندیدگی ۔ مناسبت۔

**معکوس** ۔ (مع ۔ کوس) (ع ۔ صف) اُلٹا ۔ اُوندھا ۔ ٹیڑھا۔

**مُعلّا ۔ معلّیٰ** ۔ (مُ ۔ عل ۔ لا) (ع ۔ صف) بلند کیا گیا ۔ عالی ۔ اُونچا ۔ بزرگ ۔ معظّم۔

**مُعلّیٰ القاب** ۔ (ع ۔ صف) بڑے القاب والا ۔ عالی رتبہ ۔ عالی جاہ۔

**مُعلّق** ۔ (مُ ۔ عل ۔ لق) (ع ۔ صف) لٹکا ہوا ۔ آویزاں ۔ لٹکایا ہوا۔

**مُعلّقہ** ۔ (ع ۔ صف ۔ مث) معلق کی تانیث ۔ لٹکی ہوئی (۲) وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اُس سے تعلق قائم رکھے۔

**مَعلَم** ۔ (مَع ۔ لَم) (ع ۔ ا ۔ مذ) علامت ۔ نشانی (۲) (مجازاً) دنیا ۔ جہان۔

**مُعلِّم** ۔ (مُ ۔ عل ۔ لِم) (ع ۔ ا ۔ مذ) علم سکھانے والا ۔ اُستاد ۔ مدرس ۔ ادیب گرو (۲) ملاح (۳) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو حج و عمرہ کرنے والوں کو دعائیں پڑھاتا ہے (جمع) مُعلِّمین۔

**مُعلِّم الملکوت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) فرشتوں کا اُستاد ۔ شیطان جس کی بابت مشہور ہے کہ فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔

**مُعلِّم اوّل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ارسطو جس نے علم حکمت کو سب سے پہلے کتابت میں لا کر پڑھانا شروع کیا۔

**معلّم ثانی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ابونصر فارابی کا لقب جس نے ارسطو کی کتب حکمت کا عربی میں ترجمہ کرکے تعلیم دینا شروع کی۔

**معلّم ثالث** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) شیخ بو علی سینا کا لقب جس نے فارابی کے بعد سو کتابیں تصنیف کیں۔

**مُعلِّمہ** ۔ (مُ ۔ عل ۔ لِ ۔ مہ) (ع ۔ ا ۔ مث) تعلیم دینے والی عورت اُستانی ۔ (جمع) معلمات۔

**مُعلِّمی** ۔ (مُ ۔ عل ۔ لِ ۔ می) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ ۔ مدرسی ۔ اتالیقی۔

**مُعلِن** ۔ (مُع ۔ لِن) (ع ۔ صف) اعلان کرنے والا۔

**معلُول** ۔ (مع ۔ لُول) (ع ۔ صف) علت کیا گیا ۔ وہ شے جس کا کوئی باعث یا سبب ہو ۔ وہ چیز جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں (۲) (اصطلاح منطق میں) نتیجہ ۔ پھل ۔ ثمرہ۔

**معلُوم** ۔ (مع ۔ لُوم) (ع ۔ صف) جانا گیا ۔ تمیز کیا گیا (۲) ظاہر ۔ روشن واضح ۔ نمودار (۳) مشہور و معروف (۴) ناممکن ۔ دشوار جیسے اُن تک رسائی معلوم۔

**معلوم دینا** ۔ (محاورہ) دکھائی دینا ۔ سُوجھنا ۔ نظر آنا۔

**معلوم کرنا** ۔ (محاورہ) دریافت کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ پتہ چلانا (۲) سمجھنا ۔ جاننا ۔ خیال میں لانا (۳) پہچاننا ۔ تمیز کرنا (۴) تجربہ کرنا ۔ آزمائش کرنا جانچنا ۔ امتحان کرنا۔

**معلوم نہیں** ۔ (تابع فعل) خبر نہیں ۔ میں نہیں جانتا ۔ خدا معلوم۔

**معلوم ہوتا ہے** ۔ (محاورہ) خیال گزرتا ہے ۔ نظر آتا ہے۔

**معلوم ہونا** ۔ (محاورہ) ظاہر ہونا ۔ بھید کُھلنا (۲) دکھائی دینا ۔ نظر آنا ۔ سُوجھنا (۳) تمیز ہونا ۔ شناخت ہونا ۔ پہچان میں آنا (۴) محسوس ہونا ۔ حس میں آنا (۵) خیال میں آنا ۔ خیال گزرنا (۶) سزا اٹھانا پاداش کو پہنچنا (۷) وقت پیش آنا ۔ قدر عافیت کھلنا ۔ خبر پڑنا۔

**معلومات** ۔ (مع ۔ لُو ۔ مات) (ع ۔ ا ۔ مث) معلوم کی جمع ۔ واقفیت ۔ تجربہ علمی لیاقت ۔ محسوسات ۔ علم۔

**معلومہ** ۔ (م ۔ لُو ۔ مہ) (ع ۔ صف) جانی گئی ۔ جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔

**مُعمّا ۔ مُعمّیٰ** ۔ (مُ ۔ عم ۔ ما) (ع ۔ ا ۔ مذ) مخفی ۔ پوشیدہ ۔ مُبہم (۲) پہیلی چیستان ۔ وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے (۳) پیچیدہ بات اُلجھا ہوا مسئلہ۔

**معما حل کرنا** ۔ (محاورہ) پہیلی بوجھنا ۔ چیستان سمجھنا (۲) پیچیدہ یا مشکل بات سلجھانا۔

**معما کھلنا** ۔ (محاورہ) پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا ۔ راز افشا ہونا۔

**مِعمار** ۔ (مع ۔ مار) (ع ۔ ا ۔ مذ) عمارت بنانے والا ۔ راج ۔ مستری۔

**مِعماری** ۔ (مع ۔ ما ۔ ری) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) راج گیری ۔ عمارت سازی مکان تعمیر کرنے کا پیشہ۔

**مُعمّر** ۔ (مُ ۔ عم ۔ مَر) (ع ۔ صف) عمر رسیدہ ۔ بوڑھا ۔ بڑی عمر کا کہن سال۔

**مُعمَل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عمل کرنے کی جگہ ۔ تجربہ گاہ (انگ) (Laboratory)

**معمُور** ۔ (مع ۔ مُور) (ع ۔ صف) بھرا ہوا ۔ لبریز (۲) آباد ۔ بسا ہوا (۳) بند ۔ مقفل۔

**معمُور کرنا** ۔ (محاورہ) بھرنا (۲) آباد کرنا ۔ بسانا (۳) بند کرنا ۔ بھیڑنا۔

**معمورہ** ۔ (مع ۔ مُو ۔ رہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) آبادی ۔ بستی (۲) مزروعہ زمین ۔ کاشت شدہ زمین (جمع) معمورات۔

**معموری** ۔ (مع ۔ مُو ۔ ری) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) بھرا ہونا ۔ لبریز ہونا (۲) آبادی ۔ آباد ہونا۔

**معمُول** ۔ (مع ۔ مُول) (ع ۔ صف) عمل کیا گیا ۔ وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو (۳) وہ بات جو روزمرّہ کی جائے (۴) رواج ۔ دستور قاعدہ ۔ رواج ۔ سررشتہ۔

**معمول باندھنا** ۔ (محاورہ) دستور مقرر کرنا ۔ رویہ اختیار کرنا قاعدہ باندھنا۔



Marfat.com

**معمول بموجب** ۔ [ع ۔ف ۔ تابع فعل ] قاعدے کے مطابق ۔ دستور کے موافق ۔
**معمول بندھنا** ۔ [ا ۔محاورہ ] قاعدہ مقرر ہونا ۔ رواج پڑنا ۔
**معمول پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جانا ۔ روز کی عادت ہونا ۔
**معمول سے** ۔ [ا ۔ تابع فعل ] معمول کے موافق ۔ حسب دستور ۔
**معمول کے دن** ۔ [ا ۔ مذ ] حیض آنے کے دن ۔ ایام ماہواری ۔
**معمول کے دن ٹل جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] حیض کا زمانہ ٹل جانا ۔ حیض نہ آنا ۔ کنایتہً پیٹ رہ جانا ۔ پیٹ رہ جانے کی علامت ظاہر ہونا ۔
**معمولی** ۔ (مَع ۔ مُو ۔ لی ) [ع ۔ ف ۔ صف ] مروّجہ ۔ رسمی ۔ ادنیٰ ۔
**معمولی کارروائی** ۔ [ا ۔ مث ] کارروائی جو عام طور پر ہوتی ہے ضابطے کی کارروائی ۔
**مُعَنبَر** (مُ ۔ عَم ۔ بَر ) [ع ۔ صف ] عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا ۔ معطّر خوشبودار ۔
**مُعنوَن** ۔ (مُ ۔ عَن ۔ وَن ) [ع ۔ صف ] عنوان کیا گیا (۲) دیباچہ کیا گیا (۳) نامزد کیا گیا ۔ کسی کے نام منسوب کیا گیا ۔
**مَعنَوِی** ۔ (مَع ۔ نَ ۔ وی ) [ع ۔ صف ] معنی سے منسوب (۲) اصلی ۔ ذاتی ۔ حقیقی (۳) اندرونی ۔ باطنی ۔
**معنوی اولاد (فرزند)** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ] روحانی اُولاد کنایتاً ۔ شاگرد معتقد ۔ پیرو ۔
**معنے ۔ معنی** ۔ (مَع ۔ نا ) (مَع ۔ نی ) [ع ۔ ا ۔ مذ ] مقصد ۔ ارادہ ۔ مدّعا ۔ مطلب منشاء ۔ مراد (۲) سبب ۔ وجہ ۔ باعث (۳) اصلیت ۔ ماہیّت ۔ حقیقت ۔ جمع ۔ معانی ۔
**معنی اُلٹ دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مطلب بدل دینا ۔ مطلب کچھ کا کچھ کر دینا ۔
**معنی بیان کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مطلب سمجھانا ۔ ترجمہ کرنا ۔
**معنیٔ بیگانہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ] وہ تازہ مضمون جو پہلے کسی نے نہ باندھا ہو ۔
**معنی پرور** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف ] معنی پیدا کرنے والا ۔ ماہر انشاء پرداز ۔
**معنیٔ پیچیدہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف ] وہ مطلب جو بغیر غور و خوض کے سمجھ میں نہ آسکے ۔
**معنی خیز** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف ] پُر معنی ۔
**معنی دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] معنی نکھنا ۔ معنی بیان کرنا ۔ (۲) دلالت کرنا ۔ جتانا ۔
**معنی رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مطلب رکھنا ۔ ظاہر کرنا ۔
**معنی کھلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مطلب ظاہر ہونا ۔
**مَعناً** ۔ [ع ۔ تابع فعل ] معنی کے اعتبار سے ۔
**معوذتان (معوذتین)** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث ] قرآن مجید کی آخری دو سورتیں یعنی سورہ الفلق اور سورہ الناس ۔

**مَعُونَت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث ] مدد ۔ مدد کرنا ۔
**مَعنَوِیّت** ۔ (مَع ۔ نَ ۔ وی ۔ یَت ) [ع ۔ ا ۔ مث ] باطن پن ۔
**معہود** ۔ (مَع ۔ ہُود ) [ع ۔ صف ] عہد کیا گیا ۔ اقرار کیا گیا (۲) مشہور (۳) مقرر ہوا ۔ (۴) پُرانا ۔ قدیم (۵) مشہور و معروف ۔ نامی ۔ نامور ۔
**مَعہُودِ خارجی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] وہ نکرہ جو کسی وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے جیسے خلیل سے حضرت ابراہیم علیہ السلام مراد لینا ۔
**مَعہُودِ ذہنی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] وہ اسم نکرہ جو ذہن متکلم یا مخاطب میں معین ہو ۔
**مِعیَار** ۔ (مِع ۔ یار ) [ع ۔ ا ۔ مث ] کسوٹی ۔ محک ۔ کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر (۲) ناپنے یا وزن کرنے کا آلہ (۳) اندازہ ۔ پیمانہ ۔ قاعدہ نصاب (۴) پرکھ ۔ جانچ ۔
**معیار بندی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] درجہ بدرجہ کرنا ۔

(Standardization)

**معیار بنانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] (مِع ۔ یا ۔ ری ۔ بَ ۔ نا ۔ نا ) [اُر ۔ مص ] اعلیٰ درجہ کی بنانا ۔ (Standardize)
**مُعیَّب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ ] عیب دار ۔ نقص دار ۔
**مَعِیّت** ۔ (مَ ۔ عی ۔ یَت ) [ع ۔ ا ۔ مث ] ساتھ ۔ ہمراہی ۔
**مَعِیشَت** ۔ (مَ ۔ عی ۔ شَت ) [ع ۔ ا ۔ مث ] زندگی ۔ زندگانی ۔ زیست ۔ حیات (۲) عیش (۳) روزگار ۔ روزی ۔
**معیشت عملی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث ] علم معاشیات کی وہ قسم جو عمل میں آئے ۔ (Applied Economics)
**مُعِین** ۔ (مُ ۔ عِین ) [ع ۔ صف ] اعانت کرنے والا ۔ مددگار ۔ معاون (۲) خدا کا ایک نام ۔
**مُعَیَّن** ۔ (مُ ۔ عَی ۔ یَن ) [ع ۔ صف ] مقرر کیا گیا ۔ ٹھہرایا گیا ۔ مقررہ ۔ محدود ۔ مفروضہ (۲) علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں ۔
**مُعَیَّن کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب ] مقرر کرنا ۔ ٹھہرانا ۔
**معیّن ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب ] مقرر ہونا ۔ قرار پانا ۔ ٹھہرنا ۔
**مُعَیَّنَہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث ] مقرر کیا ہوا ۔ معیّن کی تانیث ۔
**معیوب** ۔ (مَع ۔ یُوب ) [ع ۔ صف ] عیب دار (۲) بُرا ۔ نکما ۔ (۳) قابل شرم باعث ندامت ۔

## م ۔ غ

**مُغ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ ] آتش پرست ۔ آگ کی پوجا کرنے والا ۔ گبر ۔ مجوس (۲) کلال مے فروش ۔ جمع ۔ مغاں ۔
**مُغ بچہ** ۔ آتش پرست کا لڑکا (۲) کلال کا لڑکا (۳) خوبصورت لڑکا (۴) بھنگ پینے والوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیج ۔
**مَغارِب** ۔ (مَ ۔ غا ۔ رِب ) [ع ۔ ا ۔ مث ] مغرب کی جمع ۔



Marfat.com

**مَغاک**۔ (مَ۔غاک) [ف۔ا۔مذ] غار۔ گڑھا۔ پہاڑ کی کھوہ۔

**مَغازی**۔ (مَ۔غا۔زی) [ع۔ا۔مذ] مغزیٰ کی جمع۔ لڑائیاں۔ کافروں کے ساتھ جنگ۔ خصوصاً وہ لڑائیاں جن میں حضور صلعم خود موجود تھے (۲) جنگی خوبیاں۔ غازیوں کے اوصاف کا بیان۔

**مُغالطہ**۔ (مُ۔غا۔لِ۔طہ) [ع۔ا۔مذ] دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ دم۔ جھانسا (۲) بُھول چُوک۔

**مغالطہ دینا**۔ [ا۔محاورہ] فریب دینا۔ غلطی میں ڈالنا۔ گمراہ کرنا۔

**مغالطہ ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] غلطی ڈالنا۔ شبہ ڈالنا۔

**مُغاں**۔ (مُ۔غاں) [ف۔ا۔مذ] مغ کی جمع۔ آتش پرست لوگ۔

**مُغائر (مُغایر)**۔ [ع۔صف] ناموافق۔ مخالف۔ غیر۔

**مُغایَرت**۔ (مُ۔غا۔یَ۔رت) [ع۔ا۔مث] غیریت۔ اجنبیت۔ ناموافقت۔ بیگانگی۔

**مُغتَنَم**۔ (مُغ۔تَ۔نَم) [ع۔صف] غنیمت سمجھا گیا۔ غنیمت۔

**مُغتَنَمات**۔ (مُغ۔تَ۔نَ۔مات) [ع۔ا۔مث] غنیمت چیزیں۔

**مغرِب**۔ (مَغ۔رِب) [ع۔ا۔مث] سُورج غروب ہونے کی جگہ۔ پچھم (۲) وہ نماز جو غروب آفتاب کے عین بعد پڑھی جاتی ہے۔

**مغرب سے آفتاب نکلنا**۔ [ا۔محاورہ] قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے قریب مغرب سے آفتاب طلوع ہوگا۔

**مغربی**۔ (مَغ۔رِ۔بی) [ع۔صف] مغرب کا۔ پچھم کا۔ فرنگی (۲) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص۔

**مغربیّت**۔ (مَغ۔رِ۔بی۔یت) [ع۔ا۔مث] مغرب کا اثر۔ یورپ کے انداز و اطوار۔

**مُغرِق**۔ (مُ۔غ۔رِق) [ع۔صف] پانی میں ڈوبا ہوا (۲) جگمگاتا ہوا (۳) سونے چاندی میں لپا ہوا۔

**مُغرَق**۔ [ع۔صف] ڈوبا ہوا (۲) غرق کیا ہوا۔ مبالغہ کیا ہوا۔

**مغرور**۔ (مَغ۔رُور) [ع۔صف] متکبر۔ خود پرست۔ گھمنڈی۔

**مغرور ہونا**۔ [ا۔محاورہ] غرور کرنا۔ اترانا۔ شیخی میں آنا۔

**مغروری**۔ (مَغ۔رُو۔ری) [ع۔ف۔ا۔مث] غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔

**مغز**۔ [ع۔ا۔مذ] دماغ۔ بھیجا (۲) گری۔ گودا۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ (۳) مجازاً عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست (۴) جزو۔ انجام۔ اصل۔ خلاصہ (۵) تکبر۔ غرور۔ دماغ۔ جمع: مغزیات۔

**مغز اُڑا جانا**۔ [ا۔محاورہ] دماغ پریشان ہونا۔

**مغز استخوان**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] ہڈی کا گودا۔

**مغز بھنّانا**۔ [ا۔محاورہ] دماغ چکرانا۔ تیز خوشبو یا بدبو سے دماغ پریشان ہونا۔

**مغز پچی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) بک بک دماغ لڑانا (۲) بہت سمجھانا۔ بک بک کرنا۔ سر مارنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

**مغز پلپلا کر دینا**۔ [ا۔محاورہ] مارتے مارتے سر پولا کر دینا۔ سر پر بہت سے دھپ رسید کرنا۔

**مغز پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] بددماغ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

**مغز چاٹنا**۔ [ا۔محاورہ] دماغ کھانا۔ بک بک کرکے دوسرے کا دماغ خالی کردینا۔ جان کھانا۔ باتوں سے دق کردینا۔

**مغز چٹ**۔ [ا۔صف] بکّی۔ بکواسی۔ فضول باتوں سے دوسرے کا دماغ پریشان کرنے والا۔

**مغز چٹی**۔ [ا۔مث] بکواس۔ بک بک۔ جھک جھک۔

**مغز چل جانا**۔ [ا۔محاورہ] دیوانہ ہوجانا (۲) مغرور ہوجانا۔

**مغز خالی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی کو دیر تک سمجھائے جانا۔ سر مارنا۔

**مغز خالی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] دماغ خالی ہونا۔

**مغز دار**۔ [ع۔ف۔صف] گودے دار (۲) چرب اور فصیح۔

**مغز روشن**۔ [ا۔مث] کنایتاً۔ نسوار۔

**مغز زنی کرنا**۔ [ا۔مص مرکب] سر کھپانا۔ دماغ لڑانا۔

**مغز سخن**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] بات کی تہ۔ کلام کی حقیقت۔

**مغز سے اتارنا (نکالنا)**۔ [ا۔محاورہ] دماغ سے نہایت عمدہ بات نکالنا۔

**مغز سے دماغ خالی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] کم عقل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔

**مغز سے کیڑے جھاڑنا**۔ [ا۔محاورہ] متکبر کا غرور توڑنا۔ سر پہ جوتے مارنا۔

**مغز کا**۔ [ا۔صف] اچھے دماغ کا۔ سمجھ دار۔ عالی دماغ۔

**مغز کو چڑھنا**۔ [ا۔محاورہ] نشہ کا دماغ پر اثر ہونا۔ اترا جانا۔ مغرور ہوجانا (۲) پاگل ہوجانا۔

**مغز دکھا جانا (کھانا)**۔ [ا۔محاورہ] بک بک سے دماغ چاٹے جانا۔ مغز کھاجانا۔ شور کرنا۔

**مغز کھپانا**۔ [ا۔محاورہ] سمجھانے کی کوشش کرنا۔

**مغز کے کیڑے اُڑانا**۔ [ا۔محاورہ] بکواس کرکے دماغ پریشان کرنا۔

**مغز کے کیڑے جھڑنا (نکل جانا)**۔ [ا۔محاورہ] سزا پانا (۲) مزاج درست ہوجانا۔ سیدھا ہوجانا (۳) غرور مٹ جانا۔

**مغز کی کیل نکلنا (نکل جانا)**۔ [ا۔محاورہ] غرور ختم ہوجانا۔ گھمنڈ مٹ جانا (۲) جوش جوانی کم ہوجانا۔ شہوت فرو ہونا۔

**مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ**۔ [اردو روزمرہ] بکواس بند کرو۔ دماغ نہ کھاؤ۔

**مغز مارنا**۔ [ا۔محاورہ] کوشش کرنا۔ سر کھپانا (۲) سر کھپانا۔

**مغز میں کیڑا ہونا**۔ [ا۔محاورہ] بڑا جھکّی ہونا۔ نہایت باتونی ہونا۔

**مغزی**۔ (مَغ۔زی) [ا۔ا۔مث] پتلی گوٹ۔ کور (۲) ایک قسم کا حلوہ۔

**مغسول**۔ (مَغ۔سُول) [ع۔صف] غسل دیا گیا۔ دھویا ہوا۔

**مغشوش**۔ (مَغ۔شُوش) [ع۔صف] کھوٹا۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔ ریاکار۔ بے وفا۔

**مِغفَر**۔ (مِغ۔فَر) [ع۔ا۔مذ] لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے (۲) خود۔ لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔ جمع: مغافر۔



Marfat.com

**مَغضُوب**۔ (مَغ۔ضُوب) [ع۔صف] غضب کیا گیا۔ جس پر غصّہ ہو۔
**مَغفِرت**۔ (مَغ۔فِ۔رَت) [ع۔ا۔مث] بخشش۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی۔ برائت۔
**مَغفُور**۔ (مَغ۔فُور) [ع۔صف] مغفرت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مرحوم۔ بہشتی۔
**مُغَل**۔ (مُ۔غَل) [ف۔ا۔مذ] ایک قوم جس کا اصلی وطن منگولیا ہے۔ تاتاری ترکوں کا ایک اعلیٰ فرقہ (۲) سادہ دل۔ جمع۔ مغلاں۔ مغول۔
**مُغَل پٹھان**۔ [ا۔مذ] ایک کھیل جو خانے کھینچ کر سولہ کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔
**مُغَل پٹھان لڑنا**۔ [ا۔محاورہ] پکتی ہانڈی میں سے جو آواز نکلتی ہے اُسے مُغَل پٹھان لڑنا کہتے ہیں۔ کھد بُد سا ہونا۔ کھد بُد ہونا۔
**مُغَلا**۔ (مُغ۔لَا) [ف۔ا۔مذ] مُغَل کی تصغیر۔
**مُغلانی**۔ (مُغ۔لا۔نی) [اُر۔ا۔مث] مُغَل قوم کی عورت (۲) درزن۔ کپڑے سینے والی عورت۔ خاص کر اُس عورت کو کہتے ہیں جو خواتین مغلیہ کے خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی (۳) محل سرا میں رہنے والی خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما۔ جمع۔ مغلانیاں۔
**مُغلائی**۔ (مُغ۔لا۔ای) [ف۔صف] مغلوں کی طرز کا۔ مغلوں کی طرز و روش کی چیز۔
**مُغَلّظ**۔ (مُ۔غَل۔لَظ) [ع۔صف] گاڑھا (۲) دبیز۔ موٹا۔ سخت (۳) مضبوط (۴) فحش۔ ناپاک (۵) گندا۔ میلا۔
**مُغَلِّظ**۔ (مُ۔غَل۔لِظ) [ع۔صف] گاڑھا کرنے والا۔
**مُغَلَّظات**۔ (مُ۔غَل۔لَ۔ظات) [ع۔ا۔مث] موٹی موٹی گالیاں۔ فحش باتیں۔
**مُغَلَّظات سنانا**۔ فحش گالیاں دینا۔ بُری بُری گالیاں دینا۔
**مُغلَق**۔ (مُغ۔لَق) [ع۔صف] بند کیا گیا۔ بند کیا ہوا۔ مُقفل (۲) دقیق۔ مُشکل۔ دور از فہم۔
**مُغلِم**۔ (مُغ۔لِم) [ع۔صف] اغلام کرنے والا۔ لوطی۔ لونڈے باز۔
**مغلوب**۔ (مغ۔لُوب) [ع۔صف] غلبہ کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ مفتوح۔ شکست خوردہ (۲) دبا ہوا۔ عاجز۔ زیر۔ جمع۔ مغلوبین۔ مغلوبان۔
**مغلوب الغضب**۔ [ع۔صف] جو شخص جلد غصّے میں آجائے۔ تیز مزاج۔ تُند مزاج۔
**مغلوب کرنا**۔ ہرانا۔ دبانا۔ عاجز کرنا (۲) فتح کرنا۔ تابع کرنا۔ تھکانا۔
**مغلوبیت**۔ (مغ۔لُو۔بی۔یت) [ع۔ا۔مث] اطاعت۔ عاجزی۔ دباؤ۔ محکومیت۔ فرماں برداری۔
**مَغلُوط**۔ [ع۔صف] غلط کیا گیا۔
**مَغلُوق**۔ [ع۔صف] دروازہ بند کیا گیا۔
**مَغلُول**۔ [ع۔صف] جس کی گردن میں طوق ڈالا گیا ہو۔
**مُغلَئی**۔ (مُغ۔لَ۔ای) [ف۔صف] مُغَل سے منسوب۔
**مُغلئی پھوڑا**۔ [ا۔مذ] ایک قسم کا پھوڑا جو بہت دنوں میں اچھا ہوتا ہے۔ اورنگ زیب جب گولکنڈہ اور بیجاپور کی ریاستیں فتح کرنے دکن گیا تو لڑائی اتنے عرصہ تک جاری رہی، کہ خرابیٔ آب و ہوا سے سپاہیوں کے بدن میں پھوڑے ہو گئے جو بہت عرصہ میں ٹھیک ہوتے تھے۔
**مُغلئی ٹوپی**۔ [ا۔مث] ایک قسم کی اُونچے گوشوں والی ٹوپی۔
**مُغلئی ہاڑ**۔ [ا۔مث] زبردست ہڈی۔ چوڑی چکلی ہڈی۔ مغلوں کا چہرہ چوڑا اور بدن کی ہڈیاں چکلی ہوتی ہیں۔
**مُغلی**۔ (مُغ۔لی) [ف۔صف] مغل سے منسوب۔
**مُغلی بیماری**۔ [ا۔مث] بچوں کا ایک مرض جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ اُمّ الصبیان۔ پسلی کا خلل۔ مسان کا مرض۔
**مُغلی پیچ**۔ [ا۔صف] مغلوں کے داؤں گھات۔
**مُغلی گھٹّی**۔ [ا۔مث] ایک خاص قسم کی گھٹّی جو مغلوں میں بچوں کو دی جاتی تھی۔
**مُغلیہ**۔ (مُ۔غَل۔یا) (مُغ۔لی۔یَہ) [ف۔صف] مُغَل خاندان سے منسوب۔ جیسے مغلیہ حکومت (۲) [مذ] مغل قوم کا آدمی۔
**مُغَمّم**۔ [ق] مغموم۔
**مغموم**۔ (مَغ۔مُوم) [ع۔صف] غمگین۔ رنجیدہ۔ ملول۔ دل گیر۔ آزردہ۔ غم زدہ۔ اُداس۔ فکرمند۔ پریشان۔
**مُغنی**۔ (مُغ۔نی) [ع۔صف] بے نیاز کر دینے والا۔ امیر یا آسودہ کر دینے والا (۲) خداوند تعالیٰ کا ایک نام۔
**مُغَنّی**۔ (مُ۔غَن۔نی) [ع۔ا۔مذ] گانے والا۔ گویّا۔ ڈوم۔ میراثی۔
**مُغَنّیہ**۔ (مُ۔غَن۔نی۔یَہ) [ع۔ا۔مث] گانے والی عورت۔ ڈومنی۔ میراثن۔
**مُغوی**۔ [ع۔صف] گمراہ کرنے والا۔ اغوا کرنے والا۔
**مُغویہ**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] اغوا شدہ۔ وہ عورت جسے اغوا کیا گیا ہو۔
**مُغیلاں**۔ (مُ۔غی۔لاں) [ع۔ا۔مذ] کیکر۔ ببول۔ ایک خاردار درخت۔

## م۔ف

**مَفاتیح**۔ (مَ۔فا۔تیح) [ع۔ا۔مث] مفتاح کی جمع۔ کنجیاں۔ چابیاں۔
**مُفاجات**۔ (مُ۔فا۔جات) [ع۔صف] اچانک۔ دفعتاً۔ ناگاہ۔ فوراً۔ یکایک۔ ناگہاں۔ آنے والی۔
**مُفاخرت**۔ (مُ۔فا۔خِ۔رَت) [ع۔ا۔مث] بڑائی۔ شیخی۔ لاف زنی۔ ڈینگ۔ فخر۔ ناز۔ گھمنڈ۔
**مَفاد**۔ (مَ۔فاد) [ع۔ا۔مذ] فائدہ کی جگہ (۲) نفع۔ فائدہ۔ جمع۔ مفادات۔
**مفاد پرست**۔ [ع۔ف۔صف] مطلبی۔ خود غرض۔ اپنے فائدے سے غرض رکھنے والا۔
**مُفارَقت**۔ (مُ۔فا۔رَ۔قَت) [ع۔ا۔مث] جُدائی۔ فرقت۔ علیحدگی۔
**مَفاسِد**۔ (مَ۔فا۔سِد) [ع۔ا۔مث] مفسدہ کی جمع۔ فساد۔ خرابیاں۔ بُرائیاں۔ فتنے۔ جھگڑے۔
**مَفاصِل**۔ (مَ۔فا۔صِل) [ع۔ا۔مث] مفصل کی جمع۔ ہڈی کے جوڑ۔ بند



Marfat.com

**مَفاصِلہ** ۔ (مُ ۔ فَا ۔ صِ ۔ لہٗ) (ع ۔ ا ۔ مذ) باہمی فرق ۔ دُوری ۔ مسافت (۲) وقفہ ۔ دیر ۔ عرصہ ۔

**مُفاوَضات** ۔ (مُ ۔ فَا ۔ وَ ۔ ضات) (ع ۔ ا ۔ مث) مفاوضہ کی جمع مراسلات مکتوبات ۔ وہ خطوط جو برابر والوں یا بزرگوں کو لکھے جائیں ۔ وہ خطوط جو اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھے جائیں ۔

**مُفاوَضَت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) سپرد کرنا ۔ ایک دوسرے کو سونپنا ۔

**مُفاوَضَہ** ۔ (مُ ۔ فَا ۔ وَ ۔ ضہ) (ع ۔ ا ۔ مث) خط ۔ چٹھی ۔ نامہ ۔ مکتوب ۔ وہ خط اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف ہو ۔ ج ، مفاوضات ۔

**مُفت** ۔ (ف ۔ صف) بلاقیمت ۔ بن داموں ۔ بے عوض (۲) ناحق ۔ بے فائدہ ۔ لاحاصل (۳) ضائع ۔ اکارت ۔ رائگاں (۴) بلاسبب بے وجہ ۔ بے قصور (۵) بے محنت ۔ بلا مشقت ۔

**مُفت آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بلاقیمت حاصل ہونا ۔ بن داموں مل جانا ۔

**مُفت بَر** ۔ (ف ۔ صف) بلاقیمت لے جانے والا ۔ مُفت خورا ۔

**مُفت بہا دینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) قیمتی چیز سستی بیچ ڈالنا ۔

**مُفت بھی نہ پوچھنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) نہایت بے قدری کرنا ۔

**مُفت جان جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ناحق مارا جانا ۔

**مُفت خُدا (مولیٰ)** ۔ (ف ۔ صف) خدا واسطے ۔ بیکار ۔

**مُفت (خور) خورا** ۔ (ف ۔ صف) بلا محنت و اُجرت کھانے والا ۔

**مُفت را چہ گُفت** ۔ (ف ۔ مقولہ) جو چیز مُفت ملے اُس میں کیا کلام ۔

**مُفت ستاں** ۔ (ف ۔ صف) مفت لے جانا ۔

**مُفت ستانی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مفت لینا ۔

**مُفت کا** ۔ (۱ ۔ صف) بے فائدہ ۔ خواہ مخواہ ۔

**مُفت کا دردِ سر** ۔ (۱ ۔ مذ) بے فائدہ تکلیف ۔

**مُفت کا شکار ہے** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بے مشقت حاصل ہونے والی چیز ہے ۔

**مُفت کرم داشتن** ۔ (ف ۔ مثل) خواہ مخواہ احسان جتانا ۔

**مُفت کی ٹھائیں ٹھائیں** ۔ (۱ ۔ مث) بے کار جھگڑا ۔

**مُفت کی شراب** ۔ (۱ ۔ مث) بن داموں کی چیز ۔ بلاقیمت مال ۔

**مُفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) مفت کی چیز حاصل کرنے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا ۔

**مُفت گنہگار کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) خواہ مخواہ جھگڑے میں پھنسا دینا ۔

**مُفت میں** ۔ (۱ ۔ صف) بے قیمت ۔ بلا اُجرت ۔ یونہی ۔ بن داموں (۲) ناحق بلاسبب (۳) بیگار میں (۴) ضائع ۔ اکارت ۔

**مُفت ہاتھ لگنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بلا داموں حاصل ہونا ۔ بغیر محنت و مشقت کے ملنا ۔

**مِفتاح** ۔ (مِف ۔ تاح) (ع ۔ ا ۔ مث) کنجی ۔ چابی ۔ تالی ج ، مفاتیح ۔

**مُفتِح** ۔ (مُ ۔ فت ۔ تِح) (ع ۔ صف) فتح کرنے والا ۔ جیتنے والا ۔ فاتح (۲) کھولنے والا ۔ وہ دوا جو سُدّوں کو خارج کرے ۔

**مُفتِحات** ۔ (مُ ۔ فت ۔ تِ ۔ حات) (ع ۔ ا ۔ مث) وہ دوائیں جو بھری سُدّے کو کھلا دیتی ہیں ۔

**مُفتَخِر** ۔ (مُف ۔ تَ ۔ خِر) (ع ۔ صف) فخر کرنے والا ۔ شیخی باز ۔ ڈینگیا ۔ لاف زن ۔

**مُفتَخِر (کرنا) فرمانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) فخر عطا فرمانا ۔ عزت بخشنا ۔

**مُفتَرَض** ۔ (ع ۔ صف) فرض کیا گیا ۔

**مُفتَرَضات** ۔ (مُف ۔ تَ ۔ رَ ۔ ضات) (ع ۔ ا ۔ مذ ۔ مث) وہ چیزیں جو فرض کی گئی ہوں ۔

**مُفتَری** ۔ (مُف ۔ تَ ۔ ری) (ع ۔ صف) افترا پرداز ۔ الزام رکھنے والا ۔ بہتان لگانے والا (۲) شریر ۔ مفسد ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔

**مُفتَتِش** ۔ (مُ ۔ فت ۔ تِش) (ع ۔ صف) تفتیش کرنے والا ۔ دریافت کرنے والا ۔

**مُفتَقِر** ۔ (مُف ۔ تَ ۔ قِر) (ع ۔ صف) فقیر ۔ کنگال ۔ غریب ۔ محتاج ۔

**مَفتوح** ۔ (مَف ۔ توح) (ع ۔ صف) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا ۔ جیتا گیا (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو ۔ جمع ۔ مفتوحین ۔ مفتوحان ۔

**مَفتوُل** ۔ (مَف ۔ تول) (ع ۔ صف) فتنے میں ڈالا ہوا (۲) مُبتلا ۔ شیدا ۔ فریفتہ ۔ عاشق ۔

**مَفتوُل ہونا** ۔ (۱ ۔ مص مرکب) عاشق ہونا ۔ شیدا ہونا ۔

**مُفتی** ۔ (مُف ۔ تی) (ع ۔ ا ۔ مذ) فتویٰ دینے والا ۔ حاکمِ شرع ۔ فقیہ ۔

**مَفخَر** ۔ (مَف ۔ خَر) (ع ۔ ا ۔ مذ) قابلِ فخر ۔ جس پر فخر کیا جا سکے ۔ مایۂ ناز جمع ۔ مفاخر ۔

**مُفَخَّر** ۔ (مُ ۔ فَخ ۔ خَر) (ع ۔ صف) فخر کیا گیا ۔ معزز ۔

**مُفَخَّم** ۔ (مُ ۔ فَخ ۔ خَم) (ع ۔ صف) بزرگ رکھا گیا ۔ بزرگ ۔

**مَفَرّ** ۔ (مَ ۔ فَر) (ع ۔ ا ۔ مذ ۔ و ۔ مث) بھاگنے کی جگہ ۔ جائے فرار (۲) چارۂ کار ۔

**مُفَرِّح** ۔ (مُ ۔ فَر ۔ رِح) (ع ۔ ا ۔ صف) فرحت دینے والا ۔ خوش کرنے والا ۔ فرحت بخش (۲) اصطلاحِ طب میں وہ دوا جو طبیعت کو فرحت بخشے ۔

**مُفَرِّحِ قلب** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دل کو فرحت دینے والی دوا ۔

**مُفَرِّحات** ۔ (مُ ۔ فَر ۔ رِ ۔ حات) (ع ۔ ا ۔ مث) وہ دوائیں جو طبیعت کو فرحت اور خوشی بخشیں ۔

**مُفرَد** ۔ (مُف ۔ رَد) (ع ۔ صف) تنہا ۔ اکیلا ۔ علیحدہ (۲) واحد ۔ ایک (۳) غیر مرکب ۔ یگانہ ۔ یکتا ۔

**مُفرَد سوار** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ سوار جو اکیلا میدانِ جنگ میں لڑے اور کسی کی مدد کا محتاج نہ ہو ۔

**مُفرَدات** ۔ (مُف ۔ رَ ۔ دات) (ع ۔ ا ۔ مث) مفرد کی جمع ۔ حروفِ تہجی جب الگ الگ کیے جائیں جیسے ۔ ا ۔ ب ۔ ت وغیرہ (۲) وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال ہو (۳) امام راغب اصفہانی کی تفسیرِ قرآن کا نام ۔

**مُفَرَّس** ۔ (مُ ۔ فَر ۔ رَس) (ع ۔ صف) فارسی بنایا گیا ۔ غیر زبان کا لفظ جسے فارسی بنا لیں جیسے ڈھول سے دُہل ۔

**مُفرِط** ۔ (مُف ۔ رِط) (ع ۔ صف) بہت زیادہ ۔ افراط سے ۔ کثرت سے ۔



Marfat.com

مُفرور۔ (مُف۔رُور) (ع۔صف) بھاگا ہوا۔ فراری۔ روپوش (۲) وہ شخص جو کوئی جرم کر کے بھاگ جائے۔
مُفروری۔ (مُف۔رُو۔ری) (ع۔ف۔امث) بھاگ جانا۔
مُفروش۔ (مُف۔رُوش) (ع۔صف) بچھایا گیا۔
مُفروض۔ (مُف۔رُوض) (ع۔صف) فرض کیا گیا۔ مانا گیا۔ فرضی قیاسی۔
مُفروضہ۔ (مُف۔رُو۔ضہ) (ع۔صف) فرض کیا ہوا۔ وہ بات جو استدلال کی بنیاد کے طور پر مان لی جائے۔
مُفروق۔ (مُف۔رُوق) (ع۔صف) فرق کیا گیا۔ جدا کیا گیا (۲) وہ عدد جیسے کسی عدد میں سے تفریق کیا گیا ہو۔
مفروق منہٗ۔ (ع۔صف) وہ عدد جس میں سے کوئی عدد تفریق کیا گیا ہو۔
مُفسِد۔ (مُف۔سِد) (ع۔صف) فساد کرنے والا۔ خرابی ڈالنے والا جھگڑالو (۲) باغی۔ بغاوت کرنے والا (۳) لوگوں کو آپس میں لڑا دینے والا۔ شریر۔ جمع: مفسدین۔
مُفسِدانہ۔ (مُف۔سِ۔دا۔نہ) (ع۔ف۔صف) مفسدین کی مانند۔ فسادیوں کی طرح۔ فتنہ پردازوں کی طرح۔ باغیانہ۔
مَفسدہ۔ (مَف۔سَ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) تباہی۔ فساد۔ جھگڑا۔ غدر۔ بلوا۔ ہنگامہ۔
مفسدہ (اٹھانا) برپا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) فساد اٹھانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔
مفسدہ پرداز۔ (ع۔ف۔صف) فسادی۔ جھگڑالو۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔
مفسدہ پردازی۔ (ع۔ف۔امث) فتنہ انگیزی۔ شرارت۔
مُفسِّر۔ (مُ۔فَس۔سِر) (ع۔صف) تفسیر کرنے والا۔ شارح (مسلمانوں کی اصطلاح میں) کلام مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا۔
مَفصِل۔ (مَف۔صِل) (ع۔ا۔مذ) بدن کا جوڑ۔ اعضاء کا جوڑ۔ جمع: مفاصل۔
مُفصَّل۔ (مُ۔فَص۔صَل) (ع۔صف) تفصیل کیا گیا۔ صاف۔ واضح۔ کھول کر بیان کیا گیا۔
مفصل بیان کرنا۔ (ا۔ محاورہ) تفصیل وار بیان کرنا۔ جدا جدا کہنا۔ کھول کر بیان کرنا۔
مُفصّل جمع۔ (ع۔ا۔مذ) لگان کی وہ مجموعی رقم جو نمبردار کاشتکاروں سے وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتے ہیں۔
مُفصّلات۔ (مُ۔فَص۔صَ۔لات) (ع۔ا۔مذ) شہر کے اردگرد کے قصبات و دیہات۔
مُفصّلہ۔ (مُ۔فَص۔صَ۔لَہ) (ع۔صف) تفصیل کیا گیا۔ کھول کر بیان کیا گیا۔
مفصلہ ذیل۔ (ع۔صف) وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے لکھی ہوئی ہے۔
مُفطِر۔ (مُف۔طِر) (ع۔صف) روزہ توڑنے والا۔ روزہ کھولنے والا۔
مَفعول۔ (مَف۔عُول) (ع۔صف) فعل کیا گیا۔ وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو (۲) بُرا کام کرانے والا۔ اغلام کرانے والا۔
مفعول بہٖ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جس میں فاعل کا کوئی کام واقع ہُوا ہو۔
مفعول ثانی۔ (ع۔ا۔مذ) فعل کا دوسرا مفعول جیسے کریم نے پنسل سے کاغذ پر لکھا۔ اس میں کاغذ مفعول ثانی ہے۔
مفعول فیہ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو وقوع فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے یعنی جس میں فاعل کا فعل واقع ہوا ہو۔ جیسے محمود نے صبح گھر پر سبق یاد کیا۔ اس میں صبح اور گھر مفعول فیہ ہیں۔
مفعول لہٗ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے جیسے حامد نے کتاب پڑھنے کے لیے مانگی۔
مفعول مالم یُسَمَّ فاعِلُہٗ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فاعل کا قائم مقام ہو۔
مفعول مطلق۔ (ع۔ا۔مذ) وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو۔ جیسے تم کیسی چال چلتے ہو۔
مفعول مَعَہٗ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہٖ کا شریک حال ہو جیسے اعظم نے ناصر کے ساتھ کھانا کھایا۔
مفعول منہٗ۔ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے جیسے بڑھئی نے آری سے لکڑی چیری (میں آری)۔
مَفقود۔ (مَف۔قُود) (ع۔صف) کھویا ہوا۔ غائب۔ ناپید۔ ندارد۔
مفقود الخبر۔ (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی کوئی خبر نہ ہو۔ لاپتہ۔
مفقود ہونا۔ (ا۔ محاورہ) غائب ہونا۔ لاپتہ ہونا۔ ناپید ہونا۔
مُفکِّر۔ (مُ۔فَک۔کِر) (ع۔صف) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا۔ جمع: مفکرین۔
مَفلَر۔ (Muffler) (مَف۔لَر) (انگ۔ا۔مذ) گلوبند۔ گلوپوش (۲) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے۔
مُفلِس۔ (مُف۔لِس) (ع۔صف) غریب۔ کنگال۔ محتاج۔ نادار۔ فقیر۔ بے زر۔
مفلس بنا دینا۔ (ا۔ محاورہ) غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا۔
مفلس سے سوال حرام ہے۔ (ا۔ مثل) غریب کو تکلیف دینا ناجائز ہے۔
مفلس کا مال ہے۔ (ا۔ مذ) سستا مال ہے۔ ارزاں سامان ہے۔
مفلس بیگ۔ (مُف۔لِس۔بیگ) (ا۔ ا۔ مذ) ننگا بھوکا۔ نہایت محتاج۔ کنگلا۔
مُفلسی۔ (مُف۔لِ۔سی) (ف۔ا۔مث) غریبی۔ ناداری۔ محتاجی۔
مفلسی آنا۔ (ا۔ محاورہ) غریبی آنا۔ محتاج ہو جانا۔
مفلسی چھانا۔ (ا۔ محاورہ) ناداری میں گرفتار ہونا۔ غریبی میں مبتلا ہونا۔
مفلسی میں آٹا گیلا۔ (ا۔ مثل) ناداری میں ناگہانی خرچ کی صورت نکل آنا۔ تکلیف میں تکلیف۔ محتاجی میں نقصان ہو جانا۔
مفلسی میں شوق نباہنا۔ (ا۔ محاورہ) غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا۔ تنگی میں بھی پھاگ کھیلنا۔
مَفلوج۔ (مَف۔لُوج) (ع۔صف) وہ شخص جسے فالج کی بیماری ہو۔ فالج کا مارا ہوا۔ فالج کا مریض۔
مُفلوک۔ (مُف۔لُوک) (ع۔صف) مفلس۔ تباہ حال۔ خستہ حال۔



Marfat.com

**مُفلوک الحال**۔ (ع۔ف۔صف) تباہ حال۔ خستہ حال۔
**مُفَوَّض۔ مُفَوَّضہ**۔ (مُ۔فَوْ۔وَض)، (مُ۔فَوْ۔وَ۔ضَہ) (ع۔صف) سپرد کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ امانت رکھا ہوا۔
**مُفَوِّض**۔ (مُ۔فَوْ۔وِض) (ع۔صف) سپرد کرنے والا۔ سونپنے والا۔
**مَفہُوم**۔ (مَف۔ہُوم) (ع۔صف) سمجھا گیا۔ جو سمجھ میں آئے۔ (۲) (۱۔مذ) منشا۔ ارادہ۔ منصوبہ۔
**مفہوم ہونا**۔ (۱۔مص مرکب) سمجھا جانا۔ خیال میں آنا۔ معلوم ہونا۔
**مُفِید**۔ (مُ۔فید) (ع۔صف) فائدہ مند۔ سودمند۔ فائدہ دینے والا۔
**مفید پڑنا**۔ (۱۔محاورہ) کارآمد ہونا۔ موافق ہونا۔
**مفید مطلب**۔ (۱۔صف) موافق یا مناسب حال۔
**مُفِیض**۔ (مُ۔فیض) (ع۔صف) فیض پہنچانے والا۔ فائدہ رساں۔

# م۔ق

**مَقابِر**۔ (مَ۔قا۔بِر) (ع۔ا۔مذ) مقبرہ کی جمع۔ بہت سے مقبرے یا قبریں۔
**مُقابِل**۔ (مُ۔قا۔بِل) (ع۔صف) سامنے والا۔ روبرو (۲) دشمن۔ مخالف حریف (۳) برابر۔ مساوی (۴) نظیر۔ مثل۔ مانند۔ مطابق۔
**مقابل (ہونا) ہوجانا**۔ (۱۔محاورہ) لڑنے کو سامنے کھڑا ہو جانا۔ بھڑ جانا۔ سامنا کر بیٹھنا۔
**مُقابَلہ**۔ (مُ۔قا۔بَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) آمنا سامنا۔ مُنھ بھیڑ۔ (۲) برابری۔ ہمسری (۳) مخالفت۔ ضد۔ اختلاف (۴) پڑتال جانچ (۵) جنگ۔ جدل۔ لڑائی (۶) بحث۔ تکرار (۷) اصطلاح نجوم میں ایک ستارے کی دوسرے ستارے کی طرف ایک سو اسی درجے کے فاصلے سے نظر۔ ایک ستارے کا دوسرے ستارے کے سامنے ہونا۔
**مقابلہ بدنا**۔ (۱۔محاورہ) شرط باندھ کر مقابلہ کرنا۔
**مقابلہ پر آنا**۔ (۱۔محاورہ) فوج کا لڑنے کے لیے سامنے آنا (۲) لڑنے کو کھڑا ہونا۔ سامنے آنا (۳) مزاحم ہونا۔ سدِ راہ ہونا۔ معترض ہونا۔
**مقابلہ کرنا**۔ (۱۔محاورہ) مطابقت کرنا (۲) لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا (۳) بحث کرنا۔ تکرار کرنا (۴) سامنے آنا۔ برابری کرنا (۵) گستاخی کرنا (۶) جانچ کرنا۔ پڑتال کرنا (۷) مخالفت کرنا۔ ضد کرنا (۸) دھڑا باندھنا۔
**مقابلے پر کھڑا ہونا**۔ (۱۔محاورہ) الیکشن میں کسی امیدوار ممبر کے ساتھ مقابلہ کرنا (۲) لڑائی پر آمادہ ہونا۔
**مُقابہ**۔ (مُ۔قا۔بہ)، (مُ۔قا۔با) (۱۔ا۔مذ) مقوّی سے بنایا ہوا سنگار دان آرائش کا صندوقچہ۔
**مُقاتِل**۔ (مُ۔قا۔تِل) (ع۔صف) کسی کے ساتھ لڑنے والا۔ مقابلہ پر قتل کرنے والا۔

**مُقاتَلہ**۔ (مُ۔قا۔تَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) قتل۔ کشت و خون۔ خوں ریزی۔
**مَقادِیر**۔ (مَ۔قا۔دِیر) (ع۔ا۔مث) مقدار کی جمع۔ اندازے۔ تعداد۔ شمار۔
**مقادیرِ ابعاد**۔ (ع۔ا۔مث) بہت دُور کے فاصلے۔
**مقادیرِ غیر متماثلہ**۔ (ع۔ا۔مث) جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف مختلف ہوں۔
**مقادیرِ متماثلہ**۔ (ع۔ا۔مث) جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔
**مقادیرِ مجہولہ**۔ (ع۔ا۔مث) غیر معلوم مقداریں۔
**مقادیرِ معلومہ**۔ (ع۔ا۔مث) وہ مقداریں جو معلوم ہوں۔
**مُقارَبَت**۔ (مُ۔قا۔رَ۔بَت) (ع۔ا۔مث) قریب آنا (۲) قرب۔ قربت نزدیکی (۳) صحبت۔ ہم بستری۔
**مُقارِن**۔ (مُ۔قا۔رِن) (ع۔صف) نزدیک۔ قریب (۲) درمیان اثنا۔ دوران۔
**مُقارَنَت**۔ (مُ۔قا۔رَ۔نَت) (ع۔ا۔مث) قرین ہونا۔ نزدیک ہونا پاس ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
**مَقاصِد**۔ (مَ۔قا۔صِد) (ع۔ا۔مذ) مقصد کی جمع۔ مطالب۔ مدعا اغراض۔ مرادیں۔ خواہش۔ ارادہ۔
**مُقاطِع**۔ (مُ۔قا۔طِع) (ع۔ا۔مذ) کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔ کسی چیز کو اجارے اور ٹھیکے پر لینے والا۔
**مُقاطعہ**۔ (مُ۔قا۔طَ۔عَہ) (ع۔ا۔مذ) کاٹنا۔ تعلق نہ رکھنا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔
**مُقاطعۂ جُوعی**۔ (ع۔ا۔مذ) بھوک ہڑتال۔
**مَقال**۔ (مَ۔قال) (ع۔ا۔مث) گفتگو۔ بات چیت۔ کلام۔
**مَقالہ**۔ (مَ۔قا۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) کہی ہوئی بات۔ قول۔ مقولہ۔ (۲) تحریر (۳) اقلیدس کا ہر حصّہ جس میں اقلیدس کے دعوے۔ اُن کے ثبوت اور شکلیں درج ہوں (۴) کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل۔ جمع: مقالات۔
**مقالۂ افتتاحیہ**۔ اخبار کا لیڈنگ آرٹیکل۔ اڈیٹر کا تبصرہ۔ شروع کا مضمون۔
**مَقام**۔ (مَ۔قام) (ع۔ا۔مذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ مسکن۔ ٹھکانہ۔ گھر (۲) منزل۔ اترنے کی جگہ۔ پڑاؤ (۳) محل۔ موقع۔ وقت (۴) موسیقی میں پردۂ سرود (۵) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ جمع: مقامات۔
**مقامِ ابراہیمؑ**۔ (ع۔ا۔مذ) بیت اللہ میں اُس جگہ کا نام جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی تھی۔
**مُقام بولنا**۔ (۱۔محاورہ) ٹھہرنے کا حکم دینا۔
**مقام دینا**۔ (۱۔محاورہ) تعزیت کر جانا۔ ماتم پرسی کے لیے کسی کے گھر جانا (۲) گھوڑے کو آرام دینا۔
**مقام کرنا**۔ (۱۔محاورہ) ٹھہرنا۔ اُترنا۔
**مقامِ گفتگو**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) محلِ اعتراض۔ شک و شبہ کی گنجائش۔
**مقامِ محمود**۔ (ع۔ا۔مذ) پسندیدہ درجہ (۲) خوبیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ (۳) اُس مقام کا نام جہاں شبِ معراج آنحضرت صلعم



Marfat.com

پہونچے تھے۔
**مقامِ مُصلّیٰ** - [ع - ا - مذ] کعبہ شریف میں وہ مقام جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز پڑھی تھی۔
**مقامِ معیّن** - [ع - ا - مذ] مقرر جگہ - خاص جگہ۔
**مقامِ ہُو** - [ع - ف - ا - مذ] سناٹے کی جگہ۔
**مقام ہونا** - [ا - محاورہ] ٹھہرنا - قیام ہونا۔
**مقامات** - (مَ - قا - مات) [ع - ا - مذ] مقام کی جمع (۲) احکام - قواعد (۳) علمِ موسیقی کے بارہ پردے۔
**مُقامِر** - (مُ - قا - مِر) [ع - ا - مذ] قمار باز - جواری۔
**مُقامَرت** - [ع - ا - مث] قمار بازی - جوا بازی۔
**مُقامی** - (مُ - قا - می) [ع - ا - مذ] ٹھہرا ہوا - ساکن - قائم (۲) کسی خاص جگہ سے متعلق (۳) لوکل۔
**مقامی رنگ** - [ع - ف - ا - مذ] کسی مقام کا انداز - وہ انداز جو کسی زمین، جگہ یا علاقے سے منسوب ہو۔
**مُقاوَمت** - (مُ - قا - وَ - مَت) [ع - ا - مث] مقابلہ - برابری۔
**مَقبرہ** - (مَق - بَ - رَہ) [ع - ا - مذ] قبر کی جگہ - روضہ - درگاہ - مزار - گور - مرقد - وہ عمارت جو قبر پر بنائی جائے (جمع) مقابر۔
**مُقبِل** - (مُق - بِل) [ع - صف] (۱) حق کا فرمان قبول کرنے والا (۲) اقبال مند - دولت مند - صاحبِ اقبال - بھاگ وان (۳) روبرو ہونے والا۔
**مُقبَل** - [ع - صف] قبول کیا گیا - روبرو کیا گیا - منہ چڑھا - عزت والا۔
**مقبوض** - [ع - صف] قبضہ کیا گیا - پکڑا گیا - قبضہ میں لیا گیا۔
**مقبوضہ** - (مَق - بُو - ضہ) [ع - صف] قبضہ کیا گیا - وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے - جمع: مقبوضات۔
**مقبُول** - (مَق - بُول) [ع - صف] قبول کیا گیا - مانا گیا - پسندیدہ - برگزیدہ - پیارا - محبوب - جمع: مقبولین - مقبولاں۔
**مقبولِ بارگاہ** - [ع - ف - صف] خدا کا پیارا - محبوبِ الٰہی۔
**مقبول ہونا** - [ا - مص مرکب] قبول ہونا - پسندیدہ ہونا - منظور ہونا۔
**مقبولیت** - (مَق - بُو - لی - یَت) [ع - ا - مث] قبولیت - اجابت - منظوری۔
**مُقتَبِس** - (مُق - تَ - بِس) [ع - صف] اقتباس کرنے والا - روشنی لینے والا - دوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا۔
**مُقتَبَس** - (مُق - تَ - بَس) [ع - صف] اقتباس کیا گیا - فائدہ اٹھایا گیا۔
**مُقتدا** - (مُق - تَ - دا) [ع - ا - مذ] پیروی کیا گیا - وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں - پیشوا - رہنما - جمع: مقتدایان۔
**مُقتَدِر** - (مُق - تَ - دِر) [ع - صف] اقتدار رکھنے والا - طاقتور - قوی - زور آور - معزز۔
**مُقتدی** - (مُق - تَ - دی) [ع - ا - مذ] پیروی کرنے والا - پیرو (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔

**مُقتَضا** - (مُق - تَ - ضا) [ع - صف] تقاضا کیا گیا (۲) مجازاً - مطلب - مراد - چاہا گیا - خواہش کی گئی - موقع - مناسب - مصلحت۔
**مُقتضائے انصاف** - [ع - صف] انصاف کی رُو سے - انصاف کے مطابق۔
**مُقتضائے وقت** - [ع - صف] مناسب وقت - حسبِ تقاضائے وقت - مصلحت - وقت کے مطابق۔
**مُقتَضَب** - (مُق - تَ - ضَب) [ع - صف] کاٹا گیا - نکالا گیا (۲) عروض کی ایک بحر۔
**مُقتَضی** - (مُق - تَ - ضی) [ع - صف] تقاضا کرنے والا - خواہش کرنے والا - چاہنے والا۔
**مَقتَل** - (مَق - تَل) [ع - ا - مذ] قتل کرنے کی جگہ - مذبح - مسلخ - کمیلا۔
**مَقتُول** - (مَق - تُول) [ع - صف] قتل کیا گیا - مارا گیا (۲) مجازاً عاشق - فریفتہ - جمع: مقتولین۔
**مِقدار** - (مِق - دار) [ع - ا - مث] اندازہ - شمار - وزن - تول (۲) جسامت - ڈیل ڈول (۳) تعداد - رقم (۴) مجموعہ - میزان - جوڑ - حاصل (۵) پھیلاؤ - وسعت (جمع) مقادیر۔
**مقدارِ مُثبتہ** - [ع - ا - مث] جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی داہنی طرف جمع کی علامت ہو۔
**مقدارِ مجہول** - [ع - ا - مث] جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو - نامعلوم رقم۔
**مقدارِ مرکّب** - [ع - ا - مث] (جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کے کئی اجزاء ہوں - اور ہر جزو کی داہنی طرف جمع یا نفی کی علامت ہو۔
**مقدارِ معروف** - [ع - ا - مث] وہ رقم جو معلوم ہو - رقم معلوم۔
**مقدارِ مقرّرہ** - [ع - ا - مث] مقرر کی ہوئی مقدار - تجویز کی ہوئی رقم۔
**مقدارِ منفیہ** - [ع - ا - مث] (جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کی داہنی طرف نفی کی علامت ہو۔
**مُقدّر** - (مُ - قد - دَر) [ع - صف] پہلے سے لکھا گیا - اندازہ کیا گیا - تقدیر کیا گیا (۲) وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لیے جائیں - محذوف (۳) قسمت کا لکھا - تقدیر - نصیب - قسمت - سرنوشت۔
**مقدّر آزمانا** - [ا - محاورہ] قسمت کی آزمائش کرنا - نصیبے کا امتحان کرنا۔
**مقدّر آزمائی** - [ع - ف - ا - مث] قسمت کا امتحان - تقدیر کی آزمائش۔
**مقدّر بدلنا** - [ا - محاورہ] تقدیر کا بدل جانا - حالات دوسرے ہو جانا۔
**مقدّر برگشتہ ہونا** - [ا - محاورہ] قسمت بگڑنا - تقدیر برخلاف ہونا۔
**مقدّر پر پتھر پڑنا** - [ا - محاورہ] تقدیر بگڑ جانا۔
**مقدّر پلٹنا** - [ا - محاورہ] تقدیر برگشتہ ہونا۔
**مقدّر پھوٹنا** - [ا - محاورہ] تقدیر بگڑنا۔
**مقدّر پھوڑنا** - [ا - محاورہ] تقدیر آزمائی کرنا۔
**مقدّر جاگنا** - [ا - محاورہ] دن پھرنا - اقبال کا زمانہ آنا - اچھے دن آنا۔



Marfat.com

**مقدر چمکنا** ۔(ا۔محاورہ) تقدیر جاگنا۔ بھلے دن آنا۔ قسمت یاور ہونا۔
**مقدر ڈھیلوں سے پھوڑنا** ۔(ا۔محاورہ) کنایہ ہے بدقسمتی سے۔
**مقدر راستے پر آنا** ۔(ا۔محاورہ) قسمت سیدھی ہو جانا۔ اقبال کے دن آنا۔
**مقدر سامنے ہونا** ۔(ا۔محاورہ) قسمت موافق ہونا۔ طالع یاور ہونا۔
**مقدر سے زور نہیں چلتا** ۔(ا۔محاورہ) تقدیر کے سامنے تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔ جو قسمت میں ہے ہو کر رہتا ہے۔
**مُقدر سو جانا** ۔(ا۔محاورہ) تقدیر کا برخلاف ہو جانا۔
**مقدر سیدھا ہونا** ۔(ا۔محاورہ) قسمت موافق ہونا۔
**مقدر کا پیچ** ۔(ا۔مذ) تقدیر کا پھیر۔
**مقدر کا چکر** ۔(ا۔مذ) قسمت کی گردش۔
**مقدر کا کروٹ لینا** ۔(ا۔محاورہ) تقدیر بدلنا۔ اقبال مندی کا زمانہ آنا۔
**مقدر کا لکھا** ۔(ا۔مذ) نوشتۂ تقدیر۔
**مقدر کا ہیٹا** ۔(ا۔صف۔مذ) بدقسمت۔ بدنصیب۔
**مقدر کے آگے کسی کی نہیں چلتی** ۔(ا۔مثل) نوشتۂ تقدیر کے خلاف کسی کا زور نہیں چلتا۔
**مقدر لڑنا** ۔(ا۔محاورہ) قسمت موافق ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔
**مقدر میں لکھا ہونا** ۔(ا۔محاورہ) نوشتہ تقدیر ہونا۔
**مقدر میں ہونا** ۔(ا۔محاورہ) تقدیر میں ہونا۔
**مُقدِرَت** ۔(مَق۔دِ۔رَت)(ع۔ا۔مث) قدرت۔ طاقت۔ قوت (۲) بساط۔ حیثیت۔
**مُقدس** ۔(مَق۔دِس)(ع۔ا۔مذ) پاک جگہ۔ پاک۔ جیسے بیت المقدس جمع: مقادس۔
**مُقدّس** ۔(مُ۔قَد۔دَس)(ع۔صف) پاک کیا گیا (۲) پاک۔ معصوم۔ بے گناہ (۳) بزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خصلت۔
**مُقدّس کتاب** ۔(ع۔ا۔مث) پاک کتاب۔ آسمانی کتاب۔ جیسے توریت زبور۔ انجیل۔ قرآن مجید۔
**مُقدّسہ** ۔(مُ۔قَد۔دَ۔سَہ)(ع۔صف) پاک۔ جیسے مقامات مقدسہ (۲)(مث) پاک عورت۔
**مَقدَم** ۔(مَق۔دَم)(ع۔ا۔مذ) آمد۔ ورود۔ تشریف آوری۔ قدم رنجہ فرمائی۔ رونق افروزی (۲) وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے (۳) پاؤں رکھنے کی جگہ۔
**مُقدِّم** ۔(مُ۔قَد۔دِم)(ع۔صف) بڑھ کر آگے جانے والا۔ بہادر (۲) پیش کرنے والا (۳) خداوند تعالیٰ کا ایک نام۔
**مُقدَّم** ۔(مُ۔قَد۔دَم)(ع۔صف) پیش کیا گیا۔ آگے کیا گیا (۲) پہلا۔ اگلا۔ گزشتہ۔ سابقہ۔ قدیم (۳) اعلیٰ۔ اونچا۔ معزز۔ برتر۔ بزرگ (۴) واجب۔ فرض۔ ضروری۔ لازم۔ مناسب (۵) آگے کا حصہ (۶) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ سرکردہ۔ (۷) زمینداروں میں ایک عزت کا لقب (۸) حساب بہلی رقم (۹) قصابوں کی اصطلاح میں ران کا وہ حصہ جو جوڑ سے ملحق ہے (۱۰) منطق میں شرط کا پہلا جز۔ قضیہ (۱۱) نجوم کی اصطلاح میں قمر کی چھبیسویں منزل۔
**مقدّم جاننا** ۔کسی کام کا سب سے اوّل خیال رکھنا۔ ترجیح دینا (۲) اچھا سمجھنا۔ واجب جاننا۔ لازم قرار دینا۔
**مقدّم جاننا، سمجھنا** ۔(ا۔محاورہ) زیادہ ضروری جاننا۔ کسی کام کو اوّل خیال کرنا۔
**مقدّم ہونا** ۔(ا۔محاورہ) پہلے ہونا۔ کسی کام کا زیادہ ضروری ہونا۔ دوسرے پر ترجیح ہونا۔
**مُقدّمات** ۔(مُ۔قَد۔دَ۔مات)(ع۔ا۔مذ) (۱) مقدمہ کی جمع (۲) مقدمے۔ معاملات۔
**مُقدِّمہ** ۔(مُ۔قَد۔دِ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) آگے چلنے والا۔ آگے جانے والا (۲) فوج کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا جائے۔ ہراول (۳) دیباچہ۔ تمہید۔
**مقدّمۃ الجیش** ۔(ع۔ا۔مذ) وہ لشکر جو آگے بھیج دیا جائے۔ ہراول فوج۔ (۲) پیش خیمہ (۳) فوج کا حاکم اعلیٰ۔ سپہ سالار۔ سرغنہ۔
**مُقدَّمہ** ۔(مُ۔قَد۔دَ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) نالش۔ دعویٰ۔ استغاثہ۔ حادثہ۔ وقوعہ۔ واردات واقعہ (۳) معاملہ۔ موقع (۴) بات۔ مسئلہ۔
**مقدمہ اٹھانا** ۔(ا۔محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔
**مقدمہ باز** ۔(ع۔ف۔صف) وہ شخص جسے مقدمے لڑنے کا بہت شوق ہو۔
**مُقدّمہ بازی** ۔(ع۔ف۔ا۔مث) نالش۔ عدالتی چارہ جوئی۔ عدالت میں مقدمہ لڑنا۔
**مقدمہ بنانا** ۔(ا۔محاورہ) جھوٹا دعویٰ تیار کرنا۔
**مقدمہ جیتنا** ۔(ا۔محاورہ) عدالت سے دعوے میں کامیاب ہونا۔
**مقدمہ داخل دفتر ہونا** ۔(ا۔محاورہ) مقدمہ کی کارروائی بند ہونا۔
**مقدمہ قابل دست اندازی پولیس** ۔(ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے۔
**مقدمہ کھڑا کرنا** ۔(ا۔محاورہ) جھگڑا اٹھانا۔ فساد پیدا کرنا۔
**مقدمہ لڑنا** ۔(ا۔محاورہ) نالش کرنا۔ دعویٰ پیش کرنا۔
**مقدمہ مرتب کرنا** ۔(ا۔محاورہ) مقدمہ کو ترتیب دینا۔
**مُقدّمی** ۔(مُ۔قَد۔دَ۔مِی)(ع۔ف۔صف) مقدّم کا پیشہ۔ نمبرداری کا عہدہ (۲) مقدم کے حقوق (۳) مقدم سے متعلق۔
**مَقدُور** ۔(مَق۔دُور)(ع۔ا۔مذ) قدرت۔ طاقت۔ قوت۔ زور بل۔ شکتی۔ بوتا (۲) حوصلہ۔ تاب۔ مجال (۳) حیثیت۔ مجال۔ گنجائش۔ قابلیت۔ سمائی (۴) بس۔ قابو۔ دسترس۔ اختیار (۵) رسائی۔ پہونچ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ سہارا (۶) جرأت۔ دلیری (۷) دولت۔ ثروت۔ مایہ۔
**مقدور بھر (تک)** ۔(ا۔تابع فعل) جہاں تک ممکن ہو۔ حد بھر طاقت کے مطابق۔



Marfat.com

**مقدور چلنا** - [ا - محاورہ] بس چلنا - قابو چلنا - زور چلنا -

**مقدور رکھنا** - [ا - محاورہ] قدرت رکھنا - حوصلہ رکھنا - جرأت رکھنا دولت مند ہونا -

**مقدور سے باہر پاؤں رکھنا** - [ا - محاورہ] حیثیت سے بڑھ کر چلنا - اپنی حد سے آگے بڑھنا -

**مقدور کی بات** - [ا - مث] روپے کا کھیل - دولت کی بات -

**مقدور والا** - [ا - صف] صاحب دولت - امیر - پیسے والا -

**مقدور ہونا** - [ا - محاورہ] حوصلہ ہونا - تاب ہونا - مجال ہونا (۲) قابو ہونا - بساط ہونا - حیثیت ہونا (۳) زر ہونا - مال و دولت ہونا (۴) زور ہونا - طاقت ہونا - سمائی ہونا -

**مَقدُونیہ** - (مَق - دُو - نِ - یَہ) [ع - ا - مذ] یونان کے شمال میں ایک شہر جو سکندر اعظم کا پایۂ تخت تھا -

**مُقِر** - (مُ - قِر) [ع - صف] اقرار کرنے والا - حامی کار - اقراری - معترف - اعتراف کرنے والا - ماننے والا - تسلیم کرنے والا -

**مُقِرِ مُجرِم** - [ع - ا - مذ] وہ مجرم جس نے اپنے جُرم کا اقرار کر لیا ہو -

**مقر ہونا** - [ا - مص مرکب] اقرار کرنا - ماننا - تسلیم کر لینا -

**مَقَر** - (مَ - قَر) [ع - ا - مذ] جائے قرار - ٹھہرنے کی جگہ - مسکن - قیام - قرار گاہ -

**مقرِ خلافت** - [ع - ف - مذ] دار الحکومت - دار السلطنت - پایۂ تخت - راج دھانی -

**مِقرَاض** - (مِق - رَاض) [ع - ا - مث] قینچی - کترنی -

**مقراض کی طرح زبان چلنا** - [ا - محاورہ] بہت تیزی سے بولنا - جلدی جلدی باتیں کرنا -

**مِقرَاضہ** - (مِق - رَا - ضَہ) [ع - ا - مذ] ایک قسم کا تیر جس کا پھل قینچی کی طرح دو شاخہ ہوتا ہے (۲) گلگیر - گل تراش (۳) ایک قسم کا حلوا -

**مُقَرَّب** - (مُ - قَر - رَب) [ع - صف] قریب کیا گیا - بزرگی دیا گیا (۲) [ا - مذ] وہ شخص جسے قربت حاصل ہو - مصاحب خاص دوست - ہمراز - منہ چڑھا - منہ لگا - جمع : مقربین - مقربان -

**مُقَرَّبِ بارگاہ** - [ع - ف - ا - مذ] وہ شخص جسے دربار میں آنے کی اجازت حاصل ہو - بادشاہ کے پاس رہنے والا - معزز درباری -

**مُقَرَّر** - (مُ - قَر - رَر) [ع - صف] قرار کیا گیا - ٹھہرایا گیا (۲) چکایا گیا - (۳) تعینات - مامور - متعین (۴) عہد کیا گیا (۵) بلا شبہ یقیناً - ضرور -

**مقرر کرنا** - [ا - مص مرکب] ٹھہرانا - متعین کرنا (۲) نوکر رکھنا - جگہ دینا (۳) قیمت چکانا (۴) لگانا - تجویز کرنا -

**مُقَرِّر** - (مُ - قَر - رِر) [ع - صف] تقریر کرنے والا - لیکچرار -

**مُقَرَّرہ** - (مُ - قَر - رَ - رَہ) [ع - صف] قرار دیا گیا - ٹھہرایا گیا - تجویز کیا گیا - مجوزہ معینہ - حسب دستور -

**مُقَرِّرہ** - (مُ - قَر - رِ - رَہ) [ع - صف] تقریر کرنے والی - مقرر کی تانیث -

**مُقَرَّض** - [ع - صف] کاٹا ہوا - قینچی سے کاٹا ہوا -

**مُقَرنَس** - (مُ - قَر - نَس) [ع - صف] بلند (۲) گول (۳) [ا - مذ] بلند محرابی عمارت جس پر چکر دار سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں اور اس میں تصویریں لگی ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی پگڑی -

**مَقرُوض** - (مَق - رُوض) [ع - صف] جس پر کسی کا قرض آتا ہو - قرضدار - مدیون -

**مقروض ہونا** - [ا - مص مرکب] قرض دار ہونا -

**مَقرُوق** - [ا - صف] قرق کیا گیا - ضبط کیا گیا -

**مَقرُون** - (مَق - رُون) [ع - صف] نزدیک کیا گیا - پاس - قریب (۲) وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی لکھے -

**مُقسِط** - (مُق - سِط) [ع - صف] عادل - منصف (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام -

**مَقسُوم** - (مَق - سُوم) [ع - صف] تقسیم کیا گیا - بانٹا گیا (۲) [ا - مذ] علم حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو (۳) حصہ - بخرہ - نصیب تقدیر - بخت - مقدر -

**مقسوم پر پتھر پڑنا** - [ا - محاورہ] قسمت پھوٹنا - تقدیر بگڑ جانا -

**مقسوم جاگنا** - [ا - محاورہ] نصیبہ یاور ہونا - دن پھرنا - اچھے دن آنا -

**مقسوم چمکنا** - [ا - محاورہ] قسمت بیدار ہونا - بخت یاور ہونا -

**مقسوم علیہ** - [ع - صف] وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے -

**مقسوم علیہ اعظم** - [ع - صف] وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا تقسیم کر دے - عاد اعظم -

**مقسوم کا اترنا** - [ا - محاورہ] جو چیز قسمت میں ہو اس کا ملنا -

**مقسوم کا لکھا** - [ا - مذ] نوشتۂ تقدیر - سر نوشت -

**مُقَشَّر** - (مُ - قَش - شَر) [ع - صف] چھلکا اتارا ہوا - پوست دور کیا ہوا -

**مَقصَد** - (مَق - صَد) [ع - ا - مذ] قصد کرنے کی جگہ - وہ جگہ جہاں کا ارادہ ہو (۲) مطلب - مدعا - مراد - نیت - ارادہ - منشا - معنی -

**مقصد بر آنا** - [ا - محاورہ] مراد پوری ہونا - مطلب حاصل ہونا -

**مقصد کھلنا** - [ا - محاورہ] مقصد ظاہر ہونا - منشا ظاہر ہونا -

**مقصد ملنا** - [ا - محاورہ] مطلب حاصل ہونا -

**مقصد ور** - [ع - ف - صف] خوش نصیب - کامیاب -

**مُقَصِّر** - (مُ - قَص - صِر) [ع - صف] قصور کرنے والا - کوتاہی کرنے والا (۲) کم رہنے والا -

**مُقَصَّر** - (مُ - قَص - صَر) [ع - صف] کم کیا گیا - تقصیر کیا گیا -

**مَقصُود** - (مَق - صُود) [ع - صف] قصد کیا گیا - ارادہ کیا گیا - مجازاً مطلب مراد - غرض - مدعا -

**مقصود بالذات** - [ع - صف] وہ چیز جو اصل مقصود ہو - بذات خود مقصود ہو -

**مقصودِ کُن فکاں** - [ع - ا - مذ] کنایۃً ذات گرامی - حضور نبی اکرم



Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم۔
**مَقصُور**۔ (مَق۔صُور) [ع۔صف] کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا۔
**مَقصُورہ**۔ [ع۔صف] مقصور کی تانیث (۲) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
**مُقَطَّر**۔ (مُ۔قَط۔طَر) [ع۔صف] ٹپکایا ہوا۔ قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا۔
**مَقطَع**۔ (مَق۔طَع) [ع۔ا۔مذ] غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے۔
**مقطع کا بند**۔ [ا۔مذ] نظم کا آخری بند جس میں شاعر کا تخلص ہو (۲) وہ خاص بات جس کا کہنا یا لکھنا اصل مقصود ہو۔
**مُقَطَّع**۔ (مُ۔قَط۔طَع) [ع۔صف] تراشا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ تراش خراش سے آراستہ کیا ہوا۔ (۲) مہذب۔ سنجیدہ۔ شائستہ (۳) قابلِ اعتبار۔ معتمد۔
**مقطع داڑھی**۔ [ا۔مث] شرع کے مطابق تراشی ہوئی داڑھی۔
**مقطع صورت**۔ [ا۔مث] مہذب شکل۔
**مُقَطَّعات**۔ (مُ۔قَط۔طَ۔عات) [ع۔ا۔مذ] کپڑے کے ٹکڑے۔ کترنیں۔ ریشمی کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) بحرِ رجز کے اشعار۔ سبک وزن اشعار (۳) وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں جیسے الم۔ یٰسین۔ حٰم۔
**مَقعَد**۔ (مَق۔عَد) [ع۔ا۔مث] بیٹھنے کی جگہ۔ دُبُر۔ گُون۔
**مُقعَر**۔ (مُق۔عَر) [ع۔صف] گہرا۔ عمیق (۲) گڑھا۔
**مُقفَل**۔ (مُق۔فَل) [ع۔صف] قفل لگا ہوا۔ تالا پڑا ہوا۔
**مقفل کرنا**۔ قفل لگانا۔ تالا لگا کر بند کرنا۔
**مُقَفّٰی**۔ (مُ۔قَف۔فا) [ع۔صف] قافیہ کیا گیا۔ قافیے دار۔ مسجع۔
**مُقَلِّب**۔ (مُ۔قَل۔لِب) [ع۔صف] بدلنے والا۔ پلٹنے والا۔
**مقلب القلوب**۔ دلوں کو پھیر دینے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
**مُقَلِّد**۔ (مُ۔قَل۔لِد) [ع۔صف] تقلید کرنے والا۔ پیرو۔ مرید۔ معتقد (۲) نقال۔ مسخرہ (۳) وہ مسلمان جو چاروں اماموں کو مانتا ہو۔ جمع۔ مقلدین۔
**مَقلُوب**۔ (مَق۔لُوب) [ع۔صف] پلٹا گیا یا الٹا گیا (۲) علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس کی عبارت سیدھی الٹی یکساں پڑھی جائے جیسے شاباش۔
**مقلوب بعض**۔ [ع۔صف] وہ صنعت مقلوب جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر عبارت موزوں کریں۔ امام سے سامم
**مقلوب کل**۔ [ع۔صف] وہ صنعتِ مقلوب جس میں حروف کی تبدیلی بالترتیب ہو جیسے مان۔ نام۔ اناج۔ جانا۔
**مقلوب مُستوی**۔ [ع۔صف] وہ صنعت مقلوب جس میں پورے لفظ یا کلام کو الٹ کر پڑھ سکیں جیسے درد۔ تلق۔ نازان۔ ساس۔
**مَقناطِیس**۔ (مَق۔نا۔طیس) [یو۔ا۔مذ] ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ چمک پتھر۔ آہن رُبا۔

**مقناطیسی**۔ [ع۔ا۔مث] مقناطیس سے منسوب (۲) پُرکشش۔
**مقناطیسیّت**۔ [ع۔ا۔مث] مقناطیسی کشش (۲) کشش۔ دلکشی۔
**مقنانا**۔ [ا۔مص] مقناطیسی (Magnetize) خاصیت پیدا کرنا۔ مقناطیسی اثر ڈالنا۔
**مقناؤ**۔ [ا۔مذ] مقناطیسی خاصیت پیدا کرنے کا عمل۔ مقناطیسی عمل۔ [انگ] (Magnetization)
**مِقنَعَہ۔ مِقنَع**۔ (مِق۔نَ۔عہ) (مِق۔نَع) [ع۔ا۔مذ] وہ باریک کپڑا جو دُلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں (۲) باریک چادر جو عورتیں پردے کے لیے چہرے پر ڈال لیتی ہیں۔
**مُقَنِّن**۔ (مُ۔قَن۔نِن) [ع۔صف] قانون بنانے والا۔ قانون جاننے والا۔ جمع۔ مقننین۔
**مُقَنِّنہ**۔ (مُ۔قَن۔نِ۔نہ) [ع۔صف] قانون ساز اسمبلی۔ [انگ] (Lagislative)
**مِقوَد**۔ (مِق۔وَد) [ع۔ا۔مث] دھاگا۔ ڈوری۔ رسّی (۲) جہاز کا رستا کشتی کی رسّی۔
**مُقَوَّس**۔ (مُ۔قَو۔وَس) [ع۔صف] کمان کی طرح خم کھائے ہوئے۔
**مُقَوقِس**۔ (مُ۔قَو۔قِس) [ع۔ا۔مذ] مصر کے بادشاہ کا نام جس کے پاس پیغمبر صلعم نے فتح مکہ کے بعد سفیر بھیجا تھا۔
**مَقُولہ**۔ (مَ۔قُو۔لہ) [ع۔ا۔مذ] بات۔ کہاوت۔ قول۔ بچن۔ ضرب المثل۔
**مُقَوِّم**۔ [ع۔صف] قیمت مقرر کرنے والا۔ سیدھا رکھنے والا۔
**مُقَوِّی**۔ (مُ۔قَو۔وِی) [ع۔صف] قوت دینے والا۔ قوت بخشنے والا۔
**مُقَوّٰی**۔ (مُ۔قَو۔وا) [ع۔صف] قوی کیا گیا۔ مضبوط کیا گیا (۲) پٹھا۔ دفتی (۳) دفتی کا بنا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔
**مَقہُور**۔ (مَق۔ہُور) [ع۔صف] قہر کیا گیا۔ جس پر غصہ ہو۔ جمع۔ مقہورین۔
**مُقِیء**۔ (مُ۔قی۔ای) [ع۔صف] قے لانے والی چیز۔
**مِقیاس**۔ (مِق۔یاس) [ع۔ا۔مذ] وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں۔ پیمانہ۔
**مقیاس الحرارت**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ آلہ جس سے گرمی کا اندازہ کریں۔ تھرمامیٹر۔
**مقیاس اللّبن**۔ [ع۔ا۔مذ] دودھ جانچنے کا آلہ۔ [انگ] (Lactometer)
**مقیاس الماء**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ آلہ جس سے پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ پنسال۔
**مقیاس المطر**۔ [ع۔ا۔مذ] بارش ناپنے کا آلہ۔ (Rain Guage)
**مقیاس الموسم**۔ موسم کے تغیر و تبدّل معلوم کرنے کا آلہ۔
**مقیاس الہوا**۔ [ع۔ا۔مذ] وہ آلہ جس سے ہوا کا دباؤ۔ رطوبت اور طوفان کا حال معلوم ہوتا ہے۔ (Barometer)
**مُقِیت**۔ (مُ۔قِیت) [ع۔صف] روزی دینے والا۔ قوت (خوراک) بخشنے والا۔ (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔
**مُقَیَّد**۔ (مُ۔قَی۔یَد) [ع۔صف] قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ پابند۔



Marfat.com

**مُقَیِّش**۔ (مُ۔قَ۔یِّش) [ا۔ امذ و مث] سونے چاندی کے تار۔ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا جیسے زری۔ بادلہ۔ اطلس۔ تمامی۔ تاش۔

**مُقَیِّشی**۔ (مُ۔قَ۔یِّ۔شی) [ا۔ صف] سونے چاندی کے تاروں کا زربفت کا۔ بادلے کا۔

**مقیشی ڈاڑھی**۔ [ا۔ مث] زردی مائل سفید ڈاڑھی۔ خوبصورت سفید براق ڈاڑھی۔

**مُقَیِّشی گوکھرو**۔ [ا۔ مذ] ایک قسم کا گوکھرو جو تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے۔

**مُقیم**۔ (مُ۔قیم) [ع۔ صف] قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ فروکش ہونے والا۔ رہنے والا (۲) قائم۔ قیام پذیر (۳) وہ شخص جو کسانوں اور باغبانوں کی سبزی اور پھل پھول وغیرہ بطور آڑھتی نیلام کرتا ہے۔ جمع، مقیمان۔

**مقیم ہونا**۔ [ا۔ مص مرکب] قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ بسنا۔ اترنا۔

## م۔ک

**مُک**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] مُکّا کا مخفف۔

**مُکّا**۔ (مُ۔کّا) (مُک۔کا) [ہ۔ ا۔ مث] بڑی جوار۔ مکئی۔

**مُکّا**۔ (مُک۔کا) [ہ۔ ا۔ مذ] گھونسا۔ مُشت۔ ڈگ۔ بند مٹھی جس سے ضرب لگائی جائے۔

**مُکّا چلانا**۔ [ا۔ محاورہ] مُکّے سے مارنا۔

**مُکّا چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] مُکّے سے مار پیٹ ہونا۔ مُکّے بازی ہونا۔

**مُکّا لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] گھونسا مارنا۔ ڈگ جڑنا۔

**مُکّا**۔ [ق] گونگا۔

**مُکابَرَہ**۔ (مُ۔کا۔بَ۔رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] بڑائی جتانا۔ شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ (۲) جھگڑا۔ قصیہ۔ لڑائی (۳) مقابلہ۔ مجادلہ۔

**مُکاتِب**۔ (مُ۔کا۔تِب) [ع۔ ا۔ مذ] مکتب کی جمع۔ مدرسے۔ درس گاہیں۔

**مُکاتَبات**۔ (مُ۔کا۔تَ۔بات) [ع۔ ا۔ مذ] مکاتبہ کی جمع۔ خطوط۔ چٹھیاں۔

**مُکاتَبَت**۔ (مُ۔کا۔تَ۔بَت) [ع۔ ا۔ مث] باہم خط و کتابت۔ مراسلت۔

**مُکاتَبہ**۔ (مُ۔کا۔تَ۔بہ) [ع۔ ا۔ مذ] نامہ۔ خط۔ چٹھی۔ جمع۔ مکاتبات۔

**مُکاتیب**۔ (مُ۔کا۔تیب) [ع۔ ا۔ مذ] مکتوب کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ رقعے۔

**مَکّار**۔ (مَک۔کار) [ع۔ صف] مکر کرنے والا۔ فریبی۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔ عیّار۔

**مَکارِم**۔ (مَ۔کا۔رِم) [ع۔ ا۔ مذ] مکرمت کی جمع۔ بزرگیاں۔ خوبیاں۔ محاسن اچھے اوصاف۔ قابلِ تعریف کام (۲) نوازشیں۔ مہربانیاں۔

**مَکارِہ**۔ (مَ۔کا۔رِہ) [ع۔ ا۔ مث] مکروہ کی جمع۔ ناپسندیدہ چیزیں۔ قابلِ کراہت باتیں۔

**مَکّارَہ**۔ (مَک۔کا۔رَہ) [ع۔ صف] مکار عورت۔ فریبن۔

**مَکّاری**۔ (مَک۔کا۔ری) [ع۔ ا۔ مث] دغابازی۔ فریب کاری عیّاری۔

**مَکاسِب**۔ (مَ۔کا۔سِب) [ع۔ ا۔ مذ] کسب کی جمع۔ ہنر۔ پیشے۔

**مُکاشَفَت**۔ (مُ۔کا۔شَ۔فَت) [ع۔ ا۔ مث] بھید کھولنا۔ انکشاف راز کرنا۔ اظہار۔ افشا۔ امورِ غیبی کا انکشاف۔

**مُکاشَفہ**۔ (مُ۔کا۔شَ۔فَہ) [ع۔ ا۔ مذ] انکشاف۔ اسرار۔ اولیاء اللہ کو امورِ غیبی کا معلوم ہو جانا۔ کشف۔ کرامات۔ جمع، مکاشفات۔

**مُکافات**۔ (مُ۔کا۔فات) [ع۔ ا۔ مث] عوض۔ بدلہ۔ تاوان (۲) پاداش۔ سزا۔ انتقام۔

**مکافات کو پہنچنا**۔ [ا۔ محاورہ] کیے کی سزا ملنا۔

**مُکالَمہ**۔ (مُ۔کا۔لَ۔مہ) [ع۔ ا۔ مذ] گفتگو۔ زبانی سوال و جواب۔ ہم کلامی (۲) ناٹک۔ ڈرامہ۔ جمع، مکالمات۔

**مَکان**۔ (مَ۔کان) [ع۔ ا۔ مذ] رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مسکن۔

**مکان بدلنا**۔ [ا۔ محاورہ] گھر تبدیل کرنا۔ ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونا۔

**مکان بیٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] مکان بیٹھ جانا۔ مکان گر جانا۔

**مکان دار**۔ [ع۔ صف] مالک مکان۔ گھر والا۔

**مکان دیکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] خریدنے یا کرائے پر لینے کے لیے گھر کا معائنہ کرنا۔ مکان تلاش کرنا

**مکان دینا**۔ [ا۔ محاورہ] گھر کرائے پر دینا۔ گھر فروخت کر دینا۔

**مکان ضرور**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] بیت الخلا۔ پاخانہ۔

**مکان لینا**۔ [ا۔ محاورہ] گھر کرائے پر لینا۔ گھر مانگے لینا۔ گھر مول لینا۔

**مکانِ ہُو**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] سناٹے کی جگہ۔

**مَکانات**۔ (مَ۔کا۔نات) [ع۔ ا۔ مذ] مکان کی جمع۔ بہت سے مکان۔

**مَکائد**۔ (مَ۔کا۔اِد) [ع۔ ا۔ مذ] مکیدہ کی جمع۔ مکر۔ فریب۔ چھل۔

**مُکَبِّر**۔ (مُ۔کَب۔بِر) [ع۔ صف] تکبیر کہنے والا۔ اللہ اکبر کہنے والا۔

**مکبّر الصّوت**۔ [ع۔ ا۔ مذ] آواز کو بلند کرنے والا۔ لاؤڈ سپیکر۔

**مُکت (مکتی)**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] نجات۔ بخشش۔ مغفرت۔ چھٹکارا۔ رہائی۔ (۲) چھوٹا ہوا۔ رہا۔ آزاد (۳) گناہ کی سزا سے بچا ہوا۔ نجات پایا ہوا۔

**مکت داتا**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] نجات دہندہ۔ شفاعت کرنے والا۔

**مُکتا**۔ (مُک۔تا) [ہ۔ صف] بہت سا۔ بے افراط۔ بکثرت۔ کافی۔ بجزبل۔

**مُکتا**۔ (مُک۔تا) [س۔ ا۔ مذ] موتی۔ دُر۔ گوہر۔

**مَکتَب**۔ (مَک۔تَب) [ع۔ ا۔ مذ] لکھنے پڑھنے کی جگہ۔ مدرسہ۔ درسگاہ اسکول۔ جمع، مکاتب۔

**مکتب خانہ (گاہ)**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] مدرسہ۔ اسکول۔ پاٹ شالہ۔

**مکتبِ خیال (فکر)**۔ [ع۔ ا۔ مذ] کسی خاص خیال یا نظریہ کے لوگوں کا گروہ۔

**مَکتَبَہ**۔ (مَک۔تَ۔بَہ) [ع۔ ا۔ مذ] دفتر۔ کتب خانہ۔



Marfat.com

**مُکتحِل**۔(مُک۔تَ۔حِل)[ع۔صف] آنکھ جس میں سُرمہ لگا ہوا۔

**مُکتسِب**۔(مُک۔تَ۔سِب)[ع۔صف] اکتساب کرنے والا۔ حاصل کرنے والا۔ فائدہ اٹھانے والا۔

**مُکتفی**۔(مُک۔تَ۔فی)[ع۔صف] کافی۔ پورا۔ وافی۔

**مکتوب**۔(مَک۔تُوب)[ع۔ا۔مذ] لکھا گیا۔ لکھا ہوا۔ خط۔ نامہ۔ چِٹھی۔

**مکتوب الیہ**۔[ع۔ا۔مذ] جس کے نام خط لکھا جائے۔

**مکتوم**۔(مَک۔تُوم)[ع۔صف] چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

**مُکتی**۔[س۔ا۔مذ] دیکھیے مکت۔

**مُکتی فوج**۔[ا۔مث] عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا کام لوگوں میں عیسائیت کی تبلیغ کرنا ہے۔ (انگ)

(Salvation Army)

**مُکٹ**۔(مُ۔کُٹ)[ہ۔ا۔مذ] مور۔ تاج۔ وہ تاج جو ہندوؤں میں دولہا کے سر پر رکھتے ہیں۔

**مکٹ مال**۔[ق] موتی کا ہار۔

**مُکٹا**۔(مُک۔ٹا)[ہ۔ا۔مث] پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی۔

**مُکث**۔[ع۔ا۔مذ] دیر۔ توقف۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ ہچر مچر۔ التوا۔ انتظار۔ سہل انگاری۔

**مُکحُل**۔(مُک۔حُل)[ع۔ا۔مث] سُرمہ دانی۔

**مِکحَل**۔(مِک۔حَل)[ع۔ا۔مذ] سُرمہ لگانے کا آلہ۔ سلائی۔

**مکحول**۔(مَک۔حُول)[ع۔صف] سُرمہ لگی ہوئی آنکھ۔

**مُکدّر**۔(مُ۔کَد۔دَر)[ع۔صف] کدورت آمیز۔ گدلا۔ مَیلا (۲) ملول۔ ناراض رنجیدہ۔ غمگین۔

**مُکذّب**۔(مُ۔کَذ۔ذِب)[ع۔صف] جھٹلانے والا۔ جھوٹا بتانے والا۔

**مکر**۔[س۔ا۔مذ] آسمان کے دسویں برج کا نام۔ جدی۔

**مکر (چکر) منڈل**۔[س۔ا۔مذ] خطِ جدی۔

**مکر**۔[ع۔ا۔مذ] دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ حیلہ۔ بہانہ۔ (۲) بہروپ بھیس (۳) جھوٹ۔ خلافِ واقع بات (۴) ریا۔ نفاق۔ دورنگی (۵) چالاکی۔ عیاری۔ چال۔

**مکر چاندنی**۔[ا۔مث] پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔ صبحِ کاذب۔

**مکر چکر**۔[ا۔مث] دھوکا دھڑی۔ چھل بٹا۔ دغا فریب۔ حیلہ بہانہ۔

**مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی**۔[ا۔مثل] دغا فریب کی باتیں جن میں آدھا سچ اور آدھا جھوٹ ہوتا ہے۔

**مکر کرنا / گانٹھنا**۔[ا۔محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔

**مُکرانا**۔(مُک۔را۔نا)[ہ۔مص] جھٹلانا۔ جُھٹلانا۔ سچے کو جھوٹا بتانا۔

**مُکر جانا**۔(مُ۔کَر۔جا۔نا)[ا۔مص] انکار کر جانا۔ قول سے پھر جانا۔ منکر ہونا۔

**مُکرّر**۔(مُ۔کَر۔رَر)[ع۔صف] دوبارہ۔ پھر۔ دوسری دفعہ۔ باردِگر۔

**مکرر سہ کرر**۔[ع۔ف۔صف] دوبارہ تہ بارہ۔ بار بار۔ کئی مرتبہ۔

**مُکرّم**۔(مُ۔کَر۔رَم)[ع۔صف] عزت دیا گیا۔ بزرگ۔ محترم۔ معظم۔ معزز۔

**مُکرّم بندہ**۔[ع۔ا۔مذ] میرے محترم۔ جنابِ من۔ بندہ پرور۔ بندہ نواز۔ بزرگوں کا القاب۔

**مَکرُمت**۔(مَک۔رُ۔مَت)[ع۔ا۔مث] بزرگی۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ عظمت۔ جمع؛ مکارم۔

**مُکرنا**۔(مُ۔کَر۔نا)[ا۔مص] اپنے قول سے پھرنا۔ اقرار سے انکار کرنا (۲) مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا۔

**مُکرنی**۔(مُکر۔نی)[ہ۔ا۔مث] چار مصرعوں کی وہ پہیلی جس کے ابتدائی تین مصرعوں میں ایک مسلسل مضمون ہوتا ہے۔ مگر چوتھے مصرعے کا مضمون ان کے بالکل خلاف ہوتا ہے۔ اسے کہہ مکرنی بھی کہتے ہیں۔ جیسے

سگری رین چھتیں پر راکھا	رنگ روپ سب دا کا چاکھا
بھور بھئی جب دیا آتار	اے سکھی ساجن نا سکھی ہار

اس کے موجد امیر خسرو ہیں۔

**مکرونی**۔ (Macrony) (مَک۔رُو۔نی)[انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کھانا۔ آٹے کے سیو جو اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں اور پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

**مکروہ**۔(مَک۔رُوہ)[ع۔صف] کراہیت کیا گیا۔ نفرت انگیز۔ گھناؤنا بھونڈا۔ بدنما۔ ناپسند۔ نامرغوب (۲)[ا۔مذ] قابلِ کراہیت چیز۔ (۳) فقہ کی اصطلاح میں ناجائز چیز۔ وہ بات جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو۔ جمع؛ مکروہات۔

**مکروہ تحریمہ (تحریمی)**۔[ع۔ا۔مذ] بالکل ناجائز۔ وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو۔

**مکروہ تنزیہی**۔[ع۔ا۔مذ] وہ مکروہ جو حلال کے قریب ہو۔

**مکروہات**۔(مَک۔رُو۔ہات)[ع۔ا۔مذ] مکروہ کی جمع (۱) نفرت انگیز چیزیں (۲) واہیات۔ بیہودہ کام۔ دنیوی جھگڑے قصے۔

**مکر بازی**۔[ق] مکار۔

**مکری**۔(مَک۔ری)[ق۔صف] مکار۔

**مُکری**۔(مُک۔ری)[ہ۔ا۔مث] ایک قسم کی ہندی چو مصرعی پہیلی جن کے اوّل تین مصرعوں میں جو بیان ہوتا ہے وہ آخری مصرع کے مضمون کو کسی اور طرف منسوب کرکے سب کو اُلٹ دیتا ہے۔ اُسے کہہ مکرنی بھی کہتے ہیں جیسے

اونچی اٹاری پلنگ بچھایو۔	میں سوئی میرے سر پر آیو
کھل گئیں انکھاں بھئی انند۔	اے سکھی ساجن نا سکھی چند

**مکڑ۔ مکڑا**۔(مَک۔کَڑ۔مَک۔ڑا)[ہ۔ا۔مذ] بڑی مکڑی۔ نر مکڑی۔

**مکڑانا**۔(مَک۔ڑا۔نا)[ا۔مص] اکڑ کر چلنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔

**مکڑائی**۔[ا۔مث] سرکشی۔ سرتابی۔

**مکڑنا**۔(مُ۔کَڑ۔نا)[ا۔مص] اکڑنا۔ اینٹھنا۔ کھنچنا۔

**مکڑی**۔(مَک۔ڑی)[ہ۔ا۔مث] مکڑے کی مادہ۔ عنکبوت۔ ایک قسم کا کیڑا جو اپنے لعاب سے جالا تنتا ہے۔

**مکڑی کا جالا**۔[ا۔مذ] مکڑی کا بنا ہوا تانا بانا۔ تارِ عنکبوت۔



Marfat.com

**مکڑی مل جانا۔** مکڑی کا بدن پر پس جانے کے باعث پیپ لگ جانے سے بدن کا پھول جانا۔

**مکسچر۔** (مِکس۔ چَر) (Mixture) (انگ۔ صف) (۱) آمیزش (۲) دواؤں کا سیال مرکب۔

**مُکَسَّر۔** (مُ۔ کَس۔ سَر) (ع۔ صف) (۱) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ (۲) مربع۔ مکعب (۳) عرض، طول اور موٹائی کا حاصل ضرب۔

**مکسُوبہ۔** (مَک۔ سُو۔ بَہ) (ع۔ صف) حاصل کیا گیا۔ حاصل کیا ہوا۔

**مکسُور۔** (مَک۔ سُور) (ع۔ صف) زیر دیا ہوا حرف۔ وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو۔

**مکسُورہ۔** (مَک۔ سُو۔ رَہ) (ع۔ صف) زیر دیا ہوا حرف۔

**مکشُوف۔** (مَک۔ شُوف) (ع۔ صف) کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر۔

**مُکَعَّب۔** (مُ۔ کَع۔ عَب) (ع۔ صف) (۱) چار گوشہ کیا گیا (۲) وہ جس کی لمبائی چوڑائی اور گہرائی برابر ہو (۳) وہ عدد جو کسی عدد کو آپس میں تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔

**مکفُوف۔** (مَک۔ فُوف) (ع۔ صف) (۱) پھرا ہوا۔ لپٹا ہوا (۲) علم عروض میں سات حرفوں کا لفظ جس کا آخری لفظ گرا دیا گیا ہو۔

**مکفُول۔** (مَک۔ فُول) (ع۔ صف) کفالت میں دیا گیا۔ ضمانت میں محفوظ کیا گیا۔ رہن رکھا گیا۔ گرو رکھا ہوا۔

**مُکلاوہ۔** (مُک۔ لا۔ وَہ) (ہ۔ ا۔ مذ) گونا۔ ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہا کا دُلہن کو پہلی بار گھر لے جانا (۲) مسلمانوں میں شادی کے بعد دُلہن کا سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال جانا۔

**مُکَلَّف۔** (مُ۔ کَل۔ لَف) (ع۔ صف) پُر تکلف۔ مزین۔ سجا ہوا۔ بھڑکیلا (۲) تکلیف دیا گیا۔

**مُکَلِّف۔** (مُ۔ کَل۔ لِف) (ع۔ صف) تکلیف دینے والا (۲) بلانے والا۔ تقریب میں شریک ہونے کی تکلیف دینے والا (۳) (مجازاً) عاقل۔ بالغ۔

**مُکَلَّل۔** (مُ۔ کَل۔ لَل) (ع۔ صف) سر پر تاج رکھا گیا۔ تاجدار۔ چمکایا گیا۔ چمکدار بھڑکیلا۔ جگمگاتا ہوا۔ مرصع۔ جڑاؤ۔

**مکمکانا۔** (مَک۔ مَکا۔ نا) (ق۔ مص) مہکانا۔ معطر کرنا۔

**مکمکنا۔** (مَک۔ مَک۔ نا) (ق۔ مص) مہکنا۔ معطر ہونا۔

**مُکَمَّل۔** (مُ۔ کَم۔ مَل) (ع۔ صف) کامل کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔ تمام۔ کامل۔ کل۔ پورا۔ ثابت۔

**مکمن۔** (مَک۔ مَن) (ع۔ ا۔ مث) گھات۔ کمین گاہ۔ جمع: مکامن۔

**مکنت۔** (مَک۔ نَت) (ع۔ ا۔ مث) قدرت۔ طاقت۔ توانائی۔ تونگری۔

**مُکَنّد۔** (مُ۔ کُنْد) (س۔ ا۔ مذ) (۱) وشنو بھگوان (۲) ایک قسم کا گوند (۳) پارہ۔ سیماب (۴) جواہر۔

**مکنون۔** (مَک۔ نُون) (ع۔ صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ سربستہ۔

**مکنونِ خاطر۔** (ع۔ مث۔ ا۔ مذ) دل کی پوشیدہ بات۔ دلی راز۔

**مکو۔** (مَ۔ کو) (ہ۔ ا۔ مث) ایک بوٹی جو کئی امراض کے کام آتی ہے۔

**مکو کی بھجیا۔** مکو کے اُبلے ہوئے پتے جو بعض بیماریوں میں مریض کو کھلائے جاتے ہیں۔

**مکوڑا۔** (مَ۔ کو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑا کیڑا۔ بڑا چیونٹا۔

**مُکَوکَب۔** (مُ۔ کَو۔ کَب) (ع۔ صف) وہ چیز جس پر سنہری چاند تارے بنے ہوئے ہوں۔

**مکول۔** (مَ۔ کول) (ہ۔ ا۔ مث) چاک۔ کھریا مٹی۔

**مُکَوِّن۔** (مُ۔ کَو۔ وِن) (ع۔ صف) پیدا کرنے والا۔

**مُکَوَّن۔** (مُ۔ کَو۔ وَن) (ع۔ صف) پیدا کیا گیا۔ ہست کیا ہوا۔

**مُکَوَّنات۔** (مُ۔ کَو۔ وَ۔ نات) (ع۔ ا۔ مذ) مکوّن کی جمع۔ مخلوقات۔ موجودات۔

**مکہ۔** (مَک۔ کَہ) (ع۔ ا۔ مذ) عرب کا وہ مشہور عالم شہر جہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ تعظیماً مکۂ معظمہ کہتے ہیں۔

**مُکھ۔** (س۔ ا۔ مذ) منہ۔ چہرہ۔

**مکھ بند۔** (ا۔ مذ) گھوڑوں کے ایک مرض کا نام جس میں تالو کے اوپر کے جبڑے بیٹھ کر منہ بند ہو جاتا ہے۔

**مُکھ پان۔** (ہ۔ ا۔ مذ) پان کی شکل کا پیتل وغیرہ کا ٹکڑا جسے خوبصورتی کے لیے قفل پر جالی لگانے کی جگہ جڑ دیتے ہیں۔

**مکھ تال۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) انترہ۔ استھائی۔ ٹیپ (۲) وہ آواز جو گویے منہ سے نکالتے ہیں۔

**مکھ منتری۔** (ہ۔ ا۔ مذ) وزیر اعظم۔ مدار المہام۔

**مکھ میں رام پیٹ میں چھری۔** (ا۔ مثل) ظاہر میں نیک باطن میں بد۔

**مکھا۔** (مَکھ۔ کھا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی مکھی نیلے رنگ کی بڑی مکھی۔

**مکھانا۔** (مَ۔ کھا۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) کنول کا بیج جو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ تال مکھانا (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

**مکھڑا۔** (مُکھ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) پیارا منہ۔ پیارا چہرہ۔

**مکھڑا تلووں کو نہ پہنچے۔** (ا۔ مثل) انسان کے گورے کی تعریف میں کہتے ہیں کہ فلاں شخص اتنا خوب صورت ہے کہ دوسرے کا چہرہ کا رنگ اُن کے تلووں کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

**مکھن۔** (مَکھ۔ کھَن) (ہ۔ ا۔ مذ) گھی تازہ گھی۔ مسکہ۔

**مکھن لگانا۔** (ا۔ محاورہ) کنایۃً خوشامد کرنا۔

**مکھن نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا۔

**مکھنا۔** (مَکھ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) بے دانت کا ہاتھی (۲) ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔

**مکھنا دیو۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا دیو۔

**مکھنیا۔** (مَکھ۔ کھَن۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) مکھن بیچنے والا۔

**مکھون۔** (ق۔ ا۔ مذ) کھٹمل۔

**مکھی۔** (مَکھ۔ کھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔



Marfat.com

**مکھی اُڑا دینا (سی اُڑا دینا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] کنایتہً اُچٹتا ہوا سلام کر دینا۔

**مکھی پر مکھی مارنا** ۔ [ا ۔ مثل] بے سمجھے بوجھے نقل کرنا۔ ہُو بہُو نقل کر دینا۔

**مکھی چوس** ۔ [ا ۔ صف] نہایت کنجوس ۔ بیحد بخیل ۔ ایسا بخیل کہ اگر سالن میں مکھی پڑ جائے اُسے بھی چُوس کر پھینکے۔

**مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا** ۔ [ا ۔ مثل] چھوٹی باتوں میں دیانت داری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا۔

**مکھی کی طرح نکال ڈالنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بالکل واسطہ نہ رکھنا ۔ دُودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا۔

**مکھی مار** ۔ [ا ۔ صف] (۱) مکھی کو مار ڈالنے والا (۲) وہ شخص جسے دیکھ کر بہت کراہت آئے (۳) بے سمجھے جوں کی توں نقل کرنے والا (۴) ایک کیڑا جو مکھیاں مار کر کھاتا ہے۔

**مکھی مار بڑا چمار** ۔ [ا ۔ مثل] غریبوں کو ستانے والا نہایت کمینہ ہوتا ہے۔

**مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے** ۔ [ا ۔ مثل] بڑے صاحبِ غیرت ہیں ۔ بہت بد دماغ اور نازک مزاج ہیں ۔ کسی کا احسان نہیں اُٹھاتے۔

**مکھی نگلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] عذاب مول لینا ۔ جان بوجھ کر مصیبت میں پھنس جانا۔

**مکھیاں اُڑانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مکھیاں دُور کرنا (۲) خوشامد سے مکھیاں جھلنا (۳) بے کار رہنا ۔ خالی رہنا (۴) مرض آتشک میں مبتلا ہونا۔

**مکھیاں بھنکنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا (۲) سرد بازاری ہونا (۳) کریہہ منظر ہونا ۔ گھناؤنا ہونا۔

**مکھیاں جھلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مکھیاں ہٹانا ۔ چنور کرنا (۲) بے شغل رہنا (۳) سرد بازاری ہونا (۴) مرض آتشک میں مبتلا ہونا۔

**مکھیاں مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بے کار رہنا ۔ بے شغل رہنا۔

**مکھیوں کا چھتّا** ۔ [ا ۔ مذ] مکھیوں کا ہجوم ۔ مکھیوں کا جھنڈ ۔ شہد کا چھتّا۔

**مکھیوں کے چھتّے کو چھیڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بھڑ کے چھتّے کو چھیڑنا ۔ شریر لوگوں کو چھیڑنا۔

**[illegible]کھی** ۔ (مکھ ۔ کھی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا کبوتر جس کے سر اور بازوؤں کے ایک ایک یا دو دو پر سفید ہوتے ہیں۔

**[illegible]کھیا** ۔ (مکھ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سرگروہ ۔ سرغنہ ۔ سردار ۔ چودھری۔

**[illegible]کھیر** ۔ (مَ ۔ کھیر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] شہد ۔ انگبین۔

**[illegible]یا** ۔ (مَ ۔ کَ ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا غلّہ ۔ جوار۔

**[illegible]ی** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] گھونسہ۔

**[illegible]ی** ۔ (مَک ۔ کِی) [ع ۔ صف] مکّہ کا رہنے والا ۔ مکّہ کا۔

**[illegible]ی** ۔ (مُک ۔ کِی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ہتھیلی پر بند کی ہوئی انگلیاں ۔ مٹھی ۔ مشت ۔ ڈُک (۲) مکّی سے پاؤں دبانا۔

**مُکّی دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] آٹا گوندھنا۔

**مُکّی لات** ۔ [ا ۔ مث] مار پیٹ۔

**مُکّی لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] آرام و راحت کی غرض سے پاؤں پر مُکّی مارنا ۔ مٹھیاں مارنا۔

**مِکیال** ۔ (مِک ۔ یال) [ع ۔ ا ۔ مذ] غلّہ ناپنے کا آلہ ۔ پیمانہ۔

**مُکیانا** ۔ (مُک ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ مص] مُکّی لگانا ۔ مُکّی مارنا۔

**مَکِین** ۔ (مَ ۔ کِین) [ع ۔ ا ۔ مذ] مکان دار ۔ مکان میں رہنے والا ۔ صاحبِ خانہ۔

**مکین ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] رہنا ۔ بسنا ۔ آباد ہونا۔

**مکینکس** (Mechanics) (مَ ۔ کَے ۔ نکس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کلوں کا علم ۔ علم جرِ ثقیل۔

**مکینکل انجینیئر** (Mechanical Engineer) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کلوں کے علم کا ماہر ۔ علم جرِ ثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔

**مکینکل ورکس** (Mechanical Works) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ کارخانہ جہاں کلوں کا کام ہوتا ہو۔

## م ۔ گ

**مگ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) راہ ۔ راستہ ۔ باٹ (۲) انتظار (۳) وہ کبوتر جو جنگلی کبوتروں کی مادہ کو اپنے ساتھ اُڑا کر گھر لے آئے (۴) (انگ) بڑا گلاس۔

**مگ دیکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] راہ دیکھنا ۔ انتظار کرنا ۔ منتظر رہنا۔

**مَگَد** ۔ (مَ ۔ گَد) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کے لڈو جو ہندوؤں میں مرتبے پر تقسیم کیے جاتے ہیں۔

**مُگدر** ۔ (مُگ ۔ دَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ بھاری لکڑی جو ورزش کے لیے ہاتھ سے اٹھاتے ہیں جس کے عین درمیان میں مُوٹھ لگی ہوتی ہے۔

**مُگدر (پھرانا) ہلانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مُگدروں کی جوڑی گھمانا۔

**مَگَدھ** ۔ (مَ ۔ گَدھ) [س ۔ ا ۔ مذ] صوبہ بہار کا جنوبی حصہ ۔ بِہار۔

**مگدھ بھاشا** ۔ ماگدھی زبان جو خاص کر صوبۂ بہار میں بولی جاتی ہے۔

**مگدھی** ۔ (مگ ۔ دھی) [ہ ۔ صف] مگدھ دیش کا رہنے والا ۔ باشندۂ صوبۂ بہار (۲) کسانوں کی ایک قوم جو صوبۂ بہار میں پائی جاتی ہے (۳) برہمنوں کی ایک قوم۔

**مگڈمبر** ۔ (مگ ۔ ڈَم ۔ بَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] لکڑی کا وہ مکان جو ہاتھیوں پر کسا ہوتا تھا اور جس میں شاہان اودھ سفر کرتے تھے (۲) ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ (۳) کاغذ کی ایک آرائشی چیز جو ساچق کی رسم میں جلوس کے آگے ٹانگے لے کر چلتے ہیں۔

**مگر** ۔ (مَ ۔ گَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔ نہنگ ۔ ناکو ۔ شیرِ آبی (۲) کان کے ایک زیور کا نام جو بہ شکل مگر ہوتا ہے ۔ مگر کی شکل کا آویزہ۔

**مگر** ۔ (مَ ۔ گَر) [ف] لیکن ۔ پر ۔ بجز ۔ الا ۔ ماسوا (۲) شاید (۳) پھر ۔ بایں ہمہ۔

**مگرا** ۔ (مگ ۔ را) [ہ ۔ صف] گھنّا ۔ مکّار ۔ وہ شخص جو غرور کے سبب کسی کی نہ سنے۔



Marfat.com

(۲) کام چور۔ کاہل۔ سست (۳) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند (۴) ڈھیٹھ۔ ضدی ہٹیلا (۵) سرکش۔ باغی۔ کج بحث۔

**مَگراپَن** ۔ [ا۔ مث] (۱) گھُنّاپن۔ مکاری۔ سرکشی (۲) سستی۔ کاہلی۔ (۳) غرور۔ گھمنڈ۔

**مَگرانا** ۔ (مگ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) غرور کرنا (۲) سرکشی کرنا (۳) غافل ہونا (۴) ضد کرنا۔

**مَگرائی** ۔ (مَگ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) غرور۔ تکبر (۲) کاہلی۔ سستی (۳) مکاری (۴) ڈھٹائی (۵) غفلت (۶) ضد (۷) سرکشی (۸) گھُنّاپن۔

**مَگرمچھ** ۔ (مَ۔ گَر۔ مچھ) [ہ۔ ا۔ مذ] گھڑیال۔ نہنگ۔

**مَگری** ۔ (مَگ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چھپر کا وہ حصہ جو سب سے اوپر اور ماہی پشت ہوتا ہے۔

**مَگَس** ۔ (مَ۔ گَس) [ف۔ ا۔ مث] (۱) مکھی (۲) شہد کی مکھی۔

**مگس ران** ۔ [ف۔ صف] (۱) چوری۔ چنور۔ مورچھل ہلانے والا۔ خادم۔

**مگس رانی** ۔ [ف۔ ا۔ مث] مکھیاں اُڑانے کی خدمت۔ چنور ہلانا۔

**مگس کی قے** ۔ [ا۔ مث] شہد۔

**مَگَسی** ۔ (مَگ۔ سی) [ع۔ صف] (۱) مکھی کے رنگ کا۔ سیاہی مائل (۲) وہ گھوڑا جس کے تمام بدن کے بال سفید اور سارے جسم پر سرخی کی چھینٹیں ہوں اور دُم اور ایال یک رنگ ہو (۳) مجھنکتا ہوا۔ مگس سے منسوب (۴) ایک بلوچ قبیلہ۔

**مَگن** ۔ (مَ۔ گَن) [س۔ صف] (۱) ڈوبا ہوا۔ غرق۔ مستغرق (۲) آنند۔ خوش۔ مسرور (۳) بے خود۔ مست۔

**مَگنا** ۔ (مگ۔ نا) [ق۔ مص] افسردہ ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔

**مگنتا** ۔ (مَ۔ گَن۔ تا) [س۔ ا۔ مث] خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ انبساط۔

**مُگھم** ۔ (مُگ۔ گھم) [ا۔ صف] عربی مبہم سے بنا ہوا (۱) گول مول بات (۲) جواریوں کی اصطلاح میں برابر سرابر۔ نہ ہارنہ جیت۔

**مگھم رہنا** ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) جواریوں کی اصطلاح میں نہ ہارنا نہ جیتنا۔ برابر رہنا۔ (۲) عزت بنی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا۔

**مگھم میں** ۔ [ا۔ تابع فعل] رمز میں۔ اشارے میں۔ کنائے میں۔

**مگھم میں رہنا** ۔ [ا۔ محاورہ] گول مول بات کہنا۔ کنائے میں بات کرنا۔

# م ۔ ل

**مَل** ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) فضلہ۔ پیخانہ۔ غلاظت۔ میلا (۲) تلچھٹ (۳) جھاگ میل جو اُوپر آ جائے (۴) دھاتوں کا میل۔ زنگار (۵) گناہ۔ عصیاں (۶) گندی چیزیں جو بدن سے نکلتی ہیں (۷) پہلوان۔ کشتی گیر (۸) مداری بازی گر (۹) پینے کا برتن۔ پیالہ (۱۰) گال۔ کنپٹی (۱۱) دشنوبنیوں کے نام کا آخری جزو جیسے ڈوڈرمل۔ بقالوں کا خطاب (۱۲) (صف) اچھا۔ بہتر اعلیٰ (۱۳) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔

**مَل جی** ۔ لالہ صاحب۔ لالہ جی۔

**مِل** (MILL) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) چکی (۲) آٹے کپڑے۔ کاغذ وغیرہ کی کل۔

**مُل** ۔ (مُل) [ف۔ ا۔ مث] شراب۔ مے۔ دارو۔ بادہ (۲) (۵) گر۔

**مَلا** ۔ [ع۔ صف] بھرا ہوا۔ پُر (۲) ظاہر۔ واضح۔ آشکار۔

**مَلاء** ۔ (مَ۔ لا) [ع۔ ا۔ مذ] گروہ (۲) شریف لوگ۔

**ملاء اعلٰے** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] فرشتے۔

**مُلّا** ۔ (مُل۔ لا) [ع۔ ت۔ صف] مولیٰ سے بنا ہوا (۱) نہایت عمدہ لکھنے والا (۲) عالم۔ فاضل (۳) مسجد میں نماز پڑھانے والا۔ بچوں کو پڑھانے والا۔ جمع مُلّایاں۔

**مُلّا دو پیازہ** ۔ [ا۔ مذ] دربار اکبری کے ایک مشہور ظریف کا لقب۔ اصلی نام ابوالحسن تھا۔

**مُلّا کی داڑھی تبرک ہی تبرک میں گئی** ۔ [ا۔ مثل] بے فائدہ اور فضول خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**مُلّا کی دوڑ مسجد تک** ۔ [ا۔ مثل] ہر شخص کی کوشش اس کے حوصلے اور مقدور تک ہوتی ہے۔ جہاں تک آدمی کی دسترس ہو اُس سے آگے نہیں جاسکتا۔

**مُلّا کی ماری حلال** ۔ [ا۔ مثل] بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی درست اور جائز سمجھا جاتا ہے۔

**مُلّاگری** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] مُدرّسی۔ معلمی۔

**مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی** ۔ [ا۔ مثل] کوئی کام کسی کے بغیر رُکا نہیں رہتا۔

**مُلابَست** ۔ (مُ۔ لا۔ بَ۔ سَت) [ع۔ ا۔ مث] مشابہت۔ تعلق۔

**مِلاپ** ۔ (مِ۔ لاپ) [ہ۔ ا۔ مذ] میل جول۔ اتفاق (۲) صلح۔ صفائی۔ باہم رضامندی (۳) موافقت۔ سنجوگ (۴) ملاقات۔ وصل وصال (۵) محبت۔ ملنا۔ ربط و ضبط (۶) سازوں کی ہم آوازی۔

**ملاپ دار** ۔ [ا۔ صف] واقف کار۔ ملاقاتی۔ جان پہچان والا۔ دوست آشنا۔

**ملاپ رکھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] میل جول رکھنا۔ اتفاق کے ساتھ بسر کرنا۔

**ملاپ کرانا** ۔ [ا۔ مص مرکب] صلح صفائی کرانا۔ تصفیہ کرانا۔

**ملاپ ہونا** ۔ [ا۔ مص مرکب] صلح ہونا۔ صفائی ہونا۔

**مِلاجُلا** ۔ (مِ۔ لا۔ جُ۔ لا) [ہ۔ صف] مخلوط۔ گڈمڈ۔

**ملاجلا رہنا** ۔ [ا۔ محاورہ] پیار محبت سے رہنا۔ ہل مل کر بسر کرنا۔ سلوک سے رہنا۔

**مَلّاح** ۔ (مَل۔ لاح) [ع۔ ا۔ مذ] کشتی بان۔ ناؤ چلانے والا۔ کھیویا۔ ناخدا۔ جمع: ملّاحان۔

**ملاح در چین ست کشتی در فرنگ** ۔ [ف۔ مثل] دو شخصوں یا دو چیزوں کے درمیان بڑا فاصلہ ہونے پر بولتے ہیں۔

**ملاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے** ۔ [ا۔ مثل] غریب کا زیادہ نقصان نہیں ہوتا۔

**مَلاحَت** ۔ (مَ۔ لا۔ حَت) [ع۔ ا۔ مث] نمکینی۔ سانولاپن۔

**ملاحد۔ ملاحدہ** ۔ (مَ۔ لا۔ حِد) (مَ۔ لا۔ حِ۔ دَہ) [ع۔ ا۔ مذ] مُلحِد کی جمع۔ بے دین لوگ۔



Marfat.com

**مُلاحَظہ**۔ (مُ۔ لا۔ حَ۔ ظَہ) [ع۔ ا۔ مذ] معاینہ۔ مشاہدہ۔ دیکھنا (۲) غور۔ توجہ (۳) (ادب) لحاظ۔ مروّت (۴) سامنے۔ پیش۔ جمع ملاحظات۔

**ملاحظہ سے گزرنا**۔ [ا۔ محاورہ] نظر سے گزرنا۔ دیکھنے میں آنا

**ملاحظہ شد**۔ [ع۔ ف۔ صف] دیکھ لیا گیا۔ دیکھا گیا۔

**ملاحظہ کا**۔ [ا۔ صف] لحاظ کا۔ بامروّت۔ سفارشی۔ سفارش والا۔

**ملاحظہ کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] دیکھنا۔ معاینہ کرنا (۲) لحاظ کرنا۔ طرف داری کرنا (۳) پڑتال کرنا۔ جانچنا (۴) مطالعہ کرنا

**ملاحظہ میں آنا**۔ [ا۔ محاورہ] نظر سے گزرنا۔ کسی حاکم یا افسر کی نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا۔

**ملاحظہ میں ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کی زیرِ نظر ہونا۔

**ملاحظہ والا**۔ [ا۔ صف] رُسوخ والا۔ سفارش والا۔

**ملاحظہ ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] دیکھا جانا۔ معاینہ ہونا (۲) پیش ہونا (۳) پڑتال۔ جانچ ہونا (۴) لحاظ ہونا۔ مروّت ہونا۔

**ملاحظے کی جگہ ملاحظہ ہے**۔ [ا۔ مثل] مروّت کی جگہ مروّت کی جاتی ہے۔

**ملاحظے میں گزرنا**۔ [ا۔ محاورہ] نظر سے گزرنا۔ کسی حاکم یا افسر کے زیرِ نظر ہونا۔

**مَلّاحَن۔ مَلّاحَنی**۔ (مَل۔ لا۔ حَن) (مَل۔ لا۔ ح۔ نی) [ا۔ ا۔ مث] ملاح کی بیوی۔

**مَلّاحی**۔ (مَل۔ لا۔ حی) [ع۔ ا۔ مث] ملاح کا پیشہ۔ ملاح کی اُجرت (۲) مبہم گالی جس میں نام نہ لیا جائے

**ملاحی سنانا۔ ملاحیاں سنانا**۔ [ا۔ محاورہ] آوازے کسنا۔ گول مول طعنے تشنے دینا۔

**ملاحی کی ملاحی اور بانس کے بانس کھائے**۔ [ا۔ مثل] ایک نقصان کی جگہ بہت سے نقصان اٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ دُہرا نقصان۔

**ملاحی گالیاں**۔ [ا۔ مث] وہ گالیاں جو کسی کا نام لیے بغیر دی جائیں۔

**ملاحی ہاتھ**۔ [ا۔ مذ] تیرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ طے کیا جاتا ہے۔

**مُلاذلا ہوا**۔ (مُ۔ لا۔ ذ۔ لا۔ ہُو۔ آ) [ہ۔ صف] مَسلا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔ مستعمل۔

**مَلاذ**۔ (مَ۔ لاذ) [ع۔ ا۔ مذ] بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔

**مُلاذا**۔ (مُ۔ لا۔ ذا) [ق] ملاحظہ۔

**ملار (ملہار)**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] وہ گیت جو موسم برسات میں گائے جاتے ہیں۔

**ملار گانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) برسات کے گیت گانا (۲) خوشی منانا۔ آنند کرنا

**مُلازِم**۔ (مُ۔ لا۔ زِم) [ع۔ ا۔ مذ] پاس رہنے والا (۲) مجازاً نوکر۔ خادم۔

**ملازم خاص**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] اپنا خاص نوکر۔ نج کا نوکر۔

**ملازم سرکار**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] سرکاری نوکر۔ حکومت کا ملازم۔

**ملازم کرنا**۔ نوکر رکھنا۔

**مُلازَمَت**۔ (مُ۔ لا۔ زَ۔ مت) [ع۔ ا۔ مث] کسی کے پاس ہمیشہ رہنا (۲) خدمت نوکری۔ ٹہل۔ سیوا (۳) بڑے کی ملاقات۔

**ملازمت اختیار کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا۔

**ملازمت پیشہ**۔ [ع۔ ف۔ صف] وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔

**ملازمت حاصل کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ کسی بڑے سے ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا (۲) نوکری ملنا۔ کوئی خدمت اپنے ذمے لینا۔

**مُلاطَفَت**۔ (مُ۔ لا۔ طَ۔ فَت) [ع۔ ا۔ مث] نیکی۔ بھلائی۔ الطاف مہربانی۔ عنایت۔

**مُلاطَفَہ**۔ (مُ۔ لا۔ طَ۔ فَہ) [ع۔ ا۔ مذ] نیکی۔ بھلائی (۲) مجازاً عنایت نامہ۔ مراسلہ چٹھی۔ رقعہ (۳) باہم جڑے ہوئے خطوط کا مجموعہ۔

**مَلاعِب**۔ (مَ۔ لا۔ عِب) [ع۔ ا۔ مذ] ملعب کی جمع (۱) ہنسی مذاق (۲) کھیلنے کی جگہیں۔ گراؤنڈیں۔

**مُلاعَبَت**۔ [ع۔ ا۔ مث] کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔

**مَلاعین۔ ملاعنہ**۔ (مَ۔ لا۔ عِین) (مَ۔ لا۔ عِ۔ نَہ) [ع۔ ا۔ مذ] ملعون کی جمع۔ وہ چیزیں جو قابلِ لعنت ہیں۔

**مُلاعَنَت**۔ [ع۔ ا۔ مث] ایک دوسرے پر لعنت کرنا (خصوصاً میاں بیوی کا)

**مُلاقات**۔ (مُ۔ لا۔ قات) [ع۔ ا۔ مث] ایک دوسرے سے ملنا۔ میل ملاپ آنا جانا (۲) ہم نشینی۔ باہمی محبت (۳) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان (۴) بات چیت۔ ملنا جُلنا (۵) مباشرت۔ ہم بستری۔

**ملاقات بازدید**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] کسی ہم رُتبہ شخص سے اپنے مکان پر مل لینے کے بعد اس کے گھر جا کر پھر ملاقات کرنا۔

**ملاقات پیدا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] میل ملاپ قائم کرنا۔ ربط ضبط حاصل کرنا۔ شناسائی بہم پہنچانا۔ دوستی کی بنیاد رکھنا۔

**ملاقات رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) صاحب سلامت رکھنا۔ میل جول رکھنا (۲) ملتے رہنا۔

**ملاقات کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] ملنا۔ دوستی کرنا۔

**ملاقات کروانا**۔ [ا۔ محاورہ] ملانا۔ شناسائی کرانا۔ آشنائی کرانا۔ ہم صحبت کرانا زن و مرد کو باہم ملوانا۔

**ملاقات ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] راہ و رسم ہونا۔

**مُلاقاتی**۔ (مُ۔ لا۔ قا۔ تی) [ع۔ ا۔ مذ] ملاقات والا۔ ملنے والا۔ یار۔ دوست۔ جان پہچان والا۔

**مُلاقی**۔ (مُ۔ لا۔ قی) [ع۔ صف] ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔

**مُلاقی ہونا**۔ [ا۔ مص مرکب] ملنا۔ ملاقات کرنا۔

**مَلاگیری**۔ (مَ۔ لا۔ گی۔ ری) [ہ۔ صف] صندل کے رنگ کا۔

**مَلال**۔ (مَ۔ لال) [ع۔ ا۔ مذ] رنج۔ غم۔ کلفت (۲) افسوس (۳) زحمت۔

**ملال آنا**۔ [ا۔ محاورہ] دل میں رنج و کدورت آنا۔ رنج ہونا۔

**ملال اٹھانا (کھینچنا)**۔ [ا۔ محاورہ] تکلیف سہنا۔ زحمت برداشت کرنا۔

**مَلالَت**۔ (مَ۔ لا۔ لَت) [ع۔ ا۔ مث] رنج۔ کلفت۔ اداسی۔

**مِلا لینا**۔ (مِ۔ لا۔ لے۔ نا) [ا۔ محاورہ] گانٹھ لینا۔ ہمراز بنا لینا (۲) شریک کر لینا۔ شامل کر لینا (۳) مخالف کو اپنی طرف کر لینا (۴) آمیز کر لینا۔ مرکب کر لینا باہم پڑتال کر لینا۔ مقابلہ کر لینا۔



Marfat.com

**مَلامَت** ۔ (مَ۔لا۔مَت) [ع۔ا۔مث] بُرا بھلا۔ جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ سرزنش۔ لعن طعن۔ فضیحت۔ دُھتکار۔

**مَلامَت کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ جھڑکنا۔

**مَلامتی** ۔ (مَ۔لا۔مَ۔تی) [ع۔صف] لعنتی۔ لعنت کیا گیا۔ مردود (۲) فقیروں کا ٹولہ جو بظاہر احکام شرع کی پابندی نہیں کرتے مگر چپ چپ کر عبادت کرتے ہیں۔

**مِلان** ۔ (مِ۔لان) [ہ۔ا۔مذ] مقابلہ۔ تقابل (۲) ملاپ۔ اتحاد۔ اتفاق (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) میزان۔

**مِلانا** ۔ (مِ۔لا۔نا) [ا۔مص] مطابق کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ فرق نکالنا (۲) مُرکّب کرنا۔ آمیز کرنا (۳) شناسائی کرانا۔ ملاقات کرانا (۴) شامل کرنا۔ ملحق کرنا (۵) سازدار بنانا۔ گانٹھنا (۶) لڑانا۔ مقابلہ کرانا۔

**مُلّانا۔ مُلّانہ** ۔ (مُل۔لا۔نا۔ مُل۔لا۔نہ) [ف۔ا۔مذ] تحقیر سے مُلّا کو کہتے ہیں (۲) مسجد کی روٹیاں کھانے والا (۳) سیدھا سادا آدمی (۴) صرف دین کی باتیں جاننے والا۔ پابندِ شرع۔ پکا دین دار۔

**مِلانہار** ۔ (مِلان۔ہار) [ق] ملانے والا۔

**مُلّانی** ۔ (مُل۔لا۔نی) [ف۔ا۔مث] مُلّا کی بیوی۔ معلّمہ۔ اُستانی۔

**مُلّانے کھلانا** ۔ [ا۔ محاورہ] مُلّاؤں کی دعوت کرنا۔ مستحقوں کو کھانا کھلانا۔ مسکینوں کو کھلانا۔

**مِلاوا** ۔ [ق] ملاپ۔ وصل۔

**مِلاوَٹ** ۔ (مِ۔لا۔وَٹ) [ہ۔ا۔مث] آمیزش۔ کھوٹ (۲) سازش۔

**مَلائک (ملائکہ)** ۔ [ع۔ا۔مذ] مَلَک کی جمع۔ فرشتے۔

**مُلائم** ۔ (مُ۔لا۔ئم) [ع۔صف] نرم۔ پلپلا (۲) بُردبار۔ حلیم (۳) [ا] نازک۔ دُبلا پتلا۔

**مُلائم چارہ** ۔ [ع۔ا۔مذ] ہلکی غذا۔ حلوہ۔ چاول۔ کھچڑی وغیرہ۔

**مُلائم کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] دھیما کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ غصّہ فرو کرنا (۲) نرم کرنا۔ نرمانا۔

**مُلائمت** ۔ (مُ۔لا۔ءِ۔مَت) [ع۔ا۔مث] نرمی (۲) نزاکت۔ لاغری (۳) موافقت۔ مناسبت۔

**مِلاؤ** ۔ (مِ۔لاؤ) [ہ۔ا۔مذ] میل۔ آمیزش۔ کھوٹ۔

**مَلائی** ۔ (مَ۔لا۔ای) [ہ۔ا۔مث] دودھ یا دہی کے اُوپر کی پپڑی (۲) گھوڑے کا ملنا (۳) گھوڑا ملنے کی اُجرت۔

**مَلائی پڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] دودھ یا دہی کے اُوپر پپڑی جمنا۔

**مَلائیاں کھانا** ۔ [ا۔ محاورہ] دوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا۔

**مَلبا** ۔ (مَل۔با) [ہ۔ا۔مذ] کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۲) گرے ہوئے مکان کی اینٹیں مٹی وغیرہ۔ پرانا مسالا۔

**مَلبا خرچ** ۔ [ا۔مذ] وہ رقم جو تحصیل دار کاشتکاروں سے جمع کر کے افسروں کی آؤ بھگت میں خرچ کرتے ہیں۔

**مِل بانٹ کے** ۔ [ا۔ تابع فعل] اتفاق کے ساتھ۔ نفع میں شریک ہو کر۔

**مَلَبَّب** ۔ (مَ۔لَب۔بَب) [ف۔صف] لبالب بھرا ہوا۔ لبریز۔ مُنہ تک بھرا ہوا۔ بھرپور۔

**مُلَبِّس** ۔ (مُ۔لَب۔بِس) [ع۔صف] لباس پہنے ہوئے (۲) خلط ملط۔ ملا جلا۔
**مُلَبِّس** ۔ [ع۔صف] پوشیدہ کرنے والا۔ مکر و عیب چھپانے والا۔

**مَلبوس** ۔ (مَل۔بُوس) [ع۔ا۔مذ] پہنے ہوئے کپڑے۔ آراستہ ہوئے کپڑے۔ (۲) پہننے کے کپڑے۔ لباس۔ پوشاک۔

**مَلبوسات** ۔ (مَل۔بُو۔سات) [ع۔ا۔مذ] ملبوس کی جمع۔ کپڑے۔ پوشاک جوڑے۔

**مِل بیٹھنا** ۔ (مِل۔بیٹھ۔نا) [ا۔ محاورہ] سلوک سے بیٹھنا۔ محبت سے رہنا۔

**مَلَت** ۔ (مَ۔لَت) [ہ۔ا۔مث] گھسا ہوا سکّہ۔

**مِلّت** ۔ (مِل۔لَت) [ع۔ا۔مث] دین۔ مذہب۔ شریعت۔ دھرم (۲) فرقہ۔ قوم۔ گروہ (۳) جمع۔ مِلَل۔

**مِلّتِ بیضا** ۔ [ع۔ا۔مث] کنایۃً مسلمان قوم۔

**مِلَت** ۔ (مِل۔لَت) [ہ۔ا۔مث] ملاپ۔ راہ و رسم۔ میل جول (۲) صحبت سنگت (۳) ملنساری۔

**مِلَت کا آدمی** ۔ [ا۔مذ] ملنسار آدمی۔ ملاحظہ والا۔

**مِلتا جُلتا** ۔ [ا۔صف] (مِل۔تا۔جُل۔تا) [ہ۔صف] مشابہ۔ مانند۔ مثل۔

**مُلتانی** ۔ (مُل۔تا۔نی) [ہ۔صف] ملتان سے منسوب۔ ملتان کا رہنے والا (۲) ایک قسم کی چکنی مٹی۔ گاچی (۳) ایک راگنی۔

**مُلتَبِس** ۔ (مُل۔تَ۔بِس) [ع۔صف] چھپایا ہوا۔ پوشیدہ کیا گیا۔ مشکوک کیا گیا۔

**مُلتَجی** ۔ (مُل۔تَ۔جی) [ع۔صف] التجا کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔ منت سماجت کرنے والا۔

**مُلتَزِم** ۔ (مُل۔تَ۔زِم) [ع۔صف] التزام کرنے والا۔ اپنے اُوپر کوئی بات لازم کر لینے والا۔ وہ جو کسی چیز کی ذمہ داری لے۔ محصول وصول

**مُلتَزَم** ۔ (مُل۔تَ۔زَم) [ع۔ا۔مذ] بیت اللہ میں رکن یمانی کے سامنے ایک مقام جہاں کی جانے والی دعا قبول ہوتی ہے۔

**مُلتَفِت** ۔ (مُل۔تَ۔فِت) [ع۔صف] التفات کرنے والا۔ متوجہ ہونے والا۔

**مُلتَمِس** ۔ (مُل۔تَ۔مِس) [ع۔ا۔مذ] التماس کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔

**مُلتَوی** ۔ (مُل۔تَ۔وی) [ع۔صف] التوا کرنے والا۔ دیر کرنے والا (۲) توقف کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔

**مُلتوی رکھنا (کرنا)** ۔ [ا۔ محاورہ] ملتوی کرنا۔ ڈھیل میں ڈالنا۔ روکنا۔ ٹھہرا رکھنا۔ کچھ عرصہ کے لیے موقوف رکھنا۔

**مُلتوی ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] توقف میں پڑنا۔

**مُلتَہِب** ۔ (مُل۔تَ۔ہِب) [ع۔صف] بھڑکانے والا۔

**مُلتَہَب** ۔ (مُل۔تَ۔ہَب) [ع۔صف] بھڑکا ہوا۔ شعلہ زن۔

**مَلَٹ** ۔ (مَ۔لَٹ) [ہ۔ا۔مذ] موٹا کاغذ۔ کتاب کا گتا (۲) خیمے کی چوب کی مونگری۔

**ملٹری** ۔ (Military) (مِلٹ۔ری) [ا۔صف] فوجی۔

**ملٹری پولیس** ۔ (Military Police) فوجی پولیس۔

**مُلَٹھی** ۔ (مُ۔لَٹھ۔ٹھی) [ہ۔ا۔مث] گھونگچی کے درخت کی جڑ۔ اصل السوس ایک مشہور دوا جو کھانسی کے لیے مفید ہے۔ عموماً پان میں ڈال



Marfat.com

کر کھاتے ہیں۔

**مَلْجا** - (مَل - جا) [ع - ا - مذ] جائے پناہ - پناہ ملنے کی جگہ - وہ مقام جہاں جا کر آدمی اپنی جان بچا لے - مامن۔

**ملجا و ماوا** - [ع - ا - مذ] پناہ ملنے کی جگہ۔

**مل جانا** - [ا - محاورہ] (۱) اُجڑ جانا - پیوستہ ہو جانا (۲) صلح و صفائی ہو جانا (۳) شامل ہو جانا - شریک ہو جانا (۴) دوچار ہونا - ملاقات ہونا (۵) حاصل ہونا - وصول ہو جانا۔

**مل جُل کر** - [ا - تابع فعل] مل مل کر - اکٹھے ہو کر - سلوک سے - اتحاد کے ساتھ۔

**مَلِچھ** - (مَ - لِچھ) [ہ - صف] پلید - میلا - ناپاک - غلیظ - اگھوری - ناپاک قوم (۲) جنگلی آدمی - وحشی آدمی (۳) کافر - بے دین۔

**مِلْح** - [ع - ا - مذ] نمک - نون - کھار - شور۔

**مُلْحِد** - (مُل - حِد) [ع - ا - مذ] فاسق - کافر - بے دین - راہ حق سے پھرا ہوا۔

**مُلْحَق** - (مُل - حَق) [ع - صف] جُڑا ہوا - لگا ہوا - ملا ہوا - پیوستہ - متمسک۔

**مُلْحَق کرنا** - [ا - مص مرکب] شامل کرنا - ملانا - داخل کرنا۔

**مُلْحِق** - (مُل - حِق) [ع - صف] جڑنے والا - پیچھے سے ملنے والا - شامل - داخل - شریک۔

**مُلْحَقات** - [ع - ا - مذ] وہ چیزیں جو بعد میں ملا دی گئی ہوں۔

**مَلْحُوظ** - (مَل - حُو - ظ) [ع - صف] لحاظ کیا گیا - خیال کیا گیا۔

**ملحوظ خاطر** - [ع - ف - صف] (۱) دلی خیال - دلی توجہ (۲) دل سے خیال رکھا گیا۔

**ملحوظ رکھنا** - [ا - مص مرکب] لحاظ رکھنا - خیال رکھنا - یاد رکھنا - خاطر رکھنا۔

**مَلَخ** - (مَ - لَخ) [ف - ا - مث] ٹڈی۔

**مُلَخَّص** - (مُ - لَخ - خَص) [ع - صف] خالص کیا گیا - پاک کیا گیا - خالص - پاک (۲) خلاصہ کیا گیا - خلاصہ - مختصر۔

**مُلَذَّذ** - (مُ - لَذ - ذَذ) [ع - صف] لذیذ - مزے دار - لذت دار - خوش ذائقہ - مزے کا۔

**مُلَذِّذ** - (مُ - لَذ - ذِذ) [ع - صف] لذت دینے والا۔

**مُلْزِ مُلْز** - (مُل - زِ - مُل - ز) [ہ] عاجزی سے - غریبی اور مسکینی سے - بھولے پن سے - مُٹر مُٹر۔

**مُلْزَم** - (مُل - زَم) [ع - ا - مذ] الزام لگایا ہوا - مجرم - گنہ گار - قصور وار۔

**مَلْزُوم** - (مَل - زوم) [ع - ا - مذ] لازم کیا گیا - جو جدا نہ ہو سکے - متعلق - شریک حال۔

**مُلْصَق** - (مُل - صَق) [ع - ا - مذ] ملا ہوا - متصل - پیوستہ۔

**مُلَطِّف** - (مُ - لَط - طِف) [ع - ا - مث] پتلا کرنے والی دوا - رقیق کرنے والی دوا - ملیّن کرنے والی دوا۔

**مَلْعُون** - (مَل - عُون) [ع - ا - مذ] لعنت کیا گیا - مردود - لعین - نکالا ہوا۔

**مَلْغُوبہ** - (مَل - غُو - بہ) [ف - ا - مذ] آلائش - آلودگی - جسم کے اندر کی آلائش انتڑیاں - اوجھڑی - مواد - پیپ (۲) کوڑا کرکٹ - خس و خاشاک (۳) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار۔

**مَلْفُوظ** - (مَل - فُوظ) [ع - ا - مذ] پڑھا گیا - جو پڑھنے میں آئے (۲) مُنہ سے بولی ہوئی بات (جمع) ملفوظات۔

**مَلْفُوف** - (مَل - فُوف) [ع - ا - مذ] لپٹا ہوا - لفافہ میں بند - سربند - بند۔

**مُلَقَّب** - (مُ - لَق - قَب) [ع - ا - مذ] لقب دیا گیا - خطاب دیا گیا (۲) معروف - نام زد۔

**مَلَک** - (مَ - لَک) [ع - ا - مذ] فرشتہ - جمع - ملائک - ملائکہ۔

**مَلَکُ الْمَوْت** - [ع - ا - مذ] موت کا فرشتہ - قابض الارواح - جان نکالنے والا فرشتہ - عزرائیل۔

**مَلَک الموت کا گھر دیکھنا** - [ا - محاورہ] گھر میں لگاتار موتیں ہو جانا۔

**مَلَک خصلت** - [ع - ف - صف] ملک سیرت - ملک نہاد - فرشتے کی سی عادت والا - معصوم - نیک - بے گناہ۔

**مَلِک** - (مَ - لِک) [ع - ا - مذ] بادشاہ - سلطان - فرمان روا - شہریار (۲) ایک خطاب جو اکثر مسلمان قوموں میں رائج ہے - جمع - ملوک۔

**مَلِکُ التُّجّار** - [ع - صف] بہت بڑا تاجر۔

**مَلِکُ الشُّعَراء** - [ع - ا - مذ] شاعروں کا بادشاہ - بہت بڑا شاعر - راج کوی - وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے اعلیٰ درجے کے شاعر کو دیا جائے (۲) حضرت ابراہیم ذوق کا خطاب۔

**مَلِکُ الْعَرْش** - [ع - ا - مذ] عرش کا بادشاہ - خدا تعالیٰ۔

**مَلِک زادہ** - [ع - ف - صف] شاہ زادہ۔

**مِلْک** - [ع - ا - مث] ملکیت - زمین داری - جاگیر - معافی - جائداد (۲) مال اسباب (۳) حق - حقیقت۔

**مِلْکِ یَمِین** - [ع - ا - مث] لونڈی - غلام۔

**مُلْک** - [ع - ا - مذ] دیس - ولایت - کشور - اقلیم (۲) سلطنت - راج - بادشاہت - علاقہ - عملداری - قلمرو (۳) احاطہ - پرگنہ - صوبہ (۴) شہر - نگر (۵) خلقت - لوگ (جمع) ممالک۔

**مُلک بدر کرنا** - [ا - محاورہ] جلا وطن کرنا۔

**مُلکِ بقا** - [ف - ا - مذ] ہمیشہ رہنے والا ملک - عاقبت - اگلا جہان۔

**مُلکِ خدا** - [ع - ا - مذ] دنیا - کائنات۔

**مُلکِ خدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست** - [ف - مثل] خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں - کسی خاص مقام پر موقوف نہیں ہر جگہ کوشش کرنے کا موقع ہے۔

**مُلکِ خموشاں** - کنایتاً قبرستان۔

**مُلک داری** - [ع - ف - صف] حکومت - سلطنت۔

**مُلک رانی** - [ع - ف - ا - مث] ملک کا انتظام کرنا - سیاست۔

**مُلک ستانی - ملک گیری** - [ع - ف - صف] ملک لینا - جیت - فتح - تسخیر - فتح یابی - حکمرانی - بادشاہی۔

**مُلک سے خارج کرنا** - [ا - مص مرکب] دیس نکالا دینا - بن باس دینا - جلا وطن کرنا - شہر بدر کرنا۔

**مُلکِ عدم** - [ع - ا - مذ] وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی



Marfat.com

ہے۔ عاقبت۔

**مُلک گیری** ۔[ف۔ا۔مث] ملک لینا۔

**مَلَکات** ۔ (مَ۔لَ۔کات) [ع۔ا۔مذ و مث] مَلَکہ کی جمع۔ عادتیں۔ صفات۔ خوبیاں۔

**مَلَکاتِ رَدِیّہ** ۔[ع۔ا۔مذ] بُری قوتیں۔ بُری عادتیں (۲) وہ آٹھ بُری خصلتیں جو اخلاق کی کتابوں میں بہ تفصیل لکھی ہیں۔ حسد۱۔ بخل۲۔ بُغض۳۔ حرص۴۔ کینہ۵۔ غضب۶۔ کبر۷۔ بے حیائی۸۔

**مَلَکاتِ فاضِلہ** ۔[ع۔ا۔مذ] نیک عادتیں۔ عمدہ خصلتیں۔ وہ چار خصلتیں جو کتب اخلاق میں تفصیل سے درج ہوں۔ حکمت۱۔ شجاعت۲۔ عفت۳۔ عدالت۴۔

**مُلکانا** ۔(مُل۔کا۔نا) [ہ۔مص] بنا بنا کر بولنا (۲) [۔مذ] ایک نو مسلم قوم۔

**مُلکَٹ** ۔(مُل۔کَٹ) [ہ۔ا۔مث] انگیا کی کٹوری جس میں چھاتی رہتی ہے۔

**مِل کر چلنا** ۔[ا۔مص] اتفاق سے رہنا۔ میل جول کے ساتھ بسر کرنا۔

**مِل کر دغا دینا** ۔[ا۔محاورہ] دوست بن کر دغا دینا۔

**مَلکنا** ۔(مَ۔لک۔نا) [ہ۔مص] اترانا۔ مٹکنا۔

**مَلَکوت** ۔(مَ۔لَ۔کُو۔ت) [ع۔ا۔مذ] بادشاہی۔ سلطنت۔ حکومت۔ حکمرانی (۲) فرشتوں کا عالم۔ فرشتوں کے رہنے کا مقام (۳) فرشتے۔ ملائکہ (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں عالم ارواح۔

**مَلَکوتی** ۔(مَ۔لَ۔کُو۔تی) [ع۔صف] فرشتوں سے متعلق۔ فرشتوں جیسی۔

**مَلَکوتی صفات** ۔[ع۔صف] فرشتوں جیسی خصلتوں والا۔

**مَلَکہ** ۔(مَ۔لَ۔کہ) [ع۔ا۔مذ] مہارت۔ مشق۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔ ہُنر۔ تجربہ۔ اُستادی۔ فہم۔ ادراک۔

**ملکہ حاصل ہونا** ۔[ا۔محاورہ] مہارت ہونا۔ خوب مشق ہونا۔ نہایت تجربہ ہونا۔

**مَلِکہ** ۔(مَ۔لِ۔کہ) [ع۔ا۔مث] بادشاہ کی بیوی۔ قیصرہ۔ سلطانہ۔ بادشاہ بیگم۔ حکمران خاتون (۲) شہزادی۔ بادشاہ زادی (۳) جُہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ اور مکھیاں بطور پیش خدمت رہتی ہیں۔

**ملکہ مسُور** ۔[ا۔مث] بڑے قسم کی مسور۔

**مَلِکہ معظّمہ** ۔[ع۔ا۔صف۔مث] بڑی ملکہ۔ بزرگ ملکہ۔

**مَلَکی** ۔(مَ۔لَ۔کی) [ع۔صف] مَلَک سے منسوب۔ فرشتے کی مانند۔

**مَلَکی صفات** ۔[ف۔ا۔مث] فرشتہ خصلت۔

**مِلکی** ۔(مِل۔کی) [ع۔ا۔مذ] جاگیردار۔ ملک والا۔ زمین دار۔

**مِلکی کیا جانے پرائے دل کی** ۔[ا۔مثل] یعنی مالک لوگ خود غرض ہوتے ہیں دوسروں کی تکلیف کا خیال نہیں رکھتے۔

**مِلکی نہ کہے دل کی** ۔[ا۔مثل] زمین دار دل کا بھید نہیں دیتا۔

**مُلکی** ۔(مُل۔کی) [ع۔صف] ملک کا۔ ملک والا۔ ملک سے تعلق رکھنے والا (۲) قومی وطن کا۔ حکمرانی سے متعلق۔

**مِلکیت** ۔(مِل۔کی۔یت) [ع۔ا۔مث] قبضہ۔ تصرف (۲) جائیداد۔ زمینداری املاک۔ مال و اسباب۔ حقیت۔

**مَلگجا** ۔(مَل۔گَ۔جا) [ا۔صف] میلا۔ مٹی کے رنگ کا۔ غبار آلود۔ کچھ میلا کچھ اُجلا۔

**ملگجاپن** ۔[ا۔مذ] مٹی کے رنگ کا ہونا۔

**ملگجی** ۔(مَل۔گَ۔جی) [ہ۔صف و مث] میلی۔ مٹی کے رنگ کی۔

**مِل گئے کی بات ہے** ۔[ا۔] (۱) اتفاقیہ امر ہے (۲) اگر مل گئے تو ملاقات ہے ورنہ کچھ نہیں۔

**مُلگی** ۔(مُل۔گی) [ق۔ا۔مذ] دکان ریو۔ خیرات نامہ۔

**مَلَل** ۔[ع۔ا۔مذ] اندوہ۔ غم۔ تنگی۔

**مِلَل** ۔(مِ۔لَل) [ع۔ا۔مذ] ملت کی جمع۔ مذاہب۔ ادیان۔

**مَلہَم** ۔[ق۔ا۔مث] مرہم۔

**مُلَمّا** ۔[ق] ملمع۔

**مَلماس** ۔(مَل۔ماس) [ہ۔ا۔مذ] نحس مہینہ۔ منحوس مہینہ۔ وہ مہینہ جس میں ہندو خوشی کی رسمیں نہیں کرتے (۲) لونذ۔ کبیسہ۔

**مُلمّچی** ۔(مُ۔لَم۔مَ۔چی) [ا۔ا۔مذ] لوہے پر ملمع کرنے والا۔

**مُلَمّع** ۔(مُ۔لَم۔مَع) [ع۔صف] روشن کیا گیا۔ چمکتا ہوا۔ درخشاں (۲) گلٹ کیا ہوا۔ سونا، چاندی چڑھایا ہوا (۳) [ا۔مذکر] جھول گلٹ۔ سونے چاندی کے ورق۔ پتر یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے (۴) قلعی (۵) بزادکیا (۱) ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ بناوٹ (۶) اصطلاح عروض میں ایک زبان کی نظم جس میں دوسری زبان کا ایک مصرع۔ ایک یا زیادہ شعر ملا دیے جائیں۔

**ملمع پھرنا (چڑھنا)** ۔[ا۔محاورہ] ملمع ہونا۔ گلٹ ہونا۔ سونا یا چاندی چڑھنا۔

**مُلمّع ساز** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] ملمع کرنے والا۔ سونا چاندی چڑھانے والا۔

**مُلمّع کار** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] جس کا ظاہر کچھ۔ باطن کچھ ہو۔

**مُلمّع کرنا** ۔[ا۔مص مرکب] گلٹ کرنا۔ سونا یا چاندی چڑھانا (۲) چمکانا۔ آب دینا۔ جلا دینا۔

**مُلمّع کُھل جانا** ۔[ا۔محاورہ] اصلیت معلوم ہو جانا۔ نمائشی کارروائی کا حال معلوم ہو جانا۔

**مَلمَل** ۔(مَل۔مَل) [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا۔

**مَلملا** ۔(مَل۔مَ۔لا) [ہ۔صف] نمکین۔ کھاری (۲) غمگین۔ دلگیر۔ اُداس۔

**مَلملانا** ۔(مَل۔مَ۔لا۔نا) [ہ۔صف] پچھتانا۔ افسوس کرنا۔

**مَلملاہٹ** ۔(مَل۔مَ۔لا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مث] اُداسی۔ غمگینی (۲) افسوس پچھتاوا۔ دریغ۔ حسرت۔

**ململاہٹ آنا** ۔[ا۔محاورہ] افسوس ہونا۔ پچھتانا۔

**مِل مِل کر رونا** ۔(مِل مِل۔کر۔رو۔نا) [ا۔محاورہ] گلے لگ لگ کر رونا۔

**مَل مَل کے دھونا** ۔(مَل۔مَل کے۔دھو۔نا) [ا۔محاورہ] کسی چیز کو خوب ہاتھ سے رگڑ رگڑ کر دھونا۔

**مِلَن** ۔(مِ۔لَن) [ہ۔ا۔مث] ملاقات۔ ملنا۔ میل جول۔

**مِلنسار** ۔[ا۔صف] ہر ایک سے ملنے والا۔ خلیق۔ خوش اخلاق۔

**ملنساری** ۔[ا۔مث] خوش اخلاقی۔ آشنا مزاجی۔ راہ و رسم۔ ربط و ضبط۔ میل جول۔

**مِلَنہار** ۔[ا۔صف۔ق] ملنے والا۔

**مَلنا** ۔(مَل۔نا) [ا۔مص] رگڑنا۔ مسلنا (۲) مالش کرنا (۳) لیپ کرنا (۴) مانجھنا۔



Marfat.com

(۵) کھریا کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جیسے گھوڑا ملنا (۶) مروڑنا۔ اینٹھنا۔ جیسے کان ملنا۔

**مَلنا دَلنا۔** [۱۔ محاورہ] مَسلنا۔ مالش کرنا۔ کسی چیز کو ہاتھ کا دباؤ دے کر رگڑنا۔

**مِلنا۔** (مِل۔نا) [ہ۔مص] (۱) پیوستہ ہونا۔ ملحق ہونا۔ ایک ذات ہونا۔ (۲) مرکب ہونا۔ دو چیزوں کا یکجا ہونا (۳) گڈ مڈ ہونا۔ غلط ملط ہونا (۴) ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا۔ اکٹھا ہونا (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ میں آنا۔ میسر ہونا۔ ہاتھ لگنا (۶) فائدہ ہونا (۷) گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔ (۸) وصل ہونا۔ ہم بستر ہونا (۹) سازش کرنا (۱۰) شامل ہونا (۱۱) مطابق ہونا۔ مشابہ ہونا (۱۲) قابو میں آنا (۱۳) عطا ہونا۔ عنایت ہونا۔ (۱۴) ربط و ضبط ہونا۔ راہ و رسم رکھنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا (۱۵) متفق الرائے ہونا۔ رائے میں شریک ہونا (۱۶) مَس ہونا۔ چھوا جانا۔ [۲۔مذ] میل جول۔ راہ و رسم۔ ملاقات (۱۷) رخصت کے وقت معانقہ کرنا (۱۸) کسی کام کا موقع ملنا (۱۹) دکھائی دینا۔

**مِلنا جُلنا۔** [۲۔مذ] میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ ملاقات۔

**مَلَنگ۔** (مَ۔لَنگ) [ہ۔۱۔مذ] (۱) بیخود۔ آپے سے باہر۔ بیہوش (۲) مجرد آدمی (۳) موٹا تازہ آدمی (۴) شاہ مدار کے مرید۔

**مِلنی۔** (مِل۔نی) [ہ۔۱۔مث] (۱) ملاقات۔ درشن (۲) استقبال۔ پیشوائی۔ (۳) ایک رسم جس میں شادی کے بعد سمدھی مع دیگر عزیز و اقارب ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ ملاوا (۴) وہ روپیہ جو دلھن والے دولھا والوں کو ملتے وقت دیتے ہیں۔

**مَلُّو۔ مَلھو۔** (مَل۔لُو) (مَل۔ھو) [ہ۔۱۔مذ] ریچھ۔ بھالو (۲) بندر۔

**مُلُّو۔** (مُل۔لُو) [ہ۔۱۔مذ] وہ پرند جس کے پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اور پرند آکر پھنسیں۔

**مَلوانا۔** (مَل۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) مالش کروانا (۲) صاف کرانا۔

**مِلوانا۔** (مِل۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آمیز کرانا۔ شریک کرانا (۲) ملاقات کرانا۔ صلح کرانا۔

**مُلَوَّث۔** (مُ۔لَوْ۔وَث) [ع۔۱۔مذ] لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔ بھرا ہوا (۲) ناپاک۔ نجس۔ پلید (۳) گنہگار۔ قصوروار۔

**مَلُوک۔** (مَ۔لُوک) [ہ۔صف] حسین۔ خوبصورت۔ شکیل۔ نازک۔ اچھا (۲) [۱۔مذ] ایک قسم کا کپڑا۔

**مُلُوک۔** (مُ۔لُوک) [ع۔۱۔مذ] ملک کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ سلاطین۔

**مُلُوکانہ۔** (مُ۔لُو۔کا۔نَہ) [ع۔ف۔صف] شاہانہ۔ خسروانہ۔ قیصرانہ۔

**مَلُول۔** (مَ۔لُول) [ع۔۱۔مذ] اُداس۔ رنجیدہ۔ غمگین۔

**مَلولا۔** (مَ۔لُو۔لا) [ہ۔۱۔مذ] غم۔ ملال۔ حسرت۔ ارمان۔ رنج۔ افسوس۔ پچھتاوا۔

**ملولے آنا۔** [۱۔ محاورہ] رنج ہونا۔ پچھتاوا ہونا۔

**ملولے بھرے ہونا۔** [۱۔ محاورہ] بہت سے ارمان ہونا۔

**ملولے ہونا۔** [۱۔ محاورہ] غم ہونا۔ ارمان ہونا۔ حسرتیں ہونا۔

**مُلَوَّن۔** (مُ۔لَوْ۔وَن) [ع۔۱۔مذ] (۱) رنگا ہوا (۲) رنگ برنگ کا۔ گوناگوں۔ بوقلموں۔

**مَلونی۔** (مَ۔لُو۔نی) [ہ۔۱۔مث] ملاوٹ۔ آمیزش۔ کھوٹ۔

**مَلہٹی۔ مَلیٹھی۔** (مُ۔لہ۔ٹھی) (مُ۔لے۔ٹھی) [ہ۔۱۔مث] دیکھیے مُلٹھی۔

**مِل مِل۔** [ق] مِل جُل کر۔

**مُلہَم۔** (مُل۔ہَم) [ع۔۱۔مذ] الہام کیا گیا۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے۔

**مُلہِم۔** (مُل۔ہِم) [ع۔۱۔مذ] الہام کرنے والا۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا۔

**مُلہِم الغیب۔** [ع۔صف] غیب کی خبر دینے والا۔

**مِلّی۔** [ع۔صف] ملت سے منسوب۔ قومی۔

**مِلّیہ۔** [ع۔صف۔مث] ملی کی تانیث۔

**مَلیا۔** (مَل۔یا) [ہ۔۱۔مث] مٹی یا لکڑی کی ہنڈیا جیسا ایک چھوٹا برتن۔

**ملیامیٹ۔** (مَل۔یا۔میٹ) [ہ۔صف] پامال۔ روندا ہوا۔ تباہ و برباد۔ ناپید۔ نیست و نابود۔ ستیاناس۔

**ملیامیٹ کرنا۔** [۱۔ محاورہ] برباد کرنا۔ غارت کرنا۔ اُجاڑنا۔ خاک میں ملانا۔

**مِلی بھگت۔** (مِ۔لی۔بھَ۔گَت) [ہ۔۱۔مث] سازش۔ باہمی مشورہ۔

**ملے پنج۔** (مَ۔لے پنج) [ا۔صف] چابک سواروں کی اصطلاح میں آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔

**مَلیچ۔ مَلیچھ۔** (مَ۔لیچ) (مَ۔لیچھ) [ہ۔۱۔مذ] دیکھیے مَلیچھ۔

**مَلیح۔** (مَ۔لیح) [ع۔صف] (۱) نمکین۔ سلونا (۲) خوبصورت۔ سانولا۔

**مَلیدہ۔** (مَ۔لی۔دَہ) [ا۔۱۔مذ] مالیدہ کا مخفف (۱) ایک قسم کا ملائم پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے۔ (۲) چورما۔ روٹی کو ریزہ ریزہ کرکے اس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں۔ (۳) کنایتاً ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کرکے مل ڈالی گئی ہو۔

**مَلیریا۔** (Malaria) (مَ۔لے۔رِ۔یا) [انگ۔۱۔مذ] موسمی بخار جو مچھروں سے ہوتا ہے۔

**مِلیشیا۔** (Militia) (مَ۔لے۔شِ۔یا) [انگ۔۱۔مذ۔مث] رضاکار فوج (۲) سیاہی مائل کپڑا جس کی عام طور پر وردیاں بنتی ہیں۔

**ملی میٹر۔** (Millimeter) (مِ۔لی۔می۔ٹر) [انگ۔۱۔مذ] علم مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے۔

**مُلَیِّن۔** (مُ۔لَے۔یِن) [ع۔۱۔مذ] ملائم کرنے والا۔ نرم کرنے والا۔ قبض دور کرنے والا۔

**مَلین۔** (مَ۔لین) [ہ۔صف] میلا۔ ناپاک۔ گندہ۔ غلیظ (۲) شکستہ۔ اداس۔ غمگین (۳) مکدر۔ منغّص۔

**مِلین۔** (Million) (مِل۔یَن) [انگ۔۱۔مذ] دس لاکھ۔

**مَلینہ۔** (مَ۔لی۔نَہ) [ا۔۱۔مذ] دیکھیے مرینہ ایک کپڑا۔

## م۔م

**مَم۔ مَمّا۔** (مَم) (مَم۔ما) [ہ۔۱۔مذ] دودھ پیتے بچوں کی زبان میں پانی (۱) عورت



Marfat.com

کی چھاتی ۔ دودھی ۔ چوچی ۔
**مَمات** ۔ (مَ ۔ مات) [ع ۔ ا ۔ مث] موت ۔ مرگ ۔ مرنا ۔ مرَن ۔
**مُماثِل** ۔ (مُ ۔ ما ۔ ثِل) [ع ۔ ا ۔ مذ] مانند ۔ مثل ۔ مشابہ ۔ نظیر ۔ برابر ۔
**مُماثلت** ۔ (مُ ۔ ما ۔ ثَ ۔ لَت) [ع ۔ ا ۔ مث] مشابہت ۔ مانند ہونا ۔
**مُمارَسَت** ۔ (مُ ۔ ما ۔ رَ ۔ سَت) [ع ۔ ا ۔ مث] مشق ۔ تجربہ ۔
**مُماس** ۔ (مُ ۔ ماس) [ع ۔ صف] مَس کرنے والا ۔ چھونے والا (۲) اقلیدس میں وہ خط جو دوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے (۳) وہ نقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے ۔
**مُماکھی** ۔ (مُ ۔ ما ۔ کھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] شہد کی مکھی ۔
**مَمالِک** ۔ (مَ ۔ ما ۔ لِک) [ع ۔ ا ۔ مذ] مملکت کی جمع ۔ بہت سے ملک مقامات ۔ صوبے ۔
**ممالکِ غیر** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ ملک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں
**ممالکِ غیر آئین** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ ملک جن میں قانون کی پابندی نہ ہو
**ممالکِ محروسہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ ملک جو کسی بادشاہ کے تابع ہو ۔
**ممالکِ مفوضہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] سپرد کیے ہوئے ملک ۔ وہ ملک جو ایک بادشاہ دوسرے کو ہار کر دیدے ۔
**مَمالیک** ۔ (مَ ۔ ما ۔ لیک) [ع ۔ ا ۔ مث] مملوک کی جمع ۔ غلام ۔ بندے نوکر ۔ ملازم ۔
**مُمانَعَت** ۔ (مُ ۔ ما ۔ نَ ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مث] روک ۔ بندش ۔ مناہی منع کرنا ۔
**مُمانی** ۔ (مُ ۔ مانی) [اُ ۔ ا ۔ مث] ماموں کی بیوی ۔ مامی ۔
**مَمبر** ۔ (Member) (مَم ۔ بَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] رُکن ۔ مجلس ۔ کمیٹی کا رکن پنچ (۲) عضو ۔ جز ۔ بند (۳) حصہ دار ۔ پتی دار ۔ شریک ۔
**ممبر شپ** ۔ (Membership) [انگ ۔ ا ۔ مث] رکنیت ۔ ممبری ۔
**مَمتا** ۔ (مَم ۔ تا) [س ۔ ا ۔ مث] خودی ۔ انانیت (۲) کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے (۳) ملکیت کا خیال (۴) خود غرضی (۵) اُنس ۔ محبت (۶) تکبر ۔ غرور (۷) شخصیت (۸) لالچ ۔ حرص (۹) وہ محبت جو ماں کو اولاد سے ہوتی ہے ۔
**مُمتاز** ۔ (مُم ۔ تاز) [ع ۔ صف] امتیاز دیا گیا (۲) انتخاب کیا گیا ۔ چنا گیا (۳) عزت دیا گیا ۔ معزز (۴) اعلیٰ ۔ افضل ۔ سرفراز ۔ برتر ۔ برگزیدہ ۔ عالی مرتبہ (۵) نامی ۔ نامور ۔ مشہور (۶) شریف ۔ ذی شان ۔ والا قدر ۔
**مُمتاز فرمانا (کرنا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] عزت بخشنا ۔ مرتبہ بڑھانا ۔ معزز کرنا ۔
**مُمتَحَن** ۔ (مُم ۔ تَ ۔ حَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] امتحان دینے والا (۲) تجربہ کار آزمودہ کار ۔
**مُمتَحِن** ۔ (مُم ۔ تَ ۔ حِن) [ع ۔ ا ۔ مذ] امتحان لینے والا ۔ پڑتال کرنے والا ۔ جانچنے والا پرکھنے والا (جمع) ممتحنین ۔
**مُمتَد** ۔ (مُم ۔ تَد) [ع ۔ ا ۔ مذ] پھیلا یا گیا ۔ دراز کیا گیا (۲) لمبا ۔ طویل ۔
**مُمتَلی** ۔ (مُم ۔ تَ ۔ لی) [ع ۔ ا ۔ مذ] بھرا ہوا ۔ لبریز ۔ معمور ۔ اٹا ہوا ۔
**مُمتَنَع** ۔ (مُم ۔ تَ ۔ نَع) [ع ۔ ا ۔ مذ] باز رکھا گیا ۔ روکا گیا ۔

**مُمتَنِع** ۔ (مُم ۔ تَ ۔ نِع) [ع ۔ ا ۔ مذ] منع کرنے والا ۔ روکنے والا ۔ باز رکھنے والا ۔
**مُمتَنِعُ الجواب** ۔ [ع ۔ صف] جس کا جواب نہ ہو ۔
**مَمٹی** ۔ (مَم ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے گمٹی ۔
**مُمَثِّل** ۔ (مُ ۔ مَث ۔ ثِل) [ع ۔ ا ۔ مذ] اداکار ۔ ایکٹر ۔
**مُمَجَّد** ۔ (مُ ۔ مَج ۔ جَد) [ع ۔ ا ۔ مذ] بزرگی دیا گیا ۔ بزرگ ۔
**مُمِد** ۔ (مُ ۔ مِد) [ع ۔ ا ۔ مذ] مدد کرنے والا ۔ مددگار ۔ معاون ۔ ساتھی ۔
**مَمدُوح** ۔ (مَم ۔ دُوح) [ع ۔ ا ۔ مذ] تعریف کیا گیا ۔ جس کی تعریف کی جائے (جمع) ممدوحین ۔
**مَمدُوحَہ** ۔ (مَم ۔ دُو ۔ حَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] وہ عورت جس کی تعریف کی گئی ہو ۔
**مَمدُوحِین** ۔ (مَم ۔ دُو ۔ حِین) [ع ۔ ا ۔ مذ] ممدوح کی جمع ۔ وہ لوگ جن کی تعریف کی جائے
**مَمدُود** ۔ (مَم ۔ دُود) [ع ۔ ا ۔ مذ] پھیلایا گیا ۔ بڑھایا گیا ۔ لمبا کیا گیا ۔ وسیع کیا گیا ۔
**مَمدُودَہ** ۔ (مَم ۔ دُو ۔ دَہ) [ع ۔ صف] مد والا ۔ وہ الف جس پر مد ہو ۔ مد والا الف ۔
**مَمَر** ۔ (مَ ۔ مَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] گزرنے کی جگہ ۔ راہ گزر ۔ راستہ ۔ راہ ۔
**مَمریز** ۔ (مَم ۔ ریز) [اُ ۔ ا ۔ مث] لوہے کی دندانہ دار پھری جو سواروں کے بوٹ کی ایڑی میں چابک کا کام دیتی ہے (یہ لفظ مہمیز کا بگڑا ہوا ہے)
**مُمزُوج** ۔ (مَم ۔ زُوج) [ع ۔ ا ۔ مذ] ملایا ہوا ۔ آمیختہ ۔
**مُمسِک** ۔ (مُم ۔ سِک) [ع ۔ ا ۔ مذ] پکڑنے والا ۔ روکنے والا (۲) کنجوس ۔ بخیل ۔ شوم (۳) امساک بڑھانے والا ۔ جمع ، ممسکات ۔
**مُمکِن** ۔ (مُم ۔ کِن) [ع ۔ ا ۔ مذ] جو ہو سکے ۔ ہونے کے قابل ۔ قابل امکان (۲) آسان ۔ سہل (۳) محال ۔ مقدور ۔ طاقت (۴) منطق میں ۔ وہ شے جو معرض زوال و فساد میں ہو (جمع) ممکنات ۔
**ممکن الحصول ۔ ممکن الوصول** ۔ [ع ۔ صف] وہ چیز جو حاصل ہو جانے کے قابل ہو ۔ وصول ہو جانے کے لائق ۔
**ممکن الوقوع** ۔ [ع ۔ صف] وہ جس کے واقع ہونے کا امکان ہو ۔ ہونے کے قابل بات ۔
**مُمکِنات** ۔ (مُم ۔ کِ ۔ نات) [ع ۔ ا ۔ مذ] ممکن کی جمع ۔ وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو ۔
**مُملِکَت** ۔ (مَم ۔ لِ ۔ کَت) [ع ۔ ا ۔ مث] ۔ سلطنت ۔ بادشاہت ۔ حکومت فرمانروائی ۔ راج ۔
**مَملُو** ۔ (مَم ۔ لُو) [ع ۔ ا ۔ مذ] بھرا ہوا ۔ لبریز ۔ پُر ۔
**مَملُوک** ۔ (مَم ۔ لُوک) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ جس پر قبضہ کیا جائے ۔ مقبوضہ (۲) غلام بندہ (جمع) ممالیک ۔
**مَملُوکہ** ۔ (مَم ۔ لُو ۔ کہ) [ع ۔ صف] قبضہ کی گئی ۔ مقبوضہ ۔
**مملوکہ و مقبوضہ** ۔ [ع ۔ صف] خریدا اور قبضہ کیا ہوا ۔
**مَمنُوع** ۔ (مَم ۔ نُوع) [ع ۔ صف] منع کیا گیا ۔ روکا گیا (۲) ناجائز ۔ ناروا ۔ اخلاف شرع خلاف قانون ۔ جمع ، ممنوعات ۔



Marfat.com

ممنوع التصرفات ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جو آئندہ دخل دینے سے روک دیا جائے۔

مَمنُون ۔ (مَم ۔ نُون) [ع ۔ ا ۔ مذ] احسان کیا گیا ۔ وہ جس پر احسان کیا گیا ہو۔ احسان مند۔ شکرگزار۔

ممنون ہونا ۔ [ا ۔ مص مرکب] شکرگزار ہونا ۔ احسان مند ہونا ۔

ممنونیت ۔ (مَم ۔ نُو ۔ نِی ۔ یَت) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] احسان مندی۔

مَمُولا ۔ (مَم ۔ مُو ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ جھانپو۔

ممولے چھننا ۔ [ا ۔ محاورہ] بہت خاطر تواضع کرنا ۔ مارے خاطر کے بچھے جانا ۔ سر آنکھوں پر بٹھانا۔

مُمّی ۔ (مَم ۔ مِی) [انگ ۔ ا ۔ مث] (Mumy) لاش جو مسالا لگا کر محفوظ کی جائے (۲) بچے پیار سے ماں کو کہتے ہیں ۔

مُمیا (خُسر) سُسر ۔ (مُم ۔ یا خُسر سُسر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خاوند یا بیوی کا ماموں۔

مُمیا ساس ۔ (مُم ۔ یا ۔ ساس) [ہ ۔ ا ۔ مذ] خاوند یا بیوی کی مامی ۔

مِمیانا ۔ (مِم ۔ یا ۔ نا) [ا ۔ مص] بکری کا بولنا ۔ میں میں کرنا ۔

مُمیت ۔ (مُم ۔ مِیت) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مارنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام ۔

مَمیرا ۔ (مَم ۔ مِی ۔ را) [اُر ۔ ا ۔ مذ] ایک گٹھیلی جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اور آنکھ کی بینائی کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

مُمیرا ۔ (مُم ۔ مے ۔ را) [ہ ۔ صف] ماموں زاد ۔ ماموں کا بیٹا ۔

مُمیری ۔ (مُم ۔ مے ۔ ری) [ہ ۔ صف] ماموں کی بیٹی۔

مُمیَّز ۔ (مُم ۔ مَی ۔ یَز) [ع ۔ صف] تمیز کیا گیا ۔ پہچانا گیا۔

مُمیِّز ۔ (مُم ۔ مَی ۔ یِز) [ع ۔ صف] تمیز کرنے والا ۔ بھلے بُرے کو پہچاننے والا ۔

مُمیِّزہ ۔ (مُم ۔ مَی ۔ یِ ۔ زَہ) [ع ۔ صف] پہچاننے والی ۔ تمیز کرنے والی قوت ۔

## م ۔ ن

مَن ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] دل ۔ جی ۔ خاطر ۔ قلب ۔ ضمیر (۲) چالیس سیر کا وزن (۳) سانپ کا مُہرہ (۴) کنویں کی مینڈھ

مَن اُٹکا تن جھٹکا ۔ [ا ۔ مثل] دل لگتے ہی بدن سوکھ گیا ۔

من اٹکنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل آنا ۔ عشق ہونا ۔ محبت ہونا ۔

من اکتانا ۔ [ا ۔ محاورہ] جی سیر ہو جانا ۔ گھبرانا ۔ بیزار ہو جانا ۔

من اگلنا ۔ [ا ۔ محاورہ] سانپ کا اپنے مہرے کو مُنہ سے نکالنا۔

من اُلجھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دیکھیے من اٹکنا ۔

مَن امیر اور کرم دلدری ۔ [ا ۔ مثل] دل میں امیرانہ حوصلے ہیں مگر قسمت خراب ہے ۔

من بسنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل میں سمانا ۔ دل میں جگہ کر لینا ۔

من بھاتا ۔ [ا ۔ صف ۔ مذ] مرغوب خاطر ۔ دل پسند ۔

مَن بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنیے ۔ [ا ۔ مثل] کھانا اپنی پسند کا کھانا چاہیے وہ لباس وہ پہننا چاہیے جسے لوگ پسند کریں ۔

من بھاری کرنا ۔ کُڑھنا ۔ اُداس ہونا ۔ غمگین ۔

من بھاونا ۔ من بھاوَن ۔ من بھایا ۔ [ا ۔ صف ۔ مذ] دیکھیے من بھاتا ۔

من بھائے رچا ہے، مُنڈیا ہلائے ۔ [ا ۔ مثل] دل تو چاہتا ہے مگر بظاہر انکار ہے ۔ اوپری دل سے انکار ۔

من بھر ۔ [ا ۔ صف] ایک من وزن ۔ چالیس سیر وزن کے برابر (۲) خاطر خواہ دل کے موافق ۔ جی بھر کر۔

من بھر جانا ۔ من بھرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت سیر ہو جانا ۔

من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی ۔ [ا ۔ مثل] مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو سر ہلا کر جواب دے ۔ مگر زبان سے جواب نہ دے

من پھٹ جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت بیزار ہو جانا ۔ نفرت ہو جانا ۔

من چلا ۔ [ا ۔ صف] دِل چلا ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ سُورما ۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ بیباک ۔

من چلتا ہے ۔ ٹٹو نہیں ۔ [ا ۔ مثل] حوصلہ بڑا ہے مقدور کچھ نہیں ۔ حوصلہ ہے لیکن کچھ ہو نہیں سکتا ۔

من چلنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل چاہنا ۔ کسی کی طرف دل کا رغبت کرنا (۲) دل قابو میں نہ رہنا ۔ دیوانہ ہونا ۔

من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا ۔ [ا ۔ مثل] اگر دل ٹھیک ہے اعتقاد سچا ہے تو خدا ہر جگہ موجود ہے ۔

من چھوڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] سانپ کا من نکال کر رکھ دینا ۔

مَن رنجن ۔ [ا ۔ صف] خوش گوار ۔ دل کا خوش کرنے والا ۔ دل کو خوش کرنے کا فعل ۔

من سانچا تو سب سانچا ۔ [ا ۔ مثل] اعتقاد ٹھیک ہو تو سب کام ٹھیک ہوتے ہیں ۔

من سمجھوتی ۔ [ا ۔ مث] اطمینان خاطر ۔ دل کا سمجھا لینا ۔

من کا چیتا ۔ [ا ۔ مذ] دل کا چاہا ۔ دل کی خواہش ۔

من کا میلا (کھوٹا) ۔ [ا ۔ مذ] بد باطن ۔ کینہ پرور ۔ ریاکار ۔ منافق ۔

من کچا کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] ہمت ہارنا ۔ دل توڑنا ۔

من کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل چاہنا ۔ خواہش کرنا ۔ جی چاہنا ۔

من کھٹا ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] طبیعت بیزار ہونا ۔ جی بُرا ہونا ۔

من کی ماری ۔ [ا ۔ مث] مردہ دل ۔ افسردہ دل ۔

من کی من میں رہنا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل کی حسرت دل ہی میں رہ جانا ۔ ارمان پورا نہ ہونا ۔

من کی موج ۔ [ا ۔ مث] دل کی لہر ۔ دل کی ترنگ ۔

من کے چیتے ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] دل کی مراد پوری ہونا ۔

من کے لڈو پھوڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] خیالی پلاؤ پکانا ۔ دل ہی دل میں خوش ہونا ۔



Marfat.com

**من کے ہارے ہار ہے من کے جیتے جیت** ۔ (۱ ۔ مثل) دل چھوڑ دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔ حوصلے ہی سے کام بنتا ہے ۔

**من لُبھانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) دل کو مائل کرنا ۔ دل کو فریفتہ کرنا ۔

**من للچانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) جی چاہنا ۔ دل کا خواہش کرنا ۔

**من مار رہنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) دل کی خواہش اختیار میں کرنا ۔ دل مسوس کر رہنا ۔

**من مار کے بیٹھ رہنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) صبر کر کے رہ جانا ۔ مایوس ہو کر بیٹھ جانا ۔

**من مارنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) صبر اختیار کرنا ۔ دل کی خواہش دبانا ۔

**من مانا** ۔ (۱ ۔ صف ۔ مذ) خاطر خواہ ۔ حسبِ منشاء ۔

**من مانتا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) حسبِ دل خواہ ۔ خاطر خواہ ۔ دل کے موافق ۔

**من مانی** ۔ (۱ ۔ صف ۔ مث) حسبِ منشا ۔ دل کے مطابق خود اختیاری ۔

**من مانی گھرجانی** ۔ (۱ ۔ مثل) بے جا ضد پر کہتے ہیں

**من مانی مراد پانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) خاطر خواہ آرزو پوری ہونا ۔

**من مست** ۔ (۱ ۔ مذ) زندہ دل ۔ خوش طبع ۔ ظریف ۔ ہنس مکھ ۔

**من ملنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) دل ملنا ۔ دل کا موافق ہونا ۔

**من من بھر کے پاؤں** ۔ (۱ ۔ مذ) پاؤں کا سُوج کر بھاری ہو جانا ۔ بہت زیادہ تکان سے پاؤں کا بھاری ہو جانا ۔

**من موجی** ۔ (۱ ۔ صف) خود مختار ۔ آزاد طبع ۔ زندہ دل ۔ آوارہ مزاج ۔

**من موہنی** ۔ ہ ۔ (۱ ۔ صف) دل کو موہ لینے والا ۔ سلونا ۔ معشوق ۔ پیارا ۔

**من میں سہنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) قربان کرنا ۔ صدقے کرنا ۔

**من میلا کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) رنجیدہ ہونا ۔ اُداس ہونا ۔

**من میں مجمع فریب بغل میں اینٹیں** ۔ (۱ ۔ مثل) ظاہر اچھا ، باطن خراب ۔

**من ہارنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ہمت ہارنا ۔

**من ہر** ۔ (۱ ۔ صف ۔ ق) دل چھین لینے والا ۔ من موہن ۔ معشوق ۔

**من ہرن** ۔ (۱ ۔ صف) دل چرانے والا ۔ محبوب ۔ معشوق ۔

**من ہرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) دل چرانا ۔ دل چھیننا ۔

**مَن** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) قیمتی پتھر ۔ جواہر ۔ سنگ ۔

**مَن** ۔ (ع ۔ کلمہ ۔ صلہ) وہ شخص ۔ کوئی شخص ۔ جو شخص ۔ جس نے ۔

**من جرب المجرب حلت بہ الندامہ** ۔ (ع ۔ مقولہ) جو آزمائے ہوئے کو آزماتا ہے اُسے ندامت حاصل ہوتی ہے ۔

**مَنّ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) احسان ۔ منت (۲) ضرر ۔ نقصان ۔ کمی (۳) ایک شیریں رطوبت

**منّ و سلویٰ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) میٹھی رطوبت اور بٹیریں ۔ وہ کھانا جو کہ حضرت موسیٰؑ کے لشکر بنی اسرائیل پر جب کہ وہ بھوک سے پریشان تھے ۔ شام کے ایک پُرخار میدان میں نازل ہوا ۔ درختوں پر میٹھی رطوبت جم جاتی وہ اُسے اکٹھا کر لیتے اور بے شمار بٹیریں جنگل میں آجاتی انہیں وہ مار کر بھون لیتے ۔

**مَن** ۔ (ف ۔ ض) ضمیر واحد متکلم ۔ میں (۲) نسبت کے لیے جیسے دُشمن ۔

**من آنم کہ من دانم** ۔ (ف ۔ مثل) میں جیسا ہوں خود ہی جانتا ہوں ۔ تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔

**من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم کہ با من ہرچہ کرد آں آشنا کرد** ۔ (ف ۔ مثل) مجھے غیروں سے کوئی شکایت نہیں ۔ میں اپنوں ہی کا ستایا ہوا ہوں ۔

**من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو** ۔ (ف ۔ مثل) میں تجھے حاجی کہتا ہوں تو مجھے حاجی کہہ ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ دو شخص ایک دوسرے کی تعریف کرنے لگتے ہیں ۔

**من چہ می سرایم و طنبورہ من چہ می سراید** ۔ (ف ۔ مثل) میں کیا گا رہا ہوں اور میرا طنبورہ کیا گا رہا ہے ۔ اس وقت کہتے ہیں ۔ جب کسی شخص کا بیان اس کی تحریر کے خلاف ہو ۔ کسی شخص کا بیان دوسرے سے مختلف ہو تو ایسے موقع پر کہتے ہیں ۔

**من خوب می شناسم پیران پارسا را** ۔ (ف ۔ مثل) میں پرہیزگار پیروں کو خوب جانتا ہوں یعنی میں مکار آدمیوں سے اچھی طرح واقف ہوں ۔

**من در چہ خیالم و فلک در چہ خیال** ۔ (ف ۔ مثل) میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے ۔ اس وقت مستعمل ہے جب کوئی امر منصوبے کے خلاف واقع ہو ۔ صحیح "ما در چہ خیالیم" ہے ۔ مگر مشہور یہی ہے ۔

**من نہ کردم شما حذر بکنید** ۔ (ف ۔ مثل) میں نے نہیں کیا تم پرہیز کرنا ۔ خود تکلیف اُٹھا کر دوسروں کو نصیحت کرنا ۔

**من نہ گویم کہ ایں مکن آں کن ، مصلحت بیں و کار آساں کن** ۔ (ف ۔ مثل) میں نہیں کہتا یہ کر اور وہ کر ۔ مصلحت دیکھ اور جو کام آسان ہے وہ کر ۔

**مِن** ۔ (ع ۔ حرف جر) (۱) میں سے ۔ پر ۔ اوپر ۔ کا (۲) ماسوا ۔ بہ سبب ۔ مقابلہ اس کے (۳) مانند ۔ مشابہ (۴) ساتھ ۔ مع ۔

**مِن اَوّلہٖ اِلیٰ آخرہٖ** ۔ (ع ۔ مقولہ) اوّل سے آخر تک ۔ از سرتا پا ۔ ابتدا یا انتہا ۔

**مِن بعد** ۔ (ع ۔ تابع فعل) بعد سے ۔ پس ازاں ۔ بعد ازاں ۔ آگے کو پھر (۲) فوراً جلدی ۔ ابھی ۔ فی الفور ۔

**مِن جانب اللّٰہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا کی طرف سے ۔ غیب سے (۲) خود بخود ۔ آپ ہی آپ ۔

**مِنجملہ** ۔ (ع ۔ تابع فعل) سب میں سے ۔ تمام میں سے ۔ کل میں سے ۔

**مِن حیث المجموع** ۔ (ع ۔ تابع فعل) مجموعی حیثیت سے ۔

**مِن کل وجوہ** ۔ (ع ۔ تابع فعل) ہر طرح ۔ ہر صورت سے ۔ بہر حال ۔ بہر صورت ۔

**مِن کُل** ۔ (ع ۔ تابع فعل) ہر طرح ۔ ہر حالت سے ۔ ہر وجہ سے ۔ بہر حال ۔ بہر صورت ۔

**مِن کُل وَجہ** ۔ (ع ۔ تابع فعل) ایک وجہ سے ۔ ایک صورت سے ۔

**مِن و عن** ۔ (ع ۔ تابع فعل) حرف بحرف ۔ مفصل ۔ واضح ۔ تفصیل وار (۲) ہو بہو ۔ جُوں کا تُوں ۔

**مِنہُ** ۔ (ع ۔ تابع فعل) اس کا ۔ اس سے ۔

**مِنہُم** ۔ (ع ۔ تابع فعل) منہُ کی جمع (۲) اس زُمرے میں ۔ مخالفین کے زمرے میں ۔

**مُنی** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) جوگی ۔ سادھو ۔ زاہد ۔ مرتاض ۔

**مَنی** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) منّہ ۔



Marfat.com

**مُنا** ۔ (ق) منع ۔
**مِنا۔ مِنیٰ** ۔ (م۔ نا) [ع۔ ا۔ مذ] مکۂ معظمہ کے قریب ایک مقام جو پہاڑیوں میں واقع ہے اور جہاں حاجی دس سے بارہ ذی الحجہ تک قربانی کرتے ہیں ۔
**مُنّا** ۔ (مُن۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذ] پیار سے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں ۔ لاڈلا ۔ پیارا ۔ ننھا ۔
**مناب** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] کھڑے ہونے کی جگہ ۔ قائم مقام ہونا ۔
**مَنابر** ۔ (مَ۔ نا۔ بِر) [ع۔ ا۔ مذ] منبر کی جمع ۔
**منابع** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] منبع کی جمع ۔
**مَنات** ۔ (مَ۔ نات) [ع۔ ا۔ مذ] عرب کے ایک مشہور بُت کا نام زمانۂ جاہلیت میں جس کی پرستش کی جاتی تھی ۔
**مُناجات** ۔ (مُ۔ نا۔ جات) [ع۔ ا۔ مث] سرگوشی ۔ کانا پھوسی (۲) دعا عرض التجا (۳) وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دعا مانگی جائے ۔
**مُناجاتی** ۔ (مُ۔ نا۔ جا۔ تی) [ا۔ صف] مناجات کرنے والا ۔
**مُنادمت** ۔ (مُ۔ نا۔ دَ۔ مَت) [ع۔ ا۔ مث] ہم نشینی ۔ مصاحبت ۔
**مُنادیٰ** ۔ (مُ۔ نا۔ دا) [ع۔ ا۔ مذ] پکارا گیا ۔ بلایا گیا ۔ وہ جس کو پکاریں ۔
**مُنادی** ۔ (مُ۔ نا۔ دی) [ع۔ ا۔ مذ] پکارنے والا ۔ اعلان کرنے والا ۔ ڈھنڈورچی ۔ (۲) [مث] وہ بول کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں (۳) وعظ ۔ دین کی تلقین (۴) (۵) ڈونڈی ۔ ڈھنڈورا ۔
**منادی پھرنا / ہونا** ۔ [ا۔ محاورہ] اعلان ہونا ۔ ڈونڈی پٹنا ۔
**منادی پھیرنا / کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] اعلان عام کرنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔
**مَنادیل** ۔ (مَ۔ نا۔ دیل) [ع۔ ا۔ مث] مندیل کی جمع ۔ پگڑیاں ۔ دستار ۔ رومال ۔
**مَنار۔ مَنارہ** ۔ (مَ۔ نار) (مَ۔ نا۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] نور کی جگہ (۲) چراغ دان ۔ لالٹین (۳) اُونچا ستون ۔ لاٹھ ۔ میل پایہ ۔ کھمبہ ۔ بلند ستون جو مسجد کے پہلو میں بنائے جاتے ہیں ۔ ماذنہ ۔ اذان دینے کی جگہ ۔ مسجد کے اندر اُونچا ستون ۔
**مُنازعت** ۔ (مُ۔ نا۔ زَ۔ عَت) [ع۔ ا۔ مث] جھگڑا ۔ قضیہ ۔ ٹنٹا ۔ تکرار ۔ بحث ۔
**مُنازع فیہ** ۔ (مُ۔ نا۔ زَع۔ فیہ) [ع۔ ا۔ مذ] وہ امر جس کے لیے جھگڑا ہو ۔
**منازل** ۔ (مَ۔ نا۔ زِل) [ع۔ ا۔ مث] منزل کی جمع ۔ اُترنے کی جگہیں ۔ مقامات ۔ مکانات ۔
**منازل قمر** ۔ [ع۔ ا۔ مث] چاند جس راستے پر زمین کے گرد چکر لگاتا ہے اُسے اٹھائیس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے انہیں منازل قمر کہتے ہیں ۔ نکشتر ۔ نچھتر ۔
**مُناسِب** ۔ (مُ۔ نا۔ سِب) [ع۔ صف] نسبت رکھنے والا ۔ موزوں ۔ لائق ۔ زیبا ۔ شایاں (۲) ٹھیک ۔ درست ۔ معقول ۔ بہتر (۳) لازم ۔ جائز ۔ روا ۔
**مناسب نہیں** ۔ درست نہیں ۔ موزوں نہیں ۔ شایاں نہیں ۔
**مُناسبت** ۔ (مُ۔ نا۔ سَ۔ بت) [ع۔ صف] (۱) [مث] باہمی تعلق ۔ علاقہ ۔ موزونیت و نسبت ۔
**مناسبت رکھنا** ۔ [ا۔ محاورہ] تعلق یا علاقہ رکھنا ۔ باہمی لگاؤ ۔ آپس میں نسبت ہونا ۔
**مُناسخہ** ۔ (مُ۔ نا۔ سَ۔ خَہ) [ع۔ ا۔ مذ] فقہ اسلامی میں ایک قاعدہ جس کے رُو سے وارثوں کے حصے ٹھہرائے جاتے ہیں ۔
**مناسک** ۔ (مَ۔ نا۔ سِک) [ع۔ ا۔ مذ] منسک کی جمع ۔ حج کے ارکان جا بجا کی عبادت کے مقامات ۔
**مَناصِب** ۔ (مَ۔ نا۔ صِب) [ع۔ ا۔ مذ] منصب کی جمع ۔ مرتبے ۔ عہدے ۔
**مُناصحت** ۔ (مُ۔ نا۔ صِ۔ حَت) [ع] دل سے نصیحت کرنا ۔ سمجھانا ۔
**مُناصفت۔ مُناصفہ** ۔ (مُ۔ نا۔ صَ۔ فَت) (مُ۔ نا۔ صَ۔ فَہ) [ع۔ ا۔ مذ] برابر کے دو حصے ۔ نصفا نصفی کرنا ۔ آدھوں آدھ کرنا ۔
**مَناط** ۔ (مَ۔ ناط) [ع۔ ا۔ مذ] مقصد (۲) بنیاد ۔
**مناطِ دعویٰ** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] دعوے کی بنیاد ۔ بنائے دعویٰ ۔
**مَناظِر** ۔ (مَ۔ نا۔ ظِر) [ع۔ ا۔ مذ] منظر کی جمع ۔ نظارے ۔
**مُناظِر** ۔ (مُ۔ نا۔ ظِر) [ع۔ ا۔ مذ] مناظرہ کرنے والا ۔ بحث کرنے والا ۔ حجتی ۔ تکراری ۔
**مُناظَرہ** ۔ (مُ۔ نا۔ ظَ۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذ] بحث ۔ مباحثہ ۔ تکرار (۲) وہ علم جس میں بحث کرنے کے قوانین درج ہیں (۳) کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا ۔ جمع مناظرات ۔
**مُناظَمہ** ۔ (مُ۔ نا۔ ظَ۔ مَہ) [ع۔ ا۔ مذ] آپس میں نظمیں پڑھنا ۔ جمع ۔ مناظمات ۔
**مَنافذ** ۔ (مَ۔ نا۔ فِذ) [ع۔ ا۔ مذ] منفذ کی جمع ۔ راستے ۔ رخنے ۔ روزن ۔ سوراخ ۔ مسامات
**مُنافِر** ۔ (مُ۔ نا۔ فِر) [ع۔ ا۔ مذ] نفرت کرنے والا ۔
**مُنافرت** ۔ (مُ۔ نا۔ فَ۔ رَت) [ع۔ ا۔ مث] نفرت ۔ گھن ۔ پرہیز ۔
**مُنافست** ۔ (مُ۔ نا۔ فَ۔ سَت) [ع۔ ا۔ مث] ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔
**مَنافع** ۔ (مَ۔ نا۔ فِع) [ع۔ ا۔ مذ] منفعت کی جمع ۔ فائدے ۔
**منافع باقی۔ منافع زائد** ۔ [ع۔ ت۔ ا۔ مذ] فالتو فائدے ۔
**منافع خام** ۔ [ع۔ ت۔ ا۔ مذ] کُل آمدنی جس میں اصل رقم اور نفع شامل ہیں ۔
**منافع عمومیہ** ۔ [ع۔ ت۔ ا۔ مذ] عوام کے فائدے ۔
**منافع مستمرہ** ۔ [ع۔ ت۔ ا۔ مذ] وہ فائدے جو ہمیشہ جاری رہیں ۔
**مُنافع** ۔ (مُ۔ نا۔ فِع) [ع۔ ا۔ مذ] نفع دینے والا ۔
**مُنافعہ** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] نفع یابی ۔ فائدہ ۔
**مُنافق** ۔ (مُ۔ نا۔ فِق) [ع۔ ا۔ مذ] نفاق رکھنے والا ۔ ریاکار ۔ وہ شخص جس کے دل میں کچھ ہو زبان پر کچھ ہو ظاہر میں دوست باطن میں دشمن ۔ شریعت اسلامیہ میں وہ شخص جو بظاہر مسلمان مگر دل سے کافر ہو ۔ جمع ۔ منافقین ۔
**منافقت** ۔ (مُ۔ نا۔ فَ۔ قَت) [ع۔ ا۔ مث] باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا ۔ ریاکاری ۔ مکاری ۔ ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی ۔
**مُنافی** ۔ (مُ۔ نا۔ فی) [ع۔ ا۔ مذ] نفی کرنے والا ۔ خلاف ۔ ضد ۔
**مناقب** ۔ (مَ۔ نا۔ قِب) [ع۔ ا۔ مذ] منقبت کی جمع (۱) تعریفیں ۔ خوبیاں ۔ بھلائیاں ۔ اچھائیاں ۔ اوصاف (۲) اہلبیت اور اصحاب کبار کی مدح ۔
**مُناقشہ** ۔ (مُ۔ نا۔ قَ۔ شَہ) [ع۔ ا۔ مذ] جھگڑا ۔ قضیہ ۔ قصہ ۔ نزاع ۔ ٹنٹا ۔ جمع ۔ مناقشات ۔
**مُناقِض** ۔ (مُ۔ نا۔ قِض) [ع۔ ا۔ مذ] توڑنے والا ۔ مخالف ۔ ناموافق ۔
**مُناقضہ** ۔ (مُ۔ نا۔ قَ۔ ضَہ) [ع۔ ا۔ مذ] ایک دوسرے کی بات کو توڑنا ۔ بحث مباحثہ ۔ جھگڑا ۔



Marfat.com

**مُناکحَت** ۔ (مُ ۔ نا ۔ کَ ۔ حَت) (ع ۔ ا ۔ مث) نکاح کرنا ۔ عقد ۔ ازدواج ۔

**مُنال** ۔ (مُ ۔ نال) (ع ۔ ا ۔ مذ) جاگیر ۔ جایداد ۔ مال و اسباب ۔ دھن ۔ دولت ۔

**مُنال** ۔ (مُ ۔ نال) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہمالیہ کا چکور جس کا رنگ سبز ۔ لاجوردی اور سر پر کلغی ہوتی ہے ۔

**مَنّان** ۔ (مَن ۔ نان) (ع ۔ ا ۔ مذ) بہت احسان کرنے والا ۔ نہایت نیکی کرنے والا ۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

**مَنانا** ۔ (مَ ۔ نا ۔ نا) (ا ۔ مص) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا ۔ رضا مند کرنا (۲) رجھانا (۳) منت ماننا ۔ دعا کرنا ۔

**مَناہِج** ۔ (مَ ۔ نا ۔ ہِج) (ع ۔ ا ۔ مذ) منہج کی جمع ۔ راستے ۔ طریقے ۔ سڑکیں ۔

**مَناہی** ۔ (مَ ۔ نا ۔ ہی) (ع ۔ ا ۔ مث) منہی کی جمع (۱) منع کی ہوئی چیزیں ۔ ناجائز باتیں ۔ خلافِ شرع کام (۲) روک ٹوک ۔ ممانعت ۔

**منائی** ۔ (مَ ۔ نا ۔ ای) (اُ ۔ ق ۔ ا ۔ مث) (یہ لفظ مناہی کا بگڑا ہوا ہے) روک ۔ ٹوک ۔ ممانعت ۔

**مُنبَّت** ۔ (مُ ۔ نَب ۔ بَت) (ع ۔ ا ۔ مذ) اُگایا ہوا (۲) اُبھرا ہوا ۔ وہ نقش جو اپنی سطح سے اُوپر کو اُٹھا ہو ۔

**منبّت کاری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی اور کپڑے وغیرہ پر کیا جاتا ہے ۔

**مِنبَر** ۔ (مِم ۔ بَر) (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ بلند مقام جس پر سے امام جمعہ اور عیدین کو خطبہ پڑھتا ہے ۔ وعظ کہنے کا مقام ۔ تقریر کرنے کی بلند جگہ ۔ وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں ۔ جمع ؛ منابر ۔

**منبر کو بنائے ۔ مسجد کو ڈھائے** ۔ (ا ۔ مثل) چھوٹی باتوں سے پرہیز اور بڑی ممنوعہ باتوں پر دلیر ۔

**مُنبَسِط** ۔ (مُم ۔ بَ ۔ سِط) (ع ۔ ا ۔ صف) پھیلنے والا (مجازاً) خوش ۔ مسرور شاد ۔ شادماں ۔

**مَنبَع** ۔ (مَم ۔ بَع) (ع ۔ ا ۔ مذ) پانی کے نکلنے کی جگہ ۔ پانی جاری ہونے کا مقام ۔ چشمہ ۔ سوتا (۲) پانی کا خزانہ (۳) نکلنے کی جگہ ۔ جمع ؛ منابع ۔

**مِنّت** ۔ (مِن ۔ نَت) (ع ۔ ا ۔ مث) عاجزی ۔ خوشامد ۔ چاپلوسی (۲) احسان ۔ بھلائی سلوک (۳) شکریہ ۔ شکر گزاری ۔

**منت اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) احسان لینا ۔

**مِنّت پذیر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) احسان مند ۔ احسان ماننے والا ۔

**مِنّت دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) احسان مند ۔ ممنون (۲) عاجزی کرنے والا ۔

**مِنّت دار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) احسان مند کرنا ۔ ممنون بنانا ۔

**مِنّت سماجت (خوشامد)** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) عاجزی ۔ خوشامد و درآمد ۔

**منت شناس** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) احسان مند ۔

**منت کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عاجزی کرنا ۔ انکسار کرنا ۔ التجا کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔

**مِنّت کش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) احسان مند ۔ احسان اُٹھانے والا ۔

**مِنّت کشی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) احسان مندی ۔ ممنونیت ۔

**منت کھینچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) احسان اُٹھانا ۔

**منت گزار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) شکر گزار ۔

**مِنّت لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) احسان برداشت کرنا ۔

**مَنّت** ۔ (ا ۔ مذ) تعداد ۔ شمار ۔

**مَنّت** ۔ (مَن ۔ نَت) (ہ ۔ ا ۔ مث) ماننا ۔ نیت ۔ نذر ۔ عہد ۔ نیاز ۔ بھینٹ ۔

**مَنّت اُتارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مراد پوری ہونے پر نذر و نیاز کرنا ۔

**منت بڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھینٹ دینا ۔ عہد پورا کرنا ۔ ماننا کو ادا کرنا ۔ کسی بزرگ کے نام پر کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہو اُسے پورا کرنا (۲) مراد پوری ہونے پر گنڈا ۔ طوق ۔ بیڑی وغیرہ اُتارنا ۔

**منت چڑھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیکھیے منت بڑھانا ۔

**منت پوری ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مانگی ہوئی مراد حاصل ہونا ۔

**منت کا چراغ ۔ منت کی شمع** ۔ (ا ۔ مث) مراد پوری ہونے پر عورتیں مسجد میں جو گھی کا چراغ یا شمع جلاتی ہیں ۔

**منت کا چھلا اُٹھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عورتیں چاندی کا چھلا دھو کر اُٹھاتی ہیں ۔ اور مراد پوری ہونے پر چھلا فروخت کر کے نیاز دلاتی ہیں ۔

**مَنّت کا طوق** ۔ (بیڑی) ۔ (ہنسلی) ۔ (ا ۔ مذ ۔ مث) کسی پیر یا دیوتا کے نام کا طوق ، بیڑی یا ہنسلی وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک کے لیے ڈالی جاتی ہے

**مَنّت کے بال (چوٹی)** ۔ (ا ۔ مث ۔ مذ) وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ یا دیوتا کے نام پر بچے کے سر پہ میعاد مقررہ تک رکھی جائے ۔

**مَنّت مانگنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کی نذر و نیاز کر کے مراد چاہنا ۔

**مَنّت ماننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نذر ماننا ۔

**مَنتا** ۔ (مَن ۔ تا) (ق) مِنّت ۔

**مُنتَج** ۔ (مُن ۔ تَج) (ع ۔ ا ۔ صف) نتیجہ دیا ہوا ۔ نتیجہ ۔

**مُنتِج** ۔ (مُن ۔ تِج) (ع ۔ ا ۔ مذ) نتیجہ دینے والا ۔ ثمر بخشنے والا ۔

**مُنتخَب** ۔ (مُن ۔ تَ ۔ خَب) (ع ۔ ا ۔ مذ) انتخاب کیا گیا ۔ چُنا گیا ۔ چھانٹا گیا ۔ پسندیدہ چھانٹا ہوا ۔ برگزیدہ (۲) نایاب ۔ عجیب ۔ یکتا ۔

**مُنتخَب روزگار** ۔ (ف ۔ صف) بے مثل ۔ لاجواب ۔

**منتخب کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔ چُننا ۔ پسند کرنا اختیار کرنا ۔

**مَنتَر** ۔ (مَن ۔ تَر) (س ۔ ا ۔ مذ) جادو ۔ ٹونا ۔ سحر ۔ افسوں (۲) وید کا کوئی حصہ ۔

**منتر پڑھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عمل پڑھنا ۔ افسوں خوانی کرنا ۔

**منتر پھونکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جادو پڑھ کر دم کرنا ۔

**منتر جنتر** ۔ (ا ۔ مذ) جادو ۔ ٹونا ۔ جھاڑ پھونک ۔

**منتر چلانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جادو کرنا ۔ ٹوٹکا کرنا ۔

**منتر چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جادو کا کارگر ہونا ۔ ٹوٹکے کا اثر ہونا ۔

**منتر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تلقین کرنا ۔ مرید کو دینی ہدایت کرنا ۔ چیلا بنانا مرید کرنا ۔

**منتر مارنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) جادو چلانا ۔ ٹونا کرنا ۔

**منتر کاری** ۔ (ق ۔ ا ۔ مذ) کاردباری وزیر ۔

**مَنتری** ۔ (مَنت ۔ ری) (س ۔ ا ۔ مذ) ہدایت کرنے والا ۔ ہادی ۔ راہبر ۔ پیر ۔ مرشد (۲) صلاح کار ۔ وزیر ۔ مشیر (۳) جادوگر ۔ ساحر ۔ فسوں ساز ۔



Marfat.com

مُنتَسِب - (مُن - تَ - سِب) [ع - ا - مذ] نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔
مُنتَشِر - (مُن - تَ - شِر) [ع - ا - مذ] بکھرنے والا۔ پھیلنے والا۔ پراگندہ ہونے والا (۲) متفرق۔ تتر بتر (۳) حیران۔ پریشان۔
مُنتَشِر کرنا - [ا - مص مرکب] بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتر بتر کرنا۔
مُنتَظِر - (مُن - تَ - ظِر) [ع - ا - مذ] انتظار کرنے والا۔ راہ تکنے والا۔ اُمیدوار۔ آس لگانے والا۔
مُنتَظِرِ حکم - [ع - ا - مذ] حکم کا انتظار کرنے والا۔ نہایت فرمانبردار۔
مُنتَظِر رکھنا - [ا - محاورہ] انتظار میں رکھنا۔ اُمیدوار بنانا۔ راہ دکھانا۔
مُنتَظِر رہنا - [ا - محاورہ] راہ دیکھنا۔ اُمید میں رہنا۔
مُنتَظِری - (مُن - تَ - ظِ - ری) [ف - ا - مث] انتظار۔
مُنتَظِم - (مُن - تَ - ظِم) [ع - ا - مذ] انتظام کرنے والا۔ اہتمام کرنے والا۔ ناظم۔ مہتمم (۲) کفایت شعار۔ جزرس۔ جمع۔ منتظمین۔
مُنتَفِع - (مُن - تَ - فِع) [ع - ا - مذ] نفع حاصل کرنے والا۔ فائدہ اُٹھانے والا۔
مُنتَفِی - (مُن - تَ - فِی) [ع - ا - مذ] فنا ہونے والا۔ نیست ہونے والا۔
مُنتَقِل - (مُن - تَ - قِل) [ع - ا - مذ] مکان بدلنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ (بفتح قاف) ایک جگہ سے دوسری جگہ گیا ہوا۔
منتقل الیہ - [ع - ا - مذ] جس کی طرف کوئی چیز یا معاملہ منتقل کیا گیا ہو۔
منتقل کرنا - [ا - مص مرکب] بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا۔ بیع کرنا۔
مُنتَقِم - (مُن - تَ - قِم) [ع - ا - مذ] انتقام لینے والا۔ بدلہ لینے والا۔ عوض لینے والا۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ جمع۔ منتقمین۔
منتقم حقیقی - [ع - ا - مذ] اصلی بدلہ لینے والا۔ خدا تعالیٰ۔
منتقم مجازی - [ع - ا - مذ] ظاہری بدلہ لینے والا۔ حاکم۔ بادشاہ۔
مُنتَہےٰ - (مُن - تَ - ہا) [ع - ا - مذ] انتہا کیا گیا۔ انتہا کو پہنچا ہوا۔ انجام کو پہنچا ہوا (۲) پورا۔ کامل۔ تمام۔ مکمل (۳) نتیجہ۔ انجام۔ ثمرہ۔ پھل۔ حاصل۔
مُنتَہی - (مُن - تَ - ہی) [ع - ا - مذ] انتہا کو پہنچنے والا (۲) وہ شخص جو تحصیل علم مکمل کر چکا ہو (۳) کامل۔ لائق۔ عالم۔ فاضل۔ جمع۔ منتہان۔
مِنَّتی - (مِن - نَ - تی) [ہ - ا - مث] عاجزی۔ خوشامد۔
مِنٹ (Minute) - (مِ - نٹ) [انگ - ا - مذ] گھنٹے کا ساٹھواں حصہ۔ ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ۔ پل۔
مِنٹ - (Mint) [انگ - ا - مث] سکے ڈھالنے کی جگہ۔
مَنثُور - (مَن - ثُور) [ع - ا - مذ] ان بندھا موتی۔ دُرِ ناسُفتہ (۲) پھیلا ہوا۔ منتشر (۳) نثر۔
مُنَج - [ق] بے نور۔
مَنجا - (مَن - جا) [ہ - ا - مذ] پلنگ۔ چارپائی۔
مَن جانا - (مَن - جا - نا) [ا - مص] راضی ہو جانا۔
منجدھار - [ا - مث] دریا یا دریا کے بیچ کی دھار (۲) [صف] مصیبت۔ عین مصیبت کی جگہ۔
مُنجَذِب - (مُن - جَ - ذِب) [ع - ا - مذ] جذب ہونے والا۔

مُنجَرّ - (مُن - جَرّ) [ع - ا - مذ] کھینچا ہوا۔
مَنجَلاب - (مَن - جَ - لاب) [ف - ا - مذ] گندہ پانی ڈالنے کی جگہ (۲) گندہ پانی۔
مُنجَلی - (مُن - جَ - لی) [ع - ا - مذ] روشن۔ ظاہر۔ آشکار۔
مُنَجِّم - (مُ - نَج - جِم) [ع - ا - مذ] ستاروں کا علم جاننے والا۔ نجومی۔ جوتشی۔ اختر شناس۔ جمع۔ منجمین۔
مُنجَمِد - (مُن - جَ - مِد) [ع - ا - مذ] سردی سے جما ہوا۔ بستہ۔
منجمد ہونا - [ا - مص مرکب] سردی سے جمنا۔ بستہ ہونا۔
مَنجَن - (مَن - جَن) [ہ - ا - مذ] دانتوں کے صاف کرنے کا سفوف۔
مَنجنا - (منج - نا) [ا - مص] رگڑ کر صاف ہونا۔ اُجلا ہونا (۲) صیقل ہونا (۳) شائستہ ہونا (۴) تجربہ کار ہونا۔
مَنجَنِیق - (مَن - جَ - نِیق) [ع - ا - مذ] ایک آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر پھینکے جاتے تھے۔ سنگباری کی قدیم دستی مشین۔
مَنجھا - (مَن - جھا) [ہ - ا - مذ] لکڑی کا تختہ۔ چوکی (۲) چرخے کا درمیانی حصہ جس کے اوپر مال رہتی ہے۔ ایٹرن کے بیچ کی لکڑی (۳) پلنگ۔ چارپائی۔
منجھا ڈالنا - [ا - مص] کسی کام کو آئندہ کے لیے اٹھا رکھنا۔ کام میں توقف ڈالنا۔ دیر لگانا۔
مَنجھار - (مَن - جھار) [ق] درمیان۔
مَنجھلا - (مَنجھ - لا) [ہ - صف] درمیان کا۔ بیچ کا۔
منجھلا روزہ - [ا - مذ] رمضان شریف کا چودھواں روزہ۔
مَنجھلی - (مَنجھ - لی) [ہ - صف] درمیانی۔ بیچ کی۔
مَنجھنا - (مَنجھ - نا) [ہ - مص] دیکھیے منجنا۔
مَنجھو - (مَن - جھو) [ہ - صف] منجھلا۔ درمیانی۔
مَنجھولا - (مَن - جھو - لا) [ہ - صف] بڑا نہ چھوٹا۔ درمیانہ۔ متوسط (۲) [ا - مذ] اوسط درجے کا دیگچہ۔ (یہ لفظ جاندار چیز کے لیے مستعمل نہیں ہے)
مَنجھولی - (مَن - جھو - لی) [ہ - ا - مث] (۱) ایک قسم کی چھوٹی بہلی (۲) میانہ قد کی عورت۔
مَنجھے - (مَن - جھے) [ق] بیچ۔
مَنجھیلا - (مَن - جھے - لا) [ق] جھگڑا۔ اختلاف۔ پیچیدگی۔
مَنجھیلا - (مَن - جھے - لا) [ہ - ا - مذ] دیر۔ التوا۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تعویق۔
منجھیلا پڑنا - [ا - محاورہ] ڈھیل پڑنا۔ وقفہ ہونا۔ دیر لگنا۔
منجھیلا ڈالنا - [ا - محاورہ] دیکھیے منجھا ڈالنا۔
مَنجھیلی - (مَن - جھے - لی) [ہ - ا - مث] دوپہر (۲) مجازاً سنسان۔ چپ چاپ۔
منجھیلی رات - [ا - مث] سنسان رات۔ ڈراؤنی رات۔
مَنجِیرا - (مَن - جی - را) [ہ - ا - مذ] پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔
مُنحَرِف - (مُن - حَ - رِف) [ع - ا - مذ] پھرنے والا (۲) خم کھایا ہوا۔ ترچھا۔ ٹیڑھا (۳) باغی۔ سرکش۔ غدار۔



Marfat.com

**مُنحصَر** ۔ (مُن ۔ حَ ۔ صَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) گھیر لینے والا (۲) موقوف ۔ مشروط متعلق ۔ وابستہ ۔
**مُنحصَر علیہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] جس پر موقوف ہو ۔
**مُنحَنی** ۔ (مُن ۔ حَ ۔ نی) [ع ۔ ا ۔ مذ] جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔ ٹیڑھا (۲) دُبلا ۔ لاغر ۔ کمزور ۔ نحیف ۔
**مَنحُوس** ۔ (مَن ۔ حُو ۔ س) [ع ۔ ا ۔ مذ] بدبخت ۔ بدنصیب (۲) بُرا ۔ بد ۔ زشت (۳) مکروہ ۔ گھناؤنا ۔
**مَنخِر** ۔ (مَن ۔ خِر ۔ مَن ۔ خُر) [ع ۔ ا ۔ مذ] نتھنا ۔ ناک کا سوراخ ۔
**مُنخَنِقَہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] وہ جانور جو گلا گھٹنے سے مرا ہو ۔
**مَند** ۔ [ق ۔ صف] سُست ۔
**مَند** ۔ [ف ۔ لاحقہ] لاحقہ صفت نسبت جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے صفت بنا دے ۔ اور والا ۔ صاحب کے معنی دے جیسے دانش مند ۔ احسان مند وغیرہ ۔
**مَندا** ۔ (مَن ۔ دا) [ہ ۔ صف] کم ۔ ہلکا ۔ دھیما ۔ مدھم (۲) سستا ۔ ارزاں ۔
**مندا بیچنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سستا بیچنا ۔ ارزاں فروخت کرنا ۔
**مندا پڑ جانا ۔ مندا پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دھیما ہونا ۔ سُست ہونا ۔ ڈھیلا ہونا (۲) ماند ہونا ۔ مدھم پڑنا (۳) ارزاں ہونا ۔ سستا ہونا ۔
**مندا لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کم قیمت پر بیچنا ۔ سستا بیچنا ۔
**مندا ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] سستا ہونا ۔ ارزاں ہونا ۔
**مُندَا** ۔ (مُن ۔ دا) [ق ۔ ا ۔ مذ] گلا ۔ ریوڑ ۔
**مَندَر** ۔ (مَن ۔ دَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گھر ۔ مکان ۔ محل (۲) شوالہ ۔ معبد ۔ پرستش گاہ ۔
**مُندرا** ۔ (مُند ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جوگیوں کے کان کا کنڈل (۲) کان کا ایک زیور ۔
**مُندَرِج** ۔ (مُن ۔ دَ ۔ رِج) [ع ۔ صف] درج کیا گیا ۔ لکھا ہوا ۔
**مُندَرِجہ** ۔ (مُن ۔ دَ ۔ رِ ۔ جہ) [ع ۔ صف] درج ہونے والا ۔ درج کیا گیا ۔ جمع مندرجات ۔
**مندرجۂ بالا** ۔ [ع ۔ صف] اُوپر لکھا ہوا ۔
**مُندَرِس** ۔ (مُن ۔ دَ ۔ رِس) [ع ۔ ا ۔ مذ] مٹا ہوا ۔ کٹا ہوا ۔ پھٹا ہوا ۔ محو خارج کیا ہوا (۲) گھسا ہوا ۔
**مُندَری** ۔ (مُند ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] چھلا جو ہندو کان میں ڈالتے ہیں (۲) انگلی میں پہننے کا چھلا ۔ انگوٹھی ۔
**مُندَریا** ۔ (مُن ۔ دَر ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] مندری کی تصغیر ۔ چھوٹی انگوٹھی ۔
**مُندَفِع** ۔ (مُن ۔ دَ ۔ فِع) [ع ۔ صف] دفع ہونے والا ۔ دُور ہونے والا ۔
**مَندَل** ۔ (مَن ۔ دَل) [ہ ۔ ا ۔ مث] ڈھول ۔ پکھاوج ۔ طبلہ ۔ دھونسہ (۲) چرخے کے بیچ کی لکڑی جس پر مال پھرتی ہے (۳) وہ دائرہ جو عمل پڑھنے والے حفاظت کی خاطر اپنے گرد بنا لیتے ہیں (۴) چشمہ ۔ منبع ۔ سوتا ۔
**مَندَلا** ۔ (مَند ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] درخت کا وہ حصہ جو جڑ سے لے کر شاخ تک ہوتا ہے ۔ تنہ ۔
**مُندَمِل** ۔ (مُن ۔ دَ ۔ مِل) [ع ۔ ا ۔ مذ] بھرنے والا زخم ۔
**مُندنا** ۔ (مُند ۔ نا) [ا ۔ مص] بند ہونا ۔ بھچنا (۲) جڑنا جیسے دروازہ مندنا ۔ (۳) غائب ہونا ۔ چھپنا ۔

**مَندُوب** ۔ (مَن ۔ دُوب) [ع ۔ ا ۔ مذ] نمائندہ ۔ ممبر جو کام کے لیے بنایا گیا ہو ۔
**مَندهر** ۔ (مَن ۔ دهر) [ق ۔ ا ۔ مذ] مندر ۔ مکان ۔
**مندھیر** ۔ [ق] دیکھو "مندھر"
**مَندی** ۔ (مَن ۔ دی) [ہ ۔ ا ۔ مث] کساد بازاری ۔ مال کم نکلنا ۔
**مَندِیل** ۔ (مَن ۔ دِیل) [ع ۔ ا ۔ مث] طلائی پگڑی ۔ کلغی ۔ سنہری دستار (۲) تولیہ ۔ رومال ۔ انگوچھا (۳) کمر کا پٹکا ۔ پیٹی ۔
**مُنڈ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سر ۔ کھوپڑی (۲) ایک راکشس (۳) سرگروہ ۔ سردار ۔ سرغنہ ۔ استاد (۴) درخت جس کے پتے گر گئے ہوں (۵) شوخ ۔ بے حیا (ق)
**مُنڈ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لٹ جانا ۔
**منڈ چڑا ۔ منڈ چڑھا** ۔ [ا ۔ صف] ایک قسم کے فقیر جو پیسہ نہ ملنے پر اپنے سر یا بدن کو زخمی کر لیتے ہیں ۔ ضدی ۔ ہٹی ۔
**منڈ چڑاپن** ۔ [ا ۔ صف] ضد ۔ ہٹیلا پن ۔
**مُنڈا** ۔ (مُن ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بنگال کی ایک مشہور مٹھائی (۲) ایک قسم کی چپاتی روٹی (۳) انکھ کی چھلی ۔
**مُنڈا** ۔ (مُن ۔ ڈا) [ہ ۔ صف] منڈا ہوا سر ۔ وہ آدمی جس کا سر منڈا ہوا ہو (۲) درخت جس کی شاخیں نہ ہوں (۳) جانور جس کے سینگ نہ ہوں (۴) مینار ۔ گنبد ۔ مندر ۔ گرجا جس پر کلس نہ ہو (۵) ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی (۶) [پن ۔ ا ۔ مذ] لڑکا ۔ بچہ (۷) پتنگ کا سرا ۔
**مُنڈاسا** ۔ (مُن ۔ ڈا ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] پھینٹا ۔ پگڑی ۔ عمامہ ۔ دستار ۔
**مُنڈاسا باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پگڑی باندھنا (۲) سر چڑھنا ۔
**منڈاسا پھرانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (ق ۔ مص) برہم ہونا ۔ بے مروتی کرنا ۔
**منڈاسا کسنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دیکھیے منڈاسا باندھنا ۔
**مُنڈان** ۔ (مُن ۔ ڈان) [ا ۔ مث ۔ ق] (۱) موجودات ظاہر شدہ (۲) دنیا ۔ جہان ۔
**مُنڈانا** ۔ (مُن ۔ ڈا ۔ نا) [ا ۔ مص] اُسترا پھروانا ۔ بال صاف کرانا ۔
**مُنڈائی** ۔ (مُن ۔ ڈا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مث] مونڈنے کا کام ۔ (۲) مونڈنے کی اُجرت ۔
**مَنڈَپ** ۔ (مَن ۔ ڈَپ) [س ۔ ا ۔ مذ] وہ جگہ جہاں بیاہ وغیرہ کی کافی رونق ہو ۔ شامیانہ ۔
**مَنڈَف** ۔ (مَن ۔ ڈَف) [ق ۔ ا ۔ مذ] منڈپ ۔ شامیانہ ۔
**مَنڈُک** ۔ (مَن ۔ ڈُک) [س ۔ ا ۔ مذ] انگلی ۔ حجام ۔
**مُنڈکری** ۔ (مُن ۔ ڈک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] گھٹنوں پر سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ ۔
**مُنڈکری مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] گھٹنوں میں سر دے کر سونا ۔ اوندھی کھٹولی لے کر پڑ جانا ۔ غمگین حالت میں سونا ۔
**مَنڈَل** ۔ (مَن ۔ ڈَل) [س ۔ ا ۔ مذ] گھیرا ۔ دائرہ ۔ چکر ۔ گولا (۲) گول خیمہ یا تنبو (۳) احاطہ ۔ صوبہ ۔ ضلع ۔ پرگنہ (۴) نمبردار ۔ گاؤں کا پٹواری (۵) گردش ۔
**منڈل باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) جمگھٹ کرنا ۔ حلقہ باندھنا ۔ (۲)



Marfat.com

اندھیرا چھانا۔

**منڈلاتے منڈلاتے پھرنا**۔[ا۔ محاورہ] ڈانواں ڈول پھرنا۔ اِدھر اُدھر مارے مارے پھرنا۔ اِرد گرد چکر کھانا۔

**مُنڈلانا**۔ (مَنڈ۔ لا۔ نا) [ا۔ مص] چکر لگانا۔ گھومنا۔ حلقہ باندھ کر پھرنا (۲) گول دائروں میں اُڑنا (۳) بادل کا گھر آنا۔

**مَنڈلی**۔ (مَنڈ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ٹولی۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ جُھنڈ۔

**مُنڈلی**۔ (مُنڈ۔ لی) [ہ۔ صف] مُنڈی ہوئی عورت۔ وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

**مُنڈن** (مو نڈن) [ہ۔ ا۔ مذ] سر کا مُنڈایا جانا (۲) بچے کے بالوں کا پہلی دفعہ مُنڈایا جانا۔

**مُنڈنا**۔ (مُنڈ۔ نا) [ا۔ مص] حجامت بننا۔ بال مُنڈے جانا (۲) چوری ہونا۔ لُٹنا (۳) دھوکے میں آکر نقصان اٹھانا۔

**مَنڈنا**۔ [ق۔ مص] بنانا۔

**مَنڈری**۔ (مَنڈ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] وہ غلّہ جس پر بیل چلائے جاتے ہیں۔

**مُنڈرُو**۔ (مُن۔ ڈو) [ہ۔ صف] وہ عورت جس کا سر مونڈا گیا ہو (۲) بدبخت عورت (۳) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو۔ رانڈ بیوہ۔

**مَنڈوا**۔ (مَنڈ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک ادنیٰ قسم کا غلّہ (۲) تھیٹر۔ تماشا گاہ۔ پنڈال۔ شامیانہ۔

**مُنڈوانا**۔ (مُنڈ۔ وا۔ نا) [ا۔ مص] بال صاف کرانا (۲) چوری کرانا۔ لٹوانا۔ ٹھگوانا (۳) دھوکے سے خرچ کرانا۔

**مُنڈکا**۔ (مُن۔ ڈکا) [ہ۔ صف] حرامی بچہ۔ ولد الزنا۔

**مَنڈھا**۔ (مَن۔ ڈھا) [ہ۔ ا۔ مذ] وہ سائبان یا شامیانہ جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے اور جس کے نیچے دولہا دُلہن کے پھیرے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کے گیت جو دُلہن کی رُخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں۔

**مَنڈھا چھوانا**۔ [ا۔ محاورہ] شادی کا سائبان تنوانا۔

**منڈھ جانا**۔ [ا۔ مص] کسی کام میں پورے طور پر مصروف ہو جانا۔

**مَنڈھنا**۔ (مَنڈھ۔ نا) [ا۔ مص] پوشش کرنا۔ کپڑا۔ کاغذ یا چمڑا چڑھانا۔ مڑھنا جانچنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا (۲) ذمے لگانا۔ سر کرنا گلے مڑھنا (۳) رچنا۔ بچنا۔ ہونا۔

**مَنڈھوانا**۔ (مَنڈھ۔ وا۔ نا) [ا۔ مص] پوشش کرانا۔ مڑھوانا (۲) کسی کے سر ڈلوانا۔ ذمے دھروانا۔

**مَنڈھوائی**۔ (مَنڈھ۔ وا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مث] منڈھنے کی اُجرت۔ پوشش کرائی کی مزدوری۔

**مَنڈھی**۔ **مَنڈھیا**۔ (مَن۔ ڈھی)، (مَنڈھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] جھونپڑی۔ مڑھی۔ کٹیا (۲) جوگیوں کے رہنے کا چھوٹا سا گنبد۔ سائبان۔

**مَنڈی**۔ (مَن۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] تجارت گاہ۔ بازار۔ ہاٹ۔ بڑا بازار۔ تھوک فروشی کی جگہ۔

**مَنڈی لگنا**۔ [ا۔ محاورہ] منڈی کا کاروبار شروع ہونا۔ بازار لگنا۔

**مُنڈی**۔ (مُن۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] بن بالوں کی۔ بن شاخوں کی۔ سر مونڈی ہوئی (۲) وہ جانور جس کے سینگ نہ ہوں (۳) بے نوک کی جوتی (۴) ایک بولی (۵) سر۔ کھوپڑی۔

**مُنڈی تولنا**۔ [ا۔ محاورہ] غرور سے سر اُونچا کرنا۔

**مَنڈیانا**۔ (مَنڈ۔ یا۔ نا) [ہ۔ مص] کلف لگانا۔ مانڈی لگانا۔ مانڈنا۔ چاول کی پیچ یا نشاستہ وغیرہ سے کپڑے یا کاغذ کو سخت بنا کر صاف کرنا۔

**مُنڈیا**۔ (مُنڈ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] مونڈی کی تصغیر۔ چھوٹا سا سر۔ ذرا سی کھوپڑی۔

**مَنڈیٹ**۔ (Mandate) (مَن۔ ڈیٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] حاکم عدالت کا حکم۔ ہدایت (۲) حق وکالت۔ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار (۳) (قانون) معاہدہ جس کی رُو سے کوئی شخص بلا معاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے۔

**مُنڈیر**۔ (مُن۔ ڈیر) [ہ۔ ا۔ مث] دیوار کا اُوپر کا حصہ جو ڈھلوان ہوتا ہے (۲) پُشتہ۔ پینڈھ۔

**مُنڈیر باندھنا**۔ [ا۔ محاورہ] پشتہ باندھنا۔ پینڈ بنانا۔ ذرا سی دیوار اٹھا کر حد بنانا۔

**مُنڈیری**۔ (مُن۔ ڈے۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] منڈیر کی تصغیر۔

**مُنڈینا**۔ (مُن۔ ڈے۔ نا) [ق۔ صف] شوخی۔ بے حیائی۔

**مُنڈیرا**۔ (مُن۔ ڈرا) [ق۔ ا۔ مذ] دِل۔

**مَنزِل**۔ (مَن۔ زِل) [ع۔ ا۔ مث] اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔ سرائے ٹھکانہ۔ مسافر خانہ۔ پڑاؤ (۲) ایک دن کا سفر۔ مرحلہ (۳) گھر۔ مکان۔ مسکن (۴) مکان کا ایک درجہ (۵) چاند کا گھر۔ نچھتر (۶) قرآن مجید کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ۔ جمع: منازل۔

**منزل اٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] مکان بنانا۔

**منزل اوّل**۔ [ع۔ ا۔ مث] پہلی منزل۔ مجازاً۔ موت۔ قبر۔

**منزل بہ منزل**۔ [ع۔ ف۔ تابع فعل] پڑاؤ پڑاؤ۔ ایک ایک پڑاؤ۔ درجہ بدرجہ۔

**منزل بھاری ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] سفر کا مشکل ہونا۔

**منزل پر پہنچنا**۔ [ا۔ محاورہ] اصل مقام پر پہنچنا۔

**منزل دراز ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] معمولی مسافت کا لمبا معلوم ہونا۔

**منزل دینا**۔ [ا۔ محاورہ] جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لیے رکھ دینا۔ مُردے کو آرام دینا۔

**منزل طے ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] سفر پورا ہونا۔ ٹھکانے پر پہنچنا۔

**منزل کاٹنا**۔ [ا۔ محاورہ] راستہ طے کرنا۔

**منزل کٹنا**۔ [ا۔ محاورہ] سفر طے ہونا۔ مسافت طے ہونا۔

**منزل کٹھن ہونا**۔ [ا۔ مص مرکب] منزل کڑی ہونا۔ راستہ کا دشوار ہونا۔ سفر کا مشکل ہونا۔

**منزل کھوٹی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] راستے میں اتنی دیر لگنا کہ منزل تک ٹھیک وقت پر نہ پہنچ سکنا۔ مقام مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا۔

**منزل کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا (۲) کچھ چل کر ٹھہر جانا۔

**منزل گاہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] اُترنے کی جگہ۔ قیام کرنے کی جگہ۔ درگاہ



Marfat.com

لاند ہے۔)

**منزل مارنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) مسافت طے کرنا۔ سفر ختم کرنا (۲) مشکل حل کرنا۔

**منزلِ مقصود**۔ [ع۔ا۔مث] وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔

**منزلِ مقصود کو پہنچنا**۔ [ا۔ محاورہ] ٹھکانے پر پہنچنا۔ مراد حاصل ہونا مطلب بر آنا۔

**منزلِ ہستی**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (کنایۃً) عمر۔ زندگی۔

**مُنَزَّل**۔ (مُ۔نَزْ۔زَل) [ع۔ا۔مذ] نیچے اتارا گیا۔ نازل کیا گیا۔

**مُنْزِل**۔ (مُن۔زِل) [ع۔صف] انزال ہونے والا۔ نیچے اُترنے والا۔

**مُنْزِل ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] انزال ہونا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا۔

**منزلت**۔ (مَنْ۔زِ۔لَت) [ع۔ا۔مث] توقیر۔ قدر۔ عزت۔ اعزاز۔ وقعت (۲) درجہ۔ مرتبہ۔

**مُنزلہ**۔ (مُن۔زِ۔لَہ) [ع۔صف] درجے کا۔ کھنڈ والا جیسے دو منزلہ۔

**منزوی**۔ (مُن۔زَ۔وی) [ع۔صف] گوشہ نشین۔ خلوت گزین۔ گوشہ گیر۔

**مُنَزَّہ**۔ (مُ۔نَزْ۔زَہ) [ع۔ا۔مذ] عیبوں سے بَری۔ پاک۔ مبرّا۔

**مُنس**۔ [ق۔ا۔مذ] خاوند۔

**منسا**۔ (مَنْ۔سا) [ہ۔ا۔مث] خواہش۔ مراد۔ مطلب۔ مقصد۔ چاہ۔ منشا۔

**منسا پورن کرنا**۔ [ا۔ مص مرکب] مراد بھر لانا۔ آرزو پوری کرنا۔

**منسا دیوی**۔ [ہ۔ا۔مث] ایک دیوی جو ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق انسان کو سانپ کے زہر سے بچاتی ہے۔

**منسٹر** (Minister) (مِ۔نِس۔ٹَر) [انگ۔ا۔مث] وزیر دیوان۔ مدار المہام۔

**منسٹری**۔ (مِ۔نِس۔ٹ۔ری) [انگ۔ا۔مث] وزارت۔ وزرا کی جماعت۔

**مُنسَرِح**۔ (مُن۔سَ۔رِح) [ع۔ا۔مذ] آسان۔ آسان کیا گیا (۲) عروض کی ایک بحر۔

**مَنسَک**۔ (مَنْ۔سَک) [ع۔ا۔مذ] عبادت گاہ (۲) مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔

**مُنسلک**۔ (مُن۔سَ۔لِک) [ع۔ا۔مذ] پرو دیا ہوا۔ نتھی کیا ہوا۔ شامل۔ مشمول۔

**منسلک کرنا**۔ [ا۔ مص مرکب] شامل کیا ہوا نتھی کرنا۔

**منسوب**۔ (مَن۔سُوب) [ع۔ا۔مذ] نسبت کیا گیا۔ متعلق کیا ہوا (۲) جس سے نسبت یعنی منگنی ہو۔

**منسوب کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) نسبت کرنا (۲) سگائی کرنا۔ منگنی کرنا (۳) بیاہنا۔ نکاح کرنا۔

**منسوبہ**۔ (مَن۔سُو۔بَہ) [ع۔صف] نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ (۲) جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر۔

**منسوج**۔ (مَن۔سُوج) [ع۔ا۔مذ] بُنا ہوا۔

**منسوخ**۔ (مَن۔سُوخ) [ع۔صف] رد کیا گیا۔ نابود کیا گیا۔ ترک کیا گیا۔

**منسوخی**۔ (مَن۔سُو۔خی) [ع۔ا۔مذ] نیست ہونا۔ مٹنا۔

**منش**۔ (مَ۔نُش) [ہ۔ا۔مذ] آدمی۔ مرد۔ شخص (۲) خاوند۔ شوہر۔ پتی۔

**منش**۔ (مَ۔نِش) [ف۔ا۔مث] طبیعت۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔

**منشا**۔ (مَن۔شا) [ع۔ا۔مذ] پیدا ہونے کی جگہ (۲) مجازاً سبب۔ باعث۔ وجہ (۳) ارادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ مراد۔ منصوبہ۔ عندیہ۔

**مُنشآت**۔ [ع۔ا۔مذ] مسودہ۔ عبارتیں۔ تصنیفات۔

**منشار**۔ (مِن۔شار) [ع۔ا۔مذ] لکڑی چیرنے کا آلہ۔ آرہ (۲) اناج علیحدہ کرنے کا آلہ جس کے ایک طرف دستہ اور دوسری طرف چھوٹا سا کنگھا ہوتا ہے۔

**مُنشرح**۔ (مُن۔شَ۔رِح) [ع۔ا۔مذ] کھلنے والا۔

**مُنشرَح**۔ (مُن۔شَ۔رَح) [ع۔ا۔مذ] کھلا ہوا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار (۲) خوش بشاش۔

**منشعب**۔ (مُن۔شَ۔عِب) [ع۔ا۔مذ] پھیلا ہوا۔ پراگندہ۔ منتشر۔ شاخ در شاخ۔

**منشور**۔ (مَن۔شُور) [ع۔ا۔مذ] تتر بتر۔ بکھرا ہوا (۲) شاہی فرمان۔ پروانہ (۳) جماعتی اعلان (۴) سہ پہلا شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر پھیل جاتی ہیں۔ جمع۔ مناشیر۔ (Manifesto)

**منشورِ مثلثی**۔ [ع۔ا۔مث] تکونا شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں۔

**منشی**۔ (مُن۔شی) [ع۔ا۔مذ] (۱) پیدا کرنے والا۔ آغاز کرنے والا (۲) لکھنے والا۔ محرر۔ متصدی۔ نویسندہ (۳) مضمون نگار۔ خوش قلم۔ خوش تحریر۔

**منشیِ چرخ۔ منشیِ فلک**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] عطارد ستارہ۔

**منشی خانہ**۔ فارسی دفتر۔ اردو دفتر (۲) ڈاک بنگلوں کے ساتھ ایک چھوٹا سا مکان جس میں افسروں کے منشی ٹھہرتے ہیں۔

**منشی گری**۔ [ع۔ف۔صف] محرری۔ کتابت۔ لکھنے کا کام۔

**مُنشّی**۔ (مُ۔نَش۔شی) [ع۔ا۔مذ] نشہ لانے والی چیز۔

**منشیانہ**۔ (مُن۔شِی۔یا۔نَہ) [ف۔صف] منشیوں کا سا (۲) منشی کا محنتانہ۔

**مَنصَب**۔ (مَن۔صَب) [ع۔ا۔مذ] رُتبہ۔ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) کام۔ خدمت (۳) حوصلہ۔ مجال۔ طاقت۔ یہ لفظ عام طور پر صاد کے زیر سے بولا جاتا ہے (جمع) مناصب۔

**منصب دار**۔ [ع۔ف۔صف] عہدے دار۔ عامل۔ عالم (۲) نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا۔

**منصبی**۔ (مَن۔صَ۔بی) [ع۔صف] منصب سے منسوب۔ عہدے کے متعلق جیسے فرضِ منصبی۔

**مُنصرِف**۔ (مُن۔صَ۔رِف) [ع۔ا۔مذ] پھر جانے والا۔ ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا۔ باغی۔ منحرف (۲) اصطلاح صرف و نحو میں وہ جس کی گردان ہو سکے۔

**مُنصرِم**۔ (مُن۔صَ۔رِم) [ع۔ا۔مذ] منتظم۔ انتظام کرنے والا۔ مہتمم۔ سربراہ کار۔ مینیجر۔ منیم۔ جمع: منصرمین۔

**مُنصِف**۔ (مُن۔صِف) [ع۔ا۔مذ] انصاف کرنے والا۔ عادل (۲) دیوانی کا ایک عہدیدار۔ جمع۔ منصفان۔ منصفین۔

**مُنصِف مزاج**۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] انصاف پسند۔ کھرا۔ دو ٹوک بات کہنے والا کسی کی لگی لپٹی نہ رکھنے والا۔



Marfat.com

**مُنصِفانہ**۔ (مُن-صِ-فا-نَہ) [ف-صف] از روئے انصاف۔ عدل کے اعتبار سے۔ دوٹوک۔ ٹھیک ٹھیک۔

**مُنصِفی**۔ (مُن-صِ-فی) [ع-ا-مث] انصاف۔ عدل۔ فیصلہ۔ تصفیہ (۲) منصف کا عہدہ۔ منصف کی عدالت۔

**مُنصِفی اُٹھ جانا**۔ [ا-محاورہ] انصاف نہ رہنا۔ بے انصافی ہونا۔ ظلم ہونا۔

**منصفی شرط ہے**۔ [ا-محاورہ] انصاف کرنا چاہیئے۔

**مَنصُوب**۔ (مَن-صُوب) [ع-ا-مذ] کھڑا۔ سیدھا۔ قائم۔ کھڑا کیا گیا (۲) وہ حرف جس پر زبر ہو۔ مفتوح۔

**مَنصُوبَہ**۔ (مَن-صُو-بَہ) [ع-ا-مذ] کھڑی ہوئی چیز (۲) تجویز۔ تدبیر۔ توڑ جوڑ۔ حکمت دانائی (۳) ارادہ۔ مقصد۔ منشا۔ عندیہ (۴) پلین۔

**منصوبہ باز**۔ [ع-ف-صف] ارادے گانٹھنے والا۔ سوچنے والا دور اندیش۔ مُدبِّر۔

**منصوبہ بندی**۔ [ع-ف-ا-مث] تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا۔ خاکہ یا نقشہ بنانا طریق عمل تجویز کرنا (انگ۔) (Planning)

**منصوبہ باندھنا**۔ [ا-محاورہ] ارادہ کرنا۔ ٹھاننا۔ کسی بات کو دل میں پختہ کرنا۔

**مَنصُور**۔ (مَن-صُور) [ع-ا-مذ] نُصرت دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ مظفر۔ فتحمند۔ (۲) ایک ولی اللہ کا نام جنھوں نے حالت جذب میں انا الحق کہہ دیا تھا۔ جس پر انہیں سولی دے دی گئی۔

**مَنصُوص**۔ (مَن-صُوص) [ع-ا-مذ] تحقیق کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا (۲) قرآن مجید کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو (۳) وہ حدیث جو کامل طور پہ ثابت ہو گئی ہو۔

**مِنَصَّہ**۔ (مِ-نَص-صَہ) [ع-ا-مذ] ظاہر ہونے کی جگہ۔ جلوہ گاہ (۲) وہ تخت یا چوکی جس پر دُلھن کو بٹھا کر جلوہ گاہِ عروس جھلہ عروسی جسے خوب سجایا جائے۔

**مِنَصّۂ شہود**۔ [ع-ف-ا-مذ] وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔

**مُنضِج**۔ (مُن-ضِج) [ع-ا-مذ] پکانے والی دوا۔ وہ دوا جو مواد کو پکا کر قابل اخراج کرے۔ خِلط کو پکانے والی دوا۔

**مُنضَبِط**۔ (مُن-ضَ-بِط) [ع-ا-مذ] پیوستہ کیا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔

**مُنضَبِط**۔ (مُن-ضَ-بِط) [ع-ا-مذ] مضبوط کرنے والا۔ پیوستہ کرنے والا۔

**مُنضَم**۔ (مُن-ضَم) [ع-ا-مذ] ملایا گیا۔ ملایا ہوا۔ شامل۔ پیوستہ۔ ملحق۔

**مُنطَبِع**۔ (مُن-طَ-بِع) [ع-ا-مذ] چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا۔

**مُنطَبِق**۔ (مُن-طَ-بِق) [ع-ا-مذ] برابر۔ موافق۔ اوپر تلے ٹھیک آنے والا۔

**مُنطَقِی**۔ (مُن-طَ-قِی) [ع-ا-مذ] سمجھنے والا۔ سمجھا ہوا۔

**مَنطِق**۔ (مَن-طِق) [ع-ا-مث] نطق۔ گویائی۔ گفتگو۔ بات۔ بات چیت۔ فصاحت خوش کلامی (۲) تلفظ۔ لہجہ (۳) ٹھیک طور سے سوچنے کا علم۔ وہ علم جو منطقی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کر دیتا ہے۔ علم دلیل۔ علم مناظرہ۔

**منطق بگھارنا۔ منطق چھانٹنا**۔ [ا-محاورہ] تقریر چھانٹنا۔ حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔ چُناں چنین کرنا۔ دلیل کرنا۔

**مِنطَقات**۔ (مِن-طَ-قات) [ع-ا-مذ] منطقہ کی جمع (۱) کمر میں باندھنے کے پٹکے (۲) وہ فرضی خطوط جو زمین کے گرداگرد واقع ہیں۔ دائرے۔ حلقے۔

**مِنطَقہ**۔ (مِن-طَ-قَہ) [ع-ا-مذ] (۱) کمر میں باندھنے کا پٹکا۔ وہ فرضی خط جو زمین کے چاروں طرف کھینچا ہوا ہے۔ دائرہ۔ حلقہ۔ (جمع)۔ مناطق۔ منطقات۔

**منطقۃ البروج**۔ [ع-ا-مذ] وہ بڑا دائرہ جس پر بارہ برج آسمانی واقع ہیں راس منڈل۔ راس چکر۔

**منطقۂ باردہ**۔ [ع-ا-مذ] وہ خطہ زمین جہاں تمام سال سخت سردی رہتی اور برف جمی رہتی ہے۔

**منطقۂ باردہ جنوبی**۔ [ع-ا-مذ] قطب جنوبی کے گرد کا خطہ جہاں سارا سال نہایت سردی ہوتی اور برف جمی رہتی ہے۔

**منطقہ باردہ شمالی**۔ [ع-ا-مذ] قطب شمالی کے قریب وہ خطہ جہاں تمام سال برف جمی رہتی اور سخت سردی ہوتی ہے۔

**منطقۂ حارّہ۔ منطقۂ محرقہ**۔ [ع-ا-مذ] خط استوا کے قریب کا وہ خطہ جہاں سورج کی کرنیں سیدھی پڑنے کے باعث ہمیشہ نہایت گرمی رہتی ہے۔

**منطقۂ معتدلہ**۔ [ع-ا-مذ] زمین کا وہ خطہ جہاں سردی اور گرمی برابر رہتی ہے۔

**منطقی۔ منطقیہ** (مَن-طِ-قی۔ مَن-طِق-یا) [پہلا ع اور دوسرا اُ-صف] علم منطق جاننے والا۔ حجتی۔ جھگڑالو۔

**مَنطُوق**۔ (مَن-طُوق) [ع-ا-مذ] بولا گیا (۲) کلام۔ سخن۔ بات چیت۔ قول۔ مضمون۔

**مَنطُوی**۔ (مَن-طُ-وی) [ع-ا-مذ] لپٹا ہوا۔ ملفوف۔ پیچیدہ۔

**مَنظَر**۔ (مَن-ظَر) [ع-ا-مذ] جائے نظر۔ آنکھ۔ نظر (۲) نظارہ۔ سیرگاہ۔ تماشا گاہ (۳) چہرہ۔ صورت۔ شکل (۴) حدِ نظر (۵) دریچہ۔ کھڑکی۔ روزن۔ سوراخ (۶) اونچی عمارت۔ ملاٹھ۔ مینار (جمع) مناظر۔

**منظرِ چشم**۔ [ع-ف-مث] آنکھ کی پتلی۔

**منظرِ عام**۔ [ع-ف-ا-مذ] کُھلی جگہ۔ گزرگاہِ عام۔ شاہراہِ عام۔

**مُنَظَّم**۔ (مُ-نَظ-ظَم) [ع-ا-مذ] دھاگے میں پرویا ہوا (۲) موزوں کلام (۳) وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو۔

**مَنظُور**۔ (مَن-ظُور) [ع-ا-مذ] دیکھا گیا۔ نظر کیا گیا (۲) پسندیدہ۔ مقبول۔ مانا گیا۔

**منظورِ خاطر**۔ [ع-ف-صف] دل پسند۔ مقبول۔ پسندیدہ۔

**منظورِ خدا**۔ [ع-ف-ا-مذ] مرضی مولا۔ مشیت ایزدی۔

**منظورِ نظر**۔ [ع-صف] نظر کو پسند۔ مرغوب (۲) عزیز۔ پیارا۔ محبوب۔ چہیتا (۳) وہ شخص جس پر کسی کی نظر عنایت ہو۔

**منظورِ نظر ہونا**۔ [ا-محاورہ] دل کو اچھا لگنا۔ دل میں کُھبنا۔ نظر پر چڑھنا۔

**منظوری**۔ (مَن-ظُو-ری) [ع-ا-مث] مرضی۔ مقبولیت۔ اجازت۔ پروانگی۔



Marfat.com

مُنظُوری کی اسامی ۔ [امث] وہ نوکری جس کی حکومت سے منظوری ہوئی ہو اور اس پر پنشن کا بھی حق ہو۔
مُنظُوم ۔ (مَن ۔ظُوم) [ع ۔ا ۔مذ] پرویا گیا ۔ منسلک کیا گیا (۲) نظم کیا گیا ۔ اشعار میں لایا گیا ۔ واحد ۔ نظم ۔
مُنظُومَہ ۔ (مَن ۔ظُو ۔مَہ) [ع ۔صف] دیکھیے منظوم ۔ جمع ۔ منظومات ۔
مَنع ۔ [ع ۔ا ۔مذ] (۱) باز رکھنا ۔ روکنا (۲) نادرست ۔ نامناسب ۔ ناجائز (۳) خلافِ قانون ۔ خلافِ شرع ۔ خلافِ رسم و رواج ۔ اُردو میں بفتحِ دوم بولا جاتا ہے ۔
مَنع کرنا ۔ [امص ۔مرکب] روکنا ۔ باز رکھنا ۔
مُنعَدِم ۔ (مُن ۔عَ ۔دِم) [ع ۔ا ۔مذ] نیست و نابود ۔ ناپید ۔
مُنعَطِف ۔ (مُن ۔عَ ۔طِف) [ع ۔ا ۔مذ] پھرنے والا ۔ لوٹنے والا ۔ مڑنے والا ۔ خم کھانے والا (کنایۃً) متوجہ ہونے والا ۔
مُنعَقِد ۔ (مُن ۔عَ ۔قِد) [ع ۔ا ۔مذ] انعقاد پانے والا ۔ بندھنے والا (۲) ٹھہرنے والا ۔ مقرر ہونے والا ۔
مُنعَقِد ہونا ۔ [امحاورہ] ٹھہرنا ۔ قرار پانا ۔ قائم ہونا ۔
مُنعَکِس ۔ (مُن ۔عَ ۔کِس) [ع ۔ا ۔مذ] عکس قبول کرنے والا (۲) اُلٹا ۔ اوندھا ۔ مقلوب ۔ سرنگوں ۔ پلٹا ہوا (۳) وہ شعاع جو اُلٹ کر آئی ہو ۔
مُنعِم ۔ (مُن ۔عِم) [ع ۔ا ۔مذ] نعمت دینے والا (۲) امیر ۔ مالدار ۔ دولتمند ۔ غنی ۔ زردار ۔ متموّل ۔ دھنی (۳) آقا ۔ ولی نعمت ۔ مربّی (۴) فیاض ۔ سخی ۔ مخیّر ۔ دریادل ۔
مُنَغّص ۔ (مُ ۔نَغ ۔غَص) [ع ۔ا ۔مذ] گدلا ۔ مکدّر (۲) ناراض ۔ رنجیدہ ۔ افسردہ ۔ حزیں ۔ ملول ۔
مَنفَذ ۔ (مَن ۔فَذ) [ع ۔ا ۔مذ] راستہ ۔ گزرگاہ (۲) سوراخ ۔ مسام ۔ رخنہ ۔ روزن ۔ جمع ۔ منافذ ۔
مُنفَرِج ۔ (مُن ۔فَ ۔رِج) [ع ۔ا ۔مذ] کشادہ ۔ وسیع ۔ کھلا ہوا (۲) خوش ۔
مُنفَرِجَہ ۔ (مُن ۔فَ ۔رِ ۔جَہ) [ع ۔ف ۔صف] پھیلا ہوا ۔ کشادہ ۔
مُنفَرِجَہ زاویہ ۔ [ع ۔ف ۔ا ۔مذ] وہ زاویہ جو قائمہ سے بڑا ہو ۔
مُنفَرِح ۔ (مُن ۔فَ ۔رِح) [ع ۔ا ۔مذ] فرحت دینے والا ۔ خوشی بخشنے والا (۲) خوش ۔ شاد ۔
مُنفَرِد ۔ (مُن ۔فَ ۔رِد) [ع ۔ا ۔مذ] تنہا ۔ اکیلا (۲) یکتا ۔ یگانہ ۔ واحد ۔
مُنفَصِل ۔ (مُن ۔فَ ۔صِل) [ع ۔ا ۔مذ] جُدا کیا گیا ۔ علیٰحدہ کیا ہوا ۔
مُنفَصِلَہ ۔ (مُن ۔فَ ۔صِ ۔لَہ) تصفیہ شدہ ۔ فیصل شدہ ۔
مَنفَعَت ۔ (مَن ۔فَ ۔عَت) [ع ۔ا ۔مث] نفع ۔ فائدہ ۔ سود ۔ حاصل ۔ یافت ۔
مُنفَعِل ۔ (مُن ۔فَ ۔عِل) [ع ۔ا ۔مذ] (۱) اثر قبول کرنے والا (۲) نادم ۔ شرمندہ ۔ شرمسار ۔
مُنفِق ۔ [ع ۔صف] خرچ کرنے والا ۔ کسی کو روٹی کپڑا دینے والا ۔
مُنفَک ۔ (مُن ۔فَک) [ع ۔ا ۔مذ] جُدا کیا گیا ۔ الگ کیا گیا ۔
مَنفی ۔ (مَن ۔فی) [ع ۔صف] (۱) نفی کیا گیا ۔ رد کیا گیا ۔ تفریق کیا گیا ۔ خارج کیا گیا ۔ گھٹایا گیا ۔
مُنقَاد ۔ (مُن ۔قَاد) [ع ۔ا ۔مذ] مطیع ۔ تابعدار ۔ فرماں بردار ۔

مِنقَار ۔ (مِن ۔قَار) [ع ۔ا ۔مث] چونچ ۔
مِنقار زیرِ پر رہنا (ہونا) ۔ [امحاورہ] خاموش رہنا ۔ دبکے رہنا ۔
مِنقَاش ۔ [ع ۔ا ۔مذ] موچنا ۔ سانسی ۔ نقش کرنے والا آلہ (۲) کانٹا نکالنے اور بال اکھاڑنے کا آلہ ۔
مُنقَب ۔ [ع ۔ا ۔مذ] ایک اوزار جس سے پیٹ سے پانی نکالتے ہیں ۔
مَنقَبَت ۔ (مَن ۔قَ ۔بَت) [ع ۔ا ۔مث] تعریف ۔ توصیف ۔ ثنا ۔ صفت (۲) کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا جو اُسے ممتاز بنا دے ۔
مُنقَبِض ۔ (مُن ۔قَ ۔بِض) [ع ۔ا ۔مذ] کھنچ کر بندھا ہوا ۔ بھنچا ہوا ۔ سمٹا ہوا ۔ سکڑا ہوا (۲) دل گرفتہ ۔ مکدّر ۔ ناراض ۔ ناخوش ۔
مُنَقّح ۔ (مُ ۔نَق ۔قَح) [ع ۔ا ۔مذ] تنقیح کیا ہوا ۔ پاک کیا ہوا ۔ جھوٹ سے پاک ۔ سچ بات ۔
مُنقَسَم ۔ (مُن ۔قَ ۔سَم) [ع ۔ا ۔مذ] تقسیم کیا گیا ۔ بانٹا ہوا ۔ تقسیم شدہ ۔
مُنقَسِم ۔ (مُن ۔قَ ۔سِم) تقسیم ہونے والا ۔
مُنَقّش ۔ (مُ ۔نَق ۔قَش) [ع ۔ا ۔مذ] نقش کیا گیا ۔ نقشین ۔ بیل بوٹے دار ۔
مُنقَضَب ۔ [ع ۔صف] کاٹا گیا ۔ جُدا کیا گیا (۲) جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے ۔
مَنقَصَت ۔ (مَن ۔قَ ۔صَت) [ع ۔ا ۔مث] (۱) کمی ۔ گھاٹا ۔ نقصان (۲) عیب ۔ نقص ۔
مُنقَضِب ۔ [ع ۔ا ۔مث] عروض کی ایک بحر ۔
مُنقَضِی ۔ (مُن ۔قَ ۔ضِی) [ع ۔ا ۔مذ] گزرنے والا ۔ گزرا ہوا ۔ گزشتہ ۔ بیتا ہوا ۔
مُنقَطِع ۔ (مُن ۔قَ ۔طِع) [ع ۔ا ۔مذ] قطع ہونے والا ۔ قطع کیا گیا (۲) اختتام کو پہنچا ہوا (۳) فیصل شدہ ۔ تصفیہ شدہ ۔
مُنقطع ہونا ۔ [امحاورہ] (۱) فیصل ہونا ۔ تصفیہ ہونا (۲) جاتا رہنا ۔ ٹوٹنا ۔ کٹنا ۔
مَنقَل ۔ (مَن ۔قَل) [ع ۔ا ۔مث] انگیٹھی ۔ بگڑی (جمع) مناقل ۔
مِنقَلا ۔ (مِن ۔قَ ۔لا) [ت ۔ا ۔مذ] فوج کا وہ حصہ جو لشکر سے آگے رہے ۔ ہراول ۔
مُنقَلِب ۔ (مُن ۔قَ ۔لِب) [ع ۔ا ۔مذ] (۱) پلٹنے والا ۔ اُلٹنے والا (۲) اوندھا ۔
مُنقَلِبات ۔ [ع ۔ا ۔مذ] وہ بُرج جن کے طالع میں کام درست نہیں ہوتا جو چار ہیں ۔ حمل ۔ سرطان ۔ جدی اور میزان (۲) منقلب کا جمع ۔
مَنقُوش ۔ (مَن ۔قُوش) [ع ۔ا ۔مذ] نقش کیا گیا ۔ کھدا ہوا ۔
مَنقُوشِ خاطر ۔ ذہن نشین ۔
مَنقُوط ۔ مَنقُوطَہ ۔ (مَن ۔قُوط) (مَن ۔قُو ۔طَہ) [ع ۔ا ۔مذ] نقطہ دیا گیا ۔ نقطے دار ۔ نقطے والا ۔
مَنقُول ۔ (مَن ۔قُول) [ع ۔ا ۔مذ] نقل کیا گیا ۔ بیان کیا گیا (۲) لکھا گیا ۔ اُتارا گیا (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا (۴) وہ علم جس میں صرف اُن باتوں سے بحث ہو جو دوسروں نے بیان کی ہیں ۔
مَنقُول عنہ ۔ [ع ۔ا ۔مذ] وہ تحریر یا کتاب جس سے نقل کی گئی ہو ۔
مَنقُولَہ ۔ (مَن ۔قُو ۔لَہ) [ع ۔صف] ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل ۔ قابلِ انتقال ۔



Marfat.com

**منقولہ جائیداد** ۔ [ع-ف ۔ مث] وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹائی جا سکیں۔ جیسے ۔ روپیہ ۔ پیسہ ۔ مال و اسباب۔

**مُنَقّٰی** ۔ (مُ ۔ نَق ۔ قا) [ع ۔ ا ۔ مذ] صاف کیا ہوا ۔ مصفّٰی (۲) ایک قسم کی بڑی کشمش۔

**مُنَقّی** ۔ (مُ ۔ نَق ۔ قی) [ع ۔ ا ۔ مذ] صاف کرنے والا۔

**منکا** ۔ (مَن ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) مالا کا دانہ ۔ تسبیح کا دانہ (۲) کانچ ۔ عقیق نگینہ یا کسی پتھر کا دانہ ۔ سونے یا چاندی کا دانہ (۳) وہ مُہرے جن کو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں (۴) مالا ۔ تسبیح ۔ سُمرن (۵) گردن کا مُہرہ (۶) ریڑھ کی ہڈی کا بالائی حصہ

**منکا پھیرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جپنا ۔ تسبیح پھیرنا۔

**منکا ٹوٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] گردن کی ہڈی کا ٹوٹ جانا۔

**منکا ڈھل جانا ۔ منکا ڈھلکنا ۔ منکا ڈھلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مرتے وقت گردن کا خم کھا جانا ۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا ۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔

**مُنکَر** ۔ (مُن ۔ کَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] انکار کیا گیا (۲) مکروہ ۔ خراب ۔ ناشائستہ ۔ نامشروع (۳) ایک فرشتہ کا نام جو نکیر کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا۔

**مُنکَر نکیر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ دو فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوال کرتے ہیں۔

**مُنکِر** ۔ (مُن ۔ کِر) [ع ۔ ا ۔ مذ] انکار کرنے والا ۔ مکر جانے والا ۔ رَد کرنے والا ۔ نہ ماننے والا (۲) خدا سے انکار کرنے والا ۔ کافر ۔ بے دین ۔ جمع ۔ منکرین۔

**مُنکِرِ نعمت** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] ناشکرا ۔ ناشکرگزار ۔ احسان فراموش۔

**مُنکِر ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مُکرنا ۔ انکار کرنا ۔ نہ ماننا ۔ قول سے پھرنا۔

**مُنکَسِر** ۔ (مُن ۔ کَ ۔ سِر) [ع ۔ ا ۔ مذ] شکستہ ۔ ٹوٹا ہوا ۔ عاجز ۔ مسکین ۔ انکساری کرنے والا۔

**مُنکَسِرُ المزاج** ۔ [ع ۔ صف] غریب مزاج ۔ مسکین طبع ۔ وہ جس کی طبیعت میں انکسار ہو۔

**مُنکَشِف** ۔ (مُن ۔ کَ ۔ شِف) [ع ۔ صف] کھلنے والا ۔ کھلا ہوا ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔ آشکارا۔

**منکنا** ۔ (مِن ۔ مَک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چوکتا ہونا (۲) عذر و حجت کرنا۔

**مَنکوحہ** ۔ (مَن ۔ کُو ۔ حَہ) [ع ۔ صف] نکاحی عورت ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ جورو ۔ استری۔

**مَنکوس** ۔ (مَن ۔ کُوس) [ع ۔ ا ۔ مذ] اوندھا ۔ سرنگوں۔

**منگانا** ۔ (مَنگا ۔ نا) [ہ ۔ مص] طلب کرنا ۔ کوئی چیز کسی سے مانگ لینا۔

**منگائی مسّی اٹھا لایا مٹّی** ۔ [ا ۔ مثل] بیوقوف کی نسبت بولتے ہیں کہ منگائی کوئی چیز تھی یہ اور کچھ لے آیا۔

**منگتا** ۔ (مَنگ ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بھیک مانگنے والا ۔ بھکاری ۔ فقیر ۔ گدا۔

**...ٹ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] کلائی (۲) ٹخنہ (۳) گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے درمیان کا حصہ ۔ گامچی۔

**...چھی** ۔ (مُنگ ۔ چھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] مونگ کی پھلوری ۔ پکوڑی ۔ پھلکی۔

**...سر** ۔ (مَنگ ۔ سِر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ہندی کا آٹھواں مہینہ ۔ اگہن ۔ مگھر۔

**منگل** ۔ (مَن ۔ گَل) [س ۔ ا ۔ مذ] بہتری ۔ شادمانی ۔ مسرت ۔ آنند (۲) خوشی کا گیت (۳) اچھا ۔ نیک ۔ مبارک ۔ سعد (۴) مریخ ستارہ (۵) پیر کے بعد والا دن سہ شنبہ (۶) رونق ۔ چہل پہل۔

**منگل گانا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] خوشی کے گیت گانا۔

**منگل ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] رونق ہونا ۔ چہل پہل ہونا ۔ اُردو میں جنگل میں منگل ہونا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

**منگلا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] سفید یا نیلی پھول والی گھاس (۲) ایک قسم کی کرنج (۳) اصلی (۴) باعصمت بیوی۔

**منگلاچار** ۔ (مَنگ ۔ لا ۔ چار) [س ۔ ا ۔ مذ] مبارکباد ۔ بدھاوا ۔ خوشی ۔ تہنیت۔

**منگلامکھی** ۔ (مَنگ ۔ لا ۔ مُک ۔ ھی) [س ۔ ا ۔ مذ] ارباب نشاط ۔ ڈوم بھانڈ۔

**منگلی** ۔ (مَنگ ۔ لی) [ہ ۔ صف] وہ بچہ جو منگل کے دن پیدا ہو (۲) غصیل لڑکی۔

**منگنا** ۔ (مَنگ ۔ نا) [ق ۔ مص] مانگنا ۔ چاہنا۔

**مَنگنا** ۔ (مَنگ ۔ نا) [ق] منگنی (رسم)

**منگنی** ۔ (مَنگ ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] سگائی ۔ شادی کی نسبت ۔ ایک رسم جس میں لڑکی لڑکے کو شادی کے لیے منسوب کر دیتے ہیں (۲) کسی دوسرے کے ساتھ کوئی اور چیز بلا قیمت طلب کرنا ۔ چونگا (۳) اُدھار ۔ قرض۔

**منگنی نہ جنگنی گڑیا کا بیاہ** ۔ [ا ۔ مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں شادی کا ذرا آرام ہی آرام ہو۔

**منگنیز** ۔ (Manganese) (مَنگ ۔ نیز) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک سیاہ دھات ۔ جو شیشہ گری کے کام آتی ہے (۲) ایک فلزی عنصر جس کی یہ دھات آکسائڈ ہے۔

**منگوانا** ۔ (مَنگ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] منگانا ۔ کسی کے ذریعے کوئی چیز طلب کرنا۔

**منگوچی ۔ منگوچھی** ۔ (مَن ۔ گو ۔ چی ۔ مَن ۔ گو ۔ چھی) [ہ ۔ ا ۔ مث] مونگ کی تلی ہوئی بڑیاں۔

**منگورا** ۔ (مَن ۔ گو ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بیسن کی پھلوری۔

**منگوری** ۔ (مَن ۔ گو ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] ماش کی پھلوری۔

**منگوس** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] نیولا۔

**منگولین** ۔ (Mongolian) (منگو ۔ گو ۔ لی ۔ اَن) [انگ ۔ صف] منگولیا کا رہنے والا (۲) زرد رنگ کے لوگ۔

**منگیتر** ۔ (مَنگ ۔ گے ۔ تَر) [ہ ۔ ا ۔ مذ ۔ و ۔ مث] منسوب ۔ منسوبہ ۔ وہ لڑکا یا لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو۔

**مَنَم** ۔ (مَ ۔ نَم) [ف ۔ ض] میں ہوں (۲) [ا ۔ مث] خودستائی ۔ شیخی۔

**مَن مَن** ۔ (مَن ۔ مَن) [ہ ۔ تابع فعل] آہستگی سے ۔ سہج سہج ۔ دھیرے دھیرے سُستی سے ۔ دیر سے ۔ ڈھیل سے۔

**مَن مَن کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بڑی سُستی کرنا ۔ کام میں نہایت دیر لگانا ۔ سوچ سوچ کر آہستہ آہستہ کرنا (۲) ناک میں بات کرنا۔

**مِنمِنا** ۔ [ا ۔ صف] ناک میں بولنے والا۔

**مُنمُنا** ۔ (مُن ۔ مُ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک کڑوا کالا دانہ جو گیہوں کے ساتھ اُگتا ہے۔

**مُنمنا سا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] بہت چھوٹا ۔ رائی کے برابر ۔ نہایت کمزور اور پستہ قد آدمی۔

**مُن منا دینا** ۔ (مُن ۔ مُ ۔ نا ۔ دے ۔ نا) [ہ ۔ مص] راضی کر دینا۔

**مِن مِنا کر بات کرنا** ۔ [ہ ۔ مص] ناک میں بولنا۔



Marfat.com

مِنمِنانا ۔ (مِن ۔ مِ ۔ نا ۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے مِن مِنا کر بات کرنا۔

مَن مَن کر بگڑنا ۔ [ہ ۔ مص] راضی ہو کر ناراض ہونا۔

مَن مَنگا ۔ [ق] من مانا ۔ خاطر خواہ۔

مُنمُنی ۔ (مُن ۔ مُ ۔ نی) [ہ ۔ صف] نہایت چھوٹی ۔ پستہ قد ۔ حقیر ۔ ہیچ۔

مِنمِنی آواز ۔ (مِن ۔ مِ ۔ نی ۔ آ ۔ واز) [ہ ۔ ا ۔ مث] وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

مِنَن ۔ (مِ ۔ نَن) [ع ۔ ا ۔ مث] مِنّت کی جمع ۔ احسانات۔

مَننا ۔ (مَن ۔ نا) [ہ ۔ مص] رُوٹھ کر راضی ہونا ۔ رنجیدگی دفع کرنا۔

مِننا ۔ (مِن ۔ نا) [ق ۔ مص] گننا ۔ شمار کرنا ۔ ناپنا۔

مَنُو ۔ (مَ ۔ نُو) [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) عقلمند ۔ دانا ۔ دانش مند (۲) انسان ۔ سوچنے والی مخلوق (۳) دنیا کا پہلا انسان ۔ آدم (۴) ہندوؤں کے مذہبی قانون دھرم شاستر کا مصنف۔

مَنُّو ۔ (مَن ۔ نُو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بندر ۔ میمون ۔ بوزنہ (۲) بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

مَنوا ۔ (مَن ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] دل ۔ روح ۔ آتما (۲) منوانا کا امر۔

منوا کے چھوڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] اپنی بات تسلیم کرا لینا ۔ اقرار کرا لینا۔

مِنوال ۔ (مِن ۔ وال) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا بُن بُن کر لپیٹتا جاتا ہے (۲) [مجازاً] طرز ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ طریق وضع ۔ دستور ۔ رسم۔

مَنوانا ۔ (مَن ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] تسلیم کرانا ۔ اقرار کرانا۔

مُنوّر ۔ (مُ ۔ نَوْ ۔ وَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] روشنی دیا گیا ۔ نورانی ۔ روشن ۔ چمکدار۔

منورتھ ۔ (مَن ۔ وَرتھ) [س ۔ ا ۔ مذ] مطلب ۔ مدعا ۔ مقصد ۔ خواہش ۔ ارادہ۔

منورتھ سِدھ ۔ منورتھ سپھل ۔ [ا ۔ دعا] مراد بر آئے ۔ مقصد پورا ہو۔

مُنوّم ۔ [ع ۔ صف] نیند لانے والی۔

مُنوّن ۔ (مُ ۔ نَوْ ۔ وَن) [ع ۔ ا ۔ مذ] تنوین والا حرف ۔ وہ حرف جس پر دو زبر ۔ دو زیر یا دو پیش ہوں۔

مَنوہر ۔ (مَ ۔ نو ۔ ہر) [س ۔ صف] دلربا ۔ خوبصورت ۔ حسین ۔ خوبرو ۔ شکیل۔

مَنوی ۔ [ع ۔ صف] منی بمعنی نطفہ سے منسوب۔

مُنہ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] سوراخ ۔ روزن ۔ چھید (۲) موری ۔ موکھا ۔ کھڑکی ۔ دریچہ (۳) در ۔ دروازہ (۴) غار ۔ گڑھا ۔ گھراؤ ۔ تہ (۵) راہ ۔ راستہ گزرگاہ ۔ نکاس (۶) دہن ۔ دہانہ ۔ مکھ (۷) چہرہ ۔ رُخ ۔ مُکھ (۸) شکل صورت (۹) پاس ۔ لحاظ ۔ خاطر ۔ ملاحظہ (۱۰) لیاقت ۔ حوصلہ ۔ مقدرت جرأت (۱۱) زبان (۱۲) کلمہ ۔ کلام (۱۳) روبرو ۔ سامنے (۱۴) نوک ۔ دھار انی (۱۵) طرف ۔ سمت ۔ جانب۔

مُنہ آنا ۔ [ا ۔ محاورہ] منہ اور زبان میں چھالے پڑ جانا (۲) آوازے کسنا ۔ طعنہ مارنا ۔ طنز کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ طعن و تشنیع کرنا۔

مُنہ اپنا سا لے کر پھر جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] شرمندہ ہو کر جانا ۔ ندامت اُٹھا کر جانا۔

مُنہ اپنا سا لے کر رہ جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] شرمندہ ہونا ۔ ندامت اُٹھانا۔

مُنہ اُتر جانا ۔ مُنہ اُترنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) چہرہ بے رونق ہو جانا ۔ چہرہ دُبلا پڑ جانا ۔ چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا (۲) چہرے سے رنج کے آثار ظاہر ہونا۔

مُنہ اتنا سا نکل آنا ۔ مُنہ اُتر جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] منہ لاغر اور دُبلا ہو جانا ۔ منہ پر رنگ و روغن نہ رہنا۔

مُنہ اٹھا کر ۔ مُنہ اٹھائے ۔ [ا ۔ تابع فعل] بے دھڑک ۔ اندھا دھند ۔ بلا سوچے سمجھے ۔ بے پروائی سے ۔ بے تحاشا ۔ بغیر غور کیے۔

مُنہ اُٹھا کر چلنا ۔ [ا ۔ محاورہ] رستہ دیکھ کر نہ چلنا ۔ غفلت سے بے بہار کی طرح چلنا (۲) بے خبر ہو کر چلنا ۔ بے پروائی سے چلنا۔

مُنہ اُٹھا کر کہنا ۔ [ا ۔ محاورہ] بے سوچے سمجھے کہنا۔

مُنہ اُٹھانا ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی طرف جانا ۔ کہیں کا ارادہ کرنا۔

مُنہ اُٹھائے جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] بے دھڑک جانا ۔ دیکھے بھالے بغیر جانا۔

مُنہ اُٹھ جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] بلا سوچے سمجھے کسی طرف کا رُخ ہونا۔

مُنہ اُجھلے ۔ مُنہ اُجالے ۔ [ا ۔ تابع فعل] سویرے ۔ تڑکے ۔ دن نکلے۔

مُنہ اُجلا ہو جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] چہرے کا رنگ نکھر آنا (۲) عزت رہ جانا ۔ رُوسیاہی سے بچ جانا ۔ سرخروئی ہونا۔

مُنہ اُداس ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] چہرے سے اُداسی ظاہر ہونا۔

مُنہ اِس قابل ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] اتنی لیاقت ہونا۔

مُنہ اشکِ ندامت سے دھونا ۔ [ا ۔ محاورہ] شرمندہ ہو کر رونا۔

مُنہ اشکوں سے دھونا ۔ [ا ۔ محاورہ] بہت رونا ۔ اتنا رونا کہ چہرہ آنسوؤں سے تر ہو جائے۔

مُنہ اکھری ۔ [ق] زبانی ۔ مُنہ کہی۔

مُنہ اندھیرے ۔ [ا ۔ تابع فعل] صبح تڑکے ۔ علی الصبح ۔ پو پھٹے صبح صادق کے وقت۔

مُنہ اوندھا کر لیٹنا ۔ [ا ۔ محاورہ] رنج یا فکر میں منہ لپیٹ کر پڑ رہنا (۲) ناراض ہو کر الگ جا پڑنا۔

مُنہ بانا ۔ [ا ۔ محاورہ] منہ کھولنا ۔ منہ پھاڑنا ۔ جمائی لینا (۲) اپنی بیوقوفی پر ہنس پڑنا (۳) مر جانا ۔ چل بسنا۔

مُنہ باندھ کے بیٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] منہ بند کر کے بیٹھنا (۲) خاموش رہنا ۔ چُپ رہنا۔

مُنہ باندھے ہوئے بیٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] فاقے سے ہونا۔

منہ بخشنا ۔ [ا ۔ محاورہ] طاقت دینا ۔ کوئی بات کرنے کی قوت عطا کرنا۔

مُنہ بُرا بنانا ۔ [ا ۔ محاورہ] رنجش سے تیوری چڑھانا ۔ ناراضی ظاہر کرنا۔

منہ بسورنا ۔ [ا ۔ محاورہ] رونے کی صورت بنانا۔

منہ بگاڑ دینا ۔ [ا ۔ محاورہ] چہرے پر مار مار کر زخمی کر دینا (۲) منہ کا ذائقہ خراب کر دینا۔

مُنہ بگاڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] منہ بنانا (۲) تیوری چڑھانا ۔ غصے کی سی صورت



Marfat.com

بنانا (۳) مار مار کر چہرہ زخمی کر دینا (۴) منہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا (۵) منہ کو بدمزہ کرنا۔

**منہ بگڑا ہوا ہونا۔** [ا۔ محاورہ] غصّہ یا قہر و غضب کا ظاہر ہونا۔ ناراض ہونا۔

**منہ بگڑ جانا (بگڑنا)۔** [ا۔ محاورہ] (۱) چہرے کی حالت خراب ہو جانا۔ صورت کا درست نہ رہنا (۲) منہ بدمزہ ہو جانا۔ منہ کا ذائقہ خراب ہونا (۳) تیوری چڑھ جانا۔ چہرے کا رنگ متغیّر ہو جانا۔ غصّہ آ جانا۔

**منہ بنا بیٹھنا۔ منہ بنا کر بیٹھنا۔** [ا۔ محاورہ] بگڑ بیٹھنا۔ ناراض ہو جانا۔ منہ پھُلا کر بیٹھ جانا۔

**منہ بنا کر۔** [ا۔ محاورہ] چہرے سے نفرت ظاہر کر کے۔

**مُنہ بنا کر بیٹھنا۔** [ا۔ محاورہ] ناراض ہو جانا۔ بگڑ بیٹھنا۔ چین بجبیں ہونا۔

**منہ بنا لینا۔** [ا۔ محاورہ] خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ تیوری چڑھا لینا۔

**منہ بنانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) بُری صورت بنانا۔ چہرے کو بدنما کرنا۔ رونے کی صورت بنانا (۲) ناراض ہونا۔ غصّے کی صورت بنانا۔ رنجیدہ ہونا (۳) بدذائقہ چیز کھاتے یا پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑ لینا۔

**منہ بناؤ۔** [ا۔ محاورہ] ہوش میں آؤ۔

**منہ بن جانا۔ منہ بننا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضی ہونا (۲) منہ ٹیڑھا ہونا۔ صورت بگڑ جانا۔

**منہ بنواؤ۔** [ا۔ محاورہ] ہوش میں آؤ۔ ہوش کی دوا کرو۔

**منہ بند۔** [ا۔ صف] (۱) لب بستہ۔ خاموش۔ چپ چاپ (۲) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

**منہ بند کر دینا۔** [ا۔ محاورہ] بولنے سے روک دینا۔ چُپ کر دینا۔

**منہ بند کر لینا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) خاموش ہو جانا (۲) منہ پہ کپڑا یا ہاتھ رکھ لینا۔

**منہ بند کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا (۲) رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے باز رکھنا۔

**منہ بند کلی۔** [ا۔ مث] (۱) شگوفہ۔ بن کھِلا پھول (۲) باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری۔

**منہ بند ہونا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) دہن بستہ ہونا۔ چُپ ہونا۔ خاموش ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۲) کسی بدی یا چغلی کرنے سے رُکنا (۳) زخم بھرنا۔

**منہ بندھے۔** [ا۔ مذ] جینیوں کے سادھو جو کپڑا منہ پر اس لیے باندھ رکھتے ہیں کہ سانس سے کوئی کیڑا نہ مر جائے۔

**منہ بنوا رکھو۔ منہ بنوا لو۔ منہ بنواؤ۔** [ا۔ محاورہ] اس قابل تو ہو جاؤ۔ اُمید نہ رکھو منہ دھو رکھو۔ اس خیال سے باز آؤ۔

**منہ بنوانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) منہ درست کرانا (۲) لیاقت پیدا کرنا۔ کسی کام کے لائق ہونا۔

**منہ بولا۔** [ا۔ صف] منہ سے کہا ہوا۔ زبان سے بولا ہوا۔

**منہ بولا بھائی۔ منہ بولا بیٹا۔** [ا۔ محاورہ] وہ شخص جسے زبان سے کہہ کر بھائی یا بیٹا بنا لیا ہو۔

**منہ بولتی۔** [ا۔ مث] بولتی ہوئی۔ گویا۔ تصویر یا شبیہ کی تعریف میں کہتے ہیں۔ یعنی ایسی ہو بہو بنائی ہے کہ معلوم ہوتا ہے ابھی بولنے والی ہے جیسے منہ بولتی تصویر۔

**منہ بولی۔** [ا۔ مث] منہ سے کہی ہوئی۔ زبان سے بتائی ہوئی۔

**منہ بولی بہن۔ منہ بولی بیٹی۔** [ا۔ مث] وہ عورت جسے منہ سے بہن یا بیٹی کہہ دیا جائے۔

**منہ بھر آنا۔ منہ بھر آنا۔** [ا۔ محاورہ] منہ میں پانی یا رطوبت کا آ جانا۔ جی مالش کرنا۔ متلی ہونا۔

**منہ بھرائی۔** [ا۔ مث] زبان بندی۔ رشوت۔

**منہ بھرائی دینا۔ منہ بھر دینا۔** [ا۔ محاورہ] رشوت دینا۔

**منہ بھر کے۔** [ا۔ تابع فعل] (۱) لبالب۔ لبریز۔ بھرپور (۲) تمام و کمال (۳) نہایت۔ ازحد۔ بھرپور (۴) خاطر خواہ۔ مَن مانا۔ بخوبی۔

**مُنہ بھر کے کوسنا۔** [ا۔ محاورہ] بیدردی سے کوسنا۔ بیدھڑک کوسنا۔ کوسنے میں کسر نہ اٹھا رکھنا۔

**منہ بھر کے گالی دینا۔** [ا۔ محاورہ] فحش بکنا۔ سخت اور قابلِ شرم گالی دینا۔

**منہ بھرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ پُر کرنا۔ منہ میں لقمہ دینا (۲) سائل کو اتنا دینا کہ اس کی نیّت بھر جائے (۳) رشوت دینا۔ رشوت دے کر منہ بند کرنا۔

**منہ بھری۔** [ا۔ مث] رشوت۔

**منہ بھڑاک۔** [ا۔ صف] مُنہ کے بل۔ اَوندھا۔ گرنے کے لیے مستعمل ہے۔

**منہ بھی سامنے نہ کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) ذرا توجہ نہ کرنا (۲) شکل نہ دکھانا۔

**منہ پانا۔** [ا۔ محاورہ] توجہ پانا۔ رُخ پانا۔ راضی پانا۔ خوش پانا۔

**منہ پر پاؤں رگڑنا۔** [ا۔ محاورہ] بہت منت سماجت کرنا۔

**منہ پر۔** [ا۔ تابع فعل] (۱) سامنے۔ روبرو۔ بالمقابل (۲) ہونٹوں پر۔ لب پر (۳) چہرے پر۔ چہرے کے اُوپر۔

**منہ پر آنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) زبان پر آنا (۲) ظاہر ہونا۔ پیش ہونا۔ نمودار ہونا۔

**منہ پر آئی بات۔** [ا۔ مث] زبان پر آئی ہوئی بات۔

**منہ پر آئی ہوئی نہیں رُکتی ہے۔** [ا۔ مثل] جو بات زبان پر آ جاتی ہے کہہ دینا ہی پڑتی ہے۔

**منہ پر بات لانا۔** [ا۔ محاورہ] بھید کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ بات کا اظہار کرنا۔

**منہ پہ بحالی ہونا۔** [ا۔ محاورہ] چہرے پر تازگی ہونا۔

**منہ پر برسنا۔** [ا۔ محاورہ] صورت سے ظاہر ہونا۔ چہرے سے آشکار ہونا۔ چہرے سے پایا جانا۔

**منہ پر بسنت پھولنا۔ منہ پر بسنت کھلنا۔** [ا۔ محاورہ] چہرہ زرد پڑ جانا۔ خوف چھا جانا۔ منہ پیلا پڑ جانا۔

**منہ پہ پانی پھر جانا۔** [ا۔ محاورہ] چہرے پر رونق آ جانا۔ چہرہ بھر جانا۔ مُنہ پر تازگی آ جانا۔ تندرستی اور صحت کا چہرے سے ظاہر ہونا۔



Marfat.com

مُنہ پر پلا رکھ کے رونا۔ (ا۔ محاورہ) ڈوپٹے کا کونا منہ پر رکھ کر رونا۔ منہ ڈھانپ کر رونا۔

منہ پر تُوت پیچھے حرامی مُوت۔ (ا۔ مثل) سامنے تعریف غیر حاضری میں بدگوئی۔

منہ پر پھٹکار برسنا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ کا بے رونق ہونا۔

منہ پر پھینک مارنا۔ (ا۔ محاورہ) خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا۔ منہ پر مارنا۔

منہ پر تھوک دینا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے پر تھوک ڈالنا (۲) نہایت شرمندہ اور ذلیل کرنا۔ منہ پر عیب صاف کہہ دینا۔

مُنہ پر ٹھیکری رکھ لینا۔ (ا۔ محاورہ) لحاظ نہ کرنا۔ بے مروتی کرنا۔ بد لحاظ ہو جانا۔

منہ پر جانا۔ (ا۔ محاورہ) لحاظ کرنا۔ خیال کر کے مروت برتنا۔

منہ پر جوتی لگنا۔ (ا۔ محاورہ) نہایت شرمندگی حاصل ہونا۔

منہ پر جوگنی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے سے بدشگونی کے آثار ظاہر ہونا۔

منہ پر چرچا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) سامنے بات کہنا۔

منہ پر چڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ لڑنے کو کھڑے ہونا (۲) مقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ منہ بمنہ ہونا (۳) گستاخ ہونا (۴) منہ لگنا۔ مصاحب بننا۔

مُنہ پر چھو بادینا۔ (ا۔ محاورہ) چپ ہو جانا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

مُنہ پر خاک اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے کا بے رونق اور پریشان ہونا۔ چہرے کا نور جاتا رہنا۔

مُنہ پر خاک مَلی ہے۔ (ا۔ مثل) اچھی چیز کو بُری طرح سے رکھا ہے (۲) مفلسی ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے۔

مُنہ پر خوشامد نہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) پاسداری نہ کرنا۔ صاف بات کہنا لگی لپٹی نہ رکھنا۔

مُنہ پر دامن رکھ کے رونا۔ (ا۔ محاورہ) مُنہ ڈھانپ کر رونا۔

منہ پر رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) دیکھیے منہ پر کہنا۔

منہ پر رکھ دینا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے پر کہہ دینا (۲) کوئی چیز چکھنا (۳) اپنا احسان ظاہر کرنا۔

منہ پر رونق آجانا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ بشاش ہو جانا۔

منہ پر زردی پھر جانا۔ منہ پر زردی کھنڈ جانا۔ (ا۔ محاورہ) چہرہ پیلا پڑ جانا چہرے کا سفید ہو جانا۔ مردنی چھا جانا۔

منہ پر سخن آنا۔ (ا۔ محاورہ) بات زبان پر آنا۔

منہ پر سُرخی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بشاش ہونا۔ صحت مند ہونا۔

مُنہ پر سیدھی پھیرنا۔ (ا۔ محاورہ) (ق۔ مص)۔ صاف گوئی سے کام لینا۔ رو برو بولنا۔

منہ پر شفق پھولنا۔ (ا۔ محاورہ) مارے خوشی کے چہرہ سُرخ ہو جانا منہ پر سُرخی آجانا۔

مُنہ پر صاف صاف کہنا۔ (ا۔ محاورہ) کھری کھری سنانا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔

مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے کا رنگ اُڑنے لگنا۔ منہ کا فق ہونا چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا۔

مُنہ پر قفل لگ جانا۔ (ا۔ محاورہ) منہ بند ہو جانا خاموشی چھا جانا۔ چُپ ہو جانا۔

منہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ۔ منہ پر اور پیٹھ پیچھے اور۔ (ا۔ مثل) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ یہ ظاہر دوست بہ باطن دوست۔

منہ پر کچھ نہ بولنا دکھنا۔ (ا۔ محاورہ) روبرو کچھ نہ کہنا۔ سامنے آکر خاموش رہنا۔

مُنہ پر کوسنا۔ (ا۔ محاورہ) سامنے بُرا بھلا کہنا۔

مُنہ پر کہہ بیٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) سامنے کہہ دینا۔ آمنے سامنے کہنا۔ منہ در منہ کہہ دینا۔

مُنہ پر کہنا خوشامد ہے۔ (ا۔ مثل) یعنی ہم آپ کے سامنے جو آپ کی تعریف کر رہے ہیں۔ یہ خوشامد نہیں حقیقت ہے۔

مُنہ پر کہے سو مونچھ کا بال۔ (ا۔ مثل) مرد وہی ہے جو سچ بات منہ پر کہہ دے۔

مُنہ پر کھانا۔ (ا۔ محاورہ) سامنے زخم کھانا۔ بہادری سے مقابلہ کرنا۔

مُنہ پر کھری کھری کہنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی بُرائی اس کے سامنے کہہ دینا۔

مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں۔ (ا۔ مثل) سامنے تو محبت اور پیٹھ پیچھے عداوت ہے۔

مُنہ پر لانا۔ (ا۔ محاورہ) کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

مُنہ پر لکھا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے سے صاف ظاہر ہونا۔

مُنہ پر لگا لے جانا۔ (ا۔ محاورہ) کسی خطرناک چیز کے سامنے تک پہنچا دینا۔

منہ پر مردنی پھرنا (چھانا)۔ (ا۔ محاورہ) منہ پر مردنی چھانا۔ دیکھیے مُنہ پر زردی پھر جانا۔

مُنہ پر مہتاب چھُٹنا۔ (ا۔ محاورہ) منہ فق ہو جانا چہرہ سفید پڑ جانا چہرے کا رنگ پھیکا پڑ جانا۔

مُنہ پر مُہر کر دینا۔ مُنہ پر مُہر کرنا۔ (ا۔ محاورہ) منہ بند کر دینا۔ بات کرنے سے باز رکھنا چپ کرنا۔ خاموش رہنے کا حکم دینا۔

مُنہ پر مُہر لگنا۔ مُنہ پر مُہر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) منہ پر قفل لگنا۔ منہ سیا ہونا۔ ساکت ہونا۔ خاموش ہونا۔ چُپ ہو جانا۔

مُنہ پر میٹھا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) سامنے شیریں کلام اور دل میں کھوٹ۔

مُنہ پر ناک نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) شرم و حیا نہ ہونا۔ غیرت نہ ہونا۔ اپنی عزت و آبرو کا خیال نہ ہونا۔

مُنہ پر نمک ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے پر ملاحت ہونا۔ خوبصورتی ہونا سانولا سلونا ہونا۔

مُنہ پر نور نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) چہرے پر رونق نہ ہونا۔ چہرہ بے رونق ہونا۔

مُنہ پر نہ تھوکنا۔ (ا۔ محاورہ) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ بے حیثیت سمجھنا۔

مُنہ پر نہ رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) زبان پر نہ رکھنا۔ ذائقہ نہ چکھنا (۲) سامنے نہ کہنا۔ روبرو زبان پر نہ لانا۔



Marfat.com

مُنہ پر ہاتھ پھیرنا -[ا-محاورہ] بدلہ لینے کا اشارہ کرنا (۲) گالوں پر ہاتھ لگانا (۳) کسی کام کے پورا کرنے کا اظہار کرنا۔

مُنہ پر ہاتھ رکھنا - [ا- محاورہ] بولنے سے روکنا۔ بات نہ کرنے دینا منہ بند کرنا۔

مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا - مُنہ پر ہوائیاں چھُوٹنا -[ا- محاورہ] مُنہ فق ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ غائب ہو جانا۔

مُنہ پڑنا -[ا- محاورہ] حوصلہ پڑنا۔ جرأت ہونا (۲) افواہ ہونا۔ چرچا ہونا۔ مشہور ہونا۔ (۳) مُنہ میں جانا۔ کھانے میں آنا۔

مُنہ پڑی -[ا- صف] مشہورِ خاص و عام۔ زبان زدِ خلائق۔

مُنہ پسار کر رہ جانا - [ا- محاورہ] حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ شرمندہ ہونا۔

مُنہ پسارنا -[ا- محاورہ] کسی چیز کے کھانے یا لینے کو مُنہ بڑھانا (۲) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔

مُنہ پکڑنا -[ا- محاورہ] بولنے نہ دینا۔ بات کرنے سے روکنا۔

مُنہ پھاڑ کر کہنا -[ا- محاورہ] چلّا کر کہنا۔

مُنہ پھاڑنا -[ا- محاورہ] منہ کھولنا۔ بولنا (۲) مُنہ پھیلانا۔ مُنہ بنانا۔ اپنی بیوقوفی پہ ہنسنا (۳) زبان درازی کرنا۔

مُنہ پھٹ -[ا- صف] منہ زور۔ زبان دراز۔ بد لحاظ۔ بد زبان (۲) موقع بے موقع بولنے والا۔

مُنہ پھرانا -[ا- محاورہ] بے رُخی کرنا۔ صورت سے بیزار ہونا۔

منہ پھر جانا - مُنہ کا ٹیڑھا ہو جانا (تھپڑ وغیرہ کی ضرب سے) (۲) لقوے کا مرض ہو جانا (۳) مُنہ سامنے سے ہٹ جانا۔ رُخ پھر جانا۔ شکست کھا جانا۔ بھاگ جانا (۴) خوب سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔ اُکتا جانا (۵) دھار کا مُڑ جانا۔ نوک ٹیڑھی ہو جانا (۶) توجہ نہ رہنا۔ خیال دوسری طرف لگ جانا۔

مُنہ پھلا کر بیٹھنا -[ا- محاورہ] ناراض ہو کر بیٹھنا۔ مُنہ تھتھا کر بیٹھنا۔ خفگی کی علامت ظاہر کرنا۔

منہ پھلانا -[ا- محاورہ] ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ مُنہ سُجانا۔

منہ پھوڑ کر -[ا- تابع فعل] بے شرم ہو کر۔ بے غیرت بن کر۔ آزادانہ۔ بیباکانہ۔

منہ پھوڑ کر کہنا -[ا- محاورہ] بے غیرتی سے کہنا۔ بے شرم ہو کر کہنا۔

منہ پھوڑ کر مانگنا -[ا- محاورہ] بے شرم بن کے طلب کرنا۔ بے حیائی کر کے مانگنا۔

منہ پھولنا -[ا- محاورہ] آزردہ ہونا۔ خفا ہونا۔

منہ پھیر دینا -[ا- محاورہ] مُنہ موڑ دینا۔ رُخ پھیر دینا (۲) جی بھر دینا۔ طبیعت سیر کر دینا (۳) پسپا کر دینا۔ بھگا دینا۔ مغلوب کر دینا۔

منہ پھیر کے چلنا -[ا- محاورہ] نفرت ظاہر کرنا۔

منہ پھیر کے کہنا -[ا- محاورہ] ناز و ادا سے کوئی بات مُنہ دوسری طرف کر کے کہنا۔

منہ پھیر کر نہ دیکھنا -[ا- محاورہ] بے توجہی کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

مُنہ پھیرنا -[ا- محاورہ] مُنہ موڑ دینا۔ رُخ پھیر دینا (۲) جی بھر دینا۔ طبیعت سیر کر دینا (۳) پسپا کر دینا۔ بھگا دینا۔ مغلوب کر دینا۔

مُنہ پھیلانا -[ا- محاورہ] منہ کھولنا (۲) زیادہ مانگنا۔ بہت لالچ کرنا (۳) مول بڑھانا۔ زیادہ قیمت مانگنا۔

مُنہ پھیلائے بیٹھنا -[ا- محاورہ] منتظر رہنا۔ مانگنے اور لینے کے لیے آمادہ رہنا۔

مُنہ پیٹنا -[ا- محاورہ] نہایت غصہ یا غم کی حالت میں اپنے چہرے پر تھپڑ لگانا۔

منہ پیلا پڑ جانا - مُنہ پر زردی چھانا۔

مُنہ تک آنا -[ا- محاورہ] لب تک آنا۔ زبان تک آنا (۲) کناروں تک بھر جانا لبریز ہو جانا۔

منہ تک جگر آنا -[ا- محاورہ] جی گھبرانا۔ طبیعت بہت پریشان ہونا۔

منہ تک کے رہ جانا -[ا- محاورہ] حیرانی سے خاموش رہ جانا۔

منہ تکنا - منہ کی طرف دیکھنا۔ چہرے کی طرف نگاہ کرنا (۲) جواب کا منتظر رہنا (۳) حسرت اور یاس کی نگاہوں سے دیکھنا (۴) حیران و ششدر ہو کر رہ جانا (۵) لاجواب ہونا (۶) تعجب سے دیکھنا۔

منہ تمتمانا -[ا- محاورہ] چہرہ سُرخ ہو جانا۔

منہ تنگ کرنا -[ا- محاورہ] نہ بولنا۔

مُنہ توپا -[ا- مذ] مُنہ بھرائی۔ رشوت۔

منہ تو دیکھو - مُنہ تو دیکھیے -[ا- محاورہ] (۱) اس قابل تو ہو جاؤ۔ اتنی لیاقت تو پیدا کرو (۲) تمہاری کیا حقیقت ہے۔ کیا مجال ہے تم سے اور یہ کام۔

مُنہ توڑ کے جواب دینا -[ا- محاورہ] صاف جواب دینا۔ بیباکی سے جواب دینا۔

مُنہ توڑنا -[ا- محاورہ] مُنہ پر ضرب لگانا۔ لاجواب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

مُنہ تھتھانا - دیکھیے مُنہ پھلانا۔

مُنہ ٹوٹ جانا - مُنہ ٹوٹنا -[ا- محاورہ] مُنہ پر چوٹ آنا۔

مُنہ ٹوٹ جائے -[ا- بد دُعا] (مُنہ پر چوٹ آئے)

مُنہ ٹیڑھا کرنا -[ا- محاورہ] نفرت و آزردگی سے مُنہ بگاڑنا۔

مُنہ ٹیڑھا ہونا -[ا- محاورہ] مُنہ پھر جانا (۲) تیوری چڑھنا۔ خفگی کی صورت بننا۔

مُنہ جوٹھا -[ا- محاورہ] کھانا چکھو سی کرنا۔ ذکر اذکار کرنا (۲) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا

مُنہ جُھٹالنا -[ا- محاورہ] برائے نام کھانا۔ نام کرنے کو کھانا۔ یوں ہی ذرا سا چکھ لینا۔

مُنہ جھٹک جانا -[ا- محاورہ] مُنہ اُتر جانا۔ چہرہ سُست ہو جانا دُبلا ہو جانا۔

مُنہ جھُلسنا -[ا- محاورہ] مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو جلا کر سیاہ کرنا (۲) لعنت بھیجنا (۳) رخصت دینا (۴) قرضہ ادا کرنا۔ دے دلا کر فارغ ہونا۔

مُنہ جھوٹا کرنا -[ا- محاورہ] دیکھیے مُنہ جُھٹالنا



Marfat.com

مُنہ چاٹنا ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) پیار کرنا ۔ چمکارنا (۲) خوشامد کرنا ۔ ناز برداری کرنا
مُنہ چاہیے ۔ [ا۔ محاورہ] ہمّت و حوصلہ کی ضرورت ہے ۔ دل گردہ چاہیے
قابلیت درکار ہے ۔
مُنہ چٹوَل ۔ [ا۔ مث] (۱) چوما چاٹی ۔ پیار محبت (۲) بک بک ۔ بکواس ۔
مُنہ چُرانا ۔ [ا۔ محاورہ] صورت نہ دکھانا ۔ سامنے نہ آنا ۔ گریز کرنا ۔
مُنہ چڑا ہو جانا ۔ [ا۔ محاورہ] دیکھیے مُنہ پھر جانا ۔
مُنہ چڑانا ۔ مُنہ چڑھانا ۔ [ا۔ محاورہ] کسی کو کھجانے کے لیے مُنہ ٹیڑھا کر کے دکھانا
کسی دوسرے کے مُنہ کی نقل بدنمائی کے ساتھ کرنا (۲) بھونڈی
نقل کرنا
مُنہ چڑھا ۔ [ا۔ صف] مُنہ لگا ۔ گستاخ ۔ بے ادب ۔ شندی ۔
مُنہ چڑھانا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ لگانا ۔ عزت دینا (۲) گستاخ بنانا ۔ بے ادب کرنا ۔
(۳) مصاحب بنانا ۔ مقرب بنانا (۴) ناک بھوں چڑھانا ۔ مُنہ بنانا ۔ تیوری چڑھانا
ناپسندیدگی کی علامت ظاہر کرنا ۔
مُنہ چڑھنا ۔ مصاحب بننا ۔ مُنہ لگنا (۲) تیوری چڑھنا (۳) گستاخ ہونا ۔
(۴) مقابل ہونا ۔ سامنے آنا ۔ برابری کرنا (۵) چہرے پر نمایاں
ہونا ۔ زبان پر چڑھنا (۶) پیچھے پڑنا ۔ سر ہونا ۔ درپے ہونا ۔
حجت کرنا ۔ بحث کرنا (۷) مقابلہ کرنا (۸) ہمسری اور برابری
کا دعویٰ کرنا ۔
مُنہ چکنا پیٹ خالی ۔ [ا۔ مثل] ظاہر میں بڑی ٹیپ ٹاپ باطن میں خانہ خراب ۔
مُنہ چلانا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ کو حرکت دینا (۲) کھانا چبانا (۳) جگالی کرنا (۴) گھوڑے کا
کاٹنا ۔ مُنہ سے پکڑنا (۵) بدزبانی کرنا ۔ گالیاں دینا ۔
مُنہ چلنا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ کا متحرک ہونا (۲) کھاتے رہنا (۳) زبان چلنا ۔ بک بک کیے
جانا ۔ چپ نہ بیٹھنا ۔
مُنہ چلے ستر بلا ٹلے ۔ [ا۔ مثل] تمام طاقت کھانے پینے ہی سے ہے ۔
مُنہ چنگ ۔ [ا۔ مذ] ایک باجا جو مُنہ سے بجایا جاتا ہے ۔
مُنہ چور ۔ [ا۔ صف] بہت حیادار ۔ بڑی شرم والا ۔ وہ شخص جو شرم و حجاب کی وجہ
سے کسی کے سامنے مُنہ نہ کرے ۔
مُنہ چومتے ہی گال کاٹا ۔ [ا۔ مثل] شروع میں ہی نقصان پہنچایا ۔
مُنہ چوم کے چھوڑ دینا ۔ [ا۔ محاورہ] ذلیل و شرمندہ کر کے چھوڑ دینا ۔ کام نکال
کے دھتا بتا دینا ۔
مُنہ چوم لینا ۔ [ا۔ محاورہ] بوسہ لینا (۲) بہت تعریف کرنا ۔ خوش گفتاری کا قائل ہو
جانا ۔ داد دینا ۔
مُنہ چھپانا ۔ [ا۔ محاورہ] سامنے نہ آنا ۔ پردہ کرنا ۔ چہرے پر پردہ ڈالنا (۲) شرمندہ
ہونا ۔ شرمسار ہونا ۔ حیا ہونا ۔ شرمانا (۳) کنارہ کرنا ۔ پہلوتہی کرنا (۴)
آنکھ چھپانا ۔ نظر چُرانا ۔
مُنہ چھُٹ ۔ [ا۔ صف] مُنہ پھٹ (۲) بے لگام ۔
مُنہ چھوانا ۔ [ا۔ محاورہ] برائے نام پوچھ لینا ۔ اُوپرے دل سے کہنا (۲) جھوٹی خاطر
کرنا ۔ ظاہرداری کی تواضع کرنا ۔
مُنہ چھوٹا اور بڑی بات ۔ [ا۔ مثل] ادنیٰ آدمی کا حوصلے سے بڑھ کر بات کرنا
حقیر آدمی کا شیخی بگھارنا ۔

مُنہ چھونا ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) اُوپرے دل سے کہنا (۲) ذرا بات کرنا
ذرا بولنا ۔
مُنہ چھینٹنا ۔ [ا۔ محاورہ] تھپیڑ مارنا ۔ مُنہ کو طمانچے مار کر زخمی کرنا ۔
مُنہ خام کرنا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ بند کرنا ۔ آٹے یا مٹی سے کسی چیز کا سوراخ بند کرنا
گِل حکمت کرنا ۔ کپڑ مٹی کرنا ۔
مُنہ خدا کی طرف ہونا ۔ [ا۔ محاورہ] خدا پر بھروسہ کرنا ۔
مُنہ خراب کرنا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ بگاڑنا ۔ مُنہ کا مزہ بگاڑنا (۲)
گالیاں دینا ۔
مُنہ خراب ہونا ۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ بگڑنا ۔ بدزبانی ہونا ۔ زبان گندی ہونا ۔
(۲) مُنہ بدمزہ ہونا ۔
مُنہ خشک ہو جانا ۔ [ا۔ محاورہ] گرمی یا پیاس کی شدت سے زبان سوکھ جانا (۲)
خوف چھا جانا ۔ چہرہ زرد پڑ جانا ۔ مُنہ فق ہو جانا ۔ گھبرا جانا ۔
مُنہ در مُنہ ۔ [ا۔ تابع فعل] روبرو ۔ آمنے سامنے ۔
مُنہ در مُنہ خالہ نانی پیٹھ پیچھے دشمن جانی ۔ [ا۔ مثل] ظاہر میں خوشامد کی
باتیں در پردہ دشمنی ۔
مُنہ در مُنہ کہنا ۔ [ا۔ محاورہ] سامنے کہنا ۔ مُنہ پر کہنا ۔ روبرو کہنا ۔
بے جھجک کہنا ۔
مُنہ دکھانا ۔ [ا۔ محاورہ] سامنے آنا ۔ ملاقات کرنا ۔ روبرو ہونا ۔
مُنہ دکھانا مشکل ہے ۔ مُنہ دکھانا مشکل ہو گیا ۔ [ا۔ محاورہ] بہت ہی ندامت
ہے جس کے سبب سامنے نہیں ہو سکتا ۔
مُنہ دکھانے کی جگہ (باقی) نہیں ۔ [ا۔ محاورہ] نہایت شرمندگی کے باعث
سامنے نہیں جا سکتا ۔
مُنہ دکھانے کی صورت نہ رہنا ۔ شرمندگی کے باعث ملنے کا موقع
نہ رہنا ۔
مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا ۔ [ا۔ محاورہ] نہایت شرمندگی کے باعث سامنے
آنے کے لائق نہ رہنا ۔
مُنہ دکھائی ۔ مُنہ دکھلائی ۔ [ا۔ مث] رُونمائی ۔ وہ نقدی جو پہلے پہل دُلہن کا مُنہ
دیکھ کر سسرال والے دیتے ہیں ۔
مُنہ دکھائی دینا ۔ [ا۔ محاورہ] کسی چمکدار چیز ، شیشہ اور پانی وغیرہ میں
اپنا عکس نظر آنا ۔
مُنہ دھواں ہو جانا ۔ [ا۔ محاورہ] چہرے پر ہوائیاں اُڑنا ۔
مُنہ دھو آؤ ۔ مُنہ دھو رکھو ۔ مُنہ دھو ڈالو ۔ [ا۔ محاورہ] اس کام کی اُمید نہ رکھو ۔ تم اس کام
کے قابل نہیں ۔
مُنہ دے کر بات کرنا ۔ [ا۔ محاورہ] متوجہ ہو کر بات چیت کرنا ۔
مُنہ دیکھ ۔ [ا۔ محاورہ] لیاقت پیدا کر ۔
مُنہ دیکھا ۔ [ا۔ صف] مُنہ دیکھنے والا ۔ حلقہ بگوش ۔ فرماں بردار ۔ مطیع ۔
مُنہ دیکھا کرنا ۔ [ا۔ محاورہ] حیرت سے چہرہ تکنا (۲) کسی بات کا منتظر ہونا ۔
مُنہ دیکھتے رہ جانا ۔ [ا۔ محاورہ] حیران و ششدر رہ جانا (۲) اُمید
پوری نہ ہونا ۔
مُنہ دیکھتے رہنا ۔ [ا۔ محاورہ] رُعب و دبدبہ میں آ کر کچھ کہہ نہ سکنا ۔



Marfat.com

**مُنہ دیکھ کر اُٹھنا** ۔[ا۔ محاورہ] سوتے ہوئے اُٹھ کر کسی کی صورت دیکھنا۔ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ صبح سویرے اُٹھ کر اگر کسی مبارک انسان کی صورت دیکھی جائے تو سارا دن خوشی میں بسر ہوتا ہے۔ اور اگر منحوس سامنے آ جائے، تو رنج و غم میں دن تمام ہوتا ہے۔

**منہ دیکھ کر بات کرنا**۔[ا۔ محاورہ] سامنے خوشامد کی باتیں کرنا۔

**منہ دیکھ کر رہ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ تکتا رہ جانا۔ مائوس ہو کر رہ جانا۔ ناامید ہو جانا (۲) حیران ہو جانا۔ (۳) لاجواب ہو کر رہ جانا۔ جواب نہ بن پڑنا۔

**منہ دیکھ کے تھپڑ لگایا جاتا ہے**۔[ا۔ مثل] حیثیت دیکھ کر برتاؤ کیا جاتا ہے۔

**منہ دیکھا کرنا**۔[ا۔ محاورہ] حیرت سے منہ تکا کرنا۔ چہرے کو گھورا کرنا (۲) کسی بات کے سُننے کا منتظر رہنا۔

**مُنہ دیکھنا**۔[ا۔ محاورہ] صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا (۲) آئینے میں شکل دیکھنا (۳) حیرانی سے مُنہ دیکھنا۔ حسرت سے منہ تکنا۔ تعجب سے نظر آنا (۴) جواب کے انتظار میں صورت دیکھنا۔

**مُنہ دیکھو**۔[ا۔ محاورہ] ذرا اُن کی لیاقت پر نظر کرو۔ کیا حوصلہ ہے۔

**مُنہ دیکھی**۔[ا۔ صف] سامنے کی۔ منہ پر کی۔ خوشامد کی۔

**مُنہ دیکھی کہنا**۔ طرف داری کی بات کہنا۔

**مُنہ دیکھے کی**۔[ا۔ تابع فعل] (۱) ظاہری۔ اُوپری۔ دکھاوے کی۔ خوشامد کی۔ نمائشی۔

**مُنہ دیکھے کی اُلفت رچاہ۔ پریت۔ محبت)**۔[ا۔ مث] ظاہری محبت۔ دکھاوے کا پیار۔ نمائشی اخلاص۔ جھوٹی محبت۔

**منہ دیکھے کی باتیں**۔[ا۔ مث] اُوپری باتیں۔ ظاہر داری کی باتیں۔ دکھاوے کی باتیں۔

**منہ دیکھے کی سب کہتے ہیں خُدا لگتی کوئی نہیں کہتا**۔[ا۔ مثل] انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔ سب خوشامد اور طرفداری کی باتیں کرتے ہیں۔

**منہ دینا**۔[ا۔ محاورہ] برتن میں جانور وغیرہ کا منہ ڈال دینا (۲) دھیان دینا۔ متوجہ ہونا۔

**منہ ڈالنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی جانور کا کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا (۲) لڑنا۔ حملہ کرنا۔

**منہ ڈھانپ ڈھانپ کر رونا**۔ [ا۔ محاورہ] نہایت رونا پیٹنا۔ بہت ہی گریہ وزاری کرنا۔

**منہ ڈھانپنا**۔[ا۔ محاورہ] منہ پر کپڑا ڈالنا۔ رونا۔ نوحہ کرنا۔

**منہ ڈھانک کر رونا**۔[ا۔ محاورہ] زار زار رونا۔ منہ پر کپڑا رکھ کر رونا۔

**منہ ڈھانکنا۔ منہ ڈھکنا**۔[ا۔ محاورہ] منہ چھپانا۔ چہرے پر پردہ ڈالنا (۲) رونا ماتم کرنا۔

**مُنہ ذرا سا نکل آنا**۔[ا۔ محاورہ] چہرے کا دُبلا اور کمزور پڑ جانا (۲) نہایت لاغر اور ناتواں ہو جانا۔

**منہ رکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] پاس رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ توجہ رکھنا۔ رُو رعایت کرنا۔

**مُنہ روشن ہونا**۔[ا۔ محاورہ] منہ پر رونق ہونا۔

**منہ زُبانی**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) زبانی۔ بے لکھے۔ بلا تحریر (۲) نوکِ زبان۔ حفظ بر زبان۔

**منہ زرد ہو جانا**۔[ا۔ محاورہ] چہرہ کا رنگ پیلا پڑ جانا۔ اُداس ہو جانا۔

**مُنہ زور**۔[ا۔ محاورہ] بدلگام۔ منہ پھٹ۔ بد زبان۔ بُرا بھلا بکنے والا (۲) بکواسی۔ چُپ نہ رہنے والا (۳) شریر گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو لگام نہ مانے۔ وہ تیز گھوڑا جو روکے نہ رُکے۔

**منہ زوری**۔[ا۔ مث] بد زبانی۔ بدلگامی۔ سخت کلامی۔ بیہودہ گوئی۔ (۲) شرارت۔ شوخی۔ سرکشی۔

**مُنہ زوری کرنا**۔[ا۔ محاورہ] بد زبانی کرنا۔ بدلگامی کرنا (۲) شوخی کرنا۔ شرارت کرنا۔

**مُنہ زہر ہو جانا**۔[ا۔ محاورہ] مُنہ کا مزہ تلخ ہو جانا۔

**منہ سامنے نہ ہونا**۔[ا۔ محاورہ] حجاب یا شرم سے سامنے نہ آنا۔

**مُنہ سُت جانا**۔[ا۔ محاورہ] مُنہ کا دُبلا ہو جانا۔

**مُنہ سُجانا**۔[ا۔ محاورہ] مُنہ پھلانا۔ اُداس ہونا۔ ناراض ہونا۔ غمگین ہونا (۲) تھپڑوں سے مُنہ لال کرنا۔

**مُنہ سُرخ ہو جانا**۔ [ا۔ محاورہ] غضب ناک ہو جانا۔ غصے سے چہرہ لال ہو جانا۔ (۲) جوانی یا تندرستی میں مُنہ تمتمانا۔

**مُنہ سے آہ نہ کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] شکوہ نہ کرنا۔ ظلم و ستم پر چُپ رہنا۔

**مُنہ سفید پڑ جانا۔ منہ سفید ہو جانا**۔[ا۔ محاورہ] خوف چھا جانا۔ سخت حیرت میں پڑ جانا۔ رنگ اُڑ جانا۔ چہرہ فق ہو جانا۔

**مُنہ سکڑ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] چہرے پر دُبلاہٹ چھا جانا۔ منہ کی رونق نہ رہنا۔

**مُنہ سکوڑنا۔ مُنہ سیکڑنا**۔[ا۔ محاورہ] ناک بھوں چڑھانا۔ مُنہ بنانا۔ چیں بجبیں ہونا ترش رو ہونا۔ ناراضی ظاہر کرنا۔

**مُنہ سلونا کرنا**۔[ا۔ محاورہ] کوئی نمکین چیز کھانا خصوصاً میٹھی چیز کے بعد۔

**مُنہ سنبھالنا**۔[ا۔ محاورہ] زبان کو قابو میں کرنا۔ زبان کو لگام دینا۔

**مُنہ سنبھالو**۔[ا۔ محاورہ] زبان کو روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ زبان درازی مت کرو۔

**مُنہ سُوجا رہنا**۔[ا۔ محاورہ] غصے یا بدمزاجی سے مُنہ پھولا رہنا۔

**مُنہ سُوکھ جانا رسُوکھنا)**۔[ا۔ محاورہ] منہ خشک ہونا۔ پیاس یا خوف کے باعث مُنہ پر خشکی آ جانا (۲) مُنہ اُتر جانا۔ دُبلا ہونا۔

**مُنہ سُوئی پیٹ کُھوئی**۔[ا۔ مثل] ذرا سا منہ اور اتنا بڑا پیٹ۔ بدن کم اور خرچ زیادہ۔ کھاؤ ٹناؤ۔

**مُنہ سے**۔[ا۔ تابع فعل] زبان سے۔ خاطر سے۔ لحاظ سے۔ رعایت سے۔

**مُنہ سے آواز نہ نکلنا**۔ [ا۔ محاورہ] بات نہ ہو سکنا۔ ڈر کے مارے گھگھی بندھ جانا

**منہ سے آہ نہ کرنا**۔[ا۔ محاورہ] شکوہ نہ کرنا۔

**منہ سے اقرار لینا**۔[ا۔ محاورہ] وعدہ لینا۔ اقبال کرانا۔

**منہ سے اُگلنا**۔ [ا۔ محاورہ] منہ سے نکالنا۔ مُنہ سے باہر لانا۔ کہنا۔ دل کی



Marfat.com

بات زبان پر لانا۔

**مُنہ سے بات اُچکنا۔ چھیننا سے لینا۔** لینا، لپکنا۔ (ا۔ محاورہ) جو بات دوسرا کہنے لگا ہو وہ اس سے پہلے کہہ دینا۔

**مُنہ سے بات نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) کہا جانا۔ بات زبان پر آنا۔

**مُنہ سے بات نہ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) غصے یا دہشت کے سبب بول نہ سکنا۔

**مُنہ سے باتیں نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بد دعا دینا۔ کوسنا (۲) کسی کے متعلق باتیں کرنا۔

**مُنہ سے بس کرنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان سے انکار کرنا۔ مُنہ سے روکنا۔ کافی سمجھنا۔

**مُنہ سے بولنا۔** (ا۔ محاورہ) زبان سے بات کرنا۔ جواب دینا۔

**مُنہ سے بولو سر سے کھیلو۔** (ا۔ مثل) بات چیت کرو۔ خاموش نہ رہو۔

**مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے۔** (ا۔ مثل) بالکل خاموش ہے۔ نہ بات کرتا ہے نہ اشارہ۔

**مُنہ سے پھوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بولنا۔ جواب دینا۔ زبان سے کچھ کہنا۔

**مُنہ سے پھول جھڑنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت خوش گفتار اور فصیح ہونا۔ شیریں کلام ہونا (۲) طنزاً بد زبان ہونا۔

**مُنہ سے تو، پھوٹو۔** (ا۔ محاورہ) کچھ تو بولو۔ جواب تو دو۔ ہاں یا نہیں کرو۔

**مُنہ سے تو کہو۔** (ا۔ محاورہ) بات تو کرو۔ زبان تو ہلاؤ۔

**مُنہ سے دُودھ ٹپکنا۔** (ا۔ محاورہ) نادان اور نا سمجھ ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔

**مُنہ سے دُودھ کی بُو آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نادان بچہ ہونا (۲) کم عقل اور بیوقوف ہونا۔

**مُنہ سے رال ٹپکی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت للچانا۔ از حد خواہش ہونا۔

**مُنہ سے سُنا چاہتے ہو۔** (ا۔ محاورہ) گالیاں کھانے (سُننے) کو جی چاہتا ہے۔

**مُنہ سے سیاہی دھونا۔** (ا۔ محاورہ) بدنامی مٹانا۔ سیاہی دور کرنا۔

**مُنہ سے کلیجہ نکل پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) دم اُلٹ جانا۔ دل گھبرا جانا۔ جی اکتانا۔ گھبرا کر دم نکل جانا۔

**مُنہ سے کچھ کا کچھ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) کہنا کچھ چاہنا زبان سے اُس کے خلاف نکلنا۔

**مُنہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں۔** (ا۔ محاورہ) کیا پُرلطف باتیں کرتے ہیں (۲) طنزاً ناگوار باتوں پر بھی کہتے ہیں۔

**مُنہ سے لام کاف مت نکالو۔** (ا۔ محاورہ) بد زبانی نہ کرو۔ خاموش رہو۔

**مُنہ سے لعل اُگلنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت خوش کلام اور خوش گفتار ہونا۔ فصاحت اور شیریں زبانی سے کلام کرنا۔

**مُنہ سے لگانا۔** (ا۔ محاورہ) پینے کے لیے کوئی ظرف مُنہ سے لگانا۔ لب آشنا کرنا (۲) دوسرے کے مُنہ سے کوئی ظرف لگانا (۳) بجانے والا ساز مُنہ سے لگانا۔

**مُنہ سے مُنہ ملانا۔** (ا۔ محاورہ) چوما چاٹی کرنا۔ بوس و کنار کرنا (۲) ہم کلام ہونا۔

زبان سے زبان ملانا (۳) گستاخانہ بات چیت کرنا۔

**مُنہ سے میٹھا ہے۔** (ا۔ مثل) خاطر سے خاطر اور محبت سے۔

**مُنہ سے نام نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا تذکرہ کرنا (۲) دعویٰ کرنا (۳) کسی بات کا سہو سے ذکر کرنا۔

**مُنہ سے نکل جانا (نکلنا)۔** (ا۔ محاورہ) بے ساختہ کوئی بات زبان سے نکل جانا۔

**مُنہ سے نکلی کوٹھوں چڑھی۔** (ا۔ مثل) بات زبان سے کہتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔

**مُنہ سے نکلی ہوئی پرائی بات۔** (ا۔ مثل) کوئی بات کہہ ڈالنے کے بعد راز نہیں رہتی۔

**مُنہ سے نیک و بد نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔

**مُنہ سیا جانا۔** خاموش کیا جانا۔ مُنہ پر مُہر لگایا جانا۔

**مُنہ سیاہ کرنا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہ کالا کرنا۔ بدنام کرنا۔ کلنک کا ٹیکا لگانا (۲) خضاب لگانا۔

**مُنہ سیدھا کر دینا۔** خوب مارنا۔

**مُنہ سی دینا۔** (ا۔ محاورہ) خاموش کر دینا۔ مُنہ بند کر دینا۔

**مُنہ سینا۔** (ا۔ محاورہ) خاموش کرنا۔ چُپ کرنا (۲) خاموش ہونا۔ چُپ رہنا (۳) رشوت دینا۔

**مُنہ شکر سے بھر دینا۔** (ا۔ محاورہ) خوش خبری سنانے کے عوض میں مُنہ میٹھا کرنا۔

**مُنہ فق ہو جانا۔ مُنہ فق ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہ سفید پڑ جانا۔ اوسان جاتے رہنا۔ گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔ رُعب میں آ جانا۔ خوفزدہ ہو جانا۔

**مُنہ قبلے کی طرف مڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ مرتے وقت نیک آدمی کا مُنہ قبلے کی طرف ہو جاتا ہے۔

**مُنہ کا پھوہڑ۔** (ا۔ صف) بد زبان۔ بدلگام۔ مُنہ پھٹ۔

**مُنہ کا مزا بگڑا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) پیٹ جانا۔ مار کھا کر مُنہ سُوج جانا۔

**مُنہ کا روغن اُتر جانا۔** (ا۔ محاورہ) چہرے کی آب جاتی رہنا۔

**مُنہ کا سچا۔** (ا۔ صف) وعدے کا پکا۔

**مُنہ کا کچا۔** (ا۔ صف) وہ گھوڑا جو لگام کے جھٹکے کو نہ سہار سکے۔ نرم مُنہ کا گھوڑا (۲) اصیل مرغ (۳) وہ آدمی جس کی بات ناقابلِ اعتبار ہو۔

**مُنہ کا کڑوا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہ زور (۲) مضبوط دھاگا۔

**مُنہ کا کہا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) مُنہ سے نکلی ہوئی بات کا ہو جانا۔ کہے کے مطابق ہونا۔

**مُنہ کالا۔** (ا۔ صف) بدنام۔ رسوا (۲) بد افعال۔ بدکردار (بددعا) خدا غارت کرے۔

**مُنہ کالا جات اُجالا۔** (ا۔ مثل) شریفوں کی اولاد مگر عمل بُرے۔

**مُنہ کالا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) چہرے پر سیاہی ملنا (۲) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا (۳) زنا کرنا۔ بد فعلی کرنا۔

**مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا۔** (ا۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب انسان کوئی صدمے کی خبر سُن کر فوراً کھانا چھوڑ دے۔



Marfat.com

مُنہ کا میٹھا۔ [ا۔ صف] خلیق۔ شیریں گفتار

مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا۔ [ا۔ مثل] باتیں دوستوں کی سی مگر دل میں عداوت۔

مُنہ کا نوالہ۔ [ا۔ مذ] لقمۂ دہن (۲) نہایت سہل اور آسان کام۔

مُنہ کا نوالہ نہیں۔ [ا۔ مثل] آسان کام نہیں ہے۔

مُنہ کا نوالہ سمجھنا۔ [ا۔ محاورہ] ادنیٰ اور آسان سمجھ لینا۔

مُنہ کا نوالہ ہو جانا۔ [ا۔ محاورہ] منہ میں چلا جانا (۲) سہل اور آسان ہو جانا۔

مُنہ کا نوالہ اتر جانا۔ [ا۔ محاورہ] چہرے کی آب و تاب جاتی رہنا۔ بے رونق ہو جانا۔

مُنہ کپّے کی طرح پھولنا۔ [ا۔ محاورہ] کنایہ ہے۔ کمال غصّہ اور خفگی سے بہت خفا ہونا۔

مُنہ کرنا۔ [ا۔ محاورہ] سوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) زخم یا پھوڑے کا سوراخ ظاہر ہونا۔ پھوٹنا (۳) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا (۴) منہ سامنے کرنا (۵) لالچ کرنا۔

مُنہ کس کا ہے۔ [ا۔ محاورہ] کسی کی مجال نہیں۔ کسی کا حوصلہ نہیں۔

مُنہ رُکنا۔ [ا۔ محاورہ] کسی کے خلاف کہنے سے رُکنا۔ زبان بند ہونا۔

مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو جھُلسا لگانا۔ [ا۔ محاورہ] ملاقات ترک کرنا۔ ملنا جلنا چھوڑ دینا (۲) کوسنا۔

مُنہ کو بنوانا۔ [ا۔ محاورہ] اپنے آپ کو کسی کام کے لائق کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔

مُنہ کو پھیر لینا۔ [ا۔ محاورہ] روکشی کرنا۔ روگردانی کرنا (۲) انکار کرنا۔

مُنہ کو جگر آنا۔ دیکھیے مُنہ کو کلیجہ آنا۔ جی گھبرانا۔ ضبط نہ ہو سکنا۔

مُنہ کو خون لگنا۔ [ا۔ محاورہ] خون کی چاٹ لگنا۔ خون کا مزہ پڑ جانا (۲) رشوت کا عادی ہونا۔

مُنہ دکھا نہ سکنا۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ سامنے نہ کر سکنا۔ سامنے جاتے ہوئے شرم آنا۔

مُنہ کو سنبھالنا۔ [ا۔ محاورہ] بد زبانی سے باز آنا۔ بیہودہ باتیں کرنے سے رُکنا۔

مُنہ کو سات توؤں کی کالک لگ جانا۔ [ا۔ محاورہ] سخت بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

مُنہ کو قفل دینا۔ مُنہ کو قفل لگا دینا۔ [ا۔ محاورہ] خاموشی۔ چُپ اختیار کرنا (۲) کھانے پینے سے رُکنا۔

مُنہ کو کالک لگانا۔ [ا۔ محاورہ] بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ کلنک کا ٹیکا لگانا۔

مُنہ کو کلیجہ آنا۔ [ا۔ محاورہ] دم اُلٹنا۔ غم و غصّہ برداشت نہ ہو سکنا۔ دل نہایت بیزار ہونا۔ بہت جی گھبرانا۔

مُنہ کو لگام دو۔ [ا۔ محاورہ] بد زبانی نہ کرو۔ زبان سنبھال کر بات کرو۔

مُنہ کو لگام نہیں۔ [ا۔ مثل] چُپ نہیں رہتا۔ بے سوچے سمجھے بول اُٹھتا ہے۔

مُنہ کو لگا ہونا۔ [ا۔ محاورہ] چسکا پڑا ہونا۔

مُنہ کو لگنا۔ [ا۔ محاورہ] مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ زبان کو چاٹ پڑنا (۲) خوش ذائقہ معلوم ہونا۔

مُنہ کو لوکا لگے۔ (بددعا) چہرہ جھلس جائے۔ تباہ ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔

مُنہ کو لہو لگنا۔ مُنہ کو خون لگنا۔ [ا۔ محاورہ] خون کی چاٹ پڑ جانا۔ شکار کا مزہ پڑنا (۲) رشوت کا عادی ہو جانا۔ مال مفت کھانے کی عادت پڑ جانا۔

مُنہ کو مزہ لگا دینا۔ [ا۔ محاورہ] چٹورا بنا دینا۔ زبان کو چاٹ ڈال دینا۔

مُنہ کو موڑنا۔ [ا۔ محاورہ] مُنہ پھیرنا۔ بے رُخی کرنا۔ بے مروّتی کرنا۔

مُنہ کہاں ہے۔ [ا۔ محاورہ] کیا تاب و طاقت ہے۔ کیا مجال ہے۔

مُنہ کھائے آنکھ لجائے۔ [ا۔ مثل] احسان کرنے والے کے ساتھ مروّت کرنا ہی پڑتی ہے۔

مُنہ کھُل جانا۔ [ا۔ محاورہ] دہن کشادہ ہو جانا (۲) منہ پھٹ ہو جانا۔ بد زبان ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا (۳) گرہ کھُل جانا۔ چھلکے وغیرہ کی چھال کھُل جانا (۴) چہرہ بے نقاب ہو جانا (۵) ازالۂ بکر ہو جانا۔

مُنہ کھُلنا۔ [ا۔ محاورہ] دہن فراخ ہونا (۲) بد زبان ہونا (۳) بیان کرنے یا کہنے پر آمادہ ہونا۔ چہرہ بے نقاب ہو جانا۔

مُنہ کھُلوانا۔ [ا۔ محاورہ] منہ فراخ کرانا (۲) بولنے پر مجبور کرنا۔ زبان کھلوانا (۳) گستاخ بنانا۔ بے ادب کرنا۔ بات کرنے کی جرأت دلانا۔ زبان سے نکلوانا (۴) سوال کرنا۔

مُنہ کھول کر رہ جانا۔ [ا۔ محاورہ] کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا (۲) مشتاق رہ جانا۔

مُنہ کھولنا۔ [ا۔ محاورہ] زبان کھولنا۔ بات کرنا۔ کہنا (۲) گالیوں پر اتر آنا۔ باتیں سنانا۔ زبان چلانا (۳) نقاب اُٹھانا۔ گھونگھٹ ہٹانا۔

مُنہ کی آنا۔ [ا۔ محاورہ] روبرو چوٹ کرنا۔ سامنے طعنے کی بات کہنا۔

مُنہ کی آوٹ کرنا۔ [ا۔ محاورہ] پردہ کرنے کے لیے کوئی چیز چہرے کے سامنے کرنا۔ آگ یا دھوپ کی گرمی سے بچنے کے لیے کوئی چیز بیچ میں لانا۔

مُنہ کی بات چھین لینا۔ [ا۔ محاورہ] دوسرے کے دل کی بات کہہ دینا۔

مُنہ کی پکّی۔ [ا۔ صف] وہ تلوار جس کی باڑھ نہ مُڑے (۲) وعدے کی پکّی عورت۔

مُنہ کی کھانا۔ [ا۔ محاورہ] منہ پر چوٹ کھانا۔ اوندھے منہ گرنا۔ سر کے بل گرنا (۲) تھپڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا (۳) سزا پانا۔ مار کھانا (۴) شرمندہ ہونا۔ خفت اٹھانا (۵) صاف دھوکا کھانا۔ کسی کے عمل میں آنا (۶) ہار جانا۔ شکست کھانا (۷) اپنے منہ سے آپ قائل ہونا (۸) نقصان اُٹھانا۔

مُنہ کی کھلانا (کھلوانا)۔ [ا۔ محاورہ] شرمندہ کرنا۔ نادم بنانا۔

مُنہ کی کتّی جو لوٹی تو کیا کرے گا کوئی۔ [ا۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے شرمی اختیار کرتا ہے۔

مُنہ کی لوئی جانا۔ [ا۔ محاورہ] بے شرم ہونا۔ بے غیرتی چھا جانا۔ شرم و حیا جاتی رہنا۔

مُنہ کی مکھی نہ اڑا سکنا۔ [ا۔ محاورہ] بہت کمزور و ناتواں ہو جانا۔

مُنہ کی میٹھی ہاتھ کی جھوٹی۔ [ا۔ مثل] میٹھی باتیں تو کرتی ہے مگر دیتی دلاتی کچھ نہیں۔

مُنہ کے آگے خندق نہیں۔ بڑا بکواسی ہے۔

مُنہ کے بل (رجھل) آنا۔ مُنہ کے بل (رجھل) گرنا۔ [ا۔ محاورہ] اس طرح گرنا



Marfat.com

کر چہرہ زمین پر لگے۔ ذلّت اٹھانا۔ ذلیل ہونا۔

**مُنہ کے کوّے اُڑ جانا۔** [ا۔ محاورہ] چہرہ سفید پڑ جانا۔

**مُنہ کے لائق نہیں۔** [ا۔ محاورہ] اس قابل نہیں کہ اس سے بات کی جائے۔

**مُنہ کے لچھن جھڑنا۔** [ا۔ محاورہ] شرم و حیا جاتی رہنا۔ بے غیرت ہو جانا۔

**مُنہ کیا ہے۔** [ا۔ محاورہ] کیا حوصلہ ہے۔ کیا مجال ہے۔

**مُنہ کیل دینا۔ مُنہ کیلنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) جادو یا منتر سے منہ کو بند کرنا (۲) زہریلے جانور کے مُنہ کو کاٹنے کے قابل نہ رکھنا (۳) خاموش کر دینا (۴) رشوت دے کر اپنے خلاف جانے سے باز رکھنا۔

**مُنہ گڑھیا میں دھو رکھو۔** [ا۔ مثل] اس بات کی اُمید نہ رکھو۔

**مُنہ لال کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ پر تھپڑ مار کر چہرہ سُرخ کر دینا (۲) پان وغیرہ سے مُنہ سُرخ کرنا۔

**مُنہ لال ہو جانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) غصّے سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۲) ناموری حاصل ہونا۔ کامیاب ہونا۔ تھپڑ لگنے سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔

**مُنہ لپیٹ کر پڑا رہنا (پڑنا)۔** [ا۔ محاورہ] غمگین اور اُداس ہو کر پڑا رہنا۔ غم کے مارے منہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا۔

**مُنہ لٹکانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) غصہ ہونا۔ ناراض ہونا (۲) شرمندگی سے مُنہ جھکانا (۳) کوئی دوا مل کر رطوبت ٹپکنے کے لیے منہ کو نیچے کی طرف کرنا۔

**مُنہ لگا۔** [ا۔ صفت] سر چڑھا۔ مونث کے لیے مُنہ لگی۔

**مُنہ لگانا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ سے چھُونا (۲) مُنہ سے جھوٹا کرنا۔ جُھٹالنا (۳) کھانا چکھنا۔ زبان پر رکھنا (۴) گُستاخ بنانا۔ بے اُدب کرنا۔ سر چڑھانا (۵) یار بنانا۔ مصاحب بنانا (۶) عزت دینا۔ توجّہ کرنا۔ مہربانی سے پیش آنا (۷) حمایت کرنا۔

**مُنہ لگائی ڈومنی گا دے تال بے تال۔ مُنہ لگائی ڈومنی آئی بچوں سمیت۔** [ا۔ مثل] اُس وقت کہتے ہیں۔ جب ذرا سی مہربانی سے کوئی سر پر چڑھنے لگے۔

**مُنہ لگنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ سے چھوا جانا (۲) مصاحب بننا۔ یار بننا (۳) عزت سے پیش آنا (۴) سر چڑھنا۔ گستاخ ہونا (۵) مقابل بننا۔ برابری کرنا (۶) چسکا پڑنا۔ مزہ پڑنا۔ حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔

**مُنہ لے کے آنا۔** [ا۔ محاورہ] صورت دکھانا۔

**مُنہ لے کے پھرنا۔** [ا۔ محاورہ] بے اتفاقی کے سبب محروم جانا۔ بھروسے کے خلاف مایوس ہو کر واپس ہونا۔

**مُنہ لے کے رہ جانا۔** [ا۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔

**مُنہ مارا (ماری)۔** [ا۔ صفت۔ مذ۔ مونث] (عو) اس کے متعلق کہتی ہیں جو لذیذ چیزوں کے کھانے سے پرہیز کرے۔

**مُنہ مارنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ڈنگ مارنا (۲) شکار کو منہ سے پکڑنا (۳) چونچ مارنا۔ منہ بند کر دینا۔ خاموش کرنا (۴) جلد جلد کھانا (۵) طعنہ کرنا۔

**مُنہ مانگا۔** [ا۔ صفت] حسبِ منشاء۔ خواہش کے مطابق۔ جیسا مُنہ سے کہا تھا۔

**مُنہ مانگا بر پایا۔** [ا۔ مثل] (۱) دل کے موافق شوہر ملا (۲) حسبِ دلخواہ کام ہوا۔ جو چاہا سو ہوا۔

**مُنہ مانگنا۔** [ا۔ محاورہ] فریاد کرنا۔

**مُنہ مانگی مراد۔** [ا۔ مث] دلی خواہش۔ دلی تمنا۔

**مُنہ مانگی مراد نہیں ملتی۔** [ا۔ مقولہ] اپنا چاہا نہیں ہوتا ہے۔ جو خدا چاہتا ہے وہ ہی ہوتا ہے۔

**مُنہ مانگی موت نہیں ملتی۔** [ا۔ مثل] جو آدمی چاہتا ہے۔ وہ نہیں ہوتا خدا کا چاہا ہوتا ہے۔

**مُنہ مانگے دام۔** [ا۔ مذ] مُنہ سے طلب کی ہوئی قیمت۔

**مُنہ مسکوڑنا۔** [ا۔ محاورہ] دیکھیے مُنہ سکوڑنا۔

**مُنہ کو مسل ڈالنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ کو ہاتھ سے رگڑ ڈالنا (۲) رکیک یا دندان شکن جواب دینا۔

**مُنہ ملاحظہ۔** [ا۔ مذ] لحاظ۔ پاسداری۔

**مُنہ موڑنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مُنہ پھیرنا۔ روگرداں ہونا۔ کسی کے شریکِ حال نہ ہونا۔ پہلو تہی کرنا (۲) بات نہ دینا۔ توجہ نہ کرنا (۳) باغی ہونا (۴) پرہیز کرنا۔ باز رہنا (۵) انکار کرنا (۶) شکست کھانا۔ پسپا ہونا (۷) بے وفائی کرنا۔ طوطا چشمی۔ بے مروّتی کرنا۔

**مُنہ میٹھا کرنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) مٹھائی کھلانا (۲) مٹھائی کھانا (۳) عنایت فرمانا۔ دینا۔ بخشنا (۴) نذرانہ دینا (۵) رشوت دینا (۶) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔

**مُنہ میں آنا۔** [ا۔ محاورہ] زبان پر آنا۔ زبان سے نکلنا۔

**مُنہ میں آیا سو بک دیا۔** [ا۔ محاورہ] بے سوچے سمجھے بات کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

**مُنہ میں بات کرنا۔** [ا۔ محاورہ] منہ میں بولنا۔ اس طرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے۔ بہت چپکے چپکے بات کرنا۔

**مُنہ میں پانی بھر آنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) ترشی کے خیال یا کسی عمدہ چیز کی خواہش کرنا۔ مُنہ میں لعاب آ جانا (۲) جی للچانا۔ طبیعت کا نہایت خواہش کرنا۔ مزہ یاد آنا۔ شوق پیدا ہونا۔

**مُنہ میں پانی ڈپکانا، چوانا۔** [ا۔ محاورہ] مرتے وقت منہ میں پانی کے قطرے ٹپکانا۔ آخیر وقت کام آنا۔

**مُنہ میں پڑنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا (۲) مشہور ہونا۔ زبان زد ہونا۔

**مُنہ میں پڑھنا۔** [ا۔ محاورہ] چپکے چپکے پڑھنا۔ ایسا آہستہ پڑھنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے۔

**مُنہ میں تنکا لینا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) دانتوں میں تنکا دبانا (۲) عاجزی کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ پاؤں پڑنا۔

**مُنہ میں تھوک بلونا۔** [ا۔ محاورہ] وبیہودہ اور بے معنی باتیں کرنا۔

**مُنہ میں خاک۔** [ا۔ محاورہ] بُرا چاہنے والے کی بات پر کہا جاتا ہے۔ وہ گستاخانہ کلام کے جواب میں۔



Marfat.com

**منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت** ۔ [ا ۔ مثل ] ایسا بوڑھا ہے کہ نہ منہ میں دانت رہے ہیں نہ ہاضمے کے لیے پیٹ میں آنتڑیاں ۔ بہت ہی بوڑھا ۔

**مُنہ میں دانہ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] کچھ تھوڑا سا کھانا

**مُنہ میں روٹی سر پر جوتی** ۔ [ا ۔ مثل ] بہت بے عزتی سے روٹی ملنے پر بولتے ہیں ۔

**مُنہ میں زبان حلال ہے** ۔ [ا ۔ مثل ] مُنہ میں زبان ہے بات کہنے کے لیے ہے حلال اسی واسطے کہا کہ آدمی حلال چیز کو مُنہ میں لے جاتا ہے ۔

**منہ میں زُبان رکھنا ۔ منہ میں زبان ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] گویائی کی طاقت رکھنا ۔ بات کرسکنا ۔

**منہ میں زبان نہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] گونگا ہونا ۔ بول نہ سکنا (۲) خاموش رہنا ۔ بات نہ کرسکنا ۔

**منہ میں زبان نہیں** ۔ [ا ۔ محاورہ ] نہایت غریب طبیعت اور خاموش آدمی ہے ۔

**منہ میں زبان ہے** ۔ [ا ۔ مقولہ ] کہنے اور بولنے کی طاقت ہے ۔ بات کرنے کی جرأت ہے ۔

**منہ میں سب کچھ دل میں خاک نہیں** ۔ [ا ۔ مثل ] محض ظاہر داری ہی ظاہر داری ۔

**مُنہ میں صابون گھلا ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مُنہ پھیکا اور بدمزہ ہونا ۔

**منہ میں قفل لگ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] خاموش ہو جانا ۔

**منہ میں کالک لگ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] بدنامی ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔

**مُنہ میں کئے دانت ہیں** ۔ [ا ۔ مثل ] تم کون ہو ۔ کیا حالات ہیں (۲) کیا طاقت ہے ۔ کیا کرسکتے ہو ۔

**منہ میں گنگنانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] آہستہ آہستہ گانا ۔

**مُنہ میں گھنگھنیاں بھر کر بیٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] چُپ ہو کر بیٹھنا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔

**منہ میں گھنگھنیاں بھری ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] خاموش رہنا ۔

**منہ میں گھی شکر** ۔ [ا ۔ مثل ] اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی خوشخبری سنائے

**مُنہ میں لگ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] خاموشی ہونا ۔

**مُنہ میں لگام نہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] زبان دراز ہونا ۔

**مُنہ میں لوکا دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مُنہ جھلسنا ۔ کوئی بیہودہ بات سے کہے تو کہتے ہیں ۔

**منہ میں موتنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] ذلیل کرنا ۔ خفیف کرنا ۔

**منہ میں مُہر لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] خاموشی اختیار کرنا ۔ چپ سادھنا ۔

**مُنہ میں نام پھرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] کسی کا نام معلوم ہونا ۔ مگر یاد نہ آنا ۔

**مُنہ پھوڑنا** ۔ دانت نکالنا ۔ بیوقوں کی طرح ہنسنا (۲) جواب نہ بن پڑنا ۔

**مُنہ نکل آنا** ۔ دیکھیے لاغر ہو جانا ۔ چہرہ کمزور ہو جانا ۔

**منہ نکلی کوٹھوں چڑھی** ۔ [ا ۔ مثل ] کسی بات کے کہتے ہی اس کا مشہور ہو جانا ۔

**مُنہ نہ پھیرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] دلیری سے مقابلے پر کھڑا رہنا پیچھے نہ ہٹنا ۔

**مُنہ نوچ لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] چہرہ ناخنوں سے کھرونچ ڈالنا ۔

**مُنہ نہ پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] حوصلہ نہ ہونا ۔ کہنے کی جرأت نہ ہونا ۔

**مُنہ نہ دکھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] شرم کے باعث روپوش ہو جانا ۔

**مُنہ نہ دیکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] صورت سے بیزار ہونا ۔ از حد بیزار ہونا ۔

**مُنہ نہ کھلواؤ** ۔ زبان نہ کھلواؤ ۔ رہنے دو ۔ بس چُپ ۔ ورنہ کچا چٹھا کھول کے رکھ دیا جائے گا ۔

**مُنہ نہ لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مُنہ کے پاس نہ لانا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) بے توقیر سمجھ کر بات نہ کرنا ۔ دوست نہ بنانا ۔

**مُنہ نہیں** ۔ [ا ۔ روزمرہ ] حوصلہ نہیں ۔ جرأت نہیں ۔

**مُنہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] سوراخ ہونا (۲) پاس و لحاظ ہونا (۳) حوصلہ ہونا ۔ مجال ہونا ۔

**مُنہ کیا ہے** ۔ [ا ۔ محاورہ ] کیا مجال ہے ۔

**مُنہ ہی منہ مارے اور توبہ توبہ پکارے** ۔ [ا ۔ مثل ] اپنا الزام مظلوم کے سر تھوپے ۔ خود ہی سزا دے اور خود ہی پناہ مانگے ۔

**منہ ہی منہ میں** ۔ [ا ۔ تابع فعل ] چپکے چپکے ۔ ہونٹوں ہونٹوں میں ۔

**منہ ہی منہ میں کہنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] چپکے چپکے کہنا ۔ اس طرح آہستہ آہستہ بولنا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے ۔

**مُنہ ہے** ۔ [ا ۔ مثل ] شرم ۔ پاس ہے ۔ لحاظ ہے ۔ مروّت ہے (۲) (طنزاً) طاقت نہیں ۔ مجال نہیں ۔

**مُنھا** ۔ (مُن ۔ ہا ) [ق ] طعن ۔

**مُنھا ٹھولا** ۔ (مُن ۔ ہا ۔ ٹھو ۔ لا ) [ق ] طعنہ ۔ تشنیع ۔

**مِنہا** ۔ (مِن ۔ ہا ) [ع ۔ ا ۔ مذ ] تفریق ۔ نفی ۔ منفی ۔ مجرا ۔ وضع ۔

**مِنہا کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب ] تفریق کرنا ۔ گھٹانا ۔ خارج کرنا ۔

**مِنہاج** ۔ (مِن ۔ ہاج ) [ع ۔ ا ۔ مذ ] کھلی سڑک ۔ شاہراہ ۔ شارع عام ۔

**مَنہار** ۔ (مَن ۔ ہار ) [ہ ۔ ا ۔ مذ ] چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا ۔

**مَنہارن** ۔ (مَنہاری ) ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث ] منہار کی بیوی ۔ چوڑیاں بنانے اور بیچنے والی عورت (۲) چوڑیاں بنانے اور بیچنے کا پیشہ ۔

**مُنہا ۔ مُنھہ** ۔ [ہ ۔ صف ] لبریز ۔ بھرپور ۔ لبالب ۔

**مِنہائی** ۔ (مِن ۔ ہائی ) [ع ۔ ا ۔ مث ] تفریق ۔ نفی ۔ گھٹاؤ ۔ وضع ۔

**مِنہائی دار** ۔ [قابل لگان ۔ زمین رکھنے والا ۔

**مُنہدم** ۔ (مُن ۔ ہَ ۔ دِم ) [ع ۔ ا ۔ مذ ] گرا ہوا ۔ مسمار ۔ خراب ۔ برباد ۔ ویران ۔

**مَنہدی** ۔ (مَن ۔ دی ) [ہ ۔ ا ۔ مث ] ایک قسم کا درخت جس کی پتیاں پیس کر لگانے سے سُرخی آجاتی ہے (۲) شادی سے پہلے ایک رسم کا نام جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے یہاں منہدی کے ساتھ سنگار کی اور چیزیں بھیجی جاتی ہیں (۳) محرم کی ساتویں کو رنگین کاغذ سے مڑھ کر ایک ڈھانچ بناتے ہیں اور حضرت قاسم رض کی منہدی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں (۴) وہ نظمیں جو شادی یا محرم کی منہدی کے موقعوں پر پڑھی جاتی ہیں ۔

**منہدی بنانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] ہاتھ پیروں میں لگانے کے لیے منہدی تیار کرنا ۔

**منہدی بندھوانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] منہدی لگوانا ۔



Marfat.com

**منہدی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے۔** [ا۔ مثل] آتے کیوں نہیں۔ بہانے بناتے ہیں۔

**منہدی جانا۔** [ا۔ محاورہ] دولہا کے گھر سے دلہن کے ہاں منہدی روانہ ہونا۔

**منہدی چھٹنا (چھوٹنا)۔** [ا۔ محاورہ] کوئی نقصان ہونا۔

**منہدی چھڑانا۔** [ا۔ محاورہ] ہاتھ پاؤں میں سے لگائی ہوئی منہدی دھونا۔

**منہدی رچانا۔ منہدی لگانا۔** ہاتھ پاؤں میں منہدی ملنا۔

**منہدی رچنا۔** [ا۔ محاورہ] منہدی کا رنگ آنا۔

**منہدی کا چور۔** [ا۔ مذ] ہاتھ پاؤں کی ذرا سی جلد جو کہیں کہیں منہدی نہ لگنے سے ظاہر ہو۔

**منہدی کی ٹٹی۔** [ا۔ مث] منہدی کے پودوں کی قطار۔

**منہدی کی مچھلی۔** [ا۔ مث] دیکھیے منہدی کا چور۔

**منہدی گوندھنا۔** [ا۔ مص مرکب] پسی ہوئی منہدی کو خوب حل کرنا۔

**منہدی لگانا۔** [ا۔ محاورہ] منہدی سے ہاتھ پاؤں سُرخ کرنا۔

**منہدی ملنا۔** [ا۔ محاورہ] ہاتھ پیروں میں منہدی لگانا۔

**مُنہزِم۔** (مُن۔ ہَ۔ زِم) [ع۔ ا۔ مذ] شکست کھانے والا۔ پیٹھ دکھانے والا۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا۔

**مُنہَضِم۔** (مُن۔ ہَ۔ ضِم) [ع۔ ا۔ مذ] ہضم ہونے والا۔ پچنے والا۔

**مُنہَمِک۔** (مُن۔ ہَ۔ مِک) [ع۔ ا۔ مذ] کسی کام میں بہت مصروف۔

**مُنہَضُور۔** (مُن۔ ہضُور) [ق۔ ا۔ مذ] مور۔

**مُنہنال۔** (مُنہ۔ نال) [ہ۔ ا۔ مث] دھات وغیرہ کی بنی ہوئی چھوٹی سی نلی جسے حقہ پینے کی جگہ لگا دیتے ہیں۔

**مَنہی۔** (مَن۔ ہی) [ع۔ ا۔ مذ] منع کی گئی۔ ممانعت کی گئی۔ روکی گئی۔

**مَنہیات۔** (مَن۔ ہی۔ یات) [ع۔ ا۔ مذ] منہی کی جمع۔ وہ افعال جن کا کرنا منع ہے۔

**مَنہیاتِ شرعی۔** [ع۔ ا۔ مذ] وہ باتیں جن کا کرنا شریعت کی رُو سے منع ہے۔

**مَنی۔** (مَ۔ نی) [ع۔ ا۔ مث] وہ سفید لیسدار رطوبت جو عضو تناسل سے بوقت انزال نکلتی ہے۔ دھات۔ نطفہ۔

**مَنی۔** (مَ۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] غرور۔ تکبر۔ خود بینی۔ نخوت۔ خودی۔

**منی۔** (Money) (مَ۔ نی) [انگ۔ ا۔ مذ] روپیہ۔ نقدی۔

**منی آرڈر۔** (Money Order) [انگ۔ ا۔ مذ] روپیہ جو ڈاک کے ذریعے بھیجا جاتا ہے۔

**منی آرڈر فارم۔** (Money Order Form) [انگ۔ ا۔ مذ] وہ کاغذ جس کی خانہ پُری کر کے روپیہ بھیجنے کے لیے ڈاک خانے میں دیتے ہیں۔

**منی بیگ۔** (Money Bag) [انگ۔ ا۔ مذ] نقدی رکھنے کا بٹوا۔

**مُنی۔** (مُ۔ نی) [س۔ ا۔ مذ] زاہد۔ مرتاض۔ رشی۔ تپسوی۔

**مُنی۔** (مُن۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) چھوٹی بچی (۲) چھوٹی چیز۔

**منئے۔** [ق] میں۔ درمیان۔

**مُنیا۔** (مُن۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] لال کی مادہ۔ پدڑی۔

**مُنیا بول جانا۔** [ا۔ محاورہ] اچھا شگون ہونا۔ نیک فال ہونا۔

**مُنیب۔** (مُ۔ نیب) [ع۔ ا۔ مذ] آقا۔ مالک۔ مُربی۔ سرپرست۔

**مینجر۔** (Manager) (مے۔ ن۔ جَر) [انگ۔ ا۔ مذ] منتظم۔ مہتمم۔

**مینجنگ پروپرائٹر۔** (Managing Proprietor) (مے۔ ن۔ جنگ۔ پ۔ رُو۔ پ۔ رائی۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] مالکانہ حیثیت سے کام کرنے والا۔

**مینجنگ ڈائریکٹر۔** (Managing Director) [انگ۔ ا۔ مذ] کمپنی کا وہ رکن جو حصہ دار بھی ہو اور انتظام بھی کرے۔

**مُنیر۔** (مُ۔ نیر) [ع۔ صف] روشن۔ چمکدار۔ روشنی دینے والا۔

**مُنیم۔** (مُ۔ نیم) [ا۔ مذ] منیب کا بگڑا ہوا۔ محاسب۔ محرر۔ حساب کتاب رکھنے والا۔

# م ۔ و

**مُو۔** [ہ۔ ا۔ مث] جوانی۔ شباب۔ جوبن۔ مرضی۔ خوشی۔ خواہش۔

**مُو پر آنا۔** [ا۔ محاورہ] جوبن پر آنا۔ جوانی بھرنا (۲) پختہ ہونا۔

**مُو۔** [ف۔ ا۔ مذ] بال۔ کیس۔

**مُوباف۔** [ف۔ ا۔ مذ] وہ ڈوری۔ پٹی یا فیتہ۔ جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔ چوٹی باندھنے کا کپڑا (پنجابی) پراندہ۔

**مُوباف ڈالنا۔** [ا۔ محاورہ] چوٹی میں موباف ڈال کر گوندھنا۔

**مُو بمُو۔** [ف۔ صف] بال بال۔ ذرا ذرا۔ حرف بحرف۔ سب کا سب۔ کل۔

**مُو پریشان۔** [ف۔ صف] بکھرے ہوئے بال۔ جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں۔

**مُو تراش۔** [ف۔ ا۔ مذ] بال کاٹنے والا۔ اُسترہ۔

**مُو شگاف۔** [ف۔ صف] باریک بین۔ نکتہ رس۔ بال کی کھال کھینچنے والا۔

**مُو شگافی۔** [ف۔ ا۔ مث] باریک بینی۔ چھان بین۔ نکتہ چینی۔

**مُو قلم۔** [ف۔ ا۔ مذ] مصوروں کا باریک برش۔ بالوں کا قلم۔

**مُوئے آتش دیدہ۔** [ف۔ ا۔ صف] آگ کو دکھایا ہوا وہ بال جو پیچیدہ ہو جائے۔

**مُوئے زہار۔** [ف۔ ا۔ مذ] وہ بال جو زیر ناف ہوتے ہیں۔ جھانٹیں۔ وہ بال جو اندام نہانی یا عضو تناسل کے گرد ہوتے ہیں۔

**مُوئے کمر۔ موئے میاں۔** [ف۔ ا۔ مذ] پتلی کمر۔ کمر کو بال سے تشبیہ دی گئی ہے۔

**موئے مبارک۔** [ف۔ ا۔ مذ] کسی بزرگ کے مقدس بال۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ریش مبارک کے بالوں کے واسطے مخصوص ہے۔

**مُوا۔** [ق۔ ا۔ مذ] مُنہ۔

**مُوا۔** (مُو۔ ا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک درخت کا نام جس کے پھلوں کو کھاتے ہیں۔ بیجوں کا تیل اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔

**مُوا۔** (مُ۔ وا) [ہ۔ صف] مرا ہوا۔ مردہ۔ بے جان (۲) نگوڑا۔ بے مراد۔



Marfat.com

خانہ خراب (۳) مرگیا - فوت ہوگیا -

**مُوا بادل** - [ف - ا - مذ] اسفنج - ابرِ مردہ -

**مُوا جاتا ہے** - [ا - محاورہ] مرا جاتا ہے - دَم نکلا جاتا ہے (۲) مٹا جاتا ہے - فریفتہ ہوا جاتا ہے -

**مُوا مُوا** - [ا - صف] فریفتہ (۲) مرا ہوا مردہ -

**مُواثیق** - (مُ - وا - ثِیق) [ع - ا - مذ] میثاق کی جمع - عہد و پیمان - قول و قرار -

**مُوَّاج** - (مُو - وّا ج) [ع - صف] موجیں مارنے والا - لہریں مارنے والا - طوفان خیز - تند و تیز -

**مُواجِب** - (مُ - وا - جِب) [ع - ا - مذ] موجب کی جمع (۱) تنخواہیں مشاہرے (۲) اجرت -

**مُواجَہَہ** - (مُ - وا - جَ - ہَہ) [ع - ا - مذ] رو برو - سامنے - مقابل -

**مُواخات** - (مُ - ا - خات) [ع - ا - مث] بھائی چارہ - بھائی بندی -

**مُواخِذ** - (مُ - ا - خِذ) [ع - صف] پکڑنے والا - گرفت کرنے والا - جواب طلب کرنے والا -

**مُواخَذَہ** - (مُ - آ - خَ - ذَہ) [ع - ا - مذ] (۱) جواب طلبی - گرفت - باز پرس (۲) بدلہ - عوض - مکافات - کتابت میں واؤ ہے مگر پڑھنے میں ہمزہ آتا ہے -

**مُواخذہ دار** - [ع - ف - صف] جواب دہ - ذمّہ دار -

**مواخذہ سے بَری کرنا** - [ا - محاورہ] جواب طلبی یا باز پُرس سے نجات دلانا -

**مواخذہ کرنا** - [ا - مص مرکب] جواب طلب کرنا - باز پُرس کرنا - پکڑنا -

**مُواد** - (مُ - واد) [ع - ا - مذ] مادّہ کی جمع (۱) پیپ - غلاظت - رطوبت (۲) اسباب سامان - مسالا (۳) چیزیں - اشیا (۴) دلائل -

**مواد آنا** - [ا - محاورہ] پیپ نکلنا -

**موادِ فاسِد** - [ع - ف - ا - مذ] خراب مادّہ -

**موازَنہ** - (مُ - وا - زَ - نَہ) [ع - ا - مذ] برابری - ہم وزنی - ہم وزن ہونا اندازہ کرنا -

**موازنہ رقبہ بندی** - [ع - ف - ا - مذ] ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہوتا ہے -

**مُوازی** - (مُ - وا - زی) [ع - ا - مذ] برابر - مقابل مجازی (۲) ہم قیمت (۳) اندازہ - تخمیناً - قیاساً (۴) یہ لفظ اکثر ٹکوں آنوں بیگھوں وغیرہ کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے جیسے موازی چار آنے موازی دو بیگھہ -

**مواسات** - [ع - ا - مث] مدد - غم خواری - صلح - یاری - درگزر -

**مَواشی** - (مَ - وا - شی) [ع - ا - مذ] ماشیہ کی جمع (۱) بہت تیز چلنے والا (۲) چوپائے - بیل گائے - گھوڑا - گدھا - بھینس - بھیڑ - بکری - اونٹ وغیرہ -

**مواصلات** - (مُ - وا - صَ - لات) [ع - ا - مذ] ذرائع نقل و حمل - حرکت (Means of Communication)

**مواصَلت** - (مُ - وا - صَ - لَت) [ع - ا - مث] ملاقات - وصل -

ملنا - پیوستگی -

**مُواضِع** - (مُ - وا - ضِع) [ع - ا - مذ] موضع کی جمع - جگہیں - مقامات -

**مواطِن** - (مُ - وا - طِن) [ع - ا - مذ] وطن کی جمع - رہنے کی جگہیں - وطن -

**مُواظَبت** - (مُ - وا - ظَ - بَت) [ع - ا - مث] ایک کام ہمیشہ کیے جانا - کام میں لگا رہنا -

**مواعِظ** - (مُ - وا - عِظ) [ع - ا - مث] موعظت کی جمع - نصیحتیں -

**مُواعید** - (مُ - وا - عید) [ع - ا - مذ] میعاد کی جمع - وعدے -

**مُوافِق** - (مُ - وا - فِق) [ع - ا - مذ] مطابق - یکساں - برابر (۲) ہم شکل - ٹھیک - مشابہ (۳) لائق - سزاوار (۴) موافقت کرنے والا -

**مُوافِق آنا** - [ا - محاورہ] مطابق آنا - ٹھیک ہونا - درست آنا (۲) مزاج یا طبیعت کے مناسب ہونا -

**مُوافقت** - (مُ - وا - فَ - قَت) [ع - ا - مث] مطابقت - برابری - ساتھ - اتفاق - دوستی - رسائی -

**مُوافقت آنا** - [ا - محاورہ] طبیعت ملنا - مزاج کے موافق آنا -

**مُوافقت کرنا** - اتفاق کرنا - ملنا - ملاپ کرنا - دوستی کرنا - دل ملانا -

**موافقت ہونا** - [ا - محاورہ] اتفاق ہونا - مزاج ملنا -

**مواقِع** - (مُ - وا - قِع) [ع - ا - مذ] موقع کی جمع - محل - موقعے - جگہیں (۲) خاص وقت خاص مقامات - مناسب اوقات -

**مواقِف** - (مُ - وا - قِف) [ع - ا - مذ] موقف کی جمع - ٹھہرنے کی جگہیں -

**مواکِب** - (مُ - وا - کِب) [ع - ا - مذ] موکب کی جمع - سواروں کے گروہ - لشکر - رسالے -

**مُؤاکَلت** - (مُ - آ - کَ - لَت) [ع - ا - مث] باہم مل کر کھانا کھانا - واؤ پڑھنے میں ہمزہ ہے -

**مُوالات** - (مُ - وا - لات) [ع - ا - مث] باہمی اتحاد - آپس کی دوستی -

**موالی** - (مَ - وا - لی) [ع - ا - مذ] مولیٰ کی جمع - غلام - نوکر - چاکر - یار دوست -

**موالید** - (مَ - وا - لید) [ع - ا - مذ] مولود کی جمع - بچے - لڑکے -

**موالیدِ ثلاثہ، ثلثہ - موالید سہ گانہ** - [ف - ع - ا - مذ] تین قسم کی مخلوق نباتات - جمادات - حیوانات -

**موانست** - (مُ - آ - نَ - سَت) [ع - ا - مث] باہمی اُنس رکھنا - اُنس - محبت دوستی - واؤ پڑھنے میں ہمزہ ہے -

**موانِع** - (مَ - وا - نِع) [ع - ا - مذ] مانع کی جمع - رکاوٹ پیدا کرنے والی چیزیں -

**مواہِب** - (مَ - وا - ہِب) [ع - ا - مذ] موہب کی جمع - مہربانیاں - شفقتیں - بخششیں -

**مُواہَبت** - (مُ - وا - ہَ - بَت) [ع - ا - مث] سخاوت - فیاضی - خیر خیرات بخشش - عطا -

**موائِد** - (مَ - وا - ئِد) [ع - ا - مذ] مائدہ کی جمع - کھانا چنے ہوئے دسترخوان - وہ دسترخوان جن پر کھانا چنا ہوا ہو -

**مُوبَد - مُوبِد** - (مُو - بَد) (مُو - بِد) [ف - ا - مذ] آتش پرستوں کا ملّا (۲) حکیم فلاسفر - دانشمند -

**مُوبِپ** - [ق] ساز و سامان -



Marfat.com

**مُوپلا**۔ (مُو۔پ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] جنوبی ہند میں ایک مسلم قوم جو عرب نسل سے ہے اور مالا بار میں آباد ہے۔

**مُوت**۔ [ہ۔ا۔مذ] پیشاب (۲) نطفہ۔منی (۳) لڑکا۔اولاد۔

**مُوت آنا**۔ [ا۔محاورہ] پیشاب کی حاجت ہونا۔

**مُوت اُٹکنا**۔ [ا۔محاورہ] پیشاب بند ہونا۔

**مُوت پاتر**۔ [ا۔مذ] پیشاب کرنے کا برتن۔

**مُوت دینا**۔ [ا۔محاورہ] پیشاب نکل جانا (۲) ڈر جانا۔

**مُوت سے نکال کر گُوہ میں ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] ذلیل سے ذلیل تر کرنا۔

**مُوت کا چلّو ہاتھ میں دینا**۔ [ا۔محاورہ] بھلائی کے عوض بُرائی کرنا۔ نیکی کے بدلے بدی کرنا۔ کسی کی ساری خدمت خاک میں ملا دینا۔

**مُوت کی دھار پر مارنا**۔ [ا۔محاورہ] ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا کچھ قدر و قیمت نہ جاننا۔

**مُوت کے ریلے میں بہا دینا**۔ [ا۔محاورہ] بے قدری سے ضائع کر دینا (۲) عیاشی اور زناکاری میں روپیہ برباد کر دینا۔

**مُوت نکلنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) پیشاب خارج ہونا (۲) بہت ڈرنا۔ بیحد خوف کھانا۔

**مَوت**۔ [ا۔محاورہ] اجل۔ مرگ۔ قضا۔ وفات۔ انتقال (۲) خرابی۔ شامت (۳) تباہی۔ بربادی (۴) نیستی۔ نابودی۔ زوال۔

**موت آجانا**۔ [ا۔محاورہ] مر جانا۔ انتقال کر جانا (۲) دیر لگانا۔

**موت آنا**۔ [ا۔محاورہ] مرنا۔ قضا آنا (۲) ناگوار گزرنا۔ کسی کام کا کرنا شاق گزرنا۔ دم نکلنا (۳) شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آفت آنا۔

**موت آنکھوں کے آگے پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] مرنے کا دھیان پیش نظر ہونا۔

**موت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں**۔ [ا۔محاورہ] موت کے لیے ہر وقت تیار رہنا چاہیئے۔ معلوم نہیں کس وقت آ جائے۔ یہی حال گاہک کا ہے۔ لہٰذا دکان دار کا بھی دکان پر ہر وقت موجود ہونا لازم ہے۔

**موت بھلی کہ جان کندنی**۔ [ا۔مثل] نزع کی تکلیف سے موت بہتر ہے۔ روز روز کی مصیبت سے ایک دفعہ کا مر جانا ہی اچھا ہے۔

**موت پتر**۔ [ع۔ا۔مذ] وصیت نامہ۔

**موت پڑنا**۔ [ا۔محاورہ] دم نکلنا۔ دشوار معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ گھبرانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

**موت چاہنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) مرنے کی آرزو کرنا۔ موت قبول کرنا۔ (۲) شامت چاہنا۔

**موت سر پر کھڑی ہے۔ موت سر پر کھیلتی ہے**۔ [ا۔مثل] موت بالکل قریب ہے۔ مرنے کا وقت آگیا ہے۔

**موت کا بازار تیز (گرم) ہونا**۔ [ا۔محاورہ] کثرت سے موتیں واقع ہونا۔

**موت کا پسینہ آنا**۔ [ا۔محاورہ] حالت نزع میں ٹھنڈا پسینہ آنا۔ موت کی تکلیف سے چہرے پر پسینہ آ جانا۔

**موت کا پیام**۔ [ا۔مذ] دیکھیے قضا کا پیغام۔ بلاوا۔ موت کا وقت۔

**موت کا ڈھلکا**۔ [ا۔مذ] موت کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا۔ نیل ڈھلنا۔

**موت کا سامنا**۔ [ا۔مذ] قضا کا درپیش ہونا۔ ہلاکت کا مقابلہ۔

**موت کا سر پر سوار ہونا۔ موت کا سر پر کھیلنا**۔ [ا۔محاورہ] موت قریب آنا۔ شامت آنا۔

**موت کا طمانچہ**۔ [ا۔مذ] موت کا تھپڑ۔ موت کا صدمہ۔

**موت کا فرشتہ**۔ [ا۔مذ] ملک الموت۔ عزرائیل (۲) جانی دشمن۔

**موت کا کھانا**۔ [ا۔مذ] وہ کھانا جو میت ہو جانے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔

**موت کا گھیرنا**۔ [ا۔محاورہ] مرنے کا سامان ہونا۔

**موت کا مرض**۔ [ا۔مذ] وہ بیماری جس میں مبتلا ہو کر آدمی مرے۔

**موت کا ہنسنا**۔ [ا۔مذ] قضا میں کسی کے عزیز اور بیہودہ افعال پر تمسخر کیا کرتے کو بیٹھا ہے اور ایسے کاموں میں مبتلا ہے۔

**موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا۔ موت کو پکڑا تو زحمت قبول کی۔ موت کو پکڑے تو تپ کو راضی ہو**۔ [ا۔مثل] جب آدمی بڑی مصیبت میں گرفتار ہوتا ہے تو تھوڑی مصیبت کو غنیمت سمجھتا ہے۔ مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہو جائے گا۔

**موت کی گھڑی**۔ [ا۔مث] مرنے کا وقت۔

**موت کی گھڑی سر پر کھڑی**۔ [ا۔مثل] موت ہر وقت قریب ہے۔

**موت کی ہچکی آنا**۔ [ا۔محاورہ] جان کندنی کے وقت ہچکیاں آنا۔

**موت کے دن پورے کرنا**۔ [ا۔محاورہ] زندگی کا زمانہ بسر کرنا۔ بڑی تکلیف و مصیبت میں بسر ہونا۔ بے مزگی سے عمر گزرنا۔

**موت (کے) کنارے**۔ [ا۔مذ] موت کے قریب۔

**موت کے گھاٹ اُتارنا**۔ [ا۔محاورہ] مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔

**موت کے مُنہ میں جانا**۔ [ا۔محاورہ] خطرے میں پڑنا۔

**موت لائی ہے**۔ [ا۔محاورہ] شامت لے کر آئی ہے۔ موت نے بلایا ہے۔

**موت نظر آنا**۔ [ا۔محاورہ] مصیبت کے سامان دکھائی دینا۔ سخت مشکل نظر آنا۔

**موت نے گھر دیکھ لیا ہے۔ موت گھر دیکھ گئی ہے**۔ [ا۔مثل] مصیبت نے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے اب وہ بار بار آئے گی۔

**موت ہونا**۔ [ا۔محاورہ] میت ہونا (۲) خرابی ہونا۔ مصیبت ہونا۔

**موت ہے**۔ [ا۔محاورہ] آفت ہے۔ مصیبت ہے۔ بڑی دشواری ہے۔

**مُوتا۔ مُوتیٰ**۔ (مُو۔تا) [ع۔ا۔مذ] میت کی جمع۔ مردے۔

**مُوتاری۔ مُوتہتر**۔ (مُو۔تا۔ری، مُو۔ہتر) [ق۔ا۔مذ] جوگیوں کا عصا۔

**مُوتمر**۔ (مُو۔ت۔مر) [ع۔ا۔مث] مجلس۔ مشورہ۔ کانفرنس۔

**موتمن**۔ [ع۔صفت] امانت دار۔ جو کسی کے مال میں خیانت نہ کرے۔

**مُوتنا**۔ (مُوت۔نا) [ہ۔مص] پیشاب کرنا (مجازاً) اظہار نفرت۔

**مُوتھا**۔ (مُو۔تھا) [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں۔

**مُوتھرا**۔ (مُو۔تھ۔را) [ہ۔ا۔مذ] گھوڑے کا ایک مرض جس میں پاؤں کے غدود میں پانی بھر جاتا ہے اور جانور لنگ کرنے لگتا ہے (۲) [صفت] کند۔

**موتی**۔ (مو۔تی) [ہ۔ا۔مذ] گوہر۔ دُر۔ مروارید۔ لُؤلُؤ (۲) [صفت] صاف شفاف آب دار۔



Marfat.com

**موتی اُگلنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) موتی منہ سے باہر نکالنا (۲) شیریں کلامی کرنا۔
**موتی برسانا**۔ [ا۔محاورہ] موتی لٹانا (۱) گہرباری کرنا (۲) اعلیٰ قسم کی گفتگو کرنا۔
**موتی بندھنا**۔ [ا۔محاورہ] موتی میں سوراخ ہونا۔
**موتی پاک**۔ [ا۔مذ] ایک قسم کی مٹھائی جس پر تکیتوں کے موتی سے اُبھرے ہوتے ہیں۔
**موتی پرونا**۔ [ا۔محاورہ] موتیوں کی لڑی بنانا (۲) کنایۃً، دل آویز باتیں کرنا (۳) خوشخط لکھنا (۴) عمدہ مضمون لکھنا (۵) لگاتار رونا۔
**موتی ٹھنڈے ہونا**۔ [ا۔محاورہ] موتی ٹوٹ جانا (۲) صبح ہوتے وقت موتی ٹھنڈے معلوم ہونے لگتے ہیں۔ اس سے صبح ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔
**موتی جھرا**۔ [ا۔مث] ایک بیماری جو عام طور پر بچوں کو ہوتی ہے۔ جس میں بدن پر باریک باریک سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔
**موتی جھیل**۔ [ا۔مث] ایک خوبصورت تالاب کا نام جو لکھنؤ کے عیش باغ میں بنا ہوا ہے۔
**موتی چگنا**۔ [ا۔محاورہ] موتی کھانا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ہنس موتی کھاتا ہے (۲) دولت مند ہونا۔
**موتی چُور**۔ [ا۔صف] چمکیلا۔ موتیوں کے چورے کی طرح چمکدار (۲) آنکھوں کی تعریف میں مستعمل ہے۔ چمکدار۔ آب دار (۳) ایک قسم کی مٹھائی جس میں گول ٹکیاں ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کے کابلی کبوتر کی چمکدار آنکھیں۔
**موتی چُور کے لڈو**۔ [ا۔مذ] ایک قسم کے لڈو جس کے دانے موتی کے برابر ہوتے ہیں۔
**موتی چُور کی زنجیر**۔ [ا۔مث] ایک قسم کی خاص زنجیر۔
**موتی چھیدنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) موتی میں سوراخ کرنا (۲) ازالۂ بکارت کرنا۔
**موتی خاک میں رولنا**۔ [ا۔محاورہ] اچھی چیز کی بے قدری کرنا۔
**موتی رولنا**۔ [ا۔محاورہ] موتیوں کو سمیٹ کر جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا۔ دولت گھسیٹنا۔ مفت کا مال اُڑانا۔
**موتی سی آبرو**۔ [ا۔مث] وہ آبرو جو بے عیب ہو۔
**موتی سی آبرو پر پانی پھر جانا۔ موتی سی آبرو پر پانی پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] عزت دار آدمی کا بے عزت ہو جانا۔
**موتی سے مانگ بھرنا**۔ [ا۔محاورہ] مانگ کے بالوں میں موتی پرونا۔
**موتی کا ٹھنڈا ہونا**۔ [ا۔محاورہ] موتی ٹوٹ جانے یا خراب ہو جانے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔
**موتی کا چُونا**۔ [ا۔مذ] جلے ہوئے موتیوں کا سفوف جو امیر لوگ پان میں بطور چونے کے استعمال کرتے ہیں۔
**موتی کوٹ کوٹ کر بھرنا**۔ [ا۔محاورہ] نہایت خوبصورت بنانا۔
**موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں**۔ [ا۔محاورہ] نہایت چمکدار اور خوبصورت آنکھیں ہیں۔
**موتی کی آب**۔ [ا۔مث] موتی کی چمک۔
**موتی کی سی آب اُتر جانا**۔ [ا۔محاورہ] عزت جاتی رہنا۔
**موتی کی سی آبرو**۔ [ا۔مث] اعلیٰ درجہ کی آبرو۔

**موتی کی سی آب ہے**۔ [ا۔محاورہ] عزت بہت نازک چیز ہے۔
**موتی کی سیپی**۔ [ا۔مث] وہ سیپی جس میں موتی پیدا ہوتا ہے۔
**موتی کی لڑی**۔ [ا۔مث] موتی کی مالا۔ موتی کا ہار۔ سلک مروارید (۲) کنایۃً، چمک دار دانتوں کی قطار۔
**موتی کے ساتھ تولنا**۔ [ا۔محاورہ] موتی کے ہم وزن اور ہم پلّہ سمجھنا۔ بڑی قدر اور عزت کرنا۔
**موتی گرجنا**۔ [ا۔محاورہ] موتی گرجے ہوئے ہونا۔ موتی کا تڑکنا۔
**موتی محل**۔ [ا۔مذ] موتی کا بنا ہوا محل (۲) ایک خوبصورت محل جو لال قلعۂ دہلی میں سنگ سُرخ اور سنگِ مرمر کا بنا ہوا ہے۔
**موتی مسجد**۔ [ا۔مث] سنگِ مرمر کی خوبصورت مسجد۔ اس قسم کی مسجدیں لاہور، آگرہ اور دہلی کے قلعوں میں ہیں۔
**موتیوں سے مُنہ بھرنا**۔ [ا۔محاورہ] خوش گفتاری یا خوش خبری کے انعام میں منہ موتیوں سے بھر دینا (یہ اگلے بادشاہوں کا دستور تھا) (۲) مالا مال کر دینا۔ بخشش سے نہال کر دینا۔
**موتیوں کا جھالا**۔ [ا۔مذ] کان کا ایک زیور جس میں کثرت سے موتی ہوتے ہیں
**موتیوں کا مینہ برسنا**۔ [ا۔محاورہ] موتیوں کی افراط۔
**موتیوں کا نوالہ**۔ [ا۔مذ] تر مال۔ نہایت عمدہ غذا۔
**موتیوں میں تولنا**۔ [ا۔محاورہ] موتیوں کا ہم وزن سمجھنا۔ نہایت آبرودار جاننا۔
**موتیوں میں لدنا**۔ [ا۔محاورہ] موتیوں کا زیور کثرت سے پہنے ہونا۔
**موتیا**۔ (مُو۔تِ۔یا) [ہ۔صفت] موتی کی مانند (۲) [ا۔مذ۔مث] بیلے کی ایک عمدہ قسم (۳) ایک قسم کی چیچک جس میں بڑی سُرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں۔
**موتیا بند**۔ [ا۔مذ] آنکھ میں پانی اُتر آنے کا مرض جس سے بینائی جاتی رہتی ہے۔
**موتیا دانت**۔ [ا۔مث] نہایت خوش نما دانت۔
**مُوٹ**۔ [ق۔ا۔مث] رسّی۔
**مُوٹ**۔ [ہ۔ا۔مث] ایک غلّہ۔ موٹھ (۲) گٹھڑی۔ پوٹلی۔ بستہ۔ بُقچی (۳) چرس۔ چمڑے کا بڑا ڈول۔
**موٹا**۔ (مو۔ٹا) [ہ۔صف] لحیم و شحیم۔ فربہ۔ تنومند۔ تیار (۲) گاڑھا۔ دبیز (۳) ادنیٰ درجے کا (۴) سخت ناگوار۔ فحش (۵) مضبوط۔ قوی۔ کٹّا (۶) جلی۔ خفی کا نقیض۔
**موٹا اناج**۔ [ا۔مذ] جوار۔ باجرا۔ مکّا وغیرہ۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اناج۔
**موٹاپن**۔ [ا۔مذ] فربہی۔ تنومندی۔
**موٹا تازہ**۔ [ا۔صف] لحیم و شحیم۔ تندرست توانا۔ تیّار۔
**موٹا جھوٹا**۔ [ا۔مذ] ادنیٰ قسم کا۔ گھٹیا۔
**موٹا جھوٹا پہننا**۔ [ا۔مذ] غریبانہ گزارہ کرنا۔
**موٹا دکھائی دینا**۔ [ا۔محاورہ] کم نظر آنا۔ صاف نہ دکھائی دینا۔
**موٹا سا طوفان**۔ [ا۔مذ] بڑا بھاری الزام۔ بہتانِ عظیم۔
**موٹا قلم**۔ [ا۔مذ] جلی خط۔ بڑے بڑے حرف (۲) جلی قلم۔ وہ قلم جس سے موٹے حرف لکھے جائیں۔



Marfat.com

موٹا کام ۔[ا۔ مذ] باریک کام کی ضد۔ وہ کام جس میں زیادہ غور و فکر اور عقل کی ضرورت نہ ہو۔
موٹر۔ (Motor) (مو۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مث] بگھی نما گاڑی جو پیٹرول سے چلتی ہے۔ کار۔
موٹھ۔ مُوٹھَہ ۔[ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا غلہ۔
مُوٹھ ۔ (مُو۔ ٹھ) [ہ۔ ا۔ مث] دستہ۔ قبضہ۔ گرفت (۲) مُٹھی۔ مُشت (۳) جادو۔ سحر۔ ٹونا۔ منتر۔
مُوٹھ چلانا ۔[ا۔ محاورہ] جادو کرنا۔ منتر پھونکنا۔
موٹھ کرنا ۔[ا۔ محاورہ] بیڑوں کو مٹھی میں رکھ کر تیار کرنا اور سیدھا جانا۔
موٹھ مارنا ۔[ا۔ محاورہ] کبوتر کو مٹھی سے پکڑ لینا (۲) مُٹھی بھر لینا (۳) جادو چلانا۔ منتر کرنا (۴) جلق لگانا۔ مشت زنی کرنا۔
موٹھڑا ۔ (موٹھ۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا موٹا سوتی دھاری دار کپڑا (۲) نقرئی یا طلائی کام جو تلوار یا کٹار پر بنا ہوتا ہے۔
مُوٹھی ۔[ق۔ ا۔ مث] مُٹھی۔
موٹی ۔ (مُو۔ ٹی) [ہ۔ صف] فربہ عورت (۲) گاڑھی۔ غلیظ۔ دبیز (۳) فحش۔ سخت (۴) مضبوط۔ قوی (۵) موٹا کی تانیث۔
موٹی اسامی ۔[ا۔ محاورہ] دولت مند آدمی۔ مالدار۔ دھنی۔
موٹی بات۔ موٹی سی بات ۔[ا۔ مث] سیدھی بات۔ صاف بات۔ عام فہم۔ صریح۔
موٹی گالی ۔[ا۔ مث] فحش گالی۔ سخت گالی۔
مُؤثِّر ۔ (مُو۔ اَث۔ ثِر) [ع۔ ا۔ مذ] تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ کارگر۔
مُؤَثَّق ۔ (مُ۔ اَث۔ ثَق) [ع۔ ا۔ مذ] پکا۔ مضبوط۔
مَوج ۔[ع۔ ا۔ مث] (۱) لہر۔ ترنگ۔ تلاطُم (۲) اُمنگ۔ جوش۔ ولولہ۔ طبیعت کی خوشی (۳) خیالی۔ وہم (۴) کثرت۔ افراط۔ بشاشت۔ فراغ جمع۔ امواج۔
مَوج آنا ۔[ا۔ محاورہ] لہر آنا۔ ترنگ اُٹھنا (۲) شادابی اور سرسبزی ہونا (۳) خیال آجانا۔ دُھن بندھنا۔
مَوج اُمنڈنا ۔[ا۔ محاورہ] (۱) لہر کا زور سے اُٹھنا (۲) دل میں جوش اور ولولہ پیدا ہونا۔
موج بوریا (حصیر) ۔[ع۔ ف۔ ا۔ مث] وہ خطوط اور نشانات جو بورئے یا چٹائی کی بناوٹ میں ہوتے ہیں۔
موج پر ہونا ۔[ا۔ محاورہ] خوشی میں ہونا۔ ترنگ میں ہونا (۲) زوروں پر ہونا۔
مَوج تبسّم ۔[ع۔ ا۔ مث] وہ لکیر سی جو مسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے (۲) مسکراہٹ۔
موج خیز ۔[ع۔ ف۔ صف] لہریں مارنے والا۔ طوفان اُٹھانے والا۔
موج ریگ ۔[ع۔ ف۔ صف] لہر کی سی شکلیں جو ہوا چلنے سے ریت میں پیدا ہوجاتی ہیں۔
موج زن ۔[ع۔ ف۔ صف] ٹھاٹھیں مارنے والا۔
موج سراب ۔[ع۔ ف۔ صف] ریگستان میں جو لہریں ریت پر ہوا کے چلنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ دیکھیے موج ریگ۔
موج کرنا ۔[ا۔ محاورہ] مزے اُڑانا۔ عیش و آرام کرنا۔
موج مارنا ۔[ا۔ محاورہ] لہرانا۔ لہریں مارنا (۲) عیش و عشرت کرنا۔
موج میں آنا ۔[ا۔ محاورہ] ترنگ میں آنا۔ لہر میں آنا۔ موج میں آنا۔
موج نسیم ۔[ع۔ ف۔ ا۔ مث] ہوا کا جھونکا۔
مُوجِب ۔ (مُو۔ جِب) [ع۔ ا۔ مذ] واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا (۲) فرض۔ واجب (۳) سبب۔ باعث۔ وجہ۔ علت (۴) موافق۔ حسب لائق۔ جمع۔ موجبات۔
مُوجِبہ ۔ (مُو۔ جِ۔ بَہ) [ع۔ صف] (۱) اقراری۔ اثباتی۔ مُثبت (۲) ضروری جز
مُوجِد ۔ (مُو۔ جِد) [ع۔ ا۔ مذ] ایجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بانی۔ پیدا کرنے والا۔ جمع۔ موجدین۔
مُوجَز ۔ (مُو۔ جَز) [ع۔ ا۔ مذ] مختصر (۲) خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار۔
مُؤَجَّل ۔ (مُ۔ اَج۔ جَل) [ع۔ ا۔ مذ] مہلت دیا گیا۔ فرصت دیا گیا۔ کسی وقت پر موقوف رکھا گیا۔
مَوجُود ۔ (مَو۔ جُود) [ع۔ ا۔ مذ] وجود کیا گیا۔ پیدا کیا گیا (۲) حاضر۔ سامنے۔ روبرو (۳) اب۔ اس وقت (۴) تیار۔ مہیا۔ مستعد (۵) قائم۔ برقرار (۶) حاصل میسر۔ دستیاب (۷) پاس۔ جمع۔ موجودات۔
مَوجود رہنا ۔[ا۔ محاورہ] پاس رہنا۔ حاضر رہنا۔ سامنے رہنا۔ برقرار رہنا۔
موجود فی الخارج ۔[ع۔ صف] جو خارج میں موجود ہو۔ خیالی نہ ہو۔
موجود کر دینا (کرنا) ۔[ا۔ محاورہ] حاضر کرنا۔ روبرو کرنا۔ پیش کرنا (۲) پیدا کرنا۔ فراہم کرنا۔ مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا (۳) آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔
مَوجُودات ۔ (مَو۔ جُو۔ دات) [ع۔ ا۔ مث] موجود کی جمع (۱) وہ کل چیزیں جو خدا نے پیدا کی ہیں۔ کائنات۔ مخلوقات (۲) گنتی۔ شمار۔
موجودات خارجی ۔[ع۔ ت۔ ا۔ مث] وہ چیزیں جو محض ذہن میں نہیں بلکہ خارجی طور پر موجود ہیں۔
موجودات لینا ۔[ا۔ محاورہ] حاضری لینا۔ گنتی لینا۔ شمار کرنا۔ معائنہ کرنا۔ پڑتال کرنا (۲) حساب لینا۔ جائزہ لینا۔ مال و اثاثہ دیکھنا بھالنا۔
موجودگی ۔ (مو۔ جُود۔ گی) [ف۔ ا۔ مث] حاضری۔ حضوری۔
موجودگی میں ۔[ا۔ صف] سامنے۔ روبرو۔
مَوجُودَہ ۔ (مَو۔ جُو۔ دَہ) [ع۔ صف] حال کا۔ اب کا۔ حاضر۔ اس وقت کا۔
مُوَجَّہ ۔ (مُ۔ وَج۔ جَہ) [ع۔ صف] پسندیدہ۔ مرغوب۔ خوب۔ عمدہ (۲) قابل (۳) معقول۔ مدلل۔
مَوجَہ ۔ (مَو۔ جَہ) [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے موج۔
مَوجی ۔ (مَو۔ جی) [ا۔ صف] لہری۔ آزاد طبع۔ ظریف۔
موجی بندہ ۔[ا۔ صف] آزاد طبع آدمی۔ دل کا بادشاہ۔ خوش مزاج۔
موجی جیوڑا ۔[ا۔ صف] آزاد منش۔ دل کی خوشی کا تابع۔ خوش رہنے والا۔
موجیں اُڑانا ۔[ا۔ محاورہ] پانی کی لہر اُڑانا (۲) عیش کرنا۔
موجیں دکھانا ۔[ا۔ محاورہ] جوش اور ولولہ ظاہر کرنا۔ زور دکھانا۔
موجیں کرنا ۔[ا۔ محاورہ] خوشیاں منانا۔ مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔
موجیں مارنا ۔[ا۔ محاورہ] زور سے بہنا۔



Marfat.com

**موچ** ۔ (ہ ۔ امث) اکی ۔ لچک ۔ چٹک (۲) بے موقع پڑ جانے سے بدن کا جوڑ مُڑ جانا ۔ زیادہ تر پاؤں کے لیے بولا جاتا ہے ۔
**موچ آنا** ۔ (امحاورہ) ہاتھ پاؤں کا بے موقع پڑ جانے سے مُڑ جانا ۔
**مُوچا** ۔ (مُو ۔ چا) (ہ ۔ امذ) کیلے کا درخت (۲) کونپل ۔
**مُوچرس** ۔ (موچ ۔ رَس) (امث) سیمل کے درخت کا گوند جو بطور دوا مستعمل ہے ۔
**مُوچری** ۔ (مُوچ ۔ رِی) (ہ ۔ امث) جوتی ۔ جوتا ۔
**مُوچن ۔ موچنی** ۔ (مُو ۔ چَن) (مُوچ ۔ نی) (ہ امث) موچی کی بیوی ۔
**مُوچنا** ۔ (مُوچ ۔ نا) (ا ۔ امذ) بال اکھاڑنے کا آلہ ۔ بال چننے کا اوزار ۔
**مُوچھ ۔ مونچھ** ۔ (ہ ۔ امث) ہونٹوں کے اوپر کے بال ۔ بُروُت ۔
**مُوچھ کا بال** ۔ (امذ) صاف کھرا ۔ سچا آدمی ۔ منہ پر کہہ دینے والا (۲) نہایت مُقرب اور بارسوخ آدمی ۔
**مُوچھ مروڑا** ۔ (امذ) موچھوں پر تاؤ دینے والا ۔ بہادری جتانے والا ۔ شیخی باز ۔
**موچھ مروڑا روٹی توڑا** ۔ (امثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مفت کی روٹی کھائے اور شیخی بگھارتا پھرے ۔
**موچھ مُنڈ (مُنڈا)** ۔ (ا ۔ صف) جس کی موچھیں مُنڈی ہوئی ہوں ۔
**موچھوں پر تاؤ دینا** ۔ (امحاورہ) موچھوں کے بالوں کو بل دینا (۲) غرور سے غصے کی حالت میں موچھیں مروڑنا ۔ غرور ۔
**موچھوں سے چنگاریاں نکلنا** ۔ (امحاورہ) نہایت غصیل ہونا ۔ بہت غضب ناک ہونا ۔
**موچھوں کا کونڈا** ۔ (امذ) وہ نیاز جو عورتیں لڑکوں کی مسیں بھیگنے پر دلاتی ہیں ۔
**مُوچھیں اُکھڑوا دینا (اُکھڑوانا)** ۔ (امحاورہ) سزا کے طور پر مجرم کی موچھیں نچوا دینا ۔
**موچھیں چڑھانا** ۔ (امحاورہ) موچھوں کو بل دے کر اوپر کی طرف اٹھا دینا ۔
**موچھیں منڈوانا** ۔ (امحاورہ) موچھوں پر استرا پھروانا (۲) اپنی غلطی ماننا ۔ ہار تسلیم کرنا ۔ جوش میں اکثر کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہوا تو موچھیں منڈوا دوں گا ۔
**موچھیں نیچی کر لینا** ۔ (امحاورہ) زبردست کے مقابلے میں شیخی اور اکڑفوں چھوڑ دینا ۔
**مُوچھا کرڑا ۔ مُونچھا کرڑا** ۔ (مُو ۔ چھاک ۔ ڑا) (مُنچھاک ۔ ڑا) (ہ ۔ صف) بڑی بڑی مونچھوں والا ۔
**مُوچھان** ۔ (ق ۔ امث) جمع ۔ مونچھیں ۔
**مُوچھندر** ۔ (مُو ۔ چھن ۔ دَر) (ہ ۔ صف) بڑی بڑی موچھوں والا (۲) چڑنا (۳) بدوضع ۔ یاوہ گو ۔
**مُوچھیل** ۔ (مُو ۔ چھیل) (ہ ۔ صف) دیکھیے مُوچھندر ۔
**موچی** ۔ (مو ۔ چی) (ہ ۔ امذ) چمڑا سینے والا ۔ چرم دوز ۔ جوتے بنانے والا ۔
**موچی کے موچی ہی رہے** ۔ (امثل) کوئی ترقی نہیں کی ۔ جیسے تھے ویسے ہی رہے ۔
**موچی موچی لڑیں سرکار کا زین ٹوٹے** ۔ (امثل) لڑے کوئی اور نقصان کسی کا ہو ۔

**مُوَحِّد** ۔ (مُو ۔ وَح ۔ حِد) (ع ۔ صف) خدا کو ایک ماننے والا (۲) پکا مسلمان سچا مسلمان ۔ جمع ۔ مُوَحِّدین ۔
**مُوَحِّدانہ** ۔ (مُو ۔ وَح ۔ حِ ۔ دا ۔ نَہ) (ع ۔ ف ۔ صف) موحدوں کی طرح ۔ خدا کو ایک ماننے والوں کی مانند ۔
**مُوحِش** ۔ (مُو ۔ وَح ۔ حِش) (ع ۔ صف) وحشت میں ڈالنے والا ۔ غمگین کرنے والا ۔ فکرمند بنانے والا ۔ وحشت انگیز ۔
**مُؤَخَّر** ۔ (مُو ۔ اَخ ۔ خَر) (ع ۔ صف) آخر کیا گیا ۔ پچھلا ۔ آخری ۔ آخیر کا ۔ لکھنے میں واؤ پڑھنے میں ہمزہ ۔
**مُؤخرالذکر** ۔ (ع ۔ صف) جس کا ذکر بعد میں آئے ۔
**مُؤَدَّب** ۔ (مُو ۔ اَد ۔ دَب) (ع ۔ صف) اَدب سکھایا گیا ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ تہذیب یافتہ (واؤ کی بجائے پڑھنے میں ہمزہ ہے)
**مُؤَدِّب** ۔ (مُو ۔ اَد ۔ دِب) (ع ۔ صف) ادب سکھانے والا ۔ اَتالیق ۔ اُستاد ۔
**مُؤَدَّبانہ** ۔ (مُو ۔ اَد ۔ دَ ۔ با ۔ نَہ) (ع ۔ ف ۔ صف) ادب سے ۔ تہذیب کے ساتھ ۔ مُہذب ۔ شائستگی ۔
**مَوَدَّت** ۔ (مَو ۔ وَد ۔ دَت) (ع ۔ امث) پیار ۔ محبت ۔ دوستی ۔
**مودھو** ۔ (مو ۔ دھو) (ا ۔ صف) احمق ۔ بیوقوف ۔ سیدھا سادہ ۔ شُور کو ۔ نادان ۔
**مودی** ۔ (مو ۔ دی) (س ۔ امذ) اناج کا سوداگر ۔ غلہ بیچنے والا ۔ بقال (۲) وہ بنیا جس کی دکان سے اُدھار کا لین دین ہو ۔
**مودی پنا کرنا** ۔ (امحاورہ) کنجوسی کرنا ۔
**مودی خانہ** ۔ (ہ ۔ ف ۔ امذ) گودام گھر ۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ ۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ ۔
**مُوڈ** (Mood) (انگ ۔ صف) کیفیت مزاج ۔ رنگ ۔ حالت ۔
**موڈرن** (Modern) (ما ۔ ڈَرن) (انگ ۔ صف) جدید ۔ زمانہ حال کا ۔ نئی روشنی کا
**موڈریٹ** ۔ (ماڈریٹ) ۔ (Modrate) (موڈ ۔ ریٹ) (انگ ۔ صف) اعتدال پسند ۔ میانہ رو ۔
**موڈل (ماڈل)** ۔ (Modle) (مو ۔ ڈل) (انگ ۔ امذ) چھوٹا مجسمہ (۲) نمونے کا ڈھانچہ (۳) عمارت کی ساخت کا ڈھانچہ (۴) نمونہ جس کی نقلیں کی جائیں (۵) قابل تقلید (۶) مثالی نمونہ ۔
**مُؤَذِّن** ۔ (مُو ۔ اَذ ۔ ذِن) (ع ۔ امذ) اذان دینے والا ۔ بانگی ۔ کتابت میں واؤ ہے پڑھنے میں ہمزہ ۔ جمع ۔ مؤذنین ۔
**مُوذِی** ۔ (مُو ۔ ذی) (ع ۔ امذ) ایذا دینے والا ۔ تکلیف پہنچانے والا ۔ ستانے والا ۔ آزار دہندہ (۲) جابر ۔ ظالم (۳) شریر ۔ بدذات (۴) مجازاً بخیل ۔ کنجوس ۔
**موذی پن ۔ پنا** ۔ (ع ۔ امذ) ایذا رسانی ۔ تکلیف دہی (۲) شرارت ۔ شوخی (۳) بخل ۔ کنجوسی ۔
**موذی کا چنگل** ۔ (امذ) زبردست کا پنجہ ۔ ظالم کی گرفت ۔
**موذی کا مال** ۔ (امذ) ظالم کا مال ۔ کنجوس کا مال ۔
**موذی کا مال سب کو حلال** ۔ (امثل) ظالم یا کنجوس کا مال جس کے ہاتھ لگ جاتا ہے ۔ اڑا لیتا ہے ۔
**موذی کا مال نکلے پھوٹ کر کھال** ۔ (امثل) ظلم سے حاصل کیا ہوا



Marfat.com

مال کسی کو نہیں سکتا (۲) کنجوس کا مال کسی کو پھل نہیں سکتا۔

**موذی کو نماز چھوڑ کر ماریئے۔** [ا۔ مثل] ایذا دینے والے کو ہر حالت میں مار ڈالنا چاہیئے۔

**مَوَر** ۔[ہ۔ا۔مذ] آم کا پھول۔ بور (۲) تاج۔ کلغی (۳) کلی۔ شگوفہ۔

**مَوَر آنا** ۔[ا۔ محاورہ] آم کے درخت میں شگوفے آنا۔ بور آنا۔

**مور** ۔ (مُوْر) [ہ۔ا۔مذ] طاؤس۔ ایک خوبصورت رنگین پروں والا جانور۔

**مور پنکھی** ۔[ا۔مث] ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوتی ہے (۲) مور کے پروں کا پنکھا (۳) ایک قسم کی پنکھیا جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے (۴) ایک گھاس کا نام۔

**مور چال** ۔[ا۔مث] ایک قسم کی گھاس جس میں ہاتھ زمین پر رکھ کر اور پاؤں اُوپر کر کے چلتے ہیں (۲) مور کا ناچ (۳) کھائی۔ خندق (۴) مستانہ چال۔

**مور چنگ** ۔[ا۔مذ] ایک ساز۔

**مور چھل** ۔[ا۔مذ] موروں کے پروں کا چنور۔

**مور کا چنگھاڑنا (کوکنا)** ۔[ا۔محاورہ] مور کا بولنا۔

**مور کی سی گردن** ۔[ا۔مث] صراحی دار گردن۔ خوبصورت اور لمبی گردن۔

**مُور مکٹ** ۔[ا۔مذ] مور کا سا تاج۔

**مور ناچتا ہے جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے رو دیتا ہے** ۔[ا۔مثل] خوبصورت آدمی کے لیے ذرا سا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے۔

**مُور** ۔ (مُوْر) [ف۔ا۔مث] چیونٹی۔

**مورِ بال دار** ۔[ف۔ا۔مث] پردار چیونٹی۔

**مور و ملخ** ۔[ف۔ا۔مث] چیونٹی اور ٹڈی (۲) بے شمار۔ ان گنت۔

**مورال** ۔ (Morale) [انگ۔مذ] حوصلہ۔ ہمت۔

**مُورت** ۔ (مُو۔رت) [ہ۔ا۔مث] صورت۔ بت۔ پتھر یا دھات کی بنی ہوئی تشبیہ۔ پتلی۔

**مُورتی** ۔ (مُو۔رتی) [ہ۔ا۔مث] بت۔ صنم۔ پتلی۔

**مورتی پوجن** ۔[ا۔مث] بت پرستی۔ بتوں کی پوجا۔

**مُورِث** ۔ (مُو۔رِث) [ع۔ا۔مذ] وارث کرنے والا۔ وہ شخص جس سے ورثہ ملا ہو۔ جدِ اعلیٰ۔ وہ پہلا شخص جس کا ورثہ اس کی اولاد میں چلا آئے۔

**مورثِ اعلیٰ** ۔[ع۔ا۔مذ] سب سے بڑا مورث۔ سب سے بڑا قریبی یا بزرگ جس سے ورثہ ملا ہو۔ جدِ اعلیٰ۔ وہ پہلا شخص جس کا ورثہ اس کی اولاد میں چلا جائے۔

**مورچا** ۔ (مور۔چا) [ف۔ا۔مذ] وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھودتے ہیں۔ خندق۔ کھائی (۲) وہ خندق جو لڑائی کے لیے کھودتے ہیں (۳) وہ فوج جو مورچے پر لڑائی کے لیے رہتی ہے۔

**مورچا اُٹھانا** ۔[ا۔محاورہ] لڑنے والی فوج کا اپنی جگہ سے چلا جانا۔

**مورچا باندھنا۔ مورچا بندی کرنا** ۔[ا۔محاورہ] خندق کھودنا۔ لڑائی کے لیے دمدمہ تیار کرنا۔

**مورچا توڑنا** ۔[ا۔محاورہ] مورچا درہم برہم کرنا۔ مورچہ قائم نہ رہنے دینا۔

**مورچا جیتنا** ۔[ا۔محاورہ] دشمن کے مورچے پر قبضہ کر لینا۔

**مورچے پر جانا** ۔[ا۔محاورہ] لڑائی پر روانہ ہونا۔ دشمن کے مقابلے کے لیے جانا۔

**مورچے پر رکھنا** ۔[ا۔محاورہ] نشانے پر رکھنا۔ نشانہ بنانا (۲) مقابلے پر رکھنا سامنے رکھنا۔ خطرناک جگہ بھیجنا۔

**مورچا مارنا** ۔[ا۔محاورہ] دشمن کے مورچے پر قبضہ کر لینا۔

**مورچہ** ۔ (مور۔چہ) [ف۔ا۔مث] زنگ۔ زنگار۔ پھپھوندی (۲) چیونٹی۔ کیڑا۔

**مورچہ دوڑنا** ۔[ا۔محاورہ] زنگ لگنا۔ پھپھوندی لگنا۔

**مورچے کا کھا جانا** ۔[ا۔محاورہ] زنگ لگ کر کوئی چیز خراب ہو جانا۔

**مُورچھیا** ۔ (مُو۔رچھ۔یا) [ق] بے ہوشی۔ غش۔

**مُؤَرِّخ** ۔ (مُؤ۔ار۔رِخ) [ع۔ا۔مذ] تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار (جمع) مورخین۔

**مُؤَرِّخانہ** ۔ (مُؤ۔ار۔رِ۔خا۔نہ) [ف۔صف] تاریخ لکھنے والوں کی طرح۔

**مُؤَرَّخہ** ۔ (مُؤ۔ار۔رَ۔خہ) [ع۔صف] تاریخ دیا گیا۔ لکھا ہوا۔ مرقوم۔

**مُؤَرَّد** ۔[ا۔صف] غیر زبان کا لفظ جسے اُردو بنا لیا گیا ہو۔

**مَورِد** ۔ (مَو۔رِد) [ع۔ا۔مذ] اُترنے یا پہنچنے آنے۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گزرے (۲) تالاب۔ جوہڑ۔ چشمہ۔ آدمیوں اور حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ۔ جمع: موارد۔

**موردِ عنایات (لطف و کرم)** ۔[ا۔مذ۔ق] وہ شخص جس پر عنایت لطف و کرم کیا جائے۔

**مُورک** ۔[ا۔مذ۔ق] مورکھ۔ نادان۔

**مُورکھ** ۔ (مُور۔کھ) [س۔صف] احمق۔ بیوقوف۔ گنوار۔ نادان۔ ناواقف۔ جاہل۔

**مورکھ پن** ۔[ہ۔مذ] حماقت۔ بیوقوفی۔

**مورکھ کی ساری رین چاتر کی ایک گھڑی** ۔[ا۔مثل] بیوقوف جس کام کو رات بھر میں نہیں کر سکتا عقل مند اُسے ذرا سی دیر میں کر لیتا ہے یا بیوقوف کی صحبت سے رات بھر میں فائدہ حاصل نہیں ہوتا جو عقل مند سے ایک گھڑی میں ہو جاتا ہے۔

**مورنی** ۔ (مور۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) مور کی مادہ (۲) عورتوں کے کان کا ایک زیور۔

**مَورُوث** ۔ (مَو۔رُوث) [ع۔ا۔مذ] وارث کیا گیا (۲) ورثہ میں ملا ہوا۔

**مَورُوثی** ۔ (مَو۔رُو۔ثی) [ع۔صف] باپ دادا کا۔ جدی۔ پشتی۔

**موری** ۔ (مو۔ری) [ہ۔ا۔مث] نالی۔ بدررو۔ پانی کے نکاس کا راستہ (۲) منہ۔ دہانہ۔ سوراخ (۳) پاجامے کا پائنچہ۔

**موری پر جانا** ۔[ا۔محاورہ] پیشاب کرنے جانا۔

**موری چھوٹنا** ۔[ا۔محاورہ] (کنایۃً) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔

**موری کا کیڑا** ۔[ا۔مذ] (کنایۃً) بچہ جو پیدا ہوتے ہی مر جائے (۲) گندی نالی کا کیڑا۔

**موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے** ۔[ا۔مثل] جو گندگی میں پلا بڑھا ہو اُسے گندگی ہی میں رہنا اچھا معلوم ہوتا ہے۔

**موری کی اینٹ چوبارے چڑھی** ۔[ا۔مثل] کمینے کو اعلیٰ رتبہ ملا۔

**موری میں پتھر پھینکو گے تو چھینٹیں اُڑیں گی** ۔[ا۔مثل] گندے سے میں پڑو گے تو بدنامی ہوگی۔

**مُوڑ** ۔[ہ۔ا۔مذ۔ق] دولہا کا تاج۔

**موڑ** ۔ (مو۔ڑ) [ہ۔ا۔مث] گھماؤ۔ وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے۔ راہ کی کجی یا پھیر۔



Marfat.com

(۲) پھیر۔ چکر۔ پیچ۔ خم۔

**موڑ توڑ** ۔ [ا۔ مذ] چکر۔ پھیر۔ گھاؤ۔

**موڑ دینا** ۔ [ا۔ محاورہ] پھیر دینا۔ واپس کرنا (۲) جھکا دینا (۳) ہٹا دینا۔ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ پھیر دینا۔

**موڑ کا آزار** ۔ [ا۔ مذ] بواسیر کا مرض۔

**موڑ کھانا** ۔ [ا۔ محاورہ] مُڑ جانا۔ واپس ہو جانا (۲) شکست کھانا۔

**موڑنا** ۔ (موڑ۔ نا) [ا۔ مص] پھیرنا۔ گھمانا۔ چکر دینا (۲) بل دینا (۳) واپس کرنا۔ لوٹانا (۴) اُلٹا پھیرنا۔ واپس لانا (۵) رُخ بدلنا۔

**مُوڑھ** ۔ [ہ۔ صف] بیوقوف۔ نادان۔ جاہل۔

**مُوڑھا** ۔ (مُو۔ڑھا) [ہ۔ ا۔ مذ] سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی۔

**مَوز** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] کیلے کی پھلی۔

**موزُوں** ۔ (مَو۔ زُوں) [ع۔ صف] جچا ہوا۔ تُلا ہوا۔ زیبا۔ پھبتا ہوا۔ لائق۔ مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ دُرست (۲) وہ شعر جس کی بحر وغیرہ بالکل درست ہو (۳) مقبول۔ پسندیدہ۔

**موزوں طبع** ۔ [ع۔ ف۔ صف] وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو۔ وہ شخص جو شعر کہہ سکتا ہو۔ خواہ شاعر نہ ہو۔

**موزوں طبعی** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] طبیعت کا موزوں ہونا۔

**موزوں کرنا** ۔ [ا۔ محاورہ] شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا (۲) ٹھیک اور درست کرنا۔

**مَوزُونیّت** ۔ (مَو۔ زُو۔ نی۔ یت) [ع۔ ا۔ مث] پسندیدگی۔ سنجیدگی۔ زیبائش۔ پھبن۔

**مُوزَہ** ۔ (مُو۔ زہ) [ف۔ ا۔ مذ] جُراب۔ چمڑے کا جُراب (۲) بوٹ۔ انگریزی جُوتا۔

**موزہ ساز** ۔ [ف۔ صف] جوتے بنانے والا۔ موچی۔

**موزہ گیر** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزے پر منہ مارے۔

**موزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔ موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں** ۔ [ا۔ مثل] اپنی تکلیف انسان آپ ہی خوب جانتا ہے۔ اندرونی معاملہ کو دوسرا نہیں جان سکتا۔

**مُوسا** ۔ (مُو۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذ] خالو۔ ماں کی بہن کا خاوند (۲) چوہا۔

**مُوساکنی** ۔ [ہ۔ ا۔ مث] ایک خوشبودار گھاس جس کے پتے چوہے کے کان کی طرح کے ہوتے ہیں۔

**مُوسائی** ۔ (مُو۔ سا۔ ئی) [ع۔ ا۔ مذ] حضرت موسیٰ کا پیرو۔ یہودی۔

**مُوسَر** ۔ (مُو۔ سَر) [ہ۔ ا۔ مذ] اناج کوٹنے کا آلہ۔

**مُوسرا** ۔ (مُوس۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] چوہا۔

**مُوسری** ۔ (مُوس۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چوہیا۔

**مُؤسِّس** ۔ [ع۔ صف] بنیاد رکھنے والا۔ بانی۔

**مُؤسَّسہ** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ ادارہ جو کسی خاص مقصد یا فلاحی مقصد کے لیے قائم کیا گیا ہو۔ وہ سرمایہ جو خاص مقصد کے لیے وقف کیا گیا۔ (انگ) (Foundation)

**موس کے کھا جانا** ۔ [ا۔ محاورہ] کسی کا مال دغا و فریب سے کھا جانا۔ ٹھگ کر یا لوٹ کر کھا جانا۔

**مُوس کے کنگال کر دینا** ۔ [ا۔ محاورہ] لُوٹ لُوٹ کر فقیر بنا دینا۔ دغا سے مال لے کر محتاج کر دینا۔

**مُوسَل** ۔ (مُو۔ سَل) [ہ۔ ا۔ مذ] دیکھیے موسر۔

**مُوسَلا** ۔ (مُوس۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] موسل کی تصغیر (۲) چھری۔ قینچی (۳) جریب۔ عصا (۴) پچکاری کی ڈنڈی (۵) جڑ۔

**مُوسلادھار** ۔ [ہ۔ صف] وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے۔

**مُوسلادھار برسنا** ۔ (پڑنا) ۔ [ا۔ محاورہ] بہت زور سے بارش ہونا۔ چھاجوں مینہ برسنا۔

**مُوسلاں سو ڈھول بجانا** ۔ [ا۔ مص] بہت زیادہ خوشی منانا۔

**موسلوں ڈھول بجانا** ۔ [ا۔ محاورہ] پکار پکار کے کسی بات کی تشہیر کرتے پھرنا۔ زور و شور سے اعلان کرنا۔

**مُوسلی** ۔ (مُوس۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] جڑ۔ بیخ۔

**مَوسِم** ۔ (مَو۔ سِم) [ع۔ ا۔ مذ] وقت۔ سماں۔ موقع۔ دن۔ زمانہ۔

**موسمِ بہار** ۔ [ع۔ ا۔ مذ] بہار کا زمانہ۔ پھاگن۔ مارچ کا مہینہ۔

**موسمِ اخزاں** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] پت جھڑ کا موسم۔ خریف (۲) پیری۔ بڑھاپا۔ زوال کا زمانہ۔ ڈھلتی جوانی۔

**موسمِ گُل** ۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] بہار کا موسم۔

**موسم پڑنا** ۔ [ا۔ محاورہ] کسی فصل کا اپنے وقت معیّنہ پر سال کے اندر ہونا۔

**موسمی** ۔ (مَو۔ سِ۔ می) [ع۔ صف] موسم کا۔ رُت کا۔ وقت کا۔ موقع کا۔

**موسمیاتی** ۔ (مو۔ سم۔ یا۔ تی) [ف۔ ا۔ مذ] وہ علم جس کا تعلق موسموں کی معلومات سے ہو (انگ) (Meteorology)

**مُوسنا** ۔ (مُوس۔ نا) [ا۔ مص] لوٹ لینا۔ ٹھگ لینا۔ دغا فریب سے روپیہ کھا لینا۔

**مَوسُوم** ۔ (مَو۔ سوم) [ع۔ ا۔ مذ] نام رکھا گیا (۲) مخاطب۔ ملقّب (۳) نشان دیا گیا۔ نقش کیا گیا۔

**مُوسوی** ۔ (مُوس۔ وی) [ع۔ صف] حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو۔ یہودی۔ موسائی۔

**مُوسی** ۔ (مُو۔ سی) [ہ۔ ا۔ مذ] ماں کی بہن۔ خالہ۔

**مُوسیٰ** ۔ (مُو۔ سا) [ع۔ ا۔ مذ] ایک مشہور پیغمبر کا نام جن پر توریت نازل ہوئی۔ یہودی جن کے پیرو ہیں۔

**مُوسیرا** ۔ (مُو۔ سے۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] خالہ زاد بھائی۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔

**موسیقار** ۔ (مُو۔ سی۔ قار) [ف۔ ا۔ مذ] ایک خیالی پرند جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ اس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں۔ جن میں سے طرح طرح کی راگنیاں اور چنگاریاں نکلتی ہیں۔ ققنس بھی اسی کو کہتے ہیں (۲) ایک باجا (۳) گانے والا۔ گویا۔

**مُوسیقی** ۔ (مُو۔ سی۔ قی) [ع۔ ا۔ مث] گانے بجانے کا علم۔ سنگیت کا علم۔

**مُوسیو** ۔ (مُو۔ سی۔ یُو) [ا۔ ا۔ مذ] فرانسیسی (Monsieur) سے بنا ہوا۔ جناب۔ مسٹر

**مُوش** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] چوہا۔

**مُوشِ دشتی (صحرائی)** ۔ [ف۔ ا۔ مذ] جنگلی چوہا۔

**مُوَشَّح** ۔ (مُو۔ وش۔ شح) [ع۔ ا۔ مذ] زیور سے آراستہ کیا گیا۔ مزیّن۔ سجایا گیا۔

**مُوشک** ۔ (مُو۔ شک) [ف۔ ا۔ مث] چھوٹا سا چوہا۔ چوہیا (۲) چھچھوندر۔



Marfat.com

**مُوشک پَرّاں**۔[ف۔ا۔مذ] چمگادڑ۔ شپّر۔
**مُوش کور / موشک کور**۔[ف۔ا۔مذ] چھچھوندر۔
**مُوش گیر**۔[ف۔ا۔مذ] ایک شکاری پرندہ جو چوہے پکڑ کے کھاتا ہے۔
**موشن** (Motion) (مُو۔شَن) [انگ۔ا۔مث] حرکت۔ جنبش (۲) تحریک۔ تجویز
**مُوشی**۔ (مُو۔شی) [ف۔صف] جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
**مُوصِل**۔ (مُو۔صِل) [ع۔ا۔مذ] پہنچانے والا۔ لے جانے والا (۲) جس میں سے برقی رو گذر سکے۔
**مَوصُوف**۔ (مَو۔صُوف) [ع۔ا۔مذ] تعریف کیا گیا۔ ممدوح وہ جس کی تعریف کی جائے۔ مونث کے لیے موصوفہ لاتے ہیں۔
**موصوف الیہ**۔[ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہو۔
**مُوصی**۔ (مُو۔صی) [ع۔ا۔مذ] وصیت کرنے والا۔
**مُوصیٰ**۔ (مُو۔صا) [ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔
**مُوصیٰ بہٖ**۔[ع۔ا۔مث] وہ شے جس کے دینے کی وصیت کی گئی ہو۔
**مُوصیٰ لَہٗ**۔[ع۔ا۔مث] وہ شخص جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو۔
**مُوصِیَہ**۔ (مُو۔صی۔یَہ) [ع۔ا۔مث] وصیت کرنے والی عورت۔
**مُوضِح**۔ (مُو۔ضِح) [ع۔صف] واضح کرنے والا۔ روشن کرنے والا۔
**مَوضِع**۔ (مَو۔ضِع) [ع۔ا۔مذ] گاؤں۔ جگہ۔ مکان۔ ٹھکانا۔ ض کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں۔ اُردو میں زیر ہی ہے۔ جمع۔ مواضع۔
**موضع وار**۔[ع۔ف۔ا۔مذ] گاؤں گاؤں۔ گاؤں کی ترتیب سے (۲) نمبروار۔
**مَوضُوع**۔ (مَو۔ضُوع) [ع۔ا۔مذ] وضع کیا گیا۔ رکھا گیا (۲) مدعا۔ مضمون (۳) علم منطق میں مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو (۴) بامعنی لفظ (۵) اصل شے جس کے متعلق کسی علم میں بحث کریں۔
**موضوع لَہٗ**۔[ع۔ا۔مذ] مقصود جس سے کسی علم میں بحث کریں۔
**مَوضُوعی**۔[ع۔صف] نفسی۔ خیالی۔ داخلی [انگ] (Subjective)
**مُوطِن**۔ (مُو۔طِن) [ع۔ا۔مذ] وطن۔ اپنا دیس۔ زاد بوم۔ جنم بھوم۔ جمع۔ مواطن۔
**مَوعِدَت**۔ (مَو۔عِ۔دَت) [ع۔ا۔مث] عہد پیمان۔ وعدہ۔ اقرار۔
**مَوعِظَت**۔ (مَو۔عِ۔ظَت) [ع۔ا۔مث] پند۔ نصیحت۔ جمع۔ مواعظ۔
**مَوعُود**۔ (مَو۔عُود) [ع۔ا۔مذ] وعدہ کیا گیا۔ اقرار کیا گیا (۲) وہ شے جس کا اقرار کیا گیا ہو۔
**مُوفُور**۔ (مُو۔فُور) [ع۔صف] وافر کیا گیا۔ زیادہ کیا گیا (۲) بہت۔ بے افراط۔ بکثرت۔ بے انتہا (۳) پورا۔ مکمل۔
**مُوَقَّت**۔ (مُ۔وَق۔قَت) [ع۔ا۔مذ] خاص طور پر ٹھہرایا گیا۔ زمانے کے ساتھ معین کیا گیا۔ کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہوا۔
**مُوَقَّتُ الشیوع**۔[ع۔ا۔مذ] ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا۔
**مُوَقَّر**۔ (مُ۔وَق۔قَر) [ع۔ا۔مذ] وقعت دیا گیا۔ توقیر کیا گیا (۲) عزت دار معزز۔ حرمت والا۔
**مَوقَع**۔ (مَو۔قَع) [ع۔ا۔مذ] وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو۔ جائے وقوع۔ محل وقوع (۲) خاص وقت۔ خاص مقام۔ مناسب وقت۔
**موقع بموقع**۔[ع۔تابع فعل] وقت وقت پر۔ جگہ جگہ۔

**موقع بننا (ملنا)**۔[ا۔محاورہ] موقع حاصل ہو جانا۔
**موقع بے موقع**۔[ع۔تابع فعل] ٹھکانے بے ٹھکانے۔ وقت بے وقت۔
**موقع پا جانا**۔[ا۔محاورہ] وقت دیکھ لینا۔ محل پا جانا۔
**موقع پر**۔[ع۔تابع فعل] خاص وقت پر۔ عین وقت پر۔ مناسب جگہ پر۔
**موقع پڑنا**۔[ا۔محاورہ] اتفاق پیش آنا۔
**موقع پکڑنا**۔[ا۔محاورہ] وقت سے فائدہ اٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا
**موقع تکنا (دیکھنا)**۔[ا۔محاورہ] وقت کا منتظر رہنا۔ داؤ گھات میں لگا رہنا۔ مناسب وقت کی فکر میں رہنا۔
**موقع جانے دینا**۔[ا۔محاورہ] وقت پر فائدہ نہ اٹھانا۔ موقع کو کھو دینا۔
**موقع دینا**۔[ا۔محاورہ] مہلت دینا۔ مناسب وقت دینا۔
**موقع سے**۔[ا۔تابع فعل] وقت دیکھ کر۔ مناسب وقت پر۔ ڈھنگ سے۔
**موقع شرط ہے**۔[ا۔تابع فعل] اگر موقع مل جائے۔
**موقع کو جانے نہ دینا**۔[ا۔محاورہ] وقت پر فائدہ اٹھانا۔
**موقع کی**۔[ا۔تابع فعل] مناسب وقت کی ڈھنگ کی۔ مناسب۔ لائق۔
**موقع ملنا**۔[ا۔محاورہ] مناسب وقت ہاتھ لگنا۔ گھات پر چڑھنا۔ وقت ملنا۔ مہلت ملنا۔
**موقع نکل جانا**۔[ا۔محاورہ] موقع ہاتھ سے نکل جانا۔ وقت ہاتھ سے چلا جانا۔ موقع کھو دینا۔
**موقع واردات**۔[ع۔ا۔مذ] وہ جگہ جہاں جرم واقع ہوا ہو۔
**موقع ہاتھ سے دینا**۔[ا۔محاورہ] موقع کو کھو دینا۔ موقع جانے دینا۔
**موقع ہاتھ لگنا**۔[ا۔محاورہ] دیکھیے موقع ملنا۔
**مَوقِف**۔ (مَو۔قِف) [ع۔ا۔مذ] کھڑے ہونے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام (۲) حجاز میں ایک مقام جو مکہ سے سات کوس پر ہے اور جس کو عرفات بھی کہتے ہیں۔ جمع۔ مَواقِف (۳) (کنایۃً) نقطۂ نظر۔
**مَوقُوف**۔ (مَو۔قُوف) [ع۔ا۔مذ] ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا۔ برخاست کیا گیا۔ نوکری سے علیحدہ کیا گیا (۳) منسوخ کیا گیا۔ روکا گیا (۴) ملتوی کیا گیا (۵) اٹھا کیا گیا۔ منحصر (۶) خدا کے نام پر چھوڑا گیا۔ وقف کیا گیا۔ عام کر دیا گیا (۷) وہ حرف جو خود اور اس کا ماقبل متحرک نہ ہو (۸) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہ تک پہنچے۔
**موقوف الیہ**۔[ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس کے لیے وقف کیا گیا ہو۔
**موقوف رکھنا**۔[ا۔محاورہ] کسی پر منحصر کرنا۔ ملتوی کرنا۔
**موقوف علیہ**۔[ع۔ا۔مذ] وہ شخص جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو ثالث۔ پنچ۔ منصف۔
**موقوف کرنا**۔[ا۔مص مرکب] برخاست کرنا۔ نوکری سے علیحدہ کرنا (۲) ملتوی رکھنا (۳) کسی پر منحصر کرنا۔
**مَوقُوفی**۔ (مَو۔قُو۔فی) [ع۔ف۔ا۔مث] برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی (۲) التوا توقف۔ ڈھیل۔
**موقوفی میں آ جانا (آنا)**۔[ا۔محاورہ] موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔
**مُوک**۔[ق۔ا۔مذ] گھو۔ مُنہ۔



Marfat.com

**مُوکا** ۔ [ا ۔ مذ ۔ ق] گونگا ۔ خاموش ۔ چُپ ۔

**مَوکِب** ۔ (مَو ۔ کِب) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ (۲) اردلی کی سپاہ پیدل ہو یا سوار (۳) سواری کا جلوس ۔ جمع ۔ مواکب ۔

**مَوکِبی** ۔ (مَو ۔ کِ ۔ بی) [ع ۔ ف ۔ صف] جلوس کا ۔ وہ جو اردلی میں ہمراہ ہو ۔

**مُؤکَّد** ۔ (مُ ۔ اَک ۔ کَد) [ع ۔ ا ۔ مذ] تاکید کیا گیا ۔

**مُؤکِّد** ۔ (مُ ۔ اَک ۔ کِد) [ع ۔ ا ۔ مذ] تاکید کرنے والا ۔

**مُوَکَّل** ۔ (مُ ۔ وَک ۔ کَل) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو (۲) امانت دار ذمے دار ۔ محافظ ۔ وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو ۔ جمع ، مُوَکّلین ۔

**مُوَکِّل** ۔ (مُ ۔ وَک ۔ کِل) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جو وکیل مقرر کرے ۔ وکیل کرنے والا کام سپرد کرنے والا ۔ اپنا کام وکیل کو دینے والا ۔

**مُوَکِّلہ** ۔ (مُ ۔ وَک ۔ کِ ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] مُوَکّل عورت ۔

**مُوکلا** ۔ (مو ۔ کَ ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) کھلا ہوا ۔ کشادہ (۲) کافی ۔ وافی (۳) آزاد (۴) ایک پودا (۵) ایک گھاس ۔

**مُوکو** ۔ (مُو ۔ کو) [ہ ۔ ض] مجھ کو ۔ مجھے ۔

**موکو نہ توکو لے بھاڑ میں جھونکو** ۔ [ا ۔ مثل] نہ میرے کام کا نہ تمہارے کام کا ایسی چیز کا کیا کرنا ہے دور کرو ۔

**مُوکھا** ۔ (مُو ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سوراخ ۔ روشن دان ۔ جھروکہ ۔

**موگرا** ۔ (مُوگ ۔ را) [ا] (۱) دوہرا موتیا ۔ بڑا بیلا (۲) بڑی موگری (۳) کرٹوں کے وہ سرے جو گول گھنڈی کی طرح ہوتے ہیں (۴) ایک قسم کا چاول (۵) بندوق کا گز ۔

**موگری** ۔ (موگ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] کوٹنے کا آلہ ۔

**مُوگرے** ۔ (مُوگ ۔ رے) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مولی کے بیجوں کی پھلیاں جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں ۔

**مُول** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) جڑ ۔ اصل ۔ بنیاد (۲) پونجی ۔ سرمایہ ۔ زرِ اصل (۳) نسل ۔ اولاد ۔

**مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے** ۔ [ا ۔ مثل] (۱) مال سے زیادہ اُس کی آمدنی بھلی ہوتی ہے (۲) بیٹے سے پوتے پوتی زیادہ عزیز ہوتے ہیں ۔

**مول** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قیمت ۔ دام (۲) نرخ ۔ بھاؤ ۔

**مول بڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت یا نرخ زیادہ کرنا ۔

**مول بِٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت طے ہونا ۔ سودا ہونا ۔

**مول توڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت گھٹانا ۔ نرخ کم کرنا ۔

**مول تول** ۔ [ا ۔ مذ] قیمت کا تعیّن ۔ سودا ۔

**مول ٹھہرانا (چکانا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت چکانا ۔ نرخ مقرر کرنا ۔ نرخ زیادہ ہونا ۔

**مول چڑھانا ۔ (چڑھانا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] نرخ بڑھانا ۔ اونچی قیمت کرنا نرخ زیادہ ہونا ۔

**مول چُکانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بھاؤ طے کرنا ۔ قیمت کا فیصلہ کرنا ۔ مول کرنا ۔

**مول دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) قیمتاً دینا ۔ بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔ قیمت لے کر دینا ۔ (۲) دام دینا ۔

**مول لگانا (لگنا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت مقرر کرنا ۔ قیمت ٹھہرنا ۔ دام لگانا ۔

**مول لے کر چھوڑ دینا (چھوڑنا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) خرید کر آزاد کر دینا (۲) غلام بنا کر چھوڑ دینا ۔ غلامی میں بھی نہ رکھنا ۔ بہت ادنیٰ سمجھنا ۔

**مول لے لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کمال احسان کرنا (کنایۃً) غلام بنانا ۔ خریدنا ۔

**مول لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) کسی چیز کا خریدنا (۲) جھگڑا اپنے سر لینے والا (۳) غلام بنانا ۔

**مول نہ رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نہایت بیش قیمت ہونا ۔

**مول ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قیمت ہونا ۔ بھاؤ ٹھہرنا ۔

**مَولا ۔ مَولیٰ** ۔ (مَو ۔ لا) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) مالک ۔ آقا ۔ صاحب ۔ والی ۔ سردار (۲) خدائے تعالیٰ (۳) بادشاہ ۔ سلطان ۔ حاکم ۔ شہنشاہ (۴) آزاد کیا ہوا غلام (۵) مددگار ۔ معاون ۔ دوست ۔ شریک ۔ ساتھی ۔ یار (۶) ہمسایہ ۔ پڑوسی (۷) حضرت ۔ جناب ۔ جمع ۔ مَوالی ۔

**مولا بخش** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) خدا کا دیا ہوا ۔ بخشش الٰہی (۲) شہنشاہ اکبر کے وقت ایک بڑا جوتا جو شریر مجرموں کی سزا کے لیے بنایا جاتا (۳) مسلمانوں میں ایک نام (۴) اُستاد کا ڈنڈا ۔

**مولا بھلا کرے گا** ۔ فقیروں کی دعا ۔ اللہ اجر دے گا ۔

**مولا دولا** ۔ [ا ۔ صف] بھولا بھالا ۔ بے پروا (۲) سخی ۔

**مولا علی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) حضرت علی علیہ السلام (۲) آزاد فقیر سلام کے جواب میں کہتے ہیں ۔

**مولانا ۔ مولٰنا** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) علماء کا اعزازی خطاب (۲) بعض جگہ مولانا سے مراد مولانا جلال الدین رومی ہوتے ہیں ۔

**مولانا بالفضل اولینا** ۔ [ع ۔ صف] صاحب علم و فضل ۔ سردار ۔

**مولا ہاتھ بڑائیاں جس چاہے تس دے** ۔ [ا ۔ مثل] تمام عزتیں مرتبے اور بزرگیاں خدا کے قبضے میں ہیں جسے وہ چاہتا ہے دیتا ہے ۔

**مُولا** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] کونہ ۔ گوشہ ۔

**مَولائی** ۔ (مَو ۔ لا ۔ ئی) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) سرداری ۔ امیری ۔ امارت (۲) میرے مولا ۔

**مَولِد** ۔ (مَو ۔ لِد) [ع ۔ ا ۔ مذ] پیدا ہونے کی جگہ ۔ جائے ولادت ۔ وطن ۔

**مُوَلَّد** ۔ (مُ ۔ وَل ۔ لَد) [ع ۔ صف] (۱) نیا پیدا شدہ (مجازاً) وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو (۲) وہ عجمی لفظ جسے اہلِ عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو ۔

**مولڈ** ۔ (Mould) [انگ ۔ صف] کسی خاص شکل میں ڈھالنا ۔

**مولڈر** ۔ (Moulder) (مول ۔ ڈر) [انگ ۔ ا ۔ صف] ڈھالنے والا سانچے بنانے والا ۔

**مُولڑا** ۔ (مُول ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] مول لیا ہوا ۔ زر خرید غلام ۔

**مَولسری** ۔ (مَول ۔ سَ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) ایک درخت جس کے پھول بہت خوشبودار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے سے پھول کڑھے ہوتے ہیں ۔

**مُؤَلِّف** ۔ (مُ ۔ اَل ۔ لِف) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) تالیف کرنے والا ۔ جمع کرنے والا (۲) مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب لکھنے والا ۔ جمع ، مؤلفین ۔

**مُؤَلَّف** ۔ (مُ ۔ اَل ۔ لَف) [ع ۔ ا ۔ مذ] تالیف کیا گیا ۔ ترتیب دیا گیا ۔

**مُؤَلَّفہ** ۔ (مُ ۔ اَل ۔ لَ ۔ فہ) [ع ۔ صف] تالیف کی ہوئی ۔ جمع کی ہوئی ۔ تصنیف کی ہوئی ۔ جمع ۔ مؤلفات ۔

**مُؤَلِّفہ** ۔ (مُ ۔ اَل ۔ لِ ۔ فہ) [ع ۔ ا ۔ مث] مؤلّف کی تانیث ۔



Marfat.com

**مُؤلِم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] درد دینے والا ۔ الم دینے والا ۔
**مُولِی** ۔ [ا ۔ مذ ۔ ق] دیوانہ ۔ سڑی ۔ بدمزاج
**مُولنا** ۔ (مَول ۔ نا) [ہ ۔ مص] آم کے درخت میں پھول آنا ۔ بور آنا ۔
**مَولُود** ۔ (مَو ۔ لُود) [ع ۔ ا ۔ مذ] جنا ہوا بچہ (۲) پیدائش کا دن (۳) بیٹا ۔ لڑکا (بیسر (۴) وہ مجلس جس میں حضور پیغمبر اسلام صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کا بیان کیا جائے ۔
**مولود خواں** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] جو مولود شریف پڑھے وہ شخص جو پیغمبر اسلام صلعم کے حالات سنائے ۔
**مولود شریف** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] میلاد شریف جناب پیغمبر اسلام کی پیدائش کا بیان (۲) وہ مجلس جس میں رسولِ خدا کی پیدائش کا ذکر کیا جائے ۔
**مولودِ مسعود** ۔ [ع ۔ صف] خوش نصیب بچہ ۔
**مولودِی** ۔ (مَو ۔ لُو ۔ دِی) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے مولود خواں ۔
**مولوَن** ۔ (مَول ۔ وَن) [ا ۔ ا ۔ مث] (۱) مولوی کی بیوی (۲) مسائل اسلامی کی عالمہ ۔
**مَولوی** ۔ (مَول ۔ وی) [ع ۔ ا ۔ مذ] شرع اسلامی کے احکام جاننے والا ۔ عالم دین فقیہہ (۲) پکا دین دار ۔ پابندِ شریعت (۳) معلم ۔ مدرس (۴) علما کا لقب مولیٰ سے بنایا ہوا ہے ۔
**مولوی گری** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] پڑھانے کا پیشہ ۔
**مَولَوِیّت** ۔ (مَو ۔ لَ ۔ وِیْ ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مث] مولوی پنا ۔
**مولَہ** ۔ (مُو ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] عاشق ۔ فریفتہ ۔ شیدا (۲) دیوانہ ۔ مجنوں ۔
**مُولی** ۔ (مُو ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک ترکاری ۔
**مولی اپنے ہی پتوں بھاری** ۔ [ا ۔ مثل] اپنا ہی گزارہ مشکل ہے ۔ دوسروں کو کیا دیں گے ۔
**مولی کے چور کو سُولی** ۔ [ا ۔ مثل] ذرا سے قصور پر سخت سزا ۔
**مولی گاجر کی طرح** ۔ [ا ۔ تابع فعل] نہایت بے قدری سے ۔
**مولیرا** ۔ (مَو ۔ لے ۔ را) [ہ ۔ صف] ماموں زاد ۔
**مولیرا بھائی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ماموں زاد بھائی ۔
**مَولیری بہن** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث ۔ ق] ممیری بہن ۔
**موم** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں (۲) تشبیہاً ملائم ۔ نرم ۔
**موم بتّی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] وہ بتی جو موم سے بنائی جائے ۔ مومی شمع ۔
**موم تو نہیں ہو جو پگھل جاؤ گے** ۔ [ا ۔ مثل] ایسے نازک اور بے ہمت نہ بنو ذرا سے کام میں مرے جاؤ گے ۔
**موم جامہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ کپڑا جس پر موم کا روغن کیا گیا ہو ۔
**موم دل** ۔ [ف ۔ صف] رحم دل ۔ نرم دل ۔ ترس کھانے والا ۔
**موم روغن** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا روغن جو کسی خوشبودار تیل میں موم کو پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے اور پھٹے ہوئے منہ پر لگایا جاتا ہے ۔
**موم کا** ۔ [ا ۔ صف] (۱) موم کا بنا ہوا (۲) نہایت نرم و نازک ۔ موم کی طرح نرم ۔
**موم کا کھلونا** ۔ [ا ۔ مذ] ناپائیدار چیز ۔
**موم کا ہو جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نہایت نازک ہو جانا ۔
**موم کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نرم کرنا ۔ ملائم کرنا (۲) پانی کرنا ۔ پگھلانا ۔ گلانا (۳) سنگدلی دور کرنا ۔ رحم دل بنانا (۴) مطیع کرنا ۔ اپنی بات منوانا ۔
**موم کی مچھلی** ۔ [ا ۔ مث] مچھلی جسے لڑکے موم سے بنا کر پانی میں تراتے ہیں ۔
**موم کی مریم** ۔ [ا ۔ مث] بہت نازک عورت ۔
**موم کی ناک** ۔ [ا ۔ مث] غیر مستقل مزاج ۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کر لو ۔ جو ہر ایک کے کہنے میں آ جائے ۔
**مومِن** ۔ (مُو ۔ مِن) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایمان لانے والا ۔ ایماندار (۲) مسلمان ۔ جولاہا (۳) شیعہ ۔ اہل تشیع (۴) اردو کے مشہور شاعر حکیم مومن خاں کا تخلص (جمع) مومنین ۔
**مُومنیّت** ۔ (مُو ۔ م ۔ نِی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مذ] مومن ہونا ۔ مطیع و فرمانبردار ہونا ۔
**مُومِنِین** ۔ (مُو ۔ مِ ۔ نِین) [ع ۔ ا ۔ مذ] مومن کی جمع ۔ ایمان لانے والے ۔
**مومی** ۔ (مو ۔ می) [ف ۔ صف] موم سے منسوب ۔ موم کا ۔ موم کا بنا ہوا ۔
**مومی چھینٹ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی نہایت ملائم چھینٹ ۔
**مومی شمع** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] موم کی بنی ہوئی شمع ۔ موم بتی ۔
**مومی موتی** ۔ [ا ۔ مذ] ایک قسم کا جھوٹا موتی جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے
**مُومیٰ** ۔ (مُو ۔ ما) [ع ۔ ا ۔ مذ] اشارہ کیا گیا ۔ ایما کیا گیا ۔
**مومیٰ الیہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جائے ۔ مشارٌ الیہ ۔
**مُومیا** ۔ (مُو ۔ م ۔ یا) [ف ۔ ا ۔ مث] مسالا لگی اور سوکھی ہوئی لاش (۲) وہ مسالا جسے لگا کر لاش کو محفوظ کرتے ہیں ۔
**مُومیائی** ۔ (مُو ۔ م ۔ یا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے اور زخم و ضرب کے لیے بہت مفید ہے ۔
**مومیائی نکالنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سخت محنت لینا ۔ قدیم لوگوں کا خیال تھا کہ انسان کے دماغ میں سوراخ کر کے الٹا لٹکا دیتے ہیں ۔ نیچے آگ جلا کر برتن رکھ دیتے ہیں ۔ سوراخ سے مومیائی ٹپکتی رہتی ہے ۔ اس سے یہ محاورہ بن گیا ۔
**مُوَن** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] مُنہ ۔
**مُون** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] چپ ۔ خاموشی ۔
**مون برت** ۔ [ا ۔ مذ] چپ کا روزہ ۔ خاموش رہنے کا عہد ۔
**مون** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کا بڑا گھڑا ۔
**مُونا** ۔ (مُو ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بڑا برتن ۔ گھڑا ۔ مٹکا (۲) ٹوکرا ۔ سانپ رکھنے کا پٹارا ۔
**مُونا** ۔ (مُو ۔ نا) [ہ ۔ مص] مرنا ۔ فوت ہونا ۔
**مُونچنا** ۔ (مُونْ ۔ چنا) [ق ۔ مص] میچنا ۔ بند کرنا ۔
**مَونْنا** ۔ (مَونْ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے مون ۔ چپ ۔
**مُؤنّث** ۔ (مُو ۔ اَن ۔ نَث) [ع ۔ صف] عورت ۔ مادین ۔ نر کی ضد ۔
**مُونج** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی گھاس جس کی رسی بٹی جاتی ہے ۔
**مونج کا بان** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] مونج کی بنی ہوئی باریک ڈوریاں جن سے چارپائی بنتے ہیں ۔
**مونج کی رسی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] مونج کی بنی ہوئی رسی ۔
**مونجھرہ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] گھوڑے اور گائے بھینس وغیرہ کا ایک مرض جس میں آنکھ کے نیچے ایک غدود ہو جاتا ہے اور پھوٹ کر سیاہ خون بہنے لگتا ہے ۔



Marfat.com

**مُونچھ**۔ [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے موچھ۔
**مُوندنا**۔ (مُوند۔نا) [ا۔مص] بند کرنا۔ ڈھانپنا۔ معمور کرنا۔
**مُونڈ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) سر۔ مُنڈا۔ سیس۔ ماتھا۔ مستک (۲) مونڈنا کا امر۔
**مونڈ کر کھانا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) لوگوں کی حجامت بنا کر روزی کمانا (۲) لوٹ کر کھانا۔ دھوکا دے کر مال لینا۔
**مُونڈ مارنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) گردن مارنا۔ سر کاٹنا۔ قتل کرنا (۲) سر سے مارنا۔ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ جیسے یہ پیالہ اس کے ہی مونڈ مارو۔
**مُونڈ منڈانا**۔ [ا۔محاورہ] سر گھٹانا۔ اُسترے سے سر کے بال صاف کرانا۔
**مُونڈا**۔ (مُوں۔ڈا) [ہ] (۱) ماضی مونڈنا کی (۲) [صف] منڈا ہوا۔ اُسترے سے صاف کیا ہوا۔
**مُونڈن**۔ (مُوں۔ڈن) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک رسم جس میں مسلمان ساتویں دن بچے کے بال منڈاتے ہیں۔ عقیقہ (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈائے جاتے ہیں۔
**مُونڈنا**۔ (مُونڈ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بالوں کو اُسترے سے صاف کرانا (۲) چیلا بنانا (۳) دھوکا دے کر مال مارنا۔
**مُونڈھا**۔ (مُوں۔ڈھا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کندھا۔ شانہ۔ دوش (۲) سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی۔
**مُونڈھوں کے فرشتے**۔ [ا۔مذ] کراماً کاتبین۔ کاتبِ اعمالِ انسانی۔ اعمال لکھنے والے فرشتے۔
**مُونڈھے پر بٹھانا**۔ [ا۔محاورہ] کسب کرانا۔
**مُونڈھے والی**۔ [ا۔مث] رنڈی۔ کسبی۔ پیشہ کرنے والی۔
**مُونڈی**۔ (مُوں۔ڈی) [ہ۔صف] (۱) منڈی ہوئی۔ اُسترے سے صاف کی ہوئی (۲) سر۔
**مُونڈی بھیڑ**۔ [ا۔مث] (۱) وہ بھیڑ جس کے بال کٹے ہوئے ہوں (۲) مفلس۔ قلاش۔
**مونڈی کاٹا**۔ [ا۔صف] (بد دعا) سر کٹا۔ بن سرا (۲) واجب القتل۔ مُوا۔
**مُونِس**۔ (مُو۔نِس) [ع۔صف] اُنس رکھنے والا۔ آرام دینے والا۔ ساتھی۔ دوست۔ یار۔
**مُونِسِ تنہائی**۔ تنہائی کا دوست۔ غم بٹانے والا۔ خلوت کا ساتھی۔
**مُون سُون**۔ (Monsoon) [انگ۔ا۔مث] بارش لانے والی ہوائیں۔
**مُونگ**۔ [ہ۔ا۔مث] ماش کی قسم کا ایک غلہ۔ ایک مشہور دال۔
**مُونگ پلاؤ**۔ [ا۔مذ] مونگ اور چاولوں کی کھچڑی۔
**مُونگ پھلی**۔ [ا۔مث] ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کی طرح دانے نکلتے ہیں۔
**مُونگ چھاتی پر دلنا**۔ [ا۔محاورہ] دیکھیے چھاتی پر مونگ دلنا۔
**مُونگ کی پھلیاں**۔ مونگ (غلہ) کی پھلیاں باریک ہوتی ہیں۔ لہٰذا نازک اور پتلی انگلیوں کے لیے بولتے ہیں۔
**مونگ کی دال**۔ [ا۔مث] دلے ہوئے مونگ۔
**مونگ کی دال کھانے والا**۔ [ا۔مذ] (مجازاً) (۱) بنیا۔ بقال (۲) کمزور۔ ڈرپوک۔
**مونگ مانگتے پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] فریاد کرتے پھرنا۔

**مونگ موٹھ میں چھوٹا بڑا کون**۔ [ا۔مثل] برادری میں سب برابر ہیں۔
**مونگا**۔ (مُوں۔گا) [ہ۔ا۔مذ] مرجان۔ حجر البحر۔ ایک قسم کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی کثرت سے پورے پورے جزیرے بن جاتے ہیں۔
**مونگچی۔ مُونگری۔ مُونگوری**۔ (مُونگ۔چی) (مُونگ۔ری) (مُوں۔گو۔ری) [ا۔مث] ایک قسم کا کھانا جو مُونگ سے بنایا جاتا ہے۔ مونگ کی بڑی۔
**مُونگیا**۔ (مُوں۔گی۔یا) [ہ۔صف] سیاہی مائل سبز رنگ۔
**مُونہہ**۔ [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے مُنہ۔
**مُونہاں**۔ (مُوں۔ہاں) [ہ۔ا۔مذ] گھوڑے کا ایک مرض جس سے مُنہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں۔
**مُونہا مونہی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) دو بدو جھگڑا ہونا (۲) باہم آزردگی۔ رنجش۔
**مُونی**۔ (مُو۔نی) [ا۔صف] (۱) چُپ چاپ آدمی۔ جوگیوں کا ایک فرقہ جو خاموش رہتا ہے (۲) لڑکی۔
**مُوویز**۔ (Moves) (مُو۔وِیز) [انگ۔صف] سینما۔ بائیسکوپ۔
**موہ**۔ [س۔ا۔مث] (۱) پیار۔ محبت (۲) لاڈ۔ ناز (۳) عشق۔ فریفتگی (۴) خواہش۔ لوبھ لالچ (۵) جادو۔ ٹونا۔ منتر۔
**موہ جانا**۔ [ا۔محاورہ] عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔
**موہ ردلی**۔ [ا۔صف] (۱) دھوکے میں ڈالنے والا۔ فریب دینے والا (۲) دلفریب صورت دکھا کر لبھا لینے والا۔
**موہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) لبھانا۔ عاشق بنانا (۲) پیار کرنا۔ محبت کرنا۔
**موہ لینا**۔ [ا۔محاورہ] فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنانا۔ لبھا لینا۔
**موہ میں آنا**۔ [ا۔محاورہ] عشق کے بس میں ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ سکتے میں آ جانا۔
**مُوَہِّب**۔ (مُوَ۔ہِّب) [ع۔ا۔مذ] بخشنے والا۔ دینے والا۔ خیر خیرات کرنے والا۔
**مُوہِب**۔ (مُو۔ہِب) [ع۔ا۔مث] بخشش۔ خیرات۔ جمع: مواہب۔
**موہِبَت**۔ (مُو۔ہِ۔بَت) [ع۔ا۔مث] عطا۔ بخشش۔ نذر۔ بھینٹ۔ پیش کش۔
**موہبتِ عظمیٰ**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] بہت بڑی نعمت۔ بہت بڑی بخشش۔
**موہِت**۔ (مو۔ہِت) [س۔صف] (۱) جادو سے فریفتہ کیا ہوا۔ عاشق۔ شیدا (۲) بیہوش۔ غش۔ متحیر۔
**مُوہِم**۔ (مُو۔ہِم) [ع۔صف] وہم میں ڈالنے والا۔
**مُوہن**۔ (مُو۔ہَن) [ہ۔صف] (۱) موہ لینے والا۔ فریفتہ کرنے والا (۲) دلفریب۔ دلربا۔ نہایت خوبصورت (۳) کرشن جی کا لقب۔
**موہن بھوگ**۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کی مٹھائی۔ حلوہ۔ سیرا۔ میٹھا (۲) دلپن۔ کڑاہ (۳) ایک قسم کا آم۔
**موہن لتا**۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا پودا جس کی بابت مشہور ہے کہ اس میں فریفتہ کرنے کی خاصیت ہے۔
**موہن مالا**۔ [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کے گلے کا ہار۔
**موہنا**۔ (مُوہ۔نا) [ا۔مث] (۱) فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا (۲) تسخیر کرنا۔ جادو کرنا۔
**موہنی**۔ (مُوہ۔نی) [س۔ا۔مث] موہنے والی۔ دلربا۔ نہایت خوبصورت عورت۔



Marfat.com

[illegible] پھوٹتی۔

موہب - عطیہ۔ بخشش۔ منت کا ...

موہوب لہ - جس کو ہبہ کیا جائے۔

موہوم - وہم کیا گیا۔ خیالی۔ فرضی۔

مونی - ... محبت والی۔

موبے - دیکھو موا۔

موئے و زندے برابر - مجھ سے بڑھ کر ... بڑے ہیں۔

موئی - ... بدنصیب۔ کم بخت۔

موئی بھینس کا دودھ بہت - مرنے کے بعد ... کی قدر ہوتی ہے۔

موئی مٹی - ... نہایت خستہ ...

موئی کھال کی سانس سے ... سانس جلتی ہے۔ جہاں ... خدمت ہو۔

موئی مٹی کوئی سنبھالے - ... مرے ہوئے سے تعلقات ... برقرار رہتے ہیں۔

موئی مٹی - ... نہایت خستہ ... مردہ۔

موئی مٹی کی نشانی - ... مرے ہوئے آدمی کی یادگار ... اولاد۔

موئے - ... مرا ہوا ... بدنصیب۔ کم بخت۔ خانہ خراب ...

موئے بیل کی بڑی بڑی آنکھیں - (مثل) اس موقع پر ... جب کوئی مرے ہوئے کی زیادہ تعریف کرے۔

موئے پر تین دن بھاری - (مثل) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق مرنے کے بعد تین دن تک اعمال کی پرسش ہوتی رہتی ہے۔

موئے پر سو دُرّے - (مثل) آفت زدہ پر آفت۔ مصیبت کے مارے ہوئے پر اور مصیبت ... مرنے کے بعد بھی سزا ...

موئے جان ہار - ... گرا ہوا، بیمار ... کے موقع پر کہتے ہیں۔

موئے جیتے - مردہ اور زندہ۔

موئے جیتے اکھاڑ ڈالنا - (محاورہ) مرے ہوؤں اور زندوں کے عیب نکالنا۔

موئے شیر سے جیتی بلی بھلی - (مثل) زندہ ... مرے ... سے بہتر ہے۔

موئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی - (مثل) زندوں کی سب خوشامد کرتے ہیں مرے ہوئے کا کوئی نام بھی نہیں لیتا۔

موئے کی قبر اور جیتے کا گھر - (مثل) مرے ہوئے کو قبر میں اور زندوں کو اپنے گھر میں آرام ملتا ہے۔ ہر شخص اپنے ہی مقام پر خوش رہتا ہے۔

مُوئے - دیکھو مو۔

موئیا - ... سوت کا ... سوت کی انٹی۔

موئیا سا پیٹ - نہایت نرم اور نازک پیٹ۔

مہیب - ... ہیبت ناک۔ خوفناک ... ڈراؤنا۔

موئید - تائید کیا گیا ...

موئز - ...

موہنی - ...

موہنی - ... دیکھو موہنی۔

موہنی ڈالنا - ... موہنی کا منتر پڑھ کر ... جادو کرنا۔

موہن خانہ - وہ جگہ جہاں ... جادو کیا جائے۔

## م - ہ

مہ - (ف - مذ) ماہ کا مخفف (۱) چاند۔ قمر۔ چندا (۲) مہینہ۔ مرکبات میں ... آتا ہے۔

مہ نور می فشاند و سگ بانگ می زند - (ف - مثل) چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا ہے۔ حاسد بدخواہ غل مچاتے ہیں مگر کام کرنے والے اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔

مہ نو کی نشو و نما و تمام آہستہ آہستہ - (مثل) نیا چاند آہستہ آہستہ پورا چاند ہو جاتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے۔

مہا - (صفت) بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔ سردار۔

مہان - (صفت) بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ معزز (۲) کلاں۔ عظیم (۳) خاندانی۔ شریف۔

مہا اُوت - (صفت) نہایت بیوقوف۔

مہا برہمن - بڑا برہمن۔ مُردوں کی کریا کرم کرنے والا۔

مہابلی - (صفت) بڑا طاقتور۔ نہایت زبردست۔ شہ زور۔

مہا بھارت - بڑی لڑائی۔ جنگ عظیم (۲) وہ لڑائی جو کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان کورو کشیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک جاری رہی (۳) وہ کتاب جس میں کوروؤں اور پانڈوؤں کی لڑائی کا حال لکھا ہے۔

مہا بھاگ - بڑا خوش نصیب۔ بلند اقبال (۲) خوش قسمتی۔

مہابیر - بڑا بہادر۔ ہنومان کا خطاب۔

مہاپاپ - بڑا بھاری گناہ۔

مہاپاپی - بہت بڑا گنہگار۔ فاسق و فاجر۔

مہا پرش - بڑا آدمی۔ مہاتما۔ مقدس۔ معصوم (۲) طنزاً شریر۔ عیار۔ بدمعاش۔

مہا پرشاد - تبرک۔ بھوگ۔ جگن ناتھ کا پرشاد۔

مہا پرلے - قیامت۔ دنیا کے فنا ہونے کا دن جو ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ۴۳ ارب بیس کروڑ برس کے بعد ہوتا ہے۔

مہا پکشی - الو۔ چغد۔ بوم۔

مہا پُرا - (صفت) سب گنوں میں چالاک۔ بانکا۔ چھیلا۔



Marfat.com

**مہاتل** - [ہ - ا - مذ] زمین کا پانچواں طبقہ - پانچواں پاتال -
**مہاتم** - [ہ - امذ] بڑائی - عظمت (۲) ثواب - اجر - نیک بدلہ -
**مہاتما** - [ہ - امذ] ولی - نیک آدمی (۲) اچھا - نیک - سعید -
**مہاجال** - [ہ - امذ] مچھلیوں کے پکڑنے کا بہت بڑا جال -
**مہاجن** - [ہ - امذ] بڑا آدمی (۲) دولت مند - غنی (۳) سوداگر - بیوپاری (۴) ساہوکار صراف (۵) خزانچی - ہنڈی والا -
**مہاجنتر** - [ہ - امذ] بڑا قفل - بڑا تالا (۲) کلوں کا کارخانہ -
**مہاجنی** - [ہ - امث] ساہوکاری - سوداگری -
**مہاجنی پرچہ (چٹھی)** - [ہ - امث] ہنڈی - وہ کاغذ جس پر کسی کو روپیہ دینے کا حکم لکھا ہوتا ہے -
**مہادنت** - [ہ - امث] ہاتھی یا سور کا دانت -
**مہادھات** - [ہ - امذ] سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات - سونا - چاندی -
**مہادھن** - [ہ - امذ] سونا -
**مہادیو** - [ہ - امذ] بڑا دیوتا -
**مہاڈول** - [ہ - امذ] بڑا اور عمدہ ڈولا - ایک قسم کی پالکی -
**مہاراج** - [ہ - امذ] بڑا راجہ - راجوں کا راجہ - بادشاہ (۲) برہمنوں اور ہندوؤں کے اونچے خاندانوں کا خطاب -
**مہاراجا - مہاراجہ** - [ہ - امذ] بڑا راجا - بادشاہ -
**مہاراجہ ادھیراج** - [ہ - امذ] بہت بڑا راجہ - راجوں کا راجہ - سب سے بڑا راجہ - شہنشاہ -
**مہارانی** - [ہ - امث] بڑے راجہ کی بیوی - بڑے مرتبے کی رانی -
**مہاسبھا** - [ہ - امث] بڑی انجمن (۲) ہندوؤں کی ایک مذہبی و سیاسی انجمن کا نام (۳) کھانے کا بڑا کمرہ -
**مہاسنگھ** - گنتی کا سب سے بڑا اور آخر درجہ (۲) مُردے کی کھوپڑی -
**مہاشا** - [ہ - امذ] آریہ سماجی ہندو (۲) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام -
**مہاشسیر** - [ہ - امث] ایک قسم کی بڑی مچھلی -
**مہاکالی** - [ہ - امث] درگاہ دیوی - شیو جی کی بیوی پاربتی -
**مہاکوپ** - [ہ - امث] گہرا کنواں یا غار -
**مہاکوڑھ** - [ہ - امث] برص کی بیماری - جذام -
**مہاگنی** - [ہ - امث] ایک درخت کی لکڑی -
**مہاماتر** - [ہ - امذ] مہاوت - فیلبان -
**مہامانس** - [ہ - امذ] انسان کا گوشت (۲) بیٹی -
**مہامائی** - [ہ - امث] دُرگا دیوی -
**مہامنتری** - وزیر اعظم - مدار المہام -
**مہامنڈل** - [ہ - امث] ایک قسم کا بڑا ڈولا جس میں رانیاں سوار ہوتی ہیں -
**مہانومی** - [ہ - امث] اسُوج ہندی مہینے کی اندھیری راتوں کی نویں تاریخ جس میں درگاجی کی پوجا ہوتی ہے -
**مہایاترا** - [ہ - امث] بنارس کی زیارت کے لیے جانا -
**مُہابت** - (م - ہا - بَت) [ع - امث] ڈر - خوف - ہیبت - دہشت - ہول - رعب (۲) رُف - شان و شکوہ - جاہ و جلال (۳) غصّہ - غضب (۴) متانت - سنجیدگی -
**مہابت بیٹھنا** - [ا - محاورہ] رعب سما جانا - ڈر چھا جانا - دہشت بیٹھنا -
**مُہاجر** - (م - ہا - جِر) [ع - صف] ہجرت کرنے والا - اپنے وطن کو چھوڑنے والا - (۲) وہ شخص جس نے رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مکہ سے مدینہ میں ہجرت کی (جمع) مہاجرین -
**مُہاجرت** - (م - ہا - جَ - رت) [ع - امث] ہجرت - جُدائی - مفارقت - ترکِ وطن اپنا وطن چھوڑ کر چلا جانا -
**مُہار** - (م - ہار) [ف - امث] اُونٹ کی نکیل -
**مہاراشٹر** - (م - ہا - راش - ٹر) [ہ - امذ] مرہٹوں کا وطن جو کہ دکن میں ہے - مہاجات کا ایک صوبہ
**مہارت** - (م - ہا - رَت) [ع - امث] مشق - کثرت - ربط - عادت - سبھاؤ (۲) ہاتھ لاد دخل - لیاقت - دسترس - پہنچ - رسائی (۳) اُستادی - کاریگری - ہنرمندی (۴) تیزدستی چابکدستی (۵) علم و شعور - وقوف - قابلیت - واقفیت -
**مہاسا** - (م - ہا - سا) [ہ - امذ] جوانی کی پھنسی - وہ دانے جو عہدِ شباب میں منہ پر نکل آتے ہیں -
**مہاسے نکلنا** - [ا - محاورہ] جوشِ جوانی کے سبب منہ پر پھنسیاں نکل آنا -
**مُہال** - (م - ہال) [ہ - امث] شہد کی مکھیوں کا چھتہ
**مُہالک** - (م - ہا - لک) [ع - امث] مہلکہ کی جمع - خوفناک جگہیں - ہلاک ہونے کے مقامات -
**مُہام** - (م - ہام) [ع - امذ] مہم کی جمع - بڑے بڑے کام -
**مُہانا** - (م - ہا - نا) [ہ - امذ] دریا کا دہانہ (۲) وہ مقام جہاں دو دریا ملیں -
**مہاوت** - (م - ہا - وَت) [ہ - امذ] مہاماتر - فیل بان
**مہاوٹ** - (م - ہا - وٹ) [ہ - امث] جاڑے کی بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے -
**مہاوٹ برسی اور ساڑھی سرسی** - [ا - مثل] ماگھ کے مہینے میں بارش ہونے سے فصل بہت اچھی ہو جاتی ہے -
**مُہاور - مہاوڑ** - (م - ہا - وَر) (م - ہا - وَڑ) [ہ - امذ] ایک قسم کا سُرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے -
**مَہبط** - (مَہ - بط) [ع - امذ] اُترنے کی جگہ - (جمع) مہابط -
**مہت** - [س - صف] بڑا - جلیل القدر - معزز - ماننے کے قابل (۲) بڑائی - بزرگی - (۳) لاڈ - پیار - ناز -
**مہتا** - (مہ - تا) [ہ - امذ] سردار - زمیندار (۲) کاتب - محرر - منشی -
**مہتاب** - (مہ - تاب) [ف - امث] چاندنی - چاند کی روشنی (۲) چاند - قمر - ماہ - (۳) ایک قسم کی آتش بازی -
**مہتاب کا کھیت کرنا** - چاند طلوع ہونا -
**مہتابی** - (مہ - تا - بی) [ف - امث] ایک قسم کی آتش بازی (۲) کم خواب - زربفت تمامی - بادلہ (۳) کٹہرے دار بڑا اونچا چبوترا -
**مہتاری** - (مہ - تا - ری) [ہ - امث] ماں - والدہ - ماتا - مائی -
**مُہتدی** - (مُہ - تَ - دا) [ع - صف] ہدایت کیا گیا -
**مُہتدی** - (مُہ - تَ - دی) [ع - امذ] ہدایت پانے والا - سیدھے رستے پر چلنے والا -



Marfat.com

**مِہتَر** ۔ (مہ ۔ تر) [ف ۔ ا ۔ مذ] سب سے بڑا ۔ بزرگ ۔ سردار ۔ سرگروہ ۔ آقا ۔ مالک امیر (۲) (اُر) خاکروب ۔ بھنگی ۔ حلال خور (۳) چمار ۔ موچی (۴) بھٹیارا ۔

**مِہترانی** ۔ (مہ ۔ تر ۔ رانی) [اُر ۔ ا ۔ مث] حلال خوری ۔ بھنگن (۲) چماری (۳) بھٹیاری ۔

**مُہتَمِم** ۔ (مہ ۔ تَ ۔ مِم) [ع ۔ ا ۔ مذ] اہتمام کرنے والا ۔ منتظم ۔ سربراہ کار ۔

**مُہتَمِمی** ۔ (مُہ ۔ تَ ۔ مِ ۔ مِی) [ف ۔ ا ۔ مذ] مہتمم کا کام ۔ مینجری ۔

**مَہتو** ۔ (مَہ ۔ تو) [ہ ۔ ا ۔ مذ] گاؤں کا نمبردار ۔ چودھری (۲) وہ شخص جسے زمین کا مالک لگان وصول کرنے کیلیے مقرر کرے ۔ ایجنٹ (۳) گاؤں کا چوکیدار (۴) محرر ۔ منشی ۔

**مَہجُور** ۔ (مَہ ۔ جُور) [ع ۔ صف] جُدا ۔ چھوڑا گیا ۔ فراق زدہ ۔ جمع ۔ مہجورین ۔

**مَہجُوری** ۔ (مَہ ۔ جُو ۔ ری) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] ہجر ۔ جدائی ۔ فراق ۔ مفارقت ۔

**مَہد** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] پنگورا ۔ پالنا ۔ گہوارہ ۔ ہنڈولا ۔ جھولا ۔ (۲) بستر ۔ بچھونا (۳) (مجازاً) ڈولا ۔ محافہ ۔ محمل ۔ پالکی ۔ چھپر کھٹ ۔ مسہری ۔

**مَہد سے لحد تک** ۔ [ا ۔ تابع فعل] بچپن سے مرتے دم تک ۔

**مَہد علیا** ۔ اُونچے اور رتبے والی بیگم ۔ پردہ دار ۔ عُلیا حضرت تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کی بیگموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

**مَہدی** ۔ (مَہ ۔ دی) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] راہ نما ۔ پیشوا ۔ ہادی ۔ رہبر (۲) مسلمانوں کے بارھویں امام جن کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا ۔

**مُہَذَّب** ۔ (مُ ۔ ہذ ۔ ذب) [ع ۔ صف] تہذیب دیا گیا ۔ تہذیب یافتہ ۔ شائستہ ۔ خلیق نیک خصلت ۔ عیبوں سے پاک ۔

**مَہر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے ۔ حق زوجیت ۔ کابین ۔

**مہر باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مہر کی رقم مقرر کرنا ۔

**مہر بخشنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مہر معاف کرنا ۔

**مہر بندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مہر مقرر ہونا ۔

**مہر شرعی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق مرد کی حیثیت دیکھ کر مقرر کیا جائے ۔

**مہر فاطمہ رض** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] حضرت فاطمہ رض کا مہر جو کہ چار مثقال چاندی کا تھا جس کے تقریباً ڈیڑھ صد روپیہ ہوتے ہیں (مجازاً) مہر قلیل ۔

**مہر مثل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ مہر جو عورت کے ددھیال میں رائج ہو ۔

**مہر معجل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے ۔

**مہر مؤجل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے ۔ وہ مہر جس کی مدت مقرر ہو اور فی الفور ادائیگی ضروری نہ ہو ۔

**مہر نامہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] نکاح نامہ ۔ وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مہر کی مقدار لکھی جاتی ہے ۔

**مِہر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] محبت ۔ حُب ۔ دوستی ۔ الفت ۔ پیار ۔ شفقت (۲) ہمدردی رحم (۳) ترس (۴) ممتا ۔ الفت مادری (۵) آفتاب ۔ سورج ۔ شمس ۔ (۶) شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام جو ہندی اسوج اور انگریزی ستمبر کے مطابق ہوتا ہے (۷) ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ یا سولھواں دن ۔

**مہربان** ۔ [ف ۔ صف] محبت کرنے والا ۔ رفیق ۔ شفیق (۲) توجہ کرنے والا ۔ عنایت سے پیش آنے والا (۳) دوست ۔ یار ۔

**مہربان (کرنا، کر دینا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] مہربان کرنا ۔ توجہ دلانا ۔ نرم دل کر دینا ۔

**مہربانِ من** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] میرے کرم فرما ۔

**مہربان ہو جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) رحم دل ہونا ۔ ترس کھانا (۲) خوش ہونا راضی ہونا ۔

**مہربانی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] عنایت ۔ شفقت ۔ نوازش ۔ کرپا (۲) توجہ ۔ التفات دھیان ۔ خیال ۔

**مہربانی سے پیش آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اخلاق سے پیش آنا ۔ اچھا برتاؤ کرنا ۔ عنایت فرمانا ۔

**مہربانی نامہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] عنایت نامہ ۔ الطاف نامہ ۔ دوستانہ خط ۔

**مہر جبیں (طلعت)** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] حسین ۔ خوب صورت ۔ سورج کی شکل والا ۔ معشوق ۔

**مہر کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] مہربانی کرنا ۔ فضل کرنا ۔

**مہر کی نظر** ۔ [ا ۔ مث] عنایت اور مہربانی کی نگاہ ۔

**مہر گستر** ۔ [ف ۔ صف] کمال مہربانی کرنے والا ۔

**مہر گیا (گیاہ)** ۔ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ انسانی چہرے سے مشابہ ہوتی ہے ۔ (۲) سورج مکھی کا پھول ۔

**مہر گیتی افروزہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] آفتاب ۔

**مہر ورز** ۔ عاشق ۔

**مہر وش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] حسین ۔ معشوق ۔

**مہر و محبت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] محبت اور شفقت ۔

**مہر ہے پر دودھ نہیں** ۔ [ا ۔ مثل] بڑی ظاہرداری ہے ۔ لینا دینا کچھ نہیں ۔

**مُہر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] چھاپ ۔ کسی چیز پر کھدا ہوا نام (۲) خاتم ۔ انگوٹھی (۳) اشرفی ۔ سونے کا ایک سکہ ۔

**مُہر اُٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مُہر کا نقش ابھرنا ۔ مہر کا نمایاں ہونا ۔

**مُہر بردار** ۔ [ف ۔ صف] وہ شاہی ملازم جس کے پاس مُہر خاص رہتی ہے ۔ محافظِ مُہر ۔

**مُہر برلب** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] خاموش ۔

**مُہر بند** ۔ [ف ۔ صف] جسے مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو ۔

**مُہر ثبت کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مُہر لگانا ۔

**مُہر حاکم** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث] مہر منصفی ۔ مہر عدالت ۔

**مُہر خاص** ۔ (روشنی) [ف ۔ ا ۔ مث] انگوٹھی کی مُہر جو ہر وقت اپنے قبضہ میں رہے ۔

**مُہر خاموشی (سکوت)** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] چُپ ۔ سکوت ۔

**مُہر دار** ۔ [ف ۔ صف] دیکھیے ۔ مہر بردار ۔

**مُہر وہاں ۔ مُہر دہن ۔ مُہر سکوت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] دیکھیے ۔ مُہر خاموشی ۔

**مُہر سجدہ** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث] خاک شفا کی ٹکیہ جسے اہل شیعہ نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں

**مُہر سلیمان (سلیمانی)** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] حضرت سلیمان کی مُہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا اسی کی وجہ سے دیو ۔ جن ۔ پری وغیرہ اس کے مطیع تھے ۔

**مُہر شاہی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بادشاہ کی مہر ۔ گورنمنٹ کی چھاپ ۔

**مُہر کرنا (لگانا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] کاغذ پر چھاپ لگانا (۲) سر بند کرنا ۔ بند کرنا (۳)



Marfat.com

تصدیق کرنا۔ گواہی دینا۔
مُہر کن۔ [ف۔ا۔مذ] مہر کھودنے والا۔
مُہر نامہ۔ مُہر جو اعتبار کے لیے کاغذ کی پیشانی پر کردیتے ہیں۔
مُہر نبوّت۔ [ف۔ع۔ا۔مث] نقش نبوّت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا۔
مُہر وصل۔ [ف۔ا۔مث] وہ مہر جو اعتبار کے لیے بڑے کاغذوں پر مقام وصل یعنی جوڑوں پر کردیتے ہیں۔
مُہر ہو جانا (ہونا)۔ [ا۔محاورہ] تصدیق ہو جانا۔
مُہریں لُٹیں کوئلوں پر مُہر۔ [ا۔مثل] اس موقع پر کہتے ہیں جہاں جہاں بڑی رقمیں خرچ کردی جائیں لیکن ذرا ذرا سے خرچ پر کنجوسی برتی جائے۔
مَہرا۔ (مَہ۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کہار۔ ڈولی یا پالکی اُٹھانے والا (۲) کہاروں کا افسر۔
مِہرا۔ (مِہ۔را) [ہ۔صف] زنانہ۔ وہ شخص جو زنانہ لباس پہنے اور زنانی بولی بولے۔
مُہرا۔ (مُہ۔را) [ہ۔ا۔مذ] سامنا۔ آگا (۲) نشانہ۔ زد۔
مُہرا آنکنا۔ [ا۔محاورہ] آواز کسنا۔ طعنہ دینا۔ چھیڑنا۔ اشارتاً طنز کرنا۔
مُہرے پر رکھنا۔ [ا۔محاورہ] سامنے رکھنا۔ نشانے پر رکھنا۔ زد پر رکھنا۔
مِہرارُو۔ (مِہ۔را۔رُو) [ہ۔ا۔مث] عورت۔ جورو۔ بیوی۔
مُہرانہ۔ (مُہ۔را۔نہ) [ف۔ا۔مذ] وہ رقم جو کاغذ پر سرکاری مُہر لگانے کے عوض لی جائے۔
مَہرَوان۔ (مَہ۔رَوان) [ق] مہربان۔
مُہرہ۔ (مُہ۔رہ) [ف۔ا۔مذ] کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ (۲) شطرنج کا مُہرہ۔ گوٹ (۳) کوڑی۔ سیپ۔ صدف (۴) ایک قسم کا پتھر (۵) سانپ کا من (۶) گردن اور ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا (۷) لہاروں سناروں کا ہتھوڑا (۸) ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے۔ (۹) تریاق جیسے زہر مُہرہ۔
مُہرہ باز۔ [ف۔صف] شعبدہ باز۔ عیّار۔
مُہرہ بازی۔ [ہ۔ا۔مث] شعبدہ بازی۔ جادو کا کھیل۔
مُہرہ دبانا۔ [ا۔محاورہ] مہرہ روکنا۔ سدِّ راہ ہونا۔ روکنا۔
مُہرہ کرنا۔ [ا۔محاورہ] گھوٹنا پھیرنا۔ چمکانا۔
مُہرہ لینا۔ [ا۔محاورہ] کسی کام کا بیڑا اٹھانا۔
مُہرہ مار۔ وہ پتھر جس کی بابت مشہور ہے کہ مار گزیدہ کے زخم سے سانپ کا زہر چوس لیتا ہے۔
مُہرہ نماز۔ دیکھیے۔ مہر سجدہ۔
مَہری۔ (مَہ۔ری) [ہ۔ا۔مث] کہارن۔ کہار کی بیوی۔
مُہری۔ (مُہ۔ری) [ف۔صف] مُہر کیا ہوا۔ مُہر لگا ہوا (۲) گھوٹا۔ پھیرا۔
مُہری۔ (مُہ۔ری) [ہ۔ا۔مث] موری۔ بدرو۔ نالی (۲) بندوق کا سوراخ۔ نال (۳) آستین یا پائجامہ کا منہ۔
مِہری۔ (مِہ۔ری) [ق] معشوق۔

مُہرے آنا۔ [ا۔مص مرکب] آگے آنا۔
مَہزُوم۔ (مَہ۔زُوم) [ع۔صف] شکست کھایا ہوا۔ شکست دیا ہوا۔
مَہک۔ [ہ۔ا۔مث] خوشبو۔ میٹھی باس۔ نکہت۔
مَہک جانا۔ [ا۔محاورہ] خوشبو میں بس جانا۔ معطّر ہو جانا۔
مَہکانا۔ (مَہ۔کا۔نا) [ا۔مص] خوشبو پھیلانا۔ خوشبودار کرنا۔
مَہکنا۔ (مَہک۔نا) [ا۔مص] خوشبو پھیلنا۔ معطّر ہونا۔ خوشبو میں بسنا۔
مَہکیلا۔ (مَہ۔کی۔لا) [ہ۔صف] خوشبودار۔ مہکتا ہوا۔
مُہلت۔ (مُہ۔لت) [ع۔ا۔مث] دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقّف۔ (۲) فرصت۔ چھٹی۔ تعطیل۔
مُہلت دینا۔ [ا۔مص مرکب] ڈھیل دینا۔ موقع دینا۔ اجازت دینا۔
مُہلت ملنا۔ [ا۔مص مرکب] فرصت ملنا۔ چھٹی ملنا۔ وقت حاصل ہونا۔ موقع ملنا۔
مَہلَک۔ (مَہ۔لک) [ع۔ا۔مث] ہلاک ہونے کی جگہ۔ جان جوکھوں کا موقع۔
مُہلِک۔ (مُہ۔لِک) [ع۔ا۔مذ و صف] ہلاک کرنے والا۔ مار ڈالنے والا۔ قتل کرنے والا۔ قاتل۔ سخت ضرر رساں۔
مُہلِک بیماری۔ [ع۔ا۔مذ] ہلاک کر دینے والا مرض۔ خطرناک بیماری۔
مَہلُکہ۔ (مَہ۔لُ۔کہ) [ع۔ا۔مذ] ہلاکت کی جگہ۔ جمع۔ مہالک۔
مُہِم۔ (مُ۔ہِم) [ع۔ا۔مذ] بڑا کام۔ بھاری کام۔ معرکے کا کام۔ مشکل کام (۲) جنگ۔ لڑائی۔ جمع۔ مہمات۔
مہم جیتنا۔ [ا۔محاورہ] مشکل کام کو سرانجام دینا (۲) جنگ فتح کرنا۔
مہم سر کرنا۔ [ا۔محاورہ] لڑائی فتح کرنا (۲) نہایت سخت اور دشوار کام آسان کر لینا۔
مَہما۔ (مَہ۔ما) [ہ۔ا۔مث] بڑائی بزرگی۔ عظمت۔ شان و شوکت (۲) مہربانی۔ عنایت مروّت۔ نوازش (۳) مدح۔ تعریف و توصیف۔
مہما سے بولنا۔ [ا۔محاورہ] نرمی اور مہربانی سے بات کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔
مہما کرنا۔ [ا۔محاورہ] تعریف و توصیف کرنا (۲) تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ خاطر مدارت کرنا۔
مُہِمّات۔ (مُ۔ہِم۔مات) [ع۔ا۔مذ] مہم کی جمع (۱) بڑے بڑے کام (۲) لڑائیاں۔ جنگیں۔
مِہماز۔ (مِہ۔ماز) [ف۔ا۔مذ] وہ خاردار پھرکی جو سواروں کے جوتوں کی ایڑی میں گھوڑوں کو ایڑ لگانے کے لیے لگی ہوتی ہے۔ مہمیز۔
مِہمان۔ (مِہ۔مان) [ف۔ا۔مذ] جو آدمی کچھ عرصہ کے لیے کسی کے یہاں آکر ٹھہرے (۲) دعوت میں آنے والا۔ جمع۔ مہمانان۔
مہمان اُترنا۔ [ا۔محاورہ] بچہ پیٹ میں آنا۔ حمل ٹھہرنا۔
مہمان خانہ۔ [ف۔ا۔مذ] مہمانوں کے ٹھہرنے کا مکان۔ مہمان سرا۔ مسافر خانہ۔
مہمان دار۔ [ف۔صف] جس کے یہاں کوئی مہمان آئے۔ میزبان (۲) وہ شخص جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر مقرر ہو۔
مہمان داری۔ [ف۔ا۔مث] مہمان نوازی۔ مہمان رکھنا۔ مہمان کی خاطر تواضع



Marfat.com

**مہمان سرا**۔ [ف۔ ا۔ مث] دیکھیے مہمان خانہ۔
**مہمان طفیلی**۔ [ف۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو مہمان کے ساتھ میزبان کے یہاں آ جائے۔
**مہمان عزیز**۔ [ف۔ ا۔ مذ] ذی عزّت مہمان۔
**مہمان کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] مہمان رکھنا۔ گھر بلانا۔
**مہمان نواز**۔ [ف۔ صفت] مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔
**مہمان نوازی**۔ [ف۔ ا۔ مث] مہمانوں کی خاطر تواضع۔
**مہمانی**۔ (مِہ۔ ما۔ نی) [ف۔ ا۔ مث] (۱) مہمانوں کی خاطر تواضع۔ مہمان داری۔ مہمان نوازی۔
**مہمانی کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] دعوت کرنا۔ مہمان بلانا۔ ضیافت کرنا۔ کسی کو کھانا کھلانا۔
**مُہمَل**۔ (مُہ۔ مَل) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا (۲) بیکار۔ نکمّا (۳) بیہودہ فضول (۴) بے معنی۔ لغو۔ نامُراد (۵) سُست۔ مجہول۔ احدی۔ کاہل (۶) وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔
**مُہمَلات**۔ (مُہ۔ مَ۔ لات) [ع۔ ا۔ مث] مہملا کی جمع۔ بیہودگیاں۔ فضول باتیں۔
**مُہمَلا**۔ (مُہ۔ مَ۔ لا) [ع۔ صفت] دیکھیے مہمل۔ وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔ غیر منقوط۔
**مُہمَند**۔ (مُہ۔ مَند) [ف۔ ا۔ مذ] پٹھانوں کی ایک قوم جو پاکستان و افغانستان کی سرحد پر اور افغانستان میں آباد ہے۔
**مہموز**۔ (مَہ۔ مُوز) [ع۔ ا۔ مذ] معیوب۔ عیب دار (۲) عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرفوں میں سے ایک یہ ہمزہ ہو۔
**مہموم**۔ (مَہ۔ مُوم) [ع۔ صفت] مغموم۔ غمگین۔ اندوہگین
**مہمیز**۔ (مَہ۔ میز) [ع۔ ا۔ مذ] دیکھیے مہماز۔
**مہمیز خور**۔ [ف۔ صفت] وہ گھوڑا جسے مہمیز کھانے کی عادت پڑ گئی ہو۔ اڑیل ٹٹو۔
**مہمیز کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] ایڑ لگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگا کر چلانا۔
**مِہنا**۔ (مِہ۔ نا) [س۔ ا۔ مذ] طعنہ۔ تشنیع۔ سرزنش۔ اُردو میں طعنہ مہنا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔
**مہنامت**۔ (مِہ۔ نا۔ مَت) [ہ۔ ا۔ مث] رونا پیٹنا۔ بلبلانا۔
**مُہنال**۔ (مُہ۔ نال) [ہ۔ ا۔ مث] دیکھیے منہ نال۔
**مہنت**۔ (مَ۔ ہَنت) [س۔ ا۔ مذ] جوگی۔ گُسائیں۔ سادھوؤں کا سردار (۲) بہت موٹا آدمی۔ موٹا بھینس (۳) (طنزاً) شراراتی آدمی۔ بگلا بھگت۔
**مہنتائی**۔ (مَ۔ ہَن۔ تائی) [ہ۔ ا۔ مث] مہنت کا کام۔
**مُہنّد**۔ (مُ۔ ہَن۔ نَد) [ع۔ صفت] دوسری زبان کا لفظ جس میں لفظی یا معنوی تصرّف کرکے ہندی بنا لیا گیا ہو جیسے۔ رپلاٹ سے رپٹ۔
**مُہندِس**۔ (مُ۔ ہَن۔ دِس) [ع۔ ا۔ مذ] ہندسہ دان۔ علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا ماہر (۲) نجومی۔ جوتشی۔ جمع۔ مہندسین۔
**مہندس فلک**۔ [ف۔ ا۔ مذ] رکتا تھا۔ زحل ستارہ۔
**مہندی**۔ (مِہن۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] دیکھیے مہندی۔
**مہنگا**۔ (مَہن۔ گا) [ہ۔ صفت] گراں۔ قیمتی۔ زیادہ مول کا۔
**مہنگا سمال**۔ [ا۔ مذ] گرانی کا زمانہ۔ قحط۔ کال۔
**مہنگا ہونا**۔ گراں ہونا۔ زیادہ قیمت سے بکنا۔
**مہنگی**۔ (مَہن۔ گی) [ہ۔ ا۔ مث] گراں۔ اُونچے داموں کی۔ قیمتی۔
**مَہوا**۔ (مَہ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] ایک درخت جس کا پھل کھاتے بیجوں کا تیل نکالتے اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔
**مہوا ٹپکنا**۔ [ا۔ محاورہ] مہوے کے پھلوں کا درخت سے گرنا۔
**مُہُور**۔ (مُ۔ ہُور) [ق۔ ا۔ مث] مُہر۔
**مُہُورت**۔ (مُ۔ ہُو۔ رَت) [ہ۔ ا۔ مذ] دن کا تیسواں حصہ۔ اڑتالیس منٹ (۲) مبارک گھڑی۔ شگن۔ وقت۔ موقع۔ علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت۔
**مہورت دیکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کام کے لیے ستاروں کی چال کے مطابق مبارک وقت معلوم کرنا۔
**مہورت کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کام کو اچھی گھڑی دیکھ کر ہاتھ لگانا۔ ساعت سعید میں کوئی کام کرنا۔
**مُہُوس**۔ (مُ۔ ہُو۔ وِس) [ع۔ ا۔ مذ] لالچی۔ حریص۔ ہوس ناک (۲) (اُر) کیمیا گر۔ سونا چاندی بنانے والا۔
**مُہُوسی**۔ (مُ۔ ہُو۔ وِ۔ سی) [اُر۔ ا۔ مث] لالچ۔ حرص (۲) کیمیا گری۔
**مہوک**۔ (مَ۔ ہُوک) [ہ۔ ا۔ مذ] کوئل کی قسم کا ایک پرند۔
**مہون**۔ [ق۔ ا۔ مذ] مہینہ۔
**مَہی**۔ (مَ۔ ہی) [س۔ ا۔ مث] زمین۔ دلیس۔ ولایت (۲) چھاچھ۔
**مہیّا**۔ (مُ۔ ہَے۔ یا) [ع۔ ا۔ مذ] تیار۔ آمادہ۔ لیس۔ حاضر۔
**مہیا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] موجود کرنا۔ حاضر کرنا۔ تیار کرنا۔
**مَہیب**۔ (مَ۔ ہیب) [ع۔ ا۔ مذ] خوفناک۔ خطرناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک (صحیح لفظ میم کے زبر سے ہے۔
**مُہیج (مُہیّج)**۔ [ع۔ صفت] اُٹھانے والا۔ ہیجان خیز۔ غبار پیدا کرنے والا۔
**مہیر**۔ (مَ۔ ہیر) [ہ۔ ا۔ مذ] گھی کا میل (۲) چھاچھ میں اُبلے ہوئے چاول یا کوئی اور اناج۔
**مہیرو**۔ (مَ۔ ہے۔ رُو) [ہ۔ ا۔ مذ] دیکھیے مہیر۔
**مہیری**۔ (مَ۔ ہے۔ ری) [ہ۔ ا۔ مث] چھاچھ میں پکا ہوا دلیا باجرہ وغیرہ۔
**مہیریان**۔ دیکھیے۔ ریان [ق۔ ا۔ مث۔ جمع] بالوں کی پٹیاں۔ لٹیں۔
**مہیش**۔ (مَ۔ ہیش) [س۔ ا۔ مذ] بڑا دیوتا۔ شیوجی کا نام۔ مہادیو جی۔ مارنے والا دیوتا۔
**مہیلا**۔ (مَ۔ ہی۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] گھوڑوں کے لیے اُبلا ہوا دانہ جس میں گڑ بھی ملایا جاتا ہے۔ سانی (۲) (تشبیہاً) نہایت بے مزہ کھانا۔
**مہین**۔ (مَ۔ ہین) [اُ۔ صفت] باریک۔ پتلا۔ رقیق (۲) نازک۔ ناز پروردہ۔ کومل (۳) (ع۔ صفت) لاغر۔ ضعیف۔
**مہین آواز**۔ [ا۔ مث] باریک آواز۔ نرم آواز۔
**مہینا**۔ (مَ۔ ہی۔ نا) [اُر۔ ا۔ مذ] ماہ۔ ماس۔ تیس یا اس سے کم دنوں کا عرصہ۔ سال کا بارھواں حصہ (۲) تنخواہ۔ وظیفہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔ ماہوار۔ ماہانہ۔ درماہہ۔
**مہینا بھاری ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] مہینہ منحوس ہونا۔
**مہینا بھر**۔ [ا۔ صفت] تمام مہینہ۔ پورے مہینے تک۔
**مہینا چڑھنا**۔ [ا۔ صفت] کسی کے ذمے مہینے کی تنخواہ کا واجب ہو جانا۔



Marfat.com

مشابہ ہونا۔ ملنا (۲) حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزر جانا۔

مہینا دار۔ [س۔ ف۔ ا۔ مذ] ماہانہ تنخواہ کا نوکر۔

مہینے سے ہونا۔ [ا۔ محاورہ] حیض سے ہونا۔ ایّام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

مہینے کے مہینے۔ [ا۔ تابع فعل] ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔ چاند کے چاند۔

مہیندی۔ دیکھئے۔ ندی۔ [ق۔ ا۔ مث] مہندی۔

## م ۔ ئ

مئی۔ (م۔ ای) [ہ۔ ا۔ مذ] ہل چلتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا پھٹرا۔

مئی۔ (May) (م۔ ای) [انگ۔ ا۔ مذ] عیسوی سن کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

## م ۔ ی ۔ ے

مے۔ [ف۔ ا۔ مث] شراب۔ خمر۔ بادہ۔ دارو۔ دختِ رز۔ مُل۔ صُہبا۔ بنت العنب۔

مئے آتشین۔ [ف۔ ا۔ مث] سرخ رنگ کی شراب۔

مے آشام۔ [ف۔ صف] شراب پینے والا۔

مے (اڑانا) اُڑنا۔ [ا۔ محاورہ] شراب پینا۔

مے انگوری۔ [ف۔ ا۔ مث] انگور کی بنی ہوئی شراب۔

مے پرتگال۔ مے پرتگالی۔ [ف۔ ا۔ مث] ایک قسم کی شراب جو پرتگال میں بنائی جاتی ہے۔

مے پرست۔ [ف۔ صف] (۱) شراب کی پرستش کرنے والا (۲) شراب پینے والا۔ شراب خوار۔

مے پرستی۔ [ف۔ ا۔ مث] شراب خوری۔ بادہ پیمائی۔ مے نوشی۔

مے خانہ۔ [ف۔ ا۔ مذ] میکدہ۔ شراب خانہ۔

مے خوار۔ مے کش۔ مے گسار۔ مے نوش۔ [ف۔ صف] شرابی۔ شراب پینے والا۔

مے خواری۔ مے کشی۔ [ف۔ ا۔ مث] شراب نوشی۔

مے خوش۔ [ف۔ صف] کھٹ مٹھا (۲) انار جو کھٹ مٹھا ہو۔

مے ڈھلنا۔ [ا۔ محاورہ] شراب بوتل سے نکلنا۔

مئے طہور۔ [ف۔ ع۔ ا۔ مث] پاک شراب۔ جنت کی شراب۔

مے فروش۔ [ف۔ صف] شراب بیچنے والا۔ کلال۔

مے فروشی۔ [ف۔ ا۔ مث] شراب بیچنا۔

مے کافور۔ [ف۔ ا۔ مث] شراب جس میں حدت گھٹانے کے لیے کافور ملا دیتے ہیں۔

مے گوں۔ [ف۔ صف] شراب کے رنگ کا۔ سُرخ۔ لال۔

مئے ناب۔ [ف۔ ا۔ مث] خالص شراب۔

مئے وصل مئے وصلت۔ [ف۔ صف] کنایہ ہے مباشرت سے۔

میا۔ [ا۔ مث۔ ق] محبت۔

مّیا۔ (مّی۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] ماں کی تصغیر۔ امّاں۔ والدہ۔

میّا بادا مرگئے آپ ہی دہر یا کر گئے۔ [ا۔ مثل] بے سوچے سمجھے بیٹی کو بدمزاج کے ساتھ بیاہ دینا۔

میات۔ [ا۔ مث۔ ق] مات۔ شکست۔

میان۔ (م۔ یان) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بیچ۔ وسط۔ درمیان (۲) کمر (۳) نیام تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ۔

میان بالا۔ [ف۔ صف] متوسط قد۔ درمیانی ڈیل کا آدمی۔

میان تہی۔ [ف۔ ا۔ مث] وہ بستر جس کے ابرے اور استر کے بیچ میں روئی کی تہ ہو۔

میان دو آب۔ [ف۔ ا۔ مذ] دو دریاؤں کے بیچ کی زمین۔ دو آبہ۔

میان سے باہر ہونا۔ (نکلنا)۔ [ا۔ محاورہ] (۱) تلوار کا نیام سے نکلنا (۲) غصّہ کے سبب آپے سے باہر ہو جانا۔ آپے میں نہ رہنا۔

میان سے کھینچنا۔ (لینا)۔ [ا۔ محاورہ] مرنے مارنے پر تیار ہو جانا۔ تلوار میان سے باہر کر لینا۔

میان میں کرنا۔ [ا۔ محاورہ] (۱) تلوار کو غلاف میں کرنا (۲) صلح کرنا۔ لڑائی سے باز آنا۔

میاں۔ (م۔ یاں) [ف۔ ا۔ مذ] امیراں بہ معنی سردار کا مخفف (۱) آقا۔ والی۔ وارث۔ خداوند۔ مالک۔ سرکار۔ حضور۔ حاکم۔ سردار (۲) صاحبزادہ۔ بیٹا (۳) خاوند۔ شوہر۔ خصم (۴) جناب۔ جناب عالی (۵) یار۔ دوست۔ بھائی (۶) استاد۔ معلم۔ مدرس۔ پڑھانے والا (۷) شہزادہ۔ صاحب عالم۔ امیر زادہ۔ کنور (۸) پہاڑی راجاؤں کے خاندان کے لوگ۔

میاں آدمی۔ [ا۔ مذ] نیک آدمی۔ بھلا مانس۔ شریف آدمی۔

میاں بھائی۔ [ا۔ مذ] (۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ محبت جو برابر والے یا چھوٹے کو سمجھاتے وقت استعمال کرتے ہیں۔

میاں بیوی۔ [ا۔ مذ۔ مث] زن و شوہر۔ خاوند بیوی۔

میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی۔ [ا۔ مثل] جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات ہو سکتا ہے۔

میاں پھریں لال گلال بیوی کے بُرے احوال۔ [ا۔ مثل] شوہر تو باہر چھیلا بنے پھرتے ہیں گھر میں بیوی کے پاس کچھ نہیں۔

میاں جی۔ [ا۔ مذ] استاد۔ معلم۔ مدرس پڑھانے والا۔

میاں جی گری۔ [ا۔ مث] (۱) بچے پڑھانے کا پیشہ یا نوکری (۲) پیام رسانی۔ قاصدی (۳) کٹنا پا۔ دلّالی۔

میاں صاحب۔ [ا۔ مذ] (۱) حضرت سلامت۔ جناب عالی (۲) پیر و مرشد۔ قبلہ و کعبہ (۳) عابد و زاہد۔

میاں کا دم اور کوا لڑکی جوڑی۔ [ا۔ مثل] بہت عزیب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔



Marfat.com

**میاں کماؤ بیوی اُڑاؤ** ۔ [ا۔ مثل] شوہر کما کما کر لاتا ہے اور بیوی فضول خرچی میں ختم کر دیتی ہے۔

**میاں کی جوتی میاں کا سر** ۔ [ا۔ مثل] آدمی اپنے ہاتھوں کے کیے سے لاچار ہے۔

**میاں کی داڑھی واہ ہی واہ میں گئی** ۔ [ا۔ مثل] بے فائدہ اور بے نتیجہ خرچ کے موقع پیدا لیتے ہیں۔

**میاں کے میاں گئے۔ بُرے بُرے پیسنے آئے** ۔ [ا۔ مثل] نقصان پر نقصان ہوا مصیبت پر مصیبت آئی۔

**میاں گھر نہیں بیوی کو ڈر نہیں** ۔ [ا۔ مثل] (۱) ننگ و ناموس کیونکر سلامت رہے (۲) مالک کی غیر موجودگی میں بے اعتدال ماتحتوں کے طرزِ عمل پر بولتے ہیں۔

**میاں گئے رَوند بیوی گئیں پٹ روند** ۔ [ا۔ مثل] خاوند گھر سے باہر جائیں تو بیوی بھی چل دیتی ہیں۔ اس عورت کے لیے کہتے ہیں جو شوہر کے باہر جاتے ہی گھر سے نکل کھڑی ہوتی ہے۔

**میاں مِٹّھو** ۔ [ا۔ مذ] (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنیوالا۔ پیار سے طوطے کو کہتے ہیں (۲) جانور سیدھا سادا بھولا۔ بھالا۔ سادہ لوح (۳) اپنی تعریف آپ کرنے والا۔

**میاں مٹھو بنا دینا (بنانا)** ۔ [ا۔ محاورہ] طوطے کی طرح رٹا دینا۔ بے سمجھے الفاظ ازبر کرا دینا۔

**میاں مٹھو پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو** ۔ [ا۔ مثل] کام کرنا ہے تو کرو نہیں تو رخصت ہو۔

**میاں مودھو ہیں** ۔ [ا۔ مثل] بیوقوف ہیں۔ احمق ہیں۔

**میاں ناک کاٹنے کو پھریں بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو** ۔ [ا۔ مثل] ایک کا کچھ مطلب ہو دوسرا کچھ سمجھے۔ ایک دوسرے سے بیزار ہو اور وہ اُس سے اپنی خواہشات پوری کرنے کا طلب گار ہو۔

**میانا** ۔ (مِ۔ یا۔ نا) [اُ۔ ا۔ مذ] ڈولا۔ پینس۔ پالکی۔ سُکھ پال (۲) گاڑی کی بَلّی۔ بانس۔ بم۔

**میانہ** ۔ (مِ۔ یا۔ نہ) [ف۔ صف] بیچ۔ وسط۔ متوسط درجے کا۔ منجھلا (۲) معتدل۔ درمیانی بیچ کا (۳) [ا۔ مذ] کیلی۔ دُھری۔ مرکز۔

**میانہ رو** ۔ [ف۔ صف] متوسط چال چلنے والا۔ وہ جو قول و فعل میں زیادتی اختیار کرے نہ کمی۔

**میانہ روی** ۔ [ف۔ ا۔ مث] اوسط درجہ کی روش۔ کفایت شعاری۔ اعتدال۔

**میانہ قد** ۔ [ف۔ صف] متوسط قد۔ نہ لمبا نہ کوتاہ۔

**میانہ گیر** ۔ [ف۔ صف] اعتدال پسند۔ افراط و تفریط سے دور رہنے والا۔

**میانی** ۔ (مِ۔ یا۔ نی) [اُ۔ ا۔ مث] دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا۔

**میاؤں** ۔ (مِ۔ یا۔ اُوں) [ہ۔ ا۔ مث] بلی کی آواز۔

**میاؤں کو کون پکڑے گا** ۔ [ا۔ مثل] زبردست پر ناتوانوں کا زور نہیں چلتا۔

**میاوَنت** ۔ [ا۔ صف۔ ہ] محبت والا۔

**میپ** ۔ (Map) [انگ۔ ا۔ مذ] ملک یا زمین کا نقشہ۔

**مِیت** ۔ [ق۔ ا۔ مذ] دوست۔

**میّت** ۔ (مِی۔ یَت) [ع۔ ا۔ مث] جنازہ۔ مردہ۔ لاش۔ نعش۔ بیجو۔ موتی۔

**میت** ۔ (میت) [ہ۔ ا۔ مث] یار۔ دوست۔ شفیق۔ مشفق (۲) عاشق۔ معشوق۔

**میتا** ۔ (می۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذ] گھڑا (۲) پیالہ۔

**میتھڈ** ۔ (Method) (مے۔ تھڈ) [انگ۔ ا۔ مذ] طریقہ۔ سلیقہ۔ قاعدہ ترتیب۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔

**میتھی** ۔ (مے۔ تھی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کا خوشبودار ساگ۔

**میتیلن** ۔ (مے۔ تین) [ف۔ ا۔ مث] چھینی۔ ٹانکی۔ رچی۔

**میٹ** ۔ (Mate) [انگ۔ ا۔ مذ] ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی (۲) قلیوں کا افسر مزدوروں کا جمعدار۔

**مُیٹر** ۔ (مے۔ ٹر) [ق۔ ا۔ مذ] احاطہ۔

**میٹر** ۔ (Meter) (می۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ۔

**میٹرک** ۔ (میٹ۔ رِک) [اُ۔ ا۔ مذ] انگریزی لفظ میٹریکولیٹ کا مخفف۔ دسویں جماعت۔

**میٹرن** ۔ (Metron) (میٹ۔ رَن) [انگ۔ ا۔ مث] شفاخانہ یا مدرسے کی منتظم۔

**میٹرولاجسٹ** ۔ (Meteorologist) (میٹ۔ رو۔ لا۔ جسٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] موسموں کے علم کا ماہر۔

**میٹرولاجی** (Meteorology) (مے۔ ٹرو۔ لا۔ جی) [انگ۔ صف] علم حوادث سماوی۔ موسموں کا علم۔

**میٹریکولیٹ** ۔ (Matriculate) (میٹ۔ ری۔ کو۔ لیٹ) [انگ۔ صف] دسویں جماعت پاس کیا ہوا۔

**میٹریکولیشن** ۔ (Matriculation) (میٹ۔ ری۔ کو۔ لے۔ شن) [انگ۔ ا۔ مذ] انگریزی کی دسویں جماعت۔ انٹرنس۔

**میٹل** ۔ (Metal) (مے۔ ٹل) [انگ۔ ا۔ مذ] دھات۔ فلز (۲) سڑک کی کنکر۔

**میٹنا** ۔ (میٹ۔ نا) [ہ۔ مص] برباد کرنا۔ مٹانا۔ خاک میں ملانا۔ نیست و نابود کرنا۔

**میٹنگ** ۔ (Matting) (مے۔ ٹنگ) [انگ۔ ا۔ مث] چٹائی۔ بوریا۔

**میٹنگ** (Meeting) (می۔ ٹنگ) [انگ۔ ا۔ مث] جلسہ۔ بزم۔ مجلس۔ سبھا (۲) میل۔ ملاقات۔ ملنا۔ اتصال (۳) مجمع۔ کمیٹی۔ پنچایت۔

**میٹنی** ۔ Matinee (میٹ۔ نی) [انگ۔ ا۔ مذ] سہ پہر کا تماشا۔ شو۔

**میٹھا** ۔ (می۔ ٹھا) [ہ۔ صف] شیریں (۲) مزے دار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ (۳) سست رفتار۔ ڈھیلا۔ دھیما۔ کاہل۔ کند ذہن (۴) [ا۔ مذ] شیرینی۔ مٹھاس۔ مٹھائی۔ (۵) گڑ۔ قند (۶) حلوہ (۷) نرم۔ ہلکا (۸) ایک قسم کا شیریں لیمو (۹) بردبار آدمی وہ شخص جسے غصہ نہ آئے (۱۰) فائدہ۔ نفع۔ لالچ (۱۱) زنانہ۔ زنخہ (۱۲) ایک قسم کا کپڑا (۱۳) ایک قسم کا زہر۔

**میٹھا آدمی** ۔ [ا۔ محاورہ] شیریں کلام آدمی۔ بُردبار یا حلیم شخص۔

**میٹھا اور بھر کٹوری** ۔ [ا۔ مثل] اچھی چیز اور بہت سی (۲) زیادہ ہوس کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

**میٹھا برس۔ میٹھا سال** ۔ [ا۔ مذ] عمر کا اٹھارواں سال۔ چونکہ عورتیں اٹھارویں سال کو منحوس سمجھتی ہیں۔ اس لیے بطور شگون نیک یہ نام رکھ لیا ہے۔



Marfat.com

**میٹھا بولنا** ۔[ا۔ محاورہ] شیریں کلامی سے گفتگو کرنا۔ نرمی سے بات چیت کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔
**میٹھا پانی** ۔[ا۔ مذ] آبِ شیریں (۲) لیمونیڈ۔
**میٹھا ٹہیلا** ۔[ا۔ مذ] گھوڑے کی ہلکی چال جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سست۔
**میٹھا تمباکو** ۔[ا۔ مذ] پینے کا تمباکو جس میں گڑ زیادہ ڈالتے ہیں۔
**میٹھا تیل** ۔[ا۔ مذ] تلوں کا تیل۔
**میٹھا تیلیا** ۔[ا۔ مذ] ایک پودا جس کی جڑ زہریلی ہوتی ہے۔ سنکھیا۔
**میٹھا ٹھگ** ۔[ا۔ مذ] میٹھی میٹھی باتیں کرکے ٹھگنے والا۔ جھوٹا دوست۔ خوشامدی دوست۔
**میٹھا درد** ۔[ا۔ مذ] ہلکا ہلکا درد۔ دھیما درد۔
**میٹھا زہر** ۔[ا۔ مذ] ایک قسم کا زہر۔
**میٹھا مُنہ** ۔[ا۔ مذ] تلوار یا چھری کی کند دھار (۲) کسی میٹھی چیز کا مُنہ میں ڈالنا (۳) منگنی کی رسم۔
**میٹھا مُنہ کرانا** ۔[ا۔ محاورہ] مٹھائی کھلانا (۲) شکرانہ دینا (۳) رشوت دینا۔
**میٹھا مُنہ کرنا** ۔[ا۔ محاورہ] مٹھائی کھانا (۲) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔
**میٹھا میٹھا** ۔[ا۔ صفت] کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔ ہلکا ہلکا۔
**میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو** ۔[ا۔ مثل] اچھی اچھی چیز لے لینا اور بُری سے پرہیز کرنا۔
**میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے** ۔[ا۔ مثل] اگر نرمی سے کام نکل سکتا ہے تو سختی کیوں کی جائے۔
**میٹھے کھٹے کو جی چاہنا ۔ کھٹے میٹھے کو جی چاہنا** ۔[ا۔ محاورہ] اجابت کی رغبت ہونا۔ بہتری کی خواہش ہونا۔
**میٹھے کے لالچ میں جھوٹا کھاتے ہیں** ۔[ا۔ مثل] نفع کی طمع میں سخت کلامی اور سختی برداشت کرتے ہیں۔
**میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے** ۔[ا۔ مثل] الگ کسی طرح سے۔
**میٹھے میں سلونا ملانا** ۔[ا۔ محاورہ] بدمزگی پیدا کرنا۔
**میٹھے والے** ۔[ا۔ مذ] وہ ٹھگ جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر مار ڈالتے تھے۔
**میٹھی** ۔(ری۔ ٹھی)[ہ۔ صفت] میٹھا کی تانیث۔ شیریں۔
**میٹھی آنکھوں سے دیکھنا** ۔[ا۔ محاورہ] محبت بھری نگاہ سے دیکھنا۔
**میٹھی بات** ۔[ا۔ مث] ملائم بات۔ نرم بات۔ دلچسپ گفتگو۔
**میٹھی باتیں کرنا** ۔[ا۔ محاورہ] نرمی سے بولنا۔ مزے کی باتیں کرنا۔
**میٹھی بارٹھ** ۔[ا۔ مث] کم تیز اور کند دھار۔ موٹی دھار۔
**میٹھی بولی** ۔[ا۔ مث] شیریں زبانی۔ ملائم اور نرم گفتگو۔
**میٹھی جڑی (لکڑی)** ۔[ا۔ مث] ملٹھی۔ اصل السوس۔
**میٹھی چتون** ۔[ا۔ مث] پیاری پیاری نظر۔
**میٹھی چھری** ۔[ا۔ مث] جو شخص بظاہر دوست اور بباطن دشمن ہو۔ دوست نما دشمن۔ مارِ آستین۔
**میٹھی چھری زہر کی بجھی** ۔[ا۔ مثل] ظاہر میں نرم کلام۔ دل میں دشمنی۔
**میٹھی عید** ۔[ا۔ مذ] عید الفطر۔

**میٹھی گالی** ۔[ا۔ مث] وہ گالی جو تلخ نہ گزرے۔ معشوق کی گالی۔
**میٹھی مار** ۔[ا۔ مث] باطنی تکلیف۔ وہ مار جس سے نشان ظاہر نہ ہو۔ گُپت مار۔
**میٹھی مار دینا** ۔[ا۔ محاورہ] اندرونی طور سے مارنا۔ اس طرح مارنا کہ چوٹ ظاہر نہ ہو۔
**میٹھی مراد** ۔[ا۔ مث] اچھی مراد۔
**میٹھی میٹھی باتیں کرنا** ۔[ا۔ محاورہ] دیکھیے میٹھی باتیں کرنا۔
**میٹھی میٹھی پھوار** ۔[ا۔ مث] ہلکی ہلکی پھوار۔
**میٹھی نظر (نگاہ)** ۔[ا۔ مث] محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر۔
**میٹھی نظریں ۔ میٹھی میٹھی نظریں ۔ (نگاہیں)** ۔[ا۔ مث] محبت والفت کی نگاہیں (۲) عاشقانہ نگاہیں۔
**میٹھی نیند** ۔[ا۔ مث] خوابِ راحت۔ خوابِ نوشیں۔ سُکھ کی نیند۔
**میثاق** ۔(رکہ۔ ثاق)[ع۔ ا۔ مذ] قول و قرار۔ وعدہ وپیماں۔ معاہدہ۔ جمع: مواثیق۔
**میجر** ۔(Major) (مے۔ جَر)[انگ۔ ا۔ مذ] ایک فوجی عہدہ جو کپتان سے اوپر اور لفٹیننٹ کرنل سے نیچے ہوتا ہے۔
**میجسٹی** ۔(Majesty) (مے۔ جَس۔ ٹی)[انگ۔ ا۔ مث] شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ دبدبہ۔ رعب داب۔ کروفر (۲) منصبِ شاہی۔
**میجک** ۔(Magic) (مے۔ جِک)[انگ۔ صفت] علمِ تسخیر۔ جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ افسوں۔
**میجک لینٹرن** ۔[انگ۔ ا۔ مث] وہ لالٹین جس سے اندھیرے میں چلتی پھرتی تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔
**میجنا ۔ میچنا** ۔(میج۔ نا، میچ۔ نا)[ہ۔ ف۔ مع] ہاتھ سے ملنا۔ مسلنا (۲) ملانا۔ آمیزش کرنا (۳) رگڑنا۔ صاف کرنا (۴) گوندھنا۔
**میجیشن** ۔(Magician) (مے۔ جی۔ شَن)[انگ۔ ا۔ مذ] جادوگر۔ ساحر۔ افسوں گر۔
**میچ** ۔(Match)[انگ۔ ا۔ مث] مقابل۔ حریف (۲) مثیل۔ جواب (۳) ہمسر۔ ہم پلہ (۴) مقابلہ۔ مقابلہ کار (۵) جوڑا۔ دولہا دلھن۔
**میچ بکس** ۔[ا۔ مذ] دیاسلائی کی ڈبیہ۔
**میچ کرنا (کھیلنا)** ۔[ا۔ محاورہ] کسی کھیل میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
**میچنا** ۔(میچ۔ نا)[ہ۔ ف۔ مع] آنکھ بند کرنا۔
**میخ** ۔[ف۔ ا۔ مث] کیل۔ پیگ (۲) کھونٹی۔ کھونٹا۔ چوب۔
**میخ اکھاڑنا** ۔[ا۔ محاورہ] کھونٹا اکھاڑنا۔ سواروں کا ایک کرتب جس میں وہ گھوڑا دوڑاتے ہوئے گڑی میخ کو اکھاڑ لے جاتے ہیں۔
**میخ ٹھونکنا** ۔[ا۔ محاورہ] کیل جڑنا (۲) دبانا۔ مغلوب کرنا (۳) ہاتھ پاؤں میں کیل ٹھونکنا۔ صلیب پر چڑھانا۔ ایسی سزائیں پہلے زمانے میں دی جاتی تھیں۔
**میخ چو** ۔ میخ ٹھونکنے کا آلہ۔ موگری۔
**میخ دی میخچو نہیں دیا** ۔[ا۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے بہایت قیمتی چیزیں دے دے لیکن لینے والا کوئی حقیر سی شے نہ ملنے پر شکایت کرے۔
**میخ مارنا** ۔[ا۔ محاورہ] کیل ٹھونکنا۔ کھونٹی گاڑنا (۲) مغلوب کرنا۔ ہرانا۔ شکست دینا۔ بھانجی مارنا (۳) نقب لگانا۔
**مَیدان** ۔(مے۔ دان)[ف۔ ا۔ مذ] صاف اور وسیع سطح زمین۔ چٹیل زمین کا ہموار زمین (۲) رَن۔ لڑائی۔ مقابلہ۔ جنگ (۳) جوہریوں کی اصطلاح میں جواہرات



Marfat.com

طول و عرض (۴) قلم کا ترشا ہوا حصّہ۔

**میدان جانا۔** [ا۔ محاورہ] جنگل جانا۔ پاخانے جانا۔ قضائے حاجت کے لیے باہر جانا۔

**میدانِ جنگ۔** (صف آرائی۔ کارزار) ۔[ف۔ ا۔ مذ] لڑائی کا کھیت۔ وہ جگہ جہاں لڑائی ہو۔

**میدان جیتنا۔** [ا۔ محاورہ] جنگ فتح کرنا۔ معرکہ سر کرنا۔

**میدان چھوڑ جانا۔** (چھوڑنا) ۔[ا۔ محاورہ] جگہ چھوڑنا۔ میدان دینا۔ جگہ فراخ کرنا (۲) لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا۔

**میدانِ حشر۔** [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] وہ میدان جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کے لیے جمع ہوں گے۔

**میدان خالی ہونا۔** [ا۔ محاورہ] میدان میں حریف نہ ہونا۔ کوئی مدِ مقابل یا روکنے ٹوکنے والا نہ ہونا۔

**میدان داری۔** [ف۔ ا۔ مث] لڑائی۔ جنگ۔

**میدان داری کرنا (ہونا)۔** [ا۔ محاورہ] لڑائی کرنا۔ جنگ ہونا۔

**میدان دینا۔** [ا۔ محاورہ] جگہ دینا۔ رستہ دینا۔ جگہ چھوڑنا۔ پرے ہٹنا۔ لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا۔

**میدان روکنا۔** [ا۔ محاورہ] میدان پر قابض رہنا۔

**میدان رہنا۔** [ا۔ محاورہ] جنگ رہنا۔ معرکہ رہنا۔

**میدان سے قدم اُکھڑنا۔** [ا۔ محاورہ] ہمت ہارنا۔

**میدان صاف ہے۔** [ا۔ محاورہ] کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں ہے۔

**میدان کا دھنی۔** [ا۔ مذ] شجاع۔ بہادر۔

**میدانِ کارزار۔** [ف۔ ا۔ مذ] میدانِ جنگ۔

**میدان کرنا۔** [ا۔ محاورہ] مکان وغیرہ کو گرا کر زمین ہموار کرنا (۲) لڑنا۔ جنگ کرنا۔ صف آرائی کرنا (۳) مجمع کو منتشر کرنا۔

**میدان مارنا۔** [ا۔ محاورہ] لڑائی جیتنا۔ معرکے میں فتح پانا۔

**میدان مانگنا۔** [ا۔ محاورہ] وسعت چاہنا۔

**میدانِ محشر۔** [ف۔ ا۔ مذ] وہ مقام جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کتاب کے لیے جمع ہوں گے۔

**میدان میں آنا۔** [ا۔ محاورہ] لڑنے کو نکلنا۔ سامنے آنا۔ مقابلے پر آنا۔

**میدان میں اُترنا۔** [ا۔ محاورہ] اکھاڑے میں آنا۔ لڑنے کو سامنے آنا۔

**میدان میں جھنڈا گاڑنا۔** [ا۔ محاورہ] فتح حاصل ہونا

**میدان ہاتھ سے جانا۔** [ا۔ محاورہ] ہار ہونا۔ شکست کھانا۔ موقع نکل جانا۔

**میدان ہاتھ میں آنا (رہنا)۔** [ا۔ محاورہ] فتح پانا۔ لڑائی جیتنا۔

**میدان ہاتھ ہونا۔** [ا۔ محاورہ] سرسبز ہونا۔ کامیاب ہونا۔ فتحیاب ہونا۔

**میدان ہونا۔** [ا۔ محاورہ] لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ مقابلہ ہونا۔

**میدانی۔** (مے۔ دا۔ نی) [ف۔ صفت] میدان کے متعلق (۲) [ا۔ مث] صحن مکان میں نصب کرنے والی لالٹین (۳) [مذ] نقیب۔

**میدنی۔** (مے۔ د۔ نی) [س۔ ا۔ مث] زمین۔ دھرتی (۲) وہ زمین جس پر پاپیادہ چل کر کسی مقدس مقام تک جاتے ہیں۔

**میدہ۔** (مے۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذ] نہایت باریک آٹا۔

**میدہ سا۔** [ف۔ صفت] میدے کی مانند۔ نہایت باریک۔

**میدہ کی لوئی۔** [ا۔ مث] نہایت نرم پیٹ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

**میدہ لکڑی۔** [ا۔ مث] ایک بوٹی جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

**میدہ و شہاب۔** [ف۔ ا۔ مذ] خوبصورت آدمی۔ سُرخ و سفید۔

**میدھ۔** (مے۔ دھ) [ہ۔ ا۔ مذ] قربانی۔

**میڈل۔** (Medal) (مے۔ ڈل) [انگ۔ ا۔ مذ] تمغہ۔

**میڈم۔** (Madam) (مے۔ ڈم) [انگ۔ ا۔ مذ] بیگم۔ خاتون۔ بانو۔ خانم۔

**میڈیسن** (Medicine) (مے۔ ڈی۔ سن) [انگ۔ ا۔ مث] دوا۔ پینے یا کھانے کی دوا۔

**میڈیکل۔** (Medical) (مے۔ ڈی۔ کل) [انگ۔ صفت] دوا کے متعلق۔ طبی۔ ڈاکٹری سے نسبت رکھنے والا۔

**میڈیکل کالج۔** [انگ۔ ا۔ مذ] جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جائے۔ ڈاکٹری کی اعلیٰ درس گاہ۔

**میڈیم۔** (Medium) (می۔ ڈی۔ ام) [انگ۔ ا۔ صفت] درمیانی درجہ۔ درمیانی منزل۔ اوسط (۲) لوازم۔ زندگی (۳) ذریعہ۔ وسیلہ (۴) وہ باؤلر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو اور نہ زیادہ ہلکی۔

**میئر۔** (Mayor) (مے۔ اَر) [انگ۔ ا۔ مذ] رئیس۔ بلدیہ۔ کارپوریشن کا صدر۔

**میر۔** [ف۔ ا۔ مذ] افسر۔ سردار۔ سرگروہ۔ سالار۔ چودھری۔ مقدم (۲) ہادی۔ راہ نما۔ پیشوائے دین (۳) سیّدوں کا اعزازی لقب (۴) شہزادہ (۵) تاش کا بادشاہ۔

**میرِ آب۔** [ف۔ ا۔ مذ] آب دریا کا محافظ۔

**میرِ آتش۔** [ف۔ ا۔ مذ] داروغۂ توپ خانہ۔

**میر آخور۔** [ف۔ ا۔ مذ] داروغۂ اصطبل۔

**میرِ بار۔** [ف۔ ا۔ مذ] وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کے دربار میں آنے کی اجازت اپنے اطمینان پر دیتا ہے۔

**میرِ بحر۔** [ف۔ ا۔ مذ] امیر البحر۔ میر آب۔ جہازی سپہ سالار (۲) دریا کے گھاٹ کا داروغہ۔ بندرگاہوں کا منتظم۔

**میرِ بحری۔** [ف۔ ا۔ مث] (۱) امیر البحر کا عہدہ (۲) بحری فوج کا انتظام کرنے والا محکمہ۔

**میر بخشی۔** [ف۔ ا۔ مذ] تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدے دار۔

**میر بھجڑی۔** [ف۔ ا۔ مذ] ہیجڑوں کا ایک نامعلوم مورثِ اعلیٰ۔

**میر بھجڑی کی کڑھائی۔** [ا۔ مث] وہ پکوان جسے ہیجڑے کسی کو اپنے فرقے میں شامل کرتے وقت تیار کرکے اپنے مورثِ اعلیٰ کی نیاز دلاتے ہیں۔

**میر تُزک۔** [ف۔ ا۔ مذ] سپہ سالار۔ فوج کا انتظام کرنے والا۔

**میر جی۔** میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب۔ سید صاحب کی جگہ بھی بولتے ہیں۔

**میر حاج۔** [ف۔ ا۔ مذ] حاجیوں کا سردار۔

**میرِ دفتر۔** [ف۔ ا۔ مذ] کسی دفتر کا افسر۔

**میر دہ۔** [ف۔ ا۔ مذ] دس آدمیوں کا سردار۔ قاصدوں اور چوبداروں کا سردار (۲) گاؤں کا سردار۔ نمبردار۔ مقدم (۳) جریب کش (۴) ایک افغان قوم۔

**میر دیوان۔** [ف۔ ا۔ مذ] سررشتہ دار۔ نائب پیشکار۔

**میر سامان۔** [ف۔ ا۔ مذ] بادشاہوں یا امیروں کے کھانے کا انتظام کرنے والا۔



Marfat.com

مہتمم مطبخ (۲) خان سامان ۔ بکاول ۔
**میر شکار** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ ملازم شاہی جسے شکاری جانوروں کی نگرانی سپرد ہو ۔
**میر عرب** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] مراد حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔
**میر عرض** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] بادشاہی ملازم جو لوگوں کو عرض و معروض پیش کرے ۔ عرض بیگی ۔
**میر عمارت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] مہتمم تعمیرات ۔ انجینیر ۔
**میر فرش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ فرش جو پتھر کو دبانے کے لیے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں ۔
**میر قافلہ (کارواں)** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] قافلے کا سردار ۔
**میر کلام** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] نہایت اچھا مقرر ۔ جادو بیان خطیب ۔
**میر مجلس، میر محفل** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] صدر جلسہ ۔ صدر نشین بزم ۔ پریسیڈنٹ ۔
**میر محکمہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] صیغے یا رشتے کا افسر ۔
**میر محلہ** ۔ محلے کا چودہری ۔ کسی کوچے کا سردار ۔
**میر مشاعرہ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] محفل مشاعرہ کا صدر ۔
**میر مطبخ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] باورچی خانے کا مہتمم ۔
**میر منزل** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جو لشکر کے آگے آگے چل کر پڑاؤ کا انتظام کرتا ہے ۔
**میر منش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] نازک مزاج ۔
**میر منشی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] سررشتہ دار ۔ پیشکار اعلیٰ ۔ صدر محرر ۔
**میر میدان** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] بہادر ۔ دلاور ۔ شجاع ۔
**میرا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] زمین کی وہ قسم جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوتی ہے ۔
**میرا** ۔ (مے ۔ را) [ہ ۔ ض] اپنا ۔ اپنی ذات کا ۔ خود کا ۔
**میرا باپ سخی تھا پر اسے مجھ سے آزاد کرتا تھا** ۔ [ا ۔ مثل] شیخی خورے کی بابت بولتے ہیں جو آپ تو کسی قابل نہ ہو مگر بزرگوں کی باتوں پر گھمنڈ کرتا پھرے ۔
**میرا بس چلے تو تجھے کچا چبا جاؤں** ۔ [ا ۔ مثل] سخت غصے کی حالت میں کہتے ہیں ۔
**میرا بھائی ہے** ۔ [ا ۔ مذ] اپنا عزیز ہے ۔ میرا پیارا ہے ۔
**میرا تیل منطق نہیں پڑھا ہوا** ۔ [ا ۔ مثل] سیدھے سادے آدمی اپنے کام سے غرض رکھتے ہیں ۔ فضول جھگڑوں میں نہیں پڑتے ۔
**میرا تیرا** ۔ [ا ۔ کلمہ ضمیر] اجنبیت اور بیگانگی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
**میرا جی** ۔ (دل ۔ خوشی) ۔ [ا ۔ مذ] کسی کا تجھ پر کیا زور ہے جو میری خوشی ہو وہ کرتا ہوں ۔
**میرا حلوہ کھائے ۔ میرا ماتم کرے ۔ میرا مردہ دیکھے ۔ میرا موا مردہ دیکھے** (سخت قسم) اگر میرا نہ مانے تو مجھے مرا ہوا دیکھے ۔
**میرا ذمہ** ۔ میں اس بات کا ذمہ دار ہوں ۔
**میرا سلام ہے** ۔ [ا ۔ محاورہ] میں باز آیا ۔ مجھے منظور نہیں ۔ خدا بچائے ۔
**میرا شیر** ۔ (بہادر ۔ سورما) ۔ [ا ۔ مذ] کبھی دل بڑھانے کے لیے اور کبھی طنزاً کہتے ہیں ۔
**میرا کام آپ کا نام** ۔ میرا مطلب حل ہو جائیگا اور آپ کی ناموری ہوگی ۔
**میرا کیا گیا** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میرا کیا نقصان ہوا ۔ ہمارا کیا بگڑا ۔
**میرا گیا نہ اپنا گیا** ۔ [ا ۔ مثل] میرے کام کا دکھ نہ اپنے کام کا ۔

**میرا لہو پیے** ۔ [ا ۔ قسم] (سخت قسم) میرا خون بہائے ۔ مجھے قتل کرے ۔
**میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مجھے اسی وقت اندیشہ ہوا تھا ۔ میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا ۔
**میرا مردہ اب بھی تیرے زندے پر بھاری ہے** ۔ [ا ۔ مثل] میں مجبوری میں بھی تجھ سے بہتر کام کر سکتا ہوں ۔
**میرا منہ نہیں** ۔ [ا ۔ محاورہ] میرا حوصلہ نہیں ۔ مجھے طاقت نہیں ۔ میری زبان میں اتنی طاقت نہیں ۔
**میری توبہ** ۔ [ا ۔ مقولہ] میں بیزار ہوں ۔ میں باز آیا ۔
**میری جوتی سے** ۔ [ا ۔ مقولہ] میری بلا سے ۔
**میری طرف سے** ۔ میری جانب سے (۲) میرے نزدیک ۔
**میرے آگے نام نہ لو** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میں اتنا متنفر ہوں کہ نام بھی نہیں سننا چاہتا ۔
**میرے پوت کی ملبی ملبی باہنیں** ۔ [ا ۔ مثل] اپنی چیز کو ہر ایک سراہتا ہے ۔
**میرے پھول کرے** ۔ [ا ۔ تابع فعل] دیکھیے میرا مردہ دیکھے ۔
**میرے دونوں بیٹھے** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میرا ہر طرح فائدہ ہے (۲) مجھے دونوں عزیز ہیں ۔
**میرے ساتھ ضد ہے** ۔ [ا ۔ روزمرہ] ہمیشہ میرے خلاف کام کرتا ہے ۔
**میرے سامنے آ سکتے ہیں؟ مجھ سے آنکھیں ملا سکتے ہیں** ۔ [ا ۔ روزمرہ] کیا طاقت ہے؟ کیا مجال ہے جو میرے روبرو ہوں ۔
**میرے لال کے سو سو یار ۔ دُھنیا ۔ جلاہے اور منہیار** ۔ [ا ۔ مثل] اس شخص کے متعلق بولتے ہیں جس کی دوستی معمولی لڑکوں کے ساتھ ہو ۔
**میرے للّہ (لال) کی الٹی ریت ۔ ساون ماس اٹھاویں بھیت** ۔ [ا ۔ مثل] الٹے مت والے کی بابت کہتے ہیں جو بے موقع کام کرے ۔
**میرے منہ سے** ۔ [ا ۔ تابع فعل] میری خاطر سے ۔ میرے طفیل سے ۔ میری وجہ سے ۔
**میرے ہی سے آگ لائی نام رکھا بیسندر** ۔ [ا ۔ مثل] اس شخص کی بابت استعمال کرتے ہیں جو کسی کا نام لیکر کوئی چیز حاصل کرے اور پھر اسی سے چھپائے ۔
**میرے سے سو راجا کے نہیں اور راجا میرا منگتا** ۔ [ا ۔ مثل] شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی کسی چیز پر گھمنڈ کرے ۔
**میراث** ۔ (می ۔ راث) [ع ۔ ا ۔ مث] ورثہ ۔ ترکہ ۔ وہ جائداد وغیرہ جو مرنے والے کی طرف سے حقداروں کو ملے ۔
**میراثن** ۔ (می ۔ را ۔ ثن) [ار ۔ ا ۔ مث] گانے والی ۔ ڈومنی ۔ مطربہ ۔ میراثی کی بیوی ۔
**میراثی** ۔ (می ۔ را ۔ ثی) [ار ۔ ا ۔ مذ] گویا ۔ ڈوم ۔ مطرب ۔ مغنی ۔ گانے بجانے والی ایک قوم ۔
**میراں** ۔ (می ۔ راں) [ف ۔ ا ۔ مذ] سرداروں کا سردار ۔ بہت بڑا امیر ۔ بہت بڑا بزرگ ۔
**میراں جی** ۔ [ا ۔ مذ] حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظمؒ کا لقب (۲) ربیع الآخر کا مہینہ ۔
**میراں جی کا چاند** ۔ [ا ۔ مذ] سنہ ہجری کا چوتھا مہینہ ربیع الآخر جس میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز ہوتی ہے ۔ گیارہویں کا مہینہ ۔
**میرزا** ۔ (میر ۔ زا) [ف ۔ ا ۔ مذ] امیر زادہ ۔ رئیس زادہ ۔ مغل زادہ (۲) مغلوں کا لقب ۔



Marfat.com

**میرزا منش** ۔ [ف ۔ صف] شہزادوں جیسی خُو بُو والا ۔ نازک مزاج ۔ شاہانہ مزاج کا آدمی ۔ تُنک مزاج ۔

**میرزائی** ۔ (میر ۔ زا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) شہزادگی ۔ بزرگی ۔ شرافت ۔ عالی خاندانی ۔ نجابت (۲) تکبّر ۔ نازک مزاجی ۔ ناز ۔ گھمنڈ (۳) کُرتی ۔ صدری واسکٹ ۔ نیم جامہ (۴) مرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا ۔

**میرُوقی** ۔ (ے ۔ رُو ۔ قی) [ا ۔ مث ۔ ق] عوام ناز ۔

**میری** ۔ (ری ۔ ری) [اُ ۔ ا ۔ مذ] سب پر فوقیت لیجانے والا جو سب میں اوّل رہے ۔

**میری** ۔ (ے ۔ ری) [اُ ۔ صف] میرا کی تانیث ۔

**میری آنکھوں سے دیکھو** ۔ [ا ۔ مثل] اس نظر خصوصیت سے دیکھو جو مجھ کو حاصل ہے ۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کسی اچھی بُری چیز میں تمیز نہ کر سکے ۔

**میری بلّی اور مجھی سے میاؤں** ۔ [ا ۔ مثل] میرا مطیع اور مجھی سے مقابلہ کرے ۔

**میری بھتی کھائے** ۔ [ا ۔ قسم] دیکھیے میرا حلوہ کھائے ۔

**میری پاپوش سے** ۔ (پیزار سے ۔ جوتی سے) ۔ [ا ۔ روزمرہ] مجھے کچھ پروا نہیں ۔

**میری توبہ** ۔ [ا ۔ قسم] میں باز آیا ۔ میں بیزار ہوں ۔

**میری جان گئی** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میں مرا ۔ میری زندگی چلی ۔ میری جان پر آبنی ۔ مجھے نہایت تکلیف ہے ۔

**میری جوتی سے** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میری بلا سے ۔

**میری جوتی میرے ہی سر** ۔ [ا ۔ مثل] ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غُرّائے ۔ ہماری رقم ہمیں پر خرچ کر کے اپنا نام چاہے ۔

**میری دائی کو کوستی ہے** ۔ [ا ۔ مثل] مجھے کوستی ہے ۔

**میری سنو** ۔ [ا ۔ روزمرہ] میری بات یا نصیحت یا مشورہ غور سے سُنو ۔

**میری سی میرے آگے تیری سی تیرے آگے** ۔ [ا ۔ مثل] ہر ایک کے سامنے پہنچ کر اُسی کی ہاں میں ہاں ملانا ۔

**میری طرف بھی دیکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] میرا بھی لحاظ کرنا ۔ مجھ پر بھی نظرِ عنایت رکھنا ۔

**میری مرغی کی تین ٹانگ** ۔ [ا ۔ مثل] اپنی چیز کی تعریف ۔

**میڑا** ۔ (ے ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بُجتے ہوئے کھیت کی زمین کو ہموار کرنے کا تختہ ۔ سہاگہ ۔

**میڑا پھیرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بُجتے ہوئے کھیت کی زمین کو تختہ پھیر کر ہموار کرنا ۔

**میز** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] لکڑی کا اُونچا تختہ جس پر کھانا رکھ کر کھاتے ہیں یا لکھنے کا کام کرتے ہیں ۔ ٹیبل ۔

**میزبان** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ شخص جس کے یہاں مہمان آئے ۔ مہمان دار ۔

**میزبانی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مہمان کی تواضع ۔ مہمان نوازی ۔ مہمان کی خدمت ۔

**میز لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] میز پر کھانا چُننا ۔

**میزاب** ۔ (می ۔ زاب) [ع ۔ ا ۔ مذ] پرنالہ

**میزان** ۔ (می ۔ زان) [ع ۔ ا ۔ مث] ترازو (۲) تُلا راس ۔ آسمان کا ساتواں بُرج (۳) جمع ۔ مجموعہ ۔ جوڑ ۔

**میزانِ اعمال (عدل)** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] مسلمانوں کے عقیدے میں وہ میزان جس میں قیامت کے روز لوگوں کے اعمال تولے جائیں گے ۔

**میزان پٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) موافقت ہونا (۲) سودا ہونا ۔ بھاؤ بتنا (۳) رائے ملنا ۔

**میزان دینا، لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جوڑنا ۔ جمع کرنا ۔ جوڑ لگانا ۔

**میزانِ کُل** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] تمام عددوں یا رقموں کا مجموعہ ۔

**میزان کھڑی ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] میزان قائم ہونا ۔

**میزان ملنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] موافقت ہونا ۔ رائے ملنا ۔ مزاج ملنا ۔

**میزانیہ** ۔ (مہ ۔ زا ۔ نِ ۔ یہ) [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] بجٹ ۔ آمد و خرچ کا تخمینہ ۔

**میزائیل** ۔ (Missile) [انگ ۔ مث] دیکھیے مزائل ۔

**میس** ۔ (Mess) [انگ ۔ ا ۔ مذ] کھانا ۔ خوراک ۔ طعام (۲) اکٹھے کھانے والوں کی جماعت

**مُیَسَّر** ۔ (مُ ۔ یَس ۔ سَر) [ع ۔ ا ۔ مذ] آسان کیا گیا ۔ وہ چیز جو آسانی سے مل سکے (۲) دستیاب ۔ حاصل (۳) موجود ۔

**میسر ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حاصل ہونا ۔ ہاتھ لگنا ۔ ملنا ۔

**مُیَسِّر** ۔ (مُ ۔ یَس ۔ سِر) [ع ۔ ا ۔ مذ] آسان کرنے والا ۔

**مَیْسَرہ** ۔ (مَے ۔ سَ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] بائیں طرف ۔ بائیں بازو کی فوج ۔

**میش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بھیڑ ۔ بھیڑی ۔ گوسفند ۔ مینڈھا ۔

**میش چشم** ۔ [ف ۔ صف] (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) شرمیلا ۔ نیچی نظروں والا ۔

**میشا** ۔ (مے ۔ شا) [ا ۔ ا ۔ مذ] بکری یا بھیڑ کے بچے کا ملائم چمڑا ۔

**میعاد** ۔ (می ۔ عاد) [ع ۔ ا ۔ مث] مقررہ وقت ۔ مقرّرہ مدت ۔ وعدے کا وقت ۔

**میعاد بڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] وقت یا مہلت زیادہ کرنا ۔ مقررہ مدّت کو وسعت دینا ۔

**میعاد بولنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قید کا حکم لگانا ۔ قید کرنا ۔

**میعادِ غیر منقضیہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] وہ مقررہ مدت جو ختم نہ ہوئی ہو ۔

**میعاد کاٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] قید کی مدّت پوری کرنا ۔

**میعاد گزرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مدّت پوری ہونا ۔ مہلت تمام ہونا ۔ وعدے کا زمانہ ختم ہونا ۔

**میعادِ مقررہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] قرار دیا ہوا زمانہ ۔ معمولی وقت ۔ حسبِ معمول ۔

**میعادی** ۔ (می ۔ عا ۔ دی) [اُ ۔ صف] (۱) معیّن وقت والا (۲) تپ محرقہ ۔ میعادی بخار ۔

**میعادی بخار** ۔ [ا ۔ مذ] وہ بخار جو ایک خاص مدت تک چڑھے ۔

**میعادی ہُنڈی** ۔ [ا ۔ مث] وہ ہُنڈی جسے ادا کرنے کے لیے وقت مقرر ہو ۔

**میغ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] کالی گھٹا ۔ بادل ۔

**میقات** ۔ (می ۔ قات) [ع ۔ ا ۔ مذ] وقت ۔ مقررہ وقت (۲) وہ جگہ جہاں سے مکہ جانے والے حج کا احرام باندھتے ہیں ۔

**مَیکا** ۔ (مَے ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] عورت کے والدین کا گھر ۔

**میکا بسانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] عورت کا سسرال چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا



Marfat.com

**میکے والیاں** ۔[ا۔مث] دُلھن کی رشتہ دار عورتیں ۔
**میک اَپ** (Makeup) (مَیک۔اَپ) [انگ۔ا۔مذ] چہرے کی آرائش کریم۔پاؤڈر۔لپ اسٹک وغیرہ لگانا۔
**میکانی۔مشینی** ۔(می۔کا۔نی)، (مَ۔شی۔نی) [اُر۔صف] مشینوں اور کلوں کے متعلق۔ (Mechanical)
**میکانیات** ۔ (می۔کا۔نِ۔یات) [ع۔ا۔مث] مشین اور کلوں کا علم (Mechanics)
**میکانیت** ۔ (مے۔کا۔نِ۔یَت) [ع۔ا۔مث] مشینوں اور کلوں کا علم۔ (Meshanism)
**میکائیل** ۔ (می۔کا۔ئیل) [ع۔ا۔مذ] وہ فرشتہ جو مخلوق کی روزی رسانی پر مقرر ہے ۔
**میکھ** ۔[ہ۔ا۔مذ] (۱) مینڈھا۔بھیڑا (۲) ایک بُرج کا نام جو پہلے آسمان پر ہے اور اپنے ستاروں کی ہیئت سے مینڈھے کی شکل کا معلوم ہوتا ہے۔جس روز آفتاب اس بُرج میں آتا ہے یہی نوروز کہلاتا ہے۔یہ مارچ کا مہینہ ہوتا ہے۔ایران میں موسم بہار کا آغاز اور ہندوستان میں اختتام انھیں دنوں میں ہوتا ہے۔
**میکینک** (Mechanie) (مے۔کے۔نِک) [انگ۔ا۔مذ] کاریگر۔دستکار۔اہلِ حرفہ۔مشین بنانے والا۔مشین چلانے والا۔مستری۔
**میگڈمبر** ۔ (میگ۔ڈم۔بَر) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کی بڑی عماری جو ہاتھی پر رکھی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا بہت اُونچا خیمہ۔
**میگزین** (Magazine) (میگ۔زین) [انگ۔ا۔مذ] (۱) خزانہ۔گنجینہ۔مخزن۔گودام (۲) بارود خانہ (۳) متفرق۔مضامین کا رسالہ۔
**میگنا کارٹا۔میگنا چارٹا** ۔ (Magnacharta) (میگ۔نا۔کار۔ٹا) (میگ۔نا۔چار۔ٹا) [انگ۔ا۔مذ] منشورِ آزادی۔منشورِ اعظم۔ایک منشور جو ۱۲۱۵ء میں انگریزوں نے بادشاہ جان سے لیا تھا جس کی رُو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی ملی تھی۔
**میگنٹ** (Magnet) (میگ۔نِٹ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) مقناطیس۔آہن رُبا (۲) دلکش چیز۔
**میگنیشیا** (Magnesia) (میگ۔نے۔شِیا) [انگ۔ا۔مذ] ایک کڑوی انگریزی دوا جو مسہل میں کام آتی ہے۔
**میگھ** ۔[س۔ا۔مذ] (۱) بادل۔بدلی۔ابر۔گھٹا (۲) مینہ۔بارش (۳) ایک ہندی راگ (۴) ایک راکشس کا نام۔
**میگھ پتی** ۔[ہ۔ا۔مذ] بادلوں کا دیوتا۔پانی برسانے والا دیوتا۔
**میگھ راگ** ۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے۔
**میگھ ناد** ۔[ہ۔ا۔مذ] رعد کی سی آواز والا۔گرجیلی آواز والا (۲) کڑک۔گونج۔
**میگھا گھام** ۔ (مے۔گھا۔گھام) [ہ۔ا۔مث] بادل کی گرمی۔اُمس۔وہ حبس جو ابر کے باعث ہو جاتا ہے۔
**میل** ۔[ع۔ا۔مذ] (۱) جھکاؤ۔خمیدگی (۲) رغبت۔رجحان۔میلان۔توجہ۔رجوع۔خواہش (۳) رعایت۔پاسداری۔جانب داری۔

**مَیلِ خاطر** ۔[ع۔ف۔ا۔مذ] دل کی رغبت۔التفات۔
**مَیل** ۔[ہ۔ا۔مث] (۱) کیچ۔کیچڑ۔چیکٹ۔چیپڑ (۲) فضلہ۔گاد (۳) زنگ۔مورچہ (۴) کدورت۔رنج جو دل میں کسی کی طرف سے آجائے (۵) ایک کلڑ جس سے فیلبان ہاتھی کو چلاتے ہیں۔
**میل آنا** ۔[ا۔محاورہ] کدورت پیدا ہونا۔ناراض ہونا۔
**میل بیٹھنا** ۔[ا۔محاورہ] (۱) گرد جم جانا (۲) زنگ لگ جانا۔میل کا تہ میں بیٹھ جانا (۳) کدورت ہونا۔
**میل چھانٹنا (کاٹنا)** ۔[ا۔محاورہ] میل کاٹنا۔میل دور کرنا۔اُجلا کرنا۔
**میل چھٹنا (کٹنا)** ۔[ا۔محاورہ] میل دور ہونا۔میل صاف ہونا۔
**میل خورا** ۔ [ا۔صف] میل چھپانے والا رنگ جیسے کالا۔خاکی وغیرہ (۲) وہ کپڑا جو کام میں آتے آتے میلا ہو گیا ہو۔وہ کپڑا جو نمائشی کپڑوں کے نیچے پہنا جائے (۳) زین کا نمدہ۔
**میل کا بیل بنانا** ۔ [ا۔محاورہ] بات کا بتنگڑ بنانا۔ذرا سی بات کو بہت بڑھا دینا۔
**میل کچیل** ۔[ا۔مذ] دھول۔گرد۔کیچ۔
**میل کی بتی** ۔[ا۔مث] میل کی وہ بتی کی سی شکل جو جسم کو ہاتھ سے ملنے پر بن جاتی ہے۔
**مَیل لانا** ۔[ا۔محاورہ] کدورت لانا۔رنجیدہ ہونا۔بُرا ماننا۔
**مِیل** ۔[ع۔ا۔مذ] (۱) سُرمہ لگانے کی سلائی۔سینک۔سلاخ (۲) منار جو کوس کی علامت ہے۔وہ پتھر جو فرلانگ یا کوس کے فاصلے پر کھڑا کر دیتے ہیں۔ستون۔کھمبہ۔لاٹھ (۳) ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ انگریزی میں مائل کہتے (۴) پرچھول کے اُوپر کی کیل۔کلس۔مطلق کیل۔
**میل پیما** ۔ [ع۔ف۔صف] وہ آلہ جس سے میلوں کے حساب سے فاصلے کی پیمائش ہوتی ہے۔
**میل** (Mail) [انگ۔ا۔مث] ڈاک۔خطوط (۲) ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ (۴) ڈاک گاڑی۔
**میل ٹرین** ۔ [انگ۔ا۔مث] ڈاک گاڑی۔وہ ریل گاڑی جس میں خط اور چٹھیاں آتی جاتی ہوں۔
**میل کوچ** ۔[انگ۔ا۔مث] ڈاک کی گاڑی۔
**میل** ۔ [ہ۔ا۔مذ] ایک دوسرے سے ملنا (۲) اتحاد۔دوستی۔ربط و ضبط۔ملاپ۔راہ و رسم (۳) ناتا۔رشتہ داری۔قرابت (۴) مناسبت۔نسبت (۵) جوڑ۔ہمسری (۶) ایک چیز کی دوسری چیز میں ملاوٹ۔
**میل جول** ۔[ا۔مذ] ملنا جلنا۔پیار۔اخلاص۔اتحاد۔اختلاط۔
**میل دینا** ۔[ا۔محاورہ] اتفاق اور ربط و ضبط پیدا کرنا۔
**میل رکھنا** ۔[ا۔محاورہ] راہ و رسم رکھنا۔پیار اخلاص رکھنا۔
**میل کرنا** ۔[ا۔محاورہ] ملانا۔آمیزش کرنا (۲) ملاپ کرنا۔اخلاص کرنا۔
**میل کھانا** ۔[ا۔محاورہ] مناسب ہونا۔موزوں ہونا۔مطابق ہونا۔
**میل ملاپ** ۔[ا۔مث] میل جول۔اتحاد۔ارتباط۔
**میلا** ۔ (مے۔لا) [ہ۔ا۔مذ] انبوہ۔اژدحام۔ہجوم (۲) سیر و تماشے کے لیے لوگوں کا جمع ہونا (۳) سیر۔تماشا (۴) فقرا کا جلسہ۔فقیروں کی پنچایت (۵) کسی زیارت گاہ



Marfat.com

پر مقررہ تاریخوں میں لوگوں کا اجتماع۔ کسی جگہ کے خاص موسم میں جانوروں اور دوسری اشیاء کا فروخت کے لیے جمع ہونا۔

**میلا ٹھیلا**۔ [امذ] سیر و تماشا۔ بھیڑ بھاڑ۔

**میلا جُڑنا (لگنا)**۔ [ا۔ محاورہ] کسی خاص مقام پر بہت سے لوگوں کا بطور سیر و تماشا جمع ہونا۔ بھیڑ لگنا۔ انبوہ ہو جانا۔ ٹھٹ لگنا۔

**میلا لگا رہنا**۔ [ا۔ محاورہ] جمع ہونا۔ ہجوم ہونا۔

**میلے میں جھمیلا ہی ہوا کرتا ہے**۔ [ا۔ مثل] جہاں بہت سے لوگ جمع ہوں وہاں اکثر جھگڑا ہو جاتا ہے۔

**مَیلا**۔ (مے۔ لا) [ہ۔ صف] گدلا۔ غبار آلودہ۔ مکدّر۔ خاک۔ دھول میں بھرا ہوا چکٹ۔ چکٹا۔ بے آب (۲) مورچہ لگا ہوا۔ زنگ آلودہ۔ زنگ خوردہ (۳) غلیظ۔ کثیف۔ نجس (۴) سفلہ۔ کمینہ۔ رذیل (۵) کوڑا کرکٹ۔ کچرا (۶) بدچلن۔ بدوضع۔ اوباش (۷) گنہگار۔ فاسق۔ فاجر (۸) اچکا۔ اُٹھائی گیر (۹) فضلہ۔ پیشاب۔ پاخانہ۔

**میلا پن**۔ [امذ] کدورت۔ نجاست۔ غلاظت۔

**میلا چکٹ**۔ [ا۔ مذ] بہت میلا۔ وہ کپڑا جس میں بہت میل ہونے سے چیپ۔ چپاہٹ آ جائے۔

**میلا سر ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] حیض سے ہونا۔ حیض کے دن۔

**میلا کچیلا**۔ [ا۔ محاورہ] خاک دھول میں بھرا ہوا چکٹ۔

**میلا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) گدلا کرنا۔ بے آب کرنا (۲) پاخانہ پھرنا (۳) گندہ کرنا۔ غلیظ کرنا۔

**میلے سر سے ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔

**مَیلے کا بھائی نوشادر**۔ [ا۔ مثل] دونوں برابر ہیں۔ جیسا یہ ویسا وہ۔ دونوں گندے ہیں۔

**مِیلاد**۔ (می۔ لاد) [ع۔ امذ] پیدا ہونے کا زمانہ۔ پیدائش کا وقت (۲) پیدائش۔

**مِیلادُالنّبیؐ**۔ [ع۔ امذ] رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن۔

**مَیلان**۔ (مے۔ لان) [ع۔ امذ] توجہ۔ التفات۔ رجحان۔ خواہش۔

**مِیلانہ**۔ (می۔ لا۔ نہ) [ا۔ امذ] فی میل اُجرت یا کرایہ۔

**مَیل مَیل**۔ (میل میل) [ہ] ہاتھی کے چلانے کا کلمہ۔

**میلنا**۔ (میل۔ نا) [ا۔ مصدر] جوڑنا۔ ملانا۔ شامل کرنا (۲) ڈالنا۔ داخل کرنا۔

**میم**۔ [انگ۔ امث] انگریزی میڈم کا بگڑا ہوا۔ بیگم۔ خاتون۔ خانم۔

**مِیم**۔ [ع۔ امذ] دیکھیے م (۲) تشبیہاً دہنِ معشوق۔

**میمانسا**۔ (مے۔ مان۔ سا) [س۔ امذ] ہندو فلسفے کا ایک شاستر۔

**میمنا**۔ (میم۔ نا) [ہ۔ امذ] بکری کا بچہ۔

**مَیمَنت**۔ (مے۔ مَ۔ نت) [ع۔ امث] برکت۔ سعادت۔ مبارکی۔ خوشی۔ کامرانی (۲) عروج۔ اقبال مندی۔

**مَیمَنہ**۔ (مے۔ مَ۔ نہ) [ع۔ امذ] دائیں طرف۔ دائیں بازو کی فوج۔

**میمورنڈم** (Memorandum) (مے۔ مو۔ رن۔ ڈم) [انگ۔ امذ] (۱) یادداشت۔ رُوداد (۲) دستاویز (۳) غیر رسمی خط۔

**میموریل**۔ (Memorial) (مے۔ مو۔ ریل) [انگ۔ امذ۔ صف] یادگار۔ رسمِ یادگار (۲) یادداشت۔ عرضداشت۔ محضر (۳) روئداد۔ وقائع۔ سوانح۔

**مَیمُون**۔ (مے۔ مون) [ع۔ صف] مبارک۔ خجستہ۔ مسعود۔ محمود۔ نیک بخت۔ بھاگوان (۲) [ف۔ امذ] بندر۔

**مِیں**۔ [ہ] [امذ۔ بھیتر (۲) [امث] بکری کی آواز۔

**میں**۔ [ا۔ ضمیر] اپنی ذات۔ خود آپ (۲) غرور۔ تکبّر۔

**میں بھروں سرکار کے میرے بھرے سقا**۔ [ا۔ مثل] جو شخص اوروں کا کام خود کرے اور اپنا کام دوسروں پر ڈالے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

**میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی۔ رکون بھرے پنگھٹ پہ پانی**۔ [ا۔ مثل] کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں۔ جو کام کرنے سے جی چراتے ہیں۔

**میں جب جانوں**۔ [ا۔ مقولہ] مجھے اس وقت یقین آئے۔

**میں جانوں**۔ [ا۔ روزمرہ] (۱) میں ذمے دار ہوں (۲) مجھے گمان ہوتا ہے۔ مجھے خیال گزرتا ہے۔

**میں خوب سمجھتا ہوں**۔ [ا۔ مقولہ] سب کچھ خوب جانتا ہوں۔

**میں ڈالی ڈالی تو پات پات**۔ [ا۔ محاورہ] تو مجھ سے بھی زیادہ چالاک ہے۔

**میں خوش میرا خدا خوش**۔ [ا۔ مثل] میں راضی ہوں۔ میری بھی خوشی ہے۔ میں صدقِ دل سے منظور کرتا ہوں۔

**میں کچھ نہیں کہتا**۔ [ا۔ روزمرہ] میں شکوہ نہیں کرتا۔

**میں کون تو کون**۔ [ا۔ تدبیع فعل] میرا تیرا کیا واسطہ۔ میں کیا جانوں تو کون ہے۔

**میں کہاں تم کہاں**۔ [ا۔ روزمرہ] ایک دوسرے میں کوئی مطابقت نہیں۔

**میں کیا میری اوقات کیا**۔ [ا۔ روزمرہ] میری حیثیت کیا ہے۔ میں بہت کم درجے کا ہوں۔

**میں کیا تیری جوتی تلے کی ہوں**۔ [ا۔ مثل] میں تجھ سے کم درجے کی نہیں۔

**میں کی گردن (گلے) پر چھری**۔ [ا۔ مثل] میں بکری کی آواز ہے اور میں خودی کو بھی کہتے ہیں لہٰذا معنی یہ ہوئے کہ جس طرح میں کہنے والی بکری ذبح کی جاتی ہے اسی طرح مغرور بھی ایک دن برباد اور ہلاک ہو جاتا ہے۔

**مَیں مَیں**۔ [ا۔ کلمہ] (۱) غرور و نخوت کا کلمہ۔ انانیت۔ خودستائی (۲) بکری کی آواز۔ بکری۔

**مَیں مَیں تُو تُو**۔ [ا۔ محاورہ] جھگڑا۔ گالی گلوچ۔

**میں میں کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] بکری کا بولنا۔

**میں نہ کہتا تھا**۔ [ا۔ مثل] جو میں کہتا تھا وہی ہوا۔

**میں نہ مانوں**۔ [ا۔ بول چال] میں یقین نہ کروں۔ مجھے اعتبار نہیں۔

**میں نے کیا بس ملا دیا تھا**۔ [ا۔ مثل] میں نے کیا بُری بات کہی تھی۔

**میں نے کیا تمہاری کھدی چُرائی ہے**۔ [ا۔ مثل] میں نے تمہارا کون سا قصور کیا ہے۔ جو بُرا بھلا کہہ رہے ہو۔

**میں نے مانا**۔ [ا۔ مثل] فرض کر لو۔ تسلیم کر لو۔ مان لو۔

**میں ہارا تم جیتے**۔ [ا۔ محاورہ] بحث میں عاجزی ظاہر کرنے پر کہتے ہیں۔

**میں ہوں یا خدا کی ذات ہے**۔ [ا۔ مثل] تنہائی اور بے کسی کے اظہار پر کہتے ہیں۔



Marfat.com

مِین - [س - ا - مث] (۱) مچھلی (۲) آسمان کا بارھواں بُرج جس کی شکل مچھلی کی سی نظر آتی ہے۔
مِین میکھ - [ع - ا - مث] عیب - قباحت۔
مِین میکھ نکالنا - [ا - محاورہ] عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا - وہم ڈالنا۔
مِینا - (می - نا) [ف - ا - مذ] (۱) شیشہ - رنگ برنگ کا شیشہ (۲) ایک قسم کے پتھر کا نام (۳) شراب کی بوتل - صراحی - قرابہ (۴) مرصع کاری نقش و نگار - وہ ہنر کا کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیور اور برتن پر بناتے ہیں (۵) (کنایتاً) شراب۔
مینا بازار - [ف - ا - مذ] وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لیے لگایا جائے اور اس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جائیں (۲) زنانہ بازار - وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر طرح کی چیزیں بیچتی ہیں۔
میناکار - [ف - صف] مرصع ساز - جڑاؤ کام کرنے والا۔
میناکاری - [ف - ا - مث] چاندی سونے پر مرصع سازی نگینے کا کام باریکی - مُوشگافی۔
میناکاری چھانٹنا - [ا - محاورہ] مین میکھ نکالنا - نکتہ چینی کرنا - ذرا ذرا سی بات پر نقص نکالنا - ادنیٰ ادنیٰ فرق پر نظر کرنا۔
مَینا - (مے - نا) [ہ - ا - مث] (۱) ایک خوش الحان پرند (۲) چھوٹے بچے جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں۔
مینا جو "میں نا" کہے دودھ بھات نت کھائے - بکری جو میں میں کرے اُلٹی کھال کھنچائے - [ا - مثل] عاجزی سے عزت زیادہ ہوتی ہے اور غرور سے نقصان پہنچتا ہے۔
مِینا - (می - نا) [ہ - ا - مذ] راجپوتانے کی ایک ہندو قوم جس کا پیشہ لوٹ مار چوری چکاری ہے۔
مینارا - (می - نا - را) [ا - ا - مذ] دیکھیے مینار۔
مینارٹی - (Minority) (می - نار - ٹی) [انگ - صف] اقلیت - قلت (۲) چھوٹا اصغر
مینارکا - (Minorca) (می - نار - کا) [انگ - ا - مث] ایک ولایتی مرغی۔
مینائے لاجورد - [ف - ا - صف] (کنایتاً) آسمان۔
مِین پھل - (مین - پھل) [ہ - ا - مذ] اندرائن - حنظل ایک نہایت کڑوا پھل۔
مینٹل پیس - (Mantel Piece) (مین - ٹل - پیس) [انگ - ا - مذ] تختہ آتشدان آتشدان کے اوپر کا مچان۔
میجنا - (مینج - نا) [ہ - مص] دیکھیے مجنا۔
مینجنگ پروپرائٹر - (Managing Proprietor) (مے - نے - جنگ پرو - پرائی - ٹر) [انگ - ا - مذ] کارخانے کا مالک جو خود ہی مہتمم ہو۔
مینجنگ ڈائریکٹر - (Managing Director) کمپنی - بینک وغیرہ کا منتظم۔
مینڈھی - (مین - ڈھی) [ہ - ا - مث] مہندی۔
مینڈ - [ہ - ا - مث] ستار کا ایک پُرزہ یا اس کی مسلسل آواز۔
مینڈ - [ہ - ا - مث] کھیت کی منڈیر - باڑ - ڈَول - پشتہ - حد - کنارہ (۲) موج لہر (۳) گھاٹ - من - کنوئیں کی منڈیر۔
مینڈ بندی - [ا - مث] حد بندی - حد باندھنا۔

مینڈ پڑنا - [ا - محاورہ] موجیں اُٹھنا - پانی کا لہریں لینا۔
مینڈک - (مین - ڈک) [ہ - ا - مذ] ایک قسم کا آبی جانور جو برسات میں پیدا ہو کر تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے ٹرٹراتا رہتا ہے - غوک۔
مینڈک پھوڑا - [ا - مذ] ایک قسم کا پھوڑا جو پاؤں کے تلوے میں ہوتا اور بہت تکلیف دیتا ہے۔
مینڈکی - (مینڈ - کی) [ہ - ا - مث] مادہ مینڈک چھوٹا مینڈک۔
مینڈکی چلی مدار کو - [ا - مثل] کمینے یا نکمے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا۔
مینڈکی کو بھی زکام ہوا - [ا - مثل] اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی بابت بولتے ہیں۔
مینڈنا - (مینڈ - نا) [ہ - مص] لیتھڑنا - آلودہ کرنا - کچلنا۔
مینڈھا - (مین - ڈھا) [ہ - ا - مذ] (۱) دُنبہ - میش نر (۲) آسمان کا بارھواں بُرج - میکھ راس (۳) لہر - موج - وہ لہر جو باد مخالف کی شدت سے دریا میں اُٹھتی ہے (۴) بھیڑ جب تک ڈنگ نہیں مارتی اس کو مینڈھا کہتے ہیں۔
مینڈھا اُچھلنا - [ا - محاورہ] ہوا کی شدت سے دریا میں لہریں اُٹھنا۔
مینڈھے لڑانا - [ا - محاورہ] تماشا دیکھنے کے لیے دو مینڈھوں کی لڑائی کرانا (۲) (کنایتاً) فساد ڈلوا دینا اور خود تماشا دیکھنا۔
مینڈھی - مینڈی - (می - ڈھی) (مین - ڈی) [ہ - ا - مث] بالوں کی گندھی ہوئی لٹ۔
مینڈیاں گوندھنا - [ا - محاورہ] بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا - بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔
مینڈیانا - (مینڈ - یا - نا) [ہ - مص] کھیت کا کنارہ بنانا - کھیت کی مُنڈیر بنانا۔
مینسکرپٹ - (Manuscript) (مے - نس - کرپٹ) [انگ - ا - مذ] مخطوطہ - قلمی کتاب
مینسل - [ہ - ا - مذ] ہڑتال - سُرخ سنکھیا۔
مینشن - (Mansion) (مین - شن) [انگ - ا - مث] بڑا مکان - محل - قصر - حویلی (۲) سرکاری اقامت گاہ۔
مینک - (می - نک) [ہ - ا - مث] آنکھ کی پتلی۔
مینگنی - (مینگ - نی) [ہ - ا - مث] چوہے - اونٹ - بکری - خرگوش وغیرہ کا فضلہ جو گول گول گولیوں کی طرح ہوتا ہے۔
مینو - (می - نو) [ف - ا - مذ] بہشت - فردوس - جنت (۲) رنگین شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے - مینا - سبز یا لاجوردی رنگ کا نگینہ - نگ یا جواہر وغیرہ۔
مینو آئین - راساس - سواد - سرشت - [ف - صف] خوبصورت جنت نظیر
مینو - (Menu) (می - نو) [انگ - ا - مث] فہرست طعام۔
مینوفیکچر - (Manufacture) (مے - نو - فیک - چر) [انگ - ا - مذ] بنا لینا کرنا (۲) بڑے پیمانے پر اشیا تیار کرنا۔
مینوفیکچرر - (Manufacturer) (مے - نو - فیک - چرر) [انگ - ا - مذ] صناع - کاریگر - دستکار۔
مینول - (Manual) (مے - نو - ئل) [انگ - ا - مذ] رسالہ - دستی کتاب - کتابچہ دستور العمل (۲) مذہبی رسوم کے آداب۔
مینہہ - [ا - مذ] بارش۔
مین ہول - (Man Hole) (مین - ہول) [انگ - ا - مذ] نالی یا بدرو کے



Marfat.com

اُوپر اتنا بڑا سوراخ جس میں سے آدمی گزر سکے ۔

**مینیجر** ۔ (Manager) (مے ۔ نے ۔ جَر) [انگ ۔ ا ۔ مذ] مہتمم ۔ منتظم ۔

**مینی فیسٹو** ۔ (Manifesto) (مے ۔ نی ۔ فیس ۔ ٹو) [انگ ۔ ا ۔ مذ] اعلان ۔ منشور ۔ محضر ۔

**میو** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] مسلمان راجپوتوں کی ایک قوم جو میوات میں آباد ہے ۔

**میوات** ۔ (مے ۔ وا ۔ ت) [ا ۔ ا ۔ مذ] الور کے قریب کا ایک علاقہ جس میں میو لوگ آباد تھے ۔

**میواتی** ۔ (مے ۔ وا ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] میوات کا رہنے والا ۔ دیکھیے میو ۔

**میوچل** ۔ (Mutual) (میو ۔ چل) [انگ ۔ صف] طرفین کا ۔ جانبین کا ۔ باہمی ۔ آپس کا ۔ ایک دوسرے کا ۔ مشترکہ ۔

**میوزک** ۔ (Music) (میُو ۔ زک) [انگ ۔ صف] موسیقی ۔ راگ ۔ نغمہ ۔ سرود ۔ (۲) علم موسیقی (۳) کوئی خوش گوار آواز ۔

**میوزیشن** ۔ (Musician) (میو ۔ زی ۔ شَن) [انگ ۔ صف] مطرب ۔ مغنی ۔ ماہر موسیقی ۔ گانے بجانے کا ماہر ۔

**میوزیکل** ۔ (Musical) (میو ۔ زی ۔ کَل) [انگ ۔ صف] موسیقی ۔ گانے بجانے کا ۔

**میوزیم** ۔ (Museum) (میو ۔ زِ ۔ یَم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] عجائب گھر ۔ عجائب خانہ ۔

**میوں** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] دیکھیے میاؤں ۔

**میوں بلائی** ۔ [ا ۔ مث] بلی (۲) بے زبان ۔ غریب ۔

**میونسپل** (Municipal) (میو ۔ ن ۔ س ۔ پَل) [انگ ۔ صف] شہری ۔ قصباتی ۔

**میونسپل کمشنر** ۔ [انگ ۔ ا ۔ مذ] میونسپل کمیٹی کا ممبر ۔ رکن بلدیہ ۔

**میونسپلٹی** (Municipality) (میو ۔ نِ ۔ سی ۔ پے ۔ لِ ۔ ٹی) [انگ ۔ ا ۔ مث] شہری لوگوں کی جماعت جو شہر کی صفائی ، پانی ، روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ۔ بلدیہ ۔

**میوہ** ۔ (مے ۔ وَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] پھل ۔ ثمر ۔ جیسے انگور ، انار ، سیب ، کشمش ، بادام وغیرہ ۔

**میوہ دار** ۔ [ف ۔ صف] پھل دار ۔

**میہمان** ۔ (میہ ۔ مان) [ف ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے مہمان ۔

**مینیا** (Mania) (مے ۔ نِ ۔ یا) [انگ ۔ ا ۔ مذ] خبط ۔ مالیخولیا ۔



Marfat.com

# ن

ن ۔ (نُون) [ع ۔ مذکر] اُردو کا بتیسواں، فارسی کا اُنتیسواں، عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف ۔ ابجد میں اس کے پچاس عدد مقرر ہیں ۔
(۱) یہ حرف ہندی الفاظ کے شروع میں نفی کے واسطے آتا ہے اور ہمیشہ مکسور ہوتا ہے ۔ جیسے نِڈر (۲) ہندی اور فارسی میں الفاظ کے آخر میں مصدر کی علامت بھی ہے جیسے کردن، مُردن، الجھن، ماینٹھن وغیرہ، (۳) کبھی لفظ کے آخر میں آ کر نسبت کا فائدہ دیتا ہے جیسے سہاگن ۔ ناگن ۔ (۴) کبھی تانیث ظاہر کرتا ہے جیسے مالن، دھوبن (۵) مؤنث الفاظ میں جن کے آخر میں یا ہو ۔ جمع کے واسطے آتا ہے جیسے گڑیاں، پڑیاں ۔ (۶) کسی لفظ میں پ، بھ، ب، بھ سے پیشتر آنے پر اس کی آواز میم سے بدل جاتی ہے ۔ جیسے منبر، سنبل، صوتی اعتبار سے نون کی دو قسمیں ہیں، نونِ غنہ اور نونِ اعلانیہ، نونِ غُنہ ناک میں بولا جاتا ہے ۔ اور اس میں کوئی حرکت نہیں ہوتی ۔ جیسے چیونٹی، (۷) عربی الفاظ جن کے آخر میں نون ہو اور نون سے پہلے حرفِ علت ہو اور حرفِ علت کے ماقبل کی حرکت موافق ہو تو نون غنہ آئے گا ۔ جیسے قارون ۔ علیحدہ لکھنے میں بھی نقطہ نہیں دیتے جیسے دشمن جاں (۸) عربی تقسیم کے مطابق یہ شمسی حرف ہے ۔ اس سے پہلے اگر "ال" آ جائے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا ۔ جیسے "الناظر" (۹) الف کے ساتھ آئے تو جمع بنا دیتا ہے، جیسے مردان ۔ (۱۰) ہندی الفاظ کے آخر میں آ کر ان کو حاصل مصدر بنا دیتا ہے ۔ جیسے الجھن، (۱۱) فعل اور اسم سے پہلے مفتوح آئے تو نفی کے معنی دیتا ہے ۔

## ن ۔ ا

**نا** ۔ (ہ ۔ ف) (۱) نہ ۔ نہیں (۲) علامت نفی (۳) ہندی اُردو مصدر کی علامت جو کہ آخر میں آتی ہے (۴) اثبات و نفی کی تاکید کے لیے ۔ جیسے یہ بچہ ہے نا ۔ (اثبات) ۔ نا بابا! ہمارا دور ہی سے سلام ہے (نفی) (۵) زائد حسن کلام کے لیے جیسے چلونا ۔ آؤ نا ۔ (۶) استفسار کے لیے جیسے آخر کر ہے نا ۔
**ناآزمودہ** ۔ [ف ۔ صف] ۔ (۱) ناتجربہ کار ۔ اناڑی ۔ (۲) بغیر آزمائش ۔ بغیر دیکھے بھالے ۔
**ناآزمودہ کار** ۔ [ف ۔ صف] اناڑی ۔ ناتجربہ کار ۔ ناپختہ کار (۲) ناواقف ۔
**ناآشنا** ۔ [ف ۔ صف] ۔ ناواقف ۔ اجنبی ۔ جس سے جان پہچان نہ ہو ۔ نامحرم ۔
**ناآشنائی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] جان پہچان نہ ہونا ۔ ناواقفیت ۔
**ناآشنائے محض** ۔ [ف ۔ صف] بالکل ناواقف ۔
**ناآگاہ** ۔ ناواقف ۔
**نااِتفاقی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] پھوٹ ۔ نفاق ۔ بگاڑ ۔ عداوت ۔ دُشمنی ۔
**نااِلتفاتی** ۔ [ف ۔ صف] بے پروائی ۔ بے اعتنائی ۔
**نااُمید** ۔ [ف ۔ صف] مایوس ۔ ناکام ۔ بے آس ۔ نراس ۔
**نااُمید ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مایوس ہونا ۔ آس ٹوٹنا ۔
**نااُمیدی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] مایوسی ۔ ناکامی ۔
**نااندیش** ۔ [ف ۔ صف] نہ سوچنے والا ۔ وہ بات جس میں سوچنے کی ضرورت نہ ہو ۔
**ناانصاف** ۔ [ف ۔ صف] وہ شخص جو انصاف نہ کرے ۔
**ناانصافی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بے انصافی ۔ ظلم ۔ اندھیر ۔
**نااہل** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] نالائق ۔ ناموزوں ۔ ناشائستہ ۔
**نااہلی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] نالائقی ۔
**نابالغ** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] کم سن جو بلوغ کو نہ پہنچا ہو ۔
**نابالغی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کمسنی ۔ خورد سالی ۔ صغر سنی ۔
**نابر** ۔ [ف ۔ صف] عذر کرنے والا ۔ انکار کرنے والا ۔
**نابکار** ۔ [ف ۔ صف] (۱) نکما ۔ بے فائدہ ۔ بے کار (۲) بدذات ۔ نالائق ۔ شریر ۔ بدکار (۳) نازیبا ۔ خراب ۔ بے ہودہ ۔
**نابلد** ۔ [ف ۔ صف] انجان ۔ ناواقف ۔ ناآشنا ۔
**نابلدی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ناواقفیت ۔
**نابود** ۔ [ف ۔ صف] نیست ۔ معدوم ۔ فانی ۔ ناپید ۔
**نابینا** ۔ [ف ۔ صف] اندھا ۔ کور ۔
**ناپاک** ۔ [ف ۔ صف] (۱) پلید ۔ نجس ۔ گندہ ۔ میلا ۔ (۲) وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو ۔
**ناپاک ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پلید ہونا ۔ گندہ ہونا ۔ غسل واجب ہونا ۔
**ناپاکی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] نجاست ۔ گندگی ۔
**ناپاکی اُتارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مباشرت ۔ انزال ۔ احتلام وغیرہ کے بعد نہانا (۲) حیض و نفاس سے فارغ ہو کر غسل کرنا ۔
**ناپائیدار** ۔ [ف ۔ صف] کمزور ۔ بے ثبات ۔ فانی ۔ بودا ۔
**ناپائیداری** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کمزوری ۔ بے ثباتی ۔ بوداپن ۔
**ناپختہ کار** ۔ [ف ۔ صف] ناتجربہ کار ۔
**ناپدید** ۔ [ف ۔ صف] (۱) جو ظاہر نہ ہو (۲) پوشیدہ ۔ غائب ۔ چُھپا ہوا ۔ مخفی ۔
**ناپُرساں** ۔ [ف ۔ صف] بے پرواہ ۔ نہ پوچھنے والا ۔
**ناپرہیزگار** ۔ [ف ۔ صف] گنہگار ۔ بے عصمت ۔ بدکار ۔
**ناپسند** ۔ [ف ۔ صف] ناگوار ۔ جو اچھا نہ لگے ۔
**ناپسند کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نامنظور کرنا ۔ قبول نہ کرنا ۔ اچھا نہ لگنا ۔ بُرا لگنا ۔
**ناپسندیدہ** ۔ [ف ۔ صف] ناگوار ۔ نامنظور ۔ بار خاطر ۔
**ناپید** ۔ [ف ۔ صف] (۱) معدوم ۔ فنا ۔ نیست ۔ (۲) غائب ۔ گُم ۔
**ناپید کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] برباد کرنا ۔ کھونا ۔ اُجاڑنا ۔ فنا کرنا ۔
**ناپید ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اُجڑنا ۔ گُم ہونا ۔ تباہ و برباد ہونا (۲) قحط ہونا ۔ کمی ہونا ۔ عنقا ہونا ۔
**ناپیدا** ۔ [ف ۔ صف] غائب ۔ چُھپا ہوا ۔



Marfat.com

**ناپیدا کنار۔** [ف۔ صف] سمندر یا دریا جس کا کنارا دکھائی نہ دے۔
**ناتجربہ کار۔** [ف۔ صف] انجان۔ ناواقف۔ اناڑی۔ ناواقف۔ جس کو کام کا تجربہ نہ ہو۔
**ناتراش۔ ناتراشیدہ۔** [ف۔ صف] (۱) ناہموار۔ اَن گھڑ۔ (۲) بے اَدب (۳) کمینہ۔ سفلہ۔
**ناتربیت یافتہ۔** [ف۔ صف] غیر مہذب۔ بدتہذیب۔
**ناترس۔** [ف۔ صف] جسے ڈر نہ ہو۔ بے رحم۔ سنگ دل۔
**ناتمام۔** [ف۔ صف] نامکمل۔ اَدھورا۔ ناقص۔
**ناتواں۔** [ف۔ صف] کمزور۔ ناطاقت۔ بودا۔ لاغر۔ ضعیف۔
**ناتوانی۔** [ف۔ ا۔ مث] کمزوری۔ ناطاقتی۔ نقاہت۔
**ناجائز۔** [ف۔ ع۔ صف] (۱) جو درُست نہ ہو (۲) شرع یا قانون کے خلاف۔
**ناجائز مال۔** [ف۔ ع۔ ا۔ مذ] وہ مال جس کا لینا قانوناً یا شرعاً جائز نہ ہو۔
**ناجنس۔** [ف۔ صف] (۱) غیر جنس۔ ناموافق۔ اَن میل۔ (۲) کمینہ۔ سفلہ (۳) بے اَدب۔
**ناچار۔** [ف۔ صف] (۱) عاجز۔ مجبور۔ بیچارہ۔ (۲) بالضرور۔ (۳) مفلس۔ محتاج۔ (یا ہیچ (۴) مایوس۔ ناامید (۵) مجبوراً۔ ہار کر۔
**ناچار کر دینا۔** [ا۔ محاورہ] مجبور کر دینا۔ عاجز کرنا
**ناچاری۔** [ف۔ ا۔ مث] بے چارگی۔ بے بسی۔ مجبوری۔
**ناچاق۔** [ف۔ صف] (۱) علیل۔ بدمزہ (۳) دُبلا۔ کمزور۔
**ناچاقی۔** [ف۔ ا۔ مث] (۱) علالت (۲) بدمزگی۔ اَن بن۔ بگاڑ۔
**ناچیز۔** [ف۔ صف] (۱) ہیچ (۲) ناکارہ۔ نکما۔ ناقابل۔ حقیر۔ ادنیٰ۔ ذلیل۔
**ناحق۔** [ف۔ صف] (۱) بے انصافی سے۔ حق کے خلاف۔ (۲) بے جا۔ نامناسب۔ بے فائدہ۔
**ناحق شناس۔** [ف۔ صف] بے انصاف۔ بے وفا۔ سچائی کو نہ پہچاننے والا۔ ظالم۔
**ناحق شناسی۔** [ف۔ ا۔ مث] بے انصافی۔ ظلم۔
**ناحق کا۔** [ا۔ صف] فضول۔ بے فائدہ۔
**ناحق کرنا۔** [ا۔ محاورہ] حق کے خلاف۔ ناانصافی کرنا۔ بے جا کرنا
**ناحق کو۔** [ا۔ تابع فعل] بے سبب۔ بے فائدہ۔
**ناحق کوش۔** [ف۔ صف] ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔
**ناحق کہنا۔** [ا۔ محاورہ] (۱) حق کے خلاف کہنا (۲) جھوٹ بولنا۔ جھوٹ کہنا۔
**ناخدا ترس۔** [ف۔ صف] (۱) بے رحم۔ ظالم (۲) خدا کا خوف نہ کرنے والا۔
**ناخلف۔** [ف۔ صف] (۱) نالائق بیٹا (۲) والدین کی اطاعت نہ کرنے والا۔
**ناخواست۔** [ف۔ صف] بے اختیار۔ بے طلب۔ بے تلاش۔ بغیر چاہے۔
**ناخواندہ۔** [ف۔ صف] (۱) اَن پڑھ۔ بے علم۔ جاہل (۲) بغیر بُلایا ہوا۔ بن بُلایا ہوا۔
**ناخواندہ مہمان۔** [ف۔ ش] (۱) بن بُلایا مہمان (۲) طفیل جو بن بُلائے کسی مدعو کے ساتھ آئے۔
**ناخوش۔** [ف۔ صف] (۱) ناراض۔ جو راضی نہ ہو۔ (۲) بیزار۔ نفرت کرنے والے (۳) بیمار۔ مریض۔
**ناخوش گوار۔** [ف۔ صف] ناپسندیدہ۔ جو بُرا معلوم ہو۔
**ناخوش ہونا۔** [ا۔ محاورہ] ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
**ناخوشی۔** [ف۔ ا۔ مث] خفگی۔ ناراضگی۔ بے زاری۔ رنجش۔

**نادار۔** [ف۔ صف] غریب۔ محتاج۔ کنگال۔
**ناداری۔** [ف۔ ا۔ مث] مفلسی۔ غریبی۔ تنگدستی۔
**ناداری آنا۔** [ا۔ محاورہ] مفلس ہو جانا۔ کنگال ہو جانا۔
**نادان۔** [ف۔ صف] (۱) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔ انجان (۲) کم سن۔ چھوٹی عمر کا۔
**نادان بات کرے دانا قیاس کرے۔** [ا۔ مثل] بے وقوف فضول باتیں کرتا رہتا ہے۔ عقلمند ہر بات پر کھتا ہے۔
**نادان بننا۔** [ا۔ محاورہ] تجاہل عارفانہ کرنا۔ ایسے بھولے بننا کہ جیسے کچھ جانتے ہی نہیں۔
**نادان پن۔** [ا۔ صف] بے وقوفی۔ جہالت۔
**نادان دوست سے دانا دشمن بھلا۔** [ا۔ مثل] بے وقوف دوست سے عقلمند دشمن کی نسبت زیادہ نقصان پہنچتا ہے
**نادان کی دوستی جی کا زیاں۔** [ا۔ مثل] بیوقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے۔
**نادانستگی۔** [ف۔ ا۔ مث] ناواقفیت۔ بے خبری۔ لاعلمی۔
**نادانستہ۔** [ف۔ تابع فعل] بے قصد۔ اَن جانے۔ بھولے سے۔ ناواقفیت سے۔ سہواً۔
**نادانی۔** [ف۔ ا۔ مث] جہالت۔ بے وقوفی۔ ناسمجھی۔
**نادرُست۔** [ف۔ صف] غلط۔ بے جا۔ نامناسب۔
**نادہند۔** [ف۔ صف] قرض لے کر واپس نہ کرنے والا۔ حق مارنے والا۔
**نادہندگی۔ نادہندی۔** [ف۔ ا۔ مث] قرض لے کر واپس نہ دینا۔ لیچڑپن۔
**نادیدنی۔** [ف۔ ا۔ مث] وہ چیز جو دیکھنے کے قابل نہ ہو۔
**نادیدہ۔** [ف۔ صف] (۱) اَن دیکھا۔ جسے دیکھا نہ ہو۔ (۲) ندیدہ جس نے کبھی دیکھا نہ ہو۔
**ناراست۔** [ف۔ صف] (۱) ٹیڑھا۔ کج۔ (۲) دروغ۔ جھوٹ۔ نامناسب (۳) کھوٹا آدمی۔
**ناراض۔** [ف۔ صف] ناخوش۔ رنجیدہ۔
**ناراضگی۔ ناراضی۔** [ف۔ ا۔ مث] ناخوشی۔ رنجیدگی۔
**نارس۔** [ف۔ ا۔ مث] (۱) کچا۔ خام (۲) ناشگفتہ۔
**نارسا۔** [ف۔ صف] (۱) نہ پہنچنے والا (۲) بے اثر (۳) نامُراد۔
**نارسائی۔** [ف۔ ا۔ مث] پہنچ نہ ہونا۔ باریابی نہ ہونا۔
**نارسیدگی۔** [ف۔ ا۔ مث] خامی۔ آزمودہ کار نہ ہونا۔
**نارسیدہ۔** [ف۔ صف] (۱) نہ پہنچا ہوا (۲) خام۔ کچا۔ (۳) نامکمل (۴) نابالغ۔
**ناروا۔** [ف۔ صف] (۱) ناجائز۔ بے جا۔ (۲) خلاف شرع۔ (۳) نامناسب۔ بُرا۔ ناپسند۔ (۴) وہ سکہ یا جنس جس کا رواج نہ ہو۔ محروم۔ بے نصیب
**نازیبا۔** [ف۔ صف] (۱) نامناسب۔ غیر موزوں (۲) بدزیب۔ بدنما۔
**ناساز۔** [ف۔ صف] (۱) ناموافق۔ مخالف (۲) بیمار۔
**ناسازگار۔** [ف۔ صف] (۱) مخالف۔ ناموافق۔
**ناسازگاری۔** [ف۔ ا۔ مث] ناموافقت۔ مخالفت۔
**ناسازی۔** [ف۔ ا۔ مث] (۱) ناموافقت (۲) بیماری۔ علالت۔
**ناسازیٔ بخت۔** [ف۔ ا۔ مث] بدقسمتی۔
**ناسازیٔ طبیعت۔** [ف۔ ا۔ مث] بیماری۔ بیمار ہونا۔



Marfat.com

ناسپاس ۔ [ف ۔ صف] ناشکرگزار ۔ ناشکرا ۔
ناسپاسی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] نمک حرامی ۔ احسان نہ ماننا ۔
ناسُتودہ ۔ [ف ۔ صف] ناپسندیدہ ۔ بے ہُودہ ۔ نالائق ۔
ناسَرہ ۔ [ف ۔ صف] غیر خالص ۔ کھوٹ ملایا ہوا ۔
ناسزا ۔ [ف ۔ صف] (۱) نازیبا ۔ نامناسب ۔ بے جا ۔ غلط ۔ (۲) سفلہ ۔ کمینہ (۳) نالائق ۔ بیوقوف ۔
ناسزاوار ۔ [ف ۔ صف] منحوس ۔ نامبارک ۔
ناسُفتہ ۔ [ف ۔ صف] (۱) جس میں سوراخ نہ ہو ۔ اَن بندھا (۲) کنایۃً دوشیزہ ۔ کنواری ۔
ناسمجھ ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] (۱) بے وقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ (۲) کُند ذہن ۔ غبی (۳) بچہ ۔ کم عمر ۔ کم سِن ۔
ناسمجھی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بے وقوفی ۔ نادانی ۔ نافہمی ۔ بھولا پن ۔
ناشاد ۔ [ف ۔ صف] (۱) رنجیدہ ۔ غمگین (۲) بدقسمت ۔
ناشاد جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] نامُراد جانا ۔ مایُوس جانا ۔
ناشاد و نامُراد ۔ [ف ۔ صف] بدنصیب ۔ بدبخت ۔
ناشاد نامُراد جائے ۔ [ا ۔ بددُعا] ارمان لے کر مرجائے ۔ دنیا سے بے آس اَولاد مرجائے ۔
ناشائستگی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بدتہذیبی ۔ بداسلوبی ۔ گستاخی ۔ نالائقی ۔
ناشائستہ ۔ [ف ۔ صف] (۱) نالائق (۲) بدتہذیب ۔ بداخلاق (۳) نازیبا ۔
ناشُدنی ۔ [ف ۔ صف] (۱) ناممکن ۔ محال (۲) ناخلف ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔
ناشکرا ۔ [ا ۔ صف] احسان نہ ماننے والا ۔ شکر نہ کرنے والا ۔
ناشکری ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) احسان نہ ماننا ۔ (۲) نمک حرامی ۔
ناشکری کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] احسان نہ ماننا ۔ نمک حرامی کرنا (۲) کفرانِ نعمت کرنا ۔
ناشکیب ۔ [ف ۔ صف] بے صبر ۔ بے قرار ۔
ناشکیبائی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] بے صبری ۔ بے قراری ۔
ناشگفتہ ۔ [ف ۔ صف] (۱) بے کِھلی (۲) ناخوش ۔ اُداس ۔ رنجیدہ ۔
ناشناس ۔ [ف ۔ صف] جو نہ پہچانتا ہو ۔ نہ پہچاننے والا ۔
ناشنو ۔ ناشنوا ۔ [ف ۔ صف] جو کسی کا پرسانِ حال نہ ہو ۔ نہ سُننے والا ۔ غافل ۔ بے توجہ ۔
ناصاف ۔ [ف ۔ صف] جو پاک و صاف نہ ہو ۔
ناصبور ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] بے صبر ۔ بے قرار ۔ مضطرب ۔
ناصواب ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] غلط ۔ نادرست ۔
ناطاقت ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] کمزور ۔ ضعیف ۔
ناطاقتی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کمزوری ۔ ناتوانی ۔ لاغری ۔ ضعف ۔
ناعاقبت اندیش ۔ [ف ۔ صف] انجام نہ سوچنے والا ۔ انجام کی فکر نہ کرنے والا ۔
نافرجام ۔ [ف ۔ صف] ناعاقبت ۔ نااندیش ۔ بداصل ۔ بدانجام ۔
نافرمان ۔ نافرمانبردار ۔ [ف ۔ صف] (۱) حکم نہ ماننے والا ۔ سرکش ۔ (۲) ایک پھول کا نام ۔
نافرمانی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] حکم عدولی ۔ سرکشی ۔ حکم نہ ماننا ۔
نافہم ۔ [ف ۔ صف] نادان ۔ بے سمجھ ۔ کم عقل ۔ بے وقوف ۔
ناقابل ۔ [ف ۔ صف] نالائق ۔ جاہل ۔ اَن پڑھ ۔ ناموزوں ۔
ناقابلِ برداشت ۔ [ف ۔ صف] برداشت کے لائق نہ ہونا ۔

ناقابلیت ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] نالائقی ۔ بے قدری ۔ کم استعدادی ۔
ناقدر ۔ ناقدرا ۔ [ف ۔ صف] کسی کی قدر نہ پہچاننے والا ۔ (۲) احسان فراموش بے مُروّت ۔
ناقدری ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) بے قدری ۔ بے وقری (۲) قدر نہ کرنے والی عورت ۔
ناکارہ ۔ [ف ۔ صف] (۱) نکمّا ۔ بے کار (۲) بُرا ۔ خراب (۳) شکست ۔ اپاہج ۔
ناکام ۔ [ف ۔ صف] (۱) محروم ۔ ناکامیاب (۲) نامُراد ۔
ناکامی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] نااُمیدی ۔ مایُوسی (۲) ناکامیابی ۔ محرومی ۔
ناکامیاب ۔ [ف ۔ صف] ناکام ۔ نامُراد ۔ فیل ہوجانے والا ۔
ناکامیابی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ناکامی (۲) کسی کام کا حسبِ منشا نہ ہونا ۔ امتحان میں فیل ہوجانا ۔
ناکتخدا ۔ ناکدخُدا ۔ [ف ۔ صف] بن بیاہا ۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو ۔ کنوارا کنواری ۔
ناکردنی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] جو بات کرنے کے لائق نہ ہو ۔
ناکردہ ۔ [ف ۔ صف] نہ کیا ہوا ۔ اکیلا استعمال نہیں ہوتا ۔
ناکردہ (جُرم) گناہ ۔ [ف ۔ صف] بیگناہ ۔ بے قصور ۔ بے خطا ۔
ناکردہ کار ۔ [ف ۔ صف] ناتجربہ کار ۔ ناپختہ کار ۔ کچا ۔ خام ۔ اناڑی ۔
ناکرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] نفی میں جواب دینا ۔
ناکرندہ بُرائی تو بھی کبھی ہوجائیں ۔ [ا ۔ مثل] بدی کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے ۔
ناکس ۔ [ف ۔ صف] (۱) ہیچ ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ پاجی (۲) نالائق ۔
ناکسی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) کم ظرفی ۔ کمینہ پن ۔ پاجی پن (۲) نالائقی ۔
ناکُند ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ بچھیرا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں ۔ (۲) ناسمجھ ۔ ناتجربہ کار ۔
ناگاہ ۔ [ف ۔ تابع فعل] اچانک ۔ یکایک ۔
ناگزیر ۔ [ف ۔ صف] ضروری ۔ لازم ۔ واجب جس سے مفر نہ ہو ۔
ناگفتنی ۔ [ف ۔ صف] وہ بات جو کہنے کے قابل نہ ہو ۔
ناگفتہ بہ ۔ [ف ۔ صف] (۱) جس کا نہ کہنا بہتر ہو (۲) شرمناک ۔
ناگنی ۔ [ہ ۔ صف ۔ مث] احسان فراموش عورت ۔ ناشکری ۔
ناگوار ۔ [ف ۔ صف] (۱) ناپسند ۔ مکروہ ۔ ناخوش (۲) وہ کھانا جو ہضم نہ ہوسکے ۔ (۳) بدذائقہ ۔ بے لُطف ۔
ناگوارا ۔ [ف ۔ صف] ناپسند ۔ خلافِ طبع ۔
ناگوار گزرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] بُرا لگنا ۔ اچھا معلوم نہ ہونا ۔ خلافِ طبع ہونا ۔
ناگہ (ناگہاں) ۔ [ف ۔ تابع فعل] (۱) اچانک ۔ دفعتہً ۔ یکایک ۔ (۲) بے خبری میں (۳) اچانک ۔ دفعتاً ۔
ناگہانی ۔ [ف ۔ صف] اتفاقیہ ۔ اچانک ۔
نالائق ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] (۱) ناقابل ۔ نااہل ۔ سفلہ ۔ کمینہ (۲) بیجا ۔ نامناسب ۔
نالائق پن ۔ [ا ۔ مذ] کمینگی ۔ سفلہ پن ۔
نالائقی ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث] (۱) کمینہ پن (۲) ناقابلیت ۔
نامانوس ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ صف] ناآشنا ۔ اجنبی ۔ بے گانہ ۔
نامبارک ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ صف] منحوس ۔ بدشگون ۔ نحس ۔ بد ۔ بُرا ۔
نامتناہی ۔ [ف ۔ ع ۔ صف] لامحدود ۔ لاانتہا ۔ بے حد ۔ بے تھاہ



Marfat.com

**نامحرم** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] (۱) ناواقف ۔ ناآشنا ۔ انجان ۔ غیر ۔ اجنبی ۔ وہ شخص جس سے نکاح جائز ہو ۔ اور عورت کو پردہ واجب ہو ۔

**نامُراد** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] ناکام ۔ محرُوم ۔ بے نصیب ۔ کم بخت ۔

**نامُراد جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] مراد پوری ہوئے بغیر جانا ۔

**نامُرادی** ۔ (۱) ناکامی ۔ محرُومی (۲) بدنصیبی

**نامربُوط** ۔ [ف ۔ صف ] بے ربط ۔ بے میل ۔ ناموزون ۔ بے جوڑ ۔ بے ترتیب ۔

**نامرد** ۔ (۱) ہیجڑا ۔ زنانہ ۔ زنخہ (۲) ڈرپوک ۔ بے حوصلہ (۳) وہ مرد جو عورت پر قادر نہ ہو (۴) وہ جو لڑائی میں بھاگ جائے ۔

**نامرد کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] ہیجڑا بنانا ۔ مخنث کرنا ۔

**نامرد ہاتھی اپنے ہی لشکر کو مارتا ہے** ۔ [ا ۔ مثل ] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کم ہمت آدمی زبردست دشمن پر تو وار نہ چلا سکے ۔ اور اپنے ہی زیر دستوں پر بے جا رُعب جمائے ۔

**نامرد ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] (۱) ڈرپوک ہونا (۲) قوت شہوانی نہ رہنا ۔

**نامردی** ۔ [ا ۔ محاورہ ] (۱) بُزدلی (۲) عدم رجولیت ۔

**نامُساعد** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] ناموافق ۔ ناساز گار ۔

**نامُساعدت** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث ] ناواقفیت ۔ ناساز گاری ۔

**نامسعد** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] نامبارک ۔

**نامسلم** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] کافر ۔ مشرک ۔

**نامشخص** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ صف ] (۱) بے تحقیق ۔ غیر معیّن (۲) جو ایک وضع پر قائم نہ رہے (۳) وہ جس کی پڑتال نہ کی گئی ہو ۔

**نامطابق** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] ناموافق ۔

**نامطبُوع** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] ناپسندیدہ ۔ ناگوار ۔ خلاف طبع ۔

**نامعتبر** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] جس کا اعتبار نہ ہو ۔

**نامعقول** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] (۱) ناپسندیدہ (۲) جو عقل میں نہ آسکے ۔ بے وقوفی کی بات (۳) احمق آدمی ۔

**نامعقولیت** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث ] بے وقوفی ۔ حماقت ۔

**نامعلوم** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ صف ] (۱) گم نام ۔ غیر مشہور (۲) انجان ۔ نہ جانا ہوا ۔

**نامُلائم** ۔ (۱) کُھرا ۔ سخت (۲) نامناسب ۔ نازیبا ۔

**نامُمکن** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] نہ ہونے والی ۔ اَن ہونی ۔ خارج از امکان ۔

**ناممکنات** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] وہ باتیں جو ممکن نہ ہوں ۔ ناممکنہ کی جمع ۔

**نامُناسب** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] ناپسندیدہ ۔ نامعقول

**نامنظور** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] انکار کیا گیا ۔ نامعقول ۔

**نامنظور کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب ] نہ ماننا ۔ انکار کرنا ۔ پسند نہ کرنا ۔

**نامنظوری** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث ] کسی کی درخواست کا قبول نہ کیا جانا ۔

**ناموافق** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] جو موافق نہ ہو ۔ خلاف ۔ ناگوار ۔

**ناموافق ہونا** ۔ راس نہ آنا ۔ خلاف ہونا ۔

**ناموافقت** ۔ [ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث ] اَن بن ۔ شکر رنجی ۔ بگاڑ ۔ موافق نہ ہونا ۔ مطابق نہ ہونا ۔

**ناموزون** ۔ [ف ۔ ع ۔ صف ] (۱) نازیبا ۔ بے جوڑ ۔ ناموافق ۔ بے میل (۲) بے تالا بے سُرا (۳) بحر سے خارج شعر وغیرہ ۔

**نامہربان** ۔ [ف ۔ صف ] (۱) بے وفا ۔ بے مروت ۔ بے رحم (۲) دشمن ۔ بدخواہ ۔ بداندیش ۔ بیری ۔

**نامہربانی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث ] بے مروّتی ۔ دشمنی ۔

**ناواجب** ۔ [ف ۔ صف ] بیجا ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔

**ناواجب العمل** ۔ [ف ۔ صف ] جس پر عمل نہ ہو سکے ۔

**ناواقف** ۔ [ف ۔ صف ] انجان ۔ نامحرم ۔ جاہل ۔ ناتجربہ کار ۔

**ناواقفیت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث ] جہالت ۔ ناتجربہ کاری ۔ اَن جان پن ۔

**ناوقت** ۔ [ف ۔ صف ] بے وقت ۔ بے موقع ۔

**ناہموار** ۔ [ف ۔ صف ] (۱) اُونچا ۔ نیچا ۔ (۲) ناموافق ۔ بے ہودہ ۔ نالائق ناشائستہ ۔

**ناہنجار** ۔ [ف ۔ صف ] بدچلن ۔ بدذات ۔ کمینہ ۔ بدکردار ۔

**نایاب** ۔ [ف ۔ صف ] نادر ۔ وہ چیز جو میسر نہ آئے ۔ ناپید (۲) بیش قیمت ۔ (۳) وہ چیز جو بہت کم میسر آئے ۔

**ناب** ۔ [ف ۔ صف ] (۱) جس میں ملاوٹ نہ ہو ۔ خالص ۔ صاف ۔ مرکبات میں جیسے شراب ناب ۔ (۲) [مث ] تلوار کی نالی جو قبضے سے نوک تک دو طرفہ ہوتی ہے (۳) ستون کی نالی (۴) کنگھی ۔ داڑھ (۵) [ق ۔ ا ۔ مذ ] ڈھانچہ قالب (۶) مخلص ۔ صادق ۔

**نابدار** ۔ [ف ۔ صف ] جس میں لکیریں یا نالیاں ہوں ۔

**نابدان** ۔ [ناب ۔ دان ] [ف ۔ ا ۔ مذ ] پانی نکلنے کی زمین دوز موری ۔

**نابغہ** ۔ [نا ۔ ب ۔ غہ ] [ع ۔ صف ] بے حد ذہین ۔ فطین ۔

**نابھ ۔ نابھی** ۔ [س ۔ ا ۔ مث ] ناف ۔

**نابھارت** ۔ [نا ۔ بھا ۔ رت ] [ہ ۔ ا ۔ مث ] وہ بھوری جو گھوڑے کے زیر ناف ہو یہ سخت معیوب ہے ۔

**ناپ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث ] پیمانہ ۔ اندازہ و پیمائش ۔ ماپ ۔

**ناپ تول** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث ] جوکھ ۔ پیمائش اور تول ۔

**ناپ کا پورا** ۔ [ا ۔ تابع فعل ] وہ جوان آدمی یا گھوڑا جو مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو ۔

**ناپنا** ۔ [نا ۔ پ ۔ نا ] [ہ ۔ مص ] پیمائش کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔

**ناپنا** ۔ [نا ۔ پ ۔ نا ] [ق ] انکار ۔

**نات** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ ] دیکھیے ناتا (۲) دیکھیے ناتھ ۔

**نات کا نہ گوت کا باٹنا مانگے پوتھ کا** ۔ [ا ۔ مثل ] اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتہ داری بنائے ۔

**ناتا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) رشتہ ۔ قرابت ۔ رشتہ داری ۔ بھائی بندی ۔ (۲) تعلق ۔ علاقہ ۔ واسطہ ۔ میل ۔ لگاؤ ۔

**ناتا توڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] تعلق نہ رکھنا ۔ رشتہ توڑنا ۔

**ناتا ٹوٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] تعلق نہ رہنا ۔ رشتہ نہ رہنا ۔

**ناتا جوڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] رشتہ جوڑنا ۔ نیا رشتہ قائم کرنا ۔

**ناتا چھوٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] تعلق ٹوٹ جانا ۔

**ناتے دار** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ ] رشتہ دار ۔

**ناتن ۔ ناتنی** ۔ [نا ۔ تن ] [نا ۔ ت ۔ نی ] [ہ ۔ ا ۔ مث ] نواسی ۔



Marfat.com

**ناتھ** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بیلوں کی ناک کی رسی (۲) آقا ۔ مالک (۳) خاوند ۔ (۴) جوگیوں کا لقب (۵) پناہ ۔ سہارا ۔

**ناتھنا** ۔ (نا ۔ تھ ۔ نا) [ا ۔ محاورہ] (۱) سوراخ کرنا ۔ چھیدنا ۔ (۲) بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا ۔ (۳) قابو کرنا ۔ بس میں کرنا ۔ (۴) شامل کرنا ۔ پھانسنا ۔

**ناتی** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] نواسا ۔

**ناٹ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] شہتیر ۔ کڑی ۔ (۲) لاٹھ ۔ ستون ۔ (۳) ناچ ۔ ناچنا (۴) تماشا ۔ نقل (۵) فٹ ۔

**ناٹ کا بچہ تو قلا بازی ہی کرے گا** ۔ [ا ۔ مثل] جو جس کام کے قابل ہو، وہی کرتا ہے ۔

**ناٹا** ۔ [ھ ۔ صف] (۱) ٹھگنا ۔ بونا ۔ چھوٹے قد کا ۔ (۲) شریر (۳) بیل ۔ جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو

**ناٹا پن** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] قد کا چھوٹا ہونا ۔

**ناٹا سب سے ٹانٹا** ۔ [ا ۔ مثل] پستہ قد آدمی مضبوط ہوتا ہے ۔

**ناٹک** ۔ [نا ٹک] [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) ناچنے والا ۔ رقاص ۔ تماشا کرنے والا بہروپیا ۔ ایکٹر (۲) کھیل ۔ تمثیل ۔ ڈرامہ ۔

**ناٹک رچانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سوانگ رچانا ۔

**ناٹک شال** ۔ [س ۔ ا ۔ مذ ۔ ق] ناچنے گانے والا ۔

**ناٹک شالا** ۔ [س ۔ ا ۔ مذ] (۱) ناچ گھر (۲) سینما گھر (۳) تھیٹر گھر ۔

**ناٹکی** ۔ [س ۔ ا ۔ مث] ناچنے والی عورت ۔ رقاصہ ۔ (۲) ایک قسم کا ناٹک ۔

**ناٹکیا** ۔ (ناٹک) یا [ہ ۔ ا ۔ مذ] سوانگی ۔ بہروپیا ۔ ایکٹر ۔

**ناٹم گار** ۔ (نا ۔ ٹم ۔ گار) [ق ۔ صف] معزز شخص ۔

**ناٹنا** ۔ (نا ۔ ٹ ۔ نا) [ق ۔ مص] بھاگنا ۔ انکار کرنا ۔

**ناٹھا** ۔ [ہ ۔ صف] وہ شخص جس کا کوئی رشتہ دار نہ ہو ۔

**ناٹھور** ۔ [ہ ۔ صف] جس کی کوئی جگہ نہ ہو ۔ بے ٹھکانہ ۔ بے ٹھور ۔

**ناٹھنا** (ناٹھ جانا) ۔ [ا ۔ مص ۔ ق] بھاگنا ۔ بھاگ جانا ۔

**ناثر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] نثر لکھنے والا ۔ عبارت نویس ۔ مضمون نگار ۔

**ناج** ۔ [ھ ۔ ا ۔ مذ] اناج کا مخفف ۔ غلہ ۔ دانہ ۔

**ناج پانی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] کھانے پینے کا سامان ۔

**ناج کی موج اگر برسے اسوج** ۔ [ا ۔ مثل] اسوج کے مہینے میں بارش ہو جائے تو فصل بہت اچھی ہوتی ہے ۔

**ناجو** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] ناز پروردہ ۔ لاڈلی ۔

**ناجی** ۔ [ع ۔ صف] نجات پایا ہوا ۔ گناہ معاف کیا ہوا ۔ مغفور ۔

**ناچ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رقص ۔ آہنگ یا رواج کے مطابق جسم کے اعضاء کی جمالیاتی حرکت (۲) خوشی میں اچھلنا کودنا ۔

**ناچ دکھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی کے سامنے ناچنا یا رقص کرنا ۔

**ناچ رنگ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ناچنا اور گانا ۔

**ناچ گانا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ناچ گانا ۔

**ناچ گھر** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ مکان جس میں ناچ ہوتا ہو ۔ تماشا گاہ ۔

**ناچ (نچا دینا) نچانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حیران و پریشان کرنا ۔ ستانا ۔ دق کرنا (۲) پھیرا پھیری کرانا ۔ دوڑ دھوپ کرانا ۔

**ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا** ۔ [ا ۔ مثل] کام نہ آئے مگر حیلے بہانے سے ٹالنا چاہے ۔

**ناچنا** (ناچ ۔ نا) [ا ۔ مص] رقص کرنا ۔ تھرکنا ۔ نرت کرنا (۲) غصے یا خفگی میں تلملانا ۔ بگڑنا (۳) اچھلنا کودنا ۔

**ناچنی** ۔ (ناچ ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] رقاصہ ناچنے والی ۔

**ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیسا** ۔ [ا ۔ مثل] جب کوئی کام کرنا ہی ہے تو شرم کیسی ۔ کسی عیب دار کام کرنے پر کہتے ہیں ۔

**ناچے کودے توڑے تان وا کا دیکھنا راکھے مان** ۔ [ا ۔ مثل] جو شخص دنیا میں اپنا وقت ہنسی خوشی سے گزارے ۔ اسی کی عزت ہوتی ہے ۔

**ناچے بامن دیکھے دھوبی** ۔ [ا ۔ مثل] اُلٹا زمانہ ۔

**ناخدا** ۔ (نا ۔ خُ ۔ دا) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ملاح ۔ جہاز ران ۔ جہاز کا کپتان ۔ (۲) رہنما ۔

**ناخدائی** ۔ (نا ۔ خُ ۔ دا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) رہبری ۔ رہنمائی (۲) جہاز رانی ۔

**ناخن** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) انگلیوں کے سروں کی ہڈی ۔ (۲) چوپایوں کے کھُر یا سُم (۳) پرندوں اور درندوں کے پنجوں کے اُوپر کی ہڈی ۔

**ناخن بندی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ملازمت ۔ نوکری (۲) علاقہ ۔ تعلقہ (۳) مدد معاش ۔ مدد خرچ ۔

**ناخن بھر** ۔ [ا ۔ صف] ذرا سا ۔ قلیل مقدار میں ۔

**ناخن پر قربان ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بہت حقارت سے دیکھنا ۔

**ناخن پر لکھا ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خوب یاد ہونا ۔

**ناخن تدبیر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] جس سے گتھیاں سلجھتی اور مسائل حل ہوتے ہیں ۔

**ناخن تراش** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں ۔ نہرنی ۔ نہرنا ۔

**ناخن سے گوشت جُدا ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اپنوں کا چھوٹ جانا ۔ رشتہ داروں کا جُدا ہونا ۔

**ناخن سے لکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کاغذ پر ناخن سے حروف و الفاظ بنانا ۔

**ناخن سے ماس جُدا نہیں ہوتا** ۔ [ا ۔ مثل] اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہوتے یگانوں کا جھگڑا جلد ختم ہو جاتا ہے ۔

**ناخن شمشیر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] تلوار کی دھار ۔

**ناخن گاڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ناخن چبھونا (۲) اختیار جمانا ۔

**ناخن گڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ناخن چبھنا (۲) نقش جمنا ۔ اختیار ہونا ۔

**ناخن گھسنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حد سے زیادہ کوشش کرنا ۔

**ناخن گیر** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] دیکھیے ناخن تراش ۔

**ناخن لینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ہوش میں آنا (۲) ناخن تراشنا (۳) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ۔

**ناخن (ناخنوں) میں پڑے ہیں** ۔ [ا ۔ مثل] ناخن کے میل کی طرح ہیں ۔ کچھ حقیقت نہیں رکھتے ۔

**ناخن نہیں گر گئے ہیں** ۔ [ا ۔ محاورہ] ہم تندرست ہیں کسی کا احسان نہیں لینا چاہتے ۔

**ناخن نیلے ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مرنے کی علامت ظاہر ہونا ۔ زہر کے اثر سے



Marfat.com

ناخن کا نیلا ہو جانا۔
**ناخنوں میں لکھ رکھنا** ۔[ا۔محاورہ] (کنایتاً) خیال میں رکھنا۔ یاد رکھنا۔
**ناخنوں میں ہونا** ۔[ا۔محاورہ] چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہونا۔
**ناخنہ** ۔(نا۔خُ۔نَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) مضراب۔ ستار بجانے کا مڑا ہوا تار (۲) آنکھ کی ایک بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کوئے میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) گھوڑے کی آنکھ کے سُرخ ڈورے۔
**ناخون** ۔[ف۔ا۔مذ] ناخن۔
**ناخونہ** ۔[ف۔ا۔مذ] دیکھیے ناخنہ۔
**ناد** ۔[ع۔ا۔مذ] (۱) دعوت۔ عزیمت (۲) بلاوا۔ منادی (۳) دُہائی۔
**نادِ علی** ۔[ع۔ا۔مث] (۱) لفظی معنی علی کو بلاؤ یا ان سے مدد طلب کرو (۲) ایک دُعا (۳) وہ پتھر جس پر دعائے نادِ علی کندہ ہوتی ہے۔
**ناد** ۔[س۔ا۔مذ] (۱) آواز۔ صدا۔ گونج۔ شور (۲) گانا۔
**ناد بجانا** ۔[ا۔محاورہ] سینگ کی ٹونگی بجانا۔ نرسنگھا پھونکنا۔
**ناد کرنا** ۔[ا۔محاورہ] (۱) گانا (۲) شیر کا گرجنا۔
**ناد** ۔(ق) مثل۔ مانند۔
**نادر** ۔(نا۔دِر) [ع۔صف] (۱) کم یاب۔ نایاب (۲) عمدہ۔ تحفہ۔ عجیب۔ جمع نادرات۔ نوادر۔
**نادر ریاٹ** ۔[ہ۔ا۔مذ] ایک قسم کا کپڑا جو بڑے عرض کا ہوتا ہے۔
**نادر شاہی) گردی** ۔[ف۔صف] نادر شاہ کے وقت جیسی بدانتظامی ظلم۔ اندھیرا۔
**نادرِ کار** ۔[ا۔مذ] نادرہ کار کا مخفف۔ (۱) وہ جس سے عجیب و غریب کام سرزد ہوں۔
**نادِرہ** ۔(نا۔دِ۔رَہ) [ع۔صف] کم یاب۔ عجیب۔ انوکھا۔ عجوبہ۔
**نادِری** ۔(نا۔دِ۔ری) [ع۔صف] (۱) نادر کا۔ نادر سے منسوب (۲) ایک قسم کی صَدری۔
**نادِری چڑھانا** ۔[ا۔محاورہ] گنجفے میں شرمناک مات دینا۔
**نادری حکم** ۔[ع۔ا۔مذ] سخت اور جابرانہ حکم
**نادِم** ۔(نا۔دِم) [ع۔صف] شرمندہ۔ پشیمان۔ خجل۔ شرمسار۔ جمع نادمین۔
**نادھنا** ۔(نا۔دَھ۔نا) [ھ۔مص] (۱) بیلوں کو جوتنا۔ یا جوڑنا (۲) شروع کرنا۔ (۳) غلام بنانا۔
**نادیا** ۔(نا۔دِ۔یا) [ھ۔ا۔مذ] وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو۔
**نار** ۔[ہ۔ا۔مث] ناری کا مخفف عورت۔ بیوی۔
**نار** ۔[ف۔ا۔مذکر] (۱) انار کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے گلنار۔
**نارپستان** ۔[ف۔صف] (۱) نوجوان لڑکی جس کی چھاتیاں ابھی لٹکی ہوئی نہ ہوں (۲) نوجوان لڑکی کی چھاتیاں۔
**نار** ۔[ع۔ا۔مث] آگ۔
**نارِ خلیل** ۔[ع۔ا۔مذ] وہ آگ جس میں کافروں نے حضرت ابراہیمؑ کو پھینک دیا تھا اور وہ خدا کی قدرت سے گلزار بن گئی تھی۔
**نارِ سقر** ۔[ع۔ا۔مث] دوزخ کی آگ۔
**نارِ سعیر** ۔[ع۔ا۔مث] دوزخ کی آگ۔
**نار** ۔[ہ۔ا۔مث] ناری کا مخفف (۱) عورت۔ بیوی (۲) جلاہوں کا ایک آلہ۔

**نارائن** ۔(نا۔را۔ین) [س۔ا۔مذ] (۱) قدیم (۲) ہمیشہ رہنے والا۔ خدا۔ (۳) وشنو کا لقب۔
**نارائن تیل** ۔[ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک قسم کا روغن جو بوٹیوں سے نکالا جاتا ہے (۲) مومیائی۔
**نارائنی** ۔(نا۔را۔ئی۔نی) [ھ۔ا۔مث] لچھمی۔ درگا دیوی۔
**نارجیل** ۔(نا۔ر۔جیل) [ف۔ا۔مذ] ناریل کھوپرا گری۔
**نارجیل دریائی** ۔[ف۔ا۔مذ] سمندر کے کنارے اُگنے والا ناریل۔ ایک دوا۔
**نارُد** ۔[ف۔ا۔مذ] پستو جو کتوں کو پڑ جاتے ہیں (۲) کنجوس۔ بخیل۔
**نارسل** ۔(نا۔ر۔سل) [ق۔ا۔مذ] ناریل۔
**نارمل (NORMAL)** ۔(نار۔مل) [انگ۔صف] ٹھیک۔ درست۔ قاعدے کے مطابق۔
**نارمل اسکول** ۔ تعلیم کے اصول سکھانے والا مدرسہ۔ پڑھانے کی تعلیم دینے والا مدرسہ۔
**نارنج** ۔(نا۔رنج) [ع۔ا۔مذ] نارنگ کا معرب۔ سنگترہ۔
**نارنجی** ۔(نا۔رن۔جی) [ع۔صف] (۱) نارنگی کے رنگ کا (۲) سُرخ مائل زرد۔
**نارنگی** ۔[ھ۔ا۔مث] چھوٹا سنگترہ۔
**نارُو۔ ناروا** ۔(نا۔رُو) [ھ۔ا۔مذ] ایک بیماری جس میں انسان کے بدن سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔
**ناری** ۔[س۔ا۔مذ] (۱) عورت (۲) بیوی (۳) استری۔
**ناری** ۔[ع۔صف] آگ سے منسوب۔ آگ کا بنا ہوا۔ جہنمی۔ دوزخی۔
**ناریل** ۔(نار۔یل) [ھ۔ا۔مذ] (۱) کھوپرا۔ گری۔ (۲) ناریل کا درخت۔ (۳) حقہ جو کھوکھلے ناریل میں سوراخ کرکے بناتے ہیں (۴) ایک قسم کی آتش بازی۔
**نار** ۔[ھ۔ا۔مث] (۱) نس۔ نبض (۲) گردن [ق] پناہ۔
**نار نیچی کرنا** ۔[ا۔محاورہ] شرم سے گردن جھکانا۔ سر جھکانا۔
**ناڑا** ۔[ھ۔ا۔مذکر] (۱) ازار بند (۲) کچا زرد یا سُرخ رنگ کا سوت۔
**ناڑا باندھنا (چڑھانا)** ۔[ا۔محاورہ] منت کے لیے روضہ۔ قبر یا امام باڑے میں ناڑا باندھنا۔
**ناڑا چھوٹ کرنا** ۔[ا۔محاورہ] پیشاب کرنا۔ موتنا۔
**ناڑا کھلنا** ۔[ا۔محاورہ] (۱) ازار بند کھلنا (۲) جماع ہونا۔ زنا ہونا۔
**ناڑا کھولنا** ۔[ا۔محاورہ] (۱) ازار بند کھولنا (۲) جماع کرنا۔ زنا کرنا۔
**ناڑے کا سچا** ۔[ہ۔ا۔مذ] حرام کاری سے پرہیز کرنے والا۔
**ناڑی** ۔(نا۔ڑی) [ھ۔ا۔مث] (۱) پودے کی شاخ یا ٹہنی (۲) بدن کا کوئی نال دار عضو۔ نس۔ نبض۔ (۳) بندوق کی نالی۔ (۴) انتڑی (۵) پھوڑا۔ زخم (۶) گھڑی (۷) ایک قسم کی آتش بازی۔
**ناڑی چھوٹنا۔ ناڑی نہ بولنا** ۔[ا۔محاورہ] (۱) نبض نہ چلنا۔ نبض کا حرکت نہ کرنا (۲) سکتہ ہو جانا۔ (۳) مر جانا۔ دم نکل جانا۔ (۴) کسی صدمے سے سُست ہو جانا۔
**ناڑی دیکھنا** ۔[ا۔محاورہ] خبر لینا۔ نبض دیکھنا
**ناڑی سے روگ ملتا ہے** ۔[ا۔مثل] نبض سے مرض معلوم ہوتا ہے ہر چیز



Marfat.com

کیلیے کوئی نہ کوئی وسیلہ مل جاتا ہے ۔

**ناڑیا** ۔ (نا۔ ڑیا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] نبض شناس ۔ نباض ۔

**ناز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) ادا ۔ نخرہ ۔ غمزہ (۲) پیار ۔ لاڈ ۔ چونچلا ۔ (۳) گھمنڈ ۔ فخر ۔ غرور (۴) بڑائی ۔ عزت ۔

**ناز اٹھانا ۔ ناز اُٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نخرے یا چونچلے برداشت کرنا ۔ ناز برداری کرنا ۔

**ناز بالش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پہلو کا تکیہ ۔ نرم تکیہ ۔

**ناز بردار** ۔ (ف ۔ صف) ناز اٹھانے والا ۔ عاشق ۔

**ناز برداری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ناز اٹھانا ۔ ناز یا چونچلے کی برداشت ۔

**ناز پروردہ** ۔ (ف ۔ صف) لاڈلا ۔ لاڈ میں پلا ہوا ۔

**ناز پیشہ** ۔ (ف ۔ صف) ناز یا نخرے کرنے والا معشوق ۔

**ناز سے چلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] انداز سے چلنا ۔ خراماں خراماں چلنا ۔

**ناز (نازوں) کا پالا** ۔ (ف ۔ صف) جو لاڈ اور پیار میں پلا ہو ۔

**ناز کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) نخرے کرنا ۔ لاڈ کرنا ۔ (۲) اترانا ۔ غرور کرنا (۳) فخر کرنا ۔

**ناز میں آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اترانا ۔ فخر کرنا ۔

**ناز نخرہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) چاؤ چوچلا ۔ لاڈ پیار ۔

**ناز و ادا** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) نخرہ ۔ ادا ۔ غمزہ ۔ پیاری من موہنی حرکات ۔

**ناز و نعمت میں پلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لاڈ اور پیار میں پلنا ۔ آرام و آرائش میں پرورش پانا ۔

**ناز و نیاز** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) پیار ۔ اخلاص ۔ لاڈ پیار چاؤ چوچلا (۲) آن اور انداز ۔ ناز و نخرہ ۔

**ناز ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] فخر ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔

**نازاں** ۔ (نا ۔ زاں) (ف ۔ صف) ناز کرنے والا ۔ فخر کرنے والا ۔ مغرور ۔

**نازاں ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] فخر کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ اترانا ۔

**نازبو** ۔ (ناز ۔ بو) (ف ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا خوشبودار پودا ۔ سیاہ تلسی ۔

**نازش** ۔ (نا ۔ زش) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) ناز ۔ فخر ۔ گھمنڈ ۔ (۲) بے پرواہی بددماغی ۔

**نازش ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ناز ہونا ۔ فخر ہونا ۔

**نازک** ۔ (نا ۔ زک) (ق ۔ صف) مشکل ۔

**نازک** ۔ (نا زُک) (ف ۔ صف) (۱) پتلا ۔ دُبلا ۔ ہلکا ۔ چھریرا ۔ (۲) لطیف ۔ نفیس (۳) نرم ۔ کومل (۴) جلد ٹوٹ جانے والا (۵) خوبصورت (۶) کمزور (۷) باریک ۔ دقیق (۸) تیز ۔ تند (۹) ناز پروردہ ۔ نازکا پلا ہوا (۱۰) خطرناک پیچیدہ ۔

**نازک ادا (انداز)** ۔ (ف ۔ صف) نہایت نفیس طور طریقوں والا خوش ادا معشوق ۔

**نازک اندام** ۔ (ف ۔ صف) چھریرے بدن کا دُبلا پتلا ۔ نازک جسم والا ۔

**نازک بات** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) لطیف بات (۲) اہم معاملہ خطرناک بات ۔

**نازک بدن** ۔ (ف ۔ صف) (۱) دُبلے پتلے جسم کا (۲) معشوق (۳) ایک قسم کی بیری ۔ (۴) ایک قسم کا باریک کپڑا (۵) ایک قسم کا آلو ۔

**نازک جگہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بدن کا وہ مقام یا عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی کی ہلاکت کا اندیشہ ہو ۔

**نازک خیال** ۔ (ف ۔ صف) عمدہ خیالات والا ۔ عالی دماغ ۔ عالی خیال ۔

**نازک خیالی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) عمدہ خیالات کا ہونا ۔

**نازک دماغ** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) (۱) مغرور (۲) بد دماغ ۔ بد مزاج ۔ چڑچڑا ۔ تنک مزاج (۳) زود رنج ۔

**نازک دماغی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) خود بینی ۔ غرور (۲) چڑچڑاپن ۔ تنک مزاجی ۔ بد دماغی ۔

**نازک طبع** ۔ (ف ۔ صف) نازک مزاج ۔

**نازک طبعی** ۔ نازک مزاجی ۔

**نازک کام** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] باریک کام ۔ وہ کام جو پائیدار نہ ہو ۔

**نازک مزاج** ۔ (ف ۔ صف) تنک مزاج چڑچڑا ۔ زود رنج ۔

**نازک مزاجی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) تنک مزاجی چڑچڑاپن ۔

**نازک (مسئلہ) معاملہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مشکل امر ۔ دقیق مسئلہ ۔ اہم معاملہ ۔

**نازک وقت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) مشکل زمانہ ۔

**نازکی** ۔ (نا ۔ زُ ۔ کی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) نزاکت ۔ ملائمت ۔ نرمی (۲) خوبی ۔ عمدگی (۳) تنک مزاجی (۴) نفاست ۔ لطافت ۔

**نازل** ۔ (نا ۔ زل) [ع ۔ صف] اترنے والا ۔ نیچے آنے والا ۔ وارد ہونے والا ۔ گزرنے والا ۔

**نازل کرنا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] اتارنا ۔ وارد کرنا ۔

**نازل ہونا** ۔ [ا ۔ مص مرکب] اترنا ۔ وارد ہونا ۔ نیچے آنا ۔ آسمان سے اُترنا ۔

**نازندہ** ۔ (ف ۔ صف) ناز کرنے والا ۔ فخر کرنے والا ۔

**نازنین** ۔ (ناز ۔ نین) [ف ۔ صف] (۱) دل فریب ۔ دل رُبا (۲) نازک اندام ۔ نازک ادا (۳) خوبصورت ۔ خوش وضع ۔ ناز و ادا سے فریفتہ کرنے والی خوش ادا ۔ جمع نازنیناں ۔

**نازوں کا پالا** ۔ [ا ۔ صف] لاڈ پیار سے پرورش کیا ہوا ۔

**نازی** = (NAZI) ۔ (نا ۔ زی) (انگ ۔ صف) ہٹلر کی فاشسٹ پارٹی کا رکن ۔

**نازیت** ۔ (نا ۔ زی ۔ یت) (اُر ۔ ا ۔ مؤنث) ہٹلر کا آمرانہ نظریہ اور نظام ۔

**ناس** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) اناس کا مخفف جو انس کی جمع ہے ۔ لوگ ۔ انسان ۔ مرکبات میں مستعمل ہے ۔ جیسے عوام الناس ۔

**ناس** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) ہلاس ۔ نسوار ۔

**ناسدانی** ۔ (ا ۔ مث) نسوار کی ڈبیا ۔

**ناس لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ہلاس یا نسوار سونگھنا یا ناک میں چڑھانا ۔

**ناس** ۔ (ھ ۔ صف) تباہ ۔ برباد ۔ خراب ۔ نابود ۔ معدوم ۔

**ناس کرنا ۔ ناس کھونا ۔ ناس مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تباہ کردینا ۔ برباد کردینا خراب کردینا ۔

**ناس ملادینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ناس کرنا ۔ خراب کردینا ۔ بگاڑ دینا ۔

**ناس ہونا (ہوجانا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] برباد ہوجانا ۔ تباہ ہوجانا ۔ بگڑ جانا ۔ خراب ہونا ۔



Marfat.com

**ناسا** ۔ [ھ ۔ا ۔ مذ ] (۱) بڑی ناک ۔ (۲) ایک قسم کی پھنسی جو ناک میں ہوتی ہے ۔

**ناسپاتی ۔ ناشپاتی** ۔ (نا س ، (نا ش) پا ۔ تی) [ھ ۔ا ۔ مؤنث ] سیب کی قسم کا مگر اس سے کم درجہ کا ایک پھل ۔

**ناس پال** ۔ (نا س ۔ پال) [ف ۔ا ۔ مذ] (۱) انار کا چھلکا (۲) کچا انار ۔ (۳) ایک قسم کی آتش بازی ۔

**ناسپالی رنگ** ۔ [اُر ۔ا ۔ مذ ] زردی مائل سبز رنگ نسواری رنگ ۔ انار کے چھلکے کا رنگ ۔

**ناستک** ۔ (نا س تِک) [س ۔صف] منکر ۔ بے دین ۔ ملحد ۔

**ناسخ** ۔ (نا ۔ سِخ) [ع ۔ صف ] (۱) لکھنے والا ۔ کاتب (۲) مٹانے والا ۔ منسوخ کرنے والا (۳) شیخ امام بخش لکھنوی کا تخلص ۔

**ناسک** ۔ (نا ۔ سک) [ھ ۔ا ۔ مث ] دیوار ۔

**ناسِک** ۔ (نا ۔ سِک) [ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) خدا پرست ۔ عبادت گذار ۔ (۲) نیک ۔ باعصمت ۔

**ناسُک ۔ ناسُکا** ۔ (نا ۔ سُک ، نا سُ ۔ کا [ق ۔ا ۔ مث ] ناک ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔

**ناسوت** ۔ (نا ۔ سُوت ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) عالم اجسام ۔ دُنیا ۔ (۲) شریعت ظاہری عبادت ۔

**ناسُور** ۔ (نا ۔ سُور ) [ ع ۔ا ۔ مذ ] وہ زخم جو ہمیشہ رِستا رہتا ہے ۔ اور اچھا نہیں ہوتا (۲) جسم میں گہرا سوراخ ۔

**ناسُور بھرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] پُرانے زخم کا اچھا ہونا ۔

**ناسور پڑنا یا پڑ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] (۱) ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہونا (۲) بہت ایذا یا تکلیف پہنچنا ۔

**ناسُور ڈالنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] (۱) زخم ڈالنا ۔ گھاؤ ڈالنا (۲) رنج پہنچانا ۔ تکلیف دینا ۔

**ناسی** ۔ (نا ۔ سی) [ہ ۔صف ] ناس کرنے والا ۔

**ناشپاتی** ۔ [ا ۔ مث ] دیکھیے ناسپاتی یا ناشپاتی

**ناشتا** ۔ (نا ش ۔ تا) [ف ۔ ا ۔ مذ ] (۱) نہاری ۔ صبح کا تھوڑا سا کھانا ۔ (۲) خالی پیٹ ۔ بھوکا ۔

**ناشتا کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] نہاری کرنا ۔ صبح کا کھانا تناول کرنا ۔

**ناشِر** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] نشر و اشاعت کرنا والا ۔ پبلشر ۔ کتابوں کو چھاپ کر بیچنے والا (۲) بکھیرنے والا ۔ فاش کرنے والا ۔

**ناشِرین** ۔ (نا ۔ شِ ۔ رین) [ع ۔ا ۔ مذ ] (۱) ناشر کی جمع (۲) اشاعت کرنے والے ۔

**ناشی** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] (۱) پیدا ہونے والا (۲) شروع ہونے والا ۔ (۳) ظاہر ہونے والا ۔ ظاہر ۔ واضح ۔

**ناصِب** ۔ [ ع ۔ا ۔ مذ ] کھڑا کرنے والا ۔ قائم کرنے والا ۔ نصب کرنے والا ۔

**ناصح** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] نصیحت کرنے والا ۔ صلاح کار ۔ جمع ناصحین ۔

**ناصِر** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] مدد کرنے والا ۔ معاون ۔ حامی ۔ جمع ۔ انصار ۔

**ناصیہ** ۔ (نا ۔ صِ ۔ یہ) [ ع ۔ا ۔ مذ ] (۱) پیشانی کے بال (۲) ماتھا ۔ پیشانی ۔

**ناصیہ سا** ۔ (۱) زمین پر پیشانی رگڑنے والا (۲) عاجز ۔ بےچارہ ۔ ناچیز ۔

**ناصیہ سائی (فرسائی)** ۔ [ع ۔ف ۔ا ۔ مث ] ماتھا رگڑنا ۔ خوشامد ۔

**ناصیہ فرسا** ۔ [ف ۔ا ۔ مث ] ماتھا رگڑنے والا ۔

**ناطق** ۔ [ ع ۔ا ۔ مذ ] (۱) بولنے والا ۔ گویا (۲) صاحب عقل (۳) مستحکم ۔ مضبوط ۔ (۴) دوسرے کو عاجز اور خاموش کر دینے والا ۔

**ناطقہ** ۔ (نا ۔ طِ ۔ قہ) [ع ۔صف ] (۱) بولنے کی قوت ۔ طاقت گویائی ۔

**ناطقہ بند کر دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] بولنے کی طاقت بند کر دینا ۔ (۲) لاجواب کر دینا ۔ تنگ کرنا ۔

**ناظر** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] (۱) دیکھنے والا (۲) نگہبان ۔ محافظ (۳) محرروں کا افسر ۔ ہیڈ محرر (۴) میر سامان (۵) خواجہ سرا ۔

**ناظرہ** ۔ (نا ۔ ظِ ۔ رَہ) [ع ۔ا ۔ مث ] (۱) دیکھنے کی قوت (۲) دیکھ کر پڑھنا ۔

**ناظرہ خواں** ۔ وہ جو حافظ قرآن تو نہ ہو مگر دیکھ کر پڑھ سکتا ہو ۔

**ناظرہ پڑھنا** ۔ کلام پاک دیکھ کر پڑھنا ۔

**ناظرین** ۔ (نا ۔ ظِ ۔ رین ) [ ع ۔ا ۔ مذ ] ناظر کی جمع ۔ (۱) دیکھنے والے (۲) پڑھنے والے مطالعہ کرنے والے ۔

**ناظم** ۔ [ع ۔صف ] (۱) پرونے والا ۔ لڑی بنانے والا (۲) انتظام کرنے والا ۔ منتظم ۔ کارکن ۔ سربراہ (۳) نظم کہنے والا ۔ شاعر (۴) سیکرٹری (۵) گورنر ۔ صوبیدار جمع ۔ نظما ۔ ناظمان ۔

**ناظم تعلیم** ۔ [ ع ۔ا ۔ مذ ] وہ افسر جو تعلیم کا منتظم ہو ۔ ڈائریکٹر تعلیم ۔

**ناظورہ** ۔ (نا ۔ ظو ۔ رہ) [ ع ۔صف ] (۱) محبوبہ (۲) مالنوں کا سردار ۔

**ناعِم** ۔ [ ع ۔ مذ ] نرم ۔ نازک (۲) آسان ۔ (۳) نرم مزاج ۔ (۴) خیبر کا ایک قلعہ ۔

**ناعورہ** ۔ [ع ۔ا ۔ مذ ] پن چکی یا ہوا چکی ۔ (۲) وہ رگ جس سے خون بہتا ہو (۳) پانی کا گھڑا ۔ برتن ۔

**ناغول** ۔ (نا ۔ غو ۔ ل ) [ف ۔ا ۔ مث ] چھوٹی کوٹھری جو زینے کے نیچے بناتے ہیں ۔

**ناغہ** ۔ (نا ۔ غہ ) [ت ۔صف ۔ و ۔ا ۔ مذ ] (۱) خالی ۔ بیکار (۲) تعطیل ۔ غیر حاضری ۔

**ناغہ کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] تعطیل کرنا ۔ غیر حاضری ۔

**ناغہ ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] غیر حاضری یا تعطیل ہونا ۔

**ناغہ نویس** ۔ [ف ۔ا ۔ مذ ] عہدہ دار جو ملازموں کی حاضری لیتا اور غیر حاضری درج کرتا ہے ۔

**ناف** ۔ [ف ۔ا ۔ مث ] (۱) پیٹ کے درمیان وہ سوراخ جہاں رحم مادر میں بچے کی آنول جڑی ہوتی ہے ۔ (۲) وسط ۔ درمیان ۔ بیچ ۔ مرکز ۔

**نافِ ارض** ۔ [ف ۔ا ۔ مث ] زمین کا مرکز ۔ کعبہ شریف ۔ مکہ معظمہ ۔

**ناف الا** ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ (ق)

**ناف ٹالنا ۔ ناف ٹل جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] ناف کا بے جگہ ہو جانا ۔ دھرن ٹلنا ۔

**نافِ زمین** ۔ [ف ۔ا ۔ مث ] دیکھیے ناف ارض ۔

**نافِ شب** ۔ [ف ۔ا ۔ مث ] آدھی رات ۔ رات کا درمیان ۔

**نافِذ** ۔ (نا ۔ فِذ ) [ع ۔صف ] (۱) جاری ہونے والا ۔ (۲) جاری ۔ مؤثر ۔ لاگو ۔ نافذ ہونے والا ۔

**نافذ کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ ] جاری کرنا ۔ صادر کرنا ۔

**نافِذہ** ۔ (نا ۔ فِ ۔ ذہ) [ع ۔صف ] جاری شدہ ۔

**نافِر** ۔ [ع ۔صف ] نفرت کرنے والا ۔ گھن کھانے والا (۲) بھاگنے والا ۔



Marfat.com

**نافع** - (نا - فِع) [ع - صف] (۱) مفید - فائدہ مند - نفع دینے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام - (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک غلام جسے آپ نے آزاد کر دیا تھا - (۵) حضرت علی کا بنوایا ہوا ایک قید خانہ -
**نافلہ** - (نا - فِ - لہ) [ع - مذ] (۱) وہ فعل یا عبادت جو فرض نہ ہو، بلکہ برائے حصول ثواب کی جاتے - جمع - نوافل -
**نافلۂ اشراق** - [ع - ا - مذ] طلوع آفتاب کے بعد کی نماز نفل -
**نافہ** - [ف - ا - مذ] مشک کی تھیلی - ایک خاص ہرن کے پیٹ کی تھیلی جو خوشبودار ہوتی ہے - ناف سے مشتق ہے -
**نافۂ آہو** - تاتاری ہرن کے پیٹ کی تھیلی -
**نافی** - [ع - صف] انکار کرنے والا - نفی کرنے والا -
**ناقد** - [ع - صف] (۱) پرکھنے والا - تنقید کرنے والا -
**ناقص** - [ع - صف] (۱) ادھورا - غیر مکمل - (۲) عیب دار - خراب (۳) غیر خالص کھوٹا - جمع - ناقصان -
**ناقص الخلقت** - [ع - صف] جس کا کوئی عضو پیدائشی طور پر خراب ہو -
**ناقص العقل** - [ع - صف] کم عقل - بے وقوف -
**ناقص عیار** - [ا - محاورہ] غیر معیاری - جو معیار پر پورا نہ اُترے -
**ناقص کرنا** - [ا - محاورہ] بگاڑنا - خراب کرنا - کھوٹ ملانا -
**ناقصات العقل** - [ع - صف] کم عقل عورتیں
**ناقل** - [ع - صف] ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا (۲) نقل کرنے والا - بیان کرنے والا (۳) راوی - جمع - ناقلان -
**ناقوس** - [نا - قوس] [ع - ا - مذ] سنکھ جو ہندو پوجا کرتے وقت بجاتے ہیں -
**ناقوس پھونکنا** - [ا - مص - مرکب] سنکھ بجانا -
**ناقہ** - [ع - ا - مث] اُونٹنی - سانڈنی -
**ناک** - [ھ - ا - مث] (۱) چہرے کا وہ دو سوراخوں والا لمبا سا عضو جس سے سانس لیتے ہیں (۲) غیرت - شرم - لحاظ (۳) نمود کی چیز (۴) عیرت - آبرو - شان (۵) آرائش - (۶) کوئی چیز جو باعث فخر ہو (۷) مشہور یا ممتاز انسان -
**ناک** - [ف - صف] پُر - بھرا ہوا (۲) منسوب (۳) کلمہ نسبت اسماء کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے جیسے افسوسناک - غمناک -
**ناک آنا** - [ا - محاورہ] ناک سے آلائش گرنا -
**ناک اڑا دینا** - [ا - محاورہ] (۱) ناک کاٹنا (۲) بے عزت کرنا -
**ناک اُونچی ہونا** - [ا - محاورہ] عزت بڑھنا - سرخروئی ہونا - بول بالا ہونا -
**ناک بند** - گھوڑے کی پوزی -
**ناک بہنا** - [ا - محاورہ] ناک سے آلائش کا نکلنا -
**ناک بھوں چڑھانا / سکیڑنا** - [ا - محاورہ] (۱) تیوری چڑھانا (۲) ناراض ہونا - خفا ہونا (۳) بیزار ہونا - نفرت ظاہر کرنا -
**ناک بیٹھ جانا / بیٹھنا** - [ا - محاورہ] چوٹ یا مرض کی وجہ سے ناک کا چپٹا ہو جانا -
**ناک بیندھنا** - [ا - محاورہ] ناک میں سوراخ کرنا - ناک چھیدنا -
**ناک پاک کرنا** - [ا - محاورہ] ناک صاف کرنا
**ناک پچک جانا** - [ا - محاورہ] ناک بیٹھ جانا -
**ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا** - [ا - محاورہ] عورتوں یا زنخوں کی طرح باتیں کرنا -
**ناک پر پہیا پھر جانا** - [ا - محاورہ] ناک کا چپٹا ہونا - ناک کا بیٹھ جانا -
**ناک پر ٹکا رکھ دینا** - [ا - محاورہ] قیمت یا اُجرت فوراً ادا کر دینا -
**ناک پر غصہ ہونا** - [ا - محاورہ] ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا - بہت جلد خفا ہونا -
**ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑانا** - [ا - محاورہ] بہت سست یا کاہل ہونا -
**ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا** - [ا - محاورہ] (۱) کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا - کسی کا شرمندۂ احسان نہ ہونا - غیرت کو داغ نہ لگنے دینا -
**ناک پکڑتے دَم نکلنا** - [ا - محاورہ] نہایت کمزور ہونا - نہایت لاغر ہونا -
**ناک پھلانا** - [ا - محاورہ] غرور یا غصے سے ناک کو چوڑا کر لینا -
**ناک چڑھانا** - [ا - محاورہ] (۱) تیوری چڑھانا نتھنے پھیلانا (۲) ناراض ہونا (۳) غرور سے ناپسندیدگی کا اظہار کرنا - نفرت سے خاطر میں نہ لانا -
**ناک چڑھی رہنا** - [ا - محاورہ] (۱) تیوری چڑھی رہنا - بد مزاج بنا رہنا - ہر وقت ناراض رہنا -
**ناک چنے چبوانا** - [ا - محاورہ] ناک میں دَم کرنا - بہت ستانا - عاجز کر دینا -
**ناک چوٹی** - عزت آبرو -
**ناک چوٹی پر آفت آنا** - [ا - محاورہ] عزت آبرو پر آفت آنا -
**ناک چوٹی کاٹنا** - [ا - محاورہ] ذلیل و رسوا کرنا - بے آبرو کرنا -
**ناک چوٹی کا ڈر ہونا** - [ا - محاورہ] بے عزتی کا خوف ہونا -
**ناک چوٹی میں گرفتار (رہنا) ہونا** - [ا - محاورہ] عزت سنبھالنے اور زینت میں مصروف رہنا -
**ناک چوٹی ہاتھ ہونا** - [ا - محاورہ] عزت و آبرو کسی کے اختیار ہونا -
**ناک چھد جانا** - [ا - محاورہ] نتھ وغیرہ ڈالنے کا سوراخ بڑا ہو جانا -
**ناک رکھ لینا** - (رکھنا) - [ا - محاورہ] عزت رکھ لینا - بات رکھ لینا -
**ناک رگڑنا** - [ا - محاورہ] (۱) زمین پر ناک گھسانا (۲) نہایت منت و زاری کرنا - عجز و انکساری کرنا -
**ناک رگڑے کا بچہ** - [ا - محاورہ] - وہ بچہ جو بہت سی دعاؤں سے منتیں مان کر پیدا ہوا ہو - اللہ آمین کا بچہ -
**ناک سلامت رکھنا** - [ا - محاورہ] اپنی عزت بچانا - نیک نامی حاصل کرنا -
**ناک سنکنا** - [ا - محاورہ] ناک صاف کرنا - ناک کی ریزش نکالنا -
**ناک سکوڑنا / سکیڑنا** - [ا - محاورہ] (۱) ناک چڑھانا (۲) نفرت کرنا -
**ناک سے لکیریں کھینچنا** - [ا - محاورہ] کسی بات سے توبہ کرنا - اپنا قصور مان کر آئندہ کے لیے توبہ کرنا -
**ناک قلم ہونا** - [ا - محاورہ] (۱) ناک کٹ جانا (۲) بے عزتی ہو جانا -
**ناک کا بال** - [ا - صف] نہایت عزیز اور مقرب -
**ناک کا بانسا** - [ا - محاورہ] دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی یا دیوار -
**ناک کا بانسا پھرنا** - [ا - محاورہ] دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی نشانی ہے -
**ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا** - [ا - محاورہ] بے غیرتی اختیار کرنا - حیا شرم اٹھا جانا -



Marfat.com

**ناک کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا۔ (۲) کسی تیز دھار آلے یا دانتوں سے ناک کاٹ دینا۔ مرد بدچلن عورتوں کی ناک کاٹ دیتے ہیں۔
**ناک کا گجوا۔ ناک کا چوہا۔** (ا۔ مذ) وہ ریزش جو ناک میں جم کر سخت ہو جاتی ہے۔
**ناک کان کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نکٹا اور بوچا بنانا (۲) ذلیل و خوار کرنا۔
**ناک کٹانا۔** (ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
**ناک کٹ جانا۔** (ا۔ محاورہ) عزت و آبرو خاک میں مل جانا۔
**ناک کٹی۔** (ا۔ مث) بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی۔
**ناک کٹی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) رسوائی ہونا۔
**ناک کٹے۔** (بددعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو۔ اس کی عزت جائے۔
**ناک کی پھنگی۔** (ا۔ مث) ناک کی نوک۔
**ناک کی سیدھ۔** (ا۔ مث) ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں۔ بخطِ مستقیم۔
**ناک کی کیل۔** (ا۔ مث) وہ کیل جو عورتیں ناک میں لگاتی ہیں۔
**ناک کے پھیر سے بیان کرنا۔** (ا۔ محاورہ) بات کو طوالت سے بیان کرنا۔
**ناک کے رستے نکل جانا۔** (ا۔ محاورہ) شیخی کرکری ہو جانا۔
**ناک گھسنی۔** (ا۔ مث) عاجزی۔ منت سماجت کرنا۔
**ناک میں بولنا۔** (ا۔ محاورہ) منمنانا۔
**ناک میں تیر دینا۔** (ا۔ محاورہ) بہت تنگ کرنا۔
**ناک میں دم آنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت تنگ ہونا۔ سخت پریشان ہونا۔
**ناک میں دم آنے لگنا۔** (ا۔ محاورہ) جی گھبرانے لگنا۔ دم اُٹھنے لگنا۔
**ناک میں دم کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔
**ناک نقشہ۔** (ا۔ مذ) چہرے کے خد و خال۔
**ناک نہ دی جانا۔** (ا۔ محاورہ) سخت بدبو ہونا۔
**ناک نہ رہنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) غیرت جاتی رہنا (۲) بے عزت ہو جانا۔
**ناک نہ کان نتھ بالیوں کا ارمان۔** (ا۔ مثل) حیثیت کچھ نہیں مگر حوصلے اونچے۔
**ناک والا۔** (ا۔ صف۔ مذ) (۱) عزت والا۔ غیرت والا۔
**ناک ہو تو نتھیا سوہے۔** (ا۔ مثل) اصل چیز ہونی چاہیے۔ فروعات بعد میں بھی مہیا ہو سکتی ہیں
**ناک آوٹ** (Knockout) (انگ۔ ا۔ مذ) مکے بازی میں حریف کو مار کر اکھاڑے سے باہر نکال دینا۔
**ناکوں ناک۔** (ا۔ صف) لبالب۔ لبریز۔ منہا منہ۔
**ناکوں ناک بھر دینا۔** (ا۔ محاورہ) لبالب بھر دینا۔
**ناکا۔** (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) سڑک کا اخیر۔ راستے کی حد۔ (۲) مہرا۔ بسرا۔ (۳) رہ۔ راستہ۔ (۴) گلی کوچے کا دروازہ (۵) شہر کا دروازہ (۶) چنگی کی چوکی۔ (۷) سوئی کا چھید۔ (۸) حد۔ کنارہ (۹) پانی کے گزرنے کی جگہ (۱۰) پولیس کا چھوٹا تھانہ یا چوکی (۱۱) سڑک یا درے میں داخل ہونے کی جگہ (۱۲) ایک دریائی جانور۔ مگرمچھ (۱۳) مگرمچھ کی قسم کا ایک دریائی جانور۔

**ناکا بند کرنا۔** (ا۔ محاورہ) حد بندی کرنا (۲) راستہ روکنا۔ راستے میں پہرہ بٹھانا۔ پانی کے بہاؤ کو روکنا۔
**ناکا بند ہونا۔** (۱) راستہ رُک جانا۔ ٹھہراؤ کرنا۔
**ناکا بندی۔** (ا۔ مث) حد بندی۔ (۲) راستہ روکنا۔
**ناکا روکنا۔** (ا۔ محاورہ) رستے پر پہرہ بٹھانا۔ راستہ روکنا۔
**ناکا سنبھالنا۔** (ا۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ راستہ پر پہرہ ہونا۔
**ناکے دار۔** (ا۔ مذ) ناکادار۔ سوراخ دار۔
**ناکے میں سے نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سوئی کے سوراخ میں سے نکالنا (۲) دِق کرنا۔ ستانا (۳) مجبور کرنا (۴) سیدھا کرنا۔ درست کرنا۔
**ناکح۔** (ع۔ صف) نکاح کرنے والا۔
**ناکڑا۔** (ناک۔ ڑا) (ھ۔ ا۔ مذ) بڑی ناک۔
**ناکو۔** (ھ۔ ا۔ مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ۔
**ناکھنا۔** (نا۔ کھ۔ نا) (ق۔ مص) رکھنا۔
**ناگ۔** (س۔ ا۔ مذ) (۱) سانپ (۲) پھن دار سیاہ سانپ۔
**ناگ بیل۔** (ہ۔ ا۔ مث) پان کی بیل۔ خیال ہے کہ سانپ اس کے نیچے رہتا ہے اس لیے اسے ناگ بیل کہتے ہیں۔
**ناگ پنچمی۔** ہندوؤں کا ایک تہوار۔ جو پانچ ساون سُدی کو ہوتا ہے۔
**ناگ پھنی۔** تھوہر کی ایک قسم جس کے پتوں کی شکل سانپ کے پھن کی طرح ہوتی ہے۔
**ناگ دنت۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی دانت۔
**ناگ دون۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پودا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کی کوئی گھر میں ہو تو سانپ نہیں آتا۔
**ناگ کھلانا۔** (ا۔ محاورہ) جان جوکھوں کا کام کرنا (۲) خطرے میں پڑنا (۳) بدمزاج حاکم کی ملازمت میں ہونا۔
**ناگا۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قوم جو آسام کے پہاڑی علاقوں میں رہتی ہے (۲) اس فرقہ کا ایک فرد (۳) ہندو سادھو جو ننگے رہتے ہیں۔
**ناگر۔** (ھ۔ صف) (۱) قصبہ یا شہر کے متعلق (۲) شہری یا شہر کا رہنے والا۔ (۳) چالاک۔ ہوشیار (۴) گجراتی براہمنوں کی ایک قوم (۵) بڑی آبادی۔ (۶) (ق۔ ا۔ مذ) ہل (۷) ایک گھاس
**ناگر بیل۔** (ہ۔ ا۔ مث) پان کی بیل
**ناگر پان۔** (ہ۔ ا۔ مذ) بہترین قسم کا پان (۲) عمدہ اور بڑا پان۔
**ناگر موتھا۔** (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
**ناگری۔** (ناگ۔ ری) (س۔ ا۔ مث) (۱) ہندی زبان کا رسم الخط۔ (۲) چالاک عورت (۳) ایک پودا۔
**ناگل۔** (ہ۔ ا۔ مذ) ہل۔ قلبہ (۲) جوئے کی رسی جس سے بیل جوڑتے ہیں۔
**ناگن۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ناگ کی مادہ (۲) گدی کے بالوں کی بھونری۔
**ناگن سونگھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ناگن کا کاٹنا۔
**ناگنی۔** (ناگ۔ نی) (ھ۔ ا۔ مث) (۱) بڑے سانپ کی مادہ (۲) حسین عورت۔
**ناگوری۔** (نا۔ گو۔ ری) (ھ۔ صف) شہر ناگور واقع مارواڑ سے منسوب ہے۔ جہاں کے بیل بہت مشہور ہیں (۲) ایک قسم کا جوتا۔



Marfat.com

نَاگیسَر ۔ (نا۔گے۔ سَر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اس کا پودا۔
نال ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) قریب ۔ نزدیک (۲) وہ آنت جو کہ رحم مادر میں بچے کے پیٹ سے جڑی ہوتی ہے ۔ اور جسے پیدائش پر کاٹ کے جدا کر دیتے ہیں (۳) بندوق یا پیچے کی نالی ۔ (۴) لوہے یا پتھر کا آلہ جسے پہلوان ورزش کے وقت اٹھاتے ہیں (۵) [ق] ساتھ ۔ مانند ۔
نال اٹھانا ۔ [ا ۔ محاورہ] پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا کندہ ۔ برائے ورزش اٹھانا ۔
نال کاٹنا ۔ [ا ۔ مص مرکب] بچہ کی پیدائش کے وقت ناف کی نلی کاٹنا ۔
نال کٹائی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] دائی کا وہ حق جو نال کاٹنے پر دیا جاتا ہے ۔
نال گڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) بچے کی ناف سے نال کاٹ کر زمین میں دبا دینا ۔ دعوے اور استحقاق ہونا (۲) تعلق ہونا (۳) زاد بوم ہونا ۔ مسکن ہونا ۔
نال نکالنا ۔ [ا ۔ محاورہ] ہر داؤں پر مالک قمار خانہ کا حصہ الگ کرنا ۔
نال ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ ریشہ جو قلم تراشتے وقت نکلتا ہے (۲) نے ۔ نرسل جو اندر سے خالی ہو ۔
نالا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رنگین گنڈے دار سوت (۲) ازار بند (۳) چھوٹی ندی ۔ چھوٹا دریا ۔ برساتی نہر ۔
نالاں ۔ (نا ۔ لاں) [ف ۔ صف] (۱) روتا ہوا ۔ نالہ کرتا ہوا ۔ (۲) شاکی ۔ فریادی ۔ واویلا کرنے والا (۳) عاجز ۔ تنگ ۔
نالش ۔ (نا ۔ لِش) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) رونا ۔ گریہ وزاری (۲) فریاد ۔ دہائی ۔ شکایت (۳) دعوے ۔ حاکم کے سامنے چارہ جوئی ۔
نالشِ استردادِ دعوے ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] دعویٰ واپس لینے کی عرضی ۔
نالشِ استقرارِ حق ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] حق برقرار رکھنے کی نالش ۔
نالش دائر کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) عدالت میں دعوے دائر کرنا (۲) فریاد کرنا ۔
نالشِ مفلسی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] وہ نالش جس میں مفلس ہونے کے باعث تا حصول ڈگری عدالت کے رسوم ادا نہ کرنا پڑیں ۔
نالشا نالشی ۔ [اُر ۔ ا ۔ مث] باہمی جھگڑے کی وجہ سے ایک دوسرے پر دعوے دائر کرنا ۔
نالشی ۔ (نا ۔ لِ ۔ شی) [ف ۔ صف] دعویدار (۲) فریادی ۔ شکایت کرنے والا ۔
نالکی ۔ (نال ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی کھلی پالکی ۔ تام جھام ۔
نالنا ۔ (نال ۔ نا) [ق ۔ مص] رونا ۔ چلّانا ۔ فریاد کرنا ۔
نالہ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) فریاد ۔ واویلا (۲) شور ۔ غل ۔ فغاں ۔
نالۂ دل ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] آہ ۔ آہ سرد ۔
نالہ سر کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] فریاد کرنا ۔ آہ کھینچنا ۔
نالۂ سوزاں ۔ [ف ۔ صف] جلا دینے والی آہ ۔
نالۂ شبگیر ۔ [ف ۔ صف] رات کے وقت کی آہ و فغاں
نالہ کرنا ۔ [ا ۔ مص ۔ مرکب] فریاد کرنا ۔ آہ و فغاں کرنا ۔
نالہ کش و فرسا ۔ [ف ۔ صف] فریاد کرنے والا ۔
نالہ کھینچنا ۔ [ا ۔ محاورہ] فغاں کرنا ۔
نالہ گر ۔ [ف ۔ صف] فغان و پکار کرنے والا ۔
نالۂ گرم ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ نالہ جو کمال جوش سے نکلے ۔

نالۂ مرغ سحر ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] صبح کے وقت مرغ کی بانگ ۔
نالہ نکلنا ۔ [ا ۔ محاورہ] فریاد ہونا
نالہ و شیون ۔ [ف ۔ مذ] رونا ۔ چیخنا ۔ آہ و زاری ۔
نالی ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] موری ۔ پانی نکلنے کا راستہ ۔
نام ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ لفظ جس سے کوئی شخص یا چیز پہچانی جائے ۔ (۲) اسم ۔ ناؤں (۳) لقب ۔ کنیت ۔ خطاب ۔ عرف ۔ تخلص ۔ (۴) شہرت ۔ ناموری ۔ (۵) عزت ۔ آبرو ۔ (۶) نسل ۔ اولاد ۔ خاندان ۔ (۷) تہمت ۔ الزام ۔ (۸) یادگار ۔ (۹) متعلق ۔ مرکبات کے [آخر] میں استعمال ہوتا ہے جیسے گمنام ۔ بدنام ۔ برا سا نام ۔
نام آسمان پر ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] بڑی شہرت ہونا ۔ بڑی نیک نامی ہونا ۔
نام آور ۔ [ف ۔ صف] مشہور ۔ معروف ۔
نام آوری ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] شہرت ۔
نام اُٹھ جانا یا اُٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] نام نہ رہنا ۔ نام مٹ جانا ۔
نام اُچھلنا ۔ [ا ۔ محاورہ] برائی کی وجہ سے مشہور ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔
نام اُڑ جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] نشان تک باقی نہ رہنا ۔ نیست و نابود ہو جانا ۔
نام بازار تک جانا ۔ [ا ۔ محاورہ] لوگوں میں بدنامی ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔
نام باقی رہنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) مرنے کے بعد نام لیا جانا (۲) شہرت رہ جانا ۔ (۳) یادگار باقی رہ جانا (۴) نام کے سوا کچھ باقی نہ رہنا ۔
نام بتانا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) نام ظاہر کرنا (۲) اپنی شخصیت کو متعارف کرانا ۔
نام بدنام کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا (۲) عیب لگانا ۔ الزام دھرنا ۔
نام بُردہ ۔ [ا ۔ محاورہ] وہ جس کا اوپر نام لیا جا چکا ہے ۔
نام بڑا اور درشن چھوٹے ۔ [ا ۔ مثل] جتنا نام ہے اتنا کام نہیں ۔ نام کے مطابق سامان نہیں ۔
نام بڑا اونچا کانوں سے بوچا ۔ [ا ۔ مثل] خاندان کی بدنامی کا باعث ہے ۔
نام بڑا ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) کسی اچھی بات کے لیے مشہور ہونا ۔ (۲) اعلیٰ خاندان ہونا ۔
نام بڑا یا دام ۔ [ا ۔ مثل] نیک نامی دولت سے بہتر ہے ۔
نام بکنا ۔ [ا ۔ محاورہ] نام کی شہرت سے چیز بکنا ۔ نام کی قدر ہونا ۔
نام بگاڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) نام بدنام کرنا (۲) نام کو اصل حالت پر نہ رکھنا ۔
نام بلند بہ از بام بلند ۔ [ف ۔ مثل] نیک نامی عالی شان عمارتوں والی جائیداد سے اور مال و دولت سے بہتر ہے
نام بنام ۔ [ف ۔ تابع فعل] نام وار ۔ ہر ایک کو ۔ ایک ایک کو نام لے کر ۔
نام بھی نہ لینا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) سخت نفرت کرنا ۔ بہت بیزار ہونا (۲) مطلق یاد نہ رہنا ۔
نام بھی نہیں ۔ [ا ۔ محاورہ] نام نہیں کچھ نہیں ۔ ذرا بھی نہیں ۔
نام پانا ۔ [ا ۔ محاورہ] مشہور ہونا ۔ نیک نامی حاصل کرنا ۔ شہرت ہونا
نام پر ۔ [ا ۔ تابع فعل] (۱) نام کے لیے طفیل میں ۔ واسطے (۲) شہرت کے لیے (۳) کسی کے نام کی تعظیم کے لیے ۔
نام پر بیٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) بھروسا کرنا ۔ متوکل رہنا ۔ (۲) نام کا پاس اور لحاظ کر کے مستقل رہنا ۔



Marfat.com

نام پر پاپوش (بیزار ) مارنا۔(ا۔ محاورہ) کسی سے بے حد بیزار ہونا۔
نام پر جانا۔(ا۔ محاورہ) رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔
نام پر جان دینا۔(ا۔ محاورہ) شہرت حاصل کرنے کی بیحد کوشش کرنا۔
نام پر حرف آنا۔(ا۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
نام پر کٹورا (لوٹا) پھیرنا۔(ا۔ محاورہ) چور معلوم کرنے کے لیے دو آدمی کٹورے یا لوٹے کو انگلیوں سے پکڑتے ہیں اور مشتبہ اشخاص کے نام کی پرچیاں لوٹے میں ڈالتے ہیں۔ اور کچھ پڑھتے ہیں سمجھتے ہیں کہ جب ملزم کے نام کی پرچی ڈالی جاتی ہے تو کٹورا یا لوٹا گھوم جاتا ہے۔
نام پر گالیاں پڑنا۔(ا۔ محاورہ) (۱) بُرا آدمی جس کا ذکر آتے ہی لوگ گالیاں دینے لگیں۔ (۲) نام لے کر گالیاں دینا۔
نام پر لٹانا۔(ا۔ محاورہ) کسی کی خاطر کوئی چیز خیرات کرکے لٹا دینا۔
نام پر (مٹنا ) مرنا۔(ا۔ محاورہ) شہرت کے لیے بیحد کوشش کرنا۔ شہرت کا بہت زیادہ طالب ہونا
نام پر ہونا۔(ا۔ محاورہ) کسی کے متعلق ہونا۔ کسی کی ملکیت میں ہونا۔ نامزد ہونا۔
نام پڑ جانا۔(ا۔ محاورہ) کسی نام سے مشہور ہو جانا۔ عرف یا لقب ہو جانا
نام پکارنا۔(ا۔ محاورہ) نام لے کر آواز دینا۔ (۲) نام سے بلانا۔ (۳) حاضری لینا۔
نام (پکڑنا) پکڑ لینا۔(ا۔ محاورہ) خواہ مخواہ نام لینا۔
نام پیدا کرنا۔(ا۔ محاورہ) شہرت حاصل کرنا۔
نام پیروں کا کھائیں مجاور۔(ا۔ مثل) دوسرے کے نام سے اپنا کام نکالنا۔
نام پیش کرنا۔(ا۔ محاورہ) کسی کام یا ممبری کیلیے کسی کے نام کو تجویز کرنا۔
نام تجویز کرنا۔(ا۔ محاورہ) نام پیش کرنا (۲) بچے کا نام رکھنا۔
نام تک کا روادار نہ ہونا۔(ا۔ محاورہ) بیحد ناراض اور بیزار ہونا۔ نام لینے کی بھی اجازت نہ ہونا۔
نام تک سے واقف نہ ہونا۔(ا۔ محاورہ) نام بھی نہ جاننا۔ بالکل نہ جاننا۔
نام (ٹھہرا لینا ) ٹھہرانا۔(ا۔ محاورہ) کوئی نام رکھ لینا۔ نام مقرر کر لینا۔
نام جاگنا۔(ا۔ محاورہ) دوبارہ مشہور ہونا۔ شہرت کا کم ہو جانے کے بعد پھر بڑھ جانا۔
نام جپنا۔(ا۔ محاورہ) کسی کا ہر وقت ذکر کرنا۔ یاد کرنا۔
نام جھنڈے پر چڑھانا۔(ا۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
نام چار کو۔(ا۔ تابع فعل) برائے نام۔ بہت تھوڑا۔
نام (چڑھنا ) چڑھانا۔(ا۔ محاورہ) نام رجسٹر میں درج ہونا۔ نام دفتر میں لکھنا۔
نام چلنا۔(ا۔ محاورہ) کسی کی یادگار باقی رہنا۔ نام قائم رہنا۔
نام چمکنا۔(ا۔ محاورہ) شہرت پانا۔
نام حاصل کرنا۔(ا۔ محاورہ) شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔
نام خارج کر دینا۔(ا۔ محاورہ) رجسٹر یا تحریر سے نام کاٹ دینا۔ قلمزد کر دینا۔
نام خاک میں مل جانا۔(ا۔ محاورہ) سخت بدنام ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔
نام خدا (کلمۂ دعا)۔ (۱) تعظیم و تکریم کے لیے اور خدا کی قسم کی بجائے مستعمل ہے (۲) برکت اور نظر بد سے محفوظ رہنے کا کلمہ۔ چشم بد دور، ماشاء اللہ (۳) تحسین و آفرین کا کلمہ۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
نام خدا کنوارا پنڈا ہے۔(ا۔ محاورہ) نام خدا چشم بد دور ابھی کنواری ہے۔
نام خراب کرنا۔(ا۔ محاورہ) بدنام کرنا۔

نام داخل یا درج ہونا۔(ا۔ محاورہ) لکھنا۔ رجسٹر وغیرہ میں تحریر کرنا۔
نام دار۔(ف۔ صف) مشہور۔ نامی۔
نام دنیا سے اُٹھ جائے۔ (بددعا) مر جائے۔ مٹ جائے۔ کوئی نام لیوا باقی نہ رہے۔
نام دھرنا۔(ا۔ محاورہ) (۱) عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بُرا کہنا۔ (۲) قیمت مقرر کرنا۔
نام دینا۔(ا۔ محاورہ) نام رکھنا۔ مشہور کرنا۔
نام ڈبونا۔(ا۔ محاورہ) خاندان کو بٹا لگانا۔ بزرگوں کا نام بدنام کرنا۔
نام ڈوبنا۔(ا۔ محاورہ) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ عزت جانا۔
نام رکھنا۔(ا۔ محاورہ) (۱) بچے کا کوئی نام تجویز کرنا (۲) بُرا کہنا۔
نام روشن (کرنا ، ہونا)۔(ا۔ محاورہ) (۱) شہرت ہونا (۲) (طنزاً) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔
نام روک لینا۔(ا۔ محاورہ) ترقی وغیرہ کے لیے نام نہ بھیجنا۔
نام زبان پر پھرنا۔(ا۔ محاورہ) کسی کا نام ذہن سے اتر جانا۔ کسی کا نام پوری طرح یاد نہ آنا۔
نامزد۔(ا۔ صف) (۱) مشہور۔ معروف (۲) معین۔ مقرر (۳) کسی کام کیلیے تجویز کیا گیا (۴) منسوب لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو۔
نامزد کرنا۔(ا۔ محاورہ) (۱) کسی کام کے لیے مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ (۲) منسوب کرنا
نام ساکھ۔(ا۔ تابع فعل) نام کا اعتبار اور شہرت۔
نام زندہ کرنا۔(ا۔ محاورہ) نام روشن کرنا۔ یاد تازہ کرنا۔
نام سننے سے رونگٹے کھڑے ہونا۔(ا۔ محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔
نام سے۔(ا۔ تابع فعل) (۱) نام لے کر۔ نام پر (۲) نام کی بدولت (۳) نام سنکر۔ نام لینے سے۔ نام کے ساتھ (۴) بہانے سے۔
نام سے آشنا ہونا۔(ا۔ محاورہ) معمولی واقفیت ہونا۔
نام سے بکنا۔(ا۔ محاورہ) کسی چیز کا اپنے نام کی وجہ سے بکنا۔
نام سے بھاگنا۔(ا۔ محاورہ) سخت متنفر ہونا۔ نام تک سننا گوارا نہ کرنا۔
نام سے تپ چڑھنا۔(ا۔ محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔ بیحد خائف ہونا۔
نام سے جلنا۔(ا۔ محاورہ) انتہائی دشمنی اور نفرت ہونا
نام سے چڑنا (ا۔ محاورہ) کسی کا نام سن کر ناراض ہو جانا۔ سخت نفرت کرنا۔
نام سے چڑھنا۔ نام سننا پسند نہ کرنا۔
نام سے دم نکلنا۔(ا۔ محاورہ) بہت ڈرنا۔ بیحد خوف کھانا۔
نام سے کان پکڑنا۔(ا۔ محاورہ) کسی کی اُستادی یا کمال کا قائل ہونا۔
نام سے کانپنا۔(ا۔ محاورہ) بہت ڈرنا۔ بیحد خائف ہونا۔
نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا۔(ا۔ محاورہ) بیحد نفرت کرنا۔ سخت بیزار ہونا۔
نام سے مطلب۔(ا۔ محاورہ) شہرت سے غرض۔
نام سے نفرت ہونا۔(ا۔ محاورہ) بہت نفرت ہونا۔ نام سے چڑنا۔
نام کا ایک۔(ا۔ صف) (۱) آفت کا پرکالا۔ بہت چالاک (۲) ضدی (۳) وعدے کا پکا۔
نام کا پاس۔(ا۔ مذ) عزت کا خیال۔
نام کا دشمن ہونا۔(ا۔ محاورہ) بیحد نفرت اور بیزاری ہونا۔
نام کا سکہ جاری ہونا (چلنا)۔(ا۔ محاورہ) بے حد عزت اور ناموری حاصل



Marfat.com

ہونا۔ لوگوں پر دھاک بیٹھنا۔

نام کا کُتّا نہ پالنا۔ (ا۔ محاورہ) بیحد بیزار ہونا۔

نام کا وظیفہ۔ (ا۔ مذ) کسی کو بہت یاد کرنا۔

نام کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شہرت حاصل کرنا۔ نیک نامی پیدا کرنا (۲) الزام دھرنا (۳) کسی کے ذمے ڈالنا۔ کسی کے لیے مخصوص کرنا۔

نام کندہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) نام کھودنا۔

نام کو۔ (ا۔ تابع فعل) بہت کم۔ ذرا سا۔ برائے نام۔ کہنے کو۔

نام کو آگ لگانا۔ (ا۔ محاورہ) نام نہ لینا۔ قریب نہ جانا

نام کو بٹا (دھبا) لگانا۔ (ا۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔

نام کو مرنا۔ (ا۔ محاورہ) نام کے لیے جان دے دینا۔

نام کو نہ چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سب کچھ لے لینا (۲) کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ خاتمہ کر دینا۔ صفایا کرنا۔

نام کو نہ رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) کچھ نہ رہنے دینا۔ بالکل مٹا دینا۔

نام کو نہ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) بالکل نہ رہنا۔ کچھ نہ رہنا۔ سب کچھ ختم ہو جانا۔

نام کو نہیں۔ (ا۔ محاورہ) بالکل نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔

نام کی چیز۔ (ا۔ مث) (۱) وہ چیز جو کسی کے لیے منگائی جائے۔ (۲) وہ چیز جو کسی کے لیے مخصوص ہو جائے یا نامزد کردی جائے۔

نام کی رٹ۔ (ا۔ مث) کسی کے نام کا وِرد۔ ہر وقت کسی کو یاد کرنا۔

نام کی نوبت بجانا۔ (ا۔ محاورہ) اپنے نام کو مشہور کرنا۔

نام کی تسبیح پڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) نام رٹے جانا۔ ہر وقت نام لینا۔

نام کے لیے مرنا۔ (ا۔ محاورہ) نام وری کی خواہش میں جان و مال کی پرواہ نہ کرنا۔ ناموری کی بیحد خواہش ہونا۔

نام لگانا۔ نام لگنا یا نام لگ جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) الزام عائد کرنا۔ کوئی قصور ذمہ لگنا (۲) تہمت لگنا۔

نام اللہ۔ (ا۔ مذ) اللہ کے نام پر۔

نام لے بیٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) بے سوچے کسی پر الزام عائد کرنا

نام لے دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی پر الزام دینا۔ (۲) کسی قصور میں کسی کا نام بتا دینا۔

نام لے کر۔ (ا۔ تابع فعل) نام سے۔ نام کی بدولت۔

نام لے کر مانگ کھانا۔ (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ کے نام پر خیرات مانگ کر گذارا کرنا۔

نام لینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نام زبان پر لانا (۲) نام رٹنا۔ نام جپنا (۴) تعریف کرنا گن گانا (۵) کسی کا ذکر کرنا (۶) واسطہ دینا۔

نام لیوا۔ (ا۔ صف) (۱) یادگار۔ (۲) بیٹا۔ وارث۔ (۳) یاد کرنے والا۔ نام پر فخر کرنے والا۔

نام لیوا نہ پانی دیوا۔ (ا۔ مثل) سب مر گئے کوئی باقی نہ رہا۔

نام میرا گاؤں تیرا۔ (ا۔ مثل) کمائے کوئی اڑائے کوئی۔ خود لے لینا اور دوسرے کو کچھ نہ دینا۔

نام نامی۔ (ا۔ مذ) مشہور و معروف نام۔ عزت کا کلمہ۔

نام نکالنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شہرت پانا (۲) (طنزاً) بدنامی مول لینا۔ رسوائی ہونا (۳) کسی مقدس کتاب سے اخذ کرکے بچے کا نام رکھا جانا (۴) عمل کے ذریعے چور کا نام دریافت کرنا۔

نام نکل جانا۔ (ا۔ محاورہ) مشہور ہو جانا (۲) نام پڑ جانا۔

نام نمود۔ (ف ۔ ا۔ مذ) عزت۔ ٹیپ ٹاپ۔ ظاہری ٹھاٹھ۔ نمائش۔ دکھاوا۔

نام نہاد۔ (ف۔ صف) (۱) موسوم۔ نامزد (۲) کہنے کو۔ نام کو۔ برائے نام۔

نام نہ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) مٹ جانا۔ یادگار باقی نہ رہنا۔

نام نہ لو۔ (ا۔ بول چال) ذکر نہ کرو۔ نفرت کے موقع پر کہتے ہیں۔

نام نہ لینا۔ (ا۔ محاورہ) سخت بیزار ہونا۔ (۲) بالکل کوئی کام نہ کرنا۔ نام زبان پر نہ لانا۔

نام نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) وجود نہ ہونا (۲) شہرت نہ ہونا۔

نام نہیں۔ (ا۔ محاورہ) پتہ نہیں۔ سراغ نہیں۔ بے نشان ہے (۲) وجود نہیں (۳) تذکرہ نہیں۔

نام نیک رفتگاں ضائع مکن، تا بماند نام نیکت پائیدار۔ (ف۔ مثل) جو لوگ مر چکے ہیں۔ اُن کے نیک ناموں کو ضائع نہ کر تاکہ تیرا نام بھی نیکی سے زندہ رہے۔

نام وَر۔ (ف۔ صف) نام آور کا مخفف۔ نامی۔ مشہور و معروف۔

نام وری۔ (ف ۔ ا۔ مث) شہرت۔ نیک نامی۔ نام آوری کا مخفف۔

نام و نشان۔ (ا۔ مذ) (۱) اتا پتہ۔ ٹھور ٹھکانہ (۲) یادگار۔ آثار۔

نام و نشان باقی نہ رہنا۔ (ا۔ محاورہ) نیست و نابود ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ مٹ جانا۔

نام و ننگ۔ (ف ۔ ا۔ مذ) عزت۔ آبرو۔ ناموس۔

نام ہونا۔ (ا۔ محاورہ) اسم ہونا۔ لقب ہونا (۲) شہرت ہونا (۳) تہمت لگنا (۴) ذمے پڑنا۔ سر پڑنا (۵) شرکت کرنا۔

نام ہی نام ہے۔ (ا۔ محاورہ) حقیقت کچھ نہیں صرف کہنے کو ہے۔

نام ہے۔ (ا۔ محاورہ) شہرت ہے (۲) برائے نام ہے (۳) فی الحقیقت ہے۔ دراصل یہ ہے۔

نامَم۔ (نا۔ مَم) (ق ۔ ا۔ مذ) وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔

ناموس۔ (نا۔ مُوس) (ع ۔ ف ۔ ا۔ مث) (۱) آبرو۔ شہرت۔ عزت۔ (۲) صاحب راز (۳) (مذ) حضرت جبرائیل کا لقب۔ فرشتہ۔ (۴) احکام الٰہی۔ (۵) اہل خانہ۔ (۷) حرم سرا۔ زنان خانہ۔ ننگ۔ شرم۔

ناموس اکبر۔ (ع ۔ ا۔ صف) (۱) حضرت جبرائیل کا لقب۔ (۲) شریعت۔ قاعدہ۔ دستور بزرگ۔

ناموس بگاڑنا۔ (ا۔ محاورہ) بے آبروئی کرنا۔ عزت و آبرو پر حرف آنا۔

ناموسی۔ (نا۔ مُو۔ سی) (ف ۔ ا۔ مث) بے عزتی۔ بدنامی۔ رسوائی۔ شرم۔ لحاظ۔

نامہ۔ (نا۔ مَہ) (ف ۔ ا۔ مذ) (۱) خط۔ چٹھی۔ تحریر (۲) رسالہ۔ کتاب (۳) دفتر۔ رجسٹر (۴) مرکبات میں جیسے اقرار نامہ۔

نامۂ اعمال۔ (ع ۔ مذ) وہ کتاب جس میں اعمال درج ہوں۔ وہ کتاب جس پر نکیرین ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں۔

نامۂ اعمال دھویا جانا۔ (ا۔ محاورہ) گناہوں کا بخشا جانا۔



Marfat.com

نامۂ اعمال سیاہ ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) بیحد گناہ گار ہونا ۔ اعمال نامہ پر بہت سے گناہوں کا لکھا جانا ۔
نامہ بر ۔ (ع۔ف۔صف) چٹھی رساں ۔ قاصد ۔
نامہ بری ۔ (ع۔ف۔ا۔مث) خط یا پیام لے جانے کا کام ۔
نامۂ شوق ۔ (ف۔ا۔مذ) محبت آمیز خط ۔ دوست کا خط ۔
نامہ کھلا آنا ۔ (ا۔ محاورہ) موت کی خبر آنا ۔ پہلے دستور تھا کہ موت کی خبر کا خط کھلا بھیجتے تھے ۔
نامہ نگار ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) خبر نویس ۔ خط نویس (۲) اخبار کا نمائندہ یا مضمون نگار ۔
نامہ نگار خصوصی ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ اخبار نویس جو کسی خاص معاملہ پر مضمون لکھنے پر متعین ہو ۔
نامۂ و پیام ۔ پیغام ۔ (ف۔ا۔مذ) خط و کتابت ۔ سلام پیام ۔
نامی ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑھنے والا ۔ نشو و نما پانے والا ۔ (ف) ۔ مشہور ۔ نام والا ۔ نام کا ۔
نامی چور ۔ (ا۔مذ) مشہور چور ۔ بڑا بھاری چور ۔
نامی گرامی ۔ (ا۔مذ) بہت مشہور ۔ مشہور و معروف ۔ نامور ۔
نامیہ ۔ (نا۔می۔یہ) (ع۔ا۔مث) بڑھنے کی قوت ۔ نمو دینے والی قوت ۔
نان ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) روٹی ۔ تنور کی روٹی ۔ موٹی روٹی ۔
نان بائی ۔ ف۔ا۔مذ) روٹی پکانے والا ۔ روٹی بیچنے والا ۔
نان پاؤ ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) ڈبل روٹی (۲) ایک قسم کی خمیری روٹی ۔
نان پز ۔ (ف۔ا۔مذ) نانبائی ۔ بھٹیارا ۔
نان جویں ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) جو کی روٹی (۲) (مجازاً) روکھی سوکھی روٹی ۔ دال دلیا ۔
نان خشک ۔ (ف۔ا۔مذ) سوکھی روٹی ۔ روکھی روٹی ۔
نان خطائی ۔ (ف۔ا۔مث) میدہ گھی اور شکر سے تیار کی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی ۔
نان خواہ ۔ (ف۔ا۔مذ) اجوائن ۔
نان خورش ۔ سالن ۔ گوشت ۔ پھل وغیرہ جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں ۔
نانِ خورشید ۔ (ف۔ا۔مذ) قرص خورشید کو بطور استعارہ کہتے ہیں ۔
نان فروش ۔ (ف۔ا۔مذ) روٹی بیچنے والا ۔
نان کار ۔ (ف۔ا۔صف) وہ زمین جو ملازم کو اس کی خدمت کے صلہ میں گذارے کے لیے دی جائے ۔
نان کے لیے مرنا ۔ (ا۔ محاورہ) کھانے پر جان دینا ۔ کھانے کو مقدم جاننا ۔
نان و نفقہ ۔ (ف۔ا۔مذ) روٹی کپڑا ۔ گذارا ۔ خانہ داری کا خرچ ۔ بال بچوں کے مصارف ۔
نان و نمک ۔ (ف۔ا۔مذ) معمولی غذا ۔ ایسی غذا جس میں تکلف نہ ہو ۔
نانا ۔ (ھ۔ا۔مذ) ماں کا باپ ۔
نانا دادا ۔ (ھ۔ا۔مذ) (۱) آباؤ اجداد ۔ خاندان کے بزرگ ۔ (۲) (مجازاً) گرو اُستاد
نانا کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلواوے ۔ (ا۔مثل) خرچ کوئی اٹھائے نام کسی کا ہو ۔
نانڈ ۔ (ھ۔ا۔مث) بڑا کونڈا ۔
نانڈا ۔ (نا۔ں۔دا) (ھ۔ا۔مذ) کرسی گیلا
نانڈنا ۔ (نا۔ن۔دْ۔نا) (ق۔مص) (۱) تسلیم کرنا (۲) تلاش کرنا (۳) زندگی بسر کرنا ۔ رہنا ۔ بسنا ۔
نانڈھنا ۔ (ھ۔مص) (۱) شروع کرنا (۲) بیان کرنا (۳) اختیار کرنا (۴) چرخے کو گردش دینا (۵) جالی بننے کا کام شروع کرنا ۔
نانڈھیا (نانڈیا بیل) ۔ (ھ۔ا۔مذ) تماشی بیل جسے جگہ جگہ پھراتے ہیں اور اُسے مالک کا کہا ماننے کی تربیت دی جاتی ہے ۔
نانک ۔ (ھ۔ا۔مذ) سکھ مذہب کے بانی اور پہلے گورو (۲) وہ گھوڑا جس کے جسم پر دور تک سفیدی ہو ۔
نانک پنتھی ۔ (نا۔نک۔پن۔تھی) (ھ۔صف) گورو نانک کے پیرو سکھ ۔
نانک شاہی ۔ (نا۔نک۔شاہی) (ھ۔ا۔مذ) فقیروں کا ایک گروہ ۔ ایک قسم کا موٹا پیسہ جس کا اب چلن نہیں ہے ۔
نانک ننھا ہو رہو جیسے ننھی دوب ، پیڑ بڑے گر جائیں گے دوب خوب کی خوب ۔ (ا۔ مقولہ) انکساری بہتر ہے
نانگا ۔ (ناں۔گا) (ھ۔صف) (۱) ننگا (ا۔مذ) (۲) سادھوؤں کا ایک گروہ جو ننگے رہتے ہیں ۔
نانگرنا ۔ (ناں۔گر۔نا) (ق۔مص) ہل چلانا ۔
نانگھنا ۔ (نانگھ۔نا) (ھ۔مص) پھاندنا ۔ اس چیز سے گذرنا جو راستہ میں حائل ہو ۔ پھاندنا ۔
ناؤں ۔ (ناں۔او۔ں) (ق۔ا۔مذ) نام ۔
ناؤں کاری ۔ (ق) ہم نام ۔
ناتواں ۔ ناتوہ ۔ (ناں۔واں) (ناں۔وہ) (ھ۔ا۔مذ) وہ رقم جو کسی کے نام پر لکھی ہوئی ہو ۔ واجب الادا قرضہ ۔
ناتواں چکانا ۔ (ا۔ محاورہ) حساب بیباق کرنا ۔ قرضہ ادا کرنا ۔
نانہ ۔ (نا۔نہ) (ھ) نہیں ۔ حرف نفی ۔
نانھیال ۔ (نا۔نھ۔یا۔ل) (ھ۔ا۔مذ۔مث) نانا کا گھر ۔ نانا کا خاندان ۔
نانی ۔ (ھ۔ا۔مث) ماں کی ماں ۔ نانا کی بیوی ۔
نانی خصم کرے دوہتا (نواسا) چٹی بھرے ۔ (ا۔مثل) کرے کوئی اور خمیازہ کوئی بھرے ۔
نانی یاد آنا ۔ (ا۔ محاورہ) محنت کے کام میں جی چھوڑ بیٹھنا ۔ محنت سے گھبرا جانا ۔ مشکل کام ۔
ناوک ۔ (نا۔وک) (ف۔ا۔مذ) (۱) تیر ۔ خدنگ ۔ بان ۔
ناوک انداز (فگن) ۔ (ف۔صف) تیر چلانے والا ۔
ناوک اندازی (افگنی) فگنی ۔ (ف۔ا۔مث) تیر چلانا ۔
ناوک مژگاں ۔ (ف۔ا۔مث) تیر جیسی تیز اور لمبی پلکیں ۔
ناول (Novel) (نا۔ول) (انگ۔ا۔مذ) طویل افسانہ ۔ مسلسل اور لمبا قصہ جس میں متعدد افراد کی کردار نگاری کی گئی ہو ۔
ناولسٹ ۔ (Novelist) (نا۔و۔لسٹ) (انگ۔ا۔مذ) ناول لکھنے والا ناول کا مصنف ۔ قصہ نویس ۔
ناولیٹ ۔ (Novelette) (نا۔و۔لیٹ) (انگ۔ا۔مذ) چھوٹا ناول طویل افسانہ ۔
ناہر ۔ (نا۔ہر) (ھ۔ا۔مذ) شیر ۔ ببر شیر ۔



Marfat.com

نابہر سانس - (ہ - ا - مذ) گھوڑے کا ایک مرض - جس میں سانس پھول جاتا ہے اور منہ سے آواز نکلتی ہے -

نابہرو - (نا - ہَ - رو) (ہ - ا - مذ) سوت جیسا باریک کیڑا - جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے - نہروا -

ناہید - (نا - ہید) (ف - ا - مث) زہرہ - ستارہ - حسن و محبت کی دیوی -

ناہیں - (نا - ہیں) (ھ) نہیں کلمہ نفی -

نائب - (ع - ا - مذ) (۱) ماتحت - مددگار - قائم مقام - (۲) مختار - وکیل - سفیر -

نائب السلطنت - (ع - ا - مذ) وائسرائے - گورنر - صوبیدار -

نائب دیوان - (ع - ا - مذ) خزانچی کا نائب -

نائٹ - (Knight) (نا - اِٹ) (انگ - ا - مذ) فوجی مصاحب - مرد میدان بانکا - ایک انگریزی خطاب - سر -

نائٹ - (Night) (انگ - صف) رات کا رات سے متعلق -

نائٹ سکول - (Night School) (انگ - ا - مذ) مدرسہ شبینہ -

نائٹ کلب - (Night Club) (انگ - ا - مذ) - شبینہ کلب - تفریح گاہ جہاں رات کو ناچ گانا ہو -

نائٹرک ایسڈ - (Nitric Acid) (نا - اِٹ - رِک - اے - سِڈ) (انگ - ا - مذ) شورے کا تیزاب -

نائٹروجن - (Nitrogen) (نا - اِٹ - رو - جَن) (انگ - ا - مذ) بے رنگ و بو اور بے ذائقہ گیس - شورین -

نائٹریٹ - (Nitrate) (نا - اِٹ - ریٹ) (انگ - ا - مذ) نائٹرک ایسڈ اور الکحل کا مرکب - سوڈا - پوٹاس -

ئبرہ - (نا - ءِ - رہ) (ع - ا - مذ) (۱) شعلہ - لپٹ - جمع - نوائر -

ئک - (س - ا - مذ) سردار - نایک -

ئکہ - (نا - ءِ - کہ) (س - ا - مث) رنڈی کے گھر کی سردار - نائکہ -

ئلان - (Nylon) (نا - اِ - لان) (انگ - ا - مذ) ایک جدید مصنوعی مرکب جو کپڑے اور دوسری چیزیں بنانے میں استعمال ہوتا ہے -

ئم - (ع - صف) سونے والا - جمع - نیام -

ئن - (نا - ءِن) (ھ - ا - مث) حجام کی بیوی - نائی قوم کی عورت -

ؤ - (ھ - ا - مونث) کشتی -

ؤ چلانا - کشتی کھینا -

ؤ خشکی میں نہیں چل سکتی - (ا - مثل) (۱) دولت مند آدمی کو بغیر خرچ کیے شہرت حاصل نہیں ہو سکتی (۲) کوئی کام بے محل اور خلافِ دستور نہیں ہوا کرتا -

ؤ کنارے لگنا - (ا - محاورہ) مشکل آسان ہونا (۲) کشتی کا کنارے پر پہنچنا -

ؤ کھینا - (ا - محاورہ) (۱) کشتی چلانا (۲) کنبے کا خرچ برداشت کرنا -

منجدھار میں پڑنا - (ا - محاورہ) (۱) کشتی کا بھنور میں پھنسنا (۲) معاملہ کا پیچیدہ ہو جانا - سخت مشکل آن پڑنا -

میں خاک اُڑانا - (ا - محاورہ) (۱) جھوٹا الزام لگانا - ناحق تہمت دھرنا - (۲) بہانہ ڈھونڈنا (۳) بیکار جھوٹ بولنا -

ناؤ نوش - (ف - ا - مذ) نغمہ سننا اور شراب پینا - عیش و طرب - رنگ رلیاں - رنگ و نغمہ -

نائی - (ھ - ا - مذ) (۱) حجام - موتراش -

نائی کی برات میں جنے جنے (سب ہی) ٹھاکر - (ا - مثل) کام کرنیوالا کوئی نہیں البتہ حکم دینے والے سب - اپنی قوم میں ہر کوئی عزت دار ہے -

نائی نائی بال کتنے؟ ججمان جی آگے آتے ہیں - (ا - مثل) جب کوئی بات ظاہر ہونیوالی ہو اور اس کی نسبت کوئی پوچھے تو کہتے ہیں -

نائے - (نا - اے) (ف - ا - مث) (۱) بانسری - نے (۲) نل - نالی - نلکا (۳) نہر (۴) بید -

## ن - ب

نب - (Nib) (انگ - ا - مذ) انگریزی قلم کی زبان جو دھات کی ہوتی ہے -

نبات - (نَ - بات) (ع - ا - مث) (۱) روئیدگی - سبزہ - بوٹی - سبزی - ترکاری (۲) (ف) مصری - قند - چینی - جمع - نباتات -

نبات چنوانا - شادی بیاہ میں ایک رسم - دُلہن کے ہاتھوں - کہنیوں - کندھوں اور گھٹنوں پر مصری کی ڈلیاں رکھ کر دُولہا کے مُنہ سے اٹھوا کر کھلائی جاتی ہیں -

نباتات - (نَ - با - تات) (ع - ا - مث) (۱) نبات کی جمع پودے - سبزیاں - ترکاریاں -

نباتی - (نَ - با - تی) (ع - ف - صف) گھاس کا - جڑی بوٹیوں کا نباتات سے متعلق -

نبارا - (نَ - با - را) (ق - ا - مذ) جُدائی - فراق -

نباڑا - (نِ - با - ڑا) (ق - ا - مذ) (۱) فیصلہ (۲) کام (۳) گزارا -

نباڑنا - (نِ - با - ڑ - نا) (ق - مص) (۱) نبیڑنا (۲) فیصلہ کرنا -

نباش - (ع - صف) کفن چور -

نباض - (نَب - باض) (ع - ا - مذ) نبض شناس - حکیم - طبیب - (۲) ہوشیار دانا -

نباضی - (نَب - با - ضی) (ع - ا - مث) نبض شناسی - تحقیقات معلوم کرنا -

نبال - (نَ - بال) (ق) انتظام -

نباہ - (نِ - باہ) (ھ - ا - مذ) (۱) تکمیل - کمال - کسی کام کا اس کی حد تک پہنچانا (۲) گزارا - وفاداری (۳) اختتام - انجام (۴) امن و امان سے رہنا (۵) گزارا - بسر (۶) وقت گذارنا -

نباہ دینا (کرنا) - (ا - محاورہ) گزار دینا - انجام تک پہنچا دینا - کسی کے ساتھ بسر کر دینا - کسی کام کو اختتام تک پہنچانا - اخیر تک ساتھ دینا -

نباہ کرنا - (ا - محاورہ) کسی کے ساتھ جس طرح بھی ہو زندگی بسر کرنا -

نباہنا - (نِ - باہ - نا) (ھ - مص) گذارنا - وفاداری کرنا - کسی کے ساتھ زندگی بسر کرنا - انجام کو پہنچنا -

نباہو - (نِ - با - ہو) (ھ - ا - مذ) وفادار - بسر کر دینے والا - نباہ دینے والا -



Marfat.com

نَباسُر۔ (نَ۔ با۔ سُر) (ف۔ا۔مذ) نبیرہ کی جمع۔ پوتے نواسے۔
نبتر۔ (نَ۔ بت۔ تر) (ق۔صف) تدبیر۔
نبٹارا۔ (نِب۔ ٹا۔ را) (ھ۔ا۔مذ) فیصلہ۔ تکمیل۔
نبٹانا۔ (نِب۔ ٹا۔ نا) (ھ۔مص) نمٹانا۔ بھگتنا۔ بے باق کرنا۔ ادا کرنا۔
نِبٹاؤ۔ (نِب۔ ٹا۔ او) (ھ۔ا۔مذ) فیصلہ۔ تصفیہ۔ بھگتان۔ بیباق۔
نِبَٹ جانا۔ نِبٹنا۔ (ن۔ بَٹ۔ جا۔ نا) (ن۔ بَٹ۔ نا) (ھ۔مص) فارغ ہو جانا۔
فرصت پانا۔ ختم ہو جانا۔ جھگڑا طے ہو جانا۔
نِبختا۔ (ن۔ بَخ۔ تا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) بدنصیب۔ کم بخت (۲) نگوڑا۔ مُوا۔
نِبختی۔ (ن۔ بَخ۔ تی) (ھ۔ا۔مث) (۱) بدنصیب۔ کم بخت (۲) موئی نگوڑی۔
نَبرد۔ (نَ۔ بَرْد) (ف۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ۔
نبرد آزما ہونا۔ (ا۔محاورہ) لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا۔ مقابلہ۔
نبرد آزمائی۔ (ف۔ا۔مث) لڑائی۔ مقابلہ۔ جنگ۔
نبرد پیشہ۔ (ف۔صف) جنگ آزمودہ۔ پرانا جنگجو سپاہی۔
نبردگاہ۔ (ف۔ا۔مث) جنگ کا میدان۔
نِبڑ جانا (نبڑنا)۔ (ھ۔مص) خرچ ہو جانا۔ انجام کو پہنچنا۔ باقی نہ رہنا۔
نمٹ جانا۔ باقی نہ رہنا۔
نَبض۔ (ع۔ا۔مث) ناڑی۔ کلائی کی وہ رگ جو دھڑکتی رہتی ہے۔
نبض ابھرنا۔ (ا۔محاورہ) نبض کی حرکت کا کم ہو کر پھر چلتی ہوئی محسوس ہونا۔
نبضِ بارد۔ (ا۔مث) وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سرد معلوم ہو یہ
حرکت کی کمی کی دلیل ہے۔
نبض بطی۔ (ع۔ا۔مث) سُست حرکت کرنے والی نبض جو کمزوری کی
علامت ہے۔
نبض پہچان لینا۔ (ا۔محاورہ) راز معلوم کرنا۔ حال جان لینا۔
نبض جیدالوزن (حسن الوزن)۔ (ع۔ا۔مث) وہ نبض جو عمر کے لحاظ سے
درست ہو۔ یعنی بچپن، جوانی اور بڑھاپے میں ہر عمر کے اعتبار اور
مناسبت سے درست ہو۔
نبض دیکھنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ناڑی دیکھنا۔ نبض پر انگلیاں رکھ کر اس کی رفتار
محسوس کرنا (۲) خبر لینا (۳) اصلیت معلوم کرنا۔
نبض ڈوبنا۔ (ا۔محاورہ) نبض کی رفتار کا محسوس نہ ہونا۔
نبض ساقط ہونا۔ (ا۔محاورہ) نبض کا حرکت نہ کرنا۔ نبض چھوٹ جانا۔
نبضیں چھٹنا (چھوٹنا)۔ (ا۔محاورہ) نبضوں کا ساقط ہو جانا (۲) نزع کا عالم
ہونا (۳) خوف زدہ ہو جانا (۴) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔
نِبَل۔ (نِ۔ بَل) (ھ۔صف) (۱) کمزور۔ بے طاقت (۲) خراب۔ ناقص (۳) بیکس۔
بے یار و مددگار۔
نُبُوّت۔ (نُ۔ بُو۔ وَت) (ع۔ا۔مث) پیغمبری۔ رسالت۔ احکام الٰہی
کا پہونچانا۔
نِبولی۔ (نِ۔ بَو۔ لی) (ھ۔ا۔مث) نیم کا پھل۔ نم کولی۔
نبوی۔ (نَ۔ ب۔ وی) (ع۔صف) نبی سے نسبت رکھنے والا۔ نبی
سے متعلق۔
نبھاڑنا۔ (ما۔ بھاڑ۔ نا) (ق۔مص) سربراہی کرنا۔ نباہنا۔

نِبھاگا۔ (نِ۔ بھا۔ گا) (ھ۔ا۔مذ) بدبخت۔ بدنصیب۔
نِبھاگی۔ (نِ۔ بھا۔ گی) (ق۔صف) بدصورت۔
نِبھاگی۔ (نِ۔ بھا۔ گی) (ھ۔ا۔مث) بدنصیب عورت۔
نبھانا۔ (ا۔مص) گذارا کرنا۔ باہم بسر کرنا۔
نِبھاؤ۔ (نِ۔ بھا۔ او) (ھ۔صف) گذارا۔ باہم بسر کرنا۔ ثابت قدمی۔ استقلال۔
نِبھرا۔ (نِ۔ بَہ۔ را) (ھ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں نیم کے بہت سے درخت ہوں
نیم کے درختوں کا جھنڈ۔
نبھرما۔ (نَ۔ بھر۔ ما) (ق۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔
نبھطر۔ (نَ۔ بھَڑ) (ق۔صف) بے اعتبار۔ بے وقار۔
نِبھنا۔ (نِبھ۔ نا) (ھ) بسر ہونا۔ باہم گذر ہونا۔ (۲) انجام کو پہنچنا۔ آخیر تک رہنا
(۳) آپس میں تعلقات اچھے رہنا۔
نَبی۔ (نَ۔ بی) (ع۔ا۔مذ) خبر رساں۔ خبر پہنچانے والا۔ پیغمبر۔
جمع۔ انبیا۔
نبیٔ مُرسل۔ وہ نبی جو صاحب کتاب ہو۔ وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب
نازل ہوئی ہو۔
نَبیذ۔ (نَ۔ بیذ) (ع۔ا۔مث) کھجور یا تاڑ کا تازہ عرق (۲) تازہ پھلوں کا
رس (۳) وہ شراب جو خرما اور جَو سے بنی ہو۔
نبیرہ۔ (نَ۔ بی۔ رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پوتا (۲) نواسا۔ جمع۔ نباسُر۔
نبیڑنا۔ (ن۔ بیڑ۔ نا) (ھ۔مص) پورا کرنا۔ ختم کرنا۔ نمٹانا۔ انجام کو پہنچانا۔
نبیڑو۔ (نَ۔ بے۔ ڑو) (ھ۔ا۔مذ) ختم کرنے والا۔ انجام کو پہنچانے والا۔

## ن۔پ

نَپا۔ (نَ۔ پا) (ہ۔صف) انداز کیا ہوا۔ ناپا ہوا۔ جس کی پیمائش کر لی گئی ہو۔
نپا تلا۔ نپی تُلی۔ (ا۔صف) مقررہ۔ محدود۔
نپا شرا بانگتی بوٹیاں۔ (ا۔مثل) مفلسی کی حالت کو ظاہر کرنے کیلیے کہتے ہیں۔
نِپاتی۔ (ن۔ پا۔ تی) (ق) ہلاک کرنے والی۔
نپانا۔ (ن۔ پانا) (ق۔مص) پیدا کرنا۔
نِپٹ۔ (ن۔ پَٹ) (ھ۔ا۔مث) (۱) محض۔ سراسر۔ بالکل۔ تمام۔ پوری طرح
مکمل طور پر (۳) (ق) بہت۔
نِپٹارا۔ (نِپ۔ ٹا۔ را) (ھ۔ا۔مذ) فیصلہ۔
نِپٹانا۔ (نِپ۔ ٹا۔ نا) (ھ۔مص) فیصلہ کرنا۔
نپٹنا۔ (ن۔ پَٹ۔ نا) (ھ۔مص) ختم ہونا۔ مکمل کرنا۔ فیصلہ کرنا (۲) لڑائی کرنا۔
نِپجنا۔ (ن۔ پَج۔ نا) (ق۔مص) پہنچنا۔
نپجانا۔ (نِپ۔ جا۔ نا) (ق۔مص) پیدا کرنا۔
نِپل۔ (Nipple) (انگ۔ا۔مذ) چُچنی۔ گھنڈی۔ سرپستان۔
نپنا۔ (نِپ۔ نا) (ھ۔مص) پیمائش ہونا۔ ناپا جانا۔
نپوا۔ (نِپ۔ وا) (ھ۔ا۔مذ) ناپنے کا پیمانہ
نپوتا۔ (ن۔ پو۔ تا) (ھ۔صف) (۱) بے اولاد۔ لاولد (۲) نگوڑا۔ نالائق۔



Marfat.com

نِپوتی ۔ (ن ۔ پُو ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مث) بے اولادی ۔ بدبخت عورت ۔ نگوڑی ۔
نپوتی رووے پوتوں کو، سپوتی رووے لڑکوں کو ۔ (ہ ۔ مثل) دنیا میں کوئی خوش نہیں، بے اولاد، اولاد کے لیے روتی ہے، اور اولاد والی جھگڑوں کی محتاج ہے ۔
نپوتے کا گھر سُونا ۔ مورکھ کا ہردا سُونا ۔ دلدری کا سب کچھ سُونا (ہ ۔ مثل) بے اولاد کا گھر خالی ۔ بے وقوف کا دل خالی ۔ اور بدقسمت کا سب کچھ خالی ہوتا ہے ۔

## ن ۔ ت

نَت ۔ (ق ۔ ا ۔ مث) ڈور ۔ رسّی ۔
نِت ۔ (ہ ۔ صف) ہمیشہ ۔ سدا ۔ دائم ۔ ہر روز ۔
نِت اُٹھ ۔ (ہ ۔ تابع فعل) ہمیشہ اُٹھ کر ۔ ہمیشہ ۔ ہر روز ۔
نِت چنگی تیوہار کو ننگی ۔ (ہ ۔ مثل) تنگی کے موقع پر کہتے ہیں ۔
نِت کنویں کھودنا نِت پانی پینا ۔ (ا ۔ مثل) روز کمانا اور کھانا ۔ جس قدر کمانا اسی قدر ہر روز خرچ کر ڈالنا
نِت نئی چال چلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہر روز نئی تدبیر عمل میں لانا ۔
نِت کی بیوی پیلی اوروں کو دوش ۔ (ا ۔ مثل) جو اپنا الزام دوسروں پر تھوپے اس کے متعلق کہتے ہیں ۔ (۲) چڑانے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔
نِت نِت ۔ (دعائیہ کلمہ) ہمیشہ ۔ سدا ۔
نُت نیا ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) تازہ بتازہ ۔ نو بہ نو ۔
نتائج ۔ (نَ ۔ تا ۔ اِج) (ع ۔ ا ۔ مذ) نتیجہ کی جمع ۔ انجام ۔
نَتھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناک میں پہننے کا ایک زیور (۲) سہاگ ۔ (۳) جانوروں کے ناک کی رسّی ۔
نتھ بڑھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) نتھ کو اُتار کر رکھنا ۔
نتھ جُوڑی برقرار رہے ۔ (دعائیہ کلمہ) سہاگ قائم رہے ۔ شوہر زندہ رہے ۔
نتھارنا ۔ نِتارنا ۔ (نِ ۔ تھار ۔ نا) (نِ ۔ تار ۔ نا) (ہ ۔ مص) پانی کو صاف کرنا ۔ پانی یا کسی رقیق شے سے میل کچیل دور کرنا ۔
نتھا ہوا ۔ (ا ۔ صف) جس کی ناک میں رسّی پڑی ہو ۔ (۲) جو دوسروں کے قابو میں ہو ۔
نتھرا ۔ (نتھ ۔ را) (ہ ۔ صف) صاف ۔ میل کچیل صاف کیا ہوا ۔
نِتھرنا ۔ (نِ ۔ تھر ۔ نا) (ہ ۔ مص) صاف ہونا ۔ میل کچیل سے پاک ہونا ۔
نتھنا ۔ (نتھ ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناک کا سوراخ (۲) قابو کرنا (۳) بڑی نتھ ۔
نتھنوں کی پھڑک ۔ (ا ۔ محاورہ) نتھنے کا بار بار حرکت کرنا ۔
نتھنوں میں تیر دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) بے حد تنگ کرنا ۔ ناک چنے چبوانا ۔ نہایت دق کرنا ۔
نتھنوں میں دم آجانا ۔ (ا ۔ محاورہ) پریشان ہوجانا ۔
نتھنوں میں دم کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ستانا ۔ نہایت تنگ کرنا ۔ ناک میں دم کرنا ۔

نتھنے پھلانا ۔ (کنایتاً) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا
نتھنی ۔ (نتھ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چھوٹی سی نتھ (۲) تلوار کے قبضہ کی کڑی ۔ (۳) بیل کے ناک کی رسّی ۔
نتھنی اُتارنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (کنایتاً) کسبیوں کی اصطلاح میں ازالۂ بکر کرنا ۔
نتھنی اُترنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خاوند کا مرجانا ۔ عورت کا بیوہ ہوجانا (۲) کسبیوں کی اصطلاح میں کسی پیشہ ور لڑکی کا کنوارپن دُور ہونا ۔
نَتّھی ۔ (نتھ ۔ تھی) (ہ ۔ ا ۔ مث) کاغذ ٹانکنے کی ڈور (۲) وہ سب کاغذ جو یکجا ایک دھاگے میں پروئے ہوئے ہوں (۳) شامل مسل ۔
نتھی کرنا ۔ (ا ۔ مص مرکب) (۱) منسلک کرنا (۲) کاغذ میں ڈوری ڈال کر دوسرے کاغذوں میں شامل کرنا (۳) شامل کرنا ۔
نتھی ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی کے ساتھ زبردستی شامل ہونا ۔ خواہ مخواہ کا ساتھ ۔
نتھیا ۔ (نتھ ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مث) چھوٹی سی نتھ ۔ نتھ کی تصغیر ۔
نتیجہ ۔ (نَ ۔ تی ۔ جہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) حاصل انجام ۔ خاتمہ ۔ انتہا (۲) غرض ۔ مطلب ۔ (۳) نکالا گیا (۴) ماحصل (۵) کسی قصّے یا کہانی کا ماحصل (۶) امتحان کا فیصلہ ۔ فیل یا پاس (۷) پھل ۔ ثمر (۸) بدلہ ۔ سزا (۹) اصلاح منطق میں وہ قول جو صغریٰ کبریٰ کو ملا کر لفظ مکرر (حد اوسط) کے نکال دینے سے حاصل ہوتا ہے ۔
نتیجہ دیکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ثمرہ پانا ۔ کیے کی سزا پانا ۔
نتیجہ نکالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ماحصل نکالنا ۔ خلاصہ اور لب لباب نکالنا ۔
نتیجہ نکلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) انجام معلوم ہونا ۔ امتحان کا فیصلہ شائع ہونا ۔

## ن ۔ ٹ

نَٹ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بازی گر ۔ شعبدہ باز ۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر اور رسّی پر چڑھ کر کرتب دکھاتے ہیں ۔ (۲) ایک پنچ قوم (۳) ایک راگنی (۴) دغاباز ۔ فریب کار ۔
نٹ بدّھیا ۔ (ا ۔ مث) شعبدہ گری ۔ نٹ کا ہنر ۔
نٹ کا تماشہ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ کھیل جو نٹ دکھاتے ہیں ۔
نٹ کا بچہ کلا بازی ہی کرے گا ۔ (ا ۔ مثل) جس کا جو پیشہ ہے ۔ وہی اس کام کو اچھی طرح کر سکتا ہے ۔
نٹ کھٹ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) فتنہ پرداز ۔ شریر ۔ شوخ (۲) دغاباز ۔ عیّار ۔ مکّار ۔ بیباک (۳) نکھٹو ۔ جو کماؤ نہ ہو ۔
نٹ کھٹی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) عیّاری ۔ شوخی ۔ چالاکی ۔ فریب (۲) دغابازی ۔ بدمعاشی ۔ (۳) ڈھنگا ۔ شرارت ۔
نٹ کھٹی کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ڈھنگا کرنا ۔ فساد کرنا ۔ چالاکی کرنا (۳) بدمعاشی کرنا ۔ عیّاری کرنا ۔
نٹ نارائن ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک راگ یا راگنی ۔
نٹر ۔ (ہ ۔ صف) غریب ۔ پُرانا ۔ گھسا ہوا (۲) وہ زمین جس پر بہت مرتبہ کاشت ہو چکی ہو ۔



Marfat.com

نٹنا ۔ (نَٹ ۔ نا) [ق ۔ مص] انکار کرنا ۔ منکر ہونا ۔ (۲) نٹوں کا پیشہ کرنا ۔ (۳) ناچنا ۔ ایکٹ کرنا ۔
نِٹنگ ۔ (Knitting) (نِ ٹنِگ) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بُننا ۔
نٹنی ۔ (نَٹ ۔ نی) [ھ ۔ ا ۔ مث] نٹ کی جورو ۔ وہ عورت جو شعبدہ باز ہو چالاک اور عیار عورت ۔
نٹنی بانس پر چڑھی تو گھونگھٹ کیسا ۔ [ا ۔ مثل] بے پردہ ہونے پر گھونگھٹ اور عزت باقی نہیں رہتی ۔
نٹوا ۔ (نَٹ ۔ وا) [ق ۔ ا ۔ مذ] قوال ۔ بھانڈ ۔ ناچنے والا ۔ نقال ۔
نٹھلا ۔ (نِ ٹھل ۔ لا) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) خالی ۔ بیکار ۔ بے شغل ۔ بالفتح چھوٹے قد کا بیل ۔
نٹھورا ۔ (نَ ٹھو ۔ را) [ق ۔ صف] جھگوڑا ۔
نٹیا ۔ [ہ ۔ مذ] چھوٹی قسم کا بیل (۲) چھوٹے قد کا آدمی ۔ ناٹا ۔

## ن - ث

نثار ۔ (نِ ثار) [ع ۔ ا ۔ مذ] صدقے ۔ قربان ۔ واری ۔ فریفتہ ۔
نثار کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] نچھاور کرنا ۔ صدقے کرنا ۔
نثار ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) عاشق ہونا (۲) صدقے ہونا ۔ فریفتہ
نثّار ۔ (نَث ۔ ثار) [ع ۔ ا ۔ مذ] اچھی نثر لکھنے والا ۔ مصنّف ۔
نثر ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پراگندہ ۔ بکھرا ہوا ۔ تتر بتر ۔ (۲) وہ عبارت جو منظوم نہ ہو ۔
نثرِ عاری ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] عام سادہ عبارت جو مقفّیٰ نہ ہو ۔
نثرِ مرجز ۔ وہ عبارت جو قافیہ دار ہو ۔ مقفّیٰ و مسجع عبارت ۔
نثری ۔ (نَث ۔ ری) [ف ۔ صف] نثر سے متعلق ۔

## ن - ج

نِج ۔ [س ۔ صف] (۱) ذاتی ۔ خاص (۲) گھریلو ۔ خانگی ۔
نج کا نوکر ۔ [ا ۔ مذ] ذاتی ملازم ۔
نجابت ۔ (نَ ۔ جا ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مث] شرافت ۔ اصالت ۔ عالی خاندان ۔
نجات ۔ (نَ ۔ جا ۔ ت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مخلصی ۔ رہائی ۔ گناہ معاف ہونا چھٹکارا (۲) فرقان ۔
نجات پانا (ملنا) ۔ [ا ۔ محاورہ] چھٹکارا ملنا (۲) گناہوں کی معافی ہونا (۳) مکتی ہونا ۔ نروان ملنا ۔ (۴) مصیبت وغیرہ سے چھوٹنا (۵) بچنا ۔ (۶) مر جانا ۔
نجات ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] رہائی ہونا ۔ چھٹکارا پانا ۔
نجّار ۔ (نج ۔ جار) [ع ۔ ا ۔ مذ] بڑھئی ۔ ترکھان ۔ لکڑی کا کام کرنے والا ۔
نجّاری ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] بڑھئی کا کام یا پیشہ ۔

نجاست ۔ (نَ ۔ جا ۔ سَت) [ع ۔ ا ۔ مث] گندگی ۔ ناپاکی ۔ غلاظت ۔ بول و براز ۔ پاخانہ ۔
نجاشی ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عہد میں حبشہ کا عیسائی بادشاہ (۲) ابوالحسین احمد ۔
نَجانا ۔ (نَ ۔ جا ۔ نا) [ق ۔ مص] غور سے دیکھنا ۔
نِجانا ۔ (نِ ۔ جا ۔ نا) [ق ۔ مص] (۱) خفا ہونا (۲) رنج ہونا (۳) بہچانا ۔
نجانے ۔ [ا ۔ تابع ۔ فعل] نہ جانے کا مخفف (۲) میں نہیں جانتا ۔ معلوم نہیں ۔ کیسے خیر (۳) شاید ۔ اب کیا جانے ۔
نُجبا ۔ (نُ ۔ جَ ۔ با) [ع ۔ ا ۔ مذ] نجیب کی جمع ۔ شرفاء ۔ شریف لوگ ۔
نجدی [ع ۔ صف] عرب کا علاقہ نجد کا رہنے والا (۲) عبدالوہاب نجدی کا پیروکار ۔ وہابی ۔
نَجِس ۔ (نَ ۔ جِس) [ع ۔ صف] گندہ ۔ ناپاک ۔ پلید ۔
نجس العین ۔ وہ چیز جو کلیۃً نجس ہو ۔ جس کا کھانا پینا ۔ چھونا ۔ لگانا ۔ ممنوع اور ناجائز ہو ۔
نَجَسی ۔ (نَ جَ ۔ سی) [ق ۔ ا ۔ مث] نجاست ۔
نَجسی ۔ (نَج ۔ سی) [ق ۔ صف] منحوس ۔
نجف ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] اونچی زمین جہاں پانی نہ چڑھتا ہو (۲) دریا کے درمیان اونچی جگہ (۳) عراق کا مشہور شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا مزار ہے ۔ تعظیماً نجف اشرف کہتے ہیں ۔
نجم ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ستارا ۔ سیارہ ۔ تارا ۔ جمع ۔ نجوم ۔
نجم الثاقب ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] چمکتا ہوا ستارہ ۔ روشن ستارہ ۔
نجوم ۔ (نُ ۔ جُوم) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نجم کی جمع ستارے ۔ سیارے (۲) ستاروں کا علم ۔
نجومی ۔ (نُ ۔ جو ۔ می) [ا ۔ ا ۔ مذ] علم نجوم کا ماہر ۔ جوتشی ۔
نَجھانا ۔ (نَ ۔ جھا ۔ نا) [ق ۔ مص] غور سے دیکھنا ۔
نِجھول ۔ (نِ ۔ جھول) [ہ ۔ صف] (۱) وہ چال جس میں سوار کو دھکا محسوس نہ ہو ۔ (۲) وہ چیز جس میں جھول نہ ہو ۔
نِجی ۔ (نِ ۔ جی) [ا ۔ صف] ذاتی ۔
نجی حساب ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ذاتی حساب ۔ گھر کا حساب ۔ ذاتی لین دین ۔
نجی نوکر ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ذاتی ملازم ۔
نجیب ۔ (نَ ۔ جیب) [ع ۔ ا ۔ مذ] بزرگ ۔ شریف ۔ بھلا مانس ۔
نجیب الطرفین ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے صحیح النسب ہو (۲) اصیل ۔ خاندانی ۔

## ن - چ

نُچا ۔ [ا ۔ صف] نوچا ہوا ۔
نُچا کھچا ۔ (نُ ۔ چا ۔ کھُ ۔ چا) نوچا کھسوٹا ہوا ۔
نُچ مارنا ۔ (نَ ۔ چا ۔ مار ۔ نا) [ا ۔ محاورہ] تنگ کر دینا ۔ ستانا ۔ ناک میں دم کر دینا ۔



Marfat.com

نچان ۔ (ن ۔ چان) [ھ ۔ ا ۔ مث] پستی ۔ نشیب ۔ اُتار ۔ ڈھلان ۔
نچانا ۔ (ن ۔ چانا) [ا ۔ محاورہ] (۱) رقص کرانا ۔ ناچ کرانا ۔ (۲) ناک میں دم کرنا ۔ ستانا ۔
نچڑنا ۔ (ن ۔ چڑ ۔ نا) [ا ۔ مص] (۱) ٹپکنا ۔ قطرہ قطرہ گرنا (۲) دبانے یا بھینچنے سے عرق نکلنا (۳) دُبلا اور کمزور ہو جانا ۔
نچلا ۔ (ن چ ۔ لا) [ا ۔ صف] (۱) نیچے کا (۲) خاموش ۔ چُپ چاپ ۔ ساکت ۔
نچلا بیٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] سکون سے بیٹھنا ۔ شرارت نہ کرنا ۔
نچلا رہنا ۔ [ا ۔ محاورہ] انسانیت سے رہنا ۔ شائستگی سے بیٹھنا ۔ حرکات ناشائستہ نہ کرنا ۔
نچلا نہ بیٹھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] ایک حالت پر قائم نہ رہنا ۔ چُپ نہ رہنا ۔ کچھ نہ کچھ کیے جانا ۔
نُچنا ۔ (ن چ ۔ نا) [ھ ۔ مص] نوچا جانا ۔ کھسوٹا جانا (۲) کپڑے کا پھٹ جانا ۔
نچنت ۔ (ن ۔ چنت) [ھ ۔ صف] بے فکر ۔ بے پروا ۔ فارغ ۔ مطمئن ۔
نچنت ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] مطمئن ہونا ۔ بیفکر ہونا ۔
نچنیا ۔ (نَ ۔ چَن ۔ یا) [ھ ۔ ا ۔ مث] ناچنے والا لڑکا ۔ بھانڈ ۔ رقاص ۔ زنانہ نخا ۔
نچوانا ۔ (ن چ ۔ وا ۔ نا) [ھ ۔ مص] ناچنے کے لیے آمادہ کرنا ۔
نچوائی ۔ (ن چ ۔ وا ۔ ای) [ھ ۔ ا ۔ مث] ناچنے کی اُجرت ۔
نچوڑ ۔ (ن ۔ چوڑ) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) رس اَفشُردہ (۲) لُب لُباب ۔ ست ۔ عطر ۔ جوہر (۳) خلاصہ ۔ حاصل ۔ نتیجہ ۔
نچوڑ لینا ۔ [ا ۔ مص مرکب] (۱) دبا کر عرق نکال لینا (۲) مفلس بنا دینا (۳) پی لینا ۔ چوس لینا (۴) خشک کر دینا (۵) دُھلے ہوئے کپڑوں کو دبا کر اُن کا پانی نکال دینا (۶) لاغر کر دینا ۔
نچوڑنا ۔ (ن ۔ چوڑ ۔ نا) [ھ ۔ مص] (۱) دبانا ۔ سُوتنا (۲) دبا کر عرق یا پانی نکالنا (۳) چوس لینا ۔ خون پینا ۔ (۴) لاغر کر دینا ۔ خشک کر دینا ۔ (۵) کچھ باقی نہ چھوڑنا ۔ مفلس کر دینا ۔
نچویا ۔ (ن چ ۔ وی ۔ یا) [ھ ۔ صف] رقاص ۔ ناچنے والا مرد ۔
نچھاور ۔ (ن ۔ چھا ۔ وَر) [ھ ۔ ا ۔ مذ] نثار ۔ اُتار ۔ وہ نقدی یا جنس جو کسی کے اُوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے
نچھاور کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] صدقہ اتارنا ۔ وارنا ۔ بکھیرنا ۔ نثار کرنا ۔
نچھتر ۔ (ن ۔ چھت ۔ تر) [ھ ۔ ا ۔ مذ] (۱) طالع (۲) راس کا حصّہ ۔
نچھتری ۔ (ن ۔ چھت ۔ تَ ۔ ری) [ھ ۔ صف] اچھے نچھتر کی پیدائش ۔ بھاگوان ۔ خوش نصیب ۔ نیک ۔ مبارک ۔
نچھل ۔ (ن ۔ چھل) [ق ۔ صف] صاف ۔ خالص ۔

## ن ۔ ح

نُحاس ۔ (نُ ۔ حاس) [ع ۔ ا ۔ مذ] تانبہ ۔ مس ۔
نحافت ۔ (نَ ۔ حا ۔ فت) [ع ۔ صف] کمزوری ۔ لاغری ۔ دُبلاپن ۔
نحر ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) اُونٹ کا ذبح کرنا (۲) ذبح کرنا ۔ قربانی کرنا ۔
نحس ۔ [ع ۔ صف] نامساعد ۔ نامبارک ۔ ناسازگار ۔ منحوس ۔
نحس قدم ۔ [ع ۔ صف] وہ جس کا آنا منحوس اور نامبارک ثابت ہو ۔
نحل ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] شہد کی مکھی ۔
نحو ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) طور ۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ راہ ۔ راستہ (۲) وہ علم جس سے کلمات کو جوڑنا ۔ توڑنا اور اُن کا باہمی تعلق معلوم ہو ۔ جملوں کا علم ۔
نحوی ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] علم نحو کا ماہر ۔
نحوست ۔ (نُ ۔ حُو ۔ سَت) [ع ۔ ا ۔ مث] بدنصیبی ۔ بدبختی ۔ منحوس ہونا ۔ نامبارک ہونا ۔ بدشگونی ۔
نحوست چھانا ۔ [ا ۔ محاورہ] بُرا اثر پڑنا ۔ منحوس ہونا ۔
نحیف ۔ (نَ ۔ حیف) [ع ۔ صف] دُبلا ۔ پتلا ۔ کمزور ۔ لاغر ۔ ناتواں ۔ ضعیف ۔

## ن ۔ خ

نخ ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] کچا ریشم ۔ ریشم کا تار یا سوت ۔ پتنگ کی ڈور (۲) ایک قسم کا قالین جس پر رُو ہوتی ہے ۔ (۳) کانچ کی چوڑی (۴) چند چیزیں ۔
نخاس ۔ (نَخ ۔ خاس) [ع ۔ ا ۔ مذ] چوپایوں کا بازار ۔ منڈی ۔ بازار ۔
نخاس پر بھیجنا ۔ [ا ۔ محاورہ] بازار دکھانا ۔ بیچنے کے لیے بازار بھیجنا ۔
نخاس چڑھنا ۔ [ا ۔ محاورہ] بازار میں بکنے یا مشتہر ہونے کے لیے جانا ۔ رسوائے عام ہونا ۔ بیحد بدنامی ہونا ۔
نخاس کی گھوڑی ۔ [ا ۔ مث] (۱) عام بکاؤ گھوڑی (۲) کسبی ۔ رنڈی ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔
نخاس والی ۔ [ا ۔ مث] بازاری عورت ۔ بیسوا ۔ رنڈی ۔ کسبی ۔
نخالص ۔ (نَ ۔ خا ۔ لِص) [ق ۔ صف] فارغ ۔
نخالص ۔ (ن ۔ خا ۔ لِص) [اُر ۔ صف] (۱) جو خالص نہ ہو ۔ ملاوٹ والا (۲) خالص ۔ ملاوٹ ۔
نخالص ۔ [عوام] خالص ۔ بے میل ۔ جس میں ملاوٹ نہ ہو
نخچیر ۔ (نَخ ۔ چیر) [ف ۔ ا ۔ مذ] شکار ۔ صید ۔ شکار کیا ہوا جانور ۔
نخچیرگاہ ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] شکارگاہ ۔
نخرا ۔ نخرہ ۔ (نَخ ۔ را) (نَخ ۔ رَہ) [اُر ۔ ا ۔ مذ] عشوہ ۔ غمزہ ۔ ادا ۔ ناز ۔ کرشمہ ۔
نخرا ۔ نخرے باز ۔ [ف ۔ صف] عشوہ گر ۔ کرشمہ پرداز ۔ نخرہ کرنے والا ۔
نخرا ۔ نخرے بازی ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] عشوہ گری ۔ لاڈ ۔ چونچلا ۔ ناز و ادا ۔
نخرا بگھارنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) چونچلے کرنا ۔ ناز و انداز دکھانا ۔ اِترانا (۲) حیلہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔
نخرا تِلّا ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] ناز ۔ نخرہ ۔ لاڈ ۔ پیار ۔ عشوہ ۔ کرشمہ ۔
نخرا نکالنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) حیلے حوالے کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔
نخرے پِٹی ۔ [ا ۔ صف ۔ مث] نخرے باز عورت ۔ مغرور عورت ۔
نخرے میں آجانا ۔ [ا ۔ محاورہ] مغرور ہو جانا ۔ ادائیں دکھانے لگنا ۔ اکڑ فوں دکھانا ۔



Marfat.com

نُخُست ۔ (نُ۔خُست) [ف ۔ا۔ مذ] ابتدا ۔ شروع ۔ اوّل [صف] پہلا۔
نُخُستگی ۔ (نُ۔خُست۔گی) [ف ۔ا۔ مث] پہلا پھل (۲) قدامت ۔ پہل سبقت ۔ تقدیم۔
نُخُستین ۔ (نُ۔خُس۔تین) [ف ۔ صف] پہلا ۔ شروع کا ۔ ابتدائی ۔ شروع میں پہلے پہل۔
نَخْشَب ۔ (نَخ۔شَب) [ف ۔ا۔ مذ] ترکستان کے ایک شہر کا نام ۔ جہاں کہتے ہیں کہ حکیم ابنِ مقنع نے کنوئیں سے ایک چاند بنا کر نکالا تھا جس کی روشنی چار فرسنگ تک پہنچتی تھی۔
نَخصمی ۔ [ا۔صف] جس عورت کا خاوند نہ ہو ۔ عورتیں عموماً تحقیراً دوسری عورتوں کو کہتی ہیں۔
نَخْل ۔ [ع ۔ا۔ مذ] (۱) کھجور کا درخت (۲) عام درخت۔
نَخلِ اُمید ۔ [ع ۔ا۔ مذ] امید کے نخل سے استعارہ کرتے ہیں۔
نخلِ اُمید بارور ہونا ۔ [ا۔ محاورہ] مجازاً بیٹا پیدا ہونا۔
نخلِ ایمن ۔ ایمن کا وہ درخت جس پر حضرت موسےٰ علیہ السّلام کے سامنے تجلّیٔ الٰہی ظاہر ہوئی تھی ۔ نخلِ طور۔
نخل بند ۔ [ع ۔ف ۔صف] (۱) باغبان ۔ مالی ۔ چمن بندی کرنے والا (۲) موم کے درخت بنانے والا۔
نخل بندِ کاف ونون ۔ [ع ۔ف ۔ا۔ مذ] خدا تعالےٰ سے مُراد ہے۔
نخلِ تابوت ۔ [ع ۔ا۔ مذ] وہ ہری شاخ جو جوانا مرگ کے تابوت کے سرہانے باندھی جاتی ہے۔
نخلِ حیات ۔ [ع ۔ا۔ مذ] زندگی کا درخت ۔ مراد زندگی۔
نخلِ طور ۔ [ع ۔ا۔ مذ] کوہ طور کا وہ درخت جس پر حضرت موسےٰؑ کو تجلّیٔ الٰہی نظر آئی تھی۔
نخلِ ماتم ۔ [ع ۔ا۔ مذ] (۱) بیری (۲) نخلِ تابوت۔
نخلِ مریم ۔ [ع ۔ا۔ مذ] کھجور کا وہ سُوکھا درخت جس کے نیچے حضرت مریم عیسےٰؑ کی تولید کے وقت بیٹھی تھیں اور ان کی برکت سے وہ درخت سرسبز ہو گیا تھا۔
نخلِ ہستی ۔ [ف ۔ا۔ مذ] زندگی کا درخت ۔ مجازاً زندگی۔
نخلستان ۔ (نَخ۔لِس۔تان) [ف ۔ا۔ مذ] کھجور کے درختوں کا جھنڈ ۔ ریگستان میں سرسبز و شاداب قطعہ۔
نَخْوَت ۔ (نَخ۔وَت) [ع ۔ا۔ مث] گھمنڈ ۔ غرور ۔ خود بینی ۔ تکبّر ۔ ابھیمان اُردو میں بفتحِ نون مستعمل ہے۔
نخوت سے بھرا ہُوا ۔ [ا۔ شل] پُر از غرور و تکبّر ہونا۔
نخوت کی ہوا بھرنا ۔ [ا۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔
نخوت سمانا ۔ [ا۔ محاورہ] غرور ہونا ۔ گھمنڈ ہونا۔
نُخُود ۔ (نُ۔خُد) [ف ۔ا۔ مذ] چنا۔
نخود آب ۔ [ف ۔ا۔ مذ] ایک قسم کا شوربہ جو گوشت اور چنے کی دال سے تیار کیا جاتا ہے۔
نَخِیل ۔ [ع ۔ا۔ مذ] درخت ۔ کھجور کا درخت۔
نَخِیَن ۔ (نَ۔خین) [اُر ۔ا۔ مث] کانچ یا لاکھ کی باریک چوڑیاں۔

# ن - د

نَد ۔ [س ۔ا۔ مذ] دریا ۔ ندی ۔ نالہ۔
نِدا ۔ [ع ۔ا۔ مث] آواز ۔ صدا ۔ پکار ۔ [حرف] وہ حرف جو بلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے اے ۔ او ۔ بے۔
ندا دینا ۔ [ا۔ محاورہ] بلانا ۔ آواز دینا۔
نَدارَد ۔ (نَ۔دا۔رَد) [ف ۔ صف] (۱) کورا ۔ خالی ۔ تہی (۲) نیست غیر حاضر۔
ندارد کرنا ۔ [ا۔ مص مرکب] (۱) کسی حق کو چھوڑ دینا (۲) کسی چیز کو نیست و نابود کر دینا۔
ندارد ہونا ۔ [ا۔ محاورہ] غائب ہونا ۔ مٹ جانا ۔ نیست و نابود ہو جانا ۔ غیر حاضر ہونا۔
نَدّاف ۔ (نَد۔داف) [ع ۔ا۔ مذ] روئی دُھنکنے والا ۔ دُھنیا۔
ندائیہ ۔ [ع] وہ جملہ جس میں ندا کا حرف آئے۔
ندافی ۔ (نَد۔دا۔فی) [ع ۔ا۔ مث] روئی دھنکنے کا پیشہ۔
نَدامت ۔ (نَ۔دا۔مَت) [ع ۔ا۔ مث] شرمندگی ۔ انفعال ۔ پشیمانی ۔ خجالت ۔ پچھتاوا ۔ تاسف ۔ خفت۔
ندامت اٹھانا ۔ [ا۔ محاورہ] شرمندگی ہونا ۔ خجالت ہونا۔
ندامت زدہ ۔ [ع ۔ا۔ صف] پشیمان ۔ شرمندہ۔
نِدرا ۔ (نِد۔را) [ق ۔ا۔ مؤنث] نیند۔
نُدرت ۔ (نُد۔رت) [ع ۔ا۔ مث] عمدگی ۔ انوکھاپن ۔ نادرپن ۔ کمیابی۔
نُدَما ۔ (نُ۔دَ۔ما) [ع ۔ا۔ مذ] ندیم کی جمع ۔ مصاحب لوگ ۔ جلیس۔
نَدولا ۔ (نَ۔دو۔لا) [ھ ۔ا۔ مذ] چھوٹی ناند ۔ چھوٹا کونڈا۔
نَدوہ ۔ (نَد۔وَہ) [ع ۔ا۔ مذ] مجلس ۔ انجمن ۔ سبھا۔
نَدھڑ ۔ (نَ۔دھڑ) [ق ۔ صف] ناقص ۔ بے کار۔
ندھڑک ۔ [ا۔ صف] بے خوف ۔ بے خطر۔
نَدی ۔ نَدّی ۔ (نَ۔دی) (نَد۔دی) [ھ ۔ا۔ مث] چھوٹا دریا ۔ نالا۔
ندی تو کیوں گھبرائی میں تو پہلے ہی پاؤں نہیں دھرتا ۔ [ا۔ مثل] وہ تم کیوں گھبراتے ہو میں تو پہلے ہی تمہارے پاس نہیں آتا۔
ندی کا اُترنا ۔ [ا۔ محاورہ] ندی کا پانی کم ہونا۔
ندی کا چڑھنا ۔ [ا۔ محاورہ] ندی کا پانی معمول سے بڑھ جانا۔
ندی میں جانا پیاسے آنا ۔ [ا۔ محاورہ] ناکام لوٹنا۔
نَدیدہ ۔ (نَ۔دی۔دَہ) [ف ۔ صف] (۱) بن دیکھا ہوا جسے کچھ میسر نہ ہو (۲) [صف] حریص ۔ لالچی ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ خسیس۔
ندیدی ۔ (نَ۔دی۔دی) [اُر ۔ا۔ مث] حریص عورت ۔ لالچی عورت۔
نَدیم ۔ (نَ۔دیم) [ع ۔ا۔ مذ] دوست ۔ ہمنشین ۔ ساتھی ۔ مصاحب۔



Marfat.com

# ن ۔ ڈ

**نڈر** ۔ (ہ۔صف) (۱) بے خوف۔دلیر۔بہادر۔شجاع۔جری (۲) بدلحاظ۔
**نڈرپن** ۔ (ہ۔ا۔مث) بے خوفی۔بے باکی (۲) دلیری۔جرأت۔
**نڈری آنکھیں** ۔ (ا۔مث) دیدہ دلیر آنکھیں۔جن آنکھوں میں ڈر نہ ہو۔
**نِڈھال** ۔ (ن۔ڈھال) (ہ۔صف) سُست۔تھکا ہوا۔ضعیف و ناتواں۔

# ن ۔ ذ

**نَذر** ۔ (ع۔ا۔مث) (۱) منّت۔صدقہ۔قربانی۔بھینٹ۔چڑھاوا (۲) نیاز۔فاتحہ
تحفہ (۳) اپنے اوپر کوئی چیز واجب کر لینا۔
**نذرانہ** ۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) تحفہ۔ہدیہ۔بھینٹ۔پیش کش۔
**نذر کرنا** ۔ ہدیتاً دینا۔تحفتاً دینا۔پیشکش کرنا۔
**نذر پیش کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) نذر دکھانا۔نقدی ہاتھ یا رومال پر رکھ کر وقت
ملاقات کسی حاکم یا رئیس کے روبرو پیش کرنا۔
**نذر چڑھانا** ۔ (ا۔محاورہ) قبر یا تعزیے پر کوئی چیز بطور منت چڑھانا۔
**نذر دکھانا (دکھلانا)** ۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ پر نقدی رکھ کر حاکم یا رئیس کے پیش
کرنا۔وہ ہاتھ لگا کر چھوڑ دیتے ہیں۔
**نذر دینا** ۔ (ا۔محاورہ) کسی بڑے کے سامنے کوئی چیز یا نقدی بطور تحفہ پیش
کرنا (۲) رشوت دینا (۳) فاتحہ کرنا۔
**نذر کا پنجہ چڑھانا** ۔ (ا۔محاورہ) منت پوری ہونے پر امام باڑے کے علم
پر چاندی یا سونے کا پنجہ چڑھانا۔
**نذر کرنا (گزارنا۔گزراننا)** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) بھینٹ چڑھانا۔پیش
کرنا (۲) رشوت دینا۔پوجنا (۳) حوالے کرنا۔سپرد کرنا۔کسی کے
سامنے نقدی پیش کرنا۔
**نذر ماننا** ۔ (ا۔محاورہ) منّت کرنا۔کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر واجب
کر لینا۔
**نذر ہے** ۔ (ا۔محاورہ) حاضر ہے موجود ہے۔
**نذریں گذرنا** ۔ (ا۔محاورہ) حاکم کے سامنے تحفے اور نقدی پیش کرنا۔
**نَذیر** ۔ (ن۔ذِیر) (ع۔ا۔مذ) ڈرانے والا۔خدا کا خوف دلانے والا۔رسُول
اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا لقب۔

# ن ۔ ر

**نَر** ۔ (ف۔ا۔مذ) مرد۔مذکر۔مادہ کا مقابل۔
**نرگاؤ** ۔ ف بیل۔گائے کا نر۔
**نرمادہ۔نرمادین** ۔ (ف۔ا۔مذ۔مث) (۱) مرد اور عورت (۲)
طبلہ کا دایاں اور بایاں۔
**نرمیش** ۔ (ف۔ا۔مذ) مینڈھا۔چھترا۔
**نِر** ۔ (س) نہ۔نہیں۔مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہو۔بے۔
**نرآدر** ۔ (س۔صف) بے عزت ذلیل خوار (۲) خواری ذلت۔رسوائی۔
**نرادھار** ۔ (ہ۔ا۔مذ) بے وسیلہ۔بے سہارا۔جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو۔
**نراس** ۔ (س۔ا۔مذ) مایوسی۔ناامیدی۔
**نراسا** ۔ (ہ۔صف) مایوس۔ناامید۔
**نرانکار** ۔ (ہ۔مذ) جس کی کوئی شکل و صورت نہ ہو۔بے روپ۔ایشور۔خدا۔
**نربدھ** ۔ (ہ۔صف) احمق۔بیوقوف۔کم عقل۔نادان۔بدھو۔
**نربل** ۔ (ہ۔صف) کمزور۔ناتواں۔
**نربندھ** ۔ (ہ۔ا۔مذ) کسی بات پر زور دینا (۲) ثابت قدمی۔استقلال۔
(۳) اصرار۔ضد۔ہٹ (۴) ارادہ۔قصد۔
**نربندھ کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) اصرار کرنا۔ضد کرنا۔
**نربھاگی** ۔ (ہ۔صف) بدنصیب عورت۔بدقسمت۔
**نربھے** ۔ (ہ۔صف) بے خوف۔بیباک۔نڈر۔
**نرپھل** ۔ (ہ۔صف) بغیر پھل کا۔بے ثمر۔بے فائدہ۔اکارت۔بے حصول۔
**نرجل** ۔ (ہ۔صف) بے آب و گیاہ۔خشک ریگستان۔
**نرجلا** ۔ وہ برت جس میں پانی بھی نہیں پیا جاتا۔
**نرجلا (اکادشی)** ۔ (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک تہوار جو گیارہویں سدی جیٹھ
کو ہوا کرتا ہے۔
**نردوش** ۔ (ہ۔صف) نردوکھ۔بے خطا۔بے قصور۔معصوم۔
**نردوش ٹھہرانا** ۔ (ہ۔محاورہ) بے قصور ٹھہرانا۔رہا کرنا۔چھوڑنا۔
**نردھن** ۔ (ہ۔صف) مفلس۔نادار۔کنگال۔
**نردئی** ۔ (ہ۔صف) سنگدل۔ظالم۔
**نرسیا** ۔ (ہ۔صف) خراب۔بُرا۔علاوٹ والا
**نرگن** ۔ (۱) بے سلیقہ۔بے ہنر (۲) وہ ذات جو صفات انسانی سے مبّرا
ہو۔بے گُن (۳) صفات ربی۔
**نرگینا** ۔ (ہ۔مذ) (۱) موحد۔ویدانتی۔صرف ذات حق کو ماننے والا (۲) جاہل۔
ناسمجھ۔بے وقوف۔
**نرلاج** ۔ (ہ۔صف) بے شرم۔بے حیا۔بیباک۔
**نرمل (نرملا)** ۔ (ہ۔صف) صاف شفاف۔پاکیزہ۔ستھرا ہوا۔بے داغ۔خالص۔
**نرملی** ۔ (ہ۔مث) ایک قسم کا بیج جس سے گدلا پانی صاف ہو جاتا ہے۔
**نرمول** ۔ (۱) بے اصل۔بے بنیاد (۲) (ق) انمول۔
**نرموہی** ۔ (ہ۔صف) سنگدل۔بے رحم۔
**نروان** ۔ (ہ۔ا۔مذ) (۱) فنا۔نیستی (۲) نجات۔مکتی۔
**نروید** ۔ (ہ۔مذ) وید کو نہ ماننے والا۔
**نرا** ۔ (نِ۔را) (ہ۔صف) (۱) صرف۔محض۔اکیلا (۲) سراسر۔بالکل (۳)
صاف۔نرمل (۴) فقط۔محض۔
**نرا بس کی گانٹھ ہے** ۔ (ا۔محاورہ) بڑا شرارتی ہے (۲) غصیلا۔
**نرا جون پور کا قاضی ہے** ۔ (ا۔محاورہ) بڑا بیوقوف ہے۔



Marfat.com

نرا کاٹھ کا اُلّو ہے۔ (۱۔ محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نراج۔ (ن۔ راج) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لاقانونیت (۲) فوضویت۔ حکومت کا
دشمنی۔ یہ سیاسی عقیدہ کہ مرکزی طاقت ظلم و تشدّد پر مبنی ہوتی
ہے۔ اس لیے کسی مرکزی حکومت کی ضرورت نہیں۔ انارکزم۔
نراجی۔ (ن۔ را۔ جی) (ہ۔ ا۔ مذ) حکومت دشمن۔ فوضوی۔ نظریہ نراج کا
پیرو۔ (Anarchist)
نرالا۔ (ن۔ را۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) انوکھا۔ سب سے الگ۔
نرالا پن۔ (ہ۔ ا۔ مذ) انوکھا پن۔
نرالی۔ (ن۔ را۔ لی) (ہ۔ صف) انوکھی۔ امتیازی۔ نرالا کی تانیث۔
نرانا۔ (ن۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) نرائی کرنا۔ باغ یا کھیت سے خود رو گھاس
پھونس نکالنا۔
نرائی۔ (ن۔ را۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) باغ یا کھیت کو خود رو گھاس پھونس اور
کانٹوں وغیرہ سے صاف کرنا۔
نربسی۔ (نر۔ ب۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک دوا کا نام۔ جدوار (۲)
ایک قسم کا گھاس۔
نرخ۔ (ف۔ ا۔ مذ) بھاؤ۔ شرح۔ دَر۔ قیمت۔ مول۔
نرخ بڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) بھاؤ چڑھ جانا۔
نرخ بندی۔ (ا۔ مث) قیمت کا فیصلہ۔ قیمت مقرر کرنا۔
نرخ توڑنا۔ (ا۔ محاورہ) بھاؤ گھٹانا۔
نرخ تیز ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بھاؤ بڑھ جانا۔
نرخ چڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) بھاؤ بڑھانا۔
نرخ نامہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) بازار کے بھاؤ کی فہرست۔
نرخرا۔ (نر۔ خر۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹینٹوا۔ حلقوم۔ گلے کی نالی۔ اصل نرکور ہے
نرخرا بولنا۔ (ا۔ محاورہ) مرتے وقت حلق سے خرخراہٹ کی آواز نکلنا۔ گھر اگنا۔
نرد۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) ایک بازی جسے تختہ نرد بھی کہتے ہیں۔ (۲) چوسر کی
گوٹ۔ شطرنج کا مہرہ۔
نرد مارنا۔ (ا۔ محاورہ) گوٹ پیٹنا۔ بازی جیتنا۔
نردبان۔ (نر۔ د۔ بان) (ف۔ ا۔ مذ) زینہ۔ سیڑھی۔
نرزہ۔ (نر۔ زہ) (ا۔ ا۔ مذ) چھوٹی ترازو۔
نرس۔ (Nurse) (انگ۔ ا۔ مث) دایہ۔ تیمارداری کرنے والی۔
نرس۔ (ن۔ رس) (ق) بہت کم۔ کم تر
نرسری۔ (Nursery) (نر۔ س۔ ری) (انگ۔ ا۔ مث) پھول بوٹے
اگانے اور ان کے پرورش کرنے کی جگہ وغیرہ۔
نرسری سکول۔ (انگ۔ ا۔ مذ) چھوٹے بچوں کا ابتدائی مدرسہ۔
نرسل۔ (نر۔ سل) (ہ۔ ا۔ مذ) سرکنڈا۔ نرکل۔
نرسنگ۔ (Nursing) (نر۔ سنگ) (انگ۔ ا۔ مث) تیمارداری کرنا
نرس کا پیشہ یا کام۔
نرسنگا۔ (نر۔ سن۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بجانے کا سینگ۔ بگل
ترئی۔ سنکھ۔
نرسنگھ۔ (نر۔ سنگھ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شہ زور۔ بہادر۔ وشنو کا چوتھا اوتار
جس کا سر شیر جیسا ہوتا ہے۔
نرغہ۔ (نر۔ غہ) (ا۔ ا۔ مذ) آدمیوں کا گھیرا۔ انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۲)
مشکل۔ دشواری۔
نرغہ کرنا۔ (ا۔ مص مرکب) چاروں طرف سے گھیرے میں لے لینا۔
نرغہ ہونا۔ (ا۔ مص مرکب) چاروں طرف سے دشمنوں میں گھیرا جانا۔
نرغے میں آجانا۔ (ا۔ محاورہ) چاروں طرف سے گھیر لیا جانا (۲) آفت میں
مبتلا ہو جانا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔
نرغے میں جان ہونا۔ (ا۔ محاورہ) عذاب میں جان ہونا۔ مصیبت
میں پھنس جانا۔
نرغے میں ڈالنا۔ (ا۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسا دینا۔
نرک۔ (س۔ ا۔ مذ) دوزخ۔ جہنم۔ پاتال۔
نرکل۔ (نر۔ کل) (ہ۔ ا۔ مذ) نرسل۔ سرکنڈا۔
نرکی۔ (نر۔ کی) (ہ۔ صف) دوزخی۔ جہنمی۔ گنہ گار۔
نرگس۔ (نر۔ گس) (ف۔ ا۔ مث) ایک پھول جسے شعرا آنکھ سے تشبیہ
دیتے ہیں۔ مجازاً محبوب کی مست آنکھ۔
نرگس بیمار۔ (ف۔ ا۔ مث) معشوق کی آنکھ۔ مخمور آنکھ۔ مست آنکھ۔
نرگس شہلا۔ (ف۔ ا۔ مث) نرگس کی ایک قسم جس کا درمیانی حصّہ زرد
کی بجائے سیاہ ہوتا ہے۔
نرگس مخمور۔ (ف۔ ا۔ مث) نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔
نرگسی۔ (نر۔ گ۔ سی) (ف۔ صف) نرگس سے نسبت رکھنے والا۔ نرگس سے
مشابہ (۲) نرگس قسم کا کپڑا جس پر نرگس جیسے پھول بنے ہوئے ہوتے
ہیں (۳) ایک قسم کا کھانا۔
نرگسی پلاؤ۔ (ف۔ ا۔ مذ) وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو کوفتوں میں
پکا کر اور درمیان سے دو کرکے رکھ دیتے ہیں۔
نرگسی چشم (آنکھ)۔ (ف۔ صف) نرگس سے مشابہ آنکھ (۲) بڑی آنکھ۔
نرگسی کباب۔ (ف۔ ا۔ مذ) شاہی کباب جن میں اُبلے ہوئے انڈے کو گول گول
کاٹ کر ایک ایک ٹکڑا ہر کباب میں رکھ دیا جاتا ہے۔
نرم۔ (ف۔ صف) (۱) ملائم (۲) گدگدا (۳) پلپلا (۴) لوچدار۔ (۵)
ڈھیلا۔ (۶) سست (۷) مدہم (۸) آسان (۹) ہلکا (۱۰)
بُردبار (۱۱) نازک۔
نرم آواز۔ (ف۔ ا۔ مث) باریک اور سُریلی آواز۔ ہلکی اور میٹھی آواز۔
نرم باتیں۔ (ف۔ ا۔ مث) میٹھی بولی۔
نرم بولی۔ (ف۔ ا۔ مث) ایسی باتیں جن سے عاجزی اور خاکساری ظاہر
ہو۔ شیریں سخنی۔
نرم چارہ۔ (ا۔ مذ) ملائم خوراک۔ زود ہضم خوراک۔
نرم چوب را کرم می خورد۔ (ف۔ مثل) بھلے مانس کو سب لوٹتے ہیں۔
نرم خو۔ خوش خلق۔ پسندیدہ عادات والا۔ نیک مزاج۔
نرم دل۔ (ف۔ صف) رحم دل۔ نیک۔
نرم رو۔ (۱) آہستہ چلنے والا (۲) گرم رو کا مقابل
نرم روی۔ (ف۔ ا۔ مث) آہستہ چلنا۔



Marfat.com

**نَرم زبان** - (ف - صف) ملائم باتیں کرنے والا آدمی -
**نَرم کرنا** - (ا - محاورہ) دھیما کرنا - کسی کا غصّہ فرو کرنا -
**نَرم کوس** - (ف - ا - مذ) دو میل سے کچھ کم فاصلہ -
**نَرم گرم** - (ف - صف) سخت سُست - بُرا بھلا - اخلاف زمانہ -
**نَرم گرم اُٹھانا** - (ا - محاورہ) (۱) بُری بھلی بات کو برداشت کرنا (۲) تجربہ کار ہونا -
**نَرم لگام** - (ف - صف) گھوڑا جو باگ کے اشارہ پر چلے - فرمانبردار گھوڑا - اشارہ سمجھنے والا -
**نَرماگی** - (نَر - ما - گی) (ق - ا - مث) نرمی -
**نَرمانا** - (نَر - ما - نا) (اُر - مص) نرم کرنا - دھیما کرنا - ملائم کرنا -
**نَرمازمی** - (نَر - ما - نر - می) (اُر - ا - مث) کسی معاملہ میں آہستگی -
**نَرماہٹ** - (نَر - ما - ہٹ) (اُر - ا - مث) نرمی - ملائمت -
**نَرمہ** - (نَر - مہ) (ف - ا - مذ) (۱) کان کی لَو (۲) ایک قسم کا کپڑا - ایک قسم کی کپاس -
**نَرمی** - (نَر - می) (ف - ا - مث) (۱) ملائمت - نازکی (۲) دھیما پن - (۳) مہربانی - رحم دلی (۴) آہستگی (۵) چپلا پن (۵) لطافت (۶) آسانی (۸) بُردباری - برداشت -
**نَرَنجن** - (نَ - رَن - جن) (س - ا - مذ) بے عیب - بے داغ (۲) خدا - ایشور -
**نروا** - (نر - وا) (ق - ا - مذ) بیل -
**نِروال** - (نِر - وال) (ق - صف) الگ - جُدا -
**نِروان** - (نِر - وان) (س - ا - مذ) نجات - اواگون - رہائی -
**نِرُوپ** - (س - صف) جس کی کوئی شکل نہ ہو (۲) بدشکل - بدنما (۳) جس کا کوئی جسم نہ ہو - ایشور -
**نِروگی** - (ہ - صف) بیماری سے بچا ہوا - تندرست -
**نَرّہ** - (ف - صف - مذ) مردانہ (۲) اکھڑ - اُجڈ (۳) بعدہ (۴) غلیظ (۵) (مذ) آلہ تناسل (۶) درخت کا تنا (۷) بیجڑا -
**نَرئی** - (نَ - رَا - ئی) (ہ - ا - مث) (۱) ایک قسم کی گھاس جو تالابوں میں اُگتی ہے (۲) وہ شاخ جو گیہوں یا جو کی بالی کے ساتھ ہوتی ہے -
**نِری** - (نَ - ری) (ف - ا - مذ) بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا -
**نَریش** - (ہ - ا - مذ) بادشاہ -
**نَرینہ** - (نَ - رِی - نہ) (ف - صف) نر -

## ن - ڑ

**نیڑ** - (ہ - ا - مذ) ایک قسم کا نرسل - (۲) وہ قوم جو چوڑیاں بناتی ہے -
**نڑا** - (نَڑ - ڑا) (ہ - ا - مذ) گاجر کے اندر کا سخت حصّہ جو قابلِ استعمال نہیں ہوتا - گاجر کی ہڈی -
**نڑی** - (نَ - ڑی) (ہ - ا - مث) ایک قسم کی آتش بازی (۲) حُقّے کی نے (۳) ایک آبی پرندہ -

## ن - ز

**نَز** - (ع - صف) چُست چالاک - پھرتیلا (۲) ذہین - ہوشیار - (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ دوڑ کر جانے والا - (۴) چشمہ - سوتا - (۵) شتر مرغ -
**نزار** - (نَ - زار) (ف - ا - صف) دُبلا - پتلا - کمزور - (۲) مفلس - قلاش -
**نِزاع** - (نِ - زاع) (ع - ا - مث) جھگڑا - فساد - تکرار - تنازعہ - جمع: نزاعات -
**نزاعِ لفظی** - زبانی بحث و تکرار -
**نزاکت** - (نَ - زا - کت) (ف - ا - مث) (۱) باریکی - پاکیزگی - نازک مزاجی - نازک مزاجی کا اظہار (۲) خوبی - لطافت - نفاست (۳) کمزوری - ناتوانی -
**نزاہت** - (ف - ا - مث) بُری باتوں سے دوری - (۲) عیب سے پاک ہونا -
**نَزد** - (ف - تابع فعل) قریب - نزدیک - پاس (۲) آگے - پیش -
**نزدیک** - (نز - دِیک) (ف - صف) (۱) قریب - پاس (۲) رائے میں - سمجھ میں -
**نزدیک بین** - (ا - صف) پاس کی چیز دیکھنے والا -
**نزدیک پھٹکنا** - (ا - محاورہ) قریب آنا -
**نزدیکی** - (نَز - دی - کی) (اُر - صف) قربت - قرب (۲) مباشرت -
**نَزع** - (ع - ا - مث) جان کنی - دم ٹوٹنا -
**نزلہ** - (نَز - لہ) (ع - ا - مذ) ایک مرض جس کی رطوبت کا اثر حلق - آنکھوں - دانتوں اور بالوں پر ہوتا ہے -
**نزلہ بر عضوِ ضعیف مے ریزد** - (ف - مثل) (۱) مصیبت ہمیشہ کمزور پر ہی آتی ہے - کمزور اور غریب کی ہر جگہ خرابی ہے -
**نزلہ گرنا** - (ا - محاورہ) (۱) نزلہ کا کسی عضو پر حملہ کرنا (۲) (کنایتاً) آفت آنا - شامت آنا -
**نُزول** - (نُ - زُول) (ع - ا - مذ) اُترنا (۲) نازل ہونا - فروکش ہونا (۲) وحی کا نازل ہونا (۳) آنکھوں سے متواتر پانی بہنا - نزول الماء (مث) (۴) سرکاری زمین - ضبط کی ہوئی زمین -
**نُزولِ اجلال** - کسی بڑے مرتبہ والے شخص کا آنا -
**نُزولِ وحی** - پیغمبر پر احکامِ الٰہی کا نازل ہونا - وحی آنا -
**نُزولی** - (نُ - زُو - لی) (ف - ا - مث) (۱) شاہی فوج اور لشکر کا پڑاؤ (۲) وہ چیز جو ضبط ہو جائے (۳) نزول کا محکمہ -
**نُزہت** - (نُز - ہت) (ع - ا - مث) پاکیزگی - تروتازگی - بے عیب اور فرحت بخش -
**نُزہت افزا** - (ع - ف - صف) خوشبو زیادہ کرنے والا - شاداب کرنے والا -
**نُزہت انتما** - (ع - صف) خوشبو سے بسا ہوا - مہکا ہوا - خوشبودار -



Marfat.com

فرحت بخش ۔

**نزہت (کدہ) گاہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] سیر گاہ ۔ تفریح کی مقام ۔ سرسبز اور شاداب جگہ ۔

**نزیل** ۔ (نَ ۔ زِیل) [ع ۔ صف] (۱) کسی جگہ اترنے والا ۔ کسی جگہ قیام کرنے والا (۲) مہمان ۔ مسافر ۔

# ن ۔ ژ

**نژاد** ۔ (نِ ۔ ژاد) [ف ۔ ا ۔ مث] اصل ۔ نسل ۔ حسب ۔ نسب (۲) تخم ۔ نطفہ ۔

**نژند** ۔ (نَ ۔ ژند) [ف ۔ صف] غمگین (۲) خوفناک (۳) نیچے کا درجہ ۔ ذلیل و خوار (۴) پست ۔ نیچا (۵) ناراض ۔ خفا ۔

# ن ۔ س

**نس** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] رگ ۔ ریشہ ۔ خون کی باریک نالی ۔ (۲) عصب پٹھا ۔ (۳) آلہ تناسل ۔

**نس بھڑک جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] رگ کو چوٹ لگنا (۲) پٹھا یا رگ چڑھنا ۔

**نس دار** ۔ [ہ ۔ ف ۔ صف] بہت سی رگوں والا ۔ رگ دار ۔ ریشہ دار ۔

**نس کا مرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] رگ کا کمزور ہو جانا پٹھے کا کمزور ہو جانا ۔

**نس کٹا** ۔ [ا ۔ محاورہ] خواجہ سرا ۔ ہیجڑا ۔ زنانہ ۔ زنخا ۔

**نش** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) رات (۲) حرف نفی ۔ نا ۔ نہیں ۔ بغیر ۔

**نس دن** ۔ [ہ ۔ تابع فعل] ۔ رات ۔ دن ۔ شب و روز ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔

**نسا** ۔ (نِ ۔ سا) [ع ۔ ا ۔ مث] عورتیں ۔ بیویاں

**نساچر** ۔ [ہ ۔ صف] رات کو پھرنے والا ۔ چور ۔ رہزن (۲) بھوت ۔ پریت ۔

**نساب** ۔ (نَس ۔ ساب) [ع ۔ ا ۔ مذ] علم النسب کا جاننے والا ۔

**نساج** ۔ (نَس ۔ ساج) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) جلاہا (۲) دروغ گو ۔ سخن ساز ۔

**نساجال** ۔ (نَ ۔ سا ۔ جال) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ جگہ جہاں بہت سی رگیں جمع ہوں نسوں کا جال (۲) بہت بڑا جال جس سے نکلنا محال ہو ۔

**نسارنا** ۔ (نِ ۔ سار ۔ نا) [ہ ۔ مص] نکال دینا ۔ باہر کرنا ۔ ہٹا دینا ۔

**نسانا** ۔ (نِ ۔ سا ۔ نا) [ہ ۔ مص] ہلاک کرنا ۔ باہر کرنا ۔ (۲) خرچ کرنا (۳) گم کرنا ۔

**نسائم** ۔ (نَ ۔ سا ۔ ئم) [ع ۔ ا ۔ مث] نسیم کی جمع ۔ نرم نرم ہوائیں ۔ ہلکی ہلکی ہوائیں ۔

**نساورا** ۔ (نَ ۔ سا ۔ و ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) سبز رنگ کا کبوتر جس کے دو شاہ پر سفید ہوتے ہیں ۔

**نسب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] اصل ۔ نسل ۔ سلسلۂ خاندان ۔ جمع ۔ انساب ۔

**نسب جلنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] مختلف اشخاص کا ایک ہی خاندان کا ہونا شجرہ ایک ہونا ۔

**نسب نامہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] خاندان کا شجرہ ۔ کرسی نامہ ۔

**نسب نما** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] علم حساب میں وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصے کیے گئے ہیں (۲) کسر کے نیچے کا ہندسہ ۔

**نسبت** ۔ (نِس ۔ بت) [ع ۔ ا ۔ مث] کسی چیز کی طرف منسوب ہونا (۲) علاقہ ۔ واسطہ تعلق (۳) مطابقت (۴) منگنی ۔ سگائی ۔

**نسبت آنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لڑکی کا رشتہ آنا ۔ شادی کا پیغام آنا ۔

**نسبت ٹھہرانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] شادی کی بات پکی ہونا ۔

**نسبت دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تشبیہ دینا ۔ نظیر دینا ۔ تعلق ظاہر کرنا ۔

**نسبت رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تعلق رکھنا ۔ لگاؤ رکھنا ۔

**نسبت کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] منگنی کرنا ۔ منسوب کر دینا ۔

**نسبت ناتا** ۔ [ا ۔ مذ] شادی بیاہ ۔ رشتہ داری ۔

**نسبت ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] تعلق ہونا ۔ مطابقت ہونا ۔ مشابہت ہونا (۲) منگنی ہونا ۔ بات ٹھہرنا ۔

**نسبتی** ۔ (نِس ۔ بَ ۔ تی) [ا ۔ صف] رشتہ دار ۔ قریبی ۔ قرابت دار ۔ نسبت رکھنے والا ۔

**نسبتی بھائی** ۔ [ا ۔ مذ] (۱) بہنوئی (۲) سالا ۔

**نسبی** ۔ (نَ ۔ سَ ۔ بی) [ع ۔ صف] خاندانی ۔ نسب سے تعلق رکھنے والی ۔

**نستارا** ۔ (نِس ۔ تا ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذ] چھٹکارا ۔ رہائی ۔ نجات ۔ خلاصی (۲) گزرنا ۔ عبور کرنا (۳) نجات ۔ مکتی (۴) قرض کی ادائیگی ۔

**نسترن** ۔ (نَس ۔ تَ ۔ رَن) [ف ۔ ا ۔ مث] سیوتی ۔ سیوتی کا پھول ۔

**نستعلیق** ۔ (نَس ۔ تع ۔ لیق) [ع ۔ ا ۔ مذ] فارسی یا اردو کا ایک رسم الخط جو صاف اور سیدھا ہوتا ہے (۲) [صف] مہذب ۔ متین ۔ نفیس ۔

**نسخ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نقل ۔ تحریر (۲) تردید ۔ منسوخی (۳) عربی کا قدیم طرز تحریر ۔

**نسخہ** ۔ (نُس ۔ خہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) نوشتہ ۔ لکھا ہوا ۔ مکتوب (۲) کتاب ۔ جلد مجلد ۔ رسالہ (۳) کاغذ کا وہ پرچہ جس پر طبیب دوائیں تجویز کرتا ہے (۴) ترکیب ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ جمع ۔ نسخہ جات ۔

**نسخہ باندھنا** ۔ طبیب کے لکھے ہوئے نسخے کے مطابق عطار کا ادویات کی پڑیاں باندھنا ۔

**نسخہ لکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پرچے پر دوا تجویز کرنا ۔

**نسر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] چیل کی قسم کا ایک مردار خور پرند ۔ گدھ ۔

**نسر طائر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ستاروں کا ایک گچھا جس کی شکل اس گدھ کی طرح ہے جو پر پھیلائے اوپر کی طرف اڑتا ہے ۔

**نسر واقع** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک ستارہ جو قطب جنوبی کی طرف ہے ۔ اس کے پہلوؤں میں دو ستارے ہیں ۔ جو اس سے اس طرح مل گئے ہیں کہ اس کی صورت اس گدھ جیسی بن گئی ہے جو کندھے جوڑے ہوئے ہو ۔ اسے نسر مرغ اور نسر فلک بھی کہتے ہیں ۔

**نسرین** ۔ (نَس ۔ رین) [ف ۔ ا ۔ مث] سیوتی کا پودا اور پھول ۔ ایک قسم کا سفید گلاب ۔ نسترن ۔

**نسرین بدن ۔ نسرین تن ۔ نسرین رخ** ۔ [ف ۔ ا ۔ صف] ۔ پھول سے



Marfat.com

جسم والا ۔ محبوب ۔

**نَس طَلُور** ۔ (نَش ۔ طور) [ع ۔ ا ۔ مذ] آتش پرستوں کا پیشوا ۔ پیر دانا ۔

**نَسَق** ۔ (نَ ۔ سَق) [ع ۔ ا ۔ مذ] قاعدہ ۔ دستور (۲) بندوبست ۔ انتظام ۔

**نِس کُل** ۔ (نِس ۔ کُل) [ق] لاچار ۔ محتاج ۔

**نَسل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) آل ۔ اولاد ۔ بال بچے ۔ قبیلے ۔ خاندان ۔

**نسل بڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] اولاد زیادہ کرنا ۔ پود بڑھانا ۔

**نسل پدری** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] باپ کا خاندان ۔ جدّی خاندان ۔

**نسل وار** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] اصیل ۔ اچھی ذات کا ۔ اچھے خاندان کا ۔ عالی نسب ۔

**نسلاً بعد نسلٍ** ۔ (نَس ۔ لَن ۔ بعد نس ۔ لِن) [ع ۔ تابع فعل] پُشت در پُشت ۔

**نَسلی** ۔ (نَس ۔ لی) [ع ۔ صف] نسل سے متعلق ۔ اچھی نسل کا ۔

**نَسنا** ۔ (نَس ۔ نا) [ہ ۔ مص] غائب ہونا ۔ بھاگنا ۔ چلا جانا ۔

**نَس ناس** ۔ (نَس ۔ ناس) [ع ۔ ا ۔ مذ] بن مانس (۲) ایک قسم کا شیطان ۔

**نس ناس ہندی** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ہندوستانی بندر یا لنگور ۔

**نس دار** ۔ (نَس ۔ دار) [ہ ۔ ا ۔ مث] سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو ۔ ہلاس ۔ ناس ۔

**نِسوان** ۔ (نِس ۔ وان) [ع ۔ ا ۔ مث] عورتیں ۔ خواتین ۔ مستورات (۲) بیویاں ۔

**نِسوانی** ۔ (نِس ۔ وا ۔ نی) [ع ۔ صف] عورتوں سے متعلق ۔ عورتوں سے منسوب ۔

**نِسوُت** ۔ (نِ ۔ سُوت) [ہ ۔ صف] (۱) خالص ۔ صاف ۔ ستھرا ہوا (۲) بغیر ملاوٹ کا (۳) ایک پودے کا نام ۔

**نَسیاً مَنسِیّا** ۔ (نَس یَم مَن ۔ سی ۔ یا) [ع ۔ صف] ذہن سے اترا ہوا ۔ بھولا ہوا ۔ فراموش شدہ ۔

**نِسیان** ۔ (نِس ۔ یان) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) بھول چوک ۔ فراموشی (۲) ایک مرض جس میں انسان کے ذہن سے گذشتہ واقعات محو ہو جاتے ہیں ۔

**نسیانی** ۔ (نِس ۔ یا ۔ نی) [ع ۔ صف] بھلکڑ ۔ بھول جانے والا ۔ یاد نہ رکھنے والا ۔

**نَسیلا** ۔ (نَ ۔ سی ۔ لا) [ہ ۔ صف] مضبوط ۔ ریشے دار ۔

**نَسیم** ۔ (نَ ۔ سِیم) [ع ۔ ا ۔ مث] پچھلی رات کی نرم و معطر ہوا ۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا ۔ جمع ۔ نسائم ۔

**نسیمِ سحر (سحری)** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] صبح کی ہوا ۔ ہلکی ہلکی خوشبودار ہوا ۔

**نسینی** ۔ (نَ ۔ سے ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] لکڑی کی سیڑھی ۔

**نَسیہ** ۔ (نَس ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] قرض ۔ اُدھار ۔ (۲) تاخیر ۔ دیر ۔ موقع (۳) عمری کوئی چیز ۔ بے فائدہ چیز ۔

## ن ۔ ش

**نَشا** ۔ (نَش ۔ آ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) پیدا کرنا (۲) دُنیا ۔ جہان ۔

**نِشا** ۔ (نِ ۔ شا) [ا ۔ ا ۔ مذ] اعتبار ۔ یقین ۔

**نشابل** ۔ [س ۔ ا ۔ مذ] ذیل کے برجوں کا مجموعی نام ۔ ثور ۔ جوزا ۔ سرطان قوس اور جدی ۔

**نشاطِر** ۔ دل کی تسلّی ۔ دلجمعی ۔ اطمینان ۔

**نشاَۃ** ۔ (نَش ۔ اَت) [ع ۔ ا ۔ مث] پیدائش ۔ نئی پیدائش ۔ نئی زندگی شروع ہونا ۔ نوجوان ہونا ۔

**نشاَۃِ ثانیہ** ۔ کسی قوم یا ملک کا از سر نو ترقی کرنا ۔ دوبارہ عروج پانا (انگ) (Renaissance)

**نَشاتین** ۔ (نَش ۔ اَ ۔ تین) [ع ۔ ا ۔ مذ] دونوں جہان ۔ دنیا اور عقبےٰ ۔

**نشاستہ** ۔ (نَ ۔ شاس ۔ تہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) گیہوں کا ست ۔ مغزِ گندم (۲) کلف ۔ مانڈی پیچ (۳) جمایا ہوا ۔ بیٹھا ہوا ۔

**نَشاط** ۔ (نَ ۔ شاط) [ع ۔ ا ۔ مث] خوشی ۔ شادمانی ۔ فرحت ۔ مزہ ۔

**نشاط افزا (انگیز)** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] فرحت بڑھانے والا ۔ خوشی زیادہ کرنے والا ۔

**نشاطِ کار** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] کام کرنے کی اُمنگ ۔ کارگذاری کا شوق ۔

**نَشّاف** ۔ (نَش ۔ شاف) [ع ۔ صف] جذب کرنے والا ۔ جاذب ۔

**نِشان** ۔ (نِ ۔ شان) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) آثار (۲) کھوج ۔ پتہ ۔ سراغ ۔ (۳) ٹھپا ۔ چھاپا (۴) یادگار (۵) جھنڈا ۔ علم (۶) مقام ۔ پتہ (۷) داغ ۔ دھبّہ (۸) بادشاہ کا فرمان (۹) تمغہ (۱۰) اثر ۔ علامت (۱۱) کارخانے کی مہر ۔ ٹریڈ مارک (۱۲) کھرا ۔ کھوج (۱۳) پھوڑے یا زخم کا داغ (۱۴) ہدف ۔ نشانہ (۱۵) کسی جماعت کی علامت ۔

**نشان باقی نہ چھوڑنا (رکھنا)** ۔ [ا ۔ محاورہ] نیست و نابود کرنا ۔ برباد کرنا ۔

**نشان بردار** ۔ [ف ۔ صف] علم بردار ۔ جھنڈا لے کر چلنے والا ۔

**نشانِ پا** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] قدم کا نشان جو چلنے میں زمین پر بن جاتا ہے ۔

**نشان پانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] پتہ پالینا ۔ سراغ پانا ۔

**نشان پر سہرا چڑھانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] منت پوری ہونے کے بعد تعزیئے کے علم پر پھولوں کے سہرے چڑھانا ۔

**نشان پڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] دھبہ پڑنا ۔ چوٹ کی علامت باقی رہنا ۔

**نشان چڑھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] منگنی یا ساچق کے روز انگوٹھی چھلا وغیرہ دولھن کو پہنانا ۔

**نشان دہی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] سراغ رسانی ۔ پتہ دینا ۔ ٹھکانا بتانا ۔

**نشان رہ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] علامت یا یادگار باقی رہ جانا ۔

**نشان سے گزر جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نام دری حاصل کرنے کی خواہش باقی نہ رہنا ۔

**نشان کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) دھبّہ ڈالنا (۲) نمبر ڈالنا ۔ صحیح کرنا ۔

**نشان گاڑنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جھنڈا گاڑنا ۔

**نشان مٹنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نام و نشان باقی نہ رہنا ۔ کوئی یادگار باقی نہ چھوٹنا

**نشان ملنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] سراغ ملنا ۔

**نشان نہ رکھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] نیست و نابود کر دینا ۔ تباہ و برباد کر دینا ۔

**نشانچی** ۔ (نِ ۔ شان ۔ چی) [ت ۔ ا ۔ مذ] (۱) عمدہ نشانہ لگانے والا (۲) جھنڈا بردار ۔

**نشانہ** ۔ (نِ ۔ شا ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہدف ۔ وہ علامت جو گولی یا تیر کی مشق کے لیے بنائی جائے ۔ گولی یا تیر مارنے کی جگہ ۔ شست ۔ زد ۔



Marfat.com

**نشانہ اُڑا دینا (اُڑانا)** - نشانہ کا ہدف پر بیٹھنا۔ گولی یا تیر مار کر ہدف کا نشان اڑا دینا۔
**نشانہ انداز** - (ف۔ صف) ٹھیک نشانہ باندھنے والا۔ نشانچی۔
**نشانہ باندھنا** - (ا۔ محاورہ) نشانہ تاکنا۔
**نشانہ بنانا** - (ا۔ محاورہ) (۱) ہدف بنانا (۲) ہدف علامت بنانا۔
**نشانہ بچنا** - (ا۔ محاورہ) نشانہ خطا ہو جانا۔
**نشانہ بننا** - (ا۔ محاورہ) گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بننا (۲) ہدف علامت بننا۔
**نشانہ بیٹھنا** - (ا۔ محاورہ) گولی یا تیر صحیح نشانے یا ہدف پر لگنا۔
**نشانہ پٹ پڑنا** - (ا۔ محاورہ) نشانہ خطا ہونا۔
**نشانہ (نشانے) پر بیٹھنا** - (ا۔ محاورہ) گولی یا تیر صحیح نشانے پر لگنا مقصد بر آنا (۳) بات کا اثر ہونا۔
**نشانہ پر تیر پڑنا** - (ا۔ محاورہ) (۱) زد پر تیر لگنا (۲) تدبیر کارگر ہونا (۳) مقصد بر آنا۔
**نشانہ تاکنا (جوڑنا)** - (ا۔ محاورہ) نشانہ تاکنا۔ نشانہ باندھنا۔
**نشانہ چوکنا** - (ا۔ محاورہ) نشانہ کا ہدف پر نہ پڑنا۔ نشانہ خطا ہونا۔
**نشانہ خطا کرنا** - (ا۔ محاورہ) نشانہ چوک جانا۔ نشانہ ہدف پر نہ بیٹھنا۔
**نشانہ خالی نہ جانا** - (ا۔ محاورہ) وار خالی نہ جانا۔ شست پر لگنا۔
**نشانہ کرنا (لگانا۔ مارنا)** - (ا۔ محاورہ) شست باندھ کر گولی یا تیر نشانے پر مارنا (۲) شکار کرنا (۳) چاند ماری کرنا۔
**نشانہ ہونا** - (ا۔ محاورہ) گولی یا تیر سے مارا جانا۔ مر جانا۔
**نشانی** - (ن۔ شا۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) یادگار (۲) پہچان۔ شناخت علامت (۳) آل۔ اولاد۔ نسل۔ خاندان (۴) انگوٹھی یا زیور جو منگنی کے روز دلہن کو پہناتے ہیں۔
**نشانی دینا** - (ا۔ محاورہ) کوئی چیز بطور یادگار دینا۔
**نشانی رکھنا** - یادداشت کے واسطے کتاب میں کوئی چیز رکھنا۔
**نشانی کرنا** - ناخواندہ شخص کا دستخط کی جگہ لکیر بنانا۔
**نشانی کا چھلا** - (ا۔ مذ) وہ چھلا جو بطور یادگار کسی کو دیا جائے۔
**نشتر** - (نش۔ تر) (ف۔ ا۔ مذ) نیشتر کا مخفف۔ زخم چیرنے کا اوزار۔
**نشتر دینا** - (ا۔ محاورہ) نشتر لگانا۔ نشتر سے چیرنا۔
**نشتر زن** - (ف۔ صف) نشتر دینے والا۔ فصاد۔
**نشتر کھانا** - (ا۔ محاورہ) تکلیف اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا۔
**نشتر لگانا** - (ا۔ محاورہ) کسی عضو میں نشتر چبھونا۔
**نشتر مارنا** - (ا۔ محاورہ) نشتر سے کام لینا۔ نشتر کو بے ساختہ چبھو دینا۔
**نشٹ** - (س۔ ا۔ مث) تباہی۔ بربادی (۲) ضائع شدہ (صف) کھویا ہوا۔ پنہاں۔ گمشدہ۔
**نشچت** - (س۔ صف) معلوم کیا ہوا۔ تحقیق کیا ہوا (۲) فیصلہ شدہ (۳) (مذ) یقین (۴) فیصلہ۔ نتیجہ (۵) یقینی طور پر۔
**نشچنت** - (س۔ ا۔ صف) بے فکر۔ بے پروا۔ جسے کوئی کام نہ ہو۔
**نشچے** - (نش۔ چے) (س۔ ا۔ مث) (۱) تفتیش۔ تحقیقات (۲) پکی رائے یقین۔ ایمان (۳) ارادہ۔ منشا۔
**نشچے کرنا** - (ا۔ محاورہ) یقین کرنا۔ دریافت کرنا (۲) ارادہ کرنا (۳) اطمینان کرنا (۴) ذمے لینا۔
**نَشر** - (ع۔ ا۔ مذ) (۱) زندہ کرنا۔ زندہ ہونا (۲) اشاعت۔ پھیلاؤ (۳) بکھیرنا (۴) خبر مشہور کرنا۔
**نشرُ الصّوت** - آواز پھیلانا۔ براڈ کاسٹ کرنا۔
**نشریات** - (نش۔ ری۔ آت) (ع۔ ا۔ مث) لاسلکی کے ذریعہ نشر کرنے کا سلسلہ۔ براڈ کاسٹنگ۔
**نشریہ** - (ع۔ ا۔ مذ) وہ بات جو ریڈیو پر اعلان کی جائے۔
**نِشست** - (ن۔ شست) (ف۔ ا۔ مث) (۱) بیٹھک۔ کرسی (۲) موزونیت (۳) صحبت۔ ہم نشینی (۴) بیٹھنے کی جگہ (۵) اجلاس (۶) پارے کا بیٹھ جانا۔
**نشست برخاست** - (ف۔ ا۔ مث) (۱) اٹھنا۔ بیٹھنا (۲) اٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔ آداب مجلس۔
**نشست ٹھہرانا** - (ا۔ محاورہ) بیٹھنے کی جگہ مقرر کرنا۔
**نشست گاہ** - (ف۔ ا۔ مث) بیٹھک۔ دیوان خانہ۔ بیٹھنے کی جگہ۔
**نَشو** - (ع۔ ا۔ مذ) بالیدگی۔ روئیدگی۔ نمو۔ پیداوار (۲) اُگنا۔ پیدا ہونا۔ بڑھنا۔ پھولنا۔
**نشوونما** - (۱) بالیدگی۔ روئیدگی۔ پھولنا۔ پھلنا۔ پرورش پانا (۲) رونق۔ ظہور۔ ترقی۔
**نشوونما پانا** - (ع۔ ا۔ مذ۔ مث) نمو ہونا۔ پرورش پانا۔ سرسبز شاداب ہونا۔ ترقی پانا۔
**نُشور** - (ن۔ شور) (ع۔ ا۔ مذ) مُردے کا روز حشر اٹھنا۔ حشر۔ قیامت
**نَشہ۔ نِشہ** - (نَ۔ شہ) (نش۔ شہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مستی۔ سرور۔ خمار وہ کیفیت جو شراب۔ افیون وغیرہ کے استعمال کے بعد پیدا ہوتی ہے (۲) غرور۔ گھمنڈ (۳) ولولہ۔ ترنگ
**نشہ آنا** - (ا۔ محاورہ) سُرور ہونا۔ نشہ چڑھنا (۲) مزہ آنا۔ لطف آنا۔
**نشہ اُترنا** - (ا۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔ خمار جاتا رہنا۔
**نشہ اُس نے پیا، خمار ہمیں چڑھا** - (ا۔ مثل) امیر آدمی کے رشتہ دار فخر کریں تو کہا جاتا ہے۔
**نَشہ باز** - (ف۔ صف) نشہ کا عادی۔ نشہ کا شوق رکھنے والا۔ شرابی۔
**نشہ بودا ہونا** - (ا۔ محاورہ) ایسا نشہ ہونا جس سے جرأت اور دلیری جاتی رہے۔
**نشہ پانی** - (ا۔ مذ) نشہ کی چیز کھانا۔
**نشہ پانی کرانا** - (ا۔ محاورہ) نشہ پلوانا۔ نشہ کی چیز کھانے پینے کو دینا (۲) رشوت دینا۔
**نشہ پیدا ہونا** - (ا۔ محاورہ) نشہ آور چیز کھانے سے سُستی کی حالت ہونا۔
**نشہ جمنا** - (ا۔ محاورہ) نشہ پیدا ہونا۔ نشہ کا پائیدار ہونا۔
**نشہ جوان ہونا** - (ا۔ محاورہ) نشہ کا تیزی پر ہونا۔
**نشہ چڑھنا** - (ا۔ محاورہ) سُرور ہونا۔ مست ہونا۔ مخمور ہونا۔



Marfat.com

**نشہ رہنا۔** (ا۔محاورہ) سرور رہنا۔ مستی قائم رہنا۔
**نشۂ شباب (جوانی)۔** (ف۔ا۔مذ) جوانی کا جوش۔
**نشہ کرکرا کرنا۔** (ا۔محاورہ) رنگ میں بھنگ ڈالنا۔ مزہ بگاڑنا۔ عیش میں خلل پیدا کرنا۔
**نشہ مٹی کرنا۔** (ا۔محاورہ) نشہ کرکرا کر دینا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔
**نشۂ مردانگی۔** (ف۔ا۔مث) مردانگی کا غرور۔ مردانگی کا جوش۔ بہادری اور مردانگی پر ناز۔
**نشہ ہرن ہونا۔** (ا۔محاورہ) (۱) کسی خوف یا صدمہ کے باعث نشہ کا ختم ہو جانا۔ بے ہوشی سے ہوش میں آجانا (۲) غفلت جاتی رہنا۔
**نشہ ہونا۔** (ا۔محاورہ) سُرور ہونا۔ خمار چڑھنا۔ مدہوشی طاری ہونا۔
**نشے میں بہکنا۔** (ا۔محاورہ) بدمست ہو کر بیہودہ باتیں کرنا (۲) مغرور ہونا۔
**نشے کا اُتار۔** (ا۔مذ) نشے کا کم ہونا۔ خمار کا جاتا رہنا۔
**نشے کا چُور (کر دینا) کرنا۔** (ا۔محاورہ) بیحد نشہ ہونا۔ بہت بدمست ہونا۔
**نشے کے ڈورے۔** آنکھ کی رگوں کی سُرخی جو خمار سے آنکھوں سے ظاہر ہوتی ہے۔
**نشے میں چُور (غلطاں)۔** (ا۔محاورہ) بیحد مخمور۔ سرشار۔ مدہوش۔ بدمست
**نَشیب۔** (نَ۔شیب) (ف۔ا۔مذ) پستی۔ گہرائی۔ نچان۔
**نَشیب و فراز۔** (ف۔ا۔مذ) اُونچ نیچ۔ اُتار چڑھاؤ۔
**نَشید۔** (نَ۔شید) (ف۔ا۔مذ) گانے کی آواز۔ سرود۔ نغمہ۔ سُر۔ الاپ۔
**نَشید خواں۔** (ف۔ا۔مذ) نغمہ سنج۔ لحن سے گانے والا۔ مغنی۔
**نشیلا۔** (نَ۔شی۔لا) (اُ۔صف) نشہ میں سرشار۔ بدمست۔ متوالا۔ (۲) نشہ آور۔ جس سے نشہ پیدا ہو۔
**نشیلی۔** (نَ۔شی۔لی) (اُ۔صف) نشیلا کی تانیث۔ متوالی۔ نشہ میں سرشار۔
**نشیلی آنکھیں۔** (ف۔ا۔مث) خمار آلود آنکھیں۔ مست آنکھیں۔
**نشیمن۔** (نَ۔شے۔مَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) مسکن (۲) آشیانہ۔ گھونسلا۔
**نشیمن کرنا۔** (ا۔محاورہ) بسیرا کرنا۔ گھونسلا بنانا۔
**نشیمن گاہ۔** (ف۔ا۔مث) خلوت گاہ۔ آرام گاہ
**نشیں۔** (نَ۔شیں) (ف۔صف) فارسی مصدر نشستن کا صیغہ امر۔ جو اسم کے بعد آکر اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ بیٹھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گوشہ نشیں۔
**نَشینی۔** (نَ۔شی۔نی) (ف۔ا۔مث) بیٹھنا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے تخت نشینی۔

## ن۔ص

**نَص۔** (ع۔ا۔مث) (۱) کھود کھود کر پوچھنا۔ چھان بین کرنا (۲) ظاہر آشکار (۳) قطعی حکم۔ ناطق حکم (۴) قرآن پاک کی وہ آیتیں جو صاف اور صریح ہوں۔ (۵) وہ کلام جو واضح اور صاف ہو۔ جمع۔ نصوص۔

**نَصِ قرآنی۔** (ع۔ا۔مذ) صاف اور صریح آیات۔ قرآن مجید کے واضح احکام۔
**نَصِ ناطق۔** (ع۔ا۔مث) قطعی حکم۔ ایسا کلام جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو۔
**نصاب۔** (نِ۔صاب) (ع۔ا۔مذ) (۱) پڑھائی کا کورس۔ متعین شدہ درس (۲) سرمایہ۔ پونجی۔ مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو (۳) جانچ تول۔ اندازہ (۴) جڑ۔ بنیاد (۵) تلوار کی موٹھ (۶) چاقو کا دستہ تلوار کا قبضہ۔
**نصابِ تعلیم۔** (ع۔ا۔مذ) درس و تدریس کی وہ کتابیں جو کسی خاص جماعت کے لیے مقرر کی گئی ہوں۔
**نِصابی۔** (نِ۔صا۔بی) (ع۔صف) نصاب سے متعلق۔
**نَصاریٰ۔** (نَ۔صا۔را) (ع۔ا۔مذ) دین مسیحی کے پیرو۔ عیسائی۔ نصرانی کی جمع۔
**نَصائح۔** (نَ۔صا۔ئح) (ع۔ا۔مث) نصیحت کی جمع۔ نصیحتیں۔ پند نیک مشورے۔
**نَصب۔** (ع۔ا۔مذ) (۱) کھڑا کرنا۔ لگانا۔ قائم کرنا۔ برپا کرنا (۲) زبر۔ زبر کی علامت جمع۔ انصاب۔
**نَصبُ العین۔** (ع۔ا۔مذ) اصلی مقصد۔ دلی منشا (۲) اصول۔
**نَصب کرنا۔** (ا۔مص مرکب) کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ برپا کرنا۔ قائم کرنا۔
**نَصر۔** (ع۔ا۔مث) (۱) مدد۔ یاری (۲) فتح۔ ظفر۔ منظور خاطر۔
**نَصرٌ مِنَ اللہِ وَ فَتحٌ قَرِیب۔** (آیت قرآنی) مہم پر جانے والے کے لیے دُعا کے طور پر کہتے ہیں۔ خداوند تعالیٰ کی مدد شامل حال ہو تو فتح نزدیک ہے۔
**نَصرانی۔** (نَص۔را۔نی) (ع۔ا۔مذ) دین مسیح کا پیرو۔ عیسائی۔
**نَصرانیت** (نَص۔را۔نی۔یت) (ع۔ا۔مث) عیسائی مذہب۔ مسیحی عقائد کی باتیں۔
**نُصرت۔** (نُص۔رت) (ع۔ا۔مث) (۱) مدد۔ حمایت (۲) فتح جیت۔
**نِصف۔** (ع۔صف) آدھا۔ نیم۔
**نصف النہار۔** دوپہر کا وقت۔ دن کا نصف۔
**نصف دائرہ۔** (ع۔ا۔مذ) دائرے کا نصف جس میں قطر دائرے کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔
**نصف قطر۔** (ع۔ا۔مذ) قطر کی کل لمبائی کا آدھا۔
**نِصفا نِصف، نِصفی۔** (نِص۔فا۔نِصف، نِص۔فی) (اُ۔صف) آدھا۔ آدھا۔ آدھوں آدھ۔ آپس میں برابر کی تقسیم۔
**نِصفت۔** (نِص۔فت) (ع۔ا۔مث) انصاف۔ عدل۔
**نَصوح۔** (نَ۔صوح) (ع۔ا۔مذ) (۱) خالص۔ صاف۔ پکی توبہ۔
**نَصوحا کی توبہ۔** (ا۔مث) وہ توبہ جو ہمیشہ کے لیے ہو۔
**نُصوص۔** (نُ۔صوص) (ع۔ا۔مث) قرآن کریم کی وہ آیات جن کے معانی صاف اور صریح ہوں۔ نص کی جمع۔
**نَصیب۔** (نَ۔صیب) (ع۔ا۔مذ) قسمت۔ طالع۔ تقدیر (۲) حصہ



Marfat.com

(۳) حاصل۔ میسر (۴) جس کے مقدر میں کوئی بات ہو۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے حرماں نصیب اور خوش نصیب۔

**نصیب آزمانا**۔ (ا۔ محاورہ) کوشش کرنا اور نتیجہ کو قسمت پر چھوڑ دینا

**نصیب اعدا**۔ (شگون کا کلمہ) دشمنوں کو نصیب ہو۔ دشمن کو میسر ہو۔

**نصیب الٹنا (بگڑنا)**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت کا پلٹا کھانا۔ حالات کا بگڑ جانا۔

**نصیب پانا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنی قسمت کا لکھا حاصل کرنا۔ اپنا حصہ لینا۔ مقدر کا لکھا سامنے آنا۔

**نصیب پلٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) حالات میں انقلاب رُونما ہونا۔ حالات کا بہتر ہو جانا۔

**نصیب پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ حالات کا سازگار ہونا۔

**نصیب (پھوٹنا، پھوٹ جانا)**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت بگڑ جانا۔ مصیبت آنا۔

**نصیب ٹیڑھا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بدقسمت ہونا۔

**نصیب جاگنا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت کھلنا۔ حالات کا سازگار ہونا۔

**نصیب چمکنا**۔ (ا۔ محاورہ) تقدیر جاگنا۔ حالات کا سازگار ہو جانا۔

**نصیب خفتہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) سویا ہوا نصیب۔ بدقسمتی (۲) بدبخت۔ بدنصیب۔

**نصیب دُشمناں** (کلمۂ دعا) دشمن کو نصیب ہو۔ دشمن کو میسر ہو۔

**نصیب سو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) بدبختی کا زمانہ ہونا۔

**نصیب سے**۔ (ا۔ تابع فعل) قسمت سے۔ خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

**نصیب سیدھا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت یاور

**نصیب کا لکھا**۔ (ا۔ مذ) مقدر۔ مقسوم۔ نوشتہ۔

**نصیب (کھل جانا، کھلنا)**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت اچھی ہونا۔ حالات کا بہتر ہونا۔

**نصیب کی شامت**۔ (ا۔ مث) بدقسمتی۔ بدبختی۔

**نصیب کی قسم کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی خوش قسمتی کی قسم کھانا۔

**نصیب کیا دکھاتا ہے**۔ (ا۔ محاورہ) آئندہ کیا پیش آتا ہے۔

**نصیب لڑانا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت آزمائی کرنا۔ کوشش کرنا۔

**نصیب لڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) تقدیر یاور ہونا۔ حالات بہتر ہونا۔

**نصیب میں لکھا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت میں ہونا۔ نوشتۂ تقدیر ہونا۔

**نصیب نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حاصل نہ ہونا۔ میسر نہ ہونا۔

**نصیب ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) حاصل ہونا۔ میسر ہونا۔ دستیاب ہونا۔

**نصیب یاور ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خوش قسمت ہونا۔

**نصیبوں پر پتھر پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) مقدر خراب ہو جانا۔ قسمت بگڑ جانا۔

**نصیبوں جلا**۔ (ا۔ صف) بدقسمت۔ بدطالع۔ بدبخت۔

**نصیبوں جلی**۔ (ا۔ مث) بدقسمت عورت۔ بدنصیب عورت۔

**نصیبوں سے**۔ (ا۔ تابع فعل) قسمت سے۔ نصیب سے۔

**نصیبوں کا ستارہ چمکنا**۔ (ا۔ محاورہ) اقبال کا زمانہ ہونا۔ حالات بہتر ہونا۔

**نصیبوں کو دُعا دو**۔ (ا۔ محاورہ) تقدیر کا احسان مانو۔ قسمت کے شکر گزار رہو۔ قسمت کا لکھا پورا ہونا۔

**نصیبوں کو رونا**۔ (ا۔ محاورہ) بدقسمتی کی شکایت ہونا۔

**نصیبوں کی خوبی**۔ (ا۔ مث) (طنزاً) بدنصیبی۔ بدبختی۔ شامت۔

**نصیبوں کے بلیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت کی بدنصیبی کیا کچھ اور ہو گیا کچھ اور۔

**نصیبوں میں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) تقدیر میں ہونا۔

**نصیبہ**۔ (نَ۔ صی۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔

**نصیبہ پھر جانا**۔ (ا۔ محاورہ) تقدیر اچھی ہونا۔ اچھے دن آنا۔ بہتر وقت آنا۔

**نصیبہ سو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) قسمت بگڑ جانا۔

**نصیبے کا دَھنی**۔ (ا۔ مذ) خوش قسمت۔ بلند اقبال۔

**نصیبے کا سکندر**۔ (ا۔ مذ) کمال بلند اقبال۔ بخت آور۔ بیحد خوش قسمت۔

**نصیبے ور**۔ (ا۔ ف۔ مذ) قسمت والا۔ بھاگوان۔ خوش قسمت۔

**نصیحت**۔ (نَ۔ صی۔ حَت) (ع۔ ا۔ مث) پند۔ اچھی صلاح نیک مشورہ۔ اچھی بات۔

**نصیحت آمیز**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ صف) وہ بات جس میں نیک مشورہ شامل ہو (۲) عبرت دلانے والی بات۔

**نصیحت بلقمان آموختن**۔ (ف۔ مثل) جاننے والے کو کوئی بات بتانا۔

**نصیحت پانا**۔ (ا۔ محاورہ) نصیحت حاصل کرنا۔ عبرت پکڑنا۔ ہدایت پانا۔ سزا پانا۔ پاداش ملنا۔

**نصیحت پزیر**۔ (ع۔ ف۔ صف) نصیحت قبول کرنے والا۔ نیک مشورے کو مان لینے والا۔

**نصیحت دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سمجھانا۔ نیک بات بتانا (۲) تنبیہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔ عبرت دینا۔

**نصیحت قبول کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی اچھی بات کو مان لینا۔

**نصیحت نامہ**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ تحریر جس میں پند و نصائح تحریر ہوں۔

**نصیحت ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھلائی کی بات حاصل ہونا (۲) تنبیہ ہونا۔ کان ہونا۔ عبرت ہونا۔

**نَصیر**۔ (نَ۔ صیر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مدد کرنے والا۔ معاون (۲) دوست جمع۔ انصار۔

**نُصیری**۔ (نُ۔ صَے۔ ری) (ع۔ صف) (۱) حضرت علیؓ کو خدا ماننے والا فرقہ (۲) شیدائی۔ جان نثار۔

## ن ض

**نَضارت**۔ (نَ۔ ضا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) تازگی۔ آب داری چمک دمک۔

**نُضج**۔ (ع۔ ا۔ مذ) میوے کی پختگی (۲) اطباکی اصطلاح میں خلط فاسد



Marfat.com

کا رقیق یا غلیظ ہو کر نکلنا۔
نَضِیر۔[ع۔ف] آب دار۔ تازہ (۲) سونا۔ زر۔

## ن ۔ ط

نَطع۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) چمڑے کا بچھونا (۲) چمڑے کا دستر خوان (۳) چمڑے کا ٹکڑا۔
نُطفہ۔ (نُط۔فہ) [ع۔ا۔مث] (۱) صاف شفاف پانی (۲) منی (۳) اولاد۔
نطفۂ بے (نا) تحقیق۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) حرامی۔ وہ شخص جس کی نسبت یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا باپ کون ہے (۲) بداصل۔ بدذات۔ بدگوہر۔ منافق۔
نُطفہ ٹھہرنا، قرار پانا۔ [ا۔محاورہ] حمل ہونا۔ پیٹ میں بچہ پڑنا۔
نطفۂ حرام۔ [ع۔ا۔صف] شرارتی۔ حرامی۔
نُطق۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) گویائی۔ بولنے کی قوت (۲) بات۔ گفتگو۔
نِطاق۔ [ع۔ا۔مذ] کمر کا پٹکا۔
نَطُول۔ (نَ۔طُول) [ع۔ا۔مذ] دھار مارنے یا چھڑکنے کا پانی۔ دواؤں کا جوش دیا ہوا پانی جس سے دھارتے ہیں۔

## ن ۔ ظ

نُظّار۔ (نُظ۔ظار) [ع۔ا۔مذ] ناظر کی جمع۔ نظر کرنے والے۔ دیکھنے والے۔
نِظارت۔ (نِ۔ظا۔رت) [ع۔ا۔مث] (۱) دیکھنا (۲) محافظت۔ نگہبانی (۳) ناظر کا عہدہ۔ ناظر کا محکمہ اور دفتر۔
نِظارت پیشہ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) نگہبان۔ ناظر (۲) خواجہ سرا۔
نَظّارگی۔ (نظ۔ظار۔گی) [ف۔ا۔مث] (۱) نظارہ۔ دیدار۔ نظارہ بازی۔ تماش بینی۔
نَظّارہ۔ (نظ۔ظا۔رہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) نظر بازی۔ دیدار۔ درشن (۳) نظر جیتون۔
نَظّارہ باز۔ [ع۔ف۔صف] نظر بازی کرنے والا۔ تاڑنے والا۔
نَظّارہ بازی۔ [ع۔ف۔ا۔مث] نظر بازی۔ گھورا گھاری۔
نَظّارہ کرنا۔ [ا۔مص مرکب] دیکھنا۔
نَظّارہ مارنا۔ [ا۔محاورہ] دیکھنا۔ گھورنا۔ تاکنا جھانکنا۔
نَظافت۔ (نَ۔ظا۔فت) [ع۔ا۔مث] پاکیزگی۔ صفائی۔
نِظام۔ (نِ۔ظام) [ع۔ا۔مذ] (۱) موتیوں کی لڑی (۲) جڑ۔ بنیاد (۳) سلسلہ۔ ترتیب (۴) بندوبست۔ انتظام (۵) آراستگی (۶) نواب دکن کا موروثی خطاب (۷) طریقہ (۸) صلاح کار (۹) ترتیب۔
نظام الاوقات۔ [ع۔ا۔مذ] پروگرام۔
نظام بطلیموس۔ [ع۔ا۔مذ] حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین کو مرکز قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد۔ سورج۔ چاند۔ ستاروں کو گردش کرتے مانا گیا ہے۔
نظام شمسی۔ [ع۔ا۔مذ] سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ۔
نِظامت۔ (نِ۔ظا۔مت) [ع۔ا۔مث] (۱) ناظم کا عہدہ۔ ناظم کا کام (۲) انتظام۔ بندوبست (۳) محکمہ۔ دفتر۔ ڈائریکٹوریٹ۔
(Directorate)
نظامی۔ (نِ۔ظا۔می) [ف۔صف] (۱) سلسلہ نظامیہ کا مرید جو کہ حضرت نظام الدین اولیائے سے منسوب ہے (۲) نظام الملک وزیر سے منسوب (۳) فارسی کے مشہور شاعر نظامی گنجوی۔
نِظامیہ۔ (نِ۔ظا۔می۔یہ) [ع۔ا۔مث] (۱) بغداد کی قدیم یونیورسٹی (۲) جنگی فوج (۳) تصوف کا ایک سلسلہ جو حضرت نظام الدین اولیا سے منسوب ہے۔
نَظائر۔ (نَ۔ظا۔ئر) [ع۔ا۔مذ] (۱) نظیرۃ کی جمع۔ سرداران قوم جن کے لوگ دست نگر ہوں (۲) ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلے۔ اُردو میں بطور نظیر کی جمع کے مستعمل ہے (۳) مثالیں۔
نظر۔ (نَ۔ظَر) [ع۔ا۔مث] (۱) بغور دیکھنا (۲) نگاہ۔ آنکھ (۳) بصارت (۴) غور۔ تامل (۵) نگرانی۔ دیکھ۔ بھال (۶) تمیز۔ جانچ پرکھ (۷) توجہ۔ مہربانی (۸) معاینہ۔ تخمینہ (۹) اُمید۔ توقع (۱۰) بھوت پریت کا اثر۔ آسیب (۱۱) تمیز۔ شناخت۔ جانچ۔ پرکھ (۱۲) توجہ۔ مہربانی (۱۳) معاینہ (۱۴) اندازہ۔ تخمینہ (۱۵) اُمید۔ توقع (۱۶) بھوت پریت کا اثر۔ آسیب۔
نظر آنا۔ [ا۔محاورہ] دکھائی دینا۔ سوجھنا (۲) دھیان میں آنا۔
نظر اُتارنا۔ [ا۔محاورہ] صدقہ دینا۔ کسی عمل یا منتر سے بُری نظر کا اثر دور کرنا۔
نظر اُٹھانا۔ [ا۔محاورہ] آنکھ اونچی کرنا۔ آنکھ اٹھانا۔
نظر اُٹھ جانا۔ [ا۔محاورہ] اتفاقاً نگاہ پڑ جانا۔ اتفاقاً دیکھ لینا۔
نظر التفات۔ [ع۔ا۔مث] توجہ (۲) مہربانی۔
نظر اللہ پر رکھنا (ہونا)۔ [ا۔محاورہ] خدا پر بھروسہ ہونا۔ مایوس نہ ہونا۔
نظر انداز کرنا۔ [ا۔مص مرکب] توجہ نہ کرنا (۲) ناپسند کرنا (۳) نامنظور کرنا (۴) نگاہ سے گرانا۔
نظر اندازی۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) جانچ (۲) چشم پوشی کرنا۔ دیکھی ان دیکھی کر دینا۔
نظر باز۔ [ع۔ف۔صف] (۱) نیک و بد پہچاننے والا۔ تاڑ لینے والا۔ بھانپ لینے والا (۲) حسن پرست۔
نظر بازی۔ [ع۔ف۔ا۔مث] گھورا گھوری۔ تاک جھانک۔
نظر باندھنا۔ [ا۔محاورہ] نظر بندی کرنا۔ شعبدہ بازی۔
نظر بچانا (بچا جانا)۔ [ا۔محاورہ] (۱) آنکھ چُرانا۔ کترانا۔ بچ کر نکل جانا (۲) ٹالنا۔
نظر بد۔ [ع۔ف۔ا۔مث] (۱) بُری نظر (۲) بُری نظر کا اثر۔
نظر بدلنا۔ [ا۔محاورہ] (۱) سلوک میں فرق آنا (۲) ارادہ بدلنا۔ نیت بدلنا۔
نظر بڑھنا۔ [ا۔محاورہ] دیکھنے کی قوت زیادہ ہونا۔ بصارت تیز ہونا۔



Marfat.com

**نظر بند** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] وہ شخص جسے عدالت میں مقدمہ چلائے اور سزا دیئے بغیر قید میں رکھا جائے یا اس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے۔

**نظر بند کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] حراست میں رکھنا۔ قیدی بنانا۔

**نظر بندی** ۔ [ف۔ا۔مث] (۱) قید۔ حراست (۲) شعبدہ۔ جادوگری۔

**نظر بھر کر دیکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] خوب غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا

**نظر پتھر میں اثر کرتی ہے** ۔ [ا۔مثل] نظر کا اثر پتھر جیسی سخت چیز پر بھی ہو جاتا ہے۔

**نظر پتھرا جانا** ۔ [ا۔محاورہ] بینائی جاتی رہنا۔ مرتے وقت آنکھوں کا بے جان ہو جانا۔ نگاہ کا ایک ہی جگہ ٹھہر جانا

**نظر (نظروں) پر چڑھنا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) دل کو بھانا۔ پسند آنا۔ وقعت پانا (۲) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ دُشمنی کی نظر سے دیکھا جانا (۳) جچنا۔ اندازہ کیا جانا۔ نگاہ میں ٹھہرنا (۴) نظر لگ جانا۔

**نظر پڑنا (پڑ جانا)** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) دیکھنے میں آنا (۲) دکھائی دینا۔ معلوم ہونا۔

**نظر پھر جانا (پھرنا)** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) ناراض ہو جانا (۲) بے مروّت ہو جانا۔

**نظر پھسلنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ نہ ٹھہرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا۔

**نظر پہچاننا** ۔ [ا۔محاورہ] تیور سے شناخت کر لینا۔

**نظر پھیر لینا** ۔ [ا۔محاورہ] بے توجہی کرنا۔ بے مروتی کرنا (۲) اِدھر اُدھر نگاہ دوڑانا۔

**نظر پھینکنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ ڈالنا۔ دیکھنا

**نظر پیدا کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] جانچ کی صلاحیت حاصل کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔ ملکہ حاصل کرنا۔

**نظر تاڑ لینا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ سے پہچان لینا۔ نظر سے اندازہ کر لینا۔

**نظر تیز پڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] غصّہ سے دیکھا جانا۔

**نظر ٹھہرنا** ۔ [ا۔محاورہ] نظر جمنا۔ نگاہ قائم ہونا۔

**نظر ثانی** ۔ [ف۔ا۔مث] دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

**نظر ثانی کرنا** ۔ [ا۔مص مرکب] (۱) پڑتال کرنا۔ پھر دیکھنا (۲) ترمیم و تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

**نظر جلانا** ۔ [ا۔محاورہ] نظر بد کا دفعیہ۔ کپڑے کو تیل کی سیاہی مل کر اور تیل میں بھگو کر بیمار کے سامنے جلاتے ہیں۔

**نظر جمنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ ٹھہرنا۔ بغور دیکھے جانا

**نظر جھاڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] افسوں یا دُعا پڑھ کر نظر بد کے دفعیہ کا عمل کرنا۔

**نظر جھپکنا** ۔ [ا۔محاورہ] کسی چمکدار چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا چندھیا جانا۔

**نظر چار سُو ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] چاروں طرف نگاہ رکھنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا ہونا۔

**نظر چُرانا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) نظر بچانا۔ کترانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) کام سے پہلوتہی کرنا۔

**نظر چڑھنا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) خیال میں آنا۔ قدر پانا (۲) پرکھا جانا (۳) پسند آنا۔ دل کو بھانا (۵) نظر بد لگنا (۶) معزز ہونا۔ وقعت پانا۔ (۷) حقیر ہونا۔ رُسوا ہونا۔

**نظر خدا پر ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] مایوسی کا عالم ہونا۔

**نظر خیرہ ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) روشن اور چمکیلی چیز دیکھ کر نگاہ چُندھیا جانا۔

**نظر درست ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] تیور اچھے ہونا۔

**نظر دو چار ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ کا نگاہ کے سامنے ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔

**نظر دوڑانا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا (۲) غور کرنا۔ دیکھنا۔ جائزہ لینا۔

**نظر دوڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ کا تیزی سے دیکھنا۔

**نظر ڈالنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ کرنا۔ دیکھنا۔ معاینہ کرنا۔ سرسری نظر سے دیکھنا۔

**نظر رکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] توجہ رکھنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲) خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) ارادہ کرنا۔ نیت رکھنا۔ (۴) شناخت رکھنا۔ تمیز رکھنا (۵) اُمید رکھنا۔ توقع رکھنا۔

**نظر سے** ۔ [ا۔تابع فعل] لحاظ کر کے۔ خیال کر کے۔

**نظر سے اُترنا (گرنا)** ۔ [ا۔محاورہ] خفیف ہونا۔ بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔

**نظر سے اوجھل ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] سامنے نہ ہونا۔ سامنے سے ہٹنا۔

**نظر سے ٹپکنا** ۔ [ا۔محاورہ] نگاہ سے ظاہر ہونا۔

**نظر سے گرنا** ۔ [ا۔محاورہ] ذلیل و بے قدر ہونا۔ حقیر سمجھا جانا۔

**نظر سے گزرنا** ۔ [ا۔محاورہ] تجربہ ہونا (۲) دیکھا جانا۔

**نظر سے نظر ملنا** ۔ [ا۔محاورہ] رُو برُو ہونا۔ آنکھیں چار ہونا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا۔

**نظر سے (نکل جانا) نکلنا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) دیکھنے میں آنا۔ آنکھوں کے سامنے سے گذرنا (۲) نظر سے غائب ہونا۔

**نظر سیدھی ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] مہربانی کی نظر ہونا۔

**نظر غلط انداز** ۔ [ف۔صف] ایسی نگاہ سے دیکھنا کہ معلوم نہ ہو سکے کہ دیکھ رہا ہے۔ عاشق کو دھوکا دینے والی معشوق کی نگاہ۔

**نظر فریب** ۔ [ع۔ف۔صف] نظر کو دھوکا دینے والا (۲) لبھانے والی نظر۔

**نظر کا کھا جانا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) نظر لگ جانا۔ بد نظری سے ضرر پہنچنا۔

**نظر کرنا** ۔ (۱) دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) اشارہ کرنا (۳) توجہ کرنا۔

**نظر کے سامنے رکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] آنکھوں سے دُور نہ ہونے دینا۔

**نظر کیمیا اثر** ۔ [ف۔ا۔مث] فیض پہنچانے والی نگاہ۔

**نظر گاہ** ۔ [ف۔ا۔مث] تماشا گاہ۔ سیرگاہ۔

**نظر گزر** ۔ [ف۔ا۔مث] (۱) نظر بد کا اثر۔ بھوت پریت کا سایہ (۲) وہ چیز



Marfat.com

جو نظرِ بد کا اثر زائل کرنے کے لیے لگا دیتے ہیں۔

**نظر گزر کا ٹیکا۔** (ف۔ ا۔ مذ) کاجل کا ٹیکا جو عورتیں نظرِ بد کے دفعیہ کے لیے بچوں کے ماتھے پر لگاتی ہیں۔

**نظر گڑنا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہ کا کسی جگہ مرکوز ہو جانا۔

**نظر لڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) آمنا سامنا ہو جانا۔ عشق ہو جانا۔

**نظر لگا۔** (ا۔ صف) جو شخص یا چیز جس پر نظرِ بد کا اثر ہو

**نظر لگانا۔** (ا۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہونا۔

**نظر (لگ جانا) لگنا۔** (ا۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہو جانا۔ بھوت پریت کا سایہ ہونا۔

**نظر مارنا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا۔

**نظر ملانا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ ملانا۔

**نظر میں۔** (ا۔ تابع فعل) (۱) نگاہ میں۔ آنکھ میں (۲) رُو برُو۔ سامنے دھیان میں۔ خیال میں (۳) شناخت میں۔ تمیز میں (۴) دیکھنے میں

**نظر میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) معلوم ہونا۔ سُجھائی دینا (۲) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا (۳) ٹوک میں آنا۔ نظرِ بد کا اثر ہونا۔

**نظر (نظروں) میں بھانپنا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہوں میں تاڑ لینا۔

**نظر (نظروں) میں بھرنا۔** با وقعت ہونا۔

**نظر میں پھر جانا (پھرنا)۔** (ا۔ محاورہ) باعزت ہونا۔ وقعت ہونا۔ تصوّر میں آ جانا۔ خیال ہی خیال میں دکھائی دینا۔

**نظر (نظروں) میں تاڑ لینا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہ سے بھانپ لینا۔

**نظر میں تلنا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہ میں جانچا جانا۔ دھیان میں ہونا۔

**نظر میں تولنا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہ سے جانچ لینا۔ اندازہ کرنا۔

**نظر میں ٹھہرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کا نگاہ میں جچ جانا۔ پسند کر لینا۔

**نظر (نظروں) میں جانچ لینا۔** (ا۔ محاورہ) اندازہ کر لینا۔

**نظر میں جچنا۔** (ا۔ محاورہ) پسند آنا۔ بھلا معلوم ہونا۔

**نظر (نظروں) میں جمنا۔** (ا۔ محاورہ) باوقعت ہونا۔

**نظر (نظروں) میں جہان اندھیرا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ غم یا مصیبت ہونا۔

**نظر میں چبھنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔

**نظر (نظروں) میں چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) بہت پسند آنا۔

**نظر (نظروں) میں حقیر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) دل سے اُتر جانا۔ قدر کھو بیٹھنا۔ بے وقعت ہونا۔

**نظر (نظروں) میں خار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔

**نظر (نظروں) میں رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) زیرِ نگرانی رکھنا۔ دھیان میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

**نظر میں رہنا۔** (ا۔ محاورہ) سامنے رہنا۔ خیال یا دھیان میں رہنا۔

**نظر (نظروں) میں سُبک ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بے وقعت ہونا۔

**نظر (نظروں) میں سمانا۔** (ا۔ محاورہ) پیارا لگنا۔ مقبول ہونا۔ صاحبِ وقعت ہونا۔

**نظر (نظروں) میں کھبنا۔** (ا۔ محاورہ) اچھا لگنا۔ پسند آنا۔

**نظر (نظروں) میں کھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا۔ ناقابلِ برداشت ہونا۔

**نظر (نظروں) میں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خیال میں ہونا۔ یاد ہونا۔ ذہن میں ہونا۔

**نظر نہ آنا۔** (ا۔ محاورہ) دکھائی نہ دینا۔ ناپید ہونا۔

**نظر نہ ٹھہرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کی آب و تاب کی وجہ سے نظر قائم نہ رہنا۔ چکاچوند ہونا۔

**نظر نہ چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) پسند نہ آنا۔ بھلا نہ لگنا۔ اچھا معلوم نہ ہونا۔

**نظر نہ ملنا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھ سامنے نہ ہونا۔ شرم کی وجہ سے آنکھ اٹھا کر بات نہ کر سکنا۔

**نظر نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) توجہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔

**نظر والا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) وہ جس کو نظر لگی ہو (۲) اہلِ نظر۔ صاحبِ بینش

**نظر ہایا۔** (ا۔ صف) وہ شخص جس کی نظر سے نقصان پہنچے۔ نَدیدہ۔

**نظر ہائی۔** (ا۔ صف۔ مث) (۱) وہ عورت جس کی نظر سے نقصان پہنچے۔ (۲) نظر لگانے والی۔ ندیدی۔

**نظر ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) نظرِ بد کا اثر ہو جانا۔ نظر لگ جانا۔ جن پری کا سایہ ہو جانا۔ آسیب کا اثر ہونا۔

**نظر ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پہچان ہونا۔ تمیز ہونا۔ پرکھ ہونا۔ جانچ ہونا (۲) نظر لگنا (۳) توجہ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا (۴) علمِ نجوم میں ایک ستارے کا دوسرے ستارے پر اثر انداز ہونا (۵) توقع ہونا۔

**نظرا جانا (نظرایا جانا)۔** (ا۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہونا (۲) نظر لگ جانا

**نظروں میں غائب ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) آنکھوں کے سامنے سے کسی چیز کا جاتے رہنا۔ دیکھتے ہی دیکھتے کسی چیز کا گم ہو جانا۔

**نظروں میں کھٹکنا۔** (ا۔ محاورہ) حقیر ہونا۔ بے قدر ہونا۔ وقعت نہ ہونا۔

**نظروں نظروں میں۔** (ا۔ تابع فعل) نگاہوں کے سامنے۔ آنکھوں میں۔ آنکھوں کے سامنے۔

**نظروں میں غبار چھا جانا۔** (ا۔ محاورہ) دھندلا نظر آنا۔

**نظروں نظروں میں کھائے جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) آنکھوں سے غصّہ اور خفگی کا اظہار کرنا۔ لال پیلی آنکھیں دکھانا (۲) معشوق کا اس طرح دیکھنا کہ عاشق کے دل پر خاص اثر ہو۔

**نظریں چُرا کر دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) نگاہ بچا کر دیکھنا۔ چُھپ چُھپ کر دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔

**نظریں چُرانا۔** (ا۔ محاورہ) نظریں بچانا۔ اغماض برتنا۔

**نظری۔** (ن۔ ظ۔ ری) (ع۔ صف) (۱) بدیہی کا مقابل۔ ناپسند۔ نامنظور۔ (۳) پامال۔ بے وقعت۔ نظر سے گرا ہوا۔ ناقص (۴) خیالی۔ قیاسی (۶) وہ علم جس میں موجودات کے تصوّر سے بحث کی جاتی ہے

**نظرے۔** (ن۔ ظ۔ رے) (ف) ایک نگاہ۔

**نظرے خوش گزرے۔** (ف۔ صف) جلدی سے گزر جانے والی نگاہ۔ اُڑتی ہوئی نظر۔ سرسری نظر۔



Marfat.com

**نظریات** ۔ (نَ ۔ ظَ ۔ رِی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مذ] مسائل فکری ۔ اصول ۔ قاعدے ۔ تعلیمات ۔ نظریہ کی جمع ۔

**نظریاتی** ۔ (نَ ۔ ظَ ۔ رِی ۔ یا ۔ تی) [ع ۔ صف] منسوب بہ نظریات علم النظریات سے تعلق رکھنے والی شے ۔ فکری ۔

**نظریہ** ۔ (نَ ۔ ظَ ۔ رِی ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] وہ مسئلہ جس میں نظر و فکر سے کام لیا جائے ۔ تھیوری ۔ اصول ۔ جمع ۔ نظریات ۔

**نظریہ ارتقاء** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] ڈارون کا نظریہ کہ جاندار چیزوں کو کسی نے موجودہ شکل میں خلق نہیں کیا ہے ۔ بلکہ ہر شے بقائے اصلح اور انتخاب کے اصول کے تحت بدلتی اور ترقی کرتی رہتی ہے ۔

**نظریۂ اضافیت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] آئن سٹائن کا نظریہ کہ زمان و مکان مطلق حقیقت نہیں ۔ بلکہ اضافی حیثیت رکھتے ہیں ۔

**نظم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) لڑی ۔ سلک (۲) موزون ۔ کلام ۔ شعر (۳) [مجاز] بند و بست ۔ انتظام ۔

**نظم سنج (گستر)** ۔ [ف ۔ صف] شاعر ۔

**نظم (سنجی) گستری** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] شاعری ۔ اشعار موزون کرنا ۔

**نظم معرّیٰ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں ۔

**نظم و نسق** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] بند و بست ۔ انتظام ۔ حکومت کا قاعدہ ۔

**نظم ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] کسی مضمون کا اشعار میں موزون ہونا ۔

**نظیر** ۔ (نَ ۔ ظِیر) [ع ۔ صف] (۱) مانند ۔ مثل (۲) نمونہ ۔ مثال ۔ تمثیل ۔ جمع ۔ نظائر ۔

**نظیر دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] حوالہ دینا ۔ مثال پیش کرنا ۔

**نظیف** ۔ (نَ ۔ ظِیف) [ع ۔ صف] پاکیزہ ۔ پاک ۔ حلال ۔

# ن ۔ ع

**نعت** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مدح ۔ ثنا ۔ تعریف و توصیف (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں مدحیہ اشعار ۔

**نعت خواں** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] نعت پڑھنے والا ۔

**نعتیہ** ۔ (نَع ۔ تی ۔ یَہ) [ع ۔ صف] نعت سے منسوب ۔ اشعار جو رسول پاک کی توصیف میں ہوں ۔

**نعتیہ کلام** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] حضور نبی کریم کی توصیف میں کہے ہوئے اشعار ۔

**نعرہ** ۔ (نَع ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) للکار ۔ بلند آواز ۔ شور (۲) آہ و بکا ۔ شور و شین ۔ ہاؤ ہو ۔ جمع ۔ نعرہ ہا ۔ نعرے ۔

**نعرۂ تکبیر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] اللہ اکبر کا نعرہ ۔

**نعرۂ حیدری** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] حضرت علی کا نعرہ ۔

**نعرہ زن** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] نعرہ مارنے والا ۔ للکارنے والا ۔ فریاد کرنے والا ۔

**نعرہ زنی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] شور کرنا ۔ فریاد کرنا ۔

**نعرہ کھینچنا** ۔ [ا ۔ مص ۔ مرکب] نعرہ مارنا ۔

**نعرہ مارنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] للکارنا ۔ زور کی آواز نکالنا ۔ پکارنا (۲) فریاد کرنا ۔ شور کرنا ۔

**نعش** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) تابوت ۔ ارتھی (۲) لاش ۔ میت ۔

**نعش اٹھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] جنازہ اٹھنا ۔

**نعل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) جوتا ۔ کفش ۔ پاپوش (۲) گھوڑے بیل وغیرہ کے کھر میں لگانے کا آہنی حلقہ (۳) لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کی غرض سے لگاتے ہیں (۴) خراج ۔ نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو ادا کیا جائے ۔

**نعل باندھنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] چوپایوں کے کھروں پر آہنی حلقے جڑنا ۔

**نعل بند** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] نعل بنانے والا ۔ نعل باندھنے والا ۔

**نعل بندی** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] (۱) نعل باندھنے کا پیشہ (۲) نعل لگانے کی اُجرت ۔

**نعل بہا** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] وہ خراج یا ٹیکس جو بطور نذرانہ ادا کیا جائے ۔

**نعل چوبی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] لکڑی کی کھڑاؤں ۔

**نعل در آتش** ۔ [ف ۔ صف] بے قرار ۔ بے چین ۔ مضطرب ۔ گھبرایا ہوا ۔

**نعل لگانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] لوہے کا حلقہ ، جوتی کی ایڑی یا چوپاؤں کے سُم میں لگانا ۔

**نعلین** ۔ (نَع ۔ لَین) [ع ۔ ا ۔ مث] نعل کا تثنیہ ۔ جوڑا ۔ دونوں جوتیاں ۔ جوتوں کا جوڑا ۔

**نعلین تحت العینین** ۔ [ع ۔ مقولہ] جوتوں کو اپنی نگاہوں کے سامنے رکھنا چاہیے تاکہ کوئی چُرا نہ لے جائے ۔

**نعلین در بغلین** ۔ [ا ۔ مقولہ] جوتوں کو بغل میں دبا کر رکھنا چاہیے تاکہ چوری نہ ہو جائیں ۔

**نعم** ۔ (نِ ۔ عَم) [ع ۔ ا ۔ مث] نعمت کی جمع ۔ نعمتیں ۔ اچھی چیزیں ۔ اعلیٰ چیزیں ۔ بخشش ۔ عطا ۔ لذیذ اشیاء ۔

**نعم البدل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] اچھا بدلہ ۔ نیک عوض ۔

**نعمت** ۔ (نِع ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) مال و دولت ۔ ثروت (۲) بخشش ۔ عطیہ (۳) لذیذ چیز ۔ جمع ۔ نعم ۔ نعمات

**نعمت الوان** ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] قسم قسم کی نعمتیں ۔

**نعمت پروردہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ صف] ناز میں پالا ہوا ۔ عیش و آرام میں پرورش پایا ہوا ۔

**نعمت خانہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] کھانے پینے کا سامان رکھنے کی الماری یا ڈبہ (۲) کھانا کھانے کا کمرہ ۔

**نعمت عظمیٰ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] بہت بڑی نعمت ۔

**نعمت غیر مترقبہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث] وہ اچھی چیز جو غیر متوقع طور پر ملے ۔ وہ دولت جس کے حصول کا گمان نہ ہو ۔

**نعمت کدہ** ۔ [ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ] نعمت کا گھر ۔ بہشت ۔

**نعمت کی ماں کا کلیجہ** ۔ [ا ۔ مذ] کوئی عمدہ چیز ۔

**نعنا ۔ نعناع** ۔ (نَع ۔ نا ۔ نَع ۔ ناع) [ع ۔ ا ۔ مذ] پودینہ ۔



Marfat.com

**نَعُوذُ** ۔ (نَ۔عُو۔ذُ) [ع۔ مضارع] ہم پناہ مانگتے ہیں۔
**نَعُوذُ بِاللّٰہ** ۔ [ع۔ کلمۂ پناہ] ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ اللہ محفوظ رکھے۔ اللہ امان میں رکھے۔
**نُعُوظ** ۔ [ع۔ا۔مذ] شہوت۔ عضوِ تناسل کا کھڑا ہونا۔ اُستادگی۔ انتشار۔
**نَعِیم** ۔ (نَ۔عِیم) [ع۔ا۔مذ] (۱) نعمت۔ مال (۲) نیکی (۳) پہنچ۔ رسائی (۴) لاڈ۔ پیار۔ ناز (۵) انعام میں ملی ہوئی چیز (۶) صاحب نعمت۔ نعمت والا۔

## ن - غ

**نَغْز** ۔ [ف۔صف] خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ فائق۔
**نَغْز گُفتار** ۔ [ف۔ صف] شیریں کلام۔ جس کی گفتگو عمدہ اور پاکیزہ ہو۔
**نَغْز گوئی** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] عمدہ اسلوب بیان۔
**نَغَمات** ۔ (نَغ۔مات) [ع۔ا۔مث] نغمہ کی جمع۔ سُریلی آوازیں۔ نغمے۔ گیت۔
**نَغْمگی** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] نغمے کی کیفیت۔
**نَغْمہ** ۔ (نَغ۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] راگ۔ گیت۔ ترانہ۔ سُریلی آواز۔ ترنُّم۔
**نغمہ پرداز۔ نغمہ ریز۔ نغمہ زن۔ نغمہ سنج۔ نغمہ طراز** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] اچھا گانے والا۔
**نغمۂ تر** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] دلچسپ گانا۔ شیریں راگ۔
**نغمہ سرا** ۔ [ع۔ف۔ا۔صف] گانے والا۔
**نغمہ (سرائی) سنجی** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] گانا۔ گیت گانا۔ ترنُّم۔

## ن - ف

**نَفّاخ** ۔ (نَف۔فا۔خ) [ع۔صف] پھونک مارنے والا۔ پھلانے والا (۲) ریح پیدا کرنے والا۔ پیٹ میں ہوا کرنے والا۔ بادی۔
**نِفاخْتا** ۔ [ا۔صف] (عو) منافق۔ مکار۔ چالباز۔ دوغلا۔
**نِفاختی** ۔ (نَ۔فاخ۔تی) [اُر۔صف] بے وقعت۔ حقیر۔ ذلیل۔
**نَفاذ** ۔ (نَ۔فاذ) [ع۔ا۔مذ] جاری ہونا۔ صدور۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے نکلنا۔ عائد ہونا۔ لاگو ہونا۔
**نِفاس** ۔ (نِ۔فاس) [ع۔ا۔مذ] وہ خون جو عورت کو بچہ کی پیدائش کے بعد زیادہ سے زیادہ چالیس روز تک ٹپکتا رہے۔
**نَفاسَت** ۔ (نَ۔فا۔سَت) [ع۔ا۔مث] خوبی۔ عمدگی۔ لطافت۔ صفائی۔ پاکیزگی۔
**نِفاق** ۔ (نِ۔فاق) [ع۔ا۔مذ] (۱) پھوٹ۔ ظاہر میں دوستی۔ باطن میں دشمنی (۲) بگاڑ۔ نااتفاقی۔
**نفاق پڑنا** ۔ [ا۔محاورہ] پھوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔
**نِفاق ڈالنا** ۔ [ا۔محاورہ] بگاڑ ڈالنا۔
**نِفاق رکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔
**نَفائس** ۔ (نَ۔فا۔ئِس) [ع۔ا۔مذ] نفیسہ کی جمع۔ نفیس چیزیں۔
**نِفت** ۔ [ع۔ا۔مذ] مٹی کا تیل۔
**نفتا** ۔ (نَف۔تا) [اُر۔ا۔مذ] ایک قسم کا کبوتر۔ جس کا رنگ نیلا اور پَر سفید ہوتے ہیں۔
**نَفْخ** ۔ [ع۔ا۔مث] پھونکنا (۲) ہوا سے بھرنا (۳) پھولنا۔ نفخ (نفخہ) صُور۔ وہ صُور جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل پھونکیں گے اور جس کے اثر سے تمام دنیا نیست و نابود ہو جائے گی۔
**نَفَر** ۔ (نَ۔فَر) [ف۔ا۔مذ] (۱) تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ (۲) نوکر ملازم۔ ادنےٰ خادم (۳) کام کرنے والا (۴) مزدور (۵) ایک آدمی (۶) سائیس۔
**نَفرا** ۔ (نَف۔را) [اُر۔ا۔مذ] ادنےٰ نوکر۔ سائیس۔
**نَف رائی** ۔ (نَف۔را۔ای) [ق] نوکری۔ خدمت گاری۔
**نفرت** ۔ (نَف۔رَت) [ع۔ا۔مث] (۱) گھن۔ کراہت (۲) بیزاری۔ تنفر (۳) ناپسندیدگی۔ ناگواری۔
**نفرت آنا** ۔ [ا۔محاورہ] کراہت معلوم ہونا۔
**نفرت انگیز** ۔ [ع۔ف۔صف] نفرت دلانے والا۔ کراہت دلانے والا۔
**نفرت بڑھنا** ۔ [ا۔محاورہ] باہمی۔ بیزاری زیادہ ہونا۔
**نفرت رکھنا** ۔ [ا۔محاورہ] گھن کرنا۔ کسی چیز سے تنفر کرنا۔
**نفرت زدہ** ۔ [ع۔ف۔صف] وہ شخص جس سے لوگ نفرت کریں۔
**نفرت کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] کراہت محسوس کرنا (۲) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔
**نفرتِ کلی** ۔ [ع۔ف۔ا۔مث] سخت نفرت۔ قطعی نفرت۔
**نفرت کھانا** ۔ [ا۔محاورہ] کراہت کرنا۔ ذلیل سمجھنا۔ نفرت کی نگاہ سے دیکھنا۔
**نفرت ہونا** ۔ [ا۔محاورہ] (۱) بیزاری ہونا۔ تنفر ہونا۔
**نَفری** ۔ (نَ۔فَ۔ری) [اُر۔ا۔مث] روزانہ مزدوری۔ اُجرت (۲) ایک آدمی کا ایک دن کا کام (۳) فی آدمی (۴) تعداد۔
**نفری میں نخرا کیا** ۔ [ا۔فقل] واجب حق دینے میں احسان کیا۔
**نفرین** ۔ (نَف۔رِین) [ع۔ا۔مث] ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت۔
**نفرین اٹھانا** ۔ [ا۔محاورہ] لعنت ملامت برداشت کرنا
**نفرین کرنا** ۔ [ا۔محاورہ] لعنت کرنا۔ پھٹکار کرنا۔
**نفس** ۔ (نَ۔فَس) [ع۔ا۔مذ] سانس۔ دم (۲) گھڑی۔ ساعت۔ لحظہ۔ دقیقہ۔ لمحہ۔ جمع۔ انفاس۔
**نفس باز پس (واپسیں)** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] حالت نزع میں آخری سانس جو جا کر نہ آئے۔
**نفس پرور** ۔ [ع۔ا۔صف] راحت پہنچانے والا۔ رُوح افزا۔
**نفس تنگ** ۔ [ع۔ف۔ا۔مذ] سانس کا دشواری سے آنا۔



Marfat.com

**نفسِ سرد**۔(ع۔ف۔امذ) ٹھنڈی آہ۔آہ سرد
**نفس شماری**۔(ع۔ف۔امث) نزع کا وقت۔جب سانس گنے جائیں۔
**نفسِ گرم** (ع۔ف۔امذ) گرم آہ۔جلے دل کی فریاد۔
**نفس**۔(ع۔امذ) (۱) جان۔روح (۲) ذات۔وجود۔ہستی (۳) حقیقت اصلیت (۴) اصل شے۔ہست (۵) لُبِ لباب (۶) عضو تناسل (۷) خواہش نفسانی جمع:۔نفوس۔
**نفس الامر**۔(ع۔امذ) حقیقت۔درحقیقت اصل مدعا۔واقعی بات۔
**نفس الامری**۔(ع۔امث) نفس الامر سے منسوب۔وہ حالات واقعی جنہیں دوست دشمن سب نے مانا ہے۔
**نفس اَمّارہ**۔(ع۔ف۔امذ) (۱) بہت حکم کرنے والا (۲) انسان کی خواہش جو برائی کی طرف مائل کرے۔
**نفس بہیمی**۔(ع۔ف۔امذ) جنسی خواہش۔بدی کی رغبت۔گناہ کی طرف میلان۔
**نفس (پرست) پرور**۔(ع۔ف۔صف) شہوت پرست۔عیاش۔
**نفس (پرستی) پروری**۔(ف۔امث) خواہشات کے کہنے پر چلنا۔شہوت پرستی۔عیاشی۔خود غرضی۔
**نفس رُبا**۔(ع۔ف۔صف) وہ کلام جس کا پڑھنا آسان ہو۔
**نفس کُش**۔(ع۔ف۔صف) (۱) نفسانی خواہشات کو کچلنے والا (۲) زاہد۔پرہیزگار۔
**نفس کُشی**۔(ع۔ف۔امث) دنیاوی خواہشات کو کچلنا۔پارسائی۔پاکدامنی۔
**نفس لوّامہ**۔گناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس۔
**نفس مارنا**۔(ا۔محاورہ) دنیاوی خواہشات کو کچلنا۔دل کو مارنا۔طبیعت پر قابو پانا۔پاک دامن رہنا۔
**نفس مطلب (مضمون)**۔(ع۔ف۔امذ) منشا۔اصل مدعا۔اصل مطلب۔اصل مقصد۔مدعا۔
**نفس مُطمئنہ**۔(ع۔امذ) حکم الٰہی پر چلنے والا نفس جو بُری باتوں سے پاک صاف رہے۔مطمئن ضمیر۔
**نفس ناطقہ**۔(ع۔امذ) (۱) انسانی روح (۲) وہ شخص جو کسی دوسرے کی ناک کا بال بنا ہو۔
**نفس نفیس**۔ ع۔امذ) خدا کی ذات پاک۔ذاتِ خاص۔خود بدولت۔اپنے آپ۔
**نَفسا نفسی**۔(نف۔سا۔نف۔سی) (اُرد۔صف) خود غرضی۔آپا دھاپی۔
**نفسانی**۔(نف۔سا۔نی) (ع۔صف) نفس سے منسوب۔نفس کا۔
**نفسانیّت**۔(نف۔سا۔نی۔یَت) (ع۔ف۔امث) (۱) خود غرضی۔(۲) غرور۔نخوت۔
**نفسی**۔(نف۔سی) (ع۔صف) نفس سے منسوب۔ذاتی۔
**نفسی نفسی**۔(ع۔امث) اپنی اپنی ذات کی خود غرضی۔آپا دھاپی۔

**نفسی نفسی پڑنا**۔(ا۔محاورہ) اپنی اپنی فکر کرنا اور دوسرے کی پرواہ نہ ہونا۔
**نفسی نفسی کا دن**۔(ا۔مذ) روز قیامت ہر ایک کو اپنی اپنی پڑی ہوگی
**نفسیات**۔(نَف۔سی۔یات) (ع۔امذ) نفس سے متعلقہ باتیں (۲) علم النفس۔انسان کے تحت الشعور اور لاشعور کی تحقیق کا علم (انگ) (Psychology)
**نفسیاتی**۔(نَف۔سی۔آتی) (ف۔صف) تحت الشعور کے متعلق۔نفسیات سے منسوب۔
**نفسیاتی تجزیہ**۔(ع۔امذ) انسان کے ذہنی حرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال۔
**نفسیاتی جنگ**۔(ع۔ف۔امذ) سرد جنگ (انگ) (Cold War)
**نفع**۔(ع۔امذ) (۱) نفع۔حاصل۔نتیجہ۔پھل۔ثمرہ (۲) منافع۔سود۔اُردو میں ف کی زبر سے بولا جاتا ہے
**نفع اُٹھانا**۔(ا۔محاورہ) فائدہ حاصل کرنا۔
**نفع رسانی**۔(ف۔امث) فائدہ پہنچانا۔
**نفع نقصان**۔(ع۔ف۔امذ) (۱) فائدہ اور ٹوٹا (۲) بُرائی۔بھلائی بُرا۔بھلا (۳) علم الحساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت میں نفع اور نقصان معلوم کیا جاتا ہے۔
**نفقہ**۔(ن۔فَ۔قہ) (ع۔امذ) بال بچوں کا خرچ۔گزارہ۔کفالت۔بیوی کے روٹی کپڑے کا خرچ جو شوہر کے ذمہ ہوتا ہے۔اُردو میں بہ سکون ف مستعمل ہے۔
**نفل**۔(ع۔امذ و مث) (۱) وہ عبادت جو فرض نہ ہو۔وہ نماز جو فرض واجب اور سنت کے علاوہ پڑھی جائے۔زائد عبادت جو شکرانہ کے طور پر ادا کی جائے (۲) زائد عطیہ۔جمع:۔نوافل۔
**نفوذ**۔(نُ۔فوذ) (ع۔امذ) (۱) سرایت کرنا۔اندر گھسنا (۲) گزرنا۔جاری ہونا۔اثر کرنا۔
**نفوذ کرنا**۔(ا۔محاورہ) سرایت کرنا۔جاری ہونا۔اثر کرنا۔اندر گھسنا۔
**نفور**۔(ن۔فور) (ع۔امذ) نفرت کرنے والا (۲) (بضم اوّل) بھاگنا نفرت کرنا۔
**نفوس**۔(نُ۔فوس) (ع۔امذ) نَفَس کی جمع۔روحیں۔ہستیاں۔
**نفوس قدسیہ**۔(ع۔ف۔امذ) (۱) پاک روحیں (۲) بزرگانِ دین۔(۳) پیغمبر اور فرشتے۔(۴) نیک مخلوق۔نیک لوگ۔نیک ہستیاں۔
**نفی**۔(نَ۔فی) (ع۔امث) اثبات کی ضد۔کسی چیز کے وجود سے انکار۔
**نفی میں جواب دینا**۔(ا۔محاورہ) انکار کرنا۔نامنظور کرنا۔نہیں کرنا۔
**نفی و اثبات**۔انکار و اقرار۔
**نفیر**۔(نَ۔فیر) (ع۔صف) (۱) نفرت کرنے والا۔متنفر (۲) وہ لوگ جو کسی کام کے لیے آگے آگے جائیں۔(ف۔امث) (۱) آواز



Marfat.com

جو سونے کی حالت میں نکلتی ہے (۲) نفیری ۔ شہنائی ۔ تُرئی (۳) نالہ ۔ فریاد چیخ پکار ۔ واویلا ۔

**نُفیرچی** ۔ (نَ ۔ فیر ۔ چی) (ف ۔ صف) نفیری بجانے والا ۔

**نفیرِ عام** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) عام لوگوں کا بغاوت یا چڑھائی کرنا (۲) امرا کے نام حکم کر وہ اپنے لشکر لے کر حاضر ہوں ۔

**نَفیری** ۔ (نَ ۔ فی ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مث) شہنائی ۔ ترئی ۔ الغوزہ ۔

**نَفیس** ۔ (نَ ۔ فیس) (ع ۔ صف) (۱) عمدہ ۔ اعلیٰ درجہ کی (۲) قیمتی ۔ بیش بہا (۳) لطیف ۔ پاکیزہ ۔ پاک و صاف ۔

# ن ۔ ق

**نُقّاب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نقب لگانے والا ۔ سوراخ کرنے والا ۔ سُرنگ کھودنے والا ۔

**نِقاب** ۔ (نِ ۔ قاب) (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) گھونگٹ ۔ برقع ۔ چہرے پر ڈالنے کا پردہ ۔

**نقاب (اُٹھانا) اُلٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گھونگٹ کھولنا ۔ پردہ ہٹانا ۔ منہ پر سے پردہ سرکانا ۔

**نقاب پوش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جس نے مُنہ پر نقاب ڈال رکھا ہو ۔

**نقاب چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) منہ پر پردہ ڈال لینا ۔ چہرہ چھپا لینا ۔

**نِقاب دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) نَقاب پہننے والا ۔

**نَقّاد** ۔ (نَق ۔ قاد) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) پرکھنے والا ۔ کھوٹا کھرا دیکھنے والا (۲) اچھائی برائی ظاہر کرنے والا (۳) تنقید اور تبصرہ کرنے والا ۔

**نَقّارچی** ۔ (نَق ۔ قار ۔ چی) (ف ۔ ا ۔ مذ) نقارہ بجانے والا ۔ نوبت بجانے والا ۔

**نَقّارخانہ** ۔ (نَق ۔ قار ۔ خا ۔ نَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) نوبت بجانے کی جگہ ۔ نوبت خانہ ۔

**نقارخانے میں طوطی کی آواز** ۔ (ا ۔ مثل) بہت شور و غل میں کمزور آواز کو کوئی نہیں سُن سکتا (۲) بڑے آدمیوں کی رائے کے مقابلہ میں چھوٹوں کی آواز اَن سُنی ہو کر رہ جاتی ہے ۔

**نَقّارہ** ۔ (نَق ۔ قا ۔ رہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) نوبت ۔ طبل ۔

**نقارہ بجاتے پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مشتہر کرنا ۔ منادی کرنا ۔

**نقارہ بجا کے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کُھلم کُھلا ۔ علانیہ ۔

**نقارے باج دمامے باج گئے** ۔ (ا ۔ مثل) بڑی نمود اور شہرت ہوئی ۔ دھوم مچ گئی ۔

**نقارہ پر چوب (چوٹ) پڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نقارہ بجنا ۔ طبل بجنا ۔

**نقارے کی چوٹ** ۔ (ا ۔ مث) کُھلے بندوں ۔ علانیہ ۔

**نَقّاش** ۔ (نَق ۔ قاش) (ع ۔ ا ۔ مذ) نقش و نگار بنانے والا ۔ مصوّر ۔

**نقّاشِ ازل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (کنایتاً) خدا ۔

**نقّاشی** ۔ (نَق ۔ قا ۔ شی) (ع ۔ ا ۔ مث) نقش و نگار بنانے کا پیشہ ۔ مصوری ۔ گلکاری ۔ منبت کاری ۔

**نِقاط** ۔ (نِ ۔ قاط) (ع ۔ ا ۔ مذ) نقطہ کی جمع ۔ نقطے ۔

**نَقّال** ۔ (نَق ۔ قال) (ع ۔ ا ۔ مذ) نقلیں کرنے والا ۔ بھانڈ ۔ بہروپیا ۔ مسخرا ۔

**نَقّالی** ۔ (نَق ۔ قا ۔ لی) (اُر ۔ ا ۔ مث) نقل کرنے کا پیشہ ۔ بھانڈ ۔

**نَقاہت** ۔ (نَ ۔ قا ۔ ہَت) (ع ۔ ا ۔ مث) ضعف ۔ کمزوری ۔ ناطاقتی ناتوانی ۔

**نَقائص** ۔ (نَ ۔ قا ۔ اِص) (ع ۔ ا ۔ مث) نقص کی جمع ۔ عیب ۔ کھوٹ ۔ برائیاں ۔

**نَقب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) سیندھ ۔ سرنگ ۔ شگاف ۔ دیوار میں بڑا سوراخ ۔

**نقب زن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نقب لگانے والا ۔ سیندھ لگانے والا ۔ چور ۔

**نقب زنی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) سیندھ لگانا ۔ دیوار توڑنا ۔ سُرنگ کھودنا ۔ چوری ۔

**نقب لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دیوار یا فصیل میں سوراخ کرنا ۔ سیندھ لگانا دیوار شق کرنا ۔

**نَقد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) آمادہ کرنا (۲) سکّہ کا کھرا کھوٹا پرکھنا (مذ) (۳) سونے یا چاندی کا سکّہ (۴) وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے (۵) پونجی ۔ سرمایہ ۔

**نقدِ جان ۔ نقدِ دل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) جان اور دل جو سب سے بڑی دولت ہیں ۔

**نقدِ دم** ۔ (ع ۔ صف) اکیلا ۔ تنہا ۔ مجرّد ۔

**نقد مال** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نعمت ۔ تر مال ۔ عمدہ مال ۔

**نقد نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) نقد ادائگی کا سرٹیفکیٹ

**نقد و تبصرہ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) کسی کتاب کی بُرائی بھلائی کو پرکھنا اور اس کے متعلق رائے دینا ۔

**نقد و جنس** ۔ مال اسباب ۔ روپیہ پیسہ ۔ مال و دولت ۔

**نقدِ وقت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) سر دست ۔ ابھی ۔ اس وقت ۔

**نقداً نقد** ۔ (اُر ۔ تابع فعل) ہاتھوں ہاتھ ۔ دست بدست ۔ ایک ہاتھ لینا دوسرے ہاتھ دینا ۔ اُسی وقت ادا کرنا ۔ فوراً قیمت دینا ۔ اُدھار نہ کرنا ۔ النقدُ و حرمتہ (ع مقولہ) نقد لینے دینے میں بڑی عزت ہے ۔

**نَقدی** ۔ (نَق ۔ دی) (اُر ۔ ا ۔ مث) روپیہ ۔ مال و زر ۔ دولت ۔ رقم ۔

**نقدی بنانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نقد رقم حاصل کرنا ۔ روپیہ پیدا کرنا ۔

**نِقرس** ۔ (نِق ۔ رِس) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کا گنٹھیا (۲) وہ درد جو پاؤں کے انگوٹھے میں ہوتا ہے ۔ پاؤں کے انگوٹھے کا گنٹھیا ۔

**نُقرہ** ۔ (نُق ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) چاندی (۲) ہر وہ چیز جو سفید ہو ۔ (۳) سفید گھوڑا ۔

**نُقرئی** ۔ (نُق ۔ رَ ۔ ای) (ع ۔ صف) نقرہ سے متعلق ۔ چاندی کا ۔ چاندی کا بنا ہوا ۔ چاندی جیسا سفید ۔

**نَقش** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) نگار ۔ صورت ۔ شبیہ ۔ مورت ۔ مورتی ۔ تصویر ۔ (۲) پھول بوٹوں کا کام ۔ منبت کاری ۔ بیل بوٹے ۔ کندہ کاری (۳) چھاپ ۔ مہر ۔ ٹھپا (۴) نرد کی بازی میں جیت کا داؤں ۔ ایک قسم



Marfat.com

کا جُوا (۵) تعویذ (۶) نشان۔ کھوج۔ علامت (۷) خیال۔ تصوّر (۸) تاثیر۔ اثر (۹) جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ افسوں (۱۰) لکھا ہوا منقوش۔ کھدا ہوا۔ جمع۔ نُقُوش۔

**نقش آب۔ (برآب)**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] فانی۔ جلد مِٹ جانے والا۔ بے ثبات۔

**نقش اُبھرنا**۔ [ا۔ محاورہ] نقش کا سطح سے اُونچا ہو جانا

**نقش اُٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] حروف اس طرح مٹانا کہ دھبّہ نہ پڑے

**نقشِ اوّل**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] پہلی تحریر۔ مسودہ۔

**نقشِ باطل**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو۔ فانی۔ مٹ جانے والا۔ فنا ہونے والا۔

**نقش بٹھانا**۔ [ا۔ محاورہ] رعب جمانا۔ رسُوخ پیدا کرنا۔

**نقش بند**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] نقاش۔ مُصوّر۔ گُل کار۔

**نقش بندی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] نقاشی۔ مصوّری (۲) حضرت خواجہ بہاؤ الدین کے مُرید۔

**نقشبندیہ**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت خواجہ بہاؤ الدین سے چلا ہے۔

**نقش بہ دیوار۔ نقش بَر دیوار**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] حیران۔ ششدرہ ہکا بکا۔ بےحِس و حرکت۔

**نقش بھرنا**۔ [ا۔ محاورہ] تعویذ کے خانوں کو پورا کرنا

**نقش بیٹھنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) اثر ہو جانا۔ قائم ہو جانا (۲) کسی کے دل میں کسی کی جگہ ہو جانا (۳) نشان بن جانا۔

**نقشِ پا (قدم)**۔ [ع۔ ا۔ مذ] پاؤں کا نشان۔ سراغ۔ کھوج۔

**نقش پرداز**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] مصوّر۔ نقاش۔

**نقشِ تسخیر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] محبوب کو قابو کرنے والا تعویذ۔

**نقشِ ثانی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] دوسرا نقش جو پہلے نقش یا تحریر سے بہتر ہوتا ہے۔

**نقش جمانا**۔ [ا۔ محاورہ] رُعب بٹھانا۔ متاثر کرنا۔ رسُوخ پیدا کرنا۔

**نقش جمنا**۔ [ا۔ محاورہ] اثر قائم ہونا۔ رُعب بیٹھنا۔

**نقشِ حُب**۔ [ع۔ ا۔ مذ] محبّت کا تعویذ۔

**نقشِ درہم**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ نشان جو سکّے پر ثبت ہوتے ہیں۔

**نقشِ دِل کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] دل پر کندہ کرنا۔ دل میں جما لینا۔ خوب یاد رکھنا۔

**نقشِ دِل ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] پختہ یقین ہونا۔ دل پر دیرپا اثر چھوڑنا

**نقشِ دیوار ہو جانا**۔ [ا۔ محاورہ] سکتے کے عالم میں رہ جانا۔ بےحِس و حرکت ہو جانا۔

**نقشِ سُوَیدا**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ سیاہ داغ جو دل میں ہوتا ہے

**نقش طراز (گر)**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] نقاش۔ مصوّر۔

**نقش قدم پر چلنا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کی پوری پوری تقلید کرنا۔

**نقش کالحجر**۔ [ع۔ ا۔ مذ] پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نشان کی مانند نہ مٹنے والا۔

**نقش کالحجر ہو جانا**۔ [ع۔ ا۔ مذ] پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نشان کی مانند۔ نہ مٹنے والا۔

**نقش کرنا**۔ [ا۔ مص مرکب] چھاپنا۔ بیل بوٹے بنانا یا کھودنا۔

**نقش کندہ کرنا**۔ [ا۔ مص مرکب] نقش کھودنا۔

**نقش کی چال**۔ [ا۔ مث] وہ ترتیب جس سے نقش یا تعویذ کے خانے پُر کرتے ہیں۔

**نقش گھولنا**۔ [ا۔ محاورہ] تعویذ کو پانی یا کسی مشروب میں دھونا۔

**نقش لکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] عامل کا تعویذ لکھنا۔

**نقش مٹانا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی قسم کے نشانوں کو خواہ وہ تحریر سے متعلق ہوں یا تصویر سے دھو ڈالنا یا بگاڑ دینا۔

**نقشِ مُراد**۔ [ع۔ ا۔ مذ] مقصد۔ آرزو۔

**نقش و نگار**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مذ] بیل بوٹے۔ پھُول پتی۔

**نقش (ہو جانا، ہونا)**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) دل نشین ہو جانا (۲) کندہ ہونا۔ لکھا جانا۔

**نُقشاں چُننا**۔ (نُق۔ شاں۔ چُن۔ نا) [ق۔ مص] عیب گیری کرنا۔

**نقشہ**۔ (نَق۔ شہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تصویر۔ تشبیہ۔ رُوپ۔ صورت شکل۔ چہرہ۔ حُلیہ (۳) ساخت۔ بناوٹ۔ (۴) طرز۔ سج دھج۔ وضع قطع (۵) نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ (۶) عمارت یا اور کسی چیز کی صورت جو بطور خاکہ تیار کی جائے (۷) سانچہ قالب۔ ڈھانچہ (۸) حالت۔ کیفیت۔ عالم (۹) بُرا حال۔ (۱۰) فہرست۔ فرد (۱۱) چالان۔ مال کی خانہ پُری (۱۲) شطرنج کی چال۔ جمع۔ نقشہ جات۔

**نقشہ آنکھوں کے سامنے ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی چیز کی کیفیت عالم تصوّر میں پیشِ نظر ہونا۔

**نقشہ اُتارنا**۔ [ا۔ محاورہ] تصویر کھینچنا۔ فوٹو لینا۔ خاکہ بنانا۔

**نقشہ اُڑانا**۔ [ا۔ محاورہ] چربہ اُتارنا۔ طرز کی نقل کرنا۔

**نقشہ بدل جانا**۔ [ا۔ محاورہ] حالت یا شکل کا متغیر ہو جانا۔

**نقشہ بگاڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] صورت بگاڑنا۔ حال سے بے حال کر دینا۔

**نقشہ بگڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] حال سے بے حال ہو جانا۔ صورت بگڑ جانا۔ بدنظمی اور بدانتظامی ہونا۔

**نقشہ بنانا**۔ [ا۔ محاورہ] تصویر بنانا۔ خاکہ اُتارنا۔

**نقشہ بن کر بگڑ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] حالت سنبھل کر خراب ہو جانا۔

**نقشہ پیدائش و اَموات**۔ [ا۔ مذ] وہ رجسٹر جس میں کسی علاقے کی پیدائش و اموات درج کی جاتی ہیں۔

**نقشہ پیما**۔ [ا۔ مذ] ہر نقشے کے نیچے ایک پیمانہ دے دیا جاتا ہے کہ ایک انچ اتنے میلوں کے برابر ہے۔ اسے نقشہ پیما یا چارٹو میٹر (Chartometer) کہتے ہیں۔

**نقشہ تیز ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] اقبال یاور ہونا۔ دور دورہ ہونا۔

**نقشہ جمانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) راہ و رسم پیدا کرنا۔ اعتبار جمانا۔ رسُوخ



Marfat.com

حاصل کرنا۔ تصوّر جمانا (۳) تدبیر کرنا۔ موقع نکالنا۔

**نقشہ جم کو اُکھڑنا۔** (ا۔ محاورہ) اثر پیدا ہو کر مٹ جانا۔

**نقشہ جمنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بات بننا۔ رسائی ہونا۔ اعتبار ہونا۔ رسُوخ ہونا۔ مطلب حاصل ہونا (۲) تصوّر قائم ہونا۔ خیال بندھنا۔

**نقشۂ حدود و بست۔** (ا۔ مذ) وہ نقشہ جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو۔ پیمائش دیہہ کی فہرست۔

**نقشہ کھنچ جانا۔** (ا۔ محاورہ) تصویر سامنے آ جانا۔ آنکھوں کے سامنے منظر بندھ جانا۔

**نقشہ نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) الزام لگا کر بدنام کرنا۔

**نقشہ نکلنا۔** (ا۔ محاورہ) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

**نقشہ نویس۔** (ع۔ ف۔ صف) (۱) نقشہ بنانے والا۔ مصوّر۔ نقّاش (۲) بعض عدالتوں میں ایک عہدے کا نام

**نقشی۔ نقشیں۔** (نق۔ شی)، (نق۔ شیں)، (ف۔ صف) مُنقش۔ جس پر نقش بنے ہوں۔

**نَقص۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کم کرنا۔ کم ہونا (۲) کمی۔ کوتاہی۔ کسر (۳) عیب۔ بُرائی۔ کھوٹ۔ جمع۔ نقائص۔

**نقص نکالنا۔** (ا۔ محاورہ) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔

**نقصان۔** (نق۔ صان)، (ع۔ ا۔ مذ) کمی۔ کوتاہی۔ قباحت۔ ہرج۔ ضرر۔ خسارا گھاٹا۔ جمع۔ نقصانات۔

**نقصان اُٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) خسارہ برداشت کرنا

**نقصان بھرنا۔** (ا۔ محاورہ) ٹوٹا بھرنا۔ خسارا پورا کرنا۔ گھاٹا دینا۔

**نقصان پہنچانا۔** (ا۔ محاورہ) ضرر پہنچانا۔ ایذا دینا۔

**نقصان رساں۔** (ا۔ ف۔ صف) نقصان پہنچانے والا۔

**نقصان رسانی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تکلیف دہی۔ ایذا پہنچانا۔

**نقصان کرنا۔** (ا۔ مص مرکب) (۱) کام بگاڑنا۔ خرچ کرنا۔ فائدے سے باز رکھنا (۲) تکلیف دینا۔ ضرر پہنچانا (۳) ضائع کرنا۔ کھونا۔ خراب کرنا۔

**نَقض۔** (ع۔ ا۔ مذ) ٹوٹ پھوٹ۔ توڑنا پھوڑنا۔ بگاڑنا۔

**نقضِ اَمن۔** (ع۔ ا۔ مذ) امن شکنی۔ فساد۔ جھگڑا۔

**نقضِ عہد۔** (ع۔ ا۔ مذ) وعدہ خلافی۔

**نقطہ۔** (نق۔ طہ) (ع۔ ا۔ مذ) بندی۔ صفر (۲) مرکز۔ جمع۔ نقاط۔

**نقطۂ اشتعال۔** (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گرمی اور کھولاؤ کا وہ درجہ جس پر آگ بھڑک اُٹھے۔

**نقطۂ انتخاب۔** (ع۔ ا۔ مذ) وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیہ پر یا کسی عبارت یا شعر پر اظہار پسندیدگی کے طور پر لگایا جائے۔

**نقطہ اور شوشے کا فرق۔** (ا۔ صف) خفیف سا فرق۔

**نقطۂ عروج۔** (ع۔ ا۔ مذ) کمال۔ انتہا۔ انتہائی بلندی۔

**نقطہ کا فرق نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ذرا بھی فرق نہ ہونا۔

**نقطہ گاہ۔** (ع۔ ا۔ مث) دائرہ کا مرکز (۲) مکّہ مکرمہ جسے مرکزِ زمین کہا جاتا ہے۔

**نقطہ لگانا۔** (ا۔ محاورہ) عیب لگانا۔ دھبہ لگانا۔

**نقطۂ مقابل۔** (ع۔ ا۔ مذ) ہمسر۔ حریف۔

**نقطۂ موہوم۔** (ع۔ ا۔ مذ) فرضی نقطہ (۲) (مجازاً) دہن محبوب۔

**نقطۂ نظر (نگاہ)۔** (ع۔ ا۔ مذ) مرکزِ نگاہ۔ اندازِ نظر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔

**نقطۂ نوکِ ریز۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) روشنائی (سیاہی) کی وہ بوند جو قلم کی نوک سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔

**نقطۂ وسطِ دائرہ۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مرکزِ زمین (۲) کنایتاً حضرت محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

**نقل۔** (ع۔ ا۔ مث) (۱) تبدیلی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) چربہ۔ مثنیٰ (۳) نمونہ۔ نظیر (۴) لطیفہ۔ چٹکلہ (۵) روایت۔ کہانی (۶) رُوپ۔ سوانگ (۷) ایک حرف کی حرکت دوسرے حرف کو دینا۔

**نقل اُتارنا، اُڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی تحریر کا نقل کرنا (۲) کسی کی صُورت سے اپنی صُورت مشابہ کرنے کی کوشش کرنا۔ طرز اُڑانا۔ سوانگ بھرنا۔

**نقلُ النقل (نقل در نقل)۔** (ع۔ ا۔ مث) نقل کی نقل۔

**نقل را چہ عقل۔** (ف۔ مثل) نقل کرنے کے واسطے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

**نقل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی لکھی ہوئی چیز کو بجنسہٖ دوسری چیز پر اُتارنا (۲) سوانگ کرنا۔ رُوپ بھرنا (۳) بیان کرنا۔ حکایت کرنا (۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۵) دوسروں کی صورت اور انداز کی شکل بنانا۔ اور تمسخر کرنا۔

**نقلِ کُفر، کُفر نباشد۔** (ف۔ مثل) کُفر کی نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا۔

**نقل لینا۔** (ا۔ محاورہ) نقل حاصل کرنا۔ مثنیٰ لینا۔

**نقلِ مکان۔** (ع۔ ا۔ مذ) ایک مقام سے دوسری جگہ جانا۔ مکان تبدیل کرنا۔

**نقل نویس۔** (ع۔ ف۔ صف) عدالتوں کے فیصلوں اور دستاویزوں کی نقل کرنے والا اہل کار۔

**نقل نویسی۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) منشی گری۔ تحریری نقل کرنے کا کام (۲) بے سمجھے بوجھے دوسرے کی تحریر کی نقل کرنا۔

**نقل و حمل۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) اُٹھانا اور لیجانا (۲) ایسا وسیلہ جس سے اُٹھانے اور لیجانے کا کام لیا جائے۔ ٹرانسپورٹ۔

**نقل ہے۔** (ا۔ روزمرہ) کہتے ہیں۔ منقول ہے۔ روایت ہے (۲) روایتی سماعی۔ رواجی۔ زبانی۔

**نُقل۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

**نُقل فروش۔** (ف۔ صف) نقل بیچنے والا۔

**نُقل کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ناشتہ کرنا۔ نقل کی طرح کھانا۔ ٹونگنا۔

**نقلِ ماتم۔** (ف۔ ا۔ مذ) وہ نقل جو مجلس یا موت میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔



Marfat.com

**نقل مجلس، محفل** - (ف - ا - مذ) مسخرہ جس کی ذات سے محفل کی تفریح ہو۔
**نقلی** - (نَق - لی) (اُر - صف) (۱) جھوٹا - مصنوعی - جعلی - کھوٹا - ظریف (۲) وہ چیز جو ہم صحبت لوگ کھائیں۔
**نقلیا** - (ا - صف) نقال - بھانڈ -
**نقلیں کرنا** - (ا - محاورہ) کسی کے افعال و حرکات کی نقل کرنا۔
**نقود** - (نُ - قُود) (ع - ا - مذ) نقد کی جمع - روپے -
**نقوش** - (نُ - قُوش) (ع - ا - مذ) نقش کی جمع - تصویریں - گُل بوٹے - کندہ کی ہوئی چیزیں -
**نقوع** - (ع - ا - مذ) بھیگی ہوئی دوا یا میوہ (۲) بھیگی ہوئی دوا کا پانی -
**نقی** - (نَ - قی) (ع - صف - ا - مذ) (۱) پاک - صاف - خالص (۲) دسویں امام حضرت علیؑ بن محمدؑ کا لقب -
**نقیب** - (نَ - قیب) (ع - ا - مذ) (۱) لوگوں کے خاندان اور ذاتی حالات سے واقفیت رکھنے والا - (۲) تشہیر کرنے والا - خبر دینے والا - (۳) مدح خواں (۴) بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے آواز لگانے والا - دربار یا ضیافت میں آنے والوں کی خبر پہنچانے والا - ہرکارہ - چوبدار
**نقیض** - (نَ - قیض) (ع - صف) (۱) مخالف - اُلٹا - برعکس - ضد - (۲) عداوت -
**نقیہ** - (نَ - قیہ) (ع - صف) ناتواں - کمزور - ضعیف - ناطاقت -

## ن - ک

**نک** - (اُر - ا - مث) ناک کا مخفف -
**نک بال** - (ا - مذ) ناک کا بال -
**نک بہنا** - (ا - صف) جس کی ناک بہتی رہے -
**نک توڑا** - (ا - مذ) (۱) ناز - نخرہ (۲) غرور - نخوت (۳) طنز آمیز بات جو ناک چڑھا کر کہی جائے -
**نک توڑے اُٹھانا** - (ا - محاورہ) نخرے برداشت کرنا - ناز اُٹھانا -
**نک چڑھا** - (ا - صف) بد دماغ - مزاج دار - مغرور -
**نک چھکنی** - (ا - مث) ایک بوٹی جسے سونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں -
**نک دم** - (ا - مذ) ناک میں دم - حیران - پریشان -
**نک سک سے درست** - (ا - صف) ہر طرح بے عیب اور بے نقص خوبصورت اور موزوں ناک نقشہ -
**نک کٹا - نکٹا** - (ا - مذ) کٹی ہوئی ناک والا - بے غیرت -
**نک کٹی - نکٹی** - (ا - مث) کٹی ہوئی ناک والی عورت (۲) بے عزت اور بے غیرت عورت -
**نک کٹی ہونا** - (ا - محاورہ) بے عزتی ہونا - تحقیر ہونا - بدنامی ہونا

**نک گھسنی** - (ا - مث) ناک رگڑنا - منت سماجت - عاجزی -
**نک گھسنی کرنا** - (ا - محاورہ) ناک رگڑنا - منت سماجت کرنا - عاجزی کرنا -
**نُک** - (ق - ا - مذ) (۱) ناخن (۲) وضع قطع -
**نُکّا** - (نُک - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) کوڑی - چھوٹا - سنکھ - خرمہرہ - (۲) دانہ - پانسہ -
**نکّا** - (نِک - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) چھوٹا - خُرد - ننھا - (۲) مختصر - کم - (۳) ناقص - (۴) نازک - باریک (۵) ناتمام - اُدھورا - (۶) ٹھنگنا -
**نُکّا** - (نُگ - کا) (ہ - ا - مذ) (۱) نوک دار چیز کی نوک (۲) نکیلا - تیکھا - ایک قسم کا گیڑی کا کھیل -
**نُکّا ٹوپی** - (ا - مث) اُونچی ٹوپی - وہ ٹوپی جس کو اُونچا کر کے سر پر رکھیں۔
**نُکّا لگانا** - (ا - محاورہ) (۱) گیڑی مارنا (۲) زک پہنچانا (۳) ضرب لگانا (۴) صدمہ پہنچانا -
**نکات** - (نَ - کات) (ہ - صف) خراب - بیکار - نکما -
**نِکات** - (نِ - کات) (ع - ا - مذ) نکتہ کی جمع (۲) باریکیاں (۳) وہ بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے -
**نِکاح** - (نِ - کاح) (ع - ا - مذ) (۱) مجامعت - مباشرت - عقد - بیاہ - شادی -
**نِکاح باندھنا** - (ا - محاورہ) نکاح پڑھنا - بیاہ کرنا -
**نِکاح پڑھانا (کرنا)** - (ا - محاورہ) عقد کرنا - شادی کرنا - قاضی کا عورت اور مرد کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنا -
**نِکاح پڑھائی** - (ا - مث) نکاح پڑھانے کی اُجرت -
**نِکاح ثانی** - (ع - ا - مذ) دوسرا نکاح -
**نِکاح کرنا** - (ا - مص مرکب) شادی کرنا -
**نِکاح کی سی شرطیں کرنا** - (ا - محاورہ) کٹ حجتی کرنا -
**نِکاح متعہ** - (ع - ا - مذ) عارضی نکاح -
**نِکاح موقت** - (ع - ا - مذ) متعہ - جو صرف کسی خاص مدت کے لیے ہو -
**نِکاح نامہ** - (ع - ف - ا - مذ) کاغذ جس پر شادی کی تفصیلات درج ہوں -
**نِکاح ہونا** - (ا - مص مرکب) عقد ہونا - شادی / بیاہ ہونا -
**نِکاحی** - (نِ - کا - حی) (ف - صف) نکاح کر کے لائی ہوئی بیاہی عورت - عورت جس کا نکاح ہو چکا ہو - منکوحہ -
**نِکاحی بیاہی** - (ا - مث) وہ عورت جسے رسم نکاح ادا کر کے برات کے ساتھ لایا جائے - عزت و آبرو سے بیاہ کر لائی ہوئی عورت (۲) شادی شدہ عورت -
**نکاحی نہ بیاہی نہیرو بہو کہاں سے آئی** - (ا - مثل) اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتہ دار بن بیٹھے -
**نُکار** - (نُ - کار) (ق - ا - مذ) چٹکارا -
**نِکارا** - (نِ - کا - را) (ق - صف) ناکارہ -
**نکارنا** - (نِ - کا - رَ - نا) (ق - مص) نکالنا -
**نِکاس** - (نِ - کاس) (ہ - ا - مذ) (۱) اصل - بنا - جڑ (۲) آغاز - شروع -



Marfat.com

(۳) منبع ۔ سوت ۔ مبداء (۴) نسل ۔ خاندان (۵) صدور ظہور (۶) اخراج ۔ برآمد ۔

**نِکاسی** ۔ (ن ۔ کا ۔ سی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) محاصل ۔ پیداوار (۲) فائدہ ۔ منافع (۳) بکری ۔ مال کی فروخت (۴) روانگی ۔ برآمد (۵) چُنگی ۔ محصول ۔ راہداری (۶) سرحد ۔

**نَکال** ۔ (نَ ۔ کال) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] عذاب ۔ سزا ۔ رنج ۔ دُکھ ۔ عقوبت ۔

**نکال بیٹھنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] بے خیالی میں کوئی بات کہہ دینا ۔

**نکال پیٹھال کے دن** ۔ [ ا ۔ مذ ] فصل کی تبدیلی کے دن ۔

**نکال دینا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] موقوف کر دینا ۔ باہر کر دینا ۔ جلا وطن کر دینا ۔ دور کر دینا ۔

**نکال لانا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] اغوا کر کے لیجانا ۔ بھگا لے جانا ۔ چُرا لانا ۔

**نکال لینا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] سوال حل کر لینا (۲) چُرا لینا (۳) کسی جگہ سے کوئی چیز برآمد کر لینا (۴) پہیلی نکالنا ۔

**نَکالا** ۔ (نَ ۔ کا ۔ لا) [ ق ۔ ا ۔ مث ] چیچک ۔

**نِکالا** ۔ (ن ۔ کا ۔ لا) [ ہ ۔ ا ۔ مذ ] (۱) شہر بدر (۲) اخراج ۔

**نکالا ملنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] شہر بدر کیا جانا ۔ نکالا جانا ۔ جلاوطن کیا جانا ۔

**نِکالنا** ۔ (ن ۔ کال ۔ نا) [ ا ۔ مص ] (۱) باہر کرنا ۔ خارج کرنا (۲) علیحدہ کرنا ۔ جُدا کرنا ۔ چھانٹنا ۔ منتخب کرنا (۳) وضع کرنا ۔ تفریق کرنا ۔ (۴) ایجاد کرنا ۔ دل سے کوئی بات پیدا کرنا ۔ کسی چیز کو رواج دینا (۵) حل کرنا ۔ سلجھانا (۶) کاڑھنا ۔ بیل بوٹے نکالنا ۔ (۸) سدھانا ۔ گھوڑے کی سواری یا دوڑ کے قابل بنانا (۹) موقوف کرنا ۔ جواب دے دینا ۔ برطرف کرنا (۱۲) شروع کرنا (۱۳) بدلہ لینا (۱۴) درخت اُکھاڑنا ۔

**نِکانا** ۔ (ن ۔ کا ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] نِلانا ۔ نلائی کرنا ۔ کھیتوں اور کیاریوں سے خود رو گھاس پھوس اکھیڑ دینا ۔

**نِکائی** ۔ (ن ۔ کا ۔ ای) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] نلائی ۔

**نَکبت** ۔ (نک ۔ بت) [ ع ۔ ا ۔ مث ] افلاس ۔ بدحالی ۔

**نَک پَڑی** ۔ (نک ۔ پ ۔ ڑی) [ ق ۔ ا ۔ مث ] نتھنا ۔

**نُکت** ۔ (نُ ۔ کت) [ ق ۔ ا ۔ مذ ] نکتہ ۔

**نُکتہ** ۔ (نُک ۔ تہ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) باریکی ۔ تہ کی بات ۔ باریک بات (۲) لطیفہ ۔ چُٹکلہ (۳) رخنہ ۔ عیب (۴) وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے ۔ جمع ۔ نکات ۔

**نکتہ باقی نہ چھوڑنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا ۔

**نکتہ بیں** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] نازک خیال ۔

**نکتہ بینی** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] نازک خیالی ۔ باریک بینی ۔

**نکتہ (پرداز) پرور ۔ نکتہ سنج** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] خوش گفتار ۔ سخن شناس ۔ عقل مند ۔ ہوشیار ۔

**نکتہ چیں** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] عیب ڈھونڈنے والا ۔

**نکتہ چینی** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] عیب گیری ۔ مین میخ نکالنا ۔ بُرائی نکالنا ۔

**نکتۂ خفی** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ ] چُھپا ہوا بھید ۔

**نکتہ داں** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] باریک بات جاننے والا ۔ دقیقہ رس ۔

**نکتہ رس** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] تیز فہم ۔ زیرک ۔ ذکی ۔

**نکتہ (سنج) شناس** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] خوش گفتار ۔ سچی کی بات کہنے والا ۔ عقلمند ۔ ہوشیار ۔ خوش بیان ۔

**نکتہ (سنجی) وری** ۔ [ ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث ] خوش گفتاری ۔ فصاحت ۔ خوش بیانی ۔

**نکتہ (شناس) داں** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] تیز فہم ۔ ذہین ۔ زیرک ۔ دانا ۔

**نکتہ کی بات** ۔ [ ا ۔ مث ] باریک اور معنی خیز بات ۔ تہ کی بات ۔

**نکتہ گیر** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] عیب جُو ۔ نکتہ چیں ۔

**نکتہ نواز** ۔ [ ع ۔ ف ۔ صف ] لطیف بات کی قدر کرنے والا ۔

**نُکتی** ۔ (نُک ۔ تی) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ایک قسم کی مٹھائی ۔ جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہے (ہِن) مگدی ۔

**نکتی پلاؤ** ۔ [ ا ۔ مذ ] وہ پلاؤ جس میں چنے کی نکتیاں پڑی ہوئی ہوں ۔

**نکتے نکالنا** ۔ [ ا ۔ محاورہ ] عیب نکالنا ۔ نئی بات نکالنا ۔

**نَکٹا** ۔ (نَک ۔ ٹا) [ ہ ۔ صف ] (۱) ناک کٹا ہوا (۲) بے حیا ۔ بے غیرت ۔ بدنام (۳) سیاہ رنگ کی مرغابی (۴) کوڑی جس سے جوا کھیلتے ہیں ۔ (۵) ایک قسم کا گانا ۔

**نکٹا بُوچا سب سے اُونچا** ۔ [ ا ۔ مثل ] مفلس مگر شیخی خورا ۔

**نکٹیا جیئے بُرے احوال** ۔ [ ا ۔ مثل ] بدنام اور رسوا آدمی کی زندگی تلخی سے بسر ہوتی ہے ۔

**نکٹے کا کھائے اوچھے کا نہ کھائے** ۔ [ ا ۔ مثل ] بے حیا کا احسان اٹھانا اتنا بُرا نہیں جتنا کم ظرف کا احسان اُٹھانا ۔

**نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی** ۔ [ ا ۔ مثل ] بے عزت آدمی ذلت کو بھی فخر سمجھتا ہے ۔

**نکٹائی** ۔ (Necktie) (نَک ۔ ٹا ۔ ئی) [ انگ ۔ ا ۔ مث ] مغربی وضع کی پٹی جو قمیض کے کالر میں لگائی جائے ۔

**نَک ٹورا** ۔ (نک ۔ ٹو ۔ را) [ ق ۔ ا ۔ مذ ] غمزہ ۔ نخرہ ۔

**نَکٹی** ۔ (نَک ۔ ٹی) [ ہ ۔ صف ] وہ عورت جس کی ناک کٹی ہوئی ہو (۲) بے حیا اور بے غیرت عورت (۳) بلی ۔

**نکٹی کا جنا** ۔ [ ا ۔ مذ ] کمینہ ۔ بد اصل ۔ ذلیل ۔ رذیل ۔

**نَکرہ** ۔ (نَک ۔ رہ) [ ع ۔ ا ۔ مذ ] (۱) ناشناسی (۲) وہ اسم جو غیر معین چیز کے لیے آئے ۔

**نُکڑ** ۔ (نُک ۔ کڑ) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] (۱) نوک کی تصغیر ۔ سرا ۔ نوک ۔ اخیر ۔ انتہا ۔ (۲) کونہ ۔ گوشہ ۔

**نُکس** ۔ [ ع ۔ ا ۔ مذ ] مرض کا عود کر آنا ۔ پھر بیمار ہونا ۔

**نِکسنا** ۔ (ن ۔ کس ۔ نا) [ ق ۔ مص ] نکلنا ۔

**نکسیر** ۔ (نَک ۔ سیر) [ ہ ۔ ا ۔ مث ] ناک سے خون گرنا ۔

**نکسیر بھی نہ پھوٹی** ۔ [ ا ۔ مثل ] ذرا سا صدمہ نہیں پہنچا ۔ ذرا سی بھی تکلیف نہیں ہوئی ۔



Marfat.com

**نکسیر چھوٹنا** ۔ (۱۔ محاورہ) ناک سے خون بہنا۔
**نِکل** ۔ (Nickel) (ن ـ کَل) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی سفید دھات جس کی جلا دوسری دھاتوں کے سامان پر کی جاتی ہے۔
**نکل آنا** ۔ (۱۔ مص) (۱) باہر آنا۔ ظاہر ہونا (۲) پیدا ہونا (۳) زمین سے باہر آنا۔ پھوٹنا۔
**نکل بھاگنا** ۔ (۱۔ مص) (۱) چل دینا۔ فرار ہو جانا (۲) قابو سے چلا جانا (۳) بچ کر چلا جانا۔
**نکل پڑنا** ۔ (۱۔ مص) (۱) ظاہر ہو جانا۔ سامنے آجانا (۲) باہر آجانا (۳) گر جانا۔ کھل پڑنا (۴) ٹپک جانا (۵) اُگل دینا۔
**نکلتے بیٹھتے دن** ۔ (۱۔ مذ) موسم کے تبدیل ہونے کا زمانہ۔
**نکل جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) چلا جانا۔ بھاگ جانا (۲) دُور ہو جانا (۳) جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا (۴) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا (۵) کپڑے کا پھٹ جانا۔ رفاقت ترک کر دینا۔
**نکل چلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ جانا (۲) اِترانا۔ مغرور ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ بیباک ہو جانا۔
**نکل کھڑا ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) چل دینا۔ رخصت ہونا۔ باہر جانا۔ سفر پہ روانہ ہونا۔
**نکلنا** ۔ (ن ـ کَل ـ نا) (۱۔ مص) (۱) اُگنا۔ پھوٹنا۔ اُوپر آنا (۲) بہنا۔ جاری ہونا (۳) پیدا ہونا (۴) ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔ باہر چلا جانا۔ برآمد ہونا۔ طلوع ہونا (۵) بلند ہونا۔ اُٹھنا (۶) ثابت ہونا (۷) زائد ہونا (۸) چلا جانا۔ بھاگنا (۹) خارج ہونا (۱۰) سبقت لے جانا (۱۱) چھٹ جانا (۱۲) حاصل ہونا۔
**نکلنا بیٹھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) آمد و رفت رکھنا۔
**نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں** ۔ (۱۔ مثل) بات مُنہ سے نکلے تو مشہور ہو جاتی ہے۔
**نکلیس** ۔ (Necklace) (نِک ـ لیس) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گلوبند۔ چمپا کلی۔ کنٹھا۔ مالا۔
**نکمّا** ۔ (نِ ـ کم ـ ما) (ہ ۔ صف) (۱) بے کار۔ ناکارہ۔ بے مصرف (۲) خالی مشغلہ (۳) بُرا۔ خراب (۴) ناچیز۔ حقیر۔
**نکمّا کر دینا** ۔ (۱۔ محاورہ) خراب کر دینا۔ بیکار کر دینا۔
**نکمّا ہو جانا** ۔ (۱۔ محاورہ) (۱) بے کار ہو جانا (۲) کام کے قابل نہ رہنا۔
**نکو** ۔ (نَ ـ کو) (ق) نہیں۔
**نکّو** ۔ (نِک ـ کو) (ہ ۔ صف) (۱) بدنام۔ رُسوا (۲) مطعون (۳) بڑی ناک والا۔ لمبی ناک والا۔
**نکّو بنانا** ۔ (۱۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔
**نکّو بننا** ۔ (۱۔ محاورہ) بدنام و رُسوا ہونا۔ انگشت نُما ہونا۔
**نِکو** ۔ (ن ـ کو) (ف ۔ صف) نیکو کا مخفف۔ خوب اچھا۔
**نِکوکار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نیک۔ اچھے افعال کا مالک۔
**نکونام** ۔ (ف ۔ صف) اچھی شہرت والا۔ نیک نام۔

**نک وا** ۔ (نَک ـ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) سوئی کا ناکا (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔
**نکوٹین** ۔ (Nicotine) (نِ ـ کو ـ ٹین) (انگ ۔ ا ۔ مث) تمباکو کا زہر۔
**نکوسنا** ۔ (ہ ۔ مص) دانت نکالنا۔ جانوروں کی طرح دانت نکالنا۔
**نکوہش** ۔ (نِ ـ کو ـ ہش) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) ملامت۔ سرزنش (۲) دھمکی۔ پھٹکار۔
**نکوہیدہ** ۔ (ف ۔ صف) خراب۔ بُرا۔ مذموم۔ ملامت کیا گیا۔
**نکوئی** ۔ (نِ ـ کو ـ ای) (ف ۔ ا ۔ مث) نیکی۔ راستی۔
**نکوئی بابداں کردن چناں است کہ بد کردن بجائے نیک مرداں** ۔ (ف ۔ مثل) بَد کے ساتھ نیکی کرنا ایسا ہی ہے جیسے نیکوں کے ساتھ بُرائی کرنا۔
**نَکھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ناخن (۲) ایک خوشبودار جڑ (۳) کچا ابریشم۔
**نکھ سکھ سے درست** ۔ (۱۔ صف) سر سے پاؤں تک خوبصورت بے عیب۔
**نکھ سے سکھ تک** ۔ (۱۔ تابع فعل) ایڑی سے چوٹی تک۔ اوّل سے آخر تک۔ تمام و کمال۔ از سر تا پا۔
**نِکھاد** ۔ (نِ ـ کھاد) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک بلند اور اُونچا سُر۔ ہندی موسیقی کا ساتواں سُر۔ جس کا اختصار (نی) ہے۔
**نِکھار** ۔ (نِ ـ کھار) (۱ ۔ مذ) (۱) صفائی۔ اُجلاپن۔ زیب و زینت۔ آرائش۔ خوبصورتی۔
**نکھارنا** ۔ (نِ ـ کھار ـ نا) (۱ ۔ مص) میل صاف کرنا۔ میل کاٹنا۔ اُجلا کرنا۔
**نَکہت** ۔ (نَک ـ ہت) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) پھول کی بُو۔ خوشبو۔ مہک۔
**نَکھَت** ۔ (نَ ـ کھَت) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہر مہینے کے پندرہ روز جن کے ذریعے بارش کا حساب کرتے ہیں۔
**نکھتّر** ۔ (نِ ـ کھت ـ تر) (ہ ۔ صف) (۱) ناچیز (۲) بدمزہ۔ ناقص۔
**نکھٹّو** ۔ (نِ ـ کھٹ ـ ٹو) (۱ ۔ صف) (۱) ناکارہ۔ نکمّا (۲) وہ شخص جو کچھ نہ کمائے (۳) سُست۔ احدی (۴) احمق۔ بیوقوف (۵) مفلس۔ تنگ دست۔
**نکھٹّو آئے لڑتا۔ کماؤ آئے ڈرتا** ۔ (۱۔ مثل) ناکارہ آدمی ہر وقت بیوی سے لڑتا رہتا ہے اور کمانے والا بیوی سے ڈرتا ہے۔
**نکھٹّو کی جورو سدا ننگی** ۔ (۱۔ مثل) کاہل اور بے کار کے گھر ہمیشہ مفلسی رہتی ہے۔
**نکھد** ۔ (نِ ـ کھد) (ہ ۔ صف) بہت ہی بُرا۔ نکمّا۔
**نکھرا** ۔ (نِکھ ـ را) (۱ ۔ صف) خوبصورت۔ صاف۔
**نکھرا ہوا** ۔ (۱ ۔ صف) (۱) صاف ستھرا۔ پاکیزہ (۲) جو بن پہ آیا ہوا۔ آراستہ۔
**نکھرنا** ۔ (نِ ـ کھر ـ نا) (۱ ۔ مص) صاف ہونا۔ اُجلا ہونا۔ میل کٹنا (۲) چمکنا۔



Marfat.com

(۳) رونق آنا (۴) بننا۔ سنورنا۔ سنگھار کرنا۔
**نکھری**۔ (نکھ۔ ری)، [ہ۔ صف] تر و تازہ۔ صاف۔ نکھرا کی تانیث۔
**نکھنڈ**۔ (نِ۔ کھنڈ)، [ہ۔ صف] (۱) آدھا (۲) ٹھیک بیچ۔
**نکھوَر**۔ (نَ۔ کھوَر)، [ق۔ ا۔ مث] تلخی۔
**نکھوَرا**۔ (نَ۔ کھوَ۔ را)، [ہ۔ صف] بے مروت۔
**نکّی**۔ (نک۔ کی)، [ہ۔ ا۔ مث] ناک میں پہننے والا (۲) جوئے کی کوڑی کھیلنے کا ایک داؤ۔ ایک قسم کا جُوا۔
**نکیر**۔ (نَ۔ کیر)، [ع۔ ا۔ مذ] قبر میں سوال جواب کرنے والا فرشتہ۔
**نکیرین**۔ (نَ۔ کی۔ رَین)، [ع۔ ا۔ مذ] مُردے سے سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے۔ مُنکر نکیر۔
**نکیل**۔ (نَ۔ کیل)، [ہ۔ ا۔ مث] اُونٹ کی مہار۔ اُونٹ کے ناک کی رسی۔
**نکیل ہاتھ میں ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا (۲) لگام ہاتھ میں ہونا۔
**نکیلا**۔ (نُ۔ کی۔ لا)، [ہ۔ صف] (۱) نوکدار۔ گاؤدُم۔ مخروطی (۲) بانکا۔ طرح دار۔
**نکیلا پن**۔ [ا۔ مث] خوش وضعی۔ بانکپن (۲) نوک کی تیزی۔
**نکیلی**۔ (نُ۔ کی۔ لی)، [ہ۔ صف] (۱) نوکدار۔ مخروطی (۲) وضع دار۔ طرح دار۔ خوش وضع۔ (نکیلا کی تانیث)

# ن - گ

**نگ**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] نگینہ۔ قیمتی پتھر یا شیشہ جو زیور میں جڑا جائے۔
**نگ جڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] نگینہ چسپاں کرنا۔ نگیں بٹھانا۔
**نگ کی چوڑیاں**۔ [ا۔ مث] ایک قسم کی چوڑیاں جن میں چھوٹے نگ جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔
**نگار**۔ (نِ۔ گار)، [ع۔ ا۔ مذ] (۱) تصویر (۲) بُت۔ مورتی (۳) خوبصورت معشوق۔ محبوب (۴) وہ شکل جو عورتیں اپنے ہاتھ پر مہندی سے بناتی ہیں (۵) زیبائش۔ آرائش۔ زینت۔ نگاشتن (نگاریدن) کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد لگنے سے اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور لکھنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے افسانہ نگار۔
**نگارِ ارمنی**۔ [ف۔ ا۔ مث] فرہاد کی محبوبہ شیریں مراد۔
**نگار بندی**۔ [ف۔ ا۔ مث] مہندی لگانا۔ حنا بندی۔ مہندی سے نقش بنانا۔
**نگارندہ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] لکھنے والا۔
**نگار خانہ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] تصویر خانہ۔ پکچر گیلری۔ آرٹ گیلری۔
**نگارستان**۔ [ف۔ ا۔ مذ] نگار خانہ۔ تصویر خانہ۔
**نگارِ عالَم**۔ [ف۔ ا۔ صف] بہت حسین۔ بے حد خوبصورت۔
**نگارش**۔ (نِ۔ گا۔ رِش)، [ف۔ ا۔ مث] تحریر۔ لکھا ہوا۔
**نگارین**۔ (نِ۔ گا۔ رین)، [ف۔ ا۔ مث] (۱) مہندی لگا ہوا۔ آراستہ (۲) معشوق۔ محبوب۔
**نِگالی**۔ (نِ۔ گا۔ لی)، [ہ۔ ا۔ مث] حقے کی نے کا وہ سرا جس میں منہ لگاتے ہیں (۲) نیچا بنانے کی نے (۳) چھوٹا پیچوان۔
**نِگاہ**۔ (نِ۔ گاہ)، [ف۔ ا۔ مث] (۱) نظر۔ چتون (۲) تیور۔ بصارت (۳) آنکھ (۴) شناخت۔ پرکھ۔ مداخلت (۵) توجہ۔ عنایت۔ مہربانی (۶) نظارہ (۷) نگرانی۔ رکھوالی۔ چوکسی۔ نظر بندی (۸) اُمید بھروسہ۔ خیال۔ توقع۔
**نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] خیال میں نہ لانا۔ مغرور ہونا۔ بات نہ پوچھنا۔ بے رخی کرنا۔
**نگاہ اونچی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] بلند خیال ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ نگاہ بلند ہونا۔
**نگاہ ایک سی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] سب کو ایک نظر سے دیکھنا۔ ہر ایک سے برابر کا سلوک کرنا۔
**نگاہ بان (نگہبان)**۔ [ف۔ صف] چوکیدار۔ محافظ۔
**نگاہ بانی (نگہبانی)**۔ [ف۔ ا۔ مث] حفاظت۔ پاسبانی۔ نگرانی۔ چوکیداری۔
**نگاہ بد کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] بُری نظر سے دیکھنا۔
**نگاہ بدلنا**۔ [ا۔ محاورہ] ناخوش ہونا۔ بے توجہ ہونا۔
**نگاہ بدلی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] بے توجہی ہونا۔ خفگی پیدا ہونا۔
**نگاہ بلند ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] عالی خیال اور عالی حوصلہ ہونا۔
**نگاہ بھر کے دیکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] غور سے دیکھنا۔
**نگاہ پر چڑھنا**۔ [ا۔ محاورہ] نظر میں کُھبنا۔ نظروں میں جچنا۔ باوقعت ہونا
**نگاہ پرورش**۔ [ف۔ صف] عنایت اور مہربانی کی نگاہ۔
**نگاہ پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] دیکھا جانا۔ دیکھنے میں آنا۔
**نگاہ (نگاہیں) پلٹنا**۔ [ا۔ محاورہ] لاپرواہ ہو جانا۔ توجہ نہ دینا۔
**نگاہ پہچاننا**۔ [ا۔ محاورہ] تیور پہچاننا۔ صورت دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کر لینا۔ خیالات کا اندازہ کرنا۔ واقف ہونا۔
**نگاہ پھرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) توجہ نہ رہنا۔ التفات نہ رہنا (۲) اِدھر اُدھر نظر ڈالنا۔ گرد و پیش دیکھنا۔
**نگاہ (نگاہیں) پھسلنا**۔ [ا۔ محاورہ] زیادہ صاف چیز پر نگاہ نہ ٹھہرنا۔
**نگاہ (پھیر لینا) پھیرنا**۔ [ا۔ محاورہ] توجہ ہٹا لینا۔ کسی چیز سے رُوگردانی کرنا
**نگاہ پھیر جانا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی چیز میں نگاہ کا سرایت کر جانا۔
**نگاہ ترچھی کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] آنکھوں سے غصہ ظاہر ہونا۔
**نگاہ ٹیڑھی ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔
**نگاہ (نگاہیں) چار ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] آمنا سامنا ہونا۔
**نگاہ چُرانا**۔ [ا۔ محاورہ] نظر سامنے نہ کرنا۔ آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔
**نگاہ چڑھنا**۔ [ا۔ محاورہ] پسند آنا۔ نظر میں سمانا۔
**نگاہِ حسرت آلود**۔ [ف۔ ا۔ مث] حسرت بھری ہوئی نگاہ۔



Marfat.com

**نگاہ (نِگَہ) دار**۔ [ف۔صف] نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ۔

**نگاہ (نگہ) داشت**۔ [ف۔صف] حفاظت۔ نگرانی۔ چوکسی۔

**نگاہ دوڑانا**۔ [ا۔محاورہ] آنکھوں سے تلاش کرنا۔ خیال کرنا۔

**نگاہ دیکھنا**۔ [ا۔محاورہ] تیور سے خیالات کا اندازہ کرنا۔ نظروں سے مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔

**نگاہ ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] دیکھنا۔

**نگاہ رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] نظر رکھنا۔ توجہ رکھنا (۲) خیال رکھنا۔ دیکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) پرکھنے کی صلاحیت ہونا۔

**نگاہ رُو بَرُو**۔ [ا۔کلمۂ ندا] نقیب جب کسی شخص کو بادشاہ کے سامنے پیش کرتے تھے تو "نگاہ رُوبرُو" کہا کرتے تھے۔

**نگاہ سے اترنا، گرنا**۔ [ا۔محاورہ] بے وقعت ہو جانا۔

**نگاہ شوق**۔ [ف۔ا۔مث] خواہش بھری نگاہ۔

**نگاہ غلط انداز**۔ [ف۔ا۔مث] اُچٹتی ہوئی نگاہ۔ ایسی نظر سے دیکھنا کہ تعین نہ ہو کس طرف دیکھا جا رہا ہے

**نگاہ کا کام کرنا**۔ [ا۔محاورہ] نظر پہنچنا۔

**نگاہ کا مارا**۔ [ا۔مذ] عاشق۔ چاہنے والا۔

**نگاہ کج**۔ [ف۔ا۔مث] ترچھی نظر۔ غصہ کی نظر۔

**نگاہ کرم**۔ [ف۔ا۔مث] مہربانی کی نظر۔

**نگاہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) دیکھنا (۲) سوچنا۔ خیال کرنا (۳) جانچنا پرکھنا (۴) توجہ کرنا۔

**نگاہ گرم**۔ [ف۔ا۔مث] تیز نگاہ۔ غصہ کی نگاہ۔

**نگاہ لڑانا**۔ [ا۔محاورہ] آنکھیں لڑانا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا۔

**نگاہ لڑنا**۔ [ا۔محاورہ] آنکھ سے آنکھ ملنا۔ عاشق ہونا۔

**نگاہ ملانا**۔ (۱) آنکھیں چار کرنا (۲) مقابل ہونا

**نگاہ (نگاہیں) ملنا**۔ [ا۔محاورہ] نگاہیں چار ہونا۔ رُوبرُو ہونا۔ توجہ ہونا۔

**نگاہ میلی ہونا**۔ [ا۔محاورہ] کدورت آجانا۔ رنجش ہونا۔

**نگاہ (نگاہوں) میں**۔ [ا۔تابع فعل] نظر میں۔ خیال میں۔

**نگاہ میں آنا**۔ [ا۔محاورہ] جچنا۔ اندازہ ہونا۔

**نگاہ میں پھرنا**۔ [ا۔محاورہ] دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔ یاد آنا۔

**نگاہ میں جچنا**۔ [ا۔محاورہ] پسند آنا۔

**نگاہ میں خار ہونا**۔ [ا۔محاورہ] نظر کو بُرا لگنا۔ پسند نہ آنا۔

**نگاہ میں رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] خیال رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔ متوجہ رہنا۔

**نگاہ میں سُبک ہونا**۔ [ا۔محاورہ] بے وقعت اور بے قدر ہونا۔

**نگاہ میں سمانا**۔ [ا۔محاورہ] پسند ہونا۔

**نگاہ کھبنا**۔ [ا۔محاورہ] پسند ہونا۔ مرغوب ہونا

**نگاہ میں ہونا**۔ [ا۔محاورہ] دھیان میں ہونا۔ خیال رہنا۔

**نگاہ ناز**۔ [ف۔ا۔مث] ناز و انداز کی نظر۔ معشوقانہ نظر۔

**نگاہ نہ ٹھہرنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی چیز کی چمک کے باعث اس پر نظر نہ جمنا۔

**نگاہ نہ ملانا**۔ [ا۔محاورہ] متوجہ نہ ہونا۔ بے رُخی اختیار کرنا۔

**نگاہ نیچی کرنا**۔ [ا۔محاورہ] شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔

**نگاہ (نگہ) واپسیں**۔ [ف۔ا۔مث] مرتے وقت کی نگاہ جو آخری وقت ڈالی جائے۔

**نگاہوں میں باتیں کرنا**۔ [ا۔محاورہ] آنکھوں کے اشاروں سے مطلب کی بات سمجھانا۔

**نگاہوں میں تولنا**۔ [ا۔محاورہ] دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔ نگاہوں سے منشا دریافت کرنا۔

**نگاہوں میں ٹھہرنا**۔ [ا۔محاورہ] پسند آنا۔

**نگاہوں میں کہنا**۔ [ا۔محاورہ] آنکھ کے اشارہ سے دلی مدعا ظاہر کرنا۔ آنکھ کے اشارہ سے بات سمجھانا

**نگاہوں میں ہلکا ہونا**۔ [ا۔صف] حقیر ہونا۔

**نگاہیں چار ہونا**۔ [ا۔محاورہ] آمنا سامنا ہونا۔

**نگر**۔ (ن۔گر) [ہ۔ا۔مذ] شہر۔ بلدہ۔ قصبہ۔

**نگر**۔ [ف] نگریستن مصدر کا صیغہ امر جو اس کے بعد اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دست نگر۔

**نگری**۔ [ا۔مث] نگر کی اسم تصغیر۔ چھوٹی بستی۔

**نگراں**۔ (نِگ۔راں) [ف۔صف] دیکھنے والا۔ نگہبان۔ محافظ پاسبان۔

**نگرانی**۔ (نِگ۔را۔نی) [ف۔ا۔مث] (۱) دیکھ بھال (۲) حفاظت۔ انتظام۔

**نگر گھٹ**۔ (ن۔گر۔گھٹ) [ق۔صف] بے فکر۔

**نگلا**۔ (نِگ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] چھوٹی بستی۔ گاؤں کی آبادی کا ایک حصّہ۔

**نگلانا**۔ (نِگ۔لا۔نا) [اُر۔مص] نگلنا کا متعدی۔

**نگلنا**۔ (نِ۔گل۔نا) [ہ۔مص] حلق سے نیچے اُتارنا (۲) کھا نا (۳) ہضم کرنا۔

**نگم**۔ (نِ۔گم) [س۔صف] (۱) آسمانی کتاب (۲) پاک۔ مقدس (۳) عارف۔ ولی۔ صاحب دل۔

**نگند**۔ (نِ۔گند) [ہ۔ا۔مذ] (۱) ایک مصفی خون بوٹی ہے۔

**نگندنا**۔ (نِ۔گند۔نا) [ا۔مص] لحاف یا کسی روئی دار کپڑے میں ڈورے ڈالنا۔

**نگندہ**۔ (نِ۔گند۔دہ) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بخیہ (۲) رضائی یا لحاف میں ڈورے ٹانکے ڈالنا۔

**نگندے ڈالنا**۔ [ا۔محاورہ] روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔ ڈورے ڈالنا۔

**نگوڑا**۔ (نِ۔گو۔ڑا) [ہ۔صف] جس کے گھٹنے یا پاؤں نہ ہوں (۲) نکما ناکارہ (۳) منحوس۔ نامراد۔ اُجڑا ہوا۔ محتاج (۴) اکیلا۔



Marfat.com

**نگوڑا ناٹھا** - [ہ - ا - صف] (۱) لاوارث بے اولاد (۲) وہ شخص جس کے کوئی آگے پیچھے نہ ہو۔
**نگوڑی** - (ن - گو - ڑی) [ہ - صف] (۱) بیکس عورت - بدنصیب - بے وارث - نگوڑا کی تانیث۔
**نگوں** - (ن - گوں) [ف - صف] (۱) خمیدہ (۲) اوندھا - اُلٹا۔
**نگوں بخت** - [ف - صف] بدنصیب - بدقسمت۔
**نگوں سار** - [ف - صف] (۱) اوندھا (۲) شرم سے سر جھکائے ہوئے۔
**نگوں ہمت** - [ف - صف] کم حوصلہ - بزدل۔
**نگہ** - (ن - گہ) [ف - ا - مث] نگاہ کا مخفف دیکھیے مرکبات نگاہ کے ذیل ہیں۔
**نگہت** - (نگ - ہت) [ف - ا - مث] دیکھیے نکہت خوشبو - مہک۔
**نگھرا** - (ن - گھ - را) [ہ - صف] بے گھر - خانہ بدوش - بے خانماں۔
**نگھرگھٹ** - (ن - گھر - گھٹ) [ق - صف] شوخ چشم۔
**نگیائی** - (نگ - یا - ئی) [ق - صف] (۱) بے احتیاط (۲) دل کا بودا (۳) بے عقل۔
**نگیں** - (نَ - گیں) [ف - ا - مذ] نگینہ - نگ - جواہر۔
**نگینہ** - (نَ - گی - نہ) [ف - ا - مذ] نگ - جواہر - قیمتی پتھر۔
**نگینہ جڑنا** - [ا - محاورہ] زیور میں نگ نصب کرنا۔
**نگینہ ساز** - [ف - صف] جواہرات تراشنے والا۔
**نگینے کی چوڑیاں** - [ا - مث] چوڑیاں جن میں نگ جڑے ہوں۔

## ن - ل

**نَل** - [ہ - ا - مذ] (۱) موٹی نلی (۲) اندر سے کھوکھلی گول اور لمبی چیز (۳) نال (۴) بانس کا نلوا (۵) نرکل - سرکنڈا۔
**نَل کُواں** - [ا - مذ] وہ کنواں جس سے نل کے ذریعے پانی نکالا جائے۔ ٹیوب ویل۔ (Tubewell)
**نَل کھونچا** - [ا - مذ] سریش لگا کر چڑیاں پکڑنے کی بڑی سی چھڑ۔
**نَلا** - (نَ - لا) [ہ - ا - مذ] (۱) پیشاب کی نالی (۲) ناف کی مانند ایک پٹھا (۳) پاؤں کی ہڈی (۴) [ق] نل۔
**نَلا ٹل جانا** - [ا - محاورہ] نلے کا اپنی جگہ سے سرک جانا
**نلانا** - (نَ - لا - نا) [ا - مص] کھیت سے گھاس پھونس صاف کرنا۔
**نلاہٹ** - (ن - لا - ہٹ) [ہ - صف] نیلاپن - نیلی رنگت۔
**نلائی** - (ن - لا - ائی) [ہ - ا - مث] کھیت نلانے کی اُجرت (۲) نلانے کا کام
**نلیڈا - نلڑا** - (نَل - ڈا - نَل - ڑا) [ق - ا - مذ] حلقوم۔
**نلجا** - [ہ - صف] بے حیا - بے شرم - بے غیرت۔
**نلکا** - [ا - صف] چھوٹا نل - ہینڈ پمپ
**نلوا** - (نَل - وا) [ہ - ا - مذ] (۱) نل کی تصغیر (۲) چھوٹا سا نل (۳) کاغذ وغیرہ رکھنے کیلیے ٹین یا دھات کا نَل۔
**نلوانا** - (نَل - وا - نا) [ہ - مص] گھاس پھونس سے کھیت کی صفائی کرانا۔
**نلوائی** - (نَل - وا - ائی) [ہ - ا - مث] نلوانے کی اُجرت۔
**نلوہ** - (ن - لوہ) [ہ - صف] (۱) بے لوث - خالص - صاف (۲) کھرے کھرے (۳) مفت میں نرا نفع (۴) بے مشقت (۵) وہ کام جو بے اعانت اور بلا شرکت غیرے کیا جائے (۶) وہ روپیہ جو بلا محنت مل جائے۔
**نلوہ الگ ہو جانا** - [ا - محاورہ] کورا بچ جانا - بغیر کسی گزند کے بچ کر نکل جانا
**نلوہ چلا جانا** - [ا - محاورہ] صاف چلا جانا - بے لاگ چلا جانا۔
**نلی** - (نَ - لی) [ہ - ا - مث] نَے - نال - پنڈلی کی ہڈی (۲) جولاہے کی نالی (۳) بندوق کی نالی (۴) نرکل جو اندر سے خالی ہو۔
**نلیا** - (نَل - یا) [ہ - ا - مذ] (۱) چڑی مار - صیاد (۲) [ہ - ا - مث] نال کی تصغیر - چھوٹی نلی - چھوٹی نال۔

## ن - م

**نَم** - [ف - صف] (۱) گیلاپن - رطوبت - سیل - تری (۲) تر - گیلا - مرطوب (۳) طراوت۔
**نم خوردہ (دیدہ - رسیدہ)** [ف - صف] سیلا ہُوا - مرطوب۔
**نم گیر** - [ف - صف] نمی جذب کر لینے والا۔
**نم گیرہ** - [ف - صف] وہ کپڑا جو اوس کی نمی جذب کر لینے کیلیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح ڈالدیتے ہیں - شامیانہ - سائبان۔
**نم ناک** - [ف - صف] تر - گیلا - بھیگا ہوا - مرطوب۔
**نُم** - [ق - ا - مث] ندی - نہر۔
**نُما** - (نُ - ما) [ف - صف] دکھانے والا - ظاہر کرنے والا (۲) مرکبات میں لاحقے کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے قبلہ نما۔
**نماز** - (نَ - ماز) [ف - ا - مث] بندگی - پرستش (۲) نیاز - عاجزی انکسار (۳) اہل اسلام کی عبادت۔
**نماز آنا** - [ا - محاورہ] نماز کی ترکیب معلوم ہونا - نماز پڑھنے کا سلیقہ ہونا۔
**نماز ادا ہونا** - [ا - محاورہ] نماز پڑھا جانا - وقت مقررہ پر نماز کا پڑھا جانا۔
**نماز استسقاء** - [ع - ف - ا - مث] وہ نماز جس میں بارش کے واسطے دُعا کی جاتی ہے۔
**نماز باجماعت** - [ف - ع - ا - مث] جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جانا۔
**نماز پر کھڑا ہونا** - [ا - محاورہ] (۱) مقتدی کا نماز پڑھنا شروع کرنا (۲) نماز ادا کرنے کے واسطے کھڑا ہونا۔



Marfat.com

**نمازِ پنج گانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) پانچوں وقت کی نماز۔
**نمازِ پیشیں** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ظہر کی نماز۔
**نماز جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نماز کا قضا ہونا ۔ بروقت نماز ادا نہ کر سکنا۔
**نمازِ جنازہ** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو مُردے کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھتے ہیں۔
**نمازِ چاشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) طلوعِ آفتاب کے کچھ دیر بعد جو نماز پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ خسُوف** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) وہ نماز جو چاند گرہن کے وقت پڑھتے ہیں۔
**نمازِ شام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مغرب کی نماز جو آفتاب غروب ہونے پر پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ شکر** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) شکرانے کی نماز۔
**نمازِ ظہر** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو دوپہر ڈھلے پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ عصر** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) تیسرے پہر کی نماز جو غروبِ آفتاب سے کچھ دیر پہلے پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ عشاء** ۔ (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو مغرب کے بعد پڑھی جاتی ہے ۔ رات کی نماز۔
**نمازِ عید** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو عید کے دن عید گاہ میں ادا کی جاتی ہے۔
**نمازِ فجر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) صبح کی نماز جو سُورج طلوع ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ قصر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ مختصر نماز جو حالتِ سفر میں کم کر کے پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ قضا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو وقت پر نہ پڑھی جا سکی ہو اور بعد میں قضا کر کے پڑھی جائے۔
**نمازِ قضا کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وقتِ معینہ پر نماز نہ پڑھنا۔
**نمازِ کسُوف** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو سُورج گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے۔
**نماز کو چھڑانے گئے روزے گلے پڑے** ۔ (ا ۔ مثل) ایک کام سے پیچھا چھڑانے کی کوشش میں دوسری مہم ذمے پڑ گئی۔
**نماز گزار** ۔ (ف ۔ صف) نماز ادا کرنے والا (۲) پابند نماز۔
**نمازِ وتر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) عشاء کی نماز میں جو تین رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔
**نمازِ وحشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ نماز جو کسی شخص کی موت کے بعد پہلی رات کو پڑھی جاتی ہے۔
**نمازی** ۔ (نَ ۔ ما ۔ زی) (ف ۔ صف) نماز پڑھنے والا ۔ نماز کا پابند۔
**نمازی کا لنگا** ۔ (ا ۔ مذ) بدی کا بدلہ ۔ فعلِ بد کی سزا ۔ وہ بات جس کی سزا کسی نہ کسی موقعہ پر مل کر رہے۔
**نمازی کپڑے** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پاک لباس ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھی جا سکے۔

**نُماشام** ۔ (نُ ۔ ما ۔ شام) (ق) سرِ شام۔
**نَمام** ۔ (نَم ۔ مام) (ع ۔ صف) چغل خور ۔ اِدھر کی اُدھر کہنے والا ۔ لُترا
**نمانا** ۔ (نَ ۔ ما ۔ نا) (ق ۔ صف) جُھکانا (۲) (صف) مسکین ۔ عاجز ۔ سادہ۔
**نمائش** ۔ (نُ ۔ ما ۔ اِش) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) دکھاوا ۔ نمود (۲) ظہور (۳) زرعی پیداوار، مصنوعات یا دوسری مفید اور دلچسپ چیزوں کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا یا فروخت کرنا۔
**نمائش گاہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ مقام جہاں نمائش منعقد ہو۔
**نمائشی** ۔ (نُ ۔ ما ۔ اِ ۔ شی) (ف ۔ صف) دکھاوے کا ۔ ظاہر میں اچھا۔
**نمائندگی** ۔ (نُ ۔ ما ۔ اِند ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) قائم مقامی ۔ کسی کی جگہ پر موجود ہونا ۔ کسی تقریب میں کسی ملک ، نظریہ ، جماعت یا گروہ کے ترجمان کی حیثیت سے شریک ہونا۔
**نمائندہ** ۔ (نُ ۔ ما ۔ اِنَ ۔ دہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) دکھانے والا (۲) قائم مقام ترجمان (جمع : نمائندگان)۔
**نمائی** ۔ (نُ ۔ ما ۔ اِی) (ف ۔ ا ۔ مث) اظہار ۔ ظہور ۔ اعلان ۔ اشاعت ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خوشنمائی ۔ خود نمائی۔
**نمایاں** ۔ (نُ ۔ ما ۔ یاں) (ف ۔ صف) (۱) ظاہر ۔ عیاں ۔ علانیہ ۔ آشکارا (۲) مشہور ۔ نامور (۳) نکلا ہوا ۔ اُبھرا ہوا۔
**نمبر** ۔ (Number) (نَم ۔ بَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) تعداد (۲) درجہ (۳) باری ۔ نوبت۔
**نمبر بڑھ جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) سبقت لے جانا۔
**نمبر چھیننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ایک کا دوسرے پر سبقت لے جانا۔
**نمبردار** ۔ (ا ۔ صف) وہ شخص جو کسی گاؤں یا اس کے کسی حصہ کی سرکاری مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کراتا ہے۔
**نمبر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) امتحان میں ممتحن کا مفروضہ نمبروں میں سے نمبر دینا پرکھنا ۔ معیار مقرر کرنا۔
**نمبر ڈالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نمبر کے لیے نشان ڈالنا۔
**نمبر لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ترتیب سے نمبر کے نشان ڈالنا۔
**نمبری** ۔ (نَم ۔ بَ ۔ ری) (انگ ۔ صف) (۱) نمبر سے نسبت رکھنے والا (۲) مشہور ۔ بدنام ۔ جیسے نمبری بدمعاش۔
**نمبری نالش** ۔ (ا ۔ مث) باقاعدہ نالش ۔ عدالت حال کی نالش۔
**نمٹانا** ۔ (نِم ۔ ٹا ۔ نا) (ا ۔ مص) (۱) نمٹنا ۔ چکانا ۔ بے باق کرنا ۔ (۲) ختم کر دینا۔
**نمٹا ہوا** ۔ (ا ۔ صف) (۱) نمٹتا ہوا (۲) تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ ۔ سیانا۔
**نمٹنا** ۔ (نِ ۔ مَٹ ۔ نا) (ا ۔ مص) نمٹنا ۔ چکانا ۔ بے باق کرنا ۔ فارغ ہونا ۔ ختم کرنا۔
**نمد** ۔ (نَ ۔ مد) (ف ۔ ا ۔ مذ) نمدا ۔ اُون یا پشم کا بستر ۔ ملائم بالوں کا بستر۔
**نمد پوش** ۔ (ف ۔ صف) کمل پوش ۔ وہ شخص جو پوستین یا بُوٹا کا لباس



Marfat.com

پہنے ہو۔ درویش۔ فقیر۔
**نمد پوشی**۔ [ف۔ ا۔ مث] کمبل اوڑھنا۔
**نمد زین**۔ [ف۔ ا۔ مذ] وہ نمدہ جو گھوڑے کی پشت پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔
**نمدا۔ نمدہ**۔ (نم۔ دا) (نم۔ دَہ) [اُر۔ ا۔ مذ] (۱) وہ کپڑا جو اُون کو جما کر بناتے ہیں (۲) وہ اُونی کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔
**نمدہ بندھ جانا**۔ [ا۔ محاورہ] دیوالہ نکل جانا۔ مفلس ہو جانا۔
**نمدہ بندھوا دینا**۔ [ا۔ محاورہ] قلاش اور مفلس کر دینا۔ سزا دینا دیوالہ نکال دینا۔
**نمرود**۔ [ع۔ ا۔ مذ] وہ بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈلوایا تھا۔ اور آگ اللہ کے حکم سے ٹھنڈی ہو گئی تھی۔
**نمستے**۔ (نَ۔ مَس۔ تے) [ہ۔ ا۔ مذ] بندگی۔ آداب۔ تسلیم۔
**نمسکار**۔ (نَ۔ مَس۔ کار) [س۔ ا۔ مث] آداب۔ تسلیم۔ بندگی۔
**نمسکار کرنا**۔ سلام کرنا۔ آداب کرنا۔ ہاتھ جوڑ کر تعظیم کرنا۔
**نمش**۔ (نَ۔ مَش) [اُر۔ ا۔ مث] دُودھ کی جھاگ جس میں مصری ملا کر کھاتے ہیں۔
**نمط**۔ [ع۔ ا۔ مذ] ڈھنگ۔ وضع قطع۔ مثل۔ مانند۔ روش۔
**نمک**۔ (نَ۔ مَک) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) لُون (۲) کھاری پن (۳) سانولہ پن (۴) ملاحت (۵) روزی۔ روزینہ۔ تنخواہ (۶) سلونی چیز کا ذائقہ (۷) شوخیٔ کلام کا لطف۔
**نمک افشاں**۔ [ف۔ صف] نمک چھڑکنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ دُکھ پہنچانے والا۔
**نمک آلودہ**۔ [ف۔ صف] وہ چیز جس کو نمک میں لتھڑا گیا ہو۔
**نمک بر جراحت ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] زخم پر نمک چھڑکنا۔ زیادہ اذیت پہنچانا۔
**نمک بند**۔ [ف۔ صف] وہ زخم جس میں نمک بھر کر بند کر دیں۔
**نمک پاش**۔ [ف۔ صف] نمک چھڑکنے والا۔ دُکھ دینے والا۔ تکلیف میں زیادتی کرنے والا۔
**نمک پاشی کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) نمک چھڑکنا (۲) ستانا۔ زیادہ تکلیف دینا۔
**نمک پروردہ**۔ [ف۔ صف] خانہ زاد۔ نمک خوار۔ ملازم۔ خادم۔
**نمک پلکوں سے چننا**۔ [ا۔ محاورہ] عورتوں کا خیال ہے کہ جتنا نمک بے فائدہ گرایا جاتا ہے وہ سارا قیامت کو پلکوں سے اُٹھانا پڑے گا۔
**نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا**۔ [ا۔ محاورہ] نمک حرامی کی سزا ملنا۔
**نمک چشی**۔ [ا۔ مث] (۱) نمک چکھنا (۲) پہلے پہل بچے کو نمک چکھانے کی رسم۔

**نمک چکھنا**۔ [ا۔ محاورہ] کھانے کو اس غرض سے چکھنا کہ نمک کی کمی بیشی کا پتہ چل جائے۔
**نمک چھڑکنا**۔ [ا۔ محاورہ] ستانا۔ تکلیف میں اضافہ کرنا۔
**نمک حرام**۔ [ف۔ ع۔ صف] ناشکرا۔ وہ ملازم جو اپنے آقا کا بدخواہ ہو۔
**نمک حرامی**۔ [ع۔ ف۔ ا۔ مث] ناشکری۔ آقا سے بے وفائی۔
**نمک حلال**۔ [ع۔ صف] احسان مند۔ شکر گزار۔ حق شناس۔ اپنے آقا کا خیرخواہ۔
**نمک حلالی**۔ [ع۔ ا۔ مث] خیرخواہی۔ شکرگزاری۔ حق شناسی۔
**نمک حلالی کرنا**۔ [ا۔ مص مرکب] اپنے مالک کی خیرخواہی اور ہمدردی کرنا۔
**نمک خوار**۔ [ف۔ صف] خادم۔ ملازم۔ گھر میں پرورش کیا ہوا۔
**نمک خوردن و نمکدان شکستن**۔ [ف۔ مثل] محسن کشی کرنا۔ احسان فراموش اور ناشکر گذار ہونا۔
**نمکدان۔ نمکدانی**۔ [ف۔ ا۔ مذ۔ مث] نمک رکھنے کا برتن۔
**نمک زار۔ نمک سار**۔ [ف۔ ا۔ مذ] نمک پیدا ہونے والی جگہ۔ نمک کی کان۔
**نمک زہر کر دینا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت سا نمک ڈال دینا۔
**نمک زہر ہو جانا**۔ [ا۔ محاورہ] کھانے میں نمک بہت زیادہ پڑ جانا۔
**نمک سنگ**۔ [ف۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا نمک
**نمک تیز ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] کھانے میں نمک تیز ہونا۔
**نمک کا اثر**۔ [ا۔ مذ] وہ اثر جو کسی کی دی ہوئی روزی کھانے سے ہو۔
**نمک کا پاس**۔ [ا۔ مذ] کسی کی دی ہوئی روزی کھانے کا لحاظ۔
**نمک کا حق ادا کرنا**۔ [ا۔ محاورہ] وفاداری کرنا۔ نمک حلالی کرنا۔ مالک کی خیرخواہی کرنا۔
**نمک کا سہارا**۔ [ا۔ مذ] تھوڑا سا سہارا۔ رزق کا تھوڑا آسرا۔
**نمک کھانا**۔ [ا۔ محاورہ] کسی کی نوکری کرنا۔ کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا
**نمک کی قسم**۔ [ا۔ مث] وفاداری ظاہر کرنے کو نمک کی قسم کھاتے ہیں۔
**نمک کی کنکری کا سہارا**۔ [ا۔ مذ] تھوڑے سے رزق کا آسرا۔ تھوڑا سا سہارا۔
**نمک کی کنکری حرام ہونا**۔ [ا۔ محاورہ] بالکل فاقہ سے ہونا۔
**نمک کی مار پڑنا**۔ [ا۔ محاورہ] نمک حرامی کی سزا ملنا۔
**نمک مرچ چھڑکنا**۔ [ا۔ محاورہ] بہت دکھ دینا۔ کمال ایذا دینا۔
**نمک مرچ لگانا**۔ [ا۔ محاورہ] (۱) مسالے دار بنانا۔ خوش ذائقہ بنانا (۲) مبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر بیان کرنا (۳) بھڑکانا۔ اُکسانا۔
**نمکولی**۔ (نم۔ کو۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] نیم کے درخت کا پھل۔ نبولی۔
**نمکین**۔ (نم۔ کین) [ف۔ صف] (۱) سلونا۔ نمک دار (۲) سانولا۔ گندمی



Marfat.com

رنگ (۳) کھاری ۔
نمکینی ۔ (نَم ۔ کی ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مث] سلونا پن ۔ ملاحت ۔
نمل ۔ نملہ ۔ (نَم ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مث] چیونٹی ۔ جمع ۔ نمال ۔
نمن ۔ (نَ ۔ مَن) [ق] مانند ۔
نمو ۔ (نُ ۔ مُو) [ع ۔ ا ۔ مث] بالیدگی ۔ روئیدگی ۔ بڑھنے پھولنے کی قوت ۔
نمود ۔ (نُ ۔ مُود) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) علامت ۔ نشان (۲) رونق ۔ (۳) ظاہری خوبی (۴) ظاہر ہونا (۵) نمائش ۔ بھڑک ۔ دُھوم دھام (۶) ظہور ۔ بالیدگی (۷) شان و شوکت ۔ کروفر (۸) نظارہ ۔ درشن (۹) دیدار ۔ جلوہ ۔ تجلی (۱۰) شہرت ۔ ناموری ۔ (۱۱) صُورت ۔ ہیئت ۔
نمودِ بے بُود ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] ناپائیدار دکھاوا ۔
نمود کرنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ظاہرداری کرنا (۲) دھوم دھام کرنا ۔ نمائش کرنا ۔ ایسی بات کرنا جس سے لوگوں میں شہرت ہو ۔ شہرت حاصل کرنا ۔
نمود کھونا ۔ [ا ۔ محاورہ] غرور توڑنا ۔ شیخی کرکری کرنا ۔ عزت گنوانا ۔
نمود ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) دکھائی دینا ۔ اُبھرنا (۲) وجود ہونا ۔ (۳) شہرت ہونا ۔ نام ہونا (۴) آثار قائم رہنا ۔ علامت یا نشان موجود ہونا (۵) نمائش ہونا ۔ دھوم دھام ہونا (۶) چمکنا ۔ عزت ہونا ۔
نمودار ۔ (نُ ۔ مُو ۔ دار) [ف ۔ صف] عیاں ۔ ظاہر ۔ آشکار ۔
نمودار ہونا ۔ [ا ۔ مص مرکب] نکلنا ۔ ظاہر ہونا ۔
نموداری ۔ (نُ ۔ مُو ۔ دا ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مث] سرداری ۔ سربراہی ۔
نمودی ۔ (نُ ۔ مُو ۔ دی) [اُر ۔ صف] (۱) نمود والا ۔ نامی گرامی (۲) ظاہری ٹھاٹھ کا دلدادہ ۔
نمودیا ۔ (نُ ۔ مُو ۔ دِیا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] دولت کی شان دکھانے والا ۔ دکھاوا کرنے والا ۔ شیخی خورا ۔
نمونہ ۔ (نُ ۔ مُو ۔ نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) وہ چیز جو دکھانے کے لیے آئے (۲) نظیر ۔ مثل ۔ تمثیل (۳) نقشہ ۔ نقل ۔ قالب ۔ سانچہ ۔ ڈول ۔ قطع ۔ اُردو میں بفتح اول
نمونیا ۔ (نَ ۔ مُو ۔ نِ ۔ یا) (Pneumonia) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ذات الجنب ۔ وہ مرض جس سے پھیپھڑے خراب ہو جاتے ہیں ۔
نموہا ۔ (نِ ۔ مُو ۔ ہا) [ہ ۔ صف] (۱) کم گو ۔ کم سخن ۔ چُپ چاپ ۔ خاموش ۔ (۲) غریب ۔ مسکین ۔
نموہی ۔ (نِ ۔ مُو ۔ ہی) [ہ ۔ صف] نموہا کی تانیث ۔ کم بولنے والی ۔
نمی ۔ (نَ ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) نم (۲) تری ۔ گیلا پن ۔ رطوبت ۔
نمیقہ ۔ (نَ ۔ می ۔ قَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] خط ۔ نوشتہ ۔ تحریر ۔ جمع ۔ نمائق ۔

# ن - ن

نن ۔ (Nun) [انگ ۔ ا ۔ مث] دنیا چھوڑ دینے والی عورت ۔ راہبہ ۔ وہ عورت جو اپنی زندگی عبادت و ریاضت کے لیے وقف کر دیتی ہے ۔
ننا ۔ (نَن ۔ نا) [اُر ۔ صف] (۱) چھوٹا ۔ ٹھگنا (۲) بچہ ۔ ناسمجھ ۔
ننا کاتنا ۔ [ا ۔ محاورہ] باریک سُوت کاتنا (۲) بے حد کفایت چاہنا (۳) تنگدل اور کنجوس ہونا ۔
ننا مُنا ۔ [ا ۔ صف] بہت چھوٹا ۔
ننانوے ۔ (نِن ۔ نان ۔ وے) [ہ ۔ صف] ایک کم سو ۔ ۹۹ ۔
ننانوے کا پھیر ۔ [ا ۔ مذ] دولت جمع کرنے کا لالچ ۔ دولت بڑھانے کی فکر ۔
ننانوے کے پھیر میں پڑنا ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) روپیہ جمع کرنے کی فکر میں پڑنا (۲) لالچ میں پھنسنا ۔
نناوال ۔ (نِ ۔ نا ۔ وال) [ہ ۔ صف] (۱) وہ جس کا نام لینا منحوس ہو (۲) ہیضہ (۳) منہ کا چھالا ۔
نن پن ۔ (نَن ۔ پَن) [ق ۔ صف] ننھا پن ۔
نند ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] خاوند کی بہن ۔
نندا ۔ (نِن ۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) الزام ۔ قصور (۲) تنبیہ (۳) گالی ۔ دشنام ۔ (۴) بے عزتی (۵) نفرت ۔ حقارت ۔
نندا سا ۔ (نِن ۔ دا ۔ سا) [ہ ۔ صف] نیند میں بھرا ہوا ۔ خواب آلودہ
نندوسی ۔ نندوئی ۔ (نَن ۔ دُو ۔ سی) (نَن ۔ دُو ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] نند کا خاوند ۔
نندولا ۔ (نَن ۔ دو ۔ لا) [ا ۔ مذ] نانڈ کی تصغیر ۔ چھوٹی ناند ۔
نندیا ۔ (نِند ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مث] نیند کی تصغیر ۔ خواب ۔
ننگ ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) لحاظ ۔ شرم ۔ حیا (۲) ذلت ۔ بدنامی ۔
ننگِ آدم ۔ [ف ۔ صف] بنی نوع انسان کے لیے باعثِ شرم ۔
ننگ آنا ۔ [ا ۔ محاورہ] شرم آنا ۔ غیرت آنا ۔
ننگِ خاندان ۔ [ف ۔ صف] خاندان کو بدنام کرنے والا ۔
ننگِ خلائق ۔ [ف ۔ صف] خلقت کی ذلت کا باعث ۔
ننگ و نام ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] عزت اور شہرت ۔
ننگ و ناموس ۔ [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) لحاظ و شرم ۔ عزت و آبرو ۔
ننگ و ناموس کو خیر باد کہنا ۔ [ا ۔ محاورہ] عزت کھو دینا ۔
ننگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا ۔ [ا ۔ محاورہ] عزت میں فرق ڈالنا ۔ بے عزت کرنا ۔
ننگ ہونا ۔ [ا ۔ محاورہ] عار ہونا ۔ غیرت ہونا ۔
ننگ ۔ [ا ۔ صف] (۱) ننگا ۔ برہنہ ۔ عریاں (۲) لچا ۔ شہدا ۔ بیحیا ۔ بے عزت ۔ (۳) قلاش ۔ نہایت مفلس ۔
ننگ دھڑنگ ۔ [ا ۔ صف] (۱) بالکل ننگا (۲) مفلس ۔ قلاش ۔



Marfat.com

**ننگا**۔ (ا۔ صف) (۱) برہنہ۔ عریاں (۲) بے حیا۔ بے شرم۔ بے عزت (۳) لچا۔ شہدا (۴) مفلس۔ قلّاش۔
**ننگا لُچا**۔ (ا۔ محاورہ) مفلس۔ قلّاش۔
**ننگا بُوچا سب سے اُونچا**۔ (ا۔ مثل) مجرّد اور بے سرمایہ بالکل بے فکر ہوتا ہے۔
**ننگا بھُوکا**۔ (ا۔ صف) جس کے پاس نہ پہننے کو کپڑا ہو نہ کھانے کو روٹی۔
**ننگا جھُوری**۔ (ا۔ صف) بالکل ننگا کر کے تلاشی لینا۔
**ننگا دھڑنگا**۔ (ا۔ صف) بالکل ننگا۔ عریاں۔ برہنہ۔
**ننگا ساٹھ روپے کمائے تیس پیسے کھائے**۔ (ا۔ مثل) جس کے بیوی بچے نہ ہوں۔ بہت کم خرچ کرتا ہے۔
**ننگا سب سے چنگا**۔ (ا۔ مثل) بے حیا کو کسی کا لحاظ نہیں ہوتا۔
**ننگا کر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کپڑے اُتار لینا۔ برہنہ کر دینا (۲) لوٹ لینا (۳) زیور اتار لینا (۴) کچھ نہ چھوڑنا۔
**ننگا کھڑا اُجاڑ میں ہے کوئی کپڑے لے**۔ (ا۔ مثل) غریب اور مفلس سے کسی نے کیا لینا ہے۔
**ننگا کھُلا**۔ (ا۔ صف) بالکل ننگا۔
**ننگا لُچا**۔ (ا۔ صف) مفلس بدمعاش۔
**ننگا مادر زاد**۔ (ا۔ صف) ایسا ننگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔
**ننگوں کو بھُوکوں نے لوٹ لیا**۔ (ا۔ مثل) بدمعاشوں سے بدمعاشوں کے ساتھ بدسلوکی کی۔
**ننگوں کی بستی**۔ (ا۔ مث) وہ مقام جہاں کوئی قاعدہ قانون نہ ہو
**ننگے پاؤں ننگے سر**۔ (ا۔ مثل) حیران پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ مصیبت زدہ۔
**ننگے پاؤں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) غصے میں آنا۔
**ننگانا**۔ (نَن۔گا۔نا) (مص۔ق) خوب لوٹنا۔
**ننگائی**۔ (نَن۔گا۔ئی) (ہ۔ا۔ مث) عریانی۔ ننگاپن۔
**ننگی**۔ (نَن۔گی) (ہ۔ صف) (۱) ننگا کی تانیث (۲) بغیر زیور کی۔ جس کے پاس زیور نہ ہو۔ برہنہ۔
**ننگی تلوار**۔ (ا۔ مث) (۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار (۲) صاف گو آدمی (۳) بے خوف۔
**ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی**۔ (ا۔ مثل) مفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا۔ بے سرمایہ کی کچھ حقیقت نہیں۔
**ننگی ناچنا**۔ (ا۔ محاورہ) عورت ہو کر لچاپن کرنا۔
**ننگیانہ**۔ (ا۔ مص) چھین لینا۔ ہڑپ کر جانا۔
**ننھا**۔ (نَن۔ھا) (ہ۔ صف) (۱) چھوٹا سا (۲) نادان۔ ناسمجھ (۳) لاڈلا۔ پیارا (۴) چھوٹا بچہ۔
**ننھا بننا**۔ (ا۔ محاورہ) جان بوجھ کر نادان یا ناواقف بننا۔ انجان بننا۔
**ننھا بھولا**۔ (ا۔ صف) نادان۔ کم عقل۔
**ننھا سا جھونڑا**۔ (ا۔ صف) چھوٹا بچہ۔
**ننھا سا کلیجہ**۔ (ا۔ مذ) چھوٹا سا کلیجہ۔ بچے کا کلیجہ۔
**ننھا سا منہ گز بھر کی زُبان**۔ (ا۔ مثل) چھوٹی حیثیت مگر بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔
**ننھا مُنا**۔ (ا۔ صف) بہت چھوٹا سا۔
**ننھیال۔ ننہال**۔ (ننھ۔یال) (نَ۔ن۔ہال) (ہ۔ا۔ مث) نانا کا گھر۔ نانا کا خاندان۔
**ننھی**۔ (نَن۔ھی) (ہ۔ صف) ننھا کی تانیث۔ چھوٹی بچی۔ چھوٹی عورت۔
**ننھی کا**۔ (ا۔ مذ) (۱) ننھی عورت کا جنا ہوا (۲) بیوقوف۔ احمق۔ نادان بھولا بھالا۔ سادہ۔
**ننھیا۔ نَنیا**۔ (نِ۔ھ۔یا) (نَن۔یا) (ہ۔ صف) نانا کا۔ نانا یا نانی سے متعلق۔
**ننھیا (ننیا) ساس**۔ (ا۔ مث) زوجہ یا شوہر کی نانی۔
**ننھیا (ننیا) سُسر**۔ (ا۔ مذ) زوجہ یا شوہر کا نانا۔
**ننیانا**۔ (نَن۔یا۔نا) (ا۔ مص) منت کرنا۔ عاجزی کرنا۔

# ن۔و

**نو**۔ (ہ۔ صف) (۱) آٹھ اور ایک۔ ایک کم دس ۹۔
**نواں**۔ (ا۔ عدد) ترتیب میں آٹھ کے بعد کا درجہ۔
**نوتری**۔ (ہ۔ا۔ مث) ایک قسم کا جوا جو پانسوں سے کھیلا جاتا ہے۔
**نو تیرہ بائیس بتا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔
**نو رتن**۔ (ا) (۱) نو جواہرات۔ موتی۔ ہیرا۔ زمرد۔ لعل۔ نیلم۔ پکھراج۔ مونگا۔ لاجورد اور یاقوت (۲) قابل آدمیوں کی کونسل۔ اکبر اور بکرماجیت کے نو رتن مشہور ہیں (۳) ایک قسم کا زیور جو بازوؤں پہ پہنا جاتا ہے۔ (۴) ایک خاص قسم کی چٹنی۔
**نو سو**۔ (ا۔ عددی مرکب) (۱) نو سیکڑے (۲) بہت۔ بہت سے۔ بے انتہا۔
**نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی**۔ (ا۔ مثل) بہت سے گناہ کر کے تائب ہونے کی کوشش کرنا۔
**نوگٹی**۔ (ا۔ مث) ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر ۹ ٹھیکریوں یا کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔
**نوگرہ**۔ (ا۔ مذ) زائچہ میں نو سیاروں کی گردش، اُن کا اثر اور نام
**نوگرہی**۔ (ا۔ مث) ہاتھوں کا ایک زیور۔ پہنچی جس میں لونگ یا جواہرات جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ نوگری۔
**نولکھا**۔ (ا۔ صف) نو لاکھ کا۔ نہایت قیمتی۔



Marfat.com

**نولکھا ہار** ۔ (ا-مذ) نو لاکھ روپے کا ہار۔ نہایت قیمتی اور بڑھیا ہار۔
**نو ماسہ** ۔ (ا-مذ) ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے منائی جاتی ہے۔
**نو نقد نہ تیرہ اُدھار** ۔ (ا-مثل) قرض کے تیرہ سے نقد نو اچھے جو سردست مل جائے وہ بہتر ہے۔
**نونگا** ۔ (ہ-ا-مذ) بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں۔
**نو نیزے پانی چڑھنا** ۔ (ا-محاورہ) لڑائی جھگڑے میں طوالت ہونا۔
**نو** ۔ (ف-صف) نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔
**نو آباد** ۔ (ف-صف) (۱) حال ہی میں بسایا ہوا۔ تازہ آباد کیا ہوا (۲) وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔
**نو آبادکار** ۔ (ف-صف) کسی نئی آباد جگہ پر نیا نیا آباد ہونے والا۔
**نو آبادی** ۔ (ف-ا-مث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ۔ کالونی۔
**نو آبادیات** ۔ (ف-ا-مث) نو آبادی کی جمع۔ مقبوضات۔
**نو آموز** ۔ (ف-صف) (۱) جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو (۲) ناتجربہ کار۔ مبتدی۔
**نو ایجاد** ۔ (ف-صف) نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال میں ایجاد کیا ہوا۔
**نو بادہ** ۔ (ف-ا-مذ) ہر نئی اور تازہ چیز خصوصاً میوہ (۲) نیا پودا
**نو بردہ** ۔ (ف-ا-مذ) نیا خریدا ہوا غلام۔
**نو بہ نو** ۔ (ف-تابع فعل) تازہ بتازہ۔ نیا نیا۔
**نو بہار** ۔ (ف-صف) (۱) موسم بہار کا شروع (۲) موسم بہار (۳) وہ چیز جس پر نئی رونق ہو۔
**نو توڑ** ۔ (ف-ہ-ا-مث) وہ زمین جو حال ہی میں قابل کاشت بنائی گئی ہو۔ (غلط ترکیب)۔
**نوجوان** ۔ (ف-صف) جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو۔ نوخیز نوعمر۔ گبھرو۔
**نوجوانی** ۔ (ف-ا-مث) شباب۔ جوانی۔ بلوغ۔
**نوچندی** (۱) نئے چاند سے منسوب۔ نئے چاند کی پہلی جمعرات۔
**نوخاستہ** ۔ (ف-صف) نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا (۳) ناتجربہ کار۔
**نوخط** ۔ (ف-ع-صف) وہ نوجوان جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں۔ سبزہ آغاز۔
**نوخیز** ۔ (ف-صف) نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا (۳) ناتجربہ کار۔
**نوخیزی** ۔ (ف-ا-مث) کسی چیز کا پھوٹنا یا اُگنا۔
**نودولت (دولت دار)** ۔ (ف-صف) وہ شخص جسے مفلسی کے بعد دولت ملی ہو جو خاندانی طور پر دولت مند نہ ہو۔ اوچھا۔ دولت پر گھمنڈ کرنے والا۔
**نورس** ۔ (ف-صف) (۱) نیا پہنچا ہوا (۲) نیا۔ تازہ (میوہ) (۳) نوخیز۔ نوجوان۔
**نوروز** ۔ (ف-ا-مذ) (۱) سال کا پہلا دن۔ ایرانیوں کا قومی جشن
**نوشاہ۔ نوشہ** ۔ (ف-ا-مذ) (۱) دولھا (۲) نوجوان بادشاہ۔

مرزا غالب کا لقب۔
**نوعروسانِ چمن** ۔ (ف-ا-مذ) تازہ کلیاں۔ تازے پھول۔
**نوعمر** ۔ (ف-ا-مذ) خُردسال۔ کم سن۔
**نوعمری** ۔ (ف-ا-مث) کم سنی۔ بچپن۔
**نوگرفتار** ۔ (ف-صف) تازہ گرفتار۔ نیا پکڑا ہوا (۲) ناتربیت یافتہ (۳) نیا عاشق۔
**نومسلم** ۔ (ف-صف) وہ شخص جو حال ہی میں مسلمان ہوا ہو۔
**نومشق** ۔ (ف-صف) نا آموز۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔
**نونہال** ۔ (ف-ا-مذ) نیا درخت (۲) کم عمر بچہ۔
**نووارد** ۔ (ف-صف) اجنبی۔ مسافر۔ تازہ وارد۔
**نوا** ۔ (نَ-وا) (ف-ا-مث) آواز۔ صدا (۲) کوک۔ چہچہا (۳) سُر۔ راگ۔ نغمہ (۴) موسیقی کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام (۵) سازوسامان۔ توشہ (۶) روزی۔ خوراک (۷) تونگری۔ خوش حال۔
**نواپرداز۔ زن۔ ساز۔ سنج۔ گر** ۔ (ف-صف) مطرب گویّا۔ گانے والا۔
**نوا را تلخ ترمی زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی** ۔ (ف-مثل) جب راگ کا لطف کم ہو تا دیکھو تو آواز میں اور اثر پیدا کرو۔
**نوا** ۔ (نَ-وا) (ق-صف) نیا۔
**نوا** ۔ (نو-وا) (ہ-ا-مذ) نائی۔
**نواب** ۔ (نَو-واب) (ع-ا-مذ) (۱) نیابت کرنے والا۔ کسی شہر یا علاقے کا حاکم۔ سردار۔ صوبہ دار۔ ناظم۔ عہد مغلیہ کا ایک خطاب۔
**نواب بننا** ۔ (ا-محاورہ) نواب کا خطاب ملنا (۲) کسی علاقے کا حاکم ہو جانا مغرور ہو جانا۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔
**نوابِ بے ملک** ۔ (ا-مذ) وہ جو امیری کی شیخی مارے اور پاس کچھ نہ ہو۔
**نواب زادہ۔ نواب زادی** ۔ (ف-ا-مذ-مث) نواب کی اولاد بیٹا اور بیٹی۔
**نوابی** ۔ (نو-وابی) (ع-ا-مث) نواب ہونے کی حالت۔ نواب پن۔ (۲) قائم مقامی۔ نظامت (۳) حکومت۔ ریاست (۴) امیری۔ دولت مندی (۵) فضول خرچی۔ عیاشی۔
**نوابی ٹھاٹھ، کارخانہ** ۔ (ا-مذ) امیری کا کاروبار۔ رئیسانہ سازوسامان۔
**نوابی کرنا** ۔ (ا-محاورہ) امیرانہ ٹھاٹھ سے رہنا۔
**نواح** ۔ (نَ-واح) (ع-ف-ا-مذ) مضافات۔ ارد گرد کا علاقہ۔ قرب وجوار۔ پاس پڑوس۔
**نواحی** ۔ (نَ-وا-حی) (ع-ا-مذ) ناحیہ کی جمع۔ مضافات۔ آس پاس۔ قرب وجوار۔
**نوادر** ۔ (نَ-وا-دِر) (ع-ا-مذ) نادر کی جمع عجیب وغریب چیزیں۔



Marfat.com

عجائبات۔ نادر چیزیں۔

**نوادرات**۔ (نَ۔دا۔دِ۔رات) [ع۔ا۔مذ] نادر کی جمع الجمع۔ نادر چیزیں۔

**نِوار**۔ (نِ۔وار) [ق۔ا۔مث] مخالفت۔

**نُوار**۔ (نُ۔وار) [ف۔ا۔مث] نواڑ۔ سُوت کا وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔

**نوارنا**۔ (نَ۔وا۔رَ۔نا) (۱) دور کرنا (۲) سہارا دینا۔ آسرا دینا (۳) سیر کرنا۔ آوارہ پھرنا۔

**نواڑا**۔ (نَ۔وا۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] بجرا۔ سیر کرنے کی چھوٹی کشتی۔

**نواڑا کھینا**۔ [ا۔محاورہ] نواڑے میں سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا۔

**نواڑی**۔ (نَ۔وا۔ڑی) [ہ۔صف] نواڑ کا بنا ہوا (۲) [ا۔مث] چھوٹا بجرا (۳) ایک قسم کی چنبیلی۔

**نواز**۔ (نَ۔واز) [ف۔صف] سرفراز کرنے والا۔ فارسی مصدر نواختن کا صیغہ امر۔ جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے بجانے والا کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے نَے نواز۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بندہ نواز۔

**نوازش**۔ (نَ۔وا۔زِش) [ف۔ا۔مث] مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔

**نوازشِ خسروانہ**۔ [ف۔ا۔مث] بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت

**نوازش نامہ**۔ [ف۔ا۔مذ] عنایت نامہ۔ بزرگ کا یا برابر والے کا خط۔ شفقت نامہ۔

**نوازش ہونا**۔ [ا۔محاورہ] عنایت ہونا۔ مہربانی ہونا۔

**نوازشات**۔ (نَ۔وا۔زِ۔شات) [ف۔ا۔مذ و مث] نوازش کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔

**نوازنا**۔ (نَ۔واز۔نا) [اُر۔مص] (۱) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا عزت بخشنا۔

**نوازی**۔ (نَ۔وَ۔زی) [ف۔ا۔مث] مہربانی (۲) بجانا۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بندہ نوازی۔

**نِواس**۔ (نِ۔واس) [س۔ا۔مذ] رہنا۔ رات گذارنا (۲) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر (۳) شب باشی کا مقام

**نواسہ**۔ (نَ۔وا۔سَہ) [ف۔ا۔مذ] بیٹی کا بیٹا۔

**نِواسی**۔ (نَ۔وا۔سی) [ف۔ا۔مث] (۱) بیٹی کی بیٹی۔ [ا۔صف] اسّی اور نو۔ ۸۹۔

**نُواسیر**۔ (نَ۔وا۔سیر) [ع۔ا۔مث] ناسُور کی جمع۔ اُردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ وہ زخم جو مقعد میں ہو کر علیحدہ سوراخ بن جاتا ہے۔

**نَواصِب**۔ (نَ۔وا۔صِب) [ع۔ا۔مذ] مسلمانوں کا ایک فرقہ۔ جو حضرت علی کو نہیں مانتا (۲) خارجی۔

**نَوافِذ**۔ (نَ۔وا۔فِذ) [ع۔ا۔مذ] وہ اعضا جن کے ذریعے کوئی احساس ہو۔ جیسے منہ۔ کان۔ ناک۔ آنکھ۔

**نوافل**۔ (نَ۔وا۔فِل) [ع۔ا۔مذ] نافلہ کی جمع۔ نفل کی وہ رکعتیں جو سنت اور فرض کے علاوہ زائد پڑھی جاتی ہیں۔

**نَوال**۔ (نَ۔وال) [ع۔ا۔مث] (۱) مہربانی۔ احسان بخشش۔ (۲) طریقہ۔

**نِوالہ**۔ (نِ۔وا۔لَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) لقمہ (۲) تھوڑی چیز۔ لقمے کے برابر چیز۔

**نِوالہ اُگلنا**۔ [ا۔محاورہ] لقمہ منہ سے نکال دینا۔

**نوالہ توڑنا**۔ [ا۔محاورہ] کھانے کے لیے ٹکڑا توڑنا۔ کھانا کھانا (۲) کسی کے رحم و کرم پر زندگی بسر کرنا۔

**نوالہ کرنا**۔ [ا۔محاورہ] کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔

**نوالہ نہ توڑنا**۔ [ا۔محاورہ] کسی کام کی ابتدا نہ کرنا۔

**نوالہ ہونا**۔ [ا۔محاورہ] منہ میں جانا۔ لقمہ ہونا۔

**نوالے مارنا**۔ [ا۔محاورہ] کھانا نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔

**نِواں**۔ (نَ۔واں) [ہ۔صف] نو سے نسبت رکھنے والا۔ آٹھویں کے بعد کا یا دسویں سے پہلا۔

**نِوان**۔ (نِ۔وان) [ق۔ا۔مذ] نشیب۔ ڈھلان۔

**نِواناں**۔ (نِ۔وا۔نا) [ہ۔مص] نیچا کرنا۔ جھکانا۔

**نِواں نوتی**۔ (نِ۔واں۔نو۔تی) [ق۔صف] بالکل تازہ۔ تازہ

**نِوانیچہ**۔ (نَ۔وا۔نے۔چہ) [ق] نیچے کی طرف۔

**نَواہی**۔ (نَ۔وا۔ہی) [ع۔ا۔مذ] نہی کی جمع۔ ممنوعات۔ ناجائز امور

**نوائب**۔ (نَ۔وا۔ئِب) [ع۔ا۔مذ] نائبہ کی جمع۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ حادثات۔

**نُوباتیں چنوانا**۔ [اُر۔محاورہ] نُوبات عربی نبات کا مخرب ہے۔ شادی کے موقع پر عورتوں کا دولہا سے مصری کی ڈلیاں منہ سے اُٹھوا کر کھلانا اس خیال سے کہ دولہا ہمیشہ دلہن کا تابع فرمان رہے۔

**نُوبت**۔ (نَو۔بَت) [ع۔ف۔ا۔مث] باری۔ دفعہ (۲) مہلت۔ فرصت حالت۔ کیفیت۔ گت۔ درجہ (۳) نقارہ۔

**نوبت آنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) باری آنا (۲) کسی کام کے ہونے کا وقت آنا

**نوبت بجنا**۔ [ا۔محاورہ] (۱) نقارہ بجنا۔ شادیانہ بجنا۔ خوشی ہونا (۲) بیاہ رچنا۔

**نوبت بنوبت**۔ [ف۔تابع فعل] باری باری سے یکے بعد دیگرے۔

**نوبت بہ اینجا رسید**۔ [ف۔مثل] یہاں تک نوبت پہنچی۔

**نوبت پہنچنا**۔ [ا۔محاورہ] باری آنا۔ حالت کو پہنچنا۔

**نوبت خانہ**۔ [ف۔ا۔مذ] نقار خانہ۔ وہ مکان جہاں نوبت بجے۔

**نوبت رکھنا**۔ [ا۔محاورہ] مکان کے دروازے پر نقارے بجوانا۔

**نوبت زن**۔ [ف۔صف] نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔

**نوبت صبح**۔ [ع۔ا۔مث] وہ نوبت جو صرف صبح کو ہی بجے۔

**نوبت طلبی**۔ [ع۔ف۔ا۔مث] عدالت میں پیش ہونے کی اجازت کی درخواست۔

**نوبت کا ڈھولسا**۔ [ا۔مذ] نوبت بجانے کا نیا نقارہ۔



Marfat.com

نوبت کو پہنچنا ۔ (ا ۔ مذ) (۱) نوبت پہنچنا (۲) حالت کو پہنچنا ۔ گت ہونا

نوبت کی گھور ۔ (ا ۔ مث) نوبت یا ڈنکے کی آواز ۔

نوبت گاہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) نقار خانہ (۲) قید خانہ (۳) پہرے کی جگہ ۔

نوبت گزرنا ۔ موقع جاتا رہنا ۔

نوبت نشان ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) نقارہ اور جھنڈا ۔ یہ دونوں عزت کے نشان سمجھے جاتے ہیں ۔

نوبت نواز ۔ (ف ۔ صف) نوبت بجانے والا ۔ نقارچی ۔

نوبت ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) باری ہونا (۲) حالت ہونا ۔ (۳) نقارہ بجنا ۔

نَوبتی ۔ (نو ۔ بَ ۔ تی) (ف ۔ صف) باری کا (۲) چوکیدار (۳) نقارچی (۴) کوتل گھوڑا (۵) بڑا خیمہ (۶) شاہی دربان ۔

نوبل ۔ (نو ۔ بل) (Noble) (انگ ۔ صف) (۱) شریف (۲) عالی خاندان (۳) امیر ۔ رئیس ۔

نوبل پرائز ۔ (Noble Prize) سویڈن کے کیمیادان نوبل کے وصیت کردہ سالانہ انعامات ۔

نوتا ۔ (نو ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) نیوتا ۔ وہ نقدی جو بیاہ شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے (۲) بلاوا ۔ طلبی ۔

نُوتنا ۔ (نو ۔ ت ۔ نا) (ہ ۔ مص) نیوتا دینا ۔ بلانا ۔

نوٹ ۔ (Note) (انگ ۔ ا ۔ مذ) کاغذی سکہ (۲) تمسک ۔ دستاویز ۔ سند (۳) یادداشت (۴) پرچہ ۔ چٹھی (۵) حاشیہ ۔ جو کسی کتاب پر لکھا جائے ۔ تفسیر ۔ تشریح ۔

نوٹ بک ۔ (Note-Book) وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں ۔

نوٹ پیپر ۔ (Note-Paper) چٹھی لکھنے کا کاغذ ۔

نوٹ جاری ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) حکومت کی طرف سے نوٹوں کا اجرا ۔

نوٹ کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) یادداشت لکھنا (۲) خاص طور پر خیال رکھنا ۔

نوٹ لکھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) یادداشت لکھوانا (۲) اُستاد کا کسی اہم مسئلہ یا عبارت کی تشریح تحریر کرانا ۔

نوٹ لکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تشریح لکھنا ۔ تفسیر لکھنا ۔

نوٹ لینا ۔ (ا ۔ محاورہ) یادداشت لکھ لینا ۔

نوٹ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) خاص طور پر یاد ہونا ۔ لکھا ہُوا ہونا ۔

نوٹری ۔ (Notary) (نوٹ ۔ ری) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ناظر ۔ رجسٹرار ۔

نوٹری پبلک ۔ (Notery Public) حکومت کی طرف سے وہ مقرر کردہ شخص جو دستاویزات کی تصدیق کرتا ہے ۔

نوٹس ۔ (Notice) (نو ۔ ٹس) (انگ ۔ ا ۔ مذ) اطلاع ۔ یادداشت (۲) نوٹس عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ ۔

نوٹس بورڈ ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) وہ تختہ جس پہ اطلاع نامہ یا نوٹس لگایا جائے

نوٹس جاری ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) سرکاری ادارہ کی طرف سے اطلاع نامہ جاری ہونا ۔

نوٹنکی ۔ (نو ۔ ٹن ۔ کی) (ہ ۔ ا ۔ مث) ایک قسم کا ناچ ۔ ڈرامہ ۔ ناٹک ۔

نوٹیشن ۔ (Notation) (نو ۔ ٹے ۔ شن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) آواز یا اعداد کو علامات سے ظاہر کرنا ۔ علامت بندی ۔

نوٹیفکیشن ۔ (Notification) (انگ ۔ ا ۔ مذ) خبر کا اعلان ۔

نوج ۔ (اُر ۔ کلمۂ پناہ) خدا نہ کرے ۔ خدانخواستہ (۲) نہ ۔ نہیں ۔

نوج دُور ، دُور پار ۔ خدا نہ کرے ایسا ہو ۔

نوچ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) خراش ۔

نوچ کھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) ناخنوں سے بوٹیاں توڑ لینا ۔ بہت تنگ کرنا ۔ ایذا دینا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔

نوچ کھسوٹ ۔ (ا ۔ مث) (۱) لوٹ مار ۔ غارت گری (۲) مال کی زبردستی وصولی ۔

نوچ ناچ ۔ (ا ۔ مذ) نوچنا ۔ پریشان کرنا ۔

نوچ نوچ کر کھانا ۔ (ا ۔ محاورہ) پنجوں یا ناخنوں سے گوشت کو جُدا کر کے کھا جانا ۔

نوچا ناچی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) چھینا جھپٹی ۔

نوچنا ۔ (نو ۔ چ ۔ نا) (ا ۔ مص) ناخن مارنا ۔ پنجہ مارنا ۔ کھرچنا ۔ چٹکی لینا (۲) بال کھینچ لینا ۔ بال اُکھاڑنا (۳) دانت سے کھسوٹنا (۴) لُوٹ لینا (۵) شاخ سے پتیاں توڑنا (۶) پھاڑ کھانا (۷) شکاری پرند کا چونچ یا ناخنوں سے گوشت اُکھاڑنا (۸) آڑے ہاتھوں لینا ۔

نوچنا کھسوٹنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) چنگل مارنا ۔ پنجہ مارنا (۲) چھینا جھپٹی کرنا ۔ لوٹنا مارنا ۔

نَوچی ۔ (نو ۔ چی) (ہ ۔ ا ۔ مث) نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کراتی ہیں ۔

نُوح ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) تسکین دینے والا (۲) ایک مشہور نبی کا نام ۔

نوح کا طوفان ۔ (ا ۔ مذ) وہ طوفان جو حضرت نوحؑ کے زمانہ میں آیا تھا ۔

نوح کی کشتی ۔ (ا ۔ مث) وہ کشتی جو حضرت نوحؑ نے طوفانِ آب سے محفوظ رہنے کیلیے تیار کی تھی (۲) نجات کا ذریعہ ۔

نَوحہ ۔ (نَو ۔ حہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) رونا ۔ گریہ زاری ۔ پیٹنا (۲) ماتم کرنا ۔ لاش پر چلاّ کے رونا ۔

نَوحہ خواں ۔ نوحہ گر ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ماتم کرنے والا ۔ مُردے کے حالات بیان کرکے رونے اور رُلانے والا ۔

نوحہ خوانی (گری) ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) ماتم ۔ گریہ زاری ۔ رونا پیٹنا ۔

نوحہ کرنا ۔ (ا ۔ مص مرکب) رونا پیٹنا ۔ گریہ زاری کرنا ۔ آہ زاری کرنا ۔



Marfat.com

**نُور** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) روشنی ۔ تجلی ۔ اُجالا ۔ چمک (۲) رونق ۔ رُوپ ۔ (۳) کلام پاک کی ایک صورت کا نام (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کا ایک صفاتی نام جمع ۔ انوار ۔

**نورِ آجانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) روشنی پیدا ہوجانا (۲) رونق آجانا ۔

**نور آگیں** ۔ (ف ۔ صف) پُرنور ۔ نور سے بھرا ہوا ۔ روشن ۔

**نور اُڑجانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) رونق جاتی رہنا ۔ بے رونق ہونا

**نور افزا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) روشنی بڑھانے والا ۔

**نور افشاں (پاش)** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) روشنی چھڑکنے والا منور کرنے والا ۔

**نُور العَین ۔ نُورِ عین** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) آنکھوں کی روشنی ۔ (۲) بیٹا ۔

**نُورِ الٰہی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) اللہ کا نور ۔

**نورانی** ۔ (ع ۔ صف) منور ۔

**نورانی چہرہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ صف) وہ چہرہ جس پر نور برستا ہو ۔ کسی بزرگ کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

**نورِ ایمان** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ نور جو ایمان دار شخص کے دل میں اور چہرے پر ہوتا ہے ۔

**نورباف** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) جولاہا ۔

**نوربافی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) کپڑا بُننے کا کام یا پیشہ ۔

**نوربخش** ۔ (ف ۔ صف) روشنی دینے والا ۔

**نور برسنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) روشنی کی فراوانی ہونا ۔ (۲) رونق ہونا ۔ چمکنا ۔

**نور جھلکنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) چمکنا ۔ روشنی دینا ۔

**نورِ چشم** ۔ (۱) آنکھوں کا نور (۲) اولاد ۔ بیٹا ۔

**نور چھلکنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) روشنی پھیلنا ۔ رونق بڑھ جانا ۔

**نور چھا جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) چاروں طرف روشنی ہونا ۔ ہر طرف روشنی ہونا ۔

**نور چھٹکنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) نور پھیلنا ۔

**نور چھننا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) پردے یا درختوں کے پتوں یا بادلوں سے روشنی کا تھوڑا تھوڑا کرکے باہر آنا ۔ سوراخ دار شے سے روشنی نکلنا ۔

**نورِ دیدہ ۔ بصر ۔ چشم ۔ نظر** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) آنکھوں کا نور (۲) (مجازاً) اولاد ۔ بیٹا ۔

**نورِ ظہور کا وقت** ۔ (۱ ۔ مذ) علی الصبح ۔ صبح صادق کا وقت ۔

**نورٌ علیٰ نور** ۔ (ع ۔ صف) (۱) نور ۔ پُرنور (۲) ایک سے ایک بڑھ کر (۳) بہتر ۔ اعلیٰ (۴) سبحان اللہ ۔ صلِ علیٰ (۵) یہ محاورہ طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے ۔

**نور کا** ۔ (۱ ۔ صف) چمکدار ۔ حسین (۲) بہت عمدہ ۔ پاکیزہ ۔

**نور کا پتلا** ۔ (۱ ۔ صف) حسین ۔ خوبصورت ۔ نورانی صورت ۔

**نور کا تڑکا** ۔ (۱ ۔ مذ) صبح صادق ۔ پو پھٹنے کا سماں ۔

**نور کا دریا** ۔ (۱ ۔ صف) سراپا نور ۔ مجسم نور ۔

**نور کا گلا (نورانی گلا)** ۔ (۱ ۔ مذ) نہایت رسیلی اور سُریلی آواز ۔

**نور کا مینہ** ۔ (۱ ۔ مذ) روشنی کی کثرت ۔

**نور کی آواز** ۔ (۱ ۔ صف) شیریں آواز ۔

**نور کی باتیں** ۔ (۱ ۔ مث) میٹھی میٹھی باتیں ۔ شیریں گفتگو ۔

**نور کی بزم** ۔ (۱ ۔ مث) حسینوں کا مجمع

**نور کی تانیں** ۔ (۱ ۔ مث) سُریلی تانیں ۔

**نور کی چادر** ۔ (۱ ۔ مث) روشنی کی کثرت ۔ روشنی کا اکٹھا ایک جگہ پڑنا ۔

**نور کے بول** ۔ (۱ ۔ مذ) دل لبھانے والی باتیں ۔

**نور کے سانچے میں ڈھلنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) خوبصورت اور حسین ہونا سرتاپا نور ہونا ۔

**نورمحلی** ۔ (۱ ۔ مذ) ایک قسم کا کھانا ۔

**نورِ نظر** ۔ آنکھوں کی روشنی ۔ (کنایتاً) بیٹا ۔

**نُورا ۔ نورہ** ۔ (نُو ۔ رَا) (ع ۔ ا ۔ مذ) بال اُڑانے کا سفوف ۔ جو چونے اور ہڑتال کا مرکب ہوتا ہے ۔

**نورا لگنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بال اُڑانے کا پاؤڈر لگنا (۲) کسی کے فریب دینے سے نقصان ہونا ۔

**نُورانا** ۔ (نُو ۔ را ۔ نا) (ق ۔ ا ۔ مص) روشن کرنا ۔

**نُورانی** ۔ (نُو ۔ را ۔ نی) (ع ۔ ف ۔ صف) روشن ۔ منور ۔ چمکیلا درخشاں ۔

**نَورُت** ۔ (نَو ۔ رُت) (ق ۔ ا ۔ مث) بہار کا موسم ۔

**نَورد** ۔ (نَ ۔ وَرْ ۔ د) (ف ۔ صف) طے کرنے والا ۔ لپیٹنے والا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے صحرا نورد ۔

**نوردی** ۔ (ف ۔ صف) سفر کرنا ۔ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے صحرا نوردی ۔

**نَوَڑی** ۔ (نَوْ ۔ رَی) (ق) چُونا ۔

**نوری** ۔ (نُو ۔ ری) (ع ۔ صف) نور کا ۔ نُور سے منسوب ہونا (۲) نور کا بنا ہوا (۳) چمکدار ۔ نورانی ۔

**نَوڑنا** ۔ (نَو ۔ ڑ ۔ نا) (ق ۔ مص) جھکنا ۔

**نَوڑھانا** ۔ (نَو ۔ ڑھا ۔ نا) (ہ ۔ مص) جھکانا ۔

**نَوزدہ** ۔ (نَوز ۔ دہ) (ف ۔ صف) انیس ۔

**نوساگر** ۔ (نَو ۔ سا ۔ گر) (ق ۔ ا ۔ مذ) نوسادر ۔

**نوسرباز** ۔ (۱ ۔ صف) دھوکے باز ۔

**نوش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) خوش گوار چیز (۲) آب حیات ۔ امرت (۳) شہد (۴) تریاق (۵) (صف) پینے والا ۔ مرکبات کے آخر میں بطور لاحقہ بھی استعمال ہوتا ہے جیسے بادہ نوش ۔

**نوش بے نیش حاصل نمی شود** ۔ (ف ۔ مثل) شہد ڈنگ کھائے بغیر حاصل نہیں ہوتا ۔ کوئی اچھی چیز بے محنت نہیں ملتی ۔

**نوش جان کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) کھانا کھانا ۔



Marfat.com

**نوشِ جان ہونا** ۔[ا ۔ محاورہ] خوش گواری سے کھایا پیا جانا ۔
**نوش دارو** ۔ [ف ۔صف] (۱) تریاق (۲) شراب (۳) ایک قسم کی معجون جو خوش ذائقہ اور فرحت بخش ہوتی ہے ۔
**نوشابہ** ۔[ف ۔ا ۔مذ] آبِ حیات ۔امرت جل ۔
**نوشادر** ۔(نَو ۔شا ۔دَر) [ف ۔ا ۔مذ] ایک مرکب جو امونیم اور کلورین سے بنتا ہے ۔
**نوشادرِ پیکانی** ۔ اعلےٰ درجے کا نوشادر جس کی قلمیں ہوں ۔
**نوشا نوش** ۔[ف ۔صف] پے در پے پینا ۔
**نوشت** ۔(نَ ۔وِشت) [ف ۔ا ۔مث] تحریر ۔لکھائی ۔کتابت ۔
**نوشت و خواند** ۔[ف ۔ا ۔مث] لکھنا ۔پڑھنا ۔
**نوشتہ** ۔(نَ ۔وِش ۔تہ) [ف ۔صف] لکھا ہوا (۲) [ا ۔مذ] تحریری سند دستاویز (۳) تقدیر ۔قسمت ۔
**نوشتۂ تقدیر** ۔[ع ۔ا ۔مذ] قسمت کا لکھا ۔نصیبا ۔
**نوشتہ دینا** ۔[ا ۔محاورہ] تحریری سند دینا ۔
**نوشتہ لینا** ۔[ا ۔محاورہ] تحریری اقرار لینا ۔
**نوشتہ ہو جانا** ۔[ا ۔محاورہ] اقرار نامہ لکھا جانا ۔
**نوشو** ۔(نَو ۔شو) [ق ۔ا ۔مذ] نوشہ ۔دُولہا ۔
**نوشی** ۔(نو ۔شی) [ف ۔ا ۔مث] پینا ۔شراب پینا ۔مرکبات کے آخر میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے ۔جیسے بادہ نوشی ۔
**نوشین** ۔(نَو ۔شین) [ف ۔صف] شیریں میٹھا ۔خوش ذائقہ ۔
**نوطاس رین** ۔ (نو ۔طاس ۔رَین) [ق ۔ا ۔مث] سہ پہر شب ۔
**نوع** ۔[ع ۔ا ۔مث] قسم ۔جنس (۲) وضع ۔طور ۔ڈھنگ (۳) ذات (۴) شکل ۔صورت ۔جمع ۔انواع ۔
**نوعِ انسان** ۔[ع ۔ا ۔مذ] بنی آدم ۔
**نوعِ دگر (دیگر)** ۔[ع ۔ف ۔ا ۔صف] دوسری طرح کا ۔مختلف قسم کا ۔ بدلا ہوا (۲) بگڑا ہوا ۔خراب ۔
**نوعیت** ۔(نو ۔عی ۔یَت) [ع ۔ا ۔مث] قسم (۲) خصوصیت ۔
**نوک** ۔[ف ۔ا ۔مث] کسی چیز کا باریک سرا ۔انی (۲) چونچ ۔منقار (۳) ڈھنگ (۴) آن ۔ادا ۔انداز (۵) بانکپن ۔وضعداری (۶) شیخی ۔ڈینگ (۷) عزت ۔آبرو (۸) چھیڑ چھاڑ (۹) نیش زنی (۱۰) کونہ ۔زاویہ ۔
**نوک اڑنا** ۔[ا ۔محاورہ] انی کا چبھنا ۔
**نوک پان** ۔[ا ۔مث] جوتی کی خوبصورتی اور بناوٹ وغیرہ ۔
**نوک پلک** ۔[ا ۔مث] (۱) آنکھ ناک کی موزونیت ۔خوبصورتی (۲) کاتب کے حروف کی موزونیت ۔
**نوک پلک ہونا** ۔[ا ۔محاورہ] دیکھنے میں موزون ۔خوبصورت اور دیدہ زیب ہونا ۔
**نوک پلک سے درست** ۔[ا ۔صف] (۱) ہر طرح سے عمدہ (۲) موزون ۔
**نوک جھوک** ۔[ا ۔مث] لعن طعن کی باتیں ۔تکرار ۔
**نوک دُم بھاگنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] بے تحاشا بھاگنا ۔دُم دبا کر بھاگنا
**نوک رکھ لینا** ۔[ا ۔محاورہ] آبرو بچا لینا ۔عزت رکھ لینا ۔
**نوک رہ جانا** ۔[ا ۔محاورہ] آبرو بچ جانا ۔عزت یا بات رہ جانا ۔
**نوکِ زبان** ۔[ف ۔ا ۔مث] زبان کی نوک پر (۲) زبانی ۔حفظ ۔ازبر ۔
**نوکِ زبان ہونا** ۔[ا ۔محاورہ] حفظ ہونا ۔ازبر ہونا ۔
**نوکِ قلم پر آنا** ۔[ا ۔محاورہ] لکھا جانا ۔تحریر ہونا ۔
**نوک کا** ۔ وضع کا ۔آن بان کا ۔بانکپن کا ۔
**نوک کی باتیں** ۔[ا ۔مث] طعن و طنز کی باتیں ۔
**نوک کی لینا** ۔[ا ۔محاورہ] ڈینگ مارنا (۲) قابلِ فخر یا بڑھ کر کام کرنا (۳) وضعداری نباہنا ۔
**نوک نشتر ہونا** ۔[ا ۔محاورہ] (۱) نشتر کی نوک کی طرح چبھنا ۔سخت تکلیف دہ ہونا ۔
**نوکا** ۔(نو ۔کا) [س ۔ا ۔مث] کشتی ۔بجرا ۔چھوٹا جہاز ۔
**نوکا دوڑ** ۔[ا ۔مث] کشتیوں کی دوڑ ۔
**نوک جھوکی** ۔ [ہ ۔ا ۔مث] (۱) چھیڑ چھاڑ ۔طعن و طنز ۔ (۲) شوخی و شرارت ۔
**نوکر** ۔(نَو ۔کر) [ف ۔ا ۔مذ] ملازم ۔خدمت گار ۔خادم ۔
**نوکر چاکر** ۔[ف ۔ا ۔مذ] ملازمان ۔
**نوکر کے آگے چاکر ۔چاکر کے آگے کوکر ۔کوکر کے آگے پیش کار ۔چار یار چاروں بے کار** ۔ [ا ۔مثل] اس موقع پر بولتے ہیں ۔جب کسی امر کی بدانتظامی دور کرنے کے لیے نوکر رکھتے ہیں ۔لیکن بدانتظامی کی اصلاح ہونے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ خرابی اور ابتری پھیل جائے ۔
**نوکر ہونا** ۔[ا ۔مص مرکب] ملازم ہونا ۔ملازمت اختیار کرنا ۔
**نوکرانی** ۔ (نَو ۔کَ ۔را ۔نی) [اُر ۔ا ۔مث] نوکر کی تانیث ۔ملازمہ خادمہ ۔اصیل ۔
**نوکری** ۔(نَو ۔کَ ۔ری) [ف ۔ا ۔مث] ملازمت (۲) خدمت گزاری ۔ (۳) نوکر کا کام یا پیشہ (۴) تنخواہ ۔مشاہرہ (۵) وہ کام جس پر کوئی آدمی تعینات کیا جائے ۔
**نوکری ارنڈ کی جڑ ہے** ۔[ا ۔مثل] نوکری پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیئے ۔ ارنڈ کی جڑ بڑی کمزور ہوتی ہے ۔
**نوکری بانٹنا** ۔[ا ۔محاورہ] خدمت مقرر کرنا ۔کام پر تعینات کرنا ۔ (۲) تنخواہ تقسیم کرنا ۔
**نوکری بجانا** ۔[ا ۔محاورہ] خدمت انجام دینا ۔
**نوکری برطرف ، روزی ہر طرف** ۔ [ا ۔مثل] ملازمت چھوٹ جانے پر انسان کو پریشان نہیں ہونا چاہیئے ۔رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے ۔
**نوکری پیشہ** ۔[ف ۔ا ۔مذ] وہ جس کا پیشہ ملازمت ہو ۔نوکری کر کے کمانے والا ۔
**نوکری چھوٹ جانا** ۔[ا ۔محاورہ] ملازمت سے برطرف ہونا ۔



Marfat.com

**نوکری خالہ جی کا گھر نہیں** ۔ [ا ۔ مثل] نوکری آسان کام نہیں ۔
**نوکری دینا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) ملازم رکھنا (۲) کار متعلقہ بجالانا ۔
**نوکری سے لگ جانا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ملازمت پانا ۔ نوکر ہو جانا ۔
**نوکری کرنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ملازمت کرنا ۔
**نوکری کی جڑ زبان پر ہے** ۔ [ا ۔ مثل] نوکری کا کوئی اعتبار نہیں ۔ مالک جب چاہے برطرفی کا حکم دیدے ۔
**نوکھنڈ** ۔ (نَو ۔ کھَنڈ) [ق ۔ ا ۔ مث] دنیا ۔
**نوکیں کرنا** ۔ (نو ۔ کیں ۔ کَر ۔ نا) [ق ۔ مص] چشمک کرنا ۔
**نوگرہی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] ہاتھوں کا ایک زیور ۔
**نوگرہی** ۔ (نَو ۔ گ ۔ رَہی) [ق ۔ ا ۔ مذ] ڈیرہ ۔ خیمہ ۔
**نول** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذ] عطا ۔ بخشش ۔
**نول** ۔ (نَ ۔ وَل) [ق ۔ صف] بے مثل ۔ نادر ۔ نیا ۔
**نولاسی** ۔ (نو ۔ لا ۔ سی) [ہ ۔ صف] نازک ۔ تازہ ۔ نرم ۔
**نوم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] نیند ۔ خواب ۔
**نومبر** ۔ (November) (نَ ۔ وَم ۔ بَر) [انگ ۔ ا ۔ مث] انگریزی سال کا گیارہواں مہینہ ۔
**نومی** ۔ (نو ۔ می) [ہ ۔ ا ۔ مث] ہندی مہینے کی نویں تاریخ ۔
**نومید** ۔ (نَو ۔ مید) [ف ۔ صف] مایوس ۔ ناامید ۔
**نومیدانہ** ۔ (نو ۔ می ۔ دانَہ) [ف ۔ صف] مایوسی سے ۔
**نومیدی** ۔ (نو ۔ می ۔ دی) [ف ۔ ا ۔ مث] مایوسی ۔ ناامیدی ۔
**نون** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذ] نمک ۔
**نون پانی ٹھیک ہونا** ۔ [ا ۔ محاورہ] ذائقہ درست ہونا ۔
**نون تیل** ۔ [ا ۔ مذ] ضروریاتِ زندگی ۔ کھانے پینے کی چیزیں ۔
**نون غنہ** ۔ (نو ۔ نِ ۔ غُن ۔ نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور صاف نہ پڑھا جائے ۔
**نون قطنی** ۔ (نُون ۔ قُط ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مذ] وہ چھوٹا نون جو عربی میں ساکن یا مشدد حرف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے ۔
**نون مُعلنہ** ۔ [ع ۔ ا ۔ مث] وہ نون جو ظاہر کر کے پڑھا جائے ۔ نون اعلانیہ ۔
**نونا** ۔ (نُو ۔ نا) [ہ ۔ صف] مٹی جو کھار کے سبب دیواروں سے جھڑنے لگتی ہے ۔ شور ۔ کھار ۔
**نونچا** ۔ (نُون ۔ چا) [ہ ۔ صف] کھاری ۔ زمین جس میں نمک یا کھار بہت زیادہ ہو ۔
**نونچی** ۔ (نُو ۔ ن ۔ چی) [ہ ۔ صف] کھار ۔
**نونی** ۔ (نُو ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] بچوں کا عضو تناسل ۔
**نونی** ۔ (نُو ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) گھی ۔ مکھن ۔ مسکہ (۲) کھار ۔ وہ مٹی جو کھار کے باعث دیوار سے جھڑنے لگتی ہے ۔
**نونیا** ۔ (نُو ۔ نِ ۔ یا) [ہ ۔ صف ۔ ا ۔ مذ] (۱) نمک بنانے والا ۔ نمک پیسنے والا (۲) ایک قسم کا ساگ ۔
**نوی** ۔ (نَ ۔ وِی) [ف ۔ صف] نئی ۔ تازہ ۔

**نویاں** ۔ (نو ۔ یاں) [ق ۔ صف] نوی کی جمع ۔ نئی ۔
**نوید** ۔ (نَ ۔ وید) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) خوشخبری ۔ مژدہ ۔ بشارت (۲) کسی تقریب میں شرکت کے لیے طلب کرنے کا پیغام ۔
**نویدن** ۔ (نِ ۔ وے ۔ دَن) [ہ ۔ ا ۔ مذ] سپاس نامہ ۔ نوٹس ۔ درخواست ۔ اعلان ۔
**نویس** ۔ (نَ ۔ وِیس) [ف ۔ صف] لکھنے والا ۔ تحریر کرنے والا ۔ مرکبات میں لاحقے کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے خوشنویس ۔
**نویسندہ** ۔ (نَ ۔ وی ۔ سَن ۔ دَہ) [ف ۔ صف] لکھنے والا ۔ محرر ۔ جمع ۔ نویسندگان ۔
**نویسی** ۔ (نَ ۔ وی ۔ سی) [ف ۔ ا ۔ مث] لکھنے کا کام ۔ تحریر ۔ مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے ۔ جیسے خوش نویسی ۔
**نویلا** ۔ (نِ ۔ وے ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) نیا ۔ تازہ ۔ جدید (۲) انوکھا ۔ البیلا بانکا (۳) عجیب ۔ نرالا ۔ ممتاز ۔ مرکبات میں مستعمل ہے ۔ جیسے نیا نویلا ۔
**نویلی** ۔ (نَ ۔ وے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مث] نویلا کی تانیث (۱) انوکھی ۔ نرالی ۔ البیلی بانکی (۲) اچھوتی ۔ کنواری ۔ نوخیز ۔
**نویں** ۔ (نَ ۔ وِیں) [ف ۔ صف] نئی ۔ تازہ ۔ جدید ۔
**نویں** ۔ (نَ ۔ وِیں) [ہ ۔ صف] ترتیب میں نو نمبر پر ۔

# ن - ہ

**نہ** ۔ [ف] حرف نفی ۔ نہیں ۔ نا ۔ مت ۔ حرف انکار ۔
**نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ** ۔ [ا ۔ مذ] بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے ۔
**نہ اپنی خوشی سے آئے نہ اپنی خوشی چلے** ۔ [ا ۔ مثل] دوسروں کی پابندی ہے ۔
**نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا** ۔ [ا ۔ صف] (۱) کسی طرف شامل نہیں (۲) بیکار کسی کام کا نہیں ۔ نہ اِلی الذّلی نہ اُدلی الذّی [ا ۔ صف] ناکارہ بے مصرف ۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا ۔
**نہ اساڑھ سوکھے نہ ساون ہرے** ۔ [ا ۔ مثل] ہر وقت ایک جیسی حالت ۔
**نہ انکار می کنم نہ ایں کار می کنم** ۔ [ف ۔ مثل] کام سے انکار بھی نہیں مگر کرنا بھی نہیں ۔
**نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا** ۔ [ا ۔ مثل] تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں ۔
**نہ اینٹ ڈالیے نہ چھینٹ کھائیے** ۔ [ا ۔ مثل] نہ بُرا کہو ۔ نہ بُرا سنو ۔
**نہ باسی بچے نہ کتا کھائے** ۔ [ا ۔ مثل] نہ زیادہ ہو ۔ نہ ضائع ہو سکا ۔
**نہ بچنا** ۔ [ا ۔ محاورہ] (۱) محفوظ نہ رہنا (۲) جاں بر نہ ہونا (۳) باقی کچھ



Marfat.com

نہ رہنا۔

**نہ بننا** ۔(ا۔ محاورہ) (۱) نہ ہو سکنا۔ ممکن نہ ہونا (۲) سلوک نہ ہونا۔

**نہ بولی نہ بولی، بولی تو پتھر کھینچ مارا** ۔(ا۔ مثل) مغرور اور بدمزاج عورت کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**نہ بننا** ۔ ممکن نہ ہونا۔ نہ ہو سکنا (۲) سلوک نہ کرنا۔

**نہ پانا** ۔(ا۔ محاورہ) کسی کی ہمسری نہ کر سکنا۔

**نہ پانی کے اُوپر، نہ پانی کے نیچے** ۔(ا۔ مثل) اُلٹی کھوپڑی والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

**نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن ۔ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن** ۔(ف۔ مثل) مجبوری ظاہر کرنے کے لیے کہ کسی طرح بات نہیں بنتی۔

**نہ پُوچھنا** ۔(ا۔ محاورہ) پروا نہ کرنا۔ بے قدری کرنا۔

**نہ پُوچھو** ۔(ا۔ روزمرہ) (۱) بیان سے باہر ہے۔ قابلِ بیان نہیں (۲) کیا کہیے (مدح و ذم دونوں کے واسطے کہا جاتا ہے۔

**نہ جانے** ۔(ا۔ تابع فعل) (۱) معلوم نہیں۔ مجھے علم نہیں (۲) شاید۔

**نہ جنتی نہ ڈھول بجتا** ۔(ا۔ مثل) نالائق بیٹے کے متعلق کہتے ہیں۔

**نہ جینے کی خوشی نہ مرنے کا غم** ۔(ا۔ مثل) کوئی اُمنگ باقی نہیں۔

**نہ چڑھے گا نہ گرے گا** ۔(ا۔ مثل) وہ کام کیوں کیا جائے جس میں نقصان کا خطرہ ہو۔

**نہ خدا کا دیدار نہ محمدؐ کی شفاعت** ۔(ا۔ مثل) کنایتاً دینداری کا تذکرہ نہ ہونا۔ بددُعا بھی ہے۔

**نہ روئے مرداں نہ روئے زناں** ۔(ف۔ مثل) جس سے کسی کام کی توقع نہ ہو۔ کام چور۔

**نہ دیکھ سکنا** ۔(ا۔ محاورہ) کسی کے فروغ کو دیکھ کر کُڑھنا۔ حسد کرنا۔

**نہ رہا جانا** ۔(ا۔ محاورہ) (۱) چین نہ پڑنا (۲) صبر نہ ہونا۔ برداشت نہ ہونا۔

**نہ رہے بانس نہ بجے بانسری** ۔(ا۔ مثل) جھگڑنے والی چیز ہی نہ ہو تو جھگڑا کیسا۔

**نہ ساون سوکھے نہ بھادوں ہرے** ۔(ا۔ مثل) ہمیشہ ایک جیسے متوکل۔

**نہ سہی** ۔(ا۔ تابع فعل) کوئی مضائقہ نہیں۔

**نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال** ۔(ف۔ مقولہ) عاشق کے دل میں صبر نہیں ہوتا۔ جس طرح چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔

**نہ سر کا نہ پیر کا، نہ مشلے** ۔(ا۔ مثل) بیکار۔ نکما۔

**نہ گئے نہ دیکھے نہ بھونکے** ۔(ا۔ مثل) دشمن کے سامنے نہ جائیں گے نہ ایسی سخت سُنیں گے۔

**نہ گانے کے نہ گسائیں کے بھانڈ** ۔(ا۔ مثل) نہ کچھ پاس ہے نہ اس کے رکھنے کا سامان۔

**نہ گندی گلی جائے نہ گتا کاٹے** ۔(ا۔ مثل) نہ بُروں کی صحبت میں بیٹھے نہ بدنامی ہو۔

**نہ گوہ میں اینٹ ڈالو نہ چھینٹیں پڑیں** ۔(ا۔ مثل) نہ بُروں کو مُنہ لگاؤ نہ گالیاں سنو۔

**نہ لینا نہ دینا** ۔(ا۔ محاورہ) کچھ حاصل نہ وصول۔

**نہ مارے مرے نہ کاٹے کٹے** ۔(ا۔ مثل) وہ مصیبت جو کسی صورت میں حل نہ ہو۔

**نہ معلوم** ۔(ا۔ تابع فعل) خدا جانے۔

**نہ مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے** ۔(ا۔ مثل) بالکل چُپ اور خاموش آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

**نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت** ۔(ا۔ مثل) بہت بوڑھا۔

**نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری** ۔(ا۔ مثل) نہ دوسروں پر الزام دھرو نہ وہ تم پر الزام دھریں۔

**نہ نام لیوا نہ پانی دیوا** ۔(ا۔ مثل) وہ شخص جس کا دنیا میں کوئی نہ ہو۔ اکیلی جان۔

**نہ نگلتے بنتی نہ اُگلے** ۔(ا۔ مثل) ہر طرح مصیبت ہے۔

**نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی** ۔(ا۔ مثل) نہ اتنا سامان ہو سکے گا نہ یہ کام ہو سکے گا۔ سخت شرطوں کی وجہ سے کام نہ ہو سکنا۔

**نہ ہڑ بڑ نہ کھڑ کھڑ** ۔(ا۔ مقولہ) کوئی جھگڑا بکھیڑا نہیں۔

**نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے** ۔(ا۔ مثل) کچھ خرچ نہ کرنا پڑے اور فائدہ خوب ہو۔

**نہ ہو۔ نہو** ۔ شبہ اور احتمال ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں (۲) نہیں یا نہیں ہے کی جگہ بھی بولا جاتا ہے۔

**نہ ہوا پر نہ ہوا** ۔(ا۔ مثل) کسی طرح نہ ہوا۔ ہرگز نہ ہوا۔

**نُہ** ۔(ف۔ ا۔ مذ) نو۔ نو کا عدد۔

**نُہ بام ۔ نُہ سپہر ۔ نُہ طارم ۔ نُہ ورق** ۔ نُہ آسمان (ف۔ ا۔ مذ) (۱) فلکِ قمر (۲) فلکِ عطارد (۳) فلکِ زہرہ (۴) فلکِ شمس (۵) فلکِ مریخ (۶) فلکِ مشتری (۷) فلکِ زحل (۸) فلکِ ثوابت (۹) فلک الافلاک۔

**نُہ گہر** ۔(ف۔ ا۔ مذ) (۱) نو جواہر۔ لعل (۲) یاقوت (۳) فیروزہ (۴) الماس (۵) زمرد (۶) عقیق (۷) مرجان (۸) نیلم (۹) گاؤ میدک۔

**نُہہ** ۔(ق۔ ا۔ مذ) ناخن۔

**نہات** ۔(ن۔ ہات) (ق) نہایت۔

**نہا جانا** ۔(ا۔ مص) ڈوب جانا۔ تربتر ہو جانا۔ بھیگ جانا۔

**نہاد** ۔(ن۔ ہاد) (ف۔ ا۔ مث) سرشت۔ خلقت۔ طینت۔ طبیعت۔ مرکبات میں جیسے نیک نہاد۔ بدنہاد۔

**نہار** ۔(نَ۔ ہار) (ع۔ ا۔ مذ) روز۔ دن۔ یوم۔ صبح سے شام تک (۲) صبح سے کچھ نہ کھائے ہوئے (۳) تھوڑا سا کھانا۔ ناشتہ۔

**نہار توڑنا** ۔(ا۔ محاورہ) ناشتہ کرنا۔ صبح کو کچھ کھانا کھانا۔

**نہار رہنا** ۔(ا۔ محاورہ) صبح سے بغیر کھائے رہنا۔



Marfat.com

**نہار مُنہ** ۔ (ا ۔ مذ) وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو ۔ ناشتہ کے بغیر ۔

**نہار مُنہ نام نہ لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بے کھائے نام نہ لینا ۔ منحوس آدمی کی طرف اشارہ ۔

**نہاری** ۔ (نَ ۔ ہا ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مث) ہنہار ۔ تھوڑا سا کھانا جو صبح کے وقت کھاتے ہیں ۔ ناشتہ (۲) ایک قسم کا شوربادار سالن ۔ (۳) گھوڑے کو صبح کے وقت کھلانے کا مالیدہ ۔

**نہاری کھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) صبح کا ناشتہ کرنا ۔

**نہال** ۔ (نِ ۔ ہال) (ف ۔ ا ۔ مذ) تازہ لگایا ہوا پودا (۲) توشک ۔ بستر ۔ گدّا (۳) شکار ۔ صید (۴) مالا مال ۔ خوش حال ۔ کامیاب بے فکر ۔ خوش و خرم ۔

**نہال کر دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مالا مال کر دینا (۲) خوش کر دینا ۔ مُراد کو پہنچانا کامیاب ہونا (۳) سیراب کر دینا ۔ سرسبز کرنا ۔

**نہال ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مالدار ہو جانا (۲) خوش و خرم ہو جانا ۔ کامیاب ہونا ۔ مراد پانا ۔

**نہالچہ** ۔ (نِ ۔ ہال ۔ چہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) بچے کا بستر ۔ چھوٹی توشک ۔

**نہالی** ۔ (نِ ۔ ہا ۔ لی) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) توشک (۲) غالیچہ (۳) لحاف ۔ رضائی ۔

**نہاں** ۔ (نِ ۔ ہاں) (ف ۔ صف) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔

**نہاں خانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) پوشیدہ گھر ۔ تہہ خانہ ۔ چھپا ہوا ۔

**نہاں رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پوشیدہ رکھنا ۔ چھپائے رکھنا ۔

**نہانی** ۔ (نِ ۔ ہا ۔ نی) (ف ۔ صف) منسوب بہ نہاں ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔

**نہان** ۔ (نَ ۔ ہان) (ہ ۔ ا ۔ مذ) غسل ۔ اشنان

**نہانا** ۔ (نَ ۔ ہا ۔ نا) (ا ۔ مص) جسم کو پانی سے دھونا ۔ غسل کرنا ۔ اشنان کرنا ۔

**نہانی** ۔ (نِ ۔ ہا ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) نہانے کی ضرورت ۔ احتلام ۔

**نہائی دھوئی پھسل پڑی** ۔ (ا ۔ مثل) تیار ہو کر رہ جانے پر کہتے ہیں ۔

**نہانی ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہانے کی حاجت ہونا ۔ احتلام ہونا ۔ کپڑے آنا ۔

**نہائی** ۔ (نِ ۔ ہا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ اوزار جس پر لوہار کوٹ کر کوٹتے ہیں ۔ اہرن ۔ سندان ۔

**نہایت** ۔ (نِ ۔ ہا ۔ یت) (ع ۔ ا ۔ مث) حد ۔ انتہا ۔ انجام ۔ آخر (۲) بے انتہا بہت ۔ بکثرت ۔

**نہایت نہ رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انتہا نہ رکھنا ۔ بیحد ہونا ۔

**نہتا ۔ نہتھا** ۔ (نِ ۔ ہت ۔ تا) (نِ ۔ ہتھ ۔ تھا) (ہ ۔ صف) جس کے پاس ہتھیار نہ ہو ۔ خالی ہاتھ ۔ غیر مسلح ۔

**نہٹا** ۔ (نُ ۔ ہٹ ۔ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناخن کا نشان ۔ کھجانے سے جو نشان پڑ جاتا ہے ۔

**نہٹی** ۔ (نُ ۔ ہٹ ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مث) ناخن گیر ۔ ناخن کاٹنے کا آلہ ۔

**نہج** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) روشن اور کشادہ راستہ ۔ (۲) طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ قاعدہ ۔

**نہر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) دریا کی شاخ ۔ آب جو ۔ پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لیے کھودی جائے ۔ جمع ۔ انہار ۔

**نہر بندی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) نہر کا پانی بند کر دینا ۔ لوگوں کو نہر سے پانی نہ لینے دینا ۔

**نہر توڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہر کا کنارہ توڑ کر پانی ضائع کر دینا ۔

**نہر کاٹنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دریا یا جھیل سے شاخ کاٹ کر نکالنا ۔

**نہرنا** ۔ (نَ ۔ ہر ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناخن گیر ۔ ناخن تراشنے کا آلہ ۔

**نہرنی** ۔ (نَ ۔ ہر ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) چھوٹا ناخن گیر ۔ ناخن تراشنے کا چھوٹا سا آلہ

**نہروا** ۔ (نَ ۔ ہر ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) رشتہ کی بیماری ۔ وہ گول تاگہ سا جو بدن میں سے نکلتا ہے ۔

**نہری** ۔ (نَہ ۔ ری) (ع ۔ صف) نہر سے منسوب (۲) وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب کی جائے ۔

**نہڑنا** ۔ (نَ ۔ ہڑ ۔ نا) (ہ ۔ ا ۔ مص) جھکنا ۔ خمیدہ ہونا ۔ تعظیم بجالانا ۔ رکوع کی حالت میں ہونا ۔

**نُہضت** ۔ (نُہ ۔ ضت) (ع ۔ ا ۔ مث) اُٹھنا ۔ رخصت ہونا ۔ کوچ ۔ روانگی ۔ رخصت ۔

**نُہضت کرنا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) سفر کرنا ۔ روانہ ہونا ۔ کوچ کرنا ۔

**نہفتگی** ۔ (نِ ۔ ہُفت ۔ تَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) پوشیدگی ۔ چھپانا ۔

**نہفتہ** ۔ (نِ ۔ ہُفت ۔ تہ) (ف ۔ صف) پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔

**نہلا** ۔ (نَہ ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) تاش یا گنجفہ کا وہ پتہ جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں ۔

**نہلانا** ۔ (نَہ ۔ لا ۔ نا) (ا ۔ مص) غسل دینا (۲) ڈبو دینا (۳) مُردے کو غسل دینا ۔

**نہلانا دُھلانا** ۔ (ا ۔ مص) اچھی طرح غسل کروانا ۔

**نہلائی** ۔ (نَہ ۔ لا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مث) غسل کرائی ۔ نہلانے کی اُجرت

**نہلوانا** ۔ (نَ ۔ ہل ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) نہلانا ۔

**نہم** ۔ (نُ ۔ ہم) (ف ۔ صف) نواں ۔ نویں چیز ۔ نواں درجہ ۔

**نہن بین** ۔ (نَ ۔ ہن ۔ بَن) (ق ۔ ا ۔ مذ) بچپن ۔

**نہنگ** ۔ (نَ ۔ ہنگ) (ف ۔ ا ۔ مذ) مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔

**نہنگ اجل** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت ۔

**نہنگ اجل کا شکار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مر جانا ۔ موت کی نذر ہو جانا ۔

**نہنگ** ۔ (نِ ۔ ہنگ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) سکھوں کا ایک فرقہ جو بہت اُونچی پگڑی باندھتا ہے ۔ اور زرد کپڑے پہنتا ہے (۲) ننگا ۔ برہنہ ۔ آزاد لاپرواہ (۳) بے حیا ۔ بے شرم ۔

**نہنگ لاڈلا** ۔ ناز پروردہ ۔ بھولا بھالا ۔ بگڑا ہوا ۔ لاپرواہ ۔ بالکل ابتر ۔

**نہنگ ہے** ۔ (ا ۔ بول چال) اکیلا تنہا ہے ۔ کچھ نہیں رکھتا ۔



Marfat.com

بے سروسامان ہے ۔
**نہو** ۔ (نَ۔ ہُو) (ق ۔ ا ۔ مذ) ناخن ۔
**نہوت** ۔ (نِ۔ ہُوت) (ہ ۔ ا ۔ مث) لاچاری۔ مفلسی۔ تنگدستی۔ تنگی۔ غریبی۔
**نہورا** ۔ (نِ۔ ہُو۔ را) (ہ۔ ا ۔ مذ) منت۔ خوشامد (۲) احسان رکھنا۔ منت خوشامد کرنا ۔
**نہورا ماننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) احسان ماننا۔ ممنون ہونا۔ شکرگزار ہونا۔
**نہوسی** ۔ (نَ۔ ہُو۔ سی) (ق) نہ ہوگا۔
**نہی** ۔ (نَ۔ ہی) (ع ۔ ا ۔ مث) روک۔ ممانعت۔ منع کرنا (۲) وہ حکم جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے واسطے دیں۔ جمع ۔ نواہی ۔
**نہی عَن المنکر** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ان چیزوں سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہے ۔
**نہیب** ۔ (نَ۔ ہیب) (ع ۔ ا ۔ مذ) ڈر۔ خوف۔ ہیبت (۲) لوٹ مار مالِ غنیمت۔ لوٹ مار کا مال۔
**نہیچ** ۔ (نَ۔ ہیچ) (ق) نہیں ۔
**نہیں** ۔ (نَ۔ ہیں) (ہ ۔ حرف) (۱) کلمۂ نفی۔ انکار (۲) حرفِ شرط۔ ورنہ۔ وگرنہ ۔
**نہیں تو** ۔ (ا ۔ تابع فعل) ورنہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے۔ وگرنہ ۔
**نہیں سہی** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کیا مضائقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کچھ پروا نہیں ۔
**نہیں کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انکار کرنا۔ ناکرنا۔ نفی میں جواب دینا ۔
**نہیں نہیں** ۔ (حرف ۔ نفی) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ نہیں کی تاکید۔
**نہیں نہیں کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) متواتر انکار کرنا ۔ بار بار انکار کرنا۔
**نہیں ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انکار ہونا ۔

## ن ۔ ی

**نئی** ۔ (نَ۔ ای) (ہ ۔ صف) نیا کی تانیث۔ جدید۔ تازہ ۔
**نئی اٹھان** ۔ (ا ۔ مث) نوعمری۔ کم سنی۔ صغرسنی۔ نابالغی۔
**نئی بات** ۔ (ا ۔ مث) عجیب بات۔ انوکھی بات ۔
**نئی بات کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) عجیب بات کرنا۔ نرالا کام کرنا ۔
**نئی بات کہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لطیفہ کہنا۔ انوکھی بات کہہ دینا ۔
**نئی بات نکالنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) انوکھی بات پیدا کرنا۔ جدت طرازی کرنا (۲) انوکھی وضع اختیار کرنا ۔
**نئی پود** ۔ (ا ۔ مث) نئی وضع اختیار کرنے والا۔ نوجوان طبقہ ۔
**نئی جوانی** ۔ (ا ۔ مث) جوانی کی ابتدا۔ آغازِ شباب ۔
**نئی جوانی اور ماں کا ڈھیلا** ۔ (ا ۔ مثل) جوانی میں کم ہمتی اور ناتوانی
**نئی جوانی حماقت کی نشانی** ۔ (ا ۔ مثل) جوانی میں اکثر بے وقوفی کے کام ہو جاتے ہیں ۔
**نئی جوتی پہننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نئی شادی کرنا ۔

**نئی جوگن کاٹھ کی مندری** ۔ (ا ۔ مثل) نئے نئے شوقین کی ہر بات اور ہر چیز نرالی ہوتی ہے ۔
**نئی چال چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) شرارت کی بات (۲) نئی رسم کرنا ۔
**نئی چیز** ۔ (ا ۔ مث) نیا گیت۔ نئی بات۔ جدید چیز۔ نئے شعر۔
**نئی دنیا** ۔ (ا ۔ مث) امریکہ جو ۱۴۹۲ء میں دریافت ہوا (۲) نئی آبادی۔ نیا عالم۔ انوکھی کیفیت ۔
**نئی دنیا دیکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نئی نئی باتیں دیکھنا۔ نئے حالات میں سے گزرنا ۔
**نئی روح پھونکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نیا شوق اور نئی امنگیں پیدا کر دینا جوش و خروش پیدا کرنا ۔
**نئی روشنی** ۔ (ا ۔ مث) نئی تہذیب۔ جدید طرزِ تمدن۔ زمانۂ حال کی شائستگی۔ نئے علم و فنون۔ نئی ایجادات اور ان کا تجربہ
**نئی سوجھی** ۔ (ا ۔ روزمرہ) انوکھی بات سمجھ میں آنا ۔
**نئی شاخ لگانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نیا رشتہ جوڑنا۔ نیا پیوند لگانا۔ نیا تعلق پیدا کرنا ۔
**نئی کہانی گڑ سے میٹھی** ۔ (ا ۔ مثل) نئی بات ہمیشہ دل پسند اور مرغوب ہوتی ہے ۔
**نئی کہی** ۔ (ا ۔ روزمرہ) انوکھی بات کہی۔ نرالی بات سنائی ۔
**نئی کھیپ** ۔ (ا ۔ مث) نیا مال (۲) نوخیز۔ نوجواں ۔
**نئی نائن بانس کی نہرنی** ۔ (ا ۔ مثل) نئے شوقین کی ہر بات نرالی ۔
**نئی نویلی** ۔ (ا ۔ صف) چند روز کی بیاہی ہوئی دلہن (۲) انوکھی نرالی۔ جدید۔ جداگانہ ۔
**نئی ہوئی** ۔ (ا ۔ محاورہ) انوکھی اور انہونی بات ہوئی ۔
**نئے** ۔ (ہ ۔ صف) جدید (۲) انوکھے۔ نرالے۔ نیا کی جمع ۔
**نئے بگڑے** ۔ (ا ۔ مقولہ) وہ جنہوں نے ابھی ابھی عیاشی شروع کی ہو ۔
**نئے پنج** ۔ (ا ۔ مذ) جوان گھوڑا۔ وہ گھوڑا جس کو پانچواں سال شروع ہو ۔
**نئے رنگ دکھانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نئی نئی باتیں ظاہر کرنا۔ قسم قسم کے روپ دکھانا ۔
**نئے سرے سے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) از سرِ نو۔ شروع سے۔ پھر سے۔ دوبارہ ۔
**نئے سرے سے جنم پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) دوبارہ زندگی پانا۔ بیماری یا سخت خطرے سے جان بر ہونا۔ مرتے مرتے بچنا ۔
**نئے سوانگ لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نئے نئے روپ بدل کر سامنے آنا۔ نئی نئی شکلوں میں ظاہر ہونا ۔
**نئے نواب آسمان پر دماغ** ۔ (ا ۔ مثل) نیا دولت مند مغرور ہوتا ہے ۔
**نئے نو دام پرانے چھ دام** ۔ (ا ۔ مثل) نئی چیز کی زیادہ قدر و قیمت ہوتی ہے ۔



Marfat.com

# ن - ی

نی - [ہ - ا - مث] یہ کلمہ اسمائے ہندی کے آخر میں ملحق ہو کر تانیث اسم کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے اُونٹنی۔ ہتھنی۔

نی - [ق - حرفِ عطف] اور۔

نے - [ف - ا - مث] (۱) نرکل (۲) بانسری (۳) حقہ کی نگالی۔ نلی۔

نے سوار - [ف - صف] وہ کم سن لڑکا جو لکڑی یا بانس کو گھوڑا قرار دیکر اس پر سوار ہو کر بھاگے۔

نیستان - [ف - ا - مذ] وہ جنگل جہاں نرکل یا سرکنڈے کے درخت بکثرت ہوں۔

نے شکر۔ نیشکر - [ا - مذ] گنا۔ ایکھ۔ پونڈا۔

نے نواز - [ف - صف] بانسری بجانے والا۔

نے و نوش - [ف - ا - مذ] عیش و طرب۔ بزمِ نشاط۔ جہاں نغمہ و شراب کا اہتمام ہو۔ دیکھیے نائے۔

نے - [ف - حرفِ نفی] نہیں۔ نہ۔

نے غمِ دُزد نے غمِ کالا - [ا - مثل] کسی بات کی پرواہ نہ ہونا۔ دنیا کے سرد و گرم سے قطعاً بے خبر ہونا۔

نے - [ا] فعل متعدی کی علامت۔ جیسے میں نے خط پڑھا۔

نیا - [نَ - یا] [ہ - صف] جدید۔ تازہ (۲) انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ طرفہ (۳) اجنبی۔ ناآشنا (۴) ابھی کا۔

نیا بانکا تاڑ کی تلوار - [ا - مثل] نئے حوصلے والے کی سب باتیں نرالی ہوتی ہیں (۲) کم ظرف اپنا ظرف دکھائے بغیر نہیں رہ سکتا۔

نیا بگڑا - [ا - صف] وہ جس نے حال ہی میں اپنی وضع تبدیل کی ہو۔ نیا تماش بین۔

نیا پُرانا ہونا - [ا - محاورہ] نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے رات گزر جانا (۲) نئے پن کی خوشی اور لذت ماند پڑ جانا۔

نیا پھل - [ا - مذ] تازہ پھل۔ وہ پھل جو درخت سے پہلے پہل اترا ہو۔ وہ پھل جو ابھی ابھی چلا ہو۔

نیا پھل دانت تلے دُشمن پاؤں تلے - [ا - مثل] پھل کھاتے وقت عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں۔

نیا پھل کرنا - [ا - محاورہ] موسم کا کوئی پھل پہلے پہل کھانا۔

نیا حکیم دیوے افیم - [ا - مثل] ناتجربہ کار سے نقصان ہی پہنچتا ہے۔ نیم حکیم خطرہ جان۔

نیا خریدار - [ف - صف] نیا گاہک۔ تازہ خریدار۔

نیا دانہ۔ نیا پانی - [ا - مذ] مسافرت کے واسطے استعمال ہوتا ہے کہ ہر روز نئے مقام پر نئی غذا میسر آتی ہے۔

نیا ڈھنگ - [ا - مذ] نیا طریقہ۔

نیا راگ لانا - [ا - محاورہ] تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔ نیا فتنہ اٹھانا (۲) کوئی انوکھی اور عجیب بات نکالنا۔

نیا رنگ دکھانا - [ا - محاورہ] عجیب عالم دکھانا۔ غیر معمولی طرزِ عمل دکھانا۔

نیا رنگ لانا - [ا - محاورہ] کسی انوکھی اور عجیب بات کا ظہور پذیر ہونا۔ نئی بات ہونا (۲) نیا فساد پیدا کرنا۔

نیا رُوپ - [ا - مذ] نئی شکل۔ نیا بھیس۔

نیا شگوفہ چھوڑنا - [ا - محاورہ] فساد پیدا کرنا۔

نیا شگوفہ کھلنا - [ا - محاورہ] عجیب غریب امر کا ظاہر ہونا۔

نیا فتنہ اٹھانا - [ا - محاورہ] نیا جھگڑا اٹھانا۔ تازہ قیامت برپا کرنا۔

نیا کام - [ا - مذ] انوکھا کام۔ جدید کام۔

نیا کرنا - [ا - محاورہ] نئی سبزی۔ پھل یا غلہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل کھانا۔

نیا گُل کھلانا - [ا - محاورہ] تازہ فتنہ اٹھانا۔ انوکھی اور عجیب خبر اڑانا

نیا مسلمان قصائی کی دوکان - [ا - مثل] جب کوئی شخص نیا مذہب اختیار کرتا ہے تو ظواہر میں بڑا کٹر ہوتا ہے

نیا مُلّا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے - [ا - مثل] جب کوئی نئی بات سیکھتا ہے تو ہر وقت اسی کا ذکر کرتا رہتا ہے۔

نیا نو دن۔ پُرانا سو دن - [ا - مثل] نئی چیز کی بھڑک چند دن رہتی ہے۔ اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے (۲) نئے کی بجائے پرانا قابل اعتماد ہوتا ہے۔

نیا نویلا - [ا - صف] ناتجربہ کار (۲) نوخیز۔ نوعمر (۳) بانکا ترچھا جوان (۴) انوکھا آدمی۔

نیا راج ڈھب باج - [ا - مثل] نئی نئی حکومت اچھا کام کرتی ہے

نیا ہونا - [ا - محاورہ] ناواقف ہونا۔ اجنبی ہونا۔

نیابت - [نِ - یا - بت] [ع - ا - مث] قائم مقامی۔ سفارت۔ نائب ہونا (۲) منیمی۔ ایجنٹی۔

نیار - [نِ - یار] [ہ - ا - مذ] گھاس پات۔ چوپایوں کا چارا۔ پولی۔ چری۔

نیارا - [نِ - یا - را] [ہ - صف] (۱) جدا۔ اگانہ۔ نرالا۔ مختلف۔ انوکھا (۲) منتخب۔ چھانٹا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا (۳) علاوہ۔ بجز۔ ماسوا۔

نیاری - [نِ - یا - ری] [ق - صف] الگ۔ گوشہ گیر (۲) عجیب۔ نادر۔

نیاریا - [نِ - یا - رِ - یا] [ا - مذ] سناروں کی دوکان کے کوڑا کرکٹ سے سونے چاندی کے ذرے نکالنے والا (۲) چھان بین کرنے والا۔ بڑا چالاک اور ہوشیار آدمی۔

نیاز - [نِ - یاز] [ف - ا - مث] (۱) حاجت۔ احتیاج۔ آرزو۔ تمنا (۲) میل۔ خواہش۔ اظہارِ محبت (۳) انکسار۔ عاجزی۔ مسکینی (۴) پرشاد۔ تبرک۔ تحفۂ درویشاں (۵) نذر۔ بھینٹ چڑھاوا (۶) منت۔ التجا (۷) ملاقات۔ واقفیت۔ رُوشناسی۔



Marfat.com

جان پہچان۔
**نیاز پیدا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) راہ و رسم پیدا کرنا۔
**نیاز حاصل کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ملاقات کرنا۔ بزرگوں کی ملاقات کرنا (۲) واقفیت بہم پہنچانا۔
**نیاز دلوانا**۔ (ا۔ محاورہ) فاتحہ دلوانا۔ درود فاتحہ دلوانا۔
**نیاز کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیاز دلانا۔ فاتحہ دلوانا۔ کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا (۲) نذر کرنا۔ بھینٹ کرنا۔ نذر چڑھانا۔ نذر پکڑنا۔ قربان کرنا صدقے کرنا۔ نثار کرنا۔ دینا۔ حوالہ کرنا۔
**نیاز کیش**۔ (ف۔ صف) عاجزی جس کی عادت ہو۔ اظہارِ انکسار کا کلمہ۔
**نیاز مند**۔ (ف۔ صف) حاجت والا۔ خواہش رکھنے والا۔ محتاج (۲) تواضع اور فروتنی کرنے والا (۳) عاجزی اور انکسار کا اظہار۔
**نیاز مندی**۔ (ف۔ ا۔ مث) حاجت (۲) آرزو (۳) انکساری (۴) اطاعت۔ فرماں برداری۔
**نیاز نامہ**۔ (ف۔ صف) انکساری اور عاجزی کی تحریر۔ خط۔
**نیازی**۔ (نِ۔ یا۔ زی) (ف۔ ا۔ مذ) عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا (۲) عاشق۔ دوست۔ محبوب (۳) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
**نیاگان**۔ (نَ۔ یا۔ گان) (ف۔ ا۔ مذ) بزرگ۔ والدین۔ اجداد۔
**نیام**۔ (نِ۔ یام) (ف۔ ا۔ مذ) تلوار۔ خنجر وغیرہ کا میان۔
**نیام سے تلوار لینا**۔ (ا۔ محاورہ) غلاف سے تلوار نکالنا۔
**نیام کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) تلوار کو غلاف میں رکھنا۔
**نیایش**۔ (نِ۔ یا۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) تعریف۔ دعا۔ آفرین (۲) عاجزی۔ گریہ وزاری۔
**نیایک**۔ (نِ۔ یا۔ اِک) (س۔ صف) منطق۔ معقولی۔
**نیاؤ**۔ (نِ۔ یا۔ ؤ) (ہ۔ ا۔ مذ) انصاف۔ عدل۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔
**نیاؤ چکانا**۔ (ا۔ محاورہ) انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔
**نیاؤ سبھا**۔ (ہ۔ ا۔ مث) عدالت۔ کچہری۔
**نیاؤ کرنا**۔ انصاف کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا۔
**نیائے**۔ (نِ۔ یا۔ اے) (س۔ ا۔ مذ) علم منطق۔ علم مناظرہ۔ علم دلیل (۲) طریقہ۔ قاعدہ۔ اصول (۳) انصاف۔ سچائی (۴) قانون (۵) فیصلہ۔ ثبوت۔
**نیائے شاستر**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی ایک مقدس کتاب کا نام۔
**نِیب**۔ (ہ۔ ا۔ مث) نیم۔ ایک تلخ پتوں والا درخت۔
**نیبو**۔ (نی۔ بو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک ترش پھل اور اس کے پودے کا نام۔ لیموں۔
**نیبو نچوڑ**۔ (ا۔ صف) (۱) نیبو نچوڑنے والا (۲) بن بلایا مہمان۔ طفیلی مفت خورہ۔
**نیپالی**۔ (نِ۔ پا۔ لی) (ا۔ صف) ملک نیپال کا رہنے والا (۲) چینیلی

کی ایک قسم (۳) لال سنکھیا۔
**نیت**۔ (ق۔ ا۔ مذ) اخلاق۔ نیک چلنی (۲) پیش بینی (۳) رہنمائی۔
**نیّت**۔ (نی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) دلی ارادہ۔ دلی منشا۔ اصل مقصد (۲) منصوبہ۔ مراد۔ عہد (۳) خیال۔ دھیان۔
**نیت باندھنا (کرنا)**۔ (ا۔ محاورہ) ارادہ کرنا۔ منصوبہ باندھنا (۲) احرام باندھنا۔ اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا۔
**نیت بخیر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کارِ خیر کا دلی ارادہ ہونا۔ کوئی کام کرتے وقت دل میں بُرا خیال نہ ہونا۔ اچھی نیت سے کوئی کام کرنا۔
**نیت بد کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بُرائی کا ارادہ کرنا۔
**نیت بدل جانا**۔ (ا۔ محاورہ) ارادہ بدل جانا۔ عہد سے پھر جانا۔ نیت بد ہو جانا۔
**نیت بد ہونا**۔ نیت میں فرق آنا۔ ارادہ فاسد ہونا۔
**نیت بھٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت کا ڈانواں ڈول ہونا۔ طبیعت کا قائم نہ رہنا۔ ایمان متزلزل ہو جانا۔
**نیت بھر جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دل بھر جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔
**نیت بھری رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت کو ڈانواں ڈول نہ کرنا۔ ایمان کو متزلزل نہ ہونے دینا۔
**نیت بندھنا**۔ (ا۔ محاورہ) مصمم ارادہ کرنا (۲) نماز کی نیت کرنا۔
**نیت پلٹ جانا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت پھر جانا۔ ارادہ بدل جانا۔ بدنیت ہو جانا۔
**نیت پھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) ارادہ بدل جانا۔
**نیت ثابت رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے ارادہ پر مستقل اور وعدہ پر قائم رہنا (۲) ایمان قائم رکھنا۔
**نیت ڈانواں ڈول کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بدنیت ہو جانا۔
**نیت سیر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت بھری رہنا
**نیت شب بخیر (حرام)**۔ (ا۔ مثل) رات کو ارادہ کرنا درست نہیں۔
**نیت کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) دل میں ٹھاننا۔ ارادہ کرنا۔
**نیت لگی رہنا**۔ (ا۔ محاورہ) خیال رہنا۔ دھیان رہنا۔
**نیت میں خلل (فرق) آنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت بگڑنا۔
**نیت میں فرق آنا**۔ (ا۔ محاورہ) نیت بگڑنا۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اٹھانے کو جی چاہنا۔
**نیتا**۔ (نے۔ تا) (س۔ ا۔ مذ) رہنما۔ لیڈر۔ آقا۔
**نیتر**۔ (نی۔ تر) (ق) نہیں تو۔ ورنہ۔
**نیٹ**۔ (Net) (انگ۔ ا۔ مذ) جال۔
**نیٹ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹھیک۔ صاف۔ سیدھا (۲) (ا۔ مذ) استقلال۔ ہمت۔
**نیٹو**۔ (Native) (نے۔ ٹو) (انگ۔ صف) دیسی۔ ملکی باشندہ۔
**نیچ**۔ (ہ۔ صف) کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ
**نیچ اونچ**۔ (ہ۔ ا۔ مث) اونچی نیچی سطح۔ نشیب و فراز۔ برائی بھلائی۔



Marfat.com

نیکی بدی۔
نیچ پن۔ (ہ۔ صف) کمینہ پن۔ اوچھی حرکت۔
نیچ نہ چھوڑے نیچائی، نیم نہ چھوڑے تلخائی۔ (۱۔ مثل) کوئی شے اپنے اصل کو نہیں چھوڑتی۔
نیچا۔ (ی۔ چا) (ہ۔ صفت) (۱) نشیب۔ گہرا۔ اوچھا (۲) کم۔ ادنے (۳) مدھم۔ دھیما۔
نیچا اُونچا۔ (۱۔ مذ) نشیب و فراز۔ اُتار چڑھاؤ۔
نیچا پڑنا۔ (۱۔ محاورہ) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ مطیع ہونا (۲) دبنا۔ اُبھار کم ہونا۔ پچکنا۔ گرنا۔
نیچا دکھانا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔ غرور ڈھانا۔
نیچا دیکھنا۔ (۱۔ محاورہ) شرمندگی اُٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ شکست کھانا۔ ذلیل ہونا۔
نیچر۔ (نے۔ چر) (انگ۔ ا۔ مث) (Nature) (۱) فطرت۔ خلقت۔ پیدائش (۲) دنیا۔ عالم۔ موجودات (۳) قدرت۔ قانونِ قدرت۔
نیچرل۔ (نے۔ چ۔ رل) (انگ۔ صف) (Natural) قدرتی۔ فطرتی۔
نیچری۔ (نیچ۔ ری) (انگ۔ صف) نیچر کا ماننے والا۔ قانونِ فطرت اور قدرت پر چلنے والا۔ سرسید احمد خاں کا مقلد۔
نیچنا۔ (نے۔ چ۔ نا) (ق۔ صف) جھاڑنا۔
نیچہ۔ (نے۔ چا) (ف۔ ا۔ مذ) حُقّہ کی نے۔ حقہ کی نلیاں۔
نیچہ بسانا۔ (۱۔ محاورہ) نیچے میں کوئی خوشبودار عرق ڈال کر اس کے دونوں طرف کے سوراخوں کو بند کر دینا۔
نیچہ بند۔ (ف۔ ا۔ مذ) نیچہ باندھنے والا۔ حقہ کے نیچے بنانے والا۔
نیچہ بندی۔ (ف۔ ا۔ مث) نیچہ بنانے کا پیشہ۔
نیچہ تازہ کرنا۔ (۱۔ محاورہ) نیچہ میں تازہ پانی ڈالنا۔
نیچی۔ (ی۔ چی) (ہ۔ صف) پست۔ نشیب (۲) ادنے۔ رذیل۔ اوچھی۔ کمینی۔ گھٹیا (۳) جھکی۔ زیریں۔ نیچہ کی تانیث۔
نیچی آواز۔ (۱۔ مث) اونچی آواز کی ضد۔ دبی آواز۔ دھیمی آواز۔
نیچی نظر۔ (۱۔ مث) شرم و حیا سے نیچے کی ہوئی نگاہ۔ وہ نظر جو نیچے کی طرف مائل ہو۔
نیچی نظر کرنا۔ (۱۔ محاورہ) شرم و حیا سے آنکھیں اُوپر نہ اٹھانا (۲) کسی سے دبنا۔ شرمسار ہونا۔
نیچی نظر ہونا۔ (۱۔ محاورہ) شرمندہ ہونا (۲) احسان مند ہونا۔ بار احسان سے آنکھیں نہ اُٹھا سکنا۔
نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا۔ (۱۔ محاورہ) نظر چُرا کے دیکھنا۔ شرمائی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔
نیچے۔ (ی۔ چے) (ہ۔ صفت) نشیب میں۔ پستی میں (۲) ماتحت۔ زیرِ فرمان۔ نائب۔ مددگار (۳) مدھم۔ دھیما۔ کم۔ گھٹیا۔ ادنے۔
نیچے اُوپر۔ (۱۔ تابع فعل) اُوپر تلے۔ ایک پر ایک۔ ایک نیچے ایک اُوپر۔ اُلٹ پلٹ۔ اُتھل پتھل۔
نیچے اُوپر ہو جانا۔ (۱۔ محاورہ) تہ و بالا ہو جانا۔ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ اتھل پتھل ہو جانا۔
نیچے سے۔ (۱۔ تابع فعل) تلے سے۔ بنیاد سے۔
نیچے سے اُوپر تک۔ (۱۔ تابع فعل) سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
نیچے کا پاٹ بھاری ہے۔ (۱۔ مذ) بیوی زبردست ہے۔
نیچے کا دھڑ۔ جسم کا زیریں حصّہ۔
نیچے کی سانس نیچے، اوپر کی سانس اوپر رہ جانا۔ (۱۔ مثل) ہکا بکا رہ جانا۔ حیران اور دم بخود رہ جانا۔
نیچے لانا۔ (۱۔ محاورہ) پہلوانوں کی اصطلاح میں قابو کر لینا۔ کشتی میں دبا لینا۔ پچھاڑنا۔ جیت کرنا۔
نیخواہ۔ (نے۔ خاہ) (ق۔ صف) نیک خواہ۔
نیخوی پینا۔ (نے۔ خو۔ ی۔ پ۔ نا) (ق۔ ا۔ مذ) نیک خواری۔
نیر۔ (ق۔ ا۔ مذ) غسل صحت۔
نیر۔ (س۔ ا۔ مذ) پانی۔ جل (۲) دریا۔ سمندر (۳) آنسو۔
نیر بہانا۔ (۱۔ محاورہ) آنسو بہانا۔ رونا۔ برسنا۔
نیّر۔ (ی۔ یّر) (ع۔ ا۔ مذ) نہایت چمکدار ستارہ۔
نیّرِ اصغر۔ چاند۔
نیّرِ اعظم۔ نیّرِ تاباں۔ (ع۔ ا۔ مذ) سب سے بڑا اور سب سے روشن جرمِ فلکی۔ سورج۔
نیرا۔ (ی۔ را) (ق۔ صف) بدمعاش (۲) (ا۔ مث) ایسی سیندھی جو طلوع آفتاب سے قبل کی ہو۔
نیرنگ۔ (نے۔ رنگ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب (۲) شعبدہ۔ جادو (۳) چالاکی۔ اصل نورنگ یعنی جدید رنگ ہے۔
نیرنگ زمانہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) زمانہ کا شعبدہ۔ زمانہ کی افسوں گری (۲) انقلابِ روزگار۔ تغیرِ زمانہ۔
نیرنگ ساز، گر۔ (ف۔ صف) جادوگر۔ شعبدہ باز۔ بازی گر۔ دغا باز۔
نیرنگی۔ (نے۔ رنگی) (ف۔ ا۔ مث) جادوگری۔ فریب۔ شعبدہ بازی۔
نیرو۔ (ی۔ رو) (ف۔ ا۔ مث) (۱) قوت۔ طاقت (۲) زور آزمائی۔
نیڑا۔ (نے۔ ڑا) (ق) نزدیک۔
نیڑنا۔ (نیڑ۔ نا) (ق۔ مص) ختم ہونا۔
نیڑے۔ (نے۔ ڑے) (ق) نزدیک۔
نیز۔ (ف) حرفِ عطف (۲) دیگر۔ اور بھی۔
نیزہ۔ (نے۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذ) برچھی۔ بھالا۔ بلم (۲) کلک نے۔ ایک قسم کا نرسل جس سے قلم بناتے ہیں۔ قلم کی چھڑ۔
نیزہ باز۔ (ف۔ صف) بلم بردار۔ بھالے کے کرتب جاننے والا۔
نیزہ بازی۔ (ف۔ ا۔ مث) نیزہ کے کرتب اور داؤ پیچ۔
نیزہ بردار۔ (ف۔ صف) نیزہ لے کر چلنے والا۔



Marfat.com

**نیزوں پانی چڑھ جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) طغیانی آنا ۔ ترائی بڑھ جانا ۔

**نیساں** ۔ (نے ۔ساں) (ف ۔ ا ۔ مذ) قدیم شام کا ساتواں مہینہ اور اس مہینہ کی بارش ۔ بیساکھ یا اپریل مئی کا موسم ۔

**نیست** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) خالی (۲) عدم ۔ نابود ۔ معدوم ۔ فنا ۔

**نیست کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) برباد کرنا ۔ اُجاڑنا ۔

**نیست و نابود کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) بیخ و بنیاد سے کھودنا ۔ بالکل فنا کر دینا ۔

**نیست و نابود ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) مٹ جانا ۔ خاک میں ملنا ۔ فنا ہونا ۔ ناپید ہونا ۔ نام و نشان نہ رہنا ۔

**نیستان** ۔ (نی ۔یس ۔تان) (ف ۔ ا ۔ مذ) سرکنڈوں کا کھیت ۔ بانسوں کا جنگل ۔

**نیستی** ۔ (نیس ۔تی) (ف ۔ ا ۔ مث) ہستی کا مقابل (۲) ناپید ہونا ۔ فنا ۔ عدم (۳) بطلان ۔ ناس (۴) نحوست ۔ بدنصیبی ۔ بداقبالی (۵) تنگدستی مفلسی ۔ ناداری ۔ بدحالی ۔

**نیستی چھانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) نحوست چھانا ۔

**نیستی کا مارا** ۔ (۱ ۔ مذ) بدنصیب ۔ بداقبال ۔ منحوس ۔

**نیستی میں برخورداری** ۔ (۱ ۔ مثل) مفلسی میں اولاد پیدا ہونا ۔ جو خرچ کا باعث ہے ۔

**نیش** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نوک کی تیزی ۔ نوک کی انی (۲) ڈنک ۔ خار ۔ کانٹا ۔ (۳) کانٹے کی نوک (۴) زہر ۔

**نیش زنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) ڈنگ مارنا (۲) بُرائی کرنا ۔ کسی کے حق میں نقصان دہ کارروائی کرنا ۔

**نیش عقرب** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بچھو کا ڈنگ ۔ کنایتاً دشمنوں کی شرارت ۔

**نیش عقرب نہ از پئے کین است مقتضائے طبیعتش این است** ۔ اس شخص کی نسبت کہا جاتا ہے ۔ جس کی فطرت میں شرارت ہو ۔

**نیشتر** ۔ (نیش ۔تر) (ف ۔ ا ۔ مذ) نشتر ۔ زخم کھولنے کا اوزار ۔

**نیشتر لگانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) (۱) نشتر مارنا (۲) نوک چبھونا (۳) صدمہ پہنچانا ۔

**نیشکر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) گنا ۔ پونڈا ۔ اکھ ۔

**نیشن** ۔ (نے ۔شن) (Nation) (انگ ۔ ا ۔ مث) قوم ۔ وطن ۔

**نیشنل** ۔ (نیش ۔نل) (National) (انگ ۔ صف) قومی ۔ ملی ۔ وطنی ۔

**نیشنل ازم** ۔ (Nationalism) (انگ ۔ مذ) قوم پرستی ۔ وطن پرستی ۔

**نیشنل اسمبلی** ۔ (National Assembly) (انگ ۔ ا ۔ مث) قومی مجلس ۔ قانون ساز ۔ مجلس عالی ۔

**نیشنلسٹ** ۔ (نے ۔شن ۔ ن ۔ لسٹ) (Nationalist) (انگ ۔ ا ۔ مذ) قوم پرست ۔ وطن پرست ۔

**نیشنلٹی** ۔ (نے ۔شن ۔نل ۔ ٹی) (Nationality) (انگ ۔ ا ۔ مث) قومیت ۔ وطنیت ۔

**نیفہ** ۔ (نے ۔ فہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) پاجامے کے گھیرے کا وہ حصہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں (۲) حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کر کے سی دیتے ہیں ۔

**نیفہ میں اُڑسنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) نقدی یا کسی چیز کو نیفہ میں رکھ لینا ۔

**نیک** ۔ (ف ۔ صف) بھلا ۔ اچھا ۔ عمدہ (۲) سعید ۔ پرہیزگار ۔ عابد ۔ پاکدامن (۳) رحمدل (۴) شریف ۔ مہذب ۔ بھلا مانس ۔ نیک چلن ۔

**نیک اختر** ۔ (ف ۔ صف) نیک بخت ۔ سعید ۔ مبارک ۔

**نیک انجام** ۔ (ف ۔ صف) وہ جس کا انجام اچھا ہو ۔

**نیک اندر بد ۔ بد اندر نیک** ۔ (۱ ۔ مثل) اچھے کے ہاں بُرے اور بُرے کے ہاں اچھے کی جگہ ہوتے ہیں ۔

**نیک اندیش** ۔ (ف ۔ صف) بھلائی سوچنے والا ۔ نیک نیت ۔

**نیک بخت** ۔ (ف ۔ صف) خوش نصیب ۔ اقبال بلند ۔ نصیبے والا (۲) بھلا مانس ۔ بھولا ۔ بھالا ۔ سیدھا ۔ سادھا ۔

**نیک بختی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) سعادت مندی ۔ پرہیزگاری ۔ پارسائی ۔ بھلائی ۔

**نیک بختی آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) شامت آنا ۔ کم بختی کی جگہ طنزاً ۔

**نیک چلن** ۔ (ف ۔ صف) وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو ۔ اچھے کردار کا آدمی ۔

**نیک چلنی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اچھا چال چلن ۔ نیک کردار ۔ اعلیٰ اطوار ۔

**نیک خصلت** ۔ (ف ۔ صف) پاک سیرت ۔ خوش اطوار ۔

**نیک خواہ** ۔ (ف ۔ صف) اچھائی اور بہتری چاہنے والا ۔ وفادار ۔ نمک حلال ۔

**نیک دل** ۔ اچھائی کی نیت رکھنے والا ۔ پاکیزہ خیالات رکھنے والا ۔

**نیک دلی** ۔ (ف ۔ صف) دل کا صاف ہونا ۔

**نیک راہ پر لگانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) اچھی وضع سکھانا ۔ نیکی کی تلقین کرنا ۔

**نیک ساعت آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) اچھی گھڑی آنا ۔ اقبال کا وقت آنا ۔

**نیک سرشت** ۔ (ف ۔ صف) نیک طینت ۔ خوش خصال ۔

**نیک صلاح کا کیا پوچھنا ، کہنا** ۔ (۱ ۔ مثل) نیک کام فوراً کر لینا چاہیے ۔

**نیک فال** ۔ (ف ۔ صف) اچھا شگون ۔ مبارک فال ۔

**نیک فرجام** ۔ (ف ۔ صف) نیک انجام ۔

**نیک قدم** ۔ (۱ ۔ مذ) مبارک قدم ۔ جس کا آنا مبارک ہو ۔

**نیک کمائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اچھی اور حلال کمائی ۔

**نیک گھڑی آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) اچھی ساعت ہونا ۔ اچھا وقت آنا ۔

**نیک محضر** ۔ (ف ۔ صف) وہ شخص جو ہمیشہ دوسروں کو حاضر و غائب نیکی سے یاد کرے ۔

**نیک منش** ۔ (ف ۔ صف) اچھی خصلت کا ۔

**نیک منظر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) حسین ۔ خوبصورت ۔

**نیک نام** ۔ (ف ۔ صف) وہ شخص جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو ۔

**نیک نامی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) شہرت ۔ ناموری ۔



Marfat.com

**نیک نفس** (نِہاد ہ) (ف ۔صف) نیک مزاج ۔پاک طینت ۔
**نیک نیت** ۔ (ف ۔صف) اچھے ارادے کا مالک ۔
**نیک بختی** ۔(ف ۔ا ۔مث) بھلائی ۔نیکی ۔
**نیک و بد** ۔ (ف ۔صف) بُرا بھلا (۲) بُرائی ۔بھلائی ۔
**نیکوں کو سُول اور بدوں کو پُھول** ۔(ا ۔مثل) نیکوں کے ساتھ بدی اور بدوں کے ساتھ نیکی ۔اچھوں سے بُرائی اور بُروں سے اچھائی ۔
**نیکا** ۔(یٔ ۔کا) (ق ۔صف) خُوب اچھا ۔
**نیکر** ۔ (Knickers) (نے ۔کَر) (انگ ۔ا ۔مث) جانگیا ۔گھٹنوں سے اوپر تک کا پاجامہ ۔
**نیکو** ۔ (نے ۔کو) (ف ۔صف) اچھا ۔خوب ۔عمدہ ۔
**نیکو خصال** ۔(ف ۔صف) نیک خصلت ۔خوش سیرت ۔اچھی خصلت والا ۔
**نیکو سِیَر** (سیرت) ۔(ف ۔صف) اچھی خصلت والا ۔
**نیکو شمائل** ۔(ف ۔صف) نیکو کار ۔نیک خصلت ۔
**نیکو کار** ۔(ف ۔صف) اچھے کام کرنے والا ۔خوش اطوار ۔
**نیکو نہاد** ۔(ف ۔صف) نیک نفس ۔پاک طینت ۔
**نیکوئی** ۔(نے ۔کو ۔ای) (ف ۔صف) نیکی ۔بھلائی ۔خوبی ۔عمدگی ۔
**نیکھا** ۔(یٔ ۔کھا) (ق ۔صف) (۱) نیک (۲) روشن ۔صاف ۔چمکدار ۔نکھرا ہوا ۔
**نیکی** ۔(نے ۔کی) (ق ۔صف) (۱) خوب اچھی (۲) (ا ۔مث) ناگنہ ۔(۳) ناچنے والی ۔
**نیکی** ۔(نے ۔کی) (ف ۔ا ۔مث) (۱) بھلائی ۔خوبی ۔عمدگی ۔(۲) کارِ خیر ۔احسان ۔
**نیکی آڑے** ۔(ا ۔کلمہ دُعا) (۱) خفا ہونے کا فقرا (۲) خدا کی سنوار ۔دعا بد کی بجائے ۔
**نیکی اور پُوچھ پُوچھ** ۔(ا ۔مثل) نیک کام کرنے کے واسطے مشورہ کی حاجت کیا ۔
**نیکی بدی** ۔ (ف ۔ا ۔مث) بھلائی بُرائی ۔نفع نقصان ۔دوستی ۔دُشمنی ۔
**نیکی بدی کے فرشتے** ۔(ا ۔مذ) فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں کراماً کاتبین ۔
**نیکی بدی کے واسطے رکھنا** ۔(ا ۔محاورہ) وقت بے وقت کے واسطے کچھ پس انداز کرنا ۔
**نیکی برباد گناہ لازم** ۔(ا ۔مثل) اچھائی کو نظرانداز کر کے صرف بُرائیاں ہی پیش رکھی جائیں تو کہتے ہیں ۔
**نیکی کا زمانہ نہیں** ۔(ا ۔مثل) اس زمانے میں نیکی کی کوئی قدر نہیں ۔
**نیکی کا فرشتہ** ۔(ا ۔مذ) وہ فرشتہ جو اچھے اعمال لکھتا ہے ۔
**نیکی کر دریا (کنوئیں) میں ڈال** ۔(ا ۔مثل) نیکی کر کے بھُول جانا ۔احسان کر کے بُھلا دینا ۔اچھے بدلے کی اُمید نہ رکھنا ۔
**نیکی کر و خدا سے چاہو** ۔(ا ۔مثل) کسی سے اچھا سلوک اس نیت سے کرنا چاہیئے کہ اس کا اجر خدا دے گا ۔
**نیکی کی جڑ سدا ہری** ۔(ا ۔مثل) نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی ۔

**نیکی نیک راہ بدی بد راہ** ۔(ا ۔مثل) یعنی ہر ایک کو اپنے اچھے بُرے فعل کی جزا اور سزا ضرور ملے گی ۔
**نیگ** ۔(ہ ۔ا ۔مذ) حصّہ ۔بخرہ (۲) نذر ۔بھینٹ (۳) بیاہ میں رشتہ داروں کو شگون کے طور پر یا خدمت گاروں کو بطورِ انعام دی جانے والی رقم ۔
**نیگ جوگ** ۔(ہ ۔ا ۔مذ) وہ انعام جو شادی کی تقریب پر رشتہ داروں اور خادموں کو دیا جاتا ہے ۔
**نیگ جوگی** ۔(ا ۔صف) شادی بیاہ کی تقریبوں میں انعام کے حقدار اور مستحق لوگ ۔
**نیگ دینا** ۔(ا ۔محاورہ) شادی بیاہ کے موقعوں پر خدمت گاروں کو حق الخدمت اور رشتہ داروں کو شگون کے طور پر کچھ نقدی دینا ۔
**نیگ لگانا** ۔(ا ۔محاورہ) اچھے کام پر لگانا ۔خوشی کے موقع پر خرچ کرنا (۲) تمام خرچ کر ڈالنا ۔برباد کر دینا ۔ضائع کرنا ۔
**نیگ لینا** ۔(ا ۔محاورہ) شادی بیاہ کی تقریبوں میں رشتہ داروں اور خادموں کا اپنا حق لینا ۔
**نیگرو** ۔ (Negro) (نیگ ۔رُو) (انگ ۔ا ۔مذ) زنگی حبشی ۔سیاہ فام ۔
**نیل** ۔(ع ۔ا ۔مذ) حصول (۲) دست رس ۔
**نیل مرام** ۔(ع ۔ا ۔مذ) حصول مقصد ۔مراد پانا ۔مقصد پورا ہونا ۔
**نیل** ۔(ف ۔ا ۔مذ) نیلا رنگ (۲) وسمہ (۳) مصر کا ایک مشہور دریا (۴) چوٹ کا نشان ۔
**نیل بڑی** ۔(ا ۔مذ) گھٹیا نیل ۔
**نیل بگڑنا** ۔ (ا ۔محاورہ) (۱) نیل کا ماٹ بگڑ جانا ۔نیل کا پھٹ کر خراب ہو جانا (۲) کم بختی آنا ۔شامت آنا (۳) جھوٹی باتیں بنانا ۔غلط افواہیں اُڑانا (۴) پاگل ہو جانا ۔عقل نہ رہنا (۵) بھاری نقصان ہونا ۔
**نیل پڑ جانا** (پڑنا) ۔(ا ۔محاورہ) چوٹ کے صدمہ سے جسم پر نیلا داغ پڑ جانا ۔
**نیل جلانا** ۔(ا ۔محاورہ) بارش کا زور کم کرنے کے لیے جاہل لوگ تلوار پر نیل رکھ کر جلاتے ہیں ۔
**نیل ڈھلنا** ۔(ا ۔محاورہ) مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا ۔موت کے آثار پیدا ہونا (۲) بے حیا اور بے شرم ہو جانا ۔
**نیل کا ٹیکا** ۔(ا ۔مذ) نیل یا سیاہی کا نشان جو بچوں کے ماتھے پر نظرِ بد سے بچنے کیلیے بنا دیتے ہیں (۲) بدنامی کا داغ ۔روسیاہی ۔
**نیل ماٹھ بگڑنا** ۔(ا ۔محاورہ) (کنایۃً) جھوٹی خبر مشہور ہونا ۔کہتے ہیں کہ جب رنگریزوں کا نیل خراب ہو جاتا ہے اور رنگ اچھا نہیں آتا تو وہ کوئی غلط خبر مشہور کر دیتے ہیں ۔ان کا عقیدہ ہے کہ غلط افواہ پھیلانے سے خراب نیل ٹھیک ہو جاتا ہے ۔
**نیل کنٹھ** ۔(ا ۔مذ) ایک رنگین پرندہ جس کی گردن اور پَر نیلے ہوتے ہیں ۔



Marfat.com

**نیل کنٹھی** ۔ (ا۔مث) ایک بوٹی جس کا رنگ نیلاہٹ پر ہوتا ہے۔
**نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا** ۔ (ا۔محاورہ) اندھا کرنا۔
**نیل کی کوٹھی** ۔ نیل بنانے کا کارخانہ۔
**نیل گاؤ۔ نیل گائے** ۔ (ا۔مث) ہرن کی قسم کا چھوٹی گائے کے برابر جنگلی چوپایہ۔
**نیل گر** ۔ (ف۔صف) نیل بنانے والا۔ نیل کا کام کرنے والا۔ رنگریز۔
**نیل گوں۔ نیلگوں** ۔ (ف۔صف) نیلے رنگ کا۔ آسمانی رنگ کا۔ نیلا۔
**نیل گھونٹنا** ۔ (ا۔محاورہ) نیل کو باریک کرنا۔ نیل پانی میں ڈال کر بلونا۔ (۲) رطالی ڈالونا۔ کہرام مچوانا۔
**نیلا** ۔ (ی۔لا) (ہ۔صف۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا۔ نیل گوں۔ آبی۔ آسمانی۔ کبود (۲) ایک قسم کا کبوتر۔
**نیلا پڑ جانا** ۔ (ا۔محاورہ) نیلے رنگ کا ہوجانا۔ کالا پڑ جانا
**نیلا پیلا ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) غصے ہونا۔ خفا ہونا۔ قہر و غضب سے چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
**نیلا تھوتھا** ۔ (ا۔مذ) توتیا۔ ایک دوا جو تانبے سے تیار کی جاتی ہے۔
**نیلا ڈورا باندھنا (گنڈا پہنانا)** ۔ (ا۔محاورہ) بری نظر سے بچانے کے لیے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا۔
**نیلا کر دینا (کرنا)** ۔ (ا۔محاورہ) نیلا رنگ دینا (۲) حد سے زیادہ مارنا۔ اتنا مارنا کہ بدن پر نیلے نشان پڑ جائیں۔
**نیلا گودنا** ۔ (ا۔محاورہ) سوئیوں سے ہاتھ پاؤں گود کر ان میں نیل بھرنا۔
**نیلاب** ۔ (نی۔لاب) (ق۔ا۔مذ) دریا۔
**نیلاجا** ۔ (نی۔لا۔جا) (ق۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔
**نیلام** ۔ (نی۔لام) (پر۔ا۔مذ) بولی بول کر بیچنا۔ بولیوں کے ذریعے قیمت بڑھاتے جانا۔
**نیلام پر چڑھنا** ۔ (ا۔محاورہ) نیلام کیا جانا۔ نیلام کرکے بیچ دینا۔
**نیلام کا مال** ۔ (ا۔مذ) کم وقعت مال۔ ناقص اور حقیر چیز۔
**نیلام کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) بولی بول کر بیچنا۔
**نیلام گھر** ۔ (ا۔مذ) وہ مقام جہاں بولی دے کر چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔
**نیلامچی** ۔ (نی۔لام۔چی) (ف۔صف) نیلام کرنے والا۔
**نیلامی** ۔ (نی۔لا۔می) (ا۔صف) نیلام سے متعلق۔
**نیلاہٹ** ۔ (نی۔لا۔ہٹ) (ہ۔صف) نیلا پن۔ نیلی جھلک۔
**نیلک** ۔ (نی۔لک) (ق۔ا۔مذ) بیل دار کپڑا۔ بوٹے دار جامہ۔
**نیلم** ۔ (نی۔لم) (ف۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا قیمتی پتھر۔
**نیلم پری** ۔ (ا۔مث) ایک فرضی پری۔
**نیلوفر** ۔ (نی۔لو۔فر) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کے نیلے پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا اور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ کنول۔
**نیلوفری** ۔ (نی۔لو۔فَ۔ری) (ف۔صف) نیلوفر کے رنگ کی۔ نیلگوں۔

**نیلی** ۔ (نی۔لی) (ف۔صف) نیلے رنگ کی چیز۔ نیل گوں۔ آبی۔ آسمانی نیلا کی تانیث۔
**نیلی پیلی آنکھیں کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) بے حد غضب ناک ہونا۔ بہت غصہ کرنا۔
**نیلی فام** ۔ (ف۔صف) نیلے رنگ کا۔ نیلگوں۔ کبود (۲) آسمان۔
**نیم** ۔ (ق۔ا۔مذ) القا۔ مذہبی پابندی۔
**نیم** ۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک چھتنار درخت۔ جس کے پتے اچھال اور رس بہت کڑوے ہوتے ہیں۔
**نیم کی ٹہنی ہلانا** ۔ (ا۔محاورہ) کنایہ ہے مرض آتشک میں مبتلا ہونے سے کہ مریض نیم کی ٹہنی ہلا کر مکھیاں اڑاتا رہتا ہے۔
**نیم کی نبولی** ۔ (ا۔مث) نمکولی۔ نیم کا پھل۔
**نیم** ۔ (ف۔صف) نصف۔ آدھا۔
**نیم آستین** ۔ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا کرتا جس کی آستین آدھی ہوتی ہے۔
**نیم اشارہ** ۔ (ف۔ا۔مذ) مبہم اشارہ۔
**نیم باز** ۔ (ف۔صف) آدھا کھلا آدھا بند۔
**نیم برشت** ۔ (ف۔صف) ادھ پکا۔ ادھ کچا۔ آدھا بنا ہوا۔
**نیم بسمل** ۔ (ف۔صف) آدھا ذبح کیا ہوا۔ گھائل۔ مجروح۔ ادھ موا۔
**نیم تاب** ۔ (ف۔صف) آدھا لپٹا ہوا۔
**نیم تر** ۔ (ف۔صف) کچھ یونہی سا پڑھا ہوا۔ حرف شناس۔ جسے پوری تعلیم نہ دی جائے۔
**نیم جاں** ۔ (ف۔صف) (۱) ادھ موا۔ نیم مردہ۔ قریب المرگ (۲) بکر ہو رہا نحز
**نیم جوش** ۔ (ف۔صف) آدھا جوش دیا ہوا۔ ہلکا ابلا ہوا۔ آدھا پکا ہوا۔
**نیم حکیم** ۔ (ف۔ا۔مذ) ناتجربہ کار حکیم۔ ان پڑھ اور عطائی حکیم۔
**نیم حکیم خطرۂ جان، نیم ملا خطرۂ ایمان** ۔ (ا۔مثل) ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا خطرہ لگا رہتا ہے۔
**نیم خواب** ۔ (ف۔صف) کچی نیند۔ جاگنے سونے کی کیفیت۔
**نیم خوردہ** ۔ (ف۔صف) جھوٹا۔ پس خوردہ۔
**نیم راضی** ۔ (ف۔صف) تھوڑا رضامند۔
**نیم رخ** ۔ (ف۔صف) یک رخی تصویر۔
**نیم رس** ۔ (ف۔صف) جو چیز ابھی پوری تیار نہ ہوئی ہو۔
**نیم رضا** ۔ (ف۔صف) کسی قدر رضامندی۔
**نیم روز** ۔ (ف۔صف) دوپہر۔
**نیم شگفت** ۔ (ف۔صف) ناتمام۔ آدھا بندھا ہوا۔
**نیم سوختہ** ۔ (ف۔ا۔مث) آدھا جلا ہوا۔
**نیم سیر** ۔ (ف۔صف) آدھا پیٹ بھرا ہوا۔
**نیم شب** ۔ (ف۔ا۔مث) آدھی رات۔
**نیم کش** ۔ (ف۔صف) آدھا کھینچا ہوا۔ آدھا اندر آدھا باہر۔
**نیم کشتہ** ۔ (ف۔صف) گھائل۔ زخمی۔
**نیم گرم** ۔ (ف۔صف) شیر گرم۔ وہ پانی جو پوری طرح گرم نہ ہو۔ تھوڑا گرم۔ گنگنا۔



Marfat.com

نیم مُلّا۔ (ف۔صف) ناقص العلم۔ معمولی پڑھا لکھا مولوی۔
نیم نگاہ۔ (ف۔صف) کنکھیوں سے دیکھنا۔
نیم وا۔ (ف۔صف) آدھا کھلا ہوا۔
نیمچہ۔ (نیم۔چَہ) (ف۔ا۔مذ) چھوٹی تلوار۔
نیمچہ تولنا۔ (ا۔محاورہ) مارنے کے لیے نیمچہ اٹھانا۔
نِیمن۔ (نی۔مَن) (ہ۔صف) مضبوط۔ گٹھیلا۔ زور آور قوی (۲) دیرپا۔ مستحکم۔ پختہ۔ پکّا (۳) بھاری۔ ٹھوس۔
نِیمہ۔ (نی۔مہ) (ف۔ا۔مذ) آدھا۔ نصف (۲) ایک قسم کا اونچا پاجامہ (۳) جانب۔ طرف (۴) برقع (۵) زنانہ استعمال کا اندرونی لباس۔ محرم۔
نیمہ آستین۔ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا کرتا۔ جس کی آستینیں آدھی ہوتی ہیں۔
نیمی۔ (نِ۔یَ۔می) (ہ۔ا۔مذ) ایماندار۔ پاکدامن۔ پارسا۔ پرہیزگار (۲) پابند قاعدہ۔ پابند اوقات (۳) دیانت دار (۴) خدا ترس۔ صاف باطن۔
نیمے دروں نیمے بروں۔ (ف۔مثل) آدھا اندر۔ آدھا باہر۔
نیں۔ (ق) نہیں۔
نین۔ (ہ۔ا۔مذ) آنکھ۔ چشم (۲) نظر۔ نگاہ
نین سُکھ۔ (ا۔محاورہ) ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا۔ خاصہ۔
نین گنوانا۔ (ا۔محاورہ) اندھا ہونا (۲) محتاج ہونا۔
نین مُتنا۔ (ا۔صف) بات بات پر رو دینے والا۔ زود رنج۔
نین مُتنی۔ (ا۔مث) چڑچڑی۔ زود رنج عورت۔ بات بات پر رو دینے والی۔ ہر بات پر آزردہ اور ناراض ہونے والی۔
نیناں۔ (نے۔ناں) (ہ۔ا۔مذ) آنکھیں۔
نیند۔ (ہ۔ا۔مث) نوم۔ خواب۔ سونے کی کیفیت۔ جاگنے کی ضد۔
نیند (آجانا) آنا۔ (ا۔محاورہ) سو جانا۔ سونے کی خواہش ہونا۔
نیند (اُچٹ) اُڑ جانا۔ (ا۔محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند کا جاتے رہنا۔ آنکھ کھل جانا۔ جاگ پڑنا۔
نیند اُڑنا۔ (ا۔محاورہ) نیند نہ آنا۔
نیند اُمڈنا۔ (ا۔محاورہ) شدت سے نیند آنا۔
نیند بھر جانا۔ (ا۔محاورہ) سونے کی خواہش نہ رہنا۔
نیند بھر کر سونا۔ (ا۔محاورہ) بے فکری سے سونا۔ جی بھر کر سونا۔
نیند بھری آنکھیں۔ (ا۔مث) وہ آنکھیں جن میں نیند کا خمار ہو۔
نیند بھری ہونا۔ (ا۔محاورہ) آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا۔
نیند پڑنا۔ (ا۔محاورہ) نیند آنا۔ سو جانا۔
نیند جانا۔ (ا۔محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند اُڑنا۔
نیند حرام کرنا۔ (ا۔محاورہ) سوتے میں تنگ کرنا۔ سونے نہ دینا۔ سوتے سے جگا دینا۔
نیند کافور ہونا۔ (ا۔محاورہ) نیند اُڑ جانا۔
نیند کا ماتا۔ (ا۔صف) خواب آلود۔ نیند بھرا ہوا۔

نیند کھو دینا۔ (ا۔محاورہ) سونے نہ دینا۔ نیند اُڑا دینا۔
نیند کی جھپکی۔ (ا۔مث) غنودگی۔ ذرا سی دیر آنکھ جھپکنا
نیند کے مارے بُرا حال ہونا۔ (ا۔محاورہ) بڑے زور کی نیند آنا۔ شدت کی نیند آنا
نیند میں خلل (فتور) آنا۔ (ا۔محاورہ) نیند بھر کر سونے نہ پانا۔
نینو۔ (نے۔نُو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سوتی باریک کپڑا جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنتے ہوتے ہیں۔ پھول دار کپڑا۔
نیو۔ (ن۔یو۔نیُو) (ہ۔ا۔مث) بنیاد۔ دیوار کی جڑ۔ بنا۔
نیو جمانا۔ (ا۔محاورہ) مضبوط کرنا۔
نیو ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) کسی مکان کی بنیاد رکھنا (۲) کسی بات کی تمہید اٹھانا (۳) شروع کرنا۔
نیو سے بیٹھنا۔ (ا۔محاورہ) کسی تعمیر کا بنیاد سے بیٹھ جانا۔
نیو کھودنا۔ (ا۔محاورہ) بنیاد کھودنا۔ جڑ کھودنا۔
نیوا۔ (نی۔وا) (ہ۔ا۔مذ) پرسکون۔ سنجیدہ۔ مطمئن۔
نیوتا۔ (ن۔یو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) شادی بیاہ کی تقریبوں میں نقدی دینے لینے کی رسم۔
نیوتا (بھیجنا) دینا۔ (ا۔محاورہ) شادی میں طلب کرنا۔ تقریب میں مدعو کرنا۔ دعوت دینا۔
نیوتنا۔ (ن۔یوت۔نا) (ہ۔مص) بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا۔
نیوز۔ (News) (ن۔یوز) (انگ۔ا۔مث) خبر۔ اخبار۔
نیوز ایڈیٹر (انگ۔مذ) اخبار میں خبروں کا نگران اعلیٰ۔
نیوز ایجنٹ۔ (News Agent) (انگ۔ا۔مذ) اخبار فروش۔ خبر رساں۔
نیوز ایجنسی۔ (انگ۔ا۔مث) محکمۂ اطلاعات۔ اطلاع رسانی۔ محکمۂ خبر رسانی۔ (News Agency)
نیوز پرنٹ۔ (Newsprint) (انگ۔ا۔مذ) اخبار چھاپنے کا معمولی کاغذ۔
نیوز پیپر۔ (News Paper) (انگ۔ا۔مذ) اخبار۔
نیوز لیٹر۔ (News Letter) (انگ۔ا۔مذ) خبرنامہ۔ اخباری مراسلہ۔ جس میں خبریں یا خبروں پر تبصرہ درج ہو۔
نیوش۔ (ن۔یوش) (ف۔صف) سُننا۔ سننے والا۔ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے حق نیوش۔
نیوشندہ۔ (ن۔یو۔شَن۔دَہ) (ف۔صف) سُننے والا۔
نیوگ۔ (ن۔یوگ) (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کے لیے ایک خاص رسم۔
نیولا۔ (ن۔یو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) چوہے کی قسم کا ایک جانور جو سانپ کا دشمن ہے۔
نیولی۔ (ن۔یولی) (ہ۔ا۔مث) روپے رکھنے کی لمبی سی تھیلی۔ ہمیانی
نیون۔ (Neon) (ی۔اون) ایک قدرتی گیس جو تھوڑا عرصہ گزرا



Marfat.com

۱۸۹۸ء در یافت ہوئی ہے۔ یہ گیس روشنی کے کام آتی ہے۔
**نیوی** (Navy) (نے۔وی) (انگ ۱۱۔مث) بحری فوج۔
جنگی جہازوں کا بیڑا۔ جنگی بیڑا۔

**نیہہ** (نے۔ہ۔ ا۔مذ) پیار۔ محبت۔ عشق۔
**نیہہ لگانا** (۱۶۔محاورہ) آنکھ لگانا۔ عشق لڑانا۔ محبت کرنا۔
**نیہی** (۵۔صف) محبت کرنے والا۔



Marfat.com

# و

و (واؤ) (ع - ا - مذ و مث) اُردو کا تینتیسواں[۳۲] - فارسی کا تیسواں[۳۰] - عربی کا چھبیسواں[۲۶] اور ہندی کا انتیسواں[۲۹] حرف - حساب ابجد میں اس کے چھ عدد مقرر ہیں۔ واؤ کی چار قسمیں ہیں (۱) معروف - جس واؤ کے پہلے پیش ہو اور خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے جیسے دُور - حُور (۲) مجہول - جس واؤ کے پہلے پیش تو ہو مگر ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے جیسے ہوش - زور (۳) موقوف - یہ واؤ ان اُردو ہندی اسماء کے آخر میں آتا ہے - جن میں واؤ کے پہلے الف ہو - جیسے بھاؤ تاؤ (۴) معدولہ - یہ واؤ لکھا جاتا ہے - مگر بولا نہیں جاتا - جیسے خوش - خود پہچان کے لیے اس کے نیچے چھوٹی سی لکیر لگا دیتے ہیں - واؤ لین وہ واؤ ہے - جس کے حرف ماقبل پر ختم ہو اور آواز کو نرم اور ترچھی کر کے تلفظ کیا جائے جیسے قوم - شوق وغیرہ ہیں۔

اس کے علاوہ یہ حرف اُردو اور فارسی میں مندرجہ ذیل معنوں میں استعمال ہوتا ہے (۱) واؤ معیت - یعنی ایک کے ساتھ دوسرے کا لازم ہونا جیسے پیری و صد عیب - یہ واؤ صرف عربی فارسی الفاظ کے درمیان آتا ہے - (۲) واؤ قسم - جیسے واللہ (خدا کی قسم) واؤ زائد جیسے و لیک - و لیکن - (۴) واؤ نسبت جیسے ہندو (۵) واؤ عطف (مرکبات فارسی و عربی میں اس کا استعمال جائز ہے - اُردو اور ہندی میں نہیں - اس کا تلفظ "او" ہے - جیسے زید و بکر - شام و سحر - یہ قمری حرف ہے اس کے اگر "ال" آئے گا تو لام بولا جائے گا - جیسے الواحد۔

## و - ا

وا - (ف - صف) (۱) کھلا ہوا - کشادہ - جُدا - الگ - پھیلا ہوا (۲) (تابع فعل) دوبارہ دوسری دفعہ - پھر - پیچھے - بعد۔

وابستگان - (وا - بس - تِ - گان) (ف - سف (مذ - مث) وابستہ کی جمع - جو خاص تعلق رکھتے ہوں - متعلقین - رشتہ دار - ملازم - لواحقین۔

وابستگی - (ف - ا - مث) تعلق - سروکار - واسطہ - لگاؤ۔

وابستہ - (ف - صف) (۱) بندھا ہوا (۲) متعلق (۳) رشتے دار عزیز (۴) ملازم - نوکر۔

واپس - (ف - صف) (۱) پیچھے (۲) بعد میں (۳) لوٹایا ہوا - مسترد کیا ہوا نامنظور کیا ہوا (۴) لوٹا ہوا - اُلٹ پھرا ہوا (۵) پھر - دوبارہ۔

واپسی - (ف - ا - مث) (۱) واپس کی ہوئی - پھیری ہوئی (۲) واپس ہونے یا آنے کی حالت۔

واپسیں - (ف - صف) آخر کار - آخری - اخیر - دم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - جیسے دم واپسیں۔

وادید - (ف - ا - مث) پھر کر دیکھنا - لوٹ کر دیکھنا۔

وارستگی - (ف - ا - مث) آزادی - فارغ البالی - چھٹکارا۔

وارستہ - (ف - ا - مذ) آزاد - فارغ البال - جمع - وارستگان۔

وارستہ طبع - وارستہ مزاج - (ف - صف) آزاد طبع - بے پرواہ۔

وارفتگی - آپے سے باہر ہونے کی حالت - بے خودی - بے خبری۔

وارفتہ - (ف - صف) جو اپنے آپے سے باہر ہو - بے خود (۲) شیفتہ عاشق - جمع - وارفتگان۔

وارفتہ مزاج - (ف - صف) جس کا مزاج اس کے قابو میں نہ ہو بے خود - بے خبر۔

واسوخت - (ف - ا - مذ) مسدس طرز کی ایک نظم جس میں معشوق کے ظلم و ستم کا حال بیان کر کے اس سے بیزاری کا اظہار کیا گیا ہے۔

واسوختہ - (ف - صف) جلا ہوا۔

واشگاف - (ف - صف) ظاہر - کھلا - کسی بات کو کھول کر بیان کرنا۔

واکرنا - (ا - محاورہ) کھولنا - باز کرنا - اُکھاڑنا۔

واگزار - (ف - صف) چھوڑ دینا - پابندی یا شرط اُٹھا لینا (۲) واپس کرنا۔

واگزاشت - (ف - ا - مث) چھوڑ دینے - پابندی ہٹانے یا شرط ہٹانے کا عمل (۲) واپسی۔

واگزاشتہ - (ف - صف) چھوڑا ہوا (۲) واپس دیا ہوا (۳) رہا کیا ہوا۔

واماندگاں - (ف - صف) واماندہ کی جمع - جو پیچھے رہ گئے - جو تھک کر رہ گئے۔

واماندگی - (ف - ا - مث) (۱) پیچھے رہ جانا (۲) تھکن - تھکاوٹ (۳) عاجزی - ہیچ ہونا۔

واماندہ - (ف - صف) جو تھک کر پیچھے رہ گیا - جو تھک کر بیٹھ گیا (۲) باقی بچا ہوا - پس ماندہ (۳) عاجز - ہیچ - جمع - واماندگان۔

وا ہونا - (ا - محاورہ) کھلنا - آزاد کیا جانا (۲) غم سے نجات پانا۔

وا - (ع) وائے کا مخفف - آہ ! افسوس۔

واحسرتا - (ف - کلمۂ حسرت) افسوس ! ہائے افسوس - حیف۔

وامصیبتا - (ع - کلمۂ افسوس) ہائے مصیبت - کوئی مصیبت پڑے تو اس موقع پر بطور اظہار ملال یا فریاد کہتے ہیں۔

واویلا - (ع - ا - مذ) (۱) ماتم - رونا پیٹنا (۲) دُہائی - فریاد (۳) افسوس - حیف۔

واویلا کرنا (مچانا) - (ا - محاورہ) (۱) رونا پیٹنا (۲) دہائی دینا - شور مچانا۔



Marfat.com

**واٹ۔** (Watt) (انگ ۔ا۔مذ) برقی قوت کا پیمانہ۔

**واٹر۔** (وا۔ٹر) (Water) (انگ ۔ا۔مذ) پانی ۔جل۔آب۔

**واٹر پروف۔** (Water Proof) (انگ ۔ا۔صف) بِن ردک۔ جس پر پانی اثر نہ کرے (لباس وغیرہ)۔

**واٹر پولو۔** (Water Polo) (انگ ۔ا۔مذ) پانی پولو۔ ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں۔

**واٹر سپلائی۔** (Water Supply) (انگ ۔ا۔مذ) پینے کا پانی فراہم کرنے کا انتظام ۔آب رسانی۔

**واٹر کلر۔** (Water Colour) (انگ ۔ا۔مذ) آب رنگ ۔پانی سے رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کیے جائیں (۲) آب رنگ تصویر (۳) آب رنگ مصوری۔

**واٹر ورکس۔** (Water Works) (انگ ۔ا۔مذ) کارخانۂ آب رسانی۔

**واٹر مارک۔** (Water Mark) (انگ ۔ا۔مذ) کاغذ کے اندرونی نشانات جن میں بنانے والا کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے۔

**واثق۔** (وا۔ثق) (ع ۔صف) مضبوط ۔پکا۔ مستحکم ۔پختہ۔ مستقل۔

**واجب۔** (وا۔جب) (ع ۔صف) ضروری ۔لازم ۔مناسب ۔ٹھیک لائق ۔سزاوار ۔قابل (۲) جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو ۔خدائے تعالیٰ (۳) ہمیشہ ۔دائم (۴) (فقہ میں) وہ رکنِ دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گنہگار ہو (۵) (علمِ ریاضی میں) وہ مکسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو (۶) تنخواہ مشاہرہ ۔ماہانہ ۔ماہ وار (جمع) واجبات۔

**واجب آنا۔** (محاورہ) لازم آنا ۔ضروری ہو جانا (۲) ذمّے نکلنا۔

**واجب الاتباع۔** (ع ۔ا۔صف) جس کی پیروی ضروری ہو۔

**واجب الادا۔** (ع ۔ا۔صف) جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ایسی رقم جو کسی کے ذمے نکلتی ہو۔

**واجب الاذعان۔** (ع ۔صف) جس کی تعمیل ضروری ہو۔

**واجب الاظہار۔** (ع ۔صف) جس کا ظاہر کرنا یا بیان کرنا ضروری ہو۔

**واجب التسلیم۔** (ع ۔صف) جس کا ماننا ضروری ہو۔

**واجب التعزیر۔** (ع ۔صف) قابلِ سزا۔ وہ فعل جو جرم کی حد میں یا قانون کی زد میں آئے۔

**واجب التعظیم۔** (ع ۔صف) تعظیم کرنے کے لائق ۔بزرگ ۔محترم۔

**واجب التعمیل۔** (ع ۔صف) جس پر عمل کرنا لازمی ہو۔

**واجب الرحم۔** (ع ۔صف) ترس کھانے یا رحم کرنے کے لائق۔

**واجب الرعایت۔** (ع ۔صف) قابلِ معافی ۔رعایت کا مستحق۔

**واجب الطلب۔** (ع ۔صف) جس کا طلب یا وصول کرنا ضروری ہو۔

**واجب العرض۔** (ع ۔صف) جتانے یا بیان کرنے کے قابل (۲) عرضی دعوے ۔تحریری معروضہ (۳) وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے خاتمے پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کے بارے میں لکھی جائیں۔

**واجب القتل۔** (ع ۔صف) قتل کرنے کے قابل ۔گردن زنی۔

**واجب القطع۔** (ع ۔ا۔صف) کاٹ دینے کے قابل۔

**واجب الوجود۔** (ع ۔صف) جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ۔

**واجب الوصول۔** (ع ۔صف) جس کا وصول کرنا واجب ہو یا فقنی

**واجب جاننا ۔ واجب سمجھنا۔** (محاورہ) لازم سمجھنا ۔ضروری جاننا ۔فرض سمجھنا ۔لازم قرار دینا۔

**واجب ہونا۔** (محاورہ) ضروری ہونا (۲) ذمّے نکلنا۔

**واجبات۔** (وا۔ج۔بات) (ع ۔ا۔مذ) (۱) واجب کی جمع ۔لازمی یا ضروری چیزیں ۔لوازمات (۲) رقم واجب الوصول۔ چڑھی ہوئی

**واجبی۔** (وا۔ج۔بی) (ف ۔صف) ضروری ۔لازمی (۲) بجا ۔درست ۔ٹھیک ۔معقول (۳) تھوڑی ۔کسی قدر۔

**واجبی بات۔** (ف ۔ا۔مث) درست بات ۔ٹھیک بات۔

**واجبی خرچ۔** (ف ۔ا۔مذ) متوسط خرچ ۔لازمی خرچ۔

**واجبی سا۔** (ف ۔تابع فعل) تھوڑا سا ۔ذرا سا ۔قلیل مقدار میں۔

**واجبی قیمت۔** (ف ۔ا۔مث) مناسب قیمت ۔وہ قیمت جو نہ زیادہ ہو نہ کم ہو۔

**واجد۔** (وا۔جِد) (ع ۔صف) وجود دینے والا (۲) پانے والا (۳) بات پانے والا (۴) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

**واچ۔** (Watch) (انگ ۔ا۔مث) جیبی گھڑی۔

**واچ میکر۔** (Watch Maker) (انگ ۔ا۔مذ) گھڑی درست کرنے والا ۔گھڑی ساز۔

**واحد۔** (وا۔حِد) (ع ۔صف) (۱) ایک ۔مفرد ۔فرد (۲) یگانہ یکتا ۔اکیلا (۳) نرا ۔تنہا ۔صرف ۔محض ۔فقط (۴) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**واحد العین۔** (ع ۔صف) ایک آنکھ کا ۔کانا ۔یک چشم۔

**واحد حقیقی۔** (ع ۔صف) اصل یکتا ۔خدائے تعالیٰ۔

**واحد شاہد۔** (ع ۔صف) واقف ۔باخبر (۲) جاننے والا۔

**واحدیت۔** (وا۔ح۔دی۔یت) (ع ۔ا۔مث) ایک ہونا ۔یکتائی۔

**وادی۔** (وا۔دی) (ع ۔ا۔مث) نیچی زمین ۔گھاٹی (۲) دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین (۳) نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گذرگاہ (۴) (مذ) جنگل ۔صحرا ۔بیابان۔

**وادی القرا۔** (ع ۔ا۔مث) مدینہ منورہ کے قریب ایک وادی۔

**وادیٔ ایمن۔** (ع ۔ف ۔ا۔مذ) وہ جنگل جہاں حضرت موسیٰؑ اپنی بیوی کو دردِ زہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خدا کی تجلّی نظر آئی۔ یہ مقام کوہِ طور کے دائیں جانب تھا۔ اس لیے وادیٔ ایمن مشہور ہوا۔



Marfat.com

**وادیٔ خاموشاں** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) قبرستان ۔ گورستان ۔
**وادیٔ مجنوں** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ صحرا جس میں قیس جنونِ عشق میں مارا مارا پھرتا تھا ۔
**وادیٔ مقصود** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) منزلِ مقصود ۔
**وادی نورد** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) صحراؤں میں پھرنے والا ۔ دیوانہ پاگل ۔ عاشق ۔
**وادی** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) ناطق ۔ بولتا ہوا (۲) کسی راگ کا وہ سُر جس پر راگ کا قیام ہو اور اس کے بغیر راگ کی صحیح تشکل نہ بن سکے ۔
**وار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) حملہ ۔ چوٹ ۔ ضرب ۔ مار (۲) الزام ۔ بہتان (۳) بہت بوجھ یا وزن (۴) زخم ۔ گھاؤ (۵) باری ۔ داؤں (۶) موقع ۔ گھات (۷) دن ۔ روز (۸) ڈھیر ۔ مقدار (۹) صدقہ ۔ نچھاور (۷) دریا کا قریبی کنارہ (۱۰) (تابع فعل) اس طرف ۔ اِدھر ۔
**وار بچانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) حملہ روکنا ۔ ضرب روکنا ۔
**وار بیٹھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بھرپور ہاتھ پڑنا ۔ کاری چوٹ آنا ۔
**وار پار** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اس سرے سے اس سرے تک ۔ آر پار ۔
**وار پار ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اِدھر سے اُدھر نکل جانا ۔ آر پار ہونا ۔
**وار پھیر** ۔ (ا ۔ مذ) روپیہ پیسہ جو دولہا اور دولہن کے سر سے وار کر تقسیم کر دیا جائے ۔ صدقہ ۔ نچھاور ۔
**وار چلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ضرب لگنا ۔ چوٹ لگنا (۲) موقع ہاتھ آنا ۔ داؤں پڑ جانا ۔
**وار خالی جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ضرب نہ لگنا ۔
**وار خالی دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) ضرب پڑتے اُوپر نہ پڑنے دینا ۔ چوٹ بچانا ۔
**وار روکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) کسی حربے کو ڈھال یا کسی عضو پر روکنا ۔
**وار کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ضرب لگانا ۔ چوٹ مارنا ۔ حملہ کرنا (۲) چال چلنا ۔ چوٹ کرنا ۔
**وار لینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اپنی باری لینا (۲) دم لینا ۔ ٹھہرنا ۔
**وارِ مرداں خالی نہ باشد** ۔ (ف ۔ مقولہ) مردوں کا وار خالی نہیں جاتا ۔
**وار ملنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موقع ملنا ۔ باری آنا (۲) فرصت نصیب ہونا ۔
**وار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بوجھ (۲) وقت باری (۳) (صف) صاحب ۔ رکھنے والا ۔ پانے والا (۴) بھرا ہوا ۔ جیسے اُمیدوار ۔ قصوروار (۵) لائق ۔ مناسب ۔ موزوں جیسے سزاوار ۔ شاہوار (۶) مثل ۔ مانند ۔ جیسے ذرہ وار ۔ حباب وار (۷) بموجب ۔ موافق جیسے ماہوار قسطوار (۸) کلمۂ نسبت جیسے بزرگوار ۔
**وارا** ۔ (وا ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بچت ۔ کفایت (۲) فائدہ ۔ نفع (۳) بیماری سے افاقہ (۴) صدقہ ۔ قربانی ۔ نذر (۵) (صف) سستا ۔
**وارابندی** ۔ (ا ۔ مث) محکمہ انہار کی اصطلاح میں کاشت کاروں کو پانی ملنے کی باری ۔ باری مقرر کرنا ۔
**وارا نیارا** ۔ (ا ۔ مذ) قطعی فیصلہ ۔ دوٹوک فیصلہ (۲) خلاصی ۔ نجات ۔ (۳) (کنایۃً) خاتمہ ۔

**وارے نیارے** ۔ (ا ۔ مذ) دولت (۲) نفع (۳) کمائی
**وارے نیارے ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) گہرے ہونا ۔ خوب نفع ہونا ۔ چاندی ہونا ۔
**وارث** ۔ (وا ۔ رث) (ع ۔ ا ۔ مذ) مُردے کے مال کا صحیح حقدار (۲) خاوند ۔ شوہر (۳) مددگار ۔ حامی ۔ حمایتی (ان معنوں میں "والی" کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جمع ورثاء)
**وارث بعید** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دُور کا وارث ۔
**وارث تاج و تخت** ۔ **وارث تاج و نگیں** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) سلطنت کا وارث ۔ ولی عہد ۔
**وارث شرطی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) ایسا وارث جس کے لیے میراث پانے کی کوئی خاص شرط ہو ۔ کسی شرط پر میراث پانے والا ۔
**وارث صلبی** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جسے نسلی وارث ہونے کی وجہ سے میراث کا حق پہنچتا ہو ۔
**وارث ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مُردے کی جائیداد کا حقدار ہونا ۔
**وارثی** ۔ (وا ۔ ر ۔ ثی) (ع ۔ ا ۔ مذ) صوفیا کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہ صاحب دیوا شریف کا پیرو ہے (صف) اس گروہ یا مسلک سے متعلق ۔
**وارِد** ۔ (وا ۔ رِد) (ع ۔ صف) آنے والا ۔ پہنچنے والا ۔ موجود ۔
**وارد و صادر** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) مہمان (۲) مسافر (۳) آنے جانے والا ۔
**وارد ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) پہنچنا (۲) اُترنا ۔ نازل ہونا (۳) پیش آنا ۔ گزرنا (۴) داخل ہونا ۔
**وارِدات** ۔ (وا ۔ رِ ۔ دات) (ع ۔ ا ۔ مث) واردہ کی جمع (۱) وہ حال جو آدمی پر گزرے ۔ بپتی ۔ ہوئی پیش آئی ہوئی ۔ حال احوال ۔ حالات (۲) سانحہ ۔ حادثہ ۔ واقعہ ۔ وقوعہ (اُر) فساد ۔ ہنگامہ ۔ لڑائی جھگڑا ۔
**واردات خفیف** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) معمولی قسم کا جھگڑا یا وقوعہ ۔
**واردات سنگین** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) سخت وقوعہ یا جھگڑا ۔
**وارڈ** ۔ (Ward) (انگ ۔ ا ۔ مذ) میونسپلٹی یا کارپوریشن کی علاقہ بندی کے مطابق شہر کا ایک حلقہ یا علاقہ (۲) وہ نابالغ جس کی ذات یا جائیداد یا دونوں کے لیے عدالت سے کوئی منتظم مقرر ہو (۳) ہسپتال میں ، مقررہ حلقہ ۔
**وارڈ کیپر** ۔ (Ward Keeper) (انگ ۔ ا ۔ مذ) وارڈ کا محافظ یا چوکیدار ۔
**وارڈن** ۔ (Warden) (وار ۔ ڈن) (انگ ۔ ا ۔ مذ) چوکیدار ۔ پاسبان سنتری (۲) نگران ۔ حاکم ۔
**وارَن** ۔ (وا ۔ رَن) (ہ ۔ ا ۔ مذ) صدقہ ۔ نچھاور ۔ بھینٹ ۔ نیاز نذر ۔ قربانی ۔
**وارَن پھیرن** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) صدقہ ۔ وہ نقدی جو نچھاور کی جائے ۔
**وارنا** ۔ (وا ۔ ر ۔ نا) (ا ۔ مص) (۱) صدقے کرنا ۔ نچھاور کرنا ۔ قربان کرنا ۔ بھینٹ دینا ۔



Marfat.com

وارنٹ ۔ (Warrant) (وا ۔ رنٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ (۲) طلب نامہ ۔ حکم نامہ ۔
وارنٹ تلاشی ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) تلاشی لینے کا تحریری حکم نامہ ۔
وارنٹ جاری کرنا ۔ (ا ۔ مص مرکب) کسی کی گرفتاری کا تحریری حکم دینا ۔
وارنٹ رہائی ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) رہا کرنے کا تحریری حکم ۔
وارنٹ گرفتاری ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذ) گرفتار کرنے کا حکم نامہ ۔
وارنش ۔ (Varnish) (وار ۔ نش) (انگ ۔ ا ۔ مذ) رال ملا ہوا گاڑھا سیال مادہ جسے فرنیچر وغیرہ چمکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں (۲) روغن ۔ چمک ۔ ملمع ۔ قلعی ۔
وارننگ ۔ (Warning) (وار ۔ ننگ) (انگ ۔ ا ۔ مث) تنبیہ ۔ انتباہ ۔
واری ۔ (وا ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مث) عورتوں کا تکیہ کلام ۔ صدقے ۔ قربان ۔ تصدق ۔ نثار ۔
واری جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) قربان ۔ صدقے ہونا ۔
واری جاؤں ۔ (ا ۔ بول چال) صدقے جاؤں ۔ قربان ہوں ۔
واڑ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) احاطہ ۔ وہ جگہ جس کے گرد باڑھ لگی ہو (۲) مقام رہنے کی جگہ ۔
واڑا ۔ (وا ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) محلّہ ۔ ٹولہ ۔ کوچہ ۔ گلی (۲) علاقہ ۔ ملک ۔ سلطنت (۳) گنے کا اوپر کا حصہ جو پھیکا ہوتا ہے ۔ (ق)
واڑی ۔ (وا ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مث) باغ ۔ چمن ۔ باڑی ۔
واژگوں ۔ واژوں ۔ (واژ ۔ گوں) (وا ۔ ژوں) (ف ۔ صف) اوندھا ۔ اُلٹا (۲) منحوس ۔ نامبارک ۔
واژوں بخت ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) بدنصیب ۔ بدبخت ۔
واسطہ ۔ (وا ۔ س ۔ طہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) درمیانی چیز یا شخص ۔ ایلچی ۔ ثالث ۔ بچولیا ۔ بیچ کا ۔ قاصد (۲) ربط ۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ نسبت (۳) کام ۔ سروکار ۔ غرض ۔ مطلب (۴) سبب ۔ باعث ۔ وجہ (۵) وسیلہ ۔ ذریعہ (۶) طفیل ۔ صدقہ (۷) دوستی ۔ آشنائی ۔ رشتہ داری ۔ محبت ۔
واسطۃ العقد ۔ وہ بیش قیمت اور بڑا موتی جو موتیوں کی لڑی کے وسط میں پرویا جائے ۔
واسطہ پڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) کام پڑنا ۔ سروکار ہونا ۔
واسطہ پیدا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) وسیلہ ڈھونڈ لینا ۔ ذریعہ پیدا کرنا ۔
واسطہ دار ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) رشتہ دار (۲) کسی قسم کا تعلق رکھنے والا ۔
واسطہ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) بیچ میں ڈالنا ۔ کسی کے نام کی دہائی دینا ۔
واسطہ ڈالنا ۔ (ا ۔ محاورہ) پالا ڈالنا ۔ کام ڈالنا ۔
واسطہ رکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) تعلق رکھنا ۔ علاقہ رکھنا ۔ غرض رکھنا ۔
واسطہ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) لگاؤ ہونا ۔ تعلق ہونا ۔
واسطی ۔ (وا ۔ س ۔ طی) (ا ۔ مذ) شہر واسط سے تعلق رکھنے والا ۔ ایک قسم کا عمدہ قلم جو واسط سے آتا ہے ۔
واسطے ۔ (واس ۔ طے) (اُر ۔ ا ۔ مذ) واسطہ کی اُردو جمع ۔ تعلقات ۔

ذریعے ۔ وسیلے ۔ لگاؤ ۔ مطلب (۲) لیے (۳) بسبب ۔
واسع ۔ (وا ۔ سع) (ع ۔ صف) پھیلنے والا ۔ وسیع (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
واسکٹ ۔ (Waist Coat) (واس ۔ کٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذ) بے آستینوں کی فتوحی ۔ صدری ۔ کمری ۔
واشر ۔ (Washer) (وا ۔ شر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) وہ چھلا جو ڈھبری کے ساتھ کس دیتے ہیں ۔
واشنگ فیکٹری ۔ (Washing Factory) (وا ۔ شنگ ۔ فیک ۔ ٹ ۔ ری) (انگ ۔ ا ۔ مث) کپڑے دھونے کا کارخانہ ۔ دھوبی کی دکان ۔
واصف ۔ (وا ۔ صف) (ع ۔ صف) تعریف کرنے والا ۔ وصف یا خوبی بیان کرنے والا ۔
واصل ۔ (وا ۔ صل) (ع ۔ صف) ملنے والا (۲) ملا ہوا ۔ جڑا ہوا (۳) حاصل ہونے والا ۔ قابل وصول ۔ جمع ؛ واصلین ۔
واصل باقی ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ حساب جس سے یہ معلوم کیا جاسکے کہ کل واجب رقم میں سے کتنی وصول ہوگئی اور کتنی باقی ہے ۔
واصل باقی نویس ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تحصیل کا وہ عہدہ دار جو واصل باقی کا رجسٹر رکھتا ہے ۔
واصل باقی کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) حساب بتانا ۔ میزان نکال کر بتانا کہ واجب رقم میں سے کتنی جمع ہوگئی اور کتنی باقی ہے ۔
واصل بحق ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) خدا سے جاملنا ۔ مرجانا ۔ فوت ہوجانا ۔
واصل جہنم کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) دشمن کو قتل کرنا ۔
واصلات ۔ (وا ۔ ص ۔ لات) (ع ۔ ا ۔ مث) کل وصول شدہ ۔ حاصل کی مد بہ مد میزان ۔ وصول شدہ رقوم کی میزان ۔
واضح ۔ (وا ۔ ضح) (ع ۔ صف) ظاہر ۔ عیاں ۔ آشکارا (۲) مفصل شرح کے ساتھ (۳) صاف ۔ جس کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ ہو ۔ موٹے جلی قلم سے لکھا ہوا ۔
واضح رہے ۔ (ا ۔ روزمرہ) جان لو ۔ سمجھ لو ۔ پوشیدہ نہ رہے ۔
واضح کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ظاہر کرنا (۲) تفصیل سے بتانا ۔
واضح لکھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جلی قلم سے لکھنا ۔ صاف لکھنا ۔ ایسا لکھنا جو پڑھا جاسکے ۔
واضح ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) ظاہر ہونا ۔ صاف معلوم ہونا ۔
واضح ہے ۔ (ا ۔ مقولہ) صاف ظاہر ہے ۔
واضع ۔ (وا ۔ ضع) (ع ۔ صف) بنانے والا ۔ وضع کرنے والا ۔ جمع واضعین ۔ واضعان ۔
واضع قانون ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) قانون بنانے والا ۔
واعظ ۔ (وا ۔ عظ) (ع ۔ صف و ۔ ا ۔ مذ) وعظ کہنے والا ۔ نصیحت کرنے والا ۔ جمع : واعظین ۔
وافر ۔ (وا ۔ فر) (ع ۔ صف) بہت کثرت سے ۔ افراط سے (۲) علم عروض



Marfat.com

میں ایک بحر کا نام۔

**وافی** ۔(وا۔فی)(ع۔صف) پورا۔مکمل (۲) بہت سارا۔خاطر خواہ (۳) پُرخلوص۔مخلص۔

**واقع** ۔(وا۔قِع)(ع۔صف) ہونے والا۔پیش آنے والا۔

**واقع میں** ۔(ا۔تابع فعل) اصل میں۔حقیقت میں۔

**واقع ہونا** ۔(ا۔مص مرکب) (۱) پیش آنا (۲) نمودار ہونا۔برپا ہونا۔بروئے کار آنا۔

**واقعات** ۔(وا۔ق۔عات)(ع۔ا۔مذ) واقع کی جمع۔حادثے۔واقعے۔

**واقعات غیر مشتبہ** ۔(ع۔ا۔مذ) ایسے واقعات جن کے بارے میں شبہ نہ کیا جا سکے۔ثابت شدہ واقعات۔

**واقعاتِ نفسُ الامری** ۔(ع۔ف۔ا۔مذ) ایسی باتیں جو سچ مچ ہوئی ہوں اور ان میں بناوٹ نہ ہو۔

**واقعہ** ۔(وا۔ق۔عہ)(ع۔صف) حادثہ۔وقوعہ۔سانحہ۔واردات (۲) خبر (۳) حال۔ماجرا۔سرگزشت۔جگ بیتی۔آپ بیتی (۴) لڑائی۔جنگ۔مڈبھیڑ (۵) موت۔انتقال۔وفات (۶) سختی۔آفت۔

**واقعہ دیدہ** ۔(ع۔ف۔صف) وہ جس نے حادثے۔وقوعے اور سانحے دیکھے ہوں۔تجربہ کار آدمی۔جنگ آزمودہ۔

**واقعہ کرنا** ۔(ا۔محاورہ) واردات کرنا۔

**واقعہ نویس** ۔(ع۔ف۔صف) خبریں لکھنے والا۔حکومت کو حالات حاضرہ سے باخبر رکھنے والا۔پرچہ نویس۔

**واقعہ نویسی** ۔(ع۔ف۔ا۔مث) واقعات کا اندراج کرنا (۲) حکومت کیلئے حالاتِ حاضرہ کی رپورٹ تیار کرنا۔پرچہ نویسی۔

**واقعہ ہونا** ۔(ا۔محاورہ) (۱) حادثہ پیش آنا۔واردات ہونا (۲) موت ہونا۔

**واقعی** ۔(وا۔ق۔عی)(ع۔ف۔صف) درست۔ٹھیک۔سچ مچ (۲) (تابع فعل) دراصل۔حقیقت میں۔

**واقعی میں** ۔(ا۔تابع فعل) سچ مچ (۲) حقیقت میں۔اصل میں۔

**واقف** ۔(وا۔قف)(ع۔صف) شناسا۔جان پہچان والا (۲) جاننے والا۔آگاہ۔مطلع (۳) ماہر۔تجربہ کار۔چابک دست۔

**واقف الحال۔واقفِ حال** ۔(ع۔ف۔ا۔مذ) حال جاننے والا۔رازدان۔ہم راز۔

**واقف کار** ۔(ع۔ف۔صف) کام جاننے والا۔تجربہ کار۔جس کو کسی چیز سے آگاہی ہو (۲) شناسا۔جان پہچان والا۔

**واقف کاری** ۔(ع۔ف۔ا۔مث) جان پہچان۔شناسائی (۲) تجربہ کاری (۳) جانچ۔پرکھ۔شناخت۔

**واقفیت** ۔(وا۔ق۔فی۔یت)(ف۔ا۔مث) جان پہچان۔شناسائی (۲) علم۔آگاہی۔خبر (۳) تجربہ کاری۔مہارت۔چابکدستی (۴) جانچ پرکھ۔شناخت۔

**واقفیت پیدا کرنا** ۔(ا۔مص مرکب) جان پہچان بڑھانا (۲) علم یا تجربہ حاصل کرنا۔دسترس حاصل کرنا۔

**واک آؤٹ** ۔ (Walkout) (انگ۔ا۔مذ) احتجاج کے طور پر اُٹھ کر چلے جانا۔

**واگن** ۔(وا۔گن)(ق۔ا۔مث) شیرنی (۲) جھگڑالو عورت۔

**وال** ۔(ہ۔صف) والا کا مخفف۔

**والا** ۔(وا۔لا)(ہ) مرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے (۱) اسم کے بعد آئے تو کبھی بیچنے والے۔کام کرنے والے یا پیشہ کرنے والے کے معنے دیتا ہے۔جیسے برف والا۔دودھ والا۔ٹھیلے والا اور کبھی مالک کے جیسے ناؤ والا۔گھر والا (۲) مصدر کے ساتھ آئے تو مصدر کا الف یے سے بدل جاتا ہے اور مرکب فاعل کے معنے دیتا ہے جیسے پڑھنے والا۔کرنے والا (۳) کبھی اسم کے ساتھ آ کر صفت بناتا ہے جیسے گنجائش والا (۴) کبھی نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے لاہور والا۔کراچی والا۔

**والا** ۔(وا۔لا)(ف۔صف) (۱) بلند۔عالی۔اُونچا (۲) ذی عزت۔بزرگ۔

**والا تبار** ۔(ف۔صف) عالی خاندان۔

**والا جاہ۔والا شان۔والا قدر۔والا گہر** ۔(ف۔صف) بلند مرتبے والا۔بڑی شان والا۔بلند عہدے یا رتبے والا۔بڑے گھرانے کا۔اعلیٰ خاندان۔

**والا نامہ** ۔(ف۔ا۔مذ) بلند مرتبہ آدمی کا خط۔

**والا نژاد** ۔(ف۔ا۔مذ) اُونچے گھرانے والا۔

**والا نگاہ** ۔(ف۔ا۔مذ) بلند نظر رکھنے والا۔عالی خیال۔

**والا ہمت** ۔(ف۔ا۔مذ) بلند ہمت۔حوصلہ مند۔

**والد** ۔(وا۔لد)(ع۔ا۔مذ) باپ۔ابا۔پدر۔پتا۔

**والد بزرگوار۔والد ماجد** ۔(ع۔ف۔ا۔مذ) قابلِ احترام باپ۔پدر بزرگ۔

**والدہ** ۔(وا۔ل۔دہ)(ع۔ا۔مث) ماں۔اماں۔مادر۔ماتا۔

**والدین** ۔(وا۔ل۔دین)(ع۔ا۔مذ۔مث) ماں باپ۔مادر و پدر۔

**وال رَس** ۔ (Volress) (وال۔رَس)(انگ۔ا۔مذ) قطب شمالی کا ایک جانور جس کے دانت بہت لمبے ہوتے ہیں۔گاؤ دریائی۔

**والسلام** ۔(وَس۔سَ۔لام)(ع) اور سلام پہنچے۔

**والنٹیر** ۔ (Volunteer) (وا۔لَن۔ٹِ۔یَر)(انگ۔ا۔مذ) وہ شخص جو اپنی خوشی اور رضا سے بلا تنخواہ کوئی خدمت انجام دینے کا وقف رہے۔رضاکار۔

**والنٹیر کور** (Volunteer Corps) (انگ۔ا۔مث) رضاکاروں کی پلٹن یا رسالہ۔

**واللہ** ۔(وَل۔لاہ)(ع) (۱) خدا کی قسم (۲) بے شک۔یقیناً (۳) سچ مچ۔فی الحقیقت۔

**واللہ باللہ** ۔قسم میں زور پیدا کرنے کیلئے بولتے ہیں۔دوہری قسم۔

**واللہ اعلم** ۔(وَل۔لا۔ہُ۔اَع۔لَم)(ع۔تابع فعل) خدا زیادہ جانتا ہے مجھے خبر نہیں۔کچھ پتہ نہیں۔خدا جانے۔خدا معلوم۔ واؤ عطف کا ہے۔



Marfat.com

**واللہُ اَعلَمُ بالصّواب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خدا ہی بہتر جانتا ہے ۔ خدا کو خوب معلوم ہے ۔

**والہ** ۔ (وا ۔ لِہ) (ع ۔ صف) شیدا ۔ فریفتہ ۔ مفتون ۔ عاشق ۔ فارسی والوں نے لام کی زبر سے بروزن لالہ استعمال کیا ۔

**والہ و شیدا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) حد سے زیادہ فریفتہ ۔ بہت زیادہ شیدا ۔

**والہانہ** ۔ (وا ۔ لِہ ۔ ہا ۔ نَہ) (ف ۔ صف) شیفتگی کے انداز سے ۔ عاشقانہ انداز سے ۔

**والی** ۔ (وا ۔ لی) (ہ ۔ صف) والا کی تانیث ۔

**والی** ۔ (وا ۔ لی) (ع ۔ ا ۔ مذ) مالک ۔ آقا ۔ سردار ۔ حاکم ۔ بادشاہ (۲) دوست رشتے دار حمایتی ۔ مددگار (۳) مُربّی ۔ سرپرست (۴) محافظ ۔ نگہبان ۔ (۵) گورنر ۔ صوبے دار ۔ حاکم صوبہ ۔ جمع : والیان ۔

**والیٔ مُلک** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ملک کا حکمران ۔ بادشاہ ۔

**والی وارث** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) حمایتی مددگار (۲) پشت پناہ ۔ سرپرست ۔

**وام** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) قرض ۔ اُدھار ۔

**وامِق** ۔ (وا ۔ مِق) (ع ۔ ا ۔ مذ) عرب کی معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام ۔

**وان** ۔ (ا ۔ لاحقہ) (۱) رکھنے والا ۔ والا ۔ صاحب ۔ مالک ۔ جیسے بھاگ وان ۔ کوچ وان ۔

**واں** ۔ (ا ۔ لاحقہ) اعداد کے بعد نسبت ظاہر کرنے کیلیے جیسے پانچواں آٹھواں (۲) وہاں کا مخفف ۔

**واژ** ۔ (وا ۔ ژ) (ق ۔ ا ۔ مذ) بندھ ۔

**وانی** ۔ (وا ۔ نی) (س ۔ ا ۔ مث) (۱) آواز ۔ صدا (۲) بول ۔ زبان ۔ گفتگو بانی (۳) تعریف ستائش

**واؤچر** ۔ (Voucher) (واؤ ۔ چر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) بیچک ۔ فردِ حساب ۔ (۲) تصدیق ادائی رسید ۔

**واوین** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) دو واؤ جو کسی لفظ یا عبارت کو خاص کرنے یا روایت لفظی کے اظہار کے لیے آتے ہیں ۔ "" (انگ) (Inverted Commas)

**واہ** ۔ (ف ۔ کلمۂ تحسین و آفرین) ماشاءاللہ ! سبحان اللہ ! آفرین (۲) شاباش ! مرحبا ! کیا بات ہے ! (۳) بے شک (۴) طنزاً ، کیا خوب چہ خوش (۵) حیرت یا تعجب ، اے ! کیسے (۶) افسوس ، ہائے (۷) کسی کام سے انکار ، کیوں ؟

**واہ پیر علیا ، پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا** ۔ (ا ۔ مثل) بنا بنایا کام بگڑ گیا ۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کی بد دعا کی وجہ سے کام بنتے بنتے بگڑ جائے ۔

**واہ رے** ۔ (ا ۔ کلمۂ تعجب) تعجب ۔ تعریف ۔ طنز ۔ نفرت اور اظہار افسوس کا کلمہ ۔

**واہ رے میں** ۔ (ا ۔ کلمۂ تحسین) اپنے کسی فعل پر فخر کرنا ۔ میرا کیا کہنا ۔ میں بھی بڑی چیز ہوں ۔ میری کیا بات ہے ۔

**واہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعریف کرنا ۔

**واہ کیا بات ہے** ۔ (ا ۔ کلمۂ تعجب) واہ کیا کہنا ۔ طنز اور نیز توصیف کے لیے کہا جاتا ہے ۔

**واہ میاں کالے ، خوب رنگ نکالے** ۔ (ا ۔ مثل) کسی کا مکر و فریب ظاہر ہونے پر کہتے ہیں ۔

**واہ وا ۔ واہ ۔ واہ** ۔ (کلمۂ تحسین) سبحان اللہ ۔ شاباش ۔ مرحبا (۲) حیرت و تعجب اور طنز کے موقع پر بھی بولتے ہیں ۔

**واہ واہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) تعریف کرنا ۔ داد دینا ۔ سراہنا ۔

**واہ واہ گرگٹ کا بچہ تانا شاہ** ۔ (ا ۔ مثل) ادنیٰ یا معمولی آدمی کے نخرے دکھانے کے وقت کہتے ہیں ۔

**واہ واہ مچنا (ہونا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) نام ہونا ۔ تعریف ہونا ۔ دھوم مچنا ۔

**واہ واہ میاں بانکے ، تیرے گلے میں سو سو ٹانکے** ۔ (ا ۔ مثل) اس غریب شخص پر طنز کرتے وقت کہتے ہیں جو بے سرو سامانی میں بھی چھیلا بننے کی کوشش کرے ۔

**واہب** ۔ (وا ۔ ہب) (ع ۔ صف) بخشنے والا ۔ دینے والا ۔ ہبہ کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

**واہبُ الحاجات** ۔ (ع ۔ صف) حاجتیں پوری کرنے والا ۔ مراد خدائے تعالیٰ ۔

**واہب العطایا** ۔ (ع ۔ صف) عطیے دینے والا ۔ خدائے تعالیٰ ۔

**واہب بے منّت** ۔ (ع ۔ صف) بغیر احسان جتائے دینے والا ۔

**واہمہ** ۔ (وا ۔ ہِ ۔ مَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) قوت تصور ۔ وہ قوت جس سے ایسی باریکیاں اور جزئیات معلوم ہوتی ہیں ۔ جن کا تعلق محسوسات سے ہے ۔

**واہی** ۔ (وا ۔ ہی) (ع ۔ صف) بے ہودہ ۔ لغو ۔ بے مغز ۔ فضول (۲) آوارہ ۔ ناکارہ ۔ گمراہ (۳) بودا ۔ کم زور ۔ ناتواں ۔ ضعیف ۔ ناطاقت (۴) سست ۔ کاہل وجود ۔

**واہی تباہی** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) فضول ۔ لغو ۔ بے ہودہ ۔ بکواس (۲) آوارہ ۔ مسبد (۳) خستہ حال ۔ پریشان حال (۴) لچا ۔ بدمعاش ۔ لفنگا ۔

**واہی تباہی بکنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بیہودہ باتیں کرنا ۔ گالیاں دینا ۔ فضول باتیں کرنا ۔

**واہی تباہی پھرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) آوارہ پھرنا ۔ خراب خستہ اور پریشان حال پھرنا ۔

**واہی سمجھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) لغو جاننا ۔

**واہی ہو جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) بگڑ جانا ۔ آوارگی اختیار کر لینا ۔ سرگرداں پھرنا (۲) پاگل ہو جانا ۔

**واہی ہے** ۔ (ا ۔ بول چال) بے وقوف ہے ۔ جاہل ہے ۔ سودائی ہے پاگل ہے ۔

**واہیات** ۔ (وا ۔ ہی ۔ یا ۔ ت) (ع ۔ صف ۔ واہی کی جمع) بے ہودہ اور لغو باتیں ۔ فضول باتیں (۲) اوباشی خرافات ۔

**وائٹ پیپر** ۔ (Whitepaper) (وا ۔ یٹ ۔ پے ۔ پَر) (انگ ۔ ا ۔ مذ) قرطاسِ ابیض ۔ وہ اعلان جو حکومت یا جماعت کی طرف سے اطلاعِ عام کے لیے شائع کیا جائے ۔



Marfat.com

**وائر** - (Wire) (وا - اِر) (انگ - ا - مذ) تار۔ تار برقی۔
**وائرلیس** - (Wireless) (انگ - ا - مث) بے تار کا۔ لاسلکی۔ لاسلکی پیام وصول کرنے کی مشین۔
**وائس** - (Vice) (وا - اِس) (انگ - صف) کسی کی جگہ پر کام کرنے والا۔ قائم مقام۔ نائب۔
**وائس پریذیڈنٹ** - (Vice-President) (انگ - ا - مذ) نائب صدر۔
**وائس چانسلر** (Vice Chancellor) (انگ - ا - مذ) یونیورسٹی کا سب سے بڑا عہدہ۔ نائب امیر جامعہ۔ چانسلر کا نائب۔
**وائسرائے** - (انگ - ا - مذ) (انگ - ا - مذ) بادشاہ کا نائب۔ نائب السلطنت۔ (Viceroy)
**وائل** - (Voil) (وا - اِل) (انگ - ا - مذ) ایک قسم کا نیم شفاف سوتی یا ریشمی کپڑا
**وائلن** (Violin) (وا - اِ - لِن) (انگ - ا - مذ) ایک قسم کا ساز۔
**وائن** - (Wine) (وا - اِن) (انگ - ا - مث) شراب۔
**وائے** - (وا - ے) (ع - ا - مث) کلمۂ افسوس جو اظہارِ مصیبت یا رنج و الم کے موقع پر زبان پر آتا ہے۔
**وائے برحال** - (ا - کلمۂ تاسف) حالت پر افسوس۔
**وائے تقدیر۔ وائے قسمت۔ وائے نصیب** - (ا - کلمۂ تاسف) ہائے قسمت۔ ہائے مقدر۔
**وایا** - (Via) (انگ - مذ) براہ۔ راستے سے ہوتے ہوئے۔

## و - ب

**وبا** - (وَ - با) (ع - ا - مث) وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہو جانے سے پھیلتی ہے۔ متعدی بیماری۔ مرگِ عام۔ جیسے طاعون۔ ہیضہ وغیرہ۔
**وبا آنا یا پھیلنا** - (ا - محاورہ) متعدی بیماری کا عام ہونا۔
**وبال** - (وَ - بال) (ع - ا - مذ) (۱) بوجھ۔ بار (۲) عذاب۔ آفت۔ مصیبت بپتا (۳) (صف) جو ناگوار معلوم ہو۔
**وبال پڑنا** - (ا - محاورہ) قہرِ الٰہی نازل ہونا۔ ظلم کا بدلہ ملنا۔
**وبالِ جان۔ وبالِ دوش** - (ع - ف - صف) عذابِ جان۔ دوبھر۔ اجیرن۔ سخت ناگوار۔
**وبال سا ٹال دینا** - (ا - محاورہ) دوبھر سمجھ کر ٹال دینا۔
**وبال سمیٹنا۔ وبال سر لینا** - (ا - محاورہ) ناپسند ذمہ داری اپنے اوپر لے لینا۔ عذاب مول لینا۔
**وبال لینا** - (ا - محاورہ) خود عذاب اپنے سر لینا۔
**وبال میں پھنسنا** - (ا - محاورہ) مصیبت میں گرفتار ہونا
**وبال ہونا** - (ا - محاورہ) بوجھ بن جانا۔ اجیرن ہونا۔ دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔

**وبائیات** - (وَ - با - ءِ - یات) (ع - ا - مذ) وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا علم۔ (Epidemology)

## و - ت

**وَتَد** - (وَ - تَد) (ع - ا - مذ) کھونٹی۔ کھونٹا۔ میخ (۲) لاٹھی۔ ڈنڈا (۳) (علم عروض میں) سہ حرفی لفظ۔ جمع: اوتاد۔
**وَتَر** - (وَ - تَر) (ع - ا - مذ) مثلث قائم زاویہ کا سب سے بڑا ضلع (۲) مثلث کے کسی زاویے کے سامنے کا ضلع (۳) وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے (۴) وہ خط جو دائرے کے کسی حصے کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو (۵) کمان کا چلّا۔
**وِتر** - (ع - ا - مذ) وہ تین رکعتیں جو عشاء کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں (۲) (صف) تنہا۔ طاق۔ (عدد)
**وَتیرہ** - (وَ - تی - رہ) (ع - ا - مذ) عادت۔ دستور۔ شیوہ۔ روش۔ طریقہ۔

## و - ٹ

**وٹ** - (ہ - ا - مذ) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا۔ تقسیم (۲) (پن - ا - مث) کھیت کی مینڈ
**وٹامن** - (انگ - ا - مذ) وہ کیمیائی مادّے جو انسانی غذا میں موجود ہیں اور بیماریوں کو روکتی اور بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ حیاتین۔

## و - ث

**وِثاق** - (وِ - ثاق) (ع - ا - مذ) پٹی بند (۲) معاہدہ کرنا۔ عہد کرنا (۳) ٹھہرنا۔ مقرر کرنا۔ اقرار کرنا۔
**وَثاقت** - (ع - ا - مث) پختگی۔ مضبوطی۔
**وَثائق** - (وَ - ثا - اِق) (ع - ا - مذ) وثیقہ کی جمع۔ وعدے۔ معاہدے۔ (۲) دستاویزیں۔ تمسک۔
**وُثوق** - (وُ - ثو - ق) (ع - ا - مذ) (۱) مضبوطی۔ پختگی (۲) بھروسا۔ اعتماد۔ اعتبار۔
**وَثن** - (ع - ا - مذ) پتھر یا کسی اور چیز کا بت۔
**وثیقہ** - (وَ - ثی - قہ) (ع - ا - مذ) (۱) معاہدہ۔ عہد و پیمان (۲) اقرار نامہ۔ تمسک۔ بونڈ۔ دستاویز (۳) پرامیسری نوٹ۔ پرونوٹ (۴) مضبوطی۔ استحکام۔



Marfat.com

**وثیقہ دار**۔ (ع۔ف۔ صف) جو پرو نوٹ کا مالک ہو۔ جس کے پاس پرونوٹ ہو۔ جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہُوا ہو۔
**وثیقۂ سرکار**۔ (ع۔ امذ) سرکاری کاغذ۔
**وثیقۂ ضمانت**۔ (ع۔ امذ) ضمانتی بانڈ۔ ضمانت نامہ۔
**وثیقہ نویس**۔ (ع۔ف۔ صف) وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس مِلا ہُوا ہو۔

## و - ج

**وجاہت**۔ (وَ۔ جا۔ ہَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) خوب صورتی۔ چہرے کی رونق۔ چہرے کا رعب (۲) عزت۔ احترام (۳) حکومت۔ دبدبہ
**وَجَب**۔ (وَ۔ جَب) (ع۔ ا۔ مث) بالشت۔ ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ۔ نو انچ کی لمبائی۔
**وَجَد**۔ (ع۔ ا۔ مذ) بے خودی کی حالت۔ حال۔ جذبہ (۲) بے اندازہ خوشی (۳) صوفیوں کی اصطلاح، وہ حالتِ بیخودی جو بعض اشخاص کو سماع سے ہوتی ہے۔
**وجد کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بیخود ہو کر جھومنا۔
**وجد میں آنا**۔ (ا۔ محاورہ) مست ہو جانا۔ حال طاری ہو جانا۔
**وجد میں لانا**۔ (ا۔ محاورہ) نغمہ یا خوش الحانی سے کسی کو مست کر دینا
**وجد ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) وجد میں آنا۔ جھومنے لگنا۔ وجد کی حالت طاری ہونا۔
**وِجدان**۔ (وِج۔ دان) (ع۔ ا۔ مذ) جاننا۔ دریافت کرنا۔ جاننے اور دریافت کرنے کی قوت۔ (۲) ذکاوت۔
**وَجَع**۔ (وَ۔ جَع) (ع۔ ا۔ مذ) درد۔ ٹیس۔ جمع اَوجاع۔
**وجع الاسنان**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دانتوں کا درد
**وجع الظہر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) پیٹھ کا درد۔
**وجع القلب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دل کا درد۔
**وجع المفاصل**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جوڑوں کا درد
**وُجوب**۔ (وُ۔ جُوب) (ع۔ ا۔ مذ) واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔
**وُجود**۔ (وُ۔ جود) (ع۔ ا۔ مذ) زندگی۔ ہستی (۲) جسم۔ بدن (۳) ذات (۴) پیدائش۔ ظہور (۵) مادّہ۔ جوہر۔
**وجود پانا** (پکڑنا)۔ کوئی شکل اختیار کرنا۔ پیدا ہونا
**وجود میں لانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیدا کرنا (۲) بنانا۔ ایجاد کرنا۔ اختراع کرنا۔
**وُجودی**۔ (ع) جو سامنے موجود ہو۔ جس کا وجود ہو۔
**وُجوہ**۔ (وُ۔ جُوہ) (ع۔ ا۔ مذ و مث) وجہ کی جمع۔ اسباب۔ دلائل۔
**وُجوہات**۔ (وُ۔ جُو۔ ہات) (ع۔ ا۔ مذ۔ مث) وجوہ کی جمع۔ وجہ کی جمع الجمع۔
**وجہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) چہرہ۔ صورت۔ شکل (۲) سبب۔ کارن۔ باعث۔ (۳) دلیل (۴) جانب۔ طرف۔ رخ (۵) طریقہ۔ طرز۔ طور۔ ڈھنگ (۶) ذریعہ (۷) نقدی۔ زر و مال۔ جمع وُجوہ۔
**وجہِ تحریک**۔ (ع۔ ا۔ مث) عمل پر آمادگی کا سبب۔ ترغیب کا باعث۔
**وجہِ تسمیہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) نام رکھنے کا سبب۔
**وجہِ ثبوت**۔ (ع۔ ا۔ مث) ثبوت کی دلیل۔ شہادت۔ گواہی۔ گواہوں کی عدالت میں پیشی۔
**وجہِ ثبوتِ کامل**۔ (ع۔ ا۔ مث) قطعی ثبوت۔
**وجہِ ثبوتِ واقعات**۔ (ع۔ ا۔ مث) وہ ثبوت جو واقعات اور حالات سے فراہم ہوتا ہے۔
**وجہِ حلال کا ٹکڑا**۔ (ا۔ مذ) حلال کی کمائی۔ ایمانداری کی آمدنی۔
**وجہِ قوی**۔ (ع۔ ا۔ مث) مضبوط دلیل یا سبب۔
**وجہِ کافی**۔ (ع۔ ا۔ مث) پورا پورا ثبوت۔ کامل ثبوت۔
**وجہ کھلنا**۔ (ا۔ محاورہ) سبب نمایاں ہونا۔
**وجہِ مخاصمت**۔ (ف۔ ا۔ مث) دشمنی کا سبب۔
**وجہِ معاش۔ وجہِ قوت۔ وجہِ گزران**۔ (ع۔ف۔ ا۔ مث) گزارے کا ذریعہ۔ پیٹ بھرنے کا وسیلہ۔
**وجہِ مقرری**۔ (ع۔ ا۔ مث) مقررہ الاؤنس۔ معینہ گزارہ یا روزینہ۔
**وجہِ موجّہ**۔ (ع۔ ا۔ مث) مضبوط دلیل۔ پختہ ثبوت۔
**وجہِ نالش**۔ (ع۔ف۔ ا۔ مث) دعوےٰ کرنے کا باعث۔
**وجیہہ**۔ (ع۔ صف) خوش وضع۔ خوب صورت (۲) صاحبِ جاہ (۳) موزوں۔ زیبا۔

## و - چ

**وچار**۔ (وِ۔ چار) (س۔ ا۔ مذ) غور و فکر۔ دھیان۔ سوچ بچار (۲) تمیز سمجھ۔ عقل۔
**وچار دھارا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خیالات کی رَو۔ رجحان طبع۔ ذہنی میلان
**وچارنا**۔ (وِ۔ چار۔ نا) (ق۔ مص) سوچنا۔
**وَچن**۔ (وَ۔ چَن) (س۔ ا۔ مذ) قول۔ عہد۔ پیمان۔ قرار۔ بچن۔

## و - ح

**وحدانی**۔ (وَح۔ دا۔ نی) (ع۔ صف) (۱) ایک (واحد) سے نسبت رکھنے والا۔
**وحدانیت**۔ (وَح۔ دا۔ نی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) ایک ہونا۔ خدا کی یکتائی۔ توحید۔
**وحدت**۔ (وَح۔ دَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک ہونا۔ یکتائی۔ توحید۔ اکیلاپن۔
**وحدت الشہود**۔ (ع۔ ا۔ مث) اصطلاح تصوف۔ دنیا کی ہر چیز جو پیشِ نظر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا پرتو ہے۔ یعنی ہمہ از اُوست۔



Marfat.com

وحدتُ الوجود۔ وحدتِ وجود۔ (ع۔ ث۔ ا۔ مذ) صوفیوں کی اصطلاح میں، تمام موجودات کو خدائے تعالیٰ کا ایک وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا۔

وحدہٗ۔ (وَح۔ دَ۔ ہُو) (ع) وہ اکیلا ہے۔ تنہا ہے۔

وحدہٗ لاشریک لہٗ۔ (ع۔ مقولہ) خدائے تعالیٰ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔

وحش۔ (ع۔ ا۔ مذ) جنگلی جانور: جمع: وُحُوش۔

وحش وطیر۔ (ع۔ ا۔ مذ) چوپائے اور پرندے۔

وحشت۔ (وَح۔ شت) (ع۔ ا۔ مث) گھبراہٹ۔ سودا۔ خفقان۔ دیوانگی جنون (۲) حیوانیت (۳) بدک۔ بھڑک۔ نامانوس ہونا۔ نفرت (۵) آوارگی (۶) اُداسی (۷) خوف۔ ڈر۔ ہیبت۔

وحشت اثر۔ (ع۔ ف۔ صف) جس سے وحشت پیدا ہو۔ جو دل میں وحشت پیدا کرے۔

وحشت اُچھلنا۔ (اُ۔ محاورہ) سودا ہونا۔ خفقان ہونا۔ جنون کا زور ہونا بجوش جنون ہونا۔

وحشت انگیز۔ (ا۔ محاورہ) وحشت پیدا کرنے والا۔ ڈراؤنا۔ ہول ناک بھیانک۔ خوف ناک۔

وحشت برسنا۔ (ا۔ محاورہ) اُداسی چھانا (۲) ویرانی برسنا (۳) جنون کا اثر نمایاں ہونا۔

وحشت خیز۔ (ع۔ ف۔ صف) وحشت بڑھانے والا۔ ڈرانے والا۔ مہیب۔

وحشت زدہ۔ (ع۔ ف۔ صف) (۱) گھبرایا ہوا (۲) خبطی۔ جنونی۔ (۳) اُداس۔

وحشت کرنا۔ (ا۔ محاورہ) جانوروں کی طرح بھڑکنا۔ دور بھاگنا۔

وحشت کی لینا۔ (ا۔ محاورہ) وحشت کی باتیں کرنا۔

وحشت ناک۔ (ع۔ ف۔ صف) جس میں وحشت بھری ہو۔ خوفناک گھبرا دینے والا۔

وحشت ہونا۔ (ا۔ محاورہ) پریشان ہونا۔ گھبرانا۔ خفقان ہونا (۲) جنون ہونا۔ سودا ہونا۔

وحشی۔ (وَح۔ شی) (ع۔ صف) جسے انسانوں سے وحشت ہوتی ہے غیر مانوس۔ بھڑکنے والا۔ صحرائی۔ جنگلی (۲) غیر مہذب۔ ناتراشیدہ۔ اجڈ۔

وحشیانہ۔ (ف۔ ا۔ صف) وحشیوں کی طرح۔

وُحُوش۔ (وُ۔ حُو۔ ش) (ع۔ ا۔ مذ) وحش کی جمع۔ جنگلی جانور۔ وحشی کی جمع الجمع۔

وَحی۔ (وَ۔ حی) (ع۔ ا۔ مث) خدائی پیغام۔ خدا کے وہ احکام یا پیغام جو نبیوں پر اُترتے تھے۔ کتاب الٰہی۔ عربی میں بسکون دوم اردو میں بکسر مستعمل ہے۔

وحی آنا۔ وحی اُترنا۔ وحی نازل ہونا۔ (ا۔ محاورہ) خدا کے مقرب فرشتے جبریل کا نبیوں کے پاس خدا کے احکام اور پیغام لے کر آنا۔

وحی مُنزّل۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) وہ وحی جو نازل کی گئی۔ مراد قرآن شریف۔

وَحید۔ (وَ۔ حید) (ع۔ صف) یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔

وحید العصر (زماں)۔ (ع۔ صف) یکتائے زمانہ۔ جس کا اپنے زمانے میں کوئی ثانی نہ ہو۔

## و۔ د

وَداد۔ (وِ۔ داد) (ع۔ ا۔ مث) چاہت۔ اُلفت۔ دوستی۔ اُنس۔

وَداع۔ (وَ۔ داع) (ع۔ ا۔ مث) رخصت۔ روانگی (۲) دُلہن کی رخصتی کی رسم یا تقریب۔ (اُردو اور فارسی والے عموماً بکسر اوّل بولتے ہیں۔

وداعی۔ (وَ۔ دا۔ عی) (ع۔ صف) وداع سے متعلق۔ رخصتی۔ آخری چلتے وقت۔

وِدْوان۔ (وِد۔ وان) (س۔ صف۔ وا۔ مذ) عالم۔ عقل مند۔ اعلیٰ دماغ۔ ذہین۔

وَدُود۔ (وَ۔ دُو۔ د) (ع۔ صف) دوست۔ چاہنے والا۔ شفیق (۲) نیک بندوں کو دوست رکھنے والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

وِدھوا۔ (وِد۔ دھ۔ وا) (س۔ ا۔ مث) بیوہ۔ رانڈ۔

وِدّیا۔ (وِد۔ یا) (س۔ ا۔ مث) علم۔ فن۔ ہنر۔ سائنس۔ فلسفہ (۲) درگا دیوی کا صفاتی نام۔

وِدیش۔ (وِ۔ دیش) (س۔ ا۔ مذ) بدیس۔ غیر ملک۔

وِدیشی۔ (وِ۔ دے۔ شی) (س۔ صف۔ وا۔ مذ) بدیسی۔ غیر ملکی۔

وَدیعت۔ (وَ۔ دی۔ عت) (ع۔ ا۔ مث) امانت۔ سُپردگی۔ جمع: ودائع۔

ودیعت ایزدی۔ (ع۔ ا۔ مث) خدا کی امانت (زندگی و جان یا صلاحیت۔

## و۔ ڈ

وڈیرا۔ (سندھی۔ ا۔ مذ) جاگیر دار۔ بڑا زمیندار۔

## و۔ ر

وَر۔ (س۔ صف) زبر۔ غالب۔ برتر۔ فائق۔

وَر رہنا۔ (ا۔ محاورہ) زبر رہنا۔ جیت جانا۔ بازی لے جانا۔

ور ہونا۔ (ا۔ محاورہ) برتر یا فائق ہونا۔

ور۔ (ف۔ صف) آور کا مخفف۔ والا۔ صاحب۔ خداوند۔ رکھنے والا۔ قبضے



Marfat.com

میں رکھنے والا (۲) (حرفِ ربط) واگر کا مخفف۔

**ورا۔ وراے** ۔ (وَ۔رَا) (وَ۔رَا۔ ے) (ع۔ تابع فعل) پیچھے۔ پرے (۲) دوسری جانب۔ پس پشت۔ دوسری طرف۔ پیچھے کے رخ (۳) سوا۔ ماسوا۔

**وراء الورا** ۔ (ع۔ صف) پیچھے سے پیچھے۔ دُور سے دور۔ پرے سے پرے۔

**وِراثت** ۔ (وِ۔رَا۔ثَت) (ع۔ ا۔ مث) ورثہ۔ میراث۔ ترکہ۔

**وراثت نامہ** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) کسی کے وارث ہونے کی تحریر یا سند۔

**وِراثۃً** ۔ (وِ۔رَا۔ثَ۔تَن) (ع۔ تابع فعل) ترکے کے طور پر۔ بطور وراثت۔

**وراثۃً پہنچنا** ۔ (ا۔ محاورہ) وارث ہونے کی وجہ سے ملنا۔

**ورائٹی** ۔ (Variety) (وَ۔رَا۔ اے۔ٹی) (انگ۔ ا۔ مث) تنوع گوناگونی۔ قسم قسم کا ہونا۔

**ورائٹی شو** ۔ (Variety Show) (انگ۔ ا۔ مذ) ایسا تماشا جس میں ناچ گانے کے علاوہ ورزشی کرتب بھی دکھائے جائیں، رنگا رنگ پروگرام۔

**وُرثا** ۔ (وُ۔رَ۔ثا) (ع۔ ا۔ مذ) وارث کی جمع۔ ورثہ پانے والے۔

**وِرثہ** ۔ (وِر۔ثہ) (ف۔ ا۔ مذ) مرنے والے کا مال۔ ترکہ۔ میراث۔

**ورثہ پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ترکہ بطور حق حاصل کرنا۔

**ورثہ دار** ۔ (ع۔ ف۔ صف) وارث۔

**ورثے میں آنا** ۔ (ا۔ محاورہ) ترکے میں آنا۔ مرنے والے سے حق پہنچنا۔

**وَرد** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) گلاب کا پھول۔

**وِرد** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) وہ کام جو روز بلاناغہ کیا جائے۔ معمول (۲) وظیفہ (۳) قرآن شریف کی بار بار تلاوت۔ جمع: اوراد۔

**وِردِ زبان** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) زبان پر چڑھا ہوا۔ ازبر۔

**وِردِ زبان ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) زبان پر چڑھا ہونا۔ ازبر ہونا۔ یاد ہونا۔

**ورد کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) دہرانا۔ ازبر کرنا۔ یاد کرنا۔

**وِرد ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) وظیفہ ہونا۔ ہر وقت رٹا جانا۔

**وردی** ۔ (وَر۔دی) (ہ۔ ا۔ مث) فوجی لباس۔ یونیفارم (۲) ڈریس۔ پریڈ پر طلبی کے لیے بجایا جانے والا فوجی بگل (۳) وہ باجا جو فوجی بارکوں میں رات کے دس بجے سو جانے کے حکم کے طور پر اور صبح چار بجے جگانے کے لیے بجتا ہے۔

**وردی بجانا** ۔ (ا۔ محاورہ) فوجی کیمپ یا شاہی محل پر مقررہ اوقات میں نوبت یا بگل بجانا۔

**وردی بولنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی واقعے کی خبر دینا۔ رپورٹ کرنا (۲) مخبروں کا کوئی خاص خبر دینا۔

**وردی میجر** ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) فوج کو احکام سنانے اور نوکری تقسیم کرنے والا افسر۔

**ورزش** ۔ (وَر۔زِش) (ف۔ ا۔ مث) کسرت۔ ریاضت۔

**ورزشی** ۔ (وَر۔زِ۔شی) (ف۔ صف) ورزش سے متعلق۔ کسرتی۔ ورزش سے بنایا ہوا (بدن)۔

**وَرسا** ۔ (وَر۔سا) (ق۔ ا۔ مث) سپاہیوں کی قواعد (پریڈ)۔

**وَرطہ** ۔ (وَر۔طہ) (ع۔ ا۔ مذ) ہلاکت کا مقام۔ ایسی زمین جہاں راستہ نہ ہو۔ (۲) (مجازاً) پانی کا چکر۔ بھنور۔ گرداب۔ بھول بھلیاں۔

**وَرَع** ۔ (وَ۔رَع) (ع۔ ا۔ مث) پرہیزگاری۔

**ورغلانا۔ ورغلانا** ۔ (وَر۔غَ۔لا۔نا) (وَر۔غَ۔لا۔اَن۔نا) (اُ۔ مص) بہکانا بھڑکانا (۲) اغوا کرنا (۳) دھوکا دینا۔ ٹھگنا۔

**وَرَق** ۔ (وَ۔رَق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ (۲) درخت کا پتہ (۳) پھول کی پتی (۴) چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا (۵) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی کوئی چیز (۶) تاش کا پتہ۔ جمع: اَوراق۔

**وَرق اُتارنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا پتلا اور باریک تراشا کاٹنا۔

**وَرق اترنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بدن کا لاغری سے ورق برابر گھٹنا (۲) ورق کی طرح پتلا ٹکڑا اتارا جانا۔

**ورق اُلٹنا۔ ورق پلٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کاغذ کا رخ ایک رخ سے دوسرے رخ کرنا (۲) (کنایۃً) نیا دور شروع کرنا۔ تبدیلی کرنا۔

**ورق الخیال** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) بھنگ۔

**ورق بکھرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) کتاب کے اوراق کا پریشان ہو جانا (۲) (کنایۃً) پھوٹ پڑنا۔ تتر بتر ہونا۔ برباد ہونا۔

**ورق داغ** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ ہندسہ جو صفحوں کے شمار کے لیے لکھتے ہیں۔

**ورق ساز** ۔ (ع۔ ف۔ صف) چاندی یا سونے کے ورق کوٹنے کا کام کرنے والا۔ زرکوب۔

**ورق کائنات** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دنیا۔ عالم۔ موجودات۔

**ورق کے ورق سیاہ کرنا** ۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ لکھنا۔

**ورق گردانی کرنا** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پڑھے بغیر ورق الٹنا۔ پڑھنے کے نام پر وقت ضائع کرنا (۲) کسی کتاب یا رسالے کو سرسری طور پر دیکھنا۔

**ورق گل** ۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پھول کی پتی۔ پنکھڑی۔

**ورق لپیٹنا** ۔ (ا۔ محاورہ) پان کی گلوری وغیرہ پر سونے یا چاندی کے ورق منڈھنا۔

**وَرَقہ** ۔ (وَ۔رَ۔قہ) (ع۔ ا۔ مذ) کتاب کا ورق (۲) پتا (۳) (اُردو میں بسکون ر مستعمل ہے)۔

**وَرقہ سندِ خرچ** ۔ (ا۔ مذ) تصدیق ادائی رسید۔ فرد حساب۔

**ورقی** ۔ (وَ۔رَ۔قی) (ع۔ صف) ورق سے منسوب۔ پرت دار (اُردو میں عموماً بسکون ر مستعمل ہے)۔

**وَرَک** ۔ (ع۔ ا۔ مذ) چوتڑ۔ کولہا۔ سرین۔

**ورک شاپ** ۔ (Workshop) (وَرک۔ شاپ) (انگ۔ ا۔ مذ) کارخانہ۔

**ورکنگ کمیٹی** ۔ (Working Committee) مجلس عاملہ۔

**ورلا** ۔ (وَر۔لا) (ہ۔ صفت) ادھر کا۔ اس کنارے کا۔ اس رخ کا۔



Marfat.com

**ورناکیولر** (Vernacular) (وَر۔نا۔کِ۔یُو۔لر) (انگ ۔ا۔صف) دیسی۔ ملکی۔ مقامی (۲) (امث) دیسی زبان۔

**ورم** ۔ (وَ۔رَم) (ع ۔ا۔مذ) بیماری یا چوٹ سے جسم کے کسی حصے کا پھول جانا۔ سوجن۔ آماس۔

**ورم آنا ۔ ورم کر جانا ۔ ورم ہو جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) سوج جانا۔ سوجن چڑھ جانا۔

**ورم اتر جانا** ۔ (ا۔ محاورہ) ورم جاتا رہنا۔ سوجن جاتی رہنا۔

**وَرن** ۔ (وَرن) (س ۔ا۔مذ) (۱) رنگ (۲) قبیل (۳) لباس (۴) صورت (۵) قسم۔

**وَرنہ** ۔ (وَر۔نہ) (حرفِ شرط) وگرنہ ۔ اور نہیں تو۔

**وُرُود** ۔ (وُ۔رُو۔د) (ع ۔ا۔مذ) اترنا ۔ اندر آنا ۔ وارد ہونا۔ پہنچنا۔

**ورود پانا** ۔ (ا۔ محاورہ) پہنچنا۔

**وِرودھ** ۔ (وِ۔رو۔دھ) (س ۔ا۔مذ) (۱) مخالفت ۔ مزاحمت ۔ رکاوٹ (۲) دشمنی عداوت۔ جھگڑا۔ جنگ (۳) احتجاج۔

**وِرودھی** ۔ (وِ۔رو۔دھی) (س۔صف ۔ا۔مذ) مخالفت ۔ دشمن ۔ حریف ۔ (۲) جھگڑالو (۳) احتجاج کرنے والا۔

**وَرے** ۔ (وَ۔رے) (ف) ادھر ۔ اس طرف (۲) پاس ۔ نزدیک۔ قریب۔

**وَرید** ۔ (وَ۔رید) (ع ۔ا۔ مث) گردن کی موٹی رگ ۔ شہ رگ ۔ جو رگ دھڑکتی نہ ہو۔

## و۔ز

**وزارت** ۔ (وَ۔زا۔رَت) (ع ۔ا۔مث) وزیر کا عہدہ ۔ مدار المہامی (۲) وزیر کا کام (۳) وزیر کا دفتر بفتح اول نیز بکسر اول۔

**وِزِٹر** ۔ (Visitor) (وِ۔زِ۔ٹَر) (انگ ۔ا۔ مذ) وہ شخص جو ملاقات یا معائنے کے لیے آئے۔

**وزٹرز بک** (Visitors Book) (انگ ۔ا۔مث) وہ رجسٹر جس میں آنے والوں یا معائنہ کرنے والوں سے دستخط لیے جاتے ہیں۔

**وزٹنگ کارڈ** (Vistingcard) (وِ۔زِ۔ٹنگ ۔کارڈ) (انگ ۔ا۔مث) وہ کارڈ جس پر ملاقات کرنے والے کا نام درج ہوتا ہے۔

**وُزَرا** ۔ (وُ۔زَ۔را) (ع ۔ا۔مذ) وزیر کی جمع۔

**وزن** ۔ (وَ۔زن) (ع ۔ا۔مذ) تول جانچ ۔ اندازہ (۲) عزت ۔ قدر۔ وقعت (۳) بوجھ ۔ بار (۴) مقدار ۔ پیمانہ (۵) علم عروض میں شعر کی بحر۔ (۶) سنجیدگی ۔ متانت ۔ جمع : اوزان۔

**وزن دار** ۔ (ع ۔ف ۔صف) بوجھل ۔ بھاری (۲) باوقعت۔

**وزن رکھنا ۔ وزن ہونا** ۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بھاری ہونا (۲) باوقعت ہونا

**وزن کرنا** ۔ (ا۔ مص مرکب) تولنا ۔ جانچنا۔

**وزنہ** ۔ (وَز۔نہ) (ا۔ا۔مذ) لوہے یا پتھر کی بنی ہوئی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لیے اس پر رکھی جائے۔ پیپر ویٹ (Paper Weight)

**وزنی** ۔ (وَز۔نی) (ف ۔صف) (۱) بھاری ۔ بوجھل (۲) سنجیدہ ۔ ٹھوس۔ (۳) باوقعت۔

**وزیر** ۔ (وَ۔زیر) (ع ۔ا۔مذ) دیوان ۔ مدار المہام ۔ منتری (۲) شطرنج کا ایک مہرہ۔ جمع : وُزَرا۔

**وزیر اعظم** ۔ (ع ۔ا۔مذ) مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر ۔ پردھان منتری پرائم منسٹر۔

**وزیر اعلیٰ** ۔ (ع ۔ا۔مذ) صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔ چیف منسٹر۔

**وزیرے چنیں شہریارے چناں** ۔ (ف ۔مثل) جیسے وزیر ویسے بادشاہ۔ افسر اور ماتحت دونوں نالائق۔

**وزیری** ۔ (وَ۔زی۔ری) (ف ۔ا۔مث) وزیر کا عہدہ ۔ وزارت (۲) (مذ) پٹھانوں کے ایک قبیلے کا نام۔

## و۔س

**وِسادہ** ۔ (وِ۔سا۔دَہ) (ع ۔ا۔مذ) تکیہ ۔ مسند ۔ جمع : وسائد۔

**وِسارا** ۔ (وِ۔سا۔را) (ق ۔ا۔مذ) چھپر ۔ سائبان ۔ اوسارا۔

**وساطت** ۔ (وِ۔سا۔طَت) (ع ۔ا۔مث) وسیلہ ۔ ذریعہ ۔ واسطہ۔

**وَساوِس** ۔ (وَ۔سا۔وِس) (ع ۔ا۔مذ) وسواس کی جمع ۔ وسوسے ۔ اندیشے۔

**وسائد** ۔ (وَ۔سا۔ئد) (ع ۔ا۔مذ) وسادہ کی جمع تکیے ۔ مسندیں۔

**وسائط** ۔ (وَ۔سا۔ئط) (ع ۔ا۔ مذ) واسطہ کی جمع (۱) واسطے (۲) تعلقات (۳) ذریعے۔

**وسائل** ۔ (وَ۔سا۔ئل) (ع ۔ا۔مذ) وسیلہ کی جمع ۔ وسیلے ۔ واسطے۔

**وَسط** ۔ (ع ۔ا۔مذ) بیچ ۔ درمیان ۔ قلب ۔ مرکز (۲) وہ چیز جو جسامت یا درجے میں درمیانہ ہو (۳) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ جو اسے برابر کے دو حصوں میں تقسیم کرے۔ جمع : اوساط۔

**وسطانی** ۔ (ع ۔صف) درمیانی (۲) مڈل کی جماعتیں۔

**وسطی** ۔ (وَس۔طی) (ف ۔صف) بیچ کا ۔ درمیان کا ۔ درمیانی۔

**وُسطیٰ** ۔ (وُس۔طا) (ع ۔صف) اوسط کا مونث ۔ میانہ ۔ اوسط درجے کا۔ بیچ کا (امث) بیچ کی انگلی۔

**وُسع** ۔ (ع ۔ا۔مث) چوڑائی ۔ پھیلاؤ ۔ فراخی۔

**وُسعت** ۔ (وُس۔عَت) (ع ۔ا۔مث) (۱) گنجائش ۔ سمائی ۔ چوڑائی۔ کشادگی ۔ پھیلاؤ۔

**وسعت دینا** ۔ (ا۔ محاورہ) بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ کھلا کرنا۔

**وِسکی** ۔ (Whisky) (وِس۔کی) (انگ ۔ا۔مث) ایک قسم کی شراب۔

**وِسل** ۔ (Whistle) (وِ۔سل) (انگ ۔ا۔مث) سیٹی۔

**وسل بجانا ۔ وسل دینا** ۔ (ا۔ مص مرکب) کوئی اشارہ دینے کی غرض سے سیٹی بجانا۔

**وَسمہ** ۔ (وَس۔مہ) (ع ۔ا۔مذ) نیل کے پتے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے۔



Marfat.com

**وسمہ کرنا (لگانا)** ۔ (ا۔ محاورہ) بالوں کو خضاب سے رنگنا۔

**وسواس** ۔ (وَس۔ وَاس) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) بُرا خیال جو دل میں آئے (۲) وہم ۔ وسوسہ (۳) اندیشہ ۔ ڈر ۔ خوف (۴) شبہ ۔ گمان ۔ جمع : وساوس۔

**وسواسی** ۔ (وَس ۔ وا ۔ سی) (ع ۔ صف) (۱) وہمی ۔ شکی (۲) شبہ کرنے والا (۳) جو چیز روکے یا ہچکچاہٹ پیدا کرے۔

**وسوسہ** ۔ (وَس ۔ وَ ۔ سَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) دیکھیے وسواس ۔ جمع ۔ وساوس ۔

**وسیع** ۔ (وَ ۔ سیع) (ع ۔ صف) فراخ ۔ چوڑا ۔ کشادہ ۔ دُور تک پھیلا ہوا ۔

**وسیع القلب** ۔ (ع ۔ صف) تنگ دل کی ضد ۔ کھلے دل والا ۔

**وسیع النظر** ۔ (ع ۔ صف) جس کی نظر وسیع ہو ۔ بلند خیال ۔

**وسیع النظری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) نظر کا وسیع ہونا ۔ رواداری ۔ بلند خیالی ۔

**وسیلہ** ۔ (وَ ۔ سی ۔ لَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) ذریعہ ۔ واسطہ ۔ سبب (۲) سہارا ۔ آسرا ۔ (۳) حمایت ۔ مدد ۔ دست گیری ۔ جمع ۔ وسائل ۔

**وسیلہ پیدا کرنا** ۔ (ا ۔ مص مرکب) (۱) ذریعہ پیدا کرنا (۲) کسی کو حمایتی یا مددگار بنانا ۔

**وسیم** ۔ (وَ ۔ سیم) (ع ۔ صف) خوبصورت ۔ خوش وضع ۔ حسین ۔

## و ۔ ش

**وش** ۔ (ف ۔ حرف تشبیہ) مانند ۔ مثل ۔ نظیر ۔ طرح ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے ۔ جیسے پری وش ۔ پری کی مانند ۔

**وُشاق** ۔ (ت ۔ ا ۔ مذ) خدمت گار ۔ غلام لڑکا ۔

**وِشال** ۔ (وِ ۔ شا ۔ ل) (س ۔ صف) عظیم ۔ وسیع و عریض ۔

**وِشواس** ۔ (وِ ۔ شْ ۔ واس) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) بھروسا ۔ اعتماد (۲) اعتقاد ۔ یقین ۔

**وِشواس گھاتک وشواس گھاتی** ۔ (س ۔ ا ۔ صف) بے وفا ۔ غدّار ۔ دغاباز ۔ آستین کا سانپ ۔

**وِشواسی** ۔ (وِ ۔ شْ ۔ وَا ۔ سی) (س ۔ صف) (۱) بھروسے والا ۔ قابل اعتماد ۔ (۲) معتقد ۔ یقین رکھنے والا ۔

## و ۔ ص

**وَصّاف** ۔ (وَص ۔ صَاف) (ع ۔ صف) بہت تعریف کرنے والا ۔

**وِصال** ۔ (وِ ۔ صا ۔ ل) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) صحبت ۔ ہم بستری (۲) ملنا ۔ ملاپ ۔ ملاقات (۳) انسان کا خدا سے جا ملنا ۔ مرجانا ۔ انتقال کر جانا (۴) (اصطلاح تصوّف) وحدت میں فنا ہو جانا ۔

**وَصایا** ۔ (وَ ۔ صا ۔ یا) (ع ۔ ا ۔ مذ) وصیت کی جمع ۔ نصیحتیں ۔ مرنے والے کی نصیحتیں ۔

**وصف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) خوبی ۔ اچھائی ۔ عمدگی ۔ تعریف (۲) گُن ۔ صفت ۔ اچھی خاصیت (۳) کمال ۔ ہنر ۔ جوہر ۔ سلیقہ ۔ مخصوص صلاحیت (۴) پہچان ۔ شناخت ۔ جمع ۔ اوصاف ۔

**وصف رکھنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) خوبی رکھنا ۔ صفت رکھنا ۔

**وصفی** ۔ (وَص ۔ فی) (ع ۔ صف) صفاتی ۔ توصیفی ۔ تعریفی ۔

**وصل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ملاقات ۔ معشوق سے ملنا ۔ ہجر کی ضد ۔

**وصلت** ۔ (وَص ۔ لَت) (ع ۔ ا ۔ مث) وصل ۔ معشوق سے ملاقات (اب اس معنی میں وصل ہی مستعمل ہے ۔

**وصلچہ** ۔ (وَصل ۔ چہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) کاغذ کا ٹکڑا (۲) کپڑے کی دھجی

**وصلی** ۔ (وَص ۔ لی) (ع ۔ ا ۔ مث) خوشنویسوں کے مشق کرنے کا دُہرا کاغذ ۔

**وُصول** ۔ (وُ ۔ صُول) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) جو مل گیا ہو ۔ جو حاصل ہو گیا ہو ۔ حاصل آمد (۲) بے باق ۔

**وصول باقی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ روپیہ جو وصول نہ ہوا ہو (۲) اس رقم کا وصول کرنا جو واجب الادا ہے ۔

**وصول پانا (کرنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) رقم مل جانا ۔ رقم لینا ۔

**وصول کنندہ** ۔ (ا ۔ محاورہ) وصول کرنے والا ۔ پانے والا ۔

**وُصولی** ۔ (وُ ۔ صُو ۔ لی) (ف ۔ صف) قابل وصول ۔ یافتنی ۔ (۲) وصول ۔ وصول ہونا ۔

**وصی** ۔ (وَ ۔ صی) (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (۲) وصیت پر عمل کرنے والا ۔ سربراہ کار ۔ منصرم ۔

**وصیت** ۔ (وَ ۔ صی ۔ یت) (ع ۔ ا ۔ مث) سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا یا نہ کرنا ۔ آخری نصیحت ۔ جمع ۔ وصایا ۔

**وصیت نامہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) تحریری وصیت ۔

**وصیہ** ۔ (وَ ۔ صی ۔ یَہ) (ع ۔ ا ۔ مث) وہ عورت جسے وصیت کے سلسلے میں عمل کارروائی کا اختیار دیا گیا ہو ۔ وہ خاتون جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو

## و ۔ ض

**وضاحت** ۔ (وَ ۔ ضا ۔ حَت) (ع ۔ ا ۔ مث) واضح کرنا ۔ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ۔ تشریح کرنا ۔

**وضع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) شکل ۔ صورت ۔ حلیہ (۲) ظاہری حالت ۔ حال (۳) طور طریق ۔ رنگ ڈھنگ ۔ طرز ۔ چال ڈھال ۔ چلن (۴) بناوٹ ۔ ساخت ترکیب (۵) مجرا ۔ منہا ۔ کاٹنا ۔ تفریق کرنا ۔

**وضع بدلنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) طرز بدلنا ۔ حالت بدلنا ۔ عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا ۔ نئی وضع اختیار کرنا ۔

**وضع چھوڑنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) وضع کو ترک کرنا ۔

**وضع حمل** ۔ بچہ پیدا ہونا ۔

**وضع دار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) وضع نباہنے والا ۔ اپنے طور طریقے پر قائم رہنے والا ۔ پابند وضع (۲) اچھی وضع کا ۔ سجیلا ۔ بانکا ۔ طرح دار ۔



Marfat.com

**وضع داری** ۔ (ع ۔ ف ۔ امث) ایک دفعہ اختیار کی ہوئی وضع کو مرتے دم تک نباہنا (۲) بانکپن۔ طرحداری۔ خوبصورتی (۳) سلیقہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔
**وضع قوانین** ۔ (ع ۔ امذ) قانون بنانا۔ قانون سازی کرنا۔
**وضع قطع** ۔ (ع ۔ امث) شکل و صورت۔
**وضع کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) مجرا لے لینا۔ منہا کر دینا۔ کاٹ لینا۔ حساب میں لکھ لینا (۲) اختراع کرنا۔ ایجاد کرنا۔
**وضع ملنا** ۔ (۱۔ محاورہ) انداز ملنا۔ طرز ملنا۔
**وضع میں فرق آنا** ۔ (۱۔ محاورہ) انداز اور عادت میں فرق آنا۔
**وضع نباہنا** ۔ (۱۔ محاورہ) انداز اور طرز میں فرق نہ آنے دینا۔
**وضع ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) مجرا ہونا۔ کٹنا۔ منہا ہونا۔ حساب میں لگنا۔ ایجاد ہونا۔ نکلنا۔
**وُضُو** ۔ (وُ۔ضُو) نماز کے لیے جسم کے خاص خاص اعضا کو پانی سے دھونا۔
**وضو تازہ کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) باوضو ہوتے ہوئے بھی دوبارہ وضو کرنا۔
**وضو ٹوٹنا** ۔ (۱۔ محاورہ) وضو جاتا رہنا۔ طہارت قائم نہ رہنا۔
**وضو ٹھنڈے ہونا۔ وضو ڈھیلے ہونا** ۔ (۱۔ محاورہ) ہمت پست ہونا۔ نیت بدل جانا۔
**وُضُوح** ۔ (وُ۔ضُوح) (ع ۔ امذ) وضاحت۔ صفائی (۲) ثبوت۔ گواہی (۳) اظہار۔ ظہور۔
**وضیع** ۔ (وَ۔ضِیع) (ع ۔ صف) کمینہ۔ ہیچ۔ فرومایہ۔
**وضیع و شریف** ۔ (ع ۔ صف) ادنیٰ اور اعلیٰ۔ کمینہ اور شریف۔
**وضیمہ** ۔ (وَ۔ضی۔مہ) (ع ۔ امذ) ماتمی ضیافت۔ غمی کا کھانا (ولیمہ کی ضد)

## و ۔ ط

**وطن** ۔ (وَ۔طَن) (ع ۔ امذ) پیدا ہونے اور رہنے کی جگہ (۲) دیس۔ اپنا ملک جنم بھومی۔ جمع: اوطان۔
**وطن اختیار کرنا** ۔ (۱۔ مص مرکب) کسی ملک کا شہری بننا (۲) اپنے شہر کو چھوڑ کر کسی اور شہر میں مستقل طور پر رہنے لگنا۔
**وطن چھٹنا** ۔ (۱۔ محاورہ) غریب الوطن ہونا۔
**وطن مالوف** ۔ (ع ۔ ف ۔ امذ) وہ جگہ جہاں رہنے سہنے کی عادت ہو۔ وہ جگہ جس سے لگاؤ اور اُنس ہو۔
**وطنی** ۔ (وَ۔طَ۔نی) (ع ۔ صف) ہم وطن۔ ایک دیس کا (۲) وطن سے منسوب۔
**وطی** ۔ (وَ۔طی) (ع ۔ امث) عورت سے صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔

## و ۔ ظ

**وظائف** ۔ (وَ۔ظا۔ئف) (ع ۔ امذ) وظیفہ کی جمع۔

**وظیفہ** ۔ (وَ۔ظی۔فہ) (ع ۔ امذ) روزینہ۔ پنشن۔ تنخواہ۔ درماہہ (۲) وہ رقم جو نادار طالب علم کو اس کے تعلیمی اخراجات کے لیے دی جائے (۳) حسنِ خدمات کے صلے میں عطا کی ہوئی جاگیر وغیرہ (۴) کوئی دُعا جو روزانہ پڑھی جائے (۵) کسی بات کی رٹ (۶) وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔
**وظیفہ بجھانا** ۔ (تحقیراً) وظیفہ پڑھنا۔
**وظیفہ خوار** ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) وظیفہ لینے والا (۲) پنشن پانے والا۔
**وظیفہ کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) وظیفہ پڑھنا۔

## و ۔ ع

**وعدہ** ۔ (وَع۔دَہ) (ع ۔ امذ) اقرار۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان (۲) ملاقات کا تعین (۳) رقم کی ادائگی کے لیے ایک مدت مقرر کرنا (۵) مرنے کا دن۔ موت کا وقت۔
**وعدہ آ پہنچنا۔ وعدہ آجانا** ۔ (۱۔ محاورہ) موت کا وقت آجانا۔ زندگی ختم ہونا۔
**وعدہ ایفا کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) وعدہ پورا کرنا۔ قول پورا کرنا۔
**وعدہ برابر آنا (ہونا)** ۔ (۱۔ محاورہ) زندگی کی گھڑیاں پوری ہونا۔ موت آنا۔
**وعدہ پر قائم رہنا** ۔ (۱۔ محاورہ) قول پر قائم رہنا۔ جو کہنا اس پر قائم رہنا۔
**وعدہ ٹالنا** ۔ وعدہ پورا کرنے سے بچنا۔ حیلے حوالے کرنا۔
**وعدہ ٹلنا** ۔ (۱۔ محاورہ) وعدہ پورا نہ ہونا۔ وعدے کی مدت گزر جانا۔
**وعدہ ٹھہرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) قول و قرار ہونا۔
**وعدہ خلاف (شکن)** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جو وعدہ پورا نہ کرے۔ جو وعدے سے پھر جائے۔
**وعدہ خلافی، وعدہ شکنی** ۔ (ع ۔ ف ۔ امث) وعدہ نہ نبھانا۔ قول و قرار سے پھر جانا۔
**وعدہ شب درمیان** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) اگلے دن کا وعدہ۔ کل کا وعدہ۔
**وعدہ فراموش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جو وعدہ کر کے بھول جائے۔
**وعدہ کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) اقرار کرنا۔ قول دینا۔ زبان دینا۔
**وعدہ لینا** ۔ (۱۔ محاورہ) عہد لینا۔ قول لینا۔
**وَعدہ وَعید** ۔ (ع ۔ ف ۔ امذ) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے۔ آج کل آج کل۔
**وَعدہ وَعید کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) جھوٹے وعدے کرنا (۲) ٹالنا
**وعدہ وفا۔ وعدے کا سچا** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) بات کا پورا۔ جو وعدہ کر کے پورا کر دے۔ جو قول و قرار نبھائے۔
**وعدہ وفا کرنا** ۔ (۱۔ مص مرکب) قول نباہنا۔ وعدہ پورا کرنا۔
**وعدے پر جینا** ۔ (۱۔ محاورہ) وعدہ پورا ہونے کی توقع رکھنا۔
**وعدے پر رہنا** ۔ قول نباہنا۔ وعدے سے نہ پھرنا۔ عہد پر قائم رہنا۔
**وعدے سے دم زیادہ نہ کم** ۔ موت کا وقت مقرر ہے ٹلتا نہیں



Marfat.com

نہیں ٹل سکتا۔

**وعظ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے ۔ مذہبی تقریر ۔ مذہبی باتوں کا بیان ۔

**وعظ کرنا** ۔ (کہنا) ۔ (ا ۔ مص مرکب) مذہبی تقریر کرنا (۲) نصیحت کرنا ۔

**وَعَلَیکُمُ السَّلام** ۔ (وَ ۔ عَ ۔ لَے ۔ کُ ۔ مُس ۔ سَ ۔ لام) (ع ۔ ا ۔ مذ) اور تم پر بھی سلامتی ہو ۔ السلام علیکم کا جواب ۔

**وعِید** ۔ (وَ ۔ عِید) (ع ۔ ا ۔ مذ) سزا دینے کی دھمکی (۲) سزا دینے کا وعدہ ۔

## و ۔ غ

**وغا** ۔ (وَ ۔ غا) (ع ۔ ا ۔ مث) لڑائی ۔ جنگ (۲) ہنگامہ ۔ شور و غل ۔ دنگا ۔ فساد ۔

**وغیرہ** ۔ (وَ ۔ غَے ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مذ) اور بھی اور اس کے ماسوا ۔

## و ۔ ف

**وفا** ۔ (وَ ۔ فا) (ع ۔ ا ۔ مث) نباہ ۔ ساتھ دینا (۲) خیر خواہی ۔ نمک حلالی ۔ وابستگی عقیدت مندی (۳) تعمیل ۔ تکمیل ۔

**وفا بیگانہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) بے وفا ۔ جو وعدہ پورا کرنے کا عادی نہ ہو

**وفا پرست** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) وفادار ۔ باوفا ۔ نباہنے والا ۔ مخلص ۔

**وفا پیشہ** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) جو سب کے ساتھ وفا کرے ۔ جو ہمیشہ وفادار رہے ۔

**وفادار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) وفا کرنے والا ۔ نباہنے والا ۔ باوفا ۔

**وفاداری** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) نباہنا ۔ ساتھ دینا ۔ وفا کرنا ۔

**وفا شعار** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) نباہنے والا ۔ وفا کرنے والا ۔ جس کا شعار وفا کرنا ہو ۔

**وفا کیش** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) دیکھیے وفا شعار ۔

**وفات** ۔ (وَ ۔ فا ۔ ت) (ع ۔ ا ۔ مث) موت ۔ انتقال ۔

**وفات پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مرجانا ۔ انتقال کر جانا ۔

**وفات شریف** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) کسی بزرگ یا واجب التعظیم شخصیت کا انتقال (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ۔

**وفاق** ۔ (وِ ۔ فاق) (ع ۔ ا ۔ مذ) اتحاد ۔ اتفاق (۲) کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنا لینا (انگ) فیڈریشن ۔ (Federation)

**وِفاقی** ۔ (وِ ۔ فا ۔ قی) (ع ۔ صف) وفاق سے منسوب (انگ) (Federal)

**وفد** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) نمائندوں کی جماعت (۲) چند اشخاص کا کوئی پیغام لے کر کسی افسر یا حاکم کے پاس جانا (انگ) ڈیپوٹیشن (Deputation)

**وفق** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) موافقت ۔ مطابقت ۔

**وُفود** ۔ (وُ ۔ فُود) (ع ۔ ا ۔ مذ) وفد کی جمع ۔

**وُفور** ۔ (وُ ۔ فُور) (ع ۔ ا ۔ مذ) افراط ۔ بہتات ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

**وَفیات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وفاتیں (۲) (مجازاً) وفات پانے والے ۔

## و ۔ ق

**وَقّاد** ۔ (ع ۔ صف) نہایت روشن ۔ بہت چمکیلا ۔

**وقار** ۔ (وَ ۔ قار) (ع ۔ ا ۔ مذ) بھاری بھرکم پن ۔ متانت ۔ سنجیدگی ۔ بُردباری (۲) قدر و منزلت ۔ جاہ جلال ۔

**وِقاع** ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) حملہ ۔ دھاوا ۔ جنگ ۔

**وقائع** ۔ (وَ ۔ قا ۔ ئِع) (ع ۔ ا ۔ مذ) وقیعہ (بمعنی لڑائی کی خبر) کی جمع ۔ جنگ کی خبریں ۔ واقعات ۔ حالات ۔

**وقائع نگار** (نویس) ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) جنگی نامہ نگار ۔ جنگی مخبر (۲) نامہ نگار ۔ اخبار نویس ۔

**وقائع نگاری** (نویسی) ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث) نامہ نگاری ۔ پرچہ نویسی ۔

**وَقت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) گھڑی ۔ ساعت ۔ دم بھر ۔ عرصہ ۔ مدت ۔ میعاد ۔ وقفہ (۲) زمانہ ۔ عہد ۔ دور ۔ جُگ (۳) موقع ۔ ہنگام (۴) موسم ۔ فصل ۔ رُت (۵) فرصت ۔ مہلت (۶) باری ۔ نوبت ۔ دفعہ ۔ بار (۷) حالت ۔ گت (۸) عمر ۔ زندگی ۔ حیات (۹) موت کی گھڑی (۱۰) مصیبت (۱۱) دقت ۔ دشواری ۔ جمع اوقات ۔

**وقت آپہنچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موت کا وقت آجانا ۔ وعدہ آپہنچنا ۔

**وقت آجانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موسم آجانا ۔ رُت آجانا (۲) مصیبت آپہنچنا (۳) موت کا وقت آپہنچنا ۔

**وقت آیا ہوا نہیں ٹلتا** ۔ (ا ۔ مثل) موت کے آنے پر دیر سویر نہیں ہوتی ۔

**وقت از دست رفتہ و تیر از کمان جستہ باز نیاید** ۔ (ف ۔ مثل) ہاتھ سے گیا ہوا وقت اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا ۔

**وقت بد** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) مصیبت کا وقت ۔

**وقت برابر آنا** (ہونا) ۔ (ا ۔ محاورہ) زندگی کے دن پورے ہوجانا ۔

**وقت بوقت** ۔ (ا ۔ تابع فعل) کبھی کبھی ۔ وقتاً فوقتاً ۔

**وقت بے وقت** ۔ (ع ۔ تابع فعل) موقع بے موقع (۲) ہر وقت ۔ ہر موقع پر ۔ ہمیشہ ۔ برابر ۔

**وقت پانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) فرصت پانا ۔ موقع حاصل ہونا ۔

**وقت پر** ۔ (ا ۔ تابع فعل) عین موقعے پر (۲) مصیبت یا لڑائی کے وقت (۳) موسم پر ۔ رُت کے موقعے پر ۔

**وقت پر اوسان بجا رہنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) مصیبت یا گھبراہٹ کے موقع پر بدحواس نہ ہونا ۔

**وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے** ۔ (ا ۔ مثل) موقع کے موافق کام ہی دانائی ہے ۔

**وقت پر پہنچنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) موقعے پر پہنچنا ۔ ضرورت کے وقت حاضر ہو



Marfat.com

جانا ۔ ٹھیک موقع پر آنا ۔

**وقت پر صاف جواب دینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ضرورت کے وقت کام نہ آنا ۔ وقت پڑنے پر منہ موڑ لینا ۔ موقع پر پیٹھ دکھا جانا ۔

**وقت پر صاف نکل جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) عین موقع پر قول سے پھر جانا ۔

**وقت پر کام آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ضرورت کے وقت مفید ثابت ہونا ۔ وقت پڑنے پر ساتھ دینا ۔

**وقت پر کچھ بن نہ آنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) مصیبت پڑنے پر کوئی تجویز کارگر نہ ہونا

**وقت پر کوئی کام نہیں آتا** ۔ (۱ ۔ مثل) مصیبت میں کوئی مدد نہیں کرتا ۔

**وقت پر گولی بچانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقعے پر دغا دے جانا ۔ ٹل جانا ۔ حالات کی زد سے بچ جانا ۔

**وقت پیری شباب کی باتیں ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں** ۔ (۱ ۔ مثل) بڑھاپے میں جوانی کی باتیں یوں معلوم دیتی ہیں جیسے کوئی خواب دیکھا تھا ۔

**وقت پڑنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) مصیبت پڑنا (۲) دقت یا دشواری ہونا (۳) ضرورت مند ہونا

**وقت پڑنے پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** ۔ (۱ ۔ مثل) ضرورت یا لاچاری کی حالت میں ادنے درجے کے لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔

**وقت پڑنے پر جانیے کو بیری کو مِیت** ۔ (۱ ۔ مثل) یہ بات مصیبت کے موقعے پر ہی معلوم ہوتی ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست دوست ۔ دشمن کی آزمائش مصیبت کے وقت ہوتی ہے ۔

**وقت تاکنا (دیکھنا)** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقعے کی تلاش میں رہنا ۔

**وقت تنگ ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) کوئی کام جس وقت کرنا ہو اُس میں تھوڑا وقفہ رہ جانا ۔

**وقت ٹالنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) وقت گزاری کرنا ۔ موقع ٹالنا ۔

**وقت ٹھیک کرنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) گھڑی کا وقت دُرست کرنا ۔

**وقت جا کر نہیں آتا** ۔ (۱ ۔ مقولہ) جو لمحہ گزر جاتا ہے ۔ وہ پھر واپس نہیں آتا ۔

**وقت دینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ملاقات یا کسی کام کے لیے وقت مقرر کرنا ۔

**وقت سب کچھ کرا لیتا ہے** ۔ (۱ ۔ مقولہ) موقع اور ضرورت کے وقت انسان کام کر لیتا ہے جو اس سے عام حالات میں نہیں ہوتا ۔

**وقت ضائع کرنا** ۔ (۱ ۔ مص مرکب) بیکار مشغلوں میں وقت برباد کرنا ۔

**وقت فضیلت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ وقت جب نماز پڑھنا افضل ہو ۔

**وقت کا** ۔ (۱ ۔ صف) زمانے کا ۔ عہد کا ۔

**وقت کا پابند** ۔ (۱ ۔ مذ) ٹھیک وقت پر کام کرنے والا ۔

**وقت کاٹنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) وقت گزارنا (۲) دن پورے کرنا (۳) دل بہلانا ۔

**وقت کا رونا بے وقت کی ہنسی سے اچھا** ۔ (۱ ۔ مثل) ہر بات اور ہر کام اپنے موقعے پر اچھا معلوم ہوتا ہے

**وقت کو غنیمت جانیے** ۔ (۱ ۔ مقولہ) موقعے سے فائدہ اُٹھانا چاہیے ۔

**وقت کی بات** ۔ (۱ ۔ مث) اتفاقی بات ۔ شدنی امر ۔

**وقت کی خوبی ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) بُرے دن آجانے کی وجہ سے پریشانی اٹھانی پڑ رہی ہے ۔

**وقت کے بادشاہ ہیں** ۔ (۱ ۔ مثل) بہت وسیع اختیارات کے مالک ہیں ۔ (۲) (طنزاً) لاپرواہ ہیں ۔ بے فکرے ہیں ۔

**وقت کے وقت** ۔ (۱ ۔ تابع فعل) عین موقعے پر ۔ بروقت ۔ ٹھیک اس وقت جب ضرورت ہو ۔

**وقت گزار دینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) لٹکائے رکھنا (۲) کام وقت پر نہ کرنا (۳) موقع نکال دینا ۔

**وقت گزر جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقع ٹل جانا ۔ وقت جاتا رہنا ۔

**وقت گزر گیا بات رہ گئی** ۔ (۱ ۔ مثل) وقت تو اچھا بُرا گزر گیا مگر شکایت رہ گئی ۔

**وقت گزرے پیچھے عقل آتی ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) کام بگڑنے کے بعد ہی تدبیر سوجھتی ہے ۔

**وقت گنوانا** ۔ (۱ ۔ مص مرکب) وقت ضائع کرنا ۔ وقت کا خون کرنا ۔ وقت برباد کرنا ۔

**وقت ملنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) فرصت ہونا (۲) موقع ہاتھ آنا ۔

**وقت نازک ہونا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) حالات اچھے نہ ہونا ۔ ایسی حالت ہونا جس میں دیکھ بھال کر چلنا چاہیے ۔

**وقت ناوقت** ۔ (۱ ۔ تابع فعل) بے قاعدگی سے ۔ وقت بے وقت ۔ موقع بے موقع ۔ وقت مقرر کیے بغیر ۔ کبھی کبھی ۔ گاہ بگاہ ۔

**وقت نکالنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) فرصت نکالنا (۲) مصیبت یا پریشانی کے زمانے میں زندگی جوں توں گزارنا ۔

**وقت نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے ۔ وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) کام تو کسی نہ کسی طرح نکل ہی جاتا ہے البتہ جو ضرورت یا مصیبت میں ساتھ نہ دے اس کی بدسلوکی یاد رہتی ہے ۔

**وقت نکل جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) ضرورت پوری ہو جانا ۔ مصیبت ٹل جانا (۲) موقع ہاتھ سے جاتا رہنا ۔

**وقت نہ رہنا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقع نکل جانا ۔ وقت گزر جانا ۔

**وقت واپسیں** ۔ (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) آخر وقت ۔ نزع کا وقت ۔ جان کنی کے لمحے ۔ مرتے وقت ۔

**وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) ہر چیز اپنے موقع و محل پر اچھی ہوتی ہے ۔

**وقت وقت کا راگ ہے** ۔ (۱ ۔ مثل) ہر وقت کی ایک الگ راگنی ہے جیسا موقع ہو ویسی ہی بات کرنی چاہیے ۔

**وقت ہاتھ سے جانا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقع نکل جانا ۔

**وقت ہاتھ سے نہ دینا** ۔ (۱ ۔ محاورہ) موقع نہ کھونا ۔ وقت ضائع نہ کرنا ۔

**وقت ہو جانا (ہونا)** ۔ (۱ ۔ محاورہ) وقت پورا ہو جانا (۲) موقع ہونا ۔

**وقتاً فوقتاً** ۔ (وَق ۔ تَن ۔ فَ ۔ وَق ۔ تَن) (ع ۔ تابع فعل) کبھی کبھی ۔ گاہ بگاہ ۔

**وقتی** ۔ (وَق ۔ تی) (ع ۔ صف) وقت کا ۔ زمانے کا (۲) عارضی ۔



Marfat.com

**وقر** ۔ (ع ۔ ا ۔مذ) بڑائی ۔عظمت ۔ بزرگی (۲) عزت آبرو ۔ قدرومنزلت (۳) رتبہ ۔مرتبہ ۔ درجہ ۔پایہ ۔منصب (۴) حلم ۔تمکنت ۔
**وقر اُٹھ جانا** ۔ (ا ۔محاورہ) وقعت نہ رہنا ۔عزت جاتی رہنا ۔
**وقر پانا** ۔ (ا ۔محاورہ) عزت حاصل کرنا ۔آبرو پانا ۔
**وقر کھونا** ۔ (ا ۔محاورہ) عزت گنوانا ۔بے آبرو ہونا ۔
**وقِس علیٰ ہٰذا** ۔ (وَ ۔قِس ۔عَ ۔لَا ۔ہَا ۔ذَا) (ع ۔تابع فعل) اور اسی پر قیاس کرلو ۔
**وُقعت** ۔ (وُق ۔عت) (ع ۔ا ۔مث) عزت ۔اعتبار ۔ساکھ ۔
**وقعت کھونا** ۔ (ا ۔محاورہ) عزت نہ رکھنا (۲) اعتبار یا ساکھ برباد کرنا ۔
**وقف** ۔ (ع ۔ا ۔مذ) ٹھہراؤ ۔توقف (۲) خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو ۔ رفاہ عام کی چیز جسے ہر شخص استعمال کرسکتا ہو (۳) ساکن حرف کے بعد غیر متحرک حرف آنا جیسے "پیار" میں "ر" (۴) (صف) اتنا زیادہ مصروف و مشغول کہ دوسری طرف توجہ نہ دے سکے ۔جمع اوقاف ۔
**وقفِ اولاد ۔ وقفِ علی الاولاد** ۔ (ع ۔ف ۔ا ۔مذ) (فقہ کی اصطلاح) وہ چیز جو مالک اپنی اولاد کے لیے وقف کرے ۔
**وقف کرنا** ۔ (ا ۔محاورہ) خدا کے نام پر چھوڑنا ۔ رفاہ عام کے لیے چھوڑنا ۔
**وقف نامہ** ۔ (ع ۔ف ۔ا ۔مذ) وہ دستاویز جو وقف مال کی بابت لکھی جائے ۔
**وقف ہونا** ۔ (ا ۔محاورہ) خدا کے نام پر چھوڑا جانا ۔ کسی کی ملکیت نہ ہونا (۲) کسی کام میں اس قدر مصروف ہونا کہ کسی اور طرف متوجہ نہ ہوسکنا ۔ جو کام کرنا اسی کا ہو جانا ۔
**وقفہ** ۔ (وَق ۔فہ) (ع ۔ا ۔مذ) مہلت ۔ تھوڑی سی دیر (۲) قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رُکنا ۔
**وقفہ دینا** ۔ (ا ۔محاورہ) مہلت دینا ۔موقع دینا ۔فرصت دینا ۔
**وُقوع** ۔ (وُ ۔قو ۔ع) (ع ۔ا ۔مذ) واقع ہونا ۔ظہور ۔ اظہار ۔
**وُقوعِ جرم** ۔ (ع ۔ا ۔مذ) جرم کیا جانا ۔جرم ہونا ۔جرم کا ارتکاب ۔
**وقوع میں آنا** ۔ (ع ۔ا ۔مذ) واقع ہونا ۔ظاہر ہونا ۔ سرزد ہونا ۔
**وُقوعہ** ۔ (وُ ۔قو ۔عہ) (ع ۔ا ۔مذ) واقعہ ۔حادثہ ۔سانحہ ۔واردات ۔صدمہ (۲) ہنگامہ (۳) دنگا فساد ۔
**وُقوف** ۔ (وُ ۔قو ۔ف) (ع ۔ا ۔مذ) جاننا ۔ علم ۔ آگاہی ۔ فہم ۔سمجھ ۔واقفیت (۲) شعور ۔تمیز ۔ سلیقہ (۳) تجربہ ۔ مہارت (۴) ٹھہرنا ۔ (حاجیوں کا مقام عرفات میں)
**وقوف پکڑنا** ۔ (ا ۔محاورہ) عقل سیکھنا ۔تمیز سیکھنا ۔شعور پیدا کرنا ۔
**وقوف پیدا کرنا** ۔ (ا ۔محاورہ) ہنرمند بننا (۲) لیاقت حاصل کرنا ۔
**وقوف دار** ۔ (ع ۔ف ۔صف) جاننے والا ۔ سمجھنے والا ۔تجربہ کار ۔
**وَقِنا رَبَّنا عَذابَ النّار** ۔ اے ہمارے رب ہم کو دوزخ کی آگ سے بچا ۔گرمی کی شدت سے پریشانی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔
**وقیع** ۔ (وَ ۔قیع) (ع ۔صف) وقعت رکھنے والا ۔ معزز ۔عزت دار ۔ ذی عزت (۲) بلند مرتبہ ۔ ذی وقار ۔
**وَقیعہ (وَقیعت)** ۔ (ع ۔ا ۔مث) غمازی (۲) لڑائی ۔ کارزار ۔

# و ۔ ک

**وکالت** ۔ (وَ ۔کا ۔لت) (ع ۔ا ۔مث) وکیل کا کام ۔وکیل کا پیشہ ۔ وکیل ہونا (۲) نیابت ۔قائم مقامی ۔کسی کا معاملہ اس کے نمائندے کی حیثیت سے پیش کرنا (۳) کسی کی طرف سے پیروی کرنا ۔
**وکالت کرنا** ۔ (ا ۔مص مرکب) وکیل کا پیشہ کرنا ۔ وکیل کا کام کرنا ۔کسی کی طرف سے پیروی کرنا ۔کسی کی حمایت کرنا ۔
**وکالت نامہ** ۔ (ع ۔ف ۔ا ۔مذ) وکیل مقرر کرنے کا تحریری اقرارنامہ ۔وکالت کے لیے مختارنامہ ۔
**وکالت نامہ تصدیق ہونا** ۔ (ا ۔مص مرکب) وکالت نامے پر متعلقہ حاکم عدالت کے دستخط ہونا ۔
**وکالتاً** ۔ (وَ ۔کا ۔ل ۔تَن) (ع ۔تابع فعل) وکیل کے ذریعے ۔ وکیل کی معرفت ۔ اصالتاً کی ضد ۔
**وِکٹ** ۔ (Wicket) (وِ ۔کِٹ) (انگ ۔ا ۔مذ) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین ڈنڈے جن کے آگے کھڑا ہوا کھلاڑی بلّے کے ذریعے اس گیند کو روکتا ہے جو مخالف ٹیم کا باؤلر سامنے سے وکٹوں پر مارنے کے لیے پھینکے ۔
**وِکٹ کیپر** ۔ (Wicket Keeper) (انگ ۔ا ۔مذ) وکٹ کے پیچھے کھڑے ہوکر گیند روکنے والا ۔
**وکٹ گرانا** ۔ (ا ۔محاورہ) وکٹ پر گیند مار کر کھلاڑی کو آؤٹ کردینا ۔
**وکٹوریا** ۔ (Victoria) (وِک ۔ٹو ۔ریا) (انگ ۔ا ۔مث) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی ۔
**وُکلا** ۔ (وُ ۔کَ ۔لا) (ع ۔ا ۔مذ) وکیل کی جمع ۔
**وکیل** ۔ (وَ ۔کیل) (ع ۔ا ۔مذ) مختار ۔قائم مقام ۔نائب ۔وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے (۲) سند یافتہ قانون دان (جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرے اور جس کا یہی پیشہ ہو)
**وکیل سرکار** ۔ (ع ۔ا ۔مذ) حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا وکیل ۔
**وکیل عام** ۔ (ع ۔ا ۔مذ) ایسا کارندہ جسے ہر بات کا پورا پورا اختیار ہو ۔ مختار عام ۔
**وکیل کرنا (کھڑا کرنا)** ۔ (ا ۔محاورہ) مقدمے کی پیروی کے لیے کسی وکیل کو مقرر کرنا ۔



Marfat.com

## و-گ

**وِگ** - (Wig) (انگ - ا - مث) مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔
**وِگر** - (وِ - گر) (ف - حرفِ عطف) اور اگر۔
**وِگرنہ** - (وِ - گر - نَہ) (ف - تابع فعل) ورنہ - اور اگر نہیں۔

## و-ل

**وِلا** - (وِ - لا) (ع - ا - مث) محبت - اُلفت - دوستی۔
**وِلا** - (وِ - لا) (ق - ا - مذ) وقت - عرصہ۔
**وِلا** - (Villa) (وِ - لا) (انگ - ا - مذ) دیہاتی محل یا مکان - بنگلہ۔
**وِلادت** - (وِ - لا - دَت) (ع - ا - مث) بچہ پیدا ہونا - جنم - پیدائش۔
**وِلایت** - (وِ - لا - یَت) (ع - ا - مث) (۱) ملک - اقلیم - سلطنت - مملکت بادشاہت (۲) محکوم ملکوں کے باشندوں کے لیے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو (۳) کسی کام کی ذمہ داری - کفالت (۴) ولی ہونا - سرپرست ہونا (۵) ولی کا مرتبہ۔
**ولایت پانا** - (ا - محاورہ) ولی بننا - ولی کا مرتبہ حاصل کرنا۔
**ولایت زا** - (ع - ف - صف) وہ جس کی پیدائش ولایت میں ہوئی ہو۔
**ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے** - (ا - مثل) بیوقوف عقل مندوں اور داناؤں کے دیس میں بھی پائے جاتے ہیں۔
**وِلایتاً** - (وِ - لا - یَ - تَن) (ع - تابع فعل) (۱) از روئے ولایت - ولی ہونے کی بنا پر (۲) والی وارث ہونے کی حیثیت میں۔
**وِلایتی** - (وِ - لا - یَ - تی) (ع - صف) (۱) ولایت کا رہنے والا (۲) ولایت کا بنا ہوا (۳) جنگلی - وحشی - انجان - بولی نہ سمجھنے والا (۴ - مث) تلوار - شمشیر۔
**وَلَد** - (وَ - لَد) (ع - ا - مذ) بیٹا - لڑکا - فرزند - پسر - پوت - جمع: اولاد۔
**وَلَدُالحرام** - (ع - صف) حرامی - حرام کا جنا۔
**وَلَدُالحلال** - (ع - صف) حلالی - حلال کا جنا۔
**وَلَدُالزِّنا** - (ع - صف) حرام زادہ۔
**وَلدِیَّت** - (وَل - دی - یَت) (ع - ا - مث) باپ کا نام - حسب نسب اصل - نسل - خاندان
**وَلَندیز** - (وَ - لَن - دیز) (ع - ا - مذ) نیدرلینڈ - ہالینڈ - یورپ کا ایک ملک۔
**وَلَندیزی** - (وَ - لَن - دے - زی) (ع - صف) (۱) ولندیز سے متعلق (۲ - مذ) ولندیز کا باشندہ۔
**ولندیزی گفتگو** - (ا - مث) ڈینگیں مارنا - شیخی بگھارنا۔
**ولندیزی لقمے چلتے ہیں** - (ا - مثل) لاابالی یا اوپری باتیں کرتے ہیں۔

**وَلوَلہ** - (وَل - وَ - لہ) (ع - ا - مذ) جوش - اُمنگ - بہت زیادہ شوق۔
**ولولہ اُٹھنا (آنا)** - (ا - محاورہ) جوش پیدا ہونا - اُمنگ پیدا ہونا۔
**وَلی** - (وَ - لی) (ع - ا - مذ) ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو (۲) سرپرست - محافظ - مربی - متولی - جمع: اولیا۔
**ولیُّ اللہ** - (ع - ا - مذ) خدا رسیدہ - مقرب بارگاہِ الٰہی - بزرگ دین
**ولیِّ جائز** - (ع - ا - مذ) وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا ولی مقرر کیا گیا ہو۔
**ولی خنگر - ولی کھنگر - ولی کھنگڑ** - (ا - صف) (۱) ملنگ - مست ملنگ - سرپرست (۲) بناوٹی ولی - خود ساختہ پیر و مرشد۔
**ولی را ولی می شناسد** - (ف - مثل) کسی آدمی کی اصلیت کو وہی شخص تاڑتا ہے جو خود اُسی جیسا ہو۔
**ولی عہد** - (ع - ا - مذ) بادشاہ وقت کا ہونے والا جانشین - وارث تخت و تاج۔
**ولی عہدی** - (ع - ا - مث) ولی عہد کا مرتبہ (۲) ولی عہد بننے کا زمانہ۔
**ولی قریب** - (ع - ا - مذ) نزدیکی سرپرست۔
**ولی کے گھر شیطان** - (ا - مثل) لائق آدمی کا نالائق بیٹا - اچھوں کی بری اولاد۔
**ولی نعمت** - (ع - صف - ا) پرورش کرنے والا - آقا - مربی - سرپرست۔
**ولی نے کیا کام شیطان کا** - (ا - مثل) شریف آدمی نے بدمعاشوں جیسی حرکت کی۔
**وَلے** - (وَ - لے) (ف - حرفِ استدراک) ولیک کا مخفف - لیکن - مگر۔
**ولے بر ندیش** - (ف - مثل) مجبوری سے کوئی کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔
**وَلیک - ولیکن** - (وَ - لیک - وَ - لے - کن) (ف) ولیک - ولیکن کا مخفف اور ولیکن عربی ولکن (اور مگر - اور لیکن) کا بگاڑ ہے - لیکن - مگر
**وَلیمہ** - (وَ - لی - مہ) (ع - ا - مذ) شادی کی ضیافت - بیاہ کی دعوت - نکاح کے بعد کی دعوت جو دولہا کی طرف سے دی جاتی ہے۔
**وِلین** - (Villian) (وِ - لین) (انگ - ا - مذ) بدمعاش (۲) ڈرامے میں بدکردار شخص - ہیرو کی ضد
**وَلیّہ** - (وَ - لی - یہ) (ع - ا - مث) ولی عورت (۲) وہ خاتون جو کسی نابالغ کی سرپرست مقرر کی جائے۔

## و-ن

**وُن** - (ق) وہ کی جمع - اُن
**وَنت** - (س - لاحقہ) صاحب - والا - مالک (جیسے انوَنت - بلونت)
**وَنڈائک** - (Vandyke) (وَن - ڈا - یک) (انگ - ا - مذ) ایک خاص طریقہ کی داڑھی
**وِنگ کمانڈر** - (Wing Commander) (انگ - ا - مذ) ہوائی



Marfat.com

فوج کا افسر

**وِنہیں** ۔ (وِن ۔ ہیں) (ق) اُن کو ۔

## و ۔ و

**ووٹ** ۔ (Vote) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) رائے (۲) کسی معاملے کے لیے رائے دینا ۔ عوامی نمائندوں کے انتخاب کے لیے تحریری اظہار رائے کی پرچی (۳) رائے دہی ۔

**ووٹ پڑنا (ڈالنا)** ۔ (ا ۔ محاورہ) نامزدگی کے کاغذ پر دستخط کرکے ڈالنا (ڈالا جانا) ۔

**ووٹ دینا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) رائے دینا (۲) کسی تجویز کے خلاف یا موافقت میں رائے دینا ۔

**ووٹر** ۔ (Voter) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ووٹ دینے والا ۔ رائے دینے والا ۔

**ووٹنگ** ۔ (Voting) (وو ۔ ٹِنگ) (انگ ۔ ا ۔ مث) رائے شماری ۔ رائے دہی ۔

**وولٹ** ۔ (Volt) (انگ ۔ ا ۔ مذ) برقی قوت کی اکائی ۔

**وُوں** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اس طرح ۔

**وُوں سا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) ویسا ہی ۔ اسی طرح کا (جوں سا کے مقابل استعمال ہوا کرتا تھا) ۔

**وُوں کا** ۔ (ا ۔ تابع فعل) وونہیں ۔ جوں کا توں ۔ ویسا ہی ۔

**وُوں ہی** ۔ (ا ۔ تابع فعل) فوراً ۔ اسی وقت ۔

**وُوئی** ۔ (وُو ۔ ئی) (ہ ۔ کلمۂ تعجب) واہ ! اُوئی ! (عورتیں کہتی ہیں) ۔

## و ۔ ہ

**وَہ** ۔ (ف ۔ کلمۂ تحسین) واہ ! شاباش ! (۲) (کلمۂ افسوس) ہائے ! (۳) (کلمۂ نفرت) تھو تھو ۔

**وُہ** ۔ (ا ۔ ضمیر) غائب یا بعید کی طرف اشارہ (۲) اُس قدر ۔ اتنا (۳) ایسا اس قسم کا ۔ اس درجے کا (۴) پہلا سا (۵) اُونچے مرتبے کا (۶) پوشیدہ بات کی طرف اشارہ (۷) لوگوں کو متوجہ کرنے کے لیے ۔

**وہ آنکھیں نہیں رہیں** ۔ (ا ۔ مثل) وہ پہلی سی مروت اور محبت نہیں رہی ۔ وہ انداز وہ طور طریقے جاتے رہے ۔

**وہ اپنی خوشی کا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) وہ کسی کا کہنا نہیں مانتا ۔

**وہ بات** ۔ (ا ۔ مث) وہ مرتبہ یا عزت و احترام (۲) وہ کام (۳) وہ خوبی ۔

**وہ بات ہو گئی** ۔ (ا ۔ بول چال) وہ کام ہو گیا ۔ مقصد حاصل ہو گیا ۔

**وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دُور ہو** ۔ (ا ۔ مثل) سارے عیب ظاہر کردوں جس سے تمام عالم میں رسوائی ہو ۔

**وہ بھلا مانس کیسا جس کے پاس نہیں پیسا** ۔ (ا ۔ مثل) روپے سے انسان شریف بن جاتا ہے ۔

**وہ بھی دن ہو گا (گھڑی ہو گی)** ۔ (ا ۔ کلمۂ تمنائیہ) کوئی ایسا وقت بھی آئے گا جب اپنا ارمان پورا ہو گا ۔

**وہ بھی نہ ہوا** ۔ (ا ۔ بول چال) وہ بات بھی نہ ہوئی ۔ وہ مقصد بھی حاصل نہ ہوا ۔

**وہ پانی ملتان بہ گیا** ۔ (ا ۔ مثل) وہ موقع جاتا رہا ۔

**وہ تو کہیے** ۔ (ا ۔ بول چال) غنیمت یہ ہے کہ ۔

**وہ جانے اور اس کا ایمان جانے** ۔ (ا ۔ مثل) کسی چیز کو کسی کے ایمان اور نیت پر چھوڑ دینے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

**وہ جانے اور اس کا کام جانے** ۔ (ا ۔ مثل) کام سے سُبکدوش ہونے یا بری الذمہ ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

**وہ جو کہا ہے** ۔ (ا ۔ تابع فعل) جیسا کہ کہا ہے ۔ جیسا کہ بیان ہوا ہے ۔

**وہ ڈربا ہی جل گیا** ۔ (ا ۔ مثل) وہ معاملہ ہی ٹھنڈا پڑ گیا یا ختم ہو گیا ۔

**وہ دفتر گاؤ خورد ہو گیا** ۔ (ا ۔ مثل) وہ کام ختم ہو گیا ۔

**وہ دل ہی نہیں رہا** ۔ (ا ۔ روزمرہ) وہ حوصلہ نہیں رہا ۔ وہ طبیعت نہیں رہی ۔

**وہ دن** ۔ (ا ۔ مذ) وہ وقت ۔ وہ زمانہ ۔ وہ بُرا وقت ۔

**وہ دن اور آج کا دن** ۔ (ا ۔ تابع فعل) اس دن سے لے کر آج تک ۔

**وہ دن ڈوبا جو گھوڑی چڑھا بنیا** ۔ (ا ۔ مثل) جس دن یہ عیب دار (کبڑا) دولہا بنے گا ۔ وہ دن غارت ہو جائے گا ۔

**وہ دن کیا تھے** ۔ (ا ۔ مقولہ) کیا اچھا زمانہ تھا ۔

**وہ دن کہاں** ۔ (ا ۔ مقولہ) وہ وقت اب میسّر نہیں ۔

**وہ دن گئے** ۔ (ا ۔ مقولہ) وہ زمانہ نہیں رہا ۔

**وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اُڑایا کرتے تھے** ۔ (ا ۔ مثل) اچھے دن گزر گئے ۔ اب اور وقت ہے ۔

**وہ دن یاد کرو** ۔ (ا ۔ مقولہ) اپنی پچھلی حالت کو نہ بھولو ۔

**وہ ڈوبیں منجدھار جن پر بھاری بوجھ** ۔ (ا ۔ مثل) اپنے پیچھے زیادہ جھگڑے نہ لگاؤ ورنہ تباہ ہو جاؤ گے ۔

**وہ کاٹا** ۔ (ا ۔ کلمۂ تحسین) پتنگ کاٹنے پر بولا جاتا ہے ۔

**وہ کچھ** ۔ (ا ۔ تابع فعل) (کتنا تیا) بہت کچھ ۔

**وہ کر چکا** ۔ (ا ۔ مقولہ) اس سے یہ کام نہ ہو گا ۔ وہ نہیں کرے گا ۔

**وہ کچھ سنائیں** ۔ (ا ۔ روزمرہ) بہت کچھ بُرا بھلا کہا ۔

**وہ کُلّی ہی نہیں جس میں تل بند ھتے تھے** ۔ (ا ۔ مثل) اب وہ بات ہی نہیں ہے جس کی وجہ سے لوگ متوجہ ہوتے تھے ۔

**وہ کوروں دے کر پڑھا ہے** ۔ (ا ۔ مثل) لکھنا پڑھنا بالکل ہی نہیں جانتا ۔ اُستاد کی اچھی خدمت نہیں کی ۔ اس لیے ٹھیک سے پڑھنا ہی نہیں آتا ۔

**وہ کون سی کشمش ہے جس میں تنکا نہیں** ۔ (ا ۔ مثل) ہر چیز میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہوتا ہے ۔

**وہ کیا کسی کا خدا ہے** ۔ (ا ۔ مقولہ) یعنی اس سے کوئی نہیں ڈرتا ۔

**وہ کیمیا گر کیسا جو مانگے پیسا** ۔ (ا ۔ مثل) ہنر مند کو اپنا کام دوسروں



Marfat.com

سے نہیں کروانا چاہیے۔ (۲) دولت مند ہو کر مفلسوں کی سی حرکتیں نہیں کرنی چاہییں۔

**وہ مارا** ۔ (۱۔ کلمۂ تحسین) کسی کام میں اچانک کامیابی و فتح حاصل ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**وہ نہیں تو اس کا بھائی اور سہی** ۔ (۱۔ مثل) کسی خاص آدمی کے بگڑنے سے کام رُکا نہیں رہتا۔

**وہ وہ** ۔ (۱۔ تابع فعل) ایسا ایسا۔

**وَہّاب** ۔ (وَہ۔ہاب) (ع۔صف) بہت بخشنے والا۔ خدائے تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔

**وَہّابی** ۔ (وَہ۔ہا۔بی) (ع۔صف و ا۔مذ) شیخ عبدالوہاب کے فرقے سے تعلق رکھنے والا۔ اُردو میں بغیر تشدید ہا مستعمل ہے۔

**وَہّاج** ۔ (وَہ۔ہاج) (ع۔صف) بہت چمکتا ہوا۔

**وہارف** ۔ (Wharf) (انگ ۔ا۔مذ) گھاٹ۔

**وہاں** ۔ (وَ۔ہاں) (۱۔تابع فعل) اُس جگہ ۔ اس مقام پر ۔ اِدھر کسی کے یہاں۔

**وہاں تک گدگدایئے جہاں تک دوسرا رو نہ دے۔**

**وہاں تک ہنسایئے جو رو نہ دے** ۔ (۱۔ مثل) ہنسی مذاق اتنا ہی اچھا ہے جتنا ناگوار نہ گزرے اور باعثِ تکلیف نہ ہو۔

**وہاں فرشتوں کے پر جلتے ہیں** ۔ (۱۔ مثل) وہاں کوئی نہیں جا سکتا وہاں جانے کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا۔

**وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ملے** ۔ (۱۔ مثل) ایسے کو تو سنگین سزا دینا چاہیے۔ اذیت سے مارنا چاہیے۔

**وہب** ۔ (ع ۔ا۔مذ) بخشش۔ عطا۔ سخاوت۔

**وہبی** ۔ (وَہ۔بی) (ع۔صف) قدرت کی طرف سے دیا گیا۔ بخشا ہوا۔ کسبی کی ضد۔

**وہپ** ۔ (Whip) (انگ ۔ا۔مذ) پارلیمنٹ کی کسی پارٹی کا وہ عہدیدار جو اس کے اراکین میں تال میل رکھتا ہے۔

**وَہلا۔ وہلہ** ۔ (وَہ۔لا) (ع ۔ا۔مذ) حملہ۔ دھاوا (۲) نوبت۔ باری۔

**وَہلم جرّا** ۔ (ع۔ مقولہ) اور چلے آؤ کھینچتے ہوئے۔

**وہم** ۔ (ع ۔ا۔مذ) شک۔ گمان۔ احتمال۔ بے اعتباری (۲) دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے۔ جمع: اوہام۔

**وہم بندھنا** ۔ (۱۔ محاورہ) شک گزرنا۔ کسی چیز میں کوئی کمی یا خامی سمجھنا۔

**وہم کا پتلا** ۔ (۱۔ مذ) وہ انسان جو ہر بات میں وہم کرے۔

**وہم کرنا** ۔ (۱۔ محاورہ) بے بنیاد خیال قائم کرنا۔ وسواس کرنا۔

**وہم کا دارُو تو لقمان کے پاس بھی نہیں** ۔ (۱۔ مثل) وہم دُور کرنے کی کوئی تدبیر ممکن نہیں۔ وہم کا کوئی علاج نہیں۔

**وہم لانا** ۔ (۱۔ محاورہ) دل میں شک گزرنا۔ بدگمانی کرنا۔

**وہمی** ۔ (وَہ۔می) (ع۔صف) جو ہر بات میں وہم کرے (۲) وہم سے تعلق رکھنے والی بات۔ قیاسی۔ خیالی۔ موہوم۔

**وَہُوَ ہٰذا** ۔ (وَ۔ہُ۔وَ۔ہا۔ذا) (ع۔تابع فعل) اور وہ یہ ہے۔ اور وہ یوں ہے۔

**وُہی** ۔ (وُ۔ہی) (۱۔تابع فعل) وُہ ہی (۲) اسی طرح۔ مثل۔ سابق پہلے ہی جیسے طریقے سے۔

**وہی اپنا جو اپنے کام آئے** ۔ (۱۔ مثل) جس سے فائدہ یا فیض پہنچے اسی کو اپنا سمجھنا چاہیے۔

**وہی بات ہے** ۔ (۱۔ مث) کنایہ مجامعت سے۔

**وہی بات گھوڑے کی لات** ۔ (۱۔ مثل) بے بنیاد بات کے بارے میں کہتے ہیں۔

**وہی تو کہوں** ۔ (۱۔ تابع فعل) مجھے خود ہی یہ خیال آتا ہے۔

**وہی تین بیسی، وہی ساٹھ** ۔ (۱۔ مثل) بات ایک ہی ہے چاہے جیسے کہہ لو۔

**وہی ڈھاک کے تین پات** ۔ (۱۔ مثل) معاملہ جُوں کا تُوں ہے معمولی مقررہ رقم ملنے پر کہتے ہیں۔

**وہی راگ گانا** ۔ (۱۔ محاورہ) کہی ہوئی بات بار بار کہنا۔

**وہی کاسہ وہی آش** ۔ (۱۔ مثل) پہلی حالت تبدیل نہ ہونے پر کہتے ہیں

**وہی کنیا جس کے ابلق بال** ۔ (۱۔ مثل) ناممکن اور تعجب انگیز بات۔

**وہی مرغے کی ایک ٹانگ** ۔ (۱۔ مثل) ایک ہی بات کی پچ کیے جانا اپنی ہی رٹ لگانا۔

**وہی من ہو ہی چالیس سیر** ۔ (۱۔ مثل) مطلب ایک ہی ہے چاہے جیسے سمجھ لو۔

**وہی میاں دربار کو وہی چولھا پھونکنے کو** ۔ (۱۔ مثل) وہ شخص جس کو اپنے سارے چھوٹے بڑے کام خود ہی کرنے پڑیں۔

**وہی وہ** ۔ (۱۔ تابع فعل) اختصار کے لیے مستعمل ہے۔

**وہی ہم وہی تم** ۔ (۱۔ مقولہ) پرانی جان پہچان۔ نہ تم بدلے نہ ہم بدلے۔

**وہیل** ۔ (Whale) (انگ ۔ا۔مث) مچھلی کی شکل کا ایک دودھ پلانے والا بہت بڑا دریائی جانور۔

**وُہیں** ۔ (وُ۔ہیں) (۱۔ تابع فعل) اسی جگہ ۔ اسی مقام پر (۲) اسی وقت اسی دم۔ اسی لمحے۔ فوراً۔

**وہیں کا ہو رہنا** ۔ (۱۔ محاورہ) کسی جگہ جا کر جلد واپس نہ آنا۔ واپسی میں دیر لگانا۔ کہیں جا کر بیٹھ رہنا۔

**وہاں مر رہا** ۔ (۱۔ مقولہ) بڑی دیر کر دی۔ کسی کے انتظار میں کہتے ہیں

## و۔ے

**وے** ۔ (۱۔ ض) وہ کی جمع (اب اُردو میں "وہ" واحد و جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (ق)

**وی** ۔ (اُر) کلمۂ نسبت۔ یائے معروف پر ختم ہونے والے اسماء کی "ی" کو واؤ سے بدل کر "یا" سے نسبت بڑھاتے ہیں۔ جیسے دہلی سے دہلوی۔



Marfat.com

**دیاکرن**۔ (س۔ ا۔ مذ) (۱) ترکیب (۲) تشریح (۳) صرف و نحو گرامر۔

**وی۔پی**۔ (V.P.) (انگ۔ ا۔ مث) (Value Payable) کا مخفف وہ مال جو قیمت دے کر ڈاک خانے سے وصول کیا جائے۔

**ویتاگ**۔ (وے۔ تاگ) (ق۔ ا۔ مث) محبت۔ دوستی۔

**ویٹر**۔ (Waiter) (وے۔ ٹر) (انگ۔ ا۔ مذ) ہوٹل کا وہ خدمتگار جو گاہکوں کو کھانا کھلاتا اور ان کی ضرورتوں کا خیال رکھتا ہے۔

**ویٹریس**۔ (Waitress) (ویٹ۔ رس) (انگ۔ ا۔ مث) ہوٹل میں کھانا کھلانے والی خادمہ۔

**ویٹنگ روم**۔ (Waiting Room) (وے۔ ٹنگ۔ رُوم) (انگ۔ ا۔ مذ) انتظار گاہ۔

**ویٹو**۔ (Veto) (وی۔ ٹو) (انگ۔ ا۔ مذ) کسی تجویز، فیصلے یا قانون کو نامنظور کرنے کا حق۔ حق استرداد۔

**وید**۔ (س۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی مُقدس کتاب۔

**وَید**۔ (س۔ ا۔ مذ) ہندی طریقے پر علاج کرنے والا طبیب۔ بید۔

**ویدانت**۔ (وے۔ دا۔ نت) (س۔ ا۔ مث) ہندوؤں کے فلسفے اور دینیات کا ایک نظام جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث کی گئی ہے۔

**ویدانتی**۔ (س۔ ا۔ مذ) ویدانت کا عامل یا پیرو۔

**ویدک**۔ (وے۔ دک) (س۔ ا۔ مذ) وید کا عالم۔ جس نے وید پڑھا ہو (۲) (صف) وید سے متعلق۔ وید کی تعلیم کے مطابق۔

**وَیدک**۔ (وَے۔ دِک) (س۔ ا۔ مذ) ہندی علم طب۔

**وِیر**۔ (س۔ صف) بہادر۔ شجاع (۲) بھائی۔

**ویرا**۔ (وے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایسا مال یا سامان جو کسی کے ہاتھ زبردستی زیادہ قیمت پر فروخت کیا جائے۔

**ویراگ**۔ (س۔ ا۔ مذ) بیراگ۔ سنیاس۔ ترک دنیا۔

**ویراگی**۔ (س۔ ا۔ مذ) جس نے دنیا ترک کر دی ہو۔

**ویران**۔ (وی۔ ران) (ف۔ صف) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔ تباہ شدہ بنجر۔ اجاڑ۔ جس میں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو۔ پریشان بے رونق اُداس۔ حیران۔

**ویران جگہ**۔ (ف۔ ا۔ مذ) غیر آباد مقام۔ اُجاڑ اور سنسان مقام۔

**ویران کرنا**۔ (ا۔ مص مرکب) اجاڑ دینا۔ تباہ کر ڈالنا۔

**ویران کھیڑا**۔ (ا۔ مذ) وہ اُجاڑ جگہ جہاں پہلے گاؤں آباد رہا ہو۔

**ویران ہونا**۔ (ا۔ مص مرکب) اُجڑنا۔ بے گھر ہونا۔ تباہ ہونا (۲) کسی جگہ سے آبادی کا اُٹھ جانا۔ غیر آباد ہو جانا (۳) گرنا۔ مسمار ہونا (۴) پریشان ہونا۔ ابتر۔ بدتر ہونا۔

**ویرانہ**۔ (وی۔ را۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) اُجاڑ اور غیر آباد جگہ۔

**ویرانہ نشین**۔ (ف۔ صف) وہ شخص جو کسی اُجاڑ جگہ رہتا ہو۔ جنگل میں رہنے والا۔

**ویرانی**۔ (وی۔ را۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) اُجاڑپن۔ غیر آبادی۔ (۲) تباہی۔ بربادی (۳) ابتری۔ پراگندگی (۴) بے رونقی۔ (۵) اُداسی۔ پریشانی۔

**وِیرتا**۔ (وِیر۔ تا) (س۔ ا۔ مث) بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔

**وَیرنا**۔ (وَیر۔ نا) (ہ۔ ا۔ مث) ہل کا وہ لوہا جو ہل چلنے میں زمین کھودتا ہے پھالی (مص) پھالی سے کھیت کی زمین جوتنا۔ بیج ڈالنا۔

**ویروار**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) جمعرات۔ پنجشنبہ۔

**ویزا**۔ (Visa) (وی۔ زا) (انگ۔ ا۔ مذ) پروانۂ راہداری۔

**ویزلین**۔ (Vaseline) (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چکنی نرم چیز جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا میں نرمی پیدا کرنے کیلیے لگاتے ہیں موم روغن۔

**وَیسا**۔ (وَے۔ سا) (ہ۔ صف) اسی طرح کا۔ اس جیسا۔ اس قسم کا اس ڈھنگ کا۔

**ویسا کا ویسا**۔ (ا۔ صف) جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔ جوں کا توں۔

**ویسا ہی**۔ (ا۔ صف) خاص اسی قسم کا۔ اس جیسا۔ ٹھیک اسی طرح کا۔

**ویسٹ کوٹ**۔ (Waist Coat) (انگ۔ ا۔ مذ) کرکوٹ چھوٹا کوٹ واسکٹ۔ صدری۔

**ویسے تو**۔ (ا۔ تابع فعل) عام طور سے۔ اور لحاظ سے۔ دوسرے پہلوؤں سے۔

**ویسے کا ویسا**۔ (ا۔ صف) دیکھیے ویسا کا ویسا۔

**ویسے ہی**۔ (ا۔ صف) یوں ہی۔ بغیر کسی خاص مطلب یا غرض کے۔ بلاوجہ (۲) مفت۔ بطور تحفہ یا بخشش۔

**وَیسی**۔ (وے۔ سی) (ہ۔ صف) ویسا کی تانیث۔

**ویش**۔ (س۔ ا۔ مذ) ہندو قوم کی چار ذاتوں میں سے وہ ذات جو تجارت اور زراعت کرتی ہے۔

**وَیشنو**۔ (وَیش۔ نو) (س۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ جو وشنو دیوتا کو مانتا ہے۔

**ویشیا**۔ (ویش۔ یا) (س۔ ا۔ مث) طوائف۔ رنڈی۔ بیسوا۔

**ویکسین**۔ (Vaccine) (وَیک۔ سین) (انگ۔ ا۔ مث) ایک زہریلا مادہ جس کا ٹیکا لگانے سے انسان چیچک سے محفوظ رہتا ہے۔

**ویکنسی**۔ (Vacancy) (وَے۔ کَن۔ سی) (انگ۔ ا۔ مث) خالی جگہ۔ عہدہ یا آسامی۔

**ویگ**۔ (س۔ ا۔ مذ) حرکت۔ صدمہ۔ دھوکا (۲) سرعت۔ تیزی۔ (۳) مستی۔ زور۔

**ویگ آنا**۔ (ا۔ محاورہ) مادہ جانور کا مستی میں آنا۔

**وَیگن**۔ (Wagon) (وَے۔ گَن) (انگ۔ ا۔ مث) مال گاڑی کا ڈبا۔ (۲) چھکڑا۔

**ویلر**۔ (انگ۔ ا۔ مذ) بہت بڑی چیز۔ مضبوط آدمی (۲) آسٹریلیا کا ایک خاص قسم کا گھوڑا۔

**وَیلکم**۔ (Welcome) (وَیل۔ کم) (انگ۔ ا۔ مذ) خوش آمدید مرحبا۔

**وَیمپ**۔ (Vamp) (انگ۔ ا۔ مث) قحبہ۔ عیار (۲) ڈرامے میں بُرے کردار کی عورت۔ ہیروئن کی ضد۔



Marfat.com

# ہ

ہ۔ (ہے) (ع ۔ا۔ مونث) اُردو کا چونتیسواں۔ فارسی کا اکتیسواں۔ عربی کا ستائیسواں اور ہندی کا تینتیسواں حرف۔ اسے ہائے مختفی اور ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے پانچ عدد مقرر ہیں۔ عربی زبان کے مطابق ہر قمری حرف جس کے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" پڑھا جائے گا جیسے الہادی۔

## ہ - ا

ہا۔ [ف۔ا۔ مث] (۱) حرف ہ کا تلفظ۔ (۲) فارسی اسموں میں علامت جمع جیسے درخت ہا۔ افسانہ ہا۔

ہائے تعین۔ [ف] وہ "ہ" جو عدد کا تعین ظاہر کرتی ہے جیسے دو ماہہ۔ رسالہ۔

ہائے دو چشمی (ف) وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں بنا دیتے ہیں (ھ)

ہائے مختفی [ف] وہ ہائے ہوز جو کھل کر نہ پڑھی جائے اور حرف ماقبل کی حرکت کو ظاہر کرے جیسے دیوانہؔ۔ افسانہؔ۔

ہائے ملفوظی [ف] وہ ہائے ہوز جو خوب کھل کر پڑھی جائے جیسے گاہ۔ راہ۔

ہا۔ [ا۔ کلمۂ تاسف] (۱) افسوس۔ حیف۔ دریغ۔ (۲) کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے لئے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

ہابُوڑا۔ (ہا۔بُو۔ڑا) [ہ۔ا۔ مذ] ایک لوٹ مار کرنے والی قوم۔ لٹیرا۔ قزاق۔ رہزن۔ بٹ مار۔

ہابیل۔ (ہا۔بیل) [ع۔ا۔ مذ] حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے اس کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔

ہاپر۔ (ہ۔ا۔ مذ) پیٹو۔ بہت کھانے والا۔ (۲) کماد کا ذخیرہ۔

ہاپس (ہ۔ا۔ مذ) بڑے بڑے پھنکے لگانا۔

ہات۔ [ہ۔ا۔ مذ] ہاتھ۔ عموماً نظم میں مستعمل ہے۔

ہاتِف (ہا۔تِف) [ع۔ا۔ مذ] (۱) غیب کی آواز۔ نوائے سروش۔ غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔

ہاتفِ غیب۔ ہاتفِ غیبی۔ (ع۔ا۔ مذ) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتھ۔ (ہ۔ا۔ مذ) (۱) دست۔ پنجہ۔ (۲) ہتھیلی۔ کف۔ (۳) آدھ گز کی مقدار، سرانگشت سے لے کر کہنی تک کا حصہ (۴) بس، قابو۔ اختیار۔ قبضہ۔ (۵) باعث۔ طفیل۔ وسیلہ (۶) حفاظت۔ حمایت۔ مدد (۷) وار۔ حملہ۔ چوٹ (۸) داؤں (۹) قدرت۔ طاقت۔ قوت (۱۰) معرفت۔ ذریعہ۔ (۱۱) دھوکہ۔ شرارت۔ (۱۲) تاش کے پتے جو کسی کے حصے میں آئیں۔ بازی۔

ہاتھ (آجانا) آنا (ا۔ محاورہ) (۱) میسر آنا۔ دستیاب ہونا۔ ملنا۔ حاصل (۲) قبضہ ہونا۔ قابو میں آنا۔ (۳) جاننا۔ معلوم ہونا۔ دریافت ہونا

ہاتھ آنکھوں سے لگانا۔ (۱) صناعی اور دستکاری کی تعریف کے لیے کاریگر کے ہاتھ آنکھوں سے ملنا۔ (۲) کمال تعظیم کا کنایہ۔

ہاتھ اُترجانا (اُترنا) (ا۔ محاورہ) ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

ہاتھ اُٹھا کر دُعا دینا (ا۔ محاورہ) پورے خلوص کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر کسی کے لیے دُعا کرنا۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (ا۔ محاورہ) (۱) مار بیٹھنا۔ دست درازی کرنا۔ (۲) دست بردار ہونا۔ باز آنا۔ عہد کر لینا۔ توبہ کرنا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر کوسنا۔ ہاتھ اُٹھا کر کوسنا (ا۔ محاورہ) آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کے بددُعا کرنا۔ بہت بددعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا کے دینا۔ (ا۔ محاورہ) اپنی خوشی سے کوئی چیز دینا۔

ہاتھ اُٹھا لینا۔ (ا۔ محاورہ) کام چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا۔ (۲) کسی کی حمایت چھوڑ دینا۔

ہاتھ اُٹھانا۔ (۱) ہاتھ اونچا کرنا۔ ہاتھ بلند کرنا۔ (۲) سلام کرنا۔ ماتھے پہ ہاتھ رکھنا۔ (۳) بُری طرح کوسنا۔ بددُعا دینا۔ (۴) دُعا دینا۔ (۵) دعا مانگنا۔ (۶) فاتحہ پڑھنا۔ دُعائے خیر کرنا۔ (۷) دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا۔ (۸) مارنا۔ پیٹنا۔ (۹) مایوس ہونا۔ نااُمید ہونا۔

ہاتھ اُدھار۔ (ا۔ مذ) قرض۔ دست گرداں۔ بغیر تحریر کے قرض۔

ہاتھ اُکھاڑنا۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کا جوڑ سے جُدا کرنا۔

ہاتھ اُوپر کے تلے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) گرفتار ہونا۔ مشکیں کسی جانا۔

ہاتھ اوٹ لینا۔ (ا۔ محاورہ) دونوں ہاتھ اکٹھے پھیلا کر کوئی چیز لینا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پورا وار نہ بیٹھنا۔ پورا ہاتھ نہ پڑنا۔

ہاتھ اُونچا رہنا۔ (ا۔ محاورہ) دست بلند رہنا۔ (۲) بول بالا رہنا۔ (۳) دینے کے قابل رہنا۔

ہاتھ کا اُونچا ہونا ۔ (ا۔ محاورہ) سخی ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔

ہاتھ اینٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھوں کا ٹیڑھا ہو جانا۔ (۲) ہاتھ مروڑنا۔

ہاتھ باندھنا (ا۔ محاورہ) ہاتھ جکڑنا۔ دونوں ہاتھوں کو ملا کر کسنا۔ (۲) ہاتھ جوڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ (۳) تعظیم کے واسطے سینہ پہ ہاتھ رکھنا۔ نماز کی نیت کر کے ہاتھوں کو باندھ لینا۔

ہاتھ باندھے۔ (ا۔ تابع فعل) دست بستہ۔ کمال مطیع و فرمانبردار۔



Marfat.com

**ہاتھ باندھے کھڑا رہنا۔** (ا۔ محاورہ) حکم کا منتظر اور اطاعت کیواسطے تیار رہنا۔

**ہاتھ بٹانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کام میں شریک ہونا۔ مل کر کام کرنا۔ مدد دینا۔

**ہاتھ بٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) اُترے ہوئے ہاتھ کو درست کرنا۔ ہڈی کو ٹھیک جگہ پر جمانا۔

**ہاتھ بچانا۔** (ا۔ محاورہ) وار بچانا۔ ضرب نہ لگنے دینا۔

**ہاتھ بڑھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ آگے کرنا۔ (۲) حد سے بڑھنا۔ (۳) معمول سے زیادہ لینا۔ (۴) دخل بڑھانا۔ (۵) سوال کرنا۔ مانگنا۔ (۶) دست درازی کرنا۔

**ہاتھ بکنا۔ ہاتھوں بکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا۔ (۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا۔

**ہاتھ بلند کرنا۔** (ا۔ محاورہ) دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔

**ہاتھ بندھ جانا۔** (ا۔ محاورہ) مجبور ہو جانا۔

**ہاتھ بند ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ تنگدست ہونا (۲) ہاتھ رُکا ہوا ہونا۔

**ہاتھ بھر۔** (ہ۔ صف) (۱) ایک ہاتھ کے برابر۔ دو بالشت۔ آدھ گز۔ (۲) (کنایۃً) چھوٹا سا۔

**ہاتھ بھر پور پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) پورا وار پڑنا۔

**ہاتھ بھر جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ میں خون اُتر آنا۔ ہاتھ سُن ہو جانا۔ (۲) ہاتھ لتھڑ جانا۔

**ہاتھ بھر کا (دل) کلیجا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) دل بڑھ جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔

**ہاتھ بھر کی زُبان ہونا۔** (ا۔ محاورہ) زبان دراز اور گستاخ ہونا۔

**ہاتھ بہکنا۔** (ا۔ محاورہ) نشانہ چُوکنا۔ نشانہ خطا جانا۔

**ہاتھ بھیجنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے ذریعے بھیجنا۔

**ہاتھ بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ جمنا۔ خوب مشق ہونا۔ (۲) کاری زخم لگنا۔ (۳) ہاتھ کے جوڑ کا ٹھیک بیٹھنا۔

**ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی۔** (ا۔ مثل) نوکری کی ہے۔ بُرا بھلا اور گالی گلوچ نہیں سہیں گے۔

**ہاتھ پانی لینا۔** (ا۔ محاورہ) طہارت کرنا۔ آب دست کرنا۔ پاخانہ پھرنے کے بعد ہاتھ وغیرہ دھونا۔

**ہاتھ پاؤں۔** (ا۔ مذ) (۱) دست و پا۔ (۲) بہت کام کرنیوالا ملازم۔

**ہاتھ پاؤں باندھنا۔** (ا۔ محاورہ) مجبور کر دینا۔ بے بس کر دینا۔

**ہاتھ پاؤں بچانا۔** (ا۔ محاورہ) احتیاط اور ہوشیاری سے کوئی کام کرنا (۲) کسی الزام یا بدنامی سے بچا رہنا۔ (۳) اپنے آپ کو محفوظ رکھنا۔

**ہاتھ پاؤں بچائیے مُوذی کو (مُرغا بیٹے) ٹُرکائیے۔** (ا۔ مثل) حکمت عملی سے کام لے کر دشمن کو ایذا رسانی کا موقع نہ دینا چاہیے۔

**ہاتھ پاؤں بے قابو ہونا۔** (ا۔ محاورہ) کمزوری یا ضعف کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

**ہاتھ پاؤں پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) منت سماجت کرنا۔ ہاتھوں کو چُومنا اور قدموں پر گرنا۔

**ہاتھ پاؤں (پھُول جانا) پھُولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں سُوج جانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا۔ (۲) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

**ہاتھ پاؤں پھیلانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کام بڑھانا۔ کام کو طول دینا۔ (۲) ترقی کرنا۔ (۳) غلبہ حاصل کرنا۔

**ہاتھ پاؤں پیٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بے فائدہ کوشش کرنا۔

**ہاتھ پاؤں توڑنا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کو شدید ضرب پہنچا کر بیکار اور نکما کر دینا۔ (۲) حالتِ نزع میں ہونا۔ (۳) ڈنڑ پیلنا (۴) خوب محنت کرنا۔ (۵) کاہلی سے کام نہ کرنا۔

**ہاتھ پاؤں تھکانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت مشقت کرنا۔

**ہاتھ پاؤں تھک کے تختہ ہونا** (ا۔ محاورہ) بہت مشقت کرنے سے ہاتھ پاؤں کا شل ہو جانا۔

**ہاتھ پاؤں ٹھیلا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو اتنا مارنا کہ بیکار ہو جائے۔

**ہاتھ پاؤں تیار ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں تگڑے اور فربہ ہونا۔

**ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں درد ہونا۔ اعضا شکنی ہونا۔ (۲) ہاتھ پاؤں کا شکستہ ہونا۔

**ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں سرد پڑ جانا (بیماری یا خوف سے)۔

**ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا۔ مرنے کا وقت قریب ہونا۔ غشی کا عالم ہونا۔

**ہاتھ پاؤں جھوٹے پڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا۔

**ہاتھ پاؤں چلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں کا کام کرنا۔ کام کاج کے قابل ہونا۔ (۲) ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا۔ پٹے بازی میں پھرتی کرنا (۳) کشتی یا شناوری میں تیزی کرنا۔

**ہاتھ پاؤں چُومنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت تعظیم اور تکریم کرنا۔ ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دینا۔

**ہاتھ پاؤں دابنا۔** (ا۔ محاورہ) چپّی کرنا۔ مُٹھی چاپی کرنا۔ خدمت کرنا۔

**ہاتھ پاؤں دھو کے چڑھ بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) یکایک حملہ کر دینا۔ (۲) عورت کی آبرو لینا۔

**ہاتھ پاؤں دبا سلائی بات کرنے کو فضلِ الٰہی۔** (ا۔ مثل) ہاتھ پاؤں میں تو زور نہیں مگر زبان خوب چلتی ہے۔

**ہاتھ پاؤں رانگ لانگلا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں شل ہو کر سرد ہو جانا۔

**ہاتھ پاؤں رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بے حس ہو جانا۔ فالج ہو جانا۔ ادھرنگ ہو جانا۔

**ہاتھ پاؤں سرد ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بیماری، خوف یا شدّتِ درد سے



Marfat.com

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا۔

**ہاتھ پاؤں سنبھالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں نکالنا۔ خوب موٹا اور قد آور ہونا۔ (۲) ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔ ہاتھ پاؤں روکنا۔

**ہاتھ پاؤں سنسنانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔ مضمحل ہونا۔

**ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) جننے سے فراغت پانا۔ جَن کر تندرست ہو جانا۔ خیریت سے بچہ جننا۔

**ہاتھ پاؤں سیدھے کرنے**۔ (ا۔ محاورہ) لیٹ کر تھکاوٹ کو دور کرنا۔

**ہاتھ پاؤں شل ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا۔

**ہاتھ پاؤں کا جواب دینا**۔ (ا۔ محاورہ) بیماری یا بڑھاپے کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

**ہاتھ پاؤں کہنے میں نہ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں قابو میں نہ ہونا۔

**ہاتھ پاؤں میں کاہلی اور مونچھیں منہ میں جائیں**۔ (ا۔ مثل) ایسے سست آدمی کی نسبت بولتے ہیں جسے اپنے ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔ ایسی سستی جس سے اپنی جان بھی نہ سنبھالی جائے۔

**ہاتھ پاؤں مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں چلانا۔ (۲) مضطرب اور بے قرار ہونا (۳) نزع کی حالت میں ہونا۔ جان کنی کے عالم میں ہونا۔ (۴) جان فشانی کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ (۵) کسی کام میں کامل فکر کرنا۔ (۶) تیرنا۔ شناوری کرنا۔

**ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کوشش اور محنت رایگاں جانا۔

**ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہے**۔ (ا۔ محاورہ) جس کے پاس روپیہ پیسہ نہ ٹھہرے اور جس کے پاؤں میں چکر ہو اُس کی نسبت کہتے ہیں۔

**ہاتھ پاؤں نکالنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تنومند ہونا۔ جوان اور موٹا ہونا۔ (۲) حد سے بڑھ جانا۔ شرارت شروع کرنا۔ گستاخ ہونا۔

**ہاتھ پاؤں ہارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا۔ (۲) ہمت ہارنا۔

**ہاتھ پاؤں ہلانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا (۲) کوشش کرنا۔ (۳) محنت و مشقت کرنا۔

**ہاتھ پتھر تلے آنا۔ ہاتھ پتھر تلے دینا**۔ (ا۔ محاورہ) نہایت مشکل اور مصیبت میں پھنسنا۔ بے بس ہونا۔ مجبور و ناچار ہونا۔

**ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کا سوار کو پاس نہ آنے دینا۔ (۲) کسی بات پر راضی نہ ہونا۔ نہایت چالاک و شوخ ہونا۔

**ہاتھ پر**۔ (ا۔ تابع فعل) ہاتھ کے اُوپر۔ (۲) فوراً۔ اُسی وقت۔

**ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا تیار اور موجود ہونا۔ ہر وقت پاس رہنا۔

**ہاتھ پر سانپ کھلانا**۔ (ا۔ محاورہ) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا۔

**ہاتھ پر سونا اُچھالنا**۔ (ا۔ محاورہ) امن و امان ہونا۔

**ہاتھ پر سرسوں جمانا**۔ (ا۔ محاورہ) مشکل کام کو فوراً انجام دینا (۲) طلسم اور شعبدہ بازی کر کے دکھانا۔

**ہاتھ پر طوطا پالنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ پر پھوڑے پھنسی یا زخم کے سبب کام چھوڑ دینا۔ زخم اچھا نہ ہونے دینا۔ (۲) اپنا ہاتھ زخمی کر دینا۔

**ہاتھ پر قرآن (دھرنا) رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) قرآن کی قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا۔

**ہاتھ پر گرم پیسا رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) پہلے زمانے کی سزا۔ پیسا گرم کر کے ملزم کے ہاتھ پر رکھا جاتا تھا۔

**ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) گنگا کا پانی ہاتھ میں رکھ کر قسم کھانا۔

**ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بیکار محض پھرنا۔ نکما بیٹھ رہنا۔ (۲) مایوس اور نا اُمید ہو کر بیٹھنا۔

**ہاتھ پر ہاتھ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کو ہاتھ سے مَس کرنا۔ (۲) قول دینا۔ قول و قرار کرنا۔ (۳) شرط لگانا۔ بازی بدنا۔

**ہاتھ پر ہاتھ مارنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شرط بدنا۔ (۲) قول دینا۔ عہد و پیمان کرنا۔ (۳) دھوکے سے کوئی چیز ہتھیا لینا۔

**ہاتھ پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مفت یا بے کوشش ہاتھ آنا۔ (۲) ہاتھ کی ضرب لگنا۔ (۳) داؤں پڑنا۔ (۴) بس میں آنا۔ حاصل ہونا۔ (۵) مٹھی میں آنا۔ گرفت میں آنا۔ (۶) پانسہ پڑنا۔ داؤں پڑنا۔ (۷) ہاتھ کا دفعتہً مس ہونا۔

**ہاتھ پسارنا**۔ (ا۔ محاورہ) مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا۔ گدائی کرنا۔

**ہاتھ پسارے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پسارے ہوئے جانا۔ (۲) دنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

**ہاتھ پکڑا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کو کسی کی حفاظت میں دے دینا۔ (۲) کسی عورت کی شادی کر دینا۔

**ہاتھ پکڑ کے پہنچا پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا۔

**ہاتھ پکڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ تھامنا۔ ہاتھ میں ہاتھ لینا۔ (۲) دست گیری کرنا۔ مدد کرنا۔

**ہاتھ پکڑ کے لے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) گرفتار کر کے لے جانا۔ ماخوذ کر کے لے جانا۔ (۲) ہاتھ تھام کے لے جانا۔ (۳) رہنمائی کرنا۔

**ہاتھ پکڑے کی لاج ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) ایک دفعہ جس کی مدد کرنا ہمیشہ اس کی مدد کرتے جانا۔ ہمیشہ مہربانی کرتے جانا۔

**ہاتھ پورا پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) بھرپور ہاتھ بیٹھنا۔ کاری ضرب پڑنا۔ زور کا ہاتھ بیٹھنا۔



Marfat.com

**ہاتھ پہنچنا**۔ (ا۔ محاورہ) دست رس ہونا۔ رسائی ہونا۔

**ہاتھ پھٹنا**۔ (ا۔ محاورہ) سردی کی شدت سے ہاتھوں میں شگاف پڑ جانا۔

**ہاتھ پھیرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دست مالی کرنا۔ چمکارنا۔ پیار کرنا۔ (۲) لُوٹنا۔ ٹھگنا۔ مُوسنا۔ (۳) مساس کرنا۔ بوس وکنار۔

**ہاتھ پھیٹر**۔ (ا۔ مذ) قرض۔ (۲) قرض دینا۔

**ہاتھ پھیٹر دینا**۔ (ا۔ محاورہ) قرض دینا۔

**ہاتھ پھیلانا**۔ (ا۔ محاورہ) دستِ سوال دراز کرنا۔ مانگنا۔

**ہاتھ پھینکنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلانا۔ ہاتھوں کا وار کرنا۔ (۲) ہاتھوں کو گردش دینا۔ چکر دینا۔ (۳) لُوٹنا۔ مُوسنا۔ ہاتھ مارنا۔ (۴) جلد جلد لکھنا بڑے بڑے نوالے اُتار جانا۔ (۵) پٹے بازی کرنا۔ تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا۔

**ہاتھ پیلے کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) غریبوں کی طرح بیاہ کر دینا۔

**ہاتھ تکنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کا محتاج ہونا۔ دست نگر ہونا۔

**ہاتھ تلنا**۔ (مص۔ مرکب)۔ ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا۔ اگلے زمانے کی ایک سنگین سزا۔

**ہاتھ تلے**۔ (تابع فعل)۔ (۱) ماتحت۔ (۲) قبضے میں۔ قابو میں۔ (۳) قریب۔ نزدیک۔ پاس۔

**ہاتھ تنگ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) مفلس ہونا۔ نادار ہونا۔

**ہاتھ توڑ توڑ کے کھانا**۔ (ا۔ محاورہ) مزیدار چیز کو کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا۔

**ہاتھ تھامنا**۔ (ا۔ محاورہ) گرتے ہوئے کو سنبھالنے کے لیے ہاتھ پکڑنا۔ (۲) ہاتھ میں ہاتھ لینا۔

**ہاتھ تھرانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کانپنا۔

**ہاتھ تھرکانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ نچانا۔ زنانوں کی طرح ہاتھوں کو حرکت دیتے رہنا۔

**ہاتھ تہ سنگ ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے بس ہونا۔ مجبور ہونا۔ ناچار ہونا۔

**ہاتھ ٹوٹیں**۔ (دعائے بد) خدا کرے ہاتھ کام کے نہ رہیں۔

**ہاتھ ٹھنڈی میں ڈالنا**۔ (ا۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔

**ہاتھ ٹھٹھرنا**۔ (ا۔ محاورہ) سردی کی وجہ سے ہاتھوں کا سخت سرد ہو جانا۔

**ہاتھ ٹھہرانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ روکنا۔

**ہاتھ ٹھہرنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام کی مشق ہونا۔

**ہاتھ ٹیک کے اُٹھنا**۔ (ا۔ محاورہ) ضعف یا بڑھاپے کے باعث ہاتھوں پر زور دے کے کھڑے ہونا۔

**ہاتھ جڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) وار کرنا۔ (۲) تھپڑ مارنا۔ دھپ رسید کرنا۔

**ہاتھ (جگر، دل) پہ رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کمال بے قراری کا اظہار۔

**ہاتھ جمنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ بیٹھنا۔ مشق ہو جانا۔

**ہاتھ جوڑ دینا**۔ (ا۔ محاورہ) ہار مان لینا۔ معافی مانگنا۔

**ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) دست بستہ کھڑا ہو جانا۔

**ہاتھ جوڑ کر کہنا**۔ (ا۔ محاورہ) منت وسماجت سے کہنا۔ نہایت ادب اور تعظیم سے گذارش کرنا۔

**ہاتھ جوڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) منت وسماجت کرنا۔ التجا کرنا۔ (۲) معافی مانگنا۔ توبہ کرنا۔ (۳) دور سے ہی سلام کرنا۔ پناہ مانگنا۔

**ہاتھ جھاڑ اُٹھے**۔ (ا۔ محاورہ) سب کچھ ہار کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ مفلس و نادار ہوئے۔

**ہاتھ جھاڑ کے جانا**۔ (ا۔ محاورہ) خالی ہاتھ جانا۔

**ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے پاس کچھ باقی نہ رکھنا سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔

**ہاتھ جھاڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ کو جھٹکا دینا۔ (۲) ہاتھ خالی کرنا۔ (۳) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ وار کرنا۔ (۴) دست بردار ہونا۔ چھوڑنا۔

**ہاتھ جھٹکنا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کو جھٹکا دینا۔ کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکے کے ساتھ ہٹانا۔ چھڑانا۔

**ہاتھ جھلاتے آنا**۔ (ا۔ محاورہ) خالی ہاتھ آنا۔ کچھ نہ لانا۔

**ہاتھ جھلانا**۔ (ا۔ محاورہ) چلنے میں ہاتھ ہلانا۔ ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

**ہاتھ جھلائی**۔ (ا۔ مث) (۱) وہ روپیہ جو راہزن لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کے لیے مسافروں سے لیتے تھے۔ (۲) وہ نقدی جو کہ زمیندار یا ملازمان سرکار راہ میں مسافروں سے لیتے تھے۔

**ہاتھ جھوٹا پڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) وار خالی جانا۔ نشانے پر نہ بیٹھنا۔

**ہاتھ جھوٹا کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی قدر کھانا۔ مُنہ جھٹالنا۔ الش کرنا۔ (۲) ایسا وار کرنا جو کافی نہ ہو۔

**ہاتھ جھوٹا ہو جانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ بیکار ہو جانا۔ کسی صدمے سے ہاتھ کا زور نہ کھا سکنا۔ (۲) ہاتھ سُن ہو کر کام کے لائق نہ رہنا۔

**ہاتھ جھول (پڑنا) جانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ لٹک پڑنا۔ ہاتھ کا جوڑ سے جُدا ہو کے لٹکنے لگنا۔

**ہاتھ چالاک**۔ (ا۔ صفت) (۱) تیز دست۔ پھرتیلا۔ چابک دست۔ (۲) چور۔ اُچکا۔ وہ شخص جسے چوری کا چسکا ہو۔

**ہاتھ چالاکی**۔ (ا۔ مث) (۱) پھرتی۔ تیز دستی۔ چابک دستی۔ (۲) چوری کی عادت چوری۔

**ہاتھ چڑھا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) خوب مشق ہونا۔ ہاتھ رواں ہونا۔

**ہاتھ چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) دست یاب ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا

**ہاتھ چلانا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) دست درازی کرنا۔ مارنے کو ہاتھ بڑھانا۔ (۲) چوری کرنا۔ چُرانا۔ (۳) ہاتھ ہلاتے جانا۔ ہاتھ نچلا نہ رکھنا (۴) ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا۔ (۵) وار کرنا۔

**ہاتھ چلنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خاطر خواہ آمدنی ہونا۔ فارغ بالی ہونا۔ (۲) ہاتھ کا مشاق ہونا۔ (۳) دست درازی ہونا۔ مارنے کو ہاتھ اُٹھانا (۴) ہاتھ کا نچلا نہ رہنا۔

**ہاتھ چھوٹا ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) بے دھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا۔



Marfat.com

**ہاتھ چلے نہ ہتیاں بلیٹھا دے گسیاں۔** (ا۔ مثل) کام کاج ہو یا نہ ہو خدا ہر ایک کو روزی دیتا ہے۔ خدا اپاہجوں کو گھر بیٹھے رزق پہنچاتا ہے۔

**ہاتھ چمکانا۔** (۱) عورتوں کا ہاتھ نچا نچا کر باتیں کرنا۔ طعن و تشنیع کے وقت ہاتھ مٹکانا۔ معرکۂ جنگ میں تلوار کا ہلانا۔

**ہاتھ چومنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) تعظیم یا پیار سے ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ دست بوس ہونا۔ (۲) کمال یا ہنر کی داد دینا۔

**ہاتھ چھوٹا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بے دھڑک مار دینے کی عادت ہو جانا۔

**ہاتھ حمائل رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کو ہاتھوں کے درمیان اِسطرح رکھنا کہ ہاتھ اِردگرد رہیں۔

**ہاتھ خالی جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) وار خالی جانا۔ نشانہ نہ بیٹھنا۔ (۲) پاسہ نہ پڑنا۔ داؤں حسب مُراد نہ پڑنا۔ (۳) دنیا سے نامراد جانا۔

**ہاتھ خالی دینا۔** (ا۔ محاورہ) حریف کی ضرب کو پڑنے نہ دینا۔ دشمن کا وار رَوکر دینا۔

**ہاتھ خالی رہنا۔** (ا۔ محاورہ) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔

**ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خرچ پاس نہ ہونا۔

**ہاتھ خالی نہ ہونا۔** (ا۔ محاورہ) فرصت نہ ہونا۔

**ہاتھ خشک ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ کا سُوکھ جانا۔ ایک عارضہ جس سے ہاتھ خشک ہو کر بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔

**ہاتھ دانتوں سے کاٹنا۔** (ا۔ محاورہ) بے حد پچھتانا۔ اپنی غلطی پر رنج و غصہ کرنا۔

**ہاتھ دراز کرنا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ بڑھانا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ ہاتھ پھیلانا۔ (۲) دست درازی کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔

**ہاتھ دِکھانا۔** (ا۔ محاورہ) نبض دکھانا۔ (۲) نجومی کو ہاتھ دکھا کر آئندہ کا حال دریافت کرنا۔ (۳) سپہ گری کے کرتب دکھانا۔

**ہاتھ دوڑانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلانا۔ کام میں تیزی اور چستی دکھانا۔ (۲) ہاتھ بڑھانا۔ پکڑنے کی کوشش کرنا۔

**ہاتھ دھرنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز پر ہاتھ رکھنا۔ (۲) روکنا۔ پکڑنا۔ قابو کرنا۔ (۳) کسی کی حمایت یا مدد کرنا۔ (۴) منع کرنا۔ خاموش کرنا۔

**ہاتھ دُھلانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی دوسرے کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا۔ (۲) شادی کے روز رسم کے طور پر دولہا یا دلہن کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا۔

**ہاتھ دُھلائی۔** (ا۔ مث) ہاتھ دُھلانے کا انعام جو دولہا سے لیا جاتا ہے۔

**ہاتھ دھو بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نااُمید ہونا۔ مایوس ہو جانا۔ کھو بیٹھنا چھوڑ دینا۔ (۲) قطع تعلق کر دینا۔ دست بردار ہونا۔

**ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سارے کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہونا۔ (۲) درپے آزار ہونا۔

**ہاتھ دھونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) پانی سے ہاتھ صاف کرنا۔ (۲) طہارت کرنا۔ (۳) آس توڑ بیٹھنا۔

**ہاتھ دے دے مارنا۔** (ا۔ محاورہ) غصہ یا نزع کی حالت میں اپنے ہاتھوں کو متواتر ٹپکنا۔

**ہاتھ دیکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) نبض دیکھنا۔ (۲) دست نگر ہونا۔ کسی کی بخشش کا منتظر ہونا۔ (۳) کسی کی قسمت کا حال ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر بتانا۔

**ہاتھ دینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مصافحہ کرنا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ (۲) داد دینا۔ داد مانگنا۔ (۳) قول دینا۔ زبان دینا۔ (۴) گل کرنا۔ بجھا دینا۔ (۵) مدد دینا۔ سہارا دینا۔ (۶) دکاندار کا غلے کو اُوپر نیچے کر دینا۔ (۷) کسی چیز کو قبول کرنا۔ (۸) چیچک کے دانوں کا مُرجھا جانا (۹) چابک سوار کا کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر سودا کرنا۔ دکان داروں کا ایک دوسرے کے ساتھ اسی طرح معاملہ کرنا۔ (۱۰) چالاکی کرنا (۱۱) حوالے کرنا۔

**ہاتھ ڈالنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا۔ ہاتھ داخل کرنا (۲) دخل دینا۔ کام میں پڑنا۔ کوئی کام اپنے ذمے لینا۔ (۳) دست درازی کرنا۔ چھیڑنا۔ (۴) لوٹنا۔ غارتگری کرنا۔ (۵) ہاتھ لگانا۔ مَس کرنا۔ (۶) کسی کام کو شروع کرنا۔ (۷) پکڑنا۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا

**ہاتھ ڈالو گڑ نکالو۔** (ا۔ مثل) محنت کرو مزے اُٹھاؤ۔

**ہاتھ رُکنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا۔ (۲) وار بچنا۔

**ہاتھ رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ دھرنا۔ (۲) ہاتھ سے کسی چیز کا منہ بند رکھنا۔ روکنا۔ تھامنا۔ (۳) قسم کھانا کسی عزیز شے پر ہاتھ رکھ کر۔ (۴) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ (۵) ہاتھ سے چھوٹنا۔ (۶) بچانا حفاظت کرنا۔ (۷) تسلی دینا۔ (۸) سلام کرنا۔ (۹) چپ کرانا۔ بات نہ کرنے دینا (۱۰) تعظیم کرنا (چھاتی پر)

**ہاتھ رنگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھوں میں مہندی لگانا۔ کسی شے سے ہاتھوں کو رنگین کرنا (۲) مال مارنا۔ رشوت لینا۔ مٹھی گرم کرنا۔

**ہاتھ رواں کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کام کی ہاتھ سے مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ (۲) مارنا۔ قتل کرنا۔

**ہاتھ رواں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ کا مشاق ہونا۔ خوب ہاتھ چلنا۔

**ہاتھ روکنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کفایت شعاری کرنا۔ کم خرچ کرنا۔ (۲) باز رہنا۔ دست کش ہونا۔ (۳) وار روکنا۔ وار بچانا۔

**ہاتھ رہ جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ شل ہو جانا۔

**ہاتھ زیرِ زنخداں رہنا۔** (ا۔ محاورہ) ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رہنا۔ سوچ میں رہنا۔

**ہاتھ سادھنا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا۔

**ہاتھ سانٹنا۔** (ا۔ محاورہ) ہاتھ بھرنا۔ ہاتھ آلودہ کرنا۔

**ہاتھ سر پہ پھیرنا۔** (ا۔ محاورہ) شفقت سے کفِ دست کسی کے سر پہ پھیرنا۔

**ہاتھ سر پہ دھر کے رونا۔** (ا۔ محاورہ) سر پکڑ کے رونا۔ بہت افسوس کرنا۔ بہت پچھتانا۔



Marfat.com

**ہاتھ سَر پہ رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) حمایت کرنا۔ مربّی بننا۔ مددگار رہنا۔ (۲) پیار کرنا (۳) کسی کے سَر کی قسم کھانا۔ (۴) سلام کرنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔

**ہاتھ سرکانا** (ا۔محاورہ) آہستہ سے ہاتھ ہٹا لینا۔

**ہاتھ سمیٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ سکیڑنا۔ ہاتھ بند کرنا۔ (۲) دینے سے ہاتھ روکنا۔ بخشش بند کرنا۔

**ہاتھ سُن ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ کا کام نہ دے سکنا۔ ہاتھ میں خون کی روانی بند ہو جانا۔

**ہاتھ سے**۔ (تابع فعل) (۱) ذریعے سے۔ (۲) سبب سے (۳) ذات سے۔ دم سے۔ (۴) قابو سے۔ گرفت سے۔

**ہاتھ سے بچنا**۔ (ا۔محاورہ) سلامت رہنا۔ زندہ رہنا۔

**ہاتھ سے تنگ آنا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کے افعال اور شرارتوں سے عاجز آنا۔

**ہاتھ سے جاتا رہنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) قابو سے نکل جانا۔ بس میں نہ رہنا۔ (۲) آپے سے باہر ہو جانا۔ خود رفتہ ہو جانا۔ (۳) مر جانا۔ انتقال کر جانا۔

**ہاتھ سے چھُوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) قابو سے نکل جانا۔ گرفت سے نکلنا۔

**ہاتھ سے دل پھسلنا (جانا)** (ا۔محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

**ہاتھ سے دے بیٹھنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کھو بیٹھنا۔ گنوا دینا۔ ضائع کرنا۔ (۲) قابو میں نہ رکھنا۔ قبضہ چھوڑ بیٹھنا۔

**ہاتھ سے دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا۔ (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ قبضہ چھوڑنا۔ (۳) ضائع کرنا۔ کھونا۔

**ہاتھ سے سلام لینا**۔ (ا۔محاورہ) سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے سے دینا۔

**ہاتھ سے کام نکلنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا۔ (۲) کسی کام کا قبضہ سے نکلنا۔ (۳) کسی کے ذریعہ سے کوئی کام پورا ہونا۔

**ہاتھ سے کھونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کا اپنے پاس سے نکل جانا (۲) ملتی چیز نہ لینا۔

**ہاتھ سے نالاں ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی سے بہت تنگ ہونا

**ہاتھ سے نکلنا**۔ (ا۔محاورہ) قابو سے باہر ہونا۔

**ہاتھ سے نہ دینا**۔ (ا۔محاورہ) قابو سے نہ نکلنے دینا۔

**ہاتھ سے ہاتھ ملانا**۔ (ا۔محاورہ) مصافحہ کرنا۔ (۲) پنجہ کشی کرنا۔ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور دینا۔ (۳) پہلوانوں کا کشتی سے پہلے آپس میں ہاتھ ملانا۔

**ہاتھ سے ہاتھ مَلنا**۔ (ا۔محاورہ) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

**ہاتھ سیدھا مارنا**۔ (ا۔محاورہ) سیدھا وار کرنا۔

**ہاتھ شَل ہو جانا**۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ کا کام کرنے کے قابل نہ رہنا۔

**ہاتھ صاف کرنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) مشق کرنا۔ ہاتھ سے کوئی کام نکالنا ہاتھ رواں کرنا۔ (۲) خط سنوارنا۔ مشق کرنا۔ (۳) ہاتھ دھونا۔ ہاتھ پاک کرنا۔ (۴) ہاتھ مارنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ (۵) غارت کرنا۔ لُوٹنا۔ (۶) خرچ کرنا۔ اُڑانا۔

**ہاتھ طوق کمر ہونا**۔ (ا۔محاورہ) کسی کی کمر کے گرد ہاتھ ڈالنا۔

**ہاتھ طوقِ گلو کرنا**۔ (ا۔محاورہ) باہیں گلے میں ڈالنا۔

**ہاتھ قبضے پہ ڈالنا**۔ (ا۔محاورہ) تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔ قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔ آمادۂ قتل ہونا۔

**ہاتھ قلم کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ اُڑانا۔

**ہاتھ کا**۔ (ا۔صفت) (۱) اپنا۔ خود کا (۲) ہاتھ کا دیا ہوا۔ ہاتھ کا بنایا ہوا۔ ہاتھ کا لکھا ہوا۔

**ہاتھ کاٹ دینا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریری اقرار لے لینا۔ دستاویز لے لینا۔ (۳) بے اختیار کر دینا۔

**ہاتھ کاٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ (۳) نہایت غصّے میں اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا۔

**ہاتھ کا جھُوٹا**۔ (ا۔صفت) نادہند۔ جو لے کر نہ دے۔ بدمعاملہ۔ خائن۔

**ہاتھ کا چالاک ہونا** (ا۔محاورہ) دست دراز ہونا۔ مشّاق ہونا۔

**ہاتھ کا چھوہارا بل میں بیٹھا**۔ (ا۔مثل) جو پاس تھا وہ بھی گنوا دیا۔

**ہاتھ کا دینا بیر بسانا**۔ (ا۔محاورہ) قرض دے کر دشمنی پیدا کرنا۔

**ہاتھ کا دیا**۔ (ا۔مذ) دان۔ پن۔ خیرات۔ سخاوت۔ بخشش۔

**ہاتھ کا دیا آڑے آوے**۔ (ا۔مثل) کسی وقت کی خیرات کام آ جاتی ہے۔ خیرات ہی مصیبت کی روک تھام کرتی ہے۔

**ہاتھ کا دیا ساتھ چلے گا**۔ (ا۔مثل) فقیروں کی صدا۔ خیرات گناہوں کی بخشش کا سبب بنے گی۔

**ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا**۔ (ا۔مثل) کمینے آدمی بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے۔

**ہاتھ کا سچّا**۔ (ا۔صفت) دیانت دار۔ خوش معاملہ۔ ساکھ والا۔ لین دین کا کھرا۔

**ہاتھ کا میل**۔ (ا۔مذ) (۱) میل کچیل جو ہاتھ سے اُترے (۲) بے اصل چیز۔ بے حقیقت چیز۔ (۳) مجازاً روپیہ پیسہ۔ مال و زر۔

**ہاتھ کان سے ننگی**۔ (ا۔صفت) جس کے پاس کوئی زیور نہ ہو۔ جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہوا ہو۔

**ہاتھ کانپنا**۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ میں رعشہ آنا۔ ہاتھ تھرّانا۔

**ہاتھ کانوں پر رکھنا**۔ (ا۔محاورہ) بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناآشنائی اور ناواقفیت ظاہر کرنا۔

**ہاتھ کٹ جانا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ میں زخم آ جانا (۲) ہاتھ قلم ہو جانا (۳) اپنے ہاتھ کی تحریر دے دینا

**ہاتھ کٹ چلے**۔ (ا۔محاورہ) اپنے ہاتھ کی تحریر دے بیٹھے۔

**ہاتھ کٹنا**۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ کاٹا جانا۔ (۲) تحریر دی جانا۔



Marfat.com

ہاتھ کٹے ہونا۔ (ا۔محاورہ) تحریر دے چکنے کی وجہ سے مجبور ہونا۔
ہاتھ کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) حملہ کرنا۔ وار کرنا۔ (۲) دھوکہ دینا۔
ہاتھ کمر پر رکھے ہونا۔ (ا۔محاورہ) بیکار گھومتے پھرنا۔
ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ۔ (ا۔مثل) بدحواس۔ وہ آدمی جس کا خیال کہیں اور ہو اور ہاتھ کچھ اور کر رہا ہو۔
ہاتھ کمر میں ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) لڑنا جھگڑنا۔
ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ (ا۔مثل) جو کچھ ظاہر و عیاں ہے۔ اس کے بیان کرنے کی ضرورت ہی کیا۔
ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے۔ (ا۔مثل) جس سے لیتے ہیں اسی کو دیتے ہیں۔
ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا۔ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا۔ (ا۔محاورہ) اندھیرا گھُپ ہے۔ بہت سخت اندھیرا ہے۔
ہاتھ کھانا۔ (ا۔محاورہ) تلوار کے وار کھانا۔
ہاتھ کھجلانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ میں خارش ہونا۔ (۲) مارنے پیٹنے کو جی چاہنا۔ کچھ ملنے کی اُمید ہونا۔
ہاتھ کھلا رہنا۔ (ا۔محاورہ) فیاضی کی عادت ہونا۔ داد و دہش میں مشاق ہونا۔
ہاتھ کھُل جانا۔ کھلنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ چلنا۔ ہاتھ کا کام کرنے لگنا۔ (۲) تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا۔ (۳) مار بیٹھنے کی عادت پڑ جانا۔
ہاتھ کھینچ لینا۔ ہاتھ کھینچنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دست بردار ہونا۔ باز آنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ (۲) کسی کام سے ہاتھ روک لینا۔
ہاتھ کی آئی بھی گئی۔ (ا۔محاورہ) قابو میں آئی ہوئی چیز بھی گئی۔
ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا۔ (ا۔محاورہ) بیکار رہنا۔ کوئی شغل نہ ہونا۔
ہاتھ کے بیر نہ کھانا۔ (ا۔محاورہ) کسی سے سخت نفرت کرنا۔
ہاتھ کی پیٹھ دانتوں سے کاٹنا۔ (ا۔محاورہ) کسی چیز کے نہ ملنے پر سخت افسوس کرنا۔
ہاتھ کی چھڑی۔ (ا۔مث) ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔
ہاتھ کی روٹی۔ (ا۔مث) توے پر پکائی ہوئی روٹی۔
ہاتھ کی صفائی۔ ہاتھوں کی صفائی۔ (ا۔صفت) (۱) وار کرنے میں ہاتھوں کا مشاق ہونا۔ (۲) بازیگر یا شعبدہ باز کے ہاتھ کا کرتب۔
ہاتھوں کے طوطے اُڑ جانا۔ (ا۔محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ کوئی چیز دیکھ کر یا سُن کر بے حواس ہو جانا۔
ہاتھ (ہاتھوں) کی لکیریں۔ (ا۔مث) (۱) وہ گہرے نقوش جو انسان کی ہتھیلی میں ہوتے ہیں۔ قسمت کی لکیریں۔ (۲) عزیز۔ یگانے۔ قرابتی۔
ہاتھ کی لکیریں مٹنا۔ (ا۔محاورہ) محبت جاتی رہنا۔ قرابت یا رشتہ کا لحاظ ٹوٹنا۔ اپنائیت اور عزیزداری کا لحاظ نہ ہونا۔ (۲) تقدیر کا لکھا مٹنا۔

ہاتھ کی مچھلی۔ (ا۔مث) انگوٹھے سے نیچے ہتھیلی کا اُبھرا ہوا گوشت۔
ہاتھ کے نیچے آنا۔ (ا۔محاورہ) ہتھے چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ قبضہ ہو جانا۔ دخل ہو جانا۔
ہاتھ کے ہاتھ۔ (ا۔تابع فعل) فوراً۔ اسی وقت۔
ہاتھ گاڑی۔ (ا۔مث) رکشا۔ ٹھیلا۔ وہ گاڑی جسے ہاتھ سے کھینچ کر چلاتے ہیں۔
ہاتھ گردن میں ڈالنا۔ ہاتھ گلے میں ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) گلے میں باہیں ڈالنا۔ پیار کرنا۔ اختلاط کرنا۔
ہاتھ گریباں تک جانا۔ (ا۔محاورہ) گریبان پھاڑ ڈالنا۔ وحشت کا زور پکڑنا۔
ہاتھ گلنا۔ (ا۔مص مرکب) (۱) نہایت سردی کے باعث ہاتھ کے گوشت کا ٹھٹھرنا۔ (۲) پھوڑوں یا زخموں سے ہاتھ کے گوشت کا سڑ جانا۔
ہاتھ گھسانا۔ (ا۔محاورہ) بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔
ہاتھ گھسائی۔ (ا۔مث) وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔
ہاتھ گھس جانا۔ (ا۔محاورہ) ہاتھوں سے اتنا کام لینا کہ انہیں ضرر پہنچے۔
ہاتھ گھنگھولنا۔ (ا۔محاورہ) پانی کے ظرف میں ہاتھ ڈال کر پانی کو حرکت دینا۔
ہاتھ لا۔ ہاتھ لانا۔ (کلمۂ تعریف) واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ آفرین ہے۔ مرحبا۔ شاباش۔ (۲) داد دینے کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔
ہاتھ لال کرنا۔ (ا۔محاورہ) کنایۃً) الزام لینا۔ قتل کرنا۔
ہاتھ لپک۔ (ا۔صفت) چور۔ اُچکا۔ اٹھائی گیرا۔
ہاتھ لپکانا۔ (ا۔محاورہ) ہاتھ بڑھانا۔
ہاتھ لگانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) چھونا۔ مس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) چھیڑنا۔ دست درازی کرنا۔ (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۴) کام شروع کرنا۔ (۵) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ (۶) بازی لگانا۔ شرط بدنا۔ (۷) قول دینا۔ (۸) تیرنے میں ہاتھ چلانا۔
ہاتھ لگائے کملانا۔ (ا۔محاورہ) نہایت نازک ہونا۔
ہاتھ لگائے (رنگے) میلا ہونا۔ (ا۔مثل) نہایت سفید۔ اُجلا۔ آبدار ہونا۔ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا۔
ہاتھ لگنا۔ (۱) چھُوا جانا۔ مس ہونا۔ (۲) ملنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا (۳) قابو چڑھنا۔ بس میں آنا۔ (۴) سہارا ملنا (۵) کام شروع ہونا۔ (۶) بازی بدنا۔ شرط ہونا۔
ہاتھ لیا کاسا تو بھیک کا کیا سانسا۔ (ا۔مثل) جب گدائی اختیار کر لی تو پھر مانگنے میں کیا شرم۔
ہاتھ لینا۔ (ا۔محاورہ) تھامنا۔ روکنا۔ پکڑنا۔
ہاتھ مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہاتھ لگانا۔ ضرب لگانا۔ (۲) جلد جلد نوالے کھانا۔ (۳) غبن کرنا۔ مال اُڑانا (۴) شرط لگانا (۵) رشوت لینا۔ (۶) قبضہ کر لینا۔ قابض ہونا (۷) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ (۸) اقرار کرنا۔ قول دینا۔



Marfat.com

ہاتھ ماں نہ گات ماں میں وضنونتی جات ماں۔ (ا۔ مثل) نہ میرے ہاتھ میں ہنر ہے نہ بدن میں جوہر۔ میں تو اپنی اعلیٰ ذات کے سبب امیر ہوں۔ بے سلیقہ کا اپنی ذات پر گھمنڈ کرنا۔

ہاتھ مروڑنا۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کو پیچ دینا۔ ہاتھ کو بل دینا۔

ہاتھ ملانا۔ (ا۔ محاورہ) مصافحہ کرنا۔ پنجہ لڑانا۔ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا۔

ہاتھ ملتے رہ جانا۔ (ا۔ محاورہ) پچھتاتے رہ جانا۔ افسوس کرتے رہ جانا۔

ہاتھ ملنا۔ (ا۔ محاورہ) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

ہاتھ منہ پر رکھ دینا۔ (ا۔ محاورہ) بولنے نہ دینا۔ خاموش کر دینا۔

ہاتھ منہ پر سے نہیں اُترے۔ (ا۔ مثل) ابھی نئی دُلہن ہے۔ شرم و حیا کے دن ہیں۔ ابھی گھونگھٹ کا زمانہ ہے۔

ہاتھ منہ دُھلانا۔ (ا۔ محاورہ) خدمت گار کا کام کرنا۔

ہاتھ میں۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) قبضے میں۔ اختیار میں۔ (۲) ہاتھ کے اندر۔ مٹھی میں۔

ہاتھ میں آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا (۲) قبضہ میں آنا قابو میں آنا۔ (۳) دستیاب ہونا۔ بہم پہنچنا۔

ہاتھ میں پڑ جانا۔ (ا۔ محاورہ) قابو میں آجانا۔ ہاتھ میں آجانا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا۔ (ا۔ محاورہ) بھیک منگوانا۔ مفلس کر دینا۔

ہاتھ میں جوہر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) صاحب کمال ہونا۔ ہُنرمند ہونا۔

ہاتھ میں دل رکھنا۔ (۔ لئے رہنا) (ا۔ محاورہ) کسی کی ہر طرح دلجوئی کرنا۔ خاطرداری کرنا۔ دلداری کرنا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پہ مارے جُوتی۔ (ا۔ مثل) ایسے کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں جو احسان کر کے بار بار جتائے۔

ہاتھ میں سمرنی بغل میں کترنی۔ (ا۔ مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں دغاباز۔

ہاتھ میں سنیچر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہر وقت چیزوں کو توڑتے پھوڑتے رہنا۔ (۲) تنگدست ہونا۔ غریب ہو جانا۔

ہاتھ میں گریبان ہونا۔ (ا۔ محاورہ) کسی کے ظلم کا فریادی ہونا۔ ظالم پر قابو پانے کا کنایہ ہے۔

ہاتھ میں لانا بات میں کھانا۔ (ا۔ مثل) جو کمانا سو کھا لینا۔ ایسا مفلس ہونا کہ گھر میں برتن تک نہ رہنا۔

ہاتھ میں لیا کانسا تو بھیک کا کیا سانسا۔ (ا۔ مثل) دیکھیے ہاتھ لیا کانسا۔

ہاتھ میں لینا۔ (ا۔ محاورہ) کوئی کام اپنے ذمے لینا۔

ہاتھ میں لیے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ میں دبائے پھرنا۔ (۲) شہوت میں سخت بیتاب ہونا۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کو کسی کے سپرد کرنا (۲) بیاہ دینا۔ عورت کا مرد سے نکاح کر دینا (۳) ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہاتھ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ساتھ ساتھ ہونا۔

ہاتھ میں ہونا۔ (ا۔ محاورہ) قبضے میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔ (۲) رسوخ ہونا

ہاتھ نچانا۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ مٹکا مٹکا کر باتیں کرنا یا لڑنا۔

ہاتھ نکلا ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہاتھ کاٹنے بازی میں مشّاق ہونا۔

ہاتھ نہ آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پکڑا نہ جانا۔ (۲) قابو میں نہ آنا۔ (۳) حاصل نہ ہونا۔ کسی چیز کا نہ ملنا۔

ہاتھ نہ پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) کام نہ ہو سکنا۔ کامیابی نہ ہونا۔

ہاتھ نہ پہنچنا۔ (ا۔ محاورہ) کام میں کامیاب نہ ہو سکنا۔ (۲) کسی جگہ ہاتھ نہ جا سکنا۔

ہاتھ نہ رکھنے (دھرنے) دینا۔ (ا۔ محاورہ) پاس نہ آنے دینا۔ ہاتھ نہ لگانے دینا۔ (۳) پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ (۴) قابو میں نہ آنا۔ (۵) بدمزاج ہونا۔ روکھا ہونا۔

ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے۔ (ا۔ مثل) کم ظرف اور ذرا سی بات پر اِترانے والے کی نسبت عورتیں بولتی ہیں۔

ہاتھ نہ لگانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ سے نہ چھونا۔ احتراز کرنا۔ (۲) مارنے سے باز رہنا۔ (۳) بچے کو تنبیہ نہ کرنا۔ (۴) خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ کرنا۔

ہاتھ نہ لگانے دینا۔ (ا۔ محاورہ) چھونے نہ دینا۔ عورت کا مرد کو پاس نہ آنے دینا۔

ہاتھ نہ مٹھی بلبلاتی اُٹھی۔ (ا۔ مثل) پاس کوڑی نہیں حوصلہ دکھانے میں بڑی گرم جوشی۔

ہاتھ ہلاتے آنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خالی ہاتھ آنا۔ (۲) کچھ کما کر نہ لانا۔

ہاتھ ہلنا۔ ہاتھ میں جنبش ہونا۔ ہاتھ میں رعشہ ہونا

ہاتھ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) تعلق ہونا۔ دخل ہونا۔

ہاتھ ہے۔ (ا۔ محاورہ) اختیار میں ہے۔

ہاتھوں۔ (ا۔ مذ) (۱) سبب۔ باعث۔ کارن۔ (۲) ہاتھ سے۔ ہاتھوں سے۔ (۳) وسیلے سے۔ ذریعے سے۔ توسط سے۔

ہاتھوں اُچکنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) آدمی یا جانور یا کسی چیز کا بہت اونچا اُچھلنا۔

ہاتھوں اُچھلنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بہت تڑپنا۔ بہت زیادہ بے قرار ہونا۔ (۲) نہایت کودنا۔ بہت اُچھلنا۔

ہاتھوں بڑھ جانا۔ (ا۔ محاورہ) بہت بڑھ جانا۔

ہاتھوں پر سانپ کھلانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خطرناک کام کرنا (۲) بدمزاج آدمی کو راضی رکھنے کی کوشش کرنا۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا (کرنا) (ا۔ محاورہ) نہایت حفاظت کیساتھ رکھنا۔

ہاتھوں دل بڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) بہت ہمت بڑھانا۔ بڑا حوصلہ دلانا۔

ہاتھوں سے۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) فعلوں سے۔ (۲) ڈھنگوں سے (۳) بذریعہ۔ وساطت سے۔

ہاتھوں سے کھُلے تو دانت کیوں لگائیے۔ (ا۔ مثل) جو کام آسانی سے ہو سکے اس میں دقت اٹھانے کی کیا ضرورت ہے۔

ہاتھوں قلم ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بُرائی بھلائی کسی کے اختیار میں ہونا۔



Marfat.com

**ہاتھوں کلیجا اُچھلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کمال اضطراب ہونا۔ (۲) نہایت دل دھڑکنا۔
**ہاتھوں مہندی، پاؤں مہندی لپٹنے لچھن اوروں دینی۔** (ا۔ مثل) (۱) آپ مہندی کا عذر کر کے کام سے بچنا اور دوسروں کو کام سونپنا۔ (۲) اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا۔
**ہاتھوں میں لے لینا۔** (ا۔ محاورہ) سنبھالنا۔
**ہاتھوں ہاتھ۔** (ا۔ تابع فعل) (۱) دست بدست۔ (۲) بالا ہی بالا۔ اُوپر ہی اُوپر۔ (۳) فوراً۔ شتاب۔ جلد۔ تُرت۔
**ہاتھوں ہاتھ اُڑا کر (اُٹھا کر) لے جانا۔** (ا۔ محاورہ) فوراً لے جانا۔۔۔ دست بدست لے جانا۔
**ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا۔** (ا۔ محاورہ) بہت جلد صرف ہونا۔ فوراً خرچ ہو جانا۔
**ہاتھوں ہاتھ بک جانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی چیز کا فوراً بک جانا۔
**ہاتھوں ہاتھ لانا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت عزت و احترام سے لانا۔
**ہاتھوں ہاتھ لے جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) فوراً لے جانا۔ دیر نہ کرنا۔ (۲) نہایت قدر و منزلت سے لے جانا۔
**ہاتھوں ہاتھ لینا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دست بدست لینا۔ (۲) فوراً لینا۔ جھٹ پٹ لینا۔ (۳) توقیر کرنا۔ (۴) اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔
**ہاتھوں ہاتھ لیے جانا۔** (ا۔ محاورہ) بے حد عزت کرنا۔
**ہاتھا پائی۔** (ہا۔ تھا۔ پا۔ اِی) [اُر۔ ا۔ مث] مار کُٹائی۔ مُکا مکی۔۔۔ گھوسم گھوسا۔ دھول دھپا۔ مار دھاڑ۔ مار پٹائی۔ لڑائی بھڑائی۔
**ہاتھا پائی کر لینا۔** (ا۔ محاورہ) مار کُٹائی اختیار کرنا۔ لپاڈگی پہ اُتر آنا۔ کشتم کشتا ہو جانا۔ دھینگا مُشتی پہ آ جانا۔
**ہاتھا چھانٹی۔** [اُر۔ ا۔ مث] (۱) بدمعاملگی۔ دغابازی۔ بددیانتی۔ (۲) غبن۔ خورد بُرد۔ چوری۔
**ہاتھا ہاتھی۔** [ا۔ مث] ہاتھ سے ہاتھ لگ جانا۔ ایک کا دوسرے کو دینا۔ دست بدستی۔
**ہاتھی۔** (ہا۔ تھی) [ہ۔ ا۔ مذ] فیل۔ پیل۔
**ہاتھی پاؤں۔** [ا۔ مث] ایک مرض جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے۔ فیل پا۔
**ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اُس کا ناؤں۔** (ا۔ مثل) جس کی چیز ہو اُسی کا نام ہوتا ہے۔ اصل شے مالک کی ہوا کرتی ہے۔
**ہاتھی جھولنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دروازے پہ ہاتھی بندھا ہونا۔ (۲) کنایۃً بہت دولت مند ہونا۔
**ہاتھی جھومنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا۔ (۲) گھر میں کنواری لڑکی کا شادی کے لائق ہونا۔
**ہاتھی چڑھے کتا کاٹے۔** (ا۔ مثل) بدقسمتی ہو تو اچھے کام میں بھی نقصان ہو جاتا ہے۔
**ہاتھی چک۔** (ا۔ مذ) (۱) ایک خاردار پودا جس کی جڑ پکا کر کھاتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کی گھاس جو ہاتھی کھاتے ہیں۔

**ہاتھی چنگھاڑ۔** (ا۔ مذ) ایک قسم کا درخت۔
**ہاتھی خانہ۔** (ا۔ مذ) ہاتھیوں کا طویلہ۔ فیل خانہ۔
**ہاتھی دانت۔** (ا۔ مذ) ہاتھی کا دانت جس سے کئی چیزیں بنتی ہیں۔
**ہاتھی دانت کا چوڑا۔** (ا۔ مذ) ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی چوڑیاں۔
**ہاتھی سے گنے کھانا۔** (ا۔ محاورہ) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ طاقت ور سے کوئی چیز لے لینا۔
**ہاتھی کا بوجھ ہاتھی اُٹھاتا ہے۔** (ا۔ مثل) بڑے کام بڑے حوصلے والا ہی کرتا ہے۔
**ہاتھی کا پاٹھا۔** (ا۔ محاورہ) جوان ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ۔
**ہاتھی کا پیر آنکس۔** (ا۔ مثل) ہاتھی کا استاد آنکس ہے۔ ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آ جاتا ہے۔
**ہاتھی کا جگ ساتھی۔ کیڑی پاہن پیڑی۔** (ا۔ مثل) زبردست کے سب ساتھی ہوتے ہیں اور کمزور کے سب دشمن۔
**ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں۔** (ا۔ مثل) بڑے آدمی کے سب مطیع ہوتے ہیں۔ (۲) سخی کے مال میں سب کا حصہ ہے (۳) امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔
**ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے۔** (ا۔ مثل) بڑے کا مقابلہ بڑا ہی کر سکتا ہے۔
**ہاتھی کے دانت۔** (ا۔ مذ) خاص کر بڑے دو دانت جو آگے کو نکلے ہوتے ہیں۔
**ہاتھی کے دانت بٹھانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) ناممکن بات کرنا۔ (۲) بوڑھے طوطے کو پڑھانا۔
**ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور۔** (ا۔ مثل) دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے کھانے کی اور۔ دنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ۔
**ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا۔** (ا۔ محاورہ) زبردست کے مقابلہ میں آنا۔
**ہاتھی کے منہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں۔** (ا۔ مثل) زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں۔
**ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی۔** (ا۔ مثل) بڑے بڑے ہمت ہار گئے۔ ادنیٰ کو ابھی حوصلہ ہے۔
**ہاتھی نال۔** (ا۔ مث) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی گھسیٹتے تھے۔
**ہاتھی نکل گیا دُم اٹکی رہ گئی۔** (ا۔ مثل) سارا کام ہو گیا تھوڑا سا باقی رہ گیا۔
**ہاتھی وان۔** (ا۔ مذ) فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔
**ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا۔** (ا۔ مثل) امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے پھر بھی اس کی قدر باقی رہتی ہے۔
**ہاٹ۔** [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دکان۔ سودا بیچنے کی جگہ (۲) سودا بکنے کی منڈی۔ بازار۔



Marfat.com

ہاٹ کرنا۔ ہاٹ کھولنا۔ (ا۔محاورہ) دکان کرنا۔
ہاجرہ۔ (ہا۔جِ۔رَہ) [ع۔ا۔مث] (۱) نہایت گرم دوپہر کا وقت۔ گرمی کی دوپہر۔ (۲) حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ کا نام۔
ہاجی۔ (ہا۔جی) [ع۔صف] ہجو کرنے والا۔ نقّال۔ منہ چڑھانے والا۔
ہادِم۔ (ہا۔دِمْ) [ع۔صف] منہدم کرنے والا۔ عمارت کو ڈھانے والا۔ گرانے والا۔
ہادِم اللّذّات۔ (۱) لذّتوں کو ڈھانے والا۔ کنایۃً موت۔
ہادِی۔ (ہا۔دی) [ع۔صف] ہدایت کرنے والا۔ رہنما۔ پیشوا۔
ہار۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) شکست۔ ہزیمت۔ مات۔ (۲) تکان۔ ماندگی۔
ہار بیٹھنا۔ (ا۔محاورہ) تھک جانا۔ عاجز ہو جانا۔ تنگ ہو جانا۔ شکست کھا جانا۔
ہار جانا۔ (ا۔محاورہ) (۱) مات ہو جانا۔ شکست کھا جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ (۲) عاجز ہونا۔ ناک میں دم ہونا۔ تنگ ہونا۔
ہار جیت۔ (ا۔مث) شکست و فتح۔ نفع و نقصان۔
ہار دینا۔ (ا۔محاورہ) بازی لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا۔
ہار کر۔ (ا۔تابع فعل) تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار۔
ہار کر بیٹھ رہنا۔ (ا۔محاورہ) مجبور ہو کر بیٹھ جانا۔ عاجز آ کر کچھ نہ کہنا۔ تنگ آ کر چھوڑ دینا۔
ہار کے جھک مار کے۔ (ا۔تابع فعل) ناچار ہو کر۔ عاجز آ کر۔
ہار ماننا۔ (ا۔محاورہ) شکست تسلیم کرنا۔
ہار۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) پھولوں یا موتیوں کی مالا (۲) تسبیح۔ سمرن۔ مالا (۳) جواہرات کا گلوبند۔ کنٹھا۔
ہار چڑھانا۔ (ا۔محاورہ) مقدس بزرگوں کی قبروں یا دیوتاؤں پر پھول چڑھانا۔
ہار ڈالنا۔ (ا۔محاورہ) ہار پہنانا۔ مالا گلے میں ڈالنا۔
ہار۔ ہارا [ہ۔صف] مرکبات میں بطورِ لاحقہ کے مستعمل ہے۔ بمعنی (۱) والا۔ صاحب۔ مالک جیسے ہونہار۔ جانشہار (۲) کرنے والا جیسے کرن ہارا۔ لکڑہارا۔
ہارمانی جھگڑا جیتا۔ (ا۔مثل) جس آدمی نے مقدمہ بازی نہ کی وہ جیتا۔
ہارا۔ (ہا۔را) [ہ۔صف] (۱) تھکا ہوا۔ تھکا ماندہ۔ (۲) کمزور ضعیف۔ ناتواں۔ (۳) ہارا ہوا۔ مات کھایا ہوا۔
ہارا جواری پگڑی رکھے۔ (ا۔مثل) مجبوری میں شرم و حیا بھی نہیں رہتی۔
ہارا جھک مارا سارا جنگل ہمارا۔ (ا۔مثل) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اس سے یہ فقرہ کہلاتے ہیں۔
ہارنا۔ (ا۔مص) مغلوب ہونا۔ شکست کھانا۔ ناکام رہنا۔ تھکا ماندہ ہونا۔ (۲) ناچار ہونا۔ عاجز ہونا۔ (۳) کسی سے طاقت میں کمزور ہونا۔ (۴) تنگ ہو جانا۔ (۵) شرط ہار جانا۔
ہارے بھی ہرا دے جیتے بھی ہرا دے۔ (ا۔مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر طرح اپنی ہی بات کے لیے قائل

کرے۔ چت بھی میری پٹ بھی میری۔
ہارے کو ہتھیار۔ (ا۔مثل) جب آدمی بالکل عاجز آ جاتا ہے تو مجبوراً ہتھیار اُٹھا لیتا ہے۔
ہارِب۔ (ہا۔رِبْ) [ع۔صف] بھاگنے والا۔
ہاربر۔ (Harbour) (ہار۔بَرْ) [انگ۔ا۔مذ] بندرگاہ۔ سمندر میں ساحل کے قریب وہ جگہ جہاں جہاز ٹھہرے ہوتے ہیں۔
ہارپون۔ (Harpoon) (ہار۔پُون) [انگ۔ا۔مذ] برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کو شکار کرتے ہیں۔
ہارڈویر۔ (Hardware) (ہارڈ۔وِ۔یَر) [انگ۔ا۔مذ] ظروفِ آہنی۔ لوہے کے برتن۔
ہارس پاور۔ (Horse Power) (ہارس۔پا۔وَر) [انگ۔ا۔مث] ایسی طاقت۔ اتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اُٹھایا جا سکے۔
ہارسنگار۔ (ہار۔سِنگار) [ہ۔ا۔مذ] ایک درخت جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں۔
ہارمونیم۔ (Harmonium) (ہار۔مو۔نِ۔یَمْ) [انگ۔ا۔مذ] ایک قسم کا انگریزی باجا۔
ہارن (انگ) (ا۔مذ) نرسنگا۔ قرنا۔ ایک قسم کا باجا۔ (انگ) (Horn)
ہارنا۔ (ہار۔نا) [ا۔مص] (۱) بازی میں دے دینا۔ جوئے میں شرط دینا۔ (۲) شکست پانا۔ شکست کھانا۔ (۳) تھکنا۔ ماندہ ہونا۔ (۵) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔ (۶) تنگ ہونا۔ دِق ہونا۔
ہارُو۔ (ہا۔رُو) (ا۔صف) وہ شخص جو اکثر ہار جائے۔
ہارُوت (ہا۔رُوت) [ع۔ا۔مذ] مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ان دو فرشتوں میں سے ایک جو دنیا میں آ کر زہرہ نامی ایک عورت پر عاشق ہوئے اور لوگوں کو جادو سکھاتے تھے۔ اب چاہِ بابل میں لٹکے ہوئے عذابِ الٰہی میں گرفتار ہیں۔
ہارُون (ہا۔رُون) [ع۔ا۔مذ] (۱) شریر و سرکش گھوڑا۔ (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام۔ (۳) سردار۔ سالارِ قوم۔ (۴) عباسی خلیفہ کا نام۔
ہارُونی۔ (ہا۔رُو۔نی) [اُر۔صف] نافرمان۔ سرکش۔ ڈھیٹ (ا۔مث) پاسبانی۔ چوکیداری۔
ہاڑ۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) ہڈی۔ استخوان (۲) ڈھانچ۔ ڈھچر۔ پنجر۔
ہاڑجوڑا۔ (ہ۔صفت) (۱) ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے والا (۲) ایک پودا۔
ہاڑنا۔ (ہاڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ایک باٹ سے دوسرا باٹ تول کر بنانا۔ (۲) وزن سے وزن برابر کرنا۔ وزن کا مقابلہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ اندازہ کرنا۔
ہاسا۔ [ق۔ا۔مذ] ہنسی۔
ہاشم۔ (ہا۔شِمْ) [ع۔ا۔مذ] جنابِ پیغمبرِ اسلامؐ کے پردادا کا نام۔

ہاشمی۔ (ہا۔شِ۔مِی) [ع۔صف] ہاشم کی طرف نسبت رکھنے والا۔ ہاشم کی اولاد۔

ہاضم۔ (ہا۔ضِم) [ع۔صف] (۱) ہضم کرنے والا۔ پچانے والا۔ (۲) تحلیل کرنے والا۔ تلیین۔

ہاضِمہ۔ (ہا۔ضِ۔مَہ) [ع۔ا۔مث] ہضم کرنے کی قوت۔

ہاف۔ (Half) [انگ۔صف] نصف۔ آدھا۔

ہاک۔ [ق۔ا۔مث] ہانک۔ آواز۔

ہاکر۔ (Hawker) (ہا۔کر) [انگ۔ا۔مذ] پھیری والا۔ خوانچے والا۔ گھوم پھر کر اخبار بیچنے والا۔

ہاکی۔ (Hockey) [انگ۔ا۔مث] ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں۔

ہال۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) حرکت۔ جنبش (۲) جھٹکا۔ چال۔ رفتار۔ گردش (۳) [مذ] لوہے کا وہ چکر جو پہیئے کے گرداگرد چڑھایا جاتا ہے۔ (۴) عربی حال کا بگڑا ہوا۔ ابھی۔ تُرت۔

ہال۔ ( ) [انگ۔ا۔مذ] (۱) بڑا کمرہ۔ ہال کمرہ (۲) بڑا کمرہ جس میں جلسے وغیرہ ہوتے ہیں۔

ہالا۔ (ہا۔لا) [ہ۔ا۔مذ] وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جاتا ہے۔

ہالا۔ (ہا۔لا) [س۔ا۔مث] شراب۔

ہالاڈولا۔ (ہا۔لا۔ڈو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] بھونچال۔ زلزلہ۔

ہالٹ۔ (Halt) [انگ۔ا۔مذ] (۱) پڑاؤ۔ منزل۔ مقام۔ ٹھہراؤ (۲) رُکنے کا حکم۔

ہالنا۔ (ہال۔نا) [ہ۔مص] ہلنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔

ہالہ۔ (ہا۔لَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) دائرہ۔ کنڈل (۲) چاند کا کنڈل جو بخاراتِ ارضی سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے۔

ہالی۔ (ہا۔لی) [ہ۔ا۔مذ] ہل چلانے والا۔ ہل جوتنا۔

ہالی موالی۔ (ہا۔لی۔مَ۔وا۔لی) [اُر۔ا۔مذ] متعلقین۔ آس پاس والے۔ اِردگِرد کے لوگ (صحیح اہالی موالی)

ہامُوں۔ (ہا۔مُوں) [ف۔ا۔مذ] میدان۔ بیابان۔ جنگل۔ صحرا۔

ہامی۔ (ہا۔مِی) [ہ۔ا۔مث] ہاں۔ اقرار۔ اثبات۔

ہامی بھرنا۔ (ا۔محاورہ) ہاں کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زُبان دینا۔

ہان۔ ہانی (ہان۔ ہا۔نی) [ہ۔ا۔مث] (۱) نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیان (۲) مصیبت۔ بپتا۔ (۳) کشت و خون۔ خونریزی۔

ہاں۔ [ہ] کلمۂ ایجاب] (۱) اچھا۔ ہُوں۔ بھلا (۲) ضرور۔ ٹھیک۔ بیشک۔ البتہ۔ (۳) [مث] اقرار۔ حکم کا اشارہ۔ تاکید۔ تنبیہہ۔ (۴) [تابع فعل] واقعی وہاں یا یہاں کا مخفف۔

ہاں اور۔ (تابع فعل) ابھی زیادہ ہونا چاہیے کی جگہ۔

ہاں جی۔ (تابع فعل) تعظیم کے موقع پر) بے شک۔ بجا ہے۔

ہاں جی کا نوکر ہونا۔ (ا۔محاورہ) ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا۔

ہاں جی ہاں جی کرنا۔ (ا۔محاورہ) ہاں میں ہاں ملانا۔

ہاں جی ہاں جی سب سے کیجیے کریئے اپنے من کی۔ (ا۔مثل) ہر ایک سے مشورہ کرنا چاہیئے مگر کام وہی کرنا چاہیے جو دل کو پسند آئے۔

ہاں کرنا۔ (ا۔محاورہ) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ منظور کرنا۔

ہاں میں ہاں ملانا۔ (ا۔محاورہ) ہاں جی ہاں جی کرنا۔ کورانہ تقلید کرنا۔ بے سمجھے بوجھے مان لینا۔

ہاں نا کا جواب۔ (ا۔مذ) صاف جواب۔ اقرار یا انکار۔

ہاں ہاں۔ (ا۔تابع فعل) (۱) وعدہ۔ اقرار (۲) منظوری۔ قبولیت۔ (۳) ہرگز (۴) بیشک۔ البتہ (۵) ہرگز نہ۔ نہ نہ۔

ہاں ہُوں۔ (ا۔مث) کلمۂ ایجاب و قبول۔ اقبال۔ اقرار۔

ہاں ہُوں کرنا۔ (ا۔محاورہ) اقبال کرنا یا انکار کرنا۔

ہانپنا۔ (ہانپ۔نا) [ا۔مص] جلد جلد سانس لینا۔ دم ٹوٹنا۔ سانس اکھڑنا۔

ہانڈا۔ (ہاں۔ڈا) [ہ۔صف] پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔

ہانڈنا۔ (ہانڈ۔نا) [ا۔مص] آوارہ پھرنا۔ بے کار پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔

ہانڈی۔ (ہان۔ڈِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) کھانا پکانے کا مٹی کا برتن (۲) شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی کرتے ہیں۔ لیمپ کا گلوب۔ (۳) [صف] پھرنے والی۔ آوارہ گرد۔

ہانڈی اُبلنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا۔ (۲) [کنایۃً] بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔

ہانڈی پکنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) دال سالن پکنا۔ کھانا پکنا۔ (۲) [کنایۃً] چپکے چپکے صلاح مشورہ ہونا۔ کھچڑی پکنا۔

ہانڈی پھوڑنا۔ (ا۔محاورہ) بھانڈا پھوڑنا۔ افشائے راز کرنا۔

ہانڈی چاٹی ہوگی۔ (ا۔مثل) کسی کے شادی کے موقع پر مینہ برسے تو مذاقاً کہتے ہیں۔

ہانڈی چڑھانا۔ (ا۔محاورہ) پکانے کے لیے ہانڈی کا چولہے پر رکھنا۔

ہانڈی کا سا اُبال۔ (ا۔مثل) وہ شوق جو جلدی پیدا ہوا اور جلدی ختم ہو جائے۔

ہانڈی گرم کرانا۔ (ا۔محاورہ) رشوت دلانا۔ فائدہ دلانا۔

ہانڈی گرم کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) مفت کا مال لینا۔ بے ایمانی سے کوئی چیز حاصل کرنا۔ رشوت لینا۔

ہانڈی میں ہو گا سو ڈوئی میں نکلے گا۔ (ا۔مثل) جو دل میں ہوتا ہے وہی زُبان پر آتا ہے۔

ہانڈی نہ ڈوئی سب پیٹ کھوئی۔ (ا۔مثل) غریبی سے عزّت بھی جاتی رہتی ہے۔

ہانڈی وال۔ (ا۔صف) (۱) کھانے کا شریک۔ ساجھی۔ حصّہ دار (۲) رقیب۔ ایک عورت سے تعلق رکھنے والے کئی مرد۔

ہانس۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) سینے سے اُوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی۔ ہنسلی۔ (۲) ایک آبی پرندہ۔ ہنس۔

ہانسی۔ (ہاں۔سی) [ہ۔ا۔مث] ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔

ہانسی کے گل پھانسی۔ (ا۔مثل) ہنسی دل لگی کی باتیں رہنے کرتے



Marfat.com

فساد ہو جاتا ہے۔
**ہانک**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) آواز۔ پکار۔ (۲) چلاہٹ۔ غل۔ شور۔
**ہانک پکار**۔ (ا۔مث) آدمیوں کا شور و غل۔ غل غپاڑہ۔
**ہانک پکار کے کہنا**۔ (ا۔محاورہ) بہ آواز بلند کہنا۔ علی الاعلان کہنا۔
**ہانک مارنا**۔ پکارنا۔ آواز دینا۔ زور سے چیخ کر پکارنا۔
**ہانکا**۔ (ہاں۔کا) [ہ۔ا۔مذ] ہانکنے کا فعل۔ شکار کے لیے جھاڑیوں میں سے جانوروں کو ہانک کر باہر نکالنے کا عمل۔
**ہانکا ہانک ہانکا ہانکی**۔ (ا۔تابع فعل) متواتر ہانکنے یا بھگانے کا عمل۔
**ہانکنا**۔ (ہانک۔نا) [ہ۔مص] (۱) چلانا۔ دوڑانا۔ تیز رفتار کرنا۔ (۲) بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا۔ (۳) بڑھانا۔ ریلنا۔ پیلنا۔
**ہانکے پکارے**۔ (ہاں۔کے۔پ۔کا۔رے) [ا۔تابع فعل] علانیہ۔ سب کے رُوبرو۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کھلم کھلا۔
**ہانگا**۔ (ہاں۔گا) [ہ۔ا۔مذ] زور۔ قوت۔ طاقت۔
**ہانگا چھوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) طاقت نہ رہنا۔ جسمانی قوت میں فرق آنا۔
**ہانگی**۔ (ہاں۔گی) [ہ۔ا۔مث] کپڑے کی چھلنی۔ میدہ چھاننے کی باریک چھلنی۔
**ہاون**۔ (ہا۔وَن) [ف۔ا۔مذ] اوکھلی۔ کھرل۔
**ہاون دستہ**۔ (ف۔ا۔مذ) اوکھلی اور موسل۔ دوائیں کوٹنے کا ایک ظرف اور مُوسلی۔
**ہاؤ ہُو**۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) شور و غوغا (۲) آہ آہ۔ ہائے ہائے۔ درد اور کراہنے کی آواز۔
**ہاویہ**۔ (ہا۔وِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ (۲) اندھیرا غار۔ (۳) [مث] وہ عورت جس کے بچے مر گئے ہوں۔
**ہاؤ**۔ (ہا۔اُؤ) [اُر۔ا۔مذ] (۱) ہُو کرنے والا۔ (۲) بچوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ (۳) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔
**ہاؤ ہاؤ**۔ (ہا۔ؤ۔ہا۔ؤ) [ہ۔ا۔مث] (۱) جلدی۔ گھبراہٹ۔ ہائے۔ پکار۔ واویلا (۲) مانگ۔ طلب۔ تقاضا۔ (۳) کمی۔ توڑا۔
**ہاؤ ہاؤ کرنا**۔ (ا۔محاورہ) جلدی کرنا۔
**ہاہا**۔ (ہ۔ا۔مث) (۱) ہی ہی۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز (۲) افسوس حیف۔ چاپلوسی۔ خوشامد درآمد (۳) عجز۔ انکسار (۵) التجا۔ درخواست۔ استدعا۔
**ہاہا ٹھی ٹھی**۔ (ا۔مث) ہنسی۔ ٹھٹھا۔
**ہاہاکار**۔ (ا۔مثل) ڈر۔ خوف۔ اضطراب۔ (۲) شور و غل۔ واویلا۔
**ہاہا کرنا**۔ (ا۔محاورہ) منت سماجت کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا۔
**ہاہا ہُو ہُو**۔ بیہودہ ہنسی اور مذاق۔ ہنسی ٹھٹھا۔
**ہاہا ہی ہی**۔ (ا۔مثل) بیہودہ ہنسی۔ قہقہہ۔ ٹھٹھا۔
**ہاہا ہی ہی کرنا**۔ (ا۔محاورہ) ہنسی ٹھٹھا کرنا۔ قہقہہ لگانا۔
**ہاہو کرنا**۔ شور کرنا۔
**ہائل**۔ (ہا۔اِل) [ع۔صفت] (۱) ہولناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ بھیانک (۲) سخت۔ شدید۔
**ہائلہ**۔ (ہا۔اِ۔لہ) [ع۔صفت] ہائل کی تانیث۔
**ہاؤس**۔ (ہا۔اس) (House) [انگ۔ا۔مذ] گھر۔ خانہ۔
**ہاؤس بوٹ** (House Boat) ایک کشتی جس میں رہتے بھی ہیں۔
**ہاؤس سرجن**۔ (House Surgeon) انگ۔ا۔مذ] وہ ڈاکٹر جراح جو شفاخانے میں رہے۔ طبیب مقیم شفاخانہ۔
**ہائی**۔ (ہا۔اِی) [ہ۔ا۔مث] (۱) حالت۔ طور۔ وضع۔ ڈھنگ۔ کیفیت۔ (۲) بدنامی۔ رُسوائی۔
**ہائی**۔ (ہا۔اِی) (High) [انگ۔صفت] بلند۔ اُونچا۔ بالا۔ (۲) بڑا۔ اعلیٰ۔ اونچے درجے کا۔
**ہائی اسکول**۔ (High School) (انگ۔ا۔مذ) مدرسہ فوقانی۔ بڑا مدرسہ۔ وہ اسکول جس میں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہو۔
**ہائی جمپ** (High Jump) (انگ۔ا۔مذ) اُونچی چھلانگ۔
**ہائی کمان** (High Command) (انگ۔ا۔مث) اعلیٰ قیادت سالارِ اعلیٰ اور اس کا منصب۔
**ہائی کمشنر**۔ (انگ۔ا۔مذ) سفیر۔ نمائندہ حکومت۔
**ہائی کورٹ**۔ (انگ۔ا۔مذ) (High Court) عدالت عالیہ۔
**ہائے**۔ (ہا۔اے) (اُر۔ا۔مث) (۱) افسوس۔ دریغ (۲) آہ۔ فریاد۔ (۳) بیماری یا دُکھ کی حالت کی آواز۔ ماتم۔
**ہائے اللہ**۔ (ا۔ کلمہ فجائیہ) اے خدا۔ یا اللہ۔
**ہائے رے**۔ (ا) کلمۂ تاسف و درد۔
**ہائے غضب**۔ (ا۔ کلمہ فجائیہ) کیا ستم ہوا۔ بڑا غضب ہوا۔
**ہائے وہ بھی کیا زمانہ تھا**۔ (ا۔مقولہ) گذشتہ زمانے کو افسوس کے ساتھ یاد کرنے کا زمانہ۔
**ہائے ہائے**۔ (ا۔تابع فعل) (کلمۂ تاسف) آہ آہ۔ واویلا۔ آہ وزاری۔ (۲) پکار۔ مانگ۔ طلب۔
**ہائے ہائے کرنا**۔ (ا۔محاورہ)۔ (۱) کراہنا۔ آہیں بھرنا (۲) واویلا کرنا۔ غل مچانا۔ (۳) بڑی محنت کرنا (۴) کسی کام میں جان مارنا۔ کسی چیز کے نہ ہونے کی پکار مچانا۔
**ہائے ہو**۔ (ف۔ا۔مث) واویلا۔ غل شور۔ آہ و نالہ۔ چیخ دھاڑ۔
**ہائیڈرو**۔ (Hydro) (ہا۔اِڈ۔رو) (انگ۔سابقہ) پانی کا۔ پانی سے متعلق۔
**ہائیڈرو الیکٹرک**۔ (Hydro-Electric) (انگ۔ا۔مذ) پانی سے بجلی پیدا کرنے والا۔
**ہائیڈرو فوبیا**۔ (Hydrophobia) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پانی کا خوف جو کتے کے کاٹنے کی علامت ہے۔ (۲) جنونِ سگ۔ گزیدگی کی ہڑک
**ہائیڈرو گرافی**۔ (Hydrography) (انگ۔ا۔مث) علم بحار و انہار۔



Marfat.com

**ہائیڈرومیٹر۔** (Hydrometer) (انگ ۔ ا ۔ مذ) آب پیما۔ مقیاس الماء۔
**ہائیڈرومینیا** (Hydromania) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا جنون جس میں مرجانے کو جی چاہتا ہے۔
**ہائیڈروجن۔** (Hydrogen) (ہا۔اڈ۔ رو۔جن) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کی گیس جو ہوا لطیف اور پانی کا جزو ہے۔ جمیفین۔
**ہائیں۔** (ہا۔ ایں) [ا] کلمۂ تنبیہ و تہدید۔

## ہ - ب

**ہَبا ڈَبا۔** (ہَب ۔ با ۔ ڈَب ۔ با) [ہ ۔ ا ۔ مذ] بچوں کی کھانسی۔ مسان کی بیماری۔
**ہَبڑا۔** (ہَب ۔ ڑا) [ہ ۔ صف] (۱) بڑے بڑے دانتوں والا (۲) بدشکل بدصورت۔ بیڈول۔ بھدّا۔
**ہَبَڑ دَھبڑ۔** (ہَ ۔ بَڑ ۔ دَھ ۔ بَڑ) [ا ۔ تابع فعل] جلدی جلدی۔
**ہَبڑی۔** (ہَب ۔ ڑی) [ہ ۔ صف] ۔ ہَبڑا کی تانیث۔
**ہَبُط۔** (ع ۔ ا ۔ مذ) زوال۔ پستی۔ بدبختی۔
**ہبک دھبک۔** (ہَ ۔ بَک ۔ دَھ ۔ بَک) [ار ۔ ا ۔ مث] کام کرنے کی چالاکی۔ بیشتر خدمتگاروں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
**ہُبُل۔** (ہُ ۔ بُل) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک مشہور بُت جو ایام جاہلیت میں مکے میں رکھا ہوا تھا۔
**ہَبَنق۔** (ہَ ۔ بَنْ ۔ نَق) [ع ۔ صف] چھوٹے قد کا احمق۔ سڑی۔ باؤلا۔ جانگلو۔
**ہُبُوب۔** (ہُ ۔ بُوب) [ع ۔ ا ۔ مذ] ہوا کا چلنا۔
**ہُبوط۔** (ہُ ۔ بوط) [ع ۔ ا ۔ مذ] نیچے اُترنا۔ نازل ہونا (۲) پستی۔ نشیب۔
**ہِبَہ۔** (ہِ ۔ بَہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] (۱) عطا۔ بخشش۔ (۲) وقف۔ خیرات۔
**ہبہ استقبالی۔** (ع ۔ ا ۔ مث) آئندہ کا ہبہ۔
**ہبہ تملیک۔** (ع ۔ ا ۔ مث) ۔ مالک کرنے یا قبضہ میں دینے کا ہبہ۔
**ہبہ کرنا۔** (ا ۔ مص ۔ مرکب) (۱) بخشنا۔ عنایت کرنا۔ (۲) وقف کرنا۔
**ہبہ نامہ۔** (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کو بخشنے کا اقرار لکھا جائے۔

## ہ - پ

**ہَپ۔** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] نگلنے کی آواز۔ ہڑپ۔
**ہَپ کرجانا۔** (ا ۔ محاورہ) (۱) کھا جانا۔ نگل جانا (۲) غصب کرلینا۔ مارلینا۔ کسی کا مال ہضم کرجانا۔
**ہَپ ہَپ۔** (ا ۔ مث) (۱) جلد جلد نگلنے کی آواز۔ (۲) پوپلوں کے بولنے کی آواز۔

**ہَپّا۔** (ہَپ ۔ پا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) بچوں کا کھانا (۲) پوپلوں کے کھانے کی چیز۔ (۳) بچوں کی زبان میں کھانے پکانے والی عورت۔
**ہَپڑ ہَپڑ۔** (ہَ ۔ پَڑ ۔ ہَ ۔ پَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مث] غذا یا کسی دوسری چیز کا جلد جلد کھانا۔
**ہپناٹزم** (Hypnotism) (ہِپ ۔ ناٹ ۔ ازم) [انگ ۔ ا ۔ مذ] عمل تنویم۔ عمل توجّہ۔ مسمریزم۔
**ہپّو۔** (ہَپ ۔ پو) [ا ۔ صف] (۱) پوپلی عورت۔ (۲) ہڑپ کرجانے والی عورت۔
**ہپّو ڈائن۔** (ا ۔ مث) بوڑھی پوپلی عورت۔
**ہَپّو۔** (ہَپ ۔ پُو) [ہ ۔ ا ۔ مث] افیون کی گولی جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں۔
**ہپوپوٹیمس** (Hippopotamus) (ہِپ ۔ پو ۔ پو ۔ ٹے ۔ مَس) [انگ ۔ ا ۔ مذ] دریائی بھینسا
**ہَپھپانا۔** (ہَپ ۔ ہَ ۔ پا ۔ نا) [ا ۔ مص] ۔ ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا۔
**ہپّی۔** (Hippie) ایک ایسے گروہ کے لوگ جو ہر قید و بند سے آزاد اور نشہ استعمال کرتے ہیں۔
**ہپّی ازم۔** (انگ ۔ ا ۔ مذ) ہپّی لوگوں کا مسلک یا طریق زندگی۔

## ہ - ت

**ہَت۔** [ق ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہاتھ [مث] دوستی۔
**ہَت۔** [ہ] (کلمہ تنفر) چل دُور ہو۔ الگ ہو۔ پرے ہٹ۔
**ہَت تیری۔ ہت تیری کی۔ ہت تیرے کی ایسی تیسی۔** (ا ۔ تابع فعل) خدا تیرا خانہ خراب کرے۔ خدا تیرا کھوج کھوئے (پیار سے بھی کہتے ہیں)
**ہت۔** (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) سچی دوستی۔ پیار۔ محبت۔ اخلاق (۲) بھلائی۔
**ہت کار۔ ہت کاری۔** (ا ۔ صف ۔ مث) بھلائی کرنے والا۔
**ہِت جن۔** دوست۔ مخلص۔ محسن۔
**ہتّا۔ ہتھّا۔** (ہَت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) ہاتھ (۲) دستہ۔ موٹھ۔ قبضہ۔ گرفت۔ قابو۔ داؤ۔
**ہتّا پھیرنا۔** (ا ۔ محاورہ) لوٹنا۔ مُوسنا۔ صفائی کرلینا۔ سب سے لینا۔
**ہتّا جوڑی۔** (ا ۔ مذ) (۱) ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کے ناچتے ہیں۔
**ہتّا مارنا۔** (ا ۔ محاورہ) ۔ (۱) ہاتھ مارنا۔ مال مارنا۔ (۲) جبراً چھین لینا۔
**ہتّوں (ہتھّوں) سے اُکھڑجانا۔** (ا ۔ محاورہ) دیکھیے ہتّے سے اکھڑنا۔
**ہتّوں (ہتھّوں) سے جانا۔** (ا ۔ محاورہ) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا یا کٹ جانا۔
**ہتّے (ہتھّے) پر ٹوک دینا۔** ابتدا ہی میں کسی کو غلطی پر آگاہ کردینا۔ اعتراض کرنا۔ شروع ہی میں روک دینا۔



Marfat.com

**ہتّے (ہتھّے) پر چڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاتھ لگنا۔ داؤں پر چڑھنا۔ کسی کے قابو میں آجانا۔ (۲) مشق کرنا۔ مہارت ہونا۔
**ہتّے (ہتھّے) سے اُکھڑنا**۔ (ا۔ محاورہ) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا۔ (۲) جڑ سے جانا۔ (۳) بالکل الگ ہوجانا۔ ابتدا ہی سے قابو سے باہر ہوجانا۔
**ہتّے (ہتھّے) سے بڑھنا**۔ (ا۔ محاورہ) بغیر چھڑائی لیے ہوئے پتنگ کا ہاتھوں سے بڑھنا۔
**ہَتک**۔ [ع۔ ا۔ مث] پردہ دری۔ رسوائی۔ بے حُرمتی۔ بے عزّتی۔ (اُردو میں بیشتر بفتحِ اوّل و دوم مستعمل ہے)۔
**ہتک آمیز**۔ (ہ۔ ۔ صف) بے عزّتی سے بھرا ہوا۔ گستاخانہ۔
**ہتکِ عزّت**۔ (ع۔ ف۔ صف) کسی کی عزّت میں بٹہ لگانا۔ کسی کو رُسوا و بدنام کرنا۔
**ہِتُو**۔ (ہِ۔ تُو) [ہ۔ ا۔ مذ] محب۔ ہوا خواہ۔ بہی خواہ۔ خیر خواہ۔
**ہَتوانسا**۔ (ہَت۔ وان۔ سا) [ا۔ مص] (۱) ہاتھ میں لینا۔ (۲) قبضے پہ ہاتھ رکھ کر تلوار ہاتھ میں لینا۔
**ہَتوٹی۔ ہَتھوٹی**۔ (ہَ۔ تو۔ ٹی)، (ہَ۔ تھو۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] دستکاری۔ چالاکی۔ عیّاری۔
**ہتوڑا۔ ہتھوڑا**۔ (ہَ۔ تو۔ ڑا) (ہَ۔ تھو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذ] لوہاروں کا ایک اوزار۔ کُوٹنے کا آلہ۔ مارتول۔
**ہتوڑی۔ ہتھوڑی**۔ (ہَ۔ تو۔ ڑی)، (ہَ۔ تھو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مث]۔ چھوٹا ہتھوڑا۔
**ہَتھ**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] ہاتھ کا مخفف۔
**ہتھ اُدھار**۔ (ا۔ مذ) وہ قرض جو گِرو رکھے بغیر دیا جائے۔ دست گرداں قرض۔
**ہتھ اُدھار دینا**۔ (ا۔ محاورہ) دست گرداں قرض دینا۔ بغیر کچھ گِروی رکھے روپیہ دینا۔
**ہتھ پھُول**۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھُول جھڑتے ہیں اور جسے ہاتھ میں لے کر چھوڑتے ہیں۔
**ہتھ پھیر**۔ (ا۔ مذ) ہاتھ کی چالاکی۔
**ہتھ پھیری**۔ (ا۔ مث) دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پہ ہاتھ پھیرنا۔ (۲) غبن۔ صفایا۔ دست بُرد۔ (۳) شعبدہ بازی۔ ہاتھ چالاکی۔ چابک دستی۔
**ہتھ پھیری کرنا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ (۱) دست مالی کرنا۔ مساس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ (۲) مکر و فریب سے کسی کا مال لے لینا۔ فریب سے کسی کو اپنے دام میں لانا۔
**ہتھ جوڑی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) پہلوانوں کا کشتی کا معاہدہ کرنے کی غرض سے ہاتھ ملانا۔ (۲) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں کام آتی ہے۔
**ہتھ چلا**۔ (ا۔ مذ)۔ ہاتھ کا چالاک۔ عیّار۔

**ہتھ چھُٹ**۔ (ہ۔ مث) وہ جو ذرا سی چھیڑ چھاڑ پہ بے دھڑک مار بیٹھے۔ وہ جس کا ہاتھ مارنے میں بہت بے دھڑک چلتا ہو۔
**ہتھ رس (رسی)** (ہ۔ مث) جلق زنی۔ مشت زنی۔ مٹھولے بازی۔
**ہتھ کٹی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) وہ ضرب جو پھکیت حریف کے ہاتھ پہ مارتا ہے تاکہ ہاتھ بیکار ہوجائے۔
**ہتھ کڑا رکھنا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی سے زبردستی کام کرانا۔ بیگار لینا۔
**ہتھکڑی**۔ وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔
**ہتھ کل**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دستی۔ کھٹکا۔ کواڑ کی دستی یا مُوٹھ (۲) دروازے کی بلی۔
**ہتھ کنڈا۔ ہتھکھنڈا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی۔ (۲) چال۔ فریب۔ چالاکی۔ عیّاری۔ (۳) بدی کی عادت۔ (۴) داؤں۔ پیچ۔ گھات۔
**ہتھکنڈا بتا دینا**۔ (ا۔ محاورہ) لٹکا بتا دینا۔ طریق بتا دینا۔
**ہتھکنڈے رواں ہونا**۔ (ا۔ محاورہ) کسی کام کا مشاق ہونا۔
**ہتھ گاڑی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ہاتھ سے چلانے والی گاڑی۔
**ہتھ لیوا**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندؤں کی ایک رسم جس میں دولہا دلہن کے ہاتھ ملا دیتے ہیں۔
**ہَتھ**۔ [ہ۔ ا۔ مذ] ہاتھی کا مخفف۔
**ہتھ ناٹک**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ بازی۔
**ہتھ نال**۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے ہاتھی کی پیٹھ پہ لادتے ہیں۔
**ہَتھنی**۔ (ہَتھ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ہاتھی کی مادہ۔ (۲) کنایۃً بہت فربہ اندام عورت۔
**ہَتھنی**۔ (ہَتھ۔ تھنی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دستی۔ موٹھ۔ (۲) گھوڑا صاف کرنے کا برش۔
**ہَتھیا**۔ (ہَتھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] ہاتھ (۲) دستہ (۳) برسات کے چند روز جن میں خوب بارش ہوتی ہے۔ وہ بارش جو بہ شدت ہوتی ہے۔ (۴) ماہ اسوج کے شروع کی جھڑی۔
**ہتھیار**۔ (ہتھ۔ یار) [اسلحہ۔ سامانِ جنگ۔ (۲) اوزار۔ کام کرنے کا آلہ۔ راچھ۔
**ہتھیار باندھنا**۔ (ا۔ محاورہ)۔ ہتھیار کا جسم پہ آراستہ کرنا۔
**ہتھیار بند**۔ (ہ۔ ا۔ صف) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح۔
**ہتھیار چلانا**۔ (ا۔ محاورہ) ہتھیار کا وار کرنا۔ ہتھیار کی ضرب لگانا۔ جنگ کرنا۔
**ہتھیار ڈال دینا۔ ہتھیار رکھ دینا**۔ (ا۔ محاورہ) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا۔ ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔
**ہتھیار کھولنا**۔ (ا۔ محاورہ) (کنایۃً) لڑائی سے دست بردار ہونا۔ ہار مان لینا۔
**ہتھیار گھر۔ ہتھیار خانہ**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان۔



Marfat.com

اسلحہ خانہ۔

ہتھیار لگانا۔ (ا۔ محاورہ) ہتھیار باندھنا۔ مسلح ہونا۔

ہتھیا لینا۔ (ہتھ۔ یا۔ لے۔ نا) [ا۔ مص] قبضہ کر لینا۔ مار لینا۔ مال کو دبا رکھنا۔

ہتھیانا۔ ہتیانا۔ (ہتھ۔ یا۔ نا)۔ (ہت۔ یا۔ نا) (ا۔ محاورہ) ہاتھ میں لے لینا۔ قبضہ کرنا۔ غصب کرنا۔

ہتھیلی۔ ہتیلی۔ (ہ۔ تھے۔ لی)۔ (ہ۔ تے۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] ہاتھ کا اندرونی حصہ جو انگلیوں سے نیچے ہوتا ہے۔ کفِ دست۔

ہتھیلی بجانا۔ (ا۔ محاورہ) تالی بجانا۔

ہتھیلی پر جان لیے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) جان کی پرواہ نہ کرنا۔ نڈر ہونا۔

ہتھیلی پر سر رکھ لینا (رکھنا) (ا۔ محاورہ) مرنے کو آمادہ ہونا۔ سر سے کفن باندھ لینا۔ سربکف ہونا۔

ہتھیلی پر سرسوں جمانا۔ (ا۔ محاورہ) کوئی کام اس طرح آناً فاناً کرنا جس سے عقل حیران رہ جائے۔ مشکل کام کو نہایت پھرتی سے کر دینا۔

ہتھیلی پر سر لیے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) مرنے کو پھرنا۔ جان دینے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے پر آمادہ ہونا۔

ہتھیلی پر لیے پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) عورت کا شہوت سے مغلوب ہونا۔

ہتھیلی پر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہتھیلی پر رکھ کر پیش کیا جانا۔

ہتھیلی پیٹنا۔ (ا۔ محاورہ) تالی بجانا۔

ہتھیلی ٹیک۔ (ہ۔ صفت) لوبیا۔ گانڈو۔

ہتھیلی چبانا۔ (ا۔ محاورہ) انتہائی غصے کا اظہار کرنا۔

ہتھیلی دینا۔ (ا۔ محاورہ) سہارا دینا۔

ہتھیلی سلسلانا۔ ہتھیلی میں ہلکی ہلکی خارش ہونا۔ (روپیہ ملنے کا شگون)

ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) حیرت یا حسرت ظاہر کرنا۔

ہتھیلی کا پھپھولا (پھوڑا)۔ (ا۔ مذ) (۱) ہتھیلی کا چھالا۔ (۲) نازک چیز جو ذرا سے صدمے سے ٹوٹ جائے۔ (۳) کوئی امر جو باعثِ رنج و تکلیف ہو۔

ہتھیلی کھجانا۔ ہتھیلی کھجلانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہتھیلی میں کھجلی ہونا۔ (۲) روپے ہاتھ آنے کا شگون۔ (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا۔

ہتھیلی کی مچھلی (ا۔ مث) انگوٹھے کے نیچے کا ابھرا ہوا گوشت۔

ہتھیلی میں چور پڑنا۔ (ا۔ محاورہ) مہندی کے رنگ میں دھبا رہ جانا۔ ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا۔ مہندی یکساں نہ لگنا۔

ہتیا۔ (ہت۔ یا) [س۔ ا۔ مث] (۱) قتل۔ خون۔ (۲) پاپ۔ گناہ۔ جرم۔ (۳) دکھ۔ عذاب۔

ہتیا لے باندھنا۔ (ا۔ محاورہ) عذاب مول لینا۔ پاپ۔ تکلیف دہ چیز لینا۔

ہتیارا۔ (ہت۔ یا۔ را) [و۔ صفت] (۱) ہتیا کرنے والا۔ خونی۔ قاتل۔ جلاد۔ (۲) پاپی۔ سفاک ظالم۔

ہتیا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) مارنا۔ قتل۔ (۲) گناہ کرنا۔

## ہ - ٹ

ہٹ۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ضد۔ اصرار۔ اَڑ۔ (۲) ہاٹ کا مخفف۔

ہٹ اُٹھانا۔ (ا۔ محاورہ) ضد برداشت کرنا۔ ناز اُٹھانا۔

ہٹ پر آجانا۔ (ا۔ محاورہ) ضد پر آجانا۔ ناز اُٹھانا۔

ہٹ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ضد چھوڑ دینا۔ (۲) الگ ہو جانا۔

ہٹ دھرم۔ (ہ۔ صفت) حق ناشناس۔ نامنصف۔ بے ایمان۔ بدمعاملہ۔ سخن پرور۔ ضدی۔

ہٹ دھرمی۔ (ہ۔ ا۔ صفت) بے انصافی۔ بے ایمانی۔ بدمعاملگی۔

ہٹ رکھنا۔ اپنی ضد پوری کرنا۔

ہٹ کا پورا۔ (ا۔ صفت) ہٹ پر قائم رہنے والا۔ پکا ضدی۔

ہٹ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ اَڑنا۔

ہٹا۔ (ہَٹ۔ ٹا) [س۔ ا۔ مذ] جنس فروخت کرنے کا بازار۔ ہاٹ۔

ہٹا کٹا۔ (ہَٹ۔ ٹا) (کَٹ۔ ٹا) [صفت] موٹا تازہ۔ مشٹنڈا۔ جوان۔ تندرست۔ مضبوط انسان۔

ہٹانا۔ (ہَ۔ ٹا۔ نا) [ا۔ مص] (۱) سرکانا۔ پرے کرنا۔ کھسکانا۔ (۲) واپس کرنا۔ پھیرنا۔ لوٹانا۔ (۳) علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ (۴) پسپا کرنا۔ شکست دینا۔

ہٹ پٹانا۔ (ہٹ۔ پ۔ ٹا۔ نا) [ا۔ مص] کسی کام کے لیے مضطر ہونا۔

ہٹ تال۔ (ہَٹ۔ تال) [ہ۔ ا۔ مث] ہٹ (بازار) تالی (قفل) دوکان میں قفل لگانا۔ دوکانوں کو بند کر دینا۔ بازار بند کرنا۔ ہڑتال۔

ہٹڑی۔ (ہ۔ ا۔ مث) بچوں کا کھلونا۔ بچے دیوالی میں پھولوں کی شاخوں سے مکان کی شکل بنا کر اور اس میں دیا رکھ کر کھیلتے ہیں۔

ہٹکنا۔ (ہَ۔ ٹک۔ نا) [ا۔ مص] (۱) روکنا (۲) جھجکنا۔ (۳) ہچکچانا۔

ہٹنا۔ (ہَٹ۔ نا) [ا۔ مص] (۱) سرکنا۔ پرے ہونا۔ کھسکنا۔ (۲) شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ (۳) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پھرنا۔ (۴) گائے بھینس کا دودھ سے رہ جانا۔ (۵) ملتوی ہونا۔ (۶) ضد کرنا۔

ہٹوا۔ (ہَٹ۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) دکاندار (۲) ہاٹ بازار میں غلہ وغیرہ تولنے والا۔

ہٹوان۔ ہٹوانیا۔ (ہَٹ۔ وان۔ ہَٹ۔ وا۔ ن۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] دکاندار۔

ہٹی۔ (ہَٹ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دکان۔ ہاٹ۔ بازار۔ (۲) [صفت] ضدی۔ ہٹیلا۔

ہٹی کٹی (ہَٹ۔ ٹی۔ کَٹ۔ ٹی) [ہ۔ صفت] ہٹا کٹا کی تانیث۔ موٹی تازی عورت۔



Marfat.com

ہٹیلا - (ہَ - ٹِی - لا) [ہ - صف] ضدی - ہٹیلا - اَڑیل - بات کی پچ کرنے والا۔
ہَٹیلی - (ہَ - ٹِی - لی) [ہ - صف] ہٹیلا کی تانیث - ضدی عورت۔

## ہ - ج

ہجا - (ہِ - جا) [ع - ا - مذ] حرف کا اعراب سے ظاہر کرنا۔
ہجدہ - (ف - ا - عدد) اٹھارہ (۱۸)۔
ہجدہم - (ف - عدد) اٹھارواں۔
ہجدہ ہزار عالم - (ف - ا - مذ) مسلمانوں کا خیال ہے کہ اللہ نے ہزارہا عالم یا جہان پیدا کیے۔
ہجر - (ع - ا - مذکر) جُدائی - مفارقت - علیحدگی - (صحیح بالفتح ہے اردو میں بالکسر مستعمل ہے)۔
ہجران - (ہِج - ران) [ف - ا - مذ] ہجر - جُدائی - مفارقت۔
ہجران نصیب - (ع - ف - صف) وہ آدمی جس کی قسمت میں دوست یا عزیز سے جُدا رہنا لکھا ہو۔
ہجرت - (ہِج - رَت) [ع - ا - مث] (۱) وطن کو ہمیشہ کے لیے چھوڑنا۔ (۲) پیغمبر خدا صلعم کا مکہ سے مدینہ جانا۔
ہجری - (ہِج - ری) [ع - ا - مث] منسوب بہ ہجرت (۲) وہ سن جو حضرت پیغمبر اسلامؐ کے مکے سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے شروع ہوتا ہے۔
ہجڑا - (ہِج - ڑا) [ہ - ا - مذ] دیکھیے ہیجڑا۔
ہجو - (ع - ا - مث) (۱) مذمت - بُرائی - بدگوئی نظم میں کسی کی بُرائی کرنا۔
ہجو کرنا - (ا - محاورہ) مذمت کرنا - بدگوئی کرنا۔
ہجو کہنا - (ا - محاورہ) کسی کی ہجو میں شعر کہنا۔
ہجو گو - (ع - ف - صف) ہجو کہنے والا۔
ہجو ملیح - وہ ہجو جس میں بظاہر مدح ہو لیکن اصل میں ہجو نکلے۔
ہجوم - (ہُ - جُوم) [ع - ا - مذ] بھیڑ بھاڑ - انبوہ کثیر - مجمع - ازدحام۔
ہجوم کرنا - (ا - محاورہ) (۱) بھیڑ کرنا - ازدحام۔ (۲) ہنگامہ کرنا۔
ہجول - (ہ - جول) [ق] اب - ابھی۔
ہجے - ہجّے (ہ - جے) (ہِج - جے) [اُر - ا - مذ] عربی ہجا کا بگاڑ حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعے ملا کر لفظ بنانا۔
ہجے کرنا - ہجے لگانا - (ا - محاورہ) (۱) حرفوں کو جوڑنا۔ (۲) اعراب سے لفظ ادا کرنا۔ (۳) (کنایۃً) رُک رُک کر بولنا۔
ہجے نکالنا - (ا - محاورہ) (کنایۃً) مین میکھ نکالنا - عیب نکالنا (۳) حجت کرنا۔
ہجویر - (ف - ا - مذ) افغانستان میں غزنی کے قریب ایک گاؤں۔
ہجویری - (ف - ا - مذ) ہجویر کا رہنے والا - داتا گنج بخشؒ لاہوری کی نسبت۔

## ہ - چ

ہچ جانا - (ہِچ - جا - نا) [اُر - مص] دیکھیے ہچنا۔
ہچر مچر - (ہ - چر - م - چر) [ہ - ا - مث] (۱) پس و پیش - ٹال مٹول - بہانہ - (۲) جھجک - ہچکچاہٹ - (۳) پکڑ دھکڑ - جھگڑا - (۴) رکاوٹ - تامل۔
ہچر مچر کرنا - (ا - مص - مرکب) پس و پیش کرنا - ششش و پنج کرنا - تامل کرنا۔
ہچک - (ہ - چک) [ہ - ا - مث] (۱) دھکا - جھٹکا - (۲) تامل - رکاوٹ - (۳) جھجک - ہچکچاہٹ۔
ہچکا - (ہِچ - کا) [ہ - ا - مذ] (۱) ڈور کی چرخی - (۲) دھکا - ہچکولا - جھٹکا۔
ہچکانا - (ا - مص) چھین لینا - زبردستی لے لینا - (۲) جھٹکا دینا - دھکا دینا - (۳) روکنا۔
ہچکچاہٹ - ہچکچی (ہِچ - کِ - چا - ہٹ - ہِچ - کِ - چی) [ہ - ا - مث] جھجک - تامل - پس و پیش - ہچر مچر۔
ہچکنا - (ہ - چک - نا) [ہ - مص] تامل کرنا - رُکنا - (۲) بہانہ کرنا۔
ہچکولا - (ہِچ - کو - لا) [ہ - ا - مذ] دھکا - جھٹکا - جنبش۔
ہچکی - (ہِچ - کی) [ہ - ا - مث] (۱) وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے۔ (۲) وہ حالت جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے۔
ہچکی آنا - ہچکیاں آنا - (ا - محاورہ) (۱) آواز کے ساتھ سانس رُک رُک نکلنا - (۲) دم ٹوٹنا - جان کنی کا وقت ہونا۔
ہچکی (ہچکیاں) بندھ جانا - ہچکی (ہچکیاں) لگ جانا - (ا - محاورہ) (۱) زیادہ رونے سے سانس رُکنے لگنا - لگاتار ہچکیاں آنا - (۲) جان کنی کے وقت سانس رُک کر آنا۔
ہچکی لینا - ہچکیاں لینا - (ا - محاورہ) رونے کی وجہ سے سانس رُک رُک کر نکلنا۔
ہچکیاں لے لے کر رونا - (ا - محاورہ) نہایت شدت اور کثرت سے رونا - اس قدر رونا کہ سانس رُک رُک کر آنے لگے۔
ہچنا - (ہِچ - نا) [اُر - مص] نشانہ صحیح نہ بیٹھنا۔

## ہ - د

ہُدا - ہُدیٰ - (ہُ - دا) [ع - ا - مذ] ہدایت - سیدھا راستہ۔
ہَدایا - (ہَ - دا - یا) [ع - ا - مذ] (ہدیہ کی جمع) تحفے - نذریں - نذرانے - پیش کشیں۔
ہدایت - (ہِ - دا - یَت) [ع - ا - مث] (۱) رہنمائی - رہبری - (۲) فہمائش - حکم - جمع ہدایات۔
ہدایت پانا - سیدھے راستے پر آنا - رہبری حاصل کرنا۔



Marfat.com

ہدایت کار۔ (ع۔ف۔صف) دیکھیے ڈائرکٹر۔
ہدایت کرنا۔ (ا۔محاورہ) رہنمائی کرنا۔ سمجھنا۔ طریقہ بتانا۔ سکھانا۔
ہدایت نامہ۔ (ع۔ا۔مذ) دستور العمل۔ قانون۔ وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں۔
ہَدَر۔ (ہَ۔دَر) [ع۔ا۔مذ] کسی کے خون کو مباح قرار دینا۔
ہَدَف۔ (ہَ۔دَف) [ع۔ا۔مذ] نشانہ۔ زد۔ مار۔
ہدفِ آفت۔ (ع۔ا۔مذ) آفت کا نشانہ۔ آفت میں مُبتلا۔
ہدف بنانا۔ (ا۔محاورہ) نشانہ بنانا۔
ہدف بننا۔ (ا۔محاورہ) نشانہ بننا۔ زد پر آنا۔ زد پر ہونا۔
ہدف مارنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) نشانہ مارنا۔ نشانے پہ تیر مارنا۔ (۲) کوئی بڑا کام کرنا۔
ہدفِ ملامت۔ (ع۔صف) وہ شخص جس پہ ہر طرف سے لعنت ملامت ہو۔
ہَدم۔ (ع۔صف) تباہی۔ بربادی۔ انہدام۔
ہدِم۔ (ع۔صف) برباد کرنے والا۔ تباہ کرنے والا۔
ہُدہُد۔ (ہُد۔ہُد) [ع۔ا۔مذ] ایک مشہور خوبصورت پرند جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔ کھٹ بڑھئی۔
ہَدی۔ (ہَ۔دی) [ع۔ا۔مث] قربانی کا جانور جو حاجی مکہ معظمہ میں لے جاتے ہیں۔
ہدیہ۔ (ہَ۔دی۔یہ) [ع۔ا۔مذ] (۱) تحفہ۔ نذرانہ۔ نذر۔ پیش کش۔ (۲) کلام اللہ کی قیمت (فارسی اور اُردو میں "د" کے جزم کے ساتھ اور بلا تشدید "یا" بھی مستعمل ہے)۔ جمع: ہدایا۔
ہدیہ پیش کرنا (دینا)۔ تحفہ یا نذرانہ دینا۔
ہدیہ کرنا۔ (ا۔محاورہ) قرآن شریف فروخت کرنا۔ کوئی متبرک چیز بیچنا۔

## ه - ڈ

ہُڈ۔ (Hood) [انگ۔ا۔مذ] (۱) سر اور گردن کی پوشش۔ کلاہ۔ (۲) تلنگے وغیرہ کی کپڑے کی چھت یا سائبان۔ (۳) [یونیورسٹی] وہ پٹی جو گون وغیرہ کے ساتھ پہنی جاتی ہے اور جس کے رنگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہننے والے نے کونسی سند حاصل کی ہے۔
ہڈا۔ (ہَڈ۔ڈا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) بڑی ہڈی۔ (۲) وہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنوں میں جوڑ کے پاس بڑھ جاتی ہے اور گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے۔
ہڈرا۔ (ہَڈ۔را) [ہ۔ا۔مذ] بُری گت۔ بُرا درجہ۔ بُرا حال
ہڈرا کرانا۔ (ا۔مص۔مرکب) بُرا حال کرنا۔ بُرا درجہ کرانا۔
ہڈی۔ (ہَڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مث] (۱) استخوان۔ (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز۔ (۳) (کنایۃً) اصل۔ نسل۔
ہڈی بٹھانا۔ (ا۔محاورہ) جو ہڈی اپنی اصلی جگہ سے سرک گئی ہوئے اس کے مقام پر لے آنا۔
ہڈی پسلی ایک کر دینا۔ (ا۔محاورہ) بڑی سختی سے بھینچنا۔ (۲) بہت مارنا۔
ہڈی پسلی توڑنا۔ (ا۔محاورہ) خوب مارنا۔ سخت زدوکوب کرنا
ہڈی (ہڈیاں) چُور کرنا۔ (ا۔محاورہ) مار مار کر بھُرکس نکال دینا۔
ہڈی گھُلنا۔ (ا۔محاورہ) تپ کہنہ و امراض مہلک میں ہڈی کا کھوکھلا ہوجانا۔
ہڈی میں ہڈی۔ پیوند میں پیوند ملنا۔ (ا۔محاورہ) نسل میں نسل اور قوم میں قوم ملنا۔ میاں بیوی کا اچھی نسل سے ہونا۔
ہڈی ہڈی توڑنا۔ (ا۔محاورہ) خوب زدوکوب کرنا۔ بہت مارنا۔
ہڈیاں بولنا۔ (ا۔محاورہ) بھینچنے سے ہڈیوں کا آواز دینا۔ اٹھنے بیٹھنے میں ہڈیوں سے آواز نکلنا۔
ہڈیاں توڑنا۔ (ا۔محاورہ) خوب پیٹنا یا مار کر بھُرکس نکال دینا۔
ہڈیاں چچوڑنا۔ (ا۔محاورہ) (کنایۃً) (۱) ناقص چیز کو چوسنا۔ ناقص چیز کے پیچھے پڑنا۔ (۲) باندھے ہوئے مضمون کو باندھنا۔
ہڈیاں خاک میں سونپنا۔ (ا۔محاورہ) نعش دفن کرنا۔
ہڈیاں سُرمہ ہوجانا۔ (ا۔محاورہ) ہڈیوں کا چُور چُور ہوجانا۔
ہڈیاں کچلنا۔ (ا۔محاورہ) خوب مارنا۔ ضرب شدید پہنچانا۔
ہڈیاں گِن لینا۔ (ا۔محاورہ)۔ [کنایۃً] لاغری کے باعث ہڈیاں صاف دکھائی دینا۔
ہڈیاں نکل آنا۔ (ا۔محاورہ) کمال لاغر ہونا۔
ہڈیاں کی مالا ہوجانا۔ (ا۔محاورہ) سوکھ کر پنجر نکل آنا۔ سوکھ کر کانٹا ہوجانا۔
ہڈیلا۔ (ہَ۔ڈی۔لا) [ہ۔صف] ہڈی دار۔

## ه - ذ

ہٰذا۔ (ہا۔ذا) [ع۔اسم اشارہ] یہ۔ ایں
ہَذَر۔ (ع۔ا۔مذ) بکواس۔ بہت بولنا۔ بک بک کرنا۔ (۳) ہذیان۔
ہذیان۔ (ہَذ۔یان) [ع۔ا۔مذ] (۱) بڑ۔ بیہودہ گوئی۔ (۲) شدتِ بخار کی حالت میں بے معنی گفتگو۔ (صحیح بفتح اوّل و دوم ہے۔ فارسیوں نے بسکونِ دوم استعمال کیا ہے۔ اردو میں بیشتر بکسرِ اوّل مستعمل ہے)۔
ہذیان بکنا۔ (ا۔محاورہ) بے ہودہ باتیں کرنا۔

## ه - ر

ہَر۔ [ہ۔ا۔مذ] (۱) وشنو۔ کرشن۔ مہادیو۔ (۲) خدا۔ پرمیشور۔ بھگوان۔ (۳) ہل۔ قلبہ۔ (۴) ہُر۔ بلبلہ۔



Marfat.com

ہَر بھجن ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) وشنو کی عبادت ۔ مہادیو کا بھجن ۔
ہَر بھجنا ۔ (ا ۔ محاورہ) خدا کا نام لینا ۔ مالا جپنا ۔
ہَر بھگت ۔ (ہ ۔ ا ۔ صف) وشنو کی عبادت کرنے والا ۔
ہَر کو بھجے سو ہر کا ہوئے ۔ ذات پات نہ پوچھے کوئے ۔ (ا ۔ مثل) جو شخص خدا کی بندگی کرتا ہے وہی اس کا پیارا ہوتا ہے ۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں ۔
ہَر گنگا کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) نہاتے وقت خدا کا نام لینا ۔
ہَر ۔ (ف) (۱) ایک ۔ ایک ۔ فی کس (۲) تمام ۔ سب ۔ یہ لفظ مجموعۂ افراد یا اشیا میں سے فرداً فرداً ذکر کرنے کے واسطے بولا جاتا ہے ۔ جمع کے ساتھ استعمال درست نہیں ۔
ہَر آن ۔ (ا ۔ تابع فعل) (۱) ہر لمحہ ۔ ہر گھڑی ۔ (۲) ہر دفعہ ۔
ہَر آنچہ ۔ (ف ۔ تابع فعل) جو کچھ ۔
ہَر آنکہ ۔ (ف ۔ تابع فعل) جو شخص ۔
ہَر آئینہ ۔ (ف ۔ صف) بے شک ۔ ضرور ۔ البتہ ۔ بہرحال ۔ ہر حال میں ۔
ہَر ایک ۔ (ا ۔ تابع فعل) ہر شخص ۔ ایک ایک ۔ ہر بشر ۔
ہَر بابی ۔ (ف ۔ صف) دروازے پر جانے والا ۔ ہرجائی ۔
ہَر بار ۔ (ف ۔ تابع فعل) ہر دفعہ ۔ ہر بار ۔ گھڑی گھڑی ۔
ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی ست شاید کہ پلنگ خفتہ باشد ۔ (ف ۔ مثل) ہر جنگل کو خالی مت سمجھو شاید اس میں چیتا سو رہا ہو ۔ یعنی کسی مقام پر بھی آدمی کو اپنے دشمن سے غافل نہ رہنا چاہیے ۔
ہَر پہلو سے ۔ (ا ۔ تابع فعل) ہر طرح سے ۔ ہر بات کے متعلق ۔
ہَر جائی ۔ (ف ۔ صف) (۱) آوارہ گرد ۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا (۲) کسی ایک کا ہو کر نہ رہنے والا ۔ بے مروت ۔ بے وفا ۔
ہَرجائی پن ۔ ہرجائی پنا ۔ (ا ۔ مذ) بے مروتی ۔ بے وفائی ۔ ہر ایک سے تعلق رکھنا ایک کا پابند ہو کر نہ رہنا ۔
ہَر جیسے کو تیسا ۔ (ا ۔ مثل) جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اُسے مل جاتا ہے ۔
ہَر چند ۔ (ف ۔ تابع فعل) کتنا ہی کیسا ہی ۔ بہتیرا ۔ (اس کے آگے کہ زاید بھی لگا دیتے ہیں)
ہَر چہ ۔ (ف ۔ تابع فعل) ۔ ہر چیز ۔ جو کچھ ۔
ہَر چہ از (دوست) غیب می رسد نیکوست ۔ (ف ۔ مقولہ) عالم غیب (دوست) سے اچھا برا جو کچھ بھی ملے وہ اچھا ہے ۔
ہَر چہ بادا باد ۔ (ف ۔ مقولہ) کچھ ہی کیوں نہ ہو ۔ جو ہو سو ہو ۔ کچھ ہی ہو ۔
ہَر چہ بادا باد ما کشتی در آب (انداختیم) افکندہ ایم) ۔ (ف ۔ مثل) جو کچھ بھی ہو ہم نے تو کشتی پانی میں ڈال دی ۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص انجام کی پرواہ کیے بغیر کوئی اہم کام شروع کر دے ۔
ہَر چہ باشد ۔ (ف ۔ مقولہ) کوئی چیز کیوں نہ ہو ۔
ہَر چہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند ۔ (ف ۔ مثل) جو تُو اپنے لئے پسند نہیں کرتا وہ دوسروں کے لیے بھی پسند نہ کر ۔

ہَر چہ دانا کند ، کند ناداں ۔ لیک بعد از خرابی بسیار ۔ (ف ۔ مثل) ۔ نادان آخر وہی کرتا ہے جو عقلمند کرتا ہے لیکن بڑی ذلت اور تکلیف اُٹھانے کے بعد ۔
ہَر چہ در دیگ است بچمچہ مے آید ۔ (ف ۔ مثل) جو دیگ میں ہے وہی چمچے میں آتا ہے ۔ جو دل میں ہے وہی زبان پر آتا ہے ۔
ہَر چہ در کانِ نمک رفت نمک شد ۔ (ف ۔ مثل) جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک ہو گئی ۔ یہ مثل تاثیرِ صحبت کے اظہار میں بولی جاتی ہے ۔
ہَر چہ گیرید مختصر گیرید ۔ (ف ۔ مثل) جو کچھ لو تھوڑا لو ۔ تھوڑی چیز پر قناعت کرو ۔ زیادہ کی ہوس نہ کرو ۔
ہَر حال میں ۔ (ا ۔ متعلق فعل) ہر حالت میں ۔ ہر طرح ۔ بہرحال ۔ بہر کیف ۔
ہَر دفعہ ۔ (ف ۔ متعلق فعل) ہر بار ۔ ہر موقع پر ۔ ہمیشہ ۔
ہَر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا ۔ (ا ۔ مثل) گڑ کو جب دیکھو میٹھا ہی ہو گا ۔ اچھے کی ہمیشہ اچھائی نکلتی ہے ۔
ہَر دل عزیز ۔ (تابع فعل) ۔ سب کا پیارا ۔ عام پسند ۔ مقبول عام ۔
ہَر دَم ۔ (متعلق فعل) ہر وقت ۔ ہر گھڑی ۔ ہر لحظہ ۔ ہر لمحہ ۔
ہَر دو ۔ (ف ۔ تابع فعل) ۔ دونوں ۔ دونوں کے دونوں ۔
ہر دیگی چمچہ ۔ (ا ۔ صف) (۱) ہرجائی ۔ ہر شخص کے پاس آنے جانے والا ۔ (۲) طفیلی ۔ مفت خورا ۔ رکابی مذہب ۔
ہر روز ۔ (ف ۔ تابع فعل) روزمرہ ۔ بلاناغہ ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔
ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے ۔ (ا ۔ مثل) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا ۔ روز روز اچھا موقع نہیں ملتا ۔
ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا ۔ (ا ۔ مثل) (کنایۃً) روز کمانا ۔ روز کھانا ۔
ہر زماں ۔ (ف ۔ تابع فعل) ہر وقت ۔ ہر گھڑی ۔
ہر سخن موقع (وقتے) و ہر نکتہ مقامے (مکانے) دارد ۔ (ف ۔ مثل) ۔ ہر بات کا کوئی موقع محل ہوا کرتا ہے ۔
ہر سُو ۔ ہر طرف ۔ (ا ۔ تابع فعل) ہر جانب ۔ ہر سمت ۔ سب طرف ۔
ہر شب شب برات ہے ہر روز روز عید ۔ (ف ۔ مثل) زندگی مسرت سے گذر رہی ہے ۔
ہر صورت ۔ (ا ۔ تابع فعل) ۔ ہر طرح ۔ ہر حالت میں ۔
ہر عیب کہ سلطان بہ پسندد ہنر است ۔ (ف ۔ مثل) حاکم بُری بات بھی پسند کرے تو لوگ اس کی تقلید کرتے ہیں ۔
ہر فرعونے را موسیٰ ۔ (ف ۔ مثل) ایک پر ایک غالب ہے ۔ ہر ظالم کی سرکوبی کے لئے کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے ۔
ہر فن مولا ۔ (ا ۔ مذ) ہر فن جاننے والا ۔ ہر کام میں طاق ۔
ہر کارہ ۔ (ف ۔ صف) (۱) ہر کام کرنے والا نوکر (۲) چٹھی رساں ۔ قاصد ۔



Marfat.com

ڈاکیا۔ نامہ بر۔ (۳) چپڑاسی۔ پیادہ۔ اردلی (۴) جاسوس۔ مخبر۔

**ہر کارے و ہر مردے۔** (ف۔ مثل) کوئی آدمی کسی کام کے لیے موزوں ہے کوئی کسی کام کے لیے۔ ہر شخص ہر کام کا اہل نہیں۔

**ہر کجا۔** (ف۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ جہاں کہیں

**ہر کجا چشمہ بود شیریں، مردم و مور و ملخ گرد آیند۔** (ف۔ مثل) جہاں کہیں فائدے کی اُمید ہوتی ہے سب لوگ وہاں جمع ہو جاتے ہیں۔

**ہر کس۔** (ف۔ حرف تنکیر) ہر کوئی۔ ہر آدمی۔

**ہر کس بخیالِ خویش خبطے دارد۔** (ف۔ مثل) ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔

**ہر کس و ناکس۔** (ف۔ ا۔ مذ) ہر شخص ادنیٰ اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا

**ہر کسے** (دیکھیے) **را بہر کارے ساختند۔** (ف۔ مثل) ہر شخص کو خدا تعالیٰ نے ایک خاص کام کے لیے بنایا ہے۔ ہر شخص ہر کام نہیں کر سکتا۔

**ہر کسے کہ باشد۔** (ف۔ تابع فعل)۔ کوئی شخص کیوں نہ ہو۔

**ہر کسے مصلحت خویش نیکو مے داند۔** (ف۔ مثل) اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔

**ہر کمالے را زوالے۔** (ف۔ مثل) انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔

**ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت۔** (ف۔ مثل) جو آیا اس نے نئی عمارت بنائی۔ ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔

**ہر کہ از دیدہ دور از دِل دور۔** (ف۔ مثل) جو سامنے نہیں ہوتا، اسی کا خیال بھی نہیں ہوتا۔

**ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔** (ف۔ مثل) جو بزرگوں کی خدمت کرتا ہے وہ عزت پاتا ہے۔

**ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد۔** (ف۔ مثل) جیسی مجلس میں بیٹھے گا ویسا ہو جائے گا۔

**ہر کہ شک آرد کافر گردد۔** (ف۔ مثل) جو شک کرے وہ کافر۔ ایسا سچا قول جس میں شک کی گنجائش نہ ہو۔

**ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند** (ف۔ مثل) جس کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے اسی کا سکہ چلتا ہے۔ زبردست کا رعب سب پر ہوتا ہے۔

**ہر کہ و مہ۔** (ف۔ تابع فعل) ہر چھوٹا بڑا۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ۔ ہمہ شما۔ (کہ اور مہ۔ کہتر اور مہتر کا مخفف ہے)۔

**ہر گاہ۔** (۱) جب۔ جس گھڑی۔ (۲) جس حال میں۔ (۳) چونکہ۔

**ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔** (ف۔ مثل) ہر پھول کا رنگ اور خوشبو جدا ہوتی ہے۔ ہر ایک کا انداز جداگانہ ہوتا ہے۔

**ہر ملکے و ہر رسمے۔** (ف۔ مثل) ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے۔

**ہر نوالہ بسم اللہ۔** (ف۔ مثل) ایسے بے شرم شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کر کے کھانے کو موجود ہو جاتے۔

**ہر نوع۔** (ف۔ تابع فعل) ہر طرح۔ ہر وقت۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔

**ہر ہر۔** ہر ایک۔ ایک ایک۔

**ہر ہفت۔** (۱) آرائش (۲) عورتوں کی سات سنگار۔ (۳) آراستہ۔ سنگار کیے ہوئے۔

**ہر یک۔** (ا۔ تابع فعل) ہر ایک۔

**ہُر۔** [ہ۔ ا۔ مث)۔ وہ آواز جو پرندوں کے اُڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔

**ہُر ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) [کنایۃً] غائب ہو جانا۔ (۲) سب خرچ ہو جانا۔

**ہَرا۔** (ہَ۔ را) [ہ۔ صفت] (۱) سبز۔ دھانی۔ (۲) سرسبز۔ شاداب۔ تر و تازہ (۳) کچا۔ خام۔ آلا۔ (۴) [مذ]۔ سبزی۔ سبزہ۔ چری۔ چارہ۔

**ہرا باغ دکھانا۔** (ا۔ محاورہ) سبز باغ دکھانا۔ دھوکہ دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے فریب دینا۔

**ہرا بھرا۔** (ا۔ صفت) (۱) سرسبز۔ شاداب۔ تر و تازہ۔ زرخیز۔ بارآور۔ کامیاب۔ بامُراد۔ پھلا پھُولا۔

**ہرا کچوہ۔** (ا۔ صفت) بہت ہرا۔

**ہرا ہند۔** جن مصالحوں کو گوشت میں ڈال کر بھُونتے ہیں ان کے کچے رہ جانے کی بُو۔ (۲) وہ بُو جو کچے پھول یا پھل میں ہوتی ہے۔

**ہرا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) سرسبز ہو جانا (۲) زخم کا تازہ ہو جانا۔ (۳) خوش ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا۔ (۴) تھکن دُور ہو جانا۔ تازہ دم ہو جانا۔ (۵) وصول ہو جانا۔ (۶) تنومند ہو جانا۔ چہرہ پر رونق آجانا

**ہرے میں آنکھیں ہونا۔** (ا۔ محاورہ) امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت ہونا۔

**ہَرّا۔** (ہَر۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہلیلہ۔ ہرڑ (۲) ہڑ کی شکل کے گلولے جو گھوڑے کی زین میں لگاتے ہیں۔ (۳) گھوڑے کی حمائل اور زیور (۴) پچھے یا ڈولی کا گہرا حصہ۔

**ہر لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آئے۔** (ا۔ مثل) بے خرچ کیے خاطر خواہ کام نکل جائے۔

**ہُرّا۔** (ہُر۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) دوڑ۔ ریلا۔ ہلّا۔ (۲) ڈر کر بھاگ جانا۔ منتشر ہو جانا۔ (فوج وغیرہ کا)

**ہُرّا ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) فوج یا کسی جماعت کا منتشر ہو جانا۔ تتر بتر ہو جانا۔

**ہُرّا۔** (Hurrah) [ہُر۔ را] (انگ۔ ا۔ مذ) کلمۂ تحسین۔ مرحبا! شاباش! کیا خوب!

**ہِراس۔** (ہ۔ راس) [ف۔ ا۔ مذ و مث] (۱) خوف۔ ڈر۔ ہول۔ (۲) [اُر] نااُمیدی۔ مایوسی۔

**ہِراساں۔** (ہ۔ را۔ ساں) [ف۔ صفت] ڈرا ہوا۔ خوفزدہ (۲) نااُمید مایوس۔



Marfat.com

ہَرانا۔ (ہَ۔را۔نا) [ا۔ہ مص] (۱) بازی دینا۔ مات کرنا۔ (۲) شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔
ہَرانْد۔ (ہَ۔رانْد) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے "ہراہنہ"۔
ہرانی جتانی۔ (ہ۔را۔نی۔ج۔تا۔نی) [ہ۔صف] حیران کرنے والی یا عاجز کرنے والی۔ (بات)۔
ہَراوَل۔ (ہَ۔را۔وَل) [ت۔ا۔مذ] (۱) وہ تھوڑی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار۔
ہَر ہَر نہ جاننا۔ [ا۔مص] دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا۔ قوت تمیز سے بے بہرہ ہونا۔
ہَربونگ۔ (ہَر۔بونگ) [ہ۔ا۔مذ، مث) اندھیر۔ بدنظمی۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ کھلبلی۔ افراتفری۔
ہربونگ مچانا۔ (ا۔محاورہ) شور و غل کرنا۔ اُدھم مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
ہربونگ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) کثرت سے بھیڑ بھاڑ ہونا۔ (۲) شور و غل ہونا۔ بدنظمی ہونا۔
ہرپھاریوڑی۔ ہرفاریوڑی۔ (ہَر۔پھا۔ریو۔ڑی۔ہَر۔فا۔ریو۔ڑی)۔ [ہ۔ا۔مث] ایک قسم کا چھوٹا کھٹا پھل۔
ہر پھر کر۔ ہر پھر کے۔ [ا۔تابع فعل] (۱) پھر پھرا کے۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار۔ (۲) بار بار۔ ہر دفعہ۔
ہَرتال۔ (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی دھات جو زرد رنگ کی ہوتی ہے۔
ہرتی پھرتی چھاؤں۔ [ہ۔ا۔مث) آتی جاتی چھاؤں۔ ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز۔
ہرتے پھرتے۔ [ہ۔تابع فعل] (۱) آتے جاتے۔ چلتے پھرتے (۲) کبھی کبھی۔
ہَرَج۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) شورش۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ گڑبڑی۔ فتنہ۔ (۲) نقصان۔ خسارہ۔ خلل۔ (۳) وقفہ۔ ڈھیل۔ دیر (اُردو میں بفتح ر مستعمل ہے)۔
ہَرج کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) نقصان کرنا۔ (۲) دیر کرنا۔
ہَرج مَرج۔ (۱) شورش۔ بلوہ۔ (۲) نقصان۔ خلل۔
ہرج کیا ہے۔ (ا۔بول چال) کیا مضائقہ ہے۔ کیا برائی ہے؟ کیا نقصان ہے۔؟
ہَرجانا۔ [ا۔مص] (۱) بازی ہار جانا (۲) تھک جانا۔
ہرجانہ۔ (ہَر۔جا۔نَہ) [اُر۔ا۔مذ] ہرج کرنے کا معاوضہ۔ زرِ نقصان۔ تاوان۔
ہرجہ۔ (ہَر۔جَہ) [اُر۔ا۔مذ] (۱) نقصان۔ خسارہ۔ (۲) ہرجانہ۔ تاوان۔
ہِردا۔ (ہِر۔دا) [ہ۔ا۔مذ] دل۔ من۔ قلب۔ ضمیر۔
ہِردا کھل جانا۔ (کھلنا)۔ (ا۔محاورہ) روشن ضمیر ہونا۔ باطن کی آنکھ کھل جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔ ذہن روشن ہونا۔
ہردے دھرنا۔ (ا۔محاورہ) حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ یاد کرنا۔ دل میں جمانا۔
ہرداول۔ (ہَر۔دا۔وَل) [ہ۔ا۔مث] گھوڑے کے سینے کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔
ہَرزہ۔ (ہَر۔زہ) [ف۔صف] بیہودہ۔ لغو۔ نامعقول۔
ہرزہ سرا۔ (ف۔صف)۔ بیہودہ گو۔ یاوہ گو۔
ہرزہ سرائی۔ (ف۔ا۔مث) بیہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی۔
ہرزہ کار۔ وہ جو بیہودہ باتوں کا خوگر ہو۔
ہرزہ گرد۔ (ف۔صف) بے مقصد مارا مارا پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔
ہرزہ گردی۔ (ف۔ا۔مث) آوارہ گردی۔
ہرزہ گو۔ یاوہ گو۔ بیہودہ گو۔ بکواس کرنے والا۔
ہَرَس۔ (ہَ۔رَس) [ہ۔ا۔مث] ہل کی پھالی۔
ہَرسا۔ (ہَر۔سا) [ہ۔ا۔مذ] صندل گھسنے کا پتھر۔
ہَرکھ۔ (ہَ۔رَکھ) [ہ۔ا۔مذ] سکھ۔ خوشی۔ خرمی۔
ہرگز۔ (ہَر۔گز) [ف] زنہار۔ کبھی نہیں۔
ہرگز ہرگز۔ کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔ کسی طرح نہیں۔
ہرمجسٹی۔ (Her Majesty) (ہَر۔مَ۔جِس۔ٹی) [انگ]۔ ملکہ معظمہ۔ بادشاہ بیگم کا خطاب۔
ہُرمز۔ (ہُر۔مُز) [ف۔ا۔مذ] ہر شمسی مہینے کا پہلا دن جس میں سفر کرنا، نیا کپڑا پہننا اور قرض دینا بُرا خیال کیا جاتا ہے (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام۔
ہرمزی۔ (ہِر۔م۔زی) [ف۔ا۔مث] ایک قسم کی سُرخ مٹی۔
ہرمچی۔ (مذکر) ایک قسم کا رنگ۔
ہر مسالے پیلاں مُول۔ (ا۔مثل) ہر کام میں شامل ہو جانے والا۔ ہر بات میں دخل دینے والا۔ ہر فن مولا۔
ہَرمُشٹا۔ (ہَر۔مُش۔ٹا) [ہ۔صف] ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ مضبوط۔ قوی۔
ہَرَن۔ (ہَ۔رَن۔ہِ۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) مرگ۔ آہو۔
ہرن کا چوکڑی بھرنا۔ (ا۔محاورہ) ہرن کا چاروں ٹانگیں اُٹھا کر قلانچیں مارنا، ہرن کا زقند لگانا۔
ہرن کا چوکڑی بھول جانا۔ (ا۔محاورہ) گھبرانے یا خوف کے سبب ہرن کا پھرتی کو بھول جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔
ہرن کا کالا ہونا۔ (ا۔محاورہ) نہایت شدت کا دھوپ پڑنا۔ مشہور ہے کہ دھوپ کی شدت سے ہرن کا رنگ کالا پڑ جاتا ہے۔
ہرن کھُری۔ (ا۔مث) ایک قسم کی بیل جو برسات میں پیدا ہوتی ہے اس کے پتے ہرن کے کھُر سے مشابہ ہوتے ہیں۔ (عمدہ قسم کا رانگا)۔
ہرن کی شاخ۔ (ا۔مث) ہرن کا سینگ۔
ہرن ہو جانا۔ (ا۔محاورہ)۔ ہرن کی طرح بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔
ہَرنا۔ (ہَر۔نا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کاٹھی کا اگلا اُبھرا ہوا حصہ (۲) جوئے میں کسی چیز کا ہارنا۔ (۳) بازی ہار جانا۔
ہَرنا۔ ہِرنا۔ (ہَر۔نا۔ہِر۔نا) [ہ۔ا۔مذ] نر ہرن۔ آہوئے نر۔



Marfat.com

**ہرنوٹا** ۔ (ہر ۔ نو ۔ ٹا) [ہ ۔ا ۔ مذ] ہرن کا بچہ ۔
**ہرنج** ۔ [ہ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کا باریک چاول ۔
**ہرنی** ۔ (ہر ۔ نی) [ہ ۔ا ۔ مث] ہرن کی مادہ ۔
**ہرواہا** ۔ (ہَر ۔ وا ۔ ہا) [ہ ۔ا ۔ مذ] (۱) ہل والا ۔ وہ شخص جو زمین کو زراعت کے لیے تیار کرے ۔
**ہرونی** ۔ (ہَ ۔ رو ۔ نی) [ہ ۔ا ۔ مث] ایک قسم کے بانس کی لکڑی جو نہایت عمدہ اور ٹھوس ہوتی ہے ۔
**ہرول** ۔ (ہَر ۔ وَل) [ہ ۔ا ۔ مث] زرِ تقاوی جو ہل جوتنے والوں کو بلا سود دیا جاتا ہے ۔
**ہرہرانا** ۔ (ہر ۔ ہَ ۔ را ۔ نا) [ا ۔ مص] (۱) ڈرنا ۔ کانپنا ۔ (۲) غرّانا (۳) دریا کا شور کرنا ۔
**ہرہے** ۔ (ہر ۔ ہے) [ہ ۔ا ۔ مذ] (۱) ہل چلانے والا بیل (۲) شرارتی بیل ۔ (۳) آوارہ بیل ۔ (۴) بکری ۔ گائے ۔ بھینس ۔
**ہری** ۔ (ہَ ۔ ری) [ہ ۔ا ۔ مذ] ہر کا بگاڑ ۔ خدا ۔ پرمیشور ۔ بھگوان ۔
**ہری بلوانا** ۔ (۱) خدا کا نام بلوانا (۲) زبردستی مار ڈالنا (۳) زندہ درگور کرنا ۔
**ہری بولنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) مرتے وقت خدا کا نام لینا ۔ (۲) چیں بولنا ۔ ہار جانا ۔
**ہری** ۔ (ہَ ۔ ری) [ہ ۔ صف] (۱) ہرا کی تانیث ۔ سبز ۔ کاہی رنگ کی ۔ (۲) سرسبز ۔ تر و تازہ ۔ شاداب ۔
**ہری بھری** ۔ (ا ۔ صف ۔ مث) سرسبز و شاداب ۔ تر و تازہ ۔
**ہری چُگ** ۔ ہری گھاس کھانے والا ۔ دولت کا ساتھی ۔ بے وفا ۔ ہرجائی ۔
**ہری کھیتی گیابھن گائے، منہ پڑے جب جانی جائے** (ا ۔ مثل) جب تک ہری پک نہ جائے گیابھن گائے بچہ نہ دے تب تک ان کا بھروسا نہیں ۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جائے تب ہی اطمینان ہوتا ہے ۔
**ہری کین** (Hurricane Lantern) (انگ ۔ا ۔ مث) لالٹین ۔ ہوا میں نہ بجھنے والا چراغ ۔
**ہریا** ۔ (ہر ۔ یا) [ہ ۔ صف] (۱) سرسبز ۔ شاداب ۔ (۲) سبز ۔ ہرا بھرا ۔ (۳) شاہی جنگل کا نگہبان ۔ (۴) جنگلی ۔ وحشی ۔
**ہریا ہاتھی حاکم چور ۔ دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور** ۔ (ا ۔ مثل) جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں ملتا ۔
**ہریالا** ۔ (ہر ۔ یا ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) سرسبز و شاداب ۔ (۲) نوجوان ۔ خوبصورت ۔
**ہریالا بنا** ۔ نوجوان اور خوبصورت دولہا ۔
**ہریالی** ۔ (ہر ۔ یا ۔ لی) [ہ ۔ا ۔ مث] (۱) سبزی ۔ تازگی ۔ (۲) سبز و تر و تازہ گھاس ۔ دوب ۔ سبزہ زار ۔
**ہریالے** ۔ (ہر ۔ یا ۔ لے) [ہ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں ۔

**ہریانا** ۔ (ہر ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سرسبز ہونا ۔ ہرا بھرا ہونا (۲) [ا ۔ مذ] اونچی زمین ۔
**ہریاول** ۔ (ہر ۔ یا ۔ وَل) [ہ ۔ا ۔ مث] (۱) ہریالی ۔ سبزی ۔ سبزہ ۔ طراوت ۔ تازگی ۔ (۲) سبزہ زار ۔ چراگاہ ۔ مرغزار ۔
**ہریائی** ۔ (ہر ۔ یا ۔ ائی) [ہ ۔ا ۔ مث] ہریاول ۔
**ہرے پھرے** ۔ (ہِ ۔ رے ۔ پھِ ۔ رے) [ہ ۔ تابع فعل] ہر پھر کر ۔ پھر پھرا کر ۔ آخرکار ۔
**ہریسہ** ۔ (ہَ ۔ ری ۔ سہ) [ع ۔ا ۔ مذ] (۱) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں ۔ (۲) [صف] نہایت گلا ہوا ۔ گھلا ہوا ۔
**ہریل** ۔ (ہر ۔ یل) [ہ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کا سبز رنگ کا پرندہ جو جنگلی کبوتر کے مانند ہوتا ہے ۔
**ہریوا** ۔ (ہَ ۔ رے ۔ وا) [ہ ۔ا ۔ مذ] ایک قسم کا خوش آواز پرندہ ۔

## ہ ۔ ڑ

**ہڑ** ۔ [ہ ۔ا ۔ مث] ہلیلہ ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل ۔ (۲) ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ ہوتی ہے اور گوٹے کے ہاروں یا ازاربند پر لگائی جاتی ہے (۲) ہاڑ کا مخفف ۔ ہڈی ۔ استخوان ۔
**ہڑ بیر** ۔ (ا ۔ مث) قدیم دشمنی ۔ پرانا بیر ۔
**ہڑپھوٹن** ۔ (ا ۔ مث) ہڈیوں کا درد ۔
**ہڑجوڑا** ۔ (ا ۔ مذ) ایک پودے کا نام جس سے ہڈی جوڑی جاتی ہے ۔
**ہڑواڑ** ۔ (ا ۔ مذ) (۱) خاندانی قبرستان ۔ وہ جگہ جہاں اپنے کنبہ کے لوگ دفن ہوں ۔
**ہُڑ** ۔ [ہ ۔ صف] (۱) بے وقوف ۔ نادان ۔ سادہ لوح ۔ چڑیوں کو بھگانے کی آواز ۔
**ہڑبڑانا** ۔ (ہڑ ۔ ب ۔ ڑانا) [ا ۔ مص] بوکھلانا ۔ بے قرار ہونا ۔ مضطرب ہونا ۔
**ہڑبڑی** ۔ (ہڑ ۔ ب ۔ ڑی) [ہ ۔ا ۔ مث] (۱) گھبراہٹ ۔ بیقراری ۔ اضطراب ۔ (۲) بھاگڑ ۔ ہل چل ۔ افراتفری ۔
**ہڑبڑیا** ۔ (ہڑ ۔ بڑ ۔ یا) [ہ ۔ صف] (۱) بے چین ۔ گھبرایا ہوا ۔ (۲) جلد باز ۔
**ہڑبونگ** ۔ (ہڑ ۔ بونگ) [ہ ۔ا ۔ مذکر ۔ مث] دیکھیے ہربونگ ۔
**ہڑپ** ۔ (ہَ ۔ ڑپ) [ہ ۔ا ۔ مذ] بغیر چبائے نگل جانا ۔ ایک ہی دفعہ نوالہ اتار دینا ۔
**ہڑپ کر جانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) نگل جانا ۔ کھا جانا ۔ (۲) غبن کر لینا ۔
**ہڑپپا** ۔ (ہَ ۔ ڑپ ۔ پا) [ہ ۔ا ۔ مذ] کسی چیز کا ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال کر حلق سے اتار جانا ۔
**ہڑپنا** ۔ (ہَ ۔ ڑپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) نگلنا ۔ غبن کرنا ۔
**ہڑتال** ۔ (ہڑ ۔ تال) [ہ ۔ا ۔ مث] (۱) ہنتال ۔ کسی ماتم یا حاکم کے



Marfat.com

ظلم سے تنگ آ کر تمام بازار بند کر دینا یا کام چھوڑ دینا۔ ایک قسم کی ہر ملی دھات۔ ہڑتال

**ہڑتال کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) دکانیں بند کرنا۔ (۲) حاکم کے ظلم یا کسی ماتم کی وجہ سے دکانوں کو قفل لگا دینا یا کارخانوں وغیرہ میں کام چھوڑ دینا۔

**ہڑونگ۔** (ہَڑ۔ وَنگ) [ہ ۔ ا۔ مذ] شور و غل۔ دنگا۔ فساد۔ جھگڑا۔

**ہُڑونگا۔** (ہُڑ۔ وَنْ۔ گا) [ہ ۔ ا۔ مذ] (۱) شور و غل۔ جھگڑا۔ فساد۔ لڑکوں کا اُچھل کود۔ (۲) [صف] شور و غل کرنے والا۔ جھگڑالو۔ فسادی (۳) آوارہ۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔

**ہڑونگے کرنا۔** (ا۔ محاورہ) شرارت کرنا۔ کھیلنا۔ کودتے پھرنا۔

**ہُڑونگی۔** (ہُڑ۔ وَنْ۔ گی) [ہ۔ صف] (۱) جھگڑالو۔ فسادی۔ شور مچانے والی عورت (۲) آوارہ۔ بیہودہ (عورت) (۳) پھوہڑ۔ بدسلیقہ عورت۔

**ہُڑک۔** (ہُ۔ ڑُک) [ہ ۔ ا۔ مذ] ایک قسم کا باجا۔

**ہَڑک۔** (ہَ۔ ڑَک) [ہ ۔ ا۔ مث] (۱) جنونِ سگ گزیدگی۔ وہ بیماری جو باولے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے۔ (۲) اُمنگ۔ ولولہ (۳) لت۔ عادت۔ دُھن۔

**ہڑک اُٹھنا۔ ہڑک لگنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) باولے کتے کی طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا۔ (۲) ولولہ اُٹھنا۔ شوق چرانا۔

**ہَڑک چڑھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) باولے کتے کے کاٹے کا زہر چڑھنا۔ باولے کتے کے کاٹے کے اثر سے دیوانہ ہو جانا۔

**ہَڑکا۔** (ہَڑْ۔ کا) [ہ ۔ ا۔ مذ] کسی کی جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں۔

**ہَڑکانا۔** (ہَڑْ۔ کا۔ نا) [ا۔ مص] ترسانا۔ بھڑکانا۔ کسی کی جدائی سے رنج دینا۔

**ہَڑکائی۔** (ہَڑ۔ کا۔ ئی) (ہُڑ۔ کا۔ ئی) [ہ۔ صف] پگلی۔ دیوانی۔ باؤلی۔

**ہَڑکائی کُتیا۔** (ہ۔ ا۔ مث) (۱) وہ کُتیا جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے۔ (۲) (کنایۃً) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ ہر ایک کے سر ہونے والی۔ (عورت)

**ہَڑکنا۔** (ہُ۔ ڑُک۔ نا) (ہَ۔ ڑَک۔ نا) (ا۔ مص) (۱) بچوں کا کسی کو یاد کرنا۔ (۲) ترسنا۔ پھڑکنا۔ خواہش مند ہونا۔

**ہَڑنا۔** (ہَڑْ۔ نا) [ہ۔ مص] تولنا۔ وزن جانچنا۔

## ہ ۔ ز

**ہزار۔** (ہَ۔ زارْ) [ف۔ صف] (۱) دس سو [ا۔ تابع فعل] ہرچند۔ بہتیرا۔ کتنا ہی (۲) [ا۔ مث] بلبل۔ ہزار داستان۔ جمع۔ ہزاراں۔ ہزارہا۔

**ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں۔** (ا۔ مثل) ایک عشق کے ساتھ ہزاروں مصیبتیں ہوتی ہیں۔

**ہزار باتوں کی ایک بات۔** (ا۔ مثل) مختصر اور عمدہ بات۔

**ہزار بار۔** (ا۔ تابع فعل) اکثر۔ بارہا۔ ہزار دفعہ۔

**ہزار پا (پایہ)۔** (ف۔ ا۔ مذ) ہزار پیروں والا۔ کنکھجورا۔

**ہزار پر بھاری ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بڑی تعداد پر غالب ہونا۔

**ہزار جان سے۔** (ا۔ تابع فعل) نہایت شوق سے۔

**ہزار جان سے فدا ہونا۔ ہزار جان سے قربان ہونا۔ ہزار دل سے فدا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بے طرح عاشق اور فریفتہ ہونا۔

**ہزار چشم۔** (ف۔ صف) (ہزار آنکھوں والا۔ کیکڑا۔ خرچنگ۔ سرطان۔

**ہزار چند۔** (ف۔ تابع فعل) ہزار گُنا۔

**ہزار حیف۔** (ف۔ کلمۂ تاسف) بڑا افسوس۔ نہایت افسوس۔ حیف صد حیف۔

**ہزار داستان۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہزار قسم کی بولیاں بولنے والا۔ (۲) ایک قسم کا بلبل۔

**ہزار دوا اور ایک دُعا۔** (ا۔ مثل) دُعا دواؤں سے زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے۔

**ہزار رنگ بدلنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) کبھی کچھ ہونا اور کبھی کچھ۔ (۲) ایک حالت پر نہ رہنا۔

**ہزار شکر۔** (ف۔ ا۔ کلمۂ تعجبیہ) بے انتہا شکر۔

**ہزار علاج اور ایک پرہیز۔** (ا۔ مثل) بیماری میں دوا دارو کی نسبت پرہیز سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

**ہزار گھر کی پھرنے والی۔** (ا۔ صف۔ مث) (۱) وہ عورت جو ماری ماری پھرے اور ایک جگہ نہ ٹھہرے۔ (۲) تجربہ کار۔

**ہزار گلا۔** (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا لالہ۔ (۲) ایک قسم کا بڑا گیندا۔

**ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو پھر بھی گھر بار کے باسن توڑنے کو بہت ہے۔** (ا۔ مثل) ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام دے ہی جاتا ہے۔

**ہزار منہ ہزار باتیں۔** (ا۔ مثل) جتنے منہ اتنی باتیں۔ ہر ایک اپنی سمجھ کے مطابق باتیں کرتا ہے۔

**ہزار میں نہ چوکنا۔** (ا۔ محاورہ) علانیہ کہنے سے باز نہ رہنا۔

**ہزار نعمت اور ایک تندرستی۔** (ا۔ مثل) ایک تندرستی کے آگے ہزاروں نعمتوں کی بھی کچھ حقیقت نہیں۔ ہزار نعمتیں ایک طرف اور تندرستی ایک طرف۔

**ہزار ہا تھ۔** (ا۔ مذ) (۱) بلا مبالغہ۔ ضرور بالضرور۔ (۲) کثرت۔ بے حد۔ بہت

**ہزار ہاتھ کا بن کر آئے۔** (ا۔ محاورہ) کیسا ہی اعلیٰ مرتبہ لیکر آئے۔ کیسا ہی بھاری بھرکم اور معتبر بن کر آئے۔

**ہزار ہاتھ ہیں۔** (ا۔ محاورہ) بہتیرے ہاتھ ہیں۔ خدا تعالیٰ دینے پر آئے تو بہتیرے راستے ہیں۔

**ہزاروں باتیں سنانا۔** (ا۔ محاورہ) ہزاروں سنانا۔ بڑے آڑے ہاتھوں لینا۔ بہت بُرا بھلا کہنا۔

**ہزاروں گھڑے پانی پڑنا۔** (ا۔ محاورہ) کمال شرمندگی اور خجالت ہونا۔ شرم سے پسینہ پسینہ ہونا۔

**ہزاروں میں۔** (ا۔ تابع فعل) (۱) ہزار آدمیوں میں (۲) کھلم کھلا۔



Marfat.com

علانیہ (۳) ضرور بالضرور۔

ہزارا۔ ہزارہ۔ (ہَ-زا-رَا۔ ہَ-زا-رَہ) [اِ-مذ] گُلِ صد برگ... ایک قسم کا گیندا۔ (۲) ایک قسم کا فوّارہ۔

ہزاراں۔ (ہَ-زا-راں) [ف-صفت] ہزار کی جمع۔

ہزاراں ہزار۔ ہزاروں۔ بڑی تعداد میں۔

ہزارہا۔ (ہَ-زار-ہا) [ف-صفت] ہزار کی جمع۔ ہزاروں۔

ہزاری۔ (ہَ-زا-ری) [ف-صفت] ہزار سے نسبت رکھنے والا (۲) [مذ] ہزار آدمیوں کا افسر۔ مغلیہ عہد حکومت کا ایک عہدہ۔ [مث] ہزار آدمیوں کی پلٹن۔

ہزاری بزاری۔ (ا-مذ) (۱) سپاہی اور تاجر۔ فوجی اور شہری لوگ۔ ادنیٰ اور اعلیٰ خاص و عام۔ (۲) ہزاروں قسم کے آدمیوں سے ملنے والا۔ بازار میں بیٹھنے والا۔ (۳) [کنایۃً] سفلہ۔ کمینہ۔ ناقابل اعتبار۔

ہزاری روزہ۔ (ف-ا-مذ) ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ۔

ہزاری عمر۔ (ف-ا-مث) ہزار سال کی عمر۔ لمبی عمر۔

ہزاری منصب۔ (ف-ا-مذ) زمانہ شاہی کے مطابق فوج کا ایک عہدہ بحیثیت تعداد اس عہدے کا نام اور درجہ ہوتا تھا۔ جیسے سہ ہزاری۔ پنج ہزاری وغیرہ۔

ہزال۔ (ہُز-زال) [ع-صفت] پرلے درجے کا ہزل گو۔ بہت بڑا پھکڑ۔

ہز آنر۔ (His Honour) [انگ-ا-مذ] گورنر کا تعظیمی خطاب۔

ہز ایکسیلینسی (His Excellency) [ہِز-ایک-سی-لین-سی] [انگ-ا-مذ] گورنر اور سفیر کے لیے تعظیمی خطاب۔

ہِزَبْر۔ [ہِ-زَبْر۔ ہِ-زَ-بَر] [ع-ا-مذ] شیر ببر۔ پھاڑ ڈالنے والا شیر۔ (۲) کنایۃً۔ بڑا بہادر۔

ہزج۔ (ہَ-زَج) [ع-ا-مث] (۱) عروض کی ایک بحر کا نام (۲) وہ آواز جو تال سُر کے ساتھ ہو۔

ہزل۔ [ع-ا-مث] (۱) بیہودہ باتیں۔ مذاق۔ تمسخر۔ (۲) وہ نظم جس میں مسخرے پن کے مضامین ہوں۔ جمع ہزلیات۔

ہزل گو۔ بیہودہ گو۔ مذاقیہ نظم کہنے والا۔

ہزل گوئی۔ ہزل کہنا۔

ہز میجسٹی۔ (His Majesty) [ہِز-مے-جس-ٹی] [انگ-ا-مذ] بادشاہوں کا خطاب اعلیٰ حضرت۔

ہز ہائی نس۔ (His Highness) [انگ-ا-مذ] والیانِ ریاست کا لقب۔ حضور۔ اعلیٰ حضرت۔

ہزیمت۔ (ہَ-زی-مَت) [ع-ا-مث] شکست۔ بھاگڑ۔ ہار۔

ہزیمت اُٹھانا۔ (ا-محاورہ) شکست کھانا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا۔

## ہ - ژ

ہژدہ۔ (ہَژ-دَہ) [ف-صفت] اٹھارہ

ہژدہ ہزار عالم۔ تمام مخلوق جو اٹھارہ ہزار طرح کی ہے۔

## ہ - س

ہسنا۔ [ق-ا-مذ] ہنسنا۔ ہنسی۔

ہسپتال۔ (ہَس-پ-تال) [انگ۔ ہاسپٹل (Hospital) کا مورد، ا-مذ] اسپتال۔ شفاخانہ۔ دارالشفا۔ بیمارستان۔

ہست۔ [س-ا-مذ] (۱) ہاتھ۔ دست۔ (۲) ہاتھی کی سونڈ۔ (۳) تیرھواں ستارہ۔ (۴) ہاتھی۔ فیل۔

ہست۔ [ف-ا-مث] (۱) ہستی۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔ وجود (۲) کائنات۔

ہست۔ [ف-ا-مث] پیدا کرنا۔ عالم وجود میں لانا۔

ہست نیست۔ (کلمہ ایجاب و نفی) ہاں۔ نہیں۔

ہست و بود۔ (ف-ا-مث) قیام و وجود۔ حیات و زندگی۔

ہست و ممات۔ (ف-ع-ا-مث) مرنا۔ زندگی و موت۔

ہست ہونا۔ (ا-محاورہ) عالم وجود میں آنا۔ پیدا ہونا۔

ہستنی۔ (ہَس-تَ-نی) [س-ا-مث] (۱) مادہ فیل۔ ہتھنی۔ (۲) "کوک شاستر" کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم جو بدن کی بھاری اور بڑی پُرشہوت ہوتی ہے۔

ہستی۔ (ہَس-تی) [ف-ا-مث] وجود۔ قیام۔ موجودگی۔ (۲) موجودات۔ مخلوقات و کائنات (۳) حیات۔ زندگی۔ زیست۔ (۴) [اُردو] حقیقت۔ اصل۔ بساط۔ (۵) مجال۔ طاقت۔ تاب (۶) دولت۔ ثروت۔ (۷) دنیا۔ (۸) خود پسندی۔ خود بینی۔

ہستی جاوداں۔ (ف-ا-مث) حیات ابدی۔ ہمیشہ کی زندگی۔

ہستیٔ فانی۔ ہستیٔ موہوم۔ ہستیٔ ناپائدار۔ ہستیٔ دوروزہ۔ (ف-ع-ا-مث) فنا ہو جانے والی زندگی۔ وہمی اور خیالی زندگی۔ قائم نہ رہنے والی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔

ہسٹری۔ (History) (ہِس-ٹ-ری) [انگ-ا-مث] حالات۔ تاریخ۔ سیرت۔ تذکرہ۔

ہسٹری شیٹ۔ (History Sheet) [انگ-ا-مذ] وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مفصل حالات اور اس کے پچھلے جرائم درج ہوتے ہیں۔ اعمالنامہ۔

ہسٹیریا۔ (Hysteria) (ہِس-ٹے-ر-یا) [انگ-ا-مذ] اختناق الرحم۔

ہسنکا۔ (ہس-کا) [ہ-ا-مذ] (۱) کسی کی نقل کرنا۔ ریس (۲) کسی کا مقابلہ یا برابری کرنا۔



Marfat.com

**ہَنسلی** ۔ (ہَن۔لی) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے ہنسلی ۔
**ہَنسیا** ۔ (ہَن۔یا) [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے ہنسیا ۔

## ہ ۔ ش

**ہُش** ۔ [اُر۔ا۔مث] (۱) کُتّے کو دھتکارنے کی آواز ۔ (۲) اُونٹ کو بٹھانے کی آواز ۔ (۳) پرندوں کے اُڑانے کی آواز ۔
**ہَشّاش** ۔ (ہَش۔شاش) [ع۔صف] شاداں ۔ فرحاں ۔ خوش ۔ ہنس مکھ ۔
**ہَشّاش بشّاش** ۔ (ع۔صف) بہت خوش ۔ خوش و خرّم ۔ باغ باغ ۔
**ہَشت** ۔ [ف۔صف] آٹھ ۔
**ہشت بہشت** ۔ (ع۔ا۔مذ) آٹھ بہشتیں ۔ (۱) خلد (۲) دارالسلام (۳) دارالقرار (۴) جنّت عدن ۔ (۵) جنّت الماویٰ ۔ (۶) جنّت النعیم ۔ (۷) علیّین ۔ (۸) فردوس ۔
**ہَشت پہلو** ۔ (ف۔صف) آٹھ پہلو کا ۔ آٹھ کونیا ۔
**ہشت دہ** ۔ (ف۔ا۔عدد) اٹھارہ ۱۸ ۔
**ہشت صفات** ۔ (ف۔ع۔ا۔مث) آٹھ خوبیاں ۔ ا شکرِ نعمت ۲ علم ۳ خدا کی معرفت ۴ راضی برضا رہنا ۔ (۵) مصیبت میں صبر (۶) خلق اللہ سے محبت (۷) تعظیم حکمِ خدا ۔ (۸) عفت ۔
**ہشت گنج** ۔ (ف۔ا۔مذ) خسرو پرویز بادشاہ ایران کے آٹھ خزانے ۔
**ہشت منظر** ۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) آٹھ آسمان (۲) منطقۃ البروج اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے ۔
**ہشت** ۔ [اُر] یہ کلمہ اکثر نفرت ظاہر کرنے، کسی امر سے روکنے یا جھڑکنے کے واسطے بولا جاتا ہے ۔
**ہُشت** ۔ [ف] کُتّے بلی کو دھتکارنے کی آواز ۔
**ہشت مشت** ۔ لات گھونسے کی لڑائی ۔ مار کٹائی ۔ دھینگا مُشتی ۔
**ہشت مشت ہونا** ۔ مار کٹائی ہونا ۔ دھینگا مُشتی ہونا
**ہشتاد** ۔ (ہَش۔تادْ) (ف۔صف) اَسّی ۔ (۸۰)
**ہشتُم** ۔ (ہَش۔تُمْ) [ف۔صف] آٹھواں ۔ آٹھویں ۔
**ہُشکارنا** ۔ (ہُش۔کار۔نا) (اُر۔مص) (۱) کُتّے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا ۔ (۲) کسی کو اشتعال دے کر کسی بات پر راغب کرنا ۔
**ہُشکانا** ۔ (ہُش۔کا۔نا) [اُر۔مص] اشتعال دینا ۔
**ہُشیار** ۔ (ہُش۔یار) [ف۔صف] ہوشیار کا مخفف ۔
**ہُشیار کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) خبردار کرنا ۔ غافل نہ رہنے دینا ۔
**ہُشیاری** ۔ (ہُش۔یا۔ری) [ف۔ا۔مث] ہوشیاری کا مخفف ۔

## ہ ۔ ض

**ہَضم** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) پچاؤ ۔ تحلیل ۔ معدے میں کھانا پچنا ۔ (۲) غبن ۔ چوری ۔ تغلب ۔
**ہَضم کرنا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) پچانا ۔ تحلیل کرنا ۔ (۲) مال مارنا ۔ داب بیٹھنا ۔ ڈکار مار جانا ۔
**ہضم ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) (۱) غذا کا تحلیل ہونا ۔ (۲) مال کا مارا جانا ۔ غبن کا فی کرنا ۔

## ہ ۔ ف

**ہفت** ۔ [ف۔صف] سات (۷)
**ہفت آسیا** ۔ [ف۔ا۔مذ] سات ستاروں کی گردش کے دائرے ۔
**ہفت اقلیم** ۔ [ف۔ا۔مذ] سات ولایتیں ۔ کُل دنیا ۔
**ہفت اَلوان** ۔ [ف۔ا۔مذ] مختلف قسم کے لذیذ کھانے ۔
**ہفت امام** ۔ [ف۔ا۔مذ] سات امام ۔ (امام اعظم ابوحنیفہؒ ۔ امام شافعیؒ ۔ امام مالکؒ ۔ امام احمد بن حنبلؒ ۔ امام ابو یوسفؒ ۔ امام محمدؒ ۔ امام زفرؒ ۔)
**ہفت اندام** ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک رگ کا نام جس کے فصد سے سر ، سینہ ، پشت اور ہاتھ پاؤں کا خون نکلتا ہے ۔
**ہفت پردہ چشم** ۔ (ف۔ا۔مذ) آنکھ کے سات پردے ۔
**ہفت پشت** ۔ سات پیڑھی ۔ سات نسلیں ۔
**ہفت پیکر** ۔ (ف۔ا۔مذ) سات ستارے ۔ سات آسمان ۔
**ہفت جوش** ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ چیز جو سات دھاتیں ملا کر بنائی جائے ۔ وہ دھاتیں یہ ہیں ۔ سونا ۔ چاندی ۔ تانبا ۔ جست ۔ لوہا ۔ سیسہ ۔ رانگا ۔
**ہفت چشمۂ بہشت** ۔ (ف۔ا۔مذ) بہشت کے سات چشمے ۔ (۱) کوثر (۲) کافور (۳) سلسبیل (۴) تسنیم (۵) معین (۶) زنجبیل (۷) حمیم ۔
**ہفت حرفِ آبی** ۔ (ف۔مذ۔مث) ج ۔ ز ۔ س ۔ ظ ۔ ق ۔ ک ۔ ث ۔
**ہفت حرفِ آتشی** ۔ (ف۔ا۔مث) ا ۔ ذ ۔ ش ۔ ط ۔ ف ۔ م ۔ ہ ۔
**ہفت حرفِ استعلا** ۔ (ف۔ا۔مذ) خ ۔ ص ۔ ض ۔ ط ۔ ظ ۔ غ ۔ ق ۔
**ہفت حرفِ خاکی** ۔ (ف۔ا۔مذ) ح ۔ خ ۔ د ۔ ر ۔ ع ۔ غ ۔ ل ۔
**ہفت حرفِ ہوائی** ۔ (ف۔ا۔مذ) ب ۔ ت ۔ ص ۔ ض ۔ ن ۔ و ۔ ی ۔
**ہفت حکایات** ۔ (ف۔ا۔مث) سات کہانیاں جو بہرام گور کو سات لڑکیوں نے سنائی تھیں ۔
**ہفت خراس** ۔ (ف۔ا۔مذ) سات آسمان ۔
**ہفت خطوط** ۔ (ف۔ا۔مذ) سات لکیریں جو جمشید کے پیالے میں تھیں ۔



Marfat.com

**ہفت خوانِ رستم**۔ (ف۔ا۔مذ) کیکاؤس کی رہائی کے واسطے مازندران تک رستم نے جو راستہ سات دن میں طے کیا اسے ہفت خوانِ رستم کہتے ہیں۔ [کنایۃً] نہایت کٹھن اور مشکل کام۔

**ہفت دانہ** (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس میں سات قسم کے میوے پڑتے ہیں دسویں محرم کے دن ایران میں تقسیم کی جاتی ہے۔

**ہفت دوزخ**۔ دوزخ کے سات طبقے۔ سقر۔ سعیر۔ لظی۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔

**ہفت رنگ**۔ (ف۔ا۔مذ) ساتوں رنگوں کا۔ سیاہ۔ سفید۔ سرخ۔ سبز۔ پیلا۔ قرمزی۔ کبود۔

**ہفت رنگی**۔ (ف۔صف) (۱) مختلف رنگوں کا۔ (۲) مکار۔

**ہفت روزہ**۔ (۱) سات دن والا۔ (۲) وہ کاغذ جس میں ہفتے کی کارگزاری یا حالات واقعات درج ہوں۔ (۳) ہفتے میں ایک بار شائع ہونے والا اخبار۔

**ہفت زبان**۔ (ف۔صف) سات زبانیں جاننے والا۔

**ہفت زبان ہونا**۔ (ا۔محاورہ) بہت سی زبانیں جاننا۔

**ہفت طبق**۔ (ف۔ا۔مذ) آسمان کے سات طبق۔

**ہفت قراء**۔ (ف۔ا۔مذ) قرآن پڑھانے والے سات قاری۔ (۱) نافع مدنی۔ (۲) عبداللہ بن کثیر مکی۔ (۳) ابو عمر مصری۔ (۴) ابن عامر شامی۔ (۵) عاصم کوفی۔ (۶) حمزہ کوفی (۷) علی کوفی الملقب بہ کسائی۔

**ہفت قلزم**۔ (ف۔ا۔مذ) ہفت دریا۔ سات سمندر۔

**ہفت قلم**۔ (ف۔ا۔مذ) وہ جو سات طرح کے خط لکھنا جانتا ہو۔ اعلیٰ درجے کا خوشنویس۔ سات مشہور خط۔ (۱) ثلث (۲) عقیق (۳) توقیع (۴) ریحان۔ (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) نستعلیق۔

**ہفت کشور**۔ (ف۔ا۔مذ) ہفت اقلیم۔ سات ولایتیں۔ ساری دنیا۔

**ہفت گردوں**۔ (ف۔ا۔مذ) سات آسمان۔

**ہفت ملت**۔ (ف۔ا۔مذ) مسلمانوں کے زیادہ مشہور سات فرقے۔ (۱) اہل سنت والجماعت۔ (۲) رافضیہ۔ (۳) خارجیہ۔ (۴) جبریہ۔ (۵) قدریہ (۶) جہمیہ۔ (۷) مرجیہ۔

**ہفت منزل**۔ (ف۔ا۔مذ) قرآن مجید کی سات منزلیں۔

**ہفتمیں**۔ (ف۔صف) ساتواں۔

**ہفت میوہ**۔ (ف۔ا۔مذ) سات قسم کے میوے کشمش۔ انجیر۔ شفتالو۔ خرما۔ آلو بخارا۔ سیب۔ انگور۔

**ہفت ہزاری**۔ (ف۔ا۔مذ) عہد مغلیہ میں ایک اعلیٰ منصب۔

**ہفت ہیکل**۔ (ف۔ا۔مث) سلامتی کے لیے سات دعائیں۔

**ہفتاد**۔ (ہَف۔تاد) [ف۔صف] ستر۔

**ہفتاد پشت**۔ (ف۔ا۔مث) ستر پیڑھیاں۔ ستر نسلیں۔

**ہفتاد و دو ملت**۔ (ف۔ا۔مث) اسلام کے بہتر فرقے۔

**ہفتش**۔ (ہَف۔تَش) [ق۔ا۔مث] تکرار بحث۔

**ہفتم**۔ (ہَف۔تُم) [ف۔صف] ساتواں۔

**ہفتہ**۔ (ہَف۔تَہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) سات دن کی مدت۔ سات دن۔ [اُر] سنیچر۔ شنبہ (۲) ساتواں دن۔

**ہفتہ دوست**۔ (ف۔صف) چند روزہ دوست۔ تھوڑے دنوں کا یار۔ وقتی یار۔

**ہفتہ عشرہ**۔ (ف۔ا۔مذ) (۱) آٹھ دس روز کا زمانہ۔ (۲) چند روز۔

**ہفتے گانٹھنا**۔ [اُر۔مص] (پہلوانوں کی اصطلاح) حریف کی بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو جکڑ دینا۔

**ہَف نظر**۔ (ف۔ا۔مث) [ہَف۔نَ۔نظر] چشم بد دور۔ ماشاءاللہ۔

**ہفوات**۔ (ہَفَ۔وات) [ع۔ا۔مث] بیہودہ باتیں۔

**ہفّی**۔ (ہَف۔ای) (ہ۔ئی) [اُر۔صف] (۱) بے حد پھرتیلا۔ نہایت چالاک۔ (۲) ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ۔ (۳) افعی۔

## ہ۔ک

**ہُک**۔ (Hook) [انگ۔ا۔مذ] (۱) آہنی میخ۔ وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں۔ (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کا آنکڑا۔

**ہکا بکا**۔ (ہَک۔کا۔بَک۔کا) [ا۔صف] متحیر۔ گھبرایا ہوا۔ سراسیمہ۔ حواس باختہ۔

**ہکا بکا رہنا۔ ہکا بکا ہونا**۔ متحیر ہونا۔ حیران رہ جانا۔

**ہک و ک**۔ [ہ۔ا۔مث] پس و پیش۔ (۲) [صف] متعجب۔ حیران سکتے کے عالم میں۔

**ہک دک رہ جانا**۔ (ا۔محاورہ) سکتے کے عالم میں رہ جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔

**ہک بدک**۔ [ا۔تابع فعل] (۱) بے سان و گمان۔ اچانک۔ (۲) بے سوچے سمجھے۔ گھبرا کر۔ (۳) متعجب ہو کر۔

**ہکذا**۔ (ہا۔کَ۔ذا) [ع۔تابع فعل] اسی طرح۔

**ہکر ہکر کرنا**۔ (ہَ۔کَر۔ہَ۔کَر۔کَر۔نا) [ہ۔ا۔محاورہ] ضعف یا بھوک پیاس کے باعث بمشکل سانس لینا۔

**ہکلا**۔ (ہَک۔لا) [ہ۔صف۔وا۔مذ] لکنت کرنے والا۔ رک رک کے بات کرنے والا۔

**ہکلاپن**۔ (ا۔مذ) لکنت

**ہکلانا**۔ (ہَک۔لا۔نا) [ا۔مص] لکنت کرنا۔ زبان کا لڑکھڑانا۔

**ہکلی**۔ (ہَک۔لی) [ہ۔صف۔وا۔مث] ہکلا کی تانیث۔ لکنت کرنے والی عورت۔

## ہ۔گ

**ہگ**۔ [ہ۔ا۔مذ] پاخانہ۔ براز۔



Marfat.com

**ہگ دینا۔ ہگ مارنا۔** (ا۔ محاورہ) پاخانہ بھر دینا۔ براز کرنا۔
**ہگاس۔** (ہَ۔ گاس) [ہ۔ ا۔ مث] پاخانے کی حاجت۔ رفع ضرورت کی خواہش۔
**ہگاس لگنا۔** ہگنے کی حاجت ہونا۔
**ہگاسا۔** (ہَ۔ گا۔ سا) [ہ۔ صف] وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ وہ جسے پاخانے جانے کی حاجت ہو۔
**ہگانا۔** (ہَ۔ گا۔ نا) [ہ۔ مص] پاخانہ پھرانا۔
**ہگا نہ گھر رکھا۔** (ا۔ مثل) ایسا کام نہیں کیا جس سے تکلیف ہو۔
**ہگنا تھوڑا اور پیٹ پیٹ بہت۔** (ا۔ مثل) کام تھوڑا کرنا اور شور بہت مچانا۔
**ہگنے کو جی نہ چاہنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت کاہل ہونا۔
**ہگتے پادتے جانا۔** [اُ۔ مص] ڈر کے مارے بھاگے ہوتے جانا۔ بلا عذر جانا۔
**ہگنا۔** (ہَگ۔ نا) [ہ۔ مص] براز کرنا۔
**ہگو۔ ہگوڑا۔** (ہَ۔ گو۔ ہَ۔ گو۔ ڑا) [ہ۔ صف] (۱) بار بار ہگنے والا۔ بہت ہگنے والا۔ (۲) [کنایۃً] ڈرپوک۔ بزدل۔

## ہ ۔ ل

**ہل۔** [ہ۔ ا۔ مذ] زمین جوتنے کا آلہ۔ قلبہ۔
**ہل برار۔** (ا۔ مث) ہلوں کی تعداد پر مال گزاری۔
**ہل جوتا۔** (ا۔ صف) ہل چلانے والا۔ ہالی۔
**ہل جوتنا۔ ہل چلانا۔** (ا۔ مص۔ مرکب) بیج بونے کے لیے زمین ہل سے کھودنا۔ قلبہ رانی۔
**ہل چلنا۔** (ا۔ مص۔ مرکب) زمین کا جوتا جانا۔
**ہل دار۔** (ا۔ صف) ہل کا مالک۔
**ہل والا۔** (ا۔ صف) ہل چلانے والا۔ ہالی۔
**ہل ہانکتے کو دوں بھاگ سکتے۔** (ا۔ مثل) [کنایۃً] اضطراب کی حالت میں۔
**ہلّا۔** (ہَل۔ لَا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔ یورش۔ (۲) شور۔ غل۔
**ہلا۔** (ہِل۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] حیلہ کا بگڑا ہوا۔ کام۔ مشغلہ۔ دھندا۔ (۲) مانوس۔
**ہلاپتی۔ ہلاچلی۔** (ہَ۔ لا۔ پَ۔ تی۔ ہَ۔ لا۔ چَ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] بھاگڑ۔ گڑبڑ۔ ہلچل۔
**ہلا دینا۔** (ہِ۔ لا۔ دے۔ نا) [ا۔ مص] لرزا دینا۔ زلزلہ ڈال دینا۔
**ہلاس۔** (ہ۔ لاس) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خوشی۔ شادمانی۔ شادی۔ (۲) ناس۔ نسوار۔ ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔
**ہلاس دانی۔** (ہ۔ ا۔ مث) نسوار رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔

**ہلاس لینا۔** (ا۔ محاورہ) نسوار سونگھنا۔ نو لینا۔
**ہلاس ہو جانا۔** (ا۔ محاورہ) ہلاس کی طرح چٹکی چٹکی کر کے اُڑ جانا۔ (کنایۃً) جلد خرچ ہو جانا۔
**ہَلاک۔** (ہَ۔ لاک) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) قتل۔ فنا۔ اتلاف۔ (۲) تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ (۲) [صف] قتل کیا ہوا۔ (۳) [اُ۔ صف] پژمردہ۔ مضمحل۔ (۴) [مجازاً] مشتاق۔ آرزومند۔
**ہلاک کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) مارنا۔ قتل کرنا۔ (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔
**ہلاک ہونا۔** (ا۔ مص۔ مرکب)۔ (۱) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ (۳) تھکنا۔ مضمحل ہونا۔
**ہلاکت۔** (ہَ۔ لا۔ کت) [ع۔ ا۔ مث] (۱) تباہی۔ بربادی۔ (۲) موت۔ قضا۔ اجل۔
**ہلاکو۔** (ہَ۔ لا۔ کو) [ت۔ صف۔ ا۔ مذ] (۱) ظالم۔ جلّاد۔ سفّاک۔ ایک تاتاری بادشاہ۔ (اصل میں ہولاکو تھا)۔
**ہلاکی۔** (ہَ۔ لا۔ کی) [اُ۔ ا۔ مث] ہلاکت۔ موت۔ تباہی۔
**ہلال۔** (ہِ۔ لال) [ع۔ ا۔ مذ] پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو۔
**ہلال ابرو۔** (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ابرو کی ہلال سے تشبیہ۔ ہلال جیسے ابرو۔
**ہلال رکاب۔** (ع۔ ف۔ صف) صاحبِ رتبہ و اختیار۔
**ہلالی۔** (ہِ۔ لا۔ لی) [ع۔ صف] ہلال سے منسوب۔ ہلال کی وضع کا قوسی نئے چاند کی مانند۔ (۲) [مونث] ایک قسم کا تیر۔
**ہلالین۔** (ہِ۔ لا۔ لین) [ع۔ ا۔ مث] ہلال کی وضع کے دو قوسی خطوط وحدانی ( )۔
**ہلا مارنا۔** (ہِ۔ لا۔ مار۔ نا) [ا۔ مص] ہلکان کرنا۔ پریشان کرنا
**ہلا ہلا۔** (ہِ۔ لا۔ ہِ۔ لا) [ہ۔ صف] مانوس۔
**ہلانا۔** (ہِ۔ لا۔ نا) [ا۔ مص] حرکت دینا۔ جنبش دینا۔ (۲) مانوس کرنا۔ خوگر کرنا۔ پرچانا۔ سدھانا۔
**ہلاہل۔** (ہِ۔ لا۔ ہِل) [ع۔ صف] (۱) قاتل۔ مہلک (۲) [مذ] زہرِ قاتل۔
**ہلا ہونا۔** (ہِ۔ لا۔ ہو۔ نا) [ا۔ مص] مانوس ہونا۔
**ہلبل۔** (ہَل۔ بَل) [ہ۔ ا۔ مث] گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے چینی۔
**ہلبلا۔** (ہَل۔ بَ۔ لا) [ا۔ صف] مضطرب۔ بے قرار۔
**ہلبلانا۔** (ہَل۔ بَ۔ لا۔ نا) [ا۔ مص] بے چین ہونا۔ گھبرانا۔ بوکھلانا۔
**ہلبلاہٹ۔** (ہَل۔ بَ۔ لا۔ ہَٹ) [ہ۔ ا۔ مث] گھبراہٹ ہڑبڑی۔
**ہلپھا۔** (ہَل۔ پھا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) لہر۔ رَو۔ موج۔ (۲) ترنگ۔ ہلکورا۔
**ہلجان۔** (ہَل۔ جان) [اُ۔ ا۔ مث] عورتوں کی ایک رسم جس میں شادی کے موقع پر حلوا پوری پکا کر تقسیم کرتی ہیں یا شادی کے بعد پیسے ملا کر حلوا پوری کچوری منگاتی اور مل کر کھاتی ہیں۔
**ہل جانا۔** ہ۔ مص] (۱) متحرک ہو جانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ تھرّا جانا۔ (۲) مانوس ہو جانا۔ خوگر ہو جانا۔
**ہلچل۔** (ہَل۔ چَل) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) بھاگڑ۔ کھلبلی (۲) بیقراری۔



Marfat.com

گھبراہٹ۔ (۳) بلوہ۔ دنگا فساد۔
**ہلچل پڑنا۔ ہلچل مچنا۔** (۱) بھاگڑ مچنا۔ کھلبلی پڑنا۔ (۲) گھبراہٹ ہونا۔ (۳) بلوہ ہونا۔
**ہَلدوا۔** (ہَل۔ د۔ وا) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی زرد رنگ کی لکڑی جس سے تخت اور صندوق بناتے ہیں۔
**ہَلدی۔** (ہَل۔ دی) [ہ۔ ا۔ مث] ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں رنگ کے واسطے ڈالتے ہیں۔ زرد چوبہ۔
**ہَلدی تھوپنا۔** (ا۔ محاورہ) چوٹ پر ہلدی کا پلستر کرنا۔
**ہلدی کی گرہ لے کر پنساری (بن بیٹھنا) بن جانا۔** (ا۔ محاورہ) [کنایۃً] تھوڑی سی پونجی پر اپنے آپ کو بڑا دوکاندار سمجھنا۔ (۲) تھوڑے سے ہنر پر اپنے آپ کو کامل سمجھنا۔
**ہلدی لگا کے بیٹھنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا۔ (۲) بہانہ کرنا۔
**ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ ہو آن پڑی۔** (ا۔ مثل) بے مشقت ہی کام بن گیا۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہو گیا۔
**ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آوے۔** (ا۔ مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں بغیر کچھ کیے خاطر خواہ کام نکل آئے۔
**ہلدیا۔** (ہَل۔ دِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ایک قسم کا زہر جو ہلدی میں پایا جاتا ہے۔ (۲) یرقان ایک بیماری جس میں تمام جسم زرد پڑ جاتا ہے۔ (۳) [صف] زرد۔ پیلا۔ بسنتی۔
**ہُلّڑ۔** (ہُل۔ لڑ) [ہ۔ ا۔ مذ] شور و غل۔ غل غپاڑہ۔ ہنگامہ۔
**ہُلّڑ مچانا۔** (ا۔ محاورہ) شور و غل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔
**ہُلسانا۔** (ہُل۔ سا۔ نا) [ا۔ مص] (۱) خوش کرنا۔ جی بہلانا۔ (۲) بھڑکانا۔ بہکانا۔ اکسانا۔ (۳) للچانا۔ شوق دلانا۔
**ہُلسائے میں آنا۔** (ا۔ محاورہ) [ہ] بہکاوے میں آنا۔
**ہَلکا۔** (ہَل۔ کا) [ا۔ صف] (۱) سُبک۔ خفیف۔ کم وزن (۲) اوچھا۔ کم ظرف۔ (۳) کم قیمت۔ گھٹیا۔ (۴) بے عزت۔ حقیر۔ ذلیل (۵) پھیکا۔
**ہَلکا پانی۔** (ا۔ مذ) زود ہضم پانی۔
**ہلکا پن۔** (ا۔ مذ) (۱) سُبکی۔ خفت۔ (۲) کمینگی۔ رذالہ پن۔ (۳) کم ظرفی۔ اوچھا پن۔
**ہَلکا پُھلکا۔** (ا۔ صف) (۱) نہایت کم وزن۔ نہایت سُبک (۲) نازک۔ لاغر۔ کمزور۔ (۳) پتلا پُھلکا۔
**ہَلکا جوڑا۔** (ا۔ مذ) کم قیمت پوشاک۔
**ہَلکا خون۔ ہَلکا لہو۔** (ا۔ مذ) (۱) وہ شخص جسے جلد نظر لگے۔ (۲) وہ شخص جو دوسرے کا لہو نہ دیکھ سکے۔
**ہلکا رنگ۔** (ا۔ صف) پھیکا رنگ۔
**ہلکا کام۔** (ا۔ مذ) (۱) آسان کام۔ معمولی کام۔ (۲) زر دوزی وغیرہ کا کام جو گنجان نہ ہو۔
**ہلکا کرنا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بوجھ اُتارنا۔ بوجھ کم کرنا۔ (۲) سبکدوش کرنا۔ (۳) خفیف کرنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
**ہلکا کھانا۔** (ا۔ مذ) وہ کھانا جو جلد ہضم ہو جائے۔ زود ہضم کھانا۔
**ہلکا گلابی جاڑا۔** خفیف سردی کا موسم۔
**ہلکا ہاتھ۔** (ا۔ مذ) اوچھا وار
**ہلکا ہلکا۔** خفیف۔ خفیف۔
**ہلکا ہونا۔** (ا۔ محاورہ) (۱) بوجھ اُترنا۔ سُبک ہونا۔ وزن کم ہونا۔ (۲) ذلیل ہونا۔ خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ (۳) کم ہونا۔ اُترنا۔ گھٹنا۔ (۴) سبکدوش ہونا۔ بے فکر ہونا۔ (۵) پتلا ہونا۔ رقیق ہونا۔ پھیکا پڑنا۔
**ہلکے بھاری ہونا۔** (ا۔ محاورہ) بگڑنا۔ ناراضی ظاہر کرنا۔ ناگوار سمجھنا۔
**ہلکے سے۔** (ا۔ تابع فعل) ہولے سے۔ سہج سے۔ آہستگی سے۔
**ہلکے ہلکے۔** (ا۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ ہولے ہولے۔ سہج سہج۔ دھیرے دھیرے۔
**ہُلکارنا۔** (ہُل۔ کار۔ نا) [ا۔ مص] (۱) کتے کو شکار پر دوڑانا۔ (کنایۃً) کسی کو جنگ پر آمادہ کرنا۔ (۲) مرغوں کو لڑانے کے لیے اکسانا۔
**ہلکان۔** (ہَل۔ کان) [ز۔ صف] تھکا ماندہ۔ مضمحل۔ نیم جان۔
**ہلکان کرنا۔** (۱) مضمحل کرنا۔ تھکانا۔ (۲) پریشان کرنا۔
**ہلکان ہونا۔** (۱) مضمحل ہونا۔ تھکنا۔ (۲) سخت پریشان ہونا۔ حیران ہونا۔
**ہَلکَم۔** (ہَل۔ کَم) [ا۔ مذ۔ مث] ہلچل۔ تہلکہ۔ کھلبل۔
**ہَلکَم ڈالنا۔** (ا۔ مص۔ مرکب) تہلکہ ڈالنا۔ اودھم مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
**ہلکورا۔** (ہَل۔ کو۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] لہر۔ موج۔ ترنگ۔ جنبش۔
**ہلکورے لینا (مارنا)۔** (ا۔ محاورہ) پانی کا لہریں مارنا۔ موج زن ہونا۔ لہرانا۔
**ہلکورنا۔** (ہَل۔ کور۔ نا) [ا۔ مص] جھنجھوڑنا۔ ہلانا۔
**ہَلکی۔** (ہَل۔ کی) [ہ۔ صف] (ہلکا کی تانیث۔ (۱) سُبک۔ کم وزن۔ (۲) اوچھی (۳) دھیمی۔ لطیف۔ (۴) گھٹیا۔ ادنیٰ۔
**ہلکی بات کہنا۔** (ا۔ محاورہ) اوچھی بات کہنا۔ گھٹیا بات کرنا۔
**ہلکی پھلکی۔** (ا۔ صف) بہت کم وزن۔ سُبک۔
**ہلکی چٹکی۔** کپڑے کا سینے کے بعد کم تاننا اور جھول چھوڑ دینا۔
**ہلکی چوٹ۔** (ا۔ مث) خفیف چوٹ۔ ضرب خفیف۔
**ہلکی شراب۔** (ا۔ مث) شراب جو تیز نہ ہو۔
**ہل کے پانی نہ پی سکنا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت ناتواں اور کمزور ہو جانا۔
**ہل کے پانی نہ پینا۔** (ا۔ محاورہ) نہایت سست اور کاہل ہونا۔ (۲) اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا۔
**ہلگانا۔** (ہِل۔ گا۔ نا) [ا۔ مص] (۱) لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ معلق کرنا۔ (۲) اُلجھنا۔ کسی کام میں لگا دینا۔
**ہلگت۔** (ہِل۔ گت) [ہ۔ ا۔ مث] عادت۔ سبھاؤ۔ خُو۔
**ہلگنا۔** (ہَ۔ لگ۔ نا) [ا۔ مص] چمٹ رہنا۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔
**ہِل مِل جانا۔** (ا۔ محاورہ) گھل مل جانا۔ آپس میں مانوس ہو جانا۔



Marfat.com

بل مل کر رہنا۔ (ا۔ محاورہ) میل جول کے ساتھ رہنا۔
بل من مبارز۔ (ع۔ بول چال) میدان جنگ میں حریف کو بلانے کے لیے بہادر میدان میں پکارتے ہیں کون ہے لڑنے والا۔
بل من مزید۔ (ہل۔مم۔م۔زید) (ع۔ بول چال) قرآن شریف کا ایک جملہ۔ جب سب دوزخی دوزخ میں جاچکیں گے تو دوزخ پکار پکار کر کہے گا کچھ اور بھی ہو تو لاؤ۔
ہلنا۔ (ہل۔نا) [ا۔مص] (۱) متحرک ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ جنبش کرنا۔ (۲) مانوس ہوجانا۔ پرچنا۔
ہلنے کو جی نہ چاہنا۔ (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ سست ہونا۔
ہلو۔ ( (Hallo) ) [انگ۔ا۔مذ] دیکھیے ہیلو۔
ہلورا۔ (ہ۔لو۔را) [ہ۔ا۔مذ] موج۔ لہر۔
ہلورے لینا۔ ہلوریں لینا۔ (ا۔محاورہ) موجیں مارنا۔ لہریں لینا۔
ہلہل۔ (ہَل۔ہِل) [ہ۔ا۔مذ] ایک پودا جو بواسیر کے لیے مفید ہے۔
ہلہلہ۔ (ہُل۔ہُ۔لا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) شگوفہ۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات۔ (۲) شوق۔ اُمنگ۔ (۳) بہتان۔ جھوٹی بات۔ بے سروپا بات۔
ہلہلا اٹھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑا کھڑا کرنا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ کسی کام کے لیے دفعتہً دل چاہنا۔ شوق چرانا۔
ہلہلا کر بخار چڑھنا۔ (ا۔ محاورہ) ایسا بخار چڑھنا کہ بیمار کانپنے لگے۔
ہلہلانا۔ (ہُل۔ہُ۔لا۔نا) [ا۔مص] کانپنا۔ تھرانا۔ بخار کی شدت سے تھرانا۔
ہلیلہ۔ (ہَ۔لے۔لہ) [ف۔ا۔مذ] ہڑ۔ ایک دوا کا نام۔

## ہ ۔ م

ہم۔ [ہ] (۱) (ضمیر جمع متکلم) میں اور میرے ساتھی۔ (۲) کلمہ تعظیم جو اپنی ذات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
ہم بھی کوئی ہیں۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہم سے بھی کوئی رشتہ اور خصوصیت ہے۔ (۲) ہمارا بھی بڑا مرتبہ ہے۔
ہم بھی کیا یاد کریں گے۔ (ا۔مثل) کسی کی بے توجہی اور بے پروائی کے شکوہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں۔ (ا۔مثل) چھوٹا ہو کر اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔
ہم بھی ہیں وہ بھی ہیں۔ (ا۔مثل) ہمارا اور ان کا مقابلہ ہے۔ دیکھیں کون بڑھتا ہے۔
ہم پر پھسل پڑنے۔ (ا۔مثل) ہمیں پر غصہ اتارا۔ زبردست کو کچھ نہ کہا۔ ہم پر ناحق خفا ہو گئے۔
ہم جانیں یا تم جانو۔ (ا۔مثل) ہمارے تمہارے سوا کوئی دوسرا واقف نہ ہو۔
ہم خوش ہمارا خدا خوش۔ (ا۔مثل) کمال رضامندی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے۔
ہم سے اڑتے ہو۔ (ا۔مثل) ہم سے چالیں چلتے ہو۔ ہمیں فریب دیتے ہو۔
ہم سے کب چل سکتے ہو۔ (ا۔مثل) ہم تمہارے فریب میں نہیں آسکتے۔
ہم کس باغ کی مولی ہیں۔ (ا۔مثل) ہمارا کیا زور ہے۔ ہماری کون سنتا ہے۔
ہم کو۔ اپنی ذات کو۔
ہم کو پیٹے۔ ہم کو گاڑے۔ ہماری بھنی کھائے۔ ہم کو سے جو کسے (ا۔ کلمہ قسم) عورتوں کی سخت قسمیں۔ ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے۔
ہم کون ہیں۔ (ا۔مقولہ) ہم اس لائق نہیں۔ ہمیں اس میں کچھ بھی دخل نہیں۔
ہم کہاں۔ (ا۔مقولہ) ہم نہ ہوں گے۔
ہم نہ کہتے تھے۔ (ا۔مقولہ) دیکھا جو کچھ ہم نے کہا وہی ہوا نا۔ ہم نے نہ کہا تھا۔
ہم۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) اندیشہ۔ فکر۔ ملال۔ غم۔ (۲) قصد۔ ارادہ۔
ہم۔ [ف] (حرف عطف) (۱) نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ اس کے علاوہ۔ (۲) کسی کام میں شرکت ظاہر کرنے کے لیے۔ آپس میں۔ باہم دگر۔
ہم آغوش۔ (ف۔صف) بغل گیر۔ ہم کنار۔ باہم گلے ملنے والا۔
ہم آغوش ہونا۔ (ا۔محاورہ) بغل گیر ہونا۔ ہم کنار ہونا۔ گلے لگنا۔
ہم آغوشی۔ (ف۔ا۔مث) بغل گیری۔ ہم کناری۔
ہم آواز۔ ہم آہنگ۔ (ف۔صف) سُر یا راگ میں شریک (۲) ساتھی۔ (۳) متفق الرائے۔
ہم بزم۔ (ف۔صف) محفل میں شریک۔ ہم مجلس۔
ہم بستر۔ ایک ہی بستر پر سونے والا۔ ساتھ سونے والا۔
ہم بستر ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ساتھ سونا۔ ایک ہی بستر پر سونا۔ (۲) صحبت کرنا۔ مجامعت کرنا۔
ہم بستری۔ (ف۔ا۔مث) جماع۔ مجامعت۔
ہم بغل۔ (ف۔صف) ہم آغوش۔ ہم کنار۔
ہم پایہ۔ (ف۔صف) ہم مرتبہ۔ ہم رتبہ۔ ہم سر۔
ہم پلہ۔ (ف۔صف) برابر کی ٹکر کا۔ برابر کی جوڑ کا۔ ہم رتبہ۔ برابر کی مار کا۔ برابر فاصلے کا۔
ہم پہلو۔ (ف۔صف) (۱) پہلو کے برابر۔ پہلو بہ پہلو۔ برابر۔ (۲) ساتھی۔ رفیق۔
ہم پیالہ۔ (نوالہ)۔ (ف۔صف) ایک پیالے میں کھانے والا۔ ہم کاسہ۔ ہم طعام۔ گہرا دوست۔
ہم پیشہ۔ (ف۔صف) ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا۔
ہم ترازو۔ (ف۔صف) ہم پلہ۔ ہم وزن۔ ہم مرتبہ۔
ہم جلیس۔ (ف۔ع۔صف) ہم نشین۔ پاس بیٹھنے اٹھنے والا۔



Marfat.com

ہم جماعت۔ (ف۔صف) ہم سبق۔ جماعت کا یار۔ ہم مکتب۔ کلاس فیلو۔
ہم جنس۔ (ف۔صف) ایک جنس کا۔ ہم ذات۔ ایک نمونے کا۔ ہم مرتبہ۔ ہم پیشہ۔
ہم جوار۔ (ف۔صف) ہمسایہ۔ ایک ہی بستی کا۔
ہم جولی۔ (ا۔صف) ہم عمر۔ ساتھ کھیلا ہوا۔ لنگوٹیا۔ ہم سن۔ (۲) وہ کم سن جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے۔
ہم چشم۔ (ف۔صف) برابر والا۔ ہم مرتبہ۔
ہم چشمی۔ (ف۔ا۔مث) برابری۔ ہمسری۔
ہم چشمی کرنا۔ (ا۔محاورہ) برابری کا دعویٰ کرنا۔ ہم سری کرنا۔
ہم چومن (ما) دیگرے نیست۔ (ف۔مثل) میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں۔ خودستائی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
ہم خرما و ہم ثواب۔ (ف۔مثل) وہ فعل جس میں لذت بھی ہو اور کارِ خیر بھی۔ وہ کام جس میں دوہرا فائدہ ہو۔
ہم خواب ہونا۔ (ا۔محاورہ) ساتھ سونا۔ ہم بستر ہونا۔ مجامعت۔
ہم داستان۔ (ف۔صف) ہم کلام۔ ہم صحبت۔ ہم راز۔
ہم داماں۔ (ف۔صف) بیوی کی بہن کا شوہر۔ ہم زُلف۔ ساڑھو۔
ہم دبستاں۔ (ف۔صف) ہم مکتب۔ ہم مدرسہ۔
ہم درد۔ (ف۔صف) دکھ درد کا ساتھی۔ ہم دم۔ درمند۔ غم خوار۔
ہمدردی۔ (ف۔ا۔مث) غم خواری۔ دردمندی۔
ہم درس۔ (ف۔صف) ہم سبق۔
ہم دست۔ (ف۔صف) (۱) ہمراہ۔ ساتھ۔ (۲) شریک۔ متفق۔
ہم دست ہونا۔ (ا۔محاورہ) ملنا۔ حاصل ہونا۔
ہم دگر۔ (ف۔صف) باہم۔ آپس میں۔ دونوں ایک دوسرے میں۔
ہم دم۔ (ف۔صف) رفیق۔ یار۔ دوست
ہم دوش۔ (ف۔صف)۔ (۱) برابر بیٹھنے والا۔ (۲) برابر کا۔ ہمسر۔ برابر کی ٹکر کا۔
ہم دیوار۔ (ف۔صف) پڑوسی۔ ہمسایہ۔
ہم ذات۔ (ف۔صف) ایک ذات کا۔ ہم قوم۔
ہم راز۔ (ف۔صف) رازدان۔ بھیدی۔ محرمِ راز۔
ہم راہ۔ (ف۔صف) (۱) ساتھ چلنے والا۔ رفیقِ راہ۔ ساتھی۔ ہمرنگ۔ (۲) ساتھ۔ سنگ۔
ہم راہ گر شتاب کند ہمراہِ تو نیست۔ (ف۔مثل) ساتھی اگر جلدی کرے تو وہ تیرا سچا رفیق نہیں ہے۔
ہم راہ ہو لینا۔ (ا۔محاورہ) ساتھ ہو لینا۔
ہمراہی۔ (ف۔صف) ساتھی۔ ساتھ چلنے والا۔ (۲) یار۔ رفیق۔ (۳) ساتھ۔ معیت۔
ہم رتبہ۔ (ف۔ا۔صف) ایک ہی رُتبے کا۔ ہمسر۔
ہم رشتہ۔ (ف۔صف) جو رشتہ میں برابر ہو۔
ہم رکاب۔ (ف۔صف) (۱) ہم سفر۔ ہم راہ۔ (۲) سواری کے ساتھ۔

ہم رنگ۔ (ف۔صف) ایک رنگ کا۔ ایک طرح کا۔ یکساں۔ یکرنگ۔
ہم رنگی۔ (ف۔ا۔مث) ایک رنگ یا وضع کا ہونا۔
ہم رو۔ (ف۔صف) (۱) ہم راہ۔ ہم سفر۔ (۲) وہ گھوڑا جو پانچ سال کا ہو گیا ہو اور اس کے سب دانت نکل آئے ہوں۔
ہم زاد۔ (ف۔صف) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ہو (۲) وہ روایتی شیطان یا جن جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔ (۳) سایہ۔
ہم زانو۔ (ف۔صف) پاس بیٹھنے والا۔ پہلونشین۔ (۲) برابر کا۔
ہم زُبان۔ (ف۔صف) (۱) ہم قول۔ متفق۔ (۲) ہم کلام۔
ہم زُلف۔ (ف۔صف) ساڑھو۔ سالی کا خاوند۔
ہم زماں۔ (ف۔صف) ہم عصر۔ ایک زمانے کے لوگ۔
ہم ساز۔ (ف۔صف) (۱) ہمدم۔ (۲) سازگار۔ موافق۔
ہم سال۔ (ف۔صف) ہم عمر۔ عمر میں برابر۔
ہم سائی۔ (ا۔مث) پڑوسن۔
ہم سائیگی۔ (ف۔ا۔مث) پڑوس۔ مکان کا قُرب۔ (۲) پاس کا مکان۔
ہم سایہ۔ (ف۔صف) پڑوسی۔
ہم سایہ دھوئیں کا شریک۔ (ا۔مثل) پڑوسی سے ہمدردی ہونا ضروری ہے
ہمسایہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) (۱) پڑوسی ہونا۔ (۲) (کنایۃً) ہم رنگ ہونا۔
ہم سبق۔ (ف۔صف) ساتھ سبق پڑھنے والا۔ ہم درس۔ ہم جماعت۔
ہم سخن۔ (ف۔صف) ہم زبان۔ ہم کلام۔ ساتھی۔
ہم سخنی کرنا۔ (ا۔محاورہ) مقابل ہو کر بولنا۔ مقابلہ کرنا۔
ہم سر۔ (ف۔صف) برابر کا۔ ہم رتبہ۔ ہم چشم۔
ہم سری۔ (ف۔ا۔مث) برابری۔ ہم چشمی۔ مساوات۔
ہم سری کرنا۔ (ا۔محاورہ) برابری کرنا۔ مساوات کا دعویٰ کرنا۔
ہم سفر۔ (ف۔صف) ساتھ سفر کرنے والا۔ سفر کا ساتھی۔ رفیقِ راہ۔
ہم سلک۔ (ف۔صف) (۱) سمدھی۔ جن کے لڑکی لڑکے ساتھ بیاہے ہوں۔ (۲) ساتھ نتھی کیا ہوا۔
ہم سن۔ (ف۔صف) ہم عمر۔ ہمجولی۔
ہم سنگ۔ (ف۔صف) ہم وزن۔ رتبے میں برابر۔
ہم سوانا۔ (ا۔صف) وہ مقامات جن کی سرحدیں ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہوں۔
ہم شان۔ (ف۔صف) برابر کی شان کا۔ ہم رتبہ۔
ہم شکل۔ (ف۔صف) ایک شکل کا۔ ہم صورت۔
ہم شیر۔ (ف۔ا۔مذ) دودھ شریک بھائی یا بہن۔ (۲) حقیقی بھائی یا بہن (لیکن یہ لفظ عموماً بہن کے لیے مستعمل ہے)۔
ہم شیرزاد۔ ہم شیرزادہ۔ (ف۔ا۔مذ) بھانجا۔ خواہرزادہ۔



Marfat.com

ہم شِیرہ - (۱) دودھ شریک بہن - (۲) خواہر - سگی بہن -
ہم شِیرہ اَخیافی - (ف - صف) ماں کی طرف سے بہن -
ہم شِیرہ رضاعی - (ف - صف) دودھ شریک بہن - جو سگی بہن نہ ہو - بلکہ ایک ہی عورت کا دودھ پینے میں شریک رہی ہو -
ہمشیرہ عَلاتی - (ف - صف) باپ کی طرف سے بہن -
ہم صحبت - (ف - صف) ساتھی - ہم نشین - پاس اُٹھنے بیٹھنے والے -
ہم صفیر - (ف - صف) (۱) ہم آواز - وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں - (۲) ہمدم - ساتھی - دوست -
ہم طالع - (ف - صف) یکساں منصب والا -
ہم طرح - (ف - صف) وہ غزل یا قصیدہ جو ایک ہی طرح یا ایک ہی زمین میں لکھے جائیں - (۲) مقابل - ہم رتبہ -
ہم عصر - (ف - صف) ہم عہد - ہم زمانہ - ایک وقت کا -
ہم عُمر - (ف - صف) ہم سن - برابر کی عمر کا - ہم سال -
ہم عناں - (ف - صف) (۱) ہم رکاب - ہمراہ - (۲) ساتھی - رفیق -
ہم عہد - (ف - صف) ہم عصر - ہم زمانہ -
ہم قد - (ف - صف) برابر قد کا -
ہم قدم - (ف - صف) ساتھی - رفیق - ہمراہی - ہم سفر -
ہم قران - (ف - صف) ہم قرین - یار - مصاحب -
ہم قلم - (ف - صف) ہم عہدہ - وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مامور ہوں -
ہم قوم - (ف - صف) ایک قوم کا - ایک ذات کا -
ہم کفو - (ف - صف) ایک ہی خاندان کا - ایک ہی کنبے کا -
ہم کلام - (ف - صف) ہم سخن - مل کر بات کرنے والا -
ہم کلام ہونا - (ا - محاورہ) ہم سخن ہونا - کسی سے بات کرنا -
ہم کلامی - (ف - ا - مث) باہم بات چیت -
ہم کنار - (ف - صف) ہم آغوش - بغل گیر -
ہم گرد - (ف - صف) ساتھ پھرنے والا -
ہم مذہب - (ف - صف) ایک ہی مذہب کا - ایک ہی ملت کا -
ہم مرکز - ف - صف) وہ دائرے جن کا ایک مرکز ہو -
ہم مشرب - (ف - صف) ایک ہی طریقے کا - ایک ہی مسلک کا -
ہم معنی - (ف - صف) وہ الفاظ جن کے معنی ایک ہی ہوں - ایک دوسرے کے مرادف الفاظ -
ہم مکتب - (ف - صف) ہم مدرسہ - ایک ہی مکتب کے پڑھے ہوئے ایک ہی مکتب کے پڑھنے والے
ہم نام - (ف - صف) ایک ہی نام کا - ہم اسم -
ہم نَبرد - (ف - صف) مقابل - حریف -
ہم نشیں - (ف - صف) ہم صحبت - مصاحب -
ہم نظیر - (ف - صف) مقابل - ہم پایہ -
ہم نفس - (ف - صف) دوست - آشنا - رفیق -

ہم نوا - (ف - صف) ہم آہنگ - ہم آواز - ہم صفیر -
ہم نوالہ - (ف - صف) ساتھ کھانے پینے والا -
ہم وطن - (ف - صف) ایک دیس کا - ایک ملک کا - ایک شہر کا -
ہم وقت - (ف - صف) ہم عصر - ہم زمانہ - ہم عہد -
ہُما - (ہُ - ما) [ف - ا - مذ] ایک مشہور خیالی پرندہ جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گذر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے -
ہما بازی شما بازی پیروں سے دغا بازی - (ا - مثل) اُستاد کے آگے شاگرد کی نہیں چلتی
ہماہم - ہماہمی - [ق - ا - مث] (۱) مقابلہ - برابری - (۲) رقابت -
ہمارا - (ہَ - ما - را) [ا - ض] (۱) ہم سب کا - تمام کا - (۲) میرا - میری ذات کا -
ہمارا بھی خدا ہے - (ا - مثل) کسی سے مایوس ہو جانے کے وقت بولتے ہیں -
ہمارا تمہارا خدا بادشاہ - (ا - مثل) قصہ گو کسی بادشاہ کا قصہ شروع کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ہیں -
ہمارا جنازہ دیکھو (دیکھے) (ا - محاورہ) قسمیں جو اکثر عورتیں کی زبان پر آتی ہیں -
ہمارا ذمہ - (ف - ا - مذ) ہم اس بات کے ذمہ دار ہیں -
ہمارا سلام ہے - (ا - محاورہ) بیزاری ظاہر کرنے کے لیئے کہتے ہیں -
ہمارا کیا لے - (ا - محاورہ) ہمارا کیا بگڑتا ہے - ہمارا کیا نقصان ہے -
ہمارا لہو پیئے - ہمارا حلوہ کھائے - (ا - محاورہ) عورتوں کی قسمیں ہم کو کھائے ہم کو پیٹے - ہمارا مردہ دیکھے - ہماری بھتی کھائے -
ہمارے بڑے بروے آزاد کرتے تھے - (ا - مثل) بزرگوں نے کام کیا - ہم نام چاہتے ہیں - جو شخص خود کچھ نہ ہو مگر باپ دادا کے نام پر اترائے اس کی نسبت بولتے ہیں پدرم سلطان بود -
ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں - (ا - مثل) ہم مطلق بے خبر ہیں ہمیں ذرا بھی اطلاع نہیں -
ہمارے گھر آؤ گے کیا لاؤ گے، تمہارے گھر آئیں تو کیا کھلاؤ گے (ا - مثل) نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں -
ہمارے منہ میں بھی زبان ہے - (ا - محاورہ) ہم بھی اس سوال کا جواب دے سکتے ہیں - ہم بھی بات کرنے کی قدرت رکھتے ہیں -
ہمارے ہاں سے آگ لائی نام رکھا بیسندر - (ہ - مثل) پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں - ہماری چیز اور ہمیں سے دریغ -
ہماری - (ہَ - ما - ری) [ہ - ض] اپنی - ذاتی - نج کی -
ہماری بلی ہمیں سے میاؤں - (ا - مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرائے
ہماری بندگی پہنچے - (ا - مثل) (۱) ہمارا سلام پہنچے - ہم سلام کرتے ہیں - (۲) ہم باز آئے - ہمیں معاف رکھیں -
ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سونگھو - (ا - مثل) کام کوئی کرے داد کوئی مانگے -
ہُماسنا - (ہُ - ماس - نا) - (ہ - مص) کسی وزنی چیز کو اس کے نیچے کوئی چیز



Marfat.com

رکھنے کے لیے اٹھانا۔

**ہماشُما**۔ (ہَ۔ما۔شُ۔ما) [اُر۔صف] ادنیٰ، اعلیٰ، چھوٹا بڑا۔ سب۔

**ہمال**۔ (ہَ۔مال۔ہَ۔مال) [ف۔صف] مانند۔ نظیر۔ شبیہ۔

**ہمالہ**۔ (ہِ۔ما۔لہ) [ہ۔ا۔مذ] ہمالیہ کا بگاڑ۔

**ہمالیہ**۔ (ہِ۔ما۔لِ۔یہ) [س۔ا۔مذکر] (۱) برف۔ پالا۔ موسم سرما (۲) دنیا کے سب سے اونچے پہاڑ کا نام جو برِصغیر پاک و ہند کے شمال میں واقع ہے۔

**ہمام دستہ**۔ (ہَ۔مام۔دَس۔تہ) [اُر۔ا۔مذ] ہاون دستہ۔

**ہماں**۔ (ہَ۔ماں) [ف] وہی۔ ہمچناں۔ ہمچنیں۔

**ہماں آش درکاسہ**۔ [ف] (مثل) جب پہلی حالت میں باوجود کوشش کے کچھ تبدیلی نہ ہو اس وقت کہتے ہیں۔

**ہماہمی**۔ (ہَ۔ما۔ہمی) [ہ۔ا۔مث] (۱) خودپسندی۔ غرور۔ بڑا بول... انانیت (۲) سرزوری۔ زورآوری۔ زبردستی۔

**ہمایوں**۔ (ہُ۔ما۔یُوں) [ف۔صف] مبارک۔ بابرکت۔ مسعود۔

**ہمّت**۔ (ہِم۔مَت) [ع۔ا۔مث] (۱) ارادہ۔ عزم۔ قصد۔ (۲) جرأت۔ دلیری۔ شجاعت (۳) عالی حوصلگی۔ اولوالعزمی۔ (۴) توفیق۔ دسترس۔

**ہمّت باندھنا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ کرنا۔ دل کرنا۔

**ہمّت بندھنا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ بڑھانا۔

**ہمّت پڑنا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ پڑنا۔ جرأت ہونا۔

**ہمّت پست ہونا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ جاتا رہنا۔ بے ہمّت ہوجانا۔

**ہمّت ٹوٹنا**۔ (ا۔محاورہ) کم ہمّت ہوجانا۔ پست ہمّت ہوجانا۔

**ہمّت جوان رہنا**۔ (ا۔محاورہ) ہمّت بندھی رہنا۔

**ہمّت سرد ہوجانا**۔ (ا۔محاورہ) ہمّت پست ہوجانا۔ حوصلہ جاتا رہنا۔

**ہمّت کا حامی خدا ہے**۔ (ا۔مثل) جو ہمّت کرے خدا اس کی مدد کرتا ہے۔

**ہمّت کرنا**۔ (ا۔محاورہ) حوصلہ کرنا۔ دلیری کرنا۔ جرأت کرنا۔

**ہمّتِ مرداں مددِ خدا**۔ (ف۔مثل) کام میں کوشش شرط ہے خدا فوراً مدد دیتا ہے۔

**ہمّتِ مردانہ**۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) بہادروں کی سی ہمّت۔

**ہمّت والا**۔ (ا۔صف) عالی ہمّت۔ عالی حوصلہ۔ باحوصلہ۔

**ہمّت ہارنا**۔ (ا۔محاورہ) جی چھوڑنا۔ پست ہمّت ہونا۔ حوصلہ نہ رہنا۔

**ہمتا**۔ (ہم۔تا) [ف۔صف] برابر۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ شریک۔

**ہمتائی**۔ (ہم۔تا۔ای) [ف۔ا۔مث] برابری۔ مساوات۔ ہمسری۔

**ہمّتی**۔ (ہِم۔مَ۔تی) [اُر۔صف] ہمّت والا۔ حوصلے والا۔

**ہمزہ**۔ (ہم۔زَہ) [ع۔ا۔مذ] حروفِ تہجی کا ایک حرف (ء) یہ بعض الفاظ میں اضافت کا کام بھی دیتا ہے۔ جیسے صحیفۂ آسمانی۔

**ہمساوال**۔ (ہَم۔سا۔وال) [اُر۔ا۔مذ] جمادی الثانی کا مہینہ۔

**ہمسانا**۔ (ہ۔مص) اٹھانا۔

**ہمسنا**۔ (ہُمس۔نا) [ہ۔مص] کسی چیز کا جگہ چھوڑنا۔

**ہُمک**۔ (ہ۔فعل) ہمکنا مصدر سے صیغۂ امر۔

**ہمک ہمک کر چلنا**۔ (ا۔محاورہ) ٹھمک ٹھمک کر چلنا۔ اُچک اُچک کر چلنا۔

**ہُنکارا**۔ (ہُم۔کا۔را) [ہ۔ا۔مذ] ہوں۔ ہاں کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز۔ ہنکارا۔

**ہُنکارا بھرنا**۔ (ا۔محاورہ) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔

**ہُنکاری**۔ (ہُم۔کا۔ری) [ہ۔ا۔مث] دیکھیے ہنکارا۔

**ہُمکنا**۔ (ہُ۔مک۔نا) [ہ۔مص] بچے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کا ارادہ ظاہر کرنا۔

**ہمگی۔ ہمگیں**۔ (ہَ۔مَ۔گی۔ہَ۔مَ۔گیں) [ف۔صف] کُل۔ تمام۔ سب کے سب۔

**ہِمَم**۔ (ہِ۔مَم) [ع۔ا۔مث] ہمّت کی جمع۔ ہمّتیں۔ حوصلے۔

**ہَمَن**۔ (ہَ۔مَن) [ق۔ضمیر جمع متکلم] ہم۔

**ہمنا**۔ (ہم۔نا) [ق] (۱) ہمیں۔ (۲) ہم۔

**ہموار**۔ (ہم۔وار) [ف۔صف] برابر۔ یکساں۔ مسطح۔ (۲) موزوں۔

**ہموار کرنا**۔ (۱) زمین کو یکساں کرنا۔ (۲) کسی کو اپنے موافق بنا لینا۔

**ہَمَہ**۔ (ہَ۔مَہ) [ف۔صف] کل۔ سارا۔ جملہ۔ تمام۔

**ہمہ از اوست**۔ (ف۔مقولہ) تمام چیزیں خدا سے ہیں۔ کوئی چیز بذاتِ خود موجود نہیں بلکہ ہر شے اپنی ہستی کے لیے اللہ تعالیٰ کی محتاج ہے۔

**ہمہ اوست**۔ سب کچھ خدا ہے۔ صوفیوں کا قول ہے کہ خدا کے سوا کسی شے کا وجود نہیں۔ یہ خدا ہی ہے جو مختلف شکلوں میں جلوہ گر ہے۔

**ہمہ تن**۔ (ف۔تابع فعل) سرتاپا۔ سربسر۔ سب کا سب۔ بالکل۔ تمام۔

**ہمہ تن گوش ہونا**۔ (ا۔محاورہ) پوری توجہ سے سننا۔

**ہمہ داں**۔ (ف۔صف) ہر بات سے واقف۔ ہر علم و ہنر جاننے والا۔ ہرفن مولا۔

**ہمہ دانی**۔ (ف۔ا۔مث) ہر کام کی واقفیت۔

**ہمہ صفت موصوف**۔ (ف۔صف) ساری خوبیوں کا مالک۔

**ہمہ نعمت**۔ (ف۔ا۔مث) تمام نعمتیں۔ تمام عمدہ چیزیں۔ ہر قسم کی عمدہ چیزیں۔

**ہمہ وقت**۔ (ف۔تابع فعل) ہر وقت۔

**ہمہمہ**۔ (ہم۔ہَ۔مَہ) [ع۔ا۔مذ] شیر، گھوڑے۔ بیل شتر وغیرہ کی بھاری آواز۔

**ہمیانی**۔ (ہِم۔یا۔نی) [اُر۔ا۔مث] روپیہ پیسہ رکھنے کی پتلی تھیلی خصوصاً وہ تھیلی جو حالتِ سفر میں کمر سے باندھی جاتی ہے۔ ا یہ اقتباً عربی ہمیان" کا مورد ہے اور "ہمیان" فارسی لفظ "ہمیان" بالفتح کا معرب ہے۔

**ہمیش**۔ (ہَ۔میش) [اُر۔تابع فعل] ہمیشہ۔

**ہمیشگی**۔ (ہ۔مے۔شَ۔گی) [ف۔ا۔مث] دوام۔ مدامی۔ قدامت۔



Marfat.com

قیام۔ بقا۔

**ہمیشہ**۔ (ہ۔ مے۔ شہ) [ف۔ صف] دائم۔ مدام۔ آئے دن۔ سدا۔ نت۔

ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا۔ (ا۔ مقولہ) سدا مصیبت ہی میں مبتلا ہے۔

ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔ (ا۔ مقولہ) پرانا چلن ہے۔ قدیم رسم ہے۔

**ہمیل**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل جو گلے میں ڈالتے ہیں۔

**ہمیں**۔ (ہ۔ میں) [ہ۔ مض] (۱) ہم سب کو۔ ہم تمام آدمیوں کو (۲) مجھ کو۔ مجھے۔ میرے تئیں۔

ہمیں پیٹے۔ (ا۔ شل) سخت قسم جو کسی عزیز کو دی جاتی ہے۔ ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے۔

**ہمیں چوگاں ہمیں میداں (ہمیں گو ہمیں چوگاں)** (ف۔ شل) یہی مقابلے کی جگہ ہے یہیں آزمائش ہو جائے۔

ہمیں کچھ کام نہیں۔ (ا۔ تابع فعل) ہمیں کچھ غرض نہیں۔ ہمیں کوئی مطلب نہیں۔

ہمیں کیا۔ (ا۔ تابع فعل) ہم کو کیا مطلب۔ ہم کو کیا فائدہ۔

**ہمیں**۔ (ہ۔ میں) [ا۔ ض متکلم] ہم ہی کا مخفف۔

ہمیں پہ کیا ہے۔ [ا۔ محاورہ] ہم ہی پہ کیا موقوف ہے۔ ہماری ہی ذات پر منحصر نہیں ہے۔

ہمیں ہم۔ صرف ہم۔ تنہا ہم۔

**ہمیں**۔ (ہ۔ میں) [ف۔ تابع فعل] یہی۔

## ہ - ن

**ہُن**۔ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دکن کے ایک قدیم سکے کا نام (۲) دولت مال و زر۔

ہُن برسنا۔ (ا۔ محاورہ) دولت برسنا۔ خوب آمدنی ہونا۔

ہُن پہ ہُن برسنا۔ (ا۔ محاورہ) دولت کی فراوانی ہونا۔

**ہنٹر**۔ (Hunter) (ہن۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذ] کوڑا۔ چابک۔ (۲) شکاری۔

ہنجار۔ (ہن۔ جار) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) راہ۔ راستہ۔ [مجازاً] طرز۔ روش۔ قاعدہ۔

ہند۔ [ف۔ ا۔ مذ] ہندوستان۔ بھارت۔

**ہندسہ**۔ (ہن۔ دِ۔ سہ) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) شکل۔ عدد۔ رقم۔ (۲) اقلیدس۔

ہندسہ دان۔ (ع۔ ف۔ صف) علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا عالم۔

**ہندنی**۔ (ہن۔ دَ۔ نی) [اُر۔ ا۔ مث] ہندو عورت۔

**ہندو**۔ (ہن۔ دو) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) ہندوستان کا باشندہ۔ ہندستانی۔ ہندی۔ (۲) معشوق کے رخسار کا تل۔ خال سیاہ۔ زلف معشوق۔

ہندومت۔ (ہ۔ ا۔ مث) اہل ہند کا مذہب۔ ہندو دھرم۔

**ہندوانہ**۔ (ہن۔ دُ۔ وا۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذ] تربوز۔ (۲) ہندوؤں جیسا طریقہ۔

**ہندوانی**۔ (ہن۔ دُ۔ وا۔ نی) [ف۔ صف] ہندوؤں کا۔ ہندوؤں سے منسوب۔

**ہندوستان**۔ (ہن۔ دُو۔ س۔ تان) [ف۔ ا۔ مذ] ملک ہند۔ بھارت۔

**ہندوستانی**۔ (ہن۔ دُو۔ س۔ تا۔ نی) (۱) ہند سے منسوب (۲) [مذ] ہندوستان کا باشندہ۔ (۳) [مث] ہندوستان کی زبان۔ آسان ہندی۔

**ہندوئے چرخ۔ ہندوئے فلک**۔ [ف۔ ا۔ مذ] ستارہ زحل جو سیاہ رنگ کا ہے۔

**ہندی**۔ (ہن۔ دی) [ف۔ صف] (۱) ہند سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) [مذ] ہندوستانی۔ ہند کا رہنے والا (۳) ہند کی زبان۔ (۴) ہندوستان کی تلوار۔

ہندی کی چندی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) خوب سمجھنا۔ آسان کو اور آسان کرنا۔ (۲) خوب چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔

ہندی کی چندی نکالنا۔ (ا۔ محاورہ) بال کی کھال نکالنا۔ بہت حجت کرنا۔

ہندی نژاد۔ (ف۔ صف) ہندی النسل۔ ہندوستان کا باشندہ۔

**ہنڈا**۔ (ہن۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بڑی ہانڈی۔ مٹی کا برتن۔ مٹکا۔ (۲) ہانڈی کی شکل کا بڑا فانوس۔ (۳) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔

ہنڈا پھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) راز فاش کرنا۔

ہنڈا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا۔ (۲) کسی جاترا سے واپس آ کر ضیافت کرنا۔

**ہنڈار**۔ (ہن۔ ڈار) [ہ۔ ا۔ مذ] گرگ۔ بھیڑیا۔

**ہنڈانا**۔ (ہن۔ ڈا۔ نا) [ہ۔ مص] شہر بدر کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ (۲) گشت کرنا۔ پھرانا۔ تشہیر کرنا۔

**ہُنڈاوَن**۔ (ہن۔ ڈا۔ وَن) [ہ۔ ا۔ مث] ہنڈی بھیجنے کا کمشن۔ ہنڈی کا بٹا۔

**ہنڈکلیا۔ ہنڈکلھیا**۔ (ہنڈ۔ کُل۔ یا۔ ہنڈ۔ کلھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] بچوں کی ہانڈی جو کلیا یا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں۔ بچوں کے کھانا پکانے کا کھیل۔

**ہنڈنا**۔ (ہنڈ۔ نا) [ہ۔ مص] مارے مارے پھرنا۔ تشہیر ہونا۔

**ہنڈول**۔ (ہن۔ ڈول) [ہ۔ ا۔ مذ] ہندی راگوں کا پانچواں راگ۔ صبح کا ایک راگ۔

**ہنڈولا**۔ (ہن۔ ڈو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) پالنا۔ گہوارہ۔ جھولا۔ پنگھوڑا۔ (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔

ہنڈولا جھولنا۔ (ا۔ مث) جھولا جھولنا۔ ہنڈولے میں جھولنا۔

**ہُنڈوی۔ ہُنڈی**۔ (ہُنڈ۔ وی۔ ہُن۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مث] چک۔



Marfat.com

کاغذ زر۔ روپیہ کا رقعہ۔ وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ وصول کرنے کے لیے دیتے ہیں۔ آج کل کے زمانے کا چیک۔

ہُنڈی بھیجنا۔ (ا۔ محاورہ) مہاجن کے ذریعہ روپیہ بھیجنا۔ ساہوکار سے روپے کا پرچہ لے کر روانہ کرنا۔

ہنڈی پٹنا۔ (ا۔ محاورہ) ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا۔

ہنڈی سکارنا (سکھارنا)۔ (ا۔ محاورہ) ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔

ہنڈی سیاہ جوگ۔ (ہ۔ ا۔ مث) ہنڈی جس کا روپیہ کچھ دیر بعد ملے

ہنڈی کرنا۔ (ا۔ محاورہ) ساہوکار کے ذریعہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ پہنچانا۔

ہنڈی کھڑتی رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) ہنڈی کو کسی جگہ سے ملتوی رکھنا۔

ہُنڈیا۔ (ہنڈ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مث] ہانڈی کی تصغیر۔ (۱) مٹی کی دیگچی۔ (۲) [کنایۃً] ترکاری۔ سالن۔

ہنڈیا پکانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سالن پکانا۔ ترکاری پکانا (۲) سازش ہونا۔ کھچڑی پکنا۔

ہنڈیا پکنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سالن پکنا۔ ترکاری پکنا (۲) سازش ہونا۔ کھچڑی پکنا۔

ہنڈیا چڑھانا۔ (ا۔ محاورہ) ہنڈیا چولھے پر رکھنا۔ دال۔ ساگ ترکاری پکنے کو رکھنا۔

ہنڈیا ڈوئی۔ (ا۔ مث) (۱) کھانے پکانے کا سامان۔ باورچی خانے کے برتن۔ (۲) گھر کا اسباب۔ اثاث البیت۔

ہُنَر۔ (ہُ۔ نَر) [ف۔ ا۔ مذ] (۱) فن۔ کام۔ کاریگری۔ حرفت۔ کمال۔ جوہر۔ صفت۔ (۲) کرتب۔ وصف۔ خوبی (۳) اندازہ۔ سلیقہ۔ حکمت۔ دانائی۔

ہنر بچشم عداوت بزرگ تر عیبے است۔ (ف۔ مثل) دشمنی ہو تو کسی کا ہنر بھی بہت بڑا عیب معلوم ہوتا ہے۔

ہُنر کی پوٹ۔ (ا۔ مث) جامع الکمالات۔ بڑا ہنرمند۔

ہُنرمند۔ (ور) (ف۔ صفت) (۱) صاحب ہنر۔ باہنر۔ گنی۔ (۲) دستکار۔ کاریگر۔ صنّاع۔

ہنرمندی۔ ہُنروری۔ (ف۔ ا۔ مث) سلیقہ۔ اُستادی۔ خوبی۔ جوہر۔ وصف۔ لیاقت۔ قابلیت۔ کمال۔ کاریگری۔ گُن۔

ہنس۔ [س۔ ا۔ مذ] ایک قسم کی بطخ۔ (۲) روح۔ آتما۔ جان۔

ہنس راج۔ (۱) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے پر یا پہاڑوں پر بکثرت پائی جاتی ہے (۲) [مذکر] ایک قسم کی آبی بط۔ قاز۔ راج ہنس۔

ہنسا۔ (ہن۔ سا) [س۔ ا۔ مذ] (۱) قتل۔ خون۔ کشت وخون۔ (۲) پاپ۔ گناہ۔

ہنسا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) ہنسی۔ قہقہہ۔

ہنسا جانا۔ (ا۔ محاورہ) تمسخر کیا جانا۔ مذاق اُڑایا جانا۔

ہنسا مارنا۔ (ا۔ محاورہ) بہت ہنسانا۔

ہنسانا۔ (ہنسا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہنسی دلانا۔ خندہ دلانا۔ (۲) خوش کرنا۔ محظوظ کرنا۔

ہنسائی۔ [ہنسا۔ ای] [ہ۔ ا۔ مث] تضحیک۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔

ہنس بول کر بسر کرنا۔ (اُ۔ مص) خوش دلی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔

ہنس بول لینا۔ [اُ۔ مص] ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا۔

ہنس پڑنا۔ ہنس دینا۔ [اُ۔ مص] دفعتہً ہنسنے لگنا۔

ہنستا۔ (ہنس۔ تا) [ہ۔ صفت] ہنستا ہوا۔

ہنستا پھول کھِلتی کلی۔ (ا۔ مثل) نازک اور خوش مزاج آدمی جو اکثر مسکراتا اور ہنستا رہے مگر جسے ذرا بھی خلاف طبع بات گوارا نہ ہو۔

ہنستا چغل۔ (ا۔ صفت) دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا

ہنستے بولتے۔ (ا۔ صفت) (۱) مذاق کرتے کرتے۔ (۲) باتوں باتوں میں۔ آسانی سے۔ (۳) خوش دلی سے گفتگو کرتے۔

ہنستے ٹھٹھا کر کھانستے چور ان دونوں کا آیا اور۔ (ا۔ مثل) حاکم کی تمسخرانہ ہنسی اور چور کی کھانسی خرابی کا باعث ہوتی ہے۔

ہنستے ہنستے۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) ہنسی ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) نہایت ہنسنے سے۔

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا۔ (ا۔ محاورہ) نہایت ہنسنا۔

ہنستے ہنستے لوٹ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی کے مارے غلطاں ہو جانا۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ ہو جانا۔

ہنستے ہی گھر بستے ہیں۔ (ا۔ مثل) ہنسی ہنسی میں کام بنتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے۔

ہنستی۔ (ہنس۔ تی) [ہ۔ صفت] ہنستی ہوئی۔ ہنستا کی تانیث۔

ہنستی پیشانی۔ (ا۔ مث) خندہ روئی۔ خندہ پیشانی۔

ہنس خلق۔ [اُ۔ صفت] خوش خلق۔ ہنس مکھ۔ ملنسار۔

ہنسلی۔ (ہنس۔ لی) [ہ۔ ا۔ مث] وہ ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے۔ (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔

ہنسلی اُتر جانا۔ (ا۔ محاورہ) شیرخوار بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر تلے اوپر ہو جانا۔

ہنسلی (جانا) جاتی رہنا۔ (ا۔ محاورہ) ہنسلی اُتر جانا۔

ہنس مکھ۔ [ہ۔ صفت] خوش مزاج۔ خوش طبع۔ خوش خلق۔ شگفتہ رُو۔

ہنسنا۔ (ہنس۔ نا) [ا۔ مص] (۱) خندہ کرنا۔ کھلکھلانا۔ کھلنا (۲) مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ (۳) ہنسی اُڑانا۔ تضحیک کرنا۔

ہنسنا بولنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ظرافت سے دل بہلانا۔ دل لگی کرنا۔ مذاق کرنا۔ خوش دلی سے بات چیت کرنا۔

ہنسوانا۔ (ہنس۔ وا۔ نا) [ا۔ مص] کسی پر ہنسنے کے لیے دوسرے کو تحریک کرنا۔

ہنسوڑ۔ [ا۔ صفت] خوش طبع۔ خوش مزاج۔

ہنس ہنس کھائیے پھوہڑ کا مال۔ [اُ۔ مثل] بیوقوف کی دولت



Marfat.com

اسے مسخرہ بنا کر کھانی چاہیے۔
ہنسی۔ (ہَن۔ سِی) [ہ۔ ا۔ مث] (۱) خندہ۔ قہقہہ۔ (۲) خوش طبعی۔ مزاج کہلی۔ تمسخر۔ (۳) تضحیک۔ فضیحتی۔ (۴) کھیل۔ نہایت آسان کام۔
ہنسی اُڑانا۔ (ا۔ محاورہ) تضحیک کرنا۔ کسی پہ ہنسنا۔
ہنسی اُڑنا۔ (ا۔ محاورہ) ذلت ہونا۔ مذاق بنایا جانا۔
ہنسی ٹھٹھا۔ (۱) ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔ (۲) ذرا سی بات۔ کھیل۔ تماشا۔ آسان کام۔
ہنسی خوشی۔ (ا۔ مذ) خوشی سے۔ خوش ہو کر۔ خوشی کے ساتھ۔ (۲) خوش خوش۔ خیریت کے ساتھ۔ بخیریت تمام۔
ہنسی خوشی سے۔ (ا۔ تابع فعل) رضامندی سے۔
ہنسی خوشی کا سودا۔ (ا۔ مذ) رضامندی کا معاملہ۔
ہنسی سے کہنا۔ (ا۔ محاورہ) مزاحاً کوئی بات کہنا۔
ہنسی سے لوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی سے بیتاب ہو کر غلطاں ہونا۔ بے حد ہنسنا۔
ہنسی ضبط کرنا۔ (ا۔ مص۔ مرکب) ہنسی روک لینا۔
ہنسی کرنا۔ (۱) مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ (۲) رسوائی کرنا۔ بدنامی کرنا۔ تضحیک کرنا۔
ہنسی کھیل۔ (ا۔ مذ) (۱) ہنسی ٹھٹھا (۲) ذرا سی بات۔ آسان کام۔
ہنسی کی بات۔ (ا۔ مث) مذاق کی بات۔ غیر سنجیدہ بات۔
ہنسی ماننا۔ (ا۔ محاورہ) کھیل سمجھنا۔
ہنسی میں اُڑا دینا۔ (اڑانا)۔ (ا۔ محاورہ) کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔ بات پر توجہ نہ دینا۔
ہنسی میں پھول جھڑنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی کا ہنسنا اچھا معلوم ہونا۔
ہنسی میں ٹالنا۔ (ا۔ محاورہ) کسی کی ناگوار بات کو مذاق میں لا کر آئی گئی کر دینا۔
ہنسی میں کھنسی ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہنسی میں بگاڑ ہو جانا۔ مذاق میں بگڑ بیٹھنا۔
ہنسی ہنسی میں۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) دل لگی میں۔ مذاق میں۔ مذاقاً۔ (۲) بلاوجہ۔ بلا سبب۔ یونہی باتوں باتوں میں۔
ہنسی ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) مذاق ہونا۔ دل لگی۔ (۲) ذلت ہونا۔ تضحیک ہونا۔
ہنسیا۔ (ہَنس۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذ] گھاس اور کھیتی وغیرہ کاٹنے کا اوزار۔
ہنکار۔ [ہ۔ ا۔ مث] (۱) ہاں کی آواز (۲) پشتی۔ حمایت۔
ہنکارا۔ ہنکاری۔ (ہَن۔ کا۔ را۔ ہَن۔ کا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) ہوں۔ ہاں۔ ہنکارا۔ ہنکارا۔
ہنکارا بھرنا۔ ہنکاری بھرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاں کرنا۔ ہامی بھرنا۔ (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا۔
ہُنکارنا۔ (ہُنکار۔ نا) [اُ۔ مص] (۱) ہنکارا بھرنا۔ ہُوں کرنا۔ (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا۔

ہُنکالنا۔ [ق۔ مص] ہانکنا۔ ہنکانا۔ نکال دینا۔
ہنکانا۔ [ا۔ مص] (۱) پاس سے دور کرنا۔ (۲) کھدیڑنا۔ بھگانا۔
ہنکایا جانا۔ [ا۔ محاورہ] (۱) جانوروں کی طرح تعاقب کیا جانا۔ (۲) دور کیا جانا۔ بھگایا جانا۔
ہنکرا۔ (ہنک۔ را) [ہ۔ ا۔ مذ] جانوروں کو ہنکا کر شکاری کے بیٹھنے کی جگہ پر لانا۔
ہنگ۔ [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بھاری بھرکم پن۔ تمکین۔ وقار۔ (۲) ارادہ۔ قصد۔ (۳) زور۔ قوت۔ بل۔ (۴) [صفت] دانا۔ زیرک۔ عاقل۔ (۵) لشکر۔ سپاہ۔
ہنگام۔ [ف۔ ا۔ مذ] وقت۔ زمانہ۔ موقع۔
ہنگامہ۔ (ہنگا۔ مہ) [ف۔ ا۔ مذ] مجمع۔ بھیڑ۔ اژدحام۔ انبوہ۔ (۲) معرکہ۔ میدان۔ (۳) شورش۔ دنگہ۔ فساد۔ گڑبڑ۔ (۴) شور۔ غوغا۔ ہائے ہو۔ (۵) زور۔ شور۔
ہنگامہ آرا۔ (ف۔ صفت) (۱) صف آرا۔ جنگ برپا کرنے والا۔ (۲) فتنہ برپا کرنے والا۔
ہنگامہ برپا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا
ہنگامہ پرداز۔ (ف۔ صفت) ہنگامہ کرنے والا۔ فسادی۔
ہنگامہ پردازی۔ (ف۔ ا۔ مث) شورش کرنا۔ بلوہ کرنا۔ دنگہ کرنا۔ فساد اٹھانا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔
ہنگامہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) فتنہ و فساد اٹھانا۔ شور و غوغا کرنا۔
ہنگامہ گرم رہنا۔ (ا۔ محاورہ) فتنہ و فساد یا شور و غل ہوتا رہنا۔
ہنگامہ محشر۔ (ف۔ ا۔ مذ) قیامت کے دن کا شور و غوغا۔ ہجوم۔
ہنگامہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا۔ (۲) ادھم مچنا (۳) زور شور ہونا۔
ہنگامی۔ (ہنگا۔ می) [ف۔ صفت] چند روز کا۔ خاص وقت تک کا۔
ہنگن۔ (ہَن۔ گُن) [ق۔ ا۔ مث] (۱) ایک قسم کی آتش بازی۔ (۲) ایک قسم کا جنگلی پھل۔
ہُنود۔ (ہُ۔ نُود) [ف۔ ا۔ مذ] ہندو کی جمع۔
ہُنوز۔ (ہَ۔ نُوز۔ ہُ۔ نُوز) [ف۔ تابع فعل] ابھی تک۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ ابھی۔
ہُنوز دِلّی دُور است۔ (ف۔ مثل) ابھی منزل بہت دور ہے۔ ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے۔
ہنوز روز اوّل است۔ (ف۔ مثل) ابھی وہی ابتدا والا معاملہ ہے۔ ابھی تک کچھ ترقی نہیں کی ہے۔
ہنومان۔ (ہَ۔ نُو۔ مان) [ہ۔ ا۔ مذ] ہندوؤں کا ایک دیوتا۔ ہندوؤں کا ایک روایتی سردار جس نے سیتا جی کی بازیابی میں رام چندر جی کی مدد کی تھی۔ (۲) بندر۔ بوزنہ۔
ہنہنانا۔ (ہِن۔ ہِ۔ نا۔ نا) [ا۔ مص] گھوڑے کا بولنا۔
ہنہناہٹ۔ (ہِن۔ ہِ۔ نا۔ ہٹ) [ہ۔ ا۔ مث] گھوڑے کی آواز۔



Marfat.com

ہَنی مُون ۔ (Honey Moon) (ہَ ۔ نی ۔ مون) [انگ ۔ ا ۔ مذ] شادی کا پہلا مہینہ جس میں دولہا دلہن باہر سیر کو تفریح کو چلے جاتے ہیں ۔ ماہِ عسل ۔ ماہ نوشیں ۔

## ہ ۔ و

ہو ۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) پکارنے یا بلانے کی آواز ۔ (۲) بعض جنگلی جانوروں کی آواز ۔ (۳) [اُر] "پروا نہیں" کی جگہ (۴) "اگر ہو سکے" کی جگہ ۔

ہُو ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) عربی ضمیر ہُوَ (وہ) کا بگاڑ ۔ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں ذاتِ باری تعالیٰ ۔ (۳) غل ۔ ہنگامہ ۔ حالتِ مستی میں منہ سے نکلنے والی آہ ۔ (۴) [کنایۃً] خوف ۔ ڈر ۔

ہُوبہُو ۔ (ف ۔ صفت) بعینہٖ ۔ بالکل ٹھیک ٹھیک ۔ عربی میں ہُوَ ہُوَ (یہ وہی ہے) تھا ۔ فارسی والوں نے ہُوبہُو بنا لیا ۔

ہُو حق ۔ (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) وجد یا مستی کی حالت میں منہ سے نکلنے والا نعرہ ۔ (۲) شور و غل ۔

ہو حق کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) خدا کا نام لینا ۔ اللہ اللہ کرنا (۲) شور و غل مچانا ۔

ہو حق ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) فنا ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔ ناپید ہو جانا ۔ (۲) فنا فی اللہ ہو جانا ۔

ہُو کا عالم ۔ ہو کا مقام ۔ ہو کا مکان ۔ ہو کا میدان ۔ (ا ۔ مذ) (۱) عالمِ لاہوت (۲) اجاڑ ۔ ویرانہ ۔ سنسان جگہ ۔ جہاں آدمی کو دہشت معلوم ہو ۔

ہُو کرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ڈر کر چیخنا ۔ چیخنا ۔ چیخ کر بھاگنا ۔

ہُو ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) ویرانہ ہو جانا ۔ سناٹا چھا جانا ۔

ہُوَ ۔ (ہُ ۔ وَ) [ع] ضمیر مذکر غائب ۔ وہ ۔

ھوالاوّل والآخر ۔ (ع ۔ مقولہ) وہ (خدا) سب سے اوّل اور سب سے آخر ہے ۔

ھوالشافی ۔ (ع ۔ کلمہ دعائیہ) خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے ۔ (طبیب نسخوں کی ابتدا میں لکھا کرتے ہیں) ۔

ھُوالغفور ۔ (ع ۔ صفت) وہ (خدا تعالیٰ) بخشش کرنے والا ہے ۔

ہو آنا ۔ [اُر ۔ مص] کہیں جا کر واپس آ جانا ۔ لوٹ آنا ۔ پلٹ آنا ۔

ہَوا ۔ (ہَ ۔ وا) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) خلا اور زمین کے درمیان کی فضا ۔ (۲) باد ۔ پون ۔ ریح ۔ (۳) حرص ۔ ہوس ۔ لالچ ۔ (۴) آرزو ۔ ارمان ۔ تمنا ۔ اشتیاق ۔ خواہش نفس ۔ (۵) دوستی ۔ خیر خواہی ۔ (۶) [اُر] سانس ۔ دم ۔ نفس ۔ (۷) وبا (۸) ادنیٰ مناسبت ۔ خفیف نسبت ۔ (۹) ساکھ ۔ اثر (۱۰) رُخ ۔ میلان ۔ انداز ۔ وضع ۔ (۱۱) چرچا ۔ شہرت ۔ (۱۲) فنا ۔ نیست ۔ معدوم ۔

ہوا آنا ۔ (ا ۔ محاورہ) ہوا کی رسائی ہونا ۔

ہوا اُڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) بھرم کھل جانا ۔ ساکھ جاتی رہنا ۔ (۲) تشہیر ہونا ۔ چرچا ہونا ۔

ہوا اُکھڑ جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) عزت میں فرق ہونا ۔ ساکھ جاتی رہنا ۔

ہوا اور ہو جانا ۔ ہوا اور کچھ ہو جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) انداز بدل جانا ۔ انقلاب ہو جانا ۔ پہلا سا انداز نہ رہنا ۔

ہوا باز ۔ (ف ۔ صفت) ہوائی جہاز چلانے والا ۔ طیارہ ران ۔

ہوا بازی ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) طیارہ رانی ۔ ہوا باز کا کام ۔

ہوا باندھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) جھوٹ موٹ نام یا عزت قائم کرنا (۲) رعب جمانا ۔ (۳) زور پکڑنا ۔ (۴) ڈینگ مارنا ۔ (۵) سماں باندھنا ۔

ہوا بتانا ۔ (بتلانا) (ا ۔ محاورہ) ٹال دینا ۔

ہوا بدلنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہوا کا رُخ بدلنا (۲) زمانہ کا رُخ بدلنا ۔ حالت بدلنا ۔ ڈھنگ بدلنا ۔ (۳) زمانے کے موافق ہونا (۴) رُت بدلنا ۔ موسم پلٹنا ۔ (۵) آب و ہوا تبدیل کرنا ۔

ہوا برخلاف ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) زمانہ ناموافق ہونا ۔

ہوا بگڑ جانا ۔ (بگڑنا) (ا ۔ محاورہ) (۱) ہوا میں خرابی آنا ۔ ہوا میں فساد ہو جانا ۔ ہوا کا زہریلا ہو جانا ۔ (۲) زمانے کا ناموافق ہو جانا ۔ زمانہ پھر جانا ۔ (۳) اعتبار اُٹھ جانا ۔ بات بگڑ جانا ۔

ہُوا بندھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) دھاک بندھنا ۔ شہرت ہو جانا ۔ (۲) ساکھ ہو جانا ۔ رعب جمنا ۔ (۳) سماں بندھنا ۔

ہوا بھر جانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہوا سے پھُول جانا ۔ (۲) کسی چیز میں ہوا کا سما جانا ۔ (۳) دُھن سمانا ۔ (۴) مغرور ہو جانا ۔ اِترانا ۔

ہوا بھرنا ۔ (ا ۔ محاورہ) جوف دار چیز میں منہ یا دھونکنی سے ہوا پہنچانا ۔ تاکہ وہ پھُول جائے ۔

ہوا بھرانا ۔ (ا ۔ محاورہ) کبوتر یا فاختہ اپنے بچوں کو چونچ سے ہوا دیتے ہیں تاکہ دانہ کھانے لگے ۔

ہوا بھی نہ دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ذرا بھی نہ دکھانا ۔ خبر تک نہ دینا ۔ بالکل پتہ نہ دینا ۔

ہوا پر اُڑنا ۔ (ا ۔ محاورہ) مغرور ہونا ۔ اِترانا ۔

ہوا پر چڑھا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) مغرور کرا دینا ۔

ہوا پر چڑھنا ۔ (ا ۔ محاورہ) مغرور ہونا ۔

ہوا پر دماغ ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) متکبر ہونا ۔

ہوا پر رہنا ۔ (ا ۔ محاورہ) غرور میں بھرا رہنا

ہوا پرست ۔ (ف ۔ صفت) (۱) عیاش ۔ بے ہودہ ۔ ظاہر پرست (۲) ہوا کے رُخ پر چلنے والا ۔ زمانہ ساز ۔ مطلب پرست ۔

ہوا پر سوار ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) جلد باز ہونا ۔ جانے میں جلدی کرنا ۔

ہوا پر گرہ لگانا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) کمال چالاکی کرنا ۔ عیاری دکھانا ۔ (۲) ناممکن کام کرنا ۔

ہوا پر ہونا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) اِترانا ۔ فخر کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ (۲) تیزی پر ہونا ۔ (۳) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا ۔

ہوا پلٹا دینا ۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) ہوا کا رُخ بدل دینا ۔ (۲) زمانہ کا رنگ



Marfat.com

بدل دینا۔

ہوا پلٹ جانا۔ (پلٹنا)۔ (ا۔ محاورہ) انقلاب ہونا۔ رنگ دگرگوں ہونا۔ (۲) موسم بدل جانا۔ (۳) نصیبے کا برگشتہ ہوجانا۔

ہوا پھانکنا۔ ہوا پھانک کے رہنا۔ (ا۔ محاورہ) فاقے سے رہنا۔ بھوکوں مرنا۔ صرف ہوا کے سہارے جینا۔ بغیر کھائے زندہ رہنا۔

ہوا پھر جانا۔ (پھرنا) (ا۔ محاورہ) ہوا کا رُخ بدل جانا۔ ہوا پلٹ جانا۔ (۲) زمانہ پلٹ جانا۔ بھلے دن آنا۔ اقبال کا یاور ہونا

ہوا پھلنا۔ (ا۔ محاورہ) [کنایۃً] زمانہ کا موافق ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔

ہوا چلنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا کا جنبش میں آنا۔ (۲) کسی امر کا رواج پانا۔ رواج پڑنا۔

ہوا چھوڑنا۔ (ا۔ محاورہ) گوز خارج کرنا۔ پاد مارنا۔

ہوا حبس ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا بند ہونا۔

ہوا خلاف ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) بادِ مخالف کا چلنا۔ (۲) زمانے کا ناموافق ہونا۔

ہوا خواہ۔ (ف۔ صف) خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔

ہوا خواہی۔ (ف۔ ا۔ مث) خیر خواہی۔ بہی خواہی۔ خیر اندیشی۔

ہوا خوری۔ (ف۔ ا۔ مث) کھلی ہوا میں جاکر سیر و تفریح کرنا۔

ہوا دار۔ (ف۔ صف)۔ (۱) خیر خواہ۔ طالب خواہش مند (۲) کشادہ جگہ جس میں اچھی طرح ہوا کا گذر ہو۔ (۳) ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔ تام جھام۔

ہوا داری۔ (ف۔ ا۔ مث) خواہش مندی۔ خیر خواہی۔ دوستداری۔

ہوا دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زمانہ کا نشیب و فراز دیکھنا۔ (۲) انجام اور وقفع کی جانچ کرنا۔

ہوا دینا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پنکھے یا دامن سے ہوا دینا۔ (۲) ہوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہوا کھلانا۔ (۳) آگ کو ہوا سے سلگانا۔ آگ کو بھڑکانا۔ (۴) اشتعال دینا۔ اکسانا۔

ہوا راس نہ آنا۔ (ا۔ محاورہ)۔ ہوا کا ناموافق ہونا۔

ہوا زدگی۔ (ف۔ ا۔ مث) زکام۔ سردی۔ نزلہ۔

ہوا سا۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) ذرا سا۔ خفیف سا (۲) ہوا کی مانند۔ ہلکا۔ سُبک۔

ہوا سر میں ہونا۔ (ا۔ محاورہ) دُھن ہونا۔ سودا ہونا۔

ہوا سمانا۔ (ا۔ محاورہ) دُھن لگنا۔

ہوا سنکنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا کا آہستہ آہستہ چلنا۔

ہوا سے آگے جانا۔ (ا۔ محاورہ) نہایت تیز جانا۔

ہوا سے اُڑ جانا۔ (ا۔ محاورہ) نہایت لاغر اور ناتواں ہوجانا۔

ہوا سے باتیں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت تیز رفتار ہونا۔ نہایت پھرتیلا ہونا۔ (۲) کمال عیار اور چالاک ہونا۔ (۳) بہت اونچا ہونا۔ (۴) مغرور ہونا۔

ہوا سے بچ کر نکلنا۔ (ا۔ محاورہ) کمال نفرت کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔

پاس نہ پھٹکنا۔

ہوا سے لڑنا۔ (ا۔ محاورہ) خواہ مخواہ لڑنا۔ راہ چلتوں سے لڑنا۔ نہایت بدمزاج اور تندخو ہونا۔

ہوا فر فر چلنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا کا تیزی سے چلنا۔

ہوا کا اُڑا لے جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا کا سبک اشیا کو بلندی پر لے جانا۔

ہوا کا تھپیڑا۔ جھکڑ۔ (ا۔ مذ) ہوا کا زور کا جھونکا۔

ہوا کا تیز ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا کا سخت ناگوار ہونا۔

ہوا کا جھونکا۔ (ا۔ مذ) ہوا کی زور سے جنبش۔

ہوا کا رُخ بتانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ٹالنا۔ چلتا کرنا۔ منہ نہ لگانا۔ (۲) کسی چیز کو اٹھا کر پھینک دینا۔

ہوا کا رُخ پھرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا کا دوسری طرف چلنے لگنا۔ (۲) [کنایۃً] زمانے کا رنگ بدلنا۔

ہوا کا رُخ دیکھنا۔ (ا۔ محاورہ) زمانے کے موافق کام کرنا۔ زمانے کی رفتار دیکھنا۔

ہوا کا کارخانہ۔ (ا۔ مذ) ناپائیدار کام۔

ہوا کا گزر نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) رسائی نہ ہونا۔

ہوا کرنا۔ (ا۔ محاورہ) پنکھے سے ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا۔

ہوا کو گرہ دینا۔ ہوا کو گرہ میں باندھنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔ نہایت مشکل کام کرنا۔

ہوا کھانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کھلی جگہ سیر کرنا۔ ہوا خوری کرنا (۲) رخصت ہونا۔ چلے جانا۔

ہوا کھاؤ۔ (ا۔ محاورہ) چلتے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دفع ہو۔ دفان ہو۔

ہوا کھلانا۔ (ا۔ محاورہ) [کنایۃً] (۱) سبز باغ دکھانا۔ (۲) سیر کرانا۔

ہوا کھونا۔ (ا۔ محاورہ) وقعت مٹانا۔ ساکھ گنوانا۔

ہوا کی چال۔ (ا۔ مث) نہایت تیز چلنا۔

ہوا کی روٹی۔ (ا۔ مث) نان ہوا۔ ایک قسم کی نہایت پتلی روٹی۔

ہوا کی طرح چلنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) تیز چلنا۔ (۲) سبک چلنا۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) نہایت تیز و تند اور چست و چالاک ہونا۔ جلد باز ہونا۔ (۲) متکبر اور مغرور ہونا۔

ہوا گرم ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا میں حرارت ہونا۔ [کنایۃً] گرم بازاری ہونا۔

ہوا لگنا۔ لگ جانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا کا جسم سے چھو جانا۔ ہوا محسوس ہونا۔ (۲) ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا۔ (۳) پر پرزے نکلنا (۴) صحبت کا اثر ہونا۔ مطلق اثر ہونا۔

ہوا لینا۔ (ا۔ محاورہ) ہوا کھانا۔

ہوا مٹھی میں بند کرنا۔ (ا۔ محاورہ) ایسا کام کرنا جو ناممکن ہو۔ بے فائدہ محنت کرنا۔

ہوا مخالف ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہوا کا مخالف سمت میں چلنا۔ (۲) (کنایۃً) زمانے کا ناساز گار ہونا۔

ہوا میں آجانا۔ (ا۔ محاورہ) اترانا۔ ڈینگ کی لینا۔



Marfat.com

ہوا میں گرہ دینا۔ ہوا میں گرہ لگانا۔ (۱۔ محاورہ) دیکھیے ہوا کو گرہ دینا۔
ہوا میں ہونا۔ (۱۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ خیال باطل میں مبتلا ہونا۔
ہوا ناموافق ہونا۔ (۱۔ محاورہ) ہوا ناساز ہونا۔ زمانہ خلاف ہونا۔
ہوا نکلنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) غرور ڈھینا۔ ترکی تمام ہونا۔ (۲) دم نکلنا۔ پھونک نکلنا۔ (۳) گوز نکلنا۔ ریاح خارج ہونا۔
ہوا نہ آسکنا۔ (۱۔ محاورہ) (کنایۃً) کسی کا گزر نہ ہوسکنا۔ کسی کی رسائی نہ ہونا۔
ہوا نہ چھونا۔ (۱۔ محاورہ) خفیف سا اثر بھی نہ ہونا۔
ہوا نہ دینا۔ (۱۔ محاورہ) خبر نہ کرنا۔ پتہ تک نہ دینا۔
ہوا نہ رہنا۔ (۱۔ محاورہ) رونق نہ رہنا۔ بہار نہ رہنا۔
ہوا نہ لگنا۔ (۱۔ محاورہ) ذرا سا اثر بھی نہ ہونا۔ ہوا نہ چھونا۔
ہوا و ہوس۔ (ف۔ ا۔ مث) (۱) حرص اور لالچ (۲) عیاشی۔ شہوت پرستی۔
ہوا ہونا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا۔ کافور ہونا۔ (۲) دھار کا تیز ہونا۔ (۳) فنا ہونا۔ نابود ہونا۔
ہُوا۔ (ہُو۔ آ) [ہ۔ ا۔ فعل] (۱) ہوچکا۔ ہوگیا۔ گزر گیا۔ (۲) آمادہ ہوا۔ مستعد ہوا۔
ہُوا چاہتا ہے۔ (۱۔ بول چال) جلد ہونے والا ہے۔ ضرور ہوگا۔
ہُوا سو ہُوا۔ (۱۔ مثل) جو کچھ ہوگیا سو ہوگیا۔ جانے دو خیال نہ کرو۔
ہُوا کرے۔ (۱۔ مثل) کچھ پرواہ نہیں۔ بلا سے۔ ہمیں کیا۔
ہُوا نہ ہو۔ (۱۔ متولد) نہ اب تک ہوا نہ آئندہ ہوگا۔
ہوا ہو۔ (۱۔ بول چال) دیر نہ کرو۔ بھاگ جاؤ۔ جلدی کرو
ہوّا۔ (ہَو۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت۔ (۲) مہیب صورت۔
ہَواوَ۔ (ہَ۔ وا۔ اوَ) [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ مردانگی۔ (۲) زور۔ طاقت۔ (۳) حجاب۔ پردہ۔
ہَوائی۔ (ہَ۔ وا۔ ای) [ف۔ صفت] (۱) منسوب بہ ہوا۔ آسمانی۔ (۲) بادی۔ ریحی۔ (۳) چالاک۔ تیز رفتار۔ تیز رَو (۴) [اُر] آوارہ۔ واہی۔ (۵) [اُر۔ مث] ایک قسم کی آتش بازی۔ (۶) لغویات۔ بیہودہ بات (۷) افواہ۔ (۸) پستے اور بادام کا باریک مغز۔
ہوائی اُڑانا۔ (۱۔ محاورہ) افواہ اُڑنا۔ جھوٹی خبر مشہور ہونا۔ (۲) منہ فق ہونا۔ چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
ہوائی تیر۔ (۱) وہ تیر جو ہوا کے رُخ چلایا جائے اور جس کا کوئی نشانہ نہ ہو۔
ہوائی چھوڑنا۔ چھٹنا۔ (۱۔ محاورہ) (۱) آتش بازی چلانا۔ (۲) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔ بے بنیاد بات کہنا۔ گپ مارنا۔
ہوائی خبر۔ (۱۔ مث) بازاری گپ۔ افواہ۔ بے سرو پا بات۔
ہوائی دیدہ۔ (۱۔ صفت) شوخ چشم۔ بے مروت۔ (کنایۃً) گستاخ ڈھیٹ۔

ہوائی فائر (۱۔ مث) توپ۔ بندوق یا رائفل وغیرہ کی وہ گولی جو بغیر نشانہ کے ہوا میں چلائی جائے۔
ہوائیاں اُڑنا۔ (چھوٹنا) (۱۔ محاورہ) چہرہ کا رنگ فق ہونا۔ منہ سفید پڑ جانا۔ بے حواس ہوجانا۔ شرمندگی سے رنگ اُڑ جانا۔
ہو بیٹھنا۔ (۱۔ محاورہ) [ار۔ مص] (۱) ہوجانا۔ بن جانا۔ (۲) حائض ہونا۔ کپڑوں سے ہوجانا۔
ہو پڑنا۔ (۱۔ محاورہ) تکرار ہوجانا۔
ہوت۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مقدور۔ پونجی۔ فراغ بالی۔ ثروت حیثیت (۲) [مذ] پکارنے کا کلمہ۔
ہوت جوت والا۔ (۱۔ صف۔ مذ) صاحب ثروت۔ صاحب مقدور۔
ہوت کا باپ ان ہوت کی ماں۔ (۱۔ مثل) باپ روپے کا ساتھی اور ماں مفلسی کی۔
ہوت کی جوت ہے۔ (۱۔ مثل) ساری رونق روپے کی ہے
ہونا۔ (ہو۔ تا) [ہ] (۱) "ہوسکتا" اور "نہیں ہوسکتا تھا" کی جگہ (۲) ہونے والا۔ (۳) [مذکر] رشتے دار۔ قرابت دار۔ (۴) دولت۔ ثروت۔ مقدور۔
ہوتا آیا ہے۔ ہوتا چلا آیا ہے۔ (۱۔ مثل) زمانہ قدیم سے ایسا ہو رہا ہے۔
ہوتا سوتا۔ (۱۔ تابع فعل) مرتا۔ جیتا۔ حمایتی۔ عزیز۔ رشتہ دار۔
ہوتے ساتے۔ (۱۔ تابع فعل) ہوتے ہوئے۔ پاس ہوتے ہوئے۔ موجود ہوتے ہوئے۔
ہوتے سوتے۔ (۱۔ تابع فعل) خویش واقارب جو زندہ ہوں یا مر گئے ہوں۔ حمایتی۔
ہوتے ہوتے۔ (۱۔ تابع فعل) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ سہج سہج۔ دھیرے دھیرے۔
ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔
ہوتے ہی نہ مُوا جو کفن تھوڑا لگتا۔ (۱۔ مثل) ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جس سے سخت نفرت ہو۔
ہوتے ہی ہوگا۔ (۱۔ محاورہ) آہستہ آہستہ ہوگا۔ بتدریج ہوگا۔ رفتہ رفتہ ہوگا۔
ہوتی۔ (ہو۔ تی) [ہ] ہوتا کی تانیث
ہوتی آئی ہے۔ (۱۔ مثل) قدیم رسم ہے۔ پہلے ہی سے چلی آئی ہے۔ ہمیشہ کا دستور ہے۔
ہُوٹر۔ (Hooter) [انگ۔ مذ] کارخانہ وغیرہ کی سیٹی۔ گھگھو۔
ہُوٹل۔ (Hotel) (ہو۔ ٹل) [انگ۔ ا۔ مذ] وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔ مسافر خانہ۔
ہُوٹنگ۔ (انگ۔ ا۔ مذ) شور و غل (۲) کسی تقریر وغیرہ پر ناپسندیدگی کا شور۔
ہوجانا۔ [ا۔ مص] (۱) کام بن جانا۔ کام پورا ہوجانا (۲) آکر چلے جانا۔ (۳) ٹل جانا۔ (۴) ختم ہوجانا۔ تمام ہوجانا۔ (۵) آسیب کا اثر ہوجانا۔ (۶)



Marfat.com

ذمہ چڑھ جانا۔ (۷) طلوع ہونا چاند کا۔ (۸) انزال ہونا۔
ہو جیو۔ (ہو۔جیو) (ا۔ کلمۂ دُعا) خدا کرے کہ ہو جائے۔
ہو چکا ۔ [ا۔ محاورہ] (۱) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو۔ (۲) تمام ہو گیا۔ ختم ہو چکا۔ (۳) گزر گیا۔ مر گیا۔
ہو چکنا۔ [ا۔ مص] (۱) ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا۔ (۲) خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا۔ (۳) مر جانا۔ دم نکل جانا۔ (۴) ہو جانا۔ ہونا۔ (۵) لڑائی ہونا۔
ہَودَج ۔ (ہَو۔دَج) [ع۔ا۔ مذ] (۱) ہَودہ۔ عماری۔ (۲) اونٹ کا کجاوہ۔ محمل۔
ہَودَہ۔ (ہَو۔ دَہ) [ہ۔ا۔ مذ] عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کیواسطے رکھتے ہیں۔
ہُودَہ ۔ (ہُو۔ دَہ) [ف۔صف] ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ حق ... (اُردو میں بے ہُودہ مستعمل ہے)۔
ہور۔ [ق] اور۔
ہو رہنا۔ [اُ۔مص] (۱) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا۔ (۲) کسی کا ہو جانا۔ مستقل طور پر طرف دار ہو جانا۔ (۳) کسی قابل ہو جانا۔ کچھ حاصل ہو جانا۔
ہُوری۔ (ہُو۔ری) [ہ۔ا۔مث] ہندوؤں کا ایک تہوار۔ ہولی۔
ہوڑ۔ [ہ۔ا۔مث] (۱) شرط بازی۔ (۲) داؤ۔ پیچ۔ گھات (۳) قول۔ عہد۔ بچن۔ (۴) بحث۔ تکرار۔ (۵) مقابلہ۔ برابری۔ سامنا۔
ہوڑا۔ ہوڑی۔ (ہو۔ڑا۔ ہو۔ڑی) [ہ۔ا۔مث] بحث۔ تکرار۔ ضد۔ (۲) مقابلہ۔ برابری۔ سامنا۔
ہوزری۔ (Hosiery) (ہوز۔ری) [انگ۔ا۔مث] موزہ۔ بنیان وغیرہ کی تجارت کی دکان۔
ہَوس۔ (ہَ۔ وَس) [ع۔ا۔مث] (۱) مالیخولیا۔ خبط۔ (۲) شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ (۳) جھوٹا عشق۔ (۴) لالچ۔ آز۔ حرص۔ (۵) شہوتِ نفسانی۔ خواہش۔ (۶) حوصلہ۔ امنگ۔
ہَوس اُڑا دینا۔ (ا۔ محاورہ) ہوس چھوڑ دینا۔
ہَوس بجھنا۔ (ا۔ محاورہ) ہَوس جاتی رہنا۔ خواہش پوری ہونا۔
ہوس پرور۔ ہوس پیشہ۔ (ف۔صفت) بہت زیادہ حرص رکھنے والا۔ لالچی آدمی۔
ہوس کیش۔ (ف۔صفت) وہ شخص جس کا دین و مذہب ہی حرص و آز ہو۔ ہوس کرنے والا۔
ہوس ناک۔ (ف۔صفت) (۱) لالچی۔ حرصی۔ ہوس کا بھرا ہوا۔ (۲) پُر شہوت۔
ہوسناک بڑھیا چٹائی کا لہنگا۔ (ا۔ مثل) شوقین مزاج مگر غریب۔
ہوس نکالنا۔ (ا۔ محاورہ) ارمان نکالنا۔ خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا۔
ہوس نکلنا۔ آرزو پوری ہونا۔ ارمان نکلنا۔ دل کا حوصلہ نکلنا۔
ہوسٹل ۔ (Hostel) (ہوس۔ٹل) [انگ۔ا۔مذ] دارالاقامہ۔ طلبہ کے رہنے کی جگہ۔ بورڈنگ ہاؤس۔

ہَوسَک ۔ (ہَو۔سَک) [ہ۔ا۔مث] عورتوں کا ایک مرض جس میں سب آثار حمل کے ہوتے ہیں لیکن حقیقتاً حمل نہیں ہوتا۔
ہوسکنا۔ [ا۔مص] (۱) ممکن ہونا (۲) امکان میں ہونا۔
ہو سو ہو۔ [ا۔ تابع فعل] چاہے جو کچھ ہو۔
ہوش۔ [ف۔ا۔مذ] (۱) عقل۔ دانش۔ دانائی۔ فہم۔ سمجھ۔ شعور۔ (۲) خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ سُدھ۔ (۳) روح۔ دل۔ جان۔ (۴) حواس۔ قوتِ مدرکہ۔ حافظہ۔ حِس۔ یاد۔
ہوش آنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ آپے میں آنا۔ (۲) عقل آنا۔ غفلت دُور ہونا (۳) سیانا ہونا۔
ہوش اُڑا دینا۔ (اڑانا) (ا۔ محاورہ) گھبرا دینا۔ بے اوسان کر دینا۔ حواس باختہ کر دینا۔ (۲) متحیر کر دینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔ بے خود کر دینا۔
ہوش اُڑ جانا (اُڑنا)۔ (ا۔ محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ حیرت میں آجانا۔
ہوش باختہ ہو جانا۔ (ا۔ محاورہ) گھبرا جانا۔
ہوش بجا رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش قائم رکھنا۔
ہوش بجا رہنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش قائم رہنا۔
ہوش بکھرنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش پراگندہ ہونا۔
ہوش پراگندہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ ہوش بکھرنا۔
ہوش پریشاں ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔ (اُڑ جانا) گھبرا جانا۔
ہوش پکڑنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) عقل حاصل کرنا۔ شعور پکڑنا۔ ہوشیار ہونا۔ (۲) سیانا ہونا۔ سن تمیز کو پہنچنا۔
ہوش پکڑو۔ (ا۔ محاورہ) سنبھلو۔ تمیز سیکھو۔ عقل کے ناخن لو۔
ہوش ٹھکانے رہنا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش و حواس درست ہونا۔
ہوش جانا۔ ہوش جاتے رہنا۔ (ا۔ محاورہ) عقل گم ہونا۔ بے اوسان ہو جانا۔
ہوش جمع ہونا (ا۔ محاورہ) ہوش ٹھکانے ہونا۔
ہوش رُبا۔ (ف۔صفت) ہوش لے جانے والا۔ ہوش اڑا دینے والا۔ بے اوسان کر دینے والا۔
ہوش رکھنا۔ (ا۔ محاورہ) صاحب ہوش ہونا۔ خبردار رہنا۔
ہوش سنبھالنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) سیانا ہونا۔ بالغ ہونا۔ (۲) تمیز سیکھنا۔ عقل حاصل کرنا۔
ہوش سے باہر ہونا۔ (ا۔ محاورہ) بے خود ہونا۔ ہوش گم کرنا۔
ہوش کافور ہونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش جاتے رہنا۔
ہوش کھونا۔ (ا۔ محاورہ) ہوش سے باہر ہونا۔
ہوش کی بناؤ (خبر لو۔ دوا کرو۔ کی لو۔ کے ناخن لو۔ میں آؤ) (ا۔ محاورہ) سنبھلو۔ عقل کرو۔ سمجھو۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی عقل کے خلاف بات کرے۔
ہوش کی لینا۔ (ا۔ محاورہ) سمجھ کی بات کرنا۔



Marfat.com

ہوش گُم ہونا۔ (ا۔محاورہ) ہوش اُڑنا
ہوش گوش۔ (ف۔صف) ہوشیاری۔عقل۔سمجھ۔دانائی۔
ہوش مند۔ (ف۔صف) ہوش والا۔عقل مند۔ذی شعور۔
ہوش میں آنا۔ (ا۔محاورہ) ہوشیار ہونا۔تمیز سیکھنا۔ (۲) آپے میں آنا۔ سنبھلنا۔ (۳) عبرت پکڑنا۔
ہوش میں آؤ۔ (ا۔محاورہ) عقل سیکھو۔تمیز حاصل کرو۔عقل سے بات کرو۔
ہوش نہ رہنا۔ (ا۔محاورہ) بدحواسی طاری ہونا۔خبر نہ ہونا۔
ہوش نہ ہونا۔ (ا۔محاورہ) حواس درست نہ ہونا۔سُدھ نہ ہونا۔
ہوش والا۔ (ف۔صف) ہوش مند۔ہوشیار۔سیانا۔باخبر۔
ہوش و حواس۔ (ف۔ا۔مذ) عقل و تمیز۔
ہوش و حواس اُڑ جانا۔ (ا۔محاورہ) عقل ٹھکانے نہ رہنا۔اوسان جاتے رہنا۔
ہوش ہرن ہو جانا (ہوا ہونا)۔ (ا۔محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔گھبرا جانا۔
ہوش ہونا۔ (ا۔محاورہ) سُدھ ہونا۔خبر ہونا۔حواس درست ہونا۔
ہوشیار۔ (ف۔صف) (۱) فہیم۔دانا۔عاقل۔واقف۔خبردار۔ (۲) عیّار۔ چالاک۔ (۳) جاگتا۔بیدار۔چوکس۔چوکنّا۔
ہوشیار کرنا۔ (ا۔محاورہ) (۱) آگاہ کرنا۔خبردار کرنا۔جتانا۔متنبہ کرنا۔ (۲) جگانا۔بیدار کرنا۔ (۳) غفلت سے ہوش میں لانا۔
ہوشیار ہو جانا۔ (ہونا) (ا۔محاورہ) (۱) ہوش میں آجانا۔ (۲) بیدار ہو جانا۔ (۳) چوکس ہو جانا۔ (۴) بڑا ہو جانا۔سیانا ہو جانا۔جوان ہو جانا۔
ہوشیاری۔ (ف۔ا۔مث) (۱) دانائی۔عقل مندی (۲) خبرداری۔چوکسی۔ (۳) دُور اندیشی (۴) عیّاری۔چترائی۔ (۵) احتیاط۔
ہُوک۔ [ا۔ا۔مث] (۱) وہ درد جو دل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے۔ (۲) کراہ۔
ہُوک اُٹھنا۔ (ا۔محاورہ) درد ہونا۔پہلو میں درد اُٹھنا۔
ہَوکا۔ (ہَو۔کا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) کھانے کی بے انتہا حرص۔ (۲) لالچ۔کسی چیز کی بے انتہا خواہش۔
ہَوکا کرنا۔ (ا۔محاورہ) بہت لالچ کرنا۔
ہوکا لگنا۔ (ا۔محاورہ) بہت سی ہوس کرنا۔
ہوکر۔ہوکے۔ [ا۔تابع فعل] (۱) پاس سے۔نزدیک۔ (۲) درمیان سے۔ (۳) ہوتے ہوئے۔گزرتے ہوئے۔ (۴) ضرور۔لابُد۔
ہوگا۔ [ا۔تابع فعل] شاید۔ (شک کے مقام پر بولتے ہیں)
ہو گزرنا۔ [ا۔مص] (۱) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا۔ (۲) واقع ہونا۔ (۳) ختم ہونا۔
ہَول۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) خوف۔ڈر۔خطرہ۔اندیشہ۔ (۲) اضطراب۔گھبراہٹ۔
ہَول آنا۔ (ا۔محاورہ) وحشت سما جانا۔ڈرنا۔
ہَول اُٹھنا۔ (ا۔محاورہ) خوف پیدا ہونا۔وحشت سے گھبرا جانا۔
ہَول بیٹھ جانا۔ (ا۔محاورہ) ڈر بیٹھ جانا۔خوف چھا جانا۔خوف سما جانا۔
ہَول پڑنا۔ (ا۔محاورہ) خوف پڑنا۔دہشت ہونا۔ (۲) اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔
ہَول پکار۔ (ا۔مث) شور و غوغا۔
ہَول جَول۔ (ا۔مث) گھبراہٹ۔اضطراب۔جلدی۔
ہَولِ دِل۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) دِل کی دھڑکن۔اختلاجِ قلب۔ خفقان۔
ہَولِ دِل ہونا۔ (ا۔مث) دھڑکن ہونا۔دل دھڑکنا۔
ہَول دِلا۔ (ا۔صف) بُزدل۔نامرد۔ڈرپوک۔
ہَولِ دِلی۔ (ا۔مث) (۱) گلے میں ڈالنے کی ایک چیز جس سے دل کا خوف دُور ہو جاتا ہے۔ (۲) گھبراہٹ (۳) بُزدلی۔
ہَول رہنا۔ (ا۔محاورہ) خوف اور گھبراہٹ رہنا۔
ہَول زدہ۔ (ع۔ف۔صف) خوف زدہ۔دہشت کا مارا ہوا۔
ہَول سمانا۔ (ا۔محاورہ) دہشت سمانا۔خوف سمانا۔
ہَول کھانا۔ (ا۔محاورہ) ڈرنا۔ڈر جانا۔دہشت میں رہنا۔
ہَولناک۔ (ع۔ف۔صف) بھیانک۔ڈراؤنا۔مہیب۔خوفناک۔ ہیبت ناک۔
ہُول۔ (ہ۔ا۔مث) دھکا۔صدمہ۔ضرب۔کسی دھار والے آلے کا چبھونا۔
ہُول چلنا۔ (ا۔محاورہ) گھونپا جانا۔ہولا مارنے لگنا۔
ہُول دینا۔ (ا۔محاورہ) (۱) ہُول مارنا۔ (۲) کنایۃً) کسی کام کے لیے اشتعال دینا۔
ہَولا۔ (ہَو۔لا) [ہ۔صف۔] گھبرایا ہوا۔بوکھلایا ہوا۔
ہولا جَولی۔ (ا۔مث) (۱) گھبراہٹ۔اضطراب۔بے تابی (۲) بھاگڑ۔ افراتفری۔
ہَولا خبطا۔ (ا۔صف) بدحواس۔
ہولا۔ (ہو۔لا) [ہ۔ا۔مث] بھُنے ہوئے سبز چنے۔
ہولا کھائے منہ ہاتھ دونوں کالے۔ (ا۔مثل) بُرے کام میں ہر طرح کی بدنامی ہوتی ہے۔
ہُولا۔ (ہُو۔لا) [ہ۔ا۔مذ] ہُول۔برچھے بھالے وغیرہ کی نوک کا صدمہ۔
ہُولنا۔ (ہُول۔نا) [ا۔مص] (۱) آنکس لگانا۔ (۲) فیل بانوں کا ہاتھی کو چلانا۔ (۳) دھکیلنا۔ریلنا۔
ہَولُو۔ (ہَو۔لُو) [ا۔صف] (۱) متلون مزاج۔ (۲) احمق۔گاؤدی۔بوتق۔
ہَولی۔ (ہَو۔لی) (ا۔مث) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو موسم بہار میں منایا جاتا ہے۔
ہَولی جلانا۔ (ا۔محاورہ) ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا۔
ہَولی کا بھڑوا۔ (ہ۔ا۔مذ) وہ جس پر ہولی کے دن خوب رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنایا جائے۔
ہولی کھیلنا۔ (مثانا) ہولی کے دن ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا۔ خوشیاں منانا۔
ہَولے۔ (ہَو۔لے) [ا۔تابع فعل] سہج۔آہستہ۔بتدریج۔



Marfat.com

ہَولے سے۔ (ا۔ تابع فعل) آہستہ سے۔ ہلکے سے۔
ہَولے ہَولے۔ (ا۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ سہج سہج۔
ہولینا۔ (ہو۔ لے۔ نا) [ا۔ مص] (۱) ہو چکنا۔ ہو جانا۔ (۲) پورا ہونا۔ تمام ہو جانا۔ کسی طرف کا راستہ اختیار کرنا۔ (۴) ساتھ چلنا۔ (۵) لڑائی ہونا۔
ہوم۔ [س۔ ا۔ مذ] ہون۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے جاتے ہیں۔
ہوم۔ (Home) [انگ۔ ا۔ مذ] گھر۔ مکان۔ وطن۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ۔ (Home Department) [انگ۔ ا۔ مذ] محکمہ امورِ داخلہ۔
ہوم رُول۔ (Home Rule) [انگ۔ ا۔ مذ] حکومت خود اختیاری۔
ہوم سیکرٹری۔ (Home Secretary) [انگ۔ ا۔ مذ] محکمہ امورِ داخلہ کا سیکرٹری۔
ہوم منسٹر۔ (Home Minister) [انگ۔ ا۔ مذ] وزیر داخلہ۔
ہومیو پیتھ۔ (ہوم۔ یو۔ پیتھ) (Homoeopath) [انگ۔ ا۔ مذ] علاج بالمثل کا ڈاکٹر۔
ہومیو پیتھک۔ (ہو۔ م۔ یو۔ پے۔ تھک) (Homoeopathic) [انگ۔ صف] علاج بالمثل سے متعلق۔ ہومیو پیتھی کا۔
ہومیو پیتھی۔ (Homoeopathy) [انگ۔ ا۔ مث] علاج بالمثل۔ گرمی کا گرمی اور سردی کا سردی سے علاج۔
ہَوَن۔ (ہَ۔ وَنْ) [س۔ ا۔ مذ] دیکھیے "ہوم"
ہُوں۔ [ا۔ فعل ناقص] ہاں۔ بلے۔ کلمۂ اقبال و اقرار یا اجازت۔
ہُوں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) زبان سے ہاں کہنا۔ رضامندی ظاہر کرنا۔ (۲) ٹوکنا۔ روکنا۔
ہُوں ہاں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) صاف جواب نہ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آرے بلے کرنا۔ (۳) بچہ کا پہلے پہل بولنے لگنا۔
ہُوں ہاں نہ کرنا۔ (ا۔ محاورہ) دم نہ مارنا۔ چُپ رہنا۔
ہُوں ہُوں۔ [ا۔ کلمۂ ایجاب و انکار] (۱) کلمہ جس سے انکار و اقرار دونوں باتیں ثابت ہوتی ہیں۔ (۲) کسی بات کو رد کرنے کا کلمہ۔
ہُوں ہُوں کرنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہاں ہاں کرنا۔ منہ سے ہوں ہوں کی آواز نکلنا۔ (۲) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ (۳) روکنا۔ ٹوکنا۔
ہونا۔ (ہو۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پیدا ہونا۔ جنم لینا۔ (۲) ظاہر ہونا۔ (۳) واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ پیش ہونا۔ (۴) موجود ہونا۔ رہنا۔ (۵) بچہ پیدا ہونا۔ تولد ہونا۔ (۶) انزال ہونا۔ جھڑنا۔ (۷) حاصل ہونا۔ ملنا۔ بہم پہنچنا۔ (۸) معلوم ہونا۔ (۹) ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ تسلیم کیا جانا۔ (۱۰) گزرنا۔ بیتنا۔
ہونا نہ ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) ہست و نیست۔ عدم و وجود۔ (۲) موجودگی عدم موجودگی۔
ہونا ہوانا۔ (ا۔ محاورہ) کسی فعل کا سرزد ہونا۔ (۲) نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا۔ کسی فعل کا باثمر ہونا۔
ہونے دو۔ (ا۔ مثل) (۱) ہو لینے دو۔ ہو جانے دو۔ (۲) مت روکو۔ منع نہ کرو۔ (۳) کیا پروا ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔
ہونے کے دن۔ (ا۔ مذ) حیض کا زمانہ۔
ہونے والا۔ (ا۔ صف) (۱) ہونہار۔ ہونے جوگ۔ (۲) پیش آنے والا۔ ممکن۔
ہونٹ۔ [ہ۔ ا۔ مذ] لب۔ منہ کے اوپر اور نیچے کا حصہ۔
ہونٹ پپڑانا۔ (ا۔ محاورہ) لبوں کا خشکی یا تشنگی کے سبب نہایت خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھ جانا۔
ہونٹ پھٹ جانا۔ (ا۔ محاورہ) ہونٹ میں شدت سردی سے شگاف پڑ جانا۔
ہونٹ تک نہ ہلنا۔ (ا۔ محاورہ) منہ سے بات تک نہ نکلنا۔ منہ سے اشارہ تک نہ ہو سکنا۔
ہونٹ چاٹنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) شیریں چیز کھا لے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ (۲) مزے دار چیز کا ذائقہ یاد رکھنا۔
ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی۔ (ا۔ مثل) تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں۔
ہونٹ چبانا۔ (ا۔ محاورہ) غصے کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا۔
ہونٹ چپکنا۔ (ا۔ محاورہ) مٹھاس کے باعث لب بند ہو جانا۔
ہونٹ چوسنا۔ (ا۔ محاورہ) مساس کی ایک حرکت۔
ہونٹ خشک ہونا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) منہ سوکھنا۔ (۲) ندامت یا غلبۂ تشنگی سے ہونٹ سوکھنا
ہونٹ سی دینا۔ (ا۔ محاورہ) منہ بند کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ چپ لگا دینا۔
ہونٹ سی لینا۔ (ا۔ محاورہ) چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
ہونٹ سے ہونٹ ملانا۔ (ا۔ محاورہ) لب بہ لب ہونا۔
ہونٹ کاٹنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) افسوس ظاہر کرنا۔ (۲) جلنا۔ حسد کرنا۔ (۳) ہونٹ چبانا۔
ہونٹ کٹا۔ (ا۔ صف) کٹے ہوئے ہونٹ والا۔
ہونٹ کُملنا۔ (ا۔ صف) زبان درازی کی سزا دینا۔
ہونٹ کھول تو دودھ نکل پڑے۔ (ا۔ مثل) ابھی دودھ پیتے بچے ہو۔ ذرا زور کروں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے۔
ہونٹ نیلے ہونا۔ (ا۔ محاورہ) زیادہ سردی یا چوٹ لگنے یا زہر کے اثر سے ہونٹ نیلے ہو جانا۔
ہونٹ ہلانا۔ (ا۔ محاورہ) ہونٹ کو حرکت دینا۔ بولنا۔ بات کرنا۔
ہونٹوں پر پپڑیاں جمنا۔ (ا۔ محاورہ) خشکی یا حدت سے لبوں پر پپڑیاں بندھنا۔
ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ یاد آ جانا۔ (ا۔ محاورہ) شدید مصیبت میں مبتلا ہونا۔
ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ (ا۔ محاورہ) ذائقہ لینا۔ گھبراہٹ میں بھی ایسا



Marfat.com

کیا جاتا ہے۔

**ہونٹوں پر ہنسی ہونا۔** (ا۔محاورہ) مسکراہٹ ہونا۔

**ہونٹوں سے باتیں کرنا۔** (ا۔محاورہ) اس طرح بات کرنا کہ لب ہلیں مگر آواز نہ آئے۔

**ہونٹوں سے دودھ کی بُو نہیں گئی۔ ہونٹوں سے ابھی دودھ کی بُو آتی ہے۔** (ا۔مثل) ابھی شیر خوار بچے ہو۔ ابھی ناداں ہو۔ ابھی دودھ پینا چھوڑا ہے۔ ناتجربہ کار ہو۔

**ہونٹوں سے لگانا۔** (ا۔محاورہ) لب آشنا کرنا۔

**ہونٹوں کا ہلنا۔** (ا۔محاورہ) آہستہ بات کرنا۔

**ہونٹوں کی مِسی پونچھو۔** (ا۔مثل) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو۔ سلیقے سے بات کرو۔

**ہونٹوں میں مُسکرانا۔** (ا۔محاورہ) اس طرح مسکرانا کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی ہل کر رہ جائیں۔ خندہ زیرِ لب۔

**ہونٹوں ہونٹوں میں۔** (ا۔تابع فعل) ہونٹوں کے اشارے سے۔

**ہونٹل۔ ہونٹھل۔** (ہون۔ ٹل۔ ہون۔ ٹھل) [ہ۔صفت] بڑے بڑے اور موٹے موٹے ہونٹوں والا۔

**ہونٹھ۔** [ہ۔ا۔مذ] دیکھیے ہونٹ۔

**ہونٹھی۔** (ہوں۔ ٹھی) [ہ۔ا۔مث] (۱) گھوڑے کا دہانہ۔ (۲) دہانے کی زنجیر۔

**ہونس۔** [ہ۔ا۔مث] (۱) نظرِ بد۔ ٹوک۔ (۲) رشک۔ حسد۔ جلن۔ (۳) عداوت۔ بیر۔ بغض۔

**ہونس سے ریس بھلی۔** (ا۔مثل) حسد سے رشک اچھا۔ عداوت سے رشک اچھا ہے۔

**ہونس کا کھا جانا۔** (ا۔محاورہ) نظرِ بد کا اثر ہو جانا۔

**ہونس لگانا۔** (ا۔محاورہ) نظرِ بد لگانا۔

**ہونس لگ جانا۔** (ا۔محاورہ) نظر لگ جانا۔ ٹوک میں آجانا۔

**ہونسا۔** (ہوں۔ سا)۔ [ہ۔صفت] حاسد۔

**ہونسا سو مُوسا۔** (ا۔مثل) حاسد آپ اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔

**ہونسنا۔** (ہونس۔ نا) [ا۔مص] (۱) نظرِ بد لگانا۔ ٹوکنا۔ (۲) جلنا۔ حسد کرنا (۳) برائی چاہنا۔

**ہونق۔** (ہَ۔ وَن۔ نَق) [عربی ہبنق کا مورّد۔ صفت] احمق۔ بے وقوف۔ جانگلو۔ وحشی۔

**ہونکنا۔** (ہونک۔ نا) [ا۔مص] (۱) ہانپنا۔ سانس پھولنا۔ (۲) شیر کا بولنا۔

**ہونگے پوت تو پوجیں گے بھوت۔** [ا۔مثل] اولاد کی اُمید پر بھوت پریت کی پرستش بھی منظور ہے۔ کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں۔

**ہونہار۔** (ہون۔ ہار) [ہ۔صفت] ہونے والا۔ (۲) وہ جس میں لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں۔

**ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات۔** (ا۔مثل) ہونہار بچے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آتے ہیں۔

**ہونہار ٹلتی نہیں ہووے بکرے بیٹھ۔** (ا۔مثل) شدنی ہو کر رہتے ہیں۔

**ہو نہ ہو۔** [ہ۔تابع فعل] (۱) غالباً۔ (۲) یقیناً۔

**ہونی۔** (ہو۔ نی) [ہ۔ا۔مث] شدنی۔ قسمت کا لکھا۔

**ہونے والی۔ ہونے والی بات۔** [ہ۔ا۔مث] شدنی۔ ہونی۔ پیش آنے والی۔ قسمت کا لکھا۔

**ہُوہا۔** (ہُو۔ ہا) [ہ۔ا۔مث] (۱) غل۔ شور۔ (۲) ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہاہو۔ (۳) کبوتروں کے اڑانے کی آواز۔

**ہُوہا کرنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) غل مچانا۔ شور مچانا۔ (۲) قہقہہ لگانا۔ (۳) کبوتر اڑانا۔

**ہو ہُوا چکنا۔** (ا۔مص) ہوچکنا۔ ختم ہو جانا۔

**ہوئی ہے نہ ہوگی۔** (ا۔مقولہ) ممکن نہیں۔ ہرگز نہیں ہو سکتی۔ یہ بات کبھی نہ ہوئی ہے نہ آئندہ ہو سکے گی۔

**ہُویدا۔** (ہُ۔ وَے۔ دا) [ف۔صفت] ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ واضح۔ صاف۔ صریح۔

# ہ ۔ ی

**ہی۔** [ا] (ایک کلمہ جو کلمات کے آخر میں آتا ہے (۱) فقط۔ صرف۔ اکیلا۔ تنہا۔ محض۔ (۲) بالکل۔ ذرا۔ تھوڑا۔ (۳) ضرور۔ (۴) فوراً۔ ذریعہ۔ وجہ سے۔ (۵) تخصیص تاکید کا حرف۔

**ہے۔** (ا۔تابع فعل) ہونا سے مشتق۔ حاضر۔ موجود۔

**ہے تو (یہ) یوں۔** (ا۔ بول چال) اصل بات یہ ہے۔

**ہے۔** [ف۔حرف ندبہ] (ہائے کا مخفف) افسوس۔ ہائے۔ تنبیہ، تحسین اور ندا کے لیے آتا ہے۔

**ہے ظالم۔** (کلمۂ تاسف) ہائے ظالم۔ ہائے کم بخت۔ ہائے افسوس۔

**ہے غضب۔** (کلمۂ تاسف) غضب ہوا۔ ستم ہوا۔

**ہے ہے۔** (ا۔کلمۂ تاسف) ہائے۔ ہائے۔ افسوس۔

**ہے ہے کرکے پیٹنا۔** (ا۔محاورہ) (۱) نوحہ کرکے رونا۔ (۲) کسی کے مرنے کی آرزو کرنا۔

**ہے ہے نہ کھے کھے۔** (ا۔مثل) جھگڑا نہ ٹنٹا۔ جھک جھک نہ بک بک۔

**ہیا۔** (ہِ۔ یا) [ہ۔ا۔مذکر] دل۔ من۔ چت۔ کلیجہ۔ جگر۔ قلب۔ (۲) ہوش۔ حواس۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔

**ہیاو۔** (ہِ۔ یا۔ او) [ہ۔ا۔مذ] حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔

**ہیاو پڑنا۔** (ا۔محاورہ) ہمت پڑنا۔

**ہیاو کھل جانا۔** (ا۔محاورہ) دل کا ڈر جاتا رہنا۔ جھجک مٹ جانا۔

**ہَیبت۔** (ہے۔ بَت) [ع۔ا۔مث] دہشت۔ رعب۔ ڈر۔

**ہیبت چھانا۔** (ا۔محاورہ) ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ رعب میں آجانا۔



Marfat.com

**ہَیبت زدہ۔** (ع۔ف۔صف) ڈرا ہوا۔ خوفزدہ۔ سہما ہوا۔
**ہیبتِ سلطانی۔** (ف۔ا۔صف) شاہی رعب و دبدبہ۔
**ہیبت ناک۔** (ع۔ف۔ا۔صف) خوفناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ پُرخطر۔
**ہیبس کارپس۔** (Habeas Corpus) (ہے۔ب۔یس۔کار۔پس)۔ [انگ۔ا۔مث] ملزموں پر مقدمہ چلانے کے لیے ان کو عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حکم نامہ۔ پروانۂ حاضریٔ ملزم۔
**ہَیتّ۔** (ہ۔ا۔مذ۔ بیائے مجہول مث) (۱) سبب۔ باعث۔ کارن۔ (۲) لگن۔ لو۔ تعلق۔ عشق۔ محبت۔
**ہَیٹ۔** (Hat) [انگ۔ا۔مذ] انگریزی ٹوپی۔
**ہیٹ۔** (ہ۔ تابع فعل) (۱) نیچے۔ تلے۔ زیر (۲) [صفت] پست۔ نیچا۔ (۳) کمینہ۔ سفلہ۔ (۴) ذلیل۔ خراب۔
**ہَیٹا۔** (ہے۔ٹا) [ا۔صفت] (۱) چھوٹا۔ گھٹیا۔ ناقص۔ (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ پست ہمت۔ کمزور۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ (۳) ادنیٰ۔ کم درجہ کا۔ کم رتبہ کا۔ (۴) بودا۔
**ہِیٹر۔** (Heater) (ہی۔ٹر) [انگ۔ا۔مذ] گرم کرنے کا ظرف۔ انگیٹھی۔
**ہیٹی۔** (ہے۔ٹی) [ہ۔ا۔مث] ذلت۔ سُبکی۔ بدنامی۔ رسوائی۔ بےقدری۔ تحقیر۔
**ہیٹی کرنا۔** (ا۔محاورہ) رسوائی کرنا۔ بےعزتی کرنا۔
**ہیٹی ہونا۔** (ا۔محاورہ) ذلت ہونا۔ سبکی ہونا۔ نک کٹی ہونا۔ رسوائی ہونا۔
**ہَیجا۔** (ہے۔جا) [ع۔ا۔مث] جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔
**ہَیجان۔** (ہے۔جان) [ع۔ا۔مذ] (۱) جوش۔ اُبال۔ (۲) تیزی۔ شدت۔ زور۔ غلبہ۔
**ہیجڑا۔** (ہیج۔ڑا) [ہ۔ا۔مذ] (۱) وہ شخص جس کے خصیے اور عضوِ تناسل کاٹ ڈالے گئے ہوں۔ مخنث۔ خواجہ سرا۔ (۲) [صفت] نامرد۔ زنانہ۔ زنخا۔ بودا۔
**ہیجڑا بنانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) نامرد بنانا۔ زنخہ بنانا۔ عضوِ تناسل کاٹ کر مخنث بنانا۔
**ہیجڑے کا اللہ میاں نے اشٹنٹ کا اعتبار نہیں کیا۔** (ا۔مثل) ہیجڑے کا بالکل اعتبار نہیں ہے۔
**ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا۔** (ا۔مثل) ناممکن بات ہوگئی۔ اچنبھے کی بات ہوگئی۔
**ہیچ۔** [ف۔صفت] (۱) معدوم۔ کچھ نہیں۔ (۲) کم۔ قلیل۔ (۳) نکما۔ ناکارہ۔ (۴) قابلِ نفرت۔ زبون۔ (۵) پوچ۔
**ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را۔** (ا۔ف۔مثل) جو سب سے الگ ہوگیا وہ رنج و غم سے نجات پاگیا۔
**ہیچ سمجھنا۔** (ا۔محاورہ) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
**ہیچ کارہ۔** (ف۔صفت) (۱) نالائق۔ ناکارہ۔ (۲) بےفائدہ۔
**ہیچ کس۔** (ف۔صفت) ناکارہ و ناقص آدمی۔
**ہیچ مداں۔** (ف۔صفت) (۱) بےعلم۔ ناداں۔ ناواقف۔ کچھ نہ جاننے والا۔ ناچیز۔
**ہیچ مدانی۔** (ف۔ا۔مث) بےعلمی۔ نادانی۔ بےہنری۔
**ہیچ میرز۔** (ف۔صفت) بےقیمت۔ ناچیز۔
**ہیچ در پوچ۔** (ف۔صفت) (۱) بےمغز۔ (۲) لغو۔ بیہودہ۔ فضول۔ نکما۔ ناکارہ۔ (۳) گھٹیا۔ ناقص۔ بہت معمولی۔
**ہَیڈ۔** (Head) [انگ۔ا۔مذ] (۱) سر۔ (۲) سرگروہ۔ سردار۔ پیشوا۔ (۳) صدر۔
**ہیڈ آفس۔** (Head Office) [انگ۔ا۔مذ] صدر دفتر۔
**ہیڈ فون۔** (Headphone) [انگ۔ا۔مذ] لاسلکی یا ٹیلیفون کا سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لٹکا دیتے ہیں۔
**ہیڈ کانسٹیبل۔** (Head Constable) [انگ۔ا۔مذ] سپاہیوں کا افسر۔
**ہیڈ کلرک۔** (Head Clerk) [انگ۔ا۔مذ] میر منشی۔ صدر محرر۔ کلرکوں کا افسر۔
**ہیڈ کوارٹر۔** (Headquarter) [انگ۔ا۔مذ] (۱) صدر مقام۔ (۲) فوجی مرکز۔ سپہ سالار کی فرودگاہ۔
**ہیڈ ماسٹر۔** (Head Master) [انگ۔ا۔مذ] صدر مدرس۔ مدرس اعلےٰ۔
**ہیڈ مسٹرس۔** [انگ۔ا۔مث] دیکھیے "ہیڈ ماسٹر" جس کی یہ تانیث ہے۔
**ہَیڈرا۔** (ہیڈ۔را) [ہ۔ا۔مذ] حال۔ درجہ حرارت۔
**ہیر۔** [ہ۔ا۔مونث] (۱) خلاصہ۔ جوہر۔ سَت۔ مغز (۲) رانجھا کی معشوقہ کا نام۔ (۳) جڑ۔ اصل۔ (۵) طاقت۔ زور (۶) [صفت] صاف۔ شفاف۔ خالص۔
**ہیرا۔** (ہی۔را) [ہ۔ا۔مذ] (۱) الماس۔ ایک بیش قیمت سخت پتھر۔ (۲) [کنایۃً] عمدہ۔ نفیس۔ کھرا۔ نہایت شریف۔
**ہیرا آدمی۔** (ا۔مذ) سچا آدمی۔ کھرا آدمی۔
**ہیرا کھانا۔** (ا۔محاورہ) خودکشی کی نیت سے الماس کھانا۔ (کنایتاً) رشک سے جان دینا۔
**ہیرامن۔** (ہ۔ا۔مذ) طوطا۔ مٹھو۔
**ہیرا ہینگ۔** (ہ۔ا۔مذ) عمدہ قسم کی ہینگ۔
**ہیرے کی پرکھ جوہری جانے۔** (ا۔مثل) اہلِ ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے۔
**ہیرے کی کنی کھانا۔** (ا۔محاورہ) (۱) ریزۂ الماس کھانا۔ (۲) [کنایۃً] خودکشی کرنا۔
**ہیرا پھیری۔** (ہے۔را۔پھے۔ری) [ہ۔ا۔مث] کسی سودے کو لانا اور پھر پھیرنے کو جانا۔ بار بار آنا جانا۔ (۲) ہیچ پیچ۔ مکر و فریب۔



Marfat.com

ہیر پھیر۔ (ہیر۔ پھیر) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گردش چکر۔ انقلاب۔ (۲) تبادلہ۔ ادل بدل۔ مال دے کر مال لینا۔ (۳) راستے کا خم و پیچ۔ (۴) قصور۔ کمی کوتاہی۔ (۵) ایچ پیچ۔ مکر و فریب۔
ہیر پھیر کی باتیں۔ (ا ۔ مث) دھوکے کی باتیں۔ ایچ پیچ کی باتیں۔
ہیر ڈریسر۔ (Hair Dresser) [انگ ۔ ا ۔ مذ] بال سنوارنے والا۔ بال تراشنے والا۔ نائی۔ حجام۔
ہیر کٹنگ سیلون۔ (Hair Cutting Saloon) [انگ ۔ ا ۔ مذ] وہ جگہ جہاں بال تراشے جاتے ہیں۔ حجام کی دکان۔
ہیرنا۔ (ہیر۔ نا) [ا ۔ مص] (۱) دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ (۲) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ (۳) شکار کرنا۔ (۴) پیروی کرنا۔ تعاقب کرنا۔ (۵) پکڑنا۔ گرفت کرنا۔
ہیرو۔ (Hero) (ہی۔ رو) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) آدھا دیوتا۔ فوق البشر (۲) بہادر۔ شجاع۔ غازی۔ سورما۔ (۳) وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو۔ ہیرِ افسانہ۔
ہیرسو۔ ہیرٹو۔ (ہے۔ رُو۔ ہے۔ ٹُو) [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کے گیت جو گوالے دیوالی کے دن گاتے ہیں۔
ہیروا۔ (ہیر۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] وہ حالت جب بچہ کسی کو یاد کرتا ہے۔
ہیروا کرنا۔ (ا ۔ محاورہ) بچے کا کسی کو یاد کرنا
ہیروئن۔ (Heroine) (ہی۔ رو۔ ان) [انگ ۔ ا ۔ مث] ہیرو کی تانیث (۱) دیوناری۔ آدھی دیوی۔ (۲) بہادر عورت۔ وہ عورت جس پر قصے کا دارومدار ہو۔ ملکۂ افسانہ۔
ہیرے پھیرے۔ (ہ ۔ ا ۔ مذ) بار بار آنا جانا۔
ہیڑا۔ (ہے۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) گوشت۔ لحم۔ ماس۔ (۲) شکار (۳) سالن۔ ترکاری۔
ہیڑی۔ (ہے۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) شکاری۔ صیاد۔ (۲) شکاری جانور۔
ہیز۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہیجڑا۔ مخنث۔ خواجہ سرا۔ زنخہ۔ (۲) بزدل۔ نامرد۔ بودا۔ ڈرپوک۔
ہیزم۔ (ہے۔ زم) [ف ۔ ا ۔ مث] جلانے کی لکڑی۔ سوکھی لکڑی۔ ایندھن۔
ہیزم فروش۔ لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑہارا۔
ہیژدہ۔ ہیزدہ۔ (ہیژ۔ دَہ) [ف ۔ ا ۔ عدد ۔] اٹھارہ۔ ۱۸
ہیشمی۔ (ہیش۔ مِی) [ق ۔ ا ۔ مث] مٹھائی کی ایک قسم۔
ہیضہ۔ (ہے۔ ضہ) [ع ۔ ا ۔ مذ] ایک مہلک اور متعدی بیماری۔
ہیضہ پھیلنا۔ (ا ۔ محاورہ) ہیضے کی وبا عام ہو جانا۔
ہیضہ کرنا۔ (ا ۔ محاورہ) ہیضے میں مبتلا ہونا۔
ہیضہ ہونا۔ (ا ۔ محاورہ) ہیضے کا مرض لاحق ہونا۔
ہیک۔ [ہ ۔ ا ۔ مث] ایک قسم کی بو۔ ہلدی وغیرہ کی بو۔
ہیکڑ۔ (ہے۔ کڑ) [ہ ۔ صف] (۱) زبردست۔ خودسر۔ شیخی مارنے والا۔ (۲) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔
ہیکڑی۔ (ہَیک۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مث] (۱) زورآوری۔ زبردستی۔ سرکشی۔ (۲) شیخی۔
ہیکڑی جتانا۔ ہیکڑی کرنا۔ (ا ۔ محاورہ) (۱) زبردستی کرنا۔ زور دکھانا۔ (۲) اینٹھنا۔ اکڑفوں کرنا۔ (۳) دھمکی دینا۔
ہیکڑی سے۔ (ا ۔ تابع فعل) زبردستی سے۔
ہیکل۔ (ہے۔ کل) [ع ۔ ا ۔ مث] (۱) صورت یا بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے۔ (۲) [مجازاً] سیارے کا مندر (۳) بڑے جسم کا گھوڑا۔ (۴) بت خانے کا بڑا مکان (۵) شان و شوکت عظمت۔ شکوہ۔ (۶) تعویز۔ جنتر۔ حمائل۔ (۷) صورت۔ شکل۔ نقشہ۔ (۸) علامت۔ نشان۔ (۹) عدد۔ ہندسہ۔ (۱۰) تصویر۔ ہیئت۔ (۱۱) وضع قطع۔ (۱۲) جسم۔ بدن۔ قد۔ قامت۔ جمع ہیاکل۔
ہیگا۔ (ہے۔ گا) [ا ۔ فعل ناقص ۔ ق] ہے۔ موجود ہے۔ حاضر ہے۔
ہیل۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔
ہیل۔ [ف ۔ ا ۔ مث] سفید الائچی۔ چھوٹی الائچی۔
ہیل۔ (Heel) [انگ ۔ ا ۔ مث] (۱) ایڑی (۲) وہ حصہ جو ایڑی پر آئے۔
ہیلا۔ (ہے۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) دھکیل۔ دھکا۔ ٹھیلا۔ (۲) کام۔ کاج۔ (۳) بار۔ وار۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ (۴) ٹوکرا۔ ٹوکری۔ (۵) آواز۔ ہانک۔
ہیلا دینا۔ (مارنا)۔ (۱) دھکیلنا۔ ریلنا۔ پیلنا۔ دھکا دینا۔ (۲) ہانک مارنا۔ پکارنا۔
ہیلتھ۔ ( ) [انگ ۔ ا ۔ مث] صحت۔ تندرستی۔
ہیلتھ آفیسر۔ (Health Officer) [انگ ۔ ا ۔ مذ] افسر محکمۂ حفظانِ صحت۔
ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ۔ (Health Department) محکمۂ حفظانِ صحت۔
ہیل میل۔ (ہیل میل) [ہ ۔ ا ۔ مذ] (۱) میل جول۔ ربط ضبط۔ راہ رسم۔ (۲) موافقت۔ ارتباط۔ پیار۔
ہیلنا۔ (ہیل۔ نا) [ا ۔ مص] تیرنا۔ پیرنا۔ شناوری کرنا۔
ہیلو۔ (Hallo) (ہے۔ لو۔ ہَیل۔ لو) [انگ ۔ ا ۔ مذ] (۱) متوجہ کرنے کا کلمہ۔ (۲) اظہارِ تعجب کا کلمہ۔ اخاہ۔ ارے۔
ہیلی کاپٹر۔ (Helicoptor) [انگ ۔ ا ۔ مذ] ایک قسم کا چھوٹا ہوائی جہاز جس کے اوپر پنکھا ہوتا ہے۔ یہ فضا میں ساکن رہ سکتا ہے اور کہیں بھی اتارا جا سکتا ہے۔
ہیمہ۔ (ہی۔ مَہ) [ف ۔ ا ۔ مث] ایندھن۔ ہیزم۔
ہیمیا۔ (ہی۔ م۔ یا) [ع ۔ ا ۔ مث] علم طلسم۔
ہین۔ [ا] کلمۂ تنبیہ و ممانعت (۱) باز آ۔ خبردار۔ ہوش کر۔ (۲) استفہام کے لیے۔ کیا؟ (۳) تعجب و استعجاب کے لیے۔
ہین ہین۔ [ا] نہایت تنبیہ و ممانعت اور باز رکھنے کے لیے بولتے ہیں۔ خبردار۔
ہینا۔ (ہی۔ نا) [ہ ۔ صف] (۱) گھٹیل۔ گھٹا ہوا۔ کم۔ کوتاہ۔ چھوٹا۔ (۲)



Marfat.com

ناقص۔ ناتمام۔ ادھورا۔ (۳) کھوٹا۔ (۴) خالی۔ تہی۔ (۵) منسوخ۔ باطل۔
(۶) بد۔ بُرا۔ ہیٹا۔ ہیٹی۔ (۷) خراب۔ نکما۔
ہینا۔ (ہِین۔ نا) [ہ۔ ا۔ مث] کی تخفیف۔ گھنٹت۔ کوٹھی۔
ہینڈ۔ (Hand) [انگ۔ ا۔ مذ] ہاتھ۔ دست۔
ہینڈز اَپ (Hands Up) ہاتھ اٹھاؤ۔ (اور بے حس و حرکت کھڑے رہو۔)
ہینڈ بُک (Hand Book) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) دستی بُک۔ رسالہ۔
(۲) دستور العمل۔
ہینڈ بل۔ (Hand Bill) [انگ۔ ا۔ مذ] چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جائیں۔ دستی اشتہار۔
ہینڈ بیگ۔ (Hand Bag) [انگ۔ ا۔ مذ] دستی بیگ۔ چھوٹا بکس۔
ہینڈل (Handle) (ہَین۔ ڈل) [انگ۔ ا۔ مذ] دستہ۔ موٹھ۔ قبضہ۔
ہینہنا۔ (ہِہن۔ نا) [ا۔ مص] ۔ گھوڑے کا ہنہنانا۔ گدھے کا رینگنا۔
ہینگ۔ (ہ۔ ا۔ مث) ایک درخت کا بدبودار گوند جو اکثر امراض میں کام آتا ہے۔
ہینگ آئی تو ہاٹ لگائی۔ (ا۔ مثل) موقع کھو دیا۔
ہینگ لگا کر رکھو۔ (ا۔ مثل) (طنزاً) ہوا نہ لگنے دو۔ بچا کر رکھو۔
ہینگ لگانا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کو ہینگ ملنا۔ (۲) ترک دینا۔ ہرانا۔ نیچا دکھانا۔ ذلیل کرنا۔ (۳) سنوارنا۔ بنانا۔
ہینگ ہگنا۔ (ا۔ محاورہ) (۱) پیچش کے مرض میں مبتلا ہونا۔ (۲) بیمار پڑا رہنا۔ (۳) نہایت کمزور اور ناتواں ہونا۔
ہینگا۔ (ہَین۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذ] کھیت میں پھیرنے کا پٹرا۔ سُہاگہ۔
ہینگر۔ (Hanger) [انگ۔ ا۔ مذ] کپڑے وغیرہ لٹکانے کی کھونٹی۔
(۲) ہوائی جہازوں کا شیڈ۔
ہیُو۔ (ہی۔ او) [ہ۔ ا۔ مث] گائے وغیرہ بلانے کی آواز۔
ہیولا۔ ہیولیٰ۔ (ہَ۔ یُو۔ لا) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ہر چیز کا مادہ۔ ماہیت۔ اصل۔

(۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ (۳) لوتھڑا۔ مضغہ۔ بیڈول جسم۔ (۴) ڈول ڈھانچ۔ خاکہ۔ (۵) [صف] ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ (۶) لاغر۔ ضعیف۔ (۷) متلون مزاج۔
ہیولائے اوّل۔ (ع۔ ا۔ مذ) جوہر اوّل۔ عقل اوّل۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔
ہیوی۔ (Heavy) (ہَے۔ وی) [انگ۔ صف] بھاری۔ بوجھل۔ وزنی۔ گراں۔
ہیوی ویٹ۔ (Heavy Weight) مکا باز پہلوان جس کا وزن دو من سے زیادہ ہو۔
ہیہات۔ (ہَے۔ ہات) [ع۔] (۱) افسوس کا کلمہ۔ (۲) افسوس۔ ہائے ہائے۔
ہیہات ہیہات۔ (ع۔ کلمۂ تاسف) (۱) غضب ہوا۔ افسوس افسوس۔ ہے ہے۔ (۲) حیف۔ صد حیف۔ وائے۔ دریغ۔ (۳) رونے پیٹنے کی آواز۔ ہائے ہائے۔ واویلا۔
ہی ہی۔ (ہی۔ ہی) [ہ۔ ا۔ مث] ہنسنے کی آواز۔ کھِل کھِل۔
ہی ہی ٹھی ٹھی۔ (ہ۔ ا۔ مث) بیہودہ ہنسی۔
ہَیئت۔ (ہَے۔ اَت) [ع۔ ا۔ مث] وہ علم جس میں اجرامِ فلکی۔ زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ (۲) بناوٹ۔ سلنت۔ (۳) صورت۔ شکل۔ (۴) حالت۔ کیفیت۔ طور۔ طریق۔
ہیئتِ اصلی۔ (ا۔ محاورہ) حقیقی شکل۔
ہیئت بدلنا۔ (ا۔ محاورہ) شکل بدلنا۔
ہیئت پکڑنا۔ (ا۔ محاورہ) صورت اختیار کرنا۔
ہیئت دان۔ (ع۔ ف۔ صف) علمِ ہیئت جاننے والا۔ نجومی۔
ہیئت کذائی۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) موجودہ حالت جیسی کہ حالت ہے۔
ہیئتِ مجموعی۔ (ع۔ ا۔ مث) مجموعی حالت۔ عام حالت۔
ہیئات۔ (ع۔ صف) جمع ہیئت۔ صورت۔ شکل۔ اجرامِ فلکی کا علم۔
ہیئے کا اندھا۔ (ا۔ صف) کور باطن۔ عاقبت نااندیش۔ بے وقوف۔ احمق۔
ہیئے کی پھوٹنا۔ (ا۔ محاورہ) بے وقوف ہونا۔ مورکھ ہونا۔



Marfat.com

# ی

**یا۔ یے** [ع] اُردو کا پینتیسواں۔ فارسی کا بتیسواں۔ عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھبیسواں حرف۔ حسابِ ابجد میں اس کے دس عدد فرض کیے گئے ہیں۔ ی دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک یائے معروف دوسری یائے مجہول۔ یائے معروف وہ ی ہے جس سے پہلے کے حرف پر زیر ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے۔ جیسے عید۔ فقیر۔ امیر۔ یائے مجہول وہ ی ہے جس سے پہلے کے حرف کی زیر خالص نہ ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے۔ شلاً دلیر۔ سیر۔ دیر۔ یائے لین وہ ی جس سے پہلے حرف پر فتح ہو۔ آواز کو نرم اور ترچھا کر کے پڑھا جائے۔ جیسے سَیر۔

یائے معروف کی متعدد قسمیں ہیں مثلاً (۱) یائے نسبتی جیسے پاکستانی۔ طلائی۔ بخاری۔ ترمذی۔ موسوی۔ بنگالی۔ خانگی۔ ربانی۔ جنفی۔ مدنی وغیرہ۔ (۲) یائے خطاب جیسے مشفقی۔ مکرمی۔ (۳) یائے مصدری جو اسم صفت کے بعد آتی ہے جیسے دانائی۔ چوڑائی۔ بزرگی۔ (۴) یائے لیاقت جو مصدر کے آخر میں آ کر صلاحیت کا اظہار کرتی ہے جیسے کشتنی۔ دیدنی۔ خوردنی۔ (۵) یائے متکلم جیسے الٰہی۔ قبلہ گاہی (۶) یائے فاعلی جیسے کسبی۔ شرابی۔ شکاری۔ (۷) یائے مفعولی جیسے تحریری۔ تعلقی۔ (۸) اُردو میں یائے معروف لاحقہ تانیث بھی ہے جیسے لڑکا سے لڑکی۔ عربی تقسیم کے مطابق یہ قمری حرف ہے۔ اس سے پہلے اگر "ال" آئے تو "لام" اپنی آواز دے گا جیسے "الیوم"۔

## ی ۔ ا

**یا۔** [ع۔ حرفِ ندا یا حرفِ مناجات] اے۔ اجی۔ ارے۔

**یا** [ف۔ حرفِ تردید یا حرفِ عطف] خواہ۔ چاہو تو۔ دو چیزوں کو جمع ہونے سے روکنے یا دو میں سے ایک کو مخصوص کرنے کا کلمہ۔ جیسے زید اچھا ہے یا بُرا۔ یہ لو یا وہ۔

**یا اللہ۔ یا الٰہی۔** (ا۔ روزمرہ) اے خدایا۔ اے خدایا۔ دعا مانگنے یا حیرت اور تعجب کے اظہار کا کلمہ۔

**یا باں شور و شر (شوراشوری)، یا بایں بے نمکی۔** (ف۔ مثل) یا تو اتنا اخلاص تھا یا اب اس قدر بے اعتنائی۔

**یا بسے گو جڑ یا رہے اُوجڑ۔** (ا۔ مثل) یا تو اس میں گوجر قوم آباد ہو گی یا ویران رہے گا۔ خود غرضی کی مثال کہ اگر کسی چیز سے خود فائدہ نہ اٹھا سکے تو دوسروں کو بھی مستفید نہ ہونے دے۔

**یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے پر۔** (ا۔ مثل) یا کامیاب ہو گئے یا جان گئی۔ تخت یا تختہ۔

**یا بھر ہانک سینڈور یا نپٹ ہو رانڈ۔** (ہ۔ مثل) مناسب کام کرنا چاہیے نامناسب نہیں۔

**یا پہ۔** (ہ۔ تابع فعل) اس پہ۔

**یا تخت یا تختہ۔** (ا۔ مثل) کامیاب ہو گئے یا جان دے دیں گے۔

**یا تن رسد بجاناں یا جاں زتن بر آید۔** (ف۔ مثل) حصول مقصد کے لیے جان توڑ کوشش کرنا۔

**یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگن ہی کر جائے۔** (ا۔ مثل) شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزت کی روٹی کھائے گا ورنہ بھوکا رہے گا۔

**یا جائے بزازی یا جائے بازاری۔** (ا۔ مثل) میلوں ٹھیلوں میں امیر لوگ جاتے ہیں یا بازاری لوگ۔

**یا خدا خیر کر، خیر کا بیڑا پار کر۔** (ا۔ دُعا) اے خدا مہربانی کر اور نیک آدمی کو کامیابی دے۔

**یا خدا تو دے نہ میں دُوں۔** (ا۔ مثل) نہایت بخیل نہ خود دیتا ہے اور نہ خدا کا دینا گوارا کرتا ہے۔

**یا رب۔** (ا۔ دعا) اے پروردگار۔ اے اللہ۔

**یا سکھ نیند سوؤ یا مالا جپو۔** (ہ۔ مثل) ایک وقت میں ایک کام ہونا چاہیے۔ ایک وقت میں دو کام نہیں ہو سکتے۔

**یا سنسار میں کرم پردھان۔** (ہ۔ مثل) دنیا میں قسمت سب سے زبردست ہے۔

**یا سوئے جوگی اودھوت یا سووے راجہ کا پُوت۔** (ا۔ مثل) امیر کا بیٹا اور فقیر دونوں بے فکر ہوتے ہیں اس لیے سکھ کی نیند سوتے ہیں۔

**یاسین۔ یٰسین۔ یٰس۔** (ا۔ ع۔ مذ۔ مث) (۱) یا سید۔ سید البشر۔ (۲) قرآن شریف کی ایک سورت جو نزع کے وقت مرنے والے کو سنائی جاتی ہے۔

**یاسین سُنانا۔** (ا۔ محاورہ) مرنے والے کے سرہانے سورت یٰسین پڑھنا۔ پیغامِ موت سُنانا۔

**یا علی۔** (ا۔ کلمہ ندا) اہلِ تشیع مشکل کے وقت طلب امداد کیلیے کہتے ہیں۔

**یا قسمت یا نصیب۔** (ا۔ کلمہ حسرت) حسرت اور افسوس کے موقع پر کہتے ہیں۔ بدقسمتی۔ بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ قسمت آزمائی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

**یا کرے اوپاس یا کھاوے ماس۔** (ہ۔ مثل) زکام میں نامہ کرنا چاہیے یا گوشت کھانا چاہیے۔

**یا کرے درد مند یا کرے غرض مند۔** (ا۔ مثل) یا تو وہ کرتا ہے جس کو کوئی غرض ہوتی ہے یا کوئی دردِ دل رکھنے والا۔

**یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے۔** (ا۔ مثل) یا کسی کو دوست بنا لے یا کسی کا دوست بن جا۔ لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہیے۔



Marfat.com

**یا لڑے سورما یا لڑے اَن بھول۔** (ہ۔ مثل) بہادر یا بے وقوف آدمی ہی اچھا لڑ سکتا ہے۔

**یا للعجب۔** کلمۂ استعجابیہ۔

**یا لیت۔** (ع۔ مقولہ) اے کاش کہ۔

**یا مارے ساجھے کا کام یا مارے بھادوں کی گھام۔** (ا۔ مثل) شراکت کا کاروبار اور بھادوں کی گرمی دونوں ہی نقصان دیتے ہیں۔

**یا مکن با پیلبانان دوستی یا بنا کن خانہ در خورِ پیل۔** (ف۔ مثل) یا اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام نہ کرو یا اس کے لیے سامان مہیا کرو۔

**یا میرے اللہ۔** (کلمۂ حیرت و تعجب) حیرت۔ تعجب یا تکلیف کے موقع پر کہتے ہیں۔ جو کوئی بے تکی بات کہے یا بے تکا کام کرے تو بھی کہا جاتا ہے۔

**یا وحشت۔** طنز یا تمسخر کا کلمہ۔

**یا ہُو۔** (ا۔ مذ) (۱) اے اللہ۔ (۲) کبوتر کی ایک قسم ہے۔

**یاب۔** (ف۔ لاحقہ) یافتن کا امر۔ پانا۔ اسم کے آخر میں آ کر فعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کامیاب۔ فیض یاب۔

**یابس۔** (ع۔ صفت) خشک۔ خشکی کرنے والا۔ سُوکھا ہوا۔

**یابندہ۔** (یا۔ بن۔ دہ) [ف۔ صفت] پانے والا۔ حاصل کرنے والا۔

**یابُو۔** (ت۔ ا۔ مذ) ٹٹو۔ چھوٹا گھوڑا۔

**یابی۔** (ف) پانا۔ مرکبات میں مصدری معنی دیتا ہے۔ جیسے کمیابی۔

**یاترا۔** (یات۔ را) [س۔ ا۔ مث] جاترا۔ مذہبی سفر۔ مقدس مقامات کی زیارت۔

**یاتری۔** (س۔ صفت) مذہبی سفر کرنے والا۔ زائر۔

**یاجُوج ماجُوج۔** [ع۔ ا۔ مذ] (۱) دو مفسد قومیں جن کا ذکر قرآن اور انجیل میں آیا ہے جو قربِ قیامت میں خروج کریں گے۔ (۲) مفسد اور جھگڑالو لوگ۔ فتنہ پرداز۔

**یاد۔** [ف۔ ا۔ مث] حافظہ۔ ذہن۔ خیال۔ (۲) تسبیح۔ (۳) یادداشت۔

**یاد آنا۔ یاد پڑنا۔ یاد ہونا۔** (ا۔ محاورہ) خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔ معلوم ہونا۔ ازبر ہونا۔ حفظ ہونا۔

**یاد آوری۔** (ا۔ محاورہ) یاد کرنا۔ مزاج پرسی کرنا۔

**یاد اللہ۔** (ا۔ مث) رسمی ملاقات۔ شناسائی۔ صاحب سلامت واقفیت۔

**یادِ ایام۔ یادِ ایامیکہ۔** (ا۔ ع۔ ف) گزرے ہوئے دنوں کی یاد۔

**یاد بھلی بھگوان کی اور بھلی نہ کو۔ راجا کی کر چاکری جو پرجا تابع ہو۔** (ہ۔ مثل) خدا کی یاد سب سے بہتر ہے۔ جو راجہ کی نوکری کرتا ہے، سب اس کی تابعداری کرتے ہیں۔

**یادداشت۔** (ا۔ مث) (۱) یاد رکھنے کی صلاحیت۔ حافظہ۔ (۲) روزنامچہ۔ ڈائری۔ (۳) دوسرا تاکیدی خط۔ یاددہانی۔

**یاد دلانا۔** (ا۔ محاورہ) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ بھولی ہوئی بات کو کسی کے ذہن میں ڈالنا۔

**یاددہانی۔** (ا۔ مث) کسی بات کی تاکید کے لیے دوبارہ کہنا یا لکھنا۔

**یاد رکھنا۔** (ا۔ محاورہ) خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ بھول نہ جانا۔

**یاد رکھو اس بات کو جو ہے تم میں کچھ گیان۔ سائیں جا کو ہو گیا وا کا سگرا جہان۔** (ا۔ مثل) جس طرف خدا ہے سارا جہاں اس کی طرف ہوتا ہے۔

**یاد رہنا۔** (ا۔ محاورہ) حافظے میں رہنا۔ ذہن میں رہنا۔

**یاد رہے۔** (ا۔ کلمۂ تاکید) بھول نہ جانا (۲) آگاہ کر دیتا ہوں کہ اس کا بدلہ لے کے رہوں گا۔ (۳) ضروری۔ شرطی۔ یقینًا۔ بے شک۔ دعویٰ سے۔

**یادش بخیر۔** (ف۔ مقولہ) دعائیہ کلمہ۔ اس کی یاد خیر کے ساتھ۔ اس کی خیر ہو۔

**یاد فراموش۔** (ا۔ مث) (۱) بھول جانے والا ایک کھیل۔ جس میں کسی کو جوڑواں پھل دے کر کہتے ہیں۔ "فراموش" اگر وہ جواب میں "یاد" نہ کہے تو پھر اُسے منہ مانگی تعداد میں بطور جرمانہ وہی پھل دینے پڑتے ہیں۔

**یاد کرنا۔ (فرمانا)** (ا۔ مص۔ مرکب) (۱) بلانا۔ طلب کرنا۔ (۲) حفظ کرنا۔ ذہن نشین کرنا۔ (۳) بار بار نام لینا۔ (۴) بھولی ہوئی چیز کو خیال میں لانا۔ سوچنا۔

**یاد کرو گے۔** (ا۔ مثل) پچھتاؤ گے۔ ہاتھ ملو گے۔

**یاد کرے۔** (ا۔ مقولہ) کبھی نہ بھولے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے۔

**یاد کیا ہے۔** (ا۔ مقولہ) بلایا ہے۔

**یادگار۔** نشانی۔ آثار۔ علامت۔ پرانی عمارت۔ (۲) اولاد۔ بیٹا (۳) وہ چیز جو کوئی دوست دوسرے دوست کو بطور نشانی دیتا ہے۔

**یادگارِ زمانہ۔** یاد رہنے والی چیز۔ عمدہ چیز۔

**یاد گدگدانا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کا بار بار یاد آنا۔

**یاد لگی ہونا۔** (ا۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا دھیان ہونا۔

**یاد میں ڈوبنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کے خیال میں رہنا۔

**یاد میں رہنا۔** (ا۔ محاورہ) کسی کو اکثر یاد کرنا۔

**یاد ہو کہ نہ یاد ہو۔** (ا۔ مقولہ) معلوم نہیں تمہیں یاد ہے یا بھول گئے ہو۔

**یاد ہونا۔** (ا۔ محاورہ) حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان ہونا۔

**یاد ہے۔** (ا۔ مقولہ) بخوبی معلوم ہے۔ خوب جانتے ہیں (۲) سوالیہ انداز میں تم بھول تو نہیں گئے۔

**یار۔** [ف۔ ا۔ مذکر] دوست۔ مددگار۔ پیارا۔ چہیتا۔ ساتھی۔ رفیق۔ معشوق۔ محبوب (۲) مرکبات میں جیسے "شہریار"۔

**یار باز۔** (ف۔ صفت) آوارہ۔ بدچلن عورت۔

**یار باش۔** (ف۔ صفت) (۱) ملنسار۔ دوست دار۔ یاروں کا یار (۲) زندہ دل۔ خوش مزاج۔ (۳) عیاش۔ تماش بین۔

**یار باشی۔** (ف۔ ا۔ مث) دوستی۔

**یار بنانا۔** (ا۔ محاورہ) دوست بنانا۔ اپنے مطلب کا کر لینا۔ ڈھب پر لانا۔

**یار جانی۔** (ف۔ صفت) نہایت پیارا۔ دلی دوست۔

**یار در خانہ و من گردِ جہاں می گردم۔** (ف۔ مثل) لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں۔



Marfat.com

**یارِ زندہ صحبت باقی** - (ا۔مثل) اب نہیں تو پھر سہی ۔ زندگی ہے تو ملاقات ہوگی۔
**یارِ شاطِر** - (ف۔ا۔مذ) (۱) چالاک دوست ۔ عقلمند دوست (۲) شطرنج کا ساتھی۔
**یارِ شاطِر باید نہ بارِ خاطر** - (ف۔مثل) دوست ہوشیار ہونا چاہیئے نہ کہ دل کا بوجھ۔
**یارِ عزیز** - (ف۔ا۔صفت) پیارا دوست۔
**یارِ غار** - (ف۔ا۔مذ) غار کا دوست۔ سچّا دوست۔ گہرا دوست۔ پکّا دوست۔ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ ہے جو تین دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غارِ ثور میں رہے۔)
**یار فروشی** - (ف۔ا۔مث) جھوٹی تعریف۔ خوشامد۔
**یار کرنا** - (ا۔محاورہ) دوست بنانا۔ آشنائی کرنا۔
**یار کو کروں پیار، خصم کو کروں بھسم، لڑکے کو کروں چٹنی** - (ا۔مثل) بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔
**یار کی یاری سے کام اسکے فعلوں سے کیا کام** - (ا۔مثل) دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے فعلوں سے کیا تعلق۔
**یار لوگ** - (ا۔مذ) (۱) چالاک دوست (۲) دوست آشنا۔ (۳) ہم لوگ۔
**یار مار** - (ا۔صفت) دوست سے دغا کرنے والا۔
**یار مار بنیا، پہچان مار چور** - (ا۔مثل) بنیا دوست کو بھی دھوکہ دینے سے نہیں چوکتا۔ اور چور مال دار جان کر لوٹتا ہے۔
**یار ماری** - (ا۔مث) دوست کے ساتھ دغا بازی۔
**یار ماری کرنا** - (ا۔محاورہ) دوست بن کر دغا دینا۔
**یار وفادار** - (ف۔ا۔صفت) سچّا دوست۔
**یار وہی جو بھیڑ میں کام آئے** - (ا۔مقولہ) دوست وہی ہے جو کہ مصیبت میں کام آئے۔
**یارا** - [ف۔ا۔مذ] قوّت۔ توانائی۔ حوصلہ۔ طاقت۔ مقدور۔
**یاراں** - (یا۔راں) [ف۔ا۔مذ] یار کی جمع۔ کئی دوست۔
**یاراں چوری نہ پیراں دُغا بازی** - (ا۔مثل) کسی سے دغا نہ کرنا۔ ہر شخص سے یکساں معاملہ صاف رکھنا۔ دوستوں سے کوئی چیز پوشیدہ نہ رکھنی چاہیئے۔ اور پیروں سے دھوکا نہ کرنا چاہیئے۔
**یارانِ رفتہ۔ یارانِ عدم** - (ف۔ا۔مذ) مرے ہوئے لوگ۔ وہ دوست جن کا انتقال ہو چکا ہو۔
**یارانِ سرِپل** - (ف۔ا۔مذ) بے تکلف دوست۔ آشنائے محفل۔
**یارانِ نجد** - (ف۔ا۔مذ) ہم مشرب دوست۔ بے تکلف دوست۔ گروہ عاشقاں۔
**یارانِ طریقت** - (ف۔ع۔ا۔مذ) ہم مشرب۔ یار دوست۔
**یارانہ** - (یا۔را۔نہ) [ف۔ا۔مذ] دوستی۔ آشنائی۔ محبت۔
**یارانہ ہونا** - (ا۔محاورہ) دوستی ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔
**یارِق** - [ف] چارہ۔ علاج۔ مدد۔

**یارڈ** - (Yard) [انگ۔ا۔مذ] (۱) صحن۔ چوک (۲) گز
**یارو** - (یا۔رو) [اُر۔ا۔مذ] یار کی جمع بحالت ندا۔ دوستو۔
**یاروں کا یار** - (ا۔صفت) دوستوں کا ساتھی۔ بڑا یار باش۔ ہر دلعزیز۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا۔
**یاروں کی تو فقط مونچھیں ہی مونچھیں ہیں** - (ا۔مثل)۔ ہمارے پاس کچھ نہیں۔
**یارہ** - [ف۔ا۔مذ] (۱) کنگن۔ کلائی۔ (۲) ایک مسہل کی دوا۔ (۳) محصول لگان۔ (۴) زخم۔
**یاری** - (یا۔ری) [ف۔ا۔مث] دوستی۔ رفاقت۔ مدد۔ معاونت۔
**یاری جوڑنا** - (ا۔محاورہ) باہم دوستی کرنا۔ یارانہ کرنا۔
**یاری دینا** - (ا۔محاورہ) مدد دینا۔ دستگیری کرنا۔
**یاری کریں سجاد رے اور کرکے چھوڑیں کوڑھ۔ یا توڑ نبھائیے یا رہیے اس سے دُور** - (ا۔مثل) دل لگانا پاگل پن ہے۔ مگر دل لگا کر چھوڑ دینا حماقت ہے۔ یا دوستی کر کے نباہنی چاہیئے۔ ورنہ اس کے قریب بھی نہ جانا چاہیئے۔
**یاری کُٹ (کھٹ) کرنا** - (ا۔محاورہ) بچوں کا ایک دُوسرے سے دوستی قطع کرنا۔
**یازدہ** - (یاز۔دہ) [ف۔صفت] گیارہ۔ دس اور ایک۔
**یازدہم** - (یاز۔دَ۔ہُم) [ف۔صفت] گیارھواں۔
**یازہ** - (یا۔زہ) [ف۔ا۔مذ] (۱) لرزہ۔ (۲) جماہی۔ (۳) انگڑائی۔
**یاس** - [ع۔ا۔مث] (۱) ناامیدی۔ نراش۔ مایوسی۔ (۲) خوف۔ دھڑکا۔
**یاس کلی** - کامل ناامیدی۔
**یاس ہو جانا۔ یاس آجانا** - (ا۔محاورہ) ناامید ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔
**یاسا** - [ت۔ا۔مذ] ماتم۔ قتل۔ قانون۔ منگولوں کے قانون کی کتاب۔
**یاسمن۔ یاسمین** - [ف۔ا۔مث] چنبیلی کا پھول۔ چنبیلی کا درخت۔
**یاسیت** - (ع۔ا۔مذ) مایوس ہونے کی کیفیت۔
**یافت** - [ف۔ا۔مث] (۱) آمدنی۔ کمائی۔ نفع۔ (۲) بالائی آمدنی۔ رشوت۔
**یافتنی** - (یاف۔تَ۔نی) [ف۔ا۔مث] پانے کے لائق۔ قابل وصول۔
**یافتہ** - (یاف۔تہ) [ف۔صفت] پایا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔
**یاقوت** - (یا۔قوت) [ع۔ا۔مذ] (۱) لعل۔ ایک قیمتی پتھر جو سرخ۔ نیلا۔ زرد یا سفید ہوتا ہے۔ (۲) سرخ رنگ کا پلاؤ۔
**یاقوتِ احمر** - (ع۔ف۔ا۔مذ) سُرخ یاقوت۔
**یاقوتِ جگری** - (ع۔ف۔ا۔مذ) گہرا سُرخ یاقوت۔
**یاقوتِ رُمّانی** - (ع۔ا۔مذ) انار کے ہم رنگ یاقوت۔
**یاقوت لب** - (ف۔صفت) جس کے ہونٹ یاقوت کے رنگ کے ہوں۔



Marfat.com

**یاقُوتی** ۔ (یا۔قو۔تی) یاقوت سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) ایک معجون (۳) ایک مٹھائی۔
**یاک** ۔ (Yak) [انگ۔ا۔مذ] تبت کا ایک بیل جس کے بال لمبے اور پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے۔
**یال** ۔ [ت۔ا۔مث] جانوروں کی گردن کے بڑے بڑے بال۔ایال (۲) گردن۔گلا۔
**یاں** ۔ [ا۔تابع فعل] یہاں کا مخفف۔ اس جگہ۔
**یانا** ۔ [ہ۔صفت] کم سن۔چھوٹی عمر کا۔
**یانکی** ۔ (Yankee) (یان۔کی) [انگ۔ا۔مذ] امریکی۔امریکہ کا باشندہ۔
**یاوَر** [ف۔ا۔مذ] (۱) مددگار۔حمایتی۔ دست گیر۔
**یاوَری** ۔ (یا۔وَ۔ری) [ف۔ا۔مث] مدد۔دستگیری۔حمایت۔سہارا۔ اعانت۔
**یاوَہ** ۔ [ف۔صفت] (۱) بے ہُودہ۔لغو۔نامعقول۔فضول۔بے معنی۔ لچر۔پوچ۔
**یاوہ گو** ۔ (ف۔صفت) لچر یا فضول باتیں کرنے والا۔
**یاوہ گوئی** ۔ (ف۔ا۔مث) بیہودہ باتیں کرنا۔بکواس۔
**یائے تحتانی** ۔ [ف۔ا۔مث] چھوٹی یا، یائے معروف۔
**یائے معکوس** ۔ [ع۔ا۔مؤنث] بڑی "ے" یائے مجہول۔

## ی ۔ ب

**یُبس** ۔ [ع۔ا۔مذ] خشکی۔سوکھاپن۔
**یُبُوست** ۔ (یُ۔بُو۔ست) [ع۔ا۔مث] (۱) سُوکھاپن۔رُوکھاپن۔

## ی ۔ ت

**یتا** ۔ (ہ۔تابع فعل) اتنا۔
**یتامیٰ** ۔ (یَ۔تا۔ما) [ع۔ا۔مذ] یتیم کی جمع۔بن باپ کے۔
**یتن** ۔ (س۔ا۔مذ) جتن۔کوشش۔
**یتی** ۔ [ق] اتنی۔
**یتیم** ۔ (یَ۔تیم) [ع۔ا۔مذ] (۱) جس کا باپ مرگیا ہو۔ بن ماں باپ کا۔ (۲) نہایت قیمتی جواہر۔بڑا موتی۔جمع: یتامیٰ۔
**یتیم الطرفین** ۔ (ع۔ا۔مذ) جس کے ماں باپ دونوں مرچکے ہوں۔
**یتیم خانہ** ۔ (ع۔ا۔مذ) یتیم بچوں کے رہنے کی جگہ۔
**یتیم ہونا** ۔ (ا۔محاورہ) ماں یا باپ کا مرجانا۔
**یتیمی** ۔ (یَ۔تی۔می) [ع۔ف۔ا۔مث] بے پدری کا عالم۔

## ی ۔ ث

**یثرب** ۔ (یَث۔رَب) [ع۔ا۔مذ] مدینہ منورہ کا قدیم نام۔ (لفظی معنی) خارزار۔ویرانہ۔

## ی ۔ ج

**یجُروید** ۔ (یَ۔جُر۔وید) [ہندوؤں کے چاروں ویدوں میں سے دوسرا وید جس میں قربانی کے رسوم وآداب درج ہیں۔

## ی ۔ ح

**یحییٰ** ۔ (یح۔یا) [ع۔ا۔مذ] لغوی معنی "جیتا ہے"۔ ایک پیغمبر کا نام ہے۔

## ی ۔ خ

**یخ** ۔ [ف۔ا۔مث] برف۔جما ہوا پالا۔بہت ٹھنڈا۔
**یخ بستہ** ۔ (ف۔صفت) سردی سے برف کی طرح جما ہوا۔
**یخنی** ۔ (یخ۔نی) [ف۔ا۔مث] (۱) شوربا۔اُبلے ہوئے گوشت کا پانی۔
**یخنی پلاؤ** ۔ وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں۔

## ی ۔ د

**ید** ۔ [ع۔ا۔مذ] ہاتھ۔مدد۔حفاظت۔طاقت۔
**یداللہ** ۔ [ع۔ا۔مذ] خدا کا ہاتھ۔کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
**یدِ بیضا** ۔ [ع۔ا۔مذ] (۱) روشن اور چمکدار ہاتھ۔سفید ہاتھ (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ نما ہاتھ۔ (۳) معجزہ۔خرقِ عادت۔
**یدِ سفلیٰ** ۔ (ع۔ا۔صفت) نچلا ہاتھ۔مانگنے والا ہاتھ۔دستِ سوال۔
**یدِ طولیٰ** ۔ (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑا لمبا ہاتھ (۲) مہارتِ کمال۔اچھی دسترس۔ کمال ہنرمندی۔
**یدِ طولیٰ رکھنا** ۔ (ا۔محاورہ) بڑی مہارت رکھنا۔زبردست ملکہ ہونا۔ کسی کام میں کمال رکھنا۔
**یدِ علیا** ۔ (ع۔ا۔صفت) اُوپر کا ہاتھ۔بخشش کرنے والا ہاتھ۔
**یدِ قدرت** ۔ (ع۔ا۔مذ) خدا کی قدرت۔
**یدھ** ۔ [ہ۔ا۔مث] لڑائی۔جنگ۔
**یدھمان** ۔ (ہ۔ا۔مث) سُورما۔لڑنے والا سپاہی۔سُورما۔
**یدی** ۔ [ق] اگر۔
**یدے** ۔ [ق] تکیہ کلام۔



Marfat.com

**یَدَین۔** (یَ۔دَین) [ع۔ا۔مذ] دونوں ہاتھ۔

## ی ۔ ر

**یَراق۔** (یَ۔راق) [ت۔ا۔مذ] (۱) لڑائی کا سامان ہتھیار۔ (۲) اسباب۔ سامان۔
**یَرغا۔** (یَر۔غا) [ت۔ا۔مذ] (۱) تیز رفتار گھوڑا۔ (۲) یلغار۔
**یَرغمال** (یَر۔غ۔مال) [ف۔ا۔مذ] کفیل۔ وہ فرد یا افراد جو شرائط کی پابندی کی ضمانت میں دشمن کے حوالے کیے جائیں۔
**یَرقان۔** (یَر۔قان) [ع۔ا۔مذ] ایک مرض جس میں آنکھیں اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔ عربی میں ر کی زیر ہے فارسی والوں نے سکون ر سے استعمال کیا ہے۔
**یَرقانی۔** (یَر۔قا۔نی) [ع۔ف۔صف] (۱) یرقان کا مریض۔ (۲) زرد۔
**یَرمغان۔** (یَر۔م۔غان) [ع۔ا۔مذ] تحفہ۔ ہدیہ۔ ارمغان۔
**یَرمیاہ۔** (یَر۔م۔یاہ) [عب۔ا۔مذ] لغوی معنی: خدا نے سرفراز کیا۔ خلقیاہ کے بیٹے کا نام جو عنتوت کی بستی کا حاکم تھا۔
**یَروشلم۔** فلسطین کا دار السلطنت۔ ایک بہت پرانا شہر حضرت داؤد و حضرت سلیمان کا دار السلطنت۔ (۲) بیت المقدس۔

## ی ۔ ز

**یَزد۔** (ف۔ا۔مذ) خدا تعالیٰ۔ (۲) ایران کے مشرق میں ایک شہر۔
**یَزدان۔** (یَز۔دان) [ف۔ا۔مذ] خدا نیکی اور خیر کا خالق۔
**یَزداں پرست۔** (ف۔صف) خدا پرست۔ آتش پرست۔ پارسی۔
**یَزدی۔** (ف۔صف) شہر یزد کا رہنے والا۔ یزد کی بنی ہوئی شے۔ ایران کے شہر یزد سے منسوب۔
**یَزید۔** (یَ۔زید) [ع۔ا۔مذکر] (۱) امیر معاویہ کے بیٹے کا نام جس کے عہد میں سانحہ کربلا ہوا۔ (۲) سنگ دل۔ ظالم۔ (۳) دولت میں بڑھنے والا۔
**یَزیدی۔** (ع۔صف) کردوں کا ایک فرقہ جس کے اصول مختلف مذہبوں سے لیے گئے ہیں۔
**یَزیدیت۔** (ع۔ا۔مث) سفاکی۔ بے رحمی۔

## ی ۔ س

**یَس۔** (ع۔ا۔مؤنث) دیکھیے یاسین۔
**یَسار۔** (یَ۔سار) [ع۔ا۔مذ] (۱) بایاں ہاتھ۔ بائیں جانب (۲) دولتمندی فراوانی (۳) بدقسمت۔ (ف)
**یَسارت۔** (یَ۔سا۔رت) [ع۔ا۔مث] دولتمندی۔
**یَسار و یَمین۔** (ع۔ا۔مذ) بایاں اور دایاں۔

**یَسال۔** (یَ۔سال) [ت۔ا۔مذ] فوج کا پہرا۔
**یَساول۔** (یَ۔سا۔وَل) [ت۔ا۔مذ] نقیب۔ چوبدار۔ ہرکارہ۔ قاصد۔ پولیس کانسٹیبل۔
**یُسر۔** [ع۔ا۔مث] آسانی۔ خوشحالی۔ دولت مندی۔ تونگری۔
**یَسوع۔** (عبرانی۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
**یَسیر۔** (یَ۔سِیر) [ع۔صف] (۱) آسان۔ سہل۔ (۲) تھوڑا۔ قلیل۔ چھوٹا۔ (۳) اردو میں یتیم کے ساتھ اس بچہ کے لیے استعمال ہوتا ہے جس کی ماں مر گئی ہو۔ بغیر ماں باپ کے۔

## ی ۔ ش

**یَشب۔** (یَ۔شَب) [ف۔ا۔مذ] ایک قیمتی پتھر جو سبزی مائل ہوتا ہے۔

## ی ۔ ع

**یَعبوب۔** (ع۔ا۔مذ) تیز رفتار گھوڑا۔
**یَعسُوب۔** (یَع۔سُوب) [ع۔ا۔مذ] شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ (ملکہ) قوم کا قائد۔
**یَعقُوب۔** (یَع۔قُوب) [ع۔ا۔مذ] (۱) اڑنگا مارنے والا۔ تعاقب کرنے والا۔ (۲) حضرت یوسفؑ کے والد کا نام۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے حضرت اسحاقؑ کے بیٹے تھے۔ ان کو اسرائیل بھی کہا جاتا ہے۔
**یَعنی۔** (یَع۔نی) [ع۔مضارع] (۱) مراد یہ ہے۔ مطلب یہ ہے (۲) کیونکہ۔ ایسے کہ۔
**یَعُوق۔** (ع۔ا۔مذ) قوم نوحؑ اور عربوں کا ایک بت۔

## ی ۔ غ

**یَغما۔ یَغمان۔** (یَغ۔مان) [ف۔ا۔مث] لوٹ کا مال۔ مال غنیمت۔
**یَغمائی۔** (یَغ۔ما۔ای) [ف۔ا۔مذ] لٹیرا۔ غارتگر۔ قزاق۔

## ی ۔ ف

**یَفاع۔** (یَ۔فاع) [ع۔ا۔مث] اونچی زمین۔ فراز۔ ٹیلہ

## ی ۔ ق

**یَقظہ۔** (یَ۔قَ۔ظہ) [ع۔ا۔مث] بیداری۔ سونے والے کا جاگ اٹھنا۔
**یَقین۔** (یَ۔قین) [ع۔ا۔مذ] (۱) اعتبار۔ اعتماد۔ بھروسا۔ اطمینان۔ (۲) گمان۔ (۳) بے شبہ۔ بلاشک۔ ضرور۔



Marfat.com

**یقین آنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتبار آنا ۔
**یقین بڑا رہبر ہے** ۔ (ا ۔ مقولہ) یقین ہو تو انسان کامیابی حاصل کر لیتا ہے ۔
**یقین جاننا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتبار کرنا ۔ سچ جاننا ۔ باور کرنا ۔
**یقین جانو** ۔ (ا ۔ محاورہ) سچ سمجھو ۔
**یقین کرنا** ۔ (ا ۔ مص ۔ مرکب) اعتبار کرنا ۔ سچ جاننا ۔ صحیح مان لینا ۔
**یقین لانا** ۔ (ا ۔ محاورہ) باور کرنا ۔ اعتبار کرنا ۔ سچ جاننا ۔ تسلیم کرنا ۔ مان لینا ۔
**یقین مانو** ۔ (ا ۔ محاورہ) سچ جانو ۔ درست سمجھو ۔
**یقین نہ کرنا** ۔ (ا ۔ محاورہ) اعتبار نہ کرنا ۔ سچ نہ جاننا ۔ شبہ کرنا ۔
**یقین ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) باور ہونا ۔
**یقیناً** ۔ (یَ ۔ قِیْ ۔ نَنْ) [ع ۔ ف ۔ تابع فعل] ضرور ۔ بیشک ۔ بلاشبہ ۔
**یقینی** ۔ (یَ ۔ قِیْ ۔ نِیْ) [اُر ۔ ا ۔ مث] یقین کیا ہوا ۔ گمان و شک سے مبرا ۔ بلاشبہ ۔ لازمی ۔ ضروری ۔

# ی ۔ ک

**یک** ۔ [ف ۔ صف] ایک ۔ اکیلا ۔ واحد ۔ تنہا ۔
**یک اسپہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک گھوڑے کا مالک ۔ (۲) سورج ۔
**یک انار و صد بیمار** ۔ [ف ۔ مثل] چیز ایک مگر خواہش مند سینکڑوں ۔
**یک انگور و صد زنبور** ۔ [ف ۔ مثل] کسی چیز کو حاصل کرنے میں سینکڑوں دشواریاں ۔
**یک بار** ۔ (ف ۔ صف) ایک دفعہ ۔ ایک بار ۔ ایک مرتبہ ۔
**یک بارگی ۔ یک بیک** ۔ (ف ۔ تابع فعل) دفعتہً ۔ یکایک ۔ اچانک ۔
**یک بام و دو ہوا** ۔ (ف ۔ مثل) بے قاعدگی ۔ بے اصولی ۔
**یک پارہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک ٹکڑا ۔ ایک حصہ (نصف) ٹھوس ۔ پکا ۔ (۳) (متعلق فعل) فوراً ۔ ایک دفعہ ۔
**یک پشتہ** ۔ (ف ۔ صف) ایک طرف چھپا ہوا کاغذ ۔
**یک پیری و صد عیب** ۔ (ف ۔ مثل) بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے ۔
**یک تارا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک تار کا ستار ۔ اکتارا ۔ (۲) (مث) ایک قسم کی ایک مخمل ۔
**یکتائی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اکیلا ہونا ۔ بے نظیر ہونا ۔
**یکتائے زمانہ (عصر)** بے مثل ۔ لاجواب ۔
**یک تہی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اکہرا کپڑا ۔ جو دوہرا نہ ہو ۔
**یک جا** ۔ (ف ۔ صف) ایک جگہ ۔ اکٹھے ۔ ملے جلے ۔
**یک جان** ۔ (ع ۔ ف ۔ صف) ایک دل ۔ خوب ملے ہوئے ۔
**یک جان و دو قالب** ۔ (ا ۔ مثل) نہایت گہرے دوست ۔ پکے دوست ۔
**یک جان و دو قالب ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) نہایت گہرے دوست ہونا ۔ پکے یار بننا ۔
**یک جدّی** ۔ (ف ۔ صف) ایک دادا کی اولاد ۔ اجدادی موروثی ۔

**یک جہت** ۔ (ف ۔ صف) متفق ۔ متحد ۔ موافق ۔
**یک جہتی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اتحاد ۔ اتفاق ۔ دوستی ۔
**یک چشم** ۔ (ف ۔ صف) کانا ۔ ایک آنکھ والا ۔
**یک چشمی** ۔ (ف ۔ صف) نیک و بد یا ہر کس و ناکس کو یکساں سمجھنا ۔
**یک چند** ۔ (ف ۔ تابع فعل) ذرا سی دیر ۔ گھڑی گھڑی ۔ تھوڑا سا ۔ بعض وقت ۔
**یک چوبہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) خیمہ جو ایک بانس پر کھڑا ہو ۔
**یک در گیر و محکم گیر** ۔ (ف ۔ مثل) ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے ۔
**یک دست** ۔ (ف ۔ صف) یکساں ۔ ہموار ۔ (تابع فعل) بالکل ۔
**یک دستی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) ایک ہاتھ کا ۔ (۲) کشتی کا ایک داؤ ۔
**یک دگر** ۔ (ف ۔ صف) ایک دوسرا ۔ دونوں مل کر ۔ باہم دگر ۔
**یک دل** ۔ (ف ۔ صف) مونس ۔ ہمدم ۔ ہمراز ۔ ہمرنگ ۔ ہمزبان ۔
**یک دلا** ۔ (ف ۔ صف) (۱) متفق ۔ متحد ۔ (۲) شجاع ۔ بہادر ۔
**یک دلی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اتفاق ۔ اتحاد ۔
**یک ذات** ۔ (ف ۔ صف) ایک ہی ذات کے ۔
**یک ران** ۔ (۱) عمدہ اور مفید گھوڑا ۔ (۲) وہ گھوڑا جس کا رنگ سرخ اور دُم سفید ہو ۔
**یک رخی** ۔ (ف ۔ صف) دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا ۔ ایک طرفہ ۔
**یک رنگ** ۔ (ف ۔ صف) (۱) یکساں ۔ اندر باہر سے ایک جیسا (۲) صاف دل ۔ نیک باطن ۔ صادق ۔ مخلص دوست ۔
**یک رنگی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) ایک طرح کا ہونا (۲) محبت ۔ دوستی ۔
**یک رو** ۔ (ف ۔ صف) دوست ۔ صادق ۔ سچا یار ۔
**یک روزہ** ۔ (ف ۔ صف) ایک دن کا ۔ ایک دن کے لیے ۔
**یک روئی** ۔ یک جہتی ۔ بے ریا ہونا ۔
**یک زبان** ۔ (ف ۔ صف) ثابت قدم ۔ بات کا پکا ۔ متفق ۔
**یک زبان ہونا** ۔ (ا ۔ محاورہ) متفق ہونا ۔
**یکسالہ** ۔ (ف ۔ صف) ایک سال کا ۔
**یکساں** ۔ (۱) ایک سا ۔ ہموار ۔ مسطح ۔ برابر ۔ (۲) مانند ۔ ملتا ہوا ۔ ہم شکل ۔
**یکسانی ۔ یکسانیت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) مشابہت ۔ ایک جیسا ہونا ۔
**یکسر** ۔ (ف ۔ صف) تمام ۔ بالکل ۔ سر سے پاؤں تک ۔ اول سے آخر تک ۔
**یک سر ہزار سودا** ۔ (ف ۔ مثل) شدید مصروفیت ۔ بہت سے کاموں میں پھنسا ہونا ۔ ذمہ داریوں کی وجہ سے کم فرصتی ۔
**یکسو** ۔ (ف ۔ صف) (۱) ایک طرف ۔ ایک جانب (۲) ساکن ۔ ٹھہرا ہوا ۔
**یکسوئی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) اطمینان ۔ دلجمعی ۔ فرصت ۔
**یک شنبہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) اتوار کا دن ۔
**یک ضربی** ۔ (ف ۔ صف) ایک نالی بندوق یا پستول جس میں ایک کارتوس چل سکے ۔ ایک ضرب لگانے والا ۔



Marfat.com

**یک طرفہ** ۔ (ف ۔ صف) ایک ہی جانب ۔ ایک ہی طرف ۔
**یک طرفہ ڈگری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) وہ ڈگری جو مدعی یا مدعا علیہ میں سے ایک کی غیر حاضری میں جاری کی جائے ۔
**یک طرفہ رائے** ۔ (ف ۔ ا ۔ مث) جانبدارانہ رائے ۔ نامنصفانہ رائے
**یک طرفہ فیصلہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) فیصلہ جو ایک فریق کا مؤقف معلوم کیے بغیر یا اس کی عدم موجودگی میں صادر کیا جائے ۔
**یک فردی** ۔ (فصلی) (ف ۔ صف) وہ زمین جو ایک فصل پیدا کرے ۔
**یک فنی** ۔ (ف ۔ صف) (۱) بے مثل ۔ بے نظیر ۔ لاجواب ۔ کامل اُستادِ فن ۔
**یک قلم** ۔ (ف ۔ تابع فعل) بالکل ۔ تمام ۔ سراسر ۔ یک لخت ۔ ضرور ۔ فوراً
**یک کرشمہ دو کار** ۔ (ف ۔ مثل) ایک تدبیر سے دو کام ہو جانا ۔
**یک گونہ** ۔ (ف ۔ صف) کسی قدر ۔ ایک رنگ کا ۔ تھوڑا ۔
**یک لخت** ۔ (ف ۔ صف) تمام ۔ بالکل ۔ سراسر ۔ فوراً
**یک لقمہ بگاہی (صباحی) بہتر ز ہزار مرغ و ماہی** (ف ۔ مثل) صبح کا تھوڑا سا کھانا دوسری سب غذاؤں سے بہتر ہے ۔
**یک لوتا** ۔ (ف ۔ ا ۔ صف) اکلوتا ۔ اکیلا ۔ فرد ۔ واحد اولاد ۔
**یکم** ۔ (ف ۔ ا ۔ عدد) مہینے کی پہلی تاریخ ۔ پہلا ۔ نمبر اوّل ۔
**یک مادری** ۔ (ف ۔ صف) ایک ماں کے ۔
**یک مشت** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک دفعہ ۔ ایک ہی بار ۔ اکٹھا ۔ جملہ ۔ کل ۔ سب ۔
**یک منزلہ** ۔ (ف ۔ ع ۔ صف) وہ عمارت جس میں ایک ہی منزل ہو
**یک من علم را دہ من عقل باید** ۔ (ف ۔ مثل) ایک حصہ علم کے لیے دس حصے عقل کی ضرورت ہے ۔
**یک نفس** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذ) نہایت مختصر مدت ۔ ایک سانس ۔
**یک نہ شد دو شد** ۔ (ف ۔ مثل) ایک بلا تو تھی ہی، دوسری اور پیچھے پڑی ۔ ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت ۔
**یکا ۔ اَکا** ۔ (یک ۔ کا ۔ اَک ۔ کا) [اُر ۔ ا ۔ مذ] (۱) اکیلا ۔ واحد ۔ (۲) تاش کا سب سے بڑا پتّہ ۔ (۳) یکہ ۔
**یکایک** ۔ (یَ ۔ کا ۔ یَک) [ف ۔ تابع فعل] ناگہاں ۔ دفعتاً ۔ اکبارگی ۔ اچانک ۔
**یکاؤ** ۔ [ق] ایک ۔ آدھ ۔
**یکتا** ۔ (یک ۔ تا) [ف ۔ صف] اکیلا ۔ تنہا ۔ بے مثل ۔ بے نظیر ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔
**یکتائے عصر** ۔ (ف ۔ صف) زمانہ میں سب سے بے مثل ۔ لاجواب ۔ بے نظیر
**یکتائی** ۔ (یک ۔ تا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مث] (۱) وحدت ۔ وحدانیت ۔ توحید ۔ (۲) انوکھاپن ۔ نرالاپن ۔
**یکٹ پن** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] تنہائی ۔
**یکدھر** ۔ (یک ۔ دھر) [ق] فوراً ۔
**یک ساٹھ سے** ۔ [ق] مدت ۔

**یک ٹکل** ۔ [ق] اکیلا ۔
**یکنگ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مذ] ایک ساتھ ۔ ہم صحبت ۔
**یکنگ** ۔ [ق ۔ ا ۔ مث] کشتی کی ایک قسم ۔
**یکہ** ۔ (یک ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذ] ایک گھوڑے کی تیز رفتار گاڑی ۔
**یکہ تاز ۔ یکتاز** ۔ (ف ۔ صف) بہادر ۔ سورما ۔ وہ جو تنہا حریف پر حملہ کرے ۔
**یکے** ۔ [ف ۔ صف] ایک ۔ ایک کو ۔ ایک تو ۔ کوئی ایک ۔
**یکے بعد دیگرے** ۔ (ف ۔ تابع فعل) ایک دوسرے کے بعد ۔
**یکے را بگیر و دیگرے را دعویٰ کن** ۔ (ف ۔ مثل) جو ملتا ہے وہ تو لے لو اور بقایا کا جھگڑا بعد میں اٹھانا ۔
**یکے نقصان مایہ و دیگرے شماتت ہمسایہ** ۔ (ف ۔ مثل) ایک تو مالی نقصان پھر اس پر دوستوں پڑوسیوں کی ملامت ۔
**یکے یوسف ہزار خریدار** ۔ (ف ۔ مثل) ایک چیز کے بہت سے خواہشمند ۔
**یکیاتو** ۔ (یک ۔ یا ۔ تو) [ق ۔ صف] اکانوے ۔ (۹۱)
**یکیکی** ۔ (یک ۔ یکی) [ق] یکایک ۔

## ی ۔ گ

**یگ** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) قربانی ۔ ہون ۔ پوجا ۔
**یگ** ۔ (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) جگ ۔ قرن ۔ (۲) جوڑا ۔ جفت ۔
**یگانگت** ۔ (یَ ۔ گا ۔ نَ ۔ گت) [اُر ۔ ا ۔ مث] قرابت ۔ اتحاد ۔ اتفاق ۔
**یگانگی** ۔ (یَ ۔ گا ۔ نَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مث] یگانگت ۔ اتفاق ۔
**یگانہ** ۔ (یَ ۔ گا ۔ نَہ) [ف ۔ صف] (۱) سگا ۔ قرابتی ۔ رشتہ دار ۔ عزیز ۔ (۲) اکیلا ۔ واحد ۔ فرد (۳) بے نظیر ۔ بے مثل ۔ لاثانی ۔

## ی ۔ ل

**یل** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذ] (۱) پہلوان ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ (۲) فربہ ۔ موٹا ۔
**یل** ۔ (عہ ۔ لاحقہ) فاعلیت کے ساتھ جیسے اڑیل ۔ (۲) صفت) مریل ۔ سڑیل ۔ (۳) صاحب کے معنی میں کرڈیل ۔
**یل شل** ۔ خوب موٹا تازہ ۔
**یلدا** ۔ (یَل ۔ دا) [ف ۔ ا ۔ مث] اندھیری اور طویل رات ۔
**یلغار** ۔ (یَل ۔ غار) [ت ۔ ا ۔ مث] دشمن کی فوج پر حملہ ۔ ہلّہ ۔ دھاوا ۔
**یلمعی** ۔ (یَل ۔ مَ ۔ عی) [ع ۔ صف] ذہین ۔ طباع ۔ ہوشیار
**یلہ** ۔ [ف ۔ صف] (۱) بے قید ۔ آزاد ۔ کھلا چھوڑا ہوا ۔ (۲) [مث] فاحشہ ۔ بدچلن عورت ۔
**یلیل** ۔ (یَل ۔ یَل) [ق ۔ ا ۔ مث] حقارت ۔



Marfat.com

## ی - م

**یَم**۔ [س۔ ا۔ مذ] موت کا فرشتہ۔ عزرائیل۔

**یَم**۔ [ف۔ ا۔ مذ] (۱) بڑا دریا۔ سمندر۔ (۲) جانب۔ حصہ

**یَمَام**۔ (یَ۔ مام) [ع۔ ا۔ مذ] جنگلی کبوتر۔

**یَمان۔ یَمانی**۔ (ع۔ صف) ملک یمن کا باشندہ۔ یمن سے منسوب۔

**یمدوت**۔ (س۔ ا۔ مذ) یم کا قاصد جو روحوں کو یم کے پاس لے جاتا ہے۔

**یمن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) جزیرہ نمائے عرب کے جنوب مشرق میں ایک ملک جہاں کا عقیق اور چادریں بہت مشہور ہیں۔

**یُمن**۔ (ع۔ ا۔ مذ) برکت۔ سعادت۔ اقبال مندی۔ کامیابی۔

**یَمَنی**۔ (یَ۔ مَ۔ نی) [ع۔ صف] ملک یمن سے نسبت رکھنے والا۔ یمن کا رہنے والا۔

**یَمِین**۔ (یَ۔ مِین) [ع۔ ا۔ مذ] (۱) سیدھا ہاتھ۔ دایاں ہاتھ۔ (۲) دائیں طرف۔ (۳) قسم۔ حلف۔ (۴) قوت۔ طاقت۔ توانائی۔

**یمینُ الدولہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) رکنِ سلطنت۔ ایک معزز خطاب جو اُمراء کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا تھا۔

**یمین و یسار**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دائیں بائیں۔ چپ و راست۔ فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔

## ی - ن

**ین**۔ [جاپانی۔ ا۔ مذ] جاپانی سکہ جو تقریباً ڈیڑھ روپیہ کے برابر ہوتا ہے۔

**ینابیع**۔ (یَ۔ نابِیع) [ع۔ ا۔ مذ] چشمے۔ ینبوع کی جمع۔

**ینگ**۔ (Young) [انگ۔ صف] جوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔

**ینی**۔ (ہ۔ ا۔ مث) جوان عورت

## ی - و

**یُو۔ این۔ او**۔ (انگ۔ ا۔ مذ) مجلس اقوام متحدہ۔

(United Nations Organisation) کا مخفف۔

**یُوتھ**۔ (Youth) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) نوجوان۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں (۲) نوجوانی۔ عنفوانِ شباب۔

**یُوٹوپیا**۔ (Utopia) (یُو۔ ٹو۔ پ۔ یا) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) سرٹامس رو کی مشہور کتاب جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر کیا گیا ہے جس میں مثالی حکومت قائم تھی۔ (۲) خیالی حکومت۔ مثالی مقام یا معاشرت۔

**یُوجنا**۔ [ق۔ ا۔ مث] ستائش۔ تعریف۔

**یُوحنّا**۔ (یُو۔ حَن۔ نا) [عب۔ ا۔ مذ] (۱) خدا کا فضل۔ (۲) حضرت عیسٰی علیہ السلام کے ایک حواری کا نام۔

**یُوحی**۔ (یُو۔ حا) [ع۔ ا۔ مذ] ایک سانپ جس کی بابت مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہونے پر جو شکل چاہے اختیار کر سکتا ہے۔

**یُوراج**۔ (یُو۔ راج) [ہ۔ ا۔ مذ] ولی عہد۔ شہزادہ۔

**یُورپ**۔ (انگ۔ ا۔ مذ) براعظم ایشیا کے مغرب میں واقع ایک براعظم جس میں تقریباً ۳۰ ممالک شامل ہیں۔

**یُورپی**۔ (یُور۔ پی) [یورپین (Eruopean) کا مورد۔ صف] (۱) یورپ سے تعلق رکھنے والا۔ (۲) [مذ] یورپ کا باشندہ۔

**یُورپین**۔ (European) (یُور۔ پی۔ اَن) [انگ۔ صف] براعظم یورپ کا رہنے والا۔ یورپ سے منسوب۔

**یُورِش**۔ (یُو۔ رِش) [ت۔ ا۔ مث] (۱) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ یلغار۔ (۲) فساد۔ ہنگامہ۔ بلوہ۔

**یوریشین**۔ (انگ۔ ا۔ مذ) یورپین نسل کا وہ آدمی جو ایشیا میں پیدا ہوا ہو۔

**یورینیم**۔ (Uranium) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک سفید دھاتی عنصر۔

**یُوز**۔ [ت۔ ا۔ مذ] سَو کا عدد۔ (۲) چیتا۔ تیندوا۔

**یوزباشی**۔ ایک سَو سپاہیوں کا سردار۔

**یُوسُف**۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) حضرت یعقوبؑ کے بیٹے جو حسن میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے۔ (۲) نہایت خوبصورت۔ نہایت حسین۔

**یوسف بے کارواں**۔ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جس کا کوئی ساتھی یا دوست نہ ہو۔

**یوسف ثانی**۔ حضرت یوسفؑ کی طرح بے حد حسین۔

**یوسف جمال**۔ (ف۔ صف) خوبصورت۔ یوسف جیسا حسین۔

**یوکلپٹس**۔ (Euclayptus) (یُو۔ کَ۔ لَپ۔ ٹس) [انگ۔ ا۔ مذ] ایک درخت جس کا عرق دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔

**یوگ۔ یوگا**۔ [س۔ ا۔ مذ] مراقبہ۔ مذہبی ورزش۔ ورزش۔

**یوگ شکتی**۔ (س۔ صف) معجزہ۔ اعجاز۔ کرشمہ۔

**یَوم**۔ [ع۔ ا۔ مذ] روز۔ دن۔ تاریخ۔ جمع۔ ایام۔

**یومُ الحساب**۔ (ع۔ ا۔ مذ) قیامت کا دن۔ جب لوگوں کے اعمال کا حساب ہوگا۔

**یومُ الدّین**۔ (ع۔ ا۔ مذ) قیامت کا دن۔

**یومُ السبت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ہفتہ کا دن۔

**یومُ العرفہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ذوالحجہ کی نویں تاریخ۔

**یومُ العاشورہ**۔ (ع۔ ا۔ مذ) محرم کی دسویں تاریخ جس دن حضرت امام حسینؑ شہید ہوئے۔

**یومُ الفطر**۔ (ع۔ ا۔ مذ) ماہِ شوال کی پہلی تاریخ۔ چھوٹی عید کا دن۔

**یومُ القیامت**۔ (ع۔ ا۔ مذ) قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔

**یومُ النشور**۔ (ع۔ ا۔ مذ) دوبارہ زندہ ہونے کا دن۔ روزِ قیامت۔

**یوماً فیوماً**۔ (یَو۔ مَن۔ فَ۔ یَو۔ مَن) [ع۔ تابع فعل] روز بروز۔ آئے دن۔

**یَومیّہ**۔ (یَو۔ مِی۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مذ] روزانہ۔ (۲) روز کی مزدوری۔ دن بھر



Marfat.com

کی اُجرت۔

**یُوں**۔ [ہ۔ تابع فعل] اس طرح۔ بایں طور۔ ایسا۔ اس طرز سے۔ اس ڈھنگ سے۔

**یوں بھی دیکھا وُوں بھی دیکھ**۔ (ا۔ مثل) خوشی دیکھ لی۔ اب غم بھی دیکھ۔ نیرنگیٔ زمانہ۔

**یُوں بھی سہی**۔ (ا۔ محاورہ) اس طرح بھی منظور ہے۔

**یُوں بھی واہ وا وُوں بھی واہ وا**۔ (ا۔ مثل) دونوں طرح سے خوب ہے۔ ہر طرح خوش۔

**یُوں تو**۔ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) اس طرح تو۔ اس ڈھنگ سے تو۔ (۲) ورنہ۔ دگر نہ۔ (۳) کہنے کو تو۔ دراصل تو۔ برائے نام۔

**یُوں توں کرنا**۔ (ا۔ محاورہ) بدزبانی کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔

**یوں ہی۔ یونہیں**۔ (ا۔ تابع فعل)۔ (۱) اسی طرح۔ اسی طریقہ سے۔ اسی ڈھنگ سے۔ (۲) بلاسوچے سمجھے۔ (۳) بے فائدہ۔ ناحق۔ بلاوجہ۔ (۴) اتفاقاً۔ بلاارادہ۔ (۵) نِمّا۔ بیکار۔ خالی۔ (۶) آسانی سے۔ جھٹ پٹ۔

**یُوں ہی ٹرخا دیا**۔ (ا۔ مقولہ) خالی خولی ٹال دیا۔ ناکامیاب رخصت کیا۔

**یُوں ہی سا**۔ (ا۔ صفت) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ برائے نام۔

**یُوں ہی سہی**۔ (ا۔ بول چال) اس طرح بھی منظور ہے۔ ہم یوں بھی خوش ہیں۔

**یُوں ہی سے ہے**۔ (۱) اسی طرح ہے۔ (۲) قابلِ اعتبار نہیں ہے۔ (۳) فضول ہے۔ بے کار ہے۔

**یُونانی**۔ [ع۔ صفت] (۱) ملک یونان کا رہنے والا۔ (۲) یونان سے منسوب۔

**یونٹ**۔ (Unit)۔ (یُو۔ نٹ) [انگ۔ ا۔ مذ] (۱) اکائی۔ وحدت (۲) ایک چیز، شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل بالذات سمجھا جائے۔ یا شمار یا ناپ کے پیمانے کا نام ہے۔

**یونٹی**۔ (Unity) [یُو۔ نِ۔ ٹی] [انگ۔ ا۔ مث] اتحاد۔ اتفاق۔

**یُونس**۔ (یُو۔ نُس)۔ [ع۔ ا۔ مذ] (۱) ستون۔ رکن۔ دین کا رکن۔ (۲) ایک پیغمبر جو قوم بنی اسرائیل سے تھے۔ روایت ہے کہ ایک مچھلی نے انہیں اپنے پیٹ میں چالیس روز رکھ کر صحیح سلامت اُگل دیا تھا۔ (۳) ایک ستارہ۔

**یُونیسکو**۔ (U.N.E.S.C.O.) (یُو۔ نیس۔ کو) [انگ۔ ا۔ مذ]۔ اقوامِ متحدہ کا ادارۂ تعلیم و سائنس اور ثقافت۔ (United Nations Educational Scientific and Cultural Organisation) کا مخفف۔

**یُونی سیف**۔ (U.N.I.C.E.F.) (یُو۔ نی۔ سیف) [انگ۔ ا۔ مث] اقوامِ متحدہ کا بچوں کی امداد کا ادارہ۔ (UNited Nations International Children's Educational Fund) کا مخفف۔

**یُونیفارم**۔ (Uniform)۔ (یُو۔ نی۔ فارم) [انگ۔ ا۔ مث]۔ وردی۔

**یُونین**۔ (Union) (یُو۔ نِ۔ ین) [انگ۔ ا۔ مث] (۱) اتحاد۔ ایکا۔ اتصال (۲) متحدہ چیز۔ (ادارہ۔ انجمن وغیرہ)

**یونیورسٹی**۔ (University)۔ (یُو۔ نی۔ ور۔ سِ۔ ٹی) [انگ۔ ا۔ مث] جامعہ۔ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لیے جملہ علوم یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم یا امتحان یا دونوں کا انتظام ہو۔

## ی ۔ ہ

**یہ**۔ [ہ۔ اسم اشارہ] قریب کا اشارہ۔ اس۔ سامنے کا۔ حاضر۔ قریب (۲) ایسی۔ اس طرح کی۔

**یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے**۔ (ا۔ مثل) کوئی غلط یا ناجائز بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔

**یہ آزما کر وہ آزما کر**۔ (ا۔ تابع فعل) (۱) اچھی طرح جانچ پڑتال کر۔

**یہ اپنا ہی راگ الاپتا (گاتا) ہے**۔ (ا۔ مثل) یہ اپنے ہی منہ کی بات کہے جاتا ہے۔

**یہ اور بات ہے**۔ (ا۔ بول چال) یہ الگ بات ہے۔

**یہ اُس سے بیس ہے**۔ (ا۔ مثل) یہ اُس سے بڑھ چڑھ کر ہے۔

**یہ اور ہوئی**۔ (ا۔ تابع فعل) یہ مزید بات ہوئی۔ اس پر طرہ یہ ہے۔

**یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ**۔ (ا۔ مثل) اس خود غرض شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ادھر اُدھر کی باتیں کر کے اپنا مطلب نکالتا ہے۔

**یہ بات ہی کیا ہے**۔ (ا۔ مثل) کوئی مشکل کام نہیں۔ معمولی بات ہے۔

**یہ بات ہے**۔ (ا۔ مثل) یہ خصوصیت ہے۔ بطور کلمۂ تعجب بھی مستعمل ہے۔

**یہ بُس کی گانٹھ ہے**۔ (ا۔ مثل) بہت شریر اور بُرا آدمی ہے۔

**یہ بوجھ نہیں اُٹھتا**۔ (ا۔ مثل) اس بات کی ذمہ داری نہیں لی جا سکتی۔

**یہ بھی اپنے وقت کے حاتم ہیں**۔ (ا۔ مثل) بہت فیاض ہیں۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔

**یہ بھی کسی نے نہ پوچھا تیرے منہ میں کے دانت ہیں**۔ (ا۔ مثل) جہاں کسی کو کوئی پوچھنے والا نہ ہو وہاں کہتے ہیں۔

**یہ بھی کوئی بات ہے**۔ (ا۔ مثل) مہمل بات ہے۔ بے موقع بات ہے۔

**یہ بھی میرا وہ بھی میرا**۔ (ا۔ مثل) جو بے انصافی سے ہر چیز پہ ہاتھ مارے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

**یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا**۔ (ا۔ مثل) کوئی کام نہ ہوا۔ کچھ بھی نہ ہوا۔

**یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی**۔ (ا۔ مثل) یہ کام پورا ہوتا نظر نہیں آتا۔

**یہ پٹی نہیں پڑھے**۔ (ا۔ مثل) فقروں میں نہیں آتے۔ یہ کام کرنا نہیں جانتے۔ انکار کرتے ہوئے کہا جاتا ہے۔

**یہ تو تم بھی کہہ گئے ہیں**۔ (ا۔ مثل) یہ تو مانی ہوئی بات ہے۔

**یہ تو کچھ بات نہیں**۔ (ا۔ مثل) یہ غلط ہے۔ درست نہیں۔

**یہ تین کانے اور یہ پو بارہ**۔ (ا۔ مثل) ایک بدقسمت ہے۔ ایک



Marfat.com

با نصیب ہے۔ (۲) چوپڑ کھیلنے والے بھی کہتے ہیں۔
**یہ ٹانگ کھولو تو لاج وہ ٹانگ کھولو تو لاج۔** (ا۔مثل) دونوں طرح سے بدنامی ہے۔
**یہ جا وہ جا۔** (ا۔مثل) فوراً بھاگ گیا۔
**یہ جوانی اور مانجھا ڈھیلا۔** (ا۔مثل) عین جوانی کے عالم میں اتنی سستی۔
**یہ دن۔** (ہ۔ا۔مذ) اچھے دنوں اور بُرے دنوں کے واسطے مستعمل ہے۔
**یہ دن دیکھا۔** (ا۔محاورہ) اس حالت زار کو پہنچا۔
**یہ دن سب کے واسطے ہے۔** (ا۔محاورہ) مرنا سب کو ضرور ہے۔ موت ہر ایک کو آنی ہے۔
**یہ شرط ہے۔** (ا۔بول چال) اس کے لیے یہ ضروری ہے۔
**یہ قسمت کی بات ہے۔** (ا۔محاورہ) بدقسمتی ہے۔
**یہ کتا نہیں مانتا۔** (ا۔محاورہ) پیٹ بُری بلا ہے۔
**یہ کچھ۔** (ا۔صفت) اس قدر۔ زیادہ۔
**یہ کچھ کھیل ہے۔** (ا۔بول چال) یہ آسان نہیں۔ (۲) بے طریقہ ہے۔
**یہ کس کا مُوت ہے۔** (ا۔مثل) یہ کس کا نطفہ ہے۔
**یہ کسی کا بھی سگا نہیں۔** (ا۔مثل) یہ بڑا بے وفا ہے۔
**یہ کونسی بات ہے۔** (ا۔بول چال) یہ کوئی مشکل نہیں۔
**یہ کیا۔** (ا۔بول چال) یہ کیسی بے ہودہ بات ہے۔
**یہ کیا ہے۔** (کلمۂ تعجب) آج یہ کیا نئی بات ہے۔
**یہ کیا کیا۔** (ا۔مثل) بُرا کیا۔ غضب کیا۔
**یہ گل کھلا۔** (ا۔محاورہ) یہ نتیجہ نکلا۔
**یہ گو اور یہی میدان۔** (ا۔محاورہ) آئیے ابھی مقابلہ ہو جائے۔
**یہ مجھین مار کھلانے کے ہیں۔** (ا۔مثل) ایسی باتوں سے انسان پٹ جاتا ہے۔
**یہ مسلّم ہے۔** (ا۔بول چال) اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تسلیم شدہ ہے۔
**یہ منہ اور مسور کی دال۔** (ا۔مثل) تم اس لائق نہیں۔ تم اس کے مستحق نہیں۔ اس منہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے۔
**یہ منہ کہاں۔** (ا۔مقولہ) یہ حوصلہ نہیں۔
**یہ وہ گڑ نہیں کہ جو چیونٹے کھا جائیں۔** (ا۔مثل) ہر ایک کو یہ بات نصیب نہیں ہو سکتی۔ یہ چیز ایسے ویسوں کے قابل نہیں۔
**یہ ہے۔** بہت قریب ہے۔
**یہیں ہیں۔** (ا۔تابع فعل) اس جگہ۔ اس مقام پر۔
**یہاں۔** (ا۔تابع فعل) اس جگہ۔ اِدھر۔ اس مقام پر۔ اس طرف۔ قریب کا اشارہ۔
**یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے۔** (ا۔مثل) یہاں ہر کام اُلٹا ہوتا ہے۔
**یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا۔** (ا۔مثل) یہاں تک کوئی نہیں آ سکتا۔
**یہاں تک۔** اس جگہ تک۔ اس وقت تک۔ اس قدر۔
**یہاں تمہاری دال نہیں گلے گی۔** (ا۔مثل) اس جگہ تمہارا کام نہیں بنے گا۔
**یہاں سب کان پکڑتے ہیں۔** (ا۔مثل) اس جگہ سب عاجز ہیں۔
**یہاں سے۔** اس جگہ سے۔ اس طرف سے۔
**یہاں سے ہوا ہو۔** (ا۔بول چال) بھاگ جاؤ۔ دور ہو۔
**یہ نتیجہ نکلا۔** (ا۔مثل) نیکی کا جواب بدی میں ملا۔
**یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں۔** (ا۔مثل) یہاں کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہاں کوئی دم نہیں مار سکتا۔
**یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔** (ا۔مثل) یہاں کی ہر بات نرالی ہے۔
**یہاں کا نہیں۔** اسی جگہ کا اسی جگہ۔ اسی دنیا میں۔
**یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں۔** (ا۔مثل) خانہ بدوش آدمی کے لیے بولتے ہیں۔
**یہاں وہاں کا ذکر۔** (ا۔مذ) اِدھر اُدھر کی باتیں۔
**یَہُود۔** (یَ۔ہُود) ع۔ا۔مذ) یہودی کی جمع۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت کے لوگ۔
**یَہُودا۔** (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری کا نام جس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پکڑوا دیا تھا۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ اس کی شکل حضرت عیسیٰ جیسی ہو گئی تھی اسلیے اُسے سُولی پر چڑھا دیا گیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بچ گئے۔
**یَہُودن۔** (یَ۔ہُو۔دَن) [اُر۔ا۔مث] یہودی کی تانیث۔ یہودی عورت۔
**یَہُودی۔** (یَ۔ہُو۔دِی) [ع۔ا۔مذ] حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت کا ایک فرد۔
**یَہُوں۔** [ق] یوں۔ یُوں ہی۔ بے فائدہ۔
**یہوں۔تہوں۔** [ق] بہر طور۔
**یہوں وہوں۔** یہاں وہاں۔
**یِہی۔** [اُر۔تابع فعل] یہ ہی کا مخفف۔ خاص یہ خصوصاً۔
**یہی سہی۔** (ا۔بول چال) یوں ہی سہی۔
**یہی لیل و نہار ہے۔** (ا۔مثل) یہی گردشِ زمانہ ہے۔
**یہی نا۔** (ا۔تابع فعل) صرف اتنی ہی بات ہے۔
**یہیں۔** [اُر۔تابع فعل] اسی جگہ۔ اسی مقام پر۔ اسی طرف۔ ادھر ہی۔ اسی دنیا میں۔
**یہیں سے سلام کرتے ہیں۔** (ا۔مثل) بیزاری ظاہر کرنا۔
**یہیں کا چُن یہیں کا پُن۔** (ا۔مثل) جو کچھ ہے اسی جگہ کے طفیل ہے۔ آٹا اور پانی سب اسی جگہ کے بدولت ہے۔
**یہیں کہیں۔** اسی جگہ۔ کسی مقام پر۔

## ی۔ی۔ے

**یے۔** [ق] (۱) یہ (۲) بہت۔
**یِیچ۔** (یِی۔چ) [ق] بھی۔
**یِیلاق۔** (یِی۔لاق) [ت۔ا۔مذ] وہ سرد مقام جہاں گرمی کا موسم گذارا جائے۔



Marfat.com

# فیروز سنز کے شہرۂ آفاق لغات اور انسائیکلوپیڈیا

- **فیروز اللغات اُردو جامع** : اُردو کا جامع اور مستند لُغت۔ ایک لاکھ پچیس ہزار سے زیادہ قدیم و جدید الفاظ، محاورات، ضرب الامثال، علمی، ادبی، فنی و سائنسی اصطلاحات کے تفصیلی معانی مع صحیح تلفظ۔
- **فیروز اللغات اُردو جدید** : متروکات کے سوا تقریباً تمام الفاظ، مُرکّبات، محاورات، ضرب الامثال اور علمی و فنی اصطلاحات صحیح تلفظ کے ساتھ۔
- **فیروز اللغات اُردو جیبی** : یہ خوب صورت جیبی لُغت طلبا اور عام شائقین کی ہنگامی ضروریات کے پیشِ نظر مرتب کیا گیا ہے۔
- **فیروز اللغات فارسی اُردو** : فارسی کے تقریباً ساٹھ ہزار قدیم و جدید الفاظ مع تفصیلی معانی (زیرِ تدوین)
- **فیروز اللغات عربی اُردو** : پچاس ہزار سے زیادہ قدیم و جدید عربی الفاظ، مرکبات اور اصطلاحات کے معانی و مترادفات۔
- **فیروز سنز انگلش ٹو انگلش اینڈ اُردو ڈکشنری** : انگریزی کا جامع لُغت تلفظ کے ساتھ ہر لفظ کے معنی انگریزی اور اُردو میں دیے گئے ہیں۔
- **فیروز سنز کنسائز انگلش ٹو اُردو ڈکشنری** : طلبہ اور عام شائقین کے لیے نہایت مُفید ڈکشنری۔
- **فیروز سنز اُردو انگلش ڈکشنری** : تقریباً تیس ہزار قدیم و جدید اُردو الفاظ، محاورات اور اصطلاحات کے انگریزی معانی و مترادفات۔ طلبا، مترجمین اور اہلکاروں کے لیے نہایت مفید لغت۔
- **اُردو انسائیکلوپیڈیا** : اُردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتابِ حوالہ۔ تمام شعبہ ہائے علم و فن کے متعلق نہایت مُستند معلومات۔

فیروز سنز لمیٹڈ لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی


Marfat.com